THE STANDARD

ENGLISH-URDU DICTIONARY

Edited by

ABDUL HAQ

Professor of Urdu, Osmania University,
HYDERABAD (Dn.)

—:o:—

J. S. SANT SINGH & SONS
CHURIWALAN, DELHI-6.

Publishers
K. R. Datta
Prop. DICTIONARIES PUBLICATIONS
DELHI-6.

Price Rs. 36.00

Reprinted at SHAM OFFSET LITHO PRESS
DELHI-6.

دیباچہ

زبان کے لیے لغت کا ہونا جیسا کچھ ضروری ہے وہ محتاج بیان نہیں، لیکن لغت لکھنا بڑا ٹیڑھا اور کٹھن کام ہے - اور جہاں واسطہ دو زبانوں سے ہوتا ہے وہاں یہ دشواری اور بڑھ جاتی ہے اور بڑا پتا مارنا پڑتا ہے - ایک ہماری زبان ہی کیا بلکہ ہندستان کی اکثر زبانوں کی لغات یورپیوں اور خصوصاً انگریزوں نے لکھیں - اردو یا ہندستانی کی لغات زیادہ لکھی گئیں اس لیے کہ یہی ایک ایسی زبان ہے جو سارے ہندستان میں کام دے سکتی ہے - انگریزی اردو لغات بھی پہلے پہل انھیں صاحبوں نے لکھیں یوں تو اس کا سلسلہ سترھویں صدی سے شروع ہوتا ہے لیکن ایسی کتابیں جو قابل لحاظ ہوں ان کا آغاز اٹھارھویں صدی کے نصف آخر کے بعد سے ہوتا ہے - ہم یہاں صرف ایسی انگریزی اردو لغات کا مختصر سا ذکر کرتے ہیں —

اس سلسلے میں پہلا نام جارج ہیڈلے (George Hadley) کا ہے - اس نے اردو کی صرف و نحو پر ایک کتاب لکھی جس میں انگریزی ہندستانی لغت بھی شامل ہے - وہ اس زبان کو "مور" (Moor) کہتا ہے - ابتدا میں اہل یورپ اردو یا ہندستانی کو مور یا مورش کہتے تھے - یہ کتاب پہلی بار وارن ہیسٹنگز کے زمانے میں سنہ ۱۷۷۲ ع میں شائع ہوئی - اُس وقت چونکہ کوئی اور کتاب نہ تھی، بہت مقبول ہوئی اور متعدد بار چھپی - سنہ ۱۸۰۹ تک سات بار چھپ کر شائع ہوئی - گلکرسٹ اس کی بہت برائی کرتا ہے -

۱ - فرگسن (J. Ferguson) نے سنہ ۱۷۷۳ ع میں انگریزی ہندستانی اور ہندستانی انگریزی لغت لکھی جس میں صرف و نحو کا حصہ بھی شامل ہے - یہ رومن حروف میں لندن میں چھپی —

۲ - اس کے بعد ڈاکٹر جان بورتھ وک گلکرسٹ (John Borthwick Gilchrist) کا نمبر آتا ہے - اس نے اردو یا ہندستانی زبان پر بہت سی کتابیں لکھی ہیں - حقیقت یہ ہے کہ یہ شخص اردو زبان کا بڑا محسن اور قدر دان ہوا ہے - اس نے اردو زبان کو مقبول بنانے میں بڑا کام کیا ہے - یہاں میں صرف ان چند کتابوں کا ذکر کرتا ہوں جن کا تعلق انگریزی اردو لغت سے ہے —

(۱) انگریزی ہندستانی لغت - یہ کتاب سنہ ۱۷۸۷ ع میں تصنیف ہوئی اور کلکتہ میں سنہ ۱۷۹۰ ع میں چھپ کر شائع ہوئی - اس میں انگریزی الفاظ اور محاوروں کے معنے اردو اور رومن دونوں حروف میں دیے گئے ہیں —

(۲) اورینٹل لنگوِسٹ - یہ انگریزی ہندستانی اور ہندستانی انگریزی لغت ہے اس کے شروع میں زبان اردو کے متعلق بعض فوائد اور صرف و نحو کی بحث ہے - یہ کتاب سنہ ۱۷۹۸ ع میں شائع ہوئی —

(۳) اینٹی جارگنسٹ (Anti - Jargonist) یا مقدمۂ ہندستانی زبان (جسے مور بھی کہتے ہیں) - اس میں زبان کے ابتدائی اصول سے بحث کی ہے اور اس کے ساتھ انگریزی ہندستانی اور ہندستانی انگریزی لغت بھی ہے - سنہ ۱۸۰۰ ع میں شائع ہوئی —

(۴) برٹش انڈیا مونیٹر (The antijargonist, Stranger's Guide, Oriental Linguist &c.)
یہ کتاب دو جلدوں میں ہے - پہلی جلد سنہ ۱۸۰۶ ع میں اور دوسری
سنہ ۱۸۰۸ ع میں اڈنبرا میں شائع ہوئی - پہلی جلد ہندستانی زبان کی اہمیت
پر عام بحث اور صرف و نحو اور دیگر قواعد پر مشتمل ہے اور دوسری جلد
میں انگریزی ہندستانی اور ہندستانی انگریزی لغت رومن حروف میں ہے —

(۵) ہندستانی گریمر - صرف و نحو پر مفصل کتاب ہے اور کثرت سے امثلہ اردو
حروف میں مع ترجمے کے پیش کی گئی ہیں - آخر میں انگریزی ہندستانی
اور ہندستانی انگریزی الفاظ کی لغت ہے جسے ایک قسم کی فرہنگ سمجھنا
چاہیے - کلکتہ میں سنہ ۱۷۹۶ ع میں شائع ہوئی —

(۶) ہندستانی فلالوجی - یعنی انگریزی ہندستانی لغت مع مقدمۂ صرف و نحو لندن
میں سنہ ۱۸۱۰ ع میں شایع ہوی - معنی رومن حروف میں ہیں - در اصل یہ
وہی کتاب ہے جو انگریزی اردو لغات کے نام سے شایع ہوئی تھی - فرق صرف یہ ہے کہ اُس
میں معنی اردو اور رومن دونوں حروف میں ہیں اور اِس میں صرف رومن حروف میں —

(۷) ایسٹ انڈیا گائڈ - اس کا پورا نام یہ ہے East India Guide to the Hindustani
or the Grand Popular & Military language of All India, improperly called
Moor or Moorish " ہندستانی زبان یعنی تمام ہندستان کی عظیم الشان مقبول اور
فوجی زبان کا گائڈ ' جو غلطی سے مور یا مورش کہلاتی ہے " . کتاب کے شروع میں
زبان کی صرف و نحو اور دیگر فوائد سے بحث کی ہے اور اس کے بعد انگریزی
ہندستانی لغت ہے - معنی رومن حروف میں دیے ہیں - سنہ ۱۸۲۰ ع میں لندن میں چھپی —

ہنری ہیرس نے سنہ ۱۷۹۰ ع میں ایک انگریزی ہندستانی لغت لکھی اس میں
اشخاص مقامات کے اعلام کا بھی اضافہ کیا ہے - مدراس میں طبع ہوئی —

لفٹننٹ روبک نے جو گلکرسٹ کے مددگار اور اردو زبان کے بڑے شائق تھے بحری اصطلاحات
کی انگریزی اردو لغت لکھی اور شروع میں ایک مقدمہ اردو صرف و نحو پر
لکھا - کلکتہ میں سنہ ۱۸۱۱ ع میں شایع ہوئی —

دوسا بھائی سہراب جی نے سنہ ۱۸۴۳ ع میں ایک اچھی بڑی کتاب تالیف کی جس
میں بول چال اور محاورے کے جملے انگریزی ہندستانی اور گجراتی فارسی زبانوں
میں دیے ہیں - اس کے اردو کے بعض جملوں میں گجرات اور جنوب کا اثر پایا جاتا ہے —

ہنری گرانٹ نے سنہ ۱۸۵۰ ع میں یورپین اصحاب کے لیے ایک اینگلو ہندستانی فرہنگ
مرتب کی جو کلکتہ میں طبع ہوئی -

متھرا پرشاد نے انگریزی اردو ہندی لغت رومن حروف میں لکھی جو بنارس میں
سنہ ۱۸۶۵ ع میں شایع ہوئی —

سدا سکھ لال کی اینگلو اردو ڈکشنری الہ آباد سے سنہ ۱۸۷۳ ع میں شایع ہوئی —

ہیزل گرو (G. P. Hazelgrove) نے انگریزی ہندستانی کی ایک فرہنگ لکھی تھی
جو سنہ ۱۸۶۵ ع میں بمبئی میں شایع ہوئی —

لیچ - بلاک مین نے انگریزی اردو لغت لکھی جو الہ آباد میں سنہ ۱۸۷۷ ع میں
طبع ہوی یہ اسکول ڈکشنری ہے —

۱۱ - مولوی عبدالودود کی انگریزی اردو لغت (رومن حروف میں) سنہ ۱۸۷۹ ع میں
تالیف ہوئی اور کلکتے سے شایع ہوئی —

۱۲ - ڈاکٹر فیلن نے نیو انگلش ہندستانی ڈکشنری تالیف کی جو بنارس سے سنہ ۱۸۸۳ ع میں شایع ہوئی

۱۳ - درگا پرشاد نے انگلش اردو ٹرانسلیٹرز کمپینین کے نام سے ایک لغت تالیف کی جو پہلی بار بنارس
میں سنہ ۱۸۸۴ع میں طبع ہوئی اور دوسری بار سنہ ۱۸۹۰ع میں کسی قدر اضافے کے ساتھ شائع ہوئی

۱۴ - ریورنڈ کریون (Craven) کی رائل ڈکشنری' انگلش ہندستانی سنہ ۱۸۹۵ع میں لندن میں طبع ہوئی

۱۵ - تھابرن (W. L. Thouburn) کی انگلش اردو ڈکشنری لکھنؤ میں سنہ ۱۸۹۸ع میں شایع ہوئی

۱۶ - رینکنگ (G. Ranking) کی انگریزی ہندستانی ڈکشنری سنہ ۱۹۰۵ع میں کلکتہ اور لندن میں شائع ہوئی

ان کے علاوہ اور بھی کئی کتابیں انگریزی اردو لغت پر لکھی گئیں جو زیادہ مدارس کے طلبہ کے لیے ہیں - ان تمام لغات میں جن کا ذکر اوپر کیا گیا ہے دو کتابیں خاص طور پر قابل لحاظ ہیں ایک ڈاکٹر گلکرسٹ کی اور دوسرے ڈاکٹر فیلن کی - اگر گلکرسٹ کی لغت کو چھپے ہوے اس وقت تقریباً ڈیڑھ سو برس ہوتے ہیں لیکن اُس وقت کے لحاظ سے جب یہ تالیف ہوئی' سب سے بہتر اور قابل قدر کتاب تھی - باوجود اتنی مدت گزرنے کے اب بھی وہ بے کار نہیں ہے - بعض اوقات اس میں اردو کے ایسے اچھے پرانے لفظ مل جاتے ہیں جو بعد کی لغات میں نظر نہیں آتے - لیکن اُس وقت انگریزی زبان کو وسعت حاصل نہیں تھی' اس لیے لغت کی حیثیت سے وہ کار آمد نہیں ہوسکتی - مگر اس میں شک نہیں کہ ڈاکٹر گلکرسٹ کی محنت' تلاش اور وسعت نظر بہت قابل داد ہے ڈاکٹر فیلن کی کتاب بہت بعد کی ہے - پھر بھی اسے لکھے ہوے تخمیناً پچاس سال ہوتے ہیں ڈاکٹر صاحب کتاب کی طبع سے پہلے ہی انتقال کر گئے' اور انہیں تکمیل اور نظر ثانی موقع نہ ملا - تاہم یہ کتاب موجودہ تمام لغات میں بہتر ہے - ڈاکٹر فیلن نے مختلف قسم لغات لکھ کر اردو زبان کے حق میں بڑا کام کیا ہے اور ان کو مددگار بھی ایسے مل گئے تھے جن سے نہ صرف کام میں بڑی مدد ملی بلکہ وہ خود کام کے ہو گئے - اس میں شک نہیں، کہ ڈاکٹر فیلن کی اس لغت کو ان تمام لغتوں پر ترجیح ہے جو اس سے پہلے لکھی گئیں لیکن آج کل وہ بھی کار آمد نہیں رہی - انگریزی زبان اس پچاس سال میں کہیں سے کہیں پہنچ گئی ہے - ایک جدید جامع لغت کی شدید ضرورت تھی اور اسی ضرورت کو پورا کرنے کے لیے یہ لغت مرتب کی گئی ہے —

ایسی لغت کے لکھنے میں ایک مشکل تو یہ ہے کہ انگریزی لفظ یا محاورے کے صحیح مفہوم کو پوری طرح سمجھنا؛ دوسری مشکل اس سے بڑھ کر یہ ہے کہ سمجھنے کے بعد اس کے لیے اپنی زبان کا ویسا ہی لفظ یا محاورہ تلاش کرنا جو اس مفہوم کو کامل طور پر ادا کردے - جب تک دونوں زبانوں پر پوری قدرت نہ ہو اور الفاظ و محاورات کے استعمال سے کامل واقفیت نہ ہو' اس سے عہدہ بر آ ہونا ممکن نہیں - اس مشکل کو کون نہیں سمجھتا میں بھی سمجھتا تھا؛ لیکن جب کام کرنا پڑا تو معلوم ہوا کہ جتنا ہم نے سمجھ رکھا تھا اُس سے کہیں کٹھن ہے —

غرض جب تہیہ کر لیا گیا کہ اس ضرورت کا پورا کرنا ضروری ہے، تو تدبیر یہ سوچی گئی کہ یہ کام متعدد طور پر انجام پانا چاہیے یعنی متعدد اصحاب مل کر کام کریں - ایک تو اس لیے کہ یہ مشکل اور بڑا کام ایک آدمی کے بوتے کا نہیں' دوسرے

ہمیں مل کر کام کرنے کی بھی عادت ہونی چاہیے، ورنہ بڑے اور اہم کام کبھی انجام نہ پاسکیں گے اور اگر ہوئے بھی تو ناقص اور غیر مستند ہوں گے - اس خیال سے اول بعض صاحبوں کے مشورے سے ایک فہرست ایسے اصحاب کی مرتب کی گئی جو اس کام کے اہل سمجھے گئے - اس کے بعد ان سے استصواب کیا گیا - جن صاحبوں نے رضامندی ظاہر کی، ان کے سپرد ایک ایک حرف کیا گیا اور جو حرف زیادہ بڑے تھے ان کے ایک یا زیادہ حصے کر کے کئی صاحبوں میں تقسیم کر دیے گئے - پہلے ان صاحبوں سے ایک دو صفحے کے ترجمے کا نمونہ طلب کیا گیا اور ترجمے کے متعلق ضروری ہدایتیں بھی لکھ دی گئیں - نمونے آنے پر انہیں غور سے دیکھا گیا اور صحت کی گئی اور مزید ہدایتیں دی گئیں اور فی صفحہ معاوضہ بھی مقرر کردیا گیا - اس کے بعد ترجمے کا کام شروع ہو گیا - ان میں سے بعض تو نمونے ہی تک رہے، بعض چند قدم آگے بڑھے، مگر بھاری پتھر تھا چوم کے چھوڑ دیا - ان کی جگہ نئے آدمی تلاش کیے گئے - غرض ترجموں کے آنے میں بہت دیر لگی اور دیر بھی اتنی کہ دل الجھنے لگا - مگر یہ اطمینان تھا کہ کام ایسے لوگوں کے ہاتھ میں ہے کہ ختم ہونے کے بعد سرسری طور سے نظر ثانی کرنی پڑے گی اور کتاب چھپنے دیدی جائے گی اور صرف یہی ایک مرحلہ چھپنے کا باقی رہ جائے گا - دیر ہوئی بھی تو کچھ مضائقہ نہیں - ترجمے رفتہ رفتہ آنے شروع ہوے - اب جو انہیں دیکھا تو معلوم ہوا کہ جو اندازہ کیا تھا وہ غلط نکلا - دو ایک ترجموں کے سوا باقی سب ایسے نکلے کہ انہیں از سر نو کرنے کی ضرورت محسوس ہوئی - میں اس زمانے میں اورنگ آباد کالج میں تھا، کالج ہی کے چند صاحبوں کی شرکت سے میں نے ایک مجلس بنائی اور نظر ثانی کا کام شروع کر دیا - ایک ایک لفظ پر گفتگو ہوتی تھی - پہلے نرم نرم پھر گرم گرم بحث ہونے لگتی، یہاں تک کہ بعض وقت تو تو میں میں تک نوبت پہنچ جاتی - معلوم یہ ہوا کہ بڑی کمیٹی سے کام نہیں چل سکتا اور اگر یہی رفتار رہی تو کتاب ختم ہونے کو عمر نوح درکار ہوگی - اس لیے میں نے صرف دو صاحبوں کو یعنی سید وہاج الدین صاحب اور مولوی محمد حسین صاحب محوی کو ساتھ رکھا اور کچھ دنوں اس طرح کام کیا - اصطلاحات اور خاص خاص الفاظ کے ترجموں کے لیے میں نے ایک کمیٹی حیدر آباد میں بنا رکھی تھی جس میں مولوی وحید الدین سلیم مرحوم، مولوی غلام یزدانی صاحب اور مولوی سید ہاشمی صاحب شریک رہتے تھے اور جب کبھی میں جاتا تو میں بھی شریک رہتا - لیکن کچھ دنوں بعد یہ کمیٹی بھی نہ رہی - اس کے بعد مجھے حیدر آباد جانا پڑا - اتفاق سے گرمیوں کی تعطیلوں میں ڈاکٹر سید عابد حسین اور پروفیسر محمد مجیب کا حیدر آباد آنا ہوا، ان دو صاحبوں کو اور ڈاکٹر یوسف حسین کو میں اورنگ آباد لے کر آیا اور ہم ہر روز کئی گھنٹے ان ترجموں کی نظر ثانی میں صرف کرنے لگے - تعطیل کے بعد ہم سب منتشر ہو گئے - صرف ڈاکٹر یوسف حسین حیدر آباد میں میرے شریک کار رہے اور ہم تھوڑا بہت کام کرتے رہے - آخر یہ طے پایا کہ یہ کام ڈاکٹر عابد حسین صاحب کے تفویض کر دیا جائے - انہوں نے بھی اسے قبول کرلیا - وہ نظر ثانی کر کے بھیجتے جاتے اور اس کے بعد میں اسے ایک نظر دیکھ لیتا اور پھر چھپنے کو دیدیا جاتا - کچھ اوراق کی نظر ثانی میں نے تنہا کی اور بعض کی مولوی سید ہاشمی نے - لیکن اس کام کا زیادہ بار ڈاکٹر عابد حسین ہی کے سر رہا -

پروف دیکھنے کا کام بھی کچھ آسان نہ تھا، یہ بڑی دیدہ ریزی اور ہوشیاری کا کام ہے -

باوجود اشتہار دینے کے بھی کوئی کام کا آدمی نہ ملا' اس لیے کہ اس میں اردو انگریزی دونوں کی مہارت کی ضرورت تھی - شیخ چاند ایم - اے مرحوم نے جو اس وقت میرے ساتھ بطور ری سرچ سکالر کے کام کرتے تھے' پروف خوانی کا کام اپنے ذمہ لیا - کچھ دنوں کے لیے مجھے مسٹر سید سراج الدین ناظم بی - اے (لندن) ہاتھ آگئے - انہوں نے پروف خوانی اور نظر ثانی کا کام بڑی دلسوزی اور احتیاط کے ساتھ کیا اور ان سے مجھے بہت مدد ملی - لیکن بمبئی یونیورسٹی میں جب انہیں ایک خدمت مل گئی تو وہ چلے گئے - ابتدا میں کچھ دنوں تک دوسرا پروف، تصحیح کے لیے ڈاکٹر عبد الستار صاحب صدیقی کی خدمت میں جاتا رہا' لیکن الہ آباد سے کاغذوں کے آنے جانے میں بہت دیر ہو جاتی تھی اس لیے اسے ترک کرنا پڑا - ڈاکٹر صاحب نے ابتدائی پروف پڑھنے کے بعد تصحیح کے متعلق جو اشارے اور ہدایتیں دیں وہ بہت کار آمد ثابت ہوئیں - میں ان سب صاحبوں کا اور خاص کر ڈاکٹر سید عابد حسین صاحب کا بہت شکر گزار ہوں' کیونکہ ان کی مدد شامل حال نہ ہوتی تو یہ کام اب تک تکمیل کو نہ پہنچتا -

کہنے کو تو یہ نظر ثانی تھی لیکن حقیقت میں از سر نو ترجمہ کرنا پڑا - شاید ہی کوئی لفظ ہوگا جو حک و اصلاح سے بچا ہو - بڑی احتیاط یہ کی گئی ہے کہ انگریزی لفظ کے لیے اردو لفظ' انگریزی محاورے یا روز مرہ کے لیے اردو محاورہ یا روز مرہ' انگریزی مثل کے لیے اردو مثل، اس طرح بتائی جائے کہ انگریزی کا صحیح مفہوم پوری طرح ادا ہو جائے - لفظ کی تشریح تو آسان ہے لیکن لفظ کے لیے ویسا ہی لفظ اور محاورے کے لیے ویسا ہی محاورہ لانا مشکل کام ہے - بعض اوقات ایک ایک لفظ کے لیے بیسیوں کتابوں کے ورق الٹنے پڑتے تھے' بول چال یا عامیانہ الفاظ کے لیے اردو میں بھی اسی قسم کے لفظ تلاش کرنے پڑتے تھے - علمی اصطلاحوں کے لیے علمی اصطلاحیں اور پیشہ وروں کی اصطلاحوں کے لیے پیشہ وروں کی اصطلاحیں ڈھونڈھ ڈھونڈھ کر لانی پڑتی تھیں، ایسی صورتوں میں اکثر اوقات کتابیں اور لغات کام نہیں دیتی تھیں -

اسی طرح انگریزی الفاظ کے معانی کے نازک فرق بھی اردو مترادف الفاظ سے ظاہر کیے گئے ہیں - جن الفاظ کے مختلف اور متعدد معنے ہیں وہاں ہر معنی کا نمبر شمار دیدیا گیا ہے تاکہ معانی کا امتیاز صاف طور پر نظر آجائے - اور ہر معنے کا فرق مثالیں دے کر ظاہر کیا گیا ہے کیونکہ محض تشریح کردینے سے نہ تو پورا مفہوم سمجھ میں آتا ہے اور نہ اس کا صحیح استعمال معلوم ہوتا ہے -

ایک بڑی مشکل وہاں پیش آتی تھی جب کسی انگریزی لفظ کے مفہوم کے لیے اردو زبان میں کوئی لفظ نہیں ملتا تھا - انگریزی میں درحقیقت بعض ایسے لفظ ہیں کہ ان کا مترادف ہماری زبان میں نہیں - ایسے موقع پر تشریح اور تعریف کے ساتھ نیا لفظ وضع کردیا گیا ہے لیکن ایسے لفظ وضع کرنے میں حتی الامکان اس امر کی کوشش کی گئی کہ جدید لفظ زبان کی فطری ساخت کے مطابق ہو - مثلاً Colour-blindness کے لیے ہمارے ہاں کوئی لفظ نہیں - اکثر مترجمین نے Colour-blind کا ترجمہ "عمی اللون" کیا ہے - مجھے یہ پسند نہیں - یہ لفظ ثقیل معلوم ہوتا ہے - ہماری زبان میں ایک لفظ "رتوندا" ہے - یہ اس مرض کو کہتے ہیں جس کی وجہ سے رات کو نظر نہیں آتا - یہ لفظ رات اور اندھا سے مرکب ہے - میں نے اسی وزن اور اسی ترکیب پر Colour-blindness کے لیے "رنگوندا" بنا لیا ہے - صفات بھی اسی آسانی سے بن جاتی ہیں - جیسے رتوندیا اور رنگوندیا - یا مثلاً

Absentee کے لیے کوئی لفظ نہیں ملا۔ ہماری زبان میں ایک لفظ "حاضر باش" ہے، اُسی اصول پر ہم نے 'غائب باش' بنالیا۔ absent اور absentee میں جو فرق ہے وہی فرق حاضر اور غائب باش میں بھی ہے۔ اکثر ایسے الفاظ کے آگے (ج) کا نشان بڑھا دیا گیا ہے تاکہ معلوم ہوجائے کہ یہ جدید لفظ وضع کیا گیا ہے۔ اس طرح اس لغت کی بدولت خود زبان میں بیش بہا اضافہ ہوگیا ہے —

حتی الامکان یہ کوشش کی گئی ہے کہ لفظ کے تحت کے محاورات بھی حروف تہجی کی ترتیب سے لکھے جائیں تاکہ تلاش میں الجھن نہ ہو —

انگریزی زبان بڑھتی ہوئی دولت ہے۔ ہر سال اس میں کچھ نہ کچھ نئے الفاظ کا اضافہ ہوجاتا ہے۔ اس لغت کی تالیف کے اثنا میں بہت سے جدید لفظ زبان میں داخل ہوگئے تھے۔ ان میں سے ایسے لفظ جو عام ضرورت کے ہیں اور روز مرہ کے استعمال میں آگئے ہیں، بطور ضمیمہ کے کتاب کے آخر میں شامل کردیے گئے ہیں —

اصول ترتیب میں کنسائز آکسفورڈ کی پابندی کی گئی ہے لیکن دوسری جدید انگریزی لغات سے بھی مدد لی گئی ہے —

اورنگ آباد دکن
۸ دسمبر سنہ ۱۹۳۷ع

عبدالحق

LIST OF ABBREVIATIONS USED IN THE TEXT.

a., adjective.
aa., adjectives.
abb., abbreviation.
adv., adverb.
advv., adverbs.
attrib., attributive etc.,
aux., auxiliary.

compd., compound.
conj., conjunction, conjugation.
coord., co-ordinate.
cop., copulative.

d., died

F., French.
f., from.
fem., female , feminine.

i., intransitive.
imperat., imperative.
int., interjection.

n., noun.
nn., nouns.

part., present participle.

phr., phrase.
pl., plural.
p.p., past or passive participle.
pred., predicate.
pref., prefix.
prep., preposition.
pres., present.
pron., pronoun etc. pronounce etc.,

ref., reference.
refl., reflective.
rel., relative.

subord., subordinate.
subst., substantive.
suf., suffix.

t., transitive.

U. S., United States.
usu. usual, usually.

v, *vb.*, verb.
vv., verbs.

w., with.

ENGLISH-URDU DICTIONARY

A, letter (pl. *As, A's, Aes*): انگریزی حروف تہجی کا پہلا حرف۔ (موسیقی) سُرتی؛ اور اُسی کے ساتھ کا سرگم۔ (اِستدلال میں) پہلا مفروضہ شخص یا چیز۔ (جبر و مقابلہ) ا، پہلی مقدار معلومہ۔ (بحری) A1 (اے ون) لائڈ کمپنی کے رجسٹر میں اول درجے کا جہاز۔ (بول چال) اعلیٰ درجے کا؛ بہترین؛ چوٹی کا؛ بڑھیا۔ (بحری) Æ، لائڈ کے نزدیک تیسرے درجے کا جہاز۔

A, an, *a.*: (۱) ایک؛ کوئی؛ ایک شخص مثل ... کے (جیسے *a Daniel*)۔ (۲) (جب اِس لفظ کے پہلے *all of* یا *many of* ہو) ایک ہی؛ وہی۔ (۳) فرداً فرداً؛ فی (جیسے *£40 a year*)۔

A, *prep.*: (۱) پر (جیسے *abed* بستر پر، *afoot* پانو پر؛ پیدل)۔ (۲) بجانب؛ بطرف؛ کو۔ (۳) میں؛ وار پار۔ (۴) میں۔

A-, نیز **a-**: سابقے اور لاحقے کے طور پر مختلف معنوں میں آتا ہے۔

Aard-vark, *n.*: جنوبی افریقہ کا ایک چوپایا جو سیہی اور مور خور جانوروں کے بین بین ہوتا ہے؛ گراز موش؛ کھونسور؛ زمیغوک (ج)۔

Aard-wolf, *n.*: جنوبی افریقہ کا گوشت خور جانور جو لگڑ بگڑ اور مشک بلاو کے بین بین ہوتا ہے؛ زمیگرگ (ج)۔

Aaron's beard, *n.*: درختوں کی ایک نوع جس میں دھاگے کی شکل کی جڑیں ہوتی ہیں؛ ریشہ دار درخت؛ ریش ہارون۔

Aaron's rod, *n.*: درختوں کی ایک نوع؛ عصائے ہارون۔

Ab-, *pref.*: دور، علحدہ، الگ (کسی چیز سے)۔

Aback, *adv.*: (۱) پیچھے کو؛ پشت کی جانب۔ (۲) (بحری) باد گرفتہ؛ ہٹتا ہوا؛ دبتا یا رُکتا ہوا۔ (وہ حالت جب ہوا کے دباؤ سے بادبان مستول سے چمٹ جاتے اور جہاز کے آگے بڑھنے میں حارج ہوتے ہیں۔)

to be taken a.: (۱) (بحری) جہاز کی مذکورۂ بالا حالت؛ بادبان گرفتہ ہونا۔ (۲) بھوچکا رہ جانا؛ ششدر رہ جانا۔

Abacus, *n.*: (۱) بال فریم۔ ایک قسم کا چوکھٹا جس میں تار لگے ہوتے ہیں اور اُن میں گولیاں ہوتی ہیں۔ اعداد کی دریافت سے قبل اِنھیں سے شمار کا کام لیتے تھے؛ گنتارا؛ شمار آموز۔ (۲) (تعمیر) (ستون کا بالائی مربع نما حصّہ جس پر مرگول لگی ہوتی ہے) ستون کی اوپر کی چوکی؛ پرکالہ۔

Abaddon, *n.*: (۱) سقر؛ جہنم؛ دوزخ۔ (۲) ابلیس۔

Abaft, *adv. & prep.*: (۱) (بحری) سکان کی طرف؛ سکان (خ)۔ (۲) پیچھے؛ عقب میں؛ پشت کی جانب۔

Abandon, *v.t.*: (۱) چھوڑ بیٹھنا؛ دے دینا؛ سونپ دینا؛ (قبضے میں دے دینا یا کِسی کے) حوالے کردینا۔ (۲) (کِسی جذبے یا خواہش کے زیر اثر) ڈھل جانا؛ (کِسی کا) ہو رہنا؛ اندھا ہو جانا۔ (۳) چھوڑ دینا؛ ترک کرنا (کِسی چیز کے قبضے یا عادت کو)؛ ہاتھ اٹھا لینا۔ (۴) دست بردار ہونا؛ کنارہ کش ہونا؛ دستکش ہونا؛ ساتھ چھوڑ دینا؛ دغا دینا؛ الگ ہوجانا۔

Abandon, *n.*: بے پروائی؛ لا اُبالی پن؛ مست مولا پن؛ ڈھلاو۔

Abandoned, *a.*: آوارہ؛ اوباش؛ بے باک؛ بد شعار؛ بگڑا ہوا؛ مرفوع القلم۔

Abandonee, *n.*: (قانون) سپرد دار (جس کے سپرد ٹوٹے اور ڈوبے ہوئے جہاز اور مال کا نکالنا اور انصرام کرنا ہوتا ہے)۔

Abandonment, *n.*: (۱) ترک؛ دست برداری؛ کنارہ کشی؛ ترک رفاقت۔ (۲) کس مپرسی؛ بے چارگی۔ (۳) (کِسی طرف کا) ہو رہنا۔ تج دینا (آپ کو)۔ (۴) لا اُبالی پن؛ اھلا کہلا پن۔

Abase, *v.t.*: ذلیل کرنا؛ کم قدری کرنا؛ پست کرنا؛ گھٹیا بنانا۔

abasement, *n.*: تذلیل؛ تحقیر؛ کم قدری۔

Abash, *v.t.*: (۱) شرمانا؛ شرمندہ کرنا؛ منفعل کرنا؛ خجل کرنا؛ پانی پانی کرنا۔ (۲) شرمانا؛ شرمندہ ہونا؛ عرق عرق ہونا؛ خجل، منفعل ہونا؛ پسینے پسینے ہونا؛ پانی پانی ہونا؛ جھیپنا۔

abashment, *n.*: خجالت؛ انفعال؛ شرمندگی؛ جھیپ۔

Abask, *adv.*: دھوپ میں (سکتے ہوئے)؛ دھوپ کھاتے ہوئے۔

Abate, *v.t. & i.*: (۱) گھٹانا؛ گھٹنا؛ کم کرنا۔ (۲) رفع شر یا مضرت کرنا۔ (۳) کند کرنا؛ کھنڈا کرنا۔ (۴) گھٹانا؛ کم کرنا؛ تخفیف کرنا (قیمت کا)؛ نرخ کم کرنا؛ بھاو مندا کرنا۔ (۵) کم کرنا؛ دھیما کرنا؛ روکنا؛ تھامنا؛ مدھم کرنا (غصّے یا تشدّد کا)۔ (۶) کمزور کرنا؛ قوت یا زور گھٹا دینا۔ (۷) سِٹھا کردینا؛ وضع کرنا؛ چھوٹ ... را دینا۔ (۸) اُترنا؛ کم ہونا؛ زور ٹوٹنا (سیلاب یا وبا وغیرہ کا)۔ (۹) (قانون) منسوخ یا خارج کرنا (کِسی تحریری دستاویز یا کارروائی کا)۔

abatement, *n.*: (۱) کمی؛ تخفیف۔ (۲) تخفیف نرخ؛ بھاو کم کرنا؛ روک تھام؛ چھوٹ؛ منہائی (قیمت کی)؛ اِخراج۔

Abatis, Abattis, *n.*: گرائے ہوئے درختوں سے مورچہ بندی۔

abatised, *a.*: مورچہ بند (گرائے ہوئے درختوں سے)۔

abattoir, n. : مذبح؛ مسلخ؛ بوچڑخانہ؛ کمیلہ۔

Abb, n. : بانا؛ بھرنی (تانے کے ساتھ کا) تاگا۔

Abba, n. : بابا؛ باپ؛ پدر؛ (یہ لفظ *Father* کے ساتھ استعمال ہوتا ہے بمعنی) یا رب العالمین ' یا اللہ ؛ خداوندا' الٰہی (شامی' قبطی کلیساؤں میں اسقف و بطریق کو مخاطب کرنے کے لیے)۔

Abbacy, n. : تولیت؛ (صاحب خانقاہ یا دیر کا) منصب یا زمانۂ تولیت؛ حدود عمل۔

Abbatial, a. : خانقاہی ؛ خانقاہ یا صاحب خانقاہ سے متعلق۔

Abbe, n. : وہ فرانسیسی جنھیں کلیسائی لباس پہننے کا حق حاصل ہو' اور جن کے ذمے کوئی فرض منصبی نہ ہو۔

Abbess, n. : دیر راہبات کی سردار؛ صدر راہبہ۔

Abbey, n. : (۱) خانقاہ؛ دیر؛ زاویہ (راہبوں یا راہبات کا)۔ (۲) راہبوں یا راہبات کی جمعیت۔ (۳) گرجا؛ کلیسا (جو پہلے خانقاہ یا اُس کا جز تھا)۔

Abbot, n. : صدر راہب؛ راہب ؛ راہبوں کی خانقاہ کا صدر۔

Abbot of Misrule or *of Unreason*: ازمنۂ وسطیٰ کے سوانگوں اور کھیل تماشوں کا سردار؛ پیر مغاں؛ گرو گھنٹال ؛ سرکردہ۔

Abbotcy, Abbotship, nn. : رئیس خانقاہ کا عہدہ؛ ریاست خانقاہ۔ دیکھو ABBACY۔

Abbreviate, a. : ایجاز کردہ ؛ قصر کردہ ؛ مختصر (خصوصاً طبیعی تاریخ میں)۔

Abbreviate, v.t. : ایجاز؛ قصر یا مختصر کرنا ؛ کم کرنا ؛ چھوٹا کرنا (الفاظ کے لیے خاص طور پر' اور عام طور پر' ملاقات' قصے' وغیرہ کے لیے)

abbreviation, n. : ایجاز ؛ اختصار ؛ کمی۔

A B C, n. : (۱) حروف تہجی؛ الف بے؛ ابجد۔ (۲) کسی مضمون کی ابتدا ؛ مبادیات ؛ اولیات؛ موٹی موٹی باتیں۔ (۳) (ریل کا) وقت نامہ ؛ دستورالعمل

Abdicate, v.t. : (۱) دست بردار ہونا ؛ کنارہ کش ہونا ؛ علحدہ ہونا؛ چھوڑ دینا (کسی قبضے ' عہدے یا حق کا)۔ (۲) راج پاٹ تجنا ؛ تخت چھوڑنا۔

abdicated, a. : چھوڑا ہوا ؛ ترک کردہ۔

abdication, n. : دست برداری؛ علحدگی۔

Abdomen, n. : (۱) (تشریح) پیٹ؛ شکم؛ بطن (معدہ مع آنتوں اور دیگر آلات ہضم کے)۔ (۲) (حیوانیات) کیڑوں' مکڑیوں' وغیرہ کا پچھلا حصّہ۔

Abdominal, a. : (۱) بطنی ؛ شکمی ؛ پیٹ کے متعلق ؛ معدی۔ (۲) (مچھلی) جس کے پر شکم کے نیچے ہوں؛ پیٹ پری (ج)۔

Abdominous, a. : موٹا؛ توندل ؛ بڑے پیٹ والا ؛ تھیندس۔

Abducent, a. : (۱) (تشریح) مُبعّد ؛ کھینچنے والا؛ پھیلانے والا (عضلات جن سے کوئی حصّۂ جسم کُھلتا یا کھنچتا ہے)۔

Abduct, v.t. : (۱) بھگا لیجانا ؛ اڑا لیجانا ؛ اِغوا کرنا (خاص کر عورت کا بجبر یا بفریب)۔ (۲) کھینچنا؛ بڑھانا (کسی عضو وغیرہ کا اُس کے فطری مقام سے) ؛ پھیلانا۔

Abduction, n. : (۱) (قانون) اِغوا کرنا یا بھگا لیجانا؛ اڑا لیجانا؛ اُٹھا لیجانا؛ غائب کردینا (جبراً)۔ (۲) تبعید؛ کسی عضو کو (اُس کی جگہ سے) ہٹانا۔ (۳) (جراحی) (زخم کے کناروں کا) سکڑنا (جس سے اُس کا منہ کھل جائے)۔ (۴) (منطق) قیاس احتمالی (ایسا قیاس جس کا صغریٰ اور نتیجہ احتمالی ہو)۔

Abductor, n. : (۱) مغوی؛ بھگا لیجانے والا۔ (۲) زخم کو سکیڑنے والی نس۔

Abeam, adv. : (جہاز رانی) (جہاز کے طول سے زاویۂ قائمہ بناتا ہوا) عرضاً۔

a. of us : ہمارے مرکز کے مقابل؛ ہمارے پہلو بہ پہلو۔

Abecedarian, a. & n. : (۱) حرف وار ترتیب دیا ہوا؛ حرف وار؛ ردیف وار۔ (۲) نو آموز؛ طفل مکتب؛ مبتدی؛ عامی۔ (۳) ابجد خوان۔

Abed, adv. : بستر پر؛ پلنگ پر؛ سوتا ہوا؛ خوابیدہ؛ آرام میں۔

Abele, n. : سفیدہ (درخت)۔

Aberdevine, n. : (پرندوں کے شوقینوں کی اصطلاح) ایک قسم کی چڑیا (غالباً *siskin*) کا نام۔

aberglaube, n. : [جرمانی لفظ] خوش اعتقادی ؛ توہم؛ وہم پرستی۔

Aberrant, a. : (۱) (راہ راست سے) بھٹکا ہوا؛ گمراہ؛ کج رو۔ (۲) (تاریخ طبعی) خلاف معمول؛ ناقص الخلقت یا عجیب الخلقت؛ انوکھی خلقت کا۔

aberrance, aberrancy, nn. : بگاڑ؛ فساد؛ اختلال؛ گمراہی؛ کج خلقی ؛ خلاف معمول ہونا۔

Aberration, n. : (۱) اِنحراف؛ رستے سے بھٹکنا؛ (لغوی و مجازی) کج روی؛ کج راہی؛ ضلالت۔ (۲) قاعدہ یا ضابطہ شکنی؛ تجاوز (حدود سے)۔ (۳) بھول؛ چوک؛ خطا کاری۔ (۴) فتور (دماغی)؛ اختلال ذہن۔ (۵) نوع سے اختلاف؛ نقص خلقی؛ سقم؛ تجاوز نوعی۔ (۶) (مناظریات) عدم ارتکاز؛ شعاعوں کا ایک مرکز پر نہ ملنا۔ (۷) (فلکیات) اِنحراف (دیکھنے والے کے اعتبار سے اجرام فلکی کا اپنی جگہ سے ہٹنا) ؛ مغالطہ۔

Abet, v. t. : (جرم میں مجرم کی) اعانت کرنا۔

aid and abet **abet.**

abetment, n. : اعانت۔

abettor; abetter, n. : (قانون) معین (جرم)۔

ab extra, adv. : باہر کی طرف سے؛ بیرونی جانب سے؛ باہر سے؛ بیرونی؛ خارجی۔

Abeyance, n. : تعطل؛ التوا (حقوق وغیرہ کا)۔

be in or *fall into a.* : معرض التوا میں پڑنا؛ کھٹائی میں پڑنا۔

Abhor, v.t. : نفرت کرنا؛ حقارت سے دیکھنا؛ کراہت کرنا؛ گھن کرنا۔

Abhorrence, n. : (۱) نفرت؛ حقارت؛ گھن؛ کراہت؛ تنفر۔ (۲) چڑ؛ وجہ نفرت؛ موجب کراہت۔

Abhorrent, a. : (۱) نفرت انگیز؛ قابل تنفر؛ مکروہ؛ گھناؤنا۔ (۲) متبائن؛ بے جوڑ ؛ بے میل؛ متخالف (جب *from* کے ساتھ ہو)۔ (۳) (متروک) بیزار؛ ناراض۔

Abhorrer, n. : (تاریخ) اُن لوگوں کا چڑانے کا نام جنھوں نے ۱۶۸۰ع میں اُن سپاس ناموں پر جو چارلس دوم کو دیے گئے' دستخط کیے تھے) ؛ تبرائی گروہ۔

Abidance, n. : (۱) اِستمرار؛ جاری رہنا؛ اِستقرار؛ قیام۔ (۲) بود و باش؛ سکونت؛ اقامت گزینی؛ (۳) پابندی؛ اتباع؛ قایم رہنا (کسی قاعدے یا وعدے پر)۔

Abide, v.t.&i. : (۱) باقی رہنا؛ بچ رہنا ؛ قائم رہنا۔ (۲) جاری رہنا

(یا) رکھنا؛ قائم رکھنا(یا)رہنا؛ برقراررکھنا (یا) رہنا؛ علی حالہ رہنا (یا) رکھنا۔ (۳) بسنا؛ بود وباش کرنا؛ قیام کرنا؛ رہنا سہنا؛ اقامت گزیں ہونا؛ سکونت رکھنا۔ (۴) مستقل رہنا؛ مضبوط رہنا؛ قائم رہنا؛ ٹکا رہنا؛ جمے رہنا؛ اڑے رہنا؛ مصر رہنا۔ (۵) (جب *by* کے ساتھ آوے) پابند رہنا؛ صادق رہنا (کسی قول پر)؛ عمل کرنا (حسب شرائط)؛ عامل ہونا۔ (۶) منتظر رہنا؛ راہ دیکھنا؛ گھات میں یا تاک میں رہنا۔ (۷) مقابلہ کرنا؛ جھیلنا؛ برداشت کرنا۔ (۸) سر تسلیم خم کرنا؛ ماننا؛ تسلیم کرنا؛ اطاعت کرنا۔ (۹) (نفی میں جیسے *I cannot a.*) برداشت کرنا؛ متحمل ہونا؛ تحمل کرنا؛ ضبط کرنا۔

Abiding, *a.*: مستقل؛ ہمیشہ کا؛ دوامی؛ پائدار؛ دیرپا۔

abidingly, *adv.*: مستقلاً؛ دواماً وغیرہ۔

Abiet-: (۱) یہ لفظ اکثر کیمیاوی ناموں کا جز ہوتا ہے۔ (۲) صنوبر یا گوند سے متعلق؛ صنوبری۔

Abigail, *n.*: (بیگمات کی) خواص؛ پیش خدمت۔ [Beaumont اور Fletcher کی کتاب *"The Scornful Lady"* میں ایک عورت کا نام]

Ability, *n.*: (۱) صلاحیت؛ قابلیت؛ اہلیت؛ قوت؛ شکتی؛ قدرت (کسی کام کے کرنے کی)۔ (۲) اختیار؛ مجاز ہونا (قانونی)۔ (۳) مالی حیثیت؛ استطاعت؛ مقدور (کسی مطالبے کے پورا کرنے کا)۔ (۴) استعداد؛ ہوشیاری؛ ذہانت۔

ab initio, *adv.*: شروع سے؛ ابتدا سے؛ اول سے۔

Abiogenesis, *n.*: بے جان مادے سے جانداروں کا پیدا ہونا؛ خود زائی (ح)۔

abiogenetic, *a.*: خود زائی اصول سے متعلق۔

abiogenetically, *adv.*: خودزائی طریقے پر؛ خودزائی کے اصول کے مطابق۔

abiogenist, *n.*: خودزائی کا معتقد۔

abiogenous, *a.*: خود زائیدہ۔

Abiogeny, *n.* = abiogenesis: دیکھو — ABIOGENESIS

Abject, *a.* & *n.*: (۱) حقیر؛ دنی؛ پست؛ فرومایہ؛ کمینہ۔ (۲) ذلیل؛ خوار؛ ارذل؛ قابل نفرت؛ نفرت انگیز؛ دنی؛ سفلہ؛ نفرا۔ (بائبل اور قدیم) ذلیل ترین شخص؛ اسفل۔

abjectly, *adv.*: دنائت یا فرومایگی سے؛ ذلیلانہ؛ رکیکانہ؛ فرومایہ وار۔

abjectness, *n.*: ذلت؛ پستی؛ دنائت؛ کمینہ پن؛ خواری؛ رکاکت۔

Abjection, *n.*: (۱) ذلت؛ خواری؛ زبوں حالی؛ پستی۔ (۲) تذلیل؛ تحقیر۔

Abjuration, *n.*: قسم یا حلف (انکاری)؛ توبہ؛ سوگند؛ تحاشی؛ دست برداری؛ لا دعویٰ ہوجانا۔

Abjure, *v.t.*: (۱) انکاری قسم کھانا؛ حلف پر دست بردار ہونا یا چھوڑ دینا؛ توبہ کرنا۔ (۲) تجنا؛ چھوڑنا (حلف یا قسم پر)؛ (ترک وطن وغیرہ کی) قسم کھانا۔

Ablactation, *n.*: دودھ بڑھائی؛ دودھ چھڑائی۔

Ablation, *n.*: (۱) جزء؛ قطع؛ علیحدہ کرنا؛ کاٹنا (خاص کر جراحی میں کسی حصۂ جسم کو)۔ (۲) (ارضیات) گھلنا؛ فرسودگی؛ تحلیل؛ بہنا (کسی چٹان یا برف کے ڈھیر کا پانی کے اثر سے)۔

Ablative, *a.* & *n.*: اسم کی اخراجی حالت (جس سے فعل کے ماخذ؛ سبب؛ وغیرہ یعنی "سے" کے معنی مستفاد ہوتے ہیں)۔

A. absolute: لاطینی کی ایک مخصوص نحوی ترکیب ہے۔

Ablaut, *n.*: اشتقاق میں حروف علت کی قاعدہ وار کے مطابق تبدیلی۔

Ablaze, *adv.&pred.a.*: (۱) جلتا ہوا؛ روشن؛ سوزاں؛ فروزاں؛ بھڑکتا ہوا؛ مشتعل۔ (۲) دمکتا ہوا؛ روشن؛ چمکتا ہوا؛ تاباں۔ (۳) برافروختہ؛ ذنگ در آتش؛ مشتعل؛ بپھرا ہوا۔

Able, *a.*: (۱) ہوشیار؛ قابل؛ لائق؛ ذکی؛ تریس۔ (۲) قابل؛ لائق (کسی کام کرنے کے)؛ اہل؛ قادر؛ صلاحیت رکھنے والا؛ استطاعت والا۔

-a.- bodied seaman (abbr. A.B.): کار آزمودہ ملاح۔ (۳) قانوناً کسی کام کے کرنے کا اہل؛ مجاز۔

-able, *suf.*: کرنے کے لائق؛ کرنے کا اہل؛ قابل؛ پذیر۔

Ablet, Ablen, *n.*: دھو کی قسم کی ایک سفید مچھلی؛ سپیدہ مچھلی۔

Ablings, Ablins, Aiblins, *adv.*: (اسکاچ اور شمالی انگلستان کی زبان میں) شاید؛ ممکن ہے کہ۔

Abloom, *adv.&pred.a.*: شگفتہ؛ کھلا ہوا؛ شاداب؛ بہار پر؛ جوبن پر۔

Ablush, *adv.&pred.a.*: (شرم سے) لال؛ تمتمایا ہوا؛ عرق عرق۔

Ablution, *n.*: (۱) (عموماً جمع میں) (مذہبی) صفائی؛ غسل؛ وضو؛ اشنان؛ نہان؛ طہارت (جسم، ہاتھوں، یا متبرک برتنوں کی)۔ (۲) (معمولی) غسل؛ نہانا؛ حمام کرنا؛ دھونا؛ پاک کرنا؛ صاف کرنا۔ (۳) (واحد میں) دھوون (وہ پانی جس میں کوئی چیز دھوئی گئی ہو، خاص کر رومن کیتھلک رسوم میں)۔

ablutionary, *a.*: طہارت؛ وضو؛ غسل یا اشنان کے متعلق۔

Abnegate, *v.t.*: (کسی چیز کا) ترک کرنا؛ انکار کرنا؛ پرہیز کرنا؛ نفس کشی کرنا؛ دست کش ہونا؛ (کسی حق یا عقیدے کا) چھوڑ دینا۔

Abnegation, *n.*: (۱) انکار؛ احتراز؛ ترک؛ چھوڑنا؛ پرہیز؛ نفس کشی۔ (۲) رو گردانی؛ دست کشی؛ دست برداری؛ انحراف (کسی عقیدے وغیرہ سے)۔ (۳) ایثار؛ نفس کشی؛ ضبط نفس؛ جی مارنا (اب اکثر *self-* کے ساتھ آتا ہے)۔

Abnormal, *a.*: غیر معمولی؛ خلاف معمول؛ خلاف دستور؛ خلاف عادت؛ مستثنیٰ؛ شاذ؛ کسی اصول یا نوع وغیرہ سے مختلف؛ نقطۂ اعتدال سے ہٹا ہوا۔

abnormality, *n.*: غیر معمولی پن؛ شذوذ؛ استثنائیت۔

abnormally, *adv.*: خلاف معمول طور پر وغیرہ۔

Abnormity, *n.*: (۱) بے قاعدگی؛ بے اعتدالی؛ زیادتی (شدت)۔ (۲) عجیب الخلقت؛ عجیب الہیئت (شے)؛ عجیب و غریب؛ وحشت انگیز (شے)۔

Aboard, *adv.&prep.*: (۱) جہاز میں؛ جہاز پر؛ کشتی پر۔ (۲) (ایک جہاز دوسرے کے) متصل؛ پاس؛ قریب؛ پہلو بہ پہلو (خاص کر *close* or *hard a.*)۔ (۳) پر؛ میں؛ اندر؛ اوپر۔

fall a.: لڑ پڑنا؛ متصادم ہونا (دوسرے جہاز سے)۔

lay a.: جنگ میں اپنے جہاز کو مخالف کے جہاز سے ملانا یا اس کے پاس لانا؛ جہاز بھڑانا۔

Abode, *n.*: (۱) مکان؛ مسکن؛ گھر؛ رہنے کی جگہ؛ نرود گاہ؛ استھان؛ جائے قیام؛ اترنے کی جگہ۔ (۲) بود و باش؛ سکونت؛ قیام؛ توطن۔

Aboil, *adv. & pred. a.* : اُبلتا ہوا؛ کھولتا ہوا؛ جوش میں -

Abolish, *v.t.* : موقوف کرنا؛ بند کرنا؛ اٹھادینا (رسم و رواج وغیرہ کو) -

abolishable, *a.* : قابل ترک؛ بند کرنے؛ توڑنے؛ اُٹھا دینے کے قابل -

abolisher, *n.* : موقوف کرنے والا -

abolishment, *n.* : موقوفی؛ بند ہو جانا -

Abolition, *n.* : انسداد؛ مسدودی؛ موقوفی؛ (اٹھارویں اور اُنیسویں صدی میں) رسم غلامی کا اِنسداد -

abolitionism, *n.* : تحریک اِنسداد غلامی؛ اِنسدادیت -

abolitionist, *n.* : اِنسدادی؛ حامی اِنسدادیت؛ اِنسداد غلامی کا حامی -

Abominable, *a.* : (۱) شنیع؛ کریہہ؛ مکروہ؛ قابل نفرت؛ حقیر؛ نفرت انگیز؛ بد قوارہ؛ کریہہ المنظر؛ ارذل (اخلاق کے اعتبار سے) - (۲) (مبالغے کے لیے) ناگوار؛ غیر خوش آیند؛ بُرا؛ ناگوار خاطر؛ مذموم؛ قبیح -

abominableness, *n.* : شناعت؛ نفرت انگیزی؛ کراہت آگینی؛ مکروہ پن؛ بد قوارہ پن؛ بد ہیئتی -

abominably, *adv.* : رذیلانہ؛ مکروہانہ؛ حقیرانہ؛ قابل نفرت طریقے پر

Abominate, *v.t.* : (۱) نفرت کرنا؛ حقارت کرنا؛ کراہت کرنا- (۲) (مبالغہ) ناپسند کرنا؛ قبیح سمجھنا؛ مذموم سمجھنا -

Abominate, *a.* : (شاعری) نفرت زدہ؛ محقر-

Abomination, *n.* : (۱) نفرت؛ کراہت؛ تنفر - (۲) شناعت؛ بدکاری؛ قابل نفرت عادت یا کام؛ مذموم (حرکت یا عادت)؛ فعل قبیح؛ قباحت - (۳) نفرت انگیز کام؛ لعنت زدہ؛ ملعون؛ خبیث (شخص یا فعل) -

Aboriginal, *a. & n.* : (۱) کہن بود؛ کہن باش؛ اصلی؛ مُلکی؛ دیسی؛ پراچین؛ پہلے کا؛ پُرانا؛ قدیم (طبعی اشیا اور اقوام جو کسی مُلک میں پہلے سے آباد ہوں) - *Aboriginals* : (*n.pl.*) ٹھیٹ دیسی؛ اصلی باشندے؛ مُلکی باشندے؛ پراچین لوگ؛ قدیم رہنے والے (چیزوں کے لیے شاذ) -

aboriginality, *n.* : قدامت؛ قدیم توطن؛ ٹھیٹ دیسی پن -

aboriginally, *adv.* : بہ طریق قدامت یا اولیت؛ پراچین لوگوں کی طرح؛ قدیمانہ -

Aborigines, *n. pl.* : پراچین لوگ؛ قدیم یا اصلی باشندے؛ (استعارةً) بدوی؛ جنگلی باشندے (مُلکی درختوں اور جانوروں کے لیے بھی مستعمل ہے) -

Abort, *v.i.* : (۱) اسقاط ہونا؛ بے حمل گرنا؛ پیٹ گرنا - (۲) (حیاتیات) بانجھ رہ جانا؛ غیر مثمر رہنا؛ ادھ کچرا رہ جانا؛ مرجھاجانا- ٹھٹر جانا (درخت؛ جانور؛ افراد؛ قوم؛ یا اعضائے جسم کا) - اُٹھان کا مارا جانا -

Aborted, *a.* : (۱) کچا بچہ؛ کم دن کی پیدائش (وہ بچہ جو قبل از وقت پیدا ہو) - (۲) نیم ساختہ؛ ادھورا؛ ادھ کچرا؛ غیر مکمل؛ ناقص - (۳) وہ چیز جس کا نمو پورا نہ ہوا ہو -

Abortion, *n.* : (۱) اِسقاط؛ پیٹ گرنا؛ کچا بچہ ہونا؛ گربھ پات - (۲) اِسقاط کرانا؛ حمل گرانا؛ پیٹ گرانا - اِسی سے مسقط؛ پیٹ گرانے والا؛ اِسقاط کرانے والا (abortionist) - (۳) افسردگی؛ ٹھٹھرا پن؛ ادھورا پن؛ ناقص نشو و نما؛ سقم (کسی عضو وغیرہ کا)- (۴) بونا؛ بد قوارہ (مخلوق) - (۵) ناکامی؛ عدم تکمیل (کسی تجویز یا کام کی) -

Abortive, *a.* : (۱) ناقص؛ کچا؛ ادھ کچرا؛ غیر مکمل (ولادت وغیرہ) - (۲) لا حاصل؛ فضول؛ بے کار؛ ناکام؛ اَسپھل؛ اکارت - (۳) ابتدائی؛ اولی؛ اصلی (عضو وغیرہ جس کی اُٹھان ماری گئی ہو) - (۴) افسردہ؛ ٹھٹھرا ہوا؛ مرجھایا ہوا؛ نیم ساختہ -

abortively, *adv.* : رائگاں یا ناقص طور سے؛ کچے پن سے؛ بے فائدہ -

abortiveness, *n.* : خامی؛ ناکامی؛ ادھ کچرا پن؛ افسردگی؛ مرجھاہٹ -

Abound, *v.i.* : (۱) چھلکنا؛ لبالب ہونا؛ اُبل پڑنا (کسی ظرف سے رقیق شے کا)؛ بھر پور ہونا - (۲) بہتات سے ہونا؛ کثرت سے ہونا؛ وافر ہونا؛ بافراط ہونا؛ (کسی جگہ میں وبا یا کھٹملوں؛ جوؤں؛ وغیرہ کا) کثرت سے ہونا -

a. in : مالا مال ہونا؛ (کوئی چیز) کثرت سے رکھنا؛ بھرا ہوا ہونا؛ بھر پور ہونا؛ بہت ہونا -

a. with : پٹا ہوا ہونا؛ بھرا ہوا ہونا؛ بھرا پُرا ہونا (کسی چیز سے) -

About, *adv.&prep.* : (۱) اطراف میں؛ چاروں طرف- (۲) کِسی مرکز کے گِردا گرد؛ ارد گرد جیسے اپنے گردا گرد دیکھو *look a. you* - (۳) کِسی طرف؛ کسی رخ؛ آس پاس؛ (*hang a. the door*) دروازے کے آس پاس رہنا - (۴) یہاں وہاں؛ اِدھر اُدھر؛ جا بجا؛ ہر کہیں (*order a., move a.*) - (۵) کم و بیش؛ تخمیناً؛ تقریباً؛ لگ بھگ (تعداد؛ پیمانے یا درجے کے اعتبار سے) *a. midnight, a. half.* - (۶) پھر کر؛ گھوم کر؛ پلٹ کر؛ *right-a. turn, the wrong way a.* - (۷) چاروں طرف مخاطب ہوکر؛ ہر طرف پھر کر (*take turns a., read verse a.*) - (۸) مشغول؛ مصروف؛ فکر میں (*what are you a.?*) - (۹) متعلق بہ؛ بابت؛ نسبت؛ بارے میں (*quarrels a. trade*) - (۱۰) گھوم کر؛ چکر کاٹ کر؛ پھیر دے کر؛ گھوم گھام کر (*went a long way a.*) - (۱۱) عنقریب؛ بالکل ہی؛ تقریباً-

About, *v.t.* : جہاز کا رخ بدل کر دوسرے رستے پر لانا -

About-sledge, *n.* : لوہار کا سب سے بڑا ہتوڑا -

Above, *adv.& prep.* : (*Adv.*) (۱) اوپر؛ بالا- (۲) سر کے اوپر؛ بلندی پر؛ اونچے پر؛ بلند - (۳) کوٹھے پر؛ اوپر (چشمے کے منبع کی طرف؛ چڑھاؤ کے رخ) - (۴) آسمان پر؛ عالم بالا میں؛ دوسری دنیا میں - (۵) اوپر کی طرف - (۶) بالا (جیسے مذکورۂ بالا؛ محولۂ بالا)؛ پہلے (جیسے "پہلے لکھا جا چکا ہے")؛ اوپر ("اوپر لکھ آئے ہیں") - (۷) علاوہ؛ مزید (برآں) (*over and a.*) - (*Prep.*) (۱) بر؛ بالا؛ پر؛ اوپر؛ زیادہ (*head a. water*) - (۲) اوپر؛ باہر (*a. par*) آگے؛ اوپر (*not traced a. third century*) - (۳) ارفع؛ اعلیٰ (*a. criticism*) - (۴) ارفع؛ بلند تر : *he is a. meanness* - (۵) اہم ترین؛ سب سے زیادہ؛ سب سے بڑھ کر (*a. all*) - (۶) کچھ اوپر؛ جیسے کچھ اوپر سو (*a. a hundred*) -

Above-board, *adv.& pred.a.*: (۱) علانیہ؛ کھلم کھلا؛ برملا- (۲) بے لاگ؛ کھرا؛ صاف؛ بے کم و کاست-

ab ovo, *adv.*: بالکل شروع سے؛ باوا آدم سے لے کر (اُن بیانات کے لیے استعمال ہوتا ہے جو اُکتانے والے ہوتے ہیں) -

Abracadabra, *n.*: (۱) منتر؛ جادو کے بول؛ ٹونا؛ انچھر- (۲) بڑبڑانا - (۳) تعویذ مثلث (جادو کے لفظ جو مثلث کی شکل میں لکھ کر پہنے جاتے ہیں اور دافع امراض تصور کیے جاتے ہیں)-

Abrade, *v.t.*: کھرچنا؛ چھیل ڈالنا؛ رگڑ ڈالنا؛ گھسنا (جلد وغیرہ کو زور سے) -

Abranchial, **Abranchiate**, *a.*: بے گلپھڑے کا؛ بن گل پھڑا -

Abrasion, *n.*: رگڑ؛ کھرچ؛ خراش؛ کھرینچ (جو جلد کے گھسنے سے ہو)-

Abreast, *adv.& prep.*: (۱) ہم صف؛ پہلو بہ پہلو؛ دوش بدوش؛ برابر برابر - (۲) ہم قدم؛ ساتھ ساتھ (ترقی، خیال، زمانے وغیرہ کے)-

a. the times: زمانے کے ساتھ ساتھ؛ زمانے کے ہم قدم؛ اقتضائے زمانہ کے مطابق-

Abridge, *v.t.*: (۱) مختصر کرنا؛ کم کرنا (ملاقات وغیرہ کو) - (۲) مختصر کرنا؛ خلاصہ کرنا؛ اختصار کرنا؛ تلخیص کرنا (کتاب وغیرہ کی)- (۳) گھٹانا؛ محدود کرنا؛ کم کردینا (آزادی کو)- (۴) محروم کرنا (کسی شخص کو حق وغیرہ سے)-

Abridgment, -ement, *n.*: (۱) تخفیف؛ گھٹانا؛ کمی؛ اختصار (وقت یا محنت کا) - (۲) کمی؛ گھٹاو؛ روک؛ تحدید؛ محرومی (حقوق وغیرہ سے)- (۳) تلخیص؛ خلاصہ؛ اختصار؛ ملخص؛ لب لباب (کتاب وغیرہ کا) -

Abroach, *adv.& pred. a.*: سوراخ دار؛ چھید کیا ہوا (پیپے وغیرہ میں، تاکہ عرق بہ سکے) -

Abroad, *adv.&n.*: (۱) سب طرف؛ ہر طرف؛ دور دور؛ جہاں تہاں - (۲) سائر؛ پھیلی ہوئی (افواہ وغیرہ) - (۳) باہر؛ پردیس میں؛ غیر ملکوں میں؛ (*n.*) غیر ملک - (۴) غلط؛ کہیں کا کہیں؛ اناپ شناپ (*all a.*) -

Abrogate, *v.t.*: منسوخ کرنا؛ ترک کرنا؛ اُٹھادینا (قانون یا رسم کو) -

Abrogation, *n.*: نسخ؛ تنسیخ؛ ترک-

Abrupt, *a.*: (۱) ایکا ایکی؛ یکایک؛ دفعۃً؛ بے سان گمان؛ اچانک؛ ناگہاں؛ ناگہانی؛ بے ربط؛ بے جوڑ - (۲) ڈھالو؛ کھڑا نشیبی؛ کٹوا سا - (۳) (نباتیات) مقصور؛ مقطوع؛ کٹا سا -(۴) (ارضیات) پھٹ نکلا؛ دفعۃً اُبھرنے والا (زمین کے طبقوں سے) -

abruption, *n.*: یکایک علیحدگی؛ اِنقطاع؛ جھڑ پڑنا (جسم کے کسی حصّے کا) -

abruptly, *adv.*: ایکا ایکی؛ دفعۃً؛ یکایک؛ ناگہاں طور پر؛ بے جوڑ؛ بے ربط-

abruptness, *n.*: جلدی؛ اضطرار؛ بے ربطی؛ بے سان گمان ہونا؛ ناگہانی پن-

Abs-, *pref.*: از، سے، دور، علیحدہ کے معنوں میں - دیکھو -AB-

Abscess, *n.*: دنبل (دمل)؛ پھوڑا؛ جسم میں پیپ کا پڑنا-

Absciss(e) (pl.*-es*), **Abscissa** (pl.*-ae*), *n.*: (علاسہ) فصلہ؛ دو علی القوائم خطوط میں سے کسی ایک پر ایک نقطے سے عمود گرایا جائے تو نقطۂ تقاطع سے اُس عمود کے فاصلے کو فصلہ کہتے ہیں-

Abscission, *n.*: (۱) (جراحی) چیر پھاڑ؛ کاٹ ڈالنا؛ بزور علیحدہ کر دینا

Abscond, *v.i.*: فرار ہونا؛ بھاگنا؛ خفیہ طور پر چل دینا؛ روپوش ہونا-

abscondence, *n.*: روپوشی؛ فرار (قانونی مواخذے سے بچنے کے لیے)-

absconder, *n.*: مفرور؛ فراری -

Absence, *n.*: (۱) غیر موجودگی؛ غیر حاضری - (۲) عدم موجودگی؛ جدائی؛ پیٹھ پیچھے؛ غیاب - (۳) عدم؛ فقدان؛ کسی چیز کا نہ ہونا - (۴) خیال کا بھٹکنا؛ دماغ کا حاضر نہ ہونا؛ خلاء ذہن (*a. of mind*) - (۵) پکار؛ اسم واری حاضری -

Absent, *a.*: (۱) غیر حاضر؛ غیر موجود؛ غائب؛ معدوم؛ مفقود - (۲) کھویا ہوا؛ پراگندہ دماغ؛ گم صم -

absently, *adv.*: بے خیالی سے -

absent-minded, *a.*: کھویا ہوا؛ گم؛ غوطہ میں؛ پراگندہ دماغ-

absent-mindedly, *adv.*: بے خیالی سے؛ خیالات کی پراگندگی سے -

absent-mindedness, *n.*: بے خیالی؛ خیالات کی پراگندگی-

absentness, *n.*: عدم حضوری؛ غیر حاضری؛ عدم موجودگی کی حالت -

Absent, *v.refl.*: اپنے آپ کو غیر حاضر رکھنا؛ غائب یا غیر حاضر رہنا؛ موجود نہ رہنا -

Absentee, *n.*: (۱) غیرحاضر (شخص یا فریق) - (۲) غائب باش؛ غیرحاضر باش (وہ جو بالعادت اپنے گھر سے علیحدہ رہتا ہو، خصوصاً ایسا زمیندار)؛ وقت پربیٹھ رہنے والا یا غائب ہوجانے والا -

absenteeism, *n.*: غائب باشی؛ غیر حاضر باشی-

Absidal, : دیکھو APSIDAL -

Absinth, *n.*: (۱) افسنتین؛ دونا مروا (درخت) - (۲) جوہر افسنتین؛ افسنتینی شراب -

absit omen: (لاتینی فقرہ) "خدا کرے میرے الفاظ میں کوئی فال بد نہ ہو"- خدا نکردہ؛ خدا نخواستہ؛ میرے مُنہ میں خاک -

Absolute, *a.*: (۱) بالکل؛ مطلق؛ پورا؛ کامل؛ محض؛ نرا؛ خالص- (۲) خود مختار؛ غیر پابند؛ آزاد - (۳) مطلق العنان - (۴) (نحو) مطلق؛ نحوی تعلق سے آزاد - (۵) مطلق (اضافی یا تقابلی کا ضد) - (۶) بلا قید؛ غیر مشروط- (۷) قایم بالذات؛ واجب الوجود؛ قایم بالاصل؛ فرد؛ جوہر (جو بغیر کسی اضافیت اور تعلق کے واجب الفہم ہو)-

absoluteness, *n.*: اطلاق؛ کلیت؛ مطلق العنانی؛ بے تعلقی؛ مطلقیت؛ خودبینی

Absolutely, *adv.*: (۱) بذاتہ؛ بالذات- (۲) خود مختارانہ؛ آزادانہ- (۳) غیر مشروط طریقے پر- (۴) بلا لواحقات معمولی، جیسے ایک متعدی فعل کا استعمال بغیر مفعول کے - (۵) ناطق؛ وجوباً- (۶) اتماماً؛ مجملاً (یعنی حاصل کلام)؛ کُلیۃً؛ قطعاً؛ مطلقاً؛ بالکل- (۷) (نفی کے ساتھ) بالکل نہیں؛ ہرگز نہیں؛ قطعاً نہیں؛ مطلق نہیں-

Absolution, *n.*: (۱) خلاصی؛ آزادی؛ بریت؛ برائت؛ گلو خلاصی؛ چھٹکارا (کسی گناہ، حکم یا ذمہ داری سے) - (۲) مغفرت؛ بخشش؛ عفو گناہ؛ اعلان نجات؛ عذاب یا مذہبی سزا سے معافی؛ آمرزش - (۳) معافی؛ بخشش؛ آمرزش؛ نجات (عام معنوں میں) -

Absolutism, *n.*: (۱) (دینیات) یہ عقیدہ کہ نجات اور مکتی کے

باب میں خدا مالک مطلق ہے؛ مطلقیت - (۲) (سیاسیات) مطلق العنانی؛ اِستبدادیت؛ اصول حکومت شخصی؛ اِستبداد پسندی-

Absolutist, *n.*: (۱) معتقد مطلقیت؛ مطلقی؛ اِستبدادی؛ مستبد؛ اِستبدادی حکومت کا حامی؛ اِستبداد پسند - (۲) فلسفی جو معروض و موضوع میں فرق نہیں سمجھتا؛ اطلاقی -

Absolve, *v.t.*: (۱) معافی دینا؛ بری الذمہ کرنا؛ چھٹکارا دینا (گناہ، الزام یا ذمہ داری سے) - (۲) چھوڑ دینا؛ رہا کردینا؛ مخلصی دینا (جرم سے)؛ بے گناہی کا حکم سنانا؛ بخشنا -

Absonant, *a.*: غیر موزوں؛ بے سُر؛ بے تال؛ بے جوڑ؛ خارج از آہنگ؛ بے محل؛ غیر معقول -

Absorb, *v.t.*: (۱) ہضم کرجانا؛ گُھل مل جانا (اِس طرح سے کہ اپنی شخصیت گُم ہوجائے)؛ داخل کرلینا؛ مدغم کرلینا - (۲) جلب توجہ؛ انجذاب توجہ؛ انعطاف توجہ یا منہمک کرلینا - (۳) سوک لینا؛ جذب کرنا؛ کھینچنا؛ پی جانا؛ چوسنا (مائعات وغیرہ کو) - (۴) جذب کرلینا؛ کھینچ لینا؛ تجاذب ہونا (کیمیاوی عمل سے روشنی، حرارت، وغیرہ کا)-

Absorbable, *a.*: جذب پذیر؛ انجذاب پذیر؛ منجذب-

absorbability, *n.*: جذب پذیری؛ انجذاب؛ جذب ہونے کی قابلیت-

bsorbed, *a.*: منہمک، مشغول، دھن میں لگا ہوا؛ ڈوبا ہوا (کِسی شغل میں)؛ بے سدھ؛ مستغرق-

absorbedly, *adv.*: انہماکاً؛ دھن میں؛ استغراقاً -

Absorbefacient, *a.& n.*: (۱) یابس؛ جاذب؛ جذب کرنے یا سکھانے والی چیز (زخم وغیرہ کو) - (۲) یابس (شے)؛ محلل؛ مندمل کرنے والی چیز؛ جالب -

Absorbent, *a.& n.*: (۱) کھینچنے والا؛ چوسنے والا؛ جاذب؛ جالب- (۲) (وہ شے جس میں یہ صفات ہوں)؛ شاربہ - (۳) (درختوں یا جانوروں کی وہ رگ جس میں غذا کھینچنے کی صلاحیت ہوتی ہے) جاذب غذا رگ -

Absorbing, *a.*: دلاویز؛ دلکش؛ جالب توجہ؛ جاذب توجہ؛ منہمک رکھنے والی (چیز)-

Absorption, *n.*: (۱) جذب؛ تحلیل؛ حل؛ (کِسی چیز کا دوسری چیز میں) گُھل مل کر غائب ہونا- (۲) تحلیل؛ (ریشوں کو طبعی یا طبعی طریقے سے تحلیل کرنا) - (۳) اِنہماک؛ مشغولیت؛ اِستغراق؛ دھن - (۴) تشرب؛ تجاذب (مائعات، روشنی، غذا، وغیرہ کا) -

absorptive, *a.*: جاذب؛ محلل؛ کھینچنے والا -

absorptiveness, *n.*: جذبیت؛ قوت جذب؛ تجاذب-

Absquatulate, *v.i.*: چل دینا؛ بھاگ کھڑا ہونا؛ (امریکا والوں کا بنایا ہوا مزاحیہ لفظ جس میں لاتینی سابقہ اور لاحقہ لگایا گیا ہے)-

Abstain, *v.i.*: (۱) باز رہنا؛ دور رہنا؛ بچنا؛ محترز رہنا؛ حذر کرنا؛ اجتناب کرنا - (۲) (منشیات سے) پرہیز کرنا-

abstainer, *n.*: }
abstaining, *a.*: } مجتنب؛ محترز؛ پرہیز کرنے والا (نشوں سے) -

Abstemious, *a.*: (۱) روکھی سوکھی؛ موٹی جھوٹی (غذا) - (۲) پرہیزگار؛ محتاط (خاص کر کھانے پینے میں)-

abstemiously, *adv.*: پرہیزگارانہ؛ محتاط طریقے سے -

abstemiousness, *n.*: پرہیز گاری؛ احتیاط-

Abstention, *n.*: (۱) پرہیز؛ احتراز (لذات سے) - (۲) علیحدگی؛ اِجتناب؛ بچنا؛ بازرہنا (ووٹ دینے سے) -

Abstergent, *a.& n.*: (۱) صاف کرنے والا؛ میل نکالنے والا - (۲) مصفی؛ تنقیہ کرنے والی (دوا) -

Abstersion, *n.*: صفائی؛ دھونا؛ تنقیہ -

Abstersive, *a.*: مصفی؛ صاف کرنے والی؛ دھونے والی (چیز)-

Abstinence, *n.*: احتراز؛ اجتناب؛ باز رہنا؛ پرہیز گاری (منشیات وغیرہ سے)؛ نفس کشی -

total a.: منشیات سے قطعی یا کلی اجتناب -

abstinency, *n.*: پرہیز گاری؛ کم خوری -

Abstinent, *a.*: پرہیز گار؛ محتاط؛ کم خور-

Abstinently, *adv.*: پرہیز گاری کے ساتھ -

Abstract, *a.*: (۱) منتزع (وہ شے جو مادے، مثال یا دستور سے علیحدہ ہو)؛ مجرد؛ غیر مقرون - (۲) ذہنی؛ خیالی (عملی کا ضد) - (۳) دقیق؛ باریک؛ پیچیدہ؛ نازک؛ مشکل؛ مجرد - (*in the a.*) مجرداً؛ مثالاً؛ نظری طریق پر -

abstractly, *adv.*: مجرداً؛ غیر مقرون طریقے پر؛ انتزاعاً؛ ذہنی یا نظری طریق پر -

abstractness, *n.*: تجرید؛ نظریت -

Abstract, *n.*: (۱) روح؛ مغز؛ جوہر؛ خلاصہ؛ ملخص؛ ماحصل - (۲) منتزع یا مجرد حد (*a. term*) -

Abstract, *v.t.*: (۱) اخذ کرنا؛ نکالنا؛ الگ کرنا؛ جدا کرنا؛ علیحدہ کرنا - (۲) چرانا؛ نکال لے جانا - (۳) ہٹانا؛ بٹانا؛ مشغول رکھنا؛ مصروف رکھنا (توجہ وغیرہ کو کِسی چیز میں) - (۴) تجرید؛ منتزع کرنا - مقرون کلی پر غور یا تصور کرنا - (۵) خلاصہ کرنا؛ مختصر کرنا؛ تلخیص کرنا؛ نچوڑنا -

Abstracted, *a.*: محو؛ منہمک؛ مستغرق (کِسی دُھن میں)؛ غیر متوجہ (کِسی چیز سے)؛ کِسی اور ہی خیال میں ڈوبا ہوا-

abstractedness, *n.*: استغراق؛ اِنہماک؛ توجہ کا بٹا ہوا ہونا؛ دُھن؛ محویت-

Abstractedly, *adv.*: (۱) اِنتزاعاً؛ مجرداً؛ ذہنی یا تصوری طریقے پر - (۲) علیحدہ طریقے پر؛ منفرداً - (۳) دُھن میں؛ اِنہماک میں -

Abstraction, *n.*: (۱) علیحدگی؛ جدائی؛ ہٹانا؛ الگ کرنا - (۲) چوری؛ سرقہ - (۳) تجرید؛ اِنتزاع (کِسی کلی کو اُس کے مادے اور مقرون لواحقات سے علیحدہ کرنا) - (۴) تصور مجرد؛ تصور منتزع - (۵) خیالی؛ مثالی؛ تصوری؛ قصر ہوائی (اِسی سے خیال پرست؛ وہمی *abstraction-monger*) - (۶) خالی الذہن ہونا؛ اِستغراق؛ محویت؛ غفلت (کِسی چیز سے)؛ بے خبری -

Abstruse, *a.*: دقیق؛ مشکل؛ عسیر الفہم؛ پیچیدہ؛ کٹھن؛ غامض -

abstrusely, *adv.*: اِشکال کے ساتھ؛ پیچیدگی کے ساتھ؛ غامضانہ -

abstruseness, *n.*: غامضیت؛ دقت؛ پیچیدگی؛ باریکی؛ اِشکال-

Absurd, *a.*: مہمل؛ فضول؛ لغو؛ بے سروپا؛ خلاف عقل؛ غیر موزوں؛ بے تکا؛ بے جوڑ؛ بعیدازقیاس؛ نا معقول؛ بیہودہ؛ لچر -

absurdly, *adv.*: ابلہانہ؛ بے تکے پن سے؛ بے سروپا طریقے پر -

Absurdity, *n.*: (۱) لغویت؛ بے سروپائی؛ نا معقولیت؛ بے وقوفی؛ بے تکا پن؛ ابلہی - (۲) وہ شے یا فعل جو مہمل یا لغو ہو -

Abundance, *n.*: (۱) کثرت؛ زیادتی؛ وفور؛ اِفراط؛ بہتات؛ فراوانی- (۲) شدت؛ اُبل پڑنا (جذبات کا) - (۳) ہجوم؛ انبوہ؛ مجمع؛ ریل پیل (اشخاص کا)؛ ازد حام- (۴) دولت؛ مال؛ ثروت -

Abundant, *a.*: کثیر؛ زیادہ؛ مفرط؛ وافر؛ بہت -

abundantly, *adv.*: اِفراط سے؛ کثرت سے؛ بہتات سے -

ab urbe condita, *adv.*: (قدیم رومیوں کا برسوں کے شمار کرنے کا طریقہ) : شہر روما کے آباد ہونے کے وقت سے -

Abuse, *v. t.*: (۱) غلط اِستعمال کرنا؛ ناجائز اِستعمال کرنا؛ بیجا فائدہ اٹھانا؛ اِستفادۂ بے جا کرنا - (۲) (متروک) دھوکا دینا؛ فریب دینا - (۳) ناجائز برتاو کرنا؛ بد سلوکی کرنا - (۴) تہمت دھرنا؛ بُرا بھلا کہنا؛ آبرو اُتارلینا؛ عزت لینا؛ گالی دینا -

Abuse, *n.*: (۱) ناجائز انتفاع؛ غلط اِستعمال؛ بے جا صرف؛ اِفراط و تفریط - (۲) بُری ریت؛ بُرائی؛ خرابی؛ بُرا دستور؛ بُرا رواج - (۳) گالی؛ دشنام؛ آبرو ریزی؛ سخت کلامی -

abusive, *a.*: تہتک آمیز؛ آبرو ریز؛ مُنہ پھٹ؛ بد لگام؛ بیہودہ؛ نامہذب -

abusively, *adv.*: ہتک آمیز طرز سے

abusiveness, *n.*: آبرو ریزی؛ دشنام دہی؛ بد لگامی؛ بد زبانی؛ ہتک آمیزی

Abut, *v.i.*: (۱) چھونا؛ متصل ہونا؛ مِلا ہوا ہونا؛ سِرے پر ہونا؛ ہم سرحد ہونا؛ ہمسایہ ہونا - (۲) کِسی چیز پر ختم ہونا؛ جامِلنا - (۳) سہارے پر ہونا؛ ٹِکا ہوا ہونا (کِسی چیز پر، عمارتوں کے لیے) -

Abutment, *n.*: (۱) ازواز؛ ٹیکھی؛ (سہارا جو پہلو کی طرف سے دیا جاے یا جس پر کوئی محراب یا پل قایم ہو) دھنی؛ پایہ؛ ستون - (۲) نقطۂ اتصال؛ جہاں سہارا دینے اور لینے والی چیزیں مِلیں؛ جوڑ -

Abutter, *n.*: (قانون) ہمسایہ؛ (وہ شخص جو متصل یا محاذی جائداد کا مالک ہو)؛ شفیع (جِس کو حق شفعہ پہنچتا ہو) -

Aby, Abye, *v.t.*: (متروک) روپیہ دے کر چُھڑانا؛ فک رھن کرنا؛ ہرجانہ؛ جرمانہ ادا کرنا؛ ڈانڈ بھرنا -

Abysm, *n.*: ABYSS کی قدیم شکل جو شعر میں اب بھی مستعمل ہے- دیکھو ABYSS

Abysmal, *a.*: عمیق؛ اتھاہ؛ بے پایاں (نیز مجازاً)-

Abyss, *n.*: (۱) پاتال؛ عالم اسفل؛ تحت الثریٰ - (۲) قعر؛ غار؛ عمق؛ اتھاہ گھاٹی یا کھڈ - (۳) گہرائی؛ عمق (جیسے *a. of light*) (اصطلاحاً) قعر بحر (سطح سمندر سے ۳۰۰ پیلی نیچے)؛ (لغوی) بے اندازہ گہرا اتھاہ؛ جٹیوں گہرا -

Abyssal, *a.*:

Ac-, *pref.*: سابقہ جو (*qu-, k-, c-*) سے شروع ہونے والے الفاظ کے پہلے آتا ہے -

-ac, *suf.*: لاحقہ جو صفات بنانے کے لیے لگادیا جاتا ہے -

Acacia, *n.*: (۱) ببول؛ کیکر - (۲) تقاقیا ببول - (۳) صمغ عربی -

Academe, *n.*: یہ لفظ غلطی سے شاعری میں (بمعنی مجلس علمی یونانی؛ جامعہ یا کلیہ) اِستعمال ہوا ہے (دیکھو ACADEMY)

Academic, *a.& n.*: (۱) درس افلاطونی سے متعلق؛ مذہب افلاطون کا پیرو - (۲) تشکیکی؛ مشکک - (۳) قدیم افلاطونی فلسفی؛ حکیم اشراقی - (۴) علمی؛ عالمانہ (اور اِسی مناسبت سے) اصولی؛ تجریدی؛ غیر عملی؛ معقولی؛ خشک منطقی- (۵) (واحد میں) رکن جامعہ؛ مقلد. جامد؛ کٹھ مُلا؛ اندھا پیرو (کِسی جماعت علمی کے اصول کا)- (۶) (جمع میں) دلائل عقلی؛ منطق؛ نظری دلیلیں؛ جامعہ کا لباس طیلسان؛ قبائے جامعہ - (۷) مجلس علمی کی رکنیت -

Academical, *a.*: (۱) متعلق بہ کلیہ یا جامعہ کالج یا یونیورسٹی سے متعلق؛ درسی؛ علمی- (۲) (جمع میں) کلیہ کی وردی؛ لباس کلیہ -

Academically, *adv.*: اصولاً؛ نظری طور پر؛ غیر عملی طور پر؛ (کبھی کبھی مذکورۂ بالا دونوں الفاظ کا مفہوم یہی ہوتا ھے) -

Academician, *n.*: مجلس علمی یا مجلس فنون کا رکن (خصوصاً Royal Academy of Arts کا) -

Academy, *n.*: (۱) ایتھنس کے نزدیک ایک باغ جہاں افلاطون درس دیا کرتا تھا؛ اکیڈیمی- (۲) افلاطونی نظام فلسفہ؛ فلسفۂ اشراقی؛ حکماے اشراقیین- (۳) درسگاہ؛ تعلیم گاہ؛ جامعہ (کبھی کبھی طنزاً یا فخراً جامعہ اور مدرسے کی وسطی درسگاھوں کے لیے بھی بولا جاتا ھے) - (۴) کِسی خاص فن کی درسگاہ یا تربیت گاہ - (۵) انجمن ترقی ادب یا ترقی فن؛ کوئی علمی یاادبی مجلس جس کی رکنیت باعث افتخار ہو (خصوصاً Royal A. of Arts) - (۶) Royal Academy کی سالانہ نمائش -

Acadian, *a. & n.*: نووا اِسکوشیا (امریکا) کا باشندہ؛ اکادی

-acal, *suf.*: ایک توصیفی لاحقہ -

Acaleph(e), *n.*: (ایک قسم کی مچھلی) رخوہ (Jellyfish)؛ بچھوا (سملدری) -

Acalyc-: یہ لفظ بعض اصطلاحی نباتی اسماء کے اصلی جز کے طور پر استعمال ہوتا ھے -

Acanthus, *n.*: (۱) خار دار درختوں کی ایک نوع؛ طابۃ الشوک؛ شوکۃالیہود - (۲) ایسے درختوں کا نقش جو یونانی وضع کی عمارات میں خوبصورتی کے لیے بنایا جاتا ھے -

Acapsular, *a.*: (نباتیات) بے قبہ؛ بے توڑا؛ لتوڑا (جس میں توڑا یعنی بزندا نہ ہو) -

Acardiac, *a.*: (فعلیات) فاقدالقلب؛ بے قلب-

Acarpellous, *a.*: (نباتیات) جس میں بقچہ گل نہ ہو؛ بے بقچہ-

Acarpous, *a.*: (نباتیات) بے پھلا؛ غیر مثمر؛ بے ثمر (جس میں پھل نہ پیدا ہو)؛ عدیم الثمر -

Acatalectic, *a. & n.*: (عروض) سالم (بحر جس کا ایک رُکن بھی کم نہ ہو) -

Acatalepsy, *n.*: (۱) خارج از فہم ہونا؛ دقت؛ دشواری؛ ناقابل فہم ہونا - (۲) (فلسفہ) مظنونیت؛ مشکوکیت؛ (کسی معروض کی وہ صفت جو کسی موضوع کی لا ادریت پر دلالت کرے) ملت لا ادریت -

acataleptic, *a.*: بعید از فہم؛ خارج از عقل -

Acaulous, *a.*:
Acaulescent, *a.*:
Acauline, *a.*:
Acaulose, *a.*:
(نباتیات) بے تنہ؛ بے ساقا (جس کا تنہ بہت چھوٹا ہو)؛ صغیرالساق؛ چھوٹے تنے والا -

Accadian, *a. & n.*: (۱) عکادی؛ شناری؛ عکاد کے متعلق (کتاب پیدائش، باب ۱۰ آیت ۱۰) - (۲) قدیم اشوری اور عکادی زبان جو بیکانی خط میں پائی گئی ہے -

Accede, *v. i.*: (۱) آغاز کرنا؛ شروع کرنا (کسی عہدے کے کام کو) - (۲) شامل ہونا؛ شریک ہونا؛ جل ملنا (کسی جماعت میں) - (۳) مقر ہونا؛ راضی ہونا؛ رضامندی ظاہر کرنا؛ ہم خیال ہوجانا؛ مان لینا (کسی رائے یا مصلحت کا) -

accelerando: (فن موسیقی کا ایک اشارہ) لے کا بتدریج بڑھانا -

Accelerate, *v.t.& i.*: (۱) جلدی کرنا (کام وغیرہ) - (۲) جلد وقوع میں لانا - (۳) تیز ہوجانا یا کردینا؛ سریع تر ہوجانا (کسی حرکت یا عمل کا) -

Accelerated, *a.*: (طبیعیات) مستسرع؛ مستعجل (جو درجہ وار تیز تر ہوتا جائے)-

acceleratedly, *adv.*: اِستسرعانہ؛ تیزی سے -

Accelerating, *a.*: اِسراع یا متزائد حرکت پیدا کرنے والا؛ اِستسراعی؛ اِستعجالی؛ مستسرع - .

Acceleration, *n.*: (۱) اِسراع؛ تیز کرنا - (۲) تیز کیاجانا - (۳) (طبیعیات) اِسراع (رفتار فی ثانیہ)؛ شرح اِسراع - (۴) (فلکیات) ستاروں کی رفتار؛ حرکت کا تسرع - (۵) (*a. of planets*) سیاروں کی حرکت کا تسرع؛ نقطۃالذنب (aphelion) اور نقطۃالراس (perihelion) کے درمیان - (۶) (*a. of moon*) حرکت قمر کا تسرع؛ قمر کی حرکت وسطی کا تسرع؛ اِسراع حرکت قمر - (۷) (*a. of tides*) وقت معینہ سے قبل مد و جزر کا واقع ہونا -

Accelerative, *a.*: مسرع؛ تسریعی؛ تیز کن؛ رفتار تیز کرنے والا -

Accelerator, *n.*: (۱) (وہ شخص یا شے جو کسی چیز کی رفتار تیز کرے) تیز کنندہ؛ مسرع، خاص کر موٹر میں - (۲) خاص عضلات و اعصاب -

Accent, *n.*: (۱) تاکید؛ زور؛ دباو جو کسی رُکن لفظ (syllable) پر دیا جائے؛ نبرہ - (۲) تاکیدلہجہ کی تین قسمیں جومستقلاً صرف یونانی اور کسی قدر فرانسیسی زبان میں مستعمل ہیں: (´) (`) (^) یا (۸) اور جن سے شدید، ثقیل، خفیف کا اظہار مقصود ہوتا ہے - (۳) لہجہ؛ تلفظ؛ (اِنفرادی، مقامی، یا قومی) لب و لہجہ - (۴) لوچ؛ اُتار چڑھاو؛ تغیر لحن (جس سے تاثرات کا اظہار مقصود ہو) - (۵) (جمع میں) گفتگو؛ تقریر؛ نطق - (۶) (عروض) رُکن پر تاکید؛ رُکنی تاکید؛ کھٹکا - (۷) (موسیقی میں) وہ تاکید جو وقفے سے دی جائے؛ دوری تاکید؛ تاکید؛ تال - (۸) (استعارةً) شدّت سے کُھلا ہوا فرق -

Accent, *v. t.*: (۱) تاکید یا زور دینا؛ زور یا تاکید کے ساتھ تلفظ کرنا - (۲) (کسی لفظ یا عبارت پر) تاکیدی علامتیں بنانا؛ معجم کرنا؛ اوقات بنانا (جیسے عربی میں تشکیل) - (۳) بڑھانا؛ نمایاں کرنا؛ مبالغے کے ساتھ بیان کرنا؛ ممتاز کرنا -

Accentor, *n.*: ایک قسم کی چڑیا؛ گوریا -

Accentual, *a.*: تاکیدی؛ زور کے متعلق؛ لب و لہجہ کے متعلق -

a. prosody or *verse*: (عروض) وہ عروض یا نظم جو نبرے پر مبنی ہو نہ کہ ارکانِ لفظی پر -

accentually, *adv.*: تا کیداً -

Accentuate, *v.t.*: دیکھو ACCENT (*v.t.*) لیکن اِس کا اِستعمال استعارے میں زیادہ ہوتا ہے -

Accentuation, *n.*: تاکید؛ زور (اُن سب معنوں میں آتا ہے جو ACCENT کے دیے جاچکے ہیں) -

Accept, *v.t.*: (۱) قبول کرنا؛ تسلیم کرنا؛ لینے پر رضامند ہونا؛ لے لینا - (۲) قبول کرنا؛ اقرار کرنا؛ ہامیں بھرنا؛ اثبات میں جواب دینا؛ اقراری جواب دینا - (۳) نظر عنایت سے دیکھنا؛ کرم یا مہربانی کرنا (خاص کر ناواجب مہربانی) - (۴) کافی سمجھنا؛ مناسب سمجھنا؛ موزوں سمجھنا؛ بطوع خاطر قبول کرنا - (۵) یقین کرنا؛ باور کرنا - (۶) قبول کرنا؛ ذمہ لینا (عہدے وغیرہ کا) - (۷) سکھارنا (ہنڈی وغیرہ)-

accepter, *n.*: قبول کرنے والا؛ (اورتمام افعال مذکور کا اسم فاعل)-

Acceptable, *a.*: قابلِ قبول؛ قابلِ تسلیم؛ مقبول؛ پسندیدہ -

acceptability, *n.*: }
acceptableness, *n.*: } مقبولیت؛ قبولیت؛ مرغوب ہونا -

acceptably, *adv.*: پسندیدہ طریقے پر؛ حسب مراد -

Acceptance, *n.*: (۱) قبولیت؛ رضامندی - (۲) پسندیدگی؛ مقبولیت؛ اچھا سمجھنا؛ اچھا جاننا - (۳) تائید؛ منظوری؛ پذیرائی - (۴) جنبہ داری؛ طرفداری (*a. of persons*) - (۵) سکھارنا؛ قبول کرنا؛ ادائی کا ذمہ لینا - (۶) سکھاری ہنڈی -

Acceptation, *n.*: عام معنے؛ عرفی معنے؛ تعبیر؛ مدلول (لغوی) -

Accepted, *a.*: مانا ہوا؛ تسلیم کیا ہوا؛ مسلّم؛ تسلیم شدہ؛ قبول کیا ہوا؛ مروجہ؛ مقبول -

acceptedly, *adv.*: مسلّمہ طریقے پر -

Acceptor, *n.*: ہنڈی سکھارنے والا؛ سکھاریا -

Access, *n.*: (۱) رسائی؛ پہنچ؛ گزر؛ راہ؛ رسائی کا حق یا ذریعہ؛ رستہ؛ وسیلہ؛ سبیل - (۲) اِضافہ - (۳) (جس تک رسائی یا پہنچ ہو جائے) قابلِ دسترس؛ سہل‌الوصول - (۴) اقدام؛ تقرب؛ پیش قدمی - (۵) رستہ؛ نالی؛ دروازہ؛ گزر؛ باٹ - (۶) تالیف؛ نشو و نما؛ بروز - (۷) حملہ؛ ہلا؛ اشتداد؛ شدّت؛ ہیجان (مرض، جذبے، غصّے وغیرہ کا)-

Accessary, *a.&n.*: }
Accessory, *a.&n.*: } (۱) ممد؛ معاون؛ مددگار؛ شریک؛ رفیق؛ رازدار - (۲) ملحقات؛ لوازم-

Accessible, *a.*: (۱) دسترس پذیر؛ قابل رسائی؛ جہاں تک پہنچ یا رسائی ہوسکے؛ پہونچنے جوگ؛ سہل‌الوصول - (۲) اثر پذیر؛ متاثر؛ اثر لینے والا؛ مان لینے والا -

accessibility, *n.*: دسترس یا رسائی پذیری -

accessibly, *adv.*: دسترس یا رسائی دیتے ہوے؛ اثر پذیری سے؛ اثر قبول کرتے ہوے-

Accession, *n.*: (۱) حضور رسی؛ ملاقی ہونا؛ تقرب - (۲) فائز ہونا؛ تقرر؛ پہونچنا (کسی عہدے یا حالت پر)؛ تخت نشینی؛ جلوس (بادشاہ کا تخت پر) - (۳) اِضافہ؛ بڑھوتری؛ توفیر؛ افزائش - (۴) اقرار؛ رضامندی؛ ایجاب - (۵) اِضافہ شدہ چیز؛ اِضافہ؛ بڑھوتری؛ افزونی - (۶) (قانون) ترقی املاک؛ افزائش؛ توفیر -

Accessory, *a. & n.*: (۱) (دیکھو ACCESSARY) - لواحقات؛ زائد (جمع: زوائد)؛ اِضافی - (۲) شریک؛ ممد؛ مساعد - (۳) کوئی چیز جو منکورۂ بالا حیثیت رکھتی ہو؛ لازمہ؛ لوازم؛ ضمنی؛ ملحقہ؛ متعلقہ -

Accidence, *n.*: (۱) تعریف؛ گردان - (۲) (دیکھو ACCIDENT) - مبادی؛ ابتدائی مسائل (کسی علم کے) -

Accident, *n.*: (۱) ناگہانی واقعہ؛ واردات - (۲) غیر ارادی فعل؛

إتفاق؛ قِسمت۔ (۳) حادثہ؛ سانحہ؛ بلائے ناگہانی۔ (۴) ساخت کی بے ترتیبی؛ بے ترتیبی؛ بے ترکیبی؛ بے ڈول پن؛ بے ہنگم پن۔ (۵) خاصہ عارضی؛ وصف اتفاقی؛ عارضہ (جمع: عوارض)۔ (۶) دُم چھلا؛ لاحقہ؛ زائد۔

Accidental, *a. & n.*: (۱) ناگہانی؛ إتفاقی؛ غیرارادی؛ غیرمتوقع۔ (۲) ہنگامی؛ إتفاقی (جو کبھی کبھی واقع ہو)۔ (۳) فرعی؛ ضِمنی؛ ثانوی (جو کسی تصور کے لیے لازمی نہ ہو)؛ عارضی؛ ماتحت؛ ذیلی۔ (۴) (موسیقی) وہ نشانات جو منفرد سرتیوں پر لگائے جاتے ہیں؛ علامت؛ نشان۔

a. colours: (مناظریات) احساسی یا موضوعی رنگ (یعنی وہ رنگ جو موضوع کی احساسی حالت کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں خارجی اور معروض نہیں ہوتے)۔

a. lights: (فلمی تصویروں میں) عارضی روشنیاں (اُن روشنیوں کے اثرات جو دن کی روشنی کے علاوہ ہوں)۔

Accidentally, *adv.*: اتفاقاً؛ ناگہاں؛ غیر ارادی؛ غیر متوقع طور پر؛ یکایک؛ اچانک۔

Accipitral, *a.*: (۱) شکرے کی طرح؛ شاہین سا۔ (۲) خونخوار؛ غارت گر؛ حریص۔ (۳) تیز نظر؛ دور بین؛ عقاب نگاہ۔

Acclaim, *v.t.*: (۱) تالیاں بجانا؛ نعرہ ہائے مسرت یا تحسین و آفرین کے نعرے بلند کرنا۔ (۲) خوش آمدید کہنا؛ استقبال کرنا؛ مرحبا کہنا۔

Acclaim, *n.*: نعرۂ مسرت؛ صدائے تحسین و آفرین؛ احسنت و مرحبا۔

Acclamation, *n.*: (۱) پر جوش تائید؛ ببانگ بلند تائید کرنا۔ (۲) نعرۂ تحسین؛ جیکارا؛ (کسی کی) جے بولنا۔

Acclimation, *n.*: موافقت آب و ہوا؛ آب و ہوا کا راس آنا۔

Acclimatize, *v.t.& i.*: / **Acclimate**, *v.t.& i.*: (۱) (جانور، درخت یاخودکو) نئی آب وہوا کا راس آنا؛ رس بس جانا؛ خو گرفتہ یا متوطن ہونا یاہوجانا۔ (۲) (شاذ) عادی ہوجانا (نئی آب وہوا کا)۔

acclimatization, *n.*: / **acclimatation**, *n*: آب وہوا کا موافق ہوجانا؛ رس بساؤ۔

Acclivity, *n.*: چڑھائی (پہاڑ کی)۔

Accolade, *n.*: (۱) وہ رسم جو نائٹ کا خطاب دیتے وقت کی جاوے مثلاً بوسہ دینا؛ معانقہ کرنا؛ یا آڑی تلوار کندھے پرمس کرنا؛ (لغوی) معانقہ۔ (۲) وہ کھڑی پٹی جس سے کسی باجے کی پٹریاں جڑی ہوئی ہوں؛ جوڑ؛ جوڑنی؛ کھونٹی (باجے کی)۔

Accommodate, *v.t.*: (۱) مطابق کرنا؛ موافق کرنا (ایک شخص یاچیز کو دوسرے سے)۔ (۲) ہم رنگ کرنا؛ ہم آہنگ کرنا؛ جوڑ ملانا (کھینچ تان سے دو چیزوں کا)۔ (۳) مِلاپ کرانا؛ میل کرانا؛ صفائی کرانا؛ صلح کرانا۔ (۴) رفع شر کرنا؛ رفع فساد کرنا؛ جھگڑا چکانا۔ (۵) فراہم کرنا؛ مُہیا کرنا؛ بہم پہونچانا۔ (۶) ممنون کرنا؛ مرہونِ منت کرنا؛ احسان مند بنانا؛ عنایت کرنا؛ مروت کرنا۔ (۷) ٹھیرانا؛ قیام کا انتظام کرنا؛ اُتارنا (کسی مہمان وغیرہ کا)؛ جگہ دینا۔ (۸) گنجائش نکالنا۔

Accommodating, *a.*: با مروت؛ مصالحت جو؛ آشتی پذیر؛ صلح پسند؛ مرنجان مرنج؛ موم کی ناک؛ نرم طبیعت؛ دب جانے والا؛ مان لینے والا۔

accommodatingly, *adv.*: بطریق آشتی؛ مصالحانہ؛ صلح پسندانہ؛ دب کر؛ مروت سے۔

Accommodation, *n.*: (۱) سجانا؛ مطابق کرنا؛ تطبیق؛ توفیق (آنکھ وغیرہ کا فاصلوں کے اعتبار سے)۔ (۲) تاویل تو توجیہ۔ (۳) ہمرنگ ہوجانا (دو شخصوں کی) میزان پٹ جانا۔ (۴) تصفیہ؛ مصالحت؛ سمجھوتا۔ (۵) کارآمد چیز؛ آرام کی چیز؛ لوازم؛ سامان؛ ضروری اسباب۔ (۶) مکان؛ جائے سکونت؛ ٹھیرنے کی جگہ؛ مہمان داری۔ (۷) قرض مبادلہ؛ دستگردان۔

Accompaniment, *n.*: (۱) لوازمہ؛ لاحقہ؛ ضمیمہ؛ ساتھ؛ ہمرکابی؛ رفاقت؛ مصاحبت۔ (۲) (موسیقی) آواز یا سُر (جو ساز یا راگ کے ساتھ ملایا جاوے)؛ آس؛ موافقہ؛ ساز؛ مزمار (عام طور پر اُن باجوں کے لیے جو گانے کے ساتھ بجائے جاتے ہیں)۔

Accompany, *v.t.*: (۱) شریک ہونا؛ ملنا؛ ساتھ ہونا۔ (۲) ہمراہ ہونا؛ معیت میں جانا؛ ساتھ جانا؛ ہمرکاب یا ہم سفر ہونا۔ (۳) ساتھ ساتھ واقع ہونا۔ (۴) (کسی چیز کا) خاصہ ہونا؛ مستلزم ہونا۔ (۵) (موسیقی) آواز مِلانا؛ ساتھ دینا؛ سُر مِلانا؛ دمساز ہونا؛ آس دینا۔

accompanist, *n.*: (موسیقی) آس دینے والا؛ ساتھ دینے والا؛ سُر ملانے والا۔

Accomplice, *n.*: ساتھی؛ شریک؛ ساجھی؛ شریکِ جرم؛ رفیقِ جرم (جو جرم میں بحیثیت ماتحت کے شریک ہو)۔

Accomplish, *v.t.*: (۱) پورا کرنا؛ ختم کرنا؛ مکمل کرنا؛ انجام دینا؛ تمام کرنا؛ بجا لانا۔ (۲) تہذیب و شائستگی کے آداب اور ہنروں میں کامل کرنا؛ مانجھنا؛ کامل بنانا؛ تربیت دینا۔

accomplished, *a.*: شائستہ؛ مہذب؛ باہنر؛ باکمال؛ گُنی۔

Accomplishment, *n.*: (۱) تکمیل؛ سر انجام؛ اختتام؛ پورا کرنا۔ (۲) حاصل؛ ثمرۂ ریاضت؛ کمائی۔ (۳) شائستگی؛ کمال؛ جوہر؛ گن؛ ہنر۔ (۴) (اہانت کے طور پر) ظاہری تراش خراش؛ بے تہی؛ نمائشی کمال۔

Accompt,-ant: (ACCOUNT) اور (ACCOUNTANT) کی قدیم شکل؛ جو اب متروک ہے۔

Accord, *v.t.&i.*: (۱) ہم آہنگ ہونا؛ ہم نوا ہونا؛ موافق یا مطابق ہونا؛ یکساں ہونا؛ میل کھانا۔ (۲) منظور کرنا؛ دینا؛ قبول کرنا؛ عطا کرنا؛ (سرفرازی) بخشنا۔

Accord, *n.*: (۱) یک دلی؛ رضا؛ مرضی؛ باہمی رضامندی؛ تراضی۔ (۲) صلحنامہ؛ اقرار نامہ؛ معاہدہ؛ راضی نامہ۔ (۳) موزونیت؛ ہم رنگی؛ ہم آہنگی؛ میل (رنگ، آواز وغیرہ کا)۔ (۴) رضا؛ منظوری؛ موافقت۔

Accordance, *n.*: مطابقت؛ موافقت؛ مناسبت۔

Accordant, *a.*: موزوں؛ مطابق؛ ہم نوا؛ ہمساز؛ ہم آواز؛ مِلا ہوا (راگ، ساز، وغیرہ)۔

accordantly, *adv.*: ہم آہنگی سے؛ ہم نوایانہ۔

According, *adv.*: (اب صرف *as* اور *to* کے ساتھ آتا ہے)۔

a. as: (۱) حسب؛ مطابق؛ جیسے۔ (۲) جیسا کہ؛ جوں جوں؛ جیسے جیسے؛ گویا کہ؛ جس طرح۔

a. to: (۱) بموجب؛ بلحاظ؛ حسب؛ بمراد؛ بقدر۔ (۲) بقول؛ بہ سند (فلاں)؛ بحکم؛ بمقتضائے۔

Accordingly, *adv.*: (۱) چنانچہ؛ نظر بریں (حالات)۔ (۲) اِس لیے؛ پس؛ لہٰذا۔

Accordion, *n.*: ایک قسم کا ارگن باجا (ایک چھوٹا باجا جس میں دھونکنیاں، فلزاتی پردے، سرگم، وغیرہ ہوتے ہیں)۔

Accordionist, *n.*: ارگن باجا بجانے والا -

Accost, *v.t.*: (۱) ٹوکنا ؛ صاحب سلامت کرنا ؛ مخاطب کرنا ؛ (صاحب
سلامت یا گفتگو میں) سبقت کرنا؛ شروع کردینا؛ بات چھیڑ دینا-
(۲) فاحشہ عورت کا کسی مرد کو راہ میں ٹوکنا یا مخاطب کرنا -

Accost, *n.*: صاحب سلامت؛ علیک سلیک؛ آغاز گفتگو؛ مخاطبت؛
سلسلہ جنبانی -

accouchement, *n.*: (فرانسیسی- تلفظ: " اکُوش ماں") ولادت؛ وضع
حمل؛ جننا ؛ جاپا -

accoucheur, *n.* (fem. *-euse*, pr.-erz): (فرانسیسی- تلفظ:
" اکُوشوئر") قبیل؛ جنوانے والا ؛ دامی؛ جنامی؛ قابلہ -

Account *v.t.&i.*: جاننا ؛ سمجھنا؛ خیال کرنا ؛ شمار کرنا -

a. for: (۱) حساب دینا؛ حساب سمجھانا؛ حساب فہمی کرانا
(اُس روپیے کا جو امانت وغیرہ میں ہو) - (۲) جوابدہ ہونا؛ ذمہ
دار ہونا؛ جواب دہی کرنا (کسی طرز عمل ' ادائے قرض' وغیرہ کے
متعلق)- (۳)توجیہہ کرنا؛ سبب بتلانا؛ علّت بتلانا؛ سبب ہونا جیسے:
(*that accounts for it*) - (۴) (شکار کی اصطلاح) نشانہ کرنا؛
گرانا؛ مارنا (شکار کو)-

be accounted of: معزز؛ ذی وقعت ہونا ؛ جس کی قدر و منزلت
کی جائے-

Account, *n.*: (۱) گنتی؛ شمار؛ حساب -
cast aa. حساب لگانا - *money of a.* زر حسابی (یعنے جو سکہ
رائج الوقت نہیں لیکن حساب میں بطور رقم شمار ہوتا ہو جیسے
گنی ' دینار' وغیرہ)-(۲) کھاتا ؛ حساب کتاب - *current a.* چالو
کھاتا؛ حساب جاری - *joint a.* مشترک حساب ؛ ساجھے کا کھاتا-
keep aa. آمد وخرچ کا حساب رکھنا - *balance or square aa.*
حساب بیباق کرنا ؛ حساب چکتا کرنا *with some one*
(لین یا دین کا) - *cash, profit-and-loss, etc., a.* کھاتے کی
مدات- *sale for the a.* میعادی بیباقی (ایسی فروخت جس کی
قیمت نقد نہیں بلکہ بعد میں وقت معہودہ پر ادا کی جائے) -
to be in a. with داد و ستد رکھنا؛ بیوپار ہونا؛ لین دین یا
کھاتا ہونا (کسی کے ساتھ) - *for a. of* برائے فلاں ؛ فلاں کے
حساب میں (فروخت) - *on a.* وقفے سے (ادائی) ؛ بالقسط-
on one's own a. ذاتی ذمہ داری پر - *on a. of* بہ سبب؛
بہ وجہ؛ واسطے؛ بابت - *on no a.* کسی صورت نہیں؛ ہرگز نہیں ؛
قطعاً نہیں - (۳) فائدہ؛ منافع؛ بیشی - *find one's a. in* فائدہ
اُٹھانا؛ نفع میں رہنا - *turn to a.* مفید مطلب بنانا ؛ فائدہ اٹھانا؛
نفع نکالنا - (۴) حسابی تفصیل؛ فرد حساب (جو قرضخواہ انتظامی
عہدہ داروں سے طلب کرے) - *call to a.* جواب طلب کرنا -
bring to a. مواخذہ کرنا ؛ گرفت میں لانا - *the great a.*
روز شمار ؛ یوم الحساب؛ قیامت؛ یوم آخرت؛ روز حشر - *gone to*
his a. وفات پامی - *give a. of* وجہ بتانا؛ سبب بتلانا؛ توجیہہ
کرنا ؛ تشریح کرنا ؛ جواب دینا - *give a good a. of* (نهیل یا
مخالف کے مقابلہ میں ؟) ور رہنا - (۵) عزت؛ وقعت (جیسے کسی
شخص یا شے کے متعلق کہا جائے کہ :- *held in an a., of a.,* etc.)
اہم؛ قابل لحاظ ؛ با وقعت- *of no a.*: غیر اہم؛ غیر ضروری؛ ہیچ -
take into a. اہمیت دینا ؛ خاطر میں لانا - *leave out of a.*
خارج از بحث سمجھنا ؛ ہیچ سمجھنا؛ قطع نظر کرنا- *take a. of*
جائزہ لینا؛ خیال رکھنا ؛ ملحوظ رکھنا - *lay on one's a. with*
توقع رکھنا؛ اُمید رکھنا ؛ بھروسا رکھنا - (۶) بیان؛ تفصیل؛ روائداد؛
کیفیت (کسی واقعے یا شخص کی) -

Accountable, *a.*: (۱) حساب کا ذمہ دار؛ جواب دہ؛ ضامن؛
کفیل- (۲) قابلِ تشریح؛ توجیہ پذیر؛ ممکن التوجیہ (جس کا سبب
بتایا جاسکے) -

accountability, *n.*:
accountableness, *n.*: } جواب دہی؛ ذمہ داری؛ ضمانت؛
کفالت -

Accountant, *n.*: (۱) (قانون) ذمہ دار- (۲) حساب دہی کے
مقدمات کا مدعا علیہ - (۳) محاسب؛ منیب؛ جمع خرچ نویس -

a.-general : صدر محاسب (صیغۂ حساب کا اعلیٰ عہدہ دار)-

Accountantship, *n.*: (عہدۂ) محاسبی -

Accoutre, *v.t.*: ملبوس کرنا؛ سجانا؛ لباس پہنانا -

Accoutrement, *n.*: (۱) (عموماً جمع میں استعمال ہوتا ہے) ساز
ن؛ سامان آرائش؛ لوازمات - (۲) سپاہی کا اسباب (ہتیار
اور لباس کو چھوڑ کر) پرتلا' تھیلا' وغیرہ -

Accredit, *v.t.*: (۱) اعتماد و اثر حاصل کرنا - (۲) ایلچی یا سفیر
روانہ کرنا؛ سفارت بھیجنا - (۳) منسوب کرنا (کسی بات یا عمل کا
کسی کی طرف) -

Accredited, *a.*: (۱) معتبر؛ معتمد علیہ (شخص جو سرکاری طور
پر تسلیم کرلیا گیا ہو)؛ مامور - (۲)مسلّم یا مسلّمہ؛ تسلیم کردہ؛
مقبول؛ مروج (عقیدہ وغیرہ) -

Accrete, *v. t. & i.*: (۱) ساتھ ساتھ اُگنا؛ جُڑواں اُگنا؛ ایک
ہو جانا - (۲) کسی مرکز کے چاروں طرف بڑھنا' پھیلنا - (۳) واصل
ہونا؛ ہم نمو ہونا -

Accrete, *a.*: (نباتیات) واصل؛ ہم نمو (جو کسی شے کے ساتھ
ایک ساتھ اُگا ہو) -

Accretion, *n.*: (۱) بروز؛ نشو ونما (جو عضوی زوائد کے ذریعے ہو)؛ ہم
نموی- (۲) وصل؛ اِکجان ہوجانا (مختلف اجزا کا ایک ہوجانا)-
(۳) وہ کل مجموع جو اِس طرح بنے- (۴) اِلحاق؛ اِضافہ (خارجی
مادّے کا اصل شے میں) - (۵) وہ شے جو اِضافہ ہوئی ہو ؛ زوائد ؛
اِلحاق؛ افزونی-

Accrue, *v.i.*: حاصل ہونا؛ ملنا؛ میسّر آنا (کسی فائدے یا نتیجے
وغیرہ کا خاص کر سود کا' لگائے ہوئے روپئے پر) -

accrued, *a.*: حاصل شدہ؛ جمع شدہ -

Accumulate, *v.t.&i.*: (۱) جمع ہونا یا کرنا؛ اکٹھا ہونا یا کرنا؛ جوڑ
جوڑ کے پیدا کرنا (دولت وغیرہ کا)؛ بتدریج حاصل کرنا (روپیہ)؛
(دولت) جمع کرنا - (۲) کمانا؛ دولت سمیٹنا؛ درجات [illegible]؛ کئی درجے
ایک ساتھ کامیاب ہونا ؛ (امتحان کے) کئی درجے یا سندیں ایک
ساتھ حاصل کرنا - (۳) زیادہ ہونا ؛ ڈھیروں ہونا؛ ڈھیر کا ڈھیر
ہونا؛ انبار ہوجانا (گرد' کوڑے' مصائب' وغیرہ کا) -

Accumulation, *n.*: (۱) اجتماع؛ مجموعہ؛ تراکم - (۲) روپیہ
جمع کرنا؛ روپیہ جوڑنا؛ روپیہ کمانا؛ جمع - (۳) سود در سود سے
سرمائے کا اِضافہ ؛ اضعاف مال ؛ افزائش زر؛ سرمائے کی فراوانی؛
اصل کی بڑھوتری (سود)- (۴) اِجتماع؛ شمول؛ مختلف اعمال کا ایک

میں اِجتماع؛ مِلا دینا (نمازیں؛ مختلف امتحانات کی سندیں)- (۵) ڈھیر؛ انبار؛ کثرت -

Accumulative, *a.*: (۱) اِجتماعی؛ مجموعی

-(*a. proof, evidence*: (مجموعی ثبوت؛ شہادت—

(۲) جمع پذیر؛ بڑھتا ہوا (جیسے ذخیرۂ ادائی- (sinking fund :؛ بڑھنے والا ہار؛ بڑھن ہار - (۳) جمع کرنے والا؛ جوڑو؛ کسی نہ کسی ترکیب سے وصول کرنے والا؛ سرمایہ گر؛ دولت کش -

Accumulatively, *adv.*: اجتماعی طور پر

Accumulator, *n.*: (۱) جوڑنے والا؛ جمع کرنے والا؛ اکٹھا کرنے والا؛ جامع؛ اِجتماع کن - (۲) جوڑو؛ روپیہ پیدا کرنے والا؛ روپیہ جوڑنے والا؛ کماؤ؛ سرمایہ اندوز - (۳) کئی سندیں پانے والا (امتحان کی)- (۴) خزانہ؛ مخزن (بجلی کا؛ جس میں برقی قوت جمع کی جائے)؛ جامع (برق)-

Accurate, *a.*: محتاط؛ ٹھیک ٹھیک؛ دُرست؛ راست؛ صحیح

accuracy, *n.*: صحت؛ ٹھیک ٹھیک ہونا؛ دُرستی -

accurately, *adv.*: صحت کے ساتھ -

Accursed, Accurst, *a.*: (۱) ملعون؛ لعنت زدہ؛ لعین؛ مردود؛ راندۂ درگاہ؛ کمبخت؛ بدبخت؛ تیرہ بخت- (۲) قابلِ نفرت؛ منحوس -

Accusal, *n.*: کبھی کبھی ACCUSATION کی جگہ استعمال ہوتا ھے-

Accusation, *n.*: (۱) تہمت؛ شکایت؛ الزام؛ علت- (۲) ملزم قرار پانا؛ قصور ٹھہرایا جانا؛ متہم ہونا - (۳) الزام جرم؛ انتساب جرم - (۴) استغاثہ؛ نالش -

Accusative, *a. & n.*: (نحو) اسم منصوب؛ مفعول -

Accusative case: حالت مفعولی -

accusatival, *a.*: مفعولی-

accusatively, *adv.*: مفعول کے طور پر-

Accusatorial, *a.*: عدالتی (بخلاف انتظامی جس میں جج اور پیروکار ایک ہوتے ہیں) -

a. procedure: طریق تحقیقات؛ جس میں مستغیث اور حاکم ایک ہی شخص نہیں ہوتا (احتساب کا ضد) -

Accusatory, *a.*: الزام آمیز؛ تہمت آمیز؛ اتہامی؛ الزامی؛ شکایتی (الفاظ یا رویہ) -

Accuse, *v.t.*: (۱) تہمت لگانا؛ اِلزام لگانا؛ اِستغاثہ دائر کرنا؛ قصوروار بنانا؛ ملزم؛ شخص ماخوذ (*the accused*)- (۲) اِلزام دینا؛ چُھدا رکھنا؛ متہم کرنا؛ طوفان باندھنا؛ (کسی پر) تہمت دھرنا؛ (کسی کے) ماتھے تھوپنا (قصور وغیرہ) -

accuser, *n.*: مدعی؛ تہمت لگانے والا؛ مستغیث؛ اِلزام عائد کرنے والا

accusingly, *adv.*: متہمانہ؛ مستغیثانہ؛ مدعیانہ طور پر -

Accustom, *v.t.*: عادی بنا لینا؛ عادت ڈال لینا؛ معمول بنالینا؛ خوگر ہونا؛ مطابق کرلینا (اپنے آپ کو کسی شخص یا حالت سے)-

accustomed, *a.*: عادی؛ معتاد؛ معمولہ؛ بندھی ہوئی -

Ace, *n.*: (۱) ایک کا نشان جو پانسے یا گنجیفے کے پتے پر ہوتا ھے؛ (چوسر وغیرہ میں) پو - *ambs-ace* دوپوؤں کا پھینکنا؛ *deuce ace* دو اور ایک کا پھینکنا؛ تین کانے- (۲) اِکا؛ (چوگان بازی وغیرہ میں) ایک نمبر؛ پہلا نشان - (۳) ایک فرانسیسی ہوا باز کا نام جس نے جنگ عظیم میں دُشمن کے دس ہوائی جہازوں کو گرایا - (۴) ٹینس کی سروس جس سے مقابل والا ہار جائے- (۵) (*within an ace of*) بہت تھوڑے یا بال برابر فاصلے پر -

ace-point: تختۂ نرد کا پہلا خانہ؛ جہاں سے چالیں شروع ہوتی ہیں؛ گوٹ بیٹھک -

-acea, *suf.*: جانوروں کی قسم بتانے کے لیے (لفظوں میں) لگاتے ہیں-

-aceae: لاحقہ (جمع)- اس سے درختوں کے اِنواع کے نام بنتے ہیں-

-acean, *a. & n. suf.*: ACEA - کی طرح ایک لاحقہ ھے -

Aceldama, *n.*: (انجیل کی اصطلاح میں) مقتل؛ قتل گاہ؛ کشت و خون کی جگہ -

-aceous, *suf.*: تاریخ طبعی کے اسما کے آخر میں لگاکر اُن سے صفات بناتے ہیں -

Acephal-: (۱) سابقہ؛ جو نباتیات اور حیوانیات کے اسما کے پہلے ہوتا ھے - (۲) بے سر؛ بے سوا-

Acephalous, *a.*: (۱) بے سوا؛ خود مختار - (۲) (حیوانیات) بن سوا؛ جس میں سر کی شکل مرتب نہ ہوئی ہو؛ عدیم الراس - (۳) (نباتیات) سر بریدہ؛ بے سر؛ فاقد الراس - (۴) (عروض میں) ناقص مصرعہ جس کا پہلا بول چھوٹ گیا ہو -

Acerbate, *v.t.*: کبھی کبھی EXACERBATE کی جگہ استعمال ہوتا ھے -

Acerbity, *n.*: (۱) تیز ترشی؛ کھٹاس - (۲) ترش روئی - تلخی؛ خشونت؛ درشتی؛ تند مزاجی؛ آتش مزاجی -

Acervate, *a.*: گپھیلا؛ معقد؛ گچھوں کی شکل میں اُگنے والا -

Acescent, *a.*: چاشنی دار؛ ترشی مائل؛ کسی قدر ترش؛ ترش؛ کھٹا-

Acet-: کیمیاوی ناموں کا سابقہ بمعنی سرکہ -

Acetabulum, *n.*: (قدیم رومن لفظ) (۱) سرکے کا پیالہ؛ سرکہ دان - (۲) (حیوانیات) بعض مچھلیوں کا پیالہ نما چسنا- (۳) تغلی جس میں ران یا کسی اور جوڑ کی ہڈی بیٹھتی ہے؛ پیالہ؛ گھر؛ خانہ -

Acetarious, *a.*: (اُن ساگوں یا ترکاریوں کے متعلق) جو رائتے یا سلاد میں استعمال ہوں؛ سلادی -

Acetated, *a.*: جس میں acetic acid (حامضین) ملا ہو؛ حامضینی؛ خلیقی؛ سرکہ آمیز -

Acetic, *a.*: سرکے کے متعلق؛ سرکے کا؛ خلی-

Acetify, *v.t. & i.*: (۱) سرکہ بنانا - (۲) ترش ہونا؛ کھٹا ہو جانا -

acetification, *n.*: سرکہ بنا لینا؛ کھٹا پن -

acetifier, *n.*: سرکہ ساز (آلہ یا شخص)؛ سرکہ بنانے والا؛ جس سے سرکہ بنائیں -

Acetous, *a.*: (۱) سرکہ صفت- (۲) کھٹا؛ ترش -

Acetylene, *n.*: ایک بے رنگ گیس جس کا شعلہ روشن ہوتا ھے -

acharnement, *n.*: (فرانسیسی - تلفظ: اشارنماں) (۱) خونخواری؛ غضبناکی؛ درشتی- (۲) جوش و خروش؛ ولولہ؛ وفور شوق؛ زور شور -

Achates: "اکاتیس" اینیاس کا مصاحب صادق؛ مجازاً مخلص دوست؛ سچا دوست - [اینیاس ورجل کی نظم اینیڈ کا ہیرو ھے]

Ache, *v.i.*: دُکھنا؛ درد ہونا؛ ٹیسیں اُٹھنا؛ کسک ہونا-

Ache, *n.*: درد؛ دکھ؛ چوٹ؛ ٹیس

Ache, *n.*: حرف H کا نام؛

Achieve, *v.t.*: (۱) پورا کرنا؛ ختم کرنا؛ انجام دینا ؛ تکمیل کرنا - (۲) حاصل کرنا؛ پانا - (۳) پہنچنا (کسی مقصد تک)؛ جا لینا؛ پا لینا (مقصود کو)؛ فائز ہونا -

achievable, *a.*: تکمیل پذیر؛ قابل حصول؛ پانے کے قابل؛ انجام دینے کے قابل -

Achievement, *n.*: (۱) تکمیل؛ انجام دہی؛ پورا کرنا - (۲) کارنمایاں؛ مُراد؛ حاصل؛ کامیابی؛ کامرانی - (۳) توبیع؛ طغرا ؛ (جنگی) نشان امتیاز؛ امتیار جو کسی مہم سر کرنے کی یادگار ہو ؛ نیز دیکھو (HATCHMENT)

Achilous, *a.*: (نباتیات) بے لبے؛ جن کے لب نہ ہوں؛ فاقدالشفتین -

Achlamydeous, *a.*: (نباتیات) جس میں نہ تو مسند گل ہو اور نہ چہرۂ گل ؛ بے خول؛ بے قشر؛ بے قبا -

Achromatic, *a.*: (مناظریات) بے رنگ (جس میں سے شعاعیں بغیر منکسر ہوئے گزریں)؛ عدیم اللون؛ بے لون -

achromatically, *adv.*: بے رنگ طریقے پر -

achromaticity, *n.*: بے رنگی -

achromatism, *n.*: بے رنگ پنا -

achromatize, *v.t.*: بے رنگ کرنا -

Acid, *n.*: (۱) کھٹی چیز؛ ترش چیز - (۲) (کیمیا) تیزاب؛ ترشہ؛ حامض (ایسی چیزیں جو قلعی کے اثر کو زائل کرتی ہیں اور جن کا اثر خود قلعی سے زائل ہوتا ہے اس کی اکثر قسمیں ترش ہوتی ہیں اور نباتی بنفشی رنگوں کو سرخ کر دیتی ہیں) -

Acid, *a.*: (۱) کھٹا؛ ترش - (۲) (کیمیا) تیزابی؛ ترشوی؛ ترشہ صفت (دیکھو ACID, *n.*) -

acidity, *n.*: تیزابیت؛ ترشویت؛ حموضیت

Acidify, *v.t.&i.*: (۱) کھٹا کرنا یا ہونا؛ ترش کرنا یا ہونا - (۲) (کیمیا) تیزاب بنانا؛ ترشانا؛ تحمیض -

acidifiable, *a.*: تحمیض پذیر؛ ترشویت پذیر؛ ترشاوا -

acidification, *n.*: ترشائیت؛ تحمیض -

acidifier, *n.*: محمض؛ تیزابیت بخش؛ ترشانے والا -

Acidimeter, *n.*: تیزاب کی طاقت ناپنے کا آلہ؛ تیزابیت پیما؛ ترشویت پیما -

Acidulated, *a.*: تیزاب دار؛ ترشایا ہوا؛ محموض؛ جو کسی قدر تیزاب بن گیا ہو -

Acidulous, *a.*: تیزابیت دار؛ تیزابیت رکھنے والا؛ ترشہ آمیز -

Acinus, *n.* (pl. *acini*): (۱) بیری (یعنی مکو یا شہتوت وغیرہ کی قسم کے پھل) کا دانہ - (۲) (تشریح) خوشہ نما غدود -

aciniform, *a.*: خوشہ وش -

-acious, *suf.*: جس سے صفت بناتے ہیں: "مائل بہ" یا "پُر از" کے معنوں میں -

-acity, *suf.*: لاحقہ؛ جسے ACIOUS پر ختم ہونے والے اسمائے صفت کے آخر لگا کر اسمائے کیفیت بناتے ہیں- اردو میں اس کا قریبی مرادف "ی" یا "پن" ہے -

Acknowledge, *v.t.*: (۱) ماننا؛ قبول کرنا؛ تسلیم کرنا - (۲) تسلیم کرنا؛ (کسی شخص یا چیز کو) خاطر میں لانا؛ سمجھنا - (۳) تسلیم کرنا (کسی حق یا دعوے کو)؛ بجا سمجھنا - (۴) پسند کرنا؛ اظہار خوشنودی کرنا؛ خوش ہونا (کسی چیز سے)؛ قدر کرنا - (۵) رسید دینا؛ وصول یابی کی اطلاع دینا - (۶) صلہ دینا ؛ انعام دینا (کسی خدمت کا) -

Acknowledgment,-ement, *n.*: (۱) قبولیت؛ اقرار؛ قدر؛ اقبال - (۲) رسید؛ صلہ؛ معاوضہ -

Aclinic, *a.*: *a. line* معدل مقناطیسی ؛ مقناطیسی خطِ استوا (جہاں مقناطیسی سوئی جھکتی نہیں) -

Acme, *n.*: نصف النہار؛ حدِّ عروج؛ انتہا؛ غایت؛ سمت الراس؛ اوج -

Acne, *n.*: دانہ؛ پھنسی؛ مہاسا روگ -

Acock, *adv.*: (۱) (ٹوپی کے متعلق) ٹیڑھی؛ ترچھی؛ بانکی؛ جرئیلی - (۲) جنگجویانہ؛ متکبرانہ؛ متمردانہ؛ مبارزانہ -

Acolyte, *n.*: (۱) گرجا کا ادنیٰ ملازم یا خادم - (۲) مددگار ملازم (کلیسا) - (۳) کار آموز؛ امید وار؛ نوسکھ (کلیسا) -

Aconite, *n.*: (۱) جدوار ؛ ایک قسم کا زہریلا درخت اور اُس کی نوع کے دوسرے درخت - (۲) روح جدوار؛ جدوار کا ست -

aconitic, *a.*: زہریلا؛ جدواری -

aconitine, *n.*: جدوار -

Acorn, *n.*: بلوط؛ شاہ بلوط کا پھل -

a.-shell: بالدار گھونگا -

Acotyledon, *n.*: بے دیولا پودا؛ پودا جس کے بیج میں دیول نہ ہو -

acotyledonous, *a.*: بے دالا ؛ بے دیولا -

Acouchy, *n.*: امریکی گھوس؛ "اکوشی" ایک کترنے والا جانور -

Acoustic, *a.*: متعلق بہ سماعت؛ سماعتی؛ صوتی -

acoustical, *a.*: متعلق بہ سماعت؛ سماعیاتی؛ اصواتی -

acoustically, *adv.*: سماعت یا سننے کے لحاظ سے -

acoustician, *n.*: سمعیاتی؛ ماہر سمعیات -

acoustics, *n.*: سمعیات -

Acquaint, *v.t.*: (۱) مطلع کرنا؛ خبر دینا؛ اطلاع دینا؛ آگاہ کرنا؛ واقف کرنا - (۲) جاننا یا خبر ہونا؛ آگاہ ہونا؛ مطلع ہونا - (۳) (مجہول میں) پہچانت؛ واقف کار؛ شناسا؛ جانا بوجھا یا ملاقات ہونا ؛ کسی چیز یا شخص کے متعلق ذاتی علم رکھنا -

Acquaintance, *n.*: (۱) ملاقات؛ شناسائی؛ جان پہچان؛ واقفیت - (۲) ملاقاتی؛ شناسا؛ آشنا -

acquaintanceship, *n.*: شناسائی؛ جان پہچان؛ ملاقات -

Acquest, *n.*: (۱) حصول؛ حاصل شدہ چیز؛ اِملاک - (۲) (قانون) حصول اِملاک بغیر وراثت؛ ملکیت ذاتی یا غیر متروکہ؛ جائداد مکتسبہ (جو وراثت کے علاوہ دوسرے طریقے سے حاصل ہو) -

Acquiesce, *v.i.*: متفق ہونا؛ راضی ہونا؛ رضامند ہونا ؛ چپ چاپ مان لینا -

a. in: ماننا؛ قبول کرنا؛ تسلیم کرنا؛ منظور کرنا -

acquiescence, *n.*: رضامندی؛ منظوری -

acquiescent, *a.*: چپ چاپ مان لینے والا -

Acquire, *v.t.*: (۱) حاصل کرنا؛ پانا - (۲) (صفات وغیرہ کے متعلق) پانا؛ پیدا کرنا؛ اکتساب کرنا - (۳) قابض ہونا؛ متصرف ہونا؛ مالک ہونا -

an acquired taste: ایسا ذوق جو طبعی نہ ہو؛ اکتسابی ذوق -

acquirement, *n.*: اکتسابی استعداد (ذہنی یا جسمانی) -

Acquisition, *n.* : (۱) حصول؛ تحصیل؛ اکتساب - (۲) وہ چیز جو حاصل ہو؛ دستیابی -

acquisitive, *a.* : حاصل کرنے والا؛ حاصل کرنے کا شوق یا ہوس رکھنے والا -

acquisitiveness, *n.* : اکتساب کا شوق؛ ہوسناکی -

Acquit, *v. t.* : (۱) ادا کرنا؛ بیباق کرنا؛ چکانا (قرضہ وغیرہ) - (۲) رہا کرنا؛ چھوڑنا؛ بری کرنا - (۳) انجام دینا؛ ادا کرنا؛ پورا کرنا؛ بجالانا (فرض یا پابندی کا) -

Acquittal, *n.* (۱) بیباقی؛ ادائی؛ چکائی (قرضے کی) - (۲) بریت (از روے فیصلۂ عدالت) - (۳) بجاآوری؛ ادائی؛ انجام دہی (فرائض کی) -

Acquittance, *n.* : (۱) (ادائی قرضہ) بیباقی؛ چکوتا - (۲) (قرضے سے) مخلصی؛ رہائی؛ آزادی - (۳) رسید؛ مکمل وصول یابی؛ پوری رقم کی بھرپائی؛ چکوتی؛ فارغ خطی -

Acre, *n.* : (۱) ایکڑ؛ زمین کا پیمانہ ۴۸۴۰ مربع گز زمین - (۲) مزروعہ زمین؛ گھری ہوئی زمین؛ کھیت - [خاص معنوں میں؛ مثلاً قبرستان God's A., وسیع قطعات اراضی : *broad aa.*,]

(-) **acred**, *a.* : زراعتی؛ مزروعہ -

Acreage, *n.* : (۱) رقبہ (ایکڑوں میں) - (۲) ایکڑوں کی مجموعی تعداد -

Acrid, *a.* : (۱) چڑ پڑا؛ تیز؛ دھانس پیدا کرنے والا؛ کھا جانے والا (جیسے زنگ)؛ کاٹ کرنے والا - (۲) درشت؛ تند؛ سخت مزاج؛ جھلا -

acridity, *n.* : چڑپڑا پن؛ حدت؛ تیزی؛ سوزش؛ جلن؛ درشتی؛ تندی؛ جھلا پن -

Acrimony, *n.* : (مزاج کی) تیزی؛ تندی؛ درشتی؛ جھلاپن - خشونت -

acrimonious, *a.* : تند؛ تیز؛ آتش مزاج؛ درشت؛ جھلا -

acrimoniously, *adv.* : خشونت یا درشتی سے؛ تند خوئی سے -

Acrita, *n. pl.* : (حیوانیات) بےاعصاب؛ فاقدالاعصاب؛ ایسے جانور جن میں کوئی مخصوص نظام عصبی نہ ہو -

Acro-, *pref.* : سابقہ - بلندترین؛ انتہائی؛ سرے کا؛ سر، پھر؛ سر؛ نوک؛ پھننگ -

Acrobat, *n.* : نٹ؛ رسی پر ناچنے والا نٹ؛ قلاباز؛ (استعارۃً) نئے نئے رنگ بدلنے والا - سیاسی گرگٹ؛ حافظے وغیرہ کے کرتب دکھانے والا -

acrobatic, *a.* : نٹ کا؛ نٹوں جیسا -

acrobatically, *adv.* : نٹ پنے سے؛ نٹوں کی طرح -

acrobatism, *n.* : قلا بازی کا فن؛ نٹ پنا -

Acrogen, *n.* : (نباتیات) ایسا (cryptogamous) پودا جس کا تنا مدامی ہو اور جس کا نقطۂ نمو سرے پر ہو؛ سر نمو؛ سرخیز پودا -

acrogenous, *a.* : سر نمو؛ سر خیز -

Acrolith, *n.* : ایسا بت جس کے سب اعضا سواے دھڑ کے پتھر کے ہوں؛ سنگ اطراف -

Acronychal, *a.* : سر شام کے؛ سرشبی جو رات کی آمد کے وقت واقع ہو (خاص کر ستاروں کے لیے) -

a. stars : وہ ستارے جو سورج ڈوبنے کے وقت طلوع اور سورج نکلنے کے وقت غروب ہوتے ہیں؛ اکاارولی -

acronychally, *adv.* : طالعالا؛ سرشبانہ -

Acropetal, *a.* : جو نیچے سے اوپر کی طرف بڑھے یا اُگے؛ بالارو -

Acropolis, *n.* : یونانی شہروں کا بالا حصار؛ گڑھی؛ کوٹ (خاص کر شہر ایتھنس کا) -

Across, *adv. & prep.* : (۱) صلیب نما؛ پھیلا ہوا؛ چلیپائی؛ کانٹے کی شکل کا - (۲) آر پار؛ وار پار؛ جو کسی چیز کے ساتھ مل کر صلیب نما ہو جاے؛ آڑا؛ ترچھا؛ ایسا خط جو سڑک کے وارپار کھینچا جاے - (۳) پاس؛ نزدیک؛ قریب؛ (*come a.* مڈ بھیڑ ہونا) - (۴) ایک طرف سے دوسری طرف؛ اِدھر سے اُدھر - (۵) دوسری طرف؛ اُس پار؛ اُس جانب؛ پلے پار؛ پرلے پار -

Acrostic, *n.* : (۱) ایسی نظم یا عبارت جس کی سطروں کے پہلے یا پہلے اور آخری یا پہلے، درمیانی اور آخری حروف ایک یا کئی لفظ بنائیں؛ موشحہ (جس میں توشیح کی صنعت ہو) - (۲) اِس طریقے پر جو چیستاں بنے - (۳) ایک قسم کی عبرانی نظم جس کے مصرعے ترتیب کے ساتھ حروف تہجی سے شروع ہوتے ہیں -

acrostic, *a.* : توشیحی؛ موشح؛ چلیپائی؛ صلیب نما؛ آڑا؛ ترچھا -

acrostically, *adv.* : (صنعت) توشیح کے ساتھ؛ چلیپائی انداز سے -

Act, *n.* : (۱) کام؛ کاج؛ عمل؛ حرکت؛ دوران عمل؛ حالت عمل؛ کارروائی -

A. of God : مشیت ایزدی؛ قضا و قدر (کا فعل)؛ تقدیر ربانی -

(۲) قانون؛ ایکٹ؛ جو مجلس وضع قوانین کی طرف سے نافذ ہو - کسی دستاویز کے قانونی 'I deliver this as my a. and deed' الفاظ قبولیت؛ جیسے اردو میں " ملکہ فلاں بصحت ہوش و حواس و برضا مندیٔ خود " -

(۳) (ناٹک کا) ایکٹ؛ حصہ؛ باب - (۴) (جامعہ میں) وہ مضمون جو طالب علم کسی اعلیٰ سند کے لیے تیار کرے؛ مقالۂ فضیلت -

Act, *v.t. & i.* : (۱) کام کرنا؛ عمل میں لانا - (۲) سوانگ بھرنا؛ روپ بھرنا؛ (ناٹک میں) نرت یا بھاو بتانا؛ نقل کرنا - (۳) عمل پیرا ہونا؛ انجام دینا؛ کاربند ہونا -

a. as interpreter : ترجمانی (کا کام) کرنا -

a. generously : عالی ظرفی سے پیش آنا -

a. upon a suggestion : تجویز یا راے کو عمل میں لانا -

a. up to a principle : کسی اصول کے بموجب عمل کرنا -

(۴) کام کرنا؛ اثر کرنا؛ جیسے : *alcohol acts on the brain*

Acting, *a. & n.* : (In verbal senses): (۱) قایم مقام؛ نگران کار - (۲) خود اکیلے اُن فرائض کو انجام دینا جن میں دوسرے بھی براے نام شریک ہیں؛ کار گزار -

acting copy : ڈراما کا خاص نسخہ جس میں ناٹک والوں کے لیے ہدایتیں ہوتی ہیں -

Actinia, *n.* (pl. *-ae*, *-as*) : شقیق البحر؛ لالۂ دریائی -

Actinism, *n.* : سورج کی شعاعوں کی وہ خصوصیت جس سے کیمیاوی تبدیلیاں (مثلاً فوٹو گرافی میں) واقع ہوتی ہیں؛ شعاعیت؛ کرنوں کا اثر؛ خواص شعاعی -

actinic, *a.* : اشعاعی -

Actinium, *n.* : ایکٹی نیم؛ ایک قسم کی دھات جو آفتاب کی شعاع میں تاریک ہو جاتی ہے

Action, *n.* : (۱) عمل؛ طریق؛ فعل؛ حرکت؛ اثر؛ کام -

a. of an acid : تیزاب یا ترشے کا عمل -

men of a. : مردانِ عمل؛ مردانِ کار -

put in a. : عمل کرنا؛ عمل میں لانا -

(۲) عمل؛ فعل؛ کام - (۳) (ڈراما میں) سلسلۂ واقعات؛ قصے کا تسلسل - (۴) نرت یا بھاو - (۵) کسی آلے کی ساخت؛ پرزہ بندی - (۶) قانونی کارروائی؛ مقدمہ؛ دعوی؛ نالش؛ چارہ جوئی - (۷) لڑائی؛ جنگ؛ معرکہ؛ فوجوں کی صف بندی -

A. Front. : توپ خانے کا حکم بوقت کارگزاری -

Action, *v.t.* : دعوی کرنا؛ مقدمہ چلانا؛ قانونی کارروائی یا چارہ جوئی کرنا -

Actionable, *a.* : قابل گرفت؛ قابل چارہ جوئی (عدالتی)؛ قانونی گرفت کے قابل؛ قابل مواخذہ -

actionably, *adv.* : قابل گرفت طریقے پر -

Active, *a.* : (۱) کام کاجی - (۲) عملی - (۳) محنتی؛ پھرتیلا؛ مستعد؛ سرگرم - (۴) خود بخود کرنے والا (بغیر بیرونی اثر کے)؛ عامل؛ موثر - (۵) (صرف‌نحو میں) فعل معروف -

actively, *adv.* : فاعلانہ؛ عاملانہ؛ سرگرمی کے ساتھ؛ مستعدانہ -

Activities, *n.pl.* : (۱) سرگرمیاں؛ مساعی؛ عامل قوتیں - (۲) میدانِ عمل؛ حلقۂ عمل؛ عمل کے مواقع -

Activity, *n.* : فاعلیت؛ عمل؛ حرکت؛ ہمت؛ پھرتی؛ مستعدی؛ سرگرمی؛ جوش -

Acton, *n.* : (۱) روئی بھری صدری؛ بنڈی جو زرہ بکتر کے نیچے پہنتے ہیں؛ (عربی قطن) - (۲) بکتر؛ چمڑے کی صدری، جس پر زرہ ہوتی ہے -

Actor, *n.* : (۱) ایکٹر؛ ناٹکی؛ ڈراما کرنے والا - (۲) (شاذ) کرنے والا؛ فاعل؛ عامل -

actress, *n.* : ڈراما کرنے والی؛ ناٹکن -

Actual, *a.* : (۱) واقعی؛ اصلی؛ صحیح؛ حقیقی - (۲) رائج؛ متداول؛ موجود؛ حالی؛ عہد حاضر سے متعلق -

Actuality, *n.* : (۱) حقیقت؛ اصلیت؛ واقعیت - (۲) حقیقت؛ مسئلہ وجود حقیقی؛ یہ مسئلہ کہ مادّہ بحیثیت معروض حقیقی وجود رکھتا ہے - بالفعلیت - (جمع میں) عوارض موجودہ؛ حالات موجودہ؛ واقعات حالیہ -

Actualize, *v.t.* : (۱) قوۃ سے فعل میں لانا؛ عمل میں لے آنا - (۲) جیتا جاگتا بناکر پیش کرنا - (بیان سے) جان ڈال دینا -

actualization, *n.* : فعل میں لانے کا عمل -

Actually, *adv.* : (۱) درحقیقت؛ فی الحقیقت؛ دراصل؛ اصل میں؛ فی الواقع - (۲) فی الوقت؛ حالات موجودہ میں - (۳) (استعجاب کے طور پر) "واقعی؟" -

Actuary, *n.* : (۱) ماہر بیمہ؛ وہ شخص جو شرح اموات اور زندگی اور آگ کے حادثات وغیرہ کے بیمے کے متعلق ماہرانہ واقفیت رکھتا ہو - (۲) (قدیم) مسجّل؛ رجسٹرار؛ محرر -

actuarial, *a.* : متعلق بہ ماہر بیمہ؛ متعلق بہ مسجّل -

Actuate, *v.t.* : (۱) حرکت پہنچانا؛ متحرک کرنا؛ چلانا (کسی آلے کو) - (۲) اُکسانا؛ تحریک کرنا؛ ترغیب دینا؛ باعث ہونا؛ شہ دینا -

actuation, *n.* : تحریک؛ ترغیب؛ اکسانا؛ اِشتعال -

Acuity, *n.* : حدّت؛ تیزی؛ چبھن؛ شدّت (سوئی؛ تیزاب؛ بیماری؛ عقل؛ وغیرہ کی) -

Aculeate, Aculeated, *aa.* : (۱) (حیوانیات) ڈنگدار؛ ڈنک والا - (۲) (نباتیات) کٹیلا؛ خاردار؛ شوکی - (۳) نکیلا؛ چبھنے والا؛ چھیدنے والا -

Aculeus, *n.* : (۱) (حیوانیات) ڈنک؛ نیش - (۲) (نباتیات) کانٹا؛ خار -

Acumen, *n.* : رسائی؛ ذکا؛ تیز فہمی؛ زیرکی؛ فراست؛ دقیقہ رسی -

Acuminate, *a.* : (تاریخ طبعی) انی دار؛ نکیلا -

Acuminate, *v.t.* : (۱) تیز کرنا؛ باڑہ رکھنا؛ نوک نکالنا؛ دھار رکھنا - (۲) شدید کردینا؛ تیز کرنا؛ ترقی دینا؛ تند کرنا -

Acumination, *n.* : زیادتی؛ شدّت -

Acute, *a.* : (۱) تیز؛ نوکدار؛ نکیلا؛ دھاردار - (۲) (زاویہ) حادہ - (۳) (بیماری) تیز؛ شدید؛ پُراشتداد (کہنہ کا ضد) - (۴) (احساسات؛ عقل؛ وغیرہ) تیز؛ ذکی؛ فریس؛ حسّاس - (۵) (آواز) کرخت؛ سخت؛ تیز؛ اونچی - (۶) (حروف کے متعلق) جن کا تلفظ پر زور ہو (دیکھو ACCENT, *n.*) -

acutely, *adv.* : تیزی سے؛ شدّت سے؛ فریسانہ وغیرہ -

acuteness, *n.* : اشتداد؛ شدّت؛ حدّت؛ تیزی؛ ذہانت؛ ذکا -

Acuti- : سابقہ، جو تیزی کے معنے دیتا ہے -

acutifoliate : نک پتیا؛ نوک دار پتی والا -

acutilobate : ٹُکنا (جس کے گوشے نوک دار ہوں) -

-acy, *suf.* : لاحقہ، جس سے حالت یا حیثیت ظاہر ہونے والے اسماء بنائے جاتے ہیں - اردو میں اُس کا قریبی مرادف "یت" ہے -

Ad-, *pref.* : سابقہ، جو حرکت؛ رخ؛ تبدیلی؛ اضافہ؛ اتصال؛ زیادتی؛ مرض؛ شدّت ظاہر کرنے کے لیے آتا ہے -

-ad, *suf.* : اسماء کا لاحقہ (دیکھو -ADE) -

Adage, *n.* : ضرب المثل؛ مقولہ؛ کہاوت؛ مثل -

adagio, *adv., a., & n.* : (موسیقی) آہستہ؛ رساں رساں؛ دھیرے دھیرے؛ مدھم -

Adam, *n.* : حضرت آدم؛ باوا آدم -

A.'s ale or *wine* : پانی -

A.'s apple : کنٹھ؛ کنٹھا؛ جو جوان ہونے پر گلے میں نکلتا ہے -

old A. : حالت جاہلیت؛ دقیانوسی حالت؛ غیر ترقی یافتہ -

Adamant, *n.* : (۱) (محاورہ) سخت پتھر؛ (مجازاً) سنگ خارا؛ بہت کڑا؛ کٹّا - (۲) (قدیم) سنگ مقناطیس - (۳) الماس؛ ہیرا -

Adamantine, *a.* : سخت؛ کٹّا؛ کڑا؛ الماسی -

Adamite, *n.* : (۱) بنی آدم؛ اولاد آدم؛ انسان؛ آدم زاد؛ آدم؛ آدمی - (۲) برہنہ انسان؛ ننگا؛ عریاں - (۳) (کلیسا) ایک فرقہ جو حضرت آدم کے تتبع میں ننگا پھرتا تھا؛ عریاں؛ دگمبر - (۴) (جمع میں) انسانوں کا ایک طبقہ جس کے متعلق بعضوں کا خیال ہے کہ صرف یہی اولاد آدم ہے -

Adapt, *v.t.* : (۱) بٹھانا؛ جمانا؛ لگانا (ایک چیز کا دوسری میں) - (۲) مناسب؛ موزوں یا مطابق بنانا؛ حسب منشا بدلنا؛ تصرف کرنا -

adaptability, *n.* : مادّۂ قبول؛ صلاحیت؛ مطابقت پذیری -

adaptable, *a.* : تصرف پذیر؛ بدلنے کی صلاحیت رکھنے والا -

adaptation, *n.* : تصرف؛ بدلنا؛ جمانا؛ ٹھیک کرنا -

adaptive, *a.* : حالات کے مناسب رنگ اختیار کرنے والا -

ad captandum (vulgus), *adv. & a.* : عامیانہ مذاق کی؛ عوام کے مطلب کی؛ عوام کے گوں کی؛ عام پسند؛ ابلہ فریب -

Add, *v.t. & i.* : جمع کرنا؛ جوڑنا؛ ملانا؛ شریک کرنا؛ شامل کرنا؛ بڑھانا؛ اضافہ کرنا؛ ایزاد کرنا (آخر میں)؛ جمع کا عمل کرنا؛ جوڑنا -

a. in : شامل کرنا؛ مِلانا (کسی دوسری چیز میں) -

a. up or *together*: جمع کرنا؛ جوڑنا؛ میزان لگانا -

Addendum, *n.*: (۱) وہ چیز جسے جمع کرنا ہے؛ قابلِ جمع یا اضافہ - (۲) ضمیمہ؛ اضافہ؛ تتمہ -

Adder, *n.*: افعی؛ سانپ -

A.'s tongue: فرمیم کی ایک قسم

Death A.: زہریلا سانپ -

Flying A.: کابلی مکھی؛ ایک قسم کی بڑی مکھی -

Horned A.: شاخ دار سانپ -

Puff A.: پھنکار مار -

Addict, *v.t.*: (۱) عادی ہوجانا؛ خوگر ہونا؛ (کسی کو کسی چیز کی) لت ہوجانا - (۲) (رومن قانون) سپرد کرنا بحکم عدالت؛ حکماً حوالے کرنا -

addiction, *n.*: (۱) عادت؛ لت؛ دھت - (۲) سپردگی بحکم عدالت

Addition, *n.*: (۱) جمع کرنے کا عمل؛ جمع؛ میزان - (۲) اضافہ؛ بڑھوتری؛ بیشی؛ ازدیاد؛ جو چیز جمع کی جائے -

in a. to: اُس کے سوا؛ اُس کے علاوہ؛ مزید برآں -

Additional, *a.*: زائد؛ اِلحاقی؛ ضمنی -

additionally, *adv.*: ازدیاداً؛ ضمناً؛ اِلحاقاً؛ اور -

Addle, *A. egg*, *a.*: (۱) گندا؛ گندا انڈا؛ خاکی انڈا جس سے بچہ نہیں نکلتا - (۲) خالی؛ تہی مغز؛ تنگ ظرف - (۳) مختل؛ کند ذہن؛ اول جلول؛ بوکھل -

Addle, *v.t.* & *i.*: (۱) گھبرانا؛ پریشان کرنا یا ہونا؛ مختل کرنا یا ہو جانا؛ بوکھلا جانا؛ بوکھلانا - (۲) (انڈوں کے لیے) گندے ہوجانا؛ خراب ہوجانا؛ بوکھلا دینا -

Addled, *a.*: (۱) مختل؛ بوکھلایا ہوا؛ پریشان؛ اول جلول - (۲) خراب؛ گندے (انڈوں کے لیے) -

Address, *v.t.*: (۱) مخاطب ہونا؛ خطاب کرنا؛ تبادلۂ خیال کرنا؛ لکھنا؛ مخاطب کرنا؛ (خط پر) پتا لکھنا - (۲) متوجہ ہونا؛ مصروف ہونا؛ رجوع ہونا؛ مائل ہونا - (۴) (گولف کے کھیل میں) نشانہ لینا -

Address, *n.*: (۱) مستعدی؛ ہوشیاری؛ چابک‌دستی؛ مہارت؛ آمادگی - (۲) پتا (جو خط کے اوپر لکھا جائے)؛ عنوان - (۳) جہاز کی روانگی؛ جہاز بھیجنا - (۴) طور طریقہ؛ اطوار؛ رویہ؛ بات چیت کا طرز؛ ڈھنگ؛ انداز گفتگو؛ وضع؛ سلیقہ - (۵) سپاس نامہ؛ خطبہ - (۶) (جمع) شرفِ قدمبوسی؛ درباداری (بادشاہ یا بڑے لوگوں کی)؛ معاشقہ (کورٹ شپ) -

Addressee, *n.*: پانے والا؛ (خط وغیرہ کا) مکتوب الیہ؛ مرسل الیہ -

Adduce, *v.t.*: دلیل؛ حجت یا سند لانا؛ بطور ثبوت بیان کرنا؛ پیش کرنا؛ مثال دینا؛ سند پکڑنا -

adduceable, *a.*:
adducible, *a.*: قابلِ استناد؛ قابلِ استشہاد -

Adducent, *a.*: (فعلیات) مقرب (عضلات) جو ایک ہی مرکز کی سمت کھنچ جائیں -

Adduct, *v. t.*: (فعلیات) تقریب؛ ایک ہی مرکز کی طرف کھینچنا -

Adduction, *n.*: (۱) پیش کرنا (واقعات؛ ثبوت؛ نظیر یا بیان کا)؛ نظیر؛ حجت وغیرہ (پیش کرنا) - (۲) تقریب؛ ایک مرکز کی طرف کھنچاؤ -

-ade, *suf.*: جو اسماء کے آخر میں آتا اور عمل؛ اثر؛ نتیجے؛ وغیرہ کے معنی دیتا ہے -

Adenoids, *n. pl.*: گلے کے غدود؛ اسفنجی منسوجات جو ناک یا حلق کی پشت پر ہوتے ہیں) -

Adept, *n.* & *a.*: پورا؛ ماہر؛ اُستاد؛ ہنرمند؛ کاریگر -

Adequate, *a.*: (۱) موزوں؛ مناسب؛ شایاں (ضرورت کے لحاظ سے) - (۲) کافی؛ حسبِ ضرورت؛ مکتفی؛ کماینبغی -

adequacy, *n.*: اکتفا؛ مناسبت؛ موزونیت -

adequately, *adv.*: کافی طور پر؛ پورے طور پر -

ad eundem, *adv.*: مساویانہ (سند جو ایک جامعہ بغیر امتحان لیے کبھی دوسری جامعہ کی سند کی بنا پر عطا کرے) -

a deux, *adv.* & *a.*: دو کے لیے؛ دو میں

Adhere, *v.i.*: چپکنا؛ چمٹ جانا؛ پابند رہنا؛ (بات پر) جما رہنا؛ (کسی سے) وابستہ رہنا -

Adherent, *a.* & *n.*: (۱) چمٹا ہوا؛ لگا ہوا؛ لپٹا ہوا؛ چسپاں - (۲) حامی؛ حمایتی؛ ہوا خواہ؛ طرف دار؛ وابستہ؛ پیرو -

adherence, *n.*: حمایت؛ وابستگی؛ ہوا خواہی -

Adhesion, *n.*: چپکاؤ؛ التصاق؛ وابستگی؛ لگاؤ؛ چسپیدگی؛ پابندی؛ پیروی -

Adhesive, *a.*: (۱) چپچپا؛ لیسدار؛ لسلسا؛ لعاب دار؛ چیپ دار - (۲) لپٹا ہوا؛ لگا ہوا؛ ثابت قدم

adhesively, *adv.*: چپکتے یا چپچپاتے ہوئے؛ لپٹے ہوئے -

Adhibit, *v.t.*: (۱) لگانا؛ چپکانا؛ چسپاں کرنا؛ ثبت کرنا (۲) لگانا؛ ملنا (دوا کا) -

adhibition, *n.*: چسپاں کرنا؛ مالش؛ لگانا -

ad hoc, *a.*: اُسی (کام) کے لیے؛ مختص؛ مخصوص -

Adiabatic, *a.*: مزاحمِ حرارت؛ یکساں درجے کی حرارت رکھنے والی؛ جتنی حرارت رکھتی ہے اُس سے زیادہ حرارت کو قبول کرنے والی (چیز) -

Adiantum, *n.*: بالچھڑ؛ سنبل الطیب؛ سنبل سیاہ -

Adiaphorism, *n.*: وسیع المشرب؛ روشن خیالی؛ بے تعصبی؛ وسیع النظری؛ آزاد خیالی (خاص کر مذہبی معاملات میں) -

adiaphorist, *n.*: وسیع المشرب؛ روشن خیال؛ وسیع النظر؛ آزاد خیال -

Adieu, *int.* & *n.*: خدا حافظ؛ فی امان اللہ؛ خدا نگہبان؛ اللہ بیلی -

make, take, one's a.: خداحافظ کہنا؛ الوداع کہنا -

ad infinitum, *adv.*: لا متناہی؛ غیر مختتم؛ لاانتہا؛ دوام؛ ہمیشہ؛ ہمیشہ کے لیے

ad interim, *adv.* & *a.*: اِس اثنا میں؛ اِس درمیان میں -

Adipocere, *n.*: بھورے رنگ کی چربی نما چیز جو مردہ اجسام سے رطوبت کی وجہ سے خارج ہوتی ہے -

Adipose, *a.* & *n.*: (۱) چربیلا؛ چکنائی دار؛ چکنا؛ روغنی - (۲) چربی -

adiposity, *n.*: چربیلا پن؛ چکنائی؛ دُھنیت -

Adit, *n.*: (۱) (کسی جگہ تک پہنچنے کا) واسطہ؛ راہ؛ گزر - (۲) (معادن میں) سیدھا رستہ؛ منفذ؛ گلیاری - (۳) رسائی؛ پہنچ؛ گزر

Adjacent, *a.*: ملا ہوا؛ متصل؛ نزدیک؛ پاس؛ ملحق -

adjacency, *n.*: اِلحاق؛ اتصال؛ نزدیکی؛ قرب -

Adjective, *a.* & *n.*: (۱) زائد؛ ضمنی؛ قائم بالغیر؛ عرضی (۲) (صرف) اسم صفت -

a. colours: عارضی رنگ؛ کچے رنگ

Law A.: قانون اضافی؛ قانون؛ ضابطہ -

adjectival, *a.*: توصیفی -

adjectivally, adjectively, *advv.*: بطور صفت کے -

Adjoin, *v.t.*: (۱) ملانا؛ متصل کرنا؛ پاس لانا؛ قریب کرنا؛ پیوستہ کرنا؛ جوڑنا؛ ملحق کرنا - (۲) ملا ہوا ہونا؛ ملحق (وغیرہ) ہونا -

Adjourn, *v.t.* & *i.*: (۱) اُٹھا رکھنا؛ ملتوی کرنا؛ (کارروائی کو) روک دینا؛ برخاست کرنا - (۲) (کارروائی کو چھوڑ کر لوگوں کا) الگ ہوجانا؛

(جلسے کا) مقام بدل دینا -

Adjournment, *n.*: (کسی کام کا) اُٹھا رکھنا ؛ برخاست -

Adjudge, *v.t.*: (۱) تجویز کرنا؛ رائے دینا؛ قرار دینا؛ (کسی معاملے کے متعلق) حکم دینا - (۲) فیصلہ کرنا؛ حکم دینا؛ تصفیہ کرنا؛ محاکمہ کرنا - (۳) سزا دینا؛ ملزم قرار دینا؛ بحکم سرکار دلا دینا -

Adjudgement, *n.*: حکم؛ تصفیہ؛ فیصلہ؛ محاکمہ -

Adjudicate, *v.t.& i.*: (۱) (عدالتی) فتوی دینا؛ فیصلہ کرنا؛ تجویز کرنا ؛ حکم سنانا - (۲) قرار دینا؛ ٹھیرانا (مجرم یا بری)-

Adjudication, *n.*: (۱) (عدالتی) حکم؛ فتوی؛ فیصلہ یا تجویز؛ انفصال- (۲) دیوالیا قرار دینا -

Adjudicative, *a.*: انفصالی؛ عدالتی -

Adjudicator, *n.*: حکم؛ قاضی؛ حاکم -

Adjunct, *n.*: (۱) ماتحت ؛ متعلق ؛ منحصر ؛ ملحق - (۲) (صرف نحو) (فعل، فاعل، وغیرہ کے) (جمع میں) متعلقات؛ لاحقات - (۳) (منطق) زوائد؛ لواحق؛ عوارض -

adjunctive, *a.*: اِلحاقی؛ زائد -

adjunctively, *adv.*: بطور لاحق -

Adjure, *v.t.*: (۱) بقسم کہنا؛ واسطہ دلا کر کہنا؛ سوگند دینا ؛ حلف دینا؛ قسم لے لینا؛ حلف لے لینا - (۲) التجا کرنا؛ منت سماجت کرنا؛ درخواست کرنا -

adjuration, *n.*: قسم؛ سوگند؛ حلف؛ سماجت -

Adjust, *v.t.*: (۱) لگانا؛ ترتیب دینا؛ ٹھیک کرنا؛ قرینے سے دھرنا ؛ انضباط کرنا - (۲) مطابق کرنا؛ موافق کرنا؛ توازن پیدا کرنا؛ تعدیل کرنا؛ ہم آہنگ بنانا -

Adjustable, *a.*: توافق پزیر؛ تطابق پزیر؛ ترتیب پزیر-

Adjustment, *n.*: ترتیب؛ تطبیق؛ توافق؛ اِنضباط؛ ہم آہنگی ؛ سُلجھانا -

Adjutage, **Aj-**, *n.*: ہزارہ؛ مہنال؛ ٹُنٹی (کسی مصنوعی فوارے کا) -

Adjutant, *a.* & *n.*: (۱) نائب؛ مددگار-(۲)(فوج) اجیٹن (جو افسران بالا دست کی سہولت کے لیے خط کتابت کرتا ھے اور دوسروں تک اُن کے احکام پہنچاتا ھے) - (۳) لم ٹھیک؛ لم ٹنگا؛ سارس-

adjutancy, *n.*: اجیٹن کا عہدہ -

Adjuvant, *a.* & *n.*: (۱) مددگار؛ معاون؛ ممد ؛ امدادی - (۲) (کوئی شخص یا چیز جو مددگار یا معاون ہو) بدرقہ -

ad libitum, *adv.*: جی بھر کے؛ جتنا جی چاھے ؛ حسب دل خواہ ؛ حسب خواھش -

Admeasure, *v. t.*: بانٹنا ؛ تقسیم کرنا ؛ حصے لگانا -

Admeasurement, *n.*: بٹوارا ؛ تقسیم؛ حصہ کشی - (۲) مقابلہ ؛ موازنہ - (۳) حدود اربعہ؛ ابعاد ثلاثہ - ناپ؛ پیمایش -

Adminicle, *n.*: (۱) تائیدی؛ اِمدادی؛ معاونی - (۲) (قانون) تائیدی شہادت -

Adminicular, *a.*: تائیدی؛ اِمدادی؛ ثبوتی (شہادت کے متعلق) -

Administer, *v.t.& i.*: (۱) اِنتظام کرنا؛ بندوبست کرنا -(۲) انجام دینا؛ ادا کرنا (اِلصاف؛ مذہبی رسوم کا)- (۳) (قسم) لینا؛ (حلف) اُٹھوانا- (۴) مہیا کرنا؛ بہم پہنچانا؛ دینا؛ فراہم کرنا (کسی چیز کا کسی کو)- (۵) لگانا؛ مِلنا؛ مالِش کرنا (دوا کا)- (۶) اِنتظام کرنا؛ اِنصرام کرنا؛ (۷) مدد پہنچانا ؛ سہارا دینا ؛ اعانت کرنا -

Administrable, *a.*: قابل انصرام -

Administration, *n.*: (۱) اِنتظام؛ بندوبست؛ اِنصرام (کاروبار کا)- (۲) نظم و نسق (امور عامہ یا حکومت کا) - (۳) وزارت؛ حکومت - (۴) (قانون) شخص متوفی کی جائداد یا ترکے کا انتظام؛ پروانۂ اِنصرام تولیت؛ - *Letters of A.* - (۵) داد رسی - (۶) دینا؛ اُٹھوانا (حلف کا)- (۷) لگانا؛ مالِش (دوا وغیرہ کی)-

Administrative, *a.*: (۱) انتظامی؛ عملی؛ نظامی -

Administratively, *adv.*: منتظمانہ یا عاملانہ طور پر -

Administrator, *n.*: (۱) منتظم؛ مہتمم-(۲) منتظمی قابلیت رکھنے والا- (۳) ناظم؛ عامِل (امور مذہبی؛ عدالتی؛ وغیرہ) - (۴) دھندہ؛ دینے والا؛ لگانے والا - (۵) وصی؛ مہتمم ترکہ (جو مالک اصلی کی صغر سنی میں اِملاک کا انتظام یا متوفی بلا وصیت کی جائداد کی نگرانی کرے) -

Administratorship, *n.*: عہدۂ ناظم؛ نظامت ؛ عہدۂ مہتمم -

Administratrix, *n.*: منتظمہ -

Admirable, *a.*: دل پسند؛ پسندیدہ؛ تعریف کے لائق؛ قابل تعریف؛ قابلِ ستایش؛ بہت عمدہ -

Admirably, *adv.*: قابل تعریف طریقے پر؛ بطریق احسن؛ بہت خوبی کے ساتھ -

Admiral, *n.*: (۱) امیر البحر؛ بیڑے کا اعلی سردار؛ (جہازوں کے) بیڑا پتی - (۲) ماھی گیریا تجارتی جہازوں کا مخصوص افسر اعلی؛ ناظم- (۳) کشتئی امیر البحر ؛ نشان کا جہاز (جس میں امیر البحر سوار ہو) -

Red A.:
White A.: } یورپی تتلی کی دو قسمیں-

Admiralship, *n.*: امارت بحر -

Admiralty, *n.*: (۱) دفتر امیر البحر؛ امارت بحری- (۲) نظارت بحری-

Court of A.: عدالت امیر البحر؛ بحری عدالت -

Admiration, *n.*: (۱) مدح؛ ثنا؛ تحسین؛ توصیف؛ قدر؛ پسندیدگی - (۲) (سابق میں) تعجب؛ حیرت؛ اچنبھا -

the a. of all: سب کا ممدوح؛ ہر دلعزیز -

Admire, *v. t.*: مدح کرنا؛ توصیف کرنا؛ پسند کرنا؛ بنظر اِستحسان دیکھنا؛ حیرت کی نظروں سے دیکھنا؛ سراھنا - (۲) (سابق میں) تعجب کرنا؛ اچنبھا کرنا؛ متحیر ھونا - (۳) (عام محاورہ میں) اظہار تعریف کرنا؛ داد دینا؛ ستایش کرنا -

Admirer, *n.*: (۱) مداح؛ ثنا خواں؛ تعریف کرنے والا؛ پسند کرنے والا - (۲) عاشق؛ شیدائی؛ چاھنے والا -

Admissible, *a.*: (۱) (خیال یا تجویز کے متعلق) قابل پزیرائی ؛ قابلِ تسلیم؛ ماننے کے قابل؛ قابلِ قبول؛ روا؛ جائز - (۲) (قانون) قابل سماعت (جو بحیثیت عدالتی ثبوت کے قبول کیا جا سکے) ؛ قابلِ ادخال شہادت- (۳) اھل؛ قابل تقرر؛ قابلِ ماموری (کسی عہدہ یا اور عزت کی جگہ پر) -

admissibility, *n.*: قابلِ قبول ہونا؛ قابلِ تسلیم ہونا؛ جواز؛ روا ہونا؛ سماعت پزیری -

Admission, *n.*: شمولیت ؛ داخلہ ؛ شرکت ؛ پہنچ؛ رسائی؛ گزر-

Admissive, *a.*: مائل بہ اعتراف؛ معترفانہ -

Admit, *v.t. & i.*: (۱) داخل کرنا ؛ شریک کرنا ؛ شامل کرنا ؛ آنے دینا ؛ اجازت دینا - (۲) ماننا ؛ قبول کرنا ؛ تسلیم کرنا ؛ اعتراف کرنا ؛ اقبال کرنا ؛ قبول کرنا ؛ مقر ہونا -

a. of: مہلت دینا ؛ گنجائش ہونا (شک ؛ اصلاح ، وغیرہ کی) -

admittedly, *adv.*: (۱) مسلمہ طور پر؛ بے شک و شبہ - (۲) مانتا ؛ جائز سمجھنا - (۳) (بند جگہوں کے متعلق) گنجائش رکھنا ؛ سمائی رکھنا ؛ جگہ رکھنا یا جگہ کا ہونا -

Admittable, *a.*: قابلِ اجازت ؛ قابلِ ادخال ؛ قابلِ شرکت ؛ روا ؛ جائز -

Admittance, *n.*: داخلہ ؛ شرکت ؛ (داخل ہونے کی) اجازت -

Admix, *v.t. & i.*: مِلانا ؛ شریک کرنا ؛ ڈالنا ؛ آمیز کرنا ؛ حل کرنا (کسی چیز کا بحیثیت مرکّب کے جز کے) -

Admixture, *n.*: مِلاوٹ ؛ آمیزش ؛ میل ؛ شرکت -

Admonish, *v.t.* : (۱) سمجھانا ؛ تاکید کرنا - (۲) نصیحت کرنا ؛ مشورہ دینا ؛ صلاح دینا ؛ ہدایت کرنا - (۳) متنبہ کرنا ؛ کان کھولنا ؛ ہوشیار کرنا ؛ جتانا - (۴) دھیان دلانا ؛ جتانا ؛ مطلع کرنا

admonishment, *n.* : تنبیہہ ؛ ہدایت ؛ نصیحت ؛ فہمائش ؛ سمجھانا -

Admonition, *n.*: (۱) سمجھانا ؛ فہمائش ؛ تنبیہہ ؛ ہوشیار کرنا - (۲) ملامت ؛ شرم دلانا ؛ بُرا بھلا کہنا -

admonitory, *a.*: تنبیہی ؛ نصیحت آمیز ؛ فہمائشی -

ad nauseam, *adv.*: قابلِ نفرت حد تک (اتنا زیادہ کہ جس سے نفرت ہوجائے) -

Adnominal, *a.* : (۱) توصیفی ؛ صفت کے متعلق - (۲) اسم کے متعلق ؛ متعلق بہ اسم -

Adnoun, *n.*: (۱) صفت - (۲) کوئی صفت جو اسم کے طور پر استعمال کی جائے -

Ado, *n.*: (۱) کام ؛ کاج ؛ کار ؛ کریز ؛ گھبراہٹ ؛ بکھیڑا ؛ اضطراب - (۲) دِقت ؛ مشکل ؛ پریشانی ؛ درد سری ؛ کھکھیڑ

-ado: اسم فاعل بنانے کے لیے لاحقہ جیسے (جاں ہار *desperado*) -

Adobe, *n.*: کچی اینٹ -

Adolescent, *n.&a.*: بالغ ؛ عنفوانِ شباب میں ؛ آغاز شباب میں ؛ نوجوان ؛ سیانا -

adolescence, *n.*: بلوغ ؛ عنفوانِ شباب ؛ جوانی ؛ اُٹھتی جوانی (مردوں کے لیے ۱۴ - ۲۵ ، اور عورتوں کے لیے ۱۲ - ۲۱ کی عمر) -

Adonis, *n.*: (۱) اے ڈونس ایک حسین شخص جو زہرہ دیوی کا منظورِ نظر تھا - (۲) (مجازاً) رنگیلا ؛ بانکا ؛ بنا ٹھنا ؛ چھیلا ؛ کنھیا - (۳) (نباتیات) ایک قسم کا پودا اے ڈونس - (۴) (حشراتیات) ایک قسم کی تتلی (Clifton Blue) کلفٹنی تتلی ؛ اے ڈونس ؛ نیلی تتلی یا تیتری -
[Clifton ایک مقام کا نام ہے]

Adonize, *v.refl. & i.*: (۱) سنوارنا ؛ بنانا ؛ آراستہ کرنا ؛ مانگ چوٹی کرنا - (۲) اے ڈونس کی نقل کرنا ؛ کنھیا بننا -

Adopt, *v.t.*: (۱) گود لینا ؛ متبنّی کرنا ؛ مُنہ بولا رشتہ دار بنانا ؛ لے پالک کرنا - (۲) لے لینا ؛ قبول کرنا ؛ حاصل کرنا ؛ اخذ کرنا ؛ (خیال وغیرہ کو کسی سے) اختیار کرنا یا کر لینا - (۳) انتخاب کرنا ؛ پسند کرنا ؛ چُننا

adoptability, *n.*: انتخاب پذیری ؛ اخذ کیے جانے کی صلاحیت -

adoptable, *a.*: قابلِ قبول ؛ قابلِ اختیار ؛ قابلِ پسند ؛ قابلِ تبنیت ؛

adoption, *n.*: قبول ؛ اختیار ؛ انتخاب ؛ لے پالک لینا ؛ تبنیت ؛ گود لینے کے قابل -

Adoptive, *a.*: (۱) مُنہ بولا ؛ لے پالک ؛ متبنّی ؛ گود لیا ہوا - (۲) اخذ و انتخاب کی صلاحیت رکھنے والا -

adoptively, *adv.*: متبنّی یا لے پالک کے طور پر -

Adore, *v.t.*: (۱) عزت کرنا ؛ احترام کرنا ؛ قدر و منزلت کرنا ؛ ادب اور محبت کرنا - (۲) (شعر) پوجنا ؛ پرستش کرنا - (۳) (رومن کیتھلک) تقدیس ؛ تکریم کرنا ؛ الوہیت کا مظہر سمجھ کر احترام کرنا -

adorable, *a.*: واجب التعظیم ؛ قابلِ محبت ؛ قابلِ عزت ؛ محبوب ؛ محترم ؛ قابلِ پرستش -

adorably, *adv.*: محترمانہ ؛ محبوبانہ وغیرہ -

adoration, *n.*: احترام ؛ عزت ؛ پرستش -

Adorer, *n.*: (۱) مداح ؛ پرستار ؛ پجاری ؛ بندہ - (۲) عاشق ؛ شیدائی ؛ والہ و شیدا -

Adorn, *v.t.*: (۱) سجانا ؛ سنوارنا ؛ آراستہ کرنا ؛ زینت دینا - (۲) زیور سے آراستہ کرنا ؛ سنگار کرنا ؛ بناؤ کرنا -

Adornment, *n.*: آرایش ؛ زیبایش ؛ زینت ؛ سجاوٹ ؛ بناؤ سنگار -

Adown, *adv.&prep.*: (متروک ؛ نظم میں مستعمل) دیکھو DOWN, *adv.*

ad rem, *adv. & pred.a.*: (۱) ٹھیک ؛ بجا ؛ برمحل ؛ با موقع - (۲) حسب مراد ؛ حسب منشا ؛ مطلب کے موافق -

Adrenalin *n.*: غدودی رطوبت جو خون کی گردش اور عضلات پر عمل کرتی ہے -

Adrift, *adv.*: بہا ہوا ؛ اِدھر اُدھر بہتا ہوا ؛ آوارہ ؛ بے کس ؛ بے ٹھکانے ؛ ہدف روزگار -

Adroit, *a.*: شاطر ؛ چالاک ؛ ہوشیار ؛ مستعد -

adroitly, *adv.*: چالاکی سے ؛ مستعدی سے ؛ شاطرانہ -

adroitness, *n.*: چالاکی ؛ مستعدی -

Adry, *adv. & pred.a.*: (۱) سُوکھا ؛ خُشک - (۲) پیاسا ؛ تشنہ ؛ بے آب -

Adscititious, *a.*: (۱) بیرونی ؛ خارجی - (۲) اِلحاقی ؛ ضِمنی ؛ زائد -

adscriptus glebae, *a. & n.*: زرعی غلام ؛ غلام آسامی (ایسا کاشتکار جو مثل زمین کے زمیندار کی ملک ہو) -

adsum, *v.i.*: لبیک ؛ حاضر ؛ " حاضر ہوں " -

Adulate, *v.t.*: آسمان پر چڑھانا ؛ خوشامد کرنا ؛ چاپلوسی کرنا ؛ تملق -

Adulation, *n.*: خوشامد ، چاپلوسی ؛ تملق -

Adulator, *n.*: خوشامدی -

Adulatory, *a.*: تملق آمیز ؛ خوشامدانہ ؛ چاپلوسی کی -

Adullamite, *n.*: قدیم شہر ادلام کا باشندہ ؛ ادلامی ؛ (تاریخ انگریزی) پارلیمنٹ کے وہ ممبر جنھوں نے سنہ ۱۸۶۶ ء میں لبرل فرقے سے قطع تعلق کرلیا تھا -

Adult, *a. & n.*: جوان ؛ بالغ ؛ سیانا -

Adulterant, *a. & n.*: میل ؛ آمیزش ؛ ملونی (ملاو ، ملونی) -

Adulterate, *a.*: (۱) حرام کار ؛ زانی ؛ ولدالزنا ؛ حرامی - (۲) (اشیا کے متعلق) کھوٹی ؛ جعلی ؛ نقلی ؛ مصنوعی ؛ قلب ۔

Adulterate, *v.t.*: ملانا ؛ آمیزش کرنا ؛ مصنوعی بنانا ، کھوٹ ڈالنا ؛ بگاڑنا -

adulteration, *n.*: آمیزش ؛ ملاوٹ ؛ کھوٹ -
adulterator, *n.*: کھوٹ مِلانے والا -
Adulterer, *n.*: زانی ؛ زنا کار؛ فاجر ؛ بدکار
Adulteress, *n.*: چھنال؛ زانیہ ؛فاحشہ ؛ بے عصمت ؛ قحبہ -
Adulterine, *a.*: (۱) بدکاری کا ؛ زنا کا ؛ متعلق بہ زنا ؛ حرامی؛ ولد الزنا - (۲) مِلایا ہوا ؛ آمیزش شدہ ؛ کھوٹا ؛ جعلی ؛ قلب - (۳) ناجائز؛ خلاف قانون ؛ ممنوعہ -
Adultery, *n.*: زنا ؛ حرام کاری ؛ بدکاری ؛ چھنالا -
double a.: زنائے محصن یا محصنہ؛ زنا جس کے مرتکب (مرد اور عورت دونوں) بیاہے ہوں -
single a.: زنا جس کا ایک ہی فریق بیاہا ہو -
adulterous, *a.*: زنا کار ؛ فاسق -
adulterously, *adv.*: زنا کاری؛ حرام کاری سے -
Adumbral, *a.*: چھایا ہوا ؛ سایہ دار ؛ چھتنارا -
Adumbrate, *v.t.*: (۱) خاکا کھینچنا یا بنانا - (۲) جھلک دِکھانا ؛ کنایہ کرنا؛ اِشارہ دینا - (۳) پیش از پیش اندازہ لگانا ؛ پہلے سے قیاس لگا لینا - (۴) چھا جانا ؛ چھپا لینا ؛ ڈھانک لینا -
Adumbration, *n.*: سایہ ؛ پرچھائیں؛ جھلکی دکھانا؛ خاکا؛ اِشارہ -
Adumbrative, *a.*: مظہر ؛ جھلک دِکھانے والا -
ad unguem (factus), *a.*: خوب ؛ درجۂ کمال کو پہنچایا ہوا ؛ بدرجۂ اعلیٰ -
Adust, *a.*: (۱) جھلسا ہوا ؛ سوختہ؛ خشک؛ سوکھا ہوا ؛ جلا بھنا - (۲) دھوپ یا لو کا مارا ؛ (کھال کے رنگ کے لیے) (sunburnt) جلا ہوا - (۳) نڈھال ؛ ملول ؛ افسردہ -
ad valorem, *adv. & a.*: (محاصل کے لیے) محصول بحساب قیمت ؛ بیجک پر یا بیجکی (محصول) -
Advance, *v.t. & i.*: (۱) آگے بڑھانا یا لے جانا - (۲) ترقی دینا؛ بڑھانا (اشخاص یا منصوبوں کے لیے) - (۳) پیش کرنا ؛ دائر کرنا (دعویٰ،رائے، وغیرہ کا) - (۴) بسرعت وقوع میں لانا ؛ بسرعت تکمیل کو پہنچانا؛ (کام کی رفتار کو) تیز کرنا - (۵) پیشگی دینا ؛ سائی دینا ؛ اگوڑی دینا - (۶) اُدھار دینا ؛ قرض دینا- (۷) بڑھانا ؛ اِضافہ کرنا ؛ زیادہ کرنا (قیمت کا) - (۸) (لازمی) آگے بڑھنا؛ آگے جانا ؛ اقدام کرنا ؛ کوچ کرنا - (۹) ترقی کرنا ؛ بڑھنا ؛ مرتبہ پانا - (۱۰) بڑھ جانا ؛ زیادہ ہوجانا (قیمت کا) -
advanced, *a.*: بڑھا ہوا ؛ اعلیٰ ؛ ترقی یافتہ -
advancement, *n.*: ترقی ؛ اِضافہ ؛ اقدام ؛ پیشگی وغیرہ -
Advance, *n.*: (۱) حملہ ؛ چڑھائی؛ کوچ؛ بڑھنا ؛ آگے جانا ؛ اقدام؛ پیش قدمی - (۲) ترقی - (۳) پیش قدمی ؛ پہل (اپنی طرف سے کسی کے پاس جانا)؛ سبقت - (۴) اِضافہ ؛ زیادتی (قیمت یا رقم میں) - (۵) پیشگی ادائی ؛ قرض ؛ اُدھار -
a. copy: پیش نسخہ (جو اشاعت سے قبل کسی کو دیا جائے) -
in a.: قبل ؛ سامنے ؛ پہلے سے؛ پیش از پیش -
Advantage, *n.*: (۱) منفعت؛ نفع ؛ بھلائی ؛ بہتری؛ مفاد ؛ فوقیت ؛ برتری - (۲) مناسب صورت یا موقع - (۳) ٹینس کی ایک اصطلاح -
advantageous, *a.*: سپھل ؛ مفید ؛ فائدہ مند ؛ سودمند -
advantageously, *adv.*: سودمندانہ -

a.-ground: (۱) موقع کی جگہ ؛ عمدہ موقع ؛ کام کی جگہ؛ پُر قابو جگہ - (۲) مقام برتری؛ بہتر موقع -
have the a. of : / *gain the a. over*: برتری حاصل کرنا؛ ور رہنا ؛ فائق ہونا (مقابلے میں) -
take a.: قابو یا موقع پانا ؛ فائدہ اُٹھانا -
take a. of a person: در شخصوں میں ایک کو دوسرے کے متعلق ذاتی علم ہونا اور دوسرے کا اُس سے واقف ہونا -
take a person at a.: کسی شخص کو اچانک آ لینا ؛ بے خبری میں آ پہنچنا -
to a.: ایسے طریق پرجس سے کسی شئے کی خوبیاں عیاں ہوجائیں -
Advantage, *v.t.*: (۱) مفید ہونا ؛ پُر از منفعت ہونا ؛ سود مند ہونا - (۲) فائدہ میں ہونا ؛ برتری یا فوقیت دینا - (۳) ترقی دینا؛ بڑھانا -
Advent, *n.*: (۱) زمانۂ بشارت ؛ زمانۂ قبل ولادت حضرت عیسیٰ - (۲) بعثت حضرت مسیح - (۳) حضرت مسیح کا ظہور ثانی ؛ حضرت عیسیٰ کا دوسرا ظہور - (۴) (کسی مشہور واقعے کا) ظہور ؛ وقوع -
Adventitious, *a.*: (۱) خارجی؛ بیرونی - (۲) اِتفاقی ؛ عارضی - (۳) (قانون) ارث بعید -
adventitiously, *adv.*: خارجی طور پر؛ اِتفاقاً ؛ عارضی طور پر؛ ارث بعید کے طور پر -
Adventure, *n.*: (۱) مہم ؛ کارنمایاں ؛ جوکھم ؛ قسمت آزمائی ؛ اولوالعزمی کا کام - (۲) حادثہ ؛ واقعہ ؛ افتاد ؛ سانحہ (جو غیر متوقع ہو) - (۳) تجارتی جوا ؛ سٹا؛ خطرے کا کام ؛ جوکھوں کا کام ؛ جاں بازی کا کام -
Adventure, *v.t. & i.*: (۱) خطرے میں ڈالنا ؛ جوکھوں میں پڑنا - (۲) خطرے میں پڑنا ؛ جان پر کھیلنا - (۳) ہمّت کرنا ؛ جرأت کرنا - (۴) بیڑا اُٹھانا ؛ اوکھلی میں سر دینا -
Adventurer, *n.*: (۱) جاں باز؛ مہم جو ؛ قسمت آزما - (۲) سٹے باز - (۳) زمانہ ساز ؛ عیار -
Adventuresome, *a.*: حوصلہ مند؛ جاں باز ؛ با ہمت ؛ سر فروش (اشخاص)؛ ہمت آزما (اشیا) -
Adventuress, *n.*: (۱) (عورت) دیکھو ADVENTURER -
Adventurous, *a.*: سورما ؛ جری؛ جیوٹ؛ من چلا ؛ جاں باز -
adventurously, *adv.*: جرأت سے ؛ جاں بازانہ وغیرہ -
Adverb, *n.*: (ظرف، تمیز ، وغیرہ) متعلق فعل -
Adverbial, *a.*: متعلق فعل کا -
Adverbially, *adv.*: متعلق فعل کے طور پر -
ad verbum, *adv. & a.*: لفظ بہ لفظ ؛ حرف بحرف -
Adversary, *n.*: مخالف ؛ مد مقابل ؛ حریف ؛ دشمن؛ رقیب -
the A.: شیطان ؛ ابلیس -
Adversative, *a.*: (الفاظ وغیرہ کے متعلق) متضاد ؛ نقیض
adversatively, *adv.*: بالعکس ؛ بطور نقیض -
Adverse, *a.*: (۱) مخالف؛ ضِد ؛ ناموافق؛ نامساعد ؛ برخلاف - (۲) نقصان دہ ؛ مضرت رساں ؛ مضر - (۳) متقابل ؛ عکس ؛ ضد؛ بالمقابل ؛ اُلٹا -

adversely, *adv*.: حریفانہ ؛ مخالفانہ ؛ غیر مساعدانہ -

Adversity, *n*.: (۱) مصیبت ؛ آفت ؛ بپتا ؛ اُفتاد- (۲) ادبار ؛ نحوست ؛ بد بختی ؛ کم نصیبی ؛ اِفلاس ؛ فلاکت ؛ عسرت-

Advert, *v.i*.: اشارہ یا کنایہ کرنا ؛ حوالہ دینا ؛ ذکر کرنا؛ بیان کرنا-

Advertise,*v.t.&i*.: (۱) اِطلاع دینا؛ مطلع کرنا؛ آگاہ کرنا؛ خبر دار کرنا- (۲) اشتہار دینا ؛ اعلان کرنا ؛ شایع کرنا؛ مشتہر کرنا ؛ مشہور کرنا -

Advertisement, *n*.: اِشتہار ؛ اعلان ؛ اِطلاع عام -

Advice, *n*.: (۱) نصیحت؛ ہدایت؛ صلاح؛مشورہ؛ راے؛ مصلحت - (۲) اِطلاع ؛ خبر -

advices, *n.pl*.: دور کی اِطلاعیں ؛ خبریں یا پیام - باضابطہ اِطلاع؛ سماچار-

Abvisable, *a*.: (۱) مناسب؛ بہتر ؛ با موقع - (۲) قرین مصلحت؛ مقتضاے وقت -

advisability, *n*.: } **advisableness**,*n*.: } قرین مصلحت ہونا ؛ مناسب ہونا :

advisably, *adv*.: مصلحت کی رو سے ؛ حسب اقتضا -

Advise, *v.t.&i*.: (۱) نصیحت کرنا؛ مشورہ دینا؛ صلاح دینا - (۲) (تجارت) اِطلاع کر نا ؛ مشورہ دینا - (۳) مشورہ کرنا ؛ صلاح کرنا ؛ راے لینا -

adviser, *n*.: مشیر ؛ صلاح کار -

Advised, *a*.: دانستہ ؛ سوچا سمجھا -

advisedly, *adv*.: (۱) عمداً؛ سوچ سمجھ کر؛ دانستہ؛ بالقصد- (۲) محتاط ؛ مصلحت بیں ؛ پُراز احتیاط ؛ احتیاط یا مصلحت پر مبنی ؛ مصلحت آمیز -

ill-a.: غیر محتاط ؛ بعید از احتیاط ؛ نا عاقبت اندیشانہ-

Advisory, *a*.: (۱)مستشار (جماعت یامجلس)-(۲)مشورت آمیز؛نصیحت آمیز ؛ صلاح سے متعلق-

ad vitam aut culpam, *adv*.: نیک چلنی کی شرط پر-

Advocacy, *n*.: (۱) وکیل کا کام یا پیروکاری- (۲) وکالت؛ حمایت ؛ عذرداری؛ پیروکاری -

Advocate, *n*.: (۱) وکیل؛ مختار؛ پیروکار - (۲) حامی؛ موئید ؛ تائید کرنے والا - (۳) پیشہ ور وکیل ؛ مختار؛ ایڈووکیٹ ؛ مشیر قانونی -

Faculty of Advocates : (اسکاچیسان کی) جماعت وکلا -

Lord A. : لارڈ ایڈووکیٹ؛ وکیل شاہی (اسکاچیسان) -

advocateship, *n*.: ایڈووکیٹ کا عہدہ -

advocatory, *a*.: وکیلانہ ؛ وکالت کے متعلق -

Advocate, *v. t*.: حمایت کرنا ؛ تائید کرنا ؛ سفارش کرنا ؛ وکالت کرنا -

Advowson, *n*.: وقف کرنے کا حق ؛ کسی عبادت گاہ کے لیے کوئی جاگیر وقف کرنے کا حق ؛ کسی معبد کی سرپرستی -

Adynamia, *n*.: فقدان قوت : ضعف ؛ کمزوری ؛ ڈھتال پن ؛ قوت غریزی کی کمی یا فقدان -

Adynamic, *a*.: ضعیف ؛ کمزور ؛ نحیف ؛ ڈھتال -

Adytum, *n*. (pl.-*ta*) : (۱)حرم ؛ زیارت ؛ خانقاہ یا مندر کا اندرونی حصہ - (۲) خاص کمرا ؛ خلوت گاہ -

Adze, *n. & v.t*.: (۱) کلھاڑی؛ بسولا؛ تیشہ-(۲)کلھاڑی یا بسولے سے کاٹنا-

Æ, Ae: لاطینی میں دو حروف علت کا مجموعہ جس کی آواز *a* اور *e* کے بیچ بیچ ہوتی ہے (= اے طویل یا قصیر) -

Aedile, *n*.: "ایڈائل" (قدیم روما کا ایک عہدہ دار جو عمارات ، تماشاگاہ ، پولیس ، وغیرہ کی نگرانی کرتا تھا)؛ ناظر

Aedileship, *n*.: " ایڈائل" کا عہدہ -

aeger, *n*.: (انگریزی یونیورسٹیوں میں)علالت نامہ؛ بیماری کا صداقت نامہ -

Aegis, *n*.: (۱) پناہ؛ سرپرستی- (۲) (یونانی دیومالا) جو پیٹر دیوتا یا اتھینے (یا اٹینا) دیوی کی ڈھال -

aegrotat, *n*.: (انگریزی یونیورسٹیوں میں)معذوری نامہ؛اِس بات کا صداقت نامہ کہ طالب علم بیماری کے باعث امتحان میں شریک ہونے کے قابل نہیں-

Aeolian, *a*.: (۱)ایولیسی؛ ایشاے کوچک کے ایک قدیم ضلع ایولیس کا -

A. mode : (موسیقی) گرجے کی گتوں میں سے نویں گت-

(۲) ہوا کے دیوتا ایولیوس کا ؛ وایو کا -

A. harp : ایک قسم کی ہوائی سارنگی جو ہوا میں رکھنے سے بجے ؛ ہوا سارنگی ؛ ساز ہوائی -

Aeolic, *a. & n*.: ایولیسی؛ ایولوی (بولی)-

Aeolipyle, -pile, *n*. : بخارنما ؛ آلہ جس سے بھاپ کی قوت کی مقدار دریافت ہوتی ہے -

Aeolotropy, *n*.: تغیر بالوضع (طبعی خواص کا تغیر جو جگہ کے بدل جانے سے واقع ہو) -

Aeon, Eon, *n*.: (۱)جُگ- (۲) ابدیت- (۳) (فلسفۂ اشراقی) ازلیت (وہ قوت جو ابتدا سے کائنات سے موجود ہے) ؛ مظہر الوہیت -

Aerate, *v.t*.: (۱) ہوا میں رکھنا یا ہوا دینا - (۲) کاربونک ایسیڈ گیس بھرنا -

Aeration, *n*.: کار بونک ایسڈ گیس بھر نے کا عمل -

Aerial, *a. & n*.: (۱) ہوائی - (۲) ہوا کی طرح (سبک)؛ ایثری - (۳) غیرمادی ؛ خیالی ؛ تصوری ؛ موہوم - (۴) فضائی ہوا ؛ فضا کے متعلق ؛ ہوا یا فضا میں - (۵) ہوائی ؛ فضائی (جو ہوا میں موجود ہو یا ہوا میں حرکت کرتا ہو) - (۶) لاسلکی کا وہ تار جو ہوائی لہروں کو جمع کرتا ہے -

Aeriality, *n*.: فضائیت؛ ہوائیت؛ موہوم ہونا ؛ بے بودی -

Aerially, *adv*.: ہوا کی طرح ؛ ایثر کی طرح ؛ نہایت لطیف ؛ موہوم طور پر -

Aerie, Aery, Eyrie, Eyry, *n*.: (۱) شکاری پرندوں، مثلاً عقاب، شاہین، وغیرہ کا گھونسلا ؛ بلند آشیانہ - (۲) بلند مسکن - (۳) (شکاری پرندوں کا) جھول -

Aeriform, *a*.: (۱) ہوا کی طرح کا ؛ ہوا پیکر - (۲) غیر مادی ؛ غیر حقیقی ؛ خیالی ؛ موہوم -

Aero- (Aero): (۱) سابقہ بمعنی ہوا-(۲) (عام بول چال)ہوائی جہاز -

aerodrome : طیارہ گاہ -

aerodynamics : ہوائی حرکیات؛ حرکیات کی وہ شاخ جو چلنےوالی ہوا سے بحث کرے -

aerofoil : ہوائی جہاز کا بازو-

aerogram : لا سلکی کا پیام-

aerolite, aerolith : حجر ہوائی؛ ہوائی پتھر؛ سنگ شہاب -

aeronaut : غبارہ باز؛ غبارچی(جو غبارے میں اُڑے)؛ طیارچی؛ ہوا باز-

aeronautic(al), *aa*.: ہوا بازی کے متعلق -

aeronautics,*n*.: ہوا میں اُڑنے کا علم؛ طیرانیات؛ ہوا بازی-

aeroplane : ہوائی جہاز؛ طیارہ -

aerostat : غبارہ؛ (شاذ) ھوا باز؛ طیارچی –

aerostatics : ھوائی سکونیات؛ ھوا کے توازن اور دباو کا علم –

aerostation : علم ھوا بازی –

Aeruginous, *a.* : زنگاری؛ تانبے کے کساو کی طرح یا اُس کے متعلق –

Aesculapius, *n.* : (۱) قدیم رومیوں میں طب کا دیوتا؛ اِسقلابیوس- (۲) طبیب –

Aesculapian, *a.* : اِسقلابی؛ طبی –

Aesthete, *n.* : حسن پسند؛ حسن پرست؛ جمال دوست؛ حسن شناس؛ خوبصورتی پسند کرنے والا –

Aesthetic, Aesthetical, *aa.* : (۱) حسن پرستی سے متعلق؛ حسن پسندانہ – (۲) ذوقی؛ جمالیاتی؛ ذوق حسن کے مطابق-

aesthetically, *adv.* : جمال شناسانہ؛ حسن پرستانہ؛ حسن شناسی کی راہ سے –

aestheticism, *n.* : حسن شناسیت –

aesthetics, *n.* : حسن شناسی؛ جمالیات؛ فنون لطیفہ کا علم –

Aestho-physiology *n.* : حسّی عضویات؛ اعضاء احساس کا علمی مطالعہ -

Aestival, Estival, *a.* : گرمیوں کے (موسم سے) متعلق؛ گرمائی؛ تابستانی؛ موسم گرما کا –

Aestivate, *v.i.* : گرمیاں گزارنا یا بسر کرنا - (حیوانیات) موسم گرما میں بے حس و حرکت رھنا -

Aestivation, *n.* : (حیوانیات) موسم گرما کی بے حسی - (نباتیات) کِھلنے سے پہلے شگوفوں کی پنکھڑیوں کی ترتیب؛ پنکھڑیوں کی لپیٹ -

aetatis, aet., aetat. : عمر کے فلاں سال میں (جیسے بارھویں برس) -

Aetiology, *n.* : (۱) علّت کو ڈھونڈ نکالنا یا تشخیص کرنا؛ فلسفۂ علت و معلول (۲) - (طب) علم اسباب (الامراض) -

aetiological, *a.* : عِلّت یا اسباب الامراض کے متعلق -

aetiologically, *adv.* : عِلّت یا اسباب الامراض کی رو سے -

Af-, *pref.* : سابقہ AD- کی ایک صورت جو *f* سے شروع ھونے والے مادّوں کے ساتھ اِستعمال ھوتی ھے -

Afar, *adv.* : (۱) دور سے؛ فاصلے سے - (۲) دور؛ فاصلے پر -

Affable, *a.* : خلیق؛ خوش خلق؛ کشادہ پیشانی -

affability, *n.* : اُنس؛ خلق؛ لطف؛ تلطف -

affably, *adv.* : خلق؛ تلطف یا کشادہ پیشانی سے -

Affair, *n.* : کام؛ بات؛ معاملہ؛ دھندا؛ مسئلہ؛ قضیہ - (جمع میں) امور؛ کاروبار؛ معاملات -

a. of honour : مبارزہ؛ جنگ؛ یکیکی (عزت و ناموس کے معاملے میں) یعنی "ڈوئل" -

a gorgeous a. : (بول چال میں مادّی چیزوں کے لیے جیسے:) "فوق البھڑک معاملہ" -

affaire de cœur, *n.* : (فرانسیسی) دل کا معاملہ؛ عشق و محبت -

Affect, *v.t.* : (۱) کام میں لانا؛ اِستعمال کرنا - (۲) کسی چیز کا کسی خاص شکل وغیرہ کے اختیار کرنے کی طرف مائل ھونا - (۳) بننا؛ تصنع کرنا؛ وضع بنانا؛ جیسے: "مولوی بننا" - (۴) بناوٹ یا دکھاوٹ کرنا - (۵) (کسی کام کے کرنے کا) اِدّعا یا جھوٹا اظہار کرنا –

Affect, *v.t.* : (۱) اثر کرنا؛ لگ جانا (کسی بیماری وغیرہ کا) - (۲) متاثر کرنا؛ اثر پیدا کرنا - (۳) (متروک) مختص کرنا؛ مخصوص کرنا -

affectingly, *adv.* : کار گر یا پُر اثر طریق سے -

Affectation, *n.* : (۱) نمود؛ نمائش؛ بناوٹ؛ تصنع- (۲) تصنع؛ ظاھرداری؛ اُپری باتیں؛ مصنوعی یا ظاھری اخلاق - (۳) بہانہ؛ دکھاوٹ؛ حیلہ- (۴) (کبھی کبھی فرانسیسی محاورے کے مطابق) پیشہ جو سرکاری کاغذات میں لکھایا گیا ھو -

Affected, *a.* : (۱) ظاھرداری کا؛ دکھاوے کا؛ بناوٹی - (۲) مصنوعی؛ بنا ھوا؛ جھوٹ موٹ کا - (۳) (اشخاص کے لیے) ظاھردار؛ تصنع کرنے والا - (۴) (جب کسی متعلق فعل کے ساتھ اِستعمال ھو) مائل؛ راجع؛ راغب (۵) متاثر؛ گرفتار؛ مبتلا (بیماری وغیرہ میں) - (۶) متاثر (جذبات میں یا جسمانی حیثیت سے)-

affectedly, *adv.* : بناوٹ سے؛ ظاھردارانہ -

affectedness, *n.* : دکھاوا؛ تصنع؛ بناوٹ -

Affection, *n.* : (۱) اثر پذیری - (۲) جذبہ؛ ذھنی کیفیت-(۳) میلان؛ رغبت - (۴) چاہ؛ محبت؛ عشق؛ پریم؛ مہر؛ شفقت - (۵) جسمانی کیفیت (کسی خاص اثر کی وجہ سے) - (۶) روگ؛ بیماری؛ مرض؛ عِلّت - (۷) کیفیت؛ حالت - (۸) وصف؛ خاصہ؛ خصوصیت -

affectional, *a.* : جذباتی؛ پُر اِحساس -

Affectionate, *a.* : (۱) محبت کرنے والا؛ پریمی - (۲) مشتاق؛ شیدائی؛ دلدادہ (کسی کا)- (۳) (چیزوں کے متعلق) محبت بھری؛ شفقت آمیز -

affectionately, *adv.* : محبت سے؛ پیار سے -

affectionateness, *n.* : دلدادگی؛ اِشتیاق -

Affective, *a.* : قلبی کیفیت سے متعلق؛ جذباتی

Afferent, *a.* : اندر کی طرف جانے والا -

affettuoso, *adv.* : (موسیقی) درد انگیز یا پُر اثر طریقے پر -

Affiance, *n.* : (۱) سہارا؛ بھروسا؛ اعتقاد؛ اعتماد- (۲) عہد؛ قول؛ اقرار (خصوصاً نکاح، سگائی، منگنی کا) -

Affiance, *v.t.* : نکاح یا شادی کا عہد کرنا -

Affidavit, *n.* : حلفنامہ؛ تحریری حلفی بیان -

Affiliate, *v.t.* : (۱) (کسی ادارے کے لیے) الحاق کرنا؛ شامل کرنا (اشخاص کو بحیثیت اراکین اور انجمنوں کو بحیثیت شاخ)- (۲) (اشخاص یا انجمن کا کسی سوسائٹی کے ساتھ) تعلق قائم کرنا-(۳) (قانون) (ناجائز اولاد کی پرورش یا کفالت کی غرض سے) ولدیت کا تعین -

affiliation, *n.* : الحاق؛ تعلق؛ شمول؛ انضمام -

Affined, *a.* : متعلق؛ کسی سے رشتہ رکھنے والا؛ علاقہ دار -

Affinity, *n.* : (۱) تعلق؛ نسبت؛ رشتہ؛ عزیز داری (بذریعہ مناکحت) - (۲) تعلق؛ رشتہ (خاندانی اور نسلی) (۳) مشابہت؛ مماثلت ساخت کی (جانوروں، درختوں، زبانوں وغیرہ میں)- (۴) خاندانی شباھت - (۵) رغبت؛ اُنس - (۶) کشش - (۷) (کیمیا) بعض عناصر کا یہ میلان کہ وہ دوسروں سے ملتے ھیں - اِلخ-

Affirm, *v.t. & i.* : (۱) اِدّعا کرنا ؛ دعوے سے کہنا؛ زور کے ساتھ کہنا - (۲) (قانون) باضابطہ اعلان کرنا - (۳) (نحو و منطق) ایجاب - (۴) (قانون) قائم، بحال یا برقرار رکھنا (کسی فیصلے کا)؛ توثیق کرنا

affirmable, *a.* : ایجاب پذیر؛ توثیق پذیر -

affirmatory, *a.* : ایجابی ؛ توثیقی -

Affirmation, *n.* : (۱) تصدیق ؛ توثیق (خاص کر قانون میں) - (۲) اقرار صالح (ایسے شخص کا جو اپنے ضمیر کی اِتباع میں قسم کھانے سے اِنکار کرے) -

Affirmative, *a. & n.* : (۱) اِیجابی؛اقراری؛اِثباتی؛مثبت- (۲)(منطق) موجبہ ؛ اِیجابی (جس سے قضایا کے دو حدوں کا توافق ثابت ہو) -

answer in the a. : ہاں کرنا ؛ اقرار کرنا؛ ہامیں بھرنا -

affirmatively, *adv.* : اقرار کے طور پر ؛ ایجاباً -

Affix, *v.t.* : (۱) لگانا؛ باندھنا ؛ نتھی کرنا؛ چپکانا ؛ چسپاں کرنا - (۲) لگانا؛ ثبت کرنا (مہر، ٹھپا وغیرہ کا) - (۳) (تحریر کے آخر میں) کچھ اور بڑھانا ، مثلاً دستخط یا عبارت - (۴) تہمت دھرنا ؛ اِلزام لگانا؛ وابستہ کرنا (تنخواہ کا پیشے وغیر کے ساتھ) -

Affix, *n.* : (۱) لاحقہ؛ اِضافہ - (۲) (نحو) سابقہ یا لاحقہ -

Affixture, *n.* : نتھی؛ رشتہ؛ تعلق؛ شمول -

Afflatus, *n.* : القا؛ علم لدنّی؛ اِلہام -

Afflict, *v.t.* : تکلیف دینا؛ مصیبت میں ڈالنا؛ ایذا (جسمانی یا ذہنی) پہنچانا -

Affliction, *n.* : (۱) مصیبت؛ قہر؛ آفت؛ بپتا - (۲) دکھ؛ درد؛ تکلیف؛ بلا-

afflictive, *a.* : مصیبت ناک ؛ تکلیف دہ ؛ بلا خیز ؛ درد ناک ؛ ایذا رساں -

Affluent, *a.* : (۱) رواں ؛ جاری ؛ بہتا ہوا - (۲) بہت ؛ زیادہ ؛ کثیر - (۳) مالدار ؛ دولت مند ؛ متمول ؛ مالا مال

affluence, *n.* : کثرت؛ زیادتی؛ بہتات؛ دھن؛ دولت؛ ثروت -

affluently, *adv.* : افراط سے ؛ کثرت سے ؛ بہتات سے -

Affluent, *n.* : معاون (ندی) ، وہ ندی جو دوسری میں جاکر ملے -

Afflux, *n.* : (۱) بہاو؛ سیلان (خاص کر رطوبات کا) -(۲) توفیر؛ اِضافہ -

Afford, *v.t.* : (۱) مستطیع ہونا ؛ مالی حیثیت رکھنا ؛ مقدور رکھنا ؛ گنجائش رکھنا - (۲) (چیزوں کے متعلق) گنجائش نکالنا ؛ مہیا کرنا ؛ بہم پہنچانا ؛ دینا - (۳) بہم پہنچانا (مثلاً درختوں کا پھل اور سمندر کا مچھلیاں بہم پہنچانا) -

Afforest, *v.t.* : (کسی زمین کو) جنگل بنانا ؛ شکار گاہ بنانا -

afforestation, *n.* : جنگل بنانا -

Affranchise, *v.t.* : آزاد کرنا ؛ نجات دلوانا (غلامی یا کسی اور پا بندی سے) -

Affray, *n.* : ہنگامہ ؛ بلوا ؛ دنگا ؛ کشت و خون -

Affright, *v.t.* : (متروک) ڈرانا ؛ خوف زدہ کرنا -

Affright, *n.* : (متروک) ڈر ؛ خوف ؛ دہشت ؛ ہول -

Affront, *v.t.* : (۱) برملا توہین کرنا ؛ اہانت کرنا ؛ ہتک کرنا - (۲) جھینپانا ؛ شرمندہ کرنا - (۳) مقابلہ کرنا ؛ سامنے آنا ؛ تمرد یا گستاخی کرنا

Affront, *n.* : اہانت ؛ گستاخی ؛ تمرد -

Affusion, *n.* : (۱) ڈالنا ؛ اوپر بہانا ؛ اُنڈیلنا (خاص کر پانی کو ایک قسم کے بپتسمے میں) - (۲) (طب) پانی ڈالنا ؛ تر کرنا (بخار کے مریض پر ۵۰ تا ۷۰ درجے فارنہیٹ حرارت کا پانی) ؛ تریڑا دینا -

Afield, *adv.* : (۱) میدان میں؛ کھیت میں (خاص کر مزدور یا جنگ کے لیے) - (۲) میدان یا کھیت کی طرف - (۳) گھر سے دور ؛ وطن سے باہر؛ کالے کوسوں ؛ پردیس میں

Afire, *adv. & pred.a.* : جلتا ہوا ؛ آتش گرفتہ ؛ مشتعل -

Aflame, *adv. & pred.a.* : بھڑکتا ہوا ؛ مشتعل ؛ دہکتا ہوا ؛ فروزاں ؛ جلتا ہوا (جس سے آنچیں اُٹھ رہی ہوں) -

Afloat, *adv. & pred.a.* : (۱) بہتا ہوا ؛ تیرتا ہوا ؛ پانی پر - (۲) سمندر میں ؛ جہاز میں ؛ بحری خدمت میں (۳) لبریز ؛ پانی سے بھرا ہوا - (۴) اُڑتا ہوا - (۵) بیباق (قرض سے)؛ سبکدوش - (۶) پورا ؛ زوروں پر ؛ زوروں سے ؛ پوری شدت کے ساتھ - (۷) عام ؛ رائج ؛ مشہور - (۸) (معاشیات) رائج ؛ قابل بیع و شرئ (دستاویز وغیرہ) - (۹) متزلزل ؛ مذبذب ؛ بے ٹھکانے ؛ اِدھر اُدھر بہنے والا -

a fond, *adv.* : (فرانسیسی) پوری طرح سے ؛ مکمل طور پر -

Afoot, *adv. & pred.a.* : (۱) پیدل؛ پانو پانو؛ پیادہ پا - (۲) حرکت میں- (۳) کام میں ؛ عمل میں ؛ جاری ؛ چلتا؛ چالو -

Afore, *adv. & prep.* : (۱) (جہاز رانی) آگے ؛ سامنے - (۲) (متروک) قبل ؛ پیشتر ؛ پہلے ؛ اگلے زمانے میں -

Afore- : سابقہ بمعنی بالا ، پیش ، قبل -

a fortiori, *adv.* : زیادہ مدلل ؛ زیادہ وثوق کے ساتھ ؛ حتماً -

Afraid, *pred.a.* : خائف ؛ ڈرا ہوا ؛ دہشت زدہ -

Afreet, **-rit**, **-rite**, *n.* : عفریت -

Afresh, *adv.* : تازہ بتازہ ؛ نو بہ نو ؛ نیا ؛ از سر نو ؛ نئے سر سے ؛ پھر سے -

Afrikander, *n. & a.* : جنوبی افریقہ کا ولندیزی نژاد باشندہ ؛ یورپی نژاد افریقی -

A. Bond : افریقی باشندوں کے مفاد کی تحریک جس کا منشا یہ ہے کہ ریاست ہائے متحدۂ افریقہ قائم ہو جائیں ؛ تحریک اِتحاد افریقہ

Aft, *adv.* : (جہاز رانی) دنبالۂ جہاز میں ؛ جہاز کے عقبی حصّے میں یا اُس کے نزدیک

After, *adv., prep., & conj.* : (۱) پیچھے؛ عقب میں- (۲) پیچھے پیچھے؛ تعاقب میں - (۳) متعلق ؛ بارے میں - (۴) لیے ؛ واسطے؛ برائے - (۵) متعاقب ؛ پیچھے ؛ بعد میں (باعتبار وقت) - (۶) بعد تک ؛ پیچھے تک ؛ بعد میں - (۷) بعد ؛ بعد از مرور ؛ گزرنے کے بعد

a. such behaviour : (۸) نظر باین حالات؛ اندریں صورت جیسے

(۹) اِس کے بعد ؛ اِس کے نیچے (بلحاظ اہمیت)

a. such fashion : (۱۰) مطابق ؛ موافق جیسے

a. Rembrandt : (۱۱) (کسی کی) تقلید میں ؛ نقل کے نمونے پر جیسے

named a. : (۱۲) نسبت سے ؛ تعلق سے ؛ جیسے

a. he has gone : (۱۳) (*Conj.*) جب ، جس وقت کہ جیسے

a. all : (۱۴) باایں ہمہ؛ بہرحال؛ یہ سب سہی ؛ تاہم؛ آخر تو؛ پھر بھی-

a. one's own heart : (۱۵) حسب منشا؛حسب مراد؛حسب دلخواہ-

After, *a.* : (۱) بعد کا ؛ پیچھے کا؛متعاقب جیسے برسوں بعد (*a. years*) (۲) (جہاز رانی) عقبی؛ پچھلا -

a. masts : عقبی مستول

Afterbirth, *n.* : آنول نال (وہ جھلی جس میں رحم کے اندر جنین ملفوف ہوتا ہے) -

Afterdamp, *n.* : دم گھونٹ گیس یعنی وہ دھواں جو کسی کان میں گیس دھماکے کے بعد رہ جاتا ہے -

Afterglow, *n.* : شفق (شام) -

After-grass, *n.* : فصل بعد کی گھاس ؛ پچھیتی گھاس -

Aftermath, *n.* : دیکھو AFTER-GRASS -

Aftermost, *a.* : (جہازرانی) وہ حصّہ جو دنبالے کے سب سے زیادہ نزدیک ہو ؛ سب سے پچھلا -

Afternoon, *n.* : تیسرے پہر -

Afterpiece, *n.* : نقل (مذاقیہ حصّہ جو ناٹک کے بعد رکھا جاتا ہے) -

Afterthought, *n.* : (۱) بعد کا خیال (وہ خیال جو ختم کار کے بعد آوے) ؛ پس اندیشی - (۲) بعد کی توجیہہ ؛ نکتہ بعد از وقوع -

Afterwards, *adv.* : اُس کے پیچھے ؛ پھر ؛ اُس کے بعد ؛ بعد کو -

Ag-, *pref.* : سابقہ - AD کی ایک صورت جو g سے شروع ہونے والے مادّوں کے ساتھ استعمال ہوتی ہے -

Aga, *n.* : آغا (عثمانی افواج کا سردار) -

Again, *adv.* : (۱) پھر ؛ دوبارہ ؛ باز ؛ دہرا کے ؛ دوسرا کے ؛ پھر سے -

a. and a., time and a. : بار بار ؛ کئی مرتبہ ؛ علی‌التواتر ؛ متواتر -

as much a. : اُتنا ہی اور ؛ دگنا ؛ دونا ؛ دو چند ؛ المضاعف -

ever and a., now and a. : کبھی‌کبھی ؛ گاہے گاہے ؛ گاہےماہے -

half as much a. : ڈیوڑھا -

(۲) علاوہ بریں ؛ مزید براں ؛ اُس کے علاوہ ؛ نیز - (۳) بر خلاف اُس کے ؛ دوسری جانب - (۴) بدلے میں ؛ جواب میں - (۵) جواب میں ؛ بطور جواب کے ؛ بطور بازگشت کے - (۶) تناسب سے ؛ نسبت سے ؛ اُتنا ہی ؛ مساوی (کسی خاص کلم یا حالت کے) جیسے: *the loaded table groaned a.* -

Against, *prep. &conj.* : (۱) برخلاف ؛ بمقابلہ ؛ خلاف - (۲) تقابل‌میں ؛ تضاد میں ؛ مقابل جیسے *a. a dark background* : (۳) قبل‌ازقبل ؛ بطور پیش‌بندی یا تیاری جیسے *a. a rainy day* : (۴) متصادم ؛ ٹکراتے ہوئے جیسے *ran a. a rock* : - (۵) مقابل ؛ آمنے سامنے - (۶) (متروک) (بطور ظاطفہ) اِتنے میں ؛ اِس اثنا میں -

Agami, *n.* : اگامی (ایک امریکی پرندہ جو کبوتر کا سا ہوتا ہے اور زور سے بولتا ہے) - [اگامی مقامی نام ہے]

Agamic, *a.* : (حیوانیات) بے جنسا ؛ بے جنسی (جس میں فعل مباشرت کی صلاحیت نہ ہو) -

Agamogenesis, *n.* : بے جنسی ولادت -

agamogenetic, *a.* : بے جنسی ولادت سے متعلق -

agamogenetically, *adv.* : بے جنسی ولادت کے طور پر -

Agamous, *a.* : (حیاتیات) نرخنگی ؛ وہ جانور جس میں نر یا مادہ کی علامت نہ ہو -

Agape, *adv.&pred. a.* : (۱) بھونچک ؛ ششدر ؛ حیران - (۲) کھلا (دروازہ کھڑکی) ؛ چوپٹ -

Agape, *n.* : (تلفظ " اگپے ") وہ دعوت جو قدیم عیسائی عشاء ربانی کے سلسلے میں کرتے تھے ؛ مواخات -

Agaric, *n.* : (۱) ککرمتّا ؛ سانپ کی چھتری ؛ کھُمبی - (۲) کھُمبی (*fungi*) کی مختلف قسموں کا نام -

Agastric, *a.* : (حیوانیات) لامعدی ؛ بےمعدہ ؛ جس میں معدہ نہ ہو -

Agate, *n.* : (۱) نیم شفاف جوہر دار قیمتی پتھر ؛ عقیق ؛ عقیق یمنی (یمانی) ؛ سنگ سلیمانی - (۲) تار کشوں کا اوزار جس سے سونے کے تار کو دمکاتے ہیں - (۳) (امریکا) ایک قسم کا ٹائپ جسے انگلستان میں (*ruby*) کہتے ہیں -

Agave, *n.* : نباتات کی جنس جس میں امریکی ایلوا بھی شامل ہے -

Agaze, *adv.* : گھورتا ہوا ؛ آنکھیں پھاڑے ہوئے ؛ ٹکٹکی باندھے -

Age, *n.* : (۱) عمر ؛ سن ؛ زندگی کی مدت - (۲) بڑھاپا ؛ پیری ؛ ضعیفی ؛ عمر کا آخری حصّہ - (۳) پیڑھی ؛ پشت ؛ نسل - (۴) (تاریخ ، ارضیات) زمانہ ؛ عہد ؛ عصر ؛ دور - (۵) (محاورہ ، جمع میں) مدت مدید ؛ زمانہ دراز ؛ عرصہ ؛ برسوں ؛ ایک عمر - (۶) بلوغ ؛ سن رشد (انگریزی قانون کے مطابق ۲۱ برس) -

a. of discretion : سن شعور (۱۴ سال)-

Moon's a. : جتنے دنوں کا چاند ہو -

over a. : مقررہ عمر سے زائد -

Age, *v.t.&i.* : (*Trans.*) بوڑھا کردینا - (*Intr.*) بوڑھانا ؛ بوڑھا ہوجانا ؛ لٹ جا نا -

-age, *suf.* : لاحقہ مختلف معنوں میں آتا ہے -

Aged, *a.* : (۱) بوڑھا ؛ سن‌رسیدہ ؛ معمر ؛ کہن‌سال ؛ کبیرسن - (۲) محض عمر کی مدت ظاہر کرنے کے لیے جیسے تیرہ برس کا (*a. thirteen*) -

agedness, *n.* : بڑھاپا ؛ پیری ؛ پیرانہ سالی ؛ کہن سالی -

Ageless, *a.* : سدا جوان ؛ جو کبھی بوڑھا نہ ہو -

Agency, *n.* : (۱) فعالیت ؛ عاملیت - (۲) وسیلہ ؛ ذریعہ ؛ سبب ؛ واسطہ - (۳) (اقتصادی) آڑھت ؛ منیبی ؛ کارندہ یا گماشتہ ہونا - (۴) ایجنسی ؛ کار خانہ ؛ دُکان -

Agenda, *n.* : (۱) (جلسے کا) پیش نامہ ؛ کار روائی نامہ ؛ آجنڈا - (۲) یاد داشت نامہ -

Agent, *n.* : (۱) کرنے والا ؛ فاعل ؛ عامل (جس کے عمل یا قوت سے کوئی نتیجہ مترتب ہو - (۲) (اشیا کے متعلق) علّت ؛ قوت عاملہ ؛ عامل جیسے کیمیاوی عامل

chemical a. :

(۳) منیب ؛ کارکن ؛ گماشتہ ؛ کارندہ -

agential, *a.* : عامل کا یا ایجنسی کا یا اُس سے متعلق -

agent provocateur, *n.* : (فرانسیسی) اِشتعال دلانے والا (خصوصاً سیاسی سازشی) ؛ خفیہ پولیس کا گوئندہ جو کسی گرفت میں نہ آنے والے کو اِشتعال دلا کر اُس سے کوئی ایسا فعل سر زد کروادے کہ پولیس‌دست اندازی کر سکے -

Agglomerate, *v.t. & i.* : اکٹھا کرنا ؛ یک جا کرنا ؛ ڈھیر ہوجانا یا بن جانا ؛ مجتمع ہونا -

agglomeration, *n.* : ڈھیر ؛ اجتماع ؛ ڈلا ؛ گولا -

agglomerative, *a.* : جمع کرنے کی صلاحیت رکھنے والا -

Agglomerate, *a.& n.* : (۱) ڈھیری ؛ ڈھیر ؛ ڈلا - (۲) حر بستہ (آتش فشاں اجزا جو گرمی سے مل گئے ہوں) -

Agglutinate, *a.* : (۱) چپکا ہوا ؛ چسپیدہ - (۲) مرکّب حقیقی ؛ مرکب امتزاجی جس کے اجزاء کی نہ تو شکل میں تبدیلی ہو نہ معنوں میں ؛ جیسے تیزرو ، زودرنج ، وغیرہ -

Agglutinate, *v.t. & i.* : (۱) چپکانا ؛ جوڑنا (جیسے گوند سے) ؛ ملا کر خمیر کر دینا - (۲) مرکب کرنا ؛ ترکیب دینا (الفاظ کا) - (۳) گوند بننا ؛ گوند بنانا -

agglutination, *n.* : لیس ؛ چیپ ؛ چپکاؤ ؛ چسپیدگی -

agglutinative, *a.* : لیس دار ؛ چیپ دار ؛ لسلسا ؛ چپچپا -

Aggrandize, *v.t.*: (۱) بڑھانا ؛ ترقی دینا ؛ زیادہ کرنا ؛ وسیع کرنا (کسی شخص یا حکومت کی طاقت ، مرتبے ، دولت ، وغیرہ کو) - (۲) مبالغہ کرنا ؛ حاشیہ چڑھانا ؛ چمکانا ؛ بڑھانا ؛ چڑھانا -

aggrandizement, *n.*: زیادتی ؛ اضافہ ؛ ترقی ؛ توسیع -

Aggravate, *v.t.*: (۱) (معاملے کو) زیادہ خراب یا بدتر کردینا ؛ زیادہ سنگین یا سخت بنانا ؛ بڑھانا (کسی بار یا جرم وغیرہ کو) - (۲) (بول چال) (کسی شخص کو) زچ کرنا ؛ ستانا ؛ تنگ کردینا -

aggravation, *n.*: تشدّد ؛ زیادتی ؛ اضافہ -

Aggregate, *a. & n.*: (۱) مجتمع ؛ اکٹھا ؛ (طبیعیات) مجموع - (۲) مجموعی ؛ جملہ ؛ کل ؛ میزان - (۳) (قانون) شرکت اجتماعیہ جو ایسے افراد پر مشتمل ہو جو باہم مشارکت کر رہے ہیں -

in the a.: اکٹھا ؛ سب ملا کر ؛ جملہ ؛ بالجملہ ؛ بحیثیت مجموعی ؛ من حیث الکل -

Aggregate, *v.t. & i.*: (۱) اکٹھا ہونا ؛ ڈھیر ہونا ؛ مجتمع ہونا - (۲) ملانا ؛ اکٹھا کرنا ؛ جمع کرنا (افراد کو جماعت میں) (۳) میزان لگانا ؛ جمع کرنا ؛ جوڑ -

aggregation, *n.*: جمع ؛ اجتماع ؛ ڈھیر -

aggregative, *a.*: مجموعی ؛ اجتماعی -

Aggress, *v.i.*: (۱) چھیڑ کرنا ؛ پہل کرنا ؛ ابتدا کرنا (جھگڑے کی) - (۲) حملہ کرنا ؛ چڑھائی کرنا -

aggression, *n.*: چڑھائی ؛ حملہ -

aggressor, *n.*: حملہ آور ؛ پہل کرنے والا ؛ ابتدا کرنے والا (جھگڑے کی) -

Aggressive, *a. & n.*: (۱) حملہ آور ؛ جنگجو - (۲) ناگوار ؛ بے تمیزی کا - (۳) جارحانہ ؛ حملہ آورانہ ؛ جنگجویانہ - (۴) جنگجو ؛ نبردجو ؛ آمادۂ پیکار ؛ لڑائی پر تلا ہوا -

assume the a.: لڑائی شروع کرنا ؛ پہل کرنا ؛ ابتدا کرنا -

aggressively, *adv.*: جارحانہ طور پر ؛ حملہ آورانہ انداز سے -

aggressiveness, *n.*: حملہ آوری ؛ جارحانہ کارروائی ؛ جنگجوئی -

Aggrieve, *v.t.*: رنج دینا ؛ تکلیف دینا ؛ ستانا ؛ دق کرنا ؛ ظلم کرنا ؛ دکھ دینا -

Aghast, *a.*: (۱) سہما ہوا ؛ خوف زدہ ؛ دہشت زدہ ؛ خائف ؛ ہیبت زدہ - (۲) ششدر ؛ متحیر ؛ بھوچکا ؛ ہکا بکا -

Agile, *a.*: پھرتیلا ؛ مستعد ؛ چست ؛ (استعارۃً) بجلی -

agilely, *adv.*: پھرتی سے ؛ مستعدی سے -

agility, *n.*: پھرتی ؛ مستعدی ؛ چستی ؛ تیزی -

Agio, *n.*: (۱) بٹاون ؛ بٹا ؛ بھنوائی ؛ بدلوائی ؛ حقِ صرافی ؛ وہ رقم (بحساب فی صد) جو زر کاغذی کو سکوں میں یا کسی زر کو اس سے اعلیٰ زر میں بدلوانے کے لیے زائد دینا ہوتی ہے - (۲) فرق قیمت (جو ایک زر اور دوسرے زر میں پایا جائے) ؛ بٹا - (۳) مبادلہ کا کار و بار ؛ صرافی ؛ صرافا -

Agiotage, *n.*: (۱) صرافی ؛ مبادلے کا کام - (۲) بیوپار - (۳) سٹا (ہنڈیوں اور حصّوں کی خرید و فروخت میں) -

Agist, *v.t.*: (۱) چرانا ؛ کھلانا (مویشی وغیرہ کو) - (۲) (کسی زمین یا اس کے مالک پر) محصول لگانا ؛ رقم عائد کرنا ؛ پابندی عائد کرنا ؛ گھرائی لینا -

agistment, *n.*: چرائی ؛ گھرائی -

Agitate, *v.t.*: (۱) ہلانا ؛ متحرک کرنا ؛ حرکت میں لانا - (۲) بیچین کرنا ؛ ہیجان پیدا کرنا ؛ ہلچل ڈال دینا ؛ مشتعل کرنا ؛ اکسانا (لوگوں کو یا جذبات کو) - (۳) سوچنا ؛ ڈولانا (دل یا خیال میں) ؛ ہر پہلو سے غور کرنا ؛ بحث کرنا ؛ بچار کرنا - (۴) جد و جہد کرنا ؛ ہلچل جاری رکھنا -

Agitation, *n.*: (۱) حرکت ؛ ہلنا ؛ جنبش - (۲) گھبراہٹ ؛ ہلچل ؛ پریشانی ؛ اضطراب - (۳) سوچ ؛ بچار ؛ اُدھیڑ بن ؛ بحث مباحثہ - (۴) تحریک ؛ ہلچل یا شورش جاری رکھنا - (۵) شورش ؛ کھلبلی -

agitato, *adv.*: (موسیقی) گھبراہٹ سے ؛ اضطراب کے ساتھ -

Agitator, *n.*: (۱) زور شور سے تحریک کرنے والا ؛ ہلچل ڈالنے والا ؛ شورشی (خاص کر سیاسی) - (۲) ہلانے گھمانے (یا پھینٹنے) کا آلہ -

Aglet, Aiglet, *n.*: (۱) بونتی ؛ گھنڈی (کسی دھات کی فیتے یا ڈوری کے سرے پر) - (۲) ستارہ ؛ ٹکلی وغیرہ (جیسے زیبایش کے لیے لباس میں لگاتے ہیں) - (۳) وردی کا پھندنا ؛ گچھا (جو بعض وردیوں میں شانے سے لٹکتا رہتا ہے اور دھات کا ہوتا ہے) - (۴) (صنوبری درختوں کی) زلفیں -

Aglow, *adv. & pred.a.*: چمکیلا ؛ دمکتا ہوا ؛ دمکیلا ؛ درخشاں ؛ تابندہ -

Agnail, *n.*: بِتنا (ناخن کی جڑ کے پاس مہین کھال کا ٹکڑا جو الگ ہو جاتا ہے مگر جس کا ایک سرا لگا رہتا ہے) - (قدیم) کنّا ؛ کھنّا -

Agnate, *n. & a.*: (۱) اک جدّی ؛ یک جدّی - (۲) ہم نسل ؛ ہم خاندان ؛ ہم قبیلہ - (۳) (مجازاً) ہم جنس ؛ ہم رنگ ؛ ہم مزاج -

agnatic, *a.*: نسلی ؛ جدی -

agnation, *n.*: برادری ؛ ہم جدّی ؛ ہم نسبی -

Agnomen, *n.*: (۱) (رومیوں میں) چوتھا عرف - (۲) (عام معنوں میں) عرف -

Agnostic, *n. & a.*: (۱) لاادریا ؛ لاادری ؛ وہ جس کا اعتقاد یہ ہو کہ خدا یا دوسری غیر مادّی اشیا کی ہستی کے متعلق ہمیں کچھ علم نہ تو ہے اور نہ غالباً کبھی ہو - (۲) (عقیدۂ لا ادریا کے متعلق) لاادری -

agnosticism, *n.*: (مذہب) لاادریت -

Agnus Castus, *n.*: ایک درخت جس کی نسبت پہلے یہ خیال تھا کہ وہ عفت اور عصمت کو بچاتا ہے ؛ شجرِ عفت -

Agnus Dei, *n.*: (۱) (رومن کیتھولک) عبادت کا حصّہ جو اِن الفاظ سے شروع ہوتا ہے - (۲) بھیڑ کے بچّے کی شبیہہ صلیب یا جھنڈا لیے ہوئے - (۳) موم کی ٹکیا جس پر یہ شبیہہ بنی ہو اور جس کو پاپائے روم نے متبرک کیا ہو -

Ago, *a. & adv.*: (اب سے) ... پہلے یا ہوئے (جیسے "دس دن پہلے" یا "دس دن ہوئے") -

long a.: (بہت) مدت ہوئی ؛ زمانہ ہوا -

Agog, *adv. & pred. a.*: بے تابی سے متوقع ؛ مشتاق ؛ شوق سے -

Agonic, *a.*: بے زاویہ ؛ جو کوئی زاویہ نہ بنائے ؛ عدیم الزاویہ -

a. line: وہ خط جس میں کوئی مقناطیسی تنوع نہ ہو -

Agonistic, *a.*: (۱) کشتی اور ورزشی مقابلے سے متعلق (خاص کر یونان قدیم میں) - (۲) (خطابت) مناظرانہ ؛ مباحثے سے متعلق - (۳) زبردستی

کا ؛ کھینچ تان کا ؛ مصنوعی ؛ اثر اندازانہ -

agonistical, *a.* : مناظرانہ -

agonistically, *adv.* : مناظرانہ یاھت دھرمی کے طور پر -

Agonize, *v.t.& i.* : (۱) تکلیف دینا ؛ ایذا پہنچانا ؛ ستانا ؛ دکھ دینا - (۲) کرب سے لوٹنا ؛ درد سے بے چین ہونا ؛ تڑپنا ؛ تلملانا - (۳) اکھاڑے میں لڑنا ؛ کُشتی لڑنا ؛ زور آزمانا ؛ زور کرنا ؛ زور آزمائی کرنا (مجازاً اور لغوی)- (۴) جان توڑ کوشش کرنا (اثر ڈالنے یا پیدا کرنے کی)-

agonizingly, *adv.* : ایذا دھی سے ؛ ایذا رسانی کے طور پر -

Agony, *n.* : (۱) روحانی تکلیف ؛ دماغی اُلجھن ؛ سوھان روح ؛ کوفت -

a. column : اخبار کا وہ کالم جس میں گم شدہ عزیزوں ؛ دوستوں ؛ وغیرہ کے متعلق اشتہارات دیے جاتے ہیں ؛ حوادث - (۲) خوشی کے مارے آپے سے باہر ہو جانا ؛ شادی مرگ - (۳) نزع ؛ جاں کنی - (۴) انتہائی جسمانی تکلیف ؛ درد یا ایذا ؛ کرب - (۵) کشمکش ؛ جد و جہد ؛ کشا کش -

Agoraphobia, *n.* : گزر ترسی (عام مقامات پر جانے سے ڈرنے کا عارضہ)-

Agouti, Agouty, *n.* : اگوٹی (ویسٹ انڈیز میں خرگوش کی طرح کا جانور) -

Agrarian, *a. & n.* : (۱) زمینداری ؛ جائداد یا جاگیر سے متعلق -

a. outrage : آسامی اور زمیندار کا جھگڑا ؛ فساد - (۲) مزروعہ اراضی سے متعلق ؛ زراعتی ؛ زرعی - (۳) تقسیم اراضی کی جدید تنظیم کا حامی -

agrarianism, *n.* : تقسیم اراضی کی جدید تنظیم کا حامی ہونا -

agrarianize *v.t.& i.* : قانون اراضی کے مطابق زمین کی تقسیم کرنا ؛ اصلاح اراضی کی رغبت دلانا ؛ اصول مزرعیت پر لانا ؛ مزرعی بنانا -

Agree, *v.i.&t.* : (۱) راضی ہونا ؛ رضامند ہونا ؛ ہامی بھرنا ؛ اقرار کرنا - (۲) متفق ہونا ؛ ہمرائے ہونا ؛ ہم خیال ہونا ؛ موافق ہونا - (۳) مل جانا ؛ ہم آہنگ ہونا ؛ ہمرنگ ہو جانا - (۴) بننا ؛ پٹنا ؛ میزان پٹنا ؛ نبھنا ؛ اِتفاق ہونا - (۵) راس آنا ؛ ساز گار ہونا ؛ مزاج کے موافق ہونا ؛ سوازم - (۶) ایک صیغے یا حالت میں ہونا - (۷) (*Trans.*) ملانا ؛ مطابق کرنا ؛ تطبیق دینا ؛ بدھ ملانا (حسابات وغیرہ میں) -

Agreeable, *a.* : (۱) خوشگوار ؛ دلپسند ؛ پسندیدہ ؛ دل پزیر - (۲) مہربان ؛ مائل ؛ ملتفت - (۳) مطابق یا موافق -

agreeableness, *n.* : موافقت ؛ خوشگواری ؛ دل پزیری -

agreeably, *adv.* : بموجب ؛ دل پزیرانہ ؛ خوشگواری سے -

Agreement, *n.* : (۱) سمجھوتا ؛ مفاہمت ؛ آپس کا تصفیہ ؛ قرارداد ؛ صلح - (۲) (قانون) اقرارنامہ ؛ راضی نامہ ؛ معاہدہ - (۳) ہم خیالی ؛ ہم آہنگی ؛ اِتفاق (رائے)- (۴) (نحو) مطابقت (جنس ؛ تعداد ؛ حالت میں)-

agrements, *n. pl.* : (فرانسیسی) (جمع) پسندیدہ اوصاف ؛ صفات حمیدہ ؛ خوشگوار ماحول -

Agrestic, *a.* : (۱) دھقانی ؛ گنوارو ؛ دیہاتی - (۲) عجیب و غریب ؛ بھنگم ؛ بھدا ؛ پھوھڑ ؛ بدنما -

Agriculture, *n.* : کھیتی ؛ زراعت ؛ کاشتکاری ؛ کھیتی باڑی -

agricultural, *a.* : زراعتی ؛ زرعی ؛ کاشتکاری سے متعلق -

agriculturalist, agriculturist, *nn.* : مزارع ؛ کاشتکار ؛ فن زراعت کا ماہر -

Agrimony, *n.* : ایک قسم کی جنگلی جھاڑی جو انگلستان میں عام ہے -

Agronomy, *n.* : دیہی معاشیات ؛ کشاورزی ؛ فلاحت -

agronomic, agronomical, *aa.* : دیہی معاشیات سے متعلق ؛ فلاحتی ؛ زرعی -

agronomics, *n.* : دیہی معاشیات ؛ فلاحیات -

agronomist, *n.* : کاشتکار ؛ دیہی معاشیات کا عالم -

Aground, *adv. & pred .a.* : (پایاب پانی میں)زمین پر ٹکا ہوا ؛ خشکی پر چڑھا ہوا ؛ زمیں گیر یا زمیں گرفتہ (جہاز)

Ague, *n.* : (۱) جاڑا بخار ؛ تپ لرزہ ؛ جوڑی - (۲) کپکپی ؛ تھر تھری ؛ لرزہ (کا دورہ) - (۳) کانپتا ہوا ؛ لرزاں (لغوی اور مجازی) -

a.-cake : جگر یا تلی کا بڑھ جانا (جو جاڑے بخار میں ہوتا ہے) -

agued, *a.* : جاڑے بخار (یا جوڑی) میں مبتلا -

Aguish, *a.* : (۱) تپ لرزے کا سا ؛ جوڑی کا سا ؛ لرزہ نما - (۲) جوڑی لانے والا - (۳) تپ لرزے کا بیمار - (۴) کپکپی چڑھا ؛ کانپتا ہوا ؛ لرزاں - (۵) دورے سے آنے والا ؛ باری کا -

aguishly, *adv.* : کپکپی (یا لرزے) کے ساتھ -

Ah, *int.* : (۱) آہ ؛ ھاے ؛ واے ؛ اُف - (۲) (تعجب) اخاہ ؛ ھائیں ؛ خوب ؛ واہ - (۳) (تحسین) سبحان اللہ ؛ واہ ؛ خوب ؛ ماشا اللہ - (۴) (التجا) ھاے ؛ للہ - (۵) (زجر و توبیخ) کیوں ؛ کیا ؛ ھائیں - (۶) (نفرت یا حقارت اور تضحیک) تف ؛ ھشت ؛ ھوں ؛ اے ھے -

Aha, *int.* : (۱) (تعجب) اخاہ ؛ اچھا ؛ ارے ؛ واہ وا ؛ سبحان اللہ - (۲) (طنز) اخاہ ؛ اچھا ؛ سبحان اللہ ؛ کیا کہنے ؛ اوں ھوں -

Aha, *n.* : دیکھو HA - HA, *n.* -

Ahead, *adv. & pred.a.* : (۱) آگے ؛ سامنے ؛ آگے کو - (۲) سیدھے ؛ ناک کی سیدھ میں - (۳) تیز قدم ؛ تیزی کے ساتھ ؛ سیدھے ؛ آگے قدم بڑھاتے ہوے - (۴) پیش پیش ؛ آگے آگے -

Aheap, *adv.* : ڈھیروں ؛ انبار کا انبار ؛ ڈھیر کا ڈھیر -

Ahem, *int.* : اَھم ؛ اُوھم (کھنکارنے کی سی آواز کسی کو (متوجہ کرنے یا روکنے کے لیے) -

Ahoy, *int.* : ارے ھوت (آواز جو جہاز کے خلاصی پکارتے وقت لگاتے ھیں) -

a huis clos, *adv.* : خلوت میں ؛ تنہائی میں -

Ahull, *adv.* : (جہاز رانی) جہاز کی وہ حالت جب بادبان اُتار لیے جاتے ھیں اور پتوار اُس طرف کرلیا جاتا ھے جدھر کی ہوا نہ ہو -

Ai, *n.* : ای (امریکا کا ایک جانور جس کے پنجے میں تین اُنگلیاں ہوتی ہیں اور بہت سست ہوتا ہے) -

Aid, *v.t.* : (۱) مدد دینا ؛ اعانت کرنا ؛ ساتھ دینا ؛ سہارا دینا - (۲) ترقی میں مدد دینا ؛ ممد ہونا ؛ معاون ہونا (صحت وغیرہ میں)-

Aid, *n.* : (۱) مدد ؛ امداد ؛ سہارا ؛ اعانت ؛ دستگیری - (۲) (قانون) اِستمداد ؛ اِستعانت (جو مدعا علیہ اپنے شریک سے طلب کرے) - (۳) (تاریخ) بعض محصولوں کی رقم جو پارلیمنٹ بادشاہ کو خاص ضرورت کے وقت دیتی تھی - (۴) (بعد کے معنی) شاہی قرضہ ؛ سرکاری قرضہ - (۵) (جمع میں) اِمداد ؛ اِمداد کے ذرائع یا وسائل - (۶) مدد دینے والا ؛ ممد ؛ معاون

Aide-de-camp, *n.* : ایڈی کانگ (وہ افسر جو جرنیل کے احکام کی ترسیل و تعمیل میں مدد دے) ؛ سردار رکاب -

Aigrette, *n.* : (۱) بگلا ؛ چھوٹی قسم کا سفید سارس- دیکھو Egret -

(۲) گچھا؛ گپھا (بالوں یا پروں کا)۔ (۳) جواہرات کے گل بوٹے؛ پھول پتیاں (لباس وغیرہ پر)؛ جواہر کاری؛ نگینہ بندی؛ نگینہ کاری؛ مینا کاری؛ مرصع سازی

Aiguille, *n.* : پہاڑ کی چوٹی (خصوصاً کوہ آلپس کی)؛ سر کوہ؛ راس الجبل؛ قلّہ -

aiguillesque, *a.* : چوٹی دار -

Aiguillette, *n.* : دیکھو AGLET -

Ail, *v.t.& i.* : (۱) ستانا؛ تکلیف دینا؛ دق کرنا- (۲) بیمار ہونا؛ بیمار پڑنا؛ مریض ہونا؛ علیل ہونا؛ دکھی ہونا -

ailment, *n.* : دکھ؛ بیماری؛ مرض؛ تکلیف -

Aileron, *n.* : ہوائی جہاز میں پچھلے بازو کا پنکھ-

Aim, *v.t.&i.* : (۱) تاکنا؛ لگانا؛ سیدھ باندھنا؛ شست باندھنا یا لگانا - (۲) موڑنا؛ پھیرنا؛ رخ کرنا؛ پھیرنا (توپ وغیرہ کا) - (۳) خلاف کارروائی کرنا؛ مخالفت میں کوئی کام کرنا - (۴) ضرب لگانا؛ مارنا؛ وار کرنا؛ پھینکنا (تیر وغیرہ کا) - (۵) شست باندھنا؛ سیدھ لینا (نشانے کی)؛ نشانہ لگانا - (۶) نصب العین ٹھیرانا -

Aim, *n.* : (۱) نشانہ؛ شست؛ سیدھ - (۲) مقصد؛ قصد؛ ارادہ؛ عزم؛ منصوبہ؛ تہیہ؛ نصب العین؛ مطمح نظر -

aimless, *a.* : انکل پچو؛ بے تکا؛ بے سر و پا -

aimlessly, *adv.* : انکل پچو؛ بے تکے پن سے -

aimlessness, *n.* : بے تکاپن؛ بے حاصلی؛ بے مصرفی -

aine, *n.* : خلف اکبر؛ بڑا بیٹا؛ فرزند اکبر - دیکھو CADET -

Air, *n.* : (۱) ہوا؛ باو؛ پون؛ کرۂ ہوا؛ جوّ؛ فضا -

castles in the a. : خیالی پلاؤ؛ شیخ چلی کے سے منصوبے -

in the a. : (کسی بات کی) سن گن پائی جانا؛ افواہ اڑنا؛ پھیلنا -

open a. : کھلی جگہ؛ کھلا مقام؛ میدان؛ زیر سما -

quite in the a. : بے بنیاد؛ غیر یقینی یا ہوائی -

take a. : پھیل جانا؛ مشہور ہونا؛ شایع ہونا؛ (کسی بات کا) چرچا ہوجانا -

(۲) شان؛ طور؛ انداز؛ ٹھنگ - (۳) (جمع میں) بناوٹ؛ تصنع؛ نمود؛ مشیخت جیسے: *gave himself aa.* - (۴) (موسیقی) نوا؛ نغمہ؛ لے-

a.-ball (oon) : ہوا بھری گیند؛ غبارہ -

a.-bed : ہوا گدا؛ ہوا توشک -

a.-bladder : پھکنا (جانوروں یا پودوں کے جسم کا وہ حصّہ جس میں ہوا بھری ہوتی ہے) -

a.-brake : ہوائی بریک (جو ہوا کے زور سے کام کرتا ہو) -

a.-chamber : (مائیات) ہوا دان؛ ہوا کا خانہ (کلوں کا وہ حصّہ جس میں ہوا بھر کر دباو کو یکساں رکھتے ہیں) -

aircraft : ہوائی جہاز؛ غبارہ -

aircraft carrier : وہ جہاز جو ہوائی جہازوں کو لے جائے نیز وہ ہوائی جہازوں کا اڈا ہو -

a.-cushion : ہوا تکیہ -

a.-engine : ہوا انجن (جو گرم ہوا سے چلتا ہے) -

a.-gun : ہوائی بندوق -

a.-jacket : ہوائی صدری (ہوا بھری صدری جو پانی میں ڈوبنے نہ دے) -

a.-liner : بڑا مسافر ہوائی جہاز -

airman : ہوا باز -

airplane : (امریکا) ہوائی جہاز -

a.-pocket : ہوا تھیلی؛ ہوا رخنہ (کسی مقام کی مخصوص فضائی کیفیت جس کا مقابلہ ہوائی جہاز کو یکایک ہو اور وہ اکبارگی گر پڑے جیسے بلیرڈ کی گیند ایک دم سے تھیلی میں آگرتی ہے) -

a.-pump : آلہ جس کے ذریعے سے کسی ظرف کی ہوا کھینچ کر نکالی جائے؛ ہوا نکاس؛ ہوا پمپ؛ ہوا کش -

a.-raid : ہوائی حملہ-

airship : ہوائی جہاز -

a.thermometer : ہوائی تپش پیما؛ ہوائی حرارت پیما (جس میں بجائے پارے کے ہوا ہو) -

a.-threads : ہوائی مکڑی کا جالا؛ شیطان کی تور -

a.-tight : ہوا بستہ؛ ہوا روک (جس میں ہوا کا گزر نہ ہونے پائے) -

a.-truck : ٹھکن؛ ہوائی جہاز میں سامان رکھنے کا حصّہ -

airway : ہوا کا منفذ؛ ہوا گزر (کانوں کے رستے جن کے ذریعے سے ہوا آتی رہے) -

airworthy : (ہوائی جہاز یا غبارہ) اڑنے کے قابل -

Air, *v.t.* : (۱) ہوا میں رکھنا؛ ہوا دینا؛ ہوا پہنچانا- (۲) آگ دکھاکر سکھانا - (۳) ہوا خوری کرنا؛ ہوا کھانا؛ تازی ہوا لینا - (۴) دکھانا؛ ظاہر کرنا (کسی چیز پر)؛ مشہور کرنا؛ اشاعت کرنا؛ پھیلانا؛ منظر عام پر لانا (صفات، شکایات، نظر، بے عمدہ لباس، وغیرہ کو) -

Airedale, *n.* : کھردری جلد کا ٹیریر کتا-

Airless, *a.* : (۱) دم گھٹ (وہ جگہ جس میں ہوا نہ ہونے سے دم گھٹے) - (۲) بے ہوا؛ ساکت؛ ساکن -

Airy, *a.* : (۱) ہوائی (ہوا سے متعلق)؛ فضائی؛ بلند- (۲) ہوادار؛ کشادہ؛ کھلا ہوا - (۳) غیر مرئی؛ غیر مادی - (۴) پتلا؛ باریک؛ مہین؛ جھر جھرا (جس کی بناوٹ باریک ہو)- (۵) ہلکا؛ پھرتیلا؛ ہوا سا؛ ہلکا پھلکا؛ سبک رو - (۶) خوش طبع؛ زندہ دل؛ خوش مزاج - (۷) خوش ادا؛ خوشنما؛ لطیف؛ سبک؛ نازک - (۸) بادر ہوا؛ بے سروپا؛ ہیچ؛ ہوائی - (۹) سطحی؛ اتھلا؛ بے تہ؛ نمائشی؛ اوچھا؛ ہلکا -

airily, *adv.* : سبک روی سے؛ لطافت سے؛ خوش مزاجی سے؛ اوچھے پن سے -

airiness, *n.* : ہوادار ہونا؛ سبک روی؛ خوش ادائی؛ لطافت وغیرہ -

Aisle, *n.* : (۱) گرجا کا بغلی رستہ (جو ناف کلیسا کے متوازی ہوتا ہے)- (۲) گرجا کی نشستوں کا درمیانی رستہ؛ بین الصفوف -

aisled, *a.* : گرجا یا عمارت جس میں *aisle* رکھے گئے ہوں-

Ait, *n.* : دریائی جزیرہ؛ چھوٹا جزیرہ یا ٹاپو (جو دریا یا جھیل میں ہو) -

Aitch-bone, *n.* : کفلی ہڈی (یعنی پٹھے پر کی ہڈی) -

Ajar, *adv.* : (دروازے کے لیے) ادھ کھلا؛ نیم وا؛ نیم باز -

Ajar, *adv.* : دیکھو JAR, *n.* - (۱) کھڑکھڑاتی ہوئی (آواز کے لیے)- (۲) بے میل؛ بے ربط -

Akimbo, *adv.* : دونوں ہاتھ کمر یا کولھوں پر رکھے ہوئے -

Akin, *pred.a.* : (۱) رشتہ دار؛ قرابت دار؛ سگا- (۲) مایک

طرح کا؛ هم سرشت ؛ ملتا هوا (خاصیت میں) ؛ ملتا جلتا -

-al, *suf.* : ایک لاحقہ جو مختلف معنوں میں آتا ھے -

a la, *prep.* : بطرز؛ طرز پر؛ مطابق -

Alabaster, *n.* & *a.* : (۱) چونے کے کار بنی یا کبریتی مادّے کا نام جو کئی قسموں کا ھوتا ھے؛ سیل کھریی (ایک قسم کی کھریا جو سفید اور سخت ھوتی ھے اور سنگ مرمر کے مشابہ) ؛ سنگ جراحت - (۲) سیل کھڑی کا ڈبا یا صندوقچہ - (۳) (*Adj.*) سفید اور چکنا سنگ مر مر کا سا -

alabastrine, *a.* سفید اور چکنا سنگ مر مر کا سا -

a la carte, *adv.* : تناول خانوں میں مختلف کھانوں کی ایک طویل فہرست سے ایک یا چند کا انتخاب کرکے فرمائش کرنا)-

Alack, *int.* : (متروک) (۱) افسوس؛ آہ؛ دریغا ؛واحسرتا - (۲) (تعجب) واہ ؛ خوب؛ سبحان اللہ -

Alacrity, *n.* : مستعدی ؛ تیزی؛ پھرتی؛ آمادگی -

Aladdin's lamp, *n.* : علادین (علاءالدین) کا چراغ؛ جادو کی چیز جس سے هر کام حسب مراد هو جاوے؛ کام دھنو -

Alamode, *a la mode*, *adv.* & *a.* : وضع مروجہ یا فیشن کے مطابق ؛ وضعدار ؛ طرحدار-

Alar, *a.* (۱) پرند کے بازو سے متعلق ؛ پنکھ کے متعلق - (۲) پنکھ کی طرح ؛ بازو کا سا- (۳) (نباتیات اور تعلیات) بغلی -

Alarm, *n.* : (۱) تیاری کا بگل؛ جنگی بگل- (۲) خطرے کا بگل (وہ آواز جس سے خطرے کی خبر دیتے ھیں)-(۳) خطرے سے آگاہ کرنا؛ خبردار کرنا ؛ انتباہ-(۴) خطرے کی ھول ؛ خطرے کی دھشت- (۵) پینترے کا قدم (لکڑی؛ شمشیر بازی؛ وغیرہ) -

a.-post : جوکھم پڑاو (جهاں خطرے کے وقت فوج کےسب سپاھی جمع هو جائیں) -

alarum-clock : جرس گھڑی؛ جگانے والی گھڑی (یا کھٹکا) -

alar(u)ms and excursions : شوروشغب؛ ھنگامہ -

Alarm, *v.t.* : (۱) ھشیار کرنا(خطرے سے)؛چوکس یا چوکنا کرنا- (۲) پریشان کرنا ؛ دھشت زدہ کرنا؛ گھبرا دینا - (۳) کھلبلی ڈالنا؛ ھول پیدا کرنا -

Alarmist, *n.* : (۱) جو زرا زرا سی بات پرخطرےکا شور مچاوے؛ هولا؛ بر کھل ؛گھابرا؛ پات گھابرا-(۲) ھولچی-

alarmism, *n.* : ھرلاپن؛ گھابراپن ؛ھولچی پن-

Alarum, *n.* : دیکھو ALARM, *n.*

Alary, *a.* : دیکھو ALAR

Alas, *int.* : (۱) افسوس!؛ آہ!؛ھاے!؛ واے!(۲) ارے !؛ افسوس!؛ حیف!-

Alastor, *n.* : بدلے یا انتقام کی دیوی-

Alate(d), *a.* : پنکھ والا؛ بازو دار-

Alb, *n.* : سفید لباس (جو پانو تک آتا ھے) ؛ قبا ؛ چوغا؛ جبہ-

Albacore, *n.* : ایک قسم کی مچھلی جو Tunny کی ایک نوع ؛ اسی جنس کی مچھلی کی اور انواع - [انگریزی لفظ پرتگالی سے مستعار ھے جس کی اصل عربی "البکر" ھے]

Albata, *n.* : ایک سفید دھات ؛نقلی چاندی (جرمن سلور)-

Albatross, *n.* : قادوسی پرندوں کی نوع جو بحر اوقیانوس اور جنوبی بحیروں میں پائی جاتی ھے؛ قادوسی پرندے (انگریزی لفظ ھسپانی اور پرتگالی "الکتروز" سے اور یہ عربی "القادوس" [= ڈول] سے بنا - عربی میں "قادوس" اس لیئے کہنے لگے کہ اگلے زمانے میں اس پرندے کے متعلق خیال کیا جاتا تھا کہ وہ چونچ میں پانی بھر بھر کر ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جایا کرتا ھے)-

great A. : بڑا قادوس ؛ سب سے بڑا دریائی پرندہ -

Albeit, *conj.* : اگرچہ؛ گو؛حالانکہ؛ باوجودیکہ-

Albert, *n.* **Albert chain** : گھڑی کی ایک طرح کی زنجیر (شهزادہ البرٹ ملکہ وکٹوریہ کے شوھر کے نام سے موسوم ھے): البرٹی زنجیر-

Albescent, *a.* : وہ چیز جو سفید ھو رھی ھو ؛ سفیدی مائل-

Albigenses, *n.pl.* : ال بی جن سیس ؛ بارھویں اور تیرھویں صدی میں جنوبی فرانس کا ایک مرتد فرقہ جو رومن چرچ کا مخالف تھا اور جس نے پادریوں کی اخلاقی خرابیوں کے خلاف احتجاج کیا تھا -

Albino, *n.* : (۱) بھورا (بلکل بھورے رنگ اور بالوں کا آدمی جس کی نظر دھوپ کی تاب نہیں لاتی)؛ پودے کی قسم جس کی پتیاں بے رنگ ھوتی ھیں-(۲)جانور جس میں یہ خاصیت ھو-

albiness, *n.* : بھورا پن ؛ چُندا پن-

albinism, *n.* : جسم پر بھورے پن کی کیفیت -

Albite, *n.* : ایک قسم کا سفید رنگ کا پتھریلا مادّہ -

Album, *n.* : البم ؛ مرقع ؛ بیاض (جس میں تصویریں یا لوگوں کے ھاتھ کی تحریریں رکھی جاتی ھیں)-

Albumen, *n.* : (۱) انڈے کی سفیدی - (۲)بیضین (ایک سم کا سفید مادّہ جو حیوانی اجسام ؛ بیجوں اور گودے دار جڑوں میں پایا جاتا ھے) - (۳) (نباتیات) گری ؛ مغز ؛ گودا-

albuminose, *a.* :
albuminous, *a.* : } مغز دار؛ بیضین دار-

Albumenize, *v.t.* : (فوٹو گرافی)کاغذ پر بیضینی روغن چڑھانا -

Albuminoid, *a.* & *n.* : بیضین نما ؛ انڈے کی سفیدی جیسا-

albuminoidal, *a.* : بیضینی -

Alburnum, Alburn, *n.* : کبھیلی (لکڑی)وہ لکڑی جو exogenous (برنمو) درختوں میں نئی بنی ھو؛ رسیلی لکڑی ؛ چھال -

Alcahest : دیکھو ALKAHEST

Alcaic, *a.* & *n.* : (Alcaeus, 600 B.C.) (۱) یونانی شاعرالقیوس کے متعلق؛ القیوسی- (۲)شعر کی ایک بحر (جسے القیوس نے ایجاد کیا) - (*N. pl.*) القیوسی بند (گیت کے strophes) -

Alchemic, *a.* : کیمیاگری یا الکیمیاکے متعلق؛الکیمیائی-

Alchemical, *a.* : الکیمیائی-

Alchemically, *adv.* : مھوسانہ؛ کیمیا گری کی رو سے-

Alchemist, *n.* : کیمیا گر؛مھوس-

Alchemistic(al), *aa.* : کیمیا گرانہ-

Alchemize, *v.t.* : (۱) کیمیا بنانا - (۲) قلب ماھیت کرنا؛ بدلنا -

Alchemy, *n.* : کیمیا گری؛کیمیا سازی؛ الکیمیا (حقیقتاً اور استعارةً) -

Alcohol, *n.* : (۱) الکحل؛ الغول؛روح شراب - (۲)الغولی عرق؛کوئی عرق جس میں الکحل داخل ھو- (۳) (کیمیا) الغولی مرکّبات (جو بلحاظ ماھیت الکحل [الغول] کی طرح ھوں) -

Alcoholate, *n.* : الکحل کا ایک مرکّب-

Alcoholic, *a.* : الکحلی؛ الغولی -

Alcoholism, *n.* : الکحلیت ؛ الغولیت ؛ الکحل کا اثر نظام انسانی پر-

Alcoholize, *v.t.* : (۱) الکحل کی آمیزش کرنا ؛ الکحل ملانا -

(۲) الکحل سے اثر پذیر ہونا -

alcoholization, *n.* : ست یا جوہر نکالنا ؛ الکحل سے اثر پذیری ؛ الکحل میں ڈبونا یا تر کرنا -

Alcoholometer, *n.* : الکحل پیما ؛ وہ آلہ جو مسکر عرقیات میں الکحل کی مقدار بتائے -

alcoholometry, *n.* : الکحل پیمائی -

Alcoran, *n.* : قرآن -

Alcoranic, *a.* : قرآنی -

Alcove, *n.* : (۱) کمرے کی دیوار میں محراب نما خلا ؛ طاقچہ ؛ (خصوصاً ہسپانیہ میں) آرام گاہ یا خواب کمرا - (۲) منڈھا ؛ ملکتوا ؛ کلنج - (۳) گرمیاں بسر کرنے کا مکان - [عربی لفظ "القبّہ" اس کی اصل ہے]

Aldehyde, *n.* : الدی ہائیڈ (ایک بے رنگ کا طیران پذیر مائع جو الکحل پر آکسیجن کے اثر سے پیدا ہوتا ہے) -

Alder, *n.* : بید کی قسم کا ایک درخت -

Alderman, *n.* : انگریزی اور آئرستانی شہروں میں میر بلد سے دوسرے درجہ کا عہدہ دار -

Al rmanry, *n.* : (۱) محلہ ؛ حلقہ ؛ ضلع (یعنی وہ حدود ارضی یا رقبہ جو ایک آلڈرمن کے تحت میں ہو) - (۲) آلڈرمن کا عہدہ -

Aldine, *a.* : (۱) الدوسی (یعنی Aldus Manutius کا چھاپا ہو جو سولھویں صدی میں وینس میں ایک مطبع والا تھا) (۲) ٹائپ کے حرفوں کی ایک خاص طرز کا نام -

Ale, *n.* : (۱) بوزہ ؛ ایک قسم کی شراب جو مالٹ سے بنتی ہے - (۲) رنگ رلیاں یا بزم عشرت (جس میں بوزہ پیا جاتا ہے) -

alecost : ایک خوشبودار پودا -

a.–house : شراب خانہ ؛ بوزہ خانہ -

a.–wife : (۱) بوزہ فروش عورت ؛ ساقن - (۲) بوزہ ماہی (ایک قسم کی امریکی مچھلی جو ہیرنگ سے ملتی جلتی ہے) -

Aleatory, *a.* : اتفاق ؛ تقدیر یا پانسے پر منحصر -

Alee, *adv. & pred.a.* : (۱) جہاز کے اُس حصّے سے متعلق جو ہوا کی زد سے محفوظ ہو - (۲) سمت محفوظ کی طرف -

Alegar, *n.* : (۱) بوزہ ترش ؛ جو کی کھٹی شراب - (۲) مالٹ کا سرکہ -

Alembic, *n.* : بھپکا ؛ قرنبیق -

Alert, *a.&n.* : (۱) ہوشیار ؛ چوکس ؛ چوکنا - (۲) پھرتیلا ؛ مستعد ؛ چست ؛ چاق - (۳) جرس یا پکار (خبر دینے اور حملے کی تیاری کے لیے) -

on the a. : چوکس ؛ مستعد ؛ کمر بستہ ؛ تیار ؛ چکنا ؛ کان کھڑے کیے ہوئے -

alertly, *adv.* : ہوشیاری سے ؛ چوکسی کے ساتھ -

alertness, *n.* : چوکسی ؛ ہوشیاری ؛ چوکنا پن -

Aleuron, Aleurone, *n.* : بیضینیہ (وہ سفید چیز جو بیج کے اندر پائی جائے) -

Alexandrine, *a. & n., A. (verse)* : چھ تالا چھند ؛ چھ رکنی بحر -

Alexipharmic, *a. & n.* : تریاق یا ناد زہر کا اثر رکھنے والی چیز -

Alfresco, *adv.& a.* : (۱) کھلے میدان میں ؛ زیر سما - (۲) کھلا میدان ؛ زیر سما -

Alga, *n.* (Pl. -*ae*) : سمندر کی کائی ؛ اُشنہ -

algal, algoid, *aa.* : کائی سا ؛ اُشنہ نما -

algist, algologist, *nn.* : اُشنیات یا بھری نباتیات کا ماہر -

algological, *a.* : کائی کے متعلق ؛ اُشنائی -

algology, *n.* : بحری (مائی) نباتیات ؛ اُشنیات -

Algebra, *n.* : الجبرا ؛ جبرو مقابلہ -

quadruple a. الجبرا رباعی -

algebraic(al), *aa.* : الجبرے کا ؛ الجبری -

algebraically, *adv.* : الجبرے سے ؛ الجبری طریقہ پر -

algebraist, algeb ist, *nn.* : عالم الجبرا ؛ جبرداں -

Algid. *a.* : سردی زدہ ؛ لرزہ زدہ (خاص طور پر جوڑی کے لیے بخار آتا ہے) -

algidity, *n.* : جاڑا ؛ لرزہ ؛ جوڑی ؛ کپکپی -

Algorism, *n.* : عربی اعشاریہ (رقم خوارزمی) -

cipher in a. : صفر محض ؛ لا شے - [مامون کے عہد کے مشہور ریاضی داں محمد بن موسیٰ الخوارزمی کی نسبت سے یہ لفظ بنا ہے]

Alguazil, *n.* : ہسپانوی سرجلد یا برقنداز - [عربی لفظ " الوزیر " سے مشتق]

Algum, *n.* : الجم (ایک درخت غالباً صندل کی طرح کا ' جس کا بائبل میں ذکر آیا ہے) -

Alhambra, *n.* : الحمراء (غرناطہ میں ہسپانوی سلاطین کا محل جو لال پتھر کا ہے) ؛ قصر حمرا -

alhambresque, *a.* : الحمرائی طرز نقاشی -

Alias, *adv.& n.* (Pl. -*ases*) : عرف ؛ لقب (وہ نام جس سے کوئی شخص پکارا جائے) -

Alibi, *adv.& n.* : عدم موجودگی (موقع واردات پر) ؛ عذر غیر موجودگی -

Alidad, -ade, *n.* : اصطرلاب کا درجہ نما (جس سے اُس کے درجے معلوم ہوتے ہیں) -

Alien, *a.& n.* : (۱) غیر ؛ بیگانہ ؛ پرایا - (۲) غیر ملکی ؛ خارجی ؛ بیرونی - (۳) مختلف ؛ الگ ؛ علیحدہ ؛ جدا (ماہیت وغیرہ کے اعتبار سے) - (۴) نفرت انگیز ؛ کریہہ - (۵) اجنبی ؛ پردیسی ؛ غیر ملک کا ؛ غیر متوطن - (۶) خارج شدہ ؛ نکالا ہوا ؛ بدر شدہ -

alienism, *n.* : (۱) اجنبیت ؛ اجنبی پن ؛ پردیسی پن - (۲) دماغی امراض کا مطالعہ اور معالجہ -

alienist, *n.* : دماغی امراض کا طبیب -

Alien, *v.t.* : (۱) (شاعری) الگ کرنا ؛ علیحدہ کرنا ؛ بیگانہ بنانا - (۲) منتقل کرنا ؛ انتقال ملکیت کرنا -

alienability, *n.* : انتقال پذیری -

alienable, *a.* : انتقال پذیر ؛ قابل منتقلی ؛ الگ ہوجانے والا -

Alienate, *v.t.* : (۱) بیگانہ کرنا ؛ برگشتہ کرنا ؛ منحرف کرنا - (۲) منتقل یا بیع کردینا - (۳) پھیر دینا ؛ موڑ دینا ؛ روگرداں کردینا -

alienator, *n.* : (اسم فاعل مذکورہ بالا معنوں میں)

Alienation, *n.* : (۱) بیگانگی ؛ اجنبیت - (۲) انتقال حقیت - (۳) پھیرنا (کسی دوسرے مصرف کے لیے یا مقصد کی طرف) ؛ برگشتہ کرنا -

(mental) a. : خلل دماغ ؛ پاگل پن ؛ جنون -

Alienee, *n.* : منتقل الیہ -

Aliform, *a.* : پنکھ جیسا ؛ بازو نما -

Alight, *v.i.*: (۱) اُترنا ؛ نیچے آنا (سواری سے) - (۲) زمین پر آرهنا ؛ گرنا ؛ آ پڑنا -

Alight, *a.*: (۱) روشن کیا ہوا ؛ آنچیں نکلتا ہوا - (۲) سوزاں ؛ مشتعل ؛ آتش زدہ ؛ آتش گرفتہ ؛ جلتا ہوا ؛ سلگا ہوا - (۳) روشن ؛ منور -

Align, Aline, *v.t. & i.*: صف باندھنا ؛ قطار بندی کرنا ؛ سیدھ میں لانا ؛ ایک خط میں لانا (خصوصاً تین یا زیادہ نقطوں کا) - شست لینا ؛

a. the sights (of rifle) *and bull's eye*: سیدھ باندھنا -

alignment, *n.*: (۱) صف بندی ؛ قطار بندی - (۲) خاکا (عمارت کا) -

Alike, *pred. a. & adv.*: (۱) ایک سا ؛ ایک طرح کا ؛ یکساں ؛ اِکساں ؛ ملتا ہوا ؛ مشابہ ؛ ہم وضع ؛ ویسا ہی - (۲) (*Adv.*) ایک ہی طرح پر ؛ یکساں ؛ اِکساں -

Aliment, *n.*: (۱) غذا ؛ خوراک ؛ کھانا ؛ قوت - (۲) (مجازاً) سہارا ؛ گذارا ؛ تقویت ؛ دماغی غذا -

alimental, *a.*: غذائیت رکھنے والا ؛ مقوی -

alimentally, *adv.* بطور غذا ؛ غذائیت کے طور پر -

Alimentary, *a.*: (۱) تقویت پہنچانے والا ؛ مقوی - (۲) تغذیے کا ؛ صاف کرنے والا -

a. canal: معدی نالی -

Alimentation, *n.*: (۱) عمل تغذیہ - (۲) گزارا ؛ نان نفقہ -

Alimony, *n.*: (۱) تغذیہ ؛ خوراک - (۲) پرورش ؛ سہارا - (۳) نان نفقہ ؛ روٹی کپڑا (جو شوہر کی طرف سے بیوی کو واجب الایصال ہو) -

Aliquot, *a. & n.*: (۱) (حساب) عاد ؛ کسی عدد کا ایسا مقسوم علیہ جس سے بغیر کچھ باقی بچے تقسیم ہو جائے -

-ality, *suf.*: (لاحقہ) AL - اور TY - سے مرکب (اُردو میں اِس کا مرادف "ہت" یا "یت" ہو سکتا ہے) -

Alive: (۱) جیتا ؛ زندہ ؛ بقید حیات ؛ جیتا جاگتا - (۲) باخبر ؛ احساس رکھنے والا (۳) پھرتیلا ؛ مستعد ؛ تیز - (۴) بھرا پرا ؛ با رونق ؛ آباد -

any man a.: کوئی متنفس -

man a.!: مرد آدمی ! ؛ بھلے آدمی ! -

Alizarin, *n.*: مجیٹھ ؛ مجیٹھی کا رنگ - [غالباً عربی "العصارۃ" سے مشتق]

Alkahest, *n.*: محلل کل ؛ وہ چیز جو کیمیا گروں کے اعتقاد میں ہر چیز کو گھلا سکتی تھی (مجازاً بھی آتا ہے -)

Alkalescent, *a. & n.*: قلوی ؛ خفیف القلی دار (جس میں القلی کی آمیزش ہو ؛ ایسی چیز) -

alkalescence, alkalescency, *nn.*: جزوی قلویت -

Alkali, *n.* (pl.*-lis, -lies*): (۱) (کیمیا) القلی - (۲) (تجارتی) سوڈا پوٹاش یا دوسرے قلوی مرکبات -

alkalifiable, *a.*: قلویت پذیر ؛ جس سے القلی بنایا جاسکے -

alkalify, *v.t.*: القلی بنانا -

Alkalimetry, *n.*: قلویت پیمائی ؛ القلی کی تیزی کا اندازہ -

alkalimetrical, *a.*: قلویت پیمائی سے متعلق -

Alkaline, *a.*: (۱) قلوی ؛ القلی کے متعلق - (۲) قلوی صفت -

a. metals: قلوی دھاتیں (جن پر ہائیڈروجن اور آکسیجن کے اثر سے قلی بنتے) -

Alkaloid, *n.*: شبہ قلوی ؛ القلی نما (نائٹروجن رکھنے والی اساسی اشیا) -

vegeto-alkaloids: نباتی قلویات -

alkaloidal, *a.*: قلی نما ؛ قلی دار -

Alkanet, *n.*: مہندی ؛ حنا -

All, *a.; n.; adv.*: (۱) (*Adj. with noun &c.*) سب ؛ پورا ؛ کل - (۲) اِنتہائی ؛ سر تاپا ؛ ہمہ تن جیسے *a. speed* - (۳) (جمع کے ساتھ) سب کے سب ؛ سب ؛ جملہ ؛ ہمہ ؛ کل تعداد - (۴) ہر قسم کے ؛ ہر طرح کے ؛ ہر ایک - (*N.*) (۱) سب آدمی ؛ سب کے سب ؛ دنیا بھر - (۲) (*of* کے ساتھ) کل ؛ جملہ ؛ سب کا سب ؛ تمام و کمال ؛ سارے کا سارا ؛ سموچا جیسے *a. of it*, *a. of you* - (۳) سب کچھ جیسے *that is a.*, *a. is lost* - (۴) سب کچھ ؛ جو کچھ تھا ؛ (ساری پونجی ؛ سارا اثاثا ؛ جمع جتھا) جیسے *he lost his a.* -

a. along of: (عامیانہ) بوجہ ؛ بدولت -

a. but: تقریباً ؛ قریب قریب ؛ سب مگر • • • • ؛ سوا ایک آدھ کے سب (یا کل) -

a. in a.: مختار کل ؛ سیاہ سفید کا مالک ؛ سب کچھ -

a. one: برابر ؛ ایک سا ؛ ایک ہی سا -

a. very fine or well: یہ سب کچھ سہی (مگر • • • •) -

at a.: بالکل ہی ؛ کسی طرح سے بھی ؛ مطلق -

in a.: سب ملا کے ؛ کلہم -

one and a., a. and some, a. and sundry: اِنفرادی اور مجموعی طور پر ؛ ایک ایک ؛ ہر ایک ؛ سب کے سب -

a. at once: ایک دم سے ؛ یکایک ؛ دفعتہً -

a. red: تمام تر برطانوی

a. right: (۱) ٹھیک ؛ درست ؛ صحیح سالم ؛ قابل اطمینان - (۲) (دھمکی) اچھا ! ؛ خیر ! ؛ دیکھا جائے گا ! ؛ دیکھ لیں گے -

a. the better: اور بھی اچھا -

dressed a. in white: (*Adv.*) بالکل ؛ پورا ؛ تمام ؛ سرتاپا جیسے

a. too soon: قبل از وقت -

a. there: ہوش حواس میں -

a. the same: ایک سا ؛ برابر ؛ با ایں ہمہ ؛ باوجودیکہ -

A.-father: (مرکبات) رب العالمین ؛ پروردگار عالم -

A. Fools' Day: یکم اپریل -

A. Saints' Day: یکم نومبر (یوم الاولیا) -

A. Souls' Day: دوسری نومبر (یوم الفاتحہ جیسے مسلمانوں میں عرفہ ؛ ہندوؤں میں سراد) -

-a.-sufficing: اکثر صفات کے پہلے لگاتے ہیں ؛ جیسے

Allah, *n.*: اللّٰہ -

Allay, *v.t.*: (۱) افاقہ پیدا کرنا ؛ زور کم کرنا ؛ دھیما کرنا (درد وغیرہ کا) ؛ بجھانا (پیاس وغیرہ کا) - (۲) گھٹانا ؛ تخفیف کرنا ؛ کم کرنا (خوشی وغیرہ کا) -

Allegation, *n.*: (۱) ادعا ؛ اظہار ؛ بیان واثق ؛ حتمی بیان ؛ عذر - (۲) دعویٰ ؛ قضیہ ؛ الزام ؛ منسوب -

Allege, *v.t.*: (۱) الزام دینا ؛ منسوب کرنا ؛ بیان کرنا ؛ دعویٰ کرنا ؛

اتّھا کرنا - (۲) بطور حجت پیش کرنا ؛ دلیل لانا ؛ عذر کرنا -

Allegiance,*n.*: اطاعت ؛ وفاداری ؛ جان نثاری ؛ نمک حلالی -

Allegoric,*a.*: مثالی ؛ مجازی -

allegorical,*a.*: مثالی ؛ مجازی -

allegorically, *adv.*: مجازاً ؛ تمثیلاً -

Allegorize,*v.t.&i.*: (۱) مجاز کے طور پر بیان کرنا ؛ مثالی سمجھنا (قصے کو) - (۲) تمثیل بنانا ؛ مجازی بنانا -

allegorist,*n.*: تمثیل نگار ؛ مجاز میں بیان کرنے والا -

Allegory,*n.*: (۱) کسی موضوع کا بیان دوسرے مضمون کے پردے میں ؛ کنایے کے طور پر ؛ مثالیہ ؛ مجازیہ (قصہ وغیرہ) - (۲) علامت ؛ نشان ؛ پیکر -

allegretto: [اِیتالوی] (موسیقی) ذرا تیز ؛ رواں (گانے بجانے میں) -

allegr , *a.*, *adv.*,*n.*: (۱) (موسیقی) تیز ؛ لھک کر ؛ بلند آواز سے - (۲) (نشاط انگیز) تیز تیز ؛ جلد جلد ؛ سرعت سے -

Alleluia,*n.*: خدا کی تعریف کا گیت ؛ حمد - [سب تعریف تجھ کو اے اللہ ! عبرانی "هَلَلُویا" سے]

Alleviate,*v.t.*: آرام دینا ؛ کم کرنا ؛ دھیما کرنا ؛ ہلکا کرنا ؛ تخفیف کرنا -

alleviation,*n.*: تسکین ؛ دھیما پن ؛ کمی ؛ تخفیف -

alleviative, alleviatory, *aa.*: مسکِّن ؛ تسکین بخش ؛ آرام بخش -

alleviator,*n.*: کم کرنے والا ؛ دھیما کرنے والا ؛ تسکین دینے والا -

Alley,*n.*(pl.-*eys*).: (۱) رستہ (خاص کر چمن یا باغ میں) ؛ پٹڑی ؛ روش - (۲) تنگ گلی ؛ گلیارہ -

blind a.: (۱) بند گلی ؛ اندھی گلی ؛ کوچۂ سربستہ - (۲) کھیل کا میدان ؛ وہ جگہ جہاں "اسکٹلز" (ایک انگریزی کھیل) کھیلتے ہیں (دیکھو SKITTLES) -

All-hallow (s),*n.*: ارواح مقدسہ ؛ پاک روحیں (جو بہشت میں ہیں) ؛ جیسے:

All hallows' day: یوم الارواح

Allhallowmass: مجلس نا تمہ

Alliaceous,*a.*: (۱) ثومی ؛ بلبوسی (لہسن کی جنس ، جس میں پیاز ، لہسن ، گندنا وغیرہ داخل ہیں) - (۲) لہسن ؛ بلبوس (جس میں لہسن کی سی بو آتی ہے) -

Alliance,*n.*: (۱) رشتہ ؛ پیوند ؛ شادی ؛ ناتا (جو بذریعہ نکاح ہو) (۲) رشتہ داری ؛ عزیز داری ؛ قرابت ؛ یگانگی - (۳) معاہدہ ؛ اتحاد ؛ ایتلاف ؛ معاہدہ (مابین دول) - (۴) اشتراک ماہیت ؛ اشتراک صفات یا ذات ؛ یکسانی - (۵) دستہ (نباتات میں درجہ بندی)

Alligator, *n.*: (۱) مگر ؛ مگر مچھ ؛ گھڑیال ؛ نہنگ - (۲) نہنگ کی سی قسم کے دوسرے امریکی جانور -

a. apple, a. pear: مغربی جزائر ہند کے سیب ، ناسپاتی

a. tortoise: کتکھنا کچھوا -

Alliterate,*v.i.*: مختلف الفاظ کی ایک ہی حرف سے ابتدا ہونا ؛ سر حرفی صنعت کا ہونا -

alliterative,*a.*: سر حرفی صنعت کا ؛ سر حرفی صنعت سے متعلق -

alliteratively, *adv.*: حرفی صنعت کے طور پر -

Alliteration,*n.*: حرفی صنعت ؛ مختلف الفاظ کا ایک ہی حرف سے شروع ہونا -

Allocate,*v.t.*: (۱) متعین کرنا ؛ مقرر کرنا ؛ مختص کرنا ؛ نامزد کردینا (کسی شخص یا مقصد کے لیے) - (۲) تعیین مقام کرنا ؛ پتا چلالینا ؛ قائم کرنا ؛ تشخیص کرنا -

allocation,*n.*: نامزدگی ؛ تعین ؛ استقرار -

Al(l)odium, *n.*: آزاد زمینداری (جائداد جس پر بغیر کسی بالادست کی نگرانی کے قبضہ ہو ؛ جاگیرداری کی ضد) -

allodial,*a.*: متعلق بہ (مذکورۂ بالا) -

allodialism,*n.*: آزاد زمینداری کی حمایت -

allodialist,*n.*: آزاد زمینداری کا حامی -

allodially,*adv.*: آزادانہ طور پر -

Allogamy, *n.*: (نباتیات) قلم باندھنا ؛ ازدواج نباتی یا پیوند ؛ قلم بندی -

allonge,*n.*: [فرانسیسی] چٹ جو ہنڈیوں پر دی جاتی ہے تا کہ مزید تصدیقات اُس پر درج ہوسکیں -

Allopathy, *n.*: علاج بالضد -

allopathic,*a.*: متعلق بہ (مذکورۂ بالا) -

allopathically,*adv.*: علاج بالضد کے اصول کے مطابق -

allopathist,*n.*: علاج بالضد کا عامل -

Allophylian,*a.& n.*: غیر آرسامی ؛ وہ شخص جس کی مادری زبان نہ سامی ہو نہ آریائی -

Allot,*v.t.*: (۱) بانٹنا ؛ بٹوارا کرنا ؛ تقسیم کرنا ؛ حصہ دینا ؛ قرعہ ڈال کر تقسیم کرنا - (۲) مقرر کرنا ؛ متعین کرنا ؛ نامزد کرنا -

Allotheism,*n.*: غیر (یعنی دیسی یا دوسرے) دیوتاؤں کی پرستش -

Allotment,*n.*: (۱) تقسیم ؛ حصہ بخرہ ؛ بٹوارا ؛ نامزدگی ؛ تعین - (۲) قسمت ؛ مقسوم ؛ نصیب - (۳) حصہ مقررہ ؛ حصہ مفروضہ - (۴) قطعۂ اراضی (کاشت کے لیے) ؛ کھیت ؛ لوہر

Allotropy,*n.*: بہروپ ؛ طبیعی خواص کا تغیر (بغیر مادے کے تغیر کے) ؛ صوری تغیر -

allotropical,*a.*: صوری تغیر سے متعلق -

allotropically,*adv.*: صوری تغیر کی رو سے -

allotropism,*n.*: دیکھو ALLOTROPY -

Allottee,*n.*: جس کو حصہ دیا جائے ؛ حصہ پانے والا -

Allow, *v.t.*: (۱) ماننا ؛ تسلیم کرنا ؛ مقر ہونا ؛ قبول کرنا - (۲) (امریکی اِستعمال) رائے قائم کرنا ؛ قیاس کرنا - (۳) اجازت دینا ؛ ہونے دینا ؛ روا رکھنا - (۴) پڑ جانا (کسی شغل میں) - (۵) (*Intr.*) گنجائش ہونا ؛ سمائی ہونا - (۶) دینا (بندھی ہوئی رقم معین وقت پر) ؛ بندھی رقم دینا (مثلاً وظیفہ ، یومیہ ، پنشن وغیرہ) - (۷) وضع کرنا ؛ محسوب کرنا -

a. for: (کسی چیز کا) حق یا گنجائش رکھ لینا ؛ پیش نظر رکھنا ؛ ملحوظ رکھنا (حسب ضرورت کمی یا بیشی کو) -

allowable , *a.*: جائز ؛ واجبی ؛ قابل اجازت ؛ قابل تسلیم -

allowably , *adv.*: قابل تسلیم طریقہ پر ؛ بجا طور پر -

allowedly , *adv.*: مسلمہ طور پر -

Allowance,*n.*: (۱) اجازت ؛ پروانگی ؛ حکم منظوری - (۲) برداشت ؛ تحمل ؛ لحاظ - (۳) بھتا ؛ راتب ؛ وظیفہ ؛ علیہ ؛ پنشن ؛ الاؤنس - (۴) کمی ؛ وضعات ؛ تخفیف ؛ منہائی -

make a. for: دیکھو ALLOW FOR -

Allowance , *v. t.*: راتب دینا ؛ بندھی ہوئی مقدار میں کوئی چیز

دینا ؛ بھتّا دینا ؛ پیٹیا کردینا ؛ انتظام کردینا (خوراک وغیرہ کا) -

Alloy, *n.*: (۱) معیار (سیم و زر کا) - (۲) میل (جو سونے چاندی کے ساتھ ملایا جاوے)؛ کھوٹ ؛ غش ؛ ملاوٹ - (۳) بھرت ؛ مختلف دھاتوں کا مرکب -

Alloy, *v.t.*: (۱) ملونی کرنا ؛ کھوٹ ملانا ؛ آمیزش کرنا ؛ ملانا (اصلی دھات میں ادنیٰ دھاتیں) - (۲) بھرت کرنا ؛ مختلف دھاتیں ملانا - (۳) گھٹیا کردینا ؛ بد تر کر دینا ؛ بگاڑ دینا - (۴) معتدل کرنا ؛ چاشنی دینا ؛ تھوڑی سی آمیزش کرنا -

Allseed, *n.*: اُن مختلف پودوں کا نام جن میں کثرت سے بیج ہوتے ہیں ؛ بجیلا-

Allspice, *n.*: (۱) گرم فلفل جمیکا (جس میں کئی چیزوں یعنی دار چینی ، جائپھل اور لونگ کے مزے اور بو ہوتی ہے) - (۲) بعض اور خوشبو دار جھاڑیاں-

Allude, *v.i.*: کنایۃً کرنا؛ (کنایۃً) حوالہ دینا ؛ اشاروں کنایوں میں کہنا -

a. to: اشارہ ہونا ؛ مطلب ہونا ؛ معنی ہونا -

Allure, *v.t.*: (۱) للچانا ؛ حرص دلانا ؛ سبز باغ دکھانا ؛ ورغلانا- (۲) موہ لینا ؛ رجھا لینا ؛ لبھا لینا

allurement, *n.*: اغوا ؛ ترغیب ؛ لالچ؛ سبز باغ (دکھانا)-

Allusion, *n.*: تلمیح ؛ اشارہ ؛ کنایہ (کسی قصے وغیرہ کی طرف) -

Allusixe, *a.*: جس میں اشارہ یا کنایہ ہو ؛ پُر کنایہ ؛ کنایہ آمیز -

a. arms: ایسے اسلحے جن پر پہننے والے کے نام کا اشارہ ، مارکا یا نشانی ہو -

allusively, *adv.*: تلمیحاً ؛ کنایۃً ؛ بالکنایہ -

allusiveness, *n.*: کنایہ آمیزی -

Alluvion, *n.*: (۱) سیلاب؛ موجوں کی ٹکر (کناروں سے)؛ باڑھ- (۲) وہ مٹی جو سیلاب کے بعد جمع رہ جاتی ہے ؛ دریائی کھاد ؛ دریا برآمد مٹی - (۳) (قانون) نو بر آمد اراضی ؛ وہ جدید زمین جو پانی کے عمل سے بنی ہو ؛ دریا ساختہ اراضی ؛ دریا برآمد-

Alluvium, *n.*: وہ مٹی ، ریت ، وغیرہ جو سیلاب کے ذریعے سے آکر جمع ہوگئی ہو ؛ دریا بر آمد -

alluvial, *a.*: سیلابی -

Ally, *v.t.*: مربوط کرنا ؛ ملانا ؛ متحد کرنا ؛ جوڑنا ؛ متفق کرنا (دو چیزوں میں) رشتہ پیدا کرنا -

allied to: متعلق؛ علاقہ یا رشتہ رکھنے والی؛ متحدہ -

Ally, *n.*: شریک ؛ رفیق ؛ حلیف (شخص یا سلطنت وغیرہ)-

Ally, *n.*: سنگ مرمر وغیرہ کی کھیلنے کی گولی (انٹا)-

Alma(h), *n.*: مصری رقاصہ (مصری ناچنے والی)-

Almagest, *n.*: (۱) المجسطی؛ مجسطی (بطلیموس کی بڑی کتاب فلکیات پر) - (۲) نجوم اور کیمیا پر اور کتابیں - [لفظی معنے: " بزرگ ترین "]

Alma Mater, *n.*: مدارس اور جامعہ کے لیے کہتے ہیں؛مادر علمی- [لفظی معنے : " فیاض ماں "]

Almanac, *n.*: تقویم ؛ جنتری ؛ زیچ -

Almandine, *n.*: بنفشی رنگ کا قیمتی پتھر -

Almighty, *a.*: (۱) قادر مطلق -

A. God, the A.: خدا وند تعالیٰ؛ خدائے برتر- (۲) (عامیانہ) بڑا -

(۳) (*Adv.*) بہت زیادہ؛ کثرت سے؛ بافراط ؛ بہتات سے -

almightiness, *n.*: قدرت کاملہ ؛ قدرت مطلق -

Almond, *n.*: بادام ؛ بادامی شکل کا ؛ بادام نما -

A. tumbler: لوٹن (ایک قسم کا کبوتر)

Almoner (*or* almner), *n.*: مہتمم لنگر خانہ ؛ مہتمم خیرات خانہ -

Almost, *adv.*: تقریباً ؛ قریب قریب-

Alms, *n.*: (۱) بھیک ؛ خیرات ؛ دان پن ؛ زکوٰۃ - (۲) چندہ ؛ عطیہ -

a.-folk, almsman: خیرات خوار ؛ مساکین -

a.-giving: دان پن ؛ خیرات کرنا -

a.-house: خیرات خانہ ؛ محتاج خانہ ؛ لنگر خانہ ؛ دار المساکین -

Almug. دیکھو ALGUM -

Aloe, *n.*: (۱) ایلوا؛ صبر؛ عود العلیب وغیرہ ؛ ایلوے کا درخت (۲) (جمع میں) ایک مسہل دوا جو ایلوے کے عرق سے بناتے ہیں؛ مُصبّر - (۳) ایلوے کی قسم کے دوسرے درخت جیسے صبر امریکی ؛ عود وغیرہ -

Aloetic, *a. & n.*: صبری ؛ ایلوے دار ؛ جس میں ایلوا ہو -

Aloft, *adv. & pred.a.*: اونچا ؛ بلند ؛ ارفع ؛ اوپر کی طرف ؛ اونچائی کی جانب -

Alone, *pred.a. & adv.*: (۱) تنہا ؛ اکیلا؛ یکہ؛ فرد؛ یگانہ- جریدہ- (۲) تن تنہا ؛ تن واحد (جو کسی رائے میں اکیلا اور بے یار ہو) -

let, leave, a.: دخل نہ دینا؛ کسی کو اُس کے حال پر چھوڑ دینا؛ تعارض نہ کرنا ؛ جانے دینا

Along, *adv. & prep.*: (۱) کنارے کنارے ؛ ایک سرے سے دوسرے سرے تک - (۲) لمبائی میں - (۳) آگے ؛ سامنے ؛ سیدھے؛ جیسے *get a.* -

a.-ships: طولاً ؛ لمبائی میں (جہاز کے لیے) -

a.-shore: ساحل ساحل ؛ کنارے پر؛ ساحل کے قریب (ساحل یا کنارے کے ساتھ ساتھ) -

alongside: جہاز کے پہلو بہ پہلو ؛ نزدیک -

alongside of: پہلوبہ پہلو؛ برابر برابر؛ بغل میں؛ دوش بدوش (لغوی اور مجازی معنوں میں)-

a. with: ساتھ ساتھ ؛ معیت میں ؛ مع ؛ ہمراہی میں -

all a.: برابر ؛ ہمہ وقت -

Aloof, *adv. & pred. a.*: (۱)علیحدہ ؛ الگ ؛ دور ؛ فاصلے پر ؛ دور دور - (۲) (جہاز رانی) ہوا کے رخ -

aloofness, *n.*: الگ رہنا ؛ دور دور رہنا ؛ علیحدگی ؛ تنہائی -

Aloud, *adv.*: (۱) زور سے ؛ پکار کر ؛ چلا کر ؛ باآواز بلند- (۲) کھلم کھلا؛ علی الاعلان (سرگوشی کا ضد) - (۳) (بول چال) ظاہراً ؛ صریحاً ؛ علانیہ ؛ بداہتہً -

Alow, *adv.*: (جہاز رانی) نچلے حصے میں ؛ نچلے حصے کے اندر -

Alp, *n.*: (۱) پہاڑ کی چوٹی ؛ قلہ کوہ - (۲) (سوئٹزرلینڈ میں) پہاڑی چراگاہیں ؛ مرغزار (جو پہاڑ کے دامن میں ہوتے ہیں) -

Alps: آلپس پہاڑ (جو فرانس اور اٹالیا کو جدا کرتا ہے) -

Alpaca, *n.*: (۱) الپاکا (ایک قسم کا پشم دار جانور)؛ امریکی بھیڑ - (۲) الپاکا (کپڑا) -

Alpenstock,*n.*: آلپی چھڑی: آلپی عصا ، لمبی چھڑی جس میں لمبے کی نکیلی شام لگی ہوتی ہے اور جس کی مدد سے پہاڑ پر چڑھتے ہیں -

Alpha,*n.*: یونانی حروف تہجی کا پہلا حرف ؛ الف -
A. and Omega: (۱) اول و آخر؛ ابتدا انتہا -
A. Centauri: (۲) (فلکیات) کوکبہ کا سب سے روشن ستارہ ؛ نیر؛ جیسے الف قنطوروس ؛نیر قنطوروس -

Alphabet,*n.*: الف بے ؛ حروف تہجی ؛ ابجد - (۲) اولیات ؛ مبادی ؛ الف بے -
alphabetic,*a.*: حروف تہجی کے متعلق: ابجدی -

Alphabetical,*a.*: تہجی کے متعلق: ردیفی ؛ ابجدی؛ ردیف وار -
a. order: ترتیب تہجی؛ ردیفی ترتیب: ابجدی ترتیب: حروف تہجی یا ابجد کی ترتیب -
alphabetically,*adv.*: ردیف وار: تہجی کی ترتیب سے ؛ حروف ابجد کے طریقے پر: بہ طریق تہجی -

Alpine,*a.*: آلپس پہاڑ کے متعلق؛ آلپی (یا کسی دوسرے بلند پہاڑ کے متعلق) ؛ پہاڑی؛ کوہی -

Alpinist,*n.*: آلپ سیر؛ آلپ پیما؛ آلپس کا سیاح؛ آلپس پر چڑھنے والا -

Already,*adv.*: (۱) پہلے سے؛ قبل سے - (۲) اب تک؛ اُس وقت تک -

Alsatia,*n.*: (۱) السا س؛ دریائے رائن کے مغرب کا علاقہ جو فرانس اور جرمانیا میں مابہ النزاع رہا ہے - (۲) السا س؛ لندن کی ایک خانقاہ جو پہلے مجرموں کا مامن تھی (وہاں پہنچ کر مجرم قانون کی دست رس سے باہر ہوجاتا تھا) -
Alsatian,*a.*: السا سی -

Alsike,*n.*: ایک قسم کی تپتیا گھاس -

Also,*adv.*: بھی؛ نیز؛ ہم؛ اور؛ علاوہ؛ مزید؛ ما سوا -

Alt, *n.*: اونچا سُر؛ پنچم سے اوپر کے سُر -
in a.: پُر جوش -

Altar,*n.*: (۱) قربان گاہ - (۲) عشائے ربانی کی میز؛ مائدہ مقدسہ -
a.-cloth: (۱) بیدی پاٹ؛ قربان گاہ کا کپڑا؛ قربان گاہ پوش - (۲) ریشمی کپڑا جو عشائے ربانی یا عبادت کے وقت استعمال کیا جاتا ہے -
a.-piece: منقش پردہ (جو قربان گاہ کے پیچھے ہو) -
lead to the a.: عقد میں لانا ؛ نکاح کرنا؛ شادی کرنا -

Altarwise,*adv.*: قربان گاہ کی طرح -

Altazimuth,*n.*: ذات السمت والارتفاع؛ آلہ سمت و ارتفاع؛ ایک آلہ جس سے اجرام فلکی کی سمت (azimuth) اور ارتفاع (altitude) معلوم کرتے ہیں -

Alter,*v.t.&i.*: بدلنا؛ تبدیل ہونا؛ متغیر ہونا؛ تبدیل کرنا؛ چلنا -
alterability,*n.*: تغیر پذیری؛ بدلنے کی قابلیت -
alterable,*a.*: تبدل پذیر؛ تغیر پذیر -
alteration,*n.*: رد و بدل؛ تغیر؛ تبدیلی؛ تبدیل -

Alterative,*a.&n.*: (۱) تغیر جو؛ مائل بہ تبدیلی؛ راجع بہ تغیر؛ جس میں تبدیلی کا رجحان پایا جائے - (۲) (طب) دوا ؛ علاج (جس سے اعمال ہاضمہ بدلے جائیں) -

Altercate,*v.i.*: لڑائی جھگڑا کرنا؛ سب و شتم کرنا؛ بحثنا؛ تو تو میں میں کرنا -
altercation,*n.*: جھڑپ؛ جھگڑ؛ راڑ؛ بحث؛ تو تو میں میں؛ مناقشہ -
alter ego,*n.*: (۱) ہمزاد - (۲) جانی دوست؛ ایک جان دو قالب -

Alternant,*a.&n.*: (۱) معدنیات) کلتے دار؛ موشح (ایک قسم کے پرت کے بعد دوسری قسم کے پرت کا سلسلہ) ؛ پرت دار (۲) مقدار متبادل - (۳) متبادل -

Alternate,*a.*: نوبتی ؛ باری دار ؛ دو قسم کی چیزوں کا یکے بعد دیگرے سلسلہ -
alternately,*adv.*: باری باری سے؛ متبادل طریقے پر -

Alternate,*v.t.& i.*: (۱) باری باری سے رکھنا یا کرنا - (۲) باری باری سے ایک چیز کو دوسری چیز سے بدلنا - (۳) باری باری سے ہونا - (۴) متبادل اجزا رکھنا؛ متبادل اجزا پر مشتمل ہونا - (۵) باری باری سے ظاہر ہونا؛ نوبت بہ نوبت آنا -
alternation,*n.*: تبادل وغیرہ - دیکھو ALTERNATE,*vb.*

Alternative,*a.& n.*: (۱) (دو چیزوں کے متعلق) دو میں سے ایک؛ یہ یا وہ - (۲) دوسری صورت ؛ طریقۂ آخر- (۳) اختیار؛ انتخاب؛ عوض؛ بدل؛ (دو میں سے ایک کا انتخاب) - (۴) چارۂ کار؛ سبیل؛ صورت - (۵) کئی امکانات میں سے ایک؛ ایک صورت -
alternatively,*adv.*: بصورت دیگر؛ بطریق آخر -

Although,*conj.*: اگرچہ؛ باوجودیکہ؛ ہر چند؛ گو -

Altimeter,*n.*: ارتفاع پیما -

Altitude,*n.*: (۱) بلندی؛ ارتفاع؛ اونچائی - (۲) گہرائی؛ عمق - (۳) (ہندسہ) خط عمودی کا طول یا ارتفاع - (۴) سطح بحر سے بلندی- (۵) (جمع میں) اونچی جگہیں؛ اونچائیاں؛ بلند مقامات؛ نواز؛ مرتفع سطحیں - (مجازاً) رفعت؛ عظمت؛ بزرگی -

Alto,*n.*: (موسیقی) (۱) اونچے پاٹ کی (یا بڑی پاٹ دار) مردانہ آواز - (۲) ایسی آواز کا گیت- (۳) اُسی پاٹ کی زنانہ آواز - (۴) پاٹ دار آواز میں گانے والا -
a.- clarinet: اونچے سُر والا الغوزا -
a.- viola: اونچے سُر والا بیلا ؛ بڑا بیلا -

Altogether, *adv.& n.*: (۱) سب ملا کر؛ لے دے کر؛ کل ملاکر؛ جملہ - (۲) بحیثیت کل؛ من حیث الکل؛ بحیثیت مجموعی؛ بالکل؛ تمام تر -
an a.: ایک پورا؛ ایک مجموع؛ ایک کل -

Alto-relievo,*n.*: ابھری ہوئی تصویر یا مورت ؛ بہت اُبھری ہوئی منبت کاری -

Altruism,*n.*: ایثار؛ بے نفسی؛ دوسروں کی بہبودی کا جذبہ -
altruist,*n.*: صاحب ایثار -
altruistic,*a.*: بے غرضانہ؛ ایثار آمیز -
altruistically,*adv.*: بے غرضانہ؛ حسبۃً للہ -

Alum,*n.*: (۱) پھٹکری؛ زاج - (۲) نمک جس میں پھٹکری ہو؛ زاجی نمک - (۳) زاج آگیں مرکبات؛ زاج آمیز - (۴) (معدنیات) مختلف معدنیات؛ اصلی اور نقلی پھٹکری ؛ احجار الشب -

Alumina,*n.*: الومینا ؛ الومینم اور آکسیجن کا مرکب جو ایک قسم کی مٹی ہے -

Aluminium,*n.*: الومینیم ؛ زاجینہ ایک قسم کی دھات جس کے برتن وغیرہ بناتے ہیں اور بطور ملواں دھات کے استعمال کرتے ہیں -
a. bronze: جست اور الومینیم کا بھرت -

Aluminous,*a.*: پھٹکری کا سا؛ شبی ؛ زاجی؛ زاجینہ

alumnus,*n.* (pl.-*ni*): طالب علم (مدرسہ یا جامعہ کا)؛ شاگرد؛ تربیت یافتہ ۔

Alveolate,*a.*: خانہ دار؛ مشبک؛ مہال کے چھتے کا سا ۔

Alveolus,*n.*: (۱) چھوٹا خانہ ۔ (۲) دانت کا کھو؛ دانت بیٹھک؛ دانت کی تھلی (جس میں دانت بیٹھا ہوا ہوتا ہے)

alveolar,*a.*: (۱) شہد کے چھتے کا خانہ ۔ (۲) ایک قسم کی مچھلی کا مخروطی نوکدار حصہ؛ اوپر کے دانتوں کی جڑوں یا تقلیوں سے متعلق ۔

Always, *adv.*: (۱) ہمیشہ؛ سدا؛ مدام؛ نت ۔ (۲) ہر وقت؛ ہر موقع پر ۔

Am, *v. subst., cop., & aux.*: (میں) ہوں ۔ دیکھو ۱۱۴

Amadou,*n.*: شتابہ؛ جو جلانے اور خون بند کرنے کے کام آتا ہے (ایک قسم کا آتش گیر مرکب) ۔

Amain, *adv.*: (۱) (شاعری؛ متروک) زور سے؛ شدت سے ساتھ؛ تندی سے ۔ (۲) بہت جلدی؛ جلدی سے؛ ترت ۔

Amalgam *n.*: (۱) ممزوج؛ ملغم (کسی دھات کا مرکب پارے کے ساتھ)؛ سیمابی ممزوج ۔

gold a.: طلا ملغم؛ سونے کا سیمابی ممزوج ۔

(۲) ممزوج؛ گڈی (کچھ چیزوں کا ملائم ممزوج) ۔ (۳) مجازاً بھی استعمال ہوتا ہے ۔

Amalgamate,*a.*: ملغم؛ ممزوج؛ مخلوط؛ ملا ہوا؛ ملی جلی (خاص کر زبانوں کے لیے) ۔

Amalgamate, *v.t. & i.*: (۱) ملانا؛ ملنا؛ آمیزش کرنا یا ہونا ۔ (۲) متحد کرنا؛ مربوط کرنا؛ مخلوط کرنا؛ (فرقوں؛ جماعتوں؛ خیالات؛ وغیرہ کو) ۔ (۳) (دھاتوں کے متعلق) پارے کے ساتھ ملانا ۔

amalgamation,*n.*: آمیزش؛ امتزاج؛ اختلاط ۔

amalgamative,*a.*: جس میں ملانے کی خاصیت ہو؛ امتزاج کرنے والا؛ سمونے والا ۔

amalgamator,*n.*: آمیزندہ؛ خلط کرنے والا؛ ملانے والا ۔

Amanuensis, *n.* (pl. -*nses*): منشی؛ کاتب؛ لکھنے والا؛ املا نویس (جو سن کر لکھے) ۔

Amarant(h),*n.*: (۱) سدا بہار پھول (وہ پھول جس کے متعلق خیال ہے کہ کبھی نہیں مرجھاتا) ۔ (۲) پھولوں کی ایک قسم؛ گل اشرفی؛ گل دیسم ۔ (۳) ارغوانی (رنگ) ۔

amarant(h)ine,*a.*: سدا بہار ۔

Amaryllis,*n.*: بصل نما درختوں کی نوع؛ امرولیسی (ایک یونانی لڑکی کے نام سے مشتق ہے) ۔

Amass,*v.t.*: (۱) ڈھیر لگا دینا؛ انبار لگا دینا؛ اکٹھا کرنا ۔ (۲) فراہم کرنا؛ جمع کرنا؛ سمیٹنا؛ بٹورنا (دولت وغیرہ کا) ۔

Amateur, *n.*: (۱) شوقین ۔ (۲) جو کسی فن کو محض تفریح کی غرض سے سیکھے؛ اناڑی؛ شائق فن ۔

amateurish,*a.*: شوقیہ ۔

amateurishly,*adv.*: شوقیہ؛ اناڑیوں کی طرح ۔

amateurishness, *n.*: شوقین پنا؛ اناڑی پن ۔

amateurism,*n.*: شوقینی؛ اناڑی پن ۔

Amative,*a.*: عاشق مزاج ۔

amativeness,*n.*: عاشق مزاجی ۔

Amatory,*a.*: عاشقانہ؛ شہوانی ۔

amatorial,*a.*: عشق انگیز؛ عشقیہ؛ شہوانی ۔

Amaurosis, *n.*: کلی یا جزوی فقدان بصر؛ پورا یا تھوڑا اندھا پن؛ کمنہ؛ تمر؛ کم بینائی ۔

amaurotic,*a.*: کم بینا؛ ناقص البصری کا ۔

Amaze,*v.t.*: متحیر کرنا؛ اچنبھا پیدا کرنا؛ استعجاب میں ڈالنا؛ ہکا بکا کر دینا

amazedly,*adv.*: متحیرانہ ۔

amazement,*n.*: استعجاب؛ تحیر؛ حیرت؛ اچنبھا ۔

amazingly,*adv.*: حیرت انگیز طور پر؛ عجیب طریق سے ۔

Amaze, *n.*: دیکھو AMAZEMENT ۔

Amazon, *n.*: (۱) قدیم یونانیوں کے نزدیک ممالک سیتھیا یا تاتار کی دیو قوت جنگجو عورت؛ مرد نما عورت؛ امیزن؛ دیونی ۔ (۲) (لغوی اور مجازی معنوں میں) مردانہ عورت ۔

Amazonian, *a.*: دیونی کی سی؛ امیزنی ۔

Ambages, *n.pl.*: (جمع) چکر؛ ہیر پھیر کے رستے؛ بھول بھلیاں؛ ایچ پیچ کی راہیں ۔

Ambassador,*n.*: (۱) سفیر؛ ایلچی ۔ (۲) سفیر مختار؛ قنصل؛ ایلچی (جو مستقلاً ایک سلطنت کی جانب سے دوسرے میں مقیم ہو) ۔

A. Plenipotentiary: وکیل مختار؛ سفیر با اختیار (جسے صلح نامے وغیرہ پر دستخط کرنے کا اختیار دیا گیا ہو) ۔

Ordinary A.: معمولی سفیر ۔

Resident A.: سفیر مقیم ۔

ambassadorial,*a.*: سفارتی؛ ایلچی کی خدمت سے متعلق ۔

Ambassadress,*n.*: (۱) سفیرہ؛ ایلچن ۔ (۲) سفیر کی بیوی؛ سفیرنی ۔

Amber,*n.*: کہربا ۔

a Fauna: کہربادی حیوانیہ؛ وہ حیوانات جن کے آثار کہربا میں پائے جاتے ہیں ۔

a. Flora: کہربادی نباتیہ؛ وہ نباتات جن کے آثار کہربا میں پائے جاتے ہیں ۔

Ambergris,*n.*: کچا عنبر؛ ابلیم (ایک قسم کا مومی مادہ جو گرم سمندروں میں تیرتا ہوا پایا جاتا ہے ۔ نیز بعض قسم کی مچھلیوں کی آنتوں میں ہوتا ہے؛ کھانے میں ڈالتے ہیں) ۔

Ambidexter,*a. & n.*: (۱) بیں ہتھا؛ جس کا بایاں ہاتھ دائیں ہاتھ سے زیادہ چلتا ہے ۔ (۲) دو رنگی؛ دغا بازی؛ دُغلا پن ۔

ambidexterity,*n.*: بیں ہتھا پن ۔

Ambidext(e)rous,*a.*: بیں ہتھا ۔

ambidextrously, *adv.*: بیں ہتھے پن سے ۔

ambidextrousness, *n.*: بیں ہتا پن؛ دُہتا پن؛ دُغلا پن ۔

Ambient, *a.*: محیط؛ گھرا ہوا؛ محصور ۔

Ambiguity,*n.*: (۱) ابہام ۔ (۲) گول بات؛ مبہم جملہ؛ ذو وجہین؛ ذو جہتین؛ ذو معنی (بات وغیرہ) ۔

Ambiguous,*a.*: (۱) مشکوک؛ گنجلک؛ غیر واضح؛ مگھم؛ مبہم؛ گول مول ۔ (۲) مجہول النوع (جس کے متعلق شک ہو کہ کس قسم کا ہے)؛ نا معلوم الجنس ۔ (۳) مشتبہ؛ مجہول (بہ لحاظ نتیجہ) ۔

ambiguously,*adv.*: مبہم طور پر؛ ابہاماً ۔

ambiguousness,*n.*: مشکوکیت؛ گنجلک؛ ابہام؛ مگھم پن ۔

Ambit,*n.*: (۱) مضافات؛ نواح؛ سواد ۔ (۲) حدود؛ چوحدی ۔ (۳) حد؛ وسعت؛ پھیلاو؛ گردا؛ گھیرا ۔

Ambition, *n.*: (۱) حب جاہ؛ ہوس؛ حوصلہ؛ امنگ - (۲) من چلا پن؛ بلند ہمتی؛ عالی حوصلگی؛ فراخ ہمتی؛ اولوالعزمی - (۳) مدعا؛ غایت؛ مدّنہا -

Ambitious, *a.*: (۱) امنگ بھرا؛ من چلا؛ اولوالعزم؛ حوصلہ مند؛ جاہ طلب؛ بوالہوس - (۲) آرزو مند؛ مشتاق - (۳) حوصلہ مندانہ؛ اولوالعزمانہ -

ambitiously, *adv.*: ہوس مندانہ؛ بلند ہمتی سے؛ اولوالعزمانہ -

ambitiousness, *n.*: من چلا پن؛ اولوالعزمی؛ آرزومندی؛ حوصلہ مندی -

Amble, *v.i.*: (۱) دوگامہ چلنا؛ گھوڑے کی وہ چال جس میں ایک طرف دونوں پانو ساتھ اٹھتے ہیں - (۲) دوقدما چلنا؛ دوگامہ چلانا؛ (گھوڑے کو) ہلکے چلانا؛ آسانی سے چلانا؛ پو قدما لے جانا - (۳) پوقدما چلنا (آدمی کا)؛ دوگامہ چلنا؛ اس طرح چلنا جس طرح گھوڑے کی دوگامہ چال ہوتی ہے -

Amble, *n.*: (۱) دوگامہ؛ دوقدمہ - (۲) سبک رفتاری -

Amblyopia, *n.*: ضعف بصر -

amblyopic, *a.*: ضعیف البصر -

Ambo, *n.* (*pl. -bos, -bones*): منبر (قدیم گرجاوں کا) -

Amboyna (wood), *n.*: جزیرہ امبوئینا کی لکڑی؛ ایک قسم کی لکڑی جس پر قدرتی نقش بنے ہوتے ہیں -

Ambrosia, *n.*: (۱) (دیو مالا) دیوتاوں کی غذا؛ دیو بھوج؛ امرت - (۲) لذیذ؛ خوشبودار چیز؛ نعمت؛ موہن بھوگ؛ من و سلویٰ - (۳) پھولوں کا زیرہ (جو شہد کی مکھیاں کھاتی ہیں)؛ زرگل -

Ambrosial, *a.*: (۱) مہکتی ہوئی؛ معطر - (۲) خدائی؛ ربانی؛ دیوتاوں کی یا ان کے لایق -

Ambry, *n.*: (۱) (متروک) مودی خانہ؛ بھنڈار - (۲) گرجا کی بخاری؛ کولکی -

Ambs-ace, *n.*: (۱) دوکانے؛ پوکی دو اکائیاں (سب سے چھوٹا دانو ہے) - (۲) کھوٹی قسمت؛ تقدیر کا ہیٹا پن؛ کم نصیبی - (۳) نالائقی؛ ناقابلیت؛ نکما پن؛ نا کارہ پن -

Ambulance, *n.*: (۱) سفری شفاخانہ؛ جنگی ہسپتال (جو فوج کے ساتھ ساتھ جاتا ہے) - (۲) بیمار ڈولی یا گاڑی؛ زخمیوں کی گاڑی یا ڈولی -

Ambulatory, *a. & n.*: (۱) رواں؛ خراماں؛ چلنے کا؛ مشی سے متعلق - (۲) جو چلنے کے لیے موزوں بنایا گیا ہو - (۳) انتقال پذیر؛ اٹھاؤ؛ سفری - (۴) عارضی؛ چند روزہ؛ غیر مستقل - (۵) چہل قدمی کی جگہ؛ ٹہلنے کی جگہ؛ سیر گاہ - (۶) چھتا؛ محراب دار چھتا؛ غلام گردش -

Ambuscade, *n.*: کمین گاہ؛ گھات کی جگہ؛ گھات -

Ambuscade, *v.t. & i.*: گھات میں بیٹھنا؛ کمین گاہ میں بیٹھنا؛ گھات یا تاک لگانا -

Ambush, *n.*: (۱) کمین؛ گھات؛ گھات میں لگی یا بیٹھی فوج - (۲) (عام معنوں میں) گھات؛ تاک -

lay an a., make an a.: گھات لگانا - کمین گاہ بنانا؛

lie in a.: کمین میں بیٹھنا؛ گھات میں رہنا -

Ambush, *v.t. & i.*: (۱) چھپانا؛ گھات لگانا؛ کمین گاہ میں بٹھا رکھنا (صرف فوجوں کو) - (۲) گھات میں بیٹھنا؛ تاک میں رہنا؛ تاک لگانا -

âme damnée, *n.*: گرگا؛ پٹھو؛ آلۂ کار -

Ameer, Amir, *n.*: امیر (سندھ اور افغانستان کے حکمرانوں کا لقب)؛ حاکم -

Ameliorate, *v.t. & i.*: بہتر بنانا؛ اصلاح کرنا؛ اچھا کرنا؛ سدھارنا؛ درست کرنا -

amelioration, *n.*: سدھار؛ درستی؛ بہتری؛ صلاح و فلاح؛ رفاہ -

ameliorative, *a.*: اصلاحی؛ موجب فلاح؛ رفاہی -

ameliorator, *n.*: بہتر بنانے والا؛ اصلاح کرنے والا؛ ترقی دینے والا -

Amen, *int.*: آمین -

Amenable, *a.*: (۱) (آدمیوں کے لیے) ضامن؛ ذمہ دار؛ جواب دہ (عدالت کے روبرو) - (۲) قابل آزمایش (جو آزمایا جاسکے) - (۳) اطاعت پذیر؛ اثر پذیر -

amenability, *n.*: صلاحیت؛ ذمہ داری؛ جوابدہی -

amenableness, *n.*: صلاحیت؛ اطاعت پذیری؛ اثر پذیری -

amenably, *adv.*: اثر پذیری سے -

Amend, *v.i. & t.*: (۱) سیدھی راہ پر آنا؛ تایب ہونا؛ توبہ کرنا - (۲) (متروک) تندرست ہونا؛ صحت کا درست ہونا - (۳) ترمیم کرنا؛ اصلاح کرنا (قانونی کاغذات یا پارلیمنٹ کی قرارداد وغیرہ)؛ ٹھیک کرنا؛ صحیح کرنا؛ درست کرنا - (۴) درست کرنا؛ اصلاح کرنا؛ بہتر بنانا؛ سدھارنا -

amendable, *a.*: ترمیم پذیر؛ قابل اصلاح -

amendment, *n.*: ترمیم؛ اصلاح؛ ردوبدل -

amende honorable, *n.*: معذرت یا معافی؛ تلافی یا مکافات؛ ہرجانہ -

Amends, *n.*: بحالی؛ بازدہی؛ تلافی؛ تاوان؛ بدلا؛ مکافات؛ معاوضہ -

make a.: تلافی کرنا؛ ڈنڈ بھرنا؛ مکافات دینا -

Amenity, *n.*: (۱) خوش گواری؛ خوش آیند ہونا؛ لطف؛ پر لطف ہونا (اشخاص یا مقامات کا) - (۲) خوش اطواری؛ خوش اخلاقی؛ خوش مزاجی (جمع میں) -

a mensa et toro, *adv.*: ایلا؛ انفصال زن و شو؛ زن وشو کی تفریق؛ (لغوی معنی کھانے اور بستر سے) -

amentum, ament, *n.*: (نباتیات) آویزہ (اُن درختوں کو کہتے ہیں جن کے پھول جھمکے کی طرح لٹکتے رہتے ہیں) -

amentaceous, *a.*: آویزانی -

amentiferous, *a.*: آویزہ دار -

amentiform, *a.*: آویزہ پیکر -

Amerce, *v.t.*: (۱) جرمانہ کرنا؛ ڈانڈ لینا - (۲) (عام معنوں میں) سزا دینا -

amercement, amerciament, *nn.*: جرمانہ؛ ڈانڈ؛ ڈنڈ -

amerciable, *a.*: قابل جرمانہ -

American, *a. & n.*: (۱) امریکی؛ امریکانی - (۲) یوروپی نسل کا امریکی باشندہ - (۳) امریکا کا شہری -

A. cloth, A. leather: امریکی موم جامہ یا روغن جامہ (میز پوش وغیرہ کے لیے) -

Americanism, *n.*: (۱) امریکی محاورہ (وہ لفظ یا جملہ جو خاص کر امریکا میں بولا جاتا ہو) - (۲) امریکا کے ساتھ لگاو یا ہمدردی؛ امریکا پسندی؛ امریکا پرستی -

Americanize, *v.t. & i.*: (۱) امریکی بننا یا بنانا؛ امریکانا؛ امریکی بن جانا (باعتبار سیرت کے) - (۲) امریکی محاورات بولنا -

Ames-ace : دیکھو AMBS-ACE

Amethyst, n.: ارغوانی یا بنفشی رنگ کا قیمتی پتھر؛ یا قوت جمری؛ جمست -

Oriental A. : نیلم -

amethystine, a.: نیلمی -

Amiable, a.: (۱) لطف سے پیش آنے والا - (۲) قابل محبت؛ قابل العف؛ دلاویز؛ دلکش -

amiability, n.: تلطف؛ دلکشی؛ دلاویزی؛ دلنوازی -

amiableness, n.: لطف؛ محبت -

amiably, adv.: از راہ لطف؛ لطف آمیزانہ یا دلاویزانہ طور پر -

Amiant(h)us, n.: (۱) ایک ریشہ دار معدنی شے؛ فتیل - (۲) ریشہ دار زبرجد؛ لھسنیا -

Amic, a.: (کیمیا) امونیاوی؛ امونیا (ammonia) سے متعلق -

Amicable, a.: آپس داری کا؛ محبانہ؛ دوستانہ -

amicability amicableness, nn.: آپس داری؛ یگانگی؛ یگانگت؛ دوستی؛ وداد -

amicably, adv.: آپس داری کے طریق پر؛ یگانہ وار؛ دوستانہ طور پر؛ آشتی سے -

Amice, n. عصابہ (ایک چوکھنٹا سفید کپڑا جو عیسائی پادری مذھبی رسم ادا کرتے وقت سر پر اوڑھتے تھے اور اب شانوں پر اوڑھتے ھیں)-

Amice, n.: (۱) کلاہ؛ ردا؛ لفہ؛ چادر (جو پادری اوڑھتے ھیں) - (۲) بلّا (جو فرانسیسی قسیس بائیں بازو پر باندھتے ھیں) -

amicus curae, n. : خیر خواہ عدالت؛ بے لاگ مشیر؛ بے غرض صلاح کار؛ عدالت کو ایسا مشورہ دینے والا جسے معاملے سے کوئی غرض نہ ہو-

Amid, Amidst, prep.: (۱) بیچ میں؛ درمیان میں (مجازاً اور لغوی)- (۲) سلسلے میں؛ دوران میں؛ ضمن میں -

Amidin, n.: (۱) نشاستہ کا حل پذیر جز - (۲) محلول نشاستہ -

Amidships, adv.: جہاز کے بیچ یا وسط میں؛ جہاز کے درمیانی حصے میں -

Amir, n.: دیکھو AMEER -

Amiss, adv. & pred.a. : (۱) ناقص؛ جس میں کسر یا خلل یا کوتاھی ھو - (۲) بے موقع؛ بے محل؛ بے تکا - (۳) غلطی سے؛ غلط فہمی سے - (۴) خلاف توقع؛ خلاف مزاج؛ ناموافق -

come a.: ناموافق ھونا؛ غیر موزوں ھونا؛ بے محل ھونا-

not a.: موزوں؛ مناسب؛ بر محل؛ بے خلل؛ بے لاگ -

take a.: برا ماننا؛ ناراض ھونا (غلط فہمی کی بنا پر)-

Amity, n.: میل جول؛ دوستی؛ محبت؛ ارتباط؛ دوستانہ تعلقات -

Ammeter, n.: امپیر پیما؛ برقی رو ناپنے کا آلہ -

Ammonia, n.: (۱) امونیا؛ ایک قسم کی تیز بو رکھنے والی گیس - (۲) (کیمیا) امونیاوی مرکبات؛ امونیات (جو امونیا کی طرح ھوتے ھیں)-

Liquid a.: امونیاوی پانی؛ وہ پانی جس میں امونیا گیس ملی ھوئی ھو -

Ammoniac, a. & n.: (۱) امونیاوی؛ امونیا کی قسم کی -

Sal A.: نوشادر -

Gum A.: کندرہ بیروزہ؛ گوند کی سی ایک چیز جو بطور دوا کے اور جوڑنے کے لیے استعمال کرتے ھیں -

ammoniacal, a.: امونیاوی؛ امونیا کی طرح -

Ammoniated, a.: امونیا آمیز؛ امونیاوی ھوئی؛ جس میں امونیا ملا ھو -

Ammonite, n.: امونی؛ سخت خول اور ملائم جسم والے حشرات کی ایک قسم جو زیر زمیں پائی جاتی ھے -

Ammunition, n.: گولا بارود؛ میگزین؛ ذخائرِ حرب -

a. boots : فوجی بوٹ -

a. bread : فوجی روٹی (جو سپاھیوں کو دی جاتی ھے) -

a. hat: فوجی ٹوپی -

Amnesia, n.: نسیان؛ بھول؛ حافظے کا جاتا رھنا -

Amnesty, n., & v. t.: (۱) چشم پوشی؛ اِغماض؛ تجاھل - (۲) عام معافی؛ امان؛ عفو عام- (۳) (*Trans.*) امان یا عام معافی دینا-

Amnion, n. (pl. –ia): سب سے نیچے کی یعنی اندر کی جھلی جس میں جنین ملفوف ھوتا ھے؛ غلاف جنین؛ برقع جنین؛ امنیون -

Amoeba, n.: امیبا؛ بدلو؛ ایک قسم کا ایک خلوی (خوردبین ھی سے دکھائی دینے والا) کیڑا جو ھمیشہ اپنی شکل بدلتا رھتا ھے-

amoebiform, a.: بدلیہ یا امیبا شکل -

amoeboid, a.: امیبا نما؛ بدلونما یا حوینی -

Amoebaean, a.: سوالی جوابی -

Amoebaeum, n.: سوالی جوابی نظم؛ نظم سوال و جواب جس میں دو شخص باری باری سے گفتگو کرتے ھیں "گفتم گفتا"-

Among, Amongst, prep.: (۱) درمیان؛ مجمع میں؛ گروہ میں؛ حلقے میں - (۲) من جملہ؛ شامل؛ داخل (کسی گروہ میں) - (۳) درمیان میں - (۴) مقابلہ میں؛ نسبت سے؛ جیسے: *one a. many* - (۵) مل کر؛ شرکت سے؛ با ھم دیگر؛ جیسے: *kill him a. you* - (۶) آپس میں؛ باھم جیسے *quarrelled a. themselves* -

Amoral, a.: اخلاق سے بے تعلق؛ خیر و شر سے بے تعلق -

Amorous, a.: (۱) عشق باز؛ عاشق مزاج - (۲) عاشق؛ شیدائی؛ فریفتہ - (۳) عاشقانہ؛ عشقیہ -

amorously, adv.: عشق بازانہ؛ عاشقانہ -

amorousness, n.: تعشق؛ عاشق مزاجی -

Amorphous, a.: (۱) بے شکلا؛ غیر متشکل - (۲) خلاف قاعدہ؛ ان ریت؛ غیر طبعی - (۳) (کیمیا) نقلما؛ جس سے قلم نہ بن سکے (نا اور قلم)- (۴) بے ترتیب؛ بھنگم؛ غیر منتظم -

Amorphism, n.: نقلمیت (نا اور قلمیت) -

amorphousness, n.: بے قلم ھونا؛ نقلماپن -

Amortize, v. t.: (۱) جائداد کا وقفی انتقال کرنا؛ جائداد کا کسی جماعت کے نام وقف کرنا - (۲) (قرضہ) چکانا؛ بے باق کرنا (ذخیرہ ادائی کے ذریعے سے) -

amortization, n.: بے باقی؛ جائداد کا وقفی انتقال -

Amount, v. i.: (۱) (حساب میں) میزان آنا؛ ھونا (میزان یا شمار میں)؛ کل (اتنا) ھونا جیسے کل ۵ روپے ھوتے ھیں: *It amounts to Rs. 5* - (۲) مرادف ھونا؛ معنی ھونا؛ مساوی ھونا (معنے کے اعتبار سے)-

Amount, n.: (۱) گنتی؛ رقم؛ شمارہ؛ تعداد؛ میزان؛ جمع - (۲) پوری اھمیت؛ اصلی اھمیت؛ قدر اصلی - (۳) مقدار -

Amour, n.: (۱) عشق بازی (کا معاملہ)؛ معاشقہ؛ عشق و عاشقی- (۲) آشنائی؛ (نا جائز) تعلق -

Amourette, n.: تاک جھانک؛ نظر بازی -

amour-propre n.: خود پسندی؛ خود بینی -

Ampelopsis, *n.*: انگور کی بیل کی قسم -

Ampere, *n.*: (برقیات) ایمپیر ؛ برقی رو کی اکائی -

Ampersand, *n.*: اِس نشان " & " کا نام (جو اور کے لیے آتا ھے)-

Amphi-: (سابقہ) دونوں قسم ؛ دونوں قسم کا ؛ دونوں طرف ؛ دو رخ ؛ گرد -

Amphibia, *n.pl.*: (جمع) جل تھلیا؛ جل بھومیا (جانور جو خشکی اور تری دونوں میں رھتا ھو) -

Amphibian, *a & n.*: جل تھلی ؛ جل بھومی -

Amphibiology, *n.*: خشکی اور تری دونوں کے رھنے والے جانوروں کا علم -

Amphibious, *a.*: جل بھومی؛ جل تھلی (جس کا تعلق خشکی اور تری دونوں سے ھو)-

Amphibology, *n.*: (۱) توریہ ؛ التباس کلام ؛ پہلو دار بات - (۲) مبہم لفظ؛ مگھم بات یا گول مول الفاظ -

amphibological, *a.*: پہلو دار -

Amphictyons, *n.pl.*: (جمع) یونانی قدیم ریاستوں کے نمائندگان مجلس ؛ نائبین -

Amphictyonic, *a.*: نیابتی ؛ مندوبی -

Amphigam, *n.*: (نباتیات) وہ پودا جس میں کوئی خاص نر مادہ کی علامت نہ ھو؛ دُجنسا (دو + جنس) -

amphigamous, *a.*: دُجنسی -

Amphigouri, Amphigory, *n.*: بے ربط ؛ مہمل ؛ ایسی عبارت یا نظم جس کے لفظ شاندار ھوں مگر مطلب کچھ نہ ھو -

Amphioxus, *n.*: ایک قسم کی مچھلی -

Amphipoda, *n.pl.*: (جمع) دو گون پایہ (دو + گون + پایہ) ؛ سخت خول والے جانوروں کی ایک قسم جس میں دو قسم کے پیر ھوتے ھیں -

ampnipod, *n.*: دو گون پایہ خار پوست-

amphipodan, amphipodous, *aa.*: دو طرح کے پانو والا؛ دو گون پایہ -

Amphiprostyle, *a.*: دو رو سایہ (دو + رو + سایہ)؛ وہ چھت جس کے دونوں طرف برساتی ھو -

Amphisbaena, *n.*: (۱) دُمنہا؛ قصّوں کا فرضی سانپ جس کے دو مُنہ ھوتے ھیں - (۲) (حیوانیات) رینگنے والی چھپکلی کی قسم -

Amphitheatre, *n.*: (۱) بیضوی یا مدور عمارت جس میں چاروں طرف ایک کے پیچھے ایک اور ایک دوسرے سے بلند نشستیں ھوتی ھیں ؛ گول تماشا گاہ ؛ گول گھر - (۲) دنگل ؛ اکھاڑا -

amphitheatrical, *a.*: گول گھر کا -

Amphitryon, *n.*: میزبان ؛ صاحب خانہ -

Amphora, *n.*: دو دستہ ظرف ؛ یونانی یا رومی برتن جس میں دو دستے ھوتے تھے -

Amphoric, *a.*: (طب) دیگ دمہ (دمی) ؛ قدری (آواز)؛ اُس آواز کی طرح جو چھوٹے مُنہ والے برتن میں پھونکنے سے پیدا ھو -

Ample, *a.*: (۱) کھلا ھوا ؛ فراخ ؛ کشادہ ؛ وسیع - (۲) زیادہ؛ وافر؛ کثیر- (۳) کافی ؛ ضرورت بھر کا

ampleness, *n.*: بہتات؛ کثرت ؛ کفات؛ وسعت؛ فراخی -

amply, *adv.*: کافی ؛ کافی طور سے ؛ کثرت کے ساتھ -

Ampliative, *a.*: (منطق) تشریحی ؛ توضیحی؛ جو ایک سادہ خیال کو بہت پھیلاے -

Amplification, *n.*: (۱) توسیع؛ بڑھاو؛ پھیلاو؛ پوری وسعت دینا - (۲) کسی چیز سے انتہائی فائدہ اُٹھانا ؛ کامل اِفادہ -

Amplify, *v.t.& i.*: (۱) اضافہ کرنا؛ بڑھانا؛ زیادہ کرنا - (۲) طول دینا ؛ بڑا کرنا ؛ اطناب ؛ دراز کرنا (قصّے یا بیان کو)- (۳) تحریر یا تقریر کو طول دینا ؛ (بات کو) تفصیل سے بیان کرنا -

Amplitude, *n.*: (۱) چوڑائی ؛ فراخی ؛ عرض- (۲) کثرت ؛ زیادتی ؛ وفور؛ بہتات - (۳) وسعت (حدود یا اطلاق کی) - (۴) شان ؛ عزت ؛ وقار - (۵) (فلکیات) سعت ؛ اجرام فلکی کا وہ بعد جو اُن کے طلوع و غروب کے وقت اُفق کے مشرقی اور مغربی نقطے سے ظاھر ھوتا ھے -

Ampulla, *n.*: (۱) (رومی) دو دستی صراحی ؛ ایسی صراحی جس میں دو دستے ھوں - (۲) پاک برتن ایسے جو مقدس کاموں کے لیے مخصوص ھوں - (۳) (حیاتیات) پھکنا ؛ کسی جانور کی رگ یا نالی کا پھیلا ھوا حصّہ -

ampullaceous, *a.*: پھکنے جیسا ؛ کیس نما -

Amputate, *v.t.*: (۱) کاٹنا (عضو کا) ؛ قلم کرڈالنا ؛ قطع کرنا -

amputation, *n.*: قطع عضو ؛ قطع برید -

amputator, *n.*: قاطع ؛ (عضو کو) کاٹنے والا -

Amuck, *adv.*. *Run a.*: دیوانہ وار دوڑنا (جس کے سر پر خون سوار ھو) - (مجازی معنوں میں بھی استعمال ھوتا ھے)

Amulet, *n.*: (۱) تعویذ ؛ گنڈا ؛ جنتر (مجازاً اور لغوی) -

Amuse, *v.t.*: (۱) خوش کرنا ؛ دل بہلانا ؛ خیال بٹانا - (۲) خیال یا خواھش کو اُکسانا یا گُد گُدانا -

amusable, *a.*: تفریح پذیر ؛ بہلنے والا -

amusive, *a.*: تفریحی ؛ پُر تفنن -

Amusement, *n.*: (۱) تفریح ؛ کھیل ؛ دل بہلاو ؛ تفنن - (۲) ھنسی ؛ گد گداھٹ (کیفیت جو کسی مضحکے کی چیز کو دیکھ کر پیدا ھو) - (۳) دل لگی ؛ تماشا -

Amygdalic, *a.*: بادامی؛ بادام سے متعلق؛ جیسے بادامی ترشہ (*a. acid.*)-

Amygdaloid, *a.& n.*: بادام نما (چٹانیں جن میں بادام نما ذلزاتی ڈلے پاے جائیں)؛ سنگ لوزی-

Amyl, *n.*: الکحل تیل کے بنیادی اجزا -

Amylaceous, *a.*: نشاستی ؛ نشاستے کے متعلق -

Amyloid, *a. & n.*: نشاستے کی سی (غذا وغیرہ) ؛ نشاستین -

An, *a.*: دیکھو *-A, adj*

An, *conj.*: (متروک) *and* کے معنوں میں -

An-, *pref.*: (سابقہ) (۱) *on* کے معنوں میں- (۲) *ad-* کے معنوں میں (دیکھو -AD) -

-An, *suf.*: (لاحقہ)صفات کے آخر میں ی نسبتی کے معنے دیتا ھے -

Ana, *n.*: (۱)ملفوظات ؛ کسی شخص کے یادگار اقوال کا مجموعہ ؛ اقوال - (۲) (جمع میں) روایات ؛ حکایات ؛ محاضرات (کسی شخص کے) -

Ana-, *pref.*: (سابقہ) اوپر؛ پیچھے؛ باز؛ دُبارا؛ نئے سر سے؛ ازسر نو وغیرہ کے معنوں میں -

-ana, *suf.*: (لاحقہ) مقولات؛ قصص؛ حکایات؛ روایات وغیرہ کے معنے دیتا ھے؛ جیسے: (شکسپیر کے متعلق روایات و حکایات) *Shaksperiana*-

Anabaptism, *n.*: تجدید اِصطباغ؛ باز اِصطباغ؛ باز اِصطباغیت؛ ازسرِ نو بپتسما (یہ عقیدہ کہ جن کو شیر خوارگی کے زمانے میں بپتسما دیا گیا ہو، اُنہیں دوبارہ دینا چاہیے) –

Anabaptist, *n.* = BAPTIST: باز اِصطباغی؛ جس کے اِصطباغ کی تجدید ہوئی ہو؛ جو باز اِصطباغیت (تجدید اِصطباغ) کو مانتا ہو –

anabaptistical, *a.*: باز اِصطباغیانہ –

Anabas, *n.*: چڑھیل مچھلی؛ ایک قسم کی مچھلی جو درختوں پر بھی چڑھتی ہے –

Anabasis, *n.*: چڑھائی؛ فوجی پیشقدمی، خاص کر سیروس (Cyrus) اصغر کی ایشیائے کوچک میں جس کا بیان مورخ زینوفن (Xenophon) نے کیا ہے –

Anachronic, *a.*: تاریخی غلطی پر مشتمل؛ جس میں با متبار زمانہ غلطی ہو؛ غلط زمانے کی طرف منسوب کیا ہوا تاریخی واقعہ۔

Anachronism, *n.*: غلط زمانی؛ سہوزمانی۔

anachronistic, *a.*: غلط زمانی سے متعلق –

Anaclastic, *a.*: (۱) اِنعرافی شعاعوں کے متعلق؛ اِنعرافی-(۲) اپنے آپ بند ہوجانے والی یا کھٹکے دار (چیز) –

a. glasses: اپنے آپ بند ہوجانے والی عینک؛ کھٹکے دار (کمانی دار) عینک –

Anacoluthon, *n.* (pl.-*tha*): نامربوط؛ بے ربط؛ بے ترتیب عبارت؛ ایسے جملے یا الفاظ جن میں صرفی اور نحوی ترتیب نہ پائی جائے؛ خلاف قواعد جملے یا الفاظ –

Anaconda, *n.*: (۱) لنکا کا بڑا سانپ -(۲) جنوبی امریکا کا اژدر-(۳) اژدھا؛ چتیل بڑا سانپ جو اپنے شکار کو دبا کر مار ڈالے –

Anacreonti[c], *n.*: (۱) (نظم) انقریونی نظم؛ ہر نظم جو (Anacreon) انقریون (یونانی شاعر) کی بحر نظموں کے انداز پر لکھی جائے -(۲) (صفت) بزمیہ؛ عشقیہ

Anacrusis: (عروض) نظم کے شروع کا وہ بول جس پر زور نہ ہو

Anadromou[s], *a.*: بالارو (مچھلیاں) جو انڈے دینے کے لیے دریا میں اوپر کی طرف جائیں

Anaemia, *n.*: (طب) خون کی کمی؛ رنگ کا زرد ہونا یا زرد پڑجانا –

Anaemic, *a.*: جس کے بدن میں خون کی کمی ہو –

Anaesthesia, *n.*: بے حسی؛ فقدان حس؛ سن ہو جانا؛ خدر –

Anaesthetic, *a.* & *n.*: سن کرنے والی (دوا)؛ مخدر؛ کوئی عامل جو سن کردے –

anaesthetically, *adv.*: سن کرنے والی دوا کے ذریعے سے –

Anaesthetize, *v.t.*: سن کرنا؛ تخدیر (لغوی اور مجازی) –

anaesthetization, *n.*: تخدیر؛ سن کرنا –

Anaglyph, *n.*: نقشی زیور؛ جڑاؤ اُبھرے ہوئے کام کا زیور –

anaglyphic, *a.*: نقشی؛ جس پر اُبھرا ہوا کام ہو –

Anagnorisis, *n.*: عقدہ کشائی (ڈراموں میں وہ مقام جہاں واقعات کا اِنکشاف ہوتا ہے) –

Anagoge, *n.*: عارفانہ تعبیر؛ تمثیلی تعبیر –

anagogic(al), *aa.*: عارفانہ؛ متصوفانہ؛ صوفیانہ؛ تمثیلی (روحانی نقطۂ نگاہ سے) –

anagogically, *adv.*: ازروئے معرفت؛ عارفانہ؛ تمثیلی طور پر –

Anagram, *n.*: صنعت مقلوب؛ تقریش؛ لفظوں یا حروف کا رد و بدل کرکے نئی عبارت بنانا؛ حروف یا الفاظ کا اُلٹ پھیر –

anagrammatic(al), *aa.*: الفاظ کے اُلٹ پھیر کے متعلق؛ مقلوبی-

anagrammatically, *adv.*: لفظوں کے اُلٹ پھیر کے طریقے سے –

Anagrammatize, *v.t.*: تقلیب؛ لفظی اُلٹ پھیر کرنا؛ حروف کی اُلٹ پھیر سے لفظ یا جملے بنانا –

anagrammatism, *n.*: تقلیب –

anagrammatist, *n.*: صنعت مقلوب کا استعمال کرنے والا –

Anal, *a.*: مبرزی (جو مبرز کے متعلق ہو یا اُس کے نزدیک واقع ہو)-

Analects, Analecta, *n.pl.*: (جمع) منتخبات؛ ادبی کشکول؛ گلدستہ-

Analeptic, *a.* & *n.*: مقوی؛ قوت کو بحال کرنے والی (دوا) –

Analogic, *a.*: تمثیلی؛ مثالی؛ قیاسی؛ تمثیل یا نظیر کے متعلق-

Analogical, *a.*: (۱) نظائر یا قیاس کے مطابق؛ قیاسی-(۲) تمثیلی؛ نظیری؛

Analogically, *adv.*: بر سبیل قیاس؛ تمثیلاً؛ نظیراً –

Analogist, *n.*: (۱) جو تمثیلوں کے دینے کا شایق ہو؛ تمثیل پسند؛ نظیر دینے والا –(۲) تمثیلی فلاسفہ کا وہ گروہ جن کے نزدیک الفاظ اشیاء کی تمثال ہوتے ہیں –

Analogize, *v. t.* & *i.*: (۱) تمثیل پیش کرنا؛ نظیر دینا -(۲) مماثل ثابت کرنا -(۳) تمثیل لانا؛ مثال لانا؛ نظیر سے کام لینا -(۴) یکساں ہونا؛ ہم آہنگ ہونا؛ ایک طرح کا ہونا –

Analogous, *a.*: ہم شکل؛ مثل؛ مماثل؛ مشابہ؛ ملتا جلتا؛ متوازی -

analogously, *adv.*: مثل کی رو سے؛ کسی مماثل چیز کی طرح سے

analogousness, *n.*: مماثلت؛ مشابہت –

Analogue, *n.*: مشابہ؛ مماثل؛ متوازی (لفظ یا چیز) –

Analogy, *n.*: (۱) (ریاضیات) تناسب؛ نسبت -(۲) مطابقت؛ مشابہت؛ مماثلت -(۳) دیکھو ANALOGUE-(۴) (منطق) استقرائی قیاس؛ تمثیلی استدلال؛ تمثیلی قیاس-(۵) (لسانیات) ایک ہی طرح کے چند لفظوں کے قیاس پر اور لفظوں کا بننا یا بنانا؛ موجودہ الفاظ کی تعریف و اشتقاق سے نئے لفظ بنانا- (۶) (طبعی تاریخ) تشابہ فی الوظائف؛ مشابہت بلحاظ شکل یا وظائف؛ شکلی یا فعلی مماثلت (ایسے اعضا کی جو بالاصل مختلف ہوں) –

Analyse, *v.t.*: (۱) تحلیل کرنا؛ تجزیہ کرنا؛ چھان بین کرنا؛ کسی شے کی ترکیب کو بغور جانچنا -(۲) (کیمیا، طبیعیات) تحلیل کرنا؛ تجزیہ کرنا؛ کسی مرکب کے عناصر ترکیبی دریافت کرنا؛ (۳) خلاصہ یا لب لباب بیان کرنا؛ (کسی عبارت وغیرہ کا) فقرہ وار خلاصہ کرنا –(۴) (نحو) جملے کی ترکیب کرنا –

analysable, *a.*: ترکیب پذیر (جملہ یا عبارت)؛ تحلیل پذیر؛ تجزیہ پذیر –

Analysis, *n.* (hl. - *yses*): تجزیہ؛ تحلیل –

bowling a.: کرکٹ میں گیندوں کا گوشوارہ (جس سے معلوم ہو کہ ہر گیند جو پھینکی گئی اُس کا کیا نتیجہ ہوا) –

Analyst, *n.*: محلل؛ تحلیل کرنے والا؛ تحلیل یا تجزیے کا ماہر –

Analytic, *a.*: تحلیلی؛ تجزیے سے متعلق –

analytics, *n.*: (۱) علم تحلیل؛ تحلیلیات؛ وہ علم جو تحلیل سے متعلق ہو-(۲) (منطق) علم البیان؛ انالوطیقا –

Analytical, *a.*: (۱) تحلیلی؛ جس میں تحلیلی اسلوب سے کام لیا جائے –(۲) (لسانیات) غیر تصریفی (وہ زبانیں جن میں تصریف کا کام مستقل لفظوں سے لیا جاتا ہے) –

analytically, *adv.*: تحلیلاً ؛ تجزیۃً ؛ تحلیلی طور سے ؛ تحلیل کی رو سے -

Anamnesis, *n.*: یاد (خاص کر پچھلے جنم کے واقعات کی) -

Anamorphosis, *n.*: (۱) ٹیڑھا نقشہ یا تصویر جو صرف ایک نقطے (رخ) سے ٹھیک نظر آئے - (۲) غیر طبعی تبدیل ھئیت ؛ خلاف معمول (یا خلاف عادت) تغیر -

Ananas, *n.*: اننناس -

Anandrous, *a.*: (نباتیات) وہ جس میں حامل زر نہ ھو ؛ بے نر -

Anapaest, *n.*: (عروض) سکن ر ایسا رکن جس میں دو اوچھے اور اُن کے بعد ایک لمبا بول ہو؛ جیسے فعلان - فَ عِ لا ن ؛

The As-syr/ian came down/ like the wolf/ on the fold.

anapaestic, *a.*: سکنی -

Anaphora, *n.*: ایک لفظ یا فقرے کی تکرار (متواتر جملوں میں) -

Anarch, *n.*: (شاعری) غدر یا بغاوت کا سرغنہ -

Anarchic,-ical, *aa.*: لا نظمی کا؛ لاحکومتی؛ لاحکومی؛ نراجی؛ فوضوی -

anarchically, *adv.*: لا نظمی؛ لا حکومی یا فوضی طور سے؛ لاحکومیانہ؛ لا نظمیانہ -

Anarchist, *n.*: حکومت دشمن ؛ لا نظمی پسند ؛ لا حکومی ؛ نراجی ؛ فوضوی -

Anarchism, *n.*: شاہ دشمنی؛ حکومت شکنی ؛ نراج ؛ فوضویت؛ لا حکومیت -

Anarchy, *n.*: (۱) نراج؛ لا حکومیت؛ طوائف الملوکی - (۲) ھنگامہ؛ بلوہ (بلوا)؛ بد نظمی - (۳) پریشانی؛ کھلبلی؛ افراتفری -

Anarthrous, *a.*: (۱) (یونانی صرف نحو) اسم جو بلا حرف تعریف استعمال ھو - (۲) (نعلیات) نجوڑ ؛ بے جوڑ (وہ عضو جس میں جوڑ نہ ھو) -

Anasarca, *n.*: جلندھر؛ استسقا -

anasarcous, *a.*: جلندھری؛ استسقائی (مادہ وغیرہ) -

Anastatic, *n.*: ابھرا ھوا؛ مثبت -

a. printing: چھپائی جو جست کی ایسی تختیوں سے کی جائے جن پر حروف اُبھرے ھوئے ھوتے ھیں؛ ایک طرح کی عکسی چھپائی -

Anastomose, *v.i.*: نسوں کا ملنا ملنا؛ ھم مل کر جال سا بنانا -

Anastomosis, *n.*: نس جال؛ نسا جال (عروق و شرائین؛ شاخوں یا دریاؤں؛ وغیرہ کا جال) -

Anathema, *n.*: (۱) مردود (چیز)؛ وہ چیز جس پر لعنت بھیجی جائے - (۲) پھٹکار؛ لعنت؛ سراپ - (۳) دھرم باھر کرنا؛ کلیسا سے اخراج ؛ (کسی عقیدے کو) مردود قرار دینا -

Anathematize, *v.t.&i.*: لعنت کرنا؛ تکفیر کرنا؛ مردود قراردینا یا قرار دیا جانا -

Anatomical, *a.*: (۱) تشریحی؛ تشریح اعضا سے متعلق - (۲ ساخت یا بناوٹ سے متعلق ؛ ترکیبی -

anatomically, *adv.*: از روے تشریح؛ تشریح اعضا کی رو سے -

Anatomist, *n.*: (۱) جسم کی چیر پھاڑ کرنے والا؛ تشریح داں - (۲) (مجازاً) تحلیل یا تجزیہ کرنے والا -

Anatomize, *v.t.&i.*: (۱) چیر پھاڑ کرنا - (۲) (مجازاً) تحلیل کرنا؛ تشریح کرنا -

Anatomy, *n.*: (۱) چیر پھاڑ؛ (۲) علم تشریح جس میں جسمانی ساخت سے بحث ھوتی ھے - (۳) تشریحی ھیئت؛ تشریحی ساخت؛ بناوٹ یا ترکیب - (۴) تحلیل ؛ تجزیہ - (۵) (عرف عام میں) ڈھانچا؛ کالبد ؛ لاغر جانور یا انسان؛ جو محض ایک ڈھانچ ھوکر رہ گیا ھو؛ ممی؛ مومیہ -

Anatta, *n.*: ایک قسم کا نارنجی رنگ جس سے پنیر رنگتے ھیں-

Anbury, Amb-, *n.*: (۱) نرم گلٹی یا گمڑا (جوگھوڑوں یا بیلوں کے ھوتا ھے) - (۲) گانٹھ ؛ گمڑا (شلجم اور اُسی قسم کے درختوں کا مرض) -

-ance, *suf.*: (لاحقہ) حاصل مصدر یا اسم صفت کے معنی دیتا ھے -

Ancestor, *n.*: بزرگ؛ جد؛ پرکھا؛ (جمع) اجداد؛ اسلاف؛ باپ دادا-

ancestress, *n.*: جدّہ؛ پُرکھن؛ جدّنی؛

Ancestral, *a.*: موروثی ؛ خاندانی ؛ پشتینی ؛ آبائی-

Ancestry, *n.*: (۱) شجرہ؛ نسل ؛ نسب؛ حسب نسب؛ گھرانا؛ خاندان - (۲) (نسل کی) قدامت؛ پرانا خاندان؛ پرانا گھرانا - (۳) بزرگ؛ پُرکھے ؛ اسلاف ؛ آبا و اجداد -

Anchithere, *n.*: گھوڑ پُرکھا؛ ٹٹو کے برابر کا ایک جانور جو مبتات ارض میں پایا جاتا ھے اور جس کے متعلق خیال ھے کہ گھوڑے کا مورث اعلی ھے -

Anchor, *n.*: (۱) لنگر (جہاز کا) -

sheet-a.: بڑا لنگر -

bower-a.: ملجھولا لنگر -

kedge-a.: چھوٹا لنگر -

(۲) (مجازاً) سہارا؛ پشت پناہ؛ آسرا؛ بھروسا؛ امید -

a.-plate: لنگری چادر؛ لکڑی یا دھات کا وزنی ٹکڑا جس پر لٹکن پلوں کے تار تھمے ھوئے ھوتے ھیں -

a.-watch: پہرا (اُس وقت تک میں جب تک جہاز لنگر انداز رھے) -

at a.: ٹھیرا ھوا ؛ لنگر انداز -

cast a.: لنگر ڈالنا؛ لنگر انداز ھونا -

come to (an) a.: لنگر انداز ھونا ؛ لنگر گرانا؛ لنگر ڈالنا -

weigh a.: لنگر اُٹھانا -

Anchor, *v.t.&i.*: (۱) ٹھیرنا؛ لنگر ڈالنا؛ لنگر انداز ھونا (صرف جہاز کے لیے) - (۲) (مجازاً) مضبوط باندھنا ؛ کس کر باندھنا ؛ جکڑنا - (۳) ٹھیرنا ؛ لنگر کرنا؛ لنگر گرانا؛ لنگر انداز ھونا (جہاز اور اھل جہاز دونوں کے لیے) -

Anchorage, *n.*: (۱) لنگر اندازی - (۲) لنگر گاہ ؛ وہ مقام جہاں جہاز لنگر کرے - (۳) سہارا ؛ بھروسا ؛ آسرا ؛ اُمید -(۴) لنگر اندازی کا محصول -

Anchoress, Ancress, *n.*: زاھدہ؛ تارک الدنیا عورت؛ جوگن ؛ سنیاسن؛ بیراگن -

Anchoret, -ite, *n.*: (۱) جوگی؛ سادھو؛ تارک الدنیا؛ مرتاض؛ بیراگی؛ سنیاسی - گوشہ نشین شخص؛ خلوت گزیں؛ تنہائی پسند -

Anchovy (*also* antsho-), *n.*: چھوٹی ھیرنگ مچھلی؛ سنمورہ -

a.-pear: مغربی جزائر ھند کا ایک پھل جو آم کی طرح کھایا جاتا ھے -

a.-sauce: سنمورہ چاشنی (جس میں سرکے اور اور مسالوں کے علاوہ سنمورہ بھی ڈالتے ھیں) -

a.-toast: سنمورہ لگا توس؛ توس جس پر سنمورہ چاشنی لگائی

گئی ہو -

Anchylose, *v.t.& i.*: (مفاصل' ہڈیوں کے متعلق) سخت ہونا یا کرنا؛ ملنا یا ملانا؛ جڑنا یا جوڑنا؛ التصاق -

Anchylosis, *n.*: جوڑ کا سخت ہوجانا؛ مفاصل کی سختی یا صلابت-

ancien régime, *n.*: قبل انقلابی زمانہ ، یعنی فرانسیسی انقلاب سے پہلے کا زمانہ یا عہد-

Ancient, *a.& n.*: (۱) پرانا ؛ کہن ؛ قدیم ؛ باستانی ؛ عتیق - (۲) یادگار ؛ پرانا ؛ جو بڑی مدت تک زندہ یا باقی رہا ہے ؛ پرانے زمانے کا ؛ بڈھا ؛ قدیم ؛ اگلے وقتوں کا ؛ دقیانوسی -

the A. of Days: خدا ؛ ازلی الوجود؛ القدیم -

the ancients: متقدمین ؛ قدما ؛ عہد قدیم کی متمدن اقوام -

anciently, *adv.*: قدیمانہ ؛ عتیقانہ -

ancientness, *n.*: قدامت ؛ پرانا پن-

Ancient, *n.*: (متروک) دیکھو ENSIGN -

Ancientry, *n.*: (۱) قدامت - (۲) پرانی وضع ؛ پرانی چال ؛ پرانا دستور ؛ قدیم طرز -

Ancillary, .: ماتحت ؛ محکوم ؛ ضمنی؛ ذیلی -

Ancle: دیکھو ANKLE -

Ancon, *n.*: (۱) (فعلیات) کہنی؛ مرفق - (۲) (فن تعمیر) کھانچا؛ دیوار کی کہنی جس پر کارنس کا سہارا ہوتا ہے -

A. sheep: بھیڑ کی ایک قسم جس کا بدن لمبا' پانو چھوٹے اور اگلے پیر تیڑھے ہوتے ہیں ؛ کج پا بھیڑ -

-ancy, *suf.*: (لاحقہ) جس سے حالت یا کیفیت کا اظہار ہوتا ہے-

And, *conj.*: اور ؛ و -

خاص استعمالات :-

and / or: اِس طرح لکھنے کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ اِس کے بعد جو الفاظ آئیں وہ تردیداً یا عطفاً یا دونوں طرح پڑھے جاسکتے ہیں -

miles a. miles: میلوں -

mind a. bring: یاد کرکے لاو -

nice a. thin: نزاکت کے ساتھ باریک -

stir, a. you are a dead man: تم ہلے اور مارے گئے ؛ جنبش کی کہ مارے گئے -

there are books a. books: کتابوں کتابوں میں فرق ہوتا ہے -

try a. come: آنے کی کوشش کرو ؛ کوشش کرکے آو -

two a. two: دو دو کرکے -

andante, *adv.& n.*: (موسیقی) دھیمی تال کے ساتھ - [اِیتالوی]

andantino, *adv.& n.*: (موسیقی) تیز تال کے ساتھ ؛ ذرا جلدی جلدی ؛ چلت کے ساتھ - [ایتالوی]

Andiron, *n.*: اگن ٹیک ؛ سیخ یا سلاخ جس پر آتش دان میں آگ کی روک کے طور پر رکھی جاتی ہے -

Androecium, *n.*: (۱) (نباتیات) اعضاے تذکیرہ کا مجموعہ یا گچھا؛ نر دان (نر اور دان)

Androgynous, *a.*: (۱) نرمادین (نر+مادہ) - (۲) (نباتیات) نرمادیں ؛ جو نر اور مادہ دونوں ہو -

androgyny, *n.*: نر مادینی ؛ نر مادی پودا جس کے نر اعضا (stamens) اور یقچھہ گا (pistils) ایک ہی پھول

یا پردے پر ہوں -

-ane, *suf.*: (۱) لاحقہ AN- کی ایک دوسری شکل جو کبھی اُس سے مختلف معنے بھی دیتی ہے ؛ جیسے *germane* اور *humane* میں - (۲) (کیمیا) ہائیڈرو کاربن کے مختلف انواع کے نام -ANE, -ENE, -INE, -ONE لگا کر بنائے گئے ہیں -

Anecdotage, *n.*: (۱) قصہ ؛ حکایت؛ روایت؛ قصص و حکایات - (۲) (مجازاً) سن خرافت جس میں آدمی بے کار بکواس کرتا ہے-

Anecdote, *n.*: (۱) قصہ ؛ روایت؛ حکایت؛ منفرد واقعے کا بیان؛ نقل - (۲) (جمع) ایسی تاریخی تفصیلات جن کی اِشاعت کی نوبت نہ آئی ہو ؛ محاضرات -

anecdotal, anecdotic(al), *aa.*: حکایتی؛ حکایت یا محاضرات سے متعلق -

anecdotist, *n.*: حکایت نگار ؛ محاضرہ نگار؛ راوی -

Anele, *v.t.*: (۱) (متروک) ملنا؛ مالش کرنا ؛ رگڑنا - (۲) (کیتھولک عیسائیوں میں) مرنے والے کے سر پر پاک تیل ڈالنا-

Anemograph, *n.*: باد نگار ؛ باد نویس؛ وہ آلہ جس سے کاغذ پر ہوا کی قوت اور رخ درج ہوتا رہتا ہے -

anemographic, *a.*: باد نگاری ؛ باد نگارانہ -

Anemometer, *n.*: باد پیما ، وہ آلہ جس سے ہوا کی قوت ناپتے ہیں -

anemometric, *a.*: باد پیمائی سے متعلق -

anemometry, *n.*: (۱) باد پیمائی- (۲) وہ آلہ جس سے کسی باجے میں ہوا کا دباو معلوم ہوتا رہتا ہے -

Anemone, *n.*: (۱) پودے کی ایک قسم؛ گل ہوا ؛ شقایق النعمان -

Sea A.: سمندر پھول -

Anemophilous, *a.*: ہوا زادہ ؛ وہ پھول جن میں زر گل ہوا سے اُڑ کر پہنچتا ہو -

Anent, *prep.*: (متروک) متعلق بہ ؛ درباره ؛ بابت -

-aneous, *suf.*: (لاحقہ) جو صفت کے معنے دیتا ہے -

Aneroid (barometer), *a.& n.*: بے مائع بار پیما جس میں ہوا کا دباو کسی مائع چیز کی مدد سے نہیں پایا جاتا ہے -

Aneurysm, -ism, *n.*: تسلیع شریان ؛ کسی شریان کا پھیل جانا ؛ شریانی پھیلاو (ایک مرض) -

aneurysmal, -ismal, *a.*: تسلیعی -

Anew, *adv.*: (۱) ازسرنو ؛ دوبارہ ؛ مزید ؛ بار دگر - (۲) بطریق دیگر ؛ دوسرے طریقے سے ؛ نئی طرح ؛ بطرز دیگر -

Anfractuosity, *n.*: (۱) (مجازاً و لغواً) پُرپیچ ہونا ؛ پیچیدگی - (۲) (جمع میں) پُر پیچ رستہ ؛ پیچ دار رستہ ؛ چکر ؛ پھیر ؛ ہیر پھیر -

Angary, *n.*: (قانون) جنگی ضرورت یا مجبوری سے متحاربین کا غیر جانبدار دولت کی املاک کا ضبط کرلینا یا فنا کردینا -

Angel, *n.*: (۱) فرشتہ - (۲) قبول صورت یا معصوم شخص ؛ فرشتہ خو ؛ حور پیکر - (۳) فرشتۂ غیبی ؛ رجال غیب - (۴) ایک قسم کا قدیم انگریزی سکہ جس کی قیمت ۶ شلنگ ۸ پینس اور ۱۰ شلنگ کے درمیان ہوتی ہے ، اور جس پر حضرت میکائیل کی تصویر ہوتی ہے کہ ایک اژدر کو مار رہے ہیں -

a. of death: فرشتۂ موت ؛ عزرائیل -

a.-fish: ایک قسم کی شارک مچھلی -

Angelic, *a.*: (۱) ملکوتی ؛ فرشتوں سے متعلق - (۲) فرشتہ خصال ؛ فرشتہ صفت ؛ فوق العادۃ صفات کا -
A. Doctor : " تھامس آکیونَاس "-
angelical, *a.*: ملکوتی ؛ فرشتہ صفت -
angelically, *adv.*: فرشتے کی طرح -
Angelica, *n.*: (۱) ایک خوشبودار پودا جو دواؤں اور کھانوں میں ڈالتے ہیں ؛ انجلیکا - (۲) انجلیکا کی جڑ کا پاگ (مٹھائی) -
Angelolatry, *n.*: ملائکہ پرستی ؛ فرشتہ پرستی -
Angelology, *n.*: مسائل متعلق بہ ملائکہ ؛ علم الملائکہ -
Angelus, *n.*: حضرت عیسیٰ کے بعثت کے متعلق ایک دعا جو رومن کتیھلک پادری صبح ، دوپہر اور غروب کے وقت گھنٹی بجا کر پڑھتے ہیں ؛ دعائے بعثت ؛ صلاۃ التبشیر -
Anger, *n.*: غصّہ ؛ غضب ؛ برھمی ؛ برافروختگی ؛ ناراضی ؛ خفگی -
Anger, *v.t.*: برھم کرنا ؛ غصّہ دلانا ؛ برافروختہ کرنا -
Angina, *n.*: سوزش گلو ؛ خناق -
a. pectoris : وجع صدر ؛ سوزش سینہ ؛ درد سینہ جو ضعف قلب کی حالت میں زیادہ کام کرنے سے ہوجاتا ہے -
Angio-: (جز ترکیبی) اصلی معنی صندوق یا ظرف کے ہیں - اب بیج یا عروق و شرائین کے متعلق ' بند ' کے معنوں میں استعمال ہوتا ہے ؛ بند ؛ ملفوف -
Angle, *n.*: (۱) جو جگہ دو واصل خطوط یا سطحوں کے بیچ میں ہو - (۲) زاویہ ؛ کونہ ؛ گوشہ -
a.-iron : کھنی ؛ لوہے کا زاویہ نما ٹکڑا (ڈھانچے کو مضبوط کرنے کی غرض سے) -
a. - wise : زاویۃً ؛ زاویہ کے طور پر -
acute a.: زاویہ حادّہ -
obtuse a.: زاویہ منفرجہ -
right a.: زاویہ قائمہ -
(-) **angled**, *a.*: زاویہ دار -
Angle, *n.& v.i.*: کانٹے سے مچھلی پکڑنا ؛ کانٹا ڈالنا ؛ بنسی پھینکنا -
Angle, *n.* : قدیم جرمن نسل کی ایک شاخ -
Angler, *n.*: (۱) کانٹے سے مچھلی پکڑنے والا ؛ بنسی باز - (۲) ایک قسم کی انگریزی مچھلی جو چھوٹی مچھلی کا شکار کرتی ہے ؛ اُس کے سر اور منہ پر ریشے سے ہوتے ہیں اور اُنہیں دیکھ کر چھوٹی مچھلیاں اُس کی طرف آتی ہیں ؛ جالدار مچھلی ؛ شکاری مچھلی -
Anglican, *a.&n.*: انگلیکی ؛ کلیسائے اِنگلستان کا پیرو یا اُس مذھب سے متعلق -
Anglicanism, *n.*: عقائد انگلیکی ؛ انگلیکیت -
Anglice, *adv.*: انگریزی میں ؛ انگریزی طریق سے -
Anglicism, *n.*: انگریزی محاورہ؛ انگریزیت (خاص کر سیاسی اصول میں) -
Anglicize, *v.t.*: شکل یا خصوصیت کے اعتبار سے انگریزی بنانا -
Anglo- *n.*: (جز ترکیبی) بمعنی انگلستان کا ' اِنگلستانی ' انگریزی -
Anglomania, *n.*: انگریزی عادات کا حد سے زیادہ فریفتہ ہونا ؛ انگریزپرستی ؛ انگریزیت کا خبط -
Anglophobia, *n.* : انگریز سے بےحد نفرت ؛ انگریز بیزاری ؛ انگریزوں سے دشمنی -
Anglo-Saxon, *n. & a.*: (۱) انگلوسکسونی (سکسونیا کے باشندوں میں سے وہ لوگ جو انگلستان میں آبسے اور انگلستان کی قدیم نسلوں سے مل گئے)-اِس اختلاط سے پہلے کے سکسونی قدیم سکسونی کہلاتے ہیں - (۲) قدیم انگریزی (لوگ یا زبان) جو نارمنی فتوحات سے قبل تھے - (۳) انگریزی الاصل -
Anglo-Saxondom, *n.*: انگلوسکسو نسل یا ملک -
Anglo-Saxonism, *n.*: انگلوسکسونیت ؛ انگلوسکسونی قوم کے دعوے کی حمایت ؛ اُن کی نسلی فوقیت کے حق بجانب ہونے کا یقین -
Angola, Angora, *n.* : انگورا کپڑا جو انگورے (قدیم " انقرہ ") کی بکریوں کی اون سے بنتا ہے -
A. cat : بڑے بالوں والی بلی ؛ انگورا بلی ؛ ولایتی بلی -
Angostura, Angus-, *a.&n.* : ایک قسم کی چھال جو بطور دافع بخار اور مقوی کے استعمال ہوتی ہے (انگوستورا ایک مقام کا نام ہے جہاں یہ چھال پائی جاتی ہے) -
Angry, *a.*: غصّے میں ؛ غضبناک ؛ خفا ؛ ناراض ؛ پُرغیظ ؛ برھم ؛ برافروختہ ؛ غضب آلود -
Angrily, *adv.*: بگڑکر ؛ غصّے سے ؛ برھمی کے ساتھ -
Anguine, *a.*: سانپ کی طرح ؛ سانپ کے مانند ؛ سانپ سا -
Anguish, *n.*: سخت جسمانی یا دماغی تکلیف ؛ کرب -
Angular, *a.*: (۱) زاویہ دار - (۲) کونے دار ؛ گوشہ دار - (۳) زاویے کے اندر ' پر ' میں (ایک دوسرے کے ساتھ زاویہ بناتے ہوئے) - (۴) زاویہ سے ناپا ہوا - (۵) پتلا ؛ دبلا ؛ جس میں گداز پن نہ ہو - (۶) درشت ؛ اکھڑ ؛ جس میں لوچ نہ ہو -
angularity, *n.*: کونے دار ؛ دبلا پن ؛ درشتی ؛ سلک -
angularly, *adv.*: کونے دار ہونے سے ؛ درشتی سے وغیرہ -
Angulate, *a.*: زاویوں یا کونوں سے بنا ہوا -
Angulate, *v.t.*: کونے دار کرنا یا بنانا -
Angulation, *n.*: کونے دار کرنا یا بنانا -
Angusti-: (جز ترکیبی) بمعنی تنگ -
Angustifoliate: جیسے : تنگ پتیا -
Angustirostrate: تنگ منقارہ -
Anhydrous, *a.*: (کیمیا) بے پانی کا ؛ بے آب -
Anigh, *adv. & prep.*: نزدیک ؛ پاس ؛ قریب -
Anil, *n.*: نیل (پودا اور رنگ) -
Anile, *a.*: (۱) بڑھیا جیسا ؛ پیرآسا ؛ عجوزہ صفت - (۲) سادہ لوح ؛ کورا ؛ مریل -
Aniline, *n.*: نیلین ؛ نیلی ؛ ایک کیمیاوی اساسی عنصر جس سے کئی رنگ بناتے ہیں - پہلے یہ نیل سے حاصل کیا جاتا تھا ؛ آج کل تارکول سے بناتے ہیں -
Anility, *n.*: سن خرافت ؛ فرتوت پن ؛ سٹھیاپا ؛ ستراںھترا پن -
Animadversion, *n.*: (۱) اِنتقاد ؛ تنقید ؛ نکتہ چینی - (۲) تنقیص ؛ جرح و قدح ؛ سرزنش ؛ ملامت -
Animadvert, *v.i.*: (طرز عمل ، قصور ، وغیرہ پر) اعتراض کرنا ؛ تنقیص کرنا ؛ سرزنش کرنا -
Animal, *n. & a.*: (۱) جاندار ؛ ذی حیات - (۲) جانور ؛ حیوان - (۳) چرپایا - (۴) (مجازاً) جانور (وہ انسان جو درندوں کا سا ہو) - (۵) (*Adj.*) وظائف حیوانی سے متعلق ؛ حیوانی - (۶) حیوانی (نباتی کے مقابلے میں) - (۷) بہیمی ؛ نفسانی ؛ شہوانی -

a. magnetism : حیوانی مقناطیسیت ؛ حیوانی کہربائیت (مسمریزم) –
a. spirits : خوشدلی ؛ فطری چہل ؛ کُلیل –
animally, *adv.* : حیوانیت سے ؛ جسمانی حیثیت سے –
Animalcule, *n.* : چھوٹے کیڑے ؛ خوردبینی حیوان ؛ حوین –
Animalculism, *n.* : حوینیت ؛ عضویاتی مظاہرات کو خرد بینی کیڑوں کا نتیجہ قرار دینا –
Animalism, *n.* : (۱) حیوانی حرکت- (۲) شہوت پرستی؛ بہیمیت- (۳) نظریۂ حیوانیت انسان یعنی یہ عقیدہ کہ انسان حیوان محض ھے –
Animality, *n.* : (۱) فطرت یا نظام حیوانی - (۲) ایسی فطرت جو محض حیوانی ہو ؛ حیوانیت محض- (۳) دنیاے حیوانات-
Animalize, *v.t.* : (۱) حیوانی بنانا ؛ حیوانی مادّے میں تبدیل کرنا ؛ حیوانی جذبات کی طرف مائل کرنا –
Animate, *a.* : (۱) جان دار ؛ ذی حیات؛ زندہ - (۲) چست؛ مستعد؛ جان دار (مجازاً) پُر جوش –
Animate, *v.t.* : (۱) جلانا ؛ جان ڈالنا؛ احیاء- (۲) جان ڈال دینا ؛ روح پھونک‌دینا- (۳) ھمت بندھانا ؛ ڈھارس دینا - (۴) شہ دینا؛ جوش دلانا ؛ اُکسانا ؛ اُبھارنا –
a animated discussion : پرزور مباحثہ؛ گرم بحث‌یامناظرہ-
animatedly, *adv.* : جوش سے؛ گرما گرمی سے –
animation, *n* : جوش ؛ تحریک ؛ گرما گرمی –
animator, *n.* : محرک ؛ اُبھارنے والا؛ جان ڈالنے والا-
animé, *n.* : (۱) انیمے ؛ ایک قسم کی رال یا گوند جو مغربی جزائر ھند میں پایا جاتا ھے ، اور وارنش کے کام آتا ھے – (۲) دوسری قسم کی لاکھیں اور گوند –
Animism, *n.* : (۱) یہ عقیدہ کہ حیوانی مظاھر ایک غیر مادّی روح کے پیدا کیے ھوے ھیں- (۲) روحیت مظاھر ، یعنی مظاھر قدرت اور سنگ و شجر، وغیرہ کا قائل ھونا؛ مظاھر پرستی - (۳) بے جان چیزوں میں بھی روح ھونے کا اعتقاد –
animist, *n.* : مظاھر پرست؛ بھوت پریت کا پوجنے والا؛ بے جان چیزوں کو ذی روح جان کر اُنھیں پوجنے والا -
animistic, *a.* : مظاھر پرستانہ –
Animosity, *n.* : دشمنی؛ بیر ؛ عداوت ؛ خصومت ؛ عناد –
Animus, *n.* : (۱) روح رواں؛ جان- (۲) خصومت؛ دشمنی؛ عداوت-
Anise, *n.* : سونف؛ انیسون ؛ بادیان –
Aniseed, *n.* : تخم انیسون؛ تخم بادیان‌جو بطور دافع ریاح کے استعمال ھوتا ھے –
Anisette, *n.* : شراب جس میں تخم انیسون خوشبو کے لیے ملاے گئے ھوں؛ سونف کی شراب؛ شراب بادیان ؛ انیسونی شراب-
Aniso- : (جزو ترکیبی) اِتصل؛ بے جوڑ ؛ مختلف؛ جیسے : غیر متناسب-
anisomerous:
anisosthenic: زور یا قوت میں نابرابر؛غیرمساوی -
Anker *n.* : شراب اور عرقیات کا پیمانہ (ولندیز ، شمالی ڈنمارک ، سویڈن ، روس اور پہلے انگلستان میں بھی استعمال ھوتا تھا) ؛ پیپا جس میں ایک بھر شراب سماتی ھو –
Ankle, Ancle, *n.* : (۱) ٹخنا ؛ کعب - (۲) ٹخنے اور پنڈلی کے بیچ کا حصہ –

Anklet, *n.* : پائل ؛ پازیب –
Anna, *n.* : آنا (روپئے کا سولھواں حصہ) –
Annalist, *n.* : وقائع نگار ؛ اخبار نگار -
annalistic, *a.* : وقائع نگاری سے متعلق –
Annals, *n. pl.* : جمع (۱) واقعات سال وار ترتیب کے ساتھ؛ وقائع؛ اخبار- (۲) تاریخی اسناد اور تحریرات –
Annates, *n.pl.* : (جمع)(رومن کتھولک) مذھبی حلقے یا اوقات کی پہلے سال کی آمدنی جو پاپاے اعظم کو دی جاتی ھے ؛ پہلا سالیانہ؛ پہلا نذرانہ –
Anneal, *v.t.* : تانا؛ تاو دینا ؛ شیشے ، دھات یا مٹی کے برتنوں کو دھیمی دھیمی آنچ دینا –
Annectent, *a.* : جوڑنے والا؛ واصل؛ ملاو -
a. link. : ملانے والی کڑی ؛ حلقۂ واصلہ –
Annelida,*n.pl.* : (جمع) (حیوانیات) سرخ خون رکھنے والے کیڑوں کا خاندان ؛ حلقہ دار کیڑے ؛ کنڈل کیڑے-
annelid, *n.* : کنڈل کیڑا ؛ حلقہ دار کیڑا –
annelidan, *a.* : کنڈل کیڑے (حلقہ دار کیڑے) کے متعلق –
Annex, *v.t.* : (۱) ملحق کرنا؛ ملانا ؛ شامل کرنا (بطور ایک ضمنی خبر کے)- (۲) نتھی کرنا ؛ شریک کرنا ؛ شامل کرنا ؛ جوڑنا؛ لگانا (کتاب وغیرہ کے ساتھ) - (۳) قبضہ کرنا؛ قابض ھونا؛ متصرف ھونا؛ اِلحاق کرنا (ملک وغیرہ کا) - (۴) جوڑنا ؛ لگانا ؛ داخل کرنا ؛ بڑھانا (کسی وصف ، ضمیمے یا نتیجے کو) –
annexable, *a.* : قابل اِلحاق ؛ اِلحاق پذیر ؛ شمول پذیر –
annexation, *n.* : تضمین ؛ انسلاک ؛ اِلحاق ؛ شمول ؛ اضافہ ؛ شرکت –
Annex(e), *n.* : (۱) مشمولہ؛ منسلکہ (جمع : مشمولات، منسلکات)؛ ذیل ؛ ضمیمہ - (۲) ذیلی مکان ؛ مکان جو دوسرے مکان سے متعلق ھو –
Annihilate, *v.t.* : نیست و نابود کرنا ؛ مٹانا ؛ خاک میں ملانا ؛ ناپید کرنا ؛ کالعدم کرنا –
annihilator : نیست و نابود کرنے والا؛ برباد کن؛ فنا کن -
Annihilation, *n.* : (۱) ستیاناس؛ بربادی ؛ کامل تباھی؛ فنا - (۲) (دینیات) جسم اور روح دونوں کی‌ھلاکت؛ ابدی ھلاکت؛ نیست -
annihilationism, *n.* : یہ عقیدہ کہ بعض کبیرہ گناھوں کا نتیجہ ابدی ھلاکت ھے –
annihilationist, *n.* : ابدی ھلاکت کے عقیدے کا ماننے والا –
Anniversary, *n.* : (۱) سالگرہ؛ وہ دن جو برس کے برس آے- سالانہ رسم - (۲) جشن سالگرہ؛ سالانہ عید –
anno aetatis suae, phr. : (لاطینی فقرہ) اُس کی عمر کے فلاں سال میں –
Anno Domini, phr. : سال مسیحی میں ؛ حضرت مسیح کی ولادت (کے بعد) ؛ سنہ عیسوی میں –
Annotate, *v.t.& i.* : شرح کرنا یا لکھنا؛ حاشیہ چڑھانا یا لکھنا-
annotation, *n.* : تحشیہ ؛ شرح –
annotator, *n.* : شرح کرنے والا ؛ شارح ؛ حاشیہ نگار –
Announce, *v.t.* : (۱) اعلان کرنا؛ مشہور کرنا ؛ منادی کرنا ؛ اِطلاع کرنا- (۲) خبر دینا؛ کسی کے پہنچنے کی اِطلاع یا بشارت‌دینا- (۳) محسوس کرانا ؛ سمجھانا ؛ مطلع کرنا (حواس اور ذہن

کو بغیر الفاظ کی وساطت کے) -

announcement, *n.*: إطلاع ؛ اطلاع ؛ خبر ؛ اشتہار -

Annoy, *n.*: (متروک؛ شاعری) (ANNOYANCE کے معنوں میں)

Arcade, *n.* : (۱) چھتا ؛ وہ رستہ جس پر محراب بنی ہو - (۲) چھت دار رستہ ؛ مسقف رستہ ؛ خاص کر وہ جس کے ایک یا دونوں طرف دکانیں ہوں -(۳) (تعمیر) ہم سطح محرابوں کا سلسلہ ؛ چھتا -

arcaded, *a.* : چھتے دار ؛ محرابوں دار -

Arcades ambo : (فقرہ) دونوں بد معاش -

Arcadian *a.* & *n.* : آرکادی؛ دیہاتی؛ کامل دیہاتی (زندگی) - (قدیم یونان کے علاقے آرکادیا سے جہاں کے لوگوں کا سادہ تمدن مشہور تھا) -

Arcady, -adia, *n.* : دہقانی فردوس

Arcanum, *n.* : (عموماً جمع میں *—na*) بھید ؛ اسرار ؛ راز -

Arch, *n.* : (۱)محراب؛ کمان؛ قوس-(۲)خمدار در-(۳)قالب دار چھت -

archway, *n.* : محرابی دروازہ؛ کماڈچہ ؛ چھتا ؛ محراب دار رستہ -

archwise, *adv.* : کمان یا محراب کی طرح سے -

Arch, *v.t.* & *i.* : (۱) محراب بنانا ؛ کمان بنانا - (۲) چھانا ؛ محراب باندھنا؛ محراب کا قالب باندھنا؛ ڈاٹ لگانا -

Arch, *a.* : چھٹا ہوا ؛ پہلے درجے کا ؛ پرلے سرے کا (عیار ' چالاک' مکار ' شوخ' چنچل ' شریر ' بدمعاش' وغیرہ) -

archly, *adv.* : عیارانہ ؛ شوخی اور شرارت کے ساتھ -

archness, *n.* : عیاری؛ ہوشیاری؛ چالبازی ؛ شوخی -

Arch -, *pref.* : (سابقہ) خطابوں اور لقبوں میں بمعنی بڑا ' سردار ' سر' مہا ' مشہور ' پہلا ' مقدم ' ذاتی ' اصلی -

Archaean(-K-), *a.* : (ارضیات) قدیم ترین دور سے متعلق -

Archaeology, *n.* : اثریات ؛ علم آثار قدیمہ ؛ عتیق چیزوں کا مطالعہ (خاص کر تاریخی زمانے سے پہلے کے متعلق) -

archaeologic(al), *aa.* : اثری ؛ آثار قدیمہ سے متعلق -

archaeologically, *adv.* : اثریانہ ؛ آثار قدیمہ کی رو سے -

archaeologist, *n.* : اثریات داں ؛ اثری ؛ آثار قدیمہ کا ماہر-

Archaic, *a.* : (۱) پرانا ؛ ابتدائی ؛ فرسودہ ؛ قدیم ؛ کہنہ ؛ دقیانوسی -(۲) (زبان کے متعلق) متروک ؛ متروک الاستعمال؛ نادرالاستعمال -

archaically, *adv.* : شاذ طور پر -

Archaism, *n.* : (۱) دقیانوسیت ؛ قدامت پسندی (خاص کر زبان اور فن میں) - (۲) لفظ یا محاورہ -

archaist, *n.* : متروک پسند؛ متروک الفاظ استعمال کرنے والا -

archaistic, *a.* : متروکی ؛ متروکات سے متعلق

Archaize, *v. t.* & *i.* : (۱) (تکلف سے) متروک (پرانے) ڈھنگ کی عبارت لکھنا؛متروک لفظوں کااستعمال کرنا-(۲)(*Trans.*)متروک بنانا یا قرار دینا -

Archangel, *n.* : (۱) رئیس الملائکہ ؛ فرشتوں میں سب سے بڑا - (۱)خاردار پودا جس کے چھونے سے جلن پیدا ہوتی ھے - (۲) ایک قسم کا کبوتر -

archangelic, *a.* : سب سے بڑے فرشتے کا -

Archbishop, *n.* : اسقف اعظم ؛ صدر اسقف ؛ لاٹ پادری -

archbishopric, *n.* : اسقفی مقام ؛ اسقف اعظم کی جائے سکونت ؛ حلقہ اسقف اعظم -

Archdeacon, *n.* : مذہبی عہدہدار جو اسقف کے نیچے ہوتا ھے -

archdeaconship, *n.* : آرچ ڈیکن کا عہدہ -

Archdeaconry, *n.* : آرچ ڈیکن کی جائے سکونت یا عہدہ یا اُس کا حلقہ اقتدار یا ماتحت علاقہ -

Archdiocese, *n.* : اسقف اعظم کا ماتحت علاقہ -

Archduchess, *n.* : (۱) آرچ ڈیوک کی بیوی - (۲) قیصر آسٹریا کی بیوی -

Archduke, *n.* : قیصر آسٹریا کا بیٹا -

archducal, *a.* : آرچ ڈیوک کا -

archduchy, *n.* : آرچ ڈیوک کا علاقہ -

Arch-enemy, *n.* : (۱) خاص دشمن ؛ بڑا دشمن - (۲) شیطان؛ ابلیس-

Archer, *n.* : (۱) تیرانداز ؛ کماندار -(۲) قوس؛ رامی ؛ نواں برج-

archery, *n.* : فن تیر اندازی -

Archetype, *n.* : نقش اول ؛ اصل؛ اُمّ ؛ ابتدائی نمونہ-

archetypal, *a.* : اصلی ؛ بنیادی ؛ اولیں -

archetypally, *adv.* : اصلاً ؛ ابتداءً

Arch-fiend, *n.* : شیطان ؛ ابلیس -

Archidiaconal (-K-), *a.* : آرچ ڈیکن سے متعلق -

Archiepiscopal, *a.* : اسقف اعظم سے متعلق ؛ صدراسقفی -

Archil(-tsh-,-K), *n.* : بنفشی رنگ (جو مختلف قسم کی بناس پتیوں سے نکالا جاتا ھے)؛ بناس پتی رنگ ؛ نباتی رنگ -

Archimandrite (– K –), *n.* : صدر خانقاہ؛ مہنت؛ یونانی کلیسا

میں خانقاہ کا ناظم -

Archimedean (-k-), *a.* : ارشمیدی ؛ ارشمیدس (یونانی ریاضی داں) کے متعلق -

A. screw : ارشمیدی پیچ ' ایک آلہ ہوتا ہے جس میں ایک نلکی پیچ کی شکل میں اسطوانے کے گرد لپیٹ دی جاتی ہے اور اس کے ذریعے پانی اوپر لاتے ہیں -

Archipelago (-k-), *n.* : (۱) بحیرۂ ایجین - (۲) بحر کثیر الجزائر ؛ ایسا سمندر جس میں متعدد جزیرے ہوں - (۳) مجمع الجزائر ؛ ٹاپوؤں کا جھنڈ -

Architect (-k-), *n.* : (۱) فن عمارت کا ماہر - (۲) میر عمارت جو نقشے تجویز کرتا اور کام کی نگرانی کرتا ہے - (۳) معمار ؛ موجد ؛ کرتا ' (خاص کر) خالق ؛ خلاق عالم - (۴) (مجازاً) بنانے والا ؛ کار ساز ؛ تعمیر کن ؛ جیسے : *a. of his own fortunes* -

architective, *a.* : معمارانہ ؛ تعمیری ؛ فن تعمیر کے متعلق -

Architectonic, *a.* : (۱) عمارتی ؛ معمارانہ ؛ تعمیری ؛ تعمیر یا معمار کے متعلق - (۲) تعمیری (تخریبی کا ضد) ؛ اصلاحی - (۳) نگران کارانہ ؛ ناظمانہ - (۴) متعلق بہ تنظیم علوم -

architectonical, *a.* : علم تنظیم العلوم کے متعلق

architectonics, *n.* : علم تنظیم العلوم -

Architecture, *n.* : (۱) علم تعمیر ؛ فن عمارت ؛ عمارت سازی کا کام - (۲) عمارت ؛ تعمیر (جو بنا دی جائے) - (۳) طرز عمارت ؛ طرز تعمیر - (۴) تعمیر ؛ عمارت سازی ؛ عمارت بنانا -

architectural, *a.* : عمارتی ؛ تعمیری -

architecturally, *adv.* : فن تعمیر کی رو سے -

Architrave, *n.* : (۱) مرغول - (۲) دروازے یا دریچے کے آس پاس کے حصے - (۳) محراب کے بیرونی نقش و نگار ؛ وہ نقش و نگار جو کمانوں کی بیرونی جانب ہوتے ہیں -

Archive (-kiv), *n.* (usu. pl.) : (۱) محافظ خانہ ؛ دفتر خانہ ؛ جہاں سرکاری کاغذات رکھے جاتے ہیں - (۲) پرانے کاغذات ؛ قدیم تاریخی دستاویزیں -

Archivist (-ki-), *n.* : مہتمم محافظ خانہ ؛ محافظ خانہ ؛ محافظ دفتر ؛ پرانے دفتر کا ناظم -

Archivolt (-k-), *n.* : (۱) محراب کی اندرونی قوس (یا خم) جو دونوں داسوں کے درمیان ہو - (۲) اندرونی قوس کے نقش و نگار -

Archon (-k-), *n.* : (۱) آرکن ؛ ایتھنس کے نو میجسٹریٹوں میں سے ایک - (۲) حاکم ؛ حکمران ؛ صدر

archonship, *n.* : آرکن کا عہدہ ؛ زمانہ حکومت -

Arctic, *a.* : شمالی ؛ اترکا ؛ قطب شمالی کا -

A. circle : دائرۂ قطب شمالی ؛ ۶۶ درجے ۳۲ دقیقے (شمالی) کا متوازی خط -

Arcturus, *n* : سماک رامح (ستاروں کے ایک جھمکے کا روشن ترین ستارہ) -

Arcuate (d), *a.* : (۱) کمان کی طرح جھکا ہوا ؛ کمان نما ؛ قوسی - (۲) قوس دار ؛ کمان دار ؛ محراب دار -

-ard, *suf.* : (لاحقہ) اسم فاعل بنانے کے کام آتا ہے ' خاص کر تحقیری اسما ؛ جیسے : *sluggard, drunkard* وغیرہ

Ardent, *a.* : (۱) گرم ؛ جلتا ہوا ؛ سرخ انگارا ؛ آتشیں - (۲) تپانے والا - (۳) مستعد ؛ پر شوق ؛ سرگرم - (۴) تند ؛ پر جوش ؛ جوش انگیز (آدمی یا جذبات) -

a. spirits : الکحلی شرابیں -

ardency, *n.* : گرمی ؛ جوش ؛ سرگرمی ؛ تندی ؛ مستعدی -

ardently, *adv.* : سرگرمی سے ؛ جوش سے ؛ مستعدانہ -

Ardour, *n.* : (۱) شدت کی گرمی ؛ تیز گرمی - (۲) گرمی جذبات ؛ گرم جوشی ؛ پر جوش جذبہ - (۳) لگن ؛ دھن ؛ اشتیاق ؛ سرگرمی ؛ جوش -

Arduous, *a.* : (۱) ڈھلواں ؛ ڈھالو - (۲) کٹھن ؛ دشوار ؛ سخت ؛ محنت طلب - (۳) جوشیلا ؛ محنتی ؛ جانفشانی اور تندھی سے کام کرنے والا ؛ محنت شاقہ اٹھانے والا ؛ جفاکش ؛ زحمت کش ؛ تندہ -

arduously, *adv.* : محنت سے ؛ جوش سے ؛ سرگرمی سے -

arduousness, *n.* : تندھی ؛ جانفشانی ؛ جوش ؛ محنت ؛ سرگرمی ؛ سختی ؛ کٹھن پنا ؛ کسالا -

are, *n.* : آر ' فرانس کے مربع پیمانے کی میٹری اکائی ' ایسا مربع جس کا ایک ضلع ۱۰ میٹر کا (یعنی ۱۱۹٫۶ مربع گز) ہو -

Are : دیکھو BE -

Area, *n.* : (۱) اراضی ؛ زمین - (۲) مسطح میدان ؛ ہموار زمین - (۳) نشیبی صحن کا حصہ - (۴) رقبہ

Areca, *n.* : (۱) کھجوروں کی ایک قسم ؛ چھالیا یا سپاری کا درخت -

a.-nut : چھالیا ؛ سپاری -

Arena, *n.* (pl. *-as*) : (۱) اکھاڑا ؛ میدان ؛ دنگل - (۲) (مجازاً) عرصۂ کارزار ؛ میدان کارزار ؛ میدان عمل ؛ پیکار گاہ -

Arenaceous, *a.* : (۱) ریت کا سا ؛ ریگ آسا - (۲) ریتیلا ؛ ریگستانی -

arenose, *a.* : ریت بھرا ؛ ریت ملا ؛ جس میں ریت شریک ہو -

Areola, *n.* (pl. *-as*) : (۱) بہت ذرا سی جگہ ؛ تل برابر جگہ - (۲) وہ جگہ جو نسیجوں (tissues) کے درمیان ہوتی ہے - (۳) ہالہ ؛ حلقہ ؛ گھیرا ؛ گول جگہ (جیسی بھٹنی کے گرد ہوتی ہے) - (۴) (حیاتیات) مرکزہ ؛ درختوں کے خلیوں کا مرکز -

areolar, areolate, *aa.* : حلقہ دار ؛ خلوی ؛ قطعہ دار ؛ کثیر القطاع -

areolation, *n.* : خلویت ؛ انفراج -

Areopagite (-g-), *n.* (یونان) رکن عدالت فوجداری ؛ ایریوپے گس کی عدالت کا رکن - دیکھو AREOPAGUS -

Areopagus, *n.* : ایتھنس (یونان) کی ایک پہاڑی جہاں اعلی عدالت فوجداری کا اجلاس ہوتا تھا ؛ اعلی ترین عدالت فوجداری -

arete (-at), *n.* : کگر ؛ پہاڑ کا بہت ڈھلوان کنارہ -

Argala, *n.* : ہرگلا ؛ سارس ؛ ایک قسم کا آبی پرندہ

Argall, *n.* : ایشیائی جنگلی بھیڑ -

Argand, *n.* : (۱) ارگنڈی لیمپ ؛ ایک قسم کا لیمپ جس کی بتی اسطوانے کی طرح ہوتی ہے - (۲) ارگنڈی گیس لیمپ - ("آرگنڈ" موجد کا نام) -

Argent, *n.* & *a.* : چاندی ؛ نقرہ ؛ (adj.) روپہلا ؛ نقرئی ؛ سیمیں -

Argentiferous, *a.* : نقرہ دار؛ جس سے چاندی نکلتی ہو؛ سیم ور –

Argentine, *a.* & *n.* : (۱) نقری؛ چاندی کا – (۲) نقری؛ روپہلا؛ چاندی کا سا؛ سیمین – (۳) مصنوعی یا نقلی چاندی – (۴) نقری کھپرے؛ مچھلی کے گول نقری رنگ کے چھلکے؛ روپہلے چھلکے؛ فلس – (۵) (معدنیات) سلیٹ مٹی؛ چمکدار مٹی جس سے سلیٹ بنتی ہے –

Argil (-j-), *n.* : چکنی مٹی؛ برتن بنانے کی مٹی –

argillaceous, *a.* : کمہاری مٹی –

Argle-bargle, *v. i.*, & *n.* : بحث مباحثہ؛ بحث کرنا –

Argol, *n.* : شراب کی تلچھٹ جو پیپوں کے کناروں پر جم کر سخت ہو جاتی ہے –

Argon, *n.* : ارگون؛ ایک گیس جو ہوا کی ترکیب میں داخل ہے –

Argonaut, *n.* : (۱) اُن سورماؤں میں سے ایک کا نام جو یونانی قصے کے ہیرو یاسون کے ساتھ سنہری اون کی تلاش میں نکلے تھے – نیز (جمع میں) وہ تمام سورما – (۲) ایک قسم کا گھونگا –

Argonautic, *a.* : ارگونات سے متعلق –

Argosy, *n.* : (۱) (تاریخ و شعر) بڑا تجارتی جہاز (خاص کر رگوسا اور وینس کا) – (شعر) جہاز؛ بیہم –

Argot (-go), *n.* : بولی؛ زبان؛ لہجہ؛ کسی فرقے (خاص کر چوروں) کی زبان –

Argue (-u), *v. t.* & *i.* : (۱) ثابت کرنا؛ ظاہر کرنا؛ ٹھیرانا؛ دلالت کرنا – (۲) دعویٰ کرنا؛ دلیل لانا؛ بحث کرنا – (۳) حجت کرنا؛ دلائل لانا – (۴) بحثنا؛ الجھنا؛ کٹ حجتی کرنا –

arguable, *a.* : قابل بحث –

a. a person into, out of : مائل کرنا؛ ترغیب دینا؛ تحریص دینا؛ پرچانا؛ پھسلانا –

a. it away : حجت سے توڑ دینا؛ دلیل سے رفع کرنا؛ بحث میں اڑا دینا –

Argument, *n.* : (۱) دلیل؛ دعویٰ؛ حجت؛ وجہ موجہہ – (۲) (منطق) قیاس کی حد اوسط؛ برہان – (۳) قوت استدلال؛ عمل استدلال – (۴) بحث مباحثہ؛ مناظرہ – (۵) خلاصہ؛ تلخیص (کسی کتاب کے موضوع کی) –

a. (usu. *argumentum*) *ad crumenam* : دلیل الی الحرص (ایسی دلیل جس میں حرص سے فائدہ اٹھایا جائے) –

a. (usu. *argumentum*) *ad hominem* : دلیل مرافع الی الشخص (ایسی دلیل جس میں کسی خاص مخالف کی سیرت یا حالات سے فائدہ اٹھایا جائے) –

a. (usu. *argumentum*) *ad ignorantiam* : دلیل الی الجہل (ایسی دلیل جس میں مخالف کی عدم واقفیت سے فائدہ اٹھایا جائے) –

Argumentation, *n.* : (۱) مناظرہ؛ مکالمہ؛ باقاعدہ بحث – (۲) بحث مباحثہ –

Argumentative, *a.* : (۱) منطقی؛ مدلل – (۲) بحثنے کا شوقین؛ حجتی؛ منطقی؛ منطق چھانٹنے والا –

argumentatively, *adv.* : مدلل طریقے پر؛ منطقی طریقے سے؛ بدلیل –

argumentativeness, *n.* : حجتی پن؛ منطقی پن؛ بحث کا شوق –

Argus, *n.* : (۱) آرگس (قصے کہانیوں میں) جس کی سو آنکھیں تھیں؛ ہزار چشم – (۲) چوکس؛ چوکنا (نگہبان) –

a. -*eyed* : چوکس؛ چوکنا؛ آنکھیں کھلی رکھنے والا –

a. -*shell* : چتی دار کوڑی –

Argute, *a.* : (۱) تیز نظر؛ تیز؛ چالاک؛ عیار؛ چلتا پرزہ؛ کائیاں – (۲) (آوازوں کے متعلق) سخت؛ کرخت؛ تیز –

Argyr-, Argyro-(-ji-) : (ترکیب میں) چاندی؛ نقرہ؛ سیم؛ جیسے:

argyria : چاندی کا زہر

argyranthous : سیم گلہ؛ نقری رنگ کا پھول رکھنے والا

argyrophyllous : سیم برگہ؛ نقری رنگ کی پتیاں رکھنے والا

aria (ar), *n.* : (موسیقی) ہوا –

Arian, *a.* & *n.* : آریوسی؛ اسکندریہ کے آریوس (چوتھی صدی) کا پیرو جو اِس مسئلے کا منکر ہے کہ عشائے ربانی میں حضرت عیسیٰ شراب اور روٹی کے ساتھ خود بھی جسماً موجود ہوتے ہیں –

Arianism, *n.* : آریوسیت؛ آریوسی پن –

Arianize, *v. t* & *i.* : آریوسی ہونا یا بنانا –

–arian, *suf.* : (لاحقہ) صفات بنانے کے کام آتا ہے (خاص کر کسی فرقے کے رکن کے لیے)؛ جیسے *humanitarian*, *vegetarian* – اردو میں اِس کا قریب ترین مرادف یائے نسبتی (ی) ہے –

Arid, *a.* : (۱) سوکھا؛ خشک؛ بے رطوبت؛ یابس؛ تپتا ہوا (لغوی اور مجازی معنے) – (۲) (زمین کے متعلق) بنجر؛ ویران؛ خشک؛ خالی؛ بے برگ و گیاہ –

aridity, aridness, *nn.* : خشکی؛ بنجر پن؛ یبوست؛ سوکھا پن –

Ariel, *n.* : ایک قسم کا غزال جو مشرقی ایشیا اور افریقہ میں پایا جاتا ہے – [عربی لفظ "ایّل" سے بنا ہے]

Aries, *n.* : بارہ برجوں میں سے پہلا برج؛ حمل؛ میکھ؛ برہ –

Aright, *adv.* : صحیح؛ درستی کے ساتھ؛ ٹھیک ٹھیک؛ صحت سے؛ صحیح طور پر –

–arious, *suf.* : (لاحقہ) مرکب صفت (دیکھو -ARY) بنانے کے کام آتا ہے –

Arise, *v. i.* : (۱) (متروک) اٹھنا؛ اٹھ کھڑے ہونا – (۲) (شعر) پھر زندہ ہونا؛ از سر نو زندہ ہونا؛ قبر سے باہر نکلنا؛ محشور ہونا – (۳) (متروک) مسموع ہونا؛ سنائی دینا – (۴) ابتدا ہونا؛ پیدا ہونا؛ نکلنا – (۵) پیدا ہونا؛ تولد ہونا – (۶) توجہ یا نظر میں آنا؛ سامنے آنا – (۷) منتج ہونا؛ پیدا ہونا؛ نکلنا (بطور نتیجے کے کسی چیز سے) – (۸) ظہور میں آنا –

Arista, *n.* : ریشے؛ بال (اناج کی بالی وغیرہ کے) –

Aristate, *a.* : بال دار –

Aristocracy, *n.* : (۱) اشرافیہ (یعنی بہترین افراد کی حکومت) – (۲) خواصیہ؛ چند خواص کی حکومت – (۳) وہ مملکت جس پر ایسی حکومت ہو – (۴) طبقہ امرا جس سے ارکان حکومت کا تعلق ہو – (۵) بہترین افراد؛

اعلیٰ ترین افراد (باعتبار عقل و ذہانت وغیرہ) –

Aristocrat, *n.* : (۱) عمدہ؛ اشراف؛ رکن خواصیہ - (۲) طبقۂ امرا کا رکن –

aristocratism, *n.* امارت پسندی -

Aristocratic, *a.* : (۱) اشرافی؛ متعلق بہ اشراف یا اشرافیہ - (۲) شاندار؛ طمطراق کا؛ امیرانہ؛ شاہانہ –

aristocratical, *a.* : شاہانہ؛ امیرانہ –

aristocratically, *adv.* : امیرانہ طور پر –

Aristotelian, - telean, *aa. & nn.* : ارسطاطالیسی (فلسفۂ ارسطو کا معتقد) –

Arithmetic, *n.* : (۱) علم حساب؛ گنت - (۲) حساب دانی؛ گنتی؛ شمار - (۳) حساب کی کتاب –

arithmetician, *n.* : حسابی؛ حساب داں -

Arithmetical, *a.* : حسابی؛ علم حساب کا -

a. progression : سلسلۂ حسابیہ؛ اعداد کا ایک سلسلہ جس میں مقررہ مقدار سے کمی بیشی ہوتی ہے جیسے ۱، ۲، ۳ ۴، وغیرہ، ۹، ۷، ۵، ۳ وغیرہ –

arithmetically, *adv.* : از روے حساب؛ حساب کے طریقے سے -

Arithmometer, *n.* : حساب پیما؛ آلۂ حساب؛ گنتی کی کل –

-arium, *suf.* : اسما کا لاحقہ خاص کر پرانے الفاظ میں –

Ark, *n.* : صندوق؛ تابوت - جاے پناہ (مجازاً) –

A. of the Covenant : تابوت یہودا؛ لکڑی کا صندوق جس میں وہ تختے رکھے ہوتے ہیں جن پر یہودیوں کے قوانین رقم ہوتے ہیں –

A. of Testimony :

Noah's a. : کشتی نوح؛ کھلونے کی کشتی مع مصنوعی جانوروں کے –

Arm, *n.* : (۱) بازو؛ بانہہ - (۲) جانوروں کا ہاتھ؛ دست - (۳) آستین؛ بانہہ (کپڑے کی) - (۴) بازو یا ہاتھ جیسی چیز مثلاً :

a. - chair : بازو دار کرسی؛ دستہ دار کرسی –

a. - hole : بغل؛ لباس کا وہ حصہ جس میں سے ہاتھ ڈالا جاتا ہے –

a. -in- a. ہاتھ میں ہاتھ ڈالے ہوئے –

a. of lever, balance : (بیرم یا میزان کا) بازو یا اُس کی ساق –

a. of the sea : سمندر کی شاخ –

a. - pit : بغل؛ شانے کا نچلا حصہ -

fore-a. : ساعد؛ کہنی سے پہونچے تک کا حصہ –

infant in aa. گود کا بچہ جو چلنے کے قابل نہ ہو –

keep at a.'s length : دور ہی دور رکھنا؛ پاس نہ پھٹکنے دینا؛ منہ نہ لگانا؛ بے تکلف نہ ہونا؛ الگ الگ رہنا –

secular a. : کسی دنیاوی (مذہبی نہیں) عدالت کی حکومت یا اُس کا حق –

with open aa. صدق دل سے؛ خلوص سے؛ سچے دل سے –

armful, *n.* : کولی بھر؛ اتنی چیز جو کولی میں سما جائے –

armless, *a.* : بے بازو؛ بے دستی –

Arm, *n.* (usu. pl.) : (۱) (جمع) ہتیار؛ اسلحہ؛ آلات حرب - (۲) (واحد) کسی خاص قسم کا ہتیار - (۳) (پیشہ) سپاہگری - (۴) فوج (پیادہ یا سوار) - (۵) نشان یا علامت –

bear aa. : سپاہی گری کرنا؛ سپاہی کا پیشہ کرنا –

coat of aa. : خاندانی نشان؛ مارکا یا طغرا –

fire - aa. : آتشی اسلحہ (جن کے چلانے کے لیے بارود کی ضرورت ہو) –

in aa. : مسلح؛ ہتیار بند؛ ہتیار سجے ہوئے یا لگائے ہوئے –

King - of - Aa. : میر حاجب –

lay down aa. : ہتیار رکھ دینا یا ڈال دینا؛ جنگ ختم کر دینا –

small-aa. : چھوٹے اسلحہ (جن کے لیے گاڑی کی ضرورت نہ ہو) –

stand of aa. : ایک سپاہی کی ضرورت بھر کے اسلحہ –

take up aa. : مسلح ہو جانا؛ ہتیار سج لینا یا باندھ لینا (نیز مجازاً) –

under aa. : جنگی ترتیب سے؛ ہتیار باندھے ہوئے؛ جنگ میں مصروف –

up in aa. : کھلم کھلا بغاوت کرنا؛ جنگ پر اتر انا؛ جنگ کے لیے اُٹھ کھڑے ہونا (نیز مجازاً) –

armless, *a.* : بے ہتیار؛ نہتا؛ بے شاخہ –

Arm, *v.t. & i.* : (۱) مسلح کرنا یا ہتیار دینا؛ اسلحہ فراہم کرنا یا بہم پہنچانا؛ ہتیار سے لیس کرنا - (۲) اوزار؛ آلات یا دوسری ضروریات سے لیس کرنا؛ آلات وغیرہ بہم پہنچانا؛ اوزار فراہم کرنا - (۳) ملمع کرنا؛ قلعی کرنا - (۴) (مقناطیس) (روک) لگانا - (۵) (*Intr.*) ہتیار باندھنا؛ مسلح ہونا؛ ہتیار اُٹھانا؛ ہتیار سجنا یا لگانا –

Armada, *n.* : جنگی جہازوں کا بیڑا (خاص کر وہ بیڑا جسے ہسپانیا کے بادشاہ فلپ ثانی نے سنہ ۱۵۸۸ ع میں انگلستان کے خلاف بھیجا تھا) –

Armadillo, *n.* : (۱) جنوبی امریکا کا ایک زمین کے اندر رہنے والا جانور جس کے اوپر ایک ہڈی کا خول سا ہوتا ہے اور جب اُسے گرفتار کرتے ہیں تو وہ گول ہوکر گیند کی طرح ہو جاتا ہے - (۲) ارضی قشریوں کی ایک قسم جو مذکورہ بالا خواص رکھتی ہے –

Armageddon, (-g-), *n.* : بین اقوامی جنگ –

Armament, *n.* : (۱) تیار فوج؛ مسلح فوج (خاص کر بحری) - (۲) فوجی سازو سامان (خاص کر بڑی توپیں جو جنگی جہازوں پر ہوں) - (۳) جنگی تیاری؛ لڑائی کی تیاریاں –

Armature, *n.* : (۱) اسلحہ؛ ہتیار؛ زرہ بکتر - (۲) نباتات یا حیوانات کی بالائی پوشش جو حفاظت کے لیے ہوتی ہے؛ بچاو خول (ج) (۳) ناظر مقناطیس؛ نرم لوہے کے ٹکڑے جو کسی مقناطیس کے قطبین سے ملاکر رکھے جاتے ہیں اور اُس کی قوت زیادہ کرتے ہیں؛ مقنا روک (ج) –

arme blanche, *n.* : سواروں کی تلوار یا برچھا –

Armenian, *a. & n.* : (۱) ارمنی - (۲) ارمنی؛ آرمینیا کا باشندہ - (۳) ارمنی گرجے کا پیرو - ارمنی عیسائی –

A. bole : گل ارمنی +

A. stone : مجرارمنی؛ تانبے کا نیلا کاربونیٹ –

Armiger (-j-), *n.* : سردار؛ منصب دار؛ جسے خاندانی نشان لگانے کا حق ہو –

Armillary, *a.* : کنگنی؛ برنجنی

a. sphere : حلقہ دار گولا؛ افلاس کرہ؛ ایک گولا جس میں خط استوا، خطوط سرطان، وغیرہ فلزی حلقوں سے ظاہر کیے

جاتے ہیں -

Arminian, *a.* & *n.* : آرمی نوسی ؛ ولندیزی پروٹسٹنٹ عالم دینیات (Arminius) کا ہم اعتقاد یا پیرو ؛ یہی آرمی نوس، کال ون (Calvin) کے عقاید ؛ خاص کر عقیدۂ قضا و قدر کا مخالف تھا -

Arminianism, *n.* : آرمی نوسیت -

Armistice (-is), *n.* : (۱) مہلت جنگ ؛ اِلتوائے جنگ (تیز) مجازاً) - (۲) چند روزہ صلح ؛ ہنگامی صلح -

Armlet, *n.* : (۱) بازو بند ؛ جوشن - (۲) سمندر کا وہ حصہ جو کسی ملک کے اندر بڑھ آیا ہو ؛ شاخ دریا ؛ کھاڑی -

Armorial, *a.* & *n.* : نقابتی (کتاب) جو خاندانی نشانوں کے متعلق ہو -

Armory, *n.* : علم نقابت -

armorist, *n.* : علم نقابت کا ماہر -

Armour (-er), *n.* : (۱) زرہ بکتر؛ زرہ؛ درع - (۲) جنگی جہازوں کی فلزاتی پوشش ؛ جہازوں کی زرہ - (۳) حیوانات یا نباتات کی اوپر پوشش جو حفاظت کی غرض سے ہوتی ہے؛ بچاو خول - (۴) نقابتی مارکا - (۵) فوطہ خوری کا لباس -

a.-bearer : زرہ بردار -

a.-clad : زرہ پوش (جہاز) -

Armour, *v.t.* : زرہ پہنانا ؛ حفاظتی پوشش ڈالنا -

armoured cruiser دیکھو CRUISER -

Armourer, *n.* : (۱) اسلحہ ساز ؛ ہتیار ساز ؛ زرہ ساز - (۲) محافظ سلاح خانہ ؛ سلاح دار ؛ وہ افسر جو کسی جہاز یا فوج کے اسلحہ کا نگران ہو -

Armoury, *n.* : اسلاح خانہ ؛ ہتیار گھر ؛ مسلحہ (۲) (امریکا) کارخانۂ اسلحہ سازی -

Army, *n.* : (۱) فوج ؛ لشکر ؛ سپاہ ؛ عسکر ؛ قشون - (۲) ٹڈی دل ؛ انبوہ کثیر - (۳) منظم جماعت یا جمعیتہ ؛ جیسے :

a. broker, *a. contractor* : فوجی دلال ؛ ٹھیکیدار -

a.-corps : آرمی کور ؛ فوج کا اہم حصہ (میدانِ جنگ میں) -

a.-list : فوجی عہدہ داروں کی فہرست -

a.-worm : کپاس کیڑا (ایک قسم کا پھلگا) -

Salvation A. : مکتی فوج -

standing a. : مستقل یا مدامی فوج -

the a. : فوج ؛ فوجی خدمت یا ملازمت -

Arnica, *n.* : (۱) ارنیکا ؛ تمباکو کی قسم کا ایک پودا (وسط یورپ کا) - (۲) عرق ارنیکا

Aroint, -oynt, *v. or int.*, *a. thee* : (متروک) دور ہو ؛ چلے جاو ؛ دفع ہو -

Aroma, *n.* (pl. -as) : (۱) خوشبو ؛ مہک ؛ بھینی بو - (۲) بوباس - (مجازاً) کوئی ایسی صفت جو کسی چیز میں ساری ہو -

Aromatic, *a.* : (۱) خوشبودار ؛ مہکیلا ؛ معطر - (۲) مسالے دار ؛ چٹ پٹا -

Arose : دیکھو ARISE -

Around, *adv.* & *prep.* : (۱) چاروں طرف ؛ چو طرفا ؛ چارسو ؛ ہر طرف ؛ ہرجانب ؛ ہر سمت - (۲) (امریکا)

اِدھر اُدھر ؛ بھٹکتے ہوئے ؛ جیسے : اِدھر اُدھر مارے مارے پھرنا - *fool a.* : (۳) گرد ؛ گردا گرد - (۴) چاروں طرف ؛ حلقہ کیے ہوئے ؛ گھیرے ہوئے -

Arouse, *v.t.* : (۱) جگانا ؛ بیدار کرنا ؛ ہوشیار کرنا - (۲) اُبھارنا ؛ اکسانا ؛ حرکت پیدا کرنا ؛ حرکت میں لانا -

Arpeggio (-eio), *n.* : (۱) (موسیقی) گت ؛ گت بجانا (خاص کر اوپر کے سُروں کی طرف جلدی جلدی) - (۲) تار -

Arquebus : دیکھو HARQUEBUS -

Arrack, *n.* : عرق ؛ مد ؛ تاڑی ؛ نشہ لانے والی پینے کی چیز (جو خاص کر تاڑ ؛ چاول یا شکر سے کھینچی جاوے) -

Arrah, *int.* : (اینگلو آئرش) ارے -

Arraign, *v.t.* : (۱) اِلزام لگانا ؛ اِستغاثہ دائر کرنا - (۲) تہمت لگانا ؛ متہم کرنا ؛ اِلزام لگانا - (۳) اعتراض کرنا ؛ نقص نکالنا ؛ عیب جوئی کرنا ؛ نکتہ چینی کرنا ؛ کیڑے ڈالنا -

arraignment, *n.* : اِلزام ؛ تہمت ؛ عیب جوئی -

Arrange, *v.t.* & *i.* (۱) ترتیب دینا ؛ لگانا ؛ جمانا ؛ ٹھیک سے رکھنا ؛ بٹھانا - (۲) قطار میں کھڑا کرنا ؛ پرا جمانا ؛ ایک لین میں کھڑا کرنا ؛ صف بندی کرنا (فوج کی) - (۳) (موسیقی) بٹھانا ؛ جمانا ؛ اُتارنا ؛ چڑھانا (کسی تصنیف یا گیت کو کسی نئی دھن وغیرہ میں) - (۴) طے کرنا ؛ فیصلہ کرنا ؛ چکانا ؛ مٹانا ؛ رفع دفع کرنا (جھگڑا وغیرہ) - (۵) پہلے سے طے کرلینا یا ٹھیرا لینا ؛ تجویز کرنا - (۶) (*Intr.*) اِنتظام کرنا ؛ آپس میں سمجھوتا کرنا یا طے کرلینا -

arrangement, *n.* : ترتیب ؛ تصفیہ وغیرہ (مذکورہ بالا معنوں میں) -

Arrant, *a.* : ایک ہی ؛ چھٹا ہوا ؛ پرلے درجے کا -

arrantly, *adv.* : (مذکورۂ بالا کی طرح)

Arras, *n.* : (۱) مشجر (کپڑا) ؛ دیبا - (۲) باتصویر پردہ ؛ بیل بوٹے دار پردہ (دیوار کے لیے) -

arrased, *a.* : مشجر پوش ؛ بیل بوٹے دار پردے سے ڈھکا ہوا -

Array, *v.t.* : (۱) جنگ کے لیے آمادہ کرنا ؛ صف آرائی کرنا ؛ پرا جمانا (فوج) - (۲) جوری ترتیب دینا - (۳) سنگارنا ؛ سنوارنا (لباس سے) ؛ لباس فاخرہ پہنانا - (۴) کپڑے پہننا ؛ کپڑے پہن کر تیار ہونا ؛ لباس پہننا - (۵) سجانا ؛ آراستہ کرنا ؛ سنوارنا - (۶) (استعارہ) بنا سنوار کر پیش کرنا ؛ متصف کرنا -

Array, *n.* : (۱) قطار ؛ صف ؛ ترتیب ؛ پرا ؛ جیسے : فوج کی صف ؛ فوج کا پرا ؛ فوجی ترتیب (*battle a.*) - (۲) (تاریخ) بے قاعدہ فوج کو مسلح کرنا ؛ جیسے : *Commission of A.* - (۳) فوجی طاقت ؛ فوج ؛ لشکر ؛ عسکر - (۴) پرا ؛ جمگھٹا ؛ انسانوں یا اشیا کا ایسا جمگھٹ جس سے اثر پڑے ؛ جھرمٹ - (۵) جوری کی ترتیب وار فہرست - (۶) (شعر) لباس ؛ کپڑے ؛ پوشاک -

Arrear, *n.* : (۱) (متروک) عقب ؛ پچھلا حصہ (جلوس وغیرہ کا) - (۲) (جمع میں) بقایا ؛ باقی ؛ وصول طلب قرضے -

in a., *in aa.* : بقایا (خاص کر مطالبات کی) -

in a. of : پس ماندہ ؛ پیچھے -

Arrearage, *n.* : (۱) پس ماندگی ؛ پھسڈی پن ؛ پیچھے رہنا -

(۲) بقایا ؛ باقی ؛ حساب ادا شدنی ؛ وصول طلب بقایا - (۳) جو محفوظ میں ؛ کوئی چیز جو محفوظ رکھی جائے ؛ کوئی چیز جو لگا رکھی جائے - (۴) (جمع میں) قرض ؛ دام ؛ مطالبات اداشدنی -

Arrect, a. : (۱) (کانوں کے متعلق) کھڑے ہوئے ؛ کنوتیاں بدلے ہوئے - (۲) (مجازاً) چوکنا ؛ چوکس ؛ خبردار ؛ ہشیار -

Arrest v.t. : (۱) روکنا ؛ تھامنا ؛ بازرکھنا - (۲) پکڑنا ؛ گرفتار کرنا ؛ ماخوذ کرنا ؛ حراست میں لینا (قانونی حکم کی بنا پر) - (۳) جلب کرنا ؛ منعطف کرنا (توجہ کو) ؛ توجہ مبذول کرانا ؛ توجہ منعطف کرانا ؛ متوجہ کرنا (کسی شخص کو) -

a. judgement : (قانون) امتناع حکم ؛ تعرض اجرائے حکم ؛ فیصلے کے بعد بنائی غلطی کی بنا پر مقدمے کو روک رکھنا -

arrestive, a. : روکنے والا ؛ امتناعی ؛ منعطف کرانے والا -

arrestment, n. : امتناع ؛ روک ؛ روکنا وغیرہ -

arrest, n. : (۱) ٹھیراو ؛ روک ؛ رکاو ؛ روک تھام - (۲) (دیکھو اوپر) : *a. of judgement* - (۳) ضبطی ؛ قبضہ - (۴) قانونی گرفتاری ؛ حراست ؛ پکڑ لینا - (۵) قید ؛ گرفتاری ؛ جیل میں ڈالنا ؛ حوالات میں رکھنا -

under a. : زیر گرفتاری ؛ جس پر حکم گرفتاری صادر ہو چکا ہو -

Arride, v.t. : (متروک) خوش کرنا ؛ مطمئن کرنا ؛ راضی کرنا -

arriere-ban, n. : (۱) باج گزار طلبی ؛ منصب دار طلبی ؛ خراج گزاروں کی طلبی خدمت حربی کے لیے ؛ فرانسیسی بادشاہوں کا اپنے باجگزار کو جنگی خدمت کے لیے طلب کرنا - (۲) طلبکردہ باجگزار یا قابل طلب باجگزار ؛ وہ باجگزار جو فوجی خدمت کے لیے طلب کیے جاسکیں - (۳) طبقۂ اعیاں ؛ طبقۂ اُمرا - (۴) ادنے درجے کے باجگزاروں کی طلبی -

arriere-pensee, n. : (۱) مخفی غرض یا غایت - (۲) گبھی بات ؛ وہ مدعا جو ظاہر نہ کیا جائے -

Arris, n. : کنگر ؛ باڑھ ؛ وہ کنارہ جو دو زاویہ دار سطحوں کے باہمی اتصال سے پیدا ہوتا ہو -

a.-gutter : کنگردار نالی -

a.-wise : کنگر کی طرح سے -

Arrival, n. : (۱) پہنچنا ؛ ورود ؛ منزل مقصود پر رسائی (نیز مجازی) - (۲) آن موجود ہونا ؛ جا پہنچنا (عین موقع پر) - (۳) شخص وارد شدہ - (۴) (محاورہ) نومولود یا ننھا مسافر یا مہماں - (۵) جہاز پر لدنے کا سامان -

Arrive, v.i. : (۱) آنا ؛ پہنچنا ؛ وارد ہونا ؛ منزل مقصود پر پہنچنا (نیز مجازاً) - (۲) (اشیا) لایا جانا ؛ پہنچایا جانا - (۳) (وقت) آنا ؛ آپہنچنا (۴) (واقعات کا) رونما ہونا ؛ ظاہر ہونا ؛ وقوع میں آنا ؛ وقوع پذیر ہونا -

Arrogant, a. : (۱) تحکمانہ - (۲) گستاخ ؛ (۳) دیدہ دلیر ؛ جسارت آمیز ؛ پُر جسارت - (۴) مدمغ ؛ مغرور ؛ متکبر ؛ گھمنڈی -

arrogance, -ancy, nn. : تحکم ؛ گھمنڈ (اور مذکورہ معنوں میں) -

arrogantly, adv. : تحکمانہ ؛ مغرورانہ ؛ متکبرانہ -

Arrogate, v.t. : (۱) ادعا کرنا ؛ الصاف بے جا کرنا ؛ بے جادعوی کرنا - (۲) نا جائز حقوق کا دعوی کرنا (دوسرے کے لئے) -

Arrogation, n. : (۱) جھوٹا دعوی - (۲) ادعائے باطل ؛ بیجا دعوی -

arrondissement, n. : فرانسیسی تحصیل یا حصہ صوبہ

Arrow, n. : تیر ؛ بان ؛ ناوک ؛ پیکانی علامت ؛ تیر کی شکل کا ایک زیور -

a.- or broad a.-head : پیکانی علامت ؛ انگریزی محکمۂ ذخائر حربی کا نشان -

a.-headed characters : میخی خط ؛ پیکانی خط (کتابت) -

arrowroot : ارارورٹ -

a.-stitch : زنجیر (بخیہ) ؛ تکونی ترپن (جس سے عورتیں محرم میں وھیل کی ہڈی سی لیتی ہیں) -

arrowy, a. : ناوک صفت ؛ پیکانی ؛ تیر سا -

Arse, n. : سرین ؛ چوتڑ ؛ پٹھا -

Arsenal, n. : میگزین ؛ سلاح ؛ ذخیرۂ حربی ؛ سلاح خانہ ؛ ہتھیار گھر ؛ نیز مجازاً ؛

Arsenic, n. : (۱) سم الفار ؛ (۲) سنکھیا ؛ ہڑتال ؛ زرنیخ ؛ سنکھیا کا ہار -

flowers of a. : سنکھیا کے پھول ؛ ذرات زرنیخ -

Arsenic(al), aa. : ہڑتالی ؛ زرنیخی ؛ سنکھیا کا -

Arsenious, a. : سنکھیادار ؛ سنکھیلا ؛ زرنیخ آمیز ؛ جس میں سنکھیا بطور جز کے ملی ہوئی ہو -

Arsis, n. : انگریزی شعر کی تقطیع میں لفظ کا وہ جز جس پر آواز کا زور پڑے -

Arson, n. : جرم آتش زنی ؛ عمداً آگ لگا دینا -

Art, v. : دیکھو BE -

Art, n. : (۱) اُستادی ؛ کاریگری ؛ فن ؛ ہنر مندی ؛ مہارت - (۲) صناعی ؛ کاریگری ؛ صنعت - (۳) تراش خراش ؛ نوک پلک نکالنا ؛ بات پیدا کرنا (خاص کر نقاشی میں) - (۴) (جمع میں) فنون - (۵) کسی علم کا عمل - (۶) صنعت و حرفت ؛ پیشہ ؛ حرفہ - (۷) اہل حرفہ کی پنچایت - (۸) سلیقہ ؛ ہنر ؛ تھنک ؛ ڈھب - (۹) عیاری ؛ ہوشیاری ؛ مکاری ؛ کیادی ؛ چال ؛ فریب ؛ داؤ ؛ گھات ؛ حکمت عملی -

a. and (or) part : تدبیر ؛ ساخت و پرداخت . تدبیر و عمل ؛ و تکمیل -

be a. and part in : کسی کام میں ہر طرح مصروف (شریک) ہونا -

black a. : جادو ؛ سحر -

fine aa. : فنون لطیفہ ؛ فنون ظریفہ ؛ صنائع مستظرفہ ؛ کمالیات -

Arterial, a. : شریانی -

a. drainage : پیچ در پیچ نالی -

Arterialize, v.t. : خون کو شریانی خون بنانا (آکسیجن پہنچا کر) ؛ شریانا (ج) -

arterialization, n. : (مذکورہ بالا معنوں میں)

Arteriotomy, n. : (۱) فصد ؛ رگ زنی - (۲) (تشریح) شرائین یا نسوں کی چیر پھاڑ -

Artery, n. : نس ؛ شریان ؛ وہ نس جو دل سے بدن میں خون پہنچاتی ہے (دیکھو VEIN)

arteritis, n. : ورم شرائین -

Artesian (-zhn), a. : نواری -

a. well : نواری کنواں ؛ بھرار کنواں -

Artful, *a.* : پرفن ؛ فریبی ؛ چالباز ؛ دغا باز ؛ چالاک ؛ عیارانہ —
artfully, *adv.* : مکاری سے ؛ عیاری (وغیرہ) سے —
artfulness, *n.* : مکر ؛ مکارپن ؛ عیار پنا —
Arthritis, *n.* : (۱) سوزش مفاصل - (۲) گٹھیا ؛ وجع مفاصل —
arthritic, *a.* : گٹھیا یا وجع مفاصل کے متعلق —
Arthro- : (جزو ترکیبی) بمعنی جوڑ ؛ مفصل (جمع : مفاصل) جیسے :
arthropathy : جوڑ کا درد —
arthrosis : جوڑ بندی —
Artichoke, *n.* : ھاتھی چوک ؛ خرشف - [یہ لفظ عربی الخرشف سے بنا ھے]
Jerusalem A. : ایک قسم کا سورج مکھی —
Article, *n.* : (۱) فقرہ (جمع فقرات) ؛ کسی تحریر یا تصنیف کا کوئی حصہ (جو بجائے خود مکمل ھو) - (۲) دفعہ ؛ فقرہ (اقرار نامے وغیرہ کا) - (۳) مضمون ؛ مقالہ - (۴) مخصوص حصہ ؛ خاص چیز - (۵) خاص چیز ؛ مخصوص شے —
definite a., ('the') : (۱) حرف تعریف ؛ اداۃ التعریف -
indefinite a., ('a, an') : حرف تنکیر -
in the a. of death (usu. *in articulo mortis*) : آن ؛ لمحہ ؛ ساعت -
leading a. : اداری مقالہ ؛ اداریہ ؛ مقالہ مدیری ؛ افتتاحیہ ؛ مقالہ افتتاحی ؛ اڈیٹوریل -
Article, *v.t.* : (۱) الگ الگ فقروں میں بیان کرنا یا لکھنا ؛ فقرات میں لکھنا ؛ فقرہ وار ، دفعہ وار لکھنا - (۲) مجرم ٹھہرانا ؛ دفعہ عائد کرنا - (۳) پابند بنانا ؛ پابند شرائط کرنا (خاص کر کار آموزی میں) -
Articular, *a.* : مفاصلی ؛ جوڑ اور مفاصل کے متعلق -
Articulate, *a. & n.* : (۱) پوردار ؛ گٹھیلا ؛ گرہ دار ؛ ذی مفاصل - (۲) ممیز ؛ صاف ؛ واضح - (۳) جوڑدار جانور ؛ ذی مفاصل -
articulately, *adv.* : صاف ، واضح طور پر -
articulateness, *n.* : گرہ دار ھونا ؛ واضح ھونا ؛ وضاحت -
Articulate, *v.t. & i.* : (۱) جوڑ ڈالنا ؛ گرہ یا جوڑ کے ذریعے سے ملانا ؛ جوڑ بندی - [۲] صاف تلفظ کرنا ؛ لفظ لفظ یا حرف حرف الگ بولنا - (۳) (*Intr.*) واضح طور پر ، ہر لفظ الگ الگ بولنا ؛ ترتیل -
articulatory, *a.* : صوتی ، وضاحت کا -
Articulation, *n.* : (۱) فصل بندی ؛ گرہ بندی ؛ جوڑ بندی ؛ گانٹھ لگانا - (۲) جوڑ ؛ گرہ ؛ گانٹھ ؛ پور ؛ مفصل - (۳) نطق ؛ گویائی - (۴) حرف صحیح -
Artifice, *n.* : (۱) ترکیب ؛ تدبیر ؛ حکمت ؛ چُٹک - (۲) چترائی ؛ استادی ؛ ھنر ؛ کمال - (۳) چالبازی ؛ حیلہ -
Artificer, *n.* : (۱) اھل حرفہ ؛ صناع ؛ کاریگر ؛ دستکار - (۲) موجد -
Artificial, *a.* : (۱) فنی ؛ حرفتی ؛ صنعتی (جو کاریگری یا صنعت سے بنا ھو) - (۲) مصنوعی ؛ غیر طبعی ؛ بناوٹی ؛ غیرفطری - (۳) مصنوعی ؛ نقلی ؛ جھوٹ موٹ کا ؛ غیر حقیقی ؛ غیر اصلی - (۴) ساختہ ؛ مصنوعی -
a. flowers : مصنوعی پھول -
a. ice : بنائی ھوئی برف -
artificiality, *n.* : تصنع ؛ بناوٹ ؛ (م م) -
artificialize, *v.t.* : مصنوعی طور پر بنانا -
artificially, *adv.* : مصنوعی طور پر ؛ غیرطبعی طور پر ؛ نقلی طور پر -
artificialness, *n.* : بناوٹی پن ؛ مصنوعی پن ؛ نقلی پن ؛ (م م) -
Artillery, *n.* : (۱) توپیں - (۲) توپ خانہ -
a.-train : توپ گاڑی -
artillerist, *n.* : گولہ اندازی کا ماہر ؛ گولنداز -
artilleryman, *n.* : توپچی -
Artisan, *n.* : کاریگر ؛ دستکار ؛ صناع ؛ اھل حرفہ -
Artist, *n.* : (۱) صناع ؛ صنعت گر ؛ صنعت کار ؛ فنون لطیفہ کا ماہر - (۲) استاد ؛ باکمال ؛ گُنی ؛ فنکار ؛ حسن کار (جس کا پیشہ کوئی فن لطیف ھو) ؛ آرٹسٹ -
a.'s proof : مرقع کا وہ پروف جو حسن کار کے ملاحظے میں آچکا ھو -
artistic(al), *aa.* : پر صنعت ؛ باصنعت ؛ صنعت کارانہ -
artistically, *adv.* : فن کے ساتھ ؛ استادانہ -
artistry, *n.* : تحصیل فنون لطیفہ ؛ صناعانہ صلاحیت یا استعداد -
Artiste, *n.* : پیشہ ور مغنی یا کلاونت ؛ رقاصہ ؛ رقاص -
Artless, *a.* : (۱) بے ھنر ؛ اناڑی ؛ ناتراشیدہ ؛ اکھڑ - (۲) بھدا ؛ بھونڈا - (۳) بے تصنع - (۴) سادہ ؛ بھولا ؛ معصوم
artlessly, *adv.* : (م م) -
artlessness, *n.* : (م م)
Arum, *n.* : آرم ؛ درنمو ؛ پودوں کی ایک قسم -
a. lily : سفید سوسن یا زنبق -
-ary, *suf.*, *-ordinary* : (لاحقہ) اسم یا صفت بنانے کے کام آتا ھے جیسے :
Aryan, *a. & n.* : (۱) آریائی ؛ آریائی زبانیں - (۲) آریا خاندان کا رکن ؛ آریائی -
As, *adv., conj., rel. pron.* : (۱) جو تھی کہ ؛ جیسے ھی ؛ جیسا کہ ؛ بھی - (۲) اتنا ؛ اس طرح سے ؛ مثل ؛ مانند - (۳) جیسا ؛ جس طرح ؛ جیسے : (*do as you like*) - (۴) (*as if*) گویا کہ ؛ جب ؛ جب کہ - (۵) اس لیے کہ ؛ چونکہ (سبب کے لیے) - (۶) تاکہ ؛ کہ (نتیجے کے لیے) - (۷) (ضمیر) جون سا ؛ (جیسے : *I had the same trouble as you*) - (۸) جیسا کہ (مثلاً : *he was a foreigner as they perceived from his accent*) -
as good as (dead) : بس مردہ ھی سمجھو ؛ گویا کہ مردہ ھے -
as regards, as to : بابت ؛ دربارہ ؛ متعلق ؛ نسبت -
as well (as) : بھی ؛ علاوہ ؛ مزیدبراں ؛ نیز -
as yet : ابھی تک ؛ تاحال ؛ تاایندم -
I thought as much : بالکل یہی ؛ یہی ؛ بعینہ -
As, *n.* : تانبے کا ایک رومی سکہ جس کا وزن پہلے ۱۲ اونس تھا ؛ پھر بعد کو نصف اونس کردیا گیا -
As-, *pref.* : (سابقہ) دیکھو AD- -
Asafoetida, *n.* : ھینگ ؛ حلتیت -
Asbestine, *a.* : اسبستوسی ؛ غیراشتعال پذیر ؛ اسبستوس کا یا اس کی طرح -
Asbestos, *n.* : اسبستوس ؛ ایک طرح کی ریشہ دار معدنی چیز جس کا غیر اشتعال پذیر تختہ بنایا جاسکتا ھے -
asbestic, asbestoid, *aa.* : اسبستوس کا ؛ اسبستوسی -
Ascend, *v.t. & i.* : (۱) اوپر جانا یا آنا ؛ چڑھنا - (۲) (چیزوں کے متعلق) اٹھایا جانا ؛ بلند کیا جانا - (۳) مائل بہ فراز ھونا ؛

چڑھاؤ ہونا ؛ بتدریج بلند ہوتے جانا - (۴) بڑھنا ؛ اُبھرنا ؛ چڑھنا ؛ بلند ہونا ؛ ترقی کرنا (نیز مجازاً) - (۵) (آوازوں کے متعلق) اونچا ہونا ؛ بلند ہونا - (۶) زمانے یا نسب کے لحاظ سے ماضی کی طرف جانا - (۷) منبع یا نکاس کی طرف جانا ؛ اوپر کی طرف جانا ؛ جیسے :(*a. a river*)–
(۸) بیٹھنا ؛ چڑھنا ؛ سوار ہونا ؛ جیسے : (*a. the throne*)–

Ascendancy, - ency, *n.* : تفوق ؛ فوقیت ؛ بالا دستی ؛ غلبہ ؛ عروج -

Ascendant, - ent. *a.* & *n.* : (۱) اُٹھتا ہوا ؛ بلند ہوتا ہوا - (۲) (ہیئت) طالع ؛ جو نصف النہار کی طرف چڑھ رہا ہو - (۳) (نجوم) مشرقی افق سے ذرا بلند - (۴) غالب ؛ حاوی - (۵) زائچہ ؛ جنم پتری - (۶) دائرۃالبروج کا وہ نقطہ یا منطقۃ البروج کا دقیقہ جو کسی بچے کی ولادت کے وقت افق مشرق سے بلند ہو رہا ہو ؛ نقطۂ طالع - (۷) فوقیت؛ برتری ؛ افضلیت ؛ شرف - (۸) جد ؛ پرکھا ؛ سلف -

house of the a. : نقطۂ طالع کا خانہ ؛ وہ حصہ جو منطقۃ البروج کے ۵ درجے اوپر اور ۲۵ درجے نیچے کے درمیان ہو -

in the a. : عروج پر ؛ فائق ؛ غالب ؛ افضل ؛ اعلیٰ ؛ برتر -

lord of the a. : خانۂ طالع کا کوئی سیارہ؛ خانۂ طالع کا مالک -

Ascension, *n.* : (۱) صعود ؛ بلند ہونا ؛ اوپر چڑھنا یا اُٹھنا - (۲) رفع مسیح -

A.- day : مبارک پنجشنبہ -

ascensional, *a.* : صعودی ؛ معراجی ؛ وغیرہ -

Ascensive, *a.* : (۱) بڑھتا ہوا ؛ اُبھرتا ہوا - اُٹھتا ہوا - (۲) (نحو) تاکیدی ؛ موکد -

Ascent, *n.* : (۱) چڑھاؤ ؛ صعود ؛ بلندی ؛ عروج - (۲) ترقی ؛ اوپر اُٹھنا ؛ بلند ہونا ؛ مائل بہ رفعت ہونا ؛ عروج ؛ اوج - (۳) زینہ ؛ چڑھاؤ ؛ سیڑھی ؛ وہ رستہ جس پر ہو کر اوپر جا سکیں -

Ascertain, *v.t.* : تحقیق کرنا ؛ معلوم کرنا ؛ دریافت کرنا ؛ پتا چلانا -

ascertainable, *a.* : قابل تحقیق ؛ قابل دریافت -

ascertainment, *n.* : تحقیق ؛ دریافت -

Ascetic, *a.* & *n.* : (۱) تپسوی ؛ جوگی ؛ مرتاض ؛ ریاضت کش - (۲) تیاگی ؛ سنیاسی ؛ راہب ؛ تارک الدنیا -

ascetical, *a.* : راہبانہ ؛ زاہدانہ ؛ مرتاضانہ -

ascetically. *adv.* : راہبانہ ، جوگیانہ ، زاہدانہ ، مرتاضانہ طور پر -

asceticism, *n.* تیاگ ؛ ریاض ؛ تپسیا ؛ زہد ؛ ترک دنیا -

Ascidium, *n.* : رخووں (molluscs) کی ایک جنس جس کے چاروں طرف ایک چمڑے کی سی جھلی ہوتی ہے ؛ مشکیۃ (ج) -

Asclepiad, *n.* : اسکلیپیادی (یونانی اور لاتینی عروض کے مطابق ایک قسم شعر کی جس کا موجد یونانی شاعر *Asklepiades* تھا) -

Ascot, *n.* : مقام ایسکوٹ کی شوط گاہ -

Ascribe, *v. t.* : (کسی کی طرف) نسبت دینا ؛ منسوب کرنا ؛ (کسی کے ذمے) لگانا ؛ عائد کرنا ؛ (کسی کے سر) تھوپنا ؛ موڑھنا؛ محمول کرنا ؛ مخصوص کرنا -

ascribable, *a.* : قابل انتساب ؛ قابل نسبت -

ascription, *n.* : (۱) انتساب؛ نسبت؛ تخصیص - (۲) ختم وعظ یا عبادت، پر حمد اور دعا -

Aseptic, *a.* & *n.* : (۱) بے زہرباد ؛ بے تعفن ؛ غیر متعفن ؛ جس میں عفونت یا زہرباد نہ ہو - (۲) نہ سڑنے والی (چیز) ؛ غیر عفونت پذیر - (۳) طبی طریقے سے پاک کیا ہوا -

Asexual, *a.* : (حیاتیات) اجاتی ؛ بے جنس ، جس میں نر مادہ کی تفریق نہ ہو -

asexuality, *n.* : بے جنسی ؛ اجاتی پنا -

Ash, *n.* : ایش ، ایک قسم کا جنگلی پیڑ -

a.-fly, a.-grub : ایش مکھی ، جو ایش پر پائی جاتی ہے اور جسے مچھلی پکڑنے والے ، چارے کے طور پر کانٹے میں لگاتے ہیں -

a.-key : ایش کا بیج -

a.-leaf : شروع فصل کا آلو

mountain a. : ایک قسم کا درخت ؛ روون کا پیڑ -

Ash, *n.* : (usu. pl.) : (عموماً جمع میں) (۱) راکھ ؛ خاکستر - (۲) چتا کی راکھ جو مردوں کے جسم کو جلانے کے بعد باقی بچے -

a. -fire : دھیمی آنچ جو کیمیاوی عملوں میں استعمال کی جاتی ہے -

a. -furnace : شیشہ بنانے کی بھٹی -

A. -Wednesday : یوم الرماد ؛ عیسائی چلے کا پہلا بدھ ؛ اِس روز رومن کتھولک تائبین کے سروں پر راکھ لگاتے ہیں -

bring back the aa. : (کرکٹ) ہار مٹانا -

lay in aa. : جل کے برابر ہوجانا -

sackcloth and aa. : (لغوی : ٹاٹ اور بھبوت) کفارے یا توبہ کا بانا یعنی لباس ؛ توبہ اور استغفار -

Ashamed, *pred.a.* : شرمندہ ؛ نادم ؛ منفعل ؛ خجل ؛ عرق عرق -

a. for : کسی وجہ سے شرمندہ یا نادم -

a. of : (کسی چیز یا بات سے) شرمندہ ؛ نادم -

a. to do : کسی کام کرنے سے منفعل -

Ashen, *a.* : (۱) ایش درخت کا - (۲) ایش کی لکڑی سے بنا ہوا -

Ashen, *a.* : (۱) رمادی ؛ راکھ کا ؛ خاکستری - (۲) خاکستری رنگ کا ؛ فاختئی ؛ پیلا -

Ashlar, *n.* : (۱) مربع پتھر ؛ پتھر کے چوکے - (۲) مربع پتھروں کی عمارت - (۳) اینٹ کی عمارت جس کی رو کار پتھر کا ہو -

Ashlaring, *n.* : ترشے پتھر کی چنائی -

Ashore, *adv* : کنارے پر ؛ کنارے کی جانب -

Ashy, *a.* : (۱) رمادی ؛ خاکستری - (۲) خاک آلودہ ؛ راکھ میں اٹا ہوا - (۳) خاکستری رنگ کا ؛ راکھ کے رنگ کا ؛ فاختئی -

Asiatic, *a.* & *n.* : ایشیائی ؛ ایشیا کا باشندہ -

Aside, *adv.* & *n.* : ایک طرف ؛ الگ ؛ ایک جانب ؛ ایک سمت پر ؛ علحدہ ؛ کنارے پر -

set a. : رد کرنا ؛ مسترد کرنا ؛ منسوخ کرنا ؛ توڑ دینا (فیصلے کا) -

speak a. : (۱) تمثیلے میں کہنا ؛ الگ ہٹ کر کہنا ؛

(N.) (۱) منہ پھیر کر کہنا (خاص کر خواص میں) ؛
الفاظ جو الگ بولے جائیں ؛ خاص کر وہ الفاظ جو ایکٹر
الگ ہٹ کر کہتا ہے ' پتا جان کر کہ دوسرے نہیں سن
رہے ہیں - (۳) رواروی کا کلم -

Asinine, *a.* : (۱) حماری ؛ گدھے سے متعلق - (۲) بیوقوف ؛
گدھا ؛ احمق -

asininity, *n.* : گدھا پن ؛ بیوقوفی -

-asis, *suf.* : (لاحقہ) بیماری کے ناموں کے لیے آتا ہے -

Ask, *v. t. & i.* : (۱) پوچھنا ؛ اِستفسار کرنا ؛ جواب مانگنا ؛
جواب طلب کرنا ؛ دریافت کرنا - (۲) درخواست کرنا ؛
اِستدعا کرنا ؛ اِلتجا کرنا ؛ عرض کرنا - (۳) بلانا ؛ دعوت دینا ؛
مدعو کرنا ؛ طلب کرنا - (۴) (چیزوں کے متعلق) چاہنا -

a. (for) attention : توجہ چاہنا ؛ توجہ طلب ہونا -

a. the banns : اعلان نکاح کرنا (نکاح کے اعلان کی اشاعت
تاکہ کسی کو کوئی اعتراض ہو تو پیش کر سکے) -

be asked in church : اعلان نکاح کرنا -

Askance,-ant, *adv.* : (۱) کنکھیوں سے ؛ ترچھی نظروں سے ؛
گوشۂ چشم سے - (۲) بالکنایہ -

look a. at : شک کرنا ؛ شبہے کی نظروں سے دیکھنا ؛ شبہہ کرنا

Askew, *adv. & pred. a.* : (۱) ٹیڑھے پن سے ؛ ترچھے پن سے -
(۲) ٹیڑھا ؛ ترچھا -

look a. : آنکھیں چار نہ کرنا ؛ نظر چرا کے دیکھنا -

Aslant, *adv. & prep.* : (۱) ٹیڑھے پن سے ؛ ترچھے پن سے -
(۲) جھکا ہوا ؛ ترچھا ؛ ٹیڑھا ؛ آڑا -

Asleep, *adv. & pred. a.* : (۱) سویا ہوا ؛ سوتا ؛ خفتہ ؛
نیند میں ؛ حالت خواب میں (نیز مجازاً) - (۲) (اعضا کے
متعلق) سویا ہوا ؛ سُن ؛ بے حس -

Aslope, *adv. & pred. a.* : ڈھلوان ؛ ڈھلو ؛ نشیب دار ؛ آڑا -

Asp, *n.* : ایک قسم کے سفیدے کا درخت جس کی پتیاں ہلتی
رہتی ہیں ؛ (نیز *aspen*) چنار لرزاں -

Asp, *n.* : (۱) افعی ؛ ایک قسم کا زہریلا پھن دار سانپ جو مصر
اور لیبیا میں پایا جاتا ہے - (۲) (شعر) زہریلا سانپ ؛ افعی -

Asparagus, *n.* : ایسپریگس ؛ ایک مزیدار ترکاری (سرد ملکوں میں) -

Aspect, *n.* : (۱) دیکھنے کا پہلو یا رخ - (۲) کھلا ہوا (کسی خاص
رخ کی طرف) (جیسے یہ دروازہ باغ کی طرف کھلتا ہے) -
(۳) طرف ؛ پہلو ؛ رخ (سامنے کا) - (۴) شکل ؛ صورت ؛
حالت - (۵) بشرہ ؛ چہرہ - (۶) حالت ؛ کیفیت (خاص کر
جو دماغ کے سامنے آئے) ؛ تصور -

Aspen, *a. & n.* : (۱) سفیدے کی طرح یا اُس سے متعلق -
(۲) لرزاں ؛ جنباں ؛ مرتعش ؛ رعشہ دار ؛ تھر تھراتا ہوا ؛
کپکپاتا ہوا ؛ لرزتا ہوا - (۳) سفیدے کا درخت -

Aspergillum, *n.* : آب پاش ؛ وہ کونچی جس سے متبرک پانی
چھڑکا جاتا ہے -

Asperity, *n.* : (۱) سختی ؛ کھردرا پن ؛ نا ہمواری ؛ کھردری
سطح - (۲) تیزی ؛ سختی ؛ شدت (موسم کی) - (۳) درشتی ؛
تلخی ؛ تیزی ؛ گرمی ؛ خشونت (مزاج کی) -

Asperse, *v. t.* : (۱) چھڑکنا ؛ بکھیرنا - (۲) متہم کرنا ؛
تہمت لگانا ؛ طوفان باندھنا - کلنک کا ٹیکا لگانا ؛ بد نام کرنا -

aspersion, *n.* : تہمت ؛ اِتہام ؛ اِلزام ؛ بہتان -

Aspersorium, *n.* : متبرک پانی کا برتن (جیسے ہندوؤں
میں گنگا جلی) -

Asphalt, *n.* : (۱) رال - (۲) فرش وغیرہ بنانے کا مسالا جس
میں کوئلہ ' ڈامر اور رال ملی ہوتی ہے ؛ اسفلت ؛ تارکول ' ڈامر
اور ریت کا مرکب -

asphaltic, *a.* : اسفلتی -

Asphalt, *v. t.* : سڑک پر ڈامر بچھانا ؛ اسفلت بچھانا -

Asphodel, *n.* : (۱) سوسن کی قسم کا ایک درخت - (۲) (شعر)
یونانی جنت کا سدا بہار پھول ؛ گل فردوس -

Asphyxia,-xy, *n.* : سکتہ ؛ مورچھا ؛ غش ؛ دم گھٹنا ؛ سانس رکنا -

asphyxial, *a.* : غش یا سکتے کا -

asphyxiate, *v. t.* : گلا گھونٹنا -

Aspic, *n.* : (شعر) ASP (زہریلا سانپ) -

Aspic, *n.* : گوشت کی جیلی (انڈوں وغیرہ کے ساتھ) -

Aspidistra, *n.* : (جمع) ڈھال دم پتے والے پودے -

Aspirant, *a. & n.* : مشتاق ؛ متمنی ؛ حوصلہ رکھنے والا -

Aspirate, *a. & n.* : (۱) حرف صحیح جس کی آواز میں " ہ "
مخلوط ہو (جیسے بھ ' جھ ' وغیرہ) - (۲) " ہ " کی آواز -

Aspirate, *v. t.* : (۱) آواز کو ایسی پھونک کے ساتھ ادا کرنا
جیسی " ہ " کے ادا کرنے میں نکلتی ہے - (۲) کسی طرف سے
ہوا کو کھینچ نکالنا -

Aspiration, *n.* : (۱) سانس لینا یا نکالنا ؛ سانس کھینچنا ؛
دم کشی - (۲) انتہائی آرزو یا تمنا - (۳) کسی ظرف سے گیس
باہر کھینچنا ؛ باد کشی ؛ گیس کشی -

Aspirator, *n.* : (۱) باد کش ؛ آلہ جس کے ذریعے سے ہوا
یا گیس کو باہر کھینچتے ہیں - (۲) ریم کش ' آلہ جس کے ذریعے
سے کسی زخم سے پیپ کھینچتے ہیں - (۳) جھاج ؛ پھٹکنے کی
مشین ؛ سوپ ؛ پھٹکنی ؛ جھاج مشین (ج) -

Aspire, *v. i.* : (۱) آرزو رکھنا ؛ تمنا رکھنا ؛ حوصلہ رکھنا -
(۲) بلند ہونا ؛ چڑھنا ؛ ترقی پانا ؛ عروج پانا ؛ اوپر جانا
(عام طور پر مجازاً) -

Aspirin, *n.* : اسپرین ؛ سن کرنے کی دوا -

Asquint, *adv. & pred. a.* : احول ؛ بھینگا ؛ دو بیں -

Ass, *n.* : گدھا ؛ خر ؛ حمار -

Asses, bridge (Pons Asinorun) : شکل حمار ی ؛
اقلیدس کے پہلے مقالے کی پانچویں شکل -

make an a. of : بیوقوف بنانا یا بنانا ؛ حماقت کرنا ؛ احمقوں
کی طرح کام کرنا ؛ گدھا پن کرنا ؛ بیوقوف بنانا ؛ اُلو بنانا -

Assagai, -segai (-gi), *n.* : ایک قسم کی لکڑی ؛ لکڑی کا بھالا ؛
کا چھوٹا بھالا جو جنوبی افریقہ کے وحشی حملے کے وقت پھینکتے
ہیں - [یہ لفظ عربی " الزغایہ " سے بنا ہے اور " زغایہ "
بربری زبان سے عربی میں آیا]

assai, *adv.* : (موسیقی) بہت زیادہ - [اٹالوی لفظ ہے]

Assail, *v. t.* : (۱) حملہ کرنا ؛ حملہ آور ہونا ؛ چڑھائی کرنا ؛
ہلا کرنا ؛ دھاوا کرنا (نیز مجازاً) - (۲) (کسی کام کو) ہمت
کرکے شروع کرنا ؛ (کسی کام کے) پیچھے پڑجانا ؛ پل پڑنا ؛
جھک پڑنا - (۳) تانتا باندھ دینا ؛ بوچھار کرنا ؛ بھرمار کرنا ؛

ناک میں دم کردینا (سوالات وغیرہ سے) -

assailable, *a.* : جس پر حملہ ہوسکے -

assailant, *n.* : حملہ آور ؛ حملہ کرنے والا ؛ چڑھائی کرنے والا -

Assassin, *n.* : قاتل ؛ فریب یا دغا سے مار ڈالنے والا - [عربی : " حشیشین " (باطنی فرقے کے فدائی)]

Assassinate, *v. t.* : چھپ کر گھات سے مارنا ؛ دغا سے مارنا ؛ قتل کرنا -

assassination, *n.* : قتل (خفیہ طریقے یا دغا سے) -

assassinator, *n.* : دغا سے قتل کرنے والا -

Assault, *n.* : (۱) حملہ ؛ ہلہ ؛ دھاوا ؛ چڑھائی (نیز مجازاً) - (۲) ہلہ کرنا ؛ دھاوا بول دینا ؛ ٹوٹ پڑنا ؛ جیسے : *carry by a.* - (۳) (قانون) حملہ اور زد و کوب ؛ حملۂ مجرمانہ (تہدید آمیز الفاظ بھی اِس میں شامل ہیں) -

a. of, at, arms : پٹّے بازی ؛ فوجی کرتب -

Assault, *v. t.* : (مذکورہ بالا معنوں میں فعل)

assaultable, *a.* : جس پر حملہ ممکن ہو -

Assay, *n.* : (۱) پرکھ ؛ آنک ؛ کس ؛ سکے یا دھات کی جانچ - (۲) جو دھات پرکھی جائے - (۳) (متروک) کوشش ؛ سعی ؛ جہد -

Assay, *v. t. & i.* : (۱) پرکھنا ؛ آنکنا ؛ کسنا ؛ کسوٹی پر کسنا ؛ جانچنا (نیز مجازاً) - (۲) جد و جہد کرنا ؛ سعی کرنا (کسی مشکل کام کے کرنے کی) -

assayable, *a.* : پرکھنے یا کسوٹی پر لگانے کے قابل -

Assemblage, *n.* : (۱) جماو ؛ جمگھٹا ؛ اِجتماع ؛ مجمع ؛ ہجوم ؛ اِزدحام ؛ انبوہ - (۲) مجموعہ ؛ ذخیرہ -

Assemble, *v. t. & i.* : جمع ہونا یا کرنا ؛ اِکھٹا ہونا یا کرنا ؛ یکجا کرنا یا ہونا ؛ فراہم کرنا یا ہونا -

Assembly, *n.* : (۱) مجمع ؛ مجلس ؛ انجمن ؛ سبھا (خاص کر مجلس شوریٰ یا مجلس وضع قوانین) - (۲) فوجیں جمع کرنا یا اِکٹھا کرنا (نقارے یا بگل بجا کر) -

a.-room : محفل خانہ -

Assent, *v. i.* : (۱) مان لینا ؛ قبول ؛ منظور یا تسلیم کرنا ؛ (کسی بات پر) راضی ہوجانا - (۲) ہم رائے ہونا ؛ موافق رائے ظاہر کرنا ؛ متفق ہونا ؛ ہم خیال ہونا ؛ رضا مندی ظاہر کرنا -

assentor, *n.* : ماننے والا ؛ تسلیم یا قبول کرنے والا -

Assent, *n.* : (۱) (سرکاری) منظوری یا حکم ؛ (جیسے شاہی منظوری ، *royal a.*) - (۲) مان لینا ؛ قبول یا تسلیم کرنا ؛ رضامندی ؛ موافقت -

Assentation, *n.* : بے عذر (یا بے چون و چرا) مان لینا ؛ آمنا و صدقنا کہنا (برے معنوں میں) ؛ چپ چاپ مان لینا -

Assentient, *a. & n.* : رضا مند ؛ قبول کرنے والا (رائے وغیرہ) ؛ مان لینے یا تسلیم کرنے والا -

Assert, *v. t.* : (۱) دعویٰ کرنا ؛ مدعی ہونا ؛ حق جتانا - (۲) ادعا کرنا ؛ حتمی طور سے کہنا ؛ وثوق سے کہنا -

a. oneself : اپنے حق پر جمے رہنا ؛ اپنے دعوے پر قائم رہنا -

assertable, *a.* : قابل ادعا -

assertive, *a.* : ادعائی ؛ قطعی ؛ زعیمانہ -

assertively, *adv.* : دعوے یا ادعا کے طور پر ؛ قطعی طور پر -

assertiveness, *n.* : کسی بات پر جمے رہنا ؛ ادعائیت -

Assertion, *n.* : ادعا ؛ دعویٰ -

self-a. : اپنے حق پر اصرار -

Assertor, *n.* : (۱) مدعی ؛ دعوے کرنے والا - (۲) وکیل ؛ حمایتی ؛ پشت و پناہ -

Assess, *v. t.* : (۱) تعین کرنا ؛ مقرر کرنا (رقومات ٹیکس ، جرمانے وغیرہ) - (۲) تشخیص کرکے عائد کرنا یا لگانا ؛ باندھنا (محصول وغیرہ کا) - (۳) جرمانہ کرنا ؛ ٹیکس یا محصول لگانا - (۴) قیمت کی تشخیص کرنا ؛ مالگزاری وغیرہ عائد کرنے کے لئے رقم کا مقرر کرنا ؛ قیمت آنکنا ؛ قیمت کا تخمینہ کرنا -

assessable, *a.* : قابل محصول ؛ قابل تشخیص -

assessably, *adv.* : تشخیص کی رو سے ؛ تخمیناً -

assessment, *n.* : تشخیص ؛ تعیین -

Assessor, *n.* : (۱) ثالث ؛ حکم ؛ پنچ ؛ اسیسر - (۲) مشخص ؛ (جمع ، محصول وغیرہ کا) تخمینہ یا تشخیص کرنے والا

Assets, *n. pl.* (sing. *-et*) : (۱) (جمع) (قانون) اثاثہ ؛ اِملاک ؛ جائداد منقولہ و غیر منقولہ ، جو اِتنی کافی ہو کہ وصیت کرنے والے کے قرضے ، ہبہ ، وغیرہ ادا ہوسکیں - (۲) جائداد برائے ادائے قرضہ و ہبہ وغیرہ - (۳) دیوالیے مقروض کا مال و اسباب - (۴) اِملاک واجب الوصول ، برائے ادائے قرضہ ؛ کسی شخص یا کمپنی کی وہ املاک ، جس سے قرضہ ادا ہوسکے - (۴) (واحد) فرد حساب کی وہ مد ، جس میں مذکورہ بالا جائداد دکھائی جائے - (۵) (عام معنوں میں) ملک ؛ مال ؛ جائداد - (۶) بسا غنیمت ؛ قابل قدر -

Asseverate, *v. t.* : اقرار واثق کرنا ؛ حتمی طور پر کہنا -

asseveration, *n.* : اقرار واثق -

Assibilate, *v. t.* : شی شی کہہ کر کسی کو مخاطب کرنا ؛ ہش ہش کرنا -

assibilation, *n.* : ہش ہش ؛ شی شی -

Assiduity, *n.* : (۱) گہری توجہ ؛ دھیان ؛ اِنہماک - (۲) (جمع میں) مسلسل توجہ ؛ لگاتار غور و فکر ، فکر پیہم -

Assiduous, *a.* : مستقل مزاج ؛ باعزم ؛ محنتی ؛ تن دہ ؛ کسی کام میں جُت جانے والا -

assiduously, *adv.* : اِستقلال کے ساتھ ؛ عزم بالجزم کے ساتھ ؛ محنت اور مشقت سے -

assiduousness, *n.* : پیہم توجہ ؛ تن دہی -

Assign, *v. t.* (*to*) : (۱) دے دینا ؛ سپرد کر دینا ؛ تفویض کرنا ؛ حوالے کر دینا ؛ سونپنا - (خاص کر جائداد) - (۲) مقرر کرنا ؛ ٹھہرانا ؛ تعین کرنا (کسی جگہ وغیرہ کا) - (۳) مقرر کرنا ؛ مخصوص کرنا ؛ مقرر کرنا ؛ نام نہاد کرنا ؛ ٹھہرانا - (۴) وجہ قایم کرنا ؛ محمول کرنا ؛ حوالہ دینا -

assignable, *a.* : قابل تخصیص ؛ قابل سپردگی ؛ قابل تفویض ؛ قابل تعین -

assignor, *n.* : سپرد کرنے والا ؛ ٹھیرانے والا ؛ مقرر کرنے والا ؛ سونپنے والا -

Assign *n.* : منتقل الیہ (جس کے نام قانوناً کوئی املاک یا حق منتقل کیا جائے) -

Assignat *n.* : فرانس کی انقلابی حکومت کا جاری کیا ہوا زر کاغذی -

Assignation, *n.* : (۱) سپردگی ؛ تفویض ؛ حوالگی - (۲) انتقال (جائداد) ؛ جوگ - (۳) ٹھیراو ؛ قرار داد ؛ تعین ؛ تخصیص (جگہ ؛ وقت ؛ وغیرہ کی) - (۴) توجیہ ؛ بنا ؛ تعین سبب -

Assignee, *n.* : (۱) عوضی ؛ قایم مقام ؛ بدلی ؛ جو دوسرے کے بدلے کام کرنے کے لیے مقرر کیا جائے - (۲) منتقل الیہ ؛ متولی (جس کے ذمے قانوناً کوئی املاک یا حق کیا جائے)-

aa. in bankruptcy : دیوالیہ جایداد کے متولی ؛ منتقل الیہ ؛ نگران یا مقصرم -

Assignment, *n.* : (۱) سپردگی ؛ تفویض ؛ حوالگی ؛ ذمے کردینا (کسی کام کا) - (۲) انتقال قانونی ؛ جوگ - (۳) انتقال نامہ ؛ جوگ نامہ - (۴) انتساب ؛ نسبت دینا ؛ وجہ بتانا ؛ توجیہ ؛ محمول کرنا - (۵) عذرات پیش کرنا ؛ وجوہات ظاہر کرنا -

Assimilate, *v.t.&i.* (*to, with*) : (۱) ہوبہو بنادینا ؛ مماثل کردینا ؛ ملادینا ؛ مشابہ کردینا - (۲) مقابلہ کرنا (*to, with*) ؛ موازنہ کرنا ؛ تشبیہ دینا - (۳) جذب کرلینا ؛ ہضم کرلینا ؛ پچانا (نظام جسمانی میں مجازی اور لغوی معنوں میں) - (۴) (*Intr.*) انگ لگنا ؛ پچنا ؛ جذب ہونا ؛ ہضم ہونا ؛ رچنا پچنا -

assimilability, *n.* : جذب پذیری (م م) -

assimilable, *a.* : جذب پذیر ؛ ہضم پذیر ؛ وغیرہ -

assimilation, *n.* : جذب ؛ ہضم -

assimilative, *a.* : جذب کن ؛ ہضم کن ؛ محلل -

assimilator, *n.* : جاذب ؛ مشابہ بنانے والا ؛ متشابہین -

assimilatory, *a.* : متعلق بہ جذب ؛ جذب کن ؛ ہضم کن -

Assist, *v.t. & i.* : (۱) مدد دینا ؛ ہاتھ لگانا ؛ ہاتھ بٹانا ؛ اعانت کرنا ؛ مدد کرنا ؛ تائید کرنا - (۲) (*Intr.*) حصہ لینا ؛ شریک ہونا ؛ ہاتھ بٹانا - (۳) موجود رہنا ؛ حاضر رہنا (کسی موقع پر) -

assistance, *n.* : امداد ؛ اعانت -

assistant, *a. & n.* : مدد گار ؛ معاون ؛ ہاتھ بٹانے والا ؛ مرید -

Assize, *n.* : (۱) سرکاری نرخ ؛ قانونی قیمت (روٹی ؛ شراب کی) - (۲) تحقیقات جوری ؛ تحقیقات جوری کے میعادی اجلاس -

great a. : اخیری فیصلہ ؛ روز حشر

Associable, *a.* : تلازم پذیر ؛ جو خیال میں کسی دوسری چیز کے ساتھ مربوط کیا جاسکے

associability, *n.* : تلازم پذیری -

Associate, *a. & n.* : (۱) شریک ؛ شریک کار ؛ رفیق ؛ ساتھی ؛ ہمسر ؛ ہمتا (رتبے ؛ پیشے ؛ وغیرہ میں) - (۲) ایک قسم کا ؛ ملتا جلتا - (۳) ساجھی ؛ حصہ دار ؛ شریک - (۴) ساتھی ؛ رفیق ؛ سنگی ؛ ہم صحبت - (۵) شریک کار - (۶) کسی انجمن کا ادنی درجے کا ممبر ؛ [illegible] رکن - (۷) ایک چیز جو دوسری چیز سے ربط رکھتی ہے ؛ تلازم ؛ تعلق ؛ لگاو یا ربط رکھنے والی (شے) -

associateship, *n.* : ہم صحبتی ؛ ہم کاری ؛ رفاقت ؛ شرکت

Associate, *v. t. & i.* : (۱) ملانا ؛ شریک کرنا ؛ ساتھی بنانا ؛ مربوط کرنا ؛ رفیق بنانا (شخص یا چیز کا ایک دوسرے کے ساتھ) - (۲) متلازم کرنا ؛ کسی خیال کے ساتھ مربوط کرنا - (۳) (*Intr.*) شریک بننا ؛ حصہ دار ہونا ؛ ساجھی ہونا - (۴) ملنا ؛ ایک ہو جانا ؛ یک دل ہو جانا ؛ ایکا کر لینا ؛ متفق ہوجانا ؛ (کسی مشترک غرض کے لیے) - (۵) راہ و رسم رکھنا ؛ ربط ضبط رکھنا ؛ مراسم رکھنا ؛ میل جول رکھنا -

associative, associatory, *aa.* : تلازمی ؛ متلازم -

associator, *n.* : شریک ؛ رفیق ؛ راہ و رسم رکھنے والا -

Association, *n.* : (۱) شرکت ؛ راہ و رسم ؛ تلازم ؛ ربط ؛ [illegible] - (۲) [illegible] ؛ انجمن ؛ بزم ؛ مجلس - (۳) ساتھ ؛ ربط ضبط ؛ [illegible] ؛ میل جول ؛ بے تکلفی ؛ راہ و رسم

a. football : ایک قسم کا فٹ بال ؛ جس میں گیند کو ہاتھ نہیں لگاتے -

a. of ideas : تلازم خیالات ؛ ذہن میں کسی شے اور اس کے متعلق خیالات کا تعلق -

deed of a. : کیفیت نامہ ؛ تفصیل نامہ ؛ کتابچہ جس میں کسی انجمن محدود (*limited company*) کی تفصیلات درج ہوتی ہیں -

Assoil, *v.t.* : (۱) (متروک) گناہ سے بری کردینا ؛ معاف کرنا - (۲) بری الذمہ قرار دینا ؛ بے قصور ٹھہرانا ؛ بری کردینا - (۳) چھوڑ دینا ؛ آزاد کرنا ؛ رہا کردینا - (۴) کفارہ دینا ؛ بھگتان بھگتنا -

Assonance, *n.* : (۱) ہم صوتی ؛ ہم آوازی ؛ ہم آہنگی ؛ تجنیس صوتی (دو بولوں یعنی syllables کے درمیان) - (۲) قافیہ بندی ؛ تک بندی ؛ نبری (accented) حروف علت کے اعتبار سے ایک لفظ کو دوسرے لفظ کا ہم قافیہ کرنا - (۳) جزوی مماثلت ؛ تھوڑی مشابہت ؛ قدرے یکسانی -

assonant, *a.* : ہم آواز ؛ ہم آہنگ ؛ کسی قدر مماثل -

Assort, *v.t.&i.* : (۱) ترتیب دینا ؛ چھانٹ چھانٹ کر ایک سی چیزیں الگ کرنا ؛ قسم بندی ؛ صنف بندی - (۲) ساتھ ساتھ رکھنا ؛ اکٹھا رکھنا ؛ ملا کے رکھنا (دوسری چیزوں کے ساتھ) - (۳) کسی گودام یا دکان میں قسم قسم کی چیزیں جمع کرنا ؛ قسم قسم کا مال سجانا - (۴) (*Intr.*) شریک ہونا ؛ ساتھی ہونا ؛ ساتھ دینا ؛ ملنا - (۵) ایک ذیل میں آنا ؛ ہم صنف ہونا ؛ ہم قسم ہونا -

a. ill with : ناموافق ہونا ؛ راس نہ آنا ؛ نہ پٹنا ؛ سازگار نہ ہونا -

a. well with : موافق ہونا ؛ سازگار ہونا ؛ پٹنا ؛ راس آنا -

Assortment, *n.* : (۱) صنف بندی ؛ قسم بندی ؛ درجہ بندی ؛ ترتیب ؛ چھانٹنا - (۲) قسم قسم کا سامان ؛ ایک میل یا کئی میل کا مال -

Assuage, *v.t.* : (۱) ٹھنڈا کرنا ؛ دلاسا دینا ؛ تشفی دینا ؛ تسکین یا تسلی دینا ؛ اطمینان دلانا ؛ کم کرنا ؛ دھیما کرنا (کسی شخص ؛ جذبات ؛ درد ؛ وغیرہ کو) - (۲) کم کرنا ؛ دھیما کرنا ؛ ٹھنڈا کرنا ؛ ہلکا کرنا (اشتہا ؛ خواہش ؛ وغیرہ کو) -

assuagement, *n.* : تسلی ؛ تسکین ؛ دھیما ؛ کمی ؛ تخفیف ؛ دلاسا -

Assume, *v.t.* : (۱) بنانا ؛ اختیار کرنا ؛ دھارن کرنا (کسی خاص

حیثیت، وضع یا شان کا) ؛ روپ لینا؛ روپ بھرنا - (۲) ذمہ لینا؛ قبول کرنا؛ اختیار کرنا؛ عائد کرنا (کسی عہدے، فرض، وغیرہ کا) - (۳) غصب کرنا؛ ناجائز طور پر لینا؛ حق مارنا - (۴) ریا کاری کرنا؛ ظاہر داری کرنا؛ بناوٹ کرنا؛ تصنع کرنا - (۵) فرض کرنا؛ بحث کے لیے تسلیم کرنا -

assumable, *a.*: جو فرض کیا جاسکے -

assumably, *adv.*: فرض کرکے؛ بالفرض؛ فرضاً؛ "ولو فرضنا" -

assuming: پر خود غلط؛ تعلی باز؛ دون کی لینے والا -

Assumption, *n.*: (۱) (مذکورہ بالا معنوں میں) - (۲) استقبال حضرت مریم (بہشت میں) - (۳) عید استقبال مریم - (۴) مفروضہ؛ مثال - شیخی؛ کبر و نخوت؛ خود بینی -

Assumptive, *a.*: (۱) فرضی؛ مفروضہ - (۲) خود بیں؛ تعلی باز -

Assurance, *n.*: (۱) ذمہ داری؛ ضمانت - (۲) حتمی بیان؛ قطعی بیان - (۳) (قانون) استملاک؛ حق تملیک حاصل کرنا - (۴) بیمہ - (۵) یقین؛ پکا بھروسا؛ کامل اعتبار - (۶) خود اعتمادی؛ اپنے اوپر بھروسا - (۷) گستاخی؛ شوخ چشمی؛ دیدہ دلیری -

Assure, *v. t.*: (۱) دلجمعی کرلینا؛ اطمینان کرلینا؛ خاطر جمع کرلینا - (۲) قطعی طے کرلینا؛ بالکل ٹھیک ٹھاک کرلینا - (۳) یقین دلانا؛ اعتبار دلانا؛ بھروسا دلانا - (۴) وثوق کے ساتھ کہنا؛ حتمی طور پر کہنا؛ تیقن کے ساتھ کہنا -

a. life زندگی کا بیمہ کرانا -

assuredly, *adv.*: بالیقین؛ یقیناً؛ حتماً؛ قطعاً؛ بے شک؛ لاریب؛ البتہ - -

assuredness, *n.*: تیقن؛ قطعیت؛ یقینی ہونا -

Assurgent, *a.*: (۱) اُٹھتا ہوا؛ بلند ہوتا ہوا؛ اُبھرتا ہوا؛ بڑھتا ہوا - (۲) (نباتیات) اوپر اُٹھتا ہوا - کج خیز (جو سیدھے خط میں نہ اُٹھے) ؛ بالا خیز - (۳) پیش دستی کرنے والا؛ حملہ آور؛ مائل پیکار -

Assyriology *n.*: اشور کی زبان، تاریخ، آثار قدیمہ وغیرہ کی تحقیق؛ اشوریات؛ (جیسے: مصریات، Egyptology) -

Assyriologist, *n.*: اشوریات داں؛ اشوریاتی؛ اشوریات کا عالم یا محقق -

Astatic, *a.*: متزلزل؛ متحرک؛ جو ایک مقام پر نہ رہ سکے -

a. needle: اچل سوئی (جس پر زمین کی مقناطیسیت کا اثر نہیں ہوتا) - (ع)

Aster, *n.*: تارا پھول؛ ستارہ؛ ایک قسم کا پودا جس کے پھول بھڑکیلے اور ستارے کی کرنوں کی طرح پھیلے ہوئے ہوتے ہیں -

China a.: چینی ستارہ گل -

-aster, *suf.*: (الحاقہ) حقارت کے لیے آتا ہے بمعنی ادنی؛ مصنوعی؛ ہونے والا یا ہونہار؛ (تعریفاً) جیسے: شاعرولا، گھٹیا شاعر؛ متشاعر؛ نام کا شاعر (*poetaster*) -

Asterisk, *n.* & *v.t.*: (۱) ستارہ یا نجمہ (*)؛ جو نشان یا حوالے کے لیے لفظوں پر بنا دیا جاتا ہے - (۲) (*Trans.*) عبارت پر نجمے یا ستارے کا نشان لگانا -

Asterism, *n.*: (۱) ستاروں کا جھمکا؛ عقد انجم یا کوکب - (۲) تین نجمے (⁂) -

Astern, *adv.*: (۱) (جہاز رانی) جہاز کے عقب میں؛ جہاز کے پیچھے کے حصے پر یا میں - (۲) بہت پیچھے کی طرف فاصلہ پر - (۳) پیچھے کی جانب؛ عقب میں؛ پیچھے -

Asteroid, *a.* & *n.*: (۱) ستارہ نما؛ ستارے کی شکل کا - (۲) سیارچے: وہ چھوٹے چھوٹے ستارے، جو مشتری اور مریخ کے مدارات کے درمیان گھومتے رہتے ہیں - (۳) ایک قسم کی آتش بازی؛ ہوائی -

asteroidal, *a.*: سیارچے یا ستارہ نما کے متعلق -

Asthma, *n.*: دمہ؛ ضیق النفس -

Asthmatic, *a.* & *n.*: (۱) دمے یا ضیق النفس سے متعلق؛ دمے یا ضیق النفس کا مریض - (۲) دمے میں مفید -

asthmatical, *a.* دمے کا؛ متعلق بہ دمہ -

asthmatically, *adv.*: دمے کے مریض کی طرح سے -

Astigmatism, *n.*: لاماسکیت؛ آنکھوں کی ساخت کا نقص جس کی وجہ سے سب شعاعیں شبکیہ (retina) پر ایک ہی مرکز پر نہیں آسکتیں -

astigmatic, *a.*: لاماسکی؛ لاماسکیت سے متعلق -

Astir, *adv.* & *pred. a.*: (۱) ہلتا ہوا؛ حرکت میں؛ کلبلاتا ہوا - (۲) جاگا ہوا؛ بستر سے اُٹھ کر چلتا پھرتا ہوا؛ بیدار - (۳) جوش میں؛ گھبرایا ہوا؛ سراسیمہ -

Astonish, *v.t.*: متعجب کرنا؛ حیرت میں ڈالنا؛ حیرت زدہ بنانا؛ حیران کرنا؛ متحیر کرنا؛ اچنبھے میں ڈالنا؛ ششدر کرنا -

astonishment, *n.*: اچنبھا؛ تعجب؛ حیرت؛ حیرانی؛ تحیر -

Astound, *v.t.*: (۱) ہکا بکا کردینا؛ بھوچکا کردینا؛ ہک دھک کردینا؛ سہمانا (خوف یا تعجب کی وجہ سے) - (۲) متحیر کرنا؛ متعجب کرنا؛ حیران کردینا؛ حیرت زدہ کرنا؛ اچنبھے میں ڈالنا؛ دنگ کردینا -

Astraddle, *adv.* & *pred. a.*: زین کا آسن؛ گھوڑے کی طرح سے سواری -

Astragal, *n.*: (۱) (معماری) گولا؛ جو ستون کے اوپر یا نیچے کی طرف ہوتا ہے؛ گولا - (۲) توپ کے منہ کے پاس کا حلقہ -

astragalus, *n.*: (۱) گٹا؛ ٹخنا؛ کعب - (۲) ترکاری کی ایک قسم -

Astrakhan (-kan), *n.*: استرا خان؛ استراخانی (روس) پوستین؛ بھیڑ کے بچوں کی پوستین، جو استرا خان (روس) سے آتی ہے اور اُس پر پشم ہوتی ہے -

Astral, *a.*: نجمی؛ کوکبی؛ ستارے کا؛ ستارے سے متعلق یا منسوب -

a. body: (انسان کا) نورانی پیکر؛ نسمہ -

a. lamp: نجمی قندیل؛ ایسا چراغ جس کے نیچے اندھیرا نہ ہوتا ہو -

a. spirits: ارواح نجمیہ؛ ستاروں میں بسنے والی روحیں -

Astray, *adv.* or *pred. a.* بھٹکا ہوا؛ بھولا ہوا؛ گمراہ؛ گم کردہ راہ؛ بھولا بھٹکا (نیز مجازاً) -

Astrict, *v.t.*: (۱) (شاذ) مضبوطی سے باندھنا؛ کس کر باندھنا؛ جکڑنا - (۲) قبض پیدا کرنا - (۳) اخلاقاً یا قانوناً پابند کرنا؛ اخلاقی یا قانونی ذمہ داری عائد کرنا - (۴) محدود رکھنا؛ ایک خاص حد کے اندر رکھنا؛ قید لگانا -

astriction, *n.*: جکڑ بند؛ مضبوط بندھن؛ قبض؛ اخلاقی یا قانونی پہلو یا ذمہ داری؛ حد بندی -

Astrictive, *a.* : قابض ؛ عضوی بافت کو سکیڑنے والا ۔

Astride, *adv.*, *pred. a.*, & *prep.* : (۱) ٹانگیں چیرے ہوئے ؛ گھوڑے کے آسن کی طرح ۔ (۲) ٹانگیں اِدھر اُدھر کیے ہوئے ؛ کسی چیز کو ٹانگوں میں لیے ہوئے ۔ (۳) کسی چیز پر سوار ؛ کسی چیز پر گھوڑے کی طرح بیٹھے ہوئے ۔

Astringe, *v.t.* : (۱) مضبوط باندھنا ؛ جکڑنا ؛ کسنا ۔ (۲) دبانا ؛ پیلنا ؛ بھینچنا ۔ (۳) قبض پیدا کرنا ۔

Astringent, *a.* & *n.* : (۱) قابض ؛ سکیڑنے والا ؛ باندھنے والا ۔ (۲) سخت ؛ تیز ؛ شدید ۔ (۳) خشک ؛ عبوس ۔ (۴) (ادویات) قابض ۔

astringency, *n.* : قبض ؛ درشتی ؛ سخت مزاجی ۔

astringently, *adv.* : سختی سے ؛ درشتی سے ؛ عبوسانہ ۔

Astro- : (جز ترکیبی) بمعنی ستارہ یا نجم ؛ جیسے :

astrogony, *n.* : دنیائے نجوم کا علم ؛ ستاروں کا سنسار مالا ۔

astrolithology, *n.* : شہابیات (شہابی پتھروں کا علم) ۔

astronomy, *n.* : ہیئت ؛ فلکیات ۔

Astroite, *n.* : (۱) ایک قسم کا جواہر جو قدیم زمانے میں معروف تھا ۔ (۲) ایک قسم کا مونگا ؛ مرجان ۔

Astrolabe, *n.* : اسطرلاب (اجرام فلکی کے ارتفاع وغیرہ کے معلوم کرنے کا آلہ) ۔

Astrology, *n.* : (۱) (قدیم زمانے میں) عملی ہیئت ۔ (۲) جوتش ؛ نجوم ؛ اختر شناسی ۔

astrologer, *n.* : نجومی ؛ منجم ؛ اختر شناس ؛ جوتشی ۔

Astronomy, *n.* : فلکیات ؛ علم ہیئت ؛ اجرام فلکی کا علم ۔

astronomer, *n.* : ہیئت داں ؛ فلکی ۔

astronomic(al), *aa.* : ہیئتی ؛ فلکی ؛ فلکیاتی ؛ ہیئت سے متعلق ۔

astronomically, *adv.* : ہیئت کے طریقے پر ؛ فلکیات کی رو سے ۔

Astute, *a.* : (۱) زیرک ؛ ہوشیار ؛ سیانا ؛ تیز فہم ؛ تیز ؛ ذکی ۔ (۲) ہوشیار ؛ پر فن ؛ چالاک ؛ چال باز ؛ عیار ۔

astutely, *adv.* : عیاری سے ؛ سیانے پن سے وغیرہ ۔

astuteness, *n.* : عیاری ؛ ہوشیاری ؛ زیرکی ؛ دانائی ؛ سیانا پن ۔

Asunder, *adv.* : (دو یا زیادہ چیزوں کے لیے) علحدہ علحدہ ؛ الگ الگ ؛ جدا جدا ؛ دور دور ۔

tear a. : پرزے پرزے کرنا ؛ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ؛ دھجیاں اڑانا ۔

Asylum, *n.* : (۱) ملجا ؛ ماویٰ ؛ جائے پناہ ؛ ٹھکانا (خاص کر مجرموں یا مقروضوں کا) ۔ (۲) محتاج خانہ ؛ معذور خانہ ؛ دارالمعذورین ؛ بیت المعذورین ؛ پاگل خانہ ؛ دارالمجانین ۔

Asymmetry, *n.* : عدم موزونیت ؛ عدم تناسب ؛ بے جوڑ پن ۔

Asymptote, *n.* : (ریاضیات) متقارب ؛ وہ خط جو ایک مفروضہ دائرے سے نزدیک تر ہوتا جائے لیکن ایک محدود فاصلے کے اندر اُس سے نہ ملے ۔

Asyndeton, *n.* : (صنعت) لا عطفی ؛ بلاغت کی ایک صنعت جس میں حروف عطف نہیں لاتے ۔

At, *prep.* : (۱) پر ؛ اوپر ؛ میں ؛ بر ؛ حالت میں ۔ (۲) کسی جانب حرکت کا اظہار ؛ پر ؛ سمت ؛ طرف ۔

a. a disadvantage : نقصان میں ؛ ٹوٹے میں ؛ گھاٹے میں ۔

a. all events : بہر طور ؛ بہر نہج ؛ بہر صورت ؛ بہر کیف ؛ بہر تقدیر ۔

a. a low price : کم قیمت پر ؛ کم داموں ؛ کم دام میں ۔

a. arm's length : دیکھو ARM, *n.* ۔

a. best : بہترین حالت ۔

a. daggers drawn : لڑائی پر ؛ باپ مارے کی دشمنی ؛ طرح کا بیر ۔

a. his mercy : قبضے میں ؛ ہاتھ میں ۔

a. most : زیادہ سے زیادہ

a. random : اٹکل پچو ۔

a. sea : بھٹکا ہوا ؛ بہکا بہکا ؛ حواس باختہ ؛ بد حواس ۔

a. worst : بد ترین حالت میں ۔

good a. repartee : حاضر جوابی ؛ حاضر جوابی میں استاد ۔

play a. fighting : لڑنے کی نقل کرنا ؛ لڑائی کا کھیل ۔

to be a. : پیچھے پڑنا ؛ تاک میں رہنا ۔

At- *pref.* : (لاحقہ) جب *ad* کے پہلے *t* آتا ہے تو *at* میں بدل جاتا ہے ۔ دیکھو AD- ۔

Ataraxy, -axia, *n.* : بے تعلقی ؛ سست حوصلگی ؛ بے نیازی ؛ سکون قلب ۔

Atavism, *n.* : (۱) اجداد پر پڑنا ؛ پُرکھوں سے مشابہت ؛ رجعت جنس ۔ (۲) پرکھا روگ ؛ کسی مرض کا کئی پیڑھیوں کے بعد ظاہر ہونا ۔

atavistic, *a.* : پرکھا روگی ۔

Ataxic, *a.* : وظائف جسمانی کے اختلال سے متعلق ۔

a. fever : شدید قسم کا موتی جھرا ؛ میعادی بخار ۔

Ataxy, *n.* : وظائف جسمانی کا اختلال ۔

locomotor a. : ہاتھ پاؤں وغیرہ کے افعال کا خلل ۔

Ate : دیکھو EAT ۔

-ate, *suf.* : (لاحقہ) (۱) اسم مفعول کے معنی دیتا ہے ۔ (۲) کبھی عہدے کے اظہار کے لیے آتا ہے ۔

legate : نمائندہ ؛ فرستادہ ؛ مندوب ۔

marquisate : مارکوئیس کا عہدہ ۔

nitrate : نائٹریٹ ۔

sulphate : سلفیٹ ۔

-ate, *suf.* : (لاحقہ) صفات بنانے کے لیے جیسے *desolate* میں ۔

-ate, *suf.* : (لاحقہ) افعال کے آخر میں ؛ جیسے : *aggravate, separate* ۔

atelier, *n.* : (مصور یا صنعت گر کا) کارخانہ ؛ کار گاہ ۔ [فرانسیسی لفظ - تلفظ " اٹ لیے "]

Atelo- : (جز ترکیبی) الفاظ کے شروع میں آتا ہے ، بمعنی ناقص ؛ جیسے :

ateloglassia : زبان کا ناقص نشو و نما ۔

atelognathia : جبڑوں کا ناقص نشو و نما ۔

atelostomia : منہ کا ناقص نشو و نما ۔

Athanasian, *n.* : اثانا سیوسی ؛ متعلق بہ اثاناسیوس (Athanasius) جو قسطنطین کے عہد میں اسکندریہ کا صدر

مسقف تھا -

A. creed : اثانا سیوسی مسلک ' جو اِس طرح شروع ہوتا ہے " جو کوئی کہ ایسا کرے گا " -

Atheism, *n.* : (۱) دہریت ؛ وجود خدا سے اِنکار ؛ زندیقیت - (۲) خدا نشناسی ؛ بے دینی ؛ کفر -

atheist, *n.* : دہریہ ؛ کافر ؛ زندیق ؛ ملحد -

atheistic, *a.* : دہریوں کا سا ؛ ملحدانہ ؛ کافرانہ -

atheistically *adv.* : ملحدانہ طور پر وغیرہ -

Athenaeum, *n.* : (۱) علمی یا ادبی مجلس - (۲) دارالمطالعہ ؛ دارالاخبار ؛ کتب خانہ -

Athirst, *pred. a.*: (۱) پیاسا ؛ تشنہ - (۲) تشنہ ؛ شایق ؛ مشتاق ؛ آرزو مند ؛ خواہاں -

Athlete, *n.*: (۱) ورزشی ؛ کسرتی آدمی ؛ پہلوان ؛ لڑتیا - (۲) توانا ؛ مضبوط ؛ تنومند ؛ قوی الجثہ ؛ کسرتی ؛ ورزشی آدمی -

Athletic, *a. & n.*: (۱) متعلق بہ ورزش جسمانی ؛ کسرتی - (۲) قوی ہیکل ؛ توانا وغیرہ - (۳) (جمع) کسرت -

athletically, *adv.*: کسرتی طور پر ؛ کسرتیوں کی طرح -

athleticism, *n.* : ورزش میں اِنہماک ؛ کسرتی بننے کی مشق -

At-home, *n.*: (۱) گھر پر ؛ خانہ باش - (۲) عصرانہ (چ) ؛ کسی خاص وقت میں مہمانوں کی مدارات ؛ ایٹھوم - (۳) بے تکلف (گویا اپنے گھر میں) -

Athwart, *adv. & prep.*: (۱) آڑا ؛ ترچھا - (۲) برعکس ؛ خلاف ؛ برخلاف ؛ علی الرغم

athwart-hawse.: دوسرے لنگر انداز جہاز کے پیش پر -

- atic, *adj. suf.*: (لاحقہ) صفت بنانے کے لیے ؛ جیسے: *lunatic*, *fanatic* -

-atile, *adj. suf.*: (لاحقہ) صفات بنانے کے لیے ؛ جیسے: *versatile*, *volatile* - اردو میں اِسے " والا " ، "آلا" ، "ایلا" سے ظاہر کرسکتے ہیں یا فارسی یا عربی قواعد کی رو سے اسم فاعل بنا کر -

A-tilt, *adv.*: جھکا ہوا ؛ ٹیڑھا -

run, ride, a.: نیزہ تانے دوڑنا ؛ گھوڑے پر چڑھ کر نیزہ بازی کی مشق ؛ یعنی تلے ہوئے ہونا ؛ بالکل مستعد ہونا -

-ation, *suf.*: (لاحقہ) اسماے کیفیت کے لیے ؛ جیسے *agitation* وغیرہ -

-ative, *suf.*: (لاحقہ) صفت کے لیے ، خاص کر اُن افعال سے جو *ate* - پر ختم ہوتے ہیں جیسے (ظاہر کرنا ' دکھانا' *demonstrate* نمائش کرنا سے) نمائش ؛ ظاہری نمائشی یا اِظہار کرنے والا *demonstrative* - اردو میں اِس کا بدل ' والا ' یا اسم فاعل کی صورت ہے یا یاے نسبتی

Atlantic, *a.& n.*: (۱) اطلسی ؛ متعلق بہ کوہ اطلس جو لیبیا میں ہے - (۲) اوقیانوسی ؛ اتلانتیکی - (۳) بحر اوقیانوس ؛ بحر ظلمات ؛ اتلانتیک -

Atlas, *n.*: (۱) نقشوں کی کتاب (اٹلس) - (۲) نقشہ کشی کا بڑی تقطیع کا کاغذ - (۳) (عضلیات) سب سے اوپر کی گریا یا مہرہ پشت جس پر کھوپڑی ٹکی ہوتی ہے ؛ حامل -

Atmo-: دوسرے الفاظ کے ساتھ آتا ہے بمعنی ابخرہ ' ابخار ' جیسے :

atmology: بخاریات (ابخرات کا علم) -

atmolysis: بخارات کو الگ الگ کرنا ؛ تحلیل بخارات -

atmometer تبخیر پیما -

Atmosphere, *n.*: (۱) کرۂ ہوا - (۲) فضا ؛ خلاے بسیط - (۳) احاطہ ؛ گھیرا ؛ حصار ؛ حلقہ - (۴) جسمانی یا ذہنی فضا یا ماحول - (۵) ہوا - (۶) (جمع میں) ایک مربع انچ سطح پر ۱۵ پونڈ وزنی دباو ؛ ہواوں کا دباو -

atmospheric(al) *a.*: فضائی ؛ ہوائی ؛ متعلق بہ کرۂ ہوائی - (جمع) طوفان کی حالت میں تیلگی یا ٹیلیفون میں ہوا کا جو اختلال محسوس ہوتا ہے

atmospherically, *adv.*: فضا یا ماحول کے اعتبار سے ؛ فضائی طور پر وغیرہ -

Atoll, *n.*: (ملیالم زبان میں اٹل) حلقہ نما مونجانی چٹانیں جو لیگون کے چاروں طرف ہوں

Atom, *n.*: (۱) ذرہ ؛ ریزہ ؛ کوئی بہت ہی چھوٹی چیز ' جس کی تقسیم نہ ہوسکے - (۲) اقل حصہ ؛ چھوٹا سا حصہ ؛ جزو قلیل ؛ عشرعشیر - (۳) ہر چھوٹی چیز ؛ ذراسی چیز ؛ ذرہ ؛ ریزہ -

chemical a.: جوہر کیمیاوی (اشیا کی وہ چھوٹی مقدار جو کیمیاوی ترکیب پاسکے) -

physical a.: جزولایتجزی ؛ جوہر ؛ جوہر فرد (جوہرطبیعی)

Atomic, *a.*: جوہری ؛ متعلق بہ جوہر ؛ جزولایتجزی کا ؛ جوہرکا -

a. philosophy.: فلسفۂ جوہر فرد ' یہ عقیدہ کہ تمام چیزیں جو تجاذبہ اور حرکت رکھتی ہیں اجزاے لایتجزی سے بنی ہیں -

a. theory.: (کیمیا) نظریۂ جوہر ' یہ نظریہ کہ عناصر ایسے غیر تقسیم پذیر اجزاے مادہ پر مشتمل ہیں ' جو اپنا مخصوص وزن اضافی رکھتے ہیں ' اور مختلف اشیا کے جوہر جب ترکیب پاتے ہیں تو ایک خاص تناسب کے ساتھ ملتے ہیں اور اِن کا یہ تناسب وہی ہوتا ہے جس میں عناصر اور مرکبات کیمیاوی ترکیب پاتے ہیں -

unit of a. weight.: وزن جوہر کی اِکائی ؛ ہائڈروجن کے ایک جوہر کا وزن جس کے حوالے سے دوسری اشیا کا وزن جوہر بتایا جاتا ہے -

atomical, *a.*: جوہری ؛ جوہر فرد یا جزو لایتجزی سے متعلق -

atomically, *adv.*: با عتبار جوہر ؛ بلحاظ جوہر -

Atomicity, *n.*: استعداد جوہری ؛ جوہرمندی ؛ جوہرگی ؛ کسی عنصر کی استعداد ترکیب یعنی اُس کا ایک ذرہ یا جوہر ہائڈروجن کے کتنے ذروں کے ساتھ معمولاً اور طبعاً ترکیب پاسکتا ہے -

Atomism, *n.*: انفرادی جوہروں کے ملن کا نظریہ ؛ نظریۂ جوہریت ؛ ذریت -

Atomist, *n.*: نظریۂ جوہریت (ذریت) کا قائل -

atomistic, *a.*: ذرّوی ؛ جوہریت سے متعلق -

Atomize, *v.t.*: ذروں یا جواہر فرد میں تحلیل کرنا -

atomization, *n.*: (۱) جوہرانا ؛ ذروی یا جوہری تحلیل کرنا - (۲) مائعات کو لطیف بنا دینا -

Atomizer, *n.*: (طب) عرق پاش ' وہ آلہ جس کی مدد سے مائعات کی باریک باریک پھواریں نکلتی ہیں -

Atomy, *n.*: (۱) ڈھانچ ؛ پنجر - (۲) ہڈی چمڑا ؛ پوست استخواں (یعنی بہت دبلا) -

Atomy, *n.*: ذرہ ؛ جزولایتجزی ؛ ریزہ -

Atone, *v.t.&i.*: (۱) کفارہ دینا ؛ کفارہ ادا کرنا ؛ بھگتان بھگتنا ؛

تاوان دینا ؛ ڈانڈ بھرنا ؛ بدل کرنا ؛ عوض کرنا - (۲) کفارہ فدیہ، بدلا وغیرہ دینا - (۳) (متروک) مصالحت کرنا ؛ ہم آہنگ کرنا ؛ ہم صوت کرنا -

atonement, *n.*: کفارہ ؛ فدیہ ؛ تاوان؛ ڈانڈ؛ بدلا؛ معاوضہ ؛ ہم آہنگی ؛ ہم صوتی -

Atonic, *a.&n.*: (۱) بے نبرہ؛ وہ بول جس پر زور نہ پڑے؛ غیر موکد - (۲) (طب) بے رونق؛ جس پر صحت کی رونق نہ ہو- (*N.*) (۳) غیر موکد بول -

Atop, *adv.*: اوپر ؛ چوٹی پر ؛ سر پر -

Atrabilious, *a.*: ( ) سوداوی - (۲) مالی خولیائی ؛ خبطی ؛ اُداس ؛ سوداوی مزاج - (۳) جھلا ؛ چڑچڑا ؛ ترش مزاج -

atrabiliousness, *n.*: سودا ؛ سوداویت؛ مالی خولیا ؛ خبط ؛ جھلا پن ؛ چڑچڑا پن (اور مذکورہ بالا معنوں میں) -

Atrip, *adv.*: (جہاز کے لنگر کے متعلق) ذرا بلند ؛ زمین سے تھوڑا ہی اوپر -

Atrium, *n.* (pl.-*a*,-*ums*): (۱) رومی مکان کا صحن ؛ آنگن - (۲) برساتی ؛ چھتا (خاص کر گرجوں کا) -

Atrocious, *a.*: (۱) خبیث ؛ ملعون ؛ نابکار ؛ بد ذات ؛ بیدرد ؛ ظالم - (۲) بہت برا ؛ بہت خراب ؛ زشت ؛ جیسے :

a. pun: بدنما یا غیر مہذب ضلع جگت -

atrociously, *adv.*: بد ذاتی یا نابکاری سے؛ خبیثانہ؛ پاجیانہ طور پر -

atrociousness, *n.*: نابکاری ؛ خباثت ؛ شرارت ؛ پاجی پن -

Atrocity, *n.*: (۱) پاجی پن ؛ بد ذاتی ؛ نابکاری ؛ خباثت - (۲) پاجیانہ فعل ؛ ظالمانہ فعل - (۳) سخت غلطی ؛ فاش غلطی ؛ انتہائی حماقت؛ بدتہذیبی -

Atrophy, *n.*: دبلا پن ؛ لاغری ؛ ہزالی ؛ پوست استخواں ہوجانا؛ سوکھا (ناقص غذا ملنے کی وجہ سے) (نیز مجازاً) -

atrophy, *v.t.&i.*: گھلنا یا گھلانا ؛ دبلا ہونا یا کرنا سوکھنا یا سوکھانا ؛ پوست استخواں ہونا یا کرنا -

Atropine, *n.*: ایک قسم کا زہریلا القلی دار مادہ ' جو مکو سے نکلتا ہے ؛ عرق مکو ؛ عرق عنب الثعلب ؛ اتروپین -

Attach, *v.t.&i.*: (۱) باندھنا ؛ نتھی کرنا ؛ ٹانکنا ؛ منسلک کرنا ؛ لگانا ؛ جوڑنا - (۲) شریک ہونا ؛ ملنا ؛ شامل ہونا ؛ ساتھ ہوجانا؛ جاملنا (کسی شخص، جماعت یا وفد وغیرہ سے) - (۳) ملانا؛ لگانا؛ شامل کرنا ؛ اضافہ کرنا ؛ ملحق کرنا (کسی غیر مادی چیز' نام ' ذمہ داری' وغیرہ کا) - (۴) اہمیت دینا ؛ سمجھنا ؛ نسبت کرنا ؛ منسوب کرنا - (۵) (قانون) قرق کرنا؛ ضبط کرنا؛ قرقی میں لانا - (۶) عائد ہونا ' لگنا ' آنا ؛ جیسے : مجھ پر کوئی الزام نہیں آتا یا عائد ہوتا —*no blame attaches to me*,

attachable, *a.*: باندھنے کے قابل ؛ قابل انسلاک ؛ منسلک شدنی ؛ جوڑنے کے قابل ؛ قابل قرقی -

Attache, *n.*: رکن عملہ سفارت ؛ اتاچی -

a. case: (کاغذات رکھنے کا) چمڑے کا چھوٹا بکس-

Attachment, *n.*: (۱) انسلاک ؛ جوڑ ؛ نتھی کرنا ؛ شامل کرنا ؛ شمول ؛ اشتراک ؛ (اور ATTACH کے دوسرے معنوں میں) - (۲) (شے) منسلکہ ؛ (شے) مشمولہ ؛ نتھی شدہ - (۳) بندھن ؛ نتھی ؛ رشتہ - (۴) محبت؛ پیار؛ دلی تعلق ؛ چاہ ؛ اُلفت؛ اُنس- (۵) قرقی ؛ ضبطی -

foreign a.: غیر ملکی مال کی قرقی جو قرضوں کی ادائی کے لیے کی جائے -

Attack, *v.t.*: (۱) حملہ کرنا؛ دھاوا کرنا ؛ چڑھائی کرنا ؛ ہلا کرنا ؛ دھاوا بولنا ؛ یلغار کرنا ؛ چڑھ دوڑنا ؛ ٹوٹ پڑنا (نیز مجازاً) - (۲) برا اثر کرنا ؛ مضر ہونا؛ ضرر پہنچانا ؛ نقصان پہنچانا ؛ خراب کرنا (کسی طبیعی عامل یا بیماری وغیرہ کا) -

attackable, *a.*: قابل گرفت ؛ ضرر پذیر ؛ نقصان پذیر ؛(مم)-

Attack, *n.*: (۱) حملہ ؛ ہلا ؛ یلغار ؛ یورش ؛ دھاوا ؛ چڑھائی (نیز مجازاً) - (۲) عمل ؛ اثر (امراض اور طبیعی عاملوں کا) -

Attain, *v.t.&i.*: (۱) پہنچنا ؛ آلگنا ؛ عمر کو پہنچنا - (۲) حاصل کرنا ؛ پانا ؛ تکمیل کو پہنچانا -

attainability, attainableness, *nn.*: امکان حصول -

attainable, *a.*: ممکن الحصول ؛ قابل حصول ؛ تکمیل پذیر -

Attainder, *n.*: سزائے موت یا خارج البلد کے عواقب (مثلاً املاک ' شہری حقوق یا وراثت سے محرومی وغیرہ) -

Attainment, *n.*: (۱) حصول ؛ تحصیل ؛ تکمیل کو پہنچنا - (۲) جوہری ؛ ہنر ؛ استعداد ؛ اکتساب -

Attaint, *v.t.*: (۱) سزائے موت وغیرہ کے عواقب عائد کرنا - (۲) (بیماریوں وغیرہ کا) لاحق ہونا : حملہ کرنا ؛ لگنا ؛ پیدا ہو جانا - (۳) لگنا ؛ لگ جانا (متعدی بیماریوں کا) ؛ اُڑکر لگنا ؛ متاثر ہونا ؛ سرایت کرنا - (۴) داغ لگانا ؛ ملوث کرنا ؛ سانا ؛ آلودہ کرنا ؛ کلنک کا ٹیکا لگانا ؛ بد نام کرنا -

Attar, *n.*: عطر گلاب -

Attemper, *v.t.*: (۱) ممزوج کرنا ؛ ملانا ؛ سمونا ؛ آمیز کرنا ؛ معتدل بنانا - (۲) حرارت معتدل کرنا - (۳) تسکین دینا ؛ دھیما کرنا ؛ ٹھنڈا کرنا ؛ تشفی دینا - (۴) مطابق کرلینا ؛ رنگ قبول کرنا ؛ مناسب حال یا مطابق حال کرلینا ؛ سازگار بنالینا - (۵) ہم آہنگ کرنا ؛ ہم صوت کرنا - (۶) تاو دینا (دھات کو) ؛ بجھاو دینا ؛ آب دینا —

attemperment, *n.*: ترکیب امتزاج؛ سمونا؛ مطابقت؛ موافقت؛ ہم آہنگی؛ تاو؛ بجھاو؛ دم؛ آب -

Attempt, *v.t.*: (۱) کوشش یا سعی کرنا - (۲) (دشمن یا قلعے کی) تسخیر کی کوشش کرنا -

a. the life of: (کسی کی) جان لینے کی کوشش کرنا؛ اقدام قتل کرنا —

attemptable, *a.*: قابل کوشش؛ قابل سعی -

Attempt *n.*: سعی؛ جد و جہد؛ بیڑا اٹھانا -

Attend, *v.t.&i.*: (۱) توجہ کرنا؛ متوجہ ہونا؛ توجہ مبذول کرنا؛ غور کرنا؛ سوچنا - (۲) مشغول ہونا؛ منہمک ہونا؛ جٹ جانا؛ لگ جانا؛ مصروف ہونا- (۳) موجود ہونا؛ حاضر ہونا؛ شریک ہونا (کسی موقع پر) - (۴) حاضر خدمت رہنا؛ حاضر باش ہونا - (۵) (*Trans.*) ملاقات کے لیے حاضر ہونا - (۶) ساتھ ہونا؛ رفاقت کرنا؛ معیت کرنا ؛ ساتھ جانا -

Attendance, *n.*: (۱) حاضری؛ حاضر باشی؛ حاضری خدمت؛ حضوری؛ موجودگی؛ شرکت - (۲) تعداد حاضرین -

dance a. on: حاضر باشی کرنا؛ دربار داری کرنا-

Attendant, *a. & n.*: (۱) حاضر رہنے والا؛ حاضری دینے والا؛ حاضرباش

-*a. circumstances,* : (۲) متعلقہ ؛ جیسے : متعلقہ واقعات
(۳) حاضر؛ موجود - (۴) (*n.*) نوکر؛ حاشیہ بردار؛ خدمت گار؛ وابستہ؛ دامن وابستۂ دولت؛ حاشیہ نشیں -

Attention, *n. & int.*: (۱) توجہ؛ دھیان؛ التفات؛ غور؛ خیال (۲) توجہ؛ خیال؛ لحاظ؛ پاس - (۳) (جمع میں) تکلفانہ آداب؛ مراسم اخلاق؛ اخلاق؛ آو بھگت -

come to, stand at. a. : (فوجی) سیدھے کھڑے ھونا؛ ٹنشن یا ٹنشن ھوجانا -

Attentive, *a.* : (۱) متوجہ؛ خیال رکھنے والا - (۲) خلیق؛ خاطر داری کرنے والا؛ متواضع؛ آو بھگت کرنے والا؛ خاطر مدارات سے پیش آنے والا -

attentively, *adv.* : توجہ اور فکر سے -

attentiveness, *n.* : توجہ؛ فکر؛ اِلتفات -

Attenuate, *v.t.* : (۱) پتلا کرنا؛ باریک کرنا - (۲) رقیق کرنا؛ پتلا کرنا (ترکیب کے اعتبار سے) - (۳) تخفیف کرنا؛ تقلیل کرنا؛ گھٹانا (قیمت یا قوت کو) -

attenuation, *n.* : رقیق کرنا؛ تخفیف؛ کمی؛ تقلیل؛ اتخفات -

Attenuate, *a.* : (۱) پتلا؛ باریک - (۲) لطیف؛ ھلکا کیا ھوا؛ رقیق؛ پتلا

Attest, *v. t. &i.* : (۱) تصدیق کرنا؛ توثیق کرنا - (۲) حلف لینا؛ قسم لینا؛ حلفیہ اقرار لینا - (۳) شاھد ھونا؛ گواہ ھونا؛ گواھی دینا؛ شہادت دینا -

attestor, *n.* : تصدیق کنندہ؛ مصدق؛ حلف لینے والا؛ قسم کھلانے والا؛ شاھد -

Attestation, *n.* : (۱) تصدیق؛ توثیق - (۲) شہادت؛ گواھی - (۳) دستخطی تصدیق یا توثیق؛ قسمیہ بیان؛ تحریری اقرار - حلف لینا؛ قسم کھلوانا؛ حلفیہ اقرار کروانا -

Attic, *a. & n.* : اٹیئی؛ ایتھنس کا یا اِس سے متعلق -

A. dialect : اٹیئیوں کی یونانی؛ وہ یونانی زبان جو ایتھنس کے باشندے بولتے تھے -

A. order : (یونانی عمارات کے اقسام خمسہ کا) چوکھونٹا کھمبا - دیکھو ORDER -

A. salt, wit : لطیف ظرافت؛ اعلی درجے کی ظرافت؛ ستھری ظرافت؛ لطیف مذاق -

Attic, *n.* : (۱) ایک قسم کی عمارت جس میں نیچے کا طبقہ بلند اور اوپر کا اِس سے کم بلند ھوتا ھے؛ اٹیک - (۲) کھپریلی چھت کی سب سے اوپر کی منزل کا کمرا جس کی چھت کھپریلی ھو -

Atticism, *n.* : (۱) اٹیئیت؛ ایتھنس کا طریق، طرز، زبان وغیرہ - (۲) فصاحت؛ شیرینیٔ گفتار - (۳) اٹیئیت (یعنی ایتھنس کے ساتھ محبت)؛ اٹیئیہ پرستی -

atticize, *v.t.* : یونان پرستی کرنا؛ اتھینی لہجہ کی نقل کرنا -

Attire, *v.t. & n.* : (۱) ملبوس کرنا؛ لباس پہنانا؛ کپڑے پہنانا؛ سنوارنا؛ آراستہ کرنا - (۲) ملبوس؛ لباس؛ پوشاک؛ کپڑے -

Attitude, *n.* : (۱) طرز؛ رخ؛ انداز؛ وضع؛ حالت (تصویر میں) - (۲) روپ؛ انداز؛ ڈھنگ؛ طرز؛ حالت؛ چھرہ مھرہ؛ قطع؛ جیسے : روپ بھرنا - *strike an a.* (۳) طرز؛ انداز (جس سے کوئی خاص رجحان ظاھر ھوتا ھو -

a. of mind : طرز خیال؛ انداز فکر؛ ذھنی کیفیت -

Attitudinize, *v.i.* : (۱) چھرہ بنانا؛ صورت یا حلیہ بنانا؛ اِس کی مشق کرنا - (۲) بناوٹ یا تصنع سے بولنا؛ لکھنا یا پیش آنا -

Attorn, *v.t. & i.* : (۱) (قانون) منتقل کرنا یا ھونا - (۲) نئے زمیندار کو باضابطہ تسلیم کرنا؛ پٹا بدلی یا تبدیل پٹا کرنا -

attornment, *n.* : تبدیل پٹا -

Attorney, *n.* : وکیل؛ مختار -

A. General : صدر وکیل سرکار جو تمام سرکاری مقدموں کے متعلق قانونی کارروائی کرنے کا مجاز ھوتا ھے -

attorneyship, *n.* : مختاری؛ وکالت -

Attorney, *n.* ; *letter, warrant, of A.* : مختار نامہ؛ وکالت نامہ -

Power of A. : مختاری یا وکالت کے اختیارات -

Attract, *v. t.* : (۱) کھینچنا؛ کشش کرنا - (۲) دلکش ھونا؛ پسند آنا؛ اچھا معلوم ھونا؛ گرویدہ کرنا؛ لبھانا - (۳) مبذول یا منعطف کرانا؛ متوجہ کرانا؛ حاصل کرنا (توجہ) -

attractability, *n.* : کھینچنے کی صلاحیت؛ صلاحیت کشش؛ کشش پذیری -

attractable, *a.* : کشش سے متاثر ھونے والا؛ وہ جو کھینچا جا سکے؛ کشش قبول -

Attraction, *n.* : (۱) کشش؛ قوت کشش؛ موھنی؛ تسخیر؛ دوسروں کو اپنی طرف کھینچنے کی صلاحیت؛ قوت جذب (نیز مجازاً) - (۲) قوت کشش؛ کھینچنے والی قوت - (۳) جاذب؛ دلکش؛ موہ لینے والی؛ لبھا لینے والی چیز -

a. of gravity : کشش؛ انجذاب؛ جذب -

capillary a. : کشش انابیب شعری (جس کی وجہ سے مائعات بال کی طرح کی باریک نالیوں میں اوپر چڑھتے ھیں) -

magnetic a. : مقناطیسی کشش؛ مقناطیسی انجذاب -

molecular a. : سالماتی کشش؛ سالمات مادہ کا باھمی انجذاب -

Attractive, *a.* : جاذب؛ کشش رکھنے والا؛ کھینچنے والا؛ دلکش؛ دلچسپ؛ گرویدہ کرنے والا (خاص کر مجازی معنوں میں) -

attractively, *adv.* : دلکشی سے -

attractiveness, *n.* : دلکشی؛ کشش؛ دلفریبی -

Attribute, *n.* : (۱) وصف؛ صفت؛ خاصیت؛ عرض - (۲) متعلقات؛ لواحق؛ لوازم (جو کسی شخص یا عہدے کے مناسب حال سمجھے جاتے ھوں) - (۳) صفت امتیازی؛ خاص خصوصیت؛ خاصہ؛ خاص صفت؛ خاص بات - (۴) (نحو) صفت -

Attribute, *v.t.* : (۱) منسوب کرنا؛ نسبت دینا؛ خصوصیت قرار دینا؛ صفت قرار دینا - (۲) سبب قرار دینا؛ (معلول کی) علت بتانا - (۳) تعین مکانی یا زمانی کرنا -

attributable, *a.* : نسبت پذیر؛ قابل اِنتساب؛ جو منسوب کیا جا سکے -

Attribution, *n.* : (۱) اِنتساب؛ نسبت؛ تعلیل - (۲) اقتدار (جو کسی حکمراں وغیرہ کو دیا جائے) -

Attributive, *a. & n.* : (۱) (منطق) عرضی؛ جس میں کسی موضوع کا کوئی خاص عرض بیان کیا گیا ھو - (۲) صفتی؛

توصیفی۔ (۳) (*N.*) صفت۔

attributively, *adv.*: از روے عرض کی حیثیت سے؛ صفتاً؛ صفت یا عرض۔

Attrited, *a.*: گھسا ہوا؛ فرسودہ؛ گھسا پسا۔

Attrition, *n.*: (۱) رگڑ؛ گھساو؛ فرسودگی۔ (۲) رگڑ؛ رگڑا؛ گھسا؛ چھلن؛ خراش؛ کھرونچا۔ (۲) (دینیات) پچھتاوا؛ ندامت؛ انفعال (گناہ سے)۔

Attune, *v. t.*: (۱) سر ملانا؛ ہم ساز کرنا؛ ہم آھنگ کرنا (نیز مجازاً)۔ (۲) سر ٹھیک کرنا؛ ٹھاٹ ملانا (باجے کا)۔

aubade, *n.*: [تلفظ: "اوباد"] صبح کی شہنائی؛ صبح کی نوبت؛ صبح کا نقارہ؛ گجر؛ وہ باجا جو طلوع صبح کی اِطلاع کے لیے بجایا جاتا ھے۔

auberge, *n.*: [تلفظ: "اوبارژ"] سراے؛ مسافر خانہ۔

Auburn, *a.*: سنہرے؛ سرخی مائل بھورے (خاص کر بال)۔

Auction, *n.*: نیلام؛ لیلام؛ ھراج۔

a. bridge: برج کویل کی ایک قسم جس میں ھر کھیلنے والا دوسرے سے بڑھا کر بولی بولتا ھے۔

Dutch a.: ولندیزی نیلام (اِس میں اُس وقت تک قیمت برابر کم کرتے رھتے ھیں جب تک کوئی خریدار نہ ملے)۔

Auctioneer, *n., & v. i.*: (۱) نیلامی؛ نیلامیا؛ ھراجی؛ جو نیلام کرتا ھے؛ نیلام کنندہ۔ (۲) (*Intr.*) نیلام کرنا؛ ھراج کرنا۔

Audacious, *a.*: (۱) جری؛ بہادر؛ نڈر؛ دلیر؛ بے باک۔ (۲) گستاخ؛ بے ادب؛ شوخ چشم

audaciously, *adv.*: جرأت سے؛ بہادرانہ؛ دلیرانہ؛ گستاخانہ؛ بے ادبانہ۔

audaciousness, audacity; *nn.*: دلیری؛ بے باکی؛ جسارت؛ نڈر پن؛ شوخی؛ بے ادبی؛ بد تمیزی۔

Audible, *a.*: قابل سماعت؛ جو سننے میں آ سکے؛ مسموع؛ گوش رس۔

audibility, audibleness, *nn.*: سماعت پذیری؛ سنے جانے کی صلاحیت۔

audibly, *adv.*: آواز سے؛ زور سے؛ اونچی آواز سے؛ اِس طریقے سے کہ سننے میں آ سکے۔

Audience, *n.*: (۱) سننا؛ سماعت کرنا۔ (۲) باریابی؛ شرف حضوری؛ رسمی ملاقات۔ (۳) سامعین۔ (۴) سامعین یا حاضرین جلسہ۔ (۵) ناظرین؛ قارئین؛ پڑھنے والے (کتاب کے)۔

give a. to: توجہ سے سننا؛ کان دھرنا۔

Audiometer, *n.*: سماعت پیما؛ ٹیلیفون کی قسم کا ایک آلہ جس سے سننے کی قوت ناپتے ھیں۔

Audiphone, *n.*: ایک قسم کا آلہ جسے اوپر کے دانت پر دبا کر رکھنے سے سننے میں مدد ملتی ھے؛ دانت فون (ج) دندان شنو؛ دندان صدا۔

Audit, *n.*: (۱) جانچ؛ تنقیح حساب (سرکاری)۔ (۲) سخت باز پرس (خصوصاً قیامت کے روز)۔ (۳) میعادی حساب فہمی (جو مقررہ میعاد پر زمیندار اور اسامی کے درمیان ہوتی ھے)۔

a. ale: ایک قسم کا انگریزی بوزہ جو انگریزی یونیورسٹیوں میں کھینچا جاتا تھا اور (اگلے زمانے میں) تنقیح حسابات کے دن استعمال کیا جاتا تھا۔

a.-house, *-room*: حساب خانہ؛ ایک کمرا جو گرجوں میں حساب کتاب کے لیے ھوتا ھے۔

Audit, *v.t.*: حساب پڑتالنا؛ حساب جانچنا؛ تنقیح حسابات کرنا؛ حساب دیکھنا (باضابطہ طور پر)۔

Audition, *n.*: (۱) قوت سماعت؛ سننے کی طاقت۔ (۲) سننا؛ سماعت؛ کان دھر کر سننا۔ (۳) نوکر رکھنے سے پہلے امتحاناً گانا سننا۔

Auditive, *a.*: متعلق بہ سماعت؛ سماعتی؛ سننے کے متعلق۔

Auditor, *n.*: (۱) سامع؛ سننے والا۔ (۲) تنقیح کنندۂ حسابات؛ حسابوں کی تنقیح کرنے والا۔

auditorship, *n.*: نظارت حساب کا عہدہ۔

auditress, *n.*: ناظرۂ حساب؛ حسابات کی جانچ کرنے والی۔

Auditorial, *a.*: نظارت حساب کا؛ تنقیحی؛ حسابی؛ تنقیح سے متعلق۔

Auditory, *a.& n.*: (۱) سمعی؛ سننے کے متعلق۔ (۲) مسموع؛ گوش رس؛ جس کی آواز کان میں آئے۔ (۳) سننے والوں کا مجمع؛ مجمع سامعین۔

auditorium: سماعت خانہ؛ سماعت گھر؛ وہ حصۂ عمارت جہاں سامعین بیٹھیں؛ (یونی ورسٹیوں وغیرہ میں) وہ عمارت جس میں درس ھوتے ھیں۔

au fait, *pred. a.*: [تلفظ: "اوفے"] واقف؛ آگاہ؛ باخبر؛ جاننے والا۔

put a person au fait of: واقفات سے باخبر کرنا؛ واقف کرنا۔

au fond, *adv.*: تہہ میں؛ اصل میں

Augean, *a.*: غلیظ؛ گندہ؛ کثیف (جیسے Augeas کے اصطبل تھے کہ ھرقل نے دریاے الفیوس کو اُن پر سے بہا کر اُنہیں صاف کیا تھا)۔

Auger, *n.*: (۱) برما۔ (۲) زمین میں سوراخ کرنے کا آلہ؛ زمین کا برما۔

Aught, *n. & adv.*: (۱) کوئی چیز؛ کچھ؛ کوئی بات (۲) (*Adv.*) (متروک) کسی قدر؛ کچھ؛ کسی حد تک۔

Augment, *n.*: حرف زائد، جو قدیم آریائی زبانوں میں صیغہ ماضی سے پہلے لگایا جاتا تھا۔

Augment, *v.t.&i.*: (۱) زیادہ کرنا؛ بڑھانا؛ بڑا کرنا۔ (۲) کسی لفظ کے آگے حرف زائد لگانا۔ (۳) (*Intr.*) بڑھنا؛ زیادہ ھونا۔

Augmentation, *n.*: (۱) بڑھاو؛ بڑھوتری؛ تکثیر؛ تزاید؛ اضافہ؛ توسیع۔ (۲) نشوونما؛ اُٹھان؛ بڑھاو۔ (۳) اضافہ؛ ایزاد؛ ازدیاد۔ (۴) (موسیقی) ٹانپیں بڑھانا؛ اُسی سر کو دگنے یا چوگنے سروں میں کہنا۔

Augmentative, *a.&n.*: (۱) ازدیاد پذیر؛ اِضافہ پذیر؛ جس میں بڑھنے بڑھانے کی صلاحیت ھو۔ (۲) (نحو) مبالغہ پیدا کرنے والا؛ حرف مبالغہ۔

au grand sérieux, *adv.*: بہت متانت سے۔

Augur, *n.*: (۱) رومی فال گو؛ رومی نجومی؛ رومی پیشین گو؛ رومی کاھن (جو پرندوں وغیرہ کو دیکھ کر آئندہ واقعات کا بتا دیتا تھا - یہ ایک عہدہ ھوتا تھا)۔ (۲) کاھن؛ پیشین گو؛ رمال؛ نجومی؛

شگونیا -

augurship, *n.*: نجومی کا عہدہ -

Augur, *v.t.&i.*: شگون ہونا یا دینا؛ پیشین گوئی کرنا؛ خبر دینا ؛ فال ہونا -

a. ill : برا شگون ہونا یا دینا ؛ فال بد ہونا یا دینا -

a. well : اچھا شگون ہونا یا دینا ؛ فال نیک ہونا یا دینا -

it augurs ill : برے آثار ہیں؛ یہ برا شگون ہے ؛ فال بد ہے -

Augural, *a.*: (۱) شگونی ؛ فالی ؛ متعلق بہ شگون - (۲) آئندہ کا پتا دینے والا ؛ مستقبل کی خبر دینے والا؛ آئندہ کی فال دینے والا -

Augury, *n.*: (۱) پیشین گوئی: کہانت (پرندوں کی پرواز وغیرہ سے) - (۲) شگونی رسم - (۳) شگون؛ فال - (۴) دھڑکا : کھٹکا ؛ آنے والی باتوں کا اندیشہ - (۵) ہونہار پن ؛ توقع -

August, *a.*: رفیع‌الدرجات : بلند پایہ : عالی شان ؛ جلیل القدر ؛ عالی منزلت : محترم -

augustly, *adv.*: محتشمانہ : محترمانہ -

augustness, *n.*: علوے منزلت : جلیل‌القدری : عالی منزلتی -

August, *n.*: اگست (مہینا) -

Augustan, *a.&n.*: (۱) اغسطسی یا اگسٹسی؛ آگسٹس سیزر کے عہد سے متعلق؛ لاتینی ادبیات کا بہترین زمانہ- (۲) (ہر قومی ادبیات کے متعلق) مستند ؛ استادانہ ؛ ٹکسالی (نیز مستند ادبیات کے زمانے کے متعلق) -(۳) (*N.*) کسی ٹکسالی دور کا استاد یا مستند مصنف -

A. confession : پروٹسٹنٹ فرقے کے عقائد جنہیں لوتھر وغیرہ نے مقام آوگسٹا وندے لی کورم یعنی آوگس برگ میں معین کیا -

Auk, *n.*: آک ؛ شمالی ممالک کا ایک بحری پرند جس کے پر چھوٹے ہوتے ہیں اور اڑنے کا نہیں بلکہ تیرتے وقت پانی ہٹانے کا کام دیتے ہیں -

Aulic, *a.*: عدالتی ؛ متعلق بہ عدالت -

A. Council : (قدیم جرمانی سلطنت میں) قیصر کی ذاتی کونسل ؛ آلک کونسل - (آجکل) آسٹریا کی مجلس حربیہ -

Aumbry : دیکھو AMBRY -

au naturel, adv. or pred. a. : بہت سادہ طریقے سے (پکایا ہوا) بغیر کسی تکلف کے (پکا یا ہوا) -

Aunt, *n.*: (۱) خالہ ؛ پھوپھی ؛ موسی - (۲) چچی ؛ ممانی

A. Sally : ایک قسم کا کھیل جس میں ایک کاٹھ کی عورت کے منہ میں ایک پائپ ہوتا ہے اور کھیلنے والے اس پر لکڑیاں پھینکتے ہیں -

au pied de la lettre, adv.: [تلفظ : " اوپے دلا لیتر "] لفظاً ؛ لفظی یا حقیقی معنوں میں -

Aura, *n.*: (۱) مہک ؛ لپٹ ؛ پھولوں وغیرہ کی بھینی بھینی بو - (۲) (برقیات) تموج ہوا ؛ اہتزاز ہوا ؛ نسیم کہربائی ' جو کسی نکیلی چیز سے برقی اخراج کی وجہ سے پیدا ہو) (طب) سردی قشعریرہ ؛ تھرتھری ؛ جھرجھری ؛ کپکپی ؛ یہ احساس کہ جسم کے کسی حصے سے سردی کی ایک لہر سر تک دوڑ رہی ہے - یہ اختناق الرحم یا صرع کی علامت ہوا کرتی ہے -

aural, *a.*: اہتزازی ؛ نسیم کہربائی کے متعلق ؛ متعلق بہ اہتزاز ہوا -

Aural, *a.*: (۱) اذنی ؛ کان کے متعلق - (۲) سماعی ؛ مسموع ؛ کان پڑی ؛ سنی ہوئی (بات یا آواز) -

aurally, *adv.*: سماعی طور پر ؛ مسموعاً -

Aurelia, *n.*: (۱) (قدیم) کنداہ ؛ پیلہ : سرفہ : تیتلی (تیتری) کی پر نکالنے سے پہلے کی حالت - (۲) (حیوانیات) فاسفورسی بحری جانوروں کی ایک جنس : زرینہ (ج) ؛ سنیلہ (ج) -

Aurelian, *a. & n.*: (۱) سنیلے کنداہے یا کولے سے متعلق - (۲) سنہرا : طلائی؛ زریں- (۳) (*N.*) کیڑے جمع کرنے اور پالنے کا شوقین -

Aureola, *n.* : نورانی تاج (جو شہدا ' دوشیزگان ' علما وغیرہ کو دنیا اور لذات نفس پر فتح پانے کے صلے میں دیا جاتا ہے) -

Aureole, *n.* : (۱) نورانی تاج - (۲) (خاص طور پر) سنہرا ہالہ جو ابتدائی زمانے کی تصویروں میں سر کے چاروں طرف نظر آتا ہے ؛ سنہرا حلقہ؛ زریں ہالہ - (۳) حلقۂ نور؛ نورانی ہالہ (جو سر کے چاروں طرف دکھایا جاوے)- مستطیل نورانی ہالہ جو ملکوتی شکلوں کے گرد بنایا جاتا ہے - (۵) ہالہ ' خاص کر وہ جو گرہن کے وقت نظر آتا ہے -

au revoir, adv. : [تلفظ : " او ریووآر "] (خدا کرے کا) پھر ملیں گے ؛ خدا حافظ ؛ فی امان‌اللہ -

Auric, *a.* : (۱) ذہبی ؛ سنہرا ؛ طلائی ؛ زریں ؛ سونے کا - (۲) (کیمیا) آرک جس میں سونا بحیثیت ایک تیسرے جز کے شریک ہو ؛ وہ جو سونے کا ترکب ہو -

Auricle, *n.* : (۱) کان ؛ گوش ؛ جانوروں کا بیرونی کان - (۲) (نباتیات) لو نما ؛ گوشک ؛ اذنہ - (۳) قلب کے بالائی خانے ؛ اذین القلب -

auricled, *a.*: گوشک دار -

Auricula, *n.* : (۱) ایک قسم کا پھول جس کی پتیاں ریچھ کے کانوں کی طرح ہوتی ہیں ؛ خرس گوشا ؛ ریچھ کان (ج) - (۲) رخوہوں (molluscs) کی ایک جنس -

Auricular, *a.* : (۱) گوشی ؛ کان کے متعلق ؛ اذنی - (۲) کان میں کہا ہوا ؛ راز میں کہا ہوا ؛ راز کے طور پر کہا ہوا ؛ جیسے :

a. confession : وہ اقرار جو چپکے سے کان میں کیا جاوے

a. witness: سنی سنائی شہادت دینے والا ' وہ شاہد جو وہی بیان کرتا ہے جو اس نے سنا ہے - (۳) قلب کے خانوں کے متعلق - (۴) لونما ؛ لوکی طرح ؛ لو شکلا -

auricularly, *adv.* : سمعاً ؛ سماعۃً -

Auriculate, *a.* : گوش آسا ؛ کان کی طرح زائدے رکھنے والا ؛ اذینی ؛ گوشکی -

Auriferous, *a.*: سونے بھرا ؛ طلا دار ؛ طلا خیز ؛ جس سے سونا نکلے -

Auriform, *a.* : کان کی شکل کا : گوش پیکر : اذن پیکر : کن روپا (ج) -

Auriga, *n.* : (فلکیات) ممسک العنان؛ ایک شمالی صورت فرساوس اور جواز کی بائیں جانب واقع ہے -

Aurilave, *n.* : کن تنومی ؛ کان کو صاف کرنے کا آلہ -

Aurist, *n.* : کان کے امراض کا ماہر؛ کان کی بیماریوں کا معالج خصوصی ؛ کان وید (ج) -

Aurochs (-ks), *n.* : (۱) جنگلی بیل (اس کی نسل اب معدوم ہے) - (۲) (غلط معنوں میں یوروپی) ارنا بھینسا

Aurora, *n.* : (۱) فلق ؛ قطب روشنی ' جو زمین کے شمالی اور جنوبی مقناطیسی قطب سے پیدا ہوتی ہے - (۲) طلوع ؛ صبح ؛ پو پھٹنا ؛ تڑکا - (۳) سپیدۂ سحر ؛ بیضاے صبح ؛ آسمان کا جو رنگ صبح پو پھٹے ہوتا ہے

a. australis : جنوبی قطب روشنی -

a. borealis : شمالی قطب روشنی -

Aurora : (قدیم رومیوں کے عقیدے میں) صبح کی دیوی -

auroral, *a.* : انواری ؛ نوری ؛ صباحی ؛ سحری

Aurous, *a.* : (کیمیا) فردیۂ طلا ؛ جس میں طلا بحیثیت ایک فرد کے شریک ہوتا ہے -

Aurum, *n.* : سونا ؛ طلا ؛ زر -

a. fulminans : سونا رنجک ؛ سونے کا ایک ایسا مرکب جو چمک کر بھک سے اڑ جاے -

a. mosaicum (bisulphide) : ٹین کا بائی سلفائڈ ؛ کسکت یا کانسی کا برادہ -

a. potabile : شربت طلا ؛ عرق طلا ؛ ماءالذہب ؛ سونا جو پیا جاسکے -

Auscultation, *n.* : سننا ؛ سماعت ؛ استماع ؛ (خاص کر طب میں) قلب ' شش ' وغیرہ کی حرکت کو سننا -

auscultator, *n.* : مستمع -

auscultatory, *a.* : استماعی -

Ausgleich, *n.* : (تلفظ : " آوس گلائش ") سیاسی عہد نامہ آسٹریا و ہنگری (جس کی ہر دسویں سال تجدید ہوتی ہے) - (جرمانی لفظ)

Auspicate, *v.t.* & *i.* : (۱) بنیاد رکھنا ؛ تاسیس کرنا ؛ ابتدا کرنا ؛ افتتاح کرنا - (۲) شگون ہونا ؛ فال ہونا ؛ پیش خیمہ ہونا (اچھے یا برے مستقبل کا) -

Auspice, *n.* : (۱) پرندوں سے شگون ؛ تفاؤل - (۲) پیش خیمہ ؛ شگون ؛ آثار ؛ فال ؛ نشان ؛ علامت (مستقبل کی) - (۳) حمایت ؛ سرپرستی ؛ سایہ ؛ جیسے : زیر سرپرستی ؛ زیر سایۂ عاطفت ؛ بہ ظل حمایت *-under the aa. of,*

Auspicious, *a.* : (۱) نیک فال ؛ مبارک ؛ سعید ؛ مساعد ؛ موافق ؛ بھاگوان ؛ سبھ - (۲) خوش حال ؛ آسودہ ؛ اچھا -

auspiciously, *adv.* : سبھ گھڑی میں ؛ نیک ساعت میں -

auspiciousness, *n.* : نیک فالی ؛ مبارکی ؛ برکت ؛ سبھ ہونا ؛ خوش طالعی ؛ بھاگوانی

Aussie, *n.* : (عامیانہ) آسٹریلیا کا -

Austere, *a.* : (۱) ترش ؛ سخت ؛ تیز تاد ؛ عبوس ؛ درشت - (۲) شدید ؛ اشد (اخلاقی پابندی میں) ؛ کٹر ؛ سخت ؛ سادگی پسند ؛ تکلف بیزار ؛ تکلف دشمن - (۳) تیز ؛ تلخ و تند (ذائقے میں) -

austerely, *adv.* : سختی کے ساتھ ؛ تلخی یا تیزی کے ساتھ ؛ کٹر پن سے -

austereness, austerity, *nn.* : سختی ؛ عبوست ؛ تندی ؛ درشتی ؛ کٹر پن ؛ زہد خشک -

Austral, *a.* : جنوبی ؛ دکھنی -

Australasian, *a.* & *n.* : آسٹرلیشیائی ؛ آسٹرلیشیا (آسٹریلیا اور ملحقہ جزائر وغیرہ) کا باشندہ - (لغوی معنے : جنوبی براعظم کا رہنے والا) -

Australian, *n.* & *a.* : (۱) آسٹریلیائی ؛ آسٹریلیا کا باشندہ ؛ آباد کار یا مقیم - (۲) (*Adj.*) آسٹریلیائی ؛ آسٹریلیا کا -

aut Caesar aut nullus or nihil, sent. : (فقرہ) تخت یا تختہ -

Authentic, *a.* : (۱) قابل اعتبار ؛ معتبر ؛ قابل اعتماد ؛ بھروسے کے قابل ؛ مستند ؛ سندی - (۲) سچا ؛ اصلی ؛ صحیح ؛ اصل (بہ مقابلہ نقلی ' مصنوعی) - (۳) (مذہبی موسیقی کے متعلق) جن کی آوازیں ساتویں چڑھاو تک ہوں ؛ ست سرگمی -

authentically, *adv.* : معتبر یا مستند طریقے پر ؛ قابل اعتماد طریقے پر ؛ ٹھیک ٹھیک -

authenticity, *n.* : اعتبار ؛ مستند ہونا ؛ معتبر ہونا ؛ صداقت ؛ اصلی ہونا ؛ اصلیت ؛ واقعیت -

Authenticate, *v.t.* : (۱) تصدیق یا تحقیق کرنا ؛ اثبات حق یا احقاق حق کرنا ؛ صداقت ثابت کرنا - (۲) راوی یا مصنف کی تحقیق کرنا ؛ کسی چیز کے متعلق یہ دریافت کرنا کہ اس کا بانی کون تھا - (۳) جائز یا بجا ٹھیرانا ؛ تصدیق یا توثیق کرنا -

authentication, *n.* : تصدیق ؛ توثیق ؛ تحقیق -

authenticator, *n.* : محقق ؛ مصدق ؛ تحقیق کرنے والا -

Author, *n.* : (۱) بانی ؛ شروع کرنے والا ؛ موجد - (۲) مصنف ؛ مولف - (۳) (غیر صحیح) نتائج افکار ؛ تصنیفات -

authoress, *n.* : موجدہ ؛ مصنفہ ؛ کتاب لکھنے والی -

authorial, *a.* : مصنفانہ ؛ موجدانہ ؛ مصنف یا موجد کا -

Authoritative, *a.* : (۱) حاکمانہ ؛ تحکمانہ - (۲) مصدق ؛ معتبر ؛ مستند - (۳) سندی ؛ معتبر ؛ جس کا ماخذ قابل اعتبار ہو -

authoritatively, *adv.* : تحکماً ' حاکمانہ ؛ مصدق طور پر ؛ معتبر طور پر ؛ حتماً ؛ وثوق یا سند سے -

authoritativeness, *n.* : مستند ہونا ؛ استنادیت ؛ معتبر یا مصدق ہونا ؛ تحکمانہ انداز -

Authority, *n.* : (۱) اختیار ؛ اقتدار ؛ حق (کسی بات کے منوانے کا) - (۲) منصب ؛ عہدہ ؛ اختیار ؛ حکومت - (۳) عہدہ دار ؛ حاکم ؛ مقتدر - (۴) اثر ؛ وقعت ؛ عظمت - (۵) شہادت ؛ سند ؛ ماخذ (قول یا کتاب جو سند سمجھی جاے) - (۶) سند -

a. on : مستند ؛ مسلم الثبوت ؛ سند ؛ استاد -

Authorize, *v.t.* : (۱) اجازت دینا ؛ منظوری دینا - (۲) جواز پیدا کرنا یا جواز کی گنجائش نکالنا - (۳) مجاز کرنا ؛ مختار بنانا -

authorizable, *a.* : قابل جواز

authorization, *n.* : جواز -

Authorized, *a.* : (۱) مختار ؛ مجاز ؛ جائز یا قانوناً جائز - (۲) نہایت وقیع یا قابل قدر -

Authorized version (abbr A.V.) : مصدقہ ترجمۂ بائبل جو سنہ ۱۶۱۱ ع میں کیا گیا -

Authorship, *n.* : (۱) مصنف کا پیشہ ' حیثیت یا منصب ؛ مصنفی ؛ مصنف گری - (۲) تصنیف ؛ تالیف

Auto- : (جزترکیبی) بمعنی خود

- *carpous*: (نباتیات) خود مباشر | آپ بھوگ –
- *gamy*: (نباتیات) خود باروری –
- *genous*: (نباتیات) خود زا ؛ خود آفرین –
- *geny*, - *gony* : (نباتیات) خود آفرینی ؛ خود آفرینش ؛ خود زائی –
- *morphic*, - *morphism*: برخود قیاسی –
- *phagous*, - *phagy* : خود خوری –
- *plasty*: خود چسپی ؛ خود پیوندی ؛ خود انضمالی –
- *suggestion* : خود تاثری –

Autobiographer, *n.*: اپنی سوانح عمری لکھنے والا ؛ خود نوشت لکھنے والا ؛ آپ بیتی لکھنے والا –

Autobiographic, *a.*: خود نوشت کے متعلق ؛ آپ بیتی کے متعلق –

autobiographical, *a.*: خود نوشتی وغیرہ –

autobiographically, *adv.*: آپ بیتی کی طرح سے –

Autobiography, *n.*: آپ بیتی لکھنا ؛ آپ بیتی ؛ خود گزشت ؛ خود نوشت (اپنی سوانح عمری خود اپنی ہی لکھی ہوئی) –

Autocar, *n.*: ہوا گاڑی ؛ موٹر –

Autocephalous, *a.*: (نباتیات) خود سرا ' جس کا خود کوئی سر ہو ؛ خود اپنا ذاتی سر رکھنے والا – (۲) آزاد (مذہبی پیشوا یا کلیسا) –

Autochthon (-k-), *n.*(usu. pl. ; *-ones*,- *ons* (عموماً جمع میں) (۱) کہن بود ؛ پراچین ؛ سب سے قدیم باشندے – (۲) ملک کے اصلی باشندے ؛ بوسی –

autochthonal autochthonic,autochthonous, *aa.*: پراچین یا قدیم باشندوں کے متعلق ؛ پراچینی ؛ قدیمی –

autochthonism, autochthony, *nn.*: پراچین پن ؛ اصلی باشندے ہونا ؛ قدامت –

Autocracy, *n.*: (۱) استبدادی حکومت ؛ شخصی حکومت ؛ مطلق العنان حکومت – (۲) اثر ؛ دباو ؛ حکومت –

Autocrat, *n.*: خود مختار ؛ مستبد ؛ مطلق العنان ؛ جابر ؛ فرعون –

A. of all the Russias.: زار روس کا لقب –

autocratic(al),*aa.*: استبدادی –

autocratically, *adv.*: استبداد سے ؛ مستبدانہ –

Autocratrix, *n.*: خود مختار ملکہ ؛ مستبدہ ؛ مطلق العنان ملکہ ؛ روس کی خود مختار ملکہ کا لقب –

auto-da-fe, *n.* (pl.*autos-da-fe*) : (۱) محکمۂ احتساب کا حکم ؛ سزا – (۲) یا اس کی تعمیل مثلاً بے دینوں کا جلادینا وغیرہ ؛ تعذیب –

Autograph, *n.*: (۱) مصنف کا اپنا قلمی مسودہ – (۲) اپنی قلمی یا اپنے ہاتھ کی تحریر ' خصوصاً دستخط – (۳) قلمی تحریر –

autographic (al)*aa.*: خود نوشتہ ؛ مصنف کا قلمی –

autogrphically, *adv.*: اپنے قلم سے ' تحریر سے –

Autograph, *v.t.*: (۱) خود لکھنا ؛ اپنے ہاتھ سے لکھنا ؛ اپنے قلم سے لکھنا – (۲) نقل کرنا – (۳) دستخط کرنا –

Autography, *n.*: (۱) خود نویسی ؛ اپنے قلم سے لکھنا – (۲) مصنف کی تحریر – (۳) تحریر یا تصویر کی سنگی نقل ؛ تحریر یا تصویر کی لیتھو کی نقل –

Autogyro, *n.*: ایک قسم کا ہوائی جہاز جو اپنے محور پر گھومتا ہے –

Automatic, *a.* & *n.*: (۱) خود بخود کام کرنے والا ؛ خود کار ؛ آپ چالو ؛ خود حرکی (مشین وغیرہ) – (۲) مشین کی طرح ؛ بے سوچے سمجھے – غیر شعوری –

automatical, *a.*: م م م

automatically, *adv.*: خود بخود ؛ اپنے آپ سے ؛ آپ سے آپ –

automaticity, *n.*: آپ چالوپن ؛ خود حرکی پن ؛ خود حرکیت –

Automatism, *n.*: (۱) غیرارادی حرکت – (۲) نظریۂ تسریت ' یہ مسئلہ کہ جانور غیر ارادی حرکتیں کرتے ہیں – (۳) بندھا ٹکا معمول ؛ کلہ کی طرح کام کرنا – (۴) مبداء حرکت ؛ مبداء فعل ؛ وہ قوت جہاں حرکت یا فعلیت جنم لیتی ہے –

Automaton, *n.* (pl. - *a*, -*ons*) : (۱) خود حرکی ؛ متحرک بلا ارادہ شے یا خود حرکی جاندار – (۲) کل ؛ مشین ؛ پرزہ – (۳) کٹھ پتلی ؛ کل پتلا ؛ بے شعور یا بے عقل شخص ؛ ایسا شخص جس کے افعال غیرارادی ہوں –

automatous, *a.*: خود حرکی ؛ خودکار ؛ غیر شعوری ؛ غیرارادی –

automobile, *n.*: دیکھو AUTOCAR [فرانسیسی : اوتو موبیل]

Autonomous, *a.*: سوراجی ؛ خود اختیاری –

Autonomy, *n.*: (۱) خود اختیاری حکومت یا نظم و نسق ؛ سوراج – (۲) شخصی آزادی – (۳) آزادی ارادہ ؛ اختیار ارادہ ؛ قدر (کانٹ کے مسلک میں) – (۴) خود مختار قوم یا جماعت –

autonomic, *a.*: سوراجی ؛ خود اختیاری –

autonomist, *n.*: سوراج پسند ؛ خود اختیاری پسند –

Autopsy(*or* awt -), *n.*: (۱) ذاتی نگرانی یا معائنہ – (۲) مردے کی چیر پھاڑ ؛ لاش کا طبی معائنہ ؛ پس مرگی معائنہ – (۳) (مجازاً) تنقیدی جانچ ؛ چھان بنان ؛ بال کی کھال نکالنا –

autoptic(al),*aa.*: لاش کی طبی جانچ سے متعلق –

Autotype, *n.*: (۱) ہوبہو نقل ' عکس یا چربہ – (۲) پکا عکس (فوٹو) جسے بعض کو آٹوٹنگ چھاپتے ہیں –

autotype, *v.t.*: چربہ اتارنا ؛ پکا عکس لینا ؛ ہوبہو نقل کرنا –

Autumn, *n.*: (۱) خزاں ؛ پت جھڑ ؛ خریف ؛ اگست سے اکتوبر تک – (۲) (مجازاً) انحطاط کا دور یا زمانہ ؛ عہد زوال –

Autumnal, *a.*: (۱) خزاں کا یا اس سے متعلق ؛ پت جھڑ کے موسم کا یا متعلق ؛ خریفی – (۲) خریفی ' جو خریف میں پکے یا پھلے پھولے – (۳) (گزرا ہوا (شباب) –

Auxiliary, *a.* & *n.*: (۱) مددگار ؛ معاون ؛ ممد – (۲) امدادی افواج – (۳) امدادی (فعل) ؛ معاون (فعل) –

Avail, *v.t.* & *i.*: (۱) مدد پہنچانا ؛ معاون ہونا ؛ مدد کرنا یا دینا – (۲) کام کا ہونا ؛ مفید ثابت ہونا ؛ کارآمد ہونا –

a. one *self of*: فائدہ اٹھانا ؛ کام لینا ؛ کام میں لانا ؛ مستفید ہونا (موقع وغیرہ سے) –

Avail, *n.*: کام ؛ فائدہ ؛ مطلب ؛ مدد – (صرف ان فقروں میں مستعمل ہے (*of a., of no a., without a., to little a.*:

Available, *a.*: استعمال کے قابل ؛ موجود ؛ دستیاب ؛ شدنی ؛ ملنے والی ؛ ممکن الحصول ؛ استفادہ کے لائق ؛ دسترس میں –

availability, availableness, *nn.*: دستیابی –

availably, *adv.*: کارآمد طور پر -

Avalanche (-sh), *n.*: برف، مٹی اور یخ کا ڈھیر، جو تیزی سے پہاڑ سے پھسلے - (مجازاً) حوادث یا مصیبتیں وغیرہ جو اِک دم سے آپڑیں -

avania (-nea), *n.*: زبردستی کا محصول جو ترک عائد کرتے تھے -

Avaunt - courier *n.*: (۱) نقیب؛ چاوش؛ پیش سوار - (۲) (جمع میں) مقدمۃ الجیش؛ ہراول -

Avarice, *n.*: لالچ؛ طمع؛ حرص (نیز مجازاً) -

avaricious, *a.* لالچی؛ حریص؛ طامع -

avariciously, *adv.*: لالچ سے -

Avast, *int.*: (جہاز رانی) بس! ٹھہرو! -

Avatar, *n.*: (۱) اوتار؛ خدا یا دیوتا کا جسمانی روپ میں دنیا میں آنا - (۲) ظہور؛ مظہر -

Avaunt, *int.*: دور!؛ دفان! -

ave (-i), *int.* & *n.*: (۱) اھلاً و سہلاً!؛ خوش آمدید؛ خدا حافظ! - (۲) نعرۂ خوش آمدید یا الوداع -

a.-bell: مریم کی گھنٹی جو سلام مریم گاتے وقت بجائی جاتی ہے -

A. Maria (Hail, Mary): تحیہ و سلام تجھ پر اے مریم -

Avenge, *v.t.*: بدلا لینا؛ انتقام لینا -

be avenged: ذاتی انتقام لینا -

Avens, *n.*; (*water a.*): ایک قسم کی دریائی بوٹی؛ آبی اوینس -

wood a.: اسی قسم کی جنگلی بوٹی؛ جنگلی اوینس -

Aventurine, -in, *n.*: (۱) ایک قسم کا بھورا شیشہ، جس میں طلائی بندکیاں وغیرہ بنی ہوتی ہیں - (۲) ایک قسم کا شفاف پتھر جو اسی طرح کا ہوتا ہے -

Avenue, *n.*: (۱) رستہ؛ راہ؛ سڑک (نیز مجازاً) - (۲) رستہ جس کے دونوں طرف پیڑوں کی قطاریں ہوں - (۳) سایہ دار سڑک -

Aver, *v.t.*: (۱) دعوے سے کہنا؛ حتمی طور پر بیان کرنا؛ بزور کہنا - (۲) (قانون) دعوے یا عذر کو ثابت کرنا -

averrable, *a.*: قابل ثبوت -

Average, *n.*: (۱) عام، مقررہ، معمولی (شرح، درجہ، مقدار، وغیرہ) - (۲) عام معیار؛ معمولی معیار؛ رائج معیار - (۳) اوسط - (۴) تقسیم زر تاوان، (جہاز یا اسباب جہاز کے تلف ہو جانے پر کمپنی یا مالک جہاز کو دینا پڑے) -

general a.: عام تاوان (جو بالقصد نقصان کی وجہ سے ہو) -

on the or on a.: اوسط -

particular a.: تاوان مخصوص (جو کسی ناگزیر حادثے کی وجہ سے ہو) -

Average, *a.*: (۱) اوسط درجہ کا - (۲) اوسط کے حساب سے - (۳) معمولی؛ متوسط -

averagely, *adv* اوسط کی رو سے؛ اوسطاً -

Average, *v. t.*: اوسط نکالنا - (۲) اوسط معیار دریافت کرنا -

Averment, *n.*: حتمی بیان؛ قطعی بیان؛ دعوی - (۲) دعوے، جواب دعوے یا عذر قانونی کا ثبوت -

Averruncator, *n.*: ایک آلہ جس سے درخت کی سر سے اونچی شاخیں کاٹتے ہیں -

Averse, *a.*: (۱) مخالف؛ متنفر؛ بیزار - (۲) ناراض؛ نا خوش (کسی کام کے کرنے سے)

averseness, *n.*: [illegible]

Aversion, *n.*: مخالفت؛ بیزاری؛ کراہت؛ نفرت - (۲) نا خوشی؛ ناپسندیدگی؛ ناراضی - (۳) نفرت؛ نفرت انگیز چیز؛ مکروہ، گھناؤنی چیز جس سے فطری نفرت ہو -

pet a.: للّٰہی بغض؛ بلا وجہ نفرت یا کراہت؛ خواہ مخواہ کی یا ناحق کی نفرت یا کراہت -

Avert, *v.t.*: (۱) پھیرنا؛ ہٹانا؛ موڑ دینا (نظر، خیالات، وغیرہ کو) - (۲) دور کرنا؛ دفع کرنا؛ رد کرنا -

avertible, - able, *aa.*: قابل دفعیہ؛ قابل رد؛ جسے رد یا دور کیا جاسکے -

Avian, *a.*: پرندوں سے متعلق؛ طیری -

Aviary, *n.*: چڑیا گھر؛ چڑیا خانہ -

Aviate, *v. i.*: طیارہ چلانا یا طیارے میں اڑنا؛ طیارہ بازی کرنا؛ ہوا بازی کرنا؛ ہوائی جہاز یا غبارے میں اڑنا -

aviation, *n.*: ہوا بازی؛ طیارہ بازی؛ ہوائی جہاز رانی -

aviator, *n.*: طیارچی؛ طیارہ باز؛ ہوا باز؛ ہوائی جہاز راں -

Aviatik, *n.*: جرمانی فوجی طیارہ -

Avid, *a.* (*of for*): شوقین؛ شایق؛ مشتاق؛ حریص؛ آرزومند؛ متمنی -

avidly, *adv.*: حریصانہ؛ مشتاقانہ؛ بڑے شوق کے ساتھ -

Avidity, *n.*: حرص؛ شوق؛ اشتیاق؛ شغف؛ ہوکا -

Aviette, *n.*: بے انجن کا ہوائی جہاز -

Avifauna, *n.*: (حیوانیات) کسی ملک یا علاقے کے پرندے یا طیور -

avion, *n.*: جنگی طیارہ (تلفظ: آریوں) -

Aviso, *n.*: خبر رساں کشتی -

avizandum, *n.*: شخصی یا ذاتی مصلحت -

Avocate, *v.t.*: (قانون) عدالت عالیہ میں مرافعہ کرنا -

Avocation, *n.*: (۱) توجہ یا خیال کا دوسری طرف متوجہ ہونا - (۲) کام؛ دھندا؛ مشغلہ - (۳) پیشہ؛ حرفہ؛ ملازمت؛ کام -

Avocet, -set, *n.*: ایک قسم کی بط قبی (چڑیا) -

Avoid, *v.t.* (۱) احتراز کرنا؛ بچنا؛ گریز کرنا؛ باز رہنا؛ دور رہنا (کسی کام کے کرنے سے) - (۲) بچنا؛ ٹالنا؛ پہلو بچانا؛ پہلو تہی کرنا؛ کنارہ کرنا؛ اڑا جانا - (۳) (قانون) تردید کرنا؛ رد کرنا (کسی عذر وغیرہ کو)؛ توڑ ڈالنا (کسی حکم کو)؛ منسوخ کرادینا؛ فسخ کردینا -

avoidable, *a.*: جس سے گریز یا بچاؤ ہوسکے؛ قابل احتراز؛ قابل گریز -

Avoidance, *n.*: (۱) بچاؤ؛ احتراز؛ حذر؛ ٹال مٹول؛ کنارہ کشی - (۲) خالی اسامی یا خدمت -

Avoirdupois, *a.* & *n.*; *A.* (*weight*): آوارڈیوائز؛ وزن کا پیمانہ جو برطانیہ میں تمام چیزوں کے لیے (سوا قیمتی دھاتوں اور ادویہ کے) استعمال ہوتا ہے -

A. pound: آوارڈ یوائز پونڈ (۷۰۰۰ گرین) -

Avouch, *v.t.* & *i.*: (۱) ضمانت لینا یا کرنا؛ ذمہ لینا - (۲) ادعا کرنا؛ دعوے سے کہنا؛ زور دے کر کہنا - (۳) اقرار کرنا؛ اقبال کرنا؛ مان لینا؛ تسلیم کر لینا -

avouchment, *n.*: ذمہ؛ ضمانت؛ اقبال؛ اقرار؛ ادعا وغیرہ -

Avow, *v.t.*: اقبال کرنا؛ اقرار کرنا؛ مان لینا؛ تسلیم کرلینا؛ (خود اپنے متعلق کسی بات کا) اعتراف کرنا؛ اپنے کو ... ٹھیرانا یا قرار دینا -

avowable, *a.*: قابل تسلیم؛ قابل اقرار؛ قابل اقبال؛ ماننے کے قابل

avowal, *n.*: اقرار؛ اقبال؛ اعتراف -

avowedly, *adv.* : علی الاعلان ؛ مسلمہ طور پر –

Avulsion, *n.* : (۱) اکھیڑ پکھیڑ ؛ نوچ کھسوٹ - (۲) (سیلاب وغیرہ کی وجہ سے) کسی کی آراضی کا کٹ کر دوسرے کی آراضی میں جا ملنا –

Avuncular, *a.* : چچا یا ماموں کا -

Await, *v.t.* : اِنتظار کرنا ؛ منتظر رهنا ؛ راہ دیکھنا (نیز مجازاً) –

Awake, *v.t. & i.* : (۱) جاگنا ؛ اُٹھ بیٹھنا ؛ بیدار هو جانا ؛ سو اُٹھنا - (۲) (مجازاً) مستعد هو جانا ؛ هوشیار هو جانا ؛ چوکس هو جانا - (۳) جگانا ؛ بیدار کرنا ؛ اُٹھانا (نیز مجازاً) –

a. to : با خبر هونا ؛ خبردار هونا ؛ واقف هونا ؛ جاننا (کسی چیز کا) –

Awake, *pred. a.* : (۱) بیدار ؛ جاگا هوا ؛ هوشیار (نیند سے) - (۲) جاگتا هوا ؛ حالت بیداری میں - (۳) مستعد ؛ هوشیار ؛ چوکنا ؛ چوکس –

a. to : با خبر ؛ واقف ؛ جاننے والا –

Awaken, *v.t. & i.* : (۱) دیکھو AWAKE, *v.t. & i.* – (۲) واقف کرنا ؛ آگاہ کرنا ؛ جتلانا ؛ احساس دلانا ؛ کان کھولنا –

Award, *v.t.* : (۱) فیصلہ کرنا ؛ حکم دینا ؛ فتویٰ دینا - (۲) دینا ؛ بخشنا ؛ عطا کرنا ؛ سپرد کرنا –

Award, *n.* : (۱) عدالتی فیصلہ ؛ فتویٰ ؛ حکم وغیرہ - (۲) جرمانہ ، تاوان ، سزا وغیرہ (جو عدالت سے دلائی جائے) –

Aware, *pred. a.* : جاننے والا ؛ جانتا ؛ با خبر ؛ واقف ؛ علم رکھنے والا ؛ مطلع ؛ آگاہ –

Awash, *pred. a.* : (زمین یا ساحل) جس پر پانی تھپیڑے مارتا هو ؛ موج واصل ؛ موج رُفتہ –

Away, *adv.* : (۱) دور ؛ الگ ؛ ایک طرف ؛ باهر ؛ پرے (نیز مجازاً) - (۲) لگا تار ؛ پیہم متواتر (جیسے : *work a., peg a.*) - (۳) فوراً ؛ بہت جلد ؛ بلاتاخیر ؛ بے درنگ (جیسے : *fire a.*) - (۴) دور هو ؛ هٹ پرے هو –

a. with : لے اُڑنا ؛ لے جانا ؛ اُڑالیجانا ؛ لے بھاگنا –

(cannot) a. with : بسر کرنا ؛ نبھانا –

explain a. : تاویل کرکے اُڑا جانا –

make a. with : تباہ کرنا ؛ ستیاناس کرنا ؛ نیست نابود کر دینا ؛ غارت کر دینا ؛ برباد کر دینا ؛ (کسی چیز کا) صفایا کر دینا –

out and a. : مافوق ؛ بالاتر ؛ سب سے بڑھ کر –

Awe, *n.* : رعب ؛ احترام ؛ دھاک ؛ جلال ؛ تحیر ؛ استعجاب –

awe-struck : متحیر ؛ رعب زدہ -

aweless, *a.* : بے رعب –

awesome, *a.* : با رعب ؛ پر رعب ؛ رعب دار ؛ پر جلال –

Awe, *v.t.* : مرعوب کرنا ؛ رعب ڈالنا ؛ رعب جمانا ؛ دھاک بٹھانا ؛ رعب داب بٹھانا ؛ سکہ بٹھانا –

Awe, *n.* : زیر آب پہیے کا تختہ ؛ پن پہیے کا تختہ –

Awful, *a.* : (۱) بارعب ؛ پر رعب ؛ رعب دار ؛ دهشت ناک وغیرہ - (۲) پر اثر ؛ موثر - (۳) (متروک) ذی احترام - (۴) (عامیانہ) حد درجے کا ؛ پرلے سرے کا ؛ لمبی ؛ جیسے : *a. scrawl, a. bore* وغیرہ –

awfully, *adv.* : رعب سے ؛ نہایت ؛ بہت –

afwulness, *n.* : جلال ؛ رعب ؛ وقار وغیرہ –

Awhile, *adv.* : تھوڑی دیر کے لیے ؛ ذرا کے ذرا ؛ قلیل مدت کے لیے –

Awkward, *a.* : (۱) ناکارہ ؛ بے مصرف ؛ نامرزوں ؛ جو کام کا نہ هو - (۲) کڈھب ؛ بھدا ؛ بے ڈول ؛ بد وضع ؛ بد قوارہ ؛ بھونڈا (شخص یا چیز) - (۳) اناڑی ؛ پھوهڑ ؛ بد سلیقہ - (۴) پریشان کن ؛ بےڈھب ؛ بینڈا ؛ گو مگو (کی حالت) ؛ شش و پنج (کی حالت) ؛ ٹیڑھا (شے ، شخص) ؛ خطرناک یا مشکل هونا –

awkwardish, *a.* : بھدا سا ؛ بے ڈول سا ؛ بد وضع سا وغیرہ –

awkwardly, *adv.* : بھونڈے پن سے ؛ پھوهڑپن سے وغیرہ –

awkwardness, *n.* : بھداپن ؛ ناکاراپن ؛ بد سلیقگی وغیرہ –

Awl, *n.* : سُوچے کی قسم کا اوزار (خاص. چماروں کا) ؛ ستاری ؛ ستالی ؛ ٹوچن –

Awn, *n.* : بالو ؛ بانجر (جوار ، مکئی وغیرہ کے باریک ریشے) –

awned, *a.* : بالودار ؛ بانجردار –

awnless, *a.* : بے بالی –

Awning *n.* : (۱) شامیانہ ؛ نمگیرا (خاص کر جہاز کے عرشے کے اوپر کا) (۲) (جہازرانی) جہاز کے پیچھے کی طرف کا عرشہ - (۳) مامن ؛ جائے پناہ ؛ حفاظت کی جگہ –

awned, *a.* : شامیانہ دار ؛ نمگیرے دار –

Awry, *adv. & a.* : ٹیڑھا ؛ ترچھا ؛ بینڈا ؛ کج –

go, run, tread, a. : غلطی کرنا ؛ غلط کام کرنا –

look a. : (۱) ترچھی نظر سے دیکھنا ؛ کن انکھوں سے دیکھنا (نیز مجازاً) بھینگا دیکھنا ؛ احول هونا - (۲) غلط ؛ ناروا ؛ ٹیڑھا ترچھا ؛ اینڈا بینڈا –

Ax (e), *n. & v.t.* : کلہاڑی ؛ تبر ؛ تیشہ -

an a. to grind : (امریکی سیاسیات) ذاتی اغراض پورے کرنا ؛ اپنا مطلب نکالنا ؛ اپنا کام بنانا –

put the a. in the helve : معاملہ حل کرنا ؛ عقدہ کشائی کرنا ؛ مشکل حل کرنا ؛ گتھی سلجھانا -

the Geddes a. : ملکی اخراجات میں اهم تخفیفات جو گیڈیس کمیٹی منعقدہ سنہ ۱۹۲۱ ع کی سفارشوں کے مطابق عمل میں آئیں –

Axial, *a.* : (۱) محوری ؛ محوریا دُھرے کا یا اُس کی شکل کا - (۲) گرد محور ؛ دُھرے کے چاروں طرف –

axiality, *n.* : محوریت ؛ دھراپن ؛ محور هونے کی حالت –

axially, *adv.* : محوراً ؛ محور کی طرح سے –

Axil, *n.* : بغل (وہ بالائی زاویہ جو پتوں اور تنے کے یا شاخ اور تنے کے درمیان هوتا هے) –

Axile, *a.* : (نباتیات ، فعلیات) محوری -

Axillary, *a.* : (۱) بغلی ؛ بغل کے متعلق - (۲) (نباتیات) بغلی ؛ بغل رو –

Axiom, *n.* : (۱) اصول موضوعہ ؛ اولیات ؛ بدیہیات - (۲) جامع کلمہ یا قول –

Axiomatic,-ical, *aa.* : (۱) بدیہی - (۲) جامع الحکم ؛ پر از نکات ؛ پر اصول ، پر کلیات –

axiomatically, *adv.* : بداهۃً –

Axis, *n.* (pl. *axes*) : (۱) محور ؛ دُھرا ؛ وہ (فرضی) خط جس پر کوئی جسم گردش کرتا هو - (۲) محوری خط ؛ خط قاسم ؛ خط ناصف ؛ خط فارق ؛ وہ خط جو کسی باقاعدہ شکل کو دو متناسب

حصوں میں تقسیم کرتا ہو - (۳) (مناظر) شعاع محوری : وہ شعاع جو آنکھ یا عدسے کے مرکز سے گزر کر عموداً پڑتی ہے - (۴) (عضویات) محور؛ کسی عضو یا عضویے کا مرکز - (۵) (نباتیات) محور؛ تنہ؛ ساق؛ بیچ کی ڈنڈی جس پر پھول وغیرہ لگے ہوئے ہوں - (۶) محور؛ خط مستقیم جو کسی جسم کے ایک سرے سے ہوکر دوسرے سرے تک گزرے؛ جیسے : محور استوا *a. of equator* -

Axle, *n.*: دھوا؛ دھری -

a.-box: آون -

a.-journal: دھرے کا جلا دیا ہوا (چمکدار) سرا -

a.-tree: دھرے کا ڈنڈا -

wheel and a: مشینی قوت -

axled, *a.*: دھرے دار -

Axminster, *a.* (*A. carpet*): مقام ایکس منسٹر کا قالین -

Axo lotl, *n.*: جل سمندر : سمندر کی قسم کا کیڑا جو میکسکو کی جھیلوں میں پایا جاتا ہے -

Ay, *int* & *n.*(pl. *ayes*): (۱) ہاں ؛ ہاں ہاں ؛ جی؛ہاں جی - (۲) (*n.*) ہامی ؛ ہاں ؛ اثباتی جواب ؛ " ہاں " کہنے والا ؛ موافقت میں رائے دینے والا ؛ جیسے : *– the ayes have it* -

Ayah, *n.*: آیا؛ کھلائی -

Aye, *adv.*: (۱) ہمیشہ : مدام ؛ سدا - (۲) ہر وقت ؛ ہر موقع پر ؛

for a.: ہمیشہ ہمیشہ کے لیے : مدام ؛ سدا -

Aye-aye, *n.*: (ج) (بلی + گلہری) بل گلہری ؛ مدگا سکری گلہری ؛ گلہری کی قسم کا جانور جو بلی کے برابر ہوتا اور مدگا سکر میں پایا جاتا ہے -

Azalea, *n.*: ازالیا (پھولدار جھاڑی نما درختوں کی جنس جو نصف کرہ شمالی میں پائی جاتی ہے) [یونانی لفظ *azalea* سے جس کے معنے ہیں " سوکھی "] -

Azarole, *n.*: جنوبی یورپ کا ایک قسم کا پھل - [یہ لفظ عربی " زعرور " سے بنا ہے] -

Azimuth, *n.*: قوس آسمانی جو سمت الراس سے اُفق تک پھیلی ہوئی ہے اور اُفق کو زاویہ قائمہ پر کاٹتی ہے - [یہ لفظ عربی " سمت " سے بنا ہے] -

a.-circle: دائرۂ سمتیہ -

magnetic a.: مقناطیسی سمت الراس -

true a.: اصلی سمت الراس -

azimuthal, *a.*: سمت الراسی -

azimuthally, *adv.*: سمت الراسی کی رو سے -

Azoic, *a.*: (۱) عاری از حیات ؛ جس میں زندگی نام کو نہ ہو ؛ مردۂ محض - (۲) (ارضیات) زمین کی وہ تہہ جس میں کسی قسم کے عضوی جانداروں کے باقیات مطلق نہ پائے جائیں -

Azote, *n.*: نائٹروجن کا قدیم نام -

azotic, *a.*: نائٹروجنی -

azotize, *v.t.*: نائٹروجن سے ملانا یا بھرنا -

Aztec, *a.* & *n.*: میکسکو کا ایک قبیلہ -

Azure(azher,azhyer), *n.* & *a.*,& *v. t.*: (۱) نیلا ؛ آسمانی - (۲) نرمل آکاس ؛ فلک لاجوردی ؛ گنبد نیلگوں ؛ صاف مطلع (۳) کبودی رنگ ؛ اودا رنگ - (۴) لاجورد ؛ لاجوردی رنگ - (۵) (*adj*) آسمانی رنگ کا ؛ صاف شفاف (مطلع) ؛ (مجازاً) پرسکون (۶) (*v.t.*) نیلا رنگنا ؛ آسمانی یا لاجوردی رنگ دینا -

Azygous, *a.* & *n.*: (عضویات) وہ عضوی حصہ جس کا جفت نہ ہو؛ بے جفت ؛ طاق -

B

B, letter(pl. *B*s, B's, Bees): انگریزی الف بے کا دوسرا حرف - (۱) (موسیقی) سرگم کا ساتواں سر - (۲) (بحث وغیرہ میں) دوسرا مفروض شخص یا دوسری مفروضہ چیز - (۳) (جبرو مقابلہ) دوسری مقدار معلومہ -

Baa, *n.*&*v.i.*: بھیں بھیں کرنا - (بھیڑ کی آواز) -

baa-lamb.: (بچوں کی بولی میں) بھیڑ کا بچہ -

Baal, *n.*: بعل ؛ اشوریوں ؛ سریانیوں اور فنیقیا والوں کا ایک دیوتا؛ معبود باطل - [عبرانی : بعل : رب ؛ مالک] -

Baalism, *n.*: باطل پرستی -

Baalist, *n.*: باطل پرست -

Babacoote, *n.*: لنگور کی ایک قسم ؛ جو مدگاسکر میں پائی جاتی ہے -

Babbit-metal, *n.*: بابیٹا؛ رانگے؛ تانبے اور سرب کا مرکب ؛ جو اپنے موجد کے نام سے مشہور ہے -

Babble, *v.i.* & *t.*: بڑبڑانا؛ بڑھا نکنا ؛ بک بک کرنا ؛ بک دینا ؛ افشا کر دینا؛ (بھید) کھولدینا؛ شور کے ساتھ (پانی کا) بہنا -

babblement, *n.*: بڑبڑ؛ ٹرٹر؛ بک بک؛ بڑبڑاہٹ -

Babble, *n.*: بڑبڑاہٹ؛ بکواس؛ یاوہ گوئی؛ پانی کے بہنے کی آواز -

Babbler, *n.*: (۱) بہت کا ہلکا؛ بکی - (۲) لمبی ٹانگوں کی طوطی -

Babe, *n.*: (۱) شیرخوار؛ ننھا - (۲) معصوم یا ناتجربہ کار شخص -

Babel, *n.*: (۱) بابل کا بڑا مینار؛ برج بابل - (۲) بلند عمارت (۳) خیالی پلاو - (۴) چیخ پکار؛ کانو کانو؛ ہنگامہ؛ مہمل گفتگو؛ شورش انگیز مجمع -

Babiroussa,-russa, *n.*: ببھیلا؛ مشرقی ایشیا کا جنگلی سور جس کے دانت سینگوں کی طرح اوپر کو مڑے ہوتے ہیں

Baboo, *n.*: (۱) انگریزی داں ہندوستانی محرر؛ بابو - (۲) (طنزاً) نیم انگریز ہندوستانی -

Baboon,*n.*: بن مانس؛ افریقہ اور جنوبی ایشیا کا بڑا بندر؛ میمون -

Babouche, *n.*: چپل؛ زیرپائی -

Baby, *n.*: (۱) بچہ - (۲) وہ شخص جو بچوں کا سا مزاج رکھتا ہو چلبلا - (۳) چھوٹی چیز -

b.-farmer: وہ شخص معاوضہ لے کر بچوں کو پالتا ہے؛ بچے پال -

babyhood, *n.*: بچپن؛ طفولیت -

babyish, *a*: طفلانہ

babyishness, *n.*: بچپنا

babylon, *n.*: (۱) بابل ؛ قدیم کلدانی دارالسلطنت - (۲) (استعارۃً) کوئی بڑی سلطنت یا ایسا شہر جس میں بدکاری پھیل گئی ہو - (۳) (مجازاً) روما ؛ لندن وغیرہ

Baccalaureate, *n.*: بی - اے کی سند ؛ مرتبۂ یا فضیلت -

baccara, -at, *n.*: تاش کا ایک کھیل، جو بازی لگا کر کھیلا جاتا ہے -

Baccate, *a.*: (نباتات) درخت جس کے پھل پیپلیوں کی شکل کے ہوتے ہیں یعنی جیسے گھونگروں کے گچھے ہوں - انگور نما ؛ بیرنما -

baccato -: (سابقہ) انگوروش یا انگور نما چیز -

Bacchanal, *a.* & *n.*: (۱) باخوسی ؛ شراب کے دیوتا باخوس کے متعلق - (۲) پرستار باخوس ؛ عیاش ؛ اوباش ؛ بدمست - (۳) باخوسی گت ؛ باخوسی ناچ - (۴) عید باخوس - (۸) باخوس کا پجاری -

Bacchanalia, *n.* pl.: (۱) جشن باخوس - (۲) عیاشی ؛ رنگ رلیاں ؛ بدمستی -

Bacchalian, *a* & *n.*: (۱) مخمور ؛ بدمست ؛ مدھوش - (۲) باخوسیوں کے متعلق - (۳) باخوسی ؛ مادہ پرست -

Bacchant, *n.*: مے پرست ؛ مےنوش ؛ شرابی ؛ باخوس پنتھی ؛ باخوس پرست -

باخوس کا پجاری - (اُسی سے مونث ہے **Bacchante**)

Bacchantic, *a.*: -

Bacchic, *a.*: دیکھو BACCHANAL

Bacchus, *n.*: یونانی دیو مالا میں شراب کا دیوتا ؛ باخوس -

Bacciferous, *a.*: چھوٹے چھوٹے انگور نما یا گھونگروں کے سے پھل لانے والا (درخت) -

Bacciform, *a.*: انگوری ؛ انگور نما ؛ گھونگرو نما -

Baccivorous, *a.*: مکو یا کروندے کی قسم کے پھلوں کو کھانے والا (جانور) -

Baccy, *n.*: (سوقیانہ) تمباکو -

Bacharach, *n.*: رائن کی ایک شراب [جو قصبۂ باخراخ کے نواح میں بنتی ہے] ؛ (می) باخراخ -

Bachelor, *n.*: (۱) (تاریخ) وہ شہ سوار ؛ جو دوسرے کے تحت جنگ میں شریک ہو ؛ بانکا - (۲) کنوارا ؛ ناکتخدا ؛ بن بیاہا - (۳) علیلسانی ؛ سند رکھنے والا -

b.'s buttoo ns.: (۱) پھول بسکٹ ؛ خوشبودار بسکٹ - (۲) بوتام نما پھول ؛ گل بوتامی -

Bacillary, *a.*: (۱) سینخ نما ؛ سلاخ نما - (۲) جراثیمی -

Bacilliform, *a.*: سلاخ پیکر ؛ جراثیمی شکل کا

bacillus, *n.* (pl. *-illi*) جرثومہ -

Back, *n.* & *a.*: (۱) پشت ؛ پیٹھ (آدمی یا جانور کی) - (۲) (فٹبال) اُن کھیلنے والوں میں سے ایک ؛ جو پیچھے کھیلتا ہے ؛ بیک - (۳) جسم کا حصہ (جو کپڑوں سے ڈھانکا جائے) ؛ کاندھا (جس پر بوجھ اُٹھایا جائے) ؛ کسی چیز کے پیچھے کا حصہ ؛ جیسے : پشت دست - (۳) کسی چیز کا وہ حصہ ؛ جو دیکھنے والے سے دور ہو ؛ جہاز یا پہاڑی وغیرہ کی اوپر کی سطح - (۵) جو پشت پر ہو ؛ پس افتادہ - (۶) دور دراز - (۷) ادنیٰ - (۸) بقایا - (۹) اُلٹی (لہر وغیرہ) - (۱۰) پوشیدہ ؛ خفیہ -

backboned, *a.*: مضبوط ؛ جفاکش ؛ ہمت والا -

backboneless, *a.*: (۱) بے ریڑھ - (۲) غیر مستقل مزاج ؛ بے ہمت ؛ ہیٹا -

backband: پشتہ (کتاب کا) -

backboard: گاڑی کا پچھلا تختہ ؛ روکوال -

backbone: (۱) پشت پناہ - (۲) محور - (۳) (جغرافیہ) - پنتھال ؛ فاصل آب (۴) بل ؛ کس ؛ سرمایۂ قوت ؛ ریڑھ کی ہڈی ؛ استقلال -

backdoor: پچھلا دروازہ ؛ چور دروازہ ؛ پوشیدہ حصہ -

b.- end: خزاں کا آخری زمانہ -

backfall: پیٹھ لگنا ؛ چت ہونا -

backfriend: چھپا دشمن -

background: (تصویر ؛ منظر وغیرہ) کی پچھواڑ یا زمین ؛ پس منظر ؛ گوشۂ عزلت ؛ خمول ؛ گوشۂ گمنامی -

backhanded: ناگہانی ؛ بالواسطہ ؛ پشت دست سے -

b. number: رسالے یا اخبار کا کوئی گزشتہ نمبر ؛ (عامیانہ) دقیانوسی (شخص یا طریقہ) -

backmost: سب سے پیچھے -

backset: اُلٹی لہر ؛ ہزیمت ؛ رکاوٹ

backside: چوتڑ ؛ سرین -

b.- sight: پچھلا دیدبان -

backstairs: چور زینہ -

backstays: جہاز کے پچھلے رسے ؛ وہ رسے جو دونوں جانب لٹکتے رہتے ہیں -

backstroke: جوابی ضرب ؛ پشت دست کی ضرب -

backsword: ایک دھار کی تلوار ؛ گتکا -

backwash: پس رو موج -

backwater: بند کھاڑی ؛ بندپانی ؛ ساکن پانی -

backway: گلی ؛ کوچہ -

backwoods: جنگلی بن ؛ گھنا جنگل (جو صاف نہ ہوا ہو) -

at the b. of: پشت پر ؛ مدد پر -

behined one's b.: پیٹھ پیچھے ؛ غائبانہ -

break one's b.: حد سے زیادہ بوجھ ڈالنا ؛ لاد دینا -

give, make. a b.: پشتیبانی کرنا ؛ پشتیبان ہونا ؛ سہارا دینا -

have on one's b.: (کسی چیز کا) ذمہ دار ہونا ؛ گرانبار ہونا -

on one's b.: پیٹھ کے بل -

on the b. of: علاوہ ؛ مزید براں -

take b. seat: پچھلی تہ میں کرنا -

to the backbone: پوری طرح ؛ کماحقہ -

turn one's b. upon: بھاگ نکلنا ؛ چھوڑ بھاگنا -

with one's b. to wall: تنگ آکر ؛ ہو مارت سے مجبور ہوکر -

Back, *v.t.* & *i.*: (۱) پشتیبانی کرنا ؛ مدد دینا ؛ تائید کرنا - (۲) (کسی چیز پر) شرط لگانا - (۳) (شکاری کتوں کا) رہبر کتے کے پیچھے چلنا - (۴) (گھوڑے کو) سواری کرنا ؛ پھیرنا - (۵) تصدیق کرنا ؛ دستخط کرنا - (۶) پیچھے ہٹانا - (۷) رخ بدل کر سورج کے مخالف چلنا -

b. down: دعوے یا حق سے دست بردار ہونا -

b. out (of): جس کا ذمہ لیا تھا اُسے چھوڑ بھاگنا ؛ نکل بھاگنا ؛ اپنی بات سے پھر جانا -

b. up: (کسی کی) دل بڑھانا ؛ حوصلہ افزائی کرنا ؛ مدد پر رہنا -

Back, *adv.* : (۱) پیچھے (کی طرف) - (۲) خلاف وعدہ - (۳) پہلے ؛ گزشتہ زمانے میں -

b. and forth : آگے پیچھے -

backbite : غیبت کرنا ؛ پیٹھ پیچھے برا کہنا ؛ چغلی کھانا ؛ (کسی کی) بدی کرنا -

backlash(ing) : تھوڑی دباو یا مشین کی خرابی سے پہیوں کا بے قاعدہ اور الٹا چلنا -

backslide : (توبہ کر کے) پھر گناہوں میں پھنس جانا ؛ برگشتہ ہونا -

backstitch : بخیہ کرنا ؛ بخیہ -

for years b. : بہت دن ہوئے ؛ بہت پہلے -

backbiter, *n.* : چغل خور ؛ نمام -

backslider, *n.* : برگشتہ ہونے والا ؛ منحرف ہونے والا ؛ خطا کار -

backsliding, *n.* : برگشتگی ؛ انحراف -

Back, *n.* : تسلا (جو رنگنے کے لیے استعمال ہو) ؛ کونڈا ؛ ناند -

Backgammon, *n.* : چوسر کی طرح کا ایک کھیل ، جو دوہری بساط پر کھیلا جاتا ہے -

Backing, *n.* : (۱) ٹیکا ؛ روک ؛ پشتہ - (۲) سہارا ؛ تائید ؛ جماعت موئدین -

Backsheesh : دیکھو BAKSHEESH -

Backward, (s) *a.* & *adv.* : (*a.*) (۱) پھسڈی ؛ سست ؛ پیچھے (سبق میں یا کام میں) - (*adv.*) (۲) مخالف سمت میں ؛ پیچھے کی طرف ؛ الٹے پاوں پستی کی طرف ؛ تنزل کی طرف - (۳) نارضا مند ؛ بے دل ؛ جھینپو -

backwardness, *n.* : (۱) بے دلی ؛ نا رضا مندی - (۲) پھسڈی پن - (۳) پستی ؛ سستی ؛ تنزل -

Backwardation, *n.* : پچھل تاوان ، دیر تاوان ، وہ کمی صدی تاوان ، جو دکاندار ، گاہکوں کو اُس وقت دیتے ہیں جب وہ مال روانہ کرنے میں دیر کریں ؛ تاوان تاخیر -

Bacon, *n.* : سور کا ؛ نمک لگایا ہوا اور سکھایا ہوا گوشت -

save one's b. : اپنی جان بچانا ؛ ضرر سے بچنا -

Baconian, *a.*&*n.* : (۱) طریق استقرائی کا موئد ؛ فرانسس بیکن کا پیرو ؛ بیکنی - (۲) استقرائی ؛ تجربی ؛ بیکن کے فلسفے سے متعلق -

Bacony, *a.* : سور کے گوشت کا سا -

b. liver : جگر کی بیماری ، جس میں چربی بڑھ جاتی ہے -

bacterium, *n.* (pl. *-ria*) : نباتی جراثیم کی ایک نوع -

bacterial, *a* : جراثیمی -

bacteriologist, *n.* : عالم جراثیمیات -

bacteriology, *n.* : جراثیمیات ؛ علم جراثیم -

Baculine, *a.* : ڈنڈے یا ڈنڈے کی مار سے متعلق -

b. argument : ڈنڈے کی دلیل -

Bad, *a.* & *n.* : (*a.*) (۱) باطل ؛ گھٹیا ؛ ناقص ؛ کم درجے کا ؛ نکما ؛ بے کار ؛ ناکارہ ؛ خراب - (۲) تکلیف دہ ؛ ناگوار ؛ بداخلاق ؛ بدکار ؛ شریر - (۳) مریض ؛ بیمار ؛ ضرر رسیدہ ؛ درد میں مبتلا - (۴) (*n.*) بدقسمتی ؛ تباہی - (۵) غلط اندراج (حساب میں)

b. air : گندی ہوا -

b. blood : مخاصمانہ جذبات -

b. coin : کھوٹا سکہ -

b. debt : ایسا قرض ، جس کی ادائی کی امید نہ ہو ؛ ناقابل وصول قرض ؛ ڈوبا ہوا قرض -

b. food : غیر مقوی ؛ غذائیت سے خالی غذا -

b. form : بھونڈی طرح ؛ برا اسلوب ؛ بد نما شکل

b. law : مضرت رساں یا نامناسب قانون -

b. pre-eminence : بد نامی -

b. shot : غلط نشانہ ؛ غلط قیاس -

go b. : گھٹنا ؛ تنزل کرنا -

in a b. sense : برے معنوں میں -

with b. grace : تنگ چشمی سے ؛ بے دلی سے ؛ طوعاً و کرھاً -

baddish, *a.* : گھٹیا سا ؛ واہیات سا ؛ رذیل سا -

Bade : دیکھو BID -

Badge, *n.* : بلا ؛ نشان ؛ کسی سردار یا رئیس کا امتیازی نشان -

Badger, *n.* : خوانچے والا -

Badger, *n.* : (۱) مکھی کی شکل کا کانٹا ، جس سے مچھلی کا شکار کیا جاتا ہے - (۲) بجو - (۳) بجو کے بالوں کی کونچی یا مو قلم -

b.-baiting, -drawing : کتوں کے ذریعے بجو کو بھٹ سے نکالنا -

b.-legged : (عوام کے غلط خیال کی بنا پر کہ بجو کی ٹانگیں چھوٹی بڑی ہوتی ہیں) بجو کی سی ٹانگوں والا ؛ چھوٹی بڑی ٹانگوں والا -

Badger, *v. t.* تکلیف دینا ؛ ستانا ؛ ایسا دق کرنا جیسے بجو کو کتے دق کرتے ہیں -

badinage, *n.* : چھیڑ ؛ دل لگی ؛ ٹھٹول - (تلفظ : - " بادی ناژ")

Badly, *adv.* : (۱) بری طرح سے ؛ غلط طور پر ؛ اناڑی پن سے - (۲) شرارت سے ؛ ظالمانہ طریقے سے ؛ خطر ناک طور پر ؛ شدت سے مثلاً *(I want it b.)* -

Badminton, *n.* : (۱) ٹھنڈائی (جو کلارٹ شراب ، سوڈا اور شکر سے تیار ہوتی ہے) - (۲) بیڈ منٹن (کھیل) -

Badness, *n.* : (۱) کھوٹا پن - (۲) برائی ؛ بری حالت - (۳) بد معاشی - (۴) نقص ؛ عدم صحت (دلیل وغیرہ کی) - (۵) مضرت -

Baffle, *v.t.* & *n.* : چکرا دینا ؛ توڑ کرنا ؛ روکنا ؛ ہرانا ؛ مات کرنا -

baffling winds : ایسی ہوائیں جو جہاز رانی میں ہرج ہوں ؛ بدلنے والی ہوائیں -

Baffy, Baffing-spoon, *nn.* : گولف کا ڈنڈا ، جس سے گیند اچھالی جاتی ہے ؛ چوگان -

Baft, *n.* : ادنی درجے کا سوتی کپڑا ، جو انگلستان سے افریقہ بھیجا جاتا ہے -

Bag, *n.* : (۱) تھیلا ؛ بورا ؛ خریطہ ؛ کیسہ - (۲) آنکھ کا حلقہ - (۳) گائے کا تھن - (۴) زہر یا شہد کی تھیلی ، جو کیڑوں یا مکھیوں کے جسم میں ہوتی ہے -

b. and baggage : انگڑ کھنگڑ کے ساتھ ؛ جملہ سامان کے ساتھ ؛ مع اپنے رخت ادبار کے -

b. fox : کشاں کشاں لایا ہوا ؛ زبردستی آیا ہوا ؛

پکڑا دہ پکڑا -

bagman : پھیری والا؛ دورہ کرنے والا سوداگر -

b. of bones : پوست استخواں؛ پتلا دبلا آدمی؛ قاق؛ ہڈیوں کی مالا -

bagpipe (s) : بین کی قسم کا ایک باجا، جو اسکاتستان میں استعمال ہوتا ہے -

bb : پائجامہ (سوقیانہ) -

b.-sleeve : تھیلی تھلی آستین، جو کلائی پر تنگ ہو -

b.-wig : موپوش؛ بالوں کی حفاظت کے لیے (اٹھارویں صدی میں) استعمال کی جاتی تھی -

game-b. : فتراک؛ شکار کا تھیلا -

in bottom of b. : آخری تدبیر کے طور پر -

let cat out of b. : بلا ارادہ بھید کھول دینا؛ بے خیالی میں بات بتا دینا -

mail-b. : ڈاک (یا ٹپے) کا تھیلا -

money-b. : روپیہ رکھنے کا بٹوا؛ ہمیانی؛ کیسۂ زر -

travelling-b. : سفری تھیلا یا بقچہ -

whole b. of tricks : ساری عیاریاں؛ ساری ترکیبیں؛ تمام حیلے -

bagging, n. : اسباب -

Bag, v. i. & t. : (۱) پھولنا؛ پھول جانا - (۲) بھٹک جانا (بحری اصطلاح) - (۳) لٹکنا - (۴) تھیلے میں رکھنا - (۵) قبضے میں کرنا؛ ہتیا لینا؛ چرالینا؛ شکار کرنا؛ کانٹے سے تھیلا کھولنا -

Bag, v. t. : درانتی سے (غلہ وغیرہ) کاٹنا -

Bagsse, n. : گنے وغیرہ کا کھوجڑ؛ جو شکر بنانے میں بچ رہے -

Bagatelle, n. : (۱) ایسی کسر، جو نظر انداز کی جا سکے - (۲) حقیر رقم؛ حقیر چیز - (۳) ہلکا راگ - (۴) ایک طرح کا بلیرڈ کا کھیل -

Baggage, n. : (۱) سامان؛ چیز بست؛ انگڑ کھنگڑ؛ ڈیرا؛ خیمہ؛ لاؤ لشکر - (۲) فوج کا سامان - (۳) پھوہڑ عورت - (۴) چنچل یا شوخ لڑکی -

Baggy, a. : پھولا ہوا؛ تھیلا تھلا -

bagginess, n. : تھیلا پن؛ پھولا پھالا ہونا -

Bagnio, n. : (تلفظ :- "بن یو") : حمام؛ مشرقی قید خانہ؛ چکلا -

Bah, int. : تحقیری تعجبیہ -

Baignoire : (تلفظ :- "بینوآر") : ناٹک میں درجہ خاص کی وہ نشستیں، جو اول درجے کی سطح پر ہوں -

Bail, n. : کفالت؛ ضمانت - (۲) ضامن -

accept, admit to, b. : ضمانت منظور کرنا -

forfeit one's b. : حاضر عدالت نہ ہونا -

give b., go b. for : ضامن ہونا؛ ضمانت دینا یا کرنا -

give leg b. : چمپت ہوجانا؛ رفو چکر ہونا؛ بھاگ جانا -

save one's b. : حاضر عدالت ہونا -

Bail, v. t. : (۱) ضمانت پر رہا کرنا؛ مچلکہ لینا - (۲) تحویل شدہ سامان داخل کرنا - (۳) ضمانت قبول کرنا؛ ضمانت پر رہا کرنا اور کرانا -

Bail, n. : (۱) (تاریخ) قلعے کے صحن کی دیوار یا صحن - (۲) فوجی استحکامات کی آخری حد؛ جہاں لکڑی کی باڑ ہوتی ہے - (۳) (جدید) گرہ بلی، جو کھلے اصطبل میں گھوڑوں کو علیحدہ رکھنے کے لیے لگائی جاتی ہے -

swinging b. : (۱) لٹکن؛ ایک سلاخ، جو چھت سے جانوروں کے چارے کی ناند تک لٹکتی ہے - (۲) کریکٹ کی گلیاں، جو ریڈوں پر رکھی جاتی ہیں -

Bail, n. : آدھا کڑا، جس کے سہارے گاڑی کا ٹپ لگایا جاتا ہے - (۲) کیتلی کا دستہ - (۳) لکڑی کا کھگر، جس میں گائے کا سر ڈالکر دودھ دوہتے ہیں؛ پھانسا -

Bail, v. t. : (۱) حوالات کرنا (قدیم) - (۲) (قزاقوں کا لوٹنے کی غرض سے مسافروں سے) ہاتھ اٹھوانا -

Bail, Bale, v. t. : ڈول سے کشتی کے اندر کا پانی باہر پھینکنا یا اُلیچنا -

Bailable, a. : قابل ضمانت -

Bailee, n. : وہ شخص جس کی تحویل میں کسی خاص غرض سے سامان رکھا جائے -

Bailer, n. : وہ گیند جو کریکٹ کی گلیوں پر لگے -

Bailey, n. : قلعے کی اندرونی دیوار یا صحن؛ قلعے کی بیرونی فصیل -

Old B. : لندن کی قدیم عدالت فوجداری -

Bailie, n. : (اسکاتستان) منصف بلدیہ -

Bailiff, n. : (۱) سرکاری افسر (میئر، قرق امین وغیرہ) : اہلکار ضبطی؛ قرق امین - (۲) تعلقداروں یا زمینداروں کا کارندہ -

Bailiwick, n. : قرق امین یا کارندے کا حلقہ -

Bailment, n. : (۱) قیدی کی ضمانت دینا؛ ادخال ضمانت - (۱) تحویل شدہ چیزوں کی واپسی -

Bailor, n. : امانت رکھانے والا؛ تحویل کنندہ -

Bailsman, n. : ضامن -

bain-marie, n : گرم پانی کا برتن جس میں گوشت کا ماہی توا رکھا جائے؛ گرمابہ -

Bairam, n. : بقرعید (کا ترکی نام) عید بیرام؛ عیدالاضحی -

Bairn, n. : چھوٹا بچہ (اسکاتستان) -

Bait, v. t. & i. : (اصلی معنی) کترانا یا کاٹنے کی ترغیب دینا - (۱) زنجیر میں بندھے ہوئے جانور پر کتے چھوڑنا - (۲) (کسی مجبور شخص پر) طعنہ زنی کرنا - (۳) گھوڑے کو چارا دینا یا گھوڑے کا چارا کھانا (سفر میں) - (۴) پھسلانا؛ ترغیب دینا؛ دانہ ڈالنا؛ چارا لگانا (کانٹے وغیرہ میں جانوروں کو پکڑنے کے لیے) -

Bait, n. : (۱) چارا؛ دانہ، جو شکار کے لیے ڈالا جاتا ہے - (۲) وہ چیز، جس سے ترغیب دلائی جائے؛ ذریعہ تحریص - (۳) (قدیم) (دوران سفر میں) ستانا؛ دم لینا -

Baize, n. : پٹو یا بانات کی قسم کا کپڑا -

Bake, v. t. & i. : (۱) سینکنا؛ سکھانا (آگ پر)؛ تنور میں پکانا؛ توے پر یا کڑھائی میں بھوننا - (۲) چمڑے کا کمانا؛ پک جانا؛ بھن جانا - (۳) کمایا جانا (چمڑے کا) -

bakehouse : تنور خانہ؛ بھٹی -

bakestone : لوہے یا پتھر کا توا، جس پر کوئی چیز پکائی یا دم دی جائے -

baking-powder : خمیر اٹھانے کا سفوف -

half-baked : نا تجربہ کار؛ خام؛ نیم بریاں -

Baker, *n.* : نانبائی -

b.-legged : وہ شخص جس کی ٹانگیں چلتے وقت آپس میں رگڑ کھاتی ہوں -

b.'s dozen : تیرہ؛ ۱۳ (تیرھویں روٹی کو' پھیری والا نفع میں لیتا ھے) -

pull b. : کسی مقابلے میں جانبین کی ھمت افزائی -

Baksheesh, Bakhshish, *n.* : بخشش؛ انعام -

Balaam, *n.* : (۱) مایوس کن پیشین گو یا حلیف- (۲) (صحافت) وہ مواد' جو اخبارات کی خالی جگھوں کے لیے محفوظ رکھا جاتا ھے -

Balance, *n.* : (۱) ترازو ؛ کانٹا؛ توازن - (۲) پاسنگ - (۳) بال کمان - (۴) باقی ؛ فاضلات ؛ بچت - (۵) قسمت کا الٹ پھیر - (۶) غالب وزن یا قوت - (۷) (ھیئت) میزان ؛ برج ھفتم - (۸) موازنہ (افعال و آرا کا) ؛ فیصلہ کن قوت - (۹) (فنون لطیفہ) تناسب - (۱۰) (سوقیانہ) کسی چیز کا بقیہ حصہ -

b. due : زر واجب‌الادا؛ خسارہ-

b. inhand بقایا -

b. of Cr. and Dr. : آمد و خرچ کا توازن -

b. of power : (سیاسیات) توازن قوت -

b. of trade : برآمد درآمد کا فرق-

b.-sheet : چٹھا: واصل باقی؛ روشن باقی-

b.-wheel : چرخ موازنی-

lose one's b. : توازن کا قائم نہ رھنا؛ گھبرا جانا

strike a b. : (جمع و خرچ کی) میزان لگانا -

Balance, *v.t.&i.* : (۱) موازنہ کرنا؛ توازن قائم کرنا یا رکھنا؛ تولنا؛ وزن کرنا - (۲) چیزوں کا مقابلہ کرنا یا اِن کا جوڑ ملانا- (۳) تلافی کرنا؛ وزن برابر کرنا؛ اِدھر اُدھر ھلنا - (۴) شش و پنج میں ھونا- (۵) (حسابات) واصل باقی یا روشن باقی بنانا ؛ چٹھا بنانا؛ خسارہ ادا کرکے حساب برابر کرنا - (۶) (رقاصی) اپنے ساتھی کی مقابل سمت میں حرکت کرنا-

account balances : لیکھا جوکھا برابر ھے - فاضلات ادا کرکے جمع اور خرچ کو برابر کرنا -

Balas, *n.* : لعل؛ یاقوت کی ایک قسم -

Balcony, *n.* : (۱) بالا خانہ؛ شہ نشین؛ بالا خانے کا برآمدہ- (۲) (ناٹک) نشستوں کی وہ قطار' جو شہ نشینوں پر ھو-

Bald, *a.* : (۱) بے شجر؛ بے برگ؛ لنڈورا ؛ بے پر؛ گنجا - (۲) وہ گھوڑا ' جس کے جسم (بالخصوص چہرے) پر سفید داغ ھوں - (۳) کھلی ھوئی (بری صفات وغیرہ)؛ (اسلوب بیان سے متعلق) روکھا؛ پھیکا؛ سست؛ یکساں؛ ایک ھی سا ؛ تنوع سے خالی -

baldhead, baldpate : (۱) گنجے سر والا- (۲) بط کی ایک نوع؛ چندری-

go b.-headed : کر گزرنا ؛ بغیر انجام اور خیال کئے کوئی کام کر ڈالنا -

baldly, *adv.* : کھلم کھلا ؛ صاف صاف-

baldness, *n.* : گنجا پن؛ لنڈورا پن وغیرہ-

Baldachin, -quin, *n.* : (۱) (قدیم معنی) کمخواب - (۲) (جدید معنی) چھوٹا مکلف شامیانہ یا نمگیرہ -

Bald-coot, Baldicoot, *n.* : (۱) ایک قسم کی مرغابی ' جس کا ماتھا سفید ھوتاھے- (۲) گنجا آدمی -

Balderdash, *n.* : (۱) جھاگ دار عرق ؛ (قدیم معنی) کئی شرابوں کا مرکب - (۲) سوقیانہ گفتگو ؛ بکواس ؛ فحش کلامی -

Baldmoney, *n.* : ایک قسم کا زرد چتردار پھول ؛ چتر پھول -

Baldric, *n.* : پرتلا ؛ پٹا -

baldric-wise, *adv.* : پرتلے کی طرح سے ؛ پٹے کی طرح سے -

Bale, *n.* : (قدیم) مضرت؛ تکلیف ؛ بدنصیبی ؛ حزن ؛ تباھی ؛ برادی ؛ (اب صرف شاعری میں استعمال ھوتا ھے) -

baleful, *a.* : مصیبت انگیز ؛ غمناک ؛ تباہ‌کن ؛ مضرت رساں -

balefully, *adv.* : مضربانہ ؛ تباھی کے ساتھ ؛ مغمومانہ ؛ ظالمانہ -

Bale, *n.* : لوھے یا رسی سے کسی ھوئی گانٹھ ؛ گٹھا -

Bale : دیکھو BAIL, BALE, *v.t.* -

Baleen, *n.&a.* : ویل مچھلی کی ھڈی؛ ویل مچھلی کی ھڈی کا -

Balefire, *n.* : (۱) خطر الاؤ ؛ خبر الاؤ (وہ آگ جو خطرے وغیرہ کی اطلاع کے لیے روشن کی جائے) - (۲) کھلی آگ - (۳) چتا -

Balk, Baulk, *n.* : (۱) رستے کا روڑا ؛ روک ؛ مینڈ - (۲) موانع - (۳) بھدا شہتیر ؛ دھنّی ؛ کڑی ؛ چھت کا آڑا شہتیر ؛ ماھی جال کا ڈنڈا - (۴) بلیرڈ کی میز کا ممنوع حصہ -

make a b. : گیند کو بلیرڈ کی میز کے ممنوع حصے میں پہنچانا -

Balk, Baulk, *v.t.&i.* : (۱) بھول جانا ؛ چھوڑ دینا ؛ چھوٹ جانا- (۲) بگاڑنا ؛ مانع ھونا - (۳) چونکانا - (۴) مایوس کرنا ؛ محروم کرنا ؛ ھمت پست کرنا - (۵) مزاحم ھونا ؛ اڑ جانا ؛ رک جانا ؛ بھڑکنا -

Ball, *n.* : (۱) اون یا سوت کا گولا ؛ پیچک ؛ چھوٹی یا بڑی گیند ؛ خالی یا ٹھوس گولا - (۲) اجسام فلکی - (۳) کرہ - (۴) بندوق کی گولی ؛ توپ کا گولا -

b. and socket : جوڑ ' جو بہت آسانی سے حرکت کریں . متحرک جوڑ -

b.-bearings : گولے دار دھرا ؛ وہ دھرا ' جس میں رگڑ کم کرنے کے لیے گولیاں لگادی جائیں -

b.-cock, b.-tap : گولا ٹونٹی (حوض کی وہ ٹونٹی ' جس کے ساتھ تیرنے والا گولا لگا رھتا ھے اور پانی کے بڑھنے اور گھٹنے سے اٹھتا گرتا ھے جس سے ٹونٹی خود بخود کھلتی اور بند ھوتی ھو)-

b.-firing : گولیوں کی باڑھ مارنا -

b.-flower : عمارت کے نقش و نگار -

b. of eye : آنکھ کا ڈھیلا ؛ دیدہ -

b. of foot : انگوٹھے کی گدی -

have the b. at one's feet : کامیابی کی تدبیر معلوم ھونا -

keep up the b., keep the b. rolling : سلسلۂ کلام جاری رکھنا -

the b. is with you : تمہارا وار (یا موقع) ھے ؛ اب تمہاری باری ھے -

three bb. : گروی رکھنے والے کی دکان کا نشان -

Ball, *n.* : مجلس رقص -
b.-room : ناچ گھر ؛ ناچ کمرا ؛ رقص گاہ -
give a b. : ناچ کی دعوت دینا ؛ محفل رقص منعقد کرنا
open the b. : رقص کا آغاز کرنا -
Ball, *v. t. & i.* : گولہ سا بن جانا ؛ دباکر یا لپیٹ کر گولہ بنادینا -
Ballad, *n.* : (۱) جذبات سے بھرا گیت' جس میں کئی بند ہوں اور ایک ھی لے مین براے نام ساز کے ساتھ گاے جائیں-(۲)چھوٹے چھوٹے بندوں کی رزمیہ نظمیں ؛ آلھا ؛ چاربیت -
ballad-monger, *n.* : وہ شخص جو چار بیت کہتا ہو؛ چار بیت گو-
balladry, *n.* : چار بیت گوی
Ballade, *n.* : تین بند کی نظم' جس کا ہر بند سات یا آٹھ مصرعوں کا ہو؛ وہ نظم جس کے ہر بند میں مساوی مصرعے ہوں-
b. royal : وہ بند جس میں سات آٹھ مصرعے اور ہر مصرعے میں دس بول ہوں -
Ballast, *n.* : (۱) کوی وزنی چیز' جو جہاز پر توازن قایم کرنے کے لیے رکھی جاے-(۲) تجربہ یا اصول وغیرہ' جس سے سیرت میں پختگی پیدا ہو؛ جوہر متانت-(۳) بھرت؛ کنکریٹ' ککروٹی-
Ballast, *v. t.* : بھرائی کرنا؛(سڑک وغیرہ)؛ پختہ کرنا؛ توازن قایم کرنا-
ballasting, *n.* : توازن؛ پٹائی؛ بھرائی -
ballerina, *n* : ناچنے والی؛ رقاصہ-
Ballet, *n.* : سنگت ناچ؛ متفقہ ناچ؛ رھس -
ballista, *n.* : سنگ اندازی کی قدیم کل؛ منجنیق -
Ballistic, *a.* : پھینکنے والا؛ ڈھکیلنے والا (منجنیق سے متعلق) -
ballistics, *n.* : منجنیقیات -
ballon d'essai, *n.* : اس امر کا تجربہ کرنا کہ آیا اپنے ملک کی رعایا یا دوسری دول حکمت عملی کی کسی تبدیلی کی روادار ہونگی؛ سیاسی نبض شناسی -
Ballonet, *n.* : ہوای جہاز کا اندرونی گیس بیگ -
Balloon, *n.* : (۱) (کیمیا) بھپکا؛ شیشہ کشید-(۲) غبارہ؛ ہوا بھری ہوی چیز - (۳) درختوں کو سیدھا رکھنے کا شکنجہ - (۴) کلس' ستون' مینار وغیرہ کے اوپر کا گول حصہ؛ لٹو؛ تبلہ-
balloonist, *n.* : غبارچی؛ غبارہ باز -
Balloon, *v. i.* : غبارے میں اڑنا؛ غبارے کی طرح پھول جانا -
ballooner, *n.* : غبارچی؛غبارہ باز -
Ballot, *n.* : قرعہ اندازی؛ پوشیدہ راے دھندگی -
b.-box : قرعہ اندازی کا یا رایوں کی چٹھیاں جمع کرنے کا صندوق -
Ballot, *v. i.* : پوشیدہ راے دینا –
b. for : پوشیدہ راے دھندگی سے انتخاب کرنا -
Ballot, *n.* : ۳۵ سے ۷۰ سیر تک کا گٹھا -
Ballotage, *n.* : مکرر راے شماری' (فرانس میں جب کسی انتخاب میں کسی امیدوار کے لیے اتنی رائیں نہیں' آتیں جتنی انتخاب کے لیے مقرر ہیں تو دو سب سے زیادہ راے پانے والوں کے لیے دوبارہ راے لی جاتی ہے)-
Ball-platz, *n.* : آسٹریا ہنگری کا دفتر خارجہ - (تلفظ:-"بال پلاٹس")
Bally, *a. & adv.* : وہ لفظ' جس سے متکلم بیزاری یا نفرت کا اظہار کرتا ہے' (جیسے: کمبخت!)-
Ballyrag, *v. t. & i.* : (سوقیانہ) عملی مذاق کرنا؛ ھاتھاپائی کرنا؛ دھینگامشتی کرنا؛ ستانا-
ballyragging, *n.* : تمسخر؛ دھینگامشتی؛ ھاتھاپائی -
Balm, *n.* : (۱) خوشبودار پانی' جو بعض درختوں سے نکلتا ہے اور طبی خواص رکھتا ہے (تلفظ:"بام") - (۲) مرہم -(۳) بلسان کا درخت -(۴) خوشبو؛ مہک-(۵) تسکین -
B. Gentle, B.-mint, Bastard B., Field B. : خوشبودار بوٹیاں -
B. of Gilead or of Mecca. : زردی مائل روغن دار لاکھ جو کسی زمانے میں جراثیم کو ہلاک کرنے کے لیے استعمال ہوتی تھی-
Balm-cricket, *n.* : ایک قسم کا جھینگر؛ ٹڈی -
Balmoral, *n.* : (۱) فیتہ لگا ہوا جوتا - (۲) لہنگا - (۳) سایا؛ اسکاتی ٹوپی -
Balmy, *a.* : (۱) روغن دار (درخت) - (۲) خوشبودار - (۳) ہلکا - (۴) نرم - (۵) مسکن؛ مفرح - (۶) صحت بخش -
balmily, *adv.* : تسکین دہ طور پر -
balminess, *n.* : سکون بخشی ؛ نرمی ؛ عطر بیزی -
Balsam, *n.* : (۱) بلسان : گل مہندی - (۲) درخت بلسان (۳) روغن ؛ مرہم - (۴) (کیمیا) لاکھ وغیرہ کا مرہم
B. Apple : ترئی کی قسم کا ایک پودا-
Canada B. : بلسان کنادی
True B., or B. of Mecca : اصلی بلسان یا بلسان مکی -
balsamic, *a.* : بلسانی-
balsamically, *adv.* : بلسان کی طرح -
balsamiferous, *a.* : بلسان دار-
Baltimore, *n.* : نارنگی اور ابلقہ (جو لارڈ بالٹی مور کا نشان ہے)-
Baluster, *n.* : جنگلے یا کٹہرے کے چھوٹے کھمبے -
Balustrade, *n.* : جنگلے یا کٹہرے کا سلسلہ -
balustraded, *a.* : جنگلے دار ؛ کٹہرے دار -
Bam, *v. t. & n.* : (سوقیانہ اور متروک) دھوکا دینا -
bambino, *n.* : حضرت عیسیٰ کی ایام شیر خوارگی کی شبیہہ' جو اٹلی کے گرجوں میں بڑے دن کو دکھای جاتی ہے -
Bamboo, *n.* : بانس -
Bamboozle, *v. t.* : دم دینا؛ جھانسا دینا -
bamboozlement, *n.* : فریب ؛ جھانسا -
Ban, *v. t. & i.* : (۱) لعنت بھیجنا - (۲) کوسنا ؛ بددعا کرنا - (۳) ممنوع کرنا -
Ban, *n.* : (۱) سراپ ؛ بددعا ؛ لعنت - (۲) امتناع (مذہبی جلسوں وغیرہ سے) - (۳) باضابطہ ممانعت - (۴) قانونی حقوق سے محرومی (خصوصاً مقدس رومی سلطنت کی طرف سے) -(۵) لعنت ملامت (قدیم) - (۶) ممانعت (راے عامہ کی طرف سے) -
Ban, *n.* : ہنگری وغیرہ میں حاکم ضلع ؛ فوجی افسر -
Banal, *a.* : پیش پا افتادہ ؛ معمولی -
Banality, *n.* : پیش پا افتادگی ؛ معمولی پن - (۲) پیش پا افتادہ یا معمولی بات -
Banana, *n.* : موز ؛ کیلا-
Banausic, *a.* : تنگ؛ محدود -(۲) محض مستری وغیرہ کے کام کی -
Banbury cake, *n.* : بینبری کے مسالے دار کیک؛ میٹھی روٹی-
Banc, *banco*, *n.* : عدالت عالیہ کا اجلاس مکمل -
Band, *n.* : (۱) بند؛ بندھن؛ رابطہ - (۲) جلد سازی کا فیتہ؛ فیتہ؛

تسمہ؛ ڈوری-(۳) لوھے یا فیتے وغیرہ کا حلقہ-(۴) گروہ؛ منڈلی؛ ٹکڑی؛ جتھا-(۵) (میکانیات) چرخیوں کے تسمے؛ چاک پٹا-(۶) (جمع میں) دو پٹیاں، جو پادری اور وکیل وغیرہ کالر کی جگہ لگاتے ھیں-

bandbox: دفتی یا کاغذ کا ڈبا -

bandmaster: بینڈ باجے کا افسر -

B. of Hope: تارکینِ مسکرات کی انجمن-

b. saw: پٹے پر چلنے والا گول آرا-

bandsman باجے والا -

bandstand: باجے کا چبوترا-

b. wheel: تسمے سے پھرنے والا پہیا-

German b.: خانہ بدوش گویے -

reef-b.: وہ پٹی جو بادبان پر مضبوطی کے لیے لگائی جاتی ھے -

Band, *v. t.*: (۱) رسی یا پٹی لپیٹنا - (۲) دھاریاں بنانا- (۳) جماعت بندی کرنا-

Bandage, *n. & v. t.*: (۱) پٹی (زخم وغیرہ پر باندھنے کے لیے) - (۲) پٹی، جو آنکھ پر لپیٹی جائے - (۳) پٹی سے باندھنا-

bandaging, *n.*: مرھم پٹی کرنا-

Bandanna,-ana, *n.*: شوخ رنگ کا رومال، جو زرد ھو اور جس پر سفید بندکیاں ھوں -

Bandeau, *n.*: (تلفظ: "باندو") تورا؛ سر بند؛ مرفات -

Banderol (e), *n*: (۱) فیتہ یا جھلی، جس پر کتبہ لکھا ھو؛ جھنڈا، جو مستول پر اُڑتا ھے؛ مستول جھنڈا - (۲) چھوٹی سی جھنڈی، جو یورپ کے بانکوں کے نیزوں میں خوشنمائی کے لیے لگی رھتی تھی -

Badnicoot, *n.*: آسٹریلیا کا ایک کرم خور جانور؛ (ھند) گھوس -

Bandit, *n.* (pl.*-itti-its*): قزاق؛ رھزن؛ ڈاکو-

z banditti: ڈاکوؤں کی جماعت -

Bandog, *n.*: زنجیر میں بندھا کتا؛ کھوجی کتا-

Bandoleer, -ier, *n.*: چمڑے کا پرتلا، جس میں کارتوس رکھے جاتے ھیں؛ کارتوس پیٹی-

Bandoline, *n.*: ایک قسم کا لس دار روغن، جس سے بال جمائے جاتے ھیں-

Bandy, *v.t.*: (۱) پھینکنا - (۲) مارنا - (۳) لینا دینا؛ ادل بدل کرنا-

b. about: کسی چیز پر بحث کرنا-

Bandy, *n.*: ایک قسم کا ٹینس کا کھیل؛ ھاکی کا ڈنڈا؛ (کھیل)-

Bandy, *n.*: چھکڑا؛ گھوڑا گاڑی؛ بنڈی (دکن)-

Bandy, *a.*: جس کے گھٹنوں میں زیادہ فاصلہ ھو؛ پنگا-

Bane, *n.*: (۱) زھر - (۲) تباھی کا سبب - (۳) بد نصیبی - (۴) آفت؛ بپتا-

baneful, *a.*: خطرناک؛ مھلک؛ مضر-

banefully, *adv.* خطرناک طور پر-

banefulness, *n.*: مضرت؛ ھلاکت-

Bang, *v.t. &i.*: (۱) زور سے مارنا؛ زور سے بند کرنا؛ دھماکا پیدا کرنا- (۲) مارنا پیٹنا؛ ٹھوکنا-

Bang, *n.*: (۱) دھماکا؛ ضرب کی آواز- (۲) بندوق کی آواز-

Bang, *adv. & int.*: دفعتاً - (۲) پورا پورا؛ مکمل طور سے - (۳) دھماکے کے ساتھ-

go b. پھٹنا -

Bang, *v.t.&n.*: (۱) سامنے کے بالوں کو اس طرح کاٹنا کہ پیشانی پر لٹکتے ھیں (۲) برابر کٹے ھوئے بال جو پیشانی پر لٹکتے ھوں -

b.-tail: دم کٹا گھوڑا -

Bangle, *n.*: چوڑی؛ پہلچی؛ کڑا؛ چھڑا -

Bangled, *a.*: کڑے دار -

Banian, Banyan, *n.*: (۱) مھاجن؛ بنیا؛ ساھوکار؛ دلال - (۲) شلوکا؛ مرزئی؛ نیم آستین؛ بنیائن- (۳) بڑ یا برگد کا درخت -

b.-day: وہ دن جب گوشت نہ بکے (بحری) -

b.-hospital: بیطاری شفا خانہ-

Banish, *v.t.*: دور کرنا؛ دل سے نکال دینا؛ شھر بدر کرنا؛ جلا وطن کرنا-

banishment, *n.*: دیس نکالا؛ جلا وطنی؛ اخراج-

Banister, *n.* (usu. pl). زینے کا کٹھرا؛ سیدھی لکڑیاں جن پر آڑا شھتیر رکھا ھوتا ھے جسے پکڑ کر زینے پر چڑھتے ھیں-

Banjo, *n.* (pl.*-os, -oes*) پچتارا؛ ستار کی قسم کا باجا-

banjoist, *n.*: پچتارا بجانے والا-

Bank, *n.*: کنارا؛ ساحل؛ کڑاڑا؛ ٹیلا؛ سمندر یا دریا کی تہ میں اونچی زمین؛ غار یا کھوہ کا کنارہ؛ ابر کا ٹکڑا یا برف کا تودہ -

Bank, *v.t.&i.*: کنارہ بنانا؛ کنارے کا کام دینا؛ کناروں میں گھیرنا؛ انبار ھونا؛ تودہ بن جانا-

b. up: (الاؤ میں لکڑیاں) خوب جما کر رکھنا (تاکہ آگ دھیمی جلے) -

Bank, *n.*: (۱) بنک؛ لین دین کی کوٹھی؛ ساھوکارا - (۱) (قمار بازی) جوا کھلانے والے کے سامنے روپے کا ڈھیر-

b.-bill: ھنڈی؛ چک؛ برات -

b.-book: بنک کا کھاتا -

b.-credit: بنک سے وہ سمجھوتا، جس کی رو سے ضمانت دینے پر قرض لیا جا سکے؛ قرض ساکھ -

b.holiday عام تعطیل؛ بنک کے بند رھنے کا دن

b.-note بنک کا کاغذی سکہ؛ نوٹ -

b.-rate بٹا؛ شرح سود -

The B.: بنک آف انگلینڈ -

Bank, *v.t.&.i.*: بنک میں روپیہ جمع کرنا؛ صرافہ کرنا؛ ساھوکاری کرنا؛ چک یا ھنڈی تڑانا -

banking-house تجارتی دکان جو بنک کا کام بھی کرتی ھے -

Bank, *n.*: (۱) کشتی میں ملاحوں کی جگہ - (۲) (کشتی میں) چپوؤں کی قطار - (۳) ارگن باجے کی کنجیاں- (۴) کام کرنے کی میز (بعض پیشوں میں) - (۵) جوا مھاجنی کرنا -

Bankable, *a.*: سکھار؛ وہ ھنڈی یا ضمانت وغیرہ، جو بنک میں قبول کر لی جائے-

Banker, *n.*: (۱) صراف؛ مھاجن؛ ساھوکار؛ بنک کا منتظم؛ (بعض کھیلوں میں) پتے بانٹنے والا؛ (جوا) ھار جیت کی رقم لینے دینے والا؛ جوا کھلانے والا؛ جوے کا مھاجن-

Banker, *n.*: (۱) مزدور - (۲) سدھایا ھوا گھوڑا؛ ٹٹی پھاندنے والا گھوڑا؛ ٹٹی پھاند گھوڑا-

Banker, *n.*: لکڑی یا پتھر کی تپائی، جس پر اینٹیں یا پتھر تراشے جاتے ھیں-

Banket, *n.*: سونا ملے ھوئے ڈھیلے-

Banking, *n.*: (۱) صرافہ؛ ساھوکاری - (۲) سمندر کے کنارے مچھلی کا شکار کھیلنا -

Bankrupt, *n.*: دیوالیا -

Bankrupt, *v.t.* دیوالا نکالنا؛ دیوالیا بنانا -

Bankrupt *a.*: مھاجن جس کے دیوالیا ھونے کی کارروائی زیر سماعت

ہو؛ دیوالیا؛ محروم؛ کورا (کسی صفت سے) -

Bankruptcy,*n.*: دیوالیاپن؛ دیوالیا ہونے کی حالت؛ کامل کورا ہونا؛ محرومی؛ (کسی صفت سے) -

Banksia,*n.*: آسٹریلیا کی ایک پھولدار جھاڑی؛ جس کی کاشت اب یورپ میں بھی ہوتی ھے -

Banksman *n.*. کوئلے کی کان کا محافظ -

Banner,*n.*: پھریرا؛ نشان؛ جھنڈا؛ لوا؛ بیرق؛ علامت؛ نشانی -

b.-screen: آتشدان کی اوٹ (تپش کی تیزی سے بچنے کے لیے) -

bannered,*a.*: جھنڈے دار -

Banneret,*n.*: (۱) سورما جس کے جھنڈے تلے اس کے اطاعت گزار جمع ہوں - (۲) وہ شخص جسے میدان جنگ میں نائٹ کا خطاب ملے -

Bannerol,*n.*: وہ جھنڈا جو امرا کے جنازہ کے ساتھ رھتا ھے اور ان کی قبر پر رکھ دیا جاتا ھے؛ ماتمی جھنڈا -

Bannock,*n.*: انگلستان یا اسکاٹستان کا خانہ ساز نان پاؤ -

Banns,*n.pl.*: اعلان ماقبل (شادی کا اعلان جو نکاح سے پہلے تین بار گرجے میں کیا جاتا ھے) -

forbid the b.: نکاح کے خلاف عذر داری کرنا -

publish the b.: (نکاح کا) اعلان پہلے سے کرنا -

Banquet,*n.*: (۱) امیرانہ یا شاہانہ ضیافت؛ دعوت؛ جیونار - (۲) اعزازی دعوت -

Banquet, *v.t.&i.*: دعوت کرنا؛ میخواری کی دعوت دینا -

banqueter,*n.* داعی -

Banquette,*n.*: گولندازی کا رخ؛ قلعے کی دمس بندی - (۲) پشت کی نشست -

Banshee,*n.*: (آئرستان و اسکاٹستان) وہ روح جس کا گریہ منحوس ھے اور موت کی علامت ھے؛ روح گریاں -

Bantam,*n.*: (۱) (جاوا کا) اصیل مرغ - (۲) پست قد مگر جیوٹ آدمی -

b.- weight: سب سے ہلکا وزن (گھونسے بازی میں) -

Banter,*n.&v.t.&i.*: (۱) بنانا؛ مذاق کرنا؛ چھیڑنا - (۲) تمسخر؛ دل لگی -

Banting,*n.*: (بادی بیماریوں میں) شکر وغیرہ سے پرھیز؛ امراض بادی کا پرھیز -

bant. پرھیز کرنا -

Bantling,*n.*: چھوٹا بچہ -

Bantu,*n.&a.*: جنوبی افریقہ کی بعض زبانیں اور قومیں؛ بنٹو؛ بانٹو -

Banxring,*n.*: جاوا کی کرم خور گلہری؛ بنجری -

Banyan: دیکھو BANIAN -

Baobob,*n.*: افریقہ کا ایک درخت جس کا پتا بہت بڑا ہوتا ھے؛ بوباب -

Baptism,*n.*: بپتسما؛ اصطباغ؛ جہازوں کی نام رکھائی؛ کلیسا کی گھنٹیوں کی نام رکھائی -

b. of blood: شہادت -

b. of fire.: سپاھی کی پہلی جنگ -

baptismal, *a.*: اصطباغی -

baptismally, *adv.*: بطور اصطباغ -

Baptist,*n.*: اصطباغ دینے والا؛ خصوصاً یوحنا اصطباغی؛ بپتسما دینے والا - (۲) عیسائیوں کا ایک فرقہ جو شیر خوار بچوں کے اصطباغ کا مخالف تھا؛ لا اصطباغی - (دیکھو ANABAPTIST) -

Baptist(e)ry,*n.*: بپتسما دینے کا حوض؛ اصطباغ خانہ -

Baptize *v.t.*: (۱) بپتسما دینا؛ اصطباغ دینا؛ نام رکھنا؛ حلقہ عیسائیت میں شامل کرنا؛ پانی میں غوطہ دینا - (۲) پاک کرنا؛ مرتبہ بڑھانا -

Bar,*n.*: (۱) سیخچہ؛ سلاخ؛ سیخ - (۲) رنگ وغیرہ کی پٹی - (۳) دروازے کی آگل یا بیلن یا ڈنڈا - (۴) چاندی کی پٹی (تمغے کے نیچے پر) - (۵) سپر کی افقی لکیریں - (۶) روک (مثلاً جنگلے کی چوکی کی)؛ ہوٹل میں وہ جگہ جہاں سے شراب تقسیم ہوتی ھے؛ بار؛ (موسیقی) تال کی علامت جو راگ کی کتاب میں بنائی جاتی ھے - (۷) جماعت وکلا - (۸) مجرم کا کٹھرا - (۹) (قانون) ناجائز دعوے یا کار روائی روکنے کی عذر داری - (۱۰) (پارلیمینٹ) وہ کٹھرا جس کے آگے سوائے ممبروں کے اور کوئی نہیں جاسکتا -

b. bell: تمبل کی قسم کی ایک چیز -

barman, barmaid: ہوٹل کے شراب خانے کا خادم؛ خادمہ -

barwood: کیبون کی سرخ لکڑی؛ جو رنگائی کے کام آتی ھے -

be called to the b.: وکالت کی سند پانا -

the b.: ہوٹل کا شراب خانہ -

Bar, *v.t.*: (۱) کواڑوں کی آگل چڑھانا - (۲) روکنا؛ موانع پیدا کرنا - (۳) قانونی عذرات سے کسی کارروائی کو روکنا - (۴) قطع نظر کرنا - (۵) (سوقیانہ) ناپسند کرنا - (۶) کسی چیز پر رنگین پٹیاں کھینچنا -

Bar,*n.*: یورپ کے سمندروں کی ایک بڑی مچھلی -

Baralipton: دیکھو BARBARA -

Barathrum,*n.*: (۱) ایتھنس کا وہ عمیق غار جس میں مجرم پھینکے جاتے تھے؛ چاہ اثینہ - (۲) غار -

Barb,*n.*: (۱) باربل مچھلی کے خار یا گل مچھے - (۲) راھبہ عورتوں کے سر کے لباس کا وہ حصہ جو ٹھوڑی پر رھتا ھے - (۳) پروں کا ریشہ - (۴) پھل (تیر یا نیزے کا) - (۵) (مجازاً) نیش؛ چبھن -

barbed wire: خار دار یا کٹیلا تار -

Barb,*n.*: بربر کے کبوتروں اور گھوڑوں کی نسل -

Barbara: منطق کی اشکال کو یاد رکھنے کے لیے جو بے معنی مضرع گھڑ لیے گئے ہیں اُن کا پہلا لفظ - (تلمیحاً) منطق یا منطقی تعلیم -

Barbarian, *n.&a.*: (۱) اجنبی؛ غیرملکی - (۲) غیر عیسائی؛ غیر یونانی - (۳) وحشی؛ جاھل -

Barbaric, *a.*: وحشیانہ؛ جنگلیوں کے مانند -

barbarically, *adv.*: وحشیانہ طریقے پر -

Barbarism, *n.*: (۱) وحشت؛ وحشیانہ حرکت؛ جہالت - (۲) غیر زبان کے یا سوقیانہ الفاظ کا استعمال - (۳) غیر زبان یا سوقیانہ لفظ یا جملہ -

Barbarity, *n.*: ظالمانہ طرز عمل؛ وحشیانہ ظلم و تعدی؛ وحشیانہ مذاق یا طرز؛ وحشیانہ طرز یا مذاق کا نمونہ -

Barbarize, *v.t. & i.*: (۱) (زبان کا) خراب کرنا یا ہونا؛ ابتر کرنا یا ہونا؛ وحشی بنانا یا بننا -

barbarization, *n.*: زبان کا بگاڑنا؛ زبان کی تخریب -

Barbarous, *a.*: (۱) غیر یونانی یا غیر لاتینی (زبان یا قوم) -

(۲) غیر خالص ؛ جاہلانہ (زبان) - (۳) غیر متمدن ؛ وحشی ؛ ظالم ؛ جاہل ؛ بد تمیز (قوم) -
barbarously, *adv.* : جاہلوں کی طرح سے ؛ وحشیانہ طور پر -
barbarousness, *n.* : بربریت ؛ جاہلیت -
Barbate, *a.* : گچھے دار ؛ لچھے دار ؛ ریش دار -
Barbecue, *n.* : (۱) دیگ ؛ کڑھاو ؛ کڑھائی - (۲) قہوے کے دانے خشک کرنے کا فرش - (۳) مسلم بھنا ہوا سور یا بیل - (۴) (امریکا) دعوت جس میں مسلم بھنے ہوئے جانور ہوں -
Barbel, *n.* : گل مچھوں والی مچھلی ؛ مچھلی کی ایک نوع -
barbel(l)ed, *a.* : گل مچھوں والا -
Barber, *n.* : نائی ؛ حجام ؛ اصلاح ساز ؛ خاص تراش -
b.'s block : مصنوعی بال بنانے اور خریداروں کو دکھانے کی جگہ -
b.'s itch : وہ جلدی بیماری جو ڈاڑھی بنانے میں (استرے کے خراب ہونے یا لگ جانے سے) لاحق ہوتی ہے -
b.'s pole : رنگین ڈنڈا جو خصوصاً فرانس کے نائیوں کی دکانوں پر لگا ہوتا ہے -
Barber(r), Berber(r)y, *n.* : ایک قسم کا پودا ، جس میں زرد پھول اور چھوٹے سرخ پھل ہوتے ہیں -
Barbet, *n.* : ایک قسم کا پرند ، جس کی چونچ کے نیچے بالوں کا گچھا ہوتا ہے ؛ ریشدار پرند -
Barbette, *n.* : قلعے میں گولندازی کا برج ؛ دمدمہ ؛ دمدمہ -
Barbican, *n.* : (۱) فصیل - (۲) پل یا پھاٹک کا دوہرا مینار -
Barbule, *n.* : پر کے ریشے -
Barcarole,-olle, *n.* : ملاحوں کا گیت -
Bard, *n.* : کیلٹی قوم کا بھاٹ ؛ بھاٹ ؛ گویا شاعر -
bardic, *a.* : شاعرانہ ؛ مغنیانہ ؛ گویے شاعر یا بھاٹ سے متعلق -
bardling, *n.* : بھاٹ ؛ گویا -
Bard, *n.* : گھوڑوں کی زرہ -
barded, *a.* : زرہ پوش -
Bare, *a.* : (۱) برہنہ - (۲) عاری - (۳) غیر محفوظ - (۴) معرّیٰ ؛ خالی ؛ محض - (۵) سادہ - (۶) غیر آراستہ - (۷) قلیل - (۸) کھلا ہوا -
bareback, a. & adv. : ننگی پیٹھ -
barefaced, a. : بے ڈاڑھی مونچھ کا ؛ ڈھیٹ ؛ گستاخ ؛ بے شرم ؛ بے حجاب -
barefooted, a. : ننگے پانو -
b-headed, a. : ننگے سر -
barefacedly, *adv.* : بے باکانہ ؛ ڈھٹائی سے -
barefacedness, *n.* : ڈھٹائی ؛ گستاخی ؛ بے شرمی ؛ بے باکی -
Bare, *v.t.* : (۱) بے نقاب کرنا ؛ ننگا کرنا ؛ بے میان کرنا - (۲) ظاہر کرنا -
barege, n. & a. : باریک ریشمی کپڑا ؛ ریشمی کپڑے کا - (تلفظ : " بریژ ") -
Barely, *adv.* : صرف ؛ محض ؛ فقط ؛ مشکل سے ؛ صریحاً ؛ کھلم کھلا -
Bareness, *n.* : (۱) ننگا ہونا ؛ برہنگی ؛ عریانی - (۲) سادگی -

(۳) بے رونقی -
Baresark, *n. & adv.* : (۱) وحشی نارمن سپاہی - (۲) بے زرہ بکتر کے -
Bargain, *n.* : سودا ؛ چیز ، جو خریدی جائے ؛ معاملہ -
a b. : اچھا ، سستا سودا -
dutch, wet, b. : معاملت جس کے بعد شراب پی جائے -
into the b. : مفت میں ؛ مزید برآں -
make best of bad b. : نقصان یا مصیبت کو خندہ پیشانی سے برداشت کرنا ؛ جو سر پڑ جائے اُسے نبھانا -
strike a b. : سودا کرنا ؛ معاملہ کرنا -
Bargain, *v.i. & t.* : معاملہ کرنا ؛ طے کرنا ؛ سودا چکانا -
b. away : کسی چیز کو بیچ ڈالنا ؛ فروخت کر دینا -
b. for : تیار رہنا (کسی چیز کے لیے) ؛ توقع کرنا (کسی چیز کی) -
b. with : کسی چیز کے بدلے (کوئی چیز) دے دینا -
Bargainer, *n.* : لین دین کرنے والا ؛ بیوپاری -
Barge, *n. & v.i.* : ناو ؛ کشتی ؛ نواڑہ ؛ بجرا ؛ امیروں کا بجرا ؛ جنگی جہاز کی کشتی (افسروں کے استعمال کے لیے) - (۲) کشتی لڑا دینا ؛ (کسی چیز پر) چڑھا دینا -
Barge, : (فن تعمیر) (دوسرے لفظوں کے ساتھ مل کر مرکب بناتا ہے) دیوار کا اوپر کا تکنا جس کے اوپر دونوں طرف کھپریل کی چھت ہوتی ہے ؛ گیبل -
b.-board : گیبل کا منقش چوبی حاشیہ یا سموسہ -
b.-couple : آڑے شہتیروں کا جوڑا ؛ گیبل کے دونوں شہتیر -
b.-course : چھجا جو اِن شہتیروں سے آگے نکلا ہو -
b.-stones : گیبل کے پتھر -
Bargee, *n.* : ملاح -
lucky b. : خوش قسمت ؛ تقدیر والا -
swear like a b. : ملاحی سنانا -
Baric, *a.* : (ایک قسم کا سفید معدنی عنصر) بیرامی -
Barilla, *n.* : سسلی ، اسپین اور جزائر کناری کا درخت ، جس کو جلاکر سجی بناتے ہیں ؛ بریلا -
Barium, *n.* : (ایک قسم کا معدنی عنصر) القلینی عنصر ؛ بیریم -
Bark, *n.* : چھال ؛ چھلکا ؛ بلوط وغیرہ کی چھال ، جو دباغت کے کام آتی ہے ؛ کنین (بخار کی دوا) -
b.-bed : بلوط کی چھال کی تہ -
b.-bound : ایسا درخت ، جس کی باڑھ چھال کے سخت پڑ جانے سے ماری گئی ہو -
b.-pit : وہ گڑھا ، جس میں چھال بھگوئی جاتی ہے ؛ چھال کا ماٹھ -
b.-tree : سنکونا کا درخت -
Bark, *v.t.* : (۱) مقشر کرنا ؛ درخت کی باڑھ مارنا ؛ چھال چھیلنا - (۲) گھٹنے وغیرہ کا رگڑنا ؛ چھلنا - (۳) تہ جمانا -
Bark, Barque, *n.* : (شاعری) کشتی یا جہاز ؛ تستولی کشتی -
Bark, *n.* : (۱) کتے ، لومڑی ، گلہری وغیرہ کی آواز - (۲) بندوق کی آواز - (۳) کھکھاو ؛ بھونک ؛ بھونکنے کی آواز -
b. worse than bite : کاٹے کم بھونکے زیادہ ؛ ایسے لوگ جو جھلے ہوں ، مگر کسی کو نقصان نہ پہنچائیں -
Bark, *v.i. & t.* : بھونکنا ؛ غصے میں یا تحکمانہ لہجے میں بولنا ؛ (سوقیانہ) کھانسنا -

b. at : برا بھلا کہنا ؛ گالی دینا –

Barker, *n.* : (۱) بھونکنے والا - (۲) چیخنے والا ؛ حملہ آور ؛ (سوقیانہ) پستول ؛ توپ –

Barley, *n.* : جو ؛ جوکی گری –

b.-broth : جو کی تیز شراب –

barleycorn : (۱) جو کا دانہ - (۲) جو بھر (⅓ انچ) - (۳) بندوق کا دیدبان یا شست –

b.-mow : کھلیان ؛ خرمن –

b.-sugar : دانہ دار مصری –

b.-water : آش جو –

pearl b. : جو کا دلیا ؛ دلے ہوئے جو –

Barm, *n.* : شراب کا جھاگ ؛ خمیر –

Barmecide, *n. & a.* : (۱) برمکی - (۲) خیالی ؛ وہمی ؛ مایوس کن (الف لیلہ کی دعوت برمکی کی تلمیح) –

Barmy, *a.* : (۱) جھاگدار - (۲) سنکی ؛ بے مغز –

b. on the crumpet : پاگل ؛ خبطی (سوقیانہ) –

Barn, *n.* : (۱) کھتا ؛ کوٹھا (غلہ بھرنے کا) - (۲) بے آرائش عمارت (تحقیراً) –

b.-door : بڑا نشانے کا چاند ؛ ایسی نمایاں چیز جس پر آسانی سے نشانہ لگ سکے –

B.-owl : گھگو ؛ سفید اُلو ؛ گرجے کا اُلو –

b.-stormer : سفری ایکٹر یا تماشا گر –

b.-yard : باڑے کا احاطہ –

Barnacle, *n.* : (۱) بحر منجمد شمالی کا ھنس ؛ شمالی ھنس - (۲) صدف ماھی ؛ سیپ مچھلی - (۳) گلے کا ھار - (۴) نک چمٹی ' جو نعلبندی کے وقت گھوڑے کی ناک پر لگا دیتے ھیں (عموماً جمع میں اِستعمال ھوتا ھے) –

Barnacle, *n.* : (سوقیانہ) چشمہ ؛ عینک –

Barograph, *n.* : باد نگار –

Barology, *n.* : علم الاوزان ؛ وزنیات –

Barometer, *n.* : باد پیما ؛ مقیاس الھوا –

b. of opinion etc. : رائے پیما ؛ مقیاس الرائے –

barometric(al), *aa.* : علم پیمائش ھوا سے متعلق –

brometrically, *adv.* : علم پیمائش ھوا کی رو سے –

barometry, *n.* : علم پیمائش ھوا ؛ علم باد پیمائی –

Baron, *n.* : (۱) تعلقدار ؛ جاگیردار - (۲) (اِنگلستان میں) وہ امیر ' جس کو لارڈ کا خطاب ملا ھو ؛ (دیگر ممالک) چھوٹے امیر –

b. of beef : جڑواں پٹھے (گائے کے گوشت کے) –

Baronage, *n.* : طبقۂ امرا –

Baroness, *n.* : نوّاب بیگم –

Baronet, *n.* : موروثی امیر ' جو سردار (نائٹ) سے بڑا ھوتا ھے –

Baronet, *v.t.* : نواب بنانا ؛ بیرونٹ کا خطاب دینا –

Baronetage, *n.* : نوابوں کے حالات کی سرکاری کتاب ؛ نوابوں کا طبقہ –

Baronetcy, *n.* : رتبہ یا اعزاز نوابی –

Baronial, *a.* : نوابی ؛ نواب سے متعلق –

Barony, *n.* : زمیندار کا عالیشان محل (اِسکاٹستان) ؛ ضلع یا حصۂ ملک (آئرستان) ؛ نوابی جاگیر یا نوابی اعزاز –

Baroque, *a. & n.* : یورپی تمدن کے ایک خاص عہد کا طرز آرائش جسے لوئی چہارم دھم سے منسوب کرتے ھیں ؛ انوکھا طرز (عمارت کی آرائش طرز تعمیر کے لیے) –

Barouche, *n.* : بروش بگھی ؛ چو پہیا بگھی جس کا ٹپ گرایا جاسکتا ھے –

Barque, *n.* : دیکھو BARK, *n.* -

Barquentine, Bark-, *n.* : سہ مستولی کشتی –

Barrack, *n.* : (۱) سپاھیوں وغیرہ کے رھنے کی کوٹھریوں کی قطار ؛ فوجی لوگوں کے رھنے کے مکانات ؛ بارک - (۲) ایسا مکان جس میں بہت سے لوگ رھتے ھوں ؛ بدنما بھدی عمارت جس میں ذرا بھی تنوع نہ ھو –

Barrack, *v.t.* : سپاھیوں وغیرہ کو بارکوں میں جگہ دینا ؛ کسی پر آوازہ کسنا (جیسے کرکٹ وغیرہ کے کھیل میں) –

Barracoon, *n.* : باڑا یا چوپال (غلاموں ' قیدیوں وغیرہ کے لیے) –

Barracuda,-coota,- couta, *n.* : ویسٹ انڈیز کے سمندر کی ایک بڑی مچھلی –

Barrage, *n.* : بند ؛ پشتہ (خصوصاً دریائے نیل کا) –

Barrator,-ter, *n.* : جھگڑالو ؛ مقدمے باز ؛ فسادی ؛ لڑاکا –

Barratry, *n.* : (۱) (بحری قانون) جہاز کے ملازموں کی سخت غفلت یا دغا بازی جس سے جہاز کے مالکوں کا نقصان ھو - (۲) پریشان کن مقدمے بازی یا اُس کی ترغیب –

Barred, *a.* : بند ؛ رکا ھوا ؛ سلاخ دار ؛ ریت سے رکا ھوا (دریا کا دھانہ وغیرہ) –

Barrel, *n.* : (۱) لکڑی کا پیپا - (۲) مشین کا سلنڈر - (۳) اُسطوانہ نما پرزہ ؛ گھوڑے کی کمر اور پیٹ ؛ بندوق کی نال ؛ کوئی اُسطوانی چیز –

b.-organ : وہ باجا جس میں گھومنے والا ڈھولنا (سلنڈر) لگا ھو –

Barrel, *v.t.* : پیپوں میں بھرنا ؛ رکھنا –

barrelled : اسطوانی ؛ مدور –

b.-shaped : اسطوانہ نما –

Barren, *a. & n.* : (۱) بانجھ ' جو پھل یا اولاد پیدا نہ کرے یا نہ کرسکے - (۲) اوسر ؛ بنجر ؛ شور (زمین) ؛ نا قابل کاشت (۳) کم ؛ تھوڑا - (۴) کند ؛ سست ؛ بے لطف - (۵) بنجر زمین کا ٹکڑا –

barrenwort : قرمزی اور زرد رنگ کے پھولوں والا ایک پودا –

barrenly, *adv.* : بے ثمرانہ ' بے فائدہ ' بے نتیجہ ' بے مقصد (طور پر) –

barrenness, *n.* : (۱) بنجرپن ؛ اوسرپن ؛ بانجھ پن - (۲) بے لطفی ؛ بے مزگی - (۳) محرومی ؛ کمی –

Barret, *n.* : ایک قسم کی چپٹی ٹوپی –

Barricade,-ado, *n.* : (۱) کچی مورچہ بندی ؛ دھس بندی - (۲) کسی قسم کی روک –

Barricade,-ado *v.t.* : آڑ یا دھس بنا کر مدافعت کرنا ؛ مورچہ بندی کرنا –

Barrier, *n.* : (۱) روک (مثلاً جنگلے کی) (۲) چنگی دروازہ - (۳) نیزہ بازی کے میدان کا جنگلہ یا کٹہرا –

Barrier, *v.t.* : باڑہ یا جنگلہ لگانا ؛ باڑہ یا جنگلے کے ذریعے

سے روکنا -

Barring, *prep.* : بجز ؛ اِلا ؛ سوا ... کے -

Barrister, *n.* : کو نسلی ؛ بیرسٹر (عوام : بالشٹر ، بالسٹر) -

revising-b. : وہ عہدہ دار ، جو اِنگلستان میں رائے دھندوں کی فہرست پر نظر ثانی کرتا ھے ؛ ناظر اِنتخابات -

Barrow, *n.* : ٹھیلا ؛ سامان لیجانے کی گاڑی ؛ ھتھگاڑی -

Barrow, *n.* : (۱) پہاڑی - (۲) مٹی کا ڈھیر ، جس کے نیچے لاشوں کو دبا دیا کرتے تھے -

Barrow, *n.* : بچوں کا بغیر آستین کا لمبا کوٹ -

Barter, *v.t. &i.* : بدلائی کرنا ؛ چیز کے بدلے چیز کا لین دین کرنا ؛ مبادلہ کرنا -

barterer, *n.* : بدلائی کرنے والا؛ اشیاء کا باھم مبادلہ کرنے والا -

Barter, *n.* : چیز کے بدلے چیز کا لین دین؛ اشیاء کا باھمی تبادلہ -

Bartizan, *n.* : کنگورے دار برج ، جو فصیل کے کونے میں آگے کو نکلا ھوا ھو -

Barton, *n.* : (۱) کسان کی باڑی - (۲) سیر (وہ زمین جس میں زمیندار خود کاشت کرتا ھے) ؛ خود کاشت -

Bart's, *n.* : (مخفف) سینٹ بارتولومیو کا شفاخانہ لندن میں -

Baryta, *n.* : بریتا ، بیریم کا پروٹاکسائیڈ ، القلی دار بھاری مٹی -

barytic, *a.* : بریتای -

baryto-, *comb. form.* : بریتای -

Barytes, *n.* : (۱) بھاری وزن دار القلینی مٹی جو سفیدے کے طور پر استعمال ھوتی ھے ، بیریم کا سلفیٹ -

Barytone, *n.&a.* : (۱) درمیانی مردانہ آواز - (۲) دھیمی آواز والی نفیری ؛ نیچی آواز والا قرنا - (۳) (یونانی نحو) وہ لفظ جس کے آخری بول پر کھڑازور نہ ھو -

Basal, *a.* : (۱) اساسی ؛ بنیادی - (۲) زیریں -

Basalt, *n.* : (۱) گہرا سبز یا بادامی آتش انگیز پتھر جس میں اکثر کھڑے پرت ھوتے ھیں - (۲) کالی چینی جسے کیا ویج وڈ نے ایجاد کیا -

basaltic, *a.* : بسالت سے متعلق یا اُس کے سے رنگ کا -

basaltiform, *a.* : بسالت کی شکل کا -

Basan, Bazan, *n.* : رنگین کھال ؛ بکری یا بھیڑ کی کھال ، شاہ بلوط یا دیودار کی چھال میں رنگی ھوئی - [فرانسیسی *basane* جس کی اصل ، عربی بطانہ " استر " ھے ۔]

bas bleu, *n.* : (Bluestocking) عورت جسے علم اور ادب میں دخل یا اُس کا اِدعا ھو -

Bascule, *n.* : (ایک خاص (*b.-bridge*) ایک پیرمی کل جس سے قسم کے پل) میں کام لیا جاتا ھے -

Base, *n.* : (۱) بنیاد ؛ اساس - (۲) تلا - (۳) اصول - (۴) بنیادی کام ؛ مبادی - (۵) نقطۂ آغاز ؛ (تعمیرات) بیٹھک ؛ کرسی ؛ پایہ - (۶) (نباتیات ، عضویات) پینڈی ؛ جوڑ - (۷) (ھندسہ) قاعدہ - (۸) (کیمیا) تیزاب کا ھم رشتہ ترشہ ؛ وہ عنصر جو تیزاب سے مل کر نمک ھوجاتا ھے - (۹) (جنگ) فوجی صدر کیمپ (بحالت جنگ (۱۰) (پیمائش) بنیادی خط - (۱۱) (ریاضی) اِکائی -

b.-ball : راؤنڈر کا سا مگر اُس سے پیچیدہ کھیل جو ممالک متحدہ امریکا میں رائج ھے -

Base, *v.t.* : (۱) نیو قائم کرنا ؛ بنیاد رکھنا - (۲) اعتماد کرنا -

Base, *a.* : (۱) پست قد ؛ بونا - (۲) بزدل - (۳) خودغرض (۴) کمینہ ؛ سفلہ ؛ قابل نفرت - (۵) ادنی - (۶) (زبان) دن ما کی زبان کے خلاف -

b.-born : ارذل ؛ کم اصل ؛ ناجائز اولاد -

b. coin : کھوٹا سکہ -

b.-court : پائیں صحن ؛ محل کا بیرونی صحن -

b. metals : ادنی دھات ؛ گھٹیا دھات -

b. tenure, estate, fee : غیر قطعی ؛ مشروط قبضہ (اراضی وغیرہ) -

basely, *adv.* : کمینہ پن سے ؛ رذیلانہ ؛ ذلیل طریقے پر -

baseness, *n.* : کمینہ پن ؛ دنائت ؛ رذالت -

Baseless, *a.* : بے بنیاد ؛ بے اصل -

baselessness, *n.* : بے بنیاد ھونا -

Basement, *n.* : (۱) نیو ؛ پایہ ؛ بھرت - (۲) تہ خانہ -

Bash, *v.t.* : پاش پاش کرنا -

Bashaw, *n.* : ترکی خطاب " پاشا " کی پرانی صورت (انگریزی میں) -

Bashful, *a.* : شرمیلا ؛ شرمگین ؛ جھینپو -

bashfully, *adv.* : شرمیلے پن سے -

bashfulness, *n.* : شرمیلا پن -

Bashi-bazouk, *n.* : باشی بزوق ؛ بے قاعدہ ترکی فوج کا سپاھی (باشی بزوق غارتگری اور ظلم کے لیے بدنام تھے) -

bashibazoukery, *n.* : بدمعاشی ؛ غارتگری وغیرہ -

Basi- : (سابقہ) (عضویات) اساسی ؛ زیریں -

Basic, *a.* : اساسی ؛ زیریں ؛ (کیمیا) ایسا مرکب جس میں اساسی ترشے کا عنصر دوسرے عناصر سے زیادہ ھو ؛ (معدنیات) سلیکا آمیز (چقماقی پتھر) -

Basicity, *n.* : (کیمیا) اساسیت -

Basil, *n.* : ریحاں ؛ نازبو ؛ کالی تلسی -

Basil, *n.* : دیکھو BASAN -

Basilic, *a.* : شریانی -

Basilica, *n.* : (۱) قصر ؛ محل ؛ وسیع مستطیل کمرا ؛ گرجا کا ھال - (۲) قسطنطین کے بنائے ھوئے سات گرجاؤں میں سے ایک گرجا کا نام ؛ کلیسائے باسلیق -

Basilicon, -um, *n.* : مرھم ؛ روغن ؛ مومیائی -

Basillisk, *n.* : (۱) افعی ؛ قدیم افسانوں کا سانپ جس کے متعلق کہا جاتا ھے کہ مرغی کے انڈے سے پیدا ھوا تھا جس کی سانس اور آنکھ میں بھسم کردینے کی قوت تھی - (۲) امریکا کا گرگٹ جس کے بدن میں ھوا کا پھکنا ھوتا ھے -

b.-glance : (۱) چشم زخم ؛ نظربد - (۲) امریکی گرگٹ -

Basin, *n.* : (۱) تسلا ؛ چلمچی - (۲) نشیبی زمین - (۳) مصنوعی بندرگاہ - (۴) وادی ؛ دریا گذار - (۵) زمین کے اندر کی معدنیاتی تھیں جو ھر طرف سے ایک مرکز پر مائل یہ نشیب ھوں ؛ گودی جس میں سیل دروازہ ھو -

basinful, *n.* : چلمچی بھر وغیرہ -

Basinet, Basnet, *n.* : ھلکا خود -

Basis, *n.* (Pl. *bases*) (۱) بنیاد ؛ اساس - (۲) اساسی عنصر - (۳) اصل اصول - (۴) ابتدا - (۵) متفق علیہ امر - (۶) فوجی صدر کیمپ -

Bask, *v.i.* : دھوپ کھانا ؛ دھوپ میں بیٹھنا یا پڑے رھنا -

basking-shark : شارک ؛ سمندر کی ایک بڑی مچھلی -

Basket, *n.* : ٹوکرا ؛ ٹوکری ؛ پٹاری ؛ ڈلیا ؛ چھابا ؛ گھاس یا بید کا ٹوکرا ؛ بید کا دستانہ (جو سنگل اِسٹک یا پٹے بازی میں اِستعمال ھوتا ھے) -

basketful : ٹوکرا بھر -

b.-hilt : (بید کے کام کا) قبضہ ؛ دستہ ؛ موٹھ -

pick of the b. : گل سرسبد ؛ چیدہ ؛ سب سے عمدہ -

basketry, *n.* : ٹوکری سازی ؛ بید کا کام -

Basket, *v.t.* : کسی چیز کو رکھنا یا ڈالنا (ردی ٹوکری یا کسی اور ٹوکری میں) -

Bason, *n.* : دیکھو BASIN -

Bason, *n.* & *v.t.* : (۱) نمدہ جمانے یا ٹوپی بنانے کی ٹپائی - (۲) (ت) نمدہ جمانا -

Basque, *n.* & *a.* : (۱) بسکانی ؛ مغربی پیری‌نیز کی زبان یا باشندہ - (۲) انگیا کی جھالر ؛ جھالردار محرم -

Bas-relief, Bass-, *n.* : نقشی ؛ کھدا ھوا ؛ برتن کے اوپری حصے کی نقاشی ؛ اُبھرواں (منبت) کام -

Bass, *n.* : کٹرنا ؛ ایک قسم کی مچھلی ؛ پن بھیڑیا -

Black B. : ھیورن (Huron) جھیل کا کٹرنا -

Bass, *n.* : لیمو کے درخت کی اندر چھال جو چٹائی اور ٹوکری کے بنانے کے کام آتی ھے -

b.-wood : چوب لیمو ؛ امریکن لیمو یا اُس کی لکڑی -

Bass, *a.* & *n.* : (۱) گہری آواز والا - (۲) زیر ؛ نیچا سُر - (۳) نیچی آواز والا شخص -

b.-viol : سارنگی کی قسم کا باجا -

through-b. : موسیقی کا اصول یا نظریہ -

Bass, *n.* : باس کے ھاں کی بنی ھوئی بیر (شراب) -

Basset, *n.* : چھوٹے پانووں کا شکاری کتا -

Basset, *n.* : تاش کا ایک متروک کھیل -

Basset, *n.* & *v.i.* : (۱) (ارضیات) پرت کا اُبھرا ھوا حصہ ؛ اُٹھی ھوئی تہ (۲) اُٹھنا ؛ نکلنا -

Basset-horn, *n.* : ایک قسم کی بانسری -

Bassinet, *n.* : (۱) بچوں کی گاڑی - (۲) بید کی گاڑی - (۳) بید کا جھولا -

Bassoon, *n.* : اَلغوزا -

bassoonist, *n.* : اَلغوزا بجانے والا -

basso-rilievo, n. (pl.-*os*) دیکھو BAS-RELIEF

Bast, *n.* : ایک درخت کی (جسے عربی میں زیزفون کہتے ھیں) اندرونی چھال جس سے چٹائی اور ٹوکریاں بنی جاتی ھیں ؛ - زیزفون کی اندر چھال - (۲) کسی درخت کی نرم لوچدار چھال یا ریشہ (دیکھو BASS 2)

Bastard, *n.* & *a.* : (۱) ناجائز اولاد ؛ حرامی لڑکا ؛ ولدالزنا - (۲) غیر مستند - (۳) جھوٹا ؛ بنا ھوا - (۴) دوغلا - (۵) (نباتات) کسی دوسری نوع کے مشابہ -

b.-slip : درخت کی وہ شاخیں جو زمین کے اندر ھوتی ھیں اور زمین سے درخت کی غذا کو کھینچتی ھیں -

b. wing : (حیوانیات) زائد پنکھ جس میں چھوٹے چھوٹے پر ھوتے ھیں -

Bastardize, *v.t.* : ناجائز یا حرامی قرار دینا -

bastardization, *n.* : (اُسی سے اِسم)

Bastardy, *n.* : حرامی ھونا ؛ حرامی پن -

b. order : وہ حکمنامہ جس کی رو سے حرامی لڑکے کی پرورش ، اُس کے مفروض باپ کے ذمے کی جائے -

Baste, *v.t.* : کچی سلائی کرنا ؛ ڈوبا ڈالنا -

Baste, *v.t.* : (۱) گوشت کو (بھونتے وقت) چرب کرتے جانا کہ جل نہ جاوے ؛ کباب پر گھی کا پچارا دینا - (۲) (موم بتی بنانے میں) بتی پر پگھلا ھوا موم ڈالنا -

Baste, *v.t.* : ٹھوکنا ؛ پیٹنا ؛ ٹھڈے لگانا -

Bastille, *n.* : (۱) قلعہ ؛ گڑھی - (۲) پیرس کا پرانا قلعہ جس میں شاھی مجرم قید کئے جاتے تھے اور جو سنہ ۱۷۸۹ ع میں مسمار کردیا گیا - (۳) قید خانہ -

Bastinado, *n.*, & *v.t.* : تلووں پر ڈنڈے مارنا (پرانے زمانے میں ایک قسم کی سزا) -

Bastion, *n.* : برج -

bastioned, *a.* : برج دار (فصیل وغیرہ) -

Basyl(e), *n.* : (کیمیا) کوئی مادہ ، جو آکسیجن سے مل کر کسی نمک کا بنیادی جز بن جاوے -

Bat, *n.* : چمگادڑ -

b.- blind : اندھاپن ؛ بالکل اندھا -

Bat, *n.*, & *v.i.* : بلا ؛ تھاپی ؛ بلے سے کھیلنا -

carry **one's** *b.* : کھیل کے آخر تک آوٹ نہ ھونا -

off **one s** *own b.* : بغیر کسی کی مدد کے ؛ اپنے ھی بل بوتے پر -

Bat, *n.* : (عامیانہ) رفتار (کی تیزی) -

Bat-, Bat-, *comb. form.* : (سابقہ جو صرف چند مرکبات میں آتا ھے) " حالت جنگ میں فوجی افسروں کی بار برداری کا "-

b.- horse. : بار برداری کا گھوڑا -

b.- man. : بار برداری کے گھوڑے کا سائیس -

b.- pay or- *allowance.* : بار برداری کا بھتا -

Batata, *n.* : ویسٹ انڈیز کا ایک پودا ؛ شکرقند ؛ ھسپانی آلو -

Batavian, *a.* & *n.* : بٹاویا کا رھنے والا -

Batch, *n.* : (۱) جتھا ؛ (ایک ھی) جتھے میں - (۲) روٹیوں کا گھان -

Bate, *v.t.* & *i.* : (۱) کم کردینا (امید کا) ؛ روکنا (سانس کا) - (۲) منہا کرنا - (۳) زورگھٹ جانا ؛ کم زور ھو جانا

Bate, *n.* & *v.t.* : (۱) چمڑا صاف کرنے کا محلول (القلی کا) - (۲) (*vb.*) اِس محلول میں ڈبونا -

Bate, Bait, *n.* : (عامیانہ) غصہ ؛ جھاڑجھ -

Bath, *n.* : (۱) غسل ؛ اشنان - (۲) نہانے کا برتن - (۳) غسل خانہ ؛ حمام - (۴) صحت گاہ ؛ وہ شہر ، جہاں کے صحت بخش چشموں میں غسل کرنے کے لیے لوگ جاتے ھیں ۔ (۵) ایک اعزازی درجہ - (۶) باتھ ؛ سومرسٹ شائر کا ایک شہر جہاں گرم پانی کے چشمے ھیں -

B. brick : دھاتوں کے صاف کرنے کا مسالا -

B. bun, B. olive : ایک قسم کا بسکٹ -

B. chair : مریضوں کی کرسی –
o. of blood : خون خرابا ؛ خون خرابے ؛ خون کی ندی –
B. olivee = *B. bun.* - ایک قسم کا بسکٹ جس میں مغزیات ہوں
B. stone : دانہ دار عمارتی پتھر –
air b. : کھلی ہوا میں ننگے بدن پھرنا ؛ باو نہان ' ہوا نہان –
mud-b. : ایک قسم کا طبی حمام (جس میں مریض کے جسم کو گل حکمت کر کے پسینا لاتے ہیں) –
sitz- b.: بیٹھک نہان (جس میں بدن صرف کمر سے رانوں تک پانی میں رہتا ھے)۔
sponge- b.: بھیگے اسفنج سے بدن پونچھ کر صاف کرنا –
vapour- b.: بھاپ نہان ؛ بھاپ حمام ؛ بھپارا –
Bath,*v.t.*: نہلانا ؛ غسل دینا (بچے یا مریض کو) –
Bathe,*v.t. & i.*: پانی ' گرد ' یا بالو وغیرہ میں نہلانا یا نہلا دینا ؛ پانی میں غوطہ دینا –
bathing - machine. : کاٹھ کا پہیے دار غسل خانہ جس میں بیٹھ کر سمندر میں نہاتے ہیں –
Bathe,*n.*: غسل کرنا (خصوصاً دریا یا سمندر میں)
bather,n.: (۱) غسل - (۲) غسل کرنے والا –
Bathetic,*a.*: جس میں ترقی معکوس ہو ؛ (نظم وغیرہ) جس میں تنزل ہو –
Bathometer,*n.*: آب پیما (ایک آلہ جس سے پانی کی گہرائی معلوم کی جاتی ھے) –
Bathos,*n.*: (۱) ترقی معکوس ؛ بلندی سے یکایک پستی میں گرنا ؛ تنزل - (۲) رکاکت (کلام میں) - (۳) موقع محل کے لحاظ سے بہت گری ہوئی بات –
Bathymetr-: سائنس کی بعض اصطلاحوں کا ترکیبی جز بمعنے متعلق بہ آب پیمائی –
Bating,*prep.*: سوا –
Batiste,*n. & a.*: باریک ململ - (*adj.*) اِس کپڑے کا یا اُس سے متعلق –
Baton.*n. & v.t.*: (۱) عصا ؛ کانسٹیبل کا ڈنڈا - (۲) مارکا - (۳) (موسیقی) بینڈ ماسٹر کی چھڑی ' جس کے اشارے سے وہ باجا بجنے کے وقت ہدایت کرتا جاتا ھے –
b. sinister : بادشاہ کی حرامی اولاد کا مارکا –
Batrachian, *a.&n.* : صفدعی ؛ مینڈک سے متعلق؛ وہ جانور جن کی دمیں اور گلپھڑے جھڑ جاتے ہیں –
Battalion,*n.* : (۱) (فوجی) دستہ - (۲) پلٹن - (۳) انجینیروں کی جماعت –
God is for the big bb.: خدا بڑے جتھوں کے ساتھ ہوتاھے " جماعت میں کرامت ھے " –
Battels, *n. pl. n* : آکسفورڈ کے کالجوں میں طالب علموں کے قیام ' طعام کا بل –
Batten, *n.*: (۱) لکڑی کی بلیاں یا پٹیاں جن سے مکانوں کے فرش بنائے جاتے ہیں - (۲) ضامن ؛ لکڑی کی پٹی جو کواڑ کے تختوں کو جڑا رکھنے کے لیے لگائی جاتی ھے - (۳) بادبان کو رگڑ سے بچانے کے لیے جو لکڑی کی پٹی لگائی جاتی ھے –
battening, *n.*: (اس سے اسم)
Batten, *v.t.*: (کسی چیز کو) لکڑی کی پٹیوں سے مضبوط کرنا –
b. down : جہاز کے حوض کو بند کرنا –
Batten, *n.* : کرگے کی پٹی ؛ لکڑی کی پٹی جس سے بنتے وقت دھاگوں کو کس دیتے ہیں –
Batten, *v.i.* : (۱) تیار ہونا ؛ فربہ ہونا ؛ موٹا تازہ ہونا - (۲) ڈٹ کے کھانا –
Batter, *v.t. & i.* : (۱) مار مار کر گرا دینا ؛ توڑ دینا ؛ مسمار کردینا ؛ گولہ باری کرنا - (۲) صورت بگاڑ دینا - (۳) کسی شے میں ٹھونکے پیٹنے سے گڑھے ڈالدینا - (۴) (مجازاً) سخت نکتہ چینی کرنا ؛ خوب خبرلینا - (۵) متواتر استعمال سے گھس جانا (ٹائپ کا) –
battering-charge : باروت کی پوری مقدار (توپ بھرنے کی) –
battering-ram: قدیم قلعہ شکن مشین –
battering-train : قلعہ شکن توپیں –
Batter, *n.*: (۱) پیٹھی ؛ لپٹی (جو کسی پکوان کے لیے سب اجزا کو پھینٹ کر بناتے ہیں) - (۲) سیسے کے حروف کی پلیٹ یا ٹائپ کا نقص –
Batter, *v.i., & n.* : گاودم ہونا (دیوار کا) ؛ نیچے سے چوڑی اور اوپر سے پتلی ہونا –
Battery, *n.*: (۱) (قانون) زدوکوب؛ مارپیٹ - (۲) (فوجی) توپ خانہ ؛ مورچہ - (۳) مورچہ (برقی) - (۴) دھاتوں کا تیزابی سلسلہ - (۵) پیتل یا تانبے کے گھڑے (گھن سے پیٹ کر بنائے ہوئے) برتن –
turn a man's b. against himself : کسی کی دلیل کو اسی پر الٹ دینا –
Batting, *n.*: روئی کا پہل (لحاف یا توشک میں بھرنے کے لیے) –
Battle, *n.*: جنگ ؛ لڑائی ؛ معرکہ ؛ کارزار ؛ محاربہ ؛ رن –
b.-axe: تبر –
b.-bowler: خود ؛ سپاہی کی آہنی ٹوپی - (عامیانہ)
b.-piece : لڑائی کا بیان یا تصویر –
b.-plane: بڑا جنگی ہوائی جہاز –
b. royal: معرکۂ عظیم –
b.-ship: مسلح جہاز ؛ جنگی جہاز –
general's b. : وہ لڑائی جس کا فیصلہ حکمت و تدبّر سے ہو –
line of b.: جنگ ؛ جنگی جہازوں کی قطار –
line-of-b. ship: (متروک) جنگی جہاز جس پر ۷۴ یا زیادہ توپیں ہوتی تھیں –
pitched b.: وہ لڑائی جو جم جم کے لڑی جائے –
soldier's b.: وہ لڑائی جس کا وارا نیارہ صرف بہادری پر ہو –
Battle, *v.i.*: لڑنا ؛ مقابلہ کرنا ؛ معارکت ' جنگ کرنا –
Battledore, *n.*: تھاپی (کپڑے دھونے یا آٹا پھینٹنے کی) ؛ بلّا (بیڈ منٹن کا) –
Battlement, *n.*: (usu. in Pl.) (۱) قلعے کی فصیل ؛ دندانے دار برج نما دیوار- (۲) فصیل نما دیوار اور اس سے محصور چھت–
battlemented, *a.*: دندانے دار دیوار سے محصور –
battue, n.: (۱) جنگلی جانوروں کا ہانکا؛ ہانکے کا شکار ؛ قتل عام –
Bauble, *n.*: (۱) سستا نمائشی زیور - (۲) ایک عصا جس کی موٹھ گدھے کے سر کی شکل کی ہوتی ھے (شاہی مسخرے کا نشان) - (۳) کھلونا ؛ بے حقیقت چیز –

Baulk, : دیکھو BALK –
Bawbee, n.: (اسکا تمثیلی) ادھنّا ؛ آدھی پینی –
Bawd, n.: (۱) کٹنی ؛ دلالہ - (۲) فحش کلام –
Bawdy, a.&n.: فحش (کلام) –
b.-house: چکلا ؛ چھنال گھر –
bawdiness, n.: فحش کلامی –
Bawl, vt.&i.: چلانا ؛ پکارنا ؛ چیخ کر بولنا ؛ جھڑّ کر بولنا ؛ (کسی پر) برس پڑنا –
Bawn, n.: (۱) قلعے کا صحن - (۲) مویشیوں کا باڑا ؛ گاوخانہ –
Bay, n.: (۱) تیج پات - (۲) (ج) ان پتیوں کا مکٹ یا سہرا جو سورماؤں یا شاعروں کے سر پر رکھا جاتا تھا –
b. rum: تیج پات کا عرق (جو خوشبو کے طور پر استعمال ہوتا ہے) –
Bay, n.: کھاڑی ؛ خلیج ؛ کھانچا (پہاڑ کا) –
Bay-state: مساچوسٹس (Massachusetts) ؛ ممالک متحدۂ امریکا میں سے ایک مملکت –
Bay, n.: (۱) کھانچا (دیوار) - (۲) دیوار میں دوستونوں یا پشتوں کے بیچ کا فصل - (۳) کمرے میں وہ اضافہ جو بر آمدے کی دیوار سے باھر کو نکلا ہوا ہو –
b. window: کھڑکی جو دیوار سے آگے کو نکلی ہوئی ہو –
horse-b.: اصطبل ؛ طویلہ –
sick-b.: جہاز کے عرشے کا حصہ جو شفا خانے کے طور پر استعمال کیا جاوے –
Bay n.: شکاری کتوں کا بھونکنا –
hold or *have at, bring* or *drive to, b:* آ د با نا (شکار کو) –
stand or *be at, turn to, hold hounds &c. at, b.:* (جانور کا) پلٹ کر مقابلہ کرنا (شکاری کتوں سے یا شکاری سے) –
Bay, v.i.&t.: چلانا ؛ بھونکنا ؛ (کسی پر) بھونکنا –
Bay, a.&n.: کمیت ؛ سرنگ ؛ لاکھی رنگ کا (گھوڑا) –
Bayard, n.: سورما –
Bayonet, n. : سنگین ' (سیدھی ' چھوٹی تلوار) –
b.-catch : وہ حلقہ جس سے بندوق میں سنگین لگائی جاتی ہے –
Spanish b. : سوسن کی قسم کا ایک پھولدار پودا–
the b., or bb. : توپ (کسی تعداد میں) ؛ پیدل فوج –
Bayonet, v.t. : سنگین سے بھونکنا ' مارنا ' دبانا ' ہلا کرنا –
b. into : سنگینوں کے زور سے کوئی کام کرانا –
Bayou, n. : (شمالی امریکا کے جنوبی حصے میں) دریا کی دلدلی شاخ –
Bay-salt, n. : نمک(بڑے بڑے ٹکڑوں کی شکل میں) جو عمل تبخیر کے ذریعے سے حاصل ہو –
Bazaar, n. : بازار ؛ میلا ؛ خیراتی میلا ؛ مینا بازار –
Bdellium, n. : بلسان یا گوگل کا درخت ؛ گوگل –
Be, *v.substantive, copulative, & auxiliary.* **:** (۱) ہونا ؛ موجود ہونا ؛ واقع ہونا ؛ زندہ ہونا - (۲) جاری رھنا ؛ باقی رھنا – (۳) مقید ہونا - (۴) عازم ہونا - (۵) کسی حالت میں ہونا – (۶) مراد ہونا ؛ معنی ظاھر کرنا ؛ مترادف ہونا –
be-all : نچوڑ ؛ سب کچھ –
be off : دور ہو ؛ چلا جا –
do not be long : زیادہ دیر نہ لگا –
I am for tariff reform : میں تجارتی محصول بندی کی اصلاح کا حامی ہوں –
I am for London *:* میں لندن جا رھا ہوں -
it is nothing to me: اس کی مجھے پروا نہیں –
let it be : رھنے بھی دو ؛ جانے بھی دو
the to-be : آئندہ زمانہ ؛ مستقبل –
twice two is four : دو اور دو چار ہوتے ھیں -
were, to tell you : اگر میں تم سے کہتا -
what are you at ? : کس شغل میں ہو ؟ –
woe is me : وائے برحال من -
would-be : (کسی بات کا) مدعی ؛ اپنے آپ کو (کچھ) سمجھنے والا ؛ متمنی –
Be--, *pref.* **:** سابقہ جس کے اسم پر داخل ہونے سے فعل بنتا ہے –
Beach, n. : ساحل ؛ دریا کا کنارہ ' دریا کے کنارے کی بٹیاں یا کنکر -
b.-comber : (۱) بڑی موج جو سمندر سے ساحل تک جاتی ہے - (۲) آوارہ گرد جو آسٹریلیا ' جزائر بحرالکاھل وغیرہ کے ساحلوں اور بندرگاھوں پر گشت لگاکر اپنی معاش حاصل کرتا ہے -
b.-master . وہ افسر جو فوجوں کے جہاز سے ساحل پر اُترنے کی نگرانی کرتا ہے -
b.-rest : پیٹھ کی ٹیک جو ساحل دریا پر بیٹھنے کے کام آتی ہے-
Beach, v.t. : ساحل پر لنگر انداز ہونا ؛ ساحل پر چڑھ جانا -
Beacon, n. : (۱) آکاس دیا ؛ روشنی مینار ؛ رھنما مینار - (۲) چراغ راہ ؛ باعث عبرت - (۳) خبر الو ' وہ آگ جو خطرے ,وغیرہ کی اطلاع کے لیے جلائی جاوے - (۴) سگنل اسٹیشن ؛ اشارہ گاہ –
Beacon, v.t. : (۱) روشنی دکھانا - (۲) آگاہ کرنا - (۳) رھنمائی کرنا –
Bead, n. : (۱) عبادت ؛ وظیفہ - (۲) تسبیح کا دانہ ؛ پوت - (۳) (تعمیرات) پوت : مہرہ - (۴) بندوق کی مکھی - (۵) بوند - قطرہ ؛ بلبلا –
b. roll (۱) ناموں کی فہرست – (۲) طو مار ؛ لمبا سلسلہ-
beadsman : روزینہ خوار ؛ دعا گو ؛ بھکاری
draw a b. on : نشانہ باندھنا -
tell one's bb : مالا جپنا ؛ تسبیح پڑھنا –
Bead, v.t. & i. : پرونا ؛ گوندھنا ؛ لڑی بنانا –
Beading, n. : (تعمیر) مہرہ دار آرائش (کا کام) –
Beadle, n. : ایلچی ؛ کارندہ ؛ جمعدار (گرجا کا) –
beadleship, n. : جمعداری –
Beadledom, n. : بیجا یا بے ضرورت مستعدی –
Beady, a. : آویزوں 'مہروں یا مکھیوں سے لدا ہوا – (۲) چھوٹی چمکدار (آنکھیں) –

Beagle, *n.* : (۱) سراغی کتا ؛ کھوجی کتا - (۲) جاسوس ؛ سراغ رساں -

Beak, *n.* : (۱) چونچ - (۲) تھوتھنی - (۳) توتے کی سی ناک - (۴) جہاز کی چونچ (قدیم جنگی جہازوں میں) - (۵) ٹونٹی -

beaked, *a.* : ٹونٹی دار ؛ چونچ دار -

Beak, *n.* : (عامیانہ) مجسٹریٹ ؛ ناظم عدالت -

Beaker, *n.* : (۱) بادیہ ؛ بے ٹونٹی کا بڑا پیالہ - (۲) گھریا (وہ ظرف جس میں اُنڈیلنے کی جگہ بنی ہوتی ہے) -

Beam, *n.* : (۱) لٹھا - (۲) شہتیر - (۳) (کرگے کا) تُر - (۴) ہرس (ہل کا) - (۵) ترازو کی ڈنڈی - (۶) کنارہ ؛ پہلو - (۷) لنگر کا دستہ - (۸) وہ بیوم جو انجن کے دھرے کو نشارے (piston) سے جوڑتا ہے - (۹) وہ شہتیر جس پر جہاز کا عرشہ قائم ہوتا ہے - (۱۰) روشنی کی شعاع - (۱۱) تبسم ؛ دمک ؛ شگفتگی (چہرے کی) -

kick the b. : ہلکا ثابت ہونا ؛ ہار جانا -

on her b.-ends : جہاز کا اُلار -

Beam, *v.t.&i.* : جگمگانا ؛ مسکرانا ؛ شگفتہ ہونا -

beaming, *a.* : چمکدار یا روشن -

Beamy, *a.* : (۱) (شاذ) روشن ؛ چمکدار - (۲) چوڑا (جہاز) - (۳) (شعر) بہت بڑا -

Bean, *n.* : سیم ' باقلا ' لوبیا یا تھوے کی بن کی قسم کا بیج یا دانہ -

b.-fed : مسرور ؛ خوش ؛ پر جوش -

give one bb. : (عامیانہ) سزا دینا ؛ ملامت کرنا ؛ جھاڑنا -

Bean-feast, Beano (slang, pl.-os), *n.* : (۱) سالانہ دعوت جو کار خانوں کے مالک مزدوروں کو دیتے ہیں (۲) کھیل کود ' خوش وقتی

Bear, *n.* : (۱) ریچھ ؛ بھالو - (۲) کندۂ ناتراش ؛ بد تمیز آدمی - (۳) سٹا کرنے والا ؛ سٹے باز (وہ شخص جو غیر موجود مال کو کسی آئندہ تاریخ کے وعدے پر بیچتا ہے ' اِس امید پر کہ اِس درمیان میں سستا خرید کر دے سکے گا اور اس لیے قیمتوں کے بھاو کو گرانے کی کوشش کرتا ہے) —

b.- garden: بھنگڑ خانہ ؛ ہنگامے کی جگہ -

b.– leader: سفری اتالیق -

B.'s - breech: بقلۃالیہود ' شوکۃالیہود ' تال مکھانے کی قسم کا ایک درخت -

B.'s - foot: گُنگی -

b.'s - grease: خوشبودار روغن -

bearskin: ریچھ کی کھال کا لبادہ ؛ محافظ فوجی دستے کی پشم دار ٹوپی -

Great B.: (ہیئت) دب اکبر ؛ بنات نعش کبریٰ ؛ " کھٹولا " (بڑا)

Little B.: (ہیئت) دب اصغر ؛ بنات نعش صغریٰ ؛ " کھٹولا " (چھوٹا) -

bearish, *a.*: ریچھ کا سا -

bearishness, *n.*: ریچھ کا سا ہونا -

Bear, *v.i. & t. & n.*: سٹا کرنا -(اسم) سٹا ' سٹے بازی (دیکھو BEAR, *n.*)

Bear, *v.t & i.* : لے جانا ؛ اُٹھا کر لے جانا ؛ اُٹھالینا - (۲) (کسی نام سے)موسوم یا (کسی خطاب سے) مخاطب ہونا ؛ (کسی چیز میں کسی نشان یا علامت وغیرہ کا) ہونا یا پا یا جانا - (۳) رکھنا (رشتہ ' نسبت ' علاقہ وغیرہ) (۴) سہنا ؛ اُٹھانا ؛ سہارنا ؛ برداشت کرنا ' روادار یا متحمل ہونا ؛ (اپنے) ذمے لینا - (۵) دھکیلنا ؛ ہاتھ پیر مارنا ؛ زور ڈالنا ؛ بوجھ ڈالنا ؛ موڑنا ؛ مڑنا ؛ رخ کرنا - (۶) جننا ؛ پیدا کرنا -

b. a grudge: (دل میں) عداوت رکھنا ؛ بغض رکھنا ؛ کینہ رکھنا -

b. a part in: شریک ہونا (کسی چیز یا کام میں) -

b. arms, the sword: ہتھیار باندھنا ؛ تلوار باندھنا ' لگانا یا رکھنا —

b. down: پچھاڑنا ؛ زیر کرنا -

b. hard on: ستانا ؛ (کسی پر) سختی کرنا -

b. in mind: یاد رکھنا ؛ ذہن میں رکھنا ؛ (کسی بات کا خیال رکھنا -

b. office, rule: ہونا (کسی عہدے پر) ؛ رکھنا (حکومت ' اقتدار) -

b. oneself well: (شایان شان یا زیبا طریقے سے) کام لینا -

b. or *b. away* the palm etc.: بازی لے جانا ؛ (... کے) سر سہرا رہنا -

b. out: تصدیق کرنا (کسی کے قول وغیرہ کی) ؛ (کسی کو) سچا بتانا

b. to the right, away, off: (کسی جانب) مائل ہونا ' رخ کرنا -

b. up: (۱) حمایت کرنا ؛ مایوس نہ ہونا ؛ ہمت نہ ہارنا - (۲) (جہاز کو) ہوا کے رخ پر لانا -

b. up for: (جہاز) کا رخ بدلنا -

b. upon: تعلق رکھنا ؛ متعلق ہونا -

b. with: درگذر کرنا -

b. witness, a hand, company: دینا (شہادت ' مدد ' ساتھ) -

be borne away: (کسی جذبے وغیرہ سے) مغلوب یا متاثر ہونا

borne on the books of: ادا کیا گیا ؛ رقم (جس کی ادائی کا) اندراج ہو -

bring to b.: کام میں لانا (اثر وغیرہ) -

does not *b. repeating*: قابل اعادہ نہیں -

is borne in upon one: (کسی کے) دل میں بیٹھ گیا ہے ؛ (کسی کو) اعتقاد ہوگیا ہے -

bearable, *a.*: سہل جوگ ؛ قابل برداشت -

Beard, *n.*: (۱) ڈاڑھی - (۲) ڈاڑھی (بکرے وغیرہ کی) - (۳) (بعض) مچھلیوں کی مونچھیں - (۴) چونچ کے خار - (۵) گھاس کی زلفیں یا ریشے ؛ اناج کی بالی کے اوپر والے مہین ریشے -

Old-Man's B. (Traveller's joy) ایک قسم کی بیل -

bearded, *a.*: ڈاڑھیل ؛ ریشائیل ؛ ریشدار -

beardless, *a.*: بے ریش ؛ امرد -

beardlessness, *n.*: بے ریش ہونا -

Beard, *v. t.*: علانیہ مقابلہ کرنا -

b. the lion in his den: شیر کو اُس کے بھٹ میں للکارنا ؛

کسی کو اُس کے گھر میں ڈانٹ ڈپٹ کرنا -

Bearer, *n.*: (۱) حامل ؛ لے جانے والا - (۲) جنازہ بردار - (۳) کہار - (۴) حامل رقعہ (چک وغیرہ) (۵) بیرا (انگریزوں کا خدمت گار) -

Bearing, *n.*: (۱) طرز عمل ؛ برتاو - (۲) مارکا - (۳) تعلق ؛ رشتہ (۴) پہلو - (۵) سمت - (۶) رستے کی سدھ (۷) (جمع) مشین کے سہارے ؛ بیرنگ -

b.- rein: زیر کڑی -

lose one's *bb.*: سدھ گم ہوجانا -

Beast, *n.*: (۱) جانور ؛ چرپایہ - (۲) کھیتی یا سواری کے جانور - (۳) وحشی انسان ؛ حیوان؛ وحوش ؛ قابل نفرت آدمی -

The B.: دجال -

the b.: حیوانی یا بہیمی جذبہ ؛ بہیمیت ؛ حیوانیت -

Beastliness, *n.*: (۱) بسیار خوری ؛ پیٹوپن - (۲) بدمستی - (۳) شہوت پرستی- (۴) مکروہ غذا -

Beastly, *a*: (۱) جانور کا سا ؛ حیوانی حرکات والا ؛ نجس ؛ نفرت انگیز - (۲) (بول چال) کمبخت -

Beat, *v.t. & i.*: (۱) مارنا ؛ کوٹنا ؛ زدوکوب - (۲) پڑنا (دھوپ پانی ، ہوا) - (۳) غالب آنا ؛ سبقت لے جانا ؛ زچ کرنا - (۴) (پر) پھڑپھڑانا - (۵) (دل کا) دھڑکنا ؛ (گھڑی کا) چلنا وغیرہ (۶) ہانکا کرنا ؛ ہنکا کے لانا - (۷) بجانا -

b. about the bush : ٹامک ٹوئیاں مارنا -

b. a parley: گفت و شنود کرنا -

b. a retreat: پسپا ہونا -

b. at door: کواڑ کھٹکھٹانا ؛ زنجیر کھڑکانا ؛ دستک دینا -

b. black and blue: مارتے مارتے بدن میں نیل ڈال دینا -

b. down, back, away, off : مارکر ہٹادینا ؛ بھگا دینا ؛ بدل دینا ؛ صورت بگاڑ دینا -

b. down price or *seller*: قیمت گھٹانا ؛ کم کرانا ، چکانا -

b. hollow: (کسی کو) زیر کردینا ؛ (مدمقابل کو) پوری شکست دینا -

b. in: کچل دینا -

b. one' s *brains*: سرکھپانا ؛ دماغ سوزی کرنا -

b. out metal, forge : دھات کو پیٹ کر ٹھیک کرنا -

b. path: (پیروں سے روند کر) رستہ بنانا -

b. the air: بے سود کوشش کرنا ؛ ہوا کو مٹھی میں تھامنا -

b. the bounds: حدود قائم کرنا -

b. the breast: سینہ کوبی کرنا ؛ ماتم کرنا -

b. time: تال دینا -

b. up eggs etc.: پھینٹنا (انڈے وغیرہ)

b. up or *about*: (بحری) بادبان کو موڑنا (ہوا کے رخ پر) -

b. up ecruits etc.: رنگروٹ وغیرہ جمع کرنا -

b. up the quarters of : ملاقات کے لیے جانا -

beats cockfighting: نہایت دلچسپ ہے ؛ نہایت پر لطف ہے -

Beat, *n.*: (۱) ضرب ، چوٹ (ڈھول یا نقارے کی) - (۲) تال کی ہدایت (بینڈ ماسٹر کی) - (۳) باقاعدہ حرکت (گھڑی وغیرہ کی) - (۴) دھڑکن (دل کی) - (۵) گشت؛ روند - (۶) بندوق وغیرہ کی زد - (۷) مقررہ گشت (منصبی) -

Beaten, *a.*: (۱) ہارا ہوا وغیرہ - (۲) گھسا ہوا - (۳) پامال (۴) پٹا ہوا - (۵) چور ؛ تھکا ہوا ؛ پست ؛ ہارا تھکا

Beater, *n.*: درمٹ ؛ ڈنکا ؛ موگری ؛ تھاپی ؛ موسل ؛ ہانکا کرنے والا -

Beatific, *a.*: مبارک ؛ مسعود ؛ روحانی مسرت بخشنے والا -

Beatification, *n.*: سعادت ؛ جنتی ولایت کی پہلی رسم (رومن کلیسا)

Beatify, *v.t.*: روحانی سعادت یا مسرت سے نہال کرنا -

Beating, *n.*: (۱) سزا ؛ مار - (۲) ہار ؛ شکست -

Beatitude, *n.*: (۱) برکت؛ سعادت؛ روحانی مسرت - (۲) (جمع میں) حضرت عیسیٰ کے پہاڑی والے خطبے میں برکت کی بشارتیں -

Beau (bo), *n.* (Pl. *beaux* boz) (۱) البیلا ؛ چھیلا بانکا - (۲) عاشق -

beau geste (bozhest), *n.*: اظہار عالی ظرفی؛ بڑائی کا دکھاوا -

Beau ideal, *n.*: حسن کا انتہائی معیار (صورت یا سیرت) -

beau monde, *n.*: وہ طبقہ جو نفاست اور شان میں ممتاز ہو ؛ فیشن ایبل سوسائٹی -

Beaune (bon), *n.*: برگنڈی کی سرخ شراب -

Beauteous, *a.*: دلکش ؛ حسین ؛ چھبیلا -

Beautiful, *a.*: خوبصورت ؛ سندر ؛ روپ وتی ؛ شکیل ؛ دلکش ؛ اچھا ؛ دلپذیر -

beautifully, *adv.*: خوبصورتی سے؛ خوبی سے ؛ بوجہ احسن ؛ بہ حسن و خوبی -

Beautify, *v.t.*: سنوارنا ؛ سنگارنا ؛ دلکش بنانا ؛ حسین بنانا -

beautifier, *n.*: سنوارنے والا ؛ آراستہ کرنے والا ؛ حسن افزا -

Beauty, *n.*: (۱) حسن ؛ جمال ؛ تناسب ؛ دلکشی ؛ خوبی - (۲) عمدہ نمونہ - (۳) حسینہ ؛ حسین عورت -

b. is but skin deep: صورت سے سیرت کا اندازہ نہیں ہوتا -

b.-sleep: آدھی رات سے پہلے -

b.-spot: دلکش مقام ؛ خال ؛ مصنوعی خال -

a b.: (طنزاً) دیکھنے کے قابل چیز یا شخص) -

that's the b. of it: یہی تو اس کی خوبی ہے -

beaux yeux, *n.*: جمال؛ حسن -

Beaver, *n.*: (۱) سنجاب ؛ سگ آبی ؛ اودبلاو - (۲) سنجابی ٹوپی-

Beaver, *n.*: خود کا اگلا حصہ ؛ جھلم -

Beaverteen, *n.*: سوتی کپڑا جس پر چکن کا سا کام ہوتا ہے -

Becall, *v.t.*: برا بھلا کہنا (متروک یا عامیانہ) -

Becalm, *v.t.*: (۱) چپ کرنا ؛ روکنا ؛ خاموش کرنا؛ دلاسا دینا - (۲) ہوا کی کمی کی وجہ سے جہاز کا روک دینا -

Because, *adv. conj.*: اسی وجہ سے کہ ؛ کیوں کہ ؛ اس لیے کہ -

Beccafico, *n.*: اٹلی کا موسمی پرند-

Bechamel, *n.*: ایک قسم کی چاٹ (جو کھانوں کے ساتھ استعمال کی جاتی تھی) -

beche-de-mer, *n.*: ایک قسم کا نفیس چینی کھانا (ایک قسم کے گھونگھے کو پکا کر تیار کرتے ہیں) -

Beck, *n.*: چشمہ ؛ پہاڑی نالا -

Beck, *n.*: معنی خیز اشارہ ؛ سر کی جنبش-

have at one's b., be at person's b. and call: (کسی کے) اشارے پر چلنا ' چلانا -

Beck, *v.t.&i.*: اشارے کرنا -

Becket, *n.*: تنڈا ' ھک یا کانٹا ' جس سے جہاز کے آزو بازو رسیاں لٹکتی رھتی ھیں -

Beckon, *v.t.&i.*: اشارے کرنا ؛ اطلاع دینا ؛ مخاطب کرنا ؛ اشاروں سے بلانا -

Becloud, *v.t.*: (۱) ابر سے ڈھک دینا - (۲) گمنام کرنا ؛ چھپا دینا ؛ پردہ ڈالدینا -

Become, *v.i.&t.*: ھونا ؛ ھوجانا ؛ بن جانا ؛ ٹھیک ھونا ؛ موزوں ھونا؛ زیب دینا؛ سزاوار ھونا -

becoming, *a.*: موزوں ؛ مناسب ؛ شایاں ؛ سزاوار -

becomingly, *adv.*: موزونیت سے -

becomingness, *n.*: موزونیت -

Bed, *n.*: (۱) بستر' بچھونا؛ گدا ؛ پلنگ ؛ چارپائی ؛ سیج ؛ کھٹولا - (۲) تلا ؛ تہ ؛ بنیاد - (۳) فرش ؛ تختہ ؛ کیاری - (۴) دلدل جس میں بید کے درخت ھوں- (۵) تلیٹی؛ سمندر یا دریا کی تہ- (۶) بلیرڈ ٹیبل کی سلیٹ - (۷) ریل کی سڑک یا عام سڑک کی بنیاد - (۸) صدفہ (آئسٹر) کی تہ (دریا میں) - (۹) پرت؛ طبقہ - (۱۰) توپ گاڑی کا وسطی حصہ -

b. and board: (۱) مہمانداری - (۲) زن وشو کے تعلقات - (۳) قیام و طعام -

bedchamber: خواب گاہ -

b.-clothes: اوڑھنا بچھونا ؛ تکیہ ؛ چادر؛گدا وغیرہ -

bedfellow: (کسی کے ساتھ) ایک بچھونے پر سونے والا ؛ ساتھی ' رفیق -

bedgown: شب خوابی کا چوغا -

b.-key: چارپائی کے سرے ' پٹیاں کھولنے کا آلہ -

b.-lift: پلنگ جو صفہ بن سکے -

bedmaker: آکسفورڈ ' کیمبرج کے کالجوں کی خادمہ یا خادم -

b. of down, flowers, roses: آسودگی اور آسائش کی زندگی -

b.-of sickness: بستر علالت ؛ بستر رنجوری -

b.-pan: حاجتی -

b.-plate: مشینوں کا تلا -

bedpost: پلنگ کے پائے -

bedrid (den): صاحب فراش ؛ نحیف و زار -

b.-rock: (۱) دریا بر آمد زمین کے نیچے کی چٹان (۲) بنیادی اصول -

b.-side: بیمار کے بستر کے پاس ؛ پٹی کے پاس

B.-side manner: (معالج کا) تالیف قلوب کا ڈھب ؛ تسلی آمیز انداز -

bedsore: زخم جو مریض کے جسم میں پلنگ پر لیٹے لیٹے پڑ جاتے ھیں -

b.-spread: پلنگ پوش -

bedstaff: پرانی وضع کے پلنگوں کے آڑے ڈنڈے جو بوقت ضرورت لاٹھی کا کام دے سکتے تھے -

bedstead: مسہری ؛ پلنگ -

bedstraw: ایک قسم کی گھانس جو توشکوں کے بھرنے کے کام آتی ھے -

bedtick: نرم پروں کا گدا -

bedtime: سونے کا وقت -

between you and me and the bedpost: راز میں -

brought to b.: حالت زچگی میں -

die in one's b.: طبعی موت مرنا -

go to b.: آرام کرنا ؛ سونا -

lie in the b., one has made: چاہ کن را چاہ در پیش ؛ اعمال کی سزا بھگتنا -

make the b.: بستر کرنا -

narrow b.: قبر -

take to, keep, one's b.: بیمار پڑنا یا ھونا -

Bed, *v.t.&i.*: (۱) بستر پر سونا یا سلانا - (۲) پودا لگانا - (۳) جمانا ؛ نصب کرنا ؛ گاڑنا - (۴) پرت جمانا ؛ تہ دینا ؛ تہ جمانا ؛ پرت یا تہ جمنا -

Bedabble, *v.t.*: دھبے ڈالنا ؛ لتھیڑنا ؛ ساننا -

Bedad, *int.*: واللہ ؛ واقعی -

Bedaub, *v.t.*: رنگنا ؛ رنگ چڑھانا ؛ رنگ تھوپنا -

Bedder, *n.*: چمن یا باغ کے قابل پودا -

Bedding, *n.*: (۱) گدا ؛ بستر ؛ پال - (۲) نچلی تہ (۳) (ارضیات) پرت یا طبقہ -

Bedeck, *v.t.*: سجانا ؛ آراستہ کرنا ؛ سنوارنا -

Bedeguar, *n.*: پودوں کا مادہ جو ان پر کائی کی طرح جم جاتا ھے -

Bedel (1), *n.*: عھدہ دار جو کیمبرج اور آکسفورڈ میں جلوس کا انتظام کرتا ھے ؛ منتظم جلوس ؛ بیڈل -

Bedevil, *v.t.*: (۱) (کسی پر) سایا ھونا ؛ آسیب ھونا - (۲) ظلم و جبر کرنا - (۳) ابتری پھیلانا؛ بگاڑنا - (۴) شیطان کہہ کے پکارنا -

Bedevilment, *n.*: (۱) نا قابل برداشت مصیبت- (۲) ابتری - (۳) آسیب کا دخل (خلل) -

Bedew, *v.t.*: چھڑکنا ؛ شبنم سے بھیگنا -

Bedfordshire, *n.*: (بچوں سے گفتگو کرنے میں) بستر ؛ پلنگ -

Bedight, *v.t.*: (قدیم) آراستہ کرنا ؛ زیب تن کرنا -

Bedim, *v.t.*: دھندلا کرنا (دماغ یا آنکھوں کو) -

Bedizen, *v.t.*: بدمذاقی سے آراستہ کرنا ؛ آرائش میں شوخ رنگ استعمال کرنا -

Bedlam, *n.*: (۱) غل غپاڑے کا مقام- (۲) سینٹ میری آف بیتلھم کا شفاخانہ جس سے پاگل خانے کا کام لیا جاتا ھے- (۳) ھر پاگل خانہ -

Bedlamite, *n.&a.*: سڑی ؛ پاگل ؛ دیوانہ -

Bedouin, *n.*: بدو ؛ خانہ بدوش -

Bedrabbled, *a.*: لتھڑا ھوا ؛ کیچڑ پانی میں لت پت -

Bedraggle, *v.t.*: لباس یا کپڑے کازمین پر گھسٹنے سے گندہ ھوجانا؛ مٹی میں لتھڑنا -

Bee, *n.*: (۱) شہد کی مکھی ؛ مہال کی مکھی - (۲) نحل - (۳) شاطر ؛ سر گرم کار ؛ انھماک سے کام کرنے والا - (۴) مل کر

کام کرنے کے یا تفریح کے لئے جمع ہونا ؛ مجلس ؛ صحبت -
b.-bread: پھول کا زیرہ جو شہد کی مکھی کھاتی ھے
b.-eater: ایک پرند جو شہد کی مکھی کو کھا جاتا ھے -
beehive : (مہال کی مکھی کا) چھتا -
b.-line : بالکل سیدھا راستہ -
b.-master,-mistress : شہد کی مکھیاں پالنے والا -
B. orchis : ایک قسم کا پھول جو شہد کی مکھیوں کے مشابہ ہوتا ھے -
b.-skep : تنکوں کا چھتا -
bees-wax: (۱)موم -(۲)موم پھیرنا؛ موم سے صاف کرنا،صیقل کرنا -
have a b. in one's *bonnet* : کسی بات کا خبط ہونا ؛ سنک ہونا -
Beech, *n.* : سفیدے کی قسم کا اونچا درخت جس کی چھال چکنی اور پتیاں چمکدار ہوتی ہیں -
b.-fern : فرن کی قسم -
beechmast : بیچ کا پھل -
beechen, *a.* : بیچ کے درخت کا سا یا اُس سے متعلق -
Beef, *n.* (Pl.-*ves*) : (۱) گائے کا گوشت - (۲) جسامت ؛ جسم کا گٹھا ہوا حصہ ؛ پُٹھے -
beefeater : لندن ٹاور کا نگراں سپاہی
beefsteak : دیکھو STEAK -
b. tea : گائے کے گوشت کی یخنی
b.-wood : کابھا ؛ پکی سرخ لکڑی -
Beefy, *a.* : (۱) گائے کے گوشت کی طرح کا - (۲) مضبوط جسم کا ؛ تھوس - (۳) بھدا ؛ کاودی ؛ بے وقوف اور متھا؛ کھامڑ-
beefiness, *n.* : سختی ؛ تھوس پن -
Beelzebub, *n.* : شیطان ؛ ابلیس -
Been, (*p.p.* of be) دیکھو BE-
Beer, *n.* : جو کی شراب ؛ بوزہ -
b.-engine ایک آلہ جس سے بیر کے پیپے سے جو دور رکھا ہوتا ھے بیر گلاس میں لی جاسکتی ھے -
beerhouse : بوزہ خانہ ؛ بیر خانہ -
b.-money : انعام ؛ خدمت گاروں یا مزدوروں کو بیر پینے کے نام سے دیا جاتا ھے -
b.-pull : بیر نکالنے کے آلے کا دستہ جس کے دبانے سے بیر گلاس میں گرنے لگتی ھے -
small b. : ھلکی بیر ؛ چھوٹی موٹی باتیں یا معاملات -
think no small b. of : (کسی کو) بہت اچھا سمجھنا ؛ تھوڑا نہ جاننا -
Beer, *n.* : تانے کے دھاگوں کا ایک سرا -
Beery, *a.* : (۱) بیر جیسا - (۲) بیر کے سرور میں -
Beestings, *n. pl.* : پیوسی -
Beeswing, *n.* : (۱) پھپھوندی (پرانی لال شراب کی) - (۲) پرانی شراب -
Beet, *n.* : چقندر کی قسم کے پودے -
beetroot : چقندر ؛ چقندر کی جڑ -
Red B. : لال چقندر (جو ترکاری کے طور پر استعمال ہوتا ھے)-
white B. : سفید چقندر (جس میں سے شکر نکالی جاتی ھے) -

Beetle, *n.* : ھتھوڑا ؛ موگری ؛ گھن ؛ دُرمٹ -
b.-brain : کودن -
three-man b. : تین آدمیوں سے اُٹھنے والا درمٹ یا گھن-
Beetle, *n.* : (*be-eyed,*) (۱) بھونرا - (۲) نزدیک بیں -
Beetle, *a.*: (۱) سامنے نکلی ہوئی گھنی بھویں- (۲) خشمگیں ؛ تیوری چڑھائے -
Beetle, *v.i.* : (۱) آگے کو جھکا ہوا ہونا - (۲) سر پر منڈلانا (بد قسمتی وغیرہ کا) -
Beeves : دیکھو BEEF -
Befall, *v.t.&i.* : حادث ہونا ؛ واقع ہونا -
Befit, *v.t.* : (۱) موزوں ہونا ؛ شایانِ شان ہونا ؛ ٹھیک ہونا ؛ مناسب ہونا - (۲) لازم ہونا -
befitting, *a.* : موزوں ؛ مناسب -
befittingly, *adv.* : موزونیت سے -
Befog, *v.t.* : (۱) کہرے میں ڈھانپنا - (۲) دھندلا دینا ؛ تاریک کردینا -
Befool, *v.t.* : بے وقوف بنانا ؛ اُلو بنانا ؛ بنانا -
Before, *adv., prep., & con.* : (۱) پہلے ؛ آگے ؛ قبل ؛ پہلے سے - (۲) آگے ؛ سامنے ؛ اثر سے ؛ روبرو - (۳) انتظار میں - (۴) قبل ؛ قبل اِس کے کہ -
Beforehand, *adv.*: پہلے ھی سے -
b. with the world : جس کی گرہ میں دام ہوں -
be b. with : پیش دستی کرنا -
Befoul, *v.t.* : خراب کرنا ؛ گندہ کرنا -
b. one's *own nest* : دیکھو NEST -
Befriend, *v.t.* : دستگیری کرنا ؛ مراعات کرنا -
Beg, *v.t. & i.* : (۱) بھیک مانگنا ؛ مانگنا؛ عاجزی سے مانگنا - (۲) منت کرنا ؛ اِلتجا کرنا - (۳) بھیک مانگ کر بسر کرنا - (۴) کتے کا اگلا پیر اُٹھانا (اِلتجا کے طور پر) -
b. of : سزا معاف کرا لینا -
b. pardon, leave : اجازت چاہنا ؛ معافی مانگنا
b. the question : دعوے کو بمنزلۂ ثبوت مان لینا
go (a-) begging . کسی منصب کے لیے امید وار کا نہ ملنا -
Begad, *int.* : واللہ ؛ بخدا -
Beget, *v.t.* : (۱) پیدا کرنا - (۲) باعث ہونا ؛ بانی ہونا -
begetter, *n.* : بانی ؛ پیدا کرنے والا -
Beggar, *n.* : فقیر ؛ بھکاری ؛ گدا ؛ بھک منگا
bb. must not be choosers : بھکاری کو تکرار کا حق نہیں-
a good b. : وہ شخص جسے خیراتی کاموں کے لیے چندہ کرنے کا اچھا سلیقہ ہو -
little b. : (تحقیر یا بے تکلفی کے موقع پر بولا جاتا ھے) -
Beggar, *v.t.* : کنگال کردینا ؛ بھیک منگوا دینا
b.-my-neighbour : تاش کا ایک کھیل
It *beggars description* : اِس کے بیان سے زبان قاصر ھے -
Beggarly, *a.* : (۱) کنگال - (۲) کمینہ - (۳) کم عقل؛ ٹھس -
beggarliness, *n.* : کنگال پن ؛ کمینہ پن ؛ کم عقلی -
Beggary, *n.* : ناداری ؛ اِنتہائی اِفلاس ؛ نان شبینہ کا محتاج ہونا -

Begin, *v.t.&i.* : (۱) شروع کرنا ؛ پہل کرنا - (۲) گفتگو کا آغاز کرنا - (۳) وجود میں لانا - (۴) شروع ہونا -
b. at, with : کہیں سے یا کسی چیز سے ابتدا -
b. the world : میدانِ حیات یا کار زار حیات میں قدم رکھنا -
b. upon : کسی کام پر لگانا -
to b. with : اول یہ کہ ؛ پہلی بات یہ کہ -
Beginner, *n.* : ابجد خواں ؛ مبتدی -
Beginning, *n.* : اصل ؛ منبع ؛ مرکز ؛ ابتدا ؛ آغاز ؛ کسی چیز کا ابتدائی حصہ -
the b. of the end : انجام کے آثار -
Begird, *v.t.* : حلقہ ڈالنا ؛ لپیٹنا ؛ گھیر لینا -
Begone, *vb. imperat.* : دور ہو -
Begonia, *n.* : (فرانسیسی عالم نباتیات بگوں کے نام پر) بگونیا ؛ کئی قسم کے رنگین پھول جن کی پنکھڑیاں نہیں ہوتیں -
Begot (ten) : دیکھو BEGET -
Begrime, *v.t.* : بھرنا ؛ آلودہ کرنا ؛ سانتا -
Begrudge, *v.t.* : کسی سے جلنا ؛ کسی پر رشک کرنا ؛ کسی چیز کو نا پسند کرنا -
Beguile, *v.t.* : (۱) گمراہ کرنا ؛ دم دینا ؛ دھوکا دینا - (۲) گرویدہ کرنا ؛ تفریح طبع کا باعث ہونا - (۳) بہلانا (کام کی تکان دور کرنے کے لیے) ؛ تفریح کرنا
beguilement, *n.* : فریب دہی ؛ بہلاوا ؛ چکما -
beguiler, *n.* : دغا باز ؛ فریبی ؛ بہلانے والا -
beguinage, *n.* : بیگینوں کا گھر یا ایوان -
beguine, *n.* : بیگین (ولندیزی عورتوں کی انجمن خدمت خلائق کی رکن جس نے کوئی عہد نہ کیا ہو) -
Begum, *n.* : بیگم -
Behalf, *n.* : خاطر ؛ واسطے ؛ طرف ؛ حمایت ؛ جانب - (صرف ترکیبی حالت میں استعمال ہوتا ہے ' جیسے : *on b. of*) -
Behave, *v.i. & refl.* : (۱) برتاؤ کرنا ؛ پیش آنا ؛ سلیقہ برتنا ؛ تمیز داری سے کام کرنا - (۲) (اچھی طرح) کام دینا (مشین کا) -
behaved, *p.p.* (with *well- ill* -): تمیز دار ؛ بد تمیز -
Behaviour, *n.* : (۱) لچھن ؛ رویہ ؛ طریقہ ؛ وتیرہ ؛ ڈھنگ ؛ چال چلن ؛ کردار - (۲) (مشین کا) اچھی یا بری طرح کام دینا -
be on one's *good b.*: جان توڑ کے کوشش کرنا (اپنے متعلق نیک گمان پیدا کرنے کی خاطر)-
Behaviourism, *n.*: (نفسیات) نظریۂ کردار ' یہ نظریہ کہ انسان کے کل اعمال کسی مہیج کی جوابی حرکت کی صورت میں ظاہر ہوتے ہیں اور اُس کے کردار کے پورے مطالعے سے اُس کے عمل کے متعلق پیشین گوئی کی جاسکتی ہے -
Behead, *v.t.*: گردن مارنا ؛ سر کاٹ ڈالنا -
Behemoth, *n.*: بہت بڑے ڈیل ڈول کا جانور -
Behest, *n.*: حکم ؛ امر ؛ اگیا -
Behind, *adv., prep., & n.*: (۱) آڑ میں - (۲) ضرورت کے وقت کے لئے محفوظ - (۳) دیر سے - (۴) (زمانہ) پہلے کا (۵) پیچھے کی طرف ؛ پیچھے ؛ پیچھے چھپا ہوا - (۶) کسی کی پشتی پر ؛ تائید میں - (۷) پیچھے (درجے میں) - (۸) پناہ میں ؛ پیچھے پیچھے - (۹) پُٹھا ؛ سرین -
b. one's *back* : پیٹھ پیچھے -
b. the scenes: پس پردہ -
b. the times: زمانے سے پیچھے ؛ جو زمانے کے ساتھ نہ ہو -
b. time: وقت کے بعد -
fall b.: پیچھے رہ جانا -
go b. one's *words* etc.: کسی کی اصل نیت کا کھوج لگانا -
put b. one: توجہ نہ کرنا ؛ پس پشت ڈالنا -
stay, leave, b.: پیچھے ٹھیرنا ' پیچھے چھوڑنا -
to be b. with: وقت پر تکمیل نہ کرنا (ادائے بقایا وغیرہ کی) -
Behindhand, *adv. & pred. a.*: (۱) بعد از وقت - (۲) پیچھے ؛ ہیٹا ؛ پھسڈی (جو وقت پر کام نہ کرے)-
Behold, *v.t.*: مشاہدہ کرنا ؛ دیکھنا ؛ دیکھو -
beholder, *n.*: تماشائی ؛ دیکھنے والا -
Beholden. *pred. a.*: ممنون ؛ مرہون منت ؛ زیربار احسان -
Behoof, *n.*: خاطر ؛ غرض ؛ فائدہ ؛ لابھ -
Behove,- hoove, *v.i.*: مناسب ہونا ؛ واجب ہونا ؛ لازم ہونا -
Beige, *n.*: اونی کپڑا (اصلی رنگ کا) ؛ اون کا رنگ -
Being, *n.*: (۱) کون ؛ وجود - (۲) ہستی ؛ مخلوق - (۳) ساخت ماہیت - (۴) شخص -
Belabour, *v.t.*: پیٹنا ؛ ٹھوکنا ؛ اُدھیڑ دینا -
Belated, *a.*: شب گرفتہ (جسے رستے میں رات ہوجائے) ؛ دیر میں پہنچنے والا -
Belaud, *v.t.*: تعریف میں مبالغہ کرنا ؛ آسمان پر چڑھانا -
Belay, *v.t.*: (۱) لپیٹنا - (۲) بس بس (اصطلاح ملاحان) -
belaying- pin: لپیٹن ؛ لپیٹنے کی میخ (جہاز) -
Belch, *v.i. & t.*: (۱) ڈکارلینا - (۲) نشے میں بڑبڑانا - (۳) کفر بکنا ؛ فحش بکنا ؛ واہی تباہی بکنا - (۴) دھڑ دھڑ نکلنا (شعلے وغیرہ کا توپ یا کوہ آتش فشاں سے)-
Belch, *n.*: (۱) ڈکار - (۲) توپ کی گرج یا آتش فشاں پہاڑ کا دھماکا - (۳) شعلے کی بھڑک -
Belcher, *n.*: زنگ برنگی رومال -
Beldam, dame, *n.*: (۱) بڑھیا - (۲) دیونی ؛ ڈائن ؛ لڑاکا عورت -
Beleaguer, *v.t.*: محاصرہ کرنا ؛ نرغے میں لینا (نیز مجازاً) -
Belemnite. *n.*: وہ ہڈی جو کتل نفش (ایک معدوم مچھلی) کے آثار کے طور پر پائی جاتی ہے -
bel esprit, *n.* (*pl. beaux esprits* pr. boz espre) ظریف -
Belfry, *n.*: گرجے کا گھنٹا گھر -
belfried, *a.*: وہ عمارت وغیرہ جس میں گھنٹا گھر ہو -
Belgian, *a. & n.*: بلجی (ملک بلجیم کا باشندہ) -
Belgic, *a.*: بلگئی ؛ قدیم بلگے (Belgae) کا (باشندہ) -
Belgravia, *n.*: بلگراویا ؛ لندن کا مغربی حصہ جہاں امرا رہتے ہیں -
Belgravian, *a.*: بلگراوی ؛ (باشندہ) لندن کے فیشن ایبل حصے کا -
Belial, *n.*: شیطان ؛ ابلیس -
son of B.: شقی ؛ مردود ؛ لعنتی -

Belie, *v.t.*: (۱) جھٹلانا ؛ کسی کے متعلق مغالطہ یا غلط خیال پیدا کرنا -(۲) وفا نہ کرنا ؛ پورا نہ کرنا -

Belief, *n.*: (۱) بھروسا ؛ اعتبار -(۲) یقین ؛ اعتقاد ؛ عقیدہ ؛ رائے -(۳) عیسائیت پر ایمان -

The B.: حواریوں کے معتقدات -

to the best of my b.: مجھے پوری طرح یقین ہے کہ -

Believe, *v.t. &i.*: (۱) یقین کرنا ؛ ایمان لانا -(۲) بھروسا کرنا ؛ اعتماد کرنا -(۳) خیال کرنا ؛ سمجھنا -

make b.: بننا ؛ تصنع کرنا ؛ جھوٹ موٹ سمجھ لینا یا کوئی کام کرنا -

believable, *a.*: قابل اعتبار یا قابل یقین -

believer, *n.*: معتقد ؛ مومن -

believing, *a.*: (۱) معتقدانہ -(۲) خوش عقیدہ -

Belike, *adv.*: غالباً ؛ شاید (اکثر طنزاً) -

Belittle, *v.t.*: کم کرکے دکھانا یا بیان کرنا ؛ گھٹانا -

Bell, *n.*: گھنگرو ؛ ناقوس ؛ تال ؛ گھنٹی ؛ جرس

b.-bird: برازیل یا آسٹریلیا کا ایک پرندہ -

b.-book, and candle: (پادری بد دعا یا لعنت کے ساتھ کہتے ہیں) -

b.-buoy: گھنٹی دار تریندا ؛ گھنٹی "پیراک پیپا"

b.-flower: گھنٹی نما ؛ ایک پودا جس کا پھول گھنٹی کی شکل کا ہوتا ہے -

b.-foundry, founder, founding: گھنٹی کا کارخانہ وغیرہ گھنٹی ڈھالنے والا ؛ گھنٹی ڈھالنے کا کام -

b.-glass: شیشے کا جھانپو ؛ پردا پوش -

b.-hanger: گھنٹی والا ؛ مکان میں گھنٹیاں اور گھنٹیوں کی ڈوریاں وغیرہ لگانے والا کاریگر -

b.-hop: ہوٹل کا چھوکرا (ممالک متحدہ امریکا کی عامیانہ اصطلاح)-

b.-metal: ملواں دھات ؛ بھرت -

b.-pull: گھنٹی کی ڈوری یا رسی -

b.-wether: وہ بھیڑ جو سب کے آگے چلتی ہے اور جس کے گلے میں گھنٹی پڑی ہوتی ہے -

bear OR *carry away the b.*: سبقت لے جانا ؛ اول آنا -

one to eight bb.: آدھے آدھے گھنٹے کا پہرا -

sound, clear, as a b.: صاف ؛ بے داغ ؛ بےنفس ؛ صحیح سالم -

Bell, *v.t.*: گھنٹی لگانا ؛ گھنٹی باندھنا

b. the cat: اوروں کے لیے جوکھوں میں پڑنا ؛ خطرے کی مہم انجام دینا -

Bell, *n.*: بارہ سنگھے یا ہرن کی مستی کی آواز ؛ بو بو -

Belladona, *n.*: بیلاڈونا ؛ بلاڈر -

Belle, *n.*: حسینہ ؛ حسینوں کی سر تاج-

belles-lettres, *n.*: خالص ادبی تصانیف ؛ ادب -

belletrist, *n.*: ادیب -

belletristic, *a.*: ادبی -

Bellicose, *a.*: جھگڑالو ؛ لڑاکا -

bellicosity, *n.*: لڑاکا پن

Belligerency, *n.*: شریک جنگ کی حیثیت (دول کے لئے) -

Belligerent, *a. & n.*: شریک جنگ ؛ محارب -

Bellona, *n.*: (۱) جنگ کی دیوی (۲) جنگ مجسم -(۳) رعب دار وجیہہ عورت -

Bellow, *v.t. & i. & n.*: (۱) ڈکارنا ؛ چیخنا ؛ چلانا ؛ گونجنا -(۲) توپ کی آواز ؛ گونجدار آواز -

Bellows, *n. pl.*: (۱) دھونکنی -(۲) اشتعال کے ذرائع -(۳) پھیپھڑے -

the horse has *b. to mend*: گھوڑے میں دم نہیں رہا ؛ سانس اکھڑ گئی -

Belly, *n.*: (۱) پیٹ ؛ پیڑو ؛ معدہ ؛ بطن ؛ شکم ؛ کوکھ ؛ رحم (۲) دوزخ شکم -(۳) اشتہا ؛ بسیار خوری -(۴) خلا ؛ محدب یا مقعر حصہ -(۵) (کسی شے کا) اگلا ؛ اندرونی یا نچلا حصہ -

b.-ache: درد قولنج ؛ درد شکم -

b.-band: تنگ (گھوڑے کا) -

b.-pinched: گرسنہ ؛ فاقے سے -

b.-timber: غذا ؛ کھانا ؛ پیٹ کے تنور کا ایندھن -

b.-worship: شکم پروری ؛ سربھکا پن -

bellied, *a.*: پیٹ والا -

Belly, *v.t.&i.*: ہوا بھر جانا -

Bellyful, *n.*: بھر پیٹ ؛ پیٹ بھر کے ؛ جی بھر کے -

Belong, *v.i.*: کسی کا حق ہونا ؛ تعلق رکھنا ؛ کسی کی ملک ہونا ؛ کسی کا ہونا -

b. here: (۱) کسی جگہ رہنا -(۲) کسی تقسیم کے تحت میں آنا -

b. under OR *in*: کسی تقسیم کے تحت میں ہونا-

Belongings, *n. pl.*: متعلقات ؛ لوازمہ ؛ چیز بست ؛ مال اسباب-

Beloved, *p.p., a., &n.*: چہیتا ؛ پسندیدہ ؛ معشوق ؛ محبوب

Below, *adv. & prep.*: (۱) نیچے ؛ تلے ؛ تحت ؛ زمین میں -(۲) مکان کی نیچے کی منزل میں -(۳) جہاز کے اس حصے میں جو عرشے سے نیچے ہو -(۴) دریا کے بہاو یا اتار کی طرف -(۵) جہنم یا تحت الثریٰ میں -(۶) ذیل میں ؛ آگے -(۷) خلاف شان ؛ شان کے منافی -

b.-one's breath: بہت آہستہ سے -

b.-stairs: نیچے کی منزل میں ؛ مکان کے نیچے کے حصے میں (شاذ) -

Belt, *n.*: (۱) دھات کا پتر ؛ پتا ؛ حلقہ -(۲) (اون یا ٹاٹ کا پٹکا) کمر بند ؛ پرتلا ؛ پیٹی -(۳) (جغرافیہ) آبنائے -(۴) (ہیئت) منطقہ -(۵) (ارضیات) درختوں کی پٹی یا قطار -(۶) (میکانیات) تسمہ ؛ مال (۷) رنگ یا کسی شے کی پٹی (درخت وغیرہ) -

Great and Little B.: آبنائے اکبر ؛ آبنائے اصغر (بحر بالٹک کی آبنائے) -

hit below the b.: قاعدے کے خلاف وار کرنا ؛ ناجائز وار کرنا -

Belt, *v.t.*: (۱) باندھنا ؛ پٹی لگانا ؛ گھیرنا -(۲) تسمے سے مارنا -(۳) رنگ کا حلقہ بنانا -

Belvedere, *n.*: سیر بین برج

Belying: دیکھو BELIE

Bema, *n.*: قدیم ایتھنس کے جلسوں کا اسٹیج یا چبوترا -

Bemire, *v.t.*: کیچڑ سے لت پت کرنا ؛ دلدل میں پھنس جانا -

Bemoan, *v.t.* : (۱) رونا ؛ آہ بھرنا - (۲) کسی کی موت پر ماتم کرنا -

Bemuse, *v.t.* : (دماغ) مختل کردینا -

Bench, *n.* & *v.t.* : (۱) بنچ - (۲) کشتی کی بنچ - (۳) حکام عدالت ؛ جج - (۴) عدالت کا اجلاس ؛ عدالت - (۵) کاریگروں کے کام کی میز- (۶) دیوار میں لگی ہوئی پتھر کی بنچ - (۷) پارلیمنٹ میں کسی خاص جماعت کی نشست - (۸) (*vb.*) کتوں یا دوسرے جانوروں کو نمائش میں پیش کرنا-

b.-mark : پیمائش میں سطح معلوم کرنے کے نشان -

b.-table : خانقاہ میں پتھر کی نشست -

be raised to, be on, the b. : جج یا بشپ (اسقف) بنایا جانا -

Bencher, *n.* : انز آف کورٹ (Inns of Court) کی مجلس منتظمہ کا رکن -

Bend, *n.* : (۱) گرہ - (۲) (نقابت) متوازی لکیریں جو داہنے صدر سے بائیں قاعدے کی طرف کھینچی جائیں- (۳) کمائی ہوئی کھال کا آدھا ٹکڑا -

b.-leather : تلے کا چمڑا -

b.-sinister : دیکھو SINISTER -

Bend, *n.* : کجی ؛ خم ؛ موڑ ؛ مڑا ہوا حصہ (کسی چیز کا) -

Bend, *v.t.* & *i.* : (۱) جھکنا ؛ جھکانا - (۲) بھویں چڑھانا یا جھکانا (غم غصے یا غور و فکر میں) - (۳) گرہ لگانا - (۴) پھیرنا ؛ موڑنا - (۵) تل جانا ؛ مصمم ارادہ کرنا - (۶) سر خم کرنا ؛ سر جھکانا - (۷) اپنی بات منوانا -

bender, *n.* : چھ پنس کا سکہ -

Beneaped, *a.* : ایسی چیزیں جو جزر کے وقت ساحل پر رہ جائیں ؛ ساحل اُفتادہ -

Beneath, *adv.* & *prep.* : نیچے ؛ زیر ؛ تحت میں -

b. contempt etc. : ہیچ ؛ ہیچ و پوچ -

b. one : نا زیبا ؛ خلاف شان -

benedicite, *n.* : برکت ؛ دعا -

the B. : عیسائیوں کی ایک مناجات -

Benedick, *n.* : نیا بیاہا ، خصوصاً وہ شخص جس نے کنوارا رہنے کا ارادہ کرلیا تھا مگر بالآخر اُس عہد کو توڑا -

Benedictine, *a.* & *n.* : (۱) ایک قسم کی شراب - (۲) سیاہ پوش (راہب) ؛ سینٹ بینی ڈکٹ کے طبقے کا (راہب)-

Benediction, *n.* : برکت ؛ دعائے خیر ؛ اشیر باد ؛ دھن باد -

Benedictory, *a.* : دعائیہ -

Benedictus, *n.* : عیسائیوں کی ایک مناجات -

Benefaction, *n.* : (۱) دان پن ؛ خیرات ؛ کار خیر - (۲) احسان -

Benefactor, *n.* : (-tress مونث) محسن ؛ مربی ؛ سرپرست -

Benefice, *n.* : کلیسائی وقف یا جاگیر -

beneficed, *a.* : موقوفہ ؛ (عہدہ) جس کے ساتھ وقف یا جاگیر ہو-

Beneficence, *n.* : احسان ؛ نیکی

beneficent, *a.* : مخیر ؛ کریم النفس ؛ اُپکاری -

beneficently, *adv.* : کریمانہ -

Beneficial, *a.* : سود مند ؛ فائدہ بخش ؛ مفید ؛ اچھا - (۲) (قانون) حق انتفاع کے متعلق -

beneficially, *adv.* : سود مندانہ ؛ حق انتفاع کے طور پر -

Beneficiary, *a.* & *n.* : (۱) کلیسائی جاگیر- (۲) جاگیر دار-

Benefit, *n.* : (۱) وظیفہ (پنشن) ؛ گزارہ - (۲) حق استثنا - (۳) وہ تماشا یا کھیل جس کی آمدنی کسی خاص شخص یا ادارے کو دی جائے - (۴) (عامیانہ) زحمت ؛ تکلیف -

b.-society,-club : ایسی انجمنیں جو اپنے ارکان کی زندگی وغیرہ کا بیمہ کرتی ہیں اور ارکان کے جمع شدہ چندے کی رقم سے انہیں بیماری اور ضعیفی میں اور تجہیز و تکفین کے لیے امداد دیتی ہیں -

Benefit, *v.t.&i.* : فائدہ اُٹھانا ؛ فائدہ پہنچانا -

Benevolence. *n.* : (۱) کریم النفسی ؛ کرم ؛ فیض رسانی - (۲) (تاریخ انگلستان) جبری قرضہ -

Benevolent, *a.* : کریم ؛ کریم النفس ؛ فیض رساں ؛ مخیر -

benevolently, *adv.* : کریم النفسی سے ؛ مخیرانہ -

Bengal, *a.&n.* : بنگال -

B. light : ہوائی یا چرخی جو سگنل کے طور پر کام آئے -

B. stripes : گیگم (کپڑا) -

B. tiger : شیر -

Bengali,-alee, *n.* & *a.* : بنگالی -

Benighted, *p.p.* & *a.* : (۱) شب گرفتہ - (۲) ظلمت و گمراہی میں مبتلا ؛ گمراہ -

Benign, *a.* : (۱) مہربان ؛ نیک دل ؛ شفیق ؛ فائدہ بخش ؛ ساز گار - (۲) خفیف (مرض) -

benignly, *adv.* : شفقت سے ؛ مہربانی سے -

Benignant, *a.* : مہربان ؛ شفیق ؛ ساز گار -

benignancy, *n.* : مہربانی ؛ شفقت -

benignantly, *adv.*: شفیقانہ -

Benignity, *n.* : بزرگانہ عنایت ؛ شفقت ؛ الطاف ؛ کرم ؛ مہربانی ؛ کرپا -

Benison, *n.* : برکت ؛ دعا -

Benjamin, *n.* : چھوٹا لاڈلا بچہ -

B.'s mess : بڑا حصہ -

Benjamin, *n.* : (غالباً Benzoin کی بگڑی ہوئی صورت) = Benzoin

B. tree : (۱) درخت جس سے Benzoin نکلتی ہے - (۲) شمالی امریکا کا جھاڑی دار پودا جس کی چھال خوشبو دار ہوتی ہے -

Bennet, *n.* : دیکھو HERB اور BENT -

Bent, *n.* : (۱) نے کی قسم کی گھاس ؛ نرسل وغیرہ - (۲) کھلی چراگاہ -

way B., stool B. : پودوں کی قسمیں -

Bent, *n.* : میلان ؛ رغبت ؛ رجحان-

to the top of one's b. : جی بھر کے -

Bent : دیکھو BEND, *v.t.&i.*

Benthamism, *n.* : بنتھم کا نظریہ ؛ افادیت ؛ سود مندی -

Benthamite, *n.* : بنتھمی ؛ إفادی ؛ اصول سود مندی کا ماننے والا -

ben trovato, *a.* : اچھی گھڑت ؛ نہایت چسپاں (چاھے صحیح نہ ھو) -

Benumb, *v.t.* : سُن کرنا ؛ بے حس کرنا ؛ بے بس کرنا -

Benzene,-ine, *n.* : ایک خوشبو دار ھائیڈروکاربن جس سے چکنائی کے دھبے صاف ھوتے ھیں ؛ بنزین -

Benz (o) - : (سابقہ) لوبانی -

Benzoin, *n.* : جاوای لوبان -

benzoic, *a.* : لوبانی -

Benzoline, *n.* : غیر خالص بنزین ؛ مرکب بنزین -

Bequeath, *v.t.* : میراث کے طور پر چھوڑنا ؛ وصیت کے ذریعے سے دینا ؛ آئندہ نسلوں کے لیے چھوڑ جانا (مثال وغیرہ) -

Bequest, *n.* : مال جو وصیت کی رو سے پہنچے ؛ میراث -

Berate, *v.t.* : جھڑکنا ؛ لعنت ملامت کرنا ؛ (اب زیادہ تر امریکا میں استعمال ھوتا ھے) -

Berber, *n.&a.* : بربری (نسل) -

Berberry, *n.* : دیکھو BARBERRY-

Bere, *n.* : ایک قسم کا جو -

Bereave, *v.t.* : (۱) چھین لینا ؛ محروم کرنا ؛ لے لینا - (۲) اداس کرنا - (۳) گزر جانا (کسی عزیز کا) -

bereavement, *n.* : سوگ -

Berg, *n.* : دیکھو ICEBERG -

Bergamot, *n.* : (۱) لیمو یا سنترے کا عطر - (۲) لیمو کی نوع کا ایک درخت -

Bergamot, *n.* : ناشپاتی کی قسم کا درخت -

Bergschrund, *n.* : (G) پہاڑ کے بالائی حصے اور گلیشیر کے درمیان خالی جگہ -

Berhyme, *v.t.* : (نظم میں) کسی کی ھجو لکھنا ؛ نظم کرنا -

Beriberi, *n.* : بربری ؛ استسقا کی قسم کی بیماری -

Berkeleian, *n.&a.* : برکلے کا (فلسفہ) یا برکلے کا پیرو؛ برکلی -

Berlin, *n.&a.* : (۱) برلین ، جرمانیا کا پایۂ تخت - (۲) چار پہیوں کی بند چھت دار گاڑی ؛ برلین

B. black : لوھے کی وارنش -

B. gloves : اونی بنے ھوئے دستانے -

B. iron : چیزیں ڈھالنے کا لوھا -

B. warehouse : رنگین اونی تاگے کی دکان -

B. wool : رنگین اونی تاگا -

Berm, *n.* : فصیل اور خندق کے درمیان کی منڈیر -

Bernardine, *a.* & *n.* = cistercian : برنارڈی راھب (سنٹ برنارڈ کے نام پر) -

Berry, *n.* : چھوٹے چھوٹے گوندنی (یا گوندنی) کے سے پھل جن میں گٹھلی نہیں ھوتی مگر گودے میں لپٹے ھوئے بہت چھوٹے بیج ھوتے ھیں - سرد ملکوں میں اُس کی بہت سی قسمیں ھیں -

Berry, *v.i.* : (۱) گوندنی کی قسم کے درختوں میں پھل آنا اِسی سے صفت berried - (۲) پھل چننا -

bersaglieri, *n. pl.* : [It.] قادر انداز -

Berserk (er), *n.* : نارس قوم کا وحشی جنگ جو سپاھی -

Berth, *n.* : (۱) جہاز بھر رستہ (سمندر میں) (دور رھنا بچنا : *give wide b. to*) - (۲) لنگر انداز جہاز کے ھلنے جلنے کی کافی جگہ - (۳) جہاز میں کوٹھی کی جگہ - (۴) مناسب مقام (کسی شے کے لیے) - (۵) سونے کی جگہ (جہاز یا ریل میں) - (۶) جگہ ؛ خدمت ؛ ملازمت -

Berth, *v.t.* : (۱) سونے کی جگہ مہیا کرنا - (۲) لنگر انداز کرنا ؛ جہاز کا ٹھیرانا -

Bertha, Berthe, *n.* : گلے کے نیچے کی جھالر (عورتوں کے کھلے گلے کے لباس میں) -

Big Bertha: ایک بہت بڑی توپ کا لقب جس سے جرمانیوں نے جنگ عظیم میں پیرس پر گولہ باری کی تھی

Bertillon system, *n.* : پیمائش سے مجرموں کی شناخت کا خاص طریقہ ؛ برٹیونی طریقہ -

Beryl, *n.* : زبرجد ؛ زمرد وغیرہ -

Beryllium, *n.* : ایک قسم کی دھات ؛ بیریلیم -

Beseech, *v.t.* : اِلتجا کرنا ؛ اِستدعا کرنا - منت سماجت کرنا - منتی کرنا ؛ التماس کرنا -

Beseeching, *a.* : عاجزانہ ؛ اِلتجا بھری ، منت بھری (نظر یالہجہ)

beseechingly, *adv.* : عاجزانہ طور پر ؛ منت سماجت سے -

Beseem, *v.t.* : لائق ھونا ؛ زیب دینا ؛ سزا وار ھونا ؛ شایان شان ھونا -

beseemingly, *adv.* : موزوں طور پر ؛ سزاوار -

Beset, *v.t.* : (۱) ٹوٹ پڑنا ؛ جاپڑنا - (۲) محاصرہ کرنا ؛ گھیرلینا ؛ گھیرنا - (۳) رستہ روک لینا - (۴) نرغا کرلینا (مصائب و آفات و ترغیبات کا) -

besetting sin: جنم پاپ ؛ لاگو عیب (وہ اخلاقی کمزوری جو چھٹ نہ سکے) -

Besetment, *n.* : (۱) لاگوعیب - (۲) گھیرا جانا ؛ محاصرہ -

Beshrew, *v.t.* : خدا کی مار ھونا -

Beside, *prep.* : (۱) لگ بھگ ؛ آس پاس ؛ کنارے ؛ نزدیک ؛ پاس ؛ متصل - (۲) مقابلے میں -(۳) ھٹا ھوا (مطلب سے یا نشانے سے) -

be b. one *self*: (۱) آپے سے باھر ھوجانا (خوشی یا غم میں) ؛ جامے سے باھر ھوجانا- (۲) حواس بجا نہ رھنا (غم و غصہ میں)-

Besides, *adv. & prep.* : مزید برآں ؛ علاوہ ؛ سوا اُس کے ؛

Besiege, *v.t.* : (۱) محاصرہ کرنا ؛ گھیرا ڈالنا ؛ نرغا کرنا - (۲) درخواستوں کی بھر مار کرنا -

besiege, *a.* : محصور -

besieger, *n.* : محاصرہ کرنے والا -

Beslaver, *v.t.* : (۱) تھوک سے آلودہ کرنا - (۲) ذلیل خوشامد کرنا ؛ مداھنت کرنا -

Beslobber, *v.t.* : (۱) پچھلے لفظ کے ھم معنی- (۲) چٹ چٹ بوسے لینا ؛ بے حساب بوسے لینا -

Beslubber, *v.t.* : چپڑنا ؛ آلودہ کرنا -

Besmear, *v.t.* : لھسنا ؛ ملنا ؛ لیپ کرنا -

Besmirch, *v.t.* : بے آب کرنا ؛ بدرنگ کرنا ؛ میلا کرنا -

Besom, *n.* & *v.t.* : (۱) جھاڑو ؛ جاروب - (۲) صاف کرنا ؛ جھاڑو دینا -

Besot, *v.t.*: بدمست کردینا ؛ بد حواس کردینا ؛ مدھوش کردینا ؛ بے حس کردینا ۔

Besought: دیکھو BESEECH ۔

Bespangle, *v.t.*: افشاں چننا ۔

Bespatter, *v.t.*: (۱) دھبے ڈالنا ؛ گندہ کرنا (۲) گالیاں دینا گالیوں یا خوشامد کی بھر مار کرنا

Bespeak, *v.t.*: (۱) پہلے سے ٹھیرا لینا ۔ (۲) منگانا ؛ فرمائش کرنا ؛ مال یا اشیا کی ۔ (۳) مشروط کرنا ۔ (۴) شعر ؛ مخاطب کرنا ۔ (۵) اظہار کرنا ۔

bespoke bootmaker: فرمائش پر جوتے بنانے والا ۔

bepoken, *p.p. & a.*: فرمائشی ؛ پہلے سے ٹھیرا یا ھوا ۔

Besprent, *p.p. & a.*: منتشر ؛ بکھرا ھوا ؛ چھڑکا ھوا ۔

Besprinkle, *v.t.*: چھڑکاو کرنا ؛ چھڑکنا ؛ بکھیرنا

Bessemer, *a. & n.*: *B. process*: وہ طریقہ جس میں لوھے کو پگھلا کر اُس کی کاربن اور دوسری کثافتیں نکال دی جاتی ھیں اس طریقے کا موجد بیسیمر تھا اِس لیے "بیسیمری طریقہ"

B. iron, B. steel: بیسیمر کے طریقے پر بنایا ھوا لوھا یا فولاد ۔

Best, *a. & adv.*: سب سے اچھا ؛ بہترین ؛ کامل ؛ افضل ؛ بہت عمدہ ؛ اصلح ؛ احسن ۔

b. abused: سب سے زیادہ بدنام اور مطعون ۔

one's b. girl: (عامیانہ) معشوقہ ۔

b. man: دولھا کا ساتھی ؛ شہ بالا ۔

b. seller: خوب بکنے والی ، عوام پسند ناول وغیرہ ۔

at b.: زیادہ سے زیادہ ؛ اچھی سے اچھی (صورت میں

bad is the b.: جو کچھ بھی ھے اُسے غنیمت سمجھو ۔

be at one's b.: درجۂ کمال پر ھونا ۔

did it for the b.: نیک نیتی سے کیا ۔

do one's b.: انتہائی زور لگانا ؛ حتی المقدور کوشش کرنا ۔

had b....: بہتر یہی ھے کہ ؛ مناسب یہی ھے کہ ۔

have the b. of it: ور رھنا ؛ غالب آنا ؛ جیتنا (مناظرے وغیرہ میں) ۔

make the b. of things: جو موجود یا ممکن ھو اُس پر قناعت کرنا ۔

make the b. of one's way: جتنی تیزی سے ممکن ھو چلنا ۔

one's b. or Sunday b.: بہترین لباس ۔

put b. leg or foot foremost: مقدم بڑھا کر چلنا ؛ اپنی سی کرنا ۔

the b. is the enemy of the good: حد سے اونچا معیار ترقی کا مانع ھے ۔

the b. part: سب سے زیادہ ؛ سب سے بڑا حصہ ۔

to the b. of one's power: حتی المقدور

with the b.: کسی سے کم نہیں ۔

Best, *v.t.*: غالب آنا ؛ زک دینا (چالاکی سے) ۔

Bestead, *v.t. & i.*: مدد دینا ؛ کام آنا ۔

Bested, *p.p. & a.*: پھنسا ھوا ؛ گھرا ھوا (مشکلات وغیرہ میں) ۔

Bestial, *a.*: (۱) بہایم جیسا ؛ وحشی ۔ (۲) بدکار ؛ شہوت پرست ؛ نفس پرست ؛ نجس ؛ ناپاک ۔ (۳) چرپایوں کا ۔

bestiality, *n.*: بد کاری ؛ بہیمیت ؛ شہوت پرستی ؛ نا پاکی

bestialize, *v. t.*: جانور بنانا ؛ وحشی بنانا ؛ اخلاق بگاڑنا ۔

bestially, *adv.*: جانور پن سے ؛ وحشیانہ طور پر ؛ شہوت پرستی سے ۔

Bestiary, *n.*: پند و موعظت کی کتاب جو جانوروں کے قصوں کے پیرائے میں لکھی جائے ؛ جیسے انوار سہیلی ۔

Bestir, *v. i. (refl.)*: دوڑ دھوپ کرنا ؛ زور لگانا ؛ مستعدی دکھانا ؛ جد و جہد کرنا ۔

Bestow, *v. t.*: (۱) ٹھیرانا ؛ قیام کا انتظام کرنا ۔ (۲) رکھ دینا ۔ (۳) سرفراز کرنا ؛ عطا کرنا ۔

Bestrew, *v. t.*: بکھیرنا ؛ پھیلانا ؛ چھڑکنا ؛ بکھرا ھونا ۔

Bestride, *v. t.*: (۱) سوار ھونا ؛ سواری کرنا ؛ چڑھنا ۔ (۲) دونوں پانوں پھیلا کر کھڑے ھونا ۔

Bet, *n. & v. i. & t.*: (۱) برد ؛ داؤں ؛ بازی ؛ شرط ۔ (۲) بازی لگانا ؛ جوا کھیلنا ؛ شرط باندھنا ؛ شرط بدنا ؛ بازی بدنا

betting-book: شرط کھاتا (گھوڑ دوڑ) ۔

you b.: (عامیانہ) یقین جانو ۔

Beta, *n.*: (۱) یونانی ابجد کا دوسرا حرف ۔ (۲) کسی جھرمٹ کا دوسرا ستارہ ۔

Betake, *v. refl.*: (۱) اختیار کرنا (ذریعہ یا طریقہ) ۔ (۲) جانا (کسی شخص کے پاس یا مقام پر) ۔

Betel, *n.*: پان ۔

b.-nut: سپاری ؛ چھالیا ؛ ڈلی ۔

bete noire, n.: جس سے نفرت یا کراھت ھو ؛ ھوا ؛ بیچھا ۔

Bethel, *n.*: (۱) مقدس مقام ۔ (۲) انگلستان کے غیر مقلد عیسائیوں کا عبادت خانہ ۔

Bethesda, *n.*: غیر مقلد عیسائیوں کا عبادت خانہ ۔

Bethink, *v. refl.*: یاد کرنا ؛ سوچنا ؛ غور کرنا ؛ دل میں آنا یا سمانا ۔

Betide, *v. i. & t.*: بیتنا ؛ پیش آنا ؛ نازل ھونا ؛ آن پڑنا ۔

Betimes, *adv.*: جلد وقت میں ؛ اول وقت ؛ پہلے ؛ آگے ؛ سویرے ۔

betise, n.: بے محل گفتگو ؛ بے موقع کام ؛ حماقت کی بات یا حرکت ۔

Betoken, *v. t.*: آثار یا علامات ظاھر کرنا دلالت کرنا ؛ بتانا ۔

Betony, *n.*: ایک قسم کا اودے پھول والا پودا ۔

Betook: دیکھو BETAKE

Betray, *v. t.*: (۱) بےوفائی کرنا ؛ دغا دینا ؛ دغا سے حوالہ کردینا ؛ گمراہ کرنا ۔ (۲) راز ظاھر کردینا ؛ بلا ارادہ ظاھر کرنا ؛ ظاھر کرنا ؛ دلالت کرنا ۔

betrayal, *n.*: دغا ؛ غداری ؛ بے وفائی ؛ افشائے راز ۔

betrayer, *n.*: غدار ؛ دغاباز ؛ بے وفا ۔

Betroth, *v. t.*: نسبت کرنا ؛ منگنی کرنا ۔

betrothal, *n.*: رسم ؛ منگنی ؛ سگائی ۔

betrothed, *a. & n.*: منگیتر ۔

Better, *a., adv., & n.*: (دوسرے سے) اچھا ، بہتر ؛ (زیادہ) اچھا ؛ خوب تر ، خوش تر ؛ اولیٰ ۔

b. feelings: اعلیٰ جذبات ۔

b. off: زیادہ آسودہ حال یا خوش حال ۔

b. part: بڑا حصہ ۔

b. than: ... سے زیادہ (یا اچھا) ۔

b. than one *'s word* : وعدے سے بڑھکر کرنے والا -

be, get, b. : اِفاقہ ہونا -

change for the b. : ترقی ؛ اِصلاح -

for b. for worse : ہر حال میں راضی رھنے کے عزم سے -

get the b. of : زک دینا ؛ شکست دینا -

had b. : مناسب یہی ھے کہ ؛ بہتر ہوگا کہ -

I know b. : (۱) میں اِس بات کو نہیں مان سکتا (۲) میں اِتنا بیوقوف نہیں (کہ یہ کروں) -

no b. than : قریب قریب -

no b. than he should be : کچھ ٹھیک آدمی نہیں -

one's *b.* : اپنے سے زیادہ لائق شخص -

one's *b. half* : جورو ؛ بیوی -

one's *bb.* : اپنے سے اچھے یا بڑے لوگ (رتبے میں) -

think b. of it : اِرادہ یا خیال بدل دینا -

Better, *v. i. & t.* : (۱) بنانا ؛ درست کرنا ؛ سدھارنا ؛ سنوارنا ؛ بہتر بنانا ؛ اِصلاح کرنا (۲) (کسی سے) بڑھ جانا ؛ سبقت لے جانا -

b one*self* : ترقی کرنا ؛ بہترخدمت یا معاوضہ حاصل کرنا -

betterment, *n.* : درستی ؛ اِصلاح -

Better, -or, *n.* : شرط باندھنے والا ؛ بازی لگانے والا -

Between, *prep. & adv.* : (۱) بیچ میں؛ با ہم ؛ اندر؛ درمیان درمیان میں؛ میں؛ دونوں تک (محدود) (۳) کچھ اِس کی وجہ سے؛ کچھ اُس کی وجہ سے -

b. cup & lip : آسمان سے گرا ' کھجور پر اٹکا (امیدوں پر پانی پھرنے کے متعلق) -

b. devil & deep sea : نہ جائے ماندن ' نہ پائے رفتن -

b. -maid : ماما جو دو نوکروں کے ماتحت ہو (دونوں کے کام میں مدد دے) -

b. two stools : شش و پنج میں ؛ دبدھا میں ؛ حیص بیص میں -

b. whiles : وقفوں میں -

b. wind & water : نازک جگہ پر -

b. you and me : (یہ بات) ہم تم تک (رھے) -

betwixt & b. : نہ اِدھر نہ اُدھر -

choose b. : دو میں سے ایک کا اِنتخاب کرنا -

far b. : دیر دیر میں ؛ دور دور تک ' بڑے فاصلے یا وقفے سے -

stand b. : بیچ بچاو کرنا -

Betwixt, *prep. & adv.* : درمیان ؛ بیچ (شعر ؛ قدیم زبان ' مقامی بولی) -

Beulah, *n.* : غیر مقلد عیسائیوں کا عبادت خانہ -

Bevel, *n.* : (۱) ڈھال (۲) (معماری ' نجاری) گنیا -

b. edge : چھینی کی سي باڑھ -

b. -gear : بیول گیر -

b. -wheels : دندانے دار پہیے -

Bevel, *v. t. & i* : ڈھال ہونا یا بنانا -

Beverage, *n.* : شراب یا شربت ؛ پینے کی چیز ؛ مشروب -

Bevy, *n.* : پرا ؛ جھرمٹ ؛ جھلڑ (عورتوں ' ہرنوں ' بٹیروں ' چنڈولوں کا) -

Bewail, *v. t. & i.* : (کسی پر) رونا ؛ ماتم کرنا -

Beware, *v. i. & t.* : آگاہ ہونا ؛ خبر دار ہونا ؛ خبر دار رہنا ؛ چوکس رہنا -

Bewilder, *v. t.* : حیران کرنا ؛ گمراہ کرنا ؛ بھٹکانا ؛ الجھاو میں ڈالنا -

bewilderingly, *adv.* : پراگندگی سے ؛ پریشانی سے ؛ حیرانی سے -

bewilderment, *n.* : پراگندگی ؛ گھبراہٹ ؛ پریشانی ؛ بوکھلاہٹ -

Bewitch, *v. t.* : (۱) سحر کرنا ؛ جادو کرنا ؛ موٹھ چلانا (۲) موہنا ؛ رجھانا ؛ لبھانا ؛ فریفتہ کرنا -

bewitching, *a.* : نازنین ؛ شوخ ؛ جادو چشم ؛ سحر کار ؛ فسوں ساز ؛ دلفریب ؛ من موہن؛ موہنی ؛ دلبر' دلربا ' ہوش ربا -

bewitchingly, *adv.* : شوخی سے ؛ غمزے سے ؛ ناز سے ؛ دلفریبی سے -

bewitchment, *n.* : موہنی ؛ دلفریبی ؛ دلکشی ؛ مسحوریت -

Bewray, *v. t.* : بے خیالي میں کہہ جانا ؛ بھولے سے راز افشا کر دینا -

Bey, *n.* : بے (بیگ) ؛ ترکی گورنر -

beylic *n.* : ترکی صوبہ -

Beyond, *adv. prep. & n.* : (۱) دوسری طرف ' اُس طرف دور ؛ پر ؛ اُدھر ؛ پرے ؛ بعد (۲) (زمان) بالا ؛ زائد ؛ بڑھ کر ؛ سوا

the back of b. : دنیا کا آخری سرا -

the b. : حیات بعد ممات ؛ آخرت ؛ لوک انتر -

Bezant, *n.* : طلائی سکہ (۱۰ سے ۲۰ شلنگ کا) جو نویں صدی میں یورپ میں جاری تھا ؛ چاندی کا (۱ سے ۲ شلنگ تک) ؛ بیزانت -

Bezel, *n.* : ترشے ہوئے نگینے کا پہلو ؛ چھینی کا پہلو ؛ گھڑی کے شیشے یا نگینے کے رکھنے کا کھندانا -

Bezique, *n.* : بزک (تاش کا ایک کھیل) -

Bhang, *n.* : بھنگ ؛ بنگ ؛ حشیش -

Bi-, *pref.* : (سابقہ) دُو (جو دو کے معنے دیتا ھے) -

Bias, *n.* : (۱) ایک قدیم کھیل کے گیند کا چپٹا پن (۲) اِس گیند کا ترچھا رستہ (۳) وہ بوجھ یا قوت جس کي وجہ سے یہ گیند اپنے رستے سے ہٹ جائے (۴) میلان خاطر ؛ رجحان (۵) (مجازاً) بیجا مخالفت یا طرفداری ؛ تعصب (۶) اثر -

cut b. : اوریبی کاٹنا -

Bias, *v. t.* : ناجائز اثر ڈالنا ؛ تعصب پیدا کرنا -

Biaxial, *a.* : دُو محوری (یا دو محوری) -

Bib, *v. i.* : کثرت سے شراب پینا -

Bib, *n.* : (۱) کپڑا ' جو بچوں کے گلے میں باندھ دیا جاتا ھے کہ لباس خراب نہ ہو - (۲) ایپرن کا اوپر کا حصہ -

Bib, *n.* : ایک قسم کی مچھلی جس کے سر پر اُبھری ہوئی جھلی ہوتی ھے -

Bibasic, *a.* : (کیمیا) وہ چیز جس کی دو (کیمیائی) بنیادیں ہوں -

Bibber, *n.* : (- wine bibber) عادی شرابی ؛ پکا شرابی -

bibbing, *n. & a.* : کثرت سے شراب پینا -

Bible, *n.* : بائبل ؛ توریت (عہد عتیق) اور انجیل (عہد جدید)

کا مجموعہ ؛ آسمانی کتاب ؛ (مجازاً) وہ کتاب جس کے احکام بے چوں و چرا تسلیم کئے جائیں ؛ صحیفۂ آسمانی ۔

B. -Christian : عیسائیوں کا ایک فرقہ ۔

B. -clerk : آکسفورڈ کالج کا طالب علم، جو عبادت خانے میں بائبل پڑھ کر سناتا ھے ۔

B. -oath : حلف (بائبل پر)

B. -reader : بائبل خواں ۔

Biblical, *a.* : کتابی ؛ توریت انجیل کا ؛ توریت و انجیل سے متعلق ۔

Biblico-, *comb.* : (ترکیبی) بمعنی BIBLIO- ۔

Biblio-, *comb.* : (ترکیبی) کتابی؛ کتابوں یا بائبل سے متعلق ۔

Bibliograph- : دیکھو GRAPH- اور ذیل کا لفظ

Bibliography, *n.* : (۱) کتابیات ؛ کتابوں ، اُن کے مصنفوں اور مختلف نسخوں وغیرہ کی تاریخ ۔ (۲) اس مضمون کی کتاب ۔ (۳) کسی خاص مبحث کے متعلق کتابوں کی مرتب اور مدون فہرست ۔

Bibliolater, *n.*, **bibliolatrous**, *a.* : کتاب پرست ؛ کتابوں کا یا بائبل کا پجاری ۔

bibliolatry, *n.* : کتاب پرستی ؛ بائبل پرستی ۔

Bibliomania, *n.* : کتابیں جمع کرنے کا حد سے زیادہ شوق ؛ کتابوں کا جنون ؛ کتاب مانیا ۔

bibliomaniac, *n.* : کتابوں کا دیوانہ ؛ کتابیں جمع کرنے کا حد سے زیادہ شوقین ۔

Bibliophil (e), *n.*, **Bibliophilist**, *n.* : کتابوں کا شوقین یا مبصر ۔

bibliophilism, *n.* : کتاب کی مبصری یا کتاب کا عشق ۔

Bibliopole, **Bibliopoly**, *nn.* : (نادر) کتابوں کا تاجر ۔ (نادر) کتابوں کی تجارت ۔

Bibulous, *a.* : (۱) جاذب ؛ پانی سوک ؛ پن سکا ؛ پانی چوس ۔ (۲) شرابی ؛ میخوار ۔

bibulously, *adv.* : جاذبیت کے ساتھ ؛ شرابیوں کی طرح ۔

Bicameral, *a.* : دو مجلسی ؛ دو ایوانی (پارلیمنٹ وغیرہ) ۔

Bicarbonate, *n.* : (کیمیا) بائی کاربونیٹ؛ دُبنیادا ؛ دُتُرشاوی ۔

Bice, *n.* : (۱) نیلا اور سبز رنگ جو تانبے کے ھائیڈرو کاربونیٹ سے بنتا ھے ۔ (۲) اِسی قسم کا رنگ جو اسمالٹ (smalt) وغیرہ سے بنتا ھے ۔ (۳) ھلکا نیلا اور سبز رنگ ۔

Bicentenary, *a. & n.* : دو صد سالہ؛ دو صد سالہ جوبلی ۔

Bogle, *n.* : هوا ؛ بھوت پریت ' چڑیوں کے ڈرانے کا پتلا ؛ ڈراونا -

Bogus, *a.* : بناوٹی ؛ غیر حقیقی ؛ جھوٹا ؛ مصنوعی -

Bogy, - gey, *n.* (pl. - *ies*, - *eys*) : شیطان؛بھوت پریت ؛ ڈراونا بچھا ؛ هوا ؛ بیچھا -

Bohea, *n.* : سب سے خراب کالی چاے کی پتی -

Bohemian, *a. & n.* : لاأبالی ؛ آزاد مشرب ؛ اوباش -

Bohemianism, *n.* : لاأبالی پن -

Bohemianize, *v.i.* : لاأبالی بنانا -

Boil, *n.* : پھوڑا ؛ دنبل ؛ پھنسی -

Boil, *v.t. & i.* : ابلنا ؛ جوش دلانا ؛ اُبال آنا ؛ جوش میں آنا ؛ اُبلتے هوے پانی کی گرمی سے پکانا یا پکنا ؛ ابل جانا -

b. down, away : پانی کو بھاپ بنا کر اُڑا دینا -

b. over : ابل جانا ؛ کھول جانا ؛ اُبل پڑنا

b. oiled shirt : کلپ دار قمیص -

blood boils : (غصے میں) خون کھولتا هے -

keep the pot boiling : گزران کرنا ؛ کام چلانا ؛ کھانے بھر کا کما لینا -

Boil, *n.* : تبخیر ؛ اُبلنا ؛ نقطہ تبخیر -

Boiler, *n.* : گرم پانی کا ظرف جو چولھے کے ساتھ لگا هوتا هے ؛ بائیلر ؛ اُبالنے والا ؛ بھٹی (دھوبی کی) ؛ ترکاریاں ' جو اُبال کے کھانے کی هوں -

b.- iron, b.- plate : ¼ سے ½ انچ تک کی موٹی لوھے کی چادر -

b.- tube : بھاپ نلی

Boiling, *n.* : اُبلنا وغیرہ -

b. - hot : بہت سخت گرم -

b.- point : نقطہ جوش ؛ اِنتہائی اِشتعال یا جوش -

the whole b. : (بازاری) سب ؛ کل -

bois de rose (bwah-), *n.* : بھورے رنگ کے مختلف مدارج (گہرے یا هلکے هونے کے لحاظ سے) -

Boisterous, *a.* : تند ؛ تیز ؛ اُدھم مچانے والا ؛ شور غل یا غل غپاڑا کرنے والا -

boisterously, *adv.* : تندی سے ؛ شور غل کے ساتھ -

Boko, *n.* : (بازاری) ناک -

Bold, *a.* : دلیر ؛ جری ؛ جیورت؛ باعزم ؛ همت کرجانے والا ؛ من چلا ؛ اپنے نفس پر بھروسا رکھنے والا -

make (so) b. (as) : جوانمردی کرنا ؛ همت کرنا -

boldly, *adv.* : دلیری سے ؛ بے باکانہ ؛ نمایاں طور پر وغیرہ -

boldness, *n.* : جیورت؛جرات ؛ دلیری ؛ من چلاپن وغیرہ -

Bole, *n.* : تنہ -

Bolection, *a. & n.* : دلے کے اوپر کا اُبھرواں کام -

bolero, n. : هسپانوی رقص ؛ لیڈیوں کی جاکٹ -

Bolide, *n.* : آگ کا گولا ؛ بڑا شهاب ثاقب -

Boll, *n.* : بونڈا -

bolled, *a.* : بونڈے والا -

Bollard, *n.* : جهاز یا گودی پر رسیاں لٹکانے کا کھمبا یا شھتیر -

Bolometer, *n.* : شعاع پیما -

Bolshevik, *n.* : بولشویک ؛ انقلاب پسند ؛ (سیاسی) انتہا پسند -

Bolster, *n.* : (۱) تکیہ ؛ گدا - (۲) (مشینوں اور اوزاروں کی) کدی -

Bolster, *v.t. & i.* : تلف شدنی شے کو بچانا ؛ سہارا دینا ؛ ٹیکا دینا ؛ گدی لگانا ؛ تکیے کا سہارا دینا ؛ إعانت مجرمانہ کرنا ؛ گدی باندھنا ؛ شہ دینا ؛ (مدارس) تکیے بازی کرنا -

b.-fight : تکیوں کی لڑائی ؛ تکیے بازی۔

Bolt, *n.* : (۱) لڑائی جھگڑا (۲) تیر ؛ بانک ؛ چٹخنی ؛ بلی ؛ قفل کا کھٹکا ؛ پیچ - (۳) بجلی کی کوند ؛ صاعقہ - (۴) کرمچ کا لپٹا ہوا تھان ؛ بیدوں کا گٹھا -

b. from the blue : ناگہانی سانحہ وغیرہ ۔

b.- rope : رسی کا مڑا ہوا سرا -

fool's b. soon shot : بیوقوف جلد بول اٹھتا ھے اور جلد چپ ھوجاتا ھے -

Bolt, *v.i. & t.* : قابو سے باھر ھوجانا (گھوڑا) ؛ چمپت ھونا ؛ رفو چکر ھونا ؛ چھلانگ مارنا ؛ ھڑپ کر جانا ؛ بے چبائے نگل جانا -

b. in : پیچوں سے کس دینا ؛ دروازے کی چٹخنی لگا لینا ؛ زنجیر دے لینا ؛ بند کرلینا -

b. out : دروازے بند کرکے اندر نہ آنے دینا -

Bolt, *n.* : بدکنا ؛ چونک پڑنا ؛ فرار -

Bolt, *adv.* : کھونٹا سا سیدھا ھو بیٹھنا (upright کے ساتھ)

Bolt, Boult, *v.t.* : چھان بین کرنا ؛ جانچنا ؛ پرکھنا ؛ چھاننا ؛ بیننا -

Bolter, Boulter, *n.* : (۱) منہ زور (گھوڑا) - (۲) چھان بین کرنے والا - (۳) چھلنی -

Bolus, *n.* : بڑی گولی ؛ حب کلاں -

Bomb, *n., & v.t. & i.* : بم کا گولا ؛ بم پھینکنا ۔

b.- proof : بم روک ' جس پر بم کے گولے کا اثر نہ ھو -

b.- shell : توپ کا گولا -

bomber, *n.* : سپاھی ؛ ایروپلین جو بم کے گولے مارتا ھے -

Bombard, *v.t.* : گولہ باری کرنا (خصوصاً جنگی جہاز کا) ؛ بحث میں مقابل پر دلیلوں اور گالیوں وغیرہ کی بھرمار یا بوچھار کردینا ۔

bombardment *n.* : گولہ باری -

Bombardier, *n.* : توپ خانے کے نان کمیشن افسر -

Bombardion-one, *n.* : نیچے سروں کا پرنچی باجا ؛ ارگن باجے کے نیچے سروالے پردے -

Bombasine, *n.* : اون اور ریشم یا اون یا سوت کا ملا ھوا کپڑا جو ماتمی لباس کے لیے استعمال ھوتا ھے -

Bombast, *n.* : بیجا عبارت آرائی یا بلند پروازی ؛ بڑھ بڑھ کے باتیں کرنا ؛ بڑابول -

bombastic, *a.* : بیجا عبارت آرائی یا بلند پروازی کے متعلق -

bombastically, *adv.* : بیجا عبارت آرائی کے طور پر -

bon, bonne, a. : [فرانسیسی] اچھا ؛ اچھی -

bona fide, a. & adv. : حقیقت میں ؛ اصل میں ؛ اصلی ؛ سچا ؛ حقیقی -

bona fides, n. : خلوص نیت ؛ نیک نیتی (قانون) -

Bonanza, *n. & a.* : (۱) خوش قسمتی ؛ خوش حالی - (۲) خوب کامیاب - (۳) کثرت پیدا وار (خاص کر کانوں کے متعلق) - (۴) بہترین آلات کے ساتھ - (۵) خوش قسمتی کا دور -

bon-bon, n. : [فرانسیسی] مٹھائی کی گولیاں -

Bonce, *n.* : گولیوں کا کھیل ؛ کھیل کی گولیاں -

Bond, *n.* : (۱) قید ؛ بندھن - (۲) بندش ؛ رابطہ ؛ دستاویز - (۳) اقرار نامہ ؛ معاهدہ - (۴) بانڈ ؛ ڈبنچر -

bond holder : جس کے پاس ڈبنچر ھوں -

b.- stone : جوڑ پتھر (دیکھو BINDER) -

B. street : لندن کی ایک سڑک جہاں فیشن ایبل لوگ سیر کو جاتے ھیں -

English b., Flemish b. : دیوار میں اینٹیں چننے کے مختلف طریقے -

in bb. : کروڑگیروں کی نگرانی میں -

take out of b. : اداء محصول کے بعد مال وصول کرنا -

Bond, *v.t.* : (۱) کروڑگیروں کی تحویل میں مال رکھنا - (۲) پتھر یا اینٹیں جوڑنا ؛ (۳) تمسک لکھ کر مکفول کرنا -

bonder, *n* : (۱) کروڑگیروں کے گودام میں مال رکھنے والا - (۲) مکفول جائداد کا مالک -

bond, n. : ایکا ؛ اتحاد ؛ جماعت -

Bond, *a.* : زرخرید (غلام) -

bondmaid, *n.* : باندی ؛ لونڈی -

bondman, bondsman, bondslave, *n.* : غلام -

bondservant, *n.* : حلقہ بگوش ؛ زرخرید -

bondservice, *n.* : غلامی -

Bondage, *n.* : غلامی ؛ قید ؛ پابندی

Bonded, *a.* : (۱) مکفول (جائداد) - (۲) سامان (جو کروڑگیری میں رکھا ھو) - (۳) قرض (جو تمسک کے ذریعے حاصل کیا گیا ھو) -

Bondsman, *n.* : غلام ؛ (استعارتاً) حلقہ بگوش ؛ مطیع -

Bone, *n.* : (۱) استخوان ؛ ھڈی ؛ مچھلی کا کانٹا - (۲) (جمع) جسم ؛ لاش - (۳) جسم کا سخت یا خاص حصہ - (۴) وہ اجزا جن سے ھڈی بنتی ھے - (۵) ھڈی جیسی چیزیں مثلاً ھاتھی دانت وغیرہ - (۶) ھڈی کی بنی چیز - (۷) گوشت کا بچا ھوا ٹکڑا - (۸) جھگڑا ؛ جس چیز پر جھگڑا ھو ؛ استخواں پیش سگاں -

b.- dry : بالکل خشک ؛ تارک شراب ۔

b. of contention : جس پر جھگڑا ھو ؛ متنازع فیہ ۔

b.- setter : ھڈی بٹھانے والا -

b.- shaker : بائسکل ' جس پر ربڑ نہ چڑھی ھو -

b.- spavin : گھوڑوں کے پیر کا بدگوشت ' ھڈا موتھڑا -

b. to pick with some one : کسی معاملے میں (کسی سے) نپٹنا

bred in the b. : سرشت میں ؛ گھٹی میں -

feel in one's bb. : پوری طرح یقین رکھنا -

flesh & b. : جسم کا ٹھوس اور ضروری حصہ -

horse with plenty of b. : اچھی بڑی کاٹھی کا گھوڑا -

make no bb. of, about, or to. : تامل نہ کرنا ؛ پس و پیش نہ کرنا -

skin & b. : مشت استخواں ؛ دبلا پتلا آدمی -

to the b. : ھڈی تک پہنچنے والا -

will never make old bb.: بڑی عمر تک نہ پہنچے گا -

Bone, *v.t.*: گوشت سے ہڈی یا مچھلی سے کانٹے الگ کرنا ؛ (عامیانہ) چرانا -

Bonfire, *n.*: (۱) بروب ' وہ آگ جو خوشی کے موقع پر جلائی جائے - (۲) کوڑا کرکٹ جلانے کی آگ -

make a b. of: تلف کرنا -

Bongo, *n.*: افریقی چیتل -

bonhomie, *n.*: خوش مزاجی ؛ یارباشی

Boniface, *n.*: بھٹیارا ؛ سرائے والا -

bon mot, *n.* (pl. *bons mots*): چٹکلا ؛ لطیفہ -

bonne, *n.*: خادمہ ؛ کھلائی -

bonne bouche (-oosh), *n.*: لذیذ کھانا جو آخر میں کھایاجائے -

bonnes fortunes, *n.*: حسینوں کی عنایت -

Bonnet, *n.*: (۱) اہل اسکاٹستان کی ٹوپی (مردوں کی) - (۲) عورتوں کی بے چھجے کی ٹوپی جو دو ڈوریوں سے کھلتی اور بند ہوجاتی ہے - (۳) بادبان کے نیچے کی حفاظتی کرچ - (۴) چمنی کا ڈھکنا ؛ چھوٹی کلوں کا ڈھکنا (۵) موٹر کار کے انجن کا قبضے دار ڈھکنا - (۶) (نیلام اور جوے میں) وہ شخص جو ملا ہوا ہو اور جو دوسروں کو پھانسنے کے لیے بڑھ بڑھ کے بولی یا بازی لگائے (۷) لال ٹوپی (انقلابیوں کا نشان) -

bee in one's *b.*: سنک -

bonneted, *a.*: ٹوپی دار ؛ ڈھکنے دار -

Bonnet, *v.t.*: (۱) سر پر ٹوپی رکھنا - (۲) ٹوپی کو آنکھوں تک کھینچ لینا -

Bonny, *a.*: (اسکاچ) (۱) سندر ؛ خوبرو - (۲) توانا - (۳) قابل اطمینان ؛ معقول - (۴) ہشاش بشاش -

bonnily, *adv.*: قابل اطمینان یا معقول طور پر ؛ خوبصورتی سے وغیرہ -

bon ton, *n.*: (متروک) شایستہ اطوار ؛ شرفا -

Bonus, *n.*: (۱) فائدے یا بھلائی کی چیز - (۲) مزیدنفع یا فائدہ ؛ خصوصاً زائد منافع جو کمپنی کے حصے داروں کو ملے - (۳) بیمہ کرانے والوں کا منافع - (۴) انعام جو مزدوروں کو علاوہ اجرت کے دیا جائے -

bon vivant, *n.*: کھاؤ ؛ پیٹو -

Bony, *a.*: (۱) استخوانی ؛ ہڈیوں کا ؛ ہڈیوں کے متعلق - (۲) دبلا پتلا ؛ سوکھا ؛ سکھنٹا ؛ قاق - (۳) چوڑی ہڈی کا -

Bonze, *n.*: چینی یا جاپانی بدھ مت کا مذہبی پیشوا

Boo, *int.*, *n.*, & *v.t.* & *i.*: لولوبنانا ؛ لولو ؛ ایسی آواز جس سے نفرت ظاہر ہو -

Booby, *n.*: للا ؛ احمق ؛ گنٹھل ؛ گاودی -

b.-trap: دروازے پر ایسی چیز رکھنا کہ دروازہ کھولتے ہی اوپر گر پڑے -

boobyish, *a.*: احمقانہ ؛ الوسا -

Boodle, *n.*: (۱) انبار ؛ ڈھیر ؛ مجمع - (۲) سیاسی رشوت وغیرہ کی رقم - (۳) تاش کا ایک کھیل -

the whole b. or caboodle: کل سوماہلا ؛ سارا اٹالا -

Boohoo, *n.*, & *v.i.*: بھوں بھوں رونا ؛ بھوں بھوں رونا -

Book, *n.*: (۱) کتاب - (۲) (استعارۃ) کوئی ذریعہ تعلیم - (۳) خیالی صحیفہ یا تحریر جیسے (*b. of life*, *b. of fate*) (۴) بائبل - (۵) فصل ؛ مقالہ - (۶) بیاض ؛ یاد داشت کی کتاب ؛ لکھنے کی کاپی ؛ بہی کھاتا - (۷) گھوڑ دوڑ کی شرط -

bookbinder: جلد ساز -

bookbinding: جلد سازی -

bookcase: کتابوں کی الماری ؛ کتاب دان -

b.-keeper: سیاقی ؛ (تجارتی) حساب کتاب رکھنے والا ؛ سیاق دان -

b.-keeping: سیاق ؛ (تجارتی) حساب ؛ سیاق کا یا کھاتے نویسی کا فن -

b.-learned: کتابی معلومات رکھنے والا -

b.-learning or *-lore*: کتابی علم -

b.-maker: (۱) کتاب کا مولف یا مرتب - (۲) روپیے کی خاطر کتابیں لکھنے والا ؛ کتاب ساز - (۳) (گھوڑ دوڑ) پیشہ ور شرط باز ؛ بکی -

b.-making: تالیف ؛ کتاب سازی ؛ شرط بازی -

bookman: صاحب علم ؛ ادیب -

b.-mark: ترک ؛ کاغذ وغیرہ جو کتاب میں یاد داشت کے لیے رکھ دیا جاتا ہے -

b.-muslin: نفیس ململ کا تھان جو کتابی صورت میں لپیٹا جائے -

b. of fate: کرم لیکھا ؛ تقدیر کا نوشتہ -

B. of genesis: توریت کی کتاب آفرینش یا کتاب پیدائش -

b. of life: ناجیوں کی فہرست -

b. of reference: کتاب استناد ؛ سند یا حوالے کی کتاب -

b.-plate: مالک کتاب کے نام کی چٹ ' جو کتاب پر چسپاں ہو -

b.-rest: رحل -

bookseller: کتب فروش -

b.-slide: چھوٹا کتاب دان جو گھٹ بڑھ سکے -

bookstall: کتابوں کی کھلی دکان -

b.-work: کتابی کام (عملی کام کے مقابلے میں ' سائنس کے شعبے میں) -

bookworm: کتاب کا کیڑا (دیمک یا دوسرا کیڑا ' جو کتاب کو کھاجاتا ہے) نیزاستعارتاً -

bring to b.: مواخذہ کرنا -

in one's *bad or black, good, bb.*: معتوب اورملحوظ نظر -

on the bb.: رجسٹر یا فہرست میں درج -

speak like a b., by the b.: کتابی زبان بولنا ؛ کتابی معلومات بگھارنا -

swear on the b.: انجیل اٹھانا ؛ حلف اٹھانا ؛ بائبل پر قسم کھانا -

take a leaf out of one's *b.*: تتبع کرنا ؛ کسی کی تقلید کرنا -

without b.: زبانی ؛ بلاسند -

won't suit my b.: میری گوں کا نہیں ہے -

bookish, *a.*: کتاب کا کیڑا ؛ کتابی علم سے متعلق -

bookishly, *adv.*: کتابی کیڑے کے طور پر -

bookishness, *n.*: کتابی کیڑا ہونا -

booklet, *n.*: کتابچہ ؛ کتبیا -

Book, *v.t.*: رقم ادا کرکے نشست محفوظ کرنا ؛ ٹکٹ خریدنا ؛ بہی کھاتے میں ٹیپنا ؛ کتاب یا فہرست میں لکھنا ؛ (ناٹک ریل وغیرہ میں) کسی کے نام سے نشست محفوظ کرنا ؛ ریلوے ٹکٹ دینا یا لینا ؛ کسی کا پتا لکھ لینا یا لکھا دینا (مال بھیجنے کے لئے) -

Booking-clerk: ٹکٹ بابو -

Booking-office: ٹکٹ گھر -

I am booked میں پھنس گیا ؛ میں بچ نہیں سکتا -

Boom, *n.*: چوب روک ، جو بہتی ہوئی لکڑیوں کے لیے بند رگاہ کے دھانے یا دریا میں بنا دیتے ہیں ؛ بادباں کے نیچے کی لکڑی -

Boom, *v.i.*, & *n*: گرجنا ؛ دنادن کی آواز ؛ گرج ؛ کل بل ؛ کلبلانا ؛ بھنبھنا ھٹ ؛ بھنبھنانا ؛ سارس کی سی آواز ؛ سارس کی سی آواز نکالنا -

Boom, *v.t.* & *i.*, & *n.*: گرم بازاری (تجارتی کاروبار میں) ؛ گرم بازاری ؛ مشہور ہوجانا (کسی ایجاد یا خاص بات میں) ؛ شہرت پاجانا (اشتہاربازی سے) ؛ دھوم دھام سے شروع کرنا ؛ دھوم دھام -

Boomerang, *n.*: آسٹریلیا کا ایک لکڑی کا ہتیار جو پھینکنے والے کے پاس واپس آجاتا ھے ؛ (استعارتاً) تجویز یا دلیل ، جو پیش کرنے والے پر الٹی پڑے -

Boon, *n.*: (۱) اِلتجا ؛ درخواست - (۲) مراد - (۳) عطیہ ؛ عنایت - (۴) برکت ؛ نعمت -

Boon, *a.*: (۱) فیاض ؛ دریادل - (۲) سازگار ؛ موافق - (۳) ھنس مکھ ؛ یار شاطر ؛ یار باش -

Boor, *n.*: گنوار ؛ کسان ؛ دھاتی ؛ دھقانی ؛ غیرمہذب ؛ ناشایستہ -

boorish, *a.*: اجڈ ؛ گنوار -

boorishly, *adv.*: گنوارپن سے -

boorishness, *n.*: گنوارپن -

Boost, *v.t.*: (بازاری) گھسیٹنا ؛ بڑھانا ؛ حمایت کرنا ؛ برقی قوت محرکہ کو بڑھانا (برقی مورچے وغیرہ میں) -

booster, *n.*: اِسی کا اسم فاعل -

Boot, *n.*: (۱) جوتا جو ٹخنے تک اونچا ہو - (۲) (تاریخ) تعذیب کا آلہ - (۳) کوچوان کی نشست کے نیچے اسباب کا صندوق -

b. & saddle: سواروں کو سواری کا اِشارہ -

b. is on the other leg : حقیقت اس کے خلاف ھے -

bootjack: بوٹ اُتارنے کا آلہ -

bootlace: جوتے کی ڈوری ؛ جوتے کا فیتا -

bootlegger: چوری سے شراب بیچنے والا -

b.- trees: جوتوں کے قالب یا کالبد -

get, give, the b.: (بازاری) خدمت سے علیحدہ ہونا یا کرنا -

heart in one's bb: دھشت سے -

like old bb: (سوقیانہ) شدت سے ، بے حد -

over shoes over bb. : آب جو ازسر گذشت ، چہ یک نیزہ چہ یک دست -

booted, *a.*: جوتے پہنے ہوئے -

Boot, *n.*: (قدیم) بہبودی ؛ فائدہ -

to boot: نیز ؛ مزیدبرآں -

Boot, *v.t.*: بھلا کرنا ؛ فائدہ پہنچانا ؛ سود مند ہونا ؛ فائدہ ہونا -

Bootee, *n.*: بچوں کا اونی جوتا ؛ ایک قسم کا زنانہ جوتا -

Booth, *n.*: (۱) گوسپ وغیرہ کا عارضی سائبان - (۲) عارضی دکان جس پر سائبان ہو میلے یا ھاٹ میں -

polling- b.: اِنتخاب میں ووٹ دینے کی جگہ -

Bootless, *a.*: لاحاصل ؛ بے فائدہ -

Boots, *n.*: ھوٹل کا حمال ؛ کسی ھوٹل کا جوتے صاف کرنے والا -

Booty, *n.* (۱) مال غنیمت ؛ ساجھی کا مال - (۲) نفع -

play b.: مل کر پھانسنا یا دھوکا دینا -

Booze, *v.i.*, & *n.*: (۱) پی کر دھت ہوجانا ؛ برابر پیے جانا - (۲) شراب - (۳) شراب خواروں کی مجلس ؛ بزم شراب -

Boozy, *a.*: شرابی ؛ مدھوش -

Bo - peep, *n.*: آنکھ مچولی -

play b.: بعض مباحثے میں عیاری سے کام لینا ؛ سیاسی معاملات میں چال بازی دکھانا -

Boracic, *a.*: سہاگے کا -

Borage, *n.*: نیلے پھولوں کا پودا ؛ لسان الثور -

Borax, *n.*: سہاگا ؛ بورق -

Bordeaux, *n.*: بوردو ؛ جنوبی فرانس کی شراب ؛ **claret** -

Border, *n.* & *a.*: سرحد ؛ حصار ؛ حد ؛ کنارہ ؛ باغ کے چاروں طرف چمن بندی ؛ حاشیہ -

the B.: اِنگلستان اور اسکاتستان کی درمیانی سرحد اور سرحدی اضلاع ؛ (ممالک متحدہ امریکا) مہذب دنیا کی سرحد -

Border, *v.t.* & *i.*: حد بندی کرنا ؛ حاشیہ لگانا ؛ متصل ہونا ؛ ڈانڈے ملنا -

b. upon: مشابہ ہونا ؛ لگ بھگ ہونا ؛ (کسی شے کی) حدتک پہنچ جانا -

bordering, *n.*: حدبندی وغیرہ -

Borderer, *n.*: (خصوصاً اِنگلستان اور اِسکاتستان کے) سرحدی علاقے کا رہنے والا -

Bore, *v.t.* & *i.*: برمانا ؛ برمے سے سوراخ کرنا ؛ مشین سے کنوا کھودنا ؛ مسلسل جدوجہد سے رستہ نکالنا ؛ (گھوڑدوڑ) دوسرے گھوڑے کو دھکا دے کر رستے سے الگ کر دینا ؛ (گھوڑے کا) آگے کی طرف سر پھینکنا -

Bore, *n.*: سوراخ ، جو زمین میں پانی معلوم کرنے کے لیے کیاجاوے ؛ بندوق کی نال کا قطر ؛ بندوق کی نال کی سمائی

Bore, *n.*: وبال جان ؛ اجیرن ؛ مغز چاٹ -

Bore, *v.t.*: تنگ کرنا ؛ کان کھا جانا ؛ دق کرنا -

Bore, *n.*: اونچی بڑی لہر جو دریا کے دھانے کی طرف سے آتی ھے -

Bore: دیکھو BEAR ,*v.t.* & *i.*

Boreal, *a.*: اُتر وال ؛ شمالی ؛ باد شمال سے متعلق یا باد شمال کا -

Boreas, *n.*: باد شمال ؛ شمالی ھوا کا دیوتا -

Borecole, *n.*: کرم کلا -

Boredom, *n.*: طبیعت کی بیزاری ؛ اُچاٹ ہونا ؛ اُکتا جانا -

Borer, *n.*: سوراخ کرنے والا (اوزار ، مشین یا آدمی) ؛ آگے کی طرف سر پھینکنے والا (گھوڑا) ؛ درختوں میں سوراخ کرنے والے حشرات الارض -

Boric, *a.*: بورون کا - (بورون=غیر فلزی تھرپی عنصر) -

Born, *p.p.* & *a.*: پیدا ہوا ؛ پیدا -

born (*a poet*, &c.): (۱) پیدائشی (شاعر ' وغیرہ) - (۲) پیدا ہوا ہے ' بنا ہے (کسی کام کے لیے) -

b. again: زندگی کا جدید دور شروع کرنا (اصلاح کے بعد) -

b. of: (خاندان ' والدین ' موجب وغیرہ) -

b. with silver spoon in mouth, under lucky star: قسمت کا دھنی -

be b: دنیا میں آنا -

in all my b. days: زندگی بھر -

Borne: دیکھو BEAR, *v.t.* & *i.* -

borne, *a.*: تنگ نظر ؛ تنگ خیال ؛ محدود الخیال -

Boro-: (ترکیبی جز) - بورون کا -

Boron, *n.*: ایک غیر فلزی عنصر (ایک قسم کا سیاھی مائل سفوف)؛ بورون -

Borough (*buru*), *n.*: ایسا قصبہ ' جس کو فرمان شاھی کے مطابق انتظامی حقوق حاصل ھوں ؛ میونسپلٹی یا بلدیہ ؛ قصبہ ' جس کو ایوان عام (پارلیمنٹ) میں نمائندہ بھیجنے کا حق ھو -

close, ~~pocket,~~ b.: ایسا قصبہ ' جسے ممبر کے انتخاب کی نگرانی کا اقتدار ھو -

own, buy, b.: (تاریخ) پارلیمنٹ کے ممبروں کے انتخاب پر نگرانی رکھنے کا اقتدار -

rotten b.: فرضی انتخابی حلقہ (جو سنہ ۱۸۳۲ ع میں خارج کردیا گیا) -

the B.: ساؤتھ وارک کا ضلع -

Borough-English, *n.*: ایسا قانون اراضی ' جو انگلستان کے چند حصوں میں رائج ھے جس کی رو سے حق وراثت سب سے چھوٹے بیٹے پر منتقل ھوتا ھے -

Borrow, *v.t.*: (۱) عاریتاً لینا ؛ ادھار لینا ؛ قرض لینا - (۲) کسی دوسرے کی چیز استعمال کرنا - (۳) کسی دوسرے سے اخذ کرنا یا لینا - (۴) (گولف) گیند کو مارکر اونچائی کی طرف پہنچانا -

borrowed light: اندر کی کھڑکی -

borrower, *n.*: قرض لینے والا -

borrowing, *n.*: قرض لینا -

Borstal, *n.*, *B. Association*: انجمن جو کم سن مجرموں کی رہائی کے بعد امداد کرتی ھے -

B. institution: کم سن مجرموں کا تادیب خانہ (بورسٹال جیل) -

B. system: کم سن مجرموں کی سزا کا خاص اُصول -

Bort, *n.*: ھیرے کی کنیاں ' جو تراشنے کے دوران میں نکل آتی ھیں -

Borzoi, *n.*: روسی کتا (جو بھیڑیے کے میل سے ہوا ھو) -

Bos, *n.*, & *v.t.* & *i.*: (عامیانہ) غلط قیاس؛ غلط نشانہ؛ اٹکل پچو ؛ خالی نشانہ ؛ گڑبڑ جھالا ؛ نشانہ خطا کرنا؛ خالی جانا؛ گڑبڑ کرنا؛ گتھمتھ کردینا -

Boscage, **-kage**, *n.*: جھاڑیوں یا درختوں کے جھنڈ -

Bosh, *n.* & *int.*: (عامیانہ) حماقت ؛ بیہودہ گفتگو ؛ مہملات -

Bosh, *v.t.*: (مدارس عامیانہ) چھیڑنا ؛ بنانا -

Bosk, **Bosket**, **-quet**, *nn.*: جھاڑی ؛ کسی خاص چیز کا باغ -

Bosky, *a.*: گھنا ؛ جھاڑی دار ؛ درختوں بھرا -

Bosom (*boozm*) *n.*: (۱) گود؛ سینہ (۲) قمیص وغیرہ کا سینہ (۳) لباس اور سینے کے درمیان خالی جگہ (سینہ) (۴) سطح (جھیل یا زمین کی) (۵) آغوش (۶) دل' خیالات اور خواھشات -

b.-friend: دلی دوست ؛ یارغار -

Boss, *n.*: ابھار' ڈھال اور آرائشی چیزوں پر کے پھول ؛ (تعمیرات) گنبد کا بالائی حصہ -

bossed, *a.*: دھرے کا ابھرا ھوا حصہ (مشین) -

bossy, *a.*: پھولدار -

Boss, *n.*: (۱) (عامیانہ) آقا ؛ مالک ؛ افسر - (۲) (امریکا) سیاسی جماعت کا کارپرداز - (۳) وہ شخص جو کسی کام میں سب سے بڑھ کر نکلے ؛ میری -

Boss, *v.t.*: (عوقیانہ) کسی پر آقا یا منتظم ھونا -

b. the show: سب کچھ کرنا دھرنا -

Boswell, *n.*: تذکرہ نگار؛ حیات نویس (مثل جیمس باسویل کے جس نے جانسن کے سوانح عمری لکھی) -

Boswellian, *a.*: باسویلی -

Boswellism, *n.*: باسویلیت -

Boswellize, *v.i.*: باسویلانا ؛ باسویل کے رنگ میں لکھنا یا باسول کے طرز پر کسی کے سوانح لکھنا -

Bot, **Bott** *n.*: طفیلیے کیڑے -

the botts: گھوڑوں کی بیماری جو ان کیڑوں سے پیدا ھوتی ھے -

Botanist, *n.*: نباتیات داں -

Botanize, *v.i.*: مطالعے کی غرض سے نباتات کا جمع کرنا اور مشاھدہ کرنا -

Botany, *n.*: نباتیات -

botanical, *a.*: نباتاتی -

botanically, *adv.*: نباتاتی نقطۂ نظر سے؛ نباتیاتی حیثیت سے -

Botargo, *n.*: مچھلی کے انڈوں کا سالن -

Botch, *n.*, & *v.t.* & *i.*: (۱) بھدا پیوند لگانا ؛ بھدا پیوند - (۲) بگڑا کام - (۳) بری طرح مرمت کرنا -

botcher, *n.*: پھوھڑ ؛ اناڑی -

Both, *a. pron.*, & *adv.*: دونوں ؛ ھردو -

have it b. ways: چت بھی میری ' پٹ بھی میری -

Bother, *v.t.* & *i.*: ناک میں دم کرنا ؛ جان کھانا ؛ دق کرنا پریشان کرنا ؛ متردد ھونا -

Bother, *n.*: (نجاتیہ) پریشانی ؛ طومار ' بکھیڑا ؛ زحمت - مارو گولی ؛ الگ کرو -

Botheration, *n.* & *int.*: دقت ؛ بکھیڑا ؛ کھٹ کھٹ ؛ جھمیلا؛ (*int*) مارو گولی! -

Bothersome, *a.*: تکلیف دہ ؛ بکھیڑے کا -

Bothy, **-ie**, *n.*: (اسکاچ) (۱) جھونپڑی ؛ کٹی ؛ کٹیا - (۲) کوٹھڑی

(مزدوروں کی) -

Bottle, *n.* : بوتل ؛ بوتل بھر -
b.-brush : بوتل کونچی؛ بوتل صاف کرنے کا برش؛ ایک بے پھول کا پودا؛
b.-glass : گہرے سبز رنگ کا بھدا شیشہ -
b.-green : گہرا سبز -
b.-holder : پٹھو : پٹھا ؛ گھونسے باز (باکسر) -
b.-neck : آمد و رفت اور حمل و نقل کا تنگ رستہ -
b.-nose : پھولی ہوئی ناک ؛ ویل مچھلی کی ایک قسم -
b.-washer : پنچھالا -
bring up on the b. : بوتل کے دودھ سے بچے کی پرورش کرنا -
over a b. : مے نوشی کے دوران میں -
the b. : مے نوشی -

Bottle, *v. t.* : بوتل میں بھرنا؛ (سوقیانہ) غلطی کرتے ہوئے پکڑنا -
b. up : چھپانا ؛ ضبط کرنا -

Bottle, *n.* : گھاس کا گٹھا -
look for needle in b. of hay : لاحاصل تلاش؛ گھاس کے ڈھیر میں سوئی ڈھونڈھنا -

Bottle, *n.*, *Blue, white, Yellow, B., B. of all sorts* : پودوں کی قسمیں -

Bottom, *n.* & *a.* : (۱) پیندا ؛ تلا - (۲) چوتڑ ؛ سرین (۳) (کرسی وغیرہ کی) بیٹھک - (۴) (جھیل وغیرہ کی) تلی ؛ تعر دریا؛ نشیبی زمین- (۵) پائین - (۶) پائین نشین - (۷) خلیج کا انتہائی یا بہیتری کونا- (۸) جہاز کا پیندا-(۹) جہاز میں پیندے کے قریب کا حصہ - (۱۰) جہاز کا ڈھانچا - (۱۱) جہاز (خاص کر مال کا) - (۱۲) بنیاد ؛ اساس ؛ اصل - (۱۳) بات کی تہ ؛ اصلیت ؛ حقیقت - (۱۴) کس ؛ قوت برداشت - (۱۵) آخری؛ سب سے نیچے کا - (۱۶) اساسی ؛ بنیادی -
b. up : اوندھا ؛ اُلٹا ؛ روگرداں -
be at the b. of : باعث ؛ سبب ہونا -
go, send, to the b. : تہ میں ڈوبنا ؛ ڈبونا -
horse of good b. : بڑی یا اچھی دم والا گھوڑا -
stand on own b. : اپنے بل بوتے پر کھڑا ہونا ؛ اپنے پیروں پر کھڑا ہونا -
to, from, b. of heart : دل سے ؛ تہ دل سے ؛ بے حد -
touch b. : تہ تک پہنچنا ؛ معاملے یا بات کی تہ کو پہنچ جانا -

Bottom, *v. t.* &*i.* : (۱) پیندا چڑھانا ، لگانا - (۲) بحث کو کسی چیز پر مبنی کرنا - (۳) تہ تک پہنچنا - (۴) تہ تک پہنچنا؛ کسی چیز کی حقیقت دریافت کرنا -

Bottomless, *a.* : بغیر پیندے کا ؛ بے تھاہ -

Bottomry, *n.* & *v.t.* : جہاز کے مالک کو جہاز کی ضمانت پر قرض دینا ، اِس شرط پر کہ اگر جہاز ڈوب گیا تو روپیہ بھی ڈوب گیا ؛ جہاز کو مکفول کرنا (اِسی شرط پر) -

Botulism, *n.* : خراب ساسیج(sausage)کے کھانے سے جو زہر کھانے والے کے بدن میں پیدا ہوجاتا ہے -

Boudoir (boodwahr), *n.* : (خاتون کی) خلوت کا کمرہ ، حجلہ -

Bougainvillaea, villa, *n.* : ایک قسم کا پودا جس میں بڑے اور چمک دار ورقے ہوتے ہیں(اور جسے فرانسیسی جہازراں بو گیں ول نے دریافت کیا) -

Bough (-bw), *n.* : ڈالی ؛ شاخ ؛ ٹہنی -

Bought : دیکھو -BUY

bougie(boozhe), *n.* : (۱) موم بتی - (۲) (جراحی) سلائی ؛ ایک پتلا آلہ جسے داخل کرکے تشخیص یا علاج کرتے ہیں -

bouillabaisse (boolyabas), *n* : مچھلی کا لذیذ سالن (ایک قسم کا فرانسیسی کھانا) -

bouilli (boolye), *n.* : شوربے دار گوشت ؛ دم پر پکا ہوا شوربے دار گوشت ؛ اُبلا ہوا گوشت -

bouillon, *n.* : [فرانسیسی-تلفظ "بُل یون"](۱)شوربا (سوپ)؛ یخنی - (۲) (لباس) پھولی ہوئی شکن -

Boulder, *n.* : (۱) گول مول بٹا - (۲) گھسی پسی چٹان جو اپنے مقام کے ارضیاتی طبقے سے تعلق رکھتی ہو ؛ صخرہ -
b.-clay,-drift,-formation,-period : ارضیات کی اصطلاحیں جن میں برفانی دور کی طرف اشارہ ہے -

boulevard(boolvahr), *n.* : سایہ دار کشادہ سڑک -

bouleversement, *n.* : [فرانسیسی - تلفظ : "بول ورس ماں"] گڑبڑ ؛ ابتری ؛ تہ و بالا کرنا -

Boulter, *n.* : مچھلی کے شکار کی شست جس میں کئی کل (کانٹے) ہوں -

Bounce, *v. i.* & *t.* : (۱) اُچکنا یا اُچھلنا - (۲) چھلانگ مارنا (۳) جوش یا غصے میں بھرے ہوئے گھس آنا یا چلا جانا-(۴)ڈوں کی لینا - (۵) ڈرا دھمکا کے کوئی کام کرانا -
bouncing girl : موٹی تازی (گداز جسم کی) چنچل لڑکی -

Bounce, *n.* : لاف و گزاف ؛ مبالغہ ؛ ڈینگ ؛ چھلانگ -

Bounce, *adv.* : دفعتاً ؛ زور سے (غل شور کے ساتھ) -

Bouncer, *n.* : سفید جھوٹ ؛ بیباکانہ جھوٹ ؛ چھلانگ مارنے والا؛ ڈینگ مارنے والا ؛ اپنی نوع میں بڑا -

Bound, *n.* : (۱) حد یا سرحد - (۲) روک ؛ بندش -
out of bb. : اسکول کے قواعد کی رو سے جو حد مقرر ہو اُس سے باہر -

Bound, *v. t.* : حد بندی کرنا ؛ قید لگانا ؛ سرحد ہونا -

Bound, *v. i.* : چھلانگ مارنا ؛ کودنا ؛ اُچھلنا ؛ ؛ زمین یا دیوار سے لگ کر اُچھلنا (گیند کا) ؛(انسانوں،جانوروں اور موجوں کے لیے) طرارے بھرنا؛چوکڑی بھرنا؛زقند بھرنا؛چڑھنا؛ سبک رفتاری سے چلنا-

Bound, *n.* : لپیٹ ؛ زقند ؛ طرارہ ؛ چوکڑی ؛ اُچک (گیند کی) -
advance by leaps & bb. : بہت تیزی سے پھیلنا یا بڑھنا -
on the first b. : (کھیل) پہلی اُچک پر -

Bound, *a.* : عازم ؛ روانگی کے لیے تیار -

Bound, *p.p.* of bind : مجبور ؛ مقید ؛ بندھا ہوا -
b. to win : جیتنا یقینی ہے -
b. up with : وابستہ -

Boundary, *n.* : میلہ ؛ باڑہ ؛ حدبندی کرنے والی چیز : حد -

Bounden : دیکھو BIND, *v. t.* & *i.* -

Bounder, *n.* : اُچھلنے والا ؛ (سوقیانہ) شہدا -

Boundless, *a.* : بے پایاں ؛ بے حد ؛ غیر محدود -

boundlessly, *adv.* : بے شمار ؛ غیر محدودانہ طور پر -
boundlessness, *n.* : بے اِنتہائی ؛ بے حدی ؛ لامتناہیت
Bounteous, *a.* : (۱) داتا؛ فیاض؛ سخی؛ کریم - (۲) کریمانہ؛ فیاضانہ
bounteously, *adv.* : فیاضی سے -
bounteousness, *n.* : کریمی ؛ فیاضی -
Bountiful, *a.*: کریم ؛ فیاض ؛ اِفراط سے ؛ کثیر ؛ مفرط
bountifully, *adv.*: کریمانہ طور پر ؛ اِفراط سے -
bountifulness, *n.*: فیاضی ؛ اِفراط -
Bounty, *n.*: (۱) فیض ؛ فیاضی - (۲) عطیہ (جو سپاھیوں کو بھرتی ہوتے وقت دیا جاتا ھے) - (۳) تقاوی (ایسی رقم ، جو دکانداروں کو تجارتی ترقی کے لیے دی جاے) - (۴) سرکاری اِمداد (جو کارخانوں اور تاجروں کو دی جاے) -
King's Queen's, B.: وظیفہ ، جو انگلستان میں تین بچے ایک ساتھ جننے والی ماں کو دیا جاتا تھا -
Queen Anne's B.: غریب پادریوں کی اِمداد کے لیے فنڈ (انگلستان میں) -
Bouquet (booka), *n.*: شراب کی خوشبو ؛ گلدستہ -
Bouquetin (booketin), *n.*: الپ کی پہاڑی بکری -
Bourdon (boor -), *n.*: ارگن باجے کا اُستوانہ ؛ ھارمونیم کی کھونٹی -
***bourgeois* (boorzhwah)**, *n. & a.*: شہری مقوسط طبقہ ؛ چُھٹ بھیون کے خیالات والا -
Bourgeois (berjois), *n. & a.* : چھاپے کے اوسط درجے کے حروف -
***bourgeoisie* (boorzhwahze)**, *n.*: شہری متوسط طبقہ -
Bourgeon : دیکھو BURGEON -
Bourn (boorn), *n.*: نالا ؛ بہت چھوٹی ندی -
Bourn (e) (boorn), *n.*: منزل مقصود ؛ حد -
***bourse* (boors)**, *n.*: صرافا (خصوصاً پیرس کا) -
***boustrophedon* (bow-)** *a.& adv.* : ایسی عبارت جس میں ایک سطر سیدھی طرف سے اور دوسری الٹی طرف سے لکھی گئی ھو -
Bout (bowt), *n.*: (۱) ورزش اور کام کا ھلا - (۲) مے نوشی کا دور یا مرض کا دورہ - (۳) قوت آزمائی کا مقابلہ -
this b.: اِس دفعہ -
***bouts rimes* (boo rema)**, *n. pl.* : (۱) قافیے - (۲) قافیہ بندی -
Bovine, *a.*: بیل کا سا ؛ ڈانگر جیسا ؛ کٹھل ؛ بھدا ؛ احمق -
Bovril, *n.*: ایک قسم کی یخنی کا تجارتی نام -
Bow (bo), *n.*: کمان ؛ توس ؛ قوس قزح ؛ سارنگی وغیرہ کا کمانچہ ؛ گز ؛ کمانچے کی ایک کشش ؛ سرک پھندا ؛ پھسل پھندا ؛ ربن وغیرہ کا ایسا ھی پھندا -
b.- compass (es) : قوس پرکار -
b.- head: گرین لینڈ کی ویل مچھلی
b.- legged: کمان جیسی ٹانگوں والا ؛ معوج الساقین -
b.- saw: کماندار آرا -
bowshot: تیر (کی زد) کا فاصلہ
b.- string: تانت ؛ تانت سے پھانسی دینا -
b.- window : دیکھو WINDOW -

draw the long b.: مبالغہ کرنا -
saddle - b.: دیکھو SADDLE -
two strings to one's b.: ایک سے زیادہ ذرائع -
Bow, *v.t.*: سارنگی پر گز پھیرنا -
Bow (-ow), *v.i. & t.*: (۱) سر جھکانا؛ جھکنا- (۲) سر تسلیم خم کرنا - (۳) آداب بجا لانا؛ شکریہ ادا کرنا -
b. down: کمر جھکا دینا ؛ کمر جھک جانا -
bowing acquaintance : دور کی صاحب سلامت -
Bow, *n.*: قبول ؛ مجرا ؛ تسلیمات ؛ سلام ؛ سرخم کرنا (اِقرار ، سلام ، شکریے وغیرہ کے لیے یا استقبال اور رخصت کے وقت) -
make one's b.: رخصت ھونا ؛ رخصتی سلام کرنا -
Bow, *n.* : جہاز یا ناو کا ماتھا یا پیش یا آگا ؛ جہاز کی اگواڑ -
b.- chaser : دیکھو CHASE, *n.* -
on the b. : (۱) جہاز کی سیدھ سے دونوں طرف ۴۵ درجے کے زاویے کے اندر - (۲) سب سے اگلا کھینے والا -
Bow bells (bo), *n.*: (*within the sound of B.*) شہر لندن کے اندر -
Bowdlerize (-ow), *v. t.*: کسی کتاب سے فحش عبارتوں کا خارج کرنا [T.Bowdler کے نام پر ، جس نے سنہ ۱۸۱۸ ع میں پہلے پہل شیکسپیر کے کلیات سے ایسی عبارتیں خارج کیں -]
bowdlerism , *n.* : فحش عبارتوں کے خارج کرنے کا اُصول -
bowdlerization, *n.*: فحش عبارت کا خارج کیا جانا -
Bowel, *n.* : (۱) رودہ ؛ آنت ؛کسی شے کا اندرونی حصہ (۲) دیا ؛ رحم ؛ ترس ؛ درد -
Bower, *n.*: کا شانہ ؛ مسکن ؛ خلوت خانہ ؛ برگ پوش (وہ نشست گاہ جو بیلوں اور پھول پتیوں سے ڈھکی ھو) -
b.- bird: مرغ فردوس سے مشابہ پرند -
bowery, *a.*: برگ پوش کا سا -
Bower, *n.*: جہاز کے دونوں لنگر یا رسیاں -
Bower, *n.*: ایوکر کے کھیل میں *right b.* یا *left b.* -
left b.: اسی رنگ کی دوسری بازی کا غلام (ایوکر کے کھیل میں) -
right b.: ترپ کا غلام -
Bowie-knife, *n.*: (امریکا کے غیر آباد حصوں میں اِستعمال ھوتا ھے) دودھاری سرے کا بڑا چاقو -
Bowl, *n.*: ساغر ؛ جام ؛ کاسہ ؛ بادیا ؛ پیالہ ؛ پیالہ بھر ؛ پائپ اور چمچے وغیرہ ؛ پیالہ نما سر -
the b.: مے خواری -
bowlful, *n.*: پیالہ بھر -
Bowl, *n.*: بیضاوی شکل کی گیند ؛ skittles کھیل کی گیند ؛ (جمع) کھیل جو بیضاوی صورت یا ۵۰ زاویے پر کھیلا جاتا ھے ؛ (مقامی) اسکٹل کا کھیل -
Bowl, *v.t. & i.*: بول کا کھیل کھیلنا ؛ گیند کو لڑھکانا ؛ گیند پھینکنا ؛ (کریکٹ) گیند پھینک کر آوٹ کرنا -
b. along: (پہیوں یا سواری میں) تیز جانا ؛ سبک رفتاری سے جانا -

b. over : گرا دینا ؛ پچھاڑ دینا ؛ (استعارۃ) سٹ پٹا دینا ـ

Bowler, *n.* : گیند پھینکنے والا (دیکھو BILLYCOCK) ـ

Bowline, *n.* : رسی جو بادبان سے لے کر جہاز کے ماتھے تک بندھی ہوتی ہے ـ

b.-knot : مضبوط گرہ ـ

Bowling, *n.* : گیند پھینکنا ـ

b.-alley : اسکٹل کھیلنے کا احاطہ ـ

b.-crease : وہ خط جہاں سے گیند پھینکی جاتی ہے ـ

b.-green : گیند کھیلنے کا سبزہ زار ـ

Bowman, *n.* (pl.-*men*) : تیر انداز ـ

Bowman, *n.* (pl.-*men*) : ناو کا سب سے پچھلا کھیویا ـ

Bowsprit, *n.* : وہ شہتیر ' جو جہاز کے بیچ میں بادبان کو تھامے رکھنے کے لیے لگایا جاتا ہے ـ

Bow-street, *n.* & *a.* : لندن کی کوتوالی ـ

B.-runner,-officer : کوتوالی کے عہدہ داروں کے قدیم نام ـ

Bow-window, *n.* : (۱) دیوار کے قوسی حصے کی کھڑکی ـ (۲) (عامیانہ) توند ـ

bow-windowed, *a.* : عمارت جس میں ایسی کھڑکی ہو ـ

Bow-wow, *int.* & *n.* : کتا ؛ کتے کی آواز کی نقل ؛ بھوں بھوں ـ

the (big) b.style : اِدعائی انداز گفتگو ؛ بلند آہنگی ـ

Bowyer, *n.* : کمان بنانے اور بیچنے والا ـ

Box, *n.* : (۱) ایک قسم کی ہری جھاڑی ' جو باغات کے کنارے کثرت سے لگائی جاتی ہے ـ (۲) اُس کی لکڑی جسے بڑھئی اور کندہ کار کام میں لاتے ہیں ـ (۳) (ترکیب میں) اِسی قسم کا پودا ـ

Box, *n.* : (۱) صندوقچہ ؛ دھات ' لکڑی یا دفتی کا صندوق ـ (۲) کوچ بکس ـ (۳) صندوق بھر ـ (۴) فلک ـ (۵) ناٹک یا مے خانے میں علحدہ نشست گاہ ؛ اسطبل اور ریلوے گاڑی میں گھوڑے کا الگ ڈبا ـ (۷) سنتری یا سگنل والے کی کوشک (کاٹھ کوٹھری) ـ (۸) مشین وغیرہ کا ڈھکنا ـ

b. -bed : صندوق نما پلنگ ـ

b.-clth : زین یا موٹا کپڑا ـ

b.-coat : کوچوان کا لبادہ ـ

b.-drain : چوکور موری ـ

b.-iron : اِستری کا ڈبا ـ

b.-keeper : ناٹک کے خاص درجے کا خادم ـ

b.-office : ناٹک کا ٹکٹ گھر ـ

b.-pleat : تھان کی دوھری تہہ ـ

b. spanner : مارتول ؛ ناٹلہ جس سے ڈھبری کھولتے یا کستے ہیں

fishing, shooting,-b. : دیہات میں شکاری بنگلہ ـ

in the same or wrong b. : ایک ہی کشتی میں ؛ ایک ہی مصیبت میں ـ

jury-b. : دیکھو JURY ـ

witness-b. : دیکھو WITNESS ـ

Box, *v.t.* : (۱) صندوق وغیرہ میں رکھنا ؛ صندوق وغیرہ مہیا کرنا ؛ خانوں میں تقسیم کرنا ـ (۲) کوئی چیز یا دستاویز عدالت میں داخل کرنا ـ

b. the compass : قطب نما کے سب درجوں کے نام ترتیب سے لینا (سبق سنانے کے طور پر) ـ

b. the watch : (عامیانہ قدیم) سنتری کو مع اُس کی کاٹھ کوٹھری (کوشک ؟) کے اُلٹ دینا ـ

b. up : ٹھونسنا ؛ لاد دینا ـ

Box, *n.* (*b. on the ear (s)*) : تھپڑ ؛ تماچا ـ

Box, *v.t.* & *i.* : گھونسے بازی کرنا ؛ تھپڑ مارنا ؛ تماچے (تماچا) مارنا ـ

Box and cox, *n.* : دو شخصوں کا ایک ہی پارٹ باری باری سے کرنا ـ [ایک ڈراما کا نام] ـ

Boxer, *n.* : (۱) گھونسے باز ـ (۲) (چین) غیر ملکیوں کی مخالف خفیہ انجمن کا رکن ـ

Box-haul, *v.i.* : جہاز کو پینڈے پر گھمانا (جگہ کی قلت کی وجہ سے) ـ

Boxing-day, *n.* : کرسمس کے بعد پہلا دن (علاوہ اتوار کے) ـ

Boy, *n.* : (۱) لڑکا ؛ طفل طبع شخص (۲) نوکر ؛ غلام ؛ مزدور (محکوم اقوام کے) ـ (۳) ترکیب میں تذکیر اور کمسنی کے اظہار کے لیے جیسے *b. child* (لڑکا) *b. husband*, (کم سن شوہر) ـ

boy's-love = SOUTHERN WOOD

old, my, b. : (بے تکلفی میں مخاطب کرنے کا جملہ) ارے میاں ؛ یار وغیرہ ـ

the b. : (عامیانہ) شمپین شراب ـ

Boycott, *v.t.*, & *n.* : بائی کاٹ ؛ مقاطعہ کرنا کسی شخص سے ملنا جلنا ' کار بار سب چھوڑ دینا ـ [کپتان بوائے کاٹ کے نام سے جس کے ساتھ پہلے پہل ایسا سلوک ہوا] ـ

Boyhood, : لڑکپن ؛ لڑکے ـ

Boyish, *a.* : طفلانہ ؛ جوشیلا ـ

boyishly, *adv.* : طفلانہ طریقے سے ـ

boyishness, *n.* : لڑکپنا ؛ لڑکاپن ' لڑکپن ـ

Brabble, *v.i.*, & *n.* : (قدیم) لڑائی جھگڑا کرنا ؛ ہلکی باتوں پر لڑنا جھگڑنا ؛ تو تو میں میں ـ

Brace, *n.* : (۱) تسمہ ؛ یکسوے جیسی چیزیں ـ (۲) پتلون کے تسمے (بریسز) ـ (۳) تبلے ڈھولک کے سر ٹھیک کرنے کی ڈوری ـ (۴) بگھی کی کمانی کے تسمے جن پر گاڑی کا ڈھانچا معلق رہتا ہے (۵) چپڑیدار قوس } (۶) جوڑا ـ (۷) قینچی ؛ آڑ (مکان کی) ـ (۸) رسیاں جو بادبان کو تانے رکھنے کے لیے مستول کی لکڑی میں لگی رہتی ہیں ـ (۹) پیچ برما ـ

b. & bit : برما ـ

splice the main b. : شراب پینا ـ

Brace, *v.t.* : کس کر باندھنا ؛ جکڑنا ؛ تاننا ؛ کسنا ؛ ٹیکا دینا ؛ ہو دو کے ساتھ باندھنا ؛ (جہاز) بادبان کو رسی سے گھمانا ـ

b. oneself up : مستعد ہو جانا ـ

bracing air : جانفزا ہوا ـ

bracer, *n.* : جکڑنے والا ؛ (امریکا ـ عامیانہ) مفرح مشروبات ـ

Bracelet, *n.* : (۱) کنگن ؛ چوڑی ؛ پہنچی ؛ کڑا ؛ بازو بند ؛ دست بند ؛ علی چند ـ (۲) ہتکڑی ـ

braceleted, *a.* : کنگن دار وغیرہ ـ

Bracer, *n.* : کلائی کا تسمہ (تیر اندازی اور شمشیر زنی) ـ

Brach (-atsh), *n.* : شکاری کتیا ـ

Brachial (-ak-), *a.* : بازو کا سا ؛ بازو کے متعلق ـ

Brachiate, *a.* : (نباتیات) کشادہ دست ؛ پودا جس کی شاخیں تنے سے اِس طرح نکلیں کہ زاویۂ قائمہ بن جاوے -

Brachy - (-k-) : (ترکیبی جز) بمعنی چھوٹا -

Brachycephalic (-kisi-), *a.* : چھوٹے سر والا ؛ چھٹ سرا -

Brachylogy (-ki-), *n.* : بیجا اِختصار (جس سے مطلب پوری طرح نہ ظاہر ہو) -

Bracken, *n.* : فرن ؛ فرنوں کا جھنڈ -

Bracket, *n.* : (۱) آلین ؛ دیوار کھنی یا کنچھہ دیوار (جو مورتیں وغیرہ رکھنے کے لیے دیوار میں بنا دیتے ھیں) ؛ دیوار گیری ؛ بریکٹ (دیوار کا) ؛ دیوار میں لگانے کی چھوٹی الماری - (۲) توپ گاڑی کا تیکا - (۳) توسین ؛ نشان جن سے تحریر میں کام لیا جاتا ہے -- ( ) ، [ ] ، { } - دیکھو BRACE

Bracket, *v.t.* : (۱) جملۂ معترضہ کو یا مشکوک عبارت کو توسین میں بند کرنا - (۲) مساوات کے لیے دو ناموں کو توسین میں کرنا؛ (ریاضیات میں)ماقبل کے مساوی یا متعلق کرنا - (۳) (فوج) گولے کی زد معلوم کرنے کے لیے ایک گولا چاند سے پیچھے اور ایک اُس سے آگے چلانا -

Brackish, *a.* : کھاری (پانی) -

Bract, *n.* : ورقہ ؛ فلس -

bracteal, bracteate, *aa* : ورقی -

Brad, *n.* : پتلی ، چپٹی ، چھوٹے سر کی کیل -

Bradawl, *n.* : بے بینچ کا چھوٹا برما ؛ کٹرنی -

Bradbury, *n.* : (عامیانہ) ایک پونڈ والا نوٹ -

Brady- : ترکیبی جز بمعنی سست -

Brae, *n.* : کھڑا کنارہ ؛ پہاڑی کا پہلو -

Brag *n.*, & *v.i.* & *t.* : (۱) ڈینگ ؛ ڈینگ مارنا - شیخی ؛ شیخی مارنا - (۲) ایک تاش کا کھیل -

Braggadocio (-shio) , *n.* : شیخی -

Braggart, *n.* : شیخی باز -

Brahmapootra, Brahma, *n.* : ایک قسم کی مرغی -

Brahmin,-man, *n.* : برہمن -

brahminic (al),**-manic** (al), *aa.* : برہمنی -

brahminism,-manism, *n.* : برہمنیت

Brahminee, *n.* : برہمنی (عورت) -

Brahminee, *a.* : برہمنی مذھب سے متعلق ؛ برہمنی -

Braid, *n.* : موبات ؛ چوٹی یا گندھے ہوئے بال ؛ پٹیاں -

Braid, *v.t.* : چوٹی ڈالنا ؛ بال گوندھنا ؛ پٹیاں گوندھنا ؛ موبات ڈالنا ؛ ھار گوندھنا ؛ ریشمی فیتہ کی گوٹ لگانا -

Braidism, *n.* : دیکھو HYPNOTISM -

Brail, *n.*, & *v.t.* : رسیوں سے بادبان سمیٹنا ؛ رسی جو بادبان کو سمیٹنے کے لیے لگی ہوتی ہے -

Braille (-al), *n.* : نابینا لوگوں کے لیے ایک نظام تحریر و پڑھائی -

Brain, *n.*, & *v.t.* : بھیجا ؛ دماغ ؛ ذہن

b.-fag : دماغی تکان -

b.-fever : سرسام -

b.-pan : کھوپڑی -

b.-sauce : دماغی -

b.-sick : پاگل -

blow out one's *bb.* : سر میں گولی مارنا ؛ گولی مار کر بھیجا نکال دینا -

cudgel one's *bb.* : دماغ سوزی کرنا ؛ بہت غور و فکر کرنا -

have something on the b. : کسی چیز کی دھن ہونا ؛ کسی چیز کا خبط ہونا -

suck, pick, one's *b.* : کسی کے خیالات کرید کرید کے معلوم کرنا اور کام میں لانا -

turn one's *b.* : کسی کا دماغ پھرا دینا ، بگاڑ دینا -

brainless, *a.* : بے مغز -

Brainy, *a.* : تیز ؛ ذہین ؛ ہوشیار -

Braird, *n.*, & *v.i.* : سوئی ؛ انکر ؛ کونپل ؛ کونپل نکلنا انکر یا سوئی نکلنا -

Braise (-z), *v.t.* : گوشت کو سبزی کے ساتھ دم دینا -

Brake, *n.* : دیکھو BRACKEN -

Brake, *n.* : جھاڑی -

Brake, *n.* : (۱) سن کوٹنے کی موگری - (۲) سراون - (۳) بید کی چھال نکالنے کا آلہ (قینچی کی طرح کا) -

Brake, *v.t.* : موگری سے سن کوٹنا -

Brake, (= *b. van*) *n.* : بریک ؛ بریک کا ڈبا ؛ گارڈ کا ڈبا -

brakeless, *a.* : بے بریک کا ؛ بے روک -

Brake, *v.t.* : بریک لگانا -

Brake : دیکھو BREAK (اڑ گیا) -

Brakesman, *n.* : بریک مین ؛ بریک والا -

Bramah : براما کا اِیجاد کردہ قفل ، شکنجہ ، قلم وغیرہ - [J. Bramah کے نام پر جس نے سنہ ۱۷۹۰ ع کے لگ بھگ یہ ایجادیں کیں] -

Bramble, *n.* : ایک قسم کی خاردار جھاڑی -

Brambling, *n.* : ایک قسم کا چھوٹا پرندہ -

Bran, *n.* : بھوسا -

Brancard, *n.* : ایک قسم کی گھوڑا گاڑی -

Branch (-tsh), *n.* : ٹہنی ؛ شاخ ؛ فرع

root & b. : بالکل جڑ سے -

branched, *a.* : شاخدار -

branchless, *a.* : بے شاخ -

branchlet, *n.* : چھوٹی ٹہنی -

Branch, *v.i.* : شاخ نکلنا ؛ پھیلنا ؛ مائل ہونا ؛ مڑنا ؛ شاخوں میں تقسیم ہونا -

branchia (*e*) (-kia,-kie), *n.* pl. مچھلی اور دوسرے دریائی جانوروں کے گلپھڑے -

branchial,-ate-ferous,-form, *aa.* : (۱) اِسی لفظ سے ھیں:-

branchio : (۲) ترکیبی جز : -

Branchy, *a.* : شاخ در شاخ ؛ شاخ دار -

Brand, *n.* : لوکا ؛ مشعل ؛ داغ (لوہے سے) ؛ کلنک کا ٹیکا ؛ تجارتی مارکا ؛ خاص قسم کا مال ؛ پتہ روگ (پودوں کی بیماری جس سے پتے جل جاتے ہیں) ؛ داغ لگانے کا ٹھپا ؛ (شعر) تلوار -

Brand, *v.t.* : جلتے ہوئے لوہے کا داغ لگانا (جراحی ، سزا ، ملکیت یا مارکے کے لیے) ؛ ذہن نشین کرنا ؛ کلنک کا ٹیکا لگانا ؛

داغ لگانا -

Brandish, *v.t.* گھمانا ؛ پھرانا -

Brandling, *n.* : کیچوے کی قسم کا کیڑا (جو مچھلیوں کے چارے کے کام میں آتا ھے) -

Brand-new, Bran-, *a.* : بالکل نیا -

Brandreth, *n.* : چوکھٹا -

Brandy, *n.* : برانڈی -

b.-ball : ایک قسم کی مٹھائی -

b.-pawnee : برانڈی پانی -

b.-snap : سونٹھ کے بسکٹ -

Brank-ursine, *n.* : ایک قسم کا خاردار پودا

Bran-new : دیکھو BRANDNEW -

Brant(*-goose*) : دیکھو BRENT -

Brash, *n.* : چٹان یا برف کے ریزے یا ٹکڑے ؛ جھاڑیوں یا پودوں کی کترن -

Brass, *n.* & *a.* : (۱) پیتل-(۲) پیتل کا کتبہ قبر پر-(۳)(عامیانہ) روپیہ پیسا - (۴) بے باکی ؛ بے شرمی ؛ ڈھٹائی - (۵) پیتل کا -

b. band : پیتل کے باجے بجانے والوں کا طائفہ -

b. farthing : جھنجھوی ؛ پھوٹی کوڑی -

b. hat : (عامیانہ) فوجی اعلی افسر -

b. plate : پیتل کی تختی -

b. rags : ملاحوں کا جھاڑن -

b. tacks : (عامیانہ) حقیقی تفصیل ؛ اصل معاملہ یا معاملے کی بات -

part b. rags : (ملاح) دوستی کٹ کردینا -

the b. : بیلہ ؛ پیتل کے باجے -

Brassage(*-ij*), *n.* (دارالضرب) سکہ ڈھالنے کی اُجرت -

Brassard, *n.* : بازو پر کا بلّا -

Brassy, *a.* & *n.* : (۱) پیتل کاسا (رنگ ، آواز یا ذائقے میں) (۲) ڈھیٹ ؛ گستاخ - (۳) جھوٹے دعوے کرنے والا ؛ بغلے والا (۴) گولف کے بلے -

brassily, *adv.* : ڈھٹائی سے -

brassiness, *n.* : ڈھٹائی -

Brat, *n.* : چھوکرا -

Brattice, Bratticing, *nn.* : (کوئلے کی کان) لکڑی کی اوٹ ؛ سلاخدار روشندان -

Bravado, *n.* (*pl.-oes,-*) : دکھاوے کی بہادری؛ بہادری جتانا -

Brave, *a.* & *n.* : (۱) بہادر ؛ جری - (۲) (متروک) خوش پوشاک ؛ چھیلا - (۳) بھلا آدمی؛ دیانت دار؛ معقول ؛ ردّ انڈین ؛ جنگجو -

the b. : بہادر آدمی -

bravely, *adv.* : بہادری سے -

Brave, *v. t.* : مقابلے میں ڈٹ جانا ؛ مقابلے پر آنا ؛ مقابلہ کرنا ؛ خاطر میں نہ لانا ؛ بے حقیقت سمجھنا -

b. it out : بدگمانی اور الزام کا بے باکی سے مقابلہ کرنا -

Bravery, *n.* : (۱) جرأت - (۲) شان - (۳) خودنمائی - (۴) زرق برق لباس -

Bravo, *n.* (*pl.-oes,-os*) : پیشہ ور خونی ؛ جان پرکھیلا ہوا -

Bravo, *n.* & *int.* : شاباش ؛ شاباشی -

bravura(*-oora*), *n.* : (۱) کارنمایاں - (۲) ھنرکی نمائش ؛ کرتب دکھانا-(۳) (موسیقی) نغمہ کی تعریر کا کوئی حصہ جس کا بجانا یا گانا مشکل ہو -

Brawl, *v. i.*, & *n.* : چیخ پکار؛ چیخ پکار مچانا ؛ دنگا کرنا ؛ ندی کی سرسراھٹ ؛ ندی کا سر سرانا -

brawler, *n.* : دنگا کرنے والا -

Brawn, *n.* : عضلہ؛پٹھا؛جنگلی سور کا گوشت نمک لگا کر رکھا ہوا -

Brawny, *a.* : کسرتی ؛ مضبوط -

brawniness, *n.* : کسرتی پن ؛ مضبوطی

Braxy, *n.* : بھیڑوں کی طحالی مرگی ؛ طحالی مرگی میں مبتلا؛ ایسی بھیڑ کا گوشت -

Bray, *n.*, & *v. i.* & *t.* : گدھے یا ترم کی سی آواز نکالنا ؛ گدھے یا ترم کی آواز -

b. out : کریہ آواز نکالنا -

Bray, *v. t.* : ھاون دستے یا موسل سے کوٹنا -

Braze, *v. t.* : پیتل کا سا رنگ چڑھانا -

Braze, *v. t.* : پیتل سے جوڑنا -

Brazen, *a.* : (۱) پیتلی ؛ پیتل کا بناھوا ؛ پیتل کی طرح مضبوط یا زرد یا کھنکنے والا - (۲) بے حیا ؛ بے غیرت -

b. age : دوا پرجگ ؛ پیتل جگ ؛ برنجی عہد یا زمانہ ؛ دنیا کے تاریخ کے چار عہدوں میں تیسرا عہد -

b.-faced : بے حیا ؛ بے غیرت -

brazenly, *adv.* : بے حیائی یا بے غیرتی سے -

Brazen, *v. t.*, *B. out* (۱) ڈھٹائی سے کام نکالنا - (۲) بے شرم بنانا -

Brazier(*-zher*), *n.* : ٹھٹھیرا ؛ کسیرا ؛ صفار -

braziery, *n.* : ٹھٹیرے کا کام اور اُس کی دکان -

Braizer(*-zher*), *n.* : دھکتے ھوئے انگارے اُٹھانے کا طباق -

Brazil, *n.* & *a.* (also *B. wood*) : جنوبی امریکا کی ایک سطحہ لال لکڑی ، جس سے رنگ بنایا جاتا ھے -

B.-nut : برازیلی جوز ؛ ایک میوہ جس میں گری ھوتی ھے -

Breach(*-e-*), *n.* : (۱) (بحری) موجوں کا ٹکرانا (جہاز سے) - (۲) نقض ؛ خلاف ورزی ؛ قطع تعلق ؛ اَن بن ؛ ترک مراسم (۳) شکستگی - (۵) رخنہ (خصوصاً قلعے کی دیوار میں گولوں کی مار سے) - (۶) ویل کا تڑپ کر پانی سے اوپر اُچھلنا

b. of close : مداخلت بیجا -

b. of the peace : نقض امن -

clean b. : مستول وغیرہ کا بہہ جانا -

clear b. : موجوں کا جہاز کے اوپر سے گزرجانا -

stand in the b. : جنگ میں سب سے شدید خطرے کی زد میں ھونا؛ (استعارةً) جو کھوں (جوکھم) میں ھونا

Breach, *v. t.* & *i.* : (۱) توڑکر نکل جانا ؛ رخنہ ڈالنا - (۲) ویل کا تڑپ کر پانی سے اوپر اُچھل جانا -

Bread (*-ed*), *n.* : روٹی ؛ نان پاو -

b. & butter : مکھن توس؛ مایحتاج ؛ روزی

b.-&-butter miss : اِسکول کی لڑکی -

b. & cheese : (۱) سادہ غذا ؛ غریبانہ کھانا - (۲) روزی

b. & milk : ھردہ روٹی -

b. & scrape : روٹی ؛ جس پر برائے نام مکھن چپڑا ہو

b. & wine : عشائے ربانی -

b.-basket : (عامیانہ) پیٹ -

b. buttered on both sides : آسودہ حالی ؛ الّلے تلّلے -

b.-crumb : روٹی کا گودا ؛ روٹی کے چھوٹے چھوٹے ریزے -

b.-fruit,-tree : بحرجنوبی کا ایک درخت ، جس کا پھل نشستئی ہوتا ہے -

b.-stuffs : اناج ؛ آٹا -

b.-winner : کنبہ پرور (شخص ، پیشہ) -

break b. : کسی کے ساتھ کھانا کھانا ؛ عشائے ربانی میں شریک ہونا -

daily b. : روزی -

eat the b. of idleness, affliction : روٹیاں توڑنا؛ مصیبت سے بسر کرنا -

know which side one's *b. is buttered* : اپنے نفع نقصان کو سمجھنا -

make **one's** *b.* : روزی کمانا -

ship's b. : (بحری) سخت بسکٹ -

take the b. out of one's *mouth* : کسی کی روزی چھیننا -

breadless, *a.* : بے روزی ؛ محتاج -

Breadth(-e-), *n.* : چوڑائی؛ پنہا ؛ عرض؛ پورے عرض کا کپڑا وغیرہ؛ گنجائش جگہ ؛ فاصلہ ؛ وسعت (نظر) ؛ فیاضی ؛ فراخ دلی ؛ رواداری ؛ زور (قلم ؛ طرز تحریر وغیرہ) -

b. of mind, view : فراخ دلی ؛ وسیع النظری

to a hair's b. : موبمو

breadthways, -wise, *advv.* : عرضاً -

Break, *v. t. & i.* : توڑنا ؛ ٹوٹنا ؛ ٹکڑے کرنا ؛ پھوڑنا ؛ پھوٹنا ؛ پھٹنا ؛ تڑقنا ؛ چور چور کردینا ؛ اپنی جگہ سے سرک جانا ؛ رستہ بنانا یا نکالنا ؛ توڑ ڈالنا ؛ منقطع کرنا ؛ بدلنا ؛ گھس جانا ؛ نکل آنا ؛ کمزور ہونا یا کردینا ؛ پست ہمت کرنا ؛ تباہ کرنا ؛ برباد کرنا؛ رکنا ؛ بند ہونا ؛ ختم ہو جانا ؛ سدھانا ؛ تربیت کرنا ؛ دبا دینا ؛ دور کردینا ؛ خلاف ورزی کرنا ؛ پورا نہ کرنا -

b. a lance with : بحث کرنا ؛ مناظرہ کرنا -

b. an officer : بر طرف کردینا -

b. a set : کسی سٹ کے اجزا الگ الگ بیچنا ؛ جوڑ کو پھٹیل کرکے بیچنا

b. bank : دیوالہ نکالنا -

b. blow, fall : چوٹ یا ضرب کا ضرر کم ہوجانا -

b. bread with : کسی کے ہاں کھانا کھانا -

b. bulk : دیکھو BULK, *n.* -

b. butterfly on wheel : قوت بیجا صرف کرنا -

b. down : مسمار کردینا ؛ بیٹھ جانا

b. ground : ہل چلانا ؛ محاصرہ شروع کرنا ؛ قول ڈالنا -

b. in : داخل ہونا ؛ مداخلت کرنا ؛ قطع کلام کرنا -

b. into house : سیندھ دینا یا لگانا ؛ نقب لگانا -

b. news, a jest : بری خبر پہنچانا ؛ مذاق کرنا -

b. off : ختم کردینا ؛ ختم ہونا -

b. out : چلا اٹھنا ؛ (بیماری) پھیلنا ؛ (لڑائی) چھڑنا -

b. out flag : جھلتا کھولنا -

b. out of prison : قید خانے کا دروازہ یا دیوار توڑ کے بھاگ نکلنا -

b. person on wheel : پہیے سے باندھ کر ہڈیاں توڑ ڈالنا

b. priscian's head : نحو کی ٹانگ توڑنا -

b. the ice : حجاب اٹھانا یا توڑنا -

b. the neck or *back of* : ہلاک کر دینا ؛ کمر توڑ دینا -

b. the ranks : صف میں ابتری پڑنا -

b. through obstacles : سدراہ کو توڑ کر نکل جانا -

b. up : برخاست ہونا یا کرنا ؛ ریزہ ریزہ کر دینا ؛ انحطاط ہونا ؛ کمزور ہونا -

b. with : لڑنا ؛ قطع تعلق کرنا -

ball breaks : گیند کا مڑجانا -

clouds b. : بادلوں کا پھٹنا -

merchant breaks : سوداگر (یا مہاجن) دوالیا ہے -

troops b. : کھلبلی پڑنا -

voice breaks : آواز کا بھرا جانا ؛ کنٹھا پھوٹنا ؛ آواز کا پختہ ہونا (بلوغ میں) -

breakable, *a.* : پھوٹک ؛ ٹوٹنے پھوٹنے والا -

breakage, *n.* : ٹوٹ پھوٹ -

Break, *n.* : (۱) توڑنا ؛ ٹوٹنا - (۲) گیند کا ٹپا کھاکر مڑنا (کرکٹ میں) (۳) نمبر جو ایک سلسلے میں جیتے جاویں (بلیرڈ میں) - (۴) رخنہ - (۵) شکستہ حصہ - (۶) خلل ؛ وقفہ - (۷) (موسیقی) وہ نقطہ جہاں سروں وغیرہ کا امتداد بدلتا ہے - (۸) بے قاعدگی -

b. of day : تڑکا ؛ طلوع سحر -

Break, *n.* : (۱) اڑگڑا - (۲) بڑی وگنٹ گاڑی

Break - down, *n.* : بیٹھ جانا ؛ دب جانا ؛ رک جانا ؛ بند ہو جانا ؛ جواب دینا یا دے جانا (صحت کا)؛ ٹوٹ جانا (قوت حکومت وغیرہ کا) ؛ حبشیوں کا ایک ناچ -

Breaker, *n.* : توڑنے پھوڑنے والا ؛ سدھانے والا ؛ ساحل سے ٹکرانے والی بڑی موج -

Breaker (-a-), *n.* : (بحری) چھوٹا پیپا -

Breakfast (brek -), *n.*, & *v. i.* & *t.* : ناشتا ؛ ناشتا کرنا ؛ ناشتا کھانا -

breakfastless, *a.* : نہار منہ ؛ جس نے صبح سے کچھ نہ کھایا ہو -

Breakneck, *a.* : (*b. pace, road, climb*) خطرناک ؛ مخدوش -

Break-up, *n.* : ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا ؛ شیرازہ بکھرنا ؛ انحطاط؛ زوال ؛ منتشر ہو جانا -

Breakwater, *n.* : بند ؛ پشتہ (جو پانی یا لہروں کی روک کے لیے بنایا گیا ہو) -

Bream, *n.* : بریم ؛ سمندر یا دریا کی ایک مچھلی؛ جس کی پشت اٹھی ہوئی ہوتی ہے -

Bream, *v.t.* : (جہاز کے پیندے کو) آگ سے جھلس کر صاف کرنا -

Breast, *n.* : (۱) عورت یا مرد کی چھاتیاں - (۲) (استعارتاً)

وہ شے جس سے جسمانی یا روحانی غذا حاصل ہو - (۳) سینہ (آدمی ، جانور یا لباس کا) - (۴) دل ؛ جذبات ؛ خیالات

breastbone : سینے کی ھڈی -

b.- drill: برما جو سینے کی ٹیک لگاکر چلا یا جاتا ھے -

b.- harness : گھوڑے کا ساز جس میں بجاے گردنے کے سینہ بند ھو -

b.- high : (۱) سینے سینے ؛ سینے تک - (۲) شکار کی تیز بو -

breastplate : (۱) چار آئینہ - (۲) کچھوے کے سینے کی ھڈی - (۳) نعش کے صندوق کا تختہ -

b.- wall: مٹی کے بند کی پشتی -

b.- wheel: پن چکی کا پہیا -

breastwork : دُھس -

make clean b. of : صاف صاف اِقرار کرلینا ؛ اِقبال کرلینا ؛ کہہ ڈالنا -

-breasted, *a.*: (ترکیبی جز) -

Breast, *v.t.*: سینہ سپر ھونا ؛ مقابلہ کرنا ؛ جدوجہد کرنا -

Breastsummer, Bressummer, *n.*: شہتیر (سہارے کے لیے) -

Breath, *n.* : سانس ؛ ھوا کی جنبش ؛ لپٹ (خوشبو کی) ؛ منہ کی بھاپ ؛ دم ؛ پھنک -

b. of life, nostrils : ناگزیر شے -

below one's *b.* : بہت ھی آھستہ سے

catch, hold, one's *b.* : دم بخود ھوجانا (خوف یا قومی جذبے سے) -

draw b. : سانس لینا ؛ زندہ رھنا -

keep b. to cool porridge : چپ چاپ بیٹھے رھنا -

out of b. : سانس پھول جانا -

spend, waste, b. : بے کار سمجھنا -

take away person's *b.* : حیرت میں ڈالنا ؛ دنگ کر دینا -

take b.: دم لینا ؛ سستانا -

Breathe, *v.i. & t.*: سانس لینا ؛ بقید حیات ھونا ؛ جان باقی ھونا ؛ دم لینا ؛ سستانا ؛ بجانا ؛ کہنا ؛ دھیمی دھیمی ھوا چلنا ؛ پھونکنا ؛ چپکے سے یا جوش سے کہنا ؛ ٹپکنا (ساد کی وغیرہ) ؛ سستانے دینا ؛ دم لینے دینا ، ھنپا دیا ؛ تھکا دینا ؛ شل کر دینا -

b. again, freely: دم میں دم آنا ؛ حواس بجا ھونا -

b. one's *last* (or *last breath*) : دم توڑنا ؛ دم نکلنا ؛ مرنا -

b. upon: منہ کی بھاپ سے آلودہ کرنا ؛ منہ کی بھاپ دینا (کسی چیز کو) -

Breather, *n.*: سانس لینے والا ؛ گھڑی بھر کی ورزش

Breathing, *n.*: سانس لینا وغیرہ -

b.- space: دم لینے کی مہلت ؛ دم بھر فرصت -

Breathing, *a.* : سانس لیتا ھوا ؛ جیتا جاگتا -

Breathless, *a.* : بے جان ؛ بے دم ؛ دم سادھے ؛ سانس روکے ؛ ساکن -

Breathlessly, *adv.* : ھانپتے ھوے ؛ اُمید و بیم کی حالت میں ؛ بے صبری سے -

Breathy, *a.* : وہ آواز جس میں گانے کے وقت سانس بھی سنائی دے -

breathiness, *n.* : اِسی کا نام -

Breccia (-tsha) , *n.*: کونے دار پتھر ؛ چونے سے جڑے ھوے -

Bred (present & p.p. of BREED): دیکھو BREED, *vb.*

Breech, *n.*, & *v.t.*: (قدیم) سُرین ؛ بندوق یا توپ میں نال کے بعد کا حصہ ؛ (جمع) برجس ؛ لڑکے کو برجس پہنانا -

b.- block : وہ قاش جس سے توپ یا بندوق کے پیچھے کے منہ کو بند کرتے ھیں -

b.- loader : توڑے دار بندوق -

Bb. Bible : جنیوا کی سنہ ۱۵۶۰ ع میں چھپی ھوئی بائبل (جس میں کتاب پیدائش باب ۳ ورس ۷ میں aprons کی جگہ breeches چھپ گیا تھا) -

breeches - buoy : ڈوبنے سے بچنے کا جانگیا یعنی وہ جو ڈوبنے کے خطرے کے وقت پہن لیا جاتا ھے -

wear the bb. : اُس عورت کے متعلق کہتے ھیں جو شوھر کو دبا کے رکھے

breeched, *a.* : برجس پہنے ؛ وہ توپ یا بندوق جس میں breech ھو -

Breeching, *n.*: (۱) وہ تسمہ جو گاڑی روکنے کے لیے گھوڑے کے سرین کے گرد بندھا رھتا ھے - (۲) (بحری) رسی جس سے جہاز میں توپ بندھی رھتی ھے -

Breechless, *a.*: بغیر برجس کے ؛ بے توڑے کی (بندوق) -

Breed, *v.t. & i.*: جننا ؛ سینا ؛ نسل بڑھانا ؛ حاملہ ھونا ؛ گابھن ھونا ؛ پیدا کرنا ؛ باعث ھونا ؛ سدھانا ؛ چڑھانا (بیل یا پودے کا) ؛ تیار ھونا ؛ تیار کرنا (کسی کام یا پیشے کے لیے) ؛ تربیت دینا ؛ پرورش کرنا ؛ پیدا ھونا ؛ پھیلنا -

b. in & in : خاندان سے باھر شادی نہ کرنا ؛ ھمیشہ قریبی رشتہ داروں سے شادی کرنا -

what is bred in the bone : موروثی خصوصیتیں -

breeder, *n.*: پالنے والا ؛ پیدا کرنے والا -

Breed, *n.*: نسل ؛ نسلی صفات قائم رکھنے والا خاندان -

Breeding, *n.*: نسل اور تربیت -

Breeze, *n.* : ڈانس ؛ بڑ مکھی ؛ گئو مکھی -

Breeze, *n.*: نسیم ؛ بری اور بحری ھوا ؛ (عامیانہ) جھگڑا ؛ قضیہ ؛ جھانجھ -

breezeless, *a.* : وہ جگہ جہاں ھوا نہ چلتی ھو -

Breeze, *n.* : راکھ ؛ بھوبل -

Breezy, *a.* : ھوادار ؛ تروتازہ ؛ خوش طبع ؛ زندہ دل -

breezily, *adv.*: خوش طبعی سے -

breeziness, *n.*: خوش طبعی ؛ تازگی وغیرہ -

Brehon, *n. & a.*: قدیم آئرستانی جج -

B. law: آئرستانی مجموعہ قانون جو جیمس اول کے زمانے میں منسوخ کر دیا گیا -

Brent (- goose), **Brant**, *n.*: ایک چھوٹی قسم کا ھنس جو جاڑوں میں برطانیہ میں آجاتا ھے -

Brer *n.*: (امریکی حبشی) مخفف برادر -

Bressummer: دیکھو BREASTSUMMER

Breth *n.pl.*: هم پیشہ وغیرہ (دیکھو BROTHER) -

Breton, *a.* & *n.*: برٹنی واقع فرانس کا رهنے والا -

Bretwalda, *n.*: انگلستان کے قدیم بادشاهوں کا خطاب -

Breve, *n.*: (تاریخ) بادشاہ یا پوپ کا فرمان ؛ (موسیقی) لمبا سُر ؛ چھپائی میں عروضی تقطیع کا نشان -

Brevet, *n.* & *v.t.*: سند شاهی جس کی رو سے کوئی خاص رعایت یا اعزازی فوجی عهدہ دیا جاے ؛ کوئی اعزازی عهدہ (براے نام) ؛ اعزازی فوجی عهدہ دینا -

Brevi-: (سابقہ) بمعنی مختصر -

Breviary, *n.*: (رومن کتھولک) کتاب جس میں هر روز کی دعائیں لکھی هوتی هیں -

Brevier, *n.*: چھاپے کے حروف (ٹائپ) -

Brevity, *n.*: ایجاز ؛ اختصار ؛ عمر دو روزہ -

Brew, *v.t.* & *i.*: شراب اُٹھانا ؛ شراب بنانا ؛ چا بنانا ؛ پنچ شراب بنانا ؛ خمیر اُٹھانا ؛ شراب بننا ؛ ترکیب دینا ؛ منصوبہ باندھنا ؛ پیدا کرنا ؛ بناڈالنا ؛ پختہ هوجانا (سازش وغیرہ کا) ؛ فساد پیدا هونا ؛ زور پکڑنا -

brewhouse: شراب کا کارخانہ -

drink as you have brewed: جیسی کرنی ویسی بھرنی -

brewer, *n.*: شراب بنانے والا -

brewery, *n.*: شراب کی بھٹی ؛ شراب کا کارخانہ -

Brew, *n.*: شراب کی کشید ؛ ایک کھان کی مقدار شراب ؛ اس چیز کی کیفیت یا قسم جس سے شراب بنائی جاے -

Brewage, *n.*: ترکیب دی هوئی شراب یا دوسرے مشروبات ؛ کھچڑی پکنا ؛ منصوبہ ؛ سازش -

Brewis, *n.*: (متروک) یخنی ؛ شوربہ -

Brewster Sessions, *n.*: عدالت کا اجلاس جس میں شراب فروشی کا لائسنس دیا جاے -

Briar: دیکھو BRIER -

Briareus, *n.*: بہت سے هاتھوں والا ؛ بُہتّا -

Bribe, *n.*: رشوت -

Bribe, *v.t.*: رشوت دینا ؛ ناجائز اثر یا ترغیب سے کام نکالنا -

bribability, *n.*: رشوت پذیری -

bribable, *a.*: رشوت کے گوں کا ؛ جسے رشوت دی جاسکے -

bribee, *n.*: رشوت لینے والا -

briber, *n.*: رشوت دینے والا -

bribery, *n.*: رشوت -

Bric-a-brac, *n.*: نوادرات ؛ پرانی چینی ؛ پرانی قسم کی چینی ؛ فرنیچر وغیرہ -

Brick, *n.* & *a.*: اینٹ ؛ خشت نما روٹی وغیرہ؛ لکڑی کے ٹکڑے جن سے بچے مکان بناتے هیں؛ (عامیانہ) نیک دل آدمی ؛ اینٹ کا؛ خشتی -

b.-bat: اینٹا ؛ اینٹ کا ٹھیلا -

b.-dust: اینٹ کا چورا ؛ اینٹ کا سا رنگ -

b.-field, -kiln: پجاوا ؛ آوا -

bricklayer: راج ؛ معمار -

اینٹوں کی عمارت -

bricken, *a.*: خشتی -

Brick, *v.t.*, *B. up*: اینٹوں سے چن دینا -

Bricky, *a.*: اینٹوں کے رنگ کا ؛ اینٹ کی شکل کا ؛ اینٹوں بھرا -

Bricole, *n.*: بلیرڈ یا ٹینس کا ایک هاتھ (جس میں گیند ٹپا کھاکر مڑے) -

Bridal, *n.* & *a.*: جشن شادی ؛ شادی بیاہ ؛ عروسی ؛ شادی کا -

bridally, *adv.*: عروسی کی طرح سے -

Bride, *n.*: دلهن -

bridecake: شادی کا کیک -

Bride, *n.*: BONNET کی ڈوری ؛ لیس کی مهین جالی -

Bridegroom, *n.*: دولها -

Bridesmaid, *n.*: دلهن کی سهیلی -

Bridesman, *n.*: شہ بالا -

Bridewell, *n.*: قید خانہ ؛ بندی خانہ ؛ زندان -

Bridge, *n.*: پل ؛ (بحری) جهاز کا دیدبان ؛ بانسا (ناک کا) ؛ بلیرڈ میں کیو کے لیے بائیں هاتھ کا سهارا -

b.-head: مورچہ ؛ سرحدی دریا کے پار ؛ دشمن کے علاقے میں -

b. of gold, golden b.: پسپائی کی آسانیاں دشمن کے لیے -

b.-train: فوجی انجینیر پل کے سامان کے ساتھ -

Chancel, *n.* : انگریزی گرجا یا کلیسا کا مشرقی حصہ جہاں پادری کھڑا ہوتا ہے اور جس کے گرد کٹہرا بھی ہوتا ہے ؛ صدر کلیسا -

Chancellery,- ory, *n.* : (۱) عہدۂ وزارت کا دفتر ؛ عملہ ؛ وغیرہ ؛ دیوان وزارت ؛ نائب حکومت - (۲) سفارت یا قنصل خانہ کا دفتر -

Chancellor, *n.* : (۱) وزیر ؛ مشیر ؛ وکیل ملک - (۲) کسی جامعہ یا یونیورسٹی کا افسر اعلیٰ ؛ امیر جامعہ - (۳) (جرمنی آسٹریا ؛ وغیرہ) وزیر اعظم ؛ صدر اعظم -

C. of bishop or diocese : اسقف کا قانونی مشیر -

C. of Duchy of Lancaster : حکومت کا کارکن (قانوناً بادشاہ کا نائب بحیثیت ڈیوک آف لینکسٹر) ؛ اکثر وہ وزیر کابینہ جو بغیر قلمدان کے ہو -

C. of Exchequer : وزیر مالیہ -

C. of Garter or other order : وہ افسر جو کمیشنوں وغیرہ پر مہر کرے ؛ مہر بردار -

Lord C., C. of England, Lord High C. : دارالامرا کا میر مجلس ؛ عدالت مرافعہ کا میر مجلس ؛ قاضی القضاۃ -

Vice- C. : نائب امیر جامعہ -

chancellorship, *n.* : صدارت عظمیٰ ؛ وزارت عظمیٰ -

Chance-medley, *n.* : (قانون) (فعل) قتل؛ خطا (جو بالکل بےارادہ نہ ہو) ؛ بے احتیاطی ؛ بے خبری -

Chancery, *n.* : (۱) لارڈ چانسلر کی عدالت - (۲) محافظ خانہ -

in c. : پیچ جس میں حریف کی گردن بغل میں آجائے -

Chancre, *n.* : ٹانکی ؛ گرمی کا گھاو ؛ آتشک کا گھاو -

Chandelier, *n.* : شیشے کا جھاڑ؛ چہل چراغ ؛ چلچراغ -

Chandler, *n.* : شماع؛ شمع‌ساز؛ شمع فروش؛ بتی فروش ؛ بتی والا ؛ بتی ' روغن ' صابون ' وغیرہ بیچنے والا -

corn-c. : غلہ فروش ؛ بقال -

ship-c. : جہاز کا سامان مثل رسی ' بادبان وغیرہ بیچنے والا -

Change, *n.* : (۱) بدل ؛ تبدیلی ؛ اُلٹ پلٹ ؛ تغیر ؛ فرق ؛ اِنقلاب ؛ اِختلاف - (۲) ایک کے بدلے دوسری چیز رکھنا ؛ تبادلہ ؛ مبادلہ؛ ادلا بدلی - (۳) چاندبدل ؛ چاند کا گھٹاو بڑھاو ؛ تحویل قمر (خصوصاً ہلال کے لیے) - (۴) سودا لینے کے بعد بقیہ دام - (۵) ریزگاری ؛ خردہ -

Change (wrongly, 'Change) : وہ مقام جہاں سوداگر ومہاجن ملتے ہیں ؛ ساہوکارہ -

c. of clothes : کپڑوں کا فاضل جوڑا -

for a c. : تبدیلیِ آب و ہوا کی غرض سے -

on C. : ساہوکارے میں -

ring the cc. : گھنٹی بجانا (عموماً بصیغہ جمع) ؛ گھنٹی کا بجنا ؛ مختلف طریقے گھنٹی بجانے کے ؛ باج بدل گھنٹی بجانا (مجازاً) سب جتن کر چھوڑنا ؛ کوئی دقیقہ اُٹھا نہ رکھنا -

take one's, *the, c. out of* : کسی سے اپنا عوض لینا ؛ بدلہ لینا ؛ اِنتقام لینا -

changeful, *a.* : کبھی کچھ کبھی کچھ ؛ متلون -

changeless, *a* : بغیر تبدیلی کے ؛ غیر متبدل ؛ پائیدار ؛ بلااِنقلاب ؛ برقرار ؛ راسخ؛ ثابت ؛ اُستوار -

Change, *v.t. & i.* : (۱) بدلنا ؛ ادلا بدلی کرنا ؛ تبدیل کرنا ؛ تغیر کرنا ؛ تغیر وتبدیل کرنا - (۲) پیچھا چھڑانا - (۳) بھنانا ؛ بدلوانا (ایک سکے کو دوسرے سکے میں) تڑانا ؛ خردہ کرنا -

(۴) جوڑا بدلنا - (۵) دست بدست جانا ؛ ایک ہاتھ سے دوسرے ہاتھ میں (یا ایک کے پاس سے دوسرے کے پاس) جانا - (۶) لینا دینا ؛ داد وستد کرنا - (۷) متغیر ہونا - (۸) چاند کا نئی ہیئت میں آنا ' خصوصاً بصورت ہلال نمودار ہونا ۔

c. colour : چہرے کا رنگ بدلنا ؛ رنگ فق ہوجانا ؛ رنگ زرد پڑجانا ؛ شرما جانا -

c. front : دلیل میں پہلو بدلنا ؛ محاذ بدلنا ۔

c. one's *condition* : شادی کرنا -

c. one's *mind* : اپنی رائے بدلنا ؛ ارادہ بدل دینا ؛ نئی تدبیر یا رائے اختیار کرنا -

c. one's *note or tune* : دھیما پڑجانا ؛ سرد پڑجانا ؛ غمگین ہو جانا وغیرہ -

c. step, foot ' feet : کوچ کرتے وقت طبل کی آواز پر پیر اُٹھانا -

c. to, into, from : تغیر کرنا ؛ بدل دینا -

Changeable, *a.* : (۱) بے قرار ؛ غیر مستقل ؛ بے ضابطہ ؛ بے ثبات ؛ متلون ؛ ڈھل مل ؛ متغیر ؛ متبدل - (۲) تبدیل پذیر ؛ تغیر پذیر ؛ قابل تبدیل -

changeability, *n.* : تلون ؛ تغیر پذیری ؛ بے ثباتی ؛ ڈھل مل پنا -

changeableness, *n.* : تلون ؛ تغیر ؛ تبدیل ؛ ناپائیداری؛ بے ثباتی -

Changeling, *n.* : وہ چیز یا بچہ جو چوری چھپے کسی بچے یا چیز سے بدل لیا جائے ' خصوصاً وہ بچہ جو پریاں کسی انسانی بچے کے عوض ڈال جاتی ہیں ؛ بدلا ہوا بچہ یا چیز -

Channel, *n., & v.t.* : (۱) بہتے پانی کا قدرتی یا مصنوعی نالہ ؛ نہر - (۲) (جغرافیہ) خلیج ؛ کھاڑی ؛ رودبار - (۳) مائع کے لیے نل دار رستہ ؛ نل ؛ آبریز - (۴) رستہ ؛ سمت ؛ راہ - (۵) وسیلہ ؛ واسطہ ؛ توسط ؛ ذریعہ ؛ سبیل - (۶) نالی ؛ جھری ؛ جدول ؛ ستون کے خطوط ؛ خیارہ - (۷) نالی بنانا ؛ جھری بنانا ؛ جدول بنانا ؛ خیارہ بنانا ؛ خطوط ڈالنا ؛ رستہ نکالنا یا کاٹنا -

The C., English C. : خلیج انگلستان ؛ رود بارانگلستان-

Channel, *n.* : چوڑا موٹا تختہ جو جہاز کے پہلو سے نکلا رہتا ہے تاکہ مستول بند رسیوں (ریسمانی نردبان یا نردبانوں) کے لیے زیادہ جگہ نکل آئے -

Chant, *n., & v.i & t.* : (۱) گیت ؛ راگ ؛ بھجن - (۲) (موسیقی) کلیسای بھجن کی دھن ؛ نغمہ ؛ ترانہ ؛ قوالی - (۳) یکساں آواز کا گیت ؛ گنگنا نا ؛ ترنم - (۴) گانا ؛ الاپنا ؛ گنگنانا ؛ لے سے باتیں کرنا یا پڑھنا -

c. horses : دھوکا دے کر بیچنا ؛ فریب سے بیچنا -

c. the praises of : سدا گن گاتے رہنا -

double c. : دوبیتی نغمہ -

quadruple c. : چار بیتی نغمہ (چاربیت) -

single c. : یک بیتی نغمہ -

hantage, n. : استحصال بالجبر

Chanter, *n* : (۱) قوال؛ گویا؛ کلاونت؛ مغنی ؛ مطرب؛ مترنم؛ گا کر پڑھنے والا؛ نغمہ خواں - (۲) بیگ پائپ یعنے انبانے کی نے ؛ تونبی کی نے -

horse-c. : فریبی اسپ فروش ؛ دھو کا باز گھوڑے بیچنے والا -

Chanterelle, *n.* : انگریزی زرد ککرمتا جو کھایا جاتا ہے ؛ کھمبی -

Chanticleer, *n.* : مرغا ؛ خروس ؛ اہلی مرغ ؛ مرغ سحر ؛ صبح خواں -

Chantress, *n.* : گانے والی عورت ؛ مغنیہ ؛ مطربہ ؛ گاکر پڑھنے والی -

Chantry, *n.* : (۱) وقف پادریوں کے نام کہ وہ وقف کنندہ کے ایصال ثواب کے لیے دعا مانگا کریں - (۲) چھوٹا گرجا جس میں مردوں کے لیے دعا مانگتے ہیں - خانقاہ موقوفہ -

Chanty, *n.* : ملاحوں کا گیت جو بوجھ اُٹھاتے وقت گاتے ہیں ؛ ملاحی -

Chaos (k-), *n.* : (۱) مادہ یا ہیولیٰ ؛ قبلِ تکوین - (۲) فضائے غیر محدود ؛ خلائے بسیط - (۳) گڈمڈ ؛ ابتری ؛ درہمی برہمی افرا تفری ؛ درہم برہم ؛ عدم نظام ؛ خلل ؛ اختلال - (۴) یونانیوں کے عقیدے میں سب سے بڑا خدا ؛ خلاق اکبر -

chaotic, *a.* : مثل ہیولیٰ ؛ درہم برہم ؛ گڈمڈ -

chaotically, *adv.* : درہم برہم ؛ ابتری سے -

Chap, *v.t. & i., & n.* : (۱) تڑکانا ؛ تڑکنا ؛ درکانا ؛ درکنا ؛ پھٹنا (ہاتھ کی جلد کا) ؛ (زمین وغیرہ کا) شق ہونا ؛ شق کرنا؛ چاک کرنا ؛ چاک ہونا- (۲) (عموماً بصیغۂ جمع) (شگاف؛ جلد ' وغیرہ میں) چاک ؛ شق ؛ درز ؛ رخنہ ؛ دراڑ -

chappy, *a.* : پھٹے ہوئے ؛ شگاف دار ؛ ترکیدہ ؛ چاک شدہ

Chap, Chop, *n.* : (۱) جبڑے ' خصوصاً جانوروں کے (بصیغۂ جمع) - (۲) گال ؛ رخسار - (۳) (واحد) نیچے کا جبڑا یا آدھاگال خصوصاً سور کا جو کھایا بھی جاتا ہے -

c.-fallen : دل گیر ؛ غمگین ؛ غمناک ؛ مغموم ؛ حزیں اندوہناک ؛ ملول -

cc. of the Channel : بحر اٹلانٹک سے خلیج انگلستان میں داخلہ -

Bath-c. : منہ لٹکا ہوا ؛ پژمردہ ؛ افسردہ ؛ دل تنگ

fat-cc. : موٹے چہرے کا آدمی ؛ بھرے گال والا ؛ گل پھلا ؛ فربہ رخسار -

lick one's cc. : مزے کی وجہ سے یا مزے کے خیال سے منہ میں پانی بھر آنا ؛ ہونٹ چاٹنا -

Chap. *n.* : (روز مرہ) مرد آدمی ؛ بھلا مانس -

Chap-book, *n.* : عام مذاق کی چھوٹی چھوٹی کتابیں جن میں قصے ' گیت ' ترانے ' وغیرہ ہوتے ہیں ؛ کتابیا -

Chape, *n.* : شام (میان کی نوک پر) ؛ بکسوے کا کانٹا ؛ آنکڑا ؛ پیٹی وغیرہ میں پھسلنے والا حلقہ -

chapeau - bras, n. : شاپو برا ؛ تکوشیہ ٹوپی ؛ (تاریخ) اٹھارھویں صدی عیسوی میں تکونی چپٹی ریشمی ہیٹ یا ٹوپی جسے بغل میں رکھ لیا کرتے تھے -

Chapel, *n.* : (۱) کلیسائے بزرگ کے علاوہ عیسائیوں کی عبادت کا مقام جو کسی مکان یا معبد سے ملحق ہو ؛ خانہ گرجا - (۲) کسی بڑی عبادت کی نماز گاہ جہاں محراب وغیرہ بھی ہو ' خصوصاً کلیسائے بزرگ کا ایک کمرہ جو کسی نام سے وقف

کرہ یا گیا ہو ؛ نمازگاہ - (۳) رومن کیتھلک گرجا - (۴) (مطابعت) دفتر مطبع ؛ مطبع والوں کی انجمن یا ان کا جلسہ -

c. of ease : دور کے نمازیوں کی سہولت کے لیے گرجا -

c. royal : محل گرجا -

keep a c. : کالج میں حاضری دینا -

Lady-c. : وہ گرجا جو حضرت مریم کی طرف منسوب ہو جس میں محراب بڑی ہوتی ہے ؛ نماز خانۂ صغرا -

Chapelry, *n.* : وہ ضلع جو ایک چھوٹے گرجے کے تحت ہو ؛ چھوٹے گرجے کا علاقہ -

Chaperon, *n.*, & *v.t.* : (۱) آتون ؛ اتالیقہ ؛ شادی شدہ یا سن رسیدہ عورت جو دوشیزہ لڑکیوں کی اتالیق ہوتی ہے اور آداب مجلس وغیرہ سکھاتی ہے - (۲) اتالیقی کرنا ؛ نگرانی کرنا -

chaperonage, *n.* : نگرانی ؛ اتالیقی -

Chapiter, *n.* : ستون یا کھمبے کا سر یا چوٹی ؛ تاج -

Chaplain, *n.* : (۱) پادری جو کسی بڑے یا مقتدر شخص کے عبادت خانے میں کام کرے ؛ کسی خاندان کا پادری - (۲) راہبہ جو کسی راہب خانے میں نماز پڑھائے -

chaplaincy, *n.* : خاندانی پادری کا عہدہ -

Chaplet, *n.* : (۱) سہرا ؛ ہار (پھولوں ، پتیوں ، سونے ، جواہرات ، وغیرہ کا سر کے لیے) ، پھولوں کا گجرا - (۲) سمرنی ؛ تسبیح ؛ سبحہ ؛ مالا ؛ کنٹھا (زیور) - (۳) مینڈک وغیرہ میں انڈے کی توڑی - (۴) - دیواروں وغیرہ میں لمبی ابھری ہوئی لکیر ؛ گولا -

chapleted, *a.* : سہرے دار ؛ تسبیح دار ؛ گولے دار

Chapman, *n.* : بساطی ؛ پھیری والا -

Chappie,-y, *n.* : البیلا ؛ چھیلا ؛ بانکا ؛ مرد نازنین ؛ رنگیلا ؛ خود آرا -

Chapter, *n.* : (۱) کتاب کا باب ؛ فصل ؛ سورۃ - (۲) (مجازاً) خاص مضمون ، حکایت ، وغیرہ - (۳) پارلیمنٹ کا ایکٹ جو کسی میقات کے آئینوں میں شمار ہوتا ہے اور حوالے کے لیے اس پر نمبر ڈال دیا جاتا ہے - (۴) کسی گرجا یا خانقاہ کے پادریوں کی پوری جماعت -

c. & verse : کسی اقتباس کا پورا پورا حوالہ ؛ سورت اور آیت بتانا ؛ کسی دعوے کے لیے پوری پوری سند -

c.-house : مجلس خانہ -

c. of accidents : ناگہانی حوادث یا واقعات -

to end of c. : ہمیشہ ؛ دواماً -

Char, *n.* : ویلز وغیرہ میں پہاڑی تراوٹ مچھلی -

Char : دیکھو CHARE -

Char, *v.t.* & *i.* : جل کر کوئلہ ہو جانا ؛ جلا کر کوئلہ بنانا ؛ جلنا ؛ جلانا ؛ جھلسنا ؛ جھلسانا ؛ آنچ سے کالا کرنا -

Char-a-banc (s), *n.* : لمبی گاڑی جس میں بہت سی نشستیں ہوں اور جس میں تعطیل کے دن مضافات میں جاتے ہیں ؛ تفریح گاڑی ؛ سیر گاڑی -

Character, *n.*, & *v.t.* : (۱) امتیازی نشان ؛ نشانی ؛ علامت - (۲) (بصیغۂ جمع) آنک ؛ ہندسہ ؛ حرف - (۳) رسم خط ؛ خط - (۴) کسی شخص کا خط - (۵) امتیازی خاصہ ؛ امتیاز (عموماً نوع ...

ذہنی یا اخلاقی طبیعت یا فطرت - (۷) اخلاقی قوت ؛ مستقل مزاجی ؛ استواری طبیعت - (۸) شہرت ؛ ناموری ؛ نام ؛ آبرو ؛ نیک نامی - (۹) سیرت ؛ خاصیت ؛ خصلت ؛ سبھاو ؛ گن ؛ چال چلن ؛ طبع ؛ طبیعت ؛ مزاج ؛ سرشت ؛ جوہر ؛ نہاد ؛ فطرت - (۱۰) سفارش نامہ ؛ صداقت نامہ ؛ سند لیاقت ؛ سند خوشنودی مزاج - (۱۱) مرتبہ ؛ حیثیت ؛ منصب - (۱۲) معروف آدمی - (۱۳) شخص جو ناول نویس یا ڈراما نویس ایجاد کرتے ہیں ؛ شخص ناول یا ڈراما - (۱۴) ایکٹر یا ریاکار کا پارٹ ، سوانگ - (۱۵) وہمی شخص ؛ سنکی ؛ خبطی - (۱۶) (متروک نظم میں) کندہ کرنا ؛ نقش کرنا - (۱۷) بیان کرنا -

c. actor : وہ ایکٹر جو سنکیوں کا سوانگ کرے -

in c. : سیرت یا طبیعت کے موافق سوانگ -

out of c. : طبیعت کے خلاف سوانگ -

public c. : مشہور و معروف شخص ؛ مشہور خاص و عام -

Characteristic, *a.* & *n.* : (۱) امتیازی ؛ عادتی ؛ طبعی ؛ مخصوص ؛ نمایاں ؛ خصوصیت ظاہر کرنے والا - (۲) صفت ؛ خصلت ؛ طبع ؛ طبیعت ؛ کیفیت ؛ خاصیت ؛ فطرت ؛ خو ؛ عادت ؛ خصوصیت - (۳) (ریاضی) لوگارتم کا سیز -

characteristically, *adv.* : عادتاً ؛ امتیازاً ؛ خاصیتاً وغیرہ -

Characterize, *v.t.* : (۱) سیرت بیان کرنا ؛ خصلت بیان کرنا - (۲) نام دینا ؛ مشہور کرنا - (۳) خاصیت بیان کرنا ؛ مشخص کرنا - (۴) کسی کا امتیازی خاصہ ہونا ؛ متصف کرنا ؛ خصلت پیدا کرنا ؛ کسی وصف سے متصف کر دینا -

characterization, *n.* : سیرت نگاری ؛ کردار نگاری -

Characterless, *a.* : (۱) معمولی ؛ عامی - (۲) بے سند ؛ جس کے پاس کوئی صداقت نامہ نہ ہو -

Charade (sharahd), *n.* : ایک پہیلی جس کی بوجھ ایک لفظ کے ٹکڑے جوڑنے سے نکلتی ہے ؛ لغز ؛ چیستان -

Charcoal, *n.* : (۱) لکڑی کا کوئلہ ؛ کوئلہ ؛ کاربن کی ایک صورت - (۲) جلتے کوئلوں کے دھوئیں سے خود کشی -

c.-burner : کوئلہ گر -

Chare, Char, *n.*, (usu. pl), & *v.i.* : (۱) گھر صاف کرنے کا کام ؛ پھٹکل کام - (۲) پھٹکل کام کرنا -

Charge, *n.* : (۱) بوجھ ؛ بار - (۲) - کسی چیز کی صحیح مقدار جو کسی چیز میں رکھی جائے مثلاً : بندوق میں بارود کی مقدار ؛ بارود ؛ کارتوس ؛ مقدار معین ؛ لقمہ - (۳) (مجازاً) بوجھ ؛ بار - (۴) خرچ ؛ لاگت ؛ صرف ؛ قیمت ؛ دام - (۵) خدمت کی اجرت یا قیمت ؛ محنتانہ - (۶) امر مفوضہ ؛ کار متعلقہ ؛ فرض ؛ فریضہ ؛ عہدہ ؛ منصب - (۷) پاسبانی ؛ حفاظت ؛ سپردگی ؛ رکھوالی ؛ نگرانی ؛ جائزہ ؛ حوالگی - ( ) شے یا شخص سپرد کردہ یا حوالہ شدہ ؛ امانت ؛ وہ جماعت جو پادری کی نگرانی میں ہو ؛ جماعت متعلقہ - (۹) ہدایت ؛ تنبیہ ؛ تاکید ؛ نصیحت - (۱۰) الزام ؛ تہمت ؛ افترا ؛ اتہام - (۱۱) یورش ؛ حملہ ؛ ہلہ ؛ دھاوا ؛ چڑھائی ؛ تاخت - (۱۲) (فوج) حملہ کرنے کے لیے جو طبل یا بوق وغیرہ بجایا جائے ؛ طبل یورش ؛ ہلہ بولنا - (۱۳) (نقابت) طغری ؛ مارکہ ؛ تمغہ ؛ تکمہ -

bishop's c. : پادری یا اسقف کی وصیت یا تنبیہ -
curate in c. : ذمہ دار افسر -
give person in c. : پولیس کی حراست میں دے دینا ؛ پولیس کے حوالے کر دینا -
judge's c. to jury : جیوری کو جج کی ہدایت -
lay to one's c. : الزام لگانا ؛ ذمے دار ٹھیرانا -
parting c. : رخصت ہونے کے وقت کی وصیت ؛ وداعی وصیت ؛ وداعی نصیحت -

Charge, *v.t. & i.* : (۱) بار کرنا ؛ ڈالنا ؛ ٹھونسنا ؛ ٹھانسنا ؛ لبالب بھرنا (برتن کا) ؛ پورا پورا بھرنا (بندوق ، توپ ، وغیرہ کا) (۲) بھر دینا (ہوا کا بخارات سے ، پانی کا کیمیاوی اجزا سے ، جامع کا برق سے ، حافظہ کا واقعات سے) - (۳) سپرد کرنا ؛ حوالے کرنا ؛ تفویض کرنا ؛ تحویل میں دینا ؛ سونپنا - (۴) حکم دینا ؛ تاکید کرنا ؛ ہدایت کرنا (خصوصاً پادری ، یا جج کا) - (۵) الزام دینا ؛ تہمت لگانا ؛ متہم کرنا - (۶) ذمہ داری عائد کرنا ؛ مستوجب ٹھیرانا ؛ ذمے داری ڈالنا - (۷) قیمت طلب کرنا ؛ مطالبہ کرنا - (۸) تاخت کرنا ؛ حملہ کرنا ؛ ہلہ کرنا ؛ (خصوصاً سواروں کا) دھاوا کرنا ؛ چڑھائی کرنا ؛ یورش کرنا - (۹) ہتھیار تولنا -
c. bayonets: سواروں کا حملہ روکنے کے لیے سنگینوں کو تولنا -
c. oneself with: اپنے ذمے لینا ؛ کسی چیز کا بیڑا اٹھانا ؛ اپنے اوپر لازم کرلینا -

Chargeable *a.*: (۱) قیمتی ؛ بیش بہا (متروک) - (۲) قابل مواخذہ ؛ قابل باز پرس - (۳) قابل مطالبہ زر ؛ قابل وضع - (۴) واجب الادا ؛ واجب الاخذ - (۵) قابل منسوبی ؛ قابل انتساب - (۶) حساب میں شمار کیے جانے کے قابل ؛ حساب پر چڑھائے جانے کے قابل -
c. to the parish: علاقہ پادری کے ذمے -
chargeability, *n.*: قابل مواخذہ ہونے کی حالت ؛ مواخذہ پذیری -

charge (d' affaires), *n.* (pl. *-es d,-*): نائب سفیر -

Charger, *n.*: (متروک) سینی ؛ قاب ؛ مشقاب ؛ طبق -

Charger, *n.*: (۱) " چارج " کا اسم فاعل - (۲) جنگی گھوڑا ؛ مخصوص گھوڑا -

Chariot, *n., & v. t.*: (۱) رتھ : چارپہیہ گاڑی (نظم میں اور خاص کر سورج کے لیے) - (۲) اٹھارھویں صدی کی چو پہیا گاڑی جس میں نشست پیچھے ہوتی تھی (۳) (تاریخ) جنگی رتھ - (۴) رتھ میں لے جانا ؛ رتھ کی سواری لے جانا -
charioteer, *n.*: رتھ بان ؛ گاڑی بان -

Charitable, *a.*: (۱) داتا ؛ مخیر ؛ سخی ؛ دریا دل ؛ فیاض - (۲) فیاضانہ ؛ مخیرانہ ؛ خیراتی - (۳) نیک نیت ؛ خوش نیت ؛ نیک دل ؛ خوش گمان ؛ کریم النفس
charitableness, *n.*: نیک نیتی ؛ نیک دلی ؛ فیاضی ؛ سخاوت ، کریم النفسی -
charitably, *adv.*: فیاضانہ ؛ نیک نیتی سے ؛ نیک دلی سے -

Charity, *n.*: (۱) انسانی ہمدردی ؛ انسانی محبت (۲) نکوکاری ؛ مہربانی ؛ نرم دلی ؛ رافت - (۳) خلوص ؛ اخلاص ؛ نیک گمانی ؛ نیک خیالی ؛ خوش نیتی ؛ اخلاص [illegible] - (۴) خیرات ؛ داد دھش ؛ زکات ؛ دان ؛ پن ؛ فیاضی - (۵) خیرات خانہ ؛ محتاج خانہ ؛ محتاجوں کی امداد -
c. begins at home: اول خویش بعدہ درویش ؛ پہلے اپنے پیچھے غیر -
c. -boy, -girl: خیراتی لڑکا یا لڑکی یعنی وہ لڑکا یا لڑکی جو خیرات خانے میں پلی ہو ؛ ٹکڑوں پلا -
C. Commission: سنہ ۱۸۵۳ ع میں انگلستان میں ایک بورڈ یا مجلس اوقات کی نگرانی کے لیے بنائی گئی تھی ؛ مجلس نظامت اوقات -
C. Commissioner (s): ناظم خیرات خانہ جات ؛ ناظم اوقاف -
charities: خیرات -
Brother, Sister, of C.: ارباب خیر -
cold as c.: خشک اصولی ؛ انتظام جس میں مشین کی طرح کام ہو -
in, out of, c. with: محبت سے ؛ ہمدردی سے -

Charivari, *n.*: چخ چخ ؛ قال فیارہ ؛ ہڑبڑ ؛ ہڑبونگ -

Charlatan (sh-), *n. & a.*: (۱) نیم حکیم ؛ نیم طبیب ؛ عطائی ؛ جھوٹا طبیب ؛ بازاری طبیب - (۲) جھوٹا مدعی ؛ ڈھونگیا ؛ لپاٹی -
charlatanish, *a.*: نیم حکیمانہ ؛ عطائیانہ ؛ مدعیانہ ؛ ڈھونگیا -
charlatanism, charlatanry, *nn.*: ڈھونگ پن ؛ ادعا ؛ ڈھونگ باطل -

Charles's wain, *n.*, (*Plough, Great Bear*): سات ستاروں کا جھمکا ؛ سات سہیلیوں کا جھمکا ؛ سپت رشی ؛ دب اکبر ؛ بنات النعش -

Charlock, *n.*: رائی ؛ سرسوں ؛ خردل -

Charlotte, *n.*: شارلٹ ؛ پکائے ہوئے سیب کی مٹھائی جس پر روٹی کے بھورے جمے ہوں -
c. russe: انڈا اور کھانڈ یا ابالا دودھ جو اسفنجی کیک میں بھرا ہوتا ہے ؛ اسفنجی کیک -

Charm, *n.*: (۱) افسوں ؛ جادو ؛ منتر ؛ ٹونا ؛ ٹوٹکا ؛ سحر ؛ ڈھنگ ؛ طلسم - (۲) تعویذ ؛ حرز ؛ گنڈا - (۳) گھڑی کی لٹکن کا آویزہ - (۴) جذب ؛ دل فریبی ؛ دل کشی ؛ دل ربائی ؛ دلبری ؛ دلآویزی ؛ موہنی ؛ فریفتگی -
charms: حسن ؛ جمال -

Charm, *v. t.*: (۱) جادو یا ٹونا کرنا ؛ جادو چلانا یا پھینکنا ؛ جادو یا منتر پھونکنا ؛ منتر پڑھنا - (۲) جادو کی طاقت پیدا کرنا (۳) موہ لینا ؛ موہنا ؛ لبھانا ؛ فریفتہ کرنا ؛ مفتوں کرنا ؛ شیفتہ کرنا - (۴) خوش کرنا ؛ مسرور کرنا -
c. asleep: جادو سے سلا دینا ؛ جادو کرکے سلا دینا -
c. away: جادو کے زور سے دور کرنا -
c. out, of: (راز ، رنا مندی ، وغیرہ) جادو کے زور سے حاصل کرنا -
bear a charmed life: طلسماتی زندگی رکھنے والا ؛ جس پر کوئی وار نہ چل سکے -
charmed, *p.p.*: مسحور ؛ خوش ؛ مسحور ؛ سحر زدہ -
charming, *part.*: موہنی ؛ موہنا ؛ رجھاؤ ؛ دلربا ؛ دلفریب ؛ سوہاؤنی ؛

دلاویز ؛ فسوں ساز ؛ دل پسند ؛ دل پذیر ؛ مطبوع ؛ دلچسپ ؛ پسندیدہ -

charmingly, *adv.*: دلبرانہ ؛ دل کشی سے ؛ دلفریبی سے -

Charmer, *n.*: (۱) جادو گر ؛ منتری ؛ افسوں گر - (۲) من موہن ؛ موہنی مورت ؛ دلربا ؛ دلبر ؛ نازنین ؛ بالخصوص حسینہ -

Charnel-house, *n.*: مکان یا تہ خانہ جہاں ہڈیاں یا لاشیں رکھی جائیں ؛ مردہ خانہ ؛ میت کدہ -

Charon, *n.*: خیران ؛ یونانی اساطیریات یا دیو مالا میں وہ دیوتا یا کشتی بان جو روحوں کو تحت الثری یا جہنم میں لے جاتا ہے -

C.'s boat, ferry, etc.: موت کا وقت ؛ موت کا گھاٹ -

Charpoy, *n.*: چارپائی -

Chart, *n.*, & *v. t.*: (۱) جہاز رانوں کا بحری نقشہ جس میں ساحل چٹان ، وغیرہ دکھلائے جاتے ہیں ؛ بحری نقشہ - (۲) خاص حالات کو ظاہر کرنے والا نقشہ ؛ خاص نقشہ - (۳) منحنی وغیرہ بنا کر کسی نقشے پر تپش ، قیمتوں ، وغیرہ کے تغیرات کو ظاہر کرنا ؛ ترسیم کرنا - (۴) جدول اعداد و شمار یا معلومات کا نقشہ ؛ ترسیم نامہ -

magnetic c.: مقناطیسی نقشہ ؛ مقناطیسی ترسیمہ -

chartless, *a.*: بے نقشہ ؛ بے ترسیم ؛ بے ترسیمہ -

Charter, *n.*: (۱) سند ؛ پروانہ ؛ راج پٹری ؛ توقیع ؛ منشور ؛ فرمان - (۲) دستاویز ؛ انتقال اراضی ؛ معاہدہ - حق ؛ اختیار ؛ استحقاق -

c.-party: دیکھو CHARTER-PARTY -

Great C. (*Magna Charta*): منشور اعظم (جس سے انگلستان میں دستوریت قائم ہوئی) -

Charter, *v.t.*: (۱) سند دینا ؛ پروانہ دینا ؛ حق عطا کرنا - (۲) قول و قرار کر کے جہاز کرائے پر دینا ؛ گاڑی وغیرہ کرائے پر کرنا -

chartered accountant: رکن انجمن محاسبین جو فرمان شاہی سے قائم کی گئی ہو ؛ سند یافتہ محاسب -

chartered libertine: رند لاابالی ؛ آزاد قلندر -

charterer, *n.*: سند عطا کرنے والا ؛ سند عطا کنندہ ؛ جہاز کرائے پر دینے والا -

Charter-party, *n.*: جہاز کے مالک اور سوداگر کے درمیان قول یا اقرار ؛ جہاز کرائے پر دینے اور سامان اتارنے کے لیے قول ؛ جہازی کرایہ نامہ ؛ مرخط کرایۂ جہاز -

Chartism, *n.*: سنہ ۱۸۳۷ تا سنہ ۱۸۴۸ ء کی اصلاحی تحریک کے اصول ؛ منشوریت -

chartist, *n.*: اصول بالا ماننے والا ؛ منشوری (یہ نام منشور جمہور کی وجہ سے پڑا) -

Chartography (k-) دیکھو CARTOGRAPHY -

Chartreuse (shartrerz), *n.*: (۱) کارتھوزی شراب ؛ ایک فرانسیسی شراب - (۲) سیبی رنگ -

Chartulary(k-): دیکھو CARTULARY

Charwoman, *n.*: دن کی نوکر ؛ دن دن کی نوکر -

Chary, *a.*: (۱) ہوشیار ؛ خبر دار ؛ آگاہ ؛ با خبر ؛ محتاط ؛ چوکس - (۲) پھونک پھونک کے قدم رکھنے والا - (۳) بخیل ؛ کنجوس -

c. of praise: تعریف کرنے میں متامل ؛ مشکل سے تعریف کرنے والا

charily, *adv.*: ہوشیاری سے ؛ کفایت سے ؛ جز رسی سے -

chariness, *n.*: احتیاط ؛ چوکسی ؛ بخل ؛ تامل -

Charybdis (k-), *n.*: دیکھو SCYLLA

Chase, *n.*, **Chace**: (۱) پیچھا ؛ تعاقب - (۲) بے کٹہرا رمنا یا سبزہ گاہ - (۳) شکار ؛ تعاقب کردہ جہاز - (۴) ٹینس کے کھیل کا ایک ہاتھ -

in c. of: پیچھا کرتے ہوئے ؛ تعاقب میں -

give c.: پیچھا کرنا ؛ تعاقب کرنا ؛ رگیدنا ؛ شکار کھیلنا -

the c.: صید افگنی ؛ شکار بازی -

Chase, *v.t.*: پیچھا کرنا ؛ رگیدنا ؛ کھدیڑنا ؛ تعاقب کرنا -

c. from: نکال دینا ؛ پیچھا کر کے نکال دینا -

c. out of: پیچھا کر کے دور کردینا -

c. to: رگیدتے ہوئے لے جانا

Chase, *n.*: (۱) بندوق کی نالی یا نال - (۲) تا وغیرہ رکھنے کی نالی -

Chase, *n.*: (طباعت) فرمہ -

Chasm(kazm), *n.*: (۱) غار ؛ قعر - (۲) تسلسل کا ٹوٹ جانا ؛ انقطاع تسلسل ؛ رخنہ - (۳) دو شخصوں یا جماعتوں میں اختلاف جذبات ، اغراض ، وغیرہ ؛ بون بعید ؛ شدید اختلاف - (۴) خلا ؛ خلو ؛ خالی جگہ -

chasy, *a.*: شگاف دار ؛ غار دار ؛ غار نما ؛ قعر آسا -

chasse (shahs), *n.*: شاس ؛ قہوہ وغیرہ کے بعد پینے کی شراب -

chasse (shasa), *n.* & *v.i.*: شاسا ؛ لغزش رقص ؛ ناچ میں پاؤں کا پھسلانا -

chassepot (shaspo), *n.*: شسپو ؛ فرانسیسی فوج کی کارتوسی بندوق -

Chassis (shase), *n.* (pl. the same): توپ گاڑی یا موٹر گاڑی کا ٹھٹھر یا ڈھانچہ ؛ کسی کمپنی کا موٹروں کا ذخیرہ -

Chaste, *a.*: (۱) پاک ؛ پاکیزہ ؛ پاک دامن ؛ پارسا ؛ عفیف ؛ عفیفہ ؛ عاصم ؛ طاہرہ ؛ پرہیزگار ؛ محتاط ؛ معصوم - (۲) شایستہ ؛ پاکیزہ ؛ (تقریر میں) سوقیانہ پن سے پاک ؛ شستہ تقریر ؛ شستہ و رفتہ - (۳) ضابط ؛ خود دار ؛ محتاط ؛ سادہ مذاق ؛ سادہ مزاج ؛ پاک صاف طرز بیان -

chastely, *adv.*: شائستگی سے ؛ شستگی سے ؛ سادگی سے ؛ پاکیزگی سے ؛ پاک دامنی سے -

Chasten, *v. t.*: (۱) [illegible] میں ڈال کر سدھارنا ؛ تزکیہ کرنا - (۲) بنانا ؛ سنوارنا ؛ نکھارنا - سونا ؛ دھیما کرنا ؛ معتدل کرنا ؛ رام کرنا (نفس کو) ؛ نفس مارنا -

chastener, *n.*: اسم فاعل مذکورۂ بالا معنوں میں -

Chastise, *v.t.*: (۱) سزا دینا ؛ سیاست کرنا ؛ تادیب کرنا ؛ تنبیہ کرنا ؛ گوشمالی کرنا ؛ سرزنش کرنا - (۲) مارنا پیٹنا -

chastisement, *n.*: عذاب ؛ تادیب ؛ سیاست ؛ عقوبت ؛ گوشمالی ؛ سزا ؛ سرزنش -

chastiser, *n.*: تنبیہ کرنے والا ؛ مودب ؛ سرزنش کرنے والا ؛ سزا دینے والا -

Chastity *n.*: (۱) عصمت ؛ عفت ؛ پاک دامنی ؛ زہد ؛ پارسائی ؛ پرہیز گاری - (۲) کنوارپن ؛ تجرد ؛ بکر - (۳) سادہ مزاجی ؛ سادگی ؛ پاکی ؛ پاکیزگی -

Chasuble, *n.* : چیز و بل ؛ عیسائیوں کی عید قربان و فطر کے موقع پر رسوم ادا کرنے والے کے پشت دوش کا حلہ عبادت -

Chat, *v.i.*, & *n.* : (۱) بات چیت ؛ گپ ؛ قپ شپ ؛ بے تکلف گفتگو - (۲) بات چیت کرنا ؛ گپ شپ اُڑانا ؛ بے تکلف گفتگو کرنا -

chattiness, *n.* : قپ شپ ؛ گپ بازی -

chatty, *a.* : گپی ؛ باتونی -

Chat, *n.* : چڑیوں کی قسمیں ؛ خصوصاً گانے والی خوش آواز چڑیوں کی -

chateau (shato), *n.* (pl.-x, pr.-z) : جاگیر داروں کی گڑھی ؛ حویلی ؛ دیہاتی حویلی -

Chatelaine (sh-), *n.* : تاگڑی ؛ تگڑی ؛ کردھنی ؛ چھوٹی چھوٹی زنجیریں جو عورت کی پیٹی میں گھڑی ، کنجی ، پنسل ، وغیرہ کے لیے لگی رہتی ہیں -

Chattel, *n.* : چیز بست ؛ اسباب ؛ اشیا ؛ اجناس ؛ مال و متاع ؛ اثالا ؛ مال و اموال ؛ جائداد منقولہ ؛ اشیاے منقولہ ؛ اثاثہ ؛ انگڑ کھنگڑ -

Chatter, *v.i.* & *n.* : (۱) (طیور کا) کلکلانا ؛ چوں چوں کرنا ؛ چیں چیں کرنا - (۲) (اِنسان کا) بڑ مارنا ؛ بکواس کرنا ؛ ہرزہ گوئی کرنا ؛ یاوہ گوئی کرنا ؛ بک بک کرنا ؛ رٹنا ؛ بیہودہ بکنا ؛ احمقانہ گفتگو کرنا ؛ بے موقع بولنا - (۳) (دانت کا) بجنا ؛ کٹکٹانا ؛ کڑ کڑانا ؛ ڈگ ڈگانا ؛ نیز کسی مشین کے ڈھیلے حصوں کا بجنا ؛ کھٹ کھٹ ہونا - (۴) چڑ چڑ ؛ چٹ چٹ ؛ ٹیں ٹیں ؛ کلکلاہٹ ؛ کچکچاہٹ ؛ گپ ؛ گپ شپ ؛ ٹر ؛ ہرزہ گوئی ؛ یاوہ گوئی ؛ زیادہ گوئی -

chatterbox : باتونی ؛ بکی ؛ گپی ؛ ہرزہ سرا ؛ یاوہ گو ؛ زیادہ گو ؛ پر گو ؛ پوچ گو ؛ باتوں کی جھڑ لگانے والا ؛ بسیار گو -

Chauffer, *n.* : (۱) دھاتی انگیٹھی ؛ منقل ؛ آتش دان - (۲) ٹوٹ کی بھٹی جس میں ہوا کے لیے سوراخ ہوں -

chauffeur (shofer), *n.* : موٹربان ؛ موٹر چلانے والا -

Chaumontel (sho-), *n.* : بڑی قسم کی ناشپاتی ؛ ولایتی ناشپاتی -

chaussure, *n.* : انگریزی جوتا ؛ بوٹ -

Chauvinism (sho-), *n.* : جنگ جویانہ وطن پرستی ؛ شاونیت (شاون جو نپولین کے زمانے کا بہادر تھا) -

chauvinist, *n.* & *a.* : شاونی ؛ جنگ جو وطن پرست ؛ جارحانہ وطن پرستی کا حامی -

chauvinistic, *a.* : شاونی ؛ شاونیانہ ؛ جار حانہ وطن پرستی کے انداز سے ؛ وطن پرستانہ -

Chaw, *v.t.*, & *n.* : (۱) (سوقیانہ) چابنا ؛ چبانا - (۲) تمباکو کا انٹا ، گولی -

c.-bacon : بے ادب ؛ احمق ؛ گنوار ؛ گنوار کا لٹھ ؛ گھامڑ ؛ اُجڈ -

c. up : (امریکا میں) شکست فاش دینا ؛ پیس ڈالنا -

Cheap, *a.* : (۱) ارزاں ؛ سستا ؛ سستے مول ؛ کم مول کا ؛ ہلکے مول کا ، مندے بھاو کا ؛ کم دام کا ؛ (چیز ، قیمت ، کم بھاو تجارتی دار کے متعلق آتا ہے) کم قیمت ؛ کم لاگت کا ؛ کم بھاو - (۲) لاگت یا خرچ کے لحاظ سے ارزاں ؛ کم خرچ بالا نشین - (۳) جو آسانی سے حاصل ہوسکے ؛ سہل الحصول - (۴) بے قدر ؛ نکما ؛ گھٹیا ؛ فرسودہ ؛ پلسی - (۵) سستے داموں ؛ سستا ؛ ارزاں -

c. & nasty : سستا اور نکما ؛ ارزاں بلا علت -

c. jack : پھیری والا ؛ بساطی -

c. trip : ریل وغیرہ پر کم کرایہ دے کر تفریحی سفر ؛ ارزاں سفر -

c. tripper : ریل وغیرہ پر کم کرایہ دے کر تفریحی سفر کرنے والا ؛ ارزاں سائر یا مسافر -

dirt c. : مٹی کے مول ؛ کوڑیوں کے مول -

feel c. : (سوقیانہ) پژمردہ ؛ افسردہ ؛ اُداس ؛ گری طبیعت -

hold c. : حقیر جاننا ؛ بے قدری کرنا ؛ قدر نہ کرنا ؛ ادنیٰ سمجھنا -

on the c. : آسان طریقے سے ؛ مفت میں

cheapish, *a.* : نکما ؛ گھٹیا -

cheaply *adv.* : سستا ؛ ارزان ؛ کم قیمت پر -

cheapness, *n.* : ارزانی ؛ سستا پن -

Cheapen, *v.t.* & *i.* : (۱) (متروک) مول کرنا یا چکانا ؛ دام یا بھاو کرنا ؛ قیمت چکانا - (۲) ارزاں کرنا ؛ ارزاں ہو جانا ؛ مول گھٹانا یا گھٹنا ؛ دام توڑانا -

Cheat, *n.*, & *v.t.* & *i.* : (۱) دم ؛ جھانسا ؛ دھوکا ؛ چھل ؛ چال ؛ بتا ؛ حیلہ ؛ کید ؛ دغا ؛ عیاری - (۲) حیلہ باز ؛ حیلہ ور ؛ دغا باز ؛ فریبی ؛ چالیا ؛ جھانسا دینے والا ؛ دھوکے باز ؛ ٹھگ ؛ اڑی مار - (۳) تاش کا ایک کھیل جس میں ایسا دھوکا یا جعل جائز ہے جو معلوم نہ ہوسکے - (۴) ٹھگنا ؛ چال چلنا ؛ دغا دینا ؛ دم دینا ؛ جل دینا ؛ جھانسا دینا ؛ بتا دینا ؛ دھوکا دینا ؛ حیلہ کرنا ؛ فریب دینا ؛ بے ایمانی کرنا ؛ دغا بازی کرنا - (۵) خرید و فروخت میں بے ایمانی کرنا ؛ کانٹا مارنا ؛ ڈنڈی مارنا - (۶) (وقت) گذارنا ؛ (وقت) بہلانا ؛ (تکان) اُتارنا ؛ اِس طرح سے مشغول ہونا کہ رفت یا تکان محسوس نہ ہو ؛ تکان یا وقت کو بھلوا دینا -

Check, *int.* & *n.* : (۱) شطرنج میں بادشاہ پر زد ؛ شہ ؛ کشت ؛ ایسے موقع پر کشت کہنا - (۲) حرکت میں یکایک روک ؛ روک ؛ رکاوٹ ؛ ناگہانی روک ؛ مزاحمت ؛ جھڑکی ؛ زجر ؛ گھڑکی ؛ ڈانٹ - (۳) خفیف فوجی شکست - (۴) (شکار) بو کا غائب ہو جانا - (۵) اِنقطاع ؛ روک ؛ ٹھہراو ؛ تعرض ؛ سد باب - (۶) روک ؛ اٹکاو ؛ روک تھام - (۷) شے یا شخص جو مزاحمت کرے ؛ مزاحم ؛ روکنے والا - (۸) جانچ ؛ پڑتال ؛ مقابلہ ؛ اِمتحان ؛ تنقیح (حسابات) - (۹) شناخت چٹھی ؛ چھوٹے ہوے یا سپرد کردہ اسباب کی رسید - (۱۰) (امریکا) تاش کھیلنے میں پیش تختہ جس پر شرط وغیرہ کا روپیہ رکھتے ہیں ؛ تاش کا پیش تختہ -

c.-action : پیانو میں موگری روکے رکھنا کہ دوبارہ ضرب نہ لگنے پائے -

c.-nut : وہ ڈھبری جو دوسری ڈھبری پر چڑھائی جائے تاکہ دوسری ڈھبری کسی رہے ؛ روک ڈھبری (پیچ) -

c.-rein : قائزہ -

c.-string : گاڑیوں میں رسی جس کے کھینچنے سے گاڑی بان گاڑی روک دیتا ہے ؛ روک ڈورا -

c.-taker : تھیٹر وغیرہ میں ٹکٹ جمع کرنے والا ؛ ٹکٹ گیر -

c.-till : دکان کے پیش تختے میں رسیدوں کے رکھنے کی جگہ ؛ رسید خانہ -

hand in one's cc. : مر جانا ؛ جاں بحق تسلیم ہونا ؛ روح حوالے کرنا -

keep in c.: ضبط میں رکھنا ؛ قابو میں رکھنا -

Check *v.t. & i.*: (۱) کشت دینا ؛ شہ دینا - (۲) یکا یک روکنا ؛ دفعتاً روک دینا (۳) (شکاری کتوں کا) بو نہ پاکر رک جانا یا بو کا پتہ لگا لینا - (۴) روکنا ؛ تھامنا ؛ ٹھہرانا ؛ اٹکانا ؛ بند کرنا قابو میں رکھنا ؛ دباؤ میں رکھنا ؛ باز رکھنا - (۵) جانچنا ؛ پڑتالنا ؛ بدہ ملانا ؛ جایزہ لینا ؛ ؛ مقابلہ کرنا ؛ تنقیح کرنا (بیان ' حساب ' شمار و اعداد ' ملازمین ' وغیرہ کا) -

Check, *n.*: چارخانہ کپڑا ؛ چوخانہ ؛ چلاخانہ دار

checked, *a.*: چارخانہ دار-

Check: دیکھو CHEQUE -

Checker: دیکھو CHEQUER -

Checkmate, *int. & n., & v.t.*: (N.) شہ مات ؛ (v.t.) شہ مات دینا ؛ مات دینا ؛ مات کرنا ؛ شکست دینا ؛ ہرا دینا ؛ باطل کر دینا ؛ رائگاں کرنا ؛ (int.) مات ! -

Cheddar, *n.*: ایک قسم کا پنیر ؛ ولایتی پنیر -

Cheek, *n., & v.t.*: (۱) گلا ؛ رخسارہ ؛ گال ؛ عارض ؛ خد - (۲) شوخ تقریر ؛ گستاخانہ تقریر (نیز فعل) - (۳) ڈھٹائی ؛ شوخ چشمی - (۴) دروازے وغیرہ میں کواڑ - (۵) (بصیغۂ جمع) آهنی شکنجہ یا زنبور کے دندانے جو ایک دوسرے میں بیٹھ جائیں -

c.-bone: آنکھ کے نیچے گال کی هڈی -

c. by jowl: بہت هی قریب ؛ یار غار ؛ همراز ؛ چولی دامن کا ساتھی ؛ پاس پاس ؛ ساتھ ساتھ -

c.-tooth: ڈاڑھ -

have the c. to: ڈھٹائی کرنا ؛ جسارت کرنا ؛ جسارت هونا -

to one's own c.: بلا شرکت غیرے -

cheekily, *adv.*: گستاخانہ ؛ شوخی سے ؛ گستاخی سے -

cheekiness, *n.*: شوخی ؛ گستاخی ؛ جسارت ؛ ڈھٹائی ؛ شوخ چشمی -

cheeky, *a.*: گستاخ ؛ شوخ ؛ ڈھیٹ -

Cheep *v. i., & n.*: پرند بچے کی باریک آواز ؛ چیں چیں ؛ چیں چیں کرنا -

cheeper, *n.*: تیتر بچہ یا چوزہ -

Cheer, *n.*: (۱) دل و دماغ اور مزاج کی کیفیت - (۲) غذا ؛ طعام ؛ خوراک ؛ کھانا ؛ بھوجن ؛ تواضع ؛ ضیافت ؛ سامان دعوت - (۳) جے کارا ؛ جے جے کی پکار ؛ واہ وا ؛ نعرۂ آفرین ؛ تحسین ؛ مرحبا -

be of good c.: دل مضبوط رکھنا ؛ جی نہ هارنا ؛ امید قائم رکھنا -

make good c.: خوب کھاو ؛ مزے دار کھانے کھاو ؛ مزے اڑاو -

the fewer the better c.: جتنے آدمی کم اتنا هی کھانے کو زیادہ -

three c.: تین نعرۂ تحسین -

what c.?: تمہارا کیا حال هے ؟ ؛ مزاج شریف ؟ -

Cheer, *v. t. & i.*: (۱) دلاسا دینا ؛ ڈھارس دینا ؛ تسلی دینا ؛ تشفی دینا ؛ تسکین دینا ؛ خاطر جمع کرنا ؛ دلجمعی کرنا ؛ دل یا جی بہلانا ؛ جی خوش کرنا ؛ دلداری کرنا ؛ خوش هونا - (۲) دل بڑھانا ؛ همت بندھانا ؛ ترغیب دینا (خصوصاً بلند آواز سے) - (۳) (پکار کر) تحسین کرنا ؛ آفرین کرنا ؛ شاباشی دینا ؛ مرحبا کہنا -

cheer up: تسلی دینا ؛ جی نہ هارنا ؛ همت باندھنا ؛ بشاش هونا ؛ مگن هونا ؛ خاطر جمع هونا یا کرنا ؛ دل جوئی کرنا -

Cheerful, *a.*: (۱) قانع ؛ خوش ؛ خوش وقت ؛ شاد ؛ دلشاد ؛ شادمان ؛ هشاش بشاش ؛ مگن - (۲) مسرور کن ؛ خوشگوار ؛ فرح بخش ؛ مسرت بخش ؛ روح پرور ؛ تازگی بخش ؛ زندہ دل ؛ خندہ پیشانی - (۳) رضا مند ؛ راضی ؛ آمادہ -

cheerfully, *adv.*: شادمانی سے ؛ خوشی سے ؛ دل سے ؛ خندہ پیشانی سے ؛ سر آنکھوں سے ؛ جی جان سے -

cheerfulness, *n.*: مسرت ؛ بشاشت ؛ خوش وقتی ؛ شادمانی ؛ زندہ دلی ؛ خوش طبعی ؛ خوشی و خرمی ؛ خوش مزاجی -

Cheerless, *a.*: تیرہ و تار ؛ بے نور ؛ بے رونق ؛ اداس ؛ سونا ؛ افسردہ ؛ بجھا هوا ؛ مردہ ؛ شکستہ حال -

cheerlessly, *adv.*: بے دلی سے ؛ اداسی سے ؛ مردہ دلی سے ؛ افسردگی سے -

cheerlessness, *n.*: بے رونقی ؛ بے نوری ؛ کلودگی ؛ افسردگی ؛ پژمردگی ؛ اداسی ؛ سناٹا ؛ سونا پن -

Cheerly, *adv.*: (بحری) دل و جان سے ؛ چستی چالاکی سے ؛ جیوٹ سے ؛ همت سے -

Cheery, *a.*: خوش ؛ خوش وقت ؛ شادماں ؛ دل شاد ؛ مسرور ؛ هنس مکھ ؛ خندہ رو ؛ بشاش ؛ خنداں ؛ مگن ؛ زندہ دل -

cheerily, *adv.*: خندہ روی سے ؛ زندہ دلی سے -

cheeriness, *n.*: شادمانی ؛ خندہ روی ؛ خرمی ؛ خوشی ؛ خوش وقتی ؛ خوش طبعی ؛ زندہ دلی -

Cheese, *n.*: (۱) پنیر - (۲) خطمی کا پھل -

c.-cake: پنیری کیک جس میں دهی ' پنیر ' وغیرہ کی مٹھائی بھری جاتی هے ؛ نان پنیر ؛ پنیری روٹی -

c.-cutter: پنیر تراش -

c.-fly: پنیر مکھی -

c.-hopper: کرم مگس ؛ دود الذباب ؛ مکھی کنڈا -

cheesemonger: پنیر فروش ؛ پنیر ساز ؛ پنیر ' مکھن ' وغیرہ بیچنے والا -

c.-paring: دانہ زد ؛ کنجوس ؛ بخیل ؛ تنگ دل ؛ کنجوسی ؛ بخیلی ؛ تنگ دلی ؛ (بصیغۂ جمع) چھانٹ چھوڑن ؛ الم غلم اشیا ؛ کترن ؛ چھانٹن -

c.-plate: (۱) پنیر رکابی - (۲) بڑا کوٹ بٹن -

c.-rennet: پنیر مایہ (ایک پودے کا نام) -

c.-scoop, -taster: وہ چمچہ جس سے تھوڑا تھوڑا پنیر نمونے کے لیے نکالتے هیں ؛ پنیر گیری -

c.-straws: پنیر کی لوزین -

a c.: پنیر کی گولی یا ٹکیا -

bread & c.: سادہ غذا ؛ دال روٹی ؛ موٹی جھوٹی -

chalk & c.: بالکل مختلف ؛ گدھے گھوڑے کا سا فرق ؛ روئی روٹی کا سا فرق -

green c.: کچا پنیر -

make cc.: کھاگرا ناچ نانچنا ؛ (مدرسے کی لڑکیوں کا) چکر کھاتے کھاتے یکایک بیٹھ جانا جس سے سایہ یا پاجامہ پھول جاتا هے -

Cheese, *n.* **The cheese**: ٹھیک ؛ ٹھیک بات ؛ پتے بات -

(یہ فارسی لفظ چیز ہے) -

Cheese, *v. t.*. **Cheese it**: -(سوقیانہ) ٹھہرو؛ جانے دو؛ چھوڑ دو

Cheesy, *a.*: مثل پنیر کے ؛ پنیر سا؛ پنیر ذائقہ ؛ (سوقیانہ) طرحدار ؛ بانکا ؛ بنا ٹھنا -

cheesiness, *n.*: پنیر کا ذائقہ ؛ پنیر پن ؛ بانک پن ؛ طرحداری -

Cheetah, *n.*: چیتا (درندہ) -

chef, *n.*: رکاب دار ؛ بکاول ؛ میرمطبخ ؛ باورچی خانے کا داروغہ -

chef-d.œuvre (**shedervr**), *n.* (pl. *chefs-*): اُستادانہ کام ؛ کمال ؛ مہا کاج ؛ شہکار -

Cheil (o)- (**ki**): دیکھو - CHIL (O)

Cheir (o)- (**kir**): دیکھو - CHIR (O) -

Cheiropteran, *n.*: ذرات الثدی یا دردہ پلانے والے جانوروں میں سے وہ جانور جس کے جھلی دار ہاتھ پروں کا کام دیں ؛ شپری جانور ؛ خفا شیہ -

Cheiropterous, *a.*: - چمگادڑوں کی قسم کا ؛ خفاشی ؛ خفاشیہ -

Chela, *n.*: چیلا ؛ مرید ؛ بدھ مت کا چیلا -

Chelsea Royal Hospital, *n.*: بوڑھے اور ناکارہ سپاہیوں کے لیے ہسپتال ؛ بوڑھے سپاہیوں کا ہسپتال -

Chemical (**ke-**), *a.* & *n.*: (۱) کیمیا کا ؛ کیمیاوی ؛ کیمیائی ؛ کیمیا کے متعلق - (۲) (جمع) کیمیاوی اشیا (وہ اشیا جو کیمیاوی اعمال سے حاصل ہوں یا ان میں استعمال کی جائیں) -

c. combination: کیمیاوی ترکیب یا اجتماع -

chemically, *adv.*: کیمیا کی رو سے ؛ کیمیاوی طریقے پر -

chemico-: واصلہ ' جز ترکیبی -

Chemise (**shimez**), *n.*: عورتوں کے پہننے کا زیر جامہ ؛ پیراہن ؛ کرتہ ؛ قمیص (زنانی) -

Chemisette (**she-**), *n.*: (۱) شلوکا - (۲) لیس یا ململ وغیرہ جو گریبان کے چاک میں عورتیں لگالیتی ہیں -

Chemist (**ke-**), *n.*: کیمیا داں ؛ دوا ساز ؛ دوا فروش -

Chemistry, *n.*: علم کیمیا ؛ کیمیا ؛ رسائن ودیا -

applied or *practical c.*: (۱) عملی کیمیا - (۲) (مجازاً) پر اسرار تغیر یا عمل -

Chemitype, *n.*: کیمیا چھاپ ؛ چھاپے میں کیمیاوی عمل سے کسی پلیٹ کا چربہ لینا -

Chenille (**shinel**), *n.*: مخمل کی جھالر یا مخمل کی ڈوری -

Cheque, **Check**, *n.*: چک ؛ ہنڈی -

c.-book: چک نامہ ؛ چکوں کی کتاب -

blank c.: سادہ چک -

crossed c.: خط کشیدہ چک جس کا مطلب یہ ہے کہ صرف اسی بینک کے ذریعے سے رقم ادا ہو جس کے نام یہ چک ہے -

Chequer, **Checker**, *n.*: (۱) بساط شطرنج ؛ بساط ؛ تختۂ نرد - (۲) بساط شطرنج کی مانند ؛ رنگ برنگ بنا ہوا ؛ چار خانہ دار کپڑا ؛ شطرنجی کپڑا -

chequerwise, *adv.*: شطرنجی وار ؛ شطرنجی وار ؛ چوپڑ وار -

Chequer, **Checker**, *v.t.*: (۱) چوپڑ کا سا بنانا ؛ شطرنجی بنانا - (۲) رنگ بیرنگا کرنا ؛ بوقلموں کرنا ؛ رنگ برنگ بنانا ؛ چار خانہ بنانا ؛ گونا گوں کرنا -

chequered lot, fortunes, life: بوقلموں زندگی ؛ رنگ برنگی زندگی -

Cherish, *v.t.*: (۱) پالنا پوسنا ؛ پرورش کرنا ؛ نوازنا ؛ اپنے سائے میں لینا ؛ ظل عاطفت میں لینا - (۲) پیارا سمجھنا ؛ عزیز رکھنا یا جاننا ؛ آنکھ کی پتلی یا تارا سمجھنا ؛ ہتھیلی کا چھالا بنانا ؛ لو لگائے رہنا (عموماً اُمید یا احساسات وغیرہ کے لیے)

Cheroot (**sh-**), *n.*: سگار جس کے دونوں سرے کھلے ہوں ؛ چرٹ ؛ چٹا -

Cherry, *n.& a.*: (۱) آلو بالو ؛ شاہ دانہ ؛ ناش دانہ ؛ کناچ ؛ ولایتی مکو ؛ کیلاس - (۲) (*Adj*) سرخ -

c.-bob: دوہر یا شاہ دانہ -

c.brandy: شاہ دانے کی شراب ؛ لال شراب -

c.-breeches: - (گیارھویں ہزار (انگریزی فوج کا ایک رسالہ) -

c.lips: سرخ لب ؛ لب لعل -

c.-pie: سورج مکھی -

c.ribbon: سرخ فیتہ -

c.ripe: میوہ فروش کی آواز ؛ جیسے : شاہ دانے ہیں پکے -

c.-tree: شاہ دانے کا درخت -

c.-wood: شاہ دانے کی لکڑی -

make two bites at a c.: پس و پیش کرنا ؛ جھجھکنا ؛ ٹھٹھکنا ؛ بے تکلف پیش آنا -

Chersonese (**k-**,**-es**), *n.*: جزیرہ نما -

Chert, *n.*: چقماق نما بلور -

Cherub, *n.* (pl.**-s**,*im*): (۱) کروبی ؛ فرشتہ - (۲) دوسرے طبقے کا فرشتہ جس کو علم عطا کیا گیا ہو - (۳) (فنون لطیفہ) پردار بچہ (مورتی) - (۴) خوبصورت یا معصوم بچہ ؛ بھولا بچہ ؛ سندر بالک -

cherubic, *a.*: معصوم صورت ؛ فرشتہ خو ؛ ملائک صفت ؛ فرشتہ سا ؛ ملکی ؛ کروبیوں کے متعلق -

Chervil, *n.*: یخشی ' سلاد ' وغیرہ میں استعمال کرنے کا ایک ساگ ؛ خوشبو دار ساگ -

Cheshire, *a.*: باچھیں پھٹا -

C.cat: دانت پھٹا شخص -

Chess, *n.*: شطرنج -

c.-board: بساط ؛ شطرنج کی بساط -

c.-men: شطرنج کے مہرے -

Chessel, *n.*: پنیر کا سانچہ -

Chest, *n.*: (۱) بڑا مضبوط صندوق - (۲) ملاحوں کے سامان رکھنے کا صندوق ؛ پیٹی - (۳) خاص صندوق - (۴) روکڑ کا صندوق ؛ (مجازاً) صندوقوں کے اندر کی رقم - (۵) کسی چیز کے رکھنے کا ڈبا ؛ خصوصاً چائے کا ڈبا ؛ پیٹی - (۶) سینہ ؛ صدر -

c.-note,-voice: پست ترین سر ؛ پست ترین آواز -

c. of drawers: شیشدرہ -

c.-protector: سینہ بند ؛ صدری -

carpenter's c.: بڑھئیوں کا اوزار دان -

medicine c.: دوائیوں کا صندوق ؛ صندوق ادویہ -

-chested, *a.* : چھاتی دار -
Chesterfield, *n.* : ایک قسم کا کوٹ ؛ چسٹر -
Chestnut, *n. & a.* : (۱) شاہ بلوط کا درخت ؛ کستانہ - (۲) شاہ بلوط کا پھل ؛ جوز - (۳) پرانا ؛ فرسودہ ؛ پامال قصہ - (۴) سرخی مائل بھورا - (۵) سرنگ ؛ کمیت گھوڑا -
c.-tree, Spanish c., Sweet c. : شاہ بلوط کا درخت ؛ کستانہ -
horse-c. : دیکھو HORSE, *n.* اور CASTOR, *n.* (موترا) -
Cheval-glass (she-), *n.* : بڑا جھولتا آئینہ (جو ننتوں میں آویزاں ہو اور ہل جل سکے) -
Chevalier (sh-), *n.* : (۱) ایک قسم کا ناٹٹ - (۲) فرانچ لیجن آف آنر کا رکن - (۳) قدیم فرانسیسی اُمرا میں سے نوجوان سپاہی -
c. of industry : عیار ؛ قسمت آزما ؛ قسمت باز -
The C. or *C. de St. George* : (تاریخ انگلستان میں) مدعی کلاں -
The Young C. : (تاریخ انگلستان میں) مدعی خرد -
chevaux de frise (shevodefrez) *n. pl.* : (۱) خار دار جنگلا ؛ خسک کٹھرا - (۲) پلک ؛ پودوں آنکھوں کا طبعی قنات -
chevelure, n. : بال بنانا ؛ بالوں کا سنگار ؛ مانگ -
Cheviot, *n. & a.* : شیویٹ پہاڑیوں کی بھیڑوں کا اون یا اس کا کپڑا ؛ شیوٹی اون یا کپڑا -
Chevron (sh-), *n.* : کیکری ؛ خاندانی اُمرا کی تھالوں پر نا.. کمیشنڈ افسروں کی آستینوں پر یہ علامت ہوتی ہے
Chevrot[illegible]**-tin**, (sh-), *n.* : چھوٹا نافہ دار ہرن -
Chevy, Chivy, *n., & v.t. & i.* : (۱) پیچھا کرنا ؛ تعاقب کرنا - (۲) سٹک جانا ؛ بھاگ جانا ؛ کافور ہونا ؛ رفوچکر ہونا ؛ لمبا ہونا ؛ چمپت ہونا ؛ پتا تروا کے بھاگنا ؛ نکل بھاگنا - (۳) ایک قسم کا کھیل مثل کبڈی یا لون پاٹ کے -
Chew, *v.t. & i., & n.* : (۱) چابنا ؛ چبانا - (۲) تمباکو (منہ میں) کھلانا - (۳) سوچنا ؛ غور کرنا ؛ سوچ بچار کرنا - (۴) فکر کرنا ؛ غور کرنا ؛ مستغرق ہونا ؛ جگالی کرنا ؛ جگالنا - (۵) (*N.*) چبائی ؛ جگالی - (۲) تمباکو کی گولی یا اتنا - پگھرانا ؛ پاگھریاجگالی کرنا ؛ (استعارۃً) فکر یا خیال
c. the cud : میں محو ہونا ؛ فکر میں ہونا -
chewer, *n.* : چابنے والا ؛ چبانے والا -
Chianti (kiah-), *n.* : سرخ ایتالوی شراب ؛ کانتی -
Chiaroscuro, (kygaroskooro), *n. & a.* : (۱) تصویر کشی میں دھوپ چھاؤں دکھانا - (۲) دھوپ چھاؤں - (۳) تنوع ؛ (مجازاً) ادب میں یہ کیفیت پیدا کردینا - (۴) (*Adj.*) دھوپ چھاؤں کے متعلق ؛ دھوپ چھاؤں کا - (۵) کچھ کہا کچھ ڈھکا -
Chiasmus (k-), *n.* : صنعت تقلیب -
Chibouk, -que, *n.* : لمبا ترکی پائپ تمباکو پینے کا ؛ چبوق -
chic, (sh-) *n. & a.* : (۱) چابک دستی ؛ مہارت ؛ اُستادی ؛ دستکاہ ؛ مشاقی - (۲) مقبول وضع قطع ؛ مقبول اسلوب - (۳) (*Adj.*) وضعدار ؛ طرحدار -
Chi[illegible]**ne** (sh-) *v.t. & i., & n.* : (۱) حیلہ بازی کرنا ؛ قانونی حیلہ نکالنا ؛ شرعی حیلہ ڈھونڈھنا ؛ احتیال - (۲) فریب دینا ؛ روباہ بازی کرنا ؛ دھوکا دینا ؛ پھسلانا ؛ دھوکا دے کر کچھ حاصل کرنا ؛ چکمہ دینا - (۳) (*N.*) حیلہ ؛ فریب ؛ چکمہ ؛ جھانسا -
Chicanery, *n.* : شرعی حیلہ ؛ قانونی حیلہ ؛ لفظی بحث کرنا ؛ بحث کھاڑ کرنا ؛ سونسطائیت -
Chick, *n.* : چوزہ ؛ مرغی کا بچہ ؛ چینگا ؛ پٹھا -
chickabiddy : بچوں کو پیار سے کہتے ہیں : للا ؛ میاں -
c.-weed : ایک چھوٹا پودا -
the cc. : کسی خاندان کے ننھے ننھے بچے ؛ چینگی پوٹے -
Chicken, *n.* (pl. - *ens*, -*en*) : (۱) اعلی پرندوں کا بچہ ؛ چوزہ ؛ مرغ بچہ ؛ چوزے کا گوشت - (۲) (نفی میں) بچہ نہیں ہے -
c.-breast (ed) : چوزہ سینہ -
c. hazard : پانسے کا ایک کھیل -
c.-heart (ed) : بزدل ؛ ڈرپوک ؛ تھڑدلا ؛ بزدلا -
c.-pox : موتیا سیتلا ؛ چھوٹی چیچک -
count one's *cc. before they are hatched* : سوت نہ کپاس کوری سے لٹھم لٹھا -
Mother Cary's c. : ایک قسم کا پرند ؛ بحری کلنک -
Chickling, *n.* : مٹر (موٹھ) -
Chick-pea, *n.* : ایک قسم کا چھوٹا مٹر -
Chicory, *n.* : (۱) نیلے پھول کا پودا جس کی جڑ کام میں لائی جاتی ہے ؛ کاسنی ؛ هندبا - (۲) بیخ کاسنی جو کبھی قہوے کے ساتھ اور کبھی قہوے کی بجائے استعمال ہوتی ہے -
Chide, *v.t. & i.* : ڈانٹنا ؛ جھڑکنا ؛ سرزنش کرنا ؛ گھرکی دینا ؛ ملامت کرنا ؛ زجرو توبیخ کرنا ؛ شکوہ شکایت کرنا ؛ برا بھلا کہنا ؛ صلواتیں سنانا -
Chief, *n.* : (۱) (نقابۃ) سپر یا تھال کا بالائی ثلث - (۲) لیڈر ؛ راہ نما ؛ رہبر ؛ سردار ؛ پیشوا ؛ حاکم ؛ امیر - (۳) قوم ؛ فرقے یا جرگے کا سردار ؛ مکھیا ؛ چودھری ؛ شیخ قبیلہ - (۴) افسر محکمہ ؛ بالاترین افسر ؛ افسر بالا دست ؛ حاکم -
Colonel-in-c. : کرنل اعلی -
Commander-in-c. : سپہ سالار اعظم -
-in c. : اعلی ؛ اعظم -
chiefdom, *n.* : سردار کا علاقہ یا حلقہ -
chiefess, *n.* : (مونث) چودھرائن ؛ سردارنی -
chiefless, *a.* : بے سالار ؛ بے افسر ؛ بے سری ؛ بے سردار -
chiefship, *n.* : سرداری کا عہدہ ؛ امارت کا عہدہ ؛ افسری ؛ سرداری ؛ قیادت ؛ سالاری -
Chief, *a. & adv.* : (۱) بلحاظ خطاب کے اول واعلی - (۲) بلحاظ اہمیت یا اثر کے اول ؛ اہم ؛ خاص - (۳) پیش پیش ؛ نمایاں ؛ سربرآوردہ ؛ خاص - (۴) (*adv.*) خاص طور سے ؛ خاص کرکے ؛ بالخصوص ؛ اولاً -
C. Justice : قاضی اعلی ؛ میر مجلس عدالت عالیہ ؛ میرعدلیہ -
Chiefly, *a.* : امیرانہ ؛ سردارانہ ؛ سزاوار سرداری -

Chiefly, *adv.* : (۱) سب سے پہلے ؛ سب سے پیشتر - (۲) خاص طور پر ؛ اغلباً ؛ غالباً -

Chieftain, *n.* : (۱) فوجی سردار ؛ قائد ؛ سالار ؛ ملک ؛ سرخیل (نظم میں) - (۲) قزاقوں کا سرغنہ ؛ لٹیروں کا سردار - (۳) پہاڑی قبیلوں کا رئیس یا شیخ ؛ غیر متمدن یا نیم قبائل کا سردار ؛ مکھیا ؛ چودھری

chieftaincy, *n.* : چودھرایت ؛ چودھری کا علاقہ ؛ سردار کا حلقہ -

chieftainess, *n.* : (مونث) چودھرائن ؛ سردارنی -

chieftainry, chieftainship, *nn.* : سرداری ؛ چودھرایت ؛ سالاری ؛ سرغنائی ؛ مکھیائی -

Chiff-chaff, *n.* : ایک گانے والی چڑیا -

chiffon, *n.* : (عموماً بصیغۂ جمع) زنانہ پوشاک کی آرائش و زیبائش کی چیزیں ؛ جیسے : بیلیں ، لیسیں ، جھالریں - (بصیغۂ واحد) پتلی جالی -

Chiffonier, *n.* : خانہ دار الماری ؛ ششدرہ -

Chignon, *n.* : کسی پر بالوں کا جٹا ؛ بالوں کا جوڑا -

Chigoe, *n.* : جزائر غربی ہند کی ایک مکھی جو کھال کے اندر گھس جاتی ہے ؛ کھال گھس مکھی ؛ چگو -

Chilblain, *n.* : سردی سے ہاتھ پیروں کا پھٹنا ؛ بوامی -

chilblained, chilblainy, *aa* : بوامی دار ؛ پھٹے ہوئے (ہاتھ پاؤں) -

Child, *n.* (pl. *children*) : (۱) جلین ؛ نوزائیدہ آدمی کا بچہ ؛ بچہ - (۲) بچہ ؛ بالک ؛ بچی - (۳) طفل مزاج شخص ؛ نادان ؛ ناسمجھ شخص ؛ سادہ لوح - (۴) بیٹا یا بیٹی (کسی عمر کی) ؛ فرزند ؛ دیھتر - (۵) اولاد ؛ ولد - (۶) آل اولاد ؛ خلف ؛ نسل (حقیقی اور مجازی دونوں معنوں میں) یا طرفدار ؛ جانبدار ؛ پیرو ؛ متوسل - (۷) نتیجہ ؛ زادہ -

childbed : زچگی یا وضع حمل کی حالت ؛ عالم زچگی ؛ جاپا -

c.-birth : (درد) زہ ؛ وضع حمل ؛ دردوں کا اٹھنا ؛ ولادت ؛ بچہ ہونا -

c. of God : نکوکار ؛ ولی ؛ اللہ والا -

c. of nature : ابن فطرت ؛ پروردۂ فطرت ؛ فطرت کے لال -

c. of the devil : شیطان زادہ ؛ بد ؛ بدکار ؛ خبیث -

cc. of Izaak walton : مچھلی کے شکاری ؛ ماہی شکار -

c.s-play : بازیچۂ اطفال ؛ آسان کام ؛ بچوں کا کھیل -

c. wife : بالک دلہن ؛ بال استری -

burnt c. dreads fire : دودھ کا جلا چھاچ پھونک پھونک کر پیتا ہے ؛ مارگزیدہ از ریسمان ترسد -

fancy's c. : تخیل کا نتیجہ ؛ نتیجۂ فکر ؛ اولاد معنوی -

this c. : (سوقیانہ) (اپنی جانب اشارہ) مراد میں یا مجھی ؛ اپن جانب -

with c. : پیٹ سے ہونا ؛ نوجی سے ہونا ؛ حمل سے ؛ حاملہ ؛ امید یا آس سے ہونا ؛ باردار -

childless, *a.* : بے اولاد ؛ لاولد ؛ بے فرزند ؛ نپوت -

childlessness, *n.* : بے اولادی ؛ لاولدی ؛ بے فرزندی -

Childermass, *n.* : عید معصومین ؛ مقدس معصوموں کا تہوار ؛ ۲۸ دسمبر -

Childhood, *n.* : (۱) بچپن ؛ طفلی ؛ بالک پن - (۲) زمانۂ طفلی ؛ پیدائش سے بلوغ تک ؛ ایام طفلی ؛ بچپنے کا زمانہ -

second c. : سترا بہترا ؛ بڈھا پھوس -

Childish, *a.* : (۱) طفلانہ ؛ بچوں کے متعلق - (۲) طفل مزاج ؛ بچوں کا سا -

Childlike, *a.* : بچوں کی سی ؛ طفل وش ؛ بچوں کی اچھی صفت مثل معصومیت اور اخلاص رکھنے والا ؛ معصوم صفت ؛ بے لوث -

Childly, *a. & adv.* : (نظم میں) بچے کی مانند ؛ مثل بچے کے ؛ طفلانہ -

Chiliad (k-), *n.* : (۱) ہزار - (۲) ہزاری ؛ ہزار برس ؛ ہزار سال کی مدت -

Chiliasm (k-), *n.* : الفیت ؛ یہ عقیدہ کہ حضرت عیسی دوبارہ دنیا میں آکر ہزار برس تک بادشاہت کریں گے -

Chiliast (k-), *n.* : الفی ؛ الفیا ؛ اس عقیدے کا ماننے والا -

chiliastic, *a.* : الفیت کے متعلق -

Chill, *n.* : (۱) ٹھر ؛ کپکپی ؛ ٹھنڈ ؛ لرزہ ؛ تھر تھری ؛ جھر جھری - (۲) ہوا ، پانی ، وغیرہ کی ناگوار خنکی ؛ ٹھر - (۳) افسردگی ؛ اداسی ؛ اضمحلال ؛ پژمردگی ؛ اوس (مجازاً) - (۴) سرد مہری ؛ رکھائی ؛ بے رخی -

cast a c. over : اوس پڑنا ؛ اداسی چھانا ؛ افسردہ کرنا ؛ اداسی پھیلانا -

catch a c. : سردی لگ جانا ؛ زکام ہو جانا ؛ نزلہ ہو جانا -

liver-c. : نزلہ کبدی ؛ جگر کا نزلہ -

take c. off water : پانی کی ٹھنڈک مارنا ؛ پانی کنکنا کرنا ؛ ذرا گرم کرنا -

Chill, *a.* : (۱) بہت ہی ٹھنڈا ؛ یخ آسا ؛ سرد ؛ ناگوار طور پر ٹھر پیدا کرنے والا - (۲) سردی زدہ ؛ جاڑے کا مارا ؛ ٹھٹھرتا ہوا - (۳) بے حس ؛ ٹھس ؛ ٹھنڈے خون کا ؛ سرد دلا ؛ خشک ؛ بے حس ؛ بے جوش -

chillness, *n.* : خنکی ؛ ٹھنڈک ؛ ٹھٹھرن ؛ ٹھر -

Chill, *v.t. & i.* : (۱) سرد ہو جانا ؛ سرد کرنا ؛ ٹھنڈا کرنا ؛ خنک کرنا ؛ خنک ہونا - (۲) سردی سے مر جانا ؛ پالا مار جانا ؛ سردی سے ٹھٹھر جانا ؛ سردیا جانا - (۳) سست ہو جانا ؛ تنگ دل کرنا یا ہو جانا ؛ افسردہ کرنا ؛ آزردہ کرنا یا ہونا ؛ پژمردہ کرنا ؛ دل یا جی توڑنا ؛ ہراس کرنا ؛ نا امید کرنا یا ہونا ؛ اوس پڑنا - (۴) پگھلے ہوئے لوہے کو سرد لوہا ڈال کر جمانا - (۵) (محاورۃ) سردی مارنا (مائع کی) -

Chilli,-y, *n.* : سرخ مرچ ؛ فلفل سرخ ؛ لال مرچ -

Chilly, *a.* : (۱) سرد ؛ ٹھنڈا ؛ خنک - (۲) تھوڑا ٹھنڈا - (۳) جو کسی قدر سردی محسوس کرے - (۴) سرد مزاج ؛ سرد مہر ؛ کم ملنسار -

chilliness, *n.* : سردی ؛ ٹھنڈک ؛ سرد مزاجی ؛ ناملنساری ؛ رکھائی ؛ بے رخی -

Chilly, *adv.* : (شاذ) سرد مہری سے ؛ سرد مزاجی سے ؛ رکھائی سے -

Chil (o)-. (Cheil (o) - (k), : (واصلہ بمعنی لب) حیاتیاتی اصطلاحات میں استعمال ہوتا ہے -

Chiltern Hundreds, *n. pl.*, (*Apply for, accept, the* C. H.) : انگلستان کے دارالعوام سے استعفا دینا -

Chime, *n.*: (۱) ہم آہنگ گھنٹوں کا ساز ؛ جھنکارا - (۲) گھنٹیوں کے ساز کی سریلی آواز ؛ جھنکار ؛ چھم چھم - (۳) موسیقیت ؛ ایک تالہ ہونا ؛ ہم آہنگی - (۴) موافقت ؛ ہم نوائی ؛ مطابقت -

Chime, *v.i. & t.*: (۱) گھنٹوں کا سریلا بجنا یا بجانا - (۲) سریلی آوازیں نکالنا - (۳) گھنٹیوں سے آوازیں نکالنا - (۴) گھنٹہ بجاکر وقت بتانا ؛ گجر بجانا - (۵) گھنٹی بجاکر بلانا - (۶) بے ارادہ بار بار دوھرانا ؛ رٹ لگانا - (۷) ہم آواز ہونا ؛ ہم آہنگ ہونا ؛ ہم سر ہونا - (۸) موافقت ظاہر کرنا ؛ ہم نوا ہو جانا ؛ ہاں میں ہاں ملانا ؛ سر میں سر ملانا ؛ ہم سازی کرنا -

Chime, Chimb, *n.*: نگر ؛ کور ؛ پیپے کے نکلے ہوے کنارے -

Chimera, -aera, (k-), *n.*: (۱) عجیب الخلقت - (۲) ھوّا - (۳) دوغلا ؛ دونسلا ؛ دو رنگا - (۴) وھم ؛ خیال باطل -

chimerical, *a.*: خیالی ؛ بے اصل ؛ بے بنیاد ؛ پادرھوا ؛ موھوم ؛ وھمی ؛ خام خیالی -

chimerically, *adv.*: خیالی طور پر ؛ متوھمانہ -

Chimere, *n.*: پادری یا استقف کی عبا -

Chimney, *n.*: (۱) آتش دان ؛ بھٹی یا انجن سے دھواں یا بھاپ نکلنے کا رستہ ؛ دود دان ؛ دود کش ؛ چمنی ؛ دھنوارا - (۲) چمنی کا حصہ جو مکان کی چھت سے اوپر رھے - (۳) لیمپ کی چمنی - (۴) دھانہ ؛ جیسے : آتش فشاں کا دھانہ - (۵) (پہاڑیوں کی اصطلاح) تنگ شگاف یا راہ جس سے پہاڑی پر چڑھ سکیں

c. -corner: آتش دان کے قریب کی جگہ ؛ پرانے زمانے کے آتش دان کے گرد کی گرم جگہ -

c. -jack: باد گیر -

c. -piece: لکڑی یا پتھر کی تختی جو انگیٹھی کے اوپر لگی ہوتی ھے ؛ آتش دان کی پیشانی -

c. -pot: مٹی یا دھات کا نلرا جو چمنی کی چھت کے اوپر کے حصے پر لگا رھتا ھے ؛ چمنی نلرا -

c. -pot hat: ریشم کی اونچی ھیٹ -

c. -stack: ساق چمنیوں کی قطار -

c. -staik, -top: چمنی کا حصہ جو مکان کی چھت سے اوپر رھے ؛ ساق چمنی (ج) -

c. -swallow: ابابیل -

c. -sweep: چمنی روب ؛ چمنی صاف کرنے والا -

c. -sweeper: (۱) چمنی روب - (۲) چمنی برش -

Chimpanzee, *n.*: بوزنہ ؛ افریقہ کا لنگور جو انسان سے مشابہ ھوتا ھے ؛ چمپانزی -

Chin, *n.*: ٹھوڑی ؛ ٹھڈی ؛ زنخ ؛ زنخدان ؛ ذقن -

up to the c., c. -deep: سرتا پا غرق ؛ گلے تک ڈوبا ھوا -

-chinned, *a.*: ٹھڈی دار ؛ زنخدار ؛ ذقن دار -

China, *a.*, **China**, *n. & a.*: (۱) چین کا ؛ چینی - (۲) چینی (جس کے برتن بناتے ھیں) ؛ چینی کا بنا ھوا - (۳) چینی کے برتن -

c. aster: گل مینا -

c. -clay: چینی مٹی ؛ گل چینی -

c. -closet: چینی کے برتن رکھنے کی الماری ؛ چینی دان -

c. crape: چینی کریپ -

chinaman: چین کا باشندہ / چین کا رھنے والا ؛ چینی -

chinamania, *n.*: چین پرستی ؛ چین مانیا ؛ چین زدگی -

chinamaniac, *n.*: چین پرست ؛ چین مانیا رکھنے والا ؛ چین زدہ -

Chinchilla, *n.*: (۱) جنوبی امریکا کا ایک چھوٹا کترنے والا جانور ؛ چنچلا - (۲) اس کی کھال -

Chine, *n.*: (۱) تنگ گہرا نالہ (یہ لفظ اب صرف جزیرۂ وائٹ اور ھمپ شائر میں بولا جاتا ھے) - (۲) ریڑھ کی ھڈی - (۳) نگر -

Chinee, *n.*: (سوقیانہ) چین کا رھنے والا ؛ ٹھیٹ چینی -

Chinese, *a. & n.* (pl.the same): (۱) (نیز جمع) چین کے رھنے والے ؛ چین کا باشندہ ؛ چینی (۲) چینی زبان ؛ چینی -

C. lantern: چینی قندیل ؛ کاغذی فانوس -

C. white: سفیدۂ چینی ؛ ایک قسم کی سفیدی -

Chink, *n.*: ترک ؛ دراز ؛ دراڑ ؛ شگاف ؛ سوراخ ؛ رخنہ ؛ چھید -

Chink, *n. & v. i. & t.*: (۱) شیشے کے برتنوں کی جھنکار ؛ جھنکار ؛ جھنجھناھٹ ؛ روپئے وغیرہ کے بجنے کی آواز ؛ کھنکناھٹ ؛ کھنکنا - (۲) (سوقیانہ) نقد روپیہ ؛ نقدہ حرمتہ ؛ مبلغ علیہ السلام - (۳) کھنکھنانا ؛ روپیہ ، برتن ، وغیرہ بجانا - (۴) جھنکارنا ؛ جھنجھونانا ؛ کھنکھنانا

Chino-: واصلہ بمعنی چینی -

Chintz, *n. & a.*: چھینٹ ؛ قلمکار ؛ چھینٹ کا -

Chip, *n.*: (۱) چپڑی ؛ چھپٹی ؛ نتل - (۲) آلو ، میوے ، وغیرہ کی پتلی قاش ؛ ورق ؛ برت - (۳) ٹوپیاں بنانے کے لیے لکڑی کی کھپچی ؛ کھپاچ - (۴) چینی کے برتنوں وغیرہ میں ایسی جگہ جہاں سے کوئی ریزہ ٹوٹ گیا یا اتر گیا ہو ؛ چھپ -

c. bonnet: چوبی ٹوپی ؛ کھپچیوں کی ٹوپی -

c. of, c. of old block: جیسا باپ ویسا بیٹا ؛ اپنے باپ کا بیٹا ؛ الولد سر لابیہ -

dry as a c.: بے مزہ ؛ غیر دلچسپ ؛ پھیکا -

Chip, *v. t. & i.*: (۱) لکڑی چھیلنا - (۲) (پتھر ، ظروف ، وغیرہ سے) کنارے پر سے توڑنا ؛ چھپٹی اُتارنا - (۳) پترے اُتارنا یا کاٹنا - (۴) کم زور ، نازک ، خستہ ھونا (کناروں سے ، نگر سے) - (۵) کھودنا ؛ (نقش کا) تراشنا - (۶) پھوڑنا (خول کا ؛ جیسے : چوزے انڈا پھوڑ کے نکلتے ھیں) ؛ کٹکنا -

c. in: (سوقیانہ) مخل ھونا ؛ دخل در معقولات دینا ؛ بیچ میں بول اٹھنا ؛ بات کاٹنا -

Chip, *n. & v. t.*: (۱) کشتی کا داؤ ؛ اڑنگا - (۲) اڑنگے پر لانا -

Chipmuck, -unk, *n.*: شمالی امریکا کی ایک گلہری -

Chippendale, *n.*: ڈرائنگ روم کا ھلکا فرنیچر -

Chippy, *a.*: (سوقیانہ) (۱) خشک ؛ بے مزہ ؛ پھیکا ؛ بے لطف ؛ غیر دلچسپ - (۲) نشے کے بعد تشنگی و متلی زدہ ؛ تشنگی اور متلی کا ھونا - (۳) تنگ مزاج ؛ زود رنج ؛ چڑ چڑا -

chippiness, *n.*: خشکی ؛ بے مزگی ؛ بے لطفی ؛ سوزش ؛ متلی ؛ قے ، تنگ مزاجی ؛ چڑ چڑاپن -

Chir (o)-, Cheir (o)- (kiro): واصلہ بمعنی ہاتھ -

chirography: فن خط ؛ خوش نویسی ؛ خطاطی ؛ خط -

chiromancy: علم کف دست ؛ دست شناسی ؛ سامدرک -

Chirograph, *n.*: مختلف قسم کی دستاویزیں ؛ دستاویز ؛ نوشتہ -

Chiropodist, *n.*: ہاتھوں ، پیروں ، ناخنوں ، گھٹنوں ، وغیرہ کا علاج کرنے والا ؛ ڈیلکٹ -

chiropody, *n.*: گھٹنوں ، ڈیلوں ، وغیرہ کا علاج ؛ ڈیلکٹائی -

Chirp, *v.i.* & *t.*, & *n.*: (۱) چوں چوں کرنا ؛ چیں چیں کرنا ؛ چرغنا ؛ چہچہانا - (۲) اظہار خوشی وغیرہ کرنا ؛ الاپنا ؛ گنگنانا - (۳) چہچہانا ؛ خوش ہوکے باتیں کرنا (۴) دھیمی آواز سے بولنا -

Chirpy, *a.*: زندہ دل ؛ شاد ؛ شاد مان ؛ مگن ؛ خوش ؛ بشاش -

chirpiness, *n.*: خوشی ؛ شادمانی ؛ بشاشت ؛ زندہ دلی -

Chirr, *v.i.*, & *n.*: (۱) چچیانا ؛ ٹڈے کی سی آواز نکالنا - (۲) چچیاہٹ -

Chirrup, *v.i.*, & *n.*: (۱) چرغنا ؛ چرکنا ؛ چوں چوں کرنا ؛ (*n.*) چوں چوں ؛ کھر پھر ؛ چہچہاہٹ - (۲) بچے سے آغوں آغوں کرنا - (۳) (سوقیانہ) تھیٹر وغیرہ میں تنخواہ لے کر تعریف کرنا ؛ اُجرت پر بھٹئی کرنا -

chirruper, *n.*: تھیٹر وغیرہ میں تنخواہ لے کر تعریف کرنے والا ؛ کرایے کا بھاٹ ؛ بھاڑے کا بھاٹ -

Chisel, *n.*, & *v.t.*: (۱) چھینی ؛ ٹانکی ؛ رکھانی ؛ نہانی ؛ بسولی - (۲) چھینی سے لکڑی ، پتھر ، وغیرہ کاٹنا ؛ ٹانکی لگانا یا مارنا - (۳) (سوقیانہ) دھوکا دینا ؛ ٹھگنا ؛ دغا کرنا -

chiselled features: کھڑا نقشہ -

cold c.: ٹھنڈے لوہے کے کاٹنے چھانٹنے کے لیے فولادی چھینی -

the c.: سنگ تراش کی چھینی ؛ فن سنگ تراشی ؛ بت سازی -

Chit, *n.*: (۱) چھوٹا بچہ ؛ ننھا ؛ بالک - (۲) کمسن ؛ پستہ قد یا نازک عورت (حقارتاً استعمال ہوتا ہے) -

c. of a girl: لونڈیا ؛ چھوکری ؛ چھوری -

Chit, Chitty, *n.*: چٹھی ؛ رقعہ ؛ پرچہ -

Chit-chat, *n.*: بات چیت ؛ گپ شپ ؛ باتیں -

Chitin(k-), *n.*: صلبین (ج) ؛ وہ نامیاتی مادہ جو کیڑوں مکوڑوں کے پروں کی اصل ہے اور اُن سخت خولوں کی جو قشرین پر پائے جاتے ہیں -

chitinous, *a.*: صلبینی -

Chitterling, *n.*: (عموماً بصیغۂ جمع) حلال جانوروں کی آنتیں وغیرہ ؛ اوجھڑی -

Chitty: دیکھو CHIT, *n.* (چٹھی) -

Chivalrous,-ric, *a.*: (۱) عہد شجاعت کا یا اِس کے متعلق - (۲) سورما کا یا اِس کے متعلق - (۳) بہادر ؛ سورما ؛ اُولوالعزم ؛ جری ؛ با اخلاق ؛ بے لاگ ؛ کھرا ؛ جانباز - (۴) خبط ؛ شیخ چلی ؛ وہمی -

chivalrously, *adv.*: بہادرانہ ؛ دلیرانہ ؛ اُولوالعزمی سے ؛ اخلاق سے ؛ بے غرضانہ ؛ بے لوثی سے ؛ جانبازانہ -

Chivalry, *n.*: (۱) سوار ؛ سواروں کا رسالہ - (۲) (متروک) بانکا ؛ طرحدار ؛ سوربیر - (۳) (متروک) نائٹوں کے سے ہنر - (۴) ازمنۂ وسطیٰ میں یورپ میں نائٹوں کا نظام جس کے مذہبی ، اخلاقی اور معاشرتی قوانین مقرر تھے ؛ نظام فتوۃ - (۵) نائٹوں کے خصوصیات - (۶) صنف نازک کے لیے فداکاری - (۷) زیر دستوں کی حمایت -

flower of c.: بہترین سورما کا نمونہ ؛ مہا سورما ؛ کسی قوم کے مایۂ ناز سپاہی -

Chive, Cive, *n.*: گندنا کی قسم کی نباتات -

Chivy: دیکھو CHEVY -

Chlor-: حرف علت سے پہلے واصلہ -

Chloral, *n.*, **Chloral hydrate**: ایک خواب آور اور بے حس کرنے والی دوا ؛ کلورال -

chloralism, *n.*: کلورال کے استعمال سے جو بے حسی پیدا ہو جاتی ہے -

chloralize, *v. t.*: کلورال کے استعمال سے بے حسی پیدا کرنا -

Chloride, *n.*: (۱) (کیمیا) کلورین کا مرکب ؛ کلورائیڈ - (۲) رنگ اُڑانے والی دوائیں جو در حقیقت کلورائیڈ نہیں ہیں -

c. of lime: چونے کا کلورائیڈ -

c. of potash: پٹاش کا کلورائیڈ -

c. of soda: سوڈے کا کلورائیڈ -

Chlorine, *n.*: (کیمیا) ادھاتی عنصر ؛ زردی مائل سبز اور بد بودار گیس ؛ کلورین -

Chloro-, Chlor-: نباتیات اور معدنیات کی اِصطلاحوں میں واصلہ بمعنی سبز ؛ کیمیا میں واصلہ بمعنی کلورین -

chlorate, *n.*: ایک کیمیاوی مرکب ؛ کلوریٹ -

chloric, chlorous, *aa.*: (کیمیاوی) کلورین دار ؛ کلورین کا ؛ کلوریئی -

Chlorodyne, *n.*: ایک مشہور دوا جو دافع درد ہے ؛ کلورو ڈائین -

Chloroform, *n.*, & *v.t.*: (۱) ایک رقیق دوا جو بےہوشی پیدا کرتی ہے ؛ داروے بے ہوشی ؛ کلورو فارم - (۲) کلورو فارم سنگھانا ؛ بےہوش کرنا ؛ کلورو فارم سے بھرنا -

chloroformist, *n.*: بے ہوش کرنے والا -

Chlorophyll, *n.*: خضرہ (ج) ؛ پودوں کے سبز حصوں کا رنگین مادہ -

Chlorosis, *n.*: (۱) نوجوان عورتوں کی ایک بیماری جس میں ضعف کے ساتھ رنگ سبز ہوجاتا ہے ؛ ہرا روگ (ج) - (۲) درختوں کے سبز حصوں کا سفید ہو جانا (بےخضری) یا پنکھڑیوں وغیرہ کا سبز ہو جانا -

chlorotic, *a.*: ہرے روگ کے متعلق ؛ ہرے روگ (ہریاو) کا بیمار

Chock, *n.*: لکڑی کا کندا ، خصوصاً فانہ جس سے پیپے یا پہیے کی حرکت کو روکتے ہیں ، نیز جہازوں پر کشتی کو تختے پر روکنے کے لیے بھی استعمال کرتے ہیں ؛ اڑانہ - (ج)

Chock, *v. t.*, & *adv.*: (۱) اڑانوں سے قایم کردینا - (۲) کشتی کو اڑانوں پر رکھنا - (۳) (کمرے وغیرہ کو) سامان وغیرہ سے بھردینا - (۴) (*adv.*) نزدیک نزدیک -

c.-full: بھرپور ؛ کھچا کھچ ؛ مونہا منھ ؛ لبریز -

c. up: اڑانے اچھی طرح سے لگا دینا -

Chocolate, *n.* & *a.*: (۱) چاکلیٹ خوردنی - (۲) چاکلیٹ نوشیدنی - (۳) (*Adj*) لاکھیا ؛ کا کریزی -

c. cream: چاکلیٹ کی مٹھای جس کے اندر کھیرہ بھرا ہوتا ھے -

Choctaw, *n.*: " اسکیٹنگ " کی ایک اِصطلاح -

Choice, *n.*: (۱) پسند ؛ پسندیدگی ؛ مرضی ؛ چننا ؛ اِنتخاب - (۲) پسند کرنے کا حق ؛ لیاقت یا قدرت ؛ قوت تمیزی ؛ حق اِنتخاب ؛ اِختیار - (۳) منتخب ؛ ممتاز ؛ زبدہ ؛ برگزیدہ ؛ چیدہ - (۴) اِنتخاب کے لیے انواع و اقسام کی چیزیں - (۵) پسند ؛ پسندیدہ شے یا شخص ؛ منتخب شے یا شخص - (۶) چارہ ؛ علاج ؛ اِختیار ؛ دوسری صورت -

at c.: مرضی پر ؛ حسب مرضی ؛ حسب پسند -

for c.: اگر پسند کرتا ھے تو ؛ اگر اِنتخاب کرتا ھے تو -

have no c.: کچھ بھی ھو -

have no c. but: سوائے اِس کے کوئی چارہ نہیں ؛ اِس کی سوا کوئی صورت نہیں -

have one's c.: اپنی مرضی سے پسند کرنا ؛ خود اِنتخاب کرنا -

Hobson s c.: صرف ایک ھی صورت اِختیار کرو یا ترک کرو -

make c. of: پسند کرنا ؛ چننا ؛ اِنتخاب کرنا ؛ چھانٹ لینا -

take one's c.: فیصلہ کرنا ؛ پسند کرنا -

Choice, *a.*: (۱) چیدہ ؛ پسندیدہ ؛ منتخب ؛ عمدہ ؛ تحفہ - (۲) احتیاط کے ساتھ چیدہ یا پسند کردہ ؛ منتخب ؛ مناسب ؛ موزوں -

choicely, *adv.*: بطریق احسن ؛ از روے اِختیار ؛ اِختیار سے ؛ مناسب طریقے سے ؛ کمال احتیاط سے ؛ احتیاط سے ؛ اِنتخاب کر کے -

choiceness, *n.*: برگزید گی ؛ خوبی ؛ نفاست ؛ عمدگی ؛ تحفگی -

Choir, (kwir), **Quire**, *n.*, & *v.t.* & *i.*: (۱) گرجوں میں عبادت کے وقت گانے بجانے والوں کی جماعت ؛ بھجن منڈلی ؛ سرود خوانوں کی ٹکڑی ؛ قوال منڈلی ؛ چوکی - (۲) قوال گاہ ؛ سماع خانہ - (۳) گانے والوں کی جماعت ؛ قوالوں کی جماعت (پرندوں ، فرشتوں ، وغیرہ کے لیے بھی) - (۴) ناچنے والوں کی جماعت ؛ طائفۂ رقص - (۵) (*vb.*) مل کر گانا -

c.-organ: چوکی ارگن -

Choke, *v.t.* & *i.* & *n.*: (۱) گلا گھونٹنا ؛ ٹینٹوا دبانا ؛ گلا دبانا ؛ گلے میں پھنس جانا ؛ گلا گھٹنا ؛ پھندا پڑ جانا ؛ (پانی ، دھوئیں ، وغیرہ سے) گرہ پڑ جانا - (۲) (مجازاً) (جذبے کا) پژ مردہ کردینا ؛ دبانا - (۳) دم رکنا ؛ سانس رکنا ؛ دم گھٹنا ؛ غصے وغیرہ سے دم بند ھوجانا - (۴) (*N.*) غصے وغیرہ سے دم بند ھوجانے کی حالت ؛ حبس دم - (۵) (درخت ، آگ ، وغیرہ کا روشنی ، ھوا ، وغیرہ بند کر کے) بجھانا ؛ مارڈالنا ؛ سکھا ڈالنا - (۶) جذبات کا روکنا ، ضبط کرنا - (۷) کلیتاً یا جزیتاً روک دینا ؛ اٹکا دینا ؛ اڑانا (نلی کو اِس کا ایک حصہ تنگ کر کے) - (۸) تنگ حصہ - (۹) خلیج یا کھاڑی وغیرہ کا ریت ، پتھر یا بالو سے بھر جانا ؛ پٹ جانا ؛ اٹ جانا - (۱۰) کھچا کھچ بھرنا ؛ بھر پور کرنا ؛ منھا منھ بھرنا ؛ ناکو ناک بھرنا -

c.-bore: بندوق کا سوراخ جو نال کی طرف تنگ ھوتا جاتا ھے ؛ بندوق کی گاودم نال -

c.-damp: کاربونک ایسڈ گیس جو کانوں ، کنووں ، وغیرہ میں پیدا ھوتی ھے -

c. off: کسی شخص کو کسی سعی یا عمل سے باز رھنے پر مجبور کرنا ، باز رکھنا -

c.-pear: وہ واقعہ جس کو قبول کرتے نہ بنے ؛ وہ ملامت وغیرہ جس کو برداشت کرتے نہ بنے ؛ کسے پڑے کی بات یا سودا -

Choke, *n.*: ھاتھی چوک کا بیچ کا حصہ -

Choker, *n.*: گلا گھونٹنے والا ؛ گلا دبانے والا ؛ ضبط کرنے والا ؛ روکنے والا ؛ باز رکھنے والا -

white c.: سفید ٹائی (سوقیانہ) -

Chol(e)- (k-): طب اور کیمیا میں واصلہ بمعنی صفرا -

Choler (k-), *n.*: (طب) چار خلطوں میں سے ایک خلط ؛ صفرا ؛ زرد آب ؛ پت ؛ (شاعری میں ، قدیم) غصہ ؛ طیش کردہ ؛ بد مزاجی ؛ چڑ چڑا پن ؛ تیہا -

Cholera (k-), *n.*: تخمہ ؛ ھیضہ -

Asiatic, epidemic, malignant, c.: ھیضہ ؛ ھُلکی ؛ نناتواں -

chicken c.: مرغیوں کا ایک متعدی مرض -

English, bilious, summer, c., or in L. *c. nostras*: تخمہ ؛ ھیضہ -

choleraic, *a.*: وبائی ؛ ھیضے کا ؛ تخمے کا -

Choleric, *a.*: غصیل ؛ غصیلا ؛ تیز مزاج ؛ مغرورالمزاج ؛ تند مزاج ؛ چڑ چڑا ؛ خفا ؛ غصہ -

Cholerine, -en, *n.*: بد ھضمی ؛ سو ء ھضم ؛ تخمہ -

Choliamb (k-), *n.*: یونانی رجز (نظم میں) -

choliambic, *a.*: رجزی ؛ شعری -

Chondri-, -o-, (k-): طب اور عضویات میں واصلہ بمعنی غضروف ، کُر کُری -

Choose, *v.t.* & *i.*: (۱) چننا ؛ چھانٹنا ؛ انتخاب کرنا ؛ (تعریفی) کسی صفت یا خوبی کی وجہ سے منتخب کرنا - (۲) (عیسائی دینیات) ناجی ، برگزیدہ ھونا - (۳) فیصلہ کرنا (کسی فعل کے کرنے کا) - (۴) کرنے کے لیے مناسب خیال کرنا ؛ کرنے کے لیے آمادہ ھونا - (۵) اِختیار کرنا ؛ اِنتخاب کرنا -

cannot c. but: چار و نا چار کرنا ھی ھے (متروک) -

pick & c.: نہایت ھوشیاری سے چھانٹنا ؛ اِنتخاب کرنا ؛ ٹھوک بجا کے لینا یا چننا -

nothing & c. to c. between them: اِن میں کوئی فرق نہیں ؛ ایک سی ھیں (تقریباً مساوی چیزوں کے لیے) -

chooser, *n.*: اِختیار کنندہ ؛ مختار ؛ پسند کرنے والا ؛ چننے والا -

Chop, *v.t.* & *i.*: (۱) کاٹ ڈالنا ؛ قلم کرنا ؛ اُڑا دینا - (۲) قیمہ کرنا ؛ قتلے کرنا ؛ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ؛ چور کرنا - (۳) (مجازاً) (الفاظ وغیرہ میں) کتربیونت کرنا -

c. at: ...ر بیں لگانا ؛ چوٹیں لگانا -

c. back: ...ٹ پڑنا ؛ یکا یک گھوم جانا -

c. down: ...کڑے ٹکڑے کرنا -

c. in: ...بات کاٹنا ؛ دخل در معقولات -

c. off, away : اُڑا دینا ایک ضرب مارکے -
chopping sea : طوفانی سمندر -
c. through : چیرتے پھاڑتے نکل جانا -
c. up : ٹکڑے ٹکڑے کرنا ؛ قتلے کرنا ؛ ریزہ ریزہ کرنا ؛ قیمہ کرنا -
c. up, out : (طبقوں کے لیے) سطح پر اُبھر آنا ؛ نکل آنا -
Chop, *n.*: (۱) تیشہ یا تبر وغیرہ کی ضرب ؛ وار ؛ ہاتھ ؛ چوٹ - (۲) ٹکڑا ؛ پارچہ ؛ بوٹی ؛ پارہ ؛ برتا ؛ تکا - (۳) سمندر کی طوفانی حرکت ؛ جھٹکے دار حرکت -
c.-house : کباب خانہ ؛ ادنی درجے کا چائے خانہ ؛ سستی نان بائی کی دکان -
Chop : دیکھو CHAP, *n.* -
Chop, *v.t.& i.,& n.*, **Chop &change**: بدل جانا ؛ ادلا بدلی کرنا ؛ قائم نہ رہنا ؛ ڈگمگانا -
c. logic : منطق بگھارنا ؛ کٹ حجتی کرنا ؛ کج بحثی کرنا -
c. round, about : (بالخصوص ہوا کے لیے) یکا یک رخ بدل جانا ؛ سمت بدل دینا -
cc. & changes : ادلا بدلی ؛ تغیرات ؛ تبدیلیاں -
choppy, *a.*: رخ بدل دینے والا -
Chop, *n.*: (۱) (ہندوستان ؛ چین میں) چھاپ ؛ مہر ؛ پروانۂ راہداری ؛ اجازت نامہ - (۲) (چین میں) مارکہ ؛ تجارتی نشان یا مارکہ -
first, second, -c.: (انگلو انڈین روزمرہ) درجۂ اول ؛ درجہ دوم -
Chopper, *n.*: (۱) کاٹنے والا ؛ قطع کرنے والا - (۲) تبر ؛ تیشہ ؛ چھرا ؛ ساطور - (۳) قصائی کا چھرا ؛ بغدہ -
Chopstick, *n.*: ہاتھی دانت وغیرہ کی دو پتلی پتلی تیلیاں جو چینی کھاتے وقت ایک ہاتھ میں لے کر استعمال کرتے ہیں ؛ چینی کانٹا -
Choral (k-), *a.*: طائفے کے متعلق ؛ قوالوں کا ؛ سرود خوانوں کا -
c. service : جس میں نشید ؛ ترانے ؛ وغیرہ گائے جائیں -
full c. service : پورے طائفے کا نغمہ یا گانا -
chorally, *adv.*: طائفہ بناکر یا چوکی کی طرح ؛ ہم آہنگانہ ؛ آواز ملا کے -
Chorai (e) (korahl) *n.*: جرمانیا کے گرجوں میں بھجن گانے کی سادہ تال -
Choralist, *n.*: طائفے میں گانے والا ؛ طائفے کا گوئیا -
Chord (k-), *n.*: (۱) تار ؛ تانت (باجے کا) (نظم میں اور مجازاً بھی) - (۲) (عضویات) تار یا تانت جیسا عضو - (۳) (ریاضیات) وتر ؛ زہ -
spinal c.: نخاع ؛ حرام مغز -
touch the right c.: حسب منشا جذبے کو ابھارنا ؛ دوسرے کے جذبات سے اپنے مطلب کے موافق کام لینا -
vocal c. or *cord* : گویائی کی رگیں ؛ صوتی وتر -
Chord (k -), *n.*: (۱) (موسیقی) تین یا زیادہ (کمتر دو) سروں کا ملاپ - (۲) رنگوں کی مناسب و موزوں آمیزش -
break or *spread c.*: راگ یا راگنیوں کا پے درپے بجانا یا نکالنا -
common c. or *c.*: کوئی سر جس کے ساتھ میجر یا مائنر تھرڈ وغیرہ ہوں -
Chordal (k-), *a.*: تار یا تانت کا ؛ تار یا تانت کی طرح ؛ وتری -

Chore, *n., & v.i.*: دیکھو CHARE -
chorea **(k-)**, *n.*: بچوں کی ایک بیماری : ام الصبیان ؛ جھوکا ؛ پسلی کی بیماری -
Choree (k-), *n.*: شعر کا ایک وزن جس میں اول رکن لمبا اور دوسرا چھوٹا ہوتا ہے ؛ بحر سالم بسیط -
Choreic, *a.*: (۱) جس میں بحر سالم بسیط ہو ؛ اس کا یا اس کے متعلق ؛ بحر سالم بسیط (۲) جس کو ام الصبیان کا مرض ہو ؛ ام الصبیانی -
Choreograph (k-), *n.*: میر رقص ؛ رقص کا ترتیب دینے والا ؛ انتظام کرنے والا -
choreographer, *n.*: میر رقص -
choreographic, *a.*: میر رقص کے متعلق -
choreography, *n.*: میر رقصی -
Chori (s)- (k-), *pref.*: سابقہ نباتیاتی اصطلاحوں میں بمعنی علحدہ علحدہ -
choripetalous : الگ الگ پتوں کا ؛ کثیر رخسار -
Choriamb, Choriambus, *n.*: نظم کی ایک بحر -
choriambic, *a.*: اس بحر کے متعلق -
Choric, *a.*: گانے والی چوکی کے متعلق -
Chorion (k-), *n.*: جنین کی بیرونی جھلی -
Chorister (k-), *n.*: طائفۂ قوالاں میں سے ایک قوال ؛ خصوصاً کلیسای سرود خوان جماعت کا بچہ (مجازاً فرشتوں اور پرندوں کے لیے) -
Chorography (k-), *n.*: مخصوص علاقے کا جغرافیہ ؛ بلادنگاری -
chorographer, *n.*: مخصوص علاقے کا جغرافیہ نویس ؛ بلاد نگار -
chorographic, *a.*: بلاد نگاری کے متعلق ؛ بلاد نگارانہ -
chorographical, *a.*: بلاد نگاری کے طریقے پر ؛ بلاد نگارانہ ؛ ازروے بلاد نگاری -
chorographically, *adv.*: بلاد نگاری کے طریقے پر ؛ بلاد نگارانہ ؛ ازروے بلاد نگاری -
Choroid, *a. & n.*: مشیمہ نما -
c. coat or *c.*: آنکھ کے ڈھیلے کا پردہ ؛ مشیمہ -
Chorology (k-), *n.*: انواع وغیرہ کی مقامی تقسیم ؛ نوعیات -
chorological, *a.*: نوعیاتی ؛ نوعیات کے متعلق -
Chortle, *v.i.*: قہقہہ لگانا ؛ ٹھٹھا لگانا -
Chorus (k-), *n., & v.t. & i.*: (۱) (قدیم یونانی میں) مذہبی ڈرامے وغیرہ میں ناچنے ؛ گانے والوں کا طائفہ - (۲) (انگریزی ڈرامے میں) اسی معنوں میں - (۳) اس طائفے کا گیت - (۴) الزبتھہ ملکۂ انگلستان کے زمانے میں ڈراموں میں پیش خواں - (۵) گانے والوں کی جماعت ؛ چوکی (۶) وہ نغمہ جو سب مل کر گائیں ؛ ہم آہنگی ؛ ہم نوائی (۷) (موسیقی) ایک نظم کئی (اکثر چار) حصوں میں جس کو کئی آدمی مل کر گائیں - (۸) ترجیع ؛ انترا - (۹) (vb.) سب کا مل کر گانا ؛ بولنا ؛ کہنا ؛ ہم آواز ہوکر بولنا -
in c.: سب کا مل کر یا ایک ساتھ (بولنا) -
chose jugee, *n.*: ایسا معاملہ جس پر بحث کرنا تحصیل حاصل ہے ؛ طے شدہ امر - (تلفظ ؛ شوز ژُژا)

Chose (n): دیکھو CHOOSE -

Chou (shoo), n.: عورتوں کی ٹوپی یا پوشاک، فیتے وغیرہ کی خوبصورت گرہ؛ پھولدار گرہ -

Chough (tshuf), n.: سرخ پا کوا؛ للیپرا کوا -

Chouse (tshows), v.t., & n.: (۱) ٹھگنا؛ مونڈنا؛ دغا کرنا؛ احمق بنانا - دھوکا دینا - (۲) فریب؛ دغا؛ دھوکا -

Chow, a. & n.: (۱) (آسٹریلیا میں سوقیانہ) چینی؛ چین کا - (۲) چینی کتا؛ چینی نسل کا کتا -

Chow- Chow, n.: چینی مربا -

Chowder, n.: (نیو فاؤنڈ لینڈ اور نیو انگلستان میں) تازہ مچھلی، پیاز، بسکٹ، وغیرہ سے بنا ہوا ایک کھانا؛ مچھلی کا دو پیازہ؛ ماہی دو پیازہ -

Chrematistic, a.: روپیہ پیدا کرنے کا؛ دولت کمانے کا؛ کفایت شعار؛ کفایت شعارانہ -

Chrematistics, n.: روپیہ پیدا کرنے کا فن؛ کفایت شعاری کا فن -

Chrestomathy, n.: چیدہ اقتباسات؛ کشکول -

Chrism, n. تیل جو مذہبی رسموں میں ملا جاتا ہے؛ روغن مسح -

Chrisom, n.: (تاریخ) وہ سفید چادر جس میں بپتسمہ دیتے وقت بچے کو لپیٹا جاتا ہے، جس کو کفن کے طریقے پر بھی استعمال کرتے ہیں اگر بچہ ایک مہینے کے اندر مر جائے؛ چادر بپتسمہ -

c.- child: پہلے مہینے کا بچہ

Christ, n.: (۱) مسیح موعود - (۲) حضرت عیسیٰ بحیثیت مسیح موعود - (۳) آسمانی، روحانی بادشاہ؛ نجات دہندہ؛ مسلّم مسیحا -

the or a c.: نجات دھندہ؛ مسیحا

the c.- child: مسیح کا عہد طفولیت؛ مسیح بچے کی حالت میں -

Christhood, n.: مسیحیت -

Christless a.: بے مسیحا؛ بے نجات دھندہ؛ بد دین -

Christlessness, n.: بے مسیحائی؛ بے دینی؛ بد دینی -

Christlike, a.: مسیح مانند؛ مسیحا کی طرح؛ مثل مسیحا کے؛ عیسیٰ صفت -

Christlikeness, n.: مسیحا صفتی -

Christly, a.: مسیحانہ؛ مسیح کی طرح -

Christward (s), adv.: مسیحا کی جانب؛ مسیح کی طرف - الی المسیح -

Christ-cross-row 'Criss- n.: (متروک) حروف تہجی -

Christen (- isen), v.t.& i.: (۱) بپتسمہ دے کر عیسائی بنانا؛ عیسائی بنانا؛ تنصر - (۲) بپتسمہ دینا؛ اصطباغ دینا - (۳) بپتسمہ دیتے وقت بطور عرف کے کسی شخص کا نام رکھنا؛ نام رکھائی؛ نام دینا - (۴) جہاز، جرس وغیرہ کا نام رکھنا مع رسوم وغیرہ کے؛ نام رکھائی؛ تسمیہ -

Christendom (-isn-), n.: (۱) عیسائی؛ نصاریٰ - (۲) ممالک نصاریٰ؛ دنیائے مسیحیت -

Christian(-istshn), a & n.: (۱) نصرانی؛ عیسائی؛ معتقد مسیح - (۲) مسیحا یا اس کے مذہب کے متعلق؛ عیسوی؛ مسیحی - (۳) مسیحا سیرت؛ مسیحی صفت؛ عیسیٰ کا سچا پیرو - (۴) انسان؛ آدمی (جنگلی یا وحشی کی ضد پر) - (۵) (سوقیانہ) مہذب آدمی؛ معقول آدمی؛ بھلامانس -

c. era: سنہ عیسوی جس کا شمار حضرت عیسیٰ کی پیدائش سے ہے -

c. name: نام کا پہلا جز؛ بپتسمے کے وقت کا نام؛ عیسائی نام -

c. science: علاج بذریعہ مسیحی روحانیت -

c. scientist: عیسائیوں کا روحانی معالج -

Christianization, n.: تنصر -

Christianize, v.i.& t.: مسیحی بنانا؛ عیسائی بن جانا؛ تنصر -

Christianlike, a.: عیسائیانہ؛ شایان عیسائیت -

Christianly, a.& adv.: عیسائیوں کے طریقے پر؛ عیسائیانہ؛ مسیحیانہ -

Christiano -: واصلاً بمعنی مسیحی -

Christianity, n.: عیسائیت؛ مسیحیت؛ عیسائی مذہب؛ پیروان مسیح -

Christie, s, n.: لندن میں کرسٹی کی فنون لطیفہ کی دکان -

Christmas, n. Christmas-day, xmas: عیسائیوں کا بڑا دن؛ عید نصاریٰ بتاریخ ۲۵ دسمبر - (۲) بڑے دن کا؛ بڑے دن کے متعلق -

c. book, card: عید کارڈ؛ بڑے دن کا کارڈ -

c. box: بڑے دن پر ڈاکیا یا چٹھی رساں کا انعام -

c. eve: بڑے دن سے پہلے کی شام؛ شام عید نصاریٰ -

c. number: عیسائی عید نمبر (رسالے وغیرہ کا) -

c. present: عیدی؛ ھدیۂ عید -

c. pudding: عید پوڈنگ -

c. rose: دسمبر سے فروری تک کھلنے والا سفید گلاب؛ سرمائی گلاب -

c. tide: عید کا ہفتہ؛ ۲۴ دسمبر سے شروع ہونے والا ہفتہ یا عشرہ -

c.-tree: شجر عید؛ ایک چھوٹا سا درخت جو کمرے کے اندر رکھا جاتا ہے اور اس میں موم بتیاں، مٹھائی، تحائف لٹکا دیے جاتے ہیں -

Christmasy, a.: عیدی؛ عید کا؛ بڑے دن کے متعلق -

Christo: واصلاً بمعنی مسیح -

christophany ظہور مسیح -

Christolatry, n.: مسیح پرستی -

Christological, a.: مسیحیات کے متعلق -

Christologist, n.: مسیحیاتی -

Christology, n.: مسیحیات -

Christomaniac, n.: عاشق مسیح؛ وارفتۂ مسیح؛ دیوانۂ مسیح -

Christy minstrels, n.pl.: بڑے دن کو حبشیوں کا سانگ بھر کر گانے والا؛ بڑے دن کے بہروپئے -

Chromatic, a.: لونی؛ رنگ سے بھرا ہوا؛ رنگین؛ تیز رنگ -

c.printing: رنگین طباعت -

chromatics: (۱) علم الوان؛ لونیات - (۲) اپنے سر رکھنے والا جو ڈائیا ٹونک سر گم میں شامل نہیں ہیں -

c. scale: لفاتی سر گم جس میں سرتیاں ہوں -

c. semitone: نغماتی سرتی -

chromatically, *adv.*: رنگینی سے ؛ رنگ سے؛ بلحاظ رنگ کے؛ رنگ کا خیال رکھتے ہوئے ؛ نغماتی انداز پر -

Chromato-, Chromo-: واصلے بمعنی رنگ -

chromatopsy: غیرطبعی رنگ بینی -

chromophotograph: اصلی رنگوں میں فوٹو ؛ رنگین فوٹو گرافی یا عکاسی -

chromophotography: رنگ عکاسی -

chromosphere: سورج کے گرد گیس کا سرخ ہالہ ؛ کرۂ لون -

Chromatrope, *n.*: قندیل مناظر میں دو گول قرصوں کی تختی جس کو گھمانے سے طرح طرح کے رنگ پیدا ہوتے ہیں ؛ رنگ گرداں (ج) -

Chrome, *n.*, **Chrome yellow**: زرد رنگ جو لیڈ کرومیٹ سے حاصل ہوتا ہے -

c. green, orange, red: کرومیم کے دوسرے مرکبات سے رنگ کروم سبز ' کروم سرخ ' کروم نارنجی -

Chromic, *a.*: کرومیم کا ؛ کرومیم کے متعلق -

Chromium, *n.*: (کیمیا) ایک دھاتی عنصر -

chromate, *n.*: کرومیم کا مرکب ؛ کرومیٹ -

Chromo-: واصلہ بمعنی کرومیم -

Chromo-: دیکھو CHROMATO- -

Chromograph, *n.*, *v. t.*: (۱) رنگین چھاپہ یعنی رنگین چھاپے والا دستی پریس - (۲) رنگین چھاپنا -

Chromolithograph, Chromo (pl. *-os*), *n.*: سنگی مطبع کی چھپی ہوئی رنگین تصویر ؛ رنگین سنگی چھپائی ؛ رنگین لیتھو -

chromolithographer, *n.*: رنگوں سے چھاپنے والا ؛ طابع رنگین؛ طابع رنگ ؛ رنگین سنگی طابع -

chromolithographic, *a.*: رنگ سنگی طباعت کے متعلق : رنگ سنگی (ج) -

chromolithography, *n.*: رنگوں سے چھاپنے کا فن ؛ رنگین سنگی طباعت -

Chronic, *a*: (۱) مزمن ؛ کہنہ - (۲) (عامیانہ) بد ؛ شدید ؛ سخت ؛ عیبی -

c. doubt, rebellion: دیرینہ شک ؛ قدیمی بغاوت؛ مزمن شک -

c. invalid: پرانا مریض -

chronically, *adv.*: مزمن طور پر ؛ دیرینہ -

chronicity, *n.*: مزمنیت ؛ کہنگی -

Chronicle, *n.* & *v. t.*: (۱) روز نامچہ ؛ روز نامہ؛ وقائع؛ تاریخ وار واقعات یا سوانح (۲) سر گذشت ؛ واقعہ ؛ بیان ؛ حال (۳) اخبار کا نام - (۴) تاریخ لکھنا ؛ روز نامچہ لکھنا ؛ سرگذشت لکھنا -

Chronicles: عہد نامۂ قدیم کے دو باب -

chronicler, *n.*: واقعہ نگار ؛ مورخ ؛ روز نامچہ لکھنے والا ؛ تاریخ لکھنے والا -

chronique scandaleuse, *n.*: بدنام کن افواہ ؛ بکھان -

Chronogram, *n.*: مادۂ تاریخ ؛ تاریخی مادہ -

chronogrammatic, *a.*: تاریخی مادے کا ؛ مادۂ تاریخ کے متعلق -

Chronograph, *n.*: (۱) وقت نگار ؛ وقت بتانے والا آلہ - (۲) چل رکنی گھڑی (ج) -

chronographic, *a.*: وقت نگار سا ؛ وقت نگار کا ؛ وقت نگار کے متعلق -

Chronology, *n.*: (۱) واقعہ نگاری ؛ علم تاریخ - (۲) تاریخ وار سلسلۂ واقعات ؛ وہ تختہ یا نقشہ جس میں تاریخ وار واقعات بتائے جائیں -

chronolger, *n.*: روز نامچہ لکھنے والا ؛ واقعہ نگار؛ تاریخ لکھنے والا ؛ وقائع نگار ؛ جدول نویس ؛ شجرہ نویس -

chronological, *a.*: تاریخی ؛ واقعہ نگاری کے متعلق : فن تاریخ کا ؛ تاریخ وار -

chronologically, *adv.*: وقائع نگاری کے متعلق؛ وقائع نگارانہ؛ تاریخ وارانہ -

chronologist, *n.*: فن تاریخ کا ماہر ؛ مورخ ؛ تاریخ دان -

chronologize, *v. t.*: واقعہ نگاری کرنا ؛ واقعات کو تاریخ وار لکھنا ؛ تاریخ لکھنا ؛ روز نامچہ لکھنا ؛ جدول بنانا -

Chronometer, *n.*: ٹھیک گھڑی ؛ صحیح وقت بتانے والی گھڑی ؛ جہازی گھڑی ؛ وقت پیما -

Chronometry, *n.*: علمی طور سے وقت کی پیمائش ؛ صحیح وقت معلوم کرنا ؛ وقت پیمائی -

chronometric (al), *aa.*: (میقاتیاتی) پیمائش وقت کے متعلق -

chronometrically, *adv.*: وقت پیمائی کے اعتبار سے -

Chronopher, *n.*: وقت رسان آلہ ؛ بعید مقامات پر بجلی کے ذریعے سے صحیح وقت کی اطلاع دینے والا -

Chronoscope, *n.*: گولوں ' گولیوں ' وغیرہ کی رفتار معلوم کرنے کا آلہ ؛ رفتار پیما -

Chrys-: واصلہ بمعنی سنہرا ؛ زرین ؛ زرکا -

Chrysalis, - id, *n.* (pl. *-ises, ids, chrysalides*): (۱) تیتری ؛ پتنگے وغیرہ کی پر نکلنے سے پہلے کی حالت ؛ پیلہ - (۲) اس حالت میں کیڑے پر جو خول ہوتا ہے ؛ پیلے کا خول - (۳) (مجازاً) ارتقائی حالت ؛ تکوینی اور تمہیدی حالت -

Chrysanthemum, *n.*: (۱) گل داودی - (۲) جاپانی گل داودی جو نومبر ' دسمبر میں پھولتا ہے -

Chryselephantine, *a.*: سونے اور ہاتھی دانت کے نقوش سے آراستہ ؛ زر و عاج سے منقش ؛ زر عاجی (ج) -

Chryso-: دیکھو CHRYS- -

Chrysoberyl, *n.*: عقیق زرد ؛ زبر جد ؛ ایک قیمتی دھات جو بطور جواہر کے استعمال ہوتی ہے -

Chrysolite, *n.*: (۱) لہسنیا - (۲) یشب سبز -

Chrysoprase, *n.*: (۱) (عہد جدید) زردی مائل فیروزہ - (۲) پکھراج -

Chub, *n.*: ایک قسم کی دریائی مچھلی ؛ چوب ماہی -

Chubb, *n.*: ایک قسم کا قفل ؛ تالا (موجد کے نام سے) -

Chubby, *a.*: پھولا ہوا ؛ کچوری سے گال ؛ گداز ؛ گل پھلا -

chubbiness, *n.*: گدازی ؛ موٹاپا -

Chuck, *int.*, *n.*, & *v. i.*: (۱) کٹ کٹ ؛ ٹخ ٹخ؛ کٹرکٹر (۱) کٹ کٹ کرنےوالا؛ ٹخ ٹخ کرروالا؛ (۳) مرغیوں کے بلانے کی آواز کرنا؛ کٹ کٹ کرنا؛

گھوڑے کو ھانکنا ؛ ٹخ ٹخ کرنا -

Chuck, *n.*: پیار کا لفظ ؛ پیارے ؛ پٹھے ؛ یار عزیز -

chucky, *n.*: پیارا بیٹا -

Chuck, *v.t.*, & *n.*: (۱) ٹھوڑی میں ھاتھ دینا - (۲) پھینکنا؛ ڈالنا ؛ پرے پھینکنا -

c.away: ضائع کرنا ؛ خراب کرنا ؛ ھاتھ سے دینا -

c.-farthing: گچھی پالا ؛ وہ پیسہ جو کھیل میں بازی کے لیے پھینکتے ھیں -

c. it: اِس کو چھوڑ دو ؛ خاک ڈالو ؛ جانے دو (سوقیانہ) -

c. out: نکالنا ؛ باھر کرنا ؛ خارج کرنا ؛ بدر کرنا ؛ دھکے دینا ؛ نکال باھر کرنا ؛ گردن میں ھاتھ دے کے نکال دینا -

c. up: چھوڑ دینا ؛ نفرت سے ترک کرنا ؛ عاجز آکر چھوڑنا -

c.up the sponge: کوشش سے ھاتھ اُٹھانا ؛ کوشش ترک کرنا ؛ بھاگ جانا ؛ ھاتھ دھو بیٹھنا -

chucker, -out, *n.*: نکالنے والا ؛ بدر کرنے والا ؛ دھکے دینے والا -

Chuck, *n.*, & *v.t.*: خراد کی ٹیک ' اوٹ ' اوٹا جس پر لکڑی رکھ کر خرادتے ھیں ؛ چاک -

Chucker, *n.*: (پولو) چکر ؛ دور -

Chuckle, *v.i.*, *n.*: (۱) ھنسی روک روک کر ھنسنا ؛ اِس طرح ھنسنا کہ آواز نہ نکلے ؛ خوشی کی علامات ظاھر کرنا - (۲) تفاخر کی ھنسی ھنسنا ؛ کسی کو ھرا کر یا ذلیل کر کے خوش ھونا ؛ بغلیں بجانا - (۳) مرغیوں کی کٹر کٹر ' کٹ کٹ - (۴) مرغیوں کی آواز نکالنا ؛ کٹ کٹ کرنا -

Chuckle-head, *n.*, **Chuckle-headed**, *a.*: کند ذھن ؛ غبی ؛ ٹھس ؛ کودن ؛ گاودی ؛ بغلول ؛ احمق -

Chum, *v.i.*, & *n.*: (۱) ساتھ رھنا ؛ ایک گھر میں رھنا ؛ ایک کمرے میں رھنا - (۲) ھم پیالہ ھم نوالہ ھونا ؛ بے تکلف ھونا - (۳) (*N*) بے تکلف دوست ؛ یار غار ؛ ھم پیالہ و ھم نوالہ ؛ ھم حجرہ ؛ رفیق ؛ شریک ؛ ھمدم -

c. up: بے تکلفی پیدا کرنا ؛ ربط ضبط بڑھانا ؛ میل جول بڑھانا ؛ پینگ بڑھانا -

new c.: (آسٹریلیا کی اِصطلاح) نو وارد -

chummery, *n.*: ایک ساتھ رھنا سہنا - ساتھ رھنے کا مکان -

Chump, *n.*: (۱) لکڑی کا کُندا ؛ پوری - (۲) بکری کی پُٹھ - (۳) سر ؛ دماغ -

off one's *c.*: جوش میں دیوانہ ھو گیا ھے ؛ آپے سے باھر ھو گیا ھے -

Chunk, *n.*: موٹا ٹکڑا ؛ تتلہ ؛ پھانک ؛ قاش -

Church, *n.*: (۱) گرجا ؛ گرجا گھر ؛ کلیسا ؛ صومعہ ؛ دیر ؛ کنیسہ - (۲) نصاریٰ ؛ عیسائی ؛ عیسائی لوگ ؛ مذھب عیسوی کے پیرو - (۳) کلیسہ ؛ کلیسا ؛ عیسایوں کی جماعت ؛ دینی جماعت ؛ مذھبی انجمن ؛ مذھب - (۴) مذھبی لوگوں کی انجمن - (۵) مذھبی پیشہ ؛ پادریوں کا پیشہ - (۶) عبادت باجماعت -

churchman: گرجا کی جماعت کا رُکن -

churchmanship: گرجا کی رکنیت -

C. militant: عیسائی مجاھد ؛ صلیبی سپاھی -

C. of England: کلیسائے اِنگلستان جو پوپ کے اِقتدار کا منکر ھے -

C. of Scotland: کلیسائے اِسکاچستان -

c-rate: گرجا کا چندہ ؛ گرجا کر -

c.service: نماز کی کتاب ؛ عیسائیوں کی نماز با جماعت -

C.-text: کتبۂ قبر ؛ کتبہ لوح -

churchwarden: گرجا کا منتظم ؛ گرجا کا مہتمم ' ناظم ' معتمد ؛ کلیسا بان ؛ ایک لمبا تمباکو پینے کا پائپ -

churchwoman: گرجا کی رُکن -

churchyard: گرجا سے ملا ھوا گورستان ؛ قبرستان ؛ گرجا کا قبرستان -

churchyard cough: مہلک کھانسی ؛ جان لیوا کھانسی -

Established C.: جس کو حکومت تسلیم کرے ؛ کلیسائے حکومت ؛ مسلّم کلیسا -

fat churchyard: مُردوں سے پٹا ھوا قبرستان -

go into the C.: پادری بن جانا ؛ مذھبی پیشہ اِختیار کرنا -

go to c.: گرجا میں جانا ؛ نماز میں شریک ھونا -

high,low,broad, c.: عیسائیوں کے مختلف فرقے ؛ اعلیٰ ' ادنیٰ ' فراخ کلیسا -

poor as a c.mouse: نہایت مفلس -

primitive C.: اِبتدائی مذھب ؛ اِبتدائی دینی جماعت ؛ اِبتدائی کنیسہ -

reformed C.: اِصلاح یافتہ کلیسا -

-churchism, *n.*: متعلق الفاظ بالا -

churchless, *a.*: بغیر گرجا کا ؛ بے گرجا ؛ بے کلیسا -

churchward (s), *adv.*: گرجا کے رخ ؛ گرجا کی سمت -

Church, *v.t.*: عورت کو وضع حمل کے بعد گرجا میں شکرانہ ادا کرنے کے لیے لانا ؛ شکرانۂ زچگی ادا کرنا -

Churchy, *a.*: کٹر کلیسائی ؛ غالی کلیسائی -

churchify, *v.t.*: کٹر کلیسائی بنانا ؛ کلیسا کا اندھا مقلد بنانا ؛ غالی کلیسائی بنانا -

churchiness, *n.*: کلیسائیت -

Churl, *n.*: (۱) کم ذات ؛ رذیل ؛ وضیع - (۲) دیہاتی ؛ دھقانی ؛ بانگڑو ؛ گاودی ؛ گنوار - (۳) بد تمیز ؛ غیر مہذب؛ اُجڈ ؛ اکھڑ ؛ ناشایستہ ؛ کندۂ نا تراش - (۴) کنجوس ؛ بخیل ؛ مکھی چوس ؛ شوم ؛ ممسک -

gentleman or *c.*: شریف یا وضیع -

churlish, *a.*: اکھڑ ؛ گنوار ؛ گاودی ؛ بد تمیز ؛ اُجڈ -

churlishly, *adv.*: اکھڑ پن ' گنوار پن ' بد تمیزی سے ؛ بخیلانہ -

churlishness, *n.*: اُجڈ پن؛ گنوار پن ؛ بد تمیزی؛ بخل-

Churn, *n.* & *v.t.*& *i.*: (۱) مکھن نکالنے کی مشین ؛ رئی ؛ مدھانی ؛ متھانی ؛ ھلونی - (۲) (*vb.*) مکھن نکالنا ؛ بلونا ؛ متھنا ؛ جھاگ اُٹھانا - (۳) اِدھر اُدھر لہروں کا اُٹھنا ؛ جوش آنا ؛ طوفان آنا - (۴) بڑا شیر دان ؛ چاٹی -

c.-dash(er),-staff: رئی ؛ مدھانی ؛ متھنی ؛ مکھن نکالنے کا آلہ -

ایک گھان؛ ایک متھاوی؛ ایک مرتبہ جتنا مکھن نکل آئے *churning*.

Churr, v.i., & n.: (۱) ایک قسم کی ابابیل کی آواز - (۲) ایسی آواز نکالنا ؛ چر چر -

Chut. int.: جلد جلد ؛ جلدی جلدی ؛ جھٹ ؛ چٹ پٹ -

Chute, (shoot), n.: (۱) پانی کا ڈھالن پر سے بہنا - (۲) ڈھلواں نالی - (۳) کوڑا نیچے پھینکنے کی نالی؛ بدر رو - (۴) پھسلنے والی گاڑی-

Chutney,-nee, n.: چٹنی -

Chyle, (k-), n.: کیلوس -

Chylo-(k-): واصلہ بمعنی کیلوس -

Chyme, (k-), n.: کیموس ؛ رس -

Chymist: دیکھو CHEMIST -

Chymo-(k-): واصلہ بمعنی کیموس -

Ciborium. n.: (۱) (تعمیر) چتر ؛ چتر دار معبد ؛ مقبرہ وغیرہ - (۲) عیسائیوں کی عید قربان میں پیالہ ؛ قدح (سر پوش دار) ؛ سرپوش پیالہ -

Cicada, Cicala, Cigala, n.: ٹڈا ؛ ٹڈی -

Cicatrice, Cicatrix, n. (-ix, pl - *ices*): (۱) زخم کا نشان؛ داغ - (۲) درخت پر سے بکل اکھڑجانے کا نشان - (۳) پتے کے جھڑنے کے بعد جو نشان رہ جاتا ھے - (۴) نات تخم -

cicatrical, a.: داغی ؛ وسمی -

cicatricose, a.: داغوں بھرا ؛ داغدار -

Cicatric (u) le, n.: انڈے کی زردی پر کا خال جس سے چوزہ پیدا ہوتا ھے - دیکھو CICATRICE (معنی نمبر ۲ و ۳) -

Cicatrize, v.t. & i.: (۱) زخم بھرنا ؛ مندمل ہونا ؛ اچھا ہونا ؛ انگور آنا - (۲) داغ ڈالنا -

cicatrization, n: اندمال ؛ زخم کا بھراو ؛ انگور آنا ؛ داغ ڈالنا ؛ داغوں سے بھرنا -

Cicely, n.: ایک پھول دار درخت

Cicerone(tshitsheroni), n. (pl.-*oni* pr.- *one*), & v.t.: آثار قدیمہ کا رھبر -

Ciceronian, a. & n.: (۱) سسرو جیسا ؛ سسرو کا سا ؛ سخنور ؛ فصیح اور موزوں طبع - (۲) سسرو کی تصنیفات سے شغف رکھنے والا ؛ سسرو شناس -

Ciceronianism, n.: سسرو کی تصانیفات کا شغف ؛ اس میں مہارت ؛ سسرو شناسی -

cicisebo **(tshitshizbao), n. (pl.- *bei* pr.- *bae*):** شادی شدہ عورتوں کا عاشق مزاج مصاحب -

cicisbeism, n.: اس کا اسم -

Cid, n., The Cid: ایک اسپانوی سردار کا لقب جو گیارھویں صدی میں گذرا (عرب۔ سید) -

-cide, suf.: لاحقہ بمعنی (۱) قاتل ؛ ھلاک کرنے والا - (۲) قتل ؛ خون -

Cider, n.: سیب کی شراب -

c.-cup: کاسہ ؛ جام -

c.-press: سیب کا عرق نکالنے کا آلہ ؛ سیب نچوڑ ؛ سیب افشار -

ci-devant, **a. or adv.:** پچھلا ؛ اگلا ؛ سابق ؛ گذشتہ ؛ پیشین ؛ ماضی ؛ سلف ؛ پہلا -

Cigar, n.: سگار ؛ چرٹ -

c.-holder: چرٹ ؛ مہنال ؛ نلکی ؛ سگار گیر (ج) -

c.-shaped: سگار کی شکل کا ؛ سگار نما -

Cigarette, n.: سگرٹ -

cilia, n.pl.: (۱) مژگان ؛ پلک - (۲) پتوں کی جھالر - (۳) تیتریوں کا بازو ؛ تتلیوں کے پر - (۴) ادنی آبی جانوروں کے حرکی روئیں -

ciliary, a.: پلکوں کے ؛ مژگانی ؛ پلک دار ؛ ھدبی -

ciliate (d), aa.: مژگانی ؛ پلک کا ؛ پلک دار ؛ موحاشیہ -

ciliation, n.: ھدبیت ؛ روئیں داری -

Cilice, n.: اونی کپڑا ؛ بالوں کا کپڑا ؛ بالوں کا لباس ؛ اونی لباس ؛

Cimmerian, a.: تاریک ؛ اندھیری گھپ ؛ نہایت اندھیری؛ دیجور -

Cinch (sints h), n.: (۱) (امریکا) گھوڑے کا زیر بند - (۲) (سوقیانہ) پورا قبضہ ؛ پورے قابو میں ؛ پکی بات -

Cinchona (-ko-), n.: (۱) سنکونا کا درخت ؛ چھال - (۲) اس کی چھال کی دوائی - (۳) کونین -

cinchonaceous, a.: سنکونا دار ؛ سنکونا والی ؛ سنکونیلی -

cinchonine, n.: سنکونا کی ایک دوا ؛ کونین -

cinchonism, n.: سنکونا کا اثر ؛ گھمیر ؛ خشکی -

cinchonise, v.t.: سنکونا سے متاثر کرنا ؛ سنکونا سے علاج کرنا ؛ سنکونا دینا -

Cincinnatus, n.: عزلت نشین بڑا آدمی جسے خطرے کے وقت ملکی خدمت کے لیے طلب کرلیا جاتا ھے؛ سن سناٹس -

Cincture, n., & v.t.: (۱) پٹی ؛ پٹکا ؛ کمر بند ؛ حلقہ ؛ گھیرا ؛ گھیر؛ (*vb.*) پٹی باندھنا ؛ پٹکا باندھنا - (۲) گھیرا کرنا؛ گھیرنا ؛ محیط ہونا -

Cinder, n.: (۱) دھات کا میل - (۲) ادھ جلا کوئلہ ؛ کچلا ہوا کوئلہ - (۳) راکھ ؛ خاکستر -

c.-path: رستہ جس پر پسے ہوئے کوئلے بچھے ہوں -

c.-sifter: ادھ جلے کوئلوں کو راکھ سے نکالنے کی چھلنی ؛ خاک بیز ؛ کوئلہ چھلنی -

cindery, a.: بھوبل سا؛ بھوبل کا؛ ادھ جلا کوئلہ سا؛ خاکستری -

Cinderella, n.: ایسا شخص جس کی قدر نہ کی جاتی ہو ؛ کشتۂ نا قدر شناسی -

C. dance **or** *C.*: وہ رقص جو بارہ بجے شب تک رھے ؛ نیم شبی رقص -

Cinematograpn: دیکھو KINEMATOGRAPH -

Cineraria, n.: ایک قسم کا پھول دار درخت جو شیشہ بند اُگایا جاتا ھے -

Cinerary, a.: خاکستر جیسا؛ خاکستر کا؛ راکھ کا؛ خاکستری؛ خاک کا -

c. urn: جلانے کے بعد مردوں کی خاکستر رکھنے کی جگہ؛ راکھدان -

Cinereous, a.: خاکستری ؛ خاکستر کے رنگ کا -

Cingalese, a. & n.: لنکا کا ؛ سیلون کا - (*n.*) لنکاوی (شخص یا زبان) ؛ سنگھالی -

ingulum, n.: ایک قسم کی پیٹی ؛ منطقہ ؛ پٹکا (جراحی ؛ تشریح ؛ حیاتیات کی اصطلاح) -

Cinnabar, n. & a.: (*n.*) شنگرف ؛ (*adj.*) شنگرفی؛ شنگرف کا ؛ شنگرف جیسا -

Cinnamon, n. & a.: دار چینی ؛ (*adj.*) دار چینی کے رنگ کا ؛ تسواری ؛ ناسی -

c. -stone: دار چینی کے رنگ کا تامڑا ؛ ایک قسم کا یاقوت -

cinnamate, *n.:* سنا میٹ -

cinnamomic, cinnamonic, *aa.:* دارچینی کا ؛ دار چینی؛ دار چینی سا -

Cinque, Cinq, (sink), *n.:* پنجڑی؛ پنجی؛ پنجا (تاش وگنجفہ) -

cinquecento, **Cinquecentist,** *nn.:* (تلفظ : چنک وشے) - اِتالی طرز تعمیر؛ اِتالی معمار؛ مصور وغیرہ: سولھویں صدی کا اِتالی صنّاع -

Cinq (ue) foil, *n.:* پنچپتیا ؛ پنج پتیا ؛ پنج مرغول ؛ پنج برگہ -

Cinque Ports, *n. pl.:* اِنگلستان کے جنوب مشرقی کی پانچ بندر گاھیں جن کے بعض حقوق باقی ھیں -

Cipher, Cy-, *n.:* (۱) صفر ؛ بندی - (۲) جس شخص یا جس شے کی کوئی اھمیت نہ ھو ؛ نکما ؛ ناکارہ ؛ نا چیز ؛ ھیچ ؛ کالعدم ؛ پوچ ؛ لچر ؛ (مجازاً) صفر - (۳) عربی کا کوئی ھندسہ - (۴) خفیہ تحریر ؛ سطحی تحریر لکھنے کا قاعدہ ؛ خفیہ تحریر کی کلجی - (۵) ملے ھوئے دستخط ؛ طغرا - (۶) ھارمونیم وغیرہ میں پردے کی خرابی -

Cipher, *v. i. & t.:* (۱) حساب کرنا ؛ سوال نکالنا - (۲) حساب کے قاعدے سے سوال نکالنا ؛ جوڑنا ؛ پھیلانا ؛ حساب لگانا - (۳) خفیہ رسم خط میں لکھنا - (۴) بے بجائے بھی بجے جانا -

Cipolin, *n.:* اِٹلی کا سفید و سبز سنگ مرمر؛ ایک قسم کا سنگ مرمر -

circa, circiter, prepp. (abbr. c. or circ.): تقریباً (مع سنہ) -

Circe, *n.:* جادو گرنی ؛ عیارہ ؛ ساحرہ ؛ مکارہ ؛ فریب دینے والی -

Circean, *a.:* ساحرہ کا ؛ جادو گرنی کا -

Circinate, *a.:* (نباتیات) مڑی ھوئی ؛ سر نوڑ (پتیوں والا) -

Circle, *n.:* (۱) دائرہ ؛ کنڈل ؛ گول گھیرا ؛ گھیرا ؛ گھیر ؛ احاطہ ؛ حلقہ - (۲) انگوٹھی کا حلقہ - (۳) دور ؛ چکر - (۴) مکمل سلسلہ ؛ کامل دور ؛ پورا چکر - (۵) وہ عمل اور رد عمل جو ایک دوسرے کو شدید کردیں ؛ تعامل دوری - (۶) ھم مذاق لوگوں کا حلقہ ؛ (۷) حلقہ ؛ جماعت - (۸) احاطۂ اثر : اِحاطۂ اِقتدار ؛ حلقۂ عمل ؛ حلقۂ اثر -

antarctic c.: دائرۂ جنوبی -

arctic c.: دائرۂ شمالی -

come full c.: پورا چکر لگانا ؛ گرد پھرنا ؛ جہاں سے چلے تھے اسی مقام پر پہنچ جانا -

dress c.: کرسیوں کا حلقہ ؛ تھیٹر میں نشستوں کی پہلی قطار ؛ (آثار قدیمہ) سنگی حلقہ ؛ سنگی دائرہ -

great c.: دائرۂ اعظم -

polar c.: قطبی دائرہ -

small c.: دائرۂ اِدنیٰ -

square the c.: نا ممکنات کی کوشش کرنا ؛ محالات کے پیچھے پڑنا ؛ دائرے کا ھم رقبہ مربع دریافت کرنا -

upper c.: (تھیٹر) نشستوں کی دوسری قطار -

vicious c.: اِستدلال دوری -

circlewise, *adv.:* دائرے کے طور پر ؛ دوراً -

Circle, *v. t. & i.:* (۱) گھیرنا ؛ اِحاطہ کرنا ؛ حلقے میں لینا ؛ محیط ھونا ؛ گھیر لینا - (۲) دور چلنا ؛ گردش میں آنا (شراب وغیرہ کا) ؛ گرد پھرنا ؛ چکر لگانا ؛ گھومنا - (۳) (فوجی) چکر کاٹ کے حملہ آور ھونا ؛ گھوم کر آ پڑنا -

circled, *p.p.:* مدور ؛ گول ؛ دائرہ دار -

Circlet, *n.:* (۱) چھوٹا چکر ؛ حلقہ - (۲) پیٹی ؛ کمر بند ؛ پٹکا (مرصع جو سر وغیرہ میں باندھتے ھیں) -

Circuit (-kit), *d.:* (۱) گھیرا ؛ چکر ؛ گردا ؛ حلقہ ؛ دور - (۲) چکر کے اندر کا رقبہ - (۳) دورہ ؛ گشت ؛ گردش - (۴) اِنقلاب - (۵) دورہ گاہ ؛ حلقۂ دورہ - (۶) کسی حلقے کے بیرسٹر - (۷) عیسائیوں کے ایک فرقے کا مذھبی ضلع - (۸) برقی رو کا رستہ ؛ برقی دور -

short c.: ناقص دور برقی تار کے ناقص یا موصل ھونے کی وجہ سے برقی پھیر کا چھوٹا ھوجانا ؛ ناقص دور ؛ مقصر دور -

Circuitous, *a.:* پھیر دار ؛ چکر دار ؛ پھیر کا ؛ دوری ؛ دورہ دار ؛ مدور ؛ بالواسطہ ؛ ھیر پھیر سے -

circuitously, *adv.:* پھیر سے ؛ چکر سے ؛ دور در دور -

circuitousness, *n.:* پھیر ؛ چکر ؛ گردش ؛ دور -

Circular, *a. & n.:* (۱) گول ؛ مدور ؛ چکر دار ؛ مستدیر - (۲) دائرے میں حرکت کرنے والی ؛ دور حرکی - (۳) (منطق) اِستدلال دوری کے متعلق - (۴) گروہ کے نام خط ؛ مجلس کے نام خط ؛ گشتی - (۵) دائرے کی طرح ؛ دائرے کی شکل ؛ دائرے جیسا ؛ دائرہ نما -

c. letter or *c.:* گشتی چٹھی ؛ گشتی ؛ اعلان ؛ اشتہار -

c. note: وہ خط جو مہاجن یا ساھوکار اپنے مسافر گاھک کو دے جس سے اس کو دوسرے مقامات پر بھی روپیہ مل سکے ؛ گشتی ھنڈی -

c. saw: گول آرا -

c. ticket: گول دورے کا ٹکٹ -

c. tour: ایسا دورہ کہ جہاں سے شروع ھو وھیں ختم بھی ھو ؛ گول دورہ -

circularity, *n.:* گولائی ؛ تدویر ؛ دور ؛ چکر -

circularly, *adv.:* چکر سے ؛ گردش سے ؛ دوراً ؛ مدورانہ -

Circularize, *v. t.:* گشتی اعلانات جاری کرنا -

Circulate, *v. i. & t.:* (۱) گردش کرنا ؛ دور کرنا ؛ جاری ھونا ؛ رواں ھونا ؛ چلنا ؛ رائج ھونا ؛ رواج پانا ؛ مروج ھونا ؛ چکر کرنا ؛ گھومنا ؛ دوران کرنا - (۲) متوالی ھونا - (۳) مشھور کرنا ؛ مشتھر کرنا ؛ اِشتھار دینا ؛ رواج دینا ؛ مروج کرنا ؛ رائج کرنا ؛ عام کرنا -

circulating library: گشتی کتب خانہ -

circulating medium: زر ؛ سکۂ چلنی ؛ سکۂ رائج ؛ زر رابطہ ؛ سکۂ متداولہ -

Circulation, *n.:* (۱) دوران خون - (۲) گردش ؛ دورہ ؛ چکر ؛ گھماو ؛ گشت - (۳) تقسیم ؛ ترسیل ؛ مشتھر ھونا ؛ نشر و اِشاعت (خبروں ، کتابوں ، وغیرہ) - (۴) اِشاعت ؛ نکری (اخبار ، کتابوں ، وغیرہ کے لیے) - (۵) زر ؛ سکہ وغیرہ کی گردش -

Circulative, *a.:* گردش دینے والی ؛ مائل بہ گردش ؛ معین گردش -

Circulator, گردش دینے والا ؛ گردش کرنے والا ؛ مشتھر ؛ رواج دینے والا ؛ رواج دھندہ یا شایع کنندہ -

Circulatory, *a.:* گردش کے متعلق ؛ متعلق بہ دوران خون یا عرق (نباتات) -

Circum-, *pref.* : لفظاً بمعنی دور ؛ حلقہ -
circumocular : آنکھ کو گھیرے ہوئے ؛ گرد چشم -
circumvagant : چکر لگانے والا ؛ آس پاس منڈلانے والا -
Circumambient, *a.* : گھیرے ہوئے ؛ احاطہ کرنے والی ؛ محیط ؛ گردا گرد -
circumambiency, *n.* : گھیر ؛ احاطہ ؛ دور ؛ چکر -
Circumambulate, *v.t.&i.* : (۱) گرد پھرنا ؛ گرد پھرانا ؛ گھومنا ؛ طواف کرنا ؛ چکر کرنا ؛ چکر کھانا ادھر ادھر پھرنا ؛ آوارہ پھرنا ؛ گھومنا ؛ مارے مارے پھرنا - (۲) ہیر پھیر کی باتیں کرنا -
circumambulation, *n.* : (۱) چکر ؛ گردش ؛ طواف - (۲) چکر ؛ آوارگی ؛ ہیر پھیر کی باتیں -
circumambulatory, *a.* : چکر کا ؛ دور کا ؛ دوری ؛ طوفی -
Circumbendibus, *n.* : (۱) ہیر پھیر کا طریقہ ؛ پیچیدہ طریقہ - (۲) ہیر پھیر کی بات ؛ طول کلام ؛ اطناب کلام -
Circumcise(-z), *v.t.* : (۱) ختنہ کرنا ؛ مسلمانی کرنا ؛ سنتیں کرنا - (۲) تزکیہ کرنا -
c. the heart, passions : قلب یا نفس کا تزکیہ کرنا -
Circumcision(-izhn), *n.* : ختنہ ؛ مسلمانی ؛ سنتیں -
the c. : (۱) (بائبل) یہودی ؛ بنی اسرائیل - (۲) (کلیسا) عید ختنۂ مسیح ؛ یکم جنوری جب کہ عیسیٰ کا ختنہ ہوا تھا -
Circumference, *n.* : (۱) دور ؛ گردا ؛ گھیر ؛ گھیرا - (۲) محیط -
circumferential, *a.* : محیطی ؛ متعلق بہ محیط -
Circumflex, *a.&n.&v.t.*, **Circumflex accent** : (۱) شرشہ ؛ مد ؛ نشان ؛ اعراب - (۲) (تشریح) خمیدہ -
c. artery, muscle : خمیدہ شریان ؛ خمیدہ پٹھے یا عضلات -
Circumfluent, *a.* : گرد بہنے والے ؛ چاروں طرف رواں یا جاری -
circumfluence, *n.* : گرد بہاو ؛ چو طرف روانی یا جریان -
Circumfluous, *a.* : (۱) رواں ؛ جاری - (۲) پانی سے گھرا ہوا -
Circumfuse(-z), *v.t.* : (۱) چاروں طرف ڈالنا ؛ سب طرف پھیلانا - (۲) بھگونا ؛ پانی سے بھرنا ؛ غسل دینا -
circumfusion, *n.* چو طرف پھیلاو یا بہاو ؛ غسل
Circumgyrate, *v.i.* : گھومنا ؛ چکر کاٹنا ؛ گرد سفر کرنا ؛ گرد پھرنا ؛ طواف کرنا -
circumgyration, *n.* : طواف ؛ گردش ؛ گھوم ؛ دور -
circumgyratory, *a.* : گردشی ؛ طوافی ؛ گرد پھرنے کے متعلق ؛ دوری -
Circumiacent, *a.* : چو طرفہ ؛ چاروں طرف کا ؛ حوالی ؛ نواحی -
Circumlittoral, *a.* : ساحل کے گرد ؛ ساحلی -
Circumlocution, *n.* : (۱) زیادہ گوئی ؛ بسیار گوئی ؛ طول کلام - (۲) ٹالنے والی بات ؛ جو بات ٹالنے کی غرض سے کی جائے ؛ اڑن گھائیاں - (۳) ہیر پھیر کی بات ؛ پیچیدہ گفتگو -
C. office : سرکاری دفتر جہاں کام بہت دیر میں ہو اور سستی سے ہو ؛ سرھٹی گھس گھس -
circumlocutional, circumlocutionary, circumlocutory, *aa.* : زیادہ گوئی کے متعلق ؛ ہیر پھیر کی باتوں کا ؛ چکر دار ؛ پھیر کا ؛ پیچیدہ یا اطناب ؛ طولانی -
circumlocutionist, *n.* : زیادہ گو ؛ ہیر پھیر کی باتیں کرنے والا ؛ بت بنا ؛ بسیار گو ؛ باتونی -
Circum-meridian, *a.* : سمت الراس کے قریب (فلکیات)
Circumnavigate, *v.t.* : دنیا کے گرد جہاز میں سفر کرنا -
circumnavigator, *n.* : دنیا کے گرد سفر کرنے والا -
Circumnutate, *v.i.* : (نباتیات) یکے بعد دیگرے ہر سمت کی طرف مڑ جانا ؛ گرد نمو(ح) -
circumnutation, *n.* : گرد نموئی -
Circumoral, *a.* : منہ کے ارد گرد کا ؛ منہ کے قریب کا ؛ حوالئی فم کا ؛ گرد فمی -
Circumpolar, *a.* : (۱) (فلکیات) قطب کے نزدیک ؛ قطب کے قریب یا آس پاس ؛ گرد قطب - (۲) (ارضیات) گرد قطبین -
c. motion : گرد قطبی حرکت -
c. star : گرد قطبی تارا -
Circumscribe, *v.t.* : (۱) گھیرنا ؛ حد باندھنا ؛ احاطہ بندی کرنا ؛ محدود کرنا ؛ (۲) (ہندسہ) ایک شکل کے گرد دوسری شکل کھینچنا - (۳) منطقی اصول کے لحاظ سے تعریف کرنا ؛ تحدید کرنا ؛ حد بیان کرنا - (۴) حدود مقرر کرنا ؛ محدود کرنا ؛ بند کرنا -
circumscriber, *n.* : (۱) حد بندی کرنے والا - (۲) ایک شکل کے گرد دوسری شکل کھینچنے والا - (۳) تعریف کرنے والا -
Circumscription, *n.* : (۱) حد بندی ؛ گھیر ؛ حد ؛ احاطہ - (۲) محدود رقبہ ؛ محدود احاطہ - (۳) تعریف ؛ حد - (۴) ایک شکل کے گرد دوسری شکل کھینچنا - (۵) سکے کے ارد گرد نقش کاری -
Circumsolar, *a.* : سورج کے گرد گھومنے والا ؛ آفتاب گرد ؛ سورج کے قریب کا -
Circumspect, *a.* : بیدار ؛ ہوشیار ؛ چوکنا ؛ محتاط ؛ چوکس -
circumspection, circumspectness, *nn.* : ہوشیاری ؛ احتیاط ؛ چوکسی ؛ چوکنا پن ؛ خبر داری -
circumspective, *a.* : ہوشیار ؛ خبر دار ؛ محتاط ؛ چوکس وغیرہ -
circumspectly, *adv.* : ہوشیاری سے ؛ احتیاط سے ؛ ہوشیارانہ ؛ چوکسی سے -
Circumstance, *n.* : (۱) (جمع) حالات ؛ صورت حال ؛ واقعات - (۲) کسی فعل کا ماحول ؛ وہ حالات جن میں کوئی فعل انجام پائے - (۳) حال ؛ گت ؛ حقیقت حال ؛ حالت - (۴) واقعہ ؛ وقوعہ - (۵) (واحد) تفصیل ؛ شرح ؛ تکلف ؛ اہتمام -
in bad, reduced, straitened, cc. : تنگ حال ؛ برے حالوں ؛ شکستہ حال ؛ تنگ دست ؛ تکلیف میں -
in good, easy, cc. : آسودہ حال ؛ مرفہ حال ؛ خوش حال -

in, under, the cc.: ان حالات میں ؛ ان حالات کی بنا پر ؛ دریں صورت ؛ دریں حال -
pomp & c.: شان و شوکت ؛ کروفر ؛ ساز و سامان -
without c.: بغیر کسی اہتمام کے ؛ سیدھا سادا -
circumstanced, *a.:* حالت میں ؛ صورت میں -
Circumstantial, *a.:* (۱) مبنی بر جزئیات ؛ مبنی بر قرائن - (۲) اتفاقی ؛ اچانک (۳) تفصیلی ؛ تفصیل وار ؛ مشرح ؛ بالتفصیل ؛ پتہ وار ؛ مفصل -
c. evidence: ثبوت قرائن ؛ براہین قرائینی ؛ قرائینی شہادت -
c. story: مفصل قصہ ؛ طویل داستان -
circumstantiality, *n.:* (۱) اتفاق (۲) تفصیلی ؛ شرح و بسط -
circumstantially, *adv.:* (۱) اتفاق سے ؛ اچانک طور پر ؛ اتفاقیہ طور پر (۲) تفصیلاً ؛ جزوی طور پر -
Circumvallate, *v. t.:* قلعہ بندی کرنا ؛ گردا گرد دمدمے وغیرہ بنانا ؛ حصار بنانا -
Circumvallation, *n.:* مورچہ بندی ؛ قلعہ بندی ؛ حصار ؛ احاطہ ؛ فصیل ؛ شہر پناہ ؛ چہار دیواری -
Circumvent, *v. t.:* (۱) پھانسنا ؛ دام میں لانا ؛ پھندے میں لانا (۲) فریب دینا ؛ جل دینا ؛ دھوکا دینا ؛ جھانسا دینا ؛ چھل کرنا -
circumvention, *n.:* (۱) دام ؛ پھندا ؛ جال (۲) دھوکا ؛ فریب ؛ چھل ؛ دغا ؛ جھانسا ؛ ایچ پیچ ؛ جوڑ توڑ -
Circumvolution, *n.:* (۱) چکر ؛ پھیرا - (۲) کنڈلی (۳) دور ؛ زمانہ ؛ عہد (۴) سانپ کی سی چال ؛ لہریا کی چال -
Circus, *n.:* (۱) گول یا بیضوی اکھاڑا ؛ دنگل ؛ دوڑ چکر ؛ چوگان ؛ تماشا گاہ ؛ جولان گاہ ؛ مقابلے کی جگہ (۲) چوک ؛ چوراہا (۳) سرکس -
Cirque (-k), *n.:* (نظم میں) دنگل ؛ اکھاڑا ؛ میدان ؛ جولان گاہ ؛ تماشا گاہ -
Cirrhosis, *n.:* جگر کی ایک بیماری ؛ جگر کا مومی ساخت کا ہو جانا ؛ تشمع الکبد -
Cirri-, Cirro-: اصلاً بمعنی CIRRUS ریشہ -
cirriferous, *a.:* (۱) ریشہ دار - (۲) بالوں جیسا ؛ اون جیسا ؛ پیچ دار ؛ بالوں ؛ شکل کا ؛ اون کی صورت کا ؛ اون نما -
cirriform, *a.:*
Cirriped (-e), *n.:* ایک قسم کا بحری جانور - زلف پا (ج)-
Cirrus, *n.* (pl. *-ri*): (۱) (نباتیات) ریشہ ؛ سوت ؛ بیل (۲) (حیوانیات) پنچھ ؛ دم (۳) (موسم) اون جیسے بادل ؛ سنبل نما بادل -
cirrose, *a.:* سوت کار ؛ پیچ دار ؛ بالوں جیسا ؛ گھونگر والا - پیچ دار ؛ پیچوان ؛ گھونگر والا -
cirrous, *a.:*
Cis-, *pref.:* (۱) (سابقہ) اس پار ؛ اس طرف ؛ اس رخ ؛ اس جانب ؛ ورے ؛ پرے - (۲) (سابقہ) *ultra-* یا *trans-* کی ضد (۳) زمانے کے لیے بھی -
cisalpine: کوہ ایلپس کے اس پار ؛ ایلپس -
cisatlantic: اٹلانٹک کے اس پار -
cis- Elizabethan: ... یا مابعد زمانۂ ایلی زبتھ -
cis- Leithan: لیتھا کے مغرب میں ؛ آسٹروی ؛ غیر ہنگروی -
cismontane: کوہ ایلپس کے شمال میں ؛ غیر اطالی -
cispadane: دریائے پو کے اس پار ؛ پو ورے -
cis- pontine: لندن میں یا دریائے ٹیمز کے شمال میں -
Cist, *n.:* (۱) (اثر) (قدیم زمانے کا) پتھر یا لکڑی کا تابوت - (۲) متبرک برتنوں کا صندوق ؛ صندوق تبرکات (تبرک دان)-
Cistercian (-shn), *n. & a.:* سسطرونی راہب ؛ (*adj.*) سسطرونی ؛ سسطرونی مسلک کا -
Cistern, *n.:* پانی کا خزانہ ؛ ٹنکی ؛ حوض -
Cistus, *n.:* ایک قسم کی جھاڑی جس کے سرخ یا سفید پھول ہوتے ہیں ؛ کستوس -
Citadel, *n.:* (۱) حصار ؛ گڑھی ؛ قلعہ ؛ کوٹ (۲) ملجا ؛ ماویٰ ؛ آخری جائے پناہ -
Cite, *v. t.:* (۱) طلب کرنا ؛ بلا بھیجنا ؛ حکماً بلانا ؛ سمن جاری کرنا (۲) قول نقل کرنا ؛ نظیر لانا ؛ حوالہ دینا -
citable, *a.:* (۱) طلب کیے جانے کے قابل - (۲) حوالہ دینے کے لائق -
citation, *n.:* (۱) طلبی ؛ سمن ؛ دستک طلبی ؛ اطلاع نامۂ طلبی - (۲) حوالہ ؛ قول ؛ مقولہ ؛ نظیر -
Cither (n), Cittern, *n.:* (منورک یا نظم)ستار ؛ طنبور ؛ بین ؛ بربط -
Citizen, *n.:* شہری (شہری حقوق رکھنے والا) (۲) شہر کا رہنے والا ؛ شہری (۳) کسی سلطنت کا باشندہ ؛ رعیت ؛ پرجا ؛ رعایا - (۴) باشندہ ؛ ساکن -
c. of the world: ہر دیسی ؛ دنیا دیسی (ج)-
citizenhood, *n.:* شہری ہونا ؛ شہریت ؛ سکونت -
citizenship, *n.:* حق رعایا ؛ رعیتی حق ؛ شہریت -
Citr-: (واصلہ) لیمو ؛ لیموں -
citrate, *n.:* لیموں کا نمک ؛ سٹریٹ -
Citric, *a.:* (کیمیا) لیمو کا تیزاب ؛ لیموں کی ترشی ؛ سٹرک -
Citrine, *a.:* لیمو کے رنگ کا ؛ لیمو رنگ ؛ ترنجی -
Citro-: (جز ترکیبی) دیکھو CITR-
Citron, *n.:* (۱) ترنج ؛ گل گل ؛ چکوترا ؛ کرنا - (۲) لیمو رنگ -
City, *n.:* (۱) شہر ؛ بلدہ (بڑی بستی) (۲) (حقیقی شہر ؛ بلدہ) وہ آبادی جو بروئے قانون شہر گردانی گئی ہو -
C. article: اخبار میں اقتصادیات یا مالیات پر مضمون -
C. Company: لندن کی انجمن حرفہ -
C. man: لندن کا باشندہ جو تجارت یا مالیات کا کام کرے -
C. of God, Celestial C., Heavenly C.: جنت ؛ بہشت ؛ خلد ؛ فردوس -
c. of refuge: دیکھو REFUGE -
Eternal C., C. of the Seven Hills: شہر ہفت کوہ ؛ روما ؛ روم -
Holy C.: بیت المقدس ؛ یروشلم -
the C.: لندن کا تجارتی حصہ - شہر لندن ؛ بلدۂ لندن -
(-) citied, *a.:* شہر والا - شہر نما ؛ ایسی بستی جو شہر بنا دی گئی ہو -
cityless, *a.:* بے شہر ؛ جس میں کوئی شہر نہ ہو -
cityward, (s) *adv.:* شہر کے رخ ؛ شہر کی طرف -
Civet, *n.* **Civet cat:** (۱) مشک بلاؤ - (۲) مشک بلاؤ سے نکلا ہوا مشک ؛ زباد -
Civic, *a.:* (۱) شہری کا ؛ شہری مخصوص - (۲) شہری بلدیہ کا ؛ میونسپلٹی کا

c. activity : مدنی یا شہری اعمال یا مشاغل –

c. crown : شاہ بلوط کا ہار ؛ قدیم رومی اعزاز جو کسی ہم شہر کی جان بچانے کے صلے میں دیا جاتا تھا –

c. virtues تمدنی خوبیاں ؛ حضارت –

civically *adv* شہری نقطۂ نظر سے ؛ شہریات سے ؛ حیثیت حق کے لحاظ سے ؛ شہریانہ –

civics, *n.* حضریات ؛ شہریات –

Civil, *a.* : (۱) مدنی ؛ اجتماعی ؛ معاشرتی – (۲) شہری ملکی – (۳) شایان شہری – (۴) خلیق ؛ بامروت ؛ ظریف ؛ خوش خلق ؛ شائستہ – (۵) مالی ؛ غیرفوجی – (۶) دنیاوی ؛ دنیاداری کے متعلق – (۷) دیوانی ؛ غیرفوجداری – (۸) قانونی (مثلاً طبعی یا نجومی دن ، سال) –

c. day, year : سرکاری دن ، سال –

C. law رومن قانون –

c. law قانون دیوانی –

c. liberty : شہری آزادی –

c. list : فہرست عہدہ داران دیوانی ؛ پارلیمنٹ کی طرف سے شاہ انگلستان و اراکین شاہی خاندان کا وظیفہ –

C. magistrate دیوانی مجسٹریٹ ؛ ناظم دیوانی –

c. marriage : قانونی شادی –

c. rights: شہری حقوق –

civils عنایات ؛ مہربانیاں –

C. servant : ملازم سال ؛ ملازم دیوانی ؛ غیر فوجی عہدہ دار ؛ ملازم سول –

C. service : سلطنت کے کل غیر فوجی خدمات ؛ مالی ملازمت ؛ ملازمت دیوانی –

c. society, life : اجتماعی یا معاشرتی زندگی –

c. spirit : شہری حمیت –

c. war : خانہ جنگی –

The C. war : انگلستان کی خانہ جنگی جو شاہ چارلس اول اور پارلیمنٹ میں ہوئی تھی –

civility, *n.* : اخلاق ؛ مروت ؛ خلق ؛ انسانیت ؛ شایستگی ؛ تہذیب ؛ آدمیت –

civilly *adv.* : (۱) دیوانی کی رو سے – (۲) خلق سے ؛ مروت سے ؛ اخلاق سے –

Civilian, *n & a* : غیر فوجی محکمے کا ملازم ؛ انتظامی صیغے کا ملازم ؛ عہدہ دار سول –

Indian C: انڈین سول سروس کا رکن –

Civilization, *n.* : (۱) اصلاح ؛ تربیت ؛ درستگی – (۲) تمدن ؛ تہذیب ؛ انسانیت ؛ شایستگی – (۳) متمدن اقوام ؛ مہذب حکومتیں –

Civilize, *v. t.* : تربیت کرنا ؛ مہذب بنانا ؛ انسان بنانا ؛ سنوارنا ؛ اصلاح کرنا ؛ متمدن بنانا ؛ شائستہ کرنا –

c. away : چھوڑ دینا ؛ اصلاح کرلینا ؛ (بری عادتوں کو) ترک کردینا ؛ بربریت کو دور کردینا –

civilizable, *a.* : (۱) قابل اصلاح ؛ قابل تربیت – (۲) مہذب بن جانے کے قابل ؛ تہذیب پذیر –

civilizer, *n.* : مصلح ؛ متمدن یا مہذب ؛ شایستہ بنانے والا –

Clack, *n., & v.* : (۱) کھٹ کھٹ – (۲) جس شے سے آواز نکلے ، خصوصاً پمپ کی کلیک، نلکی کا سوراخ ؛ پمپ کاوال یا کھل ملنن – (۳) کئی شخصوں کی ایک ساتھ بولنے کی پٹر پٹر آواز – (۴) (vb) بک بک کرنا ؛ بکواس کرنا ؛ بکے جانا – (۵) کھٹ کھٹ یا کٹ کٹ کرنا –

Clad : دیکھو CLOTHE –

Clad(o)-: واصلہ بمعنی نئی شاخ ؛ کونپل –

cladocarpous : ساق ثمر –

Claim, *v. t.* : (۱) مطالبہ کرنا ؛ دعویٰ کرنا ؛ دعوی دار ہونا ؛ طلب کرنا ؛ حق جتانا ؛ مواخذہ کرنا – (۲) مدعی ہونا ؛ دعویٰ کرنا – (۳) ادعا کرنا ؛ حکم لگانا ؛ حکمی طور سے کہنا (امریکا) – (۴) حق رکھنا ؛ مستحق ہونا –

claimable, *a.* : قابل دعویٰ ؛ قابل مطالبہ ؛ قابل ادعا –

claimant, *n.* : مدعی ؛ دعوی دار ؛ مطالبہ کرنے والا ؛ طالب –

Claim, *n.* : (۱) حق ؛ مطالبہ ؛ دعوی ؛ طلبی ؛ تقاضا ؛ حق مطالبہ – (۲) دعوی ؛ استغاثہ ؛ نالش – (۳) (کان کنی وغیرہ) وہ قطعۂ زمین جس میں ایک شخص کو کھودنے کی اجازت ہوتی ہے ؛ مقطعہ –

Clairvoyance, *n.* : (۱) غیب دانی ؛ روشن ضمیری – (۲) غیر معمولی بصیرت –

Clairvoyant, *n.* : غیب دان ؛ علم غیب رکھنے والا ؛ روشن ضمیر ؛ غیر معمولی بصیرت رکھنے والا –

Clam: دیکھو CLAMP, *n.* (پتر) –

Clam, *n.* : ایک قسم کا گھونگھا کھایا بھی جاتا ہے –

Clamant, *a.* : (۱) رد و کد کرنے والا ؛ جھائیں جھائیں کرنے والا ؛ تکرار کرنے والا ؛ حجتی ؛ تکراری – (۲) ضروری ؛ فوری ؛ اہم ؛ اشد ضروری –

Clamber, *v. i., & n.* : (۱) چاروں ہاتھ پاؤں سے چڑھنا – (۲) مشکل سے چڑھنا –

Clammy, *a.* : لجلجا ؛ چپچپا ؛ گلگلا –

clammily, *adv.* لجلجے پن سے –

clamminess, *n.* : لجلجاپن –

Clamour, *n., & v. i. & t.* : (۱) شور ؛ غوغا ؛ شغب ؛ غل غپاڑہ ؛ خروش ؛ ہنگامہ – (۲) شور مچانا ؛ فریاد کرنا ؛ دہائی دینا ؛ دھاڑنا ؛ دہائی مچانا ؛ غل غپاڑہ کرنا –

c. down : خاموش کرنا ؛ ساکت کرنا ؛ منہ بند کرنا ؛ چپ کرنا –

c. out of, into : غل مچاکے باہر نکال دینا ؛ چیخ چیخ کے زچ کردینا ؛ گلا دبانا ؛ گلے گلے دبانا –

clamorous, *a.* : حجتی ؛ تکراری ؛ راڑی –

clamorously, *adv.* : چیخ چیخ کے ؛ دہائی مچاکے –

Clamp, *n. & v. t.* : (۱) پتر ؛ پٹی ؛ جوڑ – (۲) شکنجہ (۳) (vb.) پتر لگانا ؛ پتر چڑھانا ؛ لوہے کی پٹی لگانا ؛ پتروں سے مضبوط کرنا ؛ شکنجے میں کسنا یا دبانا –

Clamp, *n., & v. t.* : (۱) پزاوہ ؛ آرہ ؛ ڈھیر ؛ انبار – (۲) (vb.) پزاوہ لگانا ؛ ڈھیر لگانا ؛ انبار لگانا –

Clan, *n.* فرقہ ؛ قبیلہ ؛ خیل ؛ گروہ ؛ قوم ؛ جتھا ؛ جرگہ ؛ خانوادہ ؛ برادری –

clansman : ہم قوم ؛ فرقے کا پیرو ؛ ہم خیل –

clannish, *a.* : گروہی ؛ قبائلی ؛ خیلی ؛ قومی ؛ قبیلہ پرست ؛ خاندان پرست ؛ برادری جیسے متحد –

clannishly, *adv* : گروہ بندی سے ؛ جتھا بندی سے ؛ نرتہ بندی سے ؛ مل کر ۔

clanishness, *n.* : گروہ بندی ؛ جتھا بندی ؛ خیل بندی ؛ قبیلہ دوستی ؛ خاندان پرستی ۔

Clandestine, *a.* : خفیہ ؛ چوری چھپے کی ؛ مخفی ۔

clandestinely, *adv.* : خفیہ خفیہ ؛ مخفی طور پر ؛ چوری چھپے سے ؛ چوری سے ؛ پوشیدہ طور پر ۔

Clang, *n.& v.i.& t.* : (۱) جھنکار ؛ جھنجھناہٹ ؛ ٹھن ٹھن ۔ (۱) جھنکارنا ؛ جھنجھلانا ؛ ٹھنٹھنانا ۔

Clangour (-ngg-) *n.* : جھنکار ؛ ٹھن ٹھن ۔

clangorous, *a.* : جھنکار کی آواز دینے والا ۔

clangorously, *adv.* : جھنکار سے ؛ ٹھن ٹھن ۔

Clank, *n., & v.i.& t.* : جھنک ؛ جھنکار ؛ جھنجھناہٹ ؛ کھڑ کھڑاہٹ ۔

Clanship, *n.* : (۱) قبیلہ بندی کا نظام ۔ (۲) جتھا بندی ۔ (۳) سردار قبیلہ کی اطاعت ۔

Clap, *n.* : (۱) صاعقہ ؛ تالی ؛ دستک ۔ (۲) تھپڑ ؛ تھپکا ؛ ٹھوکنا (پیٹھ) (متروک) ۔

Clap, *v.i.& t.*, **Clap one's hands** : (۱) تالی بجانا ؛ تالیاں پیٹنا ۔ (۲) اظہار تحسین و مسرت پر تالیاں بجانا ۔ (۳) پر پھڑپھڑانا ؛ پھٹ پھوٹنا ۔ (۴) جھٹ سے کرنا (کسی فعل کا) ۔

c. eyes on : نظر پڑنا ؛ دیکھنا ؛ نظر آنا ۔

c.-net : چڑی مار کا جال یا پھندا ؛ تتلی جال ۔

c. on all sail : تمام بادبان کھول دینا ۔

c. on the back : پیٹھ ٹھوکنا ؛ شاباشی دینا ؛ تھپکنا ۔

c. up peace, bargain : جلدی سے طے کرلینا ؛ گھبراہٹ میں صلح کرلینا ؛ بے سوچے سمجھے سودا کرلینا ۔

Clap, *n.* : سوزاک (بازاری) ۔

Clapper, *n.* : (۱) گھنٹے کا لٹکن ؛ ٹنّا ؛ لولا ۔ (۲) ٹٹیری ؛ تُرو (پرندے اُڑانے کے لیے) ۔

Clapperclaw, *v.t.* : (۱) مارنا ؛ نوچنا ۔ (۲) نکتہ چینی کرنا ؛ عیب جوئی کرنا ؛ لعن طعن کرنا ؛ برا بھلا کہنا ۔

Claptrap, *n.& a.* : (۱) ایسا خیال یا ایسی بات جو واہ وا کے لیے کہی جائے ؛ چھتا ؛ چلتا ہوا فقرہ ۔ (۲) ٹیپ ٹاپ ؛ نمائش ؛ طمطراق ؛ ظاہر داری ؛ دکھاوا ؛ چمک دمک ؛ بھاڑے کا بھاٹ ؛

claque (-akh), **claqueur** (-ker), *nn.* : کرائے کا تعریف کرنے والا ؛ بھانڈ ۔

Clarabella, *n.* : ارگن باجے کی کھونٹی ۔

Clarence, *n.* : شکرم ؛ بروم جیسی گاڑی ۔

Clarenc(i)eux(-su), : نقیب دوم ۔

Clarendon, *a.& n.* : ایک قسم کا جلی ٹائپ ؛ کلیرنڈن ٹائپ (بانی کے نام سے) ۔

Claret, *n.& a.* : لال شراب ؛ (سوقیانہ) خون ؛ لہو ۔

c.-colour(ed) : ارغوانی ؛ خون کبوتر ؛ مچھلی کا سرخ رنگ کا مصنوعی چوگا ۔

c.-cup : برفائی ہوئی کلیرٹ جس میں نیبو اور برانڈی کی آمیزش ہو ۔

tap one's *c.* : ناک پر گھونسہ رسید کرکے خون نکال دینا ۔

Clarify, *v.t. & i.* : (۱) صاف کرنا ؛ واضح کرنا ؛ کھولنا ۔ (۲) مقطر کرنا ؛ صاف کرنا ؛ کوڑا کرکٹ نکالنا ؛ چھانٹنا ۔ (۳) صاف ہونا ؛ شفاف ہونا ؛ سلجھا ہوا ہونا ؛ شستہ ہونا (بیان ، عبارت ، وغیرہ کے لیے بھی) ۔

Clarinet, *n.* : (۱) الغوزہ ۔ (۲) ارگن باجے کی کھونٹی ۔

clarinettist, *n.* : الغوزہ بجانے والا ؛ الغوزچی ؛ الغوزی ۔

Clarion, *n.& a.* : (۱) قرنی ؛ نرسنگا ؛ بوق ؛ قرنا ۔ (۲) برانگیختہ کرنے والی ؛ ابھارنے والی آواز ؛ جوش میں لانے والی آواز ؛ للکار ۔ (۳) (*Adj.*) بلند اور صاف ۔ (۴) باجے کی کھونٹی جس سے تند تیز آواز نکلے ۔

Clarionet, *n.* : دیکھو CLARINET ۔

Clarity, *n.* : صفائی ؛ وضاحت ۔

Clarkia, *n.* : یک سالہ ؛ یک فصلہ (پودے کی قسم) ۔

Clary, *n.* : ایک بوٹی کا نام ۔

Clash, *v. i. & t., & n.* : (۱) ٹکرانے کی آواز ہونا ؛ جھنجھنانا ؛ جھنکارنا ۔ (۲) تصادم ہونا ؛ ٹکرانا ؛ لڑنا ؛ ٹکر کھانا ۔ (۳) اختلاف ہونا ؛ مخالفت ہونا ؛ کھٹ پٹ ہونا ۔ (۴) مزاحم ہونا ؛ روکنا ؛ حائل ہونا ؛ سد راہ ہونا ۔ (۵) حملہ کرنا ؛ حملہ آور ہونا ؛ جھپٹنا ۔ (۶) ایک ساتھ بھدے سے گھنٹیوں کا بجنا/بجانا ۔ (۷) (*N.*) جھنکار ؛ جھنک ؛ کھڑ کھڑاہٹ ؛ کھٹا کھٹ ؛ کھٹا کھٹ وغیرہ (باہم ٹکرانے کی آواز) ۔ (۸) تصادم ؛ ٹکر ۔ (۹) رکاوٹ ؛ مزاحمت ۔ (۱۰) مخالفت ؛ اختلاف ؛ کھٹ پٹ ۔ (۱۱) حملہ ۔

Clasp, *n.* : (۱) نر مادہ ؛ عاشق معشوق ؛ آنکڑا ؛ بکسوا ؛ کانٹا ۔ (۲) کتاب کی جلد کا قبضہ ۔ (۳) کولی ؛ بغل ؛ آغوش ۔ (۴) گرفت ؛ مصافحہ ۔ (۵) تمغا جس پر معرکے کی تفصیل لکھی ہوتی ہے ؛ تکولی کانٹا ۔

c.-knife : کھٹکے دار شکاری چاقو ۔

Clasp, *v. t. & i.* : (۱) بند کرنا ؛ باندھنا ۔ (۲) آنکڑا لگانا ؛ بکسوا لگانا ۔ (۳) بغل گیر ہونا ؛ ہم آغوش ہونا ؛ ہم کنار ہونا ؛ لپٹنا ؛ گلے لگانا ۔ (۴) پکڑنا ۔

c. hands : ہاتھ ملانا ؛ مصافحہ کرنا ؛ اتحاد کرنا (کسی کام کے کرنے پر) ۔

c. one's hands : ایک ہاتھ کی انگلیاں دوسرے ہاتھ کی انگلیوں میں ڈالنا ۔

Clasper, *n.* : (۱) نر مادہ ؛ عاشق معشوق ؛ آنکڑا ؛ بکسوا ۔ (۲) بعض نر مچھلیوں کے پلچھے جن سے وہ مادہ کو دباتے ہیں ۔

Class, *n., & v. t.* : (۱) درجہ ؛ مرتبہ ؛ رتبہ ؛ پایہ ؛ طبقہ ۔ (۲) ذات پات ۔ (۳) جماعت ؛ درجہ ۔ (۴) (امریکا) ایک کالج کے ہم حیثیت طلبہ ۔ (۵) (تاریخ طبعی) جنس ۔ (۶) ترتیب دینا ؛ قسم بندی کرنا ؛ جماعت بندی کرنا ؛ درجہ وار کرنا ؛ درجہ درجہ کرنا ۔

c. book : اُستاد کی درسی کتاب ۔

c.-fellow, -mate : ہم جماعت ؛ ہم سبق ۔

c.-list : کامیاب اُمیدواروں کی فہرست ۔

classman : کامیاب بدرجۂ اعلیٰ ۔

no c. : بہت حقیر ؛ گھٹیا ۔

take a c.: اعزاز سے کامیاب ہونا ؛ اول درجے میں کامیاب ہونا -
the cc.: خواص ؛ اُمرا ؛ تعلیم یافتہ طبقہ -
classable, *a.*: قابل درجہ بندی -
Classic, *a.* & *n.*: (۱) اعلیٰ درجے کا ؛ مستند ؛ مسلم - (۲) قدیم یونانی یا رومی مصنفین یا یونانی و رومی تمدن کا - (۳) قدیم یونانی یا رومی زمانے کا - (۴) فصیح ؛ شستہ ؛ بلیغ (بمقابلۂ روما نتک) - (۵) ادبی روایات کا حامل - (۶) (N.) مسلم‌الثبوت استاد ؛ مستند مصنف یا صناع - (۷) قدیم یونانی و رومی مصنف ؛ یونانی و لاتینی کا ماہر - (۸) یونانی و رومی قدیم مصنفوں کا پیرو - (۹) (جمع) یونانی و لاتینی ادبیات ؛ ادبیات عالیہ -
the c.races: انگلستان کی قدیم گھڑ دوڑیں (جیسے ڈربی) -
Classical, *a.*: (۱) اعلیٰ درجے کا ؛ مستند ؛ مسلم‌الثبوت ؛ ٹکسالی (خصوصاً ادبیات میں) - (۲) قدیم رومی و یونانی زمانے کا - (۳) یونانی و لاتینی کا فاضل - (۴) قدیم اساتذۂ یونان و روما کا پیرو (اُستادانہ ضبط کے اعتبار سے) -
c education: یونانی و رومی طرز کی تعلیم -
classicalism, *n.*: (۱) قدیم یونان و روم کی ٹکسالی فن ادب کی پیروی - (۲) ٹکسالی پن -
classicality, *n.*: (۱) ٹکسالی ہونا - (۲) یونانی و رومی ادبیات میں تبحر -
classically, *adv.*: (۱) ٹکسالی طور پر - (۲) قدیم رومی و یونانی طرز کے اعتبار سے -
Classicism, *n.*: (۱) یونانی اور لاتینی طرز تحریر کی تقلید ؛ قدیم ادب کی تقلید - (۲) یونانی اور لاتینی ادبیات میں مہارت ؛ فضل و کمال - (۳) یونانی و لاتینی تعلیم کی حمایت - (۴) لاتینی محاورہ -
classicist, *n.*: اِسم فاعل مذکورۂ بالا معنوں میں -
Classicize, *v. t.* & *i.*: قدیم اساتذہ کے رنگ میں لکھنا ؛ قدیم رنگ کی تقلید کرنا -
Classico-: (جز ترکیبی) دیکھو CLASSIC -
classicolatry, *n.*: قدیم طرز تحریر کا گرویدہ -
Classify, *v. t.*: قسم وار کرنا ؛ جنس وار کرنا ؛ ترتیب کے ساتھ رکھنا ؛ درجہ بندی کرنا ؛ درجہ درجہ کرنا -
classifiable, *a.*: قابل درجہ بندی -
classification, *n.*: ترتیب ؛ تقسیم ؛ اصطفاف -
classificatory, *a.*: درجہ بندی کے متعلق ؛ اِصطفافی -
classifier, *n.*: درجہ بندی کرنے والا ؛ اِصطفافی ؛ مصنف -
Classy *a.*: (سوقیانہ) اعلیٰ ؛ عمدہ -
Clatter, *v. i.* & *t.*, *n.*: (۱) کھنکھنانا ؛ کھڑکانا ؛ کھڑ کھڑانا ؛ کھڑکھڑاھٹ ؛ پٹ پٹ - (۲) شور سے گونج اُٹھنا - (۳) چخ چخ ؛ بک بک (۴) چخ چخ یا بک بک کرنا -
c along: پھٹپھٹاتے جانا ؛ کھڑ کھڑ کرتے جانا ؛ سڑ سڑ کرتے جانا -
c.down: کھٹ کھٹ کرتے نیچے گرنا ؛ کھڑ کھڑاتے نیچے گرنا -
Clause, *n.*: (۱) چھوٹا جملہ ؛ ٹکڑا ؛ فقرہ - (۲) دفعہ ؛ شرط (عہد نامے یا قانون کی) -
Claustral, *a.*: خانقاہ جیسا ؛ خانقاہ کا ؛ تنگ و تار -
Clavate, *a.*: (نباتیات) [illegible] سر -
Clavichord, *n.*: ایک قسم کا آلۂ موسیقی -
Clavicle, *n.*: ہنسلی ؛ ہانس -
clavicular, *n.*: ہنسلی کا ؛ ہنسلی دار -
Claviform, *a.*: فراخ سر -
Claw, *n.*: (۱) ناخن ؛ چنگال ؛ پنجہ - (۲) ایک اوزار پکڑنے اور کسنے کے لیے ؛ مارتول ؛ زنبور - (۳) زنبور ماھی (جس سے وہ گرفت کرتی ہے) -
c.-hammer: مارتول ؛ زنبور -
c.-hammercoat: (بول چال) شام کے لباس کا کوٹ -
pare, cut, the cc. of: نہتا کرنا ؛ ہتھیار چھیننا -
(-) **clawed**, *a.*: پنجے دار ؛ ناخن دار ؛ زنبور دار -
Claw, *v.t.* & *i.*: پنجے مارنا ؛ نوچنا ؛ کھسوٹنا ؛ پھاڑنا ؛ پنجوں میں پکڑنا -
c. me & I' ll c. thee: من ترا حاجی بگویم تو مرا حاجی بگو -
C. off: (بحری) ہوا کے رخ جانا ؛ کنارے سے دور جانا -
Clay, *n.*: (۱) چکنی مٹی ؛ پنڈول - (۲) گل آدم -
c.-cold: بالکل ٹھنڈا ؛ مردہ -
c.-pipe: مٹی کا پائپ -
wet, moisten, one's c.: پینا ؛ حلق تر کرنا -
yard of c.: لمبا گلی پائپ -
clayey, *a.*: مٹی کا ؛ مٹی سا ؛ پنڈول کا ؛ پنڈول سا ؛ گلی -
Claymore, *n.*: (۱) ایک قسم کی دو دھاری تلوار ؛ تیغ دو دم ؛ دو دستی تلوار - (۲) سولھویں صدی کا تیر -
Clean, *a.*: (۱) صاف ؛ اُجلا ؛ گردسے پاک ؛ غیر آلودہ ؛ بے داغ - (۲) رسمی غلاظتوں سے پاک ؛ طاہر - (۳) خوراک کے قابل ؛ کھانے کے لائق (جانور وغیرہ) ؛ حلال - (۴) صفائی پسند ؛ صاف - (۵) خوبصورت ؛ سڈول ؛ خوش قطع ؛ خوش وضع - (۶) سلیقہ مند ؛ سگھڑ ؛ ہاتھ کا صاف ؛ منجھا ہوا - (۷) صاف ؛ یکساں ؛ ہموار - (۸) کامل ؛ مکمل ؛ پورا ؛ بالکل ؛ سر تا سر ؛ اَتم -
c. bill: بے باق ؛ حساب پاک -
c.breast: کھرا -
c. breast (make c. breast of): صاف صاف کہہ دینا ؛ کھول دینا -
c.-bred: اصیل ؛ اصلی ؛ نسلی ؛ نجیب -
c.-fingered: رشوت نہ لینے والا ؛ دیانت دار -
c.-handed: بے گناہ ؛ بے قصور ؛ پاک دامن -
c.-handedness: بے گناہی ؛ پاک دامنی -
c. hands: بے قصوری ؛ بے گناہی -
c. servant: صفائی پسند نوکر -
c. ship: خوش قطع ؛ تعلہ ھوا -
c. sweep: پورا صفایا -
c. timber: صاف ؛ بے پوری لکڑی ؛ بے گرہ کی لکڑی -
c. tongue: فحش باتوں سے بچنا ؛ فحش کلامی سے احتراز کرنا ؛ پاک زبان -
show c. pair of heels: پتا تپڑ بھاگنا ؛ بگٹٹ بھاگنا ؛ دم دبا کر بھاگنا -

cleanness, *n.*: نفاست؛ اُجلا پن؛ ستھرائی؛ طہارت؛ صفائی؛ پاکیزگی؛ پاکی؛ تزکیہ -

Clean, *adv.* بالکل؛ مطلقاً؛ قطعاً؛ سراپا؛ سراسر؛ صاف؛ پورے طور پر -

c. bowled: صاف آوٹ (کریکٹ میں) -

c. - cut: نک سک سے درست؛ ہموار ترشا ہوا؛ سلجھا ہوا؛ بے گلجلک -

c. gone: بالکل غائب -

c. mad: نرا پاگل -

c. wrong: سراسر غلط -

cut c. through: صفائی سے کاٹ کر پار ہو جا نا -

Clean, *v.t., n.*: (۱) صاف کرنا؛ جھاڑنا؛ میل نکالنا؛ مانجھنا؛ دھونا - (۲) صفایا کرنا؛ صاف کرجانا؛ ہضم کرنا؛ برابر کرنا؛ (۳) اپنے آپ کو صاف کرنا؛ صاف ہوجانا؛ بدن کا میل دور کرنا - (۴) (*n.*) صفائی؛ جھاڑ پونچھ؛ جھاڑ جھنکس -

c. down: پونچھنا؛ برش سے صاف کرنا -

c. out: دیوالہ نکال دینا؛ قلاش ہو جا نا -

c. up: صاف ستھرا رکھنا؛ کوڑا کرکٹ دور کردینا؛ سلیقے سے رکھنا -

Cleanable, *a.*: قابل صفائی؛ صاف ہونے کے قابل -

(–) **Cleaner**, *n.*: (الحقہ) روب؛ صاف کرنے والا -

Cleanly *adv.*: صفائی سے؛ ستھرائی سے؛ پاکیزگی سے؛ نفاست سے -

Cleanly, *a.*: لطیف؛ صاف؛ صفائی پسند؛ پاکیزہ؛ صفائی کا خیال رکھنے والا؛ مطہر -

cleanlily, *adv.*: صفائی سے؛ صفائی پسندی کے ساتھ؛ پاکیزگی کے ساتھ؛ نفاست پسندی سے -

cleanliness, *n.*: صفائی پسندی؛ نفاست پسندی وغیرہ -

Cleanse, *v. t.*: (۱) صاف کرنا؛ جھاڑنا؛ پونچھنا؛ دھونا - (۲) پاک کرنا؛ گناھوں سے پاک کرنا؛ دھونا؛ گندگی دور کرنا - (۳) اچھا کرنا؛ تندرست کرنا؛ دست شفا پھیرنا

Clear, *a. & adv.*: (۱) بے گرد و غبار؛ بے ابر؛ صاف؛ شفاف؛ چمکیلا؛ چمک دار؛ اجاگر؛ بے داغ - (۲) ظاہر؛ واضح؛ غیر مبہم روشن؛ نمایاں؛ آشکارا؛ صریح؛ ہویدا؛ بین؛ صاف؛ کھلا - (۳) قابل وثوق؛ یقینی؛ قطعی؛ حکمی - (۴) زیرک؛ عقلمند هوشیار؛ فہیم؛ طباع؛ تیز؛ ذہین؛ زود رس؛ ذکی؛ ہوش مند (۵) بعد وضع اخراجات جو باقی رہے؛ خالص؛ نطرچا؛ اصل؛ نرا؛ نلوہ (نفع) - (۶) کھلا؛ بے روک؛ صاف - (۷) خالص؛ صاف؛ اصلی؛ نرمل - (۸) جو آسانی سے سنا جا سکے؛ صاف آواز - (۹) مکمل؛ کامل؛ پورا - (۱۰) بے باق؛ پاک؛ بری (قرض سے) (۱۱) بری الذمہ؛ بری؛ خالی (۱۲) (*adv*) صاف صاف؛ کھلا کھلا؛ صاف طور سے؛ بہ وضاحت - (۱۳) بالکل؛ سراسر؛ مطلق؛ قطعاً؛ صاف - (۱۴) جدا؛ علحدہ -

c. away off, out, through: (یہاں بالکل کے معنے میں)

c. اچھوتا؛ بے داغ؛ صاف (بے لاگ کے معنوں میں ھے) -

c. - cut: صاف ترشا ہوا؛ سڈول؛ سلجھا ہوا -

c. - sighted: تیز نظر؛ تیز فہم -

c. - sightedness: تیز نظری؛ تند فہمی -

coast is c.: میدان صاف ھے -

get c.: ھٹ جاؤ؛ دور ہو؛ الگ ہو -

hang c.: الگ لٹکنا -

speak loud & c.: صاف اور زور سے بولنا -

stand c.: الگ کھڑے رھو -

steer c.: جہاز کو صاف نکال لے جانا -

three c. days: تین پورے دن -

three feet c.: پورے تین فٹ آگے -

Clear, *v.t. & i.*: (۱) صاف کرنا؛ صاف ہونا؛ واضح کرنا؛ ابہام دور کرنا - (۲) بری کرنا؛ بے جرم قرار دینا؛ رہا کرنا - (۳) رکاوٹ دور کرنا؛ صاف کرنا؛ ھٹانا؛ دور کرنا - (۴) پگھل جانا؛ ھٹ جانا؛ کھل جانا؛ چلے جانا؛ خالی کرنا؛ خالی ہونا (۵) میل چھانٹنا میل کا ٹنا؛ صاف کرنا؛ نتھارنا - (۶) پھلانگنا؛ کود جانا؛ چوکڑی مارنا؛ تڑپنا؛ پھاندنا؛ اڑنا - (۷) (بحری) جہاز کا پروانہ راہ داری حاصل کرنا؛ لنگر اٹھانا - (۸) یک مشت ادا کرنا؛ ایک دم ادا کرنا؛ فارغخطی حاصل کرنا -

c. away: ھٹانا؛ دور کرنا؛ صاف کرنا جگہ خالی کرنا؛ دستر خوان بڑھانا؛ کافور ہونا؛ غائب ہونا -

c. land: سراون کرنا -

c. off: چھٹکارا حاصل کرنا؛ خلاصی پانا؛ بھاگ جانا؛ چمپت ہو جانا؛ کافور ہونا؛ کھسک جانا -

c. one's throat: کھانس کر گلا صاف کرنا؛ کھنکارنا -

c. out: خالی کرنا؛ نکل جانا؛ چلے جانا -

c. 6 ft., 22 ft., a gate: ۶ فٹ ' ۲۲ فٹ کے دروازے کو صاف پھاند جانا -

c. the air: ھوا صاف کرنا؛ مطلع صاف کرنا؛ کدورت رفع کرنا -

c. the decks for action: جہازوں کو لڑائی کی تیاری کا حکم دینا؛ لڑائی کے لیے تیار ہوجانا -

c. up: حل کرنا؛ سلجھانا؛ سلجھنا؛ صاف کرنا؛ کھل جانا؛ مطلع صاف ہونا؛ کھلنا -

Clearance, *n.*: (۱) صفائی؛ رفع موانع؛ رکاوٹوں کو دور کرنا - (۲) حساب گھر سے چکوں کا گذرنا - (۳) جہاز کا پروانہ راہ داری؛ چالان -

Clearcole, *n., & v.t.*: مسالا؛ سفیدے کی پتائی؛ سفیدے کی پتائی کرنا -

Clearing *n.*: (۱) دیکھو CLEAR, *v. t. & i.* وغیرہ - (۲) جنگل کا وہ قطعہ جو زراعت کے لیے صاف کیا جائے -

c. - house: (۱) لندن کا ایک بنک جس میں چکوں کا تبادلہ ہوتا ہے اور صرف نقد بقایا ادا کیا جاتا ہے - (۲) حساب گھر جہاں ھنڈی پٹائی جائے -

Clearly, *adv.*: (۱) صاف طور پر؛ صاف صاف؛ کھول کے - (۲) بلاشبہ صریحاً؛ بداھۃً؛ لا کلام؛ بلا شک - (۳) قطعی -

Clearness, *n.*: (۱) صفائی؛ شفافی - (۲) وضاحت؛ صراحت؛ صفائی - (۳) موانعات کا نہ ہونا؛ مزاحمت سے بری ہونا -

Cleat, *n.*: (۱) فانہ؛ پھانلا - (۲) ھک؛ چڑیا -

Cleavage, *n.*: شگاف؛ درز؛ بال -

Cleave, *v.t. & i.* (*clove or cleft; cloven or cleft*): (۱) پھاڑنا؛ پھٹنا؛ دو کردینا؛ دور ہوجانا - (۲) بال ' درز یا کم زور جگہ سے ترخنا (۳) رستہ کاٹنا (پانی ' ھوا میں) -

(۴) فارق ہونا ؛ حائل ہونا -

cleft palate : تالو کا شگاف -

cloven hoof : کھر ؛ شگاف دار سم ؛ پھٹے کھر -

in a cleft stick : ایسے تنگ مقام پر جہاں مفرنہ ہو ؛ نہ جائے ماندن نہ پائے رفتن -

show the cloven hoof : بد طینتی کا اظہار کرنا ؛ اظہار خبث کرنا ؛ خباثت نفس ظاہر کرنا -

cleavable, *a.* : پھٹنے یا ٹوٹنے کے قابل -

Cleave, *v.i.* (*cleaved* or *clave*; *cleaved*) : (۱) چمٹنا ؛ چپکنا ؛ لپٹنا ؛ جمنا - (۲) وفادار رہنا (سے) : لگا یا لپٹا رہنا ؛ قائم رہنا ؛ جما رہنا -

Cleaver, *n.* : (۱) کاٹنے والا - (۲) قصائی کا چھرا ؛ بغدا - سر والا ؛

Cleavers, Cliv-, *n.* : ایک قسم کی گھاس جو کپڑوں میں چمٹ جاتی ہے -

Cleek, *n.* : کھیلنے کا شام دار تختا -

Clef, *n.* : (موسیقی) ایک علامت جس سے امتداد نوا معلوم ہوتا ہے -

Cleft, *n.* : دراز ؛ شگاف ؛ درز ؛ پھاڑ -

Cleft : دیکھو - CLEAVE, *v.t.* & *i.* :

Cleg, *n.* : کھٹ مکھی ؛ بگھی -

Cleistogamic, *a.* : (نباتیات) خلوت ازدواجی ؛ ایسے پھول جو ہمیشہ بند رہتے ہیں اور خود ازدواج ہوتے ہیں -

Clem, *v.t.* & *i.* بھوکا مرنا ؛ بھوکا مارنا -

Clematis, *n.* : بیل کی ایک قسم -

Clemency, *n.* : (۱) نرمی ؛ ملائمت ؛ نرم دلی ؛ برد باری ؛ حلم - (۲) رحم ؛ ترس -

clement, *a.* : نرم دل ؛ بردبار ؛ حلیم ؛ رحم دل -

Clench, Clinch, *v.t.*, & *i.*, & *n.* : (۱) بند کرنا ؛ دبانا ؛ بھینچنا ؛ مضبوط پکڑنا - (۲) (بحری) باندھنا ؛ کسنا ؛ گرہ دینا ؛ رسی میں ایک خاص گرہ دینا - (۳) مضبوط کرنا ؛ مستحکم کرنا ؛ قطعی طور پر طے کرنا - (۴) (میخ وغیرہ کا) سرا موڑ کر مضبوط کرنا ؛ جڑنا - (۵) (*N.*) گرفت ؛ پکڑ ؛ بندش -

Clencher, : دیکھو - CLINCHER

Cleopatra's needle, *n.* : دریائے ٹیمس کے کنارے جو پتھ مینار -

Clepsydra, *n.* : پن گھڑی ؛ آبی گھنٹا ؛ پرانے زمانے کا گھنٹا جو پانی کے بہنے سے چلتا تھا -

Clerestory, *n.* : گرجا کی بالائی منزل کی دیوار کا وہ حصہ جس میں کھڑکیاں ہوتی ہیں -

Clergy, *n.* : (۱) پادریوں کا فرقہ ؛ اہل کلیسا - (۲) پادری ؛ قسیس (۳) (تاریخ) جماعت کلیسا کی رکنیت -

benefit of c. : پادریوں کا وہ حق جس کی رو سے ان پر دنیا داروں کی عدالتوں میں مقدمہ نہیں چلایا جاسکتا تھا اور جس کی رو سے بعد ازاں ان کو پہلا جرم بھی معاف تھا ؛ اس حق سے ہر پڑھا لکھا شخص استفادہ حاصل کرسکتا تھا ؛ اہل کلیسا کا حق استثنا -

clergyman : قسیس ؛ پادری -

clergywoman : پادرن -

Cleric, *a.*, & *n.* : (۱) پادری - (۲) پادریوں کا ؛ اہل کلیسا کے متعلق -

clerico- : واسطہ -

Clerical, *a.* & *n.* : (۱) پادریوں کا ؛ پادری کا ؛ پادریانہ - (۲) محررانہ - (۳) (*N.*) پارلیمنٹ میں مذہبی جماعت کا نمائندہ - (۴) پادریوں کا زور ، غلبہ ، تسلط ؛ پادری شاہی -

c. duties . دفتری فرائض -

c. error : کتابت کی غلطی -

c. staff : محرروں کا عملہ -

clericalism, *n.* : (۱) کلیسائیت - (۲) کلیسائیت کا جنون ؛ پادری کا پیشہ ؛ پادریت -

clericalist, *n.* : مذہب میں افراط کرنے والا ؛ کلیسائیت کا مؤید یا حامی ؛ کلیسا پرست -

clericality, *n.* : پادری پن ؛ پادریت -

clericalize, *v.t.* : پادری بنانا ؛ پادریوں کے لیے مخصوص کرنا -

clerically, *adv.* : پادریانہ ؛ محررانہ -

Clerk, *n.*, **Clerk in holy orders** : (۱) پادری ؛ قسیس (سے) - (۲) محرر ؛ منشی ؛ اہل مد ؛ متصدی - (۳) پادری کا نائب - (۴) فاضل ؛ عالم (سے) -

C. of the weather : موسم کا دیوتا -

c. of the works : سیٹ ؛ نگراں ؛ داروغۂ تعمیر -

Town c. : اہل مد شہر -

clerkdom, *n.* محرر شاہی -

clerkly, *a.* : منشیانہ ؛ محررانہ ؛ متصدیانہ -

clerkship, *n.* : منشی گری ؛ کلرکی ؛ محرری -

Clever, *a.* : (۱) ہوشیار ؛ چالاک ؛ سیانا ؛ چابک دست ؛ پھرتیلا ؛ چست ؛ تیز دست ؛ چتر - (۲) ذہین ؛ ذکی ؛ طباع ؛ فہیم ؛ زیرک ؛ تیز فہم - (۳) ہنرور ؛ ماہر ؛ باکمال ؛ پر کمال ؛ کمال کا نمونہ -

c. horse : تیز چست گھوڑا -

cleverish, *a.* : ہوشیار ؛ چالاک -

cleverly, *adv* : چالاکی سے ؛ ہوشیاری سے ؛ خوش اسلوبی سے ؛ ہنر مندی سے ؛ قادرانہ -

cleverness, *n.* : ہوشیاری ؛ چالاکی ؛ ذہانت ؛ ذکاوت ؛ مشاقی ؛ کاریگری ؛ ہنروری ؛ چستی ؛ چابک دستی ؛ کمالیت ؛ کیاست ؛ زیرکی -

Clevis, *n.* : لانما کنڈا ؛ نعل کی شکل کا کنڈا -

Clew, *n.*, & *v.t.* : (۱) پیچک ؛ مونیا ؛ گولا ؛ سوت کی انٹی - (۲) وہ تاگے کی گولی جو بھول بھلیاں سے رستہ پانے کے لیے استعمال کی جاتی تھی (۳) (بحری) وہ رسیاں جن سے جھولن کھٹولا یعنی سفری پلنگ لٹکا ہوتا ہے - (۴) باد بان کا نچلا حصہ -

c. up : باد بان کے نچلے حصے کو مستول سے باندھنا -

cliche (-esha), *n.* : (۱) سیسے کے حروف کی تختی ؛ ٹائپ کی ڈھلی پلیٹ ؛ ڈھلی تختی - (۲) پامال جملہ ؛ فرسودہ فقرہ -

Click, *n.*, & *v. i.* : (۱) کٹ ، بندوق کا گھوڑا چڑھاتے وقت جو آواز ہوتی ہے - (۲) پرزہ جو پہیے کو الٹا پھرنے سے روکتا ہے ؛

روک ؛ اٹکو - (۳) (گھوڑے کا نعل) نعل چھونے کا عیب ؛ اگلے پچھلے پیروں کے نعلوں کے چھونے کا عیب ؛ نیور- (۴) جنوبی افریقہ کی زبانوں میں ٹک یا ٹخ آواز یا آواز ہونا - (۵) (گھوڑے کا) نعل لڑنا ؛ ٹکرانا ؛ نیور لگنا -

Client, *n.*: (۱) (رومی قدیم) رذیل شخص جو کسی دولت مند کے زیر سایہ ہو ؛ کمین پرجا - (۲) حاشیہ نشین : ہاں میں ہاں ملانے والے - (۳) تابع ؛ ماتحت : آسامی (متروک) - (۴) موکل ؛ گاہک - (۵) آسامی ؛ گاہک -

clientage, *n.*: (۱) موکلی ؛ آسامی پن - (۲) موکلوں کی جماعت -

clientless, *a.*: بے موکل ؛ بے گاہک -

clientship, *n.*: موکلی ؛ آسامی پن -

Clientele, *n.*: (۱) متعلقین ؛ نوکر چاکر ؛ خدم حشم - (۲) گاہک ؛ موکل ؛ مرجوعہ -

Cliff, *n.*: ڈھلواں چٹان ؛ سرا زیری

cliffsman: مشاق چڑھنے والا -

Climacteric, *a.* & *n.*: (۱) نازک ؛ اہم - (۲) (عضویات ، طب) زمانۂ انحطاط میں واقع ہونے والی ؛ بڑھاپے کا ؛ ضعیفی کا - (۳) (*N.*) زندگی کا اہم زمانہ : عمر کا انقلابی سن -

grand c.: ترسٹھواں سال -

Climate, *n.*: آب و ہوا -

climatic, *a.*: موسمی آب و ہوا ؛ آب و ہوا کے متعلق -

climatically, *adv.*: موسمی لحاظ سے ؛ بہ اعتبار موسم -

climatological, *a.*: موسمیاتی -

climatology, *n.*: موسمیات -

Climax *n.*, & *v. i.*, & *t.*: (۱) تدریجی ترقی ؛ پرواز - (۲) (خطابت کی) وہ صنعت جس میں ہر جملہ اپنے ماقبل سے تاثیر میں بڑھا ہوا ہوتا ہے - (۳) اسی صنعت کا انتہائی درجہ - (۴) عروج کمال : انتہا ؛ منتہائے کمال - (۵) کمال کو پہنچنا ؛ کمال کو پہنچانا -

climactic, *a.*: اس صنعت کے متعلق ؛ منتہائی -

Climb (-im), *v. t.* & *i.* (past *climbed* & *clomb* pr. -om), *n.*: (۱) چڑھنا ؛ پھلانگنا ؛ اوپر جانا ؛ ہاتھوں چڑھنا - (۲) واپس ہونا ؛ پس پا ہونا ؛ دب جانا ؛ مغلوب ہونا - (۳) بلند ہونا ؛ چڑھنا (سورج کا) - (۴) کوشش سے جاہ ، مرتبے ، اخلاق ، وغیرہ میں ترقی کرنا - (۵) (بیل کا) درخت کی شاخ وغیرہ کے سہارے چڑھنا - (۶) اوپر کی طرف چڑھاؤ ہونا - (۷) (*N.*) چڑھائی ؛ چڑھان -

c. down: (۱) اسی طرح اترنا - (۲) بلند پروازی چھوڑ دینا ؛ اعتدال پر آ جانا ؛ مزاج ٹھکانے لگنا -

climbing-iron: جوتے کی میخیں جو درخت پر چڑھنے میں مدد دیتی ہیں -

climbable (-ma-), *a.*: چڑھے جانے کے قابل ؛ جس پر چڑھائی ہوسکتی ہو -

Climber (-imer), *n.*: (۱) چڑھویا ؛ چڑھنے والا ؛ پلنگیا - (۲) بیل - (۳) ایک قسم کے چڑھنے والے پرند جن کی دو انگلیاں سامنے ہوتی ہیں اور دو پیچھے -

Clime, *n.*: (نظم) ملک ؛ اقلیم ؛ دیس ؛ دیار ؛ سر زمیں -

Clinch: دیکھو CLENCH -

Clincher, Clencher, *n.*: (۱) بند کرنے والا ؛ مضبوط پکڑنے والا ؛ مستحکم کرنے والا - (۲) برہان قاطع ؛ دلیل مکتفی ؛ برہان مسکت ؛ جواب شافی -

clincher-built: جڑے ہوئے تختوں کی کشتی -

Cling, *v. i.* (clung): (۱) لگا رہنا ؛ چمٹنا ؛ چپکنا ؛ چمٹ جانا ؛ لپٹنا ؛ پیوستہ ہونا - (۲) قائم رہنا ؛ جما رہنا ؛ پابند رہنا ؛ مستقل رہنا ؛ وفادار رہنا ؛ ثابت قدم رہنا -

clinging garments: چست لباس -

clingstone: ایک قسم کا شفتالو ؛ آڑو -

c. together: لگا رہنا ؛ جڑا رہنا ؛ متحد رہنا ؛ یکجا رہنا -

Clinic, *n.*: (طب) جراحی اور طبابت کی عملی تعلیم جو مریض کے بستر کے پاس دی جائے ؛ (کلینک) -

Clinical, *a.*: جراحی یا طبابت کی عملی تعلیم سے متعلق ، کلینکی -

c. thermometer: بخار دیکھنے کا آلہ ؛ طبی تپش پیما -

clinically, *adv.*: از روے کلینک -

Clink, *n.*, & *v. i.* & *t.*: (۱) جھنکار ؛ جھن جھن ؛ جھنجھناہٹ - (۲) جھنکارنا ؛ جھن جھنانا ؛ جھنکنا -

clinkstone: چونے ، سلیٹ ، وغیرہ کی قسم کا پتھر ؛ کھنکھنا پتھر ؛ آہنی پتھر -

Clink, *n.*: قید خانہ ؛ حوالات ؛ زنداں ؛ محبس -

Clinker, *n.*: (۱) زرد رنگ کی بہت سخت ولندیزی اینٹ - (۲) بہت زیادہ پکی ہوئی اینٹ ؛ کھنگر - (۳) ان اینٹوں کا تودہ جو باہم جڑ گئی ہوں ؛ کھنگڑ -

Clinker-built: دیکھو clincher-BUILT -

Clinometer, *n.*: میسوط پیما ؛ ایک آلہ جس سے ڈھلان ناپا جاتا ہے ؛ ڈھلان کی پیمائش کا آلہ -

Clio, *n.*: تاریخ (کی دیوی) -

Clip, *v. t.*, & *n.*: دبانا ؛ گھیرنا ؛ پکڑنا ؛ مضبوطی سے پکڑنا -

Clip. *v. t.*, & *n.*: (۱) کترنا ؛ کاٹنا ؛ چھانٹنا ؛ مقراض کرنا ؛ تراشنا ؛ قلم کرنا - (۲) (سکے کا) کنارہ تراشنا - (۳) حذف کر دینا ؛ مختصر کر دینا ؛ کم کرنا ؛ گھٹانا - (۴) حروف چھوڑ جانا ؛ شوشے نہ دینا - (۵) (*N.*) کاٹ چھانٹ ؛ قطع برید - (۶) کتری ہوئی اون کا گہان یا چنگی -

c. one's wings: پر تینچ کرنا ؛ بے بال و پر کر دینا ؛ مجبور اور لاچار کر دینا ؛ پر کاٹنا -

Clipper, *n.*: (۱) کاٹنے والا ؛ کترنے والا - (۲) مقراض ؛ قینچی ؛ کترنی - (۳) تیز رفتار گھوڑا یا جہاز ؛ بادپا ؛ زود پا ؛ زود رو کشتی - (۴) ایک قسم کا جہاز - (۵) بہترین شے اعلیٰ طرز کی (سوقیانہ) -

Clipping, *a.*: (۱) کاٹنا ؛ کترنا ؛ تراشنا - (۲) کترن ؛ چھانٹن ؛ چھٹن ؛ ریزگی -

Clipping, *a.*: (۱) کاٹنے والا ؛ کترنے والا ؛ کٹا ہوا - (۲) (سوقیانہ) اول درجے کا ؛ اعلیٰ -

Clique, *n.*: جتھا ؛ گروہ ؛ فریق ؛ منڈلی ؛ ٹکڑی -

cliquish; cliqu (e) y, *aa.*: جتھے بندی کا ؛ جتھے بنانے والا ؛ جتھے باز ؛ جسے اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد بنانے کی عادت ہو -

cliquishness, cliquism, *nn.*: اپنی ڈیڑھ اینٹ کی مسجد بنانے

کی عادت ؛ جتھے بازی ؛ جتھے بندی ؛ فرقہ بندی کا جذبہ -

Clivers : دیکھو - CLEAVERS

cloaca, n.:(pl.-ae) (۱) بدر رو ؛ موری ؛ گندہ نالہ - (۲) پرندوں اور حشرات کی وہ آنت جس میں فضلہ رہتا ھے - (۳) بدکاری کا اڈا -

Cloacal, *a* **.:** بدر رو کا ؛ موری سے متعلق -

Cloak , cloke , *n . v.i . & t .*: (۱) غرغل ؛ لبادہ ؛ چوغا ؛ جبہ - (۲) چادر یا پوشش - (۳) ٹٹی ؛ آڑ ؛ پردہ ؛ اوٹ ؛ بہانہ ؛ حیلہ ؛ عذر - (۴) (*vb.*) لبادہ پہننا - (۵) چھپانا ؛ پردہ ڈالنا ؛ ڈھانپنا ؛ مخفی کرنا ؛ ڈھکنا -

c . of snow : برف کی چادر -

c . - room : لبادہ وغیرہ رکھنے کا کمرا ؛ لبادہ خانہ -

under the c . of : کسی آڑ میں ؛ کسی بہانے سے -

Clock , *n .*: (۱) گھنٹا ؛ گھڑی ؛ ساعت (۲) بعض پھولوں کا روئیں دار سر -

clockwise : ساعتوار ؛ گھڑی کی سی چال ؛ گھڑی کی سوئیوں کی سی حرکت یعنی بائیں سے دائیں کو -

c . -work : گھڑی کل یعنی جس کی مشینری گھڑی کی سی ہو -

counter - clockwise : غیرساعت وار یعنے دائیں سے بائیں کو -

like c . - work : گھنٹے کی طرح خود بخود حرکت کرنے والی ؛ باقاعدہ پابندی کے ساتھہ -

Clock , *n* . (shop pl. , *clox*) : موزے کی ساق پر ریشمی کام -

Clocking , *a* **. , clocking hen :** انڈے سیتی ہوئی مرغی ؛ انڈوں پر بیٹھی ہوئی مرغی -

Clod,*n & v . t .*: (۱) ڈھیلا ؛ ڈلا ؛ کلوخ ؛ روڑا ؛ مٹی - (۲) ڈھیلا سا ؛ مٹی جیسا ؛ زمین کی رنگت - (۳) بیل کی گردن کا سخت گوشت - (۴) (*vb.*) ڈھیلے مارنا ؛ ڈلے برسانا -

c . hopper : گنوار ؛ دھقانی ؛ دیہاتی ؛ اناڑی -

c . - hopping : ان گھڑ ؛ لٹھہ ؛ گاودی ؛ بےادب ؛ کودن

the c : زمین -

cloddish , *a* **. :** احمق سا ؛ گنوار سا ؛ گاودی سا

cloddishness *n* **. :** ڈھیلا پن ؛ گنوارپن ؛ گاودی پن اناڑی پن ؛ سفاھت -

Clog , *n* **. ,** (۱) لکڑی کی تختی جو ٹانگ سے اس لیے باندھی جاتی ھے کہ حرکت آسانی سے نہ ھوسکے ؛ پیکڑا ؛ اڑنگا ؛ کلرا - (۲) رکاوٹ ؛ اٹکاؤ ؛ مزاحمت ؛ روک ٹوک ؛ بکھیڑا ؛ بوجھہ ؛ بار ؛ مانع-(۳) پانوڑیاں ؛ لکڑی کے تلے کے سلیپر ؛ جوتے ؛ کھڑاویں -

c.-dance : وہ رقص جو لکڑی کے جوتے پہن کر ھوتا ھے ؛ کھڑاؤں ناچ -

Clog , *v.t, & i.* : (۱) پیکڑا ڈالنا ؛ کلرا ڈالنا ؛ بوجھہ ھونا ؛ بار ھونا ؛ رکاوٹ ھونا ؛ بوجھل کرنا ؛ دباؤ ڈالنا - (۲) روکنا ؛ مزاحم ھونا ؛ اٹکانا ؛ مزاحمت کرنا - (۳) ٹھونسنا ؛ چپکنا ؛ چمٹنا - (۴) کسی شے کے ٹھس جانے ؛ اڑجانے یا بھر جانے سے خلل پڑنا یا رک جانا -

Cloggy, *a.*: (۱) گٹھل ؛ گرہ دار ؛ گھٹیلا ؛ گانٹھہ دار - (۲) چپچپا ؛ لسلسا ؛ لیسدار -

cloisonne (kl[illegible]zona), *a.& n.,cloisonné enamel:* وہ میناکاری جس میں مختلف رنگوں کو ایک پتلی لکیر سے جدا کرتے ھیں ؛ ملمع کاری -

Cloister. *n. & v.t.*: (۱) کٹی ؛ مڑھی ؛ حجرہ ؛ خانقاہ ؛ صومعہ - (۲) چھتا ؛ مسقف رستہ ؛ گلیاری ؛ غلام گردش - (۳) (*vb.*) حجرہ نشین کرنا ؛ خانقاہ میں رکھنا

the c.. عزلت نشینی ؛ گوشہ نشینی -

cloistered, *a* **.:** (۱) چھتےدار ؛ مسقف - (۲) گوشہ نشین ؛ تیاگی ؛ چلہ کش ؛ خانقاہ نشین -

cloistral, *a.*: خانقاہ سے متعلق ؛ خانقاھی -

Cloke : دیکھو - CLOAK

clonus , *n.*: (امراضیات) تشنج ؛ عضلات کی ایک قسم کی اینٹھن -

clonic , *a* **.:** تشنجی ؛ تشنج سے متعلق -

Cloop , *n. & v.i.*: (۱) کارک کے نکلنے کی سی آواز ؛ ڈاٹ نکلنے کی آواز ؛ بوق - (۲) (*vb.*) اس قسم کی آواز نکالنا ؛ بوق بھق کرنا -

Close , *a . & adv .*: (۱) تنگ ؛ چست ؛ کھچا ھوا ؛ مسدود ؛ بند ؛ دم گھوٹنے والی - (۲) دبتی ھوئی آواز (حروف علت کی) (۳) خفیہ ؛ پوشیدہ ؛ چھپا ھوا ؛ راز کا ؛ گمبھیر ؛ گہرا - (۴) بخیل ؛ کنجوس ؛ شوم - (۵) محدود ؛ مخصوص - (۶) ممنوع ؛ زیر ممانعت - (۷) کثیف ؛ سنگین ؛ ٹھوس ؛ گاڑھا ؛ گف ؛ گنجان - (۸) قریب ؛ نزدیک ؛ آمنے سامنے - (۹) سیدھا ؛ بے موڑ توڑ ؛ غیر پیچیدہ ؛ صاف ؛ بے ایچ پیچ - (۱۰) ٹھیک ؛ صحیح ؛ کامل ؛ پورا - (۱۱) مرتکز جس میں کھونٹی نہ رھے - (۱۲) بال برابر کا فرق - (۱۳) دلی ؛ گہرا ؛ قریب قریب (۱۴) لگ بھگ ؛ قریب قریب ؛ پاس پاس - (۱۵) گہرا ؛ عمیق ؛ جما ھوا - (۱۶) مجتمع ؛ مرتکز ؛ گہرا -

c . air : گھٹی ھوئی ھوا ؛ بند ھوا ؛ آ،

c . analysis : دقیق تحلیل -

c . argument . دلیل قاطع ؛ جید استدلال -

c . attention : گہری توجہ -

c . borough : قصبہ یا شہر جس کے خلاف امتناعی حکم جاری کر دیا گیا ھو -

c . by, to, upon : قریب ؛ نزدیک -

c . cap: چست ٹوپی ؛ مڑھی ھوئی ٹوپی -

c. combat : گھمسان ؛ گھمسان کی لڑائی -

c . contest : برابر کا مقابلہ -

c. corporation : مخصوص بلدیہ -

c . examination : سخت امتحان -

c . -grained : باریک دانے یا مہین ریشے کا -

c .- hauled : لگ بھگ ؛ پاس پاس -

c . order : (فوجی) گنجان صف بندی -

c . prisoner : سخت نگرانی میں قیدی -

c. quarters : متصل ؛ مٹ بھیڑ -

c . ranked : نزدیک نزدیک -

c . reasoner : بے خلل یا جید استدلال کرنے والا -

c . resemblance : گہری مشابہت -

c . scholarship : جو وظیفہ عام نہ ھو ؛ مخصوص وظیفہ -

c. sea son : موسم جس میں کسی چیز کی ممانعت ھو مثلاً شکار وغیرہ کی -

c . siege : سخت محاصرہ -

c. -stool : پاخانے کی چوکی

c. texture : مہین بناوٹ

c. thicket : گنجان جھاڑی -

c. writing : گنجان تحریر -

a c. shave : بال برابر کا فرق ؛ خوب گھٹی ہوئی حجامت جس میں کھونٹی نہ رہے -

keep, lie, c. : چھپا رہنا ؛ دب کے رہنا ؛ پوشیدہ رہنا -

sail c. to the wind: ہوا کے رخ پر ؛ ہوا کے ساتھ -

shut c. : مسدود ؛ بستہ -

stand, sit, c. : نزدیک کھڑے ہونا ، بیٹھنا -

Close - fisted, *a* . : کنجوس ؛ خسیس ؛ بخیل ؛ ممسک -

Close - fistedness, *n.*: کنجوسی ؛ خست ؛ بخل -

Closely, *adv.*: (۱) قریب قریب ؛ پاس پاس - (۲) غور سے ؛ دھیان سے -

Closeness, *n.* : اسم مذکورۂ بالا معنوں میں -

Close, *n.*: احاطہ ؛ گھیرا ؛ گھیر ؛ صحن - (۲) گرجا کا احاطہ - (۳) مدرسے کے لڑکوں کے کھیلنے کا میدان -

break **one's** *c.* : مداخلت بیجا کرنا ؛ کسی کے احاطہ میں درآنا -

Close, *v. t. & i. ,& n.*: (۱) بند کرنا ؛ بھڑنا ؛ لگانا ؛ دینا ؛ موندنا ؛ میچنا - (۲) ختم کرنا ؛ پورا کرنا ؛ تکمیل کو پہنچا نا ؛ مکمل کرنا ؛ تمام کرنا ؛ ختم ہوجانا ؛ تمام ہوجانا ؛ چکا نا؛ طے کرنا ؛ انجام کو پہنچانا - (۳) ملانا ؛ جوڑنا ؛ ملنا ؛ جڑنا ؛ چمٹنا ؛ مل جانا ؛ بھڑ نا؛ بھڑانا ؛ لپٹنا ؛ قریب آنا ؛ بہت ہی نزدیک آجانا - (۴) اتفاق کرنا؛ ماننا ؛ تسلیم کرنا ؛ منظور کرنا؛ قبول کرنا - (۵)(*n.*) انجام ؛ نتیجہ؛ اختتام ؛ اِنتہا ؛ آخر ؛ اخیر ؛ خاتمہ - (۶) دست بدست لڑائی ؛دھکا پیل؛ گھمسان -

c. bargain : سودا ختم کرنا ؛ قضیہ چکانا -

c. **electric** *current* **or** *circuit* : برقی رو یا دور کو قائم کرنا -

c. in : (۱) اِحاطہ کرنا ؛ گھیرنا ؛ حلقہ بندی کرنا ؛ حصار کرنا؛ محاصرہ کرنا - (۲) قریب آنا ؛ نزدیک آنا - (۳) بتدریج چھوٹے ہونا دنوں کا -

c. **one's** *days* : مرنا ؛ انتقال کرنا ؛ اخیر ہونا -

c. the ranks : صفوں کا پاس پاس ہوجانا ؛ بھڑنا -

c. up : (۱) بند ہونا ؛ مسدود ہونا - (۲) پر ہونا ؛ بھرنا - (۳) جڑنا ؛ ملنا ؛ اِکٹھا ہونا -

c. upon : بند کرنا ؛ دبا (یا چھپا) لینا ؛ گرفت کرنا

closing - time : کاروبار بند ہونے کا وقت ؛ دکان بڑھانے کا وقت -

Closet (-oz-), *n.* ,& *v.t.*: (۱) کوٹھڑی؛ حجرہ ؛ کمرا ؛ خلوت گاہ ؛ خلوت خانہ - (۲) (*vb.*) خلوت میں گفتگو کرنا ؛ خلوت کرنا ؛ خلوت گاہ میں ملاقات کرنا - (۳) کوٹھڑی یا حجرے میں چھپانا ؛ پوشیدہ کرنا ؛ مخفی کرنا - (۴) برتنوں کی الماری -

c. play : وہ ڈراما جو صرف پڑھنے کا ہو -

c. strategist : خیالی؛ باتوں کا ؛ اندے کا شہزادہ؛ شیخ چلی؛ خیالی ؛ پلاؤ پکانے والا -

be closetted with, together: کسی کے ساتھ سرگوشی گفتگو ہونا-

china - c. : چینی کے برتنوں کی الماری

water - c. طہارت خانہ ؛ بیت الخلا -

Closure (-zher-), *n.* & *v. t.*: (۱) بندش ؛ پابندی ؛ قید ؛ اِحاطہ - (۲) دارالعوام کا بعض حالات میں بلا مباحثے کا فیصلہ (۳) (*vb.*) روک دینا ؛ بند کر دینا ؛ (کسی تحریک ، مقرر وغیرہ کو) -

Clot, *n.*, & *v. i. & t.*: (۱) انبار ؛ ڈھیر ؛ تودہ - (۲) چکتا ؛ چکا ؛ تکا - (۳) (*vb*) چکتے بننا ؛ بستہ ہونا ؛ جمنا ؛ منجمد ہونا -

c. of blood : خلطۂ دم ؛ انجماد خون ؛ خون کا لوتھڑا -

clotted cream : ملائی ؛ بالائی ؛ موٹی بالائی -

clotted hair : چکٹے ہوئے بال -

clotted nonsense : محض لغویت -

Cloth (- awth, - oth, pl. - awdhz, - oths), *n.* **(pl.** *cloths* **and in diffentiated sense** *clothes*): (۱) پارچہ؛ کپڑا ؛ جامہ - (۲) اونی کپڑا ؛ کشمیرا ؛ پٹو ؛ پٹی ؛ شال ؛ پشمینہ - (۳) پیشہ ؛ دھندا (جو لباس سے معلوم ہو ، خاص کر پادریوں کا لباس) -

c. - binding : کپڑے کی جلد -

c. of gold , silver : زربفت؛ کمخواب -

c. - yard shaft : (تاریخ) ایک گز لمبا تیر -

American c. : امریکن کپڑا ؛ چمڑا کپڑا ؛ مارکین

cut coat according to c. : آمدنی کے مطابق خرچ کرنا ؛ جتنی چادر ہو اتنے پاؤں پھیلانا

lay the c. : دستر خوان بچھانا ؛ میز لگانا -

respect due to his c. : کسی کے لباس کے مطابق اُس کی عزت کرنا ؛ لباس کی عزت -

talbe - c. : میز پوش -

the c. : پادری ؛ اہل خرقہ -

Clothe (- odh), *v.t.* (*clothed or clad*) : (۱) کپڑے پہنا نا ؛ پوشاک کا انتظام کرنا ؛ کپڑے دینا ؛ کپڑے سے خبر گیری کرنا - (۲) ڈھانپنا ؛ اُڑھانا ؛ ڈھکنا -

clothed with plantations : پر شجر ؛ پیڑوں سے ڈھکی ہوئی (زمین) -

clothed with righteousness : نیکی سے آراستہ ؛ جامۂ پارسائی میں -

c. face in smiles : پر تبسم چہرہ -

c. ideas in words : خیالات کو الفاظ کا جامہ پہنانا

body clothes soul : جسم روح کا لباس ہے -

clothing, *n.*: پوشاک ؛ ملبوس ؛ پیرھن -

Clothes (- oz, - odhz), *n.pl.* : پہننے کے کپڑے ؛ لباس -

c. - bag, - basket : میلے کپڑوں کا تھیلا ؛ میلے کپڑوں کی ٹوکری یا پٹاری -

c. - horse . لکڑی کی الگنی جس پر کپڑے ڈال دیے جاتے ہیں -

c. - line, - prop. - peg : ڈوری کی الگنی وغیرہ جس پر کپڑے سکھانے کے لیے ڈالے جاتے ہیں -

(old -) c. - man: پرانے کپڑوں کا تاجر -

c. - moth : کپڑوں کا کیڑا ؛ کپڑ کیڑا -

c. - press : کپڑوں کی الماری ؛ جامہ داں -

bed - c. : پلنگ کی چادر ، تکیوں کے غلاف وغیرہ -

Clothier (- odh -), *n.*: (۱) جولاھا ؛ نورباف - (۲) کپڑے والا؛ بزاز -

Cloud, *n.*, & *v.t.* & *i.*: (۱) بادل ؛ ابر ؛ بدلی ؛ گھٹا ؛ سحاب - (۲) عارضی اور موہوم شے - (۳) غبار ؛ گرد یا دھوئیں وغیرہ کا بادل - (۴) دھندلاپن ؛ جھائیں ؛ دھندلاھٹ ؛ گدلاپن؛ (۵) پرندوں، کیڑوں، سواروں، تیروں کے دل کا دل -(۶) هلکا اونی گلوبند - (۷) تاریکی ؛ اندھیاری ؛ ابہام - (۸) فکر ؛ غم ؛ رنج تکلیف ؛ پریشانی کی گھٹا - (۹) (*vb.*) گھٹا آنا ؛ ابر چھانا ؛ بادل آنا ؛ تاریک ہونا - (۱۰) رنگ برنگ ہونا ؛ گوناگوں ہونا ؛ بوقلموں ہونا - (۱۱) ملول ہونا ؛ اداس ہونا ؛ مکدر ہونا ؛ افسردہ ہونا ؛ محزوں ہونا -

cloudberry. ایک پہاڑی جھاڑی -

c.-burst: ابر اور مینھ کا طوفان -

c.-capped: بادلوں سے ڈھکی ہوئی پہاڑی ؛ ابر پوش پہاڑی -

c.-castle: خیالی پلاؤ ؛ خیالی سیر -

c.-compeller: سگرٹ پینے والا ؛ بادل جمع کرنے والا ؛ بادلوں کا دیوتا ؛ اندر -

c.-drift: اڑتے ہوئے بادل ؛ ابر رواں -

c.-kissing: آسماں سے باتیں کرنے والی ؛ بلند ؛ اونچی ؛ فلک بوس ؛ ابر بوس -

c.-land,-world: خیالی عالم -

c. on brow: ابرو پر بل ؛ مکدر چہرہ -

c.-rack: پھٹے پھٹے بادل -

c.-scape: بادلوں کا خوش نما منظر ؛ بادلوں کی تصویر -

a c. of words: الفاظ کا ابہام (الفاظ کا گورکھ دھندا) -

in the cc.: عالم خیال میں ؛ غیر حقیقی ؛ خیالی -

under a c.: معتوب ؛ ساقط الاعتبار ؛ معرض عتاب میں ؛ معرض اشتباہ میں -

under c. of night: رات کی تاریکی میں ؛ شب کے اندھیرے میں -

cloudily, *adv.*: تکدر سے ؛ دھندلے پن سے ؛ اداسی سے -

cloudiness, *n.*: (۱) ابر آلودگی ؛ گھٹا - (۲) دھندلا پن ؛ تکدر -

cloudless, *a.*: بے ابر ؛ صاف ؛ کھلا ؛ نکھرا -

cloudlessly, *adv.*: بے ابر ؛ صاف ؛ کھلا ؛ نکھرا -

cloudlessness, *n.*: مطلع کا صاف ہونا -

coloudlet, *n.*: چھوٹا سا بادل کا ٹکڑا ؛ لکۂ ابر -

cloudward(s), *adv.*: بادل کی سمت ؛ گھٹا کے رخ -

cloudy, *a.*: (۱) دھندلا ؛ غبار آلود ؛ ابر آلود ؛ بادل چھایا ہوا ؛ بادل گھرا ہوا - (۲) مکدر ؛ ملول ؛ افسردہ -

Clough, *n.*: گھاٹی ؛ پہاڑوں میں چشمے کا رستہ ؛ کھالا -

Clout, *n.*, & *v.t.*: (۱) چیتھڑا ؛ پیوند ؛ تھگلی - (۲) صافی ؛ پونچھوں ؛ دستہ مال - (۳) گھونسا ؛ مکا - (۴) گرمچ کا ھدف یا نشانہ - (۵) (*vb.*) پیوند لگانا ؛ پارہ دوزی کرنا ؛ تھگلی لگانا ؛ گانٹھنا - (۶) گھونسا مارنا ؛ ٹکرانا ؛ چیتھانا -

dish-c.: صافی -

in the c.: زد میں -

Clove Cleven: دیکھو CLEAVE *v.t.* & *i.* -

Clove, *n.*: لہسن وغیرہ کی پوتھی یا گنٹھی -

Clove, *n.*: (۱) لونگ ؛ قرنفل - (۲) لونگ کا درخت -

c.-gillyflower: ایک قسم کا پھول جس میں لونگ کی خوشبو آتی ھے

oil of cc.: لونگ کا تیل

Clove hitch, *n.*: ایک طرح کا آنکڑا -

Clover, *n.*: تپتیا گھاس -

be, live, in c.: آرام و آسایش سے بسر کرنا ؛ فراغ بالی سے بسر کرنا

Clown, *n.*: (۱) گنوار ؛ دھقانی ؛ دیہاتی ؛ کسان - (۲) جاھل ؛ اکھڑ ؛ اجڈ ؛ گاودی ؛ انگھڑ ؛ کندۂ نا تراش ؛ نا تراشیدہ ؛ بے تمیز ؛ غیر مہذب ؛ بیل - (۳) مسخرہ ؛ بھانڈ ؛ نقال (خصوصاً سرکس وغیرہ میں) -

clownery, *n.*: مسخرہ پن ؛ بھانڈ پن ؛ نقالی

clownish, *a.*: گنوارو ؛ بد خلق ؛ بد تمیز ؛ غیر مہذب ؛ بے تمیز -

clownishly, *adv.*: گنوار پن سے ؛ بد خلقی سے ؛ بد تمیزی سے ؛ اکھڑ پن سے -

clownishness, *n.*: بد تہذیبی ؛ بد تمیزی ؛ بد خلقی ؛ اکھڑ پن -

Cloy, *v.t.*: سیر کردینا ؛ منھ پھرنا ؛ جی بھرنا ؛ چھکانا ؛ اکتا دینا -

Club *n.*: (۱) ڈنڈا ؛ سونٹا ؛ لٹھ ؛ گرز ؛ گتکا - (۲) گولف کے کھیل وغیرہ کا ڈنڈا - (۳) (نباتیات) فراخ سر - (۴) تاش کے کھیل میں پھول کا رنگ ؛ پھول ؛ چڑیتن - (۵) انجمن ؛ مجلس ؛ سبھا ؛ کلب ؛ بزم -

c.-foot (ed): پالو پھورا -

c.-land: انجمن زار ؛ لندن میں سینٹ جیمس کا محلہ جہاں انجمنوں کی بہت کثرت ھے -

c.-law: جس کی لاٹھی اس کی بھینس ؛ ڈنڈے کی حکومت ؛ زبردستی ؛ جس کی تیغ اس کی دیغ -

c.-moss: ایک قسم کا پودا -

c.-root: شلغموں میں ایک قسم کی بیماری ؛ شلغم کا کیڑا -

clubs: پھول کی بازی ؛ چڑیتن کی بازی -

benefit c.: بیمہ باھمی -

Indian cc.: مگدر ؛ جوڑی -

clubless, *a.*: وہ شخص جو کسی انجمن کا رکن نہ ہو -

Club, *v.t.* & *i.*: (۱) ڈنڈے لگانا ؛ ڈنڈے سے پیٹنا - (۲) بندوق کے کندے سے مارنا - (۳) ملنا ؛ ملانا ؛ گٹھ مٹھ کرنا ؛ اکٹھا ہونا ؛ مل جانا - (۴) مدد کرنا ؛ اعانت کرنا ؛ فائدہ پہنچانا (درمے یا سخنے) - (۵) اپنی فوج کو گٹھ مٹھ کرنا - (۶) متحد ہونا ؛ متفق ہونا ؛ شرکت کرنا -

Clubbable, *a.*: انجمن کی رکنیت کے لائق ؛ کلب کے قابل -

Club-haul, *v.t.*: (بحری) رسے کاٹ کر جہاز کو موڑنا -

Cluck, *n.*, & *v.i.*: کٹ کٹ کرنا ؛ کٹکٹانا ؛ کڑ کڑانا ؛ کڑ کڑ کرنا ؛ کٹ کٹ اور کڑ کڑ -

Clue(-oo), *n.*: (۱) کھوج ؛ پتا ؛ نشان ؛ اشارہ ؛ اتا پتا ؛ سراغ - (۲) سلسلۂ خیالات ؛ قصے کا سلسلہ - (۳) کبھی کبھی CLEW کے معنوں میں -

clueless, *a.*: بے نشان ؛ بے کھوج ؛ بے سراغ ؛ بے پتا۔

Clumber, *n.*: ایک قسم کا چھوٹا کتا ؛ کلمبر ؛ اِسپینیل کی قسم۔

Clump, *n.*,& *v.i.* & *t.*: (۱) جھنڈ؛ کنج - (۲) (*vb.*) گنوار پن سے چلنا ؛ بے ڈھنگے پن سے چلنا ؛ بھد بھد چلنا - (۳) کنجان درخت لگانا ؛ ڈھیر لگانا ؛ انبار لگانا - (۴) جوتے میں دھرا تلا لگانا -

c.-sole.: دھرا تلا -

Clumsy(-zi), *a.*: (۱) بے ڈھنگا ؛ انگھڑ ؛ بھونڈا ؛ بے ڈول - (۲) بھدا ؛ بھدیسل ؛ کڈھب - (۳) اناڑی ؛ پھوہڑ ؛ بے سلیقہ -

clumsily, *adv.*: اناڑی پن سے ؛ بری طرح سے ؛ بے ڈھنگے پن سے ؛ بھونڈے پن سے ؛ بے تکے پن سے -

clumsiness,*n.*: اناڑی پن وغیرہ -

Clunch,*n.*: سفید چونے کا پتھر -

Clung: دیکھو CLING -

Cluster, *n.*, & *v. t.* & *i.*: (۱) گچھا ؛ گپھا ؛ جھنڈ ؛ خوشہ ؛ جھر مٹ ؛ جھومر ؛ جھمکا ؛ ہٹی ؛ غول ؛ پرا - (۲) ٹڈی دل ؛ ہجوم ؛ مجمع ؛ گروہ ؛ جم غفیر - (۳) (*vb.*) جھنڈ ہونا یا بنانا ؛ گچھا ہونا یا بنانا - (۴) اِکٹھا ہونا ؛ جمع ہونا ؛ جمع کرنا ؛ اِکٹھا کرنا -

clustered columns, pillars, shafts: ستونوں وغیرہ کا جھرمٹ ' جھومر یا جھنڈ -

Clutch, *v. t.* & *i.*: (۱) مضبوطی سے پکڑنا ؛ چنگل میں لے لینا - (۲) جھپٹنا ؛ جھپٹا مارنا ؛ چنگل مارنا ؛ اُچک لینا -

Clutch, *n.*: (۱) مضبوط پکڑ ' گرفت - (۲) (جمع) پنجے ؛ چنگل ؛ پنجۂ ستم - (۳) (حیل) وہ آلات جن سے مشین چالُو یا ٹھیرائی جاتی ہے ؛ شکنجہ ؛ جر ثقیل کا وہ حصہ جو وزن کو پکڑتا ہے ؛ گیرندہ -

Clutch, *n.*: (۱) انڈوں کی جھول - (۲) ایک ساتھ نکلے ہوئے بچے ؛ جھول -

Clutter, *n.*, & *v. i.* & *t.*: (۱) پریشان حرکات یا شور ؛ بوکھلاہٹ ؛ پریشانی ؛ گھبراہٹ - (۲) بوکھلا جانا ؛ گھبرا جانا ؛ سراسیمہ ہونا ؛ ہاتھوں کے توتے اُڑ جانا -

Clypeus, *n.*: حشرات کے سر کا ڈھال نما حصہ ؛ سپر -

clypeal, *a.*: سپری ؛ سپر نما -

clypeate, *a.*: سپر دار ؛ سپر نما -

clypeiform, *a.*: سپر نما -

clypeo-: (ترکیبی جز) پیشلی سپر -

Co-, *pref.*: (سابقہ) (۱) مع ؛ ساتھ ؛ ہم ؛ سنگ - (۲) بعض ریاضی کے الفاظ کے پہلے آتا ہے ؛ مثلاً *cosine* '(متمم)*complement* (جیب التمام) ' وغیرہ -

Coacervation, *n.*: ڈھیر ؛ انبار ؛ تودہ -

Coach, *n.*, & *v.i* & *t.*: (۱) شاہی گاڑی ؛ سواری گاڑی - (۲) ریل کا ڈبا (ریلوے والوں کی اصطلاح میں) - (۳) (بحری) جنگی جہاز کا پچھلا کمرہ - (۴) گھر پر پڑھانے والا اُستاد ؛ خانگی معلم - (۵) کشتی رانی کا اُستاد - (۶) (*vb.*)- سواری گاڑی میں سفر کرنا ؛ کوچ گاڑی کے ذریعے سے جانا - (۷) خانگی طور سے تعلیم دینا ؛ امتحان کے لیے تیار کرنا ؛ کشتی کھینا سکھانا - (۸) ہدایتیں دینا ؛ سکھانا پڑھانا - (۹) خانگی معلم سے تعلیم پانا ؛ کھینا سیکھنا -

c.-box: کوچوان کے بیٹھنے کی جگہ -

c.-dog: دیکھو CARIAGE-DOG -

c.-house: گاڑی خانہ ؛ بگھی خانہ -

coachman: کوچوان ؛ گاڑی بان -

drive c. & six through act of parliament: پارلیمنٹ کی بدولت مزے اُڑانا ؛ پارلیمنٹ کو بیوقوف بنانا -

hackney-c.: کرائے کی گاڑی -

mourning-c.: ماتمی گاڑی ؛ جنازے کی گاڑی -

slow-c.: مٹھا ؛ غبی ؛ دقیانوسی (شخص) -

stage-c.: شاہی گاڑی ؛ سواری گاڑی -

coachful, *n.*: پوری گاڑی ؛ گاڑی بھر ؛ کھچا کھچ بھر -

coachmanship, *n.*: کوچوانی ؛ گاڑی بانی -

Coadjutor, *n.*: مددگار ؛ معاون ؛ معین ؛ حامی ؛ شریک ؛ ممد ؛ یاور -

Coadunate, *a.*: (تشریح ' نباتیات) جڑے ہوئے ؛ توام ؛ جڑواں -

Coagulate, *v.t.* & *i.*: جمنا ؛ جمانا ؛ بستہ ہونا ؛ منجمد ہونا ؛ چکتا پلڑھنا ؛ پلڑھنا ؛ سخت ہونا ؛ انجماد -

:*oagulant*, *n.*: منجمد کرنے والی شے -

coagulation, *n.*: بستگی ؛ جماو ؛ اِنجماد ؛ جماوٹ -

coagulator, *n.*: جمانے والی شے ؛ بستہ کرنے والی شے

Coaita, *n.*: جنوبی امریکا کا چھوٹا بندر -

Coal, *n.*, & *v.t.*& *i.*: (۱) پتھر کا کوئلہ ؛ کالی کوئلہ ؛ معدنی کوئلہ - (۲) (*vb.*) کوئلہ بار کرنا ؛ کوئلہ لینا -

c.-bed, -seam: کوئلے کی تہ -

c.-black: کالا ؛ کوئلے کی رنگت کا -

c.-box, -scuttle, -vase: کوئلے دان -

c.-dust: کوئلے کا چورا -

c.-factor: کوئلے کا دلال یا بیوپاری -

c.-field: کوئلے کا میدان ؛ وہ علاقہ جس میں کوئلے کی کانیں ہوں ؛ کوئلے کا علاقہ -

c.-fish: سیاہ رنگ کی کاڈ مچھلی -

c.-flap, -plate: کوئلے خانے کا ڈھکنا جو فرش میں جڑا ہوتا ہے -

c.gas: کوئلے کی گیس -

c.-heaver: کوئلہ نکالنے والا ؛ کوئلہ ڈھونے والا -

c.-hole: کوئلوں کی کوٹھڑی -

c.-master, -owner: کوئلے کی کان کا ٹھیکیدار یا مالک -

c.-measures: (ارضیات) وہ چٹانیں جو کوئلوں کے پرتوں سے بنی ہوئی ہو -

c.-mine, pit: کوئلے کی کان -

cc.: کوئلے -

c.-screen: بڑے اور چھوٹے کوئلوں کو جدا کرنے کی چھلنی ؛ کوئلوں کی چھلنی -

cc. to Newcastle: اُلٹے بانس بریلی -

c.-tar: تار کول -

c.-tit: سیاہ رنگ کا چھوٹا پرندہ -

c.-whipper: کوئلہ اُٹھانے والا یا حمال ؛ کوئلہ اُٹھانے کی مشین ؛ کوئلے بردار -

blow the cc: جذبات کو بھڑکانا -

haul, call, over the cc.: ملامت کرنا ؛ سرزنش کرنا ؛ جھڑکنا ؛ جھڑکی دینا ؛ زجر و توبیخ کرنا -
heap cc. of fire: برائی کے عوض بھلائی کرنا -
coalless, a.: بغیر کوئلے کا ؛ جس میں کوئلہ نہ ہو -
coaly, a.: کوئلے دار ؛ کوئلے والا -
Coalesce, v.i.: (۱) جڑنا ؛ ملنا ؛ اکھٹا ہونا ؛ یکجا ہونا - (۲) متحد ہونا ؛ متفق ہونا ؛ مل جانا ؛ ایتلاف ہونا (مدبروں اور پارٹیوں کا) -
coalescent, a.: جڑا ہوا ؛ متحد ؛ یکجا ؛ مرتبط ؛ متفق ؛ ملا ہوا ؛ مربوط ؛ بہم -
coalescence, n.: جوڑ ؛ اتصال ؛ ملاو ؛ امتزاج ؛ ارتباط ؛ اتحاد ؛ ایتلاف -
Coalition, n.: (۱) اتحاد ؛ میل ؛ اتفاق ؛ امتزاج - (۲) (سیاسیات) مختلف الاصول جماعتوں کا عارضی طور پر کسی خاص مقصد کے لیے مل جانا ؛ ترکیب ؛ ایتلاف -
coalitionist, n.: ایتلافی -
Coalmouse, Cole-, n.: ایک قسم کا چھوٹا سیاہ رنگ کا پرندہ -
Coaming, n.: جہاز کا کٹہرا -
Coarse, a.: (۱) ادنیٰ ؛ معمولی ؛ گھٹیا ؛ کم حیثیت ؛ معمولی درجے کا - (۲) موٹا ؛ کھردرا ؛ بھدا ؛ گنوارو - (۳) اناڑی ؛ بھونڈے مذاق کا ؛ گنوار - (۴) اُجڈ ؛ اکھڑ ؛ انگھڑ ؛ بد تہذیب ؛ عامیانہ - (۵) فحش ؛ غیر مہذب ؛ گندی (صرف زبان کے لیے) -
c. fare: موٹا جھوٹا کھانا -
c. -fibred: موٹے ریشے کا ؛ موٹے روئیں کا -
c. fish: ادنیٰ قسم کی مچھلی ؛ معمولی مچھلی -
c. -grained: بھونڈا ؛ موٹا جھوٹا (استعارتاً انسان کے لیے بھی) -
coarsely, adv.: بے تمیزی سے ؛ اکھڑ پن سے ؛ بھونڈے پن سے -
coarsen, v. t. & i.: بھدا ہونا ؛ کھردرا بنانا -
coarseness, n.: (۱) گھٹیا پن ؛ معمولی پن - (۲) کھردراپن ؛ سختی ؛ موٹا پن - (۳) اکھڑ پن ؛ کرختگی - (۴) ناشائستگی ؛ بد تہذیبی -
coarsish, a.: گھٹیا سا ؛ سخت سا ؛ کرخت سا ؛ بد تہذیب سا -
Coast, n., sea -coast: (۱) ساحل ؛ سمندر کا کنارہ ؛ ساحل بحر - (۲) (ممالک متحدہ امریکا اور کناڈا) پھسلنی گاڑی - (۳) ڈھلان پر سے بائیسکل کی رو جس میں چلانے والا اپنے پاؤں کو جنبش نہیں دیتا -
c. -guard(sman): بحری پولیس کا سپاہی ؛ بحری پولیس -
clear c.: میدان صاف -
coastward (s), adv.: ساحل کی سمت ؛ ساحل کے رخ -
coastwise, a. & adv.: ساحل کے کنارے کنارے -
Coast, v. i.: (۱) کنارے کنارے جانا ؛ جہاز یا کشتی کو کنارے کنارے لے جانا ؛ ایک ہی ساحل کی بندرگاہوں سے تجارت کرنا - (۲) پہاڑی پر سے رپٹنا ؛ بلندی پر سے نیچے کی طرف بائیسکل پر آنا ؛ بغیر پانو چلائے بائیسکل کو ڈھلان پر چلانا -
Coat, n., v. t.: (۱) آستینوں دار مردانہ لباس ؛ کوٹ - (۲) فرنگستانی عورتوں کا لبادہ - (۳) پٹی کوٹ - (۴) پوشش - (۵) جانوروں کے بال ؛ سمور وغیرہ - (۶) (تشریح) پردہ ؛ جھلی - (۷) چھلکا ؛ پوست جلد ؛ کھال - (۸) ملمع ؛ تہ ؛ قلعی ؛ کوٹ - (۹) (vb.) پچارا پھیرنا ؛ تہ چڑھانا ؛ استر کاری کرنا ؛ لیپنا پوتنا ؛ قلعی کرنا ؛ ملمع کرنا ؛ اٹا ہوا ہونا ؛ ڈھکا ہوا ہونا -
c. armour: وہ بکتر جس پر خاندانی مارکا بنا ہو ؛ مارکے دار بکتر -
c. -card (court -card): مورت ؛ تصویر دار پتا (تاش) -
c. of arms: (۱) مارکا - (۲) قدیم زمانے کی ڈھال جس پر کسی کا خاندانی مارکا بنا ہو -
c. of mail: زرہ ؛ بکتر -
dress -c.: شام کے پہننے کا دمدار کوٹ -
dust one's c.: مارنا پیٹنا ؛ مرمت کرنا ؛ کندی کرنا ؛ ٹھوکنا -
frock -c.: فراک کوٹ -
greatcoat: لبادہ ؛ غرغل ؛ اوور کوٹ -
red c.: لال کرتی ؛ انگریزی فوجی وردی -
redcoat: انگریزی فوج کا سپاہی ؛ سپاہی -
trail one's c. -tails: جھیڑ نکال کے لڑنا ؛ بے وجہ لڑنا -
turn one's c.: نمک حرامی کرنا ؛ غداری کرنا -
wear the king's c.: فوج میں بھرتی ہونا -
(-) **coated**, a.: (۱) ڈھکا ہوا ؛ پچارا دیا ہوا ؛ کوٹ پہنے ہوے ؛ چھلکے دار - (۲) پٹا ہوا ؛ تہ چڑھا ہوا ؛ اٹا ہوا -
coatless, a.: بغیر کوٹ کا ؛ بغیر چھلکے کا -
Coatee, n.: چھوٹا کرتہ ؛ بے دامن کا کوٹ ؛ خصوصاً فوجی کوٹ -
Coati, n.: امریکا کا ایک گوشت خوار جانور جو مشک بلاو سے بہت مشابہ ہوتا ہے -
Coating, n.: رنگ کی تہ ؛ روغن کی تہ ؛ کوٹ کا کپڑا وغیرہ -
Coax, v. t. & i. (to, into): پھسلانا ؛ بہلانا ؛ دم دلاسا دینا ؛ منانا ؛ لبھانا ؛ بہکانا ؛ فریب دینا ؛ ورغلانا -
c. away, out: ورغلانا ؛ پھسلانا -
c, thing out of person: کسی شخص سے کوئی چیز پھسلا کے لے لینا -
coaxer, n.: پھسلانے والا ؛ لبھانے والا -
Coaxal, -ial, a: ہم محور -
Cob, n.: (۱) ہنس ؛ قاز ؛ راج ہنس - (۲) ٹٹو ؛ یابو ؛ میانہ قد کا گھوڑا ؛ ٹانگن - (۳) کوئلے کا گول ڈلا -
c. nut: بڑی قسم کا ہیزل نٹ ؛ ایک قسم کا فندق -
cobby, a.: ٹٹو کا ؛ ٹٹو کے متعلق -
Cob, n.: گارا ؛ پانی میں سنی ہوئی مٹی اور بھس وغیرہ جس سے دیوار بناتے ہیں -
Cobalt, n.: (۱) ایک قسم کی دھات جو نکل سے مشابہ ہوتی ہے ؛ کوبالٹ - (۲) سوسنی رنگ جو اس دھات سے نکلتا ہے -
cobaltic, a.: کوبالٹ کا ؛ کوبالٹی -
cobaltiferous, a. کوبالٹ زا -
cobalto-: (واصلہ) کوبالٹی ؛ کوبالٹ کا کے معنوں میں -
cobaltous, a.: کوبالٹ سا ؛ کوبالٹ کا -
Cobble, n., & v. t., cobble -stone: (۱) پانی سے ترشا

ہوا پتھر جو فرش میں لگایا جاتا ھے ؛ پن پتھر - (۲) پن پتھر کا فرش کرنا ؛ (جمع) کوئلے کے ڈلے -

Cobble, *v. t.*: (۱) گونتھنا ؛ گانٹھنا ؛ جوڑ لگانا ؛ ٹونگلی لگانا ؛ پیوند لگانا ؛ پارہ دوزی کرنا - (۲) بھدے پن سے کرنا ؛ بری طرح سے کرنا ؛ بد سلیقگی سے کرنا ؛ پھوھڑ پنے سے کرنا -

Cobbler, *n.*: (۱) چمار ؛ جوتے گانٹھنے والا ؛ موچی - (۲) بھدا کام کرنے والا ؛ پھوھڑ کاریگر ؛ اناڑی -

Cobdenism *n.*: کاب ڈن کی آزاد تجارت ؛ بین الاقوامی اتحاد ؛ امن و امان ؛ تخفیف وغیرہ کی پالیسی ؛ کاب ڈن کا اصول -

c.'s wax: چماروں کا موم -

sherry c.: برف پڑی ھوئی شراب ؛ شربت ؛ وغیرہ -

Coble, *n.*: ایک قسم کی کشتی ؛ چھوٹی پنواری کشتی -

Cobra (de capello), *n.*: کالا سانپ ؛ کالا ؛ ناگ -

Cobweb, *n.* & *a.*: (۱) مکڑی کا جالا ؛ تار عنکبوت - (۲) کمزور شے ؛ مکڑی کے جالے کی سی بودی شے - (۳) دقیق استدلال ؛ منطقی ایچ پیچ - (۴) کباڑ ؛ کوڑا - (۵) جال ؛ پھندا ؛ دام ؛ دھوکا ؛ فریب - (۶) (*Adj.*) ناپائدار ؛ کمزور ؛ تار عنکبوت ؛ مہین ؛ جھینا -

cc. of antiquity: پرانا کاٹھ کباڑ -

cc of the law: قانون کا جال ؛ قانون کے پیچ ؛ قانونی ایچ پیچ -

blow away the cc.: ھوا کھانا -

cobwebbed, *a.*: کمزور ؛ ناپائدار ؛ ھوا سا ؛ مہین ؛ تار عنکبوت سا -

cobwebbery, *n.*: (۱) ایچ پیچ ؛ ھیر پھیر - (۲) جالوں بھرا -

cobwebby, *a.*: مکڑی کے جالے کا سا ؛ تار عنکبوت سا ؛ مکڑی کے جالوں سے بھرا ھوا -

Coca, *n.*: کوکا ؛ ایک امریکن درخت جس کی پتیاں چبائی جاتی ھیں -

Cocaine, *n.*: کوکین ؛ ایک دوا جس سے جلد سن ھو جاتی ھے -

cocainism, *n.*: کوکین کھانے کا اثر ؛ کوکین زدگی -

cocainization, *n.*: کوکین کا اثر ؛ بے حسی -

cocainiez, *v.t.*: کوکین سے متاثر کرنا ؛ بے حس کرنا ؛ سن کرنا ؛ کوکینانا (ج) -

Coccagee, *n.*: ایک قسم کا سیب جس سے شراب بنتی ھے ؛ اس سیب کی شراب -

Coccyx (koks-), *n.*: دم گزا ؛ دمچی کی ھڈی ؛ عصعص -

coccygeal *a*: دم گزے کے متعلق ؛ عصعصی -

coccgeo-, coccyg (o)-: (واصلہ) ایضاً

Cochin china (kotsh-) *n.* & *a.*: کوچین چین کی مرغیوں کی نسل ؛ اس نسل کی مرغیاں -

cochineal (kotshinel), *n.*: قرمز ؛ قرنگی ؛ کرم دانہ ؛ وہ مردہ کیڑے جو مکسکو کے ملک میں ملتے ھیں اور جن سے قرمزی رنگ بنایا جاتا ھے -

Cochiea(-k-), *n.*(pl.-ieae). کن گھونگا (کان کے اندر کا پیچ در پیچ جوف) ؛ حلزونہ -

Cock, *n.*: (۱) مرغا ؛ خروس ؛ ککڑ ؛ بطور مرکب دیگر چڑیوں کے ساتھ استعمال ھوتا ھے تو ان کے نر کو ظاھر کرتا ھے - (۲) ٹونٹی (۳) (غیر مہذب) مرد کا عضو تناسل - (۴) گھوڑا ؛ کتا (بندوق کا) - (۵) ترازو کا کانٹا -

c. -a-doodle-doo: (۱) ککڑوں کوں - (۲) (مخففاً) مرغا

c. -&-bull story: بناوٹی قصہ ؛ لغو کہانی ؛ بے بنیاد ؛ من گھڑت بات -

c. -crow, -crowing: صبح ؛ تڑکا ؛ فجر ؛ مرغ کے بانگ دینے کا وقت ؛ فجر کی اذان کا وقت -

c. -fighting: مرغ لڑانا ؛ مرغوں کی لڑائی ؛ مرغ بازی -

c. lobster: نر جھینگا -

c. -metal: پیوت (دھات) -

c. -nest: مرغ کا بسیرا یا آشیانہ ؛ مرغے کے بیٹھنے کی جگہ جو وہ زمین کھود کر بناتا ھے -

c. of the north: پودنا ؛ شکر خورہ

c. of the school: (لڑکوں میں) تیس مار خاں ؛ خدائی فوجدار ؛ مدرسے کا سانڈ -

c. of the walk: غالب ؛ مسلط ؛ زبر ؛ حاوی ؛ چھایا ھوا -

c of the wood: جنگلی مرغ ؛ ایک قسم کا بڑا تیتر -

cockscomb: مرغ کیس ؛ تاج خروس ؛ (نباتیات) تاج خروس ؛ کلغا (نیز دیکھو COXCOMB)

cocksfoot: دوب -

cockshead: ایک قسم کی تپیتا گھاس -

c. -shot: آماجگاہ ؛ تودہ ؛ ھدف -

c. sparrow: (۱) چڑا - (۲) پست قد زندہ دل شخص -

cockspur: (۱) مرغ کا کانٹا یا خار - (۲) اسی شکل کا کلہ (لیمپ کا) -

game-c.: پالی کا مرغ ؛ لڑنے والا مرغ -

live like fighting cc.: مست رھنا ؛ بے فکرے پن کی زندگی بسر کرنا -

old c.: یار عزیز -

that c. won't fight: یہ تدبیر کارگر نہ ھوگی

this beats c.-fighting: بہت ھی پر لطف ؛ مرغوں کی لڑائی سے زیادہ بھی پر لطف ؛ بھانڈوں کی نقل سے بھی زیادہ پر لطف -

Cock, *v. t.* & *i.*: (۱) کھڑا کرنا ؛ چڑھانا ؛ تاننا - (۲) گھوڑا چڑھانا (بندوق کا)

c. a snook: دیکھو SNOOK

cocked hat: وردی کی ٹوپی -

c. one's eye: آنکھ مارنا ؛ آنکھوں میں کچھ کہنا ؛ آنکھ کا اشارہ کرنا -

c. one's hat: بانکی (یا ٹیڑھی) ٹوپی پہننا -

c. one's nose: ناک بھوں چڑھانا

c. the ears: کان کھڑے کرنا ؛ متوجہ ھونا ؛ چوکنا ھونا -

knock into a cocked hat: نا قابل شناخت ھو جانا ؛ شکل بگڑ جانا ؛ جس کی شکل مسخ ھو جائے -

Cock, *n.*: (۱) ناک کی چڑھواں پھننگ - آنکھ کا اشارہ (۲) کج کلاھی (وضع) - (۳) گھوڑا چڑھی بندوق ؛ پالے پر ھونا -

Cock, *n.*, & *v.t.*: (۱) گری - (۲) گری لگانا -

Cockabondy, *n.*: مچھلی پکڑنے کا چارا ؛ ایک قسم کا کیچوا -

Cockade, *n.*: طرہ -

cockaded, *a.*: طرہ دار

Cock-a-hoop, *a.* & *adv.*: (۱) شادان ؛ خوش و خرم ؛ نہایت خوش - (۲) شادمانی سے ؛ فخریہ -

Cockaigne,-ayne, *n.*: (۱) بے فکروں کی جنت (۲) (جگت کے طور پر) لندن

Cock-a-leekie دیکھو COCKY-LEEKY

Cockatoo, *n.* کا کاتوا ؛ بڑے طرے دار طوطا -

Cockatrice, *n.*: (۱) بالشتیا سانپ ؛ افعی - (۲) قصص یونانی کا فرضی سانپ -

Cockboat, *n.*: چھوٹے جہاز کی کشتی -

Cockchafer, *n.*: بھونرا -

Cocker, *v.t.*: لاڈ کرنا ؛ نازبرداری کرنا ؛ ناز اٹھانا ؛ الٹا امیں ملانا -

Cocker, *n.*, *according to cocker*: (۱) صحیح ؛ درست ؛ ٹھیک - (۲) اسپینیل کی قسم ؛ (۳) شاھین کو چھوڑنا -

Cockerel, *n.*: (۱) مرغچہ ؛ مرغ کا پٹھا - (۲) لڑاکا لڑکا - جھگڑالو لڑکا -

Cock-eyed, *a.*: بھینگا ؛ احول چشم ؛ احول -

Cock-horse, *adv.*: (۱) کاٹھ کا گھوڑا - (۲) سوارہ (ایک قسم کی گھاس) -

Cockle *n.*, *corn-cokl.*: (۱) سرخ پھولوں والی ایک گھاس جو عموماً گیہوں کے کھیت میں ھوتی ھے ؛ گھاس پھوس (۲) گیہوں کا ایک روگ جس سے دانے سیاہ پڑجاتے ھیں ؛ گیہوں روگ -

Cockle, *n.*: ایک قسم کا گھونگا جو کھایا جاتا ھے -

c.-boat: چھوٹی اتھلی کشتی -

c.-shell: گھونگے کا خول -

cc. of the heart: دلی جذبات -

Cockle *v. i. & t.*, *& n.*: (۱) ابھرنا ؛ ابھارنا ؛ نکالنا ؛ مروڑنا ؛ شکن ڈالنا ؛ بال پڑنا (۲) (*n*) ابھار ؛ شکن ؛ سلوٹ ؛ پیچ ؛ خم ؛ بال (شیشے کا) -

Cockle, *n.*: آھنی آتش دان' جس سے کمرا گرم کیا جاتا ھے -

Cock-loft, *n.*: مچان ؛ دُچھتی -

Cockney, *n. & a.*: (۱) لندنیا ؛ لندن کا رھنے والا (حقارتاً) - (۲) (*adj*) لندنی ؛ لندن کا - (۳) لندنی زبان

cockneydom *n.*: (۱) ادنیٰ فرقہ - (۲) لندنیوں کی مخصوص سیرت - (۳) لندنیوں کی دنیا

cockneyese, *n.*: لندنیوں کی بولی -

cockneyfy, *v. t.*: لندنیا بنانا ؛ لندنیوں کی سی خصائل پیدا کرنا ؛ لندنیا ھونا -

cockneyish, *a.*: لندنیا سا ؛ لندنیوں کی سی بو باس رکھنے والا (شخص یا شے) -

cockneyism *n.*: لندنیت ؛ لندنی بولی ؛ لندنی محاورہ یا تلفظ -

cockney ize, *v. t. & i.*: لندنیوں کا سا بننا یا بنانا -

Cockpit, *n.*: (۱) مرغوں کی پالی ؛ مرغوں کے لڑنے کی جگہ - (۲) میدان ؛ اکھاڑا ؛ دنگل - (۳) جنگی جہاز کی نچلی منزل جو جونیر افسروں کی اقامت گاہ ھوتی ھے - (۴) طیارے میں طیارچی وغیرہ کے لیے جگہ -

Cockroach, *n.*, *black-beetle*: تل چٹا ؛ بھونرے کی قسم کا کیڑا -

Cock-sure, *a.*: (۱) یقینی ؛ حتمی ؛ تیقنی (۲) پورا یقین یا یقین واثق رکھنے والا - (۳) اپنے یقین' دعوے یا عقیدے پر جما رھنے والا ؛ ذاتی اعتماد یا اعتماد نفس رکھنے والا -

cocksureness, *n.*: وثوق ؛ حتمی تیقن -

Cocksy, Coxy, *aa.*: گستاخ ؛ شوخ ؛ خودبین ؛ خود پسند ؛ بکنے والا -

coxiness, *n.*: گستاخی' شوخی وغیرہ -

Cocktail, *n. & a.*: (۱) دم کٹا گھوڑا ؛ گھڑدوڑی گھوڑا جو خرب سدھارا ھو مگر اصیل نہ ھو - (۲) اوچھا ؛ نو دولتا - (۳) ایک قسم کا بھونرا - (۴) ایک قسم کی شراب -

cocktailed, *a.*: (۱) دم کٹا ؛ دم بریدہ - (۲) اوچھا ؛ نو دولتا -

Cock-up, *n.*: (۱) اوپر کو مڑا ھوا سرا - (۲) ٹوپی اوپر کو مڑی ھوئی ؛ بانکی ٹوپی

Cocky: دیکھو COCKSY & c.

Cocky-leeky, *n.*: مرغ کا شوربا گندنے کے ساتھ پکا ھوا (اسکا چستان میں) -

Cockyolly bird, *n.*: (بچوں کی بولی میں) چھوٹا پیارا پرندہ -

Coco, Cocoa (-ko-), Coker, *n.* ناریل کا درخت

c.-nut: ناریل ؛ کھوپا ؛ کھوپرا ؛ نارجیل ؛ (عامیانہ) انسان کا سر ؛ کھوپری -

c.-nut matting: ناریل کی چٹائی -

c.-nut milk: ناریل کا پانی -

double c.-nut: جزائر سیکلس کا ناریل جو بہت بڑا اور دھرے سر کا ھوتا ھے -

Cocoa (-ko-) *n.*: (۱) کوکو کا سفوف - (۲) اسی کا مشروب جسے چاے کی طرح بناتے ھیں -

c. bean: کوکو کا بیج -

c. nib: کوکو کا گدرا پھل -

c. powder: ایک قسم کی بارود -

c. press: بعض اخباروں کا طنز آمیز نام جن کے مالک چلد کوکو کے تاجر تھے جو آزاد تجارت کے حامی اور استبداد کے مخالف تھے -

Cocoon, *n.*, *& v. t. & i.*: (۱) ابریشم کا کویا - (۲) (*vb.*) کویا بنانا ؛ کوے میں لپٹنا -

cocoonery, *n.*: ریشم کے کیڑوں کا پرورش خانہ ؛ کویوں کا گھر ؛ پیلہ خانہ ؛ کرم خانہ

Cod, *n.*: (۱) ایک قسم کی بڑی سمندری مچھلی - (۲) (*vb.*) بیوقوف بنانا (عامیانہ) -

c.-bank: زیر آب کنارہ جہاں کاڈ زیادہ رھتی ھے

c.-fish: کاڈ مچھلی -

c.-liver oil: کاڈ مچھلی کا تیل -

Coddle, *v. t & n.*: (۱) بیماروں کے سے نخرے اٹھانا ؛ ناز برداری کرنا - (۲) (*n.*) وہ شخص جو ناز برداری کرتا ھو یا خود بیماروں کے سے نخرے کرتا ھو -

Code, *n.*, *& v. t.*: (۱) مجموعہ قوانین ؛ نیاے شاستر ؛ اشاروں کا کلام ؛ خفیہ لغت ؛ بری اور بحری فوجی اشاروں کے ضوابط کا مجموعہ (۲) (*vb.*) مخصوص اشاروں میں ادا کرنا ؛ مختصر کرنا ؛ خفیہ لغت میں پیغام بھیجنا -

c. of honour: (۱) کسی موضوعہ کے قواعد و ضوابط کا مجموعہ - (۲) کسی قوم کا مروجہ اخلاق - (۳) آئین غیرت داری -

codification, *n.*: قانون کی ترتیب ' تدوین یا تبویب -

codifier, *n.*: قانون کو ترتیب دینے یا مدون کرنے والا -

codify, *v. t.*: قانون کی تبویب یا تدوین کرنا

Co-declination, *n.*: (فلکیات) زاویہ الغرات کا تتمہ ؛ قطب شمالی کا فاصلہ -

Codeine, *n.*: ایک خوب آور دوا ؛ ملوم دوا ؛ کوڈین -

codex, (pl. *-dices*): بائبل یا اور کسی ادبی کتاب کا قلمی نسخہ -

Codger, *n.*: (روز مرہ) مرد؛ آدمی؛ اجوبہ؛ دقیانوسی؛ ناکارہ مارنلا معجون؛ پیر جرپوز -
Codicil, *n.*: وصیت نامہ کا ضمیمہ یا تتمہ -
codicillary *a.*: وصیت نامے کے تتمے کے متعلق -
Codling, *n.*: چھوٹی کاڈ مچھلی -
Codlin (g), *n.*: ایک قسم کا سیب؛ سیب خام -
cc. - & - *cream*: ایک قسم کی بوٹی؛ بید مجنوں -
Co - education, *n.*: لڑکوں اور لڑکیوں کی یکجائی تعلیم -
co - educational, *a.*: یکجائی تعلیم کے متعلق -
Coefficient, *n.*: (۱) عامل جز - (۲) سر (ریاضی) - (۳) شرح؛ قدر (طبیعیات) -
c. of friction, expansion, etc.: رگڑ؛ پھیلاؤ؛ وغیرہ کی شرح -
differential c. تفرقی سر -
Coeliac (se -), *a.*: (تشریح) معدے کے متعلق؛ معدی؛ شکمی -
Coel (o) - (se -): (واصلہ) معدہ؛ جوف -
Coen (o) - (se -): (واصلہ) سم (فارسی سابقہ) -
Coenobite (se -), **Cen -**, *n.*: ایسے فقرا کا ایک فرقہ جو خانقاہوں یا تکیوں میں مل جل کر رہتے ہیں؛ خانقاہ نشین؛ تکیہ نشین؛ تکیہ دار -
coenobitic (al), *aa.*: خانقاہی؛ تکیہ داری -
coenobitism, *n.*: خانقاہ نشینی؛ مشرب خانقاہی -
Coequal *a.* & *n.*: برابر؛ مساوی؛ ہم سر (متروک؛ دینیات میں یا تاکید کے لیے) -
coequality, *n.*: مساوات؛ برابری؛ ہم سری -
coequally, *adv.*: برابری سے؛ مساویانہ؛ بطور مساوی؛ علی السویہ -
Coerce, *v. t.*, & *i.* (۱) دبانا؛ دباؤ ڈالنا؛ جبر کرنا - (۲) طاقت کا استعمال کرنا؛ بہ جبر حاصل کرنا -
a coerced obedience: مجبوری کی اطاعت؛ اطاعت مبرم -
coercible, *a.*: جبر پذیر -
Coercion, *n.*: (۱) جبر؛ زبردستی؛ ابرام - (۲) استبدادی حکومت؛ استبداد -
coercionary, *a.*: جبری؛ استبدادی -
coercionist, *n.* & *a.*: جابر؛ سخت گیر؛ استبدادی؛ استبداد پسند -
Coercive, *a.*: جابرانہ؛ تشدد آمیز -
coercively, *adv.*: بجبر؛ جبراً -
coerciveness, *n.*: جابریت -
Coessential, *a.*: ہم جوہر؛ ہم مادہ؛ ہم اصل -
Coetaneous, *a.*: دیکھو COEVAL *a.*
Coeternal, *a.*: ہم قدم؛ ہم ابد -
coeternally, *adv.*: ہم قدیمانہ -
Coeval, *a.* & *n.*: (۱) ہم عہد؛ ہم عصر؛ ہم زمانہ؛ معاصر - (۲) ہم ابتدا - (۳) ہم سن - (۴) ہم مدت -
coevality, *n.*: مذکورۂ بالا کا اسم -
coevally, *adv.*: مذکورۂ بالا کا متعلق فعل -
Co - executor, **Co - executrix**, *nn.*: شریک وصی -
Coexist, *v. i.*: کسی دوسری چیز کے ساتھ موجود ہونا یا وجود رکھنا؛ ہم بود ہونا -
coexistence, *n.*: ہم بودی؛ ہم موجودیت -
Coexistent, *a.*: ہم وجود؛ ہم بود -
Coextensive, *a.*: ہم مکان؛ ہم زمان -
Coffee, *n.*: (۱) قہوہ؛ کافی - (۲) ناشتا؛ حاضری - (۳) بُن -
c. -bean: کافی کے بیج؛ بن -
c. -cup: قہوے کی پیالی (جو چاے کی پیالی سے چھوٹی ہوتی ہے) -
c. -grounds: قہوے کی تلچھٹ -
c. -house: قہوہ خانہ -
c. -mill: قہوہ پیسنے کی چکی؛ قہوہ سا -
c. -pot: قہوہ دان؛ قہوہ جوش؛ قہوہ پز -
c. -room, -tavern: قہوہ خانہ -
Coffer, *n.*: (۱) خزانے کا صندوق؛ تجوری - (۲) سرمایہ؛ روپیہ (۳) دھسا ہوا دلا (چھت وغیرہ کا) -
c. -dam: کوٹھی (پل بنانے میں) -
Coffin, *n.*, & *v. t.*: (۱) تابوت؛ میت کا صندوق - (۲) نکما جہاز (۳) گھوڑے کا سم - (۴) (*vb.*) تابوت میں رکھنا؛ کفنانا؛ دفنانا - (۵) سیتنا؛ سینت کے رکھنا (خاص کر کتابوں کا) -
c. -bone, -joint: سم کی ہڈی؛ سم کا جوڑ -
c. -plate: تابوت کی تختی -
drive nail into one's *c.*: موت بلانا؛ موت کو دعوت دینا؛ خود اپنی موت یا تباہی کا باعث ہونا -
coffinless, *a.*: (۱) بے تابوت؛ بے گور و کفن - (۲) بےسم کا -
Coffle, *n.*: قطار جانوروں یا غلاموں کی جو ایک رسی سے بندھے ہوے ہوں؛ لار؛ لنگار (عربی قافلہ) -
Cog, *n.*: دندانے؛ دانت (پہیے کے) -
c. -wheel: دندانے دار چکر؛ دندانے دار پہیا -
hunting c.: کُتّا -
cogged, *a.*: دندانے دار -
Cog, *v. t.*, *Cog dice*: پانسے بنا کے (یا کوتتھہ کے) پھینکنا (عیاری سے) -
Cogent, *a.*: معقول؛ دل نشین؛ قوی؛ دل کو لگتی ہوئی (دلیل یا حجت) -
cogency, *n.*: معقولیت؛ دل نشینی وغیرہ -
cogently, *adv.*: معقول یا دل نشین طور پر -
Cogitable, *a.*: قریب القیاس؛ قریب الفہم؛ قابل قبول -
Cogitate, *v. i.* & *t.*: (۱) غور کرنا؛ سوچنا؛ فکر کرنا؛ خیال کرنا؛ بچارنا - (۲) جتن کرنا؛ صورت نکالنا - (۳) (فلسفہ) کسی شے کا تصور کرنا -
cogitation, *n.*: سوچ؛ سوچ بچار؛ تفکر؛ فکر؛ تامل -
cogitative, *a.*: متفکرانہ؛ متصورانہ -
cogitatively, *adv.*: سوچ بچار سے؛ فکر یا تصور کے طور پر -
cogitativeness, *n.*: سوچ بچار میں ہونا؛ فکر یا دھن میں ہونا -
Cognac (konyak), *n.*: فرانسیسی برانڈی؛ ایک قسم کی شراب؛ کونیاک (فرانس کا ایک شہر) -
Cognate, *a.* & *n.*: (۱) قرابت دار؛ رشتہ دار؛ ہم اصل؛ ہم جد؛ نسبتی؛ ہم مصدر - (۲) (لسانیات) ہم اصل؛ ہم خاندان - (۳) متجانس -
c. object or *accusative*: (نحو) مفعول مطلق؛ ہم مصدر

مفعول -

cognateness, *n.*: رشتہ داری ؛ قرابت داری ؛ هم اصلی ؛ هم جنسی -

Cognation, *n.*: رشتہ داری ؛ نسبتی تعلق ؛ هم اصلیت ؛ هم خاندانی (اب زیادہ تر لسانیات میں) -

Cognition, *n.*: (فلسفہ) وقوف ؛ إدراک ؛ احساس ؛ گیان ؛ آگاهی ؛ علم ؛ دانش ؛ معرفت -

cognitional, *a.*: إدراکی ؛ وقوفی ؛ احساسی ؛ علمی ؛ گیان کے متعلق ؛ عرفانی -

cognitive, *a.*: با وقوف ؛ گیانی ؛ گن گیان والا ؛ علم رکھنے والا ؛ واقف ؛ شناسا ؛ دانشمند ؛ عارف -

Cognizable *a.*: (۱) قابل فہم ؛ قابل إدراک - (۲) قابل شناخت - (۳) قابل سماعت عدالت ؛ اندرون إختیارات عدالت -

cognizably, *adv.*: بظاهر ؛ محسوس طریقے پر ؛ قابل سماعت طریق پر -

Cognizance, *n.* : (۱) وقوف ؛ علم ؛ آگہی ؛ دائرۂ مشاهدہ - (۲) قانونی إختیار کا إستعمال ؛ إختیار سماعت - (۳) إمتیازی علامت ؛ إمتیازی نشان (طرہ ٬ ماوکا وغیرہ) -

be beyond **one's** *c.* : کسی شخص کے تعلق سے خارج ؛ دائرۂ وقوف سے باهر -

fall within **one's** *c.* : کسی کے دائرۂ تعلق میں واقع هونا -

have c. of : علم هونا (سرکاری طور پر) -

take c. of : توجہ کرنا ؛ دهیان میں لانا ؛ چشم پوشی نہ کرنا ؛ متوجہ هونا -

Cognizant, *a.* : (فلسفہ) ذی إدراک ؛ صاحب معرفت ؛ ذی وقوف -

Cognize, *v.t.* : (۱) وقوف یا إدراک رکھنا ؛ علم رکھنا - (۲) شناخت کرنا -

Cognomen, *n.*: (۱) گوت نام ؛ از نام - (۲) عرف ؛ لقب (۳) نام ؛ إسم -

Cognoscible, *a.*: ممکن العلم ؛ جاننے کے لائق -

cognovit, *n.* : اقبال دعوی -

Cohabit, *v.i.* : میاں بی بی کی طرح رهنا ؛ هم خواب هونا ؛ هم بستر هونا ؛ مباشرت کرنا ؛ جماع کرنا ؛ صحبت کرنا (عموماً بے نکاحی عورت کے ساتھ) -

cohabitation, *n.* : هم خوابی ؛ هم بستری ؛ جماع ؛ مباشرت ؛ صحبت -

Coheir, Coheiress, *nn.* : شریک میراث ؛ هم ورثہ ؛ هم میراث -

Cohere, *v.i.* : (۱) چپکنا ؛ چسپیدہ هونا ؛ جمنا ؛ جڑنا - (۲) مربوط هونا ؛ إیک رنگ هونا ؛ یکسانی هونا (دلیل اور طرز بیان میں) -

Coherent, *a.* : (۱) جما هوا ؛ چپکا هوا ؛ چسپیدہ ؛ جڑا هوا ؛ ملا هوا - (۲) مربوط ؛ إکرنگ ؛ یکساں ؛ قوی ألهجت ؛ سهل ؛ یسیرالفهم ؛ سمجھ میں آنے والی -

coherence, coherency, *nn.* : ربط ؛ وصل ؛ پیوستگی ؛ چسپیدگی ؛ إکرنگی -

coherently, *n.* : مربوط طور پر ؛ ربط کے ساتھ -

Coheritor, *n.* : (دیکھو COHEIR) -

Cohesion, (-zhn), *n.* : (۱) چسپیدگی ؛ پیوستگی ؛ إتصال ؛ لزوب - (۲) کشش إتصال -

cohesive, *a.* : چسپادہ ؛ إتصال پذیر ؛ لازب ؛ مائل ؛ متصل -

cohesively, *adv.* : پیوستہ ؛ چسپیدہ -

cohesiveness, *n.* : چسپیدگی -

Cohort, *n.* : (۱) رومی فوج کا ایک دستہ (۲) فوج کا دستہ - (۳) مجمع ؛ گروہ -

Coif, *n.* : (تاریخ) (۱) ایک قسم کی ٹوپی ؛ کنٹوپ - (۲) سارجنٹ کی سفید ٹوپی ؛ کلاہ -

coiffeur (kwahfer), *n.* : بال بنانے والا ؛ مشاطہ -

coiffure (kwahfoor), *n.* : بال بنانے کی وضع ؛ مانگ پٹی ؛ کنگھی چوٹی -

Coign (koin), *n.* : گوشہ گیری (دو دیواروں کے بیچ میں نکلا هوا پتھر) -

c. of vantage : نظارہ گاہ ؛ دیدبان ؛ وہ جگہ جہاں سے کوئی چیز صاف دکھائی دے -

Coil, *v.t. & i.* : کنڈل بنانا ٬ اینٹھوی بنانا ؛ کنڈلیاں بنانا - (۲) سانپ کی طرح سے چلنا ؛ بل کھانا -

Coil, *n.t.* : (۱) لچھا ؛ گولا ؛ پنڈا ؛ انٹی - (۲) گھونگر ؛ مرغولہ - (۳) کنڈل ؛ کنڈلی -

Coil, *n.* : (متروک نظم) شور و شغب ؛ گڑ بڑ ؛ پریشانی ؛ ابتری -

Coin *n.* : (۱) سکہ - (۲) روپیا - (۳) زر ؛ پیسا -

false c. : (۱) سکۂ قلب ؛ جعلی سکہ ؛ کھوٹا روپیا - (۲) دھوکے کی چیز ؛ جعلی شے -

pay **one** *in* **his** *own c.* : جیسے کو تیسا ؛ ترکی بہ ترکی -

coinless, *a.* : بے زر ؛ کنگال -

Coin, *v.t.* : (۱) سکہ ڈھالنا ؛ بنانا یا ضرب کرنا - (۲) دھات کو سکے میں تبدیل کرنا - (۳) دماغی قوت سے روپیا پیدا کرنا - (۴) إیجاد کرنا ؛ إختراع کرنا ؛ گھڑنا ؛ نکالنا ؛ بنانا ؛ پیدا کرنا ؛ لفظ وضع کرنا -

c. money : روپیا بنانا (عامیانہ) -

Coinage, *n.* : (۱) سکہ ڈھلائی ؛ ضرب سکہ - (۲) سکے - (۳) رائج الوقت سکے - (۴) إختراع ؛ إیجاد ؛ گھڑے هوے الفاظ ؛ من گھڑت -

decimal c. : اعشاری سکے -

Coincide, *v.i.* : (۱) هم مکان هونا ؛ ٹھیک بیٹھنا ؛ ٹھیک آنا ؛ چسپاں هونا ؛ منطبق هونا -(۲) هم زمان هونا ؛ ایک هی وقت میں واقع هونا - (۳) مطابق هونا ؛ موافق هونا ؛ ٹھیک هونا - (۴) متفق هونا ؛ إتفاق راے کرنا -

Coincidence, *n.* : (۱) انطباق ؛ هم مکانیت ؛ هم زمانیت ؛ ٹھیک بیٹھنا ؛ مطابقت ؛ تطابق ؛ موافقت - (۲) إتفاق ؛ میل ؛ سنجوگ ؛ إتفاقی مطابقت -

Coincident, *a.* : مطابق ؛ موافق ؛ هم مکان ؛ هم زمان ؛ ملتا هوا ؛ ساتھ ساتھ -

coincidently, *adv.* : أسی وقت ؛ إتفاق سے ؛ إتفاقاً -

Coincidental, *a.* : مطابقی ؛ تطابقی ؛ هم مکانی ؛ هم زمانی -

Coiner, *n.* : (۱) سکہ زن - (۲) خراب ٹکسالیا - (۳) قلب سکے بنانے والا ؛ سکہ باز -

Coinstantaneous, *a.* : هم وقت ؛ هم زمان ؛ هم آن ؛ ایک هی لمحے میں واقع هونے والا -

Coir, *n.*: ناریل کے ریشے جن سے رسیاں ، چٹائیاں وغیرہ بنتی ہیں ؛ ناریا –

Coition, *n.*: جماع ؛ صحبت ؛ مباشرت ؛ مجامعت ؛ بھوگ : وصل ؛ وصلت ؛ مواصلت ؛ وصال –

Coke, *n.*, & *v.t.*: کوک پتھر کا وہ کوئلہ جس سے آنچ دے کر کاربن خارج کر دیتے ہیں اور جو لوہے کے پگھلانے میں کام آتا ہے ؛ ڈر کول (ج)-

Col, *n.*: تنگ گھاٹی –

Col: (واصلہ) بجائے COM –

Cola, k-, *n.*: مغربی افریقہ کا ایک درخت ؛ کولا –

c.-nut, c.-seed: اس درخت کے بیج جو اچار ، مقوی دوا یا الکوحال کے مارک کے طور پر استعمال کئے جاتے ہیں –

Colander (ku-), Cullender, *n.*, & *v.t.*: (۱) چھلنی ؛ ھانگی ؛ غربال – (۲) چھڑے تھالنے کا سانچا –

Co-latitude, *n.*: (فلکیات) عرض البعد کا خاتمہ ؛ عرض التمام –

Colcannon, *n.*: ایک آئرستانی کھانا : آلو ، گوبھی کا سالن –

Colchicum (-ki-), *n.*: سور نجان ایک زھریلا پودا جو زعفران کے بہت مشابہ ہوتا ہے –

Colcothar, *n.*: لوھے کا سرخ آکسائڈ جس سے شیشے پر جلا کرتے ہیں ؛ قلقطار (ع) -

Cold, *a.*: (۱) ٹھنڈا ؛ سرد ؛ خنک ؛ بارد – (۲) جو گرم نہ کیا گیا ہو ؛ جو گرم کرنے کے بعد سرد ہوگیا ہو – (۳) بے حس ؛ بے مہر – (۴) سرد مہر ؛ افسردہ – (۵) کپکپا دینے والی ؛ افسردہ کن ؛ غیر دلچسپ – (۶) ھلکی ؛ خفیف بو (شکار) ؛ شکار باس – (ج)

c. bsla: دھڑکنی کی ھوا –

c.-blooded: سرد خون والے (مچھلی اور رینگنے والے کیڑے) ؛ بلغمی مزاج ؛ ٹھنڈی مٹی ؛ بے درد –

c.-chisel: دیکھو CHISEL –

c. coil: ٹھنڈی پٹی (استوہم مقام پر ٹیوب میں پانی بھر کر لپیٹ دیتے ہیں) -

c. colours: ٹھنڈے رنگ (مثلاً : نیلا ، خاکستری وغیرہ) –

c. cream: دیکھو CREAM –

c.-drawn: دیکھو CASTOR-OIL –

c.-hammer: ٹھنڈے لوھے کو کوٹنا پیٹنا –

c. in death or *c.*: ٹھنڈا ھو گیا ؛ مر گیا ؛ مردہ –

c.-livered: سرد جگر ؛ سرد ؛ افسردہ دل ؛ بے جذبات ؛ بے جوش ؛ ٹھنڈی مٹی ؛ ٹھنڈی مٹی کا –

c. meat: ٹھنڈا گوشت –

c.-pig: ٹھنڈے پانی کے چھینٹے دے کر جگانا – (*n.*) ٹھنڈے پانی کے چھینٹے کسی کو جگانے کے لیے –

c. shoulder: بکری کی ران یا بکری کا دست بھنا ھوا –

c. steel: تلوار ، سنگین وغیرہ (یعنی وہ ھتیار جو داغے نہیں جاتے) -

c. without: تلخ شراب پانی کے ساتھ ؛ بغیر شکر کے شراب ٹھنڈے پانی میں ؛ بغیر شکر کے –

give the c. shoulder to: سرد مہری سے پیش آنا ؛ بد خلقی سے ؛ رکھائی کرنا ؛ بے رخی کرنا –

in c. blood: بے دردی سے ؛ بے دردانہ –

throw c. water on plan: (کسی کام یا منصوبے پر) پانی پھیر دینا ؛ دل شکستہ کرنا ؛ پست ھمت کرنا ؛ افسردہ کرنا ؛ دبانا

coldblooded, *a.*: دیکھو C. BLOODED –

coldbloodedness, *n.*: C.-BLOODED کا اسم –

cold-hearted, *a.*: بے حس ؛ سرد مہر –

cold-heartedly, *adv.*: متذکرہ بالالفظ کا متعلق فعل –

cold-heartedness, *n.*: متذکرہ بالا کا اسم –

coldish, *a.*: ٹھنڈا سا ؛ خنک سا ؛ سرد سا –

coldly, *adv.*: سرد مہری سے ؛ بے اعتنائی سے ؛ بے پروائی سے ؛ بے رخی سے ؛ غفلت سے –

coldness, *n.*: ٹھنڈک ؛ خنکی ؛ سردی ؛ افسردہ دلی ؛ سرد مہری ؛ روکھا پن ؛ بے اعتنائی –

Cold, *n.*: (۱) ٹھنڈک ؛ ٹھنڈ ؛ جاڑا (۲) زکام ؛ نزلہ ؛ سردی ؛ ھوا زدگی –

left out in the c.: بے پروائی برتی جانا : بے توجہی ھونا ؛ کس مپرسی میں ڈال رکھنا –

coldproof, *n.*: جس پر سردی اثر نہ کرے ؛ سردی روک ؛ ٹھنڈ روک –

Cold-short, *a.*: ٹھنڈی حالت میں چٹ سے ٹوٹ جانے والا (لوھے کے لیے) -

Cole, *n.*: ایک قسم کا کرم کلا ؛ گوبھی (اب متروک ہے صرف بطور واصلہ ان معنوں میں آتا ہے) -

c.-seed: درخت جس سے روغن کلزا حاصل ھوتا ہے (گوبھی کے بیج کا روغن)

Coleopterous, *a.*: ایک قسم کے بھونرے سے متعلق –

Colic, *n.*: قولنج ؛ قلنج ؛ درد شکم ؛ پیٹ کا درد ؛ مروڑ ؛ پیچ –

colicky, *a.*: قولنجی ؛ درد شکم سے متعلق –

Collaborate, *v.i.*: ساتھ مل کر کام کرنا ؛ ساتھ محنت کرنا ؛ ھاتھ بٹانا ؛ ھم کاری کرنا (ادب اور فنون لطیفہ میں) -

collaboration, *n.*: ھم کاری ؛ رفاقت ؛ شرکت محنت ؛ ھاتھ بٹائی ؛ شرکت کار –

collaborator, *n.*: شریک ؛ شریک کار ؛ شریک محنت ؛ ھم کار ؛ رفیق کار –

Collapse, *n.*, & *v.i.*: دفعتاً گرنا ؛ دھڑام سے گر پڑنا ؛ ھمت ھار دینا ؛ جواب دے دینا ؛ حالت سقیم ھوجانا ؛ تھیر ھوجانا –

collapsed, *a.*: نقیہ ؛ درماندہ ؛ شکستہ –

Collapsible,-able, *a.*: تہ ھوجانے والا –

Collar, *n.*: (۱) کنٹھا ؛ گلوبند ؛ کالر – (۲) گردنی – (۳) تائت کے تمغے کی زنجیر – (۴) پٹا ؛ حلقہ – (۵) مال – (۶) وہ چھلا جس میں مچھلیوں کا چارا پرویا ھوا ھوتا ہے – (۷) دھاری دار حلقہ ؛ کنٹھا ؛ کنٹھی ؛ ھنسلی ؛ طوق گردن –

c.-bone: ھنسلی : ھنسلی کی ھڈی ؛ ھانس –

c.-harness: گلے کا ساز –

c. of ss or *esses*: قدیم زمانے میں لنکاسٹر کا نشان تھا اب بھی بعض موقعوں پر لباس میں لگایا جاتا ہے –

c.-work: سخت کھنچائی ؛ جفاکشی ؛ سخت محنت ؛ شدید کوشش اور جد و جہد –

against the c.: (= *c.-work.*)

(-) **collared,** *a.*: کنٹھی دار ؛ گریبان دار ؛ پٹے دار ؛ کالر دار -

collarless, *a.*: بے گریبان کا ؛ بے پٹے کا -

Collar, *v. t.*: (۱) گریبان پکڑنا ؛ گریبان میں ہاتھ ڈالنا ؛ گرفتار کرنا - (۲) مخالف کو روکنا ' پکڑنا ؛ گیند چھیننے کی کوشش کرنا (فٹ بال میں) - (۳) چھیننا ؛ غصب کرنا ؛ ہضم کرنا - (۴) گوشت کے پارچوں کو لپیٹ کر ڈوری سے باندھنا -

Collaret (te), *n.* زنانہ کالر ؛ زنانہ گریبان جو زرین یا سمور کا ہوتا ہے -

Collate, *v.t.*: (۱) کتاب کے مختلف نسخوں کا مقابلہ کرنا ؛ ملانا ؛ مطابق کرنا - (۲) ترک لگانا (جلد بندی) - (۳) پادری کو گرجا کی خدمت سپرد کرنا -

collator, *n.*: مقابلہ کرنے والا ؛ ترک لگانے والا -

Collateral, *a.* & *n.*: (۱) پہلو بہ پہلو ؛ برابر برابر ؛ متوازی ؛ ہم پہلو - (۲) ہم اصل ؛ ہم جد ؛ ایک دادا کی اولاد ؛ یک جدی - (۳) معترضہ ؛ غیر متعلق -

c. security or c.: مزید کفالت -

collaterally, *adv.*: (۱) متوازیاً ؛ پہلو بہ پہلو ؛ برابر - (۲) یک جدی حیثیت سے - (۳) معترضہ کے طور پر -

Collation, *n.*: (۱) مقابلہ ؛ موازنہ ؛ مطابقت - (۲) (رومن کتھولک) ناشتا ؛ افطاری -

Colleague, *n.*: ہم منصب ؛ شریک کار ؛ رفیق ؛ شریک منصب -

Collect, *n.*: عیسائیوں کی ایک دعا جو نماز کے بعد پڑھی جاتی ہے -

Collect, *v.t.* & *i.*: (۱) جمع کرنا ؛ اکٹھا کرنا ؛ جوڑنا ؛ اکٹھا کرنا ؛ جمع ہونا ؛ اکٹھا ہونا وغیرہ - (۲) جمع کرنا ؛ اکٹھا کرنا - (۳) وصول کرنا ؛ اگاھنا ؛ تحصیل کرنا - (۴) حواس مجتمع کرنا ؛ حواس میں آنا ؛ ہوش میں آنا ؛ حواس بحال کرنا ؛ حواس درست کرنا -

c. a horse: گھوڑے کو قابو میں رکھنا -

collected: حواس میں ؛ بے جوش ؛ حواس درست ؛ خاطر جمع -

collected, *adv.*: بغیر جوش کے ؛ حواس میں رہ کر ؛ حواس مجتمع کرکے -

collectanea, *n. pl.*: انتخاب ؛ چیدہ مضامین ؛ منتخبات ؛ مجموعہ -

Collection, *n.*: (۱) جمع ، جوڑ ؛ بٹورن ؛ فراھمی - (۲) اگاھی - (۳) چندہ (خیراتی کاموں کے لیے) - (۴) انبار ؛ ذخیرہ (پانی یا مٹی کا) - (۵) مجموعہ ؛ ذخیرہ (ایک ھی قسم کی چیزوں کا) ؛ (جمع) آکسفورڈ کے میقاتی انتخابات -

Collective, *a.* & *n.*: مجموعی ؛ اکٹھا

c. fruit: متعدد پھولوں کا پھل (جیسے اننناس) -

c. note: متعدد یاد داشت -

c. noun: اسم جمع -

collectively, *adv.*: اکٹھا ؛ مجموعی طور پر -

collectivism, *n.*: نظریۂ اجتماعیت (یعنی ملکیت اجتماعی ہونی چاھیے) -

collectivist, *n.*: نظریۂ اجتماعیت کا حامی یا پیرو ؛ اجتماعی -

collectivity, *n.*: اجتماعیت -

Collector, *n.*: (۱) محصل ؛ جامع ؛ وصول کرنے والا ؛ اگاھنے والا ؛ تحصیلنے والا - (۲) جمع کرنے والا ؛ اکٹھا کرنے والا - (۳) کلکٹر ؛ ڈپٹی کمشنر ؛ صاحب ضلع (ھندوستان) - (۴) ایک پرزہ -

collectorate, *n.*: کلکٹری ؛ کلکٹر کا حلقۂ اقتدار ؛ تعلقداری -

collectorship, *n.*: کلکٹری ؛ تعلقداری -

Colleen, *n.*: لڑکی ؛ دیہاتی عورت (آئرستان) -

College, *n.*: (۱) کالج ؛ مدرسۃ العلوم ؛ بڑا مدرسہ ؛ کلیہ - (۲) مجلس ؛ انجمن ؛ جمعیت - (۳) کلیہ یا جامعہ سے الحاق یافتہ ادارہ (۴) چھوٹی سند دینے والی جامعہ - (۵) بڑا ثانوی مدرسہ - (۶) غیر سرکاری مدرسے کا نام - (۷) کسی خاص پیشے کی تعلیم گاہ -

c. living مدد معاش (منجانب کالج) -

c. pudding: آلوچے کی پوڈنگ (ایک شخص کے کھانے بھر کی) -

Herald's C., C. of Arms: مدرسۂ نقابت ' جہاں انساب کا اندراج ہوتا ہے اور مار کے عطا کیے جاتے ہیں -

Sacred C., c. of cardinals: پوپ کی مجلس جس کے ستر رکن ہوتے ہیں -

collegial, *a.*: کالج کے متعلق ؛ کلیے کے متعلق ؛ کالجی ؛ مجلسی -

Colleger, *n.*: ایٹن کے قائم ہونے کے زمانے کے ستر طلبہ میں سے ایک -

Collegian, *n.*: کالج کا طالب علم ؛ کالج کا رکن -

Collegiate, *a.*: (۱) کالج کا ؛ مدرسے کا ؛ جامعہ کا ؛ کلیے کا - (۲) مجلس کا ؛ انجمن کا -

c. school: اعلی درجے یا اعلی حیثیت کا مدرسہ -

Collegiate, *v.t.*: کالج کی حیثیت دینا ؛ کالج کا درجہ دینا -

Collet, *n.*: (۱) حلقہ ' گردا ' خانہ ' گھر یا بیٹھک جس میں نگ رکھا جاتا ہے -

Collide, *v.i.*: (۱) ٹکرانا ؛ متصادم ہونا ؛ لڑنا بھڑنا ؛ ٹکر کھانا - (۲) مخالفت ہونا ؛ کھٹ پٹ ہونا ؛ اختلاف ہونا -

Collie, -y, *n.*: اسکاٹستان کا گلہ بان کتا ؛ گڈریے کا کتا -

Collier, *n.*: (۱) کوئلہ کھودنے والا (۲) کوئلہ بیچنے والا (۳) کوئلہ کا جہاز - (۴) (کان سے) کوئلہ نکالنے والا - (۵) کوئلے کے جہاز کا ملاح -

colliery, *n.*: کوئلے کی کان ؛ معدن زغال -

Colligate, *v.t.*: مربوط کرنا ؛ ترتیب دینا ؛ اکٹھا کرنا -

colligation, *n.*: ربط ؛ ترتیب ؛ اکٹھائی -

Collimate, *v.t.*: شست درست کرنا ؛ خط نظر ٹھیک کرنا ؛ دوربین ملانا ؛ سیدھ باندھنا ؛ متوازی کرنا -

collimation, *n.*: [اسم ' مذکور بالا معنوں میں] -

Collimator, *n.*: [اسی کا اسم فاعل] -

Collinear, *a.*: ہم خط ؛ ہم سطح ؛ جو ایک ھی خط یا سطح پر واقع ہوں -

Collision, *n.*: ٹکر ؛ دھکا ؛ مٹ بھیڑ ؛ تصادم ؛ تخالف ؛ (مجازاً) حروف کا ناگوار طور سے ملنا ؛ تنافر (حروف) -

c.-mat: (بحری) جہاز میں تصادم سے پیدا شدہ سوراخ کو بند کرنے کا بوریا ؛ پلیٹۂ جہاز (چ) -

come into c. with : کسی چیز سے ٹکرانا ؛ لڑنا ؛ لڑ جانا یا تصادم ہونا -
Collocate, *v.t.* : نصب کرنا ؛ ترتیب دینا ؛ سجانا -
collocation, *n.* : ترتیب ؛ سجاوٹ وغیرہ -
Collocutor, *n.* : شریک ؛ ہم کلام -
Collodion, *n.* : (عکسی اور جراحی میں استعمال ہونے والا) ایک محلول ؛ محلول کولوڈین -
collodio- : (واصلہ) -
collodioned, *a.* : کولوڈینی ؛ کولوڈین دار -
collodionize, *v.t.* : کولوڈین بنانا ؛ کولوڈیانا -
Collogue (-og), *v.i.* : (۱) للو پتو کرنا ؛ روغن قاز ملنا ؛ تملق کرنا ؛ پھسلانا ؛ ھاں میں ھاں ملانا - (۲) سازش کرنا ؛ ساز باز رکھنا ؛ ملی بھگت رکھنا (۳) کھسر پھسر کرنا ؛ تخلیے میں گفتگو کرنا -
Colloid, *a. & n.* : (۱) چیچپاتا ؛ چپکتا ؛ لعابی ؛ سریش جیسا ؛ (طب) گداختہ رگ ریشے جو کسی بیماری میں بگڑ کر چپچپے ھو جاتے ھیں - (۲) گداختہ مادہ - (۳) (کیمیا) بستہ ؛ منجمد مادہ (جو بلوری نہ ھو مگر سخت ھو جائے) -
Colloidal, *a.* : منجمد ؛ بستہ -
Collop, *n.* : (۱) گوشت کا پرت ؛ قاش ؛ ٹکڑا ؛ پارچہ - (۲) (بائبل کی اصطلاح میں) وہ بٹ یا سلوٹ جو موٹے آدمی یا جانور کے بدن پر پڑتی ھے -
Colloquial, *a.* : عام بول چال کا ؛ روز مرے کا (لفظ) ؛ غیر علمی ؛ عامی (لفظ) -
colloquialism, *n.* : بول چال ؛ بول چال کا محاورہ -
colloquialist, *n.* : خوش گپ ؛ خوش گو -
Colloquy, *n.* : (۱) بول چال ؛ محاورہ ؛ مکالمت ؛ بے تکلف گفتگو ؛ بات چیت - (۲) (کلیسا کی اصطلاح میں) فصل خصومات اور وضع قوانین کی عدالت ؛ گرجا کچہری -
Collotype, *n.* : کیمیائی مسالے کی لوح یا جھلی جس پر سے آفتاب کی روشنی پڑنے سے نقش بن جاتے ھیں اور اُنھیں کا عکس کاغذ پر چھاپ لیتے ھیں ؛ عکس ریز ؛ عکس بخش -
c. plate : عکس ریز لوح ؛ عکس بخش لوح -
c. process : عکس ریزی کا عمل ؛ عکس ریزی -
Collude, *v.i.* : ساز باز ہونا ؛ خفیہ مل جانا ؛ اندرونی قرار داد ہونا ؛ سانٹ گانٹ ہونا ؛ ملی بھگت ہونا -
Collusion, *n.* : خفیہ سازش ؛ اندرونی قرار داد (خاص کر فریقین مقدمہ کی جو بظاہر ایک دوسرے کے مخالف ھوں) ؛ ملی بھگت -
collusive, *a.* : سازش آمیز ؛ پر فریب ؛ جعل سازانہ -
collusively, *adv.* : سانٹھ گانٹھ سے ؛ دغا بازی سے ؛ جعل سازانہ ؛ ساز باز سے -
Collyrium, *n.* (pl.-*ia*) : سرمہ ؛ سلائی ؛ چشم شو -
Collywobbles, *n.pl.* : (سوقیانہ) قراقر ؛ پیٹ کے اندر کی قراقر ؛ گڑ بڑ -
Colney Hatch, *n.* : صوبۂ لندن کے دارالمجانین کا نام " کولنی ھچ " -
Colocynth, *n.* : کڑوا کھیرا ؛ خیار تلخ کی ایک قسم جو مسہل کے کام آتی ھے ؛ اندراین ؛ حنظل -
Colon, *n.* : (۱) وقف توضیحی ؛ شارحہ تفصیلیہ ؛ ایک تحریری علامت جس میں تلے اوپر دو نقطے اور اکثر آگے ایک خط بھی ھوتا ھے (:-) - (۲) بڑی آنت ؛ قولون ؛ لمبی انتڑی کا دوسرا اُوپا بڑا حصہ -
colonitis, colitis, *n.* : ورم قولون ؛ اماس رودہ ؛ قولنج کی سوجن -
Colonate, *n.* : قدیم رومیوں میں ایسے کسان جو زمین کے ساتھ منتقل ھوتے تھے ؛ رعیت -
Colonel (kernl), *n.* : ایک اعلیٰ فوجی عہدہ دار ؛ سردار فوج ؛ پلٹن یا رسالے کا اعلیٰ افسر ؛ کرنیل ؛ قدیم اصطلاح میں کمیدان -
colonelcy, *n.* : کرنیلی کا عہدہ -
Colonelship, *n.* : کرنیلی ؛ کمیدانی -
Colonial, *a. & n.* : نو آبادی کا باشندہ یا نو آبادی سے متعلق ؛ نو آباد ؛ آباد کار -
C. Office : محکمۂ نو آبادی ؛ وزارت مستعمرات -
colonialism, *n.* : (۱) نو آبادی والوں کی عادات یا لب و لہجہ یا محاورہ ؛ نو آباد کاروں کا طرز یا زاویہ ؛ مستعمروں کی وضع - (۲) استعمار پسندی یا مستعمرین کی حمایت ؛ مستعمریت -
colonially, *adv* : مستعمرانہ ؛ نو آبادیوں کے اغراض و مصالح کو پیش نظر رکھ کے -
Colonist, *n.* : آباد کار ؛ مستعمر ؛ نو آبادی کو بسانے یا اُس میں بس جانے والا -
Colonize, *v.t. & i.* : نئی بستی بسانا ؛ نئی جگہ آباد کرنا ؛ نئی جگہ جاکر آباد ھو جانا ؛ استعمار -
colonization, *n.* : آباد کاری ؛ نئی بساہٹ -
colonizer, *n.* : آباد کار ؛ مستعمر ؛ آباد گر -
Colonnade, *n.* : (۱) ستونوں کی قطار ؛ دالان یا بر آمدہ (جس میں بہت سے ستون یا کھمبے ھوں اور اوپر گردنا دیا گیا ھو) - (۲) درختوں کی قطار (جیسے : نخلستان یا امریوں میں) -
colonnaded, *a.* : ستون دار ؛ کھمبوں والا -
Colony, *n.* : (۱) نئی بستی ؛ نو آبادی ؛ کسی نئی جگہ بیرونی لوگوں کی آبادی جن کا سیاسی تعلق اپنے وطن سے باقی رھے ؛ آباد کاروں کی جماعت یا اُن کا علاقہ - (۲) قدیم یونانی تاریخ کی اصطلاح میں وہ نیا شہر جسے یونانی مہاجرین نے بسایا ھو اور وطنی حکومت سے آزاد ھو - (۳) رومی تاریخ میں فوجی نو آبادی جس میں بالعموم فوج کے پرانے سپاھی آباد کر دیے جاتے تھے ؛ چھاونی - (۴) (حیاتیات) کیڑوں یا جانداروں کی بستی (جیسے : مونگے میں) ؛ کیڑ بستی ؛ کیڑ بادھا -
Colophon, *n.* : (کتاب کا) خاتمہ ؛ خاتمۂ کتاب ؛ کتاب کے اخیر کی وہ تحریر جس میں قدیم زمانے میں مصنف اپنے اور اپنی تصنیف کے حالات لکھتا اور اکثر لفاظی اور انشاپردازی کا زور دکھاتا تھا -
Colophony, *n.* : سیاہ رال جس سے تارپین مقطر کرکے نکالتے ھیں ؛ ڈامر -
coloph-, colophon- : واصلہ جو مذکورۂ بالا رال کے مرکبات کے ناموں کے شروع میں آتا ھے -
colophonate, *n.* : کالی رال کے تیزاب کا نمک ؛ ڈامر نمک -
Coloquintida, *n.* : دیکھو COLOCYNTH -
Colorado beetle, *n.* : زرد بھونرا (جس پر کالی دھاریاں ھوتی

هیں اور آلو کی فصل کو نقصان پہنچاتا ھے) -

Colo(u)ration(ku- ko-), *n.* : (۱) رنگت ؛ رنگ داری ؛ رنگینی - (۲) رنگ بھرائی (تصویر میں) ؛ رنگ دینے کا عمل ؛ رنگ آرائی - (۳) قدرتی رنگ ؛ خاص کر جانوروں کی رنگا رنگی ؛ بو قلمونی -

Colorific, *a.*: رنگ فشاں ؛ رنگ چکاں (ح) ؛ رنگ بار (ح) ؛ رنگ بیز ؛ رنگ انگن (ح) ؛ رنگ چھوڑنے والا ؛ گہرے رنگ کا ؛ شوخ رنگ -

Colorimeter, *n.*: رنگ پیما ؛ مقیاس اللون ؛ رنگ کی کمی بیشی جانچنے کا آلہ -

Colossal, *a.*: عظیم الجثہ ؛ دیو پیکر ؛ دیو ہیکل ؛ عفریت آسا ؛ (عام محاورے میں) دیدارو ؛ شاندار ؛ خوشنما -

colossally, *adv.*: شان کے ساتھ ؛ خوشنمائی سے -

Colossus, *n.* (**pl.-i,-uses**): معمولی قد و قامت سے بڑی مورت ؛ دیو پیکر مجسمہ ؛ عفریت پیکر ؛ (استعارۃ) وہ وسیع سلطنت جس کے (ایک قدیم یونانی بت کے مثل) مختلف ممالک زیر قلمرو یا قبضے میں ہوں ؛ غدار (ملک یا سلطنت) -

Colotomy, *n.*: جراحی شگاف (قولنج کے مرض میں) -

Colour (ku-), *n.*: (۱) رنگ ؛ لون ؛ ایک خاص احساس جو انتشار شعاع سے آنکھ کی پتلی پر پیدا ہوتا ھے ؛ ہر قسم کا ہلکا ، گہرا رنگ ؛ مرکب یا مفرد رنگ - (۲) سرخ فامی ؛ (چہرے کی) سرخی - (۳) رنگ روپ ؛ شکل صورت ؛ شان - (۴) (فن مصوری کی اصطلاح میں) نقاشی ؛ رنگ آمیزی ؛ رنگ بھرنے کا اصول ؛ رنگ بھرنے کی خوبی ؛ وہ کیفیت جو ہلکے رنگوں کے ملانے سے پیدا ہوتی ھے - (۵) رنگ (سفوف یا قرص کا جس سے تصویروں میں کام لیتے ہیں) ؛ روغن ؛ مسالا - (۶) (جمع) رنگین فیتا یا وردی (جو کسی خاص جماعت یا گروہ کے لوگ یا کھلاڑی بطور نشان کے اختیار کرلیتے ہیں) ؛ بانا - (۷) فوج یا جہاز کا جھنڈا ؛ پھریرا ؛ علم ؛ پرچم - رنگیں کپڑے ؛ رنگ برنگ کے ملبوسات - (۹) بناوٹی بات ؛ قسم ؛ نوعیت ؛ حیلہ ؛ بہانہ ؛ عذرلنگ ؛ عذر باطل ؛ (موسیقی کی اصطلاح میں) گانے کی قسم ؛ طرز ادا کی نوعیت - (۱۰) طرز ؛ حالت ؛ رنگ ڈھنگ - (۱۱) خاص معنی ؛ کنایہ ؛ اشارہ ؛ (موسیقی و علم بیان) رنگینی حسن بیان ؛ جادو بیانی ؛ عبارت آرائی ؛ انشا پردازی ؛ لفاظی -

c. bar: اختلاف رنگ ؛ نسلی کالی اور گوری قوموں میں قانونی یا معاشرتی امتیاز -

c.-blind: رنگودھیا ؛ رنگندھا (رنگ۔ اندھا) (ح) رنگ نا شناس -

c.-box: رنگوں کا بکس ؛ صندوقچۂ نقاشی ؛ رنگ دان (جس میں نقاشی کے واسطے مختلف رنگ رکھے جاتے ہیں) -

c.-man: رنگوں کا سوداگر ؛ رنگ فروش ؛ ؛ رنگ بیچنے والا -

c.-sergeant: علم بردار سپاہی ؛ جھنڈے کا محافظ ؛ نشان دار ؛ جھنڈے کی نگہداشت کرنے والا سپاہی -

accidental, complementary, c.: امدادی رنگ ؛ ہر رنگ کے لیے ایک دوسرا امدادی رنگ ہوتا ھے جسے مقررہ مقدار میں ملانے سے وہ رنگ سفید ہو جاتا ھے -

come off with flying cc.: کامیابی پانا ؛ بازی جیتنا ؛ قابل تحسین کام کرنا -

fundamental, primary, simple, cc.: لون صحیح ؛ لون اصلی (یعنی سرخ ، سبز اور بنفشی یا معروروں کے نزدیک سرخ ؛ نیلا اور زرد اصلی رنگ ہیں اور باقی سب رنگ انہیں کو مختلف مقدار میں ملانے سے پیدا ہوتے ہیں) -

get **one's**, *give* **one** *his*, *cc.*: کھیلنے یا ورزش کرنے والوں کی جماعت میں داخل کیا جانا ، لے لیا جانا ؛ وردی پانا -

local c.: جزئیات (جن سے اصل شے یا تصویر زیادہ نمایاں اور واضح ہو جائے) ؛ پس منظر ؛ فضا -

change c.: رنگ آ جانا ؛ رنگ بدلنا یا بدل جانا ؛ سرخ ہو جانا ؛ سرخی دوڑ جانا -

lose c.: رنگ اڑنا ؛ رنگ فق ہو جانا ؛ زرد ہو جانا ؛ زرد پڑ جانا -

man of c.: کالا آدمی ؛ غیر صبیح اقوام کا فرد خاص کر حبشی ، زنگی -

nail cc. to mast: جمے رہنا ؛ مستقل رہنا ؛ جگہ سے نہ ٹلنا ؛ نیچے اترنے سے انکار کرنا -

secondary c.: ثانوی رنگ ؛ مرکب اول (یعنی دو اصل رنگوں کو ملانے سے جو رنگ پیدا ہوتا ھے) -

show **one's** *cc.*: اپنی اصلی فطرت یا منصوبے کو ظاہر کرنا -

colour-blindness, *n.*: رنگ نا شناسی ؛ رنگندھا پن ؛ رنگوندھا (ح) -

colourist, *n.*: رنگ آمیز ؛ نقاش (جسے رنگ بھرنے میں کمال حاصل ہو) رنگ ساز ؛ ماہر رنگ -

colouristic, *a.*: نقاشانہ ؛ رنگ سازانہ ؛ ماہر رنگ سے متعلق -

Colour (ku-), *v.t. & i*: (۱) رنگنا ؛ رنگ بھرنا ؛ رنگ دینا - (۲) رنگ آمیزی کرنا ؛ حاشیہ چڑھانا ؛ بات بنانا - (۳) اپنی طرف سے جھوٹ ملا دینا -

coloured person: حبشی ؛ حبشی نژاد (جس میں حبشی قوم کی آمیزش ہو) -

take on c.: شرمانا ؛ لجانا ؛ رنگ اڑ جانا ؛ جھینپنا -

Colourable (ku-), *a.*: مصنوعی ؛ جعلی ؛ بناوٹی ؛ نمائشی ؛ صورت حرام -

colourably, *adv.*: بناوٹ سے ؛ رنگ آمیزی سے ؛ فریب کے ساتھ -

Colouring, *n.*: رنگ ؛ رنگ بھرنے کی وضع یا طرز ؛ رنگ آرائی ؛ رنگینی -

Colourless, *a.*: (۱) بے رنگ ؛ پھیکا ؛ زرد ؛ بے لطف - (۲) بے اصول ؛ کم زور (اخلاقاً) ؛ الگ تھلگ ؛ روکھا پھیکا ؛ غیر جانب دار ؛ بے رنگ -

colourlessly, *adv.*: [متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں] -

colourlessness, *n.*: [اسم ، مذکورۂ بالا معنوں میں] -

Coloury (ku-), *a.*: (تجارتی اصطلاح) چوکھا ؛ مشہور (ایسے رنگ کا مال جس سے اس کی عمدہ قسم ظاہر ہوتی ہو) -

Colporteur, *n.*: پھیری والا کتب فروش ؛ انجیل فروش ؛ مذہبی کتابیں بیچنے یا بانٹنے پھرنے والا ملازم -

Colt, *n., & v.t.*: بچھیرا ؛ کرہ ؛ چار پانچ سال کی عمر تک کا نوجوان گھوڑا ؛ بے وقوف یا کم عقل آدمی ؛ الھڑ بچھیرا ؛ اناڑی ؛

بُرکت کا پیشہ ور کھلاڑی جو پہلی مرتبہ میدان میں آئے ؛ (ملاحی) زیر بند ؛ کرڑا ؛ رسی جس سے سزادی جاتی ھے

c. revolver: ایک قسم کا خود بخود چلنے والا تپنچا یا بندوق ؛ خود رو تپنچا یا بندق -

coltsfoot: ایک قسم کے پھول لانے والے درخت کا بیج ؛ جنگلی ادرک -

c.'s tail: بادل جس کے کنارے پھٹے پھٹے ھوں ؛ دامن چاک ابر -

colthood, *n.*: بچھیراپن -

coltish, *a.*: بچھیرے سا ؛ بیہدہ ؛ خفیف الحرکات ؛ کھلنڈرا -

Colubrine, *a.*: سانپ جیسا ؛ مار آسا (خاص کر کولو بر نامی سانپ سے مشابہ یا متعلق) ؛ چالاک ؛ فریبی -

Columbine, *n.*: ل کبوتر ؛ ایک درخت جس کا پھول بالکل ایسا ھوتا ھے جیسے پانچ کبوتروں کا ایک گچھا ھو -

Column(-um), *n.*: (۱) کھم ؛ کھمبا ؛ ستون ؛ لاٹھ ؛ مینار ؛ (مجازاً) سہارا ؛ ٹیک ؛ ڈیکا - (۲) ستون نما شے - (۳) (عضویات ؛ نباتیات) عضو - (۴) مشین کا جز ؛ اُستوانہ - (۵) فوج کا پرا ؛ صفیں (جن کے سامنے کا رخ بہت کم چوڑا ھو) ؛ (۶) صفحے کا حصہ (خاص کر اخبار کا) ؛ کالم ؛ خانہ - (۷) جہازوں کا بیڑا جب وہ ایک دوسرے کے پیچھے جارھے ھوں ؛ جہازوں کی قطار

columnar, columned, columniform, *aa.*: ستون والا ؛ کھمبوں کا ؛ کھمبے دار ؛ ستون نما -

Colure, *n.*: (ھیئت) دائرۃالانقلاب ؛ اُن دو بڑے دائروں میں سے ایک دائرہ جو قطبین پر مستطیل بناتے ھوئے ایک دوسرے کو کاٹتے ھیں اور خط اعتدال اور خط مدار کو چار برابر کے حصوں میں تقسیم کرتے ھیں -

Colza, *n.*: گوبھی کا بیج ؛ کرم کلے کا بیج ؛ تخم کرنب -

c.-oil: روغن کرنب -

Com-, *pref.*: *co-, con-, cor* ایک سابقہ جو مختلف حالتوں میں کی صورت اختیار کرلیتا ھے اور ساتھ ، باھم ، اکٹھا کے معنے دیتا ھے -

Coma, *n.*: غیر طبعی گہری نیند ؛ خواب غفلت ؛ خواب گراں ؛ بے ھوشی ؛ غفلت -

comatose, *a.*: غیر طبعی طور پر غافل یا بے خبر سوتا ھوا ؛ بے ھوش -

Coma, *n.* (*pl.-ae*): (نباتیات) بیج ڈاڑھی ؛ بیج گچھا (باریک اور نرم ریشوں کا وہ گچھا جو بیج کے سرے پر نکل آتا ھے) ، پھٹیر ؛ ریشے دار اکھوا - (ھیئت) لفافہ یا غلاف ؛ سحابی ؛ سحابیہ کا وہ غلاف ، لفافہ یا خول جو دم دار تارے کے سر پر لپٹا ھوتا ھے ؛ کہکشانی کاذب -

Comb (kom), *n.*: (۱) کنگھی ؛ کنگھا ؛ شانہ - (۲) کوچ ؛ کوچی ؛ اون صاف کرنے یا بجلی جمع کرنے کا شانہ نما آلہ - (۳) (مرغ وغیرہ پرندوں کا) کیس ؛ کلغی ؛ تاج ؛ (کبوتر وغیرہ کی) چوٹی - (۴) چوٹی ؛ قلۂ کوہ - (سمندر میں) لہر چوٹی ؛ سر موج -

cut the c. of: ذلیل کرنا ؛ شیخی کر کری کرنا -

honeycomb: شہد کا چھتا -

honeycombed: چھتے والا ؛ چھتے بھرا ؛ چھتیالا ؛ شہد کے چھتے جیسا -

Comb, *v.t. & i.*: (۱) کنگھی کرنا ؛ کھریرا کرنا ؛ اون یا سن کو صاف کرنا ؛ ٹوھنا ؛ بل نکالنا - (۲) (موج کا) جل کھانا ؛ بل مارنا ؛ پیچاپی ھونا - (۳) (ظرافت) پیٹنا ؛ مرمت کرنا -

c. out: کسی کو داخل یا خارج کرنا ؛ (خاص کر اُن لوگوں کو جو مستثنیٰ کردیے گئے تھے) فوج میں بھرتی کرنا -

Combat *n., & v.t. & i.*: لڑنا ؛ مقابلہ کرنا ؛ کشمکش کرنا ؛ کشتی کرنا -

single c.: جنگ یکیکی ؛ مبارزت ؛ کشتی ؛ پکڑ ؛ اکیلے اکیلے کا مقابلہ -

Combatant (ku-), *a. & n.*: لڑنے والا ؛ سپاھی ؛ جنگ جو ؛ جنگ آزما ؛ حریف ؛ (جنگی اصطلاح میں) مصافی سردار (غیر مصافی عہدہ دار *c. officer* جیسے : فوجی ڈاکٹر وغیرہ کے مقابلے میں) -

Combative (ku-), *a.*: لڑاکا ؛ جھگڑالو ؛ جنگ جو -

combativeness, *n.*: لڑاکو پن ؛ جھگڑالو پن ؛ جنگ جوئی -

Combe: دیکھو COOMB -

Combar (-mer), *n.*: اون یا سن صاف کرنے والا آدمی یا آلہ ؛ دھنا ؛ ندات -

beach c.: لہر ؛ لمبی بل کھائی ھوئی موج ؛ موج پیچان -

Combination, *n.*: اِتحاد ؛ اِتصال ؛ اِکجائی ؛ میل ؛ جتھا ؛ متحدہ کارروائی ؛ (ریاضی ، بہ ہیئتۂ جمع) اِجتماعات ؛ (کیمیا) مختلف الخواص مادوں کا اِتصال ؛ اِلتصاق ؛ (جمع) تلا جامہ ؛ زیر جامہ ؛ بچوں یا عورتوں کا وہ تنگ لباس جس میں پا جامہ اور کرتا جڑے ھوئے ھوتے ھیں -

c.-room: کیمبرج میں طلبہ کا عام یا مشترک کمرا -

Combine, *v.t. & i., & n.*: (۱) جمع ھونا ؛ مل جانا ؛ اِکٹھا ھوجانا ؛ متحد ھو جانا ؛ با ھم ترکیب پانا ؛ آمیز ھو جانا - (۲) (*N.*) اِتحاد ؛ ؛ اِجتماع ؛ ایکا ؛ جتھا ؛ ؛ دھڑا (خاص کر ایسے لوگوں کا جو مل کر اجناس کی قیمت گراں کر دینی چاھتے ھوں یا تجارت میں دشواریاں حائل کریں) -

combinative, *a.*: اِتحاد پذیر ؛ قابل اِتصال ؛ اِکٹھا ھو جانے والا -

Combing (-mi-), *n.*: (۱) صفائی جھڑائی ؛ کُنگھائی - (۲) جھاڑن ؛ اُترن (خاص کر اُترے ھوئے بالوں کی) -

Combustible, *a. & n.*: آتش پذیر ؛ اِشتعال پذیر ؛ بھڑک اُٹھنے والا مادہ -

combustibility, *n.*: آتش پذیری ؛ اِشتعال پذیری -

Combustion, *n.*: اگروختگی ؛ اِشتعال ؛ احتراق ؛ سلگن ؛ (کیمیا) عمل احتراق ؛ حرارت پذیری -

Come, *v.i.* (*came, come*): (۱) آنا ؛ چلنا ؛ آگے بڑھنا (کسی مقام ، وقت یا نتیجے تک) - (۲) پہنچنا (۳) زمین پر گرنا ؛ اُترنا ؛ نازل ھونا ؛ تیزی سے آنا - (۴) نکلنا ؛ نکاس ھونا ؛ باھر آنا ؛ کسی خاندان یا شہر کا فرد ھونا - (۵) رفتہ رفتہ یا آخر میں کسی نتیجے پر پہنچنا یا مجبور ھو جانا یا ھٹ جانا - گزرنا ؛ بیتنا ؛ واقع ھوجانا ؛ (اتفاقاً) ھونا -

c. about: مڈ بھیڑ ھونا ؛ (کسی کو) کوئی چیز یا شخص ملنا ؛

c. across: کسی کا سامنا ھونا -

c. along : ساتھ ساتھ چلے آنا ؛ جلدی کرنا -

c. a sneeze : (عام محاورے میں) چھینک مارنا -

c. at : بات کو پہنچ جانا ؛ پالینا ؛ رسائی ہوجانا -

c. away : الگ ہوجانا ؛ چلے آنا ؛ ہٹ جانا -

c. by : (۱) پڑا پانا ؛ مل جانا ؛ ہاتھ آنا - (۲) قریب سے گذرنا -

c. down : نیچے آنا ؛ بعد کے زمانے تک روایتاً پہنچنا ؛ گرنا ؛ شیخی کرکری ہونا -

c. down upon : جھڑکنا ؛ جھاڑنا ؛ تنبیہ کرنا ؛ سزا دینا ؛ تاوان وصول کرنا -

c. down with : ادا کرنا ؛ اتارنا -

c. forward : سامنے نکل آنا ؛ اپنے تئیں پیش کرنا ؛ جواب دہی کے لیے سامنے آنا ؛ (جواب میں) لبیک کہنا -

c. home to : واضح ہو جانا ؛ سمجھ میں آجانا ؛ دل نشیں ہو جانا -

c. in : (۱) اندر آنا ؛ داخل ہونا - (۲) کھیل شروع کرنا ؛ درجہ وغیرہ میں درجہ پانا (جیسے وہ دوڑ میں تیسرا آیا) - (۳) منتخب ہونا ؛ بر سر اقتدار آنا - (۴) رواج پانا - (۵) کام آنا ؛ کارآمد ہونا - (۶) آمدنی ہونا ؛ (بطور آمدنی) وصول ہونا - (۷) بر محل ہونا -

c. in for : حصہ پانا ؛ لینا ؛ حاصل کرنا -

c. in one's *way* : حائل ہونا ؛ روکنا ؛ رکاوٹ ڈالنا -

c. into : قبضہ پانا -

c. into one's *head* : دل میں آجانا ؛ القا ہونا -

c. it strong : زور کرنا ؛ طاقت دکھانا ؛ بڑھ کے قدم مارنا -

c. near doing : بال بال بچنا یا ناکام ہوتے ہوتے رہ جانا -

c. off : (لڑائی کے اکھاڑے سے) الگ ہونا ؛ بچ کر نکل آنا ؛ اپنے کو بچالینا ؛ (مر گر کے) بچ نکلنا - (۲) پورا ہو جانا ؛ مراد بر آنا ؛ مکمل ہو جانا -

c. on : (بصیغۂ امر) پیروی کرنا ؛ کہا مانو (تنبیہاً) -

c. on, upon : (۱) جھپٹنا ؛ آپڑنا ؛ آگے بڑھنا - (۲) ترقی کرنا ؛ پھلنا پھولنا - (۳) (طوفان یا وبا کا) ناگہاں آجانا ؛ آدبانا - (۴) (بحث کے لیے) پیش ہونا ؛ (سوال) اٹھا یا جانا - (۵) لڑھکنے لگنا -

c. out : (۱) کام چھوڑ بیٹھنا ؛ بیٹھ رہنا ؛ ہڑتال کردینا - (۲) امتحان سے نکلنا ؛ کامیاب ہونا - (۳) ظاہر ہونا ؛ منکشف ہونا ؛ کھل جانا ؛ حل ہونا - (۴) چھپنا ؛ شائع ہو جانا ؛ (پہلی دفعہ سوسائٹی میں) نمودار ہونا ؛ برآمد ہونا -

c. out of : نکل جانے کا حکم دینا (عامیانہ) -

c. out with : کہہ دینا ؛ بیان کردینا -

c. over : (۱) غالب آنا ؛ غلبہ پانا ؛ رعب جمالینا ؛ رسوخ جمالینا - (۲) (فاصلہ یا دشواری) طے کر کے آنا - (۳) رائے بدلنا ؛ (دوسری طرف) آملنا - (۴) آ نکلنا ؛ (نگران یا محافظ کا) دیکھنے آجانا - (۵) مل جانا ؛ رضامند ہو جانا - (۶) (غش یا بیماری میں) آپ میں آجانا ؛ سنبھل جانا -

c. short : قاصر رہنا (ادائے فرض وغیرہ میں) -

c. to : (۱) وارد ہونا ؛ (اپنی جگہ پر) ٹھہر جانا - (۲) حرکت سے باز رہنا - (۳) تازہ دم ہونا ؛ تازہ قوت پانا ؛ نئی زندگی پانا (۳) ہوش میں آنا (غش یا بیوقوفی کی حرکت سے)-

c. to an end : ختم ہونا ؛ موقوف ہوجانا -

c. to blows : لڑائی پر اتر آنا ؛ سر پڑنا ؛ گھونسے بازی شروع کردینا -

c. to light : ظاہر ہو جانا ؛ منکشف ہو جانا ؛ شایع ہونا -

c. to one *self* : (بے ہوشی یا بے وقوفی کے بعد) ہوش میں آنا ؛ دل قابو میں آنا -

c. to stay : کسی شے کا مستقل یا یقینی ہو جانا -

c. under : تحت میں آنا ؛ زیر اثر آنا ؛ (کسی کے ساتھ) شمار ہونا -

c. under notice : کسی بات کا علم میں آنا -

c. up : (۱) یونیورسٹی میں داخل ہونا - (۲) (کچھ کہنے کے لیے) آگے بڑھنا یا پاس آنا - (۳) شانہ ملا کے چلنا - (۴) اگنا ؛ پھوٹنا - (۵) رائج ہونا ؛ مقبول ہونا - (۶) زیر بحث آنا - (۷) معیار کے مطابق ہونا ؛ پورا اترنا ؛ (بصیغۂ امر گھوڑے سے) دوڑو ؛ تیز چلو -

c. upon : (۱) آ پڑنا ؛ اچانک حملہ کرنا - (۲) (دل میں) اتر جانا ؛ اثر کرنا - (۳) مطالبہ کرنا - (۴) بار ہوجانا - (۵) (اتفاقاً) ملنا ؛ دو چار ہونا -

light c. light go : چار دن کی چاندنی ؛ آسانی سے ہاتھ آنا اور پھر جلد ہاتھ سے نکل جانا -

Come, *n.* : آنا ؛ آمد -

c. - & - go : آمد رفت ؛ آواجائی -

c. - down : تنزل ؛ پستی ؛ ذلت ؛ زوال -

Come - at - able, *a.* : پہنچ میں ؛ پہنچ کے اندر ؛ قابل رسائی ؛ ممکن الحصول ؛ وہ جس تک رسائی ہو سکے ؛ آسان رس -

Comedian, *n.* : (۱) ناٹکی ؛ تمثیل نگار ؛ ناٹک نویس ؛ کومڈی نگار ؛ طربیہ نگار - (۲) نقال ؛ بھانڈ ؛ سوانگی ؛ سوانگیا ؛ تماشاگر ؛ ایکٹر -

Comedienne (-mi -), *n.* : ناٹکی (عورت) ؛ رقاصہ (ایکٹرس) -

Comedietta, *n.* : چھوٹی کومیڈی ؛ نقل ؛ سوانگ -

Comedist, : تمثیل نویس ؛ ناٹک نویس (اس لفظ کا مفہوم کومیڈین کے معنوں پر حاوی نہیں) -

Comedy, *n.* : سوانگ ؛ ناچ رنگ ؛ (دل لگی کی اور اکثر طنز آمیز) نقل جس کا انجام خوشی پر ہو ؛ کھیل ؛ ناٹک کی قسم -

old, middle, new, C. : قدیم ، وسطی اور جدید کومیڈی : یونانی کومیڈی کی تاریخی تقسیم ، (قدیم میں زیادہ تر سیاسی سوانگ یا بہروپ بھرے جاتے تھے ، جدید میں ناچ گانے کے ساتھ ایسے قصوں کی نقل کی جانے لگی جن کا تعلق عام معاشرت سے ہو ؛ وسطی ان کے بین بین تھی جو صرف تھوڑے دنوں رائج رہی) -

Comely, *a.* : قبول صورت ؛ خوش اندام ؛ دل پسند (صورت یا کبھی ڈھنگ اور برتاؤ کے اعتبار سے) ؛ خوش نما ؛ شکیل -

comeliness, *n.* : خوش روئی ؛ خوش اندامی ؛ دل کشی -

Comer, *n.* : آنے والا ؛ وارد و صادر ؛ (عام محاورے میں) نو وارد -

Comestible, *n.* : اشیائے خوردنی ؛ ماکولات (بالعموم جمع میں) -

Comet, *n.* : دم دار تارا ؛ پچھل تارا ؛ جھاڑو تارا : دنبالہ دار سیارہ -

c. - wine : وہ شراب جو جھاڑو تارے کے سال کھینچی جائے اور عام خیال کے مطابق عمدہ قسم کی ہوتی ہے -

Comfit, *n.* : نقل ؛ پاک ؛ الائچی دانہ ؛ ہر قسم کی مٹھائی جس کے اندر کوئی خشک پھل یا گری ہو -

Comfort, *n., & v. t.*: (۱) تسکین ؛ تشفی ؛ تسلی ؛ آرام ؛ خاطر جمعی ؛ اطمینان - (۲) تسکین دینے والا ؛ غم خوار - (۳) (*vb.*) تسلی دینا ؛ تشفی کرنا ؛ آرام پہنچانا -
creature cc.: مایحتاج ؛ اچھا کھانا ، کپڑا وغیرہ -
Comfortable, *a.*: (۱) آرام دہ ؛ آسائش بخش ؛ اطمینان بخش - (۲) آسودہ ؛ خوش حال ؛ مطمئن -
comfortably, *adv.*: متعلق فعل مذکورۂ معنوں میں -
Comforter, *n.*: سکھ پہنچانے والا ؛ تسلی دینے والا ؛ غم خوار ، (انجیل کی اصطلاح میں حضرت عیسیٰ اور روح القدس) ؛ اونی گلوبند -
Comfortless, *a.*: بے چین ؛ بے آرام ؛ رنجور ؛ دکھی -
Comfrey, *n.*: ایک جنگلی درخت جس کے کھردرے پتے کھانسی کی دوا یا چارے کے کام آتے ہیں -
comfy, *a.*: (بول چال میں comfortable کا مخفف) آرام دہ ؛ اطمینان بخش ، آسودہ حال -
Comic, *a.*: نقل یا کومیڈی سے متعلق ؛ تفنن آمیز ؛ پر تمسخر ؛ مضحکہ خیز ؛ خندہ انگیز -
c. opera: نقلوں کا تماشا ؛ مسخرے پن کا تماشا جس میں ظرافت کے پیرائے میں عام بول چال کے گیت یا محض مسخرے پن کے گیت ہوں -
comico-: (سابقہ) مذکورۂ بالا معنوں میں -
Comical, *a.*: (۱) مضحکہ خیز ؛ مضحک - (۲) نرالا ؛ انوکھا -
comicality, *n.*: مضحکہ خیزی ؛ مسخرا پن ؛ نرالا پن -
comically, *adv.*: مضحکانہ ؛ مسخرے پن سے ؛ انوکھے پن سے -
Comintern: دیکھو INTERNATIONAL -
Comitadji, *n.*: بے قاعدہ فوجی جمعیت (بلقان کے ممالک میں) -
Comity, *n.*: (۱) اخلاق ؛ تواضع ؛ تعظیم تکریم ؛ (خاص کر) بین الاقوام احترام یا دوستانہ مراسم (جن کی رو سے ایک قوم دوسری قوم کے آئین و قوانین کا پاس و لحاظ رکھتی ہے) - (۲) قوموں کی برادری ؛ زمرۂ اقوام (جن میں باہم ایسے دوستانہ تعلقات ہوں) -
Comma, *n.*: (۱) سکتہ ؛ عبارت میں ٹھیراو کی ایک علامت : (') یا (،) ؛ کوما - (۲) موسیقی کی تحریر میں ٹھیراو کی علامت یا مختلف قانوں میں فرق دکھانے کا نشان : (׀ ׀) -
c. bacillus: ہیضے کے جراثیم ؛ واو نما جراثیم ؛ نتارین کیڑے -
inverted cc.: قول نشان ؛ واوین ؛ کسی منقول ، قول کے شروع اور آخر کی دہری یا اکہری چھوٹی واو (" ") یا (' ') -
Command, *v. t. & i.*: (۱) حکم دینا ؛ امر کرنا (خاص کر مذہبی احکام کے لیے) - (۲) حاکم ہونا ؛ بالا دست ہونا ؛ مسلط ہونا - (۳) (جذبات کو) قابو میں رکھنا ؛ زیر اثر کرنا ؛ دسترس میں ہونا - (۴) مستحق ہونا (ہمدردی وغیرہ کا) - (۵) (جنگی اصطلاح) چھایا ہونا ؛ زد میں لیے ہونا ؛ نظر آنا (بلندی پر سے) -
c. in chief: سپہ سالار ہونا ؛ فوج کی سرداری یا قیادت کرنا -
Command, *n.*: (۱) حکم ؛ بولی (جس پر سپاہی قواعد کرتے ہیں) ؛ کمان ؛ ہدایت (۲) سرداری ؛ سپہ سالاری ؛ قیادت ؛ امارت - (۳) قبضہ ؛ قابو ؛ اقتدار ؛ مہارت - (۴) فوجی دستہ یا ضلع یا علاقہ (جو کسی سپہ سالار کے زیر حکم ہو) -
c. -in -chief: اعلیٰ سرداری ؛ سپہ سالاری -
c. -night: ناٹک کا تماشا یا جلسۂ طرب جو شاہی حکم سے کیا جائے ؛ شاہی مجرا -
c. paper: جو کاغذ بادشاہ کے حکم سے پارلیمنٹ کے سامنے پیش ہو -
at c.: اختیار میں ؛ مٹھی میں ؛ قبضۂ قدرت میں -
Commandant, *n.*: کمیدان ؛ فوجی سردار ؛ قلعہ دار ؛ جنگی حاکم -
commandantship *n.*: سرداری ؛ قلعہ داری -
Commandeer, *v.t.*: (۱) رعب جمانا ؛ سکہ بٹھانا - (۲) چھین لینا ؛ ضبط کر لینا (فوجی ضرورت کی بنا پر) -
Commander, *n.*: (۱) امیر - (۲) بحری سردار (جو کپتان سے درجے میں کم ہوتا ہے) - (۳) نائٹوں کا خطاب (جیسے : *C. of the Bath* وغیرہ) -
C. -in-Chief: جنگی سردار ؛ سپہ سالار ؛ امیر فوج ؛ سیناپتی ؛ قائد ؛ مقامی بیڑے کا حاکم -
C. of the Faithful: امیرالمومنین (خلفائے اسلام کا خطاب) -
Wing-C.: ہوائی فوج کا افسر -
commandership, *n.*: مذکورۂ بالا کا اسم مصدری -
Commanding, *a.*: (۱) شاندار ؛ با رعب ؛ رعب داب کا ؛ پرشوکت ؛ رفیع الشان - (۲) بلند ؛ وسیع النظارہ (پہاڑی وغیرہ) ؛ چھایا ہوا -
Commandment, *n.*: حکم ربی ؛ حکم الہی -
eleventh c.: کوئی حکم یا قانون جسے مزاحاً اوامر عشرہ کے ساتھ شمار کریں -
the ten cc.: اوامر عشرہ ؛ (موسوی شریعت کے) دس احکام -
Commando, *n.*: فوجی دستہ ؛ جمعیت -
comme il faut (kom el fo), *pred. a.*: شایستہ ؛ اچھی تربیت پایا ہوا -
Commemorate, *v. t.*: منانا ؛ رچانا ؛ (تحریر یا تقریر میں) یاد دلانا ؛ یادگار قائم کرنا (کسی شے کی) ؛ یادگار ہونا
commemorative, *a.*: یادگار ؛ یاد دلانے (یا منانے) والی شے -
Commemoration, *n.*: یادگار ؛ یادگار کا کوئی کام ؛ تقریب ؛ فاتحہ (برسی وغیرہ جو کسی بزرگ کی یادگار میں منائی جائے) ؛ (آکسفورڈ یونیورسٹی) جلسہ جو بانیان جامعہ کی یادگار میں کیا جاتا ہے -
Commence, *v. t. & i.*: شروع کرنا ؛ ابتدا کرنا ؛ بسم اللہ کرنا ؛ (قدیم محاورے میں) چلانا ؛ چل پڑنا ؛ کام شروع کرنا یا کام کا جم جانا (جیسے : وکالت وغیرہ کا) ؛ تکمیل کی سند پا لینا -
Commencement, *n.*: آغاز ؛ ابتدا ؛ (مذہبی نیز کیمبرج ، ڈبلن یا امریکی یونیورسٹی کی اصطلاح میں) عطائے اسناد کا جلسہ یا تقریب ؛ دستار بندی کی تقریب -
Commend, *v. t.*: (۱) سونپنا ؛ سپرد کرنا ؛ تفویض کرنا - (۲) تعریف و توصیف کرنا ؛ مدح سفارش کرنا - (۳) (قدیم محاورے میں) سلام کہنا ؛ (اکثر طنزاً) دینا ؛ عنایت کرنا -
Commendable, *a.*: لایق تعریف ؛ پسندیدہ -
commendableness, *n.*: اسم مذکورۂ بالا معنوں میں -
commendably, *adv.*: متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -
Commendam, *n.*: مدد معاش جو مستقل مذہبی کارکن کی غیر حاضری میں (عارضی طور پر) دوسرے کے تفویض کی جائے -
Commendation, *n.*: (۱) تعریف ؛ تحسین ؛ مدح - (۲) سفارش -
Commendatory, *a.*: (۱) سفارشی ؛ تعریفی - (۲) اچھی املاک وقف (Commendam) جو اصل شخص کی غیر حاضری میں کسی

دوسرے کے قبضے میں رہے -

Commensal, *a.* & *n.*: (۱) هم‌پیالہ؛ هم نوالہ - (۲) (حیوانیات، نباتیات) طفیلی -

commensalism, commensality, *nn.*: هم پیالگی؛ طفیلی پن؛ طفیلیت -

Commensurable, *a.*: (۱) هم مقدار؛ هم عیار؛ هم پیمانہ (یعنی جو ایک پیمانے سے ناپا جاسکے)؛ مناسب؛ متناسب - (۲) (ریاضی) هم عاد (وہ اعداد جو ایک هی عدد پر ٹھیک تقسیم هوسکیں)؛ هم قسمت -

commensurability, commensurableness, *nn.*: هم مقداری؛ هم عادیت وغیرہ -

commensurably, *adv.*: هم مقداری سے -

Commensurate, *a.*: هم نسبت؛ مناسب؛ مطابق؛ هم سنگ؛ هم وسعت -

commensurately, *adv.*: متعلق فعل مذکورۂ بالا معنوں میں -

commensurateness, *n.*: هم نسبتی وغیرہ -

Comment, *n.*: رائے زنی؛ شرح؛ تحشیہ؛ توضیح؛ تنقید -

Comment, *v.i.*: رائے زنی کرنا (خاص کر مخالفانہ)؛ نکتہ چینی کرنا؛ شرح لکھنا؛ حاشیہ چڑھانا؛ تنقید کرنا -

Commentary, *n.*: شرح؛ تفسیر؛ حاشیہ -

Commentation, *n.*: شرح نویسی؛ تفسیر نگاری؛ تحشیہ -

Commentator, *n.*: شارح؛ حاشیہ نویس؛ مفسر -

Commerce, *n.*: (۱) تجارت؛ سوداگری (خاص کر بڑے پیمانے پر)؛ بیوهار - (۲) باهمی رابطہ؛ راہ و رسم؛ ملاقات؛ تاش کا ایک کھیل -

c.-destroyer: جنگی جهاز جو دشمن کے تجارتی جهازوں کو لوٹ لے -

chamber of c.: بیوهار سبھا؛ ایوان تجارت؛ تجارتی مجلس -

Commercial, *a.* & *n.*: تجارتی؛ تجارت کا؛ متعلق بہ تجارت -

c. room: دلالوں کے کمرے جو هوٹلوں میں اُن کے لیے مخصوص کردیے جاتے هیں؛ دلال گھر -

c. traveller: پھیری والا؛ سوداگروں کا کارندہ یا دلال جو نمونے دکھا کے فرمائشیں حاصل کرتا پھرتا هے -

commercialism, *n.*: تجارت پرستی؛ تجارتی انہماک -

commercialist, *n.*: سوداگری پیشہ؛ تجارت پسند؛ تجارت میں منهمک -

commerciality, *n.*: سوداگر پن؛ تاجریت -

commercialize, *v.t.*: تجارتی بنانا؛ بیع و شرا کے قابل کر دینا؛ بازار میں رواج دینا -

commercially, *adv.*: تاجرانہ -

Commination, *n.*: (عذاب الٰهی سے) ڈرانا؛ کلیساے انگلستان میں اُن آیات یا کلمات کا پڑھنا جن میں گنہ گاروں کو عذاب آخرت کی خبر دی گئی هے -

Comminatory, *a.*: ترهیبی؛ تکفیری -

Commingle, *v.t.* & *i.*: گڈ مڈ کرنا؛ باهم ملانا؛ مخلوط کرنا؛ آمیز کرنا ملانا؛ مخلوط هونا؛ جمع هونا -

Comminute, *v.t.*: چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا؛ تکا بوٹی کرنا؛ پرزے پرزے کرنا؛ (جائداد کی) تقسیم یا چھوٹے چھوٹے حصے کر دینا -

comminution, *n.*: تقسیم؛ تسهیم؛ بٹوارہ -

Commiserate, *v.t.*: ترحم؛ ترس کھانا؛ درد مندی کرنا -

commiseration, *n.*: درد مندی کا اظهار -

commiserative, *a.*: درد مند -

commiseratively, *adv.*: درد مندانہ -

Commissar, *n.*: ناظر یا افسر محکمہ (سویٹ گورنمنٹ میں) -

Commissarial, *a.*: ناظر یا نائب سے متعلق -

Commissariat, *n.*: محکمۂ رسد (خاص کر فوج کا)؛ کمسریٹ -

Commissary, *n.*: ناظر؛ نائب؛ نائب اسقف؛ (فوج کا) داروغۂ رسد رسانی -

C. general: محکمۂ رسد کا اعلی عهدہ دار یا ناظر (فوجی) -

commissaryship, *n.*: نظارت رسد -

Commission, *n.*: (۱) حکم؛ هدایت؛ پروانگی؛ اختیار؛ سند تقرر - (۲) وفد؛ وہ جماعت جسے کوئی خاص کام کرنے کا اختیار یا حکم دیا گیا هو؛ کمیشن؛ جماعت خصوصی؛ جماعت ماهرین؛ محکمۂ نظارت - (۳) (جنگی جهازوں کے متعلق) بحری سفر کے لیے تیار هونا؛ جنگی ساز و سامان سے لیس هو جانا - (۴) تفویض؛ تحویل (۵) سپرد کردہ معاملات یا ذمہ داری - (۶) (تجارتی اصطلاح) آڑھت کے کام کرنے کی اجازت: دوسرے کی طرف سے فروخت کرنے کی پروانگی؛ کمیشن؛ جیسے: *have goods on c.* - (۷) معاوضہ (جو ایسے کمیشن ایجنٹ یا آڑھتیے کو دیا جائے) یا فی صدی رقم جو معاوضہ قرار پائی هو؛ آڑھت؛ دلالی؛ رسوم - (۸) ارتکاب (جرائم وغیرہ) -

c.-day: عدالت اضلاع کے کھلنے کا دن جس میں ججوں کے تقرر کا اعلان کیا جاتا هے؛ عدالت خصوصی کا افتتاح -

c. of the peace: اراکین عدالت کا وہ گروہ یا جماعت جسے "جسٹس آف دی پیس" کهتے هیں؛ عدالت خصوصی -

in c.: نیابت؛ مفوضہ اختیارات جو کسی انتظامی عهدہ دار کے بجاے کسی جماعت کو خاص اجازت سے دیے گئے هوں -

on the c.: اجازت یافتہ؛ سند یافتہ؛ (فوجی اصطلاح) جمعداری یا لفٹننٹی کا عهدہ -

Commission, *v.t.*: (۱) اختیار دینا؛ پروانگی دینا؛ سند دینا - (۲) جنگی جهاز کی سرداری دینا؛ (جنگی جهاز کو) سفر یا جنگ پر جانے کی اجازت دینا - (۳) معاوضہ یا حق الخدمت دینا -

Commissionaire, *n.*: هرکارہ؛ پیک؛ لندن کی "کمیشن کور" یا وظیفہ یاب فوجیوں کی جماعت کا آدمی

Commissioned, *a.*: (۱) سند یاب؛ فوجی (کمیشن یافتہ) سردار - (۲) تیار (جهاز) - اجازت یافتہ؛ حاکم؛ عامل؛ مختار؛ ناظر؛ کسی سرکاری جماعت جیسے "سول سروس" وغیرہ کا فرد یا عهدہ دار؛ کسی علاقے یا محکمے کا اعلی عهدہ دار؛ نائب سرکار؛ وکیل سرکار؛ ناظر -

commissionership, *n.*: عهدۂ نظارت -

Commissure, *n.*: (۱) جوڑ؛ جاے اتصال؛ پیوند - (۲) دو هڈیوں کے بیچ کا جوڑ؛ پیوند - (۳) باچھیں؛ گھائی؛ وہ خط جس پر آنکھ کے پپوٹے ایک دوسرے سے ملتے هیں؛ کویا؛ گوشۂ چشم - (۴) ریشے اور نسیں جو دماغ کے دونوں حصوں اور ریڑھ کی هڈی کے

کے دونوں حصوں کو ملاتے ہیں -

Commit, *v.t.* (-tt-): (۱) (کسی کے) حوالے کرنا ؛ (کسی کو) سونپنا ؛ تفویض کرنا ؛ سپرد کرنا - (۲) ارتکاب کرنا (جرم یا خطاکا) - (۳) (تجاویز کا) مجلس میں پہنچنا ؛ اِستصواب کرنا - (۴) پھنسا لینا (اپنے آپ کو) ؛ مخدوش یا مشتبہ کردینا (عزت یا چال چلن کو) - (۵) پابند یا مقید ہوجانا ؛ خود کو (کسی خاص طریق عمل کا) پابند کرلینا -

c. to prison: حوالات یا قید کردینا -

commitment, *n.*: پابندی ؛ قید وغیرہ -

committable, *a.*: قابل ارتکاب -

committal, *n.*: اِسم ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

Committee, *n.*: ذیلی مجلس ؛ جماعت جو کسی خاص مقصد کے لیے مقرر کی گئی ہو ؛ کمیٹی -

c.-man: رکن مجلس ذیلی (قانونی اِصطلاح تلفظ : " کوم ٹے ") ضامن ؛ ولی ؛ کار کن (جس کے سپرد کوئی اور شخص یا جائداد کردی جائے) -

Standing C.: مستقل مجلس جو مقرر کرنے والوں کی موجودگی تک قائم رہے -

Commix, *v. t. & i.*: (شعر کی زبان اب متروک) ملنا ؛ ملانا ؛ آمیز ہونا -

commixture, *n.*: آمیزش ؛ ترکیب ؛ مرکب ؛ نیز دیکھو MIX -

Commode *n.*: دراز دار صندوق ؛ پیٹی -

night-c.: طشت چوکی (خاص کر) -

Commodious, *a.*: وسیع ؛ کشادہ ؛ گنجائش دار ؛ فراخ ؛ (متروک) ہلکا پھلکا -

commodiously, *adv.*: متعلق فعل ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

commodiousness, *n.*: اِسم ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

Commodity, *n.*: کار آمد ؛ مفید (شے) ؛ تجارتی مال یا اشیا ؛ جنس ؛ (متروک) سہولت ؛ آسانی -

Commodore, *n.*: (بحری) سردار ؛ ایک اعلیٰ عہدہ دار جس کا درجہ امیرالبحر کے بعد ہوتا ہے ؛ صدر کپتان ؛ (تعظیماً) انجمن کشتی رانی کا صدر نشین ؛ صدر ناخدا -

Common, *a.* (-er,-est): (۱) مشترک ؛ متحد ؛ واحد ؛ جس کا تعلق سب کے ساتھ یکساں ہو - (۲) متعلق بہ عوام ؛ عام رعایا سے متعلق - (۳) عام ؛ معمولی ؛ روز مرہ کا - (۴) عامی (لوگ) ؛ مبتذل ؛ ادنیٰ ؛ بے توقیر ؛ گنوار ؛ (ریاضی) عدد مشترک (جیسے مقسوم علیہ) -

c. chord: دیکھو CHORD -

c. gender: جنس مشترک -

c. law: قانون رواج ؛ رواجی قانون ؛ کا من لا -

c. noun: اِسم نکرہ ؛ اسم عام -

c. prayer: دعاے معمولہ ؛ وہ دعائیں جو شاہ ایڈورڈ ششم کے وقت میں مرتب ہوئیں اور کلیسائی اِنگلستان میں رائج ہیں -

c.-room: بیٹھک ؛ نشست گاہ رفقا (آکسفورڈ یونیورسٹی میں طعام کے بعد رفقاء کے بیٹھنے کا کمرا) -

c. sense: فہم ؛ عقل سلیم ؛ سمجھ (روز مرہ کے معاملات کی) ؛ معمولی فہم و فراست -

c. time, measure: (موسیقی میں) دوہری یا چوہری تال ؛ وہ ٹھیراو جس میں دو یا چار سر نکالے جاتے ہیں -

c. weal: (متروک) فلاح عامہ ؛ نیز دیکھو COMMONWEALTH -

philosophy of c. sense: عام عقل اور تجربے کی بات ؛ عقل سلیم کی رہ نمائی یا فتویٰ -

commonness, *n.*: یکسانیت ؛ اِتحاد -

Common, *n.*: (۱) (اراضیء) شاملات (خاص کر بنجر یا چرا گاہ کی زمین) - (۲) حق شاملات ؛ چرائی وغیرہ کا حق جو کسی کو دوسرے کی زمین میں حاصل ہوتا ہے -

in c.: مشترکہ شے ؛ مشترک اِستعمال میں ؛ سب کے حصے میں -

in c. with: ویسا ہی ؛ اُسی طرح -

out of the c.: غیر معمولی -

Commonable, *a.*: شاملاتی ؛ شاملات کے ؛ (مویشی یا قطعات زمین) پنچایتی -

Commnage, *n.*: (۱) حقوق مشترکہ ؛ حق شاملات - (۲) شاملات ؛ ملک مشترکہ - (۳) شاملائیت ؛ مشترکیت - (۴) عامۃ الناس ؛ عوام ؛ خلقت ؛ مخلوق -

Commonalty, *n.*: (۱) عوام الناس ؛ عام گروہ ؛ خلق خدا - (۲) ارکان (جماعت عوام کے) -

Commoner, *n.*: (۱) شہری یا ملکی (باشندہ) - (۲) اِنگلستان کے بعض کالجوں کے وہ طالب علم جنہیں کالج کے فنڈ سے کچھ نہیں ملتا - (۳) اہل شاملات ؛ شریک شاملات ؛ شاملات کا حصے دار ؛ پنچایت والا - (۴) عامی (جو طبقۂ اُمرا سے نہ ہو) ؛ کبھی کبھی دارالعوام کے رکن کو بھی کہتے ہیں ؛ جیسے :

the great C.: ولیم پٹ سے مراد ہے -

First C.: اسپیکر ؛ صدر دارالعوام

Commoney, *n.*: (کھیلنے کی) گولی -

Commonly, *adv.*: (۱) بالعموم ؛ علی العموم ؛ عموماً ؛ عام طور پر - (۲) معمولی طور پر ؛ ادنیٰ طور پر ؛ گھٹیا طور پر ؛ پیش پا اُفتادہ طور پر -

Commonplace, *n. & a.*: (۱) منتخبات ؛ مقتبسات (جو کسی بیاض میں بطور یاد داشت کے لکھ لیے جائیں) - (۲) عام باتیں ؛ روز مرہ ' پیش پا اُفتادہ ' پامال (مضامین) ؛ سنی سنائی ' پرانی دہرائی (فرسودہ بات یا قول) - (۳) معمولی ؛ گھٹیا -

Commonplace, *v. t. & i.*: (۱) اِقتباس کرنا ؛ نقل کرنا ؛ بیاض میں ٹانکنا - (۲) سنی سنائی یا فرسودہ باتیں کہنا ؛ پامال مضامین پر تقریر کرنا -

Commons, *n.pl.*: (۱) عوام ؛ جمہور - (۲) اِنگلستان میں اہل ملک کا " طبقۂ ثالثہ " جس کے افراد پارلمنٹ " دارالعوام " کے لیے منتخب ہوتے ہیں - (۳) طعام مشترکہ ؛ سفرۂ عام ؛ مشترکہ کھانا ؛ جیسے : *doctors' commons* - (۴) خوراک ؛ مقررہ کھانا ؛ (آکسفورڈ ' کیمبرج میں) طلبہ کی مقررہ خوراک جو ایک معین رقم ادا کرنے پر کالج سے ملتی ہے -

Commonwealth, *n.*: (۱) آزاد ریاست یا قوم ؛ قومی جمہوری حکومت ؛ جمہوریہ ؛ دولت مشترکہ (اِنگلستان کی جمہوری حکومت جو سنہ ۱۶۴۹ ع میں قائم ہوئی ؛ آج کل ریاست ہائے

آسٹریلیا کی مشترکہ حکومت بھی اِسی نام سے موسوم ہے) -
(۲) سنگت ؛ ٹولی ؛ ملتلی (ایکٹروں کی جو آمدنی میں
برابر کے شریک ہوں) ؛ (قدیم محاورے میں) فلاح عامہ ؛
بہبود ملک

Commotion, *n.*: بے قراری ؛ بے کلی ؛ گڑ بڑ (جسمانی) ؛
خلل ؛ فساد ؛ ہنگامہ ؛ ہل چل ؛ اَفرا تفری ؛ شورش ؛ بلوا ؛ بغاوت -

Commove, *v.t.*: زور سے ہلانا ؛ حرکت دینا ؛ جھنجھوڑنا ؛
اُبھارنا ؛ بھڑکانا -

Communal, *a.*: (۱) بستی کا ؛ آبادی کا ؛ پنچایتی ؛ قریہ واری ؛
قوم واری ؛ گروہ واری - (۲) قروی ؛ پیرس کی انقلابی حکومت کا
(رکن یا قانون وغیرہ) جسے 'کمیون' کہتے تھے -

Communalism, *n.*: قرویت ؛ حکومت قری کا اُصول ؛ بستی بستی
کی خود مختاری کا طریقہ ؛ قری شاہی ؛ قری کی علحدہ علحدہ
حکومت کی حمایت ؛ قرویت پسندی -

communalist, *n.*: قری شاہی کا حامی ؛ قروی ؛ قرویت پسند -

communalistic, *a.*: قروی -

Communalize, *v. t.*: بستی یا قریے کی ملک بنانا ؛ داخل
شاملات کرنا ؛ شاملانا (ج) -

communalization, *n.*: تملیک دیہ ؛ شاملات میں داخل
کر لینا -

Commune, *n.*: فرانسیسی پرگنہ ، تعلقہ ' تحصیل ؛ ملکی انتظام
کا سب سے چھوٹا مرکز ؛ قریہ ؛ گانو ؛ مجلس قری ؛ ملکی پنچایت -

The C. (of paris): انقلاب فرانس کے عہد ہیبت کی وہ
جماعت جو حکمران بن بیٹھی تھی ؛ نیز سنہ ۱۸۶۱ع کی فرانسیسی
حکومت قری -

Commune, *v. i.*: دل کی بات کہنا ؛ کلام کرنا ؛ راز و نیاز کرنا
(اپنے دل سے یا آپس میں یا کسی دوسرے سے) ؛ (امریکی محاورے
میں) عشاے ربانی میں شریک کیا جانا ؛ مسیحی تسلیم کیا جانا -

Communicable, *a.*: اِطلاع کے لائق ؛ قابل خبر دہی ؛ قابل گوش
گزاری ؛ اِبلاغ پذیر -

communicability, **communicableness**, *nn.*:
اِسم ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

communicably, *adv.*: متعلق فعل ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

Communicant, *n.*: (۱) عشاے ربانی میں باقاعدہ شریک ہونے والا -
(۲) خبر رساں -

Communicate, *v. t. & i.*: (۱) خبر دینا ؛ اِطلاع پہنچانا ؛ آگاہ
کرنا ؛ پہنچانا ؛ شرکت کرنا ؛ حصہ لینا - (۲) (عشاے ربانی میں)
شرکت کرنا - (۳) تعلق رکھنا ؛ ربط پیدا کرنا ؛ رسائی پیدا کرنا ؛
راہ نکالنا -

Communication, *n.*: (۱) اِطلاع دہی ؛ خبر رسانی ؛ ترسیل -
(۲) اِطلاع ؛ خبر ؛ مکتوب ؛ مراسلہ - (۳) تعلق ؛ رابطہ ؛ میل جول -
(۴) رستہ ؛ رسائی ؛ آمد رفت -

Communicative, *a.*: (۱) خبر رساں ؛ پیام دہ - (۲) باتونی ؛
گویا ؛ بے تکلف (باتیں کرنے میں)

Communicatively, *adv.*: متعلق فعل ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

Communicativeness, *n.*: اِسم ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

Communicator, *n.*: موصل ؛ پیامی ؛ خبر رساں (آلہ یا شخص) ؛
آلۂ موصل (تلو کا) (جو ریلوں میں لگاتے ہیں) -

Communion, *n.*: (۱) شرکت ؛ رفاقت ؛ ہم مشربی (خاص کر
کیتھولک فرقوں کے افراد میں) - (۲) اہل مشرب ؛ مذہبی گروہ ؛
جماعت یا فرقہ - (۳) تعلق ؛ رابطہ ؛ ملاقات ؛ آمد رفت - (۴) شرکت
عشاے ربانی (اِس موقعے پر بالعموم Holy c. کہتے ہیں) -

c. -cup, -table: عشاے ربانی کی میز ' پیالہ وغیرہ -

close c.: اِخراج ؛ ممانعت ؛ قدغن (مذہبی رسوم میں حصہ لینے
کی ' جب تک مذہبی اُصول کے مطابق بپتسما نہ لیا گیا ہو) -

open c.: داخلہ ؛ اجازت ؛ شرکت (بپتسما لینے کے بعد) -

Communionist, *n.*: اسم فاعل ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

close c.: اخراج کا حامی -

fellow-c.: ہم فرقہ ؛ ہم مشرب ؛ ہم کلیسا -

open c.: کسی کے شریک کرنے کا حامی -

communique, *n.*: سرکاری اطلاع ؛ اعلان -

Communism, *n.*: اِشتمالیت ؛ مواخاۃ ؛ مساوات ؛ مزدکیت ؛ مال
اِملاک کو قوم کی مشترک ملک بنانے کا اُصول (جس کی رو سے
ہر فرد کو حسب قابلیت اور حسب ضرورت حصہ دیا جاے) -

communist, *n.*: اِشتمالی ؛ اِشتمالیت پسند (شخص) -

communistic, *a.*: اِشتمالی -

Communitarian, *n.*: اہل اِشتمالیت ؛ اہل مواخاۃ ؛ ایسے گروہ یا
بستی کا آدمی جس کا عمل اُصول اشتمالیت پر ہو -

Community, *n.*: (۱) ملکیت مشترکہ ؛ ساجھا ؛ شراکت ؛ حصہ
داری - (۲) اِتحاد ؛ یکسانی ؛ مماثلت - (۳) طبقہ ؛ فرقہ ؛ گروہ
(کسی ایک مذہب یا پیشے والوں کا) - (۴) بستی ؛ آبادی ؛ محلہ ؛
برادری ؛ قوم - (۵) اہل مواخاۃ ؛ برادری ؛ اِشتمالین (جن کا عمل
در آمد مال مشترکہ کے اُصول پر ہو) -

the c.: عام لوگ ؛ اہل ملک ؛ خلقت -

Communize, *v. t.*: مال مشترکہ بنانا (اراضی وغیرہ کو) ؛
جمہوری یا قومی بنانا ؛ اِشتمالنا (ج) -

communization, *n.*: اِشتمال کا اُصول جاری کرنا -

Commutable, *a.*: مبادلہ پذیر ؛ بدل پذیر (جس میں تبدیل یا
رد و بدل کی صلاحیت ہو) -

commutability, *n.*: بدل پذیری ؛ قابلیت تبدل -

Commutation, *n.*: مبادلہ (سکے کا) ؛ تبدل ؛ زر مبدلہ -

C. Act: اِنگلستان کا قانون مبادلۂ اراضی مجریہ سنہ ۱۸۳۶ع -

Commutative, *a.*: مبادلت پذیر

Commutator, *n.*: مبادل (بدلنے والا شخص) ؛ آلۂ تبدیل ؛
رو بدل (تانبے کا ایک پرزہ جسے کلوں میں بجلی کی رو کو
مختلف جانب بدلنے کے لیے لگاتے ہیں) -

Commute, *v. t.*: مبادلہ کرنا ؛ ادل بدل کرنا ؛ معاوضہ دینا ؛
سزا کی نوعیت بدل کر اُسے نرم کر دینا -

Comose, *a.*: گپھے والا ؛ گپھیلا ؛ کیسو ؛ بال والا ؛ طرہ دار (پودا) -

Compact, *n.*: اِقرار ؛ معاہدہ ؛ عہد و پیمان ؛ قول قرار -

general c.: عام رضا مندی -

Compact, *a.*: کسا ہوا ؛ تہ بہ تہ (جما ہوا) ؛ پختہ ؛ پیوستہ ؛
چست ؛ متین ؛ قلیل و دل (طرز تحریر) -

compactly, *adv.*: متعلق فعل ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

compactness, *n.*: اِسم ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

Compact, *v. t.*: کسنا ؛ پیوستہ کرنا ؛ جوڑنا ؛ بھینچنا ؛ مختصر

کرنا ؛ جمانا -

Compages, *n.*: ڈھانچا ؛ ٹھاٹر ؛ بہت سے جوڑوں کا بنا ہوا ڈھانچا یا نظام -

Compaginate, *v. t.*: جڑ جانا ؛ باہم پیوستہ ہونا ؛ بستہ ہونا -

compagination, *n.*: پیوستگی ؛ بندش ؛ جڑائی -

Companion, *n., & v. t. & i.*: (۱) رفیق ؛ ساتھی ؛ ساجھی ؛ حصہ دار ؛ شریک ؛ ہم نشین - (۲) خلاصہ یا کلید (معلومات کی کتابوں کا نام ؛ جیسے *Gardener's C.*) - (۳) یار وفادار وغیرہ کی قسم کا ایک سرکاری خطاب ؛ جیسے *C. of the Indian Empire*: (۴) ملازم ؛ مصاحب ؛ (خاص کر) سہیلی ؛ ساتھ والی ؛ ہم نشین ؛ جوڑا - (۵) (*vb.*) ساتھ دینا ؛ ہمراہ رہنا ؛ رفاقت کرنا ؛ رفیق ہونا ؛ ہم نشین ہونا - (۶) ساتھ کا ؛ جوڑ والا ؛ جوڑ ملانے والا -

c.-in-arms, c. of his retreat: ساتھ کا سپاہی ؛ ہم سفر -

Companion, *n.*: (جہازی) روشن دان ؛ تاب دان (جس سے نیچے کے حصوں میں روشنی پہنچتی ہے) -

c. hatch: سائبان ؛ سرپوش (روشن دان کا) -

c. hatchway: جہازی چھتا ؛ بر آمدہ (عرشے سے نیچے کے کمروں میں جانے کا رستہ) -

c.-ladder: رستہ عرشے سے نیچے کے کمروں تک -

Companionable, *a.*: ملنسار ؛ یار باش ؛ یاروں کا یار ؛ زندہ دل ؛ لایق صحبت ؛ قابل رفاقت -

companionableness, *n.*: ملنساری ؛ یار باشی ؛ زندہ دلی -

companionably, *adv.*: رفیقانہ ؛ دوستانہ -

Companionship, *n.*: رفاقت ؛ ہم سفری ؛ ہم نشینی ؛ معیت ؛ کمپوزیٹروں کی جماعت (جو ساتھ مل کر کام کرتے ہوں) -

Company, *n., & v.t. & i.*: (۱) ساتھ ؛ سنگت ؛ صحبت ؛ رفاقت ؛ معیت - (۲) جماعت ؛ مجمع ؛ اہل محفل - (۳) ہم صحبت ؛ ہم نشین - (۴) مہمان ؛ اہل بزم ؛ مجمع دوستاں - (۵) جماعت ؛ شراکت - (۶) کار خانے کے شریک یا شرکا جن کا نام ظاہر نہ کیا جائے ؛ جیسے *Smith & Co.*: حصہ دار - (۷) ٹولی ؛ منڈلی (گانے بجانے والوں کی) - (۸) فوجی دستہ ؛ پیادوں کا ایک جوق (جو بالعموم "کپتان" کے ماتحت ہوتا ہے) - (۹) (*vb.*) (متروک) ہمراہ ہونا ؛ ساتھ رہنا ؛ زوج ہونا -

c.manners: مصنوعی آداب ؛ ظاہری اخلاق (جو محض غیروں کو دکھانے کے لیے اختیار کیے جائیں) -

addicted to low c.: بری صحبت (یا کمینوں کی صحبت) کا عادی -

bear, keep, a person c.: ساتھ جانا ؛ ہمراہ جانا -

get one's c.: کپتان کے عہدے پر ترقی پانا -

he is bad c.: افسردہ دل یا بے لطف ساتھی -

he is good c.: اچھا دوست ؛ زندہ دل ہم نشین -

in c.: ساتھ ؛ شراکت میں ؛ معیت میں -

I sin in good c.: گناہ میں اچھے اچھے میرے ساتھ ہیں یعنی مجھ سے بہتر لوگ یہ کام کرچکے ہیں -

Joint Stock C.: چند افراد کا گروہ جو کسی خاص غرض سے خاص کر سودا گری کے واسطے متحد ہوا ہو -

keep c.: دوست ہونا ؛ ملنا (چاہنے والوں کی طرح) -

part c. (with): جدا ہونا ؛ الگ ہوجانا ؛ ساتھ چھوٹ جانا -

ship's c.: ملاحوں کی جماعت ؛ جہاز کے جملہ خدام -

weep for c.: کسی کے غم میں شریک ہونا (دوست کو روتا دیکھ کر رونا) -

Comparable, *a.*: ہم پلہ ؛ ہم رتبہ ؛ حریف ؛ مد مقابل -

comparability, *n.*: ہم رتبگی ؛ ہم چشمی ؛ موازنہ پذیری -

Comparative, *a. & n.*: (۱) بالمقابل ؛ بالنسبۃ ؛ بالموازنہ ؛ متناسب ؛ متوازن ؛ آمنے سامنے کا ؛ نسبتی - (۲) تقابلی ؛ نسبتی (جو چیز ایک دوسرے کی نسبت یا مقابلے سے جانچی جائے یا منحصر ہو ؛ جیسے *the c. merits of*) -

c. adjective, adverb: اِسم تفضیل ؛ صفت تفضیلی ؛ تمیز تفضیلی -

in c. comfort: نسبتاً آرام سے -

the c. method: طریق متناسبہ ؛ تقابلی طریقہ ؛ طریق بالموازنہ (جس میں مختلف طریقوں اور پہلوؤں کا مقابلہ کیا جائے خاص کر جدید علوم میں ؛ جیسے : تقابلی لسانیات ، تقابلی علم تشریح وغیرہ) -

comparatively, *adv.*: مقابلے میں ؛ نسبت سے ؛ مقابلتاً ؛ نسبتاً -

Compare, *v. t. & i.*: (۱) موازنہ کرنا ؛ مقابلہ کرنا ؛ ملانا (ایک دوسرے کو) ؛ جانچنا ؛ ٹکرانا - (۲) (نحو) اِسم تفضیل یا تمیز تفضیلی بنانا - (۳) ہم رتبہ ہونا ؛ برابر کا ہونا ؛ مقابلہ کرسکنا -

c.notes: تبادلۂ خیالات کرنا ؛ نتائج ملانا -

c. to: مماثل قرار دینا ؛ برابر بنانا ، خاص کر حالت نفی میں استعمال ہوتا ہے -

none can c. with him: اُس کا کوئی مقابلہ نہیں کرسکتا یا ہم رتبہ نہیں ہوسکتا -

not to be compared to: یکساں قرار نہیں دیے جاسکتے -

Compare, *n.*: موازنہ ؛ مماثلت -

beyond, without, past, c.: بے مثل ؛ لاثانی ؛ عدیم المثال -

Comparison, *n.*: موازنہ ؛ مقابلہ ؛ مماثلت ؛ مشابہت ؛ مثال ؛ نظیر -

in c. with: مقابلے میں ؛ نسبتاً -

degrees of c.: مدارج نسبت -

Compart, *v. t.*: الگ الگ حصے کرنا ؛ درجوں یا حجروں میں تقسیم کرنا -

Compartment, *n.*: کمرا ؛ حجرہ ؛ درجہ ؛ ڈبا ؛ خانہ جو پردہ یا اوٹ لگا کے بنا دیا جائے ، خاص کر ریل کا ڈبا ؛ جہاز کے بند حصے یا خانے (جن میں پانی داخل نہیں ہوسکتا) -

Compass, *n.*: (۱) پرکار - (۲) محیط ؛ حد ؛ رقبہ ؛ وسعت - (۳) (آواز کا) پاٹ ، پہنچ ، رسائی - (۴) ایر پھیر ؛ چکر ؛ ایچ پیچ -

c. plane: معدب ؛ حدبی رندہ (معدب یا اُبھری ہوئی سطح بنانے یا صاف کرنے والا رندہ) -

c.-saw : آری (پتلے پھل کی جس سے گرهیں اور خم کاٹے جاتے ہیں) -

c.-window : جھرو کا ؛ گول کھڑکی (جو باہر کے رخ قوسی شکل میں نکالی ہوئی ہو) -

beam-cc. : گھٹتی بڑھتی پرکار (جس کا ایک بازو پھیلا سکتے یا کم کرسکتے ہیں) -

beyond my c. : (اِستعارتاً) میری قدرت یا دسترس سے باہر -

bow-cc. : خمیدہ پرکار (جس کے بازو اندر کے رخ مڑسکتے ہیں) -

box the c. : دیکھو BOX -

go a c. : چکر سے جانا -

Mariner's C. : قطب نما ؛ جہازی سمت نما -

Compass, *v.t.* : گرد پھرنا ؛ گھیرنا ؛ محاصرہ کرنا ؛ اِحاطہ کرنا ؛ ذہن نشین کرنا ؛ تدبیر نکالنا ؛ سوجھنا ؛ پورا کرنا ؛ اِتمام کو پہنچانا -

compassable, *a.* : قابل اِحاطہ -

Compassion, *n.* : ترس ؛ رحم ؛ درد مندی ؛ دیا ؛ تلطف ؛ رافت -

Compassionate, *a.* : ترس کھانے والا ؛ رحیم ؛ روٴف ؛ درد مند -

compassionately, *adv.* : درد مندانہ ؛ رحیمانہ -

compassionateness, *n.* : درد مندی ؛ غم گساری ؛ رحیمی ؛ رحم دلی -

Compassionate, *v.t.* : رحم کرنا ؛ ترس کھانا ؛ تلطف کرنا -

Compatible, *a.* : مناسب ؛ موزوں ؛ مطابق ؛ موافق -

compatibility, *n.* : اِسم مذکورۂ بالا معنوں میں -

compatibly, *adv.* : متعلق فعل ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

Compatriot, *n.* : ہم وطن ؛ ملکی ؛ دیس کا آدمی -

compatriotic, *a.* : وطنی ؛ دیسی -

Compeer, *n.* : ہم رتبہ ؛ برابر کا شخص ؛ ہم چشم ؛ ساتھی ؛ رفیق -

Compel, *v.t.* (-ll-) : مجبور کرنا ؛ دبانا ؛ (کسی کام کو) زبردستی کروالینا ؛ (نظم میں) دھکیلنا ؛ پیلنا ؛ بزور داخل کرنا -

compellable, *a.* : قابل جبر ؛ جبر پذیر -

Compend : دیکھو COMPENDIUM -

Compendious, *a.* : مختصر ؛ جامع ؛ قل و دل (کتاب یا طرز اِنشا) -

compendiously, *adv.* : متعلق فعل ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

compendiousness, *n.* : اِسم ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

Compendium, *n.* (pl. *-ums, -a*) : خلاصہ ؛ ملخص ؛ لب لباب ؛ موجز -

Compensate, *v.t.* & *i.* : (۱) تلافی کرنا ؛ بدلا دینا ؛ معارضہ دینا ؛ کفارہ ادا کرنا - (۲) (جر ثقیل کی اِصطلاح میں) وزن یا رفتار درست کرنا ؛ تلافی کرنا ؛ پاسنگ لگانا ؛ تثویب ؛ تعدیل ؛ عوض کرنا -

compensative, *a.* & *n.*, **compensatory**, *a.* : عوضی ؛ معاوض ؛ تلافی کن -

compensator, *n.* : پاسنگ ؛ معدال ؛ مثواب ؛ عوضی ؛ آلۂ تثویب -

Compensation, *n.* : بدلا ؛ عوض (کسی شے کا) ؛ اجر ؛ مکافات ؛ تلافی -

c.-balance, -pendulum : متوازن لنگر ؛ آلۂ توازن ؛ آلۂ تثویب -

Compete, *v.i.* : ہم سری کرنا ؛ برابری کرنا ؛ مقابلہ کرنا (کسی کام میں) ؛ سعی کرنا (کسی کے مقابلے میں) ؛ مسابقہ یا منافسہ کرنا -

Competence, -cy, *nn.* : (۱) کفایت (ضروریات زندگی کے لیے کسی شے کی) ؛ آسودگی ؛ فراغ بالی ؛ مرفہ الحالی - (۲) قابلیت (کسی کام کے کرنے کی) ؛ اِستعداد ؛ صلاحیت ؛ اِختیارات (کسی مقدمے کے) -

Competent, *a.* : (۱) کافی ؛ وافی ؛ بہت - (۲) لایق ؛ قابل ؛ مستعد - (۳) جائز ؛ واجب ؛ مباح ؛ درست ؛ مناسب ؛ (عدالت) با اِختیار ؛ مقتدر ؛ مجاز -

Competition, *n.* : مقابلہ (اِمتحان یا تجارت میں) ؛ رقابت ؛ مسابقت -

Competitive, *a.* : مقابلے کا ؛ برابری کا ؛ بهم آزما -

competitively, *adv.* : مقابلے سے ؛ مقابلے کے لحاظ سے -

Competitor, *n.* : مقابلہ کرنے والا ؛ مد مقابل ؛ حریف ؛ رقیب ؛ ہم چشم -

competitory, *a.* : رقیبانہ ؛ حریفانہ -

competitress, *n.* : اِسم موٴنث ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

Compilation *n.* : تالیف ؛ ترتیب ؛ تدوین -

Compile, *v.t.* : (۱) تالیف کرنا ؛ ترتیب دینا ؛ تدوین کرنا (کتاب کی) - (۲) (کرکٹ کے عامیانہ محاورے میں) دیر تک کھیلنا ؛ رن بڑھانا - (۳) دولت جمع کرنا -

Complacence, -cy, *nn.* : اِطمینان ؛ دلجمعی ؛ آسودہ خاطری -

Complacent, *a.* : آسودہ خاطر ؛ خوش دل ؛ مطمئن -

complacently, *adv.* : متعلق فعل ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

Complain, *v.i.* : شکوہ کرنا ؛ شکایت (مرض) بیان کرنا ؛ شکایت کرنا (اعلیٰ حکام سے) ؛ (شاعرانہ محاورے میں) آہ و زاری کرنا -

Complaint, *n.* : (۱) شکوہ ؛ شکایت ؛ آہ و زاری - (۲) (عدالت) نالش ؛ عرضی دعویٰ ؛ فریاد ؛ اِستغاثہ - (۳) مرض ؛ بیماری ؛ دکھ ؛ روگ ؛ علت ؛ عارضہ -

Complaisance, *n.* : خلق ؛ اخلاق ؛ مروت ؛ نرمی ؛ تہذیب ؛ فروتنی -

Complaisant, *a.* : با مروت ؛ خوش خلق -

Complement, *n.* : (۱) تکملہ - (۲) (نحو) خبریا ؛ تکملہ خبر (۳) (ریاضی) وہ زاویہ یا زاویے جو زاویۂ قائمہ کی تکمیل کرتے ہیں ؛ زاویۂ تکملہ ؛ زاویۂ مکملہ - (۴) (جہاز) جہاز کی پوری تعداد (افسروں اور ملاحوں کی) - (۵) چاند کی تکمیل -

complemental, *a.* : تکمیلی ؛ بھرتی کا ؛ پورا کرنے والا -

complementally, *adv.* : تکملہ کرتے ہوئے -

Cemplement, *v.t.* : تکملہ کرنا وغیرہ ؛ دیکھو COMPLEMENT -

Complementary, *a.* : مکمل کرنے والا ؛ پورا کرنے والا ؛ متمم ؛ زائد ؛ اِمدادی -

c. colours : دیکھو COLOUR -

Complete, *a.* : پورا ؛ مکمل ؛ ثابت ؛ سالم ؛ کامل (کسی کام میں) ؛ قطعی ؛ بالکل ؛ تمام ؛ (متروک) ماہر (فن) -

completely, *adv.* : پورے طور پر ؛ کامل طور سے -

completeness, *n.*: اِختتام ؛ تکمیل ؛ اِتمام -

Complete, *v.t.*: پورا کرنا ؛ تمام کرنا ؛ ختم کرنا (کسی کام کا) ؛ مکمل کرنا -

completion, *n.*: تکمیل ؛ اِتمام -

completive, *a.*: تکمیلی ؛ اِتمامی -

Complex, *n.*: پیچیدہ بات؛ اُلجھا ہوا معاملہ؛ (نفسیات) ایک دماغی غیر معمولی کیفیت جو رجحانات یا جبلتوں کے دبانے سے پیدا ہوجاتی ہے؛ دماغی وہم -

Complex, *a.*: ایک سے زیادہ حصوں سے بنا ہوا ؛ پیچیدہ ؛ اُلجھا ہوا ؛ پیچ در پیچ ؛ مختلف الاجزاء ؛ جملۂ ملتف -

complexity, *n.*: پیچیدگی ؛ اُلجھاوا -

complexly, *adv.*: متعلق فعل؛ مذکورۂ بالا معنوں میں-

Complexion, *n.*: قدرتی رنگ (چہرے کا) ؛ (اِستعارتاً) پہلو؛ معنی پر معنی ؛ خاص پہلو -

complexioned, *a.*: لیے ہوے؛ پہلو دار-

complexionless, *a.*: بے رنگ ؛ سادہ ؛ بے پہلو لیے -

Compliance, *n.*: بجا آوری (کسی کے حکم یا خواہش کی) ؛ اِطاعت ؛ فرماں برداری ؛ تعمیل حکم ؛ اِمتثال امر (اِس میں کبھی کبھی ذم کا پہلو بھی پیدا ہوجاتا ہے یعنی غلامانہ اِطاعت) -

Compliant, *a.*: مطیع ؛ فرماں بردار ؛ حکم کی تعمیل کرنے والا -

compliantly, *adv.*: متعلق فعل ؛ مذکورۂ بالا معنوں میں-

Complicacy, *n.*: پیچیدگی ؛ اُلجھاوٹ ؛ اُلجھاؤ-

Complicate, *v. t.*: پیچیدہ کرنا ؛ اُلجھانا ؛ پھنسانا ؛ ملانا؛ مخلوط کرنا (چیزوں کا) -

Complication, *n.*: پھنساو ؛ پیچ ؛ پھندا ؛ اُلجھاو (معاملہ کا) ؛ اِشکال ؛ دقت -

Complicity, *n.*: ساز باز ؛ سازش ؛ شرکت (کسی برے کام میں ساجھی ساتھی یا حصہ دار ہونا) -

Compliment, *n.*: (۱) آداب ؛ تسلیم ؛ کورنش ؛ بندگی ؛ سلام - (۲) تحسین ؛ آفریں؛ داد ؛ تعریف ؛ ستائش - (۳) خاطر ؛ تواضع- (۴) (بصیغۂ جمع سلام کے معنے میں مستعمل ہے)- (۵) (متروک) تحفہ ؛ تحائف ؛ صلہ ؛ اِنعام ؛ بخشش -

Compliment, *v. t.*: (۱) تعریف کرنا ؛ داد دینا ؛ ستائش کرنا ؛ تحسین و آفریں کہنا - (۲) خاطر کرنا ؛ تواضع کرنا ؛ تحفہ تحائف دینا ؛ (متروک) اِنعام دینا ؛ صلہ دینا -

Complimentary, *a.*: تعریفی ؛ ستائش کے طور پر -

Complin (e), *n.*: رات کی نماز؛ نماز عشا (رومن کتھولک فرقے کی)-

Comply, *v. i.*: حکم بجالانا ؛ حکم کی تعمیل کرنا ؛ تسلیم کرنا ؛ ماننا -

Compo, *n.* (pl. -*os*) (چونے یا گچ کا) پلستر ؛ صندلہ - [composition کا مخفف]

Component, *a.* & *n.*: ترکیبی جز ؛ مشترک (حصہ) -

Comport, *v. t.* & *i.*: چلن یا طریقہ اِختیار کرنا (اپنی ذات کے متعلق)-

c. with: حسب ہونا ؛ موافق ہونا ؛ زیب دینا ؛ شایاں ہونا -

Compose, *v. t.*: (۱) ترکیب دینا ؛ سنوارنا ؛ بنانا - (۲) (مصنف کے لیے) لکھنا ؛ تحریر کرنا ؛ تصنیف کرنا ؛ تالیف کرنا - (۳) (چھاپا) جوڑنا (ٹھپے کے حرفوں کا) ؛ جمانا ؛ بٹھانا (حرفوں کو موقع پر) (۴) (موسیقی) راگ بنانا یا تصنیف کرنا -

c. oneself to write: کسی کام کے لیے تیار ہو بیٹھنا جیسے :

. one's countenance: موقع اور ضرورت کے لحاظ سے ملہ (چہرہ) بنا لینا ؛ سنور بیٹھنا ؛ سنبھل بیٹھنا -

composedly, *adv.*: اِطمینان کے ساتھ -

composedness, *n.*: اِطمینان ؛ دلجمعی -

Composer, *n.*: مصنف ؛ شاعر ؛ (موسیقی) نغمہ گر ؛ نغمہ نگار ؛ راگوں کا موجد -

Composing, *n.*: حروف جمانے یا جوڑنے کا کام -

c. machine: حروف جوڑنے (جمانے) کی کل ؛ ٹھپے جوڑ (کل)-

c.-stick: حروف جوڑنے (جمانے) کی پٹی ؛ ٹھپے جوڑ پٹی -

Composite, *a.* & *n.*: (۱) مرکب ؛ مخلوط ؛ ملا جلا ؛ ملا ہوا ؛ جڑا ہوا - (۲) (متروک) قدیم یونان کا مخلوط طبقہ ؛ دوغلات - (۳) (نباتیات) پھول کی قسم ؛ مرکب پھول - (۴) جہاز جو لکڑی اور لوہے دونوں سے بنا ہو -

c. candle: ناریل کے تیل کے اسٹیرک ایسڈ اور اسٹیئرین کے مخلوط سے بنی ہوئی موم بتی -

c. carriage: ریل کی گاڑی جس میں مختلف درجوں کے ڈبے ہوں-

compositely, *adv.*: مرکب ہوکر ؛ بالاشتمال -

compositeness, *n.*: مرکبیت ؛ مشمولیت -

Composition, *n.*: (۱) بناوٹ یا ترکیب (قووں کی) ؛ الفاظ کی بندش ؛ مضمون نگاری ؛ اِنشا - (۲) (موسیقی) راگوں کی ترتیب یا تحریر ؛ نغمہ گری ؛ نغمہ نگاری- (۳) چھاپے کے ٹھپوں کا ترتیب سے جمانا - (۴) دماغی ساخت - (۵) درستی ؛ ترتیب (تصویر کے مختلف حصوں کی)- (۶) مقالہ؛ مضمون؛ تحریر- (۷) مرکب؛ مخلوط- (۸) مصالحت ؛ تصفیہ ؛ راضی نامہ ؛ تراضیء طرفین (ادائے قرض کے معاملے میں) - (۹) مصنوعی مادہ یا شے (خاص کر وہ جو اصلی کے بجائے اِستعمال کیا جائے) -

Compositive, *a.*: پیوستہ کرنے والا ؛ شامل کن؛ ملانے یا جوڑنے والا-

Compositor, *n.*: چھاپے کے حروف (ٹھپے) جمانے والا ؛ کمپوزیٹر -

compos (mentis), *a.*: صحیح العقل ؛ با ہوش -

non c.: غیر صحیح العقل -

Compossible, *a.*: جو دوسرے کے ساتھ رہ سکے ؛ ہم وجود

Compost, *n.*: مرکب کھاد ؛ مخلوط شے ؛ مجموعہ

Compost, *v. t.*: مرکب کھاد بنانا یا اُس سے کام لینا -

Composure (-zher), *n.*: اِطمینان ؛ سکون ؛ دلجمعی -

Compotation, *n.*: ہم مشربی ؛ ہم پیالگی -

compotator, *n.*: ہم پیالہ ؛ ہم مشرب -

Compote, *n.*: تازہ مربا (پھلوں کا) ؛ پھل (جو شیرے میں رکھ کر محفوظ کیے گئے ہوں) -

Compound, *v. t.* & *i.*: (۱) ملانا ؛ شیر و شکر کرنا ؛ آمیز کرنا - (۲) ترکیب دینا ؛ مرکب تیار کرنا (۳) (آپس کی رضا مندی سے معاملہ) طے کرنا ؛ (قرض کا جزوی ادائی سے) تصفیہ کرنا ؛ (چندے کو کل یا جزو) ادا کرنا ؛ (قصور یا اسواجیب کو) معاف کرنا ؛ درگزر کرنا -

c. a felony: ذاتی مصالح سے مجرم کو چھوڑ دینا یا دعوے سے تصور کے متعلق کسی شخص سے شرایط طے کرنا یا ... -

compoundable, *a.*: قابل آمیزش؛ لایق معافی؛ قابل مصالحت وغیرہ -

Compound, *a.* & *n.*: مرکب ؛ مخلوط ؛ آمیختہ ؛ مجموعہ (اجزا) ؛ مرکب (لفظ) ؛ مسالہ ؛ آمیزہ -

c. addition: جمع مرکب -

c. fracture: هڈی کا اِس طرح ٹوٹنا کہ گوشت اور کھال تک میں زخم هوجاے -

c. householder: کرایہ دار جس کے ذمے کے محاصل بلدیہ وغیرہ مالک مکان ادا کرتا اور کراے میں شامل کردیتا ھے -

c. interest: سود در سود ؛ مرکب سود ؛ (نباتیات ' حیوانیات) مرکب الاعضا ؛ جامع الاجزا -

c. subtraction: تفریق مرکب -

Compound, *n.*: (هند ' چین وغیرہ میں) اِحاطہ (جس کے بیچ میں مکان یا کارخانہ واقع هو) -

Comprador, *n.*: (چین میں) یورپین تاجر کا دیسی منتظم ' منیب -

Comprehend, *v. t.*: اِدراک کرنا ؛ سمجھنا ؛ ذهن یا تصور میں لانا (کسی شے یا شخص کو) ؛ شامل کرنا ؛ داخل کرنا ؛ اندر لینا -

Comprehensible, *a.*: اِدراک پذیر ؛ قابل فہم ؛ قابل شمول -

Comprehensibility, *n.*: اِدراک پذیری -

comprehensibly, *adv.*: اِدراک پذیری سے -

Comprehension, *n.*: فہم ؛ اِدراک ؛ وہ دماغی قوت جس سے کوئی چیز سمجھ میں آسکے ؛ وسیع الخیالی ؛ جامعیت -

Comprehensive, *a.*: مدرکہ (قوت) ؛ جامع ؛ وسیع ؛ محیط -

comprehensively, *adv.*: جامعیت کے ساتھ -

comprehensiveness, *n.*: جامعیت ؛ وسعت -

Compress, *v.t.*: (۱) دبانا ؛ پیلنا ؛ بھینچنا (هوا وغیرہ) - (۲) اِختصار یا ایجاز کرنا (تحریر' خیالات وغیرہ) -

compressive, *a.*: دبانے والی (شے) -

Compress, *n.*: گدی ؛ پٹی ؛ بندھن ؛ تر کپڑا (جو ایسی پٹی سے ڈھکا هو جس پر پانی اثر نہ کرے اور زخم کو خراب هونے سے بچائے) -

Compressible, *a.*: دبنے کے قابل ؛ ایجاز پذیر -

compressibility, *n.*: دبنے کی قابلیت ؛ اِیجاز پذیری -

Compression, *n.*: دباو ؛ بھچاو ؛ داب ؛ اِنقباض ؛ اِنجماد ؛ اِیجاز ؛ اِختصار -

compressor, *n.*: دبانے والا ؛ منجمد کرنے والا ؛ موجز -

Comprise, *v.t.*: شامل کرنا ؛ گھیرنا ؛ مشتمل هونا ؛ محیط هونا -

the house comprises 9 bedrooms: وہ مکان ۹ خواب گاهوں پر مشتمل ھے -

comprisable, *a.*: اِشتمال پذیر وغیرہ -

Compromise, *n.*: تراضیء طرفین ؛ مصالحت ؛ بین بین کا تصفیہ (جس میں هر فریق کو تھوڑا بہت دبا کر قضیہ چکایا جائے) ؛ اعتدال ؛ مصالحت -

Compromise, *v. t. & i.* (آپس کی رضا مندی سے) جھگڑا چکانا ؛ معاملے کو رفع دفع کردینا ؛ دبا دبو دینا ؛ راضی کرلینا ؛ مصالحت کرنا ؛ (نادانی سے) اپنے آپ کو مشتبہ کرانا ؛ اپنے آپ کو یا دوسرے کو جو کھوں یا اِشتباہ میں ڈالنا -

Comprovincial, *a. & n.*: هم علاقہ ؛ هم صوبہ ؛ خاص کر اپنے علاقے کا بشپ (اسقف) -

Comptroller (kon-) *n.*: بعض اِصطلاحات اور الفاظ میں controller کا غلط اِملا جیسے *C.* of accounts : دیکھو CONTROLLER -

Compulsion, *n.*: جبر ؛ زبردستی ؛ دباو ؛ زور -

Compulsive, *a.*: مائل بہ جبر ؛ مجبور کن -

compulsively, *adv.*: جبر کرتے هوئے -

Compulsory, *a.*: لازمی ؛ جبری -

compulsorily, *adv.*: لازمی طور پر ؛ جبری طور پر -

compulsoriness, *n.*: جبر ؛ جبریت -

Compunction, *n.*: پشیمانی ؛ ندامت ' تاسف ؛ تردد (کسی عمل کے جواز میں) -

compunctious, *a.*: نادم ؛ متاسف ؛ متردد -

compunctiously, *adv.*: تاسف یا ندامت سے ؛ متاسفانہ ؛ نادمانہ -

Compurgation, *n.*: (اِلزام سے) برأت ؛ بریت (بذریعۂ حلف) -

compurgator, *n.*: حلفی گواہ ؛ شاهد حلفی -

compurgatory, *a.*: تسدیہ یا حلفی (شہادت) -

Compute, *v. t.*: گننا ؛ شمار کرنا ؛ حساب کرنا ؛ حساب لگانا -

computable, computative, *aa.*: قابل حساب ؛ لایق شمار -

computation, *n.*: حساب ؛ شمار ؛ تخمینہ ؛ گنتی -

Comrade, *n.*: ساتھی ؛ رفیق ؛ هم دم -

comradeship, *n.*: رفاقت -

Comtism, *n.*: فرانسیسی فلسفی کونت کا یہ اصول کہ همیں سبب اور علت علل کو چھوڑ کر صرف معلوم اور ثابت شدہ اشیا سے بحث کرنی چاهیے ؛ کونتیت ؛ فلسفۂ واقعیت ؛ ایجابیت -

comtist, *n.*: کونت کا مقلد -

Con, *v. t.*, **C. over**: یاد کرنا ؛ بر زبان کرنا ؛ حفظ کرنا -

Con, *v.t.*: جهاز کو سیدھا چلانا ؛ کھینا -

conning-tower: آهن پوش حجرہ (جنگی جهاز میں نا خدا کا حجرہ جس پر گولی اثر نہ کرسکے) ؛ گولی روک حجرہ -

con, prep.: (سابقہ) ساتھ With حرف جار کا مرادف -

Con-, *pref.*: ایک لاحقہ جو c, d, f وغیرہ حروف کے الفاظ میں "com" کے مثل لگایا جاتا ھے -

Conacre(-ker), *n.*: (آئرستان میں) جتی هوئی زمین ٹھیکے پر دینا -

con amore, adv.: (اِٹالوی زبان میں) جوش کے ساتھ -

Conation, *n.*: (فلسفہ) ارادی قوت کو بار بار کام میں لا کر رغبت یا نفرت پیدا کرنا -

conative *a.* اسم صفت ' مذکورۂ بالا معنے میں -

Concatenate, *v. t.* (اِستعارتاً) سلسلہ ملانا ؛ کڑیاں ملانا ؛ مربوط کرنا -

concatenation, *n.*: سلسلہ بندی ؛ ربط -

Concave, *a. & n.*: مجوف ؛ مقعر -

c. surface پیالہ نما سطح -

concavely, *adv.*: مقعر یا مجوف طور پر -

concavity, *n.*: قعر ؛ تقعر -

Concavo-: (ترکیبی جز) -

c.-concave دُ رُخا مقعر ؛ دونوں طرف مقعر -

c.-convex : مقعر محدب؛ ایک طرف محدب دوسری طرف مقعر -

Conceal, *v.t.* : چھپانا؛ پوشیدہ کرنا؛ پنہاں کرنا؛ نہاں رکھنا -

concealment, *n.* : چھپانا؛ پوشیدگی؛ اِخفا؛ پردہ داری -

Concede, *v.t.* : منظور کرنا؛ ماننا (حقوق و مراعات)؛ تسلیم کرنا؛ قبول کرنا؛ اِجازت دینا؛ جائز رکھنا؛ (کھیل میں) رعایت کرنا؛ (سوقیانہ) کھودینا؛ ہارنا (کھیل) -

Conceit, *n.* : خود بینی؛ زعم باطل؛ خود رائی -

in one's own c. : کسی کی ذاتی رائے میں -

out of c. : نظر سے گرجانا؛ بیزار ہو جانا؛ کوئی دلچسپی باقی نہ رہنا -

Conceit, *v. t.* : گمان کرنا؛ خیال جمالینا (کسی بات کے متعلق) -

Conceited, *a.* : خود بین؛ خود پسند؛ شیخی باز -

conceitedly, *adv.* : خود بینی سے وغیرہ -

Conceivable, *a.* : قابل فہم؛ اِدراک پذیر؛ سمجھ یا تصور میں آنے والی بات -

conceivability,conceivableness, *nn.* : فہم پذیری؛ اِدراک پذیری -

conceivably, *adv.* : متعلق فعل' مذکورۂ بالا معنوں میں -

Conceive, *v.t. & i.* : (۱) نطفہ قبول کرنا؛ حاملہ ہونا؛ پیٹ رہنا - (۲) تصور کرنا؛ خیال کرنا؛ قیاس کرنا؛ سوچنا - (۳) بنانا؛ تشکیل کرنا (کسی مطلب کا خاص پیرائے میں) -

Concelebrate, *v.i.* : مل کر مناجات پڑھنا؛ باجماعت دعا مانگنا؛ (پادریوں کا) مل کر دعا پڑھنا -

concelebration, *n.* : باجماعت دعا خوانی یا مناجات خوانی -

ncentrate, *v. t. & i.* : (فوج' طاقت یا توجہ کا) مجتمع کرنا؛ مرتکز کرنا؛ ہمہ تن متوجہ ہوجانا؛ سمیٹنا؛ اِکٹھا کرنا؛ (کیمیا) اِجتماع' اِرتکاز (کسی سیال کا اِکٹھا ہونا کہ اُس کی قوت بڑھ جائے) -

concentration, *n.* : اِجتماع؛ اِرتکاز؛ ایک جگہ مجتمع ہونا -

concentrative, *a.* : اِجتماعی -

concentrativeness, *n.* : اِجتماعیت؛ مرتکزیت -

cdncentrator, *n.* : مجتمع کرنے والا؛ مرتکز کن -

Concentrate, *v.t. & i.* : ہم مرکز ہونا؛ ہم مرکز بنانا -

Concentric, *a.* : ہم مرکز؛ متحد المرکز -

c. fire : واحدالمرکز آتش باری (ایک ہی مقام پر پیہم گولے برسانا) -

concentrically, *adv.* : متعلق فعل' مذکورۂ بالا معنوں میں -

concentricity, *n.* : ہم مرکزیت؛ وحدت مرکز؛ اِتحاد مرکز -

Concept, *n.* : تصور (جنس اشیا کا)؛ مافی الذہن؛ معمول -

Conception, *n.* : (۱) خیال؛ تصور؛ تشکل (ذہنی)؛ حمل - (۲) متصور (ذہنی شے)؛ صورت (ذہنی)؛ معمول -

conceptional, *a.* : خیالی؛ تصوری -

Conceptive, *a.* : تصور کن؛ خیال ساز -

Conceptual, *a.* : خیالی؛ تصوری؛ تصور کا -

Conceptualism, *n.* : (۱) تصور کیشی؛ یہ عقیدہ کہ کائنات کا وجود مثال ذہنی تصورات کے ہے - (۲) فلسفۂکلی عقلی؛ یہ عقیدہ کہ ذہن غیر موثق اصطلاحات کے مطابق خیالات پیدا کرسکتا ہے -

conceptualist, *n.* : فلسفۂ کلی عقلی کا ماننے والا؛ تصور کیش -

Concern, *v.t.* (*with,in,about,matter,to do*) : (۱) متعلق ہونا؛ موثر ہونا؛ لگاو رکھنا؛ علاقہ رکھنا؛ سروکار رکھنا؛ غرض رکھنا - (۲) افسوس ہونا؛ تشویش یا تعلق خاطر ہونا -

concerning : متعلق -

Concern, *n.* : (۱) تعلق؛ لگاو؛ سر و کار - (۲) تشویش؛ فکر؛ پروا - (۳) (تجارتی) کاروبار؛ کار خانہ - (۴) (عامیانہ) شے -

Concernment, *n.* : (۱) کار و بار؛ معاملہ - (۲) تشویش؛ فکر - (۳) اہمیت؛ تعلق خاطر -

Concert, *n.* : (۱) رضا مندی؛ اِتحاد؛ سنگت؛ میل؛ ہم آہنگی؛ ہم آوازی - (۲) جلسۂ نغمہ و سرود؛ چوکی؛ سنقدلی -

c.-grand : بڑا پیانو جو جلسوں میں بجایا جاتا ہے -

c.-pitch : اونچا سر؛ غیر معمولی مستعدی یا اِستعداد -

Concert, *v. t.* : (آپس کے صلاح مشورے سے) طے کرنا؛ تدبیر نکالنا؛ صلاح کرنا؛ مصلحت سوچنا (مل کر) -

Concerted, *a.* : متفقہ؛ طے کردہ وغیرہ؛ (موسیقی میں) چند حصوں یا وقفوں میں تقسیم یا مرتب کیا ہوا -

Concertina, *n.* : ایک قسم کا باجا (جو دونوں ہاتھوں سے دھونکنی کی طرح دبانے سے بجتا ہے) -

Concerto(-tshar-), *n.* : کونچیرٹو' ایک قسم کا مزا میری نغمہ -

Concession, *n.* : منظوری؛ رضامندی؛ رعایت؛ عطائے حق (افراد یا جماعت کو)؛ عطائے اراضی -

concessionary, *a.* : رعایتی -

Concession(n)aire, *n.* : رعایت یافتہ؛ صاحب مراعات (بالخصوص غیر ملکی)؛ اِجارہ دار -

Concessive, *a.* : رعایت کرنے والا؛ مائل بہ رعایت؛ متعلق بہ رعایت؛ (نحو) ایسا حرف یا فقرہ جو کسی مفروضہ کو ظاہر کرے -

Concettism(-tshet-), *n.* : پیچیدہ طرز تحریر (جس میں حسن کھوٹ یا ضلع جگت کا زیادہ اِستعمال ہو)؛ خیالی اِستعارہ نویسی؛ پر معما تحریر -

Conch(-k), *n.* : گھونگا؛ سیپ؛ نرسنگھا؛ سنکھ؛ (متروک) نیم مدور گنبد؛ برج؛ شہ نشین (جو دالان کے سرے پر بنا ہوا ہو)؛ جوف گوش؛ کان کا گھگا (بیرونی گڑھا)؛ (سوقیانہ) بھاما کا باشندہ -

Conchiferous(-k-), *a.* : (حیوانیات' ارضیات) کھپرپلا؛ سنگ پشت؛ (حیوانیات) صدفیہ -

Conchology(-k-), *n.* : گھونگوں اور سیپیوں کا علم؛ صدفیات -

conchological, *a.* : صدفیاتی -

conchologist, *n.* : صدفیات داں؛ صدفی؛ صدف شناس -

Conchy (-tsh-) *n.* : (عامیانہ) حال کی جنگ یورپ میں فوجی بھرتی کا اُصولی مخالف -

concierge, n. : (فرانسیسی میں) دربان یا پاسبان -

Conciliar, *a.* : مجلس مذہبی سے متعلق؛ مجلسی؛ کلیسائی -

Conciliate, *v.t.* : (۱) منانا؛ راضی کرنا؛ خوش کرنا؛ دل ہاتھ میں لینا؛ (کسی کو) ملالینا؛ اپنا طرف دار بنا لینا - (۲) (متخالف نظریوں کو) ملانا یا متحد کرنا؛ تاویل کرنا - صلح کل؛ مصالحت آمیز -

conciliative, *a.* : مصالحت آمیز -

conciliator, *n.* : ثالث بالخیر ؛ بیچ میں پڑ کر صلح کرانے والا -
conciliatoriness, *n.* : ثالثی ؛ مصالحت ؛ صلح کاری -
conciliatory, *a.* : مصالحت ساز ؛ ملانے والی (بات یا تدبیر) -
Conciliation, *n.* : صلح ؛ اِتفاق ؛ اِرتباط ؛ مصالحت ؛ میل ؛ ملاپ -
Court of c. : وہ عدالت جو فریقین کو تصفیۂ باہمی کا موقع دے ؛ عدالت مصالحہ -
Concinnity, *n.* : شستگی (طرز بیان یا اِنشا پردازی کی) ؛ صفائی ؛ خوبی -
Concise, *a.* : مختصر ؛ موجز ؛ ماقل و دل ؛ بلیغ (تقریر ، طرز بیان یا شخص) -
concisely, *adv.* : بالا ختصار -
conciseness, *n.* : اختصار ؛ اِیجاز ؛ بلاغت -
Concision, *n.* : کاٹ چھانٹ ؛ قطع برید ؛ اِختصار -
Conclave, *n.* : پوپ کے اِنتخاب کے لیے اساقفہ کا جلسہ ؛ مقام مجلس ؛ جلسہ گاہ ؛ مجلس خاص (جس میں عام اِجازت نہ ہو) -
Conclude, *v.t. & i.* : ختم کرنا ؛ انجام کو پہنچانا ؛ پورا کرنا ؛ تمام کرنا ؛ نتیجہ نکالنا ؛ تصفیہ کرنا ؛ طے کرنا ؛ تہیہ کرنا -
Conclusion, *n.* : (۱) خاتمہ ؛ اِختتام ؛ نتیجۂ (آخر) ؛ انجام کار ؛ مآل کار - (۲) فیصلہ ؛ تصفیہ ؛ ترتیب (معاہدۂ امن کی) ؛ (منطق) نتیجہ (جو صغریٰ اور کبریٰ سے مستخرج ہوتا ہے) -
try cc. with . : آزمایش یا مقابلہ کرنا (کسی فن میں) -
Conclusive, *a.* : تصفیہ کن ؛ قطعی -
conclusively, *adv.* : قطعیت کے ساتھ -
conclusiveness, *n.* : قطعیت ؛ اِختتامیت -
Concoct, *v.t.* : پکانا ؛ بنانا (کسی مخلوط یا مرکب شے کا ؛ جیسے صابن ، شربت وغیرہ) ؛ (جوڑ گانٹھ کر) بنانا یا مرتب [illegible] گھڑنا (قصہ ، ثبوت وغیرہ) -
concoction, *n.* : بناوٹ ؛ بناوٹ ؛ گھڑت -
concoctive, *a.* : گھڑت کی -
concoctor, *n.* : بنانے والا ؛ گھڑنے والا -
Concolorous [illegible] : (طبیعیات) اِکرنگا ؛ یک رنگ ؛ واحد الرنگ [illegible]
Concomitance, [illegible] : لزوم ؛ لازم ملزوم ہونے کی حالت ؛ خاص کر عشائے ربانی میں حضرت عیسیٰ کے [illegible] خون کا روٹی اور شراب میں لزوم -
Concomitant, *a. & n.* : ساتھی ؛ لازم ؛ متلازم ؛ ساتھ یا جوڑ [illegible] کی چیز -
concomitantly, [illegible] : مثلاً زمانہ -
Concord, *n.* : اِتحاد [illegible] ایکا ؛ میل ؛ اِتفاق ؛ [illegible] ساز کاری ؛ آشتی ؛ مواقفت ؛ مطابقت [illegible] مسادت ؛ (موسیقی) ہم آہنگی ؛ تال میل ؛ (نحو) مطابقت جنس و تعداد وغیرہ میں) -
Concordance, *n.* : (۱) ربط ؛ توافق ؛ ترتیب ؛ [illegible] اشخاص یا اشیا میں) - (۲) نجوم ؛ ابجد [illegible] ترتیب سے الفاظ یا مضامین کی فہرست (متن کتاب کے حوالوں کے ساتھ) ؛ مکمل اِشاریہ -
Concordant, *a.* : موافق ؛ مطابق ؛ ہم رنگ ؛ (موسیقی) ہم آہنگ ؛ ملا ہوا ؛ سریلا -
concordantly, *adv.* : سر ملائے ہوئے ہم آہنگی [illegible] -
Concordat, *n.* : پوپ کا معاہدہ (کسی دنیاوی حکومت سے) ؛ عہد نامہ ؛ قرار داد -
Concourse, *n.* : بھیڑ ؛ مجمع ؛ جمگھٹا ؛ جماو ؛ اِجتماع (اشیا کا) -
Concrescence, *n.* : ہم رستگی ؛ ایک ساتھ اُگنا ؛ ہم دمیدگی -
Concrete, *a. & n.* : (۱) (نحو) مادی - (۲) محسوس ؛ موجود (فی الخارج یا مادی صورت میں) ؛ حقیقی ؛ جامد ؛ ٹھوس ؛ پختہ ؛ بستہ - (۳) کنکریٹ ؛ کنکر اور سیمنٹ کا مرکب ؛ کنکر ؛ گچ -
concretely, *adv.* : متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -
Concrete, *v.t. & i.* : منجمد کرنا ؛ گچ کرنا ؛ کنکریٹ سے چلنا ؛ ٹھوس کرنا -
Concretion, *n.* : اِنجماد ؛ جمود ؛ بستگی ؛ ٹھوس پن ؛ (طب) پتھری ؛ سنگ مثانہ ؛ (ارضیات) صلابت اعضا ؛ حجریت ؛ تحجر ؛ جمود ذرات ؛ تھیپا (ٹھوس ذروں کا جم کر ایک جسم ہو جانا) -
concretionary, *a.* : ٹھوس ؛ جامد ؛ ذرہ بستہ -
Concubinage, *n.* : ناجائز تعلق ؛ آشنائی -
Concubinary, *a. & n.* : (۱) داشتہ پن ؛ مد خولیت ؛ حرم گشتگی - (۲) مد خولہ ، آشنا یا داشتہ کا ؛ (اولاد) انجب ؛ مولا زادہ (مولا زادی) ؛ لونڈی بچہ -
Concubine, *n.* : داشتہ ؛ مد خولہ ؛ خواص (یورپ کے لوگ غیر قوموں کی دوسری ، تیسری بیوی کو بھی اِسی لفظ سے یاد کرتے ہیں) -
Concupiscence, *n.* : مستی ؛ نفسانی خواہش ؛ شہوت -
Concupiscent, *a.* : مست ؛ شہوت پرست ؛ سخت خواہش مند ؛ بندۂ خواہش -
Concur, *v.i.* (-rr-) : (۱) مطابق ہونا (واقعات کا) ؛ ایک ساتھ واقع ہونا - (۲) باہم ہونا ؛ متفق الراے ہونا - (۳) ساتھ کام کرنا ؛ موافقت کرنا ؛ شرکت کرنا -
concurrence, *n.* : اِتفاق راے ؛ مطابقت ؛ ہم وقتی ؛ ایک ساتھ -
Concurrent, *a. & n.* : (۱) متفق ؛ ہم راے ؛ مطابق ؛ ساتھ ساتھ چلنے والا (جیسے خطوط متوازی) - (۲) بہ یک وقت واقع ہونے والا یا موجود ؛ متلازم - (۳) پے بہ پے ؛ پیہم ؛ متصل ؛ مسلسل -
c. lease : مسلسل یا متصل پٹا ؛ تمہد متصل (جو پہلے کی میعاد ختم ہونے سے قبل تحریر کر دیا جائے) -
c. fire insurance : مشترک بیمہ (جس کی ذمہ داری مختلف کمپنیوں پر عائد ہوتی ہے) -
concurrently, *adv.* : بالاتصال ؛ ساتھ ساتھ وغیرہ -
Concuss, *v.t.* : صدمہ پہنچانا ؛ جھنجھوڑنا ؛ دھکا دینا ؛ زور سے ہلانا ؛ (اِستعارتاً) مضطرب کرنا ؛ دھمکی دینا ؛ دباو ڈالنا -
Concussion, *n.* : دھکا ؛ چوٹ ؛ صدمہ ؛ (جراحی میں) دماغی صدمہ ؛ سر کی چوٹ -
c.-bellows : خود کار دھونکنی (جو باجے میں از خود چلتی ہے) -
c.-fuse : پلیتہ ؛ فتیلہ ؛ چوٹ بتی (جو ضرب لگانے سے آگ لیتی ہے) -

---

Condemn, *v.t.* : (۱) برا بھلا کہنا ؛ عیب لگانا ؛ ملامت کرنا ؛ قصوروار ٹھیرانا ؛ مجرم قرار دینا - (۲) خلاف فیصلہ دینا ؛ سزا سنانا ؛ موت کا حکم سنانا - ناکارہ کرنا ؛ رد کرنا ؛ نکما بنا دینا - (۳) ضبطی

کا حکم دینا -

condemnable, *a.* : قابل رد ؛ لائق تعزیر وغیرہ -

Condemnation, *n.* : (۱) سزا یا قصاص کا حکم سنانا - (۲) وجہ سزا ؛ موجبات سزا - (۳) ملامت - (۴) ضبطی -

Condemnatory, *a.* : تعزیری ؛ پر ملامت ؛ اعتراض آمیز ؛ ملامت آمیز -

Condense, *v. t. & i.* : بستہ کرنا ؛ منجمد کرنا ؛ جمانا ؛ کثیف کرنا ؛ (روشنی کی شعاعوں کو) مجتمع کرنا ؛ (برقی قوت کو) یکجا کرنا ؛ سمیٹنا ؛ مجتمع کرنا ؛ مرتکز کرنا ؛ (گیس یا بھاپ سے) سیال بنا دینا ؛ (مطالب کا) ایجاز کرنا ؛ (چند لفظوں میں) مختصر کردینا ؛ (استعارتاً) عطر کھینچ لینا -

condensability, *n.* : انجماد پذیری وغیرہ -

condensable, *a.* : انجماد پذیر ؛ قابل تکثیف -

condensation, *n.* : انجماد ؛ تکثیف ؛ بستگی ؛ تکاثف ؛ منجمد کیفیت -

Condenser, *n.* : آلۂ تکثیف ؛ بھاپ کے کثیف ہونے کا خانہ (انجن میں) -

Condescend, *v. i.* : فروتنی کرنا ؛ جھکنا ؛ انکسار یا تواضع کرنا ؛ (چھوٹوں سے) اتفاق کرنا (رائے سے) -

c. upon : (اسکاٹستان کے محاورے میں) تخصیص کرنا ؛ جزئیات بتانا -

Condescending, *a.* : (۱) منکسر ؛ با اخلاق ؛ متواضع - (۲) ملتفت ؛ شفیق ؛ مائل بہ سر پرستی ؛ کرم فرما

condescendingly, *adv.* : متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

Condescension, *n.* : انکسار ؛ اخلاق ؛ تواضع ؛ التفات ؛ شفقت ؛ کرم فرمائی (چھوٹوں پر) -

Condign, *a.* : مناسب حال ؛ واجبی (سزا ، انتقام وغیرہ) -

condignly, *adv.* : متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

Condiment, *n.* : مسالا ؛ چاشنی ؛ چٹنی ؛ اچار -

condimental, *a.* : مسالے دار ؛ چٹ پٹا -

Condition, *n.* : (۱) حالت ؛ احوال ؛ کیفیت ؛ طور - (۲) شرط ؛ قرار ؛ اقرار (وہ چیز جس کے پورا ہونے پر کسی دوسری چیز کا انحصار ہو) - (۳) جملہ شرطیہ -

change one's c. : شادی کرنا -

in c. : اچھے (ٹھیک) حال میں -

out of c. : برے حال میں -

on c. that : اس شرط پر کہ ؛ بشرطیکہ -

Condition, *v.t.* : شرط لگانا ؛ شرط عائد کرنا (کسی کام کے کرنے پر) ؛ کسی شرط پر راضی ہونا ؛ عہد پیمان کرنا ؛ (تجارت) مال کی حالت جانچنا ؛ پرتا لنا -

the size is conditioned by the requirements : عرض و طول کا انحصار ضروریات پر ہے -

the two things c. each other : دونوں چیزیں لازم و ملزوم ہیں -

they c. the universe anew : یہ لوگ کائنات پر نئی نئی شرطیں لگاتے ہیں -

Conditional, *a. & n.* : شرطیہ ؛ مشروط ؛ قائم بالغیر ؛ منحصر -

c. clause : جملہ شرطیہ -

c. conjunction : حرف شرط -

c. word : کلمۂ شرط -

conditionality, *n.* : مشروطیت ؛ حصریت -

conditionally, *adv.* : بالشرط ؛ مشروط طور پر -

Conditioned, *a.* : (۱) کسی خاص حالت میں - (۲) مقید ؛ مکلف -

ill c. : بری حالت میں -

well-c. : اچھی حالت میں -

Condolatory, *a.* : تعزیتی ؛ ہمدردانہ ؛ متاسفانہ -

Condole, *v. i.* : ماتم پرسی کرنا ، پرسا دینا ؛ تعزیت کرنا ؛ ہمدردی کرنا -

condolence, *n.* : پرسا ؛ ماتم پرسی ؛ تعزیت وغیرہ -

condominium, *n.* : مشترک حکومت ؛ مشترک نگرانی (کسی ملک پر ، دو یا زیادہ سلطنتوں کا مل کر نگرانی کرنا) -

Condone, *v.t.* : معاف کرنا (قصور ، خاص کر infidelity ازدواجی معاہدے کی خلاف ورزی کو) ؛ نظر انداز کرنا (قصور یا افعال کا) ؛ چشم پوشی یا اغماض کرنا ؛ تلافی کرنا ؛ عوض کرنا (کسی قصور کا) -

condonation, *n.* : معافی وغیرہ -

Condor, *n.* : جنوبی امریکا کا ایک بڑی قسم کا گدھ یا کرگس -

California C. : کیلیفورنیا کا بڑا گدھ یا کرگس -

condottiere(-tyari) *n.* (pl.-*ri*, pron.-*re*) : کرائے کی فوج کا سردار ؛ پیشہ ور سپہ سالار (جو محض روپے کی خاطر اپنی جمعیت سمیت کسی فریق جنگ کا شریک ہو جائے) -

Conduce, *v.i.* : رجوع ہونا ؛ مائل ہونا ؛ رہ نما ہونا (واقعات کا کسی خاص نتیجے کی طرف) باعث ہونا ؛ ممد ہونا (کسی نتیجے تک پہنچانے میں) -

conducive, *a.* : راجع ؛ مائل ؛ ممد ؛ باعث -

conduciveness, *n.* : رجوع ؛ میلان -

Conduct, *n.* : (۱) رہ نمائی ؛ رہ بری ؛ انصرام - (۲) (کار و بار وغیرہ کے چلانے کا) طریقہ ؛ طور ؛ طرز - (۳) چال چلن ؛ اطوار ؛ راہ و روش ؛ طور طریقہ ؛ چلن (خاص کر اخلاقی حیثیت سے) -

c.-money : طلبانہ (گواہ کے مصارف سفر) -

Conduct, *v.t.* : رہ نمائی کرنا ؛ رہبری کرنا ؛ سیادت کرنا ؛ سپہ سالاری کرنا ؛ (باجے یا گانے کے متعلق) ہدایت کرنا ؛ (کارو بار کا) انتظام کرنا ؛ اہتمام کرنا ؛ عمل کرنا ؛ طرز عمل اختیار کرنا ؛ (طبیعیات) ایصال (حرارت) کرنا -

Conductible, *a.* : موصل (یا کبھی کبھی) ایصال پذیر (حرارت) -

conductibility, *n.* : ایصال کی قابلیت -

Conduction, *n.* : ایصال یا نقل (حرارت) ؛ رسائی (کسی سیال یا پانی کی) -

conductive, *a.* : ایصالی ؛ رساں ؛ ناقل -

conductivity, *n.* : ایصالیت ؛ ناقلیت -

Conductor, *n.* : (۱) رہ نما ؛ رہبر ؛ اگوا ؛ پیش رو ؛ منتظم ؛ (ناچ یا باجے کا) مہتمم ؛ استاد ؛ پکھاوجی ؛ (کرائے کی گاڑیوں کا) چلانے والا ؛ گاڑی بان ؛ ٹریم بان - (۲) موصل ؛ ناقل (حرارت وغیرہ) ؛ موصل ؛ برق کش (وہ تار یا کلس

جس سے بغلی عمارت کو نقصان پہنچائے بغیر زمین میں آتی جاتی ہے) -

conductorship, *n.* : خدمت یا نوائی وغیرہ -

conductress, *n.* : CONDUCTOR کا اِسم مونث -

Conduit, *n.* : نالی یا نل (جو سیال اشیا کو منتقل کرے) -

Conduplicate, *a.* : لمبا لمبا تہ کیا ہوا -

Condyle, *n.* : (تشریح) تقلی یعنی ہڈی کا وہ گول سرا جو دوسری ہڈی (حفرہ) میں جوڑ پر پھنسا ہوا ہوتا ہے -

condyloid, *a.* : تقلوی -

Cone, *n.*, & *v.t.* & *i.* : (۱) مخروطہ ؛ مخروط ؛ مخروط مستدیر ؛ ہرم ؛ صنوبر وغیرہ کا (پھل) - (۲) ایک آبی جانور (کونوس) کا مخروطی خول یا گھونگا ؛ کوکلا - (۳) طوفان نما (ایک مخروطی شکل کا آلہ جو آندھی اور مینہ کا آنا بتاتا ہے) - (۴) مخروط بنانا ؛ مخروط (پھل) بننا یا اگنا -

cones : (ج ع) (میدے یا باریک آٹے کی) بڑکی خشکی (جسے روٹی کے اوپر برک دیتے ہیں) -

Coney : دیکھو CONY -

Confab, *n.*, & *v.i.* : دیکھو CONFABULATION -

Confabulate, *v.i.* : باتیں کرنا ؛ بات چیت کرنا ؛ گفتگو کرنا -

confabulation, *n.* : گفتگو (بے تکلف) ؛ بات چیت -

confabulatory, *a.* : بات چیت کا سا -

Confection, *n.* & *v.t.* : (۱) ملانا ؛ مخلوط کرنا ؛ مرکب ، خاص کر مٹھائی ؛ شیرینی ؛ مربا ؛ حلوا - (۲) بنانا ؛ تیار کرنا -

confectionary, *a.* : لباس خاص کر زنانہ لباس کی تیار شدہ چیز -

Confectioner, *n.* : حلوائی ؛ مربا ساز ؛ کیک بنانے والا -

confectionery, *n.* : حلوائی کا پیشہ ؛ حلوائی گری ؛ حلوائی خانہ ؛ حلوائی کی دکان ؛ اشیاے حلوائی ؛ مٹھائیاں ؛ حلویات -

Confederacy, *n.* : اِتحاد ؛ ایکا ؛ سازش ؛ تعاہد ؛ (متحد افراد یا ریاستوں کا) جتھا ؛ جیسے *Southern C.* -

Confederate, *a.* & *n.* : متحد ؛ امریکا کی معاہد ریاستیں (جنہوں نے ۱۸۶۰ - ۵ ء میں امریکی اتحاد سے الگ ہو کر اپنا جتھا الگ باندھ لیا) ؛ شریک کار یا حلیف (خاص کر برے معنوں میں) -

Confederate, *v.t.* & *i.* : (کسی شخص ، ریاست یا اپنی ذات کو) اِتحاد میں شریک کرنا -

confederation, *n.* : (۱) گروہ ؛ جتھا ؛ گروہ بندی ؛ جتھے بندی ؛ (۲) حلفاء ؛ متحد ریاستیں (جو اندرونی معاملات میں آزاد ہوں) -

confer, *v.* (imperat. abbr. *cf.*) : مقابلہ کرو ، (کتاب وغیرہ کا حوالہ دیتے وقت لکھتے ہیں جیسے عربی میں " راجع ") -

Confer, *v.t.* & *i.* (-rr-). (*on*) : خطاب ، ڈگری وغیرہ عطا کرنا ، مرحمت کرنا -

c. with : گفتگو کرنا ؛ مشورہ کرنا ؛ صلاح کرنا -

conferment, *n.* : عطا ؛ مرحمت ؛ مشورہ

conferrable, *a.* : قابل عطا وغیرہ -

Conference, *n.* : (۱) مشاورت ؛ مشاورت کا جلسہ ؛ کانفرنس - (۲) ویسلین فرقے کا سالانہ جلسہ -

conferential, *a.* : مشاورتی ؛ قابل کلام (معاملات) -

Confess, *v.t.* & *i.* : قبول کرنا ؛ اِقرار کرنا ؛ تسلیم کرنا ؛ اِقبال کرنا (باقاعدہ گناہوں کا اعتراف کرنا خصوصاً پادری کے سامنے) ؛ توبہ ؛ استغفار (مسیحی طریق کے مطابق) -

confessant, *n.* : مقر ؛ معترف (گناہ) -

confessedly, *adv.* : بہ اِقرار ؛ معترفانہ -

Confession, *n.* : اقبال ، اِقرار ؛ اعتراف ؛ اِیجاب (تصور ، واقعے وغیرہ کا) - (۲) وہ بات جس کا اعتراف کیا گیا ہو - (۳) (اگلے زمانے میں) معترف گناہ کی قبر (کو بھی کہتے تھے) -

c. of faith : اِقرار مذہب ؛ اظہار عقیدہ -

auricular c. : کسی کے سامنے گناہوں کا اعتراف ؛ توبہ -

confessionary, *a.* : گناہوں کے اعتراف سے متعلق -

Confessional, *a.* & *n.* : (۱) اِقراری ؛ اِقبالی ؛ اِیجابی - (۲) وہ کرسی یا نشستگاہ جہاں بیٹھ کر پادری اِقرار گناہ سنتا ہے -

Confessionist, *n.* : معتقد ؛ مومن (خاص کر لوتھری عقیدے کا) -

Confessor, *n.* : (۱) مقر ؛ معترف ؛ مجیب - (۲) راسخ العقیدہ ؛ صاحب اِستقامت (جس نے اِقرار مذہب کی وجہ سے شہادت کے سوا ہر قسم کی ایذا برداشت کی ہو) -

The C. : ایڈورڈ سوم شاہ اِنگلستان -

the C. : پادری (جو اعتراف گناہ سنتا ہے) -

Confetto, *n.* (usu. in pl.-*ti*) : مٹھائی کے نقل ؛ رنگین کاغذ کی ٹکلیاں وغیرہ (جو نو روز اور شادی وغیرہ میں ایک دوسرے پر پھینکتے ہیں) -

Confidant, *n.* (fem.-*ante*, pron.-ant) : خانگی (خصوصاً محبت کے) معاملات کا معتمد علیہ ؛ ہم راز ؛ محرم ؛ دم ساز -

Confide, *v.t.* & *i.* (*in*, *to*) : (۱) بھروسا کرنا ؛ اعتماد کرنا ؛ اعتبار کرنا - (۲) راز دار بنانا - (۳) حوالے کرنا ؛ تفویض کرنا -

Confidence, *n.* : (۱) پورا بھروسا ؛ اعتماد - (۲) زعم ، داعیہ ؛ اعتماد علی النفس ؛ جسارت ؛ دلاوری ؛ بے باکی - (۳) ہم رازی ؛ رازداری ؛ تفویض ؛ امر مفوضہ -

c. trick : فریب ؛ جل ؛ جھانسا ؛ پھسلاوا ؛ عیاری سے دوسروں پر اعتبار جمانا -

Confident, *a.* & *n.* : (۱) بھروسا کرنے والا ؛ معتمد ؛ متیقن (۲) جری ؛ بے باک ؛ صاحب داعیہ ؛ ہم راز ؛ محرم ؛ دم ساز ؛ راز دار -

confidently, *adv.* : متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

Confidential (-shl), *a.* : (۱) راز میں ؛ بصیغۂ راز (تحریراً یا تقریراً) - (۲) رازدار ؛ واقف اسرار ؛ محرم راز - (۳) راز کے کام کرنے والا (ملازم) -

confidentiality (-shi-), *n.* : رازدانی ؛ رازداری -

confidentially, *adv.* : متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

confidentialness, *n.* : اِسم ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

Configuration, *n.* : ترتیب اجزا ؛ ہیئت ؛ وضع ؛ (ہیئت) ستاروں کی مخصوص وضع و ترتیب ؛ اجرام فلکی (مثلاً قمر ، سیاروں وغیرہ) کے مقامات متقابلہ -

Configure, *v.t.* : شکل دینا ؛ تشکیل کرنا -

Confine, *n.* : سرحد ؛ حد اخیر ؛ (اِستعارتاً) حد فاصل (دو قسم کے خیالات میں) -

Confine, *v.t.* & *i.* (*within*, *in*) : (۱) (شخص ، شے ، خود کو)

روکنا یا روک رکھنا؛ حد سے باہر نہ ہونے دینا؛ حد سے تجاوز نہ کرنے دینا؛ حدود میں رکھنا - (۲) قید کرنا؛ مقید کرنا - (۳) صاحب فراش ہونا؛ زچہ خانے میں ہونا -

c. with : (شاذ) ملحق ہونا -

Confinement, *n.* : (۱) قید؛ بند؛ روک - (۲) زچگی؛ صاحب فراشی - (۳) حد -

Confirm, *v.t.* (*in*) : (۱) (طاقت، شخص، قبضے کو) پکا کرنا؛ مضبوط کرنا؛ مستحکم کرنا، تقویت دینا؛ جمانا - (۲) توثیق کرنا؛ منظوری دینا (صلح، قبضے، خطاب کی) یا برقرار رکھنا؛ (بیان یا شہادت کی) تصدیق کرنا - (۳) (کسی شخص کو اس کی عادت یا رائے میں) پختہ کردینا؛ قائم کرنا؛ پختہ کرنا - (۴) عیسائی بچوں کی دینی تلقین و توثیق کی رسم ادا کرنا -

confirmed : پکا؛ سخت؛ (مرض کے لیے) کہنہ؛ مزمن -

confirmative, *a.* : تصدیق کنندہ؛ قوت رساں -

confirmatively, *adv.* : متعلق فعل، مذکورۂ بالا معنوں میں -

confirmatory, *a.* : تصدیقی -

confirmee, *n.* : توثیق، تصدیق، خطاب یافتہ وغیرہ -

Confirmation, *n.* : (۱) ثبات؛ استقلال؛ تائید؛ استحکام؛ برقراری؛ بحالی؛ تصدیق؛ توثیق؛ منظوری - (۲) عیسائی بچوں کے سن شعور کو پہنچنے پر ان کو عیسوی دین کی تعلیم و تلقین کی رسم -

Confiscate, *v.t.* : ضبط کرنا؛ قرق کرنا -

confiscable, *a.* : قابل ضبطی -

confiscator, *n.* : ضبط کرنے والا؛ قرق امین -

confiscatory, *a.* : ضبطی کا -

Confiscation, *n.* : ضبطی؛ قرقی؛ (عام محاورے میں) قانون کے پردے میں لوٹ؛ قانونی حیلے سے لوٹنا -

Conflagration, *n.* : آگ؛ آتش زدگی -

Conflation, *n.* : مخلوط کرنا؛ یک جا کرنا (خاص کر مختلف عبارتوں کا) -

Conflict, *n.* : لڑائی؛ آویزش؛ تصادم؛ مجادلہ -

Conflict, *v.i.* (*with*) : لڑنا؛ ٹکرانا؛ ٹکر کھانا؛ بھڑنا؛ مقابلہ کرنا؛ آویزش یا مجادلہ ہونا -

confliction, *n.* : مجادلہ؛ تخالف؛ مخالفت -

Confluent, *a.* & *n.* : ساتھ بہنے والے؛ ہم رو؛ سنگمی (ندی، چشمے، سڑک وغیرہ) -

c. smallpox : مسوریا چیچک -

confluence, *n.* : سنگم؛ ملنے کی جگہ -

Conflux, *n.* : جوڑ؛ میل؛ ہم روی؛ اجماع -

Conform, *v. t.* & *i.* (*to*) : (۱) کسی نمونے کے مطابق بنوانا یا بنانا؛ مطابق یا موافق کرنا - (۲) ماننا؛ اطاعت کرنا؛ تعمیل یا پیروی کرنا - (۳) عادی ہونا؛ خوگر ہونا -

conformance, *n.* : تطبیق؛ تعمیل؛ پیروی؛ تطابق -

Conformable, *a.* : مشابہ؛ مطابق؛ خوگر؛ تربیت پذیر؛ اصلاح پذیر -

conformability, *n.* : مطابقت؛ تربیت پذیری -

conformably, *adv.* : متعلق فعل، مذکورۂ بالا معنوں میں -

Conformation, *n.* : (۱) ترکیب؛ بناوٹ؛ ڈھانچا؛ ڈھنگ - (۲) خوگری؛ امتثال -

Conformist, *n.* : کلیسائے انگلستان کا پیرو یا مقلد -

Confirmity, *n.* : (۱) مشابہت؛ میل؛ موافقت؛ مطابقت؛ تطابق - (۲) امتثال؛ تعمیل؛ پیروی -

Confound, *v.t.* : (۱) درہم برہم کرنا؛ گڈ مڈ یا بے ترتیب کرنا؛ پریشان یا حیران کرنا - (۲) ناکام کرنا؛ زک دینا؛ (منصوبوں اور امیدوں کو) خاک میں ملانا؛ (انجیل کی اصطلاح) شرمندہ کرنا؛ شرم دلانا؛ شرمانا -

c. it : ناس جائے؛ خدا ستیاناس کرے -

confoundedly, *adv.* : گڈ مڈ کر کے وغیرہ -

Confraternity, *n.* : مواخات؛ (خاص کر مذہبی وغیرہ) جماعت؛ گروہ؛ برادری -

confrere, n. : ہم پیشہ؛ رفیق یا رکن؛ (علمی مجالس میں) ہم رتبہ؛ ہم منصب -

Confront, *v.t.* : (۱) روبرو ہونا؛ مقابل ہونا؛ مقابلہ کرنا؛ سامنا کرنا - (۲) (مشکلات یا مخالفت سے) دوچار ہونا؛ سابقہ پڑنا - (۳) سامنے لے آنا؛ مقابلہ کرادینا (ملزم کا) - (۴) (اشیا کا) آمنے سامنے لانا؛ مقابلہ کرنا؛ ٹکرانا -

confrontation, *n.* : مقابلہ؛ آمنے سامنے ہونا -

Confucian, *a.* & *n.* : کنفوشیس کا پیرو؛ کنفوشی -

confucianism, *n.* : کنفوشیت؛ کنفوشی مذہب -

Confuse, *v.t.* : (۱) ابتر کردینا؛ درہم برہم کردینا؛ خلط مبحث کردینا؛ پریشان کرنا؛ بے ترتیب یا گڈ مڈ کرنا - (۲) شرمندہ کرنا؛ جھینپانا -

confusedly, *adv.* : متعلق فعل، مذکورۂ بالا معنوں میں -

confusedness, *n.* : اسم، مذکورۂ بالا معنوں میں -

Confusion, *n.* : گڑ بڑ؛ ابتری؛ پراگندگی؛ انتشار؛ الجھن؛ دھوم؛ پریشانی؛ ہنگامہ؛ افرا تفری -

c. ! : ایک طرح کا کوسنا یا بد دعا -

c. worse confounded : پہلے سے زیادہ خرابی، بد تری -

drink c. to : (کسی کی) بربادی کا جام پینا -

Confute, *v.t.* : (۱) (کسی کو) خطا وار ثابت کرنا - (۲) (استدلال کو) غلط ثابت کردینا -

confutation, *n.* : اسم، مذکورۂ بالا معنوں میں -

conge (konzha), Congee (-ji), *n.* : (۱) (فرانسیسی) برطرفی، موقوفی (دفعۃً) - (۲) (قدیم) تسلیم؛ کورنش، خاص کر رخصت کے وقت -

conge d' elire : اسقف کے انتخاب کی شاہی اجازت -

conge,-gee, *v.t.* & *i.* : رخصت کرنا یا ہونا -

Congeal, *v. t.* & *i.* : جمنا یا جمانا؛ یخ بستہ کرنا یا ہونا؛ منجمد کرنا (سیال اشیا کا) -

congealable, *a.* : قابل انجماد -

congealment, *n.* : عمل انجماد -

Congelation, *n.* : (۱) جمارت؛ انجماد؛ بستگی - (۲) منجمد (شے)؛ انجمادیہ -

Congener, *n.* & *a.* : ہم جنس؛ ہم قسم؛ متحد النوع -

Congeneric, *a.* : هم جنس ؛ هم قوم ؛ هم قسم ؛ متحد الاصل -

Congenerous, *a.* : هم نوع ؛ (شاذ) هم خاندان -

c. muscles : متحد العمل اعصاب -

Congenial *a.* (*with, to*) : (۱) (اشخاص یا مزاج وغیرہ) هم مزاج ؛ هم رنگ ؛ هم درد - (۲) موافق ؛ مناسب (حال) ؛ پسندیدہ ؛ خوش گوار -

congeniality *n.* : هم رنگی ؛ موافقت وغیرہ -

congenially, *adv.* : متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

Congenital, *a.* : پیدائشی ؛ مادر زاد ؛ آبائی ؛ طبعی ؛ خلقی (خصوصاً بیماری ، عیوب وغیرہ) -

congenitally, *adv.* : متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

Conger (-ngg-), *n.* : بڑی بام (مچھلی) ؛ سمندری بام -

Congeries (-j-), *n.* : ڈھیر ؛ تودہ ؛ مجموعہ ؛ ذخیرہ -

Congest (-j-), *v.t. & i.* : بھرنا ؛ ٹھس جانا ؛ جمع ہو جانا ؛ جماو ہونا ؛ (خاص کر خون کا کسی رگ میں) انجماد ؛ اشتداد یا غلبہ ہونا ؛ (طب) اختناق دم ہونا -

congestive, *a.* : اختناقی یا دموی (امراض وغیرہ) -

Congestion, *n.* : اشتداد ؛ انجماد ؛ اختناق ؛ (استعارتاً) کثرت آبادی ؛ بھیڑ بھاڑ (مسافروں وغیرہ کی) -

Conglobate, *v.t. & i.*, & *a.* : (۱) گولانا (ج) ؛ گول یا مدور بنانا - (۲) گول ؛ مدور ، گیند کا سا -

conglobation, *n.* : تدویر ؛ استدارت ؛ مدوریت -

Conglobe, *v.t. & i.* : - CONGLOBATE مرادف (مثل سابق)

Conglomerate, *a. & n.* : گول تودے یا ڈھیر کی شکل میں جمع کیا ہوا ؛ (ارضیات) تحجر ؛ تراکم ؛ ذروں کا پانی میں بیٹھ کر جمنا یا پتھر بن جانا ؛ رکمہ -

Conglomerate, *v.t. & i.* : ڈھیر کرنا ؛ گول ڈھیر چننا ؛ ڈھیر ہو جانا -

conglomeration, *n.* : ڈھیر ہونا ؛ تجمع ؛ رکام -

Conglutinate, *v.t. & i.* : آپس میں چپک جانا ؛ چسپیدہ ہو جانا (گوند یا سریش سے) -

conglutination, *n.* : چسپیدگی ؛ التصاق -

Congou, *n.* : (چین کی) کالی چائے -

Congratulate, *v.t.* : " مبارک باد " کہنا ؛ تہنیت ادا کرنا ؛ مبارک باد (یا مبارک بادی) دینا -

c. oneself : اپنے آپ کو خوش نصیب خیال کرنا -

congratulant, *a. & n.* : تہنیت خواں ؛ مبارک باد دینے والا -

congratulative, cogratulatory, *aa.* : تہنیت آمیز ؛ مبارک باد کا ؛ تہنیتی -

congratulator, *n.* : تہنیت گزار -

Cogratulation, *n.* : تہنیت ؛ مبارک بادی ؛ مبارک باد ؛ مبارکی -

Congregate, *v.t. & i.* : اکٹھا کرنا ؛ جمع کرنا یا ہونا (اشخاص کا) ؛ ڈھیر لگانا (چیزوں کا) -

Congregation, *n.* : (۱) سبھا ؛ انجمن ؛ مجلس (۲) اراکین جامعہ کا عام اجتماع - (۳) (بائبل) بنی اسرائیل (بحالت سر گردانی) - (۴) مجمع جو کسی قومی غرض کے لیے جمع ہوا ہو - (۵) عبادت گزاروں کا مجمع یا جماعت - (۶) اساقفہ کی مستقل مجلس -

C. of Saints, the wicked, & c. : (بائبل) زمرۂ ابرار و اشرار وغیرہ -

Congregational, *a.* : جماعت سے متعلق ؛ اجتماعی ؛ با جماعت -

Congregationalism, *n.* : کلیسا کی خود مختاری (اپنے معاملات میں) -

congregationalist, *n.* : کلیسائی خود مختاری کا حامی -

congregationalize, *v.t.* : کلیسا کو اندرونی اختیارات دے دینا -

Congress, *n.* : (۱) (نائبین یا مبعوثین کی) مجلس ؛ سبھا ؛ انجمن ؛ کانگریس (خصوصاً معاملات ملکی کی) - (۲) امریکا کی مجلس ملکی یا جمہوری -

C.-man : رکن مجلس ؛ رکن کانگریس -

Congressional, *a.* : مجلس کا ؛ مجلسی ؛ انجمن سے متعلق -

Congreve, *a. & n.* : ایک شخص جس کے نام سے " کانگریو دیا سلائی " اور " کانگریو خدنگہ " موسوم ہیں -

Congruence, -cy, *n.* : توافق ؛ اتحاد ؛ مناسبت (باہمی) -

Congruent, *a.* (*with*) : مناسب ؛ موزوں ؛ موافق -

Congruous, *a.* : موافق ؛ مناسب ؛ شایاں ؛ موزوں ؛ متجانس -

congruity, *n.* : موزونیت ؛ مجانست -

congruously, *adv.* : متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

Conic, *a. & n.* : مخروطی شکل ؛ مخروط ؛ ہرم -

c. section : تراش مخروطی -

conical, *a.* : مخروطی -

conically, *adv.* : متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

conicalness, *n.* : مخروطیت -

Conico- : (ترکیبی جز) مخروط نما ؛ مخروطیت پذیر ؛ مائل بہ مخروطیت جیسے : (c.-cylindricall) -

Conifer, *n.* : صنوبر کی قسم کے پودے ؛ نوع صنوبری -

coniferous, *a.* : صنوبری -

Coniform, *a.* : مخروطی ، مخروطی شکل یا وضع کا -

Conine, Coniine, *n.* : ایک قسم کا نباتی زہر ؛ شیکران یا شوکران (کونائن) -

Conjectural, *a.* : قیاسی ؛ خیالی ؛ اٹکل پچو -

conjecturally, *adv.* : متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

Conjecture, *n.* : خیال یا رائے (بغیر کسی کافی وجہ کے) ؛ قیاس ؛ ظن ؛ اٹکل ؛ اندازہ (خصوصاً کسی متن کی تنقید میں ، اسی لیے قیاسی تعبیر یا تاویل) -

Conjecture, *v.t. & i.* : قیاس کرنا ؛ قیاس دوڑانا ؛ اٹکل چلانا -

conjecturable, *a.* : قابل قیاس آرائی -

conjecturably, *adv.* : قیاساً -

Conjoin, *v.t. & i.* : جوڑنا ؛ ملانا ؛ جڑ جانا ؛ منضم ہونا -

Conjoint, *a.* : جڑا ہوا ؛ ملا ہوا ؛ ملزوم ؛ مقرون -

conjointly, *adv* : متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

Conjugal, *a.* : ازدواجی ؛ نکاحی ؛ بیاہ کا -

conjugality, *n.* : ازدواجیت -

conjugally, *adv.* : متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

Conjugate, *v.t. & i.* : (۱) (صرف) گردانا ؛ فعل کی گردان

کرنا -(۲) مباشرت کرنا ؛ هم بستر هونا- (۳) (حیاتیات) مل جانا ؛ آمیز هو جانا ؛ گهل مل جانا ؛ مواصل هونا -

Conjugate, *a.* & *n.* : جوڑا ؛ جفت ؛ زوج ؛ (نحو) ایک هی مادے سے مشتق الفاظ ؛ مشتقات ؛ هم مادة (الفاظ) ؛ (ریاضی) مزدوج (قطر) ؛ مقرون (مقادیر) -

Conjugation, *n.* : مواصلت ؛ تزویج ؛ پیوند ؛ جڑائی ؛ (صرف) فعل کی گردان ؛ (حیاتیات) دو (متوالد) خانوں کی مواصلت (جس سے تیسرے کی تولید هو) -

conjugational, *a.* : اسم صفت ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

Conjunct, *a.* & *n.* : آپس میں ملے هوئے ؛ جڑواں ؛ لازم و ملزوم ؛ متصاحب -

conjunctly, *adv.* : متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

Conjunction, *n.* : (۱) ساتھ ؛ میل ؛ جوڑ ؛ تلازم - (۲) (نجوم) دو اجرام فلکی کا اجتماع یا قران ؛ اقتران ؛ اجتماع - (۳) حالات یا واقعات کا ایک هی زمانے میں هونا - (۴) (نحو) حرف عطف - (۵) سنجوگ ؛ اجتماع ؛ اتحاد -

conjunctional, *a.* : اقترانی ؛ عطفی ؛ اجتماعی -

conjunctionally, *adv.* : متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

Conjunctive, *a.* & *n.* : (نحو) واصل ؛ ملانے والا ؛ عطفی ؛ عطفیہ ؛ معطوف ؛ معطوف علیہ ؛ (جملۂ) عطف -

c. mood : شرطیہ ؛ (فعل کی) شرطی صورت ؛ [دیکھو SUBJUNCTIVE] -

Conjuncture, *n.* : واقعات یا حالات کا توافق ؛ (آ ملنا ، آ پڑنا) نازک وقت ؛ دشوار موقع ؛ تنگی کا وقت -

Conjuration, *n.* : استدعا (قسم دے کے یا خلوص دل سے) ؛ منت ؛ التجا ؛ حلف ؛ معالفہ - (۲) جادو ؛ منتر ؛ جهاڑ پهونک ؛ ٹوٹکا -

Conjure, *v.t.* & *i.* : (۱) بہ قسم یا صدق دل سے درخواست کرنا ؛ (خدا کا) واسطہ دلانا ؛ حلف دے کر پوچهنا - (۲) افسوں یا سحر کرنا ؛ جادو کے زور سے مسان جگانا ؛ حاضرات کرنا ؛ شعبدہ بازی کرنا- (۳) اثر کرنا ؛ باهر لانا ؛ نکالنا ؛ لے جانا ؛ خیال کے سامنے لا کهڑا کرنا (بهوت ، پریت کا) ؛ بیر بلانا ؛ موکل بلانا -

Conjurer,-or, *n.* : جادوگر ؛ مداری ؛ ساحر ؛ شعبدہ باز ؛ عیار ؛ بلا کا چالاک -

Conk, *n.* : (بازاری اصطلاح) ناک -

Connate, *a.* : جڑواں ؛ هم زاد ؛ توام ؛ خلقی ؛ پیدائشی ۔ (نباتیات ، حیوانیات) متحدفی الاصل ؛ توام -

Connatural, *a.* : (۱) طبعی ؛ خلقی - (۲) هم فطرت ؛ هم مزاج -

connaturally, *adv.* : متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

Connect, *v.t.* & *i.* : (دو چیزوں کو) جوڑنا ؛ ملانا ؛ لگانا ؛ گانٹهنا ؛ باندهنا ؛ (استدلال وغیرہ میں) ملانا ؛ تعلق پیدا کرنا ؛ سلسلہ قائم کرنا ؛ ربط دینا ؛ (خیال میں) متحد کرنا ؛ پیوند یا رشتہ کرنا -

connecter,-or, *n.* : ملانے والا وغیرہ -

connectible, *a.* : مل سکنے والا ؛ اتصاد پذیر وغیرہ -

Connected, *a.* : جڑا هوا ؛ مسلسل ؛ مربوط وغیرہ -

connectedly, *adv.* : متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

connectedness, *n.* : رابطہ ؛ تعلق -

Connective, *a.* : مسلسل کن ؛ ربط ساز ؛ ملانے والا ؛ جوڑ لگانے والا ؛

c. tissue : (تشریح) نسیج موصل -

Connexion,-nection, *n.* : (۱) سلسلہ ؛ تعلق ؛ جوڑ ؛ میل ؛ لگاو ؛ بندهن - (۲) جوڑ لگانے والا ؛ جیسے : *hot water cc.* (۳) ناجائز تعلق ؛ آشنائی - (۴) خاندانی تعلقات ؛ رشتہ داری ؛ رشتہ دار - (۵) زمرہ ؛ مذهبی گروہ - (۶) گاهک ؛ (جمع) خریدار (ساکھ والے) - (۷) میل (ریل یا جهاز وغیرہ کا)

connexional, *a.* : متعلق ؛ مسلسل -

Connivance, *n.* : چشم پوشی ؛ اغماض ؛ اغماض یا در پردہ اجازت -

Connive, *v.i.* : چشم پوشی کرنا ؛ اغماض کرنا ؛ نظر انداز کرنا ؛ هو جانے دینا -

Connivent, *a.* : چشم پوشی یا اغماض کرنےوالا ؛ چشم‌پوش ؛ (حیاتیات) راجع ؛ مائل بہ مرکز (جیسے ، پهول کی پنکهڑیاں)

Connoisseur (konaser), *n.* : نقاد ؛ دقیقہ شناس ؛ نکتہ رس ؛ مبصر (ذوقی معاملات میں) ؛ جاننے والا ؛ پرکهنے والا ؛ صاحب ذوق -

connoisseurship, *n.* : دقیقہ شناسی ؛ ذوق سلیم ؛ پرکھ -

Connote, *v.t.* : اصلی کے ساتھ اضافی معنی دینا ؛ اصل یا جنس ظاهر کرنا ؛ نتیجة (ضمنی) ظاهر کرنا -

connotation, *n.* : تعبیر ؛ عبارت ؛ (منطق) تضمین ؛ تضمن -

connotative, *a.* : مرادت ؛ تعبیری ؛ متضمن ؛ تضمنی -

connotatively, *adv.* : متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

Connubial, *a.* : اِزدواجی ؛ میاں بی بی کا ؛ زن و شو سے متعلق -

connubiality, *n.* : زوجیت -

Conoid, *a.* & *n.* : مخروطی ؛ صنوبری ؛ گاؤ دم ؛ (*n.*) نیم (مخروطی) ؛ هرم ؛ مخروط نما -

conoidal, *a.* : نیم نما ؛ هرمی ؛ هرم نما -

Conquer, *v. t.* & *i.* : غالب آنا ؛ زیر کرنا ؛ مطیع کرنا ؛ (ملک کا) فتح کرنا ؛ جیتنا ؛ تسخیر کرنا ؛ سر کرنا ؛ مغلوب کرنا ؛ حاصل کرنا -

stoop to c. : تدبیر کرنا ؛ هیر پهیر سے کام نکالنا -

Conqueror, *n.* : فاتح ؛ غالب ؛ فتح مند ؛ ظفر یاب ؛ مظفر ؛ منصور -

play the c. (colloq) : هار جیت کا فیصلہ کرنا ؛ آخری بازی لگانا -

the C. : ولیم اول شاہ انگلستان -

Conquest, *n.* : (۱) فتح ؛ غلبہ ؛ ظفر ؛ نصرت ؛ تسلط (کسی ملک پر) - (۲) ملک مفتوحہ ؛ مقبوضہ ؛ فتوحات - (۳) شخص جسے کسی نے اپنی محبت کا گرویدہ کرلیا هو ؛ (کسی کا) کشتہ -

Consanguine,-ous, *a.* : ایک خون ؛ یگانہ ؛ هم خاندان ؛ رشتہ دار ؛ یک جدی -

Consanguinity, *n.* : یگانگت ؛ قرابت ؛ هم خاندانی -

Conscience (-shens), *n.* : اچهے برے کی اخلاقی تمیز ؛ ضمیر ؛ ایمان ؛ باطن ؛ ایقان -

c. clause (in act) : اِستثنا بربنائے ضمیر (قانون میں) -

c. money : ایمان بها ؛ زر یمان (ج) (زر ایمان) یعنی وہ رقم جو نا جائز طریقہ سے حاصل کی گئی هو یا نہ ادا کی گئی هو ، اسے اپنے ضمیر کی تشفی کے لیے گمنام طور پر ادا کرنا -

for c. (or c.' s) *sake* : ضمیر کی خاطر ؛ اطمینان قلب کے لیے -

good or *clear*, *bad* or *guilty*, c. : بے خطا یا خطاوار ہونے کا احساس -

have on one's c. : قصور کا احساس ؛ اپنے قصور کا صدمہ دل پر رہنا -

have the c. to : جسارت کرنا -

in all c. : پورے احساس کے ساتھہ -

consciencеless, *a.* : بے ایمان ؛ ظالم ؛ بے رحم ؛ شقی -

Conscientious (-shiensh-) , *a.* : ایمان دار ؛ صاحب تقویٰ ؛ با اُصول ؛ پابند اُصول -

conscientiously, *adv.* : متعلق فعل ' مذکور بالا معنوں میں -

conscientiousness, *n.* : ایمان داری ؛ تدین ؛ راست بازی -

Conscious, *a.* : آگاہ ؛ واقف ؛ صاحب شعور ؛ صاحب احساس ؛ ہوش مند ؛ با خبر ؛ اپنی کوتاہی یا خوبی سے با خبر -

Consciousness, *n.* : شعور ؛ احساس ؛ آگاہی ؛ وقوف ؛ علم -

Conscribe, *v.t.* : جبراً فوج میں بھرتی کرنا ؛ قانوناً داخل فوج کرنا -

Conscript, *a.* & *n.* : مجبور ؛ جبراً بھرتی کیا ہوا ؛ بیگار کا سپاہی -

c. fathers : (رومی تاریخ میں) اراکین مجلس اعیان -

Conscription, *n.* : جبری خدمت ؛ جبری بھرتی ؛ قانون داخلہ (فوج میں) -

c. of wealth : حربی جزیہ ؛ مقاصد جنگ کے لیے ایسے اشخاص پر ٹیکس لگانا یا اُن کی اِملاک ضبط کرنا جو فوج میں بھرتی نہیں ہوئے تاکہ دونوں گروہوں کی حالت برابر ہو جائے -

Consecrate, *a.* : مقدس ؛ متبرک ؛ نذر (دیا ہوا) ؛ وقف (کیا ہوا) ؛ نذر نیاز کا ؛ نذر کیا ہو -

Consecrate, *v.t.* : وقف (مذہبی) کرنا ؛ (کسی دینی کام کے لیے) مخصوص یا موسوم کر دینا ؛ بھینٹ چڑھانا -

consecrator, *n.* : وقف کنندہ ؛ واقف ؛ نذر دہندہ ؛ بھینٹ چڑھانے والا -

consecratory , *a.* : نذر کردہ ؛ متبرک ؛ موسومہ ؛ وقف سے متعلق ؛ موقوفہ -

Consecration, *n.* : (۱) نذر ؛ نیاز ؛ پرتشٹھا ؛ چڑھاوا ؛ بھینٹ وقف - (۲) تقدیس ؛ تسمیہ ؛ (مذہبی اغراض سے) تخصیص ؛ نامزدگی - (۳) مذہبی عہدہ یابی کی رسم (خاص کر عہدۂ اسقف) ؛ دستار بندی ؛ خرقہ یابی -

Consectary, *n.* : نتیجہ ؛ نتیجۂ ضمنی -

Consecution, *n.* : منطقی نتیجہ ؛ تسلسل واقعات ؛ (نحو) مطابقت لفظ یا زمانے کی) -

Consecutive, *a.* : لگاتار ؛ مسلسلہ وار ؛ متواتر ؛ مسلسل ؛ متوالی ؛ تابع ؛ (نحو) جزا -

c. intervals : (موسیقی) ابعاد متواترہ -

consecutively, *adv.* : مسلسل ؛ متواتر وغیرہ -

consecutiveness, *n.* : تواتر ؛ تسلسل -

Consenescence, *n.* : اِضمحلال (بوجہ کبر سنی) ؛ اِنحطاط قویٰ -

Consensual, *a.* : (عضویات) متابع ؛ مطاوع ؛ اِضطراری ؛ غیر اِرادی (حرکت اعضا) -

Consensus, *n.* : (رائے وغیرہ کا) اِتفاق ؛ توافق ؛ مطابقت (رائے یا کسی شہادت کی) ؛ (عضویات) ہمدردی ؛ مطاوعت (یعنی کسی غایت کے لیے مختلف اعضا کا اِتحاد عمل) -

Consent *v.i.* : منظور کرنا ؛ مان لینا ؛ قبول کرنا ؛ رضا مند ہونا -

Consent, *n.* : رضا مندی ؛ منظوری ؛ اِجازت -

age of c. : (۱) سن بلوغ ؛ سن شعور (یعنی وہ عمر جب کوئی شخص قانوناً رضا مندی دینے کا مجاز ہو) - (۲) لڑکیوں کا قانونی سن بلوغ -

silence gives c. : خاموشی نیم رضا ؛ السکوت نصف الرضاء -

with one c. : بالاتفاق ؛ متفقہ -

Consentaneous, *a.* : ہم آہنگ ؛ ہم رائے ؛ موزوں ؛ موافق ؛ مناسب ؛ متفق ؛ راس آنے والا (والی) -

consentaneity, *n.* : ہم آہنگی وغیرہ -

consentaneously, *adv.* : متعلق فعل ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

consentaneousness, *n.* : اسم ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

Consentient (-shnt), *a.* : متفق ؛ رضا مند ؛ راضی برضا -

Consequence, *n.* : (۱) نتیجہ ؛ حاصل ؛ پھل ؛ ماحصل ؛ جزا ؛ ثمرہ - (۲) منطقی نتیجہ - (۳) اہمیت ؛ قدر ؛ اعتبار ؛ منزلت ؛ مرتبہ ؛ اِمتیاز -

in c. : (اُس کا) نتیجہ یہ ہوا کہ ؛ نتیجہ یہ کہ -

of c. : اہم -

of no c. : غیر اہم ؛ بے وقعت ؛ ہیچ -

take the cc. : بھگتنا ؛ بھگتان بھگتنا ؛ اپنے کیے کو بھگتنا -

Consequent, *n.* : واقعۂ مابعد ؛ نتیجہ ؛ (شرط) جزا ؛ (ریاضی) تالی ؛ سیاق -

Consequent, *a.* : منتج ؛ موخر ؛ متعاقب -

Consequential, *a.* : (۱) تبعی ؛ ضمنی ؛ ذیلی ؛ (بالواسطہ) لزمی ؛ عقبی ؛ مابعد - (۲) خود بین ؛ خود پسند -

c. damages : تاوان بطور نتیجہ ؛ لازمی نقصان ؛ نقصان ما بعد -

consequentiality (-shi-), *n.* : لزوم ؛ عقبیت -

consequentially, *adv.* : لزوماً ؛ ما بعد -

Consequently, *adv.* & *conj.* : لہذا ؛ اِس وجہ سے ؛ اِس سبب سے ؛ اِس لیے ؛ پس -

Conservancy, *n.* : (۱) تحفظ ؛ رکھ یا رکھانت (یعنی گھاس' جنگل' دریا کا سرکاری طور پر محفوظ ہونا) ؛ نگرانی (سرکاری) - (۲) محکمۂ نگرانی) بندر گاہ ' دریا ' جہاز رانی وغیرہ -

Conservation, *n.* : حفاظت ؛ بچاو ؛ تحفظ -

c. of energy : بقا یا دوام توانائی (مجموعی قوت کا نظام عالم میں ہمیشہ یکساں رہنا) -

Conservative, *a.* & *n.* : (۱) مستحفظ ؛ حفاظت خواہ ؛ محافظ - (۲) قدامت پسند ؛ اعتدال پسند ؛ محتاط ؛ محدود النظر ؛ پست خیال ؛ لکیر کا فقیر -

C. party : اِنگلستان کا ایک قدامت پسند سیاسی گروہ یا جماعت (جو اُصول حکومت میں تغیر کے خلاف ہے) -

conservatism, *n.* : قدامت پسندی وغیرہ

conservatoire, *n.* : اِدارۂ موسیقی ؛ فنا گاہ ؛ غنائیہ ؛ راگ شالا -

Conservator *n.* : محافظ ؛ (عجائب خانے وغیرہ کا) نگران کار ؛

مہتمم -

cc. of a river: دیکھو CONSERVANCY -

cc. of the peace: بادشاہ ' میر عدل وغیرہ -

Conservatory, *n.*: پود گھر (جس میں پودے حفاظت اور پرورش کے لیے رکھے جاتے ہیں) -

Conserve, *n.* (usu. pl.): مربا ؛ مٹھائی وغیرہ -

Conserve, *v.t.*: حفاظت کرنا ؛ محفوظ رکھنا ؛ (نقصان یا بربادی سے) بچانا ؛ قائم رکھنا ؛ بقا کی تدبیر کرنا -

Consider, *v. t. & i.*: (۱) سوچنا ؛ غورکرنا ؛ تامل کرنا - (۲) پاس' لحاظ یا توجہ کرنا ؛ سمجھنا - (۳) قیاس کرنا ' گننا : تخمینہ کرنا - (۴) جانچنا ؛ پرتالنا ؛ پرکھنا -

Considerable, *a.*: قابل لحاظ ؛ لائق توجہ ؛ قابل غور ؛ اہم ؛ معقول ؛ کثیر ؛ معتدبہ -

Considerate, *a.*: دوسروں کا لحاظ رکھنے والا ؛ (قدیم محاورے میں) محتاط ؛ ہوشیار -

considerateness, *n.*: اسم مذکور' بالا معنوں میں -

Consideration, *n.*: (۱) غور ؛ تامل ؛ سوچ ؛ سمجھ ؛ توجہ ؛ التفات - (۲) پاس و لحاظ ؛ ملاحظہ - (۳) اہمیت ؛ وقعت ؛ قابل لحاظ امر ؛ جیسے : *that is a c.* - (۴) تلافی ؛ معاوضہ ؛ اجر - (۵) (قانون) عوض -

in c. of: بعوض ؛ بوجہ -

take into c.: لحاظ کرنا ؛ غور کرنا -

under c.: زیر غور -

Considering, *prep.*: بلحاظ اس کے ؛ اس لحاظ سے -

Consign, *v. t.*: (۱) دینا ؛ دے ڈالنا ؛ سپرد کردینا ؛ سونپ دینا ؛ تفویض یا حوالے کرنا - (۲) إرسال کرنا ؛ بذریعۂ ریل بھیجنا - (۳) امانت رکھنا -

consignable, *a.*: قابل امانت -

consignee, *n.*: پانے والا ؛ مرسل الیہ -

consignor, *n.*: بھیجنے والا ؛ مرسل -

Consignation (- ig -), *n.*: (۱) ادائی (رقم) ؛ تحویل ؛ تفویض - (۲) (مال کی) ترسیل -

to the c. of: پتا یا مقام (مرسل الیہ کا) ؛ بنام -

Consginment, *n.*: (۱) حوالگی ؛ تفویض ؛ سپردگی - (۲) مال مفوضہ ؛ سپرد کیا ہوا مال -

Consilient, *a.*: ہم نتیجہ (إستقرا) -

Consist, *v. i.*: مشتمل یا مرکب ہونا ؛ (بعض اجزا سے) بننا ؛ ہم آہنگ ہونا ؛ ہم برد ہونا ؛ ہم وجود ہونا -

Consistence, -cy, *n.*: (۱) دبازت ؛ ٹھوس پن ؛ استحکام - (۲) استقامت ؛ وضع داری ؛ یک رنگی ؛ یکساں روی -

Consistent, *a.*: یکساں ؛ یک رنگ ؛ با وضع ؛ مستقیم ؛ با أصول -

consistory, *n.*: مجلس اساقفہ ؛ پوپ کی مجلس ؛ پادریوں کی جماعت یا عدالت -

consistorial, *a.*: اسم صفت ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

Consociate (-shiat), *a. & n.*: ندیم ؛ جلیس ؛ ہم صحبت ؛ مصاحب ؛ رفیق ؛ ساتھی -

Consociate, *v. t. & i.*: ساتھ ہونا ؛ رفیق ہونا -

consociation, *n.*: مصاحبت ؛ رفاقت وغیرہ -

Consolation, *n.*: تسلی ؛ تشفی ؛ دلاسا ؛ ڈھارس ؛ اشک شوئی -

c. prize, race, stakes: اشک شوئی کا إنعام ؛ اشک شوئی کی بازی یا دوڑ (ہارنے والوں کی دوڑ یا بازی جس میں ایک مرتبہ پھر إنعامی مقابلہ کرایا جاے) -

Consolatory, *a.*: تسکین بخش ؛ پرتسلی ؛ تسلی آمیز -

consolatorily, *adv.*: متعلق فعل ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

Console, *v. t.*: تسلی ' تشفی' ڈھارس دینا ؛ دل جوئی کرنا ؛ آنسو پونچھنا -

consolable, *a.*: قابل تسلی وغیرہ -

Console, *n.*: (متروک) سہارا ؛ ٹیکا ؛ رحل ؛ چوکھٹا -

Consolidate, *v. t. & i.*: (۱) جمانا ؛ منجمد ؛ سخت یا بستہ کرنا ؛ (إستعارتاً) (قوت کو) مضبوط کرنا ؛ أستوار کرنا - (۲) (ریاستوں ' صوبوں ' کمپنیوں یا قرضوں کو) ملانا ؛ إلحاق کرنا ؛ إنضمام یا منضم کرنا ؛ ملاکر ایک کردینا ؛ إجتماع یا تالیف کرنا -

consolidated annuities, consols: قرض مجتمعہ کے تمسکات -

Consolidated Fund: مختلف محاصل کا إنضمام (جس سے قومی قرضے وغیرہ کا سود ادا کیا جاتا ہے) -

consolidation, *n.*: إنجماد ؛ بستگی ؛ پیوستگی ؛ إستحکام ؛ مضبوطی ؛ إجتماع ؛ إنضمام -

consolidatory, *a.*: جما ہوا ؛ بستہ ؛ پیوستہ وغیرہ -

consolidator, *n.*: جمانے والا ؛ پیوستہ کن ؛ إستحکام دہ وغیرہ -

Consols, *n.* Pl.: برطانی حکومت کے تمسکات قرض -

Consomme, *n.*: یخنی ؛ شوربا -

Consonance, *n.*: تجنیس صوتی ؛ ہم آہنگی (الفاظ یا ترتیل میں) ؛ (موسیقی) ابعاد آہنگ ؛ سریلا پن ؛ (إستعارتاً) ہم نوائی ؛ ہم رائی ؛ إتحاد ؛ موافقت -

Consonant, *a.*: خوش آہنگ ؛ خوش نوا ؛ موزوں ؛ ہم آہنگ ؛ موافق ؛ متحد ؛ (موسیقی) درستی ساز ؛ سر ملائی -

Consonant, *n.*: حرف صحیح ؛ حرف یا صوت (جو کسی حرف علت کے ساتھ مل کر آواز دے سکے) -

consonantal, *a.*: حرف صحیح سے متعلق -

Consort, *n.*: (۱) زوج (شوہر یا زوجہ) - (۲) ہمراہی یا ساتھ کا جہاز ؛ رفیق جہاز -

king, prince, c.: شوہر ملکہ ؛ " نواب دولھا " -

queen c.: بادشاہ بیگم -

Consort, *v. t. & i.*: ساتھ رہنا ؛ متفق' ہم نوا یا رفیق ہونا -

Conspecific, *a.*: ہم نوع ؛ متحد النوع -

Conspectus, *n.*: (ذہنی) تبصرہ ؛ سرسری نظر ؛ (مضمون کا) خاکہ یا منصوبہ ؛ إجمال ؛ جدول (مضامین کی) -

Conspicuous, *a.*: (۱) ظاہر ؛ نمایاں ؛ بین ؛ واضح ؛ صریح - (۲) جالب توجہ : جالب شہرت -

conspicuity, conspicuousness, *nn.*: نمایانی ؛ نمایاں پن ؛ إمتیازی خصوصیت وغیرہ (شاذ) -

Conspiracy, *n.*: (۱) سازش ؛ ساز باز ؛ ایکا ؛ إتفاق ؛ منصوبہ (اچھا یا برا) - (۲) شرکت ؛ (خلاف قانون کام کے لیے) سازش مجرمانہ -

Conspirator, *n.*: سازش کنندہ ؛ سازشی ؛ شریک (مجرمانہ منصوبے میں) -

conspiratress, *n.*: اِسم مونث' مذکورۂ بالا معنوں میں -

Conspire, *v. i. & t.*: سازباز کرنا (خاص کر قتل یا بغاوت کے
لیے) ؛ سازش' میل' اِتفاق یا ایکا کرنا ؛ مللصوبہ گانٹھنا ؛
جمع ہونا (نا مساعد واقعات کا) -

Conspue, *v. t.*: اِظہار نفرت ؛ تھڑی تھڑی یا تھو تھو کرنا ؛
(کسی حکمت عملی یا شخص کے خلاف) شور مچانا ؛ ہنگامہ
کرنا ؛ احتجاج کرنا

Constable, *n.*: کوتوالی کا جوان یا سپاھی ؛ سرھنگ ۔
برقنداز ؛ کانسٹبل -

C. of England, C. of France : انگلستان (یا فرانس) کے عہد
شاھی کا ایک عہدہ دار جو صرف خاص کا نگراں اور بادشاہ
کی عدم موجودگی میں سپہ سالار ہوتا تھا (اور انگلستان
میں اب بھی خاص خاص موقعوں پر مقرر کرلیا جاتا ھے) ؛
ملک نائب ؛ کوتوال شاھی ؛ سر خیل -

outrun the c. مقروض ہوجانا -

special c. : وقتی یا ملصوم چوکی دار (-کانسٹیبل) -

Constabulary, *a. & n.* : جمعیت سرھنگاں' شرطہ ؛ کوتوالی
کی جمعیت -

Constancy, *n.* : قیام ؛ قرار ؛ استقلال ؛ ثبات ؛ ثابت قدمی ؛
وضع داری ؛ وفاداری ؛ استقامت -

Constant, *a. & n.* : ثابت قدم ؛ مستقل ؛ راسخ ؛ وفادار ؛
غیر متذبذب ؛ (طبیعیات و ریاضی) (مقادیر) مستقلہ' ثابتہ -

Constantia, *n.* : جنوبی افریقہ کی ایک شراب -

Constantly, *adv.* : ہمیشہ ؛ اکثر ؛ پیہم بارھا ؛ علی‌الاتصال -

Constellate, *v.t. & i.* : جھرمٹ ہونا (ستاروں کا) ' جھمکا
بن جانا ؛ جمع ہوجانا -

Constellation, *n.* : (ستاروں کا) مجمع ؛ جھمکا ؛ تارا منڈل ؛
مجموعۂ نجوم -

Consternate, *v.t.* : ہیبت زدہ کرنا یا ہونا ؛ سراسیمہ یا
بد حواس ہو جانا ؛ اضطراب چھا جانا ؛ ششدر رہ جانا -

Consternation, *n.* : ہیبت ؛ خوف ؛ حیرانی ؛ سراسیمگی ؛
اضطراب -

Constipate *v.t.* : قبض یا یبس (معدہ) ہونا یا کرنا -

Constipation, *n.* : قبض' یبس (معدہ) -

Constituency, *n.* : (۱) جماعت منتخبین حلقۂ انتخاب ؛
رائے دینے والوں کی جماعت جو اپنے نمایندے کا انتخاب
کرتی ھے ؛ آبادی یا مقام جہاں انتخاب ہوا ہو - (۲) گاھک
لوگ ؛ججمان ؛ خریدار -

Constituent, *a. & n.* : (۱) جز ؛ حصہ ؛ ٹکڑا ؛ عنصر -
(۲) انتخاب کنندہ ؛ رائے دھندہ ؛ مختار ؛ نمایندہ -
(۳) بنانے والا ؛ واضع -

c. assembly, power : وہ جماعت یا حکومت جسے آئین
ملکی میں رد و بدل کا اختیار ہو ؛ مجلس وضع قوانین -

Constitute, *v.t.* : (۱) متعین' مقرر یا مامور کرنا - (۲) وجود
میں لانا ؛ بنانا ؛ قائم' مرتب کرنا ؛ تشکیل دینا - (۳) مشتمل
ہونا ؛ ترکیب پانا - (۴) آئینی یا قانونی صورت دینا (کسی
جماعت یا مجلس کو) -

Constitution, *n.* : (۱) ساخت ؛ ترکیب ؛ بناوٹ (جسم یا
دماغ کی) - (۲) نظام ؛ آئین ؛ دستور اساسی - (۳) مزاج ؛
سرشت ؛ فطرت ؛ طبیعت - (۴) (قدیم تاریخ) فرمان ؛
حکم نامہ ؛ ضابطہ -

written c. تحریری آئین ؛ دستورالعمل -

Constitutional, *a. & n.* : (۱) جسمانی ؛ طبعی ؛ خلقی
(جسم یا دماغ کی ساخت سے متعلق) - (۲) آئینی ؛ دستوری -

c. walk : صحت کی غرض سے چہل قدمی -

constitutionality, *n.* : مشروطیت ؛ آئینیت ؛ دستوریت -

Constitutionalism *n.* : (۱) نظام آئینی ؛ حکومت مشروطہ -
(۲) آئین پسندی ؛ پابندی آئین -

Constitutionalist, *n.* : آئین پسند ؛ آئینی ؛ حامی آئین ؛
نظام آئینی کا ماہر -

Constitutionalize, *v.t. & i.* : آئینی بنانا ؛ آئین کا رنگ دینا -

Constitutive, *a.* : تعمیری ؛ ترکیبی ؛ اساسی ؛ جز ترکیبی -

Constitutor, *n.* : تعمیر کنندہ ؛ ترکیب دھندہ (شخص یا شے) -

Constrain, *v.t.* : مجبور کرنا ؛ دبانا ؛ روکنا ؛ جبراً باز رکھنا ؛
قید کرنا -

constrainedly, *adv.* : متعلق فعل' مذکورۂ بالا معنوں میں -

Constraint *n.* : جبر ؛ دباؤ ؛ زبردستی ؛ روک ؛ بندش ؛ قید ؛
ضبط ؛ قابو (جذبات پر) ؛ سمیٹنا ؛ سکیڑنا ؛ کھینچنا ؛ بھینچنا ؛
دبانا ؛ پیلنا -

Constriction, *n.* : انقباض ؛ قبض ؛ کھنچاو وغیرہ -

constrictive, *a.* : قابض ؛ انقباضی ؛ کھنچاو کرنے والا -

Constrictor, *n.* : (۱) (طب) عضلۂ قابضہ - (۲) ایک
دبانے والا آلہ ؛ مقباض -

Constringe, *v.t.* : کھینچنا ؛ سکیڑنا ؛ بھینچنا -

constringency, *n.* : اسم' مذکورۂ بالا معنوں میں -

constringent, *a.* : اسم صفت' مذکورۂ بالا معنوں میں -

Construct, *v.t.* : بنانا ؛ تعمیر کرنا ؛ تیار کرنا ؛ مرتب کرنا ؛
انشا کرنا ؛ کلمہ بنانا ؛ ترکیب دینا ؛ کھینچنا (شکل)

Construction, *n.* : (۱) بناوٹ ؛ ترکیب ؛ تعمیر - (۲) انشا ؛
عبارت ؛ کلام - (۳) تعبیر ؛ تاویل ؛ تفسیر ؛ توجیہ

Constructional, *a.* : ترکیبی ؛ ساختہ ؛ تفسیری ؛ تعبیری -

Constructive, *a.* : (۱) تعمیری ؛ بنانہاد ؛ اصلاحی یا تعمیری (تخریبی
کے مقابلے میں) - (۲) تاویلی ؛ تعبیری (بالواسطہ) ؛ حقیقی -

constructively, *adv.* : متعلق فعل' مذکورۂ بالا معنوں میں -

Constructor, *n.* : (۱) عمارت ساز ؛ ترکیب دینے والا وغیرہ -
(۲) (اصطلاحاً) بحری تعمیرات کا نگراں کار ؛ مستری -

constructorship, *n.* : عہدۂ مستری ؛ نگراں کاری -

Construe, *v. t. & i.* : (۱) ترکیب کرنا یا دینا (الفاظ کو) -
(۲) لفظاً لفظاً ترجمہ کرنا ؛ معنے لگانا ؛ تعبیر یا تفسیر کرنا -

Consubstantial, *a.* : عین ذات ؛ متحد الجواہر ؛ بالخصوص
" واحد فی الثلاثہ " -

consubstantiality, *n.* : عینیت ؛ وحدت ذات ؛ وحدت
فی التثلیث -

Consubstantiate, *v.t. & i.* : ایک ذات کرنا ؛ جمع فی الذات
یا عین ذات ہونا -

Consubstantiation, *n.* : عینیت مسیح (یہ عقیدہ کہ عشاے

ربانی میں نان و شراب کے ساتھ حضرت عیسیٰ کا حقیقی جسم و خون بھی موجود ہوتا ہے) -

Consuetude(-swi-), *n.*: (۱) رواج (خاص کر وہ جسے قانونی قوت حاصل ہوجائے) ؛ عادت - (۲) معاشرت؛ میل جول -

Consuetudinary, *a.& n.*: (۱) رواجی؛ معتاد - (۲) دستورالعمل؛ ضابطۂ گرجا؛ کتابچۂ رسم و رواج -

Consul, *n.*: (۱) قنصل (قونصل) (جمہوریۂ روما کے دو اعلیٰ حاکم جو ہر سال قنصل کے نام سے منتخب ہوتے اور مل کر انتظام کرتے تھے) - (۲) نیز جمہوریۂ فرانس کے حکام ثلاثہ کا لقب (۱۷۹۹ ع - ۱۸۰۴ ع) - (۳) وکیل؛ نائب؛ کار پرداز (جو ممالک غیر میں کسی سلطنت کی طرف سے اپنی رعایا اور تجارت کے حقوق کی نگرانی کے لیے مقرر ہوتا ہے) ؛ سفیر سے کم درجے کا عہدہ دار - (۴) سیکل سواروں کے کشتی کلب کا مقامی نمایندہ -

consulship, *n.*: عہدہ قنصلی ؛ وکالت -

Consular, *a. & n.*: قنصلی ؛ متعلق بہ قنصل ؛ روما میں وہ شخص جو قنصل رہ چکا ہو -

Consulate, *n.*: قنصل خانہ ؛ قنصل یا وکیل کی فرود گاہ ' دفتر یا عملہ ؛ (تاریخ فرانس میں) زمانۂ قنصلی؛ عہد قنصلیت -

Consult, *v.t. & i.*: (۱) مشورہ کرنا ؛ رائے ' اطلاع ' ہدایت یا صلاح طلب کرنا ؛ رجوع کرنا (کتاب یا شخص کی طرف) - (۲) لحاظ رکھنا ؛ پاس کرنا (دوسروں کے اغراض و جذبات کا) -

c. one's pillow: رات بھر کی مہلت لینا (غور کے لیے) -

consultable, *a.*: قابل مشورہ وغیرہ -

consultative, *a.*: مشورے کا ' مشورہ دینے کا مجاز ؛ مجلس شوریٰ (وہ جماعت جسے مشورہ دینے کا حق تو ہو مگر فیصلے کا حق نہ ہو) -

consultee, *n.*: مستشار ؛ مشاور الیہ ؛ مرجع (جس سے مشورہ یا رجوع کیا جائے) -

Consultant, *n.*: (۱) مشورہ گیر ؛ مشورہ یا رائے چاہنے والا ؛ راجع - (۲) مشیر طبی -

Consultation, *n.*: مشورہ ؛ صلاح ؛ مشاورۃ -

Consume, *v. t. & i.*: خرچ کر ڈالنا ؛ برت ڈالنا ؛ ختم کردینا ؛ کھا پی جانا ؛ اڑا دینا ؛ ضائع کر دینا ؛ اسراف کرنا ؛ (حسد سے) جلنا ؛ کباب ہونا -

Consumedly, *adv.*: نہایت ؛ بے حد -

Consumer, *n.*: فعل CONSUME کا فاعل ؛ (معاشیات) مستفید ؛ متمتع ؛ خرچ کرنے والا ؛ کام میں لانے والا (" پیدا کرنے والا " کے مقابلے میں) -

Consummate, *a.*: کامل ؛ پختہ ؛ پورا ؛ انتہائی ؛ نہایت رسیدہ ؛ کمال یافتہ -

Consummate, *v. t.*: تکمیل یا اتمام کرنا ؛ کمال کو پہنچانا ؛ پختہ یا پورا کرنا (خاص کر تعلق زناشوئی کی تکمیل (یا خلوت صحیحہ) کرنا -

consummative, *a.*: تکمیلی ؛ اتمام کن -

consummator, *n.*: تکمیل یا پختہ کرنے والا

Consummation, *n.*: (۱) تکمیل (زفاف) ؛ کمال ؛ نہایت ؛ غایت ' منزل مقصود ؛ مطمح نظر - (۲) تکمیل شدہ شے -

Consumption, *n.*: (۱) خرچ ؛ صرف ؛ اتلاف ؛ خاتمہ ؛ ضائع شدگی ؛ کھلا دینے والی تپ (خاص کر سل یا دق) - (۲) مقدار خرچ شدہ -

Consumptive, *a. & n.*: (۱) خرچ پذیر ؛ مائل بہ اسراف ؛ مسرف نہاد - (۲) مدقوق ؛ دق والا

consumptively, *adv.*: متعلق فعل ' مذکورۂ بالا معنوں میں

consumptiveness, *n.*: مسرف نہادی ؛ دق پذیری ؛ مدقوقیت -

Contabescence, *n.*: اتلاف ؛ ضائع شدگی ؛ روگ ؛ (نباتیات) سوکھا روگ ؛ اتلاف (کلی کے مادۂ پرورش کا) ؛ اسقاط -

contabescent, *a.*: روگی ؛ اتلافی -

Contact, *n.*: مس ؛ اتصال ؛ چھوت ؛ لمس ؛ ربط ؛ تعلق ؛ (برقیات) برقی حلقہ ؛ (ریاضی) تماس ؛ (نفسیات) اتصال -

come into c. with: دو چار ہونا ؛ ملتقی ہونا -

Contadino, *n.*: (اطالوی زبان میں) کسان ؛ اطالوی کاشتکار -

Contagion, *n.*: تعدیہ ؛ چھوت ؛ وبا ؛ مرض (متعدی یا وبائی) ؛ (استعارتاً) اخلاقی خرابی ؛ متعدی اثر (بد اخلاقی کا) -

Contagionist, *n.*: تعدیہ کیش ؛ تعدیے کا قائل ؛ چھوت یا وبائی مرض کا معتقد -

Contagious (-jus), *a.*: متعدی ؛ ساری ؛ وبائی ؛ اڑنی یا لگنی (بیماری) ؛ (نیز استعارتاً) عادت وغیرہ -

contagiousness, *n.*: متعدیت ؛ وبائیت -

Contain, *v. t.*: (۱) مشتمل ' مرکب ' حامل ہونا ؛ (کسی شے کو) لیے ہوئے ہونا ؛ (اپنے اندر) داخل کئے ہوئے ہونا ؛ گھرا ہوا ہونا - (۲) مساوی ہونا - (۳) (طبقات الارض) محیط ہونا ؛ حد بندی ہونا یا کرنا - (۴) (ریاضی) پورا تقسیم ہونا - (۵) آپے میں رہنا ؛ ضبط کرنا - (۶) (جنگی اصطلاح) روکے رکھنا (فوج کو) ؛ ہلنے نہ دینا -

Contaminate, *v. t.*: ناپاک ' نجس آلودہ کرنا ؛ چھوت ہوجانا ؛ بھرشٹ کرنا ؛ بگاڑنا -

contamination, *n.*: (۱) چھوت ؛ نجاست - (۲) (نقد ادب) دو ڈراموں یا قصوں کو ملا کر گڈ مڈ کردینا -

Contango, *n. (pl. -oes)*: ہرجانہ (جو مال اٹھوانے میں تاخیر یا التوا پر دیا جائے) -

c. -day: ادائے قیمت سے ایک دن قبل (جو دن ادائے قیمت کے لیے مقرر ہوچکا تھا اس سے پہلے کا دن) -

Contemn (-em), *v. t.*: حقیر جاننا ؛ ذلیل کرنا ؛ خفت دینا ؛ ذلت ' اہانت سے پیش آنا -

contemner (-mn), *n.*: ذلت دینے والا ؛ اہانت کرنے والا -

Contemplate, *v. t. & i.*: (۱) تاک میں رہنا ؛ سوچنا ؛ ارادہ کرنا ؛ نیت کرنا ؛ توقع رکھنا ؛ مقصد یا غایت قرار دینا ؛ تصور کرنا - (۲) دھیان میں ہونا ؛ مستغرق ہونا -

contemplation, *n.*: غور و فکر ؛ تصور ؛ دھیان وغیرہ -

contemplator, *n.*: اسم فاعل -

Contemplative, *a.*: دھیان والا ؛ غور والا ؛ مستغرق ؛ پراستغراق ؛ (از منۂ وسطیٰ میں) گیان دھیان کی (زندگی) -

contemplativeness, *n.*: حالت استغراق -

Contemporaneous, *a.*: ہم وقت ؛ ہم عہد ؛ ہم عصر ؛ یک زمانی -

contemporaneity, contemporaneousness, *nn.*: معاصرت ؛ هم عهدی ؛ هم عصری -

Contemporary, *a.* & *n.*: معاصر ؛ هم عصر ؛ هم عمر ؛ هم سن -

Contemporize, *v. t.*: هم عصر یا معاصر بنانا ؛ هم زماں کرنا ؛ هم عهد کرنا -

Contempt, *n.*: توهین ؛ حقارت ؛ ذلت ؛ سبکی ؛ (قانون) نا فرمانی ؛ عدول حکمی (بادشاہ یا مجلس ملکی کی) -

c. of court: توهین عدالت -

Contemptible, *a.*: ذلیل ؛ سبک ؛ دنی ؛ خوار ؛ قابل حقارت ؛ قابل نفرت -

contemptibleness, contemptibility, *nn.*: إسم مذکورۂ بالا معنوں میں -

Contemptuous, *a.*: حقارت آمیز ؛ پر حقارت ؛ ذلت آمیز ؛ متکبرانہ (طرز عمل) -

contemptuousness, *n.*: حقارت آمیزی ؛ حقارت ؛ تکبر -

Contend, *v. i.* & *t.*: (۱) لڑنا ؛ جهگڑنا ؛ جد و جهد کرنا - (۲) بحث ، جدال یا حجت کرنا - (۳) مسابقت یا آگے بڑھنے کی کوشش کرنا - (۴) مقابلہ کرنا (جذبات یا قوائے فطرت کا) -

Content, *n.*: (۱) (جمع) مضمون (کتاب) ؛ مافیہ ؛ محتویات - (۲) سمائی ؛ گنجائش (جهاز کی) ؛ ضخامت (ٹھوس اشیا کی) -

(table of) cc.: فهرست مضامین -

Content, *n.* & *a.*: قناعت ؛ اطمینان ؛ قانع ؛ رضا مند ؛ خوش دل ؛ آسودہ خاطر ؛ مطمئن -

c., not c.: (إنگلستان کے دار الامرا میں رائے لیتےوقت کی إصطلاح) "هاں" "نهیں" -

contents: یہ لوگ جو تجویز کے ساتھ یا أس کے موید هوں -

Content, *v. t.*: مطمئن هونا ؛ قانع هونا ؛ مطمئن کرنا ؛ خوش کرنا ؛ راحت پهنچانا -

contentedly, *adv.*: متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

contentedness, *n.*: حالت إطمینان -

contentment, *n.*: قناعت ؛ آسودہ خاطری ؛ دل جمعی ؛ إطمینان -

Contention, *n.*: (۱) لڑائی جهگڑا ؛ جدال ؛ جد و جهد ؛ بحث ؛ قیل و قال ؛ مناقشہ ؛ حجت ؛ اعتراض - (۲) مقابلہ ؛ منافسہ ؛ سعی (کسی کے مقابلے میں کامیابی کے لیے) -

Contentious, *a.*: (۱) جهگڑالو ؛ جدال پسند ؛ حجتی ؛ مناقشہ جو - (۲) نزاع انگیز ؛ پر مناقشہ ؛ جدال پرداز ؛ جهگڑے کا (کی) -

contentiousness, *n.*: إسم ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

Conterminal, *a.*: هم سرحد ؛ ایک سرحد والا ؛ مشترک الحاطہ -

Conterminous, *a.*: هم سرحد ؛ متلاقی ؛ متحد الراس (خطوط جن کے سرے ایک نقطے پرمل جاتے هوں) ؛ هم پر (زمان و مکان) ؛ متحد (معناً) -

Contest, *n.*: جدال ؛ مقابلہ ؛ مناقشہ ؛ مباحثہ ؛ جد و جهد ؛ لڑائی ؛ (دوستانہ) مقابلہ ؛ منافسہ -

Contest, *v. t.* & *i.*: لڑنا ؛ مبارزت کرنا ؛ جهگڑنا ؛ بحثنا ؛ جد و جهد یا سعی کرنا ؛ جنگ و جدال کرنا ؛ مقابلہ کرنا (إنتخاب وغیرہ) -

contestable, *a.*: قابل جنگ ؛ لائق جدل وغیرہ -

Contestant, *n.*: مبارز ؛ مجادل ؛ مقابل ؛ حریف ؛ مناظر وغیرہ -

Contestation, *n.*: (۱) حجت بازی ؛ کٹ حجتی - (۲) تنازع -

Context, *n.*: سیاق عبارت ؛ سیاق و سباق ؛ أوپر نیچے کی عبارت -

in this c.: إسی سلسلے میں -

contextual, *a.*: سیاقی -

contextually, *adv.*: سیاق عبارت کی رو سے -

Contexture, *n.*: (۱) بناوٹ ؛ تانا بانا ؛ ساخت ؛ بافت - (۲) (عبارت یا تقریر کی) بندش ؛ ربط ؛ مربوطی -

Contiguity, *n.*: اتصال ؛ ربط ؛ قریبی تعلق ؛ قرب ؛ (نفسیات) مقارنت (تصور أن اشیا کا جو کسی وقت یا مقام پر ایک ساتھ نظر سے گذرے هیں) -

Contiguous, *a.*: متصل ؛ قریب ؛ ملحق ؛ هم سایہ ؛ مقرون -

contiguously, *adv.*: متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

Continent, *a.*: پرهیزگار ؛ پارسا ؛ متقی ؛ زاهد -

continence, *n.*: زهد ؛ پرهیزگاری -

continently, *adv.*: متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

Continent, *n.*: زمین مسلسل ؛ براعظم ؛ قارہ -

Continental, *a.* & *n.*: براعظم کا ؛ براعظم سے متعلق ؛ قاری -

continentalism, *n.*: براعظم پرستی ؛ قارہ پسندی ؛ قاریت ؛ اپنے براعظم کی حمایت یا طرف داری -

continentalist, *n.*: براعظم پرست وغیرہ -

continentalize, *v.t.*: براعظم میں گشت لگانا ؛ براعظم کا رنگ إختیار کرنا یا أس رنگ میں رنگ جانا -

continentally, *adv.*: متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

Contingency, *n.*: (۱) حالات کا غیر متیقن هونا ؛ إتفاق ؛ إتفاقی واقعہ ، حادثہ - (۲) حالت منتظرہ ؛ موقوف یا مبنی هونا (کسی دوسری شے پر) - (۳) إتفاقی مصارف وغیرہ (صادر) -

Contingent, *a.* & *n.*: (۱) إتفاقی ؛ ناگهانی - (۲) موقوف یا مبنی (کسی دوسری شے پر) ؛ مشروط - (۳) عارضی ؛ وقتی یا معاونتی - (۴) فوج إمدادی ؛ غیر لازمی -

Continual, *a.*: جاری ؛ رواں ؛ مستمرہ ؛ متصلہ ؛ مسلسل -

continually, *adv.*: متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

Continuance, *n.*: إستمرار ؛ قیام ؛ همیشگی ؛ دوام ؛ سلسلہ -

Continuant, *a.* & *n.*: ممتدہ حرف ؛ ایسا حرف صحیح جس کی آواز میں تمدد کا إمکان هو (جیسے : f, v, s, r) -

Continuation, *n.*: (۱) سلسلہ ؛ تسلسل ؛ إجرا ؛ جریان ؛ إستمرار ؛ (مهاجنی إصطلاح) کهاتا چلائی ؛ پچهلی میزان نئے کهاتے میں جوڑنا یا لکهنا ؛ پیش آورد - (۲) توسیع ؛ زوائد ؛ ایزاد ؛ بیشی - (۳) پائنچہ ؛ موزہ (جو گهٹنوں سے مل جائے) ؛ (عامیانہ محاورہ) پاجامہ ؛ پتلون -

c. school: فرصتی مدرسہ (جس میں ایسے لوگوں کی تعلیم فرصت کے اوقات میں جاری رکهی جاتی هے جو إبتدائی تعلیم کے بعد مدرسہ چهوڑچکے هیں) -

Continuative, *a.*: إستمراری ؛ مسلسل ؛ رواں ؛ جاری ؛ عطف بیانیہ -

Continuator, *n.*: کسی دوسرے کی کتاب کا سلسلہ آگے جاری رکهنے والا ؛ بقیہ نویس ؛ سلسلہ گیر ؛ توسیع دهندہ ؛ إجرا کنندہ -

Continue, *v.t.* & *i.*: جاری رکهنا ؛ چلائے جانا ؛ قائم یا برقرار رکهنا ؛ سلسلہ أٹهانا ؛ بقیہ لکهنا (قصے وغیرہ کا) ؛ دوبارہ شروع کرنا ؛ بند نہ هونا ؛ بازلہ رهنا ؛ (عدالت کی إصطلاح) إلتوا هونا ؛ فیصلہ نہ هونا -

continuable, *a.*: قابل برقراری وغیرہ -

Continuity, *n.*: دوام؛ تواتر؛ جاری ماندگی؛ تسلسل؛ پیہم روانی -

law of c.: قانون تسلسل (یعنی یہ قانون کہ فطرت کا ہر تغیر تدریجی ہوتا ہے نہ کہ یک بیک اور بے سلسلہ) -

Continuous, *a.*: مسلسل؛ علی الاتصال؛ پیہم؛ غیر منقطع -

c. brake (of train): پہیر کنجی (ریل گاڑیوں میں ٹھیرانے کی کل جس سے ایک ہی دفعہ سب گاڑیوں میں پہیر (بریک) لگائی جاسکتی ہے) -

c. style: (تعمیرات) محرابی جھروکے ... بیچے والا؛ قوسی دریچہ دار -

continuously, *adv.*: متعلق فعل ...

continuousness, *n.*: مسلسلیت؛ عدم ...

Continuum, *n.*: مادے؛ احساسات؛ واقعات ... تسلسل -

Cont-line, *n.*: البیوٹ لکیر؛ خط رس (رسی کی ... وں کے بیچ کی خالی جگہ یا لکیر جو بل کھاتی ہوئی آخر تک چلی جاتی ہے) -

Contorn... e, *a.* & *n.*: تمغا یا سکہ جس کے کنارے کنارے گول لکیر

Cont...: بل دینا -

Contortion, *n.*: مروڑنا؛ اینٹھن (خاص کر چہرے یا بدن کے رگ پٹھوں ...) -

Contortionist, *n.*: (۱) نٹ - (۲) مثل نگار (مصور یا بت تراش جو تصویر میں چہرے کی شکن یا بدن کے پٹھے دکھائے یا پہلوان جس کے بدن کی مچھلیاں نظر آتی ہوں) -

Contour, *n.* & *v.t.*: (۱) ناک نقشہ؛ خط و خال؛ ڈول؛ حلیہ؛ (زمین کا) نشیب و فراز؛ ہیئت؛ شکل؛ ساخت؛ حدود نما (خط)؛ خط ساحل یا کوہ؛ ساحل کا پیچ و خم - (۲) لہریے بنانا؛ پہاڑی کے گرد سڑک نکالنا -

c. line: لہریا جس سے نقشے میں سطح زمین کی بلندیاں دکھاتے ہیں -

Contra, *prep.* & *n.*, Pro & contra: (۱) موافق و مخالف (پہلو یا دلائل) - (۲) (بہی کھاتے کی اصطلاح) جمع کا مخالف پہلو (خاص کر) خرچ یا قرض کا حساب -

Contra-, *pref.*: (۱) مخالف؛ بالعکس؛ برخلاف - (۲) اطالوی باجوں کے نشان جن سے سرگم کی کمی بیشی ظاہر ہوتی ہے -

Contraband, *n.* & *a.*: (۱) ممنوع تجارت؛ نا جائز بیوپار؛ چھپواں لین دین - (۲) قابل گرفتاری مال؛ محصول مارے کا مال -

c. of war: ممنوعات جنگ (ہر قسم کی اشیا جو قانون بین الاقوام کی رو سے متحاربین کو پہنچانی نا جائز ہوں) -

Contrabandist, *n.*: محصول مار؛ محصول چور -

Contrabass, *n.*: دیکھو DOUBLE-BASS

Contraceptive *a.* & *n.*: مانع حمل -

Contract, *n.*: (۱) اقرار؛ تعہد؛ ٹھیکا؛ کتا؛ اقرار نامہ؛ ٹھیکے نامہ - (۲) کابین نامہ؛ نکاح نامہ؛ شرائط شادی؛ قرارداد یا معاہدہ -

c. bridge: تاش کے "برج" کھیل کی ایک قسم -

Contract, *v.t.* & *i.*: (۱) اقرار نامہ لکھنا؛ تعہد کرنا؛ ٹھیکا کتا دینا یا لینا - (۲) حاصل یا اختیار کرنا (دوستی یا ت)؛ مول لینا؛ اخذ کرنا - (۳) سر لینا؛ گراں بار ہونا (قرض سے) - (۴) چڑھانا یا بل ڈالنا (تیوری پر)؛ اینٹھنا؛ مروڑنا (اعضاء کو) - (۵) کھیلچنا؛ قصر کرنا؛ مختصر یا مرخم کرنا؛ (استعارتاً) محدود کرنا؛ بلد یا تنگ کرنا - (۶) سمٹنا؛ سکڑنا؛ اکڑ جانا؛ تنگ یا کوتاہ کرنا؛ (p. p.) مخفف؛ تنگ؛ محدود؛ کوتاہ؛ (نحو) تخفیف؛ تقلیل یا ترخیم کرنا؛ حروف گرجانا؛ چھوٹنا رہ جانا؛ (مرکب الفاظ میں سے کچھ) حذف کردینا -

c. oneself out of: بذریعۂ اقرار نامہ مخلصی پانا یا دست کش ہونا -

c. marriage: عقد نکاح کرنا -

contractibility, *n.*: کشش؛ اختصار پذیری؛ تخفیف پذیری -

contractible, *a.*: اختصار پذیر؛ تخفیف پذیر -

Contractile, *a.*: انقباض پذیر؛ کشش پذیر؛ انقباض پیدا کرنے والا؛ سکڑنے والا -

contractility, *n.*: انقباض پذیری وغیرہ -

Contraction, *n.*: (۱) کھیلچ؛ اینٹھن؛ انقباض؛ پیچ و تاب - (۲) تنگی؛ تحدید؛ بندش - (۳) ترخیم؛ اختصار (حروف کے حذف یا ترکیب باہمی سے) تخفیف - (۴) مرخمات؛ الفاظ ترخیم شدہ؛ مخففات؛ علامات - (۵) اخذ؛ (عادت) اختیار کرنا؛ (بیماری میں) مبتلا ہوجانا - (۶) گراں باری (قرض میں) وغیرہ -

Contractive, *a.*: انقباضی؛ منقبض؛ تنگی کن؛ تحدیدی؛ ترخیمی وغیرہ -

Contractor, *n.*: ٹھیکے دار؛ صاحب تعہد؛ متعہد؛ مستاجر؛ بل ڈالنے والا یا اینٹھانے والا -

Contractual, *a.*: ٹھیکے کا؛ تعہدی -

Contradict, *v.t.*: رد کرنا؛ تردید؛ تغلیط کرنا؛ انکار کرنا؛ نقیض یا متناقض ہونا -

contradictable, *a.*: قابل تردید؛ قابل رد -

contradictor, *n.*: اسم فاعل؛ مذکورۂ بالا معنوں میں -

Contradiction, *n.*: انکار؛ تردید؛ تخالف؛ تناقض -

c. in terms: بیان یا الفاظ کا تناقض یا تضاد؛ متناقض -

Contradictious, *a.*: منکرانہ؛ حجتی؛ مائل بہ تردید؛ تردیدی؛ تناقض انگیز؛ متضاد -

contradictiously, *adv.*: منکرانہ طور پر؛ انکار یا رد کرتے ہوئے -

contradictiousness, *n.*: حجتی پن؛ رد پسندی؛ انکار آمادگی -

Contradictory, *a.* & *n.*: تردیدی؛ متناقض؛ متباین؛ انکاری یا تردیدی بیان -

contradictorily, *adv.*: متعلق فعل؛ مذکورۂ بالا معنوں میں -

contradictoriness, *n.*: تناقض؛ متناقض ہونا -

Contradistinction, *n.*: تمیز؛ امتیاز یا تفریق (بین الاشیا) -

Contradistinguish, *v.t.*: امتیاز کرنا؛ پہچان لینا؛ الگ کرلینا؛ الگ نظر آنا -

Contralto, *n.* & *a.*: (۱) (موسیقی) (زنانہ) اوسط بلندی کی آواز یا لَے؛ مدھم؛ اوسط (زنانہ) - (۲) مدھم گانے والی یا مغنیہ؛

مدھم ؛ اوسط سُرا -

Contraposition, *n.*: تقابل ؛ سامنا ؛ مقابلہ ؛ (منطق) عکس نقیض ؛ عکس تقابل -

Contraption, *n.*: (عامیانہ) انوکھی کل ؛ کام چلاؤ مشین -

Contrapuntal, *a.*: کمکی ؛ کمک کی تان دینے والا ؛ سر دینے یا سر (ساتھ) ملانے والا -

Contrapuntist, *n.*: کمکیا ؛ کمک دینے میں استاد یا مشاق -

Contrariant, *a.*: مخالف ؛ متضاد ؛ منافی ؛ ناگوار خاطر -

Contrariety, *n.*: تخالف ؛ (قول ، مزاج یا نوعیت میں) مخالفت ؛ نا موافقت ؛ ضد -

Contrarious, *a.*: (متروک) مخالف ؛ ناموافق ؛ ناراض ، نا ساز گار ؛ دشمن -

Contrariwise, *adv.*: برخلاف اس کے ؛ برعکس اس کے ؛ دوسری طرف -

Contrary, *a. n. adv.*: برخلاف ؛ معکوس ؛ مقابل ؛ متضاد ؛ مخالف ؛ ضدی ؛ خود رائے -

interpret by cc.: اُلٹا سمجھنا ؛ ہاں کی جگہ نا سمجھنا -

on the c.: اس کے برعکس ؛ نہیں بلکہ -

to the c.: خلاف میں ؛ برعکس -

contrarily, *adv.*: مخالفانہ ؛ مقابلے میں -

contrariness, *n.*: مخالفت معکوسیت ؛ تضاد ؛ تباین ؛ مقابل ؛ ضد ، عکس -

Contrast, *v. t. & i.*: (۱) مقابلہ کرنا ؛ آمنے سامنے لانا ؛ مقابلہ کر کے جانچنا ؛ فرق دیکھنا - (۲) ممتاز ، نمایاں یا سب سے الگ ہونا ؛ الگ نظر آنا -

Contrast, *n.*: (۱) امتیاز ؛ فرق (نمایاں) - (۲) مقابلہ ؛ آمنا سامنا - (۳) ممتاز یا علیحدہ یا نمایاں شے ؛ الگ -

Contrate, *a.*: سیدھے دندانے یا کھڑے دندانوں کا (پہیا) -

Contravallation, *n.*: حصار بندی ؛ حیاط بندی (محصور شہر یا لشکر گاہ کے گرد کی دیوار یا دمدمے جو محاصرین بنالیں) -

Contravene, *v. t.*: (قانون) (۱) خلاف ورزی یا تجاوز کرنا - (۲) رد و قدح کرنا ؛ جھگڑنا ؛ کاٹنا ؛ معارضہ کرنا - (۳) مزاحم ہونا ؛ حائل ہونا ؛ ٹکرا جانا (باہم) -

Contravention, *n.*: تجاوز ؛ خلاف ورزی -

contretemps(kontretong). *n.*: بد نصیبی ؛ سوء اتفاق ، خرابی ؛ رنگ میں بھنگ ؛ رکاوٹ ؛ عائق -

Contribute, *v. t. & i.*: (۱) شرکت کرنا (کسی صرف میں) ؛ چندہ دینا ؛ مہیا یا فراہم کرنا - (۲) سبب ہونا ؛ مدد ہونا (کسی شے کے واقع ہونے میں) -

Contribution, *n.*: (۱) حصہ ؛ چندہ ؛ چندہ دہی ؛ امداد - (۲) مضمون ؛ مراسلہ ؛ مقالہ (جو کسی جریدے یا کتاب میں چھپنے کے لیے بھیجا جائے) ؛ صحیفہ - (۳) جزیہ ؛ جنگی محصول (جو فوج کے مصارف کے ... وصول کیا جائے) -

lay under c.: جنگی محصول وصول کرنا یا عائد کرنا ... لینا -

Contributor, *n.*: چندہ دینے والا وغیرہ ؛ (خاص کر مضمون نگار ؛ صحیفہ نویس -

Contributory, *a. & n.*: (۱) جب کوئی کمپنی ٹوٹ جائے تو وہ شخص جو اُس کے قرضوں کے ادا کرنے میں شریک ہو - (۲) امدادی -

c. negligence: ایسے مجروح کی غفلت جس کا اپنا ہی فعل یا ترک فعل حادثے کا معین ہوا ہو ؛ امدادی غفلت -

Contrite, *a.*: (۱) نادم ؛ تائب ؛ پشیمان ؛ متاسف ؛ محزون - (۲) ندامت آمیز ؛ پر انفعال -

contritely, *adv.*: متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

Contrition, *n.*: خشیت ؛ توبہ ؛ استغفار ؛ ندامت -

Contrivance, *n.*: (۱) حیلہ ؛ جھانسا ؛ تدبیر ؛ ترکیب اختراع ؛ ایجاد ؛ جدت ؛ استعداد - (۲) آلہ ؛ پرزہ ؛ کل -

Contrive, *v.t.*: حیلہ کرنا ؛ ایجاد کرنا ؛ اختراع کرنا ؛ جتن کرنا ؛ تدبیر نکالنا ؛ گھر (یا گھر کے کام) چلانا -

contrivable, *a.*: صفت ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

contriver, *n.*: اسم فاعل -

Control, *n.*: (۱) اختیار ؛ اقتدار ؛ قابو ؛ حکومت ؛ نگرانی - (۲) محاسبہ ؛ جانچ پڑتال - (۳) معیار مقابلہ (تجربات کے نتائج کے جانچ کے لیے) - (۴) روک ؛ رکاوٹ ؛ قید ؛ بندش ؛ ضبط - (۵) قابو یافتہ شخص ؛ مسلط روح یا ہم زاد ؛ پیر ؛ موکل - (۶) مرتو منزل ؛ موٹر اڈا ؛ موٹر چوکی (وہ جگہ جہاں دوڑ میں ہوائی جہاز یا موٹریں ٹھیرانے اور درست کرنے کی اجازت ہوتی ہے) ؛ (جمع) پرزے جن سے ہوائی جہاز کے موڑنے میں مدد ملتی ہے -

Control, *v.t.*(-ll-): اختیار یا قابو میں لانا ؛ تسلط یا حکومت کرنا ؛ روکنا ؛ ضبط کرنا ؛ جانچنا ؛ محاسبہ کرنا وغیرہ -

controllable, *a.*: تسلط پذیر ؛ قابل ضبط یا محاسبہ وغیرہ -

controlment, *n.*: اسم ، متذکرۂ بالا معنوں میں -

Controller, *n.*: (۱) افعال مذکور کا فاعل - (۲) محاسب سرکاری ؛ ناظم ؛ صرف خاص وغیرہ کا میر سامان ؛ ناظر -

controllership, *n.*: محاسبی کی خدمت یا عہدہ -

Controversial, *a.*: نزاعی ؛ متنازع فیہ ؛ مباحثہ انگیز ؛ پر مناقشہ -

controversialism, *n.*: نزاع انگیزی ؛ مناقشہ پسندی ؛ مباحثہ جوئی -

controversialist, *n.*: نزاع انگیز ؛ مناقشہ پسند ؛ مباحثہ جو -

cotroversially, *adv.*: متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

Controversy, *n.*: مباحثہ ؛ نزاع ؛ مناقشہ ؛ قیل و قال -

without, beyond, c.: بلا مناقشہ ؛ مسلمہ ؛ خارج از مناقشہ ؛ بحث یا مناقشے سے بالا تر -

Controvert, *v.t.*: بحث کرنا ؛ حجت کرنا ؛ جھگڑنا ؛ نہ ماننا ؛ انکار کرنا

controvertist, *n.*: حجتی ؛ بحث پسند -

Contumacious, *a.*: سرکش ؛ شورہ پشت ؛ نافرمان (خاص کر عدالت کے احکام نہ ماننے والا) ؛ سرتاب ؛ متمرد -

contumaciously, *adv.*: متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

contumaciousness, contumacy, *nn.*: اسماء مذکورۂ بالا معنوں میں -

Contumelious, *a.*: تضحیک ؛ گستاخ ؛ شوخ چشم ؛ بیہودہ -

contumeliously, *adv.*: متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

Contumely. *n.*: تھتائی ؛ بیہودگی ؛ نا معقول حرکت ؛ زبان درازی ؛

شوخ چشمی -

Contuse, *v.t.* : کبھی یا کپت یا بھیتری مار مارنا (جس میں زخم یا خراش نہ آئے) -

contusion, *n.* : بھیتری مار یا چوٹ -

Conundrum, *n.* : پہیلی ؛ چیستان ؛ معما -

Convalesce, *v.i.* : تندرستی یا صحت بحال ہونا ؛ اِفاقہ ہونا -

Convalescent, *a.* & *n.* : اِفاقہ یاب ؛ روبہ صحت -

convalescence, *n.* : اِفاقہ ؛ روبہ صحت ہونا -

Convection, *n.* : نقل (حرارت یا برق) ؛ حرارت یا برق رسانی -

convenance, *n.* (pl.) : آداب مجلس ؛ رسمی اخلاق ؛ شایستگی ؛ تمیز -

Convene, *v.t.* & *i.* : اِنعقاد یا اجلاس ہونا یا کرنا ؛ طلب یا جمع کرنا -

convenable, *a.* : صفت ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

Convenience, *n.* : (۱) موزونیت ؛ مناسبت - (۲) گنجائش ؛ کشادگی ؛ فراغت ؛ فرصت - (۳) آرام آسائش ؛ سہولت ؛ فائدہ‌مندی (مالی) (۴) کار آمد تدبیر یا شے ؛ ہلکی پھلکی چیز (ظروف ، صندوق وغیرہ ضروریات کی چیزیں) - (۵) بیت الخلا (جس میں نل لگا ہو) ؛ بمبا ؛ (متروک محاورے میں) گاڑی -

conveniences : ضروریات ؛ اسباب آسائش -

make a c. one : کسی کو اسامی بنانا ؛ کسی کی بے خبری یا نیک دلی سے فائدہ اُٹھانا -

marriage of c. : روپے کے لیے یا روپے کی شادی -

Convenient, *a.* : مفید ؛ موزوں گنجائش کا ؛ آسان ؛ سہولت ، فرصت یا راحت کا -

Convent, *n.* : (۱) عیسائی اہلِ خانقاہ ؛ مذہبی گروہ سالکین (بالعموم عورتیں جو کسی ایک جگہ رہیں سہیں) - (۲) عیسائی خانقاہ ؛ مذکورۂ بالا گروہ کے رہنے کا مقام -

Conventicle, *n.* : (۱) (تاریخ) مخالفان کلیسائے انگلستان کی ناجایز مخفی مجلس یا مجلس گاہ - (۲) خفیہ مجلس یا جلسہ -

Convention, *n.* : (۱) اجتماع ؛ احتفال ؛ انعقاد مجلس (تاریخ انگلستان میں پارلیمنٹ کا اجتماع بلا حکم شاہی ۱۶۶۰ ء اور ۱۶۸۸ ء میں) - (۲) معاہدہ ؛ قول و قرار ؛ تراضی طرفین - (۳) رواج ؛ ریت رسم ؛ مرضی عامہ -

Conventional, *a.* : رسمی ؛ رواجی ؛ غیر طبعی ؛ تقلیدی -

conventionalism, *n.* : رسم پرستی (تقلید رسوم و قواعد مقررہ)

conventionalist, *n.* : رسم پرست ؛ پابند رسوم (مقلد)

conventionality, *n.* : قید رسمی ؛ آداب مقررہ -

conventionalize, *v.t.* : رواج بنانا ؛ رسمی کردینا -

conventionally, *adv.* : رسماً ؛ رسمی طور پر -

Conventionary, *a.* & *n.* : شکمی کا شتکار -

Conventual, *a.* & *n.* : خانقاہی ؛ خانقاہ کا فرد (فرانسسکن کے کم متعصب سلسلے کا آدمی) -

Converge, *v.i.* & *t.* : جھکنا ؛ جھکانا ؛ مائل ہونا یا کرنا - (ایک ہی نقطے کی طرف) ؛ (ریاضی) استدقاق استقران یا میل کلی ہونا -

convergence, **-ency**, *nn.* : استدقاق ؛ میل کلی -

convergent, *a.* : مستدق ؛ مائل کلی -

Conversable, *a.* : خوش تقریر ؛ خوش بیان ؛ ملنے کے لایق یا قابل ؛ ملنسار -

conversableness, *n.* : ملنساری ؛ خوش بیانی -

conversably, *adv.* : متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

Conversance, **-cy**, *n.* : واقفیت ؛ آگہی ؛ خبرداری -

Conversant, *a.* : واقف ؛ ماہر ؛ مشاق ؛ بے تکلف (خاندان ، اشخاص وغیرہ سے) ؛ مشغول ؛ مصروف -

Conversation, *n.* : (۱) گفتگو ؛ مکالمت ؛ بات چیت ؛ کلام - (۲) تعلق ؛ مجامعت -

c. (piece) : ایک قسم کی نقاشی جس میں کئی اشخاص کی تصویر ہوتی ہے -

conversationist, *n.* : باتونی ؛ گویا ؛ خوش بیان -

Conversational, *a.* : (۱) گفتگو سے متعلق - (۲) باتونی ؛ باتیں کرنے کا شائق -

conversationalist, *n.* : دل چسپ باتیں کرنے والا ؛ فصیح البیان ؛ خوش تقریر ؛ طلیق اللسان ؛ خوش گفتار -

conversationally, *adv.* : متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

Conversazione, *n.* (pl. *-nes*, *-ni* pron.- ne) : علمی مذاکرہ ؛ صحبت علمی ؛ بزم احباب (اہل علم کی بے تکلف صحبت عام طور پر شام کے وقت ، جس میں وہ اپنے تجربے ، تحقیقات اور مصوری وغیرہ کے اعلی نمونے پیش کرتے ہیں) -

Converse, *v.i.* : باتیں یا گفتگو کرنا -

Converse. *n.* : (متروک) ملاقات ؛ بحث ؛ گفتگو ؛ تقریر -

Converse, *a.* & *n.* : مخالف ؛ معکوس ؛ مقلوب ؛ ضد ؛ (منطق) معکوس ؛ (قضیہ) ؛ (ریاضی) عکس ؛ قلب ؛ اُلٹ

conversely, *adv.* : متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

Conversion *n.* : (۱) ضد ؛ عکس ؛ انقلاب ؛ معکوسیت (خاص کر منطق میں جزا کی) شرط (۲) تبدیلی ؛ تغیر (کسی رائے یا مذہب کا) - (۳) انابت ؛ رجوع (الی اللہ) - (۴) مبادلہ (ایک قسم کے تجارتی حصص کا دوسرے قسم کے حصص میں) -

Convert, *v.t.* : (۱) تبدیل کرنا یا کرانا (رائے یا مذہب کا) ؛ خدا کی طرف پھیرنا ؛ رجوع کرنا وغیرہ (۲) (تجارتی اصطلاح - دیکھو لفظ مابقبل) -

Convert, *n.* : نو مذہب ؛ جیسے : نومسلم ؛ نوعیسائی وغیرہ (دیکھو PERVERT) -

Convertible, *a.* : (۱) تغیر پذیر ؛ تغیر قبول - (۲) (ہنڈی وغیرہ) مبادلہ پذیر ؛ قابل بدل (اجناس کی صورت میں) -

c. husbandry : تبدیل عمل یا جنس (کاشت میں) -

c. terms : مترادفات -

convertibility, *n.* : تبدیل ؛ تغیر پذیری -

convertibly, *adv.* : متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

Convex, *a.* : محدب ؛ کروی -

convexity, *n.* : حدبیت ؛ کرویت -

convexly, *adv.* : متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

Convexo-: (مرکب الفاظ میں) محدب ؛ مجبوت وغیرہ جیسے *c.-concave*: -

Convey, *v.t.*:- (۱) منتقل کرنا ؛ لے جانا ؛ پہنچانا (آواز ، بو وغیرہ کا) (۲) سمجھانا ؛ بتانا ؛ ذہن نشین کرنا (معنی وغیرہ کا) ؛ معنے رکھنا یا ہونا ؛ (قانون) جائداد کا منتقل کرنا -

conveyable, *a.*: قابل انتقال -

Conveyance, *n.*: (۱) انتقال (جائداد) ؛ تحویل ؛ ایصال ؛ رسانید - (۲) سواری -

Conveyancer, *n.*: مختار ؛ نقلِ نویس (انتقال جائداد کی دستاویز کا کاتب) -

Conveyancing, *n.*: دستاویز نویسی ؛ نقل نویسی -

Convict, *n.*: مجرم ؛ سزایاب (جو سزا بھگت رہا ہو) -

convictism, *n.*: نظام تعزیری -

Convict, *v.t.*: مجرم قرار دینا یا ثابت کرنا ؛ سزا سنانا (عدالت کا) ؛ گنہگار ٹھیرانا ؛ قائل معقول کردینا -

convictive, *a.*: فیصل ؛ مسکت ؛ مثبت جرم -

Conviction, *n.*: (۱) اثبات جرم ؛ سزا دھی - (۲) توثیق ؛ اذعان ؛ یقین کلی - (۳) (دینیات) اذعان گنہگاری ؛ احساس قصور -

Convince, *v.t.*:- یقین دلانا ؛ باور کرانا ؛ منوا دینا ؛ گناہ کا احساس پیدا کرنا -

convincement, convincingness, *nn.*: تیقن ؛ وثوق ؛ منوا دینے کی قابلیت ؛ معقولیت -

Convincible, *a.*: تیقن پذیر ؛ معقول پسند -

Convivial, *a.*: (۱) جلسۂ یاراں کا ؛ جشنی ؛ ضیافتی - (۲) یارباش ؛ زندہ دل ؛ خوش طبع -

convivialist, *n.*: جشن دوست ؛ یارباشی کا دل دادہ -

conviviality, *n.*: یار باشی ؛ زندہ دلی ؛ جشن سازی -

convivially, *adv.*: متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

Convocation, *n.*: (۱) بلاوا ؛ طلبی اجتماع ؛ احتفال - (۲) یارک یا کنٹربری کے پادریوں کا جلسہ - (۳) آکسفورڈ یا ڈرہم یونیورسٹی کی منجلس قوانین - (۴) جامعہ کا سالانہ جلسہ تقسیم اسناد ؛ اجتماع جامعہ ؛ دیوان جامعہ -

convocational, *a.*: اجتماعی ؛ جامعی -

Convoke, *v.t.*: جمع یا طلب کرنا ؛ بلانا (جلسے میں) ؛ مجتمع کرنا -

Convolute, *a.* & *n.*: بل کھایا ہوا ؛ بٹا ہوا ؛ لپٹا ہوا . ملتف ؛ مفتول ؛ پیچ بہ پیچ ؛ پیچاں ؛ پیچک ؛ افتی ؛ لپیٹ ؛ (حیوانیات) پیچاں ؛ بلیلا (بل دار بمعنی پیچ والا) -

Convolution, *n.*: پیچ ؛ پیچیدگی ؛ بل ؛ تہ ؛ لپیٹ -

Convolve, *v.t.* & *i.*: لپیٹنا ؛ تہ کرنا ؛ گولا بنانا -

Convolvulus, *n.* (*pl.* -*luses*): شاخ پیچاں (ایک قسم کی بیل) یا عشق پیچہ -

Convoy, *v.t.*: (جنگی جہازوں کا) بدرقہ دینا ؛ پہنچانا ؛ مسلح بدرقہ ساتھ ہونا ؛ (متروک) لے چلنا ؛ رہ نمائی کرنا (مہمان یا بیگمات کی) -

Convoy, *n.*:- (۱) بدرقہ (اعزاز یا حفاظت کے لیے) ؛ محافظت ؛ مشایعت (۲) فوجی دستہ یا سامان رسد (جس کے ہمراہ بدرقہ ہو) - (۳) تجارتی بیڑا (جس کے ساتھ بدرقہ ہو یا خود اپنی حفاظت کرسکے) -

Convulse, *v.t*: جھنجوڑ دینا ؛ مروڑیاں لینا ؛ (ہنسی سے) لوٹ جانا یا پیٹ میں بل پڑنا -

Convulsion, *n.*: (۱) مروڑی ؛ اینٹھن ؛ (اعضا میں) تشنج ؛ لرزہ ؛ کپکپی ؛ ام الصبیان ؛ ہسلی کا آزار - (۲) (بصیغۂ جمع) خندۂ بے اختیار ؛ (ہنسی کی) لوٹن - (۳)(ملکی یا تمدنی) ہنگامہ. ہل چل ؛ کھل بلی -

Convulsive, *a.*: تشنج انگن ؛ لرزہ آور وغیرہ (نیز استعارتاً) -

convulsively, *adv.*- فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں

Cony, -ney, *n.*: خرگوش (ولایتی) ؛ سرخ چشم ؛ ارنب ؛ (انجیل کی اصطلاح میں) چھوٹا سور ؛ خنزیر -

-*catcher*: ابلہ فریب ؛ عیار ؛ فریبی -

Coo, *v.i.* & *t.* & *n.*: قمر غوں یا غوں غوں کرنا - غٹرغوں ؛ کو کو -

bill & c.: پیار محبت کی باتیں ؛ بوس و کنار -

Cooee, Cooey, *n.*: ھوت ؛ بلانے کی آواز جو آسٹریلیا کے دیسیوں سے وہاں کے انگریز آباد کاروں نے اخذ کرلی ہے -

Cook, *n.*: باورچی ؛ طباخ -

c.-house, -room: باورچی خانہ ؛ مطبخ (جہاز کا)

c.-shop: نان بائی کی دکان ؛ بھٹیار خانہ -

too many cc. spoil the broth: (کہاوت) یعنی نوکروں کی بھیڑ بھاڑ سے اُلٹا کام خراب ہوتا ہے ؛ دو ملاؤں میں مرغی حرام -

Cook, *v.t.* & *i.*: پکنا ؛ پکانا (کھانا) ؛ گھڑ دینا ؛ بنانا ؛ ملمع سازی کرنا ؛ (عام محاورہ) فرضی حساب تیار کر دینا ؛ جعل بنانا -

c. his goose: کسی کا ناس کردینا ؛ خاتمہ کردینا .

Cooker *n.*: (۱) آلۂ طباخی ؛ چولہا ؛ دیگچہ یا پکانے کا ظرف ؛ طعام پز - (۲) ترکاری یا پھل وغیرہ جو اچھے پکتے ہوں - (۳) گھڑنے یا حساب بنانے والا ؛ جعل ساز -

Cookery, *n.*: طباخی ؛ باورچی گری -

c.-book: کتاب طباخی

Cookie, *n.*: چھوٹا کیک ؛ کاک ؛ ٹکیا ؛ (اسکاٹ لستان میں) نان پاو -

Cooky, *n.*: (عام محاورہ) باورچن یا باورچی -

Cool, *a.* & *n.*: (۱) خنک ؛ نیم سرد ؛ ہلکا ٹھنڈا ؛ بارد - (۲) دھیمے یا معتدل مزاج کا ؛ ضابط ؛ ٹھنڈی مٹی کا - (۳) سرد مہر ؛ بے مروت ؛ روپے کے متعلق تاکید کے لیے بمعنی نقد ، کھنکھناتے ہوئے (۴) خنکی ؛ خنک موسم یا مقام -

c.-headed: ضابط ؛ معتدل مزاج -

c. scent: (شکار کی اصطلاح) مدھم ؛ کمزور -

c. tankard: شراب ، پانی اور عرق لیموں کا شربت -

it cost me a c. thousand: مجھے کھنکھناتے ہوئے ایک ہزار دینے پڑے -

coolish, *a.*: خنکی بخش -

coolly, *adv.*: اطمینان سے ؛ سرد مہری سے ؛ بے مروتی سے ؛ ضبط سے وغیرہ -

coolness, *n.*: خنکی ؛ سرد مہری ؛ ضبط وغیرہ مثل ماقبل -

Cool, *v.i.* & *t.*: ٹھنڈا ہونا ؛ ٹھنڈا ہوجانا ؛ ٹھنڈا کرنا (نیز استعارتاً) -

c. one's coppers, heels: انتظار کرنا ؛ بٹھائے رکھنا -

Cooler, *n.*: ٹھنڈا کرنے کا برتن ؛ خنک ساز (شراب وغیرہ کے واسطے) ؛ ظرف تبرید -

Coolie, -ly, *n.*: قلی ؛ هندی یا چینی مزدور ؛ حمال -

coolieism, *n.*: قلی گری ؛ قلی پیشگی؛ قلیوں کو غیر ممالک میں لے جانے کا طریقہ -

Coomb, Combe (koom), *n.*: گھاٹی ؛ ڈھلان (پہاڑی یا ساحل کی) -

Coon, *n.*, **Racoon**: میاں ؛ مکار ؛ ریا کار -

gone c.: لا علاج (جس کے معاملے میں کوئی اُمید باقی نہ ہو) -

Coop, *n.*: ٹوکرا ؛ ڈاپا (مرغیوں کا) ؛ پھنکی ؛ ٹوکری ؛ جھلی (مچھلیاں پکڑنے کی) ؛ (استعارتاً) پنجرا یا کال کوٹھری -

Coop, *v.t.*: ٹوکرا ڈھانپنا ؛ ڈاپے میں بند کرنا ؛ گرفتار یا مقید کرلینا -

c. up, in: پھنکی میں ڈالنا ؛ پکڑ بٹھانا -

Cooper, *n.*, & *v. t.*: (۱) پیپے ساز ؛ پیپاں بنانے والا ؛ کپی گر- (۲) پیپوں کا بنانا یا مرمت کرنا - (۳) ایک قسم کی مرکب شراب - (۴) (*vb.*) کپی سازی ' ٹین گری ' کپوں کی مرمت کرنا - (۵) کپی بھرنا ؛ کپی میں ڈالنا ؛ محفوظ کرنا -

dry c.: خشک اشیا کے لیے پیپے بنانے والا -

wet c.: تر اشیا کے لیے کپے بنانے والا -

white c.: ٹین گر ؛ بالٹیاں ' ٹول وغیرہ بنانے والا ؛ (جہازی اصطلاح) کپوں کی مرمت کرنے والا ؛ کپی گر ؛ کپے گر

wine c.: خردہ فروش کلال یا نمونے دینے یا بوتلوں میں بھرنے کا کام کرنے والا -

Cooperage, *n.*: (۱) کپے سازی ؛ اُس کی دکان یا کار خانہ - (۲) کپے ساز کی اُجرت -

coopery, *n.*: کپے سازی کا کام یا کار خانہ -

Co(-)operate, *v.i.*: (۱) مل کر یا بالاشتراک کام کرنا ؛ ساتھ یا مدد دینا (کام میں) - (۲) مل جانا ؛ ممد ' ساز گار ' مساعد ' موید ہوجانا (مختلف چیزوں کا کسی ایک نتیجہ پیدا کرنے میں) - (۳) معاشیاتی تعاون کرنا -

co-operant, *a.*: هم کار ؛ هم غایت -

co-operator, *n.*: معاون ؛ شریک کار ؛ مدد کار ؛ (کسی کام میں) ساتھی -

Co-operation, *n.*: اتحاد عمل ؛ اشتراک ؛ تعاون ؛ موالات ؛ (معاشیات) امداد باهمی ؛ انجمن هائے قرضۂ باهمی -

Co-operative, *a.*: اشتراک کا ؛ مساعد ؛ موید ؛ معاونت کرنے والا ؛ مائل بہ تعاون ؛ انجمن امداد باهمی کا رکن ؛ صنعت و حرفت کی امدادی انجمن سے متعلق -

c. society: انجمن امداد باهمی -

c. store: انجمن امداد باهمی کا مال خانہ یا گدام -

co-operatively, *adv.*: متعلق فعل ؛ مذکورۂ بالا معنوں میں -

Co-opt, *v.t.*: (ساتھی یا شریک کار) چن لینا ؛ منتخب یا نامزد کرلینا ؛ ساتھ لینا -

co-optation, *n.*: انتخاب شریک ؛ شریک جوئی -

Co(-)ordinate, *a.& n.*: هم وزن ؛ هم پلہ ؛ هم رتبہ ؛ هم درجہ ؛ هم قسم ؛ (نحو) هم رتبہ جملہ ؛ ذی اماثل ؛ مشتمل بر اشیاے هم درجہ ؛ (ریاضی) منتظم ؛ محدد (خطوط وغیرہ) -

co-ordinately, *adv.*: متعلق فعل ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

Co-ordinate, *v.t.*: هم پلہ یا هم وزن بنانا یا هو جانا ؛ (اجزا کو) مربوط کرنا ؛ ترتیب دینا ؛ تنظیم کرنا -

co-ordination, *n.*: هم وزن سازی ؛ ربط دهی ؛ ترتیب ؛ ترکیب -

co-ordinative, *a.*: معطوف ؛ مربوط کن وغیرہ مثل ماقبل -

Coot, *n.*: پن ڈبی ؛ ایک قسم کی مرغابی خاص کر وہ جس کا سر سفید هوتا هے -

Bald C.: گنجی مرغابی - ("*bald as a c.*" ایک مثل بن گئی هے) -

Cop, *n.*: ککڑی ؛ سوت کی پنڈی یا انٹی جو تکلے پر چڑھاتے هیں -

Cop, *n.*: (بازاری) کوتوالی کا جوان یا سپاهی ؛ برقنداز -

Cop, *v.t.*: (بازاری) پکڑ لینا ؛ لپک لینا -

Copaiba, -va, *n.*: برازیلی بلساں (ایک طرح کا نباتی روغن جو مرهم وغیرہ کے کام آتا هے) -

Copal, *n.*: ایک قسم کا گوند یا مدہ جو جلا یا وارنش کے کام آتا هے -

Coparcenary, -ery, Coparcener, *nn.*: دیکھو PARCENARY, PARCENAR

Copartner, *n.*: ساجھی ؛ حصہ دار ؛ شریک ؛ رفیق -

labour c.-ship: شراکت محنت کا اصول یعنی مزدوروں کی شرکت منافع میں ؛ مزدوروں کی ساجھے داری کا طریقہ -

copartnership, *n.*: شراکت ؛ ساجھے داری ؛ رفاقت -

Copartnery, *n.*: شراکت ؛ ساجھا ؛ حصہ داری -

Cope, *n.*: (۱) پادریوں کا چغا ؛ عبا - (۲) سر قالب ؛

c.-stone: منڈیر ؛ آخری ردا ؛ مانگ -

Cope, *v. t. & i.*: منڈیر یا مانگ بنانا ؛ چھجا ڈالنا ؛ چھجا بن جانا یا هو جانا -

Cope, *v. i.*: (کسی سے) مقابلہ هونا ؛ نمٹ لینا ؛ سابقہ پڑنا ؛ اُلجھنا ؛ جد و جهد کرنا ؛ (کام وغیرہ کو) قابو میں لانا ؛ سمیٹ لینا -

Copeck, *n.*: تانبے کا روسی سکہ (تقریباً ایک پیسے کے برابر) -

Coper, *n.*, (Also *horse c.*): گھوڑوں کا سوداگر -

Coper, Cooper, *n.*: کشتی میں شراب کی دکان جو بحر شمالی میں ماهی گیروں کے لیے هوتی هے -

Copernican, *a.*: کوپرنیکی (نظام) ؛ کوپرنیکوس کا (نظام شمسی) -

Coping, *n.*: منڈیر ؛ مانگ ؛ سر دیوار (دیوار کا سب سے اوپر کا حصہ جسے بالعموم ڈھلواں بناتے هیں) ؛ چھجا ؛ چوٹی -

c.-stone: منڈیر ' مانگ یا چھجے کے پتھر -

Copious, *a.*: (۱) لبریز ؛ بھرا هوا ؛ پر ؛ کثیر ؛ پر گو ؛ صاحب معلومات - (۲) وسیع ؛ جامع (زبان جس میں الفاظ بکثرت هوں) ؛ کثیراللغات -

copiously, *adv.*: متعلق فعل ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

copiousness, *n.*: افراط ؛ کثرت ؛ لبریزی -

Copper, *n. & a.*: (۱) تانبا ؛ مس- (۲) مسی سکہ ؛ پیسا ؛ پیتی ؛ ٹکا وغیرہ - (۳) تانبے کے برتن - (۴) *v. t.* جهاز کے پیندے پر تانبا چڑھانا -

c. -bit: لوهے کا اوزار (جس کے سرے پر تانبے کی نوک هوتی

ھے اور دھات گلانے میں کام آتا ھے) -

c. -bottom v. t.: جہاز کے پیندے پر تانبا چڑھانا ؛ تانبے کا پیندا چڑھانا -

c. -bottomed: تہ پیندی یا (جہاز) -

c. captain: ٹکے کا کپتان ؛ جھوٹ موٹ کا کپتان -

copperhead: ایک قسم کا زھریلا سانپ ؛ (امریکی) تامڑا -

c. Indian: سرخ فام (شمالی امریکا کے اصلی باشندے) -

copperplate: مسی لوح ؛ کندہ کاری کی تختی (جس پر اشکال یا تصاویر کندہ کر کے عکس چھاپتے ھیں) ؛ صاف ؛ خوش خط -

c. -smith: ٹھٹیرا ؛ مس گر -

cool one's *cc.*: پیاس بجھانا (شراب نوشی سے) ؛ حلق تر کرنا -

hot cc.: تشنگی ؛ خشکی ؛ حلق اور منہ کی سوزش (جو کثرت مے خواری سے پیدا ھوجاتی ھے) -

coppery, *a.*: مسی ؛ مس آمیز ؛ مس نما -

Copper, *n.*: (بازاری) کوتوالی کا جوان یا سپاھی ؛ برقنداز -

Copperas, *n.*: نیلا تھوتھا ؛ زنگار ؛ کسیس -

Coppice, *n.*: بنی (جھاڑیوں کا جنگل) ؛ غابہ -

c. -wood: بن کی لکڑی ؛ جھاڑیاں -

Copra, *n.*: کھوپرا (ناریل کی سوکھی گری) -

Copro-: ترکیبی جز (یونانی لفظ kopros "گوبر" سے) ؛ جیسے :-

coprolite: متحجر فضلہ -

coprlitic, *a.*: متحجر فضلے سے متعلق -

coprology, *n*: ھزل ؛ ھزلیات ؛ فحش ؛ مغلظات ؛ فحش کلام یا آرٹ -

coprophagous, *a.*: گبریلا ؛ گوبر خور (کیڑا) -

Copse, *n.*, & *v. t.*: (۱) جھاڑی ؛ بنی (جھاڑیوں کا جنگل) - (۲) جھاڑی بنا دینا ؛ بنی لگانا -

copsy, *a.*: بنیلا ؛ جھاڑی والا -

Copt, *n.*: قبطا ؛ قبطی ؛ مصر کے وہ اصلی باشندے جواب تک عیسائیوں کے یعقوبی فرقے کے پیرو ھیں -

Coptic, *a.* & *n.*: قبطی ؛ قبطیوں کا ؛ قبطی زبان -

Copula, *n.*: (نحو و منطق) اسناد ؛ ربط (خاص کر فعل "ھونا") ؛ رابطہ - (طب) ھڈیوں کا جوڑ ؛ بند ؛ مفصل ؛ (موسیقی) سرتی ؛ چھوٹا سر جو دو راگوں کے درمیان ھو -

copular, *a.*: جوڑ کا ؛ مفصلی -

Copulate, *v. i.*: ھم بستر ھونا ؛ مباشرت کرنا ؛ جفتی کرنا -

copulotory, *a.*: مباشر ؛ مباشرتی -

Copulation, *n.*: ھم بستری ؛ مباشرت ؛ مجامعت ؛ (نحوی یا منطقی) ربط ؛ تعلق -

Copulative, *a.* & *n.*: (۱) (نحو) جز ؛ حرف عطف ؛ عاطفہ - (۲) ملانے والا ؛ ربط دہ ؛ (حیوانیات ، تشریح) مباشرت پذیر ؛ مباشرتی -

copulatively, *adv.*: متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

Copy, *n.*: نقل (تحریر یا تصویر کی) ؛ نسخہ (کتاب وغیرہ کا) ؛ (قانون میں) نقل خسرہ یا جمع بندی (دیکھو COPYHOLD) - مشقی یا تعلیمی تختیاں ؛ لکھنے کی کتاب ؛ سومشقی

c. -book: کاپی -

c. -book maxims, morality: فرسودہ یا بیش پا افتادہ مقولے -

c. of verses: یونانی یا لاطینی نظم کی مشق (کالجوں میں) -

fair, clean c.: مبیضہ ؛ صاف نقل -

it will make good c.: یہ (مضمون) اخبار کے لیے اچھا مسالا ھوگا -

rough, foul, c.: مسودہ ؛ اصل -

Copy, *v.t.* & *i.*: نقل کرنا ؛ ریس کرنا ؛ نقالی کرنا ؛ نقل نویسی کرنا ؛ اتارنا -

copyist, *n.*: نقل نویس -

Copyhold, *n.* & *a.*: کاشت یا قبضہ بروے جمع بندی ؛ (اراضی کا) پٹا ؛ اجارہ -

Copyright, *n.* & *a.*, & *v. t.*: (۱) حق طبع یا اشاعت - (۲) حق طبع محفوظ کرانا یا حاصل کرنا -

Coquet, *a.*: ناز نخرے والی ؛ عشوہ گر ؛ پر غمزہ ؛ البیلی ؛ البیلا ؛ چھیلا -

Coquet, Coquette, *v. i.* (-tt-): نخرا یا غمزہ کرنا ؛ نازدکھانا ؛ ٹالنا ؛ اڑانا (بات کو) ؛ ناز و غمزہ کرنا -

Coquetry, *n.*: غمزہ ؛ ناز نخرا ؛ عشوہ گری -

Coquette, *n.*: (۱) نازنین ؛ عشوہ گر ؛ معشوقۂ بے پروا ؛ غماز - (۲) شکر خورا اور اسی قسم کے پرند -

coquettish, *a.*: نخرے باز ؛ عشوہ نما -

coquettishly, *adv.*: متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

Coquito, *n.*: نخلۂ ؛ ایک قسم کا تاڑ ؛ امریکی ناریل -

Cor-, *pref.*: (سابقہ جو) حرف r سے شروع ھونے والے لفظوں کے پہلے "com" کے بجائے آتا ھے) -

Coracle, *n.*: ایک قسم کی کشتی ؛ ڈھکی بند ناو ؛ پن روک ناو -

Coraco-: ترکیبی جز (علم تشریح) بمعنی جوڑ ؛ تعلق -

Coral, *n* & *a.*: (۱) مونگا ؛ مرجان ؛ (*adj.*) مرجانی - (۲) مونگے کا کھلونا ، گلی یا چسنی جو دانت نکالنے کے لئے بچوں کے منہ میں دیتے ھیں ؛ کیکڑے کے خاکی انڈے -

c. -island: جزیرۂ مرجان -

c. -rag: مرجانی کلکر ؛ متحجر مرجان -

c. reef: مونگے کی چٹان -

Coralli-: ترکیبی جز بمعنی مرجان ؛ جیسے :

coralliferous: مرجان آور ؛ مرجان آفریں -

coralliform: مرجان نما ؛ مرجان شکل -

Coralline, *n.*: (۱) سبزۂ مرجانی ؛ ایک قسم کی بحری گھاس - (۲) (عام محاورے میں) حیوانات مرجانیہ (جو مثل نباتات کے بڑھتے پائے ھیں) -

c. zone: منطقۂ مرجانیہ (سمندر کی وہ گہرائیاں جن میں مرجانی حیوانات بکثرت پائے جاتے ھیں) -

Coralline, *a*: مرجانی سرخ ؛ نارنجی ؛ مرجان رنگ ؛ مرجان آسا ؛ مرجان آمیز -

c. ware: ظروف مرجانی (اٹالیا کے قدیم سرخ چینی کے برتن) -

Corallite, *n.*: (۱) باقیات مرجانی - (۲) متحجر مکڑی ؛ مکڑ کا مرجانی تھانچا - مرجانی مرمر -

Coralloid, *a.* & *n.*: مرجاں جسم؛ مرجان آسا ؛ مرجاں مثال؛ مرجان نما -

coram, prep.: بموجود گی ؛ (کسی کے) سامنے -

c. populo: سب کے سامنے ؛ علی رؤوس الاشہاد -

c. judice: عدالت کے سامنے -

Corbel, *n.*, & *v. t.* & *i.*, (-ll-): (تعمیرات) مورنی ؛ توڑا (پتھر یا لکڑی کے مثلث نما ٹکڑے جو دیوار سے آگے کونکلے ہوتے ہیں کہ اُن پر چھجا یا سائبان رکھا جائے) -

c. -block: کڑیوں کا چھجا ؛ توڑا (چوبی) -

c. out, off: توڑے نکالنا ؛ توڑے کا چھجا نکالنا -

c. -table: چوڑا چھجا یا چھتا (جس پر سے راستہ چل سکیں) -

corbelled, *a.*: مورنی والا ؛ مورنیوں والا -

Corbie, *n.*: جنگلی کوا ؛ غراب -

c. -steps: کھپریل کے مکان کا بالائی روکار جس کے دونوں طرف زینہ نما کنارہ بنا ہو ؛ زینہ نما کنارہ -

Cord, *n.*, & *v. t.*: (۱) ڈوری ؛ طناب ؛ تانت ؛ (تشریح) عصبہ ؛ پٹھا (دیکھو SPINAL, UMBILICAL & VOCAL) - (۲) کپڑے کی بناوٹ کی اُبھری ہوئی ڈوریاں - (۳) کارڈرائی (موٹا دھاری دار کپڑا جس کی دھاریاں اُبھری ہوئی ہوتی ہیں) - (جمع میں) (*v. t.*) باندھنا ؛ جکڑنا (رسی سے) -

cords: (۱) کارڈ رائی کی پتلون یا برجس - (۲) لکڑی ناپنے کا ایک پیمانہ (عموماً ۱۲۸ مکعب فٹ) ؛ (استعارتاً ؛ جیسے *cords fourfold* of discipline تربیت یا احکام کی پابندیاں یا *cords of evidence* ثبوت یا شہادت کی چوہری رسیاں) -

Cordage, *n.*: رسے (خاص کر مستول کے) -

Cordate, *a.*: پان کاسا ؛ دل کی شکل کا -

Corded, *a.*: (۱) کسا ؛ جکڑا یا بندھا ہوا - (۲) ڈوری والا ؛ ڈوری دار (کپڑا) - (۳) رسیوں کا بنا ہوا -

Cordelier, *n.*: فرانسسکن اِخوان (جن کی کمر میں ڈوری پڑی رہتی تھی) ؛ مسیحی راہبوں کا ایک فرقہ -

Cordial, *a.* & *n.*: (۱) مفرح ؛ مقوی (قلب) خاص کر خوش گوار اور خوشبو دار شراب - (۲) دلی ؛ قلبی ؛ پرتپاک ؛ مخلصانہ ؛ پر جوش -

cordiality, *n.*: خلوص ؛ گرم جوشی ؛ تپاک -

cordillera, n.: جبال متوازی (پہاڑ جو ایک دوسرے کے متوازی چلے گئے ہوں ' خاص کر امریکا میں کوہستان انڈیز وغیرہ) -

Cordite, *n.*: بے دخان بارود -

Cordon *n.*: (۱) کنگورا ؛ کنگرہ (فصیل کا) - (۲) سپاہیوں کا حلقہ؛ گھیرا ؛ حلقہ بند پہرا - (۳) حاشیہ ؛ کنارا (زری وغیرہ کا) ؛ فیتا (تمغے کا) (اِس معنے میں اِس کا تلفظ " کوردوں " کیا جاتا ہے) - (۴) چھانٹا ہوا درخت (جس کی شاخیں اِس لیے کاٹی گئی ہوں کہ تنا مضبوط ہوجائے) -

sanitary c.: وبائی اور محفوظ رقبوں کے درمیان کی حد ؛ قرنطینے کی چوکی -

c. bleu: اعلی درجے کا باورچی ؛ رکاب دار - ؛ (مزاحاً)

Cordovan, *a.* & *n.*: قرطبہ کا ؛ قرطبی ؛ قرطبی چمڑا -

Corduroy, *n.* & *a.*: موٹا ڈوریا ؛ ڈوریا گزی ؛ کارڈ رائی ؛ (جمع) پتلون -

c. road: (امریکا میں) سڑک جو درختوں کے گدوں سے دلدل وغیرہ پر بنائی جائے -

Cordwain, *n.*: (متروک) ہسپانوی چمڑا یا نری (جس کے پرانے زمانے میں جوتے بنتے تھے) -

Cordwainer, *n.*: موچی ؛ جفت ساز (اب صرف گروہ یا کارخانے والوں کے واسطے مستعمل ہے) -

Core, *n.*, & *v. t.*: (۱) بیج دان - (۲) (کسی چیز خاص کر چٹان کا) اندرونی حصہ جو برما کرکے نکالا جائے ؛ وسطی شگاف - (۳) لوہے کا نرم تار (جو برقی میگنٹ کے بیچ میں ہوتا ہے) - (۴) بیچ کا بٹ (رسی یا تار کا) - (۵) قلب ؛ بطن البطون - (۶) (مویشی کی بیماری) گلٹی - (۷) (*Trans.*) بیج دان نکالنا یا خارج کرنا وغیرہ -

coreless, *a.*: بن بیجا ؛ بے دانہ -

corer, *n.*: بیج دان نکالنے والا آلہ ؛ تخم برآر -

Co-relation: دیکھو CORRELATION -

Co-religionist, *n.*: ہم مذہب ؛ ہم فرقہ ؛ ایک دین کا -

Coreopsis, *n.*: امریکا کا ایک پیلے پھولوں والا درخت -

Co-respondent, *n.*: مدعا علیہ ثانی ' جس پر (طلاق کے مقدمے میں) اصل مدعا علیہ کے ساتھ نالش کی گئی ہو ؛ دیکھو RESPONDENT -

Corf, *n.*: ٹوکرا (جو پہلے معادن میں مستعمل تھا) - (۲) مچھہ ٹوکرا (ایک قسم کا ٹوکرا جس میں مچھلیوں کو زندہ رکھنے کے لیے پانی بھی رہتا ہے) -

Coriaceous, *a.*: چرمی ؛ چرم نما ؛ چرم آسا ؛ چمڑے جیسا -

Coriander, *n.*: دھنیا ؛ کشنیز ؛ کوتھمیر ؛ (عام محاورے میں *c. -seed*) -

Corinthian, *a.* & *n.*: کورنتھی ؛ کورنتھ (یونان) کا باشندہ ؛ (متروک) چھیلا ؛ بانکا ؛ عیاش -

C. order: کورنتھی طرز عمارت (قدیم یونان کے تین طرز ہائے عمارت میں سے ایک جو سب سے مقبول اور نفیس ہے) -

Epistles to the Cc.: اِنجیل کے چند باب جن کا عنوان یہ ہے -

corinthianesque, *a.*: کورنتھی طرز (عمارت) -

Cork, *n.* & *a.*, & *v. t.*: (۱) کارک یا شاہ بلوط کی چھال ؛ کاگ (ڈاٹ وغیرہ) ؛ تروندا (کارک کا ٹکڑا جو مچھلی کی شست کے سرے پر باندھ دیتے ہیں اور پانی پر تیرتا رہتا ہے) ؛ (نباتیات) اندر جھال - (۲) کاگی - (۳) کنی کاٹنا ؛ ہیر پھیر سے چلنا ؛ ٹیڑھا چلنا - (۴) روکنا ؛ ڈاٹ لگانا ؛ کاگ لگانا - (۵) کاگ کا کاجل پھیرنا ؛ جلے کاگ سے رنگنا -

c. jacket: کارک صدری (جو تیرنے میں تونبی کا کام دیتی ہے) -

c. -screw: کاگ پیچ ؛ پیچ کش -

corkwood: کارک کی قسم کی (یعنی ہلکی اور مسام دار) لکڑی -

Corkage, *n.*: (۱) بوتلوں کو کھولنا یا اُن میں کاگ لگانا - (۲) بوتل کھلوائی یا کاگ کشی (یعنی شراب کی بوتل کھولنے کی اُجرت جو ہوٹل والا اُس حالت میں لیتا ہے کہ کوئی شخص شراب باہر سے مول لاکر ہوٹل میں پیے) -

Corked, *a.*: (۱) کاگ یا ڈاٹ لگایا ہوا - (۲) جلے کارک سے رنگا

ہوا - (۳) ککیہنڈی (یعنے وہ شراب جس میں کاک کی بو آگئی ہو) -

Corker, *n.*: (عامیانہ) ایسی بات (خاص کر جھوٹ) جس کے بعد آگے گفتگو کرنے کی گنجائش نہ رہے ؛ حد ؛ انتہا ؛ کھلا جھوٹ -

Corky, *a.*: کارک کا سا ؛ (بول چال) چلبلا ؛ زندہ دل ؛ بے چین ؛ چھچھورا -

Corm, *n.*: (نباتیات) گنٹھی -

Cormo-: (ترکیبی جز بمعنی) " اصل " -

Cormorant, *n.*: حواصل ؛ ماہی خور (ایک قسم کا پرند جو گز بھر لمبا ہوتا ہے) ؛ حریص ؛ کھاؤ -

Corn, *n.*: غلہ ؛ دانہ ؛ اناج نیز اُس کا پودا ؛ (امریکا) جوار ؛ جواری -

c. -chandler: پرچونیا ؛ بقال (غلے کا خردہ فروش) -

c. -cob: ککڑی ؛ گلی -

c. cob pipe: گلی کا پائپ ؛ تمباکو کش (گلی کو کھوکھلا کرکے بناتے ہیں) -

c. -crake: جزائر برطانیا کا ایک پرندہ (Landrail) جو غلے کے کھیتوں میں ہوتا ہے -

c. -factor: غلہ فروش ؛ کھتے دار -

c. -flag: ایک پھولوں کا درخت ؛ ایک قسم کی سوسن -

c. -flour: میدا ؛ آٹا -

c. -flower: تاج بوٹی (مختلف قسم کی بوٹیاں جو غلے کے کھیتوں میں ہوتی ہیں) -

c. -laws: قوانین غلہ فروشی -

c. -rent: بٹائی ؛ جنس لگان ؛ وہ لگان جو غلے کی صورت میں دیا جائے یا غلے کی قیمت کے مطابق نقد ادا کیا جائے -

c. -stalk: (استعارتاً) لمبا ؛ پھرتیلا ؛ (مزاحاً آسٹریلیا کے یورپی باشندوں کو کہتے ہیں) -

Corn, *v. t.*: نمک لگا کے رکھنا ؛ اچار ڈالنا -

Corn, *n.*: گھٹا ؛ گوکھرو (خاص کر پانو کا) -

tread on one's *cc.*: دل دکھانا ؛ جذبات کو صدمہ پہنچانا ؛ پتے کی کہنا -

Cornbrash, *n.*: کلکر -

Cornea, *n.*: قرنیہ ؛ آنکھ کے ڈھیلے کا بیرونی پردہ -

Cornel, *n.*: ایک درخت جس کا پھل زیتون کے برابر اور اس سے مشابہ ہوتا ہے ؛ ترانیا -

Cornelian, car-, *n.*: عقیق -

Corneous, *a.*: سینگیا ؛ سینگ جیسا ؛ قرنی -

Corner, *n.*, & *v. t.* & *i.*: (۱) کونا ؛ گوشہ ؛ زاویہ ؛ نکڑ (گلی یا سڑک کا) - (۲) خلوت ؛ دورافتادہ مقام ؛ پوشیدہ مقام ؛ (۳) خطہ ؛ سر زمین ؛ کھونٹ - (۴) (تجارتی اصطلاح) کسی جنس کا سارا ذخیرہ جو بازار میں موجود ہو خرید لینا تاکہ منہ مانگی قیمت پر بیچا جاسکے ؛ بازار سمیٹ لینا ؛ بازار خرید لینا - (۵) کونے بنانا ؛ کونے نکالنا - (۶) کونے میں جانا یا لگانا - (۷) گھیرنا ؛ پھانسنا ؛ (استعارتاً) مجبورکرنا ؛ زچ کرنا - (۸) بازار خرید لینا - (۹) ذخیرہ بنانا ؛ روکنا ؛ اکٹھا کرنا (مال کو) -

c. -chisel, -punch: کونے کاٹ (درانتی یا اوزار جس سے کونے کاٹے یا صاف کیے جائیں) -

c. -man: (۱) سرے والا ؛ حبشی سازندوں کی قطار میں سرے کا آدمی - (۲) سیلانی جیوڑا ؛ لفنگا -

c. -stone: کونیا پتھر ؛ بھوڑا ؛ بھوڑے کا پتھر ؛ (استعارتاً) نیو کی اینٹ ؛ بنیادی یا اصلی شے -

cut off a c.: کترا کے نکل جانا -

drive into a c.: (استعارتاً) زچ کردینا ؛ اس طرح گھیر لینا کہ بچنے کی جگہ نہ ہو -

put (child) *in the c.*: کونے میں کھڑا کو دینا (خصوصاً بچوں کو بطور سزا کے) -

the C.: (بازاری محاورہ) لندن کا ایک قمار خانہ (جو پہلے Hyde Park C. کے قریب تھا) -

turn the c.: ایک گلی سے دوسری میں مڑجانا ؛ (استعارتاً) مشکل مقام یا موقع سے نکل جانا (جیسے بیماری کے بحران سے گذر جانا) -

Cornet, *n.*, **Cornet-a-piston** (s), **Cornopean**: (۱) بوق - (۲) پڑا (پنساریوں کا) -

c. -player, cornetist: بوقچی ؛ کورنٹ بجانے والا -

solo c., *echo c.*: باجے کے بٹن (جن سے آواز اونچی نیچی کی جاسکے)-

Cornet, *n*: (۱) سفید قسا وہ جو نرسیں پہنتی ہیں - (۲) (اگلے زمانے میں) جماعہ دار یا فوجی عہدہ دار جس کے ہاتھ میں علم ہو ؛ علم بردار -

cornetcy, *n.*: جمعداری ؛ علم برداری (کی خدمت) -

Cornice, *n.*: کانس ؛ کنگنی ؛ کگر ؛ (پہاڑیوں کی اصطلاح) لب غار ؛ کھو ؛ کنگنی ؛ برف جو غار کے کنارے پر چھجے کی طرح جم جائے -

corniced, *a.*: کانس دار ؛ کنگنی دار -

Corniferous, *a.*: (ارضیات) کنکریلا (زمانہ یا طبقۂ زمین) -

Cornish, *a.* & *n.*: کورنوال کا باشندہ ؛ کارنوالی (آدمی یا زبان) -

Cornopean: بمعنی CORNET -

Cornstone, *n.*: (طبقات الارض) لال ہری چتیوں والا پتھر -

Cornucopia, *n.*: (pl. *-as*): سبھلا سینگ (بکری کا سینگ جو قدیم ظروں میں آسودہ حالی کی علامت کے طور پر بناتے تھے) - (۲) گل دان یا آرائشی ظرف (شاخ نما) - (۳) ذخیرۂ وافر ؛ ثروت ؛ کثرت مال ؛ افراط -

Cornuted, *a.*: شاخ دار ؛ سینگ دار ؛ سینگیال -

Corny, *a.*: اناج والا ؛ پردانہ ؛ اناج بھرا ؛ اناج سے بھر پور یا لدا پھندا -

Corny, *a.*: گھٹے پڑا ہوا ؛ گھٹے دار (پانو جس میں گھٹا ہو) -

Corolla, *n.*: (نباتیات) کاسۂ گل ؛ برگۂ گل ؛ اندر کی پتیاں -

corollaceous, *a.*: کاسۂ گل کا ؛ کاسہ نما -

Corollary, *n.*: نتیجۂ منطقی ؛ حاصل بدیہی ؛ ضمنی نتیجہ -

Corona, *n.* (pl. *-ae*): (سورج یا چاند کا) ہالہ ؛ حلقۂ شعاعیہ ؛ نیز دیکھو ANTHELION ؛ (روشنی کی) ہانڈی ؛ جھاڑ ؛ (تعمیرات) کانس ؛ چھجلی ؛ رت ؛ سرانہ ؛ (نباتات) تاج گل -

Coronach, *n.*: نوحہ (جو اسکاٹستان اور آئرستان میں میت کے پیچھے گایا جاتا ہے) -

Coronal, *n.*: سر پیچ ؛ مکٹ ؛ سہرا ؛ ہار (خاص کر سونے یا جواہرات کا) ؛ حلقہ ؛ دور ؛ چھوٹا دائرہ -

Coronal, *a.*: (۱) (تشریح) درز اکلیلی؛ کاسۂ سر اور اُستخوان پیشانی ؛ (اکلیل) کے درمیان کا جوڑ - (۲) اکلیلی ؛ بالائے جبین کا ؛ کاسۂ سر کا ؛ (نباتیات) تاجِ گل کا -

Coronate (d), *a.*: (نباتیات ' حیوانیات) باتاج ؛ تاج نما -

Coronation, *n.*: تاج پوشی (نئے فرماں روا کی تاج پہننے کی رسم)-

c. -oath: حلف شاہی (جو تاج پوشی کے وقت بادشاہ سے لیا جاتا ہے) -

Coroner, *n.*: مفتش بموتی ؛ کارونر (ایک عہدہ دار جو غیر طبعی موت کے اسباب کی تفتیش کرتا ہے) -

c. 's inquest: مرگ غیر طبعی کی تفتیش -

Coronet, *n.*: (۱) چھوٹا تاج ؛ تاجک ؛ مکٹ ؛ اکلیل - (۲) سرپیچ ؛ جیغہ - (۳) جوڑ ؛ بند - (۴) (زنانہ زیور) گوشوارہ - (۵) سہرا -

Coroneted, *a.*: تاج پوش ؛ جیغہ ' مکٹ پہنے ہوے (اُمرا و روسا)-

Coronoid, *a.*: منقار نما ؛ خمیدہ

Corozo, *n.*: ایک قسم کا درخت ؛ امریکی تاڑ یا کھجور -

c. -nut: درخت مذکور کا پھل -

Corporal, *a.*: جسمی ؛ جسمانی ؛ عنصری -

c. *oath*: (متروک) کسی مقدس شے کو ھاتھ لگا کے قسم کھانا -

c. punishment: جسمانی سزا -

corporally, *adv.*: متعلق فعل' مذکورۂ بالا معنوں -

Corporal, -as, *n.*: خوان عشاے ربانی (کپڑا جس پر متبرکات رکھے جاتے ھیں)-

Corporal, *n.*: دفعدار ؛ فوج کا چھوٹا عہدہ دار -

ship's c.: جہاز کا دفعدار -

Corporality, *n.*: (۱) جسمانیت؛ مادیت ؛ عنصریت - (۲) (جمع میں) جسمانی ضروریات ؛ جسمانیات ؛ مادیات -

Corporate, *a.*: (۱) منظم یا سند یافتہ (جماعت جو قانوناً ایک شخصیت تصور کی جاے) ؛ جماعت بمنزلۂ فرد ؛ اِجتماعی شخصیت والی - (۲) مدنی ؛ جماعتی -

c. town: بلدیہ (سند یافتہ قصبہ جسے حقوق بلدی حاصل ھوں)-

corporately, *adv.*: مجتمع یا اِجتماعی طور پر -

Corporation, *n.*: ھیئت اِجتماعیہ ؛ جماعت (بمنزلۂ فرد) ؛ اِجتماعی شخصیت ؛ کارپوریشن (جو فرمان شاھی یا قانون کے ذریعے قائم کی گئی ھو اور ایک یا متعدد اشخاص پر مشتمل ھو) ؛ (عام محاورے میں) توند -

c. aggregate: جماعت بمنزلۂ فرد -

c. sole: فرد بمنزلۂ جماعت -

muncipal c.: بلدیہ ؛ حکومت شہری -

Corporative, *a.*: بلدی ؛ شخصیتی وغیرہ مثل ماقبل -

Corporator, *n.*: بلدیہ یا کارپوریشن کا رکن -

Corporeal, *a.*: مادی؛ جسمانی؛ (قانونی اِصطلاح) مادی (بمقابلۂ حقوق غیر مادی)-

corporeality, *n.*: مادیت ؛ جسمیت -

corporeally, *adv.*: متعلق فعل مذکورۂ بالا معنوں میں -

Corporeity, *n.*: تجسم ؛ مادیت ؛ مادی پنا ؛ جسم مادی -

Corposant (-znt), *n.*: اگیا بیتال؛ شہابہ (ایک طرح کی روشنی جو جہاز والوں کے عقیدے میں طوفان کے وقت مستول کے قریب نظر آتی ھے جسے سینٹ التو کی " آگ " بھی کہتے ھیں) -

Corps (kor), *n.* (pl. same, pron. korz): دستہ ؛ حصۂ فوج (جو کسی خاص کام کے لیے متعین کیا جاے) -

c. d' armee: پلٹن یا رسالہ (جو میدان جنگ میں ھو) -

c. -de-ballet: کسی ناٹک کے ناچنے والوں کی ٹولی ؛ رقاصوں کا طائفہ -

C. Diplomatique: کسی غیر ملک کا سفیر اور اُس کا عملہ جو کسی دربار میں متعین ھو -

Corpse, *n.*: لاش ؛ میت ؛ مردہ -

c. -candle: روشنی کا شعلہ جو کبھی کبھی قبرستان میں نظر آتا ھے اور موت کا شگون سمجھا جاتا ھے -

Corpulent, *a.*: موٹا ؛ فربہ ؛ لحیم شحیم ؛ جسیم -

corpulence, -ency, *nn*: فربہی ؛ موٹاپا -

Corpus, *n.*: (۱) مجموعہ کتب ؛ مجموعہ تحریر - (۲) کل کتابوں اور تحریروں کا مجموعہ جو کسی خاص موضوع پر لکھی گئی ھوں؛ مکمل مواد - (۳) (عضویات) حیوانوں کے جسم کا کوئی چھوٹا حصہ جو ایک مخصوص ساخت اور مخصوص وظیفہ رکھتا ھو ؛ عضویہ -

C. Christi: عید جسد (مسیح) - (ایسٹر یعنی عید الفصح کے بعد نویں ھفتے کی جمعرات کو منائی جاتی ھے) -

c. delicti: بناے جرم ؛ وہ تمام باتیں جن کے باعث کوئی فعل خلاف قانون قرار دیا جاے -

c. juris: مجموعۂ قوانین -

Corpuscle (-sl), **Corpuscule** (-kul), *n.*: (۱) مادے کا چھوٹے سے چھوٹا جز ؛ جوھر فرد - (۲) کسی عضویے خصوصاً خون کا چھوٹا سا جز ؛ جسیمہ -

Corpuscular, *a.*: جوھر فرد یا جسیمے سے متعلق -

c.(emission) theory of light: دیکھو EMISSION -

Corral, *n.*, & *v. t.* (-ll): (۱) امریکا میں مویشیوں کا باڑا ؛ اصطبل ؛ کھڑک - (۲) گاڑیاڑ؛ لڑھیاڑ (گاڑیوں کی باڑ حفاظت لشکر کے لیے) - (۳) گھیرا ؛ حلقۂ صید (جنگلی جانور پکڑنے کے واسطے) - (۴) گاڑیاڑ بنانا - (۵) کھڑک یا اصطبل میں بند کرنا -

Correct, *v. t.*: (۱) درست کرنا ؛ ٹھیک کرنا ؛ سدھارنا ؛ تصحیح یا اِصلاح کرنا - (۲) تنبیہ و تادیب کرنا (خطا یا غلطی پر) ؛ اثر زائل کرنا ؛ توڑ کرنا (کسی بری چیز کا) - (۳)ملانا (گھڑی کے وقت کو صحیح کرنا) ؛ معیار کے مطابق کرنا (ھوا پیما وغیرہ کو) -

Correct, *a.*: درست ؛ ٹھیک ؛صحیح ؛ مناسب ؛ مستحسن ؛ پسندیدہ (اطوار وغیرہ) -

the c. card: کھیلوں ' مقابلوں وغیرہ کا پیشنامہ -

correctly, *adv.*: متعلق فعل : مذکورۂ بالا معنوں میں -

correctness, *n.*: صحت ؛ درستی ؛ راستی -

Correction, *n.*: (۱) تصحیح ؛ درستی ؛ اِصلاح - (۲) تادیب ؛ تنبیہ -

house of c.: تادیب خانہ -

I speak under c.: میں یہ جو کچھ کہہ رھا ھوں اُس میں ممکن ھے کہ تصحیح کی گنجائش ھو -

correctional, *a.*: اِصلاحی ؛ تادیبی -

Correctitude, *n.*: روک ٹوک ؛ تادیب ؛ اِصلاح (خاص کر طرز عمل یا رویے کی) -

Corrective, *a.* & *n.*: إصلاح کن ؛ مصلح (دوا وغیرہ) -

correctively, *adv.*: مصلحانہ ؛ درست کرتے ہوے -

Corrector *n.*: مصلح ؛ مصحح ؛ مودب ؛ نقاد ؛ محتسب ؛ خردہ گیر -

c. of the press: (۱) مصحح (مطبع) - (۲) تادیب کرنے والا ؛ مودب -

Correlate, *n.*: لازم یا ملزوم -

Correlate, *v. i.* & *t.*: لازم یا ملزوم ہونا یا بنانا -

Correlative, *a.* & *n.*: لازم ملزوم ؛ متلازم ؛ متعلق ؛ (نحو) جوابی حروت ؛ الفاظ متلازمہ (جیسے : خواہ یہ ' خواہ وہ) -

correlation, *n.*: لزوم ؛ تعلق باہمی -

correlatively, *adv.*: متعلق فعل ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

correlativity, *n.*: متلازم ہونا

Correspond, *v. i.*: (۱) مطابق ہونا ؛ یکساں ' جواب یا جوڑ ہونا (رتبے یا درلے وغیرہ میں) - (۲) خط و کتابت یا مراسلت کرنا -

correspondingly, *adv.*: متعلق فعل ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

Correspondence, *n.*: مطابقت ؛ خط کتابت ؛ مراسلت ؛ خطوط -

Correspondent, *n.* & *a.*: (۱) نامہ نگار (اخبار وغیرہ کا) ؛ مرسل خطوط ؛ خط کتابت کرنے والا - (۲) (تجارت) آڑھتی (ایک تاجر یا دکان جس کا کسی دوسرے تاجر یا دکان سے خصوصاً غیر ملک میں کاروبار رہتا ہو) - (۳) مطابق ؛ جوابی -

correspondently, *adv.*: متعلق فعل ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

Corridor, *n.*: غلام گردش (متعدد کمروں کے سامنے کا راستہ) ؛ چھتا ؛ کسی سلطنت کی مقبوضہ زمین کا ایک تنگ قطعہ جو کسی دوسری سلطنت کے مقبوضات سے گذرتا ہو -

c. train: غلام گردش والی ریل (جس میں ایک سرے سے دوسرے تک جانے کا راستہ رکھتے ہیں) ؛ گلیاری ریل -

Corrie, *n.*: جوف کوہ ؛ (پہاڑ کا) کھانچا ؛ قوس الوری -

Corrigendum, *n.* (pl.-*da*): تصحیح طلب چیز ؛ غلط نامہ ؛ صحت نامہ (کتاب کا) -

Corrigible, *a.*: (۱) إصلاح پذیر - (۲) سلیم الطبع (جو اپنی غلطی کی اصلاح کرلے) -

Corrival, *n.*: دیکھو RIVAL -

Corroborant, *a.* & *n.*: (۱) مقوی ؛ طاقت کی (دوا) - (۲) مصدق ؛ تصدیق کنندہ ؛ موید (واقعات) -

Corroborate, *v. t.*: تصدیق یا توثیق کرنا ؛ تائید یا شہادت دینا -

corroborative, corroboratory, *aa.*: موثق ؛ تائیدی ؛ (شہادت) تصدیق کن -

corroborator, *n.*: موید ؛ مصدق ؛ شاہد -

Corroboration, *n.*: تصدیق ؛ تائید (مزید شہادت سے) -

Corroboree, *n.*: (آسٹریلیا کے دیسی باشندوں کا) ناچ رنگ ؛ ایک قسم کا ناچ -

Corrode, *v. t.* & *i.*: کھا جانا (تیزاب وغیرہ کا کسی سخت چیز کو) ؛ گھن لگنا ؛ گھس جانا (پتھر وغیرہ کا پانی سے) ؛ گل جانا (تیزاب وغیرہ سے) -

Corrosion *n.*: کھا جانا (زنگ کا دھات کو) ؛ گلا دینا (تیزاب کا کسی چیز کو) ؛ گھلا دینا (بیماری کا جسم کو) -

Corrosive, *a.* & *n.*: آکال ؛ قارض ؛ کھاجانے والا (زنگ وغیرہ) ؛ گلا دینے والا (تیزاب) ؛ گھلا دینے والا (مرض) -

c. sublimate: (bi-chloride of mercury) پارے کا زہر ؛ سیمابی زہر ؛ ایک قسم کا زہر جس میں پارا ہوتا ہے -

corrosively, *adv.*: متعلق فعل ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

corrosiveness, *n.*: إسم مذکورۂ بالا معنوں میں -

Corrugate, *v. t.* & *i.*: جھریاں ڈالنا ؛ شکن پڑنا ؛ شکن ڈالنا ؛ (تیور پر) بل ڈالنا -

corrugated iron: نالی دار (یا نالیوں دار) لوہے کی چادر -

corrugation, *n.*: شکن ؛ سلوٹ -

Corrugator, *n.*: رگ پیشانی ؛ تیور کا پٹھا (جس کے کھینچنے سے بل پڑتا ہے) -

Corrupt, *a.*: (۱) فاسد ؛ ناقص ؛ خراب ؛ کھوٹا ؛ بگڑا ہوا ؛ سڑا گلا ہوا ؛ تصحیف شدہ (عبارت یا تحریر) - (۲) مرتشی ؛ رشوت ستان ؛ رشوت خوار ؛ شریر ؛ بد ذات ؛ بد چلن ؛ بد اطوار ؛ بد اخلاق -

corruptively, *adv.*: متعلق فعل ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

corruptness, *n.*: إسم ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

Corrupt, *v. t.* & *i.*: بگاڑنا ' خراب کرنا ؛ رشوت دینا ؛ (زبان کو) بگاڑنا (غلطیوں سے) ؛ تصحیف کرنا (کتاب میں) ؛ بگڑنا ؛ خراب ہونا -

corruptive, *a.*: مفسد ؛ بگاڑنے والا ؛ بگاڑنے کی خاصیت رکھنے والا -

Corruptible, *a.*: (۱) بگڑنے یا سڑنے والا ؛ فساد پذیر ؛ ہلاک پذیر - (۲) رشوت پذیر ؛ مائل بہ فسق ؛ فسق پذیر -

corruptibility, *n.*: فساد پذیری ؛ خراب پذیری وغیرہ -

corruptibly, *adv.*: خراب کرتے ہوے ؛ بگڑتے ہوے (بنوع فاسد) -

Corruption, *n.*: (۱) فساد ؛ خرابی ؛ سڑن ؛ گلن - (۲) بد چلنی ؛ بد اطواری ؛ بد اخلاقی (رشوت ستانی وغیرہ) - (۳) بگاڑ ؛ کھوٹ ؛ نقص ؛ تصحیف (کتاب میں) -

c. of blood: (قدیم انگریزی قانون) حقوق کا سوخت ہوجانا (جو کسی بغاوت یا جرم کے ثابت ہونے پر ہوتا تھا) -

Corsac, -ak, *n.*: ترکستان کی لومڑی جو دکن کی لومڑی سے مشابہ ہوتی ہے ؛ روبہک ؛ ایک قسم کی چھوٹی لومڑی ؛ لومڑیا -

Corsage. (korsahzh, korsij) *n.*: انگیا ؛ محرم ؛ سینہ بند -

Corsair, *n.*: (۱) بحری قزاق (خاص کر ملک بربری کے) - (۲) سفینۂ ترک تازی ؛ قزاق کشتی -

Corse, *n.*: دیکھو CORPSE - (متروک ' اب شعر میں آتا ہے)

Corset, *n.*: ایک قسم کی بہت چوڑی پیٹی کمر کے نیچے سے لے کر چھاتیوں تک (جسے یورپی عورتیں لباس کے اندر لگا لیتی ہیں کہ بدن تنا رہے اور ستول معلوم ہو) -

corseted, *a.*: پیٹی میں کسی ہوئی (عورت) -

Corslet, Corse-, *n.*: زرہ ؛ چار آئینہ ؛ جلتا ؛ (حیوانات) کیڑوں کا سینہ ؛ پیٹ اور گردن کے درمیاں کا حصہ -

cortege (-azh), *n.*: جلو یا خواصی کے لوگ ؛ ملازمین ؛ موکب ؛ خدم و حشم -

Cortes, *n. pl.*: (إسپین ' پرتگال) مجلس وضع قوانین -

Cortex, *n.* (pl.-*tices*): (۱) چھال ؛ چھلکا ؛ پوست -(۲) بھیجے کی بیرونی تہہ (جس کا رنگ بھورا ہوتا ہے) ؛ گردے کا بیرونی حصہ یا جھلی -
Cortical, *a.*: (نباتیات) قشری ؛ چھال کا - (تشریح) لحائی ؛ دماغ وغیرہ کی بیرونی تہہ سے متعلق -
Corticate (d), *a.*: پوست دار ؛ چھال دار ؛ پوست نما -
Corundum, *n.*: ایک طرح کا نیلم یا یاقوت (جو مختلف رنگوں کا ہوتا ہے) -
Coruscate, *v. i.*: چمکنا ؛ جھمکنا ؛ چمک یا روشنی دکھانا (شعلے کی طرح) -
coruscant, *a.*: چمکیلا ؛ درخشندہ وغیرہ -
coruscation, *n.*: چمک دمک -
Corvee (-va), *n.*: بیگار ؛ رعایا کا بلا اُجرت کام (جیسا کہ فرانس میں ۱۷۷٦ ع سے پہلے کسانوں کو قانوناً کرنا پڑتا تھا)
Corvette, *n.*: جنگی ناؤ (ایک قسم کی جنگی کشتی) -
Corvine, *a.*: کوے کا یا کوے جیسا ؛ غرابی ؛ زاغی -
Corybant, *n.* (pl.-*s*,-*es*): (یونانی دیو مالا میں) سیبیلے دیوی کا کنھک پجاری یا پروہت -
Corybantian, Corybantic, Corybantine, *aa.*: صفت ؛ مذکورۂ بالا معنوں میں -
Corydon, *n.*: گنوار ؛ دهقانی (یونانی گیتوں کا ایک فرضی نام جس کا مفہوم "ٹھیٹ گنوار" ہے -)
Corymb, *n.*: لمبا ڈنٹھل جس میں پھول برابر برابر لگے ہوں -
Coryphaeus, *n.*: گانے والی منڈلی یا طائفے کا سردار ؛ سر طائفہ -
Coryza, *n.*: زکام -
Cos, *n.*, (Also C. *lettuce*): ایک قسم کا پودا جسے جزیرۂ کوس سے یورپ میں لائے ہیں ؛ کاھو ؛ خیرم -
Cos, *n.*: (علم المثلث) Cosine کا مخفف؛ جم (جیب التمام کا مخفف) -
cosaque (-ahk), *n.*: کڑاکے دار نُقل؛ (مٹھائی جو زٹوں کی طرح بہ آواز ٹوٹتی ہے) -
Cose (-z), *v. i.*: سکھ چین سے بیٹھنا -
Cosecant, *n.* (abbr. *cosec.*): (علم مثلث) قاطع التمام -
Coseismal (-siz), *a.* & *n.*: (۱) خط یا منطقۂ مساوی الرجفہ (۲) یرجفہ یا زلزلہ نما (آلہ یا خط وغیرہ) -
Cosher, *v. t.*: کھلانا پلانا ؛ ضیافتیں کرنا ؛ (کھلا پلا کے) تیار کرنا -
Co-signatory, *a.* & *n.*: هم پیمان ؛ شریک معاہدہ ؛ ساتھ دستخط کرنے والا -
Cosine, *n.*: (علم مثلث) جیب التمام (جیب مستوی کے ساتھ کا خط جو اُس سے مل کر زاویہ بناتا ہے) -
Cosmetic (-z-), *a.* & *n.*: خوش بو دار (موم) روغن جو ملنے یا بالوں پر ملا جاتا ہے -
Cosmic (al), *aa.*: کائناتی -
c. philosophy: فلسفۂ کائنات -
cosmically, *adv.*: کائنات کے اُصول یا قانون سے -
Cosmism, *n.*: کائنات پرستی (یہ عقیدہ کہ مجموعۂ کائنات خود ایک کار فرما قوت ہے) -
cosmist, *n.*: کائنات پرست -

Cosmo-: یونانی لفظ ,کوس موس ، (یعنی کائنات) کا مخفف ترکیبی ؛ جیسے :-
cosmogeny, *n.*: آفرینش ؛ تخلیق (کائنات) -
cosmological, *a.*: متعلق بہ علم کائنات -
cosmologist, *n.*: عالم کائنات -
cosmology, *n.*: علم کائنات -
cosmoplastic, *a.*: تشکیل کی -
Cosmogony, *n.*: مسئلۂ آفرینش ؛ نظریۂ تخلیق -
cosmogonic (al), *aa.*: آفرینشی ؛ تخلیقی -
cosmogonist, *n.*: ماہر مسئلۂ آفرینش -
Cosmography, *n.*: احوال عالم ؛ سر نوشت کائنات ؛ بیان یا نقشۂ عالم ؛ جہاں نگاری -
cosmographer, *n.*: جہاں نگار (احوال عالم بیان کرنے یا اُس کا نقشہ کھینچنے والا - پہلے جغرافیہ نویس کو کہتے تھے) -
cosmographic (al), *aa.*: جہاں نگارانہ -
Cosmopolitan, *a.* & *n.*: هر دیسی ؛ وسیع المشرب ؛ صلح کل (جو ملک و ملت کے تعصبات سے آزاد اور تمام عالم کو اپنا وطن سمجھتا ہو) -
cosmopolitanism, *n.*: هر دیسی پن -
cosmopolitanize, *v. t.* & *i.*: هر دیسی بنانا -
Cosmopolite, *n.* & *a.*: هر دیسی -
cosmopolitism *n.*: هر دیسی پن -
Cosmopolitical, *a.*: بین اقوامی ؛ بین ممالکی (جس کا تعلق دنیا کے تمام ملکی آئین سے ہو)؛ جہاں دولت (یعنی تمام عالم کی ایک دولت یا مملکت) -
Cosmorama *n.*: سیر بین ؛ ممالک عالم کے مختلف مناظر کی تصاویر -
cosmoramic, *a.*: سیر بین سے متعلق -
Cosmos (-z-), *n.*: (۱) کائنات ؛ موجودات ؛ عالم ظاہر ؛ عالم مشہود - (۲) نظام عالم ؛ نظام کائنات ؛ عالم کون -
Cossack, *n.*: کاسک ؛ قزاق (ایک تاتاری قبیلے کا نام جو بحر اسود کے شمال میں آباد ہے اور جس کے افراد اکثر روسی رسالوں میں بھرتی ہوتے ہیں)؛ (جمع) پاجامہ (دکانداروں کی اصطلاح) -
Cosset, *n.*, & *v. t.*: (۱) میمنا ؛ پالتو بکری کا بچہ -(۲) پیارا ؛ عزیز ؛ لاڈلا - (۳) چاہنا ؛ لاڈ کرنا -
Cost, *n.*: (۱) قیمت؛ مول؛ دام؛ لاگت - (۲) وقت اور محنت وغیرہ کا صرف - (۳) (جمع قانونی اصطلاح) خرچۂ عدالت (جو اکثر جیتنے والے کو دلوایا جاتا ہے) -
c.-book: کان کھاتا (معدنی کان کے آمد و خرچ کی کتاب) -
at the c. of: اُس کے بدل میں ؛ اسے کھو کر ؛ اُس کا نقصان اُٹھا کے -
prime c., c. price: لاگت؛ اصلی قیمت (جس پر سوداگر نے خریدا ہو) -
to a person's c.: نقصان اُٹھا کر؛ مصیبت جھیل کر -
costless, *a.*: بلا قیمت ؛ بلا خرچ -
Cost, *v. i.*: (۱) مول ہونا؛ قیمت ہونا؛ پڑنا - (۲) (تجارت) قیمت متعین کرنا؛ بھاؤ مقرر کردینا جتانا -
c. him dear (ly): (یہ اُسے) بہت مہنگا پڑا یا مہنگا...

خسارے کا باعث ہؤا۔

Costal, *a.* : پہلو کا؛ پسلی کا؛ ضلعی؛ جنبی۔

Costard, *n.* : بڑا سیب؛ (متروک) سر؛ کھوپڑی۔

Costate, *a.* : پسلی والا؛ وہ جس کے پسلیاں ہوں۔

Costean, -een, *v. i.* : کان برمانا پتھریلی زمین تک (دھات کا ٹھیک پتا چلانے کے لیے)

Coster (monger), *n.* : میوہ فروش؛ خوانچے والا؛ کاچھی؛ کنجڑا۔

Costive, *a.* : قبض والا؛ قبض کی شکایت رکھنے والا؛ (استعارۃً) ممسک؛ کنجوس۔

costiveness, *n.* : قبض کی حالت؛ بھاری پن (پیٹ کا)۔

Costly, *a.* : قیمتی؛ گراں بہا؛ بیش قیمت۔

costliness, *n.* : بیش قیمت ہونا؛ بیش قیمتی۔

Costmary, *n.* : کٹ؛ قسط (ایک خوش بودار مسالا) ۔

Costume, *n.*, & *v. t.* : (۱) وضع قطع (لباس، نیز بالوں کی)؛ پوشاک؛ جوڑا؛ لباس ۔(۲) جوڑا دینا؛ لباس بنوا دینا۔

c. piece : تاریخی ڈراما (جسمیں ایکٹر اسی زمانے کا لباس پہنتے ہیں)۔

Costumier, mer, *n.* : پوشاک ساز یا پوشاک فروش۔

Cosy, -zy, *a.* & *n.* : آرام دہ؛ پرلطف یا چین سکھ کی جگہ؛ سکھ چین سے بیٹھا یا لیٹاہؤا (شخص)؛ ایک قسم کا شہ نشین یا رواق (جو کمرے کے کونے میں بنادیتے ہیں)۔

tea 'egg, -c. : چاے دانی کا ٹوپ؛ کیتلی پوش؛ بیضہ پوش۔

cosily, *adv.* : آرام سے؛ مزے سے۔

cosiness, *n.* : لطف و آرام سے بیٹھا ہونا۔

Cot, *n.*, & *v. t.* : (۱) باڑا؛ چھتری؛ چھپر؛ اسارا۔(۲) (شعر میں) جھونپڑی؛ کٹی۔(۳) مویشی باڑے میں بند کرنا؛ باڑنا۔

bell, sheep, c. : گھنٹی کی چھتری؛ نوھرا۔

Cot, *n.* : (۱) کھاٹ؛ کھٹولی؛ سفری پلنگ۔ (۲) زخمی یا بیمار سپاہیوں کی ڈولی؛ جھولا؛ پنگورا (بچوں کا)۔

Cotangent, (abbr. cot.) *n.* : (علم مثلث) مماس التمام (مصیبا سے)؛ مس کرنے والا۔

Cote, *n.* : چھپر؛ سائبان؛ اسارا؛ نوھرا؛ دڑبا۔

Co-temporary & c. : دیکھو CONTEMPORARY & C.

Co tenant, *n.* : پٹے میں شریک؛ شریک کاشت؛ شریک کرایۂ مکان ۔

Coterie, *n.* : (۱) حلقہ؛ جتھا؛ ٹولی (مشترک الاغراض اشخاص کی)؛ ٹیرنمہ؛ ء.اُندین کا حلقہ۔

Cothurnus, *n.* : خف؛ موٹے تلے کا جوتا جسے ایتھنس کے ایکٹر پہنتے تھے؛ (استعارۃً) اعلیٰ انشا پردازی کا؛ پرشکوہ بیان کا۔

Co-tidal, *a.* : مساوی المد۔

c. line : مد نما؛ وہ خط جو نقشوں پر اُن مقامات کو دکھاتا ہے جہاں وقت واحد میں سمندر کا مد آئے۔

Cotillion, *cotillon*, *n.* : ناچ کی بعض قسمیں نیز انکے ساتھ کا سرود۔

Cottage, *n.* : چھپر؛ جھونپڑا؛ بنگلہ؛ دیہاتی مکان

c. hospital : سفری یا عارضی دواخانہ ۔

c. loaf : ایک قسم کی دوہری روٹی۔

c. piano : چھوٹا پیانو (باجا)۔

Cottager, *n.* : جھونپڑی کا رہنے والا؛ چھپر نشین ۔

Cottar,-er, *n.* : اِسکاٹستان کا کسان (جس کی جھونپڑی کھیت میں ہو اور طلبی پر معین اُجرت لے کر کھیتی کا کام کرے) ۔

Cotter, *n.* : کیلی؛ پچڑ؛ ضامن؛ ڈاٹ (جو دو جوڑ مضبوط بٹھانے کے لیے لگاتے ہیں) ۔

Cottier, *n.* : کسان؛ جھونپڑے والا؛ مزارع مستاجر (آئرستان میں وہ کاشتکار جو سب سے زیادہ لگان کی بولی بول کر کھیت اور اُس کے متعلقہ گھر میں بطور پٹے دار کے رہتا ہو) ۔

Cotton, *n.* : روئی؛ کپاس؛ بن سٹی - (۲) سوت؛ تاگا - (۳) سوتی کپڑا؛ پارچہ ۔

c.-cake : کھل؛ کھلی (مویشی کو کھلانے کی) ۔

c.-grass : لمبی نرم گھاس (جس کی بعض اقسام چٹائیاں بنانے کے کام آتی ہے) ۔

c.-lord : روئی کا ملک التجار؛ ملک القطن ۔

c.-plant : کپاس ۔

c.-spinner : سوت (کاتنے) والا کاریگر یا سوداگر ۔

c. waste : سوت کا گودڑ (جو کلیں صاف کرنے کے کام آتا ہے) ۔

c. wool : کچی روئی (لباس وغیرہ میں ڈلا دینے کے لیے) ۔

c. yarn : تاگا؛ تار ۔

gun c. : دیکھو GUN ۔

cottony, *a.* : روئی کا سا یا روئی کا ۔

Cotton, *v. i.* : متفق ہونا؛ ہم راے ہونا؛ ہم آہنگ ہونا؛ مل جانا؛ کسی کا ہو رہنا ۔

c. up : ڈورے ڈالنا؛ سلسلہ جنبانی کرنا؛ میل نکالنا؛ راغب یا مائل کرنا ۔

Cottonocracy, *n.* : روئی کے بڑے بیوپاریوں (کی جماعت) ۔

cottonopolis, *n.* : (مراداً) مانچسٹر ۔

Cotyledon, *n.* : اکھوا؛ پھنگر؛ برگ تخم؛ بیج پتی (جو بیج میں سے پھوٹتی ہے)؛ درختوں کی ایک قسم؛ کن سوا (ایک روز کا پھوٹا ہؤا تخم) ۔

Cotyledonous, *a.* : اکھوے والا؛ بیج پتیا؛ کن سویا ۔

Cotyloid, *a.* : (تشریح) کاسہ نما؛ مستدیر؛ مجوف ۔

Couch, *n.*, & *v. t.* & *i.* : (۱) کوچ؛ صفہ؛ پلنگڑی؛ کیاری (سمنک بنانے کی) - (۲) لیٹنا (صرف couched، لیٹا ہوا، مستعمل ہے) - (۳) (غلہ) ڈالنا؛ پھیلانا یا جمانا (سمنک بنانے کے لیے) - (۴) جھکانا (برچھی وغیرہ نشانہ مارنے کے لیے)، تولنا - (۵) (آنکھوں کا جالا یا ناخنہ) دور کرنا؛ نکال دینا؛ صاف کر دینا - (۶) پیش کرنا؛ (خیالات کو الفاظ میں) ادا کرنا؛ پیرایہ دینا - (۷) چھپانا؛ نہاں کرنا (معنی کو الفاظ کی نقاب میں)؛ بات بنانا - (۸) (جانوروں کا) لیٹنا؛ دبکنا؛ چھپنا؛ دبے دبے چلنا؛ گھات لگانا ۔

Couch, *n.* : عام طور پر *c.-grass*، ایک قسم کی گھاس جس کی جڑیں دور تک پھیلتی ہیں؛ دوب ۔

Couchant, *a.* : (تمغوں یا طغروں میں جانور کی تصویر) اُکڑوں؛ سگ نشست؛ کتا بیٹھک ۔

Cougar, (koo-) *n.* : امریکی تیندوا؛ شیر کی نوع کا ایک جانور ۔

Cough, *n.* : کھانسی ؛ کھنکھار ؛ کھرا –

Cough, *v. i. & t.* : کھانسنا ؛ کھنکھارنا ؛ کھوں کھوں کرنا –

c. down : کھانس کھانس کے چپ کرادینا ؛ (مقرر کو) بٹھا دینا –

c. up, out : کھانس کر تھوکنا ؛ بلغم نکالنا ؛ کھنکھار نکالنا –

Couism, (kooaism) *n.* : کوئیئیت (حکیم کوئے کا طریقۂ علاج جس میں تصور کے ذریعے سے امراض کا علاج کیا جاتا ھے) –

Could : دیکھو CAN –

couleur de rose, a. & n. : گلاب کا رنگ ؛ گلابی –

Coulisse, (kooles) *n.* : (۱) (تماشے میں) ضمنی یا گوشۂ منظر (ایک طرف ھو کر ایکٹ کرنا) – (۲) ھو ضمنی منظروں کا فصل – (۳) نال ؛ لیک (جس پرکواڑ اِدھر اُدھر ھٹا یا جاسکتا ھے اور جو چوکھٹ یا سروں پر بنی ھوتی ھے) –

Couloir, (koolWarr) *n.* : پن کٹاو (پہاڑوں میں پانی کے بہاو کا رستہ) –

Coulomb, (koolom) *n.* : کولوم ؛ رمال برق (بجلی کی مقدار جو ایک دقیقے میں منتقل کی جا سکتی ھے) ؛ فرانسیسی مہیص کا نام –

Coulter (ko-), **Col-**, *n.* : نسی ، پھالی، پھر (ھل کی) –

Coumarin (koo-) *n.* : ایک قسم کا منجمد خوش بودار عرق یا مادہ؛ " ٹونکا " کی پھلی کا جوھر –

Council (kow-) *n.* : (۱) جماعت؛ مجلس؛ سبھا ؛ مذھبی ، ملکی، شہری (وغیرہ) مجلس شوری؛ دیوان؛ مؤتمر-(۲) انجیل میں مجلس یہود؛ سان ھدریم – (۳) اراکین مجلس؛ اعضاے مجلس-

c.-board : مجلس کی میز (جس کے گرد اھل مجلس بیٹھیں) –

c.-chamber,-house : ایوان مجلس؛ دیوان-

C. of War : شوراے جنگ ؛ مجلس جنگ (جو عین میدان میں منعقد ھو یا مستقل طور پر قایم ھو) –

cabinet c. : دیکھو CABINET-

Councillor, *n.* : رکن مجلس؛ شریک شوری-

councillorship, *n.* : رکنیت مجلس-

Counsel (kow-), *n.* : (۱) مشورہ؛ اِستشارہ؛ صلاح -(۲) تجویز؛ منصوبہ-(۳) وکلا؛ پیروکار؛ مشیرانِ قانونی-

c. of perfection : (دینیات کی اِصطلاح) (کسی فعل کے مستحب ھونے کا حکم-

keep one's (own) or *another's c.* : اپنے تک رکھنا؛ راز میں رکھنا-

King's C. : پیروکارشاھی ؛ وکیل سرکار (جسے دوسرے وکیلوں پر تقدم حاصل ھو) –

Counsel, *v. t.* (11) : مشورہ دینا ؛ صلاح دینا ؛ سمجھانا ؛ سفارش کرنا ؛ ترغیب دینا-

Counsellor, *n.* : مشیر؛ صلاح کار-

c.-at-law : مشیر قانونی؛ پیروکار (آجکل صرف آئرستان میں اِن معنوں میں بولتے ھیں)-

Count, *n.* : (۱) شمار؛ گنتی؛ تعداد؛ جملہ؛ حساب- (۲) وقفہ یا مہلت مقابلہ (تقریباً دس دقیقے) جو چوٹ کھائے ھوئے مکےباز کو دیتے ھیں کہ وہ دوبارہ مقابلے کے لیے تیار ھو؛ (عدالتی اِصطلاح) اِلزام (جن پر فرد قرارداد جرم مشتمل ھو)-

c.-out : (پارلیمنٹ کی اِصطلاح) اِلتوا؛ تعطل نصاب یعنی چالیس ارکین نہ ھونے کی وجہ سے-

Count, *v. t. & i.* : (۱) گننا؛ حساب کرنا؛ شمارکرنا؛ گنتی گننا- (۲) شامل حساب کرنا؛ لگا لینا؛ محسوب کرنا؛ قابل حساب ھونا - (۳) بچارنا؛ خیال کرنا (کسی شے کے متعلق)-

c. kin (with) : (سائنس) ھم‌نوع یا ھم خاندان ثابت ھوسکنا یا کیا جاسکنا-

c. on, upon : آسرا ھونا؛ بھروسا کرنا؛ اعتماد کرنا؛ کامل اُمید رکھنا-

c. out : ذخیرے سے گن گن کر نکالنا-

c. out the House : (پارلیمنٹکی اِصطلاح میں مثلاِسم ماقبل) اِلتوا کرانا-

c. up : حاصل جمع نکالنا؛ میزان بتانا-

Count (kow-) *n.* : نواب؛ امیر (ایک لقب جو ممالک یورپ میں اِنگلستان کے ارل کا مرادف ھے)-

Countenance (kow-), *n.* : صورت؛ شکل؛ حلیہ؛ چہرہ - حمایت -

keep one's *c.* : ضبط کرنا (خاص کر ھنسی کو)-

put out of c. : حواس بگاڑ دینا؛ پریشان کر دینا؛ گڑبڑادینا؛ گھبرا دینا-

keep (person) *in c.* : دم دینا؛ دل جمعی کردینا؛ خاطرجمع کر دینا؛ مطمئن کردینا (عموماً مدد کے حیلے حوالے سے)-

Countenance, *v. t.* : (۱) منظوری دینا؛ جایز رکھنا-(۲) ھمت دلانا؛ حمایت یا پشت پناھی کرنا-

Counter, *n.* (۱) گٹا؛ کنکری (جوے میں خاص کر تاش کی ھار جیت کا حساب رکھنے کے لیے) - (۲) نقلی سکہ؛ کھوٹا سکہ – (۳) غلک تختہ؛ (روپئے گننے کی) میز یا تختہ –

c.-jumper : دکان کا ملازم؛ (سوداگر کا) مددگار –

Counter, *n.* : (گھوڑے کا) سینہ یا چھاتا؛ (جہاز کی) کھلی یا کردنا (جو پانی سے اوپر اُبھرا رھتا ھے) –

Counter, *n.* : (بنوٹ میں) گھماو کا ھاتھ؛ تیغ پیچ (حریف کی تلوار کی نوک پر بشکل دائرہ نوک ٹکاکر وار روکنا) –

Counter, *n.* : (موچیوں کی اِصطلاح) جوتے کی ایڑی –

Counter, *a.* : مقابل؛ عکس؛ حریف؛ جوڑکا؛ مثنی (کاغذ)-

Counter, *v. t. & i.* : مخالفت کرنا یا ھونا؛ مسترد کرنا؛ روکنا؛ چال کا توڑکرنا (شطرنج میں)؛ (جواب میں) چال چلنا؛ (مکے بازی میں) وار روک کے وار کرنا؛ وار چلانا –

Counter, *adv.* : بالعکس؛ بالمقابل؛ سمت مخالف میں –

Counter-, *pref.* : مرکب الفاظ میں ترکیبی جز حسب ذیل معنوں میں :- (۱) مخالفت ، مخاصمت ، اِنسداد یا اِنتقام کی؛ (۲) مخالف سمت یا رخ - (۳) جوڑ یا جواب (ایسی چیزوں میں جن کے دو حصے ھوں) - (۴) عوض؛ بدل یا مثنی –

Counteract, *v. t.* : دفعیہ یا توڑ کرنا؛ مزاحمت ، سد باب یا روک تھام کرنا؛ کاٹ کرنا؛ (تریاق وغیرہ دوا یا کسی مخالف عمل سے) اثر کم کرنا؛ معتدل کرنا؛ سمونا؛ نرما دینا –

counteraction, *n.* : دفعیہ؛ توڑ وغیرہ –

counteractive, *a.* : دافع؛ مزاحم وغیرہ –

Counter-agent or force, *n.* : دافع عمل یا قوت؛ مزاحم

(شخص یا شے) –

Counter-approach, *n.* : (حربی اصطلاح) ہنگامی دمدمہ (جو محصورین ، برج یا فصیل کے آگے معاصرین کو روکنے کی غرض سے بنالیں) –

Counter-attraction, *n.* : جوابی کشش ؛ ترغیب مخالف ؛ تجاذب ؛ کشاکش –

Counterbalance, *n., & v. t.* : (۱) وزن مقابل ؛ توازن ؛ دھڑا ؛ پاسنگ – (۲) مقابل میں وزن رکھنا ؛ دھڑا رکھنا ؛ جوابی توڑ کرنا ؛ کاٹ کرنا –

Counterblast, *n.* : دندان شکن جواب ؛ کالا شکن تردید ؛ کلہ بکلہ مخالفت ؛ سخت اعتراض ؛ ہنگامہ ؛ شور (جواب میں) –

Counter-ceiling, *n.* : بھراو (جو چھت اور اوپر کی منزل کے فرش کے درمیان کیا جائے) –

Counterchange, *v. t. & i.* : (۱) مبادلہ کرنا – (۲) ادل بدل کرنا ؛ تبادلہ کرنا (کام یا مقامات کا) –

Countercharge, *n.* : جوابی یا اُلٹی نالش (جو مدعی یا مستغیث کے خلاف دائر کی جائے) ؛ جوابی حملہ ؛ مدافعت ؛ الزامی جواب.

Countercheck, *n.* : انسداد ؛ مزاحمت ؛ توڑ ؛ روک (جواب میں) ؛ (متروک) ترکی بہ ترکی جواب –

Counter-claim, *n.* : جوابی دعوی ؛ مدعا عالیہ کی نالش ؛ معارضہ –

Counter-clockwise : دیکھو CLOCK –

Counterfeit, *a. & n.* : نقلی ؛ مصنوعی ؛ بناوٹی (سکہ ؛ تحریر وغیرہ) ؛ التباس ؛ تلبیس –

Counterfeit, *v. t.* : (۱) نقل کرنا ؛ بنانا ؛ جعلی (دستاویز وغیرہ) بنانا – (۲) بناوٹ کرنا ؛ جھوٹ یا جعل بنانا ؛ حیلہ کرنا ؛ فریب دینا – (۳) بناوٹی جذبے کا اظہار کرنا (جیسے : غصہ ، پیار وغیرہ) – (۴) (استعارتاً) اشبہ ہونا ؛ ہوبہو ہونا ؛ ملتبس ہونا –

Counterfoil, *n.* : مثنی ؛ نصف ثانی (کسی رسید بہی یا حساب کی کتاب کا) –

Counterfort, *n.* : پشتہ ؛ تھال ؛ چبوترا (جو کسی فصیل کی مضبوطی کے لیے بنایا جائے) –

Counter-irritant, *n.* : اُپاڑ کی دوا ؛ خراش آور ؛ مصرہ (سوزش پیدا کرنے والی ادویہ) –

Countermand, *v. t., & n.* : (۱) منسوخ یا رد کرنا (حکم کا) ؛ پھروادینا ؛ واپس بلوانا یا لوٹانا (کسی شخص یا فوج کو پہلے حکم کے خلاف) ؛ (مال کی فرمایش) واپس لینا یا منسوخ کردینا – (۲) منسوخی ؛ تنسیخی حکم ؛ استرداد –

Countermark, *n.* : تصدیق یا نشان ؛ دُہرا ٹھپا ؛ چھاپہ یا علامت شناخت (تجارتی مال یا مصنوعات پر مزید احتیاط کے لیے) –

Countermine, *n., & v. t. & i.* : (۱) جوابی سرنگ ؛ چور سرنگ (جو دشمن یا معاصرین کی سرنگ پے کار کرنے کے لیے بنائی جائے) ؛ تہ آب سرنگ (جو پھٹ کر دشمن کے بحری سرنگوں کو اڑادے) ؛ (استعارتاً) جوڑ کا توڑ ؛ سازش کا جواب سازش ؛ داؤ – (۲) چور سرنگ بنانا وغیرہ –

Countermure, *n.* : دیوار پر دیوار ؛ دھری دیوار (مزید حفاظت اور مدافعت کے لیے) –

Counterpane, *n.* : پلنگ پوش –

Counterpart, *n.* : نقل ؛ مثنی ؛ نصف ثانی ؛ جوڑ ؛ جواب (یعنی تکمیلی جز) –

Counterplot, *n., & v. t.* : (۱) جوڑ کا توڑ ؛ سازش کا جواب سازش ؛ جوابی چال – (۲) توڑ کرنا ؛ داؤ کھیلنا ؛ چال کرنا – (۳) سازش روکنا یا نہ چلنے دینا –

Counterpoint, *n.* : (یورپی موسیقی) جوڑ (جو کسی راگ ، راگنی میں لگایا جائے) –

double c. : دھری سرگم کا جوڑ –

Counterpoise, *n.* : (۱) دھڑا ؛ پاسنگ – (۲) توازن ؛ متوازن یا ہم‌وزن –

Counterpoise, *v. t.* : متوازن یا ہم‌وزن کردینا ؛ پاسنگ رکھنا ؛ برابر کرنا ؛ (عملاً یا استعارتاً) کمی پوری کرنا ؛ تلافی کردینا –

Counter—reformation, *n.* : جوابی اصلاح یا تجدید (بالخصوص وہ اصلاحی تحریک جو پروٹسٹنٹوں کے توڑ پر کیتھولک کلیسا میں شروع کی گئی تھی) –

Counterscarp, *n.* : خندق کی باہر کی طرف کا پشتہ –

Countersign, *n.* : (۱) پرول ؛ بجھاوا (فوج والوں کا مقررہ لفظ جو پہرے والوں کو بتانا پڑتا ہے) – (۲) تصدیقی دستخط ؛ تصدیق ؛ نشان تصدیق –

Countersign, *v. t.* : (مقابل میں یا دوسرے کے بعد) دستخط کرنا ؛ تصدیق کرنا ؛ منظوری لکھ دینا ؛ اثبات کرنا –

Countersink, *v. t.* : (۱) گھریا روزن بنانا (ڈھکنا یا پیچ بٹھانے کے لیے) – (۲) پیچ بٹھانا (روزن یا نشانے میں) –

Counter-tenor, *n.* : (موسیقی) سب سے اُونچا مردانہ سر –

Countervail, *v. t. & i.* : ہم‌پلہ ، ہم‌وزن ، ٹکر کا ، برابر کی جوڑ کا کرنا یا ہونا ؛ تلافی کرنا ؛ تلافی محصول (غیر ملک کے ایسے مال پر جس کے لیے وہاں کی حکومت سے حفاظتی امداد ملتی ہو) –

Counterwork, *n., & v. t. & i.* : (۱) جوابی مورچہ یا دمدمہ جو دشمن (خاص کر معاصرین) کے توڑ پر بنایا جائے ؛ مخالفانہ کارروائی – (۲) توڑ کرنا ؛ سدباب کرنا ؛ مقابل یا جواب ہونا (مخالفت میں) –

Countess, *n.* : کاؤنٹ کی بیوی یا بیوہ –

Counting-house, *n.* : دفتر (تاجروں کا) ؛ محاسب خانہ ؛ کھاتا گھر –

Countless, *a.* : بے شمار ؛ بے حساب ؛ لاتعد –

Countrified,-ryfied, *a.* : گنوارو ؛ دھقانی (وضع قطع میں) –

Country, *n.* : (۱) ملک ؛ خطہ ؛ سر زمین ؛ مرزبوم ؛ کشور – (۲) دیس ؛ وطن ؛ زاد بوم – (۳) دیہات ؛ (خاص کر پایہ تخت کے باہر کا) علاقہ ؛ اضلاع ؛ مفصلات –

c. cousin : دھقانی بھائی ؛ بھیا ؛ دیہات کے عزیز اقربا –

c.-house, -seat : دیہات میں امرا کے مکان کو کہتے ہیں –

c. note : مقامی نوٹ ؛ مقامی بنک کے جاری کردہ نوٹ –

c. party : ہواخواہان مزارعین یا کاشتکاروں کی حامی جماعت (سیاسی) –

c.-side : بیرون (شہر) ؛ دیہات کا علاقہ (نیز دیہاتی آبادی) –

appeal to the c. : اہل ملک یا انتخاب کنندگان ؛ دیکھو APPEAL v. i.

in the c. : (کرکٹ کا محاورہ) وکٹ سے دور ؛ نشانے سے بالکل الگ

Country dance, *n.*: دیہاتی ناچ (خاص کر وہ یورپی ناچ جس میں مرد و عورت کے جوڑے آمنے سامنے دو قطاروں میں کھڑے ہوکر ناچتے ہیں) –

Countryman, *n.* : (۱) ہم وطن ؛ دیس کا ؛ دیس‌بھائی – (۲) دیہات یا مفصلات کا باشندہ

County, *n.* : (۱) (انگلستان اور اکثر نو آبادیوں میں) ایک ضلع ؛ سرکار ؛ محال ؛ کاونٹی – (۲) باشندگان ضلع ؛ اہل ضلع –

c. borough : ضلع نما ؛ سرکار (پچاس ہزار سے زیادہ آبادی کے مقامات جو بعض اِنتظامی اغراض کے لیے ضلع کے برابر مان لیے جائیں) –

c. corporate : مقام ضلع رتبہ (کوئی آبادی یا شہر جو اِنتظامی اغراض کے لیے ضلع مان لیا جائے) -

c. council : مجلس ضلع ؛ ضلع‌بورڈ –

c.-court : عدالت ضلع (خاص کر قرض کے چھوٹے معاملات فیصل کرنے والی عدالت) –

c. court (*v. t.* colloq.) : عدالت ضلع میں دعویٰ یا نالش کرنا –

c. family : زمینداری خاندان ؛ جاگیر دار (جن کی آبائی جاگیر اضلاع میں ہو) –

c. town : ضلع کا مستقر یا صدر مقام –

Coup (kou) *n.* : پوری چوٹ ؛ بھرپور وار ؛ کارگر ضرب یا عمل ؛ (اَنٹے کی اِصطلاح) ایک ہی چوٹ میں گیند کو تھیلی میں پہنچا دینا –

c. d'etat (detah) : (حکومت میں) اِنقلاب ؛ ناگہانی تغیر یا اُلٹ پلٹ –

c. de grace (de grahs) : خاتمے کا ہاتھ ؛ کاری ضرب –

c. de main : ناگہانی حملہ ؛ سخت حملہ ؛ یورش –

c. d'oeil : تفصیلی نگاہ ؛ جامع نظر یا تبصرہ (کو دی آئی) –

c. de theatre (تھی آٹر) : (ناٹک کا سا) ناگہانی موقع ؛ غضب کا واقعہ ؛ عجیب یا ششدر کن ماجرا (اِستعارتاً) –

Coupe (کُوپے), *n.* : (۱) چو پہیا ؛ ایک قسم کی فٹن (جس میں اندر صرف دو آدمی اور باہر کوچوان ہوتا ہے) – (۲) (ریل کی گاڑی کے سرے پر) چھوٹا ڈبا ؛ بغلی درجہ۔

Couple, *n.* : (۱) جوڑی کی زنجیر (جس میں دو کتے بندھے ہوں) (۲) جوڑا (کتوں کا) ؛ جفت ؛ جوڑ ؛ جٹ (خاص کر ناچ میں) - (۳) زوج ؛ میاں بیوی ؛ دلہا دلہن ؛ جوڑی (شادی یا نسبت شدہ مرد عورت کی) – (۴) کڑیوں کی جوڑی ؛ (سائنس) ضدین ؛ دو مخالف قوتیں –

a c. of : دو عدد ؛ ایک جوڑ -

go, hunt, run, in cc. : کُتوں کی جوڑی لے کے نکلنا ؛ شکار کھیلنا ؛ دوڑنا

Couple, *v. t. & i.* : (۱) جوڑنا ؛ باندھنا (خاص کر کتوں کی جوڑیوں کو) ؛ گرہ دینا ؛ وابستہ کرنا ؛ (ریل کی گاڑیوں میں) حلقہ یا کڑی لگانا ؛ کُنڈا ڈالنا – (۲) ملانا ؛ جمع کرنا ؛ نکاح یا مواصلت کرنا (مرد و عورت میں) ؛ بیاہ دینا نیز ملنا ؛ جفتی ہونا ؛ ہم بستر ہونا – (۳) ساتھ دینا ؛ ہم آہنگی کرنا (خیالات یا تقریر میں) –

Coupler, *n.* : (۱) اِسم فاعل ؛ افعال ماقبل کا – (۲) کانٹا ؛ حلقہ ؛ کھٹکا (دو پرزوں کو ملانے والا) –

Couplet, *n.* : بیت ؛ فرد –

Coupling, *n.* : مثل افعال ماقبل ؛ خاص کر ریلوں کے جوڑنے کا کُنڈا ؛ حلقہ ؛ کانٹا (دو پرزوں کو ملانے کے لیے) –

Coupon (koopon), *n.* : کوپن –

Courage, *n.* : ہمت ؛ دلاوری ؛ جرأت –

c. of one's opinions : خیال کے مطابق عمل کرنے کی ہمت –

Dutch c. : نشے کی مردانگی –

take one's c. in both hands : پوری جرات کے ساتھ کسی کام کے لیے تیار ہوجانا -

Courageous, *a.* : با ہمت ؛ جری ؛ دلیر ؛ نڈر –

courageously, *adv.* : متعلق فعل ؛ مذکورۂ بالا معنوں میں –

courageousness, *n.* : با ہمتی ؛ جری پن –

Courier, *n.* : (۱) ہرکارہ ؛ اہل کار سفر ؛ منصرم سفر – (۲) ہرکارہ ؛ پیک ؛ قاصد ؛ نامہ بر۔

Course, *n.*, Race- c. : (۱) رفتار ؛ روش ؛ طریق ؛ راہ ؛ رستہ – (۲) تعاقب (خاص کر خرگوش کا کتوں) ؛ پیچھا ؛ رگید ؛ کھدیڑ – (۳) چال چلن ؛ طرز ؛ رویہ – (۴) گھڑدوڑ کا میدان ؛ چکر – (۵) گذرآب ؛ دریاگذار ؛ (جس میں سے پانی بہتا ہے) گذرگاہ آب – (۶) کھانے کا دور – (۷) ردا (پتھر یا مٹی وغیرہ کا) ؛ چنائی کا ایک دور –

c. of lectures : اسباق یا خطبات کا سلسلہ –

a dangerous c. : طریق عمل ؛ عام طریق ؛ عام صورت –

by c. of : معمول کے مطابق ؛ عام طریق کے موافق –

fore, main, -c. : (بحری) اگلا یا پچھلا باد بان –

matter of c. : معمولی بات ؛ معمولاً –

of c. : بے شک ؛ لا کلام ؛ لا محالہ –

Course, *v. t. & i.* : (۱) پیچھا لینا ؛ رگیدنا ؛ (کتے) دوڑانا (شکار کے تعاقب میں) - (۲) گھوڑا پھیرنا ؛ دوڑانا – (۳) دوڑنا ؛ نکلنا ؛ تیز بہنا –

Courser, *n.* : (شعر میں) شب دیز ؛ اسپ باد پا ؛ صبا رفتار –

Court *n.*, C. yard : (۱) صحن خانہ ؛ انگنائی ؛ چوک ؛ (کیمبرج یونیورسٹی میں) کلیہ (کالج) یا اقامت خانے کا صحن – (۲) بیت ؛ خانہ یا حصہ (دارالفنون یا نمایش گاہ) – (۳) اِحاطہ ؛ چوک کھیل کی جگہ (کھلی یا پٹی ہوئی) ؛ ٹینس کا میدان – (۴) راج محل ؛ قصرشاہی ؛ محل‌شاہی ؛ دولت سرا ؛ (شاہی) ایوان ؛ دربار ؛ درباری لوگ ؛ دیوان شاہی ؛ بادشاہ اور وزرا ؛ بادشاہی یا حکومت – (۵) منتخب یا مقرر اراکین کی جماعت ؛ مجلس – (۶) دربارداری ؛ آستان بوسی ؛ خوشامد درآمد ؛ آداب سلام ؛ توجہ ؛ اہتمام (نگاہ عنایت کے لیے) –

c. -card : اصلاً *coat-card* تصویر والے پتے ؛ بادشاہ ؛ بیگم اور غلام (تاش میں) ؛ تاش کی تصویریں –

c. guide : فہرست اہل دربار ؛ دربار کا سیاہہ –

c. lodge : دیکھو LODGE –

c. martial : جنگی عدالت (جس کے قوانین علحدہ اور نہایت سخت ہوتے ہیں) –

c. -martial : جنگی عدالت یا قوانین جنگی کے مطابق مقدمہ چلانا ؛ فوجی تحقیقات کرنا –

c. plaster : چپک پھایا –

drumhead c.-martial : تحقیقات یا سماعت سرمیدان (جو میدان جنگ یا کوچ کی اثنا میں سرسری طور پر کی جائے) ۔
High c.: عدالت گاہ ؛ عدالت العالیہ ؛ صدر عدالت (دیگر عدالتہائے دیوانی و فوجداری وغیرہ جہاں مقدمات وغیرہ فیصل ہوں) ۔
out of c.: خارج ازبحث ؛ ناقابل سماعت (دعوی یا دلیل وغیرہ)
Court, *v. t.* : (۱) درباداری ؛ خوشامد یا چاپلوسی کرنا ۔ (۲) رجھانا ؛ پرچانا ؛ محبت ، لگاوٹ یا عشق بازی کرنا ۔ (۳) چاھنا ؛ طالب ہونا ؛ منت مانگنا ؛ خواستگار ہونا ۔
Courteous (kortyus, ker-), *a.* : خلیق ؛ مہذب ؛ شایستہ ؛ با ادب ؛ متواضع ۔
courteously, *adv.* : تواضع یا شایستگی سے ۔
courteousness, *n.* : تواضع فرمائی ؛ شایستگی وغیرہ ۔
Courtesan- zan, *n.* : ڈیرےدار ؛ بیسوا ۔
Courtesy, *n.* : تواضع ؛ انکسار ؛ خوش خلقی ۔
by c. : از راہ عنایت ؛ رعایتاً ؛ محض مہربانی سے (نہ بر بناے حق) ۔
c. title : تکریمی خطاب (غیر سرکاری جس کی کوئی قانونی حیثیت نہ ہو) ۔
c. of England, Scotland : (قانون) تولیت شوہر (متوفیہ بیوی کی خاص خاص املاک پر) ۔
Courtier, *n.* : درباری ؛ درباریاش ؛ حضوری ؛ مصاحب یا ندیم شاہی ۔
Courtly, *a.* : درباری ؛ شایستہ ؛ مہذب (وضع قطع یا آداب میں) ۔ (۲) خوشامدی ؛ دنیاساز ۔
courtliness, *n.* : اسم ، مذکورۂ بالا معنوں میں ۔
Courtship, *n.* : شادی سے قبل لڑکے لڑکی میں محبت و راز و نیاز کی باتیں ۔
Couscous (sou) (kooskoo soo), *n.* : کوس کوس یا کوسکوسو (ایک افریقی کھانا جس میں غلہ اور گوشت پکاتے ہیں)؛ ہریسہ ۔
Cousin, *n.*, *first* c., c. *german* : چچیرا ؛ ممیرا ؛ خلیرا یا پھپیرا (بھائی یا چچیری وغیرہ بہن) ؛ ابن عم یا بنت عم ۔
c. *twice removed Second* c. : ایک دادا یا نانا کی اولاد میں (بھائی بہن) ؛ بنی اعمام ؛ عصبات ۔
call cc. : (۱) رشتہ نکالنا : قرابت کا دعوی کرنا ۔ ابن عم ؛ بنوعم ؛ برادر ؛ دوستانہ لقب جو ایک بادشاہ دوسرے بادشاہ یا خود اپنے ملکی امرا کی نسبت استعمال کرتا ھے ۔
cousinhood, cousinship, *nn.* : عمزادگی ؛ قرابت قریبہ ؛ برادری ۔
cousinly, *a.* : برادرانہ ؛ عزیزانہ ۔
coute que coute (kootkekoot), *adv.* : بہر حال ؛ جوھو سرھو ؛ ھرچہ باداباد ۔
Cove, *n.* : کھاڑی ؛ کودی ؛ کڑاڑا ؛ (تعمیرات) مجوف کمان ؛ جوف نما محراب ۔
~~**Cove**, *v. t.*~~ : (تعمیرات) اندر کو ڈھال رکھنا ۔ جھکادینا
Cove, *n.* : (بازاری) یار ؛ آدمی
Covenant, *n.*, & *v. t.* & *i.* : (۱) معاہدہ ؛ اقرار ؛ بندوبست ؛ (قانون) اقرار نامہ ؛ تعہد ؛ (بائبل) میثاق بنی اسرائیل جو اللہ تعالی نے اُن سے لیا تھا) ۔ (۲) معاہدہ کرنا ؛ رضامند ہونا وغیرہ (افعال اسماے ماقبل) ۔
Covenanted, *a.* : معہودہ ؛ اقرارکردہ ؛ پابند شرائط (بروے اقرار نامہ) ۔
the c. service : ملازمت متعہدہ (خاص کر ہندوستان کی سول سروس جس کے عہدہ داروں سے میعاد وغیرہ کی تحریر لکھوائی جاتی ھے) ۔
Covenanter, *n.* : معاہدہ کرنے والا ؛ دادوستد کرنے والا ؛ اقرار نامہ لکھنے والا ؛ (اسکاٹستان کی تاریخ میں) فرقۂ متعہدین کا پیرو (جو ایک مذہبی فرقہ ۱۶۳۸ع میں قائم ہوا تھا) ۔
Covent Garden, *n.* : لندن کا ایک چوک جہاں پہلے ایک خانقاہ تھی ۔
Coventry, *n.* : وارروک شائر (انگلستان) کا ایک قصبہ ۔
send person to c. : حقہ پانی بند کردینا ؛ برادری سے خارج کرنا ؛ ملنا جلنا موقوف کردینا ۔
Cover, *v. t.* : (۱) ڈھانکنا ؛ ڈھانپنا ؛ اُڑھانا ؛ چھپادینا ؛ (اوپر) بچھادینا ؛ پھیلادینا ؛ (۲) حفاظت کرنا ؛ آڑمیں لینا ؛ سپرہونا ؛ نگہبان ہونا ؛ چھایا ہوا ہونا ؛ مسلط ہونا ۔ (۳) چھپانا ؛ پوشیدہ کرنا (عیالات وغیرہ کو) ۔ (۴) (فوج) پیچھے کھڑا ہونا (اگلی صف کے آدمی سے) ؛ (کرکٹ) پائنٹ کے پیچھے کھڑا ہونا (۵) شامل ، مشتمل ، حاوی یا جامع ہونا ۔ (۶) کافی ہونا (اداے مصارف کے لیے) ؛ پورا پڑنا ۔ (۷) محفوظ کرنا (بذریعۂ بیمہ) ؛ بیمہ کرالینا ۔ (۸) سانڈ چھوڑنا (گھوڑی پر) ؛ گھوڑی بھرنا ؛ جفتی کرنا ۔
c. in : بھر دینا ؛ بھرت کرنا ؛ پاٹنا (قبر یا گڑھے کو) ۔
covering letter : تشریحی مراسلہ ؛ ساتھ کا خط ؛ منسلکہ یاد داشت ۔
c.-point : فیلڈر جو پائنٹ کے پیچھے کھڑا ہو ؛ فیلڈر کے کھڑے ہونے کی جگہ ۔
c. up : چھپا دینا (اُڑھا یا لپیٹ کر) ؛ مخفی کرنا ؛ مستور کرنا ۔
c. with : (استعارتاً) ھر طرح ذلیل یا شرمندہ کرنا ۔
c. with gun : نشانہ لینا ؛ بندوق چھتیانا ۔
covering, *n.* : پوشش ؛ اوڑھنا ؛ غلاف ؛ پردہ وغیرہ ۔
Cover, *n.* : (۱) ڈھانکنے والی چیز ؛ ڈھکنا ؛ چپنی ؛ سرپوش ؛ لفافہ ؛ پوشش ؛ غلاف ؛ میز پوش ؛ دسترخوان ؛ خوان پوش ۔ (۲) (کتاب کا) پٹھا ؛ مقوی ؛ دفتی ؛ سرورق ۔ (۳) آڑ ؛ اوٹ ؛ روک ؛ پناہ (کی جگہ) ؛ پردہ ۔ (۴) حیلہ ؛ بچاؤ (کی صورت) ؛ مخلص ؛ مکر ۔ (۵) جھاڑی ؛ جنگل ؛ جھنڈ (شکار کے چھپنے کی جگہ) ؛ نیز دیکھو COVERT ۔ (۶) (تجارت) معاملہ سوچیہ (جو آئندہ نقصان کی صورت میں کام آوے) ؛ کھانے کی میز پر پلیٹ چمچے وغیرہ جو ایک شخص کے لیے رکھے جائیں ۔
Coverlet, -lid, *n.* : رضائی ؛ بالا پوش ؛ چادر ۔
Covert, *a.* : مخفی ؛ پوشیدہ ؛ دزدیدہ (نظر) ۔
covertly, *adv.* : پوشیدہ طور پر ۔
Covert, *n.* : جھاڑی ؛ جنگل ؛ بنس ؛ آڑ ؛ پناہ (شکار کے جانوروں کی) ۔
c. coat : ھلکا اوورکوٹ (اوپر پہننے کا ہلکا کوٹ) ؛ عبا ۔
Coverture, *n.* : (۱) آڑ ؛ پناہ ؛ آسرا ۔ (۲) سہاگ ؛ منکوحیت ؛

حالت زوجیت (جب کہ عورت شوہر کی حفاظت یا تولیت میں ہو) -

Covet, *v. t.* : لالچ کرنا ؛ للچانا ؛ طمع کرنا ؛ ہوس کرنا ؛ چاھنا ؛ خواھش کرنا -

covetable, *a.* قابل طمع ؛ مرغوب -

Covetous, *a.*: لالچی ؛ حریص ؛ طامع ؛ بندۂ ھوس -

covetously, *adv.*: لالچی پن سے ؛ حریصانہ (طورپر) -

covetousness, *n.* : ھوسنا کی ؛ لالچی پن -

Covey, *n.* : بچے ؛ جھول (خاص کرتیتر کی) ؛ جھرمٹ ؛ غول ؛ ٹکڑی ؛ مجمع -

Covin, *n.* : (قانون - متروک) سازش ؛ سازباز -

Coving, *n.* : طاق ؛ محرابدار (حصۂ مکان) -

covings : (جمع) (آتش دان کے) محرابی پہلو ؛ مقوس پہلو -

Cow, *n.* (pl. *cows*, archaic *kine*) : گاے ؛ مادہ گاو (ھر قسم کے سانڈ کی مادہ ؛ چنانچہ ھتنی ؛ گینڈے اور ویل وغیرہ کی مادہ کے لیے بھی یہ لفظ آسکتا ھے) -

c. bane : ایک قسم کا زھر یلا پودا -

c.boy . گوالیا ؛ چرواھا ؛ گلہ بان ؛ محافظ یا رکھوال -

c.-catcher : انجن کا چھاج (جو امریکا میں انجنوں وغیرہ کے سامنے گاے بھینس وغیرہ کو ھٹا دینے کے لیے لگاتے ھیں) -

c. -fish : (۱) سینگ مچھلی ؛ گنٹا (مچھلی جس کی آنکھوں کے اوپر دو سینگ یا کانٹے ھوتے ھیں) - (۲) دریائی بچھڑا -

c. -grass : ایک قسم کی گھاس یا جھاڑی (کی قسم) -

c. -heel : گاے بیل کے پائے کی منجمد یخنی -

cowherd : چرواھا -

c.-hide : (۱) گاے کی کھال کا چمڑا - (۲) گاے کے چمڑے کا بنا ھوا کوڑا (تازیانہ)

cowitch : دیکھو COWAGE -

c. -tree : دودھ روکھہ ؛ جنوبی امریکا کا درخت جس میں سے دودھ جیسا عرق نکلتا ھے -

the c. with the iron tail : ایک آلہ یا پمپ جو دودھ میں پانی وغیرہ ملانے میں کام دیتا ھے -

cowish, *a.* : بزدل ؛ ڈرپوک -

Cow, *v. t.* : ڈرانا ؛ خوف دلانا ؛ مرعوب کرنا -

Cowage, Cowh-, *n.* : کوانچ ؛ کونچ (جس کی پھلی سے سخت کھجلی ھونے لگتی ھے) -

Coward, *n.* & *a.*, **Cowardly**, *a.* : بزدل ؛ ڈرپوک ؛ ھیز ؛ نامرد -

cowardliness, *n.*: بزدلی ؛ ڈرپوک پن -

cowardly, *adv.*: بزدلانہ -

Cowardice, *n.* : بزدلی ؛ نامردی ؛ ھیٹا پن -

moral c. : نامردی ؛ لعن طعن کا خوف -

Cower *v. i.* : ٹھٹرنا ؛ جھکنا ؛ دبکنا (خاص کر خوف سے) -

Cowl, *n.* : (۱) (راھبوں کا) جبہ قبہ ؛ قبہ یا ٹوپی ؛ کلہ درویشی - (۲) دود کش یا روشندان کا ڈھکنا یا قبہ نما ٹوپ ؛ سرپوش -

cowled, *a.* : قبہ دار ؛ کلہ پوش -

Cowl, Coul, *n.* : پانی لے جانے کا بڑا ظرف ؛ پیپا ؛ گگری (جس کے کنڈھوں میں دو آدمی ایک لمبا بانس یعنی *c. -staff* ڈال کے لے جائیں) -

Cow-pox, *n.* : گوتھن سیتلا ؛ جدری البقر ؛ تھنوں کے دانے (جن سے ٹیکے کا مادہ حاصل کرتے ھیں)

Cowrie, -y, *n.* : کوڑی -

Cowslip, *n.* : ایک قسم کا ولایتی پودا جس کے پھول خوش بودار زرد ھوتے ھیں ؛ گاوزبان -

c. tea : اُس پودے کے پھولوں کا جوشاندہ -

c. wine : اُس کے پھولوں کی شراب -

Coxa, *n.* : کولھا ؛ سرین - [coxal صفت] -

Coxcomb(-om), *n.* : چھیلا ؛ بانکا ؛ شیخی خور ؛ نمودیا ؛ اکڑ دکھانے والا -

coxcombical (-mi-), *a.* : شیخی باز ؛ بانکا ؛ بھچورا ؛ نمود پسند -

Coxcombry (-komri) *n.* : چھیلا پن ؛ شیخی ؛ نمود ؛ چھچھورا پن -

Coxswain, *n.* : پتواری ؛ صدر ملاح (جو کسی بالادست عہدہ دار کی عدم موجودگی میں کشتی یا جہاز کا ناخدا ھوتا ھے) -

coxwainless, *a.* : بے پتواری ؛ بے ناخدا کی (کشتی) -

coxswainship, *n.* : پتواری پن ؛ ناخدائی -

Coxy : دیکھو COCKY -

Coy, *a.* : (۱) شرمیلی ؛ لجانے یا بھڑکنے والی (نازنین) (۲) علحدہ ؛ تنہا ؛ الگ تھلگ ؛ نظروں سے بچا ھوا (مقام)

c. of : شرمیلا (سامنے آنے یا بات کرنے میں) -

coyly, *adv.* : لجائے ھوئے ؛ شرمیلے پن سے -

coyness, *n.* : لاج ؛ لجاوٹ ؛ شرمیلا پن -

Coyote, *n.* : شمالی امریکا کا بھیڑیا ؛ گرگ نیستانی -

Coz (kuz) *n.* : (متروک) Cousin کا مخفف -

Coze, *v. i.* & *n.* : باتیں چیتیں کرنا ؛ گپ کرنا ؛ گپ -

Cozen (kuzn) *v. t.* : ٹھگ لینا ؛ دم دینا ؛ بہکانا ؛ بہلانا ؛ پھسلا لینا -

cozenage, *n.* : ٹھگائی ؛ دغابازی ؛ فریب دھی -

Crab, *n.* : (۱) کیکڑا ؛ سرطان - (۲) (ھیئت) برج سرطان - (۳) کانٹا ؛ (وزن اُٹھانے کی) کل

c. louse : جوں -

crabs : (جمع) پانسے کا سب سے گھٹیا داؤ جسے ھمارے ھاں "تین کانے" کہتے ھیں -

c.'s eyes : سنگ دانہ -

c.-pot : کیکڑا پھنکی ؛ کیکڑا پکڑنے کا جال یا ٹوکرا -

catch a c. : چپو کا اُلجھنا یا پھنس جانا

turn out cc. : ھارنا ؛ خالی ھاتھہ یا ناکام رہ جانا

crablet, *n.* : چھوٹا کیکڑا ؛ کرکچھا -

crablike, *a.* & *adv.* : کیکڑا سا ؛ سرطان نما -

Crab, *v. t.* & *i.* : نوچنا ؛ پنجے چلانا ؛ لڑنا ؛ (عام محاورہ) نوچنا ؛ کھسوٹنا ؛ دھجیاں اُڑانا ؛ ذلیل کرنا -

Crab, *n.*, **C.-apple** : (۱) جنگلی سیب - (۲) ترش رو ؛ تند مزاج بدخو ؛ چڑچڑا (آدمی) -

Crabbed, *a.* : (۱) ترش ؛ تند ؛ کڑا ؛ کڑوا ؛ بدخو ؛ چڑچڑا ؛

بدمزاج - (۲) (عبارت یا تحریر) غامض ؛ پیچیدہ ؛ اُلجھی ہوئی ؛ دشوار ؛ بدنما ؛ لایقری ؛ بدخط -

crabbedly, *adv*. : متعلق فعل ؛ مذکورۂ بالا معنوں میں -

crabbedness, *n*. : ترشی ؛ تندی ؛ پیچیدگی وغیرہ -

Crack, *n.* & *a.* : (۱) چٹاخا ؛ تڑاقا ؛ کڑک ؛ گرج ؛ دھماکا - (۲) ضرب ؛ تیز ہاتھ (مارنے میں) ؛ چوٹ (اچانک) - (۳) (بازاری) گپ ؛ زٹل ؛ دون کی لینا ؛ (شمالی برطانیا میں) گپ شپ ؛ تڑاق پڑاق (باتیں) ؛ (جمع) نئی خبریں ؛ تازہ اخبار - (۴) دڑاڑ ؛ درز ؛ شگاف - (۵) کھلاڑی ؛ مشاق ؛ ماہر نیز عمدہ سدھا ہوا ؛ تیز یا برق دم گھوڑا - (۶) نقب زن نیز نقب زنی ؛ (*adj*) تڑاقے کا ؛ زورکا ؛ اعلیٰ ؛ عمدہ -

c.-brained : پگلا ؛ مخبوط ؛ دل چلا -

c. of doom : رعد قیامت -

in a c. : آناً فاناً ؛ پلک مارتے -

Crack, *v. t.* & *i.* : (۱) تڑقنا ؛ تڑقانا ؛ پٹخنا ؛ کڑکنا ؛ (۲) باتیں کرنا ؛ چٹر پٹر باتیں کرنا - (۳) توڑنا ؛ پھوڑنا (سر یا اخروٹ وغیرہ کا کڑاکے سے) - (۴) دڑاڑ ؛ درز یا شگاف ڈال دینا - (۵) (آواز کا) بھاری پڑ جانا ؛ (سن بلوغ کے وقت) کلتھہ پھوٹنا یا نکلنا - (۶) صدمہ پہنچنا ؛ نقصان پہنچانا (ساکھ وغیرہ کو) -

c. a bottle : بوتل چڑھاجانا ؛ خالی کردینا ؛ سب پی جانا -

c. a crib : (عامیانہ) نقب لگانا -

c. a joke : مسخرا پن کرنا ؛ دل لگی اُڑانا ؛ ہنسی کرنا -

cracked : (عام محاورہ) مخبوط الحواس ؛ پگلا ؛ دماغ ٹلا ہوا -

c.-jaw : ثقیل ؛ نامانوس ؛ (لفظ) مشکل سے ادا ہونے والا -

c. up : تعریفیں کرنا ؛ بڑھانا چڑھانا -

crackable, *a*. : جو توڑاجاسکے -

Cracker, *n*. : اِسم فاعل ؛ افعال مذکور کا نیز بالخصوص : (۱) پٹاخا ؛ گولا (آتش بازی کا) - (۲) ایک قسم کی مٹھائی - (۳) کرارابسکٹ - (۴) تڑاقا ؛ دڑیڑا ؛ دھماکا (رگڑنے یا ٹوٹنے کا) - (۵) (طالب علموں کی اصطلاح) گپ ؛ جھوٹ -

nut-cc. : (توڑنے کا آلہ) سروتا -

Crackle, *v. i.*, & *n.* : چٹخنا ؛ چر چرانا ؛ (*n.*) چٹخ ؛ چر چراہٹ -

c.-china, -glass, -ware : شیشے یا چینی کے ظروف جن پر بطور نقش بال یا درزیں بنی ہوں -

Crackling, *n*. : چٹخ ؛ چٹاخا وغیرہ مثل ماقبل نیز بھر بھراہٹ ؛ کراراپن ؛ خستہ پن -

Cracknel, *n*. : کرارا بسکٹ ؛ بھر بھرا بسکٹ -

Cracksman, *n*. : نقب زن ؛ سیندھ دینے یا لگانے والا -

Cracky, *a*. : (۱) درزدار ؛ دڑاڑیں پڑا - (۲) چرچراتا ؛ چٹختا ؛ (عام محاورے میں) پگلا ؛ خبطی ؛ باتونی

-cracy, *n. suf.* (-ocracy) : (ایک یونانی لاحقہ بمعنی) حکومت ؛ حکام ؛ اِقتدار ؛ شاہی ؛ جیسے democracy حکومت عوام (demo عوام یا جمہور) -

Cradle *n.*, & *v. t.* : (۱) پنگوڑا ؛ پالنا ؛ مہد ؛ بچوں کا کھٹولا یا بچھونا ؛ جھولا ؛ گہوارہ ؛ (استعارتاً) وہ مقام جہاں کسی چیز کا آغاز یا ابتدائی پرداخت ہوئی ہو - (۲) جھینکا یا جھولا ؛ کوئی ٹھانچا یا قالب جو پنگوڑے سے ملتا جلتا ہو خاص کر گہوارۂ جہاز (جس میں بنتے وقت جہاز رکھے جاتے ہیں) - (۳) درانتی کا پنجہ ؛ ہتسیا کھپیر (درانتی کے ساتھ کاٹنے میں آسانی کے لیے ایک پنجہ سا بنالیتے ہیں) - (۴) (کندہ کاری کی اصطلاح) سنگ تراش یا کندہ کار کی چھینی ؛ منقاش - (۵) (کان کنی کی اِصطلاح) مٹی چھاج ؛ شمشوبا (ایک خانہ جس کو ہلا کر مٹی نکالتے ہیں) - (۶) گہوارے میں ڈالنا ؛ جھولے چڑھانا (بچے یا جہاز کو) ؛ پنگوڑے میں ہونا یا پناہ لینا - (۷) کاٹنا ؛ درو کرنا (پنجے دار درانتی سے) -

Cradling, *n*. : گہوارہ جنبانی ؛ پرورش وغیرہ مثل ماقبل ؛ (تعمیرات) (لوہے یا لکڑی کا) ٹھانچا ؛ خانہ ؛ چوکھٹا -

Craft, *n*. : (۱) ہوشیاری ؛ چالاکی ؛ دست کاری ؛ کاری گری ؛ اُستادی (فن یا صنعت میں) - (۲) پیشہ ؛ خاص کر مرکب الفاظ میں جیسے priestcraft ؛ handicraft - (۳) کشتی ؛ ناو -

c.-guild : پیشہ وروں کی جماعت ؛ برادری (دست کاری کی) -

craftsman : دست کار ؛ کاری گر ؛ پیشہ ور -

the c : جماعت فراميشن ؛ فراميشنوں کا گروہ یا برادری ؛ فراميشنی بھائی چارا -

the gentle c. : مچھلی کا شکار -

craftsmanship, *n*. : دست کاری ؛ اُستادی

Crafty, *a*. : چالاک ؛ مکار ؛ عیار -

craftily, *adv*. : متعلق فعل ؛ مذکورۂ بالا معنوں میں -

craftiness, *n*. : مکاری ؛ عیاری -

Crag, *n*. : کڑاڑا ؛ گھاٹی ؛ ڈھلواں چٹان -

cragsman : چٹان یا پہاڑی کی چڑھائی میں مشاق -

cragged, craggy, *aa*. : ناہموار ؛ سنگستانی ؛ چٹانوں بھرا ؛ اونچا نیچا

craggedness, cragginess, *aa*. : ناہمواری ؛ اونچا نیچاپن -

Crag, *n*. : (ارضیات) گھونگھے ملی مٹی کی زیرزمیں تہ (جس کے ذخیر اِنگلستان کے بعض علاقوں میں زیر زمیں دستیاب ہوتے ہیں) -

Crake, *n.*, & *v. i.* : (۱) دیکھو CORN ؛ ایک قسم کا تیتر ؛ بٹیر ؛ تیتر کی آواز "پٹیلو" - (۲) یہ آواز نکالنا ؛ پٹیلو پٹیلو کرنا ؛ زنیلنا ؛ زنیل مارنا -

Cram, *v. t.* & *i.* & *n.* : بھرنا (لبالب یا کھچاکھچ) ؛ ٹھونسنا ؛ ٹھورنا ؛ بھرانا (مرغیوں وغیرہ کو) ؛ (لدیدے کی طرح) کھانا ؛ (استعارتاً) رٹنا یا تیاری کرنا (اِمتحان کے لیے) ؛ پڑھنا ؛ (خاص فرض کےلیے) ازبر کرنا ؛ رٹائی ؛ پڑھائی (اِمتحان کے لیے) ؛ (بازاری محاورہ) بھیڑ ؛ جھوٹ -

c.-full : خوب رٹے ہوئے -

Crambo, *n*. : قافیہ بازی ؛ تک بندی ؛ (اِس قسم کا ایک کھیل جیسے بیت بازی) -

dumb -c. : گونگی مکھو (ایک کھیل جس میں ایک فریق لفظ دل میں لے کے اُس کا صوت قافیہ بتاتا اور چپ ہوجاتا ہے اور دوسرا فریق اصل لفظ بوجھنے کی کوشش کرتا ہے) -

Crammer, *n*. : (۱) اِسم فاعل CRAM کا ؛ خاص کر رٹو (۲) جھوٹ -

Cramoisy, -mesy, *a.* & *n* : (متروک) قرمزی (کپڑا) -

Cramp, *n*. : اینٹھن ؛ اکڑن ؛ مروڑ (جو پٹھوں میں سردی وغیرہ

سے هوجائے) ؛ رگ چڑھنا -

c. -fish : راعدہ یا رعاد (مچھلی جسکے چھونے سے بجلی کا سا صدمہ پہنچتا ھے) -

Cramp, *n.*, **C.-iron**: (۱) آر ؛ ازواز ؛ قینچی ؛ کلاب (لوھے کی سلاخ وغیرہ جس کے سرے خمیدہ هوتے هیں کڑیاں اور دیوار تھامے رکھیے) - (۲) سنڈاسی (تختوں کو ملاکے دبانے کا اوزار) (۳) روک ؛ رکاوٹ ؛ قید ؛ بندش -

Cramp, *a.* : (۱) کنجلک ؛ پیچیدہ ؛ عسیرالفہم (لفظ یا تحریر) - (۲) اینٹھا هوا ؛ مڑا تڑا ؛ مڑا هڑا -

crampness, *n.* : اینٹھن وغیرہ -

Cramp, *v. t.*, **c. up** : (۱) اینٹھ جانا ؛ اکڑن هوجانا (پٹھوں میں) - (۲) گھیر لینا ؛ گھوٹ لینا ؛ مقید یا محدود کرنا (قوی وغیرہ کو) - (۳) ازواز لگانا ؛ قینچی ڈالنا ؛ کلاب باندھنا -

Crampon, *n.* : (۱) کنڈا ؛ کلابہ ؛ کانٹا (لوهے کی چیزیں اٹھانے یا پکڑنے کے لیے) - (۲) کیلوں دار لوهے کا تلا ، برف پر چلنے کے لیے) -

Cran, *n.* : مچھلیاں تولنے کا ایک پیمانہ (قرن) (۳۷٫۵ گیلن یا تقریباً ایک پلہ) -

Cranage, *n.* : (۱) دمکلہ لگائی - (۲) اٹھوائی ؛ ڈھلوائی (سماک کی اجرت یا کرایہ) -

Cranberry, *n.* : شمالی یورپ اور شمالی امریکا کی ایک جھاڑی کا پھل (جیسے کروندا) -

Crane, *n.* : (۱) کلنگ ؛ کونج ؛ لق لق - (۲) دمکلہ (وزن اٹھانے کا ایک بڑا آلہ) سماک

water-c. : (۱) سائفن - (۲) انجن میں پانی پہنچانے کا نل ؛ دمکلہ -

c. -fly : ایک قسم کا کیڑا ؛ پانی کا اونٹ -

c.'s-bill : ایک قسم کی جھاڑی -

Crane, *v. t. & i.* : دمکلے سے اٹھانا ؛ سارس کی طرح گردن آگے نکالنا -

c. at : دبکنا ؛ پیچھے ھٹنا ؛ رک رهنا (مشکلات سے) -

Cranio- : (ترکیبی جز)

Cranium, *n.* (pl. *-ia*) : کھوپڑی ؛ کاسہ (سرکا) -

cranial, *a.* : قحفی -

Crank *n.*, & *v. t.* : (۱) چکر کہنی ؛ گھمیا ؛ دھری پھیر (محور یا دھری کا وہ پرزہ جو اسے مدوری اور دوری دونوں قسم کی حرکتیں دے سکتا ھے) - (۲) کہنی (گھنٹا لگانے کی) - (۳) گھومتا چکلہ (جو بطور سزا قیدیوں سے چلواتے هیں) - (۴) موڑنا ؛ خمیدہ کرنا ؛ کہنی بنانا ؛ کہنی میں جڑنا ؛ کہنی بٹھانا -

Crank, *n.* : (۱) دور ازکار استعارہ یا ترکیب - (۲) مراقی -

Crank, *a.* : کم زور ؛ بودا ؛ ڈھیلا ؛ جس کی چولیں ڈھیلی هوں -

Crank, *a.* : (جہازیوں کی اصطلاح) ڈگمگاتا (جہاز یا کشتی جس کے الٹ جانے کا اندیشہ هو) -

Crankle, *v. i.*, & *n.* : مروڑی دینا ؛ پیچ دینا؛ (*n.*) مروڑی ؛ پیچ -

Cranky, *a.* : (۱) کم زور ؛ علیل ؛ بودا ؛ ڈھیلا - (۲) خبطی ؛ سودائی ؛ متلون ؛ مراقی ؛ پیچیدہ نیز دیکھو CRANK -

crankily, *adv.* : بودے پن یا خبطی پن سے ؛ جلد بازانہ -

crankiness, *n.* : کم زوری ؛ بودا پن وغیرہ مثل صفات ماقبل -

Crannog, *n.* : جھیل جھونپڑی (اسکاٹستان اور آئرستان والوں کے قدیم مکانات جو جھیلوں میں شہتیروں پر بنائے جاتے تھے) -

Cranny, *n.* : درز ؛ دراز ؛ سوراخ ؛ شگاف ؛ روزن -

crannied, *a.* : درازدار وغیرہ -

Crape, *n.*, & *v. t.* : (۱) جالی ؛ کتانی ؛ ایک قسم کا باریک چنٹ دار کپڑا ؛ کریپ - (۲) کریپ پہنانا یا اڑھانا -

c. cloth : اونی کریپ -

crapy, *a.* : کتانی ؛ کریپ دار -

Craped, *a.* : صفت اسمائے ماقبل ' نیز مڑا تڑا ؛ چنٹ پڑا -

Crapulent, *a.* : شرابی ؛ شراب کا لتی ؛ شراب مارا ؛ کثرت سے نوشی کا عادی ؛ عیاش ؛ بے اعتدال -

crapulence, *n.* : کثرت سے خواری ؛ شراب زدگی وغیرہ -

crapulous *a.* : مبتلائے شراب خواری وغیرہ -

Crash, *v. i.* & *t.*, & *n.* : (۱) کھڑکھڑانا ؛ دھمادھم کرنا ؛ دھماکے سے چلنا یا بڑھنا - (۲) دھماکے سے توڑنا گرانایا ڈھکیلنا - (۳) دھڑاکا ؛ گرج ؛ گڑگڑاهٹ ؛ شور ؛ جھنکار ؛ (استعارتاً) تباھی ؛ بربادی ؛ ساکھ کا خاتمہ -

Crash, *n.* : موٹا کپڑا ؛ کھیس (تولیوں وغیرہ کا کپڑا) -

Crasis, *n.* : (یونانی نحو کی اصطلاح سنسکرت کی " سا ٘دھی " کی مترادف) امتزاج حروف علت یعنی جب دو متصل لفظوں میں سے پہلے کے آخر اور دوسرے کی ابتدا میں حرف علت هو تو یہ دونوں ممزوج هو کر ایک سادہ حرف علت میں بدل جائیں (جیسے یونانی *kai* اور *ego* مل کر *kago* هو گیا) -

Crass, *a.* : بونگا ؛ بودا ؛ (استعارتاً) حد کا ؛ انتہائی ؛ سراسر

crassly, *adv.* : متعلق فعل مذکورۂ بالا معنوں میں -

crassness, *n.* : بھداپن ؛ انتہا ؛ نہایت وغیرہ -

Crassitude, *n.* : بھدا پن ؛ بھونڈاپن ؛ حماقت -

-crat, *n. suf.* : لاحقہ ' -cracy کا اسم فاعل جیسے : democrat جمہوریت پسند -

-cratic (al), *a* : *suff.* : صفتی لاحقے مذکورۂ بالا معنوں میں -

Cratch, *n.* : ناند ؛ کولنا ؛ کنڈالی (جانوروں کو صحن یا میدان میں کھلانے کی) -

Crate, *n.* : چھبیا ؛ ٹوکرا -

crateful, *n.* : چھبیا بھر ؛ ٹوکرا بھر -

Crater, *n.* : جوالا مکھ ؛ آتش فشاں پہاڑ کا دھانہ -

crateriform, *a.* : جوالا مکھ کی شکل کا -

Cravat, *n.* : گلوبند ؛ نک ٹائی (متروک ؛ صرف دکاندار بولتے هیں) -

cravatted, *a.* : گلو بند لگائے -

Crave, *v. t.* & *i.* : التجا ' التماس یا استدعا کرنا ؛ آرزومند یا خواستگار هونا -

Craven, *a.* & *n.* : ڈرپوک ؛ ذلیل ؛ پست همت ؛ نرومایہ -

cry c. : هتیار ڈال دینا ؛ اطاعت قبول کرنا -

cravenly, *adv.* : نرومانگی سے وغیرہ -

Craw, *n.* : پوٹا ؛ اوجھ ؛ پیٹو (پرند یا کیڑے کا)

Crawfish : دیکھو CRAYFISH

Crawl, *n.* : اتھلے پانی میں گڑھا جو مچھلیوں کو جمع کرنے کے

لیے بنا دیتے ہیں -

Crawl, *v. i., & n.* : (۱) رینگنا ؛ گھسٹنا ؛ پیٹ کے بل چلنا ؛ گھسٹنا - (۲) آہستہ آہستہ چلنا ؛ ذلت سے گھسٹنا ؛ چاپلوسی کرنا؛ غلامانہ خوشامد کرنا- (۳) (کیڑے مکوڑوں کا ہرطرف) رینگتے پھرنا ؛ کیڑے مکوڑوں کی کثرت ہونا ؛ سرسری محسوس ہونا -

the c. : تیراکی کا ہاتھ -

crawly, *a.* : رینگتا ہوا وغیرہ (فعل مذکور کے معنوں میں) -

Crawler, *n.* : رینگنے والا ؛ گھسٹنے والا وغیرہ (فعل مذکور کے معنوں میں) -

Crayfish, Craw-, *n.* : جھینگا (مچھلی) -

Crayon, *n., & v. t.* : (۱) رنگین کھریا (نقاشی کے لیے) - (۲) (استعارتاً) تصویر ، رنگین کھریا کی ؛ نوک کاربن کی (بجلی کے چراغ میں) - (۳) کھریا سے تصویر کھینچنا -

Craze, *v. t., & n.* : (۱) لایعقل یا مخبوط کردینا ؛ سڑی بنانا ؛ حواس بگاڑنا - (۲) (گلی ظروف پر) خط ڈالنا یا خط ہونا ؛ مخطط ہونا - (۳) دیوانگی ؛ خبط ؛ سودا ؛ سڑی پن -

Crazing, *n.* : اسم مذکورۂ بالا فعل کا -

c.-mill : رانگا پیسنے کی چکی -

Crazy, *a.* : (۱) (عمارات و بحریات) کمزور ؛ بودا - (۲) علیل ؛ نادرست ؛ مخبوط ؛ مجنوں ؛ سودائی - (۳) ٹیڑھے سیدھے پیوند لگاہوا -

crazily, *adv.* : متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

craziness, *n.* : اسم مذکورۂ بالا معنوں میں -

Creak, *n., & v. i.* : (۱) چرچراہٹ ؛ چرمراہٹ (کواڑ یا جوتے وغیرہ کی) (۲) چرمرانا ؛ چوں چوں کرنا -

creaky, *a.* : چرمرتا ؛ چوں چوں کرتا ہؤا -

Cream, *n.* : (۱) دیکھو CLOT ؛ ملائی ؛ بالائی ؛ پپڑی یا جھلی (جو کسی سیال شے کے اوپر آجائے) - (۲) ملائی کی مٹھائی (لتو پیڑے وغیرہ) - (۳) خلاصہ ؛ لب لباب ؛ عطر معطیر (کسی شے کا) - (۴) (رنگ یا تیاری میں) ملائی کے مثل -

c. cheese : دودھیا پنیر -

c.-coloured : سفیدی مائل ؛ دودھیا ؛ (صرف گھوڑے کے لیے) نقرہ -

c.-fruit : دودھیا پھل (ایک افریقی پھل) -

c.-laid, -wove, paper : شربتی رنگ کا کاغذ -

c. of lime : خمیرۂ لیمو -

c. of tartar : ایک قسم کی روغنی دوا -

c. separator : ایک کل جس سے ملائی دودھ سے نکالتے ہیں -

creaminess, *n.* : ملائی داری ؛ ملائی پن -

creamy, *a.* : ملائی دار ؛ ملائی جیسا ؛ چکنا ؛ روغنی -

Cream, *v. i. & t.* : (۱) ملائی نکالنا ؛ ملائی ڈالنا ؛ ملائی پڑنا - (۲) عطر یا لب لباب نکالنا - (۳) (چاے میں) ملائی ملانا -

Creamer, *n.* : ملائی اُتارنے کا کفچہ یا آلہ -

Creamery, *n.* : مسکہ خانہ ؛ دودھ والے کی دکان

Crease, *n., & v. t. & i.* : (۱) تہ کی سلوٹ یا خط ؛ چرس ؛ شکن ؛ (کرکٹ) کھیلنے والے اور گیند پھینکنے والے کی حد - (۲) شکن یا چرس ڈالنا ؛ چرسین پڑجانا -

creasy, *a.* : چرس پڑا ؛ شکن زدہ ؛ لکیر پڑا ؛ جھری دار -

Create. *v. t.* : پیدا یا خلق کرنا ؛ وجود میں لانا ؛ آغاز کرنا ؛ بنا ڈالنا -

c. a man a peer : بنانا ؛ (خطاب یا عہدہ) عطا کرنا -

creative, *a.* : موجدہ (قوت) ؛ پیداکار ؛ مخترعہ ؛ تخلیقی

creatively, *adv.* : موجدانہ

creativeness, *n.* : پیداکاری ؛ قوت ایجاد ؛ اختراعیت ؛ خالقیت -

Creatine, *n.* : جوہر لحم (ایک عضوی مادہ جو گوشت کے عرق میں پایا جاتاہے) -

Creation, *n.* : (۱) تخلیق ؛ خلقت ؛ کائنات ؛ موجودات - (۲) عطاے خطاب یا مرتبہ - (۳) تصنیف ؛ اختراع (خاص کر کسی درزی یا ایکٹر کی اور عموماً خیالی) -

Creationism, *n.* : مذہب تخلیق ؛ انفرادی روح کا مسلک (یعنی ہر انسان کی روح خلاق عالم نے الگ الگ پیداکی ہے) ؛ یہ مسلک کہ انواعِ مخلوقات کو اللہ تعالی نے خلق کیا ہے نہ کہ نظریۂ ارتقاء کے مطابق وہ از خود موجود ہوگئی ہیں -

creationist, *n.* : تخلیق پرست ؛ مسلک تخلیق کا قائل -

Creator, *n.*, **The C.** : خالق کل ؛ خلاق ؛ پیدا کرنے والا -

creatress, *n.* : مصنف ؛ موجد (عورت) -

Creature, *n.* : (۱) مخلوق ؛ حیوان مطلق - (۲) آوردہ ؛ دست پروردہ ؛ بنایا ہؤا (جو کسی دوسرے کی بدولت ترقی کرتا ہے) -

c. comforts : دیکھو COMFORTS -

the c. : (اکثر *cratur* لکھتے ہیں) شراب (وسکی) ؛ منشیات -

Creaturely, *a.* : حیوانی ؛ بشری -

Creche (krash), *n.* : دارالصبیان ؛ بچوں کی سرکاری پرورش گاہ ؛ دایہ خانہ -

credat Judaeus (Apella) : (لاطینی ضرب المثل) میں ایسے فقروں میں نہیں آتا ؛ ایسا فقرہ کسی اور کو دیجیے -

Credence, *n.* : (۱) یقین ؛ اعتبار ؛ عقیدہ - (۲) تبرکات کی چھوٹی میز (جس پر عشاے ربانی کے بعض تبرکات رکھے ہوتے ہیں)

give c. to : یقین دلانا ؛ اعتبار کرنا -

letter of c. : نامۂ تعارف؛ تعارف کا خط؛ تصدیق ؛ روشناسی -

Credential, *n.* (pl.) : مراسلۂ تعارف ؛ تصدیق سرکاری ؛ سند ؛ وثیقہ ؛ معتقد نامہ ؛ (استعارتاً) اسباب تصدیق یا روشناسی -

Credible *a.* : قابل یقین ؛ معتبر (روایت یا شخص) ؛ قابل اعتبار ؛ قرین عقل -

credibility *n.* : قابل یقین ہونا ؛ معتبریت ؛ ثقاہت ؛ صداقت -

credibly, *adv.* : بالیقین ؛ معتبرانہ -

Credit, *n.* : (۱) اعتماد ؛ بھروسا ؛ یقین ؛ اعتبار - (۲) شہرت ؛ نیک نامی ؛ ساکھ ؛ پت ؛ بھرم ؛ آبرو ؛ عزت ؛ وقعت ؛ رسوخ ؛ اقتدار (جو نیک نامی سے حاصل ہو) - (۳) مجرائی رقم (جو کھاتے میں جمع کرانے والے کے نام سے چڑھائی جائے) ؛ جمع ؛ وصول - (۴) قرض ؛ باقتلی ؛ اُدھار (استعارتاً) (کسی سے کوئی فعل یا وصف) منسوب کرنا ؛ انتساب ؛ اتصاف -

give c. to : اعتبار کرنا (کسی روایت کا)-

letter of c. : هنڈی ؛ پرچہ یا رقعہ (دوسری جگہ وصول زر کے لیے) -

Credit, *v. t.* : باور کرنا ؛ یقین لانا ؛ ماننا ؛ (کھاتے میں) جمع کرنا ؛ وصولی لکھنا ؛ (نیز استعارتاً) -

Creditable, *a.* : مستحسن ؛ پسندیدہ ؛ لایق تعریف -

creditably, *adv.* : خوبی سے ؛ لایق تعریف طور پر -

Creditor, *n.* : (۱) قرض خواہ ؛ لین دار ؛ ساہوکار - (۲) (مخفف Cr) کھاتے میں خانۂ جمع یا وصول (دائیں طرف) -

Credo, *n.* : (۱) عقیدہ ؛ ایمان (خاص کر وہ مسیحی عقائد جو نیکائیا کی مجلس نے لازمی قرار دیے تھے) - (۲) عقائد نیکائیا کا بھجن -

Credulous, *a.* : سریع الاعتقاد؛ خوش اعتقاد ؛ بھولا؛ سیدھا سادھا ؛ ضعیف الاعتقاد -

credulity, credulousness, *nn.* : خوش اعتقادی وغیرہ -

credulously, *adv.* : متعلق فعل، مذکورۂ بالا معنوں میں -

Creed, *n.* : (۱) عقائد یا ارکان دین مسیحی (خاص کر چار رسولوں یا نیکائیا کی مجلس کے فیصلے کے مطابق) - (۲) عقائد؛ مذہب ؛ مسلک ؛ معتقدات (مذہبی نیز غیر مذہبی) -

creedless, *a.* : لا مسلک ؛ لامذہب -

Creek, *n.* : (۱) کھاڑی ؛ ساق یا شاخ دریا ؛ آب درہ - (۲) گودی ؛ چھوٹی بندرگاہ ؛ (امریکا اور نوآبادیوں میں) معاون دریا - (۳) جوف جبال ؛ (پہاڑوں کے درمیان کا) تنگ میدان ؛ پہاڑی کھانچا -

Creel, *n.* : مچھلی جھاب ؛ ماھی گیری ٹوکرا -

Creep, *v. i.* (crept), & *n.* : (۱) رینگنا ؛ پیٹ کے بل چلنا ؛ جوں کی چال چلنا ؛ آہستہ بلا آواز یا دبے پانو چلنا - (۲) گھس بیٹھ کرنا ؛ (مقام یا معاملے میں) گھسنا - (۳) (بری طرح) زندگی تیر کرنا ؛ (ذلت سے) بسر کرنا یا چلنا (کاموں کا) - (۴) بیل چڑھنا (درختوں، دیواروں پر) ؛ (بحری) کانٹا گھسٹتے چلنا - (۵) گھن ھونا - (۶) (*N.*) رینگنا - (۷) گھن اور خوف (عام محاورے میں اکثر جمع میں بولتے ھیں) - (۸) (ریل کے پشتے کی) محراب ؛ کمان - (۹) (جھاڑیوں میں) گھٹا ؛ موکھا ؛ آمد رفت کی جگہ ؛ گھس -

c. mouse : ڈرپوک ؛ شرم گیں ؛ لجاتا -

flesh cc. : (جسم میں) سنسنی پڑجانا ؛ چیونٹیاں سی چلنا (خوف یا طیش کے موقع پر) -

Creeper, *n.* : اسم فاعل افعال ماقبل ، خصوصاً : (۱) بیل ؛ لت - (۲) کانٹا (پانی یا کنوئیں میں سے چیزیں نکالنے کا آلہ) -

Creepy, *a.* : (۱) رینگنے والا ؛ رینگتا ہوا - (۲) (بدن میں) سنسنی ڈالنے والا ؛ سنسنی پڑا -

creepy-crawly, *a.* : رینگتا -

Cresse, Crease, Kris, *n.* : جمبیا ؛ لہر یا خنجر (ملایا والوں کا) -

Cremate, *v. t.* : جلانا (خاص کر مردے کو) -

cremation : *n.* : داہ کرم ؛ میت سوزی ؛ لاش جلانا -

cremationist, *n.* : داہ کرمی ؛ میت سوز یا حامی میت سوزی -

Cremator, *n* : داہ کرمی ؛ میت کو جلانے والا ؛ نیز بھٹی (جس میں کوڑا کرکٹ جلایا جائے) -

crematorium, crematory, *nn.* : لاش بھٹی -

creme (-am), *n.*, *C. de menthe* : پودینے کی شراب -

c. de la c. : عطر عطیر ؛ روح ؛ جوہر ؛ چیدہ -

Cremona, *n.* : کرمونا (واقع اٹالیا) کی سارنگی یا بیلا یعنی وائیولن -

Crenate (d) *a.* : (نباتیات ، حیوانیات) دندانہ دار ؛ دنتیلا -

crenation, *n.* : دندانہ داری ؛ دنتیلا پن -

Crenature, *n.* : گول دانت یا کنگرہ (پتے کے کنار پر) -

Crenel, Crenelle, *n.* : فصیل کے کنگروں میں روزن یا خالی جگہ (بندوق چلانے کے لیے) ؛ مورچہ ؛ کُرہ ؛ مزغل -

Crenel(l)ate, *v. t.* : (فصیل میں) بندوق کے لیے روزن رکھنا -

crenellation, *n.* : اسم ، مذکورۂ بالا معنے میں -

Creole, *n.* & *a.* : ویسٹ انڈیز کا (حبشی یا فرنگی) مولد نیز حیوانات جو باہر سے آکر وہاں کے ہوگئے ہوں ؛ کرے اول -

Creosote, *n.* : (تجارتی اصطلاح) روغن قطران ؛ ایک قسم کا تریاق ؛ کوئلے کا ست ؛ تیزاب فحمی ؛ کاربولک ایسڈ -

Crepe, *n.* : کریپ -

c. de Chine : چینی کریپ؛ کچے ریشم کا کپڑا - کریپ دے شین -

c. rubber : کریپ ربر جو جوتوں کے تلوں کے کام میں آتا ھے -

Crepitate, *v. i.* : چٹخنا ؛ (پھوڑوں کا) ٹہنکارنا یا کلی مارنا -

crepitant, *a.* : چٹختا ؛ ٹہنکارتا ہوا -

crepitation, *n.* : چٹخنا ؛ پھیپڑوں کی آواز (جو ڈاکٹر آلہ سے سنتے ھیں) -

crepon, *n.* : کریپ کا سا مگر اُس سے مضبوط کپڑا -

Crept : دیکھو CREEP -

Crepuscular, *a.* : دھندلا ؛ نیم روشن (تاریخی زمانہ وغیرہ) ؛ جھٹ پٹا (صبح یا شام کا وقت) ؛ (حیوانیات) جھٹ پٹے میں نکلنے والا -

crescendo (kresh-), *adv.*, *n* & *a.* : (مخفف cres) (موسیقی) چڑھتے سروں کا گانا ؛ (استعارتاً) صعود ؛ چڑھاؤ ؛ چوٹی کی طرف چڑھنا -

Crescent, *n.* & *a.* : (۱) ہلال؛ (نیا یا آخری ہفتے کا) چاند - (۲) قوس ؛ نیم دائرہ ؛ (خاص کر مکانات کی) قوسی قطار ؛ ترکی سلاطین کے علم یا پھریرے کا نشان ؛ (استعارتاً) دولت عثمانیہ یا ملت اسلامی - (۳) ترقی پذیر ؛ بڑھنے والا ؛ چڑھتا ؛ قوس نما ؛ قوسی ؛ ہلالی -

Cress, *n.* : کاھو -

Cresset, *n.* : مشعل ؛ قندیل ؛ شمع دان ؛ ھانڈی (خاص کر وہ جو آج کل بحری گوداموں میں روشنی کے لیے لگاتے ھیں) -

Crest, *n.*, & *v. t.* & *i.* : (۱) کلغی ؛ چوٹی ؛ چٹا ؛ کیھا (پروں کا) ؛ تاج ؛ کلغی (جانوروں کی) ؛ کیس؛ جھال (پانی کی) - (۲) ایال؛ خط گردن (حیوانات کا) ؛ (تشریح) ھڈی کا ابھار یا کرویت - (۳) طغرا؛ توقیع (جو تھال یا کاغذ وغیرہ پر ابھرواں بنایا جائے) ؛ کیس یا تاج لگانا ؛ چوٹی یا کیھے کا کام دینا ؛ چوٹی تک پہنچنا (پہاڑ یا موج کی) ؛ (موجوں کا) چوٹی بن جانا ؛ (پانی کی) جھال ہوجانا -

c. fallen : سرنگوں ؛ افسردہ ؛ دل شکستہ ؛ شرمندہ ؛ ہارا یا پژمردہ -

Cretaceous, *a.* : کھریا (کی خاصیت) کا -

Cretic, *n.* : بحرا شعر کا وہ رکن جس میں ایک " وتد " اور ایک " سبب " ہو " فاعلن (-۷-)

Cretify, *v. t.* : کھریانا ؛ چونے یا کھریا کے اجزاسے بھر دینا -

cretification, *n.* : کھریانا -

Cretin, *n.* : کری‌تن ؛ فاترالعقل (خاص کر وہ جو اکثر آلپ کی وادیوں کے باشندوں میں ملتے ہیں) ؛ شاہ دولہا کا چوہا -

cretinism, *n.* : موروثی فتورعقل ؛ مرض کری‌تنی -

cretinize, *v. t.* : فاترالعقل بنانا -

cretinous, *a.* : کری‌تنی ؛ فاترالعقل -

Cretonne, Kret-, *n.* : کری‌تون ؛ ایک قسم کا کف سوتی پھول دار کپڑا -

Crevasse, *n.* : دراز (گلیسیر کی) -

Crevice, *n.* : درز ؛ شگاف -

Crew, *n.* : (۱) (جہازیا کشتی کے سارے) ملاح ؛ جہازی ؛ مانجھی ؛ منجھیارے - (۲) جماعت ؛ گروہ ؛ جرگہ ؛ جتھا ؛ ٹولی ؛ غول -

Crew : دیکھو CROW -

Crewel, *n.* : کچرا ؛ ایک قسم کا موٹا تاگا جس سے کشیدہ کاری کرتے ہیں -

c. -*work* : ،ویسے کا کام ؛ کشیدہ کاری ؛ کڑھائی -

Crib, *n.* : (۱) (سلاخ‌دار) کھور ؛ کھرلی ؛ ناند ؛ کنڈالی - (۲) جھونپڑا ؛ کٹی ؛ چھپر - (۳) پنگورا ؛ پالنا ؛ کھٹولا (بچوں کا جس کے گرد کٹہرا لگا ہو) - (۴) مچھلیاں پکڑنے کا ٹوکرا ؛ ماہی ٹوکرا - (۵) نیوبھرت (جو دیوار وغیرہ کی نیو میں رکھ دیا جاتا ہے) ؛ (امریکا میں) کوٹھی ؛ کھتا (جوار ' مکائی وغیرہ بھرنے کے لیے) ؛ (تاش میں) ہار یا جیت کے پتے ؛ بھرتی کے پتے ؛ (۶) (عام محاورہ) سرقہ (خاص کر امتحان کے وقت طالب علموں کا) نیز ترجمہ یا خلاصہ (جس کا استعمال طالب علموں کے لیے ممنوع ہو) -

c. -*biting* : توبڑا چباتا گھوڑوں کا دانتوں میں اور اُسی کے ساتھ زور زور سے سانس لینا -

crack a c. : دیکھو CRACK -

Crib, *v. t.* : (۱) موندنا ؛ بھیڑنا ؛ ڈربے میں بند کرنا یا گھیرنا - (۲) کنڈالی یا کھور بنانا - (۳) چوری کرنا ؛ نقل اُڑانا (بلا اجازت) -

Cribbage, *n.* : تاش کا ایک کھیل -

Cribriform, *a.* : چھلنی‌سا ؛ غربال نما ؛ غربال شکل -

Crick *n.*, & *v. t.* : اکڑن ؛ اکڑاؤ ؛ جھٹکا (گردن کے پٹھوں میں) نیز جھٹکا آنا ؛ اکڑ جانا -

Cricket, *n.*, **House-cricket** ; جھینگر -

Cricket, *n.* & *v. i.* : (۱) کرکٹ (کھیل) ؛ گیند بلا (جس میں گیارہ گیارہ آدمی کھیلتے ہیں) - (۲) کرکٹ کھیلنا

not c. : بے قاعدہ یا بے انصافی کی بات -

cricketer, *n.* : کرکٹ باز ؛ کرکٹ کا کھلاڑی -

Cricoid, *a.* & *n.* : حلقہ نما ؛ چھلے جیسا ؛ گلے کا کنٹھا -

Crier, *n.* : چلانےوالا ؛ ڈھنڈوری پیٹنے والا -

Crikey, *int.* : (بازاری محاورہ) کلمۂ حیرت واستعجاب ؛ ہائیں ؛ ارے -

Crime, *n.* : جرم ؛ گناہ ؛ خلاف قانون فعل ؛ خطا (واجب التعزیر) -

c. sheet : سپاہیوں کی فرد جرائم -

crimeless, *a.* : بے گناہ ؛ بے خطا -

Criminal, *a.*, & *n.* : مجرم ؛ خاطی ؛ ناجائز (فعل) ؛ مجرمانہ (فعل) -

c. connexion, conversation : ناجائز تعلق (مرد عورت کا)

criminality, *n.* : مجرمیت ؛ گناہ‌گاری ؛ خطاکاری ؛ معصیت -

criminally, *adv.* : متعلق فعل ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

Criminate, *v. t.* : مجرم گرداننا ؛ قصوروار ٹھہرانا ؛ مطعون کرنا ؛ قابل ملامت سمجھنا

crimination, *n.* : مجرم گرداننا ؛ مطعون کرنا ؛ اِلزام دھی -

criminative, criminatory, *aa.* مجرم ٹھہرانے والا -

Crimine, -ny, *int.* : ارے -

Criminology, *n.* : علم جرائم ؛ جرمیات -

Criminous, *a.* : مجرم پادری ؛ (صرف *c. clerk* کے ساتھ آتا ہے) -

Crimp, *n.*, & *v. t.* : (۱) فوجی دلال یا کارندہ (جو لوگوں کو بہلا پھسلا کر بھرتی کراتا ہے) ؛ (نیز اِستعارتاً) ٹھگ ؛ عیار ؛ پھانسنے والا - (۲) پھانسنا ؛ لالچ دینا ؛ دم' جھانسا دینا ؛ لگا لانا -

Crimp, *v. t.* : (۱) چنٹ ڈالنا ؛ شکن ڈالنا ؛ چننا - (۲) گودنا ؛ کچو کے دینا (مچھلی کو) تاکہ پکنے میں خستہ ہوجائے (۳) سانچے یا شکنجے میں دباکربنانا (جیسے چمڑے کو دباکر زین وغیرہ بنانا) -

Crimson, *a.* & *n.*, & *v. t.* & *i.* : (۱) قرمزی ؛ ارغوانی ؛ گہرا سرخ (رنگ) - (۲) سرخ کرنا یا ہوجانا -

Cringe, *v. i.*, & *n.* : (۱) جھکنا ؛ دبکنا (خوشامد سے) ؛ عاجزی ؛ لجاجت یا تملق کرنا - (۲) لجاجت ؛ تملق ؛ مینا پن کی خوشامد ؛ بے غیرتی کی خوشامد -

Cringle, *n.* : (جہاز) حلقہ (رسے کے سرے پر جس میں دوسری رسی ڈال کر گرہ دے سکیں) -

Crinite, *a.* : (نباتیات ' حیوانیات) پشم دار ؛ روئیں یا بالوں‌والا -

Crinkle, *v. t.* & *i.* & *n.* : (۱) بل دینا ؛ چرس یا شکن ڈالنا - (۲) بل ؛ چرس ؛ شکن -

crinkly, *a.* : شکن‌دار ؛ چرس پڑا -

Crinkum-crankum, *n.* & *a.* : پر پیچ ؛ پیچ در پیچ (شے) (نیز اِستعارتاً) -

Crinoid *a.* & *n.* : سوسن نما ؛ صنف سوسنیہ (نباتات کی ایک صنف) -

crinoidal, *a.* : سوسنوی ؛ صنف سوسنیہ کا -

Crinolette, *n.* : پشتی (سائے کو اُبھرا ہوا رکھنے کے لیے سہارے کی کوئی چیز) -

Crinoline, *n.* : (۱) گھوڑے کے بالوں وغیرہ کا کف کپڑا جو سائے کے استر کے کام میں آتا ہے - (۲) گھیرے دار سایا - (۳) جالی (جنگی جہازوں کی حفاظت کے لیے) ؛ جہاز زرہ -

Crio- : (ترکیبی جز) بمعنی مینڈھا (جیسے : *c. sphinx* مینڈھے سرا)

Cripple, *n.*, & *v. t.* & *i.* : (۱) لنگڑا ؛ لنجا ؛ لنگ - (۲) صندلی (دوہرخی سیڑھی جس پر کھڑے ہوکر کھڑکیاں وغیرہ صاف کرتے ہیں) - (۳) لنگڑا کرنا ؛ لنگڑاکر چلنا ؛ (اِستعارتاً) کچلنا ؛ بگاڑنا ؛ بے بس یا بے دست و پا کر دینا -

cripplédom, cripplehood, *nn.* : لنگڑاپن ؛ لنجاپن ؛ پاشکستگی -

Crisis, *n.* (pl. *crises*) : بحران ؛ نازک یا قلت کا وقت ؛ مہلکہ ؛ مرحلہ ؛ پیچیدگی ؛ قضیہ ؛ خطرناک موقع یا حالت (سیاسی یا تجارتی معاملات میں) -

Crisp, *a.*, & *n.*, & *v. t.* & *i.* : (۱) کرارا ؛ کُرکُرا ؛ بھربھرا ؛ خستہ - (۲) کھرا ؛ بےریا (طرز تحریر وغیرہ) ؛ تازگی بخش (ہوا)- (۳) پیچیدہ ؛ خمیدہ ؛ گھونگر والے یا گھونگریالے (بال) - (۴) (عامیانہ) بنک کے نوٹ- (۵) بل دینا ؛ لہریا بنانا ؛ گھونگر دار بنانا ؛ بھربھرا ، خستہ بنانا یا ہونا -

crisply, *adv.* : متعلق فعل، مذکورۂ بالا معنوں میں -

crispness, *n.* : بھربھرا پن ؛ گھونگریالا پن -

Crispate, *a.* : شکن پڑا ؛ خمیدہ ؛ (نباتیات) بلدار -

Crispation, *n.* : گھونگردار ہونا ؛ جھرجھری ؛ لہراھٹ ؛ نیز دیکھو GOOSE -

Crispy *a.* : کرارا ؛ بھربھرا ؛ خستہ -

Criss-cross, *n.*, *a.*, *adv.*, & *v. i.* & *t.* : (۱) دیکھو CHRIST- CROSS- ROW ؛ (*n*) آڑی ترچھی لکیروں یا لہروں کا جال - (۲) (*adj.*) جال دار - (۳) جڑچڑا - (۴) (*adv.*) آڑا ترچھا ؛ ایک دوسرے کے مخالف - (۵) (*vb.*) آڑا ترچھا چلنا یا چلانا ؛ جالدار کام بنانا -

Cristate, *a.* : (حیوانیات ، نباتیات) کچھے دار ؛ کیس والا ؛ کلغی یا طرہ دار -

Criterion, *n.* (pl.-*ia*) : اصول ؛ جانچ کا اصول ؛ معیار (تنقید یا رائے زنی کا) -

Critic, *n.* : نقاد (ادبی) ؛ رائے زن ؛ نکتہ چیں ؛ معترض ؛ کتابی ادبیات کا نقاد -

criticaster, *n.* : (اسم تصغیر) نقادچی ؛ تنقید چی -

Critical, *a.* : (۱) تنقیدی ؛ مبصرانہ ؛ معترضانہ ؛ سخن سنجانہ - (۲) دقیقہ رس ؛ باریک بیں - (۳) نازک ؛ اندیشہ ناک ؛ پر خطر ؛ (ریاضی، طبیعیات) فاصل ؛ تغیر نما (زاویہ وغیرہ) -

critically, *adv.* : متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

Criticism, *n.* : تبصرہ ؛ نقد ؛ تنقیدی مضمون ؛ نکتہ چینی -

textual c. : تنقید متن ؛ تحقیق عبارات (خاص کر توراۃ و انجیل کی) -

the Higher c. : تنقید معنوی ؛ تنقید عالی (جو محض لفظی بحث سے بالا تر ہو) -

Criticize, *v. t.* : تنقید یا تبصرہ کرنا ؛ عیب نکالنا ؛ خردہ گیری، نکتہ چینی کرنا -

criticizable, *a.* : قابل تنقید -

Critico- : (ترکیبی جز بمعنی) ناقدانہ -

Critique, *n.* : تبصرہ ؛ تقریظ ؛ تنقید ؛ نو نقد ؛ فنِ تنقید ؛ تنقیدی تحقیق -

Croak, *n.*, & *v. i.* & *t.* : (۱) ٹرٹر (مینڈک کی) ؛ ٹراھٹ ؛ کائیں کائیں ؛ غائیں غائیں- (۲) ٹرٹر ، کائیں کائیں یا کھوں کھوں کرنا ؛ بڑبڑانا ؛ بری آواز نکالنا ؛ (عامیانہ محاورہ) مرنا ؛ جان سے گزرنا ؛ حاں بحق تسلیم ہوجانا - (۳) بری فال نکالنا ؛ مصیبت کے شگون نکالنا ؛ بلاؤں کی پیشین گوئی کرنا ؛

croaky, *a.* : بڑبڑ کرنے یا ٹرانے والا -

Croaker, *n.* : اسم فاعل، مذکورۂ بالا معنوں میں، خصوصاً کلجیبھا ؛ بدفالی کرنے والا -

Croat, *n.* : کروآشیا (علاقۂ یوگوسلاویا) کا باشندہ -

Croceate, *a.* : زعفرانی ؛ کیسری ؛ زعفرانی رنگ -

Crochet(-shi), *n.* & *v. t.* سوزن کاری ؛ کروشیا کاری ؛ موزہ یا شال بننا وغیرہ - (۲) کاڑھنا یا بننا (مڑے ہوئے سوے یا " کروشیا " سے) -

Crocidolite, *n.* : نیلا اس بس توس ؛ پتھر کی روئی (جس سے زیورات وغیرہ بناتے ہیں) -

Crock, *n.* : (۱) مٹی کا برتن ؛ کوزہ ؛ (عام محاورہ) دھات کا برتن - (۲) ٹھیلی ؛ ٹھیکرا ؛ گملے کا روزن بند -

Crock, *n.*, & *v. i.* (بازاری) نالایق یا ناکارہ شخص ؛ تھکا ھارا یا واماندہ گھوڑا ؛ (اسکا چستان میں) بوڑھی بھیڑ -

c. up : تھک جانا ؛ رہ جانا -

Crockyery, *n.* : مٹی یا چینی کے برتن -

Crocket, *n.* : ایک قسم کا پتا یا آویزہ (جو مکان کے در و دیوار پر بطور آرائش بناتے ہیں) -

Crocodile, *n* : گھڑیال ؛ مگرمچھ ؛ نہنگ (خاص کر دریاے نیل کا) - (عام محاورہ) زنانہ مدرسے کی دو دو لڑکیوں کا مل کر چلنا -

c. tears : جھوٹ موٹ کا رونا ؛ ٹسوے -

crocodilian, *a.* : نہنگانہ ؛ مگرمچھ کا -

Crocus, *n.* (pl. -uses) : (۱) کرکم - (۲) ایک قسم کا سفوف (صیقل کے لیے) ؛ جلا؛ آھنی قلعی -

c. sativus : زعفران ؛ کیسر -

Crocsus, *n.* : دولت مند آدمی ؛ قارون -

Croft, *n.* : باڑا ؛ گھیر ؛ چھوٹاکھیت -

Crofter, *n.* : باڑےوالا ؛ (خاص کر اسکا چستان میں) شکمی پٹے دار دار یا شریک کاشت کار -

Cromlech(-k), *n.* : (زمانۂ ماقبل تاریخ کا) کھڑے پتھروں پر آڑے پتھروں کا گھیرا -

Cromorne, Cremona, *n.* : ارگن گھنٹی -

Crone, *n.* : بڑھیا ؛ ڈھتو ؛ بوڑھی بھیڑ -

Crony, *n.* : لنگوٹیا (یار) ؛ گہرادوست؛ سہیلی ؛ بھیلی

Crook, *n.* & *a.*, & *v. t.* & *i.* : (۱) آنکس ؛ آنکڑا ؛ ترسول (پادری کا) - (۲) موڑ ؛ خم ؛ بانک ؛ (نیز ہر) خمیدہ شے - (۳) (عام) بد معاش - (۴) مڑنا ؛ کج یا خم ہونا ؛ موڑنا -

c. -back (ed) : کوزہ پشت ؛ خمیدہ کمر ؛ کبڑا -

on the c. : (عامیانہ محاورہ) بدمعاشی ، بد دیانتی یا فریب سے ؛ دیکھو BY HOOK -

Crooked, *a.* : (۱) مڑا ہوا ؛ خم دار ؛ بل کھایا ہوا ؛ ٹیڑھا بنکا - (۲) کوزہ پشت؛ خمیدہ کمر ؛ کبڑا ؛ بنکا؛ بے ڈول ؛ (استعارتاً) غیر متدین ؛ کھوٹا ؛ فریب آمیز ؛ چال باز - (۳) چلیپائی ؛ چلیپا دار ؛ مڑے دستے کی (لکڑی) -

crookedly, *adv.* : متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

crookedness, *n.* : اسم مذکورۂ بالا معنوں میں -

Croon, *v. t.* & *i.*, & *n.* (۱) گنگناھٹ ؛ گن گن - (۲) گنگنانا ؛

مٹھ ھی منھ میں بولنا یا گانا -

Crop, n.: (۱) پوٹا ؛ حوصلہ (پرندوں کا) - (۲) دستہ ؛ سرا (کوڑے کا) - (۳) فصل ؛ پیدا وار (خاص کر غلے کی) ؛ کاشت ؛ فصل کی کل پیداوار - (۴) مسلم رنگی ہوئی کھال - (۵) (بالوں کی) وضع ؛ تراش ؛ (خاص کر) خشخشی بال - (۶) خاص خاص مقام کا گوشت کا ٹکڑا -

c. -eared: گوش بریدہ ؛ کن کٹا ؛ نیز خشخشی بالوں والا -

hunting-c.: بید جس کے سرے پر چمڑے کی جیب لگی ہوتی ھے -

in, under, out of, c.: کھیت زیر کاشت یا خارج از کاشت -

neck & c.: دیکھو NECK -

Crop, v. t. & i.: (۱) کترنا ؛ کاٹنا چھانٹنا (درختوں کا) ؛ قلم کرنا ؛ تراشنا ؛ پودے کے سرے چر جانا (جانوروں کا)- (۲) بونا ؛ تخم پاشی کرنا ؛ کھیتی کرنا ؛ کھیت یا پود لگانا ؛ پود لگنا ؛ کھیتی اُگنا یا ھونا - (۳) فصل کاٹنا - (۴) پیداوار ھونا - (۵) (خلاف توقع) آپہنچنا ؛ آدھمکنا -

c. out, up, forth: نمودار ھوجانا ؛ اوپر (بروے زمین) آجانا ؛ ظہور کرنا -

Cropper, n.: (۱) کاٹنے یا کترنے یا بونے والا (آدمی یا آلہ) - (۲) بڑ پوٹا ؛ بڑے پوٹے والا کبوتر -

came a c.: (عامیانہ محاورہ) زور سے گرنا ؛ اڑا اڑا دھم -

good, heavy, light, c.: حاصل خیز ؛ سیر حاصل یا کم حاصل (درخت) -

Croopy, n.: خشخشے بالوں والا ؛ مو بریدہ ؛ (تاریخ) انگلستان کے سربریدہ باغی جو انقلاب فرانس کے حامی تھے -

Croquet (-ki), n., & v. t.: (۱) ایک قسم کا کھیل ”کروکے“ - (۲) گیند ھٹانا (حریف کی) ؛ کمان میں گیند پہنچانا -

Croquette (-ket), n.: کوفتے ؛ گولی کے کباب (چاول، آلو یا گوشت وغیرہ کے) -

Crore, n.: کروڑ ؛ سو لاکھ -

Crosier, -zier, (-zhyer), n.: عصاے اُسقف ؛ ترسول -

Cross (-aw-, -o-), n.: (۱) سولی ؛ پھانسی ؛ چلیپا ؛ صلیب (بالعموم چوپارا)؛ خاص کر وہ سولی جس پر حضرت عیسیٰ مصلوب ھوے تھے - (۲) صلیب کا نشان (ھاتھ کے اشارے سے جو عیسائی برکت کے خیال سے ہوا، ماتھے یا سینے پر بناتے ھیں) - (۳) ترسول؛ عصاے صلیبی (جس کے سر پر صلیب کی شکل ھو) - (۴) آزمائش ؛ ابتلا ؛ زحمت ؛ کوفت ؛ مشقت - (۵) مسیحی مذھب - (۶) یادگاری نشان؛ عمارت وغیرہ بشکل صلیب - (۷) (دو نسلوں کی) آمیزش؛ پیوند ؛ جوڑ ؛ دوغلا ؛ دو نسلا (جانور) - (۷) آمیزش ؛ میل (دو چیزوں کا) ؛ بین بین (یعنی دو مختلف چیزوں کی خصوصیات کا جامع)؛ (عامیانہ محاورہ) فریب؛ دغا ؛ ٹھگائی -

(Southern) C.; کواکب جنوبی ، تاروں کے ایک جھمکے کا نام -

c. -bearer صلیب بردار -

fiery c.: خونی صلیب (اسکاٹستان میں لوگوں کو اشتعال دلانے یا جہاد پر اُبھارنے کی ایک مقررہ علامت) -

Greek, Latin etc., c.: یونانی ، لاتینی وغیرہ مختلف اشکال و اوضاع کی صلیبیں -

on the c.: وتر کی شکل میں ؛ بصورت وتر -

Victoria, Grand, C: ایک اعلیٰ رتبے کا تمغا وغیرہ -

crosslet, n.: چھوٹی صلیب ؛ صلیبچی -

crosswise, adv.: مثل صلیب ؛ بہ انداز چلیپا -

Cross, v. t. & i.: (۱) چلیپا بنانا (تلواروں وغیرہ کا) ؛ صلیب بنانا (بلیات سے محفوظ رھنے کے لیے) - (۲) قلم کھینچنا ؛ کاٹنا بنا دینا ؛ کاٹ دینا ؛ قلم زد کر دینا - (۳) لکھی ھوئی عبارت پر لکھنا (خط کے) - (۴) پار ھونا ؛ اُترنا ؛ عبور کرنا ؛ طے کرجانا (رستے ، دریا وغیرہ کو)؛ پار اُتارنا ؛ پار کرانا یا لےجانا - (۵) سوار ھوجانا - (۶) گزر جانا (ایک دوسرے کے پاس سے) ؛ ملاقی یا دو چار ھوکر نکل جانا ؛ رستے میں ملنا - (۷) جفت کرنا ؛ (دو نسلوں کو) پیوند لگانا یا ملانا ؛ دوغلا بنانا - (۸) دشواری پیدا کرنا ؛ حائل ھونا (انسان یا منصوبے وغیرہ کی راہ میں) -

c. cheque: جس پر دو آڑی لکیریں کھنچی ھوں اور رقم کسی کے کھاتے میں درج کردی جاے -

c. fortune-teller's hand with: کس کے ھاتھ دھرنا (روپیہ وغیرہ) ؛ دینا -

c. one's mind: خیال گزرنا ؛ دل میں آنا ؛ سوجھنا -

c. the path of: ملاقی ، دو چار یا مٹ بھیڑ ھونا ؛ رستہ کاٹنا ؛ حائل ھونا ؛ مخالفت کرنا ؛ روکنا -

two persons' letters c.: دو شخصوں کے خطوط کا ، جو ایک دوسرے کے نام ھوں ایک ھی وقت میں راستے میں ھونا -

Cross, a.: (۱) آڑا ؛ ترچھا ؛ اُریب ، (۲) قطع کناں ؛ متقاطع ؛ ایک دوسرے کو کاٹتے ھوے - (۳) متضاد ؛ معارض ؛ مخالف ؛ (عام محاورہ) چڑچڑا ؛ چڑا ندا ؛ تنک مزاج ؛ ترش رو - (۴) (عامیانہ محاورہ) بد دیانت ؛ فریب کی کمائی -

c. bench: غیر جانب داروں کی نشست (پارلیمنٹ میں) -

c. -bench: غیر جانب دار ؛ آزاد ؛ الگ ؛ بے غرض -

c. -bred: دوغلا ؛ دو نسلا -

c. entry: (بہی کھاتا) تحویل یا انتقال رقوم (دوسرے کھاتے میں) ؛ ایک رقم کا جمع و خرچ کی مدات میں اندراج -

c. -patch: بد مزاج ؛ بد خو -

c. referecne: اندرونی حوالہ یا اشارہ (یعنی کتاب کے ایک حصے میں دوسرے حصے کا حوالہ) -

c. voting: (خود اپنے فریق کے) خلاف راے دھی -

crossly, adv., crossness, n.: متعلق فعل اور اسم ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

Cross-: بطور سابقہ حسب ذیل معنوں میں آتا ھے -

c.-bearer, -bow: (۱) اضافت یا صفت ؛ جیسے : چوب کمان ؛ وضعی کمان -

c. breed, -fertilize, -fire: (۲) افعال کے ساتھ (بطور متعلق فعل) جیسے : دو مختلف نوع یا نسل کے درختوں یا جانوروں کا پیوند لگانا دو رخی باڑ یا گولہ اندازی -

c.-country: (۳) بطور حرف، جیسے: جنگل یا میدان کی راہ سے -

Crossbelt, n.: کارتوس وغیرہ کی پیٹی -

Crossbill, n.: پرندوں کی وہ قسم جس کی چونچ کے سرے اوپر نیچے نکلے رھیں -

Cross-bones, n. pl.: سر کی شکل اور اس کے نیچے دو آڑی

ھڈیاں ؛ خطرے یا موت کی علامت -

Cross-bow, *n.* : ایک قسم کی کمان جس میں تیر یا پتھر رکھ کر پھینکتے ھیں -

Cross-buttock, *n.*, & *v. t.* : اڑنگا ؛ کولھے کا داؤ ' کولھے پر لاد کے پھینکنا -

Cross-cut, *n.* : (۱) آڑی کاٹ ؛ پاس کا رستہ ؛ اڑانگ رستہ - (۲) پہیے دار کھڑاوں (اسکیٹنگ) کی ایک شکل یا چک پھیری

Crosse, *n.* : لکروس کھیل کا بلا (ھاکی کی قسم کا کھیل) -

Cross-examine, *v. t.* : جرح کرنا ؛ پھیر پھار کے پوچھنا ؛ عدالت میں سوال در سوال کرنا -

cross-examination, *n.* : جرح -

Cross-grain, *n.* : (لکڑی کی بناوٹ میں) دانہ دردانہ ؛ اُلٹا ریشہ -

Cross-grained, *a.* : (۱) کھر دری ؛ بے قاعدہ یا اُلٹے ریشے کی (لکڑی) - (۲) اوندھی کھوپڑی کا ؛ سرپھرا -

Cross-hatch, *v.t.* : چو خانے بنانا ؛ چلیپا کاٹنا یا کندہ کرنا -

Cross head(ing), *n.* : اخبار وغیرہ کے مضامین کی وہ سرخیاں جو مضمون کے ھر پارے کے شروع میں دی جاتی ھیں -

Crossing, *n.* : افعال مذکور کا اِسم ' خصوصاً چو راھا ؛ چوپڑ ؛ دو رستوں کے ایک دوسرے کو قطع کرنے کی جگھہ -

c.-sweeper : چوراھے کا مہتر ؛ چوپڑ کا جاروب کش -

level c. : ریل چوپڑ -

Cross-legged, *a.* : چار زانو ؛ آلتی پالتی مارے ھوئے ؛ ٹانگ پر ٹانگ رکھے ھوئے -

Cross-light, *n.* : روشنی پر روشنی ؛ جوابی یا مقابل کی روشنی ؛ (استعارتاً) (کسی) مضمون کی توضیح دوسرے پہلو سے کرنا -

Cross purposes, *n. pl.* : (۱) مختلف یا متضاد مقاصد - (۲) آن مل بازی (ایک قسم کا کھیل) -

be at c. : ایک ھی مقصد کے لیے دو یا زیادہ شخصوں کا مختلف منصوبے سوچنا ؛ باھمی غلط فہمی ھوجانا -

Cross-question, *n.* : جرح ؛ جرح الجرح -

c. questions & crooked answers : ایک قسم کا کھیل ؛ جیسے : مکھو یا کہہ مکرنی -

Cross-road, *n.* : چار سو ؛ چوپڑ کی سڑک ؛ چوراھا -

Cross-stitch, *n.* : (کشیدہ) کاڑھنے میں چو پارے کے ٹانکے یا زنجیرہ -

Cross-trees, *n. pl.* : مستول چوب (تختے جو دوسرے مستول کے سنبھالنے کے لیے لگے ھوتے ھیں) -

Cross-word, *n.* : لفظی معموں کا نقشہ -

Crotchet, *n.* : (۱) (موسیقی) چوتھائی سر کی علامت - (۲) لٹک ؛ ترنگ - (۳) آنکڑا ؛ کانٹا -

اُسی سے اِسم فاعل :

crotcheteer, *n.* : ترنگیا ؛ موجی -

crotchetiness, *n.* : موجی پن ؛ نرالا پن -

crotchety, *a.* : موجی ؛ نرالا ؛ انوکھا -

Croton, *n.* : پودوں کی ایک جنس ' جس کی ایک نوع جمال گوٹا ھے اور اُس کا تیل (*c.-oil*) تیز مسہل ھے -

Crouch (-ow-), *v. i.*, & *n.* : دبنا ؛ دبکنا ؛ پاؤں پڑنا ؛ لجاجت کرنا -

crouching, *n.* : لجاجت وغیرہ -

Croup(e) (-oo-), *n.* : دمڑکا پچھلا حصہ ؛ پٹھا (خاص کر گھوڑے کا) -

Croup(-oo-), *n.* : اِلتھاب یا ورم حلق جس سے بچوں کو کھانسی ھوجاتی ھے -

Croupier (-oo-), *n.* : (۱) محاسب قمار خانہ ؛ جواریوں کا خزانچی جو میز کے ایک سرے پر بیٹھا رھتا ھے ؛ نال لینے والا - (۲) نائب صدر (پبلک ڈنر میں) -

Crow(-o), *n.* : (*Carrion C.*) پرندوں کی ایک قسم خاص کر کوا ؛ زاغ ؛ کاگا

c.(-bar) : سابر ؛ سبل -

crowberry : ایک چھوٹی جھاڑی کا پھل -

c.-bill : چمٹا ؛ آنکڑا (گولیاں وغیرہ نکالنے کے لیے) -

crowfoot : درختوں کی بعض قسمیں خاص کر مروا یا تلسی ؛ (بحری) رسوں یا الگنیوں کا چار خانہ ؛ گوکھرو (لوھے کے کانٹے جو دشمن کے رستے میں بچھاتے ھیں) -

c.quill, *c.-quill*, : لوھے کے قلم کی بہت مہین زبان یا پتی -

c.'s-foot : شکن ؛ (بیرونی گوشۂ چشم کی) جھریاں -

c.'s-nest : کشتی کا دیدبان -

c.-toe : CALTROP کا مرادف -

as the c. flies, in a c. line : ناک کی سیدہ ؛ سیدھا خط مستقیم -

have a c. to pluck with him : جھگڑا یا حجت نکالنا ؛ عیب جوئی کا بہانہ ڈھونڈنا -

white c. : سفید کوا (یعنی نادرالوجود) -

Crow, *n.* : (۱) مرغ کی بانگ یا ککڑوں کوں - (۲) بچے کی غوں غوں ؛ کل کاری -

Crow (-o), *v. i.* (past *crew* or *Crowed*, p. p. *crowed*) : (مرغ کا زور سے) کُڑ کڑانا ؛ (بچے کا) غوں غوں کرنا ؛ کل کاری مارنا - ظفر مند ھونا ؛ فخر کرنا -

c.over :

Crowd, *n.* : (۱) بھیڑ ؛ انبوہ ' ازدحام ' جمگھٹا ؛ جم غفیر - (۲) ڈھیر ' کثرت (چیزوں کی) -

c.of sail : (بحری) بہت سے بادبان -

the c. : عوام الناس ؛ جمہور ؛ خلقت ؛ (عام محاورہ) مجمع ؛ ساتھ والے ؛ ٹکڑی ؛ ٹولی ؛ گروہ -

would pass in a c. : بہت گھٹیا نہ ھونا ؛ کوئی نمایاں نقص نہ رکھنا -

Crowd, *v. i.* & *t.* : جماو یا بھیڑ بھاڑ ھونا ؛ ازدحام ھونا ؛ بھر جانا ؛ ٹھنس جانا ؛ دھنسے پڑنا ؛ (بحری) بڑھے چلنا ؛ تیز بڑھنا (جہازوں یا ملاحوں کا) -

c. out : جگھہ نہ ملنا ؛ باھر ھوجانا ؛ رہ جانا (بھیڑ کی وجہ سے) -

c. sail : پال یا بادبان کھولنا (غیر معمولی تعداد میں) -

Crown, *n.* : (۱) سہرا ؛ تاج ؛ مکٹ ؛ سر پیچ (پھولوں کا جو فتح و کامیابی کی علامت ھو) ؛ (استعارتاً وغیرہ جیسے: (*martyr's c.* تاج شہادت ؛ خلعتِ شہادت - (۲) تاج شاھی ؛ دیہیم ؛ افسر اکلیل - (۳) (اِستعارتاً) بادشاہ یا ملکہ ؛ بادشاھی ؛ شاھی اقتدار - (۴) تاج نما زیور (مختلف قسم کے) - (۵) ایک

انگریزی سکہ = ۵ شلنگ ؛ بعض اور ملکوں کے سکے خاص کر "کرونے" (آسٹریا کا سکہ = تقریباً اشلنگ) - (۶) چوٹی ؛ سرا یعنی چندیا ' نیز پورا سر ؛ کھوپڑی - (۷) (عمارت) گولمبر ؛ گولا (چھتر یا محراب کا) - (۸) تراشے ہوئے ہیرے کی چوٹی - (۹) چندرا (ٹوپی کا) ؛ کاغذ کی ناپ (۱۵ × ۲۰ انچ) - (۱۰) دانت کا وہ حصہ جو مسوڑھے سے باہر ہوتا ہے-

C.-Colony : ملک محروسہ ؛ شاہی علاقہ (جو براہ راست بادشاہ کی حکومت میں ہو) -

c.-Derby : چینی کے ظروف ڈربی (جن پر اکثر تاج کا نشان بنادیتے ہیں) -

c.-glass : گول شیشا (کھڑکیوں وغیرہ میں لگانے کا) -

c.-land : صرف خاص ؛ بادشاہ کی نج کی زمین -

c.law : قانون تعزیری یا فوجداری -

c.lawyer : سرکاری وکیل -

C.office : دیوان عدالت ؛ وزیر عدالت کا دفتر -

C.prince, C.princess : ولی عہد ' ولی عہد بیگم (خاص کر جرمانیا اور شمالی یورپ میں)

c.-wheel : سیدھے دندانوں کا پہیا ؛ نیز دیکھو CONTRATE -

no cross no c. : (ضرب المثل) سچی کامیابی کے لیے جانفشانی شرط ہے -

Crown, *v.t.* : (۱) تاج پہنانا ؛ تخت نشین کرنا ؛ (استعارتاً) سرفراز کرنا ؛ بخشنا ؛ انعام دینا - (۲) زیب سر ' زیبائش موزوں ہونا ؛ (استعارتاً) سب سے بڑھ کر ہونا ؛ طرہ ہونا - (۳) کامیاب ہونا ؛ انجام کو پہنچنا ؛ مکمل کردینا ؛ (ڈرافٹس کے کھیل میں) مہرے کا بادشاہ بننا -

c. a tooth : ناقص دانت کی حفاظت کے لیے اُس پر سونے وغیرہ کا ٹوپ چڑھانا -

Crowned, *a.* : صفت ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

high, low, -c. : اونچے ' نیچے چندرے کی (ٹوپی) -

Crowner, *n.* : متروک بمعنی CORONER -

Croydon, *n.* : ایک قسم کی ٹمٹم ؛ ڈُھپیا (گاڑی) -

Crucial(-ooshal), *a.* : قطعی ؛ فیصلہ کن ؛ معرکے کا ؛ نازک ؛ معیاری ؛ (تشریح) چلیپائی ؛ چوپارے کی شکل کا -

Crucian,-sian,(-ooshn), *n.* : ایک قسم کی چھوٹی زرد مچھلی -

Cruciate(-oosh-), *a.* : (نباتیات ' حیوانیات) چلیپائی ؛ چوپاری ؛ صلیب نما -

Crucible(-oo-), *n.* : کٹھالی ؛ (استعارتاً) سخت آزمائش ؛ مشکل امتحان ؛ نازک موقع -

Cruciferous, *a.* : صلیب در گلو ؛ صلیب آراستہ یا صلیب پہنے ؛ (نباتیات) چہار برگ ؛ صلیب نما (پھولوں کی ایک صنف جن میں چار پنکھڑیاں بشکل چلیپائی ہوتی ہیں) -

Crucifix(-oo-), *n.* : حضرت عیسی کی تصویر (مصلوب) ؛ (غلط استعمال) صلیب -

Crucifixion, *n.* : دار کش ؛ حضرت عیسی کا صلیب پر چڑھایا جانا ' نیز اُس کی تصویر -

Cruciform, *a.* : صلیب نما ؛ صلیب صورت ؛ چلیپائی -

Crucify, *v.t.* : صلیب پر چڑھانا ؛ سولی دینا ؛ (استعارتاً) نفس مارنا ؛ دبانا ؛ گلا گھونٹنا (جذبات یا خواہشوں کا) ؛ صلیب بنانا (فوجی سپاہیوں کی سزا ' مشکیں کسنا ' کہ اُن کے ہاتھ باندھ کر مثل صلیب کے کردیے جاتے تھے) -

Crude, *a.* : کچا ؛ خام ؛ (حالت طبعی میں) غیر پختہ ؛ غیر منہضم ؛ ادھورا ؛ نا تمام ؛ ادھ بنا ؛ (استعارتاً) نامہذب ؛ بے ڈھنگا ؛ دریدہ دھن ؛ کندۂ نا تراش ؛ گنوارو ؛ بھونڈا ؛ اندھا (کم جلا کیا ہوا) ؛ (نحو) غیر منصرف -

crudely, *adv.* : متعلق فعل ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

crudeness, crudity, *nn.* : خامی ؛ بھونڈا پن وغیرہ -

Cruel(-ooil), *a.* : (۱) ظالم ؛ سفاک ؛ بے رحم ؛ بے درد - (۲) ظالمانہ ؛ درد ناک ؛ الم انگیز -

cruelly, *adv.* : متعلق فعل ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

cruelty, *n.* : ظلم ؛ سفاکی وغیرہ -

Cruet(-ooit), *n.* : (۱) چھوٹی بوتل یا سرکہ دانی (جو کھانے کی میز پر رکھی جاتی ہے) - (۲) عشاے ربانی کا برتن -

c.-stand : لٹکنی ؛ بوتل دانی -

Cruise(-ooz), *v.i. & n.* : (۱) بحری گشت کرنا ؛ جہاز پھرانا (لوٹ مار حفاظت یا سیر کی غرض سے) ؛ دریا گردی کرنا ؛ (نیز استعارتاً) گشت لگانا ؛ اِدھر اُدھر پھرنا - (۲) بحری سفر ؛ بحری گشت ؛ دریا گردی -

Cruiser, *n.* : بحر گرد یا پھرا کو جہاز (جو گشت کے لیے خاص طور پر موزوں ہوتا ہے) ؛ کروزر -

armoured c. : نیم مسلح جنگی جہاز ؛ بحر گرد جنگی -

belted c. : دیکھو BELT -

protected c. : جنگی عرشے کا جہاز -

unprotected c. : جہاز جس میں جنگی عرشہ نہ ہو -

Cruive(-oov), *n.* : (اسکاٹستان میں) جھاب ؛ جھلی ؛ ٹوکرا (مچھلیاں پکڑنے کا) -

Crumb(-m), *n., & v. t.* : (۱) ٹکڑے (روٹی کے) ؛ بھورا یا چورا ؛ (استعارتاً) سد رمق ؛ قدر قلیل - (۲) (روٹی کا) گودا ؛ (بیچ کی) ٹکیا - (۳) روٹی کے چورے سے غلافنا -

c.-cloth : زیر انداز -

crumby(-mi), *a.* : چور چور ؛ تڑتا ہوا ؛ چٹختا ہوا ؛ (نیز) نرم ؛ پولا ؛ گودے دار -

Crumble(-bl), *v. t. & i.* : ٹوٹنا ؛ چور ہوجانا یا کردینا ؛ ریزہ ریزہ یا ٹکڑے ٹکڑے ہو جانا یا کردینا (نیز استعارتاً) -

Crumbly (-bli), *a.* : بوسیدہ ؛ بھر بھرا ؛ ٹوٹن ہارا ؛ چورا ہوجانے والا -

Crummy, *a.* : (بازاری) موٹی ؛ چکنی چپڑی ؛ موٹی چڑیا (یعنی مالدار عورت) -

Crumpet, *n.* : کلچا (میدے ' انڈے اور دودھ سے بنا ہوا) ؛ (سوقیانہ) سر ؛ نیز دیکھو BARMY -

Crumple, *v. t. & i.* : مروڑی دینا ؛ چننا یعنی چنٹیں ' چرسیں یا سلوٹیں ڈالنا یا پڑ جانا -

Crump, *v. t. & n.* : زور سے مارنا (کرکٹ کی گیند کو) ؛ زور سے کرنا - (۲) (فوجی) پھٹتا ہوا گولہ -

Crunch, *v. t. & i., & n.* : (۱) چر مر کرنا ؛ کرم کرم کرنا (دانتوں سے ' یا کنکروں کا) ؛ روندتے ہوئے آنا ؛ کھندلتے ہوئے چلنا - (۲) کرم کرم ؛ چرمر (آواز) ؛ چرمراہٹ -

c. up, through : چرمر کرتے گھسنا یا رستہ طے کرنا (کنکروں وغیرہ پر سے) -

Crupper, *n.*: دمچی ؛ لید خورا ؛ (گھوڑے کی) سرین -

Crural(-oo-), *a.*: (تشریح) ٹانگ یا ران کا -

Crusade, *n.*, & *v. i.*: صلیبی جنگ ' (بیت المقدس مسلمانوں سے لینے کے لیے) ؛ مسیحی جہاد ؛ (استعارتاً) کسی بداخلاقی کے خلاف جہاد یا کوشش -

crusader, *n.*: مسیحی مجاہد -

crusado, *n.*: ایک پرتگالی سکہ = تقریباً 2 ⅓ شلنگ -

Cruse(-s,-z), *n.*: (متروک) ھنڈیا ؛ کوزہ (مٹی کا) -

widow's C.: عمر عیار کی زنبیل ؛ بے پایاں ذخیرہ -

Crush, *v. t.* & *i.*: پیسنا ؛ بھینچنا ؛ دبانا ؛ کچلنا ؛ مسل ڈالنا (کپڑے کو) ؛ (استعارتاً) دشمن کو مغلوب کرنا ؛ کچل دینا ؛ پا مال کردینا -

c. a cup of wine: قدح چڑھا جانا ؛ شراب پینا -

c. into: بھنچ بھنچا کے گھس آنا یا رستہ پالینا -

c. out: مٹا دینا ؛ تہس نہس کردینا -

a crushing reply: دنداں شکن جواب ؛ مسکت جواب -

Crush, *n.*: جمگھٹا ؛ بھیڑ بھڑکا ؛ دھکا پیل ؛ (عام روز مرہ) مجمع کثیر ؛ بھر پور جلسہ یا محفل -

c. hat: تہہ ھوجانے والی ٹوپی (یورپ کی محفلی ٹوپی جس کے اندر کمانی لگی ھوتی ھے اور دباو پڑنے سے بجائے ٹوٹنے کے تہہ ھوجاتی ھے) -

c.-room: عام کمرا یا دالان (خاص کر تماشا گاھوں میں جہاں لوگ وقفوں میں چلے جاتے ھیں) -

Crust, *n.*, & *v. t.* & *i*: (۱) چھلکا ؛ پرت ؛ پپڑی یا پاپڑ (روٹی کا) ؛ (برتن کی) پپڑی ؛ بالائی ؛ سطح منجمد - (۲) (روٹی کا) سوکھا ٹکڑا ؛ نیز وہ پرت یا پپڑی جو انگریزی کھانے "پائی" کے اوپر جماتے ھیں ؛ پائی پرت - (۳) بکل ؛ چھال ؛ خول ؛ قشر ؛ کھرنڈ ؛ پپڑی ؛ (ارضیات) قشرارض ؛ سطح بالائی ؛ طبقۂ بریں ؛ پرت - (۴) (استعارتاً) بالائی یا سطحی چیز "لفافہ" - (۵) چھلکا ڈالنا ؛ پرت جمانا ؛ نیز چھلکا آجانا ؛ خول جمنا ؛ پپڑی جم جانا -

c. [illegible]: بارہ سنگے کا شکار (جو جمی ھوئی برف پر کھیلتے ھیں) -

c. of wine: شراب کی پھپھوندی جو بوتل کے پہلووں پر جم جاتی ھے -

Crustacea(-sha), *n. pl.*: حیوانات قشریہ ؛ خول والے جانور (جیسے کیکڑا وغیرہ) -

crustacean, *a.* & *n.*: قشری ؛ خول دار -

crustaceology, *n.*: حیوانیات قشریہ (کا علم) -

Crustaceous, *a.*: قشر نما ؛ خول دار ؛ (حیوانیات) قشری صنف سے متعلق -

Crusted, *a.*: پرت والا ؛ چھلکا آیا ھوا وغیرہ ؛ (استعارتاً) کہن سال ؛ دیرینہ ؛ قابل احترام (خیال وغیرہ) ؛ پھپوندی لگی شراب -

Crusty, *a.*: (۱) پرقشر ؛ پر خول ؛ سخت - (۲) بد مزاج ؛ چڑ چڑا ؛ کُھرّا -

crustily, *adv.*: متعلق فعل ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

crustiness, *n.*: اسم ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

Crutch, *n.*: عصا (مڑا ھوا) ' خاص کر بیساکھی ؛ ٹیکا ؛ سہارا (نیز استعارتاً) ؛ (جہازیوں کی اصطلاح) مختلف قسم کی تینچیاں ' اڑواڑیں وغیرہ -

crutched, *a.*: بیساکھی لگائے ؛ سہارا لیے ؛ نیز تینچی میں پھنسا یا جما ھوا -

Crutched Friars, *n. pl.*: (۱) مسیحی فقرا کا ایک گروہ جو گلے میں صلیب ڈالے رھتا ھے - (۲) اُن کی خانقاہ واقع لندن -

Crux, *n.*: معما ؛ پیچ ؛ عقدہ ؛ دشواری ؛ مرحلہ ؛ مشکل معاملہ -

Cry, *n.*: (۱) چیخ ؛ بلند و اضطراری آواز ؛ چلاھٹ (خوشی یا رنج کی حالت میں) - (۲) چیخ ؛ پکار ؛ ھنگامہ ؛ شور ؛ غوغا - (۳) فریاد ؛ التجا ؛ الحاح و زاری - (۴) اعلان ؛ منادی (سامان بازار میں بکنے کی) ؛ صدا ؛ بولی ؛ آواز (خوانچے والوں کی) - (۵) چرچا ؛ افواہ ؛ صدائے خلق ؛ عام آوازہ ؛ عام کہن - (۶) بانگ ؛ للکار ؛ نعرہ - (۷) آہ و زاری ؛ نالۂ بے اختیار ؛ واویلا - (۸) کتوں کا چلانا (شکار کے تعاقب میں) ؛ (نیز استعارتاً بمعنی) پیچھا ؛ تعاقب -

c.-baby: طفل مزاج ؛ بودا ؛ بچوں کی طرح رو دینے والا -

a far c.: دور کی بات ؛ بعید -

within c.: آواز کی پہنچ کے اندر -

Cry, *v.t.* & *i.*: (۱) چیخنا ؛ چلانا ؛ پکارنا ؛ آواز دینا وغیرہ مثل اسمائے ما قبل - (۲) بیچنے کی چیز کا نام لے کر پکارنا آواز لگانا - (۳) (جانوروں کا) زور سے بولنا ؛ آواز نکالنا - (۴) کتوں کا بھونکنا ؛ قیں قیں کرنا - (۵) مانگنا ؛ طلب کرنا ؛ (کسی چیز کے لیے) ضد کرنا ؛ مچلنا -

c.down: مذمت یا منقصت کرنا ؛ گراکے بیان کرنا -

c. halves: ساجھا کرنا ؛ چاھنا ؛ حصہ مانگنا ؛ آدھوں آدھ کی ٹھہرانا -

c.off: خرید یا معاملہ کرنے سے باز آنا ؛ دست بردار ھوجانا -

c. oneself to sleep: روتے روتے سوجانا -

c. one's heart out-c.bitter tears: رونا ؛ نالہ و زاری کرنا -

c.shame upon: تبرا بھیجنا ؛ مخالفت کرنا ؛ اعتراض کرنا (خاص کر آدمی یا فعل پر) -

c. stinking fish: اپنی چھاچھ کو کھٹی بتانا ؛ خود اپنے مال کو برا بتانا -

c. up: بڑھانا چڑھانا ؛ تعریف کرنا -

Crying, *a.*: صفت ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

c. evils: خاص توجہ کے قابل یا صریحی مفاسد ؛ کھلی خرابیاں ؛ شدید خرابیاں -

Cryogen, *n.*: برف جمانے والا عرق یا مسالا ؛ نیز برف آمیختہ شے (جمانے کے لیے) -

Crypt, *n.*: زمین دوز حجرہ ؛ تہ خانہ ؛ سردابہ (گرجا کے نیچے قبر کے لیے) -

Cryptic, *a.*: مخفی ؛ باطنی ؛ پر اسرار -

Crypt (o)-: (ترکیبی جز بمعنی) مخفی ' پوشیدہ ؛ جیسے :

cryptobranchiate: چھپے گلپھڑوں والا -

crypto-Calvinism: چھپی کالونیت یا کالون کے مصلح دین مسیحی کی اقتدا -

cryptology: رمز و اسرار زبان ؛ معما گوئی -

Cryptogam, *n.*: بے گلا درخت؛ بے پھول کا پودا؛ بن پھلیا -
cryptogamic, cryptogamous, *aa.*: بے گل؛ بن پھلیا -
cryptogamist, *n.*: CRYPTOGAMY کا عالم -
cryptogamy, *n.*: نباتیات کی وہ شاخ جس کا تعلق بے پھل پھول کے پودوں سے ہو -
Cryptogram, -graph, *nn.*: خط رمز کی تحریر؛ رمزی تحریر -
cryptographer, *n.*: رمز نویس -
cryptographic, *a.*: رمزی -
cryptography, *n.*: خط رمز -
Crtystal, *a.* & *n.*: (۱) شفاف؛ برف سا؛ گوہر آسا؛ بلور؛ بلورین؛ بلور نما - (۲) (شاعری) کوئی شفاف شے، خاص کر آب مصفا -
c. -gazing: عمل حاضرات جو شیشے یا روشنائی پر نگاہ جما کر کیا جائے (آئندہ حالات معلوم کرنے کے لیے) -
c. glass: (۱) آبگینہ؛ بلوری شیشہ؛ نہایت شفاف شیشہ - (۲) ظرف بلوری -
C. Palace: اِنگلستان کی ایک عمارت "شیش محل" جس میں نمائشیں، رقص و سرود کے جلسے ہوا کرتے ہیں -
c. vision: مناظر غیبی؛ مکاشفہ؛ پیشین گوئی -
rock -c.: سنگ بلور؛ بلور کا ٹکڑا یا قلم -
Crystalline (-i- or -i-), *a.*: بلوری؛ بلور ساختہ؛ بلور آسا؛ صاف شفاف -
c. heaven: (قدیم نظام ہیئت) فلک وسطی -
c. Lens: زجاجیہ؛ عدسۂ چشم -
Crystallize, *v. t.* & *i.*: بلور بننا یا بنانا؛ قلم بلور ہوجانا؛ تبلور؛ (اِستعارتاً) کسی شے کا معین یا قدیم شکل اِختیار کرنا -
crystallizable, *a.*: قلم پذیر؛ قلم بننے جوگ -
crystallization, *n.*: قلم بننے کی صلاحیت؛ قلم پذیری -
Crystallo-: (ترکیبی جز بمعنی) بلور؛ بلوری؛ بلور نما؛ جیسے:
crystallogenic: قلم بلور کی ساخت سے متعلق؛ بلوری -
crystallogeny: ساخت قلمیات کا علم -
crystallographer: بلوریات یا قلمیات کا عالم یا محقق -
crystallographic: بلوریات یا قلمیات سے متعلق -
crystallography: ماہیت بلوریات یا قلمیات کا علم -
Crystalloid, *a.* & *n.*: بلوری؛ بلور شکل؛ بلور اصل (والی شے)؛ قلم نما -
Ctenoid (t-), *a.* & *n.*: شانہ نما مچھلی؛ (adj) شانہ نما -
Cub, *n.*, *v. t.* & *i.*: (۱) پلا؛ (ریچھ، کتے یا کسی درندے کا) بچہ؛ تیندوا؛ بوربچہ - (۲) نامہذب یا بے تمیز لڑکا (۳) بیانا؛ بچہ جننا؛ پلا ڈالنا -
cubbish, *a.*: پلے جیسا -
cubhood, *n.*: بچپن -
Cubage, -ature, *nn.*: کعبیت؛ جسامت؛ گنجائش مکعب؛ ماتی المکعب؛ گنجائش مکعب کا دریافت کرنا -
Cubbing, *n.*: تیندوے وغیرہ کا شکار -
Cube, *n.*, & *v. t.*: (۱) مسدس مستوی؛ کعب؛ شش پہلو - (۲) مکعب؛ تیسرے درجے کی قوت - (۳) عدد مکعب یا جسامت مکعب معلوم کرنا؛ مکعب بنانا یا جماتے جانا -
c. powder: شش پہلو دانوں کی بارود؛ چھلا کوری دانوں کی بارود -
c. -root: جذر الکعب؛ تیسرے درجے کا آثار (مثلاً ۸ کا جز مکعب ۲)-
Cubeb, *n.*: کبابہ؛ کباب چینی - [عربی لفظ 'کبابہ' سے] -
Cubic, *a.*: مکعب -
c. content (of solid): مانی المکعب، جو عدد میں ظاہر کیا جائے -
c. equation: تکھن یا مکعب عدد، جیسے مساوات مکعب -
c. yard: مکعب گز -
cubical, *a.*: کعبی؛ مکعبی -
cubically, *adv.*: ازروے مکعب -
Cubicle, *n.*: طالب علموں کے کمرے (خواب گاہ)؛ طالب علموں کی خواب گاہ -
Cubiform, *a.*: شبہ مکعب؛ کعب نما -
Cubism, *n.*: مہندسانہ نقاشی (فن تصویر کا ایک جدید اسلوب جس میں اشیا کو اِس طرح دکھاتے ہیں کہ وہ اشکال ہندسی کا مجموعہ نظر آئیں) -
cubist, *n.*: مہندسانہ نقاش -
Cubit, *n.*: ایک قدیم پیمانہ ۱۸ سے ۲۲ اِنچ تک؛ ہاتھ (کہنی سے انگلیوں تک)؛ درع؛ نیم گز -
Cubital, *a.*: انسان یا حیوان کے ہاتھ یا بانہہ کے اگلے حصے سے متعلق -
Cuboid, *a.* & *n.*: کعب شکل؛ مکعب؛ کعبیہ؛ نیز سطح مستوی -
cuboidal, *a.*: مکعبی؛ سطح مستوی کا -
Cucking -stool, *n.*: ڈاڈ یبی کرسی؛ غوطہ کرسی (ایک قسم کی کرسی جس میں بدزبان عورتوں یا دغا باز دکان داروں کو بند ہوا تے یا پانی میں بطور سزا غوطے دلواتے تھے) -
Cuckold, *n.*, & *v. t.*: (۱) قرمساق؛ دیوث - (۲) قرمساق بنانا -
Cucoo (koo-), *n.*: ککو؛ کوئل جیسا پرند؛ خوش آواز پرند؛ (اِستعارتاً) بیوقوف؛ سادہ لوح؛ اُلو -
c. clock: کوئل گھڑی جو کوئل کی آواز کی طرح بجتی ہے -
c. -flower: پھولوں کی ایک قسم جس میں سنبل وغیرہ داخل ہیں -
c. -pint: پودوں کی ایک قسم -
c. -spit: کیڑوں کا لعاب جس میں وہ انڈے لپیٹ دیتے ہیں -
Cucullate (d), *a.*: (نباتیات، حیوانیات) غلافی؛ ٹوپی دار -
Cucumber, *n.*: ککڑی؛ کھیرا؛ خیار -
cool as a c.: مطمئن؛ غیر مضطرب؛ مجتمع خاطر؛ ضابط -
Cucurbit, *n.*: کدو کی قسم کے درخت -
cucurbitaceous, *a.*: خیاری نوع کا -
Cud, *n.*: جگالی؛ پاگر (جگالی کرنے کا فعل اور وہ غذا جس سے جانور جگالی کرتا ہے) -
chew the c.: جگالی کرنا؛ (اِستعارتاً) سوچ بچار کرنا؛ اُدھیڑ بن میں ہونا -
Cudbear *n.*: سرخ یا ارغوانی (رنگ کا) سفوف (جسے مختلف بیزوں کی کائیوں سے بناتے ہیں) -
Cuddle, *v. t.* & *i.* & *n.*: چمٹانا؛ گلے لگانا؛ بغل گیر ہونا؛

لڈ پیار کرنا؛ گلے لگا کے سونا ؛ہم آغوش ہونا ؛کلیاں ڈالنا ؛آرام سے سونا ؛پڑ رہنا ؛ کلا لی ملا لی مارنا - (۲) ہم آغوشی ؛بغل گیری -

Cuddy, *n.* : چھوٹے جہاز کا کیبن ؛ حجرہ ؛ کوٹھری ؛ الماری -

Cuddy, *n.* : (۱) (اسکا ٹستان) گدھا ؛ خر - (۲) مچھلی کا بچہ - (۳) بیوقوف ؛ احمق ؛ ہونق - (۴) بیرم (جر ثقیل کا) -

Cudgel, *n., & v. t.* (-ll-) : (۱) ڈنڈا ؛ سونٹا ؛ بانقی ؛ گدکا - (۲) سونٹے سے پیٹنا ؛ ڈنڈے لگانا -

c. one's *brains for* : دماغ لڑانا ؛ دماغ کھپانا ؛ دماغ کاوی ؛ سوچنے کی کوشش کرنا -

c.-play : بانقی بازی ؛ پھری گدکا ؛ پٹا -

take up the cc. for : (استعارتاً) حمایت کرنا ؛ پشت پناہی کرنا ؛ پشتی لینا -

Cudweed, *n.* : ایک قسم کے کپاسی پودے کا چارا یا ساگ جو ان مویشیوں کو دیتے ہیں جن کی جگالی کرنے کی عادت جاتی رہی ہو -

Cue, *n.* : (۱) (ناٹک) ٹوک ؛ تقریب (یعنی ... آخری کلمہ جس میں دوسرے ایکٹر کی آمد کا ... یا تمہید ہو) ؛ (موسیقی) تقریبی ٹیپ یا تان - (۲) اشارہ ؛ بھید؛ تنبیہ - (۳) ہدایت (ٹھیک طریقے کی جو ایکٹر یا مطرب کو کنایتاً کی جائے) -

give one the c : کسی کو ہدایت کرنا کہ کب اور کیونکر کام کرنا چاہئے -

take one's *c. from* : کسی کی ہدایت پر چلنا

Cue, *n.*, **Queue** : چٹیا ؛ نیز انٹا کھیلنے کی لمبی چھڑ

Cueist, *n.* : انٹے باز ؛ بلیرڈ یا انٹا کھیلنے والا -

Cuff, *n.* : کف (آستین کا) ؛ پٹی (کپڑے کی جو کلائی پر لگاتے ہیں)-

(-) **cuffed**, *a.* : کف دار -

Cuff, *v. t., & n.* : (۱) تمانچہ یا مکا مارنا - (۲) تمانچہ ؛ تھپڑ ؛ گھونسا ؛ مکا -

Cufic, **K-**, *a. & n.* : خط کوفی ؛ ایک قدیم عربی خط -

cui bono? (ki) : (لاطینی فقرہ) (۱) یہ کس کے نفع کا کام ہے ؟ (۲) کیا فائدہ ؟ ؛ کس غرض سے ؟

Cuirass (kwi-, ku-), *n.* : (۱) زرہ بکتر ؛ چارآئینہ - (۲) کرتی ؛ زنانہ صدری یا سینہ بند -

Cuirassier (kwiraser, kur-), *n.* : زرہ پوش سوار ؛ اوپچی -

Cuisine (kwizen), *n.* : (۱) طرز طباخی ؛ پکانے کا سلیقہ - (۲) باورچی خانے یا پکوان کا انتظام -

Cuisse (kwis), **Cuish** (kw-), *n.* : ران بند ؛ ران پوش (جنگ میں حفاظت کے لیے) -

cul-de-sac, *n.* : بند گلی ؛ کوچۂ سربستہ ؛ (تشریح) نلکی (جس کا ایک رخ بند ہو) -

-cule, *dim. suf.* : لاطینی لاحقہ جو *-cule -cle* ، *-culus* ، *-cula* یا *-culum* کی شکل میں بعض انگریزی الفاظ کے آخر میں آتا ہے -

Culinary, *a.* : مطبخی ؛ باورچی خانے سے متعلق ؛ نیز لایق پختن ؛ پکانے کے قابل (شے) -

Cull, *v. t. & n.* : (۱) چننا (پھول) ؛ انتخاب کرنا ؛ چھانٹنا ؛ الگ کرنا ؛ نکالنا - (۲) چھنٹیل (جانور جو گلے سے علحدہ رکھا جائے اس لیے کہ وہ افزایش نسل کے قابل نہیں) -

Cullender : دیکھو COLANDER

Cullet, *n.* : شیشے کا بے کار ٹکڑا (جسے پھر پگھلا کر شیشہ بنائیں) -

Cully, *n.* : (بازاری) احمق ؛ اسامی ؛ سادہ لوح -

Culm, *n.* : کوئلے کی گرد یا چور ؛ کوئلے کا غبار -

Culm, *n.* : نرکل ؛ نرسل ؛ تنا ؛ پنٹھا (گھاس کا) ؛ نے -

culmiferous, *a.* : ایسا پودا جس کی جڑ سے بہت سے تنے نکلیں ؛ متعدد تنوں کا پودا -

Culminant, *a.* : ذی معارج ؛ اوج یا شرف رسیدہ ؛ سمت الراس پر پہنچا ہوا -

Culminate, *v. i.* : بلند ہونا ؛ اونچا چڑھنا ؛ معراج کو پہنچنا ؛ اوج پر ہونا ؛ (ہیئت) سمت الراس یا نقطۂ نصف النہار پر ہونا -

culmination, *n.* : بلندی ؛ معراج؛ سمت الراس پر پہنچنا -

Culpable, *a.* : سزا کا مستوجب یا مستلزم ؛ مجرمانہ ؛ قابل گرفت ؛ لایق مواخذہ -

culpability, **culpableness**, *nn.* : مجرمیت ؛ گنہگاری ؛ معصیت -

culpably, *adv.* : مجرمانہ ؛ از راہ خطا -

Culprit, *n.* : مجرم ؛ عاصی ؛ گنہگار ؛ خاطی -

Cult, *n.* : طریق ؛ عبادت ؛ دین ؛ نیز عقیدت مندی ؛ پرستش (کسی شے یا شخص کی) ؛ مسلک -

Cultivate, *v. t.* : (۱) زراعت کرنا ؛ کھیت جوتنا ؛ قلبہ رانی کرنا ؛ (استعارتاً) ترقی دینا ؛ سنوارنا ؛ بنانا ؛ درست کرنا بہتر بنانا (اخلاق و آداب کو) ؛ ذوق پیدا کرنا - (۲) توجہ کرنا ؛ کوشاں یا خواہاں ہونا - (۳) زمین تیار کرنا ؛ تردد کرنا (زراعت کے لیے) -

cultivable, *a.* : قابل کاشت -

Cultivation, *n.* : زراعت ؛ کاشت ؛ فلاحت؛ سعی (نیز استعارتاً) -

Cultivator, *n.* : (۱) کسان ؛ کاشت کار ؛ مزارع ؛ جوتنے (ہوئے) آلۂ کشاورزی؛ ناگر ؛ ہل -

Cultrate, *a.* : (ماہیہات) کارد لب ؛ چھری پھل (جس کے کنارے یا لب چھری کے سے ہوں)-

cultriform, *a.* : کاردنما ؛ تیغ صورت -

Culture (-tsher), *n., & v. t.* : (۱) زراعت ؛ فلاحت ؛ کاشت ؛ پرورش ؛ پیداواری ؛ کھیتی - (۲) جراثیم پروردہ ؛ نسل جراثیم- (۳) تہذیب ؛تربیت؛ ترقی (ذہنی) - (۴) کاشت کرنا؛ بونا ؛ فصل لگانا (نیز استعارتاً) -

cultural, *a.* : فلاحتی ؛ تہذیبی، وغیرہ -

culturist *n.* : فلاح ؛ زراع ؛ نیز حامی تہذیب -

Culver, *n.* (dial.) : (مقامی بولی) جنگلی کبوتر -

culverkeys : ولایتی زرد خوشبودار پھول -

Culverin, *n.* : قرابین ؛ پرانی وضع کی بندوق ؛ نیز زنبور؛ چھوٹی توپ -

Culvert, *n.* : زمین دوز بدرو ؛ پٹی [illegible] نالی ؛ نیز [illegible] تار کی نالی -

cum, *prep.* : ساتھ ؛ سے ؛ مع ؛ بشمول -

cum dividend (abbr. cum div.) : بشمول منافع -

c. grano (salis) : تامل کے ساتھ ؛ احتیاطاً -

Stow-cum-Quy : بشمول ؛ مع ؛ نیز مرکب ناموں میں

Cumber, *v. t.*, & *n.*: (۱) بوجھل کرنا ؛ لدھڑ بنانا ؛ لاد دینا - (۲) هارج هونا ؛ بوجھل هونا ؛ رکاوٹ ڈالنا - (۳) هرج ؛ رکاوٹ -

Cumbersome, *a.*: بوجھل ؛ بھاری ؛ بھدا ؛ بے ڈھنگا ؛ کٹھن ؛ بے ڈول -

cumbersomely, *adv.*: متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

cumbersomeness, *n.*: بوجھل پن وغیرہ -

Cumbrian, *a.* & *n.*: کمبری ؛ انگلستان کی قدیم ریاست کمبریا کا باشندہ -

Cumbrous, *a.*: CUMBERSOME کا مرادف -

cumbrously, *adv.*: متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

cumbrousness, *n.*: اسم ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

Cum(m)in, *n.*: زیرہ ؛ ایک مسالے کا پودا -

Cummer, Kimmer, *n.*: (اسکا چستان) (۱) " دینی ماں " (کسی کے بچے کی) - [بچے کی حقیقی ماں اور دینی ماں کے درمیان جو تعلق قائم ہوتا ہے اُسے اِس لفظ سے ظاہر کرتے ہیں] (۲) سہیلی ؛ بھینی ؛ عورت -

Cummerbund, *n.*: کمربند ؛ پٹکا -

Cumulate (-at), *a.*: جمع کردہ ؛ ڈھیر کیا ہوا ؛ ڈھیر لگا -

Cumulate, *v. t.*, & *n.*: جمع کرنا ؛ ڈھیر لگانا -

cumulation, *n.*: ڈھیر ؛ ڈھیر لگانا

Cumulative, *a.*: افزائش پذیر ؛ بیشی پذیر ؛ متواتر ؛ مجموعی -

c. evidence: مجموعی شہادت یا ثبوت -

c. preference shares: حصص بقایا دادنی (جن کے مالکوں کو پچھلے سود کا دوسرے حصے داروں سے پہلے حق حاصل ہو) -

c. voting: (حق) تعدد آرا (جس میں ہر شخص کی اُتنی رائیں ہوں جتنے امیدوار ہیں اور وہ چاہے تو سب رائیں ایک امیدوار کو دے دے) -

cumulatively, *adv.*: افزائش پذیرانہ ؛ بیش پذیری کے ساتھ ؛ بڑھتے ہوئے -

cumulativeness, *n.*: بیش پذیری

Cumulus, *n.* (pl. -li): ڈھیر ؛ دل بادل ؛ اُفق کی گھٹائیں -

cumulo-: (ترکیبی جز) -

Cumulous, *a.*: دل بادل کا ؛ سحابی -

Cuneate (-at), *a.*: فانہ نما

Cuneiform (kunei-), *a.* & *n.*: (۱) فانہ نما - (۲) خط میخی یا پیکانی (قدیم آشور و فارس کا خط) -

Cunning, *n.*: چالاکی ؛ عیاری ؛ هوشیاری ؛ اُستادی ؛ مہارت -

Cunning, *a.*: (۱) هوشیار ؛ اُستاد ؛ ماهر ؛ طباع ؛ کاریگر - (۲) چالاک ؛ عیار ؛ مکار ؛ فریبی -

Cup, *n.*: (۱) پیالہ ؛ کوزہ ؛ جام (کنڈے یا بے کنڈے کا) ؛ کٹورا ؛ تھالی جوڑ ، خاص کر وہ جو عشائے ربانی کے موقع پر کام آتا ہے) - (۲) مدوّر ظرف ؛ جوف ؛ قعر (خاص کر) کاسۂ گل ؛ هتی کے جوڑ کا گھر ؛ کاس - (۳) پیالہ بھر ؛ بقدر یک جام - (۴) بخت ؛ نصیبا ؛ واردات - (۵) شراب ؛ جام شراب (انگوری وغیرہ) -

c. & ball: ایک قسم کا کھیل ؛ چٹے بٹے

c. -bearer: ساقی -

c. -moss: ایک قسم کی بناس پتی -

a bitter c.: تلخ تجربہ ؛ ناکامی و بدبختی -

challenge c.: انعامی جام (سونے یا چاندی کا جو جیتنے والوں کو انعام میں دیا جاتا ہے) -

his c. was full: خوش نصیبی یا بد نصیبی کی اِنتہا ہوگئی -

in one's cc.: مستی یا نشے کی حالت میں ؛ شراب چڑھائے ہوئے ؛ بدمست -

the cc. that cheer but not inebriate: چائے -

cupful, *n.*: پیالہ بھر ؛ ایک پیالہ -

Cup, *v. t.*: (۱) پچھنے لگانا ؛ سینگی (*cupping-glass*) سے خون لینا - (۲) (گولف کی اِصطلاح میں) گیند پر لکڑی لگاتے میں زمین پر مارنا -

Cupboard (kuberd), *n.*: گنجینہ ؛ نعمت خانہ ؛ برتنوں کی الماری ؛ دراز دار میز - دیکھو SKELETON -

c. love: غرض کی یاری -

Cupel, *n.*, & *v. t.* (-ll-): (۱) گھریا ؛ کٹھالی (سونے چاندی کو تاؤ دینے کی) - (۲) گھریا میں تپانا یا گلانا -

cupellation, *n.*: تاؤ ؛ تپائی -

Cupid, *n.*: (قدیم رومیوں میں) (۱) عشق کا دیوتا ؛ کام دیو - (۲) اَمرد ؛ خوبصورت لڑکا

Cupidity, *n.*: لالچ ؛ حرص ؛ آز ؛ ماماھی -

Cupola, *n.*: (۱) چھتری ؛ گنبد ؛ قبہ ؛ برجی - (۲) گھومتی چھتری (جہازی توپوں کی حفاظت کے لیے) - (۳) (تشریح) کولیس -

c. -furnace: قبہ دار بھٹی ؛ گول بھٹا (دھاتیں گلانے کے لیے) -

Cupreous, *a.*: مسی ؛ مس نما ؛ تانبے کا -

Cupric, *a.*: مس آمیختہ ؛ مس انداختہ ؛ مس آغشتہ ؛ تانبا ملا -

cupriferous, cuprous, *aa.*: مسی ؛ نحاسی ؛ کثیر النحاس -

Cupule, *n.*: (نباتیات ، حیوانیات) کاسہ شکل ؛ کاسہ نما

Cur, *n.*: (۱) لینڈی یا بازاری کتا - (۲) نکما ، پاجی ، رذیل یا بد خو آدمی ؛ دم دبا ؛ بزدلا -

Curacao, -coa, (-so), *n.*: جزیرۂ کوراسو کی شراب ؛ تلخ نارنگی کی شراب -

Curacy, *n.*: نائب پادری کا عہدہ -

Curare, -i, *n.*: ایک قسم کا زہریلا گوند ؛ کڑوا مد (جو امریکا کے بعض درختوں سے نکلتا ہے) ؛ کوراری -

curarine, *n.*: کوراری کا زہر یا روغن -

curarize, *v. t.*: کوراری دینا ؛ کوراری کے زیر اثر لانا -

Curassow (-o), *n.*: امریکی فیل مرغ -

Curate (-at), *n.*: (۱) نائب پادری (۲) سلاخ یا چھڑی (جو محض آرائشی نہ ہو) -

c. -in-charge: قائم مقام پادری -

Curative, *a.* & *n.*: (۱) شفا بخش - (۲) دوا -

Curator, *n.*: (۱) مہتمم ؛ منتظم ؛ نگہبان ؛ محافظ (عجائب

خانے وغیرہ کا) - (۲) رکن - جلس انتظامی (جامعہ) -

curatorial, *a.*: مہتمم یا محافظ سے متعلق -

curatorship, *n.*: مہتمی -

Curb, *n.* & *v. t.*: (۱) روکنا ؛ کھینچنا ؛ دھانہ لگانا ؛ جکڑنا ؛ باندھنا (خاص کر منہ زور گھوڑے کو) ؛ (اِستعارتاً) رکنا ؛ روک تھام کرنا ؛ دبانا - (۲) زنجیر ؛ لگام ؛ دھانہ ؛ روک تھام وغیرہ مثل ماقبل - (۳) گھوڑے کے پاؤں کی سوجن ؛ موتھرا- (۴) (کنوئیں کی) مینڈ - (۵) حلقہ ؛ کنارہ ؛ پٹی ؛ کردنی (کسی گول چیز کے گرد لوہے یا لکڑی کی) نیز دیکھو KERB -

c. roof: چو تھالیا (جس کے دونوں طرف دوھرا ڈھال ہو)-

curby, *a.*: موتھرے لگا -

Curcuma, *n.*: ہلدی ؛ ہلدی کا پیڑ ؛ کرکم -

c. paper: کاغذ کرکم (جس سے قلعی کے مادے کی آزمائش کرتے ہیں) -

Curd, *n.*: (۱) دھی ؛ دوغ ؛ پھٹکی - (۲) (سامن مچھلی کی) چربی یا پھٹکیاں -

c. soap: ایک قسم کا ولایتی صابن -

curdy, *a.*: پردوغ ؛ دوغی ؛ دھی کا سا -

Curdle, *v. t.* & *i.*: دھی جانا یا جمنا ؛ بستہ ہونا یا کرنا -

c. the blood: (اِستعارتاً) خون جم جانا خوف یا طیش سے ؛ روح فرسا ہونا ؛ خون خشک ہو جانا یا کرنا -

Cure, *n.*: (۱) دوا ؛ معالجہ ؛ علاج ؛ تدبیر (خصوصاً کسی خاص دوا یا غذا سے) - (۲) اِصلاح ؛ درستی ؛ تربیت (اخلاقی یا روحانی) -

cureless, *a.*: لا علاج -

Cure, *v. t.* & *i.*: (۱) علاج کر دینا ؛ اچھا کر دینا ؛ تندرست کر دینا یا ہو جانا (نیز اِستعارتاً) - (۲) سکھانا ؛ نمک لگانا (محفوظ کرنے کے لیے' پھل' گوشت وغیرہ کو) -

curability, *n.*: شفا پذیری -

curable, *a.*: قابل علاج ؛ لایق شفایابی

Cure, *n.*: (عامیانہ) انوکھا یا مراقی شخص -

Curé, *n.*: پادری (فرانس) -

Curette, *n.*, & *v. t.* & *i.*: (۱) ایک آلۂ جراحی ؛ جراح کی چمچی (جس سے زخموں وغیرہ کا فاسد مادہ نکالتے ہیں)- (۲) چمچی سے مادۂ فاسد کا نکالنا -

Curfew, *n.*: آگ بجھانے کا حکم یا وقت ؛ بساط اٹھا ؛ خانہ بلدی کا حکم یا وقت (اِس غرض سے از منۂ وسطیٰ میں رات کو مقررہ وقت پر گھنٹا بجایا جاتا تھا اور اب بھی بعض شہروں میں بجایا جاتا ہے) -

Curia, *n.*: (۱) عشیرہ ؛ برادری ؛ عشرتیبلہ (قدیم روما کے تین قبیلوں میں سے کسی کا دسواں حصہ) - (۲) دائرہ یا عبادت گاہ (عشیرہ)؛ایوان مجلس اعیان(روما یا دیگر قدیم بلاد اِٹالیا میں) - (۳) کچہری؛عدالت(خاص کر نورمنی جاگیرداروں کی) ؛ محکمۂقضا (۴) پوپ کی عدالت یا مجلس -

Curial, *a.*: عشیرتی ؛ مجلسی ؛ عدالتی وغیرہ -

curialism, *n.*: پاپائیت پسندی ؛ نظام عدالت (خاص کر پاپائی) ؛ پنچایت کا طریقہ ؛ مجلس بندی -

Curio, *n.* (pl. -os): صناعی کا نادر نمونہ ؛ نوادر -

Curiosity, *n.*: شوق تحقیق ؛ تلاش ؛ تجسس ؛ دریافت طلبی ؛ اُعجوبہ پن ؛ اِستعجاب -

a c.: نادرشے ؛اُعجوبہ ؛ عجائب -

Curious, *a.*: (۱) مشتاق ؛ متجسس ؛ طالب ؛ آگہی طلب - (۲) محتاط (باریک بیں) - (۳) عجیب ؛ نرالا ؛ انوکھا ؛ حیرت انگیز -

curiously, *adv.*: متعلق فعل ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

curiousness, *n.*: اِسم ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

Curl, *n.*: (۱) گھونگریا چھلا (بالوں کا) ؛ کاکل ؛ حلقہ - (۲) (ہر طرح کا) حلقہ ؛ خمیدہ شے ؛ خم ؛ پیچ - (۳) آلو روگ (ایک قسم کی بیماری جس سے آلو کے پتے مڑجاتے ہیں) -

c. -paper: گھونگر پٹی (ایک قسم کا کاغذ جس کی مدد سے بالوں میں گھونگر بناتے ہیں)-

Curl, *v. t.* & *i.*: (۱) موڑنا ؛ مروڑنا ؛ خم کھانا ؛ پیچ دینا وغیرہ - (۲) چکرکھانا ؛ چکرکھاتے ہوئے جانا (دھوئیں وغیرہ کا) - (۳) پتھرکنڈلی کھیلنا -

c. up: لپیٹنا ؛ بل دینا ؛ حلقہ بنانا ؛ گول تہ کرنا ؛ بل کھانا ؛ لپیٹنا ؛ (عامیانہ) لوٹ پوٹ ہوجانا ؛ گرجانا ؛ نیچے آرہنا -

Curlew, *n.*: پن ککڑی (ایک قسم کی لمبی چونچ والی مرغابی) -

Curling, *n.*: اِسم ' مذکورۂ بالا معنوں میں ' خصوصاً ایک کھیل پتھر کنڈلی (جو زیادہ تر اِسکاٹستان میں برف پر کھیلتے ہیں)-

c. -irons, -tongs: گھونگر بنانے کا آلہ ؛ گھونگر کمانی وغیرہ -

Curly, *a.*: گھونگروالے (قدرتی یا مصنوعی) -

c. -pate: گھنگریالا (شخص) -

curliness, *n.*: گھنگریالا پن -

Curmudgeon, *n.*, لئیم ؛ خسیس ؛ بخیل ؛ بدتمیز -

curmudgeonly, *a.*: بخیلانہ ' خسیسانہ وغیرہ -

Currach(-ra -rach), *n.*: کراک ؛ چھوٹی کشتی ؛ زورق ؛ شق بند ناو -

Currant, *n.*: کشمش -

Currency, *n.*: (۱) دور ؛ زمانہ (کسی چیز کے رواج کا) - (۲) دوران ؛ گردش (روپیے کی) ؛ سکۂ رائج الوقت ؛ روپیہ (کسی ملک کا) - (۳) رواج ؛ نفاذ (عام) ؛ شہرت یا اشاعت (خیالات یا کسی اطلاع وغیرہ کی) -

Current, *a.*: (۱) مروجہ ؛ نافذ ؛ شایع - (۲) رواں ؛ حاضر ؛ موجودہ (وقت جیسے ماہ رواں وغیرہ) ؛ حال کا نمبر (اخبار وغیرہ) -

c. handwriting: رواں خط ؛ شکستہ ' قلم برداشتہ-

pass, go, run, c.: مروج ہو جانا ؛ عام طور پر صحیح مان لیا جانا -

Current, *n.*: (۱) (ندی کا) بہاؤ ؛ دھارا ؛ دھار ؛ سیل ؛ رو (۲) رخ ؛ میلان (خیالات یا واقعات وغیرہ) - (۳) (برقی)رو -

Curricle, *n.*: جوڑی گاڑی ؛ تانگا ؛ ڈبیا گاڑی (دو گھوڑوں کی)

Curriculum, *n.*: نصاب (تعلیم) ؛ درسیات (مقررہ یا مروجہ)

Currier, *n.*: چرم ساز ؛ کھٹیک ؛ دباغ (چمڑا کمانے اور رنگنے والا)

Currish, *a.*: سگ صفت ؛ ترا ؛ بد خو ؛ دون ہمت ؛ رذیل -

currishly, *adv.*: متعلق فعل' مذکورۂ بالا معنوں میں -

currishness, *n.*: اسم مذکورۂ بالا معنوں میں -

Curry, *n., & v. t.*: (۱) سالن کا شوربا - (۲) مسالے سے تیار کرنا ؛ مسالا ڈالنا (قلیے میں) -

c. paste, -powder: پسا ہؤا مسالا (سالن کا) -

Curry, *v. t.*: (۱) کھریرا کرنا ؛ ملنا ؛ مالش کرنا (گھوڑے کی) - کمائے ہوئے چمڑے کو بنانا ؛ (استعارتاً) اُدھیڑنا ؛ پیٹنا -

c. favour: خوشامد کرنا ؛ خوشنودی حاصل کرنا ؛ چکنی چپڑی باتیں کرنا -

Curse, *n.*: (۱) بددعا ؛ لعنت ؛ سراپ ؛ کوسنا - (۲) کفر (کلمات کفر) ؛ بدگوئی ؛ دشنام ؛ لعنت - (۳) تکفیر ؛ تضلیل (مذہب سے) ؛ اخراج کا فتویٰ - (۴) لعنت (یعنے ملعون شے) ؛ بلا ؛ آفت - (۵) قہر خدا ؛ وبال ؛ عذاب ؛ نکال -

c. of Scotland: (تاش کی اصطلاح) اینٹ کا نہلا -

Curse, *v. t. & i.*: کوسنا ؛ بددعا دینا ؛ تکفیر یا مذہب سے خارج کرنا ؛ کفر بکنا ؛ وبال میں پھنسنا وغیرہ -

Cursed, -st, *a. & adv.*: لعین ؛ شقی ؛ قابلِ نفرت ؛ ملعونانہ -

curst: (متروک) بدخو ؛ بدطینت ؛ جھگڑالو ؛ لڑاکا -

cursedly, *adv.*: متعلق فعل ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

cursedness, *n.*: شقاوت -

Cursive, *a. & n.*: تیز ؛ رواروی کا ؛ شکستہ (خط) ؛ قلم برداشتہ -

Cursorial, *a.*: دوڑ کے (مناسب اعضا وغیرہ) ؛ پھرتیلا ؛ چالاک ؛ سبک پا -

Cursory, *a.*: عاجلانہ ؛ سرسری ؛ رواروی کا -

cursorily, *adv.*: بہ عجلت ؛ سرسری طور پر -

cursoriness, *n.*: عجلت ؛ رواروی -

Curt, *a.*: مختصر ؛ روکھا ؛ ٹکاسا ؛ بے اعتنائی یا کج ادائی کا ؛ تل و دل -

curtly, *adv.*: متعلق فعل ' مذکورۂ بالا میں -

curtness, *n.*: اختصار ؛ رکھائی -

Curtail, *v. t.*: کاٹنا ؛ کم کرنا ؛ کوتاہ کرنا ؛ قطع کرنا نیز (استعارتاً) -

curtailment, *n.*: کاٹ چھانٹ ؛ تخفیف ؛ قطع برید -

Curtail-step, *n.*: سب سے نچلی سیڑھی (مڑی ہوئی) -

Curtain(-tn), *n., & v. t.*: (۱) پردہ ؛ حجاب ؛ اوٹ ؛ چلمن و کنانک - (۲) دیوار ؛ حائط (قلعے کے دو برجوں کے درمیان کی) ؛ طرف - (۳) پردہ ڈالنا ' لگانا یا کرنا ؛ پردے میں چھپانا ؛ بلد -

c. drops, falls, is dropped: پردہ گرتا ہے (خاص کر ناٹک کا) نیز استعارتاً -

c. lecture: خلوت میں سرزنش ؛ بیوی کی طعن و تشنیع -

c.-raiser: تمہیدی نقل (جو اصل ڈرامے سے قبل کی جائے) -

draw the c.: پردہ اُٹھانا -

fire-proof c.: آگ روک پردہ (جست کی چادر جو اکثر تماشاگاہوں میں لگاتے ہیں) ؛ آگن پردہ -

Curtana(cŏr-al..), *n.*: بے نوک کی تلوار (جو رحمت کی علامت سمجھی جاتی ہے اور تاج پوشی کے وقت شاہان برطانیا کے سامنے لے کے چلتے ہیں) -

Curtilage, *n.*: (قانون) مکان (کے ساتھ) کی زمین ؛ اراضی متعلق مکان -

Curtsy, -sey, *n. & v. i.*: مجرا ؛ زنانا کورنش (گھٹنے جھکا کے) ؛ زانوزدگی -

make, drop, a c.: مجرا کرنا ؛ کورنش بجالانا (عورتوں کی طرح) -

Curule, *a.*: عہدہ دارانہ ؛ متعلق بہ عہدہ داری ؛ حاکمانہ -

c. chair: (قدیم رومی تاریخ) کرسی (ہاتھی دانت کے کام کی) -

c. magistrate: کرسی نشین حاکم ؛ اعلیٰ حاکم -

Curvature, *n.*: گولائی ؛ خمیدگی ؛ انحنا ؛ شکل منحنی ؛ (علم ہندسہ) موڑ ؛ انحنائی (خط) -

Curve, *v. t. & i.*: ٹیڑھا ہونا ؛ خمیدہ ہونا ؛ جھکا ہوا ہونا یا جھکانا ؛ موڑنا -

Curve, *n.*: خط منحنی ؛ بل کھایا ہوا ؛ خم دار شکل یا شے ؛ کج ؛ اعوجاج -

Curvet(Ker-), *n.. & v. i.* (-tt-, -t-): (۱) (گھوڑے کی) جست و خیز ؛ لنگوری کلیل - (۲) لنگوری چال چلنا ؛ پھن کئے چلنا -

Curvi-: (ترکیبی جز بمعنی) خمیدہ ؛ جیسے :-

curvicaudate: خمیدہ دم -

curvicostate: خمیدہ پہلو -

curvidentate: خمیدہ دندان -

curvifoliate: خمیدہ برگ -

curviform: خمیدہ شکل ؛ منحنی -

curvinervate: خمیدہ رگ (پتوں کی نسبت جن کی رگیں بیچ سے کناروں کی طرف پھیلتی ہیں) -

curvirostrate: خمیدہ منقار -

Curvilinear, *a.*: ذومنحنیات ؛ خط منحنی والا ؛ انحنائی ؛ منحنی دار -

curvilinearity, *n.*: انحنائیت ؛ منحنی داری -

curvilinearly, *adv.*: منحنی طور پر -

Cuscus, *n.*: خس -

Cushat, *n.*: (اسکاٹستان) قمری -

Cushion (koo-), *n.*: (۱) گدا ؛ تکیہ ؛ گدیلا ؛ مسند - (۲) گدی (جو فرنگی عورتیں بالوں یا سائے کے نیچے لگاتی ہیں) - (۳) گدگدے کنارے (انٹے کی میز کے) - (۴) فشار روک (بھاپ جو اسطوانے میں فشار کی روک کے لیے رہنے دی جائے) - (۵) پٹھا ؛ چوتڑ (خاص کر جانوروں کا) ؛ گدی - (۶) گھوڑے کا تلوا یا تلوے کا نرم حصہ ؛ پتلی -

c. tire: (بائسکل کے پہیے کا) ٹھوس ہال -

pin-c.: دیکھو PIN -

cushiony, *a.*: گدی داری ؛ گدگدا ؛ نرم -

Cushion, *v. t.*: (۱) گدے لگانا یا گدوں تکیوں سے آراستہ کرنا - (۲) گدوں سے حفاظت کرنا ؛ گدگدا بنانا نیز (استعارتاً) - (۳) چپ چاپ دبا دینا (شکایت کو) ؛ (انٹے کی اصطلاح) گدوں تک پہنچا دینا (گیند کو) ؛ گدرانا -

Cushy (koo-), *a.*: (عامیانہ) سہل ' آرام کی نوکری یا کام - [اینگلو انڈین اصطلاح ' فارسی لفظ "خوشی" سے]

Cusp, *n.*: (ہیئت) قرن ؛ (عمارت) راس ؛ چوٹی ؛ (اشکال ہندسہ) نعلی یا ہلالی ؛ (نباتیات) نوک ' سرا ؛ انی (پتے کی) -

cusped, *a.* : قرن یا نعلی شدہ -

Cuspidal, *a.* : قرن نما ؛ ھلال آسا ؛ قرنی ؛ ھلالی

cuspidate(d)-**ate**. *aa.* : انی دار -

Cuspidor (e), *n.* : اگالدان -

Cuss, *n.* : (۱) (امریکا والوں کا محاورہ) بد دعا ؛ کو سنا ؛ لعنت - مثل CURSE - (۲) حیوان ؛ إنسان (بطور تحقیر) -

Cussedness, *n.* : (امریکا والوں کا محاورہ) مکرا پن ؛ بد خوئی ؛ بد طینتی ؛ سر کشی (خاص کر لفظ *pure* کے ساتھہ بولتے ھیں) ؛ اوندھی کھوپری کا ھونا ؛ ھیکڑی -

Custard, *n.* : (انگریزی کھانے میں) کسٹرڈ ؛ انڈے کی لپسی -

c.-apple : شریفہ ؛ سیتاپھل -

Custodial, *a.* : مفوضہ ؛ تحویلی ؛ متعلق نگرانی -

Custodian, *n.* : محافظ ؛ نگران ؛ رکھوالا ؛ نگہبان -

custodier, *n.* : نگہبان وغیرہ -

Custody. *n.* : حفاظت ؛ نگرانی ؛ تحویل ؛ رکھوالی ؛ ولایت (بچوں کی) -

take into c. : قید ؛ حراست میں لینا (خاص کر گرفتار کرنا) -

Custom, *n.* : (۱) رسم ؛ رواج ؛ عادت ؛ قاعدہ ؛ قرینہ ؛ طریقہ ؛ (قانونی إصطلاح) رواج (جسے قانون کا مرتبہ حاصل ھو) - (۲) گاھکی ؛ سر پرستی یا إمداد (تاجر کی) -

c.-house : محصول خانہ ؛ دفتر کروڑ گیری ؛ کرک -

customs : محصول در آمد ؛ کروڑ گیری ؛ رسوم -

Customary, *a.* & *n.* : عام ؛ معمولی ؛ معتاد ؛ دستور کے مطابق ؛ مقررہ ؛ مروجہ ؛ (قانون) رواجی (مقام یا حلقے کے رواج کے مطابق) ؛ (also *custumary*) مجموعۂ رسم و رواج ؛ دستور نامہ ؛ کسی ملک کے رسم و رواج کا تحریری مجموعہ -

customarily, *adv.* : عادتاً ؛ معمولاً -

customariness, *n.* : معمول ھونا ؛ اعتاد -

Customer, *n.* : خریدار ؛ گاھک -

queer, awkward c. : عجب تماش کا آدمی -

custos, *n.* : محافظ ؛ نگران ؛ منتظم

c. rotulorum : محافظ دفتر ؛ مسجل ؛ (خاص کر) ناظم عدالت ضلع (عدالت کا حاکم مضافات میں) -

Cut, *n.* : (۱) کاٹ ؛ کٹائی ؛ قطع ؛ تراش - (۲) ضرب ؛ وار ؛ کاٹ (تلوار یا چابک وغیرہ کی) - (۳) حذف ؛ ترک ؛ اُڑا دینا (ناٹک وغیرہ کے کسی حصے کو) - (۴) چرکا ؛ خراش ؛ کاٹ - (۵) (ٹینس یا کرکٹ وغیرہ کا) ترچھا ھاتھہ - (۶) بے اعتنائی کرنا (ذلیل کرنے کی غرض سے) - (۷) وضع ؛ قطع ؛ طرز ؛ تراش (لباس یا بالوں وغیرہ کی) - (۸) (ریل کی پٹریوں کا) کاٹ - (۹) زخم ؛ گھاو ؛ جراحت (کسی آلۂ جارحہ کی) - (۱۰) (ناٹک) درز ؛ دراز ؛ کٹاو (جس میں سے پردے اوپر یا نیچے کیے جاتے ھیں) - (۱۱) (گوشت وغیرہ کا کٹا ھوا) ٹکڑا ؛ پارچہ ؛ بوٹی - (۱۲) دل خراش فعل یا تقریر -

c. & thrust : دست بدست لڑائی ؛ شمشیر زنی -

c. of one's jib : (عامیانہ) حلیہ ؛ ناک نقشہ ؛ وضع قطع -

c.-out : گیس روزن (جس کے ذریعے سے موٹر کی گیس جلد خارج کی جاتی ھے) -

a c. above : ایک درجہ (یا خط) اوپر -

draw cc. : (لکڑی کے غیر مساوی ٹکڑوں سے) قرعہ یا پاسہ نکالنا -

short c. : قریب کا رستہ ؛ آڑا رستہ ؛ اڑ تک رستہ

woodcut : دیکھو WOOD -

Cut, *v. t.* & *i.* : (۱) کٹنا ؛ کاٹنا ؛ گھاو ڈالنا ؛ چرنا ؛ چیرنا ؛ گہرا اُتارنا (چاقو وغیرہ کا) (نیز إستعارتاً) - (۲) بے اعتنائی کرنا (تذلیل کی غرض سے) - (۳) جدا کردینا ؛ (کاٹ کر) الگ کردینا ؛ إنقطاع کرنا - (۴) ٹکڑے کرنا ؛ گوشت بنانا یا کاٹنا - (۵) گزرنا ؛ (کسی چیز کے) پار ھونا ؛ (عامیانہ) پار ھوجانا ؛ بھاگ جانا - (۶) چھیلنا ؛ تراش دینا ؛ کم ھونا یا کرنا ؛ اُتر جہ (بھاو وغیرہ) - (۷) کاٹنا ؛ قطع کرنا (لباس وغیرہ کا) ؛ تراش خراش کرنا ؛ کترنا ؛ بیونتنا - (۸) مارنا ؛ کھانا (چھلانگ ؛ قلا بازی) دیکھو CAPER, DASH ؛ شکل آنا یا بن جانا دیکھو FIGURE - (۹) کاٹنا (تاش کے پتوں کو) - (۱۰) (گیند پر خاص طرز سے) بلا لگانا ؛ ترچھا ھاتھہ مارنا - (۱۱) انجان بن جانا (بے مروتی سے) -

c. a lecture, the whole concern : غائب ھوجانا ؛ ناغہ کرنا ؛ چھوڑ بیٹھنا

c. a loss : ھاتھہ جھاڑ کے الگ ھوجانا ؛ نقصان کے بیوپار سے دست بردار ھوجانا -

c.-&-come-again : إفراط ؛ فراوانی ؛ کثرت -

c. & dired or *dry* : گھڑی گھڑائی ؛ بے لوچ ؛ فرسودہ (رائے ؛ تجویز ؛ منصوبہ وغیرہ) -

c. & run : (عامیانہ) نکل بھاگنا ؛ چھو ھوجانا -

c. a tooth : (مسوڑھے سے) دانت نکلنا یا پھوٹنا -

c. both ways : دو دھاری تلوار کا کام کرنا ؛ دونوں طرف کاٹنا -

c. coat according to cloth : دیکھو CLOTH -

c. down : کاٹ گرانا یا نیچے لانا ؛ (إستعارتاً) خرچ گھٹانا -

c. him dead : ذلیل کرنا (انجان بن کر) -

c. in : ناگہاں آجانا یا داخل ھونا ؛ بیچ میں بول اُٹھنا ؛ (تاش میں) اُٹھہ جانے والے کھلاڑی کی جگہہ لینا یا آ بیٹھنا -

c. in two, in or *into pieces* : دو ٹکڑے (یا ٹکڑے ٹکڑے) کردینا -

c. no ice : کچھہ نہ ھوسکنا ؛ کچھہ نہ بن پڑنا -

c. off : ختم کرنا ؛ قصہ پاک کرنا ؛ راستہ روک لینا یا قطع کردینا (سامان رسد یا رسل و رسایل کا) ؛ نیز پھٹکنے یا بڑھنے نہ دینا ؛ باد کردینا (آمد کا راستہ) -

c. off with a shilling : چند ٹکے دے کے محروم الارث کردینا -

c. one's eye or *wisdom teeth* : عقل آنا ؛ سن تمیز کو پہنچنا -

c. one's stick : چل دینا ؛ روانہ ھوجانا -

c. out : (۱) جدا کرنا ؛ منقطع کرنا ؛ (إستعارتاً) بازی لے جانا ؛ نکال باھر کرنا (حریف کو) ؛ جگہہ چھین لینا (حریف کی) - (۲) وضع کرنا ؛ تشکیل کرنا ؛ (نیز استعارتاً)

تراشنا ؛ (نئی) وضع نکالنا -

c. prices: سستا کردینا ؛ دام گھٹانا ؛ نرخ کم کرکے بیچنا (حریف تاجروں کے مقابلے میں) -

cutpurse: گرہ کٹ ؛ جیب کترا ؛ چور -

c. short: قطع کرنا ؛ مختصر کرنا ؛ بات کاٹنا (نیز اِستعارتاً) -

c. the knot: تصفیہ چکانا ؛ عقدہ کشائی کرنا (فوری اور سرسری طور پر) ؛ دیکھو GORDIAN -

c. the record: بازی لے جانا ؛ اگلوں سے بڑھ جانا -

c. throat: خونی ؛ قاتل ؛ سفاک -

cutting retort: دل خراش جواب ؛ کھلا بکھلا جواب -

c. to the heart: دل کے پار ہونا -

c. up: (۱) برباد یا فنا کردینا ؛ ٹکڑے ٹکڑے اُڑا دینا ؛ (اِستعارتاً) سخت تنقید کرنا ؛ بری طرح خبر لینا - (۲) سخت رنج دینا ؛ دل خون ہوجانا -

c. up (well): دولت چھوڑ مرنا ؛ (بڑا) ترکہ چھوڑنا -

c. up rough: ناراض ہونا ؛ غصہ کرنا ؛ بگڑنا -

a cutting wind: برماتی ہوئی (تیز) ہوا -

his work is c. out for him: تیارکرنا؛ کام کامنصوبہ مقررکردینا -

cuttingly, *adv.*: طنزاً ؛ کاٹ کرتے ہوے -

Cutaneous, *a.*: جلدی ؛ جلد کے (امراض وغیرہ) -

Cut-away, *a. & n.*: دامن کٹا کوٹ (جس کا اگلا حصہ کاٹ کے کھلا رکھتے ہیں) -

Cutcherry, Cutchery *n.*: کچہری ؛ دفتر -

Cute, *a.*: (عام روز مرہ) ہوشیار ؛ چالاک ؛ ذہین ؛ تیزدماغ -

cutely, *adv.*: متعلق فعل ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

cuteness, *n.*: اِسم ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

Cuthbert, *n.*: جو جنگی خدمت سے پہلو بچاے (اِس بہانے سے کہ سول (دیوانی) میں اُس کی خدمات ناگزیر ہیں) -

Cuticle, *n.*: جھلی ؛ بالائی پوست ؛ (نباتیات) چھال -

cuticular, *a.*: جھلی والا -

Cutis, *n.*: اندر کی کھال -

Cutlass, *n.*: تیغ ؛ تلوار (چھوٹی اور چوڑے پھل کی) ؛ کھانڈا -

Cutler, *n.*: کارد گر یا کارد فروش ؛ چھری چاقو والا -

Cutlery, *n.*: (۱) کارد گری ؛ کارد فروشی ؛ دکان یا کارخانۂ کارد - (۲) سازی ؛ چاقو -

Cutlet, *n.*: تکے؛ تلے (گوشت کے تلنے کے لیے)؛ قیمے کے تلے ہوے کباب -

Cutter, *n.*: (۱) قاطع ؛ بُرندہ (آدمی یا شے) ؛ لباس قطع کرنے والا - (۲) کٹنی اینٹ (صدۃ قسم کی اینٹ جو کاٹی جاسکے) (۳) تک کشتی ؛ مستولا (ایک مستول کی کشتی) ؛ رکاب کشتی (جہاز کے ساتھ رہنے والی کشتی) -

Cutting, *n.*: CUT کا اِسم ؛ خصوصاً کٹائی ؛ کھدائی (جو ریل یا سڑک کی سطح ہموار کرنے کے واسطے کی جاے) ؛ زمین کاوی

press c.: اخبار کی کترن ؛ اِقتباس یا ٹکڑا -

Cuttle, *n.*, **C.-fish**: دہ شاخہ (مچھلی) جس کے ملنے سے کالی رال بہتی ہے

c. bone: استخوانِ ماہی (جو صیقل کے کام آتی ہے) -

Cutty, *a. & n.*: (۱) مختصر ؛ ذرا سا ؛ چھوٹے قد کی یا بونی عورت (اکثر اِستعارتاً و طنزاً) - (۲) چھوٹا پائپ (تمباکو پینے کا) -

c.-stool: لمتی سونڈھا (اِسکاٹ لستان کے گرجوں میں ' جس پر غیر پارسا عورت بٹھائی جاتی تھی) -

Cutwater, *n.*: جہاز کی پھالی یا اگلے سرے کا نچلا کنارہ -

Cutworm, *n.*: ایک قسم کی تیتلی یا چھوٹی ٹڈی -

-cy, *suf.*: (لاحقہ) اِسم کیفیت بنانے کے لیے اکثر ایسے الفاظ پر داخل کیا جاتا ہے جن کے اخیر حرف t - یا n - ہوتا ہے ؛ جیسے : bankruptcy, captaincy وغیرہ ؛ دیکھو ACY, -ANCY, -ENCY -

Cyanic, *a.*: نیلا ؛ نیلگوں ؛ ازرق -

Cyano-: (ترکیبی جز) بمعنی (۱) گہرا نیلا ؛ جیسے : نیل پیما *cyanometer* - (آسمان کی نیلاہٹ کا اندازہ کرنے کا آلہ) (۲) بمعنی " کیانوجنی " کیانوجن آمیختہ -

Cyanogen, *n.*: ایک مرکب عنصر کیمیاوی ؛ کیانوجن ؛ ازرقیہ ؛ نیلین -

Cyanosis, *n.*: یرقان سیاہ ؛ یرقان اسود -

Cycad, *n.*: ایک قسم کا تاڑ جیسے سابو دانے کا درخت -

Cyclamen, *n.*: پہاڑی کنول (پیالہ نما پھولوں کے درخت جو بہت جلد پھول لے آتے ہیں) -

Cycle, *n.*, *& v. i.*: (۱) (سنین یا واقعات کا) دور ؛ دورہ؛ گردش ؛ چکر ؛ قرن ؛ ایام - (۲) زمانِ تکمیل ؛ عرصۂ تکمیل - (۳) کامل سلسلہ یا دور - (۴) مجموعۂ نظم ؛ سلسلۂ نظوم (متعدد نظمیں ایک ہی موضوع پر) - (۵) بائسکل ؛ ٹرائسکل وغیرہ - (۶) گھومنا یا چرخ کھانا ؛ چکر کھانا - (۷) بائسکل چلانا یا اُس پر چڑھنا -

c.-car: ہلکے پہیوں کی موٹر ؛ موٹر -

Metonic or *Lunar c.*: نوزدہ سالہ قرن ؛ دور قمر -

Cyclic, -ical, *aa.*: (۱) متواتر ؛ متوالی - (۲) قرنی ؛ متعلق قرن یا دور ؛ (نباتات) حلقہ دار - (۳) (*-ic.*) مجموعۂ نظم کے متعلق-

c. chorus: (قدیم یونان) مناجات دوری (قربان گاہ کے گرد گھوم گھوم کر ناچنا اور بھجن گانا) -

Cyclist, *n.*: سائیکل سوار ؛ سائیکل باز ؛ سائیکل راں -

Cyclo-: (ترکیبی جز) بمعنی دائرہ ؛ جیسے :

cyclograph: دائرہ نگار -

cyclometer: دائرہ پیما (پہیوں کی گردش یا طے کردہ فاصلہ معلوم کرنے کا آلہ) -

cyclorama: فانوس خیال ؛ مدور سیر بین -

cyclostomous: مدور دہاں ؛ گول منہ کا -

Cycloid, *n.*: شبہ دائرہ ؛ دائرہ نما ؛ مستدیرہ (اشکال ہندسی کی ایک کروی شکل) -

common c.: مستدیرہ عامہ -

curtate c.: مستدیرہ خارجیہ -

prolate c.: مستدیرہ داخلیہ -

cycloidal, *a.*: مستدیری -

Cyclone, *n.*: طوفانی ہوا -

cyclonic, *a.*: طوفانی -

Cyclop(a)edia, *n.*: قاموس ؛ محیط ؛ دیکھو ENCYCLO-PAEDIA

cyclopaedic, *a.*: قاموسی -

Cyclopean, -clopian, *a.*: عفریتی ؛ جناتی ؛ عظیم ؛ بہت بڑی -

C. masonry: جناتی عمارات (ناتراشیدہ پتھروں کی بڑی بڑی

عمارتیں) -

Cyclop (s), *n.*, (pl. *-ops, -opses, -opes*) : (یونانی افسانوں میں) غول ؛ عفریت یک چشم ؛ کانڑا دیو ؛ نیز یک چشم ؛ کانا (آدمی) -

Cyclostyle, *n.* : سلیٹ چھاپا (ایک دستی کل جس سے قلمی تحریریں مسالے کے پتھر پر لکھ کر چھاپتے ہیں) -

Cygnet, *n.* : ہنس چوزہ ؛ بط بچہ ؛ بڑی بطخ کا بچہ -

Cylinder, *n* : (۱) (ہندسے میں) (شکل) اُسطوانی ؛ اُسطوانیہ - (۲) اُسطوانہ ؛ بیلن (مختلف کلوں اور چھاپنے کا) : نلکا ؛ نلوا (خاص کر وہ جو بابل و اشور کے کھنڈروں میں دبے ہوئے ملے ہیں اور اُن پر پیکانی خط میں عبارتیں تحریر ہیں) - (۳) سنگ اُسطوانہ (جس سے قدیم اشوری مہر کا کام لیتے تھے) -

Cylindrical, *a.* : اُسطوانہ نما ؛ اُسطوانی ؛ بیلن سا -

Cylindroid, *a.* & *n.* : شکل اُسطوانی ؛ شبیہ اُسطوانہ -

Cyma, *n.* : (pl. *-mas*) : (عمارت میں) گولائی ؛ اُبھار ؛ کروی کگر (کانس کی) -

Cymar, *n.* : زنانہ محرم ؛ کرتی ؛ صدری (کسی قدر ڈھیلی) -

Cymbal, *n.* : جھانجھ ؛ مجیرا ؛ جلاجل (ایک برنجی باجا) -

cymbalist, *n.* : جھانجھیا ؛ مجیرچی -

Cymbalo, *n.* : ایک تار دار باجا جو موگریوں کی ضرب سے بجتا ہے -

Cymbiform, *a.* : (نباتیات ، تشریح) کشتی نما ؛ کمان آسا -

Cymbocephalic, *a.* : لم سرا ؛ کشتی سرا (کشتی جیسے لمبے سر کا) -

Cyme, *n.* : گربیا (ایک شاخ پر ایک ہی پھول کا کھلنا) -

cymose, *a.* : گوبیا -

Cymric (k-), *a.* : ملک ویلز کا ؛ کیمروی (کیمرو ویلز کا قدیم نام ہے) -

Cynic, *a.* & *n.* : (۱) کلبی ؛ فلسفہ کلبیہ کا پیرو (جو دنیا اور اسباب عیش سے نفرت ظاہر کرتے تھے) - (۲) نک چڑھا -

cynicism, *n.* : کلبیت ؛ نک چڑھا پن وغیرہ -

Cynical, *a.* : (۱) خشک مزاج ؛ بد خو - (۲) نوع اِنسان کی نیکی کا منکر -

cynically, *adv.* : متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

Cyno- : (ترکیبی جز) بمعنی کتا ؛ جیسے : سگ ترسی ؛ سگ دشمنی (کتوں سے وحشت یا دشمنی) *cynophobia* -

Cynocephalus, *n.* : (۱) مرد سگ چہرہ - (۲) ایک قسم کا بیبون (بندر) ؛ سگ چہرہ بوزنہ -

Cynosure (or shoor), *n.* : (۱) دب اصغر ؛ نیز قطب تارا ؛ رہ نما تارا - (۲) مرجع ؛ مرجع نظر ؛ مرجع قلوب

Cypher : دیکھو CIPHER -

Cypres (sepra), *adv.*, *n.*, & *a.* : (قانون) تا امکان حسب وصیت (یعنی جس حد تک خلاف قانون نہ ہو) -

Cypress, *n.* : سرو ؛ نیز شاخ سرو (جو سوگ کی علامت ہے) -

Cyprian, *a.* & *n.* : (۱) قبرسی ؛ جزیرۂ قبرس کا (باشندہ یا زبان وغیرہ - اِسی معنے میں Cypriot بھی آتا ہے) - (۲) عیش پرست ؛ بد چلن ؛ آوارہ -

Cyrenaic, *a.* & *n.* : سی رینی ؛ سی رینی (شمالی افریقہ) کا ؛ لذاتی (قدیم فلسفۂ لذاتیہ کا پیرو جس کا بانی ارس تپوس باشندہ سیرینیا ہوا ہے)

Cyrillic, *a.*, **C. alphabet** : سریلی یا کائریلی خط یا حرف (جو روس اور بلغاریا وغیرہ مشرقی یورپ کے پادریوں میں مستعمل ہے) -

Cyrto- : ترکیبی جز بمعنی مڑا ہوا ؛ خمیدہ ، کج ؛ جیسے آلہ خم پیما (جس سے سینے کے خم ناپے جاتے ہیں) *cyrtometer* -

Cyst, *n.* : (حیاتیات) تھیلی ؛ پھکنا ؛ مثانہ ؛ جوف (جس میں حیوان یا درخت کا مادۂ رقیق و فاسد بھرجائے) ؛ (طب) حصالہ ؛ تھیلی (فاسد مادے یا جراثیم کی) ؛ بچہ دانی ؛ بیضہ دان وغیرہ -

Cyst-, **Cysti-**, **Cysto-** : (ترکیبی جز) بمعنی مثانہ -

cystiform : مثانہ نما وغیرہ -

Cystic, *a.* : مثانوی تھیلی کا ؛ متعلق بہ خانۂ فضلات ؛ پتے کا -

Cystoscope, *n.* : آلۂ امتحان مثانہ وغیرہ -

-cyte, *suf.* : (حیاتیات) (لاحقہ) بمعنی خلیہ ؛ دیکھو LEUCO -

Cyto- : (حیاتیات) (ترکیبی جز) ؛ جیسے مادۂ خلیہ ؛ اصل خلیہ *cytoblast* -

Cytology, *n.* : علم خلیات -

Czar, Tsar, Tzar, (x-, ts-), *n.* : زار روس ؛ ملک روس کے بادشاہ کا لقب - [تلفظ "تسار"]

Czarevitch, -wich, Tsar-, (tsar:vitsh, z-), *n.* : زار زادہ ؛ شہزادۂ روس -

Czarevna, Tsar-, *n.* : زار زادی ؛ شہزادئی روس -

czarina, tsar-, (-e-), *n.* : اریٖنا ؛ ملکۂ روس -

czaritza, tsar-, *n.* : زاریٖنا ؛ ملکۂ روس (روسیوں کی زبان میں) -

Czech, -kh, (tshek), *n.* & *a.* : چیک ؛ اہل بوھیمیا ؛ بوھیمیاوی -

Czecho-Slovak (tsheko-slovahk), *a.* & *n.* : چیکو سلوواک باشندۂ جدید ریاست موسوم بہ چیکو سلوواکیا -

D

D (de), **letter** (pl. Ds. D's, Dees) : (۱) انگریزی حروف تہجی کا چوتھا حرف - (۲) D کی شکل کا کندہ ، پھندا یا ڈھکنا - **D** *block, trap valve* - (۳) (موسیقی) بڑے سرگم کی دوسری سرتی -

-d *p.p. suf.* : لاحقہ جو ماضی مطلق اور اِسم مفعول بنانے کے لیے آتا ہے ؛ جیسے *heard* -

Da : دیکھو DAD -

Dab, *v. t.* : (۱) آہستہ سے لگانا یا تھپ تھپانا ؛ کھٹ کھٹانا ؛ ٹھپکنا ؛ ٹھونگ مارنا - (۲) دبانا ؛ اسفنج وغیرہ سے دبانا ؛ پچارا دینا ؛ بوھ مارنا ؛ پوتنا - (۳) (کرنچھی یا گدی) سطح پر پھیرنا یا دبانا -

dabber, *n.* : (ٹھپے وغیرہ پر روشنائی پھیرنے کی) گدی -

Dab, *n.* : (۱) (اچانک) تھپکی ؛ دستک ؛ ٹھونگ - (۲) اسفنج یا رومال وغیرہ کا آہستہ سے پھیرنا ؛ پچارا ؛ تری یا رنگ جو اِس طرح لگ جائے -

Dab, *n.* : ایک قسم کی چپٹی مچھلی

Dab, *n.*: (روز مرہ) شاطر ؛ کامل ؛ ہوشیار ؛ استاد ؛ کاریگر ؛ ماہر -

Dabble, *v. t. & i.*: (۱) وقفے سے بھگونا ؛ خفیف تر کرنا ؛ آلودہ کرنا ؛ چھینٹیں ڈالنا یا اُڑانا ؛ چھڑکنا ؛ کھنگولنا - (۲) پانی میں کھیلنا ؛ پانی میں ہاتھ پانو " چونچ ہلانا - (۳) کسی کام کو دل بہلاوے کے طور پر اختیار کرنا - اناڑی ؛ نیم حکیم ؛ بطور دل بہلاوے کے

dabbler *n.* کسی کام کو اختیار کرنے والا -

Dabchick, *n.*: ایک پانی کا پرند ؛ دریائی چڑیا -

Dabster, *n.*: (۱) شاطر ؛ کامل ؛ ہوشیار - (۲) لیپنے والا ؛ لیسنے والا ؛ بھدا روغن کرنے والا -

da capo (dahca ɪ): (موسیقی کی ہدایت) شروع سے دھراؤ -

Dace, *n.*: چھوٹی دریائی مچھلی -

dachshund (dahks-hoont), *n.*: چھوٹی ٹانگوں کی نسل کا کتا -

Dacoit, *n.*: ڈکیت ؛ ڈاکو ؛ رہزن ؛ ہندوستانی یا برمی مسلح قزاق -

Dacoity, *n* ڈکیتی ؛ قزاقی -

Dactyle, *n* شعر کا ایک وزن جس میں ایک بڑا اور دو چھوٹے رکن syllabesl ہوں -

Dactylic, *a. & n.*: (۱) وزن مذکور کے متعلق - (۲) (بحالت جمع) وزن مذکور کے اشعار -

Dad, Da(dah), **Dada, Daddy,** *nn.*: (روز مرہ) ابا ؛ باپ -

daddy-long legs: لمبی ٹانگوں کا کیڑا ؛ مچھر سے مشابہ -

Dado, *n.*: (۱) ستون کا وہ حصہ جو پائے اور اس کی کنگنی کے درمیان ہو - (۲) دیوار کے زیرین حصے پر لکڑی کا یا رنگ کا حاشیہ -

dadoed, *a.*: چوبی یا رنگین حاشیہ لگایا ہوا -

Daedal (de-), *a.*: (۱) (شعر) چابک دست ؛ مشاق ؛ رسا ؛ موجدانہ - (۲) پیچ در پیچ ؛ پریشان کن ؛ اُلجھاو کا ؛ پیچیدہ - (۳) گونا گوں ؛ طرح طرح کا ؛ پیچیدہ ؛ پر اسرار -

Daedalian,-ean, *a.*: (۱) یونانی صناع Daedalus کے طریقے پر - (۲) پیچیدہ ؛ اُلجھاو کا ؛ پیچ در پیچ ؛ پیچ دار - (۳) چکر دار ؛ بھول بھلیاں کی طرح کا -

Daff, *v. t.*: (متروک) علحدہ رکھنا ؛ قطع نظر کرنا ؛ دست بردار ہونا ؛ کنارہ کش ہونا ؛ ترک کرنا ؛ چھوڑنا -

Daffodil (also Daffodilly, Daffadowndilly), *n. & a.*: (۱) آبی نرگس - (۲) ہلکا زرد (رنگ) -

Daft, *a.*: احمق ؛ بیوقوف ؛ نادان ؛ جاہل ؛ بے دھڑک ؛ وحشی ؛ خبطی ؛ سنکی ؛ سودائی -

Dagger, *n.*: (۱) خنجر ؛ کٹار ؛ پیش قبض - (۲) (طباعت) چلیپے کا نشان حوالے کے لیے × -

at dd. drawn: (۱) ایک دوسرے کے دشمن - (۲) لڑنے پر تلے ہوئے -

double d. دھرا چلیپا (یہ ‡ حوالے کا نشان)

look dd.: زہریلی نظروں سے دیکھنا -

speak dd.: تلخ کلامی کرنا -

Dago, *n.*: امریکی ہسپانوی ؛ پرتگالی یا اطالوی -

Daguerreotype (-gero-), *n.*: تصویر جو فوٹو گرافی کے ابتدائی طریقے سے لی جاتی تھی -

dahabeeyah (dah-ha),-*biah* (-be-), *n.*: دریائے نیل کی بادبانی کشتی ؛ ذہبیہ - [عربی لفظ " ذہبیہ " یعنی " سنہری " سے -]

Dahlia (dal-), *n.*: (۱) ڈالیا میکسکو کا ایک پودا رنگ برنگ کے پھول کا - (۲) ایک قسم کا سرخ رنگ -

blue d.: نا ممکنات سے ؛ گولر کا پھول -

Dail Eireann (dhawlyaran), *n.*: آئرستان کی لیجس لیٹو اسمبلی (مجلس وضع قوانین) کا دارالعوام -

Daily, *a., adv., & n.*: (۱) روزانہ ؛ یومیہ ؛ روز مرہ ؛ ہر روز ؛ روز بروز ؛ متواتر ؛ مسلسل ؛ لگا تار ؛ اکثر - (۲) روزانہ اخبار ؛ روز نامہ -

daimio(-yo), *n.*: جاپانی جاگیر دار ؛ مشروط الخدمت جاگیر دار ؛ سردار ؛ امیر -

Dainty, *n.*: لذیذ یا نفیس غذا ؛ تحفہ ؛ تر لقمہ ؛ تر مال (نیز استعارتاً) -

Dainty, *a.*: (۱) لطیف ؛ نفیس ؛ عمدہ ؛ اعلی ؛ تحفہ - (۲) لذیذ ؛ خوش گوار ؛ مزے دار ؛ حسین ؛ خوبصورت ؛ نازک صاف ستھرا ؛ صفائی پسند ؛ نفاست پسند ؛ نازک مذاق حد سے زیادہ نفیس مزاج ؛ نانا شاہ - (۳) عشرت پسند -

daintily, *adv.*: نفاست سے ؛ عمدگی ؛ خوبصورتی کے ساتھ ؛ نزاکت سے ؛ عیش پسندانہ -

daintiness, *n.*: نفاست ؛ خوبصورتی ؛ باریک بینی ؛ عیش پسندی -

Dairy, *n.*: (۱) شیر خانہ ؛ پنیر اور مکھن بنانے کا کار خانہ یا عمارت - (۲) زراعتی فارم کا شیر خانہ - (۳) دودھ وغیرہ کی دکان ؛ دودھ کے کار خانے کی گائیں -

dairying, *n.*: دودھ رکھنے یا پنیر وغیرہ اور مکھن بنانے کا طریقہ یا کام -

Dais(das), *n.*: چبوترا ؛ شہ نشین ؛ ڈائس -

Daisy (-zi), *n.*: (۱) ڈیزی ؛ اُسی قسم کے دوسرے پودے - (۲) (سوقیانہ) چوٹی کا -

d.-chain: ڈیزی کا ہار -

d.-cutter: گھوڑا جو قدم بہت کم اُٹھائے ؛ (کرکٹ) گیند جو زمین پر لڑھکتی جائے ؛ زمینی گیند ؛ شڑا گیند -

daisied, *a.*: ڈیزی سے ڈھکا ہوا -

Dak, Dak: دیکھو DAWK -

Dale, *n.*: وادی ؛ گھاٹی -

dalesman: شمالی انگلستان کی وادیوں کا باشندہ -

Dally, *v. i. & t.*: (۱) جی بہلانا ؛ دل لگی کرنا - (۲) ہنسنا بولنا ؛ بوس و کنار کرنا ؛ پیار کرنا - (۳) اُٹھلانا ؛ نخرے کرنا ؛ چوچلے کرنا - (۴) ٹالنا ؛ ٹال مٹول کرنا - (۵) دیر لگانا ؛ وقت ٹالنا ؛ متر گشت میں وقت کھونا ؛ سستی کرنا ؛ تاخیر کرنا ؛ بیہودہ وقت گزاری کرنا ؛ تضیع اوقات کرنا -

d. away: (وقت یا موقع) بے کار کھونا -

dalliance, *n.*: ناز و نیاز ؛ بوس و کنار ؛ تساہل ؛ ٹال مٹول -

Dalmatian(-ashn), *n.*, **D.dog** گل دار کتا جو گاڑی کے ساتھ دوڑنے کے لیے پالا جائے -

Dalmatic, *n.*: ڈھیلا چغہ یا عبا جو بادشاہ تاج پوشی کے وقت اور بشپ خاص موقعوں پر پہنتا ہے -

dal segno (sanyo): (موسیقی کی ایک ہدایت) فلاں مقام سے دہراؤ -

Daltonism (dawl-), *n.*: رنگوندا پن ؛ سبز و سرخ میں اِمتیاز نہ کر سکنا -

Dam, *n.*, & *v. t.*: (۱) بند ؛ پشتہ - (۲) اونچی سڑک نشیبی مرطوب زمین پر یا پانی میں - (۳) پانی جو بند کے ذریعے روک دیا جاے - (۴) پشتہ لگانا یا پشتے سے روکنا ؛ بند باندھنا - (۵) روکنا ؛ بند کرنا ؛ مسدود کرنا -

Dam, *n.*: ماں (عموماً چوپاے کی) -

the devil & his d.: شیطان اور اِس کی ذریات -

Damage (-ij), *n.*, & *v. t.*: (۱) نقصان ؛ ضرر ؛ زیان ؛ خسارہ ؛ ٹوٹا ؛ گھاٹا ؛ خلل - (۲) تاوان ؛ ہرجہ (قانونی) - (۳) (سوقیانہ) قیمت ؛ خرچہ - (۴) نقصان پہنچانا ؛ خسارہ دینا - (۵) قدر گھٹانا ؛ صدمہ پہنچانا -

damageable, *a.*: نقصان پذیر ؛ خسارہ پذیر -

Damascene (-asen), **Damaskeen**, *v. t.*: (۱) دھات پر سونے یا چاندی کی پچی کاری کرنا - (۲) فولاد میں جوہر ڈالنا -

Damask, *n.* & *a.*, & *v. t.*: (۱) ایک قسم کا گلاب جو قدیماً دمشق سے لایا گیا تھا - (۲) گلابی رنگ ؛ گلاب مذکور کا رنگ - (۳) مشجر ؛ بوٹے دار ریشمی کپڑا - (۴) دھوپ چھانو - (۵) دمشق کا یا دمشق کا سا جوہر دار فولاد - (۶) گلاب کے رنگ کا ؛ سرخ - (۷) مشجر یا جامدانی یا جوہر دار فولاد کا بنا ہوا یا اُس سے ملتا جلتا - (۸) بوٹے بنانا یا بننا ؛ مشجر کا کام کرنا - (۹) دیکھو DAMASCENE - (۱۰) جال یا پھول ڈالنا - (۱۱) (رخسار وغیرہ کو) سرخ کرنا -

Dame, *n.*: (متروک) (شعر یا ظرافت) (۱) بیگم ؛ بیوی ؛ خاتون ؛ بانو - (۲) ایٹن کے دارالاقامت کا منتظم یا منتظمہ - (۳) (قانون) ناٹ یا نواب کی بیگم - (۴) Primrose League کی اعلیٰ رکن (خاتون) - (۵) ممبر آف دی آرڈر آف برٹش اِمپائر (خاتون) -

d.-school: اِبتدائی مدرسہ جس کی نگران کوئی بوڑھی خاتون ہو -

Damn (dam), *v. t.* & *i.*, & *n.*: (۱) لعنت کرنا ؛ ملامت کرنا ؛ مردود کرنا ؛ ملعون کرنا - (۲) (ناٹک) حاضرین کا بے اِلتفاتی کرنا ؛ قدر نہ کرنا ؛ بند کرا دینا - (۳) مردود ٹھیرانا - (۴) جہنم واصل کرنا ؛ جہنم رسید کرنا - (۵) باعث لعنت یا عذاب ہونا - (۶) کوسنا ؛ سراپ دینا ؛ بد دعا کرنا - (۷) بد دعا ؛ کوسنا ؛ سراپ ؛ نفرین - (۸) ہیچ پوچ -

d. with faint praise: تعریف میں اِتنا بخل کرنا کہ وہ تعریف نہ رہے -

Damnable (-mn-), *a.*: لعنتی ؛ ملعون ؛ جہنمی ؛ مردود ؛ مطعون ؛ قابل نفرین ؛ موذی -

damnably, *adv.*: قابل نفرین طور پر ؛ مکروہ طریقے سے -

Damnation (-mn-), *n.* & *int.*: (۱) تماشے کو مردود قرار دینا - (۲) عذاب دائمی ؛ پھٹکار ؛ لعنت ابدی ؛ خلود فی النار - (۳) اُس پر لعنت ہو ؛ جہنم واصل ہو ؛ اس کا برا ہو -

Damnatory (-mn-), *a.*: لعنت ؛ موجب لعنت ؛ موجب عذاب ؛ آمیز ؛ ملامت آمیز -

Damned (-md), *a.* & *adv.*: (۱) مردود ؛ ملعون ؛ جہنم واصل ؛ سزاوار نفرین - (۲) مکروہ ؛ موذی ؛ دوزخی ؛ شیطانی ؛ ناگوار ؛ نا مبارک - (۳) نہایت ؛ سخت ؛ شدید -

the d.: ارواح اہل دوزخ ؛ اصحاب النار ؛ اہل جہنم -

Damnify (-mn-), *v. t.*: (قانون) نقصان پہنچانا ؛ ضرر پہنچانا ؛ ہرج کرنا -

damnification, *n.*: نقصان رسانی ؛ ضرر رسانی -

Damning (-mi-), *n.*: (۱) لعنت کرنا وغیرہ - (۲) کوسنا ؛ بد دعا دینا ؛ نفرین کرنا ؛ سراپ دینا -

Damning (-mn-, -mi-), *a.*: لعنت کرنے والا -

d. evidence: پھنسا دینے والی شہادت ؛ شہادت جس سے جرم قطعی طور پر ثابت ہوجاے -

damnosa hereditas, *n.*: وہ ارث جس پر منافع سے زیادہ بار ہو -

Damocles, *n.*, **Sword of D.**: عیش کو منغض کرنے والا خطرہ جس کا کھٹکا ہر وقت لگا رہے -

Damon & Pythias, *n.* & *a.*: دلی دوست ؛ یار جانی ؛ دلی ؛ جگری -

Damp, *n.*, *a.*, & *v. t.* & *i.*: (۱) ایک قسم کی گیس جو کان یا معدن میں جمع ہوجاتی ہے اور جس سے اکثر دم گھٹ جاتا ہے - (۲) ایک قسم کی گیس جو کوئلے کی کان میں ہوا سے مل کر مشتعل ہوجاتی ہے - (۳) نمی ؛ تری ؛ رطوبت ؛ سیلن ؛ گیلا پن - (۴) افسردہ دلی ؛ پژمردگی ؛ بد دلی ؛ افسردگی ؛ اِضمحلال ؛ اُداسی - (۵) تر ؛ نم ؛ گیلا ؛ سیلا (ہوا) ؛ مرطوب - (۶) دم گھٹنا ؛ دم خفا کرنا ؛ سانس بند کرنا ؛ افسردہ کرنا ؛ بجھانا ؛ (موسیقی) تار کی جنبش روک دینا - (۷) ہمت شکنی کرنا ؛ (اُمید یا جوش کو) دبا دینا ؛ حوصلہ پست کرنا ؛ بد دل کرنا - (۷) تر کرنا ؛ نم کرنا ؛ گیلا کر دینا -

d. (-proof) course: سلیٹ وغیرہ کی تہ جو دیوار کو سیلن سے محفوظ رکھے (تری کا بچاو ، نمی روک) -

d. down a fire: آگ پر ، مشتعل ہونے سے روکنے کے لیے ، راکھ ڈالنا یا آگ کو راکھ میں دبا دینا -

d. off: (باغبانی) (نمی کی وجہ سے) گل کر گر پڑنا -

dampen, *v. t.* & *i.*: تر کرنا ؛ ترھونا ؛ نم ہونا ؛ مرطوب کرنا یا ہونا -

dampish, *a.*: کسی قدر تر ، نم یا مرطوب -

damply, *adv.*: تری سے ؛ گیلے پن سے ؛ نمی کے ساتھ -

dampness, *n.*: تری ؛ نمی ؛ گیلا پن ؛ رطوبت ؛ سیل -

Damper, *n.*: (۱) بجھا دینے والا ؛ افسردہ کرنے والا ؛ پست کرنے والا - (۲) (پیانو) ایک گدی جو آواز مدھم کرنے کے لیے لگا دی جاتی ہے - (۳) دود کش میں ایک دھات کی تختی یا پتر ہوا کو کم زیادہ کرنے کے لیے - (۴) کاغذ یا ٹکٹ کو تر کرنے کی گدی یا کل - (۵) فتیری روٹی جو بھوبل میں پکائی جاے ؛ بھونری -

Damsel (-zl), *n.*: (ادب ، قدیم) نوجوان ؛ دوشیزہ ؛ ناکتخدا لڑکی ؛ کنواری ؛ باکرہ -

Damson (-zn), *a.* & *n.*: (ا) آلو بخارا - (۲) آلو بخارے کا درخت - (۳) آلو بخارے کے رنگ کا -

d. - *cheese*: آلو بخارے کا مربا -

Danaos: دیکھو TIMEO -

Dance, *v. i.* & *t.*: (ا) ناچنا ؛ رقص کرنا - (۲) کودنا ؛ اُچھلنا ؛ جست کرنا ؛ اُچھلنا (دل کا یا خون کا) ؛ خوشی سے حرکت کرنا - (۳) پانی وغیرہ پر آب ڈب کرنا ؛ تلے اوپر حرکت کرنا - (۴) (کوئی خاص قسم کا رقص) کرنا - (۵) نچانا -

d. attendance (upon person*)* : حاضر باشی کرنا ؛ درباداری کرنا ؛ ہر وقت ساتھ لگے رھنا -

d. away, off, into : جولانا ؛ کھلانا (بچے کو) ؛ ناچ کر ضائع کرنا یا حاصل کرنا -

d. to one's *tune* or *pipe* : اِشارے پر چلنا -

d. upon nothing : پھانسی پانا -

Dance, *n.* : (ا) ناچ ؛ رقص - (۲) رقص کی کوئی خاص قسم - (۳) (ناچ) دور ؛ گشت ؛ موڑ - (۴) سُر جو رقص کی حرکت کے ساتھ ملایا جائے - (۵) صحبت رقص (غیر پیشہ ور) -

D. *of Death* or *of Macabre* : ازمنۂ وسطیٰ کی تصاویر کا موضوع جس میں موت امیر ، غریب سب کو منزل گور تک پہنچا رھی ھے -

lead (person) *a d.* : سبز باغ دکھانا ؛ مفت کے چکر میں ڈال دینا ؛ بھٹکانا -

St. Vitus's d. : ابتری ؛ گزیز (خاص کر بچوں میں) -

Dancer, *n.* : (ا) ناچنے والا ؛ رقص کرنے والا وغیرہ - (۲) نچنیا ؛ رقاص یا رقاصہ -

merry dd. : انوار شمالی -

Dandelion, *n.* : ککروندا ؛ ایک زرد پھول کا پودا جس کے پتے دندانے دار ھوتے ھیں (شیر دنداں) -

Dander, *n.* : (شمالی امریکا بول چال) خفگی ؛ غصہ ؛ ناراضگی ؛ بد مزاجی -

get one's *d. up* : غصے میں آجانا ؛ غصہ دلانا -

Dandie Dinmont, *n.* : ٹیریر کتوں کی ایک قسم -

Dandle, *v. t.* : گھٹنوں پر اُچھالنا ؛ گود میں اچھالنا ؛ کھلانا ؛ جھلانا ؛ ھلانا ؛ پیار کرنا ؛ لاڈ کرنا ؛ دلار کرنا -

Dandruff, **-iff**, *n.* : بفا -

Dandy, *n.* & *a.* : (ا) بانکا ؛ چھیلا ؛ ستھرا ؛ خوش لباس ؛ بناسنورا ھوا - (۲) خاص قسم کے مستول ، بادبان وغیرہ کی کشتی -

d. -*brush* : کھرارا ؛ کھریرا (وھیل کی ھڈی وغیرہ کا بنا ھوا)

d. -*cart* : کمانی دار گاڑی جس پر دودھ لے جاتے ھیں -

dandiacal, *a.* : بانکا ؛ بانکپن کا -

dandify, *v. t.* : بانکا بنانا ؛ چھیلا بنانا وغیرہ -

dandification, *n.* : بانکا بنانا ؛ چھیلا بنانا -

dandyish, *a.* : بانکا سا ؛ چھیلا سا -

dandyism *n.* : بانکپن ؛ چھیلا پن -

Dandy : دیکھو DENGUE -

Dane, *n.* : (ا) باشندۂ ڈنمارک - (۲) (تاریخ) شمال کا حملہ آور انگلستان -

Great D. : چھوٹے بالوں والا طاقت ور نسل کا کتا -

Danger *n.* : (ا) خطرہ ؛ جوکھم ؛ کھٹکا ؛ خوف ؛ ڈر - (۲) (ریلوے) خطرے کا نشان - (۳) خطرے کی چیز ؛ موجب خطر -

dangerous, *a.* : خطرناک ؛ خوف ناک ؛ پُر خطر ؛ مہلک -

dangerously, *adv.* : خطرناکی کے ساتھ ؛ خطرے سے -

Dangle, *v. i.* & *t.* : جھولنا ؛ ھلکنا ؛ ھلکانا ؛ لٹکنا ؛ لٹکانا - (۲) جھلاتے یا لٹکاتے لے جانا ؛ جھلانا - (۳) للچانا ؛ سبز باغ دکھانا - (۴) پیچھے پیچھے پھرنا ؛ منڈلانا -

dangler, *n.* : پیچھے لگے پھر نیوالا (مثلاً ہیرو ، عاشق وغیرہ) -

Daniel, *n.* : عادل ، بےلاگ منصف ؛ صائب الراۓ حکیم -

Danish, *a.* & *n.* : (ا) ڈنمارک کا ؛ اھل ڈنمارک کا - (۲) ڈنمارک کی زبان -

Dank, *a.* : (ا) رستاھوا ؛ لت پت - (۲) سیلا ؛ مرطوب -

Dantean, *a.* & *n.* : مشہور شاعر Dante کا یا اُس سے متعلق ؛ Dante کے کلام کا شیدائی (دانتیا) -

Dantesque, *a.* : Dante کی طرز کا -

Dantist, *n.* : Dante کے کلام پر عبور رکھنے والا -

Dap, *v. i.* & *t.*, & *n.* : (ا) پانی میں چارا ڈال کر شکار کرنا - (۲) آھستہ سے غوطہ دینا - (۳) گیند اُچھالنا ؛ (گیند کا) اُچھلنا یا ٹپا یا گدا کھانا - (۴) گدا ؛ ٹپا -

Daphne, *n.* : پھول دار جھاڑیوں کی بعض قسمیں -

Dapper, *a.* : صاف ستھرا ؛ پھرتیلا ؛ مستعد ؛ چست -

Dapple, *v. i.* & *t.*, & *n.* : (ا) دھبے ڈالنا ؛ ابلق کرنا ؛ داغ دار کرنا یا ھونا ؛ رنگ برنگ کرنا ؛ پچرنگا کرنا یا ھونا - (۲) بوقلمونی ؛ رنگ برنگی -

d. -*grey* : کبرا ؛ چت کبرا ؛ ابلق ؛ (گھوڑا) ابرش -

Darbies, *n. pl.* : (سوقیانہ) ھتکڑی -

Darby & Joan (jon), *n.* : بوڑھے میاں بیوی ایک دوسرے کے عاشق -

Dare, *v. t.* : (ا) جرأت کرنا ؛ ھمت کرنا ؛ دل کرنا ؛ جسارت کرنا - (۲) کوشش کرنا ؛ قصد کرنا ؛ خطرہ مول لینا ؛ جوکھوں میں پڑنا - (۳) مقابلے کی دعوت دینا ؛ للکارنا ؛ مقابلے میں آنا -

d. -*devil* : بے دھڑک ؛ بے باک ؛ نڈر -

I dare say : ممکن ھے ؛ ھوگا -

Daring, *n.* : جیوٹ ؛ جرأت ؛ ھمت ؛ جسارت ؛ دلیری ؛ بےباکی ؛ بہادری ؛ مہم جوئی -

Daring, *a.* : جری ؛ باھمت ؛ من چلا ؛ جیوٹ کا ؛ مردانہ ؛ دلیر ؛ مہم جو -

daringly, *adv.* : جرأت سے ؛ ھمت کے ساتھ ؛ دلیرانہ ؛ بہادرانہ ؛ مہم جویانہ -

Dark, *a.* : (ا) تاریک ؛ تیرہ و تار ؛ بے نور ؛ اندھیرا گھپ ؛ بے رونق ؛ بھیانک ؛ اُداس ؛ سونا - (۲) سیاہ ؛ کالا ؛ مائل بہ سیاھی ؛ سیاھی مائل - (۳) (رنگ) خاکی ؛ سانولا ؛ غیر صبیح - (۴) بد ؛ سنگین ؛ زشت ؛ دھشت ناک ؛ شدید - (۵) تاریک (پہلو یا رخ کسی چیز کا) - (۶) غمگین ؛ برھم ؛ غضب ناک ؛ چیں بہ جبیں ؛ چیں بہ ابرو ؛ ترش رو - (۷) نا معلوم ؛ غیر ؛ مبہم ؛ مگھم - (۸) پوشیدہ ؛ مخفی ؛ چھپا ھوا ؛ مستور ؛ مجہول - (۹) غیر معلوم ؛ نامعلوم ؛ غیر معروف -

(۱۰) غیر مہذب؛ غیر متمدن؛ تاریک خیال؛ غیرتربیت یافتہ –

d. ages: قرون مظلمہ؛ ازمنۂ وسطیٰ -

d. horse: خلاف توقع جیتنے والا گھوڑا؛ (اِستعارتاً) چھپا رستم -

d. lantern: چور لالٹین -

keep d.: چھپے رہنا -

Prince of darkness: شیطان؛ ابلیس -

the D. Continent: افریقہ -

darkish, *a.*: کچھ کچھ اندھیرا؛ کسی قدر تاریک؛ دھندلا -

darkly, *adv.*: تاریکی سے دھندلے پن سے؛ پراسرار طریقے سے -

darkness, *n.*: تاریکی؛ اندھیرا؛ دھندلا پن؛ جہالت -

Drak *n.*: (۱) تاریکی؛ بے نوری؛ اندھیرا؛ سیاہی؛ تیرگی - (۲) شام؛ سانجھ؛ جھٹ پٹا - (۳) سیاہی؛ کالاپن؛ کالارنگ؛ (۴) بے علمی؛ جہالت؛ نا واقفیت -

in the d.: بے خبری یا لاعلمی میں -

leap in the d.: بے دیکھے بھالے جو کھوں میں پڑنا -

darksome, *a.*: (شعر) تاریک؛ تیرہ؛ دھندلا؛ اُداس؛ غمگین –

Darken, *v. it & t.*: تاریک کرنا؛ تاریک ہونا؛ سیاہ کرنا یا ہونا -

d. counsel: اُلجھے ہوئے معاملے میں اور اُلجھا و پیدا کرنا -

I will not d. your door: میں کبھی اپنے وجود سے آپ کے گھر کو تاریک نہ کروں گا؛ میں آپ سے نہیں ملونگا

Darkle, *v. i.*: (۱) چھپے ہونا یا چھپ رہنا - (۲) اندھیرا ہوجانا -

Darkling, *adv. & a.*: تاریکی میں؛ اندھیرے میں -

Dark(e)y, *n.*: (بول چال) حبشی؛ زنگی -

Darling, *n. & a.*: پیارا؛ عزیز؛ لال؛ حبیب؛ دلارا؛ چہیتا؛ لاڈلا -

Darn, *v. t., & n.*: (۱) رفو کرنا - (۲) وہ حصہ جس پر رفو کیا گیا ہو -

darning-ball, - last: لکڑی کی گیند یا قالب جس پر کپڑے کو رفو کرتے وقت تان لیتے ہیں -

darning, *n.*: رفو؛ رفوگری -

Darn, *v. t.*: (سوقیانہ) لعنت کرنا؛ بد دعا دینا؛ سراپ دینا؛ نفرین کرنا -

Darnel (-nl), *n.*: ایک ولایتی گھاس جو ناج کے ساتھ اُگ آتی ہے -

Dart, *n., & v. t. & i.*: (۱) برچھی؛ نیزہ؛ بھالا؛ تیر - (۲) (کیڑے، [illegible] کا [illegible] (۳) [illegible] (جمع) بچوں کی تیر اندازی کا کھیل - (۴) تیر، برچھی وغیرہ پھینکنا؛ تیر یا ڈھیلا پھینکنا، چلانا، مارنا - (۵) تیزی سے ڈالنا، پڑنا (شعاع، نظر وغیرہ) - (۶) جھپٹنا؛ لپکنا؛ تیزی سے بڑھنا -

Darter, *n.*: (۱) (تیر وغیرہ) پھینکنے والا؛ اچانک خارج کرنے والا؛ جھپٹنے والا - (۲) ڈبکیا؛ ایک قسم کی دریائی چڑیا - (۳) (جمع) چڑیوں کی ایک قسم - (۴) ایک قسم کی مچھلی -

Dartmoor, *n.*: ڈارٹ مور کا جیل خانہ -

Dartmouth, *n.*: (۱) ڈارٹ متھ کا شاہی بحری مدرسہ - (۲) سادے میٹھے بسکٹوں کی ایک قسم -

Dartle, *v, i. & t.*: تیزی سے جھپٹنا یا بڑھنا؛ لپکنا؛ لپکتے جانا؛ پھینکتے رہنا -

Dartre (-ter), *n.*: ایک جلدی مرض -

dartrous, *a.*: صفت، مذکورۂ بالا معنے میں -

Darwinian, *a. & n.*: ڈارون کا؛ ڈارونی؛ ڈارون کے متعلق؛ ڈارون کا پیرو یا اُس کے اصول کا ماننے والا

Darwinism, *n.*: ڈارون کا نظریہ (اِرتقا) -

Darwinist, Darwinite, *nn. & aa.*: ڈارون کے اصول کا معتقد -

Darwinistic, *a.*: ڈارون کے مسلک سے متعلق -

Darwinize, *v. t. & i.*: ڈارون کے اُصول پر چلنا -

Dash, *v. t. & i.*: (۱) پاش پاش کرنا؛ ٹکڑے ٹکڑے کرنا؛ ریزہ ریزہ کرنا - (۲) ٹکرانا؛ دھکا دینا؛ چلانا؛ پھینکنا؛ گھسیٹنا - (۳) پٹکنا؛ پھینکنا؛ چھینٹیں ڈالنا؛ چھینٹیں اُڑانا - (۴) رقیق کرنا؛ تعدیل یا اعتدال پیدا کرنا؛ سمونا (پانی کی آمیزش سے) - (۵) (اُمید) توڑنا؛ خاک میں ملانا؛ امیدوں پر پانی پھیرنا؛ ہمت شکنی کرنا؛ ہمت توڑنا؛ افراتفری ڈال دینا؛ ابتری پیدا کرنا - (۶) گھسیٹ دینا (تصویر وغیرہ) - (۷) عبارت یا الفاظ کے نیچے خط کھینچنا - (۸) (عامیانہ) لاحول بھیجنا - (۹) ٹکرانا؛ جا پڑنا؛ جا گرنا - (۱۰) ٹکر کھانا؛ متصادم ہونا؛ ٹکرانا؛ اِتراکے چلنا؛ شان سے چلنا؛ شان دکھانا؛ مستعدی دکھانا -

d. board: گاڑی کے سامنے لکڑی کا تختہ یا چمڑے کا پردا کیچڑ پانی کے بچھار کے لیے؛ کیچ روک -

dashing, *a.*: نمودیا؛ شان دکھلانے والا؛ مستعد؛ سرگرم -

dashingly, *adv.*: دکھاوے سے؛ شان سے -

Dash, *n.*: (۱) پانی کی یا پانی سے ٹکرانے کی آواز - (۲) رنگ کی جھلک؛ آمیزش - (۳) ملونی؛ میل (شراب، نسل وغیرہ) - (۴) قلم کی گھسیٹ؛ تیزی سے قلم چلانا - (۵) وقفہ یا جملۂ معترضہ ظاہر کرنے کا نشان (اِس طرح —) یا چھوٹے ہوئے حروف یا الفاظ ظاہر کرنے کا نشان (اِس طرح — —) - (۶) جھپٹ؛ چڑھائی؛ حملہ؛ اچانک جا پڑنا؛ دھاوا - (۷) پرجوش عمل؛ گرمی یا جوش کا کام - (۸) دکھاوا؛ نمائش؛ بناوٹ –

cut a d.: خوب شان دکھانا –

Dasher, *n.*: (۱) پاش پاش کرنے والا؛ ٹکرانے والا؛ پٹکنے والا وغیرہ (۲) متھانی –

Dastard, *n.*: ڈرپوک؛ بزدل؛ نامرد؛ ہیز؛ بے حمیت -

dastardliness, *n.*: بزدلی؛ نامردی؛ بے حمیتی –

dastardly, *adv.*: بزدلانہ؛ نامردانہ –

Data: دیکھو DATUM –

Dataller, Day-taler, (-tal-), *n.*: دن کے دن کا مزدور –

Date, *n.*: خرما؛ چھوارا؛ کھجور؛ رطب؛ تمر؛ درخت یا ثمر خرما -

Date, *n.*: (۱) تاریخ؛ زمانہ؛ وقت – (۲) واقعے کی تاریخ – (۳) عہد قدامت – (۴) عمر؛ عہد حیات (شعر) -

d. -line: خط نصف النہار؛ ۱۸۰ ڈگری گرینوچ سے –

(go) out of d.: متروک؛ غیر متعمل (ہونا)؛ تقویم پارینہ (ہونا) -

up to d.: الی الآن؛ (مکمل حسابات) تاریخ جاریہ تک؛ تازہ ترین ضروریات یا علم کے مطابق؛ ہنوزی (ج)

Date, *v. t. & i.*: (۱) تاریخ ڈالنا - (۲) کسی زمانے کا حوالہ دینا - (۳) گننا؛ زمانے کا شمار کرنا - (۴) (کسی کاغذ پر) تاریخ کا موجود ہونا - (۵) اِبتدا ہونا؛ شروع ہونا (کسی زمانے سے) - (۶) زمانے کا تعین ہوسکنا (کسی شے وغیرہ کے متعلق) -

datable, *a.* : جس کی تاریخ معین ہوسکے -

dater, *n.* : تاریخ ڈالنے والا -

Dateless, *a.* : (۱) جس پر تاریخ نہ پڑی ہو؛ بے تاریخ - (۲) بے اِنتہا؛ بے حد؛ بے پایاں - (۳) قدیم؛ یاد سے پہلے کا -

Dative, *a.* & *n.* **D. case** : اسم کی حالت ظرفی -

dātival, *a.* : صفت ' مذکورۂ بالا معنے میں -

datively, *adv.* : متعلق فعل ' مذکورۂ بالا معنے میں -

Datum, *n.* (pl.- *ta*) : (۱) معلوم؛ مفروض؛ دیا ہوا؛ مقدمہ - (۲) نقطۂ آغاز؛ اِکائی -

Datura, *n.* : دھتورا -

Daub, *v. i.*, & *t.*, & *n.* : (۱) پلا ستر کرنا؛ استر کاری کرنا؛ کہگل کرنا؛ لیپنا؛ پوتنا؛ لیسنا - (۲) آلودہ کرنا؛ (روغن یا چکنائی) لگانا یا تھوپنا - (۳) آلودہ کرنا؛ ناپاک کرنا؛ ملوث کرنا؛ دھبا ڈالنا؛ داغ لگانا - (۴) تصویر پر رنگ تھوپنا - (۵) لیپ پوت . استر کاری؛ آلودگی روغن - (۶) بھدی تصویر-

dauber, daubster, *nn.* : اناڑی مصور -

dauby, *a.* : بھدی (تصویر وغیرہ) -

Daughter, *n.* : (۱) دختر؛ بیٹی؛ لڑکی؛ بنت - (۲) عورت (کسی خاص نسل یا خاندان کی) - (۳) دختر معنوی (مذہب وغیرہ) - (۴) دختر ' بیٹی (وہ چیز جو کسی دوسرے سے نکلی یا پیدا ہوئی ہو؛ جیسے زبان وغیرہ) -

d.- in law : لڑکے کی بیوی؛ بہو؛ (غلط استعمال) سوتیلی لڑکی -

daughterhood, *n.* : بیٹی ہونا؛ دختریت -

daughterly, *a.* : دخترانہ؛ بیٹی کی طرح -

Daunt, *v. t.* : ہمت شکنی کرنا؛ ہمت توڑنا؛ ڈرانا؛ دھمکانا؛ دہشت دلانا - (۲) ہیرنگ (مچھلیوں) کو دبا کر پیپے میں بھرنا یا ٹھونسنا -

Dauntless, *a.* : بے باک؛ نڈر؛ بے خوف؛ بے محابا؛ دلیر؛ مستقل مزاج؛ دھن کا پکا -

dauntlessly, *adv.* : بے باکی سے؛ بے خوفی سے؛ نڈر پن سے؛ دلیرانہ -

dauntlessness, *n.* : بے باکی؛ بے خوفی؛ دلیری؛ نڈر پن؛ بہادری -

Dauphin, Dauphiness, *nn.* : شاہ فرانس کا سب سے بڑا بیٹا ' (شاہ فرانس کی بڑی بہو) -

Davenport, *n.* : لکھنے کی چھوٹی خوبصورت میز -

David & Jonathan, *n.* : دو یار غار؛ دلی دوست؛ جگری دوست -

Davit, *n.* : لنگر اٹھانے اور کشتی کو معلق رکھنے کی کل -

Davy (lamp), *n.* : کان کنوں کا محفوظ لیمپ (جس میں کان کے اندر آگ لگنے کا اندیشہ نہیں ہوتا) -

Davy, *n.*, **Take one's d.** : (سوقیانہ) بیان حلفی؛ اظہار حلف؛ حلف نامہ -

Davy Jones's locker, *n.* : قعر دریا؛ مدفن بحر -

Daw, *n.* : ایک چھوٹی قسم کا کوا -

Dawdle, *v. i.* & *t.*, & *n.* : وقت ضائع کرنا؛ کاہلی کرنا؛ بے کار پھرنا -

dawdler, *n.* : تضیع اوقات کرنے والا؛ (وقت) کھونے والا؛ بے کار پھرنے والا -

Dawk, Dak, *n.* : (۱) چٹھی رسانی یا بار برداری بذریعہ ڈاک - (۲) ڈاک؛ آدمیوں یا گھوڑوں کی ڈاک -

d. bungalow : ڈاک بنگلہ -

Dawn, *v. i.*, & *n.* : (۱) پو پھٹنا؛ تڑکا ہونا؛ نمودار ہونا؛ ظاہر ہونا؛ کھلنا (ذہن پر)؛ شروع ہونا - (۲) فجر؛ بھور؛ تڑکا؛ طلوع صبح؛ آغاز؛ شروع؛ اِبتدا -

dawning . مشرق -

first dawnings : اِبتدا؛ آغاز؛ شروعات -

Day, *n.* : (۱) دن؛ روز؛ یوم؛ (۲) فجر؛ صبح؛ تڑکا - (۳) دن کی روشنی - (۴) ۲۴ گھنٹے - (۵) رات کے بارہ بجے سے اگلی رات کے ۱۲ بجے تک - (۶) مخصوص تہوار کا دن یا تاریخ - (۷) مقرر یا معہود تاریخ - (۸) فتح؛ ظفر؛ کامیابی؛ جیت - (۹) زمانہ؛ عہد؛ وقت؛ دور - (۱۰) زندگی؛ عمر؛ حیات؛ دور حیات؛ زمانۂ خوش حالی؛ زمانۂ عروج؛ عہد سر گرمی -

d. about : ایک دن چھوڑ کر؛ ایک دن ناغہ کر کے -

d.-boarder : طالب علم جو اقامت خانے میں کھانا کھائے مگر گھر پر سوئے؛ غیر مقیم طالب علم -

d.-book : روز نامچہ؛ بہی -

d.-boy : طالب علم جو اقامت خانے میں نہ رہے -

d. by d., *d. after d.*, *from d. to d.*, *every d.* : دن بہ دن؛ روز بروز؛ روزانہ -

d.-dream, *-ing*, *-er* : شیخ چلی کا منصوبہ؛ خیالی پلاؤ؛ بیداری کا خواب -

d.-fly : ایک کیڑا جو قلیل الحیات ہوتا ہے

d.-labourer : دن کے دن کا مزدور -

d.-long : تمام دن؛ تمام دن کا؛ دن بھر کا؛ دن بھر -

d.-owl : ایک شکاری چڑیا جو دن میں شکار کرتی ہے -

d.- room : (مدرسے وغیرہ میں) دن کے اِستعمال کا کمرا -

d.-school : معمولی مدرسہ رات کے مدرسے اور اِتوار کے مدرسے کے مقابلے میں -

d.-spring : (شاعری) تڑکا؛ صبح -

d.-ticket : اِکہرا ٹکٹ ' ٹکٹ جس سے اُسی روز واپسی ہوسکے -

d.-time : دن کا وقت -

better dd. : خوش حالی کا زمانہ؛ مساعد زمانہ؛ ساز گار زمانہ -

civil d. : آدھی رات سے آدھی رات تک -

creature of a d. : وہ شخص جس کا اِقتدار عارضی یا دو روزہ ہو -

end one's dd. : مرنا -

every dog has his d. : گھوڑے کے دن بھی پھرتے ہیں -

fallen on evil dd. : مصیبت میں؛ برے دن

first d. : اِتوار -

keep one's d. : پابند وقت ہونا -

know the time of d. : ہوشیار رہنا؛ چوکس ہونا یا رہنا -

men of the d. : مشاہیر وقت -

one d. : کسی دن؛ ایک دن -

one of these dd. or *fine dd.* : عنقریب کسی دن -
one's *d.* : ملاقات کا دن -
on one's *d.* : عروج کے زمانے میں -
present-d. : زمانۂ حال -
sidereal d. : شمسی دن سے کچھ کم -
solar or *astronomical d.* : دو پہر سے دو پہر تک -
some d. : کبھی (آیندہ) -
sufficient for the d. is the evil there of : مترس از بلائے کہ شب درمیان است -
the d. before, after, the fair : قبل از وقت ؛ بعد از وقت ؛ عید پیچھے ٹر -
the D. or *der Tag* : وہ دن جب کہ اہل جرمانیا کو برطانیا پر فتح کی امید ہے -
these dd. : آج کل -
the other d. : کچھلے دن پہلے -
this d. week, month, year : آج سے آٹھویں دن یا آٹھ دن پہلے وغیرہ -
twice & c. a d. : دن میں دو (وغیرہ) بار -

Daylight, *n.* : (۱) دن کی روشنی ؛ روز روشن - (۲) شہرت ؛ اشاعت ؛ اعلان ؛ اشتہار - (۳) تڑکا ؛ صبح ؛ فجر - (۴) فصل دو چیزوں کے درمیان میں ؛ جیسے : دوڑ کی کشتیوں یا شراب کی سطح اور گلاس کے کنارے یا سوار اور گھوڑے کی زین میں -
let d. into : خنجر بھونک دینا یا گولی سے مار ڈالنا -

Daze, *v. t., & n.* : (۱) مخبوط کرنا ؛ پریشان کرنا ؛ بدحواس کردینا ؛ گھبرا دینا - (۲) چوندھیانا ؛ خیرہ کرنا ؛ تلملا دینا - (۳) بدحواسی ؛ گھبراہٹ ؛ حیرانی -
dazedly, *adv.* : بحالت خیرگی ؛ گھبراہٹ کے ساتھ -

Dazzle, *v. t., & n.* : (۱) چوندھیانا ؛ خیرہ کرنا ؛ (آنکھوں میں) چکاچوند ڈالنا - (۲) دماغ کو چکرادینا ؛ پریشان کرنا ، گھبرادینا ، حیران کرنا ؛ حواس باختہ کرنا - (۳) چمک دمک ؛ تاب - خیرگی ؛ چکاچوند ؛ بدحواسی -
dazzelment, *n.* : خیرگی ؛ چکاچوند ؛ بدحواسی -
dazzlingly, *adv.* : خیرہ کناں -

De-, *pref.* : (سابقہ) نیچے ، دور ؛ کل ، نفی اور مکرر کے معنی دیتا ہے

Deacon(dekn), *n.* : (۱) مہتمم صدقات (پادری) - (۲) تیسرے درجے کا پادری بالے بشپ اور قسیس کے بعد - (پریسبٹیرین ، منجبی جماعت ے دنیوی معاملات کا منتظم افسر -
deaconship, *n.* : ڈیکن کا منصب یا عہدہ -

Deaconess, *n.* : وہ عورت جس کو ڈیکن کے خدمات سپرد ہوں -

Dead(ded), *a., n., & adv.* : (۱) مردہ ؛ میت ؛ بےجان - (۲) بے حس ، سن - (۳) مردہ روح ؛ روحانیت سے خالی - (۴) متروک ؛ منسوخ ؛ غیر نافذ ؛ غیر موثر ؛ گزرا ہوا ؛ قدیم - (۵) بے جان ، غیر ذی روح - (۶) بجھا ہوا ؛ ٹھنڈا (انگارا) ؛ کند ، مدھم ؛ بے نور ؛ بے جلا ؛ ناطاقت ؛ بے قوت ؛ مردہ (آواز) - (۷) ساکن ؛ بےحرکت ؛ مُسبت ؛ کاہل ؛ غیر متحرک - (۸) اچانک ، یکایک پورا ؛ تمام ؛ کاملاً ؛ سراسر ؛ بے لطف ؛ یکساں ؛ ٹھیک ؛ صحیح - (۹) قطعی طورے ؛ مطلقاً ؛ کل ؛ کلیتاً -
d. against : بالکل آمنے سامنے ؛ سخت مخالف -
d.-alive : بے لطف ؛ اکتا دینے والا ؛ زندہ بشکل مردہ -
d. arch, window, & c. : نقلی محراب ؛ کھڑکی وغیرہ -
d. as a doornail, : بالکل مردہ -
d. ball : کھیل سے خارج گیند -
d.-beat : تھک کر چور -
d. colour : رنگ کی پہلی تہ (تصویروں میں) -
d. end : جہاں ریل کی لائن وغیرہ ختم ہوجاتی ہے -
d.-eye : (بحری) گول مگر کسی قدر چپٹا کندا جس میں رسی ڈالنے کے تین سوراخ ہوتے ہیں -
d.-fire : دیکھو CORPOSANT -
d. freight : خالی حصے کا محصول (یعنے اتنے حصے کا جس میں سامان نہیں بھرا جا سکا) -
d. gold : ماند سونا -
d. hand : دیکھو MARTMAIN -
d.-head : بغیر ٹکٹ کے ناٹک دیکھنے والا ؛ بغیر ٹکٹ سفر کرنے والا
d. heat : دوڑ میں برابری -
d. hours : سنسان گھڑیاں ؛ سناٹے کی گھڑیاں (رات کی) -
d. house : نعش خانہ -
d. letter : غیر نافذ قانون ؛ متروک پارینہ -
d.-light : جھلملی جو طوفان میں جہازی کمروں کی کھڑکیوں کو محفوظ رکھے -
d. lock : رک کے رہ جانا -
d. loss : سراسر نقصان -
d. man's finger, hand, thumb : آرچڈ پھول کی قسمیں -
d. man's handle : روک دستہ (بجلی کی ریل میں ، جو چلانے والے کے ہاتھ کے ہٹتے ہی ریل کو خود بخود روک دیتا ہے) -
d.-march : جنازے کے ساتھ کا باجا -
d. men or *mariness* : خالی بوتلیں -
d. men tell no tales : مردے راز فاش نہیں کر سکتے
d.-nettle : بچھو سے مشابہ پودا جس کے چھونے سے جلن نہیں ہوتی ؛ دیکھو NETTLE -
d. office : جنازے کی نماز -
d. on the target : سیدھا نشانے پر -
d. point, centre : وہ نقطہ جہاں لشارنے یا گردونے کا زور سب سے کم پڑتا ہے -
d. pull, lift : دوبھر (بوجھ) -
d.-reckoning : (بحری) قطب نما وغیرہ سے جہاز کے مقام کو دریافت کرنا -
D.-sea apple : دیکھو APPLE -
d. shot : جس کا نشانہ کبھی خطا نہیں ہوتا
d. sound : مردہ آواز جس میں گونج نہ ہو -
d. spit : (بول چال) ہو بہو -
d. stock : بے کار سرمایہ ؛ مال جو بک نہ سکے -
d. to : بے حس ؛ بےذوق (کسی خاص چیز کی طرف سے) -
d. weight : بوجھ (گناہ ، قرض وغیرہ کا) -
the d. : مردے ؛ اہل قبور -
deadness, *n.* : مردہ ہونا ؛ مردنی ، موت -

Deaden(dedn), *v. t.* & *i.*: (۱) مردہ کرنا یا ہونا ؛ بے طاقت کرنا ؛ بے نور کرنا ؛ (جذبہ) سرد کرنا ؛ (جوش) ٹھنڈا کرنا - (۲) بے حس کرنا ؛ (کسی بات کی طرف سے) بے خبر کردینا -

Deadly (ded-), *a.*: (۱) مہلک ؛ قاتل - (۲) زہریلا ؛ سمیت آلود - لعنت انگیز ؛ لعنتی ؛ مستوجب عذاب - (۳) بے رحم ؛ سنگ دل ؛ تہس نہس کردینے والا ؛ سفاک - (۵) موت کا سا - (۶) سخت ؛ شدید ؛ تیز ؛ تند ؛ اِنتہائی -

deadliness, *n.*: مہلک ہونا ؛ قاتل ہونا -

Deadly (ded-), *adv.*: مردہ کی طرح ؛ میت کی طرح - (۲) حد سے زیادہ ؛ نہایت -

Deaf(def), *a.*: (۱) بہرا ؛ اونچا سننے والا - (۲) موزونیت وغیرہ کی طرف سے بے حس یا غیرمتاثر - (۳) پنبہ بگوش ؛ بے پروا ؛ توجہ نہ کرنے والا ؛ نہ ماننے والا ؛ ناشنو -

d. -&-dumb alphabet: بہروں گونگوں کے سمجھنے کے اِشارات -

d. -mute: گونگا بہرا آدمی ؛ گنگ و کر ؛ صُمٌّ و بکمٌ -

d. nut: جوزبے مغز -

deafly, *adv.*: بہرے پن سے -

deafness, *n.*: بہراپن ؛ اونچا سننا ؛ گراں گوشی -

Deafen(defn), *v. t.*: (۱) شور و غوغا سے بہرا کردینا ؛ کان پھوڑنا - (۲) (آواز کو) سننے نہ دینا - (۳) (فرش کو) بے آواز کردینا

Deal, *n.*, **A great, good, d.**: زیادہ ؛ کافی مقدار ؛ معقول مقدار ؛ تعداد ؛ بڑی حد تک -

a. d.: (سوقیانہ) کافی مقدار ؛ معقول تعداد ؛ بڑی حد تک ؛ معقول حد تک ؛ بکثرت ؛ بہت -

Deal, *v. t.* & *i.* (*dealt* pr. delt): (۱) تقسیم کرنا ؛ بانٹنا ؛ پتے بانٹنا ؛ (تاش کے پتے) کھیلنے والوں کو دینا - (۲) میل جول رکھنا - (۳) کارو بار کرنا - (۳) مشغول رہنا ؛ بھڑانا ؛ بحث کرنا ؛ تدبیر کرنا - (۵) پیش آنا ؛ سلوک کرنا (اچھا یا برا) - (۶) اِستحقاق کے مطابق دینا -

d. a blow: مارنا (تھپڑ وغیرہ) -

dealing, *n*: برتاو ؛ سلوک ؛ کاروبار ؛ تجارت ؛ لین دین ؛ بیوپار -

Deal, *n.*: (۱) چیڑ کا تختہ - (۲) صنوبر یا چیڑ کے تختے کا جز یا ٹکڑا - (۳) صنوبر یا چیڑ ؛ صنوبر یا جھڑ کی لکڑی -

Dealer, *n.*: (۱) تقسیم کرنے والا ؛ حصہ دینے والا ؛ سلوک کرنے والا - (۲) تاش بانٹنے والا - (۳) کاروباری ؛ سوداگر ؛ بیوپاری ؛ فروشندہ ؛ فروش (بحالت ترکیبی) -

Deambulation, *n.*, **Deambulatory**, *a.*: (۱) چلنا ؛ ٹہلنا - (۲) چلنے والا ؛ ٹہلنے والا -

Dean, *n.*: (۱) بڑے گرجا کا افسراعلیٰ (۲) پادری جس کو ایک حصے پر اِختیارات سماعت حاصل ہوں - (۳) کالج کا مقیم رفیق جس کے سپرد طلبہ کی نگرانی کی خدمت ہو - (۳) (موجودہ زمانے کی یونیورسٹیاں) کسی شعبے یا صیغے کا صدر -

Dean, Dene, *n.*: گھاٹی ؛ وادی (جیسے southdean) -

Deanery, *n.*: (۱) ڈین کا مکان یا دفتر یا عہدہ - (۲) وہ علاقے جو ایک ڈین کے ماتحت ہوں -

Dear, *a.*, *n.*, *adv.*, & *int.*: (۱) پیارا ؛ عزیز ؛ محبوب ؛ دلارا - (۲) قیمتی ؛ بیش قیمت ؛ بیش بہا ؛ (۳) چہیتا ؛ مرغوب -

dear, dear!, dear me!, oh dear!: بطور ندائیہ -

for d. life: گویا جان پر آبنی -

dearly, *adv.*: پیار سے ؛ محبت سے ؛ شوق سے -

dearness, *n.*: گرانی -

Dearth(der-), *n.*: (۱) گرانی ؛ کال ؛ قحط ؛ خشک سالی - (۲) توڑا ؛ کم یابی ؛ قلت ؛ کمی -

Deary, -ie, *n.*: محبوب ؛ (عموماً ندائیہ) پیارے -

Death (deth), *n.*: (۱) موت ؛ مرگ ؛ اجل ؛ قضا ؛ اِنتقال ؛ وفات ؛ رحلت - (۲) زندگی کا خاتمہ - (۳) قتل ؛ مارا جانا - (۳) عدم ؛ نیستی ؛ مٹنا ؛ فنا ہونا - (۵) روحانی موت -

death: (قدیم بددعا کے اظہار کے لیے) -

d. -adder: ایک قسم کا زہریلا سانپ ؛ افعی -

d. bed: بستر مرگ -

d. -bed repentance: وقت نکل جانے پر تائب ہونا ؛ دم نزع روش کی تبدیلی (جو بعد از وقت ہے) -

d. -blow: کاری ضرب -

d.-duties: موتی کا ٹکس (جو بعد موت وارث کو ادا کرنا پڑتا ہے) -

d. -feud: جان لیوا جھگڑا -

d. -mask: مردے کے چہرے کا چربا (پلاستر سے بنا ہوا) -

d. -rate: شرح اموات بحساب فی ہزار -

d. -rattle: گھڑا (مرنے والے کے گلے میں آواز) -

d. -roll: مقتولین کی فہرست -

d.'s -head: کھوپڑی (موت کے یاد دلانے کا نشان) ؛ ایک قسم کا کیڑا جس کی پشت پر کھوپڑی کا سا نشان بنا ہوتا ہے -

d. -trap: موت کا گھر (یعنے مضر صحت یا خطرناک جگہ) -

d. -warrant: مجرم کے قتل کا حکم ؛ کسی رسم یا اُمید وغیرہ کا خاتمہ -

d. -watch: کیڑوں کی قسمیں جن کی آواز موت کا شگون سمجھی جاتی ہے -

at d.'s door: قریب مرگ ؛ لب گور ؛ مرنے کے کنارے -

be d. on: (عامیانہ) مشاق شکار مارنے یا کسی کام کے انجام دینے میں -

be in at the d.: لومڑی کو مارا جاتا دیکھنا ؛ (استعارتاً) کسی کام یا منصوبے کا فاتحہ پڑھنا -

be the d. of: باعث ہلاکت ہونا -

Black D: وبائے طاعون جو چودھویں صدی میں یورپ میں پھیلی

catch one's d.: مہلک مرض میں مبتلا ہونا -

civil d.: جلا وطنی ؛ قانون کی حمایت اُٹھالینا

everlasting d.: فی النار والسقر -

it is, we make it, d. to: اِس کی سزا موت ہے -

sick unto, tired to, d.: بدرجۂ انتہا ؛ بے حد -

deathless, *a.*: لازوال ؛ امر ؛ لایموت ؛ لاموت -

deathlessly, *adv.*: لازوال طور پر -

deathlessness, *n.*: لازوال ہونا ؛ بے زوالی -

deathlike, deathly, *aa.* & *advv.*: مردے کا سا -

deathward(s), *a.* & *adv.*: موت کی طرف -

debacle, *n.*: (۱) دریا میں برف کا ٹوٹ جانا - (۲) (طبقات

خاتمہ ؛ زوال - (۳) بھگدڑ ؛ بھاگڑ -

Debar *v. t.* (-rr-): (۱) ممنوع کرنا ؛ خارج کرنا ؛ محروم کرنا ؛ (۲) روکنا ؛ باز رکھنا (شاذ) -

Debark, *v. t.* & *i.*: دیکھو DISEMBARK -

Debase, *v. t.*: (۱) گھٹانا ؛ بے قدر کرنا ؛ ذلیل کرنا ؛ حقیر کرنا ؛ پست کرنا - (۲) (سکے میں) آمیزش کرنا ؛ ملونی کرنا ؛ (خراب جز) ملانا ؛ ملاوٹ کرنا ؛ کھوٹا کرنا -

debasement, *n.*: بے قدری ؛ سبکی ؛ تذلیل ؛ آمیزش ؛ ملاوٹ ؛ تلبیس -

Debatable, *a.*: قابل مباحثہ ؛ محتاج بحث ؛ مباحثہ پذیر -

b. ground: متنازع فیہ سرحد (نیز استعارتاً) -

Debate, *v. t.* & *i.*, & *n.*: (۱) لڑنا ؛ نزاع کرنا - (۲) جھگڑا کرنا ؛ حجت کرنا - (۳) مباحثہ کرنا ؛ استدلال کرنا ؛ بحث کرنا - (۴) سوچنا ؛ خیال کرنا ؛ غور کرنا ؛ فکر کرنا - (۵) نزاع ؛ جھگڑا ؛ حجت ؛ مباحثہ یا بحث ؛ مناظرہ ؛ عام مباحثہ -

debater, *n.*: مباحث ؛ مناظر -

Debauch (-tsh), *v. t.*, & *n.*: (۱) خراب کرنا ؛ بگاڑنا ؛ آوارہ کرنا - (۲) بے اعتدال یا بد پرھیز کرنا ؛ عیاش بنانا ؛ عیاشی پر لگانا - (۳) بہکانا ؛ اغوا کرنا ؛ ورغلانا ؛ پھسلانا ؛ (کسی عورت کو) بے حرمت کرنا - (۴) ذوق بگاڑنا - (۵) شراب خواری ؛ عیاشی -

debauchable, *a.*: اغوا پذیر -

debauchery, *n.*: عیاشی ؛ شراب خواری -

Debauchee (deboshe), *n.*: عیاش ؛ بد کار -

Debenture (-tsher), *n.*: (۱) (متروک یا اصطلاحی) جو دستاویز شاہی خاندان یا سرکاری دفتر کے لیے سامان فراہم کرنے والے کو دی جاے ؛ ایسی دستاویز جس کے ذریعے سے روپیہ وصول ہو ؛ چنگی کی رسید واپسئی زر - (۲) کسی کمپنی یا کاروبار میں لگاے ہوے روپئے کی دستاویز -

d. stock: [illegible] ڈیبنچر جن کا صرف سود ملے اور اصل واپس نہ [illegible] -

Debilitate, *v. t.*: کم زور [illegible] ؛ ناتوان کرنا ؛ ضعیف کرنا ؛ نقیہہ کرنا ؛ مضمحل کرنا -

Debility, *n.*: کم زوری ؛ ناتوانی ؛ ضعف ؛ نقاھت ؛ اضمحلال -

Debit, *n.*, & *v. t.*: (۱) جمع - (۲) جمع [illegible] صفحہ - (۳) (کسی کے) ذمے لکھنا

Debonair, *a.*: (قدیم) خوش مزاج ؛ خوش اخلاق ؛ بے تکلف -

Deboshed, *a*: (قدیم) عیاش ؛ بد چلن

Debouch (diboosh), *v.* [illegible]: تنگ وادی سے کھلے میدان میں آنا ؛ تنگ جگہ یا گھاٹی سے نکلنا ([illegible] دریا کا) -

debouchment, [illegible]: تنگ جگہ سے نکل کر پھیلنا -

Debris, **De-**, ([illegible]), *n.*: (ٹوٹ پھوٹ کے بعد) منتشر ٹکڑے ؛ دریا آورد ؛ ملبا -

D[illegible]t [illegible], *n.*: (۱) قرض ؛ وام ؛ دین ؛ اُدھار - (۲) قرض داری ؛ زیر باری -

[illegible]: قرض جو قانوناً قابل وصول نہ ہو (خاص کر وہ رقم جو جوے میں ھاری جاے) -

[illegible]. of nature: موت -

[illegible]loating d.: حکومت کے قرضے کا وہ حصہ جو مطالبے پر یا معین وقت پر واپس ہوسکے -

funded d.: حکومت کے قرضے کا وہ حصہ جس پر صرف سود دیا جاے اور اصل واپس نہو -

National D.: قومی قرضہ ؛ حکومت کا قرضہ -

small d.: چھوٹی رقمیں جو کاؤنٹی کورٹ کے ذریعے سے وصول کی جاسکیں -

Debtor, *n.*: (۱) قرض دار ؛ دین دار ؛ مقروض ؛ مدیون ؛ زیر بار ؛ مرھون احسان - (۲) (کاروباری حساب) مد ؛ خرچ کا عنوان (Dr.) -

Debus, *v. t.* & *i.*: سامان یا آدمیوں کو گاڑی پر سے اُتارنا -

debut, *n.*: سوسائٹی سے تعارف ہونا ؛ تماشا گاہ میں پہلے پہل ایکٹر وغیرہ بن کر آنا -

debutant, *n.* (fem. *-ante*): تماشا کرنے والا جو پہلے پہل پبلک اسٹیج پر آے ؛ وہ لڑکی جس کا تعارف سوسائٹی سے پہلے پہل [illegible] -

Deca-, **Dec-**, *pref.*: [illegible] *Deka* " دس " سے ماخوذ ؛ جو اکثر اصطلاحات کے آغاز میں (بطور سابقہ) آتا ھے ؛ خصوصاً فرانسیسی اوزان میں ، جیسے :

decagram (me), *n.*: ۳۵۳ء اونس -

decalitre (-eter), *n*: تقریباً ۲ ۱/۵ گیلن -

decametre, *n.*: تقریباً ۳۲ فٹ ۹ انچ -

Decade (-ad), **Deca[illegible]**, *n.*: (۱) دھا ؛ دس کا مجموعہ - (۲) دس برس - (۳) رومی مورخ لوی ([illegible]) کی تاریخ کے حصے جن میں سے ہر ایک دس دس باب میں منقسم ھے -

decad[illegible], **decad[illegible]**, *aa.*: دھے کا ؛ عشرے سے متعلق ؛ دہ سالہ -

D[illegible]cadence, *n.*, **Decadent**, *a.* & *n.*: زوال ؛ تنزل ؛ انحطاط ؛ ابتری ؛ زوال پذیر -

[illegible]ecadent: (ادب عالیانہ) مغلق اور بلند پرواز طرز والا (مصنف یا صناع) -

Decagon, *n.*: شکل معشر ؛ دہ پہلو شکل -

decagonal, *a.*: معشری ؛ شکل معشر کا -

Decalcify, *v. t.*: ھڈی وغیرہ سے چونا خارج کرنا -

Decalogue (-og), *n.*: احکام عشرہ ؛ دس احکام جو اللہ تعالیٰ نے حضرت موسیٰ کو دیے -

Decameron, *n.*: دہ روزہ کہانیوں کا مجموعہ (جیسے افسانہ نگار Boccaccio کے افسانے) -

Decamp, *v. i.*: (۱) ڈیرا اُٹھانا ؛ پڑاو چھوڑنا ؛ کوچ کرنا - (۲) اچانک چلا جانا ؛ یک بہ یک چل دینا ؛ چمپت ہوجانا ؛ رفو چکر ہونا ؛ غائب ہونا ؛ چھپ جانا -

decampment, *n.*: کوچ ؛ روانگی ؛ رحیل -

Decanal, *a.*: ڈین (dean) یا ڈین کے عہدے یا علاقے یا مکان کے متعلق ؛ گرجا کے سماع خانے کے جنوب کا -

decani: (موسیقی کی ایک ھدایت) یعنی گرجا کی سماع کی جنوبی جانب بیٹھنے والیاں باری باری سے گائیں -

Decant, *v. t.*: (۱) اُنڈیلنا ؛ نتھارنا - (۲) (شراب کو) بوتل سے صراحی میں اُنڈیلنا -

Decanter *n.*: شیشے کی صراحی -

Decapitate, *v.* : (۱) گردن مارنا ؛ قتل کرنا - (۲) سرکاٹنا ؛ سرا کاٹ دینا -
decapitable, *a.* : گردن زدنی ؛ واجب القتل ۔
decapitation, *n.* : گردن مارنا ؛ قتل -
Decapod, *n.* : دہ پایہ خول دار سمندری جانور
Decarbonize, *v. t.* : کسی چیز کو کاربن یا کاربن ایسڈ سے خالی کرنا -
Decasualize, *v. t.* : عارضی مزدوری کے قاعدے کو منسوخ کرنا -
Decasyllabic, *a. & n.*, **Decasyllable,** *n. & a.* : دس ارکان کا (مصرع) -
Decatholicize, *v. t.* : وسیع مشربی سے محروم کرنا -
Decay, *v. i. & t.* : (۱) زائل ہونا ؛ رو بہ تنزل ہونا ؛ ناقص ہونا ؛ پست ہونا ؛ زوال پذیر ہونا ؛ گھٹنا - (۲) بگڑنا ؛ سڑنا ؛ خراب ہونا ؛ سڑانا - (۳) زوال کا باعث ہونا ؛ گھٹانا ؛ تنزل کرنا -
Decay, *n.* : (۱) تنزل ؛ زوال ؛ انحطاط - (۲) بوسیدگی ؛ فرسودگی ؛ تباہی ؛ بربادی - (۳) صحت کا زوال ؛ صحت کی خرابی - (۴) اجزا کی پریشانی ؛ اجزاے مرکبہ کی علیحدگی ؛ افتراق - (۵) سڑے ہوئے رگ ریشے -
phonetic d. : الفاظ (کے تلفظ) کا گھسنا پسنا -
Decease (-es), *n. & v. i.* : موت ؛ مرنا ؛ دنیا سے سدھارنا -
deceased, *a. & n.* : متوفی ؛ مرحوم ؛ مردہ (شخص) -
Deceit, *n.* : (۱) دھوکا ؛ دغا ؛ غلط بیانی ؛ دروغ بافی - (۲) چال ؛ داؤ ؛ مکر ؛ فریب ؛ حیلہ ؛ گھات - (۳) دھوکے بازی ؛ دغا بازی ؛ مکاری ؛ حیلہ گری - (۴) دھوکا دینے والی شکل ؛ تزویر ؛ بگلا بھگت پن -
deceitful, *a* : پر دغا ؛ مکار ؛ فریبی ؛ حیلہ گر ؛ دغا باز -
deceitfully, *adv.* : دغا ، مکر ، فریب یا حیلے سے -
deceitfulness, *n.* : دغا بازی ؛ فریب ؛ مکاری ؛ حیلہ گری -
Deceive, *v. t. & i.* : (۱) جل دینا ؛ فریب دینا ؛ دھوکا دینا ؛ مکر کرنا ؛ دغا دینا - (۲) بھکانا ؛ مکر سے کام لینا ؛ دغا بازی کرنا ؛ چال چلنا - (۳) مایوس کرنا ؛ نا امید کرنا -
d. oneself : اپنے نفس کو فریب دینا ؛ مغالطے میں ہونا -
deceivable, *a.* : فریب پذیر ؛ وہ جسے دھوکا دیا جاسکے -
deceiver, *n.* : دغا باز ؛ فریبی ؛ مکار ؛ حیلہ گر ؛ چالیا ؛ دھوکے باز ؛ ٹھگ -
December, *n.* : انگریزی سال کا بارھواں مہینا ؛ دسمبر -
Decembrist, *n.* : دسمبر سنہ ۱۸۲۵ ع کی روسی انقلابی سازش کا رکن -
Decemvir, *n.* (pl. -rs, -ri) : (۱) (تاریخ روما) دس حکام کی جماعت کا رکن - (۲) (عام) دس حکام کی مجلس کا ممبر -
decemviral, *a.* : مجلس مذکور کا -
decemvirate, *n.* : دس حکام کی مجلس -
Decency, *n.* : (۱) سلیقہ ؛ شایستگی ؛ معقولیت - (۲) مذاق سلیم یا ذوق صحیح کا تقاضا ؛ پاس ؛ لحاظ - (۳) تہذیب ؛ شرم ؛ حیا ؛ لاج ؛ نفاست - (۴) عزت ؛ آبرو - (۵) اصول شایستگی -
the dd. : آداب مجلس ؛ آداب شایستگی -

Decennary, *a. & n.* : دس برس کی مدت -
Decenniad, Decennium (po. -a), *n.* : مدت دہ سالہ -
Decennial, *a.* : (۱) دہ سالہ مدت ؛ دس برس کی مدت - (۲) دہ سالہ ؛ ہر دس برس بعد آنے والا -
decennially, *adv.* : دس برس میں ؛ دہ سالہ حساب سے -
Decent, *a.* : (۱) مناسب ؛ واجب ؛ معقول ؛ مہذب ؛ شایستہ ؛ با حیا - (۲) آبرو دار - (۳) خاصا ؛ معقول - (۴) (مدارس کا روز مرہ) مہربان ؛ غیر نکتہ چین -
decentish, *a.* : خاصا -
decently, *adv.* : سلیقے ، تہذیب ، نفاست یا شایستگی سے ؛ خاصی طرح ؛ معقول طور پر -
Decentralize, *v. t.* : (۱) مرکزیت دور کرنا ؛ کسی کی مرکزی حیثیت باطل کرنا ؛ لا مرکزی بنانا - (۲) مقامی حکومت عطا کرنا -
decentralization, *n.* : لا مرکزیت ؛ مرکزیت کو توڑ دینا -
Deception, *n.* : (۱) دغا دھی ؛ فریب ؛ دھوکا ؛ فریب کھا جانا - (۲) چال ؛ داؤ ؛ ڈھکوسلا ؛ پاکھنڈ -
Deceptive, *a.* : فریبی ؛ مغالطے یا دھوکے میں ڈالنے والا -
deceptively, *adv.* : مغالطے کے طور پر ؛ دغا بازی یا دھوکے سے -
deceptiveness, *n.* : دغا بازی ؛ مغالطہ ؛ فریب ؛ دھوکا -
Dechristianize (-stsha-), *v. t.* : عیسویت کا اثر زائل کرنا -
Deci-, *pref.* : (سابقہ) $\frac{1}{10}$ مقدار ظاہر کرنے کے لیے (جیسے *decigram* (*me*), *decilitre* (*-eter*), *de-cimetre* وغیرہ میں -
Decide, *v. t. & i.* : (۱) طے کرنا ؛ فیصل کرنا ؛ چکانا - (۲) تجویز کرنا ؛ فیصلہ دینا ؛ حکم دینا - (۳) قطعی راے قائم کرنا ؛ فیصلے پر پہنچنا ؛ حتمی راے پر پہنچنا ؛ قطعی فیصلے پر پہنچانا ؛ فیصل ہونا -
decidable, *a.* : قابل فیصلہ ؛ طے کرنے یا طے ہونے کے قابل -
Decided, *a.* : (۱) طے شدہ ؛ فیصل شدہ ؛ منفصل - (۲) قطعی ؛ حتمی ؛ مقرر ؛ معین ؛ محدود ؛ مخصوص ؛ نا قابل اعتراض ؛ غیر مشتبہ - (۳) قطعی ؛ اٹل ؛ مصمم ؛ مستقل مزاج ؛ پس و پیش نہ کرنے والا -
decidedly, *adv.* : قطعی طور پر ؛ صریحاً ؛ حتماً ؛ مستقل مزاجی سے -
Decider, *n.* : (۱) طے کرنے والا ؛ فیصل کنندہ ؛ فیصلہ کرنے والا ؛ فیصلہ کن - (۲) (دوڑ) فیصلہ کن یا آخری دوڑ -
Deciduous, *a.* : (۱) پت جھاڑ (درخت ، سالانہ یا فصل پر) - (۲) جانور ، جس کے پر جفتی کے بعد جھڑ جائیں (جیسے چیونٹی وغیرہ) - (۳) عارضی ؛ نا پائدار ؛ چند روزہ ؛ بے ثبات -
Decillion, *n.* : وہ عدد جو ملین کو اسی میں دس بار ضرب دینے سے حاصل ہو -
decillionth, *a. & n.* : ملین کا دسواں یا ایک بٹے دس حصہ -
Decimal, *a. & n.* : (۱) عشری ؛ دسواں حصہ ؛ اعشاریہ - (۲) اُن سکوں کے متعلق جن میں حساب دس سے لگایا جاتا ھے -
d. fraction : کسور اعشاریہ -
d. numeration : اعشاریہ کا شمار -

decimalist, *n.*: ایسے سکوں اور اوزان و پیمائش کا ماہر -

decimalization, *n.*: کسور اعشاریہ میں تبدیلی -

decimalize, *v. t.*: کسور اعشاریہ میں تبدیل کرنا -

decimally, *adv.*: بطور اعشاریہ -

Decimate, *v. t.*: (۱) ہر دس میں ایک کو قتل کرنا - (۲) دسویں حصے کو تباہ کرنا ؛ بڑے حصے کو ہلاک کردینا (وبا یا بیماری کا) -

decimation, *n.*: اسم ' مذکورۂ بالا معنٰی میں -

Decimo-sexto: دیکھو SEXTODECIMO -

Decimus: دیکھو PRIMUS -

Decipher(di-), *v. t., & n.*: (۱) (رموزی عبارت کو) معمولی تحریر میں لکھنا ؛ خط رموزی کو پڑھنا - (۲) حل کرنا ؛ تعبیر کرنا (خط تصویری ' بد خط تحریر وغیرہ) - (۳) حل فرامض ؛ خط مرموزہ ؛ حل -

decipherable, *a.*: ممکن الحل -

decipherment, *n.*: حل کرنا ؛ تعبیر ؛ ترجمانی -

Decision (- zhn), *n.*: (۱) فیصلہ ؛ إنفصال ؛ تجویز ؛ حکم - (۲) عزم ؛ مصمم ارادہ ؛ رائے ؛ قطعی تجویز - (۳) اُستواری ؛ ثابت قدمی ؛ مستقل مزاجی -

Decisive, *a.*: (۱) فیصلہ کن ' دو ٹوک ؛ قطعی ؛ اخیر - (۲) = DEICDED -

decisively, *adv.*: قطعی طورپر ؛ قطعاً ؛ حتماً ؛ فیصلہ کن طریقے سے -

decisiveness *n.*: قطعیت ؛ فیصلہ کن ہونا -

Decivilize *v. t.*: غیر متمدن بنانا -

Deck, *n.*: عرشہ ؛ (جہاز کی) چھتری -

d. -chair: ٹوٹنواں کرسی ؛ جہازی آرام کرسی

d. -house: عرشے کا کمرا -

clear the dd.: دیکھو CLEAR -

Deck, *v. t.*: (۱) آراستہ کرنا ؛ سجانا ؛ سنوارنا ؛ مزین کرنا - (۲) ڈھکنا ؛ ڈھانکنا ؛ چھانا -

Deckle, *n.*: کاغذ بنانے کی کل کا وہ پرزہ جس سے کاغذ کی تقطیع بنائی جاتی ہے -

d. -edge: بے کٹا کنارہ -

Declaim, *v. i. & t.*: (۱) خطیبانہ تقریر کرنا (خلاف) ؛ تقریر یا خوش خوانی کی مشق کرنا - (۲) جوشیلی تقریر کرنا ؛ ہیجان انگیز تقریر کرنا ؛ جذبیلی تقریر کرنا - (۳) خطیبانہ بیان یا کلام کرنا -

declaimer, *n.*: خطیب ؛ جوشیلی تقریر کرنےوالا ؛ خوش خواں -

Declamation, *n.*: (۱) فن تقریر اور خطابت کی مشق - (۲) تیار کی ہوئی تقریر - (۳) جوشیلی تقریر ؛ ہیجان انگیز تقریر -

declamatory, *a.*: خطیبانہ ؛ جذبات انگیز ؛ جذباتی ؛ ہیجانی -

Declarant, *n.*: بیان یا إقرارنامہ داخل کرنےوالا -

Declaration, *n.*: (۱) قطعی ' قانونی طریقے پر بیان ' اعلان ؛ مشتہر کرنا ؛ مقاصد ' شرائط یا معاہدے وغیرہ کا تحریری اعلان ؛ منشور - (۲) (قانون) إقرارنامہ ؛ عرض دعوٰی ؛ (محصول شدہ) محصولی مال کی تفصیل -

Declare, *v. t. & i.*: (۱) إظہار کرنا ؛ باضابطہ اور واضح طورپر علم اعلان کرنا - (۲) ظاہر کرنا ؛ مشہور کرنا ؛ اعلان کرنا ؛ بیان کرنا ؛ حکم لگانا - (۳) إقرار کرنا ؛ وضاحت کرنا ؛ منکشف کرنا ؛ فاش کرنا - (۴) (محصولی مال کی) تفصیل بتانا -

d. for: طرف داری کا اظہار یا اعلان کرنا -

d. against: اختلاف یا مخالفت کا اعلان کرنا -

d. inning closed, or *d.*: باری بغیر کھیلے چھوڑ دینا -

d. off: فسخ کردینا (سودے ' معاملے وغیرہ کا) -

d. oneself: اپنا منشا کھول دینا ؛ اپنی اصل حقیقت کو ظاہر کردینا -

Well, I. d.: شک ' تعجب اور اُلجھن ظاہر کرنے کے لیے -

declarative, declaratory, *aa.*: توضیحی ' تصریحی ؛ مظہر -

declaratively, declaredly, *advv.*: توضیحاً ؛ تصریحاً ؛ صریحاً ؛ علانیہ -

declasse (deklasa), *a.* (fem.*-ee*): برادری سے خارج ؛ بگڑا ہوا (شریف یا امیر) -

Declension, *n.*: (۱) إنحراف ' راستے سے تجاوز ؛ کم راہی - (۲) إنحطاط ؛ تنزل ؛ زوال ؛ گھٹتی - (۳) (نحو) تصریف یا گردان (إسم کی) -

Declination, *n.*: (۱) جھکاو ؛ خم (نیچے کی طرف) ؛ ڈھال - (۲) (ہیئت) إنحراف ؛ ستارے کا میل (خط إستوائے سماوی سے) ؛ عرض سماوی - (۳) (قطب نما) سوئی کا شمال و جنوب سے إنحراف -

declinational, *a.*: جھکاو والا ؛ منحرف -

Decline, *v. i. & t.*: (۱) جھکا ہونا ؛ ڈھلواں ہونا ؛ ڈھال ہونا - (۲) جھکانا ؛ جھکنا ؛ خمیدہ ہونا یا کرنا - (۳) ڈھلنا ؛ زوال پر ہونا (دن یا عمر کا) - (۴) (اخلاقاً) گرجانا ' بگڑ جانا - (۵) گرنا ؛ زوال پذیر ہونا ؛ گھٹنا ؛ روبہ إنحطاط ہونا ؛ روبہ تنزل ہونا - (۶) إنکارکرنا ؛ قبول نہ کرنا ؛ رد کرنا (دعوت وغیرہ کا) - (۷) (نحو) إسم کی گردان کرنا ؛ گردانتا ؛ تصریف کرنا -

d. on: نوبت پہنچنا ؛ اترآنا -

declinable, *a.*: تصریف پذیر ؛ منصرف -

Decline, *n.*: (۱) تنزل ؛ زوال ؛ گھٹتی - (۲) دق ؛ سل - (۳) بازار مندا ہونا ؛ کساد بازاری ؛ قیمتوں کا گرنا - (۴) غروب ؛ إستتار

Declinometer, *n.*: مقناطیس کے جھکاو کو ناپنے والا آلہ ؛ زوال پیما

Declivity, *n.*: ڈھال ؛ اتار

Declivous, *a.*: ڈھلواں ؛ سرانہادہ کان سے حلق تک کے ڈھال سے متعلق -

Decoction, *n.*: (۱) جوش دے کے نکالا ہوا عرق ؛ کھید (۲) جوشاندہ ؛ عرق -

Decode, *v. t.*: خط رمز (code) میں لکھی ہوئی عبارت پڑھنا -

Decollate, *v. t.*: سرقلم کرنا ؛ گردن کاٹنا ؛ (درخت وغیرہ کی) پھننگ یا چوٹی چھانٹنا -

decollation, *n.*: إسم ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

decollete(de- ,- (a), *a.* (fem.*-ee*): کھلے گلے کا (لباس) ؛ کھلے گلے کا لباس پہنے -

Decolo(u)rize (-kul), *v. t.*: بے رنگ کرنا ؛ رنگ اُڑانا ؛ رنگ دور کرنا ۔

decolo(u)rization, *n.*: رنگ دور کرنا وغیرہ ۔

decolo(u)rizer, *n.*: رنگ دور کرنے والا ؛ رنگ زائل کرنے والا ۔

Decomplex (-ko-), *a.*: مرکب در مرکب ؛ پیچ در پیچ ۔

Decompose, *v. t. & i.*: (۱) اجزا علیحدہ کرنا یا ہونا ؛ تحلیل کرنا یا ہونا ؛ تجزیہ کرنا یا ہونا - (۲) تحلیل کرنا ؛ تشریح کرنا ؛ تفصیل کرنا - (۳) سڑنا ؛ سڑانا ؛ گلنا ؛ گلا -

decomposable, *a.*: قابل تجزیہ ؛ تحلیل پذیر -

decomposer, *n.*: تجزیہ یا تحلیل کرنے والا -

decomposition, *n.*: تجزیہ ؛ تحلیل ؛ سڑنا ؛ گلنا -

Decomposite (-l- , +), *a. & n.*: مرکب مزید (لفظ وغیرہ) -

Decompound (-ko-), *a. & n.*: - DECOMPOSITE دیکھو

Deconsecrate, *v. t.*: (مقدس چیز کو) دنیوی استعمال میں لانا -

Decontrol, *v. t. & n.*: (حکومت کا) نگرانی کو (جو جنگ کے زمانے میں عائد کی گئی ہو) اُٹھا لینا -

decor, *n.*: آرائش و زیبائش ؛ ساز و سامان (کمرے یا اسٹیج کا) -

Decorate, *v. t.*: (۱) آراستہ کرنا ؛ زینت دینا ؛ مزین کرنا ؛ سجانا ؛ سنوارنا - (۲) سجاوٹ کا کام دینا ؛ آرائش بننا ؛ زینت ہونا ؛ زیور ہونا - (۳) تمغے وغیرہ سے مزین کرنا -

decorated, *a. & n.*: ایک خاص طرز عمارت جو انگلستان میں رائج تھا ؛ دیکھو STYLE -

decorative, *a.*: آرائشی ؛ زینت بخش

Decoration, *n.*: (۱) آرائش ؛ زینت ؛ زیبائش ؛ سجاوٹ - (۲) (جمع) آرائش کا سامان ؛ جھنڈیاں ، ہار وغیرہ - (۳) تمغا ؛ نشان ؛ اعزازی نشان -

Decorator, *n.*: (۱) آراستہ کرنے والا وغیرہ - (۲) وہ شخص جس کا پیشہ دیواروں وغیرہ پر کاغذ لگانے کا یا رنگ آمیزی کر کے مکان کو آراستہ کرنا ہو -

Decorous (or deko-), *a.*: خوش سلیقہ ؛ سگھڑ ؛ خوش اسلوب ؛ شائستہ ؛ مہذب ؛ متین ؛ معقول -

decorously, *adv.*: خوش اسلوبی سے ؛ شائستگی سے وغیرہ -

Decorum, *n.*: سلیقہ ؛ خوش اسلوبی ؛ شعور ؛ تمیز ؛ شائستگی ؛ ادب آداب ؛ تہذیب ؛ آداب مجلس -

Decoy, *n. & v. t.*, **D.-duck**: (۱) تالاب جس میں جنگلی چڑیوں کو دھوکے سے لا کر پکڑتے ہیں - (۲) ٹٹی ؛ پھانسا ؛ دام میں لانا ؛ فریب سے پکڑنا - (۳) وہ چڑیا جس کے ذریعے سے دوسرے پرندوں کو پھانستے ہیں ؛ لگانے والی چڑیا - (۴) چور کا ساتھی ؛ ٹھگ کا شریک ؛ ورغلانے والا - (۵) لاسا ؛ چارا ؛ لالچ ؛ پھسلاوا ؛ ترغیب -

Decrease, *v. i. & t.*, **Decrease**, *n.*: (۱) کم ہونا ؛ گھٹنا ؛ کم کرنا ؛ گھٹانا ؛ تخفیف کرنا - (۲) کمی ؛ تخفیف ؛ تنزل -

decreasingly, *adv.*: بتدریج گھٹتے ہوئے ؛ برابر کم ہوتے ہوئے -

Decree, *n. & v. t.*: (۱) فرمان ؛ حکم - (۲) فیصلہ ؛ ڈگری ؛ تنسیخ نکاح کا حکم - (۳) فیصلۂ تقدیر ؛ فرمان قضا ؛ مشیت - (۴) فرمان ؛ حکم جاری کرنا ؛ (بحری عدالت کی) ڈگری صادر کرنا ؛ فیصلہ سنانا (بحری یا طلاق کے مقدموں میں)

d. nisi تنسیخ نکاح کا حکم جس میں چھ مہینے

ٹک منسوخی ہو سکتی ہے -

Decrement, *n.*: کمی ؛ تخفیف -

Decrepit, *a.*: (۱) فرسودہ ؛ خستہ حال - (۲) ناتواں ؛ نحیف ؛ بڈھا پھوس ؛ (پیر) فرتوت ؛ هرم ؛ ازکار رفتہ -

decrepitude, *n.*: فرسودگی ؛ ضعف ؛ درماندگی ؛ خستہ حالی ۔

Decrepitate, *v. t. & i.*: (۱) (معدنیات کو) راکھ کرنا ؛ پھونکنا - (۲) آگ میں چٹخنا یا چٹخانا -

decrepitation, *n.*: راکھ کرنا وغیرہ -

decrescendo (dakresh-): - DIMINUENDO دیکھو

Decrescent, *a.*: گھٹنے والا (خصوصاً چاند کے لیے آتا ہے) ؛ زوال پذیر -

Decretal, *n.*: (۱) پوپ کا فرمان یا فتویٰ - (۲) (بصیغۂ جمع) پوپ کے فرامین یا قانون کا مجموعہ (جو قانون کلیسا کا ایک جز بن گیا ہے) -

Decry, *v. t.*: بدنام کرنا ؛ مذمت کرنا ؛ برائی کرنا ؛ عیب نکالنا ؛ مذمت کرنا -

Decuman, *a.*: بہت بڑی یا بہت زور کی (موج) -

Decumbent, *a.*: (نباتیات ، حیوانات) سوخیز ؛ لیٹا ؛ پڑا (پودا ، شاخ ، بال ، کانٹا وغیرہ) -

Decuple, *a., n., & v. t. & i.*: (۱) دس گنا ؛ دہچند (مقدار) - (۲) دس سے ضرب دینا ؛ دس گنا کرنا ؛ دس گنا ہونا -

Decussate, *a.* (-at), & *v. t. & i.* (-at): (۱) X کی شکل کا ؛ متقاطع ؛ چلیپانما - (۲) (نباتیات) متوافقہ - (۳) (معانی و بیان) عکس ترتیب پر مشتمل ؛ (محاورہ) لفظی تقابل پر مشتمل - (۴) عکس ترتیب یا تقابل کرنا - (۵) تقاطع کرنا ؛ چلیپا کی شکل بنانا -

decussation, *n.*: عکس ترتیب ؛ لفظی تقابل ؛ تقاطع -

Dedicate, *v. t.*: (۱) نذر کرنا ؛ (مذہبی کاموں کے لیے) وقف کرنا - (۲) مخصوص کرنا ؛ وقف کرنا - (۳) معنون کرنا ؛ منسوب کرنا ؛ تہدیہ کرنا -

dedicatee, *n.*: جس کو کوئی چیز نذر کی جائے ؛ معنون لہٗ -

dedicative, *a.*: متعلق بہ نذر ؛ تہدیے کا -

dedicator, *n.*: نذر کرنے والا ؛ وقف کرنے والا ؛ معنون کرنے والا -

dedicatory, *a.*: متعلق بالنذر ؛ انتسابی -

Dedication, *n.*: (۱) نذر ؛ ہدیہ ؛ انتساب ؛ تہدیہ - (۲) عبارت تہدیہ ؛ انتسابی کلمہ -

Deduce, *v. t.*: (۱) (کسی خاص زمانے سے یا خاص زمانے تک واقعات) قلم بند کرنا - (۲) (نسب کا) سلسلہ ملانا - (۳) نتیجہ نکالنا ؛ (نتیجہ) حاصل کرنا ؛ استخراج کرنا ؛ استنباط کرنا -

deducible, *a.*: قابل استخراج ؛ قابل استنباط -

Deduct, *v. t.*: گھٹانا ؛ کم کرنا ؛ منہا کرنا ؛ مجرا کرنا ؛ تفریق کرنا ؛ وضع کرنا ؛ کاٹنا -

Deduction, *n.*: (۱) منہائی ؛ مجرائی ؛ تفریق - (۲) منہاشدہ رقم ؛ وضعات - (۳) استخراج ؛ استنباط ؛ قیاس - (۴) نتیجہ -

Deductive, *a.*: استخراجی ؛ قیاسی یا استنباطی (مقابل استقرائی)

deductively, adv.: استخراجاً ؛ استنباطاً -

Dee, n.: (۱) حرف D - (۲) D کی شکل کے ساز کا حلقہ

Deed, n.: (۱) کام ؛ کار ؛ فعل ؛ عمل - (۲) مہم ؛ کارنمایاں - (۳) عمل ؛ فعل (قول کے مقابل میں) ؛ اصل ؛ اصلیت ؛ واقعہ ؛ حقیقت - (۴) تحریر ؛ دستاویز -

d. poll: یک طرفہ دستاویز -

deedless, a.: بے عمل ؛ عمل سے خالی -

Deem, v. t. & i.: سمجھنا ؛ باور کرنا ؛ جاننا ؛ خیال کرنا ؛ قیاس کرنا ؛ گننا ؛ شمار کرنا ؛ تصور کرنا -

d. highly of: بہت اچھی رائے رکھنا -

Deemster, n.: Isle of Man کے دو ججوں میں سے ایک -

Deep, a.: (۱) گہرا ؛ عمیق ؛ ژرف - (۲) پکا (جراوی ، شرائی) - (۳) نیچا ؛ چوڑا (حاشیہ) - (۴) گہرا ؛ نکلتا ہوا (شخص) ؛ دقیق ؛ عمیق ؛ غامض ؛ غیر سامعی (غبالی) ؛ گہری ؛ جائز یا دوربین (نظر) - (۵) دلی ؛ قلبی (محبت وغیرہ) ؛ انتہائی (شوق ، دل چسپی) ؛ محو ؛ غرق ؛ ڈوبا ہوا - (۶) تیز ؛ شوخ (رنگ) ؛ سخت (ذلت وغیرہ) - (۷) شدید ؛ سنگین (جرم وغیرہ) - (۸) گہرے سروں کی ؛ بھری (آواز) -

d. draught: بڑا سا گھونٹ -

a d. one: (عامیانہ) گہرا ؛ گھنیا ؛ گھتّا -

in d. mourning: پورے ماتمی لباس میں -

in d. waters: سخت تکلیف یا رنج میں -

deepen, v. t. & i.: گہرانا ؛ گہرا کرنا ؛ عمیق کرنا ؛ گہرا ہونا ؛ عمیق ہونا وغیرہ -

deeply, adv.: شدت سے ؛ دل سے -

deepmost, a.: سب سے گہرا ؛ عمیق ترین -

deepness, n.: گہرائی ؛ عمق -

Deep, n., The d.: (۱) بحر ؛ محیط ؛ سمندر - (۲) (بحالت جمع) سمندر کے گہرے حصے ؛ سمندر کی گہرائیاں - (۳) غار ؛ گڑھا ؛ کھڈ ؛ کھیا - (۴) قلب یا دماغ کی گہرائی - (بحر) فکر ؛ لجہ (خیال) -

Deep, adv.: (۱) گہری نظر سے ؛ غور سے ؛ نیچے تک ؛ دور تک ؛ اندر تک - (۲) (بحالت ترکیبی ؛ جیسے *d.-drawn, d.-laid, d.-rooted, d.-seated*): اندر تک ؛ اندر سے ؛ گہرا ؛ دلی ؛ راسخ -

still waters run d.: گہرا پانی خاموشی سے بہتا ہے ؛ جو خاموش ہے وہ گہرے پانی میں ہے ؛ سچا جذبہ یا علم جو نمائشی نہ ہو -

Deeping, n.: مچھلی پکڑنے کے جال کا نچلا حصہ (۲ فٹ کا) -

Deer, n. (collect. sing. usu. for pl.): آہو ؛ ہرن ؛ غزال ؛ میرگ -

d.-forest: جنگل جس میں شکار کے لیے ہرن پالے جاتے ہیں -

d.-hound: بڑا شکاری کتا -

d.-lick: شور چشمہ یا ترائی جہاں ہرن آتے ہیں -

d.-neck: گھوڑے کی پتلی گردن -

d.'s-foot: ایک قسم کی گھاس -

deerskin: پوست آہو ؛ چرم آہو ؛ ہرن کی کھال ؛ میرگ چھالا -

d.-stalker: ہرن پکڑنے والا ؛ ہرن کا شکاری ؛ ٹوپی جو آگے اور پیچھے سے اٹھی ہوئی ہوتی ہے -

small d.: چھوٹے چھوٹے جانور یا شخص ؛ چھوٹی چھوٹی چیزیں -

Deface, v. t.: (۱) بدنما کرنا ؛ شکل بگاڑنا ؛ ہیئت بگاڑنا - (۲) بدنام کرنا ؛ رسوا کرنا ؛ بے اعتبار ٹھیرانا - (۳) مٹانا ؛ (عبارت کو) اس طرح بگاڑنا کہ پڑھی نہ جائے -

defaceable, a.: جو بگاڑا یا مٹایا جاسکے

defacement, n.: بگاڑنا ؛ مٹانا (وغیرہ) -

de facto, a. & adv.: واقعی ؛ بالفعل -

Defalcate, v. i.: غبن ؛ تغلب یا خیانت کرنا -

defalcator, n.: خائن ؛ غبن یا تغلب کرنے والا -

Defalcation, n.: (۱) کوتاہی ؛ تقصیر ؛ قصور - (۲) غبن ؛ تغلب ؛ خیانت ؛ خورد برد ؛ رقم غبن کردہ ؛ غبن -

Defame, v. t.: بدنام یا رسوا کرنا ؛ ہتک عزت کرنا ؛ بدگوئی کرنا ؛ تہمت لگانا ؛ ازالۂ حیثیت عرفی کرنا -

defamation n.: بدنامی ؛ رسوائی ؛ ہتک عزت ؛ بدگوئی ؛ ازالۂ حیثیت عرفی -

defamatory, a.: ہتک آمیز ؛ بدنام کن ؛ مزیل حیثیت عرفی -

Default, n.: (۱) عدم موجودگی - (۲) عدم پیروی ؛ غفلت ؛ کوتاہی ؛ قصور ؛ خطا - (۳) عدم ادائی ؛ باقی داری -

in d. of: نہ ہونے کی صورت میں یا وجہ سے ؛ بوجہ یا بصورت عدم موجودگی -

Default, v. i. & t.: (۱) کوتاہی کرنا ؛ غفلت کرنا - (۲) پیروی نہ کرنا ؛ حاضر عدالت نہ ہونا - (۳) ادا نہ کرنا ؛ باقی دار ہونا ؛ پابندی نہ کرنا - (۴) عدم پیروی میں (مقدمہ) خارج کرنا -

defaulter, n.: غیر حاضر ؛ قصور وار ؛ باقی دار ؛ عہد شکن -

Defeasance (-fez), n.: منسوخی ؛ کالعدم کرنا -

Defeasible (-fez), a.: جو منسوخ یا ضبط ہوسکتا ہو ؛ قابل منسوخی ؛ قابل ضبطی -

defeasibility, n.: قابل منسوخی یا قابل ضبطی ہونا ؛ صلاحیت ضبطی یا منسوخی -

Defeat, v. t., & n.: (۱) باطل کرنا ؛ توڑنا ؛ الٹ دینا ؛ توڑ ؛ ابطال ؛ ناکامی - (۲) (قانون) فسخ کرنا ؛ منسوخ کرنا ؛ فسخ ؛ انفساخ ؛ منسوخی - (۳) (متروک) مایوس کرنا ؛ ناامید کرنا ؛ مایوسی ؛ ناامیدی - (۴) زک دینا ؛ ہرانا ؛ شکست دینا ؛ ہزیمت دینا ؛ زک ؛ ہار ؛ شکست ؛ ہزیمت -

Defeatism, n.: دشمن سے دبنے کی پالیسی ؛ شکست پسندی -

Defeature (-tsher), v. t.: ناقابل شناخت کردینا ؛ شکل بگاڑ دینا ؛ ہیئت بگاڑ دینا -

Defecate, v. t.: (۱) تلچھٹ دور کرنا ؛ نتھارنا ؛ میل کاٹنا ؛ پاک کرنا ؛ خالص کرنا - (۲) (میل ، کثافت وغیرہ سے) پاک ہوجانا ؛ دامن پاک کرنا -

defecation, n.: صفائی ؛ نتھار ؛ تراوش -

defecator, n.: صاف کرنے والا ؛ نتھارنے والا وغیرہ -

Defect, n.: (۱) کمی ؛ کوتاہی ؛ نقص ؛ خامی ؛ کسر - (۲) عیب ؛ برائی ؛ کھوٹ ؛ داغ ؛ دھبا -

has the dd. of his qualities: اس میں خوبیاں ہیں مگر ان کے ساتھ جو عیوب ہوا کرتے ہیں وہ بھی ہیں -

Defection, n.: بے وفائی ؛ غداری ؛ معصیت ؛ انحراف ؛ ارتداد ؛ دین سے پھر جانا ؛ رجعت -

Defective, *a.*: (۱) ناقص؛ ناتمام؛ نامکمل؛ خام؛ عیب دار؛ داغی؛ کھوٹا۔ (۲) (نحو) ناقص (فعل وغیرہ)۔

defectively, *adv.*: ناقص طور پر؛ خامی سے۔

defectiveness, *n.*: خامی؛ عیب؛ کوتاہی وغیرہ۔

Defence, *n.*: (۱) بچاؤ؛ حفاظت؛ دفاع۔ (۲) (بصالت جمع) مورچہ بندی؛ قلعہ بندی؛ قلعہ؛ مورچہ۔ (۳) بچاؤ؛ روک؛ آڑ؛ پالا۔ (۴) اثبات جواز؛ توجیہ؛ تائید؛ حمایت؛ تقریر یا تحریر تائیدی۔ (۵) (قانون) صفائی؛ عذرداری؛ جواب دہی (۶) (کرکٹ) کھیلنے والا (کھلانے والی ٹیم کے مقابلے میں)۔

best d. is offence: پہلے وار کرنا بچاؤ کی بہترین تدبیر ہے۔

science or *art of d.*: شمشیر زنی یا مکے بازی۔

defenceless, *a.*: نہتا؛ بے کس؛ بے حفاظت؛ بے حامی و مددگار۔

defencelessly, *adv.*: بغیر حفاظت؛ غیر محفوظ طور پر؛ بے کسی کی حالت میں۔

defencelessness, *n.*: بے حفاظت ہونا؛ بے کسی

Defend, *v.t.* & *i.*: (۱) حملہ روکنا؛ بچاؤ کرنا؛ تحفظ کرنا؛ محفوظ رکھنا؛ محافظت کرنا؛ حمایت کرنا؛ دفاع کرنا۔ (۲) تائید کرنا؛ حمایت کرنا؛ طرف داری کرنا۔ (۳) (قانون) عذرداری یا جواب دہی کرنا؛ صفائی پیش کرنا۔ مدعا علیہ کا ملزم کی طرف سے پیروی کرنا۔

God d.: خدا نہ کرے؛ خدا نہ خواستہ۔

Defendant, *n.*: مدعا علیہ؛ ملزم؛ جواب دہی کرنے والا۔

Defender, *n.*: محافظ؛ حامی؛ ناصر؛ موید؛ طرف دار۔

D. of the Faith: حامی دین؛ ملک معظم کا لقب۔

Defensible *a.*: (۱) محفوظ (قلعہ وغیرہ)؛ قابل جواب دہی (مقدمہ)؛ جس کی حفاظت یا جواب دہی آسان ہو۔ (۲) جائز؛ قابل تائید؛ جواز پذیر

defensibility, *n.*: حفاظت پذیری؛ قابل جواب دہی ہونا؛ جواز؛ جواز پذیری۔

defensibly, *adv.*: محفوظ حالت میں؛ جائز طور پر۔

Defensive, *a.* & *n.*: دفاعی؛ محافظانہ؛ مدافعانہ؛ مدافعانہ حالت؛ دفاع؛ مدافعت۔

defensively, *adv.*: دفاعی طور پر؛ مدافعانہ۔

Defer, *v.t.* & *i.* (-rr-): (۱) ملتوی کرنا؛ موقوف رکھنا؛ دیر کرنا؛ تاخیر کرنا۔ (۲) ٹالنا؛ ٹال مٹول کرنا؛ لیت و لعل کرنا۔

deferred pay: وہ رقم جو سپاہی کو سبک دوشی کے وقت یا اس کے مرنے کے بعد اس کے وارثوں کو دی جاتی ہے۔

deferment, *n.*: التوا؛ توقف؛ تاخیر؛ لیت و لعل؛ ٹال مٹول۔

Defer, *v.t.* (-rr-): تسلیم کرنا؛ مان لینا؛ پاس یا لحاظ کرنا (کسی کی رائے کا)۔

Deference, *n.*: (۱) تسلیم کرنا؛ مان لینا۔ (۲) ادب؛ پاس؛ لحاظ؛ قدر؛ تعظیم۔

deferential, *a.*: مودب؛ تعظیمی۔

deferentially, *adv.*: ادباً؛ تعظیماً۔

Deferent, *a.*: (۱) (تشریح) مرکز سے احساس وغیرہ کو باہر منتقل کرنے والی (رگ)۔ (۲) (شاذ) مودب؛ تعظیمی

Defiance, *n.*: (۱) دعوت مقابلہ۔ (۲) علانیہ نافرمانی؛ کھلم کھلا نافرمانی؛ عدول حکمی؛ سر کشی؛ تمرد؛ خاطر میں نہ لانا۔

Defiant, *a.*: (۱) گستاخانہ؛ سر کشانہ؛ سر کش؛ متمرد؛ گستاخ۔ (۲) کھلم کھلا؛ بد ظن۔

defiantly, *adv.*: سرکشی سے؛ گستاخی سے

Deficiency (-ishn-), *n.*: (۱) نقص؛ کم ہونا؛ کوتاہی؛ نقص۔ (۲) کمی؛ کوتاہی؛ عدم۔ (۳) جس چیز کی کمی ہو؛ جو موجود نہ ہو (۴) کمی؛ گھٹتی۔

Deficient (-ishnt), *a.*: (۱) ناقص؛ ناتمام؛ ادھورا؛ گھٹیا؛ غیر مکمل؛ خام (۲) ناکافی؛ قلیل؛ تھوڑا؛ کم۔ (۳) ضعیف العقل۔

deficiently, *adv.*: خامی سے؛ کوتاہی کے ساتھ؛ ناکافی طور پر۔

Deficit (de-, de-), *n.*: (۱) ٹوٹا؛ گھاٹا؛ کمی؛ خسارہ؛ کسر۔ (۲) (میزانیہ میں) خرچ کا تخمینہ آمدنی کے تخمینے سے زیادہ ہونا؛ فاضل (خرچ)

de fide, *pred. a.*: اصولی عقیدہ؛ اصول دین۔

Defier, *n.*: مقابلے کی دعوت دینے والا؛ مد مقابل؛ سر کشی کرنے والا۔

Defilade, *v.t.*, & *n.*, **Defilement**: (۱) (قلعے وغیرہ کو) آتش باری سے بچانا۔ (۲) آتش باری سے بچاؤ کا انتظام۔

Defile, *v. i.* **Defile**, *n.*: (۱) قطار میں چلنا۔ (۲) تنگ گھاٹی؛ پہاڑوں کا درمیانی رستہ؛ درہ؛ تنگنائے۔

Defile, *v. t.*: (۱) میلا کرنا؛ گندہ کرنا؛ غلیظ کرنا۔ (۲) آلودہ کرنا؛ ملوث کرنا۔ (۳) بے حرمتی کرنا؛ بے ادبی کرنا۔ (۴) نجس کرنا؛ ناپاک کرنا۔

defilement, *n.*: بے ادبی؛ بے حرمتی؛ آلودہ کرنا؛ نجس کرنا وغیرہ۔

Define, *v.t.*: (۱) محدود کرنا؛ معین کرنا؛ حد بندی کرنا۔ (۲) واضح کرنا؛ ممیز کرنا۔ (۳) (منطق) تعریف کرنا۔ (۴) معرف۔

definable, *a.*: قابل تعین؛ قابل حد بندی؛ جس کی تعریف کی جا سکے؛ تعریف پذیر؛ تحدید پذیر۔

Definite, *a.*: (۱) معین؛ مقرر؛ حد بندی کیا ہوا۔ (۲) واضح؛ ممیز؛ روشن؛ صاف؛ صحیح؛ غیر مبہم؛ قطعی۔

d. article: حرف تعریف یعنے the۔

d. inflexions: (نحو) جرمانی اور قدیم انگریزی کے ان اسمائے صفات کی گردان جن کے قبل حرف تعریف آیا ہو۔

past or *preterite d.*: (فرانسیسی نحو) ماضی مطلق۔

definitely, *adv.*: معین، واضح، قطعی یا صاف طور پر۔

definiteness, *n.*: وضاحت؛ معین یا ممیز ہونا۔

Definition, *n.*: (۱) تصریح؛ تعریف؛ حد؛ تحدید۔ (۲) الفاظ تعریف (۳) واضح ہونا یا کرنا؛ ممیز ہونا؛ نمایاں یا اجاگر ہونا (عکس یا نقش کا)۔

Definitive, *a.*: قطعی؛ ناطق؛ فیصلہ کن؛ غیر مشروط۔

definitively, *adv.*: قطعاً؛ فیصلہ کن طور پر۔

Deflagrate, *v. t.* & *i.*: جل اٹھنا؛ پھونک دینا؛ جلا ڈالنا؛ پھنک جانا؛ جل جانا۔

deflagration, *n.*: جلا ڈالنا یا جل اٹھنا وغیرہ۔

deflagrator, *n.*: جلا ڈالنے والا؛ پھونک ڈالنے والا۔

Deflate, *v. t.*: (۱) (پھولی ہوئی چیز کو) خالی کرنا ؛ ہوا نکالنا ؛ پچکانا - (۲) (مالیات) مصنوعی طور پر سکے کی گھٹی ہوئی قیمت کو چڑھا کر اصلی قیمت کی طرف لے جانا -

deflation, *n.*: (۱) ہوا نکالنا ؛ پچکانا ؛ پچکاؤ - (۲) (مالیات) اصلی قیمت کی طرف لانا -

Deflect, *v. t. & i.*: موڑنا ؛ مڑنا ؛ جوکانا ؛ جھکانا ؛ منحرف کرنا یا ہونا ؛ (طبیعیات) منحرف کرنا یا ہونا -

deflector, *n.*: موڑنے ، پھیرنے والا ؛ منحرف کرنے والا -

Deflexion,-ction, *n.*: موڑ ؛ جھکاؤ ؛ انحراف ؛ کجی ؛ (طبیعیات) انحراف (شعاع کا) ؛ (علم برق و مقناطیس) سوئی کا مرکزی نقطے سے ہٹنا ، انحراف -

Defloration, *n.*: (دوشیزہ کی) عصمت دری ؛ ازالۂ بکارت -

Deflower (diflowr), *v. t.*: (۱) ازالۂ بکارت کرنا ؛ عصمت دری کرنا ؛ زنا بالجبر کرنا - (۲) غارت گری کرنا ؛ لوٹنا ؛ تاخت و تاراج کرنا - (۳) پھول توڑ لینا -

Defluent, *a. & n.*: نیچے بہنے والا -

Deforest, *v. t.*: دیکھو DISFOREST

Deform, *v. t.*: بد ہیئت کرنا ؛ بد صورت کرنا ؛ بد نما کرنا ؛ شکل بگاڑنا -

deformed: بد قوارہ ؛ لولا ؛ لنگڑا ؛ کبڑا -

Deformation, *n.*: (۱) بد صورتی ؛ بد نمائی - (۲) تنزل ؛ خرابی ؛ بد تر کرنا یا ہونا - (۳) خرابی ؛ بگڑی ہوئی صورت (لفظ کی) - (۴) (طبیعیات) تبدیل شدہ صورت ؛ بگاڑ -

Deformity, *n.*: (۱) بد نمائی ؛ بد صورتی ؛ عیب - (۲) اعضا کی بے قرینہ ساخت ؛ بد ہیئتی ؛ بد قوار گی -

Defraud, *v. t.*: حق مارنا ؛ ٹھگنا ؛ فریب دینا ؛ دھوکا دینا -

Defray, *v. t.*: ادا کرنا ؛ حساب چکانا -

defrayable, *a.*: قابل ادائی -

defrayal, *n.*: ادا کرنا ؛ ادائی -

Defrock, *v.t*: دیکھو UNFROCK -

Deft, *a.*: چالاک ؛ ہوشیار ؛ مشاق ؛ تیز دست ؛ سبک دست ؛ منجھا ہوا -

deftly, *adv.*: چالاکی ، ہوشیاری ، تیز دستی ، سبک دستی یا صفائی سے -

deftness, *n.*: چالاکی ؛ ہوشیاری ؛ (ہاتھ کی) صفائی ؛ سبکدستی ؛ صفائی -

Defunct, *a.*: مردہ ؛ متوفی ؛ بے روح ؛ معدوم -

Defy, *v. t.*: (۱) (متروک یا مزاحاً) مبارزطلب کرنا ؛ مقابلے کی دعوت دینا ؛ مقابلے میں آنا - (۲) کسی بات کا چیلنج دینا - (۳) کھلم کھلا مقابلہ کرنا ؛ خاطر میں نہ لانا ؛ حقیر سمجھنا - (۴) عاجز کرنا ؛ طاقت یا امکان سے باہر ہونا -

degage, *a.* (fem. *-ee*): بے تکلف -

Degenerate(-at), *a. & n.*: (۱) نا خلف ؛ کپوت ؛ بگڑا ہوا ؛ خوار ؛ ذلیل ؛ خستہ حال - (۲) (حیوانیات) جو اپنی نسل کی خوبیاں کھو چکا ہو ؛ نا خلف -

degeneracy, *n.*: تنزل ؛ انحطاط ؛ خواری -

Degenerate, *v. i.*: اخلاق خراب ہو جانا ؛ بگڑ جانا ؛ اصالت یا شرافت کھو دینا ؛ رو بہ تنزل ہونا ؛ خوار ہونا ؛ خستہ حال ہونا -

Degeneration, *n.*: (۱) تنزل ؛ انحطاط ؛ پستی ؛ ذلت ؛ خواری - (۲) (امراضیات) نسیج کا نا سود مند لزوب ؛ رخاوت نسیج ؛ نسیج یا بافت کی ساخت میں تبدیلی -

Deglutition(-gloo-), *n.*: نگل لینا -

Degrade, *v. t. & i.*: (۱) عہدہ گھٹانا ؛ درجہ توڑنا ؛ تنزل کرنا - (۲) معزول ، برخاست ؛ برطرف کرنا - (۳) حقیر ، ذلیل کرنا ؛ بگاڑنا ؛ اخلاق خراب کرنا ؛ بگڑنا ؛ گھٹنا ؛ اصالت کھودینا ؛ شرافت کھودینا - (۴) (حیاتیات) ادنی درجے کی طرف منتقل کرنا ؛ (طبع) ناقابل تبدیل شکل میں منتقل کرنا ؛ (ارضیات) حالت انتراق کی طرف منتقل کرنا - (۵) (جامعۂ کیمبرج) آنرز کے امتحان میں ایک سال کی دیر لگانا -

degradation, *n.*: تنزل ؛ معزولی ؛ برطرفی ؛ پستی ؛ ذلت ؛ خواری -

degrading, *a.*: ذلیل ؛ پست ؛ زبون ؛ ذلت آمیز -

Degree, *n.*: (۱) (متروک) اوتا (زینے کا) - (۲) درجہ ؛ نمبر - (۳) درجہ ؛ منزل - (۴) (نسب) واسطہ (رشتے میں) - (۵) عہدہ ؛ حیثیت ؛ رتبہ - (۶) بساط ؛ حیثیت - (۷) حد ؛ درجہ - (۸) سند ؛ اعزازی سند (امتحان وغیرہ کی) - (۹) تین میہسلوں کا ایک طبقہ - (۱۰) (نحو) درجۂ تفضیل - (۱۱) زاویۂ قائمہ کا ایک بٹہ نوے یا محیط کا تین سو ساٹھواں حصہ - (۱۲) (تپش پیما) درجہ ؛ پیمانۂ حرارت کی اکائی -

by dd.: بتدریج ؛ رفتہ رفتہ -

prohibited dd.: وہ رشتہ دار جس سے نکاح ناجائز ہو ؛ محرم -

degreeless, *a.*: بے تدریج ؛ جس میں درجے کا فرق یا امتیاز نہ ہو -

de haut en bas, *adv.*: تمکنانہ ؛ برتری کے انداز میں -

Dehisce(-is), *v. i.*: (نباتیات) کھلنا ؛ پھٹنا ؛ کشادہ ہونا (پودوں کے بیضہ دان کا) -

dehiscence, *n.*: کشادگی -

dehiscent, *a.*: کشادہ -

Dehortative, *a. & n.*: (۱) باز رکھنے والا ؛ منع کرنے والا ؛ مانع ؛ مزاحم - (۲) امر مانع -

Dehumanize, *v. t.*: انسانیت یا انسانی خصوصیات سے محروم کرنا -

Dehydrate, *v. t.*: (کیمیا) عنصر مائی سے محروم کرنا (کسی مادے کو) -

Dehypnotize, *v. t.*: (عمل تنوم) مصنوعی خواب سے بیدار کرنا -

Deicide, *n.*: دیوتا کا قاتل ؛ دیوتا کا قتل ؛ قتل یا قاتل معبود -

Deictic (di-), *a.*: (اسالیبات ، نحو) اشاری ؛ اسم اشارہ سے متعلق -

Deiform, *a.*: خدا آسا ؛ دیوتا سے مشابہ

Deify, *v. t.*: (۱) خدا بنانا ؛ دیوتا بنانا - (۲) شان ایزدی پیدا کرنا (۳) معبود گرداننا ؛ دیوتا ٹھیرانا ؛ پوجنا -

deification, *n.*: معبود ٹھیرانا ؛ خدائی کا رتبہ دینا ؛

پرستش -

Deign (dan), *v. t.*: (۱) نوازش یا عزت افزائی کے طور پر کرنا ؛ مناسب سمجھنا - (۲) از راہ نوازش دینا (جواب وغیرہ) -

dei gratia, adv.: خدا کے فضل سے ؛ بفضل خدا ؛ بفضل ربانی -

de integro, adv.: از سر نو ؛ پھر سے -

Deism, Deist, *nn.*: (۱) وہ عقیدہ جس میں خدا کے وجود کا اقرار مگر وحی کا انکار ہو ؛ یہ عقیدہ رکھنے والا - (۲) مذھب فطرت ؛ معتقد دین فطرت -

deistic (-al), *aa.*: ایسے عقیدے سے متعلق -

Deity, *n.*: (۱) الوھیت ؛ ربوبیت؛ خدائی - (۲) دیوتا -

the D.: اللہ ؛ خدا -

Deject, *v. t.*: اُداس کرنا ؛ دل شکستہ کرنا ؛ رنجیدہ کرنا ؛ افسردہ کرنا ؛ دل گیر کرنا -

dejectedly, *adv.*: اُداس یا دل شکستہ ھوکر ؛ افسردگی یا بد دلی کے ساتھ -

Dejecta, *n. pl.*: براز ؛ غلیظ ؛ فضلہ ؛ سرگین ؛ گوبر ؛ لید -

Dejection, *n.*: (۱) اُداسی ؛ دل شکستگی ؛ افسردگی ؛ رنج - (۲) (طب) اجابت ؛ پاخانہ -

dejeuner (dezhona), *n.*: ناشتا ؛ نہار ؛ چاشت ؛ دوپہر کا کھانا (خصوصاً رسمی دعوت کے طور پر) -

de jure (joori), *a. & adv.*: جائز ؛ از روے قانون ؛ از روے حق ؛ جائز طور پر ؛ قانوناً -

Delaine (di-), *n.*: ایک قسم کا باریک کپڑا -

Delate, *v. t.*: (۱) مخبری کرنا ؛ اِلزام لگانا ؛ مجرم ٹھیرا کر پیش کرنا (عدالت کے سامنے) - (۲) جرم کی اِطلاع دینا ؛ رپٹ لکھوانا ؛ مخبری کرنا -

delation, *n.*: مخبری ؛ اِلزام ؛ اِطلاع ؛ رپٹ -

delator, *n.*: مخبر ؛ اِلزام لگانے والا ؛ جرم کی اِطلاع دینے والا -

Delay, *v. t. & i., & n.*: (۱) دیر کرنا ؛ تاخیر کرنا ؛ ملتوی کرنا ؛ ٹال رکھنا ؛ لٹکانا ؛ ملتوی رکھنا ؛ دیر لگانا ؛ کاھلی کرنا ؛ سستی کرنا ؛ توقف کرنا ؛ اِنتظار کرنا ؛ دیر ؛ تاخیر ؛ اِلتوا ؛ توقف - (۲) روکنا ؛ باز رکھنا ؛ مانع ھونا ؛ مزاحم ھونا ؛ رکاوٹ ؛ مزاحمت؛ روک -

del credere (-ad-), *a., adv., & n.*: (تجارت) (۱) وہ زائد کمیشن جو تاجروں کا ایجنٹ اِس بات کی ضمانت کے معاوضے میں لیتا ھے کہ خریدار روپیہ ادا کرسکتا ھے - (۲) اِس طرح کی ضمانت پر پہنچا ھوا (مال) -

Dele (abbr. *d.*): (پروف صحیح کرنے میں) کسی حرف یا عبارت کو مٹانے کی ھدایت -

Delectable, *a.*: (متروک یا طنزاً) خوش گوار ؛ دل چسپ ؛ دل پسند ؛ فرحت بخش ؛ مرغوب ؛ خوش آیند -

Delectation, *n.*: حظ ؛ لطف ؛ تفریح ؛ مزا ؛ شگفتگی طبع ؛ دل چسپی -

Delectus, *n.*: منتخبات (درس کے لئے) ؛ درسی انتخاب کی کتاب -

Delegacy, *n.*: (۱) نیابت ؛ نمائندگی - (۲) نمائندے کی حیثیت سے تقرر یا اِنتخاب - (۳) نمائندوں کی جماعت؛ مجلس مندوبین -

Delegate (-at), *n.*: مندوب ؛ نمائندہ ؛ نائب -

Delegate, *v. t.*: (۱) نائب یا نمائندہ بناکر بھیجنا - (۲) (اِختیارات وغیرہ) سونپنا ؛ تفویض کرنا ؛ سپرد کرنا -

Delegation, *n.*: (۱) سپرد گی ؛ تفویض (اِختیارات) - (۲) جماعت مندوبین؛ نمائندوں کی جماعت ؛ نمائندے - (۳) (امریکا) کسی ایک ریاست کے نمائندوں کی جماعت (جمہوریہ کی کانگریس میں) -

Delete, *v. t.*: مٹانا ؛ خارج کرنا ؛ کاٹنا ؛ قلم زد کرنا ؛ قلم پھیرنا ؛ [illegible] کرنا -

deletion, *n.*: حک ؛ مٹانا ؛ قلم زد کرنا ؛ خارج کرنا وغیرہ -

Deleterious, *a.*: مضر ؛ نقصان رساں ؛ [illegible]

deleteriously, *adv.*: مضر طور پر ؛ [illegible]

Delf (t), *n.*: [illegible] کا برتن (جو ولندیز کے مقام Delft میں بنتا ھے) -

Deliberate (-at), *a.*: (۱) بالعمد ؛ اِرادی ؛ بالاِرادہ - (۲) سوچا سمجھا - (۳) سوچ سمجھ کر فیصلہ کرنے والا ؛ محتاط - (۴) اِطمینان کا ؛ جس میں اِطمینان پایا جائے -

deliberately, *adv.*: عمداً ؛ اِرادتاً ؛ قصداً ؛ سوچ سمجھ کر؛ جان بوجھ کر ؛ احتیاط سے ؛ اِطمینان سے -

deliberateness, *n.*: غور و تامل ؛ حزم؛ احتیاط ؛ اِطمینان -

Deliberate, *v. i. & t.*: (۱) غور کرنا ؛ سوچنا ؛ بچارنا ؛ خوض کرنا ؛ تولنا (بات کا) - (۲) مشورہ کرنا ؛ صلاح کرنا ؛ بحث کرنا -

Deliberation, *n.*: (۱) غور ؛ خوض ؛ سوچ بچار - (۲) بحث ؛ اِستدلال ؛ مباحثہ - (۳) احتیاط - (۴) اِطمینان -

Deliberative, *a.*: غور و فکر ؛ بحث یا مشورے سے متعلق ؛ جس میں غور و فکر یا مشورہ کیا جائے -

deliberatively, *adv.*: غور سے ؛ غائر نظر سے -

Delicacy, *n.*: (۱) باریکی ؛ سبک اندامی ؛ لطافت ؛ نزاکت ؛ نفاست - (۲) کم زوری - (۳) نزاکت (معاملے کی) - (۴) زود حسی ؛ حساسی ؛ نکتہ رسی - (۵) دوسروں کے جذبات کا لحاظ ؛ پاس ؛ لحاظ - (۶) شرم و لحاظ ؛ حیا ؛ پاکیزگی - (۷) اچھا کھانا ؛ نفیس غذا ؛ تر لقمہ ؛ مزے کی چیز - (۸) باریک بات ؛ نکتہ ؛ باریکی -

Delicate (-at), *a.*: (۱) (شعر) پرلطف ؛ دل کش ؛ فرحت بخش - (۲) خوش گوار ؛ لذیذ ؛ مزے دار - (۳) نازوں کا پلا ؛ عیش پسند ؛ عیش و آرام کا ؛ مرزا پھویا (بطور صفت کے) - (۴) چھریرا ؛ دبلا پتلا ؛ باریک ؛ مہین ؛ ملائم؛ نرم؛ ھلکا ؛ سبک ؛ (۵) نفیس ؛ سبک ؛ اُستادانہ ؛ باریک کام کا - (۶) ھلکا (رنگ) (۷) نازک ؛ باریک ؛ دقیق - (۸) چھوئی موئی ؛ کم زور ؛ دھان پان - (۹) نازک ؛ احتیاط طلب (معاملہ) - (۱۰) نکتہ رس ؛ تیزحس ؛ زودحس ؛ ذکی الحس ؛ سریع الحس ؛ حساس - (۱۱) منجھا ھوا ؛ مشاق - (۱۲) شرم و لحاظ کا ؛ باحیا ؛ ستھرا؛ پاکیزہ - (۱۳) جس میں دوسروں کے جذبات کا لحاظ ھو -

delicately, *adv.*: نزاکت سے ؛ باریکی سے ؛ سبک دستی سے ؛ اُستادانہ ؛ احتیاط سے وغیرہ -

Delicious, *a.*: خوش گوار ؛ مزے دار ؛ لذیذ ؛ شیریں ؛ لطیف ؛ مرغوب ؛ پر لطف ؛ دل چسپ -

deliciously, *adv.*: خوش گوار طور پر ؛ لطافت سے وغیرہ -

deliciousness, *n.*: خوش گواری؛ لذت ؛ مزا ؛ لطف ؛ حظ -

Delict, *n.*: خلاف ورزی قانون ؛ جرم -

Delight, *v. t. & i., & n.*: (۱) نہال کرنا ؛ خوش کرنا ؛ مسرور کرنا ؛ محظوظ کرنا ؛ شاد کرنا - (۲) لطف اُٹھانا ؛ محظوظ ہونا ؛ شوق ہونا؛ خوشی؛ مسرت ؛ حظ ؛ لطف ؛ راحت ؛ چین -

delightful, delightsome, *aa.*: خوش آیند ؛ دل کش ؛ فرحت بخش ؛ مسرت افزا؛ دلچسپ -

delightfully, *adv.*: دل کشی سے ؛ فرحت انگیز طور پر وغیرہ -

Delilah, Da-, *n.*: ساحرہ ؛ حسین اور مکار عورت ؛ عیارہ-

Delimit(ate), *vvt.*: حدود معیّن کرنا ؛ سرحد مقرر کرنا ؛ حد بندی کرنا

delimitation, *n.*: حد بندی ؛ تعیین حدود -

Delineate, *v. t.*: خا کہ یا نقشہ کھینچنا یا اُتارنا ؛ بیان کرنا ؛ تصویر اُتارنا ؛ شبیہ کھینچنا

delineation, *n.*: خا کہ ؛ نقشہ ؛ تصویر ؛ بیان -

delineator, *n.*: نقشہ کھینچنے والا ؛ خاکہ اُتارنے والا ؛ مصور ؛ بیان کرنے والا -

delineavit, -verunt, vb. sing. & pl.: اِسے فلاں اور فلاں نے کھینچا ہے -

Delinquency, *n.*: (۱) غفلت ؛ خطا ؛ قصور ؛ تقصیر - (۲) جرم ؛ گناہ -(۳) سہو ؛ ترک فعل ؛ بھول ؛ چوک ؛ فروگذاشت

Delinquent, *a, & n.*: خاطی ؛ قصور وار ؛ پر تقصیر ؛ مجرم ؛ گناہ گار ؛ عاصی

Deliquesce (-es), *v. i.*: (۱) پتلا (رقیق) ہو جانا ؛ سیال ؛ ہوجانا ؛ پگھل جانا - (۲) گھل جانا ؛ فنا ہوجانا -

deliquescent, *a.*: پتلا ؛ رقیق ؛ سیال ؛ پگھلنے والا-

deliquescence, *n.*: پتلا، رقیق یا سیال ہونا وغیرہ -

Delirious, *a.*: (۱) ہذیان کی حالت میں ؛ بد حواس ؛ دیوانہ - (۲) مضطرب؛ آپے سے باہر ؛ وجد میں - (۳) ہذیانی ؛ وجد کی (حالت وغیرہ) -

deliriously, *adv.*: حالت وجد میں؛ مضطربانہ ؛ دیوانہ وار -

Delirium, *n.*: (۱) ہذیان - (۲) سراسیمگی ؛ اِضطراب ؛ وجد -

d. tremens: نشے کا ہذیان -

Delitescent, *a.*,**Delitencence**. *n.*: پوشیدہ ؛ مضمر ؛ چھپا ہوا ؛ خوابیدہ ؛ پوشیدہ یا مضمر ہونا ؛ خوابیدگی -

Deliver, *v. t.*: (۱) آزاد کرنا ؛ چھڑانا ؛ بچانا ؛ نجات دینا ؛ رہا کرنا - (۲) جننا ؛ پیدا کرنا (۳) تقریر کرنا ؛ (خطبہ) دینا (رائے) ظاہر کرنا - (۴) ترک کرنا ؛ چھوڑ دینا ؛ دست بردار ہونا ؛ دست کش ہونا ؛ حوالے کرنا ؛ سپرد کرنا ؛ سونپنا - (۵) (خطوط وغیرہ) بانٹنا؛ تقسیم کرنا- (۶) (حساب) پیش کرنا- (۷) (قانون) باضابطہ حوالے کرنا ؛ سپرد کرنا (دستاویز وغیرہ کا) - (۸) پھینکنا (گیند) ؛ مارنا ؛ تاک کر مارنا ؛ حملہ کرنا

d. battle: سرمیدان لڑنا -

d. the goods: (استعارتاً) کسی معاملے میں اپنی ذمہ داری کا حق ادا کرنا -

deliverable, *a.*: قابل اِظہار ؛ قابل سپردگی ؛ قابل حوالگی

Deliverance, *n.*: (۱) آزادی ؛ رہائی ؛ مخلصی ؛ نجات ؛ رستگاری ؛ چھٹکارا - (۲) اِظہار رائے ؛ فیصلہ ؛ (جوری کا) فیصلہ -

Deliverer *n.*: (۱) آزاد کرنے یا چھڑانے والا وغیرہ - (۲) نجات دہندہ ؛ شفیع -

Delivery, *n.*: (۱) پیدائش ؛ ولادت ؛ جننا ؛ وضع حمل - (۲) تسلیم یا سپردگی ؛ تفویض - (۳) تقسیم خطوط (وغیرہ) ڈاک (۴) حوالگی جائداد یا مال فروخت کردہ ؛ انتقال دستاویز - (۵) (گیند وغیرہ کا) پھینکنا پھینکنے کا طرز - (۶) تقریر ؛ طرز تقریر ؛ طرز ادا -

Dell, *n.*: وادی ؛ گھاٹی -

Della Cruscan, *a. & n.*: (۱) فلورینس کی انجمن اِصلاح زبان اکادمی کا (کی) - (۲) (اسلوب بیان میں) تصنع کا دلدادہ (۳) انگلستان کے اٹھارھویں صدی کے شاعر (جو تصنع کے دلدادہ تھے)

Delphian, Delphic, *aa.*: (۱) ڈیلفی کی غیبی آواز سے متعلق ؛ ڈیلفی کی غیبی آواز کا ؛ غیبی آواز جیسا - (۲) مبہم ؛ گول مول

Delphin, *a.*. *the D. classics* or *text*: یونانی اور لاطینی ادبی درسیات جو لوئی چہاردھم کے بیٹے کے خاطر مرتب کی گئیں تھیں-

Delphinine. *n.*: (کھیا) ایک قسم کی زہریلی دوا -

Delta, *n.*: (۱) یونانی حروف تہجی کے چوتھے حرف (△ یعنی د کی شکل) - (۲) مثلث نما زمین جو کسی دریا کے دہانے پر بن گئی ہو ؛ ڈیلٹا

deltaic.: ڈیلٹا کا یا ڈیلٹا سے متعلق -

Deltoid *a. & n.*: (۱) تکونیا ؛ مثلث نما ؛ تکوشیا - (۲) ڈیلٹا نما -

d. muscle: شانے کا پٹھا -

Delude (-ood-, -ud), *v. t.*: دھوکا دینا ؛ دغا دینا ؛ بہکانا ؛ دم دینا؛ سبز باغ دکھانا -

Deluge (-uj), *n., & v. t.*: (۱) طوفان ؛ طغیانی ؛ سیلاب ؛ گھٹاٹوپ (۲) سخت بارش ؛ شدید بارش - (۳) الفاظ وغیرہ کا طوفانی بھرمار - (۴) ڈبونا ؛ غرق کرنا ؛ بھرمار کرنا

the D: طوفان نوح -

Delusion (-oo , -u-), *n.*: (۱) دھوکا ؛ فریب ؛ دغا ؛ مغالطہ ؛ خیال خام - (۲) توہم ؛ وسوسہ -

delusional, *a.*: مغالطہ آمیز ؛ وہمی ؛ فرضی ؛ خیالی -

Delusive (-oo-, -u-), *a.*: مغالطہ دہ ؛ پر فریب ؛ دغابازانہ ؛ مایوس کن ؛ وہمی ؛ بے اصل ؛ غیر حقیقی ؛ فرضی

delusively, *adv.*: مغالطے کے طور پر ؛ فریب سے وغیرہ -

delusiveness. *n.*: مغالطہ دہی ؛ فریب دہی ؛ بے اصلی وغیرہ -

Delve, *v. t. & i., & n.*: (متروک شعر اور مقامی بولی) (۱) کھودنا - (۲) (تاریخی دستاویزوں کی وغیرہ کی) تحقیقات کرنا ؛ چھان بین کرنا - (۳) (سڑک وغیرہ میں) یکایک نشیب آجانا - (۴) غار ؛ گڑھا - (۵) نشیب ؛ پستی - (۶) شکن -

Demagnetize *v. t.*: (کسی چیز کی) مقناطیسیت دور کرنا -

demagnetization, *n.*: اِزالۂ مقناطیسیت -

Demagogue (-og),*n.*: (۱) زعیم ؛ ہردل عزیز ؛ رہنما (متروک) بازاری لیڈر - (۲) شورش انگیز مقرر ؛ شوریدہ پشت مقرر ؛ فتنہ انگیز خطیب -

demagogic (-gik), *a.*: زعیمانہ ؛ فتنہ انگیز خطیب کی طرح -

demagogism, demagogy (-gi) *nn.*: بازاری لیڈری ؛ شورش انگیز مقرری

Demand, *n.*: (۱) مطالبہ ؛ تقاضا ؛ جس چیز کا مطالبہ یا تقاضا کیا جائے (۲) (معاشیات) مانگ ؛ طلب -

in d.: (وہ چیز) جس کی بہت مانگ ہو ؛ مطلوب -

payable on d.: عندالطلب ؛ درشنی (ھنڈی) -

there are many dd. on my time: مجھے بہت کام رہتے ہیں ؛ میں بہت مصروف رہتا ہوں -

Demand, *v. t.*: (۱) مطالبہ کرنا ؛ تقاضا کرنا - (۲) چاہنا ؛ ضرورت رکھنا ؛ مقتضی ہونا ؛ تقاضا ہونا - (۳) دریافت کرنا ؛ سوال کرنا ؛ بہ اصرار پوچھنا -

demandable, *a.*: قابل مطالبہ ؛ قابل تقاضا -

demandant, *n.*: مطالبہ کنندہ ؛ تقاضا کرنے والا -

Demarcation, *n.*: حد بندی ؛ تعیین حدود -

demarcate, *v. t.*: حد بندی کرنا ؛ حد مقرر کرنا ؛ حد باندھنا -

demarche (-sh-), *n.*: (اخباری) سیاسی عمل یا کارروائی -

Dematerialize, *v. t. & i.*: غیر مادی بنانا ؛ غیر مادی ہوجانا

Deme, *n.*: (۱) (قدیم یونانی تاریخ) Attica کا قصبہ - (۲) (حیاتیات) خلیوں کا غیر ممیز مجموعہ -

Demean, *v. refl.*: سلوک کرنا ؛ برتاؤ کرنا ؛ پیش آنا -

Demean, *v. t.*: کسر شان کرنا ؛ ذلیل کرنا ؛ حقیر کرنا -

Demeanour, *n.*: برتاؤ ؛ سلوک ؛ طور طریق ؛ ڈھنگ ؛ وضع ؛ روش -

Dement, *v. t.*: (usu in *p.p.*) دیوانہ کرنا ؛ پاگل بنانا ؛ مجنوں بنا دینا -

dementedly, *adv.*: دیوانہ وار ؛ مجنونانہ -

dementi, *n.*: (افواہ وغیرہ کی) سرکاری تردید ؛ باضابطہ تردید -

Dementia (-tia, -sha), *n.*: (طب) جنون کی ایک قسم ؛ ضعف عقل ؛ خلل دماغ -

Demerara, *n.*: ڈیمیرارا کی سرخی مائل شکر -

Demerit, *n.*: خرابی ؛ عیب ؛ نقص -

demeritorious (-ory, -ous) *a.*: نالائق ؛ ناسزا ؛ ناقص -

Demesne, (also -an), *n.*: (قانون) (۱) قبض و دخل ؛ قبضۂ مالکانہ - (۲) مقبوضہ جائداد یا املاک - (۳) سر - (۴) ملک محروسہ ؛ قلمرو - (۵) جائداد ؛ اراضی - (۶) علاقہ ؛ حلقہ -

Royal d.: شاہی اراضی ؛ صرف خاص

State d.: سرکاری اراضی ؛ خالصہ -

Demi, *pref.*: (سابقہ - semi کا مرادف) آدھا ؛ نیم ؛ نصف ؛ ناقص ؛ ناتمام ؛ ادھورا -

Demigod, *n.*: نیم دیوتا (جو دیوتا اور انسان کی اولاد ہو) ؛ سورما جو دیوتا قرار دیا جائے -

Demijohn (-jon), *n.*: تنگ منہ کی محدب بوتل جس میں ۳ سے ۱۰ گیلن تک آسکتے ہیں -

Demilune (-oon), *n.*: (قلعہ) برج کے سامنے کی ہلالی فصیل

demi-monde, Demi-rep, nn.: مشتبہ چال چلن کی عورت -

Demise (-iz), *v. t & n.*: (۱) (جائداد کو) پٹے یا وصیت کے ذریعے منتقل کرنا ؛ ہبہ کرنا - (۲) انتقال جائداد پٹے یا وصیت کے ذریعے ؛ ہبہ - (۳) (خطاب وغیرہ کا) کسی شخص کی موت یا دست برداری پر دوسرے کی طرف منتقل ہونا - (۴) انتقال خطاب وغیرہ - (۵) انتقال ؛ موت ؛ وفات ؛ رحلت -

demisable, *a.*: قابل انتقال ؛ انتقال پذیر -

Demisemiquaver, *n.*: (موسیقی) تین آنکڑوں والی علامت ؛ آدھے semiquaver کے برابر -

Demission, *n.*: دست برداری ؛ استعفا -

Demit, *v. t. & i.* (-tt-): استعفا دینا ؛ دست بردار ہونا ؛ چھوڑ دینا -

Demiurge (-erj), *n.*: خالق ؛ صانع ؛ آفریدگار -

demiurgic, *a.*: خالق ؛ خالق کا ؛ خالق کے متعلق ؛ صانع کا ؛ آفریدگار کا -

Demob, Demobilize, *v. t.*: (فوج کو خدمت سے) سبکدوش کرنا (عامیانہ) -

demobilization, *n.*: (فوج وغیرہ کی) خدمت سے سبکدوشی -

Democracy, *n.*: (۱) جمہوری سلطنت ؛ جمہوریت - (۲) عوام ؛ جمہور (جو سیاسی حقوق سے محروم ہوں) -

Democrat, *n.*: (۱) جمہوریت کا حامی ؛ جمہوریت پسند - (۲) (ممالک متحدہ امریکہ) جمہوری پارٹی کا رکن -

democratism, *n.*: جمہوریت پسندی -

Democratic, *a.*: جمہوری ؛ جمہوریت پسندانہ -

D. party: ممالک متحدہ امریکہ کی ایک سیاسی پارٹی (جو منفرد ریاستوں کے حقوق کی حامی اور مرکزی حکومت کی مخالف ہے) -

democratically, *adv.*: جمہوری طریقے پر ؛ جمہوریت پسندانہ -

democratize, *v. t. & i.*: جمہوری بنانا -

democratization, *n.*: جمہوری بنانا -

Democritean, *a.*: پانچویں صدی (ق - م) کے یونانی فلسفی Democritus کے فلسفے سے متعلق ؛ دیمو قریطوسی -

Demogorgon, *n.*: (یونانی دیو مالا میں) جہنم کا ایک ہیبت ناک دیوتا -

Demography, *n.*: پیدائش اور لوگوں وغیرہ کے اعداد و شمار (جن سے قوموں کی حالت کا اندازہ ہوتا ہے) -

demographer, *n.*: اسم ؛ مذکورۂ بالا معنوں میں -

demographic, *a.*: صفت ؛ مذکورۂ بالا معنوں میں

Demoiselle (demwazel), *n.*: حبش کا سارس -

Demolish, *v. t.*: (۱) ڈھانا ؛ مسمار کرنا ؛ منہدم کرنا ؛ توڑنا ؛ گرانا ؛ برباد کرنا ؛ تلف کرنا ؛ ملیامیٹ کردینا - (۲) اُلٹ دینا ؛ زیروزبر کر دینا ؛ توڑ دینا ؛ باطل کرنا ؛ غلط ثابت کرنا ؛ دھجیاں اُڑادینا - (۳) چاٹ جانا ؛ کھا جانا -

demolition, *n.*: انہدام ؛ مسماری ؛ بربادی وغیرہ -

Dæmon, Dea-, *n.*: (۱) مافوق الفطرت مخلوق ؛ نیچے درجے کا دیوتا یا دیو ؛ آسیب ؛ عفریت - (۲) بھوت ؛ پریت - (۳) جن ؛ روح - (۴) شیطان ؛ ابلیس - (۵) بےرحم ؛ خونخوار یا ظالم شخص - (۶) بری عادت یا بری خواہش (جو آسیب کی طرح پیچھے پڑجائے) ؛ بھوت -

he is a d. for work : وہ بھوت ہی کے کام کے پیچھے پڑجاتا ھے -

demono- : (ترکیبی جز) بمعنی عفریتی-

demonolatry, *n.* : ارواح خبیثہ کی پرستش -

demonology, *n.* : علم ارواح خبیثہ

Demonetize (-r - mu -), *v. t.* : (دھات کا) رواج زر کی حیثیت سے بند کردینا -

Demoniac, *a.* & *n.*, **Demoniacal**, *a.* : (۱) آسیب زدہ ؛ بھوت پریت کا ستایا ہوا - (۲) آسیب زدگی کا ؛ آسیب کے متعلق - (۳) شیطانی ؛ ابلیسی ؛ ابلیسانہ - (۴) بلا کا چست و چالاک ؛ بھوت -

Demonic, **Dae-**, *a.* : (۱) آسیب زدہ ؛ بھوت کا ستا یا ہوا - (۲) شیطانی ؛ ابلیسی - (۳) بلا کا چست و چالاک ؛ بھوت - (۴) صاحب الہام ؛ الہامی

Demonism, *n.* : ارواح خبیثہ کا عقیدہ ؛ عفریت پرستی -

Demonize, *v. t.* : جن یا آسیب بنا دینا ؛ بھوت بنادینا -

Demonstrable, *a.* : قابل اثبات ؛ استدلال پذیر ؛ جو دکھایا جاسکے ؛ مشاہدہ پذیر -

demonstrability, *n.* : صلاحیت اثبات ؛ استدلال پذیر ؛ مشاہدہ پذیری -

demonstrably, *adv.* : متعلق فعل ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

Demonstrate, *v. t.* & *i.* : (۱) (جذبات وغیرہ) اظہار کرنا - (۲) تشریح کرنا ؛ توضیح کرنا ؛ بیان کرنا ؛ بتلانا ؛ مثال سے سمجھانا - (۳) ثابت کرنا ؛ دلیل یا برھان سے ثابت کرنا - (۴) (کسی چیز کے وجود کی) دلیل ھونا یا شہادت دینا - (۵) فوجی مظاھرہ کرنا - (۶) (جلسۂ عام کے ذریعے سے) کسی مظاھرے میں شریک ھونا -

demonstrant, *n.* : مظاھرۂ عام میں شرکت کرنے والا -

Demonstration, *n.* : (۱) اظہار (جذبات وغیرہ کا) - (۲) اثبات ؛ استدلال - (۳) ثبوت ؛ دلیل ؛ برھان - (۴) تعلیم بذریعۂ مثال و تجربہ - (۵) فوجی مظاھرہ ؛ نمائش اقوابر - (۶) مظاھرہ ؛ جلسۂ عام میں اظہار رائے

to d. : قطعی طور پر -

demonstrational, *a.* : مظاھرے کے متعلق ؛ اثباتی ؛ استدلالی ؛ ثبوتی ؛ برھانی

demonstrationist, *n.* : مظاھرہ کرنے والا -

Demonstrative, *a.* & *n.* : (۱) اشارہ کرنے والا ؛ اسم اشارہ - (۲) مظہر ؛ ظاھر کرنے والا (اسم اشارہ) - (۳)اثبات کنندہ ؛ مثبت (۴) مدلل ؛ مبرھن ؛ قطعی - (۵) اثباتی ؛ ثبوت سے متعلق - (۶) جو جذبات کا اظہار زیادہ کرتا ھو ؛ اظہار پسند -

demonstratively, *adv.* : مدلل طریقے سے ؛ قطعاً ؛ بطور مظاھرہ -

demonstrativeness, *n.* : اثبات ؛ قطعیت ؛ اظہار پسندی -

Demonstrator, *n.* : (۱) ظاھر کرنے والا ؛ ثبوت دینے والا وغیرہ - (۲) مثال اور تجربے کے ذریعے تعلیم دینے والا ؛ سائنس کا نائب پروفیسر جو عملی تعلیم دے - (۳) مظاھروں میں شرکت کرنے والا -

Demoralize, *v. t.* : (۱) بگاڑنا ؛ اخلاق خراب کرنا - (۲) (فوج کا) نظم بگاڑنا ؛ بد دل کرنا ؛ ھمت پست کرنا -

demoralization, *n.* : تخریب اخلاق ؛ (فوج کے) نظم کی ابتری ؛ بد دلی -

de mortuis nil nisi bonum : (لاطینی فقرہ) مُردوں کا ذکر سوائے بھلائی کے نہ کرنا چاھیے -

Demos, *n.* : جمہور ؛ خلقت -

Demosthenic, *a.* : (۱) یونانی خطیب demosthenes کی طرح ؛ واعظ مذکور کی خطابت کی طرح - (۲) فصیح ' دھنوا دھار ' وطن پرستانہ ' ملامت آمیز (تقریر) -

Demotic, *a.* : (۱) عوام کے متعلق ؛ عام ؛ عام پسند ؛ عامیانہ - (۲) (آثار قدیمہ) عام یا سادہ (قدیم مصری تحریر)

Demulcent, *a.* & *n.* : تسکین بخش ؛ مسکن (دوا) -

Demur, *v. i.* (-rr-); & *n.* : (۱) مشکلات پیدا کرنا ؛ اختلافی شبہات پیش کرنا ؛ اعتراض کرنا - (۲) (قانون) کسی واقعے کے غیر متعلق ھونے کا اعتراض اٹھانا - (۳) اعتراض ؛ شک ؛ شبہ پس و پیش -

demurrant, *n.* : معترض ؛ واقعے کے غیر متعلق ھونے کا اعتراض کرنے والا -

Demure, *a.* : (۱) سنجیدہ؛ متین ؛مطمئن- (۲)جز بز ؛کبیدہ خاطر - (۳) بناوٹی شرم والا -

demurely, *adv.* : سنجیدگی سے ؛ متانت سے ؛ کبیدہ خاطری سے ؛ بناوٹی شرم سے -

demureness, *n.* : سنجیدگی ؛ متانت ؛ کبیدہ خاطری ؛ بناوٹی شرم -

Demurrable, *a.* : قابل گرفت ' قابل اعتراض (قانوناً) -

Demurrage, *n.* : (۱) (جہاز) دیر میں مال لادنے یا اتارنے کا ھرجہ ؛ ڈیمارج - (۲) (ریلوے) رکے ھوئے مال پر محصول ؛ ھرجہ - (۳) (بنک انگلستان) وہ کمیشن جو سونے کے بدلے روپیہ یا نوٹ لینے والے کو دینا پڑتا ھے -

Demurrer, *n.* : (۱) (قانون) واقعے کے غیر متعلق ھونے پر اعتراض - (۲) اعتراض -

Demy, *n.* : (pl. -ies, pr. -iz): (۱) کاغذ کی ایک تقطیع($\frac{1}{2}$۲۲ × $\frac{1}{2}$۱۷ انچ) - (۲) ماڈلن کالج آکسفورڈ کا وظیفہ خوار طالب علم -

demyship, *n.* : کالج مذ کور کا وظیفہ -

Den, *n.* : (۱) ماند ؛ بھٹ ؛ جنگلی جانور کی رھنے کی جگہ - (۲) چوروں کا اڈا - (۳) چھوٹی خراب کوٹھری (جو رھنے کے قابل نہ ھو) - (۴) کمرا جہاں تنہائی میں بیٹھ کر کام کیا جاسکے ؛ خلوت خانہ -

denarius, *n.* (pl. -*ii*) : قدیم رومی دینار (نقرئی سکہ = ۸ پینی)

Denary, *a.* : دس کا ؛ دھائی کا ؛ عشری ؛ اعشاریہ

Denationalize (-nash-), *v. t.* : (کسی قوم کی) حیثیت یا خصوصیات زائل کردینا ؛ (فرد کو) قومیت سے خارج کرنا ' قومی خصوصیات زائل کردینا؛ (کسی ادارے کو)قوم کی ملکیت نہ رھنے دینا -

denationalization, *n.* : قومیت سے اخراج ؛ قومی خصوصیات

کھودینا -

Denaturalize (-natshra -), *v. t.* : (۱) قلب ماہیت کرنا ؛ فطرت تبدیل کرنا ؛ غیر فطری بنا دینا -(۲) کسی دوامے کی رکنیت یا شہریت سے محروم کردینا -

denaturalization, *n.* : قلب ماہیت ؛ غیر فطری بن جانا ؛ شہریت کے حقوق سے محرومی -

Denature (-tshėr), *v. t.* : قلب ماہیت کرنا ؛ خاصیت تبدیل کرنا -

denaturant, *n.* : وہ چیز جس کے ذریعے سے اشیا کی خاصیت بدل جائے -

Dendrite, *n.* : شجری پتھر -

dendritic, *a.* : شجری پتھر کے متعلق -

Dendr (o -, -i-) : (ترکیبی جز) شجری ؛ اشجار سے متعلق

dendriform, *a.* : درخت پیکر ؛ درخت نما -

dendroid, *a.* : درخت نما ؛ درخت آسا -

dendrologist, *n.* : شجریات داں ؛ شجریات کا عالم یا ماہر -

dendrology, *n.* : شجریات ؛ درختوں کا علم -

Dene, *n.* : ریگستان : ریت کا چھوٹا ٹیلا (سمندر کے کنارے) -

Dene : دیکھو DEAN

Denegation, *n.* : (متروک) انکار -

Dene-hole, Dane-, *n.* : (آثار قدیمہ) کھریا مٹی کی زمین میں مصنوعی غار -

Dengue (-ngga), *n.* : ڈنگو بخار ؛ بخار جس میں بدن کے جوڑوں میں سخت درد ہوتا ہے

Deniable, *a.* : قابل انکار ؛ قابل رد ؛ قابل تردید -

Denial, *n.* : (۱) انکار ؛ رد ؛ نامنظوری - (۲) تکذیب ؛ نفی - (۳) (کسی کو اپنا) لیڈر وغیرہ تسلیم کرنے سے انکار -

Denier, *n.* : منکر ؛ ردکرنے والا ؛ تردید کرنے والا -

Denier (-ner), *n.* : (متروک) بہت قلیل رقم یا بہت چھوٹا سکہ -

Denigrate, *v. t.* : (۱) سیاہ کرنا ؛ کالا کرنا - (۲) بدنام کرنا -

denigration, *n.* : بدنامی -

denigrator, *n.* : بدنام کنندہ -

Denim, *n.* : ایک قسم کا موٹا سوتی کپڑا -

Denitrate, Denitrify, *vv. t.* : کسی چیز کی شوریت کو دور کرنا ؛ شورے سے خالی کرنا -

Denizen, *n., & v. t.* : (۱) باشندہ ؛ ساکن ؛ رہنے والا ؛ قابض - (۲) پردیسی جس کو حق سکونت اور بیض اور حقوق حاصل ہوں ؛ (۳) اجنبی لفظ یا جانور یا پودا جو ملکی بن گیا ہو ؛ دخیل (لفظ) - (۴) اجنبی کو ملکی حقوق بخشنا ؛ دخیل بنانا -

denizenship, *n.* : سکونت ؛ قبضہ ؛ ملکی بن جانا -

Denominate, *v. t.* : نام رکھنا ؛ موسوم کرنا ؛ پکارنا ؛ ملقب کرنا -

Denomination, *n.* : (۱) اسم ؛ لقب ؛ قومیت ؛ ذات - (۲) قسم (اعداد وغیرہ کی) - (۳) نوع ؛ ذات ؛ طبقہ - (۴) فرقہ ؛ مذہب ؛ گروہ -

denominational, *a.* : فرقہ وار ؛ فرقہ واری -

denominationalize, *v. t.* : (تعلیم وغیرہ کو) فرقہ وار بنانا ؛ کسی خاص فرقے کے لیے مخصوص کرنا -

Denominative, *a.* : اسمی ؛ تسمیے کا -

Denominator, *n.* : (ریاضی) نسب نما -

Denotation, *n.* : (۱) اظہار ؛ دلالت - (۲) علامت کے ذریعے سے ظاہر کرنا - (۳) علامت ؛ نشانی ؛ نشان ؛ اشارہ - (۴) اسم ؛ لقب ؛ نام - (۵) معنی ؛ مفہوم ؛ مطالب - (۶) (منطق) تعبیر -

Denotative, *a.* : مظہر ؛ اشارہ کرنے والا ؛ دلالت کرنے والا ؛ (منطق) تعبیری -

denotatively *adv.* : بطوراشارہ ؛ علامت کے طور پر ؛ تعبیراً -

Denote, *v. t.* : (۱) علامت ہونا ؛ امتیازی خصوصیت ہونا — (۲) ظاہر کرنا ؛ دلالت کرنا ؛ سمجھانا ؛ بتانا - (۳) لقب ہونا ؛ نام ہونا - (۴) (منطق) نام ہونا ؛ تعبیر ہونا

denotement, *n.* : اظہار ؛ دلالت ؛ علامت ؛ تعبیر -

denouement, *n.* : پیچیدگیوں کا سلجھاؤ ؛ حادثہ ؛ (ناول کے پلاٹ کا) حل ؛ (قصے کا یا ڈراما) انجام

Denounce (-ow-) *v. t.* : (۱) (مصیبت انتقام وغیرہ کی) پیش گوئی کرنا ؛ خبر دینا - (۲) مخبری کرنا - (۳) کھلم کھلا الزام لگانا یا مجرم ٹھیرانا ؛ علانیہ ملامت کرنا - (۴) (معاہدے وغیرہ کے) اختتام کا اعلان کرنا -

Denouncement, *n.* : پیش گوئی ؛ مخبری ؛ الزام ؛ ملامت ؛ معاہدے کے اختتام کا اعلان -

de nouveau (de noovo), *de novo*, *advv.* : از سرِنو ؛ پھر سے ؛ نئے سرے سے -

Dense, *a.* : (۱) ٹھوس ؛ گاڑھا ؛ منجمد ؛ کثیف - (۲) گھنا ؛ گنجان - (۳) گٹھل ؛ ٹھس ؛ بیوقوف ؛ احمق ؛ غبی ؛ کند ذہن -

densely, *adv.* : ٹھوس پن سے ؛ گھنے پن سے ؛ گنجانی سے -

denseness, *n.* : ٹھوس پن ؛ کثافت ؛ گھناپن ؛ گنجانی ؛ گٹھل پن ؛ کند ذہنی -

Density, *n.* : (۱) ٹھوس پن ؛ گاڑھاپن ؛ کثافت — (۲) (طبیعات) کثافت ؛ ثقل نوعی — (۳) گھنا پن ؛ گنجانی (۴) کند ذہنی ؛ بے وقوفی ؛ ٹھوس پن -

Dent, *n. & v. t.* : (۱) سطحی نشان (جو کسی کند آلے سے ڈالا جائے) - (۲) (کسی کند آلے سے) نشان ڈالنا —

Dental, *a. & n.* : (۱) دندانی ؛ دانتوں کا ؛ دندان سازی سے متعلق -

d. letter or d. : دندانی حرف ؛ دانتوں اور زبان کی مدد سے ادا ہونے والا حرف جیسے th یا d,t (حروف نطعیہ) —

dentalize, *v. t.* : دانتوں اور زبان کے مخرج سے نکالنا -

Dentate, *a.* : دندانہ دار -

dentation, *n.* : دندانہ دار ہونا -

dentato- : (ترکیبی جز) دندانہ ؛ دندانی —

Denti- : (ترکیبی جز) دندانی ؛ جیسے :

dentilingual : دانت اور زبان کی مدد سے بنا ہوا -

dentiform, *a.* : دندان پیکر ؛ دندان نما -

dentigerous, *a.* : دندان دار ؛ دندانہ دار -

Denticle, *n.* : (۱) چھوٹا دانت یا دانت کا سا ابھار ؛

(۲) دیکھو DENTIL -

denticular, *a.* : دندانہ دار -

denticulate (-at) or- ated, *a.* : دندانہ دار -

denticulation, *n.* : دندانہ دار ہونا -

Dentifrice, *n.* : منجن ؛ سنون ؛ مسی

Dentil, *n.* : (عمارت) دنتیا (جمع : دنتیاں) : کانس کے دندانے-

Dentine, *n.* : وہ مادہ جس سے دانت کی ساخت ہوتی ہے -

Dentist, *n.* : طبیب دنداں ؛ معالج دنداں ؛ دندان ساز -

dentistry, *n.* : دندان سازی -

Dentition, *n.* : (۱) دانت نکلنا - (۲) (حیوانوں کے) دانتوں کی مخصوص ترتیب -

Denture, *n.* : دانتوں کا چوکا یاست (عموماً مصنوعی) -

Denude, *v. t.* : (۱) ننگا کرنا ؛ برہنہ کرنا ؛ عریاں کرنا - (۲) کپڑے اتروالینا ؛ کنگال کردینا ؛ (کسی صفت سے) محروم کردینا - (۳) (ارضیات) (چٹان وغیرہ سے) اوپر کی مٹی یا خس و خاشاک ہٹانا -

denudation, *n.* : عریانی ؛ برہنہ ہونا یا کرنا وغیرہ -

denudative, *a.* : برہنہ کرنے والا -

Denunciation, *n.* : (۱) ملامت ؛ الزام ؛ مخبری ؛ پیش گوئی (انتقام وغیرہ کی) ؛ معاهدے کے اختتام کا اعلان - (۲) بد زبانی ؛ سب و شتم ؛ گالیوں کی بوچھا ر -

denunciative, denunciatory (-sha-), *aa.* : ملامت آمیز؛ دشنام آمیز وغیرہ -

denunciator (-shi-), *n.* : ملامت کنندہ ؛ دشنام دہندہ وغیرہ -

Deny, *v. t.* : (۱) تکذیب کرنا ؛ غلط ٹھیرانا ؛ نفی کرنا - (۲) رد کرنا ؛ تردید کرنا ؛ قبول نہ کرنا ؛ انکار کرنا - (۳) (کسی کی درخواست) نامنظور کرنا؛ (کسی چیز کے دینے سے) انکار کرنا- (۴) (ملاقاتیوں سے) ملنے سے انکار کرنا ؛ یہ کہلا دینا کہ گھر پر موجود نہیں ہیں -

d. one*self* : پرہیز کرنا ؛ نفس کشی کرنا ؛ ضبط نفس کرنا

Deodand, *n.* : (تاریخ) وہ چیز (مثلاً کوئی گاڑی) جس سے کسی شخص کی موت واقع ہو اور جو بحق سرکار ضبط ہوکر کار خیر میں استعمال کی جائے -

Deodar, *n.* : دیودار ؛ ایک قسم کا درخت جو سرد آب ہوا میں پیدا ہوتا ہے -

Deodorize (or -od-), *v. t.* : بد بو دور کرنا ؛ مضرجراثیم سے پاک کرنا -

deodorization, *n.* : بد بو دور کرنا ؛ ازالۂ جراثیم -

deodorizer, *n.* : بد بو دور کرنے والا ؛ مزیل جراثیم -

Deontology, *n.* : علم الاخلاق ؛ فلسفۂ اخلاق ؛ اخلاقیات-

deontological, : اخلاقیاتی -

deontologist, *n.* : علم الاخلاق ؛ ماہراخلاقیات -

Deo optimo maximo : اللہ کے لیے جو سب سے بڑا اور سب سے اچھاہے -

Deo volente, *adv.* : (۱) انشاءاللہ ؛ اگر خدا کو منظور ہے ؛ اگر خدانے چاہا - (۲) اگر کوئی مانع نہ ہوا -

Depart, *v. i. & t.* : (۱) (شعر اور قدیم زبان میں) چلاجانا ؛ رخصت ہونا - (۲) روانہ ہونا ؛ چھوٹنا (ریل وغیرہ کا) ؛ چل دینا- (۳) مرنا ؛ انتقال کرنا ؛ رحلت کرنا - (۴) تجاوز کرنا ؛ انحراف کرنا -

Departed, *a. & n.* : (۱) گزشتہ ؛ گزرا ہوا - (۲) متوفی ؛ مرحوم -

Department, *n.* : (۱) صیغہ ؛ شعبہ ؛ شاخ ؛ محکمہ ؛ سر رشتہ - (۲) (فرانسیسی) ضلع ؛ قسمت

departmental, *a.* : سررشتے کا ؛ متعلق سررشتہ ؛ محکمے کا ؛ قسمت کا ؛ محکمانہ-

departmentally, *adv.* : سررشتے کی طرف سے ؛ محکمے کے قواعد کے لحاظ سے -

Departure (-tsher), *n.* : (۱) روانگی ؛ رخصت - (۲) تجاوز ؛ انحراف (۳) روانگی (ریل کی) ؛ کوچ - (۴) عمل یا خیال کا آغاز ؛ طریق عمل یا خیال میں جدت - (۵) (جہاز رانی) طول البلد کے درجے جو جہاز نے طے کیے ہوں -

Depasture, *v. t. & i.* : (۱) چرنا - (۲) (جانور کو) چرانا (زمین پر)- (۳) چارا مہیا کرنا (زمین کا یا زمین سے)

depasturage, *n.* : چری ؛ چرائی ؛ چرائی کا حق-

Depauperate, *v. t.* : (۱) غریب کرنا ؛ محتاج کرنا - (۲) کم زور کرنا ؛ بازھہ مارنا ؛ پست کرنا ؛ اخلاق بگاڑنا -

depauperation, *n.* : مفلس ہوجانا یا کردینا وغیرہ -

Depauperize, *v. t.* : (۱) ناداری سے نجات دینا ؛ مفلس کے پنجے سے چھڑانا ؛ دلدر دور کرنا - (۲) افلاس کے مسئلے کو حل کرنا

Depend, *v. i.* : (۱) (شعر یا قدیم زبان میں) لٹکنا ؛ معلق ہونا - (۲) منحصر ہونا ؛ موقوف ہونا ؛ متعلق ہونا - (۳) (کسی کا) دست نگر ہونا ؛ - (۴) بھروسا کرنا ؛ اعتماد کرنا - (۵) زیر تجویز ہونا ؛ فیصلہ طلب ہونا (مقدمے یا مسودۂ قانون کا) -

d. upon it : آپ یقین رکھیے -

that depends : جیسی صورت ہو -

Dependable, *a.* : بھروسے کے قابل ؛ قابل اعتماد -

dependableness, *n.* : قابل اعتماد ہونا -

dependably, *adv.* : قابل اعتماد طور پر -

Dependant, -ent, *n.* : دست نگر ؛ ملازم ؛ نوکر ؛ متوسل -

Dependence, *n.* : (۱) انحصار ؛ دارومدار ؛ ماتحتی؛ تابعداری ؛ وابستگی - (۲) دست نگر ہونا - (۳) بھروسا ؛ آسرا ؛ سہارا ؛ اعتماد؛ اعتبار؛ وثوق - (۴) جس چیز پر بھروسا کیا جائے؛ سہارا -

Dependency, *a.* : (۱) ماتحت صوبہ یا ملک وغیرہ - (۲) متعلقات -

Dependent, *a.* : (۱) منحصر ؛ وابستہ ؛ ماتحت ؛ متوسل - (۲) دست نگر ؛ (نحو) ماتحت ؛ متعلق -

Dephosphorize, *v. t.* : (فلزات سے) فاسفورس دور کرنا -

dephosphorization, *n.* : ازالۂ فاسفورس -

Depict, *v. t.* : (۱) تصویر کھینچنا ؛ نقشہ کھینچنا - (۲) الفاظ میں تصویر کھینچنا ؛ نقل کرنا ؛ بیان کرنا -

depicter, depictor, *n.* : مصور؛ ناقل ؛ نقل کرنے والا ؛ بیان کرنے والا -

depiction, *n.*: تصویر کشی ؛ نقشہ کشی ؛ نقل ؛ بیان -

depictive, *a.*: مصورانہ ؛ نقالانہ -

Depicture (-tsher), *v. t.*: تصویر کھینچنا ؛ نقشہ اتارنا : نقل کرنا ؛ بیان کرنا -

Depilate, *v. t.*: بال دور کرنا ؛ بال اُڑانا -

depilation, *n.*: بال اُڑانا -

depilator, *n.*: بال دور کرنے یا اُڑانے والا -

depilatory, *a.* & *n.*: بال اُڑانے (یا دور کرنے) والی دوا ؛ بال صفا -

Deplenish, *v. t.*: خالی کرنا ؛ ذخیرے کو ختم کردینا -

Deplete, *v. t.*: (۱) خالی کرنا ؛ صرف کردینا ؛ بالکل ختم کردینا - (۲) (کسی عضو سے) خون نکالنا ؛ اِنجماد خون کا اِزالہ کرنا -

depletion, *n.*: خالی کردینا ؛ اِزالۂ اِنجماد خون ؛ اِخراج خون -

depletive, *a.* & *n.*, **depletory**, *a.*: خالی کرنے والا ؛ خون نکالنے والا ؛ مزیل اِنجماد خون -

Deplore, *v. t.*: (۱) ماتم کرنا ؛ غم کرنا ؛ افسوس کرنا ؛ تاسف کرنا - (۲) حیا اور غصے سے مغلوب ہوجانا -

deplorability, deplorableness, *nn.*: افسوس ناک یا شرم ناک حالت یا کیفیت ؛ تاسف انگیزی -

deplorable, *a.*: افسوس ناک ؛ تاسف انگیز ؛ شرم ناک -

deplorably, *adv.*: افسوس ناک طور پر ؛ شرم ناک طور پر -

Deploy, *v. t.* & *i.* & *n.*: (فوج کا) میدان میں پھیلنا یا پھیلانا ؛ صفیں باندھنا یا قائم کرنا ؛ پر اجھانا یا باندھنا -

deployment, *n.*: صف بندی -

Deplume, *v. t.*: پرنوچنا ؛ پر اُکھیڑنا ؛ بے بال و پر کرنا -

Depolarize, *v. t.*: (۱) (مرایا) شعاع کی تقطیب کا رخ بدلنا - (۲) (برق و مقناطیس) دفع تقطیب کرنا - (۳) (مجازاً) درہم برہم کرنا ؛ بنیاد ہلادینا ؛ زور توڑ دینا -

depolarization, *n.*: (مرایا وغیرہ) دفع تقطیب -

depolarizer, *n.*: (مرایا وغیرہ) دافع تقطیب -

Deponent, *a.* & *n.*: (۱) (لاتینی اور یونانی نحو) (وہ فعل) جو صورت کے لحاظ سے مجہول مگر معنے کے لحاظ سے معروف ہو - (۲) حلفیہ اِظہار دینے والا ؛ تحریری بیان یاشہادت دینے والا ؛ گواہ -

Depopulate, *v. t.* & *i.*: (۱) آبادی گھٹانا - (۲) آبادی گھٹ جانا -

depopulation, *n.*: آبادی میں کمی ؛ آبادی گھٹانا -

Deport, *v. t.*: (۱) خاص رویہ یا طرز اختیار کرنا - (۲) جلا وطن کرنا ؛ شہر بدر کرنا ؛ ملک بدر کرنا -

deportation, *n.*: جلا وطنی ؛ اِخراج -

Deportment, *n.*: (۱) طور ؛ طریق ؛ چال ڈھال ؛ رویہ ؛ سبھاو - (۲) وہ طریقہ جس پر کوئی چیز (یعنی کیمیاوی تجربے میں کوئی دھات) عمل کرتی ہے -

Depose (-z), *v. t.* & *i.*: (۱) معزول کرنا ؛ تخت سے اُتارنا - (۲) شہادت دینا ؛ حلفی اِظہار دینا -

deposable, *a.*: قابل معزولی

Deposit (-z-), *n.*: (۱) امانت ؛ ودیعت ؛ دھروت ؛ دھروھر - (۲) وہ رقم جو بنک میں ایک معین مدت کے لیے جمع کی جائے ؛ تحویل - (۳) بیعانہ ؛ سائی ؛ پہلی قسط - (۴) تہ نشین مادہ ؛ کسی مادے کی تہ (جو قدرتی اسباب سے جم گئی ہو) -

Deposit (-z-), *v. t.*: (۱) رکھنا ؛ دھرنا - (۲) (انڈے) دینا - (۳) (دریا کا) تہ نشین مادہ چھوڑ جانا - (۴) امانۃً رکھنا ؛ تحویل میں رکھنا ؛ جمع کرنا - (۵) بطور بیعانہ ادا کرنا ؛ سائی دینا -

Depositary, *n.*: امین ؛ امانت دار ؛ تحویل دار -

Deposition, *n.*: (۱) مسیح کے صلیب سے اُتارے جانے کی تصویر - (۲) معزولی ؛ عزل ؛ تخت سے اُتاراجانا - (۳) حلفی شہادت ؛ اِظہار ؛ بیان - (۴) امانت ؛ ودیعت ؛ تحویل -

Depositor, *n.*: (۱) جمع کرنے والا ؛ امانت رکھانے والا - (۲) (کسی چیز کو) تہ نشین کرنے کا آلہ -

Depository, *n.*: (۱) خزانہ ؛ گودام - (۲) دیکھو - DEPOSITARY

Depot, (-o), *n.*: (فوج) (۱) گودام - (۲) رجمنٹ کا صدر مقام - (۳) رنگروٹوں کی تربیت گاہ - (۴) رجمنٹ کا وہ حصہ جو کسی غیر ملک میں تعینات نہ کیا گیا ہو - (۵) کوٹھی ؛ گودام ؛ منڈی - (۶) (ممالک متحدۂ امریکا) ریل کا اِسٹیشن -

Deprave, *v. t.*: بگاڑنا ؛ اخلاق خراب کرنا ؛ بد چلنی سکھانا -

depravation, *n.*: تخریب اخلاق ؛ بد چلنی -

Depravity, *n.*: (۱) بد چلنی ؛ فسق و فجور ؛ سیاہ کاری - (۲) (دینیات) اِنسان کی خلقی بدی -

Deprecate, *v. t.*: (۱) (فصد وغیرہ) روکنے کی اِلتجا کرنا - (۲) ناپسندیدگی یا ناخوشی کا اِظہار کرنا -

deprecatingly, *adv.*: ناپسندیدگی کا اِظہار کرتے ہوئے -

deprecation, *n.*: نا پسندیدگی یا ناخوشی کا اظہار ؛ اِلتجا ؛ فہمائش -

deprecative, deprecatory, *aa.*: جس سے ناپسندیدگی یا ناخوشی کا اِظہار ہو ؛ ملتجیانہ -

Depreciate (-shi-), *v. t.* & *i.*: (۱) قدر و قیمت یا وقعت گھٹانا یا گھٹنا - (۲) نرخ گھٹانا ؛ مندا کرنا - (۳) (روپیے کی) قیمت کم کرنا یا ہونا ؛ قیمت گرادینا یا گرجانا - (۴) کم کرکے دکھانا ؛ حقیر سمجھنا ؛ خفیف سمجھنا -

depreciatingly, *adv.*: تحقیر کے طور پر -

depreciatory (-sha-), *a.*: تحقیر آمیز -

Depreciation (-esi-, -eshi-), *n.*: (۱) کم قدری ؛ بے قدری ؛ سبکی ؛ تحقیر ؛ قیمت گرنا (روپیے وغیرہ کی) - (۲) ٹوٹ پھوٹ کی سلہائی ؛ فرسودگی کا اندازہ -

Deprtedation, *n.* (usu. pl): لوٹ ؛ غارت گری ؛ تاخت و تاراج -

Depredator, *n.*: لٹیرا ؛ غارت گر ؛ تاراج کنندہ -

Depress, *v. t.*: (۱) دبانا ؛ نیچا کرنا ؛ جھکانا - (۲) پست کرنا ؛ گرانا ؛ خستہ حال کرنا - (۳) زور گھٹانا ؛ (تجارت کو) مندا کرنا ؛ بازاو سود کرنا - (۴) (آواز) ہلکی کرنا ؛ دھیمی کرنا (۵) افسردہ کرنا ؛ دل شکستہ کرنا ؛ بے دل کرنا -

deprsesible, *a.*: دبانے کے قابل ؛ افسردگی پذیر وغیرہ -

Depressant, *a.* & *n.*: مسکن ؛ مزاج کو پست کرنے والی (دوا) -

Depression (-shn), *n.* : (۱) جھکاؤ ؛ پستی - (۲) (ہیئت) انخفاض - (۳) (سطح میں) نشیب ؛ جوف ؛ گڑھا - (۴) مندا ؛ سودبازاری ؛ (آواز) دھیما پن ؛ افسردگی ؛ بد دلی - (۵) (علم حوادث سماوی) باد پیما کا انخفاض ؛ ہوا کے دباؤ کا کم ہونا ؛ مرکز انخفاض -

Depressor, *n.* : (تشریح) وہ پٹھا جو کسی عضو کو دبائے رکھے -

Deprivation (or - i -), *n.* : (۱) حرمان ؛ محرومی - (۲) معزولی ؛ ول ؛ برطرفی - (۳) صدمہ جانکاہ ؛ مصیبت ؛ تکلیف -

Deprive, *v. t.* : (۱) محروم کرنا ؛ چھین لینا ؛ (کسی نعمت سے) لطف اندوز نہ ہونے دینا ؛ محروم رکھنا - (۲) معزول کرنا -

deprivable, *a.* : (ایسی چیز) جو چھینی جاسکے ؛ قابل معزولی -

deprival, *n.* : محرومی ؛ معزولی -

de profundis, n. & a. : غم کی گہرائیوں سے نکلی ہوئی (آواز) ؛ صدائے درد ؛ دکھے ہوئے دل کی فریاد -

Depth *n.* : (۱) گہراپن ؛ عمق - (۲) گہرائی ؛ عمق ؛ چوڑائی - (۳) دقت ؛ گہرائی (خیال کی) (۴) فراست ؛ تیز فہمی ؛ ذکاوت ؛ ذہن رسا ؛ دانائی - (۵) رنگ کا گہراپن - (۶) (صیغۂ جمع) بحر عمیق ؛ حضیض قعر ؛ تہ - (۷) وسط ؛ بیچ - (۸) قلب یا دماغ کی گہرائی ؛ بحر (فکر) ؛ لجۂ (خیال) -

d.-charge : وہ بم جو آب دوز کو تباہ کرنے کے لیے استعمال کیا جائے -

out of one's *d.* : اتنے گہرے پانی میں جہاں آدمی نہ ٹھہر سکے ؛ (ایسے کام میں مصروف جو) اس کے بس کا نہیں یا اس کی بساط سے زیادہ ہے -

Depurate, *v. t. & i.* : صاف کرنا یا ہونا ؛ میل کاٹنا یا چھانٹنا ؛ پاک کرنا -

depuration, *n.* : صفائی ؛ تصفیہ ؛ میل کاٹنا -

depurative, *a. & n.*, **depurator,** *n.* : مصفی ؛ صاف کرنے والا -

Deputation, *n.* : وفد ؛ نمائندوں کی جماعت -

Depute, *v. t.* : (۱) سپرد کرنا (خدمت) ؛ تفویض کرنا (اختیار) (نمائندے یا وکیل کو) - (۲) نمائندہ بنانا ؛ وکیل بنانا -

Deputize, *v. i.* : قائم مقامی کرنا (خصوصاً ایکٹر وغیرہ کی) -

Deputy, *n.* : (۱) قائم مقام ؛ وکیل ؛ گماشتہ - (۲) رکن وفد - (۳) وکیل ؛ نمائندہ (پارلیمنٹ) -

deputy- : (ترکیبی جز) قائم مقام ؛ نائب ؛ منصوب -

deputyship, *n.* : نیابت ؛ قائم مقامی ؛ منصوبی -

Deracinate, *v. t.* : (۱) جڑ سے اکھیڑ ڈالنا - (۲) (مجازاً) بیخ کنی کرنا ؛ استیصال کرنا -

Derail, *v. t. & i.* : پٹری سے اتار دینا یا اترنا -

derailment, *n.* : پٹری سے اترنا یا اترنا -

Derange (-anj), *v. t.* : (۱) ابتر کرنا ؛ پراگندہ کرنا ؛ الٹ پلٹ کردینا ؛ بے ترتیب کردینا - (۲) بے ضابطگی یا بے قاعدگی پیدا کرنا - (۳) دیوانہ کرنا ؛ پاگل کرنا ؛ مجنون کرنا - (۴) خلل ڈالنا ؛ حارج ہونا

derangement, *n.* : ابتری ؛ پراگندگی ؛ بے ترتیبی ؛ گڑبڑ ؛ خلل دماغ -

Derby (dar-), *n.* : Epsom کی سالانہ گھوڑدوڑ

D. day : مذکورۂ گھوڑدوڑ کا دن

D. dog : (مجازاً) گھوڑدوڑ کے میدان میں آوارہ پھرنے والا کتا ؛ دخل در معقولات -

Derbyite (dar-), *n.* : وہ سپاہی جو لارڈ ڈاربی کی سنہ ۱۹۱۵ء کی اسکیم کے مطابق بھرتی ہوا ہو -

Derbyshire (dar -), *a.*, *D. neck* : گلے کی رسولی ؛ گلا جس میں رسولی لٹکتی ہو -

D. spar : کیلسیم فلورائڈ -

de regle, pred. a. : حسب دستور ؛ معمولی ؛ مناسب ؛ معقول -

Derelict, *a. & n.* : (۱) لاوارث (خصوصاً جہاز) - (۲) لاوارث چیز (خصوصاً جہاز) -

Dereliction, *n.* : (۱) لاوارث چھوڑ دینا ؛ لاوارث ہونا - (۲) سمندر کا ہٹ کر خشک زمین چھوڑدینا - (۳) غفلت ؛ ترک فرض - (۴) قصور ؛ خطا ؛ لغزش ؛ کوتاہی ؛ فروگذاشت -

Deride *v. t.* : ہنسنا ؛ ہنسی اڑانا ؛ تضحیک کرنا ؛ مضحکہ کرنا ؛ مذاق اڑانا ؛ تمسخر کرنا -

de rigueur, pred. a. : آداب مجلس کے مطابق ؛ فیشن کے ضابطے کے مطابق -

Derision (-zhn), *n.* : تمسخر ؛ تضحیک ؛ ہنسی اڑانا ؛ استہزا ؛ مضحکہ -

be in d. : بنایا جانا -

have, hold, in d. : بنانا ؛ ہنسی اڑانا -

Derisive, *a.* : تمسخر آمیز ؛ تحقیر آمیز ؛ مضحکہ آموز -

derisively, *adv.* : تمسخر سے ؛ تحقیر کی راہ سے -

Derisory, *a.* : (۱) دیکھو DERISIVE - (۲) (وہ بات) جو محض ہنسی میں کہی جائے -

Derivation, *n.* : (۱) استخراج ؛ استنباط ؛ اخذ - (۲) نسب ؛ اصل ؛ نسل - (۳) اشتقاق - (۴) نظریۂ ارتقا -

derivatioinst, *n.* : ارتقائی ؛ نظریۂ ارتقا کا ماننے والا -

Derivative, *a. & n.* : استخراج کیا ہوا ؛ اخذ کیا ہوا ؛ مشتق ؛ فرعی (غیر اصلی) -

derivatively, *adv.* : استخراجاً ؛ اشتقاقاً -

Derive, *v. t. & i.* : (۱) استخراج کرنا ؛ حاصل کرنا ؛ اخذ کرنا - (۲) ماخوذ ہونا ؛ نکلنا ؛ لیاجانا - (۳) استنباط کرنا ؛ نتیجہ نکالنا - (۴) نسل سے ہونا - (۵) مشتق ہونا - (۶) اصل یا نسب کا سراغ لگانا ؛ اشتقاق بتانا -

derivable, *a.* : استخراج پذیر ؛ استنباط پذیر ؛ جس کی اصل یا اشتقاق کا سراغ لگایا جاسکے -

Derm, *n.* : (۱) کھال ؛ پوست ؛ جلد - (۲) اصلی کھال یعنی کھال کی وہ تہہ جو اوپری جھلی کے نیچے ہوتی ہے -

dermal, dermic, *aa.* : جلدی ؛ جلد یا کھال سے متعلق -

dermat (o)-, dermo- : (ترکیبی جز) جلدی -

dermatologist, dermatology, *nn.* : ماہر ترکیب جلد ؛ علم ترکیب جلد -

Dern : DARN کا مرادف -

dernier ressort, n. : آخری تدبیر -

Derogate, *v. i.*: (۱) تنقیص ہونا؛ کمی ہونا؛ حرف آنا - (۲) پست ہونا یا کرنا؛ نازیبا حرکت کرنا -

Derogation, *n.*: (۱) بے قدری؛ بے وقری؛ بے عزتی؛ سبکی؛ توہین - (۲) پستی؛ تنزل -

Derogatory, *a.*: (۱) تنقیص آمیز - (۲) خلاف شان؛ معیوب - (۳) تحقیر آمیز؛ توہین آمیز؛ اہانت آمیز -

Derrick, *n.*: بھاری بوجھ اٹھانے کی ایک کل -

Derring do, *n.*: جان پر کھیل جانا؛ جانبازانہ ہمت -

Derrringer (-j-), *n.*: ایک چھوٹا سا مگر چوڑی نال کا تمنچا -

Dervish, *n.*: درویش -

Descant, *n.*: (۱) (شعر) گیت؛ ترانہ؛ راگ؛ نغمہ؛ آہنگ؛ سرود - (۲) (موسیقی) ساز کے ساتھ اونچے سر کا گیت جس کی لے جدا ہو -

Descant. *v. i.*: (کسی مسئلے پر) تقریر کرنا؛ تفصیل سے بیان کرنا -

Descend (-se-), *v. i. & t.*: (۱) اُترنا؛ نیچے آنا؛ نازل ہونا؛ کرنا - (۲) ڈھلوان ہونا؛ ڈھال ہونا - (۳) اچانک حملہ کرنا؛ آپڑنا؛ ٹوٹ پڑنا - (۴) واقعات کے بیان یا ریاضی کے عمل وغیرہ میں زمانۂ ماقبل سے شروع کرکے ما بعد پر یا بڑے سے شروع کرکے چھوٹے پر یا عام سے شروع کرکے خاص پر ختم کرنا - (۵) اُترآنا؛ خلاف شان حرکت کرنا - (۶) (شاذ) نسل سے ہونا - (۷) ترکے میں ملنا؛ ورثے میں ملنا؛ منتقل ہونا - (۸) (پہاڑ یا زینے سے) اُترنا -

Descendant, *n.*: اولاد؛ خلف -

Decendant, *n.* (*of*), **Descended** *p.p.* (*from*): نسل سے؛ سلسلے سے؛ اولاد سے -

Descendible, -able, *a.*: متوارث؛ انتقال پذیر؛ وراثتاً پہنچنے کے قابل -

Descent, *n.*: (۱) اُترنا؛ نزول - (۲) ڈھال؛ اُتار - (۳) نیچے کو جانے والا رستہ؛ راہ نشیب - (۴) یورش؛ اچانک حملہ؛ دھاوا (خصوصاً سمندر کی راہ سے) - (۵) تنزل؛ زوال؛ پستی - (۶) نسل؛ نسب؛ سلسلہ - (۷) پشت؛ پیڑھی - (۸) توارث؛ انتقال (جائداد وغیرہ کا) -

Describe, *v. t.*: (۱) بیان کرنا؛ ذکرکرنا - (۲) صفت بیان کرنا؛ توصیف کرنا؛ قرار دینا - (۳) بنانا؛ کھینچنا (شکل کا) (۴) حرکت کرنا -

describable, *a.*: قابل بیان؛ قابل ذکر (وغیرہ) -

Description *n.*: (۱) بیان؛ ذکر؛ وصف؛ کیفیت؛ تعریف - (۲) قسم؛ نوع -

(it) answers to the d.: (اُس پر) یہ تعریف صادق آتی ہے -

Descriptive, *a.*: (۱) بیانی؛ توصیفی - (۲) مناظر فطرت وغیرہ بیان کرنے کا شائق (مصنف) -

descriptively, *adv.*: بیان کے طور پر؛ وضاحتاً -

Descry. *v. t.*: دیکھ لینا؛ سمجھ جانا؛ معلوم کرلینا؛ دریافت کرلینا -

Desecrate, *v. t.*: (۱) بے حرمتی کرنا؛ ہتک حرمت کرنا؛ بے ادبی کرنا؛ پلید کرنا؛ نجس کرنا - (۲) (برے مقصد کے لیے) وقف کرنا -

desecration, *n.*: بے حرمتی؛ بے ادبی

desecrator, *n.*: بےحرمتی کرنے یا بے ادبی کرنے والا -

Desert (-z-), *n.*: (۱) استحقاق؛ سزاواری - (۲) اہلیت؛ خوبی - (۳) مستحقین - (۴) (صیغۂ جمع) عمل؛ اعمال؛ کردار - (۵) سزا؛ جزا -

desertless, *a.*: نا اہل؛ ناسزا؛ نالائق -

Desert (-z-), *a. & n.*: (۱) غیر آباد؛ ویران؛ اُجاڑ؛ سونا - (۲) غیر مزروعہ؛ اوسر؛ بنجر - (۳) بیابان؛ ریگستان؛ (مجازاً) خشک مضمون (وغیرہ) -

Desert (-z-), *v. t. & i.*: (۱) چھوڑنا؛ ترک کردینا - (۲) (سکونت) ترک کردینا - (۳) ساتھ چھوڑنا؛ بےوفائی سے چھوڑ دینا؛ منہ موڑنا - (۴) دغادینا؛ غائب ہوجانا - (۵) (فوجی یا بحری نوکری) چھوڑکر بھاگ جانا -

deserter, *n.*: فراری؛ بھگوڑا -

desertion. *n.*: روگردانی؛ بےوفائی؛ فرار؛ ساتھ چھوڑ دینا -

Deserve (-z-), *v. t. & i.*: مستحق ہونا؛ مستوجب ہونا؛ سزاوار ہونا -

deservedly. *adv.*: استحقاق کے مطابق؛ واجبی طور پر؛ انصاف سے -

Deserving, *a.*: (۱) قابل تعریف؛ حق‌دار؛ مستحق - (۲) مستوجب؛ سزاوار (تعریف یا ملامت وغیرہ کا) -

deshabille, *n.* دیکھو DISHABILLE

Desiccate (also disik-), *v. t.*: سکھانا؛ خشک کرنا؛ رطوبت دور کرنا؛ (دودھ وغیرہ کو) خشک کرکے سفوف یا ٹکیاں بنا لینا -

desiccation, desiccator, *nn.*: خشک کرنے یا سکھانے والا

desiccative, *a.*: خشک کرنے والا -

Desiderate, *v. t.*: ضرورت رکھنا؛ چاہنا؛ کمی محسوس کرنا -

Desiderative (-at-), *a. & n.*: (نحو) (فعل) تمنائی -

Desideratum, *n.*: (pl.- *ta*): ضرورت؛ حاجت؛ احتیاج؛ جس چیز کی کمی ہو -

Design (-zin), *n.*: (۱) تدبیر؛ تجویز؛ منصوبہ - (۲) حملے کا منصوبہ - (۳) ارادہ؛ قصد؛ عمد - (۴) مقصد؛ غرض؛ غایت - (۵) نظم؛ ترتیب؛ علت و معلول کی مطابقت - (۶) نقشہ؛ خاکہ - (۷) نقش و نگار - (۸) خاکہ؛ داغ بیل؛ ساخت؛ ترکیب؛ ڈول؛ ڈھانچا؛ ایجاد؛ اختراع -

Design (-zin), *v. t. & i.*: (۱) (کسی کے لیے) مخصوص کرنا - (۲) منتخب کرنا (کسی شخص کو کسی کام کے لیے) ؛ مخصوص کرنا (کسی مقصد کے لیے) - (۳) تدبیر کرنا؛ ایجاد کرنا؛ منصوبہ باندھنا - (۴) ارادہ کرنا؛ ارادہ ہونا؛ قصد کرنا؛ مقصد ہونا - (۵) (تصویر کا) خاکہ بنانا - (۶) (عمارت کا) نقشہ بنانا - (۷) نقشہ کشی کرنا - (۸) خاکہ بنانا؛ خاکہ سوچنا (کسی کتاب وغیرہ کا) -

designedly, *adv.*: قصداً؛ ارادتاً؛ عمداً -

Designate (-at), *a.*: نامزد -

Designate (-z-), *v. t.*: (۱) تخصیص کرنا؛ صراحت کرنا؛ معین کرنا - (۲) لقب ہونا؛ خصوصیت ہونا - (۳) لقب دینا؛

موسوم کرنا (۳) مقرر کرنا ؛ تقرر کرنا -

Designation (-z-), *n.*: (۱) تقرر - (۲) نام ؛ لقب ؛ وصف ؛ خطاب -

Designer, *n.*: (۱) مخصوص کرنے والا ؛ موجد ؛ تدبیر کرنے والا ؛ خاکہ تیار کرنے والا - (۲) نقشہ کش ؛ مشینوں کا نقشہ تیار کرنے والا -

Designing, *a.*: (۱) تدبیر کرنے والا وغیرہ (۲) چالاک ؛ عیار ؛ اُپدیی ؛ سازشی -

Desilverize, *v. t.*: (کسی چیز سے) چاندی علحدہ کرنا (خصوصاً سیسے سے) -

Desipience, *n.*: خفیف العقل کاتی ؛ نادانی ؛ سادہ لوحی ؛ بے وقوفی -

Desirable (-z-), *a.*: دل پسند ؛ مرغوب ؛ خاطر خواہ ؛ پسندیدہ ؛ اچھا -

desirability, **desirableness**, *nn.*: دل پسندی ؛ مرغوبیت ؛ پسندیدہ ہونا -

desirably, *adv.*: دل پسند طور پر ؛ مرغوب طریقے سے -

Desire (-z-), *n.*: (۱) حسرت ؛ خواہش ؛ آرزو ؛ تمنا ؛ شوق ؛ رغبت - (۲) درخواست ؛ اِلتجا ؛ اِلتماس ؛ اِستدعا - (۳) شے مرغوب ؛ مطلوب -

Desire *v. t.*: (۱) چاہنا ؛ آرزو کرنا ؛ خواہش کرنا ؛ تمنا کرنا - (۲) (خواہش) محسوس کرنا - (۳) مانگنا ؛ سوال کرنا ؛ طلب کرنا ؛ چاہنا - (۴) اِلتجا کرنا ؛ درخواست کرنا ؛ اِلتماس کرنا ؛ اِستدعا کرنا ؛ حکم دینا ؛ خواہش ظاہر کرنا -

Desirous, *pred. a.*: خواہاں ؛ آرزومند ؛ خواستگار ؛ شائق ؛ طالب ؛ حوصلہ مند -

Desist (-zi-, -si-), *v. i.*: باز رہنا ؛ دست بردار ہونا ؛ ترک کرنا -

Desk, *n.*: ڈھلواں میز ؛ لکھنے کی میز ؛ ڈیسک

the d.: کارتحریر ؛ دفتر کا کام ؛ تصنیف و تالیف -

deskful, *n.*: صندوق بھر (کام) -

Desolate (-at), *a.*: (۱) اکیلا ؛ تنہا ؛ بے کس - (۲) غیر آباد - (۳) ویران ؛ اجاڑ ؛ شکستہ ؛ برباد شدہ ؛ چٹیل (میدان) ؛ بنجر ؛ سنسان ؛ اُداس - (۴) واماندہ ؛ مغموم ؛ نا اُمید ؛ دل شکستہ ؛ بد قسمت ؛ بد نصیب ؛ اُداس ؛ محزون -

desolately, *adv.*: ویرانی کی حالت میں ؛ نا اُمیدانہ ؛ اُداسی سے وغیرہ -

desolateness, *n.*: بے کسی ؛ تنہائی ؛ غیر آبادانی ؛ ویرانی وغیرہ -

Desolate, *v. t.*: (۱) غیر آباد کرنا ؛ ویران کرنا ؛ اُجاڑنا - (۲) برباد کرنا ؛ تاخت و تاراج کرنا ؛ غارت کرنا - (۳) نا اُمید یا دل شکستہ کرنا ؛ اُداس کرنا -

desolator, *n.*: اُجاڑنے والا ؛ ویران کرنے والا ؛ تباہ کن ؛ غارت گر

Desolation, *n.*: (۱) تاخت و تاراج ؛ غارت گری - (۲) ویرانی بربادی ؛ تنہائی وغیرہ - (۳) کس مپرسی ؛ بے کسی - (۴) اُداسی ؛ دل شکستگی ؛ مایوسی ؛ حزن

Despair, *n., & v. i.*: (۱) یاس ؛ مایوسی ؛ نا اُمیدی ؛ قنوط ؛ ہراس - (۲) مایوس کن چیز ؛ وجہ یاس - (۳) نا اُمید ہونا ؛ مایوس ہونا ؛ اُمید چھوڑ بیٹھنا ؛ ہمت ہار بیٹھنا -

despairingly, *adv.*: نا اُمیدی سے ؛ مایوسی سے ؛ مایوسانہ ؛ نا اُمیدانہ -

Despatch: دیکھو DISPATCH

Desperado, *n.*: پاک شہدا ؛ لنگا ؛ بد معاش -

Desperate (-at), *a.*: (۱) قطعاً مایوس کن ؛ اُمید شکن ؛ نازک ؛ خطرناک ؛ سراسر ناقابل عمل - (۲) من چلا ؛ بے باک ؛ بے دھڑک ؛ بے جگر ؛ شوریدہ پشت ؛ بے لگام ؛ جان پر کھیل جانے والا - جیسے :

a d. storm: غضب کا ؛ قیامت کا ؛ سخت -

desperately, *adv.*: نا اُمیدانہ ؛ مایوسانہ ؛ بے جگری سے ؛ شوریدہ پشتی سے ؛ جان توڑ کر ؛ بے تحاشا -

desperateness, *n.*: قطع اُمید ؛ قطعی مایوسی ؛ شوریدہ پشتی ؛ بے جگری -

desperation, *n.*: بے باکی ؛ قطع اُمید وغیرہ -

Despicable, *a.*: ذلیل ؛ حقیر ؛ کمینہ ؛ سفلہ ؛ فرومایہ ؛ قابل حقارت -

despicably, *adv.*: کمینے پن سے ؛ سفلے پن سے ؛ قابل حقارت طور پر -

Despise (-z-), *v. t.*: حقیر جاننا ؛ ذلیل سمجھنا ؛ حقارت کرنا -

Despite, *n. & prep.*: (۱) (متروک) ظلم ؛ ستم ؛ توہین تحقیر - (۲) بغض ؛ عداوت ؛ کینہ ؛ ضد ؛ بیر ؛ عناد - (۳) باوجود ؛ باوجودیکہ ؛ علی الرغم :

in my d.: باوجود میری کوشش کے -

despiteful, *a.*: بغض رکھنے والا ؛ کینہ پرور ؛ بیری -

despitefully, *adv*: معاندانہ ؛ کینہ پروری سے ؛ بغض سے وغیرہ -

Despoil, *v. t.*: لوٹنا ؛ چھین لینا ؛ محروم کرنا -

despoiler, *n.*: لٹیرا ؛ لوٹنے والا ؛ غارت گر ؛ چھیننے والا -

despoilment, **despoliation**, *nn.*: لوٹ ؛ غارت گری ؛ دست برد -

Despond, *v. i., & n.*: (۱) مایوس ہونا ؛ ہمت ہارنا ؛ ہراس ہونا ؛ نا اُمید ہونا ؛ دل شکستہ ہونا - (۲) (متروک) مایوسی ؛ یاس ؛ دل شکستگی -

despondency, *n.*: مایوسی ؛ ہراس ؛ نا اُمیدی ؛ دل شکستگی -

despondent, *a.*: مایوس ؛ نا اُمید ؛ دل شکستہ -

despondently, **despondingly**, *advv.*: مایوسانہ ؛ نا اُمیدی یا شکستہ دلی سے -

Despot, *n.*: (۱) مطلق العنان فرماں روا ؛ مستبد حکم راں - (۲) ظالم ؛ جابر -

despotic, *a.*: ظالمانہ ؛ جابرانہ ؛ مطلق العنان ؛ مستبدانہ ؛ اِستبدادی -

despotically, *adv.*: مستبدانہ ؛ مطلق العنانی سے ؛ ظالمانہ ؛ جابرانہ -

despotist, *n.*: حامیِ اِستبداد ؛ اِستبداد پسند -

despotism, *n.*: (۱) مطلق العنانی ؛ اِستبداد ؛ اِستبدادی حکومت یا سلطنت - (۲) خود مختار حکومت ؛ شخصی سلطنت ؛

حکومت مستبدہ -

Desquamate, *v. t. & i.* : (۱) (مچھلی یا کسی اور چیز کے) سفنے اُتارنا - (۲) کھپرے اُترنا -

desquamation, *n.* : کھپرے اُتارنا یا اُترنا (نباتیات حیوانیات) -

desquamative, desquamatory, *aa.* : متعلق فعل مذکورۂ بالا معنے میں -

Dessert (-z-), *n.* : پھل ' مٹھائی وغیرہ جیسے کھانے کے بعد کھائیں؛ نقل -

d.-spoon : دیکھو SPOON

Destination *n.* : منزل مقصود -

Destine, *v. t.* : مقرر کرنا ؛ مامور کرنا ؛ مقدر کرنا ؛ وقف کرنا ؛ مخصوص کرنا -

to be destined : مامور کیاجانا ؛ تقدیر یا مقدر میں ہونا

Destiny, *n.* : (۱) شدنی اُمور ؛ تقدیری اُمور ؛ قسمت کے کھیل - (۲) قسمت ؛ نصیب ؛ نصیبا - (۳) تقدیر ؛ مقدر ؛ قضائے مبرم : حکم قضا -

Destitute, *a.* : (۱) محتاج ؛ مفلس ؛ بے نوا - (۲) محروم ؛ خالی ؛ بے نصیب -

destitution, *n.* : محتاجی ؛ مفلسی ؛ بے نوائی ؛ محرومی -

Destrier, *n.* : (تاریخ) اسپ جنگی ؛ جنگی گھوڑا -

Destroy, *v. t.* : (۱) مسمار کرنا ؛ گرانا ؛ برباد کرنا ؛ تباہ کرنا ؛ منہدم کرنا ؛ اُجاڑنا - (۲) اکارت کردینا ؛ (کسی کام پر) پانی پھیر دینا ؛ بے کار کردینا ؛ ناکارہ کردینا - (۳) قتل کرنا ؛ مارڈالنا ؛ ہلاک کرنا ؛ معدوم کرنا ؛ فناکرنا ؛ نیست و نابود کرنا ؛ تلف کرنا ؛ ضائع کرنا - (۴) باطل کرنا ؛ زائل کرنا (اثر وغیرہ) -

destroyable, *a.* : قابل مسماری ؛ لایق بربادی ؛ اِنہدام پذیر وغیرہ -

Destroyer, *n.* : (۱) تباہ یا مسمار کرنے والا ؛ تباہ کن وغیرہ - (۲) خاص کر TORPEDO-*boat d.* کا مخفف -

Destructible, *a.* : قابل بربادی ؛ فانی ؛ اِنہدام پذیر وغیرہ

destructibility, *n.* : اِنہدام پذیری ؛ فنا پذیری -

Destruction, *n.* : (۱) مسماری ؛ بربادی ؛ تباہی ؛ ویرانی ؛ اِنہدام ؛ فنا ؛ اِتلاف ؛ تخریب ؛ تضیع ؛ اِبطال - (۲) باعث بربادی ؛ باعث ہلاکت وغیرہ -

Destructive, *a. & n.* : (۱) برباد کنندہ ؛ تباہ کن ؛ ضائع کرنے والا ؛ باطل کرنے والا وغیرہ - (۲) مہلک ؛ قاتل - (۳) تخریبی ؛ غیر تعمیری - (۴) مہلک چیز یا مخرب شخص -

destructively, *adv.* : تباہ کن طور پر ؛ مہلک طور پر ؛ تخریبی طریقے سے -

destructiveness, *n.* : تباہ کن ؛ مہلک ہونا وغیرہ

Destructor, *n.* : کوڑا کرکٹ جلانے کا آتش دان -

Desuetude (-swi-) ; *n.* : عدم رواج ؛ متروک ہونا -

Desulphurize (-fer-), *v. t.* : (کسی مادے کو) گندھک سے خالی کرنا -

desulphurization, *n.* : گندھک سے خالی کرنا ؛ اِزالۂ کبریت -

Desultory, *a.* : بے ترتیب ؛ غیر مسلسل ؛ بے نظام -

desultorily, *adv.* : بے ترتیب طور پر ؛ غیر مسلسل طریقے سے -

desultoriness, *n.* : بے ترتیبی ؛ عدم تسلسل ؛ بے نظامی -

Desynonymize, *v. t.* : (مترادف الفاظ میں) مفہوم کی تفریق کرنا ؛ معنوں میں اِمتیاز کرنا -

Detach (-tsh), *v. t.* : (۱) علیحدہ کرنا ؛ الگ کرنا ؛ جدا کرنا - (۲) (فوج بحر) (جہاز یا دستے کو) روانہ کرنا ؛ خاص مہم پر بھیجنا -

detached house : وہ مکان جس سے متصل کوئی دوسرا مکان نہ ہو ؛ منفصل مکان -

detached mind, view : بے لوثی ؛ بے تعصبی ؛ غیر جانب داری -

detachable, *a.* : علیحدگی پذیر ؛ الگ ہونے کے قابل -

detachedly, *adv.* : علیحدہ کرکے ؛ علیحدہ ہوکر ؛ غیر جانب داری سے -

detachedness, *n.* : علیحدگی ؛ بے تعلقی ؛ غیرجانب داری -

Detachment, *n.* : (۱) علیحدگی ؛ الگ کرنا یا ہونا - (۲) فوج یا بیڑے کا وہ حصہ جو علیحدہ مہم پر بھیجا جائے - (۳) ماحول سے عدم تاثر یا علیحدگی ؛ آزادیٔ رائے ؛ حریت فکر ؛ (خود غرضانہ) بے تعلقی -

Detail, *n.* : (۱) تفصیل ؛ ہر مد کی علیحدہ تفصیل - (۲) مفصل بیان ؛ تفصیلات - (۳) جزئیہ ؛ جزئیات - (۴) تصویر یا عمارت کے تفصیلی نقش و نگار ؛ جزئی تزئین - (۵) (فوج) روزمرہ کے احکام کی تقسیم ؛ چھوٹی مہم ؛ چھوٹا دستہ -

army beaten in d. : فوج جس کے مختلف ٹکڑوں کو علیحدہ علیحدہ شکست دی جائے -

but that is a d. : اکثر طنز میں کہا جاتا ہے اور بر عکس معنے دیتا ہے -

Detail, *v. t.* : (۱) تفصیل کرنا ؛ تفصیل بیان کرنا ؛ مفصل بیان کرنا - (۲) (فوج) خاص مہم پر روانہ کرنا -

Detain, *v. t.* : (۱) روکنا ؛ باز رکھنا - (۲) منتظر رکھنا ؛ بٹھائے رکھنا ؛ اِنتظار کرانا - (۳) حراست میں رکھنا ؛ نظر بند رکھنا ؛ ادا کرنے سے روکے رکھنا ؛ ادائی سے باز رکھنا -

Detainer, *n.* : (۱) (قانون) (مال کو) حراست جائز میں رکھنا ؛ قرقی میں رکھنا - (۲) حبس یا حراست - (۳) سفینا ؛ حکم نامۂ حراست (جس کی رو سے ملزم جو زیر حراست ہے کسی دوسرے الزام میں بدستور حوالات میں رہے) -

Detect, *v. t.* : (۱) گرفت کرنا ؛ پکڑنا (غلطی ؛ جرم وغیرہ) - (۲) معلوم کرنا ؛ پتا لگالینا ؛ دریافت کرنا -

detectable, *a.* : قابل دریافت ؛ قابل گرفت وغیرہ -

detection *n.* : اِنکشاف ؛ دریافت ؛ پکڑا جانا یا پکڑنا ؛ گرفت -

detector, *n.* : دریافت کرنے والا ؛ پکڑنے والا ؛ گرفت کرنے والا -

Detective, *a. & n.* : (۱) کاشف - (۲) سراغ رساں ؛ خفیہ پولیس -

d. story : سراغ رسانی کے قصے

amateur d. : شوقیہ سراغ رساں -

Detent, *n.* : مشین چلنے اور روکنے کا پرزہ ؛ کھٹکا ؛ (دیوار گھڑی میں) وہ پرزہ جس سے کھٹکا بجتا ہے -

detente, *n.* : سلطنتوں کی باہمی کشیدگی رفع ہونا ؛ صفائی ۔

Detention, *n.* : (۱) روک ؛ مزاحمت ؛ روکا جانا - (۲) گرفتاری ؛ حراست؛ قید - (۳) دیر؛ توقف؛ تاخیر (جو مجبوری سے ہو)- (۴) (مدرسے میں) بطور سزا روک لینا یا روکا جانا ۔

House of D. : حوالات -

Deter, *v. t.* (-rr-) : باز رکھنا ؛ مانع ہونا ؛ سدراہ ہونا -

determent, deterrence, *nn.* : مزاحمت ؛ روک -

deterrent, *a.* & *n.* : باز رکھنے والا ؛ مانع؛ سدراہ -

Detergent, *a.* & *n.* : صاف کرنے والا؛ مصفی -

Deteriorate, *v. t.* & *i.* : بگاڑنا یا بگڑنا ؛ ابتر یا خراب کرنا یا ہونا ؛ بدتر ہونا ؛ روبہ تنزل ہونا ؛ زوال پذیر ہونا -

deterioration, *n.* : بگاڑ ؛ ابتری ؛ خرابی ؛ فساد ؛ تنزل ؛ زوال ؛ انحطاط -

deteriorative, *a.* : مخرب ؛ بگاڑنے والا ؛ خراب کرنے والا ؛ ابتر یا بدتر کرنے والا -

Determinant, *a.* & *n.* : فیصلہ کن ؛ قطعی ؛ حدبندی کرنے والا؛ مشروط کرنے والا ؛ تعین کرنے والا -

Determinate (-at). *a.* : محدود ؛ معین ؛ صریح ؛ تعینات ؛ (ریاضی) مقطعات -

determinately, *adv.* : محدود طور سے ؛ معین طور پر -

determinateness, *n.* : محدودیت؛ تعین -

Determination, *n.* : (۱) (قانون) حق ملکیت کا ساقط ہوجانا- (۲) مباحثے کا تصفیہ ؛ بحث کا نتیجہ - (۳) عدالت کا فیصلہ ؛ سزا کا حکم - (۴) (تاریخ یا وقت کا) تعین- (۵) حدبندی تحدید ؛ تعین حدود ؛ تعریف - (۶) رقم کی صحیح تشخیص - (۷) رجحان ؛ میلان - (۸) مصمم ارادہ ؛ عزم ؛ فیصلہ - (۹) استقلال ؛ ثابت قدمی -

d. of blood to some part : دوران خون کا میلان -

Determinative, *a.* & *n.* : (۱) سمت معین کرنے والی - (۲) تعینی ؛ توصیفی -

Determine, *v. t.* & *i.* : (۱) (قانون) (حق ملکیت) ختم کردینا یا ہوجانا - (۲) محدود کرنا ؛ معین کرنا ؛ تعریف کرنا - (۳) (تاریخ یا وقت) مقرر کرنا ؛ ٹھیرانا ؛ تعین کرنا - (۴) طےکرنا ؛ فیصل کرنا ؛ (جھگڑا) چکانا ؛ نتیجے پر پہنچنا ؛ فیصلہ کرنا ؛ تجویز سنانا - (۵) بنائے تعین ہونا - (۶) تعین کرنا ؛ تشخیص کرنا - (۷) راہ پر لگانا ؛ مقصد کا تعین کرنا ؛ کسی خاص رخ پر چلانا - (۸) (کسی شخص کو کسی کام پر) آمادہ کرنا - (۹) مصمم ارادہ کرنا ؛ ٹھان لینا -

determinable, *a.* : تعین کے قابل ؛ حدبندی کے قابل ؛ فیصلہ پذیر -

Determined, *a.* : (۱) محدود ؛ معین ؛ مقرر ۔ طے شدہ - (۲) مستقل ؛ مصمم ؛ مضبوط ؛ ثابت قدم ؛ اٹل -

Determinism, *n.* : جبریت ؛ عقیدۂ جبر (یہ عقیدہ کہ انسان فاعل مختار نہیں بلکہ اُس کا ارادہ خارجی قوتوں کا پابند ہے)-

determinist, *n.* & *a.* : عقیدۂ جبری کا پیرو ؛ جبری-

deterministic, *a.* : عقیدۂ جبر سے متعلق ؛ جبری -

Detersive, *a.* & *n.* : صاف کرنے والا ؛ مصفی-

37 **Detest**, *v. t* : بے حد نفرت کرنا

detestable, *a.* : قابل نفرت ؛ قابل تنفر

detestableness, *n.* : قابل تنفر ہونا ؛ نفرت انگیزی -

detestably, *adv.* : قابل نفرت طریقے سے ؛ نفرت انگیز طور سے -

Detestation, *n.* : (۱) بے حد نفرت ؛ تنفر - (۲) قابل تنفر شخص یا چیز -

Dethrone, *v. t.* : (۱) تخت سے اُتارنا ۔ معزول کرنا - (۲) زور توڑنا -

dethronement, *n.* : (۱) معزولی ؛ تخت سے اُتارا جانا - (۲) زور ٹوٹنا ؛ زوال حکومت یا اقتدار -

Detinue, *n.*, *action of d.* : (قانون) مال کو قبضۂ ناجائز سے چھڑانے کی نالش -

Detonate (or de-), *v. t.* & *i.* : (زور سے) پھٹنا یا پھٹنے کا باعث ہونا ؛ داغنا ؛ دھماکے کے ساتھ اُڑانا -

detonation, *n.* : (زور سے) پھٹنا-

detonative, *a.* : (زور سے) پھٹنے والا -

Detonator, *n.* : (۱) پھٹنے والا مادہ (بم کا گولا وغیرہ) (۲) (ریلوے) کہر سگنل (وہ گولا جو کہر کے وقت سگنل کے طور پر داغا جاتا ہے) -

Detour (ditoor), **Detour**, *n.* : اصل رستے سے ہٹنا ؛ پھیر ؛ چکر ؛ پھیر کا رستہ ؛ چکر کا رستہ -

Detract, *v. t.* & *i.* : (۱)گھٹانا ؛ کم کرنا ؛ نکالنا - (۲) بدنام کرنا ؛ بدگوئی کرنا ؛ قدر گھٹانا ؛ عزت گھٹانا -

detraction, *n.* : (۱) کم کرنا ؛ گھٹانا ؛ نکالنا - (۲) بدگوئی-

detractive, *a.* : کم کرنے والا وغیرہ ؛ بدنام کن -

detractor, *n.* : (۱) کم کرنے والا ؛ گھٹانے والا وغیرہ - (۲) بدنام کرنے والا ؛ بدگو -

Detrain, *v. t.* & *i.* : ریل سے اُترنا یا اُتارنا -

Detriment, *n.* : نقصان ؛ ضرر ؛ مضرت -

Detrimental, *a.* & *n.* : (۱) نقصان دہ ؛ ضرر رساں ؛ مضرت رساں - (۲) (عامیانہ) وہ دعوے دار جس کا دعویٰ اکھڑتا ہو (جیسے چھوٹا بھائی)

detrimentally, *adv.* : نقصان دہ طور پر ؛ ضرر رساں طریقے سے -

Detrited, *a.* : (ارضیات) ریگ یا کنکر کی ساخت کا -

Detrition, *n.* : رگڑ سے گِھس جانا -

Detritus, *n.* : (۱) گھسنے کے عمل سے جو مادہ پیدا ہو؛ مثلاً ریگ یا کنکر - (۲) کوڑا کرکٹ -

detrital, *a.* : ریگ یا کنکر سے متعلق ؛ ریتیلا؛ کنکریلا -

de trop (de tro), *pred. a.* : ناگوار ؛ بار خاطر ؛ مخل -

Deuce, *n.* : (۱) پاسے کا دوّا یا تاش کی دُکی - (۲) (ٹینس) وہ پوائنٹ جس کے بعد گیم کے دو متواتر پوائنٹ جیتنا ضروری ہے -

Deuce, *n.* : (۱) وبال ؛ بلا ؛ مصیبت ؛ شرارت - (۲) شیطان ؛ ابلیس -

d. a bit : مطلق نہیں -

play the d. with : ٹھکانے لگادینا ؛ غارت کردینا -

the d. he is n't : بھلا کوئی بات ہے کہ وہ نہ ہو -

the d. is in it if I cannot : میں یقیناً (یہ) کرسکتا ہوں -

there will be the d. to pay : اِس کی سزا بھگتنا پڑیگی ؛ (یا حرکت) رنگ لائے گی -

Deuced (du-, doo-) *a.*, *adv.*, **Deucedly**, *adv.* : کم بخت - (۲) بے حد ؛ سخت -

deus ex machina (-k-), *n.* : بروقت غیبی تائید ؛ مداخلت غیبی ؛ لطیفۂ غیبی (خاص کر ناول یا ڈراما میں) -

Deus misereatur (-zeri-), *n.* : وہ مناجات جو اِن الفاظ سے شروع ہوتی ھے : " بارالٰہا رحم کر "-

Deuteragonist (also -ago-), *n.* : (ڈراما) وہ کریکٹر جو ہیرو سے دوسرے درجے پر ہو -

Deutero- : (ترکیبی جز جو یونانی لفظ *deuteros* " دوم " سے ماخوذ ھے)

d. canonical : بائبل کے اُن حصوں سے متعلق جن کی اصلیت پہلے مشتبہ تھی ' آگے چل کر تسلیم کی گئی -

deuterogamy : عقد ثانی -

Deuteronomist, *n.* : توریت کی پانچویں کتاب کا مصنف یا مولف -

Deuteronomy (also du-), *n.* : توریت کی پانچویں کتاب -

Deuteronomic(al), *aa.* : کتاب مذکور سے متعلق -

Deutzia (du-, doi-), *n.* : ایک جھاڑی جس کے پھول سفید ہوتے ہیں -

Deux- temps, *n.* : ناچ کی ایک قسم -

Devastate, *v. t.* : برباد کرنا ؛ اُجاڑنا ؛ ویران کرنا ؛ لوٹنا ؛ غارت کرنا -

devastation, *n.* : بربادی ؛ ویرانی ؛ لوٹ ؛ غارت ؛ تاراج -

devastator, *n.* : برباد کنندہ ؛ اُجاڑنے والا ؛ لوٹنے والا ؛ غارت گر -

Develop, *v. t. & i.* : (۱) منکشف کرنا یا ہونا ؛ کھولنا ؛ اِفشا کرنا ؛ ظاہر کرنا ؛ قوہ سے فعل میں آنا یا لانا - (۲) (فوج) حملے کی اِبتدا کرنا - (۳) بڑھنا ؛ بڑھانا ؛ پختگی یا تکمیل کو پہنچنا یا پہنچانا ؛ نشو و نما پانا یا دینا ؛ منظم ہونا یا کرنا - (۴) (عکسی مصوری) (فلم وغیرہ کو) خاص کیمیاوی مسالے سے دھونا تا کہ تصویر نظر آئے - (۵) ترقی کرنا - (۶) شوق ہو جانا ؛ عادت پڑ جانا -

developable, *a.* : اِنکشاف پذیر ؛ قابل تکمیل ؛ ترقی کے قابل وغیرہ -

developer, *n.* : اِنکشاف کرنے والا ؛ ظاہر کرنے والا ؛ تکمیل کرنے والا ؛ ترقی دینے والا -

Development, *n.* : (۱) تدریجی اِنکشاف یا تفصیل - (۲) بڑھنا ؛ ترقی ؛ نمو - (۳) اِرتقا ؛ نشو و نما - (۴) تکمیل ؛ پختگی ؛ بالیدگی - (۵) ترقی کا درجہ - (۶) نتیجہ - (۷) منظم تر شکل ؛ مکمل تر صورت - (۸) (فلم وغیرہ کو) خاص کیمیاوی مسالے سے دھونا تا کہ تصویر نظر آئے -

D. Commission : وہ کمیشن جو اِنگلستان میں ۱۹۰۹ ع میں اِس غرض سے قائم کیا گیا کہ زراعت اور صنعت و حرفت کو ترقی دے -

Developmental, *a.* : (۱) ترقی یا نمو کے متعلق - (۲) اِرتقا یا نشو و نما سے متعلق -

developmentally, *adv.* : ترقی یا نمو کے اعتبار سے -

Deviate, *v. i.* : منحرف ہونا ؛ ہٹنا ؛ تجاوز کرنا ؛ شاہراہ کو چھوڑنا -

Deviation, *n.* : (۱) اِنحراف ؛ تجاوز ؛ کج روی - (۲) قطب نما کی سوئی کا اِنحراف - (۳) شعاع مصوری کا انحراف معمولی حالت سے

Device, *n.* : (۱) ساخت ؛ ترکیب ؛ بناوٹ ؛ وضع ؛ صورت ؛ شکل (متروک : نادر یا عجیب طرح کی چیزیں) - (۲) (صیغۂ جمع) خوشی ؛ مرضی - (۳) تدبیر ؛ تجویز ؛ منصوبہ ؛ ترکیب ؛ چال ؛ داؤ - (۴) آلہ ؛ اِیجاد ؛ صنعت ؛ ترکیب - (۵) نقشہ ؛ خاکہ ؛ تصویر ؛ شکل - (۶) نشان ؛ (تقابت) مارکا ؛ سردار یا رئیس کا اِمتیازی نشان - (۷) کتبہ -

Devil (-vl), *n.*, *the D.* : (۱) شیطان ؛ اِبلیس ؛ عزازیل - (۲) بت پرستوں کا دیوتا - (۳) بھوت ؛ پریت ؛ آسیب ؛ خناس - (۴) خبیث روح - (۵) بد معاش ؛ ظالم ؛ خونخوار ؛ بد ذات - (۶) شوخ ؛ چالاک ؛ عیار ؛ خود رائے ؛ خود سر ؛ ضدی ؛ ہٹیلا - (۷) بدنصیب ؛ بد قسمت ؛ بد بخت ؛ غریب ؛ دکھیا - (۸) عیبی جانور ؛ شریر جانور - (۹) چھوٹا (جونیئر) وکیل جو کسی بڑے وکیل کی نگرانی میں سارا محنت کا کام کرتا ھے - (۱۰) کرائے کا ٹٹو ؛ وہ شخص جو کرائے پر تصنیف وتالیف کرتاھے جسے دوسرے اپنے نام سے چھپواتے ہیں - (۱۱) بری عادت یا گناہ جو شیطان کی طرح پیچھے پڑجائے ؛ بھوت - (۱۲) جنگ جوئی ؛ جرأت ؛ جیوٹ - (۱۳) جانوروں اور پرندوں کی قسمیں ؛ ایک قسم کی آتش بازی ؛ مختلف اوزان کا نام - (۱۴) چٹپٹا کھانا ؛ مسالے دار کھانا -

d. a one : ایک بھی نہیں ؛ کوئی بھی نہیں -

D. -dodger : پادری ؛ واعظ -

d. -fish : مچھلی کی قسمیں -

d. -may-care : بے پروا ؛ لااُبالی ؛ وارستہ مزاج -

d. on two sticks : ایک کھیل کا نام -

devil's : بعض پودوں کے نام کے شروع میں آتا ھے -

d. 's advocate, -acy : عیب جو ؛ نکتہ چین -

d. 's bedpost : (تاش کی اِصطلاح) پھول کا چوا -

d. 's bit : ایک طرح کی جھاڑی جس کے پھول منقّی سے مشابہ ہوتے ہیں -

d. 's bones : پا سے ؛ کعبتین -

d. 's books : تاش کے پتے -

d. 's coach-horse : بڑا گبریلا -

d. 's dust : پرانے کپڑے کے سوت سے بنے ہوئے کپڑے

dd. -on-horseback : دیکھو ANGEL -

D. 's Own : volunteers کی پیدل فوج نمبر ۸۸ -

d. 's tattoo : دیکھو TATTOO -

d. take the hindmost : جو پیچھے رہ جائے وہ جھنم میں جائے -

a d. of a : عجیب ؛ غیر معمولی یا دل چسپ (آدمی) ؛ برا (آدمی) -

between the d. & the deep sea : ازیں سو رانده و ازآں سو مانده ؛ نہ جائے ماندن نہ پائے رفتن -

give the d. his due : دشمن کے ساتھ بھی اِنصاف کرو۔

go to the d.: برباد ہونا ؛ تباہ ہونا ؛ دور ہو ؛ دفع ہو ۔

is the d. : عذاب جان یا مصیبت ہے ۔

like the d.: کمال مستعدی سے ؛ بے حد جوش و خروش سے ۔

printer's d. : مطبع کا ہرکارہ ۔

talk of d. (& he will appear) شیطان کا ذکر کیا اور وہ آموجود ہوا ۔

the d.: جھنجھلاہٹ یا تعجب کاکلمہ ۔

the d. among the tailors: ہنگامہ ؛ ہڑبونگ ۔

the d. & all : دنیا بھر کی برائی یا بلا ۔

the d. to pay : آنے والی مصیبت ۔

devildom, *n.*: شیطانی حکومت ؛ شیطان کا راج ۔

devilhood, *n.*: شیطنت ؛ اِبلیسیت ؛ طاغوتیت

devilward(s), *adv.*: شیطان کی طرف

Devil, *v. i. & t.* (-ll-): (۱) (چھوٹے وکیل کا) کسی بڑے کے لیے سارا محنت کا کام کرنا ؛ (کسی شخص کا) تصنیف و تالیف کا کام کرائے پر کرنا جسے دوسرے اپنے نام سے چھپوائیں ۔ (۲) گرم مسالا ڈال کر بھوننا

Devilish, *a.* (-vil-), & *adv.* (-vl-): (۱) اِبلیسانہ ؛ شیطانی ؛ شیطان کی طرح کا ؛ ملعون ؛ لعنتی ؛ قابل لعنت ۔ (۲) سخت ؛ شدید ۔

devilishly, *adv.*: اِبلیسانہ ؛ شیطان کی طرح سے ؛ شیطنت کے ساتھ ۔

devilishness, *n.*: اِبلیسیت ؛ شیطنت ؛ طاغوتیت ۔

Devilism (-vil-), *n.*: (۱) اِبلیسیت ؛ شیطنت ؛ شیطانی حرکت ۔ (۲) شیطان کی پوجا ؛ اِبلیس پرستی ۔

Devilment, (-vl-), *n.*: (۱) شرارت ؛ وحشت ؛ شوریدہ سری ۔ (۲) شیطانی شعبدہ ؛ نیرنگ ۔

Devilry (-vl-), **-try** *n.*: (۱) شیطانی فن ؛ جادو ؛ سحر ۔ (۲) شیطان اور اُس کا ساز و سامان ۔ (۳) بدذاتی ؛ بد معاشی ؛ بے رحمی ؛ خون خواری ؛ ظلم ۔ (۴) شوخی ؛ شرارت ؛ طراری ؛ جرأت ؛ دلیری ؛ بے باکی ۔ (۵) علم الشیاطین ۔ (۶) شیاطین ۔

Devious, *a.*: (۱) دور اُفتادہ ؛ شاہ راہ سے الگ ۔ (۲) پیچ دار ؛ چکر کا (رستہ) ۔ (۳) کج راہ ؛ کج رو ؛ گم راہ ۔

deviously, *adv.*: پیچ دار رستے سے ؛ چکر سے ؛ کج روی سے ۔

deviousness, *n.*: پیچ دار ہونا ؛ کج روی ؛ گم راہی ۔

Devise (-z), *v. t. & n.*: (۱) (قانون) ترکے میں دینا ؛ وصیت کی رو سے دینا ؛ ہبہ کرنا یا متروکہ کرنا ۔ (۲) ہبہ بالوصیت ۔ (۳) وصیت کا وہ حصہ جس کی رو سے ترکہ دیا جائے ۔ (۴) تدبیر کرنا ؛ تجویز کرنا ؛ ترکیب نکالنا ؛ اِیجاد کرنا ؛ منصوبہ ٹھہرانا ؛ سازش کرنا ؛ ترکیب سوچنا ۔

devisable, *a.*: تدبیر پذیر ؛ اِیجاد پذیر ۔

devisee, *n.* موصی لہ ۔

deviser, *n.*: منصوبہ ٹھہرانے والا ؛ تدبیر کرنے والا ؛ موجد وغیرہ ۔

devisor, *n.*: موصی ؛ وصیت کنندہ ۔

Devitalize *v. t.*: بے جان کرنا ؛ مردہ کرنا ؛ بے کار کردینا ؛ بے سکت کردینا ؛ قوت زائل کردینا

devitalization, *n.*: بےجان کرنا ؛ بے کار کرنا ؛ اِزالۂ قوت ۔

Devitrify, *v. t.*: شفافی سے محروم کرنا (شیشے وغیرہ کو) ؛ بلور کی طرح غیر شفاف بنادینا ؛ زجاجیت زائل کردینا ۔

devitrification, *n.*: غیر شفاف بنانا ؛ اِزالۂ زجاجیت ۔

Devoid, *a.*: محروم ؛ خالی ۔

Devoir (-vwar), *n.*: (۱) فرض ؛ فرض منصبی ؛ اپنی سی کوشش ۔ (۲) (صیغۂ جمع) لوازم ادب ۔

Devolute (-oot), *v. t.*: وراثتاً منتقل کرنا ؛ تفویض کرنا ؛ سپرد کرنا ۔

Devolution (-loo-), *n.*: (۱) مختلف تبدیلیوں کے بعد کوئی خاص صورت اِختیار کرنا ۔ (۲) اِنتقال جائیداد بطور اِرث ؛ توارث ۔ (۳) اُس حق کا جس سے فائدہ نہ اُٹھایا جائے مالک کی طرف منتقل ہونا ۔ (۴) (حیات) تنزل ؛ انحطاط ؛ ضد اِرتقا ۔ (۵) تفویض اختیارات ۔

Devolve, *v. t. & i.*: (۱) سونپنا ؛ سپرد کرنا ؛ سپرد ہونا ؛ تفویض کرنا یا ہونا ؛ عائد ہونا (فرض کا) ؛ ذمہ ہونا یا کرنا ۔ (۲) وراثتاً منتقل ہونا ؛ ورثے میں ملنا ۔

Devonian, *a. & n.*: (۱) ڈیون شائر کا (باشندہ) ۔ (۲) (ارضیات) چٹان کی وہ ساخت جو سلوریں چٹان سے اوپر اور زغالی چٹان سے نیچے ہوتی ہے ۔

Devote, *v. t.*: نذر کرنا ؛ مخصوص کرنا ؛ صرف کرنا ؛ وقف کرنا ۔

d. to the flames : نذر آتش کرنا ؛ آگ کے حوالے کرنا ۔

devotement, *n.*: نذر کرنا ؛ وقف کرنا ؛ حوالے کرنا وغیرہ ۔

Devoted, *a.*: (۱) نذر کیا ہوا ؛ وقف کیا ہوا ؛ نذر ؛ وقف ۔ (۲) صادق ؛ مخلص ؛ جاں نثار ۔ (۳) وقف وفا ؛ نذر ہلاکت ۔

devotedly, *adv.*: وفادارانہ ؛ صادقانہ ؛ مخلصانہ ۔

Devotee, *n.*: (۱) پرستار ؛ سچا طالب ؛ بھگت ۔ (۲) عابد ؛ زاہد ؛ مرتاض ۔

Devotion, *n.* (۱) دین داری ؛ پرہیز گاری ؛ زہد ؛ ریاضت ۔ (۲) نذر کرنا ؛ وقف کرنا ۔ (۳) عبادت ؛ پوجا ؛ پرستش ؛ (صیغۂ جمع) مخصوص مذہبی عبادت مثلاً نماز ۔ (۴) جاں نثاری ؛ خلوص ؛ پرجوش عقیدت ۔

devotional, *a.*: دین دارانہ ؛ پرہیزگارانہ ؛ عبادت سے متعلق ۔

devotionalism, *n.*: پرہیزگاری کا عقیدہ ؛ ریاضت پسندی ۔

devotionalist, *n.*: پرہیزگاری کا عقیدہ رکھنے والا ؛ ریاضت پسند ۔

devotionally, *adv.*: دین داری سے ؛ پرہیزگاری سے ۔

Devour (-owr-), *v. t.*: (۱) کھاجانا ؛ کھالینا ؛ نگل جانا ؛ کھانا (جانوروں کا) ۔ (۲) بے تحاشا کھانا ؛ مربھکے کی طرح کھانا ۔ (۳) (بائبل) اُڑانا ؛ ضایع کرنا ؛ برباد کرنا ؛ تلف کرنا ؛ لوٹنا ؛ غارت کرنا ۔ (۴) قتل کرنا ؛ ہلاک کرنا ؛ فناکرنا ۔ (۵) نگلنا ۔ (۶) بےحد شوق سے دیکھنا ؛ سننا یا پڑھنا ۔ (۷) مسلط ہونا ؛ چھاجانا (خوف، فکر وغیرہ کا) ۔

d. the way : سرپٹ دوڑنا ؛ بہت تیز جانا ۔

devouringly, *adv.*: حریصانہ ۔

Devout (-owt), *a.*: (۱) پرہیز گار ؛ پارسا ؛ دیندار ؛ عبادت گذار ؛ خداپرست ؛ پرہیز گارانہ ؛ دیندارانہ ۔ (۲) سچا ؛ صادق ؛ دلی ؛ مخلصانہ ۔

devoutly, *adv.* : پرہیزگارانہ ؛ دینداراناہ ؛ صادقانہ ؛ مخلصانہ :

devoutness, *n.* : پرہیزگاری ؛ دینداری ؛ خداپرستی ؛ پارسائی ؛ صدق ؛ خلوص ؛ سچائی -

Dew, *n.* : (۱) شبنم ؛ اوس - (۲) تازگی ؛ طراوت ؛ شگفتگی ؛ لطافت - (۳) قطرے (آنسوؤں وغیرہ کے) -

dewberry : BLACKBERRY کی ایک قسم -

d.-claw : (بعض کتوں کے پانو میں) ناخن جو اچھی طرح اُبھرا نہ ہو-

d.-drop : قطرۂ شبنم ؛ اوس کی بوند -

d.-fall : اوس گرنے کا وقت ؛ شام -

d.-point : حرارت کا وہ درجہ جس میں ہوا کی نمی اوس بن جاتی ہے -

d.-rake : گھاس کی سطح کو ہموار کرنے کا پنجہ -

d.-ret : (سن کو) اوس میں رکھ کر نرم کرنا -

d.-worm : ایک بڑا کیڑا جو باغوں میں ہوتا ہے -

mountain d. : ناجائز طورپر کشید کی ہوئی وسکی شراب -

dewily, *adv.* : شبنم کے طورپر ؛ تازگی یا طراوت سے -

dewiness, *n.* : شبنم آسا ہونا ؛ اوس سے تر ہونا ؛ تازگی ؛ طراوت -

dewless, *a.* : بےشبنم ؛ اوس سے خالی -

dewy, *a.* : شبنم کی طرح ؛ اوس سے تر ؛ تروتازہ -

Dew, *v. t. & i.* : (۱) (اوس کا) بننا یا گرنا - (۲) اوس سے بھگونا ؛ بھگونا ؛ تر کرنا ؛ نم کرنا -

Dewlap, *n.* : کھال جو بیل وغیرہ کے گلے پر لٹکتی رہتی ہے ؛ (مجازاً) غبغب -

dewlapped, *a.* : (جانور) جس کے گلے کی کھال لٹکتی ہو -

Dexter, *a.* : داہنا ؛ دایاں ؛ دست راست کا ؛ (تقابت) مارکے میں داہنی طرف یعنی دیکھنے والے کی بائیں جانب -

Dexterity, *n.* : (۱) کاریگری ؛ صفائی ؛ سبک دستی ؛ مہارت ؛ مشاقی ؛ ہنرمندی : اُستادی - (۲) داہنے ہاتھ سے کام لینا (کھبے پن کا ضد) -

Dextrin, *n.* : (کیمیا) لس‌دار مادہ جو کلپ سے حاصل ہوتا ہے ؛ ڈکسٹرین -

Dextro- : (ترکیبی جز لاتینی *dexter* سے ماخوذ) بمعنی راست یا سمت راست -

Dextrose *n.* : (کیمیا) شکر انگور - دیکھو GLUCOSE

Dextrous -ter-, *a.* : (۱) سبک دست ؛ مشاق ؛ ماہر ؛ منجھا ہوا ؛ کاریگر ؛ استاد ؛ ہنرور ؛ چالاک دست - (۲) طباع ؛ ذہین ؛ تیز ؛ زیرک ؛ تیز فہم - (۳) سیدھے ہاتھ سے کام لینے والا (کھبے کا ضد) -

dextrously, *adv.* : سبک دستی ، کاریگری ، ذہانت یا طباعی سے وغیرہ -

Dey (da), *n.* : (تاریخی) الجیز میں " یلی جری " دستے کا سردار ؛ طرابلس الغرب یا الجیر کا حاکم -

D (h) ow (dow), *n.* : (۱) دو سو ٹن کا اک مستولی جہاز جو بحر عرب میں چلتا ہے - (۲) عربی جہاز خصوصاً وہ جو مشرقی افریقہ کے غلاموں کی تجارت میں کام آتے تھے -

D (h) urrie, *n.* : دری -

Di-, *pref* : (لاتینی سابقہ - *dis* کی ایک شکل جو اب انگریزی میں متروک ہے اور جس کی جگہہ -*dis* یا -*de* آتا ہے -)

Di-, *pref.* : (سابقہ ، یونانی لفظ *di* " دو ، دہرا ، دونا " سے ماخوذ ، جو اکثر انگریزی لفظوں اور کیمیا کی اصطلاحوں میں آتا ہے -)

Di-, *pref.* : (*Dia* کی ایک شکل جو حروف علت سے پہلے) -

Di (a)-, *pref.* : (یونانی سابقہ *dia* " آرپار ، پورے طورپر ، علحدہ " جو یونانی سے لیے ہوئے لفظوں نیز سائنس کی اِصطلاحوں میں آتا ہے -)

Diabetes, *n.* : ذیابیطس ؛ پیشاب میں شکر آنا -

Diabetic, *a. & n.* : ذیابیطس کا ؛ ذیابیطس کا مریض

Diablerie (-ah-), *n.* : (۱) شیطان کا کام ؛ شیطانی کام - (۲) جادو ؛ سحر ؛ جادو گری ؛ سفلی عمل - (۳) وحشت ؛ شوریدہ سری ؛ اِنتہائی لاأبالی پن - (۴) بھوت پریت کے افسانے (یا کہانیاں)

Diabolic (al), *aa.* : (۱) شیطان کا ؛ شیطان کے متعلق ؛ شیطانی ؛ شیطان کی طرح ؛ اِبلیسانہ - (۲) خبیثانہ ؛ ظالمانہ بے رحمانہ ؛ سفاکانہ -

diabolically, *adv.* : شیطان کی طرح ؛ خباثت سے ؛ سفاکانہ -

Diabolism, *n.* : (۱) سحر ؛ جادو ؛ جادوگری ؛ سفلی عمل - (۲) شیطنت ؛ شیطانی حرکت ؛ شیطانی کام - (۳) شیطان کا اعتقاد ؛ شیطان کی پرستش -

Diabolize, *v. t.* : شیطان بنانا ؛ شیطان قرار دینا -

Diabolo (or di-), *n.* : ایک کھیل جو دو لکڑیوں والے لٹو اور لکڑی سے کھیلتے ہیں -

Diachylon, -chylum (-k-), **-culum**, *n.* : مردارسنگ ؛ روغن زیتون اور پانی کا پھایا -

Diaconal, *a.* منتظم کلیسا (deacon) کے متعلق -

Diaconate (-at), *n.* : (۱) منتظم کلیسا (deacon) کا عہدہ یا زمانۂ حکومت - (۲) منتظمان کلیسا کی جماعت-

Diacritical, *a.* : (۱) اِمتیازی ؛ تمیز کرنے والا - (۲) جو اِمتیاز کرسکے -

d. marks اِعراب یا ایسی علامتیں جن سے حرفوں کا تلفظ وغیرہ معلوم ہوسکے -

Diactinic, *a.* : شعاعوں کو وار پار گزارنے والا ؛ روشنی گذار -

Diadelhpous, *a.* : (نباتیات) دوبند ؛ دُبندی -

Diadem, *n.* : (۱) تاج ؛ افسر ؛ کلاہ شاہی ؛ دیہیم ؛ مکٹ - (۲) پھولوں کا مکٹ - (۳) شاہی ؛ بادشاہی ؛ سلطنت ؛ فرمانروائی - (۴) شوکت ؛ عظمت ؛ جلال ؛ طرۂ اِمتیاز -

diademed, *a.* : تاج‌دار ؛ تاج پوش ؛ صاحب دیہیم -

Diaeresis (dier-), *n.* (pl.-*eses*): دو متصل حروف علت میں سے دوسرے پر وہ علامت جس سے معلوم ہو کہ دونوں کا تلفظ الگ الگ کرنا چاہیے - جیسے *aërate* میں-

Diagnose (-z), *v. t.* : (مرض) تشخیص کرنا ؛ شناخت کرنا یا پہچاننا ؛ علامات سے دریافت کرنا (بیماری) -

Dignosis, *n.* (pl.-oses) : (۱) تشخیص ؛ بیان تشخیص -

(۲) إنسان کی ماہیت کی تشخیص ؛ نوعی تقسیم یا ترتیب –

Diagnostic, *a.* & *n.* : (۱) تشخیص کا ؛ تشخیص سے متعلق ؛ تشخیص میں مدد دینے والی ؛ ممد تشخیص - (۲) علامت مرض ؛ علامت -

diagnostically, *adv.* : تشخیص کی رو سے -

diagosntician, *n.* : ماہر تشخیص -

diagnostics, *n.* : فن تشخیص (مرض) -

Diagonal, *a.* & *n.* : (۱) قطر ؛ وتر ؛ وتر سے متعلق ؛ وتری - (۲) ترچھا یا آڑا ؛ زاویۂ قائمہ سے منحرف -

diagonally, *adv.* : وتراً ؛ قطراً ؛ ترچھا ؛ آڑا -

Diagram, *n.* : (۱) (ھندسہ) شکل - (۲) خاکہ ؛ نقشہ - (۳) علامات یا خطوط کے ذریعے سے إظہار (کسی عمل یا کسی قوت کا) -

diagrammatic, *a.* : شکل کا ؛ شکل سے متعلق -

diagrammatically, *adv.* شکل یا نقشے کے ذریعے سے -

diagrammatize, *v. t.* : شکل یا نقشہ بنانا ؛ شکل یا نقشے سے سمجھانا –

Diagraph, *n.* : نقشے کو بڑا کرنے یا اُبھرے حصے کو کھینچنے کا آلہ –

Dial, *n.* & *v. t.* (-l l-) : (۱) دھوپ گھڑی - (۲) گھڑی کا چہرہ (۳) بھاپ یا گیس کا مقیاس - (۴) (بھاپ کے مقیاس سے) ناپنا یا ظاہر ہونا -

Dialect, *n.* : (۱) زبان (مخصوص طبقے یا مقام کی) ؛ بولی ؛ محاورہ ؛ بھا کھا ؛ مقامی زبان - (۲) زبان کی شاخ یا فرع ؛ فرعی زبان –

dialectal, *a.* : مقامی زبان یا فرعی زبان سے متعلق -

dialectally, *adv.* : مقامی محاورے کے لحاظ سے ؛ مقامی زبان کے اعتبار سے –

dialectologist, *n.* : مقامی محاورات کا ماہر ؛ زباں داں -

dialectology *n.* : مخصوص محاورات کا علم ؛ زباں دانی -

Dialectic, *n.* (often in pl. :) (۱) علم کلام ؛ منطقی بحث ؛ مناظرۂ منطقی - (۲) (فلسفۂ جدید) تنقید مابعد الطبیعیات ؛ ما بعد الطبیعی مسائل کے نقیضوں کی بحث -

dialectician, *n.* : منطقی ؛ ماہر کلام ؛ ماہر تنقید مابعد الطبیعیات -

Dialectic, *a.* & *n.* : (۱) منطقی ؛ منطق کا ؛ بحث کا ؛ علم کلام سے متعلق - (۲) إستدلالی ؛ منطقی مناظرے میں ماہر- (۳) مقامی بولی کا ؛ مقامی یا فرعی زبان سے متعلق -

Dialectical, *a.* : (۱) منطقی ؛ منطقی مناظر سے متعلق - (۲) مقامی بولی کا ؛ مقامی یا فرعی زبان سے متعلق - (۳) تنقید مابعد الطبیعیات سے متعلق -

dialectically, *adv.* : منطق کی رو سے ؛ مقامی یا فرعی زبان کی رو سے ؛ تنقید مابعد الطبیعیات کی رو سے

Dialogic (-j-), *a.* : مکالمے کا ؛ مکالمے میں -

Dialogist (-j-), *n.* : مکالمہ کرنے والا ؛ گفتگو کرنے والا ؛ مکالمہ نویس ؛ مکالمے کا مصنف -

Dialogue (-og), *n.* : (۱) مکالمہ ؛ گفتگو - (۲) تصنیف بہ شکل مکالمہ ؛ مکالمہ نویسی - (۳) ناول کے مکالمے کا حصہ -

dialogue-wise, *adv.* : گفتگو یا مکالمے کے طور پر ؛ مکالمے کی شکل میں -

Dialysis, *n.* (pl.-yses) : باریک چادر میں چھان کر اجزا کا جدا کرنا –

dialyse (-z), *v. t.* : (چھان کر اجزا کو) الگ الگ کرنا -

Dialytic, *a.* : (کیمیا) طریقۂ مذکور سے یا اُس کے متعلق -

Diamagnetic, *a.* & *n.* : (۱) "کم مقناطیسی" - (۲) "کم مقناطیسی" اجسام سے متعلق ؛ "کم مقناطیسیت" سے متعلق - (۳) کم مقناطیسی مادہ یا چیز -

diamagnetically, *adv.* : "کم مقناطیسیت" سے -

diamagnetize, *v. t.* : "کم مقناطیسی" بنانا -

Diamagnetism, *n.* : (۱) "کم مقناطیسیت" - (۲) علم مقناطیس کا وہ شعبہ جس میں "کم مقناطیسیت" سے بحث ہو -

diamante, *a.* & *n.* : جس پر بلورے کے ریزے بکھرے ہوں ؛ بلورے کے ریزوں سے چمکتا (ہوا) -

Diamantiferous, *a.* : الماس خیز ؛ ہیرا پیدا کرنے والا -

Diameter, *n.* : (۱) قطر ؛ موٹائی ؛ موٹان ؛ دل ؛ عرض (۲) (عدسے کی) قوت تکبیر (magnification) کی اکائی -

diametral, *a.* : قطری ؛ قطر سے متعلق ؛ عرض یا دل سے متعلق –

diametrally, *adv.* : قطر کے لحاظ سے ؛ عرضاً ؛ دل میں -

Diametrical, *a.* : (۱) قطری ؛ قطر سے متعلق ؛ قطر میں - (۲) (إختلات یا مخالفت) کلی ؛ قطعی ؛ بالکل -

diametrically, *adv.* : قطراً ؛ قطعاً ؛ بالکل -

Diamond, *n.*, *a.*, & *v. t.* : (۱) الماس ؛ ہیرا - (۲) چمک دار ذرہ یا نقطہ - (۳) قلم الماس - (۴) (ھندسہ) شکل جو قطعۂ الماس سے مشابہ ہو ؛ معیّن - (۵) (تاش) اینٹ کا پتا - (۶) طباعت کا ایک چھوٹا ٹائپ - (۷) ہیرے کا ؛ ہیرا جڑا ؛ الماس- (۸) معین نما ؛ معین کی شکل کا - (۹) ہیروں سے یا شبنم کے قطروں سے آراستہ کرنا -

d.-back : ایک قسم کا پتنگا ؛ ایک قسم کا کچھوا -

d. cement : ہیرے جڑنے کا مسالا-

d. cut d. : لوہے کو لوہا کاٹتا ہے -

d. -drill : برما ' جس کی نوک ہیرے کی ہو -

d. -field : خطہ الماس ؛ رقبۂ الماس خیز -

d. -panes : کھڑکی کے معین نما شیشے -

d. -point : ہیرے کی نوک کی چھینی -

d. -snake : ایک قسم کا سانپ جو آسٹریلیا اور تسما نیا میں پایا جاتا ہے –

d. wedding : شادی کے ساٹھویں سال کا جشن -

black d. : (۱) سیاہ رنگ کا قیمتی پتھر جو برازیل میں پیدا ہوتا ہے - (۲) کوئلہ-

Bristol, Cornish, d. : بلورے نما پتھر کی قسمیں -

rough d. : (۱) ناتراشیدہ ہیرا - (۲) (مجازاً) ایسا شخص جو جوہر قابل رکھتا ہو مگر اُس میں شایستہ اطوار نہ ہوں -

diamondiferous, *a.* : الماس خیز ؛ الماس پیدا کرنے والی-

diamond - wise, *adv.* : الماس کے طور پر ؛ ہیرے کی طرح سے -

Diana, *n.* : (۱) شہسوار عورت ؛ وہ عورت جسے شکار کا شوق ہو - (۲) وہ عورت جو شادی کرنے کے خلاف ہو -
Diapason (-zn) *n.* : (۱) متعدد سروں کا ہم آہنگ مجموعہ - (۲) سر ؛ نغمہ ؛ ہم آہنگ نغموں کی گونج ؛ رس نغمہ - (۳) آواز یا ساز کی پہنچ - (۴) دائرہ ؛ حلقۂ اثر ؛ احاطہ - (۵) سر کے امتداد کا مقرر معیار -
open, close or stopped d. : ارغنوں (باجے) کے دو خاص پردے -
Diaper, *n.*, & *v. t.* : (۱) ایک قسم کا سوتی کپڑا جس پر چھوٹے چھوٹے ماہی پشت چوخانے بنے ہوتے ہیں - (۲) ایسے کپڑے کا رومال شیرخوار بچوں کے لیے - (۳) ایک قسم کا تولیا - (۴) دیوار وغیرہ پر ماہی پشت جال کی نقاشی - (۶) (دیوار وغیرہ کو) ماہی پشت کے نقش و نگار سے سجانا -
Diaphanous, *a.* : صاف ؛ شفاف -
Diaphoretic, *a.* & *n.* : پسینا لانے والی (دوا) ؛ معرق -
Diaphragm (-am) , *n.* : (۱) پردۂ شکم - (۲) (علم مناظر و سرایا) پردہ یا جھلی ؛ موٹا گردہ جس میں مدور سوراخ ہوں -
diaphragmatic (-gm-) , *a.* : پردۂ شکم سے متعلق ؛ پردے یا جھلی کا -
Diarchy (-ki) , **Dy-**, *n.* : دو عملی -
Diarist, *n.* : روزنامچہ رکھنے والا ؛ روزنامچہ نویس -
diaristic, *a.* : روزنامچہ نویسی سے متعلق -
Diarize, *v. i.*, & *t.* : روزنامچہ رکھنا ؛ روزنامچے میں درج کرنا -
Diarrhoea (diarea), *n.* : تخمہ ؛ اسہال ؛ پیٹ چلنا -
diarrhoeal, diarrhoeic, *aa.* : اسہالی -
Diary, *n.* : (۱) روزنامچہ ؛ روز نامہ - (۲) روزنامچے کی بیاض - (۳) تقویم یا جنتری جس میں روز نامچے کا خانہ ہو -
diarial, *a.* : روز نامچے کا ؛ روزنامچے سے متعلق -
Diastase, *n.* : ایک قسم کا خمیرہ جو نشاستے کو شکر میں تبدیل کر دیتا ہے ؛ ڈائسٹاس -
diastatic, -asic, *aa.* : ڈائسٹاسی -
Diastole, *n.* : دل یا شریان کا پھیلنا -
systole & d. : پھیلنا اور سمٹنا ؛ (مجازاً) عمل اور رد عمل ؛ نشیب و فراز -
Diatessaron, *n.* : اناجیل اربعہ کا اتفاق ؛ چاروں انجیلوں میں اتفاق -
Diathermancy, *n.* : (طبیعیات) حرگذاری -
diathermanous, diathermic, *aa.* : حرگذار -
Diathesis, *n.* (med. ; pl. -eses) : خلقی استعداد -
Diatom, *n.* : ایک قسم کا (خوردبین سے نظرآنیوالا) صوف البحر ؛ *Diatoma* ڈیاٹم -
diatomaceous, *a.* : جس میں ڈیاٹم ہو -
Diatomic, *a.* : (کیمیا) (۱) جو دو جوہر فرد پر مشتمل ہو ؛ دو جوہری - (۲) جس میں ہائڈروجن کے دو بدل پذیر جوہر شامل ہوں -
Diatonic, *a.* : (موسیقی) (۱) (سرگم) - ... آٹھ سروں ؛ آٹھ سرا - (۲) آٹھ سرے سرگم کا نغمہ -
Diatribe, *n.* : تلخ تنقید ؛ مخالفانہ تنقید ؛ ہجو تبیح ؛ ملامت ؛ گالیوں کی بوچھار ؛ زہر اگلنا ؛ شتم آمیز تقریر -
Dib, *v. i.* : دیکھو DAP -
Dibasic, *a.* : (کیمیا) دُباسا -
Dibber, *n.* : ایک آلہ جس سے زمین میں بیج کے لیے سوراخ کرتے ہیں ؛ ایک قسم کا سبل -
Dibble, *n.*, *v. t.* & *i.* : (۱) ایک قسم کی کدالی - (۲) (زمین کو) سبل سے تیار کرنا - (۳) (مذکورہ طریقے سے) بونا یا درخت لگانا -
Dibs, *n. pl.* : (۱) بھیڑ کے پائے کی ہڈیاں جن سے بچے کھیلا کرتے ہیں - (۲) یہ کھیل ؛ دھات وغیرہ کی چھوٹی ٹکیاں جو شمار کی غرض سے تاش کے بعض کھیلوں میں استعمال ہوتی ہیں - (۳) (عامیانہ) روپیہ ؛ زر -
Dicast, Dicastery, *nn.* : (یونان قدیم) (رکن) اتھینی پنچایت (کا) جو مقدمے میں رائے بھی دیتی تھی اور سزا بھی تجویز کرتی تھی -
Dice, *n. pl.* : دیکھو DIE -
Dice, *v. i.* & *t.* : (۱) پاسے سے جوا کھیلنا - (۲) جوے میں اڑا دینا - (۳) بساط بنانا ؛ خانے بنانا
dicer, *n.* : جواری ؛ پھڑباز -
Dice-box, *n.* : ریت گھڑی کی شکل کی ایک ڈبیا جس میں پاسے رکھ کر پھینکتے ہیں -
d. insulator : چینی کا ٹکڑا جو برقی تار کو سہارے رہتا ہے -
Dichlamydeous, *a.* : (نباتیات) دوحول ؛ حوالیئہ ؛ دوحولیہ
Dichogamous, (-k-), *a.* : (نباتیات) دوزمانی -
Dichotomy (-k-) . *n.* : (۱) دوپر تقسیم ؛ تقسیم بین الاثنین - (۲) دوقسموں میں تقسیم ؛ دو قسمی ہونا - (۳) (نباتیات و حیوانیات) دوشاخہ مکرر ہونا -
dichotomic, *a.* : دوقسمی ؛ دوشاخہ مکرر -
dichotomize, *v. t.* & *i.* : دو پر تقسیم کرنا یا ہونا -
dichotomous, *a.* : دوقسمی ؛ دوشاخہ مکرر -
dichotomously, *adv.* : تقسیم بین الاثنین کی رو سے -
Dichroic, *a.* : (بلورہ) جس میں دو رنگ نظر آئیں ؛ دو رنگ نما -
Dichromatic, *a.* : دورنگا -
Dichromic, *a.* : جس کو صرف دو رنگ نظر آئیں -
Dick, *n.* : (سوقیانہ) قسم -
take one's d. that or to it. : قسم کھانا ؛ وثوق سے کہنا
Dickens, *n.* : (روزمرہ) شیطان ؛ ابلیس -
Dicker, *n.* : (تجارت) آدھی کوڑی ؛ دس (خاص کر جانوروں کی کھالوں کے لیے) -
Dicker, *v. i.* : (ممالک متحدۂ امریکا) مبادلے کی تجارت کرنا ؛ چکانا ؛ مول تول کرنا -
Dicky, -ey, *n.* : (۱) (روزمرہ ، سوقیانہ) گدھا ؛ خر - (۲) چھوٹی چڑیا - (۳) قمیص کا بر یا سامنے کا حصہ جو الگ سے لگالیا جاتا ہے - (۴) بچوں کا ایپرن (بے آستین کا کرتا) - (۵) کوچ بکس - (۶) گاڑی کے پیچھے نوکر کی نشست
Dicky, *a.* : (سوقیانہ) ٹوٹا پھوٹا ؛ سڑا ؛ بوسیدہ) -
Dicotyledon, *n.* : دڈیولا ؛ دودالا (پودا) - دیکھو COTYLEDON

dicotyledonous, *a.* : دوداﻻ ؛ دوﺩﻻ ؛ ڈدالی

Dictaphone, *n.* : اِملا گیر آلہ ؛ وہ آلہ جس میں تقریر محفوظ رہے اور بعد میں ٹائپ کی جاسکے -

Dictate, *n.* : (اکثر جمع) حکم ؛ فرمان ؛ اِرشاد ؛ ھدایت

Dictate, *v. t. & i.* : (۱) اِملا بولنا ؛ اِملا لکھانا ؛ (عبارت) لکھانا - (۲) حکم دینا ؛ ھدایت کرنا ؛ من مانی شرطیں کرنا- (۳) حکم چلانا ؛ نادری حکم دینا -

dictation, *n.* : اِملا ؛ حکم ؛ فرمان ؛ نادری حکم -

Dictator, *n.* : (۱) (سلطنت کا) حاکم مطلق ؛ مختار کل - (۲) (عام) سکہ چلانے والا ؛ فرماں روا - (۳) اِملابولنے والا ؛ اِملا لکھانے والا -

dictatorship, *n.* : حکومت مطلق ؛ اِختیار کلی ؛ فرماں روائی -

dictatress, *n.* : اِسم مونث ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

Dictatorial, *a.* : حاکم مطلق کا یا اُس سے متعلق ؛ تحکمانہ ؛ مستبدانہ ؛ استبدادی -

dictatorially, *adv.* : حاکم مطلق کی طرح ؛ تحکمانہ ؛ مستبدانہ -

Diction, *n.* : الفاظ کا انتخاب اور صحیح استعمال؛ بندش؛ طرز تحریر-

Dictionary, *n.* : لغت ؛ فرھنگ ؛ قاموس -

d. style : لغت کی زبان ؛ قاموسی زبان ؛ مولویانہ اسلوب بیان -

walking or *living d.* : مجسم لغت یا زندہ لغت ؛ وسیع معلومات رکھنے والا -

Dictum, *n.* (pl.- *a,-ums*) : (۱) قول ؛ ملفوظہ - (۲) (قانون) حاکم عدالت کی رائے (جو قانونی حیثیت نہ رکھتی ھو) - (۳) مشھور مقولہ ؛ مثل ؛ کہاوت -

Did : دیکھو DO -

Didactic, (or di-) . *a.* : (۱) نصیحت آمیز ؛ پند آمیز (۲) ناصحانہ ؛ معلمانہ -

didactically, *adv.* : نصیحت آمیزی سے ؛ ناصحانہ -

didacticism, *n.* : معلمانہ یا ناصحانہ طرز -

Didapper, *n.* : ایک چھوٹا آبی پرند -

Diddle, *v. t.* : (عامیانہ) دھوکا دینا ؛ ٹھگنا -

Didst : DO کا ماضی (واحد حاضر) -

Didymium, *n.* : (کیمیا) ایک کمیاب دھات ؛ ڈیڈیمیم -

Die, *n.* (pl. *dice, dies*) : (۱) (Dice) پاسا ؛ کعب - (۲) (تعمیر) (Dies) ستون کی کرسی - (۳) ٹھپا -

d.-sinker : ٹھپا بنانے والا ؛ ٹھپے ساز -

the d. is cast : پاسا پڑگیا یعنی معاملہ اٹل ھے ' طے شدہ ھے

upon the d. : داﺋﻮ پر ؛ خطرے میں -

Die, *v. i.* : (۱) مرنا ؛ فوت ھونا ؛ معدوم ھوجانا ؛ نیست نابود ھوجانا ؛ فنا ھوجانا ؛ ختم نا - (۲) (بائبل) بے موت مرنا ؛ موت کا سا دکھ سہنا ؛ روحانی حیثیت سے مردہ ھوجانا ؛ روح کا مرجانا -(۳) (پودوں وغیرہ کا) مرجھاجانا - (۴) بجھ جانا؛ گل ھوجانا ؛ مٹ جانا ؛ معدوم ھوجانا ؛ غائب ھوجانا -

d.-away : مضمحل ؛ پست ؛ چراغ سحری -

d. game : بہادری سے جان دینا -

d. hard : مشکل سے جان دینا -

d.-hard : (۱) سخت جان - (۲) کٹر سیاسی لیڈر وغیرہ -

D.-hards : پیدلوں کی ستاونویں رجمنٹ ؛ پلٹن نمبر ۵۷ -

d. in harness : مرتے وقت تک کام کرتے رھنا -

d. in last ditch : مرتے دم تک حفاظت کرتے رھنا -

d. in one's bed : طبعی موت مرنا

d. in one's shoes : مارا جانا -

d. of laughing : ھنستے ھنستے بے دم ھوجانا (مجازاً) -

d. unto : (بائبل) گناہ کے پنجے سے چھوٹنا -

be dying for : کسی آرزو میں مرنا ؛ حد سے زیادہ مشتاق ھونا-

never say d. : ھمت نہ ھارنا -

Dielectric, *a. & n.* : برق گذار -

dies irae, *n.* : (۱) روز جزا ؛ روز قیامت - (۲) لاتینی مناجات جو ان الفاظ سے شروع ھوتی ھے -

dies non, *n.* : (۱) (قانون) وہ دن جس میں کوئی قانونی کارروائی نہ کی جاسکے ؛ تعطیل کا دن (۲) (مجازاً) وہ دن جو شمار نہ کیا جائے یا کام میں نہ لایا جائے -

Diet, *n.* : (۱) مجلس ؛ کانفرنس ؛ قومی مجلس ؛ بین‌الاقوامی کانفرنس - (۲) سلطنت کے مختلف طبقوں یا متفقہ ریاستوں کے نمائندوں کی مجلس -

Diet (-et), *n., & v. t.* : (۱) خور و نوش - (۲) مقررہ غذا؛ پرھیزی غذا - (۳) معمولی غذا - (۴) پرھیزی غذا اِستعمال کرانا ؛ مقررہ غذا دینا (سزا کے طور پر) -

dietarian (-ar-), *n.* : مقرر غذا کھانے والا ؛ پرھیزی غذا کا عادی -

Dietary, *n. & a.* : (۱) مقررہ غذا ؛ غذا کا یا غذا سے متعلق - (۲) (شفاخانے یا محتاج خانے کی) غذا کی مقدار یا نوعیت -

Dietetic, *a.* : غذا کا یا غذا سے متعلق -

dietetically, *adv.* : غذائیات کی رو سے -

dietetics, *n.* : غذائیات -

Dif-, *pref.* : (لاتینی الفاظ میں *f* سے پہلے آتا ھے) دیکھو DIS -

Differ, *v. i.* : (۱) مختلف ھونا - (۲) ممتاز ھونا ؛ ممیز ھونا - (۳) مختلف رائے رکھنا ؛ اختلاف کرنا -

agree to d. : ایک دوسرے کو معقول کرنے کی کوشش سے دست بردار ھوجانا -

Difference, *n., & v. t.* : (۱) اِختلاف ؛ عدم مشابہت ؛ عدم مطابقت - (۲) مابہ الاختلاف ؛ مابہ‌الامتیاز - (۳) تفاوت ؛ کمی بیشی ؛ باقی ؛ مابقی - (۴) (اسٹاک) تجارتی قرضے کے حصوں کی قیمت میں تبدیلی - (۵) اختلاف رائے ؛ نزاع ؛ جھگڑا - (۶) علامت امتیازی ؛ فرق ؛ فصل - (۷) ممیز کرنا ؛ علامت امتیازی ھونا -

it makes a great d. : یہ بات بہت اھم ھے

make a d. between : مختلف برتاﺅ کرنا ؛ یکساں سلوک نہ کرنا -

split the d. : سمجھوتا کرنا -

Different, *a.* : مختلف ؛ علحدہ ؛ الگ ؛ جدا ؛ دوسرا -

differently, *adv.* : مختلف طور پر ؛ دوسری طرح ؛ جداگانہ -

Differentia (- shia), *n.* (pl.-*ae*): (منطق) فصل ؛ تفریق ؛ مابہ الامتیاز -

Differential (-shl), *a.* & *n.*: (۱) اختلاف یا فرق کا ؛ اختلاف سے متعلق ؛ اختلافی ؛ امتیازی ؛ تفریقی ؛ اختلاف ظاہر کرنے والا ؛ اختلاف پر مبنی - (۲) مابہ الامتیاز ؛ ممتاز یا ممیز کرنے والا ؛ نوعی یا ذاتی فرق پر مبنی - (۳) (طبیعیات) فرق نما - (۴) (میکانک) تبدیل پذیر - (۵) (ریاضی) تفریقی ؛ تفرقی -

d. duties, charges, tariff: تفریقی محصول وغیرہ -

differentially, *adv.*: اختلاف یا فرق دکھاتے ہوئے ؛ تفریق یا امتیاز کرتے/ہوئے -

Differentiate (-shi-), *v. t.* & *i.*: (۱) مابہ الامتیاز ہونا ؛ فصل ہونا - (۲) رفتہ رفتہ امتیاز یا تفریق پیدا ہونا یا پیدا کرنا ؛ مخصوص ہونا یا کرنا ؛ تقسیم عمل ہونا یا کرنا - (۳) امتیاز کرنا ؛ فرق کرنا ؛ ممیز کرنا -

differentiation, *n.*: امتیاز ؛ تمیز ؛ تقسیم عمل ؛ تفریق -

difficile (-el), *a.*: کھرا ؛ سخت گیر ؛ معاملے کا سخت ؛ ٹیڑھا (آدمی وغیرہ) -

Difficult, *a.*: مشکل ؛ دشوار ؛ کٹھن ؛ کڑا ؛ بھاری ؛ سخت ؛ ٹیڑھا ؛ پیچیدہ ؛ دقت طلب -

Difficulty, (-ikl-), *n.*: (۱) مشکل ؛ اشکال ؛ دشواری ؛ دقت ؛ پیچیدگی - (۲) روک ؛ رکاوٹ ؛ امر مانع - (۳) پریشانی خصوصاً مالی دشواریاں - (۴) پس و پیش ؛ تامل ؛ اعتراض -

Diffidence, *n.*: اعتماد نفس نہ ہونا ؛ بے حوصلگی ؛ شرمیلا پن ؛ جھجک ؛ حجاب -

diffident *adj.*: اعتمادنفس نہ رکھنے والا ؛ بے حوصلہ -

diffidently, *adv.*: بیحوصلگی یا شرمیلے پن سے ؛ جھجکتے ہوئے

Diffluence, *n.*, **Diffluent**, *a.*: (۱) رقت ؛ رقیق یا سیال - (۲) پگھل جانا ؛ رقیق ہوجانا ؛ پگھلنے والا ؛ رقیق ہوجانے والا -

Diffract, *v. t.* (طبیعیات) شعاع کو تاریک اور روشن پٹوں میں منتشر کرنا -

diffraction, *n.* انکسار شعاع ؛ کسر شعاع -

diffractive, *a.*: کا سر شعاع -

diffractively, *adv.*: کسر شعاع کرتے ہوئے -

Diffuse (-s), *a.*: (۱) پھیلا ہوا ؛ منتشر ؛ بکھرا ہوا - (۲) طول طویل ؛ طولانی -

diffusely, *adv.*: پھیلا ہوا ؛ منتشر طور پر ؛ طوالت کے ساتھ -

diffuseness, *n.*: پھیلاو ؛ انتشار ؛ طول ؛ طوالت -

Diffuse (-z), *v. t.* & *i.*: (۱) پھیلانا ؛ منتشر کرنا ؛ نشر کرنا - (۲) (طبیعیات) (گیسوں یا رقیق مادوں کا) نفوذ کرنا -

diffusibility (-z-), *n.*: نفوذ پذیری -

diffusible (-z-), *a.*: نفوذ پذیر -

diffusion (-zhn), *n.*: پھیلاو ؛ انتشار ؛ نفوذ ؛ طول ؛ نشر -

diffusive (-s-), *a.*: پھیلنے والا ؛ منتشر ؛ طولانی ؛ طول طویل -

diffusively (-s-), *adv.*: پھیل کر ؛ منتشر ہوکر ؛ طولانی طریقے سے ؛ طوالت سے -

diffusiveness (-s-), *n.*: انتشار ؛ طول ؛ طوالت پسندی ؛ نفوذ پذیری -

Dig, *v. t.* & *i.* (*dug*, formerly also *digged*), & *n.*: (۱) کھودنا - (۲) کرید کرنا ؛ تحقیق کرنا ؛ تفتیش کرنا ؛ کھوج لگانا - (۳) کھود کر رستہ نکالنا ؛ راہ نکالنا ؛ سرنگ کھودنا - (۴) کھودکر نکالنا یا حاصل کرنا - (۵) بھونکنا ؛ بھونک دینا ؛ چبھونا ؛ گڑونا - (۶) (پسلی میں) گدگدانا - (۷) (n.) کھدائی ؛ بھونکنا -

d. a pit for: پھانسنے کی کوشش کرنا ؛ جال بچھانا -

d. at: (کسی پر) چوٹ ؛ فقرہ -

d. in: (لڑائی میں) خندق کھود کر اس میں پناہ لینا -

d. out: کھود کر نکالنا یا حاصل کرنا -

d. up: جوتنا -

Digamma, *n.*: قدیم یونانی حروف تہجی کا چھٹا حرف -

Digamy, *n.*: عقدثانی ؛ نکاح ثانی ؛ دو بیویاں رکھنا -

digamist, *n.*: دو بیویاں رکھنے والا ؛ دوسرا نکاح کرنے والا -

digamous, *a.*: دوبیویاں رکھنے یا دوسرانکاح کرنے سے متعلق -

Digastric, *a.* & *n.*: (تشریح) (۱) دو پھولے ہوئے کناروں والا (پٹھا) - (۲) نیچے والے جبڑے کا پٹھا ؛ کلۂ زیرین کی نس -

Digby, **Digby chick** (en), *nn.*: ڈگبی (کینیڈا کی) دھنوا دی ہوئی (دھنوے میں دم دی ہوئی) مچھلی -

Digest (-j-), *n.*: مجموعہ ؛ خلاصہ (خصوصاً قوانین کا) -

the D.: قدیم رومی قوانین کا مجموعہ جو شاہنشاہ جسٹینین کے حکم سے مرتب ہوا تھا -

Digest, *v. t.* & *i.*: (۱) ترتیب دینا ؛ تدوین کرنا ؛ مرتب کرنا - (۲) خلاصہ کرنا ؛ مختصر کرنا ؛ تلخیص کرنا - (۳) غور کرنا ؛ ذہن میں ترتیب دینا - (۴) ہضم کرنا ؛ ہضم ہونا ؛ تحلیل کرنا یا ہونا ؛ پچنا - (۵) ہضم میں مدد دینا - (۶) (فتح کیے ہوئے ملک پر) تسلط جمانا - (۷) سہنا ؛ برداشت کرنا ؛ سہارنا ؛ انگیز کرنا ؛ سن کر پی جانا - (۸) کسی چیز سے غذائے روحانی حاصل کرنا -

digestibility, *n.*: صلاحیت ہضم ؛ ترتیب پذیری وغیرہ -

digestible, *a.*: قابل ہضم ؛ ہضم پذیر ؛ ترتیب پذیر وغیرہ -

digestibly, *adv.*: قابل ہضم طور پر ؛ ہضم پذیر طریقے سے ؛ ترتیب پذیری سے -

Digester, *n.*: (۱) ترتیب دہندہ ؛ مرتب ؛ خلاصہ کنندہ ؛ ہضم کرنے والا - (۲) یخنی کا برتن -

Digestion (-stshn), *n.*: (۱) ہضم ؛ پچاو ؛ گوارائی - (۲) قوت ہضم ؛ ہاضمہ - (۳) دم پخت کرنا ؛ یخنی تیار کرنا -

Digestive, *a.* & *n.*: (۱) ہاضمے کا ؛ ہاضم ؛ ممد ہضم - (۲) ہاضوم ؛ کوئی چیز جو ہاضمے میں مدد دے - (۳) پھوڑے کو پکادینے والا مرہم -

digestively, *adv.*: ہاضمے میں مدد دیتے ہوئے -

Digger, *n.*: (۱) کھودنے والا ؛ جستجو کرنے والا وغیرہ - (۲) سونا کھودنے والا یا تلاش کرنے والا - (۳) (عامیانہ) آسٹریلیا کا رہنے والا ؛ آسٹریلوی - (۴) مشین کا ایک پرزہ -

Diggers: شمالی امریکا کے باشندے جو جڑیں کھود کر کھاتے ہیں -

d. wasp : ایک قسم کی بھڑ ؛ تتیا -

Digging, *n.* : (۱) کھدائی ؛ کرید ؛ کھوج ؛ تفتیش : تحقیقات وغیرہ - (۲) (صیغۂ جمع) کان ؛ سونے کی کان - (۳) (صیغۂ جمع روزمرہ) کرایے کے کمرے -

Dight (ڈائٹ) , *v. t.* : (۱) (قدیم) سجانا ؛ سنوارنا ؛ آراستہ کرنا - (۲) تیار کرنا -

Digit (-j-), *n.* : (۱) اُنگلی ہاتھہ یا پانو کی (ظریفانہ یا حیوانیات یا عضویات میں) - (۲) اُنگل بھر - (۳) صفر سے ۹ تک کوئی ھندسہ' عدد - (۴) (ھیئت) سورج یا چاند کے قطر کا بارھواں حصہ ؛ إصبع -

digital, *a.* : اُنگلی کا ؛ اُنگل کا ھندسے یا عدد سے متعلق ؛ (ھیئت) إصبعی -

Digitalis (-j-) , *n.* : ایک دوا جو ایک خاص پھول‌دار پودے سے بنتی ھے -

Digitate (-at-) , -ated, *a.* : (۱) (حیوانیات) پنجہ دار ؛ (نباتیات) پنجہ نما - (۲) گھرے ہومرکزی (centrifugal) حصوں پر مشتمل -

digitation, *n.* : پنجہ دار ھونا ؛ پنجہ نما ھونا -

digitato : (ترکیبی جز) اُنگلی کا ؛ اُنگلی سے متعلق -

Digitigrade, *a.* : (حیوانیات) پنجوں کے بل چلنے والا -

Dignify, *v. t.* : (۱) لایق بنانا ؛ اھل بنانا ؛ قابل بنانا - (۲) اعزاز عطا کرنا؛عزت بخشنا؛ سرفراز کرنا؛ مشرف کرنا- (۳) شان‌دار بنانا ؛ پرشوکت بنانا - (۴) چھوٹے شخص یا چھوٹی چیز کو اونچے لقب سے مخاطب کرنا -

Dignitary, *n.* : معزز افسر ؛ بڑا عہدہ دار (خصوصاً کلیسا کا) -

Dignity, *n.* : (۱) عظمت ؛ حرمت ؛ قدروقیمت - (۲) شان ؛ بلند درجہ یا رتبہ ؛ منزلت ؛ مرتبہ - (۳) معزز عہدہ یا درجہ؛ معزز خطاب ؛ منصب - (۴) آن بان ؛ وجاھت ؛ وقار -

Digraph, *n.* : دوحرفوں کا مجموعہ جو مل کر ایک آواز دے ' جیسے *ch* -

Digress (or di-) *v. i.* : (۱) بھٹک جانا ؛ ھٹ جانا ؛ إنحراف کرنا ؛ تجاوز کرنا؛ شاہ راہ کو چھوڑ دینا - (۲) اصل موضوع سے ھٹ جانا (تقریر یا تحریر میں) -

digression, *n.* : إنحراف؛ تجاوز ؛ اصل موضوع سے ھٹ جانا ؛ لغزش -

digressive, *a.* : منحرف ؛ متجاوز وغیرہ -

Dike, Dyke, *n.*, & *v. t.* : (۱) کھائی ؛ خندق - (۲) مینڈ پشتہ ؛ بند ؛ نیچی دیوار - (۳) (مجازاً) مورچہ ؛ روک ؛ سد - (۴) (معدنیات ؛ ارضیات) چٹان کا شگاف جس میں کوئی مادہ جمع ھوجائے ؛ ایسا مادہ - (۵) مینڈ ' پشتہ یا بند باندھ کر محفوظ کرنا -

d.-reeve : (نشیبی یا دلدلی علاقے کا) وہ عہدہ‌دار جو سمندر کے کناروں ' پشتوں وغیرہ کی نگرانی کرتا ھے -

Dilapidate, *v. t.* & *i.* : توڑ پھوڑ دینا ؛ ٹوٹ پھوٹ جانا ؛ شکستہ حال کرنا یا ھونا ؛ خستہ حال کرنا یا ھونا -

Dilapidation, *n.* : (۱) إسراف ؛ فضول خرچی - (۲) توڑپھوڑ ؛ ٹوٹ پھوٹ ؛ شکست و ریخت ؛ شکستہ حالی ؛ خستہ حالی ؛ زوال - (۳) شکست و ریخت کا معاوضہ - (۴) ٹیلے یا پہاڑ کے کسی حصے کا گرنا ؛ اُس کا ملبا -

Dilate ; *v. t.* & *i.* : (۱) چوڑا کرنا یا ھونا ؛ بڑاکرنا یا ھونا؛ پھیلانا ؛ پھیلنا ؛ وسیع کرنا یا ھونا ؛ کشادہ کرنا ؛ کشادہ ھونا - (۲) تفصیل کرنا ؛ تشریح کرنا ؛ شرح و بسط سے بیان کرنا -

dilatability, *n.* : کشادہ کرنے یا ھونے کی قابلیت ؛ توسیع پذیری -

dilatable, *a.* : بڑھانے یا کشادہ کرنے کے قابل ؛ توسیع پذیر -

dilatation, dilation, *n.* : کشادگی ؛ توسیع ؛ پھیلنا -

Dilator. *n.*, *d. muscle* : (عضویات) وہ پٹھا جو کسی عضو کوپھیلانے کا کام کرے -

Dilatory, *a.* : سست ؛ دیر لگانے والا ؛ دیر کرنے والا ؛ تاخیری ؛ تعویقی -

dilatorily *adv.* : سستی سے ؛ تاخیر سے -

dilatoriness, *n.* : سستی ؛ درنگ ؛ تساھل؛ تاخیر ؛ تعویق -

Dilemma (or di-) , *n.* : دھری مشکل ' دونوں طرح مشکل ؛ نہ روے رفتن نہ پاے ماندن ؛ گومگو (کا معاملہ) -

dilemmatic, *a.* : گو مگو کا -

Dilettante, *n.* (Pl. *-ti*, pr.-te) & *a.* : (۱) فنون لطیفہ کا شائق یا قدردان - (۲) اتائی - (۳) (کسی فن میں) شُدبُد رکھنے والا - (۴) اتائیوں کا سا -

dilettantish, *a.* : اتائی سا -

dilettantism, *n.* : (۱) فنون لطیفہ کا شوق - (۲) اتائی پن -

Diligence, *n.* : سرگرمی ؛ محنت ؛ تن دھی ؛ جاں نشانی -

Diligence *n.* : کرائے کی شکرم ؛ ڈاک کی گاڑی -

Diligent *a.* : محنتی؛ تن دھی سے کام کرنے والا ؛ مستعد-

diligently, *adv.* : محنت ؛ مستعدی یا تن دھی سے -

Dill, *n.* : ایک چھتردار بوٹی جس کے پھول زرد ھوتے ھیں -

Dilly-dally, *v. t.* : (۱) (روزمرہ) پس و پیش کرنا ؛ ھچکچانا - (۲) دیر لگانا ؛ سستی کرنا ؛ ڈھیل ڈالنا -

Diluent, (or - oo -) , *a.* & *n.* : (۱) رقیق کرنے والی (چیز) - (۲) (وہ شے) جو خون وغیرہ میں پانی کا تناسب بڑھائے -

Dilute, *a.* : (۱) پانی ملا ؛ ھلکا ؛ پتلا - (۲) (رنگ وغیرہ) پھیکا ؛ ھلکا - (۳) (مجازاً) بے مزا ؛ بے لطف ؛ پھیکا ؛ بے رنگ -

Dilute (diloot, di-), *v. t.* : (۱) پانی ملاکر ھلکا یا پتلا کرنا - (۲) (رنگ) ھلکا کرنا ' پھیکا کردینا - (۳) (عقیدہ یا جوش) دھیما کرنا ؛ ٹھنڈا کرنا -

d. labour : فی صدی سیکھے مزدوروں کی جگھہ بن سیکھے مزدور یا عورتیں رکھنا -

dilution, *n.* : پانی کی ملونی ؛ رنگ کا ھلکانا یا پانی ملاکر ھلکا کرنا ؛ تخفیف -

Diluvial (-oo-, -u-) *a.* : (۱) طوفان کا ؛ طوفان سے متعلق ؛ طوفان نوح کا - (۲) (ارضیات) طوفان عالم گیر کا نظریہ ؛

d. theory, changes : عالم گیر طوفان کے انقلابات یا تغیرات -

diluvialist, *n.* : عالم گیر طوفان کا قائل یا معتقد -

Dim, *a.* & *v. i.* & *t.* : (۱) دھندلا - (۲) بے نور ؛ بے آب؛ ماند ؛

غیر واضح؛ غیرمتعین؛ تاریک؛ غیرمعروف - (۳) دھندلا (إدراک، احساس یا نظر)؛ دھیمی، مدھم (آواز) :- (۴) دھندلا کرنا یا ہونا؛ دھیما کرنا یا ہونا؛ ماند کردینا -

dimly, *adv.*: دھندلے طور پر؛ غیر واضح طور پر وغیرہ -

dimmish, *a.*: کسی قدر دھندلا یا تاریک وغیرہ

dimness, *n.*: دھندلا پن؛ تاریکی؛ دھیما

Dime, *n.*: (ممالک متحدہ) ایک ...سکہ جو ... ڈالر (تقریباً پانچ آنے) کے برابر ہوتا ہے -

d. novels: سستے ناول جنہیں پڑھ کر رونگٹے کھڑے ہوجائیں

Dimension (or di-), *n.*: (۱) بعد؛ ابعاد ثلاثہ ...میں سے کوئی بعد؛ لمبائی، چوڑائی، موٹائی یا گہرائی - (۲) (الجبرا) ابعاد - (۳) رقبہ؛ ناپ؛ حجم -

fourth d.: بعد رابع (آئین اشٹائن کے نظریے میں)

the three dd.: ابعاد ثلاثہ -

(-) dimensional, *a.*: ابعادی -

dimensionless, *a.*: بے بعد -

Dimerous, *a.*: (نباتیات ...حشرات) دو حصے رکھنے والا؛ دو رکنی -

Dimeter, *n.*: وہ نظم جس کے دو وزن ہوں؛ ذو بحرین -

Dimidiate (-at), *a.*: دوپارہ؛ دو نیم؛ دو حصوں میں منقسم -

Diminish, *v. t. & i.*: (۱) گھٹانا؛ گھٹنا؛ کم کرنا؛ کم ہونا؛ تقلیل کرنا؛ تخفیف کرنا؛ مختصر کرنا؛ کوتاہ کرنا - (۲) (فن تعمیر) گاؤ دم کرنا یا ہونا - (۳) دو سر ایک ساتھ بجاتے وقت اُن کا فصل بقدر آدھے سر کے کم کردینا -

diminishable, *a.*: تخفیف پذیر؛ کمی کے قابل؛ گھٹانے کے قابل -

diminishingly, *adv.*: گھٹتے یا گھٹاتے ہوئے؛ گاؤ دم کرتے ہوئے -

diminuendo: (۱) (ہدایت موسیقی) آواز کو تدریجاً دھیما کرو - (۲) گیت کا وہ جز جس میں آواز تدریجاً دھیمی کی جائے -

Diminution, *n.*: تخفیف؛ تقلیل؛ کمی؛ کم کی ہوئی مقدار؛ گھٹائی ہوئی مقدار -

Diminutive, *a. & n.*: (۱) (نحو) مصغر؛ اسم تصغیر - (۲) بہت چھوٹا؛ ننھا؛ مختصر -

diminutival, *a.*: (نحو) تصغیری -

diminutively, *adv.*: تصغیر کے طور پر -

diminutiveness, *n.*: تصغیر؛ بہت چھوٹا ہونا -

Dimity, *n.*: ایک موٹا سوتی کپڑا جس پر اُبھرواں دھاریاں یا گل بوٹے بنے ہوں -

Dimorphic, Dimorphous, *aa.*: (نباتیات، حیوانیات، کیمیا، معدنیات) دو صورتا -

dimorphism, *n.*: دو صورتا ہونا -

Dimple, *v. t. & i.*: (۱) چھوٹا گڑھا (خصوصاً رخسار یا ٹھوڑی کا)؛ چاہ ذقن؛ چاہ زنخداں - (۲) ہلکی لہر؛ ہلکورا؛ گڑھا - (۳) گڑھا پیدا کرنا؛ گڑھا پڑنا؛ ہلکورا ڈالنا -

dimply, *a.*: جس میں گڑھے یا ہلکورے پڑے ہوں -

Din *n., v. t. & i.*: (۱) ہلڑ؛ غل؛ شور و غوغا - (۲) شور و غوغا سے بہرا کردینا - (۳) (کوئی بات) کہتے کہتے ذہن میں دم کردینا - (۴) ہنگامہ برپا کرنا؛ شور و غوغا کرنا؛ ہلڑ مچانا؛ غل غپاڑا کرنا -

Dine *v. i. & t.*: (۱) کھانا کھانا - (۲) دعوت کرنا - (۳) (کمرے میں) کھانے والوں کے بیٹھنے کی گنجائش ہونا -

d. out: گھر سے باہر کھانا کھانا -

d. with Duke Humphrey: دعوت برمکی نوش کرنا؛ بھوکا رہنا -

dining-room: کھانے کا کمرا؛ تناول خانہ؛ طعام خانہ -

Diner, *n.*: (۱) کھانے والا - (۲) کھانے کی گاڑی (ریل میں) -

d. -out: دعوتیں کھانے والا؛ وہ شخص جو اپنے اخلاق کے باعث اکثر دعوت میں بلایا جائے -

Din-dong, *adv., n., & a.*: (۱) گھنٹے وغیرہ کی دہری آواز (یعنی باری باری سے ایک نیچی ایک اونچی ٹکور) جیسے ٹن ٹن دھم - (۲) نیچی اونچی آواز گھنٹی وغیرہ بجاتے وقت - (۳) گھنٹے وغیرہ کی آواز - (۴) خالی قافیہ پیمائی -

d. race: دوڑ جس میں کبھی ایک کبھی دوسرا آگے نکل جائے -

Dinghy, Dingey, (dinggi), *n.*: (۱) ڈونگی؛ جہاز کی چھوٹی کشتی - (۲) چھوٹی تفریحی کشتی -

Dingle, *n.*: وادی جس میں گھنے سایہ دار درخت ہوں -

Dingo, *n.*: آسٹریلیا کا جنگلی یا نیم پالو کتا -

Dingy, (-ji), *a.*: اندھیرا؛ تاریک؛ میلا؛ چکٹ -

dingily, *adv.*: میلے پن سے وغیرہ -

dinginess, *n.*: تاریکی؛ میلا پن؛ چکٹ پن -

Dinky, *a.*: (روز مرہ) صاف ستھرا؛ خوبصورت؛ خوش نما -

Dinner, *n.*: (۱) دن کا بڑا کھانا (دوپہر یا شام کا) - (۲) دعوت؛ عام دعوت جو کسی کے اعزاز میں دی جائے؛ ڈنر -

d.-jacket: ڈنر میں پہننے کا کوٹ -

d.-set: رکابیوں وغیرہ کا جوڑ (سٹ) -

d.-wagon: پہیے دار کشتی جس پر نقل کی چیزیں رکھ کر لائی جاتی ہیں -

Dinosaur, *n.*: ایک مہیب رینگنے والا جانور (جو اب ناپید ہے) -

dinosaurian, *a. & n.*: جانور مذکور کا یا اُس سے متعلق -

Dinothere, *n.*: ایک عظیم الجثہ سونڈ دار چوپایہ (جو اب ناپید ہے) -

Dint, *n., & v. t.*: (۱) (قدیم) ضرب؛ چوٹ؛ وار - (۲) چوٹ (یا ضرب) کا نشان؛ دبنے کا نشان؛ سطحی گڑھا - (۳) چوٹ وغیرہ کا نشان ڈالنا؛ گڑھا ڈالنا -

by d. of.: (کسی) کے زور سے، کے بل پر، کے بوتے پر -

Diocesan (-zn), *a. & n.*: (۱) بشپ (پادری) کے حلقے کا یا اُس سے متعلق - (۲) سردار کلیسا؛ بشپ - (۳) بشپ کے تعلقے کا رہنے والا -

Diocese (-es, -es), *n.*: بشپ کا تعلقہ -

Dioecious (die-), *a.*: (نباتیات؛ حیوانیات) دو جنسی -

Dioptric, *a. & n.*: (۱) بصری، نگاہ کو انعطاف کے ذریعے مدد دینے والا - (۲) (طبیعیات) انعطافی؛ منعطف - (۳) علم المرایا کے متعلق؛ بصریاتی - (۴) قوت انعطاف کو ناپنے کی اکائی - (۵) عدسے کی قوت جس کا فاصلہ ماسکہ ایک میٹر ہو -

dioptrics: مرایا یا بصریات کا وہ حصہ جس میں انعطاف کی...

بعد کی ہے -

dioptrically, *adv.* : اِنعطاف کے ساتھ یا طور پر -

Diorama (-ah-), *n.* : وہ تصویر جن میں رنگ اور روشنی کی تبدیلی سے طلوع و غروب آفتاب وغیرہ کے مناظر دکھائے جاتے ہیں۔

dioramic, *a.* : ایسی تصویروں سے متعلق -

Dioxide, *n.* : (کیمیا) کسائد جو دو حصے آکسیجن اور ایک حصہ دھات مل کر بنے -

Dip, *v. t. & i.* : (۱) ڈبونا ؛ غوطہ دینا - (۲) ڈبو کر رنگنا - (۳) بتی کو گرم چربی میں ڈبوکر موم بتی بنانا - (۴) (بھیڑ کو) کرم کش دوا سے نہلانا - (۵) (عرق یا غلے وغیرہ کو) ڈونگے یا کسی اور ڈنڈی دار ظرف میں اُٹھانا - (۶) (جھنڈا ' بادبان' ترازو کا پلڑا) جھکانا یا جُھکنا - (۷) (روزمرہ) مقروض ہوجانا یا کردینا- (۸) ڈبکی لگانا ؛ غوطہ لگانا - (۹) کچھ نکالنے کے لیے ہاتھ یا کف گیر ڈالنا - (۱۰) (سطح سے) نیچے جانا ؛ ڈوبنا -(۱۱) نیچے کی طرف پھیلنا یا پھیلنا - (۱۲) میلان ہونا ؛ نیچے کی طرف ڈھلوان ہونا - (۱۳) تحقیقات کرنا ؛ تفتیش کرنا - (۱۴) سرسری طورپر دیکھنا ؛ کہیں کہیں سے دیکھنا یا پڑھنا ؛ جستہ جستہ (مقامات سے) پڑھنا

d. into one's *purse* : دل کھول کر خرچ کرنا -

d. ones *pen in gall* : (تحریر میں) زہر اُگلنا -

dipping needle : (مقناطیس) میل نما سوئی -

Dip, *n.* : (۱) ڈوب ؛ ڈبکی ؛ غوطہ (۲) پانی وغیرہ کی مقدار جو ڈونگے میں ایک بار ڈبونے میں آئے؛ ڈونگا بھر - (۳) (روزمرہ) سمندر وغیرہ میں غسل؛ ڈبکی- (۴) ڈبکی کی مقدار یا حد - (۵) (ہیئت' مساحت) اِنخفاض میلان- (۶) (مقناطیس) زاویۂ اُفق - میلان اُفق (۷) نیچے کی طرف ڈھال- (۸) اِنخفاض افق- (۹) چربی کی بتی ؛ چربی کی شمع - (۱۰) وہ کرم کش دوا جس سے بھیڑیں نہلائی جاتی ہیں-

d.-needle : مائل سوئی -

d.-net : مچھلی کے شکار کا چھوٹا جال جس میں لمبا دستہ لگا ہو -

d.-pipe, -trab. : وہ نلکی جس کے ذریعے سے گیس روکی جا سکے؛ گیس روک -

Diphtheria, Diphtheritis (-fth-), *nn.* : خناق -

diphtherial, diphtheric, diphtheritic diphtheroid, *aa.* : خناقی

Diphthong (-fth-) *n.* : (۱) دہرا حرف علت؛ دو حروف علت کی ملی ہوئی آواز (جیسے oi) - (۲) دو حروف علت جو ایک کی آواز دیں (جیسے feat میں ae)؛ دو حرفوں کا مجموعہ جو ایک آواز دے (جیسے ch) - (۳) مرکب حرف علت (جیسے ea) - (۴) (طباعت) دو زیادہ جڑے ہوئے حروف -

diphthongal, *a.* : دہرے حرف علت سے متعلق -

diphthongize [illegible], *v. t.* : دو حروف علت کو ایک آواز کر کے بولنا ؛ دو یا زیادہ حروف کو ملانا -

Dipl(o)- (ترکیبی جز یونانی لفظ *diploos* " دہرا " سے ماخوذ ؛ اکثر سائنس کی اصطلاحوں میں آتا ہے)

Diploma, *n.* (pl. -s, rarely -ta) : (۱) سرکاری کاغذ ؛ دفتری دستاویز؛ سند؛ منشور -(۲) جامعہ کی سند ؛ ڈپلوما؛ اعزازی سند -

diploma'd, -maed, *a.* : سند یافتہ -

diplomaless, *a.* : بےسند ؛ بےڈپلوما -

Diplomacy, *n.* : (۱) فن سفارت ؛ فن سفارت میں مہارت - (۲) حکمت عملی ؛ موقع شناسی ؛ جوڑ توڑ ؛ جگت -

Diplomat, *n.* : DIPLOMATIST کا مرادف -

Diplomatic, *a.* : (۱) سرکاری سند (یا دستاویز) سے متعلق؛ منشور سلطانی سے متعلق- (۲) بین‌الاقوامی تعلقات کے متعلق ؛ فن سفارت کے متعلق - (۳) فن سفارت میں ماہر - (۴) حکمت عملی میں ماہر ؛ حکمت عملی یا موقع شناسی سے کام لینے والا - (۵) زمانہ ساز -

d. body. : جماعت سفرا -

d. service : محکمۂ سفارت -

diplomatically, *adv.* : بین‌الاقوامی تعلقات کے لحاظ سے ؛ فن سفارت کی رو سے ؛ زمانہ سازی سے -

Diplomatist, *n.* : فن سفارت کا ماہر ؛ رکن سفارت - (۲) حکمت عملی سے کام لینے والا ؛ موقع شناسی سے کام نکالنے والا -

Diplomatize, *v. t.* : (۱) سفیر کی حیثیت سے کام کرنا - (۲) حکمت عملی کو کام میں لانا ؛ سیاسی چال چلنا ؛ سفارت برتنا -

Dipper, *n.* : (۱) ڈبونے والا ؛ ڈبکی یا غوطہ دینے والا وغیرہ - (۲) بچوں کے بپتسمے کا منکر (ANABAPTIST) - (۳) ایک قسم کی چھوٹی چڑیا - (۴) ایک قسم کا چمچہ ؛ کف گیر - (۵) (مصوری) تصویر کی منفی تختی یا پترے کو دھونے کا ظرف - (۶) (ممالک متحدہ) دب اکبر -

Dipsomania, *n.* : شراب کا جنون ؛ شراب خواری جو مرض کی حد تک پہنچ گئی ہو -

dipsomaniac, *n.* شراب کا دیوانہ -

Dipteral, *a.* : جس میں ستونوں کی دو قطاریں ہوں

Dipterous, *a.* (حیوانیات ؛ نباتیات) دو بازو -

Diptych, (-ik), *n.* : (۱) دوجڑی ہوئی تختیاں جو قدیم زمانے میں لکھنے کے کام آتی تھیں - (۲) دو ورقی تصویر (خصوصاً وہ تصویر جو قربان گاہ کے پیچھے دیوار میں نصب ہو) -

Dire, *a* ہولناک ؛ دہشت انگیز ؛ مہلک ؛ ہلاکت خیز -

d. sisters : (یونانی دیو مالا) تین عجیب الخلقت بہنیں جو بلا کی طرح مجرم کے پیچھے پڑجاتی تھیں -

direly, *adv.* : خوفناک طورپر ؛ مہیب طریقے سے ؛ مہلک طورپر -

Direct, *v. t. & i.* : (۱) پتے پر روانہ کرنا ؛ سرنامہ لکھنا - (۲) مخاطب کرنا؛ خطاب کرنا - (۳) نظم و نسق کرنا - (۴) توجہ کرنا ؛ رخ کرنا ؛ منعطف کرنا ؛ پھیرنا - (۵) رستہ بتانا - (۶) رہبری کرنا ؛ رہنمائی کرنا - (۷) حکم دینا ؛ ہدایت کرنا - (۸) احکام جاری کرنا -

directive, *a.* : رہنمایانہ ؛ رہبرانہ ' خطابی وغیرہ -

Direct, *a. & adv.* : (۱) سیدھا ؛ مستقیم ؛ راست ؛ بخط مستقیم؛ براہ راست - (۲) (ہیئت) مشرق سے مغرب کو چلنے والا ؛ مستقیم - (۳) (نسب) حقیقی - (۴) (منطق) مستقیم - (۵) بالکل ؛ قطعی - (۶) (موسیقی) سیدھا جس میں سروں کی اُلٹ پھیر نہ ہو - (۷) کھرا ؛ راست باز ؛ ٹھیک ؛ صاف صاف ؛ غیر مبہم ؛

صریح - (۸) فوری ؛ فوراً ؛ اصالتاً -

d. action : عملی احتجاج ؛ جیسے هڑتال وغیرہ -

d. hit : کھلی چوٹ ؛ سیدھا نشانہ -

d. speech ... : (نحو) حکایت مستوی ؛ کسی کی ... بعینہ الفاظ حکایت ؛ نقل قول -

d. tax : وہ محصول جو براہ راست لگا یا جائے (جیسے آمدنی پر) -

directness, *n.* : راستی ؛ اِستقامت ؛ صفائی ؛ وضاحت ؛ صراحت -

Direction, *n.* : (۱) پتا لکھنا ؛ پتے پر روانہ کرنا ؛ نشانہ باندھنا ؛ راہ دکھلانا ؛ رہ نمائی ؛ نگرانی ؛ اِنتظام - (۲) مہتمم کا عہدہ ؛ جماعت منتظمین - ہدایت ؛ حکم ؛ اِرشاد - (۳) خط وغیرہ کا پتا ؛ سرنامہ - (۵) سمت ؛ طرف ؛ جانب ؛ رخ ؛ موضوع ؛ پہلو -

Directly *adv.* & *conj.* : (۱) براہ راست ؛ صاف طور پر ؛ واضح طریقے سے - (۲) فوراً ؛ معاً ؛ ابھی ؛ جلد ؛ تھوڑی دیر میں - (۳) (روز مرہ) جوں ھی ؛ جیسے ھی -

Director, *n.* : (۱) ناظم ؛ منتظم ؛ مہتمم ؛ نگراں ؛ تجارتی کمپنی کی جماعت منتظمہ کا رکن - (۲) (تاریخ فرانس) اِنقلابی جماعت عاملہ کا رکن - (۳) (مذہبی) وہ پادری جو کسی شخص کا روحانی رہ نما ہو ؛ پروہت ؛ مرشد - (۴) کسی آلے کی سمت کو ٹھیک رکھنے والا پرزہ -

directorial, *a.* : مہتمم وغیرہ سے متعلق -

directorship, *n* : مہتمم وغیرہ کا عہدہ ؛ نظامت -

directress, *n.* : منتظمہ ؛ مہتممہ -

Directorate, *n.* : عہدۂ نظامت ؛ عہدۂ نظارت ؛ مہتمم کا عہدہ یا منصب ؛ مجلس منتظمہ -

Directory, *a.* : ہدایت کرنے والا ؛ مشیرانہ ؛ (قانون) وہ ضابطہ جو کسی بات کی محض ہدایت کرتا ھے ، اُس کی پابندی پر مجبور نہیں کرتا -

Directory, *n.* : (۱) دستور العمل ؛ دینی مسائل کی کتاب ؛ وہ کتاب جس میں عبادت کے طریقے درج ھوں -(۲)کسی مقام کے باشندوں وغیرہ کے حالات کی کتاب؛ ڈائر کٹری - (۳) ؛ (تاریخ فرانس) پانچ حاکموں کی اِنقلابی جماعت عاملہ جو ۱۷۹۵ ع سے ۱۷۹۹ ع تک حکومت کرتی رھی -

Directrix, *n.* (pl.-*ices*) : (۱) منتظمہ؛ مہتممہ - (۲) (ھندسہ) موتّب -

Direful, *a.* : ہولناک ؛ مہیب ؛ دھشت ناک -

direfully, *adv.* : ہولناک طریقے سے ؛ مہیب طریقے سے -

Dirge (-j), *n.* : (۱) دفن کے وقت کا نوحہ ؛ بین؛ مرثیہ - (۲) ماتم ؛ آہ وزاری ؛ شیون -

Dirigible, *a.* & *n.* : (۱) (وہ غبارہ) جس کی حرکت قابو میں ھو - (۲) غبارہ ؛ زپلن وغیرہ -

Diriment, *a.* : باطل کرنے والا ؛ فسخ کرنے والا ؛ کالعدم کرنے والا ؛ ناسخ -

d. impediment : قانونی سقم جس کی بنا پر نکاح اِبتداھی سے کالعدم قرار دیا جائے -

Dirk *n.*, & *v. t.* : (۱) ایک قسم کا خنجر - (۲) خنجر مارنا -

Dirt, *n.* : (۱) نجاست ؛ غلاظت ؛ کیچڑ - (۲) ذلیل چیز ؛ نکمی چیز - (۳) زمین؛ مٹی - (۴) میلا پن ؛ گندگی ؛ کثافت - (۵) فحش گفتگو ؛ گندی باتیں -

d.-eating : وہ مرض جس میں مٹی کھانے کا ہوکا ہوتا ھے -

d.-cheap : مٹی کے مول ؛ بہت سستا -

d. pie : مٹی کے سموسے وغیرہ جو بچے کھیل میں بناتے ھیں -

eat d. : توہین یا ذلت چپ چاپ برداشت کرنا -

fling d. : فحش گالیاں دینا ؛ کیچڑ اُچھالنا -

yellow d. : سونا -

Dirty, *a.*, & *v. t.* & *i.* : (۱) میلا ؛ آلودہ ؛ سنا ہوا ؛ غلیظ ؛ گندہ ؛ نجس؛ کثیف - (۲) ناپاک؛ فحش ؛ مکروہ - (۳) کمینہ ؛ ذلیل ؛ سفلہ ؛ فرومایہ ؛ حقیر - (۴) ناجایز طور پر وصول کیا ہوا ؛ حرام کا - (۵) (موسم) طوفانی - (۶) (رنگ) میلا ، جو کھلتا ہوا نہ ہو - (۷) میلا ہونا ؛ میلا کرنا ؛ گندہ ہونا ؛ گندہ کرنا -

D. Allan : ایک دریائی پرند جو دوسرے پرندوں کی قے کھاتا ھے -

D. Shirts : ایک سو ایک نمبر کی پیدل رجمنٹ -

d. work : بے ایمانی ؛ غیر دل چسپ کام -

dirtily, *adv.* : میلے پن سے ؛ گندے طور پر وغیرہ -

dirtiness, *n.* : میلا پن ؛ گندگی ؛ غلاظت ؛ نجاست -

dirtyish *a.* : کسی قدر میلا وغیرہ -

Dis-, *pref.* : سابقہ (لاتینی *dis-* ، *di-* ، *dif-*) سے ماخوذ اور *bis* " دوبار" اور (*duo* " دو" کا ھم اصل) بمعنی علحدہ ، جدا ، الگ ، دور ، درمیان ، ایک ایک کرکے ، بالکل ، پورے طور پر ، سرا سر ، سربسر ، نا ، نہ ، غیر ، خلاف ، برعکس ، خارج -

Disability, *n.* : مجبوری ؛ معذوری ؛ خصوصاً قانوناً مجاز نہ ہونا ؛ اِمتناع -

Disable, *v. t.* : (۱) بے کار کردینا - (۲) لنگڑا لولا کردینا ؛ اپاہج بنادینا ؛ معذور کردینا ؛ نکما کردینا - (۳) قانوناً سلب کرنا ؛ (کسی حق سے) محروم قرار دینا ؛ ممانعت کرنا -

disablement, *n.* : بے کار کردینا یا ہوجانا ؛ معذور کردینا یا ہوجانا ؛ اِمتناع -

Disabuse. *v. t.* : آنکھیں کھول دینا ؛ جتانا ؛ وھم باطل دور کرنا ؛ خیال خام دور کرنا -

Disaccord, *n.*, & *v. i.* : (۱) اِختلاف ؛ ناموافقت ؛ ناساز گاری ؛ پھوٹ - (۲) اِختلاف ہونا؛ ناموافقت ہونا؛ پھوٹ پڑنا -

Disadvantage, *n.* : (۱) ناموافق صورت حال ؛ دقت ؛ دشواری - (۲) نقصان ؛ ضرر ؛ گھاٹا -

Disadvantageous, *a.* : ناموافق ؛ مضر ؛ جس میں گھاٹا ہو ؛ باعث تنقیص ؛ موجب بد نامی -

disadvantageously, *adv.* : مضر طور پر ؛ ناموافق طور پر وغیرہ -

Disaffected, *a.* : پھرا ہوا ؛ بگڑا ہوا ؛ مخالف ؛ منحرف -

Disaffection, *n.* : سیاسی بے چینی ؛ اِطاعت سے اِنحراف -

Disaffirm, *v. t.* : (۱) (قانون) (سابق فیصلہ) منسوخ کردینا -

(۲) تسلیم نہ کرنا ؛ ماننے سے اِنکار کرنا (تصفیے وغیرہ کو) -

disaffirmation, *n.* : منسوخی ؛ ماننے سے اِنکار -

Disafforest, *v. t.* : جنگل کو قانوناً معمولی زمین قرار دینا -

disafforestation, *n.* : جنگل کا معمولی زمین قرار دیا جانا -

Disagree, *v. i.* : (۱) مختلف ہونا ؛ غیر مشابہ ہونا ؛ غیر مطابق ہونا - (۲) اِختلاف رائے ہونا ؛ اِختلاف کرنا ؛ آپس میں نزاع ہونا - (۳) (غذا یا آب و ہوا کا) ناموافق ہونا ؛ موافق نہ آنا ؛ نا ساز گار ہونا ؛ مضر ہونا -

disagreement, *n.* : اِختلاف ؛ نا موافق ہونا ؛ نزاع ؛ جھگڑا ؛ نا اِتفاقی -

Disagreeable (-griə-), *a.* & *n.* : (۱) نامرغوب ؛ ناپسند ؛ نا خوش گوار ؛ ناگوار - (۲) بد مزاج ؛ کج خلق - (۳) (اِسم عموماً صیغۂ جمع میں) ناگوار تجربے ؛ تلخ تجربے ؛ پریشانیاں ؛ کدورات ؛ تکلیفیں

disagreeableness, *n.* : ناموافقت ؛ ناگواری ؛ بد مزاجی ؛ کج خلقی -

disagreeably, *adv.* : ناموافقانہ ؛ مخالفانہ ؛ ناگوارطور پر ؛ کج خلقی سے -

Disallow, *v. t.* : نامنظور کرنا ؛ قبول نہ کرنا ؛ اِجازت نہ دینا ؛ ممانعت کرنا -

Disannul, *v. t.* (-ll-) : منسوخ کرنا ؛ کالعدم کرنا -

Disappear, *v. i.* : غائب ہونا ؛ کافور ہونا ؛ الوپ ہونا ؛ نظر سے اوجھل ہونا ؛ ناپید ہونا ؛ کھو جانا ؛ گم ہوجانا ؛ مفقود ہو جانا -

disappearance, *n.* : غائب ہو جانا وغیرہ -

Disappoint, *v. t.* : (۱) نا اُمید کرنا ؛ مایوس کرنا ؛ وعدہ خلافی کرنا - (۲) (توقع) باطل کرنا ؛ (اُمید) توڑنا ؛ (مقصد) فوت کرنا -

disappointedly, *adv.* : نا اُمیدانہ ؛ مایوسانہ -

disappointing, *a.* : مایوس کن -

disappointingly, *adv.* : مایوس کن طریقے سے -

disappointment, *n.* : نا اُمیدی ؛ مایوسی ؛ مایوس کن واقعہ -

Disapprobation, *n.* : نا رضا مندی ؛ نا خوشی ؛ نا منظوری ؛ نا پسندیدگی -

disapprobative, disapprobatory, *aa.* : نا رضا مندانہ ؛ معترضانہ -

Disapprove, *v. t.* & *i.* : نا پسند کرنا ؛ نا پسندیدگی کا اِظہار کرنا ؛ رد کرنا ؛ نا منظور کرنا -

disapproval, *n.* : نا رضامندی ؛ نا خوشی ؛ نا منظوری ؛ نا پسندیدگی -

disapprovingly, *adv.* : نا پسندیدگی کے ساتھ ؛ نا خوشی سے ؛ نا پسند کرتے ہوئے -

Disarm, *v. t.* & *i.* : (۱) ہتیار چھین لینا ؛ اسلحہ ضبط کرلینا - (۲) (شمشیر زنی) (حریف کے ہاتھ سے) ہتیار گرادینا - (۳) (فوج یا بیڑے کو) اُس حالت میں لے آنا جو امن کے زمانے میں تھی ؛ (شہر کی) مورچہ بندی توڑ دینا ؛ مورچے گرادینا ؛ (جہاز کو) سامان حرب سے خالی کردینا ؛ فوجی قوت میں یا سامان حرب میں تخفیف کرنا - (۴) بے ضرر کرنا - (۵) عداوت یا بد گمانی دور کرنا -

disarmament, *n.* : تخفیف فوج ؛ تخفیف اسلحہ -

Disarrange, *v. t.* : ابتر کرنا ؛ بے ترتیب کرنا ؛ گڑ بڑ کرنا ؛ اُلٹ پلٹ کرنا -

disarrangement, *n.* : ابتری ؛ بے ترتیبی ؛ گڑ بڑ -

Disarray, *n.*, & *v. t.* : (۱) بے ترتیبی ؛ ابتری ؛ بے ترتیب کرنا ؛ ابتر کرنا - (۲) (شعر) ننگا کرنا ؛ برہنہ کرنا ؛ عریاں کرنا ؛ نیم عریانی ؛ شب خوابی کا لباس ؛ بے ترتیب لباس -

Disarticulate, *v. t.* : جوڑ جوڑ الگ کرنا ؛ ٹکڑے ٹکڑے کرنا -

disarticulation, *n.* : جوڑ جوڑ الگ کردینا -

Disassimilation, *n.* : ممزوج یا مدغم چیزوں کو پھر الگ الگ کر دینا -

Disaster, *n.* : مصیبت ؛ آ[illegible] ؛ حادثہ ؛ سانحہ - بد قسمتی ؛ [illegible]ی ؛ شامت -

disastrous, *a.* : مصیبت خیز ؛ آفت انگیز ؛ (متروک) [illegible]س -

disastrously, *adv.* : مصیبت خیز وغیرہ -

Disavow, *v. t.* : نہ ماننا ؛ تسلیم نہ کرنا ؛ اِنکار کرنا ؛ تردید کرنا -

disavowal, *n.* : اِنکار ؛ تردید -

Disband, *v. t.* & *i.* : (فوج کو) خدمت سے سبک دوش کرنا -

disbandment, *n.* : ([illegible] کی) خدمت سے سبک دوشی -

Disbar, *v. t.* (-rr-) : جماعت وکلا (bar) کی رکنیت سے خارج کرنا ؛ بیرسٹروں کے زمرے سے محروم کرنا -

disbarment, *n.* : اِسم مذکورۂ بالا معنے میں -

Disbelieve, *v. t.* & *i.* : (۱) اعتقاد نہ کرنا ؛ یقین نہ کرنا ؛ باور نہ کرنا ؛ نہ ماننا - (۲) متشکک ہونا ؛ بے اعتقاد ہونا - (۳) قائل نہ ہونا -

disbelief, *n.* : بے اعتباری ؛ بے اعتقادی

Disbench, *v. t.* : بنچروں (Benchers) کے زمرے سے خارج کرنا -

Disbranch, *v. t.* : (درخت کی) شاخیں دور کرنا ؛ [illegible]خیں چھانٹ ڈالنا -

Disbud, *v. t.* (-dd-) : (درخت کی) زائد کلیاں توڑ ڈالنا -

Disburden, *v. t.* : (۱) سبک دوش کرنا ؛ بوجھ اُتارنا - (۲) چھٹکارا پانا ؛ دبے ہوئے خیالات کا اظہار کرنا -

Disburse, *v. t.* & *i.* : (۱) صرف کرنا ؛ خرچ کرنا ؛ ادا کرنا - (۲) روپیہ ادا کرنا -

disbursement, *n.* : صرف ؛ خرچ ؛ ادائی -

Disc : دیکھو DISK -

Discalceate (-at), *a.* & *n.*, **Discalceated, Discalced** (-st), *aa.* : برہنہ پا ؛ ننگے پانو ؛ صرف چمڑے کے موزے پہنے ہوئے ؛ برہنہ پا راہب یا راہبہ -

Discard, *v. t.*, *i.* & *n.* : (۱) (تاش کے کسی پتے کا) چھانٹنا ؛ بد رنگی میں پھینکنا - (۲) ترک کرنا ؛ چھوڑنا - (۳) برخاست کرنا ؛ برطرف کرنا - (۴) تاش کے کسی پتے کا چھانٹنا ؛ وہ پتا جو چھانٹا جائے -

Discarnate, *a.* : جسم سے پاک ؛ بے جسم -

Discern (-s-, -z-) *v. t.* & *i.* : (۱) (قدیم) اِمتیاز کرنا ؛ تمیز کرنا ؛ فرق پہچاننا - (۲) ادراک کرنا ؛ معلوم کرنا ؛ دریافت کرلینا ؛ پہچاننا ؛ شناخت کرنا ؛ سمجھ جانا ؛ بھانپ لینا -

discernible, *a.* : قابل اِمتیاز ؛ قابل فہم ؛ قابل شناخت -

discernibly, *adv.* : قابل شناخت طور پر -

Discerning, *a.* ; صاحب اِدراک ؛ صاحب بصیرت ؛ تیز فہم ؛ دور رس ؛ نکتہ رس -

Discernment, *n.* : (۱) اِدراک ؛ دریافت ؛ بصیرت - (۲) تیز فہمی ؛ دور رسی ؛ نکتہ رسی ؛ ذکاوت -

Discerptible *a.* : جو علحدہ یا الگ ہوسکے ؛ علحدگی پذیر -

discerptibility, *n.* : جدا ہو سکنے کی صلاحیت ؛ علحدگی پذیری -

Discerption, *n.* : علحدگی ؛ الگ ہونے کی صلاحیت ؛ علحدہ یا الگ کیا ہؤا حصہ -

Discharge, *v. t.* & *i.* : (۱) سبک دوش کرنا ؛ بوجھ اُتارنا ؛ (برق) خارج کرنا - (۲) برخاست کرنا ؛ برطرف کرنا ؛ موقوف کرنا ؛ علحدہ کرنا - (۳) آزاد کرنا ؛ رہا کرنا ؛ چھوڑنا ؛ جانے کی اجازت دینا - (۴) (تیر) چلانا ؛ (بندوق) داغنا ؛ (مواد وغیرہ) نکلنا ؛ جہاز وغیرہ سے مال اُتارنا - (۵) (دریا کا) (سمندر میں) گرنا - (۶) (قانون) منسوخ کرنا - (۷) عہدہ برآ ہونا ؛ انجام دینا ؛ ادا کرنا ؛ بجالانا ؛ ... کرنا - (۸) (رنگ ریزی) رنگ دورکرنا ؛ رنگ چھڑانا -

d. bankrupt : دیوالیے کو مطالبوں سے بری کرنا -

Discharge, *n.* : (۱) (جہاز وغیرہ سے) مال اُتارنا - (۲) دغنا ؛ داغنا ؛ شلک ؛ فیر ؛ چلانا (تیر کا) - (۳) اِخراج ؛ نکاس (بجلی ؛ پانی ؛ مواد وغیرہ کا) - (۴) رہائی ؛ بریت ؛ استثنا ؛ معافی ؛ چھٹکارا ؛ خلاصی ؛ پروانۂ رہائی ؛ حکم آزادی - (۵) برطرفی ؛ موقوفی - (۶) بےباقی ؛ ادائی - (۷) بجا آوری ؛ انجام دہی ؛ تعمیل - (۸) (رنگ ریزی) رنگ چھڑانا ؛ رنگ چھڑانے کا مسالا -

Discharger, *n.* : (۱) بوجھ اتارنے والا ؛ خارج کرنے والا وغیرہ - (۲) مطرح برق -

Disciple, *n.* : (۱) حواری (حضرت عیسیٰ کے بارہ انصار میں سے ایک) - (۲) حضرت عیسیٰ کا کوئی سابق الایمان پیرو - (۳) پیرو ؛ متبع ؛ مقلد ؛ مرید ؛ شاگرد ؛ چیلا -

discipleship, *n.* : پیروی ؛ تقلید ؛ مریدی ؛ شاگردی ؛ اِتباع -

discipular, *a.* : حواریانہ ؛ حواری کے متعلق ؛ مریدانہ ؛ شاگردانہ وغیرہ -

Disciplinarian, *n.* : تادیب یا انضباط پر زور دینے والا ؛ سخت گیر -

Disciplinary (also -pli -), *a.* : (۱) اضباطی ؛ تادیبی - (۲) ذہنی تربیت کا ؛ ذہنی تربیت سے متعلق -

Discipline, *n.* : (۱) (قدیم) تعلیم کا کوئی شعبہ ؛ فن - (۲) ذہنی اور اخلاقی تربیت ؛ وہ مصیبت جس سے تزکیۂ نفس ہو - (۳) فوجی تربیت ؛ قواعد - (۴) حسن تربیت ؛ تربیت یافتگی - (۵) طالب علموں ، فوجیوں یا قیدیوں کا اِنضباط - (۶) ڈسپلن ... (۷) ارکان کلیسا کا نظام عمل - (۸) تادیب ؛ تادیبی سزا ؛ تنبیہ - (۹) (کلیسا) ریاضت ؛ مجاہدہ (کفارے کے طور پر) -

disciplinal (or -inal), *a.* : تربیت سے متعلق ؛ اِنضباطی ؛ تادیبی -

Discipline, *v. t.* : (۱) سدھانا ؛ تربیت کرنا ؛ اِطاعت کی تعلیم دینا ؛ فوجی تربیت دینا ؛ قواعد سکھانا - (۲) تادیب کرنا ؛ تنبیہ کرنا ؛ تادیبی سزا دینا -

disciplinable, *a.* : اِنضباط پذیر ؛ تربیت پذیر -

Disclaim, *v. t.* & *i.* : (۱) قانوناً دست بردار ہونا ؛ دست بردار ہونا - (۲) ملکیت ، ذمہ داری وغیرہ سے اِنکار کرنا ، تردید کرنا ؛ بے تعلقی یا لاعلمی ظاہر کرنا -

Disclaimer, *n.* : دست برداری ؛ ترک ؛ تردید ؛ ملکیت یا ذمہ داری سے اِنکار ؛ بے تعلقی یا لاعلمی کا اِظہار -

Disclose (-z), *v. t.* : کھولنا ؛ پیش کرنا ؛ ظاہر کرنا ؛ منکشف کرنا ؛ اَفشا کرنا ؛ فاش کرنا -

Disclosure (-zher), *n.* : (۱) کھولنا ؛ اِظہار ؛ اِنکشاف ؛ افش ؛ انشا - (۲) وہ چیز جس کا اِظہار کیا جائے ؛ فاش کیا ہوا راز -

Discobolus (pl. - *i.*) *n.* : (۱) حلقہ باز (اس قدیم کھیل کا کھیلنے والا جس میں لوہے کے حلقے دور سے ایک کھونٹی پر پھینکے جاتے تھے) - (۲) وہ مجسمہ جس میں حلقہ باز حلقہ پھینکتا ہوا دکھایا جائے -

Discoid, *a.* : قرص نما ؛ گردہ نما -

Discolour (-kul-), *v. t.* & *i.* : (۱) رنگ بدل دینا ؛ دو رنگ کردینا ؛ دھبے ڈالنا - (۲) دھبے پڑجانا -

discolo (u) ration, **discolourment**, *nn.* : دھبے ڈال دینا یا پڑ جانا -

Discomfit (-ku-) *v. t.* : (۱) شکست دینا ؛ ہزیمت دینا - (۲) (تدبیر) اُلٹ دینا ؛ پامال کردینا ؛ چلنے نہ دینا ؛ چھکے چھڑا دینا ؛ بدحواس کر دینا -

discomfiture (-tsher), *n.* : شکست ؛ ہزیمت ؛ چھکے چھوٹ جانا -

Discomfort (-ku-), *n.* & *v. t.* : (۱) بے کلی ؛ بے چینی ؛ اُلجھن - (۲) بےآرامی ؛ تکلیف - (۳) بے کل کرنا ؛ بے چین کرنا -

Discommode, *v. t.* : زحمت دینا ؛ تکلیف دینا -

Discommon, *v. t.* : (۱) (دکان دار کو) طالب علموں کے ہاتھ مال بیچنے کی ممانعت کرنا - (۲) (تمام چراگاہوں کے گرد) باڑ لگانا (شخصی ملکیت بنانے کے لیے) -

Discommons, *v. t.* : (۱) (کالج کے طالب علم کا) کھانا بند کرنا - (۲) (دکان دار کو) طالب علموں کے ہاتھ مال بیچنے کی ممانعت کرنا -

Discompose, *v. t.* : سکون میں خلل ڈالنا ؛ اُلجھن میں ڈالنا ؛ پریشان کردینا ؛ مضطرب کردینا ؛ گھبرا دینا -

discomposedly, *adv.* : مضطربانہ ؛ گھبراہٹ سے وغیرہ -

discomposingly *adv.* : مضطرب کرتے ہوئے ؛ پریشان کرتے ہوئے -

discomposure (-zher), *n* : اِضطراب ؛ انتشار ؛ پریشانی ،

گھبراہٹ -

Disconcert, *v. t.* : (۱) (تجویز کو) الٹ دینا ؛ پامال کرنا ؛ (کام) بگاڑ دینا - (۲) مضطرب کرنا ؛ گھبرا دینا ؛ بد حواس کردینا -

disconcertment, *n.* : اضطراب ؛ بد حواسی ؛ ابتری ؛ مضطرب کردینا ؛ اُلٹ دینا یا اُلٹ جانا (تدبیر کا) -

Disconnect, *v. t.* : جدا کرنا ؛ علحدہ کرنا -

Disconnected, *a.* : (۱) جدا کیا ہوا ؛ علحدہ - (۲) (تقریر یا تحریر) غیر مسلسل ؛ غیر مربوط ؛ بے ربط -

disconnectedly, *adv.* : بے ربطی کے ساتھہ ؛ غیر مسلسل طور پر -

disconnectedness, *n.* : بے ربطی ؛ عدم تسلسل -

Disconnexion, **-ction**, *n.* : (۱) جدا کرنا ؛ علحدگی - (۲) عدم تسلسل؛ بے ربطی -

Disconsolate, (-at), *a.* : بے کس ؛ عاجز ؛ ناقابل تسلی ؛ ملول ؛ غمگین ؛ مغموم ؛ مایوس ؛ نا اُمید ؛ نراس -

disconsolately, *adv.* : بے کسانہ؛ عاجزانہ؛ مایوسانہ وغیرہ -

Discontent, *n., a., & v. t.* : (۱) بے اطمینانی ؛ نا خوشی ؛ عدم قناعت - (۲) شکایت - (۳) غیر مطمئن ؛ غیر قانع ؛ نا خوش - (۴) غیر مطمئن کرنا -

Discontented, *a.* : غیر مطمئن ؛ نا خوش وغیرہ -

discontentedly, *adv.* : غیر مطمئن طور پر -

discontentedness, **discontentment**, *nn.* : بے اطمینانی ؛ نا خوشی -

Discontiguous, *a.* : منفصل؛ غیر متصل ؛ جس کے حصے ملے ہوئے نہ ہوں -

Discontinue, *v. t.* : (۱) بند کرنا ؛ موقوف کرنا - (۲) چھوڑنا ؛ ترک کرنا - (۳) (چندے یا اخبار کی) ادائی یا خریداری بند کردینا -

discontinuance, *n.* : موقوفی ؛ ترک -

Discontinuous, *a.* : منفصل ؛ منقطع ؛ غیر مسلسل -

discontinuity, *n.* : انقطاع ؛ عدم تسلسل -

discontinuously, *adv.* : وقفے کے ساتھہ ؛ بیچ بیچ میں چھوڑتے ہوئے ؛ بغیر تسلسل کے -

Dray, *n.* : ٹھیلا (خصوصاً شراب سازوں کا) -

d. -horse : بڑا اور مضبوط گھوڑا -

drayman : شراب کا ٹھیلا چلانے والا -

Dread (-ed), *v. t., & n.* : (۱) (کسی سے) ڈرنا ؛ خائف ہونا - (۲) کسی کام سے جھجکنا ؛ نام سے کانپنا - (۳) اندیشہ ہونا - (۴) خوف ؛ دہشت ؛ ہیبت - (۵) رعب ؛ جلال - (٦) اندیشہ ؛ خطرہ - (۷) مُہیب چیز ؛ رعب دار چیز -

Dread, *a.* : (۱) ہیبت ناک ؛ مُہیب ؛ خوفناک ؛ دہشت ناک - (۲) پر جلال ؛ رعب دار -

Dreadful, *a.* : (۱) مُہیب ؛ خوفناک ؛ دہشت ناک ؛ ڈراونا ؛ ہیبت ناک ؛ رعب دار - (۲) تکلیف دہ ؛ اجیرن ؛ ناگوار ؛ اُکتادینے والا ؛ طول طویل - (۳) کمبخت ؛ وبال جان -

penny d. : ستی سنسنی خیز کتابیں -

dreadfully, *adv.* : مُہیب یا ڈراونے طریقے سے ؛ نا گوار طور پر وغیرہ -

Dreadnought (-ednawt), *n.* : (۱) موٹا کپڑا یا اُس کا کوٹ : (طوفانی موسم کے لیے) - (۲) ڈرڈ ناٹ ؛ زبردست جنگی جہاز -

Dream, *n.* : (۱) خواب ؛ رویا ؛ سپنا - (۲) خواب کی حالت - خیالی پلاو ؛ شیخ چلی کے منصوبے - (۳) نصب العین ؛ وہ چیز جس کا اِنسان خواب دیکھا کرتا ہو - (۴) حسن و جمال کا مُجسمہ -

d. -reader : خواب کی تعبیر دینے والا -

d. -world, -land : خیالی دنیا -

day-d. : شیخ چلی کے منصوبے ؛ خیالی پلاو -

waking d. : بیداری کا خواب ؛ تصور جو مُشاہدے کی حد تک پہنچ جائے -

dreamless, *a.* : گہری نیند جس میں خواب نہیں دکھائی دیتے -

dreamlike, *a.* : خواب کا سا -

Dream, *v. i. & t.* (dreamt pr. -emt, or -ed) : (۱) خواب دیکھنا - (۲) خواب میں دیکھنا یا سننا - (۳) تصور کرنا : منصوبہ باندھنا - (۴) (بحالت نفی) خواب و خیال میں ہونا یا آنا - (۵) خیال میں محو ہوجانا ؛ تصور میں ڈوب جانا - (۶) خیالی پلاو پکانا ؛ شیخ چلی کے سے منصوبے باندھنا - (۷) کاهل ہونا ؛ نکما ہونا ؛ بے کار تخیلات میں وقت کھونا -

dreamer, *n.* : خواب دیکھنے والا ؛ وسیع تخیل رکھنے والا ؛ خیالی پلاو پکانے والا ؛ شیخ چلی ؛ کاهل ؛ نکما ؛ وہ شخص جو قوت عمل سے محروم ہو -

Dream-hole, *n.* : برج کی دیوار کا روزن -

Dreamy, *a.* : (۱) (شعر) سراپا خواب - (۲) خیال میں محو رہنے والا ؛ بلندِ تخیل ؛ قوت عمل سے محروم ؛ خواب سا ؛ دھندلا دھندلا -

dreamily, *adv.* : محویت کے ساتھ -

dreaminess, *n.* : محویت ؛ تخیل پرستی ؛ دھندلاپن -

Dreary, Drear, *a.* : اُداس ؛ تیرہ وتار ؛ ملول ؛ دلگیر ؛ افسردہ ؛ بے لطف ؛ بے کیف -

drear (i) ly, *adv.* : اُداسی کے ساتھ ؛ دلگیری یا افسردگی سے -

drear (i) ness, *n.* : اُداسی ؛ تاریکی ؛ دلگیری ؛ افسردگی ؛ بے لطفی -

Dredge *n. & v. t. & i.* : (۱) ایک مشین جس سے دریا یا سمندر کی تہ سے کیچڑ وغیرہ نکالی جاتی ہے ؛ تہ صفائی کی مشین - (۲) ایسی مشین (ڈریج) سے صاف کرنا یا نکالنا - (۳) ڈریج سے کام لینا ؛ تہ صفائی کرنا -

dredger, *n.* : دریا کی تہ سے کیچڑ وغیرہ نکالنے والا ؛ تہ صفائی کرنے والا -

Dredge, *v. t.* : (کسی چیز پر) آٹا یا سفوف وغیرہ برکنا، چھڑکنا -

dredging-box : سوراخ دار ڈھکنے کی بند ڈبیا (جس سے آٹا وغیرہ چھڑکا جائے) -

Dredger, *n.* : DREDGING-BOX کا مرادف -

Dree, *v. t.* : (قدیم) برداشت کرنا ؛ سہنا -

d. one's weird : تقدیر کا لکھا برداشت کرنا -

Dreg, *n.* (usu. pl.) : (۱) تلچھٹ ؛ دُرد ؛ کیٹ ؛ گاد - (۲) بے کار حصہ ؛ فضلہ ؛ فضول چیز : (واحد) ذراسا بچا ہوا حصہ ؛ ریزہ -

dreggy, *a.* : دُرد آمیز ؛ گدلا ؛ بےکار -

Dreibund (driboond), *n.*, *Triple Alliance*: (تاریخ) اِتحاد ثلاثہ -

Drench (-tsh), *n.* : (۱) (دوا کی خوراک) جو جانوروں کو دی جائے - (۲) (قدیم) دوا یا زہر کا پیالہ - (۳) موسلا دھار بارش - (۴) پانی میں بالکل بھیگ جانا ؛ شرا بور ہو جانا -

Drench (-tsh), *v. t.* : (۱) کثرت سے پلانا ؛ چھکانا ؛ جانور کو دوا پلانا (جبراً) - (۲) (بھیڑ کو نہلاتے وقت) سر سے پیر تک بھگو دینا - (۳) (دباغت) اچھی طرح پانی میں بھگونا - (۴) تربتر دینا ؛ شرابور کردینا -

Drencher, *n.* : (۱) کثرت سے پلانے والا ؛ شرابور کرنے والا وغیرہ - (۲) موسلا دھار بارش ؛ دونگڑا -

Dresden (-z-), *n.* : جرمانیا کے صوبے سکسونیا کا صدر مقام -

D. china, porcelain : دریسڈن کی چینی کے (خاص کر اٹھارھویں صدی کے بنے ہوئے برتن

Dress, *v. t. & i.* : (۱) (فوج) صف بندی کرنا ؛ صف آرائی کرنا ؛ (صفوں کو) برابر کرنا ؛ درست کرنا ؛ ترتیب دینا ؛ صف آرا ہونا ؛ صف میں کھڑا ہونا - (۲) آراستہ کرنا ؛ پہنانا ؛ پنہانا ؛ ملبوس کرنا ؛ سجانا ؛ کپڑے پہنانا ؛ ملبوس ہونا - (۳) شام (کی دعوت) کی پوشاک پہننا - (۴) ناٹک کے ایکٹروں کے لیے پوشاک بنوانا - (۵) مرہم پٹی کرنا - (۶) درست کرنا ؛ سجول کرنا - (۷) کنگھی کرنا ، سنوارنا (بالوں کو) - (۸) کمائے ہوئے چمڑے کو ہموار کرنا ، گھوٹنا - (۹) (گھوڑے کے) کھریرا کرنا - (۱۰) (پتھر وغیرہ کو) چکنا کرنا ؛ (کپڑے پر) کندی کرنا - (۱۱) مسالا وغیرہ ملانا ؛ پکانا - (۱۲) پودے کو چھانٹنا - (۱۳) کھاد دینا -

d. down : مارنا ؛ دھنکنا ؛ خبر لینا ؛ ڈانٹنا -

d. out : زرق برق کپڑے پہننا ؛ ایسے کپڑے پہننا جن پر لوگوں کی نظر پڑے -

d. up : خاص طرح کی پوشاک پہننا یا پہنانا ؛ بھیس بنانا -

d. well, ill : خوش لباس ، بدلباس ہونا -

Dress, *n.* : (۱) لباس ؛ پوشاک ؛ بھیس - (۲) وضع ؛ انداز ؛ رنگ -

d. circle : ناٹک میں پہلی گیلری (جس میں ایک زمانے میں وہی لوگ بیٹھنے پاتے تھے جو شام کی پوشاک پہنے ہوتے تھے) -

d.- coat : شام کی پوشاک کا کوٹ (جس کا اگلا دامن سامنے سے کٹا ہوتا ہے) -

d.- guard : ڈریس گارڈ ؛ لوہے کا غلاف جو بائسکل کی چین پر چڑھا دیا جاتا ہے (تاکہ کپڑے خراب نہ ہوں) -

d. -improver : دیکھو BUSTLE -

dressmaker : عورتوں کے کپڑے سینے اور بیچنے والا -

evening d. : شام (دعوت وغیرہ) کا کوٹ -

full d. : وہ کپڑے جو خاص تقریبوں میں پہنے جاتے ہیں -

morning d. : معمولی کپڑے -

Dresser, *n.* : سائڈ بورڈ ؛ برتنوں کی الماری (جس پر کھانے کے کمرے میں برتن رکھے رہتے ہیں) -

Dresser, *n.* : (۱) آراستہ کرنے والا ؛ پہنانے والا وغیرہ - (۲) خصوصاً سرجن کا نائب ؛ ڈریسر ؛ مرہم پٹی کرنے والا -

dressership, *n.* : ڈریسری -

Dressing, *n.* : (۱) آراستگی ؛ پہننا وغیرہ - (۲) سرزنش ؛ کندی ؛ زدوکوب ؛ گو شمالی - (۳) مسالا وغیرہ - (۴) کھاد - (۵) مرہم پٹی - (٦) کلپ

d. -bell : کھانے کا لباس پہننے کی گھنٹی -

d. -case : سنگاردان -

d. -gown : ایک ڈھیلا ڈھالا چوغا جو صبح اٹھ کر یا نہانے کے بعد پہنا جاتا ہے -

d. -room : خواب گاہ سے ملحق کپڑے پہننے کا کمرا -

d. -table : سنگار میز ؛ سنگار کی آئینہ دار میز -

Dressy, *a.* : - (۱) کپڑے کا شوقین ؛ جامہ زیب ؛ خوش لباس (۲) (لباس کی صفت) خوش وضع ؛ خوش قطع -

dressiness, *n.* : کپڑے کا شوق ؛ جامہ زیبی ؛ خوش وضعی -

Drew: دیکھو DRAW -

Dribble, *v. t. & i., & n.* : (۱) قطرہ قطرہ بہنا ؛ رسنا ؛ ٹپکنا ؛ قطرہ قطرہ بہانا ؛ ٹپکانا - (۲) (کسی بچے یا بد سلیقہ شخص کی) رال بہنا ؛ رال ٹپکنا - (۳) (فٹ بال) مختلف کھلاڑیوں کا پانو سے آہستہ آہستہ ٹھکرانا (گیند کو) - (۴) بلیرڈ کا کھیل (لڑھکا کر تھیلی میں پہنچا دینا (گیند کو) یا لڑھک کر پہنچ جانا (گیند کا) -

dribbler, *n.* : ٹپکنے والا وغیرہ -

Drib(b)let, *n.* : حقیر مقدار ؛ تھوڑی رقم -

Dried, Drier : دیکھو DRY -

Drift, *n.* : (۱) بہاو ؛ رو - (۲) ہلکی دھار ؛ دھارا - (۳) جہاز کا انحراف سیدھے رستے سے (دھارے کی وجہ سے) - (۴) (گردش کی وجہ سے) پھینکی ہوئی چیز کا میل یا انحراف - (۵) (جنگل کا قانون) ملکیت اراضی کے اِستقرار کی غرض سے اس اراضی پر مویشی لے جانا - (٦) زمانے کے ساتھ بہنا - (۷) فطری یا غیر محسوس رجحان - (۸) مقصد ؛ مفہوم ؛ منشا ؛ مطلب ؛ لحواے کلام - (۹) سیل ؛ رو ؛ بوچھاڑ - (۱۰) برف یا ریت وغیرہ جو ہوا سے جمع ہوجائے - (۱۱) جو چیز پانی کے بہاو سے بہی چلی جائے - (۱۲) (ارضیات) سطحی مادہ جو ہوا یا پانی کے بہاو سے جمع ہوجائے - (۱۳) ہیرنگ مچھلی کے پکڑنے کا بڑا جال جو مدو جزر میں بہتا رہتا ہے - (۱۴) (کان کنی) معدنی مادے میں ایک رگ یا لکیر جو دور تک دوڑی ہوئی ہو - (۱۵) (جنوبی افریقہ) دریا کا پایاب مقام - (۱٦) دھات میں سوراخ کرنے یا بڑھانے کا اوزار ؛ ایک طرح کا برما -

Drift; *v. i. & t.* : (۱) اڑنا ؛ اڑائے جانا ؛ بہنا ؛ بہائے جانا - (۲) مثلاً اٹھائے چلا جانا ؛ بغیر کسی مقصد کے چلنا - (۳) ہوا کا اڑاکر ڈھیر کردینا یا ہوا سے اڑکر ڈھیر ہوجانا - (۴) (کھیت یا سڑک کو) برف یا ریت سے پاٹ دینا - (۵) سوراخ کرنا یا بڑھنا -

driftage, *n.* : رو؛ بہاو -

Drill, *n., & v. t. & i.* : (۱) (سوراخ کرنے کا) برما ؛ سوراخ کرنا - (۲) ایک قسم کی خول دار مچھلی یا آبی خول دار جانور - (۳) فوجی تربیت ؛ قواعد - (۴) سخت گیرانہ اِنضباط ؛ کڑی تربیت ؛ سختی سے تربیت کرنا ؛ کڑی تربیت حاصل کرنا -

Drill, *n., & v. t.* : (۱) باھن ؛ جتے ہوئے کھیت کی نالی جس میں بیج ڈالا جاتا ہے ؛ پودوں کی قطار جو ایک باھن میں ہو - (۲) ڈرل ؛ ایک مشین جس سے کھیت جوتنے ؛ بیج بونے اور سراون پھیرنے کا کام ساتھ ساتھ ہوتا ہے - (۳) ڈرل کی مدد سے بونا ؛ قطار میں بونا -

Drill, *n.* : ایک قسم کا بڑا بندر -

Drill, *n.* : زین یا ڈرل ؛ ایک قسم کا موٹا کپڑا (سوت کا یا سن کا) -

Drily : دیکھو DRY -

Drink, *v. t. & i.* (drank ; drunk & drunken) : - (۱) پینا - (۲) (کسی صحت بخش مقام کا پانی) بطور دوا کے پینا - (۳) جذب کرنا ؛ سوکھنا (پودے وغیرہ کا نمی کو) - (۴) پی کر خالی کردینا ؛ سارا کا سارا پی جانا (ظرف ؛ مجازاً جام راحت یا جام الم) - (۵) پی ڈالنا یا پی کر اڑا دینا ؛ (آمدنی وغیرہ) شراب میں اڑا دینا - (٦) شراب پینا ؛ شراب کا عادی ہونا ؛ شرابی ہونا - (۷) جام صحت پینا -

d. in : غور سے سننا ؛ گوش ہوش سے سننا ؛ ذوق شوق سے سننا -

d. off, up : ایک سانس میں پی جانا ؛ چڑھا جانا -

d. to : کسی کا جام صحت نوش کرنا ؛ سلامتی کا جام پینا -

(-) **drinker**, *n.* : پینے والا ؛ نوشندہ -

Drink, *n.* : (۱) پینے کی چیز ؛ کوئی عرق یا رقیق شے جو پی جائے - (۲) شربت ؛ نوشیدنی - (۳) شراب ؛ مے ؛ بادہ - (۴) شراب خواری ؛ مے کشی ؛ بادہ گساری - (۵) شراب کا ایک جام ؛ ایک پیالہ یا ایک بار پینا -

d. -offering. : شراب کا چڑھاوا ؛ تھوڑی سی شراب دیوتا کے نام پر زمین پر پھینک دینا -

drinkless *a.* : جس کے پاس کوئی پینے کی چیز نہ ہو ؛ جس نے کچھ نہ پیا ہو -

Drinkable, *a. & n.* : (۱) نوشیدنی ؛ پینے کے قابل - (۲) (صیغہ جمع) مشروبات ؛ اشیاے نوشیدنی ؛ پینے کی چیزیں -

Drip, *v. i. & t.* : (۱) ٹپکنا ؛ رسنا ؛ ٹپکانا - (۲) قطرے ٹپکانا ؛ قطرے گرانا ؛ کسی چیز کا اِس قدر بھیگنا کہ اس سے قطرے ٹپکتے ہوں -

Drip, *n.* : (۱) تقاطر ؛ ٹپکنا - (۲) وہ چیز جو ٹپک رہی ہو -

d. moulding or dripstone : (قدیم) چھجا ؛ سائبان -

d. -drop : بوندا بوندی ؛ تقاطر ؛ لگاتار ٹپکنا ؛ تار -

drippy, *a.* : ٹپکنے والا ؛ متقاطر -

Dripping, *n.* : (۱) تقاطر ؛ ٹپکنا - (۲) چربی (جس

میں گوشت پکایا جائے) - (۳) پانی یا چربی وغیرہ جو کسی چیز سے ٹپک رہی ہو -

Drive, *v. t. & i.* (drove, dorven) : (۱) (شکار کا) ہانکا کرنا ؛ گھیر کرلانا - (۲) (علاقے کا) دورہ کرنا ؛ (جنگلات کا قانون) دیکھو DRIFT, *n.* - (۳) چلانا ؛ ہانکنا - (۴) گاڑی میں لے جانا - (۵) گاڑی چلانا یا ہانکنا - (۶) اپنی گاڑی میں جانا - (۷) ٹھیلنا ؛ جبر کرنا ؛ مجبور کرنا - (۸) حد سے زیادہ مشقت لینا - (۹) بہالے جانا؛ اُڑا لے جانا - (۱۰) پھینکنا؛ دھکیلنا- (۱۱) (گولف) گیند کو ڈرایور سے مارنا - (۱۲) (کرکٹ) (گیند کو) آگے کی طرف مارنا - (۱۳) گاڑنا ؛ ٹھوکنا - (۱۴) سوراخ کرنا ؛ برمانا ؛ (سرنگ) کھودنا - (۱۵) (بھاپ کا) چلانا یا متحرک رکھنا (مشین کو) - (۱۶) چلانا (کاروبار) ؛ (سودا) کرنا - (۱۷) ملتوی کرنا ؛ ملتوی رکھنا - (۱۸) جھپٹنا ؛ دوڑ پڑنا - (۱۹) (کسی کام میں) محنت کرنا ؛ جانفشانی کرنا - (۲۰) بہنا ؛ بہالے جانا -

d. a quill, pen : لکھنا -

d. at : مراد ہونا ؛ مطلب ہونا -

d. out : کسی کو نکال کو اُس کی جگہ لینا -

driving-iron, -putter . گولف کے بلے -

let d. : پھینکنا ؛ کھینچ کر مارنا -

Drive, *n.* : (۱) گاڑی میں سیر - (۲) ہانکا ؛ گھیر کرلانا - (۳) کرکٹ یا گولف کا ہٹ - (۴) زور ؛ قوت عمل ؛ گھس پیٹھ- (۵) رجحان ؛ میلان - (۶) گاڑی کی سڑک خصوصاً گھر کے احاطے کی سڑک

whist-d. : دیکھو PROGRESSIVE WHIST -

Drivel, *v. i. & t.* (-ll-) , & *n.* : (۱) بچوں کی طرح رال ٹپکانا یا ناک بہنے دینا - (۲) بچوں کی یا فاترالعقل لوگوں کی طرح گفتگو کرنا - (۳) (قوت وغیرہ کو) منتشر کرکے ضائع کر دینا - (۴) حماقت کی باتیں ؛ بکواس ؛ مہمل باتیں -

driveller, *n.* : احمق ؛ گاودی ؛ بیوقوف ؛ حماقت کی باتیں کرنے والا -

Driver, *n.* : (۱) ہانکنے والا ؛ چلانے والا ؛ گاڑی بان ؛ کوچ بان ؛ ڈرایور - (۲) (گولف) ایک قسم کا بلا - (۳) چلانے والا پہیا (مشین کا) -

front-d. : بائسکل جس میں قوت کا اِستعمال اگلے پہیے میں کیا جائے-

quill-d. : محرر ؛ اِخبار نویس یا مصنف -

rear-d : بائسکل جس میں قوت کا اِستعمال پچھلے پہیے میں کیا جائے -

slave-d. : غلاموں کے گروہ کا نگراں -

driverless, *a.* : بے ڈرایور ؛ بغیر گاڑی بان کا -

driving-wheel, *n.* : (۱) مشین کا وہ پہیا جو اور حصوں کو حرکت دے - (۲) اِنجن کا بڑا پہیا - (۳) سائکل کا پہیا جس سے زنجیر (چین) گھومتی ہے -

Drizzle, *v. i.* , & *n.* : (۱) پھوار ؛ ترشح ؛ بونداباندی - (۲) پھوار پڑنا ؛ ترشح ہونا -

drizzly, *a.* : (وہ وقت) جب پھوار پڑرہی ہو -

Drogher (-ger) *n.* : (۱) ویسٹ اِنڈیز کا ساحلی جہاز - (۲) سست رفتار بھاری کشتی وغیرہ -

Drogue (-og-) , *n.* : وہ ٹونڈ جو ویل برچھی (harpoon) کی رسی کے سرے پر ہوتا ہے -

Droit, *n.* : حق ؛ لگان کے علاوہ زمیندار کا نذرانہ ؛ مال غنیمت ؛ بالائی نفع -

dd. of Admiralty : دشمن سے چھینے ہوئے جہاز وغیرہ جو بحری محکمے والوں کا حق سمجھے جاتے ہیں -

Droll, *a., n., & v. i.* : (۱) مضحک ؛ مسخرا - (۲) عجیب ؛ انوکھا ؛ نرالا - (۳) (شاذ) مسخرا آدمی - (۴) (شاذ) مسخرے پن کی حرکتیں کرنا ؛ ٹھٹھول کرنا ؛ دل لگی کرنا -

drollness, *n.* : مضحک ہونا ؛ مسخراپن ؛ انوکھاپن -

drolly (-ol-li) , *adv.* : مضحک طریقے سے ؛ انوکھے طریقے سے -

Drollery, *n.* : (۱) ٹھٹول ؛ مسخراپن - (۲) مضحک شعر یا قصہ وغیرہ - (۳) انوکھی دل لگی یا مذاق -

Dromedary (-*also* -um-) , *n.* : سانڈنی ؛ ناقہ -

Dromond, *n.* : (تاریخ) قرون وسطی کا بڑا جنگی یا تجارتی جہاز -

Drone, *n., & v. i. & t.* : (۱) مگس نر؛ شہد کی نر مکھی ؛ زنبور نر - (۲) احدی ؛ کاہل - (۳) بھنبھناہٹ - (۴) یکساں لہجے میں تقریر یا تقریر کرنے والا - (۵) بیگ پائپ کی نیچے سر کی نے ؛ اُس کی آواز - (۶) بھنبھنانا ؛ یکساں لہجے میں بولنا ؛ تقریر کرنا - (۷) کاہلی کرنا ؛ بےکار ضائع کرنا -

droningly, *adv.* : بھنبھناتے ہوئے -

Droop, *v. i. & t., & n.* : (۱) جھکنا ؛ گراپڑنا (تکان سے) - (۲) (آنکھوں کا) جھکنا ؛ نظرنیچی ہونا - (۳) (شعر) (سورج وغیرہ) ڈوبنا ؛ غروب ہونا - (۴) پژمردہ ہونا ؛ افسردہ ہونا ؛ کھلنا ؛ مضمحل ہونا ؛ ڈھلنا ؛ ہمت ہارنا ؛ جی چھوٹ جانا- (۵) گرانا ؛ جھکانا ؛ نیچا کرنا (سر، چہرے یا نگاہ کو) - (۶) خم ؛ خمیدگی ؛ اِضمحلال ؛ افسردگی ؛ (آواز) کمزور ہوجانا -

droopingly, *adv.* : سر وغیرہ جھکا کر ؛ پژمردگی سے ؛ افسردگی سے -

Drop, *n.* : (۱) بوند ؛ قطرہ - (۲) شبنم ؛ ذرہ ؛ مقدار قلیل - (۳) ایک پیالہ شراب ؛ ایک گھونٹ شراب - (۴) بندا ؛ گوشوارہ؛ آویزہ - (۵) ایک طرح کے نُقل جو پھلوں کے عرق سے گولیوں کی شکل میں بنائے جاتے ہیں ؛ لیمن ڈراپ وغیرہ - (۶) گرنا ؛ زوال ؛ سماجی تنزل ؛ تخفیف ؛ کمی (قیمت میں حرارت کے درجے میں) - (۷) (ناٹک) ڈراپ سین ؛ ایک ایکٹ کے خاتمے کا پردہ - (۸) پھانسی کا تختہ ؛ وہ فاصلہ جتنی دور ملزم تختے سے گر کر لٹکتا ہے - (۹) سطح میں دفعتاً نشیب آجانا ؛ گہرا نشیب یا آثار - (۱۰) (فٹ بال) وہ کک (ٹھوکر) جو گیند کو گدا کھلا کر لگائی جائے- (۱۱) گدا کھانے پر فٹ بال میں ٹھوکرلگانا-

d. in bucket or *ocean* : حقیر مقدار ؛ آٹے میں نمک ؛ سمندر میں قطرہ -

d. shutter : فوٹوگرافی کا ایک آلہ جس سے فوراً پلیٹ پر روشنی پڑ کر عکس اُتر آتا ہے -

d.-sulphur, -tin. : دانہ دار گندھک یا رانگا -

dropwort : ایک قسم کا پودا جس کی جڑیں گرہ دار (یا ثعلبی) ہوتی ہیں -

ear-dd. : بلدے ؛ گوشوارے -

have a d. in one's eye : نشے کے آثار ظاہر کرنا -

droplet, *n.* : چھوٹا سا قطرہ -

Drop, *v. i. & t.* : (۱) ٹپکنا ؛ قطرہ قطرہ گرنا ؛ رسنا - (۲) گرنا (مجازاً) ؛ زبان سے نکل جانا - (۴) غائب یا ضائع ہوجانا - (۵) تھک کر یا زخمی ہوکر گرنا ؛ (شکاری کتے کا) شکار کو دیکھ کر دبک جانا - (۶) سوجانا ؛ عادت پڑجانا - (۷) مرنا - (۸) ختم ہونا ؛ بند ہونا ؛ موقوف ہونا - (۹) گھٹنا ؛ تخفیف ہونا ؛ کرنا ؛ اُترنا - (۱۰) دریا کے نشیب کی طرف جانا - (۱۱) پیچھے ہوجانا ؛ رہ جانا - (۱۲) اِتفاقاً آجانا ؛ آنکلنا - (۱۳) ٹپکانا ؛ گرانا - (۱۴) جانے دینا ؛ ڈالنا ؛ چھوڑنا ؛ گرانا - (۱۵) جننا ؛ بچہ دینا (خصوصاً بھیڑ یا بکری کا) - (۱۶) سرسری طور پر کہہ دینا یا لکھ دینا - (۱۷) ہارنا ؛ اُڑانا (روپئے کا خصوصاً جوے میں) - (۱۸) گھونسا یا کلہاڑی یا گولی مار کر گرانا - (۱۹) (مسافر یا پارسل) اُتارنا - (۲۰) کوئی حرف بولنے میں چھوڑ جانا - (۲۱) (آنکھیں) جھکا لینا ؛ نیچی کرلینا - (۲۲) (آواز) دھیمی کرنا - (۲۳) (فٹ بال کو) گدا دے کر کک مارنا ؛ (اِس طریقے سے) گول کرنا - (۲۴) کسی سے ملنا جلنا موقوف کرنا ؛ صحبت ترک کرنا ؛ کسی بات کو چھوڑنا ؛ ختم کرنا -

d. away, in : ایک ایک کرکے روانہ ہونا یا داخل ہونا -

d. curtsy : (عورتوں کا) گھٹنوں کو خم دے کر تعظیم کرنا -

d. off : ایک ایک کرکے روانہ ہونا ؛ سوجانا ؛ آنکھ لگ جانا -

d. on, across : ڈانٹنا ؛ ڈپٹنا ؛ خبر لینا ؛ چشم نمائی کرنا ؛ سزا دینا -

Droppings, *n. pl* : (۱) جو چیز قطرہ قطرہ گرے خصوصاً شمع کا موم - (۲) گوبر ؛ لید یا بیٹ -

Drop-scene, *n.* : (۱) ایکٹ کے خاتمے کا پردہ - (۲) آخری سین ؛ ڈراما کا خاتمہ ؛ آخری منظر -

Dropsy, *n.* : اِستسقائے زِقّی ؛ جلندر کی ایک قسم ؛ (مجازاً) حد سے زیادہ پھولا ہونا -

dropsical, *a.* : اِستسقا کا (مریض) -

dropsically, *adv.* : اِستسقا کے طور پر -

Dros (h) ky, *n.* : (۱) نیچی چار پہیوں والی روسی گاڑی - (۲) جرمانیا میں کرائے کی گاڑی -

Dross *n.* : (۱) دھات کا میل - (۲) میل ؛ خارجی مادہ - (۳) فضلہ ؛ کوڑا کرکٹ -

drossy, *a.* : میلدار ؛ میل جیسا -

Drought (-owt-), **Drouth** (-ow-), *n.* : (۱) (قدیم) خشکی ؛ تشنگی ؛ پیاس - (۲) خشک سالی ؛ قحط (باراں) -

droughty, drouthy, *a.* : خشک ؛ بے آب -

Drove, *n.* : (۱) جانوروں کا متحرک گلہ - (۲) بھیڑ ؛ غول ؛ گروہ ؛ مجمع ؛ خیل - (۳) معماروں کی چوڑی چھینی -

Drove : دیکھو DRIVE -

Drover, *n.* : جانوروں کے گلے کو نخاس میں لے جانے والا ؛ مویشی کا بیوپاری -

drove, *v. t.* : گلے کو نخاس میں لے جانا ؛ مویشی کا بیوپار کرنا -

droving, *n.* : مویشی کا بیوپار -

Drown, *v. i. & t.* : (۱) ڈوبنا ؛ غرق ہونا ؛ ڈوب کر مرنا - (۲) ڈبونا ؛ غرق کرنا - (۳) غوطہ دینا ؛ شرابور کرنا ؛ بھگونا - (۴) (شور غل کا آواز کو) دبا لینا ؛ غالب آجانا - (۵) (شراب کے نشے میں) غم غلط کرنا -

d. out : سیلاب میں بہا دینا -

like drowned rat : شرابور ؛ سر سے پیر تک بھیگا ہوا ؛ شل -

Drowse (-z), *v. i. & t., & n.* : (۱) اونگھنا - (۲) سست ہونا ؛ سستی کرنا - (۳) غنودگی طاری کرنا - (۴) سستی میں یا اونگھنے میں گذارنا (وقت کو) - (۵) غنودگی -

Drowsy (-zi), *a.* : (۱) اونگھتا ہوا ؛ نیم خوابیدہ ؛ خواب آلودہ - (۲) سلادینے والی (آواز وغیرہ) - (۳) سست ؛ کاہل -

d.-head : اونگھتا ہوا ؛ سوتا ہوا آدمی -

drowsily, *adv.* : غنودگی میں ؛ سستی سے ؛ اونگھتے ہوئے -

drowsiness, *n.* : غنودگی ؛ سستی -

Drub, *v. t.* : (۱) ڈنڈے لگانا ؛ پیٹنا ؛ کوٹنا ؛ ٹھونکنا ؛ کندی کرنا - (۲) (لڑائی میں) ہرانا - (۳) مار مار کر (کسی خیال کو) دماغ میں ٹھونسنا یا (دماغ سے) نکالنا -

drubbing, *n.* : زد و کوب ؛ مار ؛ مرمت ؛ کندی -

Drudge, *n., & v. i.* : (۱) خادم ؛ غلام ؛ خدمتگار - (۲) غلام کی طرح کام کرنا ؛ بیل کی طرح جتا رہنا ؛ ناگوار یا خلاف مذاق کام کرنا -

drudgery, *n.* : غلامی ؛ مصلحت ؛ مشقت

drudgingly, *adv.* : غلام کی طرح ؛ بیل کی طرح مشقت کرتے ہوئے -

Drug, *n., & v. t. & i.* : (۱) مفرد دوا ؛ جز - (۲) ناقابل فروخت مال ؛ جلس کا سد ؛ سودا جس کا کوئی گاہک نہ ہو - (۳) ملانا ؛ آمیزش کرنا (زہر یا بیہوشی کی دوا کی) - (۴) دوا دینا ؛ دوا پلانا (خصوصاً بیہوشی کی دوا) (۵) بیہوشی کی دوا اِستعمال کرنا ؛ متلی پیدا کر دینا ؛ پیٹ بہت بھر جانا ؛ اوبھ جانا -

druggy, *a.* : دوا کا ؛ دوا کے متعلق -

Drugget (-g-), *n.* : موٹا اونی کپڑا جو فرش یا میز پوش کے طور پر اِستعمال ہوتا ہے ؛ ایسے کپڑے کا فرش -

Druggist, *n.* : دوا فروش ؛ دواساز ؛ عطار -

Druid, *n.* : (۱) قدیم کیلٹی قوم کا پجاری ؛ جادوگر یا کاہن - (۲) ویلس کی قومی انجمن کا عہدہ دار ؛ ڈرونڈ -

Druidess, *n.* : (DRUID) کا مونث -

Druidic (al), *aa.* : ڈرونڈ کا یا اُس سے متعلق -

Druidism, *n.* : ڈرونڈ کا عقیدہ وغیرہ -

Drum, *n.* : (۱) ڈھول ؛ ڈھولک ؛ دھل ؛ نقارہ ؛ طبل - (۲) (حیوانات) وہ عضو (چھاتی وغیرہ) جس میں گُمک ہو ؛ پردۂ طبل - (۳) نقارے کی یا نقارے کی سی آواز خصوصاً bittern کی آواز - (۴) نقارہ نواز ؛ ڈھول بجانے والا - (۵) اُستوانہ نما چیز - (۶) کورنتھین یا کمپوزٹ طرز عمارت میں ستون کے سرے کا ٹھوس حصہ - (۷) ستون کا (اُستوانہ نما) وسطی حصہ - (۸) شام یا سہ پہر کی چائے کی پارٹی -

d.-fire : تیز اور شدید گولہ باری جو اکثر پیدل فوج کے حملے سے پہلے ہوتی ہے -

d. -fish : ایک قسم کی امریکا کی مچھلی جو ڈھول کا سا شور کرتی ھے -

d. -head : ڈھول کی کھال یا جھلی ؛ پردۂ گوش کی جھلی ؛ چرخ کا مدور سرا -

d. -major : چھوٹا فوجی عہدہ دار جو طبل بجانے والوں کے دستے کا افسر ھوتا ھے -

d. of ear : کان کا پردہ یا مشین کا اُستوانہ نما پرزہ

drumstick : نقارے کی چوب ؛ پکے ھوئے مرغ کی ٹانگ کا نیچے کا حصہ

Drum, *v. i. & t.* : (۱) ڈھول بجانا - (۲) مُتواتر ٹھوکنا ؛ تھپ تھپانا ؛ کھٹ کھٹانا - (۳) (چڑیوں یا کیڑوں کا) بازو پھڑ پھڑانا - (۴) طلب کرنا ؛ جمع کرنا ؛ طبل بجا کر بلانا (رنگروٹوں کو) - (۵) (کسی شخص سے کوئی بات) بار بار کہہ کر (اُسے) بے حس کردینا ؛ (سبق کو دماغ میں) ٹھونسنا - (۶) بار بار کسی چیز پر (ھاتھ) مارنا - (۷) (گیت) ڈھول پر گانا یا ایسے گانا جیسے ڈھول پر ھو -

d. out : ڈھنڈورا پٹوا کر برخاست کرنا -

drummer, *n.* : ڈھول بجانے والا ؛ طبل نواز یا نقارہ نواز ؛ (ممالک مُتحدہ) سفری تجارتی گماشتہ ، ایجنٹ -

Drum, Drumlin, *nn.* : (ارضیات) لمبی اور تنگ پہاڑی جو ھوا کی یا دریا کی لائی ھوئی مٹی کے جمع ھونے سے بن جاتی ھے -

Drummond light, *n.* : آکسی ھائیڈروجن روشنی -

Drunk, *pred. a. & n.* : (۱) پیے ھوئے ؛ سرشار ؛ مست ؛ متوالا ؛ مخمور - (۲) (عامیانہ) شراب کا دور - (۳) (پولس کی فرد جرم میں) بد مستی یا مد ھوشی کی واردات ؛ وہ شخص جس پر مد ھوشی کا اِلزام ھو ؛ شرابی ؛ بد مست -

drunkard, *n.* : شرابی ؛ شراب خوار -

Drunken, *a.* : (۱) مخمور ؛ سرشار ؛ متوالا - (۲) شرابی ؛ شراب خوار - (۳) بد مستی کا -

drunkenly, *adv.* : بد مستی کی حالت میں ؛ نشے میں -

drunkenness, *n.* : شراب خواری ؛ بد مستی -

Drupe, *n.* : گٹھلی دار پھل ؛ گودے دار پھل جس میں گٹھلی ھو (جیسے آلوچہ وغیرہ) -

drupaceous, *a.* : گٹھلی دار -

Drupel, Drupelet (plit), *nn.* : چھوٹا گٹھلی دار پھل -

Druse, *n.* : پہاڑی غار کے اندر بلوروں کی تہ یا پرت ؛ غار جس کے اندر بلورے جمع ھوں -

Druse (-z), *n.* : فرقۂ دروز ؛ کوہ لبنان کے قریب مُسلمانوں کا ایک سیاسی اور مذھبی فرقہ (جس کا بانی اِسمٰعیل الدرزی تھا) -

Dry, *a.* (drier, -est) : (۱) خشک ؛ سوکھا ؛ یابس - (۲) وہ جگہ جہاں بارش نہ ھو یا کم ھو ؛ وہ موسم جس میں بارش نہ ھو یا کم ھو ؛ بے باراں ؛ کم باراں - (۳) جھلسا ھوا ؛ تفتہ ؛ سوکھا ھوا ؛ مُرجھایا ھوا ؛ (روزمرہ) پیاسا ؛ تشنہ - (۴) تارک شراب - (۵) بے آب ، اندھا (کنواں) ؛ دودھ سے خالی (جانور) - (۶) خشک جو پانی میں ڈوبا ھوا نہ ھو ؛ جو زیرآب نہ ھو - (۷) بے مکھن کا ، سوکھا (ٹکڑا وغیرہ) - (۸) مُنجمد ؛ ٹھوس - (۹) پھیکی (شراب) - (۱۰) خشکی کا - (۱۱) روکھا ؛ خشک ؛ بے مُروت ؛ سخت سرد مہر - (۱۲) روکھے سوکھے ، سیدھے سیدھے (واقعات) - (۱۳) غیر دلچسپ ؛ بے لطف ؛ پھیکا ؛ سوکھا ؛ جس میں کوئی نفع نہ ھو - (۱۴) بے غرضانہ ؛ بے تعصبانہ ؛ بے لوث -

d. -bulb thermometer : رطوبت پیما کا خشک جوفے (bulb) والا حرارت پیما -

d. cooper : (خشک چیزیں رکھنے کا) پیپا بنانے والا -

d. -cure : (گوشت وغیرہ کو) خشک حالت میں (بغیر سرکے وغیرہ کے) محفوظ رکھنا -

d. -dock : دیکھو DOCK -

d. eyes : چشم بے نم ؛ آنکھیں جن میں آنسو نہ ھوں -

d. -fly : (بغیر چارے کو پانی میں ڈبوئے) مچھلی پکڑنا -

d. -goods : خشک مال ، جیسے غلہ (ممالک مُتحدہ میں کپڑے وغیرہ کو بھی کہتے ھیں) -

d. jest, sarcasm, humour : مذاق ، طنز وغیرہ جو سوکھے مُنہ سے یا خشک انداز میں کیاجائے -

d. loading : (کوئلے کے کمروں میں) قیام بے طعام -

d. measure : غلہ وغیرہ ناپنے کا پیمانہ -

d. -nurse : (۱) کھلائی - (۲) کھلانا -

d. pile : برقی بیٹری جس میں کوئی رقیق شے نہ اِستعمال کی جائے -

d. -plate : عکاسی کی خشک پلیٹ -

d. -point : (بے تیزاب کے) دھات پر نقش و نگار بنانے کی سوئی ؛ طریقۂ مذکور سے کام لینا ؛ وہ نقش و نگار جو اِس طریقے سے بنائے جائیں -

d. -rot : فطر (fungus) کی وجہ سے لکڑی کا گل جانا ، نیز فطر (fungus) ؛ (مجازاً) گھن لگ جانا -

d. -salt : دیکھو D. CURE -

d. -salter (y) : وہ شخص جو دوا ، رنگ ، گوند ، تیل ، اچار وغیرہ کا بیوپار کرے ؛ مذکورہ بیوپار ؛ اِس بیوپار کی دکان -

d. shampoo : بال دھونے کا سفوف -

d. -shod : بغیر پانو ڈوبے ھوئے -

die a d. death : ڈوبنے یا قتل ھونے کے علاوہ اور قسم کی موت کے لیے کہتے ھیں -

go d. : (ملک کا) شراب کی خرید و فروخت قانوناً ممنوع قرار دینا -

dryish, *a.* : کسی قدر خشک ؛ سوکھا سا -

dryly (or drily), *adv.* : خشکی سے ؛ روکھے پن سے -

dryness, *n.* : خشکی ؛ روکھا پن -

Dry, *v. t. & i.* : (۱) خشک کرنا یا ھوجانا ؛ سوکھنا ؛ سکھانا - (۲) (کام کے) تھن خشک کردینا -

dry up : بالکل خشک کرلینا ؛ (نمی کا) بالکل زائل ھوجانا ؛ (کلویں کا) خشک ھوجانا ؛ (روزمرہ) (خصوصاً امر کی حالت میں) چپ ھونا یا کام بند کر دینا -

drier, dryer, *n.* : خشک کرنے والا ؛ سکھانے والا -

Dryad, *n.* : درخت یا جنگل کی دیوی یا پری

Dryasdust, *n.* d-, *a.* : (۱) معلمت کش ، خشک مزاج مورخ

یا عہد قدیم کا متعلق - (۲) خشک ؛ بے لطف -

'dst,: hadst, wouldst کا مخفف -

Duad : دیکھو DYAD -

Dual, *a.* & *n.* : دوکا ؛ دھرا ؛ دو حصوں میں منقسم ؛ دگنا ؛ دونا .

d. number, or d. : (نحو) تثنیہ ؛ مثنیٰ -

the D. Monarchy : (جنگ عظیم سے پہلے) آسٹریا ھنگری کی متحدہ سلطنت -

duality, *n.*: دوئی ؛ تثنیہ ؛ ثنویت ؛ دھرا ھونا وغیرہ -

dualize, *v. t.* : دوئی پیدا کرنا ؛ دھرا کرنا وغیرہ -

dually, *adv.*: دوئی سے؛ تثلیثے سے وغیرہ -

Dualin, *n.* : ایک زبر دست پھٹنے والا مرکب جو شورے ، نائٹرو گلیسرین اور لکڑی کے برادے سے بنتا ھے -

Dualism, *n.* : (۱) دوئی ؛ تثنیہ - (۲) تثنیہ کا اِستعمال - (۳) ثنویت ؛ وہ عقیدہ جس میں دو مستقل جو ھر مانے جاتے ھیں (مثلاً روح ، مادہ یا یزدان و اھرمن یا حضرت عیسیٰ کی دو شخصیتیں) -

dualist, *n.* : ثنوی -

dualistic, *a.* : ثنویت کا قائل

dualistically, *adv.* : ثنویت کے طور پر

Dub, *n.* : شمالی چشموں کا گہرا نقد -

Dub, *v. t.* : (۱) کاندھوں پر تلوار مس کر کے نائٹ وغیرہ بنانا - (۲) کوئی نیالقب دینایا نام یا " چھیز کا نام " رکھ دینا - (۳) (مچھلی کے چارے کی مخصوص مکھی) لگانا - (۴) (چمڑے پر) چربی ملنا -

Dubbing, *n.* : (۱) نائٹ بنانا یا بنا یا جانا ؛ نام یا لقب رکھنا یا رکھا جانا - (۲) چمڑے کو چکنا کرنے کی چربی -

Dubiety, *n.*: (۱) اِشتباہ ؛ شبہہ ؛ شک؛ دبدھا - (۲) مشتبہ امر ؛ مشکوک معاملہ -

Dubious, *a.* : (۱) دھندلا ؛ مبہم ؛ غیر معتبر ؛ نا قابل وثوق - (۲) مشتبہ ؛ مشکوک - (۳) جس کا نتیجہ مشتبہ ھو - (۴) مذبذب ؛ شک کی حالت میں ؛ دبدھا میں -

dubiously, *adv.* : مبہم طور پر ؛ مشتبہ طریقے سے ؛ مشکوک طور پر وغیرہ -

dubiousness, *n.* : اِبہام ؛ مشتبہ ھونا؛ مشکوک ھونا ؛ تذبذب -

Dubitation, *n.* : دبدھا ؛ تذبذب ؛ پس و پیش ؛ ھچر مچر -

Dubitative, *a.* تذبذب کا ؛ دبدھا کا ؛ مذبذب ؛ پس و پیش کرنے والا -

dubitatively, *adv.* : مذبذب طریقے سے ؛ پس و پیش کے ساتھ -

Ducal, *a.* : ڈیوک کا ؛ ڈیوک کے متعلق ؛ ڈیوک کی طرح ؛ ڈیوک کا خطاب رکھنے والا -

Ducat, *n.*: (۱) قدیم طلائی سکہ = تقریباً ۹ شلنگ - (۲) سکہ ؛ (صیغہ جمع) دولت ؛ زر -

***Duce* (doocha), *n.* :** سردار (مسولینی کا لقب) -

Duchess (-tsh), *n.* : (۱) ڈیوک کی بیگم ؛ ڈیوک کی علاوی یا بیوہ - (۲) رعب داب یا آن بان کی عورت - (۳) (عامیانہ) میوہ فروش کی عورت -

Duchy (-tshi), *n.* : (۱) ڈیوک کا علاقہ یا ریاست - (۲) کارنوال یا لنکا سٹر کا علاقہ جس کا مالک شاہ اِنگلستان بہ حیثیت ڈیوک کے ھے -

Duck, *n.* (pl. often *duck* collective; also -s): (۱) مرغابی ؛ بطخ ؛ بگا - (۲) مرغابی یا بط کا گوشت - (۳) پیارا ؛ پیاری (خصوصاً مخاطبت میں) -

d. & drake : پانی میں پتھر اُچھالنے کا کھیل -

d.-bill : سرخ گیہوں ؛ ایک دریائی جانور جس کی چونچ بطخ کی سی ھوتی ھے -

d. -boards : (نوجی روز مرہ) لکڑی کے تختوں کا رستہ -

d. -hawk : خرگوش کا شکار کرنے والا کتا

d.'s egg : (کرکٹ میں) صفر اِسکور ؛ انڈا -

d.-shot : مرغابی کے شکار کا چھرا -

duckweed : ایک قسم کی کائی -

Bombay d. : دیکھو BUMMALO -

in two shakes of d.'s tail : دم بھر میں -

lame d. : جو اِسٹاک کے بازار میں اپنا معاھدہ پورا نہ کرے ؛ لنجا آدمی -

like d. in thunderstorm : بدحواس ؛ سراسیمہ -

likewater off d.'s back : بے اثر ؛ بے نتیجہ -

make dd. & drakes of.play dd. & drakes with : اُڑا دینا ؛ برباد کر دینا -

duckling, *n.* : بطخ کا بچہ

ducky, *n.* : پیارا ؛ عزیز ؛ محبوب -

Duck, *v. i.* & *t.* & *n.* : (۱) غوطہ لگا کر ابھرنا ؛ غوطہ مارنا ؛ ڈبکی لگانا - (۲) پھرتی سے جھک جانا ؛ تیزی سے سر خم کرنا - (۳) غوطہ دینا ؛ دھکیل دینا - (۴) ڈبکی ؛ غوطہ ؛ تیزی سے سر جھکانا .

Duck, *n.* : (۱) ڈک ، موٹا سن کا یا سوتی کپڑا جو باد بانوں یا ملاحوں کے لباس کے کام آتا ھے - (۲) (بحالت جمع) اِس کپڑے کا پتلون

Ducker, *n.* : کئی قسم کی غوطہ خور چڑیاں -

Ducker, *n.* : بطخیں پالنے والا ؛ بطخوں کی نسل بڑھانے والا -

Duct, *n.* : (۱) نل ؛ نلکی - (۲) (عضویات) مسامہ - (۲) (نباتیات) ظرف -

ductless, *a.* : بے مسامہ ؛ جس میں نل یانلکی نہ ھو -

Ductile, *a.* : (۱) (دھات کی صفت) جو پیٹنے سے بڑھ سکے ؛ لچیلا ؛ لچک دار ؛ ملائم ؛ نرم ؛ مضبوط ؛ (طبیعیات) متمدد ، جس کے تار کھینچے جاسکیں - (۲) تشکیل پذیر ؛ تربیت پذیر ؛ سلیم الطبع -

ductility, *n.*: لچک ؛ ملائمت ؛ نرمی ؛ (طبیعیات) تمدد ؛ تشکیل پذیری ؛ تربیت پذیری -

Dud, *n.* : (عامیانہ) (صیغہ جمع) کپڑے ؛ لباس ؛ (واحد) ڈراوا ، گولا وغیرہ جو نہ پھٹے ؛ بے نتیجہ تجویز ؛ ٹائیں ٹائیں فش ؛ بےکار آدمی -

Dude, *n.* : (ممالک متحدہ) (عامیانہ) (۱) نفاست پسند شخص ؛ جو انگریزی اوضاع ، اطوار کی نقل اُتارتا ھو -

(۲) بانکا ؛ چھیلا ؛ ٹھاٹھ کرنے والا -

dudish, *a.* : کسی قدر نفاست پسند یا بانکا ؛ چھیلا کی طرح -

Dudgeon (dujn), *n.* : خفگی ؛ رنجش ؛ ناراضی ؛ برهمی ؛ روٹھنا -

Dud (h) een (doo-), *n.* : (آئرستان) چھوٹا مٹی کا پائپ -

Due, *a.* & *adv.* : (۱) واجب الادا - (۲) لائق ؛ شایان ؛ استحقاق کے مطابق ؛ مناسب ؛ بجا ؛ کما حقہ ؛ کافی ؛ ٹھیک - (۳) وجہ سے ؛ سبب سے - (۴) قاعدے یا معاهدے کی رو سے ہونے والا کرنے والا یا آنے والا - (۵) (سمتوں سے متعلق) ٹھیک ؛ بالکل -

Due, *n.* : (۱) حق - (۲) دینا ؛ مطالبہ ؛ ذمگی - (۳) (صیغہ جمع) محصول ؛ فیس ؛ چنگی وغیرہ -

for a full d. : (جہاز رانی) پوری طرح ؛ ہمیشہ کے لیے -

give the devil his d. : برے کے ساتھ بھی انصاف کرو -

Duel, *n.* & *v. i.* (-ll-) : (۱) نزاع کا فیصلہ کرنے کے لئے دو شخصوں کی لڑائی (تلوار ، پستول وغیرہ سے) ؛ نتوڈیل ؛ یکیکی - (۲) دو شخصوں یا فریقوں وغیرہ کی باهمی جنگ - (۳) تتوڈیل لڑنا ؛ یکیکی کرنا -

duellist, *n.* : تتوڈیل لڑنے والا ؛ یکیکی باز -

Duenna, *n.* : (۱) ادھیڑ عورت جو لڑکیوں کی استانی اور رفیق ہو ؛ استانی - (۲) محافظ یا نگران عورت -

Duet, -tt, *n.* : (۱) دو سازی یا دو آوازی گیت ؛ راگ جس کو دو آدمی مل کر گائیں یا دو باجوں پر ساتھ ساتھ بجائیں - (۲) (مجازاً) مکالمہ ؛ سوال جواب ؛ ہتھیاریوں کی سی لڑائی - (۳) جوڑا ؛ میاں بیوی -

duettist, *n.* : دو آوازی گیت گانے والا ؛ دو سازی گیت کو باجے پر بجانے والا -

Duff, *n.* : دیکھو DOUGH -

Duff, *v. t.* : (عامیانہ) (۱) تلبیس کرنا ؛ چالاکی سے چیزوں کی شکل بدل دینا ؛ (پرانے مال کو) نیا کر کے بیچنا - (۲) (آسٹریلیا) (مویشی) کو چرانا اور داغوں (یعنی داغے ہوئے نشانات) کو بدل دینا -

Duffel, Duffle, *n.* : (۱) ایک قسم کا موٹا اونی کپڑا - (۲) زائد جوڑا جو شکاری یا کیمپ میں رہنے والے ساتھ رکھتے ہیں -

Duffer, *n.* : (۱) خراب مال کو قیمتی بتا کر بیچنے والا - (۲) پھیری والا ؛ خوانچے والا - (۳) پرانے مال کو نیا کر کے بیچنے والا - (۴) جعلی سکہ ؛ مصنوعی تصویر وغیرہ - (۵) خالی کان (معدن) - (۶) بے کار چیز ؛ بے مصرف شے - (۷) نالائق ؛ بے کار یا بے وقوف شخص -

Dug, *n.* : تھن ؛ پستان ؛ سر پستان ؛ بھٹنی ؛ حقارت کے لیے عورتوں کی چھاتی کو بھی کہتے ہیں -

Dug : دیکھو DIG -

dugento (doo-), *n.* : (اٹالیا کی علمی لطیفہ وغیرہ کی تاریخ میں) تیرھویں صدی -

Dugong (doo-), *n.* : تو کانگ ؛ هندوستانی سمندر کا ایک بڑا نباتات خور پستان دار جانور -

Dug-out, *n.* : (۱) ڈونگی ؛ جو درخت کے تنے کو کھوکھلا کر کے بنائی جائے - (۲) (سپاهیوں کے لیے) خندقوں میں زمین دوز محفوظ جگہ - (۳) (عامیانہ) پنشن یافتہ

افسر وغیرہ جو از سر نو فوجی خدمت کے لیے طلب کیا جائے -

Duke, *n.* : (۱) (تاریخ) متاخرین شاهان روما کے زمانے میں صوبہ کی فوج کا سردار - (۲) (بائبل) قبیلہ کا سردار - (۳) (برطانیا اور بعض دوسرے ممالک یوروپ میں) خاندان شاهی کے بعد سب سے بڑا امیر یا جاگیردار ؛ ڈیوک - (۴) (دوسرے ممالک یورپ میں) چھوٹی ریاست کا فرمان روا - (۵) ایک قسم کی چیری یا گلاس (ایک میوہ) - (۶) (عامیانہ) هاتھ ؛ مٹھی -

dine with D. Humphrey : دیکھو DINE -

Dukedom, *n.* : ڈیوک کا علاقہ یا منصب -

Dukeries, *n. pl.* : صوبہ ناٹنگھم شائر کا وہ ضلع جس میں کئی ڈیوکوں کی جاگیریں ہیں -

Dulcet, *a.* : شیریں ؛ میٹھا ؛ رسیلا ؛ دلکش ؛ خوش آیند (مخصوصاً آواز کی صفت) -

Dulcify, *v. t.* : شیریں کرنا ؛ لطافت یا شیرینی پیدا کرنا ؛ دھیما کرنا ؛ ملائم کرنا -

dulcification, *n.* : ملائم یا شیریں ہونا یا کرنا -

Dulcimer, *n.* : پیانو کی قسم کا ایک باجا -

Dulcinea (*or* -sinia), *n.* : معشوقہ جس کو عاشق تمام اوصاف کا مجموعہ سمجھتا ہو اور اس کی پرستش کرتا ہو ؛ " لیلی بہ چشم مجنوں " -

Dull *a.*, & *v. t.* & *i.* : (۱) غبی ؛ کند ذهن ؛ ٹھس ؛ کٹھل - (۲) (نظر ، سماعت وغیرہ) دیر حس ؛ کند - (۳) (غیر ذی روح چیزوں کے لیے) غیر ... حس - (۴) (درد) میٹھا میٹھا - (۵) مٹھا ؛ سست ؛ مندا (بازار) - (۶) افسردہ ؛ پست ؛ سست - (۷) بے لطف ؛ غیر دلچسپ ؛ یک آهنگ - کند (دھار) - (۹) (روشنی ، رنگ ، مزا وغیرہ) پھیکا ؛ هلکا ؛ ماند - (۱۰) (موسم) تاریک ؛ ابر آلود - (۱۱) ماند کرنا ؛ هلکا کرنا ؛ کند کرنا یا ہونا ؛ بے حس کرنا یا ہونا ؛ پست کرنا یا ہونا -

dullard, *n.* : غبی ؛ کند ذهن ؛ ٹھس آدمی -

dullish, *a.* : کسی قدر سست ؛ کند ذهن ؛ هلکا ؛ دھیما وغیرہ -

dully (dul-li), *adv.* : سستی سے ؛ بے حسی سے وغیرہ -

dul (l) ness, *n.* : سستی ؛ کند ہونا ؛ بے حسی ؛ ٹھس پن وغیرہ

Dulse, *n.* : ایک قسم کی دریائی گھاس جسے پکا کر کھاتے ہیں -

Duly, *adv.* : (۱) ٹھیک طور پر ؛ واجبی طور سے ؛ مناسب طریقے سے ؛ باضابطہ - (۲) کافی طور پر ؛ کما حقہ - (۳) پابندی سے ؛ ٹھیک وقت پر -

Duma (doo-), *n.* : روسی پارلمنٹ جو ۱۹۰۶ ع میں طلب کی گئی تھی -

Dumb (-m), *a.* : (۱) گونگا ؛ گنگ - (۲) بے زبان جو حکومت وغیرہ کے معاملات میں بولنے کا حق نہ رکھتا ہو - (۳) (تعجب یا شرم سے) گم صم ؛ سناٹے میں ؛ سکتہ میں - (۴) چپ ؛ کم سخن ؛ کم گو - (۵) بے گفتگو ؛ گونگا (تماشا وغیرہ) - (۶) غیر مسموع ؛ بے آواز ؛ ساکت -

d.-bell : (لوہے کی چھوٹی مگدر) ورزش کے لیے تمبیل -

d.-craft : کشتی جو چلتی نہ ہو -

d.-piano : (مشق کرنے کا) بے آواز پیانو -

d. show : معنی خیز اشارے ؛ بے گفتگو تماشا -

d. -waiter : گھومنے والی الماری جس میں کھانا رکھا جاتا ھے -

d. well : چوھا (یعنی گڑھا جو اس لیے کھودا جائے کہ اُس میں پانی بہ کر جائے) -

dumbly (-mli), *adv.* : گونگے پن سے ؛ بے زبانی سے ؛ خاموشی سے وغیرہ -

dumbness, *n.* : گونگا پن ؛ بے زبانی ؛ سکوت وغیرہ -

Dumb, *v. t.* : گونگا کرنا ؛ گنگ کرنا ؛ بے زبان بنا دینا ؛ ساکت کر دینا

Dumbfound (-mf-), *v. t.* : گونگا کردینا ؛ سٹ پٹا دینا ؛ بد حواس کرنا ؛ ھوش حواس غائب کردینا -

Dumbledore *n.*, (Bumble-bee) (مقامی بولی) ایک قسم کا بھونرا -

Dumdum (bullet), *n.* : دم دم گولی ؛ ایک قسم کی گولی جو جسم میں جا کر پھیلتی ھے [دم دم (مضافات کلکتہ) سے منسوب] -

Dummy, *a.* & *n.* : (۱) (تاش) فرضی کھلاڑی جس کی بازی کھول دی جاتی ھے اور اُس کا ساتھی اُسے کھیلتا ھے - (۲) وہ شخص جو کسی چیز میں نام کے لیے شریک ھو ؛ شاہ شطرنج ؛ کٹھ پتلی ؛ مٹی کی مورت - (۳) احمق ؛ کوڑھ مغز ؛ کاودی ؛ کاٹھ کا اُلّو - (۴) جعلی یا مصنوعی چیز ؛ جھوٹ موٹ کا پلندہ یا پارسل ؛ لکڑی کا انسانی ڈھانچا جسے کپڑے پہنا دیتے ھیں ؛ چاند ماری کے واسطے انسانی شکل - (۵) جعلی ؛ مصنوعی ؛ نقلی ؛ بناوٹی ؛ فرضی -

Dump, *n.* : (۱) کوئی چھوٹی اور موٹی چیز - (۲) (کھیل) سیسے کی گوٹ جس سے گننے میں مدد لی جائے ؛ آسٹریلیا کا ایک قدیم سکہ ؛ (عامیانہ) حقیر سکہ ؛ حبہ - (۳) جہاز کی تعمیر میں ایک قسم کی چٹخنی - (۴) جہاز میں کودنے کے لیے رسی کے چکر - (۵) ایک قسم کا کھیل - (۶) ایک قسم کی مٹھائی - (۷) پست قد مضبوط آدمی ؛ چھوٹا اور موٹا آدمی -

Dump, *v. t.* & *i.*, & *n.* : (۱) پھینکنا ؛ ڈالنا ؛ جمع کرنا (کوڑے کرکٹ کو) - (۲) گدا کھلانا (گیند وغیرہ کو) - (۳) (تجارت) کم قیمت پر فروخت کے لیے ممالک غیر کو بھیجنا (مال) - (۴) بھد سے یا گد سے کرنا یا گرانا - (۵) (زائد داخلین کو) ممالک غیر میں اُتار دینا (جہاز سے) - (۶) بھد (کی آواز) ؛ گدا - (۷) (ممالک متحدہ) کوڑے کا ڈھیر ؛ کوڑا کرکٹ ؛ گھورا - (۸) (فوجی) میدان جنگ میں سامان حرب کا عارضی گودام -

dumper, *n.* : پھینکنے والا ؛ گرنے والا وغیرہ -

Dumpling, *n.* : ایک قسم کی پڈنگ -

Dumps, *n. pl.* : دلگیری ' اداسی ' افسردگی کا دورہ -

Dumpy, *a.* & *n.* : (۱) چھوٹا اور موٹا - (۲) ایک چھوٹے پیروں کی مرغی جو اسکاٹ لستان میں پالی جاتی ھے - (۳) ھسار رسالہ نمبر ۱۹ -

d. level : تختۂ مسطح جو پیمائش میں استعمال ھوتا ھے -

dumpiness, *n.* : چھوٹا اور مضبوط ھونا

Dun, *a.* & *n.* : (۱) پھیکے بھورے رنگ کا ؛ پھیکا بھورا رنگ - (۲) (شعر) تاریک ؛ سیاہ ؛ شبرنگ - (۳) پھیکے بھورے رنگ کا گھوڑا ؛ سمند ؛ اشہب - (۴) ایک قسم کی مصنوعی مکھی جو مچھلی پکڑنے کے لیے چارے کے کام میں آتی ھے -

d. -bird : ایک خوشنما طیور پرند -

d. diver : ایک قسم کی بطخ -

Dun, *n.*, & *v. t.* : (۱) بار بار تقاضا کرنے والا قرض خواہ - (۲) قرض کا روپیہ وصول کرنے والا - (۳) تقاضا - (۴) بار بار تقاضا کرنا - (۵) دق کرنا ؛ پریشان کرنا -

Dunce, *n.* : غبی ' کند ذھن ؛ کودن -

d.'s cap : کاغذ کی لمبی نوکدار ٹوپی جو مدرسے میں کودن لڑکوں کے سر پر رکھی جاتی ھے -

Dunderhead, *n.*, **Dunder-headed**, *a.* : کوڑھ مغز ؛ بے وقوف ؛ احمق ؛ کاٹھ کا اُلو -

Dundreary, *n.*, *d. whiskers* . لمبے گل مچھے

Dune, *n.* : ساحل پر ریت کے اونچے ڈھیر یا ٹیلے -

Dung, *n.*, & *v. t.* : (۱) کھاد ؛ پانس - (۲) گوبر ؛ لید ؛ غلیظ - (۳) اخلاقی گندگی ؛ روحانی نجاست ؛ ناپاکی - (۴) (زمین میں) کھاد ڈالنا -

d. -beetle : گبریلا -

d. -fly : گوبر مکھی -

d. -worm : ایک کیڑا جو مچھلی پکڑنے میں چارے کا کام دیتا ھے -

Dungaree (-ngg-), *n.* : موٹی چھینٹ جو ھندوستان میں بنتی ھے -

Dungeon (dunjn), *n.*, & *v. t.* : (۱) قلعے کا بڑا برج - (۲) مضبوط زمین دوز محبس ؛ قلعے کا تہہ خانہ - (۳) زمین دوز محبس میں قید کرنا ؛ قلعے کے تہہ خانے میں قید کرنا -

Dunghill, *n.* : (۱) گھورا ؛ مزبلہ - (۲) بزدل -

d. cock : پلا ھوا مرغا -

cock on his own d. گھر کا تیس مار خاں ؛ وہ شخص جو اپنے گھر یا محلے کے لوگوں پر رعب جماتا اور اُنھیں ستاتا ھے -

Duniwassal (doo-), *n.* : (اسکاٹ لستان) پہاڑی طبقے کا دوسرے درجے کا امیر -

Dunlin, *n.* : سرخ پشت کی ریگستانی چڑیا -

Dunnage, *n.* : چٹائی وغیرہ جو نمی یا رگڑ سے بچانے کے لیے جہاز کے مال کے نیچے یا بیچ میں رکھ دی جاتی ھے ؛ زیر انداز -

Dunnock, *n.* : گوریا یا کنجشک کی ایک قسم -

Duodecimal, *a.* & *n.* : (۱) بارہ کا ؛ بارھویں حصے کا ؛ اثنا عشری ؛ بارہ کے حساب - (۲) (صیغۂ جمع) رقبے کے دریافت کرنے کا ایک قاعدۂ ضربی (جب کہ طول و عرض فٹ اور انچ میں دیا گیا ھو) -

Duodecimo, *n.* : (۱) کتاب کی ایک تقطیع (کاغذ کے پورے تختے کا بارھواں حصہ) - (۲) اس تقطیع کی کتاب - (۳) بہت چھوٹی چیز یا بالشتیا آدمی -

Duodenary, *a.* : بارہ بارہ کے حساب سے ؛ بارہ بارہ کے

سے میں -

Duodenum, *n.* : (تشریح) پیٹ کے بالکل نیچے کی چھوٹی آنت کا اگلا حصہ -

duodenal, *a.* : مذکورہ آنت کے اگلے حصے سے متعلق

duodenitis *n.* : مذکورہ آنت کے اگلے حصے کی بیماری

Duologue (-log), *n.* : دو آدمیوں کا مکالمہ ؛ وہ ناٹک جس میں دو هی ایکٹر هوں -

duomo (dwo-), *n.* : (اِٹالیا) بڑا گرجا -

Dupe, *n.*, & *v. t.* : (۱) وہ شخص جس کو دھوکا دیاجائے ؛ جو بے وقوف بنایا جائے ؛ اُلو - (۲) اُلو بنانا ؛ دھوکا دینا ؛ فریب دینا -

dupable, *a.* : دھوکا کھانے والا ؛ سادہ لوح -

dupability, *n.* : دھوکا کھانے کی صلاحیت ؛ سادہ لوحی -

duper, *n.* : دغا باز ؛ دھو کے باز -

dupery, *n.* : (۱) فریب دھی ؛ دھوکے بازی ؛ دغا بازی - (۲) دھوکا دینا -

Duple *a.* : دونا ؛ دگنا ؛ دھرا ؛ (صرف ذیل کے لفظوں میں آتا ھے :) -

d. ratio : دو اور ایک کی نسبت -

d. time, rhythm : (موسیقی) درضربا ؛ تال کی ایک قسم -

Duplex *a.* : دو عنصروں کا ؛ دھرا -

d. gas burner : گیس مشعل جس میں دو نلیاں هوتی هیں مگر شعلہ ایک هی هوتا ھے

d. lamp : دو بتیوں کا لیمپ -

d. telegraphy : دورخی تار برقی ؛ تار برقی کا وہ نظام جس میں ایک تار سے دونوں طرف خبر جاتی ھے -

Duplicate (-at), *a.* & *n.* : (۱) دھرا ؛ جس میں ایک طرح کے دو حصے هوں ؛ وہ نوع جس کے صرف دو فرد هوں - (۲) دونا ؛ دگنا ؛ دو چند ؛ دو چنداں - (۳) هو بہو نقل ؛ جواب - (۴) دو یکساں چیزوں میں سے ایک ؛ مثنی ؛ نقل - (۵) خط یا دستاویز کی نقل مطابق اصل - (۶) بل یا هنڈی کا مثنی - (۷) گروی رکھنے والے کی رسید - (۸) مترادف ؛ هم معنی - (۹) دو چیزوں میں کلی مشابہت -

d. proportion : تناسب مثناۃ ؛ دھرا تناسب -

d. ratio : نسبت مثناۃ ؛ دھری نسبت -

Duplicate, *v. t.* : (۱) دونا یا دو گنا کرنا ؛ دو چند کرنا ؛ دوسے ضرب دینا - (۲) ایک طرح کی دو چیزیں بنانا ؛ مثنی بنانا ؛ نقل مطابق اصل کرنا ؛ نقلیں کرنا -

duplication, *n.* : مثنی بنانا ؛ دونا کرنا یا هونا ؛ تضعیف -

duplicator, *n.* : مثنی بنانے والی مشین

Duplicity, *n.* : (۱) دورنگی ؛ منافقت ؛ دو روئی ؛ دغابازی ؛ فریب ؛ مکر - (۲) دونا هونا ؛ تضعیف -

Durable, *a.* : (۱) پائدار ؛ دیرپا - (۲) مضبوط ؛ اُستوار ؛ مستحکم

durability, durableness, *nn.* : پائداری ؛ مضبوطی -

durably, *adv.* : پائداری سے ؛ مضبوطی سے -

dura mater, *n.* : (تشریح) دماغ کی مضبوط بیرونی جھلی -

Durance, *n.* : قید ؛ حبس -

Duration, *n.* : (۱) امتداد - (۲) دوران ؛ مدت -

Durbar, *n.* : دربار -

Duress (e) (*or* dures), *n.* : (۱) حبس بے جا ؛ قید - (۲) جبر ؛ اِکراہ (خصوصاً حبس ' تھدید یا تشدد جو نا جائز طور پر کیا جائے) -

plea of d. : جبرو اِکراہ کا عذر -

During, *prep.* : درمیان میں ؛ اثنا میں ؛ دوران میں

Durmast, *n.* : ایک قسم کا شاہ بلوط -

Durn *v. t.* : دیکھو DARN -

Durra Dh-, (doo-), *n.* : باجرا

Durst : دیکھو DARE -

Dusk *n., a.,* & *v. i.* & *t.* : (۱) اندھیرا ؛ تاریکی ؛ ظلمت - (۲) جھٹ پٹا ؛ شام ؛ شام کا دھندلکا - (۳) (شعر) پرچھائیں سا ؛ دھندلا ؛ تاریک ؛ سیاہ - (۴) دھندلا یا تاریک معلوم هونا یا هوجانا یا کردینا -

duskily, *adv.* : دھندلا دھندلا وغیرہ -

duskiness, *n.* : دھندلا پن ؛ تاریکی ؛ تیرگی -

duskish, dusky, *aa.* : (کسی قدر) دھندلا یا تاریک -

Dust, *n.* : (۱) گرد ؛ غبار ؛ دھول - (۲) زر ؛ زرگل - (۳) بگولا - (۴) (جلے هوئے مُردے کی) خاک ' راکھ ' خاکستر (۵) جسم اِنسانی ؛ اِنسان - (۶) تذلیل ؛ ذلت ؛ تحقیر - (۷) گڑبڑ ؛ هنگامہ ؛ هل چل ؛ جنگ و جدال (۸) (عامیانہ) روپیہ پیسہ -

d. & heat : کشا کش -

d.-brand : ناج کی ایک بیماری جس سے بالی سیاہ برادے کی طرح هوجاتی ھے -

d.-cloak, -coat, -gown, -wrap, -cloth : چوغا ' کوٹ ' گون ' چادر یا کپڑا جو غبار سے بچنے کے لیے پہنا جائے یا ڈالا جائے -

d.-colour : هلکا خاکی رنگ -

d.-guard : مشین کا یا بائسکل کا وہ حصہ جو لباس کو غبار سے محفوظ رکھے -

dustman : دیکھو SANDMAN -

dustpan : وہ ظرف جس میں جھاڑو دیتے وقت کوڑا رکھا جاتا ھے -

d.-shot : سب سے چھوٹے چھرے -

bite the d. : زخمی یا قتل هو کر گرنا ؛ خاک و خون میں لوٹنا -

shake off the d. of one's feet : خفا هو کر چل دینا -

throw d. in one's eyes : (کسی کی) آنکھوں میں خاک جھونکنا ؛ دھوکا دینا -

dustless, *a.* : بے گرد ؛ بے غبار وغیرہ -

Dust, *v. t.* & *i.* : (۱) گرد یا سفوف چھڑکنا (کسی چیز پر) - (۲) گرد آلود کرنا ؛ گرد میں اَٹنا - (۳) کٹنا ؛ پڑکنا - (۵) جھاڑنا ؛ پونچھنا ؛ صاف کرنا - (۵) جھاڑو دینا ؛ (فرنیچر وغیرہ) صاف کرنا -

d. one's jacket : مارنا ؛ پیٹنا ؛ درست کرنا ؛ گرد جھاڑنا (کنایتاً) -

d. the eyes of : دھوکا دینا -

Duster, *n.* : (۱) جھاڑن ؛ صافی ۔ (۲) جھاڑنے والا : فرنیچر وغیرہ صاف کرنے والا ۔

Dusting, *n.* : (۱) گرد یا سفوف چھڑکنا ؛ جھاڑنا ؛ صفائی ۔ (۲) (عامیانہ) مارپیٹ ؛ مرمت کُندی ؛ سمندر کے طوفان میں ہچکولے کھانا ۔

Dusty, *a.* : گرد سے اَٹا ہوا گرد آلود ؛ غبار آلود ؛ (گرد کی طرح) باریک ؛ (مٹی کی طرح) خشک ؛ بے لطف ؛ بے مزہ ۔

d. miller : ایک قسم کا پھول دار پودا ؛ مصنوعی مکھی جو مچھلی پکڑنے کے لیے چارے کے طور پر اِستعمال ہوتی ہے ۔

not so d. : (عامیانہ) اچھا خاصا ؛ ایسا برا نہیں ۔

dustily, *adv.* : گرد میں اَٹا ہوا ؛ بے لطفی سے ۔

dustiness, *n.* : گرد آلود گی ؛ غبار آلود گی ؛ خشکی ؛ بے مز گی ۔

Dutch *a. & n.* : (۱) (تاریخ) جرمانی ؛ جرمانیا سے متعلق (جس میں ولندیز اور بلجیم بھی شامل تھا) ۔ (۲) ولندیز اور نشیبستان (Netherlands) کی زبان یا قوم کا ۔ (۳) نشیبستانی ؛ ولندیزی ۔ (۴) (تاریخ) جرمانی زبان یا اُس کی کوئی شکل ۔ (۵) ولندیز اور نشیبستان کی زبان ۔

D. wife : بید کا بنا ہوا آرام تکیہ جو مسہری میں لگا ہوتا ہے ۔

double D. : جناتی زبان (جو سمجھ میں نہ آئے) ۔

High D. : جرمانی زبان ۔

Low D. : جنوبی جرمانی (جس میں ولندیزی اور فلنڈری زبانیں شامل ہیں) ۔

Dutch *n.* : دیکھو DUCHESS ۔

Dutchman *n.* (pl. *-men*, fem. *-woman*) : (۱) ولندیز یا نشیبستان کا باشندہ ؛ ولندیزی ۔

flying D. : جہاز رانوں کے عقیدے میں ایک بھوت ہے جو جہاز کی شکل میں نظر آتا ہے ؛ اِنگلستان کی بعض تیز ریل گاڑیاں ؛ ولندیزی جہاز ۔

Duteous, *a.* : سعادت مند ؛ فرماں بردار ؛ اِطاعت شعار ؛ مُطیع ۔

duteously, *adv.* : سعادت مندانہ ؛ فرماں برداری سے اِطاعت شعاری سے ۔

duteousness, *n.* : فرماں برداری ؛ اِطاعت شعاری ۔

Dutiable, *a.* : قابل محصول ۔

Dutiful, *a.* : فرماں بردار ؛ اِطاعت شعار ؛ فرض شناس ۔

dutifully, *adv.* : فرمان برداری سے ؛ فرض شناسی سے ۔

dutifulness, *n.* : فرمابرداری ؛ فرض شناسی ۔

Duty, *n.* : (۱) ادب ؛ تعظیم ؛ احترام ۔ (۲) محصول ؛ چنگی ۔ (۳) فرض منصبی ؛ اخلاقی یا قانونی فرض ؛ فریضہ ۔ (۴) اخلاقی پابندی ۔ (۵) خدمت ؛ کار منصبی ؛ خدمت کی اَنجام دہی ؛ عبادت یا ادائے فرائض منصبی ۔ (۶) (مکانک) انجن کی کارکردگی ۔

d. call : وہ ملاقات جو چھدا (یا سر کا بوجھ) اُتارنے کے لیے کی جائے ۔

d.-paid, -free : محصول ادا شدہ ؛ بلا محصول ؛ محصول سے بری ۔

do d. for : کسی دوسری جگہ کام دینا ؛ قائم مقام سمجھا جانا ۔

Duumvir, *n.* (pl. *-s, -i*) : دو برابر کے اِختیارات رکھنے والے حکام کی کمیٹی کا ایک رکن ؛ دو رکنی کمیٹی یا بورڈ کا ایک ممبر ۔

duumvirate *n.* : دو رکنی کمیٹی یا بورڈ ۔

duvet, *n.* : بطخ کے پروں سے بھری ہوئی توشک یا گدا ۔

Dux, (no pl.) : (خاص کر اِسکاٹستان کی بولی) لڑکا جو اپنے درجے میں سب سے آگے ہو ۔

Dwale, *n.* : ایک قسم کا پودا جس کا پھل زہریلا ہوتا ہے ۔

Dwarf (-orf), *n., a. & v. t.* : (۱) بونا ؛ ٹھنگنا ؛ ناٹا ؛ پست قد ۔ (۲) (اِسکنڈینیاوی دیو مالا میں) بالشتیا ۔ (۳) بونا (بہ حالت ترکیبی پودوں کے ناموں میں) ۔ (۴) جس کی بڑھ ماری گئی ہو ؛ چھوٹا سا ؛ پدی ۔ (۵) بڑھ مارنا ؛ اُٹھان روک دینا ؛ جسمانی یا دماغی بالیدگی میں مُخل ہونا ۔ (۶) (فاصلے کی وجہ سے یا بڑی چیز کے مقابلے میں) بونا یا پست قد نظر آنا ۔

dwarfish, *a.* : (کسی قدر) ٹھنگنا ؛ پست قد ۔

dwarfishly, *adv.* : ٹھنگنے پن یا بونے پن سے ۔

dwarfishness, *n.* : بونا پن ؛ ٹھنگنا پن ؛ بالشتیا پن ؛ کوتاہ قامتی ۔

Dwell, *v. i.* (dwelt). & *n.* : (۱) (کسی مسئلے یا مضمون پر) مُفصل بحث کرنا ؛ دیر تک کھنکو یا غور کرتے رہنا ۔ (۲) بسنا ؛ رہنا ؛ سکونت ہونا ۔ (۳) (گھوڑے کا) آہستہ قدم اُٹھانا ؛ ٹٹی پھاندتے ہوئے ٹھٹک جانا ۔ (۴) مشین کی حرکت میں خفیف سا وقفہ ۔

Dweller, *n.* : (۱) ساکن ؛ باشندہ ؛ رہنے والا ۔ (۲) گھوڑا جو ٹٹی پھاندتے ٹھٹکے ۔

Dwelling, *n.* : (۱) بحث یا غور کرنا ؛ رہنا ؛ سکونت ؛ بود و باش وغیرہ ۔ (۲) مسکن ؛ محل ؛ گھر ۔

Dwindle, *v. i.* : (۱) گھٹنا ؛ کم ہونا ؛ سکڑنا ؛ سمٹنا ؛ گھلنا ۔ (۲) روبہ تنزل ہونا ؛ زوال پذیر ہونا ؛ قدر گھٹنا ؛ (اخلاقی حالت) بگڑنا ؛ گرنا ۔

Dyad (-ad), *n.* : (۱) دو ؛ دو کا عدد ۔ (۲) جوڑا ۔ (۳) (کیمیا) وہ ذرہ یا جز جس میں ھائیڈروجن کے دو ذروں کے شامل کرنے کی صلاحیت ہو ۔

dyadic, *a.* : دوہ مذکور سے مُتعلق ۔

Dye (di), *n.* : (۱) رنگ ۔ (۲) رنگ ؛ رنگنے کا مسالا ۔

d.-house, -works : رنگریزی کا کارخانہ ۔

d.-stuff, -ware, -wood : مسالا ؛ سامان یا لکڑی جس سے رنگ بنتا ہے ۔

Dye, *v. t. & i.* (*dyed* ; part. *dyeing*) : (۱) رنگنا ؛ رنگ چڑھانا ؛ رنگ دینا یا کرنا ۔ (۲) رنگنا ؛ رنگا جانا ؛ (کسی چیز پر) رنگ چڑھانا یا کھلنا

Dyer, *n.* : رنگریز ؛ رنگنے والا ؛ رنگ ساز ؛ رنگ آمیز ۔

dyer's : (بہ حالت ترکیبی پودوں کے نام کے ساتھ) جس سے

رنگ بنتا ھے

Dying, *n.* : (۱) مرنا - (۲) (اِسم ھے مگر ترتیب میں صفت کے معنی دیتا ھے) موت سے متعلق ؛ موت کے وقت کا ؛ آخری وقت کا -

Dyke : دیکھو DIKE -

Dynamic, *a.* & *n.* : (۱) قوت مُضمر کا رکھنے والا ؛ مُتحرک ؛ مُحرک ؛ قوت مُضمر کا کا - (۲) بالفعل (بالقوۃ کے مُقابلے میں) - (۳) قوت عمل رکھنے والا ؛ موثر ؛ قوی ؛ اثر آفرین ؛ قوت آفرین - (۴) حرکیات (علم حرکت اجسام) سے مُتعلق - (۵) (طب) وظائف اعضا سے مُتعلق - (۶) (فلسفہ) نظریۂ قوت سے مُتعلق ؛ قوتیت کا قائل - (۷) قوت مُضمر کا -

dynamism, *n.* : قوتیت (فلسفہ کا ایک نظریہ کہ مادہ اور روح دونوں فطری قوتوں کی حرکت سے پیدا ھوتے ھیں ' اصل جو ھر قوت ھے) -

dynamist, *n.* : نظریۂ قوت کا قائل ؛ قوتی -

Dynamical, *a.* : (۱) حرکیات سے مُتعلق - (۲) قوت مُضمر کا سے مُتعلق - (۳) (دینیات) (اِلہام کی صفت میں) روحانی (مادی یا مکانکی کے مُقابلے میں) - (۴) نظریۂ قوت کا ؛ قوتیتی کا -

dynamically, *adv.* : حرکیات کی روسے ؛ قوت مضمرکا کے اعتبار سے ؛ نظریۂ قوت کی روسے ؛ روحانی اِلہام سے -

Dynamics, *n. pl.*(used. as sing.) : (۱) حرکیات (علم حرکت اجسام) - (۲) کسی علم کا وہ حصہ جس میں فطری قوتوں کی بحث ھو - (۳) مادی یا اخلاقی قوت مُضمر کا -

dynamist, *n.*: حرکیات داں (عالم حرکت) اجسام ؛ علم حرکت اجسام کا ماھر -

Dynamite, *n.* & *v. t.* : (۱) ڈائنامیٹ ؛ ایک پھٹنے والا مادہ - (۲) ڈائنامیٹ سے اُڑا دینا -

Dynamiter, -ard, *nn.* : ڈائنا میٹ اِستعمال کرنے والا (اِنقلاب پسند) ؛ بم باز -

dynamitic, *a.* : ڈائنا میٹ کے اِستعمال سے مُتعلق ؛ بم بازی کا -

dynamitism, *n.*: ڈائنامیٹ کا اِستعمال یا اِس کا قائل ھونا ؛ بم بازی کا اصول -

dynamitist, *n.*: ڈائنامیٹ اِستعمال کرنے والا یا اِس کا قائل ؛ بم بازی کا قائل -

Dynamo- : (ترکیبی جز) برقی رو کا -

Dynamo, *n.* (PL. -os) : ڈائنمو ؛ برقی رو پیدا کرنے والی مشین -

Dynamometer, *n.* : (۱) آلۂ قوت پیما - (۲) دوربین کی قوت مکبرہ ناپنے کا آلہ ؛ تکبیر پیما -

Dynast, *n.* : فرماں روا سلاطین کے کسی سلسلے کا رکن -

Dynasty, *n.* : شاھی سلسلہ ؛ (موروثی) سلاطین کا سلسلہ -

dynastic, *a.* : سلسلۂ سلاطین کا -

dynastically, *adv.* : سلسلۂ سلاطین کے لحاظ سے -

Dyne, *n.* : (طبیعیات) قوت کی اِکائی -

Dys-, *pref.* : (سابقہ جو یونانی لفظ *dus-* "بد ' برا" سے ماخوذ ھے ؛ اور زیادہ تر طب وغیرہ کی اِصطلاحات میں آتا ھے) -

Dysentery, *n.* : شدید پیچش -

dysenteric, *a.* : پیچش سے متعلق -

Dyslogistic (-j-), *a.* : (لفظ کا) برے معنوں والا (اِستعمال) -

dyslogistically, *adv.* : برے معنوں میں (لفظ کا اِستعمال) -

Dyspepsia, -sy, *n.* : ضعف معدہ -

dyspeptic, *a.* & *n.* : جسے ضعف معدہ یا گرانی کی شکایت ھو ؛ ضعف معدہ کا مریض -

Dyspnoea (-*nea*), *n.* : (طب) ضیق النفس ؛ سانس کا بھاری چلنا -

dyspnoeic, *a.* : ضیق النفس کا مریض -

E

E, **e**, (e.), **letter** (pl. Es, E's) : حروف تہجی کا پانچواں حرف -

E-, *pref.* : (سابقہ) جو ایک دوسرے سابقے - EX کا مخفف ھے -

Each, *a* & *pron.* : ھر ؛ ھر ایک ؛ فی ؛ دو میں سے ایک -

Eager, *a.* : شائق ؛ شوقین ؛ شوقیہ ؛ اِشتیاق رکھنے والا ؛ متمنی ؛ سر گرم ؛ بے قرار -

e. air : ٹھنڈی ھوا -

eagerly, *adv.* : شائقانہ ؛ مشتاقانہ ؛ شوق یا سر گرمی سے -

eagerness, *n.* : اِشتیاق ؛ شوق ؛ تمنا ؛ آرزو مندی -

Eagle, *n.* : (۱) عقاب ' ایک بڑا شکاری پرند جو اپنی قوت پرواز اور تیز نظری کے لئے مشہور ھے ' اور جس کی تصویر روما اور فرانس وغیرہ کے جنگی علم پربنی ھوتی ھے - (۲) گرجا کی پڑھنے اور گانے کی میز جو عقاب کی شکل کی ھوتی ھے -

e.-eyed : تیز نظر ؛ دوربین -

e.-owl : یورپ کا بڑی قسم کا اُلو -

double e. : ایک امریکی سکہ جو بیس ڈالر کا ھوتا ھے -

Eaglet, *n.* : بچۂ عقاب ؛ عقاب بچہ -

Eagre (ager,e-), *n.* : سمندر کی ایک بڑی موج خصوصاً دریائے ھمبر ' ٹرنٹ اور سیورن میں -

-ean, *suf.* : (لاحقہ = -AN) جو صفت کا فائدہ دیتا ھے جیسے اُردو میں یائے نسبتی اِس کی اور صورتیں -*eian*, -*aean* -*ian* ھیں -

Ear, *n.* : (۱) کان ؛ گوش - (۲) نغمہ شناسی ؛ اچھے برے راگ کی تمیز - (۳) کوئی چیز جو کان کی شکل کی ھو ' خاص کر گھڑے کا کنڈھا -

e.-ache : کان کا درد -

e.-mark : (۱) جانور (بھیڑ وغیرہ) کے کان پر نشان جو مالک کا پتادے ؛ (مجازاً) نشان ملک - (۲) (*v. t.*) جانور کے کان پر ملکیت کا نشان ڈالنا ؛ (مجازاً) سرمائے وغیرہ کو کسی خاص مقصد کے لیے متعین کر دینا -

e.-phone : ٹیلیفون یا وائرلیس کا آلہ جسے کان میں لگا کر سنتے ھیں -

e. -ring : کان کا بالا ؛ بالی یا بجلی -
e. -shot : حد سماعت ؛ آواز کا ٹپا ؛ وہ فاصلہ جس تک آواز سنائی دے -
e. -trumpet : کان کا آلہ ؛ اذنک (وہ آلہ جس کی مدد سے بہرے سن سکتے ہیں) -
e. -wax : کان کا میل -
a word in your e : چپکے سے (بطور راز کے) ؛ کان میں (بات کہہ دینا) -
be all ee. : ہمہ تن گوش ہونا -
bring (storm, hornet's nest, &c.) *about* one's *ee.* : طوفان برپا یا بپا کرنا ؛ بھڑ سے دشمن بلا لینا (وغیرہ) -
give e. (to) : متوجہ ہونا ؛ اِلتفات کرنا -
have a person's e. : مقبول ہونا ؛ کسی کا اعتماد حاصل کرنا -
it goes in at one e. & out at the other : ایک کان سے سننا دوسرے سے اُڑا دینا -
I would give my ee. : میں ہر طرح اِیثار کرنے پر آمادہ ہوں -
over head & ee. (in) : (کسی چیز میں) غرق یا ڈوبا ہوا ہونا (نیز مجازاً) -
pick up one's *ee.* : کان کھڑے کرنا ؛ چوکنّا ہونا -
sent him away with a flea in his e. : اُس کے کان کھول دیے ؛ اُس سے صاف صاف کہہ دیا -
set (persons), *be, by the ee.* : اُکسانا ؛ اُبھارنا ؛ شوشہ دینا (کسی کے خلاف) -
were your ee. burning last night ? : " آپ کا ذکر خیر تھا " -
eared, -eared, *a.* : کان والا -
earless, *a.* : بُوچا ؛ کن کٹا -

Ear, *n.* : اناج کی بالی ؛ بھٹا -
eared, *a.* : بالی والا (پودا) -

Earing, *n.* : چھوٹی رسی جو باد بان کو مستول سے باندھتی ہے -

Earl (erl), *n.* (fem. countess) : انگلستان کے اُمرا کا ایک خطاب ؛ مارکوئیس (marquis) اور وائکونٹ (viscount) کے بیچ کا خطاب -
earldom, *n.* : ارل کا رتبہ -

Earlswood (erlz-), *n.* : ریڈ ہل ، سرے (واقع اِنگلستان) میں کم زور دماغ والوں کے لیے دارالشفا -

Early (er-), *a.* & *adv.* : سویرے ؛ تڑکے ؛ پہلے ؛ جلد ؛ قبل اِبتدائی ؛ قدیم -
e. bird : سحر خیز -
e. victorian : (۱) وکٹوریا کے اِبتدائی عہد کے (مصنفین وغیرہ) - (۲) جن کا طرز پرانا ہو گیا ہے
at your earliest convenience : جہاں تک جلد ممکن ہو ؛ جلد سے جلد -
earliness, *n.* : اِسم ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

Earn (ern), *v. t.* : کمانا ؛ حاصل کرنا ؛ اجر پانا -

Earnest (ern-), *a.* & *n.* : سنجیدہ ، متین ؛ مشتعد ؛ درپے ؛ غرق بھری (خواہش وغیرہ) -
in e. : مستعدی سے ؛ دل لگی سے نہیں ؛
earnestly, *adv.* : متعلق فعل ، مذکورۂ بالا معنوں میں -
earnestness, *n.* : سنجیدہ پن ؛ مستعدی -

Earnest (ern-), *n.* : (۱) دھروبھر ؛ دھروڑ ؛ دھروت ؛ سائی ؛ بیعانہ ؛ زر پیشگی - (۲) فال نیک یا بد -

Earning, *n.* : کمائی ؛ آمدنی -

Earth (er-), *n.* : زمین ؛ دھرتی ؛ (صیغۂ جمع) بِجّو یا لومڑی کا بھٹ ؛ مٹی ؛ دنیا ؛ کُرۂ ارض ؛ بر (خشکی) ؛ ربع مسکون ؛ (کیمیا صیغۂ جمع) میگنیشیا ؛ اللومنا ؛ چونا وغیرہ وغیرہ -
e. -born : خاکی ؛ آدم زاد -
e. -closet : پاخانے کا قدمچہ جس میں مٹی ڈال دی جاتی ہے -
e. -light, -shine : چاند کے تاریک حصے کا زمین کی روشنی سے منور ہونا -
earthwork : مٹی کا دھس -
earthworm : کیچوا ؛ زمینی کیڑا ؛ حشرات الارض (جمع) ؛ (مجازاً) ذلیل آدمی -
why &c. on e. ? : آخر کیوں ؛ نہ معلوم کیوں ؟
earthward (s), *adv.* : زمین کی طرف ؛ زمین کے رخ -

Earth, *v. t.* & *i.* : (۱) (درختوں کی جڑوں کو) مٹی کے ڈھیر سے ڈھکنا - (۲) (لومڑی کا تعاقب کر کے اُسے) بھٹ میں بھگا دینا -

Earthen, *a.* : مٹی کا ؛ گلی ؛ سفالی -

Earthenware, *n.* : مٹی کے برتن ؛ ظروفِ گلی ؛ سفالی برتن -

Earthly, *a.* : ارضی ؛ دنیاوی -
no e. use, (reason, chance) : قطعاً کسی مصرف کا نہ ہونا -
not an e. : (عامیانہ) کوئی توقع نہیں -
earthliness, *n.* : دنیاوی ہونا ؛ ارضی ہونا -

Earthquake, *n.* : زلزلہ ؛ بھونچال ؛ (مجازاً) اِنقلاب -

Earthy, *a.* : مٹی کا ؛ زمین کا ؛ مٹیالا ؛ (مجازاً) سوا سر مادی -
earthiness, *n.* : مٹیالا پن ؛ مٹی کا ہونا -

Earwig, *n.*, & *v. t.* (-gg-) : (۱) کن کھجیا ؛ ایک کیڑا جس کی نسبت خیال ہے کہ کان میں گھس کر سر میں جا پہنچتا ہے- (۲) (کسی کے) کان بھرنا -

Ease (ez), *n.* : سہولت ؛ آرام ؛ چین ؛ سکھ ؛ عافیت ؛ درد سے نجات -
chapel of e. سہولت -
stand at e. : (فوجی) داھنے پیر کو ذرا پیچھے ہٹا کر اور اُس پر جسم کا زور دے کر کھڑا ہونا -
easeless, *a.* : بے آرام ؛ بے چین -

Ease, *v. t.* & *i.* : درد مٹانا ؛ دکھ دور کرنا ؛ آرام دینا ؛ سکھ پہنچانا ؛ تسکین دینا ؛ (مزاحاً) لوٹ لینا ؛ ڈھیلا کرنا ؛ ٹھیک کرنا ؛ (بحر) رسی یا باد بان کا ڈھیلا کرنا ؛ انجن کی رفتار دھیمی کرنا -
e. off : ہلکا ہو جانا -

Easeful, *a.* : آرام دہ ؛ مسکّن ؛ ساکن ؛ کاہل ؛ آرام طلب -

easefully, *adv.* : متھی پن سے ؛ سستی سے

easefulness, *n.* : متھا پن ؛ کاہلی ؛ آرام طلبی —

Easel (-zl), *n.* : لکڑی کا ٹیکن تصویروں وغیرہ کے لیے —

Easement, *n.* : (۱) (قانون) حق آسائش ؛ دوسرے کی زمین پر مرور وغیرہ کا حق - (۲) اَلحق عمارت ؛ متعلق یا ملحق مکانات - (۳) (قدیم) آسائش ؛ تکلیف یا بار سے چھٹکارا —

East, *adv., n., & a.* : پورب ؛ مشرق ؛ مشرقی ممالک ؛ طلوع آفتاب کی سمت —

E. End : لندن کا مشرقی حصہ —

E. Indies : ھندستان مع جزائر ھند —

e. wind : پروا ھوا ؛ پروائی ؛ پورب کی جانب سے چلنے والی ھوا —

far E. : چین ' جاپان وغیرہ بعید مشرق ؛ مشرقِ اقصی —

near E. : ترکی وغیرہ ؛ قریب مشرق ؛ مشرق قریب —

to the e. (of) : پورب طرف ؛ مشرق (کی) جانب —

eastward, *a. & n.*, **eastward(s)**, *adv.* : پورب کے رخ ؛ مشرق کی جانب —

Easter, *n.* : ایسٹر یا عیدالفصح ' عیسائیوں کا تیوہار جو ۲۱ مارچ یا اُس کے بعد کے پہلے اِتوار کو منایا جاتا ھے ؛ حضرت عیسی کے قبر سے اُٹھنے کا دن —

E.-eggs : رنگے ھوئے انڈے جو اِس تیوہار کو دوستوں میں تقسیم کیے جاتے ھیں —

E.-eve : ایسٹر سے قبل کا دن —

Easterly, *a. & adv.* : شرقی ' شرق رویہ ؛ مشرق رویہ ؛ پورب رخ کا —

Eastern, *a. & n.* : شرقی ' مشرقی ؛ پوربی ؛ مشرق کا (باشندہ وغیرہ) ؛ مشرق سے متعلق —

E. Church : یونانی کلیسا —

E. question : مشرقی مسئلہ ؛ مشرقی پورب کا مسئلہ (سیاسی وغیرہ) خاص کر ترکی معاملات کا —

easternmost, *a.* : اِنتہائی مشرقی —

Easting, *n.* : (۱) (بحر) جہاز کو پورب رخ لے جانا — (۲) مشرقی سمت -

Easy (-zi), *a., adv., & n.* : (۱) آسان ؛ سہل ؛ آرام دہ - (۲) جس میں لوچ ھو ؛ میاں آدمی ؛ نرم مزاج شخص (۳) مطمئن ؛ بے فکر - (۴) (تجارت) جنس جس کی مانگ کم ھو ؛ مندا ؛ ماندی —

easy! : آھستہ آھستہ (قدم اُٹھاو) ! —

e. all! : ٹھہر جاو ! (کشتی کی دوڑ میں) —

e. chair : آرام کرسی ؛ آرام چوکی —

e. circumstances : خوش حالی ؛ فارغ البالی ؛ آسودہ حالی -

e.-going : (گھوڑا) مزے مزے چلنے والا ' میٹھی چال سے چلنے والا ؛ (شخص) آرام طلب ؛ آسانی پسند —

e. manners : بے تکلفی ؛ بے تکلف یا بے جھجک طرز یا روش —

an e. : ذرا دیر دم لینا —

stand e.! : دیکھو STAND AT EASE —

take it . . . : گھبراو مت ! اطمینان ' دلجمعی سے کیے جاو !

easily, *adv.* : متعلق فعل ' مذکورۂ بالا معنوں میں —

easiness, *n.* : اِسم ' مذکورۂ بالا معنوں میں —

Eat, *v. t. & i.* (PAST *ate*, *eat*, PRON. ET; P.P. *eaten*, PRON. ETN) : کھانا ؛ تناول کرنا ؛ چبانا اور نگلنا ؛ چٹ کرجانا -

e. away : گھن لگنا ؛ (رفتہ رفتہ) تباہ کرنا ؛ غارت کردینا ؛ چاٹ جانا —

e. humble pie : عاجزی سے عذر معذرت کرنا ؛ ذلیل طور پر معذرت کرنا ؛ خفت اُٹھانا —

eaten up with pride : کبر و نخوت میں چور —

e. one's heart out : دل میں کڑھنا —

e. one's terms or dinners : بیرسٹری کی تعلیم حاصل کرنا -

e. one's words : خفیف ھوکر اپنی بات پلٹنا یا اپنے الفاظ واپس لینا —

e. (person) out of house & home : کسی کی ساری اِملاک کھاجانا ؛ (مجازاً) کسی کا سارا گھر تہس نہس کر ڈالنا —

e. up : کھا جانا ؛ صفایا کر دینا -

horse &c. eats its head off : جانور کی کھلائی میں اُس کی قیمت سے زیادہ صرف ھونا ؛ دیوتی نی بڑھیا ٹکا سر منڈائی -

well, don,t e. me : (مزاحاً) سخت شکایت کا جواب یعنے میرا سر کیوں کھاتے ھو -

eatable, *a. & n.* (pl.) : خوردنی ؛ کھانے کے قابل -

Eating, *n.* : اسم ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

e.-house : طعام خانہ ؛ تناول خانہ -

Eau (o), *n.* : عرق ؛ پانی -

e.-de-Cologne : نہایت رقیق خوشبو جو کولون (جرمانیا) میں بنتی ھے -

e.-de-Luce : سانپ کے کاٹے کی ایک دوا ؛ تریاق -

e.-de-vie : برانڈی شراب ؛ " ماءالحیات " -

e. sucree : شکر کا شربت -

Eaves, *n.* (now pl.) : اولتی ؛ چھجے کا موتیا -

eavesdrop : اولتی کے نیچے چھپے ھوئے کسی کی باتیں سننا ؛ چھپ کر سن لینا ؛ کن سوئیاں لینا -

eavesdropper : چھپ کر سن لینے والا -

Ebb, *n., & v. t.* : جزر (مقابل مد) ؛ بھاٹا ؛ اُتار گھٹاو ؛ اُترنا گھٹنا -

e. & flow : جزر و مد ؛ جوار بھاٹا -

e.-tide : جزر ؛ اُتار ؛ (مجازاً) اِنحطاط ؛ تنزل -

at a low e. : تنزل کی حالت میں -

Ebon, *a.* : آبنوسی ؛ آبنوس کا -

Ebonite, *n.* : ربر اور گندھک کا مرکب -

Ebony, *a. & n.* : آبنوس ؛ آبنوسی -

ebonize, *v. t.* : آبنوسی بنانا -

Ebriety, *n.* : متوالا پن ؛ مدھوشی ؛ بد مستی -

Ebrious, *a.* : متوالا ؛ مدھوش ؛ سرشار ؛ مدھوشانہ ؛ مستانہ -

Ebullient, *a.* : جو ابال کی حالت میں ؛ کھولتا ھوا ؛ اُبلتا جوشیلا ؛ پر جوش ؛ آپے سے باھر ھوجانے والا -

ebullience, -ency, *nn.* : اسم ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

Ebullition, *n.* : جوش ؛ اُبال ؛ جوشیلا پن ؛ آپے سے باہر ہوجانا -
Ecarte (ekarta), *n.* : دو آدمیوں کے کھیلنے کا تاش کا کھیل -
Ecce Homo (eksi), *n.* : حضرت عیسیٰ کی تصویر جس میں سر پر کانٹوں کا تاج ہوتا ہے -
Eccentric (iks-), *a.* & *n.* : (۱) بے مرکز ؛ خارج المرکز - مختلف المرکز - (۲) سنکی ؛ نرالا آدمی - (۳) ایک آلہ جو حرکت دوری کو آگے پیچھے کی حرکت میں تبدیل کردیتا ہے -
eccentrically, *adv.* : متعلق فعل ' مذکورہ بالا معنوں میں -
eccentricity, *n.* : (۱) بے مرکزیت - (۲) سنک -
Ecclesia (-z-), *n.* : (ایتھنس والوں کی) ایک باضابطہ مجلس -
Ecclesiast, *n.* : ایتھنس کی مجلس کا رکن ؛ حضرت سلیمان جو (توریت کے) صحیفۂ مواعظ کے مصنف سمجھے جاتے ہیں
Ecclesiastic, *n.* & *a.* : (۱) کلیسا کا عہدہ دار پادری - (۲) کلیسائی (آج کل شاذ) -
Ecclesiastical, *a.* : کلیسائی ؛ کلیسا کے متعلق -
E. Commission (ers) : کلیسائے انگلستان کی مالیات کا انتظام کرنے والی جماعت -
ecclesiastically, *adv.* : کلیسائیانہ -
ecclesiasticism, *n.* : کلیسائیت -
Ecclesiasticus, *n.* : توریت کا ایک حصہ جو غیر معتبر سمجھ کر خارج کردیا گیا ہے -
Ecclesiology, *n.* : کلیسیات ؛ علم تعمیر و آرائش کلیسا -
ecclesiologic (al), *aa.* : کلیسیات سے متعلق -
ecclesiologist, *n.* : کلیسیات داں ؛ کلیسیات کا ماہر -
Ecdysis, *n.* : کانچلی یا آثار پھینکنا (نیز مجازاً) -
Echelon (eshelon), *n.*, & *v. t.* : (۱) فوج کے حصوں کی ترتیب - (۲) ترتیب دینا -
in e. : فوج کے مرتب حصے -
Echidna (ek-), *n.* : آسٹریلیا کا ایک زمین کھودنے والا بے دانتا جانور ' سیہی سے مشابہ -
Echinite (ek-), *n.* : متحجر ؛ خار پشت -
Echinoderm (iki-, eki- ; *n.* : حیوانات کا وہ طبقہ جس میں خارپشت شامل ہیں -
Echinus (-k-), *n.* : خار پشت ؛ سیہی -
Echo (eko), *n.* : (۱) گونج ؛ گنبد کی صدا ؛ آواز باز گشت ؛ پوری نقل ؛ ہو بہو نقل ؛ نقالی ؛ نقال - (۲) ایک صنعت جس میں ایک شعر یا مصرعے کے اخیر لفظ یا بول سے اگلا شعر یا مصرعہ شروع ہوتا ہے ؛ صنعت ردالعجز علی الصدر ؛ صنعت تصدیر -
echoless, *a.* : بے گونج
Echo, *v. i.* & *t.* : گونجنا ؛ گونج پیدا کرنا ؛ صدائے باز گشت آنا اور پیدا کرنا ؛ کسی کے خیالات یا الفاظ کو حرف بحرف دہرا دینا -
Echoism, *n.* : اسم اصوات -
Eclair (e-), *n.* : مٹھائی کی قلم جس میں ملائی بھری ہوتی ہے -
eclaircissement, *n.* : توجیہ ؛ تشریح ؛ توضیح -

eclat (eklah), *n.* : نمایاں کامیابی ؛ عام تحسین و آفرین ؛ پسندیدگی ؛ واہ واہ ؛ دھوم دھام ؛ کر و فر ؛ تزک و احتشام -
with great e. : بڑی دھوم دھام یا بڑے کرو فر سے -
Eclectic, *a.* & *n.* : قدیم حکما کا وہ گروہ جو مختلف مذاہب فلسفہ سے مسائل کا انتخاب کرلیتا تھا ؛ وہ شخص جس کے خیالات وغیرہ کسی مخصوص دائرے کے اندر محدود نہ ہوں -
eclectically, *adv.* : انتخابی طور پر -
eclecticism, *n.* : انتخابیت -
Eclipse, *n.* : گہن ؛ گرہن ؛ کسوف ؛ خسوف ؛ تاریکی ؛ روشنی کے مینار سے روشنی کا تھوڑی دیر کے لیے غائب ہوجانا -
Eclipse, *v. t.* : گہن پڑنا ؛ بے نور کرنا ؛ بے رونق کرنا ؛ ماند کرنا -
Ecliptic, *a.* & *n.* : (۱) گہن سے متعلق (۲) وہ دور جس سے سورج گذرتا ہوا معلوم ہوتا ہے -
Eclogue (-og), *n.* : مختصر نظم یا راگ دہقانی زبان میں -
Ecology : دیکھو OECOLOGY
Economic, *a.* & *n.* : (۱) اقتصادی ؛ معاشیاتی - (۲) پر منفعت (۳) صنعت و حرفت سے متعلق -
economics, *n.* : معاشیات ؛ اقتصادیات ؛ وہ علم جس میں دولت کی پیدائش اور تقسیم سے بحث کی جاتی ہے -
Economical, *a.* : (۱) کفایت شعار - (۲) معاشیات سے متعلق؛ معاشی -
Economically, *adv.* : کفایت شعاری سے ؛ معاشیات کے نقطۂ نظر سے -
Economist, *n.* : معاشیات کا جاننے والا ؛ معاشی ؛ کفایت شعار منتظم -
Economize, *v. t.* & *i.* : کفایت شعاری کرنا ؛ میانہ روی اختیار کرنا (مصارف میں) -
economization, *n.* : اسم مذکورۂ بالا معنوں میں -
Economy, *n.* : جماعتی وسائل دولت کا نظم و نسق ؛ کفایت شعاری ؛ تنظیم ؛ اجتماعی تنظیم ؛ (مذہب) اسی عقیدے کو سلیقے سے پیش کرنا -
e. of truth : سچ کہنے میں بخل (حد سے زیادہ احتیاط) کرنا -
political E. : معاشیات ؛ اقتصادیات -
Ecru (-oo), *n.* : کپڑے کا اصلی رنگ ؛ کورے کپڑے کا رنگ -
Ecstasize, *v. t.* & *i.* : وجد میں لانا (کسی کو) ؛ وجد آنا -
Ecstasy, *n.* : وجد ؛ غایت انبساط ؛ آنند ؛ (طب) وہ عصبی مرض جس میں ذہن سوا ایک خاص خیال کے بالکل خالی ہوتا ہے ؛ شاعرانہ ترنگ یا جنون -
Ecstatic, *a.* : وجد آفریں ؛ وجد آور -
ecstatically, *adv.* : وجد آور طور پر -
Ecto- : (سابقہ) بیرونی ؛ خارجی -
ectoplasm : قشر ؛ برمایہ -
ectozoon : بیرونی طفیلیہ -
Ecumenical : دیکھو OECUMENICAL -

Eczema, *n.* : اکزیما -

-ed, *suf.* : لاحقہ جو افعال
کو اسم مفعول بناتا ہے ؛ جیسے : *-blessed, decayed, learned*

Edacious, *a.* : کھاؤ ؛ پیٹو ؛ جس کو کھانے کا ہوکا ہو ؛
اکھووری -

edacity, *n.* : پیٹوپن ؛ ہوکا -

Edam (e-), *n.* : ولندیزی پنیر -

Edda, *n.* : جزیرۂ آئسستان کی قدیم نظموں کا مجموعہ -

Eddy, *n.*, & *v. t.* & *i.* : (۱) گرداب ؛ بھنور ؛ پانی ' آندھی '
کُہرے ' دھوئیں وغیرہ کے پیچ یا چکر - (۲) چکر کھانا ؛
بھنورپڑنا -

Edelweiss (adelvis), *n.* : کوہستان آلپ کا ایک پودا
جس میں سفید پھول پیدا ہوتے ہیں

Eden (e-), *n.* : حضرت آدم و حوا کا مسکن ؛ باغ عدن ؛
فردوس بریں ؛ آنندبھون ؛ غایت سرور و انبساط -

Edentate, *n.* & *a.* : ادنت ؛ بے دانتا جانور ؛ پوپلا ؛ بے
کچلی کا -

Edge, *n.* : باڑہ ؛ دھار ؛ سیدھی ڈھلان کا کنارا ؛ کنارا ؛ کور ؛
نکر ؛ نازک وقت یا حالت ؛ دوڈھلواں سطحوں کے ملنے سے
جو کنارہ پیدا ہوتا ہے -

e.-bone : دیکھو AITCH-BONE

edged tool : دھاردار اوزار -

e.-tool : کاٹنے کا اوزار ؛ (استعارتاً) بمعنے *edged tool* -

do the inside, outside, e. : اسکیٹ کے اندرونی یا بیرونی
سرون پر چلنا -

set (person's) *teeth on e.* : چڑچڑا کرنا ؛ گِھن دلانا -

take the e. off : کند کر دینا ؛ شدت کم کردینا ؛ زور توڑ
دینا (دلیل ' بھوک وغیرہ کا) -

edgeless, *a.* : بے باڑہ ؛ کند ؛ کھونڈا -

Edge, *v. t.* & *i.* : (۱) دھار رکھنا ؛ باڑہ رکھنا ؛ تیز کرنا -
(۲) حاشیہ ٹانکنا ؛ کنارا بنانا ؛ جھالر لگانا - (۳) کترانا ؛
کتراتے ہوئے چلنا - (۴) اُکسانا ؛ بھڑکانا ؛ چوٹ کرنا ؛
گھس پیٹھ کرنا -

e. on : دیکھو EGG ON -

Edgeways, -wise, *adv.* : (۱) دھار کی جانب - (۲) (دو
چیزیں باہم) کنارے کنارے -

get a word in e. : باتونی آدمی کے وقفۂ سکوت میں
(ایک آدھ بات کہہ دینا) -

Edging, *n.* : حاشیہ ؛ جھالر ؛ کنارہ ؛ گوٹ ؛ سنجاف -

e.-shears : چمن کے چھانٹنے کی قینچی -

Edgy, *a.* : تیز دھار والا ؛ (نقاشی) (نظروں میں) کھٹکنے
والا خاکا -

Edible, *a.* & *n.* : کھانے کے قابل ؛ خوردنی ؛ کھانے جوگ -

edibility, *n.* : (کسی چیز کے) کھائے جانے کی صلاحیت -

Edict, *n.* : فرمان حکومت ؛ فرمان -

E. of Nantes : ھنری چہارم کا فرمان ' فرقۂ پروٹسٹنٹ کی
رواداری کے بارے میں جسے لوئی چہاردھم نے منسوخ کیا -

edictal, *a.* : فرمان سے متعلق -

Edifice, *n.* : (بڑی) عمارت ' حویلی -

Edify, *v. t.* : افادۂ روحانی کرنا ؛ (کسی کی) روحانی کیفیت
میں ترفع پیدا کر دینا ؛ اخلاقی اصلاح کرنا (اکثر طنزاً) -

edification, *n.* : افادۂ روحانی ؛ (کسی کی) روحانیت
کو بالمد کرنا ؛ اخلاقی اصلاح -

Edit, *v. t.* : تہذیب و ترتیب کرنا ؛ اڈیٹری کرنا ؛ مدون کرنا ؛ دوسروں
کے معلومات اور تحریروں کو تصرف و ترتیب کے ساتھ شائع
کرنا ؛ تحریروں کو کانٹ چھانٹ کے بعد شائع کرنا

Edition, *n.* : اشاعت ؛ طبع (جیسے پہلی اشاعت ' طبع اعلی
وغیرہ) ؛ تعداد اشاعت (ایک بار اور ایک مطابع کی چھپی
ہوئی چیز کا شمار) ؛ کھان -

edition de luxe, *n.* : نفیس اشاعت ؛ طبع اعلی پُرتکلف اشاعت -

editio princeps, *n.* : پہلی اشاعت ؛ طبع اول ؛ پہلا کھان -

Editor, *n.* : اڈیٹر ؛ مدیر ؛ اخبار نویس ؛ اخبار یا رسالے کا
ترتیب دینے والا ؛ مرتب ؛ جامع ؛ مدون -

editorship, *n.* : اڈیٹری ؛ ادارت ؛ ترتیب دینے
کی خدمت -

editress, *n.* : مدیرہ (لفظ اڈیٹر کا مونث) -

Editorial, *a.* & *n.* : (۱) مدیرانہ ؛ اڈیٹر سے متعلق -
(۲) وہ مضامین جو اڈیٹر خود لکھے یا جن کا وہ براہ راست
ذمہ دار ہو -

editorially, *adv.* : مدیرانہ طور پر -

Educate, *v. t.* : تعلیم دینا ؛ تربیت کرنا ؛ لکھانا پڑھانا ؛
سکھانا (جانوروں کو) سدھانا -

educability, *n.* : تربیت پذیری ؛ تعلیم پانے کی صلاحیت -

educable, *a.* : تربیت پذیر ؛ تعلیم پانے کی صلاحیت
رکھنے والا -

educative, *a.* : تعلیمی ؛ تعلیم سے متعلق ؛ سبق آموز -

educator, *n.* : معلم ؛ تربیت کرنے والا -

Education, *n.* : تعلیم ؛ تربیت ؛ تہذیب عقل و اخلاق ؛
ضابطۂ تعلیم ؛ نصاب درس ؛ (جانوروں کی) سدھائی -

educational, *a.* : تعلیمی ؛ متعلق بہ تعلیم -

educationally, *adv.* : تعلیمی حیثیت سے ؛ تعلیم
کی رو سے -

education (al) ist, *nn.* : ماہر تعلیم ؛ تعلیم داں ؛ معلم -

Educe, *v. t.* : بروئے کار لانا ؛ قوۃ سے فعل میں لانا ؛ (کیمیا)
مرکب کے کسی مفرد جز کو الگ کرنا ؛ تجزیہ ؛ استخراج
و استنباط (نتائج) -

educible, *a.* : استنباط پذیر ؛ تجزیہ پذیر ؛ استخراج پذیر -

Educt, *n.* : (کیمیا) وہ جسم جو کسی دوسرے جسم سے
نکالا جائے ؛ استخراج و استنباط -

Eduction, *n.* : قوۃ سے فعل میں لانا (استیم انجن) ؛
عمل استخراج -

e.-pipe : بھاپ نالی ؛ وہ نالی جس سے بھاپ خارج
ہوتی ہے -

e.-valve : کھل ماسں ؛ بھاپ خارج کرنے کی نالی -

Edulcorate, *v. t.* : اجزائے شور کو دور کردینا ' صاف کرنا -

edulcoration, *n.* : اجزاے شور کے دور کرنے کا عمل -

-ee, *suf.* : لاحقہ جو عموماً اسم مفعول کی علامت ہے ؛ جیسے : *payee, refugee, vendee* وغیرہ میں -

Eel, *n.* : (۱) ایک مچھلی جو سانپ کی سی ہوتی ہے ؛ بام مچھلی - (۲) (مجازاً) کمزور اور متلون ہستی - (۳) ایک ننھا کیڑا جو سر کے وغیرہ میں پڑ جاتا ہے -

e.-buck : ایل مچھلیوں کے پکڑنے کی ٹوکری -

e.-spear : وہ برچھا جس سے ایل مچھلی کا شکار کرتے ہیں -

eely, *a.* : ایل مچھلی کا سا ؛ متلون -

E'en, : دیکھو EVEN -

-eer, *suf.* : لاحقہ جس سے لفظوں میں فاعلیت کا افادہ ہوتا ہے ؛ جیسے : *electioneer, mountaineer* وغیرہ میں -

E'er : دیکھو EVER -

Eerie, -eery, *a.* : (۱) ڈرپوک (اوہام پرستی کی وجہ سے) - (۲) عجیب ؛ بھیانک -

eerily, *adv.* : متعلق فعل مذکورۂ بالا معنوں میں -

eeriness, *n.* : ڈر ؛ بزدلی ؛ توہم پرستی -

Ef-, *pref.* (=ex-) سابقہ بمعنی " قبل " -

Efface, *v. t.* : (۱) رگڑ کر مٹا دینا یا چھیل دینا - (۲) (مجازاً) مٹا دینا ؛ محو کردینا ؛ معدوم کردینا ؛ فنا کردینا - (۳) بالکل مغلوب کردینا ؛ ماند کردینا - (۴) کسی کو حقیر سمجھنا -

effaceable, *a.* : فنا پذیر ؛ مٹ جانے والا -

effacement, *n.* : فنا پذیری ؛ مٹ جانا -

Effect, *n.* : (۱) نتیجہ ؛ حاصل ؛ انجام - (۲) اثر ؛ تاثیر - (۳) (نقاشی) رنگوں یا صورتوں کا اجتماع -

effects : (جمع) جائداد ؛ مال اسباب ؛ اثاثہ -

bring to, carry into e. : انجام دینا ؛ تکمیل کو پہنچانا -

give e. to : بجا لانا ؛ تعمیل کرنا -

in e. : عملاً -

take e. : کار گر ہونا ؛ نافذ ہونا ؛ عمل در آمد ہونا -

effectless, *a.* : بے نتیجہ ؛ بے اثر وغیرہ -

Effect, *v. t.* : وجود میں لانا ؛ پورا کرنا ؛ عمل میں لانا ؛ نفاذ میں لانا -

Effective, *a.* & *n.* : (۱) موثر ؛ کار گر ؛ پر اثر - (۲) موجود - (۳) (سپاہی یا ملاح) قابل ملازمت -

effectively, *adv.* : موثر طریقے سے -

effectiveness, *n.* : اثر ؛ تاثیر -

Effectual, *a.* : (قانون) موثر ؛ کار گر -

effectually, *adv.* : موثر طریقے سے -

effectualness, *n.* : اثر آفرینی -

Effectuate, *v. t.* : انجام دینا ؛ پورے کار لانا ؛ پورا کرنا -

effectuation, *n.* : انجام دہی ؛ تکمیل -

Effeminate (*-at*), *a.* : (۱) زنانا ؛ زنخا ؛ زن نما ؛ نا مرد - (۲) نفس پرست ؛ بوالہوس -

effeminacy, *n.* : زنان پن ؛ زنانا پن ؛ زنخا پن ؛ نا مردی -

effeminately, *adv.* : زنانا پن سے ؛ زنان پن سے وغیرہ -

Effendi, *n.* : آفندی ؛ ترکوں کا ایک تعظیمی لقب حکام اور اہل علم کے لیے -

Efferent, *a.* : (عضویات) برآور ؛ باہر لانے والا -

Effervesce (-es), *v. i.* : ہوا کے بلبلے چھوڑنا ؛ کھد بدانا ؛ ابال آنا ؛ (مجازاً اکثر انسان کے لیے) سرگرمی یا جوش ظاہر کرنا -

effervescence, -ency, *nn.* : ابال ؛ جوش -

effervescent, *a.* : جوش میں ؛ جوش بھرا ؛ کھد بد کرنے والا -

Effete, *a.* : ضعیف ؛ نا تواں ؛ فرسودہ ؛ ناکارہ -

effeteness, *n.* : فرسودگی ؛ نا توانی ؛ نکما پن ؛ ناکارہ پن -

Efficacious, *a.* : یقینی تاثیر رکھنے والا ؛ کارگر ؛ مجرّب -

efficaciously, *adv.* : متعلق فعل مذکورۂ بالا معنوں میں -

efficaciousness *n.* : پر اثر ہونا ؛ اثر بخش -

efficacy, *n.* : اثر ؛ تاثیر ؛ قوت -

Efficient, *a.* : (۱) تاثیر بخش ؛ اثر آفرین - (۲) (اشخاص) کارگزار ؛ اہل ؛ قابل ؛ لائق -

e. cause : اصل باعث ؛ اصلی سبب یا علت یا علت فاعلی -

efficiency, *n.* : کارگزاری ؛ قابلیت ؛ لیاقت ؛ تاثیر بخشی ؛ کار کردگی -

efficiently, *adv.* : قابلیت وغیرہ سے -

Effigy, *n.* : شبیہ ؛ صورت ؛ بت ؛ پتلا -

hang, burn, (Person), in e. : (کسی کا) پتلا بنا کر جلانا -

Effloresce (-es) *v. i.* : پھولنا ؛ پھول کھلنا ؛ (استعارتاً) شباب پر ہونا ؛ عروج پر ہونا ؛ (کیمیا) (اشیاے بلورین کا) ہوا لگنے سے ریزہ ریزہ ہو جانا ؛ (نمکوں کا) سطح پر آ کر بلوریں بن جانا ؛ (دیوار یا زمین پر) نمک کے ذرات کا جم جانا ؛ لونی لگنا -

efflorescence, *n.* : پھول کھلنا -

efflorescent, *a.* : پھولوں لدا -

Effluence, *n.* : (۱) بہاو ؛ روانی ؛ رو (برق، روشنی وغیرہ کی) - (۲) بروز -

Effluent, *a.* & *n.* : (۱) رواں ؛ جاری - (۲) چشمہ یا دھارا جو کسی بڑے چشمے یا دھارے سے نکل کر رواں ہو -

Effluvium (-oo-), *n.* : (pl. *-ia*) : (۱) باہر کا سانس جو پھیپھڑے اور قوت شامہ کو متاثر کرے - (۲) مفروضہ ذرات کا سلسلہ جو مثلاً طیس وغیرہ سے خارج ہوتا رہتا ہے -

Efflux, *n.* : (۱) باہر کی جانب بہاو (ہوا وغیرہ کا نیز استعارتاً) - (۲) جو چیز بہے ؛ ریزش ؛ برآمد -

effluxion, *n.* : مندرجہ بالا لفظ کے معنوں میں -

Effort, *n.* : (۱) سعی ؛ کوشش ؛ سرگرمی - (۲) (خطابت) قوت تقریر کی نمائش -

Effortless, *a.* : (۱) غیر ساعی ؛ غیر سرگرم ؛ کوشش نہ کرنے والا - (۲) آسان (جس میں کوشش نہ کرنی پڑے) ؛ بے ساختہ ؛ بے تکلف -

Effrontery (-unt-), *n.* : ڈھٹائی ؛ دیدہ دلیری -

Effulgent, *a.* : چمک دار ؛ چمکیلا ؛ درخشاں -

effulgence, *n.* : چمکیلا پن ؛ درخشانی -

effulgently, *adv.* : درخشاں طور پر -

Effuse (-s), *a.* : (نباتیات) پراگندہ ؛ (صدفیات) دو پلڑوں

والا (خول) جس کے درمیان خلا ہو -

Effuse (-z), *v. t.* : لنڈھانا ؛ بہانا ؛ اُنڈیلنا -

Effusion (-zhn), *n.* : بہانا ؛ تراوش ؛ (مجازاً) بے ٹھکانے تحریر (تصنیف وغیرہ) ؛ پر گوئی ؛ فضول گوئی -

Effusive (-s), *a.* : پرجوش ؛ دھواں دھار (تقریر) ؛ پر زور (جذبات) ؛ لبریز (جذبات سے)

effusively, *adv.* : جوش سے -

effusiveness, *n.* : جوشیلا پن وغیرہ -

Eft, *n.* : ایک قسم کی چھپکلی -

Eftsoon (s), *adv.* : (قدیم) بعدھی ؛ فوراً ---- بعد -

Egad, *int.* : بخدا ؛ واللہ -

Egg, *n.* : انڈا ؛ بیضہ -

e. & anchor, dart, tongue : (قدیم) سانچے کے اقسام -

e.-&-spoon race : دوڑ کی بازی جس میں دوڑنے والے چمچے میں انڈا رکھ کر چمچہ منہ میں دبا لیتے اور دوڑتے ہیں ؛ چمچہ دوڑ -

e. cleavage : (بچے کا) انڈے کو ٹھونگنا -

e.-cup : انڈے دان ؛ انڈے دانی ؛ اُبلے ہوئے انڈے رکھنے کا ظرف -

e.-dance : (۱) ایک قسم کا ناچ جس میں زمین پر بہت سے انڈے ڈال دیتے ہیں اور ناچنے والا آنکھوں پر پٹی باندھ کر ناچتا ہے - (۲) (مجازاً) نازک کام ؛ ٹیڑھی کھیر -

e.-flip, -nog : محلول انڈا شراب وغیرہ میں -

e.-plant : بینگن کا پودا -

e.-shell : انڈے کا چھلکا ؛ نازک چیز -

e.-shell china : چینی کے نازک برتن -

e.-slice : چلے کو ماھی توے میں سے نکالنے کا ڈھنڈ

e.-spoon : (اُبلے ہوئے انڈے (کھانے) کا چمچہ -

e.-tooth : چڑیا کے بچے کا وہ دانت جس سے وہ چھلکے کو ٹھونگ کر انڈے سے باہر نکل آتا ہے -

e.-whisk : انڈا پھینٹنے کا برتن -

as full as an e. : خوب بھراھوا -

as sure as ee. is ee : قطعاً ؛ یقیناً -

bad e. : ناکارہ (شخص یا تجویز) -

have all your ee. in one basket : (اپنا) سب کچھ ایک ھی داؤ پر لگا دینا -

in the e. : اِبتدائی حالت میں ؛ آغاز کار میں -

teach your grandmother to suck ee. : دائی کو دودھ پلانا ؛ لقمان کو حکمت سکھانا -

Egg, *v. t.* (*on, to*) : ترغیب دینا ؛ کسی شخص کو کسی کام پر آمادہ کرنا ؛ اُکسانا ؛ اُبھارنا -

Eglantine, *n.* (=Sweet-brier) : ایک قسم کا پھول -

Ego, *n.* : انا ؛ ذات ؛ خودی -

Egoism, *n.* : (اخلاقیات) فلسفۂ خود غرضی ؛ خود رائے ہونا ؛ پر خودغلط ہونا -

egoist, *n.* : خود غرض ؛ خود پسند ؛ خود ستا -

egoistic (al), *aa.* : خود غرضانہ -

egoistically, *adv.* : خود غرضانہ طور پر

Egotism, *n.* : انانیت ؛ خود بینی ؛ خود ستائی ؛ خود غرضی -

egotist, *n.* : خودستا ؛ خود پسند ؛ خود غرض

egotistic (al), *aa.* : خود پسندانہ ؛ خود غرضانہ -

egotistically, *adv.* : خود ستائی کے طور پر وغیرہ -

egotize, *v. i.* : خود ستائی کرنا -

Egregious, *a.* : پرلے درجے کا -

egregiously, *adv.* : نہایت درجہ -

egregiousness, *n.* : انتہا (حماقت ، غلطی وغیرہ کی) -

Egress, *n.* : (۱) باھر جانا ؛ باھر جانے کا حق ؛ باھر جانے کا رستہ - (۲) ظہور ؛ خروج ؛ کسی جرم فلکی کا دوسرے جرم فلکی کے قرص پر سے گذر جانا -

Egression, *n.* : باھر جانا ؛ خروج ؛ باھر نکلنا -

Egret (eg- or eg-), *n.* : ایک چھوٹی قسم کا بگلا ؛ دلتے لین ؛ پودے کے بیج پر کے روئیں -

Egyptian, *a. & n.* : مصری ؛ مصر کا (باشندہ) ؛ مصر سے متعلق -

Egyptology, *n.* : مصریات ؛ مصر کی زبان اور تاریخ وغیرہ کا علم -

Egyptologist, *n.* : مصریات داں ؛ ماھر مصریات -

Eh (a), *int.* : کلمۂ تعجائیہ جو استفہام اِستعجاب اور حصول تائید کے مواقع پر اِستعمال ھوتا ھے ؛ جیسے: ھاں ! جی ! ھے نا !

Elder (i-), *n.* : برفستانی ممالک کی ایک قسم کی بطخ -

e.-down : نرم پر جو اِس جانور کے سینے پر ھوتے ھیں ؛ تو شک یا گدا جس میں یہ پر بھرے ھوں -

Eidograph (i-), *n.* : نقشوں کے بڑھانے گھٹانے کا آلہ -

Eidolon (i-), *n.* (pl. *ons, -a*) : آسیب ؛ بھوت پریت ؛ سایہ -

Eight (at), *a. & n.* : آٹھ -

the Ee. : آکسفورڈ اور کیمبرج میں کشتی کی دوڑ جس میں آٹھ آٹھ کھیوے ھوتے ھیں -

eighth (atth), *a. & n.* : آٹھواں ؛ ھشتم -

eighthly, *adv.* : آٹھویں (یہ کہ) -

Eighteen, *a. & n.* : اٹھارہ -

eighteenth, *a. & n.* : اٹھارھواں -

Eighty (a'ti), *a. & n.* : اَسّی -

E. Club : لبرل کلب جو سنہ ۱۸۸۰ ع میں قائم کیا گیا -

eigthieth, *a. & n.* : اَسّی واں -

Eirenicon (ir-), *n.* : تجویز صلح -

Eisteddfod, (astedhvod), *n.* : ویلز کے بھاٹوں کی پنچایت یا مجلس -

Either (idh-, --), *a., pron., & adv. (conj.)* : (دو (میں) میں سے ایک ؛ یا یہ یا وہ -

Ejaculate, *v. t.* : (۱) یکایک بول اُٹھنا - (۲) جسم سے (کسی رقیق) مادے کا) نکال پھینکنا -

ejaculation, *n.* : اِسم مذکورۂ بالا معنوں میں -

ejaculatory, *a.* : صفت مذکورۂ بالا معنوں میں -

Eject, *v. t.* : (۱) بے دخل کردینا ؛ (جگہ اراضی وغیرہ سے نکلوادینا ؛ بر طرف کرنا / منصب سے) - (۲) نکال پھینکنا ؛ اِخراج کرنا (کسی مادے کا) -

ejection, *n.* : إخراج ؛ نکاسی -

ejectment, *n.* : بے دخلی -

ejector, *n.* : إخراج کرنے والا ؛ بے دخل کرنے والا -

Eject, *n.* : إستنباط ؛ نتیجہ ؛ جو شے براہ راست ہمارے حس و إدراک میں نہ آئی ہو -

Ejective, *a.* : خارج کرنے والا ؛ إستنباطی -

ejecetively, *adv.* : إستنباطی طریقے سے -

Eke, *v. t.* : شامل کرنا ؛ تکملہ کرنا ؛ جوڑنا ؛ کمی پوری کرنا -

e. out : تنگی ترشی سے بسر کرنا -

Eke, *adv.* : (قدیم) بھی ؛ نیز -

-el : دیکھو LE

Elaborate (-at), *a.* : محنت سے تکمیل کو پہنچا یا ہوا ؛ دیدہ ریزی سے بنایا ہوا ؛ دیدہ ریزی کا (ضد : سادہ) -

elaborately, *adv.* : دیدہ ریزی سے ؛ تمام تفصیلات کی تکمیل کے ساتھہ -

elaborateness, *n.* : تفصیلات کا مکمل ہونا ؛ تکمیل کو پہنچا ہوا ہونا -

Elaborate, *v. t.* : (۱) محنت سے بنا کر مکمل کرنا - (۲) (کسی إیجاد و إجتہاد کی)تفصیلات کو إتمام تک پہنچانا - (۳) (کسی مادے کو) اصلی ماخذ یا عناصر سے حاصل کرنا -

elaboration, *n.* : إسم ' مذکورہ بالا معنوں میں -

elaborative, *a.* : صفت ' مذکورہ بالا معنوں میں -

Elaeo- : جزو ترکیبی بمعنی تیل ' روغن ؛ مثلاً -

elaeometer : وہ آلہ جس سے روغن کے خالص ہونے کی جانچ کی جاتی ہے -

elan, *n.* : جوش ؛ اُمنگ ؛ ولولہ ؛ حملہ (فوج کا) -

Eland, *n.* : جنوبی افریقہ میں ایک بڑی قسم کا ہرن -

Elapse, *v. i.* : (وقت) گذرنا ' گذرجانا -

Elastic, *a. & n.* : (۱) لچک دار ؛ لچلچا ؛ (رقیق یا جامد) مادہ جو پھیلنے ' سکیڑنے یا دباو پڑنے کے بعد اپنی اصلی صورت و حالت پر خود بخود عود کر آئے - (۲) زندہ دل - (۳) حالات کے مناسب رنگ إختیار کرنے والا -

e. conscience : آسانی سے تغیر قبول کرنے والا ضمیر ؛ لچک دار ضمیر -

e. -side boots or *e. -sides* : اُنیسویں صدی کے بوٹ جن میں فیتے کی جگہ ربر لگی ہوتی تھی -

elastically, *adv.* : متعلق فعل ' مذکورہ بالا معنوں میں -

elasticity, *n.* : إسم ' مذکورہ بالا معنوں میں -

Elate, *v. t. & a.* : (۱) ہمت بڑھانا ؛ دل بڑھانا ؛ مغرور بنانا - (۲) مغرور ؛ شادان ؛ فرحان ؛ مگن ؛ خوشی میں مست -

elation, *n.* : إنبساط ؛ مسرت -

Elbow, *n.* : کُہنی ؛ کُہنی کی شکل کی موڑ -

e. -grease : مشقت ؛ محنت ؛ خوب زور سے رگڑنا ؛ مانجھنا ؛ صیقل کرنا -

e -room : جگہ کا بافراط ہونا ؛ کُشادہ جگہ -

at one s e. : (کسی کے) پاس ہی ؛ بغل میں ؛ مُتصل -

out at ee. : (۱) (لباس) پھٹا پُرانا فرسودہ ' بوسیدہ - (۲) (شخص) غریب ' مفلس ' پھٹے حالوں -

up to the ee. : کسی چیز میں مشغول و منہمک -

Elbow, *v. t. & i.* : کُہنیانا ؛ دھکم دھکا کر کے گھسنا -

Elchee (-tshi), *n.* : ایلچی -

Eld, *n.* : (قدیم) کبر سنی ؛ قدیم زمانہ -

Elder, *a. & n.* : عمر میں بڑا (دو شخصوں میں) ؛ بُزرگ -

e. hand : (تاش) جس نے پہلے پتا پھینکا ہو ؛ (گنجفے میں) زیر دست -

elders : (۱) بڑے بوڑھے ؛ بزرگ - (۲) کسی معزز انجمن کے ارکان - (۳) زمانۂ قدیم میں عہدہ داران کلیسا ؛ پادری -

eldership, *n.* : بزرگی وغیرہ -

Elder, *n.* : ایک سفید پھولوں والا پست درخت -

e. (-berry) wine : إس درخت (کے پھلوں) کی شراب -

Elderly, *a.* : سن رسیدہ ؛ مسن -

Eldest, *a.* : اولاد اکبر ؛ بھائی بہنوں میں سب سے بڑا -

El Dorado (-ah-), *n.* : ایک فرضی ملک یا شہر جس میں سونے کی بڑی إفراط ہے -

Eldritch, *a.* : دہشت انگیز ؛ جسے دیکھہ کر رونگٹے کھڑے ہوجائیں ؛ بھیانک -

Elecampane, *n.* : (۱) ایک قسم کا پودا جس کی جڑ اور پتیاں کڑوی اور خوشبو دار ہوتی ہیں - (۲) مٹھائی جس میں إس پودے کا ذائقہ شامل کیا گیا ہو -

Elect, *a.* : (۱) مُنتخب ؛ چیدہ ؛ برگزیدہ ؛ نامزد شدہ - (۲) (مذہب) برگزیدۂ حق - (۳) کسی عہدے یا رشتے کے لیے نامزدہ شدہ ؛ مثلاً -

bride e. : لڑکی جو دلہن بننے کے لیے نامزد ہوچکی ہو -

Elect, *v. t.* : کسی کام یا شخص کا انتخاب کرنا ؛ (مذہب) نجات کے لیے بعض اشخاص کو دوسروں کے مقابلے میں إنتخاب کرنا -

Election, *n.* : انتخاب (اکثریت راے سے) -

by-e. : ذیلی إنتخاب 'پارلیمنٹ کے کسی ممبر کی جگہ خالی ہونے پر إنتخاب -

general e. : (إنگلستان میں دارالعوام کے ارکان کا) إنتخاب عام -

Electioneer, *v. i.* : سیاسی إنتخابات میں مشغول ہونا -

Elective, *a.* : إنتخابی ؛ إنتخاب سے متعلق ؛ إنتخاب کا حق رکھنے والا -

e. affinity : بعض عناصر کا میلان دوسرے عناصر سے ملنے کا -

electively, *adv.* : إنتخاب سے ؛ إنتخابی طور پر -

Elector, *n.* : حق انتخاب رکھنے والا ؛ (تاریخ) وہ جرمانی فرماں روا جسے شہنشاہ کے إنتخاب میں راے دینے کا حق حاصل ہو -

electoral, *a.* : إنتخابی -

electorship, *n.* : راے دہندگی -

Electorate (-at), *n.* : (۱) إنتخاب کرنے والوں یا راے دہندوں کی جماعت - (۲) جرمانی إلکٹر کی ریاست و منصب -

Electress, *n.* : (۱) إنتخاب کرنے والی - (۲) جرمانی إلکٹر کی بیگم

Electric, *a. & n.* : بجلی کا ؛ برقی ؛ کہربائی -

e. blue : فولاد کا سا نیلا رنگ

e. charge : قوت کہربائی کا بھرنا (لائٹن کے بلے ہوئے ظروف وغیرہ) میں

e. eel : ایک مچھلی جس سے برقی صدمہ پہنچتا ہے -

e. light : بجلی کی روشنی ؛ برقی روشنی -

e. shock : برقی صدمہ -

electrically, *adv.* : برقی ذریعے سے ؛ بجلی کے زور سے -

electrician, : برقیات داں ؛ ماہر برقیات -

Electrical, *a.* : برق سے متعلق -

Electricity, *n.* : (۱) بجلی ؛ برق ؛ کہربا - (۲) علم البرق ؛ برقیات -

frictional e. : رگڑائی برق ؛ رگڑ بجلی -

galvanic e. : مقناطیسی برق -

negative or resinous e. : سلبی ؛ منفی -

positive or vitreous e. : ایجابی ؛ مثبت -

thermal e. : حراری برقی -

Electrification, *n.* : برقانے کا کام ؛ ریل کو بجلی کے ذریعے دخانی کے برقی چلانے کا عمل -

Electrify, *v. t.*
Electrize, *v. t.* : برقانا ؛ بجلی پہنچانا ؛ (مجازاً) مشتعل کرنا ؛ چونکانا ؛ بجلی کی سی لہر دوڑا دینا -

electrization, *n.* : برقانے کا فعل -

Electro, *n.*, & *v. t.* : (بول چال میں) الکٹرو پلیٹ ، الکٹرو ٹائپ (کا مخفف ہے) -

Electro- : (ترکیبی جزو) برق سے متعلق ؛ جیسے :

electro-bath : مائع جس میں محلول دھات الکٹرو پلیٹ کے لیے ہو -

electro-biology : برق حیاتیات -

electro-chemistry : برق کیمیا -

electrodynamics : برق حرکیات -

electro-engraving : برق حکاکی -

electrograph : برق نگار (آلہ) -

electro-kinetics : برق سکلیاتیات -

electrology : برقیات ؛ علم البرق -

electrolysis : کیمیاوی تحلیل عمل مقناطیسی کے ذریعے سے ؛ نیز اس فن کا نام -

electrolyse : اس طریقے سے تحلیل کرنا -

electrolyte : وہ جسم جس کی تحلیل اس عمل سے کی جائے -

electro-magnet : برقی مقناطیس -

electro-magnetism : برقی مقناطیسیت -

electrometer : برق پیما -

electromotion : مقناطیسی رو ؛ میکانی حرکت جو برق سے پیدا ہو -

electromotor : برقی موٹر -

electro-negative : منفی برق سے متعلق -

electropathy : برقی علاج ؛ علاج بالبرق -

electrophore, electrophorus : کہربا حامل (آلہ) -

electro-plate : (۱) برقی ذریعے سے چاندی چڑھانا - (۲) برقی قلعی کا برتن -

electro-positive : مثبت برق سے متعلق -

electroscope : برق نما -

electrostatics : برق سکونیات -

electrotonus : متحرک عصبات کی حالت برقی اثر کے تحت -

electrotype : وہ نقل جو سیال قالب کو سانچے پر جما کر برقی عمل سے تیار کی جائے ؛ اس طریقے سے قالب ، ٹھپا تیار کرنا -

Electrocution, *n.* : برقی قوت سے ہلاک کرنے کا عمل -

electrocute, *v. t.* : برقی قوت سے جان لینا -

Electrode, *n.* : برقی مورچہ -

Electrolier (-ler), *n.* : برقی چراغوں کا جھوکڑا -

Electron, *n.* : برقیہ -

electronic, *a.* : برقیے سے متعلق -

Electrum, *n.* : سونے چاندی کا میل یا " جوز " جو قدما استعمال کرتے تھے -

Electuary, *n.* : شہد یا شربت میں محلول کیا ہوا سفوف -

Eleemosynary (elie-), *a.* : (۱) خیرات خور - (۲) خیراتی - (۳) بلا معاوضہ ؛ للّٰہ -

Elegant, *a.* & *n.* : (حرکات ، اطوار ، طرز تحریر وغیرہ) شستہ ، پاکیزہ ؛ نفیس ؛ بار نعت ؛ خوش اسلوب ؛ (طرز معاشرت) امیرانہ ؛ ٹھاٹھ سے -

elegance, *n.* : شستگی ؛ پاکیزگی ؛ لطافت ؛ سلاست ؛ خوش سلیقگی ؛ خوش وضعی ، شان ؛ خوبی ؛ زیبائی ؛ خوش اسلوبی ؛ سلیقہ مندی -

elegantly, *adv.* : نفاست سے ؛ خوش اسلوبی سے ؛ تمکنت سے وغیرہ -

Elegiac, *a.* & *n.* : ماتمی ؛ غمناک ؛ الم انگیز ؛ مرثیے یا نوحے کی بحر میں ؛ اُن دو یونانی بحروں کے نام جن میں مرثیے لکھے جاتے ہیں ؛ (صیغۂ جمع) ماتمی اشعار ؛ نوحہ ؛ مرثیہ -

Elegize, *v. i.* & *t.* : نوحہ لکھنا ؛ درد انگیز اشعار کہنا -

Elegy, *n.* : نوحہ ؛ مرثیہ ؛ نظم ماتمی بحر میں -

Element, *n.* : (۱) عنصر ؛ جزوترکیبی - (۲) (کیمیا) جز بسیط ؛ وہ جز جس کی مزید تحلیل نہ ہوسکے - (۳) (جمع) (کسی علم یا فن کے) مبادی ؛ ابتدائی اصول -

ee. of trenches : (فوجی) خندقوں کی موڑوں کے درمیان کے فاصلے -

in one's e. : اپنے خاص عنصر میں اپنے عنصری مسکن میں (یعنی چار عناصر میں سے کسی ایک میں) ؛ اپنے مزاج کے موافق عنصر میں -

out of one's e. : اپنے مزاج کے عنصر سے باہر -

the four ee. : چار عنصر ؛ اربعہ عناصر (آب ، باد ، خاک ، آتش) -

war of the ee. : قوائے قضائی کی جنگ -

Elemental, *a.* & *n.* : (۱) عنصری - (۲) بسیط ؛ غیرمرکب - (۳) بنیادی ؛ اساسی ؛ (تھیوسوفی) ارض و ہوا کے موکل -

Elementary, *a* : (۱) ابتدائی ؛ تمہیدی - (۲) (کیمیا)

نا قابل تحلیل -

elementarily, *adv.* : ابتدائی طور پر -

elementariness, *n.* : ابتدائی حالت یا کیفیت -

Elemi, *n.* : ایک قسم کا گوند جو مرہم اور وارنش میں ڈالا جاتا ہے -

Elenchus (-k-), *n.* : منطقی تردید -

socratic e. : مختصر سوال و جواب کے ذریعے دریافت حقیقت کا طریقہ -

Elenctic, *a.* : جرح سے متعلق ؛ جرح و تردید کا شائق -

Elephant, *n.* : (۱) ہاتھی ؛ فیل - (۲) ۲۸ × ۲۳ انچی کاغذ کی تختیم -

double e. : ۴۰ × ۲۶ ½ انچی کاغذ کی تختیم -

white e. : سفید ہاتھی ؛ (۲) بجاز) ایسی ملک جو وبال جان ہو (زیادہ مصارف کے باعث)

elephantoid, *a.* : ہاتھی کی سی شکل اور قد والا -

Elephantiasis, *n.* : فیل پا ؛ ایک مرض جس میں جلد ہاتھی کی کھال کے مشابہ ہوجاتی ہے -

Elephantine, *a.* : (۱) ہاتھی ... ہاتھی سے متعلق - (۲) بھدا ؛ حد سے بڑا جو سنبھالے نہ سنبھلے -

e. epoch : وہ قدیم زمانہ جب ہاتھی بکثرت پیدا ہوتے تھے ؛ ہاتھی جگ -

e. humour, task, movements : بھدا مذاق یا کام ؛ بھدے حرکات و سکنات -

Eleusinian *a. E. mysteries* : قدیم یونان کا ایک تہوار جس کے مراسم مقام الیوسس میں ادا کیے جاتے تھے -

Eleuthero- (ilu)- : (ترکیبی جز) بمعنی آزادی -

eleutheromania : جنون آزادی ؛ آزادی مانیا -

eleutherophyllous : الگ الگ پتیوں والا -

Elevate, *v. t.* : (۱) بلند کرنا ؛ اٹھانا ؛ اونچا کرنا - (۲) مرتبہ بڑھانا ؛ قدر بڑھانا ؛ ترقی دینا ؛ علمی یا اخلاقی حیثیت سے سرفراز کرنا - (۳) (روز مرہ) کسی قدر مخمور ہونا - (۴) توپ کا دھرا بلند کرنا -

elevatory, *a.* : اٹھانے والا وغیرہ -

Elevation, *n.* : (۱) بلندی (مادی و غیر مادی) ؛ رفعت - (۲) اونچائی ؛ بلندی (سمندر کی سطح سے) - (۳) عروج ؛ سرفرازی - (۴) عمارت کا نقشہ جس میں اس کے سب رخوں کی بلندی دکھائی جائے -

Elevator, *n.* : بلند کن ؛ اٹھانے والا ؛ اعضا وغیرہ کو اٹھانے والا عضلہ ؛ غلے وغیرہ کو اوپر اٹھانے کی کل ؛ بالائی منزلوں پر پہنچانے والی کل (لفٹ) -

Eleven, *a.* & *n.* : گیارہ -

elevens : (روز مرہ) ناشتا ؛ دوپہر کا کھانا -

an e. : کرکٹ وغیرہ میں ایک فریق کی کل تعداد -

the E. : حضرت عیسیٰ کے حواری (باستثنائے یہودا) -

eleventh, *a.* & *n.* : گیارھواں -

Elf, *n.* (pl. *elves*) : عفریت ؛ پلید ؛ بھوت ؛ بھتنا ؛ بونا ؛ لنج ؛ یا لشتیا -

e. -bolt : چقماق کا پیکان -

e. -lock : الجھے ہوئے بال ؛ موے ژولیدہ -

e.-struck : آسیب زدہ -

elfish, elv-, *aa.* : بھتنا سا ؛ بھتنے کی طرح -

Elfin, *a.* & *n.* : (۱) بھوت پریت سے متعلق - (۲) بچہ ؛ بونا ؛

ELICIT, *v.t.* : استخراج ؛ (قوائے مخفیہ کو) بروے کار لانا ؛ (کسی سے جواب یا تردید) نکلوانا -

Elide, *v. t.* : تلفظ میں (کوئی حرف یا آواز) گرادینا -

Eligible, *a.* : (کسی عہدے وغیرہ کے) اہل ؛ لائق ؛ مناسب -

eligibility, *n.* : اہلیت -

eligibly, *adv.* : مناسب طریقے سے ؛ بہ طریق مناسب -

Eliminate, *v. t.* : نکال دینا ؛ ساقط کردینا ؛ (جسمانی ریشوں سے فضلات کو یا کسی مرکب سے اس کے کسی جزو کو) خارج کرنا ؛ (جواب دیتے وقت کسی سوال سے) تجاہل کرنا -

eliminable, *a.* : قابل اخراج -

elimination, *n.* : خارج کرنا وغیرہ -

Elision, *n.* : تلفظ میں کسی حرف علت یا رکن لفظ یا کتاب سے کسی عبارت کو حذف کردینا -

elite (elet) *n.* : چیدہ ؛ بہترین ؛ منتخب ؛ روددار -

Elixir (-er), *n.* : اکسیر ؛ کیمیا -

Elizabethan, *a.* & *n.* : ایلزبیتھی ؛ ملکۂ ایلزبیتھ سے متعلق ؛ زمانۂ ایلزبیتھ کا شخص یا مصنف -

Elk, *n.* : بارہ سنگا ؛ گوزن (شمالی یورپ اور شمالی امریکا کا) -

Ell *n.* : ناپ کا (اب متروک الاستعمال) پیمانہ ؛ ۴۵ انچ کا پیمانہ -

give him an inch & he will take an e. : وہ تو انگلی پکڑ کے پہونچا پکڑتا ہے -

Ellipse, *n.* : بیضوی شکل ؛ ہلیلجی شکل ؛ وہ ہندسی شکل جو مخروط کو ترچھا تراشنے سے پیدا ہوتی ہے -

elliptic(al), *aa.* : ہلیلجی ؛ بیضوی -

elliptically, *adv.* : متعلق فعل ؛ مذکورۂ بالا معنوں میں -

ellipticity, *n.* : ہلیلجیت ؛ بیضویت -

Ellipsis, -pse, *n.* (pl. *-pses*) : تقدیر کلام ؛ حذف عبارت جسے ملا کر مفہوم کلام پیدا ہوتا ہے -

Ellipsoid, *n.* : ہلیلجی نما (شکل) -

Elm, *n.* : ایک درخت جس کی پتیاں کھردری اور دونوں طرف دندانے دار ہوتی ہیں -

elmy, *a.* : صفت ؛ مذکورۂ بالا معنوں میں -

Elocution (e- or e-), *n.* : فن تقریر ؛ خطابت -

elocutionary, *a.* : خطابت سے متعلق -

elocutionist, *n.* : خطیب ؛ مقرر ؛ فن تقریر کا جاننے یا سکھانے والا -

eloge, *n.* : تقریر ؛ متوفی کے ذکر خیر میں (جو خاص کر فرانسیسی اکاڈیمی کا رکن اپنے پیشرو کے محاسن بیان کرنے میں کرتا ہے) -

Elohist, *n.* : یہود کے اُن کتب مذہبی کے مصنفین جن میں

خدا کے لیے بجائے " یہوے " کے " الرحیم " کا لفظ استعمال ہوا ہے ۔

Elongate (-ngg-), *v. t. & i., & a.*: بڑھانا ؛ طول دینا ؛ دراز کرنا ؛ (نباتیات) نازک شکل کا ہونا ؛ گاودم ہونا ' (نباتیات و حیوانیات) نازک ؛ دراز ؛ گاودم ۔

Elongation, *n.*: بڑھاو ؛ کھچاو ؛ لمبان ؛ درازی ؛ (فلکیات) تباین سیار یا سیارہ ؛ وہ زاویہ جو زمین پر دو خطوں کے مابین واقع ہو جن میں سے ایک خط آفتاب کے ' دوسرا سیارے کے مرکز تک کھینچا جائے ۔

Elope, *v. i.*: (عورت کا) میکے یا سسرال سے (آشنا کے ساتھ) نکل جانا ؛ (ملزم کا) فرار ہوجانا ' روپوش ہونا

elopement, *n.*: اسم ' مذکورہ بالا معنوں میں ۔

Eloquence, *n.*: خوش بیانی ؛ فصاحت ؛ طلاقت ؛ خطابت ۔

eloquent, *a.*: فصیح ؛ خوش بیان ۔

eloquently, *adv.*: خوش بیانی سے ؛ خطیبانہ انداز سے ؛ فصاحت سے ۔

Else, *adv.*: اور ؛ کوئی اور ؛ اور کیا ؛ اور کچھ ؛ اور کوئی ؛ ورنہ ۔

elsewhere. کہیں اور ۔

Elucidate (-oo-,-u-), *v. t.*: تشریح کرنا ؛ توضیح کرنا ؛ (کسی مسئلے کو) واضح یا روشن کرنا ۔

elucidation, *n.*: تشریح ؛ توضیح وغیرہ ۔

elucidative, elucidatory, *aa.*: موضح ؛ مشرح ۔

elucidator, *n.*: تشریح یا توضیح کرنے والا ۔

Elude (-ood,-ud), *v. t.*: (۱) چکمے سے بچ نکلنا (گرفت ' زد ' نگرانی ' بازپرس ' خطرے ' دشواری وغیرہ سے) ؛ آنکھ بچا جانا ۔ (۲) (معاہدے یا قانون کی پابندی سے) ؛ بچنا یا گریز کرنا ۔ (۳) (عقل کو) چکر میں ڈال دینا ۔

elusion, *n.*: بچاو ؛ گریز ؛ دھوکے میں ڈالنا ۔

elusive, *a.*: گرفت سے بچ نکلنے والا ؛ چکر میں ڈالنے والا ۔

elusively, *adv.*: بچ نکلنے کے طور پر ۔

elusiveness, *n.*: صفت ' مذکورۂ بالا معنوں میں ۔

elusory, *a.*: مغالطے میں ڈالنے والی ؛ گرفت سے بچ نکلنے والے (دلائل ' شرائط وغیرہ) ۔

Elvan, *n.*: جوالا مکھی سے نکلا ہوا سخت پتھر ۔

Elvish: دیکھو ELF ۔

Elysee (eleza), *n.*: جمہوریۂ فرانس کے صدر کی قیام گاہ ۔

Elysium (-z-), *n.*: (۱) (یونانی دیومالا) بہشت ؛ مبارک ارواح کا مسکن ۔ (۲) انتہائی راحت و سرور کی جگہ یا حالت ۔

Elysian. *a.*: متعلق بہ فردوس یا فردوسی ؛ روحانی سرور سے متعلق یا روحانی سرور والا ۔

Elytron, *n.* (pl. -ra): (۱) بھنورے کی قسم کے کیڑوں کے بازووں کا بیرونی خول ۔ (۲) عورت کی شرمگاہ کی نالی

Elzevir (er), *a. & n.*: خاندان الزے ور کے مطبعوں واقع امسٹرڈم ' ہاگ وغیرہ میں چھپی ہوئی کتاب ۔

Em, *n.*: (۱) انگریزی تہجی کا حرف ۔ (۲) (طباعت) پیمانہ جس سے ایک سطر کی مقدار مطبوعہ کا حساب کرتے ہیں ۔

Em-, *pref.* (=EN): سابقہ جو حروف p,b اور (اکثر) m کے پہلے آتا ہے ۔

Emaciate (-shi-), *v. t.*: دبلا کرنا ؛ گھلانا ؛ سکھانا ؛ مریل کرنا ؛ کمزور کرنا ۔

emaciation (-si-), *n.*: دبلا پن ؛ کمزوری وغیرہ ۔

Emanate, *v. i.*: (کسی شخص یا شے سے) ؛ نکلنا ؛ ظاہر ہونا ؛ خارج ہونا ؛ صادر ہونا ؛ برآمد ہونا ۔

Emanation, *n.*: صدور ؛ ظہور (صفات حسنہ وغیرہ کا) ؛ کسی شخص یا شے کا ظہور ۔

emanative, *a.*: صادر ہونے والا ؛ (الہیات) نظریۂ بروز سے متعلق ۔

Emancipate, *v. t.*: رہا کرنا ؛ کسی قانونی ' معاشری ' سیاسی ' عقلی یا اخلاقی محکومیت یا پابندی سے آزاد کرنا ؛ نجات دینا ۔

emancipator, *n.*: آزادی دینے والا ؛ نجات دینے والا ۔

emancipatory, *a.*: صفت ' مذکورہ بالا معنوں میں ۔

Emancipation, *n.*: آزادی ؛ قانونی یا اخلاقی مجبوری سے آزادی ۔

emancipationist, *n.*: غلاموں کی آزادی کا حامی ؛ اخلاقی اور ذہنی قیود سے آزادی کا حامی

Emancipist, *n.*: وہ مجرم جو اپنی سزا کی میعاد پوری کرچکا ہو ۔

Emasculate (-at), *a.*: آختہ ؛ نامرد ؛ مخنث ۔

Emasculate, *v. t.*: نامرد کرنا ؛ آختہ کرنا ؛ خصی کرنا ؛ بدھیا کرنا ؛ کمزور کرنا ؛ (کاٹ چھانٹ سے) تحریر کو بے جان کردینا ؛ نادار کرنا ۔

emasculation, *n.*: آختہ پن ؛ کمزوری ؛ ناداری ۔

emasculative, *a.*: کم زور کرنے والا ؛ نامرد بنانے والا

emasculatory, *a.*: نامرد بنانے یا کم زور کرنے کا وصف رکھنے والا ۔

Embalm (-ahm), *v. t.*: لاش کو مسالا لگا کر محفوظ رکھنا ؛ حفاظت سے رکھنا ؛ سونپنا ؛ خوشبودار مسالا لگانا ۔

embalmment (-ahm-m-), *n.*: لاش کی حفاظت سڑنے سے ؛ مسالا (جو لاش کو محفوظ رکھنے کے لیے ہوتا ہے) ۔

Embank, *v. t.*: (دریا وغیرہ کا) بند باندھنا ' پشتہ باندھنا ۔

embankment, *n.*: بند ؛ پشتہ ۔

Embargo, *n., & v. t.*: (۱) ملک کے بندرگاہوں پر باہر والوں کے لیے کشتی چلانے کی ممانعت ؛ (کسی شاخ) تجارت کا تعطل ؛ ممانعت ؛ روک ۔ (۲) جہازوں یا تجارت کے لیے حکم امتناعی جاری کرنا ؛ تجارتی جہاز یا مال کو سرکاری اغراض کے لیے ضبط کرلینا ۔

Embark, *v. t. & i.*: (۱) جہاز پر سوار ہونا یا سوار کرانا ۔ (۲) (کسی جنگ یا مہم میں) مشغول ہونا ؛ لنگر اٹھانا

embarkation, *n.*: اسم مذکورۂ بالا معنوں میں ۔

embarras de choix, de richesse, *n.*: انتخاب کرنے میں الجھن ' سامان کی اتنی فراوانی جو سنبھالے نہ سنبھلے

Embarrass, *v. t.*: الجھانا ؛ پریشان کرنا ؛ پیچیدہ کرنا ؛ زیر بار کرنا ؛ مشکل میں ڈالنا ؛ حیران کرنا

embarrassingly, *adv.*: بوکھلائے ہوئے؛ جھجھکتے ہوئے -

embarrassment, *n.*: اُلجھن؛ پریشانی؛ رکاوٹ -

Embassy, *n.*: سفارت؛ عہدۂ سفارت؛ سفارت خانہ؛ قیام گاہ (سفیر) -

Embattle, *v. t.*: فوج کو صف آرا کرنا -

Embattle, *v. t.*: (عمارت، دیوار وغیرہ میں) مورچہ بندی کرنا؛ مورچہ قائم کرنا -

Embay, *v. t.*: (کشتی کو) خلیج کے اندر کرنا؛ (ہوا کے) زور سے (کشتی کو) خلیج کے اندر داخل کرنا؛ خلیج میں مقید کرنا -

embayment, *n.*: اِسم مذکورۂ بالا معنوں میں -

Embed, Im-, *v. t.* (-dd-): (کسی چیز کو) مضبوطی سے جما دینا -

Embellish, *v. t.*: تزئین؛ زینت دینا؛ آراستہ کرنا؛ آرائش دینا؛ سنگارنا؛ (بیان میں) نمک مرچ لگانا -

embellishment, *n.*: تزئین؛ زینت -

Ember, *n.* (usu. pl.): انگارا؛ چنگاری -

Ember, *a.*, *e. days*: روزوں کے دن عیسوی عقائد کے مطابق یعنی لنٹ میں نوچندی اِتوار کے بعد کا بدھ، جمعہ اور سنیچر؛ Whitsunday, Holy Cross Day (۱۴ ستمبر) اور St. Lucia's day (۱۳ دسمبر) -

Ember, *n.* (usu. *e. goose*, *-diver*): جزائر آرکٹی کا ایک دریائی مُرغ -

Embezzle, *v. t.*: تغلب کرنا؛ خیانت کرنا؛ خورد برد کر لینا؛ غبن کرنا -

embezzlement, *n.*: تغلب؛ غبن -

Embitter, *v. t.*: (۱) تلخ کرنا (نیز مجازاً) - (۲) تکلیف میں تکلیف کا اضافہ کرنا - (۳) زچ کرنا؛ قافیہ تنگ کرنا؛ ناک میں دم کردینا -

Emblazon, *v. t.*: (۱) (اُمرا کی ڈھالوں کے مارکوں کو) چمکانا، اُجالنا، زرق برق بنانا، روشن کرنا - (۲) مشہور کرنا؛ شہرت دینا؛ بڑھانا چڑھانا -

emblazonment, *n.*: اِسم، مذکورۂ بالا معنوں میں -

Emblazonry, *n.*: دیکھو BLAZONRY -

Emblem, *n.*, & *v. t.*: (۱) نشان؛ علامت - (۲) (مجردات یا اشخاص) کی نمایندہ تصویر - (۳) مارکا - (۴) نشان بنانا؛ علامت بنانا؛ کسی شے کو علامت یا تصویر کے ذریعے ظاہر کرنا -

Emblematic (al), *aa.*: نمایندہ (تصویر یا علامت میں) -

emblematically, *adv.*: بطور علامت -

Emblematist, *n.*: علامات و امثال کا استعمال کرنے والا یا لکھنے والا -

Emblematize, *v. t.*: بطور علامت یا مجاز کے کام لینا -

Emblement, *n.* (legal; usu. pl.): (۱) پیداوار اراضی (۲) اراضی زیر کاشت کا منافع

Embody, *v. t.*: مجسم کرنا (روح کو)؛ (خیالات کا) ظاہری صورت میں لانا؛ (اُصول کو افعال وغیرہ کی) مادی شکل میں ظاہر کرنا؛ شامل کرنا، ملانا -

embodiment, *n.*: تجسیم؛ اِظہار مادی شکل میں -

Embog, *v. t.* (-gg): دلدل میں پھنسا دینا (نیز مجازاً) -

Embolden, *v. t.*: جرأت دلانا؛ ہمت بندھانا؛ جی بڑھانا -

Embolism, *n.*: سوادۂ شریان؛ شریانوں میں خون کا جم جانا (جو فالج کا باعث ہوتا ہے) -

embonpoint, *n.*: گداز پن (خصوصاً عورت کے جسم کا) -

Embosom, *v. t.*: (۱) آغوش میں لینا - (۲) گھرا ہوا ہونا (درختوں، پہاڑوں وغیرہ سے) -

Emboss, *v. t.*: بیل بوٹے بنانا؛ کندہ کاری کرنا؛ منبت کرنا؛ گل کاری کرنا -

embossment, *n.*: منبت کاری -

embouchure, *n.*: دریا کا دہانہ؛ وادی کا درہ؛ (موسیقی) باجے کا وہ حصہ جس سے منہ لگا کر بجاتے ہیں؛ اُس کے منہ سے لگانے کا طریقہ -

Embowel, *v. t.* (-ll-): انتڑیوں کو (جسم سے) نکال دینا -

Embower, *v. t.*: درختوں کے کُنج میں لے لینا -

Embrace, *v. t.* & *n.*: (۱) محبت سے ہم آغوش ہونا؛ بغل گیر ہونا؛ گلے لگانا؛ چمٹانا؛ کسی چیز کی گرفت کرنا؛ (کسی پیش کردہ شے یا موقعے کو) شوق سے قبول کرنا؛ (کسی عقیدے یا طریق عمل کو) اِختیار کرنا؛ شامل کرنا؛ مشتمل کرنا؛ آنکھ کے ذریعے کسی شے کا ادراک کرنا یا ذہن کے ذریعے اخذ کرنا - (۲) ہم آغوشی؛ [illegible] مُعانقہ -

embraceable, *a.*: ہم آغوشی کے قابل؛ قابل معانقہ -

embracement, *n.*: بغل گیر ہونا؛ اخذ کرنا -

Embranchment, *n.*: (دریا وغیرہ کی) شاخ پھوٹنا -

Embrangle, Im-, *v. t.*: اُلجھانا؛ پھنسانا -

embranglement, *n.*: اُلجھاؤ -

Embrasure (-zher; also embrazhoor), *n.*: رخنہ؛ موکھا؛ دیوار میں اندر کی جانب سے بندوق کے لیے سوراخ؛ کھڑکی دروازے وغیرہ کے لیے دیوار کے اندرونی حصے کو ڈھلوان کرنا -

Embrocate, *v. t.*: دوا کا ضماد یا لیپ -

Embrocation, *n.*: ضماد؛ لیپ؛ طلا؛ دوا کی مالش -

Embroider, *v. t.*: (سوزن کاری سے کپڑے وغیرہ کو) منقش کرنا، کارچوبی بنانا، زردوز کرنا؛ (بیان میں) نمک مرچ لگانا -

Embroider, *n.*: زردوزی؛ کشیدہ کاری؛ کارچوبی؛ گل کاری -

Embroil, *v. t.*: (معاملات، واقعات وغیرہ کو) گڑبڑ میں ڈال دینا؛ (اشخاص میں) آویزش یا ناچاقی پیدا کرنا -

embroilment, *n.*: گڑبڑ؛ ناچاقی -

Embrown, *v. t.*: بھورا یا سانولا بنانا -

Embryo, *n.* & *a.* (pl. *-os*): جنین؛ کچا بچہ؛ کونپل سے جڑ؛ ابتدائی حالت میں ہو؛ ادھوری حالت میں -

in e.: نا مکمل؛ ادھورا -

embryonic, *a.*: جنینی؛ جنین کا؛ اِبتدائی حالت میں -

Embryo-: ترکیبی جز؛ مثلاً:

embryoctony: جنینی بیضوں کو ضایع کردینا -

embryogenesis: جنینی تکوین -

embryology: علم الجنین؛ جنینیات -

embryotomy: جنینی بیضے کو نکالنے کے لیے ٹکڑے

ٹکڑے کرنا -

Embus, *v. t. & i.* (Mil. ; ...) : موٹر گاڑی میں سوار ہونا یا موٹر گاڑی میں (سامان وغیرہ) لادنا -

Emend, *v. t.* : اغلاط (کتابت وغیرہ) ... تصحیح کرنا -

emendation, *n.* : تصحیح -

emendator, *n.* : تصحیح کرنے والا -

emendatory, *a.* : تادیبی ؛ اِصلاحی -

Emerald, *n.* : (۱) زمرد ؛ زبرجد - (۲) زمردیں رنگ - (۳) (چھپائی) ٹائپ کی قسم خفی -

E. Isle : آئرستان -

emeraldine, *a.* : زمردی ؛ زمرد جیسا -

Emerge, *v. i.* : (سیال مادے سے) برآمد ہونا؛ (پردۂ خفا سے) ظہور میں آنا ؛ (مصیبت سے) نجات پانا ؛ (واقعات کا) تفتیش و تحقیق کے بعد ظاہر ہونا ؛ (کسی جدید مسئلے یا دشواری کا) اُبھرنا -

emergence, *n.* : ظہور ؛ ظاہر ہونا ؛ باہر نکلنا -

emergent, *a.* : ظاہر ہونے والا ؛ باہر نکلنے والا -

Emergency, *n.* : ناگہانی ضرورت ؛ ضرورت جس پر فوری کار روائی لازم ہو -

e. door exit : چوردروازہ یا رستہ جو ناگہانی ضرورت کے وقت استعمال کیا جائے -

e. man : پبلک کے دفتر کا ایک افسر جو بے دخلی کی خدمت انجام دیتا ہے -

Emeritus, *a.* : جو اپنی خدمت سے اعزاز کے ساتھ سبکدوش ہوچکا ہو -

e. professor : پروفیسر کا اعزازی خطاب جو خدمت سے سبکدوش ہوگیا ہو -

Emerods, *n. pl.* : بواسیر کے مسّے -

Emersion, *n.* : دریا برآمد ؛ چاند یا سورج کا گرہن سے نکل آنا -

Emery, *n.* : کُرنڈ ؛ سنباذج ؛ دھاتوں اور پتھروں کو جلا دینے کی سلی -

Emetic, *a. & n.* : قے آور -

emeute, *n.* : رعایا کی بغاوت یا بلوا -

Emigrate, *v. i. & t.* : نقل وطن کرنا ؛ ترک وطن کرنا ؛ دوسرے دیس میں جابسنا ؛ (روزمرہ) نقل سکونت کرنا -

emigrant, *a. & n.* : تارک وطن -

emigration, *n.* : ترک وطن -

emigratory, *a.* : نقل وطن کرنے والا (جانور) ؛ ترک وطن سے متعلق -

emigre, *n.* : فرانسیسی تارک وطن ؛ فرانسیسی شہنشاہیت کا حامی جس نے فرانسیسی انقلاب کے زمانے میں ترک وطن کیا ہو -

Eminence, *n.* : بلند زمین ؛ (علمی یا معاشری) برتری ، فوقیت ، بزرگی ؛ کارڈینل کا ایک خطاب -

Eminent, *a.* : ممتاز ؛ بزرگ (اوصاف) ؛ نمایاں -

eminently, *adv.* : ممتاز طور پر ؛ خاص طور پر -

Emir (-er), *n.* : امیر ؛ میر -

Emissary, *n.* : سفیر ؛ فرستادہ (جاسوسی یا مخبری وغیرہ کی غرض سے)

Emission, *n.* : (۱) نکل پڑنا ؛ اِخراج ؛ اِنزال ؛ اِصدار - (۲) جو شے خارج یا صادر ہو -

e. theory : اِخراج نور کا نظریہ -

emissive, *a.* : جس میں اشعاع کی اِستعداد ہو -

Emit *v. t.* : (-tt-) : چھوڑنا ، نکالنا ، جاری کرنا ؛ رائج کرنا (حرارت ، نور ، زر کاغذی ، رائے عامہ ... کا)

Emma gee, *n.* : (سپاہیانہ) مشین گن -

Emmet, *n.* : چیونٹا ؛ چیونٹی -

Emollient, *a. & n.* : (کھال کو) ملائم کرنے والی (دوائے مالش) -

Emolument, *n.* : مشاہرہ ؛ منافع ؛ یافت -

Emotion, *n.* : جذبہ ؛ قومی احساس ؛ جوش -

emotionless, *a.* : بے احساس ؛ بے حس ؛ جذبات سے عاری -

Emotional, *a.* : جذباتی ؛ جذبیلا ؛ پرجذبات -

emotionalism, *n.* : جذبات کا بندہ ہونا ؛ جذبات کے تابع ہونا -

emotionalist, *n.* : معمولی طور پر جذبات کا تابع ؛ جو انسانی عمل کو بجائے عقل کے جذبات پر مبنی قرار دیتا ہے (جذبہ پرست) -

emotionality, *n.* : ایسا امر جو جذبات کے تابع ہو -

emotionally, *adv.* : جذباتی طور -

Emotive, *a.* : جذباتی ؛ جذبہ انگیز -

emotively, *adv.* : جذبہ انگیز طور پر -

Empanel, Im-, *v. t.* (-ll-) : (جوری وغیرہ کو) فہرست میں داخل کرنا -

Emperor, *n.* (fem. empress) : سلطنت روما (مغربی و مشرقی) کا فرماں روا ؛ ہولی رومن ایمپائر کا تاجدار ، شہنشاہ -

Purple E. : ایک قسم کی تتلی -

emperorship, *n.* : شہنشاہیت ؛ شہنشاہی -

Emphasis, *n.* : تاکید لفظی ؛ کسی عبارت کے مفہوم کے لحاظ سے اُس پر زور ؛ زور بیان ؛ زور احساس ؛ زور عمل ؛ کسی شے کی اہمیت -

Emphasize, *v. t.* : (تقریر میں کسی لفظ پر) زور دینا؛ (کسی واقعے کی) اہمیت کو نمایاں کرنا -

Emphatic, *a.* : پرزور (بیان ، لب و لہجہ وغیرہ) ؛ جن (الفاظ) پر خاص زور دیا جائے ؛ (جن اشخاص کا) بیان زوردار ہو ؛ پرقوت و پر معنی (فعال) -

emphatically, *adv.* : پرزور طریقے پر -

Empire, *n.* : حکومت ؛ اِقتدار اعلیٰ ؛ شہنشاہی ؛ مملکت ...

E. City, State : نیویارک ؛ ریاست نیویارک -

E. Day : ۲۴ مئی ؛ ملکہ وکٹوریا کی پیدائش کا دن -

the E. : ہولی رومن ایمپائر -

Empiric, *a. & n.* : (۱) عملی و تجربی (نظری یا اِستدلالی کا مقابل) - (۲) جو شخص محض تجربے کی بنا پر کام کرتا ہو ؛ اتائی -

empirical, *a.* : تجربی -
empirically, *adv.* : تجربی طور پر -
empiricism, *n.* : تجربیت -
empiricist, *n.* : اصول تجربی کا حامی یا قائل -
Emplacement, *n.* : موقع ؛ رکھاو ؛ توپوں کے رکھنے کا چبوترا -
Emplane, *v. i.* & *t.* : ہوائی جہاز میں سوار ہونا یا لادنا -
Employ, *v. t.*, & *n* (*about, for, in, on*) : (کسی شے یا اپنی قوت کو) استعمال کرنا (کسی شے میں یا اُس پر یا اُس کے لیے یا اُس کی بابت) ؛ (کسی کی) خدمات سے کام لینا ؛ (کسی کو) اپنی خدمت میں رکھنا ؛ کام میں لگانا ؛ دھندے میں لگانا ؛ روزگار سے لگانا -
in the e. of : کسی کی خدمت یا ملازمت میں -
employable, *a.* : قابل خدمت ؛ ملازمت کے قابل -
employer, *n.* : آجر -
employe (omploia), *n.* (fem. *-ee*) : ملازم ؛ تنخواہدار؛ نوکر ؛ ماجور -
Employee, *n.* : مونث ' مذکورۂ بالا معنوں میں -
Employment , *n.* : نوکری چاکری ؛ مستقل روز گار یا خدمت ؛ پیشہ ؛ دھندا -
Empoison, *v. t.* : زہر آلود کر دینا ؛ مسموم کردینا ؛ زہر ملا دینا ؛ (مجازاً) خراب کردینا ؛ کسی کو کسی کا مخالف کردینا ؛ کان بھرنا ؛ بدگمان کرنا -
Emporium, *n.* : دساور ؛ منڈی ؛ (عامیانہ) دکان -
Empower, *v. t.* : مجاز کرنا ؛ اِختیار دینا ؛ مختار کرنا -
Empress, *n.* : شہنشاہ بیگم؛ ملکہ ؛ فرماں روا کی بیوی -
emprssement, *n.* : اظہار خلوص ؛ تپاک -
Emprise (-z) ; *n.* : (قدیم) بہادرانہ مہم ؛ کریمانہ ہمت کا کام -
Empty, *a.* & *n.* : (۱) خالی : خالی خولی - (۲) (روز مرہ) بھوکا - (۳) (سامان یا مکین سے) خالی (مکان وغیرہ) ؛ سُونا ؛ سنسان ؛ (اسباب سے) خالی (جہاز یا گاڑی) - (۴) بے مغز ' تہی مغز (اِنسان) ؛ بے معنی (تجویز) - (اسم) خالی صندوق یا گاڑی -
e.-handed : خالی ہاتھ ؛ تہی دست -
e.-headed, -pated : تہی مغز ؛ کوڑ مغز -
emptiness, *n.* : خالی پن -
Empty, *v. t.* & *i.* : خالی کرنا ؛ خالی ہونا ؛ انڈیلنا ؛ منتقل کرنا ؛ گرنا (دریا کا) -
Empurple, *v. t.* : سرخ کرنا ؛ ارغوانی کرنا -
Empyrean, *a.* & *n.* : عرش ؛ فلک الافلاک -
empyreal, *a.* : عرشی ؛ عرش سے متعلق -
Emu, Emeu (-u), *n.* : آسٹریلیا کا ایک بڑا پرند -
Emulate, *v. t.* : رشک کرنا ؛ ہمسری کی کوشش کرنا؛ رقابت کرنا ؛ ریس کرنا -
emulation, *n.* : ریس -
emulative, *a.* : رقابت کا مشتاق کرنے والا -
emulator, *n.* : ریس کرنے والا -

Emulous, *a.* : رشک مند ؛ رقیب ؛ سبقت خواہ ؛ نقل کرنے والا -
emulously, *adv.* : متعلق فعل ' مذکورۂ بالا معنوں میں -
Emulsify, *v. t.* : شیرہ بنانا ؛ (کسی چیز کو) شیرہ سا کردینا -
Emulsion, *n.* : شیرہ جو روغنی اشیا کو پانی میں گھول کر بنایا گیا ہو -
emulsionize, *v. t.* : شیرہ یا گودھیا عرق بنانا -
emulsive, *a.* : دودھیا سا ؛ شیرے کا سا -
Emunctory, *a.* & *n.* : (۱) جسم کے فضلات کو دور کرنے والا عضو - (۲) ناک صاف کرنے کے متعلق -
En, *n.* : EM سے چھوٹا پیمانہ جس سے سطر کی مقدار مطبوعہ کا حساب کرتے ہیں -
-ese, *suf.*: لاحقہ جو صفت خاص کر نسبت وطن وغیرہ کے معنے دیتا ہے ؛ جیسے : *Japanese*, *Milanese* -

Eskar, *n.*: (ارضیات) آئرستان کے بعض دریاؤں کی گھاٹیوں میں سنگ ریزوں کے تودے جن سے کسی زمانے کی برفانی چٹانوں کا پتا چلتا ہے -

Eskimo, **-quimau** (-kimo), *n.* (pl. -oes, *-aux*, pl. -moz): شمالی امریکا کی ایک قدیم نسل کا شخص

Esoteric, *a.*: (فلسفے یا اور علموں کے ایسے مسائل یا اصول) جو خواص یا شاگردوں تک محدود رکھے جائیں ؛ مخفی (اصول ' گر وغیرہ) -

esoterical (ly), *adv.*: اسرار یا علم سینہ کے طور پر -

Espagnolette (-anyolet), *n.*: فرانسیسی چٹخنی (کھڑکی کی) -

Espalier, *n.*: ٹٹی جس پر درختوں کی بیل چڑھائی جاتی ہے ؛ درخت جس کی بیل چڑھائی جائے -

Esparto, *n.*: ایک قسم کی گھاس جو ہسپانیا سے کاغذ سازی کے لیے لائی گئی -

Especial(-shl), *a.*: خاص ؛ مخصوص ؛ اِستثنائی ؛ غیر معمولی -

especially, *adv.* خصوصاً ؛ خاص کر -

Esperanto, *n*: یک مصنوعی جگت بھاشا -

Espial, *n.*: جاسوسی ؛ جاسوسی کا کام -

espieglerie, *n.*: بدمعاشی ؛ شہد پن -

Espionage (-ij, -ahzh). *n.*: جاسوسی -

Esplanade, *n.*: (۱) مسطح میدان ؛ کھلا میدان جس پر لوگ چہل قدمی کے لیے جاتے ہوں - (۲) مسطح رقبہ جو قلعے اور شہر کے درمیان واقع ہو -

Espousal (-zl), *n.*: (قدیم) منگنی ؛ نسبت ؛ لگن ؛ (مجازاً) کسی معاملے کی حمایت یا وکالت -

Espouse (-owz), *v. t.*: (مرد کا) شادی کرنا ؛ (عورت کو) کسی کے ساتھ بیاہ دینا ؛ (کسی اصول یا معاملے کی) حمایت یا وکالت کرنا -

espressivo (-evo), *adv.*: (موسیقی) اِظہار جذبات کے طور پر -

esprit (espre), *n.*: زندہ دلی ؛ شگفتگی -

e. de corps (dekor): اپنی جماعت کی عزت و فوائد کا خیال ؛ یک جہتی کی شان -

e. fort (pr. for): آزاد خیال ؛ پختہ اِرادے کا شخص -

Espy, *v. t.*: دور سے جھلک دیکھنا ؛ عیب ' رخنہ یا نقص نکالنا -

-esque, *suf.*: لاحقہ ' صفت کا فائدہ اور 'مثل ' مانند ' نما کے معنے دیتا ہے ؛ جیسے *arabesque*, *Dantesque*, *burlesque* -

Esquimau: دیکھو ESKIMO -

Esquire, *n.*: جناب ؛ ایک تعظیمی لفظ جو شرفا اور معززین کے نام کے ساتھ لکھا جاتا ہے -

Ess, *n.*: حرف S کی شکل کی چیز -

-ess, *suf.*: لاحقہ ' تانیث کی علامت ؛ جیسے : *countess*, *governess* -

-ess, *suf.*: لاحقہ جو صفت پر داخل ہو کر اُسے اسم کیفیت بنادیتاہے ؛ جیسے : *duress*, *largess*, *riches* -

Essay, *n.*: (۱) کوشش - (۲) (نثر میں مختصر) مضمون ؛ مقالہ -

essayist, *n.*: مضمون نگار یا مقالہ نویس -

Essay, *v. t & i.*: (کسی کام پر) ہاتھ ڈالنا ؛ کسی کام کی کوشش کرنا ؛ آزمانا ؛ تجربہ کرنا ؛ کسنا ؛ جانچنا -

Essence, *n.*: جوہر ؛ ذات ؛ ذات مطلق ؛ ہستی قائم بالذات ؛ ماہیت ؛ ست -

essenced, *a.*: کشید کیا ہوا (عطر ' جوہر وغیرہ) -

Essene, *n.*: ایک قدیم متصوفانہ یہودی فرقے کا رکن -

Essential (-shl), *a. & n.*: (۱) ذاتی ؛ اصلی ؛ لازمی -

میزانیہ ؛ تبصرہ -

Estimate, *v.t.* : اندازہ لگانا ؛ تخمینہ کرنا ؛ انداز سے تعداد وغیرہ متعین کرنا ؛ راے قایم کرنا -

estimative, *a.* : اندازہ لگانے والی (قوت یا صلاحیت) -

estimator, *n.* : اندازہ لگانے والا (شخص) -

Estimation, *n.* : اندازہ ؛ راے -

hold in e. : وقعت ؛ عزت کرنا -

Estival & c. : دیکھو EST-

Estop, *v.t.*(-pp-) : (قانون) روکنا ؛ تمادی عارض کرنا -

estoppage, *n.* : تمادی -

Estoppel, *n.* مفر مارض؛ امر عارض ؛ سماعت ایسے قول کی جو فعل سابق کے خلاف ہو

Estrade(-ahd), *n.* : چبوترا ؛ ڈیس -

Estrange, *v.t* : بیگانہ کرنا ؛ پرایا کرنا ؛ کھنچ جانا -

estrangement, *n.* : بیگانگی ؛ کشیدگی ؛ بعد -

Estreat, *v.t.* : (قانون) (جرمانے ' ضمانت وغیرہ کی) مسل نکلواکر مقدمہ دائر کرانے کی غرض سے اسے پھر عدالت کو واپس کرنا -

Estuary, *n.* : بڑے دریا کا دھانہ مدو جزر کے وقت -

estuarine, *a.* : دھانے کی ؛ دھانے میں جمع شدہ -

Esurient, *a.* : بھوکا ؛ محتاج ؛ حریص

esurience, -ency, *nn.* : حرص؛ احتیاج -

-et, *suf.* : *bullet, hatchet, sonnet* : لاحقہ ' تصغیر کے لئے جیسے

et, -ete, *suf.* : لاحقہ جو فاعلیت کا فائدہ دیتا ہے ؛ جیسے *athlete, comet, exegete, poet* -

Eta, *n.* : یونانی حروف تہجی میں سے ایک حرف -

Etacism (a-), *n.* : یونانی '' e '' کا تلفظ مثل انگریزی '' a '' کے کرنا -

etat-major, *n.* : فوجی اسٹاف ؛ اسٹاف کا دفتر -

Et cetera, Etcetera, *phr.* & *n.*(pl. -as) (etc. اور &c مخفف) وغیرہ -

Etch, *v.t.* & *i.* : تانبے یا دھات کے پترے پر کھودنا اور تیزاب چھڑک کر نقش و نگار بنانا یا تصویر کا عکس اتارنا-

Etching, *n.* : (۱) مذکورۂ بالا عمل - (۲) ٹھپا ؛ چھاپا -

e.-needle . سوئی جو اس کام میں لائی جاے -

Eternal, *a.* دائمی؛ غیرفانی ؛ ابدی ؛ ازلی؛ سرمدی ؛ (روز مرہ) ہر وقت ؛ پے در پے ؛ دوامی -

e. city. روما -

e life : حیات ابدی : حیات جاوید-

e. punishment : سزاے ابدی -

the e. triangle : دومرد اور ایک عورت یا برعکس-

these e. bickerings روز کی تو تو میں میں-

etern(al)ize, *vv.t* . ابدی بنانا

eternally, *adv.* : ہمیشہ ہمیشہ کے لئے -

Eternity, *n.* : دوام ؛ ہمیشگی ؛ خلود؛ ابدیت ؛ بقاے دوام ؛ سرمدیت؛ (جمع) حقائق ازلی؛ زمان نامحدود یا ہمیشہ ہمیشہ ؛ حیات آیندہ

Etesian, *a.*, *e. winds* : ہوائیں جو بحر روم میں گرمیوں

(۲) اصلی اجزا -

e. character : لازمی خاصہ جو ایک نوع کو دوسرے انواع یا ایک جنس کو دوسرے اجناس سے ممتاز کرے

e. harmony : خاص لحن ؛ موسیقی آلے کے کسی پردے کی خصوصیت -

e. oil : (۱) اُڑجانے والا تیل - (۲) خاص مہک والا تیل - (۳) جز لازمی ؛ جز لاینفک -

e. proposition : قضیہ ' جو محکوم یا موضوع کے متعلق وہ حکم لگاتا ہے جو خود اُس کی تعریف میں داخل ہے -

essentiality, *n.* : اصلیت -

essentially, *adv.* : لازماً ؛ لازمی طور پر -

-est, *suf.* : لاحقہ ' تفضیل کُل کا فائدہ دیتا ہے یعنی '' سب سے زیادہ '' جیسے *eldest, quickliest* :

Establish, *v. t.* : (۱) (حکومت یا کاروبار وغیرہ کو) مستقل بنیاد پر قائم کرنا - (۲) (کسی شخص کا کسی منصب وغیرہ پر) جاگزیں ہونا - (۳) (رواج ' عقیدے ' نظایر وغیرہ کو) حتمی طورسے منوانا - (۴) کسی واقعے کو مُسلّم کرنا (۵) (کلیسا کو) قانوناً قومی حیثیت دینا -

Establishment, *n.* : (۱) عمل تقرر ؛ تمکّن؛ ثبوت؛ اِستقرار - (۲) عملہ ؛ محکمہ ؛ سررشتہ ؛ اِدارہ - (۳) کارخانہ ؛ نظام ؛ (اپنی آشنا کے لیے الگ) انتظام خانہ داری ؛ جماجمایا کارخانہ -

Church E. : نظام کلیسا جو قانوناً تسلیم کرلیا گیا ہو -

peace e. : فوج کی تخفیف شدہ تعداد ' حالت امن میں -

war e. : فوج کی اضافہ شدہ تعداد ' جنگ کے زمانے میں -

Establishmentarian, *a.* & *n.* : کلیساے مروجہ کے اصول کا ماننے والا یا وفادار -

estaminet, *n.* : فرانسیسی قہوہ خانہ جہاں شراب وغیرہ بھی بکتی ہے -

Estate, *n.* : (۱) حکمران طبقہ ؛ جماعت حکمران - (۲) جائداد ؛ ریاست ؛ علاقہ ؛ اِملاک - (۳) کُل اِملاک اور اُس کا کاروبار - (۴) (قدیم) حال ؛ حالت؛ کیفیت

fourth e. : اخبارات -

personal e. جائداد منقولہ -

real e. : جائداد غیر منقولہ -

the Three Ee. : (انگلستان کی پارلیمنٹ میں) (۱) پیشوایان مذہبی- (۲) لارڈز - (۳) نمایندگان عوام

third e. : شرفاے فرانس ؛ قبل از اِنقلاب -

estated *a.* : صاحب اِملاک -

Esteem, *n.* & *v. t.* (۱) عزت کرنا - (۲) لحاظ کرنا - (۳) اچھی طرح رکھنا - (۴) عزت؛ تعظیم ؛ اچھی راے -

Ester, *n.* مُرکّب جو الکحل اور ایسڈ کے اِنحاد سے بنتا ہے اور پانی کو خارج کردیتا ہے -

Estimable, *a.* : قابل توقیر؛ لایق عزت -

Estimate (-āt), *n.* : (۱) (تعداد رقم وغیرہ) تخمینہ ؛ اندازہ ؛ راے ؛ تخمینی مقدار - (۲) لاگت کا تخمینی نقشہ جو ٹھیکیدار کسی کام کے آغاز سے پہلے پیش کرتا ہے -

the Ee. : سال آئندہ کے مصارف ملکی کا اندازہ جو ہر سال پارلیمنٹ کے رو برو پیش ہوتا ہے ؛ موازنہ ؛ بجٹ ؛

میں چالیس دن تک شمال مغربی کی جانب سے چلتی ہیں -
-eth, suf. : دیکھو TH -
Ether, n. : صاف آسمان ؛ (طبیعیات) ایتھر؛ اثیر ؛(کیمیا) ایک رقیق بے رنگ شے جو الکحل پر ایسڈ کے عمل سے پیدا ہوتی ہے -
Ethereal, -ial, a. : ہوا کا سا ؛ ہلکا ؛ نہایت لطیف ؛اثیری -
e. oil : اثیری تیل (متعدد بار کشیدہ؛ نہایت لطیف تیل)-
ethereality, etherealization, nn. : لطافت ؛ اثیریت -
etherealize, v. t. : لطیف یا ہلکا بنانا ؛ مادی کثافت دور کرنا ؛ روحانیت یا لطافت پیدا کرنا -
ethereally, adv. : روحانی طور پر ؛ نہایت لطیف طور پر -
etherification, n. : الکحل کا اثیر بنانا -
etherify, v. t. : اثیر بنانا -
Etherize, v.t. : (مریض کو) ایتھر کے اثر میں لانا ؛ اثیرانا -
etherization, n. : اثیرانے کا عمل -
Ethic, a & n. : (۱)اخلاقی- (۲) (صیغۂ جمع) اخلاقیات ؛ علم الاخلاق ؛ رسالۂ علم الاخلاق ؛ اصول اخلاق -
e. dative : وہ شخص جسے امر زیر بحث سے محض بالواسطہ تعلق ہو -
ethical, a. اخلاقی -
ethically, adv. : اصول اخلاق کے مطابق -
ethicize v.t: اخلاقیات پر بحث کرنا -
Ethiopian(e-), a. & n. : (۱) حبشی ؛ حبش کا باشندہ (۲) (۲) (علم الانسان) نوع انسانی کی ایک نسل کا نام -
Ethnic, -ical, aa. : نسل سے یا علم الانسان سے متعلق ؛ مشرک؛ بت پرست -
ethnically, vad. : نسلی اعتبار سے -
ethnicism, n. : قدیم اقوام کے عقاید و توہمات -
Ethnography, n. : نسل انسانی کی مختلف شاخوں کا علم؛ علم الاقوام ؛ نسل انسانی کی مختلف شاخوں کا علمی و اصولی بیان -
ethnographer, n. : علم الاقوام کا ماہر -
ethnographic (al), aa. : علم الاقوام سے متعلق -
ethnographically, adv. : علم الاقوام کی رو سے -
Ethnolo..y, n. علم انسان ؛ مختلف انسانی نسلوں کے خصوصیات اور باہمی تعلقات کا علم -
ethnologic (al) aa. : علم الانسان سے متعلق -
ethnologically, adv. : علم الانسان کی رو سے -
ethnologist, n علم الانسان کا ماہر -
et hoc genus omne (ʼi): علی ھذالقیاس؛ وقس علیٰ ھذا؛ وغیرہ وغیرہ -
Ethology, n تشکیل سیرت کا علم -
ethological, a. تشکیل سیرت کے علم سے متعلق-
Ethos, n. کسی جماعت یا قوم یا نظام کی خصوصیات -
Ethyl, n. : الکحل ، اثیر اور ایسیٹک ایسڈ کی زمین
-etic, suf. : -ascetic, emetic : لاحقہ، فاعلیت کے معنے دیتا ہے ، جیسے
Etiolate, v. t. (پودے کو) روشنی سے محروم کرکے زرد کر دینا ؛ (شخص کو) بیمار صورت بنانا -
etiolation, n. اسم ، مذکورۂ بالا معنوں میں -
Etiology دیکھو AETIOLOGY -

Etiquette (-ket), n. : آداب مجلس ؛ آداب و رسوم ؛ مراسم دربار ؛ آداب پیشہ (خصوصاً طبی اور قانونی پیشوں میں) -
Etna, n. : اسپرٹ جلا کر پانی گرم کرنے کا چھوٹا برتن -
Eton (e-), n.. E. jacket : لڑکوں کا چھوٹا کوٹ جو کولہوں تک آئے -
E collar : چوڑا سخت کالر -
E. crop : عورتوں کے کٹے ہوئے بال -
Etruscan, a. & n. : قدیم اٹروریا کا باشندہ -
et seqq., sequentes, -tia : (کتابوں وغیرہ کے حوالوں میں) نقل صفحہ اور اس کے آگے
-ette, suf. : (۱) لاحقہ، تصغیر کے لیے ؛ جیسے -cigarette, etiquette: (۲) موجودہ تجارتی زبان میں " نقلی " یا " مصنوعی " معنے میں بھی آتا ہے ؛ جیسے : - Brusselette, leatherette -
Etui (-we), Etwee, n. : سوئی یا خلال وغیرہ رکھنے کی چھوٹی ڈبیا -
Etymologize, v. t. & i. : کسی لفظ کا اشتقاق وغیرہ بتانا ؛ علم اشتقاق کو تحصیل کرنا -
Etymology, n. : (۱) علم صرف - (۲) زباندانی کی شاخ جو الفاظ کی ساخت اور معنوں سے بحث کرتی ہے
etymologer, etymologist, nn. : صرفی ؛ علم صرف کا ماہر -
etymologic (al), aa. : اشتقاقی ؛ صرفی -
etymologically, adv. : اشتقاقی طور پر -
Etymon, n. : اصل لفظ جس سے مشتقات بنے ہوں ؛ مادہ -
Eu- : ترکیبی جز، بمعنی خوب -
Eucalyptus, n. : ایک قسم کا درخت جس کا عرق دوا کے طور پر استعمال ہوتا ہے ؛ یوک لپ ٹس -
Eucharis (uk-), n. : جنوبی امریکا کا ایک پودا جس کے پھول سفید اور گھنٹی کی شکل کے ہوتے ہیں -
Eucharist (uk-), n. : مقدس عشائے ربانی ؛ متبرک اجزا خصوصاً روٹی -
eucharistic (al), aa. : عشائے ربانی سے متعلق -
Euchlorine, n. : کلورین اور آکسائیڈ آف کلورین کی مرکب گیس -
Euchre (-ker), n., & v. t. : (۱) تاش کا امریکی کھیل جو دو یا تین یا چار آدمی کھیلتے ہیں - (۲) شاطری سے مخالف کو زک دینا -
Euclid, n. : (۱) اقلیدس (نام حکیم) (۲) اس کی تصنیف کا نام - (۳) علم ھندسہ
Euclidean, a. : اقلیدسی ؛ ھندسہ داں -
Eud (a) emonism, n. : شاد کیشی ؛ وہ نظام اخلاقیات جس میں افعال خیر کا معیار ان کا درجۂ مسرت افزائی ہے -
eudemonist, n. : شاد کیش -
Eudiometer, n. : آلہ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ ہوا میں آکسیجن کس قدر شامل ہے ؛ آکسیجن پیما -
eudiometric (al), aa. : آکسیجن پیما سے متعلق
eudiometrically, adv. : آکسیجن پیما کے ذریعے سے -
eudiometry, n. : آکسیجن پیمائی -
Eugenic (ū-j-), a. & n. : صحیح نسل (انسانی) پیدا کرنے کے

متعلق ؛ (صیغہ جمع) إصلاح نسل کا علم ؛ نسلیات (ج) -
علم إصلاح نسل کا محقق - **eugenist,** *n.* :
Euhemerism, *n.* : اساطیر اور افسانوں کو تاریخی بنیاد پر قائم کرنے کا طریقہ -
euhemerist, *n.* : افسانوں کو تاریخی بنیاد پر قائم کرنے والا -
euhemeristic, *a.* : صفت مذکورۂ بالا معنوں میں -
euhemerize, *v. t.* : افسانوں کی تاریخی تاویل کرنا -
Eulogize, *v. t.* : مدح کرنا ' بڑھانا چڑھانا (تقریر یا تحریر میں) -
eulogist, *n.* : مادح ؛ مداح ؛ قصیدہ خواں -
eulogistic, *a.* : مادحانہ ؛ مداحانہ -
eulogistically, *adv.* : مدح کے طور پر -
Eulogy, *n.* : مدح ؛ ثنا ؛ مدحیہ قصیدہ -
Eunuch(-uk), *n.* : خواجہ سرا ؛ زنانہ ؛ مخنث -
Euonymus, *n.* : ایک قسم کی جھاڑی -
Eupeptic, *a.* : اچھاہاضمہ رکھنے والا ؛ اچھے ہاضمے کے متعلق -
Euphemism (-fi-), *n.* : سخت مفہوم کو نرم الفاظ سے ادا کرنا ؛ کڑی بات کو ہلکی بولی میں کہہ جانا ؛ حسن تعبیر -
euphemistic, *a.* : سخت مفہوم کی نا گواری کو کھو دینے والا (لفظ یا عبارت) -
euphemistically, *adv.* : لطاف آفرینی سے -
euphemize, *v. t. & i.* : کڑی بات کو گوارا بنا دینا -
Euphonium, *n.* : (موسیقی) SAXHORN قسم کا ایک باجا -
Euphony, *n.* : خوشگوار آواز ؛ خوش آوازی ؛ سہولت تلفظ کی غرض سے تغیر اصوات ؛ ترخیم ؛ حسن صوت ؛ آواز کا سُریلاپن -
euphonic, *a.* : خوش آوازی یا حسن صوت سے متعلق ؛ ترخیمی -
euphonically, *adv.* : حسن صوت کے طور پر -
euphonious, *a.* : کانوں کو خوشگوار معلوم ہونے والا ؛ سامعہ نواز -
euphoniously, *adv.* : سامعہ نوازی سے -
euphonize, *v.t.* : حسن صوت پیدا کرنا ؛ حسن صوت کی خاطر تغیر کرنا -
Euphrasy, *n.* : خوش مزاجی ؛ زندہ دلی -
Euphuism, *n.* : پرتکلف اور مصنوعی طرز تحریر ؛ إنشاے مرصع ؛ صنعتگری (تحریر یا تقریر میں) -
euphuist, *n.* : مرصع نگار
euphuistic, *a.* : مرصع -
euphuistically, *adv.* : مرصع طور پر -
Eurasian (-shan), *a. & n.* : مخلوط النسل شخص جس کے والدین میں سے ایک مشرقی ہو ' ایک مغربی ؛ یوریشین -
Eureka, *int. & n.* : (۱) نعرۂ مسرت کسی شے کی دریافت کے وقت ' " میں نے پالیا " ؛ " مل گیا " - (۲) ایک تجارتی نام -
Eurhythmic, *a.* : (تعمیر) موزوں تناسب والا -
eurhythmics, *n.pl.* : جسمانی حرکات کی موزونیت خصوصاً حرکات کا وہ طریقہ جو موسیقی کے ساتھ سکھایا جاتا ہے -
European, *a. & n.* : (۱) یورپین ؛ یورپی ؛ مغربی ؛ یورپ سے تعلق رکھنے والا - (۲) یورپ کا باشندہ -
a E. reputation : جس کا نام یورپ بھر میں مشہور ہو -
Europeanism, *n.* : مغربیت ؛ یورپیت -
Europeanization, *n.* : مغربی بنانا -
Europeanize, *v. t.* : وضع قطع ' چال ڈھال میں یورپی طرز کی پیروی کرنا -
Euterpe, *n.* : (۱) راگ کی دیوی - (۲) تاڑ کے درختوں کی ایک صنف -
Euterpean, *a.* : موسیقی سے متعلق -
Euthanasia (-z-, -s-), *n.* : سہل اور بے ایذا موت ؛ خاص کر لا علاج اور تکلیف دہ امراض میں بالقصد ایسی موت کے اسباب مہیا کرنا -
Evacuate, *v. t.* : خارج کرنا ؛ خالی کرنا (خصوصاً معدے یا اور کسی حصۂ جسم کا) ؛ چھوڑ دینا (خصوصاً فوج کا کسی مقام کو) ؛ فضلہ خارج کرنا (نیز مجازاً) -
evacuant, *a. & n.* خالی کرنے والا -
evacuation, *n.* : تخلیہ -
Evade, *v. t.* : ٹال جانا ' بچ نکلنا (زد ' حملے ' چوٹ ' چال وغیرہ سے) ؛ بچا جانا ؛ پی جانا ؛ اُڑا جانا -
evadable, *a.* : جس سے مفر ممکن ہو -
Evaginate, *v. t.* : (عضویات) (نلکی نما اعضا کو) اُلٹ دینا ؛ اندر کا حصہ باہر کر دینا -
evagination, *n.* : اسم ' مذکورۂ بالا معنوں میں -
Evaluate, *v. t.* : قیمت لگانا ؛ آنکنا ؛ تشخیص کرنا ؛ کوتنا ؛ اعداد کے ذریعے سے ظاہر کرنا -
Evanesce (-s), *v. i.* : اوجھل ہو جانا ؛ مٹ جانا ؛ مٹ جانا ؛ محو ہو جانا -
Evanescent, *a.* : (نقش ' صورت وغیرہ) جلد مٹ جانے والی ؛ (ریاضی) اقل -
evanescence, *n.* : فنا پذیری ؛ عارضی پن -
evanescently, *adv.* : عارضی طور پر -
Evangel (-j-), *n.* : (قدیم) إنجیل ؛ اناجیل اربعہ میں سے کوئی ایک ؛ (سیاسی) عقیدہ یا اصول
Evangelic (al), *aa. & nn.* : (۱) إنجیلی ؛ مطابق تعلیم إنجیل یا مسیحیت ؛ پرو ٹسٹنٹ عیسائیوں کے اس عقیدے کے مطابق کہ إنجیل کا لب لباب یہ ہے کہ نجات کا إنحصار عقیدے یا ایمان پر ہے نہ کہ اعمال صالحہ اور مراسم مذہبی پر - (۲) اِس عقیدے کا قائل -
evangelicalism, *n.* : عقیدۂ بالا -
evangelically, *adv.* : عقیدۂ بالا کی رو سے -
Evangelism, *n.* : إشاعت إنجیل ؛ تبلیغ إنجیل ؛ عقیدۂ مذکورۂ بالا -
Evangelist, *n.* : اناجیل اربعہ کے مولفین میں سے ایک ؛ مبلغ إنجیل ؛ وہ شخص جو مشنری نہ ہو اور تبلیغ کا کام بطور خود کرتا رہے -
Evangelistic, *a.* : چاروں مولفین إنجیل کے متعلق ؛ مبلغین إنجیل کے متعلق ' نیز بمعنی EVANGELICAL -
Evangelize, *v. t.* : إنجیل کی تبلیغ کرنا ؛ مسیحیت کی

جانب لانا -

evangelization, *n.* : اشاعت مسیحیت -

Evanish, *v. i.* : غائب ہو جانا ؛ معدوم ہو جانا -

evanishment, *n.* : اسم ؛ مذکورۂ بالا معنوں میں -

Evaporate, *v. t. & i.* : تبخیر ؛ بخار بنا دینا ؛ سیالات کو بخارات میں تبدیل کر دینا ؛ بخار بن جانا ؛ بخار میں اڑ جانا ؛ رطوبت خارج کرنا -

evaporable. *a.* : جس میں بھاپ بننے کی صلاحیت ہو -

evaporation, *n.* : تبخیر -

evaporative, *a.* : بھاپ بن کر اڑ جانے والا ؛ تبخیر سے متعلق -

evaporator, *n.* : بھاپ بنانے والا (شخص یا آلہ) -

Evasion (-zhn), *n.* : حیلہ حوالہ ؛ ٹالا بالا ؛ لیت و لعل ؛ حیلہ بازی ؛ ٹال مٹول -

evasive (-s-), *a.* : ٹالنے والا ؛ لیت و لعل کرنے والا -

evasively, *adv.* : ٹال مٹول یا حیلے حوالے سے ؛ ٹالنے کے طور پر -

evasiveness, *n.* : لیت و لعل -

Eve, *n.* : حوّا ؛ ماما حوّا

daughter of E. : عورت -

Eve, *n.* : کسی کلیسیائی تقریب یا کسی اور واقعے سے قبل کی شام ؛ (کسی واقعے کے وقوع سے) ذرا پیشتر ؛ (قدیم) شام ۔ وقت

on the e. of an election : انتخاب کے قریب ؛ عین انتخاب کے وقت -

Evection, *n.* : چاند کا اتار چڑھاؤ ؛ چاند کے طول البلد میں عدم یکسانیت ؛ اختلاف قمر -

Even, *n.* : (شاعری) شام -

evensong : شام کی نماز کلیسیائے انگلستان کی -

eventide : شام -

Even, *a.* (-er,-est) : (۱) ہموار ؛ یکساں ؛ برابر ؛ مسطح ؛ ہم سطح - (۲) بلا رو رعایت ؛ ٹھیک ٹھیک ؛ مساوی بلحاظ شمار یا مقدار - (۳) (مزاج) پرسکون ؛ غیر منتشر ؛ جفت (مقابل طاق) -

e.-handed justice : بلا رو رعایت انصاف -

be e. with : بدلا لینا -

of e. date. : اسی تاریخ کا ؛ ایک تاریخ کا -

evenly, *adv.* : ٹھیک ٹھیک ؛ سکون خاطر سے ؛ برابر ۔ یکساں طور پر -

evenness, *n.* : ہمواری ؛ یکسانی ؛ مسطح پن -

Even, *adv.* : بھی ؛ تک ؛ یہاں تک کہ ؛ حتیٰ کہ -

Even, *v. t.* : برابر یا ہموار کرنا ؛ مساوی سمجھنا

Evening (evnɪŋ), *n.* : شام -

Event, *n.* : واقعہ ؛ وقوع ؛ اہم واقعہ -

at all ee. : ہر حال میں ؛ بہرحال ؛ بہر صورت ؛ بہر تقدیر ؛ جو کچھ بھی ہو -

double e. : دو شرطوں کا ایک وقت میں ہونا -

eventful, *a.* : پُر از واقعات (اہم) -

eventless, *a.* : خالی از واقعات (غیر اہم) -

Eventual, *a.* : شدنی ؛ بالآخر واقع ہونے والا ؛ آخری -

eventually, *adv.* : آخر کار -

Eventuality, *n.* : امکان ؛ امکان وقوع

Eventuate, *v. i.* : بالآخر واقع ہونا ؛ (اچھا ، برا) ثابت ہونا -

Ever, *adv.* : ہمیشہ ؛ دائماً ؛ متواتر ؛ کبھی -

e. after, since : جب سے

e. & anon : کبھی کبھار -

evermore : ہمیشہ ؛ دائم -

be as quick as e. you can : جس قدر جلدی کر سکتے ہو کرو -

better than e. : ہمیشہ سے بہتر -

for e. (& e., & a day) : ہمیشہ کے لیے ؛ علی الدوام -

Everglade, *n.* : امریکا کا ایک دلدلی علاقہ ؛ (صیغہ جمع) جنوبی فلوریڈا کا ایک دلدل -

Evergreen, *a. & n.* : سدا بہار ؛ جو ہمیشہ سرسبز و شاداب رہے (نیز مجازاً) -

Everlasting, *a. & n.* : (۱) دائمی ؛ ہمیشہ قائم رہنے والا ؛ لازوال - (۲) عرصے تک قائم رہنے والا - (۳) پودے خشک ہو جانے کے بعد بھی شکل و رنگ قائم رکھنے والے - (۴) ہمیشگی ؛ ابد -

everlastingly, *adv.* : ہمیشہ ہمیشہ -

everlastingness, *n.* : ہمیشگی ؛ دوام -

Evert, *v. t.* : (عضویات) (عضو) اندر سے باہر کی جانب الٹ دینا ؛ (قدیم) انقلاب (حکومت) -

eversion, *n.* : الٹ دینا ؛ انقلاب -

Every (evri), *a.* : ہر ؛ ہر ایک ؛ کُل ؛ ایک ایک ؛ ہر ہر ؛ بالکل -

e. bit as much : بالکل اتنا ہی -

every body (else) : ہر دوسرا ؛ ہر اور شخص -

e. now & then, e. now & again : بار بار ؛ گھڑی گھڑی ؛ ہر تھوڑی دیر کے بعد ؛ تھوڑی تھوڑی دیر کے بعد -

e. third day : ہر تیسرے دن -

e. three days : ہر تین دن (میں ایک بار) -

everyway : ہر حیثیت سے ؛ ہر طرح ؛ بہ ہر طور -

everywhere : ہر جگہ ؛ ہر مقام پر ؛ ہر کہیں -

(pace) is everything : جو کچھ ہے بس (رفتار) ہی ہے -

Evict, *v. t.* : (کاشتکار کو) بے دخل کر دینا ؛ قانونی چارہ جوئی سے بے دخل کرنا -

eviction, *n.* : بے دخلی ؛ تخلیہ

evictor, *n.* : بے دخل کرنے والا -

Evidence, *n., & v. t.* : (۱) شہادت ؛ بداہت ؛ (قانون) شہادت ؛ گواہی - (۲) شہادت دینا ؛ تصدیق کرنا - (۳) علامت ، نشان ؛ ثبوت ، واقعات جو کسی نتیجے تک لے جائیں -

in e. : نمایاں ؛ ظاہر -

internal e. : اندرونی یا داخلی شہادت -

external e. : بیرونی یا خارجی شہادت (قانون) -

call in e. : بطور گواہ طلب کرنا ؛ شہادت میں طلب کرنا -

cicumstantial e. : شہادت واقعات متعلقہ ؛ قرائنی شہادت -

presumptive e. : شہادت بلحاظ قیاس -
verbal e. : زبانی شہادت -
turn King's, Queen's e. : شریک جرم کا سرکاری گواہ بن جانا -
evidential (-shl), **evidentiary** (-sha-), *aa.* : متعلق بہ شہادت -
evidentially, *adv.* : شہادت کے طور پر -
Evident, *a.* : ظاہر ؛ نمایاں ؛ بدیہی ؛ بین
Evidently, *adv.* : بہ ظاہر -
Evil (evl) *a., n., & adv.* : (۱) برا ؛ بد ؛ خراب ؛ مضر ؛ نقصان رساں - (۲) گناہ ؛ برائی ؛ بدی ؛ معصیت - (۳) برائی ؛ سے ؛ بدی کے ساتھ -
e. -disposed : مائل بہ بدی -
e. -doer : بدکار -
e. entreat : بُرا برتاو -
e. eye : بد نظر ؛ نظر بد -
Aleppoe.=King's e. : پھوڑوں کی ایک بیماری -
an e. tongue : زبان بد -
of e. repute : بدنام -
speak e. of : برائی کے ساتھ ذکر کرنا -
the E. one : شیطان -
evilly, *adv.* : بدی سے -
Evince, *v. t.* : ظاہر کرنا ؛ اظہار کرنا ؛ ثبوت دینا ؛ جتانا -
evincive, *a.* : جتانے والا ؛ ظاہر کرنے والا -
Evirate, *v. t.* : آختہ کرنا ؛ (مجازاً) اوصاف مردانگی سے معرا کرنا -
eviration, *n.* : آختہ کرنا ؛ نامرد بنانا -
Eviscerate, *v. t.* : آنتیں وغیرہ نکال لینا ؛ (کسی شے کو) خالی کرنا -
evisceration, *n.* : اسم ، مذکورۂ بالا معنوں میں -
Evoke, *v. t.* : (۱) پکارنا - (۲) (مردے کی روح کو مدد کے لیے) بلانا ؛ حاضرات کرنا - (۳) (جذبات ، قویٰ وغیرہ کو) ابھارنا - (۴) عدالت اعلیٰ کی جانب طلب کرنا -
evocation, *n.* : اسم ، مذکورۂ بالا معنوں میں -
evocative, *a.* : ابھارنے والا ؛ اثر ڈالنے والا -
evocatory, *a.* : طلب کرنے والا ؛ حاضراتی وغیرہ -
Evolute, *a. & n. E. (curve)* : برپیچ -
Evolution, *n.* : (۱) کھلنا ؛ کُھلنا - (۲) واقعات کا ظہور ترتیب کے ساتھ - (۳) (حرارت گیس وغیرہ کا) اخراج ؛ نکلا - (۴) خط منحنی کا کُھلنا - (۵) کون ؛ نشو و نما ؛ ارتقا - (۶) (مقابل آفرینش) مادۂ کائنات میں مرکزیت پیدا ہو کر اجرام فلکی ظہور میں آنا - (۷) سپاہ اور جہازوں کی نقل و حرکت میں تغیر - (۷) رقص وغیرہ میں گردش کرنا -
evolutional, **evolutionary**, *aa.* : ارتقائی ؛ ارتقا سے متعلق -
evolutionism, *n.* : ارتقائیت ؛ اصول ارتقا -
evolutionist, *n.* : مسئلہ ارتقا کا قائل ؛ ارتقائی -
evolutionistic, *a.* : ارتقائی -
Evolutive, *a.* : ارتقا کی جانب مائل ؛ متعلق بہ ارتقا -
Evolve, *v. t. & i.* : پھیلانا ؛ کھولنا ؛ ترتیب کے ساتھ لگانا ؛ (گرمی وغیرہ کو) خارج کرنا ؛ (واقعات ، نظریات وغیرہ کا) استنباط ؛ نمو ؛ نشو و نما ہونا (قدرتی طریقے سے) -
evolvement, *n.* : نشو و نما ؛ نمو وغیرہ -
Evulsion, *n.* : زور سے کھینچنا یا نکالنا -
Ewe (u), *n.* : بھیڑی ؛ بھیڑ -
one's e. lamb : عزیز یا محبوب چیز -
Ewer (u-), *n.* : لوٹا ؛ پانی کا بلوریں توابہ جو سونے کے کمرے میں رکھ دیا جاتا ھے -
ex, prep : بمعنی خارج اور " میں سے " -
Ex-, prep. : بمعنی باھر ؛ سامنے ، تمام تر ، خارج ، سابق ؛ مثلاً *ex-chancellor* :
Exacerbate, *v. t.* : (غصے ، مرض ، درد وغیرہ کو) تیز کردینا ؛ بڑھا دینا ؛ (کسی شخص کو) مشتعل کردینا -
exacerbation, *n.* : زیادتی ؛ تیزی ؛ اشتعال -
Exact, *a.* : ٹھیک ؛ قطعی ؛ درست ؛ صحیح ؛ ٹھیک ٹھیک ؛ چچاتلا ؛ باقاعدہ -
e. science : علوم قطعیہ ؛ علوم یقینی -
exactitude, *n.* : صحت ؛ درستی -
exactness, *n.* : صحت ؛ چچاتلا ہونا -
Exact, *v. t.* : مُصر ہونا ؛ فوراً طلب کرنا ؛ جبراً وصول کرنا -
exactable, *a.* : جس حد تک وصول کیا جاسکے -
exacting, *n.* : سخت گیر ؛ سخت (اشخاص و اشیا) -
exactor, *n.* : وصول کرنے والا -
Exaction, *n.* : اخذ (زر) مطالبہ زائد یا خلاف قانون ؛ استحصال بالجبر ؛ محصول سے زائد محصول یا خراج -
Exactly, *adv.* : بجا ؛ درست ؛ ٹھیک -
Exaggerate (-aj-), *v. t.* : مبالغہ کرنا ؛ بڑھا چڑھا کر بیان کرنا ؛ نمک مرچ لگا کر بیان کرنا ؛ تصویر میں اصل کے کسی حصے کو) حد سے بڑا دکھانا -
exaggeratedly, **exaggeratively**, *advv.* : مبالغے سے -
exaggeration, *n.* : مبالغہ ؛ غلو ؛ تعلّی -
exaggerative, *a.* : مبالغہ آمیز -
exaggerator, *n.* : بڑھا چڑھا کر بیان کرنے والا ؛ دون کی لینے والا -
Exalt (-aw-), *v. t.* : بڑھانا ؛ چڑھانا ؛ بلند کرنا ؛ وقعت دینا ؛ وصف و ثنا کرنا ؛ (رنگ وغیرہ کو) تیز کرنا -
e. to the skies : آسمان پر چڑھانا ؛ تعریف کے پل باندھنا -
Exaltation, *n.* : بلندی ؛ ترفع ؛ سرفرازی ؛ عروج ؛ غایت انبساط ؛ وجد -
Examination, *n.* : امتحان ؛ جانچ ؛ غائر معائنہ -
post-mortem e. : لاش کا امتحان (چیر پھاڑ کر) -
examinational, *a.* : امتحانی ؛ امتحان سے متعلق ؛ امتحان پر مبنی -
Examine, *v. t. & i.* : امتحان لینا ؛ جانچنا ؛ جانچ کرنا ؛ تحقیقات کرنا ؛ تجسس کرنا ؛ پرتالنا ؛ پڑتال کرنا
examinant, *n.* : ممتحن -
examinatorial, *a.* : ممتحنی ؛ ممتحن سے متعلق -

examinee, *n.* : امتحان دینے والا؛ جس کا امتحان لیا جائے -
examiner, *n.* : امتحان لینے والا؛ ممتحن؛ جانچنے والا؛ پر تالنے والا -
Example, *n., & v. t.* : (۱) مثال؛ تمثیل؛ وہ واقعہ جس سے کلیے کی توضیح ہوتی ہو؛ مشق؛ نمونہ (صنعت، تصویر کشی وغیرہ)؛ عبرت؛ سبق؛ نظیر؛ نمونہ؛ مثال (قابل تقلید) - (۲) مثال دینا -
beyond, without, e. : بے نظیر؛ بے مثال -
give, set, a good e. : اچھی مثال قائم کرنا -
make an e. of him : کسی کو دوسروں کے لیے سبق (یا باعث عبرت) قرار دینا -
take e. by : (کسی کی) تقلید یا نقل کرنا
Examinate (-at), *a.* : مردہ؛ بے جان؛ بے ہمت -
Exarch (-k), *n.* : (بیز نطینی حکومت کی اصطلاح) دور دراز صوبے کا حاکم؛ (کلیسائے مشرقی کی اصطلاح) پادری؛ نائب پادری -
exarchate, *n.* : منصب مذکور بالا -
Exasperate, *v. t.* : (مرض، درد وغیرہ کا حال) ابتر کر دینا؛ غصہ دلانا؛ اشتعال دینا؛ برانگیختہ کرنا -
exasperatingly, *adv.* : اشتعال انگیز طور پر -
exasperation, *n.* : غصہ؛ اشتعال -
ex cathedra, adv. & a. : مستند؛ مستند طور پر
Excavate, *v. t.* : خول کرنا؛ کھودنا؛ کھوکھلا کرنا؛ کھود کر نکالنا؛ کھود کر غار بنانا -
excavation, *n.* : کھدائی؛ احتفار -
excavator, *n.* : کھود کر نکالنے والا؛ محتفر؛ حافر -
Exceed, *v. t. & i.* : (حقوق یا حدود سے) تجاوز کرنا؛ متجاوز ہونا؛ بڑھ جانا؛ آگے نکل جانا؛ سبقت لے جانا؛ مبالغہ کرنا؛ غلو کرنا؛ کھانے پینے میں بے اعتدالی کرنا -
exceeding, *a. & adv.*, **exceedingly,** *adv.* : نہایت؛ بے حد -
Excel, *v. t. & i.* (-ll-) : بڑھ جانا؛ سبقت لے جانا؛ بازی لے جانا؛ شرف یا فضیلت رکھنا -
Excellence, *n.* : (۱) افضلیت؛ فضیلت؛ شرف؛ تفوق؛ برتری - (۲) وجہ شرف؛ بنائے افضلیت -
Excellency, *n.* (*His, Her, Your E.*) : سفیروں، گورنروں، ان کی خواتین اور دیگر عہدہ داروں کا خطاب -
Excellent, *a.* : بہت ہی اچھا؛ نفیس؛ ممتاز؛ اعلیٰ؛ افضل؛ عمدہ؛ خوب -
excellently, *adv.* : بہت خوبی سے؛ بطریق احسن؛ بڑی نفاست سے -
Excelsior, *int. & n.* : (۱) اعلیٰ؛ ارفع؛ اتم - (۲) (امریکا میں) لکڑی کی ہلکی ہلکی چھپٹیاں (مشین میں ہوا کے روکنے کے لئے) -
Except, *v. t & i.* : مستثنیٰ کرنا؛ شمار سے کسی فرد کو الگ کر دینا؛ اعتراض کرنا
exceptive, *a.* : استثنائی
Except, Excepting, *prep. & conj.* : (۱) بجز؛ سوا؛ بغیر استثنا - (۲) بجز؛ الّا؛ مگر یہ کہ -

Exception, *n.* : استثنا؛ مستثنیٰ -
subject, liable, to e. : قابل اعتراض؛ مورد اعتراض -
take e. to : اعتراض کرنا؛ گرفت کرنا -
the e. proves the rule : مستثنیات کا وجود کلیے کو ثابت کرتا ہے -
exceptionable, *a.* : قابل استثنا -
Exceptional, *a.* : استثنائی؛ غیر معمولی؛ خصوصی
e. advantages : غیر معمولی فوائد -
exceptionality, *n.* : خصوصیت؛ مستثنیٰ ہونا
exceptionally, *adv.* : مستثنیٰ طور پر؛ غیر معمولی طور پر -
Excerpt (or ikser-) *n.* : کسی کتاب وغیرہ سے اقتباس؛ کسی علمی رسالے وغیرہ سے لیا ہوا کوئی مضمون جس کی الگ اشاعت کی گئی ہو -
Excerpt, *v. t.* : اقتباس کرنا؛ نکالنا؛ نقل کرنا -
excerptible, *a.* : قابل اقتباس -
excerption, *n.* : اقتباس -
Excess, *n.* : زیادتی؛ تجاوز؛ جائز حدود سے تجاوز؛ کھانے پینے یا مے نوشی میں بے اعتدالی؛ افزونی؛ بیشی؛ انتہا -
e. fare on railway : جس درجے کا ٹکٹ ہو اس سے اونچے درجے میں یا جہاں تک کا ہو اس کے آگے سفر کرنے کا زائد کرایہ -
e. luggage : زائد اسباب: جتنے سامان کی بلا محصول اجازت ہے اس سے زائد سامان -
e. profits duty : وہ محصول جو دوران جنگ میں منافع پر لگایا جائے -
in e. of : (سے) زائد؛ (پر) مستزاد -
excessive, *a.* : بے حد؛ زیادہ؛ بے حساب؛ بے شمار -
excessively, *adv.* : بہت زیادہ؛ انتہا سے بڑھ کر -
Exchange, *n.* : مبادلہ؛ ادلا بدلا؛ (اسباب، اسیران جنگ، گھونسوں، گالی گلوچ کا فریقین کے درمیان) باہم دگر تبادلہ؛ معاوضہ؛ پلٹا؛ تبادلہ زر؛ جو شے معاوضے میں حاصل ہو؛ مہاجنی؛ ساہوکاری؛ ہنڈی؛ ہنڈی کا لین دین -
e. is no robbery : ناواجب تبادلے کے عذر کے موقع پر ہنسی میں کہتے ہیں: "مبادلہ کیا ہے، چوری نہیں کی" یا "عوض معاوضہ گلہ ندارد" -
bill of e. : ہنڈی
course of e. : نرخ نامہ مبادلہ؛ بدلائی کا نرخ نامہ -
par of e. : مبادلہ مساوات؛ برابر سرابر -
rate of e. : شرح مبادلہ؛ بدلائی کا بھاو -
stock -e. : صرافا؛ ساہوکارا -
Exchange, *v. t & i.* : مبادلہ کرنا؛ تبادلہ کرنا؛ ایک شے کے بدلے میں دوسری لینا دینا؛ (نگاہ، مارپیٹ، گالی گلوچ وغیرہ کا) ایک دوسرے کے مقابلے میں استعمال ہونا؛ معاوضہ کرنا؛ پلٹا کرنا؛ ادلا بدلی کرنا؛ دوسرے افسر سے تبادلہ منظور کرا کے (ایک جہاز سے دوسرے میں یا ایک پلٹن سے دوسری میں) چلا جانا -
Exchangeable, *a* : قابل تبادلہ؛ قابل مبادلہ -
e. value : قیمت جس کا اندازہ اس اسباب کی مالیت سے کیا جائے جو اس چیز کے بدلے میں لیا جائے

exchangeability, *n.*: استبدال -

Exchequer(-tsheker) *n.*: محکمۂ خزانہ ؛ خزانۂ عامرہ ؛ محکمہ جو سرکاری محاصل وصول کرانے اور جمع رکھنے کا مجاز ہوتا ہے -

e. bill: نوٹ یا ہنڈی جو پارلیمنٹ کے اقتدار سے مروج شرح سود کے مطابق ہوتی ہے -

Chancellor of the e: برطانیہ کا وزیر مال -

Court of E.: اگلے زمانہ میں انگلستان کی ایک قانونی عدالت ، جو بعد کو KING'S BENCH DIVISION میں ضم ہوگئی -

Excise (-z), *n.*, & *v. t.*: (۱) محصول سرکاری ؛ تہ بازاری ؛ مصنوعات ملکی پر محصول اندرون ملک میں فروخت یا تیاری سے پہلے چنگی - (۲) محصول لینا ؛ زائد چنگی وصول کرنا ؛ (نیز مجازاً) طاقت سے بڑھکر طلب کرنا یا کام لینا -

exciseman: محصول لینے والا ؛ داروغہ چنگی -

exciable, *a.*: قابل محصول -

Excise (-z), *v. t.*: (کسی عضو جسم یا کتاب کی عبارت کو) کاٹ دینا ؛ کتر لینا ؛ چاک کرنا -

excision (-izhn), *n.*: شق ؛ قطع ؛ قطع و برید ؛ کام تمام کردینا -

Excite, *v.t.*: (جذبات کو وغیرہ کو) برانگیختہ کرنا ؛ تحریک کرنا ؛ اشتعال دینا ؛ مشتعل کرنا ؛ حرکت میں لانا ؛ بھڑکانا ؛ گرمانا ؛ اکسانا ؛ اُبھارنا ؛ جوش دلانا ؛ (عکاسی) پلیٹ میں عکس قبول کرنے کی قابلیت پیدا کرنا ؛ (برقی) رو چلانا ؛ کسی مادے میں حرکت پیدا کرنا -

excitability, *n.*: اشتعال پذیری ؛ قابل اشتعال -

excitable, *a.*: اشتعال پذیر -

excitant, *a* & *n.*: جوش میں لانے والا (واقعہ یا دوا) ؛ محرک -

excitation, *n.*: برانگیختگی ؛ مشتعلی ؛ جوش آفرینی -

excitative, *a.*: جوش لانے والا ؛ محرک -

excitatory, *a.*: جوش میں لانے والا ؛ جوش یا اشتعال پیدا کیا ہوا -

excitedly, *adv.*: جوش سے ؛ گھبراہٹ سے ؛ اشتعال سے -

excitment, *n.*: اشتعال ؛ جوش ؛ گھبراہٹ ؛ کھلبلی -

Exclaim, *v. i.* & *t.*: پکار اُٹھنا ؛ چیخنا (جیسے درد وغیرہ سے) ؛ چلا اٹھنا -

e. against: با آواز بلند الزام لگانا -

Exclamation, *n.*: فل پکار ؛ ہانک پکار ؛ الفاظ جو بطور فجائیہ استعمال کئے جائیں -

note of e.: علامت فجائیہ (!) -

exclamatory, *a.*: فجائیہ سے متعلق ؛ فجائی -

Exclude, *v. t.*: (کسی شخص یا شے کو کسی مقام ، جماعت یا حق سے) خارج کر دینا ؛ نکال دینا ؛ باہر کر دینا ؛ مستثنیٰ کردینا -

exclusion (-zhn), *n.*: اسم مذکورۂ بالا معنوں میں

Exclusive (-s), *a.*: نکال کر (کسی چیز سے) خارج یا مستثنیٰ ؛ منہا کر کے ؛ شامل نہ کر کے ؛ صرف خواص سے ربط ضبط کا خواہش مند ؛ مخصوص ؛ بلا شرکت غیرے -

exclusively, *adv.*: الا ؛ خارج کرکے ؛ مختص طور پر ؛ شامل نہ کرکے -

exclusiveness *n.*: علاحدہ پسندی ؛ الگ تھلگ رہنے کی خواہش -

excluvisim, *n.*: انفرادیت پسندی ؛ الگ تھلگ پن -

Excogitate (-j-), *v.t.*: غور کرنا ؛ تدبیر نکالنا -

excogitation, *n.*: غور و فکر ؛ ادھیڑ بن -

excogitative, *a.*: غور فکر یا ادھیڑ بن کی صلاحیت رکھنے والا (قوائے انسانی کے لئے) -

Excommunicate, *v.t.*: (مذہبی) کسی شخص کو کلیسائی حقوق سے محروم کردینا ؛ حقہ پانی بند کر دینا ؛ ذات باہر کردینا -

excommunication, *n.*: اسم ، مذکورۂ بالا معنوں میں -

excommunicative, *a.*: ان حقوق سے محروم کرنے والی (چیز یا بات) -

excommunicator, *n.*: ان حقوق سے محروم کرنے والا (شخص) -

excommunicatory, *a.*: محرومیت حقوق بالا سے متعلق -

Excoriate, *v.t*: چمڑا اُدھیڑنا ؛ کھال کھینچنا ؛ پوست کنی کرنا -

excoriation, *n.*: پوست کنی -

Excrement, *n.*: فضلہ ؛ گوبر ؛ غلیظ ؛ براز -

excremental, *a.*: فضلے سے متعلق ؛ فضلے کا -

excrementitious, *a.*: نکما ؛ بے کار (تلچھٹ وغیرہ) -

Excrescence *n.*: جسم حیوانی یا نباتی پر کسی غیر طبعی شے کا پیدا ہو جانا ؛ پھوڑا ؛ پھنسی ؛ زائدہ ؛ بد گوشت -

excrescential, *a.*: بد گوش کا سا ؛ زاید ؛ فضول ؛ حشو -

Excrescent, *a.*: غیر طبعی (اضافہ) ؛ زاید ؛ فضول ؛ حشو -

Excreta, *n.pl.*: جسم سے خارج شدہ غلاظتیں ؛ بول براز وغیرہ -

Excrete. *v. t.*: (حیوانات و نباتات کا جسم سے غلیظ مادہ) باہر پھینکنا یا نکالنا ؛ فضلات جسم کو خارج کرنا -

excretion, *n.*: اخراج (غلاظت ؛ فضلہ) -

excretive, excretory, *aa.*: اخراج کرنے والا ، یا اخراج میں معاون -

Excruciate (-shi) *v.t*: شدید اذیت پہنچانا ؛ دکھ دینا ؛ دماغی اذیت پہنچانا -

excruciatingly, *adv.*: اذیت سے -

excruciation (-si-), *n.*: شدید ایذادہی -

Exculpate, *v. t.*: بری کرنا ؛ بے جرم و بے گناہ ٹھیرانا -

exculpation, *n.*: بریت ؛ برأت -

exculpatory, *a.*: معاون بریت (بیان ، شہادت وغیرہ) -

Excurrent, *a.*: باہر کو بہتا ہوا ؛ قلب سے (شریانی خون) بہتا ہوا ؛ باہر نکلنے کا رستہ دینے والا ؛ باہر کو نکلا ہوا -

Excurse, *v. i.*: (شاذ) (۱) بھٹکنا - (۲) تفریح کے لیے جانا -

excursive, *a.*: تفریحی -

excursively. *adv.*: تفریح کے طور پر -

excursiveness, *n.*: سرگشتگی ؛ بھٹکنا -

Excursion, *n.*: سفر بہ نیت واپسی ؛ سیاحت ؛ سیر سپاٹا ؛ چلد یار دوستوں کی سرگشت ؛ یورش ؛ چڑھائی ؛ دھاوا ؛ (ہیئت) راہ طبعی سے انحراف -

e. train: تفریحی ریل ؛ ریل جو تفریح کرنے والوں کے لیے مخصوص ہوتی ہے

excursional, *a.*: سیر سپاٹے کے متعلق -

excursionary, *a.*: سیر سپاٹا کرنے والا -

excursionist, *n.*: سیر سپاٹا کرنے والا ؛ ایکس کرشن ریل پر سفر کرنے والا -

Excursus, *n.* (pl. *-uses*): کتاب کی کسی مجمل بات پر تفصیلی بحث عموماً تتمے یا ضمیمے میں -

Excuse (-z), *v. t.*: معاف کرنا ؛ عفو کرنا ؛ درگذر کرنا ؛ عذر معذرت کرنا ؛ براءت کے طور پر پیش کرنا (کسی شخص یا فعل کا) ؛ (فرض سے) سبک دوش کرنا -

excusable, *a.*: قابل معافی -

excusably, *adv.*: عذر کے طور پر -

excusatory, *a.*: عذر دارانہ ؛ معذرت کے (الفاظ ' بیان وغیرہ) -

Excuse (-s), *n.*: معافی ؛ معذرت ؛ وجہ معافی ؛ خدمت سے معافی چاہنے کی استدعا ؛ عذر براءت -

Exeat, *n.*: (مدرسے وغیرہ سے) غیر حاضری کی اجازت ' رخصت -

Execrable, *a.*: ملعون ؛ مردود ؛ قابل نفرت -

execrably, *adv.*: قابل نفرین طور پر -

Execrate, *v. t. & i.*: لعنت بھیجنا ؛ اظہار کراہت کرنا ؛ کوسنا ؛ سراپ دینا ؛ سرا پنا -

execration, *n.*: سراپ -

execrative, *a.*: پر از لعنت ؛ سراپ بھرا -

execratory, *a.*: لعنتی -

Executant, *n.*: (۱) تعمیل کرنے والا ؛ عمل میں لانے والا - (۲) گانے بجانے والا -

Execute, *v. t.*: (۱) تعمیل کرنا - (۲) (قانونی سزا ' حکم وغیرہ کا) نفاذ کرنا ؛ عمل میں لانا ؛ عمل در آمد کرنا ؛ بجا لانا - (۳) (دستاویز وغیرہ کی) قانونی تکمیل مہر ' دستخط وغیرہ کے ذریعے سے کرنا - (۴) از روے قانون کسی جائداد یا ملک کا دینا - (۵) فرض منصبی ادا کرنا - (۶) (راگ) ادا کرنا - (۷) پھانسی دینا ؛ گردن مارنا -

executable, *a.*: قابل نفاذ ؛ قابل تعمیل -

Execution, *n.*: (۱) کار روائی ؛ بجا آوری - (۲) تعمیل ؛ نفاذ ؛ ادائی - (۳) کمال فن موسیقی - (۴) (اسلحہ کی) قوت ہلاکت - (۵) قرقی ؛ ضبطی مال یا اسیری بہ علت عدم ادائے قرض - (۶) پھانسی ؛ گردن ماری جانا -

executioner, *n.*: جلاد -

Executive, *a. & n.*: (۱) انتظامی ؛ عاملانہ - (۲) حکومت کا صیغۂ انتظامی جس کا تعلق قوانین تعزیرات وغیرہ کے نفاذ سے ہے -

Executor, *n.*: عامل ؛ تعمیل کنندہ ؛ وصی جس کے سپرد وصیت نامے کی تعمیل ہو -

literary e.: وہ شخص جس کے سپرد مصنف کی غیر مطبوعہ تصانیف کی طبع و اشاعت ہو ؛ ادبی وصی -

executorial, *a.*: تعمیل وارنٹ کے متعلق ؛ عامل یا تعمیر کنندہ کے متعلق -

executrix, *n.* (pl. *-cutrices*): (مونث) موصیہ -

executorship, *n.*: عامل کا منصب یا عہدہ -

Exegesis (-j-), *n.*: تفسیر ؛ تاویل -

exegetic (al), *aa.*: تفسیری ؛ تاویلی -

exegetically, *adv.*: تفسیراً تاویلاً -

Exemplar, *n.*: نمونہ ؛ اسوہ ؛ مثال ؛ نظیر -

Exemplary, *a.*: قابل تقلید ؛ تمثیلی ؛ مثالی ؛ عبرت انگیز ؛ سبق آموز -

e. damages: گراں تاوان (بغرض عبرت یا تنبیہ) -

exemplarily, *adv.*: بطور عبرت یا تنبیہ ؛ بطور مثال -

exemplariness, *n.*: قابلیت ؛ خوبی (جو قابل تقلید ہو) -

Exemplify, *v. t.*: مثال دینا ؛ کسی چیز کی مثال بننا ؛ (دستاویز کی) باضابطہ مصدقہ نقل مہر سرکاری کے ساتھ کرنا -

exemplification, *n.*: مثال سے توضیح کرنا -

Exempt, *a. & n.*: (۱) (محصول ' کوتا ہیوں وغیرہ سے) پاک ؛ بری ؛ مستثنیٰ - (۲) (ٹیکس وغیرہ سے) مستثنیٰ - (۳) یومین گارڈ کے چار افسروں میں سے ایک -

Exempt, *v. t.*: پاک کرنا ؛ بری کرنا ؛ مستثنیٰ کرنا -

exemption, *n.* استثنا -

Exenterate, *v. t.*: (صرف مجازاً) فضلے کو خارج کرنا -

exenteration, *n.*: اخراج فضلہ -

Exequatur, *n.*: (۱) کسی حکومت کی طرف سے دوسری حکومت کے سفیر کا تسلیم کرنا - (۲) پوپ کے تحت بشپ کو دنیاوی اقتدارات کا مجاز کرنا یا پوپ کے احکام کی اشاعت -

Exequies (-kWiz), *n.pl.*: رسوم تجہیز و تکفین -

Exercise (-z), *n.*: (۱) (کسی عضو ' طاقت ' قوت یا حق کا) استعمال - (۲) (فرائض ' مراسم مذہبی ' فضایل وغیرہ کی) عمل درآمد ؛ تمرین - (۳) کسرت ؛ ورزش - (۴) (جمع) قواعد ؛ فوجی قواعد - (۵) (جسمانی ' ذہنی یا روحانی) تربیت - (۶) ریاضت - (۷) علمی ڈگری کی تحصیل کے لیے زبانی امتحان (بحث) - (۸) سبق ؛ مشق -

Exercise (-z), *v. t. & i.*: (۱) (قوت ' حق وغیرہ کا) استعمال کرنا ؛ عمل میں لانا - (۲) مشق کرانا - (۳) سدھانا - (۴) (کسی کی قوتوں پر) بار ڈالنا (۵) پریشان کرنا یا ہونا ؛ دق کرنا یا ہونا - (۶) (فرائض) بجا لانا - (۷) ورزش کرنا ؛ کسرت کرنا -

exercisable, *a.*: مشق یا استعمال وغیرہ کے قابل -

Exercitation, *n.*: مشق ؛ تمرین ؛ ادبیات یا خطابیات کی مشق -

Exergue (ekserg,ekzerg), *n.*: سکے یا تمغے کی پشت پر اصل تحریر کے نیچے چھوٹی ہوئی جگہ یا وہاں پر کا کتبہ -

exergual (-gl) *a.*: متعلق نفس ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

Exert, *v. t.*: (۱) زور مارنا ؛ کوشش کرنا - (۲) (اثر یا قوت سے) کام لینا -

exertion, *n.*: کوشش ؛ سعی ؛ مشقت -

Exeter Hall, *n.*: اسٹرینڈ کی ایک عمارت جس میں مئی کے مہینے مذہبی یا امدادی جلسے ہوتے ہیں -

exeunt, *v.i.*: (تھیٹر) (دو یا زائد) ایکٹروں کا اسٹیج سے جانا -

e. omnes : سب (ایکٹروں کا) اسٹیج چھوڑنا -

Exfoliate, *v. i.* : (۱) (ھڈی ' جلد ' معدنیات وغیرہ کا) چھلکا یا کھال اُتار نا ؛ پرت اُتار نا - (۲) (درختوں کی) چھال اتار نا -

exfoliation, *n.* : اسم ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

Ehalation (ekza), *n.* : (۱) تبخیر ؛ بھاپ ؛ سانس - (۲) کہر - (۳) باھر کا سانس ؛ ملمّع کی بھاپ ؛ بھپکا - (۴) غصے کی جھنجھلاھٹ -

Exhale, *v. t. & i.* : (۱) بخار بنانا ؛ اڑانا ؛ بھپکا چھوڑنا ؛ بخارات کا اُڑانا - (۲) بھپکا چھوٹنا - (۳) (غصے ' جوش وغیرہ کو) بھڑ بھڑیوں کی طرح سے نکال دینا - (۴) (باھر کو) سانس لینا ؛ حیوانی رطوبتوں کا نہایت خفیف مقدار میں شرائین میں ہوکر (ناک یا منہ سے) باھر نکلنا -

Exhaust (ikzaw-) *n.* : (انجن میں) اُسطوانے کے اندر کی بھاپ کا کام پورا ہوجانے کے بعد اُس کے نکال دینے کا رستہ ؛ ظرف کو ہوا سے خالی کرنے کی ترکیب ؛ جزوی خلا پیدا کر کے ہوا کی رو پیدا کرنے کا آلہ -

e. pipe : بھاپ نکاس نلی -

Exhaust (ikzaw-) *v. t.* . (۱) (ہوا وغیرہ کو) کھینچ نکالنا - (۲) بالکل ختم کردینا ؛ سارے کا سارا کام میں لے آنا - (۳) (ظرف کو اُس کے) مشمولات سے خالی کرلینا - (۴) (کسی مسئلے کے متعلق) جامع معلومات بہم پہنچانا - (۵) (کسی شخص یا حکومت کو) بالکل چوس لینا - (۶) تھکا نا ؛ تھکا ڈالنا -

exhaustibility, *n.* : ختم ہو جانا ؛ خاتمہ -

exhaustible *a.* : ختم ہو جانے والا -

Exhaustion (-tshn) *n.* : (۱) اِسم ' مذکورۂ بالا معنوں میں - (۲) ناتوانی ؛ سلب قوت - (۳) تمام دوسری شقوں کو خارج کرکے ایک نتیجے تک پہنچنا -

Exhaustive, *a.* : محتوی ؛ مسئلے کا کوئی پہلو نہ چھوڑنے والا -

exhaustively, *adv.* : کامل طور سے ؛ جامع طور سے -

exhaustiveness, *n.* جامع یا محتوی ہونا -

Exhibit (ikzi), *n.* : کوئی دستاویز یا چیز جو عدالت میں پیش ہو اور جس کا ذکر تحریری ثبوت میں کیا جائے ؛ تحریر سلسلہ ؛ شے یا مجموعۂ اشیا جسے کوئی شخص یا کارخانہ کسی نمائش میں بھیجتا ھے ؛ نمود ؛ نمائش ؛ اِظہار -

Exhibit (ikzi-) *v. t.* : دکھانا ؛ ظاھر کرنا ؛ (ملاحظے میں) پیش کرنا ؛ گزراننا ؛ نمائش کرنا -

exhibitor, *n.* : نمائش میں اپنی چیزیں رکھنے والا -

exhibitory, *a.* : چیز جو نمائش میں رکھی جائے ؛ نمائشی -

Exhibition, *n.* : (۱) فنون لطیفہ کی نمائش - (۲) تعلیمی وظیفہ جو درسگاہ کے خزانے سے دیا جائے -

make an e. of himself: اپنے کو دوسروں کی نظر میں مضحکہ بنانا -

the Great E.: لندن کی سب سے بڑی بڑی نمایش منعقدۂ ۱۸۵۱ ع -

exhibitioner, *n.*: وظیفہ یاب (طالب علم) -

Exhilarate(ikzi-),*v.t.*: شگفتہ کرنا ؛ فرحت بخشنا -

exhilarant, *a. & n.*: مفرح ؛ فرحت بخش -

exhilaration, *n.* : شگفتگی ؛ خوش وقتی -

exhilarative, *a.* : شگفتگی پیدا کرنے والی (چیز) -

Exhort (ikzort), *v. t.* : (۱) وعظ کہنا ؛ نصیحت کرنا ؛ پند دینا - (۲) کار خیر کی وکالت کرنا اور اُس پر آمادہ کرنا -

exhortative, exhortatory, *aa.*: نصیحت آمیز؛ ناصحانہ -

Exhortation, *n.* : نصیحت ؛ وعظ ؛ پند -

Exhume, *v. t.* : (مدفون کو) کھود کر نکالنا (نیز مجازاً) -

exhumation, *n.* : اسم ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

Exigence, -cy, *nn.*: ضرورت اھم ؛ حالت شدید ؛ ناگہانی ضرورت -

Exigent (-j-), *a.* : ضروری ؛ اھم ؛ اشد -

e. of: طالب ؛ متوقع -

Exigible (-j-), *a.* : جس کا مطالبہ کیا جائے ؛ قابل مطالبہ -

Exiguous, *a.* : قلیل ؛ خفیف -

exiguity, exiguousness, *nn.* : قلت ؛ خفت -

Exile, *n.* : دیس نکالا ؛ جلاوطنی ؛ دیس تیاگ ؛ بن باس -

Exile, *n.* : (شخص) جلا وطن ؛ دیس تیاگی ؛ بن باسی -

Exile, *v. t.* : شہربدر کرنا ؛ جلاوطن کرنا -

Exilian, *a.* : پرانے زمانے میں یہودیوں کی جلا وطنی اور (بابل میں) اسیری سے متعلق -

post- e. a: (یہودیوں کی) جلاوطنی کے بعد (کے زمانے) سے متعلق -

exilic. *a.* = exilian.

Exility, *n.* : نزاکت ؛ پتلاپن ؛ تخفیف ؛ کم مایگی ؛ کمی -

Exist, *v. i.* : (۱) ہونا ؛ موجود ہونا ؛ وجود رکھنا ؛ ھستی رکھنا - (۲) (معیّن حالت میں) موجود یا واقع ہونا - (۳) زندہ رھنا -

Existence, *n.* : وجود ؛ ھستی ؛ زندگی ؛ طرز زندگی ؛ شے موجود ؛ موجودات ؛ کائنات -

a wretched, precarious, e. : تلخ ؛ غیر مطمئن زندگی ؛ برفاب آھو -

existential, *a.* : متعلق بہ وجود ؛ (منطق) متعلق بہ قضیہ -

Existent, *a.* : موجود ؛ واقعی -

Exit, *n.* : ایکٹر کا اسٹیج سے رخصت ہونا ؛ موت ؛ روانگی ؛ باھر جانے کی آزادی ؛ اِخراج ؛ جانے کا راستہ -

exit, *v. i.* : (تھیٹر) اسٹیج سے رخصت ہونا -

Ex-libris, *n.* : لیبل، (چٹھی) کتاب کے اندر جس پر مالک کتاب کا نام درج ہو -

Exo- : ترکیبی جز بمعنی باھر ؛ جیسے -

exoderm : جلد جرثومی کا بالائی پرت -

exogamous : اِزدواج خارجی کے متعلق -

exogamy : رواج جس کے مطابق مرد اپنے قبیلے کے باھر ھی شادی کرسکتا ھے ؛ اِزدواج خارجی -

exogen : پودا جس کے ڈنٹھل کا نمو باھر کے ذخیرے پر ہوتا ھے ؛ برنموئی (ح) -

exogenous : بر نمو (ح) -

exopathic : مرض جو جسم سے باھر پیدا ہو ؛ خارجی الاصل (مرض) -

exophagous : جو اپنے قبیلے والوں کو نہ کھائے (مردم خور

انسان یا حیوان) -

exophagy : اِسم مذکورۂ بالا معنوں میں -

exoplasm : جوہر اولیہ کا سب سے اُوپری پرت -

exoskeleton : ہڈی یا کھال کا باہری پرت کا ڈھانچا (کیکڑوں وغیرہ کا سخت خول) -

exosmosis : اِخراج آلائش (جسم کے کسی مسامدار حصے' جیسے ناک سے) -

Exodus, *n.* : (۱) کوچ ؛ خروج - (۲) بنی اسرائیل کا کوچ مصر سے: (توریت کی) کتاب خروج

ex officio (shio), *adv. & a.* : بہ حیثیت عہدہ ؛ بہ لحاظ منصب -

Exon, *n.* : دیکھو EXEMPT

Exonerate, *v. t.* : بری کرنا ؛ بے خطا ٹھیرانا ؛ (خدمت سے) سبک دوش کرنا -

exoneration, *n.* : برأت؛ سبک دوشی -

exonerative, *a.* : ذمہ داری میں تخفیف کرنے والا (واقعہ وغیرہ) -

Exophthalmus, -os, *n.* : آنکھ کے ڈھیلے کا باہر نکل آنا -

exophthalmic, *a.* : مذکورۂ بالا نقص سے متعلق -

Exorbitant, *a.* : بہت مہنگا ؛ نہایت گراں ؛ بے انداز (قیمت ' مطالبات ' ہوس وغیرہ) -

exorbitance, *n.* : مہنگا پن ؛ گرانی -

exorbitantly, *adv.* : گرانی سے -

Exorcize, *v. t.* : جھاڑ پھونک کرنا ؛ بھوت اُتارنا ؛ آسیب اُتارنا ؛ آسیب کے اثر سے پاک کرنا (مقام وغیرہ) -

exorcism, *n.* : جھاڑ پھونک -

exorcist, *n.* : جھاڑ پھونک کرنے والا -

Exordium, *n.* (pl. *-iums, -ia*) : آغاز ؛ دیباچہ ؛ مقدمہ ؛ تمہید (تقریر وغیرہ کی) -

exordial, *a.* : تمہیدی -

Exoteric, *a. & n.* : (۱) (عقائد ' مسائل ' تقریر وغیرہ) عوام کے لیے قابل فہم - (۲) (عام مریدین کا) حلقہ - (۳) عام ؛ معمولی ؛ عام پسند - (۴) (جمع) اصول اور مسائل عامۃ الناس کے لیے -

exoterical, *a.* : صفت مذکورۂ بالا معنوں میں -

exoterically, *adv.* : عوام کے فہم کے مطابق -

Exotic, *a. & n.* : (پودے ' لفظ یا رسوم وغیرہ) غیر ملک سے لائے ہوئے؛ بدیسی ؛ پردیسی -

Expand, *v. t. & i.* : پھیلنا ؛ پھیلانا ؛ تشریح کرنا ؛ کھول کر باتیں کرنا ؛ بڑا کرنا ؛ بڑھانا ؛ چڑھانا ؛ کھولنا ؛ کشادہ کرنا ؛ وسعت دینا -

expansibility, *n.* : وسعت پذیری -

expansible, *a.* : وسعت پذیر -

Expanse, *n.* : وسیع رقبہ ؛ وسعت ؛ کشادگی ؛ پھیلاو -

Expansile, *a.* : قابل توسیع -

Expansion, *n.* : وسعت ؛ پھیلاو ؛ کاروبار کا پھیلاو ؛ توسیع زر ؛ انجن کے پیلاں میں بھاپ کی زیادتی -

triple-e. engine : وہ انجن جس میں بھاپ تین تین پیلاوں میں ہو کر گزرتی ہے ؛ تہہرا انجن (ع) -

expansionist, *n.* : (معاشیات) تجارت وغیرہ کی توسیع کا حامی -

Expansive, *a.* : پھیلنے والا ؛ پھیلنے کی صلاحیت رکھنے والا ؛ وسیع ؛ حاوی -

expansively, *adv.* : وسیع طور پر -

expansiveness, *n.* : پھیلنے کی صلاحیت -

expansivity, *n.* : پھیلاو کی صلاحیت یا میلان -

Exparte, *adv. & a.* : (قانون) یک طرفہ -

ex-p. statement : بیان یک طرفہ ؛ اِکطرفا بیان -

Expatiate (-shi-), *v. i.* : (کسی مسئلے پر تحریر یا تقریر کو) طول دینا ؛ بے روک ٹوک گھومنا ؛ پھرنا (اپنا محاذ) -

expatiation, *n.* : پُرنویسی ؛ پُرگوئی ؛ مفصل نویسی -

Expatiatory, *a.* : پُر نویسی وغیرہ سے متعلق -

Expatriate, *v. t.* : (۱) جلا وطن کرنا - (۲) (*refl.*) ترک وطن کرنا - (۳) (قانون بین الاقوام *refl.*) کسی ملک کے حقوق شہریت سے دست بردار ہو جانا -

expatriation, *n.* : ترک وطن ؛ نقل وطن؛ حقوق شہریت سے دست برداری -

Expect, *v. t.* : توقع کرنا ؛ امید رکھنا ؛ انتظار کرنا ؛ (روزمرہ) سمجھنا؛ خیال کرنا -

Expectancy, *n.* : اُمید ؛ توقع ؛ حالت انتظار -

Expectant, *a. & n.* : (۱) متوقع ؛ منتظر ؛ امیدوار - (۲) متوقع ؛ امیدوارانہ ؛ منتظرانہ ؛ حالت کی معمولی رفتار کی رو سے کسی عہدے ' منصب وغیرہ کا متوقع ؛ (قانون) عودت ترکہ کا متوقع ؛ و راثت پانے کا متوقع -

expectantly, *adv.* : متوقعانہ ؛ امیدوارانہ ؛ انتظار کرتے ہوئے -

Expectation, *n.* : توقع ؛ امید ؛ انتظار ؛ وجہ امید ؛ وہ چیز جس کا انتظار ہو ؛ (جمع) ترکہ ملنے کی توقعات .

beyond e. : توقع سے باہر ؛ توقع سے بڑھ کر -

contrary to e. : توقع کے خلاف ؛ خلاف توقع ؛ خلاف امید -

Expectative, *a.* : عودت ترکہ سے متعلق -

Expectorant, *a. & n.* : (طب) بلغم نکالنے والی دوا ؛ مخرج بلغم -

Expectorate, *v. t.* : کھنکھارنا ؛ کھنکار کر بلغم نکالنا؛ تھوکنا -

Expedient, *a. & n.* : (۱) مناسب - (۲) قرین مصلحت (گو عدل کے کونہ خلاف ہو) - (۳) مناسب حال - (۴) مفید - (۵) تدبیر ؛ ترکیب ؛ چارۂ کار -

expedience, -ency, *nn.* : مصلحت؛ حکمت؛ مناسبت حال ؛ موزونی

expediential, *a.* : مناسب ؛ قرین مصلحت -

expediently, *adv.* : مناسب طور پر ؛ مصلحت کی رو سے -

Expedite, *v.t.* : (کسی کار روائی کے کامیاب چلانے میں) معین ہونا ؛ (کام) چلتا کرنا ؛ کام تکمیل کرنے کی کوشش کرنا -

Expedition, *n.* : (۱) مہم؛ معرکہ - (۲) بری یا بحری سفر جو کسی مخصوص مقصد کے لیے ہو - (۳) اشخاص یا بیڑہ جو اس مقصد سے جائیں - (۴) تیزی ؛ مستعدی -

expeditionary, *a.* : ... سے متعلق -

expeditionist, *n.* : مہم پر جانے والا ؛ سیل سپاٹے کے لئے جانے والا -

Expeditious, *a.* : پھرتیلا ؛ مستعد ؛ تیزرو ؛ تیز کارروائی کے لئے موزوں -

expeditiously, *adv.* : مستعدی سے ؛ تیزی سے -

expeditiousness, *n.* : مستعدی -

Expel, *v. t.* (-ll-) : نکال باہر کرنا ؛ زور کر کے نکالنا (مثلاً انسان کو کسی مقام سے یا گولی کو بندوق سے) ؛ (پرابری ' معدے وغیرہ سے) خارج کر دینا -

expellent, *a.* : جالب ؛ مسہل ؛ مادے کو خارج کرنے والا -

Expend, *v. t.* : (کسی چیز پر یا کسی کام میں روپیہ ' قوت ' توجہ) صرف کرنا ؛ لگانا ؛ خرچ کرنا ؛ کھپانا ؛ اٹھانا ؛ (جہاز رانی) بچی ہوئی رسی کا مستول سے لپٹ دینا -

Expenditure, (-tsher), *n.* : خرچ ؛ صرف ؛ مصارف -

Expense, *n.* : خرچ ؛ لاگت ؛ (صیغۂ جمع) اخراجات ؛ مصارف -

a laugh at his e. : اس پر ہنسی -

at the e. of : (مجازاً) استخفاف کر کے ؛ تذلیل کر کے جیسے

you defend his veracity at the e. of his understanding

تم اس کی سچائی کی تعریف کر کے اس کی عقل کی تذلیل کرتے ہو -

Expensive, *a.* : خرچیلا ؛ گراں ؛ پر مصارف ؛ قیمتی -

expensively, *adv.* : مسرفانہ طور پر -

expensiveness, *n.* : اسراف -

Experience, *n.* : تجربہ ؛ تجربہ کاری ؛ آزمائش ؛ (صیغۂ جمع) واردات مذہب و تصوف -

experienced, *a.* : تجربہ کار -

Experience, *v. t.* : تجربہ کرنا ؛ معلوم کرنا ؛ محسوس کرنا ؛ تجربے سے سیکھنا -

Experiential, *a.* : تجربی ؛ تجربے سے متعلق -

e. philosophy . فلسفہ جو معلومات انسانی کی بنیاد تجربے کو قرار دیتا ہے ؛ فلسفۂ تجربی -

experientialism, *n.* : تجربیت -

experientialist, *n.* : قائل تجربیت ؛ مسلک تجربیت کا معتقد -

experientially, *adv.* : تجربے سے -

Experiment (-ment), *n.* : (۱) تجربہ ؛ آزمائش ؛ امتحان - (۲) اختبار -

Expriment, *v. i.* : تجربہ کرنا ؛ آزمائش کرنا -

exprimentation, *n.* : تجربہ کرنا -

Exprimental *a.* : تجربی اختباری ؛ جو تجربے پر مبنی ہو نہ کہ نقل و روایت یا قیاس پر ؛ امتحانی تجربیت -

e philosophy تجربی (یا اختباری) فلسفہ -

experimentia, *n.* : اختباریت -

experimentalist, *n.* : اختباریت کا ماننے والا -

experimentalize *v. t.* : آزمایش کرنا ؛ تجربہ کرنا -

experimentally, *adv.* : آزمائش یا اختبار کی رو سے -

Expert *a. & n.* : ماہر ؛ ماہر فن ؛ خصوصی ؛ استاد ؛ مبصر ؛ حاذق -

experto crede (-i) : اس پر اعتماد کرو جس نے تجربہ کیا ہے ؛ " پیش طبیب مرو ' پیش تجربہ کار برو "

Expeiate, *v.t.* : کفارہ دینا ؛ تلافی کرنا ؛ ہرجانہ دینا -

expiable, *a.* : قابل کفارہ ؛ تلافی پذیر -

expiation, *n.* : تلافی ؛ کفارہ -

expiator, *n.* : کفارہ دینے والا -

expiatory, *a.* : تلافی کرنے والا ؛ کفارہ دینے والا (غیر کے لئے) -

Expiration (per-) . *n.* : سانس کا نکل جانا ؛ خاتمہ (مدت ' معاہدے وغیرہ کا) -

Expire, *v. t. & i.* : سانس چھوڑنا ؛ (آگ) بجھ جانا ؛ صرف ہوجانا ؛ دم نکل جانا ؛ فوت ہوجانا ؛ (مدت) ختم ہوجانا ؛ تمادی عارض ہونا ؛ میعاد منقضی ہوجانا ؛ ہو چکنا -

expiratory, *a.* : تنفسی ؛ متعلق بہ تنفس ؛ تنفسی نبرہ (ACCENT) -

Expiry, *n.* : اختتام (مدت ' معاہدے وغیرہ کا) ؛ انقضا -

Expiscate, *v. t.* : تعرنقہ نکالنا ؛ تفتیش و تحقیق کر کے نکالنا -

Explain, *v. t.* : سمجھانا ؛ توضیح کرنا ؛ جواب دہی کرنا ؛ حل کرنا -

e. away : تاویل کردینا ؛ کچھ وجہ بیان کردینا -

e. oneself : اپنے مافی الضمیر کو صاف صاف بیان کرنا ؛ اپنے طرز عمل کے دلایل و وجوہ کی تشریح کرنا -

Explainable, *a.* : قابل توجیہ -

Explanation, *n.* : وجہ موجہ ؛ تصفیہ ؛ تشریح ؛ جواب (بہ غرض توضیح و رفع غلط فہمی) -

Explanatory, *a.* : تشریحی ؛ توضیحی ؛ تمثیلی -

explanatorily, *adv.* : تشریحی طور پر -

Expletive (or ekspli-) *a. & n.* : (۱) حشو ؛ بھرتی کا ؛ بھرتی کے لئے - (۲) غیر ضروری یا فجائیہ قسم کے لفظ جو حسن بیان کے لیے استعمال کیے جاتے ہیں -

Explicate, *v.t.* : (کسی اصول یا مسئلے کی) بتدریج تکمیل کرنا ؛ پھیلانا ؛ مرتب کرنا ؛ (قدیم) توضیح کرنا -

explicable, *a.* : قابل توضیح -

explication, *n.* : تدریجی تکمیل -

explicative, explicatory, *aa.* : توضیحی -

explicit, *v.i.* : تمت تمام شد (کتاب) -

Explicit, *a.* : صریح ؛ قطعی ؛ واضح ؛ مفصل ؛ مشرح ؛ (شخص) صاف گو ؛ کھرا -

e. faith : ایمان مفصل -

Explicitly, *adv.* : صریحاً ؛ واضح طور سے -

explicitness, *n.* : وضاحت ؛ صراحت -

Explode, *v t. & i.* : (مغالطے ' نظریے ' استدلال وغیرہ کی) تردید کرنا ؛ بھک سے اڑجانا ؛ پھوٹنا ؛ پھٹنا ؛ بھک سے اڑا دینا -

Exploit, *n.* : کارنمایاں ؛ کارنامہ ؛ مہم ؛ معرکہ -

Exploit, *v. t.* : کام لینا ؛ کام میں لانا ؛ کام نکالنا -

exploitable, *a.* : کام لینے یا کام میں لانے کے قابل ؛ استفادے کے قابل -

exploitage, *n.* : معادن وغیرہ کا کام فائدے سے چلانا -

exploitation, *n.* : فائدہ یا نفع اٹھانا -

Explore, *v.t.* : (غیر معلوم خطے وغیرہ کی) چھان بین کرنا ؛ کھوج لگانا ؛ (طب) استقصاء ؛ چھان مارنا ؛ (زخم وغیرہ کو) ہاتھ سے ٹٹولنا -

exploration, *n.* : تحقیق و تفتیش ؛ کھوج -

explorative, exploratory, *aa.* : تفتیش و تلاش سے متعلق -

explorer, *n.* : کسی خطہ ملک وغیرہ کا کھوج لگانے والا -

Explosion (-zhn), *n.* : (۱) دھماکا ؛ بھڑاکا ؛ تڑاقا ؛ زور کی آواز کے ساتھ پھوٹنا یا چھوٹنا - (۲) (غصے وغیرہ کا) بھڑک اُٹھنا -

Explosive (-s-), *a.* & *n.* : (۱) بھک سے اُڑجانے والا ؛ تڑقنے والا (مادہ وغیرہ) - (۲) تلفظ میں سانس کے ایک دم رکنے سے جو اصوات پیدا ہوتی ہیں جیسے : g.p. p, k. -

high e. : بھک سے اُڑجانے والی چیزوں کی وہ قسمیں جو گولے وغیرہ میں بہت زور سے پھٹتی ہیں -

explosively, *adv.* : دھماکے سے -

explosiveness, *n.* : دھماکا پن -

Exponent, *a.* & *n.* : شارح ؛ بیان کنندہ ؛ (الجبرا) قوت نما ؛ ترجمان (موسیقی) ؛ نمونہ ؛ نمائندہ -

exponential, *a.* : توضیحی -

Export, *v. t.* : (مال) غیر ممالک کو بھیجنا ؛ دساور چڑھانا (غیر ممالک کو) -

exportable, *a.* : قابل برآمد ؛ برآمدنی -

exportation, *n.* : برآمدگی ؛ برآمد -

Export, *n.* : (۱) مال برآمد ؛ دساور - (۲) (جمع) اشیاے برآمد - (۳) نکاسی ؛ برآمدگی -

e. duty : محصول برآمد -

Expose (-z), *v. t.* : (خصوصاً دھوپ یا میلہ میں) ڈال دینا یا پڑا رکھنا ؛ (خطرے میں) ڈالنا ؛ (عکاسی) پلیٹ کو روشنی پہنچانا ؛ (بچے کو) نکال باہر کرنا ؛ قسمت پر چھوڑ دینا ؛ شیر خوار کو پھینک دینا ؛ ظاہر کرنا ؛ کھولنا ؛ کھول کر رکھنا ؛ نمائش کرنا ؛ فروخت کے لیے پیش کرنا ؛ (مشرق) رویہ (مغرب) رویہ وغیرہ ہونا ؛ (راز) فاش کر دینا ؛ پردہ دری کرنا -

expose (-za), *n.* : اظہار واقعات ؛ بیان جس سے چھپی ہوئی باتیں معلوم ہوں -

Exposition, *n.* : بیان ؛ تشریح ؛ تفسیر ؛ اظہار ؛ نمائش ؛ دکھاوا -

Expositive, *a.* : بیانیہ ؛ تشریحی -

expositor, *n.* : شارح -

expository, *a.* : تشریحی ؛ توضیحی -

ex post facto, *a.* : (قانون) اپنے نفاذ سے پہلے کے امور پر اثر ڈالنے والا -

e. p. f. law : قانون جو اپنے وضع ہونے سے پہلے کے معاملات یا قضایا پر بھی چلے -

Expostulate, *v. i.* : (دوستانہ طور پر) متنبہ کرنا ؛ دوستانہ شکوہ شکایت کرنا یا اِلزام دینا ؛ (کسی شخص سے کسی معاملے میں) ردوبدل کرنا -

expostulation, *n.* : انہام ؛ تفہیم ؛ ہمدردانہ گلہ شکوہ ؛ تنبیہ -

expostulatory, *a.* : شکایت آمیز -

Exposure (-zher), *n.* : (۱) (ہوا ، سردی ، گرمی یا خطرے کے سامنے) کھلا ہوا رہنا - (۲) بچے کو باہر پھینک دینا - (۳) بکاؤ مال کی نمائش - (۴) فریب کاری کی پردہ دری - (۵) (فلکیات) ربع فلکی -

southern e. : جنوبی ربع فلکی -

Expound (-ow-) *v. t.* : (۱) بیان کرنا ؛ شرح کرنا ؛ تفصیل کرنا - (۲) (کلام ربانی کی) تفسیر کرنا -

Express, *a.*, *adv.*, & *n.* : (۱) ٹھیک ٹھیک ؛ مشابہ ؛ ہوبہو - (۲) بین ؛ صریح ؛ قطعی ؛ خاص ؛ مخصوص ؛ بالخصوص - (۳) تیزی سے ، کسی قاصد یا ریل سے (بھیجنا) ؛ بین طور پر ؛ صریحاً - (۴) اِکسپریس گاڑی ؛ قاصد خاص ؛ رائفل -

e. bullet : وہ گولی جو اِکسپریس رائفل میں کام آئے -

e. delivery : وہ ڈاک جو خاص ہرکارے کے ذریعے سے بھیجی جائے -

e. rifle : وہ رائفل جس کا توڑ بہت دور کا ہو -

e. train : تیز گاڑی جو درمیانی اسٹیشن چھوڑ جائے ؛ " طوفان میل " -

Express, *v. t.* : (کسی چیز کا رس آپ) دبا کر نکالنا ؛ پیلنا ؛ نچوڑنا ؛ بھینچنا ؛ نکالنا ؛ اگلنا ؛ (ریاضی) علامات کے ذریعے سے ظاہر کرنا ؛ ظاہر کرنا ؛ دلالت کرنا ؛ ادا کرنا ؛ اظہار مطلب کرنا -

expressible, *a.* : قابل اظہار ؛ کہنے کے قابل -

Expression, *n.* : (۱) الفاظ - (۲) اسلوب بیان - (۳) فقرہ - (۴) بشرہ ؛ صورت - (۵) لہجہ ؛ (فنون لطیفہ) کسی خصوصیت کے اظہار کا ڈھنگ ؛ وضع - (۶) اظہار ؛ اِنشا - (۷) نچوڑ - (۸) بیان ؛ محاورہ - (۹) (الجبرا) علامات کا مجموعہ جو کسی مقدار کو ظاہر کرے - (۱۰) باجے کو اِس طرح بجانا کہ راگ کی تہ میں جو جذبات ہیں وہ ظاہر ہوجائیں -

e.-mark : موسیقی کی علامت -

e.-stop : (ہارمونیم) وقفہ جس کی وجہ سے سُر بدل جاتا ہے -

expressionist, *n.* : (فنون لطیفہ) صناع جس کے پیش نظر باطنی خصوصیات کا اظہار ہو ؛ باطن نگار صناع -

expressionless *a.* : مکھم ؛ بے کیف ؛ جس کے چہرے سے کچھ ظاہر نہ ہوتا ہو -

Expressional, *a.* : (۱) (زبان) اسلوبی - (۲) بشرے کا - (۳) باطن نگرانہ -

Expressive, *a.* : مظہر ؛ پرمعنی ؛ دلالت کرنے والا ؛ دال -

expressively, *adv.* : ظاہر طور پر ؛ پرمعنی طور پر ؛ بلیغ انداز سے -

expressiveness, *n.* : بیانی یا اظہاری صلاحیت ؛ معنویت -

Exprobation, *n.* : ملامت آمیز الفاظ ؛ ملامت -

Expropriate, *v. t.* : (جائداد وغیرہ سے) بے دخل کرنا ؛ مال و اسباب غصب کرلینا ؛ ضبط کرلینا ؛ کسی چیز پر قابض ہوجانا -

expropriation, *n.* : غصب ؛ ضبطی ؛ قبضہ -

Expulsion, *n.* : اخراج ؛ خارج کرنا -

expulsive, *a.* & *n.* : مخرج ؛ دافع (ادویہ وغیرہ) -

Expunge (-j), *v. t.* : محو کردینا ؛ مٹادینا ؛ نکال ڈالنا ؛ خارج کردینا ؛ قلم زد کر دینا -

expunction, *n.* : مٹانا ؛ خارج کرنا ؛ قلم زد کرنا -

Expurgate, *v. t.* : (کتاب وغیرہ کو) قابل اعتراض عبارتوں اور لفظوں سے پاک کر دینا ؛ تطہیر کرنا -

expurgation, *n.* : تطہیر -

expurgator, *n.* : خارج کرنے والا ؛ پاک صاف کرنے والا -
expurgatorial, *a.* : محو کرنے والا ؛ خارج کرنے والا -
expurgatory, *a.* : تخریجی -
Exquisite (-zit), *a.* & *n.* : (۱) نفیس؛ نہایت عمدہ ؛ خوشنما ؛ انتہائی (حظ یا کرب) ؛ نازک (احساس) - (۲) چھیلا ؛ البیلا ؛ بانکا ؛ رنگیلا ؛ چھبیلی -
exquisitely, *adv.* : نزاکت سے ؛ نفاست سے -
exquisiteness, *n.* : نفاست ؛ نزاکت وغیرہ -
Exsanguinate *v. t.* : لہو لینا ؛ خون کا اخراج -
Exsanguine, *a.* : بے خون ؛ جس میں خون نہ ہو -
Exscind, *v. t.* : قطع کرنا -
Exsert, *v. t.* : باہر نکالنا -
Ex-service, *a.* : شخص جو جنگ (خاص کر یورپ کی گذشتہ جنگ عظیم) میں شریک تھا -
Exsiccate, *v. t.* : خشک کردینا ؛ بھا بھا کر خشک کردینا -
Extant (or -ant), *a.* : اب تک موجود و محفوظ (قلمی نسخہ وغیرہ) -
Extasy : دیکھو ECSTASY -
Extempore, *adv.* & *a.* : برجستہ (تقریر وغیرہ) ؛ فی الوقت -
speak e. : فی البدیہ یا برجستہ تقریر کرنا -
e. temporaneous, extemporary, *aa.* : فی البدیہہ -
extemporaneously, extemporarily, *adv.* : فی البدیہہ -
extemporaneousness, *n.* : برجستگی ؛ بدیہہ گوئی -
Extemporize, *v. t.* & *i.* : فی البدیہہ تقریر کرنا یا شعر کہنا -
extemporization, *n.* : بدیہہ گوئی -
Extend, *v. t.* & *i.* : (۱) (جسم ؛ اعضاے جسم وغیرہ کا) پورا پھیلانا - (۲) (مختصر نویسی کی تحریر وغیرہ کو) پورے خط میں لکھنا - (۳) پہنچنا ؛ پہنچانا - (۴) (مدت کو) بڑھانا ؛ طویل کردینا - (۵) (الفاظ کے مفہوم وغیرہ کو) وسعت دینا - (۶) (ہاتھ) دراز کرنا - (۷) (شفقت ؛ عنایت) وسیع کرنا - (۸) (قانون) زمین وغیرہ کی قیمت لگانا - (۹) بلا علت قرضہ (زمین وغیرہ کو) قرق کرلینا ؛ (کھیل کا محاورہ) (گھوڑے یا پہلوان وغیرہ کی) قوتوں پر انتہائی بار ڈالنا - (۱۰) (فوج) بیچ بیچ میں یکساں فاصلہ چھوڑ کر صف بندی کرنا -
e. an income : ہر سال کی مدات کی میزان دوسرے خانے میں لکھی جانا -
extendible, extensible, *aa.* : وسعت پذیر -
extensibility, *n.* : وسعت پذیری -
Extensile, *a.* : جو آگے بڑھایا یا نکالا جاسکے -
Extension, *n.* : وسعت ؛ توسیع ؛ فراخی ؛ گنجائش ؛ پھیلاؤ ؛ اضافہ ؛ ایزاد ؛ (ریل ؛ جائے ؛ نظریے وغیرہ کا) زائد حصہ ؛ (نحو) مبتدا یا خبر کی توسیع -
University E. : غیر اقامتی طلبہ کا داخلہ یونیورسٹی کی تعلیم یا امتحان کے بعض شعبوں میں -
Extensive, *a.* : وسیع ؛ فراخ ؛ دور تک پھیلنے والا ؛ جامع ؛ حاوی ؛ (زرعی پیداوار) جس کا دار و مدار رقبۂ اراضی کی وسعت پر ہو -
extensively, *adv.* : وسیع طور پر ؛ جامع طور سے -
extensiveness, *n.* : وسعت ؛ فراخی وغیرہ -
Extensor, *n.*, *e. muscle* : (طب) عضلہ باسطہ ؛ وہ عضلہ جس سے جسمانی عضو پھیلایا (یا سیدھا کیا) جا سکتا ہے -
Extent, *n.* : (۱) حد ؛ رتبہ ؛ پھیلاؤ ؛ مقدار ؛ بسط - (۲) (قانون) (زمین وغیرہ کی) قیمت لگانا ؛ قرقی ؛ قرقی نامہ -
a vast e. of marsh : ایک بڑا دلدلی رقبہ -
to a great e. : ایک بڑی حد تک -
to the full e. of (his) power : پوری طاقت بھر -
Extenuate, *v. t.* : (جرم ؛ معصیت وغیرہ کی اہمیت کو) کم کرنا ؛ ہلکا کرنا ؛ گھٹانا ؛ (قدیم) دبلا کرنا ؛ کم زور کرنا -
nothing can e. his baseness : اس کے کمینہ پن کو ہلکا کرنے والی کوئی شے نہیں -
extenuation, *n.* : کم کرنا ؛ ہلکا کرنا -
extenuatory, *a.* : ہلکا کرنے والی (شے) -
Exterior, *a.* & *n.* : (۱) باہری ؛ خارجی ؛ بیرونی جو باہر کے جانب واقع ہو (۲) ظاہری صورت یا حالت -
e. angle : (ریاضی) زاویۂ خارجہ ؛ باہری زاویہ -
exteriority, *n.* : باہری ؛ خارجی یا بیرونی ہونا -
exteriorly, *adv.* : بیرونی طور پر ؛ اوپری طور پر ؛ باہر باہر -
Exteriorize, *v. t.* : وجود خارجی قرار دینا ؛ تخیل کو خارجی (مجسم) شکل میں دیکھنا ؛ تجسیم -
exteriorization, *n.* : تجسیم -
Exterminate, *v. t.* : استیصال کرنا ؛ جڑ کاٹ دینا ؛ نیست نابود کردینا ؛ مٹادینا -
extermination, *n.* : استیصال ؛ بیخ کنی -
exterminator, *n.* : بیخ کن ؛ استیصال کرنے والا -
exterminatory, *a.* : استیصالی -
External, *a.* & *n.* : (۱) باہری ؛ بیرونی ؛ خارجی - (۲) خارجی استعمال کی (دوا وغیرہ) - (۳) (مذہب) (اعمال) ظاہری - (۴) کائنات خارجی سے متعلق -
e. evidence : بیرونی شہادت (مسئلہ کی اندرونی شہادت کے مقابل) -
externals : احوال ظاہر ؛ ظواہر ؛ اجزاے غیر اہم -
e. world : کائنات خارج از ذات شعوری -
externalism, *n.* : ظاہر پرستی -
externality, *n.* : (۱) اوپری پن ؛ سطحی پن - (۲) ظاہر داری -
externally, *adv.* : بیرونی طور پر -
Externalize, *v. t.* : ظاہری صورت دینا ؛ خارجی وجود قائم کرنا ؛ بیرونی قالب پہنانا -
externalization, *n.* : تجسیم -
Exterritorial, *a.* : (سفرا وغیرہ کے سفارت خانے) ملکی قانون دسترس سے باہر -
exterritoriality, *n.* : (نسبۃً) مذکورۂ بالا معنوں میں -
Extinct, *a.* : (۱) (آگ وغیرہ) بجھی ہوئی - (۲) (کوہ آتش فشاں) بجھا ہوا ؛ (زندگی کی امید وغیرہ) بجھی ہوئی ؛ (خاندان ؛ نوع ؛ طبقہ) مردہ ؛ ناپید ؛ (عہدہ ؛ منصب) متروک ؛ (خاندانی خطاب) وارث نہ ہونے کی وجہ سے متروک -

Extinction, *n.* : بجھنا ؛ معدومی ؛ نیستی ؛ حالت فنا کا طاری ہونا ؛ مٹنا ؛ فنا ؛ (قرضے کی) بے باقی ہونا -

extinctive, *a.* : نابود کرنے والا ؛ فنا کرنے والا ؛ مٹانے والا -

Extinguish, *v.t.* : (۱) بجھانا ؛ گل کرنا - (۲) ماند کرنا ؛ مدغم کردینا - (۳) (مخالف کو) ساکت کردینا - (۴) برباد کردینا ؛ فنا کردینا - (۵) (قرضہ) بے باق کردینا -

extinguishable, *a.* : بجھ جانے والا ؛ فنا ہوجانے والا -

extinguishment, *n.* : تباہی ؛ فنا وغیرہ -

Extinguisher, *n.* : بجھانے والا ؛ گل گیر ؛ بجھاؤ -

Extirpate, *v.t.* : جڑ بنیاد سے اکھیڑ ڈالنا ؛ غارت کردینا ؛ بیخ و بن سے اکھاڑ پھینکنا -

extirpation *n.* : بیخ کنی وغیرہ -

extirpator, *n.* : جڑ بنیاد سے اکھاڑ پھینکنے والا -

Extol, *v.t.* (-ll-) : تعریف میں غلو کرنا ؛ بڑھانا چڑھانا ؛ تعریف کے پل باندھنا -

e. one *to the skies* : آسمان پر چڑھادینا -

Extort, *v. t.* (۱) (کسی سے روپیہ یا وعدہ) جبر ' دھمکی یا خوشامد سے حاصل کرنا ؛ (راز) زبردستی سے معلوم کرلینا - (۲) (الفاظ کو توڑ موڑ کر معنے) پیدا کرنا - (۳) اینٹھ لینا -

extortive, *a.* : تعدی آمیز -

Extortion, *n.* : استحصال زر ؛ استحصال بالجبر -

extortioner, *n.* جبراً حاصل کرنے والا -

Extortionate (-at), *a* : استحصال کرنے والا ؛ استحصال کا خوگر ؛ بے حد گراں (اشیا) -

Extra, *a.*, *adv.* & *n.* : (۱) زاید ؛ مستزاد ؛ فاضل ؛ زیادہ ؛ فالتو ؛ بہتر ؛ بطور زاید کے - (۲) شے زاید -

e. binding : اعلیٰ قسم کی جلد -

e. foolscape octavo : کاغذ کی تقطیع -

e. special edition : شام کے اخبار کا زاید خاص ایڈیشن -

e. strong : معمول سے زیادہ مضبوط -

Extra - : ترکیبی جز بمعنی "خارج از' بیرون' باہر' غیر' سوق" ؛ جیسے :

extra - atmospheric : بالائے فضا -

extra- cosmical : خارج از کائنات -

extra- cranial : کاسۂ سر کا بیرونی حصہ -

extra- essential : غیر جوہری -

extra -judicial : غیر متعلق مقدمہ ؛ قانوناً غیر مجاز اقبال ' جو عدالت کے رو برو نہ کیا گیا ہو -

extra-mundane : غیر دنیاوی -

extra - mural : بیرون حدود شہر ؛ شہر پناہ کے باہر ؛ لکچر بیرون حدود یونیورسٹی -

extra-official : ماسوی فرائض منصبی -

extra - parochial : پیرش کے حدود کے باہر -

extra-physical : خارج از قوانین طبیعی ؛ ماورائے مادہ -

extra - terrestrial : غیر ارضی ؛ خارج از حدود ارض -

extra-territorial (ity) : دیکھو EXTERRITORIAL (ITY)

Extract, *n.* : (۱) ست ؛ عرق ؛ رب ؛ نچوڑ ؛ خلاصہ - (۲) (کسی کتاب کا) اقتباس -

Extract, *v.t.* : (۱) نکال کرنا ؛ اقتباس کرنا - (۲) اکھیڑنا - (۳) جبراً منوانا ؛ زبردستی روپیہ وغیرہ لینا - (۴) (عرق وغیرہ) دبا کر یا چوس کر نکالنا - (۵) لذت اندوز ہونا - (۶) استنباط کرنا) - (۷) (ریاضی) جذر نکالنا -

extractable, *a.* : قابل اقتباس ؛ قابل نقل وغیرہ -

extraction, *n.* (۱) نچوڑنے یا اکھیڑنے وغیرہ کا عمل - (۲) نسل -

extractor, *n.* : اقتباس کرنے والا ؛ نچوڑنے والا ؛ (آلہ) کھینچنے والا وغیرہ -

Extractive, *a.* & *n.* : رس دار یعنی وہ اشیا جن میں سے رس نکل سکے -

e. industries. حرفت متعلق بہ قدرتی پیداوار -

Extraditable, *a.* : (مجرم) قابل تحویل -

Extradite, *v.t.* : (غیر ملکی پناہ گزیں مجرم کو اس کی) حکومت کے حوالے کردینا ؛ تحویل کرنا -

Extradition, *n.* (۱) تحویل مجرمین - (۲) (نفسیات) احساس کا مقام مرکز احساس سے فاصلے پر ٹھیرانا ؛ مقام احساس کا استقرار -

Extrados, *n.* : محراب کا بالائی یا بیرونی خم -

Extraneous, *a.* : خارجی الاصل ؛ خارج از ؛ زاید از ؛ غیر متعلق ؛ بیرونی -

extraneously, *adv.* : خارجی طور پر ؛ بالا بالا -

extraneousness, *n.* : بیرونی پن ؛ خارجیت -

Extraordinary (-tror-, -traor-) *a.* & *n.* : غیر معمولی ؛ خلاف معمول یا دستور ؛ (حکام وغیرہ) زاید ملتمین بکار خاص ؛ استثنائی ؛ حیرت انگیز ؛ نادر ؛ عظیم الشان ؛ جلیل القدر -

envoy e. : نائب قونصل -

extraordinarily, *adv.* : غیر معمولی طور پر -

extraordinariness, *n.* : غیر معمولی پن -

Extravagance, *n.* : اسراف ؛ نا معقول دلیل یا عمل -

Extravagant, *a.* : غیر محتاط ؛ حدود معقولیت سے متجاوز ؛ مسرف ؛ اڑاؤ ؛ لٹاؤ ؛ غالی -

extravagantly, *adv.* : اسراف یا بے احتیاطی سے -

Extravaganza, *n.* : ادبی لسانی یا عملی حیثیت سے اعجوبہ ؛ اچنبھے کا ؛ عجیب و غریب -

Extravagate, *v.i.* : (شاذ) بھٹکنا ؛ حدود جائز سے تجاوز کرنا -

Extravasate, *v. t.* & *i.* : نکالنا یا بہانا (خون) وغیرہ ؛ بہنا ؛ بہہ نکلنا -

extravasation, *n.* : اسم مذکورۂ بالا معنوں میں -

Extreme, *a.* & *n.* : (۱) انتہائی دور دراز ؛ مرکز سے بعید ترین ؛ نہایت ؛ سخت ؛ شدید ؛ انتہاپسند ؛ آخری ؛ سرے کا ؛ پلے سرے کا - (۲) انتہا ؛ حد ؛ سرا ؛ (صیغۂ جمع) ضدین ؛ (منطق) قضیہ کا موضوع و محمول ؛ قیاس کی حد اصغر و حد اکبر ؛ (ریاضی) اطراف ؛ اول و آخر رقم -

e. old age : نہایت کبر سنی -

ee. meet : ضدین مل جاتے ہیں -

e. unction : (مسیحیت) موت کے وقت متبرک تیل کی مالش -

an e. case : انتہائی مثال -

divided in e. & mean ratio : جو قسمت کل کو ایک جزو سے وہی اس جزو کو دوسرے اجزا سے ہے -

in e. danger: انتہائی خطرے میں -
in the e.: انتہائی ؛ بدرجۂ غایت -
run to an e., go to ee.: انتہائی صورت اختیار کرنا -
extremely, *adv.*: بے حد ؛ نہایت وغیرہ -
extremeness, *n.*: نہایت ؛ انتہائی ہونا -
extremism, *n.*: انتہا پسندی ؛ افراط دوستی ؛ غلو -
extremist, *n.*: انتہا پسند ؛ غالی -
Extremity, *n.*: (۱) انتہا ؛ کنارہ ؛ سرا ؛ حد - (۲) مفلوک الحالی ؛ پریشانی ؛ تنگی - (صیغۂ جمع) (تدارک کی) انتہائی تدبیر یا تجویز -
driven to e.: تنگ آکر ؛ مجبور ہو کر -
the ee.: ہاتھ اور پیر -
Extricate, *v. t.*: سلجھانا ؛ نجات دینا (تنگی ؛ دشواری وغیرہ سے) ؛ (کیمیا) (گیس وغیرہ کی) تحلیل حالت ترکیبی سے -
extricable, *a.*: جو سلجھ سکے -
extrication, *n.*: سلجھاؤ -
Extrinsic, *a.*: بیرونی ؛ خارجی ؛ غیر متعلق ؛ عرضی -
extrinsically, *adv.*: خارجاً ؛ خارجی طور سے ؛ ظاہری حالت سے -
Extrorse, *a.*: (نباتیات) بیروں خم (ج) -
Extrovert, *n.*: معائنۂ باطن سے قاصر -
Extrude, *v. t.*: نکال پھینکنا ؛ نکال باہر کرنا -
extrusion (-zh'n), *n.*: اسم ؛ مذکورۂ بالا معنوں میں -
extrusive (-s-), *a.*: نکلا ہوا -
Exuberant, *a.*: بہ کثرت یا بافراط (بڑھنے یا پیدا ہونے والا) ؛ لبریز ؛ پُر ؛ مالا مال ؛ (زبان) نہایت رنگین یا مرصع ؛ کثیر -
exuberance, *n.*: افراط ؛ کثرت ؛ بہتات ؛ ریل پیل -
exuberantly, *adv.*: افراط سے ؛ کثرت سے -
Exuberate *v. i.*: زیادتی کرنا ؛ ریل پیل کرنا ؛ جی بھر کر (کوئی کام) کرنا -
Exude, *v. i. & t.*: رسنا ؛ پسیجنا ؛ پسینا نکلنا -
exudation, *n.*: اسم ؛ مذکورۂ بالا معنوں میں -
exudative, *a.*: رسنے والا -
Exult, *v. i.*: باغ باغ ہوجانا ؛ پھولے نہ سمانا ؛ فخر کرنا ؛ اترانا -
exultancy, *n.*: فرط انبساط -
exultant, *a.*: نہایت خوش ؛ فخر کرنے والا ؛ خوشی سے اترانے والا -
exultantly, *adv.*: فخر و مباہات سے ؛ فرط انبساط سے -
exultation, *n.*: خوشی سے پھولے نہ سمانا ؛ فخر و مباہات -
Exuviae, *n. pl.*: حیوان کی اُتری ہوئی جلد ؛ کینچلی ؛ خول -
exuvial, *a.*: اُتری ہوئی (اشیا) ؛ مال غنیمت -
Exuviate, *v. t. & i.*: کینچلی اُتارنا -
exuviation, *n.*: اسم ؛ مذکورۂ بالا معنوں میں -
ex voto, *adv. & n.*: (۱) منت بڑھائی - (۲) نذر اُتارنے کے طور پر -
Eyas (ias), *n.*: باز کا بچہ جو سدھایا جارہا ہو -
Eye (i), *n.*: (۱) آنکھ ؛ چشم - (۲) آنکھ کی پتلی - (۳) اطراف چشم - (۴) آنکھ کی سی شے (جیسے مور کے پر کی چتیاں) -

eyeball: آنکھ کا ڈھیلا ؛ دیدہ -
e.-bath, -cup: آنکھ دھونے کی پیالی -
e.-bolt: لوہے کی چٹخنی جس کے سرے پر آنکڑے وغیرہ کے لیے سوراخ ہو -
eyebright: پودا جو قدیم زمانے میں آنکھوں کے علاج میں کام آتا تھا -
eyebrow: ابرو ؛ بھوں -
e. for e.: "العین بالعین" ؛ آنکھ کے بدلے آنکھ (توریتی انتقام) -
e.-glass: عینک ؛ چشمہ -
eyehole: جھانکنے کا سوراخ -
eyelash: پلک ؛ مژگان -
eyelid: پپوٹا -
e. of day: آفتاب -
e. of needle: سوئی کا ناکا -
e.-opener: آنکھیں کھولنے والا ؛ غفلت سے چونکادینے والا (واقعہ وغیرہ) -
eyepiece: دوربین کا شیشہ یا تال -
e. servant: نوکر جو آقا کی نگرانی ہی کے وقت اچھا کام کرے -
e. service: ایسے نوکر کا کام -
eyeshot: حد بصر ؛ نگاہ کی زد ؛ جہاں تک نگاہ کام دے -
eyesight: بصارت ؛ بینائی -
eyesore: آنکھوں میں خار -
e.-splice: رسی کی لڑیوں کا پھندا -
eyestrings: آنکھ کے عضلات ؛ اعصاب وغیرہ -
e.-tooth: نکر دنتیا ؛ وہ دانت جو آنکھ کے بالکل نیچے ؛ اوپر یا نیچے کے جبڑے میں ہیں -
e.-wash: (۱) آنکھوں میں ڈالنے کا عرق - (۲) (عامیانہ) ڈھکوسلہ - (۳) خالی خولی باتیں -
eyewater: (۱) آنسو - (۲) آنکھوں کی دوائی (سیال) - (۳) آنکھ کا چیپڑ وغیرہ -
eyewitness: شاہد عینی ؛ گواہ جس کے سامنے واقعہ ہوا ہو -
all my e. (& Betty Martin): (عامیانہ) مہمل ؛ لغو ؛ ڈھکوسلا -
apple of the e.: آنکھ کی پتلی -
be all e.: ہمہ تن چشم ہوجانا -
beam in one's e.: آنکھ کا شہتیر (انجیلی تشبیہ) -
bull's-e.: دیکھو BULL کے تحت میں -
clap (or set) ee. on: دیکھنا ؛ نظر جمانا -
cast sheep's ee.: حسرت بھری (یا للچائی) نظروں سے دیکھنا ؛ کنکھیوں سے دیکھنا -
evil e.: چشم بد -
glass e.: شیشے کی مصنوعی آنکھ -
hang on by the eyelids: (مجازاً) ہلکی گرفت -
have an e. for proportion &c.: تناسب وغیرہ کا شعور رکھنا ؛ (کسی کی) نظر (یا نگاہ) اچھی ہونا -
have an e. to: کسی چیز پر دانت ہونا -
his ee. are bigger than his belly: ایسے شخص کی نسبت

کھلتے ھیں جسے کھانے کا ھوکا ھو؛ وہ پیٹو ھے -

hook & e.: تکما ؛ کانٹا ؛ حلقہ (رسی کا) ؛ کلا (آلوکا) -

if you had half an e.: اگر تم میں کچھ بھی فہم یا بصیرت ھوتی -

in the e. of the law: قانونی نقطۂ نظر سے ؛ قانون کی نظر (یا کے لحاظ) سے -

in the ee. of: (فلاں) کی رائے (یا آنکھ) میں -

in the mind's e.: تخیل میں ؛ تصور میں -

in the wind's e.: ھوا کی سمت -

keep an e. on: نظر میں رکھنا ؛ زیر نظر رکھنا ؛ نگرانی کرنا -

lose an e.: ایک آنکھ (کی بصارت) جاتی رھنا -

made him open his ee.: حیرت سے آنکھیں کھلی کی کھلی رہ گئیں ؛ اُسے متحیر کردیا -

make ee. at: عاشقانہ نظروں سے دیکھنا -

mind your e.: ھوشیار رھو ؛ اپنی آنکھ کو بچانا -

mote in one's *e.:* آنکھ کا تنکا (انجیلی تشبیہ) -

my eye (s)!: کلمۂ حیرت -

open one's *ee.:* (کسی کی) آنکھیں کھول دینا -

pipe (or *put*) one's *finger in*, one's *e.:* رونا

saw with half an e.: ایک نظر دیکھ لیا -

see e. to e. (with): ھم خیال ھونا ؛ متفق الرائے ھونا -

the naked e.: خالی آنکھ -

throw dust in the ee. of: (کسی کی) آنکھوں میں دھول جھونکنا -

up to the ee.: آنکھوں تک ؛ سرتاسر ؛ ڈوبا ھوا ؛ بال بال بندھا ھوا -

view with a friendly, jealous e.: دوستانہ یا حاسدانہ نظر سے دیکھنا -

wipe the e. of (shooter): شکاری سے جو شکار بچ کر نکل گیا ھو اُسے مارنا -

with an e. to: بہ غرض ؛ (اِس) مقصد سے (کہ) -

(-) eyed, *a.*: آنکھوں والا (نیز مجازاً) -

eyeless, *a.*: اندھا (نیز مجازاً) -

Eye, *v. t.* (part. *eying*): (۱) دیکھنا ؛ نظر کرنا ؛ نگاہ میں رکھنا - (۲) حقارت سے دیکھنا -

Eyelet (i-), *n.*: کپڑے یا بادبان وغیرہ میں رسی ، ڈوری وغیرہ باندھنے کے لیے چھوٹا سوراخ -

e.-hole: سوراخ ؛ چھید -

Eyot: دیکھو AIT -

Eyre (ar), *n.*: گشتی عدالت -

justices in E.: دورے کے جج -

Eyrie: دیکھو AERIE

F

F (ef), **letter** (pl. Fs F's): انگریزی حروف تہجی کا چھٹا حرف -

Fa (fah), *n.*: موسیقی میں ایک سپتک کا چوتھا سر ؛ ما کا سر -

Fabian, *a.*: (۱) (کسی حریف یا غنیم کو شکست دینے کے لیے) پر احتیاط اور طویل (طرز عمل اختیار کر کے اُسے تھکا دینا) ؛ فوجی طولانی شکاری - (۲) مذکورۂ حکمت عملی - (۳) اشتراکیین انگلستان کی انجمن -

Fable, *n.*: (۱) افسانہ خصوصاً ایسا جو خرق عادت باتوں پر مبنی ھو ؛ فرضی قصہ - (۲) اساطیر - (۳) بے سر و پا بات چیت - (۴) غلط بیانی - (۵) جھوٹ ؛ دروغ - (۶) ایسی چیز جس کی ھستی محض فرضی ھو ، اصلی اور واقعی نہ ھو ؛ وھمی یا خیالی چیزیں - (۷) مختصر سا قصہ ؛ چھوٹی سی کہانی خصوصاً وہ جس میں کے رکن جانور ھوں اور جس میں سے کوئی اخلاقی سبق نکلتا ھو - (۸) کسی ناٹک کی کہانی یا کتھا ؛ پلاٹ -

Fable, *v. i. & t.*: (۱) (متروک اور شعر میں) رومان یا کہانی کہنا ؛ فرضی قصے اور افسانے بیان کرنا - (۲) غلط بیانی ؛ کوئی بات بنا کر کہنا ؛ بناوٹی بات کہنا -

fabled, *a.*: (۱) افسانی ؛ قصے کا - (۲) فرضی ؛ بناوٹی ؛ گھڑت -

Fabliau (-io), *n.* (pl.-x, pr.-z): قدیم فرانسیسی شاعری کے منظوم قصے -

Fabric, *n.*: (۱) بنی ھوئی ، جڑی ھوئی چیز - (۲) عمارت ؛ مکان - (۳) ڈھانچہ ؛ پنجر ؛ کیڑا - (۴) بناوٹ ؛ قماش ؛ نسیج ؛ (اکثر *textile* آتا ھے) کوئی بنی ھوئی چیز ؛ بنا ھوا کپڑا - (۵) تعمیر ؛ گھر یا عمارت کی بناوٹ - (۶) کپڑے کی بناوٹ -

Fabricate, *v. t.*: (۱) بنانا - (۲) گھڑنا ؛ ھاتھ سے بنانا (شاذ) - (۳) ایجاد کرنا ؛ گھڑنا (جھوٹ) - (۴) بنانا ؛ جعل بنانا (دستاویز وغیرہ) -

fabrication, *n.*: جعل سازی -

fabricator, *n.*: جعل ساز -

Fabulist, *n.*: (۱) افسانہ نویس ؛ قصہ گھڑنے والا - (۲) جھوٹا ؛ دروغ گو ؛ افسانہ ساز ؛ دروغ باف -

Fabulous, *a.*: (۱) افسانہ پسند (مثلاً *f. historian*) - (۲) فسانے ، قصے کا شخص - (۳) غیر تاریخی ؛ فرضی ؛ من گھڑت (۴) ناقابل اعتبار ؛ ناقابل یقین - (۵) لغو ؛ بیہودہ ؛ لایعنی - (۶) مبالغہ آمیز -

fabulosity, *n.*: فسانہ پسندی ؛ فسانہ آمیزی -

fabulously, *adv.*: بطور افسانہ ؛ مبالغے کے طور پر

fabulousness, *n.*: فسانہ پسندی -

Facade (-sahd), *n.*: گلی ، کوچے یا کسی کھلی ھوئی جگہ یا میدان کی طرف کسی عمارت کا حصہ ؛ عمارت کا رخ ، عمارت کا سامنے کا حصہ ؛ عمارت کا پیش -

Face, *n.*: (۱) چہرہ ؛ رخ ؛ مکھ - (۲) چہرے کی حالت ، کیفیت - (۳) دھیرج - (۴) گستاخی - (۵) ظاھری نمائش ؛ دکھاوا ؛ نمود ؛ بھڑک - (۶) ظاھری صورت ، شکل - (۷) سامنے کا حصہ ؛ آگے کا حصہ ؛ سامنے کا رخ ؛ پیش ؛ سامنا ؛ اگواڑا ؛ روکار ؛ مکان کا چہرہ مہرہ - (۸) سیدھی جانب ؛ سیدھے رخ - (۹) سکے کا چہرے والا رخ ؛ سیدھا رخ - (۱۰) گھڑیال کے ڈائل کا تختہ ؛ گھڑی یا گھڑیال کا وہ تختہ جس پر حرف لکھے رھتے

ہیں ؛ گھڑیاں چھوہ وغیرہ - (۱۱) کسی ہتیار ، اوزار ، آلے کا وہ حصہ جس سے کام کیا جاتا ہے ؛ پھل -

f. ache: عصبی درد -

f. to f.: آمنے سامنے ؛ بالمقابل ؛ بالمواجہ ؛ سامنے ؛ روبرو -

f. to f. with: روبرو ہونا ؛ سامنے ہونا ؛ مقابل ہونا ؛ سنمکھ ہونا -

f. value: قیمت معروفہ ؛ عام قیمت ؛ قدر عرفی ؛ وہ قیمت جو سکے پر لکھی ہوتی ہے ؛ وہ قیمت جو نوٹ پر لکھی ہوتی ہے -

fly in the f. of: کھلم کھلا نافرمانی کرنا -

from the f. of the earth: روے زمین سے -

have the f.: اِتنا بے غیرت ہونا کہ -

in f. of: سامنے ، مقابل ؛ بالمقابل ؛ بالکل سامنے ۔

in f. of or *in the f. of*: با وجود یکہ ؛ باوصف کہ -

in the f. of day: صاف صاف؛ صریحاً ؛ کھلم کھلا ؛ کھلے بادوں -

look one *in the f.*: کسی کے روبرو ہونا ؛ سامنے ہونا -

make, pull, a f. or *ff*: منہ بنانا ؛ منہ چڑانا -

on the f. of it: ظاہری حالت کے لحاظ سے -

put a good, bold, f. on matter: کسی معاملے ، امر کو اچھی صورت میں پیش کرنا؛ کسی امر ، معاملے کو درست کرکے دکھانا ؛ کسی معاملے ، امر کا مقابلہ جوانمردی سے کرنا

pull, wear, a long f.: بسورنا -

put a new f. on: ایک صورت ، شکل ، حالت کو بدل دینا ؛ ایک کیفیت کو تبدیل کردینا -

save one's *f.*: اپنی لاج رکھنے کو -

set one's *f. against*: مقابلہ کرنا ؛ مخالفت کرنا -

show one's *f*: نمودار ہونا ؛ سامنے آنا -

to one's *f.*: کسی کے سامنے ، موجودگی میں؛ منہ پر یا اس طرح کہ وہ سن لے یا دیکھ لے -

with wind, sun, in one's *f.*: ہوا یا سورج کے بالکل سامنے ہونا -

-faced, *a.*: بالمقابل ؛ آمنے سامنے -

Face, *v. t. & i.*: (۱) سامنے کرنا ؛ سامنے ہونا ؛ مقابلہ کرنا - (۲) کسی کام سے جی چرانا ؛ پہلوتہی کرنا - (۳) پیچھے نہ ہٹنا ؛ مقابلے پر جم جانا - (۴) پیش آنا یا ہونا (مثلاً *the problem that faces us*) - (۵) تاش کے پتے کو سیدھے رخ رکھنا - (۶) (اشخاص کے لئے) دیکھنا ؛ (اشیا کے لئے) کسی سمت واقع ہونا - (۷) مقابل یا مصافی (مثلاً *to f. page 20*) - (۸) (گولف) گیند کو بلے کی سیدھی طرف کے بیچ کے حصے سے مارنا - (۹) اپنے پاؤں کے بل کسی خاص سمت میں گھوم جانا ؛ اس طور پر گھما نا - (۱۰) ابرا لگانا - (۱۱) سنجاف چڑھانا ؛ تہ چڑھانا ؛ لیپنا - (۱۲) سطح کو صاف یا ہموار کرنا - (۱۳) جائے پر رنگ چڑھانا

f. **matter** *out*: کسی معاملے کو انجام کو پہنچا دینا ، پورا کردینا -

f. **opponent** *down*: نیچا دکھانا (غنیم کو یا حریف کو) ؛ گھڑکنا ؛ جھڑکنا ؛ ڈانٹنا -

f. the music: وقت پڑنے پر پیچھے نہ ہٹنا ، ہمت نہ ہارنا ، سہہ لے لینا -

Facer *n.*: (۱) تھپڑ؛ طمانچہ - (۲) ناگہانی آفت ؛ بلاے ناگہانی ؛ سخت مشکل -

Facet, *n.*: (۱) پہل ؛ رخ ؛ پہلو ؛ جانب ؛ ضلع ؛ کئی پہل والی چیز کا ایک پہل - (۲) خاص کر ایک تراشے ہوے رتن کا - (۲) کسی مرکب سوراخ کا ایک پہل یا قطعہ -

faceted, *a.*: کئی پہل والا ؛ پہلودار ؛ کثیرالاضلاع -

Facetiae (-shie), *n. pl.*: (۱) لطائف و ظرائف ؛ ظریفانہ کلام ؛ ہنسی ٹھٹول کی باتیں - (۲) (فہرست کتب میں) ظریفانہ یا فحش مضامین کی کتابیں -

Facetious - (-shus), *a.*: ٹھٹول ؛ ہنسوڑ ؛ ظریف ؛ زندہ دل ؛ شوخ طبع ؛ خوش مزاج -

facetiously, *adv.*: ہنسی مذاق میں -

facetiousness, *n.*: ٹھٹول ؛ خوش مزاجی ؛ ظرافت ؛ ہنسی مذاق -

Facia (-sha), *n.*: دکان کے سامنے دکاندار کے نام کا تختہ -

Facial (-shl), *a.*: منہ یا چہرے کا (خصوصاً تشریح مربی) -

f. angle: وہ زاویہ جو ان خطوط سے پیدا ہوتا ہے جو نتھنے سے کان اور ماتھے تک کھینچے جائیں ؛ مکھ زاویہ (ج) -

f. artery: جبڑے کی رگ -

-facient (-shnt), *suf.*: لاحقہ براے صفت جس کے معنے بنا دینے کے آتے ہیں -

Facile, *a.*: (۱) سہج ؛ آسان ؛ سہل ؛ سگم ؛ سیدھا - (۲) آسانی سے حاصل ہوجانے یا مل جانے والی چیز - (۳) آسانی سے ہوجانے والا کام - (۴) رواں ؛ آسان - (۵) تیار ؛ موجود - (۶) نرم مزاج ؛ نیک نہاد ؛ لچک دار ؛ نرم ؛ لچیلا ؛ سلیم الطبع ؛ سلیم -

facile princeps, pred. a.: آسانی سے سبقت لے جانے والا -

Facilitate, *v. t*: آسان کرنا سہل کرنا ؛ سگم کرنا - (۲) فروغ دینے میں مدد ہونا ؛ آسانی بہم پہنچانا -

facilitation, *n.*: سہولت پیدا کرنا -

Facility, *n.*: (۱) آسانی ؛ سہولت - (۲) آسانی سے موقع ملنا (کسی کام کے لئے) - (۳) تقریر کی روانی ؛ لسانی ؛ طلاقت لسانی - (۴) ملائمت ؛ نرمی ؛ لچک ؛ لوچ -

Facing, *n.*: (۱) لفظ FACE کے فعلی معنوں میں اور خصوصاً (جمع میں) سپاہی کے کرتے کے کف ؛ کالر وغیرہ جن کا رنگ باقی لباس کے رنگ سے بالکل الگ ہوتا ہے - (۲) استر کاری کرنا - (۳) کسی سمت میں ہونا -

go through one's *ff.*: کسی کی استعداد و اوصاف کو جانچنا -

Facsimile, *n., & v. t.*: (۱) صحیح نقل خاص کر تحریر ، لکھائی ، تصویر چھپائی وغیرہ کی (*reproduced in f.* بالکل صحیح صحیح نقل) - (۲) چربہ اتارنا -

Fact, *n.*: (۱) ارتکاب فعل - (۲) صدور واقعہ آج کل اس طرح استعمال ہوتا ہے کہ (*before, after, the f., confess the f.*) - (۳) امر واقعہ ؛ واقعہ نفس الامری - (۴) (واحد میں بغیر a کے) حقیقی ؛ واقعی ؛ صورت حال ؛ حقیقت نفس الامری ؛ حقیقت واقعہ ؛ جیسے *matter-of-f.* یعنی فی الحقیقت (اسی طرح *in f.*, *as a matter of f.*, *in point of f.*, *the f. of the matter is*)

Faction, *n.*: (۱) جتھا ؛ فرقہ (خصوصاً سیاسی معاملوں میں) - (۲) فرقہ بازی ؛ دھڑا بندی -

factional, factious, *aa.* : صفات مذکورۂ بالا معنوں میں -
factiously, *adv.* : متعلق فعل مذکورۂ بالا معنوں میں -
factiousness, *n.* : اسم مذکورۂ بالا معنوں میں -
-faction, *suf.* : لاتینی لاحقہ برائے اسماے کیفیت بمعنے بنانا -
Factitious, *a.* : بنایا ہوا ؛ گھڑا ہوا ؛ ساختہ ؛ نقلی ؛ بناوٹی ؛ مصنوعی ؛ غیر حقیقی ؛ جعلی -
factitiously, *adv.* : جعلی یا مصنوعی طور پر -
factitiousness, *n.* : مصنوعی پن ؛ بناوٹ -
Factitive, *a.* : افعال قلوب -
factitively, *adv.* : افعال قلوب کے طور پر -
Factor, *n.* : (۱) ایجنٹ ؛ منیب - (۲) آڑتیا ؛ گماشتہ - (۳) (ریاضی) جز ضربی - (۴) واقعہ ؛ حقیقت ؛ جز ؛ عنصر ؛ لازمی جز -
factorage, *n.* : (۱) آڑتی پن ؛ کمیشن - (۲) (اسکاچستان) زمین کا گماشتہ ؛ منتظم -
Factorial, *a.* & *n.* : (ریاضی) بہت سے اجزاے ضربی کا حاصل ضرب ؛ کسی عدد صحیح اور اس کے نیچے کے تمام عددوں کا حاصل ضرب (جیسے $f.\ 4 = 4 \times 3 \times 2 \times 1$) -
Factory, *n.* : (۱) سوداگروں کی کمپنی کی بیرونی تجارتی منڈی ؛ سوداگروں کی منڈی ؛ کوٹھی - (۲) کار خانہ ؛ بیوپار گھر -
F. Acts : قانون کار خانہ جات (جو کام کرنے والوں کے لیے بنائے گئے ہوں) -
Factotum, *n.* : (۱) وہ نوکر جس کے اختیار میں سب کام ہو ؛ مختار نوکر - (۲) ہر کارہ ؛ ہر کام کا ؛ ہر کامی -
Factual, *a.* : (۱) کسی واقعے ، امر ، حقیقت کے متعلق - (۲) حقیقی ؛ اصلی -
factually, *adv.* : حقیقی طور پر -
Factum, *n.* : (۱) بیان واقعات ؛ کسی مقدمے یا مختلف فیہ مسئلے میں امور تنقیح طلب - (۲) محضر ؛ درخواست -
Facula, *n.* : (ہیئت) سورج میں کا روشن نشان یا لکیر ؛ مشعل -
facular, faculous, *aa.* : مشعلی -
Facultative, *a.* : (۱) مجاز - (۲) اختیاری - (۳) عارضی ؛ غیر مقرر ؛ عرضی - (۴) قوی سے متعلق ؛ قوائی -
Faculty, *n.* : (۱) ایک خاص کام کرنے کی قابلیت ، استعداد ، صلاحیت - (۲) قوت عمل ؛ شکتی - (۳) جسم یا عضو کی مضمر طاقت ، قوت (جیسے سماعت و بصارت وغیرہ) - (۴) قوت دماغی (مثلاً : ارادہ ، استدلال ، ذوق) - (۵) کسی فن یا علم کی شاخ یا شعبہ - (۶) یونیورسٹی ، جامعہ کا شعبۂ تعلیم - (۷) مجموعی طور پر تمام اساتذہ و طلبا ؛ حلقۂ اساتذہ و طلبا - (۸) (فنون ، دینیات ، طب ، قانون) کے شعبے کے عالم - (۹) (حاکم یا قانون کی جانب سے) اقتدار ؛ حق - (۱۰) اجازت ؛ اجازت کاملہ ؛ پروانہ ؛ سند (خصوصاً کلیسا کی جانب سے) -
The F. : ارکان پیشۂ طبابت
Fad, *n.* : (۱) من بھتا خیال یا راے وغیرہ ؛ تکیۂ خیال - (۲) چہیتا اصول - (۳) شغف ؛ خبط - (۴) وہمی روشن خیالی

faddish, faddy, *aa.* : خبطی -
faddiness, faddishness, *nn.* : خبطی پن -
faddism, *n.* : خبط -
faddist, *n.* : خبطی -
Fade, *v. t.* & *i.* : (۱) سُوکھنا ؛ سُوکھ جانا ؛ جُھر جانا ؛ خشک ہو جانا - (۲) پژ مردہ ہو جانا ؛ مرجھا جانا ؛ کمہلانا - (۳) (رنگ وغیرہ کے لیے) رنگ اُتر جانا ؛ پھیکا یا ہلکا پڑ جانا ؛ ماند پڑ جانا ؛ پیلا پڑ جانا ؛ رنگ کا جاتا رہنا ؛ رنگ اُتار دینا ؛ رنگ اُڑا دینا - (۴) بتدریج زائل ہو جانا یا جاتا رہنا -
fadeless, *a.* : سدا بہار -
fadelessly, *adv.* : ہر دم تازہ -
Faeces (fe-). *n. pl.* : (۱) تلچھٹ ؛ گاد ؛ دُرد - (۲) فضلہ ؛ آلائش ؛ براز ؛ لید ؛ گوہ ؛ بیٹ ؛ پاخانہ -
faecal, *a.* : تلچھٹ کا ؛ دُردی وغیرہ -
Faerie, -y, *n.* & *a.* : (۱) پرستان ؛ پری خانہ - (۲) پریاں (خاص کر وہ پرستان جس کا ذکر Spenser نے کیا ہے) - (۳) خیالی ؛ وہمی ؛ فرضی ؛ افسانی -
Fag, *v. i.* & *t.* , & *n.* : (۱) سخت محنت ؛ جانفشانی ؛ محنت شاقہ ؛ سخت تکلیف اُٹھانا ؛ بے طرح محنت کرنا ؛ (پیشے کے متعلق) تھک جانا ؛ تھکا دینا ؛ ماندہ ہو جانا ؛ کسلمند ہو جانا ؛ کسل پیدا کردینا ؛ سست ہو جانا یا کردینا - (۲) (مدرسوں میں) سینیر کا جونیر سے خدمت لینا یا کام کرانا ؛ جونیر کا سینیر لوگوں کی خدمت کرنا - (۳) (مدرسوں میں) جونیر جس کو fag کرنا پڑتا ہے (اوپر دیکھو نمبر ۲ میں) - (۴) (عامیانہ) سگرٹ -
f. end : مارے باندھے کا کام یا محنت ؛ بے کار بچا ہوا حصہ یا ٹکڑا ؛ بے کار سرا یا آخری حصہ -
f. out : (کرکٹ کے کھیل میں) فیلڈ -
brain -f. : تکان ؛ ترکاوٹ -
what a f. : بیگار ؛ نا مشکور کام ؛ اجیرن -
Faggot, Fagot, *n.* , & *v. t.* & *i.* : (۱) گٹھا (ایندھن کا) - (۲) فولاد ، لوہے کی چھڑوں کا گٹھا - (۳) جگر کے کباب - (۴) گٹھے باندھنا یا بنانا -
f.-vote : وہ ووٹ جو کسی غیر مستحق شخص کو کاٹی مال و زر دے کر اُسے ووٹ دینے کے قابل بنادینے سے حاصل کرلی جائے -
f. -voter : وہ شخص جو اِس طرح ووٹ حاصل کرے -
Fahrenheit (-it), *a.* : فارن ہائیٹ تھرمامیٹر (مقیاس اَلحرارت) ؛ تپش پیما -
Faience, *n.* : گلی اور چینی ظروف -
Fail, *n., without f.* : یقیناً ؛ یقینی طور پر ؛ حتمی ؛ لابد ؛ لابدی طور پر ؛ لازمی طور پر -
Fail, *v. t.* & *i.* : (۱) غیر مکتفی ہونا ؛ ناکافی ہونا ؛ کمی پڑنا ؛ ٹوٹا پڑنا یا ہونا - (۲) بھولنا ؛ رہ جانا ؛ چُوکنا ؛ قاصر رہنا - (۳) زائل ہوجانا ؛ مٹنا ہوجانا ؛ معدوم ہوجانا - (۴) بیٹھ جانا ؛ ہمت ہار دینا ؛ تھک جانا - (۵) ناساعد ہونا ؛ جواب دیدینا - (۶) ناکام رہنا - (۷) بارور نہ ہونا - (۸) پالی پھورجانا ؛ زانگلی جانا - (۹) ٹاٹ اُلٹنا ؛ دیوالیہ ہوجانا ؛ دیوالہ نکلنا ؛ ٹوٹا آنا ؛

نادار ہونا ؛ ٹوٹ جانا (دکان کا) - (۱۰) (امید واری سے) رد کردیا جانا ؛ الگ کردیا جانا -

Failing, *n.* : (۱) فعلہ کے معنوں میں - (۲) چُوک ؛ کم زوری ؛ قصور ؛ کمی ؛ خطا ؛ کوتاہی -

Failing, *prep.* : بصورت دیگر (مثلاً *f. this*) -

Failure (-yer), *n.* : (۱) نہ ہونا ؛ واقع نہ ہونا ؛ فقدان - (۲) کم ہوجانا ؛ کمی ؛ گھاٹا ؛ نقصان ؛ ٹوٹا - (۳) ناکامی ؛ ناکامیابی ؛ نارسائی - (۴) ناکام ؛ نامراد (شخص یا چیز یا کوشش) - (۵) دیوالیہ پن -

Fain, *pred. a. & adv.* : (بحالت) رضامند (بحالت مجبوری) ؛ بے چارگی کسی کام یا کسی چیز کے کرنے پر) تیار؛ طوعاً کرھاً -

Fain, Fains, Fen (s) : (عموماً *fains I* بطور *trans.* کے) بچے یہ لفظ اُس وقت استعمال کیا کرتے ہیں جب وہ کسی کام کے کرنے سے بچنا چاہتے ہیں (مثلاً *f. I wicket-keeping*) -

Faineant, *n. & a.* : کاہل ؛ سست ؛ آلکسی ؛ کام چور -

Faint, *a.* : (۱) ڈرپوک ؛ بزدل ؛ تھوڑدلا - (۲) کاہل الوجود ؛ کم ہمت - (۳) کم زور ؛ بے طاقت ؛ بے بل ؛ پُھسپُھسا - (۴) ماند ؛ پھیکا ؛ دھیما ؛ ہلکا - (۵) (بھوک ؛ خوف ؛ ڈر یا دہشت سے) چکرایا ہوا ؛ بے ہوش ؛ غش کھانے یا بےہوش ہونے کے قریب- (۶) (ہوا ؛ خوشبو وغیرہ) ناگوار-

f. -heart : بودا ؛ بزدل ؛ سست مزاج -

f. or feint lines, ruled f. or feint : لکھنے کے لیے ہلکی ہلکی لکیریں کھنچی ہوئیں -

a f. idea : موہوم خیال -

faint-hearted, *a.* : بزدل ؛ کم ہمت ؛ بے حوصلہ ؛ ڈرپوک -

faint-heartedly, *adv.* : بزدلی سے ؛ کم ہمتی سے ؛ سستی سے -

faint-heartedness, *n.* : بزدلی ؛ کم ہمتی -

faintish, *a.* : موہوم سا

faintly, *adv.* : موہوم طور پر -

fainteness, *n.* : کم زوری ؛ اِضمحلال -

Faint, *v. i., & n.* : (۱) ہمت ہارجانا ؛ ڈرپوک ہوجانا ؛ نامردی دکھانا ؛ خوف زدہ ہوجانا ؛ ڈرجانا - (۲) غش میں آجانا ؛ بے ہوش ہوجانا ؛ سُور چھاآنا - (۳) غشی ؛ نقاہت -

fainted away : بے ہوش ہوگیا -

in a dead f. : بالکل بے ہوش ؛ قطعی بے ہوش

Faints, *n. pl.* : شراب پر کے جھاگ (تقاطر کے وقت

Fair, *n.* : میلہ ؛ نمائش ؛ بینٹھ ؛ لدّہ ؛ گدری ؛ ہاٹ جو خاص خاص موسم اور وقت ؛ خاص مقام میں ہو یا کیا جائے -

a day after the f. : بہنگام کے بعد ؛ وقت کے پیچھے تر -

fancy f. : مینا بازار

Fair, *a. & n.* : (۱) خوبصورت ؛ حسین ؛ شکیل ؛ خوش نما ؛ خوش آیند - (۲) اچھا خاصا - (۳) وافر - (۴) خوش نما ؛ معقول - (۵) گورا ؛ کھلے رنگ کا - (۶) ستھرا ؛ صاف ؛ نرمل ؛ اجلا - (۷) بے عیب ؛ بے داغ - (۸) منصف ؛ منصف مزاج ؛ بے تعصب ؛ بے لاگ ؛ درست ؛ واجبی ؛ صحیح ؛ بھلا - (۹) اچھا خاصا ؛ اوسط درجے کا ؛ معمولی ؛ متوسط (fairish) - (۱۰) حسب مطلب ؛ موافق ؛ مساعد - (۱۱) سعد ؛ نیک (طالع ؛ شگون) ؛ امید افزا - (۱۲) جائز (ذرائع) ؛ ملائم ؛ مناسب ؛ زمین (الفاظ) ؛ مہر آگین چہرہ ؛ آسان ؛ طبعی (موت) - (۱۳) بے روک ؛ بے مزاحمت ؛ آزادانہ -

f. & square : صاف طور پر ؛ کھرا ؛ سچا ؛ بلا فن و فریب ؛ کھلم کُھلا ؛ برملا -

f. -maid : دیکھو FUMADE -

f. play : منصفی ؛ مساوی برتاو -

f. trade : باہمی آزاد تجارت (مابین اقوام) -

fairway : قابل جہاز رانی ؛ جہاز کا رستہ ؛ گولف کے میدان کی راہیں -

f. -weather friends : اچھے وقت کے ساتھی -

a f. : (قدیم) ایک عورت -

a f. field & no favour : بے رو و رعایت -

a. f . heritage : وافر ورثہ

all's f. in love & war : عشق و جنگ میں سب کچھ روا ہے -

by f. means : بغیر ظلم یا جبر کیے ؛ بغیر دھو کا فریب کیے-

February F. -maids : گل چاندنی -

in a f. way to succeed : کامیابی کے لگ بھگ -

the f. : عورت -

the f. sex : صنف لطیف -

fair-haired, *a.* : بھورے بالوں والا -

fairness, *n.* : مذکورۂ بالا معنوں میں -

Fair, *adv.* : تہذیب و شایشتگی سے (بات کرنا) ؛ اخلاق سے (پیش آنا) -

f. -spoken : خوش خلق ؛ ملنسار

bid f. : امید افزا ہونا -

hit, fight, f. : اصول کے مطابق لڑنا یا وار کرنا -

strike, fall, f. : بے لاولپیٹ وار کرنا ؛ بھر پور وار کرنا -

write out f. : صاف لکھنا (مثلاً f. copy) -

Fairing, *n.* : تحفہ ؛ سوغات ؛ سودا ؛ وہ تحفہ جو کسی میلے سے خریدا جائے -

Fair Isle, *n.* : (۱) جزائر شٹلینڈ میں سے ایک - (۲) ایک قسم سویٹر کی جس کی نسبت کہا جاتا ہے کہ آرمیڈا کے ہسپانوی بیڑے والے پہلے پہل انگلستان لائے -

Fairly, *adv.* : (۱) بالکل ؛ قطعی ؛ تمام تر - (۲) خاصا -

Fairy, *n. & a.* : (۱) پری - (۲) طلسمات - (۳) کسی عجیب و غریب واقعے ؛ اتفاق عجیب یا حیرت انگیز ترقی وغیرہ کا بیان - (۴) پریوں کا ؛ خیالی ؛ فرضی ؛ افسانے کا - (۵) پریوں جیسا - (۶) خوبصورت ؛ حسین ؛ روپ ونت ؛ شکیل - (۷) نازک ؛ نرم - (۸) ننھا سا ؛ چھوٹا سا -

f. lamps : آرائشی فانوس -

fairyland : پرستان ؛ پریوں کا مقام -

f. ring : گھرے رنگ کے گھاس کے حلقے وغیرہ جن کے متعلق کہا جاتا ہے کہ پریوں کے ناچ سے پیدا ہوجاتے ہیں -

f. -tale : پریوں کی کہانی ۔ پریوں کا قصہ ؛ افسانہ -

fairily, *adv.* : پریوں کی طرح ؛ ساحرانہ طور پر ؛ خوبصورتی سے

fairydom, *n.* : پرستان -

fairyhood, *n.*: پری کا سایا ؛ پرستانی حالت -

fairyism, *n.*: پری پن ؛ سحرکاری -

fait accompli, *n.*: قطعی فیصلہ ؛ اٹل فیصلہ -

Faith, *n.*: (۱) اعتبار ؛ بھروسا ؛ اعتماد - (۲) یقین ؛ اعتقاد - (۳) (دینیات) اعتقاد ؛ ایمان - (۴) دین؛ مذہب - (۵) معتقدات ؛ عقائد - (۶) وعدہ ؛ قول قرار ؛ بچن - (۷) وفاداری -

f. -cure, -healing: علاج بالاعتقاد

bad f.: فتور نیت -

good f.: صدق نیت ؛ صدق ارادہ -

on the f. of: ضمانت یا کفالت پر -

pin one's *f. to* or *upon*: کامل یقین یا اعتماد ہونا -

punic f.: غداری -

the f.: صحیح ؛ سچا مذہب یا دین -

Faithful, *a.*: (۱) وفادار ؛ باوفا ؛ نمک حلال ؛ صادق القول - (۲) ایمان دار ؛ سچائی کے ساتھ کام کرنے والا ؛ سچے دل ' سچی نیت سے کام کرنے والا - (۳) قابل اعتماد ؛ قابل اعتبار ؛ اعتبار کے لائق ؛ بھروسے کے لایق - (۴) صحیح ؛ ٹھیک ٹھیک ؛ مطابق حقیقت ؛ کا لاصل ؛ مطابق اصل -

Father of the f.: امیر المومنین ؛ خلیفہ -

the f.: ایمان دار ؛ مسلمان ؛ سچا مسلمان -

faithfulness, *n.*: وفاداری وغیرہ -

Faithfully, *adv.*: صفت کے معنوں میں خاص کر *yours f.* (آپ کا وفادار) جو ایسے خطوط کے آخر میں (نام سے پہلے) لکھا جاتا ہے جن میں کاتب اور مکتوب الیہ اجنبی ہوں -

deal f. with: سچی سچی بات کہہ دینا ؛ کھری بات کہنا -

promise f.: حتمی وعدہ کرنا -

Faithless, *a.*: (۱) بے ایمان ؛ بے اعتقاد - (۲) غدار ؛ نا قابل اعتبار ؛ غیر معتبر ؛ جھوٹا -

faithlessly, *adv.*: غداری سے ؛ غیر معتبر طور سے -

faithlessness, *n.*: غداری ؛ بے وفائی وغیرہ -

Fake, *v. t.*, & *n.*: (۱) (جہاز رانی) رسا - (۲) رسی یا رسے کا پیچ یا بل -

Fake, *v. t.*, & *n.*: (۱) (عامیانہ) لیپ پوت کرکے قابل قبول بنانا - (۲) بناوٹی جھوٹی چیزیں ؛ چال بازی ؛ دھوکا - (۳) گھڑی ہوئی (چیزیں) -

fakement, *n.*: دھوکا ؛ چال ؛ حیلہ ؛ آرائشی کام (کپڑوں پر) -

Fakir (-er), *n.*: بھکاری ؛ فقیر -

Falbala, *n.*: گوٹ ؛ مغزی -

Falcate, *a.*: (تشریح نباتیات ' حیوانیات) درانتی نما ؛ خمیدہ -

Falcated, *a.*: (ہیئت) ہلالی (قمر) -

Falchion (fawltshn), *n.*: چوڑی خم کھائی ہوئی اور باہر کو نکلی ہوئی تلوار ؛ تیغہ -

Falciform, *a.*: (تشریح) درانتی نما ؛ خمیدہ -

Falcon (fawkn, fawlkn), *n.*: باز ؛ شکرہ ؛ شاہین (باز کے شکار کی اصطلاح میں صرف مادہ باز کے لیے) -

falconry, *n.*: شاہین بازی -

Falconer (fawk-), *n.*: باز آموز ؛ باز کا شکاری ؛ شاہیں باز -

Falconet (fawk-), *n.*: (۱) (تاریخ) ہلکی توپ - (۲) ایک قسم کی چڑیا جس کی چونچ آگے سے مڑی ہوئی ہوتی ہے -

Falderal, *n.*: (۱) کٹھ پتلی ؛ کھلونا - (۲) دکھاوٹی ؛ ٹیپ ٹاپ کی چیز ؛ ہیچ چیز (قدیم زمانے میں گیت کے آخر میں ایک بے معنی استائی کے طور پر آتا تھا) -

Faldstool (faw-), *n.*: (۱) لاٹ پادری کی بے ہتھے کی کرسی - (۲) مسیحی عبادت میں گھٹنے ٹیکنے کے لیے ایک تپائی یا چوکی - (۳) ورد اور وظیفہ پڑھنے کی چوکی -

Falernian, *n.*: قدیم ملک کمپانیا (Compania) کی ایک شراب کا نام -

Fall (fawl), *v. i.* (fell ; fallen): (۱) گرنا ؛ پڑنا - (۲) پیدا ہونا جیسے *lambs f.* (۳) زوال پذیر ہونا ؛ رتبے یا درجے کا کھودینا (جیسے *fallen angel*) - (۴) جھپٹنا - (۵) ٹوٹ کر الگ ہوجانا ؛ اکھڑجانا ؛ لٹک جانا ؛ لٹکتے رہ جانا - (۶) گرنا (قیمت وغیرہ) ؛ اترنا (بارپیما کے پارے کا) - (۷) گرنا (دریا وغیرہ) - (۷) اترنا (دریا وغیرہ کا) ؛ گھٹنا - (۹) اوندھا ہوجانا ؛ مثلاً بے بل گرجانا ؛ زمین پر گرپڑنا - (۱۰) معصیت میں مبتلا ہونا ؛ تہس نہس ہوجانا - (۱۱) کسی سمت یا رخ پر ہونا - (۱۲) راجع ہونا - (۱۳) واقع ہونا (کسی تاریخ کو) جیسے (*Easter falls early*) -

f. astern: (جہاز رانی) پیچھے رہ جانا یا پیچھے ہٹنا یا پھرنا -

f. away: (۱) پھرجانا ؛ بغاوت کرنا ؛ غداری کرنا ؛ مرتد ہوجانا - (۲) گھن لگنا ؛ سڑ جانا ؛ ڈھینا (مکان کا) -

f. back: پیچھے ہٹنا ؛ پس پا ہونا -

f. back upon: سہارا لینا ؛ آسرا یا سہارا ڈھونڈنا ؛ رجوع کرنا -

f. behind: (۱) پیچھے رہ جانا - (۲) بہت آہستہ چلنا -

f. due: واجب الادا ہونا (رقم وغیرہ کا) -

fallen on evil times: بُرے دن آنا -

f. for: گرویدہ ہونا -

f. foul of: ٹکرانا ؛ متصادم ہونا ؛ حملہ کرنا ؛ لڑ پڑنا ؛ بگڑ بیٹھنا -

f. in: (۱) (فوجی) قطار میں کھڑا ہونا یا کرنا - (۲) اندر کو جھک جانا یا دھنس جانا (عمارت وغیرہ کا) - (۳) واجب الادا ہونا (قرض وغیرہ کا) - (۴) دستیاب ہونا ؛ مل سکنا (زمین وغیرہ کا) - (۵) ختم ہو جانا (کرایے کی مدت وغیرہ کا) -

falling sickness: صرع ' ام الصبیان ' مرگی -

falling star: شہاب ثاقب -

f. in love: محبت میں گرفتار ہونا -

f. into, (lines): قطار میں کھڑے ہوجانا -

f. into a rage: طیش میں آنا -

f. into conversation with: کسی سے باتیں کرنے لگنا -

f. into habit: اختیار کرنا (عادت وغیرہ کا) -

f. in with: (۱) اتفاقی ملاقات ہونا ؛ ملنا ؛ مڈ بھیڑ ہونا - (۲) اتفاق کرنا ؛ مان لینا ؛ قبول کرنا ؛ کسی کے قول یا خیال یا رائے کا - (۳) متفق ہونا (کسی شخص سے) - (۴) مطابق ہونا ؛ ڈھال لینا (اپنے تئیں) -

f. off: (۱) الگ ہوجانا ؛ ساتھ چھوڑنا ؛ علحدگی اختیار کرنا ؛

واپس لینا - (۲) گھٹ جانا ؛ کم ہوجانا ؛ چھیجنا ؛ اِنحطاط پذیر ہونا؛ (انہیں معنوں میں *falling off* -) (۳) پتوار یا سکان کے قابو سے نکل جانا (جہاز کا) - (۴) بغاوت کرنا -

f. on: (۱) لڑائی میں شریک ہونا - (۲) گرنا ' ٹوٹ پڑنا (کھانے پر) -

f. (up) on: حملہ کرنا ؛ دھاوا یا چڑھائی کرنا -

f. (up) on one's *feet* or *legs*: مشکل سے بچ نکلنا -

f. on one's *sword*: خود کشی کرنا -

f. out: (۱) لڑپڑنا ؛ جھگڑبیٹھنا - (۲) واقع ہونا ؛ پیش آنا - (۳) انجام بخیر ہونا - (۴) (فوجی) صف سے الگ ہوجانا یا چھوڑ دینا -

out f. of: چھوڑ دینا ؛ ترک کردینا (عادت وغیرہ) -

f. prostrate, flat, plans f. to the ground: پانی پھرجانا ؛ خاک میں مل جانا -

f. short: (۱) غیر مکتفی ہو جانا - (۲) نشانے تک نہ پہنچنا (تیر یا گولی کا) -

f. short of: حصول مقصد میں ناکام ہونا ؛ قاصر رہنا ؛ پورا نہ ہونا -

f. through: ناکام رہنا یا رہ جانا

f. to: شروع کرنا (خاص کر کھانا) ؛ کھانا ' لڑائی ' مار پیٹ شروع کردینا -

f. to — ing: شروع کرنا ؛ اختیار کرنا (جیسے *fell to working*) -

f. to pieces, in two, asunder: ٹکڑے ٹکڑے ہوجانا ؛ پاش پاش ہوجانا -

f. under: کسی تقسیم کی تحت میں آنا -

f. under observation: مشاہدے میں آنا -

f. upon a corrupt age: بُرے زمانے سے سابقہ پڑنا ؛ بُرے زمانے میں ہونا -

f. within: شامل ہونا -

eyes f.: نظریں نیچی ہوجانا -

faces f.: پژمردہ ہونا ~~یا~~ افسردہ ہونا ؛ چہرہ اُترنا -

fell amongst thieves: چوروں میں پھنس گیا -

fell a prey or *sacrifice to*: -کا شکار ہوگیا ؛ -کے پھندے میں پھنس گیا -

fell dumb: صُمٌّ و بکمٌ ہوگیا -

fell into error: غلطی میں پڑگیا ؛ چوک گیا -

fortress falls: قلعہ فتح ہوگیا

houses fell: گھر ڈھہ گئے -

it fell in my way: اتفاقاً ملنا (کسی شے یا شخص کا) -

many fell: مارے گئے' کھیت رہے ' جان سے گئے (جنگ میں) -

revenues f. to the Crown: مال گزاری کا بحق سرکار جمع ہونا -

seven lions fell to his rifle: اِس کے نشانے سے سات شیر شکار ہوئے -

subject falls into three divisions: مضمون تین حصوں میں منقسم ہے -

the lot fell upon me: میری قسمت میں آیا ؛ میرے حصے میں آیا ؛ میرے پلے پڑا ؛ میرے سر پڑا -

wicket falls: (کرکٹ) کھلاڑی آوٹ ہوگیا -

woman falls: عصمت کا جاتے رہنا -

Fall, *n.* & *v. i.*: (۱) گرنا- (۲) بارش وغیرہ کی مقدار - (۳) بکری یا بھیڑ کے بچے جتنے پیدا ہوں اِن کی تعداد - (۴) آبشار ؛ چشمہ (جمع میں) - (۵) ڈھلان ؛ اُتار ؛ نشیب ؛ مقدار ترکہ - (۶) (جہاز) بار بردار آنکڑے کی رسی - (۷) جتنی لکڑی کاٹی گئی ہو اِس کی مقدار - (۸) ہوا و ہوس کا شکار ہوجانا ؛ بندۂ ہوا و ہوس ہونا - (۹) عورتوں کا ایک طرح کا برقعہ ؛ زنانہ نقاب کی ایک قسم -

f. of the year or *leaf*: (خاص کر امریکی) موسم خزاں ؛ پت جھڑ کی رُت -

the F. of man: آدم کی معصیت ؛ آدم کا نکالا جانا -

try a. f.: کُشتی ؛ کُشتی میں چت ہونا (حقیقی اور مجازی دونوں معنوں میں)-

Fallacy, *n.*: (۱) مغالطہ ؛ سفسطہ - (۲) (منطق میں) مغالطہ ؛ مغالطے کی ایک صورت- (۳) دھوکا ؛ بھُلاوا ؛ فریب ؛ چُل ؛ چھل ؛ غلطی - (۴) بودا پن ؛ فریب کاری ؛ غیر تشفی بخش ہونا (دلیل یا اعتقاد کا) -

pathetic f.: مغالطہ جذباتی (یعنی فطرت سے انسانی جذبات کا منسوب کرنا) -

fallacious, *a.*: مغالطہ دہ -

fallaciously, *adv.*: مغالطے کے طور پر -

fallaciousness, *n.*: مغالطہ دہی -

Fal-lal, *n.*: ٹیپ ٹاپ ؛ زیب و زینت کی چیزیں -

fallallery, *n.*: ٹیپ ٹاپ

Fallible, *a.*: خطا پذیر ؛ خاطی ؛ چوکنے والا -

fallibility, *n.*: خطا کاری -

Fallow, *n.*, *a.*, & *v. t.*: (۱) وہ زمین جس کو ہل چلانے کے بعد ایک سال تک بغیر جوتے چھوڑ دیاجائے - (۲) آراضی غیر مزروعہ ' بن جوتی بوئی زمین ؛ پڑتی ؛ اوسر ؛ اُفتادہ - (۳) نلانا -

Fallow, *a.*: ہلکا بھورا ؛ ہلکا سرخ ؛ سرخی مائل زرد -

f.-deer: چکارا -

False (fawls), *a.* & *adv.*: (۱) غلط ؛ نادرست ؛ غیر صحیح ؛ بے جا ؛ باطل - (۲) جھوٹ بولنا ؛ دروغ گوئی ؛ دروغ بافی ؛ جھوٹ ؛ دروغ - (۳) مکار ؛ دغاباز ؛ فریبی؛ بے وفا - (۴) بناوٹی ؛ جعلی ؛ فرضی ؛ مصنوعی - (۵) خام ؛ نیم (جیسے نیم حکیم) - (۶) دھوکے سے ؛ جعل سے ؛ فریب سے -

f. acacia: انگلستان کے ایک آرائشی پودے کا نام -

f. bottom, keel: کشتی میں کا عارضی (افقی) پردہ -

f. colours: جعلی جھنڈا (جس کے استعمال کا حق نہ ہو) -

f. concord: اصول مطابقت کی خلاف ورزی -

f. drawing: خلاف اصول نقاشی -

f. imprisonment: خلاف قانون قید -

f. medium: غلط واسطہ -

f. mirror: فریب دہ -

f. note: (موسیقی) غلط سُر -

f. position: اُلجھن میں پڑنا -

f. pride : جھوٹا گھمنڈ
f. quantity : شعر کے مصرعے میں یا تلفظ میں کسی حرف علت کی حرکت کا امالہ -
f. shame : جھوٹ موٹ کی شرم -
f. start : (دوڑ) اصول کے خلاف دوڑ کا آغاز -
f. step : لغزش -
f. weights : جھوٹے باٹ -
play person f. : دھوکا دینا ؛ غداری کرنا
falsely, *adv.* : جھوٹ موٹ وغیرہ -
falseness, *n.* : جھوٹ ؛ فریب کاری وغیرہ -
falsity, *n.* : بطلان ؛ عدم صداقت ؛ دروغ بافی ؛ جھوٹ ؛ فریب کاری -
Falsehood, *n.* : (۱) فریب ؛ مکر ؛ دھوکا ؛ غدر - (۲) جھوٹی یا بناوٹی چیز یا بات ؛ خلاف واقعہ ؛ عدم صحت ؛ ناراستی - (۳) جھوٹ ؛ دروغ بیانی -
Falsetto (fawl-), *n.* : معمول سے زیادہ اونچی چیخ -
in f., a f. tone &c. : جھوٹی آواز وغیرہ؛ اکثر جھوٹے یا بناوٹی فعے کے معنی میں بھی آتا ہے -
Falsify (fawl-), *v. t.* : (دستاویز یا تحریر کا) جعل بنانا ؛ گھڑنا (۲) غلط بیانی کرنا - (۳) غلط کرنا ؛ بگاڑنا ؛ تنتنی مارنا - (۴) مایوس کردینا ؛ پانی پھیرنا (امیدوں پر) ؛ مٹانا (بخوت) -
falsification, *n.* : جعل سازی ؛ غلط بیانی ؛ دروغ بافی ؛ بگاڑنا وغیرہ -
Falter (fawl-), *v. i. & t.* : (۱) ڈگمگانا ؛ لڑکھڑانا ؛ لٹ پٹانا ؛ تتلانا ؛ پس و پیش کرنا ؛ تامل کرنا- (۲) هکلانا؛ اٹکنا ؛ هچکچانا ؛ رک رک کر بولنا ؛ تتلانا ؛ لٹ پٹانا -
f. out : هچکچاهٹ کے ساتھ یا اٹک اٹک یا رک رک کر بات کرنا -
falteringly, *adv.* : اٹک اٹک کر ؛ رک رک کر ؛ تامل سے -
Fame, *n.* : (۱) شہرہ ؛ چرچا ؛ شہرت - (۲) افواہ ؛ عام خبر ؛ آوازہ - (۳) نیک نامی ؛ جس ؛ نام ؛ ناموری -
house of ill f. : رنڈی خانہ -
Fame, *v. t.* : مشہور ہونا ؛ معروف ہونا ؛ زباں زد ہونا -
Familiar (-yar), *a. & n.* : (۱) (متروک) اپنے خاندان کا - (۲) بے تکلف - (۳) خوب واقف اور آشنا (کسی مضمون سے) - (۴) جانا بوجھا ؛ اچھی طرح سے جانا ہوا ؛ نیا پرانا ہونا - (۵) معمولی ؛ روز مرہ کا ؛ عام ؛ بے تکلف؛ آشنا ؛ یار (عشق یا تعلق کے اعتبار سے) - (۶) (رومن کیتھولک) وہ شخص جو پوپ یا لاٹ پادری کے گھر میں مخصوص خدمات پر مامور ہو - (۷) بے تکلف دوست یا لنگوٹیا یار ؛ یارغار -
f. spirit : موکل جن یا بھوت -
familiarly, *adv.* : بے تکلفی سے وغیرہ -
Familiarity, *n.* : (۱) بے تکلفی ؛ گہرا تعلق ؛ ربط ؛ گہری واقفیت (شخص یا مضمون سے) - (۲) لگاو یا تعلق (عشقیہ) ؛ (جمع) بوس و کنار - (۳) بے تکلفی کا برتاو (بڑوں اور چھوٹوں سے) -
Familiarize (-ya-), *v. t.* : پوری طرح واقف کرادینا ؛ روشناس کرادینا (شخص یا مضمون کو) -
familiarization, *n.* : واقفیت ؛ روشناسی وغیرہ مذکورۂ بالا معنوں میں -
Family, *n.* : (۱) ایک گھرانے کے لوگ ؛ ماں باپ ؛ والدین ؛ بچے ؛ اولاد ؛ خادم ؛ نوکر ؛ چاکر ؛ خاندان ؛ گھرانا ؛ کنبہ ؛ بھائی بند - (۲) ماں باپ ؛ بھائی بند (خواہ وہ اکٹھے رہتے ہوں یا الگ رہتے ہوں) - (۳) اولاد - (۴) ہم جدی ؛ ہم نسل؛ ہم قبیلہ -(۵) قوم ؛ نسل ؛ پیڑھی ؛ ایک ہی نسل یا قوم کے لوگ - (۶) اشخاص یا اقوام کی یا جو سیاسی یا مذہبی تعلق سے متحد ہوں ملت - (۷) ہم قسم - (۸) ہم نوع ؛ ہم جنس -
f. Bible : بڑی سی انجیل جس میں کچھ سادے ورق لگے ہوتے ہیں ، جن پر بچوں کی پیدائش وغیرہ کی یادداشتیں لکھی جاتی ہیں -
f. butcher : گھروں کے راتب کا قصاب -
f. coach : (۱) بڑی سی بند گاڑی - (۲) ایک طرح کا کھیل جس میں ہارنے پر بعض مضحکہ خیز شرطیں پوری کرنی پڑتی ہیں -
F. Compact : اٹھارہویں صدی میں فرانس، اسپین (ہسپانیہ) اور دوگون سِقلیہ بور بون (Bourbon) خاندانوں کا معاہدہ انگلستان اور آسٹریلیا کے خلاف -
f. hotel : وہ ہوٹل جہاں اکثر پورے خاندان مقیم ہوتے ہیں -
f. likeness : مشابہت (اهل خاندان کی) -
f. living : پادری معاش جس کے دینے کا خاندان کا بزرگ مجاز ہو -
f. man : اهل و عیال والا -
f. tree : نسب نامہ ؛ شجرۂ نسب -
happy f. : مختلف قسم کے جانور جو ایک ہی پنجرے میں بند ہوں -
Holy F. : مریم عذرا ، عیسیٰ مسیح ، سینٹ یوسف ؛ (اور اکثر) سینٹ یحییٰ اور سینٹ الزبتھ -
in a f. way : بے تکلفانہ -
in the f. way : پیٹ سے ؛ حبلیٰ سے؛ حاملہ -
of f. : شریف النسل ؛ شریف ؛ خاندانی ؛ عالی خاندان -
Famine, *n.* : (۱) قحط ؛ کال ؛ گرانی - (۲) قلت (مثلاً پانی وغیرہ کی) -
f. prices : کال کے زمانے کی قیمتیں -
die of f. : بھوکوں مرنا -
Famish, *v. i. & t.* : بھوکوں مرنا ؛ بھوکوں مارنا ؛ فاقوں کی نوبت پہنچنا -
be famishing : (بول چال میں) بھوک لگنا -
Famous, *a.* : مشہور ؛ شہرۂ آفاق ؛ معروف ؛ نامی ؛ نامور ؛ (بول چال) نہایت عمدہ ؛ بڑھیا ؛ اعلیٰ درجے کا -
famously, *adv.* : مشہور طور پر ؛ عمدہ طور پر -
Famulus, *n.* (pl -*li*) : (ساحر ؛ شعبدہ باز) کا ملازم - جادوگر
Fan, *n.* : (۱) سوپ ؛ چھاج - (۲) پنکھا ؛ بادکش - (۳) پنکھا یا پنکھے کی طرح پھیلی ہوئی آرائش کی چیز- (۴) ایک گھومنے والا پنکھا - (۵) (بجلی) انجن کا پنکھا - (۶) (پون چکی میں) چھوٹا سا بادبان جس سے چکی کے پردوں کا رخ ہوا کی طرف رہتا ہے -

f. -light. : دروازے کے اوپر کی کھڑکی پنکھے کی شکل کی -
f. -tail : (۱) پنکھے کی شکل کی دُم یا سرا - (۲) ایک طرح کا کبوتر ؛ لقا کبوتر - (۳) کوئلے کی کان میں کام کرنے والے کی ٹوپی ؛ پن ررک ٹوپی -
f. tracery : (عمارت میں) گوتھی عمارت کی کھڑکی کے اوپر آرائشی حصہ -
Fan, *v. t. & i.* : (۱) اناج پھٹکنا یا اُڑانا - (۲) بھوسی کو پھونک کے اُڑادینا - (۳) پنکھے سے کسی چیز کو اُڑادینا - (۴) پنکھا جھلنا ؛ پنکھا کرنا ؛ پنکھا ہلانا ؛ پنکھے سے ہوا دے کر کسی چیز کو ٹھنڈا کرنا - (۵) آگ کو پنکھا کر کے یا ہوا دے کر بھڑکانا ؛ آگ بھڑکانا ؛ اشتعال پیدا کرنا - (۶) (ہوا) آہستہ آہستہ چلنا ؛ ٹھنڈا کرنا - (۷) پنکھے کی طرح پھیلنا یا پھیلا دینا -
fanner, *n.* : پھٹکنے والا -
Fan, *n.* : (عامیانہ) رسیا (کھیل تماشے کا شوقین) -
Fanatic, *a. & n.* : کٹر ؛ متشدّد ؛ متعصب -
fanatical, *a.* : متعصبانہ ؛ متشدّدانہ -
fanatically, *adv.* : متعصب طور پر -
fanaticism, *n.* : تعصب ؛ تشدّد -
fanaticize *v. i. & t.* : تعصب یا تشدّد برتنا ؛ تعصب یا جوش پھیلانا -
Fancier, *n.* : شوقین ؛ پرکھنے والا (کسی جانور یا چیز کا) -
Fanciful, *a.* : (۱) وھمی ؛ وسواسی ؛ خیالی ؛ متلون ؛ لہری - (۲) انوکھا ؛ عجیب شکل کا ؛ انوکھی وضع سے آراستہ - (۳) فرضی ؛ غیر واقعی ؛ خیالی ؛ وھمی انوکھی شکل کا -
fancifully, *adv.* : وھمی یا خیالی طور پر ؛ انوکھے پن سے ؛ تلوں سے -
fancifulness, *n.* : انوکھا پن ؛ وھمی پن -
Fancy, *n. & a.* : (۱) وھم ؛ وھمیات ؛ ظن ؛ گمان ؛ خیال باطل - (۲) واھمہ - (۳) تصور - (۴) قیاس ؛ مفروضہ - (۵) موج ؛ لہر ؛ ترنگ - (۶) رغبت ؛ میلان - (۷) جانوروں کی اچھی نسلیں بنانے کا فن - (۸) زرق برق ؛ پُرتکلف - (۹) کئی رنگ کا (پھول وغیرہ) -
f. -ball : ناچ جس میں طرح طرح کے بہروپ بدلتے ھیں -
f. bread : پُرتکلف روٹی -
f. dog, pigeon : جو کسی خاص خوبی یا وصف کو اُجاگر کرنے کی خاطر پالا جائے -
f. dress : بہروپ کا لباس -
f. fair : مینا بازار -
f. franchise : من مانے اوصاف (رائے دھندگی کے لیے) -
f. free : نا آشنائے محبت -
f. man : معشوق ؛ محبوب ؛ دلارام ؛ یار ؛ (سوقیانہ) بھڑوا -
f. picture : خیالی ؛ وھمی (تصویر وغیرہ) -
f. price : بے تکی ؛ من مانی ؛ بے انداز (قیمت وغیرہ) -
f. -work : کشیدے اور گل کاری کا کام -
catch the f. of : گرویدہ کرنا -
take a f. to, for : مائل ہونا ؛ راغب ہونا ؛ لٹو ہونا ؛ ریجھنا -
the f. (fanciers) : شوقین یا رسیا (خاص کر گھوڑسا بازی کا) -
Fancy, *v. t.* : (۱) قیاس کرنا ؛ تصور کرنا - (۲) گمان کرنا ؛ (بول چال) اپنے کو بڑا سمجھنا ؛ دری کی لینا ؛ خودبیں ھونا - (۳) کسی خاص وصف کو اُجاگر کرنے کی خاطر پالنا (جانوروں کا) -
fancy : (نہائیہ تعجب) دیکھو تو !
take a f. to : لٹّو ھونا ؛ بھانا ؛ پسند کرنا ؛ ریجھنا -
Fandangle, *n.* : عجیب آرائش ؛ انوکھی سجاوٹ ؛ مورکھ پن ؛ گاودی پن -
Fandango, *n.* : ھسپانیہ کا ناچ ؛ اِس ناچ کی لے یا تان -
Fane, *n.* : (شعر) مندر ؛ عبادت خانہ ؛ معبد ؛ دیول -
Fanfare, *n.* : ترئی یا بگل کا بجنا
Fanfaronade, *n.* : ڈینگ ؛ شیخی ؛ شیخی خوری
Fang, *n.* : (۱) دانت ؛ کھیس (خاص کر کتّے یا بھیڑیے کی) ؛ ناب - (۲) سانپ کے زہری دانت - (۳) کسی اوزار کی نوک - (۴) دانت کی جڑ -
(-) **fanged**, *a.* : دنتیلا -
fangless, *a.* : بے دانت کا ؛ ادنت -
Fang, *v. t.* : نل چالو کرنے کے لیے اُس میں پانی ڈالنا -
Fantasia (-azea, -ahzia), *n.* : وہ گیت یا گانا جس میں بمقابلے فن کے خیال آرائی کا زیادہ لحاظ کیا گیا ہو -
Fantast, Ph-, *n.* : خیالی ؛ خیالی پلاو پکانے والا -
Fantastic, *a.* : (۱) خیالی (شاذ) ؛ عجیب ؛ عجیب و غریب ؛ بے اصل ؛ متلون ؛ لہری ؛ سنکی ؛ شیخ چلّی - (۲) نرالا ؛ بے ڈھنگا اُعجوبہ ؛ طرفہ -
fantasticality, *n.* : اعجوبہ پن ؛ سنکی پن
fantastically, *adv.* : خیالی طور پر ؛ عجیب طور پر وغیرہ -
fantasticalness, *n.* : خیالی پن -
fantasticism, *n.* : موضوعیت (یعنی وجود خارجی سے انکار) -
Fantasy, Ph-, *n.* : (۱) توت واھمہ - (۲) ذھنی شبیہ - (۳) انوکھی وضع -
fantasia : خیالی منصوبہ -
fantoccinia (-tshene), *n. pl.* : کٹھ پتلی ؛ کٹھ پتلی کا تماشا -
Faquir : دیکھو FAKIR -
Far, *adv.* (farther, -thest, further, -thest), & *n.* : (۱) دور ؛ فاصلے پر ؛ دور دراز ؛ بعید (نیز مجازاً) - (۲) دور تک (جیسے *driven f. into the ground*) - (۳) غائب ؛ گم (خیال میں) - (۴) فاصلے سے ؛ دور سے -
f. & away : کہیں زیادہ -
f. -away : دور ؛ بہت دور (زمان و مکان) -
f. be it from me to : دور پار کا ؛ خدا نہ کرے کہ میں -
flannelly, *a.* & *adv.* : فلالین کا بنا ہوا ؛ فلالین سے مشابہ -

Flap, *v. t.* & *i.* & *n.* : (۱) کسی چوڑی یا چپٹی چیز سے مارنا ؛ ھلکی تھپکی دینا - (۲) (لفظ off یا away کے ساتھ) اڑانا (مکھیوں یا پرندوں کو) - (۳) (پرندوں کے لیے) پروں کو جھاڑنا ؛ پر مارنا ؛ پھٹ پھٹانا ؛ پھڑ پھڑانا ؛ پروں کو اوپر نیچے حرکت دینا ؛ پروں کی حرکت - (۴) کسی چیز کا چوڑا اور چپٹا لٹکتا ہوا ٹکڑا صرف ایک طرف سے ٹکا ہوا ' بندھا ہوا ' چپکا ہوا یا اٹکا ہوا ' مثلاً دامن؛ دروازے کا گذرنے اور اُٹھنے والا پٹ یا پردہ ؛ جیب کے منہ پر سلا ہوا کپڑے کا ٹکڑا ؛ خیمہ کا پردہ ؛ انگریزی ٹوپی کا چھجہ ؛ میز کا لوٹنے والا تختہ - (۵) وہ لٹکتی ہوئی کھال جو کسی عضو کے کاٹنے کے بعد باقی رہ جاتی ھے - (۶) سانپ کی چھتری (کھمبی) کا اوپر سے کھلا ہوا حصہ - (۷) وہ پردہ جو مچھلی کے گلپھڑے پر ہوتا ھے وغیرہ -

Flapdoodle, *n.* : واھیات ؛ خرافات ؛ بکواس ؛ بے معنی ' مہمل بات -

Flapjack, *n.* : آٹے کا کیک جو چربی میں پکایا جاتا ھے -

Flapper, *n.* : (۱) مکھی مارنے کا چپٹا آلہ - (۲) پرندوں کو ڈرا کر بھگانے کے لئے کھٹکھٹا - (۳) جوان جنگلی بط یا تیتر- (۴) (بازاری) وہ لڑکی جو ہنوز عام صحبتوں میں شریک نہ ہوتی ہو - (۵) ھاتھ (بازاری) - (۶) کسی چیز کا جو تپضلہ یا کیل سے جڑا ہوا ہو اور لٹکتا رھے - (۷) مچھلی کے چوڑے پنکھ - (۸) کیکڑے کے قسم کے جانوروں کی دم - (۹) سفر نامہ گیلیور (Galliver) میں جزیرہ لپوٹا کے فلسفیوں کے تذکرے میں ان کو اپنی معروفیت اور استغراق سے چکانے والے خدام ؛ یاد دلانے والی چیز -

Flare, v. t. & i. n.: (۱) (جہاز کے پہلوؤں کو) اوپر کی طرف بتدریج ابھروانا - (۲) (اسم) جہاز کے پہلو کا اوپر کی طرف ابھار - (۳) جھلملاتی ہوئی لو کی تیز روشنی ؛ لرزتا ہوا شعلہ - (۴) نمائش (اکثر about اور away, out کے ساتھ) لرزتے ہوئے شعلہ کی طرح چمکنا ؛ بھڑکنا - (۵) (جب لفظ up کے ساتھ بولا جائے تو) دفعتاً غصہ میں آگ بھبوکا ہو جانا ؛ دبی ہوئی آگ کا دفعتاً بھڑک اٹھنا -

f.-up: (۱) چند روزہ شاندار ہردلعزیزی ؛ عارضی نمود - (۲) خوشی کی حالت میں غل غپارہ مچانا ؛ اودھم مچانا ؛ دھما چوکڑی ؛ بکرکود - (۳) کھلی ہوا میں بے نقاب شعلہ - (۴) شعلہ کا دفعتاً بھڑک اٹھنا - (۵) سمندر میں جو روشنی اشارات کرنے کے لئے استعمال کی جاتی ہے -

flaring, a.: بے حد نمائشی ؛ دکھاوے کا -

Flash, v. i. & t.: (۱) دفعتاً شعلہ بن کر بھڑک اٹھنا ؛ شعلہ یا چنگاری یا شرارہ کا نکلنا ؛ چھپکنا ؛ روشنی کی شعاعیں پھیلانا یا عکس ڈالنا - (۲) چمکنا (مثلاً تلوار چمکانی لالٹین چمکانی) - (۳) تار کے ذریعہ سے (خبر) بھیجنا ؛ شایع کرنا (مثلاً : *news was flashed over England.*: بذریعہ تار خبر کو تمام انگلستان میں شایع کیا گیا) - (۴) (شیشہ سازی کی اصطلاح) پھیلا کر تختہ بنانا ؛ (سادہ شیشہ پر) رنگ چڑھانا - (۵) (پانی کا) تیزی سے بہنا ؛ چڑھنا اور بہنا ؛ (دریا کا) چڑھنا ؛ بھر جانا ؛ اور بہنا - (۶) تیزی سے حرکت کرنا -

eyes f. fire.: آنکھوں سے شعلہ گرنا ؛ غصہ ظاہر ہونا -

f. board: (وہ آلہ) جس سے حوض کا پانی پن چکی میں پہنچایا جاتا ہے -

f. back defiance.: آنکھوں سے اپنی بے خوفی ظاہر کرنا ؛ لڑائی پر آمادگی ظاہر کرنا -

f. in the pan.: پرانی بندوق کی طرح ابتدائی زور و شور دکھا کر ختم ہوجانا ؛ رنجک چاٹ جانا -

f. pipe.: گیس کے اونچے لیمپ کو جلانے کے لئے سوراخ دار نلکی -

flashing point.: حرارت کا وہ درجہ جہاں تیل وغیرہ کے بخارات میں آگ لگ سکتی ہے -

f. out, up.: اضطراری جوش ظاہر کرنا -

to f. upon.: یکایک نظر کے سامنے ؛ سمجھ میں یا ادراک میں آ جانا (مثلاً : مجھ پر یکایک یہ ہویدا ہوا) -

Flash, n.: (۱) فوری اور عارضی چمک ؛ اس چمک میں جس قدر وقت خرچ ہو ؛ ایک لمحہ ؛ چشم زدن - (۲) دکھاوا ؛ نمود ؛ ظاہر داری ؛ ظاہری چمک دمک - (۳) اسپرٹ کو رنگ دینے والی ایک دوا - (۴) پانی کا تیز بہاؤ جو بند سے چھوڑا جاتا ہے تاکہ پایاب پانی سے کشتیوں کو بہا لے جائے ؛ وہ مشین جس سے یہ عمل کیا جاتا ہے اور پانی کھولا جاتا ہے ؛ (۵) بجلی کی مشعل

a f. of hope.: امید کی ایک جھلک ؛ عارضی اور فوری احساس -

f. light.: اشارات کرنے کے لئے جو شعاع استعمال کی جاتی ہے ؛ سمندر کے منارۂ روشنی سے جو شعاع ڈالی جاتی ہے ؛ (فوٹو گرافی) شب کے وقت جو تیز روشنی ڈال کر فوٹو لیتے ہیں -

in a f.: طرفۃالعین ؛ لحظہ ؛ پل ؛ آن ؛ دم -

Flash, a.: (۱) بھڑکیلا ؛ چمکدار ؛ زرق برق ؛ نقلی ؛ بناوٹی (مثلاً نقلی سکہ ؛ نقلی نوٹ (f. notes, money) - (۲) بے معنی گفتار ؛ عامیانہ گفتگو (زیادہ تر چوروں بد معاشوں اور کنجڑوں کی گفتگو) -

Flashing, n.: کسی دھات کا وہ ٹکڑا جو چھت کے جوڑوں پر اس لئے لگایا جاتا ہے کہ چھت میں پانی نہ مرے -

Flashy, a.: بھڑک دار مگر محض سطحی اور عارضی ؛ بظاہر جاذب نظر مگر کم قیمت ؛ محض دکھاوے کے لئے ؛ محض ظاہری نمود و نمائش کے ساتھ -

flashily, adv.: متعلق فعل مذکورۂ بالا معنوں میں -

flashiness, n.: اسم مذکورۂ بالا معنوں میں -

Flask, n.: (۱) (عموماً) دھات یا چمڑے کی وہ ڈبیا یا پیٹی جس میں شکاری اپنی باروت رکھتے ہیں - (۲) اٹلی کا بنا ہوا تنگ گردن کا شراب یا تیل کا شیشہ یا بوتل جس پر گھانس یا بید کا خول چڑھا ہوا ہو - (۳) دھات یا شیشہ کی بوتل (جس پر عموماً چمڑا چڑھا ہوا ہوتا ہے) جو مسافر شراب یا اسپرٹ رکھنے کے لئے سفر میں ساتھ رکھتے ہیں -

Flasket, n.: (۱) (متروک) لمبی اور اتھلی ٹوکری ؛ کپڑے رکھنے کی ٹوکری - (۲) چھوٹی بوتل یا صراحی -

Flat, n.: مکان کی منزل ؛ مکان کی منزل پر چند کمروں کا رہایشی مقام -

Flat, a. & adv., n. & v. t.: (۱) چپٹا ؛ ہموار ؛ سپاٹ ؛ زمین کی متوازی سطح ؛ افقی ؛ پھیلا ہوا ؛ زمین پر پوری لمبائی میں پڑا ہوا ؛ زمین دوز - (۲) مسطح ؛ چکنا ؛ ہموار ؛ چورس ؛ چوپٹ ؛ یکسار ؛ چوڑی سطح اور بہت کم گہرائی ؛ کف دست ؛ فرشی - (۳) سست ؛ بیجان ؛ اترا ہوا ؛ بے لطف ؛ افسردہ دل ؛ بے حس ؛ کند ؛ ماند ؛ دھندلا - (۴) غبی ؛ کند ذہن ؛ کوڑہ مغز ؛ احمق ؛ افسردہ ؛ کودن - (۵) (موسیقی) سر کا مدھم یا کمزور ہونا ؛ (اسم) وہ سر جو طبعی چڑھاؤ سے بقدر نیم سر کے نیچا کیا گیا ہو ؛ وہ علامت جو سر کے اس اُتار کو ظاہر کرتی ہو ؛ پیانو کے سیاہ پردے والے سر - (۶) کسی چیز کا چپٹا حصہ (جیسے ہاتھ کا چپٹا حصہ ؛ تلوار کا چپٹا حصہ) - (۷) مسطح زمین ؛ میدان ؛ نیچی زمین ؛ نشیب ؛ دلدل - (۸) چپٹے تلے کی کشتی ؛ اتھلی ٹوکری یا ٹوکرا - (۹) (تھیٹر کے اصطلاح میں) پردۂ منظر کا وہ حصہ جو چوکھٹے میں جڑا ہوا ہو - (۱۰) (بازاری اصطلاح میں) کاودی ؛ احمق ؛ ایسا شخص جس کو بہ آسانی دھوکا دیا جا سکے یا جو بے وقوف بنایا جا سکے - (۱۱) پورا کھلا ہوا جیسے : *fell f.; f. against the wall.* : (۱۲) غیر مشروط ؛ سادہ ؛ مطلق ؛ قطعی ؛ دو ٹوک -

f. boat.: کشتی جس کی تلی اتھلے پانی میں استعمال کئے جانے کے لئے چپٹی ہو -

f. beer.: شراب جس کا ابال ختم ہو گیا ہو -

f. blasphemy.: کفر مطلق -

f. candlestick.: ایسا شمع دان جس کی نشست چوڑی ہو اور شاخ چھوٹی ہو تاکہ آسانی کے ساتھ ہاتھ میں لیکر چل سکیں

f. denial.: غیر مشروط اور صاف انکار ؛ دو ٹوک انکار -

f. -fish. : مچھلیوں کی ایک قسم جن کا جسم بچپن میں گول اور آگے چلکر چوڑا ہوتا جاتا ہے -

f. footed. : ایسا شخص جس کی پشت پا ابھری ہوئی نہ ہو؛ سپاٹ پاؤں کا -

f. iron. : کپڑوں پر استری کرنے کا لوہا

f. nonsense. : قطعاً مہمل -

f. race. : ہموار زمین پر گھوڑ دوڑ جس میں ٹیلیاں اور خندقیں کودنی نہ پڑیں -

f. rate. : شرح قیمت جو ہر حال میں یکساں رہے اور کسی نسبت سے گھٹتی بڑھتی نہ ہو -

f. refusal. : قطعی انکار؛ صاف انکار -

fall f. : زمین پر اوندھا گرنا؛ ناکام' بے اثر ہونا؛ تعریف و توصیف سے محروم رہنا -

his speech fell f. : اس کی تقریر بے اثر رہی -

make f. : (صنعت و حرفت کی اصطلاح) چوڑا یا چپٹا کرنا -

market is f. : بازار گرا ہوا ہے' مندا ہے -

prices are f. : قیمتیں (بھاو) گری ہوئی ہیں -

that is f. : اس میں شبہ کی گنجائش نہیں -

flatly, *adv.* : قطعاً؛ صاف طور پر (نیز متعلق فعل مذکورہ بالا معنوں میں) -

flatness, *n.* : چپٹا پن (نیز اسم مذکورہ بالا معنوں میں) -

flatten, *v. t. & i.* : چپٹا کرنا ' ہونا -

flattish, *a.* : مثل چپٹے کے؛ قریب قریب چپٹا -

Flatter, *v. t.* : (۱) چاپلوسی کرنا؛ خوشامد کرنا؛ پھسلانا؛ ضرورت سے زیادہ تعریف و توصیف کرنا؛ سراہنا؛ کسی شخص کی خود پسندی کو تقویت دینا؛ چڑھانا؛ ایسی باتیں کرنا جن سے دوسرا شخص اپنے کو بہت بڑا آدمی سمجھنے لگے - (۲) اُمید (خصوصاً بے بنیاد) دلانا؛ سبز باغ دکھانا - (۳) اپنے دل کو مخصوص خیالات اور منصوبوں سے خوش کرنا - (۴) خواہش پوری کرنا (آنکھ یا کان کو تسکین دینے کے لیے) - (۵) دوسروں کا دل خوش کرنے کے لیے جوش بیان اور خوشامدانہ کلام میں غلو کرنا - (۶) اپنے مجروح ضمیر یا خود پسندی کے احساس پر مرہم رکھنا؛ اپنی بے عزتی اور ذلت کو بھلا دینا - (۷) تقریر میں (مصور کا) کسی کے حسن صورت کو مبالغہ کے ساتھ ظاہر کرنا -

flatterer, *n.* : خوشامدی -

flatteringly, *adv.* : خوشامدانہ -

flattery, *n.* : خوشامد -

Flatulent, *a.* : ریاح پیدا کرنے والا؛ ریاح سے بھرا ہوا؛ بادی؛ نفاخ؛ ہوا سے بھرا ہوا؛ ریاحی - (۲) خود بین؛ مغرور؛ بد دماغ؛ بے بنیاد اور بڑے دعوے کرنے والا -

flatulence, flatulency, *nn.* : بادی؛ موٹاپا؛ بد دماغی؛ غرور -

flatulently, *adv.* : موٹاپے کے ساتھ؛ مغرورانہ؛ بد دماغی کے ساتھ؛ نفخ کے ساتھ -

Flatus, *n.* : معدہ اور آنتوں میں ریاح؛ بادی؛ باد؛ باؤ -

Flaunt, *v. i. & t. & n.* : غرور یا شیخی کے ساتھ جھومنا؛ اکڑنا؛ اپنی شان دکھانا؛ اپنے لباس اور آرایش کی بھڑک دکھانا؛ اترا کر چلنا -

flauntingly, *adv.* : شیخی کے ساتھ؛ اترا کر -

flaunty, *a.* : شیخی باز -

Flautist, *n.* : بانسری بجانے والا -

Flavescent, *a.* : جو زرد ہو رہی ہو؛ مایل بہ زردی -

Flavin, *n.* : (۱) (جراحی) زخموں کو زہر سے بچا لینے والی ایک دوا - (۲) زرد رنگ جو بلوط کے درخت سے بنایا جاتا ہے -

Flavour, *n. & v. t.* : (۱) مہک؛ خوشبو؛ زبان اور ناک کا مشترکہ احساس؛ مخصوص مزہ یا لذت - (۲) ایک ایسی خصوصیت جس کی تعریف و تشریح نہ کی جا سکے - (۳) کسی چیز میں کوئی خاص مزہ پیدا کرنا -

flavourless, *a.* : بے مزہ -

flavoursome, flavourous, *aa.* : مزہ دار -

Flaw, *n. v. t. & i.* : (۱) دراز؛ شگاف؛ درز - (۲) نقص؛ عیب - (۳) (قانون) کسی دستاویز' شہادت' روئداد عدالت یا قانونی کارروائی وغیرہ میں ایسا نقص جو اُس کو ناجائز بنا دے - (۴) شگاف پیدا کرنا؛ خراب کر دینا؛ عیب پیدا کر دینا؛ بگاڑ دینا -

flawless, *a.* : بے عیب؛ مکمل -

flawlessly, *adv.* : بغیر نقص یا عیب کے -

flawlessness, *n.* : بے عیبی -

Flaw, *n.* : جھکڑ؛ ہوا کا سخت جھونکا؛ مختصر طوفان -

Flawn, *n.* : (متروک) ایک قسم کی ٹوپی جو دودھ اور انڈے کو ملا کر بنائی جاتی ہے

Flax, *n.* : (۱) سن کا درخت جس کے پھول نیلے ہوتے ہیں اور جس کے ریشہ یا کتان سے کپڑا بنایا جاتا ہے' اُس کے بیجوں کو السی کہتے ہیں' اس درخت کے مختلف اقسام اور مختلف صفاتی نام ہیں - مثلاً *f. lily.* اور *dwarf, toad, -f.* -

cloth of f. : سن کا کپڑا -

f. seed : السی -

fibers of f. : سن کے ریشے جن سے کپڑا بنایا جاتا ہے -

Flaxen, *a.* : (۱) سن کا بنا ہوا - (۲) (بالوں کے لیے تشبیہاً استعمال ہوتا ہے) غیر صاف شدہ سن کے رنگ کا؛ کاھی رنگ کا پیلا؛ زردی مائل؛ بھورا -

Flay, *v. t.* : (۱) کھال کھینچنا' اُتار لینا' ادھیڑنا؛ چھال یا چھلکے کر اُتارنا؛ چھیلنا؛ گھس کر' کاٹ کر یا چھیل کر ٹھیک کرنا - (۲) سختی اور شدت سے تنقید کرنا - (۳) (کسی کو) لوٹنا؛ برباد کرنا -

f. flint : زبردستی' بجبر یا دھمکی دے کر روپیہ وصول کرنے والا؛ بخیل -

Flea, *n.* : پسو؛ (اصطلاحاً) چھوٹا سا' بے حیثیت' قابل تحقیر جانور یا شخص -

f. beetle : ایک چھوٹا کودنے والا کیڑا جو عموماً ایک درخت میں رہتا ہے جس کو (hop) کہتے ہیں -

f. bite : پسو کے کاٹنے کا نشان؛ پسو کا کاٹنا؛ (اصطلاحاً) نہایت خفیف تکلیف یا خرچ؛ نہایت معمولی بات اور واقعہ؛ نا قابل اعتنا بات یا واقعہ -

f. bitten : جہاں بہت دھبے پھیلے ہوئے ہوں؛ پسو کا کاٹا ہوا -

f. dock : ایک چھوٹا درخت -

f. louse : درختوں میں رہنے والا اور پھدکنے والا جوں کی صورت کا کیڑا ۔

sand f. : بالو میں رہنے والے کیڑے جو پسو کی طرح پھدکتے ہیں ۔

send one away with a f. in his ear : کسی کو ڈانٹ کر یا جھڑک کر لاجواب کر دینا؛ تالی پٹوا دینا؛ (کسی کی) ہنسی اڑانا ۔

water f. : پانی کے قریب رہنے والے کیچھوے کی قسم کے جانور جو پھدکتے ہیں ۔

Fleam, n. : نشتر جس سے گھوڑوں کی فصد لی جاتی ہے ۔

Fleche : (فرانسیسی) پتلا مینار ' خاص کر وہ جو گرجا کے وسط اور آڑے بازو کے تقاطع پر نکلا ہوتا ہے ۔

Fleck, n. & v. t. : (۱) جلد پر دھبہ ؛ داغ یا جھائی ۔ (۲) رنگ یا روشنی کا نشان ؛ عکس ؛ دھبہ ؛ چتی ۔ (۳) چھوٹا سا ٹکڑا ؛ ذرہ ۔ (۴) کسی چیز پر چھوٹے نشان ڈالنا ؛ دھبے ڈالنا ؛ مختلف رنگوں سے رنگنا ۔

fleckless, a. : صاف ؛ ستھرا ؛ بغیر دھبہ کے ۔

Flecker, v. t. : مختلف رنگوں سے رنگنا ؛ چت کبرا کرنا ؛ مختلف رنگوں کے داغ منتشر طور پر ڈالنا ۔

Fled : دیکھو FLEE

Fledge, v. t. & i. : پر لگا دینا ؛ اڑنے کے قابل بنا دینا ؛ پر یا نرم بال لگا کر آراستہ کرنا؛ پرنکلنا ؛ پرآنا ۔

fledgeless, a. : بے پر کا ۔

Fledg (e) ling, n. : (۱) پرند کا بچہ؛ نوجوان پرند ۔ (۲) ناتجربہ کار شخص ؛ کچا آدمی ۔

Flee, v. i. & t. : آج کل flee اور fleeing کے بجائے fly اور flying بولا جاتا ہے ۔ (۲) بھاگ جانا ؛ خطرہ سے بچنے کے لئے بھاگنا ؛ گریز کرنا (from یا before کے ساتھ) ۔ (۳) غایب ہوجانا یا گم ہوجانا ؛ چلے جانا ؛ کسی چیز یا شخص کے پاس سے بھاگ جانا ؛ دفعتاً چلدینا ؛ رفوچکر ہوجانا ۔ (۴) بچنا ؛ پرہیز کرنا ؛ کترانا ؛ نفرت کرنا ۔

Fleece, n. & v. t. : اون ؛ باریک بال جو بھیڑ اور اسی قسم کے جانوروں کی کھال پر ہوتے ہیں ۔ (۲) اون کی وہ مقدار جو ایک دفعہ میں بھیڑ یا بکری کی کھال سے اتاری جائے ۔ (۳) سر کے بال جو الجھے ہوئے اور گھنے ہوں ۔ (۴) (اصطلاحاً) سفید اون کی طرح کی کوئی چیز ؛ سفید بادل ؛ اون؛ گرتی ہوئی برف ۔ (۵) (پارچہ بافی) اون یا سوت کو سلجھانے میں اون یا سوت کی جو باریک چادر سی مشین کے اندر سے نکلتی ہے ۔ (۶) اون یا اس جیسی چیز سے ڈھانکنا ۔ (۷) بھیڑوں کی اون کاٹنا ۔ (۸) کسی کا روپیہ لے لینا؛ کسی کو مفلس کردینا؛ کنگال کر دینا؛ موس لینا ؛ کسی کا مال اڑا لینا ۔

golden. f. : ملک آسٹریا یا اسپین میں knight کا امتیازی نشان ۔

fleeceable, a. : وہ بھیڑ جس کی اون کاٹنے کے قابل ہو یا وہ شخص جس کی دولت اڑائی یا لوٹی جا سکے ۔

fleeced, a. : جس کا اون کاٹ لیا گیا ہو ۔

sky fleeced with cloud : سفید بادلوں سے ڈھکا ہوا (آسمان) ۔

fleecy, a. : جن پر اون ہو ؛ اون کی طرح نرم اور سفید ۔

Fleer, v. i. & n. : (۱) مذاق اڑانا ؛ ہنسی اڑانا ؛ منہ چڑانا ؛ طعنے دینا ؛ آوازے کسنا ؛ منہ بنانا ؛ حقارت کے ساتھ کلام کرنا ۔ (۲) مضحکہ آمیز نظر یا کلام ۔

Fleet, n. : (۱) بحری آلات جنگ اور جنگی جہازوں کا بیڑا جو ایک ہی کمانڈر کے ماتحت ہو ۔ (۲) کشتیوں یا جہازوں کی ایک تعداد جو سب ساتھ ساتھ بحری سفر کرتے ہوں ۔ (۳) کرایہ پر چلنے والی موٹروں اور گاڑیوں کی ایک تعداد جو ایک ہی شخص کی ملکیت ہوں (جیسے : *f. of cabs, taxis etc*)

Fleet, n. : (۱) دریا یا سمندر کی شاخ جو خشکی کے اندر گھسی ہوئی ہو ؛ کھاڑی ۔ (۲) (the f.) ایک ندی کا نام جو لندن میں (fleet street) فلیٹ اسٹریٹ کے پاس بہتی تھی اور دریائے ٹیمس (Thames) میں گرتی تھی ۔ اب وہ پاٹ دی گئی ہے اور محض ایک بدرو کی شکل میں باقی ہے ۔ (f. prison) یہی نام ایک قیدخانہ کا بھی تھا جو کسی زمانے میں اسی ندی کے قریب واقع تھا ۔

f. marrige : شادی کی رسم جو کسی بدنام پادری (فلیٹ پارسن) نے انجام دی ہو ۔

f. parson. : بے وقعت پادری جو فلیٹ قیدخانہ کے اطراف میں خفیہ نکاح پڑھایا کرتا تھا ۔

f. street : عبارت ہے جراید و اخبارات کے اشاعت سے جو لندن میں عموماً اسی محلہ سے شایع ہوتے ہیں ۔

Fleet, a. : (ادبیات اور شاعری) تیز ؛ سبک رو ؛ چست

fleetly, adv. : سبک روی سے ؛ پھرتی سے ۔

fleetness, n. : سبک روی ؛ پھرتی ۔

Fleet, a. & adv. : (۱) اتھلا پانی ۔ (۲) کم گہرائی میں (جیسے : *plough* or *sow f.*)

Fleet, v. i. : (۱) چپکے سے سرک جانا ؛ غایب ہوجانا ؛ تیزی سے گذر جانا ؛ چل دینا ؛ کھسک جانا ؛ بھاگ جانا ۔

fleeting, a. : بھاگتے ہوئے ؛ تیزی سے گذرتے ہوئے ۔

fleetingly, adv. : تیزی سے؛ جلدی سے؛ (بہنے تیرنے اور بھنے کے معنی میں بھی استعمال ہوتا تھا) ۔

Fleming, n. : ملک فلانڈرس (Flanders) کے باشندے

Flemish, a. & n. : ملک فلانڈرس کے باشندوں کی (زبان) ۔

Flemish, v. i. & n. : (شکاری کتے کا) شکار کی تلاش میں دم اور جسم کو اس طرح حرکت دینا کہ گویا کانپ رہا ہے ۔

Flench, Flinch, Flense, v. t. : (۱) وھیل (whale) مچھلی کو کاٹ ڈالنا ؛ ٹکڑے ٹکڑے کردینا ۔ (۲) بحری جانور سیل (seal) کی کھال اتارنا ۔

Flesh, n. : (۱) کھال اور ہڈیوں کے درمیان نرم گودا ۔ (۲) جانوروں کے جسم کا وہ حصہ جس میں پٹھے ہوتے ہیں (۳) انسان کے جسم کی ظاہری اور بیرونی سطح ۔ (۴) گوشت ؛ ماس ؛ چربی اور جانوروں (علاوہ مچھلی اور مرغی کے) کے جسم کے پٹھے اور نسیں جو کھانے کے کام میں آتے ہیں ' اب اس کی بجائے عموماً meat استعمال ہوتا ہے ۔ (۵) پھل ؛ درخت یا پودے کا گودا ۔ (۶) موٹاپا ؛ چربی چڑھا ہوا جسم ؛ بھاری ؛ گداز جسم ۔ (۷) نفسانی خواہش ؛ شہوت ۔

all f. : وہ تمام مخلوق جس کے جسم میں جان ہو؛ جاندار مخلوق ۔

f & blood : جسم یا اوسکی مادی کیفیات ؛ (اصطلاحاً) بنی نوع انسان ؛ فطرت انسانی ؛ بشریت ؛ انسان کے فطری جذبات اور کمزوریاں ؛ (صفت) واقعی زندہ اور اصلی نہ کہ محض خیالی اور مافوق الفطرت ۔

f. and fell : کل جسم ؛ کلیتاً ۔

f. brush, glove : دستانے یا برش جن سے دورانِ خون تیز کرنے کے لئے جسم کی مالش کی جاتی ھے -
f. coloured : زردی مایل، گلابی رنگ -
f. eater : گوشت خور -
f. feeding : گوشت کھلانا ؛ گوشت کھلاکر پرورش کرنا -
f. fly. : مکھی جو گوشت پر بیٹھ کر انڈے دیتی ھے
f. pot : بہ اصطلاحِ انجیل (کتاب الخروج باب ۱۶ - آیت ۳) تعیش کی زندگی ؛ تن آسانی کی زندگی -
f. side or f. : کھال کا وہ رخ جس سے گوشت پیوست ھوتا ھے -
f. tights : تنگ ، چست لباس جو قدرتی گوشت کے ھم رنگ ھوتا ھے جس کو ایکٹر تھیٹر میں تماشہ کرتے وقت پہنتے ھیں ؛ (نیز دیکھو FLESHINS) -
f. tint : وہ رنگ جو گوشت کے قدرتی رنگ کے مثل ھوتا ھے اور جس کو مصور تصویروں میں استعمال کرتے ھیں -
f. wound : ایسا زخم جس کی گہرائی صرف گوشت تک ھو اور اس کا اثر ھڈی یا کسی نازک عضو پر نہ ھوا ھو -
in f. : فربہ -
in the f. : جسمانی حیثیت سے ؛ زندگی کی صورت ظاھری میں ؛ جیتا جاگتا -
make his f. creep : ڈرانا ؛ خوف زدہ کرنا ؛ (خصوصاً فوق العادت چیزوں سے ، جیسے بھوت ، جن وغیرہ سے) -
one f. : یک جسم ؛ یک جان ؛ متحد (جیسے میاں بیوی) -
one's *own f. & blood* : قریبی رشتہ دار ؛ اولاد -
proud f. : زخم کا انگور ؛ زخم پر جو نیا گوشت آتا ھے ؛ کھرنڈ -
sins of the f : بے عصمتی ؛ بد چلنی ؛ ناپاکی ؛ نفسانی و جسمانی گناہ -
to lose f : دبلا ھونا ؛ جسم کا ھلکا ھونا -
to put on f : موٹا ھونا ؛ فربہ ھونا ؛ چربی چڑھنا -

Flesh, *v. t.* : (۱) شکاری کتوں اور اسی قسم کے شکاری جانوروں کو خون چکھا کر (منہ کو خون لگاکر) مشتعل اور آمادۂ شکار کرنا - (۲) خونریزی سکھانا ؛ خونریزی کی عادت ڈلوانا ؛ (کسی جسم پر) پہلی دفعہ تلوار (کا ھاتھ) لگواکر شمشیرزنی سکھانا -

Flesher, *n.* : قصاب؛ قصائی (خاص کر اسکاچستان) -

Fleshings *n.* : چست ، گوشت کا ھمرنگ (عموماً ریشم کا) لباس جو تماشہ‌گاہ میں ایکٹر پہنتے ھیں تاکہ دیکھنے والے یہ سمجھیں کہ اُن کا جسم کھلا ھوا ھے -

Fleshly, *a.* : شہوانی ؛ نفسانی ؛ حیوانی (خصوصاً خواھشات و لذات) ؛ فانی ؛ مادی (یعنی جو الہی اور روحانی نہ ھو)؛دنیوی -
fleshliness, *n.* : شہوانیت -

Fleshy, *a.* : (۱) موٹا تازہ ؛ تیار ؛ فربہ ؛ جسیم؛ لحیم - (۲) جس کے جسم پر بغیر ھڈی کا گوشت زیادہ ھو - (۳) (پودے اور پھل) گودے دار ؛ مغز دار -

Fleur-de - lis, *n.* : flower - de-lure (متروک، امریکا متحدہ) (فرانسیسی) (۱) سوسن ؛ کنول - (۲) بڑے خاندانوں اور بادشاھوں کا خاندانی نشان (مارکہ)؛ ملک فرانس کا شاھی نشان -

Fleuret, *n.* : چھوٹے پھول کی شکل کا ایک زیور ؛ کرن پھول (فرانسیسی)

Fleuron. *n.* : آرایشی پھول جو عمارتوں اور ستونوں اور سکوں وغیرہ پر بنائے جاتے ھیں (فرانسیسی) -

Fleury, flory , *a.* : (۱) (اصطلاحاً) سوسن یا کنول کے پھول - (۲) fleur - de - lis سے مزین -

Flew : دیکھو fly

Flews, *n. pl.* : شکاری کتوں (blood hounds) وغیرہ کے لٹکتے ھوے ھونٹ -

Flex, *v. t.* : جھکانا ؛ موڑنا (جس طرح ڈاکٹر و طبیب ایک خاص آلہ سے اعضا کو جھکاتے یا موڑتے ھیں یا ماھرین علم طبقات الارض زمین کے کسی نا ھموار طبق کو جھکاتے یا موڑتے ھیں)

Flex, *n.* : نرم اور آسانی سے مڑجانے والا تار جو بجلی کی روشنی کرنے کے لیے استعمال ھوتا ھے اور جو بجلی کو خارج نہیں کرتا -

Flexible, *a.* : (۱) لچک دار ؛ بغیر ٹوٹے مڑجانے والا ؛ جھک جانے والا - (۲) جو (شخص) آسانی سے کہنا مان جائے ؛ جس کا بہ آسانی انتظام ھوسکے؛ سلیم؛ قابل تربیت - (۳) جو (شخص) اپنے کو حسب ضرورت حالات کے مطابق و موافق بناسکے ؛ تغیر پذیر ؛ ھر فن مولا - (۴) خوش اخلاق ؛ شگفتہ مزاج کا ؛ نرم مزاج -
fexibility, *n.* : لچک ؛ نرمی -
flexibly, *adv.* : نرمی سے؛ آسانی سے؛ ملایمت سے -

Flexile, *a.* : لچک دار ؛ نرم ؛ آسانی سے قابو میں آنے والا ؛ تغیر پذیر -
flexility, *n.* : لچک داری؛ تغیر پذیری -

Flexion, *n.* : (۱) خم ؛ جھکاؤ ؛ بانک؛ ٹیڑہ ؛ کجی (خصوصاً جسم کے کسی حصہ یا جوڑ کی) ؛ مڑا ھوا ، جڑا ھوا حصہ - (۲)(صرف و نحو) گردان -
flexional, *a.* : صفت مذکورۂ بالا معنوں میں -
flexionless *a.* : (صرف و نحو) نا قابل گردان -

Flexor, *n.* : عصب ؛ جھل ؛ وہ پٹھا جو کسی حصۂ جسم کو جھکاتا ھے -

Flexuose, *a.* : (علم النباتات) جو لہریے دار ھو ؛ پیچ و خم رکھتا ھو (سانپ کی طرح) ؛ اتار چڑھاو رکھتا ھو ؛ پیچان -

Flexous, جس چیز میں بہت سے خم ھوں ؛ خم دار
flexuosity, *n.* : خم داری -
flexuously, *adv.* : پیچ و خم کے ساتھ -

Flexure, *n.* : (۱) خم ؛ موڑ ؛ خمیدگی ؛ جھکاو؛ پھیر ؛ جھولک - (۲) (ریاضی) خط یا سطح کا موڑ؛ جھکاو ؛ (لچک کے نظریہ کے مطابق) کسی سطح یا مادہ کا جھکاو یا خم- (۳) (علم طبقات الارض) کس دباوکی وجہ سے زمین کے کسی طبقہ کا خم-
f. of a curve : سیدھے خط سے یا سیدھے خط کی طرف جھکاو -

Flibbertigibbet, *n.* : (۱) بکواس کرنے والا ؛ بیچھین؛ بیہودہ اوچھا ؛ سبکسر ؛ واھی؛ چلبلا (شخص) - (۲) (اسم صوت) بک بک جھک جھک کی آواز کی نقل -

Flick, *n. v. t.* : (۱) تیزی سے چابک یا کوئی چیز چھوانا ؛ چابک سے ھلکی چوٹ مارنا ؛ ھاتھ بڑھا کر چابک کی نوک سے کسی چیز کو چھوانا اور پھر فوراً اس کو پیچھے کھینچ لینا- (۲) انگلی کو اندر کی طرف جھکا کر پھر ناخن سے کسی چیز کو مارنا یا اڑانا (جیسے لڑکے کوڑی پر کوڑی مارتے میں یا انٹا کھیلتے ھیں)- (۳) اچانک یا فوری حرکت؛ جھٹکا - (۴) تازیانہ کے سرائے کی ھلکی آواز ؛

(۵) گرد اڑانا ۔ جھاڑنا (off اور away کے ساتھ) ۔
give a f. with whip, towel etc : جھٹکا دینا (تولیہ یا چابک کو) ؛ (تولیہ یا رومال کو) جھٹک کر (کسی چیز کو) صاف کرنا ؛ گرد اڑانا ؛ جھاڑنا ۔

Flicker, v. i. & n.: (۱) کانپنا۔ جھلملانا (جیسے شمع یا چراغ کا) ؛ تھرتھرانا ؛ جھنجھنا ہٹ یا سنسناہٹ کی آواز نکلنا ؛ آگے پیچھے ہلنا یا اڑنا ؛ ہوا میں جھومنا (جھنڈے یا علم کی طرح) ؛ ہلنا (درخت کے پتوں کی طرح) ؛ آگے پیچھے حرکت کرنا (سانپ کی زبان کی طرح ۔ (۲) نہ مسلسل روشن رہنا نہ قطعی طور پر گل ہونا ؛ (۳) کھلتی بند ہوتی روشنی (مجازاً اُمید و بیم کے لئے) ۔

Flier: دیکھو FLYER

Flight n. & v. t. - (۱) ہوا میں اڑنے کا طریقہ ؛ طرز پرواز ؛ اڑان ۔ (۲) باز کا شکار کے پیچھے اڑنا ۔ (۳) نقل مکانی ؛ ترک وطن ؛ ایک جگہ سے دوسری جگہ جاکر قیام کرنا ۔ (۴) پرندوں یا کیڑوں کا جھنڈ جو ایک جگہ اڑ کر دوسری جگہ جائے ۔ (۵) کسی متحرک چیز کی تیز حرکت (جیسے ہوا میں توپ کے گولے کی رفتار) ؛ تیز پرواز ۔ (۶) وہ فاصلہ جو کوئی پرندہ یا ہوا میں تیز حرکت کرنے والا آلہ یا آلہ ہوائی طے کر سکتا ہو ؛ تو (گولی یا گولے کا) ۔ (۸) سیڑھیوں یا زینہ کا سلسلہ جو ایک ہی سمت میں چڑھ گیا ہو یا گھوڑ دوڑ کی ٹٹیوں کا سلسلہ جن پر گھوڑے کودائے جاتے ہیں ۔ (۸) باڑہ (تیر یا بندوق یا توپ کی گولیوں کی) ۔ (۹) جو کی بھوسی ۔ (۱۰) پرواز (ذہن ، خیال ، ہمت وغیرہ کی) ۔

f. feather: پرندے کے بازو کا ایک پر جس سے وہ قوت پرواز حاصل کرتا ہے ۔
f. lieutenant: ہوا بازوں کا ایک عہدہ ۔
f. muscle: پرندہ کے پر کا ایک پٹھا جس کی مدد سے اس کے بازو حرکت کر سکتے ہیں ۔
f. of ambition: ہمت اور حوصلہ (کی پرواز) ؛ بلند ہمتی ۔
f. of fancy: پرواز خیال ۔
f. of time: وقت کا تیزی سے گزرنا ۔
f. of wit: عقل و ذہن کی پرواز
in the first f.: سبقت لے جانا ؛ بہت نمبر حاصل کرنا ؛ میری ہونا ۔
take a f.: اُڑنا ؛ پرواز کرنا ۔
wing one's *f.:* اُڑنا ۔

Flight, n.: بھاگڑ ؛ فرار ؛ گریز ؛ رجعت ؛ چھپ کر بھاگنا ؛ روپوشی ۔
put to f.: بھگا دینا ۔
take, take to betake oneself, *to f.* : بھاگنا ؛ فرار ہونا ۔

Flighty, a.: وہمی ؛ وحشی ، متلون المزاج ؛ بیوقوف ؛ بدحواس
Flightily *adv* : وحشت اور بد حواسی کے ساتھ ۔
Flightiness, n . وحشت ؛ بدحواسی ۔

Flim - Flam, n.: خفیف ، بیہودہ ، لغو (بات) ؛ فضول گفتگو ؛ بے معنی بات چیت ؛ مکاری اور دھوکہ کی بات ؛ دھوکہ ۔

Flimsy, a. & n.: (۱) نازک ؛ کمزور، بودا ؛ ڈھال ڈھال ؛ جو چیز آسانی سے توڑی جاسکے ، برباد کی جا سکے ۔ (۲) (جس چیز کے) جوڑ کمزور ہوں ۔ (۳) کم حیثیت ؛ خفیف ، ذلیل ، بےکار ؛ بیہودہ ؛ مطحی ؛ ناقص ؛ کمزور ۔ (۴) (بازاری) بنک نوٹ ۔ (۵) پتلا کاغذ نامہ نگار نے جس پر اخبار کے لئے کچھ لکھا ہو

Flimsily , *adv.* : کمزور حالت میں ؛ نزاکت کے ساتھ ۔
flimsiness *n*: بودا پن ؛ کمزوری ؛ نزاکت ۔

Flinch, v.i.: (۱) دبنا ؛ ہٹنا ؛ پیچھے ہٹنا کھسکنا ۔ (۲) جھجکنا ؛ ہچکچانا ؛ چونکنا ؛ گھبرا جانا ؛ دماغی یا جسمانی اضطراب کا ظاہر کرنا ۔
f. from course : اپنے راستہ یا طریق عمل سے ہٹنا ۔
f. from duty : اپنے فرض سے رو گرداں ہونا ۔

Flinders *n pl.* : ٹکڑے ؛ پرزے ؛ ریزے ۔
break in f. : ٹکڑے اڑا دینا ؛ ٹکڑے ٹکڑے کر دینا ؛ ریزہ ریزہ کردینا ۔
fly in f. : ٹکڑے ہوجانا ؛ پرزے پرزے ہوجانا ؛ ٹکڑے ہوکر منتشر ہو جانا ۔

Fling *v.i. & t.* (flung) & *n.* : (۱) غصہ میں تیزی سے چلا جانا ۔ (۲) (گھوڑے وغیرہ کے متعلق) ٹھو کر مارنا ؛ اڑنا ؛ تیزی کے ساتھ گھسنا (اکثر لفظ out کے ساتھ) ۔ (۳) (شخص یا اشخاص کے متعلق استعمال ہو تو عموماً out, about, aside, away, by, out, up, اور at کے ساتھ آتا ہے) پھینکنا ؛ پٹکنا ؛ دے مارنا (کسی ناپسندیدہ متروک چیز کو یا گولی یا تیر کو ؛ یا پانسہ کو یا ایسے جہاز کے تیرتے ہوئے مال و اسباب کو جو غرق یا تباہ ہوگیا ہو ۔ (۴) پھیلنا ؛ نکالنا ؛ چھوڑنا ، پیدا کرنا (آواز ، روشنی) ۔ (۵) کسی شخص ، ملامت کرنے (شروع کر دینا) ۔ (۶) زمین پر گرادینا (کشتی گیر پہلوان یا گھوڑے کو) ۔ (۷) پھینکنا ؛ گرانا ۔ (۸) نہایت تیزی سے ناچنا ۔ (۹) تیز حرکت ؛ لپک جھپک ؛ جھپٹ ۔ (۱۰) اضطراری حرکت یا جذبہ ۔

f. (fact &c) *in one's teeth* : (کسی بات پر) ملامت کرنا ۔
f. into a boat : (اپنے کو یا کسی کو) کشتی میں ڈالدینا ، گرا دینا ۔
f. into an enterprise : کسی کام یا کار و بار میں دل وجان سے مصروف ہوجانا ؛ کسی کام کو پوری قوت سے شروع کردینا ۔
f. in to prison : کسی شخص کو دفعتاً اور مجبر قید خانہ میں ڈال دینا ۔
f. into one's *arm* : کسی شخص کی گود میں گرجانا ، لپٹ جانا ؛ اپنے کو کسی کے اختیار یا پناہ میں دینا ۔
f. on, or *against:* (فوج لیکر) دشمن پر یا قلعہ پر حملہ کرنا ۔
f. on persons' compassion : اپنے کو کسی شخص کے رحم پر چھوڑ دینا ۔
f. one's eyes : بے پروائی سے دیکھنا ۔
f. out arms : دونوں بازو (گود) دفعتاً کھول دینا ۔
f. out of the room: غصہ میں تیزی سے کمرہ کے باہر چلا جانا ۔
f. open or *to* : زور سے (دھماکے کے ساتھ) کھول نا یا بند کرنا ۔
f. up heels: ایڑیاں رگڑنا ؛ بھاگ جانا ۔
flung away in rage : (جو) غصہ میں پھینک دیا گیا ۔
have a f. at : کسی پر حملہ یا کسی بات یا کسی مقصد کے حاصل کرنے کی کوشش کرنا ؛ طعنہ دینا ؛ آوازے کسنا ۔
have one's *f.* : ذوق و شوق پورا کرنے کے لئے پوری طرح آزاد ہونا ؛ اضطراری جذبات و خواہشات میں پورے طور سے آزاد ہونا ۔
highland f. - ایک خاص قسم کا ناچ جو ہائیلینڈ میں ناچا جاتا ہے ۔

Flint, n. : (۱) چقماق ؛ ایک قسم کا سخت پتھر جس میں غالب جزو

سلیکا (silica) کا ہوتا ہے اور چھوٹے چھوٹے چپکے ہوئے سنگریزوں کی صورت میں پایا جاتا ہے ' اندر سے فولاد کی طرح بھورا رنگ ہوتا ہے اور باہر سفیدی کی ایک تہ چڑھی ہوئی ہوتی ہے -- (۲) (کوئی چیز) جو سخت اور نا ملایم ہو - (۳) چقماق کا ایک ٹکڑا جس کو فولاد کے ساتھ استعمال کرنے سے آگ پیدا ہوتی ہے-

f. glass : صاف اور چمکدار شیشہ جو چقماق سے بنایا جاتا ہے-

f. lock: ایسی بندوق کا گھوڑا جو چقماق سے شعلہ پیدا کرکے چلائی جاتی ہے -

pebble of f.: چقماق کا سنگریزہ -

set one's *face like a f.* : عزم بالجزم کرلینا ؛ پکا ارادہ کرلینا -

skin a f. : بخیل لالچی یا حریص ہونا -

wring water from a f. : کرامات دکھانا ؛ کارنمایاں انجام دینا-

flintiness, *n.* : چقماقی حالت ؛ چقماقیت ؛ سختی -

flinty, *a.* : چقماق کا ؛ چقماق کی طرح سخت -

Flip, *v.t. & i & n.* : (۱) چھلوں یا چھوٹی گولیوں یا سکوں کو انگلیوں سے نچانا 'گھمانا ؛ (کسی شخص کے) گال یا رخسار پر آہستہ سے انگلی مارنا ؛ چوٹ مارنا ؛ ناخن مارنا ؛ ٹکور دینا- (۳) (پنکھا ؛ چابک یا مچھلی کے پکڑنے کی چیز کو) جھٹکے کے ساتھ حرکت دینا - (۴) (اسم) وہ ہلکی چوٹ جو چابک کو تیزی سے حرکت دیکر لگائی جائے- (۵) انگلی کی حرکت ؛ ٹکور-

f. at : (کسی چیز پر یا شخص کے) تیزی سے چابک مارنا -

Flip, *n.* : ایک قسم کا نشہ پیدا کرنے والا شربت جو بیر اسپرٹ اور شکر ملا کر بنایا جاتا ہے اور گرم لوہے سے بجھایا جاتا ہے -

egg f. : انڈے ' دودھ اور شکر وغیرہ کا نوشیدنی آمیختہ -

Flip-Flap. : (۱) ایک قسم کی قلابازی؛ ایک قسم کی آتش بازی؛ پٹاخا - (۲) تماشا گاہوں میں ایک قسم کا گھومنے والا چرخہ جس میں لوگوں کے بیٹھنے کے لئے ٹولیاں ہوتی ہیں؛ ہنڈولا -

Flippant, *a.* : (۱) غیر سنجیدہ ؛ سنجیدہ اور اہم باتوں کو بے پروائی سے معمولی اور خفیف سمجھنے والا - (۲) بے ادب ؛ بکی؛ تیز زبان ؛ طرار -

flippancy *n.* : بے پروائی ؛ بےادبی؛ بک بک -

flippantly, *adv.* . بے پروائی سے ؛ بے ادبی سے -

Flipper, *n.* (۱) (مچھلی وغیرہ کا) وہ عضو جس سے تیرنے میں کام لیا جاتا ہے ' جیسے کچھوے کا (flipper) - (۲) (بازاری زبان میں) ہاتھ -

Flipperty- Flopperty, *a.*: ڈھیلا ؛ لٹکتا -

Flirt, *v.t. & i. & n.* : (۱) جھٹکا دے کر پھینکنا ؛ اچھالنا ؛ تیزی سے ہلانا جھلانا (جیسے پنکھا یا پرندہ کی دم ہلتی ہے)- (۲) جھٹکا ' تیز حرکت جس کو دفعتاً روک دیا جائے ؛ جو دفعتاً رک جائے- (۳) ایسا شخص جو محض تفریحاً اظہار محبت کرتا ہو ؛ عموماً ایسی عورت جو مردوں کے ساتھ محض تفریحاً محبت جتائے ناز و انداز دکھائے ' نخرے کرے - (۴) جھوٹی محبت جتانا - بظاہر محبت جتانا ؛ محبت کی باتیں کرنا ؛ دکھاوے کی محبت کرنا-

with :

flirtation, *n.* : دکھاوے کی محبت -

flirtatious, *a.* : دکھاوے کی محبت کرنے والا (یا والی) -

v. i. & n. : (۱) ترک وطن کرنا ؛ روانہ ہو جانا ؛ نقل مکانی کرنا ؛ ایک جگہ سے دوسری جگہ چلا جانا - (۲) آہستہ سے یا تیزی سے یا دبے پاؤں گذر جانا - (۳) نقل مکان ؛ ترک وطن - (۴) (پرندوں اور خصوصاً چمگادڑوں کے لیے) آہستہ (یعنی آواز نہ ہو یا کم ہو) اڑنا ؛ تھوڑے تھوڑے فاصلہ تک اڑ کر رک جانا -

f. about : آہستہ آہستہ اِدھر اُدھر چلنا پھرنا ؛ کودتے اچھلتے پھرنا -

f. by : دبے پاؤں کودتے اچھلتے گذر جانا (کسی چیز کے پاس ہو کر) -

f. to fro : اِدھر اُدھر (آگے پیچھے) دبے پاؤں جانا -

Flitch, *n. & v. t.* : (۱) سور کے پہلو کا نمک لگا ہوا اور سکھایا ہوا گوشت - (۲) ایک سمندری جانور (blubber) کی چربی کا ٹکڑا - (۳) ایک قسم کی مچھلی (halibut) کے گوشت کا بھنا ہوا ٹکڑا - (۴) ٹکڑا (عموماً درخت کے تنے کی لکڑی کے باہر کے رخ کا) (۵) لکڑی یا مچھلی کے ٹکڑے کاٹنے -

f. -beam : کڑیوں کی تختی (یا ٹکڑا) لکڑی کے دو ٹکڑوں کے درمیان-

f. of Dunmow : Dunmow میں یہ قدیم رسم ہے کہ ہر ایسی شادی شدہ جوڑے کو جو ثابت کردے کہ اس نے پورا سال آپس میں اطمینان و محبت سے گذارا ہے اس کو گوشت کا ایک ٹکڑا دیا جاتا ہے اُسی کا یہ نام ہے -

Flitter, *v. i.* : اُڑنا ؛ پھڑ کنا ؛ پھڑ پھڑانا -

f. mouse : چمگادڑ -

Flivver, *n.* : (امریکہ کی بازاری زبان میں) سستی ' ارزاں کم قیمت موٹرکار -

Flix, *n.* : (۱) ایک قسم کا رُواں- (۲) سگ آبی یا اود بلاؤ کا رواں -

Float, *n.* : (۱) تیرتی ہوئی چیز- (۲) تیرتی ہوئی دریائی گھانس یا برف کا انبار یا تودہ - (۳) وہ بانس کا ٹکڑا یا کارک یا پر جو مچھلی کے شکار کی ڈور میں بندھا ہوتا ہے جس سے پانی میں ڈور کا پتہ چلتا ہے ؛ ترنکا؛ گھرنائی- (۴) کارک کا ٹکڑا جو مچھلی کے شکار کے جال کے کنارے پر لگا ہوتا ہے تاکہ جال کو پانی کی سطح پر اٹھائے رکھے اور ڈوبنے نہ دے ؛ تریا - (۵) مچھلی کے جسم کا وہ پھولا ہوا حصہ جس کے سہارے مچھلی تیرتی ہے - (۶) پانی کے نل کے اندر کھوکھلا گولا جو پانی کے بہاؤ کو باقاعدہ رکھتا ہے - (۷) وہ روشنی جو فرانس میں شب کے وقت کمروں کے اندر جلا کر سوتے ہیں- (۸) (تھیٹر کی اصطلاح میں- واحد یا جمع کا صیغہ) وہ تیز روشنی جو اسٹیج کے کنارے پر لگائی جاتی ہے (foot light) - (۹) پانی نکالنے والے پہیہ کا ایک تختہ (foot board) - (۱۰) ایک قسم کی نیچی گاڑی- (۱۱) پہیوں پر چلنے والا چبوترہ جس پر جلوسوں کے ساتھ عموماً کھیل تماشے کئے جاتے ہیں (مثلاً ناچ گانا باجہ وغیرہ) - (۱۲) معمار کی تھاپی (جس سے استر کاری کو یکساں کیا جاتا ہے)- (۱۳) اکہری کاٹ کی ریتی - (۱۴) بانے کے تاگوں کا چادر کے ایک حصہ پر بناوٹ کے باہر پھیلا ہونا ؛ ایسے تاگے جو اس طرح پھیلے ہوں -

f. bridge : ایسے تختوں کا پل جو پانی پر تیرتے ہوں -

f. grass : ایک قسم کی گھانس ؛ ہلہ -

f. stone : (معماری) وہ پتھر کا اوزار جس سے خمیدہ اینٹوں کی سطح چکنی بنا لی جاتی ہے -

Float, *v. i. & t.* . (۱) کسی رقیق مادہ پر تیرنا - (۲) (ایسے

جہاز کے متعلق جو ساحل یا چٹان پر چڑھ گیا ہو) تیرنا ؛ پانی پر آ جانا - (۳) متحرک سیال مادہ کے ساتھ ساتھ تیرنا ؛ بہے چلے جانا - (۴) کسی سیال مادہ میں بغیر کسی روک کے لٹکا ہونا - (۵) ہوا میں معلق ہونا یا اس طرح حرکت کرنا کہ گویا تیر رہا ہے - (۶) نظر یا ذہن میں منڈلانا - (۷) (تجارتی اصطلاح میں ہنڈی کے لیے) جاری ہونا ؛ جاری رہنا (میعاد پوری ہونے تک) ؛ کسی کمپنی کو قائم کرنا یا کاروبار کی تجاویز کا اشتہار دینا (شائع کرنا) ؛ پیش کرنا ؛ مقبول کرانا ؛ شروع کرنا ۔ (۸) (کسی سیال چیز سے) ڈھک دینا یا (اس میں) غرق کر دینا - (۹) پانی کا کسی چیز کو اپنے اوپر اٹھائے رکھنا ' لیے رہنا ' سنبھالے رکھنا ' بہائے لیے جانا ' تیرا دینا - (۱۰) (افواہ) اڑا دینا ؛ (ہوا میں کسی چیز کو) اڑانا -

f. stone : ایک قسم کا پتھر جو پانی پر تیرتا ہے -

Floatable, *a.* : (۱) جو چیز تیر سکتی ہو - (۲) دریا یا چشمے جن میں لٹھے وغیرہ تیر سکتے ہوں یا تیرائے جا سکتے ہوں -

Floatage, *n.* : (۱) تیراکی - (۲) تباہ شدہ جہاز کے مال و اسباب کو حاصل کرنے کا حق - (۳) جہاز وغیرہ جو کسی دریا یا سمندر میں چلا کرتے ہوں - (۴) کسی چیز کا تیرتا ہوا انبار یا ڈھیر ؛ تیرتی ہوئی چیزیں - (۵) تیرتے شنا ؛ تیرنے کی اہلیت ' قابلیت یا قوت - (۶) جہاز کا وہ حصہ جو پانی کی سطح پر نظر آتا ہے -

Floatation, Flot-, *n.* : (۱) تیرتی ہوئی چیز کا مرکز ثقل - (۲) تجارتی کاروبار یا کمپنی کا آغاز کرنا -

Floater, *n.* : (۱) فعل کے معنوں میں - (۲) صرافہ ؛ گورنمنٹ اسٹاک کی سند ؛ ریلوے کے تمسکات وغیرہ جو بطور ضمانت قبول کئے جا سکتے ہوں -

Floating, *a.* : (۱) بہتی ہوئی ؛ تیرتی ہوئی ؛ تغیر پذیر - (۲) (تجارت) (جہاز وغیرہ کے لئے) سمندر پر (وہ تجارتی اسباب کا جہاز جو بندرگاہ نہ پہنچا ہو) - (۳) (تجارتی اصطلاحات میں بطور صفت) دائر (اصل وغیرہ) -

f. anchor : تیرنے والا لنگر -

f. bridge : ایک قسم کا پل ؛ گھاٹ اتارنے کی ناؤ ؛ پل کا ایسا حصہ جس کو وقت ضرورت اوپر اٹھا سکیں

f. capital : اصل دائر -

f. debt : عارضی قرضہ -

f. dock : تیرتا ہوا جہازوں کا گھاٹ یا بندرگاہ -

f. kidny : انسان کے گردے جو اپنی جگہ سے (مرض کی حالت میں) ہٹ جاتے ہوں -

f. light : (۱) ایسا جہاز جس پر خاص قسم کی روشنی ہوتی ہے اور اس روشنی سے سمندر میں گذرنے والے جہازوں کی رہنمائی کی جاتی ہے - (۲) لنگر نما ؛ نشان لنگر جو سمندر میں پڑا رہتا ہے اور جس پر روشنی ہوتی ہے تاکہ شب کے وقت صحیح راستہ معلوم ہو سکے -

f. populaton : وہ آبادی جو کم و بیش ہوتی رہے -

f. trade, rates, etc : بحری تجارت کی شرح مالیت وغیرہ (جس کا تعلق جہازوں کے اسباب تجارت سے ہو) -

Flocci-nauci-nihili-pili-fication, *n.* : کسی چیز کو بیکار و فضول سمجھنا -

the f. of wealth : دولت کو بے قیمت سمجھنا -

Floccose, *a.* : (نباتیات) کملیا ؛ گچھے دار ؛ روئیں دار -

Floccule, *n.* : کسی مادہ کا تھوڑا سا حصہ اون کے گچھے کی طرح -

Flocculent - lose, -lous, *aa.* : اون کے گچھوں کی طرح ؛ کملکیا -

flocculence, *n.* : اون کے گچھوں کی سی حالت یا صورت -

Flocculus, *n.* (pl.) : بھیجے کے ایک پچھلے خانہ کی سطح کے اندر ایک چھوٹا گوشت کا لٹکتا ہوا ٹکڑا -

Floccus, *n.* (pl.) : اون کی طرح نرم بالوں یا ریشوں کا گچھا -

Flock, *n.* : اون روئی ' سوت وغیرہ کا) لچھا ' گچھا ' یا لٹ یا گالا - (۲) (جمع کے صیغہ میں) گدے بھرنے یا بنانے کے لئے اون کی چھانٹن یا پھٹے کپڑوں کا کوڑا - (۳) باریک پسا ہوا اون یا کوڑا جس سے (اسی نام کا) کاغذ بنایا جاتا ہے - (۴) ہلکے منتشر اجزا جو تہ میں بیٹھ گئے ہوں -

f. bed : گدا جس میں اون کی چھانٹن یا کوڑا بھرا ہوا ہو -

f. paper : دیوار پر لگانے کا کاغذ جس کے تمام طول و عرض میں یا بعض حصوں پر باریک روئیں یا پسے ہوئے کوڑا سے نقش و نگار بنا دئے گئے ہوں -

Flock, *n.* & *v. i.* : (۱) آدمیوں کی بڑی جماعت ؛ گروہ ؛ جتھا ؛ دل ؛ انبوہ - (۲) ایک ہی قسم کے جانوروں کا گلہ ' جھنڈ یا دل جو سب ملکر چر رہے ہوں یا چل رہے ہوں یا پرندوں کا جھرمٹ جو سب ملکر اڑ رہے ہوں - (۳) خانگی جانوروں (عموماً بھیڑ بکری وغیرہ) کی ایک تعداد جو یکجا رہتی ہو - (۴) گلہ جیسے بھیڑوں یا گائے بھینسوں کا گلہ - (۵) امت مسیحی ؛ حضرت عیسے کی قوم - (۶) مذہبی جماعت ' خصوصاً ایسی جماعت جو ایک ہی پادری کے ماتحت ہو - (۷) ایک ہی خاندان کے بچے - (۸) طلبا کی جماعت - (۹) (فعل) جمع ہونا ؛ ایک غرض یا مقصد کے لئے یکجا ہونا ؛ سب لوگوں کا ملکر یا گروہ بنا کر جانا یا چلنا -

f. about : گروہ بنا کر پھرنا ' گھومنا -

f. after : گروہ بناکر پیچھے جانا ' تعاقب کرنا -

f. into, in. : کسی چیز یا جگہ میں یا کسی مقام پر جمع ہونا -

f. master : بھیڑیں پالنے والا -

f. out : جمع ہوکر باہر آنا ؛ جمعیت بناکر نکلنا -

f. to : کسی جگہ جمع ہوکر جانا -

f. together : جمع ہونا ؛ یکجا ہونا -

they come in ff. : جوق جوق آتے ہیں -

Floe, *n.* : برف کی بہتی ہوئی (تیرتی ہوئی) چادر (سل) -

Flog, *v. t.* : (۱) چابک یا قمچی سے مارنا - (۲) (گھوڑے وغیرہ کو) چابک مار کر چلانا - (۳) (بازاری زبان میں) شکست دینا ؛ ہرانا ؛ سبقت لے جانا ؛ جیت جانا - (۴) دریا کے پانی پر بار بار مچھلی پکڑنے کی ڈور ڈالنا ؛ مچھلی پکڑنے کے لئے پانی پیٹنا -

f. dead horse : مردہ گھوڑے پر چابک مارنا یعنی اپنی قوت کو کسی فضول کام میں ضایع کرنا ؛ بے نتیجہ کوشش کرنا ؛ فضول جد و جہد کرنا -

f. into : کوڑے مار مار کر کوئی چیز بتانا یا سکھانا -

f. out : کوڑے مار مار کر کسی چیز کو ترک کرنا (مثلاً ... و کاہلی) -

flogging : کوڑے مارنا ؛ سزائے تازیانہ دینا -

Flong, *n.* : ٹائپ کرنے کا مخصوص طور پر تیار کردہ کاغذ -

Flood, *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) (شاعری) دریا ؛ چشمہ ؛ سمندر ؛

بھر ؛ آب رواں - (۲) سیلاب ؛ طغیانی ؛ پانی کا خشکی پر چڑھ آنا ؛ زمیں کو غرق کردینا (مثلاً طوفان نوح) - (۳) (بصورت فعل) غرقاب کردینا ؛ پانی سے بھر دینا - (۴) آبپاشی کرنا ؛ پانی دینا ؛ (آتش زدہ مکان پر) کثرت سے پانی ڈالنا ؛ پھینکنا - (۵) بارش کی وجہ سے دریا میں پانی آجانا ؛ دریا کا چڑھ جانا - (۶) کسی چیز کا بڑی مقدار میں آنا یا گرنا یا بہنا (۷) سیلان رحم ہونا ؛ رحم سے خون کا آنا -

f. and field : خشکی و تری ؛ بحر و ساحل -

f. gate : پانی کے بند کا دروازہ ؛ خصوصاً وہ دروازہ جس سے پانی بند کے اندر لایا جاتا ہے یا نکالا جاتا ہے -

f.meter : ایک آلہ جس سے پانی کا اتار چڑھاو ناپا جاتا ہے ؛ مقیاس الماء -

f. of rain : سخت موسلا دھار بارش ؛ ساونانی بارش -

f. of tears & words : آنسوؤں اور الفاظ کا سیلاب ؛ بارش کی طرح آنکھوں سے آنسوؤں کا بہنا اور زبان سے الفاظ کا برسنا -

f. tide : مد ؛ جوار ؛ خشکی کی طرف پانی کا چڑھنا -

was flooded with letters : بہت زیادہ تعداد میں خطوط آئے گویا خطوط کا سیلاب آ گیا -

Floor, n. & v. t. : (۱) فرش ؛ تہہ زمین ؛ کمرہ کے نیچے کی سطح - (۲) تختے وغیرہ جن سے فرش بنایا جاتا ہے - (۳) سمندر یا غار وغیرہ کی تلا (گہرائی کی آخری حد) - (۴) دیوان عام (پارلیمنٹ) کی عمارت کا وہ حصہ جس پر اراکین بیٹھتے ہیں اور تقریر کرتے ہیں - (۵) چند رہایشی کمروں کا میل جو سب ملے ہوئے اور ایک ہی سطح یا منزل پر ہوں - (۶) منزل ؛ درجہ ؛ مالا ؛ سطح ؛ رقبہ - (۷) فرش لگانا ؛ بچھانا ؛ جمانا ؛ بنانا -

first f. : مکان کی زیریں منزل سے اوپر کی منزل -

bring to the f. : زمین پر گرا دینا ؛ شکست دینا ؛ مار کر گرا دینا ؛ پریشان کر دینا ؛ عاجز کردینا ؛ مدرسہ میں کسی لڑکے کو فرش پر بیٹھا دینا (بطور سزا) ؛ کسی پر قابو پالینا ؛ سبقت لے جانا -

f. cloth : کپڑے کا فرش جو قالین کے بجائے بچھایا جاتا ہے -

f. lamp : وہ لیمپ جو کسی دھات کے ایسے ستون پر لگا ہو جو فرش پر قایم ہو -

f. the paper : امتحان کے پرچہ کے تمام سوالات کا جواب دے دینا -

ground f. : مکان کی منزل زیریں -

serve as f. : (کسی چیز کا) فرش کے بجائے کام دینا -

take the f. : مباحثہ میں حصہ لینا ؛ تقریر کرنا -

flooring : (۱) تختے یا پتھر کے ٹکڑے وغیرہ جن سے فرش کی سطح پٹتی کی جاتی ہے - (۲) فرش -

floorless : بغیر فرش کا -

Floorer, n. : (۱) گرادینے والا ؛ ختم کر دینے والا گھونسا ؛ آخری چوٹ جو مد مقابل کو گرا دے یا بھگا دے - (۲) بد حواس کردینے والی چیز - (۳) لاجواب کر دینے والا سوال یا جواب یا دلیل - (۴) ایسا سوال یا پرچہ امتحان جس کا جواب دینا مشکل ہو -

Flop, v. i. & t. n. int. & adv. : (۱) پھڑپھڑانا ؛ جھومنا ؛ بھدی چال سے چلنا پھرنا - (۲) بیڈھنگے پن سے بیٹھنا ؛ گھٹنوں کے بل بیٹھنا ؛ لیٹنا - (۳) (کسی چیز کو) لاپروائی یا بیڈھنگے پن سے پھینکنا یا اس طرح پھینکنا کہ بہت آواز ہو - (۴) کسی نرم جسم کے گرنے کی بھاری اور بند آواز ؛ بھدی یا بیڈھنگی حرکت ؛ اس حرکت سے جو آواز پیدا ہو - (۵) کسی چپٹی چیز کے پانی پر گرنے کی آواز - (۶) بھدے پن سے ؛ بیڈھنگے طور سے ؛ بھاری اور بلند آواز سے ؛ دھم سے -

floppy, a. : (۱) بھدا ؛ بیڈھنگا ؛ سست ؛ کند - (۲) (طرز انداز) بھدا ؛ غیر صحیح ؛ بے پروائی کا ؛ بے قابو -

Flora, n. : کسی خاص مقام یا زمانہ کے نباتات (کی فہرست) ؛ نباتات نامہ -

Floral, n. : پھولوں یا پودوں کے متعلق یا ان کا -

f. zone : زمین کا وہ طبقہ جس میں نباتات کے نشو و نما کی مخصوص قابلیت ہو -

Florentine, a. & n. : (۱) شہر فلارنس کے باشندے - (۲) ایک قسم کا بنا ہوا ریشم -

f. iris : سفید یا زردی مایل نیلا پھول ؛ سوسن کی ایک قسم -

Florescence, n. : پھولوں کے پھولنے کی حالت یا فصل ؛ فصل گل -

Floret, n. : (۱) (علم نباتات) گلچہ ؛ ان چھوٹے چھوٹے پھولوں میں سے ایک جو سب مل کر ایک بڑا پھول بنتے ہیں -

f. of the disk : پھول کا قرصی حصہ (وسطی حصہ یا دور)

f. of the ray : کرن پھول کا گلچہ (پھول کا وسطی حصہ یا محیط) -

Floriate, v. t. : پھول پتوں کی شکلیں بنا کر آرایش کرنا ؛ پھول پتوں سے سجانا -

Floriculture, n. : پھولوں کی کاشت یا پرورش -

floricultural, a. : جس کا اس فن سے تعلق ہو -

floriculturist, n. : پھولوں کی کاشت اور پرورش کرنے والا -

Florid, a. : (۱) نہایت سجا ہوا اور آراستہ ؛ جیسے پھولوں سے - (۲) بہت مزین (علمی یا صناعی مذاق میں یا موسیقی کے کسی خاص طرز میں) - (۳) بھڑک دار ؛ چمکیلا ؛ بھڑکیلا ؛ سرخ ؛ لال ؛ دمکتا ہوا ؛ بہت رنگین -

floridity, floridness, nn. : بھڑک ؛ چمک ؛ دمک ؛ آراستگی ؛ رنگینی -

floridly, adv. : بھڑک ، چمک ، دمک کے ساتھ -

Florida, n. : ریاست ہائے متحدہ امریکا کی ایک ریاست -

f. water : ایک قسم کا خوشبودار پانی (عطر) -

f. wood : ایک قسم کی لکڑی جو پچی کاری کے کام میں آتی ہے -

Flori-Ferous, a. : بہت پھول دار ؛ بہت پھول پیدا کرنے والے (بیج یا پودے) ؛ گل خیز -

Florilegium, n. (pl.-ia) : (۱) گلدستہ - (۲) (اصطلاحاً) مجموعۂ اشعار -

Florin, n. : سونے یا چاندی کا ایک سکہ جو مختلف ممالک اور مختلف اوقات میں رائج رہا ہے - انگلستان میں ایتھرڈ

سوم کے زمانہ میں رائج تھا ؛ اس وقت اُس کی قیمت ۶ شلنگ ۸ پنس تھی ۔ اب انگلستان میں اس نام کا ایک سکہ رائج ھے جس کی قیمت ۲ شلنگ ھے ۔

Florist, *n.* : وہ شخص جو پھول فروخت کرتا ہو ' پیدا کرتا ہو یا پھولوں کے علم سے واقف ہو ۔

Floruit, *n.* : (علم تاریخ) جب کسی شخص کی ولادت و وفات کا صحیح وقت و زمانہ معلوم نہ ہو تو اُس صورت میں وہ زمانہ جب وہ زندہ تھا ۔

Flory : دیکھو FLEURY ۔

Floscular,-lous, *aa.* : ایسا (پھول) جس میں بہت سے چھوٹے چھوٹے (floets) شامل ہوں ۔

Floss, *n.* : کچا ریشم جو ریشم کے کیڑے کے کوئے کے گرد لپٹا ہوتا ھے ۔

f. silk : وہ ریشم جو کم قیمت کپڑے کے تیار کرنے میں استعمال کیا جاتا ھے ۔

flossy, *a.* : کچے ریشم کا بنا ہوا ؛ کچے ریشم کی طرح ۔

Flotation : دیکھو FLOATATION ۔

Flotilla, *n.* : چھوٹا بحری بیڑا (کشتیوں کا یا چھوٹے جہازوں کا)۔

Flotsam, *n.* : (۱) تباہ یا غرق شدہ جہاز کے ٹکڑے اور مال و اسباب جو پانی پر تیرتا ہوا پا یا جاتا ھے ۔ (۲) کستورا مچھلی یا سیپ کے کیڑے کے انڈے بچے ۔

Flounce(-ow-), *v. i. & n.* : (۱) ہاتھ پاؤں مارتے ہوے' جھٹکے دیتے ہوے جانا ۔(۲) پھڑ پھڑانا ؛ دوڑنا ؛ گھس پڑنا ؛ اپنے جسم کو پٹخنیاں دینا (اکثر away, out, about, down, up کے ساتھ استعمال ہوتا ھے)۔ (۳) جسم یا کسی عضو کا' جھٹکا ' دھچکا ۔

Flounce, *n. & v t.* : (۱) کپڑے کا ٹکڑا جو چنٹ ڈال کر لہنگے یا چور میں لباس کے کناروں پر جھالر کی طرح لگایا جاتا ھے ۔ (۲) جھالر ؛ چین ؛ سنجاف ۔ (۳) (فعل) جھالر لگانا ' ٹانکنا ۔

Flounder, *n.* (-ow-): ایک چھوٹی چپٹی مچھلی ۔

Flounder,*v.i.*&*n.* : (۱) تڑپنا ؛ لوٹنا ؛ دھنسنا ؛ گھسنا (جیسے مٹی کیچڑ میں)۔ (۲) غلطیاں کرنا ؛ کار و بار کا بری طرح یا مشکل سے انتظام کرسکنا ۔ (*N.*) (۳) ٹھوکریں کھا کھا کر ' گر گرا کر آگے بڑھنے کی کوشش کرنا ۔

Flour, *n. & v. t.* : (۱) آٹے کا وہ حصہ جو چھاننے کے بعد نکلتا ھے ؛ باریک آٹا ؛ میدہ ؛ گیہوں کا آٹا ۔ (۲) (فعل) کسی چیز پر آٹا چھڑکنا (برکانا ' برکنا) جیسے گوشت پر ۔ (متحدہ امریکہ) پیس کر آٹا بنانا ۔

f. box : ٹین کا بکس (جس میں چھید ہوتے ہیں) جس سے آٹا کسی چیز پر برکا (چھڑکا) جاتا ھے ۔

floury, *a.* . آٹے کا ؛ آٹے سے متعلق ؛ آٹے جیسا ۔

Flourish, *v.i. & t.* : (۱)پوری قوت سے بڑھنا ؛ نمو پانا ؛ پھیلنا ؛ سر سبز ہونا ؛ پورے عروج پر ہونا ۔ (۲) کامیاب زندگی بسر کرنا ؛ (بعض اوقات میں) مشغول و مصروف ہونا اور مستعدی کے ساتھ کام کرنا ۔ (۳) اپنی کسی بات یا کسی چیز کو نمایاں کرنا ؛ اترا کر دکھانا ۔ (۴) ہتیار کو متنا ؛ پیترے بدلنا ؛ حرکت دینا ۔ (۵) ہاتھ پاؤں پھینکنا ' چلانا۔ (۶) (موسیقی) گانے یا باجے کے ساتھ عالم تصور میں سر ہلانا ؛ الاپنا ۔ (۷) کتابت یا علمی مضمون نگاری میں قلم سے نقش و نگار بنانا ؛ اچھے ' خوبصورت جملے اور الفاظ استعمال کرنا یا حروف کو اس طرح کھینچ کر لکھنا (ان کے دائروں اور کششوں کو ایسا بنانا) کہ وہ خوبصورت معلوم ہوں ۔ (۸) تقریر میں ایسی باتیں کہنا ' ایسے الفاظ استعمال کرنا جن کا سننے والوں پر اچھا اثر ہو ؛ لہک لہک کر تقریر کرنا ۔

Flourish, *n.* : (۱) آسودگی ؛ خوش حالی ؛ قوت عمل ۔ (۲) کتابت میں حروف و الفاظ (کے گرد) کے دائرے جو اس طرح کھینچ کر بنائے جائیں کہ خوبصورت معلوم ہوں ۔ (۳) فصیح و بلیغ آرایشی الفاظ؛ خوش آیند طرز بیان۔ (۴ ، پیترے بدلنا (ہتیار ہاتھ میں لے کر)۔ (۵) (موسیقی) سنکھ یا قرنا کی آواز جو کسی شخص کا استقبال کرنے کے لئے بجائے جائیں ؛ فی البدیہہ سر یا الاپ ۔ (۶) خوش نما الفاظ یا فقرے ۔

flourishy, *a.* : صفت مذکورہ بالا معنوں میں ۔

Flout, *v. t. & i. & n.*: (۱) چڑانا ؛ طعنے دینا ؛ توہین کرنا؛ (زبان سے یا عملاً) تحقیر کرنا ؛ نفرت ظاہر کرنا ۔ (۲) (اسم) ذلیل کرنے والی گفتگو ؛ تمسخر ؛ استہزا ؛ تضحیک (زبان سے یا عمل سے)۔

Flow, *v. i. & n.* : ( ) دریا کی طرح تیز اور دبے پاؤں گذرنا ۔ (۲) خون کا دوڑنا ؛ دوران خون ۔ (۳) زیادہ تعداد میں آنا جانا ' گذرنا (لوگوں کا یا اشیا کا)۔ (۴) (ادبی تحریر و تقریر میں) سلاست؛ روانی ۔ (۵) (لباس ' بال وغیرہ کا) لٹکنا ' ہلنا ' لہرانا ۔ (۶) (ریاضی) چھوٹے مقادیر کا تسلسل کے ساتھ گھٹنا بڑھنا ۔ (۷) پھوٹ نکلنا ؛ اُبلنا (چشمہ) ؛ ٹوٹنا ؛ (خون) بہنا ' جاری ہونا ۔ (۸) پوری قوت سے بہنا (سیلابی حالت میں)۔ (۹) (شراب) لنڈھانا ؛ فیاضی سے بے اندازہ دینا ؛ بہت اور بلا لحاظ کم و بیش دینا ۔ (۱۰) دریا یا چشمہ کا بہاو ؛ وہ مقدار (پانی وغیرہ کی) جو بہتی ہو یا بہی ہو ۔ (۱۱) سیال شے ؛ رقیق چیز ۔ (۱۲) (لباس و تناسب اعضا) اتار چڑھاو ۔ (۱۳) امنڈنا ؛ (چشمہ کا) جاری ہوجانا ؛ دھارے کا چڑھنا ؛ دریا کا چڑھنا ؛ دریا کا کناروں سے گذر کر پھیل جانا ؛ بہہ نکلنا (جیسے دریاے نیل کا سیلاب)۔

ebb. & f. : جوار بھاٹا ؛ مد و جزر ؛ دھار کا بہنا جو چڑھاو پر ہو ۔

f. of soul : خوش طبعی اور صاف دلی کے ساتھ گفتگو ۔

f. of spirits : عادتاً خوش دل رہنا ۔

land flowing with milk and honey : (متروک) خوش حال ملک جہاں گویا دودھ اور شہد کی نہریں جاری ہوں ۔

Flower, *n. & v. i. & t.* : (۱) پھول؛ (علم نباتات) پودے کا وہ عضو جس سے نسل بڑھتی ھے اور جس میں ایک یا ایک سے زیادہ حصہ (بنچہ گل) یا حامل زر (نر) یا دونوں ہوتے ہیں اور عام طور پر ایک چھوٹہ گل اور ایک مسند گل ہوتی ھے ۔ یہ عضو عام طور پر رنگین ہوتا ھے (مگر سبز نہیں ہوتا) یہ پودے کا وہ حصہ ہوتا ھے جس میں بعد کو پھلی یا بیج پیدا ہوجاتے ہیں جس کو flowerage کہتے ہیں ۔ (۲) (قدیم علم کیمیا) وہ سفوف جو تبخیر کے بعد باقی رہ (۳) کف یا میل جو خمیر اٹھنے کے بعد پیدا ہوتا ہیں جو خمیر اٹھنے کے بعد بنتے ہیں۔ (۴) کلی ؛ غنچہ ؛ شگوفہ ۔ (۵) پھول آنے

والا درخت ؛ پھول دینے والا ' پھولنے والا درخت - (٦) کسی چیز پر گل بوٹے بنانا ؛ گل کاری کرنا ؛ نقش و نگار بنانا - (٧) بہترین جزو ؛ عرق یا جوہر -

f. show : پھولوں کی نمایش جس میں پھولوں کا مقابلہ کیا جاتا ہے اور انعامات دیے جاتے ہیں -

f.-de-luce : دیکھو FLEUER-DE-LIS

f.-girl : پھول بیچنے والی لڑکی -

ff. of sulphur : جوہر اڑایا ہوا سفوف گندھک -

f. of speech : (جج کے صیغہ میں) تقریر کے آرایشی جملے (عموماً طنزیہ معنوں میں استعمال ہوتا ہے) -

f. of tan : بلوط کی چھال کا کف (جو چمڑا رنگنے کے کام میں آتا ہے) -

f. piece : پھولوں کی تصویر -

f. pot : (عموماً سرخ مٹی کا) گملا جس میں مٹی بھری ہوتی ہے اور اُس مٹی میں پودے یا پھولوں کے درخت لگائے جاتے ہیں -

in the f. of life : شباب ؛ چڑھتی جوانی ؛ عمر کا وہ حصہ جب قوی پوری طاقت حاصل کر لیتے ہیں -

no ff : یہ اِن الفاظ وہ اطلاع جو (یورپ کے ممالک میں) احباب و اعزا کو دی جاتی ہے کہ جنازے پر پھول یا ہار لے کر آنے کی ضرورت نہیں -

(-) **flowered**, *a.* : پھول دار ؛ پھول دار چیزوں سے آراستہ -

floweret, *n.* : (شاعری) چھوٹا پھول ؛ کلیچہ -

flowering, *a.* : پھول دار ؛ کھلنے والا -

flowerless, *a.* : بغیر پھول کا -

Flowerer, *n.* : ایسا پودا جو وقت مقررہ پر پھول لاتا ہے -

abundant f. : جس پودے میں بکثرت پھول آتے ہوں -

late f. : جو پودا موسم کے آخر میں پھول لاتا ہو -

Flowery, *a.* : (١) جس (درخت) پر کثرت سے پھول موجود ہوں ؛ پھولوں سے لدا ہوا (درخت) - (٢) (تحریر ' تقریر یا گفتگو) جس میں بہت سے خوش آیند الفاظ استعمال کیے گئے ہوں ' تعریف و توصیف کی گئی ہو یا صنایع و بدایع استعمال کیے گئے ہوں -

floweriness (-owr-), *n.* : پھولوں کا بکثرت ہونا ؛ (تقریر و گفتگو میں) خوش آیند الفاظ ' تعریف و توصیف یا صنایع بدایع کا زیادہ ہونا -

Flowing, *a.* : (١) فعل کے معنوں میں دیکھو FLOW نیز ذیل کے معنوں میں : (طرز تحریر و تقریر) رواں ؛ سلیس ؛ سہل - (٢) (خطوط ؛ خم ' گولائی ' نقشہ وغیرہ کے متعلق) مسلسل ؛ یکسار ؛ جو بے ربط نہ ہو ؛ جس کا رشتہ نہ ٹوٹ جائے -

with f. sheet or sail : (اُس حالت میں کہ ہوا جہاز کا راستہ کاٹ کر گذر رہی ہو) جہاز کے بادبانوں کی ڈوریاں ڈھیلی کرکے -

Flowingly, *adv.* : متعلق فعل مذکورۂ بالا معنوں میں -

Flown, *a.* : (متروک) سوجا ہوا ؛ بھرا ہوا ؛ پر (شراب یا گستاخی و بے ادبی سے) -

Flown : دیکھو FLY

Fluctuate, *v. i.* : (١) موجوں یا لہروں کی طرح چڑھنا اُترنا (شاذ) - (٢) بہت بے قاعدگی کے ساتھ گھٹنا بڑھنا ؛ گرنا چڑھنا ؛ غیر مستقل ہونا ؛ پس و پیش ہونا ؛ بدلتے رہنا ؛ ڈگمگانا ؛ لڑکھڑانا ؛ متردد ہونا -

fluctuation *n.* : اُتار چڑھاؤ ؛ تغیر -

Fluc, *n.* : ایک قسم کا مچھلی پکڑنے کا جال -

Flue, *n.* : روئی کے منتشر ذرات و اجزا جو مل کر جم جائیں ؛ روئی کا رواں -

flucy, *a.* : روئیں کی طرح ؛ روئیں دار -

Flue, *n.* : (١) دود کش میں دھواں نکلنے کی نالی - (٢) حرارت پہنچانے کی نالی ' خصوصاً وہ نالی جو (مکان کو گرم کرنے کے لیے) گرم ہوا پہنچانے کے لیے دیواروں کے اندر بناتے ہیں - (٣) وہ نلکی جو بعض اقسام کے بائیلر میں پانی گرم کرنے کے لیے لگائی جاتی ہے - (٤) دیگ نلی - (٥) منہ سے بجائے جانے والے ساز یا باجے میں نلکی کے اندر ہوا کا شگاف یا راستہ -

Flu (c), *n.* : (عام بول چال میں) انفلوئنزا کا مخفف -

Flue, *v. i. & t.* : چیرنا ؛ شگاف دے کر کھول دینا ؛ اندر کی طرف یا باہر کی طرف چوڑا کر دینا -

Fluency, *n.* : (١) ہموار اور آہستہ بہاؤ - (٢) (تقریر و تحریر) حاضر بیانی ؛ بے تکلف تقریر کرنا ؛ زبان و قلم کی روانی -

Fluent, *a. & n.* : (١) بہتا ہوا ؛ رواں (لغوی معنوں میں کم استعمال ہوتا ہے) - (٢) بہنے کے لیے تیار ؛ رقیق ؛ سیال (بہت کم استعمال ہوتا ہے) - (٣) سیال ؛ غیر معین ؛ غیر مستقل ؛ تغیر پذیر (بہت کم استعمال ہوتا ہے) - (٤) (حرکت اور خم کے لیے) ہموار ؛ خوش اسلوب ؛ مسلسل ؛ شایستہ - (٥) (تقریر یا طرز) جس میں بکثرت اور بہ آسانی مضامین کی آمد ہو ؛ حاضر کلامی کے ساتھ - (٦) جو (شخص) آسانی کے ساتھ اپنا مافی الضمیر بیان کر سکے - (٧) (ریاضی ' حساب ' الجزئیات) (اسم) تغیر پذیر مقدار یا تعداد جو انتہائی کمی بیشی کے ساتھ مسلسل جاری رہے -

fluently, *adv.* : تیزی سے ؛ روانی سے ؛ قوت گفتار کے ساتھ ؛ حاضر کلامی کے ساتھ -

Fluff, *n. & v. t.* : (١) رواں ؛ روئیں ' جو کمبل وغیرہ سے اُترتا ہے یا گرتا ہے - (٢) نرم رواں یا بال ؛ نرم روئیں یا بالوں کا گپھا - (٣) گالوں اور ہونٹوں پر چھوٹے اور نرم بال ؛ مسیں - (٤) (بازاری اصطلاح میں) تھیٹر کے کھیل کا وہ حصہ جو ایکٹر کو اچھی طرح یاد نہ ہو ؛ ناٹک کے کھیل میں کسی ایکٹر کا غلطی کرنا - (٥) (فعل) (چمڑے کے اُس طرف جدھر گوشت ہوتا ہے) نرم سطح بنانا ؛ کسی چیز کو روئیں کی طرح باریک یا نرم بنا دینا -

Shake (oneself, one's feathers etc) up or out into fluffy mass : اپنے جسم یا بالوں کا اوپر نیچے یا چاروں طرف اس طرح ہلانا کہ وہ پھول کر روئیں کا ایک گپھا بن جائیں -

Fluffy, *a.* : روئیں دار -

fluffiness, *n.* : روئیں دار ہونا ؛ روئیں داری -

Fluid, *a. & n.* : (١) ایسا مادہ جس میں اُس قسم کے ذرات ہوں جو آپس میں آزادی سے متحرک رہیں اور معمولی سا معمولی دباؤ اُن کو متاثر کرسکے (یعنی معمولی سے وزن سے ہل جائیں ' دب جائیں یا اِدھر اُدھر ہوجائیں) (اس تعریف میں مختلف قسم کے

گیس رقیق و سیال اشیا اور بجلی کو جذب کرنے کے قابل تمام نا معلوم الوزن مادے شامل ھیں) - (۲) رواں ؛ سریع الحرکت ؛ جو مادہ ٹھوس اور قایم اور سخت اور مستقل نہ ھو - (۳) - بال جزو ؛ رطوبت -

fluidify, *v. t.* : سیال بنانا ؛ رقیق بنانا -

fluidity, *n.* : رقت ؛ سیال ھونے کی حالت -

Fluke : (متروک) (۱) ایک قسم کی چپٹی مچھلی جس کا نام Flonder بھی ھے - (۲) ایک قسم کا جسم کو اندر رھنے والا باریک کیڑا جو بھیڑ کے جگر میں پایا جاتا ھے - (۳) ایک طرح کا آلو -

Fluke, *n. & v. i. & t.* : (۱) وہ چوڑا اور چپٹا مثلث نما ٹکڑا جو جہاز یا کشتی کے لنگر پر ھوتا ھے ؛ لنگر کا پلھہ ؛ لنگر کا کانٹا جو زمین پکڑ لیتا ھے - (۲) نیزے کی دھاردار نوک - (۳) (جمع) وھیل مچھلی کی دم -

Fluke *n. & v. i. & t.* : اتفاقیہ اور خوش قسمتی سے کسی کام یا کھیل میں کوئی ایسا فعل سرزد ھونا (واقعہ پیش آنا) جو مفید مطلب ھو ؛ محض اتفاقیہ یا خوش قسمتی سے حاصل کر لینا یا نشانہ اتفاقاً صحیح لگ جانا -

fluky, *a.* : اتفاقی -

flukily, *adv.* : محض خوش قسمتی سے اور اتفاقیہ طور پر -

flukiness, *n.* : اتفاقی حالت جس میں کوئی کام ھو جائے (کوئی مطلب حاصل ھو جائے) -

Flume, *n & v. i. & t.* : (خاص کر متحدہ امریکہ) (۱) پانی لے جانے کی مخصوص نالی جو صنعت و حرفت کے کاموں کے لیے بنائی جاتی ھے - (۲) نالہ یا کھائی جس میں دریا بہتا ھو - (۳) نالی بنانا ؛ نالی سے بہا کر لے جانا -

Flummery, *n.* : (۱) ایک قسم کی غذا جو جئی کو اتنا ابال کر کہ وہ لعاب کی صورت ھو جائے تیار کی جاتی ھے (اب یہ مفہوم متروک ھے اور محض مقامی طور پر کہیں کہیں مستعمل ھے) ؛ آش - (۲) چند انسام کے میٹھے کھانے جو دودھ آٹے اور انڈوں وغیرہ کو ملا کر پکائے جاتے ھیں - (۳) خالی خولی تعریفیں ؛ یارہ گوئی ؛ بے معنی اور خفیف باتیں -

Flummox, *v. t.* : (بازاری) بد حواس و پریشان و حیران کر دینا ؛ گو مگو میں ڈال دینا ؛ ھوش گم کر دینا -

Flump, *v. i. & t. n.* : (۱) بھد سے گرنا ؛ بھد بھد چلنا ؛ بھاری قدموں سے چلنا - (۲) کسی چیز کو اس طرح رکھنا یا پٹخنا کہ دھماکے کی آواز ھو ؛ دھماکا پیدا کرنا - (۳) (*n*) دھماکا -

Flung : دیکھو FLING

Flunkey, *n.* : (۱) وردی دار ملازم ؛ چپراسی ؛ اردلی ؛ پیش خدمت ؛ چوبدار (عموماً تحقیر کے لہجے میں استعمال ھوتا ھے) - (۲) خوشامدی ؛ گنوار ؛ دھقانی -

flunkeydom, *n.* : خوشامدیوں کی جماعت ؛ حلقہ -

flunkeyism, *n.* : خوشامدی پن -

Fluo (r) -,fluoro-, : لفظ fluorine کے مرکب کی صورت جیسے : fluoboric, fluorhydric , fluoroscope, ؛ ایک طبی آلہ جس کے ساتھ ایک رنگین پردہ ھوتا ھے ؛ بجائے تاریک کمرہ کے اس آلہ کے ذریعہ سے (Rontgen) شعاع کے اثرات دکھائے جاتے ھیں -

Fluor, *n.* : تیرتی پتھروں کے مثل ایک دھات جو آسانی سے پگھلائی جا سکتی ھے اور جس کے اندر (fluorine) کا جزو شامل ھوتا ھے -

f.-spar : =Calciumfluoride.

Fluorescence, *n.* : (۱) وہ رنگین روشنی جو بعض شفاف اجسام میں نور کے براہ راست عمل سے پیدا ھو جاتی ھے ؛ خصوصاً violet rays اور Ultra- violet rays کے عمل سے - (۲) روشنی کی مخصوص خاصیت جو Ultra violet rays کو نمودار کرتی ھے -

Fluorine, *n.* : ایک غیر معدنی عنصر جو Bromine اور Chlorine اور Iodine کی قسم میں شامل ھے -

fluoride, *n.* : فلوراین کا ایک مرکب -

Flurry, *n. & v. t.* : (۱) جھونکا ؛ جھکڑ ؛ آندھی - (۲) گھبراھٹ ؛ جوش ؛ ھیجان - (۳) وھیل مچھلی کی حالت سکرات - (۴) (فعل) جلد بازی کرکے یا شور مچا کر گھبرا دینا ؛ پریشان کر دینا ؛ اضطراب و بے چینی پیدا کر دینا -

Flush, *v. i. & t. & n.* : (۱) بازو تول کر اڑ جانا ؛ اڑا دینا (پرندوں کو) - (۲) پرندوں کا جھلڑ جو ایک ساتھ اڑا یا جاتا ھے ؛ ٹولی -

Flush, *v. i. & t.* : (۱) اچھل کر باھر آنا ؛ نکل بھاگنا ؛ تیزی کے ساتھ نکلنا - (۲) (نالی یا بدرو وغیرہ کو) پانی بہا کر صاف کرنا - (۳) (چراگاہ یا سبزہ زار یا کھیت میں) پانی بھر دینا - (۴) (پودوں کا) نئے شاخسانے یا کونپلیں پیدا کرنا - (۵) دمکنا ؛ چمکنا ؛ سرخ ھوجانا ؛ خون کا چھرہ پر دوڑ جانا اور چھرہ کو سرخ کر دینا ؛ (چھرہ کا) سرخ یا گرم ھو جانا ؛ چھرہ پر سرخی دوڑنا ؛ شرما جانا - (۶) دمکا دینا ؛ چمکا دینا ؛ شرما دینا ؛ گرما دینا - (۷) فرور یا جذبہ سے مشتعل کر دینا ؛ ھمت دلانا -

rain flushes the plants : بارش پودوں میں کونپلیں پیدا کرتی ھے -

Flush, *n.* : (۱) پانی کا تیز بہاو - (۲) اچانک کسی چیز کی کثرت - (۳) پن چکی کے پہیہ سے پانی کی گرنے والی دھار - (۴) جذبہ یا احساس کا ھجوم ؛ وہ خوشی یا مسرت جو اس سے یا کامیابی و فتح سے حاصل ھو - (۵) تازہ اگی ھوئی کونپلیں - (۶) بدرو یا نالی میں تیز پانی بہا کر صاف کرنا ؛ دھونا - (۷) روشنی یا رنگ کی تمتماھٹ ؛ دمک - (۸) چھرہ پر خون کی سرخی ؛ وہ سرخی جو خون کے دوڑنے سے پیدا ھوتی ھے - (۹) بخار کی تیزی بخار کی تیزی کا درجہ - (۱۰) تازگی ؛ تازہ دمی ؛ قوت ؛ طاقت -

Flush, *a. & v. t.* : (۱) سیلاب کی حالت میں دریا کا لبریز ھوکر کناروں کے باھر نکلنا - (۲) کسی چیز کا (یا دولت و روپیہ کا) بکثرت ھونا ؛ وافر ھونا - (۳) ھموار ؛ برابر ؛ اٹھے ھوئے کناروں یا ابھار کے بغیر - (۴) (فعل) مسطح بنانا ؛ سطح کو یکسار کرنا - (۵) (جوڑ کو) پر کرکے سطح کے برابر کر دینا -

Flush, *n.* : تاش کے پتے جو سب ایک ھی رنگ کے ھوں ؛ تاش کا ایک کھیل -

Fluster, *v. t. & i. & n.* : (۱) شراب پلا کر بدحواس کر دینا ؛ نیم مدھوش کر دینا - (۲) گھبرا دینا ؛ پریشان کر دینا - (۳) بے چین ھونا ؛ گھبرانا ؛ ھڑبڑانا ؛ دوڑ دھوپ کرنا ؛ بھاگے پھرنا - (۴) (اسم) گھبراھٹ ؛ بے چینی ؛ دوڑ دھوپ -

Flustra, *n.* (pl.-ae, -as) : polyzoan = Sea -mat. جس سے لہری چٹائی کی سی سطح کا حجر البحر (مرجان) بنتا ھے -

Flute, *n. & v. i. & t.* : (۱) منہ سے بجانے کا ایک آلہ

موسیقی - (۲) بانسری ؛ بنسی ؛ مرلی ؛ نے - (۳) ارغنوں باجے کا ایک پردہ جس میں سے بانسری کی سی آواز نکلتی ہے - (۴) صودی گہراؤ (کٹاؤ یا کھنتاو) پھٹی ہوئی نلکی کی طرح یا کمر کی جو ستونوں میں بنایا جاتا ہے - (۵) اسی قسم کا کھنتاو یا کٹاؤ جو علاوہ ستونوں کے کسی چیز میں ہو (مثلاً کپڑے کی جھالر میں ' لکڑی یا پتھر کی چوکھٹ یا کیواڑ میں) - (۶) (فعل) بانسری بجانا ؛ نے نوازی کرنا ؛ ایسی آواز میں جو بانسری کی نقل ہو سیٹی بجانا ' گانا یا بات کرنا - (۷) کوئی راگ یا راگنی بانسری میں بجانا -

fluting, *n.* : کمر کی نقش و نگار (بنانا) ؛ نے نوازی -

flutist, *n.* : نے نواز -

Flutter, *v. i. & t. n.* : (۱) پر جھاڑنا ؛ پھڑ پھڑانا ؛ پر مارنا ؛ (بغیر اڑے یا تھوڑے تھوڑے فاصلہ تک اڑ کر) پر جھاڑنا یا مارنا - (۲) تڑپ کر زمین پر اوٹنا ' آنا جانا ؛ اترنا چڑھنا ؛ بے چینی کے ساتھ چلنا پھرنا ؛ تھوڑے تھوڑے فاصلہ تک آنا یا جانا ؛ مندلانا ؛ لرزنا ؛ کانپنا - (۳) نبض کا بے قاعدہ اور کمزور حرکت کرنا - (۴) جوش اور تاثر کی حالت میں کا نپنا ؛ مضطرب ہونا ؛ پریشان (تلے و بالا) ہونا - (۵) کسی شخص کو پریشانی اور بے چینی کی حالت میں ڈالنا ' مبتلا کرنا - (۶) (اسم) گھبراہٹ اور اضطراب - (۷) (بازاری) جوے کا داؤں لگانا ؛ نفع کی امید پر روپیہ لگانا -

be, put, in a f. : پریشان کردیا جانا ؛ گھبرا دیا جانا -

make a f. : ھل چل مچا دینا ؛ سنسنی پیدا کردینا ؛ ہیجان و اضطراب پیدا کردینا -

Fluty, *a.* : آواز میں بانسری کی طرح آواز نرم ' ہلکی اور صاف -

Fluvial, Fluviatile, *aa.* : جو چیز دریائی ہو یا دریا سے نکلے یا دریا میں پائی جائے -

Fluvio-, لاطینی لفظ fluvius (دریا) کی مرکب صورت -

f.-marine : وہ (مٹی اور ریت) جو دریا کے بہاو کے ساتھ آ کر سمندر کی تہ میں جمع ہو جاتی ہے -

fluviometer : دریا کے اتار چڑھاو کو ناپنے کا آلہ ؛ مقیاس الماء -

Flux, *n. & v. i. & t.* : (۱) خون فاسد یا بہت زیادہ خون یا گوبر یا پاخانہ کا اخراج (پہلے پیچش و اسہال کے معنی میں بھی استعمال ہوتا تھا) - (۲) بہہ نکل جانا ؛ جاری ہونا ؛ بہنا ؛ زیادہ مقدار میں بہنا ؛ سیال بنانا ؛ گلانا ؛ ملانا ؛ گلانے والے مادہ سے گلانا - (۳) باتوں ' گفتگو اور چال کی روانی - (۴) (ریاضی) مسلسل حرکت - (۵) (طبیعات) نفاذ) کسی معین رقبہ میں کسی سیال مادہ کی روانی (رفتار) کی شرح ؛ اس مادہ کی مقدار جو اس رقبہ سے ایک وقت معینہ کے اندر گذرے - (۶) ایک مادہ یا دھات جو کسی دوسری دھات میں اس کو گلانے کے لئے ملایا جاتا ہے -

f. and reflux : پانی کا چڑھاو خشکی کی طرف ؛ مد و جزر (اکثر مجازاً) -

in a state of f : تغیرات کا غیر منقطع سلسلہ -

line is the f. of point : ایک نقطہ کی مسلسل حرکت

(کھینچنے) کا نام خط ہے -

Fluxion, *n.* : (۱) بہاو (اب بہت کم رائج ہے) - (۲) مسلسل تغیر (اب بہت کم رائج ہے) (۳) (ریاضی) وہ شرح یا تناسب جس سے کوئی بہتی ہوئی یا تغیر پذیر مقدار (جسامت) بڑھتی ہے -

method of ff. : اس شرح یا تناسب کے معلوم کرنے کا طریقہ -

Fly, *n. & v. t.* : (۱) مگس ؛ مکھی - (۲) پردوں کی ایک بیماری جو بعض مکھیوں سے پیدا ہوتی ہے - (۳) قدرتی یا مصنوعی مکھی جس کو مچھلی کے شکار میں چارہ کے طور پر استعمال کرتے ہیں - (۴) (فعل) کسی چیز پر انڈے دینا ' گرانا -

a. f. in the ointment : ایک معمولی (خفیف) بات جو عیش و آرام یا کیف و مسرت کو خراب کردے ؛ مزہ کرکرا کردے -

break f. on wheel : جس قدر قوت صرف کرنے کی واقعی ضرورت ہو اُس سے زیادہ قوت صرف کرنا ؛ قوت ضائع کرنا -

f.-bane : ایک قسم کا پودا ؛ بالچھڑ ؛ سنبل الطیب ؛ سنبل ہندی -

f.-blow : مکھی کا انڈا ؛ بیضۂ مگس (گوشت وغیرہ پر) -

f.-blown : (گوشت) جس میں مکھی کے انڈے پڑگئے ہوں ؛ کوئی چیز جو خراب ' داغی ' گندی ہوگئی ہو -

f.-book : وہ بٹوا یا ڈبیا جس میں وہ مصنوعی مکھیاں رکھی جاتی ہیں جن کو مچھلی کے شکار میں کانٹے پر لگاتے ہیں -

f.-catcher : مکھی پکڑنے کا جال ؛ ایک قسم کی مکھی مار چڑیا -

f-fish : بنسی میں مکھی لگاکر اُس سے مچھلی پکڑنا -

f.-flap : مکھیاں اڑانے اور مارنے کا ایک چپٹا آلہ -

f. in amber : عجیب و غریب آثار قدیمہ -

f.-net : جالی جو گھوڑوں پر ان کو مکھیوں سے بچانے کے لئے ڈالی جاتی ہے -

f. on wheel : ایسا شخص جو اپنے اثر کا غلط اندازہ کرے (جس قدر ہو اُس سے زیادہ سمجھے) ؛ بر خود غلط -

f.-paper : مکھیوں کو مارنے کا زہر اور گوند لگا ہوا کاغذ -

f.-trap : مکھیوں کے پکڑنے کا پھندا -

f.-whisk : مکھیاں اڑانے کا ایک آلہ ؛ چوری -

no ff on him : (بازاری) کسی شخص یا شئے کی قابلیت یا کمال کی تعریف -

Fly, *v. i. & t.* : (بول چال اور معمولی نثر میں flee کو fly پر ترجیح دی جاتی ہے لیکن fled پر flew یا flown کو ترجیح نہیں ہے) - (۱) ہوا میں پروں کے ذریعہ سے حرکت کرنا ؛ اڑنا ؛ پرواز کرنا - (۲) ہوا میں تیزی سے بلند ہونا ' گذرنا (تتی پر سے) صاف کود جانا ؛ پھلانگ جانا - (۴) (پتنگ) اڑانا - (۵) (جھنڈے ' بال ' لباس وغیرہ کا) ہوا میں پھڑ پھڑانا ' ہلنا ' لہرانا - (۶) پھسلنا

سفر کرنا ؛ جھپٹ کر جانا ؛ تیزی سے گذرنا ؛ قلانچ مارنا ؛ کودنا ؛ جلدی سے جانا - (۷) دفعتاً زبردستی نکال دیا جانا ؛ بھگا دیا جانا- (۸) سخت الفاظ استعمال کرنا یا بندوق کی گولی کی طرح اُن کو زبان سے نکال کر سننے والے کو مجروح کردینا

as the crow flies : بخط مستقیم -

door flew open : دروازہ یکایک کھل گیا ؛ زور سے کھل گیا ؛ چوپٹ کھل گیا -

f. a kite : (اصطلاحاً) دست گرداں هنڈیوں کے ذریعہ سے روپیہ قرض لینا ؛ یہ معلوم کرنا کہ هوا کس طرف چل رهی هے -

f. at (soar at) : (باز کا) هوا میں اُڑ کر کسی چیز پر (یا پرند پر) حملہ کرنا -

f. at or *upon* : سختی یا جوش کے ساتھ حملہ کرنا -

f. at higher game : زیادہ بلند حوصلے رکھنا ؛ زیادہ همت کرنا -

f. away : (لباس) ڈھیلا ڈھالا ' لٹکتا هوا ' غیر رسمی ؛ (اشخاص) وهمی ؛ متلون الطبع ؛ بے هنگم -

f. -by- night : ایسا شخص جو رات کے وقت هوا خوری اور سیر و تفریح کے لیے باهر جاتا هو یا جو رات میں بھاگ جائے -

f. from : کسی شخص کے پاس سے (کسی جگہ سے ' خطرہ یا خطرناک چیز سے) بھاگ جانا ؛ فرار هوجانا -

f. high : (اصطلاحاً) بڑے بڑے منصوبے گانٹھنا ' خواهش کرنا -

f. in air craft : آلات هوائی یا هوائی جہاز میں اُڑنا -

f. in the face of : سامنا کرنا ؛ مقابلہ کرنا ؛ گستاخی کرنا -

f. into a passion or *raptures* : بھڑک اُٹھنا ؛ غصے سے مشتعل هوجانا ؛ وجد ' سر مستی یا جذبہ کی حالت پیدا هو جانا ؛ لطف یا مزے میں بے خود هو جانا -

f. out : بے قابو هوکر سخت کلامی کرنا یا کوئی شدید کارروائی کر گذرنا -

f. -the- garter : ایک قسم کا کھیل -

f. to arms : ذوق و شوق کے ساتھ ' جوش کے ساتھ هتیار اُٹھانا ؛ جنگ پر آمادہ هونا -

glass &c flies : شیشہ وغیرہ ٹکڑے ٹکڑے هوکر بکھر جاتا هے ؛ ریزہ ریزہ هوجاتا هے -

high flown : سر فراز ؛ عالی مقام ؛ پر تکلف ؛ مبالغہ آمیز ؛ بلند آهنگ -

make f. : (باز یا کبوتر وغیرہ کو) اُڑانا -

make sparks f. : چنگاریاں اُڑانا -

make the money f. : بہت جلد روپیہ خرچ کرڈالنا -

the bird is flown : جس شخص کی تلاش تھی یا جو قبضہ میں تھا وہ بھاگ گیا هے ' نکل بھاگا هے -

Fly, *n.* : (۱) اُڑنا ؛ پرواز ؛ وہ فاصلہ جتنی دور تک اُڑا جائے - (۲) ایک گھوڑے والی کرایہ کی گاڑی - (۳) (لباس) کپڑے کا پردہ جو بٹن یا کاجوں کے اوپر رهتا هے یا جس میں کاج بنائے جاتے هیں ؛ خیمہ کے دروازہ کا پردہ - (۴) جھنڈے کا وہ حصہ جو اپنے ڈنڈے سے سب سے زیادہ دور هو ' نیز جھنڈے کا عرض ڈنڈے سے کپڑے کی انتہائی کور تک - (۵) (تھیٹر ' جمع کے صیغہ میں) پردہ اور اسٹیج کے درمیان کا فاصلہ - (۶) گھڑیوں اور مشینوں کی رفتار کو باقاعدہ رکھنے والی ترکیب (کل ' آلہ) -

f. -leaf : کتاب کے شروع اور آخر کا خالی ورق ؛ کشتی چٹھی کا سادہ ورق -

f. man : کرایہ کی گاڑی چلانے والا ؛ وہ شخص جو تھیٹروں میں پردوں کی رسیاں کھینچنے پر مقرر هوتا هے -

f. sheet : دو یا چار صفحات کی گشتی چٹھی -

f. -wheel : مشینوں کا ایک بڑا پہیہ جس میں بھاری دندانے هوتے هیں اور جو مشین کی رفتار کو باقاعدہ رکھنے یا اُس کی قوت کو معقول کرنے کے لیے لگایا جاتا هے -

on the f. : بحالت پرواز ؛ متحرک -

Fly, *a.* : (بازاری) خبر دار ؛ هوشیار ؛ واقف -

Flyer, flier, *n.* : (۱) پرندہ وغیرہ جو اُڑتا هے - (۲) (جانور یا سواری) جو غیر معمولی رفتار پر (تیز) جارهی هو - (۳) (شخص) هوا باز ؛ آلات هوائی میں اُڑنے والا - (۴) پھلانگ ؛ چھلانگ -

high f. : (پرندہ) اونچا اُڑنے والا -

poor f. : کم اُڑنے والا -

Flying, *a.* : (۱) فعل کے معنوں میں - (۲) ایسی حرکات کرنے والا جیسی پرواز کی حالت میں کی جاتی هیں - (۳) (عرف عام میں) (Barbadoes) کے باشندے -

f. bridge : عارضی پل -

f. boat : ایک قسم کا آلہ هوائی جو سمندر پر بھی تیر سکتا هے چونکہ اُس کا چوکا کشتی نما هوتا هے -

f. -buttress : دیوار کا ایسا پشتہ جو نیل مایہ سے دیوار تک ڈھلوان اور عموماً محراب دار هو -

f. dog : ایک قسم کی چمگادڑ -

f. Dutchman : دیکھو DUTCHMAN

f. fish : ماهی پرند ؛ اُڑنے والی مچھلی جس کے پنکھ پرندوں کے پروں کی طرح هوتے هیں اور جو هوا میں اُٹھ سکتی هے -

f. fox : بڑ باگل -

f. handicape, f. mile, f. start : جب دوڑ شروع کرنے کی جگہ سے پوری رفتار پر گذرا جائے -

f. jib : کشتی کا هلکا چھوٹا بادبان -

f. jump : دوڑ کر چھلانگ مارنا -

f. man : هوا باز ؛ آلات هوائی کے ذریعے سے اُڑنے والا -

f. officer : هوائی جہاز یا محکمہ آلات هوائی کا ایک افسر -

f. pig : (عرف عام میں) خندقوں میں گولہ پھینکنے والی توپ کا گولہ -

f. squad : پولیس کا دستہ جو تیزی کے ساتھ تعاقب کرنے کے لئے موٹر کاریں استعمال کرتا هے -

f. squadron, f. column : فوج یا پولیس کا دستہ جو تیز نقل و حرکت کرسکے -

f. squirrel : گلہری کی ایک قسم جس کی اگلی پچھلی ٹانگیں ایک کھال سے جوڑی هوتی هیں اور اس سے وہ هوا میں معلق هو جاتی هے -

f. visit : کسی جگہ سر راہ جانا (اُس طرف گذرتے هوئے ٹھہر جانا) ؛ تھوڑی دیر کے لئے بعجلت (رواروی میں) جانا -

with f. colours : کامیابی و کامرانی کے ساتھ ؛ کامیاب ہو کر -

Foal, *n. & v. t. & i.* : (۱) گھوڑے گدھے وغیرہ کا بچہ ' بچھیرا ' بچھیری - (۲) گھوڑی گدھی وغیرہ کے بچہ پیدا ہونا -

in f., with f. : حاملہ (گھوڑی یا گدھی وغیرہ) -

Foam, *n. & v. i.* : (۱) کسی رقیق شے پر اُس کو ہلانے خمیر پیدا ہوجانے یا سڑ جانے سے جو چھوٹے چھوٹے بلبلے پیدا ہوتے ہیں - (۲) جھاگ ' کف یا پسینہ - (۳) (شاعری) سمندر - (۴) باہر پھینکنا ' نکالنا ' گرانا - (۵) غصہ یا مرض کی حالت میں جو جھاگ منہ میں آ جاتے ہیں - (۶) (پانی کے) جھاگ - (۷) (پیالہ) جھاگ دار شراب سے لبریز ہونا ؛ جھاگ لانا یا نکالنا -

pass off, or away, in f. : جھاگ بن کر اُڑ جانا -

run foaming along (down or over) : جھاگ نکالتے ہوے (گراتے ہوے) دوڑنا -

foamless, *a.* : بغیر جھاگ کا ' صاف -

foamy, *a.* : جھاگ دار -

Fob, *n. & v. t.* : ایک چھوٹی جیب (گھڑی وغیرہ رکھنے کے لئے) جو اگلے زمانے میں برجس میں بنائی جاتی تھی - (۲) جیب میں رکھ لینا ' ڈال لینا -

Fob, *v. t.* : دھوکا دینا ؛ فریب دینا -

f. off upon : کسی کم قیمت یا خراب چیز کو قیمتی اور اچھا بنا کر (کسی شخص کے) سر منڈھ دینا -

f. off with : (کسی شخص کو) دھوکہ دے کر (خراب چیز) دیدینا -

Focal, *a.* : ماسکی -

f. distance or length : ماسکی فصل ؛ شیشہ یا تال کے مرکز اور اُس کے مرکز شعاع کا درمیانی فاصلہ -

Focalize, *v. t.* : ماسکہ پر لانا (نیز مجازاً) -

focalization, *n.* : ماسکہ پر لانے کا عمل -

Fo'c's'le. forecastle دیکھو

Focus, *n. (pl. ci, pr. -si, -uses) & v. t. & i.* : (۱) ماسکہ ؛ مرکز شعاعی کے اُن نقطوں میں سے ایک نقطہ جہاں سے کسی منتہی تک کا فاصلہ خطی ارتباط سے متعین ہو وہ نقطہ جس پر شعاعیں انعطاف یا انعکاس کے بعد آ کر جمع ہوں جس سے شعاعیں نکلتی معلوم ہوتی ہیں - (۲) نقطہ ماسکہ جس پر اگر وہ چیز جس کی تصویر لینی ہے ٹھیک آ جاے تو تصویر صاف اور درست آے گی - (۳) وہ نقطہ جس کی طرف آواز کی لہر میں جا کر جمع (مایل بہ مرکز) ہوں - (۴) کسی مرض یا کام کا خاص مرکز - (۵) مایل بہ مرکز ہونا ؛ مایل بہ مرکز کرنا - (۶) (تصویر کشی کے شیشے) کے ماسکہ کو درست کرنا ' ٹھیک کرنا ؛ صحیح فاصلہ پر تصویر کشی کا شیشہ لگانا -

bring out of, bring into, bring in f. : (تصویر کشی) ماسکہ کے باہر لانا ' ماسکہ پر لانا -

out of f. : (اُس چیز کا جس کی تصویر لی جاے) ٹھیک فاصلہ یا صحیح نقطۂ نظر پر نہ ہونا -

Fodder, *n. & v. t.* : (۱) خشک غذا ' سوکھی گھانس ' بھوسا وغیرہ (ان چوپایوں کے لئے جن کو باندھ کر سانی دی جاتی ہے) ؛ چارہ ؛ چارہ دینا -

fodderless *a.* ; (جانور یا چوپاے) جن کو غذا نہ ملی ہو -

Foe, *n.* : (شاعری وغیرہ) دشمن ؛ حریف ؛ مد مقابل ؛ بد خواہ -

f. man : (زمانہ جنگ میں) دشمن یا حریف (متروک) -

Foetus, fetus, *n.* : انڈے یا رحم میں پوری طرح نشو و نما پایا ہوا جنین -

f(o) etal, *a.* : جنین کے متعلق -

f(o) eticide, *n.* : جنین کو ضائع کرنا ؛ اسقاط حمل کرنا یا کرانا -

Fog, *n. & v. t.* : (۱) وہ گھانس جو پہلی فصل کٹ جانے کے بعد پیدا ہو جاے - (۲) لمبی گھانس جو پانی کے اندر کھڑی چھوڑ دی جاے - (۳) چوپایوں کو ایسی گھانس کھلا کر پرورش کرنا ؛ زمین کو اس حالت میں چھوڑ دینا کہ گھانس اُس پر کھڑی رہے -

Fog, *n. & v. t. & i.* : (۱) بخارات جو زمین پر یا زمین کے قریب فضا میں چھاے ہوے ہوں - (۲) وہ تاریکی جو ان بخارات سے پیدا ہو - (۳) کہر؛ شب دود ؛ کہرا - (۴) فضا کی غیر معمولی تاریکی - (۵) کہر کی طرح گھیر لینا ؛ چھا جانا ؛ حیران و ششدر کر دینا - (۶) (باغبانی) نمی اور رطوبت کی وجہ سے (درخت یا پودے کا) مرجانا - (۷) (فوٹو گرافی) تصویر کے پلیٹ کو تاریک یا دھندلا کردینا - (۸) ریل کی پٹری پر پٹاخا رکھنا -

f.-bow : دھنک یا قوس قزح کی طرح تاریکی پر روشنی پڑنے سے ایک قسم کی جو دھنک پیدا ہو -

f.-horn. : کہر کی حالت میں جہازوں کو ہوشیار و خبردار کرنے کے لیے جو بھونپو بجایا جاتا ہے -

f.-signal : کہر کی حالت میں ریل کی پٹری پر جو پٹاخا اس غرض سے رکھ دیا جاتا ہے کہ اس کی آواز ڈرائیور کو خطرہ سے آگاہ کردے -

in a f. : حیران و ششدر (وہ حالت جب سمجھ کام نہ کرے ' عقل میں بات نہ آے) -

fogger, *n.* : وہ شخص جو ڈرائیور کو خطرہ سے آگاہ کرنے کے لئے ریل کی پٹری پر پٹاخا رکھتا ہے -

Foggy, *a.* : (۱) دھندلا ؛ تاریک ؛ کہر میں گھرا ہوا - (۲) سرا سیمہ ؛ حیران - (۳) مبہم جیسے بادل چھاے ہوے ہوں -

f. idea : دھندلا سا اندازہ ' خیال ' ادراک ' احساس -

foggily, *adv.* : مبہم طور پر ؛ دھندلی سی حالت میں -

fogginess, *n.* : دھندلا پن ؛ تاریکی -

Fogle, *n.* : (چوروں اور گرہ کٹوں کی بولی میں) ریشمی رومال -

Fogy, -gey, *n.* : (خصوصاً لفظ old کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) پرانی وضع کا آدمی پرانے خیالات اور طرز

کا آدمی ؛ قدامت پسند ؛ ایسا آدمی جو زمانہ موجودہ کے خیالات اور طریقوں سے مانوس نہ ہو (بہت پیچھے ہو) -

fog(e)ydom, *n.* : پرانے خیالات کے لوگوں کا طبقہ؛ پرانے لوگوں کے خیالات -

fogyish, *a.* : کسی قدر پرانے خیالات کا (آدمی) -

fogism, *n.* : پرانے لوگوں کا مخصوص طریقہ ' طرز عمل -

Fohn, *n.* : کوہ آلپس پر جو گرم جنوبی ہوا چلتی ہے (جرمن) -

Foible, *n.* : (۱) عیب ؛ نقص ؛ اخلاقی کمزوری - (۲) ایسی خصوصیت جس پر کوئی شخص بیجا اور غلط فخر کرے - (۳) (پٹے) تلوار کے وسط سے نوک تک کا حصہ -

Foil, *n.* & *v. t* : (۱) (تعمیرات) کھڑکی کا قوس یا اوپر کی نوکوں کا درمیانی حصہ (فاصلہ) - (۲) کسی دھات کو کوٹ کر یا بیل کر اس کے باریک اوراق بنانے - (۳) اس قسم کا ورق یا تختہ یا رنگ اور پارے کا مزوج جو منہ دیکھنے کے آئینے کے پیچھے لگایا جاتا ہے یا جو جواہرات اور نگوں کے پیچھے اس کی آب و تاب بڑھانے کے لیے چپکایا جاتا ہے - (۴) کوئی چیز جس کے مقابلے میں کسی دوسری چیز کی آب و تاب زیادہ نمایاں ہوجائے - (۵) اس طرح کسی چیز کو تیار کرانا ' درست کرنا بنانا ؛ قوس (قوسین) بنا کر آرائش کرنا -

gold f. : سونے کے ورق (اوراق) -

tin f. : ٹین کے ورق (اوراق) -

Foil, *v. t.* & *i.* & *n.* : (۱) (شکار) شکاری کتوں کو بھگا دینے کے لیے ان کا راستہ کاٹ دینا تاکہ ان کو شکار کا کھوج نہ مل سکے - (۲) مار کر بھگا دینا ؛ پسپا کردینا؛ منصوبوں کو خاک میں ملا دینا ؛ روکنا؛ مات کردینا ؛ ہرا دینا - (۳) وہ راستہ (جس پر) جدھر سے دوسری دفعہ شکار بھاگا ہوا گیا ہو (یعنی ایک دفعہ جا کر لوٹا ہو اور پھر بھاگا ہو) (ایسی حالت میں اکثر شکاری کتے جو شکار کی بو پر جاتے ہیں بھک جاتے ہیں) - (۴) (قدیم اصطلاح) پسپا کرنا ؛ شکست دینا ؛ روکنا -

run, run upon, the f. : ایک ہی راستے پر دوسری دفعہ شکار کا بھاگنا -

Foil, *n.* : کھوتی دھار کی تلوار (کند) جس کی نوک پر ایک بٹن لگا ہوتا ہے اور جو پھکیتی اور گتکے اور پٹے میں استعمال ہوتی ہے -

Foison (-zn), *n.* : (قدیم) کثرت ؛ بہتات ؛ فصل کا بکثرت مال -

Foist, *v. t.* : (۱) ملونی کرنا ؛ (کوئی بری چیز) ملا دینا ؛ بلا اجازت یا دھوکہ یا حیلہ کی سے آمیزش کر دینا - (۲) ناقص اور خراب چیز (کسی کو) اچھی چیز بتا کر دینا ؛ اس طرح دھوکہ دینا ؛ نقلی چیز کسی کے سر تھوپنا -

Fokker, *n.* : جرمن کا ایک خاص قسم کا آلہ ہوائی -

Fold, *v. t.* & *n.* : (۱) (عموماً) باڑا (۲) (استعارتاً) (کلیسا) ایک ہی عقیدہ یا مذہب کے لوگوں کی جماعت (۳) کسی زمین کو کھاد دینے کے غرض سے اس پر بکریوں اور بھیڑوں کا باڑا بنا دینا ؛ بھیڑ بکریوں کو باڑے میں بند کرنا -

sheep f. : بھیڑ بکریوں کا باڑا ؛ ایک احاطہ جس میں بھیڑ بکریاں بند کی جاتی ہیں -

Fold, *v. t.* & *i.* & *n.* : (۱) تہہ کرنا؛ کسی نرم یا لچکدار چیز کو دہرا کرنا - (۲) باہیں یا بازو لپیٹنا (کولی بھر لینا) (کسی چیز کے چاروں طرف) لپٹانا ؛ چمٹانا ؛ لپٹنا ؛ چپٹنا - (۲) یکجا (کسی کے ساتھ لپٹنا) اور لپٹا لینا ؛ گلے لگا لینا ؛ سینہ سے لگالینا - (۳) ہاتھ جوڑنا - (۴) لپٹی ہوئی یا تہہ کی ہوئی چیز کو دہرا کرنا ؛ تہہ ہوجانے یا مڑ جانے کے قابل ہو جانا ؛ مڑ جانا ؛ تہہ ہوجانا - (۵) دو تہوں کے درمیان خالی جگہ ؛ خلا ؛ تہہ - (۶) پہاڑ کا خلا ' کونہ یا گوشہ - (۷) سانپ کی کنڈلی ؛ ڈور اور رسی وغیرہ کا چکر ؛ گولا ؛ لچھا -

carried it in a f. of her dress : اپنے لباس کی تہہ میں لپیٹ کر لے گئی -

f. in, over, together : تہہ کرنا ' دہرانا ' ایک جگہ لپیٹنا -

f. back, f. down : کسی چیز کے ایک حصے کو پیچھے یا نیچے جھکا دینا -

f. a person in one's *arms to* one's *breast* : گلے لگا لینا؛ سینے سے لگا لینا -

f. up : تہہ کر کے زیادہ کسا ہوا اور مختصر بنا دینا -

hills folded in mist : کہرے سے ڈھکی ہوئی پہاڑیاں -

folding, *n.* : تہہ کرنے سے جو نشان پڑ جاتا ہے ؛ شکن -

folding doors : دروازے کے دو دو پٹ جو تہہ ہوجاتے ہیں اور دونوں پا کھوں (دروازوں کے پہلو کے دونوں ستونوں) پر جڑے ہوتے ہیں -

-Fold, *suf* : (۱) (مرکبات) چند ' گنا -

repaid tenfold. : (قرضہ یا احسان) دس گنا ادا کیا گیا -

tenfold. : دس گنا ؛ دہ چند -

twofold. : دگنا ؛ دو چند ؛ دوہرا -

twofold charm : دوہری موہنی ؛ دگنی دلداری ؛ ایک کے بجائے دو خوبیاں ؛ دو قسم کی خوبیاں -

Folder, *n.* : (۱) فعل کے معنوں میں - (۲) کاغذ کی تہہ کرنے والا آلہ - (۳) (جمع) تہہ کئے ہوئے اشتہارات وغیرہ - (۴) جمع تہہ ہو جانے والی عینک (چشمہ) -

Foliaceous (-shus), *a.* : (۱) مثل پتہ کے ؛ جس چیز کے تجسیمی اعضا ایسے ہوں کہ جیسے پتوں کے ہوتے ہیں - (۲) پتوں کا ؛ پتوں سے متعلق - (۳) کچل کر یا کوٹ کر ' پتلا کئے جانے کی حالت میں ؛ پتلا کیا ہوا ؛ ورق بنا ہوا -

Foliage (-ej), *n.* : پتے ؛ برگ ؛ اوراق ؛ پتوں کی کثرت -

f. leaf : بغیر پنکھڑیوں کا پتا -

f. plant : جو درخت یا پودا صرف پتوں اور سبزے کے لئے پرورش کیا جائے نہ کہ پھولوں کے لئے -

(-) **foliaged**, *a.* : پتوں والا ؛ برگ دار -

Foliar, *a.* : پتوں کا ؛ پتوں کے متعلق -

Foliate (-at), *a.*: (۱) پتّے کی طرح - (۲) برگ دار - (۳) مخصوص پتیاں رکھنے والا -

Foliate, *v. i. & t.*: (۱) ورق کر دینا؛ پرت بنا دینا؛ اوراق میں تقسیم کردینا - (۲) محراب یا دروازے کی پیشانی کو پتوں سے آراستہ کرنا - (۲) کتابوں کے اوراق پر (نہ کہ صفحات پر) مسلسل نمبر ڈالنا -

foliation, *n.*: محراب یا دروازہ کی پتوں سے آراستگی؛ اوراق پر نمبر ڈالنا؛ درختوں پر پتّے نکلنا -

Folio, *n.* (pl. -os): (۱) کاغذ کا ورق جس پر ایک ھی طرف نمبر لگا یا گیا ہو - (۲) (محاسبی) بہی کھا تہ وغیرہ کے دو صفحے بالمقابل جن پر ایک ھی وقت میں اندراجات کئے جائیں یا ایک صفحہ جس پر دونوں طرف کا (لین اور دین) حساب لکھا جائے - (۳) چھپی ہوئی کتاب کے صفحات کے نمبر - (۴) دستاویز کے مضمون کے طول کا اندازہ کرنے کے لئے لفظوں کا جو شمار (۷۲ یا ۹۰ کی مجموعی تعداد کو بطور اکائی کے محسوب کرکے) کیا جاتا ھے - (۵) کاغذ کا ایک تختہ جسکی صرف ایک تہ بنائی گئی ہو - (۶) بڑی سے بڑی تقطیع کی جلد یا کتاب -

in f.: کاغذ کے تختہ کے صرف ایک تہ کر کے اس تقطیع پر جو کتابیں لکھی یا چھاپی گئی ہوں؛ اس قسم کے اوراق کی جلدیں -

Foliole, *n.*: مرکب پتے کا تقسیم شدہ ٹکڑا یا حصہ؛ چھوٹا پتا؛ کونپل؛ پتی -

Folk(fok), *n.*: (۱) ایک قوم؛ ملت؛ نسل (متروک) - (۲) (صرف جمع کے صیغے میں) لوگ؛ بالعموم خاص طبقے کے لوگ (اب اسکی جگہ لفظ people استعمال ہوتا ھے) - (۳) مرکبات کی صورت میں مختلف الفاظ کے ساتھ استعمال ہوتا ھے (اس قسم کے مرکبات زیادہ تر جرمن زبان سے لئے گئے ھیں جیسے) :

f.-custom: عام لوگوں کا رواج -

f.-etymology: عوام کا الفاظ کی وجہ تسمیہ کو غلط طور سے سمجھ کر ان کو بگاڑنا یا بدل دینا -

f.-lore: (۱) متداول روایات وعقائد جو عام لوگوں میں راسخ ہوں - (۲) ان کا علمی مطالعہ -

f.-songs: عوام کے گیت -

Follicle, *n.*: (۱) کیس؛ چھوٹا سا چھالا؛ تھیلی؛ غدود؛ کویا (ریشم کے کیڑے کا گھر) - (۲) درختوں کی پھلی جسمیں بیج ہوتے ھیں -

follicular, *a.*: کیسوی -

folliculated, *a.*: کیس دار -

Follow, *v. t. & i. & n.*: (۱) کسی متحرک چیز یا شخص کے پیچھے آنا بہ ترتیب وقت و مقام - (۲) کسی کے ساتھ جانا؛ خدمت کرنا؛ (کسی شخص کی) خوبیوں کا دلدادہ ہو کر اسکے پیچھے جانا، اسکا اتباع کرنا - (۳) (کسی بات کا) نتیجہ نکلنا؛ لازمی نتیجہ پیدا ہونا - (۴) کسی معاملہ میں مبتلا ہونا - (۵) (کسی بات کی) کوشش کرنا؛ کسی مقصد کو حاصل کرنے کے لئے جدو جہد کرنا - (۶) (کسی کو) اپنا رھنما اور سرچشمہ مان لینا؛ اسکی اطاعت کرنا؛ اوسکے خیالات و اغراض کو اختیار کر لینا - (۷) کسی پیشہ کو اختیار کر لینا - (۸) مقرر کے دلائل یا تقریر کے معنی پر حاوی ہوجانا یا اوسکی ذھنیت کا اتباع کرنا؛ (کسی شخص یا چیز کے) پیچھے چلنا یا آنا - (۹) بلحاظ ترتیب ایک چیز کے بعد دوسری چیز کا آنا، واقع ہونا - (۱۰) کسی بات سے (کسی واقعہ سے) کسی بات (کسی واقعہ کا) ظہور میں آنا - (۱۱) کسی چیز (بات یا واقعہ) کا ایسا ہونا جس سے کوئی نتیجہ نکالا جاسکے - (۱۲) (بلیرڈ) کھلاڑی کی گولی کا دوسری گولی سے ٹکرا کر اُسی کے ساتھ ساتھ چلا جانا -

f. after: پیچھے جانا -

f. in his steps: اوسکے قدم بقدم چلنا -

f. in the wake of: پیچھے پیچھے چلنا؛ کسی واقعہ کا کسی واقعہ کے بعد پیش آنا -

f. my leader: ایک کھیل جس میں ہر کھیلنے والے کو وھی کرنا پڑتا ھے جو کھیل کا سردار کرے -

f. one's nose: اپنی ناک کی سیدھ میں چلنا؛ (اصطلاح) بجائے کسی مقررہ راستہ کے غیر معین راستے پر چلنا؛ منہ اٹھائے بغیر سوچے سمجھے جانا؛ تن بہ تقدیر چلنا -

f. on: (کرکٹ) کسی ٹیم کا ایک دفعہ کھیل کر اور حریف کے مقابلہ میں بہت کم رن بنا کر دوبارہ کھیل کے لئے میدان میں جانا -

f. out: آخری حد تک، انتہائی حد تک پیچھا کرنا؛ تعاقب کرنا -

f. suit: ماننا؛ اتباع کرنا (کسی بات پر عمل کرنا)؛ (کسی کی بات یا اصول کو) اپنے لیے قاعدہ اور قانون بنا لینا -

f. the hounds: شکار میں شکاری کتوں کے پیچھے پیچھے جانا -

f. the plough: هلوا ھا بن جانا؛ ھل چلانے کا پیشہ اختیار کر لینا -

f. the sea: ملاحی کا پیشہ اختیار کرلینا -

f. through: گولف کے کھیل کی ایک اصطلاح -

f. up: (۱) استقلال کے ساتھ کسی کام پر یا مقصد پر جمے رھنا؛ ایک ضرب لگا کر فوراً ھی دوسری ضرب لگانی - (۲) (نٹ بال) جس کھلاڑی کے پاس گیند ھو اس کی مدد کرنے کے لیے اس کے قریب ھی رھنا -

it follows that he was not there: اس سے یہ نتیجہ نکلتا ھے کہ وہ وھاں نہ تھا -

his arguments are as follows: اس کے دلائل حسب ذیل ھیں -

trade follows the flag: تجارت جھنڈے (حکومت) کے پیچھے پیچھے چلتی ھے (حکومت کا لازمی نتیجہ تجارت کی وسعت ھے) -

Follower, *n.*: (۱) فعل کے معنوں میں - (۲) پیرو؛ چیلا؛ شاگرد؛ مرید - (۳) وہ ملازمت پیشہ جو کسی کے گھر کی خادمہ سے شادی کرنا چاھتا ھو -

Following, *n.*: (۱) فعل کے معنوں میں - (۲) پیرووں، مریدوں، چیلوں اور متعلقین کی جماعت -

Following, *a.*: (۱) فعل کے معنوں میں - (۲) وہ جس کا آگے (ذیل میں) ذکر آتا ھے (واحد اور جمع دونوں صیغوں میں استعمال ہوتا ھے) -

the f. are noteworthy: حسب ذیل امور (اشخاص) قابل توجہ ھیں -

Folly, *n.*: بے عقلی؛ حماقت؛ سمجھ اور فہم کی کمی - (۲) بے عقلی کا کام؛ احمقانہ کام؛ احمقانہ خیال، عمل - (۳) تمسخر انگیز

بات؛ مضحکہ انگیز حرکت - (۴) (عموماً) عمارت جو بیکار، بے مصرف اور مضحکہ خیز خیال کی جائے (بانی عمارت کے نام کے ساتھ یہ لفظ استعمال ہوتا ھے) -

Foment, *v. t.*: (۱) گرم دھونے کی دواؤں سے غسل دینا یا جسم کا کوئی حصہ دھونا یا سیکنا یا گرمی پہنچانا؛ (کسی عضو یا جسم کو) تقویت پہنچانا - (۲) (جذبات، طرز عمل یا باغیانہ خیالات بد امنی کو) پھیلانا، مشتعل کرنا -

fomenter, *n.*: اشتعال دلانے والا، پھیلانے والا -

Fomentation, *n.*: (۱) فعل کے معنوں میں - (۲) گرم فلالین وغیرہ سے گرمی پہنچانا؛ سینک -

Fond, *a.*: (۱) سادہ دل؛ سریع الاعتقاد - (۲) حماقت کے ساتھ قوی امیدیں رکھنے والا - (۳) ضرورت سے زیادہ یا بہت محبت کرنے والا؛ بے حد پیار کرنے والا؛ شفیق؛ نرم دل -

to be f. of: کسی شخص (یا چیز) کے ساتھ مانوس ہونا؛ محبت کرنا بہت گرویدہ ہونا؛ کسی چیز یا شخص کی طرف بہت زیادہ رجحان رکھنا؛ کسی بات (یا شخص) کا شائق ہونا -

fondly, *adv.*: (۱) محبت سے؛ پیار سے؛ دل سے؛ شوق سے - (۲) غفلت سے

fondness, *n.*: محبت یا پیار؛ رجحان؛ شوق؛ شغف -

Fondant, *n.*: ایک قسم کی مٹھائی -

Fondle, *v. t. & i.*: (۱) پیار کرنا؛ چھاتی سے لگانا؛ محبت سے کھیلنا (کسی کے ساتھ یا کسی سے) - (۲) پیٹھ پر ہاتھ پھیرنا؛ چمکارنا؛ پچکارنا -

Font, *n.*: (۱) حوض یا برتن جس میں اصطباغ (بپتسمہ) کا پانی کرتا ھے - (۲) لیمپ کی کپی (جس میں تیل رھتا ھے) - (۳) سوت؛ چشمہ؛ منبع -

Fontal, *a.*: (۱) سوت، چشمہ یا فوارہ کا ابتدائی (اصلی، حقیقی) منبع - (۲) بپتسمہ کے متعلق -

Fontanel (le), *n.*: شیر خوار بچے کے سر میں جھلی دار خلا جو سامنے کی ھڈی کے متصل زاویوں سے ملا ہوتا ھے -

Food, *n.*: (۱) غذا؛ کھانے کی چیزیں؛ خوراک؛ قوت؛ اشیائے خوردنی - (۲) خاص قسم کی غذا؛ درختوں کی پرورش کرنے والی غذا -

be f. for fishes: مچھلیوں کی غذا ھو جانا؛ غرق ھو جانا -

be f. for worms: کیڑوں کی غذا ھو جانا، مرجانا -

f. and drink: اشیا خوردنی -

f. card: موب (جنگ کے زمانے میں) کھانے کی اشیاء حکومت کی نگرانی میں تقسیم کی جاتی ھیں تو ھر شخص کو ایک کارڈ دیا جاتا ھے جس کے سرکاری باورچی خانے یا دوکانں پر پیش کرنے سے مقررہ غذا ملتی ھے -

f. controller: وہ وزیر اغذیہ جو جنگ کے زمانے میں سامان غذا کی فراھمی کا نگران ہوتا ھے -

f. for powder: باروت کی غذا؛ سپاھی؛ فوجی آدمی -

f. stuff: وہ اشیا جو کھائی جاتی ھیں؛ اشیا خوردنی؛ سامان خوراک -

mental and intellectual f.; f. for thought or meditation.: غذائے دماغی و ذھنی؛ غور و فکر کے قابل امور؛ ایسے معاملات یا مسائل جو سر چننے اور غور کرنے کے قابل ھوں -

foodless, *a.*: جس کو غذا نہ ملے؛ بھوکا -

Fool, *n. & v.i. & t.*: (۱) احمق؛ بیوقوف؛ ناداں؛ سادہ لوح - (۲) ایسا شخص جس کے طرز عمل کو نا پسند کیا جائے - (۳) یورپ کے عہد وسطیٰ میں ھر بڑے شخص کے گھر میں (مصاحبت میں) ایک مسخرہ یا بھانڈ بھی ملازم ھوا کرتا تھا جس کو فول (fool) کہتے تھے - (۴) ایسا شخص جس کا سر عقل سے خالی ھو - (۵) دھوکا دینا؛ فریب دینا؛ بے وقوف بنانا؛ بے وقوف بننا -

All fools' day: یکم اپریل -

April f.: جس شخص کو یکم اپریل کو کوئی دھوکا (از راہ تمسخر) دیا جائے یا دھوکا دے کر بیوقوف بنا دیا جائے یا دھوکا سے کوئی ایسا کام اس سے کرایا جائے جو احمقانہ ھو -

be a f. for one's pains: بے فائدہ، بے نتیجہ، محنت اور درد سری برداشت کرنا -

be a f. to: کسی کے مقابلے میں کچھ نہ ھونا؛ ھیچ ھونا -

f. away time or money: حماقت کے ساتھ روپیہ یا وقت ضائع کرنا -

f's cap', fools cap: وہ ٹوپی جو یورپ کے ازمنہ وسطیٰ میں درباری مسخرہ اوڑتا تھا اور جس میں گھونگرو لگے ھوتے تھے؛ سترھویں صدی عیسوی میں بنے ھوئے بعض خاص قسم کے کاغذوں کا نشان یا مارکہ؛ مستطیل لکھنے یا چھاپنے کا کاغذ جس کا طول و عرض ۱۵ - ۱۷ × ۱۲ — $13\frac{1}{2}$ انچہ ھوتا ھے -

f.'s bolt is soon shot: بیوقوف کے دلائل کا ذخیرہ بہت جلد ختم ھوجاتا ھے -

f.'s mate: (شطرنج) مات جو شاہ کو دوسری ھی چال میں دی گئی ھو -

f. one unto doing: کسی کو بیوقوف بنا کر (یا خوشامد کرکے) کوئی کام کرا لینا -

f. one out of money: کسی شخص کو بیوقوف بنا کر اس سے روپیہ اینٹھ لینا -

f.'s paradise: جنت خیال؛ خیالی او قیاسی خوشی؛ بے اصل اور محض دل خوش کرنے والا خیال باطل -

f. proof: (قواعد وغیرہ) اس قدر صاف و صریح کہ اُس کے مفہوم کے متعلق کم عقل کو بھی غلط فہمی پیدا نہ ھو سکے -

make a f. of: کسی کو دھوکا دینا؛ بیوقوف بنا دینا؛ کسی کے ساتھ چال چل جانا -

no f. like an old f.: بڈھے بیوقوف (خصوصاً بڈھے اور معمر عاشق) سے زیادہ کوئی بیوقوف نہیں ھوتا

play the f.: غلطی یا حماقت کرنا؛ احمقوں کی طرح حرکات کرنا؛ مسخرہ پن یا بھانڈوں کی حرکتیں کرنا -

send, go, on f.'s errand: (احمقانہ) کسی کو کوئی بے نتیجہ کام کرنے کے لیے بھیجنا یا کسی کا جانا؛ بیوقوفی سے

بے نتیجہ محنت یا زحمت برداشت کرنی یا کسی سے کرانی -

foolery, n. : حماقت؛ احمقانہ حرکت -

foolish, a. : بیوقوف؛ احمق؛ بے عقل

foolishly, adv. : بیوقوفی سے؛ حماقت سے

foolishness, n. : بیوقوفی؛ حماقت -

foolocracy, n. : (از راہ تمسخر) احمقوں کی حکومت؛ ایسی حکومت جس کے عہدے دار احمق ہوں -

Fool, n. : اُبالے ہوئے پھلوں کا بالائی دار شربت (خصوصاً gooseberry f. اُبالی ہوئی گوز بیری کا بالائی دار شربت) -

Foolhardy, a. : اجڈ؛ بیوقوف بہادر؛ جو اپنے کو فضول اور بے نتیجہ خطرات میں ڈال کر (خواہ مخواہ زحمت اُٹھا کر) خوب ہوتا ہو (فخر کرتا ہو) -

foolhardiness, n. : اجڈ پن؛ احمقانہ بہادری (جرات) -

Foot, n. (pl. feet) : (۱) ٹانگ کا آخری حصہ جو ٹخنے کے جوڑ سے شروع ہوتا ہے - (۲) پاؤں؛ پیر؛ چرن؛ پا - (۳) قدم؛ چال؛ گام؛ رفتار - (۴) پیادہ؛ پیدل سپاہ - (۵) پلنگ؛ چار پائی؛ مسہری؛ قبر وغیرہ کی پائیں (پائینتی) - (۶) موزہ وغیرہ کے نیچے کا وہ حصہ جو پاؤں کو ڈھکتا ہے - (۷) (شاعری) بحر و وزن کا وہ حصہ جس میں بہت سے تہجی کے ارکان ہوتے ہیں اور اُن میں سے ایک رکن پر آواز کا زیادہ زور ہوتا ہے - (۸) طول ناپنے کا پیمانہ جس میں ۱۲ انچ ہوتے ہیں؛ ایک فٹ - (۹) کسی چیز کا نیچے کا (عموماً آگے نکلا ہوا) حصہ؛ بیٹھک؛ بنیاد؛ پتا؛ نشست؛ پایہ کرسی - (۱۰) (علم الحیوانات) بے ریڑھ کی ہڈی والے جانوروں کو چلنے یا حرکت کرنے کے قابل بنانے والا ایک عضو - (۱۱) (نباتیات) درخت یا پودے کا وہ حصہ جو پتی یا پنکھڑی کو شاخ سے جوڑتا ہے؛ ڈنڈی - (۱۲) بال کی جڑ - (۱۳) پہاڑی، سیڑھی، دیوار، فہرست، صفحہ وغیرہ کا سب سے نیچے کا حصہ - (۱۴) تلچھٹ؛ گاد؛ تیل کا فضلہ؛ موٹی شکر (ان معنوں میں جمع بجائے feet کے foots) -

at** one's **f. : کسی کے محکوم، مرید، چیلے، سائل کے طور پر یا محکوم وغیرہ بن کر -

captain of f. : پیادہ فوج کا کپتان -

carry** one **off his feet : کسی کے دل میں بہت شوق پیدا کر دینا؛ اضطراب و شوق کی حالت میں بے قابو کردینا -

change of f.** or **feet. : دوسرے جوتے پہن لینا؛ جوتے بدل لینا -

fall on** one's **feet : کسی کے پاؤں پر گرنا؛ اظہار عجز کرنا؛ خوشامد کرنا -

f. and horse : پیدل اور سوار فوج -

find, know, length of** one's **f. : اپنی (یا کسی کی) کم زوری معلوم کرنا؛ (کسی کو) قابو میں رکھ کر اُس کا انتظام کرنا (کرنے کے قابل ہونا) -

find** one's **feet. : دیکھو FIND

follow in** one's **foot steps : کسی کا اتباع کرنا؛ تقلید کرنا -

f. and mouth disease : ایک قسم کا بخار جو عموماً سینگ والے جانوروں کو ہوتا ہے

f. ball : بڑی، گول، ہوا بھری ہوئی گیند، جس سے کھیلتے ہیں؛ فٹ بال -

f. baller : فٹ بال کھیلنے والا -

f. bath : پاؤں کو غسل دینا؛ پاشوب؛ وہ برتن جس میں پاؤں کو غسل دیا جاتا ہے -

f. board : گاڑی کے پیچھے جو تختہ لگا ہوتا ہے جس پر ملازم یا سائیس کھڑا ہوتا ہے؛ وہ تختہ جو گاڑی کے (یا ریل گاڑی کے) دروازوں کے سامنے لگا ہوتا ہے جس پر پاؤں رکھ کر اُترتے چڑھتے ہیں؛ ڈھلواں تختہ جس پر گاڑی چلانے والا پاؤں رکھ کر بیٹھتا ہے -

f. boy : ملازم، لڑکا، چھوکرا جو وردی پہنے ہوئے ہو -

f.-bridge, -path, & c. : وہ تنگ پل، پیدل راستہ، پگ ڈنڈی وغیرہ جس پر صرف پیادہ پا گذر سکتے ہیں -

f. drill, pumf, etc : برما جس کو پاؤں کی مدد سے چلاتے ہیں؛ ہوا یا پانی کھینچنے یا بھرنے کا پمپ جس کو پاؤں سے چلاتے ہیں -

f. fall : پیچھل؛ پاؤں کی آواز؛ چلنے کی آواز؛ قدموں کی چاپ -

f. gear : موزے جوتے وغیرہ -

f. gaurds : پیدل فوج کے دستے -

f. hill : دامن کوہ؛ پہاڑ کی ترائی؛ پہاڑ کی ڈھال کا آخری حصہ -

f. lights : تھیٹر کے اسٹیج کے سامنے ایک طرف سے ڈھکی ہوئی روشنیاں -

f. hold. : پاؤں کا سہارا؛ کھڑے ہونے کی سطح -

f. man : پیادہ فوج کا سپاہی؛ وردی پہننے والے ملازم جو سواریوں یا دروازوں پر یا کھانے کی میزوں پر کام کرتے ہیں -

f.-mark : نقش قدم؛ پاؤں کا نشان -

f.-muff : ایک قسم کی جرمی یا اونی پاپوش (پاؤں گرم رکھنے کے لئے) -

f.-note : صفحہ کے آخر میں لکھی ہوئی شرح (حاشیہ) -

f.-pace : چال؛ رفتار؛ ڈگ؛ قدم کی لمبائی؛ چبوترہ کا شہ نشین -

f.-page : ملازم؛ لڑکا؛ چھوکرا -

f. pad. : رہزن، قزاق، جو گھوڑے پر سوار نہ ہو بلکہ پیادہ لوٹ مار کرتا ہو

f.-pan : پاؤں دھونے (پاشوب) کا برتن -

f. passenger : پیدل مسافر؛ پیادہ پا مسافر -

f. path : پیدل چلنے والوں کا راستہ؛ پٹیا؛ پیدل راستہ؛ پگ ڈنڈی -

f.-plate : ریل کے انجنوں میں ڈرائیوروں اور کوئلہ جھونکنے والوں کے کھڑے ہونے کی جگہ -

f.-pound : قوت کی وہ مقدار جو ایک پونڈ وزن کو ایک فٹ بلندی پر اٹھاسکے -

f. print : نقش پا؛ پاؤں کا نشان -

f.-race : دوڑ کا مقابلہ (اشخاص میں)

f.-rot : پاؤں کا ایک مرض جو چوپایوں اور بھیڑوں کو ہوتا ہے -

f.-rule : ایک فٹ لمبی پیمائش کی لکڑی؛ فٹ فٹا -

f. slogger : (مزاحیہ) پیادہ چلنے والا، پیادہ فوج کا سپاہی -

f. stogging : (بازاری) پیادہ پا چلنا -

f.-soldier : پیادہ سپاہی -

f. sore : پاؤں کا زخم (جو عموماً اُن لوگوں کے پاؤں میں ہو جاتا ہے جو پیادہ پا لمبے سفر کرتے ہیں) -

f. stalk : (نباتیات) پتے کی ڈنڈی یا پھول کا مطلہ ؛ شاخ گل -

f. step : قدم (فاصلہ) ؛ آواز قدم ؛ قدم رکھنے کا فعل ؛ نقش قدم -

f. stone : سنگ بنیاد ؛ وہ پتھر جو قبر کی پائنتی لگایا جاتا ہے -

f. stool : وہ تپائی جس پر پاؤں رکھے جاتے ہیں -

f. warmer : وہ چیز جس سے پاؤں گرم کئے جاتے ہیں خصوصاً ٹین کا چپٹا بکس جس میں گرم پانی بھی بھر دیا جاتا ہے اور جو ریل گاڑیوں میں مسافروں کے پاؤں گرم رکھنے کے لئے رکھا جاتا ہے -

have ff. of clay : (کسی شخص کے) آسانی سے ہار جاتے یا شکست کھانے کا امکان (ہونا) ؛ اپنے اندر کمزوریاں رکھنا -

have ball at one's *feet* : کامیابی کا ذریعہ (راستہ) پا لینا -

have one f. in grave : موت کا قریب ہونا؛ قریب المرگ ہونا؛ بہت معمر اور ضعیف ہونا ؛ قبر میں پاؤں لٹکائے بیٹھنا -

keep one's *feet* : کھڑا رہنا ؛ قایم رہنا؛ (اپنی جگہ پر) مستقل رہنا ؛ نہ گرنا -

measure another's *f. with* one's *own last* : اپنی حالت پر دوسرے کو قیاس کرنا ؛ جانچنا) -

on f. : پیادہ (نہ کہ سواری پر) ؛ پیادہ پا ؛ پیدل -

put one's *feet down* : (مزاحاً) اڑ جانا ؛ کسی بات پر جم جانا ؛ قطعی ارادہ کر کے عمل کرنا -

put one's *f. in it* : سخت غلطی کرنا ؛ غلطی میں پھنس جانا ؛ مبتلا ہوجانا -

set, agitation, movement, on f. کسی تحریک یا جدوجہد کا آغاز کرنا -

set, put, have, one's *feet on the neck of* : کسی کو بالکل دبا لینا ؛ جھکا لینا ؛ قابو میں کر لینا ؛ لاچار و مجبور کر دینا -

standing on one's *feet* : صحت جسمانی رکھنا ؛ اپنے پاؤں پر کھڑے ہونا ؛ اپنے بھروسہ پر زندگی بسر کرنا -

ten feet long : ۱۰ فٹ لمبا -

tread under f. : ظلم کرنا ؛ پاؤں تلے روندنا ؛ دبانا ؛ کچلنا -

the fourth f. or *regiment of f.* : پیدل پلٹن نمبر ۴ -

with foal at feet : (گھوڑی) جسکے بچھیرا پیدا ہوا ہو -

(with one's*) feet foremost* : جنازہ میں جانا ؛ مرکر قبرستان جانا -

wet &c. under f. : (زمین پر) پاؤں کے نیچے رطوبت ؛ نمی -

(-)footed, *a.* : پاؤں والا -

footless, *a.* : پاؤں نہ رکھنے والا ؛ (شاعری) جس پہ کوئی چلا نہ ہو ؛ غیر پائمال -

Foot, *v. i. & t.* : (۱) حساب لگانا ؛ جمع کرنا ؛ میزان لگانا ؛ بل (قرضہ) ادا کرنا - (۲) جراب میں پنجہ کا حصہ نیا بنانا (دوبارہ بنانا) - (۳) پیدل چلنا ؛ قدم دھرنا ؛ رکھنا ؛ چلنا (سڑک وغیرہ پر) -

debts f. up : قرضہ کی میزان ؛ کل مقدار (اسقدر ہوتی ہے) -

f. it : ناچنا ؛ (شاذ) قدم اٹھانا ؛ جانا ؛ پیدل جانا -

to f. the bill : خرچہ برداشت کرنا (کسی کام کا ؛ دعوت یا تقریب کا) -

Footer, *n.* : (بازاری) فٹ بال کا کھیل -

Footing, *n.* : (۱) پاؤں رکھنا (جمانا) ؛ پاؤں کا جماؤ ؛ کھڑے ہونے کی سطح ؛ مضبوط جگہ - (۲) حالات ؛ شرائط ؛ تعلقات ؛ تناسب ؛ مقام ؛ رتبہ (وہ درجہ جس سے دوسروں کے مقابلہ میں کسی شخص کی حیثیت کا اندازہ کیا جاسکے) ؛ بے تکلفی کا درجہ - (۳) نئے رتبہ ؛ درجہ یا منصب پر پہنچنا - (۴) تجارت یا پیشہ (اختیار کرنا) ؛ سماج یا صحبت میں شرکت - (۵) دیوار کی جڑ میں (نیچے کے حصہ میں) آگے کو بڑھا ہوا دور (کگر) ؛ دامن دیوار - (۶) اوپر سے نیچے لکھے ہوئے اعداد کی میزان لگانا (نکالنا) -

pay for or *pay* one's *f.* : رتبہ یا منصب حاصل کرنے کے لئے (یا کوئی پیشہ یا تجارت شروع کرنے کے لئے) مقررہ فیس (یا معاوضہ) ادا کرنا -

Footle, *v. i. & n.* : (بازاری) خفیف الحرکاتی ؛ حقیر ؛ ذلیل ؛ احمقانہ حرکت کرنا -

footling, *a.* : حقیر ؛ ادنیٰ درجہ کی -

Foozle, *v. t. & n.* : (بازاری خاص کر گولف) - (۱) بھونڈے پن بھدی طرح عمل کرنا ؛ بگاڑ دینا ؛ خراب کردینا ؛ گڑبڑا دینا - (۲) بھدی ؛ بھونڈی ؛ ناکامی ؛ ناکامیابی -

Fop, *n.* : (۱) وضعدار ؛ بانکا ؛ چھیلا ؛ خود بیں ؛ خود پسند و خود نما آدمی -

fopling, *n.* : وضعداری دکھانا ؛ خود نمائی کرنا ؛ حقیر آدمی جو وضع داروں یا بانکوں کی تقلید کرے -

foppery, *n.* : بانک پن ؛ چھیلا پن ؛ خود نمائی -

foppish, *a.* : خود نمائی کرنے والا ؛ طمطراق دکھانے والا ؛ بننے ٹھننے والا -

foppishly, *adv.* : بن ٹھن کر ؛ دکھاوے کے لئے -

foppishness, *n.* : دکھاوا ؛ خود بینی ؛ بانکپن -

For, (for, fo-r, fer) *prep. & conj.* (اس لفظ کے محل استعمال کے مطابق اوسکا تلفظ بھی ہوتا ہے) - (۱) برائے ؛ بابت ؛ بجائے (کسی چیز کے) ؛ مقابلہ میں ؛ تبادلہ میں ؛ بطور قیمت یا تاوان ؛ عوض میں ؛ بالعوض ؛ بہ سبب ؛ زیر اثر ؛ بوجہ ؛ باوصف - (۲) مدافعت ؛ تحفظ ؛ امداد ؛ موافقت ؛ جانبداری کے لئے - (۳) غرض سے ؛ بغرض ؛ لئے ؛ کی خاطر ؛ بلا نظر ؛ نیت سے ؛ حالت پر - (۴) حق میں ؛ موافقت میں ؛ طرف ؛ خاطر ؛ قریب ؛ بعد ؛ باوجود ؛ باوجودیکہ - (۵) رکاوٹ ؛ مطابق ؛ برابر ؛ مقابل ؛ تعلق ؛ نسبت ؛ ہوتے ہوئے ؛ سے (زمانہ وفاصلہ وغیرہ) -

a humane man f. an executioner : جلاد ہوتے ہوئے بھی ایک رحم دل انسان ہونا -

alas for him : افسوس اسکی حالت پر -

am f. tariff - reform : میں محصول در آمد و بر آمد کی اصلاح کاموئید ہوں -
all out f. 44 : ۴۴ رن بنا کرسب آوٹ ہو گئے (کرکٹ) -
avoid it f. fear of accidents : حادثات کے اندیشے سے (اس کام یا چیز سے) بچنا ؛ پرہیز کرنا -
bought gowns f. the maids : لڑکیوں کے لئے (لباس) خریدا -
bulk f. bulk : جسامت کے مقابلہ میں جسامت (برابر کی جسامت) -
can not do it f. the life of me : میں اپنی جان کی خاطر بھی یہ (کام) نہ کرونگ
can shift f. myself اپنی فکر (اپنا انتظام) خود کر سکتا ہوں -
did it for her good : اوسکے فائدے کے لئے (کام) کیا -
did it f. pure wantonness : محض شرارتاً ایسا کیا -
did it f. the second time : وہی کام دوسری دفعہ کیا -
do it f. my sake : میری خاطر ایسا کرو -
do you take me f. a fool : کیا تم مجھے بیوقوف سمجھتے ہو -
drew on him f. £s. 100 : سو پونڈ اس سے لئے -
except, but, were it not, f. one thing I might be happy : ایک چیز (ایک بات) مانع نہ ہوتی تو میں ضرور خوش رہتا -
f. all that : باوجود اس سب کے (ان سب باتوں کے) -
f. all you say : جو کچھ کہتے ہو (یا کہا) باوجود اسکے -
f. all he seems to dislike me, I still like him : باوجودیکہ وہ بظاہر مجھے ناپسند کرتا ہے میں پھر بھی اسکو پسند کرتا ہوں
f. good : فراغت پاکر ' کام ختم کرکے ؛ واپس نہ آنے کی نیت سے -
f. my part : جہاں تک میرا تعلق ہے -
f. the rest : جہاں تک بقیہ کا تعلق ہے
f. one enemy he has a hundred friends : اگر اس کا ایک دشمن ہے تو سو دوست ہیں -
flee f. shame : شرم کی وجہ سے بھاگنا ؛ شرماکر بھاگنا -
f. the present : بحالت موجودہ ؛ فی الحال
fit f. nothing بیکار محض ؛ کسی کام کا نہیں ؛ ہر کام کے نا قابل
f. sale : فروخت کے لئے ؛ بغرض فروخت -
getting on f. 2 o'clock : تقریباً دو بجے تک جاری تھا -
go f. a cab : کرایہ کی گاڑی لانے کے لئے جانا -
go f. a walk : ٹہلنے (چہل قدمی) کے لئے جانا -
good enough f. me : میرے لئے بالکل کافی ہے -
got it f. two pence : وہ چیز دو پنس میں (یا بعوض دو پنس) حاصل کی
has been so f. months : یہ حالت مہینوں سے ہے -
hard up f. money : روپیہ کی ضرورت مند (محتاج ' مفلس) -
he f. it : (فوج) سزا کا مستوجب ہونا؛ سزا قسمت میں لکھی ہونا -
he was hanged f. a pirate : بحری قزاق سمجھکر پھانسی

دیا گیا
hold it f. certain : یقین ہونا ؛ دھو کے سے یہ سمجھا کہ رہا ہے (غلطی سے زید کو عمر سمجھہ لینا) -
I f. one donot believe it : میں تو خود اسکا یقین نہیں کرتا -
I tremble f. him : میں اس کے لئے کانپتا ہوں (اس اندیشے سے کانپتا ہوں کہ اوسکو نقصان نہ پہنچ جائے) -
I do not care f. game : میں کھیلوں کا شائق نہیں ہوں -
I am f. him : میں اسکی طرف ہوں -
is not long f. this world : دنیا میں زیادہ رہنے والا نہیں ہے ؛ قریب المرگ ہے -
is the man f. the job : اس کام کے لئے صرف وہی آدمی موزوں ہے -
it is f. you to make the move : اب یہ تمہارا کام ہے کہ قدم بڑھاؤ ' آغاز کرو ' شروع کرو -
it is bad f. him to smoke : اوسکے لئے تمباکو نوشی مضر
it is wicked f. him to smoke : اوسکا تمباکو پینا بہت برا ہے (گناہ ہے) -
left him alone f. once : ایک دفعہ تو اوسکو تنہا چھوڑ ہی دیا (اوس سے تعرض نہیں کیا) -
left, sailed, f. India : ہندوستان کو روانہ ہوا -
longing f. praise : تعریف کا خواہشمند (شایق) -
made comfortable f. life : زندگی بھر کے لئے (اوسکے) آرام و آسایش کا انتظام ہو گیا -
not paid f. : جسکی قیمت ادانہ کی گئی ہو -
nothing f. it but to submit : سوائے اطاعت کے کوئی چارہ نہیں -
notorious f. parsimony : بخل کے لئے (کی وجہ سے) بدنام -
oh! f. wings : کاش میرے پر ہوتے -
once f. all : قطعی طور پر ؛ آخری دفعہ ؛ ہمیشہ کے لئے -
play for penny points : ایک ایک پینی کا داوں کھیلنا -
ready f. dinner : کھانا کھانے کے لیے تیار -
run f. it : بھاگنا ؛ رو پوش ہونا -
sits f., member f. Liverpool : شہر لیورپول کا نمائندہ -
substituted f. : کوئی چیز (یا شخص) کسی چیز (یا شخص) کے عوض میں بدلی گئی
take for granted : تسلیم کرنا ؛ فرض کرلینا ؛ مان لینا ؛ مسلمہ سمجھ لینا -
take my word for it : یقین رکھو ؛ میرے بیان پر یقین کرو -
they live for each other : وہ ایک دوسرے کی خاطر زندہ ہیں -
the motive f. retreating : واپسی (پسپائی) کی غرض (مقصد) -
time f. school : اسکول جانے کا وقت -
too beautiful f. words — اتنا خوبصورت کہ بیان نہیں ہوسکتا ؛ بیان سے باہر حسین -
things look hard f. you : تمہارے لیے حالات (معاملات) برے نظر آتے ہیں -

very bright f. a winter day : جاڑوں کا دن ہوتے ہوے بھی (باوجود موسم سرما کے) نہایت روشن -
walk f. two miles : دو میل چلنا -
was tried f. his life : ایسے جرم میں مقدمہ چلایا گیا جس کی سزا موت تھی -
went f. a soldier : سپاہی پر حملہ کیا -
won a name f. himself : نام پیدا کیا ؛ شہرت حاصل کی -
word f. word : لفظ کے مطابق (بالمقابل) لفظ (مثلاً لفظی ترجمہ) -
would not do it f. the world : ساری دنیا کے عوض بھی (وہ کام) نہ کروں گا ؛ کسی طرح نہ کروں گا ؛ ہرگز نہ کروں گا -
150 f. six wickets : ۶ کھلاڑیوں نے ۱۵۰ رن بنائے -

For-, *pref.* : (پہلے for کے مرکبات بہت عام تھے مگر اب تقریباً ایک درجن ایسے الفاظ باقی رہ گئے ہیں جن کے مفہوم حسب ذیل ہیں) - (۱) دور ؛ الگ ؛ علحدہ - (۲) ممانعت ؛ پرہیز ؛ بے توجہی ؛ بے التفاتی - (۳) برا اثر ؛ زیادتی ؛ شدت -
forbear : پرہیز کرنا ؛ صبر کرنا -
forbid : روک دینا ؛ منع کرنا ؛ ممانعت کرنا -
forby : نزدیک ؛ قریب -
fordo : مارنا ؛ تباہ کردینا ؛ خراب کردینا -
forfend : ہٹانا ؛ الگ کرنا -
forget : بھولنا ؛ فراموش کرنا
forgive : معاف کرنا ؛ در گذر کرنا -
forgo : چھوڑ دینا ؛ ترک کردینا -
forlorn : نا امید ؛ نا چار ؛ بے یار و مدد گار -
forpine : بھوک یا تکلیف سے پامال (کمزور) ہوجانا
forsake : چھوڑ دینا -
forswear : قسم کھا کر ترک کرنا ؛ انکار کرنا -
forworn : تھکا ہوا ؛ پست -

Forage, *n. & v. t.* : (۱) گھوڑوں اور چوپایوں کی غذا ؛ چارہ (خصوصاً فوج کے گھوڑوں کا) - (۲) چارہ جمع کرنا ؛ لوٹنا ؛ اجاڑنا ؛ خراب کرنا ؛ تاراج کرنا ؛ چارہ یا کوئی چیز تلاش کرنا ؛ ٹھونڈنا ؛ چھان مارنا ؛ چارہ مہیا کرنا ؛ تلاش کر کے حاصل کرنا -
f. cap : ایک قسم کی ٹوپی جو پیادہ فوج میں استعمال کی جاتی ہے -
on the f : فوجی گھوڑوں کا چارہ کھانا -
forager, *n.* : جو شخص چارہ جمع کرنے کے لیے جائے یا بھیجا جائے -

Foramen, *n.* (pl.-mina) : (نباتیات وغیرہ) سوراخ ؛ چھید ؛ منفذ ؛ راستہ -
foraminate, foraminated, *aa.* : سوراخ دار ؛ چھید دار -

Forasmuch as, *conj.* : (چہ) دیکھتے ہوے کہ ؛ چونکہ ؛ کیونکہ ؛ بدیں سبب -

Foray, *n. & v. i.* : حملہ ؛ دھاوا ؛ یورش ؛ ہلہ ؛ تاخت کرنا یا کرنے کے لیے جانا -

Forbear, *n.* : (عام طور پر جمع کے صیغہ میں) آبا و اجداد ؛ باپ دادا -

Forbear, *v. t. & i.* (-bore,-borne) : (۱) (کسی چیز یا بات سے) پرہیز کرنا ؛ الگ رہنا ؛ بچنا ؛ احتراز کرنا - (۲) (کسی چیز کو) استعمال نہ کرنا ؛ (کسی بات کا) ذکر نہ کرنا - (۳) صبر کرنا ؛ صابر ہونا ؛ برداشت کرنا ؛ تحمل کرنا -
forbearance, *n.* : صبر ؛ تحمل ؛ برداشت -
forbearingly, *adv.* : صبر کے ساتھ ؛ تحمل کے ساتھ -

Forbid, *v. t.* (-bad or -bade; bidden) : (۱) (کسی شخص کو) کسی کام کے کرنے کی ممانعت کرنا ؛ ممنوع کرنا ؛ حکم دینا کہ نہ کرے ؛ (کسی شخص کو) کسی جگہ جانے سے منع کر دینا ؛ کسی بات کا امتناع کرنا (کسی شخص یا چیز کے) وجود کو ممنوع کردینا ؛ کسی امر کے ارتکاب یا کسی فعل کے سر زد ہونے کی ممانعت کردینا - (۲) (حالات ، موانع وغیرہ کے متعلق) خارج کرنا ؛ روکنا ؛ نا مناسب و نا سزا وار قرار دینا -
f. gladiators : وحشی جانوروں اور انسانوں کی لڑائی کا امتناع کردینا -
f. bullfights : وحشی بھینسوں کی لڑائی کا امتناع کردینا -
f. him court : دربار کی حاضری (کسی شخص کے لیے) ممنوع کردینا -
f. him to go : اس کو جانے سے منع کردینا ؛ جانے کی ممانعت کردینا -
f. him wine : اس کے لیے شراب ممنوع کردینا -
forbidden or *prohibited degrees* : رشتہ داری و قرابت کے بعض سلسلے جن میں مناکحت نا جائز ہے ؛ حرام رشتے ؛ محارم -
forbidden fruit : ممنوعہ ثمر یا گندم (جس کے کھانے کی آدم و حوا کو ممانعت تھی) ؛ (اصطلاحاً) ایسی چیز جس کی خواہش صرف اس لیے ہو کہ وہ ممنوعہ ہے -
God f. ! : خدا نخواستہ ؛ خدا نہ کرے -
was forbidden wine : (اس کی) شراب روک دی گئی ؛ (اس کو) شراب خوری سے روک دیا گیا -

Forbidding, *a.* : (۱) بد صورت ؛ بد قطع ؛ نفرت انگیز ؛ کریہ المنظر ؛ مکروہ صورت رکھنے والا ؛ زشت رو - (۲) ایسی مکروہ (صورت کسی شخص یا چیز کی) جو نا مطبوع ہو ، جس کو دیکھنا پسند نہ کیا جائے -
forbiddingly, *adv.* : غیر مطبوع طریقہ پر ؛ ایسے طریقہ پر (یا صورت میں) جس سے امتناع ظاہر ہو -
forbiddingness, *n.* : زشت روئی ؛ امتناع ؛ ممانعت -

Forby (e), *prep & adv.* : علاوہ بریں ؛ علاوہ ازیں ، مزید برآں (اس کا ذکر ہی کیا ہے) ؛ (قدیم و متروک) -

Force, *n.* : (۱) قوت ؛ طاقت ؛ بل ؛ زور ؛ قدرت ؛ قوت صرف ؛ سعی ؛ شدید کوشش ؛ حرکت کی قوت - (۲) فوجی طاقت ؛ قوت ؛ مسلح آدمیوں کی ایک جماعت ؛ فوج کا دستہ ؛ (جمع کے صیغہ میں) فوج ؛ لشکر ؛ پولس کا دستہ ؛ (اصطلاحاً) پولس (the force) - (۳) وہ قوت جو کسی مقصد کے لیے یا کسی شے پر صرف کی جائے (۴) زبردستی - (۵) دماغی یا اخلاقی

قوت ؛ اثر ؛ قوت نظم و ضبط ؛ قابو ؛ اختیار ؛ تاثیر - (۶) منوانے کی طاقت ؛ قایل کرنے اور یقین دلانے کی طاقت - (۷) جلا ؛ تیز روشنی ؛ انعکاس - (۸) وجۂ نفاذ ؛ جواز - (۹) معنی ؛ مراد ؛ مطلب ؛ صحیح معنی ؛ حقیقی معنی - (۱۰) (طبیعیات) وہ قابل اندازہ اثر جو جسم کو حرکت پر آمادہ کرتا ہے ؛ اس اثر کی شدت جس کو قدیم زبان میں توانائی بالفعل کہتے تھے - (۱۱) توانا ؛ قوی -

by f.: زبردستی سے ؛ دباو سے ؛ بالجبر -

by f. of: بذریعہ ؛ بواسطہ -

can,t see the f. of doing what one dislikes: نہیں سمجھ سکتا کہ جو کام پسند نہ ہو اس کے کرنے کی کیا وجہ ہو سکتی ہے (کیا معنی ہو سکتے ہیں) -

conservation of f. or *energy*: بقاے توانائی ؛ (قدیم معنی میں) کسی حالت طبعی (مثلاً حرارت یا حرکت جو مادہ کی خلقت ہے) کا سبب ؛ اس قسم کی کوئی قوت -

considers himself a f. in the world: اپنے کو دنیا میں ایک قوت (قوت طبعی) سمجھتا ہے -

declared with much f.: بہت قوت گویائی ، زور زبان (یا قوت دلایل کے ساتھ) بیان کیا گیا (اعلان کیا گیا) -

f. of circumstances brought it about: حالات کی قوت نے یہ صورت پیدا کی (یہ نتیجہ نکالا) -

f. pump: پانی کھینچنے کا آلہ جو پانی کو ہوا کے دباو کی حد سے باہر نکال دے -

in f., in great f.: (فوجی اصطلاح). بڑی تعداد میں ؛ جمیعت کے ساتھ -

law remains, comes into, f.: قانون نافذ رہے گا یا نافذ ہوتا ہے -

put in f.: قانون یا قاعدہ کو نافذ کرنا -

there is f. in what you say: جو کچھ تم کہتے ہو اس میں قوت ہے (تمہارے دلائل یا واقعات موثر ہیں ، قائل کرنے والے ہیں) -

forceless, *a.*: بے قوت ؛ بے سکت ؛ کم زور -

Force, *v. t.*: (۱) سختی ، ظلم ، زبردستی ، جبر کرنا ، بزور یا زبردستی لینا ؛ حاصل کرنا ؛ استحصال بالجبر کرنا ؛ زنا بالجبر کرنا - (۲) مجبور کرنا ؛ دباو ڈالنا ؛ (۳) کھینچ تان کر لفظوں کے معنی پیدا کرنا ؛ لفظوں کو وہ معنی پہنانا جو بمشکل موزوں ہوتے ہیں - (۴) (تاش) کھیلنے والے کو مجبور کر دینا کہ وہ ترپ لگائے یا اپنے ہاتھ کے پتوں کو ظاہر کردے ؛ کھلاڑی کو (کسی خاص پتے یا پتوں کو) کھیلنے پر مجبور کرنا - (۵) انتہا تک کھینچنا ؛ انتہائی قوت صرف کر دینا ؛ پورا زور لگا دینا - (۶) تاکید کرنا ؛ (کسی پر) زور ڈالنا (کسی کام کے لئے) ؛ بزور قابو یا قبضہ حاصل کر لینا (گڑھ ، قلعہ ، استحکامات پر) ؛ لے لینا ؛ قبضہ میں کر لینا ؛ کھول دینا ؛ شگاف کر دینا (دروازہ ، تالہ ، قفل وغیرہ میں) ؛ (اس کے اندر) راستہ بنا لینا ؛ توڑ ڈالنا - (۷) دھکا دینا ؛ بڑھانا ؛ دھکیلنا - (۸) کسی شخص کو کسی چیز کے لینے ، استعمال کرنے ، قبول کرنے پر مجبور کرنا - (۹) کوشش کرکے پیدا کرنا ؛ جبراً (کوئی خاص) کیفیت پیدا کرنا - (۱۰) (کسی چیز کو) زبردستی لے لینا ؛ حاصل کرنا ؛ لینا ؛ جھپٹ لینا - (۱۱) (پودے ، درخت یا طالب علم کے) نشو و نما و ترقی کو مصنوعی طریقوں سے قبل از وقت پوری طرح مکمل کرنے کی کوشش کرنا -

f. a passage: زبردستی اپنا راستہ بنا لینا ؛ (ہجوم میں) گھس کر اپنے لئے راستہ پیدا کر لینا -

f. a smile: اپنے چہرہ پر زبردستی مسکراہٹ پیدا کرنا -

f. an analogy, simile &c: تمثیل و تشبیہ کے استعمال میں مبالغہ کرنا حتی کہ وہ مہمل ہو جائے -

f. a card: (تاش کی شعبدہ بازی میں) کسی کے سامنے اس طرح پتے پیش کرنا کہ وہ بغیر محسوس کئے وہی پتا کھینچ لے جو شعبدہ باز اس کو دینا چاہتا ہے -

forced draught: بھٹی میں اوپر کی ہوا کو ہلکا یا نیچے کی ہوا کو دبا کر خاص بہاو پیدا کرنا -

forced march: ایسی تیز رفتار سے کوچ کرنا (سفر کرنا) جس میں خاص طور پر زیادہ طاقت صرف کرنی پڑے -

f. drink on him: اس کو شراب پینے پر مجبور کرنا ؛ بجبر یا بہ اصرار پلانا -

f. it out of his hands: اس کے ہاتھوں سے زبردستی نکال لینا ، چھین لینا -

forced loan: قرضہ جو (کسی سے) بجبر لیا جائے ، جس کے دینے پر (کسی کو) مجبور کر دیا جائے -

f. one's hand: کسی شخص کو مجبور کر دینا کہ وہ اپنی مرضی اور خواہش کے خلاف وہ کام (قبل از وقت) کرے جس کو وہ نہیں کرنا چاہتا -

f. one's way: اپنا رستہ پیدا کرنا ؛ زبردستی گھس جانا ؛ کسی نہ کسی طرح (کسی صحبت میں) پہنچ جانا -

f. one's voice: آواز کے قدرتی اتار چڑھاؤ سے زیادہ بلند آواز میں سر نکالنے کی کوشش کرکے اپنی آواز پر زور ڈالنا -

f. tears from his eyes: اس کی آنکھوں سے آنسو جاری کرا دینا ؛ اس کو رونے پر مجبور کر دینا ؛ اتنا متاثر کرنا کہ رو پڑے -

f. the facts out of him: اس کی زبان سے واقعات بجبر معلوم کر لینا ؛ اس کو صحیح واقعات بیان کرنے پر مجبور کر دینا -

f. the bidding at auction: جلد جلد (نیلام میں) بولی بول کر قیمت بڑھا دینا -

f. the pace: گھوڑ دوڑ میں تیز رفتار اختیار کرنا تاکہ حریف کو جلد تھکا کر ہرا دیا جائے -

f. the game: کھیل میں خطرات کی پروا نہ کرکے اپنی کامیابی کی رفتار کو تیز کرنے کی کوشش کرنا -

f. into, or *into doing*: کسی کام کے کرنے پر مجبور کرنا -

Force, *n.*: پانی کی چادر ؛ آبشار (انگلستان کے شمالی اضلاع کی زبان میں) -

Forceful, *a.*: (قدیم اور ادب) مضبوط ؛ قوی ؛ طاقتور ؛ با اثر -

forcefully, *adv.*: قوت سے ؛ طاقت سے ؛ اثر سے -

forcefulness, *n.*: طاقت ؛ قوت ؛ اثر -

Force majeure*, (mahzher) *n.: (۱) نا قابل مقابلہ ، نا قابل دفاع (واقعہ) ؛ جبر - (۲) ایسا استبداد جو سیاسی تدبیر میں نا قابل دفاع مانا جاتا ہو - (۳) جنگ ؛ ہڑتال ؛ وہ غیر متوقع

واقعہ جو محض حکم خدا سے پیش آے (انسان کے تدبیر
کو اس میں دخل نہ ہو) (مثلاً زلزلہ ' طوفان ' و با
موت وغیرہ)؛ واقعہ جس کی وجہ سے کسی قرار داد یا معاہدے
کی پابندی لازمی نہ رہے -

Force-meat, *n.* : مسالہ دار کٹا ہوا گوشت ' جس کو کھانے
کی مختلف اشیا میں بھر کر پکاتے ہیں -

Forceps, *n* : (Sing. & Pl.) گھرا ؛ زمبور ؛ فن جراحی کی
چمٹی ؛ کوئی چیز جو چمٹی کے مشابہ ہو یا چمٹی کی طرح
استعمال ہو سکے -

forcipate, *a.* چمٹی کی طرح بنا ہوا -

Forcible, *a.* : (۱) جو (کام) زبردستی اور بزور کیا گیا
ہو یا جس کے کرنے میں قوت استعمال کی گئی ہو - (۲)
با اثر ؛ اثر کرنے والا - (۳) مجلا ؛ چمکدار ؛ روشن -
(۴) یقین دلانے والا (کام ' الفاظ ' طرز ' طریقہ) -

f.-feeble کمزوری کو قوت کے مظاہرے سے چھپاے ہوے

forcibleness, *n.* : قوت ؛ اثر ؛ طاقت ؛ طاقتور ہونا ؛
با اثر ہونا -

forcibly, *adv.* : زبردستی سے ؛ بزور ؛ بجبر ؛ اثر سے -

Forcite, *n.* : ایک قسم کا جلد آگ پکڑنے اور پھٹ جانے
والا مادہ -

Ford, *n.* & *v. t.* & *i* : (۱) گھاٹ ؛ دریا وغیرہ میں پایاب اترنے
کی جگہ - (۲) پانی کو عبور کرنا ؛ پا یاب عبور کرنا ؛ گھاٹ اترنا

fordable, *a.* : وہ (دریا وغیرہ) جس کو پا یاب عبور
کیا جا سکے ؛ پایاب -

fordless, *a.* : وہ دریا وغیرہ جس پر کوئی گھاٹ نہ ہو -

Ford, *n.* : وہ موٹر کاریں جو فورڈ کے کارخانے میں بنتی ہیں -

Fordo, (-oo) *v. t.* : (۱) مار ڈالنا ؛ تباہ کردینا ؛ خراب کردینا - (۲)
(p.p.) تھکا ہوا ؛ ماندہ -

Fore, *a* & *n.* : (۱) سامنے ؛ آگے ؛ پیش (بر خلاف عقب)
(۲) اگلا حصہ ؛ سامنے کا حصہ ؛ (جہاز کا) اگلا حصہ -

at the f. : (بحری اصطلاح ؛ جہاز کے اگلے حصہ کے بادبان کے اونچے سرے پر -

come to the f. : نمایاں حصہ لینا ؛ آگے آگے رہنا -

to the f. : مقام پر موجود؛ قریب؛ تیار؛ ہوشیار (زندہ)؛ نمایاں

Fore, *adv.* & *prep* : (۱) (*adv*) (جہاز) کے سامنے کے حصہ میں -
(۲)(*prep*) (قدیم و شاذ) (کسی کی) موجودگی میں -

f.- & aft. : جہاز کا اگلا اور پچھلا حصہ ؛ سارے جہاز پر ؛
یہاں سے وہاں تک ؛ آگے سے پیچھے تک (لمبائی میں) -

f.- & aft rigged : وہ جہاز کہ جس کے اگلے اور پچھلے حصہ
میں بادبان ہوتے ہیں -

Fore, *int.* : (گولف) گیند کو مارتے وقت اس کی زد میں
جو لوگ ہوں ان کو خبر دار کرنے کے لئے بولا جاتا ہے

Fore- : (افعال ' صفات فعلی ' اسماے افعال اور افعال رسمی
اور دوسری طرح کے اسماء کے ساتھہ بولا جاتا ہے)

forerunner : جیسے (افعال وغیرہ کے ساتھہ بمعنی)"(۱) سامنے؛ آگے
foreordain : جیسے (۲) پہلے سے؛ پیشتر ہی سے ' جیسے
(اسماے افعال وغیرہ کے سوا اسماء کے ساتھہ بمعنی) (۱) مقابل کا؛
سامنے کا جیسے : *forequarter* - (۲) اگلا حصہ (کسی چیز کا)
forecastle جیسے : قریب ؛ طرف؛ متعلق جیسے (۳) *-forearm* :
(آیندہ واقعات وغیرہ کے جاننے ' اندازہ کرنے وغیرہ کے لیے جیسے -
- foreknowledge :

Forearm, *n* : بازو کا وہ حصہ جو کہنی سے کلائی تک یا انگلی
کے آخری پوروں تک ہوتا ہے (اسی طرح FORELEG اور
FOREWING) -

Forearm, *v. t.* : پہلے سے مسلح ہوجانا (کردینا) ؛ خطر سے
پہلے مدافعت کے لئے تیار ہوجانا -

Forebode, *v.t.* : (۱) پیشین گوئی کرنا (شاذ) ؛ نشان دہی
کرنا - (۲) شگون بد بتانا ؛ کسی امر کے وقوع سے پہلے دل
میں اندیشہ پیدا کرنا ؛ ماتھا ٹھنکنا ؛ وقت سے پہلے کسی انے
والے خطرے کا خیال پیدا ہونا -

forebodingly, *adv.* : بدشگونی سے ؛ پیش اندیشہ کے طور پر (یہ
صورت میں) -

Foreboding, *n* : (شاذ) پیشین گوئی ؛ شگون (بد) ؛ پیش
اندیشگی (خصوصاً برائی کے متعلق) -

Fore-cabin, *n.* : وہ رہایشی کمرہ جو جہاز کے اگلے حصہ میں
ہوتا ہے ؛ جس میں عموماً دوسرے درجے کے مسافر سفر کرتے ہیں -

Forecast, *v.t.* : پہلے سے اندازہ یا قیاس کرنا -

Forecast, *n* : (۱) دور بینی ؛ عاقبت اندیشی (شاذ) -
(۲) مستقبل کی کسی بات کا قیاس یا اندازہ (خصوصاً موسم کا) -

Forecastle (foksl) fo'c'sle, *n.* : (۱) جہاز کے آگے کے حصہ پر
ایک بلند عرشہ ؛ سب سے آخری اگلے باد بان کے سامنے عرشہ کا ایک
حصہ (جنگی جہازوں میں پہلے ہوا کرتا تھا) ؛ (تجارتی جہازوں
میں) اگلا حصہ عرشہ کے نیچے جہاں ملاح رہتے ہیں -

Foreclose, *v. t.* & *i.* : (۱) روک دینا ؛ باز رکھنا ؛ محروم کرنا -
(۲) کسی حق کے استعمال کرنے سے منع کر دینا - (۳) (قانون
رہن) (ایسے شخص کو جسے انفکاک رہن کا حق حاصل ہو)
زر مطالبہ کے روانہ کرنے پر حق انفکاک رہن سے محروم
کر دینا - (۴) (ایسے معاملہ کو جس میں بحث و مباحثہ کی
گنجائش ہو) پہلے ہی طے کر کے ختم کر دینا -

foreclosure, *n* : شئے مرہونہ کی ضبطی ؛ حق انفکاک کا
انسداد ؛ تکمیل رہن -

he had forclosed all manner of objection اوس نے پہلے
ہی تمام قسم کے اعتراضات کا سد باب کر دیا تھا -

Forecourt; *n.* : جنگلے سے گھری ہوئی انگنائی ؛ مکان کے سامنے
کا صحن ؛ چوک -

Forefather *n.* : (جمع میں) مورثان اعلی؛ وہ اشخاص (خصوصاً پیش
رو نسلوں میں) جنکی اولاد کسی شخص کے ماں اور باپ ہوں ؛
کسی خاندان کی گذشتہ نسلیں ؛ آبا و اجداد (واحد کے
صیغے میں بہت کم استعمال ہوتا ہے) ؛ مورث اعلی -

Forefinger, *n.* : وہ انگلی جو انگوٹھے کے بعد (ریب) ہوتی ہے
جسکو first finger اور indexfinger بھی کہتے ہیں؛ انگشت
شہادت ؛ سبابہ -

Forefoot *n.* : (۱) جانوروں کا ایک اگلا پاؤں - (۲)
(بحری اصطلاح) میں جہاز کے پیندے کا اگلا حصہ (لکڑی) -

crossing our f. : جب ایک جہاز کا راستہ کاٹ کر دوسرا جہاز
گذرے تو اوسکی نسبت (بحری اصطلاح میں) کہتے ہیں -

Forefront, *n.* : (۱) سب سے آگے کا حصہ ؛ اگلا حصہ -(۲) صف اول -

in the f. of the battle : فوج کے مہرہ میں ' جنگ میں سب سے آگے کے حصہ میں ؛ اولیں صف جنگ میں -

Foregather : دیکھو forgather -

Foregift, *n.*: پٹہ یا تجدید پٹہ کا بیعانہ یا سائی -

Forego, *v. t. & i.* (-went,-gone pr.-gawn-) : (۱) وقت اور مقام کے لحاظ سے مقدم ہونا - (۲) وہ نتیجہ جو پہلے ہی تا کزیر معلوم ہوگیا ہو -

foregoing, *a.* : جسکا ذکر پہلے آچکا ہے -

foregone conclusion : (نتیجہ) رائے جو شہادت اور ضروری واقعات متعلقہ کے علم میں آنے سے پہلے قائم ہوچکی ہو -

Forego: دیکھو forgo -

Foregoer, *n.*: پیش رو ؛ سابق ؛ جو پہلے گذراہو -

Foreground, *n.*: پیش منظر ؛ تصویر کا وہ حصہ جو دیکھنے والے کو سب سے قریب نظر آئے ؛ نمایاں مقام نظر -

Forehand, *n. & a.*: (۱) گھوڑے کا وہ حصہ جو سوار کے سامنے ہوتا ہے - (۲) ٹینس کے کھیل میں گیند کو مارنے کا ایک طریقہ (سامنے کی مار نہ کہ ہاتھ پیچھے کر کے) -

Forehead, (fo'red), *n.* : پیشانی ؛ ماتھا ؛ مستک ؛ جبیں ؛ ابرو کے اوپر اور کنپٹیوں کے درمیان چہرے کا حصہ -

Foreign(-rin), *a.*: (۱) غیر کی (ملکیت) ؛ غیر اشخاص یا غیر چیزوں کی طرف سے آئی ہوئی ؛ غیر (کسی سے یا کسی کا) - (۲) غیر متعلق ؛ انمیل ؛ مختلف ؛ ناجنس ؛ جدا ؛ بے جوڑ ؛ مناسبت نہ رکھنے والا (شخص یا شے) ؛ بیگانہ - (۳) باہر سے لائی ہوئی یا داخل کی ہوئی (چیز) ؛ باہر سے آیا ہوا (شخص) ؛ جس (شخص) کا مقام یا وطن باہر ہو ؛ جو کسی دوسرے صوبہ یا ضلع یا کسی دوسری جماعت سے نکل کر آیا ہو ؛ غیر ملکی ؛ بدیسی - (۴) ملک کے باہر ؛ اپنے قصبہ سے باہر ؛ اپنے ملک سے خارج ؛ کسی ایسے ملک کے متعلق جو اپنے ملک سے جدا ہو -

f. body or *substance in the tissues* : رگوں یا پٹھوں میں خارجی مادہ -

f. colonial, and home trade : غیر ملک کی یا نوآبادی یا اپنے ملک کی تجارت -

f. letter-paper : پتلا کاغذ جو غیر ممالک کو خطوط لکھنے کے کام آتا ہے تاکہ اوسکا وزن زیادہ نہ ہو اور ڈاکخانہ کو زیادہ محصول نہ دینا پڑے -

f. office : دفتر امور خارجہ یا وہ مکان جس میں اس محکمہ کا دفتر ہوتا ہے -

f. parts : غیر ممالک -

foreignism, *n.*: غیر ممالک کی نقل کرنا ؛ غیر ممالک کے خصائص اور محاورات -

foreignize, *v. t. & i.* : (عادات و خیالات وغیرہ میں) غیر ملکی بن جانا (بنا دینا) ؛ غیر ملکی کی نقل کرنا یا اتباع کرنا -

Foreigner, *n.* : (۱) وہ شخص جو غیر ملک میں پیدا ہوا ہو یا غیر ملکی زبان بولتا ہو ؛ غیر ملکی ؛ پردیسی - (۲) غیر ملکی جہاز - (۳) غیر ملک کی بھیجی ہوئی شے یا جانور -

Forejudge, *v. t.* : شہادت سننے سے پہلے رائے قائم کر لینا یا فیصلہ کر دینا -

Foreknow, *v. t.* : (۱) پہلے سے واقف ہوجانا ؛ علم رکھنا - (۲) علم غیب رکھنا ؛ آنے والے واقعات کا پہلے سے علم حاصل کر لینا -

foreknowledge, *n.*: کسی چیز کا علم (واقفیت) جو پہلے سے حاصل ہو ؛ علم پیشین -

Forel, Forrel, *n.* : صاف کئے ہوئے چمڑے کے مثل ایک قسم کا کاغذ جو حساب کی کتابوں اور بہی کھاتوں کی جلدوں پر لگایا جاتا ہے -

Foreland(-and), *n.* : (۱) راس ؛ زمین کی نوک جو سمندر میں بڑھی ہوئی ہو - (۲) زمین کا ٹکڑا جو کسی چیز کے سامنے ہو -

Foreleg, *n.*: جانور کی سامنے کی ٹانگ -

Forelock, *n.* : جو بال ٹھیک پیشانی کے اوپر ہوتے ہیں ؛ سامنے کے بال -

take time, occassion, &c by the f. : (کسی کام کے) موقعہ کو (وقت کو) ہاتھ سے نہ دینا ' ضائع نہ کرنا ؛ ٹھیک وقت پر کوئی کام کر لینا ؛ عین وقت پر کوئی کام کر لینا ؛ عین وقت پر کار روائی کرنا -

Forelock, *n. & v. t.*: (۱) دروازہ کی کنڈی یا کڑے کے سوراخ میں جو لکڑی کا یا لوہے کا ٹکڑا لگا دیا جاتا ہے تاکہ کھٹکا (چٹخنی) اپنی جگہ پر قائم رہے - (۲) اسطرح کھٹکا لگا کر بند کرنا -

Foreman, *n.* : (۱) جیوری کا صدر نشین (میر مجلس) جو جیوری کی طرف سے گفتگو کرتا ہے - (۲) مزدوروں کا پیش دست یا داروغہ جو دوسرے مزدوروں کے کام کی نگرانی کرتا ہے -

walking f. : مزدوروں کا داروغہ جو دوسرے مزدوروں کی نگرانی بھی کرتا ہے اور خود بھی مزدوری کرتا ہے -

Foremast(-ma-), *n.*: وہ بادبان جو جہاز کے اگلے حصہ میں ہوتا ہے -

f. man, seaman, hand : جو افسران جہاز کا ماتحت ملاح -

Foremost(-ost), *a & adv. superl.* : (۱) سب سے آگے ؛ حیثیت میں سب سے بڑھا ہوا ؛ سب سے زیادہ ؛ اولیں - (۲) سب سے زیادہ نمایاں ؛ بہترین ؛ خاص الخاص - (۳) (adv.:) پہلی صف میں ؛ پہلے درجہ میں ؛ سب سے اول -

head, end, &c., f. : سر آگے کئے ہوئے ؛ سر کے بل وغیرہ -

first and f. : پہلا اور بڑا ؛ اول اور آگے -

Forenoon, *n.*: دوپہر سے قبل ؛ قبل ظہر ؛ صبح ؛ نہار -

Forensic, *a.*: عدالتی ؛ متعلق عدالت ؛ جو عدالت میں استعمال ہو -

f. medicine : طبی (اصول) قانون -

forensically, *adv.*: حسب قانون (طبی) -

Foreordain, *v. t.*: پہلے سے مقرر کرنا ؛ پہلے سے طے کردینا ؛ پہلے سے قسمت کا فیصلہ کر دینا -

Forepeak, *n.*: (بحری اصطلاح) یعنی جہاز کے آگے کے حصہ کا آخری حصہ جو دونوں پہلوؤں کے جائے اتصال کے زاویہ کے درمیان ہوتا ہے -

Foreplane, *n.*: رندہ جو لکڑی کو کاٹنے یا کلہاڑی سے چھیلنے کے بعد سب سے پہلی دفعہ لگایا جاتا ہے -

Fore-reach, *v. i. & t.* : تیزی سے آگے بڑھ جانا ؛ کسی کو دوڑ کر پکڑ لینا ؛ کسی سے آگے نکل جانا -

Fore-run, *v.t.* (nn-;-ran, -run.) : (کسی بات کا یا چیز کا)

پیش رو ہونا ؛ پہلے سے (کسی واقعہ کے) نشان دھی کرنا ؛ پہلے سے بتا دینا (ظاھر کر دینا) کہ آئندہ کیا ہونے والا ہے -

forerunner, *n.* : پیش رو ؛ مستقبل کی نشان دھی کرنے والا -

Foresail, *n.* : وہ بادبان جو آگے کے مستول پر ہوتا ہے -

Foresee, *v. t.*: پیش بینی کرنا ؛ (کسی واقعہ کا) وقوع سے پہلے علم ہو جانا ؛ دور بینی کرنا ؛ علم الغیب رکھنا ؛ عاقبت اندیشی ' دور بینی سے کام لینا -

foreseeing, *a.*: دور بین ؛ دور اندیش ؛ پیش بین -

foreseeingly, *adv.* دور بینی سے -

Foreshadow, *v. t.*: پہلے سے نقشہ دکھا دینا ؛ (آنے والے واقعات کا عکس) پیش کر دینا ؛ شگون بتانا ؛ جھلک دکھانا ؛ کنایہ کرنا -

Fore sheet, *n.*: (۱) (بحری) اگلے مستول کے بادبان کے نچلے حصے میں بندھی ہوئی رسی - (۲) (جمع) کشتی کے ماتھے کا اندرونی کھلا ہوا حصہ -

Foreshore, *n.* : ساحل کا وہ حصہ جو پانی کے اتار اور چڑھاؤ کی حدود کے درمیان ہوتا ہے (وہ حصہ جو چڑھاؤ کے وقت پانی سے ڈھک جاتا ہے اور اُتار کے وقت خشک ہو جاتا ہے) ؛ وہ حصہ جو پانی (دریا وغیرہ) اور اُس خشکی کے درمیان ہو جس پر زراعت ہوتی ہو یا کوئی عمارت ہو-

Foreshorten, *v. t.* تصویر کو اس طرح بنانا یا (ترچھے رخ پر) دکھانا کہ نظر کے مطابق اگلا حصہ چھوٹا نظر آئے -

Foreshow, *v. t.* (P.P.–Shown) : (۱) پیشین گوئی کرنا ؛ پہلے سے بتا دینا ' آگاہ کرنا ' جتانا - (۲) شگون بتانا ؛ پہلے سے (آنے والی چیز یا واقعہ کی) تصویر دکھا دینا (نقشہ دکھا دینا) -

Foresight, *n.*: (۱) پیش بینی ؛ دور بینی ؛ مستقبل کی فکر - (۲) توپ یا بندوق کی اگلی مکھی (نشانہ یا ندھنے کا نشان) -

Foreskin, *n.*: عضو تناسل کے آگے کی کھال ؛ غلف ؛ قلفہ -

Forest, *n.* & *v. t.*: (۱) جنگل ؛ بن ؛ زمین کا ایک بڑا رقبہ جس میں بہت سے درخت ہوں یا جھاڑیاں ہوں یا کہیں کہیں چراگاہ بھی ہو - (۲) وہ درخت جو جنگل میں کھڑے ہوں - (۳) کسی ضلع یا شہر کا نام جیسے (Sherwood f.) جس سے ظاهر ہوتا ہے کہ پہلے اس مقام پر جنگل تھا اور اب زمین مزروعہ ہے - (۴) (قانونی اصطلاح) غیر محدود جنگلات کے اضلاع جو شکار کے لیے مخصوص رکھے جاتے ہیں (اور عموماً بادشاہ کی ملکیت ہوتے ہیں) - (۵) درخت لگانا ؛ جنگل بنا دینا -

a f. of masts: مستولوں کا ایک جنگل ؛ بکثرت مستولوں کا اجتماع ؛ بہت سے مستول -

f.-tree: بڑے جسم کا درخت ' جیسے کہ عموماً جنگلوں میں ہوتے ہیں -

Forestall (-awl), *v. t.*: (۱) پہلے سے سامان تجارت خرید کر رکھ لینا تاکہ جب بھاؤ بڑھے تو زیادہ نفع حاصل کیا جائے - (۲) کسی کام میں پیشقدمی کرنا - (۳) آئندہ ہونے والے واقعہ یا اسلوب یا ڈھنگ کا اندازہ کر کے حریف کی چالوں کو توڑ دینا ؛ ہرا دینا - (۴) وقت سے پہلے کارروائی کرنا ؛ پیش بینی کے ساتھ کام کرنا -

Forestay, *n.*: مستول ... کرنے کا رسا ؛ وہ بادبان جو اس رسے کے سہارے لٹکایا جاتا ہے -

Forester, *n.*: (۱) افسر جنگلات ؛ لکڑی کے محکمہ کا افسر - (۲) جنگل میں رہنے والا ؛ جنگل کا پرند یا جانور ؛ (۳) ایک قسم کا پروانہ ؛ پتنگا -

Forestry, *n.*: (۱) جنگل (بحیثیت مجموعی) ؛ جنگل کی زمین - (۲) جنگلوں کے انتظام کرنے کا فن -

Foretaste, *n.*: (۱) پہلے سے (کسی بات کی) تکلیف و راحت کا تھوڑا سا مزہ چکھ لینا - (۲) پہلے سے تکلیف و راحت (فائدہ یا نقصان) کا اندازہ کر لینا (ہو جانا) -

Foretaste, *v. t.*: پہلے سے چکھ لینا ؛ کسی بات کے لطف یا مزے کا پہلے سے اندازہ کر لینا -

Foretell, *v. t.* (-told) : پیشین گوئی کرنا ؛ آنے والے واقعات کو بتا دینا ' ظاهر کر دینا ؛ پہلے سے کہہ دینا -

Forethought, *n.*: پہلے سے بندوبست ' انتظام ؛ پیش بینی ؛ وہ ارادہ یا قصد جو پہلے سے سوچ سمجھ کر لیا گیا ہو ؛ دور اندیشی -

Foretime, *n.*: زمانہ گذشتہ ؛ ابتدائی زمانہ ؛ پرانا زمانہ ؛ اگلا زمانہ ؛ ایام گذشتہ -

Foretoken, *n.*: کسی آنے والے واقعہ کا شگون ؛ اشارہ ' پیش خیمہ -

Foretoken, *v. t.*: ہونے والے واقعہ کی طرف اشارہ کرنا ؛ شگون بتانا ؛ جتلا دینا -

Foretop, *n.*: آگے کے مستول کا اوپر کا سرا -

f. gallant mast : مستول جو سامنے کے مستول کے اوپر ہو -

f. gallant sail : وہ بادبان جو آگے کے اونچے بادبانوں کے اوپر ہو -

Foretype, *n.* : آنے والی (ہونے والی) بات کا نقشہ یا طرز جو پہلے سے معلوم ہو جائے -

Forewarn (-awn), *v. t.* : پہلے سے متنبہ کر دینا ' ہوشیار کر دینا ؛ خطرہ سے مطلع کر دینا ؛ آگاہ کرنا ؛ خبردار کرنا -

f. is fore armed : جس کو پہلے سے خطرہ کی اطلاع مل گئی وہ گویا پہلے سے خطرہ کا دفعیہ کرنے کے لیے مسلح ہو گیا -

Forewoman, *n.* : (۱) زنانہ جیوری کی صدر نشین - (۲) مزدور عورتوں کی داروغہ جو دوسری عورتوں کے کام کی نگرانی کرے -

Foreword, *n.* : کسی کتاب کا دیباچہ ؛ آغاز کلام ؛ پیش نامہ ؛ مقدمہ جو مصنف یا مولف کے علاوہ کسی دوسرے شخص نے لکھا ہو-

Foreyard, *n.* : سامنے کے مستول کا سب سے نچلا حصہ -

Forfars, *n.* : بے دھلے سن کا موٹا کپڑا -

Forfeit (-fit) *n.* & *a.* & *v. t.* : (۱) جو چیز مجرمانہ حرکت یا قصور کی وجہ سے ضائع ہو گئی (یا کی گئی) ہو ؛ پاداش یا تاوان - (۲) خلاف ورزی (نقض) معاہدہ یا غفلت کا تاوان یا جرمانہ - (۳) کسی کلب یا کھیل کے قواعد کی خلاف ورزی کی بنا پر خفیف جرمانہ - (۴) وہ چیزیں جو ایک قسم کے کھیل میں کھلاڑی حوالہ کر دیتا ہے تاکہ پھر کوئی تمسخر انگیز کام کر کے ان کو واپس لے سکے - (۵) ضبطی - (۶) حق ساقط ہونا ؛ حقوق سے محروم ہو جانا ؛ جرم اور غفلت

وغیرہ کا تاوان یا کسی دوسرے امر کو پاداش میں کچھ ادا کرنا۔

forfeitable, *a.* : قابل ضبطی -

forfeiture, *n.* : ضبطی ؛ ضبط شدہ چیز -

Forfend, *v. t.* : ٹالنا ؛ ہٹانا ؛ دور کرنا ؛ پھیرنا ؛ دفع کرنا ؛ باز رکھنا ؛ دور رکھنا -

God f.! خدا بچائے ؛ خدا محفوظ رکھے -

Forficate, *a.* : (حیوانیات) (پرندوں کی چونچ ، دم وغیرہ) قینچی کے پھلوں کی صورت کا ؛ مثل قینچی کے ؛ پر مقراض کی طرح -

Forgather, *v. i.* : جمع ہونا ؛ یکجا ہونا ؛ ملنا ؛ گفتگو کرنا ؛ باتیں کرنا -

Forgave : دیکھو FORGIVE -

Forge, *n.* : (۱) لوہار خانہ ؛ لوہار کی بھٹی ؛ آتش دان جس میں دھونکنیاں لگی ہوتی ہیں - (۲) دھاتوں کے گلانے یا صاف کرنے کی بھٹی ؛ وہ کار خانہ جس میں اس قسم کی بھٹی ہو -

Forge, *v. t. & i.* : (۱) آگ میں گرم کر کے اور ہتھوڑوں سے مار کر خاص شکل پیدا کرنا - (۲) گھڑنا ؛ ایجاد کرنا ؛ اختراع کرنا (جھوٹی باتیں اور جھوٹے قصے) - (۳) جعل بنانا ؛ دھوکہ دینے کے لیے کوئی نقلی چیز بنانا ، خصوصاً اس طرح لکھنا (دستاویزات یا دستخط) کہ کسی دوسرے کا لکھا سمجھا جائے -

forgeable, *a.* : جس چیز (دستاویز وغیرہ) کا جعل بنایا جاسکے -

forger, *n.* : جعل ساز -

Forge, *v. i.* : راستہ پیدا کرنا ؛ بڑھنا (بتدریج یا بمشکل) -

f. ahead : بتدریج یا مشکل سے (کوشش کر کے) آگے بڑھنا ؛ دوڑ میں آگے نکل جانا ؛ دوڑ شروع ہونے سے پہلے ہی آگے نکل جانا

Forgery, *n.* : (۱) جعلی دستاویز بنانا یا دستاویزات میں جعل بنانا ؛ جعل سازی - (۲) مصنوعی ، جھوٹی ، جعلی ، نقلی چیز (خصوصاً دستاویز یا دستخط) -

Forget (-g-), *v. t. & i.* (-got, -gotten & poet. -got; -tt-) : (۱) بھول جانا ؛ فراموش کردینا ؛ خیال نہ رکھنا ؛ یاد نہ رکھنا (نہ رہنا) - (۲) لاپروائی کرنا - (۳) کسی چیز (یا شخص) کو بھول جانا ؛ (کسی شخص یا چیز کے) لانے (اس کی طرف) توجہ کرنے (یا اس کا ذکر کرنے) کو سہواً بھول جانا - (۴) توجہ نہ کرنا ؛ بے التفاتی کرنا - (۵) نا زیبا طرز عمل اختیار کرنا (بیہودہ پن کرنا) ؛ اپنی خود داری کو فراموش کرنا -

forgive and f. : معاف کرنا اور بھول جانا (خطا کو ، رنج کو ، کسی واقعہ کو) -

f. -me-not : ایک قسم کا پھول ، خصوصاً وہ جس کا جسم چھوٹا ہوتا ہے اور رنگ نیلا اور اس پر زرد رنگ کی آنکھیں ہوتی ہیں -

f. -me-not, blue : نیلا رنگ جو اس پھول کی نیلاہٹ سے ملتا جلتا ہے -

f. oneself : اپنے مفاد کو بھول جانا ؛ اپنی توقیر و عزت کو بھول جانا ؛ شائستگی اور معقولیت کے اقتضا کو فراموش کردینا اور نا زیبا طرز عمل اختیار کرنا -

forgettable, *a.* : قابل فراموشی -

forgetfulness, *n.* : بھول ؛ فراموشی -

forgetfully, *adv.* : بھول کر ؛ سہواً -

forgetful, *a.* : بھولنے والا ؛ بھولا ؛ بھلکڑ -

Forgive, *v. t.* (-gave, -given) : معاف کردینا ؛ بخش دینا ؛ چھوڑ دینا ؛ عفو کرنا ؛ (قرضہ) معاف کر دینا ؛ (جرم یا مجرم کو) بخش دینا -

forgivable, *a.* : قابل معافی -

forgiving, *a.* : معاف کردینے والا ؛ عفو پرور -

forgivingly, *adv.* : از راہ عفو تقصیر ؛ از راہ بخشش

forgivingness, *n.* : بخشش ؛ رحمدلی ؛ معاف کردینے کی خصلت -

forgiveness, *n.* : معافی ؛ عفو پروری -

Forgo, *v. t.* (-went, -gone) : (کسی چیز سے) بچنا ؛ پرہیز کرنا ؛ (بغیر کسی چیز کے) گذارہ کرنا ؛ دست بردار ہونا ؛ ہاتھ دھو بیٹھنا ؛ استعمال کرنے یا لینے سے باز رہنا ؛ چھوڑ دینا -

Fork, *n. & v. t. & i.* : (۱) دو شاخہ - (۲) ایک لمبا اور زراعتی اوزار (کھودنے چیزیں اٹھانے لے جانے اور پھینکنے کے لیے) ؛ تنگلی - (۳) دو تین یا چار دندانوں کا کانٹا جس سے کھانا کھاتے ہیں اور جو باورچی خانہ میں بھی استعمال ہوتا ہے - (۴) موسیقی کا ایک فولادی ساز جس پر ضرب لگانے سے ایک خاص قسم کا سرگم پیدا ہوتا ہے ؛ سر کا دو شاخہ - (۵) ایک دو شاخہ لکڑی سے سہارا لگانا (ٹیک لگانا) جس طرح انگور کی بیل وغیرہ کو سہارا دیتے ہیں - (۶) چیرنا ؛ دونوں طرف پھیلانا جیسے انسان اپنی ٹانگیں چیر کر کھڑا ہوتا ہے یا ایک ہی نقطہ سے دو طرف سڑکیں (راستے) پھیل جاتی ہیں یا جس طرح درخت کی شاخیں پھیلتی ہیں - (۷) شاخیں بنانا یا پیدا ہونا - (۸) دو شاخہ سے اٹھانا یا پھینکنا ؛ کھودنا ؛ اٹھا کر لے جانا - (۹) دو شاخہ بجلی کی کوند -

f. out or *over* : (بازاری) حوالہ کرنا ؛ دینا ؛ ادا کرنا -

forky, *a.* : ناخدار ؛ کانٹے کی طرح (عموماً شاعری میں) -

Forked, *a.* : ایک طرف سے دو شاخہ ؛ ایسا جس سے شاخیں نکلی ہوئی ہوں ؛ منفرج ؛ پھٹا ہوا ؛ چرا ہوا ؛ دو ٹانگوں والا -

three -f. : تین شاخوں والا -

Forlorn, *a.* : (۱) مایوس ؛ نا امید ؛ لاچار (جس کو سب نے چھوڑ دیا ہو) ؛ تن تنہا ؛ بیکس (۲) (شاعری میں) محروم ، قابل رحم حالت میں ؛ آفت رسیدہ ؛ غم زدہ ؛ مبتذل صورت -

Forlorn hope, *n.* : (۱) (قلعہ یا غنیم کی فوج پر) حملہ کا آغاز کرنے والی جماعت - (۲) مایوسی کی حالت میں جان توڑ اور لاچار ہوکر کوئی کام کر بیٹھنا - (۳) اُمید موہوم -

Form, *n.* (۱) صورت ؛ شکل ؛ ترتیب اجزاء و اعضاء ؛ ظاہری صورت

(قطع نظر رنگ کے)؛ جسم کی شکل؛ تناسب اعضا؛ چہرہ؛ ہیکل؛ پیکر - (۲) شخص یا جانور جیسا کہ وہ بظاہر نظر آتا ہو - (۳) (فلسفہ) وہ جو مادہ کو ایک معین نوع بنا دے - (۴) (فلسفہ بیکن) اشیا کے وجود کے وہ اسباب جن کو جان کر ہم اُن اشیا کو پیدا کرسکتے ہیں - (۵) (کانٹ کا فلسفہ) تکوینی مبادی جو شے کے عناصر کو مجتمع رکھتی ہے - (۶) وہ ہیئت، قسم، نوع جس میں (جس کے تحت میں، جس کی شکل میں) کوئی شے موجود ہو یا اپنے کو ظاہر کرے - (۷) (صرف و نحو) لفظ کی وہ صورت جس کو وہ ہجا، تلفظ یا گردان میں اختیار کرتا ہے؛ معنی سے قطع نظر کرکے لفظ کی ظاہری خصوصیات - (۸) "پبلک" مدارس میں جماعت بندی (جو عموماً ششم سے اُترتے ہوئے یکم تک شمار کی جاتی ہے) - (۹) (علمی ادبی یا موسیقی کے متعلق) تصنیف و تالیف میں ترتیب و طرز بیان و انشاء - (۱۰) حسب قاعدہ مرتب دستاویزات یا ایسی دستاویزات جن میں بعض خالی مقامات الفاظ سے بدلے جائیں - (۱۱) ترتیب الفاظ؛ بعض مطالب کے لئے مقررہ الفاظ یا فقرے - (۱۲) صحت کی حالت؛ ترتیب؛ عادت؛ معمول - (۱۳) رسمی طریقہ، رواج، طرز عمل (قاعدہ یا رواج کے مطابق) - (۱۴) جسمانی ورزش کی عادت؛ ملکہ - (۱۵) ایک لمبی بیٹھنے کی جگہ (bench) جس میں پشت کا تختہ نہیں ہوتا - (۱۶) (طباعت) ٹائپ کا مجموعہ جو ایک بلدش میں جمایا گیا ہو تاکہ ایک داب میں اُس سے چھپائی کی جا سکے - (۱۷) خرگوش کی رہنے کی جگہ

good, bad, f.: اچھا یا برا طرز عمل مطابق رواج یا موجودہ رسوم کے خلاف؛ بدتمیزی یا تمیز -

in due f.: مقررہ ترتیب الفاظ کے ساتھ؛ معینہ صورت میں (دستاویزوں اور عبارتوں کے متعلق) -

in or *out of f.*: کوئی کام (کھیل) کرنے کے قابل یا ناقابل (مثلاً گھوڑے کا گھوڑ دوڑ کے قابل ہونا یا نہ ہونا) -

lose one's *f.*: عادت باقی نہ رہنا؛ خارج از تربیت ہوجانا؛ کھیل کا ملکہ باقی نہ رہنا، عادت چھٹ جانا -

saw a f.; the f. of, before me: ایک پیکر - (فلاں شخص) کا پیکر میں نے اپنے سامنے دیکھا -

that is common f.: یہی عام، رواجی، طرز (بیان یا تحریر) ہے -

was in great f.: بہت شگفتہ مزاج تھا؛ بہت خوش و خرم تھا -

Form, *v. t. & i.*: (۱) بنانا؛ گھڑنا؛ ڈھالنا (کسی شکل میں) - (۲) کوئی صورت یا شکل اختیار کرنا - (۳) منجمد یا سخت ہو جانا - (۴) (کسی شخص کو یا اُس کے قویٰ کو) ترتیب یا تعلیم دےکر ایک خاص وضع یا شکل پیدا کرنا؛ (کسی جماعت کو) منظم کرنا؛ جماعت کی شکل میں مجسم کرنا - (۵) نقشہ تیار کرنا؛ ڈول ڈالنا؛ پیدا کرنا - (۶) تلفظ کرنا؛ (الفاظ) ادا کرنا؛ خیال میں لانا؛ سوچنا؛ تصور کرنا - (۷) ترقی دینا؛ بڑھانا (عادت یا اتحاد کو) - (۸) کسی چیز کا حصہ ہونا؛ کسی چیز کا جزو بن جانا - (۹) (نحو) اشتقاق یا گردان کے ذریعہ نیا لفظ بنانا؛ وضع کرنا؛ کسی لفظ سے (یا لفظ کے مادہ سے) جدید لفظ پیدا کرنا - (۱۰) (فوجی اصطلاح) ترتیب دینا کسی خاص ترتیب کے ساتھ قائم کرنا یا ہونا؛ کسی معینہ ضبط و نظم کے ساتھ کھڑا کرنا (فوج کو) -

f. after, by, from, upon, pattern: کسی نمونہ کے مطابق ڈھالنا، گھڑنا -

f. coloumn: پرا باندھ کر کھڑا کرنا یا ہونا (سپاہیوں کو) -

f. fours: چار چار کی قطار میں (سپاہیوں کو) کھڑا کرنا یا سپاہیوں کا اس طرح کھڑا ہونا -

f. line: صف بنا کر کھڑا کرنا (کھڑا ہونا) -

f. one or *part of*: کوئی چیز بن جانا (یا بنانا) یا اُس کا ایک حصہ بن جانا (بنا دینا) اُس میں شامل ہو جانا؛ چل جانا (شامل کر دینا، ملا دینا) -

Form-: (formyl یا formic کے مرکبات) -

formaldehyde: ایک تریاقی اور دافع جراثیم دوا -

formalin: اس دوا کا محلول -

-form,: (لاحقہ) شکل ظاہر کرنے اور تعداد اشکال بتانے کے لئے -

cruciform: صلیبی؛ صلیب کی شکل کا -

cuneiform: تکونا؛ تکیلا؛ اُلٹا مثلثی -

diversiform: مختلف شکلوں کے -

multiform: بہت سی شکلوں کے -

uniform: ایک شکل کے؛ ہم شکل -

Formal, *a.*: (۱) (ما بعد الطبعیات) شے کی اصلیت و ماہیت کے متعلق - (۲) بلا ترتیب و تنظیم یا بلا صفات خارجی - (۳) (منطق) استدلال کی صوری (نہ کہ مادی) کے متعلق - (۴) اپنی شکل و صورت کے لحاظ سے جائز و بجا؛ صریح اور قطعی (نہ کہ محض ضمنی) - (۵) رسم و رواج کے مطابق؛ تکلفی؛ ظاہر دار - (۶) بے پروائی کا (ظاہر داری ہو مگر خواہش اور احساس نہ ہو) - (۷) رسمی طریقوں کی پابندی کرنے والا؛ اپنی عادتوں میں چست، چوکس؛ نہایت درجے با قاعدہ؛ قاعدے اور طریقہ پر کاربند؛ اپنے طریقوں پر سختی سے عامل؛ سخت؛ روکھا؛ کام کو مقررہ اسلوب اور طریقہ سے کرنے والا -

f. call: حسب رواج کسی کے مکان پر ملاقات کے لئے جانا؛ رسمی ملاقات؛ ضابطہ کی ملاقات -

formalism *n.*: رواج و دستور و قاعدہ کی پابندی -

formalist, *n.*: رواج اور دستور اور قاعدہ کی پابندی کرنے والا -

formalistic, *a.*: جس بات سے (کام سے) قاعدہ اور ضابطہ کی پابندی مترشح ہو -

formally, *adv.*: دستور و رواج یا قاعدہ اور طریقہ کے مطابق -

Formality, *n.*: (۱) دستور؛ رواج؛ طور؛ وضع؛ قطع؛ طریقہ؛ قاعدہ؛ اسلوب؛ مناسبت؛ شائستگی؛ معقولیت؛ اصولوں کی مطابقت - (۲) تقریب یا رسم جو بہت ساز و سامان کے ساتھ انجام دی جائے - (۳) کوئی رسمی یا رواجی کارروائی - (۴) آداب مجلس یا رواج کے لوازمات (۵) دستور و رواج پر کاربند ہونا - (۶) آداب صحبت کی پابندی -

Formalize, *v. t.*: (۱) کسی چیز کو قطعی شکل یا قانونی ترتیب میں لانا - (۲) کسی بات (یا کام کو) بہت تکلف آمیز اور رسمی بنانا - (۳) وضعداری کی شدت سے پابندی کرنا - (۴)

پابندی رسم و رواج کا احساس پیدا کر دینا -

formalization, *n.* (کسی چیز یا امر کو) رسمی (مروجہ رواج یا طریقوں کا پابند) بنا دینا

Format (*-ah*), *n.*: کتاب کے شکل اور حجم اور تقطیع -

Formation, *n.*: (۱) بنانا ؛ تشکیل کرنا ؛ بن جانا ؛ کسی شکل میں آجانا - (۲) وہ چیز جسکی تشکیل کی گئی ہو ' جو بنائی گئی ہو - (۳) اجزاء و حصص کی بناوٹ؛ ترتیب - (۴) (فوجی اصطلاح) فوج کی آراستگی ؛ ترتیب - (۵) (علم طبقات الارض) ایسی چٹانوں یا زمین کے طبقات کا اجتماع جسکی بعض خصوصیات مشترک ہوں -

Formative, *a.* & *n.*: (۱) جو کسی چیز کو بنانے یا ترکیب دینے کی قابلیت رکھتا ہو - (۲) (صرف و نحو) اشتقاق و گردان کے سابقے اور لاحقے ؛ جن سے الفاظ بنائے جاتے ہیں -

f. element: بنانے والا ' ترکیب دینے والا عنصر -

Forme, *n.*: (طباعت کے متعلق) form دیکھو -

Former, *a.* & *pron.*: گذرا ہوا ؛ پہلا ؛ پچھلا ؛ اگلے زمانے کا

in f. time: گذرے ہوئے زمانے میں -

more like her f. self: پہلے کی سی ہے -

our f. haunts: وہ جگہ جہاں ہم اگلے زمانہ میں آیا جایا کرتے تھے (جہاں ہم پہلے زیادہ آتے تھے) ؛ ہمارے پرانے اڈے ؛ ہماری پرانی جولان گاہیں -

the f.: پہلا ؛ مذکورہ دو میں سے پہلا ؛ اول الذکر بخلاف آخر الذکر) -

formerly, *adv.*: پہلے ' اگلے زمانہ میں -

Formic, *a.*, *f. acid*: (کیمیا) بے رنگ تیز اڑ جانے والا تیزاب جو اس رقیق مادہ میں ہوتا ہے جو چیونٹیوں کے اندر سے نکلتا ہے -

formate, formene, formyl formic کے مرکبات -

Formidable, *a.*: خوفناک ؛ ڈراؤنا ؛ مہیب ؛ مرعوب کرنے والا ؛ وہ جسکا مقابلہ کرنا یا جسکو مغلوب کرنا دشوار ہو -

formidableness, *n.*: خوفناکی -

formidably *adv.*: خوفناکی کے ساتھ ؛ رعب و داب کے ساتھ -

Formless, *a.*: بے شکل ؛ بے صورت ؛ جسکی کوئی مقررہ شکل و صورت نہ ہو ؛ بے پیکر -

formlessness, *n.*: بے پیکری -

formlessly *adv.*: بغیر شکل کے -

Formula, *n.* (pl. *-ae*, *-as*): (۱) الفاظ کی مقررہ ترتیب یا نشست - (۲) تعریف؛ کسی اصول کا اعلان - (۳) کسی خاص موقعہ پر زبان سے ادا کرنے کے لئے کوئی بیان - (۴) ایسا قاعدہ جس پر بغیر سمجھے عمل کیا جائے - (۵) بول ؛ مروجہ عقیدہ ؛ دستور - (۶) نسخہ ؛ ترکیب - (۷) ایسا اصول جو اختلاف مقاصد و آراء میں موافقت پیدا کرے - (۸) (ریاضی ' الجبرا کے علامات میں قاعدہ یا اصول) ضابطہ - (۹) علامات کے ذریعہ سے کسی مادہ کے اجزاء ترکیبی کا اظہار ؛ بعض حقائق کا بذریعہ علامات واعداد نقشہ یا جدول بنانا

diplomatists are seeking a f.: مدبرین ایک درمیانی شکل تلاش کر رہے ہیں (تاکہ اختلاف آراء کو دور کیا جاسکے.

formulism, *n.*: مروجہ عقائد کا ماننا -

formulist, *n.*: مروجہ عقائد کو ماننے والا یا جو کسی اصول کا اعلان کرے یا کسی ضابطہ (formula) کو جانے -

fomulistic, *a.*: ضابطہ (formula) کی طرف رجحان رکھنے والا -

formularize, formulize, *vv. t.*: ضابطہ بنانا ؛ ضابطہ کی شکل میں لانا -

formularization, formulization, *nn.*: ضابطہ بنانے کا عمل یا طریقہ -

Formulary, *n.* & *a.*: (۱) ضابطہ (formulas) کا مجموعہ - (۲) اصولوں یا مقررہ بیانات یا عقائد یا نسخوں کا مجموعہ - (۳) کوئی دستاویز یا کتاب جسمیں مقررہ اصول یا نسخے مندرج ہوں (خصوصاً عقائد یا مذہبی مراسم کے متعلق) -

Formulate, *v. t.*: (۱) ضابطہ (فارمولا) کا رتبہ دینا یا بنانا - (۲) اصول کی صورت میں کسی امر کو ظاہر کرنا - (۳) باقاعدہ یا اصولی طریقہ پر (صورت میں) کسی چیز (یا امر) کو پیش کرنا

formulation, *n.*: ضابطہ سازی ؛ ضابطہ بنانا یا ضابطہ کا رتبہ دینا -

Fornicate, *v. i.*: غیر منکوحہ عورت کے ساتھہ زنا کرنا -

Fornication, *n.*: (۱) مرد (بعض اوقات اس لفظ کا اطلاق غیر شادی شدہ مرد پر ہوتا ہے) اور عورت (بعض اوقات اس لفظ کا اطلاق غیر شدہ عورت پر ہوتا ہے) کے درمیان مجامعت جو برضا ورغبت کی جائے - (۲) زنا -

Forpined, *a.*: (متروک) فاقوں کا مارا ؛ جو فاقے کرتے کرتے (یا اذیت برداشت کرتے کرتے) سوکھہ گیا ہو ' کمزور و ناتواں ہو گیا ہو -

Forrader: دیکھو Forward -

Forrel: دیکھو Forel -

Forsake, *v. t.* (sook, -saken): (۱) چھوڑ بیٹھنا؛ ترک کردینا ؛ کسی چیز سے قطع تعلق کرلینا ؛ چھوڑ دینا - (۲) کسی کو اپنی مدد ' ہمدردی یا دوستی سے محروم کردینا - (۳) ترک کر دینا ؛ دست بردار ہوجانا - (پہلے refuse اور deny, repudiate کے معنوں میں بھی استعمال ہوتا تھا)

Forsooth (-th), *adv.*: در حقیقت ؛ فی الحقیقت ؛ صحیح طور پر ؛ سچائی سے ؛ بلا شبہ (ہمیشہ طنزاً استعمال ہوتا ہے) -

Forspent, *a.*: تھکا ہوا ؛ ماندہ ؛ در ماندہ ؛ عاجز -

Forswear (-war) *v. t.* (-swore, sworn): توبہ کرنا ؛ (قسم کھا کر کسی چیز یا بات یا عمل کو) ترک کرنا ؛ قسم کھانا (ترک فعل کی) -

f. oneself: دروغ حلفی کرنا ؛ جھوٹا حلف اٹھانا -

Fort, *n.*: (۱) مستحکم مقام (عموماً ایک عمارت یا فوجی عمارتوں کا سلسلہ) ؛ قلعہ ؛ گڑھی ؛ حصار ؛ کوٹ - (۲) (شمالی امریکہ کی اصطلاح میں) تجارتی مرکز (جس میں پہلے عموماً فوجی استحکامات ہوا کرتے تھے) -

Fortalice, *n.*: (متروک شاعری) قلعہ ؛ گڑھی؛ (جدید معنوں میں چھوٹا سا قلعہ یا قلعہ کے باہر استحکامات کا ایک چھوٹا سلسلہ -

Forte, *n.*: (۱) کسی شخص کی استعداد ؛ قابلیت ؛ کوئی خاص اخلاقی یا دماغی قوت - (۲) کوئی ایسی قوت یا فضیلت جو کسی کو ممتاز کرتی ہو - (۳) تلوار کا پھل قبضے

سے وسط تک -

Forte, *a. adv. & n.* : (۱) (موسیقی کی ہدایت) بلند (آواز سرور وغیرہ) - (۲) بلندی یا تیزی سے - (۳) بلندی یا تیزی (آواز وغیرہ کی) -

forte forte (abbr.ff). بہت بلند یا تیز (آواز، سر وغیرہ)

f. piano (abbr. f p.) : بلند اور فوراً پست -

Forth, *adv. & prep.* : (۱) آگے کی طرف ؛ آگے (اب صرف لفظ back کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) - (۲) (وقت) آج سے آگے کو ؛ آج کے بعد ؛ آئندہ - (۳) (مرکب صورت میں) اب کے بعد سے ؛ اس دفعہ کے بعد سے - (۴) نظر میں ؛ پیش نظر - (۵) گھر سے باہر ؛ آگے - (۶) کسی چیز کے اندر سے باہر آنا (متروک) -

back & f. : آگے پیچھے ؛ پیش و پس -

bring, come, show &c., f. : آگے آنا ؛ لانا ؛ لا کر دکھانا -

cast f. : گھر سے نکال دینا ؛ خارج کر دینا ؛ نکال کر پھینک دینا -

from thistime f. اس وقت سے، آج کے دن سے (ہمیشہ تک) -

henceforth : اب کے بعد سے ؛ اس دفعہ کے بعد سے -

sail, issue f. : کشتی میں روانہ ہوجانا یا گھر سے نکل کر روانہ ہونا -

so f., علیٰ ہذا ؛ اسی طرح سے وغیرہ -

so far f. : اس حد تک -

so far f. as کسی حد تک ؛ خواہ کتنا ہی ہو -

Forthcoming, *a.* : (۱) وہ چیز (یا واقعہ) جو عنقریب آنے والا ہو، پیش آنے والا ہو ؛ جس کا آنا بہت قرین قیاس ہو ؛ قریب آنے والا ؛ جو جلد واقعہ ہونے والا ہو - (۲) جو وقت ضرورت پیش کیا جا سکے، آگے لایا جا سکے -

Forthright, *adv.*, forthright, *a. & n.* : (متروک) (*adv.*) = (۱) سچائی سے ؛ صفائی سے ؛ کھرے پن سے - (۲) براہ راست ؛ فوراً - (*a.*) (۳) سیدھا (جانا) ؛ بخط مستقیم (جانا) - (۴) صاف گو ؛ اٹل ؛ غیر مذبذب ؛ فیصلہ کن ؛ چست ؛ عاقل ؛ ہوشیار ؛ تیز - (۵) سیدھا راستہ (نیز مجازاً) -

ff. and meanders : راستی اور پیچ و خم : صفائی اور الجھاو (ملے ہوئے) -

Forthwith, *adv.* : فوراً ؛ بغیر تاخیر کے ؛ فی الفور -

Fortification, *n.* (۱) مستحکم کرنا ؛ استحکام - (۲) شراب کو الکحل ملا کر تیز و تند بنانا - (۳) (فوجی اصطلاح) استحکامات مہیا کرنے یا بنانے کا عمل، طریقہ یا فن - (۴) (جمع) استحکامات ؛ دفاعی (سامان) (تعمیر وغیرہ) دیواریں ؛ مٹی کے پشتے ؛ مینار وغیرہ -

Fortify, *v. t. & i.* : (۱) کسی عمارت یا کسی چیز کی بناوٹ کو مضبوط بنانا - (۲) کسی چیز یا جسم میں قوت عمل پیدا کرنا - (۳) جسمانی قوت یا قوت برداشت پیدا کرنا - (۴) اخلاقی یا دماغی حیثیت سے قوی بنانا - (۵) ہمت افزائی کرنا - (۶) شراب کو الکحل سے تیز و تند بنانا - (۷) تصدیق کرنا ؛ توثیق کرنا (کسی بیان کی) - (۸) (شہر فوج یا اپنے لئے) استحکامات بنانا، مہیا کرنا ؛ قلعہ شہر وغیرہ بنانا -

fortifiable, *a.* : مستحکم بنائے جانے کے قابل -

fortissimo (abbr.ff., ffor, fortiss.) : (موسیقی کی ہدایت) بہت تیز یا بلند (آواز سر وغیرہ) (یہ لفظ forte کی صفت تفضیل ہے) -

Fortiter, دیکھو SUAVITER

Fortitude, *n.* : تکلیف یا مصیبت میں ہمت، تحمل -

Fortnight, *n.* : دو ہفتے کی مدت -

today, this day, &c f. : آج سے دو ہفتے -

Fortnightly, *a. & adv.* : (۱) ہر دو ہفتہ کے بعد ایک دفعہ (واقعہ ہونا، آنا، جانا وغیرہ) -

Fortress, *n. & v. t.* : (۱) فوجی قلعہ ؛ خصوصاً مستحکم شہر ؛ جس میں زیادہ فوج رہ سکتی ہو - (۲) (شاعری) حفاظت کے لئے قلعہ کا کام دینا ؛ قلعہ کی طرح کام آنا

Fortuitism, *n.* : یہ عقیدہ کہ قدرتی اسباب یا اتفاقات سے ارتقائی تغیرات پیدا ہوتے ہیں نہ کہ تدبیر سے -

fortuitist, *n.* : اس عقیدہ کا ماننے والا -

Fortuitous, *a.* : اتفاقیہ ہونے والا (واقعہ) ؛ قدرتی اسباب سے پیدا ہونے والا ؛ ہنگامی ؛ اتفاقی ؛ ناگہانی -

fortuitously, *adv.* : ہنگامی، اتفاقی طور پر -

fortuitousness, *n.* : اتفاق ؛ حادثہ -

Fortuity, *n.* : (۱) ہنگامی ؛ اتفاقی واقعہ ؛ حادثہ - (۲) بغیر نیت و ارادہ کے ہوجانے والی بات -

Fortunate, *a.* : جس کی قسمت موافق ہو ؛ خوش قسمت ؛ خوش حال ؛ مبارک ؛ نیک ؛ سعید ؛ موافق -

Fortunately, *adv.* : خوش قسمتی سے ؛ کامیابی سے ؛ (کبھی جملہ معترضہ کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے تو یہ معنی دیتا ہے) یہ ایک خوش قسمتی کی بات ہے کہ -

Fortune *n.* : (۱) قسمت یا تقدیر (جو انسان کی زندگی کے معاملات میں ایک قوت سمجھی جاتی ہے) - (۲) (بطور اسم خاص) قسمت کی دیوی - (۳) اچھا یا برا اتفاق جو کسی شخص کو کسی کام میں پیش آئے - (۴) قسمت کا لکھا ؛ مقسوم - (۵) خوش حالی ؛ اچھی حالت ؛ دولت ؛ دولت مندی -

try the f of war : جنگ کر کے آزمانا -

soldier of f : وہ لوگ جو جنگ کے زمانے میں محض (مالی) فائدہ کی امید پر اوسی فریق کی فوج میں شامل ہوجاتے ہیں جو ان کی خدمات کا معاوضہ دیتا ہے یا وہ فوجی آدمی جو اپنی قابلیت اور کوشش سے چھوٹے درجہ سے بڑے درجہ تک پہنچے ہوں -

try one's f. : قسمت آزمائی کرنا ؛ اپنی قسمت آزمانا ؛ کوئی ایسا کام کرنا جس میں فائدہ کا امکان اور خطرہ کا اندیشہ دونوں ہوں -

f. teller : جوتشی ؛ رمال ؛ نجومی وغیرہ -

f.-hunter : جو شخص دولت مند بیوی تلاش کرتا ہو -

good f. : خوش قسمتی ؛ خوش نصیبی -

make a f. : دولت مند بننا -

make one's f. : ترقی کرنا -

marry a f. : دولت مند لڑکی سے شادی کرنا -

spent a small f. on it : اُس کام پر خاصی دولت خرچ کر ڈالی -

tell person his f. : کسی شخص کو اُس کی قسمت کا حال بتانا (نجوم، رمل، جوتش وغیرہ کے ذریعہ سے) -

fortuneless *a.* : بے دولت؛ مفلس -

Fortune, *v. i.* : (شاعری، متروک) اتفاق، ہنگام، واقعہ ہونا - اتفاقاً پالینا (دولت، روپیہ وغیرہ) -

Forty, *a. & n.* : چالیس؛ چہل؛ (۴۰) -

after f. : (عمر) چالیس سال کے بعد -

f.-first. : اکتالیسواں-

f. one : اکتالیس -

f. penny nail : اتنی بڑی کیل کہ اگر ویسی چالیس کیلوں کو تولا جائے تو کل وزن ۴۰ پونڈ ہو

f. winks : مختصر نیند؛ تھوڑی دیر سو جانا (خصوصاً کھانے کے بعد)؛ غنودگی؛ قیلولہ -

over f. : (عمر) چالیس سال سے اوپر -

roaring ff : بحر اوقیانوس کا وہ طوفانی حصہ جو عرض البلد ۳۹ و ۵۰ شمالی کے مابین واقع ہے -

the ff. : صدی یا زندگی کے سال ۳۹ اور ۵۰ کے درمیان -

the f. five: jacobite سنہ ۱۷۴۵ء کی وہ بغاوت جو اس سال فرقہ کے لوگوں نے کی تھی -

fortieth, *a. & n.* : چالیسواں -

Forum, *n.* : (۱) اجتماع عامہ کا مقام جہاں بازار لگتا ہو - (۲) وہ مقام جہاں عدالتی کارروائی کی جاتی ہو (خصوصاً قدیم روما میں) - (۳) عام مباحثوں کی جگہ؛ عدالت؛ قانونی عدالتیں -

the f. of conscience: ضمیر کی عدالت (کسی امر کے حق و ناحق کا اپنے ضمیر سے فیصلہ کرانا) -

Forward (-ard)*a. & n.* : (۱) جہاز کے اگلے حصہ سے متعلق -(۲) جو چیز کسی چیز کی حرکت کی سمت میں واقعہ ہو - (۳) (تجارتی) آیندہ پیداوار کے متعلق - (۴) بڑھا ہوا یا جو تکمیل یا پختگی کی طرف بڑھ رہا ہو؛ مکمل و پختہ ہونے والا ہو - (۵) (نباتات غلہ کی فصل اور موسم کے متعلق) قبل از وقت؛ وقت سے پہلے - (۶) تیار؛ آمادہ؛ مستعد (اکثر کسی کام کے کرنے کے لئے) - (۷) جو عمر کے لحاظ سے زیادہ ذہین اور سمجھدار ہو - (۸) (برے معنوں میں) گستاخ، شوخ؛ دلیر؛ چالاک؛ چلتا ہوا تعیث؛ شیخی باز؛ بے شرم - (۹) فٹ بال کے کھیل میں ان کھلاڑیوں میں سے ایک کھلاڑی جو آگے بڑھکر کھیلتے ہیں -

f. contract : آیندہ پیداوار کا ٹھیکہ جو پیداوار کے وقت سے پہلے کر لیا گیا ہو -

f. movement : سیاسی یا قومی (وغیرہ) اصلاح و ترقی کے آگے بڑھنے کی رفتار (تحریک) -

f. path : آگے بڑھنے کا راستہ -

f. play : کرکٹ میں آگے بڑھ کر کھیلنے کا ایک طریقہ -

f. school, party, opinions : انتہائی یا بڑھے ہوئے خیالات رکھنے والی جماعت -

the f. horizon : (بحری اصطلاح) آگے کی طرف؛ سیدھے سامنے کی طرف -

forwardly, *adv.* : تیزی سے آگے بڑھتے ہوئے؛ چالاکی سے -

forwrdness, *n.* : قبل از وقت؛ تیزی؛ مستعدی؛ چالاکی؛ پختگی؛ پیش رسی؛ شوخی -

Forward (s), *adv.* : (۱) زمانۂ آیندہ کی سمت میں؛ مسلسل آگے کی طرف - (۲) اُس رخ جدھر کو منہ ہو - (۳) آگے کی طرف مسلسل حرکت کرتے ہوئے - (۴) محاذ پر نمایاں - (۵) کسی کام یا عہدے کے لئے اپنی خدمات پیش کرتے ہوئے - (۶) (بحری اصطلاح) جہاز کے اگلے حصہ میں، پر وغیرہ - (۷) آگے بڑھتے ہوے؛ ترقی کرتے ہوے -

bring f. : کسی چیز پر توجہ دلانا؛ کسی چیز کو پیش کرنا -

can't get any forwarder: اس سے آگے نہیں بڑھ سکتا؛ مزید ترقی نہیں کرسکتے (بول چال میں عموماً بجائے forwarder کے fororder) -

carry f. : آگے لئے جانا؛ حساب کی میزان کو ایک صفحہ سے دوسرے صفحہ پر لے جانا -

come f : بڑھ کر آگے آنا؛ کسی کام کے کرنے پر آمادگی ظاہر کرنا -

date f. : پہلے سے آیندہ کی کوئی تاریخ ڈال دینا لکھ دینا (مقرر کر دینا) (تجارتی فرمائشوں یا بینک کے چکوں کی تاریخ) -

from this time f. : اب سے آیندہ-

go f. : بڑھتے جانا؛ ترقی کرتے جانا -

backwards and f. : آگے پیچھے؛ پیش و پس -

look f. : آگے دیکھنا؛ زمانہ آیندہ کا اندازہ کر لینا؛ پیش بینی کرنا؛ اُمید رکھنا؛ ذوق و شوق کے ساتھ انتظار کرنا -

play f. : (کرکٹ) آگے بڑھ کر کھیلنا؛ گیند جب دور گرے تو بڑھ کر اُس کو مارنا -

put or *set f.* : اپنا بیان پیش کرنا؛ اپنے کو بہت نمایاں کرنا -

rushing f. : آگے کی طرف تیزی سے دوڑنا -

send him f. : اس کو آگے بھیجو؛ پہلے بھیجو -

Forward, *v. t.* : (۱) مدد کرکے آگے بڑھانا؛ آگے بڑھنے میں مدد کرنا؛ بڑھانا؛ ترقی دینا؛ ترقی کی رفتار تیز کرنا - (۲) (خطوط وغیرہ کو) ایک پتہ پر بھیجنا - (۳) مال یا سامان وغیرہ کو روانہ کرنا -

Forwearied, forworn, *aa.* : (متروک) بالکل تھکا ہوا؛ پست -

Fosse, *n.* : زیادہ طویل اور کم چوڑی نالی؛ (خندق، نہر خصوصاً فوجی استحکامات کے متعلق) جھوری؛ لیکھ؛ کھائی؛ نشیب -

Fossick, *v. i.* : (۱) (بازاری) ڈھونڈھنا؛ تلاش کرنا؛ چھان مارنا؛ کھوجنا - (۲) (سونے کے معدن میں) کھاڑیوں؛ درازوں؛ درازوں میں یا اُن کارخانوں میں جو بند ہوچکے ہیں سونا تلاش کرنا-

Fossil, *a. & n.* : (۱) پتھر میں بدلا ہوا؛ جو چیز دبی ہوئی، مدفون پائی جائے؛ جو چیز کھود کر نکالی جائے؛ کوئی چیز جو زمین کے طبقوں میں دبی ہوئی ملے اور جس کی بناوٹ میں کم و بیش کوئی کیمیائی تغیر پیدا ہوگیا ہو اور جس سے معلوم ہو سکے کہ یہ کسی اگلے زمانے کے (خصوصاً اُس زمانے کے جس کی تاریخ موجود نہیں) درخت یا جانور وغیرہ کے بقیہ آثار ہیں - (۲) (شخص یا چیز) جس کا تعلق قدیم زمانہ سے ہو؛ قدیم جس کے اندر مزید ترقی

کی گنجائش نہ ہو -

f. bones, shells, ivory : کھود کر نکالی ہوئی قدیم ہڈیاں ' ڈھانچے ' گھونگے ہاتھی دانت وغیرہ -

f. fuel &c : (شاذ) زمین میں دبا ہوا ایندھن (جو زمین سے نکلے) -

hunting for ff. &c : زمین میں دبی ہوئی قدیم اشیاء کی جستجو کرنا -

words are f. thoughts : الفاظ در حقیقت مدفون خیالات ہیں ؛ اندر دبے ہوئے خیالات الفاظ کی شکل میں ظاہر ہوتے ہیں -

fossilate, v. t. : پتھر میں بدل دینا -

fossilation, n. : پتھر میں بدلنے کا عمل -

fossiliferous, a. : جس کے اندر پتھر میں بدلی ہوئی چیزیں (fossils) ہوں -

fossilize, v. t. & i. : پتھر میں تبدیل کرنا یا ہونا -

fossilization, n. : وہ عمل یا حالت جب کوئی چیز fossil بن رہی ہو -

Fossorial, a. : (۱) (علم الحیوانات) زمین میں سوراخ کرکے گھسنے والا (جانور) - (۲) بھٹ میں گھسنے والا (رہنے والا) - (۳) جس (چیز) سے زمین کے اندر سوراخ کیا -

Foster, n. : (۱) غذا (اب متروک ہے ' سوائے مرکبات کے) = جس کا رشتہ خون کی شرکت سے نہو بلکہ دودھ پلانے یا پرورش کرنے کی وجہ سے قائم ہو یا جو ایسا سمجھا جائے -

f. brother : کوکلتاش ؛ دودھ بھائی ؛ دودھ شریک بھائی ؛ برادر رضاعی

f. -child : رضاعی بچہ ؛ لے پالک -

f. -daughter : لےپالک بیٹی ؛ رضاعی بیٹی

f. -father : رضاعی باپ ؛ اتکہ -

f. -mother : رضاعی ماں : دایہ : انا -

f. -parent : رضاعی ماں یا باپ -

f.- sister : کوکل ہمشیرہ : کوکہ : دودھ شریک بہن -

f. -son : پسر رضاعی ؛ لےپالک ؛ متبنیٰ -

Foster, v. t. : (۱) محبت کے ساتھ پرورش کرنا : حفاظت کرنا پالنا ؛ پوسنا - (۲) سینا (مثلاً انڈے سینے) ؛ گرم رکھنا (سینے سے چمٹا کر) - (۳) نشو و نما میں اعانت کرنا ؛ ترقی دینا - (۵) احساسات کو) دل میں پالنا ؛ رکھنا - (۶) حالات کا موافق ہونا -

fosterer, n. : پرورش کرنے والا -

fostress, n. : پرورش کرنے والی -

Fosterage, n. : (۱) دودھ پلانا ؛ دایہ گیری - (۲) دایہ اور دودھ پلائی نوکر رکھنے کا دستور -

Fosterling, n. : (۱) رضاعی بچہ : وہ بچہ جس کو دودھ پلایا جاتا ہو (ماں کے علاوہ کسی اور عورت کا) - (۲) وہ بچہ جو کسی شخص کی حفاظت میں ہو ؛ نگاہ داشتہ ؛ لےپالک -

Fought : دیکھو FIGHT -

Foul (fowl), a. n. adv. & v. i. & t. : (۱) گدلا ؛ میلا گندہ ؛ نجس ؛ غلیظ - (۲) جو حواس خمسہ کے لئے تکلیف دہ ہو ؛ نفرت انگیز ؛ بدبودار ؛ سڑا ہوا - (۳) جس میں مضر ' فاسد ' زہرآلود مادہ موجود ہو - (۴) رکا ہوا ؛ بند - (۵) (جہاز کا تلا) جس پر سمندر سے گھانس وغیرہ لپٹ گئی ہو - (۶) اخلاقی حیثیت سے گندہ ؛ فحش ؛ نفرت انگیز - (۷) گالی بکنے والا ؛ بدزبان - (۸) (مچھلیوں کے متعلق جب وہ انڈے دیتی ہوں یا دے چکی ہوں) بری حالت میں ؛ خراب ؛ گندی - (۹) کریہ منظر ؛ بدصورت - (۱۰) ناجائز (کھیل کے قواعد کے خلاف) - (۱۱) کوئی چیز جو غلط یا ناجائز ہو - (۱۲) تصادم ؛ الجھاؤ (خصوصاً گھوڑے کی سواری ' کشتی چلانے ' بھاگنے ' دوڑ یا کھیل میں) - (۱۳) جہاز کے لنگر کو یا لوہے کے تار کو الجھا دینا - (۱۴) (ریلوے لائن ' سلسلہ آمد و رفت یا جو رستہ کو) روک دینا ؛ (راستہ) بند کر دینا ؛ آمد و رفت کی گنجائش باقی نہ رکھنا - (۱۵) الجھ جانا ؛ الجھ کر رہ جانا - (۱۶) خراب ہوجانا ؛ بیکار ہوجانا ؛ اڑ جانا ؛ بند ہو جانا (مثلاً بندوق کی نالی کا) ؛ خراب کر دینا ؛ گندہ کر دینا ؛ جرم ؛ گناہ یا بے آبروئی میں آلودہ کردینا ؛ بے آبروئی کر دینا - (۱۷) بے قاعدہ طریقے سے -

fair or f. : کسی نہ کسی طرح ؛ جائز یا ناجائز ؛ کسی صورت سے -

fall f. of. : ٹکر کھانا ؛ لڑ جانا ؛ اختلاف ہونا ؛ جھگڑا ہوجانا (دو شخصوں کے درمیان) -

f. air , water : زہریلی ہوا ' گندہ پانی -

f. blow, stroke : ناجائز ضرب (کھیل میں) ؛ کھیل کے قواعد کے خلاف ضرب -

f. brood : ایک مرض جو شہد کی مکھیوں کو ہوتا ہے

f. copy : وہ تحریر جس میں بہت سی کاٹ چھانٹ کی گئی ہو -

f. deed : فعل شنیع ؛ عمل قبیح : ناپاک دھن -

f. gun -barrel : بندوق کی رکی ہوئی یا بند نال (جس میں مٹی وغیرہ گھس گئی ہو) -

f. linen : میلا کپڑا (یا کپڑے) -

f. motive : ارادہ فاسد ؛ مقصد فاسد

f. -mouthed : بدزبان ؛ فحش گو -

f. play : کھیلنے کا ناجائز طریقہ ؛ بے ایمانی کا کھیل ؛ حیلہ بازی ؛ تلبیس ؛ دھوکہ دیکر نقصان پہنچانا ؛ مار ڈالنا -

f. riding : خلاف قاعدہ گھوڑے کی سواری ؛ گھوڑے کی سواری کے قواعد کے خلاف کوئی طریقہ اختیار کرنا -

f. talk : بد گوئی ؛ بد زبانی -

f. -tongued : بد زبان -

f. wheather : طوفانی ' خراب ' موسم -

f. wind : بادمخالف -

hit him f. : بے قاعدہ مار دینا ؛ بدنیتی سے مارنا

play one f. : کسی سے دھوکہ بازی کرنا -

rope is f. : رسی الجھی ہوئی ہے ؛ رسی میں الجھنے پڑ گئے ہیں

run f. of. : ٹکرا جانا (کسی شخص یا چیز سے) -

the f. fiend : شیطان ؛ ابلیس -

through fair and f. : ہر حال میں ؛ بہرحال ؛ جو بھی گذرے ؛ جو کچھ پیش آئے -

Foulard (foolahr), *n.*: ہلکا اور نرم ریشم؛ ملے ہوئے ریشم اور سوت کا کپڑا ؛ اُس کپڑے کا بنا ہوا رومال -

Foully (fowl-li), *adv.*: (۱) قابل نفرت طریقہ پر ؛ بے رحمی اور سنگدلی کے ساتھہ ؛ بے ایمانی اور بد معاشی کے ساتھہ - (۲) بیجا توہین کرکے -

f. slandered : بیجا طریقہ پر بد نام کر کے توہین کی گئی ؛ بے ایمانی سے بد نام کیا گیا -

was f. murdered: بے رحمی سے قتل کر دیا گیا -

Foulness, *n.*: آلودگی ؛ آلائش ؛ گندگی ؛ عفونت ؛ نا پا کی ؛ خراب مادہ ؛ مادۂ فاسد ؛ نفرت انگیز بد معاشی ؛ شرارت -

Foumart(foo-), *n.*: نیولے کی قسم کا ایک جانور جس سے بد بو آتی ھے -

Found(fow-), *v.t.& i.*: (۱) (عمارت وغیرہ) بنیاد رکھنا ؛ ڈالنا ؛ بنانا ؛ تعمیر شروع کرنا (محل یا شہر کی)- (۲) قائم کرنا ؛ بنا کرنا (خصوصاً اُس چیز کے لئے جو قائم کی جاے کچھہ روپیہ وقف کرکے)- (۳) ابتدا کرنا ؛ شروع کرنا ؛ اساس قائم کرنا ؛ تاسیس کرنا (کسی انجمن یا ادارہ کی)-(۴) بنیاد ھونا-(۵) کسی چیز کی اقسام کو ترتیب دینا -(۶) (قواعد وغیرہ) وضع کرنا - (۷) (لفظ upon کے ساتھہ) کسی بنیاد پر قائم کرنا ؛ کسی احوال کی تائید کرنا - (۸) دلائل پر بھروسہ کرنا ؛ حصر کرنا ؛ بنیاد قائم کرنا (بحث مباحثہ یا گفتگو کی) -

ill founded: غلط ؛ بے بنیاد ؛ بے اصل -

is founded in justice : (یہ بات) انصاف پر مبنی ھے -

well founded : صحیح ؛ یقینی ؛ مستحکم ؛ معقول -

Found (fow-), *v.t.* : (۱) (دھات کو) گلانا اور ڈھالنا - (۲) (شیشہ بنانے کے سامان کو) پگلانا - (۳) (گلی ھوی دھات یا شیشہ کی اشیاء) گلا کر بنانا -

foundry, *n.* : وہ کارخانہ جس میں دھاتوں کو گلا کر اشیاء ڈھالی جاتی ھیں ؛ صفار خانہ -

Found: دیکھو FIND

Foundation(fow-), *n.*: (۱) بنا ؛ بنیاد ؛ نیو - (۲) مستقل بنیاد پر تاسیس (خصوصاً ایک ایسے ادارہ کی جس کے بانی نے اُس کے لئے مالی عطیہ بھی دیا ھو یا وقف کیا ھو) ؛ایسا ادارہ مثلاً خانقاہ ، کالج ، ھسپتال وغیرہ جسے (یا جس کے طلباء و متعلقین کو) موقوفہ عطیہ یا اُس کی آمدنی سے فائدہ اٹھانے کا حق حاصل ھو - (۳) ٹھوس زمین یا بنیاد یا اساس (مصنوعی یا قدرتی) جس پر کوئی عمارت قائم ھو (یعنی عمارت کا سب سے نیچے کا حصہ) - (۴) بنیاد، اصول - (۵) کوئی جسم، چیز یا زمین جس کے اوپر دوسرے حصے بناے جائیں یا قایم کئے جائیں مثلاً وہ سخت اور مضبوط حصۂ لباس جس پر بقیہ لباس بنایا جاتا ھے یا کاڑھنے کے کام میں ابتدائی ٹانکے -

f. -muslin : وہ سخت گوند لگا ہوا کپڑا جو عموماً زنانہ لباس یا ٹوپی کے حصوں کو سخت بنانے کے لئے اندر ڈالا جاتا ھے؛ بکرم -

f. -school : مدرسہ جس کے متعلق کوئی وقف یا خیراتی عطیہ مقرر کیا گیا ھو ؛ مدرسۂ اوقات -

f. stone: سنگ بنیاد (خصوصاً جس کو بہت تکلفات کے ساتھہ نصب کیا گیا ھو) -

base religion on a moral f.: مذھب کو اخلاقی بنیاد پر قائم کرنا -

report has no f.: یہ خبر بے بنیاد ھے -

foundationer, *n.* : مدرسۂ اوقات کا طالب علم وغیرہ -

Founder, *n.* (۱) نعل کے معنوں میں - (۲) بانی ؛ کسی ادارے کا موسس ؛ بناگر ؛ موجد -

f's kin : بانی کے رشتہ دار و اعزا جو ادارہ کی تنظیم میں منتخب کئے جانے یا ترجیح دیے جانے کے مستحق ھوں -

f. 's shares: پبلک کمپنی کے وہ حصص جو بانی سے حاصل کئے ھوئے کار و بار کے معاوضہ میں بانی یا بانیوں کو دیے گئے ھوں اور جو معمولی سرمایہ سے جدا ھوں -

foundership, *n.* بانی ھونے کی حیثیت -

foundress, *n.*: (مونث)بانی (عورت) -

Founder (fow-), *v. i. & t. & n.* (۱) (مٹی عمارت وغیرہ کا) گر جانا ؛ بیٹھہ جانا ؛ ٹوٹ جانا ؛ گر پڑنا ؛ منہدم ھو جانا ؛ شکستہ ھو جانا - (۲) (گھوڑے یا سوار کا) تھک کر گر پڑنا ؛ ڈھیر ھو جانا ؛ لنگڑا ھو جانا ؛ دلدل میں پھنس جانا وغیرہ - (۳) گھوڑے کو تھکا کر شل کر دینا ؛ پست کودینا - (۴) (جہاز کا) پانی بھر کر ڈوب جانا ؛ غرق ھو جانا - (۵) (جہاز کو) غرق کر دینا - (۶) (گولف) گیند کو اس طرح مارنا کہ وہ زمین میں دھنس جاے یا بہت تھوڑے فاصلے تک جاسکے- (۷) گھوڑے کے پاؤں کی سوجن جو زیادہ محنت کرنے سے پیدا ھوجاتی ھے- (۸) غرق ھوجانا ؛ ٹوٹ جانا ؛ (۹) گر پڑنا -

chest,body, -f.: وجع مفاصل کا وہ اثر جو گھوڑے کے سینہ یا جسم پر ھو جاتا ھے -

Foundling (fow-), *n.*: وہ بچہ جس کے ماں باپ کا پتہ نہ ھو اور جو کہیں پڑا ھوا ملے؛ لقیط -

Fount (fow-), *n.*: (۱) (شاعری یا خطابت) چشمہ ؛منبع ؛ مصدر؛ فوارہ - (۲) لیمپ میں تیل کی کپی یا قلم میں روشنائی کا ذخیرہ رکھنے کی جگہ -

Fount (fow-), *n.* : (طباعت) ایک ھی قسم اور جسامت کے ٹائپ کا مجموعہ -

Fountain(fowntin), *n.*: (۱) چشمہ؛ سوتا ؛ دریا وغیرہ کا منبع - (۲)فوارہ ؛ پانی کی دھار جو اوپر کو اچھلے ؛ اوسکی بنیاد تعمیر - (۳) عام چشمہ یا پانی کا ذخیرہ جس سے پینے کا پانی برابر جاری رھے - (۴) لیمپ کی کپی - (۵) چھاپنے کی مشین وغیرہ میں تیل اور روشنائی وغیرہ کے رکھنے کی جگہ -

Crown is the f. of honour : تاج (بادشاہ) عزت و آبرو کا سرچشمہ ھے -

f. -head : سرچشمہ اصلی ؛ منبع -

f. -pen : قلم جس میں روشنائی کا ذخیرہ موجود رھے؛ سوت قلم

poison the ff. of trust : اعتماد کے چشموں میں زھر ملا دینا ؛ بے اعتمادی پیدا کر دینا -

(-) **fountained**, *a.*: جہاں یا جس مقام پر فوارے لگے ھوں -

Four, *a. & n.* : (۱) چار ؛ چار کا عدد - (۲) چار چیزوں یا شخصوں کا مجموعہ ؛ (تاش) چوا ؛ پانسہ چار نشان والا- (۳) چار چپوؤں سے چلنےوالی کشتی؛(جمع) ایسی کشتیوں کی دوڑ -(۴)(کرکٹ) ھٹ جس سے چار رن بنیں -

carriage and f. : چار گھوڑوں کی گاڑی -

f.-ale : شراب جو چار پینس فی کوارٹ کے حساب سے فروخت ہوتی ہو -

f. by two : کپڑے کا ٹکڑا جسکو رائفل کی نال میں ڈالکر اوسکو صاف کرنے کے لئے اوپر نیچے کھینچتے ہیں -

f. corners of the earth : زمین کے چاروں کونے ؛ بعید ترین مقامات -

f. corners of document : دستاویز کے مضمون کی وسعت -

f.-course : چار سال تک غلہ کی فصلوں کا ایسا دور جسمیں ہر سال ایک نیا غلہ پیدا کیا جائے -

f.-dimensional : چار سمت رکھنے والا یا چار سمتوں کے متعلق -

f. figures : کوئی شمارہ ایک ہزار سے نوہزار نو سو ننانوے تک ؛ چار ہندسوں والی رقم -

f.-footed : چوپایہ -

f.-foot way : ریل کی پٹریاں جنکا درمیانی فصل چار (در اصل چار فٹ ساڑھے آٹھ انچ) ہوتا ہے -

f. fold : چوہرا ؛ چہار گانہ ؛ چار گنا -

f.-handed : (۱) (بندر) چار ہاتھ والے ؛ جو جانور چاروں ہاتوں پاؤں پر چلتے ہیں - (۲) (کھیل) جسمیں چار آدمی کھیلتے ہیں ؛ (موسیقی) آلۂ موسیقی جسے دو آدمی بجاتے ہوں -

f. horsed : (گاڑی) جسکو چار گھوڑے کھینچتے ہوں -

f.-in-hand : چوکڑا ؛ چار گھوڑوں کی گاڑی

f. oar : کشتی جس میں چار پتوار ہوتے ہیں -

f. o'clock : چوتھا گھنٹہ ؛ چار بجے -

f. o' clock : ملک پیرو Peru کا ایک پودا جسکا نام marvel بھی ہے -

f.-part : (موسیقی) جو چار آوازوں (سروں) سے مرکب ہوتی ہے -

f.-post : (پلنگ) جس میں پردوں کے لئے چارتنگے یا چھڑیں لگی ہوں -

f.-poster : پلنگ جس میں ایسے چار تنگے ہوں ؛ چار مستولوں والا جہاز -

f.-pounder : وہ توپ جس سے چار پونڈ وزنی گولہ پھینکا جاتا ہے -

f.-rowed barley : جو یا جوی جس کی بال (خوشہ) میں دانوں کی چار قطاریں ہوتی ہیں -

f. score : اسی یا (۸۰) برس کی عمر -

fours : چار پتواروں والی کشتیوں کی دوڑ -

fours : (فوجی اصطلاح) آگے پیچھے چار چار سپاہیوں کی قطاریں -

ff. right or left : آگے پیچھے چار چار سپاہیوں کی قطار دھنے یا بائیں -

f.-square : مربع ؛ مستحکم بنیاد پر قائم ؛ استوار -

f.-wheeler : چار پہیوں والی گاڑی -

on all f. : (قدیم) ذیل کے لفظ کے معنوں میں -

on all ff. : ہاتھوں اور گھٹنوں کے بل (سرکنا ، رینگنا) -

the cases are not on all ff. : یہ سب معاملات یکساں نہیں ہیں -

twenty & c -f. or f.- &- twenty : چوبیس (۲۴) -

within the f. seas : چار سمندروں کے اندر ؛ برطانیہ عظمیٰ میں -

fourfold, *a. & adv.* : چوہرا ؛ چار تہوں کا ؛ چہار چند -

fourteen, *a.* : چودہ (۱۴) -

fourteenth, *a. & n.* : چودھواں -

fourgon(F), n. : اسباب کی گاڑی ، جو گاڑی مسافروں کا اسباب لانے اور لیجانے کے کام آتی ہے -

Fourierism (foo-) *n.* : وہ تجاویز جو فرانسیسی اشترا کی فوریر (سنہ ۱۷۷۲ ع تا سنہ ۱۸۳۷ ع) نے سوسائٹی کی اصلاح کے لیے پیش کی تھیں -

Foursome, *n.* : گولف کا کھیل جس میں چار آدمی (ایک ایک طرف دو دو) شریک ہوتے ہیں -

Fourth(for-), *a. & n.* : (۱) چہارم ؛ چوتھا ؛ مہینہ کا چوتھا دن - (۲) (جمع) چوتھے درجہ کی چیزیں -

f. of June : ایٹن کالج میں سالانہ تقریب کا دن جب کشتیوں کا ایک جلوس نکالا جاتا ہے -

f. of July : ریاستہائے امریکہ میں یوم آزادی ، اس تاریخ اعلان آزادی کی یادگار منائی جاتی ہے -

f. part : چوتھائی ؛ ربع -

f. party : سنہ ۱۸۸۰ - ۸۵ ع میں پارلیمنٹ کی جو چوتھی پارٹی لارڈ آر چرچل اور بالفور وغیرہ نے قائم کی تھی اور جو لبرل اور کنزرویٹیو دونوں جماعتوں کی مخالف تھی -

Fourthly, *adv.* : چوتھے نمبر پر ؛ چوتھی بات یہ کہ -

Fowl, *n. & v. i.* : (۱) پرندہ (شاذ) ؛ پرندے (صرف wild-f. میں) - (۲) پکڑنا ؛ شکار کرنا ؛ بندوق سے شکار کرنا ؛ پھندے سے جال لگاکر پکڑنا - (۳) پرندوں کا گوشت - (۴) پالتو مرغی ، مرغا -

fish, flesh & f. : گوشت ، مچھلی اور پرندہ (وہ گوشت جو کھایا جاتا ہے) -

f.-run : وہ جگہ جہاں پرندے دوڑ سکتے ہیں ؛ وہ جگہ جہاں پرندے پالے جاتے ہیں اور اُن کی نسل بڑھائی جاتی ہے -

barndoor game,- f. : پالتو مرغے یا مرغیاں وغیرہ (مختلف ناموں سے) -

wild -f. : جنگلی پرندہ جو پالتو نہ ہو -

fowling, *n.* : جنگلی پرندہ کا شکار یا پرندوں کو جال لگا کر پکڑنا -

fowling-piece : ہلکی بندوق جس سے پرندوں کا شکار کیا جاتا ہے -

fowler, *n.* : جنگلی پرندوں کو شکار کرنے والا ، خواہ تفریحاً خواہ کھانے کے لیے ؛ چڑی مار -

Fox, *n.* : (۱) لومڑی ؛ روباہ (۲) چالاک آدمی ؛ چلتا پرزہ ؛ روباہ صفت - (۳) فلک شمالی میں تارا مقدل ؛ تاروں کا مجموعہ ؛ مطالع ؛ یعنی شمالی -

flying f. : پرّ باگل -

f. and geese: ایک قسم کا کھیل جو بساط پر کھیلا جاتا ھے -

f. -brush: لومڑی کی دم -

f. glove: ایک اونچا پودا جس میں سرخ یا سفید پھول آتے ھیں -

f. hound: ایک قسم کا کتا جو لومڑیوں کا شکار کرتا ھو ' اس کو لومڑی کا شکار کرنا سکھایا جاتا ھے -

f. -hunt: کتوں کے ذریعہ سے لومڑی کا شکار -

f. hunter: کتوں کے ذریعہ سے لومڑی کا شکار کرنے والا -

f. -hunting: اس قسم کا شکار ؛ اِس قسم کے شکار کا شوقین ؛ اس شکار کے متعلق -

f. tail: لومڑی کی دم ؛ ایک قسم کی گھانس -

f. -terrier: ایک قسم کا چھوٹے بالوں والا کتا جو لومڑی کو زمین کھود کر نکال لیتا ھے مگر عموماً گھروں میں شوقیہ پالا جاتا ھے -

f. trot: ناچنے کا ایک طریقہ (ناچ کی ایک خاص گت) جو پہلے امریکہ میں رائج ھوا تھا -

Fox, v. i. & t.: (۱) چالاکی' مکاری سے کام کرنا ؛ ریاکاری کرنا ؛ منافقت کرنا؛ دھوکا دینا - (۲) (کتابوں کے اوراق یا تصاویر وغیرہ پر) بھورے رنگ کے دھبے ڈال کر اُن کا رنگ خراب کر دینا -

Foxy, a.: (۱) لومڑی کی طرح ؛ مثل لومڑی کے ؛ چالاک (جس کے چہرے سے چالاکی برستی ھو) - (۲) سرخی مائل بھورا (تصویروں کا) تیز اور گہرا رنگ - (۳) جو (چیز) پھپوندی لگ کر خراب ھوگئی ھو

foxiness, n.: چالاکی ؛ عیاری

***foyer* (fwahya), n.**: (فرانسیسی) تھیٹر وغیرہ میں باھر کا بڑا کمرہ جو کھیل کے وقفہ کے دوران میں تماشائیوں کے لیئے مخصوص ھوتا ھے

Fra (-ah), n.: (عیسائی) frate کا مخفف ' مخاطبت میں friar (راھب) کے لیئے آتا ھے -

Fracas (-ah), n.: (جمع :) پر شور جھگڑا ؛ ھلڑ ؛ لڑائی ؛ ھنگامہ (کا صیغہ بھی یہی ھے) -

Fraction (-shn), n.: (۱) عشاءربانی میں مقدس روٹی کی تقسیم (عیسائیوں کی ایک مذھبی رسم) - (۲) ایک مقدار شمار جو عدد صحیح نہ ھو ؛ کسر - (۳) چھوٹا ٹکڑا یا مقدار ؛ پارچہ -

decimal f.: کسر اعشاریہ -

proper, improper, f.: کسر واجب ' کسر غیر واجب

vulgar f.: کسر عام -

fractional, fractionary, aa.: جزوی ؛ مکسور -

Fractionate, v. t.: تجزیہ کرنا ؛ معلول کے مختلف خواص رکھنے والے حصوں کو عمل تقطیر کے ذریعے الگ الگ کر دینا -

Fractionize, v. t.: ٹکڑے کر دینا ؛ اجزاء میں تقسیم کر دینا - (۲) (ریاضی) کسروں میں تقسیم کر دینا -

Fractious (-shus), a.: جھگڑالو ؛ چڑچڑا ؛ سرکش ؛ تنک مزاج -

fractiously, adv.: تنک مزاجی کے ساتھ ؛ چڑ چڑے پن کے ساتھ -

fractiousness, n.: تنک مزاجی ؛ چڑ چڑا پن -

Fracture (-tsher), n. & v. t. & i.: (۱) ٹوٹنا ؛ شکستگی (خصوصاً ھڈی یا گروچھ کا ٹوٹ جانا) - (۲) دھات کی وہ اندرونی سطح جو ھتوڑے سے توڑنے کے بعد نظر آتی ھے - (۳) سادہ حرف علت کے بجائے حرف علت کی ملی ھوئی آواز جو اس کے بعد آنے والے حرف صحیح کی وجہ سے پیدا ھو - (۴) کسی چیز کے تسلسل کو توڑ دینا ؛ چٹخا دینا دراز پیدا کر دینا -

compound f.: اس طرح ھڈی کا ٹوٹ جانا کہ اُس کے ساتھ جسم پر زخم بھی پیدا ھوجائے -

Fraenum, fre-, n (pl. -na): وہ چھوٹا سا پٹھا (یا رگ) جس سے کسی عضو کی حرکت رک جائے -

Fragile (-j-), a.: نازک ؛ جو آسانی سے ٹوٹ جائے ؛ کم زور ' بودی ؛ جلد خراب ھو جانے والی ؛ جس کی بناوٹ نازک ھو -

fragility, n.: کم زوری ؛ بودا پن ؛ نزاکت -

Fragment, n.: (۱) وہ حصہ جو کسی چیز سے ٹوٹ کر الگ ھوگیا ھو - (۲) کسی چیز کا علحدہ یا غیر مکمل حصہ ؛ کسی تباہ شدہ گئے گذرے ' ضائع شدہ کل کا ایک بقیہ جزو ؛ خصوصاً کسی تحریر یا تصویر وغیرہ کا نا مکمل حصہ -

fragmentary, a.: متفرق ؛ ٹکڑے ٹکڑے -

Fragrant, a.: خوشبو دار ؛ معطر -

fragrance, n.: خوشبو -

Frail, n.: ناگر موتھا گھانس (سوار) کی ٹوکری جس میں انجیر وغیرہ بند کیئے جاتے ھیں -

Frail, a.: (۱) نازک ؛ عارضی ؛ جلد گذر جانے والا ؛ نا پائیدار - (۲) خراب صحت کی حالت میں ؛ بیمار ؛ زار - (۳) اخلاقاً کم زور ؛ ترغیبات کا مقابلہ کرنے کے نا قابل - (۴) (عورتوں کے متعلق) بے عصمت ؛ آوارہ -

f. bliss: چند روزہ مسرت -

f. life: چند روزہ زندگی -

Frailty, n.: (۱) غلطی کرنے یا ترغیبات کا شکار ھو جانے کا احتمال (امکان) (۲) غلطی ؛ کمزوری ؛ نقص ؛ خطا (قابل انگشت نمائی) -

Fraise (-z), n.: وہ سیدھی یا ڈھالو باڑہ (کلگوزہ) (پتھر یا لکڑی کی) جو قلعہ کی فصیل کی بنیاد اور خندق کے درمیان تحفظ کے لیئے لگائی جاتی ھے -

Fraise (-z), n.: وہ اوزار جس سے گول سوراخوں کو چوڑا کیا جاتا ھے یا گھڑی میں پہیوں کے دندانے بنائے جاتے ھیں

Framboesia (-bez-), n.: حبشیوں کی ایک متعدی اور پرانی بیماری جس میں راس بیری کی شکل کی متورم گٹھلیاں (جسم پر) پیدا ھو جاتی ھیں -

Frame, v. t. & i.: (۱) تشکیل کرنا ؛ وضع کرنا ؛ نقشہ بنانا یا تول ڈالنا ؛ گھڑنا ؛ بنانا - (۲) (افعال ' خیالات ' اشخاص کو) مائل کرنا ؛ ترغیب دینا کسی مقصد کی طرف ؛ بٹھانا ؛ رھنمائی کرنا - (۳) اپنے کام میں ھوشیاری ظاھر کرنا (کسی غرض سے ایسی حالت ظاھر کرنا جس سے ھوشیار ھونے کی توقع کی جا سکے) - (۴) بٹھانا ؛ چسپاں کرنا ؛ جوڑ کر بنانا (into اور to کے ساتھ) - (۵) مختلف حصوں کو جوڑ کر مکمل کرنا ؛ کسی نقشہ کے مطابق بنانا - (۶) مرتب کرنا (قواعد) - (۷) (الفاظ میں) اظہار کرنا ؛ بیان کرنا (مضامین ' قصے) ؛ قایم کرنا (نظریہ) - (۸) تلفظ کرنا ؛ الفاظ کے معنی قائم کرنا ؛ خیال میں لانا ؛

(۹) خیال کرنا -(۱۰) چوکٹے کا کام دینا؛ چوکٹے کی مثل ہو جانا مثلاً (*landscape framed in an archway*) (۱۱) ایک چوکھٹے میں لگانا؛ چسپاں کر دینا -

frameable, *a*: جو مرتب کیا جا سکے ؛ جس پر چوکھٹا لگایا جا سکے -

framer, *n*. : مرتب کرنے والا ؛ چوکھٹا لگانے والا (نیز فعل کے معنوں میں) -

framing , *n*. : (۱) مرتب کرنا ؛ وضع کرنا ؛ چوکھٹا لگانا - (۲) اشیا یا مسالہ جس سے چوکھٹا بنایا جائے - (۳) چوکھٹا -

Frame, *n*. : (۱) تعمیر؛ بناوٹ ؛ ترکیب ؛ نظم؛ معینہ نظم ؛ تجویز؛ نقشہ؛ طریقہ کار - (۲) (مزاج یا دل کی) عارضی حالت - (۳) ایسی تعمیر جو چوکھٹے میں بند ہو؛ جس کے چاروں طرف چوکھٹا لگا ہو - (۴) انسان یا جانور کا کالبد ؛ جسم - (۵) عمارت کا ڈھانچہ - (۶) کسی چیز کا اندرونی سہارا یا ضروری تختی تعمیر - (۷) تصویر کا چوکھٹا یا خانہ - (۸) (باغبانی) وہ روغنی چوکھٹا جو درختوں کو سردی سے بچانے کے لئے لگایا جاتا ہے - (۹) (کان کنی) ڈھلواں تختہ جس پر کچی دھات دھوئی جاتی ہے -

f.-house : جو مکان لکڑی کے ڈھانچے پر تختے چڑھا کر بنایا گیا ہو -

f.-saw: آرا جو ایک چوکھٹے میں لگا ہوتا ہے-

f. up : (امریکہ) خفیہ سازش -

f. work : چوکھٹا یا دربست جس پر یا جس میں کوئی چیز بٹھائی جمائی یا روکی جائے -

man of gigantic f. : عظیم الجثہ آدمی ؛ دیو پیکر آدمی -

sobs shook her f.: سسکیوں سے اس کا سارا جسم ہلگیا -

the f. of heaven or earth : زمین یا آسمان کا چوکھٹا؛ حصار -

the f. of society or *government* : حکومت یا سماج کی تجویز ؛ طریقۂ کار یا تنظیم -

frameless, *a*. : بغیر چوکھٹے کا -

Franc, *n*: فرانسیسی سکہ جنگ عظیم سے پہلے چاندی کا ہوتا تھا جس کی قیمت تقریباً ساڑھے نو پنس تھی مگر قیمت گر جانے کے بعد (جس کو سنہ ۱۹۲۸ ع میں قایم کر دیا گیا) اوس کی قیمت بحساب ۱۲۵ فرانک فی پونڈ یا تقریباً ۲ پینس فی فرانک ہو گئی ؛ بلجیم اور سوئٹزرلینڈ کا اسی کے مماثل سکہ -

Franchise(-z),*n* . : (۱) کسی بار؛ ذمہ داری یا کسی کے حاکمانہ اختیارات سے قانونی طور پر معافی یا استثنا- (۲) عام حق یا مخصوص حق جو کسی شخص یا جماعت کو دیا گیا ہو - (۳) سلطنت کی ہیئت ترکیبی میں پورے حقوق کے ساتھ شمولیت - (۴) حق شہریت - (۵) عام انتخابات میں حق رائے دہی (خصوصاً ممبران پارلیمنٹ یا کونسل کے انتخاب میں)- (۶) وہ اصول جس پر اس حق کے حاصل کرنے کی استعداد کا فیصلہ ہوتا ہے -

fancy f. : استعداد حق رائے دہی کا معیار جو خود مختارانہ طریقہ پر قایم کیا گیا ہو -

Franciscan, *a*. & *n*. : عیسائی درویش جس کا تعلق اس برادری سے ہوتا ہے جو سنہ ۱۲۰۹ ع میں سنٹ فرانسس باشندۂ اسیسی نے قایم کی تھی -

Franco- : (سابقہ بمعنی frankist اور فرانسیسی) (مرکبات میں) فرانس اور دوسرے ملک یا قوم کے درمیان یا مشترک مثلاً F. German فرانس اور جرمنی کی مشترکہ تحریک؛ بحث ؛ مسئلہ کام یا ان کے مابین جنگ وغیرہ) -

francophil (e)*n*. & *a*.: (اخباری) فرانس کا بہت زیادہ جانبدار ؛ موید ؛ فرانس دوست؛ وہ شخص جو فرانس کا بے حد طرفدار اور جانبدار ہو -

francophobe, *n*. & *a* : جس (شخص) کو فرانسیسیوں کی طرف سے ہر وقت اندیشہ رہتا ہو ؛ فرانس ترس-

Francolin, *n*. : ایک قسم کا تیتر جو چکور کے مشابہ ہوتا ہے-

franc-tireur.(F). *n*. (pl.-es, rs.):- بے قاعدہ پیدل فوج کا سپاہی -

Frangipane (-j-) ,*n*. : سرخ چنبیلی کا عطر؛ پیسٹری جو بادام شکر بالائی سے بنتی ہے -

Frank, *n* : (۱) جرمانک قوم یا متحدہ جماعت کا ایک فرد جس نے چھٹی صدی میں فرانس فتح کیا تھا- (۲) (Levantine کے محاورہ میں) مغربی قومیت رکھنے والا فرد -

frankish, *a*. - جو جرمن یا مغربی قوم سے کچھ تعلق رکھتا ہے-

Frank,*a*.: (۱) تیز فہم ؛ ذہین ؛ صاف دل ؛ صاف زبان ؛ صاف گو ؛ راست باز ؛ بے لاگ ؛ سادہ ؛ ایماندار - (۲) ظاہر؛ کھلا ؛ علانیہ -

frankly, *adv*.: صفائی سے ؛ راستی سے ؛ صاف گوئی کے ساتھ -

frankness, *n*. صاف بیانی ؛ سچائی ؛ صفائی قلب -

Frank, *v. t* & *n*. : (۱) (تاریخ) (خط وغیرہ پر) دستخط دینا کرنا کہ وہ بغیر محصول ڈاک میں جا سکے (پرانا دستور تھا کہ خاص خاص لوگوں کے دستخط اگر خط پر ہوں تو اس کا محصول معاف ہو جاتا تھا) - (۲) ایسے دستخط؛ ایسے دستخط سے جو چیزیں بھیجی جائیں - (۳) کسی شخص کے آنے جانے میں آسانیاں پیدا کرنا - (۴) کسی شخص کو اعلی صحبتوں میں شرکت کی اجازت دینا (موقع دینا) - (۵) (کسی شخص کو) بلا کرایہ (محصول) لے جانا ؛ پہنچا دینا - ( ) کسی شخص کو آئندہ ادائی یا محصول سے مستثنی اور معاف کردینا جیسے -

a franking duty, imposition : یعنی وہ محصول جس کی معافی دیدی گئی ہو

Frankenstein, *n*. , *f. monster* : وہ چیز جو اپنے بنانے والے کے ہی لئے تباہ کن یا خوفناک بن جائے -

Frankfort black, *n*. : سیاہ روغن جو تانبے پر نقش و نگار کھودنے میں استعمال کیا جاتا ہے -

Frankincense, . : لوبان ؛ بخور -

Franklin, *n*. : (تاریخی) چودھویں اور پندرھویں صدی کا زمین دار جو ظلم تو نہ تھا مگر عالی خاندان اور شریف النسل بھی نہ ہوتا تھا -

Frank-pledge, *n*.: (تاریخ) وہ نظام یا بندوبست جس میں جائیداد یا اراضی کے ہر حصہ کا مالک دوسرے حصہ کے مالکان

کی خوش چلنی اور افعال کا ذمہ دار ہوتا تھا -

Frantic, *a.* : (۱) سخت جذبہ کی حالت میں ؛ شوریدہ سر ؛ غصہ ، درد یا غم کی حالت میں آپے سے باہر - (۲) سخت اضطراری حالت میں ؛ دیوانگی یا ہیجانی کیفیت میں ؛ دیوانہ ؛ مضطرب ؛ قابو سے باہر ؛ پاگل ؛ بد حواس -

frantically, franticly, *advv.* : مضطربانہ ؛ بحالت غیظ و غضب ؛ اضطراری حالت میں -

Frap, *v. t.* : (بحری اصطلاح) خوب چست باندھنا ؛ خوب لس دینا -

Frass, *n.* : (۱) کیڑوں کے بچوں یا انڈوں کا فضلہ - (۲) وہ مادہ یا فضلہ یا کوڑا کرکٹ جو سوراخ کرنے والے کیڑے چھوڑ جاتے ہیں -

Frate (-ahta), *n.* (pl.-ti pr.-te) : عیسائی درویش ؛ راہب -

Frater, *n.* : (تاریخ) دیر یا مسیحی خانقاہ کا وہ کمرہ جہاں کھانا کھایا جاتا تھا ؛ آرام گاہ -

Fraternal, *a.* : برادرانہ ؛ بسلسلۂ اخوت ؛ بھائی بندی کا -

Fraternity, *n.* : (۱) برادرانہ تعلقات ؛ اخوت ؛ بھائیوں کا سا ملاپ - (۲) مذہبی جماعت ؛ کوئی جماعت جس کے مقاصد مشترک ہوں ؛ ایک ہی طبقہ کے لوگوں کا اجتماع -

Fraternize, *v. i.* : ملنا جلنا ؛ بھائی چارہ پیدا کرنا ؛ رشتہ اخوت قائم کرنا ؛ دوستی بنانا ؛ خلا ملا پیدا کرنا ؛ دوستوں کی طرح برتاؤ کرنا (together اور with کے ساتھ بھی استعمال ہوتا ہے)-

fraternization, *n.* : میل جول ؛ دوستوں کی طرح ملنا -

Fratricide, *n.* : (۱) اپنے بھائی یا بہن کو قتل کرنا ؛ برادر یا خواہر کشی - (۲) برادر یا خواہر کش -

fratricidal, *a.* : بھائی یا بہن کے قتل کا یا اس کے متعلق ؛ بھائی یا بہن کے قاتل کا یا اس کے متعلق -

Frau (-ow), *n.* : (۱) جرمنی میں بیوی یا بیوہ کو اس طرح خطاب کرتے ہیں ؛ بیوی یا بیوہ کا لقب جیسے مسز ، بیگم ، اہلیہ - (۲) جرمن عورت -

Fraud, *n.* : (۱) مکاری (شاذ) ؛ مجرمانہ دھوکا ؛ دغا ؛ فریب - (۲) دھوکا دینے کے لئے غلط واقعات بیان کرنا یا کسی کے نام سے ناجائز فائدہ اٹھانا - (۳) بے ایمانی سے کوئی چال چلنا ؛ ہتکنڈے کرنا - (۴) ایسی چیز یا شخص جس سے توقعات پوری نہ ہوئی ہوں یا جس کو سمجھا کچھ ہو اور وہ نکلا کچھ ہو (جس کی حقیقت کے سمجھنے میں دھوکا ہوا ہو) -

in f., to the f. of. : (قانون) (کسی کو) فریب دیتے ہوئے -

pious f. : ایسا دھوکا یا فریب جس کا مقصد اس شخص کو فائدہ پہنچانا ہو جس سے فریب کیا جائے اور خصوصاً ایسا فریب جس کا مقصد مذہبی عقیدے کو تقویت پہنچانا ہو ؛ مصلحت آمیز فریب -

Fraudulent, *a.* : (۱) دھوکا بازی کا مرتکب ؛ دغا باز ؛ مکار - (۲) دھوکا کی قسم سے ؛ از قسم فریب ؛ جس میں دھوکا یا فریب کی کوٹ بھری ہو ؛ جس کو دھوکا یا فریب کہا جاسکے یا جس میں دھوکا یا فریب کی آمیزش ہو -

fraudulence, *n.* : فریب کاری ؛ دھوکا بازی -

fraudulently, *adv.* : دھوکا یا فریب سے -

Fraught (-awt), *a.* : (۱) (شاعری) بھرا ہوا ؛ لدا ہوا ؛ پر ؛ آراستہ -

f. with : (رنج ، خطرہ ، معنی وغیرہ سے) پر ، بھرا ہوا ؛ جس سے (رنج ، خطرہ وغیرہ کے) پیدا ہونے کا اندیشہ یا خوف ہو -

Fraulein (-oilin), *n.* : (جرمن) قوم کی غیر شادی شدہ زیادہ عمر کی لڑکی ، مس ؛ یا بچوں کی استانی -

Fraxinella, *a.* : ایک پھول دار پودا جس کے پتے ایش (ash) کے پتوں کے مشابہ ہوتے ہیں -

Fray, *n.* : شور و شغب ؛ ہنگامہ ؛ جھگڑا ؛ لڑائی ؛ غل غپاڑا -

eager for the f. : لڑنے جھگڑنے پر آمادہ ؛ مستعد پیکار (نیز مجازاً) -

Fray, *v. t. & i., f. head* or *f.* : (۱) (ہرن کا اپنے) سینگوں پر سے ہلکی نرم کھال (درختوں سے رگڑ کر) اتار دینا - (۲) رگڑ کر پتلا کردینا ؛ گھس ڈالنا ؛ کسی چیز کے کنارے یا سرے کو گھس ڈالنا - (۳) گھس کر کپڑے کو تار تار کردینا ؛ کپڑے کے کناروں کا (گھس کر) تار تار ہوجانا ؛ کھر درا ہو جانا -

Frazil, *n.* : (کناڈا اور امریکہ) دریا کی تہ میں جو برف جمی ہوتی ہے -

Frazzle, *n.* : تھکن اور کمزوری کی حالت

Freak (-ek), *n.* : (۱) وہم ؛ خیال ؛ پریشان خیالی ؛ تلون مزاجی - (۲) اپج ؛ موج خیال ؛ ترنگ - (۳) کوئی غیر معمولی اور عجیب چیز جو توہم ، پریشانی یا بے معنی خیالات کی بلند پروازی کا نمونہ ہو - (۴) عجیب اور خوفناک صورت ؛ غیر معمولی ، غیر فطری چیز ؛ اعجوبہ -

f. of nature : (کوئی چیز یا شخص) جس کا وجود یا نشو و نما فطرت کے معمول کے خلاف ہو -

out of mere f. : محض توہم یا تلون مزاجی کی وجہ سے -

freakish, *a.* : خیالی ؛ وہمی ؛ غیر معمولی ؛ خلاف فطرت -

freakishly, *adv.* : تلون مزاجی کے ساتھ ؛ وہم کے ساتھ -

freakishness *n.* : متلون المزاجی -

Freaked, *a.* : جس (شے یا جانور) پر عجیب دھبے یا دھاریاں ہوں -

Freckle, *n. & v. t. & i.* : (۱) جسم کی کھال پر ہلکے بھورے رنگ کا دھبا - (۲) (جمع) مگس ؛ کلجھاون ؛ انھوریاں ؛ جھائیاں - (۳) دھبے ڈالنا ؛ جھائیاں پڑ جانا -

Free, *a.* : (۱) آزاد ؛ ذاتی حقوق اور سماجی و سیاسی آزادی رکھنے والا - (۲) (ملکوں شہروں اور اداروں کے متعلق) جو نہ غیر ملکیوں کے محکوم ہوں نہ خود مختار حکومت کے پابند ہوں بلکہ کامل قومی اور شہری آزادی رکھتے ہوں - (۳) بے قید ؛ پابندیوں اور فرائض سے سبکدوش ؛ بغیر کسی رکاوٹ کے - (۴) (انشا پردازی) عام اصول تحریر و انشا کی سختی سے پابندی نہ کرنے والا - (۵) جائز ؛ مناسب ؛ روا - (۶) رکاوٹوں سے بچا ہوا ؛ صاف - (۷) غیر معینہ ؛ غیر متعلقہ - (۸) (کیمیا) غیر مرکب ؛ مفرد - (۹) (قوت یا استعداد) جو مصروف یا مشغول نہ ہو (رکی نہ ہو) اور قابل استعمال ہو - (۱۰) از خود ؛ بلا جبر و اکراہ ؛ یا استحقاق ؛ مفت - (۱۱) بکثرت ؛ بے تکان ؛ بمقدار کثیر (خرچ

کرنا) - (۱۲) بے باک ؛ بے تکلف ؛ گستاخ ؛ بے ادب - (۱۳) (قصے ' افسانے ؛ تذکرے) جو سنجیدہ نہ ہو ؛ تہذیب سے گرا ہوا - (۱۴) بے قید کام کرنے کا حق رکھنے والا - (۱۵) خود جو کسی کا دست نگرنہ ہو - (۱۶) از خود ؛ بلا جبر و اکراہ ؛ بلا استحقاق ؛ مفت - (۱۷) صاف گو ؛ بے لاگ بات کہنے والا - (۱۸) مستثنیٰ ؛ محفوظ ؛ بچا ہوا - (۱۹) جس پر کوئی ٹیکس محصول ' چنگی یا فیس (یا کسی قسم کی تجارتی پابندی) عاید نہ ہو -

am free to confess : میں اعتراف کرنے کے لئے تیار ہوں-

carriage-f. : محصول آمد ، رفت معاف ؛ بلا محصول یا خرچہ آمد و رفت -

did it of my own f. will : میں نے یہ کام اپنی رضا و رغبت سے کیا (بغیر جبر و اکراہ) -

f. and easy : بے تکلف؛ جو آداب صحبت کا زیادہ لحاظ نہ رکھے

f. -board : جہاز کے پہلو کا وہ حصہ جو پانی کی سطح (خط آب) اور عرشہ کی سطح کے درمیان ہوتا ھے -

f. -born : وہ لوگ جن کو وراثتاً شہری حقوق اورآزادی حاصل ہو -

F. Church : وہ کلیسا جس کا کوئی تعلق حکومت سے نہ ہو؛ آزاد ' خود مختار کلیسا -

F. Church of Scotland : اسکاٹ لینڈ کا آزاد کلیسا؛ ان مذھبی لوگوں کی جماعت جو سنہ ۱۸۴۳ ع میں مرکزی کلیسا سے الگ ہوگئے تھے -

f. churches : غیر مقلد ؛ جن کا تعلق آزاد کلیسا سے ہو -

f fight : لڑائی دنگا جس میں جس کا جی چاھے شریک ہو جائے -

f. flow of water : پانی کا صاف بے روک بہاو -

f. from ordinary rules : معمولی قواعد سے مستثنیٰ -

f. from disease : مرض سے محفوظ؛ جس نے مرض سے نجات پائی ھے -

f. from difficulties : مشکلات سے بچا ہوا -

f. gift : عطیہ جو کسی چیز کے معاوضہ میں نہ دیا ہو گیا -

f. grace : خدا کی مہربانی بلا استحقاق -

f. hand : نقشہ کشی بغیر اوزار و آلات کی مدد کے (صرف نظر کی مدد سے) -

f. hold : زمین معافی؛ قابل ارث یا حین حیاتی حقیت (اراضی یا امکنہ میں) ؛ ملک مطلق -

f. holder : قابض حقیت مستقل قابل ارث؛ مالک مطلق ؛ جاگیردار -

f handed : فیاض؛ بےتکلف خرچ کرنےوالا -

f. labour : (۱) آزاد مزدوروں کی (نہ کہ غلاموں کی محنت - مزدوری) - (۲) ان مزدوروں کی محنت جن کا تعلق انجمن اتحاد مزدوران سے نہو -

f. lance : یورپ کے قرون وسطیٰ کے وہ سپاھی (بھاڑے کے سپاھی) جو محض مالی فائدے کے لئے فوجوں میں شریک ہوکر لڑا کرتے تھے ؛ موجودہ زمانے کے سیاسی مدبرین جو کسی مخصوص سیاسی جماعت کے اصولوں کے پابند نہ ہوں؛ وہ اخبار نویس جو کسی خاص اخبار یا جریدہ کا ملازم یا پابند نہ ہو -

f. list : ایسے لوگوں (یا چیزوں) کی فہرست جن کے لئے مفت (بلا محصول) داخلہ کی اجازت ہو ؛ معافی داروں کی یا مال معافی کی فہرست -

f. liver : تن آسان ؛ تعیش پسند ؛ کھانے پینے کا شوقین -

f. living : تعیش کی زندگی؛ بے قید طرز زندگی -

f. love : زن و شوہر کے تعلقات بغیر نکاح کے -

f . man : آزاد؛ اصل زادہ؛ حُر (نہ کہ غلام)؛ غیر آزاد کسان؛ آزاد ملک کا شہری -

f. mason : فریمیسن ؛ ایک ایسی خفیہ انجمن کا رکن جس کا مقصد آپس میں ایک دوسرے کو مدد کرنا اور برادارانہ خلوص پیدا کرنا ' اور جس کے مراسم بہت شان و شوکت سے خفیہ طور پر ادا کئے جاتے ہیں (فرامیسن کی اصل غالباً یہ ھے کہ لوگ چودھویں صدی عیسوی میں کاردان معمار تھے جو غلامی سے آزاد کردئے گئے تھے اور جن کو نقل و حرکت کی آزادی حاصل تھی؛ یہ لوگ انجمن کے ممبر بنائے جاتے تھے اسی لئے Free And accepted masons ' آزاد اور مقبول معمار کہلاتے تھے) -

freemasonry : فریمیسن کا طریقہ کار اور ادارہ؛ دوھم جنس اور یکساں طبیعت رکھنے والے اشخاص کے درمیان خفیہ قرار داد یا سمجھوتا ؛ خلقی ھمدردی -

f. of the house : جس کو کسی مکان میں داخل ہونے اور مکان کو استعمال کرنے کا حق حاصل ہو -

f. of his money : خرچ کرنے میں فیاض ؛ کھلا ہوا ہاتھ ؛ بے تکان خرچ کرنے والا ؛ فضول خرچ ؛ مسرف -

f. port : ایسی بندرگاہ جو تمام تجار کے لیے یکساں کھلی ہوی ہو جس میں سب داخل ہو سکیں سب کا مال تجارت آ سکے) -

f. pass : ایسی اجازت یا داخلہ جو بلا قیمت ہو ؛ ایسی سند جو مفت دی جائے -

f. quarters : بلا معاوضہ مہمانداری (کرنا) ؛ بے کرایہ کے مکانات -

f. -spoken : جو شخص صاف صاف بات کہے ' اپنی رائے کو پوشیدہ نہ رکھے ؛ صاف گو -

f.-stone : ایک قسم کا آڑو جس کی گٹھلی اس کے پختہ ہو جانے کے بعد ڈھیلی پڑ جاتی ھے -

freestone : ریتیلا پتھر جو آسانی سے کاٹا جا سکے ' جس میں چونا یا ریت زیادہ ملی ہوئی ہو -

f. school : جس اسکول میں کوئی فیس نہ لی جاتی ہو اور بلا معاوضہ تعلیم دی جاتی ہو -

f. step and gestures : آزاد وضع اور چال -

f. -thinker : مذھبی عقائد میں مسلمات سے انکار کرنے والا ؛ معقولی؛ دھریہ؛ جو شخص مذھب کے مسلمہ عقائد کو اس صورت میں قبول نہ کرتا ہو جس صورت میں مذھبی رہنما پیش کرتے ھیں -

f. -thinking : آزادی راے و خیال (مذہبی معاملات میں) -
f. -thought : آزاد راے اور خیال (مذہبی معاملات میں) -
f. to do : کسی کام کے کرنے میں خود مختار -
f. trade : آزادانہ تجارت (جس پر در آمد روکنے یا ملکی صنعت کو دیگر ممالک کے مقابلہ سے محفوظ رکھنے کے لیے محصول نہ لگایا گیا ہو) ؛ اصول سیاسی جس کا مقصد آزادانہ تجارت ہو -
f. -trader : آزادانہ تجارت کا حامی -
f. translation : ترجمہ جو لفظ بہ لفظ نہ ہو بلکہ مترجم اپنے الفاظ میں مفہوم کو ادا کردے ؛ آزاد ترجمہ -
f. verse : ایسے اشعار جو عروض و قواعد کی پابندیوں سے آزاد ہوں ؛ نظم معرا -
f. wheel : بائیسکل کا پہیہ جو بغیر پاؤں چلائے بھی گھومتا رہے یعنی جب پاؤں روک لیے جائیں تب بھی بائیسکل چلتی رہے ؛ فری ویل -
f. -will : آزاد قوت ارادی ؛ ہمارے کاموں اور اعمال کی رہنمائی کرنے والی قوت ارادی جو ضروریات و مصالح اور رکاوٹوں سے آزاد اور تقدیر سے بے پروا ہو ؛ اختیار -
f. wind : باد موافق -
gallery is open free : نمائش گاہ کا داخلہ مفت ہے -
have or *give a f. hand* : اپنے ارادے (یا راے) کے مطابق اور اپنی قوت امتیازی سے کام کرنے کا حق رکھنا یا دینا -
it is f. for or *to him, to do so* : اُس کے لیے ایسا کرنا جائز و روا ہے ؛ اس کو اس کے کرنے کا اختیار ہے -
made f. of the city : (جس کو) حقوق شہریت دیے گئے -
make or *be f.* : کسی کو گستاخ یا بے تکلف بنا دینا یا خود بن جانا -
freely, *adv.* : آزادی سے ؛ بے تکلفی سے ؛ صفائی سے ؛ بے تکان ؛ بلا رکاوٹ کے ؛ بے روک ٹوک -
Free, *v. t.* : آزاد کرنا ؛ رہا کرنا ؛ چھوڑ دینا ؛ چھڑانا ؛ بچانا ؛ نجات دینا (اکثر لفظ from کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) پانا ؛ بچنا ؛ سلجھانا ؛ کھولنا -
freedman : وہ غلام جو آزاد کر دیا گیا ہو (روما کی تاریخ) -
Freebooter, *n.* : بحری ڈاکو ؛ بحری قزاق ؛ جو شخص سمندروں میں لوٹ مار کرتا ہو -
freebooting, *a.* : بحری قزاقی یا ڈاکہ زنی -
Freedom, *n.* : (۱) شخصی آزادی ؛ غلام نہ ہونا - (۲) شہری آزادی ؛ خود مختاری - (۳) استغنا ؛ آزادی عمل ؛ حق عمل ؛ حق انتخاب - (۴) صاف گوئی ؛ صاف دلی - (۵) ضرورت سے زیادہ بے تکلفی ؛ بے ادبی - (۶) عمل کی آسانی اور سہولت - (۷) تخیل کی جرأت - (۸) (طبیعیات) استعداد حرکت - (۹) (عیب ؛ بار ؛ مضرت ؛ فرض سے) مستثنیٰ یا بری ہونا - (۱۰) ایک حق جو کسی شہر یا ادارہ کو حاصل ہو - (۱۱) کسی کمپنی کی رکنیت یا کسی شہر کی شہریت کے حقوق میں شرکت (جو اکثر نمایاں اشخاص کو بطور عزت افزائی پیش کیے جاتے ہیں) - (۱۲) استعمال کرنے کا (کسی چیز کو) بے قید غیر مشروط حق -
has the f. of the library : کتب خانے کو بے روک ٹوک استعمال کرنے کا حق رکھتا ہے -
take ff. with : (کسی سے) بے حد بے تکلفی (بے ادبی) کا برتاؤ کرنا -
Freemartin, *n.* : گاے بیل وغیرہ کی ایسی قسم جس میں نر اور مادہ دونوں جنسیتوں کے آثار پائے جاتے ہیں ؛ ایسی گاے جس کا مادہ پن غیر مکمل ہو -
Freesia (-z-), *n.* : راس امید (افریقہ) کا ایک پودا جس میں سوسن کی قسم کا ایک پیازہ نما پھول نکلتا ہے -
Freeze, *v. i.* & *t.* (froze, frozen), & *n.* : (۱) منجمد ہونا ؛ جم کر برف ہوجانا ؛ سردی کی وجہ سے جم کر سخت ہو جانا ؛ بہت زیادہ سردی محسوس کرنا - (۳) خوف سے ٹھنڈا ہوجانا - (۴) (کسی رقیق یا سیال چیز کو) برف کے ذریعہ سے جما دینا - (۵) برف میں رکھ کر گوشت وغیرہ کو سڑنے اور خراب ہونے سے محفوظ رکھنا - (۶) احساسات کو ٹھنڈا کردینا ؛ بے حس کر دینا ؛ قوت کو مفلوج کر دینا - (۷) سردی پہنچا کر سخت یا کڑا کر دینا یا مار ڈالنا - (۸) (بازاری) برف ہو کر یا برف کی وجہ سے کسی چیز میں جم جانا یا چپک جانا -
f. on to : کسی شخص سے چپک جانا ؛ کسی شخص کے ہر وقت ساتھ ساتھ رہنا ؛ کسی پر اپنا اثر اور قبضہ جما لینا ؛ کسی کے سر ہو جانا -
f. one's blood : خون خشک کر دینا ؛ خوف زدہ کر دینا -
f. to death : برف باری کی وجہ سے مر جانا ؛ سردی سے ہلاک ہو جانا -
frozen out : (بازاری) (بذریعہ مقابلہ یا مقاطعہ) صحبت یا کاروبار سے خارج کیا ہوا -
freezing -mixture : نمک، برف اور دوسرے کیمیاوی اجزا جن کو ملا کر رقیق اشیاء کو جما یا جاتا ہے -
freezing -point : سردی کا وہ درجہ جس پر رقیق چیزیں خصوصاً پانی جم جاتا ہے ؛ نقطۂ انجماد -
it freezes : برف جمتی ہے (موسم اس قدر سرد ہے کہ پانی جم کر برف ہوجاتا ہے) -
Freezing, *a.* : (۱) فعل کے معنوں میں ؛ (خصوصاً بطور مبالغہ) بہت زیادہ سرد -
freezingly, *adv.* : بہت سرد مہری کے ساتھ -
Freight, *n.* & *v. t.* : (۱) مال و اسباب لے جانے کے لیے جہاز کا کرایہ - (۲) سامان کا بحری راستہ سے لے جانا (امریکا میں خشکی کے راستے سے بھی لیجانے کو کہتے ہیں) - (۳) اس کا کرایہ - (۴) جو مال اس طرح لے جایا جائے - (۵) بوجھ ؛ وزن - (۶) جہاز میں مال و اسباب لادنا ؛ (جہاز کو) اسباب و مسافر لیجانے کے لیے کرایہ پر لینا یا دینا -
Freightage, *n.* : (۱) جہاز کا کرایہ یا مال و اسباب لیجانے کا خرچہ -
Freighter, *n.* : (۱) جو شخص اندرون ملک مال بھیجنے کے لیے کسی کے سپرد کرے - (۲) وہ شخص جس کا کاروبار یہ ہو کہ سامان (خصوصاً مال تجارت) کو وصول کرے اور آگے بھیج دے - (۳) جہاز کو کرایہ پر دینے والا یا لادنے والا - (۴) صرف مال و اسباب لیجانے والا جہاز -

French, *a. & n.* : (۱) اهل فرانس؛ اهل فرانس اور ملک فرانس کے متعلق؛ فرانسیسی- (۲) جو شخص (یا چیز) وہ خصوصیات رکھتا ہو جو اہل فرانس سے منسوب کی جاتی ہیں- (۳) فرانسیسی زبان-

F. bean : فرانس کا لوبیا جس کی مختلف اقسام ہوتی ہیں اور جو مختلف صورتوں سے غذا میں استعمال ہوتا ہے-

F. bread : ایک خاص قسم کی روٹی-

F. chalk : ایک قسم کی کھریائی مٹی جس سے کپڑے پر نشان لگائے جاتے ہیں چکنائی کے دھبے دور کئے جاتے ہیں اور خشک جو چکنائی کی طرح بھی استعمال کی جاتی ہے-

F. drain : سوراخ دار پتھر اور اینٹوں سے جو نالیاں بنائی جاتی ہیں اور جو پانی کو خشک کرلیتی ہیں-

F. grey : سفید اور سیاہ ہاتھی دانت؛ ہندوستانی سرخ اور چینی نیلا رنگ ملا ہوا-

F. horn : دھات سے بنی ہوئی ایک منہ سے بجانے کی نفیری-

F. letter : ربر کا ایک مانع حمل غلاف جو آلۂ تناسل پر چڑھا لیتے ہیں تا کہ نطفہ قرار نہ پاسکے-

Frenchman : جو شخص فرانس کا رہنے والا یا فرانسیسی نسل سے ہو-

F.-polish : ایک قسم کا روغن جو لکڑی پر کیا جاتا ہے؛ اس قسم کی پالش لگانا-

F.-polisher : اس قسم کا روغن لگانے والا-

F.-roof : ڈھلوان چھت جس کے دونوں طرف ڈھال ہوتے ہیں ایک کم ایک زیادہ-

F. toast : روٹی کے ٹکڑے جو انڈا اور شکر ملا کر تلے جاتے ہیں-

F. window : روغن کیا ہوا توڑواں دروازہ جو دریچہ اور دروازہ دونوں کا کام دیتا ہے-

f. woman : فرانسیسی عورت-

take F. leave : بغیر اجازت اور اطلاع کے چلا جانا یا کوئی کام کرنا-

the F. : (جمع) ملت فرانسہ؛ فرانسیسی قوم-

frenchness, *n.* : فرانسیسی پن-

frenchy, *a. & n.* : (۱) فرانسیسی خصائص رکھنے والا- (۲) فرانسیسی شخص (تحقیر بطور)-

Frenchify, *v. t.* : عورت؛ سیرت یا طرز نشست و برخاست میں فرانسیسی بنا دینا-

Frenchification, *n.* : فرانسیسی بنانے کا طریقہ یا عمل-

Frenchless, *a.* : فرانسیسی زبان سے نا واقف-

Frenum دیکھو Fraenum

Frenzy, *n. & v. t.* : (۱) انتشار دماغی؛ عارضی دیوانگی؛ خبط و جنوں کا دورہ (شاذ)- (۲) غصہ یا اضطراب کی ہذیانی حالت- (۳) وحشیانہ حماقت- (۴) (v.b.) (صرف p.p. میں مستعمل ہے) مشتعل کر دینا؛ غضبناک کردینا؛ شدید غصہ کی حالت پیدا کر دینا-

frenzied rage : دیوانے کا غصہ-

Frequency, *n.* : (۱) اکثر واقع ہونا؛ کثرت سے کسی واقعہ کا پیش آنا؛ تھوڑے تھوڑے وقفہ سے بارہا پیش آنا- (۲) (نبض) تیزی؛ سرعت- (۳) تعداد ارتعاش؛ ایک معینہ وقت کے اندر تعداد تکرار-

high, low f. : موج آواز یا برقی لہر کا بلند وپست ارتعاش-

Frequent, *a.* : (۱) جو ترتیب ترتیب (کم فاصلے پر) بہت سی تعداد میں پائے جائیں- (۲) کثیر؛ بکثرت؛ متعدد- (۳) جو اکثر واقع ہو؛ عام؛ جو متواتر واقع ہو- (۴) (نبض) تیز- (۵) عادی؛ ہمیشہ کا-

a. f. caller : اکثر آنے جانے والا شخص-

it is a f. practice to : (ایسا کرنے کا) بکثرت رواج ہے؛ (یہ بات) بار بار ہوا کرتی ہے-

frequently, *adv.* : اکثر؛ بار بار-

Frequent, *v. t.* : اکثر یا عادتاً (کسی جگہ؛ کسی صحبت میں کسی مکان پر) جانا-

frequentation, *n.* : اکثر آنا جانا-

frequenter, *n.* : اکثر آنے جانے والا-

Frequentative, *a. & n.* : (صرف و نحو) بار بار کسی فعل وغیرہ کے سرزد ہونے کا اظہار کرنے والا یا کسی فعل کی شدت کو ظاہر کرنے والا-

Fresco, *n. (pl.- os,-oes) & v. t.* : (۱) قلم سے آبی رنگوں میں دیوار یا چھت پر استرکاری کے خشک ہونے سے پہلے تصویر کشی کا ایک طریقہ- (۲) اس طرح روغن کرنا یا رنگ آمیزی کرنا (دیوار تصویر یا مضمون وغیرہ پر)-

Fresh, *a. & n. & adv.* : (۱) جدید؛ نیا؛ تازہ- (۲) جو پہلے علم میں نہ آیا ہو؛ جو پہلے نہ دیکھا گیا ہو؛ نہ استعمال کیا گیا ہو- (۳) مزید؛ دوسری یا دوسرا؛ مختلف- (۴) جو چیز حال ہی میں تیار ہوئی ہو یا پہنچی ہو؛ وصول ہوئی ہو؛ کہیں سے آئی ہو- (۵) کچا؛ نا تجربہ کار- (۶) جس (کھانے کی شے) کو نمک یا مسالہ لگا کر یا دھواں دے کر یا ٹین میں بندکر کے سڑنے گلنے سے محفوظ نہ کیا گیا ہو بلکہ جو تازہ استعمال کے لئے ہو- (۷) (ہوا؛ آندھی پانی) صاف؛ مصفا؛ تسکین بخش؛ صحت بخش؛ ٹھنڈی؛ ٹھنڈا- (۸) جو باسی؛ سڑا ہوا؛ مزے سے اترا ہوا نہ ہو- (۹) (رنگ و روغن) صاف؛ ستھرا؛ بے عیب؛ چمکدار- (۱۰) جو تھکا ہوا نہ ہو؛ چست و چالاک؛ تندرست- (۱۱) (سوقیانہ) جو شخص شراب کے نشہ کی وجہ سے ہیجانی (اضطراری) حالت میں ہو- (۱۲) (امریکہ) بیباک؛ شوخ؛ گستاخ؛ پیش پیش- (۱۳) دن یا سال کا ابتدائی حصہ- (۱۴) دریا میں پانی کی تیز روانی؛ سیلاب- (۱۵) Freshly =

a f. wind : ہوا جو ذرا تیز ہو-

as f. as paint : خوب تندرست؛ چست و چالاک-

begin a f. chapter : تازہ باب شروع کرنا؛ نیا دور شروع کرنا؛ اپنے طرز عمل کو بدل دینا؛ اپنی حالت کی اصلاح کرنا-

break f. ground : کوئی نیا کام شروع کرنا؛ نئے طریقہ سے شروع کرنا؛ نئی بحث پیدا کرنا؛ ایسا کام شروع کرنا (یا ایسی بات) جو فرسودہ یا پرانی نہ ہو-

f. butter : بے نمک کا سادہ مکھن-

f. complexion : چہرے کا صاف رنگ (جس سے تندرستی یا جوانی ظاہر ہوتی ہے)-

f. eggs : انڈے جو پرانے اور گندے نہ ہوں-

f. flowers : تازہ پھول-

f. herring, fruit, meat : تازہ مچھلی؛ پھل یا گوشت (جو نمک یا مسالہ لگا کر ملبہ بند ڈبے میں نہ رکھا گیا ہو)-

freshman : جو طالب علم یونیورسٹی کی پہلی جماعت میں داخل ہوا ہو -

f. memories : گذشتہ باتیں جو یاد ہوں ' جو اکثر یاد آتی ہوں -

f. water : میٹھا پانی (جس میں نمک نہ ہو ' جو کھاری نہ ہو) -

f. water sailor : دریاوں کا (نہ کہ سمندر کا) ملاح -

in the f. of the morning : علی الصباح -

never felt fresher : جسقدر اب تندرست اور چست ہے ' پہلے کبھی نہ تھا -

of f. water : دریا یا کوئیں کے پانی کی (مچھلی وغیرہ) نہ کہ سمندر کی -

freshly, *adv.* : ازسرنو ؛ دوبارہ ؛ نئے سرے سے -

freshly caught : تازہ پکڑی ہوی (مچھلی) -

freshly coined : جدید ڈھالا ہوا سکہ -

freshly run : (سامن مچھلی) جو حال ہی میں سمندر سے پکڑ کر لائی گئی ہو -

freshen, *v. t. & i.* : تازہ دم ہو جانا یا کردینا ؛ تازہ ہونا یا کرنا ؛ چست ہوجانا ؛ تیز ہوجانا وغیرہ -

freshness, *n.* : تازگی ؛ صفائی ؛ چستی ؛ تندرستی -

Fresher, *n.* : (جامعہ ' عامیانہ) دیکھو freshman

Freshet, *n.* : (۱) دریا کے اوس پانی کی تیز رفتار جو سمندر میں گرتا ہے - (۲) دریا کی طغیانی جو زیادہ بارش یا برف کے پہاڑوں پر پگھلنے سے پیدا ہوتی ہے -

Freshly, *adv.* : (۱) حال میں ؛ ازسر نو ؛ نئے سرے سے (شاذ) - (۲) پوری قوت کے ساتھ - (۳) شگفتہ صورت (چہرہ) کے ساتھ ؛ مہکتے ہوے

Fret, *n. & v. t.* : (۱) منبت کاری جس میں خطوط مستقیم کو اس طرح ترکیب دیتے ہیں (عموماً زاویہ قائمہ کے ساتھ) کہ اُن سے آرایشی نقش و نگار بن جاتے ہیں ؛ اس قسم کی کاریگری کو Greek fret بھی کہتے ہیں - (۲) بوقلموں ' رنگا رنگ بنانا ؛ (عموماً چھت کو) ابھروان یا تراشے ہوئے کام سے آراستہ کرنا -

f.-saw : بہت پتلی آری جو ایک چوکھٹے میں لگی ہوتی ہے جس سے پتلی لکڑی کو کاٹ کر پھول بوٹے بنائے جاتے ہیں -

f. work : کٹاؤ کا کام (لکڑی وغیرہ میں) جس میں آرایشی نقوش بنائے جاتے ہیں ؛ لکڑی پر وہ کام جو پتلی آری سے کیا جاتا ہے -

Fret, *v. t. & i. & n.* : (۱) کاٹنا ؛ کترنا ؛ گھس ڈالنا ؛ کھا لینا ؛ چبانا ؛ گلا دینا یا دانتوں سے کتر کر اذیت پہنچانا (جس طرح کپڑے کے کیڑے کپڑا کاٹ ڈالتے ہیں یا گھوڑے اپنا دھانہ چباتے ہیں یا زنگ گلا دیتا ہے یا کھا جاتا ہے یا رگڑ سے کوئی چیز گھس جاتی ہے یا جذبات اذیت پہنچاتے ہیں) - (۲) گھس کر یا کاٹ کر راستہ بنالینا (بنانا) دق کرنا ؛ چھیڑنا ؛ غصہ دلانا ؛ تنگ کرنا ؛ پریشان کرنا ؛ رنجیدہ کرنا - (۳) اپنے کو رنج یا بے قراری سے پریشان کرنا - (۵) (دریا یا چشمہ کا) بہنا ؛ اس طرح میں ہلکی ہلکی موجیں اٹھنا ؛ (پانی کی سطح کا) تہ وبالا ہونا - (۶) جھنجھلاہٹ ؛ پریشانی ؛ جھگڑالوپن -

f. and fume : غصہ کی حالت میں بیچینی اور بیصبری کا اظہار کرنا -

f. at : کسی بات کے متعلق پریشان ہونا -

f. away : رنج میں گھلنا -

f. out one's *life* : اپنی زندگی کو رنج میں گھل گھل کر مٹا دینا -

in a f., on the f. : جھنجھلاہٹ یا پریشانی میں -

fretful, fretty, *aa.* : پریشان ؛ غصہ ور ؛ جھگڑالو -

fretfully, *adv.* : پریشانی کے ساتھ ؛ دق ہوکر ؛ رنجیدہ ہوکر -

fretfulness, *n.* : پریشانی ؛ رنجیدگی ؛ جھنجھلاہٹ -

Fret, *n.* : (موسیقی) تاروں والے ساز پر (انگلیوں سے پردوں کے دبانے کے لئے) کھونٹیوں کی قطار -

fretted, *a.* : جس ساز میں یہ قطار ہو -

Freudian, *a. & n.* : فروید یا اُس کے اصول تعلیل نفسیاتی (psycho analysis) کا معتقد یا پیرو -

Friable, *a.* : (۱) جو (چیز) آسانی سے توڑی مروڑی جاسکے ؛ اس طرح کچلی جاسکے کہ اُس کے اجزا باریک اور ریزہ ریزہ ہوجائیں -(۲) ریز ناک؛ ایسی (چیز) جو وزن پڑنے سے پس جائے ؛ ریزہ ریزہ ہوجائے -

friability; friableness, *nn.* : پھسپھساپن ؛ خستگی -

Friar, *n.* : ایک مخصوص زاویہ کے عیسائی درویش ' راہب ' خصوصاً ان چارزاویوں کے راہب جو فرانسسکن (Grey Ff.) اگسٹائنیس (Austin Ff.) ڈامنی نیکس (Black Ff.) اور کارمیلائٹس (White Ff.) کہلاتے ہیں -

f.'s balsam : روح لوبان -

Friary, *n.* : راہبوں کی خانقاہ -

Fribble, *v. i. & n.* : (۱) خفیف ' و بیہودہ حرکات کرنا ؛ خفیف الحرکات ہونا ؛ فضول حرکتیں کرنا - (۲) خفیف الحرکات؛ سبک سر ؛ بیہودہ ؛ لغو -

Fricandeau. (-do) *n.* (*pl* -*x*. *pr.* -*z*) & *v. t.* : (۱) بھنے ہوے یا ابلے ہوے گوشت کا ایک ٹکڑا ' پارچہ خصوصاً بچھڑے کا گوشت جو ساس کے ساتھ کھایا جاتا ہے - (۲) ایسے ٹکڑے یا پارچے تیار کرنا -

Fricassee, *n. & v. t.* : (۱) گوشت کے ٹکڑے جو بھون کر یا ابال کر ساس کے ساتھ کھائے جاتے ہیں ؛ خصوصاً پرندوں یا چھوٹے جانوروں کے ٹکڑے کا خلیہ - (۲) کسی گوشت سے اس قسم کا کھانا تیار کرنا -

Fricative (-a-), *a. & n.* : وہ حرف صحیح جو منہ کے کم کھلے ہونے کی حالت میں سانس کے رگڑ سے پیدا ہو مثلاً f, th اور ch اسکا جستانی تلفظ)

Friction, *n.* : (۱) طبی مالش ؛ جسم کو مل کر گرمی پہنچانا - (۲) دو جسموں کی رگڑ ؛ رگڑ ؛ اند راس - (۳) (طبعیات) مزاحمت (حرکت اضافی) جو ایک جسم کے دوسرے جسم پر حرکت کرنے سے واقع ہوتی ہے (پیدا ہوتی ہے) -

angle of f. : وہ سب سے بڑا زاویہ جو ایک جسم کا دوسرے جسم پر بغیر پھسلے اور گرے بنا سکے (وہ زاویہ جس پہ جسم قائم رہے)

f. -ball: مشین کے پہیوں میں جو گولیاں اس غرض سے ڈالی جاتی ہیں کہ رفتار میں مزاحمت اور رگڑ کم ہو -

f. -clutch, f. -cone, f. -coupling, f. -disk, f. -gear (ing): وہ پرزے جو مشینوں میں رگڑ سے رفتار پیدا کرنے کے لیے لگائے جاتے ہیں -

frictional, *a.*: جو رگڑ سے پیدا ہو (یا کیا جائے) یا متحرک کیا جائے -

frictionless, *a.*: جس میں رگڑ یا رکاوٹ پیدا نہ ہوتی ہو -

Friday, *n.* جمعہ ؛ آدینہ -

Black F.: بہت سے جمعے تاریخ میں ایسے گذرے ہیں جب سخت حادثات پیش آئے اسی لیے اُن کو سیاہ جمعہ کہا جاتا ہے -

Good F.: جمعہ جو ایسٹر سے پہلے آتا ہے جو حضرت عیسیٰ کے مصلوب ہونے کی یادگار ہے -

Friend (frĕnd), *n.* & *v. t.*: (۱) دوست ؛ صحب ؛ یار - (۲) وہ شخص جو دو شخصوں کی لڑائی (duel) میں کسی ایک کا ساتھی (second) ہو - (۳) (عرف عام میں) شناسا ؛ وہ اجنبی جو کبھی کہیں کہیں مل جائے یا جس کا کبھی کوئی تذکرہ آ جائے (اس معنی میں تعظیماً اور طنزاً بھی استعمال کیا جاتا ہے) - (۴) (جمع) کسی شخص کے قریبی رشتہ دار ؛ وہ لوگ جو کسی شخص کے متعلق کوئی ذمہ داری قبول کریں - (۵) ہم درد ؛ معاون ؛ مربی - (۶) کوئی چیز ' بات یا صفت جس سے مدد ملتی ہو یا کام نکلتا ہو - (۷) جو شخص دشمن نہ ہو یا جو اپنی جماعت یا اپنے فرقہ کا آدمی ہو - (۸) (شاعری) کسی کے ساتھ دوستی کرنا ؛ کسی کی مدد کرنا -

a f. at court: وہ دوست جس کے اثر یا کوشش سے دربار میں کار برآری کی جاسکے -

be friends: دوست ہونا ' بنانا ؛ دوستی کرنا -

f. Dick, f. Jones: (جب کسی نام سے پہلے استعمال کیا جائے تو معمولی شناسائی کا اظہار ہوتا ہے) -

keep friends: بہت سے دوست رکھنا ' ہونا -

my learned f.: قانون پیشہ لوگ ' وکلا وغیرہ عدالت میں ایک دوسرے کو مخاطب کرتے ہیں

make ff.: دوستی کرنا ؛ دوستانہ پیدا کرنا -

my friend in the brown hat now left me: وہ صاحب (محض شناسا یا ایسا اجنبی جو کبھی کہیں مل گیا ہو) جو بھوری ٹوپی پہنے ہوئے تھے اب مجھ سے جدا ہوگئے -

my honourable f.: میرے دوست (ممبران پارلیمنٹ و کونسل اس طرح ایک دوسرے کا ذکر کرتے ہیں) -

my shyness was here my best f.: یہاں میرا شرم و حجاب ہی میرے کام آیا -

friendless, *a.*: جس کا کوئی دوست نہ ہو ؛ بے یار و مددگار -

friendlessness, *n.*: بیچارگی ؛ بے یار و مددگار ہونے کی حالت -

Friendly, *a. n.* & *adv.*: (۱) دوست کی طرح برتاؤ کرنے والا یا ایسا برتاؤ کرنے پر آمادہ - (۲) دوستوں کی خصوصیت جیسے مہربانی اور لطف و کرم ظاہر ہو یا جو رحم دلی کی وجہ سے پیدا ہو ؛ دوستانہ - (۳) غیر مخالفانہ ؛ مہربانی اور محبت کے ساتھ - (۴) جو رجحان (کسی طرف) موافقت کے ساتھ ہو - (۵) پسندیدگی کے ساتھ ؛ کار آمد ؛ آمادگی کے ساتھ - (۶) جو (اشیاء) مناسب ' با موقع ہوں - (۷) (جمع میں) غیر مخالف لیٹو (غیر مہذب قوم کا یا غیر یورپی شخص) -

a f. nation.: وہ قوم جس سے دوستانہ تعلقات ہوں -

f. action at law: دوستانہ قانونی کارروائی جو محض کسی قانونی نکتہ کو عدالت میں حل کرانے کے لیے کی گئی ہو اور جس کا سبب ذاتی مخالفت نہ ہو -

f. lead among London poor: کوئی جلسہ یا تقریب جس کی غرض لندن کے غربا اور مفلوک الحال لوگوں کے لیے چندہ کرنا ہو -

f. match: کسی کھیل میں مقابلہ جو محض دوستانہ ہار جیت کے لیے کیا جائے اور کسی انعام کی خاطر نہ ہو ؛ دوستانہ مقابلہ -

F. Society: ایسی انجمن جس کی غرض یہ ہو کہ اس کے ارکان مصیبت' بیماری یا ضعیف العمری کے لیے ایک دوسرے کا بیمہ کر لیں ؛ انجمن امداد باہمی -

friendliness, *n.*: موافقت ؛ ہم دردی ؛ مہربانی ؛ لطف و کرم -

friendlily, *adv.*: دوستانہ طور پر -

Friendship, *n.*: دوستی ؛ یگانگت ؛ موالات ؛ دوستانہ تعلقات ؛ دوستانہ رجحانات طبع جو ظاہر کئے جائیں یا محسوس کئے جائیں -

Frieze, *n.*: موٹا کھردرا اونی کپڑا جس کے صرف ایک ہی طرف رواں ہو -

Frieze, *n.*: (۱) (تعمیرات) ستون کے اوپر کا ایک ٹکڑا جو وسطی کڑی اور اندر کی کنگنی (ٹگر) کے درمیان ہوتا ہے - (۲) اس ٹکڑے میں ایک چوڑی پٹی جس میں سنگ تراشی کا کام کیا گیا ہو - (۳) آرایشی پٹی جو کسی مقام پر بنائی گئی ہو - (۴) کگری -

Frigate (-ăt), *n.*: (۱) (تاریخ) جنگی جہاز جو بلحاظ جسم اور وزن اور بلحاظ سامان جنگ جنگی بیڑہ کے جہازوں سے دوسرے نمبر پر ہوں اور جن پر ۶۰ سے ۶۸ تک توپیں لگی ہوں - (۲) (جدید اصطلاح) عام جنگی جہاز -

f. -bird: گرم ملکوں کا ایک بڑا اور تیز پرواز پرندہ -

Fright (-īt), *n.* & *v. t.*: وہ خوف جو دفعتاً پیدا ہو ؛ دہشت ؛ ہول ؛ ڈر ؛ بیم ؛ ہراس ؛ گھبراہٹ - (۲) بھیانک اور خوفناک صورت والا آدمی - (۳) (شاعری) ڈرانا ' خوف زدہ کردینا -

Frighten, *v. t.*: خوف زدہ کردینا ؛ ڈرانا ؛ خائف کردینا -

f. away, or out of place: ڈرا کر کسی جگہ یا مکان سے بھگا دینا -

f. into doing: خوف دلا کر' دھمکا کر (کوئی کام) کرالینا -

f. into submission: دھمکا کر مطیع کر لینا ؛ اتنا دھمکانا کہ مطیع ہوجائے (اطاعت کرلے ' مان جائے) -

f. out of wits: خوف زدہ کرکے خارج از حواس کر دینا ؛ اس قدر ڈرانا کہ بد حواس ہوجائے -

frightened at: (کسی چیز سے) خوف زدہ -

frightened of: (کسی چیز یا شخص سے) خوفزدہ (عموماً عادتاً)

Frightful, *a.*: (۱) ڈرا دینے والی (چیز) (متروک) - (۲) خوفناک؛ درد ناک؛ ہولناک؛ خطرناک؛ وحشت انگیز مہیب؛ تکلیف دہ - (۳) نفرت انگیز؛ کریہ؛ کریہ المنظر؛ بھیانک - (۴) (بازاری) بھت بڑا؛ پریشان کن؛ بد حواس کر دینے والا -

frightfully, *adv.*: (اصطلاحاً) بھت؛ بے حد -

frightfulness, *n.*: دھشت انگیزی؛ خوفناکی؛ (اصطلاحاً) غیر فوجی آبادی کو (شہر پر سخت گیری سے) خوفزدہ کرنے کا طریقہ جو بعض اوقات فوجی اختیار کرتے ہیں -

Frigid, (-j-) *a.*: (۱) سرد خصوصاً (آب و ہوا) - (۲) سرد مہر؛ بارد المزاج؛ ظاہر دار؛ تصنع کا برتاؤ کرنے والا - (۳) اداس کرنے والا؛ اداس؛ ملول؛ افسردہ؛ پژمردہ کرنے والا - (۴) سست؛ روکھا پھیکا -

f. zone: منطقہ باردہ؛ زمین کا وہ حصہ جو قطب شمالی یا جنوبی کے دائرے میں واقع ھے

frigidly, *adv.*: سرد مہری؛ افسردگی؛ ظاہرداری روکھے پھیکے پن سے -

frigidness, frigidity, *nn.*: سرد مہری؛ افسردگی؛ ظاہرداری -

Frill, *n.*: (۱) جھالر؛ سنجاف؛ چنٹ (کپڑے کی) - (۲) کاغذکی جھالر جوگوشت کے بھنے ہوئے ٹکڑوں پر بطور آرائش لگا دیتے ہیں - (۳) وہ قدرتی جھالر جو پرندوں جانوروں یا پودوں کے پروں بالوں یا پتوں پر ہوتی ھے - (۴) (جمع) بناوٹی خود نمائی یا ظاہر داری - (۵) (جانوروں کی) آنتوں کی جھلی؛ انتڑیوں کی تھیلی - (۶) (فوٹو گرافی) پلیٹ کے کنارے پر سیلیٹین کی جھلی جو کسی طرف سمٹ گئی ہو -

he puts on ff: خود نمائی کی مصنوعی باتیں کرتا ھے؛ بڑا دم مارتا ھے -

frilled, *a.*: جھالر لگا ہوا؛ جھالر دار -

frillery. *n.*: جھالروں کا مجموعہ؛ جھالروں کی ترتیب

frilling, *n.*: جھالر لگانا؛ ٹانکنا؛ جھالر -

Frillies, *n.*: (جمع) جھالر لگے ہوئے اندر پہننے کے زنانے کپڑے -

Fringe, (-j-) *n* & *v.t.*: (۱) پلہ؛ کرن؛ حاشیہ؛ جھالر؛ کور؛ وہ آرایشی کرن یا جھالر جو کپڑے پر لٹکتے ہوئے بٹے ہوئے یا کھلے ہوئے ڈوروں کی لگائی جاتی ھے (بنائی جاتی ھے) (۲) سر کے سامنے کے کٹے ہوئے بال جو پیشانی پر پڑے رہتے ہیں - (۳) جانوروں یا پودوں میں بالوں یا پتوں کی قدرتی جھالر - (۴) جھالر لگانا؛ زیر ٹانکنا؛ جھالر کا کام دینا -

Newgate. f.: ڈاڑھی جو منتھی ہوئی ٹھوڑی کے نیچے رکھی جائے -

fringing, *n.*: وہ چیز جس کی جھالر بنا کر لگائی جاتی ھے؛ جھالر لگانا -

fringeless, *a.*: بغیر جھالر کا -

fringy, *a.*: کسی قدر جھالر دار؛ ایسا کہ جھالر دار ہونے کا گمان گذرے -

Frippery, *n.*: (۱) ٹھاٹھہ؛ ٹیپ ٹاپ؛ آرایش؛ سجاوٹ؛ لباس کپڑوں کی غیر ضروری آرایش؛ سامان زینت؛ بناؤ؛ سنوار؛ بھدا بھونڈا لباس اور آرایش؛ بیتکلفی پن سے اپنے لباس کی نمود و نمایش - (۲) طرز تحریر اور انشا پردازی میں خالی لفاظی - (۳) چھوٹی چھوٹی کم قیمت مصنوعی آرایشی بیکار چیزیں -

Frisco, *n.*: (امریکہ کی بازاری زبان میں) شہر سین فرانسسکو -

Frisette, (-z-) *n.*: (۱) مصنوعی گھونگر والے بالوں کا پیشانی پر ایک گچھا - (۲) کاکل؛ بلدار بالوں کی ایک لٹ -

Friseur (frezer), *n.*: حجام؛ موتراش؛ بال بنانے والا -

Frisian(-z-), *a.* & *n.*: ملک فریسلینڈ کا (باشندہ یا وھاں کی زبان) -

Frisk, *v.i.* & *n.*: اچھلتے کودتے چلنا؛ کودتے پھاندتے جانا؛ شوخی کرتے ہوئے قدم اٹھانا؛ رقصاں و مسرور پھرنا -

friskily, *adv.*: کھیلتے کودتے -

friskiness, *n.*: شوخی؛ کھلاڑ پن؛ کود پھاند -

frisky, *a.*: شوخ؛ کھلاڑی؛ کودنے پھاندنے والا؛ خوشی کی حالت میں دوڑنے بھاگنے والا -

Frisket, *n.*: (مطابعت) پتلا لوھے کا چوکھٹا جس میں اوپر سے نیچے تک فیتے لگے ہوتے ہیں تا کہ چھپائی کے وقت کاغذ کو سیدھا رکھا جا سکے -

Frit, *n.* & *v. t.*: (۱) ریت اور دھات کا مرکب جس سے شیشہ بنا یا جاتا ھے - (۲) تیز آبی مسالہ جس سے نرم اور چکنی چینی بنائی جاتی ھے - (۳) پگھلا کر شیشہ بنانے کا مرکب تیار کرنا؛ اس کوکسی قدر پھونکنا اور پگھلانا -

Frit-fly *n.*: ایک چھوٹی مکھی جو گیہوں کو برباد کرتی ھے -

Frith: دیکھو firth -

Fritillary, *n.*: (۱) سوسن کے پودے کی شکل کا ایک پودا؛ خصوصاً وہ جس کو snake's head کہتے ہیں - (۲) تیتریوں کی ایک قسم -

Fritter, *n.*: پھینٹا ہوا دودھ اور انڈا (یا دوسرے اشیا کا آمیختہ) جس کو تلا جاتا ھے اور جس میں اکثر پھلوں کے ٹکڑے وغیرہ ڈالے جاتے ہیں مثلاً apple fritter -

Fritter, *v. t.*: (۱) چورا کرنا؛ قیمہ کرنا؛ بہت چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا - (۲) (روپیہ؛ وقت؛ قوت کو) ضایع کرنا (چورا چورا کر کے پھینک دینا) - (۳) (مختلف کاموں میں روپیہ وقت یا قوت کو) ضایع کرنا (کسی کام کی تکمیل نہ کرنا اور ہر کام تھوڑا تھوڑا کر کے چھوڑ دینا) -

Fritz, *n.*: جرمنوں کا عرف عام؛ کسی جرمن کا عرف -

Frivol, *v.i.* & *t.*: (۱) ھرزہ کار ہونا؛ نکما ہونا - (۲) فضول بات کرنا؛ بیکار گفتگو کرنا - (۳) روپیہ یا وقت کو احمقانہ طور پر ضائع کرنا -

Frivolous, *a.*: سبک؛ سبک سر؛ ھرزہ سر؛ بیہودہ؛ نکما؛ نکمی باتیں یا بے نتیجہ حرکتیں کرنے والا؛ غیر سنجیدہ؛ نادان -

frivolity, frivolousness, *nn.*: سبکی؛ ھرزہ سرائی؛ بیہودگی؛ نکما پن -

frivolously, *adv.*: بیہودگی کے ساتھہ؛ سبک سری سے -

Friz(z), *v. t.* & *n.*: (۱) گھونگر بنانا؛ مروڑنا؛ بل دینا؛ چھوٹے چھوٹے گھنگرو ڈالنا (بالوں میں) - (۲) جھانویں سے یا چھری سے یا چاقو سے چھیل کر صاف کرنا (چمڑے وغیرہ کو) - (۳) بل دی ہوئی حالت؛ پیچ و خم - (۴) گھونگروں کی قطار؛ زلف؛ گیسو؛ کاکل کی لٹیں -

frizzy, *a.*: گھونگر یالے؛ بل دار -

Frizz, *v. i.*: کسی چیز کے تلنے یا بھوننے میں جو آواز نکلتی

ھے ؛ چھنا کا ؛ چھن من ؛ چھنچھناھٹ -

Frizzle, *v. t. & i. & n.* : (۱) بالوں کو چھوٹے چھوٹے بل دے کر گھونگریالے بنانا - (۲) گھونگر والے بال -

frizzly, *a.* : گھونگر والے ؛ بل دار -

Frizzle, *v. i. & t.* : کسی چیز کو بھوننا یا تلنا یا آگ پر سینکنا اس طرح کہ اُس میں سے چٹخنے یا چھن چھن کرنے کی آواز نکلے -

Fro, *adv.* : اُدھر کو ؛ پرے ؛ وہاں ؛ (صرف ذیل کے فقرہ میں مستعمل ھے) -

to and f. : آگے پیچھے ؛ پیش و پس ؛ یہاں سے وہاں ؛ دو مقامات کے درمیان (حرکت کرنا) -

Frock, *n. & v. t.* : (۱) راہب کا لمبا چغہ جس کی آستینیں ڈھیلی ہوتی ہیں - (۲) (استعارۃ) راہبانہ و درویشانہ سیرت - (۳) کسی کو راہب کا عہدہ تفویض کرنا - (۴) ملاح کا اونی کرتا یا فتقان - (۵) بچوں کے اوپر اور نیچے کے جسم کا لباس جو عموماً گھر میں پہنا جاتا ھے - (۶) فراک ؛ (جدید وضع کا) عورتوں کا لباس -

f.-coat : مردوں کا لمبا کوٹ جو سامنے سے کٹا ہوا نہیں ہوتا ؛ اسی قسم کا فوجی کوٹ -

smock-f. : کھیتوں میں کام کرنے والے مرد و زن کا لمبا کرتا جس کا اوپر کا حصہ چست ہوتا ھے -

Frog, *n.* : (۱) مینڈک ؛ غوک - (۲) تحقیراً فرانسیسی (جو مینڈک کا گوشت کھاتے ہیں) -

f.-eater. : فرانسیسی -

f.-fish : ایک قسم کی مچھلی (خصوصاً وہ جس کو angler کہتے ہیں) -

f. in the throat : گلو گرفتگی ؛ حلق کی ایک بیماری کا نام -

f., f.'s,-march : قیدی کو اس طرح لے جانا کہ چار آدمی اُس کو ہاتھ پاؤں پکڑ کر اٹھائے ہوئے ہوں اور اُس کا منہ زمین کی طرف ہو -

f.-spawn : مینڈکوں کے انڈے بچے ؛ دریا اور تالابوں کی ایک سبزی کا نام ؛ کائی ؛ صوف البحر جو پانی کی سطح پر تیرتی رہتی ھے ؛ اُشنہ-

froggy, *n.* : (۱) فرانسیسی (کو عوام ان کی مینڈک کھانے کی عادت کی وجہ سے بولتے ہیں) - (۲) مینڈک (کو ھنسی مذاق میں یا بچے بولتے ہیں) -

froggy, *a.* : جس میں بہت سے مینڈک ہوں ؛ مثل مینڈک کے -

Frog, *n.* : گھوڑے کے سم کے بیچ میں ایک نرم لچکدار (سینگ جیسا) مادہ -

Frog, *n.* : (۱) ایک کڑی جو کمر کی پٹی میں ہوتی ھے اور جس میں تلوار یا کھ... نکالتے ہیں - (۲) فوجی کوٹ کا ... جس کی شکل دو کچھے کی سی ہوتی ھے ؛ ... کا کاج -

frogged, *a.* : جس لباس میں اس قسم کا پٹی لگا ہوا ہو -

Frog, *n.* : لوہے کا نالی دار ٹکڑا جو ریل کی پٹری میں اُس جگہ لگا ہوتا ھے جہاں دو پٹریاں ایک دوسرے کو کاٹتی ہیں -

Frolic, *a. v. i. & n.* : (۱) (صفت کے معنوں میں متروک) مسرور ؛ شوخ ؛ خنداں ؛ بذلہ سنج ؛ کھلنڈرا ؛ کھلاڑی ؛ دل لگی باز ؛ چھیڑ چھاڑ کرنے والا - (۲) شرارتیں کرنا ؛ مسخرہ پن کرنا ؛ کودنا ؛ اچھلنا (۳) رنگ رلیاں ؛ خوش طبعی ؛ صحبت نشاط -

frolicsome, *a.* : کھلاڑی ؛ خوش طبع ؛ شوخ -

frolicsomely, *adv.* : شوخی سے ؛ خوش طبعی کے ساتھ ؛ دل لگی سے -

frolicsomeness, *n.* : خوش طبعی ؛ مسخرہ پن ؛ کھیل ؛ دل لگی بازی -

From, *prep.* : (حرف جار) سے ؛ از (جس شخص یا جگہ سے حرکت شروع ہو اُس کی طرف اشارہ کرتا ھے اور نقطۂ آغاز ؛ حد ؛ تعداد ؛ اندازہ اشیا یا مقامات کے فاصلے اور بُعد ؛ علیحدگی جدائی ؛ محرومی ؛ تغیر حال ؛ امتیازات ؛ اندر باہر ؛ وقت ؛ مقام ؛ معنی ؛ پیچھے ؛ پانے ؛ نمونہ ؛ مثال ؛ سبب ؛ باعث وغیرہ کی طرف بھی اشارہ کرتا ھے نیز حرف ربط کی حیثیت سے بھی استعمال کیا جاتا ھے) -

am far f. saying : (اس بات کے) کہنے سے بہت دور ہوں (یہ نہیں کہہ سکتا) -

apart f. its moral aspect : اس کے اخلاقی پہلو سے قطع نظر کرکے -

appeal f. lower court : مرافعہ بنا راضی فیصلہ عدالت ماتحت -

comes f. the clouds : بادلوں میں سے آتا ھے -

cannot refrain f. laughing : ھنسے بغیر نہیں رہ سکتا -

died f. fatigue : تکان سے مر گیا -

dig gravel f. pit : گڑھے میں سے کھود کر کنکر نکالنا -

dissuade f. folly : حماقت کرنے سے روکنا -

does not know black f. white : سیاہ کو سفید سے تمیز نہیں کرسکتا -

draw conclusion f. premisses : مقدمات صغریٰ و کبریٰ سے نتیجہ نکالنا -

f. above : اوپر سے -

f. a child : بچپن سے -

f. being attacked he became the aggressor : پہلے اُس پر حملہ ہوتا تھا اب وہ حملہ کرنے لگا -

f. day to day : روز بروز -

f. his looks you might suppose : اس کی صورت سے تو تم سمجھو کہ -

f. his point of view : اس کے نقطۂ نظر سے

f. home : وطن سے دور باہر -

f. long ago, f. old : بہت پرانے زمانے سے -

f. out the bed : بستر کے باہر سے

f. second July : دوسری جولائی سے -

f. title to colophon : کتاب کے سر ورق سے آخر تک -

f. time to time : وقتاً فوقتاً

f. under his spectacles : اپنی عینک کے نیچے سے ؛ شیشوں

میں سے دیکھنے کے بجائے شیشوں کے نیچے سے) -
frocks f. Worth's : ورتھ کی دوکان سے لائے ہوئے (منگائے ہوئے کپڑے) -
gifts f. Providence : انعامات الہی ؛ خدا کا عطیہ ؛ خدا کی دین -
painted f. nature : فطرت کے مطابق (قدرتی منظر کے مطابق) کھنچی ہوئی (تصویر) -
quotations f. the father : باپ (کے بیانات) سے اقتباسات (حوالہ جات) -
raise penalty f. banishment to death : جلاوطنی کے بجائے سزائے موت دینا -
released him f. prison : اُس کو قید خانے سے رہا کر دیا -
repeated f. mouth to mouth : ایک سے دوسرے کی زبان پر جاری ہوتا گیا -
saw f. ten to twenty boats : کشتیاں دیکھیں جن کی تعداد دس سے بیس تک تھی -
saw it f. the poop : روشندان میں سے دیکھا -
suffering f. dementia جنون کی بیماری میں مبتلا -
ten miles f. Rome : روم سے دس میل -
things not required f. me : اشیاء جو مجھ سے مطلوب نہیں -
took his sword f. him : اُس سے اُس کی تلوار لے لی -

Frond, n. : (۱) (نباتیات) وہ ورق نما عضو جو بعض بغیر پھول کے پودوں اور گھانس میں شاخ اور پتوں کے جوڑ پر پیدا ہو جاتا ھے اور جو معمولی پودوں کے پتے سے مختلف ہوتا ھے - (۲) (علم الحیوانات) وہ پتے کا سا پھیلاؤ جو بعض جانوروں کے اعضا میں پیدا ہو جاتا ھے -
frondage, n. : درخت یا پودے کے اوراق نما عضو کا مجموعہ -
frondose, a. : اوراق سے ڈھکا ہوا -
Fronde, n. : (۱) وہ جماعت جس نے شاہ لوئی چہار دھم (شاہ فرانس) کی نا بالغی کے زمانے میں وزیر السلطنت مازیرین اور دربار کے خلاف بغاوت کی تھی - (۲) (اصطلاحاً) مخالف ، ناخوش (سیاسی) جماعت - (۳) تشدد آمیز سیاسی مخالفت
Front (-u-), n. & a. & v. i. & t. : (۱) پیشانی ؛ ماتھا ؛ مستک - (۲) چہرہ - (۳) بالمقابل ؛ سامنے ؛ آگے - (۴) (فوجی اصطلاح) فوج کی سب سے آگے کی صف یا سب سے آگے کا حصہ ؛ محاذ جنگ ؛ واقعی یا فرضی دشمن کی طرف زمین کا کوئی حصہ ؛ وہ موقع جہاں واقعی جنگ ہو رہی ہو ؛ وہ رخ جس طرف صف بستہ فوج کا منہ ہوتا ھے - (۵) کسی عمارت کا سامنے کا رخ ؛ خصوصاً صدر دروازہ کا رخ ؛ روکار - (۶) آگے ؛ سامنے ؛ کسی چیز کا اگلا حصہ (بخلاف پچھلے حصے کے) - (۷) مصنوعی بالوں کی لٹ ؛ مصنوعی کاکل اور گھونگروں کی لڑیں جو عورتیں پیشانی پر لگاتی ہیں - (۸) مردوں کی قمیص کا وہ حصہ جو سینہ پر رہتا ھے نیز وہ حصہ جو قمیص میں سلا ہوا نہیں ہوتا بلکہ عموماً قمیص کے اوپر علحدہ لگالیا جاتا ھے - (۹) دیکھنا ؛ منہ پھیرنا ؛ مقابلہ پر کھڑا ہونا ؛ بالمقابل آنا - (۱۰) مقابلہ کرنا ؛ بھڑنا ؛ مخالفت کرنا ؛ سامنا کرنا - (۱۱) مکان کی روکار کا سڑک کے پہلو کی طرف ہونا ، روکار بنانا -
change f. : رخ بدل لینا ؛ (اصطلاحاً) طرز عمل بدل دینا ؛ پلٹ جانا ؛ بدل جانا ؛ استدلال کا طریقہ بدل دینا -
come to the f. : نمایاں ہوجانا ؛ شہرت حاصل کرنا -
f. bench : وہ نشست جو پارلیمنٹ میں وزراء اور سابق وزراء کے لئے مخصوص ہوتی ھے -
f. door : صدر دروازہ -
fronted with stone : (جس مکان کی) روکار پتھر کی ہو -
frontsman: وہ فروشندہ جو دوکان کے سامنے سڑک کی پٹری پر بیچنے کے لئے مقرر ہو -
f. to f. : بالمقابل ؛ آمنے سامنے ؛ ایک دوسرے کے منہ کے سامنے ؛ رو برو -
go to the f. : فوج میں جاکر شریک جنگ ہونا ؛ محاذ جنگ پر جانا -
have the f. : بے حیائی سے جسارت کرنا -
head and f. : (شاعری) حصۂ خاص (جسم کا) -
in f. : نمایاں -
in f. of : آگے ؛ سامنے ؛ بالمقابل -
present, show, a bold f. (کسی کے مقابلہ میں) جرات ظاہر کرنا ؛ چہرے سے استقلال ظاہر کرنا ؛ ڈھٹائی کے ساتھ سامنا کرنا -
turn to the f. : (فوجی اصطلاح) سامنے کے رخ پھر جانا ، پلٹ جانا ، گھوم جانا -
two -pair f. : مکان کی دوسری منزل کا کمرہ جو سامنے کے رخ پر ہو
were beset f. and rear : آگے پیچھے سے گھر گئے تھے ؛ آگے پیچھے سے حملہ ہوگیا تھا -
frontward, a. & adv., frontwards, adv. : سامنے کی طرف یا سامنے-
Frontage, n. : (۱) وہ زمین جس کا ایک کنارہ کسی سڑک یا تالاب یا دریا وغیرہ سے ملا ہوا ہو - (۲) وہ زمین جو کسی عمارت کی روکار اور سڑک کے درمیان ہو - (۳) کسی عمارت کے اگلے رخ کا طول ، پھیلاو ؛ روکار - (۴) وہ زمین جس پر لشکر اترا ہوا ہو یا جس پر فوج قواعد کرتی ہو - (۵) کسی ایک طرف کا رخ ؛ منظر ؛ کھلا ہوا رخ -
frontager, n. : ایسی جائداد یا اراضی کا مالک جو کسی دوسری جائداد وغیرہ سے متصل و ملحق ہو -
Frontal, n. : قربان گاہ کی روکار کا غلاف -
Frontal, a. : پیشانی کا ؛ سامنے کا ؛ سامنے کی طرف کا -
f. attack, : سامنے کی طرف حملہ (بخط مستقیم) ؛ جو حملہ میمنہ ، میسرہ یا عقب میں نہ کیا جائے بلکہ سامنے کیا جائے -
f. bone, artery : پیشانی کی ہڈی ، شریان -
Frontier, n. : سرحد ؛ ڈانڈا ؛ سوانا -
Frontignac (- inyak), n. : مشکی (میٹھی) شراب جو ایسے انگوروں سے بنائی جاتی ھے جن میں مشک کی خوشبو آتی ھے -
Frontispiece (-u-), n. : (۱) (تعمیرات) عمارت کی روکار ؛ پیش گاہ ؛ منقش صدر دروازہ ؛ دروازہ کے اوپر جو مثلث بنا ہوتا ھے - (۲)

وہ با تصویر صفحہ جو کتاب کے (یا اُس کے کسی حصہ کے) سرورق کے مقابل ہوتا ھے - (۳) چہرہ (خصوصاً گھوڑے کا بازی) -

Frontless (-ٹلِس), *a.*: (۱) (مکان) بغیر روکار کے - (۲) بے شرم؛ بے حیا (شاذ) -

Frontlet, *n.*: (۱) وہ پٹی جو پیشانی پر باندھی جاتی ھے؛ پیشانی بند - (۲) جانور کی پیشانی - (۲) وہ کپڑا جو قربان گاہ کے غلاف کے اوپر لٹکتا ہوتا ھے -

Fronto-, *pref.*: (سابقہ بمعنی) پیشانی کا یا اس پر؛ آیے کا مثلاً:
f.-nasal. پیشانی اور ناک کے متعلق -

Fronton, *n.*: وہ تعمیری مثلث جو صدر دروازہ کے اوپر بنا ہوتا ھے -

Frore, *a.*: (شاعری) منجمد؛ سرد؛ برفانی -

Frost, *n.* & *v. t.*: (۱) برف؛ پالا- (۲) وہ حالت جب کہ پانی کا درجۂ حرارت نقطۂ انجماد سے بھی نیچے گر جائے؛ حالت انجماد - (۳) جمی ہوئی شبنم؛ جمے ہوئے بخارات- (۴) سرد مہری (اشخاص کی)؛ ایسا طرز عمل جس سے دوسرے شخص کے خیالات پر اوس پڑ جائے - (۵) (بازاری) ناکامی - (۶) پودوں وغیرہ کا برفباری سے جل جانا؛ نقصان پہنچ جانا؛ مر جانا - (۷) شیشہ یا دھات کی سطح کو کُھرا یا دانہ دار بنا دینا - (۸) بالوں کو سفید کر دینا - (۹) (گھوڑے کے نعل میں) کیلیں لگا کر ایسا کر دینا کہ وہ پھسل نہ سکیں -
f.-bite: ورم یا پھوڑا جو برفباری کے اثر سے جسم پر پیدا ہو جاتا ھے -
f.-bitten: جس کو یہ عارضہ ہو -
f.-work: شیشہ وغیرہ پر برف جمنے سے جو نقش و نگار پیدا ہو جاتے ہیں -
hard, sharp, f. سخت اور تیز برف (برفباری) -
ten &c degrees of f.: نقطۂ انجماد سے دس درجے نیچے -
there is still f. on the ground زمین پر ابھی تک برف جمی ہوئی ھے -
windows covered with f.: دریچے برف سے ڈھکے ہوئے ہیں-
frostless, *a.*: بغیر برف کے-
frosting, *n.*: برف کی طرح ڈھانک دینا؛ شکر کی تہ (کسی کھانے یا مٹھائی پر) جما دینا -

[Fr]osty, *a.*: (۱) برف کی وجہ سے سرد؛ خنک - (۲) (شخص) سرد مہر؛ دوسروں کے ساتھ ایسا (برتاؤ) کہ اُن کو گرم جوشی کی ہمت نہ ہو؛ روکھا؛ پھیکا؛ اُداس؛ جس کے احساسات میں گرمی نہ ہو؛ گرم جوشی نہ ہو - (۲) پالے یا برف سے ڈھکا ہوا؛ ایسی حالت یا صورت میں کہ ڈھکا ہوا معلوم ہوتا ہو-
frostily, *adv.*: سرد مہری کے ساتھ؛ روکھے پن سے -
frostiness, *n.*: سرد مہری؛ ٹھنڈ؛ سردی؛ اُداسی -

Froth, *n.* & *v. i* & *t.*: (۱) جھاگ؛ کف؛ پھین؛ میل (کسی سیال چیز کی سطح پر) - (۲) بکواس؛ بک بک؛ فضول باتیں؛ بظاہر شاندار لیکن مہمل تقریر - (۳) کف نکالنا؛ پھینکنا؛ جمع کرنا؛ لانا- (۳) (شراب میں) جھاگ پیدا کرنا -
frothily, *adv.*: کف لاتے ہوے؛ فضول گوئی کرتے ہوئے -
frothiness, *n.*: جھاگ دار ہونا -
frothy, *a.*: جھاگ دار؛ کفدار؛ (اصطلاحاً) خالی خولی -

Frou-frou, *n.*: سر سراھٹ؛ کھڑ کھڑاھٹ (خصوصاً لباس کی)؛ پھر پھراھٹ -

Frow(-ow), *n.*: ھالینڈ کی رھنے والی عورت -

Froward, *a.*: کج؛ ضدی؛ اڑیل؛ گمراہ؛ سرکش؛ متمرد -
frowardly, *adv.* ضد اور سرکشی کے ساتھ -
frowardness, *n.*: سرکشی؛ گمراھی؛ ضد -

Frown, *v. i.* & *t.* & *n.*: (۱) چین بجبیں ہونا؛ پیشانی پر شکن لانا؛ تیوری چڑھانا - (۲) (اشیاء کے لیے) تاریک پہلو دکھانا - (۳) (کسی بات یا واقعہ کے متعلق) نا پسندیدگی ظاھر کرنا - (۵) (بات کاٹنے والے یا قطع کرنے والے کو) گھور کر خاموش کردینا؛ روک دینا (تیوری چڑھا کر) - (۶) پیشانی کی شکن سے مقابلے اور گستاخی کا ارادہ ظاھر کرنا - (۷) کڑے تیور؛ چہرہ کی حالت جس سے غصہ، سختی، ناراضگی یا تفکر ظاھر ہو؛ چین جبیں
frowningly, *adv.*: چیں بجبیں ہوکر -

Frowst, *n.* & *v. i.*: (۱) (کمرے کے اندر) امس یا بد بو دار گرمی؛ گھٹن (۲) ایسی گرمی میں ٹھہرنا؛ ایسی گرمی کو پسند کرنا -

Frowzy, *a.*: بد بو دار؛ بند؛ خراب؛ گندہ؛ میلا کچیلا -
frowziness, *n.*: میلا پن؛ بد بو؛ گندگی -

Froze (n): دیکھو FREEZE

Fructiferous, *a.*: بار دار؛ بارور؛ پھل لانے والا؛ پھلنے والا -

Fructification, *n.*: (۱) (علم النباتات) ثمر بندی - (۲) پودے (اور خصوصاً چھوٹی گھانس وغیرہ) کے وہ حصے جو نسل بڑھاتے ہیں -

Fructify, *v. i.* & *t.*: (۱) پھلنا؛ بار آور ہونا - (۲) پھلنے کے قابل بنانا؛ بار دار کرنا -

Fructose, *n.*: پھلوں کی شکر؛ وہ شکر جو پھلوں سے نکالی جاتی ھے -

Fructuous, *a.*: پھلوں سے لدا ہوا؛ پھل لانے والا؛ پھلنے والا -

Frugal(-oo-), *a.*: (۱) محتاط؛ کفایت شعار؛ جزرس (خصوصاً کھانے پینے اور اخراجات خانہ داری میں) - (۲) کمی کے ساتھ استعمال کیا گیا یا دیا گیا - (۳) کم خرچ -
frugality, *n.*: کفایت شعاری
frugally, *adv.*: کفایت شعاری کے ساتھ -

Frugivorous, *a.*: (جانور وغیرہ) پھل سے پیٹ بھرنے والا؛ میوہ خور -

Fruit, *n.* & *v. i.* & *t.*: (۱) پھل؛ تازہ میوہ (عموماً جمع میں)- (۲) ترکاریوں کے ملفوت بیج- (۳) نتیجۂ عمل؛ منافع؛ نتیجہ؛ انجام؛ حاصل؛ (انجیل) اولاد - (۴) پھلنا؛ پھل لانا؛ پھل پیدا کرنا -
feeds on f.: پھل کھا کر پیٹ بھرتا ھے -
f.-cake,: مٹھائی جس میں پھل ڈالے جاتے ہیں -
f. clipper: تیز رفتار جہاز جو تازہ پھل لے جاتا ھے -
f.-knife: چاندی کی چھری جس پر زنگ نہیں لگتا (پھل تراشنے کے لیے) -
f. of the body, womb: جسم انسانی یا رحم کے پھل (انجیل)

کی اصطلاح میں) اولاد -

f.-piece : پھلوں کی تصویر -

f. salad : مختلف پھل جن کو کاٹ کر ایک برتن میں ملا دیتے ہیں اور اکثر بالائی ملا کر کھاتے ہیں ؛ (پھلوں کا) سلاطہ؛ سلاد -

f.-sugar : شکر جو پھلوں سے بنائی جاتی ہے -

ff. of the earth : نباتاتی پیداوار جو عموماً کھائی جاتی ہے -

the ff of industry : صنعت و حرفت کے پھل (منافع) -

f.-tree : وہ درخت جو پھل حاصل کرنے کے لئے لگایا جاتا ہے -

fruitage, *n.* : پھل (بحیثیت مجموعی) -

fruited, *a.* : بارور ؛ پھل دار -

Fruitarian, *n.* : پھل کھانے والا (بطور غذا) -

Fruiter, *n.* : پھل لیجانے والا جہاز ؛ پھلنے والے درخت کی کاشت کرنے والا ؛ پھل پیدا کرنے والا

Fruiterer, *n.* : پھلوں کا سوداگر ؛ پھل بیچنے والا -

Fruitful, *a.* : (۱) ثمرور ؛ باردار ؛ میوہ دار ؛ زرخیز - (۲) پیدا کرنے والا ؛ بچے پیدا کرنے والا ؛ کثیر التولید ؛ بہت پیدا کرنے والا - (۳) مفید ؛ نافع ؛ پرمنفعت -

a session f. in great measures : بڑی حد تک نتیجہ خیز جلسہ یا اجتماع -

fruitfulness, *n.* : نتیجہ خیزی ؛ فائدہ مندی ؛ منفعت -

fruitfully, *adv.* : نفع کے ساتھ ؛ فائدہ مندی کے ساتھ -

Fruition, *n.* : جن چیزوں کی خواہش کی گئی ہو اُن کو حاصل کرلینا اور اُن سے لطف اندوز ہونا ؛ امیدوں اور توقعات کا پورا ہونا ؛ حصول آرزو -

Fruitless, *a.* : بے ثمر ؛ بے نفع ؛ بیکار ؛ لاحاصل ؛ بے اثر ؛ خالی ؛ فضول -

fruitlessly, *a.* : بیکار -

fruitlessness, *n.* : بے اثری ؛ بے ثمری -

Fruitlet, *n.* : (نباتیات) نواچہ ؛ سنگ برچہ -

Fruity, *a.* : پھل کے متعلق ؛ پھل کا ؛ پھل کے مثل -

f. wine : وہ شراب جس میں انگور کا مزہ آئے -

fruitiness, *n.* : پھل کا مزا ؛ پھل کی لذت -

Frumenty, frumety, *n.* : بغیر بھوسی کے گیہوں جو دودھ میں ابالے جاتے ہیں اور جن میں لونگ و شکر وغیرہ ملا کر کھاتے ہیں ؛ ایک قسم کی مٹھائی ، دلیا -

Frump, *n.* : پرانی وضع کی عورت بدقطع لباس پہنے ہوئے -

frumpish, frumpy, *aa.* : پرانی وضع کا ؛ بدقطع -

Frustrate, *a.* : ٹوٹا ہوا ؛ نا کام ؛ کالعدم کیا ہوا وغیرہ -

Frustrate, *v. t.* : محروم کرنا ؛ روکنا ؛ توڑنا ؛ توڑ کرنا ؛ ہرانا؛ شکست دینا؛ مایوس کرنا؛ رائگاں کرنا؛ نا کام کرنا؛ بے اثر کرنا -

frustration, *n.* : محرومی ؛ شکست ؛ ہار ؛ ناکامی ؛ رکاوٹ ؛ روک -

Frustule, *n.* : ایک نہایت باریک آبی پودے کا (جو صرف خوردبین سے نظر آتا ہے) خول -

Frustum, *n.* : مخروط ناقص -

Frutescent, *a.* : (نباتیات) جھاڑی کی خاصیت کا؛ جھاڑی نما -

Frutex, *n.* : (نباتیات) جھاڑی ؛ جھاڑ ؛ چھوٹا درخت یا پودا -

Fruticose, *a.* : جھاڑی نما (دھاتیں اور جمادات) جو ظاہری شکل میں جھاڑی نما ہوں -

Fry, *n.* : (۱) مچھلیوں کے بچے انڈوں سے نکلنے کے بعد ؛ نوجوان سامن مچھلی دو سال کی عمر میں - (۲) بعض دوسرے جانوروں کے بچے جو بڑی تعداد میں پیدا ہوتے ہیں (مثلاً شہد کی مکھیاں اور مینڈک) -

small f. : چھوٹے اور حقیر جاندار ، بچے وغیرہ -

Fry, *v. t. & i. & n.* : (۱) چربی میں تلنا - (۲) تلا ہوا گوشت - (۳) جانوروں کے جسم کے اکثر حصے جو عموماً تل کر کھائے جاتے ہیں -

from frying-pan into fire : کڑھائی سے نکل کر آگ میں ؛ ایک مصیبت (مشکل ، بلا) سے نکل کر بدتر مصیبت میں (مبتلا ہوجانا) -

frying-pan : کڑھای ؛ تلنے کا برتن -

other fish to f. : میرے در پیش دوسرا زیادہ اہم کام ہے -

Fryer, Frier, *n.* : مچھلی تلنے کا برتن -

Fubsy, *a.* : موٹا ؛ چوکھونٹا ؛ چو بکور -

Fuchsia (fusha), *n.* : ایک جھاڑی نما پودا جس کے پھول نیچے کی طرف لٹکتے ہیں -

Fuchsine (fook-), *n.* : ایک قسم کا نمک جس سے گہرا سرخ رنگ بنتا ہے -

Fucus, *n.* : سمندر کی ایک گھانس جس کے اوراق چپٹے اور چمڑے کی طرح ہوتے ہیں -

Fuddle, *v. i. & t. & n.* : (۱) مست کرنا ؛ مخمور کرنا ؛ بد حواس کر دینا (شراب پلا کر) - (۲) میخواری کا ایک دور ؛ نشہ ؛ انتشار حواس -

on the f. : میخواری کا ایک دور ؛ وہ حالت جبکہ مسلسل کوئی شخص پیتا رہے -

Fudge, *int. & n.* : واہیات ! ؛ لغویت ؛ بے معنی باتیں ؛ بکواس ؛ فضول گفتگو -

Fudge, *v. t. & i. & n.* : (۱) جوڑنا ؛ ملانا ؛ پیوند لگانا - (۲) کہانی جوڑنا ؛ قصہ گھڑنا ؛ اس قسم کی ترکیبیں اختیار کرنا -

piece of fudging : فریب کاری -

Fuel, *n. & v. t. & i.* : (۱) ایندھن ؛ آگ جلانے کا سامان ؛ جلانے کی لکڑی ، کوئلہ وغیرہ - (۲) جو چیز جذبات کو برانگیختہ اور مشتعل کرے - (۳) آگ کو ایندھن دینا ؛ بھڑکانا -

Fug, *n.* : کمرے میں امس ؛ گھٹن ؛ بند اور بدبودار ہونا ؛ کونوں میں جمع شدہ جالے اور گرد -

fuggy, *a.* : بد بودار ؛ جالے اور گرد سے بھرا ہوا -

Fugacious, *a.* : (۱) عارضی ؛ فانی ؛ جلد گذرنے والا - (۲) کافور ہو جانے والا ؛ نا معلوم طریقہ پر ہوا ہوجانے والا - (۳) جو مشکل سے قبضہ میں رکھا جاسکے ، پکڑا جاسکے یا روکا جاسکے -

fugacity, *n.* : عارضی پن وغیرہ -

Fugal, *a.* : کثیرالصوتانہ (نغمہ [illegible]) -

fugally, *adv.* : بتعلق فعل مذکورۂ بالا معنوں [illegible] -

-Fuge : (لاحقہ) بھگا دینا؛ بھاگنے پر مجبور کردینا (یہ مفہوم مختلف مرکبات میں استعمال ہوا ہے مثلاً febrifuge, vermifuge وغیرہ) -

Fugitive, *a. & n.* : (۱) مغرور گریز پا ؛ نا پائیدار ؛ بھاگتا ہوا ؛ اڑتا ہوا ؛ دراں ؛ پراں ؛ عارضی - (۲) جلد پژمردہ ہو جانے والا ؛ جس کا رنگ جلد اڑ جائے - (۳) (ادبیات) وقتی اور عارضی دل چسپی کی چیز ؛ یک روزہ ؛ چند روزہ ؛ سریع الزوال - (۴) جو شخص یا جانور فرار ہو جائے (خطرہ کی وجہ سے یا دشمن سے یا قانون یا اپنے مالک کے پاس سے) - (۵) تارک الوطن ؛ پناہ گیر -

Fugleman, *n.* (pl. -men) : (۱) وہ سپاہی جو پلٹن کے سامنے کھڑا ہوکر خود قواعد کرکے سپاہیوں کو قواعد کرنا بتائے- (۲) منتظم ؛ لیڈر ؛ رہنما ؛ نمایندہ

Fugue, *n. & v. i. & t.* نغمہ نگاری (کثیرالصوت) کی ایک قسم-

-ful, *suf.* : (اصل میں full تھا) (۱) جب مفہوم بھرا ہوا مملو (full of) ہو مثلاً :

beautiful : خوبصورتی سے مملو ؛ خوبصورت : حسین -

(۲) جب خصوصیات اور خاصیت کی طرف اشارہ ہو مثلاً :

direful : خطرناک ؛ خوفناک -

(۳) جب مقدار یا تعداد کی طرف اشارہ کیا جائے مثلاً :

cupsful: پیالہ بھر -

handful : مٹھی بھر ؛ قلیل -

Fulcrum, *n.* (pl. -ra) : (۱) نصاب ؛ ٹیک ؛ چوٹی - (۲) (مشینوں کے متعلق) وہ نوک جس پر کمانی رکھی جاتی ہے ' جس پر وہ گھومتی ہے یا جو اس کو سنبھالتی ہے - (۳) وہ ذریعہ جس سے اثر ڈالا جائے - (۴) (نباتیات عموماً جمع) درخت یا پودے کے لاحقات مثلاً ورقہ ' کونپل وغیرہ -

Fulfil, *v. t.* : (۱) تکمیل کرنا ؛ پورا کرنا (پیشین گوئی یا وعدہ یا خواہش کو) - (۲) قبول کرنا (دعا کو) - (۳) تعمیل کرنا (قانون کے حکم کی) - (۴) پابندی کرنا (شرائط کی) - (۵) ختم کرنا ' مکمل کرنا (زمانہ کو یا کام کو) -

fulfilment, *n.* : تکمیل ؛ تعمیل ؛ قبولیت ؛ پابندی -

Fulgent, *a.* : (شعر و فصاحت و بلاغت) پراں ؛ تابان ؛ چمکدار ؛ جھلکتا ہوا -

Fulgurite, *n.* : (۱) (علم طبقات الارض) چٹانی مادہ جو بجلی سے پگھل گیا ہو ریتیلی زمین میں بجلی کے گرنے سے جونلکی کی طرح راستہ بن گیا ہو - (۲) ایک قسم کا آتشگیر مادہ -

Fulham, *n.* : (تاریخ) وہ پانسہ جس کے اندر کوئی دھات بھر کر اس کو ایک طرف سے بھاری کر دیتے ہیں تاکہ جب پھینکا جائے تو اُسی رخ گرے جدھر بھاری ہو ؛ پانسہ میں دھوکہ بازی کی ایک مشہور ترکیب -

Fulham palace, *n.* : لندن کے بشپ کی سرکاری قیام گاہ (لندن میں) -

Fuliginous, *a.* : (۱) جس میں دھواں بھرا ہوا ؛ جو دھوئیں سے کالا ہوگیا ہو (مکان یا کمرہ) -

Full, *a. v. t. & adv.* : (۱) پورا بھرا ہوا ؛ بقدر انتہائی گنجائش کے بھرا ہوا ؛ ملبب - (۲) پرکرنا ؛ جمع کرنا - (۳) (adv.) (خصوصاً شاعری میں) بہت -

a f. meal : پیٹ بھر کھانا -

a f. puls : تیز نبض -

a f. stomach : پر شکم (اب انسان کے متعلق مستعمل نہیں) -

at f. length : زمین پر دراز -

can not tell you the f. of it, in f. : وہ بات تم سے تمام و کمال نہیں کہہ سکتا -

f. age : سن بلوغ -

f. back : فٹ بال کے کھیل میں ایک کھلاڑی جو دوسرے کھلاڑیوں کے پیچھے کھیلتا ہے-

f. blood : (۱) (بھائی بہن) ایک ہی والدین کے - (۲) غیر مخلوط نسل کا —

f. -blooded : (۱) لفظ مذکورۂ بالا معنوں میں (نیز مجاز) (۲) قوی ؛ تنو مند ؛ توانا ؛ پر جوش ؛ جذبیہ -

f. blown : پورا کھلا ہوا ؛ پوری طرح شگفتہ -

f. blown dignity: بڑھی چڑھی شان و شوکت ؛ تمکنت -

f. bottomed : (بالوں کی ٹوپی یا سر پر لگانے کے مصنوعی بال) پیچھے سے (پشت گردن کی جانب) دراز-

f. brother, sister: سگا بھائی ؛ سگی بہن -

f. daylight دن کی پوری روشنی ؛ دن چڑھے -

f. dress: وہ لباس جو خاص تقریبوں میں پہنا جاتا ہے - .

f. - dress rehearsal: کسی تھیٹر یا دوسرے جلوس یا تقریب وغیرہ کے مراسم کو امتحاناً وقت سے پہلے انجام دینا جس میں وہی لباس وغیرہ پہنا جاتا ہے جو اصل تقریب یا تماشہ کے وقت پہنا جانے والا ہو -

f. -dress debate پارلیمنٹ یا کونسل وغیرہ میں وہ مباحثہ جس کا تعین پہلے سے کیا جا چکا ہو (جو محض اتفاقیہ طور پر شروع نہ ہوگیا ہو) -

f. face : پورا چہرہ جو دیکھنے والے کے بالکل سامنے ہو -

f. fain: (شاعری) پوری خوشی سے ؛ بکمال مسرت ؛ بکمال رضامندی -

f. gallop, speed : پوری دلکی رفتار -

f. grown : پختہ ؛ کامل ؛ پکا ہوا -

f. -hearted : گہرے محسوسات سے متحرک ؛ سر گرم ؛ پر شوق ؛ با ہمت -

f. length portrait : قد آدم تصویر ؛ پورے جسم کی تصویر -

f. membership ; رکنیت کامل (مع تمام حقوق رکنیت کے) -

f.- mouthed: (۱) (مویشی) جن کے پورے دانت ہوں ؛ (کتے) جو بہت بلند آواز سے بھونکتے ہوے - (۲) (خطاب و تقریر) جو گونجنے والی آواز اور زور شور سے کی جائے -

f. moon : پورا چاند ؛ بدر کامل -

f. of himself, of his subject : اپنے یا اپنے موضوع کے لیے خیالات میں اس قدر محو کہ سوائے اُس کے کوئی دوسری بات ہی نہ کرتا ہو -

f. of vitality : قوت و توانائی رکھنے والا -

f. of years and honours : عمر اور عزت دونوں سے بھر پور (عمر بھی طویل پائی اور اعزاز بھی بہت حاصل کیا) -

f. pay : پوری تنخواہ -

f. point or stop : وقفہ کامل ؛ نقطہ کامل ؛ وقف لازم ؛ (تحریر و عبارت میں) وقف کی علامت -

f. six miles : پورے چھ میل -

f. summer : گرمی کے موسم کا عروج ؛ وسط گرما -

f. swing : پوری قوت ؛ پوری سرگرمی ؛ زور و شور -

f. -timer : وہ بچہ جو اسکول کے پورے وقت میں حاضر رہے (بخلاف half timer) -

f. to overflowing : اتنا بھرا ہوا کہ چھلک جائے -

f. to the brim : کناروں تک بھرا ہوا -

give f. details : پوری تفصیلات پیش کرو -

he is very f. on this point : اس مسئلہ پر اس نے بہت وسعت و جامعیت سے بحث کی ہے -

hit him f. on the nose : ٹھیک اس کی ناک پر مارا -

in a f. house : بھرے مکان (یا جلسہ) میں' جس کے اراکین کی بڑی تعداد موجود ہو -

know it f. well : اچھی طرح' بخوبی' پوری طرح جانتا ہوں -

make f. : (لباس کو) فراخ اور پھیلا ہوا بنانا' گھوم دار بنانا -

of the f. blood : صحیح النسل (بخلاف دوغلا)؛ نجیب الطرفین -

season, moon, is past the : موسم ڈھل گیا ؛ چاند سمت الراس سے ڈھل گیا -

to the f. : انتہا تک؛ حد تک ؛ آخر تک ؛ پر اوج تمام -

turned it f. account : اس سے پورا فائدہ اٹھایا -

waited a f. hour : پورا ایک گھنٹہ انتظار کیا -

fullish, *a.* : تقریباً پورا ' مکمل' عروج پر' بلند -

Full, *v. t.* : (کپڑے کو) صاف اور دبیز بنانا -

Fuller, *n.* : (کپڑے کو) صاف کرنے یا موٹا بنانے والا -

f.'s earth : ریتا ؛ شور دار ریتا جو اکثر شکو صاف کرنے اور کپڑا دھونے اور صابن بنانے کے کام آتا ہے -

Fuller, *n. & v. t.* : (۱) نالی دار آلہ (یا سانچا) جس پر لوہے کی مختلف صورتیں بناتے ہیں - (۲) وہ نالیاں جو اس آلہ سے (خصوصاً گھوڑے کے نعل میں) بنائی جاتی ہیں - (۳) اس آلہ سے ٹھپا لگانا ؛ گھڑنا -

Ful(l)ness, *n.* : حالت تکمیل ؛ بھرا ہوا ہونے کی حالت ؛ سریلا پن ؛ زور ' کثرت ' شوخی (رنگ اور آواز کی)-

the f. of the heart : (انجیل) دل کے جذبات اور سچے محسوسات -

the f. of time : مقررہ یا معہودہ وقت -

the f. of the world : دنیا میں جو کچھ ہے وہ سب -

Fully, *adv.* : پوری طرح ؛ بغیر کسی کمی کے ؛ بالکل (خصوصاً جہاں تعداد کا ذکر ہو) -

Fulmar *n.* : ایک سمندری پرندہ جو چھوٹی مرغابی کے برابر ہوتا ہے -

Fulminant, *a.* : (۱) بجلی کی طرح چمکنے والا ؛ پھٹنے والا ؛ گرجنے والا - (۲) (مرض) جو یکایک بڑھ جائے -

Fulminate, *v. i. & t.* : (۱) بجلی کی طرح چمکنا ؛ تڑاتے یا دھماکے کے ساتھ پھٹنا - (۲) شدت اور زور شور کے ساتھ ملامت کرنا (الزام لگانا) ؛ (ملامت آمیز) فضا میں شائع کرنا - (۳) (خصوصاً سرکاری طور پر کسی کے خلاف) الزامی اعتراضات شایع کرنا -

fulminating gold, mercury, &c. : سونے اور پارے وغیرہ کے ساتھ پھٹنے اور مشتعل ہونے والے مرکبات کو ملانا -

fulmination, *n.* : ملامت ؛ الزام ؛ اعتراضات -

fulminatory, *a.* : شدید ملامت ' الزام یا اعتراض کے سا تھ -

Fulmine, *v. t. & i.* : (۱) (شاعری) (بجلی اور گرج) پیدا کرنا ؛ گرجنا ؛ چمکنا - (۲) اس شدت کے ساتھ کچھ کہنا یا کرنا کہ گویا بجلی چمک رہی ہے یا بادل گرج رہا ہے -

Fulminic, *a.*, *F. acid* : (کیمیا) ایک تیزاب جس کو بعض دھاتوں کے ساتھ ملا کر ایک آتش گیر مسالہ بنایا جاتا ہے -

fulminate, *n.* : (کیمیا) ایک قسم کا آتش گیر مرکب -

Fulness : دیکھو Fullness -

Fulsome, *a.* : (۱) بے مزہ کرنے والا ؛ اکتا دینے والا (ضرورت سے زیادہ خوشامد ' نیاز مندی' مبالغہ آمیز محبت کی وجہ سے)؛ بہت نفرت پیدا کر دینے والا - (۲) مکروہ -

fulsomely, *adv.* : نفرت انگیز خوشامد یا مبالغہ کے ساتھ -

fulsomeness, *n.* : اکتا دینے والی حرکتیں ' باتیں -

Fulvous, *a.* : (خواص الاشیاء) سرخی مایل زرد ؛ گندمی -

fulvescent, *a.* : کسی قدر گندمی -

Fumade, *n.* : ایک قسم کی مچھلی (pilchard) جس کو دھویں سے پکایا گیا ہو

Fumarole, *n.* : آتش فشاں پہاڑ کے دھانہ میں ایک رخنہ یا درز جس میں سے بخارات خارج ہوتے ہیں -

Fumble, *v. i. & t. & n.* : (۱) ٹٹولنا ؛ ہاتھ لمبے کرکے ڈھونڈنا ' چھونا ؛ بے ڈھنگے پن سے ہاتھ چلانا ؛ اضطراری حالت میں کسی چیز کو پکڑنا یا چھونا - (۲) اناڑی پن کی کوشش -

f. the ball : گیند کو بے طریقہ (بے ڈھنگے پن سے) پکڑنے یا روکنے کی کوشش کرنا -

fumbler, *n.* : ٹٹولنے والا ؛ بے ڈھنگا ؛ ہاتھ کا اناڑی -

Fume, *n. & v. t. & i.* : (۱) بودار دھواں ؛ دھونی ؛ بخارات ؛ سانس ؛ پانی کے بخارات ؛ بھاپ ؛ فاسد (زہریلے) بخارات (جن کی نسبت خیال ہے کہ معدہ سے دماغ کی طرف اٹھتے ہیں) - (۲) غصہ کا دورہ ؛ جوش ؛ ہیجان - (۳) دھونی دینا ؛ بخورات سے معطر کرنا ؛ کیمیاوی بخارات خصوصاً نوسادر وغیرہ کے) (کسی چیز پر) استعمال کرنا جو فوٹو کی پلیٹ پر اور بلوط کی لکڑی پر تیز رنگوں کو گہرا کرنے کے لیے استعمال کئے جاتے ہیں) - (۴) چڑ چڑا ہونا ؛ تند مزاج ہونا ؛ (کسی بات پر) خفا ہو جانا ؛ بگڑنا - (۵) دھواں یا بخارات نکالنا' چھوڑنا یا ان کا اوپر چڑھنا -

in a f. : حالت غیظ میں -

the ff. of wine : شراب کے بخارات -

fumy, *a.* : بخارات یا دھویں سے بھرا ہوا -

Fumigate, *v. t.* : دھونی دینا ؛ بخارات کے ذریعہ سے وبائی مادہ کو صاف کرنا ؛ ہوا کو (یا کسی شے کو) دھواں دے کر صاف کرنا -

fumigation, *n.* : بخارات یا دھویں کے ذریعہ سے صفائی ؛ دھونی -

fumigator, *n.* : اس طرح صفائی کرنے والا ؛ دھونی دینے والا -

Fumitory, *n.* : شاہترہ ؛ پت پاپڑا -

Fun, *n. & v. i.* : (۱) کھیل کود ؛ تماشا ؛ مذاق ؛ ظرافت - (۲) (شاذ) مذاق کرنا ؛ دل لگی اور تفریح کرنا -

for or *in f.* : مذاق میں ؛ بطور تفریح ؛ مذاقاً (نہ کہ سنجیدگی سے)؛ تفریحاً -

is good, great f. : بڑی دل لگی ہے ؛ خوب تفریح ہے ؛ نہایت دلچسپی ہے -

like f. : زور شور سے ؛ جلد ؛ بہت -

make f. of : (کسی کا) مذاق اڑانا ؛ بنانا ؛ کسی سے تمسخر کرنا ؛ تضحیک کرنا توہین آمیز مذاق کرنا -

poke f. at : کسی پر فقرے چست کرنا ؛ کسی کو بنانا -

what f ! : واہ کیسی دل لگی ہے ؛ کیا تفریح ہے

Funambulist, *n.* : نٹ ؛ رسی پر چلنے والا -

Function, *n. & v. i.* : (۱) کسی امر کا مناسب طریقۂ عمل جس سے اُس امر (چیز یا شخص) کا مقصد پورا ہوتا ہو - (۲) فرض منصبی ؛ ملازمت ؛ پیشہ - (۳) مذہبی یا دوسری قسم کی عام تقریب یا رسم ؛ کوئی رسمی اہم جلسہ یا صحبت - (۴) (ریاضی) تفاعل - (۵) فرض انجام دینا ؛ مقررہ کام پورا کرنا -

functionless, *a.* : بے مقصود ؛ بے منصب ؛ بیکار -

Functional, *a.* : (۱) سرکاری ؛ باضابطہ ؛ محض رسمی (شاذ)- (۲) (علم تشریح) وہ بات جو صرف کسی عضو کے عمل مقررہ سے متعلق ہو (خصوصاً مرض کے سلسلے میں) - (۳) (اُس عضو کے متعلق) جس کا کوئی مقررہ عمل بھی ہو اور محض بے عمل نہ ہو - (۴) (ریاضی) تفاعل کے متعلق -

Functionary, *n. & a.* : کسی کام یا منصب پر مامور ؛ عہدہ دار -

Functionate, *v. i.* : دیکھو Function, *v. i.* -

Fund, *n. & v. t.* : (۱) کسی چیز کا مستقل ذخیرہ جس میں سے صرف کیا جاسکے - (۲) روپیہ کا ذخیرہ خصوصاً ایسا ذخیرہ جو کسی خاص کام یا غرض کے لئے مخصوص کردیا گیا ہو - (۳) (جمع) مالی ذرائع - (۴) عارضی قرضہ کا مستقل قرضہ میں کسی مقررہ شرح سود پر مبادلہ کردینا - (۵) کسی سرمایہ میں لگا دینا ؛ جمع کر دینا - (۶) ملکی قرضہ کے سرمایہ میں روپیہ لگانا -

a f. of common sense, tenderness, labour, knowledge : عقل و شعور ' محبت ' محنت یا علم کا ذخیرہ (جو کسی شخص کے پاس ہو) -

f.-holder : سرمایۂ قومی یا ملکی میں روپیہ لگانا والا -

in ff روپیہ رکھنے والا ؛ گرہ میں پیسہ رکھنے والا؛ مالدار-

sinking f. : ذخیرہ ادائی ؛ وہ پس انداز جو سرمایہ کے طور پر (یا قرضہ کی ادائی کے لئے) جمع کیا جاتا ہے -

the ff. : قومی یا ملکی قرضہ کا سرمایہ جس میں عوام بھی روپیہ لگا سکیں -

Fundament, *n.* : چوتڑ ؛ پیندی ؛ سرین؛ نشست -

Fundamental, *a. & n.* : (۱) بنیادی ؛ اصلی ؛ مرکزی ضروری ؛ ابتدائی ؛ حقیقی ؛ اصلی (جس سے دوسرے اجزا اخذ کئے جاتے ہوں) - (۲) اصول ؛ قاعدہ ؛ کسی نظام کا اصل اصول (بنیاد) -

a f. change : ایک بنیادی تغیر -

f. note : (موسیقی) بم ؛ تار کا سب سے نیچا سر -

f. tone : نغمۂ آہنگ جو کسی بلند آواز جسم کے ترنم سے پیدا ہو -

the f. form : حقیقی یا اصلی صورت -

the f. rules : بنیادی یا اصلی قواعد -

fundamentality, *n.* : اصلیت ؛ مرکزیت ؛ حقیقت -

fundamentally, *adv.* : بنیادی اصولوں کے مطابق ؛ حقیقت یا اصلیت کے موافق -

Fundamentalism, *n.* : (امریکہ) پر انسٹنٹ مذہب میں عقائد جدیدہ کے خلاف ان دیرینہ عقائد پر قائم رہنا کہ انجیل کی صحت ناقابل انکار ہے اور لفظاً لفظاً مذہب کے اصولوں کو (لفظی معنوں میں) قبول کرنا -

fundamentalist, *n.* : وہ شخص جو مندرجہ بالا عقائد رکھتا ہو -

Funebrial, *a.* : (شاذ) جنازہ اور تجہیز و تکفین کے متعلق -

custom is f. in origin : اصلیت میں یہ رسم تجہیز و تکفین سے تعلق رکھتی ہے -

Funeral, *a. & n.* : (۱) جنازہ کے متعلق یا جو جنازہ پر یا مردہ کو جلانے کے وقت استعمال کی جاے - (۲) مردہ کا دفن مع تمام مراسم تجہیز و تکفین؛ جنازہ کا جلوس -

f. pile, pyre : لکڑی کا تعبیز جس پر لاش جلائی جاتی ہے ؛ چتا -

f. oration : تقریر تعزیت-

f. urn : ستو دان ؛ وہ برتن جس میں جلانے کے بعد مردہ کی خاک رکھی جاتی ہے -

Funerary, *a.* : تجہیز و تکفین کے متعلق -

Funereal, *a.* : جنازہ یا تجہیز و تکفین کے مناسب حال ؛ اداس ؛ افسردہ ؛ تاریک -

funereally, *adv.* : مثل جنازہ کے ؛ افسردگی کے ساتھ -

Fungicide, *n.* : سماروغ یا کھمبی کو ضایع کرنے والا مادہ -

Fungin, *n.* : وہ مادہ جس سے سماروغ کے اندرونی خانے (کیسے) بنتے ہیں -

Fungous, *a.* : سماروغ کی قسم کا ؛ کھمبی کی طرح جلد پیدا ہونے والا ؛ عارضی ؛ نا پائیدار -

Fungus, *n.* : (۱) کلاہ باراں ؛ سانپ کی چھتری ؛ گل گورستان؛ سماروغ؛ ککرمتا ؛ کھمبی - (۲) (عام نباتات) سماروغ ؛ فطر - (۳) ایسی چیزیں جو دفعتاً پیدا ہو جائیں - (۴) (تشریح) اسفنجی قسم کا ایک فاسد دنبل - (۵) مچھلی کی جلدی بیماری -

fungal, fungiform, *aa.* : سماروغ کے متعلق -

fungivorous, *a.* : سماروغ یا کھمبی پر بسر کرنے والا-

fungoid, *a.* : سماروغ کے مانند ؛ سمارغ کے خواص رکھنے والا -

fungusy, *a.* : جس پر کھمبیاں اگی ہوں؛ سماروغی-

Funicular, *a.* : رسی یا اس کے کھچاؤ کے متعلق -

f. railway : وہ ریلوے جو لوہے کی رسیوں اور قائم انجن سے چلائی جاتی ہے (کھینچی جاتی ہے) -

Funk, *n. v. t. & i.* : (۱)(بازاری) ڈر ؛ خوف ؛ گھبراہٹ؛ ہول - (۲) جی چرانا ؛ بچنا ؛ پیچھے ہٹنا ؛ بزدلی کا اظہارکرنا؛

(کسی کام سے) جی چھوڑ دینا ؛ کسی کا، بے ڈرنا ؛ کسی کے دل میں خوف پیدا کرنا۔

blue. f. : سخت دہشت -

f. hole : کھدی ہوئی خندق کوئی کام جو اس لئے شروع کردیا جائے کہ فوجی خدمت سے بچنے کا بہانہ ہو۔

funky, *a.* : بزدل ؛ کام چور -

Funnel, *n.* : (۱) پونّی ؛ قیف ؛ ایسی نلکی جو ایک طرف سے پتلی اور دوسری طرف سے پھیلا ہوا منہ رکھتی ہو جس کے ذریعہ سے تنگ منہ کی چیزوں میں رقیق اشیاء یا سفوف وغیرہ ڈالے جا سکیں - (۲) روشندان ؛ (عمارات میں) ہوا یا روشنی پہنچانے کا راستہ - (۳) انجن یا جہاز کا دود کش ؛ دھنوارا - (۴) دود کش کے نیچے کا حصہ جو قیف نما ہوتا ہے -

(-)funnelled, *a.* : قیف نما جس میں دود کش لگا ہو -

Funniment, *n.* : مذاق دل لگی -

Funny, *a.* : (۱) پر مذاق ؛ ہنسوڑ ؛ مضحک ؛ خندہ آور - (۲) عجیب؛ نرالا - (۳) حیران کردینے والا ؛ جس کا سمجھنا میں آنا مشکل ہو -

f. -bone, : (ulnar nerve) کہنی کا وہ حصہ جس کے اوپر سے گذر جاتا ہے -

f. -man : پیشہ ور مسخرہ -

funnily, *adv.* : مسخرہ پن سے ؛ اعجوبہ پن سے وغیرہ -

funniness, *n.* : مسخرہ پن ؛ ہنسوڑ پن ؛ اعجوبہ پن -

Funny, *n.* : ایک چھوٹی سی کشتی جس میں صرف ایک کھیو یا بیٹھ سکتا ہے -

Fur, *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) پوستیں ؛ سمور ؛ سنجاب ؛ قاقم - (۲) جانور کی بالدار کھال جس پر ملائم بال ہوتے ہیں ؛ جس کو صاف کرکے اور دھوکے پوستیں بناتے ہیں (مثلاً سگ آب ؛ خرگوش وغیرہ کی) - (۳) (جمع) سمور کا لباس یا جس لباس میں سمور لگا ہو - (۴) کاٹ وغیرہ جو نیچے کی سطح پر جم جائے (مثلاً شراب کی تلچھٹ) (۵) وہ کانٹے جو بیماری کی حالت میں زبان پر جم جاتے ہیں - (۶) چونہ اور کوئلہ کے نمک کی تہ جو پانی اوٹنانے کی کیتلی کے پیندے میں جم جاتی ہے - (۷) سموردار جانور - (۸) لباس میں سمور لگانا؛ سمور پہننا یا پہنانا ؛ جانوروں کے جسم پر بال پیدا کرنے ؛ زبان پر کانٹے پیدا ہونا یا کرنا - (۹) انجن کے بوائیلر کی تہ کو چونہ کی تہ سے صاف کرنا - (۱۰) کمرہ کے فرش لکڑی کی سطح کو لکڑی کی چھپٹیاں لگا کر یکسار کرنا -

fur and feather : سموردار جانور اور پرندے -

Furbelow, *n.* & *v. t.* : (۱) گوٹ ؛ سنجاف ؛ پلیٹیں پڑی ہوئی گوٹ جو زنانہ پاجامہ یا لہنگے پر لگی ہوتی ہے - (۲) (جمع میں تحقیراً) بھڑکدار ؛ دکھاوے کے زیور - (۳) ایک قسم کی سکڑی ہوئی سمندری گھانس - (۴) گوٹ لگا کر مزین کرنا -

Furbish, *v.t.* : (۱) زنگ دور کرنا ؛ جلا کرنا ؛ چمکانا ؛ جلا دینا - (۲) (کسی پرانی چیز کو) صاف کرکے نیا کر دینا ؛ تجدید کر دینا - (۳) کسی قدیم چیز کو درست کر کے پھر کار آمد بنا دینا -

Furcate, *a.* : شاخدار؛ شاخوں والا -

Furcate, *v. i.* : شاخدار بنانا ؛ تقسیم کرنا -

furcation, *n.* : تقسیم کرنے یاشاخدار بنانے کا عمل یاطریقہ -

Furious, *a.* : غصہ میں بھرا ہوا ؛ غضبناک ؛ خشمناک ؛ شوریدہ ؛ تند و تیز ؛ شدید

fast and f. (ہنسی ، دل لگی یا خوش دلی کے متعلق) پر شور اور بے حد تند و تیز -

furiously, *adv.* : غصہ کی حالت میں؛ غضبناک ہوکر ؛ تیزی سے -

Furl, *v. t.* & *i.* : (۱) مستول پر لپیٹنا اور باندھنا (باد بان کو) - (۲) (پنکھا ، چھتری ، پر ، پردہ کو) بند کرنا ، لپیٹنا ، کھینچنا ، کھینچ کر کھول دینا ، چھوڑ دینا - (۳) (امید) چھوڑ دینا ؛ دست بردار ہو جانا ؛ لپٹ جانا ؛ اڑ جانا (بادلوں کی طرح) -

Furlong, *n.* : ایک میل کا آٹھواں حصہ -

Furlough, *n.* & *v. t.* : (۱) رخصت ؛ رضا (خصوصاً وہ جو سپاہیوں کو دی جاتی ہے)؛ وطن جانے کی اجازت - (۲) (کسی کو) رخصت دینا ؛ چھٹی دینا -

Furmety: دیکھو Frumenty

Furance, *n.* & *v. t.* : گلخن؛ آتش دان ؛ تنور ؛ انگیٹھی ؛ بھٹی (جس میں دھاتیں وغیرہ گرم کی جاتی ہیں یا گلائی جاتی ہیں یا سانچوں میں ڈھالی جاتی ہیں) - (۲) گرم جگہ - (۳) بند آتش دان - جس کی گرمی نلکیوں کے ذریعے سے کمروں میں پہنچا کر مکان کو گرم کیا جاتا ہے - (۴) سخت آزمایش - (۵) بھٹی میں ڈال کر گرم کرنا -

tried in the f. : سخت امتحان یا آزمایش میں ڈالا گیا -

Furnish, *v. t.* : (۱) (کسی چیز کا) مہیا کرنا ؛ بہم پہنچانا ؛ (کسی چیز یا جگہ کے لئے) کچھ سامان مہیا کرنا - (۲) (مکان یا کمرہ کو) درست کرنا ، آراستہ کرنا ، اس میں فرش کرسی میز وغیرہ لگانا - (۳) دینا -

furnished house, room &c : ایسا مکان یا کمرہ جو آراستہ حالت میں کرایہ پر دیا جائے -

Furniture, *n.* : (۱) (وہ اشیا یا سامان) جو کسی چیز یا مکان کے اندر ہو - (۲) گھوڑے کا ساز وغیرہ (متروک) - (۳) فرنیچر ؛ مکان یا کمرہ کا سامان منقولہ مثلاً کرسی میز وغیرہ -

f. of my shelves : میری الماریوں کا سامان یعنی کتابیں -

f. of his pocket : اس کی جیب کا سامان یعنی روپیہ -

f. of one's mind : (کسی کا) علم ؛ ذہانت -

Furore, *n.* : پر جوش تحسین یا پسندیدگی ؛ جوش و خروش؛ ہنگامہ -

Furrier, *n.* : سمور فروش ؛ سمور وغیرہ کو صاف کرنے والا -

Furring, *n.* : نقل کے معنوں میں ؛ جہاز کے پہلو کے تختوں کو دہرا کرنا -

Furrow(-o), *n.* & *v. t.* : (۱) ریگھاری؛ شیار؛ ہلائی؛ باد؛ ہل سے جو نالی بیج ڈالنے کے لئے کھیت میں بنائی جاتی ہے - (۲) جہاز کے گذرنے کا نشان پانی پر - (۳) لکیر ؛ نالی ؛ کچی زمین پر پہیوں کا نشان ؛ دومیلتوں کا درمیانی خلا - (۴) ہل چلانا؛ نالیاں یا لکیریں بنانا ؛ شکن ڈالنا

f.-slice : کھیت کی مٹی کا ٹکڑا جو ھل کے چلنے سے اکھڑ جاتا ھے -

furrowless, *a.* : جس میں نالی یا ھلائی نہ ھو -

furrowy, *a.* : نالی دار ؛ پرشکن -

Further, *adv.* & *a.* & *v. t.* : (۱) (فاصلہ یا وقت کے اعتبار سے) دور ؛ اگلا ؛ زیادہ پرے - (۲) مزید ؛ مزید برآں ؛ پرلی طرف - (۳) (تحریک تجویز یا مقصد کی یا کو) امداد کرنا ، بڑھانا ، اعانت کرنا ، ترقی دینا -

f. continued, وہ جو آگے جاری رھے -

f. more : مزید برآں -

I will see you f. first : میں پہلے تم کو اور دور پہنچاؤنگا یعنی (اصطلاحاً) جہنم میں پہنچاؤنگا (درخواست کی سخت تردید کرنے کی صورت) -

inquire f. : مزید معلومات حاصل کرنا ؛ مزید تحقیقات کرنا -

on the f. side : پرلی طرف ؛ دور -

till f. notice : تااطلاع ثانی -

threats of the f. punishment : مزید سزا کی دھمکیاں -

unsafe to proceed f. : آگے جانا خطرہ سے خالی نہیں -

furtherance, *n.* : ترقی ؛ اعانت -

furthermost, *a.* : انتہائی دور -

furthersome, *a.* : جو ترقی دے سکے ، بڑھا سکے ؛ ممد -

Furthest, *a.* & *adv.* : farthest کا ھم معنی ؛ سب سے زیادہ دور -

Furtive, *a.* : (کام) جو چوری چھپے کیا جائے ؛ حیلہ ؛ عیاری سے یا چپکے سے اس طرح کیا جائے کہ کسی کو خبر نہ ھوسکے ؛ خفیہ ؛ مخفی (کام) ؛ چرایا ھوا ؛ خفیہ طور پر حاصل کیا ھوا -

furtively, *adv.* : چوری سے ؛ خفیہ طریقہ سے -

furtiveness, *n.* : چوری ؛ حیلہ -

Furuncle, *n.* : پھوڑا ؛ پھنسی ؛ دنبل ؛ اماس -

furuncular, *a.* : پھوڑے یا پھنسی کے متعلق یا اس کے جیسا -

furunculous, *a.* : پھوڑوں پھنسیوں سے بھرا ھوا -

Fury, *n.* : (۱) جذبہ ؛ جوش جنوں ؛ غضبناکی ؛ طیش ؛ قہر - (۲) جنگ میں شدت جوش - (۳) (عموماً جمع میں) قدیم یونان کی دیو مالا میں وہ دیویاں جن کے بال سانپوں کی طرح تھے اور جو گناھوں کی سزا دینے کے لئے بھیجی گئیں تھیں - (۴) (اصطلاحاً) انتقام لینے والی ارواح - (۵) وہ تکلیف جو پشیمانی کی حالت میں قلب کو ھوتی ھے - (۶) لڑاکا عورت ؛ مردانہ صفت ، غصہ ور اور کینہ پرور عورت -

haunted by the ff. of her father's blood : اس کے باپ کے خون کا بدلہ لینے والی ارواح اس کا پیچھا کررھی تھیں -

in a f. : سخت طیش کی حالت میں -

like f. : شدت سے ؛ بہت جوش کے ساتھ -

the Spanish F. : وہ قتل عام جو سنہ ۱۵۷۶ ع میں ھسپانوی لوگوں نے اینٹورپ میں کیا تھا -

Furze, *n.* : رتمت ؛ رتم ایک جھاڑی دار سدا بہار درخت جس میں زرد رنگ کے پھول آتے ھیں اور یورپ کی غیر مزروعہ زمینوں میں پیدا ھوتا ھے -

Fuscous, *a* : (خواص الاشیاء) تاریک رنگ کا ؛ اداس رنگ -

Fuse, *v. t.* & *i.* : (۱) بہت تیز حرارت سے پگھلانا یا پگھلنا - (۲) آمیزش کرنا یا ھونا ؛ مخلوط کرنا یا ھونا - (۳) اجزا کو ملا کر ایک بنا دینا یا ان کا ملکر ایک ھونا مثلاً (پگھلا کر) دھات کو یا ھستیوں کو یا اداروں کو متحد کر دینا یا اغراض کو مشترک کر دینا یا انکا مشترک و متحد ھونا -

fusible, *a.* : قابل آمیزش و اتحاد -

fusibility, *n.* : آمیزش اور اشتراک کی قابلیت (اھلیت) -

Fuse, *n.* & *v. t.* : (۱) فتابہ ؛ فتیلہ ؛ بتی یا نلکی یا توری جو آتشگیر مادہ میں بھگو دی گئی ھو تاکہ اس میں آگ لگا کر بم یا پٹاخہ چھوڑا جائے یا کسی چیز کو باروت سے اڑایا جائے - (۲) فتیلہ لگانا -

Fusee, *n.* : (۱) مخروطی پہیہ (گھڑی یا گھنٹے میں) - (۲) گھوڑے کے ٹخنے کے ھڈی پر ایک قسم کا دنبل - (۳) بڑے سر والی دیا سلائی (تیز ھوا میں سگریٹ یا سگار سلگانے کے لئے) -

Fuselage, *n.* : آلہ ھوائی کا چوکھٹا ؛ ٹھانچہ -

Fusel oil, *n.* : کئی قسم کے الکحل کا مرکب جو شراب کی روح نکالتے وقت پیدا ھوتا ھے -

Fusiform, *a.* : (نباتیات ، بصری) تکلہ یا سگار کا ھم شکل ؛ دونوں سروں پرنوکدار اور پتلا گاؤ دم -

Fusil, *n.* : پرانی ھلکی توڑے دار بندوق -

Fusilier, *n.* : (عموماً جمع) برطانوی پلٹنوں کے سپاھی جو پہلے ھلکی توڑے دار بندوقوں سے مسلح کئے جاتے تھے -

Fusillade, *n.* & *v. t.* : (۱) بندوقوں کی باڑھ (مار کر قتل عام) - (۲) (کسی مقام پر باڑھ مار کر) مسلسل حملہ کرنا ، دھاوا کرنا ، لوگوں کو قتل کرنا -

Fusion, *n.* : (۱) پگھلاؤ - (۲) پگھلا ھوا مادہ (۳) مختلف چیزوں کی آمیزش کر کے ایک بنانا - (۴) اتفاق ؛ اتحاد -

fusionist, *n.* : ایسا شخص جو مختلف جماعتوں یا اختلاف رائے رکھنے والے لوگوں کو متحد کرنے کی کوشش کرے -

Fuss, *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) بھاگ دوڑ ؛ شور غل ؛ ھنگامہ ؛ لے دے ؛ بہت ھل چل ؛ اضطراری حرکتیں - (۲) چھوٹی چھوٹی باتوں کو اھم سمجھنا ؛ خفیف تفصیلات کی کثرت - (۳) بھاگ دوڑ کرنا ؛ ھل چل مچانا ؛ (کسی کو) گھبرا دینا ؛ پریشان کردینا ؛ معمولی اور خفیف باتوں میں بے چینی اور گھبراھٹ کے ساتھ مصروف ھونا یا پھرنا ؛ بات کا بتنگڑ بنا لینا -

fussily, *adv.* : گھبراھٹ یا ھنگامہ آرائی کے ساتھ -

fussiness, *n* : اضطراری حرکتیں ؛ ذراسی بات کو بڑا سمجھنا ؛ معمولی معمولی باتوں کی فکر -

fussy, *a.* : وہ جو بہت غل مچاتا ھو یا خفیف باتوں کو اھم سمجھتا ھو یا ذراسی بات میں گھبرا جاتا ھو -

Fustanella, *n.* : جدید یونان میں مردوں کا سفید رنگ کا گھگرے جیسا لباس -

Fustian, *n.* : (۱) ایک قسم کے بٹے ھوئے تاگے کا بنا ھوا

موٹا کپڑا جو عموماً گہرے رنگ کا ہوتا ھے - (۲) کلام ھرزہ ؛ بیہودہ ' مبالغہ آمیز تحریر یا تقریر - (۳) لغت تراشی ؛ مبالغہ آمیزی ؛ (ایسی گفتگو یا تحریر) جس میں بیہودہ ' فضول اور بڑی بڑی باتیں بنائی جائیں -

Fustic, *n.* : د و قسم کی لکڑی جن سے زرد رنگ نکالا جاتا ھے -

Fustigate, *v. t.* : (مزاحاً) ڈنڈے لگانا مارنا -

fustigation, *n.* : ڈنڈوں کی مار -

Fusty, *a.* : (۱) پھپوندی لگا ہوا ؛ (باسی یا اتری ہوی چیز کی) بو رکھنے والا - (۲) جس (جگہ یا کمرے) کی ہوا بند ھو اور اس کے اندر امس یا گھمس ھو - (۳) پرانی وضع کا ؛ قدیم -

fustiness, *n.* : بد بو ؛ سڑاند -

Futchel (l), *n.* : دھرا ؛ دھری -

Futhorc, *n.* : قدیم ٹیوٹانی ابجد (جس کے حروف زاویہ دار ہوتے تھے اور جس کے ابتدائی چھ حروف کے مجموعہ سے یہ لفظ بنا ھے اس میں th ایک حرف شمار کیا جاتا ھے) -

Futile, *a.* : بیکار ؛ بے نتیجہ ؛ بے اثر ؛ فضول ؛ بے حاصل -

futilely, *adv.* : بیکار ' بے معنی طور پر ؛ بے اثر طریقہ سے -

futility, *n.* : بے اثری ؛ بیکاری ؛ بے نتیجہ ہونا -

Futtock, *n.* : جہاز کے وسطی شہتیروں میں سے ایک جو فرش اور اوپر کے شہتیروں کے درمیان ہوتا ھے -

Future, *a. & n.* : (۱) مستقبل ؛ پیش آنے والا ؛ آیندہ ؛ آج کے بعد - (۲) جمع) (تجارت) مال و اسباب جو آئندہ بھیجنے کے وعدے پر فروخت کیا جاے -

for the f. : آئندہ کے لئے -

f. life, state : آئندہ زندگی (حالت) ؛ حیات بعدالممات -

in f. : زمانہ آئندہ میں ؛ مستقبل میں -

my f. wife : میری ہونے والی بیوی -

futureless, *a.* : (وہ) جس کا کوئی مستقبل نہ ھو (جس کو کوئی توقعات نہ ھوں) -

Futurist, *n. & a.* : (۱) (مذھب) وہ شخص جو یہ عقیدہ رکھتا ھے کہ انجیلی پیشن گوئیاں ہنوز پوری ہونے والی ھیں- (۲) (تصویر کشی) (وہ لوگ) جو تصویر کشی اور فنون لطیفہ میں (جیسا کہ اٹلی میں کیا گیا ھے) پرانی روایات اور طریقوں کو قطعاً ترک کر کے جذبات کی ترجمانی بالکل نئے اشارات سے کرتے ھیں -

Futurism, *n.* : لفظ مذکورۂ بالا کے معنی نمبر ۲ کا اسم -

Futurity, *n.* : زمانہ آئندہ ؛ آئندہ حالات ' واقعات (جمع اور واحد) ؛ حیات بعدالممات -

Fuzz, *n.* : (۱) پتلا اڑ جانے والا مادہ - (۲) روئی وغیرہ کاروان ؛ نرم یا گھونگر والے بال -

f.-ball : ایک قسم کی اسفنجی نباتات ؛ سما روغ کی ایک قسم -

Fuzzy, *a.* : گھسا ہوا ؛ نرم روئیں دار ؛ دھندلا ؛ گھونگر والا -

F.-wuzzy : سوڈانی جنگ جو -

fuzzily, *adv.* : متعلق فعل مذکورۂ بالا معنوں میں -

fuzziness, *n.* : اسم مذکورۂ بالا معنوں میں -

Fy, fye. : دیکھو Fie -

-fy, *suf.* : (اس کو اسماء و صفات کے آخر میں لگا کر افعال بناتے ھیں - لاطینی لفظ ficare یا فرانسیسی fier کا قائم مقام جس سے کرنا اور بنانا کا مفہوم پیدا ہوتا ھے ' مثلاً beautify, deify وغیرہ انگریزی الفاظ کی مذاقیہ تراکیب میں یہ لاحقہ عموماً کسی کام کا تواتر ' شدت وغیرہ ظاہر کرتا ھے مثلاً speechify یعنی متواتر تقریریں کئے جانا) -

Fylfot, *n.* : صلیب جو قدیم زمانے میں سورج کی پرستش میں استعمال کی جاتی تھی اور جس کی شکل سوستیکا (卐) کی ہوتی ھے ؛ سوستیکا -

Fytte دیکھو Fit -

G

G (pl. Gs, G's) : (۱) انگریزی حروف تہجی کا ساتواں حرف (۲) (استدلال میں) ساتواں شخص یا چیز - (۳) (موسیقی) سپتک کا پانچواں سر -

Gab, *n.* : (روز مرہ) گفتگو ؛ گپ شپ ؛ یاوہ گوئی ؛ بک بک ؛ بکواس -

gift of the g : (۱) طاقت لسانی ؛ قوت خطابت - (۲) چرب زبانی ؛ لسانی ؛ باتونی پن -

stop your g. : چپ رھو ؛ بک بک نہ کرو -

Gabble, *v. i. & t., & n.* : (۱) بک بک کرنا ؛ بکواس کرنا - (۲) بڑبڑانا - (۳) بلند آواز سے' تیزی سے پڑھنا - (۴) جلد جلد بولنا ؛ تیزی سے بولنا (۵) زر ؛ بڑ ؛ بکواس -

Gabelle, *n.* : محصول ؛ چنگی ؛ وہ محصول جو انقلاب عظیم سے پہلے فرانس میں لیا جاتا تھا -

Gaberdine, (-en) *n.* : (۱) چوغہ ؛ لبادہ - (۲) ایک قسم کا باریک کھردرا کپڑا -

Gabion, *n.* : بید یا لوھے وغیرہ کی تیلیوں کی ٹوکری جس میں مٹی بھری جاتی ھے -

Gabionade, *n.* : مٹی بھری ٹوکریوں کی قطار جو دھس کا کام دیتی ھے -

Gable, *n.* : (۱) دو رخی ڈھلواں چھت کا بالائی تکونا حصہ - (۲) ڈھلواں دیوار جس کا بالائی حصہ تکونا ھو - (۳) کھڑکی یا دروازے کا چھجا -

(-) gabled, *a.* : (دیوار وغیرہ) جس میں گیبل ھو -

gablet, *n.* : چھوٹا گیبل -

Gaby, *n.* : بیوقوف ؛ احمق ؛ سادہ لوح ؛ گھامڑ ؛ بدھو -

Gad, *int.* : اظہار تعجب وغیرہ کے لیے -

Gad, *v. i.* : (۱) بیکار پھرنا ؛ آوارہ پھرنا ؛ آوارہ گردی کرنا ؛ ڈانواں ڈول پھرنا - (۲) درختوں کی شاخوں کا بے قاعدہ پھیلنا ؛ بے ترتیب کنا -

gadabout : آوارہ گرد ؛ ھرزہ گرد ؛ خدائی خوار -

Gad-fly, *n.* : (۱) گئو مکھی ؛ بڑ مکھی - (۲) چم چچڑ ؛ سر ھو جانے والا ؛ بہوت بن کے پیچھے پڑجانے والا - (۳) بے اختیار

خواهش ؛ خلش ؛ بے چینی ۔

Gadget, *n.* : (روز مرہ) ۔ (۱) مشین وغیرہ کا کوئی چھوٹا پرزہ یا چھوٹی کل ۔ (۲) ترکیب ؛ تدبیر ؛ چال ۔

Gadhelic, -ed-) *a.* & *n.* : (وسیع معنی میں) قوم گیل کی زبان کا ؛ قوم گیل کا ۔

Gadoid, *a.* & *n.* : (۱) ایک مچھلی جو *cod* سے مشابہ ہوتی ہے ۔ (۲) اس مچھلی کے خاندان کا ۔

Gadroon, *n.* : (د وماً جمع) منحنی شکل کی کگر جو تعمیر یا دھات کے کام میں بطور آرائش بنائی جاتی ہے ۔

Gael (gal), *n.* : اسکاچستان کی کیلٹ نسل ؛ (شاذ) آئرستان کے کیلٹ لوگوں کے لیے بھی آتا ہے ۔

Gaelic (ga-), *a.* & *n.* : (۱) اسکاچستان کے کیلٹ لوگوں کی زبان ۔ (۲) اسکاچستان یا آئرستان وغیرہ کی کیلٹ نسل کا یا اس کے متعلق ۔

Gaff, *n.* & *v. t.* : (۱) مچھلی مارنے کا برچھا ؛ آنکڑے دار نیزہ ؛ برچھے سے مچھلی کا شکار کرنا ۔ (۲) موٹا لٹھا جس کا ایک سرا اگلے اور دوسرا پچھلے بادبان پر رکھا رہتا ہے ۔

Gaff, *n.* : (سوقیانہ) بھانڈا پھوڑنا ۔

Gaff, *n.* : (سوقیانہ) تماشا گاہ؛ ادنی درجے کا تھیٹر یا کمرۂ موسیقی ۔

Gaffer, *n.* : (۱) بڈھا گنوار ؛ بڑے میاں ۔ (۲) جمعدار؛ چودھری ۔

Gag, *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) کپڑا وغیرہ جو منہ میں ٹھونس دیا جائے تاکہ آواز نہ نکلے ؛ ڈھاٹی ؛ (جراحی) ایک قسم کا آلہ جو عمل جراحی کرتے وقت منہ میں لگا دیتے ہیں تاکہ منہ بند نہ ہونے پائے ۔ (۲) (پارلمنٹ) مابہ النزاع مسئلے کا فیصلہ جو بحث بند کر کے کیا جائے ؛ زبان بندی کرنا ؛ منہ میں کپڑا وغیرہ ٹھونس کر خاموش کر دینا ؛ آزادی تقریر سلب کرلینا ۔ (۳) وہ فقرے جو ایکٹر اسٹیج پر موقع و محل کے مناسب اپنے مقررہ بیان سے زیادہ کہہ جاتے ہیں ؛ ایکٹروں کا ایسے فقرے کہنا ؛ الحاقی الفاظ (جو اصل کتاب میں نہ ہوں) ۔ (۴) (بازاری) پاکھنڈ ؛ جھوٹ ؛ جھوٹا ادعا ؛ دھوکا ؛ فریب ۔ (۵) دھوکا دینا ؛ دغا دینا ؛ پاکھنڈ پھیلانا ؛ جھوٹ بولنا ۔

g. -bit : مضبوط دہانہ ؛ پرز مال

g. -rein : خاردار لگام

Gage, *n.* & *v. t.* : (۱) شے مرہونہ ؛ شے مکفولہ ؛ جو شے ضمانت کے طور پر رکھوا دی جائے ؛ وہ چیز جو گروی رکھ دی جائے ۔ (۲) مبارز طلبی کے لیے دستانہ وغیرہ پھینکنا ؛ مبارزت طلبی کی علامت مثلاً دستانہ وغیرہ جو پھینکا جائے ۔ (۳) رہن کرنا ؛ گروی رکھنا ؛ مکفول کرنا ؛ گرو کرنا ؛ بطور ضمانت کے پیش کرنا ۔

Gage : دیکھو Gauge ۔

Gage, *n.* : (کاروباری زبان) دیکھو Greengage ۔

Gaggle, *v. i.* : کٹ کٹ کرنا ؛ کڑکڑانا (مرغی بطخ وغیرہ کا) ۔

Gaiety, *n.* : (۱) خوش طبعی ؛ شگفتہ مزاجی ؛ زندہ دلی ۔ (۲) رنگ رلیاں ؛ ہنسی ؛ دل لگی ؛ عیش و عشرت ۔ (۳) بناؤ ؛ سجاوٹ ؛ آراستگی ؛ زرق برق ہونا ۔

Gaikwar, gaik-, (gik), *n.* : مہاراجہ گیکواڑ؛ مہاراجہ بڑودہ ۔

Gaily : دیکھو GAY ۔

Gain, *n.* : (۱) بڑھوتری ؛ نفع ؛ ترقی ؛ افزونی ؛ افزائش ؛ سود ؛ منفعت ؛ یافت ؛ آمدنی ۔ (۲) کمائی؛ حصول دولت ؛ جلب زر ؛ (جمع) منافع ؛ نفع تجارت ؛ مشاہرہ ؛ تنخواہ ؛ جوئے کی جیت ۔ (۳) توفیر ؛ بیشی ؛ بڑھوتری ؛ ازدیاد ۔

Gain, *v. t.* & *i.* : (۱) پانا ؛ حاصل کرنا ۔ (۲) کمانا ؛ آمدنی میں اضافہ ہونا ؛ نفع ہونا ؛ بڑھوتری ہونا ۔ (۳) ترقی کرنا ؛ سبقت لے جانا ؛ (آگے) بڑھ جانا ۔ (۴) فتح پانا ؛ جیتنا ۔ (۵) توڑ لینا ؛ اپنی طرف کر لینا ؛ اپنا ہم خیال بنا لینا ؛ سمجھا بجھا کر راضی کر لینا ۔ (۶) منزل مقصود کو پہنچنا ؛ پہنچ جانا ۔ (۷) (سمندر کا) خشکی کی طرف بڑھنا ۔

g. ground : ترقی کرنا ؛ بڑھنا ۔

g. ground (up) on : دبانا ؛ قریب ہوتے جانا ؛ قریب تر ہونا (تعاقب میں) ؛ سمندر کا زمین کاٹنا

g. the ear of : عرض و معروض کا موقع پانا ؛ گفتگو کا موقع پانا ۔

g. up) on : مورد عنایات بن جانا ؛ تقرب حاصل کرنا ۔

g. the upper hand : غالب آنا ؛ فتح پانا ۔

g. time : وقت بچانا ؛ کسی کام کو بہت کم وقت میں کرلینا ؛ زیادہ مہلت حاصل کرنا ۔

gainable, *a.* : قابل حصول ۔

gainer, *n.* : فائدہ اٹھانے والا ؛ کامیاب ہونے والا ؛ جیتنے والا ؛ حاصل کرنے والا ۔

Gainful, *a.* : (۱) سود مند ؛ فائدہ مند ۔ (۲) کماؤ ؛ نفع بین ۔

Gainsay, *v. t.* (*-said*, pr. -ad or -ed) : تردید کرنا ؛ انکار کرنا ؛ مخالفت کرنا ۔

gainsayer, *n.* : مخالفت کرنے والا ؛ تردید کرنے والا ۔

Gainst, 'gainst : دیکھو AGAINST ۔

Gait, *n.* : طرز خرام ؛ چال ؛ چلنے کا انداز ۔

Gaiter, *n.* : ساق پوش ؛ گیٹس ۔

Gala, *n.* : تہوار ؛ عید ؛ جشن ۔

Galactic, *a.* : کہکشانی ؛ متعلق بہ کہکشاں ۔

Galacto- : (سابقہ) دودھ ۔

galactogogue : دودھ پیدا کرنے والی ۔

Galantine (-en), *n.* : ایک قسم کا کھانا جو پرندوں کے گوشت سے تیار کیا جاتا ہے ۔

Galanty show, *n.* : تماشا جس میں کٹھ پتلیوں کی حرکت کا عکس پردے پر ڈالا جاتا ہے ۔

Galaxy (-la-), *n.* : (۱) کہکشاں ۔ (۲) چیدہ اشخاص کا مجمع ؛ جمگھٹ ؛ مجمع حسیناں ؛ اندر کا اکھاڑا ۔

Galbanum, *n.* : ایک قسم کی لکھ ؛ بریجا ؛ تنکا ۔

Gale, *n.* : ایک قسم کی مہندی ۔

Gale, *n.* : تند ہوا ؛ تیز ہوا ؛ (بحری) طوفان ؛ جھکڑ ؛ (شاعری) نسیم ؛ ہلکی اور فرحت بخش ہوا ۔

Gale, *n.* : کرایہ یا لگان کی میعادی ادائگی

hanging g : بقایہ کرایہ یا لگان ۔

Galea, *n.* : (نباتیات ، حیوانیات) وہ شے جو وضع شکل وغیرہ کے اعتبار سے خود کے مشابہ ہو ۔

galeate, -ated, *aa.* : خود دار ؛ خود نما ۔

Galeeny, *n.* : ایک قسم کا بڑا پرندہ جو جزیرہ گنی میں ہوتا ہے -

Galen, *n.* : (مزاحاً) حکیم ؛ حاذق طبیب ؛ جالینوس وقت -

Galenic, *a.* **galenical**, *a.* & *n.* : (۱) جالینوسی ؛ جالینوس کی - (۲) جڑی بوٹی کی (دوا) ؛ مفردات کی (دوا) -

Galilee, g-, *n.* : گرجا کے ملحق کمرہ ؛ گرجا کا بر آمدہ -

Galimatias (-asiah, or as F.), *n.* : لایعنی گفتگو ؛ بڑ ؛ پنواڑا ؛ رام کہانی -

Galingale (-ngg-), *n.* : خولنجان ؛ پان کی جڑ ؛ کلیجن -

English g. : ایک قسم کی انگریزی گھاس

Galiot : دیکھو galliot

Galipot, *n.* : ایک قسم کا گاڑھا ؛ رال -

Gall (gawl), *n.* : (۱) پتے کی رطوبت دآب ؛ پت ؛ صفرہ - (۲) بہت تلخ شے - (۳) پتا اور اس کے اندر کا مادہ - (۴) درشتی ؛ سختی تند مزاجی ؛ غصہ ؛ بغض ؛ دشمنی ؛ کینہ ؛ عداوت ؛ قہر ؛ زٹنی ؛ عناد ؛ کاوش -

g.-bladder : پتا ؛ زہرہ -

g.- stone : پتھری ؛ سنگ مثانہ

dip one's pen in g. : قلم سے زہر اُگلنا ؛ شدید مخالفت میں لکھنا -

gall-less, *a.* : بے کینہ ؛ صاف -

Gall (gawl), *n.* : (۱) آماس ؛ سوجن ؛ ورم ؛ آبلہ ؛ چھالا ؛ زخم (خصوصاً گھوڑوں کا) - (۲) کھجانے کا زخم ؛ خراش - (۳) جس جگہ رگڑنے سے کھال اُترجائے یا کسی اور وجہ سے پھٹ جائے - (۴) رنجیدگی یا اذیت کا سبب - (۵) بن یا کھیت میں صاف قطعہ زمین -

Gall (gawl), *v. t.* & *i.* : (۱) رگڑ ڈالنا ؛ رگڑ کا زخم لگنا ؛ کھرچنا ؛ چھیلنا ؛ حول جانا - (۲) دق کرنا ؛ ستانا ؛ تنگ کرنا ؛ ناک میں دم کرنا ؛ پریشان کرنا - (۳) ذلیل کرنا ؛ خفیف کرنا ؛ تذلیل کرنا -

galling, *a.* : سخت ناگوار ؛ دق کرنے والی ؛ عذاب جان ؛ ذلیل کرنیوالا -

Gall (gawl), *n.* : مازو ؛ ماجو -

g.- fly : وہ کیڑا جو درختوں میں جو پھل پیدا کر دیتا ہے -

g.- nut : ماجو پھل -

oak- g : شاہ بلوط کا ماجو -

Gallant, *a.*, *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) نمود یا ؛ خوش پوشاک ؛ خوش لباس ؛ نمائشی ؛ پر تکلف (متروک) - (۲) شاندار ؛ نفیس ؛ عمدہ ؛ عظیم الشان ؛ پر شوکت (گھوڑا یا جہاز) - (۳) جواں مرد ؛ شجاع ؛ بانکا ؛ سور ؛ بیر ؛ سورما ؛ جانباز ؛ (دارالعوام کے فوجی یا بحری رکن) اس لقب سے مخاطب کرتے ہیں - (۴) عاشق مزاج ؛ حسن پرست ؛ دل پھینک ؛ عشق باز - (۵) کسی عورت سے عشق ومحبت کی باتیں کرنا ؛ بانکپن کی آن سے کسی خاتون کے ہمرکاب رہنا

gallantly : دلیرانہ ؛ جانبازانہ ؛ مردانہ وار ؛ عاشقانہ نیاز مندی سے ؛ حسن اخلاق سے -

Gallantry, *n.* : (۱) بہادری ؛ شجاعت ؛ دلیری ؛ بے جگری ؛ تہور ؛ جوانمردی - (۲) وضع داری ؛ خوش پوشاکی - (۳) حسن پرستی ؛ عاشق مزاجی ؛ ناز برداری - (۴) نیاز عاشقی ؛ عاشقانہ کلام یا طرز عمل ؛ حسن خلق - (۵) عاشقانہ اختلاط ؛ بوس و کنار ؛ بدچلنی ؛ تماش بینی -

Galleon, *n.* : (۱) (تاریخ) ایک قسم کا بادبانی جہاز - (۲) جنگی جہاز (عموماً ہسپانوی) - (۳) بڑا ہسپانوی جہاز جو امریکی تجارت میں استعمال ہوتا تھا -

Gallery, *n.*, & *v. t.* : (۱) دالان ؛ بر آمدہ - (۲) شہ نشین - (۳) غلام گردش ؛ کسی کمرے یا گرجا کے اندر کا چھجا جو اخبار کے رپورٹروں ، گویوں وغیرہ کیلئے مخصوص ہو ؛ (تھیٹر) سب سے اونچی نشست ؛ گیلری ؛ گیلری میں بیٹھنے والے لوگ ؛ ادنی طبقے کے حاضرین یا ناظرین - (۴) تنگ اور لمبا کمرہ - (۵) تصویر خانہ ؛ رنگ محل - (۶) (فوجی وکان کنی) سرنگ - (۷) گیلری بنانا ؛ غلام گردش بنانا -

g. -hit, g.-shot, g.-stroke : وہ ہٹ وغیرہ جو تماشائیوں کو دکھانے کے لئے مارا جائے -

play to the g. : ٹیپ ٹاپ دکھانا ؛ ادنے طبقے کے لوگوں کو خوش کرنے کی کوشش کرنا ؛ ابلہ فریبی سے کام لینا -

galleryful, *n.* : گیلری بھر ؛ بھری گیلری -

Galley, *n.* : (۱) (عموماً تاریخ) ایک قسم کا بادبانی جہاز - (۲) قدیم یونانی یا رومی جنگی جہاز - (۳) بڑی کشتی جس پر جنگی جہاز کا کپتان سوار ہوتا ہے - (۴) جہاز کا باورچی خانہ ؛ (طباعت) وہ کشتی جس پر سیسے کے حروف سطر وار جمائے جاتے ہیں ؛ چھاپے کے حروف بٹھانے کا تختہ -

g. -proof : چھاپے خانے کے وہ پروف جو سلپ کی شکل میں ہوں -

g.-slave : وہ شخص جس کو جہاز پر کام کرنے کی سزا دیجائے ؛ بیگاری ؛ غلام -

g.-worm : ایک قسم کا کئی ٹانگوں والا کیڑا -

Galliambic, *a.* & *n.* : ایک بحر جس میں ٹینی سن نے اپنی نظم بوڈیشیا لکھی ہے ؛ اس بحر میں لکھی ہوئی -

Gallic, *a.* : (۱) گال کا ؛ قدیم فرانس کے باشندوں کا - (۲) (عموماً مزاحیہ) فرانسیسی -

gallicism, *n.* : فرانسیسی محاورہ ؛ انداز گفتگو یا رسم و رواج -

gallicize, *v. t.* & *i* : فرانسیسیوں کی تقلید کرنا ؛ فرانسیسی بننا ؛ فرانسیسی رنگ میں رنگنا -

Gallican, *a.* & *n.* : (۱) فرانس کے قدیم گرجا کا - (۲) فرانس کے قدیم گرجا کا پیرو یا مقلد ؛ فرانس کے اس رومن کیتھولک فرقے کا جس نے سولھویں صدی میں پوپ کا اقتدار کم کرنے اور قومی گرجا کا اقتدار بڑھانے کی کوشش کی تھی -

gallicanism, *n.* : اس مسلک کے اصول و ضوابط -

gallicanist, *n.* : اس مسلک کا پیرو یا قائل -

Gallice, *adv.* : فرانسیسی میں ؛ بہ زبان فرانسیسی -

Galligaskins, *n.* : (مزاحاً) برجس ؛ پتلون ؛ پاجامہ -

Gallimaufry, *n.* : گڑ بڑ ؛ خلط ملط : گڈ مڈ ؛ افرا تفری -

Gallinaceous, *a.* : پرندوں کی اس عام جنس کا جس میں عام مرغیاں ' کبوتر ' تیتر ' فاختہ وغیرہ شمار کئے جاتے ہیں -

gallinacean, *a.* & *n.* : اس جنس کا (پرندہ) -

Gallinazo, *n.* : ایک قسم کا امریکن گدھ -

Gallió, *n.* : وہ شخص یا حاکم جو اپنے حلقۂ اقتدار سے باہر دخل دینے سے انکار کرے -

Galliot, *n.* : (۱) ولندیزی مال کا جہاز یا ماہی گیر جہاز - (۲) وہ تیز رو باد بانی یا چپوؤں سے چلنے والا جہاز جو پہلے بحرا لکاہل میں استعمال ہوتا تھا -

Gallipot, *n.* : مرتبان یا کلھیا جس میں مرہم وغیرہ بھرا جاتا ہے -

Gallium, *n.* : ایک قسم کی نرم نیلگوں سفید دھات -

Gallivant, *v. i.* : آوارہ پھرنا ؛ ہرزہ گردی کرنا ؛ ڈانواں ڈول پھرنا -

Gallo-, : (سابقہ) فرانس کا -

gallomania, *n.* : فرانسیسی چیزوں کا خبط -

gallomaniac, *a.* : فرانسیسی چیزوں کے پیچھے دیوانہ -

gallophil, *a.* & *n.* : وہ (شخص) جو ہر فرانسیسی چیز کو پسند کرتا ہے -

gallophobe, *a.* & *n.* : وہ (شخص) جو ہر فرانسیسی چیز کی مخالفت کرتا ہے یا جو فرانس سے خائف ہو -

gallophobia, *n.* : ہر فرانسیسی چیز سے نفرت -

Gallon, *n.* : گیلن ؛ ایک پیمانہ جس سے غلہ یا رقیق چیزیں ناپتے ہیں -

imperial g. : شاہی گیلن ½ 277 مکعب انچ کا ہوتا ہے -

wine g. : یہ ۲۳۱ مکعب انچ کا ہوتا ہے -

Galloon, *n.* : سوتی ' ریشمی یا زرتار کی گف بنی ہوئی پٹی ؛ پٹکہ -

Gallop. *n.* & *v. i.* & *t.* : (۱) سرپٹ ؛ پوئی ؛ پوئیا - (۲) سرپٹ دوڑنا یا دوڑانا ؛ پوئیا جانا یا لے جانا - (۳) بہت تیزی سے چلنا ' بڑھنا یا گفتگو کرنا -

at a g. : سرپٹ جاتے ہوئے -

full g. : پوری رفتار سے -

in a galloping consumption. : اس دق میں (مبتلا) جو بہت تیزی سے بڑھتا ہے -

Gallopade, *n.* : ایک قسم کا پر جوش ناچ جو ہنگری سے نکلا تھا -

Galloper, *n.* : (۱) پوئی دوڑنے والا ؛ سرپٹ جانے والا ؛ وہ گھوڑا جو پوئی چلے - (۲) (فوجی) ہلکی توپ جسے میدان جنگ میں لے جاسکیں - (۳) اڈیکا نگ -

Gallovidian, *a.* & *n.* : گیلووے کا (باشندہ) ؛ گیلووے سے متعلق -

Galloway, *n.* : گیلووے کا مضبوط ٹٹو - (۲) چھوٹے قد کا گھوڑا ؛ ٹانگن ؛ ٹٹو -

Gallows, *n.* : (۱) (جمع لیکن عموماً بطور واحد مستعمل ہے) پھانسی کا چوکھٹا - (۲) پھانسی کی سزا - (۳) ورزش کا تختہ ؛ باورچی خانے میں گوشت وغیرہ لٹکانے کی لکڑی -

a g. look : واجب القتل مجرموں کی صورت -

g.-bird : پھانسی دئے جانے کے قابل آدمی ؛ واجب القتل ؛ گردن زدنی -

g.-ripe : گردن زدنی ؛ پھانسی کے قابل -

g.-tree : پھانسی کا چوکھٹا -

have the g. in one's face : واجب القتل مجرموں کی سی صورت ہونا -

Galop, *n.* & *v. i.* : (۱) ایک انگریزی ناچ - (۲) یہ ناچ ناچنا -

Galore, *adv.* & *n.* : (۱) کثرت ؛ بہتات ؛ فراوانی ؛ افراط - (۲) کثرت سے ؛ بہ افراط -

Galosh, **Gol-**, *n.* : (۱) جوتوں کے اوپر پہننے کے پتلے ربڑ کے جوتے - (۲) جوتوں کے نچلے حصے میں لگانے کا چمڑا ؛ جوتوں پر چڑھانے کا چمڑا یا ربڑ -

Galumph, *v. i.* : اکڑ کر چلنا -

Galvanic, *a.* : (۱) گیلوانی (طرح شدہ) - (۲) (استعارتاً) (تبسم وغیرہ) فوری اور بناوٹی -

g. battery : مورچۂ گیلوانی -

g. belt : گیلوانی پٹی -

g. electricity : گیلوانی برق -

galvanically, *adv.* : متعلق فعل مذکورہ بالا معنوں میں -

Galvanism, *n.* : (۱) طرح دینے کا عمل - (۲) اس کا استعمال علاج میں -

galvanist. *n.* : اسم مذکورۂ بالا معنوں میں -

Galvanize, *v. t.* : (دھات کو) طرح دینا -

galvanized iron. : وہ لوہا جس پر جست کی قلعی ہو (آج کل یہ عموماً کہربا کے مدد کے بغیر ہوتی ہے) -

g. into life : جوش اور ہیجان میں لانا -

Galvanizer, *n.* : طرح دینے والا ؛ جھول چڑھانے والا ؛ ملمع ساز -

galvanization, *n.* : جھول ؛ ملمع ؛ ملمع سازی -

Galvano- : (سابقہ) galvanic اور galvanism کی مرکب صورت :

galvanography : مقناطیسی برق کی قوت سے تانبے کی تختیوں پر کندہ کرنا -

galvanometer. : مقناطیسی برق پیما -

galvanoplasty : بجلی کے ذریعے قلعی کرنا -

Galwegian, *a.* & *n.* : دیکھو GALLOVIDIAN -

Gamb[illegible], *n.* : ارگن باجے کی کھونٹی -

Gambade, **-do** (pl. -oes), *n.* : (۱) گھوڑے کی چھلانگ - (۲) بے محل حرکت ؛ شرارت ؛ بد تمیزی -

Gambier, *n.* : ایک مشرقی پودے کا ست جو چمڑا رنگنے میں استعمال ہوتا ہے -

Gambit, *n.* : شطرنج کی چال -

Gamble, *v. i.* & *t.* & *n.* : (۱) جوا کھیلنا ؛ قمار بازی کرنا - (۲) جوکھم میں پڑنا - (۳) جوا بازی - (۴) خطرناک مہم ؛ جوکھم کا معاملہ -

g. away : جوے میں ہار دینا -

gambler, *n.* : جواری ؛ قمار باز ؛ جوے باز -

gamblesome, *a.* : (۳) پر خطر - (۲) قمار پسند ؛ قمار باز -

Gamboge (-oozh), *n.* : وہ لاکھ جس سے زرد رنگ نکلتا ھے -

Gambol (-bl), *n.* & *v. i.*: چھلانگ ؛ پھلانگ ؛ زقند ؛ اچھل کود ؛ کلیل - (۲) اچھلنا ؛ کودنا ؛ زقند بھرنا ؛ کلیلیں کرنا -

Game, *n.* : (۱) ھنسی ؛ دل لگی ؛ مضحکہ ؛ تمسخر - (۲) پر لطف واقعہ ؛ مزا - (۳) کھیل ؛ بازی - (۴) (جمع یونان و روما) ورزشی ناٹکی یا موسیقی کے مقابلے - (۵) منصوبہ ؛ کام ؛ مہم - (۶) (جمع) چالیں ؛ کاٹ چھانس - (۷) کھیل کی ایک بازی ؛ ایک داؤں - (۸) کسی کھیل کا پورا سامان - (۹) کھیل کی حالت ؛ کھیل کا رنگ ؛ گیم (ٹینس وغیرہ میں) - (۱۰) شکار ؛ صید ؛ وہ چیز جس کا شکار کیا جاتا ھے ؛ شکار کے جانور -

fair g.: خوش معاملگی ؛ ایمانداری -

g. -act, -law : (عموماً جمع) قانون شکار -

g. -bag : تتراک ؛ شکار بند -

g. -ball : (ٹینس وغیرہ میں) وہ اسکور جس کے بعد ایک پوائنٹ جیتنے سے گیم ھو جاتا ھے -

g. -chicken: چوزہ جو پالی لڑنے کے لئے پالا جاے -

g. -cock : اصیل مرغ ؛ لڑنے والا مرغ -

g. -egg : جس انڈے سے لڑنے والا مرغ نکلے -

g. -fowl : پالی لڑنے والا پرندہ -

g. keeper : محافظ شکار گاہ -

g. licence : شکار کا اجازت نامہ ؛ شکار کا لیسنس -

g. preserver : مالک شکار گاہ -

g. tenant : شکار کرنے یا مچھلی مارنے کا اجارہ دار یا ٹھیکہ دار -

Game, *a.* : اصیل مرغ کے مانند ؛ جری ؛ با ھمت ؛ مستعد -

gamely, *adv.* : ھمت سے ؛ جرأت سے -

gameness, *n.* : ھمت ؛ جرأت -

Game, *v. i.* & *t.* : (۱) جوا کھیلنا - (۲) جوے میں ھار جانا یا اڑا دینا -

gaming -house : قمار خانہ ؛ جوے خانہ ؛ جوے کا اڈا -

gamester, *n.* : جواری ؛ قمار باز -

Game, *a.* (پیر ھاتھ وغیرہ) شل ؛ معذور ؛ بے کار -

Gamesome, *a.*: شوخ ؛ چنچل ؛ خوش طبع ؛ ھنس مکھ ؛ کھیل کود کا شائق -

gsmesomely, *adv.* : چنچل پن ؛ شوخی یا خوش طبعی سے -

gamesomeness, *n.* : شوخی ؛ خوش طبعی -

Gamete, *n.* : گمیٹ ؛ صنفی تخم -

Gamin (F), *n.* : (فرانسیسی) لاوارث لڑکا ؛ آوارہ گرد لڑکا -

Gamma, *n.* : (۱) یونانی حروف تہجی کا تیسرا حرف ؛ شمار کرنے میں 3 اور C کے بجائے استعمال ھوتا ھے - (۲) ایک قسم کا پروانہ یا تیتری -

Gammadion, *n.* : دیکھو Fylfot

Gammer, *n.* : (دیہاتی) بڑھیا ؛ ڈوکری -

Gammon, *n.* & *v. t.* : سور کی پچھلی اور ران کا گوشت (جو لٹک لگا کر سکھا لیا جاتا ھے) -

Gammon, *n.* & *v. t.* : چوسر میں دو بازی کی جیت ؛ چوسر میں دو بازی سے ھرانا -

Gammon, *n.*, *int.*, & *v. i.* & *t.* : (۱) فریب ؛ مکر ؛ دھوکا ؛ ڈھونگ ؛ ریا ؛ مہمل ؛ واھیات - (۲) لاحول ولا قوۃ - (۳) چرب زبانی سے باتیں کرنا - (۴) روغن قاز ملنا ؛ مکر کرنا ؛ حیلہ کرنا ؛ بننا - (۵) دھوکا دینا ؛ فریب دینا ؛ بیوقوف بنانا -

Gammon, *v. t.* & *n.* : جہاز کے اگلے حصے سے باندھنا ؛ رسی ؛ سنلی وغیرہ -

Gamo- : (سابقہ) مزدوج ؛ جڑواں ؛ (نباتیات) پیوستہ -

gamogenesis : توالد و تناسل -

gamopetalous : پیوستہ پنکھڑی ؛ تک چھڑ -

Gamp, *n.* : (مزاحاً) چھتری ؛ خصوصاً بڑی سی میلی کچیلی چھتری -

Gamut, *n.* : (۱) (تاریخ) قرون وسطیٰ کے سرگم کا سب سے نچلا سر - (۲) بڑا سرگم جس میں قرون وسطیٰ کے کل سر ھوتے ھیں - (۳) کل مسلسلہ سروں کا مجموعہ - (۴) سر گم - (۵) آواز یا ساز کا محیط یا گھیر - (۶) (کسی شے کا) احاطہ ؛ حلقۂ اثر ؛ دائرہ -

Gamy, *a.* : (۱) پر شکار ؛ جس میں شکار کثرت سے ھو (شاذ) - (۲) جری ؛ دلیر ؛ جیوٹ - (۳) شکار کی بو رکھنے والا -

Gander, *n.* : (۱) ھنس - (۲) بیوقوف ؛ سادہ لوح ؛ گھامڑ -

sauce for the goose is sauce for the gander : جو چیز ایک پر کسی خاص حالت میں صادق آتی ھے وھی چیز دوسرے پر بھی اسی حالت میں صادق آ سکتی ھے -

Gang, *n.* : (۱) گروہ ؛ منڈلی ؛ ٹولی (مزدوروں غلاموں اور قیدیوں کی) - (۲) جتھا ؛ مجرموں کا گروہ - (۳) چند آلات جن کا سلسلہ ایک دوسرے سے ملا ھو اور ساتھ ساتھ کام کرتے ھوں -

g. -board : وہ تختے جو کنارے سے کشتی پر آنے جانے کے لیے جڑ دئے جاتے ھیں -

Gange (-j), *v. t.* : تار سے باندھنا ؛ تار سے مضبوط کرنا (مچھلی پکڑنے کے کانٹے وغیرہ کو) -

Ganger (-ng-), *n.* : قلیوں کا جمعدار ؛ مزدوروں کا چودھری -

Gangetic (-j-), *a.* : دریائے گنگا کا -

Ganglion (-ngg-), *n.* (pl. *-lia*) : (۱) (عضویات) عقدہ - (۲) مرکزی نظام عصبی کا خاکی رنگ کا مواد ؛ (استعارتاً) مرکز ؛ محور -

gangliated, *a.* : عقدہ دار -

gangliform, *a.* : عقدہ نما -

ganglionated, *a.* : عقدہ دار -

g. -cell, -corpuscule, -globule : عقدہ ؛ خلیہ ؛ جسیمہ وغیرہ -

ganglionic, *a.* : عقدے کا -

Gangrene (-ngg-), *n.*, & *v. i.* & *t.* : فساد نسیج ؛ نسیج جسمانی کا سڑ جانا (نیز استعارتاً) -

gangrenous , *a.* : سڑا ھوا ؛ گلا ھوا ؛ ناسور دار -

Gangue (-ng): *n.* : مٹی کے ساتھ ملی ھوئی خام دھات -

Gangway (-ng-), *n.* : نشستوں کی قطاروں کے مابین گزرنے کا راستہ ؛ (جہاز کے اندر) راستہ خصوصاً اگلے حصے اور عرشے کے درمیان کا پلیٹ فارم - (۳) جہاز سے کنارے پر آنے جانے کا راستہ یا پل -

Ganoid, *a. & n.* : (۱) چمکیلا ؛ چکنا ؛ چمکدار ؛ صاف (مچھلی کے کپڑے کے لئے) - (۲) وہ مچھلی جس کے کپڑے صاف اور چمکدار ھوں -

Ganymede, *n.* : (۱) (مزاحاً) ویٹر؛ شراب خانے کا ملازم - (۲) (ہیئت) مشتری کے گرد گھومنے والے ستاروں میں سب سے بڑا ستارہ ؛ گانمید -

Gaol, **jail**, *n. & v. t.* : (۱) زندان ؛ قید خانہ ؛ جیل خانہ؛ محبس - (۲) قید ؛ حبس - (۳) جیل بھیجنا ؛ جیل میں بند کرنا -

g., j., -bird : قیدی ؛ عادی ؛ مجرم ؛ پرانا بدمعاش ؛

g., j., -delivery : جیل کو خالی کرنا زیر حوالات ملزموں کے مقدموں کی تحقیقات سے -

g., j., fever. : ایک قسم کا بخار جوپہلے جیل خانوں میں کثرت سے پھیلتا تھا -

Gaoler, jailer, jailor, *n.* : داروغہ جیل ؛ داروغہ محبس ؛ جیلر -

gaoleress, jaileress, jailoress, *n.* : جیل کی مہا فظہ -

Gap, *n.* : (۱) درز ؛ شگاف ؛ دراڑ ؛ رخنہ - (۲) خندق؛ کھائی - (۳) پہاڑ کے درمیان تنگ راستہ - (۴) خالی جگہ ؛ خلا ؛ وقفہ - (۵) تفاوت؛ اختلاف (خیالات وغیرہ) -

stop, fill, supply, a g. : کمی پوری کرنا ؛ رخنہ دور کرنا ؛ نقص دفع کرنا -

gapped, gappy, *aa.* : شگاف دار؛ دراز دار -

Gape, *v. i., & n.* : (۱) منہ پھاڑنا ؛ منہ پھیلانا - (۲) پھیلنا ؛ پوری طرح کھلنا ؛ پوری طرح کھلا یا پھیلا ہونا ؛ منہ پھیلائے ہونا؛ پھٹنا ؛ تڑخنا - (۳) منہ پھاڑ کر دیکھنا ؛ حیرت و استعجاب سے گھورنا ؛ ھکا بکا رہ جانا - (۴) جمائی لینا - (۵) جمائی؛ ھکا بکا ہونا؛ حیرانی؛ استعجاب -

g. - seed : (مزاحاً)گھورنا؛ ھکا بکا رہ جانا ؛ حیرت کا مقام؛ وہ چیز جسے دیکھ کر آدمی ھکا بکا رہ جائے -

the g. : (۱) مرغیوں کی ایک بیماری - (۲) جمائیوں کا دورہ (مزاحاً)؛ کھلے منہ یا کھلی چونچ کے سروں کا فصل ؛ منہ کی چوڑائی؛ چونچ کا وہ حصہ جو کھلتا ھے- (۳) شگاف؛ درز؛ دراڑ-

Gaper, *n.* : (۱) جمائی لینے والا؛ شق ہونے والا ؛ منہ پھیلا کر رہ جانے والا- (۲) بعض اقسام کے پرندے - (۳) ایک قسم کا گھونگا -

Garage (-ij, or as F.), *n.* : وہ عمارت جس میں موٹر کاروں، انجنوں وغیرہ کی مرمت ہوتی ھے؛ موٹر کاروں کا گودام ؛ انجن خانہ ؛ موٹر خانہ -

Garb, *n., & v. t.* : (۱) لباس ؛ پوشاک ؛ کپڑے - (۲) وضع ؛ پہناوا ؛ بھیس- (۳) کپڑے پہنانا ؛ کسی خاص پوشاک میں ملبوس کرنا -

Garbage (-ij), *n.* : (۱) اوجھڑی ؛ آلائش ؛ چھیچھڑے - (۲) آخور؛ سڑی بسی چیز؛ ردی؛ کوڑا کرکٹ- (۳) (استعارتاً) فحش یا مکروہ ادب؛ کتابیں -

Garble, *v. t.* : (۱) (شاذ)چھانٹ لینا ؛ اچھی سے اچھی چوٹی کی چیزیں چن لینا - (۲) ادھر ادھر سے اپنے کام کی چیزیں لے لینا؛ بے انصافی اور بد نیتی کے اقتباس کرنا - (۳) تحریف کرنا؛ بگاڑنا ؛ مسخ کرنا -

Garboard (strake), *n.* : (بحری) جہاز کے تلے تختے یا لوھے کے پترے -

Garcon (F.), *n.* : فرانسیسی ھوٹل کا خادم؛ ویٹر -

Garden (-dn), *n., & v. i.* : (۱) باغ؛ پھلواری؛ چمن؛ گلزار؛ گلستاں؛ بوستاں ؛ روضہ ؛ گلشن ؛ ریاض ؛ باغ عامہ ؛ تفریح گاہ عوام- (۲) زرخیز زمین ؛ سیر حاصل یا شاداب خطہ - (۳) مکانوں کا مجموعہ ؛ کٹرہ - (۴) (بطور صفت) کاشت کیا ہوا جو خود رو نہ ہو ؛ باغ کا- (۵) باغ لگانا -

g. -engine : باغ میں پانی دینے کی کل یا انجن -

g. -frame : درختوں کے چوکھٹے -

g. -glass : (درختوں کا) شیشہ کا سر پوش -

g. -plot : تختۂ چمن؛ پھلواڑی -

g.-seat : باغ میں بیٹھنے کے لئے نشست گاہ ؛ باغ کی بنچ وغیرہ؛ اُمنی بس گاڑی کے بالائی درجے میں ایک یا دو آدمیوں کی نشست -

g.-stuff : پھل ترکاری وغیرہ -

g.-warbler : ایک قسم کا پرندہ -

g.-white : ایک قسم کی تیتری -

the garden : ایپیقورس کا فلسفہ ؛ مذھب ایپیقورس -

the g. of England : کینٹ ور سٹر شائر وغیرہ -

gardened, *a.* : باغدار -

gardening, *n.* : باغ بانی ؛ مالی کا کام -

gardenesque, *aa.* : باغ سا ؛ چمن سا ؛ گلزار سا -

Gardener (-ln-), *n.* : باغ لگانے والا ؛ باغ بان ؛ مالی -

Gardenia, *n.* : ایک پودا جس میں سفید یا بڑے بڑے پھول ہوتے ہیں -

Garefowl, *n.* : بحر منجمد شمالی کی ایک بط جس کی نسل معدوم ھے -

Garfish, *n.* : ایک قسم کی مچھلی جس کا منہ برچھے کی طرح اور کانٹے سبز ہوتے ہیں -

Gargantuan, *a.* : بہت بڑا ؛ دیو قامت-

Garget (-g-), *n.* : (۱) چو پایوں ، ~~مرغیوں~~ وغیرہ کے سر یا گلے کا ورم - (۲) گائے اور بھیڑ کے تھنوں کا ورم -

Gargle, *v. t. & i., & n.* : (۱) غرارہ کرنا - (۲) غرارے کا پانی یا دوا ؛ غرارہ -

Gargoyle, Gur-, *n.* : پرنالہ جس کے دھانے پر انسان یا حیوان کی مضحک صورت بنی ہو -

Garibaldi, *n.* : (۱) عورتوں یا بچوں کی ایک قسم کی صدری - (۲)ایک اطالوی ~~وطن پرست~~ (سنہ ۱۸۰۷ ع تا سنہ ۱۸۸۲ ع)

Garish, *a.* : بھڑکدار ؛ بہت چمکدار؛ زرق برق؛ شوخ ؛ زرق البھڑک -

garishly, *adv.* : بھڑکیلے پن سے -

garishness, *n.* : بھڑک ؛ زرق برق ہونا -

Garland, *n., & v. t.* : (۱) گجرا ؛ پھولوں کا ھار ؛ پھولوں کا مکٹ - (۲) دھات وغیرہ کا ھار - (۳) انعام ؛ طرۂ امتیاز؛ نشان اعزاز - (۴) بیاض ؛ گلدستہ؛ منتخبات - (۵) ھار پہنانا ؛ گجروں سے سجانا -

Garlic, *n.* : لہسن -

garlicky, *a.* : لہسن کا سا ؛ لہسن کی (بو) -

Garment, *n.*, & *v. t.*: (۱) کپڑے ؛ لباس ؛ پوشاک؛ ملبوسات ؛ (خصوصاً) لبادہ ؛ چوغہ ؛ قبا ؛(جمع) کپڑے ؛ ملبوسات ؛ کسی شے کا بالائی اور ظاہری پردہ - (۲) کپڑے پہنانا -

Garner, *n.*, & *v. t.*: ذخیرہ ؛ کوٹھا (غلے کا) ؛ (مجازاً) خزانہ ؛ مخزن ؛ ذخیرہ جمع کرنا -

Garnet, *n.*: یاقوت ؛ تامڑا -

Garnish, *v. t.*, & *n.*: آراستہ کرنا ؛ سجانا (کھانا وغیرہ پلیٹوں میں) ؛ (قانون) کسی شخص پر سمن (garnishee order) کی تعمیل کرنا ؛ رقم کی قرقی کا نوٹس دینا ؛ وہ چیزیں جن سے کھانے کی پلیٹ سجائی جائے ؛ (مجازاً) ادنی نقش و نگار -

garnishee, *n.*: مدیون کا مدیون جس کو عدالت سے اطلاع ملے کہ قرضجات واجب الادا مدیون قرق ہوچکے ہیں اور وہ یہ رقم مدعاعلیہ کو ادانہ کرے بلکہ حاضر عدالت کرے -

garnishee order: اس فریق ثالث کے حق میں جو مدیون ڈگری کا مقروض ہو عدالت کا یہ حکم کہ قرضجات جو فریق ثالث سے مدیون ڈگری کو واجب الادا ہوں ایفائے ڈگری کی غرض سے قرق کئے جائیں نیز یہ اطلاع کہ کیوں نہ ڈگریدار کو وہ قرضہ جو فریق ثالث سے مدیون ڈگری کو واجب الادا ہے دیا جائے -

garnisher, *n.*: کھانوں کی پلیٹ سجانے والا -

garnishing, *n.*: دیکھو GARNISH -

garnishment, *nn.*: کھانوں کی پلیٹوں کی سجاوٹ -

Garniture (-tsher), *n.*: (۱) لوازمات - (۲) سجاوٹ کی چیزیں (خصوصاً کھانے کی پلیٹ میں) - (۳) لباس؛ پوشاک ؛ملبوسات -

Garotte; دیکھو garrotte -

Garret, *n.*: (۱)سب سے اوپر کی منزل کا کمرہ (جس کا کرایہ کم ہوتا ہے اور اس میں غریب لوگ رہتے ہیں)- (۲) (عامیانہ) سر؛ دماغ -

Garret, *v. t.*: (معماری) دیوار وغیرہ میں پتھروں یا اینٹوں کے بیچ میں کنکر بھر دینا -

Garreteer, *n.*: Garret میں رہنے والا ؛ خصوصاً غریب مصنف -

Garrison, *n.*, & *v. t.*: (۱) قلعے یا شہر کی محافظ فوج - (۲) محافظ فوج رکھنا ؛ محافظ فوج کی حیثیت سے رہنا - (۳) فوج کو قلعے وغیرہ کی حفاظت پر متعین کرنا -

Garron *n.*: اسکاٹ لینڈ یا آئر لینڈ کا ٹٹو -

Garrot, *n.*: ایک قسم کی مرغابی

Gar(r)otte, *n.*, & *v. t.*: (۱) اسپین کی سزائے موت جس میں مجرم کو گلا گھونٹ کے مارڈالتے ہیں - (۲) وہ آلہ جو اس طرح سے مارنے میں استعمال ہوتا ہے - (۳) شاہراہ کا ڈاکہ جس میں مسافر گلا گھونٹ کر مار ڈالا جائے- (۴) گلا گھونٹ کر سزائے موت دینا ؛ لوٹنے کی خاطر گلا گھونٹنا -

gar(r)otter, *n.*: گلا گھونٹ کر مارنے والا جلاد یا قزاق

Garrulous (-roo-), *a.*: (۱) باتونی؛ بکی ؛ گپی - (۲) چوں چوں کرنے والی (چڑیا) ؛پُر شور (دریا وغیرہ) -

garrulity, garrulousness, *nn.*: باتونی پن -

garrulously, *adv.*: باتونی پن سے -

Garter, *n.*, & *v.t.*: (۱) گیٹس ؛ موزہ بند - (۲) گیٹس باندھنا ؛ موزوں کے بند باندھنا -

the G.: (۱) امرائے انگلستان کا سب سے اعلیٰ درجہ -(۲) اس کا تمغہ-

Garth, *n.*: (قدیم ؛ مقامی) احاطہ ؛ صحن ؛ باغیچہ ؛ گھوڑ دوڑ کے گھوڑوں کا احاطہ ؛ خانقاہ کا صحن -

Gas, *n.* (pl. gases), & *v. t.* & *i.*: (۱) گیس - (۲) روشنی کی گیس - (۳) (معدنیات) ایک قسم کی پھٹنے والی گیس جو کانوں میں پائی جاتی ہے - (۴) ہائیڈروجن وغیرہ جو غبارے میں بھری جاتی ہے - (۵) ایک گیس جس کے سنگھانے سے آدمی بیہوش ہوجاتا ہے - (۶) گیس مہیا کرنا - (۷) زہر کی گیس پھینکنا (دشمن کی فوج پر) - (۸) گیس کے زہر سے متاثر ہونا - (۹) گیس کے شعلے سے گذارنا تاکہ پھو نسڑے دور ہوجائیں - (۱۰) خالی خولی باتیں بنانا ؛ شیخی بگھارنا -

g.-bag: وہ تھیلا جس میں گیس بھری ہو؛ خالی خولی باتیں کرنیوالا-

g.-bracket: دیوار میں لگا ہوا پائپ جس میں گیس کی مشعلیں لگی ہوں -

g.-coal: گیس کا کوئلہ -

g.-coke: کوئلہ جس میں سے گیس نکل گئی ہو -

g.-engine: گیس کا انجن -

g.-fittings: گیس کی روشنی وغیرہ کے آلات -

g.-light: گیس کی روشنی -

g.-main: گیس کی بڑی نلکی -

g.-meter: گیس ناپنے کا آلہ -

g.-oven: گیس کا چولھا -

g.-ring: سوراخدار حلقہ جس سے گیس نکلتی ہے اور جس پر پکایا جاتا ہے -

g.-tar: تار کول -

g.-works: گیس کا کارخانہ -

he lies like a g.-meter: سخت جھوٹا ہے -

gaseity, *n.*: گیس کی خاصیت یا صفت -

gaseous, *a.*: گیس کا ؛ گیس دار ؛ گیس سا -

gasifiable, *a.*: گیس بننے کے قابل -

gasification, *n.*: گیس بننا یا بنا یا جانا -

gasiform, *a.*: گیس جیسا ؛ گیس سا -

gasify, *v. t.*: گیس بنانا -

gasless, *a.*: بغیر گیس کا -

gasser, *n.*: (۱) خالی خولی باتیں بنانے والا - (۲) ہوائی جہاز کا گیس دان - (۳) (تحقیراً) ہوائی جہاز یا غبارہ -

Gascon, *n.*: (۱) گیسکنی کا رہنے والا - (۲) شیخی باز ؛ ڈینگ مارنے والا ؛ لاف زن -

Gasconade, *n.*, & *v. i.*: (۱) شیخی ؛ لاف و گزاف ؛ ڈینگ - (۲) شیخی بگھارنا ؛ ڈینگ مارنا -

Gaselier, *n.*: گیس کا جھاڑ -

Gash, *n.* & *v. t.*: (۱) گہرا زخم؛ گہرا گھاؤ؛ کاری زخم -(۲) ضرب ؛ وار - (۳) کاری زخم لگانا ؛ گہری ضرب لگانا -

Gasket, *n.*: رسی یا ڈوری جس سے لپیٹے ہوے بادبان کو چوب مستول سے باندھ دیا جاتا ہے -

Gasogene: دیکھو GAZOGENE:

Gasolene, -ine (-en), *n.*: ایک قسم کا اڑجانے والا آتش گیر رقیق مادہ جو حرارت اور روشنی پیدا کرنے میں کام آتا ہے؛گیسولین۔

Gasometer, *n.*: (۱) (کیمیا) گیس رکھنے کا برتن-(۲) گیس کا خزانہ جس میں سے نلکیوں کے ذریعہ سے گیس تقسیم ہوتی ہے -

Gasp, *v. i.* & *t.*, & *n.*: ہانپنا ؛ سانس پھول جانا -

at one's *last g.* : موت کی ہچکیاں لیتے وقت؛ دم واپسیں -
g. life &c. away or *out* : مر جانا ؛ دم نکل جانا -
g. out : ھانپتے ھوے کہنا -
gasper, *n.* : (سوقیانہ) سستا سگرٹ -
gaspingly, *adv.* : ھانپتے ھوے -
Gassy, *a.* : (۱) گیس کا ؛ گیس سے بھرا ھوا ؛ گیس کے مانند- (۲) خالی خولی؛ لفاظی کی (باتیں)
gassiness, *n.* : لفاظی ؛ زبانی جمع خرچ -
Gast(e) ropod, *n.* : ایک قسم کا گھونگا -
gasteropodous, *a.* : اس گھونگے کا ؛ اس کے متعلق
Gastraea, *n.* : ایک کیڑا جس کا وجود ارتقاع کے سلسلے میں فرض کرلیا گیا ھے اور جو خلیوں کی دو تہوں پر مشتمل سمجھا جاتا ھے -
Gastric, *a.* : پیٹ کا ؛ شکمی ؛ متعلق بہ شکم و معدہ -
g. juice : سیال اور تقریباً بے رنگ ترشہ جو معدہ میں پیدا ھوتا ھے اور ھاضم ھوتا ھے ؛ معدی ترش
Gastr(o)- : (سابقہ) پیٹ ؛ شکم -
gastro-enteric. : معدے اور آنتوں کے متعلق -
Gastrology, *n.* : فن باورچی گری ؛ طباخی : خان سامان گری -
gastrologer, *n.* : باورچی : طباخ -
gastrologist, *n.* : ماھر فن طباخی ؛ بکاول -
Gastronome, *n.* : کھانے کا مبصر ؛ فن طباخی کا مبصر ؛ خوش خوراک -
Gastronomy, *n.* : خوش خوراکی ؛ فن طباخی کی مبصری -
gastronomer, *n.* : خوش خوراک ؛ فن طباخی کا مبصر -
gastronomic(al), *aa.* : طعام کا -
gastronomically, *adv.* : فن طعام کی رو سے -
gastronomist, *n.* : فن طباخی کا مبصر -
Gate, *n.*, & *v. t.* : (۱) در؛ دروازہ ؛ پھاٹک ؛ دوار ؛ باب - (۲) (انجیل) عدل گاہ شہر - (۳) دو پہاڑوں کے درمیان کا تنگ راستہ ؛ درہ ؛ گھاٹی - (۴) جنگلے یا کٹہرے کا دروازہ - (۵) ان اشخاص کی مجموعی تعداد جو فیس ادا کرکے فٹ بال وغیرہ کا میچ دیکھنے آئیں نیز وہ رقم جو اس صورت سے جمع ھو - (۶) (آکسفورڈ و کیمبرج) ھر وقت یا کسی خاص وقت کے بعد کالج سے نکلنے کی ممانعت کرنا -
g.-bill : (آکسفورڈ و کیمبرج) انڈر گریجویٹ طلبہ کے بعد ازوقت کالج آنے کی یاد داشت ؛ وہ رقم جو اس کے جرمانے میں عائد کی جاے -
g.-crasher : (سوقیانہ) وہ شخص جو ناچ کے جلسے وغیرہ میں بن بلاے پہنچ جاے ؛ نا خواندہ مہمان -
gatehouse : (۱) پارک وغیرہ کی ڈیوڑھی - (۲) شہر کے دروازے کا کمرہ جو قید خانہ کے طور پر استعمال کیا جاتا تھا -
g.-keeper : (۱) دربان - (۲) ایک قسم کی تیتری -
g.-meeting : تماشا یا جلسہ جہاں ٹکٹ سے داخلہ ھو -
g.-money : داخلہ کی فیس (کسی جلسے یا تماشے میں)
g.-post : پھاٹک کا بازو (کھمبا ' ستون) -
gateway : (۱) پھاٹک ؛ دروازہ - (۲) راستہ ؛ گذر گاہ -
gateless, *a.* : بے در؛ بے پھاٹک کا ؛ بے دروازہ -

Gate, *n.* : (شمالی انگلستان) سڑک؛ اس سے قبل کوئی نام آتا ھے -
Gather (gadh-), *v. t.* & *i.* : (۱) جمع کرنا ؛ مجتمع کرنا ؛ اکھٹا کرنا - (۲) (دولت) جمع کرنا ؛ جوڑنا ؛ جوڑ جوڑ کر رکھنا - (۳) بیننا ؛ خوشہ جمع کرنا ؛ چننا ؛ توڑنا (پھول وغیرہ) - (۴) بڑھنا ؛ زیادہ ھونا - (۵) ٹھیک کرنا ؛ (حواس) مجتمع کرنا - (۶) نتیجہ نکالنا ؛ قیاس کرنا ؛ استخراج کرنا ؛ استنباط کرنا ؛ اخذ کرنا - (۷) سمیٹنا ؛ موڑنا ؛ چننا ؛ (کپڑے میں) پلیٹیں ڈالنا - (۸) زمین سے اٹھانا - (۹) سمٹنا - (۱۰) ترتیب دینا ؛ ایک سلسلے میں لانا ؛ ایک جا کرنا (واقعات وغیرہ) - (۱۱) (ھمت) باندھنا - (۱۲) اکھٹا ھونا ؛ جمع ھونا - (۱۳) زخم کا سنہ کرنا ' ابھرنا ' پکنا - (۱۴) اضافہ ھونا ؛ حاشیہ چڑھنا (قصے میں) -
g. head : پکنا ؛ سوجنا ؛ پیپ پڑنا -
rolling stone gathers no moss : جو آدمی ادھر سے ادھر ڈھلکتا رھتا ھے اسے کچھ ھاتھ نہیں آتا -
Gathering, *n.* : (۱) جمع کرنا ؛ جمع ھونا؛ بڑھنا وغیرہ - (۲) ورم ؛ سوجن ؛ زخم کا ابھار - (۳) جلسہ ؛ اجتماع -
g.-coal : بڑا سا کوئلہ جس میں دیر تک آگ رھتی ھے -
Gathers, *n.* pl. : لباس کا وہ حصہ جو سمیٹ لیا جاتا ھے -
Gatling, *n.* : ایک قسم کی مشین گن (کلدار توپ) جو گیٹلنگ نے ایجاد کی تھی -
gauche (gosh), *a.* : بے سلیقہ ؛ بے تکا ؛ پھوھڑ ؛ نا شائستہ -
gaucherie (goshere), *n.* : بے سلیقگی ؛ بے تکا پن وغیرہ -
Gaucho (gowtsho, gaw-), *n.* : امریکہ کے دیسیوں اور یورپیوں کی مخلوط نسل کا ایک فرد -
Gaud, *n.* : (۱) بھڑک دار چیز ؛ نمائشی زیور یا لباس - (۲) ٹیپ ٹاپ ؛ رنگ رلیاں -
Gaudy, *n.* : دھوم دھام کی دعوت - (۲) دالج کے پرانے طلباء کا سالانہ ڈنر -
g.-day : جشن کا دن ؛ کالج کے قدیم طلبہ کے ڈنر کا دن -
Gaudy, *a.* : زرق برق ؛ فوق البھڑک ؛ بھڑکیلا ؛ نمائشی -
gaudily, *adv.* : زرق برق لباس میں ؛ ٹیپ ٹاپ سے -
gaudiness, *n.* : نمائش ؛ بھڑکیلا پن -
Gauffer, دیکھو — GOFFER
Gauge, *n.* : (۱) پیمانہ ؛ ناپ ؛ بندوق کی گولی کا قطر؛ پیپے کی سمائی کا پیمانہ ؛ لوھے کی چادر کی موٹائی کی ناپ - (۲) گنجائش ؛ مقدار ؛ وسعت ؛ سمائی - (۳) ریل کی پٹری کی چوڑائی - (۴) (بحری اصطلاح) جہاز کا محل ھوا کے رخ کے لحاظ سے - (۵) باراں پیما ؛ ھوا پیما وغیرہ - (۶) اوزاروں اور تار وغیرہ کی جسامت معلوم کرنے کا آلہ - (۷) متوازی خطوط کھینچنے کا آلہ - (۸) (طباعت) حاشیہ قائم رکھنے کی پٹی - (۹) محک ؛ کسوٹی ؛ معیار ؛ مقیاس -
broad g. : چار فٹ آٹھ انچ سے زیادہ چوڑی پٹری -
have the weather g. of : (جہاز کا) ھوا کے رخ ھونا ؛ (مجازاً) فائدے میں ھونا ؛ بہتر حالت میں ھونا -
narrow g. : چار فٹ آٹھ انچ سے کم تنگ پٹری -
standard g. : چار فٹ آٹھ انچ کی چوڑی پٹری -

take the g. of. : ناپنا ؛ اندازہ لگانا -
Gauge, *v. t.* : (۱) ناپنا ؛ پیمائش کرنا ، حصوصاً تار ، ریل بارش ، ھوا وغیرہ کی) - (۲) گنجائش معلوم کرنا ؛ سمائی ناپنا (پیپے وغیرہ کی)- (۳) اندازہ کرنا ؛ جانچنا - (۴) یکرنگ کرنا ؛ یکساں کرنا ؛ مقررہ معیار کے مطابق کرنا -
gauging -rod : آبکاری والوں کا آلہ پیپے کی گنجائش ناپنے کے لئے-
gaugeable, *a.* : پیمائش پذیر -
gauger, *n.* : پیمائش کرنے والا ؛ اندازہ کرنے والا -
Gaul, *n.* : (۱) قدیم گال کا باشندہ - (۲) (مزاحاً) فرانسیسی -
Gaulish, *a. & n.* : (۱) قدیم گال لوگوں کا - (۲) قدیم گال لوگوں کی زبان - (۳) (مزاحاً) فرانسیسی ؛ فرانس کا -
Gault, *n.* : (ارضیات) چکنی مٹی کی تہ -
Gaunt, *a.* : (۱) دبلا ؛ پتلا ؛ سوکھا ؛ قاق - (۲) مہیب ؛ وحشتناک ؛ تند ؛ ترشرو ؛ وحشت زدہ -
gauntness, *n.* : (۱) دبلا پن - (۲) ھیبت ناکی ؛ ترشروئی ؛ وحشت زدگی -
Gauntlet, *n.* : (۱) (تاریخی) آھنی دستانہ - (۲) موٹا دستانہ -
fling, throw, down the g. : طلب مبارزت کرنا ؛ مقابلے کے لیے بلانا -
pick, take, up the g. : مقابلے کے لیے نکلنا ؛ میدان میں آنا ؛ مبارزت قبول کرنا -
gauntleted, *a.* : دستانہ دار ؛ دستانہ پہنے ہوے -
Gauntlet, *n.* run the g. : (۱) آدمیوں کی قطاروں کے درمیان سے بید یا کوڑے وغیرہ کھاتے ہوے گذرنا (فوجی بحری یا مدرسے کی سزا) - (۲) لعن طعن سہنا ؛ ھدف ملامت ہونا -
Gauntry, -tree : دیکھو GANTRY -
Gauze, *n.* : باریک شفاف ریشمی یا سوتی کپڑا یا تار کی بہت باریک جالی ؛ گاچ - (۲) ھلکی کہر -
gauziness, *n.* : اس کپڑے کا سا باریک یا شفاف ہونا -
gauzy, *a.* : اس کپڑے کا سا باریک یا شفاف -
Gavelkind, *n.* : (قانونی) قانون وراثت جو خصوصاً کینٹ اور ویلز میں جاری ھے جس کی رو سے اس شخص کی جائداد جو بے وصیت کئے مر گیا ھو بیٹوں میں برابر تقسیم ہوتی ھے -
Gavotte, *n.* : (۱) ایک قسم کا رقص - (۲) اس کے ساتھ کا گانا -
Gawk, *n.* : ھولا ؛ خبطی ؛ بے تکا آدمی ؛ جھبو -
Gawky, *a. & n.* : ھونق ؛ ھولو ؛ بے تکا ؛ بے ڈھنگا ؛ وحشت مآب ؛ جھبو -
gawkiness, *n.* : بے تکا پن ؛ بے ڈھنگا پن ؛ جھبو پن ؛ وحشت -
Gay, *a.* (Gayer, Gayest) : (۱) مسرور ؛ خوش ؛ شاداں ؛ مگن - (۲) شادماں ؛ زندہ دل ؛ خوش مزاج ؛ ھنس مکھا - (۳) بے فکر ؛ رندمشرب ؛ لا ابالی - (۴) چنچل ؛ خوش طبع ؛ شوخ - (۵) زرق برق ؛ بھڑک دار - (۶) سطحی ؛ بے تھاہ - (۷) بد چلن ؛ عیاش -
gaily, *adv.* : زندہ دلی سے ؛ شوخی سے وغیرہ -
Gaze, *v. i. & n.* : گھورنا ؛ ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا ؛ نظر جمانا ؛ ٹکٹکی -
g. at, on, upon : ٹکٹکی باندھ کر (کسی کو) دیکھنا -
stand at g. : تکتے رھنا ؛ گھورتے رھنا -
gazer, *n.* : گھورنے والا -
Gazebo, *n.* : جس مقام سے کوئی منظر دیکھا جاسکے ؛ منارہ ؛ جھروکا -
Gazelle, *n.* : غزال ؛ آھو ؛ ھرن -
Gazette, *n. & v. t.* : (۱) اخبار ؛ گزٹ ؛ روز نامہ ؛ جریدہ - (۲) انگلستان کے تین سرکاری جرائد (لندن ، ایڈن برا ، ڈبلن) میں سے کوئی ایک - (۳) اخبار میں شائع کرانا یا ہونا ؛ جریدہ میں شایع ہونا ؛ گزٹ ہونا -
Gazetteer, *n.* : فرہنگ جغرافیہ ؛ گزیٹیر -
Gazogene, Gas-, *n.* : سوڈا واٹر بنانے کی مشین -
Gear (g-), *n., & v. t. & i.* : (۱) (قدیم) سازو سامان ؛ لباس ؛ پوشاک - (۲) آلات ؛ اوزار ؛ گھوڑوں وغیرہ کا ساز ؛ کل پرزے ؛ (۳) پہیوں ، کمانیوں وغیرہ کا سامان - (۴) دندانے دار چکر یا پہیوں کا جوڑ - (۵) وہ پرزے جو پہیوں کو موٹر سے ملاتے ہیں - (۶) جہاز کی رسیاں وغیرہ - (۷) اسباب سامان برتن وغیرہ - (۸) ساز لگانا - (۹) (مشین کو) چالو حالت میں لانا - (۱۰) دندانے دار پہیے کا ٹھیک بیٹھنا -
g. -box, -case : دندانے دار پہیے کا خول -
g. -wheel : بائسکل کا دندانے دار پہیہ -
high g. : تیز رفتار گیر -
in g. : چالو -
out of g. : بگڑا ھوا -
low g. : سست رفتار گیر -
gearing, *n.* : دیکھو Gear معنی (۵) -
gearless, *a.* : بغیر گیر کا -
Gecko, (g), *n.* : چھپکلی -
Gee, gee-gee, (je), *n.* : (روز مرہ) گھوڑا -
Gee, Gee-ho, Gee- (h) up, Gee-wo, *intt.* : گھوڑے کو چلانے یا موڑنے کی آوازیں -
Geese : دیکھو GOOSE -
Gehenna (g-), *n.* : جہنم ؛ دوزخ -
Geisha (ga-), *n.* : جاپانی رقاصہ -
Geist (gi-), *n.* : ذھانت اور ذکاوت ؛ تیزی طبع -
Gelatin (e) (j-; *also* -en), *n.* : ایک چیپ دار مادہ جو جانوروں کی ھڈی کھال وغیرہ سے نکلتا ھے -
blasting -g. : آتش گیر جلاٹین -
g. paper : جلاٹین کا کاغذ (تصویر کشی کے لیے) -
vegetable g. : نباتی جلاٹین -
gelatiniform, *a.* : جلاٹین سا -
Gelatinous, *a.* : لیسدار ؛ چپچپا ؛ چیپ دار ؛ جلاٹین کا -
gelatinize, *v. t. & i.* : چپچپا یا لیسدار کرنا یا ہونا ؛ جلاٹین بنانا -
gelatinoid, *a. & n.* : جلاٹین سا -
Gelation (j-), *n.* : ٹھنڈ سے جم جانا ؛ انجماد -
Geld (g-), *v. t.* : خصی کرنا ؛ بدھیا کرنا ؛ خصیے نکال ڈالنا ؛ آختہ کرنا -
gelder, آختہ کرنے والا -
Gelding, *n.* : خصی گھوڑا یا کوئی اور جانور ؛ آختہ -
Gelid (j-), *a.* : برف سا ؛ نہایت ٹھنڈا ؛ جہاں ٹھنڈک ہو -

Gelignite, *n.* : ایک آتش گیر مادہ جو نائٹروجن اور گلیسرین سے بنتا ھے -

Gem (j-), *n.*, & *v. t.* : (۱) جوھر ؛ گوھر ؛ قیمتی پتھر - (۲) بہت ھی خوبصورت شے ؛ نہایت ھی قیمتی شے - (۳) کسی شے کا بہترین حصہ - (۴) کندہ کیا ھوا گوھر ؛ منقش نگینہ - (۵) جواھرات جڑ دینا ؛ (مجازاً) ھیرے سے جڑ دینا -

gemmy, *a.* : جواھر جیسا ؛ جوھر نما ؛ جواھر سے جڑا ھوا یا آراستہ -

Gemara (g-), *n.* : یہودیوں کی مقدس کتاب طالمود کا آخری حصہ -

Geminate (j-,-at), *a.* : (نباتیات ' حیوانیات) توام -

Geminate, *v. t.* : دگنا کرنا ؛ دھرا کرنا ؛ جوڑوں میں ترتیب دینا ؛ جوڑے بنانا -

gemination, *n.* : ازدواج -

Gemini (j-), *n.* & (-I) *int.* : (۱) جوزا ؛ میتھن - (۲) (تعجبیہ ' تعجب کے موقع پر) ارے -

Gemma (j-), *n.* : (نباتیات وغیرہ) کوپل ؛ کلی ؛ شگوفہ ؛ غنچہ -

Gemmate, *a.* : شگوفہ دار ؛ غنچہ دار ؛ کلیوں والا وغیرہ ؛ کلیوں سے پیدا شدہ -

Gemmate, *v.i.* : کوپل پھوٹنا ؛ کلیاں نکلنا -

Gemmation, *n.* : کوپل پھوٹنا ؛ کلیاں نکلنا ؛ شگوفوں کی ترتیب ؛ نظام شگوفی -

gemmative, *a.* : متعلق بہ نظام شگوفی -

Gemmiferous, *a.* : (۱) جوھر خیز - (۲) کلیوں والی ؛ پرشگوفہ -

Gemmiparous, *a.* : کوپلی پیدائش -

gemmiparously, *adv.* : کوپلی پیدائش کے طور پر -

Gemmule, *n.* : (۱) راس (جنین) - (۲) بے پھول پودوں کا بیضہ -

-gen, (j-) : (لاحقہ) بمعنی (کسی چیز سے) پیدا شدہ مثلاً endogen oxygen, Hydrogen -

Genappe(j-), *n.* : بٹی ھوئی نرم اون ؛ اون کا تاگا -

gendarme, *n.* : (۱) پیادہ یا سوار جو خصوصاً فرانس میں پولس کے فرائض بجالاتا تھا - (۲) کھڑی چٹان جس سے راستہ رکتا ھو -

gendarmerie (F).*n.* : فرانسیسی فوجی پولس کا دستہ -

Gender (j-), *n.* : تذکیر تانیث ؛ جنس -

genderless, *a.* : بے جنس -

Gender(j-), *v. t.* : (شاعرانہ) دیکھو engender -

Genealogical, *a.* : نسبی ؛ نسب سے متعلق -

g. tree : شجرۂ نسب ؛ شجرہ -

genealogically, *adv.* : شجرۂ نسب کی رو سے ؛ نسلاً -

Genealogize, *v. t.* & *i.* : سلسلہ نسب کا پتہ چلانا ؛ شجرۂ نسب بنانا -

genealogist, *n.* : ماھرالا نساب -

Genealogy, *n.* : (۱) سلسلۂ نسب ؛ شجرہ ؛ نسب نامہ ؛ (۲) تحقیق انساب ؛ نسبیات - (۳) نسب ؛ حسب نسب ؛ اصل - (۴) جانور یا پودے کا سلسلہ (نشو و نما) -

Genera: دیکھو genus

General (j-), *a.*, & *n.* : (۱) عام - (۲) کلی - (۳) مروجہ ؛ عمومی ؛ معمولی - (۴) ھر چیز کا - (۵) مجموعی - (۶) غیر مقرر ؛ غیر معین - (۷) جرنیل ؛ فوج کا صدر ؛ اعلی (عہدیدار) - (۸) (قدیم) پبلک - (۹) (جمع - شاذ) کلیات ؛ عام اصول - (۱۰) سپہ سالار ؛ ماھر فن جنگ -

the *g.* = پبلک -

..*s a g. rule* : زیادہ تر ؛ عموماً -

g. confession : گرجا میں کل جماعت کا اعتراف گناہ پادری کے سامنے -

g. council: کلیسا کی مجلس عام -

g. dealer : ھرمالی سوداگر ؛ مختلف چیزیں بیچنے والا -

g. election : دیکھو election -

G. post office : صدر ڈاک خانہ -

G. post : (۱) دن کی پہلی ڈاک - (۲) ایک قسم کا کھیل -

g. practitioner : عام ڈاکٹر ؛ جو ھر مرض کا علاج کرتا ھو -

g. reader : ھر قسم کی کتاب پڑھنے والا ؛ ھمہ گیر کتب بیں -

g. servant : ماما ؛ خدمت گار -

in a g. way : عموماً -

in g. اکثر ؛ عموماً ؛ بیشتر -

lover-g. : جگت عاشق ؛ دل پھینک -

Generalissimo, *n.* : متعددہ بری و بحری افواج کا سپہ سالار ؛ متعدد لشکروں کا قائد -

Generality, *n.* : (۱) عمومیت ؛ کلیت - (۲) عدم تعین ؛ غیر عام بات - (۳) عام اصول ' قانون ' قاعدہ وغیرہ ؛ بہت لوگ ؛ اکثر اشخاص ؛ جمہور -

Generalization, *n.* : استعمام ؛ تعمیم ؛ وہ کلیہ جو بہت کم مثالوں کی بنا پر قائم کیا گیا ھو -

Generalize, *v. t.* & *i.* : (۱) تعمیم کرنا ؛ خاص کو عام کرنا ؛ جزئی کو کلی کے نام سے پکارنا - (۲) استقراء کے ذریعہ سے نتیجہ اخذ کرنا - (۳) چند واقعات کی بنا پر کلیہ قائم کرنا ؛ (ریاضیات و فلسفہ) کلیے کی صورت میں لانا ؛ تجرید کے ذریعہ سے عام تصور قائم کرنا ؛ (مصوری) صرف امتیازی خصوصیات کو ظاھر کرنا - (۴) مبہم گفتگو کرنا ؛ غیر معین بات کہنا - (۵) عام کرنا ؛ روز مرہ کے استعمال میں لانا -

generalizer, *n.* : اسم مذکورۂ بالا معنوں میں -

Generally, *adv.* : (۱) اکثر ؛ اکثر اوقات ؛ بیشتر ؛ زیادہ تر - (۲) اجمالی طور پر ؛ سر سری طور پر - (۳) عموماً ؛ عام طور سے -

Generalship, *n.* : (۱) قیادت ؛ سپہ سالاری - (۲) فوجی حکمت ؛ فن جنگ کی مہارت - (۳) تدبر ؛ تدبیر ؛ حکمت عملی -

Generate, *v. t.* : (۱) پیدا کرنا ؛ عالم وجود میں لانا ؛ تخلیق کرنا - (۲) بنانا (خط ' ھندسی شکل وغیرہ) -

Generation, *n.* : (۱) تولید ؛ پیدائش ؛ توالد و تناسل - (۲) نشوونما ' تخلیق ؛ ساخت - (۳) پشت ؛ پیڑی - (۴) قرن - (۵) ایک قرن کے لوگ ؛ پود ؛ نسل -

Generative ; *a.* : (۱) تولیدی ؛ توالد و تناسل کے متعلق - (۲) مولد ؛ پیدا کرنیوالا -

Generator, *n.* : (۱) پیدا کرنے والا ؛ مولد - (۲) گیس بجلی وغیرہ پیدا کرنے کی مشین -

Generic, *a.* : (۱) جنسی ؛ کسی جنس سے مخصوص - (۲) عام ؛ کلی -

generically, *adv.* : ازروئے جنس -

Generous, *a.* : (۱) سخی ؛ فیاض ؛ عالی ھمت ؛ عالی منش ؛ شریف النفس ؛ کریم ؛ کشادہ دل ؛ بے تعصب ؛ پر فیض ؛ فیض

بخش - (۳) زرخیز (زمین) - (۳) کثیر ؛ معقول ؛ وافی -

generosity, *n.*: سخاوت، فیاضی ؛ فراخ دلی ؛ کریم النفسی ؛ جود و کرم؛ بے تعصبی -

generously, *adv.*: فیاضی، فراخدلی یا بے تعصبی سے -

Genesis, *n.*: (۱) توریت کا پہلا باب ؛ کتاب پیدائش ؛ کتاب تخلیق - (۲) اصل ؛ ابتدا -

Genet (je-), *n.*: (۱) مشک بلاؤکی کھال- (۲) ایک قسم کامشک بلاو-

Genetic(ji-), *a.*: علم توالد و تناسل سے متعلق -

genetics, *n.* (pl).: علم توالد و تناسل -

genetically, *adv.*: علم توالد و تناسل کی رو سے -

Geneva, *n.*: ایک قسم کی شراب -

Geneva, *a.*: جینوا (شہر) کا یا اس کے متعلق -

G. bands: ایک قسم کی پٹیاں جو پادری کالر کی جگہ لگاتے ھیں -

G. Convention: ۱۸۶۴ء کا وہ بین الاقوامی معاھدہ جس کے رو سے جنگ میں شفاخانوں کی غیر جانبداری تسلیم کی گئی -

G. Cross: صلیب احمر جو فوجی ھسپتال وغیرہ کا نشان ھے -

G. gown: ایک قسم کا سیاہ جبہ -

Genevan / **Genevese** } *aa. & nn.*: جینوا کا ؛ جینوا کا رھنے والا ؛ جینوا کا باشندہ -

Genial, *a*: (۱) شادی کے متعلق ؛ تولیدی - (۲) نشو و نما کے لئے مفید، خوش گوار ؛ صحت بخش (آب و ھوا) - (۳) فرحت افزا؛ فرحت بخش ؛ مسرت بخش؛ دل کشا - (۴) خوش مزاج؛ ملنسار؛ یار باش ؛ نیک دل؛ خوش طبع؛ زندہ دل- (۵) (شاذ) خدا داد قابلیت رکھنے والا -

geniality, *n.*: زندہ دلی؛ خوش مزاجی-

genialize, *v.t.*: زندہ دل ھونا یا کرنا -

genially, *adv.*: زندہ دلی سے ؛ فرحت بخش طور پر -

Genial, *a.*: ٹھوڑی کا ؛ ذقن سے متعلق -

Geniculate(d), *aa.*: (نباتیات حیوانیات) زانو خم ؛ جوڑدار ؛ گرہ دار -

Genie, *n.* (pl. usu. *genii* see genius) جن -

Genio-: (سابقہ) ٹھوڑی ؛ ذقن -

Genista, *n*: ایک قسم کی زرد پھولوں کی جھاڑی

Genital, *a. & n.*(pl.) توالد وتناسل کے متعلق؛ خارجی آلات تناسل -

Genitive, *a. & n.*: اضافی ، مضاف الیہ -

g. case: حالت اضافی -

genitival, *a.*: اضافی -

Genito-: (مرکبات میں) تناسلی -

genito-urinary: تناسلی و بولی اعضاء کے متعلق -

Genius, *n.* (pl. -inses, -ii) (۱) کسی شخص یا مقام کی محافظ روح؛ جن؛ ھمزاد- (۲) قوم یا زمانہ کے مروجہ خیالات ، آراء ذوق وغیرہ؛ روح عصر- (۳) زبان، قانون وغیرہ کی حقیقت و ماھیت یا روح- (۴) فطری قابلیت ، اختراعی قابلیت؛ غیر معمولی ذھانت- (۵) غیرمعمولی ذھین؛ تخلیقی یا اختراعی قوت رکھنے والا شخص -

good, evil, g.: نیک ھمزاد یا بد ھمزاد؛ وہ شخص جو کسی پر حاوی ھو اور اس سے نیک یا بد کام کرائے -

g. loci: حکمران دیوی؛ (کسی مقام کی) مقامی خصوصیات -

Genoa (j-), *n.*: اطالیہ کا شہر ؛ جینوا -

G. cake: بھاری کیک جن پر بادام لگے ھوتے ھیں -

Genoese, *a. & n.*: جینوا آکا ، جینوا آکا باشندہ -

genre, *n.*: (فرانسیسی) قسم ؛ طرز ؛ انداز -

g.-painting: وہ طرز نقاشی جس میں روز مرہ کی چیزوں کی تصویر کھینچی جائے-

Genro, *n.*: (جاپانی) پختہ کار مدبر -

Gens, *n.* (pl. gentes): برادری ؛ قبیلہ ؛ خاندان (قدیم رومیوں یا یونانیوں کا)-

Gent, *n*: (۱) (بازاری زبان میں gentleman کو کہتے ھیں)- (۲) وہ شخص جو شریف بنا ھو (مذاقاً) -

Genteel, *a.*: (عموماً طنزیہ یا عامیانہ) رئیسانہ ؛ امیرانہ ؛ امراکا؛ نستعلیق ؛ ٹھا ٹھہ کا ؛ سجیلا؛ خوش پوشاک -

genteelly, *adv*: رئیسانہ؛ امیرانہ؛ ٹھاٹھہ سے وغیرہ -

Gentian, *n.*: جلتیانا؛ ایک قسم کا نیلے پھولوں کا پودا -

g.-bitter: ایک مقوی دوا جو اس پودے کی جڑ سے نکالی جا تی ھے-

Gentile, *a. & n.*: (۱) غیریہود؛ جو یہودی نسل سے نہ ھو؛ جومارمن فرقے سے نہ ھو- (۲) قوم یا فرقہ کا؛ قومی - (۳) قومیت ظاھر کرنے والا - (۴) غیر خدا پرست ، صابی -

gentiledom, *n.*: غیر یہودی یا غیر مارمن ھونا -

Gentilitial (-shl), *a.*: کسی قوم ، فرقے، قبیلے یا خاندان کا -

Gentility, *n.*: (۱) شرافت ؛ نجابت (شاذ) (۲) (عموماً طنزیہ) شان، ریاست، امارت، آن بان ؛ نستعلیق پن -

shabby g.: امیرانہ ٹھات بنائے رکھنے کی کوشش -

Gentle, *a.* (-er, -est), & *n.*: (۱) شریف؛ نجیب؛ عالی خاندان- (۲) جس شخص کو ھتیار باندھنے کا حق ھو- (۳) شریفانہ ؛ شریفوں کے لایق؛ شریفوں کے سے- (۴) (قدیم) خلیق ، با مروت ، کریم النفس- (۵) سلیم الطبع؛ حلیم ؛ برد بار ؛ خاموش؛ بھلا مانس؛ مسکین - (۶) دھیمی ؛ ھلکی (ھوا)- (۷) ھلکی ؛ آھستہ اثر کرنے والی (دوا وغیرہ) - (۸) معتدل ؛ تدریجی - (۹) نرم - (۱۰) نرم دل ؛ نیک دل ؛ نازک - (۱۱)(جمع) اشراف (عامیانہ) - (۱۲) مکھی کا بچہ جو مچھلی کے چارے کے کام آتا ھے -

gentlefolk(s): (۱) اشراف ؛ شریف لوگ - (۲) ایک قسم کی مکھی کا بچہ (جو مچھلی کے چارے کے طور پر استعمال ھوتا ھے)

the g. craft: بنسی سے مچھلی کا شکار -

the g. sex: جنس لطیف ؛ عورتیں -

Gentlehood, *n.*: شرافت؛ نجابت؛ عالی خاندانی -

Gentleman, *n.*: (۱) جو شخص طبقۂ امرا میں شامل نہ ھو مگر ھتیار باندھنے کا مجاز ھو (زیادہ تر تاریخ میں مستعمل ھے) - (۲) (قدیم) کسی پیشے کا رکن - (۳) کوئی شریف زادہ جو بادشاہ یا امیر کی ندیمی میں رھتا ھو - (۴) شریف آدمی؛ بھلا مانس - (۵) رئیس - (۶) صاحب - (۷) (جمع بطور خطاب) شرفا؛ معزز حضرات - (۸) (قانون) وہ شخص جس کا کوئی پیشہ نہ ھو -

g.-at-arms: بادشاہ کے باڈی گارڈ کا رکن -

g.-commoner: آکسفورڈ کیمبرج کا وہ انڈر گراجویٹ جو خاص حقوق رکھتا ھو -

g.-farmer: زمیندار جو خود کاشت کرتا ھو -

g.'s g: بھلا کا خدمت گار-

g. -usher : امراء کا خدمت گار ، جس کا کام ملاقاتیوں کی اطلاع کرنا ھے -

my g. : موصوف -

old g. : (مزاحاً) ابلیس ؛ حضرت شیطان -

gentlemanhood, gentlemanship, *nn.* : شرافت ' ریاست وغیرہ -

Gentlemanlike, *a.* : شریفوں کے لائق ؛ شریفوں کا سا ؛ شریفانہ -

Gentlemanly , *a .* : شریفانہ ؛ شریفوں کے لائق -

gentlemanliness, *n .* : شریفوں کی سی روش ؛ شرافت -

Gentleness, *n.* : (۱) نرمی ؛ انسانیت ؛ آدمیت ؛ نیکی ؛ حلم ؛ برد باری- (۲) نرمی ؛ آھستگی ؛ سہولت ؛ ملایمت -

Gentlewoman, *n.* : شریف خاتون ' شریف زادی

gentlewomanhood, *n.* : شرافت (نسوانی) -

gentlewomanlike, *a.* : شریفانہ ؛ شریف عورتوں کی طرح -

gentlewomanliness, *n.* : شرافت ؛ شریف عورتوں کی روش-

gentlewomanly, *a.* : شریفانہ ؛ شریف عورتوں کا سا -

Gently, *adv .* : (۱) آھستگی سے ؛ نرمی سے ؛ خاموشی سے (۲) ملائمت سے؛ مہربانی سے ؛ شفقت سے -

g. born : عالی خاندان ؛ اچھے گھرانے کا -

Gentry, *n.* : اُمرا سے نیچے کا طبقہ ؛ (حقارت اور طنز سے) حضرات -

Genual, *a.* : گھٹنے کا ؛ گھٹنے کے متعلق -

Genuflect, *v. i.* : گھٹنوں کے بل کھڑا ھونا (خصوصاً عبادت میں)-

genuflector, *n.* : اس طرح کھڑا ھونے والا -

genuflectory, *a.* : اس فعل کے متعلق -

genuflexion, *n.* : یہ فعل -

Genuine, *a.* : (۱) ذات کا کھرا ؛ اصل ؛ اصیل - (۲) اصلی - (۳) کھرا ؛ سچا ؛ حقیقی ؛ سچ مچ کا -

genuinely, *adv.* : سچ مچ ؛ دل سے ؛ بے بناوٹ -

genuineness, *n.* : کھرا پن ؛ اصلی ھونا -

Genus, *n.* (pl. genera) : (۱) (منطق) جنس- (۲) (حیوانیات' نباتیات) جنس (حیوانات یا پودوں کا مجموعہ جو خاصہ خصوصیات رکھتا ھو) - (۳) قسم ؛ طبقہ ؛ قبیلہ -

highest g. : جنس عالی جو کسی اور جنس کی نوع نہ ھو -

subaltern g. : وہ جنس جو دوسری جنس کی نوع ھو -

the g. Homo : بنی نوع انسان ؛ نوع انسانی -

-geny (j-) : (لاحقہ) بہ معنی طریق نشو و نما -

anthropogeny : تاریخ ارتقاے بنی نوع انسان -

Geo- (j-) : (سابقہ) ارض ؛ زمین -

geo -dynamic : زمین کی مضمر قوتوں کا -

geo -selenic : زمین اور چاند کا -

Geocentric, *a.* : (۱) جس میں مرکز ارضی سے دیکھنے کا لحاظ کیا گیا ھو- (۲) جس میں زمین بحیثیت مرکز کے ھو؛ جس میں زمین مرکز قرار دی جاے -

g. latitude of planet : وہ عرض البلد جہاں کوئی سیارہ مرکز ارض سے دیکھنے والے کو نظر آے -

Geode (j-), *n.* : پتھر میں وہ گڑھا جس پر بلورے یا کسی اور معدنی شے کی تہ جمی ھو -

geodic, *a.* : اس گڑھے کے متعلق -

Geodesy, *n.* : (ریاضیات) علم پیمائش ارض -

geodesic, geodetic, *aa.* : پیمائش ارض کے متعلق -

geode -sic, geode -tic. line : علم ارض کے دو نقطوں کے درمیان سب سے چھوٹا خط

geodesist, *n.* : ماھر پیمائش ارض -

geodetical, *a.* : پیمائش ارض کے متعلق -

geodetically, *adv.* : پیمائش ارض کی رو سے -

Geognosy, *n.* : (۱) ارضیات ؛ علم طبقات الارض - (۲) کسی خاص علاقے کی ارضیاتی ساخت - (۳) پتھروں کی معدنی ماھیت اور توزیع اور تقسیم کا علم -

geognostic geognostical, aa. : متعلق بہ ارضیات؛ ارضیاتی-

Geographic (al), *aa.* : علم جغرافیہ کے متعلق ؛ جغرافیہ کا ' جغرافی -

geographical mile : ایک درجہ طول البلد تقریباً دو ھزار گز کے برابر ھوتا ھے -

g. latitude : عرض البلد -

geographically, *adv.* : جغرافیہ کی رو سے -

Geography, *n.* : (۱) علم جغرافیہ - (۲) کسی مقام کے جغرافی خصوصیات - (۳) جغرافیے کی کتاب -

mathematical g. : ریاضیاتی جغرافیہ -

physical g. : جغرافیہ طبعی -

political g. : سیاسی جغرافیہ -

geographer, *n.* : جغرافیہ داں -

Geologize, *v. i. & t.* : زمین کا ارضیاتی نقطۂ نظر سے مشاھدہ کرنا ؛ ارضیاتی تحقیقات کرنا -

Geology, *n.* : (۱) ارضیات ؛ علم طبقات الارض - (۲) کسی مقام کی ارضیاتی ساخت -

geologic (al), *aa.* : ارضیات کے متعلق؛ ارضیات کا ؛ ارضیاتی-

geologically, *adv.* : از روے ارضیات -

geologist, *n.* : ماھر ارضیات -

Geomancy, *n.* : رمالی ؛ علم رمل -

geomancer, *n.* : رمال -

geomantic, *a.* : رملی ؛ رمل کے متعلق -

Geometer, *n.* : (۱) مہندس ؛ ھندسہ داں- (۲) ایک قسم کا کیڑا جو آگے چل کر تتلی بن جاتا ھے -

Geometric (al), *aa.* : ھندسی ؛ ھندسیہ -

geometrical progression. : سلسلۂ ھندسیہ -

geometrical proportion : ھندسی تناسب -

geometrical spider : وہ مکڑی جس کے جالے میں ھندسی اشکال پائی جاتی ھیں -

g. tracery : ھندسی شکلوں کے نقش و نگار -

geometrically, *adv.* : از روے ھندسہ -

Geometrize, *v. i. & t.* : ھندسہ کے قواعد پر عمل کرنا ؛ ھندسہ کے اُصول کے مطابق کام کرنا -

Geometry, *n.* : علم ھندسہ -

geometrician, *n.* : مہندس -

Geophagy (-ji), *n.* : مٹی کھانے کی بیماری -

geophagist, *n.* : وہ شخص جسے یہ بیماری ھو -

Geoponic, *a.* : (مغلق زبان میں یا مزاحاً) زرعی یا زراعتی -

Geordie, *n.* : کوئلے کی کان کا مزدور -

George, *n.* : (۱) سینٹ جارج انگلستان کا روحانی محافظ - (۲) آرڈر آف گارٹر کا نشان -

brown g. : مٹی کا برتن -

by G. : (تسمیہ یا تعجائیہ) مقدس جارج کی قسم -

St G. : سینٹ جارج جو ایڈورڈ سوئم کے وقت سے انگلستان کا روحانی محافظ سمجھا جاتا ہے -

St G.'s cross : صلیب کی ایک شکل -

St G.'s day : ۲۳ اپریل -

Georgette, *a.* : ایک قسم کا باریک ریشمی کپڑا ؛ جار جٹ -

Georgian, *a.* : جارجی ؛ انگلستان کے بادشاہ جارج اول کے عہد سے لے کر جارج چہارم کے وقت تک کا یا جارج پنجم کے زمانے کا -

Georgian, *a.* & *n.* : (۱) گرجستانی ؛ گرجی - (۲) گرجی شخص یا زبان - (۳) ریاستہائے متحدہ امریکہ کی ریاست جارجیا کا -

Georgic, *n.* : ورجل کی اس نظم کا ایک باب جو کاشتکاری پر ہے -

Geotropism, *n.* : کشش ثقل کی نسبت سے پودوں کی نشو و نما کا اصول -

negative g. : تنوں کا مرکز زمین سے دور ہونے کا میلان -

positive g. : جڑوں کا مرکز زمین کی طرف بڑھنے کا میلان -

geotropic, *a.* : اس اصول کے متعلق -

geotropically, *adv.* : اس اصول کی رو سے -

Geranium, *n.* : (۱) ایک قسم کا پودا جس پر سارس کی چونچ سا پھل آتا ہے - (۲) ایک قسم کا پھول دار درخت - (۳) جی رینیم کا رنگ -

Gerfalcon(j-), *n.* : شمالی ممالک کا ایک قسم کا بڑا شکرا -

Germ, *n.* & *v. i.* : (۱) کسی جسم نامیاتی کا وہ حصہ جو بڑھ کر نیا جسم بن جانے کی صلاحیت رکھتا ہو - (۲) (حیوانیات) جنین؛ بیضہ دان ؛ جر ثومہ (امراض کا) - (۳) جس سے کسی شے کا آغاز ہو ؛ ابتدا ؛ اصل ؛ تخم ؛ بیج - (۴) پھوٹنا ؛ نکلنا -

in g. : نارستہ -

German, *a.* : (۱) سگا ؛ حقیقی ؛ اب صرف brother، sister اور cousin کے ساتھ مستعمل ہے - (۲) دیکھو germane -

German, *a.* & *n.* : جرمنی کا ؛ المانی ؛ المانی زبان ؛ جرمن زبان ؛ جرمنی کا باشندہ -

G. measles : ایک قسم کی کھسرہ (چھوٹی چیچک) -

G. ocean : بحرہ شمالی ؛ بحر جرمن -

G. silver : نکل ؛ زنک اور تانبے کی بھرت -

G. text : قدیم ٹائپ کے انگریزی حروف (جو جرمن حروف سے مشابہ ہیں) -

High G. : جنوبی جرمنی کی زبان جو اب سارے ملک کی ادبی زبان ہے -

Low G. : (۱) جرمنی کی بولیاں جو High G. نہ ہوں - (۲) مغربی جرمن زبان کی مختلف شکلیں جن میں انگریزی اور ڈچ (ولندیزی) شامل ہیں -

Germanish, *a.* : کسی قدر جرمن -

Germanism, *n.* : (۱) جرمنی زبان کا محاورہ - (۲) جرمنوں کی خصوصیت ، عادت وغیرہ -

Germanist, *n.* : جرمن زبان و ادب کا عالم -

Germanization, *n.* : جرمن بنانا -

Germanize, *v. t.* & *i.* : جرمنی کا بنانا ؛ المانی بنانا ؛ جرمنی کی خصوصیات پیدا کرنا -

Germanizer, *n.* : جرمن بنانے والا -

Germano, :- (سابقہ) جرمن ؛ المانی -

Germanomania, *n.* : جرمن پرستی ؛ جرمن بننے کا خبط -

Germanophil, *a.* & *n.* : جرمن دوست -

Germanophilist, *n.* : جرمن دوست -

Germanophobe, *a.* & *n.* : جرمن ترس -

Germanophobia, *n.* : جرمن ترسی -

Germander, *n.* : ایک قسم کا پودا جس کا پھول نیلا ہوتا ہے -

Germane, *a.* : کسی موضوع یا مبحث سے تعلق رکھنے والا ؛ متعلق موضوع -

Germanic, *a.* & *n.* : (۱) جرمنوں کا (عموماً تاریخ میں آتا ہے) - (۲) ٹیوٹنی نسل کا - (۳) قدیم ٹیوٹن زبان -

East G. : گاتھ لوگوں کی زبان اور بعض اور زبانیں جو اب معدوم ہوگئی ہیں -

North G. : سویڈن ناروے کی زبان -

West G. : جرمن ، انگریزی ولندیزی وغیرہ (زبانیں) -

Germanity, *n.* : جرمنوں کے مخصوص اوصاف ؛ جرمنوں کی خصوصیات ؛ جرمنیت -

Germen, *n.* : (نباتیات) بیضہ دان -

Germicide, *n.* & *a.* : وہ (شے) جس میں جراثیم کے ہلاک کرنے کی قوت ہو -

germicidal, *a.* : قاتل جراثیم ؛ جراثیم کش -

Germinal, *a.* : (۱) جنین کی نوعیت کا - (۲) نشو و نما کی ابتدائی حالت میں -

germinally, *adv.* : ابتدائی حالت میں -

Germinate, *v. i.* & *t.* : اپجنا ؛ اگنا ؛ پھوٹنا ؛ نکلنا ؛ اگانا ؛ نشو و نما دینا ؛ پیدا کرنا -

germinant, *a.* : اگنے والا ؛ اپجنے والا -

germination, *n.* : نمو ؛ اپج ؛ اگنا -

germinative, *a.* : اگانے والا -

germinator, *n.* : اگانے والا ؛ پیدا کرنے والا -

Germon(j-), *n.* : ایک قسم کے لمبے بازو والی مچھلی

Gerontocracy, *n.* : بوڑھوں کی حکومت ؛ بوڑھوں کی حکمراں جماعت -

-gerous : (لاحقہ) رکھنے والا ؛ ـــ دار -

frondigerous : (نباتیات) ورق دار ؛ برگ دار -

Gerrymander, *v. t.* & *n.* : ناجائز سیاسی اثر ڈال کر انتخاب میں کسی فریق کو فائدہ پہنچانا -

gerrymanderer, *n.* : وہ شخص جو ایسا کرے -

Gerund, *n.* : اسم مصدر -

g.-grinder : لاطینی زبان کا معلم -

gerundial, *a.* : متعلق بہ اسم مصدر -

Gerundive, *a.* & *n.* : (۱) اسم مصدر کا ؛ اسم مصدر کا سا -
(۲) (لاطینی صرف و نحو) اسم مصدر کی صفت فعلی -
gerundival, *a.* : متعلق بہ اسم مصدر -
gerundively, *adv.* : اسم مصدر کے طور پر -
Gesso (-j), *n.* : ایک قسم کا پلستر جو مصوری اور سنگ تراشی
میں استعمال ہوتا ہے -
Gestation, *n.* : حمل ؛ زمانۂ حمل -
Gestatorial, *a.*, *G. chair.* : وہ کرسی جس پر پوپ کو سوار کر کے
بعض موقعوں پر لے جاتے ہیں -
Gesticulate, *v. i.* & *t.* : ہاتھ وغیرہ کی حرکت سے کسی مفہوم
کا ظاہر کرنا -
gesticulation, *n.* : ہاتھ وغیرہ کی حرکت ؛ کسی مفہوم
کو ادا کرنے کے لئے اشارت -
gesticulative, *a.* : اشارتی -
gesticulator, *n.* : اشارت کرنے والا -
gesticulatory, *a.* : اشارتی -
Gesture, *n.* & *v. i.* & *t.* : (۱) اشارہ ؛ اشارت - (۲)
اشارے یا اشارت سے مطلب ' احساس یا جذبہ ظاہر کرنا ؛ کسی
کو متاثر کرنے یا اس کی دلجوئی کے لئے کوئی بات -
Get, *v. t.*, & *i.* : (۱) حاصل کرنا ؛ فراہم کرنا ؛ مہیا کرنا ؛ کمانا ؛
نفع حاصل کرنا - (۲) یاد کرنا - (۳) حساب سے آنا ؛ نتیجے کے
طور پر حاصل ہونا - (۴) پانا ؛ ملنا ؛ وصول کرنا ؛ رکھنا ؛ پاس ہونا - (۵)
حاصل کرنا ؛ معلوم کرنا - (۶) سماجانا (خیال ' دماغ میں) - (۷) لگ
جانا (بیماری) - (۸) بھگتنا ؛ برداشت کرنا ؛ کھانا (لاٹھی
وغیرہ) - (۹) پکڑنا ؛ پھانسنا - (۱۰) بٹورنا ؛ سمیٹنا ؛ جمع
کرنا - (۱۱) زچ کردینا ؛ عاجز کرنا ؛ چکر میں ڈال دینا ؛
(دلیل میں غلطی) پکڑنا - (۱۲) (روز مرہ) کھانا (کھانا
وغیرہ) - (۱۳) جننا ؛ بچہ دینا - (۱۴) آمادہ کرنا ؛ تیار
کرنا ؛ راضی کرنا - (۱۵) پہنچنا - (۱۶) کرنے لگنا ؛ ہوجانا ؛ ہونا -
g. about : (۱) چلنا پھرنا ؛ آنا جانا - (۲) پھیلنا ؛ مشہور ہونا -
g. abroad : پھیل جانا ؛ مشہور ہوجانا -
g. along : (۱) آگے بڑھنا ؛ کامیاب ہونا ؛ ترقی کرنا -
(۲) کام چلانا - (۳) نبھنا ؛ نبھانا - (۴) (ill یا well کے ساتھ)
کام نہ چلنا ؛ اچھا کام چلنا -
g. at : (۱) پہنچنا - (۲) معلوم کرنا ؛ پکڑنا ؛ قبضہ کرنا -
(۳) (عامیانہ) چھیڑنا ؛ بنانا ؛ فقرہ کسنا - (۴) (عامیانہ)
رشوت دینا ؛ ساز باز کرنا -
g. away : (۱) دور ہو - (۲) اجی رہنے دو -
g. away : بھاگ جانا ؛ روانہ ہونا ؛ دور ہونا -
g. back : (۱) لوٹ آنا ؛ واپس آجانا - (۲) واپس مل جانا -
g. by heart : زبانی یاد کرنا -
g. down : اترنا -
g. in : (۱) ممبر پارلیمنٹ منتخب ہونا - (۲) بیٹھنا (گاڑی
میں) - (۳) کاٹ کرلانا (فصل) - (۴) وصول کرنا (قرض) -
(۵) مقررہ وقت کے اندر ختم کرلینا (کام) - (۶) ٹھیک ضرب لگانا -
g. into : (۱) (روز مرہ) پہننا - (۲) چڑھ جانا (نشہ) -
g. it : مرمت ہونا ؛ مار کھانا ؛ ڈانٹا جانا -
g. off : (۱) اترنا (گھوڑے وغیرہ سے) - (۲) چھٹکارا
پانا ؛ پیچھا چھڑانا - (۳) ہٹ جانا
g. off : (۱) بھاگ جانا - (۲) روانہ ہونا - (۳) سوجانا -
(۴) سستا چھڑانا -
g. on : (۱) چڑھنا (گھوڑے پر) - (۲) تقریر کرنے کے لئے
کھڑا ہونا - (۳) پہننا ؛ زیب تن کرنا - (۴) بڑھنا ؛ ترقی کرنا -
(۵) کام چلانا - (۶) نبھنا ؛ نبھانا -
g. on (ill, well) : کام نہ چلنا ؛ اچھا کام چلنا -
g. on one's nerves : (کسی چیز کو دیکھکر) جھنجھلانا '
طیش آجانا -
g. (person or *thing) on the brain* : کسی (شخص یا
چیز) کا خیال دماغ میں بس جانا -
g. out : (۱) دور ہو - (۲) بس رہنے بھی دو ! - (۳) ظاہر
ہوجانا ؛ کھل جانا - (۴) معلوم کرلینا - (۵) شائع
کردینا یا بیان کرنا -
g. out of : (۱) نکلنا یا بھاگ نکلنا - (۲) رفتہ رفتہ
چھٹ جانا (عادت) - (۳) ٹال جانا - (۴) راز معلوم کرنا
یا روپیہ اینٹھنا -
g. over : (۱) غالب آنا (مشکل پر) - (۲) رد کرنا (دلیل) -
(۳) دور ہونا (بیماری ' حیرت وغیرہ) - (۴) طے کرنا ؛ پورا کرنا -
(۵) (عامیانہ) پھانسنا ؛ چرکا دینا -
g. over : (کسی وقت طلب یا ناگوار کام کو) ختم کرنا ؛
خدا خدا کرکے ختم کرنا -
g. round : (۱) (میٹھی باتوں سے) راضی کرلینا - (۲) ٹال
دینا ؛ بچ نکلنا -
g. ship under way : جہاز کا لنگر اٹھانا -
g. through : (۱) پہنچنا ' پہنچانا منزل مقصود تک - (۲)
(مسودہ قانون) پاس ہو جانا ؛ منظور ہوجانا - (۳) (امتحان میں)
کامیاب ہو جانا ؛ پاس ہوجانا -
g. through with : کرڈالنا ؛ برداشت کرلے جانا -
g. through : (۱) ختم کرنا ؛ کرڈالنا - (۲) پاس ہونا ' منظور
ہونا (مسودہ قانون ' تجویز وغیرہ) - (۳) کاٹ دینا ؛ گزار
دینا (وقت) -
g. to : شروع کرنا -
g. togther : جمع کرنا ؛ اکٹھا کرنا -
g. under : زور کم کر دینا (آگ کا) -
g. up : (۱) اٹھنا ؛ سوکراٹھنا - (۲) چڑھنا (گھوڑے پر) - (۳) تیز ہونا
(آگ یا ہوا کا) ؛ طوفانی ہونا (سمندر کا) ؛ نکل کر سامنے آنا
(شکار کا) ؛ ٹپہ کھاکر اچھلنا (گیند کا) ؛ بنا ڈالنا ؛ قائم
کرنا ؛ کپڑے پر استری وغیرہ کرنا ؛ درست کرنا ؛ سنوارنا ؛ بھڑکانا
(غصہ) ؛ پیدا کرنا ؛ مہیا کرنا ؛ بناوٹ سے ظاہر کرنا (غصہ وغیرہ) ؛
کوئی مضمون امتحان کے لئے تیار کرنا -
g. upon : دیکھو GET ON -
g. (person) *upon a subject* : (کسی شخص کو) کسی
موضوع گفتگو پر لانا -
g. wind : مشہور ہوجانا ؛ پھیل جانا -
g. with child : حاملہ کرنا -
what has got him? : اس کا کیا حشر ہوا -
gettable, *a.* : قابل حصول وغیرہ -

Get, *n.* : بیانا ؛ بچہ دینا (جانور کا) ؛ بچے ؛ جھول -
Get-up, *n.* : لباس ؛ وضع ؛ طرز ؛ انداز ؛ کتاب کی طباعت وغیرہ -
Geum, *n.* : ایک قسم کا پودا جو گلاب سے مشابہ ہوتا ھے -
Gewgaw, *n.* : کھلونا ؛ نمائشی زیور ؛ محض دکھاوے کی چیز -
Gey, *adv.* : (اسکاچستان) بہت ؛ بیحد ؛ بڑی حد تک -
Geyser, *n.* : (۱) گرم پانی کا چشمہ - (۲) ایک خاص قسم کا چولھا جس پر پانی گرم کیا جاتا ھے -
Ghastly, *a.* & *adv.* : (۱) خوف ناک؛ ڈراؤنی؛ مہیب ؛ بھیانک - (۲) مبالغہ کے ساتھہ ؛ بڑا ؛ خراب - (۳) جس پر مردنی چھائی ھو ؛ زرد (پڑنا) ؛ وحشت ناک - (۴) خوف ناک (تبسم) -
ghastlily, *adv.* : بھیانک پن سے ؛ وحشت ناک طریقے سے -
ghastliness, *n.* : مردنی ؛ بھیانک پن -
Gha (u) t, *n.* : (۱) گھاٹ (دریا کا) - (۲) گھاٹ پہاڑ کا ؛ گھاٹی ؛ درہ -
Eastern. and Western, Gg. : مشرقی و مغربی گھاٹ جنوبی ھند کے دو کوھستانی سلسلوں کے نام ھیں -
Ghazi, *n.* : غازی -
Ghee, *n.* : گھی -
Gherkin, *n.* : چھوٹی ککڑی جو اچار ڈالنے کے کام آتی ھے -
Ghetto, *n.* : شہر میں یہودیوں کے رھنے کا مقام ؛ یہودی باڑہ -
Ghibelline, *n.* & *a.* : (اطالوی) شہنشاہ کی جماعت کا (شخص) (جو قرون وسطی میں پوپ کے خلاف شہنشاہ کی حمایت کرتے تھے) -
Ghibellinism, *n.* : (اطالوی) شہنشاہ کی حمایت -
Ghost, *n.* : (۱) روح ؛ دم ؛ جان - (۲) روح القدس - (۳) بھوت؛ پریت - (۴) دبلا پتلا آدمی - (۵) شائبہ ؛ وھم و گمان - (۶) (بصریات) زائد شبیہ (جو عدسے کی خرابی سے نظر آتی ھے) - (۷) وہ مصنف یا مصور جو معاوضہ لے کر دوسروں کے نام سے کام کرے -
give up the g. : جانا ؛ انتقال کر جانا -
not the g. of a chance : مطلق اُمید نہیں -
raise, lay, g. : آسیب یا بھوت بلانا یا دور کرنا -
ghosthood, *n.* : بھوت پن -
ghostlike, *a.* : بھوت سا -
Ghostly, *a.* : (۱) (قدیم) روحانی ؛ غیر جسمانی ؛ دینی ؛ مذھبی - (۲) بھوت کاسا -
g. comfort, counsel : روحانی تسکین یا مشورہ جو پادری دیتا ھے -
g. father, adviser, director : وہ پادری جس کے سامنے گناھوں کا اعتراف کیا جائے -
g. weapons : (۱) مذھبی دلیلیں - (۲) مذھبی سزائیں -
our g. enemy : ابلیس ؛ شیطان -
ghostliness, *n.* : روحانیت ؛ مذھبیت ؛ بھوت کاسا ھونا -
Ghoul, *n.* : غول بیابانی -
ghoulish, *a.* : غول کاسا -
ghoulishly, *adv.* : غول کی طرح -
Ghyll, : دیکھو gill -
Giallo antico, *n.* : ایک قسم کا زرد مرمر جو اطالیہ کے کھنڈروں میں ملتا ھے -
Giant, *n.* & *a.* : (۱) دیو ؛ عفریت ؛ جن - (۲) (یونانی دیو مالا) زمین (Gaea) اور آسمان (Uranus) اور عالم اسفل (Tartarus) کی اولاد جس نے دیوتاؤں سے جنگ کی تھی - (۳) کوئی عظیم الشان قوت - (۴) غیرمعمولی بڑے قد و قامت کا شخص؛ جانور یا درخت؛ دیو - (۵) غیرمعمولی قابلیت و جرأت یا قوت کا شخص ؛ جن -
g. cement : بہت پختہ قسم کی گچ -
g. ('s) stride : ایک قسم کا ورزشی آلہ جس سے انسان لمبے لمبے قدم اُٹھا سکتا ھے -
there were gg. in those days : اگلے زمانے والے ھم سے بہت بڑے ھوتے تھے -
giantlike, *a.* : دیوسا ؛ دیو قامت؛ قوی ھیکل؛ عفریت صورت عظیم الجثہ ؛ دیو کا دیو -
giantess, *n.* : دیونی؛ غیر معمولی بڑے قد و قامت کی عورت -
Giaour, *n.* : کافر (ترکی میں ازراہ تنفر عیسائیوں وغیرہ کو کہتے ھیں) -
Gibber, *v. i.* & *n.* : (۱) بہت تیزی سے گفتگو کرنا جو اچھی طرح سمجھہ میں نہ آسکے؛ بندر کی طرح شور مچانا - (۲) تیز لہجہ؛ وہ آواز جو سمجھہ میں نہ آئے -
Gibberish, *n.* : بے معنی گفتگو؛ لا یعنی شور؛ غلط یا قواعد زبان کے خلاف گفتگو -
Gibbet, *n.*, & *v. t.* : (۱) سولی ؛ دار ؛ پھانسی - (۲) پھانسی کی سزا ؛ پھانسی دینا ؛ پھانسی پر لٹکائے رکھنا ؛ اس طرح لٹکانا جس طرح پھانسی پر لٹکاتے ھیں ؛ رسوا کرنا -
Gibbon, *n.* : ایک قسم کا بندر -
Gibbous, *a.* : محدب ؛ اُبھرا ھوا - (۲) (ھیئت) نیم بریں ؛ نیم دائرے سے زیادہ روشن - (۳) کبڑا ؛ کوزپشت ؛ دوتا ؛ خمیدہ کمر -
gibbosity, *n.* : محدب ھونا ؛ نیم بریں ھونا ؛ نیم بریدگی -
gibboso- : (مرکبات میں) محدب ؛ نیم بریں -
gibbously, *adv.* : محدب شکل میں؛ نیم بریں حالت میں -
Gibe, jibe, *v. i.* & *t.* & *n.* : (۱) طعنہ زنی کرنا ؛ آوازے کسنا ؛ مذاق اُڑانا ؛ تمسخر کرنا - (۲) طعنہ ؛ آوازہ ؛ پھبتی -
giber, *n.* : طعنہ زن ؛ مذاق اُڑانے والا -
gibingly, *adv.* : طعنہ زنی سے ؛ تمسخر سے -
Giblets, *n.* : مرغابی کے وہ اعضا جو پکانے سے پہلے الگ کردئے جاتے ھیں -
g. soup : وہ شوربا جو ان اعضاء سے تیار کیا جاتا ھے -
Gibus, *n.* : ایک قسم کی ٹوپی جو کھٹکے کے ذریعے سے کھولی اور بند کی جاسکتی ھے -
Giddy, *a.*, & *v. t.* & *i.* : (۱) جس کا سر چکراتا ھو ؛ جسے دوران سر ھو - (۲) جس سے سر چکرا جائے ؛ دوران سر پیدا کرنے والا - (۳) تیزی سے چکر کھاتا ھوا - (۴) بے خود ؛ وارفتہ مزاج؛ لا اُبالی ؛ من موجی ؛ متلون - (۵) سر میں چکر آجانا یا سر چکرا جانا -
g.-go-round : دیکھو MERRY-GO-ROUND -
play the g. goat : بیوقوفی کی حرکتیں کرنا -
giddily, *adv.* : (۱) دوران سر کی حالت میں - (۲) بیخودی میں ؛ لا اُبالی پن سے -

giddiness, *n.* : (۱) چکر ؛ دوران سر - (۲) بے خودی ؛ لا اُبالی پن ؛ تلون -

Gift, *n.*, & *v. t.* : (۱) بخشش ؛ دینا ؛ ہدیہ ؛ سوغات ، عطیہ - (۲) (قانون) ہبہ - (۳) خدا داد قابلیت ؛ ملکہ ؛ خدا کی دین ؛ وھبی کمال - (۴) تحفہ دینا ؛ تحفے یا عطیے کے طور پر دینا -

g.-book : وہ کتاب جو تحفہ دی گئی ہو یا جو تحفہ میں دئے جانے کے قابل ہو -

g.-horse : تحفے کا گھوڑا -

gifted, *a.* : قابل ؛ لائق ؛ خدا داد قابلیت رکھنے والا -

giftie, *n.* : خدا داد قابلیت ؛ ملکہ -

Gig, *n.* : (۱) ٹم ٹم - (۲) ھلکی کشتی جو جہاز کے ساتھ رھتی ؛ ھلکی کشتی جو ناؤ دوڑ میں استعمال ھوتی ھے -

g.-lamps. : (عامیانہ) چشمہ ؛ عینک -

gigman : (۱) وہ شخص جس کے پاس ٹم ٹم ھو - (۲) بد مزاق متوسط طبقے کا شخص -

Gig, *n.* : ایک قسم کا بھالا (مچھلی کے شکار کے لئے) -

Gigantic, *a.* : (۱) دیو قامت ؛ عظیم الجثہ ؛ قوی ہیکل - (۲) بہت بڑا ؛ عظیم الشان ؛ بڑا بھاری -

gigantesque, *a.* : دیو کی طرح -

gigantically, *adv.* : بہت ؛ نہایت -

Giggle, *v. i.* & *n.* : بد تمیزی سے ھنسنا ؛ ٹھٹا لگانا ؛ رہ رہ کے ھنس پڑنا ؛ بد تمیزی کی ھنسی ؛ دبی ھوئی ھنسی -

Giglet,-ot, *n.* : بد تمیزی سے ھنسنے والی لڑکی -

Gigmanity, *n.* : بد مزاق متوسط طبقے کے لوگ -

Gig-mill, *n.* : (۱) کپڑے کے ھموار اور چکنا کرنے کی مشین - (۲) وہ عمارت جس میں یہ مشینیں ھوں -

Gilbertian, *a.* : الٹا سیدھا؛ مسخرے پن کا -

Gild, *v.t.* (p.p.usu. gilded also gilt as adj.): (۱) سونے کا پتر چڑھانا ؛ ملمع کرنا - (۲) دولت سے عیب پوشی کرنا ؛ دولت سے آنسو پونچھنا - (۳) سنہرا رنگنا ؛ سنہری روشنی سے چمکانا ؛ رنگ کرنا - (۴) خالی خولی شاندار الفاظ سے آراستہ کرنا -

Gilded Chamber : دارالامرا -

gilded or *gilt spurs* : سنہری مہمیز (نائٹ کے رتبے کی علامت) -

gilded youth. : وضع دار نو جوان ؛ فیشن والے نو جوان -

gilt-cup : ایک قسم کا پھول -

gilder, *n.* : ملمع ساز -

gilding, *n.* : ملمع سازی -

Gild : دیکھو GUILD -

Gill,*n.*, & *v. t.* : (۱) (عموماً جمع) گلپھڑا - (۲) گوشت جو مرغوں وغیرہ کے گلے سے لٹکتا ھے - (۳) کا رونم کی نچلی سطح پر کی چمکدار دھاریاں - (۴) جبڑے پر کا گوشت - (۵) مچھلی کے پیٹ سے آلائش نکالنا اور صاف کرنا ؛ کا رونم کی دھاریاں دور کرنا ؛ جال (g. net) سے مچھلی پکڑنا -

g.-cover : وہ خول جس میں مچھلی کے گلپھڑے ھوتے ھیں -

g.- net : ایک قسم کا جال جس میں مچھلی گلپھڑوں سے پھنستی ھے -

rosy about the gg. : چاق چوبند -

gilled, *a.* : گلپھڑے دار -

Gill(g-), *n.* : تنگ وادی یا درہ ؛ تنگ پہاڑی چشمہ -

Gill, *n.* : رقیق چیزوں کے ناپنے کا پیمانہ ؛ معمولی گلاس کا نصف -

Gill(j-), *n.* : لڑکی ؛ معشوقہ -

Jack and G. : لڑکا اور لڑکی -

Gillaroo, *n.* : آئرستان کی ٹراؤٹ مچھلی -

Gillie, *n.* : (اسکاٹستان) کوھستانی سردار کا خادم - (۲) شکاری کا ساتھی چھوکرا (تاریخی) -

Gillyflower, *n.* : (۱) ایک قسم کا پھول جس میں لونگ کی خوشبو ھوتی ھے - (۲) اس قسم کے اور پھول -

Gilt, (p. p. of gild) : دیکھو Gild

cloth g. : کپڑے کی جلد جس پر سنہری حروف کا ٹھپہ ھو -

Gilt, *n.* : ملمع ؛ جھول ؛ گلٹ ؛ (مجازاً) اوپری خوبصورتی -

g.-edged paper, securities, stocks, &c. : وہ بے جوکھم تمسکات جن کو ترسٹی (امین) ترجیح دیتے ھیں یا جن پر ایسا کرنا بخیال حفاظت و احتیاط لازم ھے -

take the g. off the gingerbread : ظاھری چمک دمک سے قطع نظر کرنا -

Gimbal, *n.* : ایک آلہ جو جہاز میں قطب نما کو افقی حالت میں رکھنے کے لئے استعمال ھوتا ھے -

Gimcrack, *n.* & *a.* : کھلونا ؛ نمائشی چیز ؛ نکمی آرائشی چیز -

gimcrackery, *n.* : نمائشی چیزیں ؛ کھلونے -

gimcracky, *a.* : نمائشی ؛ حقیر ؛ بیکار ؛ نقلی ؛ دیکھنے ھی دیکھنے کا ؛ بیکار ؛ قلعی دار ؛ نقلی -

Gimlet(j-), *n.* : برما ؛ سوراخ کرنے کا اوزار -

Gimp, Gymp (g-), *n.* : ریشم یا سوت کی بٹی ھوئی ڈوری جس کے بیچ میں تار ھوتا ھے ؛ ریشم وغیرہ کی شست جو تار سے بندھی ھو ؛ لیس کا موٹا حاشیہ -

Gin., *n.*, & *v. t.* : (۱) پھندا ؛ جال؛ دام - (۲) ایک قسم کی جرثقیل کی کل - (۳) روئی اوٹنے کی مشین - (۴) بنولے نکالنا -

Gin, *n.* : ایک قسم کی شراب جو غلے سے بنتی ھے -

g.- palace : بڑی ٹیپ ٹاپ کا شراب خانہ -

g.-shop : جن شراب کی دوکان -

g.-sling : ایک امریکن شربت جس میں یہ شراب اور کچھ خوشبو وغیرہ پڑی ھوتی ھے -

Gingall, *n.* : ایک قسم کی ھلکی توپ -

Ginger, *n.*, *a.*, & *v. t.* : (۱) ادرک - (۲) (روز مرہ عامیانہ) جوش ؛ تیزی ؛ طراری - (۳) ھلکا سرخی مائل زرد رنگ - (۴) اس رنگ کا - (۵) ادرک کی چاشنی دینا ؛ گھوڑے کو دوڑانے کے لئے اس کے سرین کی چھیڑنا ؛ (کسی شخص کو) ابھارنا ؛ اکسانا ؛ تیز کرنا ؛ گرمانا -

black g. : بن چھلی ادرک جو جزائر شرق الہند سے آتی ھے -

g.-ale, g.- beer : ادرک کی جھاگ دار شراب -

g.-brandy : ایک قسم کی شراب -

g.bread : (۱) ادرک پڑی ھوئی میٹھی ٹکیا - (۲) نمائشی شوخ اور بھدا -

g.-bread nut, g.-nut : ادرک پڑے چھوٹے بسکٹ -

g.-race : ادرک کی جڑ ؛ ادرک -

white g. : چھلی ہوئی ادرک جو جمیکا سے آتی ھے -

gingery, *a.* : (۱) ادرک دار - (۲) جوشیلا ؛ تیز ؛ طرار -

Gingerade, *n.* : ادرک کی شراب -

Gingerly, *adv. & a.* : بہت احتیاط سے ؛ ڈرتے ڈرتے ؛ با احتیاط -

Gingham, *n.* : (۱) رنگین سوت کا بنا ہوا دھاری دار کپڑا - (۲) چھتری (روز مرہ) -

Gingili, *n* : جزائر شرق الہند کا ایک پودا جس سے ایک قسم کا شیرین تیل نکلتا ھے -

Gingival, *a.* : مسوڑوں کا -

Gingko, *n.* : ایک جاپانی درخت جس کے پتے پنکھے کی شکل کے ہوتے ھیں -

Ginglymus, *n.* : جسم کا ایک جوڑ جو صرف دو طرف حرکت کر سکتا ھے -

Ginseng, *n.* : ایک درخت کی جڑ جو بطور دوا استعمال ہوتی ھے -

Gippo, *n.* : (فوجی روز مرہ) شوربا ؛ دم پخت سالن -

Gippy, *n.* : (فوجی روز مرہ) مصری سپاھی -

Gipsy, gy-, *n.* : (۱) جپسی ؛ ایک خانہ بدوش قوم - (۲) (مذاق میں) شریر یا سانولی عورت -

g. -bonnet. : ایک قسم کی عورتوں کی ٹوپی -

g. -rose. : ایک پودا جس کا پھول ساتی کی شکل کا ہوتا ھے -

g. -table. : ہلکی تپائی -

gipsydom, *n.* : جپسی قوم -

gipsyfy, *v. t.* : جپسی بنانا ؛ خانہ بدوش بنانا -

gipsyhood, *n.* : جپسی ہونا ؛ خانہ بدوش ہونا ؛ خانہ بدوشی -

gipsyism, *n.* : جپسی پن -

gipsyish, *a.* : جپسی جیسا ؛ کسی قدر جپسی -

Giraffe, *n.* : زرافہ افریقہ کا ایک چوپایہ جس کی اگلی ٹانگیں بہت لمبی ہوتی ھیں -

Girandole, *n.* : (۱) (آتشبازی کی) چرخی - (۲) چرخی چھوٹنا - (۳) چکر کھاتا ہوا فوارہ - (۴) موم بتیوں کا جھاڑ - (۵) جڑاؤ آویزہ یا کرن پھول -

Girasol (e) (j-), *n.* : ایک قسم کا قیمتی پتھر -

Gird (girded or girt), *v. t.* : (۱) پیٹی باندھنا ؛ پٹکا باندھنا - (۲) تقویت پہنچانا ؛ مضبوط کرنا ؛ مستحکم کرنا - (۳) پیٹی میں تلوار باندھنا - (۴) پٹی یا پٹکے سے کسنا - (۵) لپیٹنا - (۶) گھیرا ڈالنا ؛ حلقہ ڈالنا ؛ احاطہ کرنا - (۷) محاصرہ کرنا ؛ گھیرنا -

g. oneself or one's *loins* : تیار ہونا ؛ کمر باندھنا -

Gird, *v. i., & n.* : مذاق کرنا ؛ آوازے کسنا ؛ طعنہ زن ہونا ؛ طعنہ ؛ مذاق ؛ ھنسی -

Girder, *n.* : (۱) شہتیر ؛ کڑی ؛ گرڈر - (۲) چھت یا پل کی ڈاٹ -

Girdle, *n. & v. t.* : (۱) پیٹی ؛ پٹکا ؛ کمر کی ڈوری - (۲) حلقہ ؛ گھیرا - (۳) درخت کی چھال چھیل کر جو حلقہ اس کے گرد بنا دیا جاتا ھے - (۴) (عضویات) چپنی ؛ جسم کا وہ حصہ جس کے سہارے سے ھاتھ پیر وغیرہ ٹکے ہوئے ہوتے ھیں - (۵) پیٹی باندھنا ؛ پٹکا باندھنا ؛ احاطہ کرنا ؛ گھیرنا ؛ حلقہ میں لینا ؛ درخت کے تنے کے گرد حلقہ بنا کر اس کو زیادہ پھل دار کرنا یا خشک کر دینا -

Girdle, *n.* : (اسکاچستان ، شمالی) الٹے توے کی طرح کی چیز کیک سینکنے کے لئے -

g. -cake : وہ کیک جو اس پر بنایا جائے -

Girl, *n.* : (۱) لڑکی ؛ بچی - (۲) ناکتخدا عورت ؛ دوشیزہ ؛ کنواری - (۳) خادمہ ؛ چھوکری - (۴) محبوبہ ؛ معشوقہ -

best g. : معشوقہ ؛ محبوبہ -

old g. : (۱) عورت کو محبت یا حقارت سے کہتے ھیں - (۲) گھوڑی وغیرہ کے لئے اسی موقع پر آتا ھے -

the gg. : ایک خاندان کی لڑکیاں (خواہ لڑکی شادی ہوئی ہو یا نہ ہوئی ہو) -

girlhood, *n.* : لڑکپن ؛ بچپن ؛ دوشیزگی ؛ کنیا پن ؛ بچی لڑکی (پیار میں) -

girlish, *a.* : معصوم ؛ بھولی ؛ کم سن ؛ شرمیلا ؛ شرمیلی -

girlishly, *adv.* : بھولے پن سے ؛ شرمیلے پن سے -

girlishness, *n.* : معصومیت ؛ بھولا پن ؛ شرمیلا پن -

Girondist, *n. & a.* : ۱۷۹۱ - ۹۳ میں معتدل جمہوری پارٹی کا رکن فرانس میں ؛ معتدل جمہوریت پسند

Girt, *n. & v. t.* : (۱) کسی چیز کے گرد کی پیمائش - (۲) اس قسم کی پیمائش کرنا -

Girt : دیکھو GIRD

Girth *n., & v. t.* : (۱) (گھوڑے کا) تنگ ؛ زیر بند - (۲) استوانہ نما چیز کے گرد کی پیمائش - (۳) تنگ کسنا ؛ تنگ باندھنا - (۴) گھیرنا ؛ احاطہ کرنا -

Gist, *n.* : خلاصہ ؛ اصل مدعا ؛ اصل مطلب ؛ لب لباب -

Gittern, *n.* : دیکھو CITHERN -

Give, *v. t. & i.* (gave.given) : (۱) دینا ؛ عنایت کرنا ؛ عطا کرنا ؛ بخشنا ؛ ھبہ کرنا ؛ ھدیہ دینا ؛ نذر کرنا ؛ ترکہ میں دینا ؛ نکاح میں دینا - (۲) حوالہ کرنا ؛ سپرد کرنا ؛ تفویض کرنا ؛ پیش کرنا - (۳) پلانا (دوا) - (۴) پہنچانا (پیغام) - (۵) دینا (قول زبانی) - (۶) ادا کرنا ؛ فروخت کرنا - (۷) وقف کرنا ؛ صرف کرنا - (۸) عادت ہونا ؛ لت ہونا - (۹) مارنا (ٹھوکر، نعرہ) ؛ دینا (دعا ، حکم) - (۱۰) فیصلہ کرنا - (۱۱) پیش کرنا ؛ بڑھانا (ھاتھ مصافحہ کے لئے) - (۱۲) ظاہر کرنا - (۱۳) گانا ؛ نقل کرنا ؛ ایکٹ کرنا - (۱۴) باعث ہونا ؛ وجہ تسمیہ ہونا - (۱۵) مقرر کرنا ؛ منسوب کرنا ؛ رکھنا (نام) - (۱۶) پیدا کرنا ؛ دینا ؛ نکلنا - (۱۷) ڈھیلا پڑنا ؛ گر پڑنا ؛ بیٹھ جانا ؛ ہٹ جانا ؛ سکڑ جانا - (۱۸) (کھڑکی کا کسی طرف) کھلنا -

g. a person to understand : اطلاع دینا ؛ کہنا -

g. a piece of one's *mind* : پر زور طریقے سے اپنا اختلاف کرنا -

g. away : (۱) دے ڈالنا ؛ ھبہ کرنا - (۲) دلہن کو دولہے کے ساتھ رخصت کرنا - (۳) راز فاش کرنا - (۴) (تکنیک وغیرہ کا) مورد بنانا - (۵) تقسیم کرنا (انعام) -

g. back : واپس کرنا ؛ لوٹا دینا -

g. birth to : جننا ؛ پیدا کرنا -
g. chase : پیچھا کرنا ؛ تعاقب کرنا -
g. child some thing to cry for : سچ مچ رلانا ؛ جو بچہ خواہ مخواہ روتا ہو اسے جڑا دینا -
g. ear to : شنوائی کرنا ؛ غور سے سننا -
g. forth : نکالنا ؛ خارج کرنا ؛ شائع کرنا ؛ اطلاع دینا -
g. ground : پسپا ہونا -
g. him his due : اس میں جو اچھی باتیں ہیں انہیں ماننا چاہیے ؛ عیب مے جملہ بگفتی هنرش نیز بگو -
g. in : دب جانا ؛ اطاعت قبول کرلینا ؛ مان لینا ؛ باضابطہ داخل کرنا (درخواست) ؛ بطور ضمیمے کے شامل کرنا -
g. it him : مارنا ؛ کندی کرنا ؛ مرمت کرنا -
g. me- : مجھے تو — پسند ھے -
g. off : نکالنا ؛ خارج کرنا (دھواں وغیرہ) -
g. one *as good as* one *gets* : کہرنے کا جواب کہرنسے سے دینا ؛ ترکی بترکی جواب دینا -
g. out : (۱) اعلان کرنا - (۲) نکالنا ؛ خارج کرنا - (۳) تقسیم کرنا - (۴) تھک کر نڈھال جانا - (۵) کم پڑنا -
g. over : دست بردار ہوجانا ؛ ترک کرنا (عادت) ؛ باز رہنا ؛ حوالہ کرنا -
g. place : کسی کے لیے جگہ خالی کرنا ؛ ایک شخص کی جگہ یا اس کے بعد دوسرے کا آنا -
g. rise to : باعث ہونا ؛ سبب ہونا -
g. the time of the day : سلام کرنا ؛ صبح بخیر ' شام بخیر ' وغیرہ کہنا -
g. the world, g. one's *ears* : کسی چیز کے لیے بڑی سے بڑی قربانی کرنا -
g. to the world : مشتہر کرنا ؛ شائع کرنا -
give up : (۱) چھوڑ دینا ؛ دست بردار ہو جانا ؛ مستعفی ہو جانا - (۲) حوالہ کرنا ؛ دے دینا - (۳) مغلوب ہو جانا ؛ بے تاب ہو جانا (جذبات سے) - (۴) قطع تعلق کر لینا - (۵) کوشش سے باز آنا - (۶) عادت ہونا ؛ لت ہونا - (۷) ظاہر کر دینا (شرکائے جرم کے نام وغیرہ) - (۸) لاعلاج یا لا حل سمجھ کر چھوڑ دینا ؛ مایوس ہوجانا -
given over to evil courses : بری عادتوں کا بندہ -
giver, *n.* : دینے والا وغیرہ -
Give, *n.* : لچک -
g. and take : دونوں طرف سے رعایت ؛ سمجھوتا ؛ مصالحت ؛ گفت و شنید -
Gizzard (g-), *n.* : (عضویات) سنگ دانہ ؛ پوٹا -
fret one's g. : دق کرنا ؛ پریشان کرنا یا ہونا -
sticks in one's g. : حلق سے نہیں اترنا (استعارتاً) ؛ نا گوار ہونا -
Glabrous, *a.* : (تشریح وغیرہ) بغیر بالوں کا ؛ چکنی کھال کا ؛ بے مو -
Glace (-ahsa), *a.* : (۱) چکنا ؛ چمکدار ؛ پالش کیا ہوا - (۲) شکر آمیختہ ؛ برف میں لگا ہوا ؛ برف پڑا ہوا -
Glacial (-asial, -ashl.), *a.* : (۱) برف کا ؛ برفانی - (۲) (کیمیا) بلورہ دار ؛ قلم دار - (۳) (ارضیات) برفانی -
g. epoch, era, period : برفانی دور -
glacially, *adv.* : برفانی حالت میں -
Glaciated (-s-. -sh-), *a.* : جو برف گرنے سے چکنا ہو جائے ؛ جس پر برف کی تہ جمی ہو ؛ یخ بستہ -
glaciation, *n.* : برف سے چکنا ہونا ؛ برف کی تہ جم جانا ؛ یخ بستگی -
Glacier, *n.* : برف کی چٹان یا برف کا چشمہ -
glaciered, *a.* : برف کی چٹانوں سے ڈھکا ہوا -
Glacis (or as F). *n.* : قلعے کا پشتہ -
Glad, *a.* & *v. t.* : (۱) خوش ؛ مسرور ؛ مگن ؛ دلشاد ؛ خرم ؛ شادمان - (۲) سرور آگیں ؛ مسرت بھری - (۳) مسرت بخش ؛ دلپذیر ؛ خوش آئند (خبر وغیرہ) - (۴) شگفتہ ؛ پاکیزہ (مزاج)- (۵) خوش کرنا -
g. rags : (عامیانہ ' امریکہ) اتوار کا لباس ؛ رسمی لباس -
the glad eye : سرور بھری نظر ؛ لگاوٹ کی نظر -
gladden, *v. t.* : (قدیم) خوش کرنا ؛ مسرور کرنا ؛ باغ باغ کرنا -
gladly, *adv.* : خوشی سے ؛ بہ خوشی -
gladness, *n.* : خوشی خرمی ؛ مسرت؛ شادمانی ؛ انبساط -
gladsome, *a.* : (شاعرانہ) خوش ؛ خرم ؛ شادمان ؛ مگن ؛ مسرور -
gladsomely, *adv.* : خوشی سے ؛ شادان و فرحان -
gladsomeness, *n.* : خوشی ؛ خرمی ؛ شادمانی -
Glade. *n.* : (۱) جنگل کے بیچ میں کھلا میدان یا رستہ - (۲) جنگلوں کے درختوں کے درمیان راستہ ؛ لیکھ ؛ پتیا -
Gladiator, *n.* : (۱) پیشہ ور تیغ زن (جس کا روماے قدیم میں عام جشن یا تماشوں میں مقابلہ کرایا جاتا تھا) - (۲) مناظرے کا مرد میدان -
Gladiolus (or gladi-), *n.* (pl. -luses, -li) : ایک پھول دار درخت جس کے پتے تلوار کی شکل کے ہوتے ہیں -
Gladstone, *n.* & *a.*, **G.** (bag) : ایک قسم کا ھلکا سفری هینڈ بیگ -
G. claret : ارزاں قسم کی شراب جو گلیڈ اسٹون کے زمانہ (۱۸۶۰ ع) میں محصول کم ہو جانے سے بہت رائج ہوگئی تھی-
Glair, *n.* & *v. t.* : (۱) انڈے کی سفیدی - (۲) وہ چپکنے والا مسالہ جو اس سے بنایا جاتا ھے ؛ لیس دار شے - (۳) انڈے کی سفیدی یا کوئی اور لیس دار چیز لپیٹ دینا -
glaireous *a.* : لیس دار ؛ سفیدی دار -
glairy, *a.* : انڈے کی سفیدی کا سا ؛ لیس دار -
Glaive, *n.* : چوڑے پھل کی تلوار -
Glamour, *n.*, & *v. t.* : (۱) سحر ؛ جادو ؛ ٹوٹکا - (۲) نظر فریب حسن - (۳) جادو کرنا ؛ موہ لینا -
cast a g. over : (کسی پر) سحر کرنا ؛ جادو کرنا -
glamorous, *a.* : سحرکا ؛ جادو کا ؛ مسحور کن؛ نظرفریب -
Glance, *v.i.*, & *t.* & *n.* : (۱) اچٹنا ؛ اچھٹ جانا (ہتھیار وغیرہ کا) - (۲) (کسی مضمون پر) اچٹتی ہوئی نظر ڈالنا یا سرسری بحث کرنا - (۳) چمکنا ؛ دمکنا ؛ چمک

اٹھنا - (۴) ترچھی حرکت یا رگڑ - (۵) (کرکٹ) ھٹ جو گیند کو کنکھیوں سے دیکھکر لگائی جاے - (۶) چمک ؛ جھلک - (۷)سرسری نظر ؛ اچٹتی نظر -

g. at : سرسری نظر ڈالنا ؛ طنزاً اشارہ کرنا -

g. one's *eye at* or *over.* : نظر دوڑانا ؛ نظر پھیرنا ؛ متوجہ ہونا -

g. over : ایک نظر ڈالنا ؛ سرسری طور پر پڑھنا -

glancingly, *adv.*: اچٹتے ھوے ؛ سرسری طور پر -

Gland, *n.* : (عضویات نباتیات) غدود -

glandless, *a.* : بے غدود -

glandular, *a.* : غدودی ؛ غدود نما -

glandule, *n.* : چھوٹا غدود -

glanduliferous, *a.* : پر غدود -

glandulose, *a.* : پر غدود -

glandulous, *a.* : غدودی -

Glanders, *n.* pl. (۱) گھوڑوں کی ایک متعدی بیماری جس میں جبڑوں کے نیچے کا حصہ سوج جاتا ھے اور نوک سے رطوبت خارج ھوتی ھے ؛ کنار - (۲) یہی بیماری جب وہ انسان کو لگ جاے -

glandered, *a.*: اس بیماری کا مریض -

glanderous, *a.* : اس بیماری سے متاثر -

Glandiferous, *a.* : بلوط سے لدا ھوا -

Glandiform, *a.* : (۱) بلوط نما - (۲) غدود نما -

Glare, *v. i.* & *t.*; & *n.* : (۱) چوندھیا دینا ؛ چکا چوند ڈالنا ؛ نظر خیرہ کر دینا - (۲) بہت زیادہ نمایاں ھونا ؛ نظر میں چبھنا - (۳) گھور کر یا گرم نگاھوں سے دیکھنا - (۴) آنکھوں سے نفرت یا حقارت ٹپکنا ؛ خیرہ کن روشنی ؛ تاب و تب ؛ آفتاب کی روشنی - (۵) بھڑکیلا پن ؛ بھدی آرائش - (۶) ٹکٹکی ؛ گھری نظر ؛ غضب آلود نظر -

glaringly, *adv.* : فاش طور پر ؛ نمایاں طور پر ؛ نظر کو خیرہ کرتے ھوے -

glaringness , *n.* : خیرہ کن ھونا ؛ فاش ھونا ؛ نمایاں ھونا -

glary, *a.* : خیرہ کن ؛ بھڑکیلا ؛ غضب آلود -

Glass,*n.* : (۱) شیشہ ؛ زجاج ؛ آبگینہ ؛ کانچ - (۲) شیشے سے مشابہ چیزیں - (۳) شیشے کے برتن ' زیور وغیرہ - (۴) شیشہ کا گلاس - (۵) گلاس بھر - (۶) ریت گھڑی - (۷) گاڑی کی کھڑکی - (۸) تصویر کا آئینہ ' شیشہ - (۹) پودوں کا شیشے کا سرپوش ؛ کھڑکیوں کا شیشہ - (۱۰) آئینہ ؛ شیشہ ؛ آرسی - (۱۱) آتشی شیشہ - (۱۲) (جمع) عینک ؛ چشمہ - (۱۳) عینک کا شیشہ - (۱۴) گھڑی کا شیشہ - (۱۵) عدسہ - (۱۶) دوربین ؛ خوردبین - (۱۷) ھوا پیما -

g.-blower : آبگینہ ساز ؛ شیشہ گر ؛ سنھیار -

g.-case : شیشہ کا ڈبہ -

g.-cloth : شیشہ صاف کرنے کا کپڑا -

g.-culture. : پودوں کو شیشے کے اندر اگانا -

g.-dust : کانچ کا برادہ -

g. eye. : (۱) نقلی آنکھ ؛ شیشے کی آنکھ - (۲) گھوڑوں کی ایک بیماری -

g.-house. : شیشہ کا کارخانہ ؛ شیشہ گھر (پودوں کے لئے یا مصوری کے لئے) -

g.-paper : وہ کاغذ جس پر شیشے کا برادہ چپکا ھوتا ھے -

g.-ware : شیشے کے آلات ؛ کانچ کا سامان -

glasswort. : ایک قسم کا درخت جو پہلے شیشہ بنانے میں کام آتا تھا -

glassful, *n.* : کوئی چیز جو گلاس بھر ھو -

glassless, *a.* : بے شیشے کا -

Glass, *v. t.* : (۱) (شاذ) شیشہ لگانا ؛ آئینہ جڑنا - (۲) (شاذ) شیشے کے ڈبے میں رکھنا - (۳) (شاذ) (آنکھوں کو) پتھرا دینا - (۴) عکس ڈالنا -

glassing-jack : ایک مشن جو چمڑا صاف کرتی ھے -

Glassy, *a.* : (۱) شیشے کے مانند ؛ کانچ سا - (۲) بے رونق ؛ بے نور ؛ پتھرائی ھوئی (آنکھوں کے لئے) - (۳) شفاف (پانی کی سطح) -

glassily, *adv.* : (۱) آئینے کی طرح - (۲) پتھرا کر -

glassiness, *n.* : شفاف ھونا ؛ ھموار ھونا ؛ پتھرا یا ھوا ھونا -

Glaswegian, *a.* & *n.* : گلاسگو کا (باشندہ) -

Glauber's salt (s), *n.* : سوڈیم سلفیٹ -

Glaucoma, *n.* : آنکھ کی بیماری جس میں پتلی پھیل جاتی ھے اور نظر رفتہ رفتہ جاتی رھتی ھے -

glaucomatous, *a.* : اس کا مریض -

Glaucous, *a.* : مٹیالا ؛ آبی یا سبز رنگ کا -

Glaze, *v. t. i.*, & *n.* : (۱) شیشے لگانا ؛ شیشے جڑنا ؛ شیشہ دار کھڑکیاں لگانا - (۲) شیشے کا روغن کرنا - (۳) (کپڑے چمڑے وغیرہ پر) کسی چمکدار چیز کی تہ دینا - (۴) رگڑ کر چمکا دینا ؛ پالش کرنا ؛ صیقل کرنا - (۵) جالا پڑنا (آنکھ میں) ؛ پتھرا جانا ؛ بے نور ھو جانا - (۶) شیشہ کا روغن ؛ کلپ ؛ پالش -

glaze in : شیشہ جڑنا -

glazer, *n.* : شیشہ لگانے والا وغیرہ -

glazy, *a.* : چمکدار -

Glazier , *n.* : کھڑکیوں میں شیشہ لگانے والا ؛ شیشہ ساز -

glaziery, *n.* : شیشہ سازی کا کام یا کارخانہ -

is your father a glazier? (مزاحاً) (اس شخص سے کہتے ہیں جو سامنے آکر دیکھنے میں حائل ھوتا ھے) کیا آپ شیشے کی طرح شفاف ھیں -

Glazing, *n.* : (۱) شیشہ لگانا وغیرہ - (۲) کھڑکیاں (شیشہ دار) - (۳) شیشے کا لک ؛ پالش ؛ صیقل -

Gleam, *n.*, & *v. i.* : (۱) جھلک ؛ چمک دمک - (۲) کسی صفت وغیرہ کی جھلک ؛ (امید وغیرہ کی) کرن ؛ شعاع - (۳) جھلکنا ؛ چمکنا ؛ دمکنا -

gleamy, *a.* : چمکدار ؛ جھلکتا ھوا -

Glean, *v. i. & t.* : (۱) خوشہ چینی کرنا ؛ بالیں جمع کرنا ؛ چننا ؛ بالیں توڑ کر کھیت کو صاف کرنا - (۲) جمع کرنا؛ چننا -

gleaning, *n.* : خوشہ چینی -

gleaner, *n.* : خوشہ چین -

Glebe, *n.* : (شعر) (۱) قطعہ زمین ؛ کھیت - (۲) گرجا کے متعلق زمین ؛ وہ زمین جو پادری کی تنخواہ کے لئے وقف ہو -

Glee, *n.* : (۱) موسیقی کی ایک خاص چیز جسے مختلف آوازوں کے تین یا زیادہ اشخاص باری باری سے گاتے ہیں - (۲) خوشی ؛ شادمانی ؛ مسرت ؛ انبساط ؛ سرور ؛ نشاط ؛ طرب -

gleeful, *a.* : خوش ؛ مسرور ؛ شادمان -

gleefully, *adv.* : مسرت سے ؛ شادمانی سے -

gleesome, *a.* : مسرور ؛ مگن -

Gleet, *n.* : ریم ؛ پتلا مواد جو زخم سے یا مثانے سے نکلتا ھے -

gleety, *a.* : اس مواد سے بھرا ہوا -

Glen, *n* : تنگ گھاٹی -

Glendoveer, *n.* : ایک پری -

Glengarry, *n.* : ایک قسم کی ٹوپی جس کو عموماً اسکاٹستان کے پہاڑی لوگ پہنتے ہیں -

Glenlivet, *n.* : ایک قسم کی شراب (اسکاٹستان کی) -

Glib, *a. & adv.* : (۱) چکنی ؛ صاف ؛ ہموار ؛ پھسلنی (سطح وغیرہ کے لئے) - (۲) (شاذ) (حرکت کے لئے) بے رکاوٹ ؛ بے تکلف - (۳) طرار ؛ لسان ؛ چرب زبان ؛ تیز ؛ سرپٹ ؛ بے لگام (زبان ، گفتگو) - (۴) چرب زبانی سے ؛ طراری سے -

glibly, *adv.* : روانی کے ساتھ ؛ سرپٹ ؛ تیزی سے ؛ طراری سے ؛ صفائی سے ؛ چکنے پن سے -

glibness, *n.* : ہمواری ؛ چکناپن ؛ تیزی ؛ طراری ؛ لسانی -

Glide, *v. i. & t., & n.* : (۱) سبک رفتار سے چلنا ؛ پھسلنا ؛ خاموشی سے بہنا ، گذرنا وغیرہ - (۲) دبے پاؤں جانا ؛ چوری سے جانا ؛ آہستہ آہستہ جانا - (۳) بغیر محسوس کئے گزر جانا - (۴) (ایک چیز کا دوسری میں) بتدریج منتقل ہونا ؛ رفتہ رفتہ بدلنا - (۵) سبکی سے چلانا ؛ پھسلانا ؛ آہستہ لے جانا ؛ پھسلنا ؛ چپکے سے گزرنا - (۶) (موسیقی) بغیرمحسوس ہوئے سر بدلنا - (۷) (صوتیات) انتقال لسانی -

glider, *n.* : آہستہ گذرنے والا ؛ پھسلنے والا -

glidingly, *adv.* : آہستہ آہستہ ؛ خاموشی سے ؛ سبکی سے ؛ دبے پاؤں سے ؛ غیر معلوم طریق پر -

Glim, *n.* : (عامیانہ) روشنی ؛ شمع ؛ چراغ ؛ لالٹین ؛ دیا -

Glimmer, *v. i., & n.* : جھلملانا ؛ ٹمٹمانا ؛ جھمکنا ؛ رہ رہ کر چمکنا ؛ ٹمٹماہٹ ؛ جھلملاہٹ ؛ جھمک ؛ خفیف سی جھلک ؛ کرن ؛ شعاع (امید وغیرہ کی) -

Glimpse, *n., & v. t. & i.* : جھلک ؛ سرسری جلوہ ؛ جھلک نظر آنا ؛ جھلک دیکھنا ؛ سرسری نظر ڈالنا ؛ (شاعرانہ) جھلک دکھانا ؛ پوپھٹنا -

Glint, *v. i. & t. & n.* : (۱) کوندنا ؛ چمکنا ؛ جگمگانا - (۲) چمکانا ؛ عکس ڈالنا -

Glissade (-ahd), *n., & v. i.* : (۱) کسی چیز کی مدد سے پھسلنا (کھڑی چٹان یا برف وغیرہ پر) -

Glisten (-isn), *v. i., & n.* : دمکنا ؛ رہ رہ کر چمکنا ؛ جھلکنا ؛ جگمگانا - (۲) چمک دمک وغیرہ -

Glister, *v. i., & n.* : (قدیم) دمکنا ؛ جگمگانا ؛ چمک دمک -

Glitter, *v. i., & n.* : (۱) چمکنا ؛ دمکنا ؛ جھمکنا ؛ جگمگانا ؛ درخشاں ہونا - (۲) آراستہ پیراستہ ہونا ؛ بھڑکدار ہونا ؛ جگ مگ کرنا ؛ چمک ؛ دمک ؛ تابش ؛ روشنی ؛ تجلی ؛ درخشانی ؛ بھڑکدار ؛ نمود -

Gloaming, *n.* : جھٹپٹا ؛ شام کا اندھیرا -

Gloat, *v. i.* : شوق وتمنا کی نگاہ سے دیکھنا ؛ للچائی نظروں سے دیکھنا ؛ شماتت کرنا -

gloatingly, *adv.* : نگاہ شوق سے ؛ ندیدوں کی طرح ؛ شماتت سے -

Globe, *n., & v. t. & i.* : (۱) کرۂ ؛ گول شے ؛ کرۂ زمین ؛ ارض - (۲) سورج ؛ سیارہ ؛ جرم - (۳) نقشہ کی شکل میں کرہ - (۴) سونے کا گولا (بادشاھی کی علامت ھے) - (۵) آنکھ کا ڈھیلا - (۶) شیشے کا برتن جس کی شکل قریب قریب مدور کی سی ہوتی ھے (خصوصاً لمپ کے گلوب وغیرہ) - (۷) مدور شکل اختیار کرنا ؛ مدور بنانا ؛ قطرہ یا گول بٹیا بنانا -

g.-fish : وہ مچھلی جو اپنے آپ کو پھلا کر گولے کی شکل اختیار کرلیتی ھے ؛ گول مچھلی -

g.-flower : ایک قسم کا پھول دار درخت جس کے پھول گول ہوتے ہیں -

g.-lightning : دیکھو fire-ball -

g.-trotter : جہاں گشت -

g.-trotting : جہاں گردی -

globoid, *a. & n.* : (۱) کروی - (۲) گول شے -

globose, *a.* : گول ؛ کروی -

globosity, *n.* : گولائی ؛ کرویت -

Globular, *a.* : (۱) کرے کی شکل کا ؛ کروی - (۲) قطروں پر مشتمل ؛ خون کے جسیموں پر مشتمل -

globularly, *adv.* : کرویت کے ساتھ -

globularity, *n.* : کرویت ؛ قطروں یا جسیموں پر مشتمل ہونا -

Globule, *n.* : چھوٹا کرہ ؛ خون کا جسیمہ ؛ قطرہ ؛ گولی وغیرہ -

Globulin, *n.* : ایک مادہ جو خون میں پایا جاتا ھے -

Glochidiate (-k-), *a.* : (نباتیات) پیکانی -

Glomerate, *a.* : (نباتیات و عضویات) گولی بنا ہوا ؛ گچھا بنا ہوا -

Glomerule, *n.* : (۱) پھولوں کا گچھا - (۲) اعصاب وغیرہ کا گچھا -

Gloom, *n.* : (۱) تاریکی ؛ اندھیرا ؛ ظلمت ؛ تیرگی - (۲) اداسی ؛ ملال ؛ کلفت ؛ حزن ؛ افسردگی ؛ یاس -

Gloom, *v. i. & t.* : (۱) اداس نظر آنا یا ہونا ؛ آزردہ ہونا یا نظر آنا - (۲) چیں بر جبیں ہونا ؛ تیوری چڑھانا ؛ ناک بھوں چڑھانا - (۳) ابر آلود ہونا ؛ تیرہ و تار ہونا (آسمان وغیرہ کا) - (۴) تاریکی چھا جانا ؛ تاریک ہو جانا ؛ اندھیرا ہوجانا - (۵) اندھیرا کردینا ؛ بے رونق کردینا ؛ اداس کردینا ؛ سونا کردینا -

Gloomy, *a.* : (۱) تاریک ؛ تیرہ ؛ اندھیرا ؛ بے نور - (۲) افسردہ ؛ غمگین ؛ اداس ؛ دل گیر ؛ ملول ؛ محزون - (۳) سونا ؛ بے رونق ؛

افسردہ کن -
gloomily, *adv.* : اداسی سے ۔ وغیرہ -
gloominess, *n.* : اندھیرا؛ تاریکی؛ تیرگی؛ ظلمت - (۲) افسردگی؛ حزن؛ ملال -
Gloria, *n.* : (۱) دعا اور حسب ذیل چیزوں کا مخفف ھے -
G. in excelsis = Glory be to God on high : اس مناجات کا -
G. patri = Glory be to the Father &c. اس حمد کا -
G. tibi = Glory be to thee. اس دعا کا -
(۲) آسمانی تاج جو مجاھدوں کو ملتا ھے؛ سنہرا دائرہ یا مستطیل جو پرانے زمانے کی تصویروں میں اولیا وغیرہ کے سروں کے گرد کھینچ دیا جاتا تھا - (۳) چاند کا ھالہ؛ نورانی ھالہ -
Glorify, *v.t.* : (۱) عظمت دینا؛ تقدیس کرنا؛ تہلیل کرنا - (۲) چمکانا؛ تجلی بخشنا؛ نور سے معمور کرنا - (۳) چار چاند لگانا؛ حسن دوبالا کرنا؛ خاک سے پاک کرنا؛ ذرے کو آفتاب بنانا - (۴) تعریف کرنا؛ مدح کرنا؛ بڑھانا؛ آسمان پر چڑھانا -
glorification, *n.* : (۱) تمجید؛ تکبیر؛ ثناء؛ حمد و ثنا - (۲) تنویر؛ چار چاند لگانا؛ خاک سے پاک کرنا -
Gloriole, *n.* : نورانی ھالہ -
Glorious, *a.* : (۱) حمید؛ مجید؛ جلیل؛ عظیم؛ جلیل القدر؛ رفیع الشان - (۲) مشہور؛ معروف؛ شہرۂ آفاق - (۳) معرکے کا؛ نمایاں؛ شاندار - (۴) شاندار؛ تاباں؛ درخشاں؛ فرحت بخش؛ مست؛ مخمور -
gloriously, *adv.* : عظمت و جلال کے ساتھ -
Glory, *n.* : (۱) شہرہ؛ ناموری - (۲) مایۂ فخر؛ وجۂ افتخار؛ طرۂ امتیاز - (۲) حمد؛ تمجید؛ توصیف؛ تعریف؛ ستایش - (۴) بزرگی؛ جلال؛ کروفر؛ عظمت؛ شان کبریائی؛ روحانی حسن و جمال - (۵) نور؛ تجلی - (۶) اقبال؛ عروج؛ اوج - (۷) نورانی ھالہ -
g. -hole : (عامیانہ) کثیف اور گندہ کمرہ وغیرہ -
go to g : جوار رحمت میں جانا؛ انتقال کرنا -
send to g. : واصل بحق کرنا؛ قتل کرنا -
Glory, *v.i* : فخر کرنا؛ ناز کرنا؛ نازاں ہونا؛ گھمنڈ کرنا؛ اترانا -
gloryingly, *adv.* : فخریہ -
Gloss, *n., & v. t. & i.* (۱) حاشیہ؛ معنی یا مطلب جو بین السطور لکھا جائے - (۲) تشریح؛ توضیح؛ ترجمہ؛ شرح - (۳) بے جا تاویل غلط معنی - (۴) فرہنگ؛ ترجمہ؛ بین السطور؛ حاشیہ لکھنا؛ شرح کرنا؛ نکتہ چینی کرنا؛ مغالطانہ تنقید کرنا - (۵) بیجا تاویل کرنا؛ غلط معنی پہنانا -
Gloss, *n. & v. t.* : (۱) بھڑک؛ چمک دمک؛ ملمع - (۲) ظاھری چمک دمک پیدا کرنا؛ ملمع کرنا؛ لیپ پوت کرنا -
glossily, *adv* : چمک دمک کے ساتھ -
glossiness, *n.* : ظاھری چمک دمک -
glossy, *a* : چمکدار؛ بھڑکیلا -
Glossal, *a.* : زبان کا؛ زبان کے متعلق؛ لسانی -
Glossary, *n.* : کسی کتاب کے دقیق الفاظ، مصطلحات وغیرہ کی فہرست اور ان کی تشریح؛ فرہنگ؛ حاشیہ؛ شرح -
glossarial, *a.* : فرہنگی؛ فرہنگ کے متعلق -
glossarist, *n.* : فرہنگ نگار؛ فرہنگ لکھنے والا -
Glossator, *n.* : شارح؛ خصوصاً قرون وسطی کے کلیسائی او ملکی قوانین کا شارح -
Gloss(o)- : (سابقہ) لسانی -
glosso- epiglottic : زبان اور فم حلق کے متعلق -
glossographer : شارح -
glossology : مصطلحات -
Glottis, *n.* : فم حلق -
glottal, glottic, *aa.* : فم حلق کے متعلق -
Gloucester, *n.* : ایک قسم کا پنیر جو گلوسٹر شائر میں بنتا ھے -
double - G : اعلی قسم کا پنیر -
single - G : معمولی پنیر -
Glove (-uv), *n.*, & *v. t.* - (۱) دستانہ - (۲) دستانے مہیا کرنا -
boxing - g. مکا بازی کا دستانہ -
fit like a g. بالکل ٹھیک یا موزوں ہونا -
g. -spong. دستانے کی شکل کی اسفنج -
g. -stretcher : وہ آلہ جس سے دستانے کی انگلیاں چوڑی کی جاتی ھیں -
take off the gg : آستین چڑھاکر لڑنا؛ زور شور سے بحث کرنا -
take up the g. مقابلے کی دعوت قبول کرنا -
throw down the g. مقابلے کی دعوت دینا -
without gg. آستینیں چڑھاکر؛ زور شور سے؛ بے رحمی سے -
gloveless, *a.* بے دستانہ -
glover *n.* : دستانے بنانے اور بیچنے والا -
Glow (-o) *v. i. & n.* (۱) دھکنا؛ تمتمانا؛ دمکنا - (۲) سرخ ہونا؛ لال ہونا؛ جوش میں آنا - (۳) دمک؛ سرخی؛ تمتماھٹ؛ جوش؛ جذبہ؛ حرارت -
all of a g. : دھکتا ہوا؛ تمتماتا ہوا -
g. -lamp : بے تار کا بجلی کا لمپ -
g. -worm : جگنو؛ کرمک شب تاب -
in a glow : دھکتا ہوا؛ تمتماتا ہوا -
glowingly, *adv.* : دمکتے ہوئے؛ جوش سے -
Glower (-owr), *v. i.* : قہر آلود نظر سے دیکھنا -
gloweringly, *adv.* : قہر آلود نظر سے -
Gloxinia, *n.* : امریکی پودا جس پر مختلف رنگ کے پھول کھلتے ھیں -
Gloze, *v. i. & t.* : (۱) (قدیم) رائے زنی کرنا - (۲) تالیف قلوب کرنا؛ تاویل کرنا؛ بات بنانا؛ عذر و معذرت کرنا؛ چکنی چپڑی باتیں کرنا؛ خوشامد کرنا -
glozingly, *adv.* : خوشامد سے؛ تالیف قلوب؛ تاویل یا عذر خواھی کے طور پر -
Glucinum (-oos-), *n.* : ایک قسم کی سفید دھات -
Glucose (-oo-), : انگور کی شکر -
glucoside, *n.* : شکر (نباتی و حیوانی) -
glucosic, *a.* : انگور کی شکر کا؛ شکری -
Glue (-oo), *n., & v. t.* : (۱) سریس؛ چپکنے والی چیز -

(۲) سریش وغیرہ سے چپکانا یا جوڑنا ؛ زور سے بند کرنا -

g.-pot : سریش پگھلانے کا برتن -

gluey, *a.* : چپکنے والا -

Glum, *a.* : خفا ؛ روٹھا روٹھا ؛ اُداس ؛ افسردہ ؛ آزردہ -

glumly, *adv.* : اُداسی سے ؛ خفگی سے

glumness, *n.* : اُداسی ؛ خفگی -

Glume, *n.* : (نباتیات) نخالہ ؛ بھوسی ؛ چوکر ؛ دانے کا چھلکا -

glumaceous, *a.* : نخالیہ -

glumose, *a.* : پر نخالہ -

Glut, *v. t. & n.* : (۱) ٹھونسنا ؛ بہت کھانا (جی بھر کر) ؛ خواہش پوری کرنا - (۲) بہت کھلا دینا ؛ حلق تک بھر دینا - (۳) (منڈی کو) اشیاے تجارت سے پاٹ دینا - (۴) سیری ؛ اتنا کھانا کہ منہ بھر جاے ؛ شکم پری ؛ بہتات ؛ افراط ؛ بھر مار -

Gluten, *n.* : چیپ دار شے ؛ ایک قسم کی چیپ دار حیوانی رطوبت ؛ چیپ دار مادہ جو آٹے میں ہوتا ہے ؛ لس -

glutinize, *v. i.* : چیپ دار یا لس دار ہوجانا -

glutinosity, *n.* : چیپ دار ہونا - ——

glutinous, *a.* : چیپ دار ؛ لس دار -

glutinously, *adv.* : چیپ دار چیز کی طرح -

Glutton, *n.* : (۱) پیٹو ؛ کھاؤ ؛ بڑ پیٹیا - (۲) نیولے کی قسم کا لیکن بڑا ' بسیار خور جانور -

g. for work : بہت زیادہ کام کرنے والا ؛ کام کرنے میں بھوت -

g. of books : بہت زیادہ پڑھنے والا ؛ پڑھنے کا بہت شوقین -

gluttonize, *v. i.* : پیٹو کی طرح کھانا ؛ حلق تک کھا جانا -

gluttonous, *a.* : پیٹو -

gluttonously, *adv.* : پیٹو پن سے -

gluttony, *n.* : پیٹو پن ؛ پر خوری -

Glycerinate, *v. t.* : گلیسرین کوکام میں لانا ؛ گلیسرین استعمال کرنا -

Glycerine, -in, *n.* : گلیسرین ؛ ایک قسم کا میٹھا شربت جو حیوانی اور نباتاتی روغنوں سے حاصل کیا جاتاھے اور بطور دوا کے استعمال ہوتا ھے -

glycerate, *n.* : گلیسری ترشے کا نمک ؛ گلیسرین میں کسی مادہ کا محلول -

glyceric, *a.* : گلیسری ؛ گلیسرین کا ' اس سے لیا ہوا اور اس کے متعلق -

glyceride, *n.* : گلیسرین کا مرکب ائیر -

glycero- : (سابقہ) گلیسری -

glyceryl *n.* : گلیسرین کا ایک مرکب -

Glycerol, *n.* : (کیمیا) گلیسرین -

Glyco- : (سابقہ) شیرین ؛ میٹھا -

Glycogene, *n.* : (کیمیا) وہ شے جو حیوانی اعصاب میں شکر پیدا کر دیتی ھے ؛ مولد شکر ؛ گلائی کوجین -

glycogenic, *a.* : حیوانی اعصاب میں شکر پیدا کرنے والی -

glycogenesis, *n.* : اس طور پر شکر بننے کا عمل -

Glycol, *n.* : ایک قسم کا الکوھل -

glycol (l) ic, *a.* : اس الکوھل کا -

Glyconic, *a. & n.* : (عروض) ایک یونانی اور لطینی بحر -

Glycosuria, *n.* : ذیابطیس -

glycosuric, *a.* : ذیابیطسی -

Glyphograph, glyphography, *nn.* : ابھری برقی چھپائی -

glyphograph, *v. t. & i.* : ابھری چھپائی سے چھاپنا -

glyphographer, *n.* : ابھری چھپائی سے چھاپنے والا -

glyphographic, *a.* : ابھری چھپائی کا -

Glyptic, *a.* : (جواھرات کی) کندہ کاری کے متعلق -

Glyptodon, *n.* : جنوبی امریکہ کا ایک چوپایہ جو اب معدوم ھے -

Glyptography, *n.* : کندہ کاری (جواھرات کی) ؛ علم کندہ کاری -

Gnarled, Gnarly, *aa.* : بلدار ؛ ناھموار ؛ گٹھی دار ؛ پیچدار -

Gnash, *v. i. & t.* : دانت کٹکٹانا ؛ دانت پیسنا -

Gnat, *n.* : (۱) مچھر ؛ پشہ - (۲) بہت معمولی تکلیف ؛ حقیر شے -

strain at g. : صرف ادنی باتوں کا خیال رکھنا -

Gnathic, *a.* : جبڑوں کا ؛ جبڑوں کے متعلق -

Gnaw, *v. t. & i.* : (۱) کترنا - (۲) گھن کی طرح لگنا ؛ گھلانا ؛ تحلیل کرنا ؛ سوھان روح ہونا -

gnawingly, *adv.* : کترتے ہوے ؛ تحلیل کرتے ہوتے -

Gneiss, *n.* : (۱) ابرق وغیرہ کی چٹان ؛ ابرق کی تہ - (۲) ابرق جیسی شے کی ورقدار چٹان -

gneissic, *a.* : ورقدار چٹان کا -

gneissoid, *a.* : ابرق کی ورقدار چٹان کے مشابہ -

gneissose, *a.* : ابرق کی ورقدار چٹان کی خاصیت کا -

gneissy, *a.* : ورقدار چٹان کی خاصیت کا -

Gnome, *n.* : قول ؛ مقولہ ؛ کہاوت -

Gnome, *n.* : (۱) روح خاکی (زیر زمین خزانوں کی محافظ) - (۲) بالشتیا -

gnomish, *a.* : بالشتیا سا ؛ روح خاکی سے مشابہ -

Gnomic, *a.* : (گفتگو) جو حکیمانہ مقولوں سے پر ہو -

g. aorist : مضارع جو عام حقیقتوں کو بیان کرنے کے لئے استعمال کیا جاے -

Gnomon, *n.* : (۱) ستون ؛ لوھے کی چھڑی وغیرہ جو دھوپ گھڑی کی سوئی کا کام دے - (۲) وہ ستون جس کی مدد سے سورج کے ارتفاع ' نصف النہار کا مشاھدہ کیا جاے ؛ ایک بڑے متوازی الاضلاع کے کونے سے کوئی چھوٹا متوازی الاضلاع کاٹ لینے کے بعد جو شکل رہ جاے -

gnomonic, *a.* : دھوپ گھڑی کی سوئی کے متعلق ؛ مذکورہ بالا شکل کے متعلق -

Gnosis, *n.* : (۱) علم روحانی ؛ باطنی علم - (۲) غناسطیت ؛ عیسائیوں کے ایک فرقے کا مسلک -

Gnostic, *a. & n.* : (۱) علم باطن کا ؛ عرفانی ؛ گیانی - (۲) علم باطنی رکھنے والا ؛ عارف ؛ غناسطی قدیم زمانے کے عیسوی فرقے کے لوگ جو علم باطنی کے مدعی تھے -

gnosticism, *n.* : غناسطیت ؛ عیسائیوں کے ایک فرقے کا مسلک -

gnosticize, *v. i. & t.* : غناسطی بننا یا بنانا -

Gnu, *n.* : جنوبی افریقہ کا ایک چکارا جو بیل سے مشابہ ہوتا ھے -

Go, *v. i.* (went, gone): (۱) جانا ؛ روانہ ہونا ؛ سدھارنا ؛ رخصت ہونا ؛ کوچ کرنا ؛ حرکت کرنا ؛ حرکت کرتے رہنا - (۲) سفر کرنا ؛

چلنا ؛ بڑھنا ؛ ترقی کرنا - (۳) کسی سمت میں واقع ہونا ؛ اشارہ کرنا (خط وغیرہ کا) - (۴) اتباع کرنا ؛ تقلید کرنا ؛ (کسی چیز کے) مطابق عمل کرنا ؛ (کسی چیز کی بنا پر) فیصلہ کرنا - (۵) (بھوکا ' ننگا ' مسلح وغیرہ) رہنا - (۶) حرکت میں ہونا ؛ چالو ہونا ؛ چلنا - (۷) بجنا (گھنٹے کا) - (۸) گذر جانا (وقت کا) - (۹) چلنا ؛ رائج ہونا ؛ موسوم ہونا ؛ مشہور ہونا - (۱۰) (دستاویز وغیرہ کا) مضمون ہونا ؛ مفہوم ہونا - (۱۱) (شعر یا گیت میں) روانی ہونا ؛ کسی خاص سر میں آسکنا - (۱۲) (واقعات کا) نتیجہ نکلنا (اچھا ' برا وغیرہ) ؛ (زندگی اچھی یا بری) گذرنا ؛ بیتنا - (۱۳) (انتخاب کا) نتیجہ نکلنا (موافق ' مخالف وغیرہ) - (۱۴) (کوئی خاص سیاسی مسلک یا طرز عمل) اختیار کرنا - (۱۵) بکنا - (۱۶) (روپے کا کسی چیز پر) خرچ ہونا ؛ صرف ہونا - (۱۷) علیحدہ یا ترک کیا جانا ؛ منسوخ ہونا ؛ کھویا جانا - (۱۸) مرنا ؛ گذر جانا - (۱۹) بیٹھ جانا ؛ ٹوٹ جانا ؛ پھٹ جانا ؛ رہ جانا - (۲۰) کو بیٹھنا (کوئی کام حماقت سے) - (۲۱) دینا (ضمانت) - (۲۲) چھیڑنا ؛ شروع کرنا (لڑائی وغیرہ) - (۲۳) (معاملے کو ایک خاص حد تک) پہنچانا ؛ کسی خاص حد تک پہنچنا - (۲۴) ڈوبنا ؛ اترجانا - (۲۵) سمانا ؛ (ایک عدد کا دوسرے کو) تقسیم کرنا - (۲۶) (کسی الماری یا خانے وغیرہ کے) متعلق ہونا - (۲۷) دیا جانا ؛ حصے میں آنا - (۲۸) مدد دینا ؛ مل کر کسی رقم کے مساوی ہونا - (۲۹) ہونا (مجنون وغیرہ) -

a going concern : کار و بار جو ترقی پر ہو -

as far as it goes : ایک حد تک ؛ اپنی حد تک -

be gone : دفع ہو ؛ دور ہو ؛ نکل جاو -

case goes by default : مقدمہ غیر حاضر فریق کے خلاف چل رہا ہے -

far gone : بہت بیمار ؛ بری طرح مبتلا یا گرفتار -

g. about : (کوئی کام) شروع کرنا -

g. about : (۱) مارا مارا پھرنا - (۲) کوشش کرنا ؛ سعی کرنا ؛ جد و جہد کرنا -

g. ahead : بے جھجک بڑھنا یا کوئی کام کرنا -

go-ahead : منچلا ؛ بلند حوصلہ -

g. along with : دیکھو GO with -

go-as-you-please : بے اصول ؛ بے قید -

g. at : حملہ کرنا ؛ پل پڑنا ؛ زور شور سے کرنا ؛ پیچھے پڑ جانا -

g. back from or upon one's words : وعدہ خلافی کرنا -

g. behind : اسباب پر غور کرنا ؛ تہ کو پہنچنا -

g. better or *one better* : بازی لے جانا ؛ بڑھ کر بات کہنا -

go-between : بچولیا ؛ دلال -

g. by : گزرنا -

go-cart : گڑولنا ؛ بچوں کے چلنے کی گاڑی -

g. down : (۱) ڈوبنا ؛ غرق ہونا - (۲) کسی خاص حد تک پہنچنا - (۳) (کاتب سے) شکست کھانا ؛ مغلوب ہونا - (۴) تحریر میں آنا - (۵) نگلا جانا ؛ حلق سے اتر جانا - (۶) قبول کر لیا جانا ؛ تسلیم کرلیا جانا -

goes a long way : (کسی کام میں کتنی دیر لگتی ہے) بہت مدد ملتی ہے -

g. for. : (۱) سمجھا جانا - (۲) کسی بات کے حاصل کرنے کی کوشش کرنا - (۳) (عامیانہ) حملہ کرنا -

g. halves : آپس میں آدھا آدھا بانٹ لینا -

g. hot and cold : (۱) شدت سے بخار آنا - (۲) شرم سے پانی پانی ہو جانا -

g. in : (۱) مقابلے کے لئے آنا ؛ میدان میں آنا - (۲) اننگ شروع کرنا - (۳) (سورج وغیرہ کا) بادلوں میں چھپ جانا ؛ غبار آلود ہو جانا -

g. in for : اختیار کرنا (پیشے ' مقصد یا اصول کے طور پر) -

going fifteen : پندرھویں سال میں -

going on for : (کسی وقت ' زمانہ کے) قریب ' لگ بھگ ' تک جاری -

going strong : زور شور سے چل رہا ہے -

go into : (۱) داخل ہونا ؛ اختیار کرنا (پیشہ) ؛ شریک ہونا ؛ حصہ لینا - (۲) کپڑے پہننا (ماتمی وغیرہ) - (۳) تحقیق کرنا ؛ تفتیش کرنا -

g. it. : (۱) زور شور سے کرنا ؛ دل کھول کر کرنا - (۲) عیاشی کرنا -

gone, dead and gone : گذر گیا ؛ مر گیا -

gone on : (عامیانہ) لٹو ؛ شیدا -

g. off : (۱) (ایکٹر کا) اسٹیج سے جانا - (۲) شروع کرنا - (۳) پھٹنا ؛ چھوٹنا (بندوق وغیرہ) - (۴) مرنا ؛ انتقال کرنا - (۵) رفتہ رفتہ دور ہو جانا (احساس) - (۶) بگڑ جانا ؛ بد تر ہو جانا - (۷) نیند میں مدھوش ہو جانا ؛ بے خبر ہو جانا - (۸) بے ہوش ہوجانا ؛ غش کھانا - (۹) بھاگ جانا ؛ نکل جانا -

go-off : روانگی ؛ آغاز -

g. off badly : نا کام رہنا -

g. off well : کامیاب ہونا -

g. on. : (کسی کے) ذمے ہونا ؛ حساب میں لکھا جانا -

g. on. : (۱) جاری رہنا ؛ جاری رکھنا - (۲) ثابت قدم رہنا ؛ مستقل رہنا - (۳) رجوع کرنا ؛ متوجہ ہونا (ایک کام کے بعد دوسرے کی طرف) - (۴) (شرمناک) طرز عمل اختیار کرنا - (۵) طعنہ زنی کرنا ؛ آوازہ کسنا (روز مرہ) - (۶) اسٹیج پر آنا (ایکٹر کا) ؛ اپنی باری کا کام کرنا - (۷) (کرکٹ) گیند پھینکنا شروع کرنا -

go on the streets : پیشہ کرنا ؛ زن بازاری بن جانا -

g. out : (۱) باہر جانا ؛ نکلنا - (۲) بجھنا ؛ گل ہونا - (۳) (مجلس وزراء کا) مستعفی ہونا - (۴) رواج اٹھ جانا ؛ فیشن نہ رہنا - (۵) کسی نو آبادی کو جانا ؛ تلاش معاش میں گھر سے نکلنا - (۶) سوسائیٹی میں ملنا - (۷) ہڑتال کردینا ؛ کام چھوڑ دینا - (۸) دل میں (کسی کی) محبت کا جوش اٹھنا -

g. over : (۱) ملاحظہ کرنا ؛ معائنہ کرنا (تفصیل سے) - (۲) از سر نو کرنا ؛ دھرانا ؛ تکرار کرنا - (۳) نظر ثانی کرنا ؛ اصلاح دینا -

g. over : ایک پارٹی (یا مذہب) کو چھوڑ کر دوسری پارٹی (یا مذہب) اختیار کرنا -

g. over the top or bags : (فوج) دشمن پر حملہ کرنے کے لئے خندق سے نکلنا -

g. phut : بیٹھ جانا ؛ برباد ہوجانا (عامیانہ) -

g. round : (۱) بے ضابطہ یا بے تکلفانہ ملاقات کے لئے جانا - (۲) سب کے لئے کفایت کرنا (کھانے وغیرہ کا) ؛ سب کو پہنچ جانا -

g. through : (۱) تفصیل کے ساتھ بحث کرنا ؛ غور کرنا - (۲) پورا کرنا ؛ انجام دینا - (۳) برداشت کرنا ؛ سہنا - (۴) بک جانا ؛ نکل جانا (کتاب کے ایڈیشن کا) -

g. through with : پورا کرنا ؛ تمام کرنا -

g. to : (نجابئیہ) (متروک) بس رہنے بھی دو -

g. to bar : وکالت کا پیشہ اختیار کرنا -

g. to Canossa : سرکشی کے بعد عاجزی کا اظہار کرنا -

g. together : متلازم ہونا ؛ لازم ملزوم ہونا ؛ میل ہونا ؛ مناسب ہونا -

g. to Jericho : دور ہوجاؤ -

go-to-meeting : گرجا جانے کے (کپڑے) -

g. to one's *heart* : دلگیر کرنا ؛ صدمہ پہنچانا -

g. to pieces : پارہ پارہ ہوجانا ؛ ٹکڑے ٹکڑے ہوجانا ؛ پاش پاش ہوجانا ؛ چیتھڑے اڑجانا -

g. to school : تعلیم حاصل کرنا -

g. to sea : جہازرانی کا پیشہ اختیار کرنا -

g. to stage : ایکٹری (تماشا گری) کا پیشہ اختیار کرنا -

g. to the country : عام انتخاب کے ذریعہ سے ملک کی رائے معلوم کرنا -

g. under : ڈوبنا ؛ برباد ہونا ؛ نا کام ہونا ؛ مغلوب ہونا -

g. up the line : (فوج کا) مرکز سے محاذ پر جانا -

g. west : (عامیانہ) (فوج) مرنا ؛ مارا جانا -

g. with : (۱) متلازم ہونا ؛ ساتھ ہونا - (۲) ہم خیال ہونا - (۳) موزوں ہونا ؛ جوڑ ہونا - (۴) مطلب سمجھنا -

g. with out : (۱) محروم ہونا - (۲) کام چلا لینا (بغیر کسی چیز کے) -

g. with tide or times : زمانے کی ہوا کے رخ پر چلنا -

I'll go bail : میں اس بات کا ضامن ہوں ؛ میں وثوق سے کہتا ہوں -

six mounth gone with chila : چھ مہینے کی حاملہ -

to give the go-by : بازی لے جانا ؛ سبقت لے جانا ؛ آگے بڑھ جانا ؛ پیچھا چھڑانا یا بچنا ؛ پروا نہ کرنا -

the story goes : مشہور ہے -

went well : بہ خیر و خوبی ہوگیا ؛ کامیاب رہا -

will go far : بڑے رتبے پر پہنچے گا -

Go, *n.* (pl. goes) : (۱) جانا - (۲) ہمت ؛ جرأت ؛ تیزی ؛ طراری ؛ جوش - (۳) مشکل ؛ گڑبڑ - (۴) ایک بار کوشش - (۵) شراب یا کھانے کا ایک دور - (۶) تاش کے ایک کھیل (cribbage) میں وہ موقع جب کھلاڑی کوئی پتہ نہ کھیل سکے -

all or quite the go : فیشن یا رواج کے مطابق (روز مرہ) -

a rum go : عجب بیڈھب بات ہے -

come and go : آمد و رفت (آدمیوں گاڑیوں وغیرہ کی) ؛ آناجانا -

have a go to : کسی کام پر آمادہ ہونا -

here's, what, a go ! بیڈھب معاملہ ہے -

it is no go : کچھ نہیں ہوسکتا (روز مرہ) -

on the go : (۱) رواں ؛ حرکت میں - (۲) زوال کی حالت میں ؛ پستی کی حالت میں ؛ چل چلاؤ میں -

near go : (روز مرہ) - بال بال بچنا ؛ ہوتے ہوتے رہ جانا -

Goad, *n.*, & *v. t.* : (۱) آنکس ؛ کچوک ؛ پینا - (۲) سوہان روح ؛ اکسانے والی چیز ؛ مہمیز - (۳) پینا یا آنکس چبھونا - (۴) چھیڑنا ؛ کھٹکنا - (۵) اکسانا ؛ آمادہ کرنا ؛ ورغلانا -

Goal, *n.* : (۱) گھڑ دوڑ ختم ہونے کی جگہ - (۲) مقصود ؛ مطمح نظر - (۳) منزل مقصود - (۴) (فٹ بال) گول ؛ دو کھمبوں کے درمیان کا فاصلہ جن میں سے گیند گذرنے پر ہار جیت ہوتی ہے ؛ ایک بار کی جیت - (۵) (قدیم روما) وہ ستون جو رتھوں کی دوڑ میں ہر موڑ پر ہوتا تھا -

g. -keeper : گول کیپر -

g.- line : وہ خط جو گول کے کھمبوں کو ملاتا ہے -

Goat, *n.* : (۱) بکری ؛ گوسفند ؛ بز - (۲) برج جدی - (۳) (جمع) وہ ذیلی خاندان جس سے بکری کا تعلق ہے - (۴) شہوت پرست آدمی -

g. -god : دیکھو PAN -

goatherd : چرواہا ؛ بکریاں چرانے والا ؛ گڈریا ؛ شبان ؛ چوپان ؛ گلہ بان -

goat's -beard : ایک قسم کا پودا (دیکھو salsify) -

goatskin : بکری کی کھال کی صراحی یا لباس -

g. sucker : ایک قسم کا پرندہ دیکھو nightjar -

sheep & gg. : نیک و بد -

g.'s wool : شے معدوم ؛ چڑیا کا دودھ ؛ گولر کا پھول -

goatish, goaty, *aa.* : بکرے کا سا ؛ پر شہوت -

goatishly, *adv.* : بکرے کی طرح ؛ شہوت پرستی سے -

goatishness, *n.* : بکرے کی خاصیت ؛ شہوت پرستی -

Goatee, *n.* : بکرے کی سی ڈاڑھی ؛ کچی ڈاڑھی -

Goatling, *n.* : بکری کا بچہ ؛ بزغالہ -

Gob, *n.*, & *v. i.* : (۱) (سوقیانہ) لعاب دار شے ؛ تھوک وغیرہ - (۲) تھوکنا -

Gobang, *n.* : ایک قسم کا کھیل جو بساط پر کھیلا جاتا ہے -

Gobbet, *n.* : (قدیم) ٹکڑا ؛ ڈھیلا ؛ خصوصاً کچے گوشت یا کچے کھانے کی چیز کا -

Gobble, *v. t.* & *i.* : ٹھکوسنا ؛ ہڑپ کرجانا ؛ چیز چیز کر کے کھانا ؛ جلدی جلدی کھانا -

g. -stitch : موٹا ٹانکا -

gobbler, *n.* : ٹھکوسنے والا -

Gobble, *n.* : (گولف کے کھیل میں) ایسا ہاتھ جس سے گیند سیدھی سوراخ میں پہنچ جائے -

Gobble, *v. i.* : (۱) نیل مرغ کا بولنا - (۲) " مرغ کی طرح بولنا ؛ (غصے میں) کڑکڑانا -

gobbler, *n.* : نیل مرغ ؛ پیلو -

Gobelin, *a.* : متعلق بہ گابلن کار خانہ -

Gobelins : پیرس کا سوزن کار خانہ جو Gobelin نے قائم کیا تھا -

G.tapestry : گابلن کے بنے بنے کے نمونے کا ہر سوتی کی قسم کام کیا -

Gobemouche, *n.* : وہ شخص جو خبروں کو جلد یقین کرلیتا ہے اور مشہور کردیتا ہے -

Goblet, *n.* : ساغر ؛ جام ؛ قدح ؛ پیالہ (اب شعر میں استعمال ہوتا ہے) - (۲) تھالی جوڑ گلس (تاجرانہ) -

Goblin, *n.* : شریر بد شکل روح -

Goby, *n.* : ایک قسم کی مچھلی -

God, *n.* : (۱) دیوتا ؛ دیوی - (۲) بت ؛ مورتی ؛ جانور وغیرہ جس کی پرستش کی جاے - (۳) خدا وند ؛ خداے مجازی؛ وہ شخص جس کی بےحد تعظیم یا جس سے بےحد محبت کی جاے - (۴) گیلری میں بیٹھنے والے تماشائی (تھیٹر) - (۵) خدا ؛ اللہ ؛ خالق -

by g. : بخدا ؛ خدا کی قسم ؛ واللہ -

feast, sight for the gg. : نہایت عمدہ منظر وغیرہ -

for G.'s sake. : براے خدا ؛ خدا کے لئے -

God's -acre : قبرستان -

G.'s book : انجیل مقدس -

God's earth : روے زمین ؛ ملک خدا -

godfather : وہ شخص جس کے نام پر کسی شے یا شخص کا نام رکھا جاے ؛ ذمہ دار ہونا ؛ کفیل ہونا ؛ اپنے نام پر کسی کا نام رکھنا -

G. father, g. mother &c : دینی باپ ، دینی ماں وغیرہ -

god-fearing خدا ترس ؛ حق شناس ؛ با خدا -

G. forbid! : خدا نخواستہ ؛ خدا نکرے -

G. grant : خدا نے چاہا ؛ انشاءاللہ -

G.'s image : انسان کا جسم -

G. knows : خدا جانے ؛ خدا جانتا ہے کہ

godman : حضرت عیسیٰ علیہ السلام -

g. of day : سورج؛ شمس -

g. of hell : پلو ٹو -

g. of love, blind g. : کیوپڈ ؛ عشق کا دیوتا ؛ کام دیو -

g. of heaven : مشتری -

g. of this world : شیطان ؛ ابلیس -

g. of war : مریخ -

g. of wine : یونانیوں کا دیوتا بیکس -

godsend : نعمت غیر مترقبہ -

god-speed : خدا حافظ -

G. speed you : مع الخیر -

G. the father, G. the son, G. the Holy Ghost : اقانیم ثلاثہ؛ خدا ، خدا کا بیٹا اور روح القدس -

G.'s truth : حقیقت محض ؛ بالکل سچی بات -

G. willing : انشاءاللہ -

oh, my, good, &c G.! : (کلمۂ تعجائیہ) اظہار غم و غصہ ، رنج و تکلیف کے لئے -

thank G. : بہ توفیق الہی ؛ خدا کے حکم سے ؛ شکر ہے -

under G. : دیوتا -

with G. : مرحوم ؛ عرش آشیاں -

godhood, *n.* : الوہیت ؛ خدائی -

god-ship, *n.* : الوہیت ؛ خدائی -

godward, *adv.* & *a.* : إلی اللہ ؛ خدا کی طرف -

godwards, *adv.* : إلی اللہ ؛ خدا کی طرف -

God, *v.t.* : خدا بنانا ؛ خدا کا رتبہ دینا -

g. it. : خدائی کرنا -

Goddess, *n.* : (۱) دیوی - (۲) محبوبہ ؛ معشوقہ -

g. of love : زہرہ -

Godetia, *n.* : ایک قسم کا پھول دار درخت -

Godhead, *n.* : (۱) الوہیت ؛ ربوبیت ؛ خدائی - (۲) دیوتا ہونا - (۳) دیوتا ؛ دیوی - (۴) خدا ؛ اللہ -

Godless, *a.* : (۱) بے دیوتا کا - (۲) بے دین ؛ ملحد ؛ بے پیر؛ بد اعمال ؛ برا -

godlessness, *n.* : بے پیری ؛ بد اعمالی -

Godlike, *a.* : (۱) خدائی ؛ ربانی ؛ رحمانی ؛ خدا جیسی - (۱) دیوتاؤں کے لائق ؛ دیوتا کے مثل -

Godly, *a.* : باخدا ؛ متقی ؛ پرہیزگار ؛ دین دار -

godliness, *n.* : تقویٰ ؛ خدا پرستی -

Godown, *n.* (Anglo-Ind.) گودام ؛ مال گودام -

Godwit, *n.* : پرند جو دلدل میں رہتا ہے -

Goer, *n.* : جانے والا ، چلنے والا (شخص) ؛ چلنے والی چیز -

Goethian(gertian), *a.* & *n.* : گوئیٹے کا ؛ گوئیٹے سے متعلق ؛ گوئیٹے کا پیرو یا ہم خیال (گوئٹے سنہ ۱۷۴۹ تا ۱۸۳۲ع جرمنی کا مشہور شاعر تھا) -

Gofer, *n.* : ایک کیک جو شہد کی مکھی کے چھتے کی شکل میں بنایا جاتا ہے -

Gof(f)er, Gopher, Gauffer, *v. t.*, & *n.* : گرم سلاخوں سے لہریں ڈالنا یا نالیاں بنانا ؛ پلیٹیں ڈالنا (لیس کے کناروں وغیرہ میں)؛ پلیٹیں وغیرہ ڈالنے کی سلاخیں ؛ آرائشی پلیٹیں جو جھالر وغیرہ میں ڈالتے ہیں -

goffered edges : (کتاب کے) ابھرواں کنارے -

Goggle, *v. i.* & *t.*, *a.*, & *n.* : (۱) ترچھا دیکھنا ؛ کن انکھیوں سے دیکھنا ؛ بھینگے پن سے دیکھنا ؛ آنکھیں نکالنا - (۲) ابھری ہوی پھرتی (آنکھ کی پتلی) - (۳) دھوپ عینک ؛ بڑا چشمہ؛ (عامیانہ) جو کھلتے شیشے کا چشمہ - (۴) بھیڑوں کی ایک بیماری -

goggle-eyed, *a.* : جس کی آنکھیں باہر کو نکلی ہوئی ہوں -

Goglet, guglet (Anglo-Ind.), *n.* : صراحی؛ جھجری ؛ جھجر -

Goidel, Goidelic, *a.* & *n.* : دیکھو Gadhelic -

Going, *n.* : (۱) جانا ؛ چلنا وغیرہ - (۲) سڑک وغیرہ کی حالت (سفر کے لئے)- (۳) جالو- (۴) موجودہ ؛ جو مل سکے -

goings-on : طرز عمل ؛ افعال -

Goitre, *n.* : گھینگا ؛ گلھڑ -

goitred, *a.* : گھینگے دار -

Goitrous, *a.* : گھینگے سے متعلق یا مشابہ؛ گھینگے والا ؛ (وہ جگہ) جہاں گھینگے کی کثرت ہو -

Golconda, *n.* : دولت کی کان (گول کنڈے کی دولت مشہور تھی)-

Gold, *n.* & *a.* : (۱) سونا ؛ زر ؛ طلا - (۲) اشرفیاں ؛ روپیہ ؛ مال و زر ؛ دولت ؛ روپیہ پیسہ ؛ (مجازاً) خوبصورت ، شاندار یا قیمتی شے - (۳) سونے کاملمع ؛ سونے کا جھول -(۴) سونے

کا رنگ - (۵) سنہرے رنگ کا - (۶) سونے کا - (۷) کوئی سکہ اصلی قیمت کے حساب سے -

age of gold : عہد زرین ؛ ست جگ -

g. amalgam : پارے کے ساتھ ملا ہوا سونا -

g.-beater : زرکوب ؛ سونے کے ورق بنانے والا

g.- beater's skin : جھلی جو سونے کے ورق بنانے میں کام آتی ہے -

g. -dust : سونے کا برادہ -

g. -fever : سونے کی تلاش کا جنون -

g. -field : وہ علاقہ جہاں سونا نکلتا ہے -

goldfinch : ایک قسم کا خوبصورت گانے والا پرندہ جس کے پنکھ پر سنہرے داغ ہوتے ہیں ؛ (عامیانہ) سونے کا سکہ ؛ گنی ؛ اشرفی -

g. -fish : چین کی سرخ مچھلی جو بطور نمائش رکھی جاتی ہے -

g. -foil, -leaf : سونے کا پترو ؛ سونے کا ورق -

g. plate : سونے کے برتن -

g. -rush : سونے کی نئی کان پر ہورنہ -

goldsmith : سنار ؛ زرگر -

gold-smith's beetle : سنار کی ہتوڑی -

G. stick : وہ سنہری چھڑی جو سرکاری جشن کے موقع پر گارڈ کے رسالہ کے کرنل کے ہاتھ میں ہوتی ہے -

old g. : ہلکا بھورا مائل سنہری رنگ -

old- g. : ایسے رنگ کا -

Golden, *a.* : (۱) طلائی ؛ زرین ؛ سونے کا - (۲) جہاں سونے کی کثرت ہو ؛ زرخیز ؛ زرریز ؛ پر زر - (۳) سنہری ؛ سونے کی طرح چمک دار - (۴) قیمتی ؛ عمدہ ؛ بیش بہا ؛ نفیس ؛ اہم ؛ ضروری -

g. age : ست جگ -

g. balls : گروی رکھنے والے کی دکان کا نشان -

g. -eye : ایک قسم کی بحری بطخ -

G. Horn : آبنائے باسفورس -

g. key : روپیے کی کنجی ؛ روپیہ جس کے ذریعہ سے رکاوٹیں دور کی جائیں -

g. -knop : دیکھو Ladybird

g. mean : خیرالامور اوسطہا کا اصول ؛ اصول اعتدال ؛ بیچ کی راہ ؛ نقطۂ اعتدال -

g. -mouthed : شیریں کلام ؛ شیریں زبان ؛ خوش بیان -

g. number : وہ عدد جو ایسٹر کی تاریخ نکالنے میں استعمال ہوتا ہے -

g. opinions : بے حد عزت یا احترام -

g. opportunity : زرین موقع -

g. rain : ایک قسم کی آتشبازی -

g. remedy : تیر بہدف علاج ؛ بہترین علاج -

g. -rod : ایک پودا جس کا تنہ چھڑی کا سا اور پھول شوخ زرد رنگ کا ہوتا ہے -

g. saying : زرین مقولہ -

g. syrup : ایک ہلکے زرد رنگ کا شیرہ ؛ چاشنی -

g. wedding : شادی کی پچاسویں سالگرہ -

the g. rule : زرین اصول ؛ ارشاد مسیح (اوروں سے وہ سلوک کرو جس کی تم دوسروں سے توقع رکھتے ہو) -

Goldilocks, *n.* : ایک قسم کا پھول دار درخت -

Golf (*also* gof), *n.* & *v. i.* : (۱) گولف ؛ ایک قسم کا کھیل - (۲) گولف کھیلنا -

g. -club : گولف کھیلنے والوں کی انجمن

golfer, *n.* : گولف کھیلنے والا -

Goliath, *n.* : جن ؛ دیو -

Golliwog, *n.* : مضحک گڑیا ؛ ہوا -

Golly, *int.* : خدا ؛ خدا کی قسم (زیادہ تر حبشی استعمال کرتے ہیں) -

Golosh : دیکھو Galosh -

Goluptious, golop- *a.* : (مزاحاً) خوش ذائقہ ؛ لذیذ ؛ خوش گوار ؛ دلپذیر -

Gombeen, *n.* : سود خواری -

g. man : سود خوار ؛ روپیہ سود پر چلانے والا -

Gom (b) roon, *n.* : ایرانی طرز کے مٹی کے برتن جس کی نقل چلسی (Chelsea) کے برتنوں میں کی جاتی ہے -

Gomorrah, *n.* : بدکار شہر ؛ ایک قصبہ جس کے باشندے بد اعمال تھے -

-gon : (لاحقہ) زاویوں والا -

hexagon : چھ زاویوں والا ؛ مسدس -

polygon : بہت زاویوں والا ؛ کثیرالاضلاع -

Gondola, *n.* : (۱) بجرا ؛ کشتی (جو وینس کی نہروں میں چلتی ہے) - (۲) موٹر کار جو ہوائی جہاز میں آویزاں ہوتی ہے -

Gondolier, *n.* : (وینس) بجرا چلانے والا ؛ کشتی چلانے والا -

Gone, *a.* : (۱) گیا ہوا وغیرہ - (۲) گیا گذرا ؛ لاعلاج ؛ ازدست رفتہ - (۳) گذرا ہوا (زمانہ) -

a gone man, goner : گیا گذرا آدمی -

Gonfalon, *n.* : جھنڈا ؛ نشان ؛ علم (خصوصاً بعض اطالوی جمہوری ریاستوں کا) -

Gonfalonier, *n.* : (۱) نشانچی ؛ علم بردار ؛ جھنڈے کا اٹھانے والا - (۲) اٹلی کی بعض ریاستوں کا مجسٹریٹ -

Gong, *n.* : (۱) گھنٹہ ؛ گھڑیال - (۲) پیالی کی شکل کی گھنٹی -

Gongorism, *n.* : اسپینی زبان کا ایک اسلوب بیان جس میں تصنع اور تقلب سے کام لیا جاتا ہے اور کلاسکی تلمیحات کی کثرت ہوتی ہے -

Goniometer, *n.* : زاویہ ناپنے کا آلہ ؛ زاویہ پیما -

goniometric, *a.* : زاویہ پیمائی کا -

goniometrical, *a.* : زاویہ پیمائی کے متعلق -

goniometry, *n.* : زاویہ پیمائی -

Gonorrhoea (-orea), *n.* : سوزاک -

gonorrhoeal, *a.* : سوزاکی -

Good, *a.* (better, best), & *n.* : (۱) اچھا ؛ بھلا ؛ عمدہ ؛ نفیس ؛ خوب ؛ کافی ؛ قابل اطمینان - (۲) معقول ؛ مناسب ؛ درست ؛ موزوں ؛ قرین مصلحت - (۳) نیک ؛ نیک نفس ؛ پارسا ؛ خوش خصال ؛ بھلا ؛ شریف - (۴) کریم النفس ؛ رحیم ؛ شفیق ؛ مہربان - (۵) تمیز دار ؛ با ادب ؛ سیدھا (بچے کے لئے) - (۶) خوشگوار ؛ پسندیدہ ؛ دلچسپ ؛ مفید ؛ نافع ؛ صحت بخش - (۷) قابل ؛ ہوشیار ؛ کام

کا؛ کار آمد - (۸) قابل وثوق؛ قابل اعتماد؛ معتبر - (۹) صحیح؛ مستحکم؛ قوی؛ مکمل؛ کافی؛ معقول - (۱۰) (صفت بطور اسمِ جمع) نیک لوگ؛ اچھے؛ اخیار؛ ابرار - (۱۱) خیر؛ نیکی؛ فضیلت؛ فایدہ؛ نفع؛ بھلائی؛ بہبودی؛ بہتری - (۱۲) (جمع) اسباب؛ جائداد منقولہ - (۱۳) مال؛ تجارتی سامان -

a g. fire : خوب جلتی ہوئی آگ -

a g. life : وہ زندگی جس کا بیمہ ہوسکے -

a g. man : وہ شخص جس کی مالی حالت اچھی ہو -

as g. as : قریب قریب؛ بمنزلہ -

as g. as a play : بہت دل چسپ؛ بہت پر لطف -

be g. enough to : از راہ عنایت -

come to g : اچھا نتیجہ نکلنا -

for g., for g. and all : ہمیشہ کے لئے -

for a good hour : کم سے کم ایک گھنٹہ -

g. breeding : خوش اخلاقی؛ تہذیب؛ شائستگی -

g. debt - وہ قرضہ جس کی وصولی یقینی ہو؛ قابل وصول قرضہ -

g. eaeting : خوش ذائقہ' مزے کا (کھانا) -

g. fellow : یار باش' خلیق' ملنسار شخص یا ساتھی -

g. -fellowship : ملنساری؛ یار باشی -

g. for. : کسی کام کے لئے آمادہ -

g. for an amount : (ایک معینہ رقم کی) ادائی کے قابل (شخص)؛ ایک معینہ رقم کی (ہنڈی وغیرہ) -

g. -for -nothing : نکما؛ نا کارہ -

g. -for -nought : نکما؛ نا کارہ -

g. humsour : خوش مزاجی؛ خوش طبعی -

g. law : رائے یا فیصلہ جو قانوناً صحیح اور موزوں ہو -

g. -looking : خوبصورت؛ حسین -

good looking : فرشتہ صورت-

g. looks حسن؛ خوبصورتی -

g. luck : خوش قسمتی؛ حسنِ اتفاق -

g. luck to you : خدا تمہیں کامیاب کرے -

goodman : صاحب خانہ؛ گھر والا؛ خاوند' شوہر' باپ (وغیرہ)-

g. money : (۱) کھرا سکہ - (۲) (سوقیانہ) بڑی تنخواہ؛ بہت مزدوری -

g. morning, g. evening &c. : صبح بخیر' شام بخیر وغیرہ -

g. morrow : (قدیم) صبح بخیر -

g. nature : نیکی؛ بھل منسی؛ نیک دلی

g. neighbourhood, g.neighbourlines, g.neighbourship : دوستانہ برتاؤ -

g. sense : معاملہ فہمی؛ سمجھ؛ خوش مزاجی -

g. soil : زرخیز زمین -

g. thing : (۱) اچھا سودا - (۲) لطیفہ - (۳) مزیدار چیزیں؛ لذیذ کھانے -

good- temperedly, : حلم سے؛ برد باری سے -

goodwife : گھر والی؛ اہل خانہ -

have a g. mind to : بہت جی چاہتا ہے کہ -

have a g. night : آرام سے سونا -

have a g. time : لطف اٹھانا -

in g. spirits : خوش خوش؛ شگفتہ خاطر -

make g. : (۱) نقصان پورا کرنا؛ بھرنا - (۲) ادا کرنا؛ دینا - (۳) (وعدہ) پورا کرنا -

meat keeps g. گوشت سڑتا نہیں؛ خراب ہوتا نہیں -

piece of gcods : (مزاحاً) شخص -

say a g. word for : کلمۂ خیر کہنا (کسی کے حق میں)؛ سفارش کرنا -

take in g. part. برا نہ ماننا -

that's a g. one : (عامیانہ) بھئی خوب گھڑی؛ اچھی بے پر کی اڑائی -

the g. people : جن و پری؛ پریاں -

things are in g. train : کام اچھا چل رہا ہے -

to the g. لیکھے میں؛ نفع میں؛ کھاتے میں -

up to no g. : شرارت پر آمادہ -

good- humoured, *a.* : خوش مزاج -

good - humouredly, *adv.* : خوش مزاجی سے -

goodish, *a.* : کسی قدر اچھا وغیرہ-

good - natured, *a.* : نیک؛ نیک نہاد؛ نیک طبع -

good - naturedly, *adv.* : نیکی سے وغیرہ -

good - tempered, *a.* : حلیم؛ برد بار -

good-temperedly, *adv.* : حلم؛ برد باری سے -

Good-bye, *int. & n.* : (۱) خدا حافظ؛ اللہ نگہبان -(۲) الوداع -

Goodly, *a.* : (۱) خوبصورت؛ حسین؛ شکیل - (۲) بڑا سا؛ بڑا - (۳) (طنزاً) بڑا عمدہ' بڑا شاندار (یعنی ادنیٰ' مہمل)-

Goodness, *n.* : (۱) نیکی؛ فضیلت؛ خوبی - (۲) سخاوت؛ مہربانی؛ لطف و کرم؛ جود و سخا - (۳) کسی شے کا عطر؛ نچوڑ- (۴) خدا-

g. gracious : (کلمۂ فجائیہ) اظہار تعجب یا غصہ کے لئے -

g. knows : خدا ہی جانے؛ مجھے کچھ علم نہیں -

thank g. : شکر خدا کا -

Goodwill, *n.* : (۱) خیر خواہی؛ مہربانی؛ عنایت؛ نوازش - (۲) طیب خاطر؛ رضا و رغبت؛ گرم جوشی - (۳) کسی کار خانے وغیرہ کا نام اختیار کرنے اور اس کی ساکھ سے فائدہ اٹھانے کا حق؛ تجارتی شہرت' نام -

Goody, *n.* : (قدیم) بڑی بی؛ بڑھیا -

Goody, *n.* : مٹھائی؛ میٹھی گولیاں-

Goody, Goody -goody, *a.* : نیکی کا دم بھرنے والا؛ اپنے کو پارسا ظاہر کرنے والا؛ جس کا اوڑھنا بچھونا مذہب ہو-

talk g. : پارسائی کی باتیں کرنا -

Googly, *n.* : (کرکٹ) وہ گیند جو بظاہر اف کی طرف مڑنے والی ہو مگر لیگ و کٹ کی طرف مڑ جائے -

Goosander, *n* : بطخ کی قسم کا پرندہ جس کی چونچ تیز اور دندانے دار ہوتی ہے -

Goose, *n.* (pl. geese) : (۱) ہنس - (۲) ہنس کا گوشت - (۳) سادہ لوح؛ بے وقوف؛ احمق - (۴) درزی کی استری -

all his geese are swans : وہ چیزوں کا اندازہ ان کی اصلیت سے بڑھ کر کرتا ہے -

g. -club : وہ کلب جس میں غریبوں کو جو تھوڑا سا چندہ دیتے ہیں بڑے دن کے روز ہنس مل جاتا ہے -

g.-flesh : سردی یا خوف کی وجہ سے رونگٹے کھڑے ہونے کی حالت -

g.-foot : ایک قسم کا پودا جس کے پتے ہنس کے پیر سے مشابہ ہوتے ہیں -

g.-grass : ایک طرح کی گھاس جو کپڑوں میں چمٹ جاتی ہے ؛ کتا گھانس -

gooseherd : بطوں کا نگہبان -

g.-quill : ہنس کا پر ؛ بط کا پر (خصوصاً وہ جو بطور قلم کے استعمال ہوتا ہے) -

g.-skin : دیکھو g. flesh

g.-step : ایک قسم کی قواعد جو فوج میں سکھائی جاتی ہے -

goosey, *n.* : بیوقوف ؛ سادہ لوح -

Gooseberry, *n.* : ایک قسم کا انگور کی شکل کا پھل -

play g. : عاشق و معشوق کی ملاقات کے وقت ناصح مشفق بننا -

Goosegog : (روز مرہ ' مزاح) gooseberry =

Gopher: دیکھو goffer -

Gordian, *a.*: منسوب بہ " گارڈی اس " جس نے ایک گرہ باندھی تھی اور جسے سکندر نے تلوار سے کاٹ ڈالا تھا -

cut the G. knot : کسی مشکل سے پہلو بچانا یا اسے جبر و تشدد سے حل کرنا -

G. knot : پیچیدہ مسئلہ ؛ کتھی ؛ عقدۂ لاینحل ؛ مشکل -

Gore, *n.* : خون جو بہ کر جم گیا ہو -

gorily, *adv.* : خون میں آلودہ ہو کر -

gory, *a.* : خون آلود

Gore, *n.* & *v. t.* : (۱) (کپڑے کی) کلی - (۲) تکونی زمین ؛ چھتری ' غبارہ یا گنبد کا تکون - (۳) کلی لگانا -

Gore, *v. t.* : (جانور کا سینگ یا دانت) چبھونا ؛ بھو نکنا -

Gorge, *n.* : (۱) حلق - (۲) نگلی ہوئی شے ؛ حلق کے نیچے اتری ہوئی شے - (۳) (قلعہ بندی) برج کا رستہ ؛ فصیل کا پچھلا دروازہ - (۴) گھاٹی - (۵) مچھلی کا چارہ -

cast the g. at : نفرت کے ساتھ مسترد کردینا -

one's g. rises at : اس سے انسان کو کراہیت ' نفرت یا متلی ہوتی ہے ' گھن آتی ہے -

Gorge, *v. i.* & *t.*, & *n.* : (۱) ٹھونسنا ؛ حلق تک بھرنا - (۲) سیر کرنا ؛ پیٹ بھر کر کھلانا - (۳) نگلنا ؛ زہر مار کرنا ؛ ندیدوں کی طرح کھانا - (۴) ٹھونس دینا ؛ (کسی چیز کو) اتنا بھرنا کہ پھیل جائے ؛ اتنا ٹھونسنا کہ دم گھٹنے لگے - (۵) حلق تک بھرنا وغیرہ -

Gorgeous, *a.* : (۱) زرق برق ؛ ٹھاٹ کا ؛ شوخ رنگ کا ؛ پر تکلف ؛ شاندار - (۲) مرصع ؛ رنگین (عبارت) -

gorgeously, *adv.* : شان وشوکت سے ؛ رنگین بیانی سے -

gorgeousness, *n.* : شان و شوکت ؛ رنگیلی وغیرہ -

Gorget, *n.* : (۱) زرہ کا وہ حصہ جس سے گلے کی حفاظت ہوتی ہے ؛ گلا پوش - (۲) ایک طرح کا نقاب جو خانقاہ کی راہبہ پہنتی ہے - (۳) مالا ؛ گلوبند ؛ کنٹھا ؛ پچلڑی - (۴) رنگ کا حلقہ جو پرندوں کے گلے میں ہوتا ہے ؛ کنٹھا ؛ طوق -

Gorget, *n.* : ایک آلۂ جراحی جو پتھری وغیرہ نکالنے کے لئے استعمال ہوتا ہے -

Gorgio, *n.* : ایک خانہ بدوش قوم جو (جپسی) کہلاتی ہے اور اپنے سوا سب کو گرجیو کہتی ہے -

Gorgon, *n.* : (۱) (یونانی اساطیر) تین اندھی زلف عورتوں میں سے ایک جس کی نظر انسان کو پتھر بنادیتی ہے ؛ گارگن - (۲) خوفناک یا بد صورت آدمی ؛ ایسی عورت جس کی شکل سے ڈر معلوم ہو ؛ بیچھا -

gorgonian *a.* : گارگن کا سا ؛ بھیانک ؛ خوفناک -

Gorgonia (pl.-iae, -ias), *n.* : ایک کیڑا جو سمندر میں ہوتا ہے -

Gorgonize, *v. t.* : گارگن (gorgon) کی طرح نظر جما کر دیکھنا -

Gorgonzola, *n.* : ایک عمدہ قسم کا پنیر -

Gorilla, *n.* : گوریلا ؛ ایک بندر جو انسان سے مشابہ ہوتا ہے -

Gormandize, *n.*, & *v. i.* & *t.*, *gourmandise* (F), *n.* : (۱) پیٹوپن ؛ بسیار خوری ؛ پر خوری - (۲) ٹھونسنا ؛ ندیدوں کی طرح کھانا -

gormandizer, *n.* : پیٹو ؛ پر خور -

Gorse, *n.* : ایک خار دار جھاڑی جس کے پھول زرد ہوتے ہیں -

Gosh, by Gosh, *int.* : واللہ ؛ بخدا ؛ قسم خدا کی -

Goshawk, *n.* : ایک قسم کا بڑا باز جس کے پنکھ چھوٹے ہوتے ہیں -

Goshen, *n.* : (۱) روشن اور منور مقام - (۲) دولت اور فراغت کا گھر -

Gosling, *n.* : ہنس کا بچہ -

Gospel, *n.* : (۱) بشارت عیسوی - (۲) دین عیسوی - (۳) پروٹسٹنٹ مذہب کے عقائد - (۴) عیسیٰ علیہ السلام کی زندگی کے حالات جو چار حواریوں کی کتابوں میں مذکور ہیں - (۵) ان کتابوں میں سے کوئی ایک - (۶) ان کتابوں کا وہ حصہ جو عشائے ربانی میں پڑھا جاتا ہے - (۷) وہ بات جس میں شبہہ کی گنجائش نہ ہو - (۸) مسلک ؛ مذہب ؛ عقیدہ ؛ ایمان -

g.-book : کتاب جس میں انجیل کا صرف اتنا حصہ ہوتا ہے جتنا عشائے ربانی میں پڑھا جاتا ہے -

g. oath : حلف (جو انجیل ہاتھ میں لیکر اٹھایا جائے) -

g.-shop : میتھوڈسٹ فرقے کی عبادت گاہ -

g. side : گرجے کی قربان گاہ کا شمالی پہلو -

g. truth : انجیل کے حقائق ؛ کوئی بات جو انجیل کی طرح سچی ہو ؛ آیت ؛ حدیث -

Gospeller, *n.* : گرجے کا انجیل خواں -

Gossamer, *n.* & *a.* : (۱) ایک نہایت مہین قسم کا جالا جس کو چھوٹی مکڑی بنتی ہے اور جو ہوا میں تیرتا ہوا ' گھاس پر پھیلا ہوا نظر آتا ہے ؛ اس جالے کا ایک تار - (۲) کمزور و نا پائدار شے - (۳) باریک قسم کی جالی یا کریپ -

gossamered, gossamery, *aa.* : اس جالے کا سا ؛ کمزور ؛ نا پائدار ؛ تارعنکبوت کے مانند -

Gossip, *n.*, & *v. i.* : (۱) (قدیم) دوست ؛ شناسا ؛ سہیلی - (۲) باتونی ؛ گپی ؛ فضول گو ؛ یاوہ گو ؛ گپ باز - (۳) بکواس ؛ گپ شپ ؛ ادھر ادھر کی باتیں ؛ گپ ؛ افواہ - (۴) لوگوں کے خانگی حالات کا ذکر ؛ جلسوں اور صحبتوں کا ذکر - (۵) گپ شپ کرنا ؛ بکواس کرنا -

gossiper, *n.* : گپ باز ؛ بکی -

gossipry, *n.* : گپ شپ -

gossipy, *a.* : گپی ؛ گپ باز ؛ بکی -

Gossoon, *n.* : لڑکا ؛ چھوکرا -

Got, (past & p. p. of get.) : ملایا (ھوا)؛ پایا (ھوا) وغیرہ -

g. -up: مصنوعی ؛ بنایا ھوا ؛ گھڑا ھوا (قصہ) ؛ سجایا ھوا ؛ ملمع کیا ھوا -

Goth, *n.* : (۱) اس المانی قوم کا شخص جس نے تیسری اور پانچویں صدی کے مابین مشرقی اور مغربی سلطنت پر حملہ کیا اور اطالیہ فرانس اور اسپین میں حکومتیں قائم کیں - (۲) وحشی ' غیر مہذب ' جاھل آدمی ؛ خصوصاً وہ شخص جو صناعی کے نمونوں کو برباد و تاراج کرے ؛ دشمن صناعی -

gothish, *a.* : اکھڑ ؛ وحشی ؛ غیر مذھب -

Gotham, *n.* : شہر جو بیوقوفی کے لیے مشہور ھو ؛ شکار پور -

wise man of g. : بیوقوف ؛ احمق -

gothamite, *n.* : بیوقوف ؛ احمق -

Gothic, *a.* & *n.* : (۱) گاتھ یا ان کی زبان کا ؛ گاتھ قوم کے متعلق - (۲) (طرز تعمیر) گاتھی ؛ اس طرز کا جو مغربی یورپ میں بارھویں سے سولھویں صدی تک رائج تھا جس کی خصوصیت نوک دار محراب ھے - (۳) قدیم انگریزی تعمیر کا ؛ مرصع اور عمودی - (۴) وحشیانہ ؛ نا تراش ؛ کُھرا - (۵) (طباعت) قدیم ٹائپ ؛ جرمن ٹائپ - (۶) گاتھی زبان یا طرز تعمیر -

gothically, *adv.* : قوم گاتھ کے طرز پر ؛ گاتھی طرز تعمیر کے مطابق ؛ وحشیانہ -

gothicism, : گاتھ زبان کا محاورہ ؛ گاتھی طرز تعمیر کی تقلید ؛ وحشی پن ؛ کھرا پن -

gothicize, *v. i.* & *t.* : گاتھ طرز تعمیر کی تقلید کرنا ؛ گاتھی طرز پر تعمیر کرنا -

Gotten : دیکھو GET -

Gouache (gooahsh), *n.* : نقاشی کا ایک طرز ؛ گدلے رنگوں کی نقاشی -

Gouge, *n.* & *v. t.* : (۱) چھینی کی قسم کا آلہ جو نجاری اور جراحی میں استعمال ھوتا ھے - (۲) اس آلہ سے کاٹنا یا کھودنا - (۳) کارک کاٹ کر نکالنا یا نالی کھودنا - (۴) دبا کر نکالنا - خصوصاً آنکھ کو انگوٹھے سے دبا کر نکالنا - (۵) (کسی کی) آنکھ نکال لینا -

Goulard, *n.* : سیسے کا ایک محلول -

Gourd, *n.* : (۱) ایک قسم کا کدو یا تونبا - (۲) کھوکھلا کیا ھوا تونبا جو بوتل کا کام دے ؛ تونبی -

gourdful, *n.* : تونبی بھر چیز -

Gourmand, *a.* & *n.* : (۱) پیٹو ؛ پر خور ؛ بندۂ شکم - (۲) عمدہ کھانے والا ؛ خوش خوراک ؛ خوش غذا -

gourmandism, *n.* : پیٹو پن ؛ خوش خوراکی -

Gourmandise: دیکھو GORMANDIZE

Gourme (F), *n.* : کھانوں کا اور شرابوں کا مبصر -

Gout, *n.* : (۱) گنٹھیا ؛ نقرس - (۲) گیہوں کے پودے کی ایک بیماری - (۳) قطرہ ؛ چھینٹا ؛ دھبا -

g. fly : ایک قسم کی مکھی جو اناج کے پودے میں بیماری پیدا کر دیتی ھے -

goutily, *adv.* : گنٹھیا کے بیمار کی طرح سے -

goutiness, *n.* : گنٹھیا کا اثر -

gouty, *a.* : گنٹھیا کا مریض -

Govern, *v. t.* & *i.* : (۱) حکومت کرنا ؛ فرمانروائی کرنا ؛ راج کرنا ؛ حکمرانی کرنا ؛ جہانداری کرنا - (۲) انتظام کرنا ؛ نگرانی کرنا - (۳) حاکم ھونا ؛ تسلط دار ھونا - (۴) اثر ڈالنا ؛ حکومت کرنا ؛ تابع رکھنا ؛ مطیع رکھنا ؛ غالب ھونا ؛ حاوی ھونا ؛ معین کرنا ؛ نظم و ضبط کرنا - (۵) دبانا ؛ روکنا ؛ قابو میں رکھنا - (۶) قانون یا اصول ھونا ؛ بنا ھونا - (۷) (صرف) مفعول ھونا .

governing body : مجلس منتظمین -

king reigns but does not govern : بادشاہ انتظام کرنے والوں کو مقرر کرتا ھے خود انتظام نہیں کرتا -

governable, *a.* : قابل حکومت ؛ قابل انتظام ؛ جو قابو میں رہ سکے ؛ انضباط پذیر -

governability, *n.* : قابل حکومت ھونا ' انتظام پذیری ؛ انضباط پذیری

Governance, *n.* : (۱) حکومت ؛ حکمرانی ؛ انتظام - (۲) دباؤ ؛ اثر ؛ نظم و ضبط -

Governess, *n.* : (۱) استانی ؛ معلمہ - (۲) ایک قسم کی ھلکی دو پہیوں کی گاڑی (G. cart) -

Government, *n.* : (۱) حکومت ؛ حکمرانی ؛ انتظام ؛ نظم و نسق ؛ سیاست - (۲) طرز حکومت ؛ نظام حکومت - (۳) صوبہ ؛ صوبہ دار یا گورنر کے ماتحت علاقہ - (۴) وہ جماعت جس کے ھاتھ میں ملک کی حکومت ھو ؛ حکومت ؛ مجلس وزرا ؛ گورمنٹ ؛ سرکار - (۵) (صرف) علاقۂ مفعول -

form a g. : وزیر اعظم کا مجلس وزرا مقرر کرنا -

g. house : گورنر کے رھنے کا سرکاری مکان ؛ گورمنٹ ھاوس -

g. paper, securities : سرکاری تمسک ' ھنڈی وغیرہ -

governmental, *a.* : سرکاری -

governmentally, *adv.* : سرکاری طور پر -

Governor, *n.* : (۱) حاکم ؛ صوبہ دار ؛ عامل - (۲) کسی اسکول یا کالج کا افسر اعلیٰ یا اس کی مجلس انتظامیہ کا رکن - (۲) قلعہ دار ؛ قلعے کی فوج کا سپہ سالار - (۳) (عامیانہ) آجر ؛ جناب ؛ حضور ؛ آقا ؛ باپ - (۵) (مشین) وہ پرزہ جس سے مشین کو گیس وغیرہ پہنچتی ھے - (۲) ایک قسم کی مچھلی کا چارہ -

g. -general : صوبہ دار اعلیٰ ؛ گورنر جنرل -

g. -generalship, *n.* : اعلیٰ صوبہ دار کا عہدہ -

governorship, *n.* : صوبہ داری -

Gowan, *n.* : (اسکاچستان) دیکھو DAISY

Gown, *n.* : (۱) (روز مرہ) کوئل - (۲) بیوقوف یا بے تکا آدمی ؛ گھامڑ ؛ ضعیف العقل آدمی -

Gown, *n.* & *v. t.* : (۱) ڈھیلا ڈھالا جامہ خصوصاً عورتوں کا ؛ فراک کوٹ - (۲) قدیم رومیوں کا چغہ ؛ گون - (۳) وہ خاص قسم کا چغہ جو وکلاء ' یونیورسٹی کے اراکین ' پادری وغیرہ پہنتے ھیں - (۴) گون پہنانا (خصوصاً *p. p.* میں) -

town and g. : کیمبرج اور آکسفورڈ کے عام باشندے اور وھاں کی یونیورسٹی کے اراکین -

gownsman, : وکیل ؛ پادری ؛ رکن جامعہ -

Graafian, *a.* : ایک ولندیزی ماھر تشریح کا نام سے متعلق (ڈیل کے الفاظ کے ساتھ) -

g. follicle, vesicle : دودھ پلانے والے جانوروں کی مادہ کے بچہ دان میں دو چھوٹے چھوٹے خانے ہوتے ہیں جن میں انڈے ہوتے ہیں - ان میں سے ایک خانے کا نام ہے -

Grab, *v. t. & i., & n.*: (۱) اچک لینا ؛ جھپٹ لینا ؛ چھین لینا ؛ جلدی سے پکڑ لینا - (۲) لوٹنا ؛ غصب کرنا ؛ زبردستی چھین لینا - (۳) گرفتار کرنا ؛ پکڑ لینا - (۴) جھپٹا مارنا - (۵) جھپٹا ؛ چھیننے کی کوشش ؛ گرفت ؛ غصب ؛ لوٹ مار ؛ دست درازی - (۶) (مشین) پکڑنے کا ایک اوزار - (۷) بچوں کا تاش کا ایک کھیل -

Grabble, *v. i.* ٹٹولنا ؛ چاروں ہاتھ پاؤں کے بل چلنا -

Grace, *n., & v. t.* : (۱) ادا ؛ آن ؛ دلربائی ؛ رعنائی ؛ سجیلا پن ؛ لطافت ؛ خوبی ؛ حسن ؛ خوبصورتی - (۲) اسلوب ؛ طرز ؛ انداز - (۳) خوبی ؛ کمال ؛ زیب ؛ زینت ؛ آرائش ؛ زیور - (۴) (موسیقی) زائد سر جو محض خوبصورتی کے لئے بجایا جاے - (۵) نوازش ؛ لطف ؛ کرم ؛ نظر عنایت - (۶) رعایت - (۷) انعام ؛ عطیہ ؛ احسان - (۸) (یونیورسٹی) کالج وغیرہ کی اجازت ڈگری حاصل کرنے کے لئے ؛ ضوابط سے استثنا - (۹) (مذہب) خدا کا فضل و کرم جو انسان کو بے استحقاق نصیب ہوتا ہے ؛ توفیق یا تائید الہی ؛ خدا داد لطافت وغیرہ - (۱۰) مہلت (جو از راہ عنایت دی جاے) - (۱۱) رحم ؛ عفو - (۱۲) مختصر دعاے شکر جو کھانے سے پہلے اور بعد پڑھی جاتی ہے ؛ دعاے طعام - (۱۳) زیب دینا ؛ چار چاند لگانا ؛ سنوارنا ؛ سجانا ؛ آراستہ کرنا ؛ زینت بخشنا - (۱۴) عزت بخشنا ؛ سر فراز کرنا ؛ زینت بخشنا - (۱۵) زیب دینا ؛ شایاں ہونا -

act of g. : مہربانی ؛ رعایت -

Act of g. : پارلیمنٹ کے حکم سے عام معافی کا اعلان -

airs and gg. : ناز و انداز ؛ تکلف -

be in one's *good gg.* : منظور نظر ہونا ؛ مورد عنایات ہونا -

by the g. of God. : بفضل خدا (شاہی خطابات سے پہلے آتا ہے)-

days of g. : وہ مہلت جو از روے قانون ہنڈی کے واجب الادا ہو جانے کے بعد دی جاتی ہے -

g. cup : رخصتی جام ؛ شراب کا پیالہ جس کا دور دعاے طعام کے بعد ہوتا ہے -

his, her, your g. : ڈیوک ؛ ڈچس ؛ آرچ بشپ کو مخاطب کرنے کے الفاظ -

in this year of g. : اس سنہ میں جب کہ دین عیسوی کو قائم ہوے اتنے دن گذر چکے ہیں (طنزاً) -

have the g. to : ذرا شرافت دکھاؤ -

the 1934 th year of g. سنہ ۱۹۳۴ عیسوی وغیرہ -

state of g. : مورد رحمت الہی ہونے کی حالت -

the Gg. : (یونانی دیومالا) تین دیویاں جو باہم بہنیں ہیں اور انسانوں کو حسن و دلربائی عطا کرتی ہیں -

with a bad g. : طوعاً و کرہاً -

with a good g. : بہ طیب خاطر ؛ خوشی سے ؛ دل سے -

year of g. : سنہ عیسوی -

graceful, *a.* : حسین ؛ خوبصورت ؛ طرح دار ؛ دلربا ؛ سجیلا ؛ لطیف ؛ خوش اسلوب -

gracefully, *adv.*: خوش اسلوبی سے ؛ دلبری سے -

gracefulness, *n.* :

Graceless, *a.* : (۱) (قدیم مزاحاً) کم بخت ؛ بد بخت ؛ بد نصیب ؛ مردود ؛ ناشدنی - (۲) بے شرم ؛ بے حیا - (۳) بھدا ؛ بد ذوق - (۴) لطافت سے خالی (شاذ) -

gracelessly, *adv.* : بے حیائی سے ؛ بے شرمی سے ؛ بے ڈھنگے پن سے ؛ بھدے پن سے -

gracelessness, *n.* : بےحیائی؛ بےشرمی؛ بدنصیبی؛ کم بختی-

Gracious, *a. & int.* : (۱) (قدیم) خوشگوار ؛ پسندیدہ؛ خوب؛ خوشنما ؛ دلفریب - (۲) مہربان ؛ خوش خلق ؛ کریم النفس - (۳) شفیق ؛ متواضع ؛ منکسر المزاج ؛ شفقت آمیز ؛ منکسرانہ - (۴) رحیم ؛ کریم (خدا) -

good g., my g.! : ارے ؛ اوہ (تعجب کے اظہار کے لئے)

graciously, *adv.* : مہربانی سے ؛ رحم یا عنایت سے ؛ تواضع سے ؛ شفقت سے -

graciousness, *n.* : مہربانی ؛ عنایت؛ تواضع -

Grackle, *n.* : کوے کی قسم کا ایک پرند -

Gradate, *v.i. & t.* : (۱) غیر محسوس طریقے پر ایک رنگ سے دوسرے رنگ پر لے آنا - (۲) درجوں یا مراتب کے لحاظ سے ترتیب دینا ؛ درجہ وار یا سلسلہ وار ترتیب دینا -

Gradation, *n.* : (۱) مدارج ارتقا ؛ ترقی کا کوئی درجہ - (۲) سلسلۂ تدریج ؛ مراتب ؛ مدارج - (۳) مراتب یا مدارج کے لحاظ سے ترتیب - (۴) (رنگ، سُر وغیرہ کا) غیر محسوس اور تدریجی تغیر - (۵) (لسانیات) تصریف میں حروف کا سلسلہ وار تغیر ؛ تعلیل - (۶) تدریجی ؛ درجہ وار ؛ مدارج ارتقا کے متعلق -

gradational, *a.* : تدریجی (ترتیب، تغیر وغیرہ) -

gradationally, *adv.* : تدریج کے لحاظ سے -

Grade, *n., & v. t.* : (۱) زاویہ قائمہ کا سوّاں حصہ - (۲) پایہ ؛ درجہ؛ رتبہ ؛ مرتبہ - (۳) (مویشی) ادنیٰ نسل اور اعلیٰ نسل کے میل سے جو قسم پیدا ہوتی ہے؛ مخلوط نسل؛ اوسط نسل - (۴) (حیاتیات) وہ جانور جو نشو و نما کے کسی دور میں اصل مورث سے بعض خصوصیتوں میں مختلف ہوجاتے ہیں - (۵) ڈھال ؛ ڈھلان ؛ اُتار چڑھاؤ کی شرح - (۶) (لسانیات) سلسلہ تعلیل میں شمار - (۷) قسم وار تقسیم کرنا - (۸) سمونا ؛ ملانا - (۹) ایسے رنگ دینا کہ ان کا تغیر تدریجی اور غیر محسوس ہو - (۱۰) ڈھلان کم کرنا ؛ نشیب و فراز کم کرنا - (۱۱) اچھی نسل لینا ؛ اعلیٰ نسل کے ساتھ ادنیٰ نسل کو ملا کر اوسط درجہ کی نسل حاصل کرنا -

g. up : اعلیٰ نسل کے ساتھ ملا کر بہتر کرنا -

Gradely, *a.* : (۱) (مقامی) اعلیٰ درجے کا ؛ پورا ؛ کامل - (۲) حسین ؛ خوبصورت - (۳) سچا ؛ حقیقی ؛ مناسب -

Gradient, *n.* : (۱) ڈھلان کی مقدار ؛ اتار چڑھاؤ کی شرح - (۲) ایک خطے سے دوسرے خطے میں جانے پر مقیاس الحرارت کا اتار چڑھاؤ -

Gradin(e), *n.*: نیچی سیڑھیوں میں سے ایک سیڑھی؛ نشستوں کی ایک قطار ؛ پتھر کی بنچ جو قربان گاہ کے پیچھے دیوار میں پیوست ہوتی ہے -

Gradual, *n.* : وہ بول جو گرجے میں عشائے ربانی کے وقت گائے

انجیل کے دوران میں گائے جاتے ہیں -

Gradual, *a.*: تدریجی -

g. psalm: دیکھو Degrees (song of) -

gradually, *adv.*: رفتہ رفتہ ؛ آہستہ آہستہ ؛ بتدریج ؛ تدریجاً -

gradualness, *n.*: تدریج -

Graduate, *n.*: (۱) فاضل؛ سند یافتہ - (۲) عطار کا وہ گلاس جس سے رقیق دوائیں ناپتے ہیں؛ دوا پیما -

Graduate, *v. i. & t.*: (۱) ڈگری لینا؛ سند حاصل کرنا ؛ سند دینا ؛ ڈگری دینا-(۲) درجے مقرر کرنا؛ درجوں میں تقسیم کرنا؛ درجے وار کرنا؛ حصوں میں تقسیم کرنا - (۳) مدارج کے لحاظ سے ترتیب دینا ؛ شرح آمدنی کے لحاظ سے ٹکس تجویز کرنا - (۴) آہستہ آہستہ تبدیل ہونا (ایک حالت سے دوسری حالت میں) - (۵) (محلول) کو تبخیر کے ذریعے سے قوی یا گاڑھا کرنا -

graduation, *n.*: سند لینا ؛ تکمیل ؛ تدریج ؛ درجہ بندی -

graduator, *n.*: سند لینے والا ؛ درجہ بندی کرنے والا -

Gradus, *n.*: لاطینی عروض کا لغت -

Gr(a)ecism, *n.*: (۱) یونانی محاورہ خصوصاً اس کی نقل دوسری زبان میں (۲) یونانی جذبات، خیالات، طرز تحریر وغیرہ اور انکا تتبع-

Gr(a)ecize, *v.t. & i.*: (۱) یونانی رنگ میں رنگنا؛ یونانی قالب میں ڈھالنا - (۲) یونانیوں کا اتباع کرنا؛ یونانی بننا؛ یونانیوں کا کلمہ پڑھنا -

Gr(a)eco-: (سابقہ) یونانی -

gr(a)eco-mania, *n.*: یونانیت کا خبط -

gr(a)ecomaniac, *n.*: یونانیت کا دیوانہ -

gr (a) ecophil, *n.*: یونان دوست -

Graffito, *n.*: دیوار کے نقوش یا کتبے خصوصاً وہ جو پرانے زمانے کے کھنڈروں میں نظر آتے ہیں؛ استر کاری پر کھدائی کا کام جس میں اندر کی رنگ برنگی سطح نظر آتی ہے -

Graft, *n., & v. t.*: (۱) پیوند؛ قلم - (۲) (جراحی) وہ نسیج جو ایک جگہ سے کاٹ کر دوسری جگہ لگادی جائے؛ اس طرح پیوند لگانے کا عمل - (۳) پیوند لگانا ؛ قلم لگانا ؛ (استعارتاً) متحد کردینا ؛ ایک ذات کردینا - (۴) زندہ جسم کے ایک مقام کی نسیج کو دوسری جگہ جوڑ دینا - (۵) (بحری) ستلی کی جالی بنا کر حلقہ دار چٹخنی پر منڈھ دینا -

grafting clay, -wax: قلم یا پیوند لگانے کا مسالا -

Graft, *n.*: زمین کی وہ گہرائی جو ایک بار پھاوڑا چلا کر کھودی جائے -

Graft, *n., & v. i.*: ناجائز فائدہ جو سیاسی معاملات یا بلدیے کے انتظام میں حاصل کیا جائے ؛ سیاسی یا بلدی یافت ؛ سیاست وغیرہ سے ناجائز فائدہ اٹھانا -

grafter, *n.*: سیاست وغیرہ سے ناجائز فائدہ اٹھانے والا -

Grail, *n.*: وہ بول جو عشائے ربانی کے رسم تلاوت انجیل کے دوران میں گائے جاتے ہیں -

Grail, *n.*: وہ پیالہ جو مسیح نے عشائے آخری میں استعمال کیا تھا -

Grail, *n.*: کنگھی بنانے والوں کا سوھن یا ریتی -

Grain, *n., & v. t. & i.*: (۱) دانہ (غلے وغیرہ کا) - (۲) اناج؛ غلہ - (۳) مغربی افریقہ کے ایک درخت کے دانے جو گرم مسالے اور دوا کے طور پر استعمال ہوتے ہیں - (۴) فضلہ جو جو کی شراب بنانے کے بعد بچ جاتا ہے - (۵) ذرہ (ریت ؛ نمک ؛ سونے وغیرہ کا) - (۶) نصف رتی کے مساوی ایک وزن ؛ نہایت خفیف مقدار- (۷) قرمز (کرم دانہ) یا ان سے نکلا ہوا سرخ رنگ - (۸) وہ خطوط جو کوئلے ، پتھر وغیرہ کے پرتوں کو جدا کرتے ہیں - (۹) دانہ دار ہونا - (۱۰) اندرونی ساخت؛ ذرات کی ترتیب - (۱۱) لکڑی کی اندرونی دھاریاں - (۱۲) (استعارتاً) طبیعت ؛ مزاج ؛ میلان ؛ طبع ؛ فطرت؛ سرشت - (۱۳) دانہ دار بنانا - (۱۴) قرمزی رنگ میں رنگنا ؛ پکا رنگنا - (۱۵) دانہ دار سطح بنانا ؛ کیمخت بنانا - (۱۶) کھال کو بالوں سے صاف کرنا - (۱۷) لکڑی یا سنگ مرمر کی اندرونی دھاریوں کے سے نقوش بنانا -

against the g.: طبیعت کے خلاف -

dye in g.: قرمزی رنگ میں رنگنا ؛ کسی پکے رنگ میں رنگنا ؛ ریشے ریشے کو یاپوری طرح رنگنا -

g. -leather: کیمخت کا چمڑا -

g. -sick: مویشیوں کی بیماری جس میں معدہ پھیل جاتا ہے -

g. -side: (کھال کا) وہ کُھردرا رخ جدھر کمانے سے پہلے بال ہوتے ہیں-

grained, *a.*: دانہ دار وغیرہ -

grainless, *a.*: جس میں دانے نہ ہوں؛ چکنا -

grainy, : دانہ دار وغیرہ -

Grains, *n.*: مچھلی مارنے کا دو شاخہ برچھا -

Grallatorial, *a.*: لم ڈھینگ کی قسم کا (پرندہ) -

Gralloch, *n., & v. t.*: مردہ ہرن کے پیٹ کی آلائش (احشا وغیرہ)؛ ہرن وغیرہ کا پیٹ چیر کر آلائش نکالنا -

Gram, *n.*: چنا ، نخود ؛ گھوڑے کا دانہ -

Gram: دیکھو gramme -

-gram: (لاحقہ) دوسرے لفظوں کے ساتھ ملکر اسمائے مرکب بناتا ہے -

Grama, Gramma, *n.*: ایک قسم کی چارے کی گھاس جو ریاستہائے امریکہ کے بعض حصوں میں پائی جاتی ہے -

Gramarye, *n.*: (قدیم) سحر ؛ جادو -

Gramercy, *int.*: (قدیم) شکریہ -

Graminaceous, Gramineous, *aa.*: گھاس دار ؛ گھاس کا ؛ پر گیاہ ؛ گھاس جیسا ؛ گھاس کے متعلق -

graminivorous, *a.*: گیاہ خور ؛ گھاس چرنے والا -

Grammalogue, *n.*: (مختصر نویسی) کوئی علامت جس سے لفظ مراد ہو ؛ کوئی حرف جو لفظ کا قائم مقام ہو -

Grammar, *n.*: قواعد زبان ؛ صرف و نحو - (۲) صرف و نحو کی کتاب القواعد ؛ رسالۂ قواعد - (۳) کسی شخص کا قواعد صرف و نحو کے استعمال کا خاص طریقہ؛ تقریر یا تحریر جسے قواعد صرف و نحو کے اعتبار سے اچھا یا برا کہا جائے ؛ قواعد صرف کا صحیح استعمال - (۴) کسی زبان کے محاورات - (۵) کسی علم یا فن کی مبادیات -

g.-school: ابتدائی مدرسہ -

historical g.: تاریخی صرف و نحو-

comparative g.: صرف و نحو تقابلی -

grammarless, *a.*: بلا قواعد زبان ؛ بے صرف و نحو -

Grammarian, *n.*: ماہر صرف و نحو -

Grammatical, *a.*: (۱) قواعد زبان یا صرف و نحو کے متعلق - (۲) صحیح قواعد کے مطابق - (۳) کسی فن کے اصول کے مطابق-

g. sense: لفظی مفہوم؛ معنی جو محض صرف‌ونحو کی روسے نکالے جائیں اور دیگر تمام لوازمات کا لحاظ نہ کیا جاے -

grammatically, *adv.*: ازروئے قواعد زبان؛ ازروئے صرف‌ونحو-

grammaticize, *v. t.*: قواعد زبان کے مطابق کرنا -

Gramme, gram, *n.*: گرام؛ ایک مکعب سنٹی میٹر مقطر پانی کا وزن جب وہ کامل کثافت رکھتا ہو اور خلا میں تولا جائے -

g. -centimetre: کام ناپنے کی اکائی؛ جتنا کام ایک گرام وزن کو خط عمودی میں ایک سنٹی میٹر اٹھانے میں کیا جائے -

grammetre: کام ناپنے کی اکائی؛ جتنا کام ایک گرام وزن کو خط عمودی میں ایک میٹر اٹھانے میں کیا جائے -

Gramophone, *n.*: گراموفون -

Grampus, *n.*: (۱) ایک قسم کی وھیل مچھلی - (۲) زور زور سے سانس لینے والا، خر خر کرنے والا آدمی -

Granadilla, gre-, *n.*: ایک قسم کا پھول -

Granary, *n.* (۱) کھتا؛ کھتی؛ اناج کا گودام؛ غلے کی کوٹھی - (۲) غلہ خیز خطہ -

Grand, *a.* & *n.*: (۱) (خطاب اور عہدوں میں) اعلیٰ؛ اعظم؛ صدر - (۲) (قانون) بڑا؛ اصلی - (۳) نہایت اہم؛ سب سے بڑا یا اہم - (۴) آخری؛ مجموعی - (۵) صدر (حصۂ عمارت) - (۶) (موسیقی) پورا؛ کامل؛ پورے ساز کا؛ بالکل با اصول - (۷) مہتم بالشان؛ پر تکلف؛ پر شوکت - (۸) نفیس؛ خوبصورت؛ شاندار؛ عالی شان - (۹) رئیسانہ؛ امیرانہ - (۱۰) بلند، عالی، رفیع (خیالات وغیرہ) - (۱۱) عالی حوصلہ؛ عالی ظرف؛ با وقار؛ با عظمت؛ قابل احترام؛ پر جلال؛ عظیم‌الشان؛ با عظمت؛ با رعب - (۱۲) بہت اچھا؛ بہت خوب (روز مرہ) - (۱۳) تیسری پشت میں خواہ اوپر کی طرف یا نیچے کی طرف -

do the g.: (رئیسانہ) شان دکھانا -

g. air: رئیسانہ یا امیرانہ شان -

G. Almoner: شاہی خیرات خانے کا مہتمم -

G. commitee: دارالعوام کی ایک کمیٹی جو قانون اور تجارت کے مسودوں پر غور کرتی ہے -

g. duke ایک قسم کا اُلو -

G. Duke, Duchess: زار روس کے بچوں کا خطاب؛ بعض ریاستوں کے فرمانرواؤں کا خطاب -

grandfather, grand father's clock: ایک‌قسم‌کی‌بڑی‌گھڑی -

G. Master: سب سے بڑا نائٹ -

Grand Old Man (G. O. M.): گلیڈ اسٹن کا لقب -

G. national: لورپول کی سالانہ گھڑ دوڑ -

g. piano: ایک قسم کا بڑا پیانو -

grandsire: (۱) مورث(خصوصاً) جانوروں کا باپ؛ بوڑھا؛ ضعیف - (۲) گھنٹی بجانے کا ایک خاص طریقہ -

grandson: پوتا؛ نبیرہ؛ نواسا -

g. stand: گھڑدوڑ میں تماشا دیکھنے کی مرکزی جگہ -

g. tour: یورپ کے بڑے بڑے شہروں کا سفر جو تعلیم کی تکمیل کے طور پر کیا جائے -

G. Turk: سلطان ترکی -

G. Vizier: ترکی کا وزیراعظم -

grandfather: دادا؛ جد؛ نانا -

G. Falconer: شاہی باز کا محافظ -

grandmother: دادی؛ نانی -

grandly, *adv.*: شان و شوکت سے؛ عظمت سے وغیرہ -

grandmotherly, *adv.*: دادی کا سا؛ حد سے زیادہ شفیقانہ؛ بزرگانہ-

Grandducal, *a.*: گرانڈ ڈیوک کا -

grandness, *n.*: شان؛ عظمت؛ دبدبہ وغیرہ -

Grandam (e), *n.*: (قدیم) (۱) دادی؛ نانی - (۲) (بغیر e کے) جانور کی نانی - (۳) مورثہ - (۳) بڑھیا؛ ضعیفہ؛ مائی -

Gran(d-)dad, *n.*: دادا کے لیئے پیار کا لفظ -

Grande (F.): grand کا مونث -

g. passion: وہ عاشقانہ معاملہ جس میں انسان ہمہ‌تن غرق ہو-

g. toilette: رسمی لباس -

Grandee, *n.*: (۱) ہسپانوی یا پرتگالی امیر - (۲) امیر کبیر؛ بڑا آدمی؛ بلند مرتبہ آدمی -

Grandeur, *n.*: (۱) جاہ و جلال؛ اقتدار؛ رتبۂ عالی؛ منصب بلند - (۲) عالی ظرفی؛ عالی حوصلگی؛ عظمت نفس - (۳) شان و شوکت؛ رعب و جلال؛ دبدبہ - (۴) آن بان؛ وقار؛ تمکین - (۵) ساز و سامان ریاست؛ امیرانہ ٹھاٹھ -

Grand Guignol (F), *n.*: وہ ناٹک جس میں بہت سے چھوٹے چھوٹے اثر خیز تماشے دکھائے جاتے ہیں -

Grandiloquent, *a.*: (۱) جس کی تحریر و تقریر میں شان و شکوہ پایا جاے؛ شکوہ پسند -

grandiloquence, *n.*: تحریر وتقریر کی شکوہ؛ شان وشکوہ کا طرز بیان-

grandiloquently, *adv.*: متعلق فعل مذکورہ بالا معنوں میں-

Grandiose, *a.*: دھوم دھام کا؛ طمطراق کا؛ پرشکوہ؛ جس کی بڑے پیمانہ پر تجویز کی گئی ہو -

grandiosely, *adv.*: دھوم دھام سے؛ طمطراق سے -

grandiosity, *n.*: طمطراق؛ ٹھاٹھ -

Grandisonian, *a.*: سر چارلس گرانڈی سن (جواسی نام کے ناول مصنفہ رچرڈسن کا ہیرو ہے) کے جیسا؛ جانبازانہ ہمت؛ شائستہ اطوار اور پاکیزہ کردار رکھنے والا -

Grange, *n.*: (۱) (قدیم) کھتی؛ کوٹھی (غلے کی) - (۲) دیہات کا گھر جس میں فارم کی عمارتیں وغیرہ ہوں؛ باڑی -

Grangerize, *v. t.*: کسی کتاب کی تشریح کے لئے دوسری کتابوں سے عبارت تصویریں وغیرہ کاٹ کر چپکانا -

grangerism, *n.*: اس طرح تشریح کرنے کا اصول-

grangerite, *n.*: اس طرح تشریح کرنے کا قائل -

grangerization, *n.*: اس طرح کی تشریح -

grangerizer, *n.*: اس طرح کی تشریح کرنے والا -

Grainiferous, *a.*: غلے پیدا کرنے والا -

graniform, *a.*: غلہ نما -

granivorous, *a.*: غلہ خور -

Granite, *n.*: ایک طرح کا پتھر جو عمارت میں کام آتا ہے -

g. -ware: مٹی کے گلدار برتن جو گرانیٹ سے مشابہ ہوتے ہیں؛ لوہے کے برتن جن پر ایک خاص طرح کا جھول چڑھا ہوتا ہے -

granitic, *a.*: گرانیٹ کا -

granitiform, *a.*: گرانیٹ صورت -

granitoid, *a & n.*: گرانیٹ نما -

Grannom, Granam, *n.*: (۱) ایک قسم کی مکھی جو پانی میں رہتی ھے ؛ پن مکھی - (۲) اس کی نسل جو مچھلی کے چارے کے طور پر استعمال ہوتی ھے -

Granny, *n.*: (۱) دادی ' نانی (پیار یا حقارت کے موقع پر) - (۲) ایک طرح کی دھری گرہ -

g.'s bend or *knot*: ایک قسم کی دھری گرہ -

Granolithic, *a.*: گرینو لیتھو (ایک طرح کی کنکریٹ) کا -

Grant, *v. t.,& n.*: (۱) منظور کرنا - (۲) قبول کرنا؛ ماننا ؛ تسلیم کرنا ؛ فرض کرنا - (۳) (حق) دینا ؛ منتقل کرنا ؛ ہبہ کرنا ؛ عطا کرنا ؛ بخشنا ؛ دینا - (۴) قبول (رد کے مقابلے میں) - (۵) ہبہ ؛ منظوری - (۶) صلیہ ؛ جو شے ہبہ کی جائے -

take for granted: فرض کرلینا ؛ بلا ثبوت کے مان لینا -

grantable, *a.*: قابل تسلیم ' قابل منظوری -

grantee, *n.*: موهوب الیه -

grantor, *n.*: ہبہ کرنے والا -

Granular, *a.*: دانہ دار؛ دانہ سا ؛ دانہ کا ؛ دانہ کی شکل کا -

granularity, *n.* دانہ کی شکل ؛ دانہ دار ہونا -

granularly, *adv.*: دانے کی شکل میں -

granulo-: (سابقہ) دانہ دار ؛ دانہ سا -

granulous, *a.*: دانہ دار ؛ دانہ کا -

Granulate, *v. t. & i.*: دانہ دار کرنا ؛ دانہ دار ہونا - (۲) کھر درا کرنا - (۳) انگور بندھنا ؛ زخم بھرنا -

granulate, *a.*: دانہ دار -

granulation, *n.*: دانہ دار بنجانا -

granulator *n.*: دانہ دار بنانے والا -

Granule, *n.*: چھوٹا دانہ -

Grape, *n.*: (۱) انگور ؛ تاک ؛ رز ؛ عنب - (۲) چھرے؛ گراب -

g.-brandy; خالص انگور کی برانڈی -

g.-house: انگور خانہ ؛ تاکستان؛ مکان (عموماً شیشے کا ' یا احاطہ انگور کی کاشت کے لیے -

g.-scissors: انگور کے گچھے کاٹنے کی قینچی -

g.-stone: انگور کا بیج -

g.-sugar: انگور کی شکر -

g.-vine: (۱) انگور کی بیل - (۲) اسکیٹنگ (برف نوردی) کی ایک شکل -

the g.. the juice of the g.: شراب ؛ دختِ رز ؛ بنت العنب -

the gg. are sour, sour gg.: انگور کھٹے ھیں ' کھٹے انگور ؛ اس موقع پر کہتے ھیں جب انسان کسی چیز کی کوشش کرے اور ناکام رھے اور پھر اسی چیز کی تحقیر کرے -

grapery, *n.*: تاکستان ؛ انگور خانہ -

grapy, *a.*: متعلق بہ انگور؛ انگور دار؛ انگور کا سا مزہ رکھنےوالا -

Graph, *n.*: ترسیم ؛ کوئی شکل جس سے ریاضیاتی یا کیمیاوی نسبت ظاہر ہوتی ہو -

Graph, *n., & v. t.*: (۱) جلاٹین کا آلہ جس سے تحریر کی نقول چھاپی جاتی ھیں؛ نقل گیر - (۲) نقل گیر سے چھاپنا -

-graph: (لاحقہ بمعنی) (۱) لکھی ہوئی چیز ؛ تحریر مثلاً - *autograph* - (۲) لکھنے کا آلہ ,مثلاً *heliograph* - (۳) لکھنے کا طریقہ مثلاً *calligraph* -

-grapher: (لاحقہ بمعنی) ماہر -

Graphic(al), *a.*: (۱) تحریر ' نقشہ کشی ' مصوری ' سنگ تراشی وغیرہ کے متعلق - (۲) مشرح ؛ واضح ؛ ہوبہو - (۳) منقش (پتھر وغیرہ کے لیئے) - (۴) ترسیمی؛ ترسیم کے متعلق؛ (al کے ساتھ شاذ)-

-graphic(al): (لاحقہ) graph کے متعلق -

Graphically, *adv.*: شرح وبسط سے؛ وضاحت سے؛ہوبہو - (۲) تحریر کے ذریعہ سے - (۳) اشکال کے ذریعہ سے -

Graphite, *n.*: پنسل کا سرمہ -

graphitic, *a.*: پنسل کے سرمہ کا

graphitoid, *n.*: پنسل کے سرمہ کا سا -

Graphiure, *n.*: جنوبی افریقہ کا ایک چبانے والا جانور -

Graphology, *n.*: (۱) خط دیکھ کر سیرت پہچاننے کا علم ؛ فراست التحریر - (۲) نظام ترسیم

Graphotype, *n.*: ابھرا ہوا بلاک ؛ابھرا ہوا بلاک بنانے کا طریقہ -

-graphy: (لاحقہ بمعنی) (۱) تحریر کا طریقہ' مثلاً -lithography (۲) تشریحی یا بیانی علم' مثلاً geography -

Grapnel, *n.*: (۱) چھوٹا لنگر - (۲) ایک قسم کا کانٹا جس سے دشمن کا جہاز پھنسا لیا جاتا ھے -

Grapple, *n., & v. t. & i.*: (۱) آنکڑا ؛ کانٹا - (۲) پکڑ ؛ گرفت - (۳) گتھم گتھا ؛ کشتی؛ دست بدست لڑائی- (۴) پکڑنا ؛ جکڑنا ؛ پھنسانا ؛ الجھانا ؛ گتھم جانا ؛ دست بدست لڑنا -

g. with: قابو میں لانے کی کوشش کرنا ؛ پورا کرنے یا حل کرنیکی کوشش کرنا -

Grappling, *n.*: (۱) گتھم گتھا (وغیرہ) - (۲) آنکڑا ؛ کانٹا -

Grasp, *v. t. & i. & n.*: (۱) پکڑنے کی کوشش کرنا ؛ جھپٹا مارنا ؛ چنگل مارنا ؛ (کسی چیز پر) حریصوں کی طرح گرنا - (۲) مضبوط پکڑنا ؛ گرفت میں لانا - (۳) سمجھ لینا؛ قابو میں لے آنا - (۴) قابو؛ قبضہ؛ گرفت ؛ پکڑ - (۵) فہم ؛ ادراک؛عبور؛ وسعت نظر-

graspable, *a.*: قابل گرفت ؛ قابل فہم -

grasping, *a.*: طماع ؛ طامع ؛ لالچی ؛ حریص -

graspingly, *adv.*: حریصانہ ؛ لالچ سے -

graspingness, *n.*: (۱) حرص ؛ طمع - (۲) پکڑنا ؛ مضبوطی سے پکڑنا ؛ گرفت میں لینا ؛ تھامنا -

g. nettle: کسی مشکل یا خطرے کا جرأت سے مقابلہ کرنا -

within, beyond, one's g.: قابو کے اندر؛ قابو کے باہر -

Grass, *n., & v. t.*: (۱) گھاس ؛ گیاہ - (۲) چری ؛ پودے جو جانوروں کے چارے کے لیئے کام آئیں - (۳) چرا گاہ - (۴) گھاس کا تختہ - (۵) (معدنیات) سطح زمین؛ کان کا دھانہ - (۶) دوب لگانا ؛ رنگ اڑانے کے لیئے گھاس پر پھیلا کر دوب دینا - (۷) گرانا؛ چھاڑنا - (۸) مچھلی کو کنارے پر کھینچنا؛ پرندوں کو (بندوق کے چھروں سے مار) کر گرانا -

at g.: فارغ ؛ چھٹی پر -

grassed: (گولف کے بلے کے لئے) تھوڑا سا پیچھے کو مڑا ہوا -

grasshopper: ٹڈا -

grasshopper-beam: انجن کا وہ تختہ جو ایک طرف لگا ہوتا ھے اور جب انجن چلتا ھے تو حرکت کرتا رہتا ھے -

g. -snake : ایک قسم کا سانپ -

g. -tree : ایک قسم کا درخت جو آسٹریلیشیا میں ہوتا ہے -

widow : وہ عورت جسکا شوہر باہر گیا ہوا ہو -

hear the g. grow : بے حد ذہین ہونا ؛ اڑتی چڑیا کا پہچاننا -

not let g. grow under one's *feet* : جلدی کرنا ؛ دیر نہ ہونا -

send, go, to g. : دے مارنا ؛ پچھاڑنا -

grassy, *n.* : پر گیاہ -

grassless *n.* : بے گیاہ -

Grate, *n.* : (۱) جنگلہ (شاذ) - (۲) آتش دان ؛ بھٹی ؛ سلاخدار چوکھٹا جو آتشدان میں لگا ہوتا ہے -

grated, *a.* : سلاخ دار ؛ جنگلہ دار -

grateless *a.* : بغیر جنگلے کا ؛ بے سلاخوں کا -

Grate, *v. t. & i.* : (۱) کدو کش سے چھیلنا ؛ گھس کر چھیلنا - (۲) ناگوار ہونا ؛ گراں گذرنا - (۳) پیسنا (دانتوں کا) - (۴) رگڑنا ؛ گھسنا - (۵) سامعہ خراش ہونا ؛ کرخت ہونا - (۶) چڑ چڑانا -

grater, *n.* : کدوکش -

gratingly, *adv.* : سامعہ خراشی کے ساتھ وغیرہ -

Grateful, *a.* : (۱) قابل قبول ؛ خوشگوار ؛ پسندیدہ ؛ تسکین دہ ؛ راحت بخش - (۲) شکر گزار ؛ ممنون ؛ احسان مند ؛ شاکر -

gratefulness, *n.* : احسان مندی -

gratefully, *adv.* : احسان مندی سے ؛ شکر گزاری سے -

Gratify, *v. t.* : (۱) معاوضہ دینا ؛ فیس ادا کرنا ؛ اجرت دینا ؛ نذر کرنا - (۲) رشوت دینا ؛ مٹھی گرم کرنا - (۳) حسب منشا عمل کرنا ؛ خواہش پوری کرنا ؛ دلجوئی کرنا ؛ تسکین دینا ؛ پورا کرنا -

gratification, *n.* : خوشی ؛ مسرت ؛ تسکین ؛ اطمینان ؛ سیری ؛ پورا کرنا یا ہونا -

gratifying, *a.* : قابل اطمینان ؛ تسکین دہ ؛ مسرت بخش -

gratifyingly, *adv.* : قابل اطمینان طور پر -

Gratin (F), *n.* : روٹی کے ٹکڑے ڈال کر دو چولھوں کے بیچ میں رکھ کر پکانا ؛ اس طرح پکا ہوا کھانا -

Grating, *n.* : (۱) جنگلہ - (۲) (بصریات) متوازی تار یا شیشے وغیرہ کی سطح کے متوازی خطوط جو روشنی کو تحلیل کر کے طیف (spectra) پیدا کرتے ہیں -

Gratis, *adv. & a.* : مفت ؛ بلا معاوضہ ؛ بلا قیمت ؛ بن داموں -

Gratitude, *n.* : (۱) شکر ؛ منت ؛ احسان مندی ؛ شکریہ ؛ شکرانہ - (۲) احسان مندی ؛ شکر گزاری -

Gratuitous, *a.* : (۱) مفت کا ؛ بلا قیمت ؛ بے استحقاق - (۲) بے وجہ ؛ بے دلیل ؛ بے سبب ؛ ناحق کا ؛ خواہ مخواہ کا -

gratuitously, *adv.* : (۱) مفت میں ؛ بے استحقاق - (۲) ناحق ؛ خواہ مخواہ ؛ بے وجہ -

gratuitousness, *n.* : بے قیمت ہونا ؛ بے وجہ ہونا -

Gratuity, *n.* : (۱) انعام ؛ بخشش ؛ زر انعام - (۲) وظیفہ ؛ عطیہ ؛ انعام (جو فوج کے سپاہیوں کو ملے) -

Gratulate, **-ation** : - (congratulate, -ation کا متروک)

gratulatory, *a.* : مبارکباد کا ؛ تہنیت کا ؛ تہنیت آمیز -

Gravamen, *n.* (pl.- mina) (۱) شکایت - (۲) شکایتی عرضداشت جو کلیسا کی مجلس ماتحت مجلس اعلی کو بھیجے - (۳) اصل الزام ؛ سب سے بھاری الزام (جمع میں شاذ) -

Grave, *n.* : (۱) قبر ؛ لحد ؛ مزار ؛ مدفن (حقیقی اور مجازی معنی میں) - (۲) فنا ؛ موت ؛ عالم زیریں ؛ ہیڈیس (Hades) - (۳) آلو وغیرہ دبانے کا گڑھا -

g. -clothes : کفن -

g. -digger : (۱) گور کن - (۲) ایک قسم کا کیڑا -

gravestone : کتبۂ قبر ؛ سنگ مزار -

graveyard : قبرستان ؛ گورستان -

make one *turn in his g.* : برے کام وغیرہ سے کسی کی روح کو صدمہ پہنچانا ؛ روح کو قبر میں بیچین کرنا -

secret as the g. : بالکل پوشیدہ ؛ قطعاً مخفی -

some one walking on my g. : اس وقت کہتے ہیں جب کسی پر لرزہ طاری ہو جاتا ہے -

graveless, *a.* : بے گور -

graveward, *adv. & n.* : عالم زیریں کو ؛ موت کی طرف -

Grave, *v. t.* : (۱) دفن کرنا ؛ سپرد خاک کرنا ؛ دفنانا - (۲) کھودنا ؛ کندہ کرنا ؛ نقش کرنا - (۳) (مجازاً) نقش کردینا ؛ کالنقش فی الحجر کردینا ؛ پتھر کی لکیر کردینا

graven image : بت ؛ مورت -

Grave, *a. & n.* : (۱) اہم ؛ ضروری ؛ وزنی ؛ قابل غور - (۲) بڑا ؛ شدید ؛ سخت ؛ بھاری ؛ سنگین - (۳) سنجیدہ ؛ گمبھیر ؛ بھاری بھر کم - (۴) سادہ ؛ صوفیانہ - (۵) (نبرے کے متعلق) خفیف -

gravely, *adv.* : اہمیت سے ؛ سنجیدگی سے ؛ سادگی سے

Grave, *v. t.* : جہاز کے تلے کو آگ جلا کر زنگ وغیرہ سے صاف کرنا ، اور اس پر تار کول پھیرنا -

Gravel, *n., & v. t.* : (۱) کنکر ؛ بجری - (۲) کنکر کی تہہ خصوصاً وہ جس میں سونا ہو - (۳) (طب) سنگ مثانہ ؛ پتھری (۴) بجری بچھانا ؛ کنکر پھیلانا ؛ حیرت میں ڈالنا ؛ چکر میں ڈالنا -

g. -blind : جسکی نظر بہت ہی کمزور ہو ؛ قریب قریب اندھا -

pay g. : (معدنیات) کنکریلی تہہ جس میں اسقدر سونا ہو کہ کافی فایدہ حاصل ہو -

gravelly, *a.* : کنکریلا ؛ بجریلا -

Graver, *n.* : (۱) کھودنے والا ؛ کندہ کرنے والا وغیرہ - (۲) چھینی جس سے تانبے پر کندہ کرتے ہیں -

Gravid, *a.* : حاملہ ؛ پیٹ سے -

Gravitate, *v. i. & t.* : (۱) کسی شے کی طرف کشش ثقل کی وجہ سے مائل ہونا ؛ کشش ثقل سے جھکنا ، کھنچنا - (۲) ڈوبنا ؛ نیچے کی طرف ، مرکز کی طرف مائل ہونا ؛ تہ نشین ہونا - (۳) ایسا عمل کرنا جس سے بھاری ہیرے تہ نشین ہوجائیں (ہیرے کی کان کنی میں) (۴) کسی مرکز کی طرف مائل ہونا ؛ کشش سے متاثر ہونا -

gravitation, *n.* : (۱) کشش ؛ میل وغیرہ - (۲) کشش ثقل -

gravitational, *a.* : متعلق بہ کشش ثقل ؛ میل مرکز سے متعلق -

gravitative, *a.* : کشش ثقل کا -

Gravity, *n.* : (۱) سنجیدگی ؛ بھاری بھر کم پن ؛ متانت - (۲) اہمیت - (۳) متانت ؛ سلجھ ہوگی ؛ گمبھیرپن ؛ خاموشی ؛ سنجیدہ وضعی -

(۴) ثقل؛ وزن - (۵) کشش ثقل؛ میل مرکزی -
specific g.: ثقل نوعی؛ کثافت نوعی -
Gravure, n., Photogravure کا مخفف -
Gravy, n.: (۱) آب گوشت ' پکاتے وقت گوشت سے جو عرق نکلتا ھے - (۲) گوشت کے ساتھ کھانے کا شوربہ جو آب گوشت اور چند اور چیزوں سے تیار ہوتا ھے ؛ شوربہ ؛ یخنی -
g.-boat: کشتی کی شکل کا برتن جس میں آب گوشت رکھا جاتا ھے -
g. beef: گائے کے گوشت کا وہ ٹکڑا جس سے آب گوشت تیار کیا جاتا ھے -
Gray, n.: دیکھو Grey -
Grayling, n.: (۱) ایک قسم کی دریائی مچھلی جس کا رنگ نقرئی ہوتا ھے - (۲) ایک قسم کی تتلی جسکے اندر کیمارت کے پر خاکستری رنگ کے ہوتے ہیں -
Graze, v. i. & t.: (۱) چرانا ؛ چرنا - (۲) گلہ بانی کرنا ؛ مویشی چرانا -
grazing, n.: چرائی؛ چرواہاگری؛ گلہ بانی -
Graze, v. t. & i. & n.: (۱) چھوجانا ؛ مس کرنا - (۲) خراشیدہ کرنا ' رگڑ لگنا ؛ چھلنا ؛ خراش لگنا - (۳) چھوتا ہوا نکل جانا - (۴) رگڑ ؛ خراش -
Grazier, n.: (فروخت کے لئے) مویشی پالنے والا ؛ مویشی فروش -
grsziery, n.: تجارتی مویشی خانہ -
Grease, n.: (۱) ہرن یا کسی اور شکار کے جانور کی چربی - (۲) چربی ؛ روغن ؛ چکنائی - (۳) اون کی چکنائی ؛ بے صاف کی ہوئی اون - (۴) ایک بیماری جو گھوڑوں کے پیروں میں ہو جاتی ھے
g.-box: تیل کا ڈبہ جو ریل گاڑی کے ہر پہیے کے ساتھ لگا ہوتا ھے تاکہ چکنائی پہنچاتا رھے -
g.-paint: ایک قسم کا روغن جو تھیٹر کے ایکٹر لگاتے ہیں -
g.-trap: وہ جالی جس سے بدر رو میں چکنائی کو داخل ہونے سے روک دیا جاتا ھے تاکہ وہ جم نہ جائے اور بدر رو کو پاٹ نہ دے -
in g., in pride or prime of g.: موٹا ؛ تازہ ؛ قابل ذبح -
wool in the g.: پشم ؛ بے صاف کی ہوئی اون -
Grease, v. t.: (۱) چکنا کرنا ؛ چکنانا ؛ چکنائی لگانا ؛ چپڑنا - (۲) گھوڑے کو پیر کی بیماری سے متاثر کرنا -
g. the palm of: رشوت دینا ؛ مٹھی گرم کرنا -
g. the wheel: روپیہ دے دلا کر معاملات ٹھیک کرلینا -
Greaser, v t.: (۱) چکنا کرنے والا ؛ چپڑنے والا - (۲) جہاز کے انجن کا ہیڈ فائر مین - (۳) (عامیانہ ریاستہائے متحدہ) ہسپانوی نسل کا باشندہ ؛ امریکہ یا میکسیکو کا قدیم باشندہ -
Greasy a.: (۱) چکنا ؛ چربی دار ؛ چربی کا ؛ چربی جیسا - (۲) چربی میں سنا ہوا ؛ چکنا ؛ چکٹا ہوا - (۳) بے صاف کی ہوئی اون - (۴) گھوڑا جس کے پیر میں بیماری ہو - (۵) چرب زبان ؛ چکنی چپڑی باتیں کرنے والا -
g. fritillary. ایک قسم کی تتلی -
g. pole: چکنا کھمبا یا بانس جو ورزش جسمانی کے کرتب دکھانے کے لئے استعمال ہوتا ھے ؛ (دکنی) ملکھم ؛ (گجراتی) ملکھم -
greasily, adv.: چکنے پن سے ؛ چرب زبانی سے -
greasiness, n.: چکناھٹ ؛ چکنائی ؛ چرب زبانی -

Great a. & n.: (۱) بڑا ؛ کلاں ؛ عظیم ؛ کبیر ؛ مہا ؛ بزرگ - (۲) غیر معمولی ؛ فوق العادت - (۳) اہم ؛ ضروری - (۴) ممتاز ؛ جلیل ؛ اعظم ؛ اکبر ؛ اعلی ؛ برتر ؛ بلند - (۵) جید ؛ عالی طبع ؛ عالی منش ؛ عالی نہاد - (۶) ماہر ؛ عالم ؛ فاضل ؛ کامل - (۷) بہت اچھا ؛ بہت خوب - (۸) تیسری پشت کا (مثلاً great grandson, great grandfather) -
G. Assize, Day, or Inquest: یوم قیامت ؛ حشر کا دن ؛ روز محشر -
G. Bible: کوور ڈیل کا ترجمۂ انجیل جو سنہ ۱۵۳۹ ع میں شائع ہوا تھا -
greatcoat: اورکوٹ ؛ لبادہ ؛ فرغل -
greatest happiness of the greatest number: بنتھم کے فلسفے کا اصل اصول -
g. go: کیمبرج میں بی - اے کا آخری امتحان -
g. hearted: فراخ دل ؛ بڑے دل والا ؛ عالی ہمت -
g. house: گاؤں کا بڑا مکان -
greats: اکسفورڈ کی جماعت بی - اے کا آخری امتحان -
g. with child: حاملہ -
the g. powers of Europe: دول عظمی -
greatcoated, a.: لبادے والا -
greatcoatless, a.: بغیر لبادے کا -
greaten, v. t. & i.: بڑھانا ؛ بڑا کرنا -
greatness, n.: بڑائی ؛ عظمت ؛ برتری ' بلندی ؛ اہمیت -
Greatly, adv.: (۱) بہت ؛ نہایت - (۲) بدرجہا ؛ بہت زیادہ ؛ کہیں زیادہ - (۳) امیرانہ ؛ شریفانہ ؛ عالی ہمتی سے ؛ فراخدلی سے -
Greave, n.: (عموماً جمع) وہ چیز جو لڑائی میں پنڈلیوں کی حفاظت کے لئے استعمال ہوتی ھے ؛ ساق پوش -
Greaves, n. (pl.): چربی کے چھیچھڑے جو روغنی حصہ نکالنے کے بعد بچ رہتے ہیں -
Grebe, n.: ایک قسم کا پرندہ جو پانی میں ڈبکی لگاتا ھے - (۲) اس کے پر جو آرائش کے لئے استعمال ہوتے ہیں -
Grecian, a. & n.: (۱) یونانی ؛ یونانیوں کا - (۲) یونانی زبان کا فاضل ' ادیب -
G. bend: بناوٹی طرز خرام ؛ بنکر چلنا ؛ بناوٹ کی چال -
G. gift: دیکھو Greek gift -
G. knot: جوڑا ؛ چوٹی -
G. slippers: مشرقی وضع کا سلیپر -
Grecism, Grecize, Greco- دیکھو grae -
Greed, n.: حرص ؛ طمع ؛ لالچ ؛ آز ؛ ہوکا -
Greedy, n.: (۱) کھاؤ ؛ پیٹو ؛ مربھکا ؛ ندیدہ ؛ لالچی ؛ طامع ؛ حریص - (۲) بیحد شائق ؛ (کسی چیز کا) بھوکا -
greedily, adv.: ہوکے سے ؛ حریصانہ ؛ ندیدے پن سے - (۲) بےحد شوق سے ؛ چاؤ سے ؛ طمع سے ؛ لالچ سے ؛ حرص سے -
greediness, n. (۱) ندیدہ پن ؛ لالچ ؛ حرص ؛ طمع ؛ آز ؛ ہوکا - (۲) بیحد شوق -
Greek, n. & a.: (۱) یونان کا باشندہ ؛ یونانی یا یونان کے

متعلق - (۲) کلیسائے یونان کا پیرو - (۳) جعل ساز؛ دغاباز؛ مکار؛ فریبی - (۴) یونانی (زبان) یا اس کے متعلق -

G. Church : کلیسائے یونان؛ مشرقی کلیسا (اس کلیسا کے لوگ اسقف اعظم قسطنطنیہ کو اپنا پیشوا مانتے ہیں یہ نویں صدی عیسوی میں رومی کلیسا سے علحدہ ہوا اور اسکے پیرو ترکی یونان اور روس کے عیسائی ہیں) -

G. gift : ایسا تحفہ جو ضرر رسانی کی نیت سے دیا جائے -

G. to me : میرے لیئے نا قابل فہم ' میرے لیئے معما یا چیستان -

when G. meets G.: اس وقت کہا جاتا ہیں جب مساوی حیثیت کے فریقوں کا مقابلہ ہوتا ہے -

greekless, *a.*: یونانی سے نا واقف -

Green, *a. & n.*: (۱) سبز؛ ہرا؛ دھانی - (۲) سر سبز؛ شاداب؛ ترو تازہ؛ ہرا بھرا - (۳) (چہرے کا رنگ) زرد؛ پیلا؛ بیماروں کا سا - (۴) سبزی؛ ترکاری؛ ساگ؛ پات - (۵) (مجازاً) حاسد؛ پر حسد؛ پر رشک - (۶) کچا؛ خام؛ نا رسیدہ؛ ہرا؛ تازہ - (۷) چاق چوبند؛ مضبوط - (۸) نا تجربہ کار؛ انیلا؛ نا بالغ بھولا؛ کچا - (۹) غیر مندمل ' ہرا زخم - (۱۰) سبز؛ سبز رنگ؛ سبز پڑیا - (۱۱) چستی؛ چالاکی؛ طاقت؛ مردانگی - (۱۲) نباتات؛ ہریاول؛ روئیدگی - (۱۳) (جمع) کچی ترکاری؛ سبزی؛ سبزہ زار -

do you see any g. in my eye : کیا تم میرے چہرے پر نا تجربہ کاری کے آثا ر پاتے ہو -

greenback : ممالک متحدہ امریکہ کا نوٹ -

g. -blind : جسکو سبز رنگ نظر نہ آئے -

g. -book : کوئی کتاب جو حکومت ہند سرکاری طور پر شائع کرے -

g. cheese : کچا پنیر -

(Board of) G. cloth : شاہی محل کا شعبہ میر سامانی -

g. Christmas ; وہ بڑا دن جس میں برف نہ گرے -

g. crop : سبزی؛ چری وغیرہ -

g. drake : ایک کیڑا جس کی عمر صرف ایک دن ہوتی ہے -

g. earth : لوہا؛ پوٹا شیم وغیرہ کا ہائیڈرس سلی کیٹ -

g. eye : رشک؛ حسد -

g. fat : turtle کی چربی جو بہت مزے دار سمجھی جا تی ہے -

greenfinch, g. linnet : ایک قسم کی چڑیا جس کے پر سنہری اور سبز ہوتے ہیں -

g. fly : ایک قسم کا چھوٹا کیڑا -

greengage : بیر کی قسم کا سبز پھل -

g. goose : چار مہینے سے کم کی بطخ جو بے مسالہ بھرے پکائی جائے -

greengrocer(y) : سبزی فروش؛ سبزی فروشی؛ ترکاری بیچنا؛ کنجڑے کا پیشہ -

greenheart : ایک چوب عمارتی کا درخت جو بر ٹش گیا نا میں پیدا ہوتا ہے -

greenhorn : شخص نادان؛ بیوقوف؛ سادہ لوح؛ جاہل -

greehouse : شیشے کا گھر پودوں کے لئے -

g. jaundice : ایک قسم کا یرقان جس میں جلد سبز ہو جا تی ہے -

g. -man : گولف کے میدان کا محافظ -

g. manure : گھاس کی کھاد؛ ہری کھاد -

g. -peak : سبز رنگ کا کھٹ بڑھئی؛ کٹ پھوڑا؛ ھد ھد -

g. -room : تھیٹر کے ایکٹروں کی خلوت گاہ -

greensand : ایک طرح کی سبز بھور بھوری مٹی -

g. shank : ایک قسم کا بڑا پرند جو گیلی ریت میں پا یا جاتا ہے -

g. sick(ness): نوجوان عورتوں کی بیماری جس میں خون کی کمی سے رنگ سبزی مائل ہوجاتا ہے؛ ہرا روگ (میں مبتلا) -

g. -stick : ھتی کی چوٹ (خصوصاً بچوں کی) -

greenstone : ایک قسم کا پتھر -

g. stuff : ہری ترکاریاں؛ سبزی؛ نباتات؛ روئیدگی -

g. sward : سبزہ زار؛ ہری گھاس کا تختہ -

g. table : جوا کھیلنے کی میز -

greentail : پن مکھی -

g. tea : سبز چائے جو بھاپ میں سکھائی جاتی ہے -

greenweed : ایک جھاڑی جس کے پھول سے رنگ بنتا ہے -

greenwood : ہرا بھرا جنگل خصوصاً بطور قزاقوں کے مسکن کے -

greenyard : کانجی ہوس -

in the g., dry, tree : اچھی حالت میں ' بری حالت میں -

greenery, *n.*: سبزی؛ ہریاول -

greeneyed, *a.* : حاسد؛ رشک کرنیوالا -

greenish, *a.*: سبزی مائل؛ کسی قدر بھولا؛ ناتجربہ کار وغیرہ -

greeny, *a.*: سبزی مائل وغیرہ -

greenness, *n.*: سبزی؛ ھرا پن -

Greening, *n.*: ایک قسم کا سیب جو پک کر سبز رہتا ہے -

Greenth, *n.*: (شاذ) سبزہ؛ گھاس؛ ہریاول؛ روئیدگی -

Greenwich, *n.*: انگلستان کے صوبہ کینٹ کا ایک شہر جس میں کلا سرکاری رصد گاہ ہے؛ گرینچ -

G. Hospital : ایک عمارت جس میں پہلے بوڑھے اور معذور ملاح رہتے تھے اور اب شاہی بحری کالج ہے -

G. time : نصف النہار گرینچ کا وقت جو انگلستان اور بعض اور ممالک میں رائج ہے -

Greet, *v. t.*: (۱) سلام کرنا؛ آداب کرنا؛ تسلیمات کرنا؛ بندگی کرنا؛ خیرو عافیت پوچھنا - (۲) مبارک باد دینا؛ مبارک سلامت کہنا؛ تہنیت دینا؛ خیر مقدم کرنا؛ خوش آمدید کہنا - (۳) نظر پڑنا؛ گوش زد ہونا -

greeting, *n.*: (۱) سلام؛ بندگی؛ تسلیمات؛ آداب - (۲) مبارک باد؛ تہنیت - (۳) خیر مقدم -

Greet, *v. i.*: (اسکاچستان) رونا؛ آہ و بکا کرنا -

Greffier, *n.*: رجسٹرار؛ افسر رجسٹری -

Gregarious, *a.*: (۱) جھنڈ میں چرنے والا؛ غول پسند - (۲) ملنسار؛ صحبت پسند - (۳) (نباتیات) ہم رو؛ ہم نمو؛ جھنڈمیں اُگنے والا - (۴) گلوں کا؛ گروہ ' مجمع کے متعلق -

gregariously, *adv.*: غول پسندی یا صحبت پسندی سے -

gregariousness, *n.*: غول پسندی؛ جماعت پسندی؛ صحبت پسندی -

Grege, *a. & n.*: زردی مائل بھورا ؛ زردی مائل بھورا رنگ -

Gregorian, *a. & n.*: (۱) ایک سادہ طرز کا راگ جو گریگیری (تیرھویں پوپ) سے منسوب ھے - (۲) اس راگ کے متعلق - (۳) گریگری کا قائم کیا ھوا -

G. calender: پوپ گریگوری کا اصلاح کردہ نظام تقویم -

G. epoch: گریگری سنہ جو ۱۵۸۲ ع سے شروع ھوتا ھے -

G. style: نیا نظام تقویم (یعنی گریگری کا) -

Gregory-powder, *n.*: سفوف ریوند چینی -

Gremial, *n.*: ایک ریشمی رومال جو بعض مذھبی تہواروں پر بشپ کی گود میں ڈال دیا جاتا ھے -

Grenade, *n.*: (۱) چھوٹا شیل یا بم کا گولہ ؛ دستی بم - (۲) شیشے کا ظرف جس میں کیمیاوی اجزا بھر کر پھینکے جاتے ھیں ؛ حقہ -

Grenadier, *n.*: (۱) دستی بم پھینکنے والا سپاھی - (۲) شاھی پیادہ فوج کی پہلی رجمنٹ - (۳) جنوبی افریقہ کا ایک پرندہ جس کے پر لال اور کالے ھوتے ھیں -

Gg. or g. Guards: شاھی پیادہ فوج کی پہلی رجمنٹ -

Grenadine, *n.*: (گائے کے بچھڑے کا یا مرغ کا) ران کا گوشت جو ایک خاص ترکیب سے پکایا جاتا ھے -

Grenadine, *n.*: جالی دار ریشمی اونی کپڑا -

Grenadine, *n.*: فرانس کی بنی ھوئی انار کی شراب -

Gressorial, *a.*: (حیوانیات) چلنے والا ؛ چلنے کا -

Grew: دیکھو grow -

Grey, Gray, *a. & n., & v. i. & t.*: (۱) خاکستری ؛ سیاھی مائل سفید ؛ بھورا - (۲) دھندلا ؛ ماند ؛ سنسان ؛ اداس - (۳) سفید (بال) ؛ سفید بال والا - (۴) (انسان) بوڑھا ؛ کہن سال ؛ تجربہ کار ؛ آزمودہ کار ؛ پختہ مغز - (۵) بہت قدیم ؛ پرانا ؛ پراچین - (۶) بھورے کپڑے - (۷) بے دھوپ کی دھیمی روشنی ؛ ٹھنڈی روشنی - (۸) بھورا خاکستری رنگ - (۹) اس رنگ کا گھوڑا - (۱۰) بھورا ھونا ؛ بھورا کرنا - (۱۱) (فوٹو گرافی) شیشے کی سطح کو دھندلا کرنا ؛ منفی تصویر کو خاکستری شیشے سے مٹیالا کرنا -

g. beard: (۱) بڈھا ؛ ضعیف ؛ عمر رسیدہ ؛ پیر ؛ کہن سال - (۲) پتھر کا بڑا جگ - (۳) ایک طرح کی کائی -

g. -coat: کمبر لینڈ کا کسان -

g. crow or G. -back: کلغی دار کوا -

g. -drake: ایک طرح کا کیڑا جس کی عمر صرف ایک دن کی ھوتی ھے -

g. eye: بھوری آنکھ -

g. friar: فرانسسکن طریق کا راھب -

g. goose: یورپ کا جنگلی ھنس -

g. -headed: بڈھا ؛ کہن سال ؛ آزمودہ کار ؛ قدیم ؛ پرانا -

g. -hen: black grouse کی مادہ -

g. mare is better horse: بیوی شوھر پر حکومت کرتی ھے -

g. matter: مغز ؛ دماغ کا خاکستری مادہ -

g. monk: سسٹر شین طریق کا (راھب) -

g. sister: سینٹ فرینسس کی تیسرے طبقے کی راھبہ -

greystone: خاکستری رنگ کی آتش فشاں چٹان -

the Gg. or Scots Gg.: دوسرا ڈراگون رسالہ -

greyish, *a.*: بھورا سا -

greyly, *adv.*: بھورا پن لئے ھوئے -

greyness, *n.*: بھورا پن ؛ دھندلا پن -

Greyhound, *n.*: تازی کتا ؛ ایک قسم کا شکاری کتا -

g. racing: ایک جدید شوط کا کھیل جس میں مصنوعی خرگوش دوڑائے جاتے ھیں اور تازی کتے پیچھا کرتے ھیں -

Ocean g.: تیز رفتار جہاز -

Greylag (goose), *n.*: یورپ کا معمولی جنگلی ھنس -

Grid, *n.*: (۱) کٹہرا ؛ جنگلہ - (۲) انگیٹھی ؛ سیخدار چولھا - (۳) ریل کی لائینوں ؛ بجلی کے تاروں وغیرہ کا جال - (۴) (برقیات) ایک قسم کا کھل منفذ -

Griddle, *n., & v. t.*: (۱) توا - (۲) تاروں کی چھلنی - (۳) تاروں کی چھلنی میں چھاننا -

Gride, *v. i. & n.*: کاٹنا ؛ چھیلنا (رگڑ کی آواز کے ساتھ) ؛ سوراخ کرنا ؛ بندھنا ؛ رگڑ کی آواز -

Gridiron, *n.*: (۱) گوشت بھوننے کی لوھے کی انگیٹھی ؛ سیخدار چولھا - (۲) وہ کٹہرا جو جہاز کو بندرگاہ میں روکے رھتا ھے - (۳) لکڑی کا وہ ڈھانچا جس سے تھیٹر کے پردے گرائے جاتے ھیں - (۴) لکڑی کا لٹکن جو کئی دھاتوں سے بنتا ھے -

g. -pendulum: گھڑی کا لٹکن -

Grief, *n.*: رنج ؛ ملال ؛ کلفت ؛ افسوس ؛ حزن ؛ الم

come to grief: مصیبت میں مبتلا ھونا ؛ برباد ھونا ؛ ناکام ھونا ؛ ھارنا ؛ شکست کھانا ؛ نقصان اٹھانا -

Grievance, *n.*: شکایت ؛ شکوہ ؛ رنجش -

Grieve, *v. t. & i.*: (۱) رنج دینا ؛ رنجیدہ کرنا ؛ تکلیف دینا ؛ دل دکھانا - (۲) رنج کرنا ؛ رنجیدہ ھونا ؛ محزوں ھونا ؛ ملول ھونا ؛ متاسف ھونا -

Grievous, *a.*: (۱) تکلیف دہ ؛ ضرر رساں ؛ مضر ؛ جانگزا ؛ مہلک - (۲) سخت ؛ شدید ؛ حد درجہ کا - (۳) سنگین ؛ بڑا ؛ عظیم ؛ شدید ؛ نہایت خراب ؛ فاش ؛ زبوں - (۴) المناک ؛ درد انگیز ؛ ملال انگیز -

grievously, *adv.*: سختی سے ؛ شدت سے ؛ تکلیف دہ یا المناک طریقے سے -

Griff(in), *n.*: تازہ وارد یورپی ؛ نا تجربہ کار ؛ اناڑی شخص -

griffinage, *n.*: ناتجربہ کاری ؛ خامکاری -

griffinhood, *n.*: خامکاری ؛ اناڑی پن -

griffinish, *a.*: نا تجربہ کار ؛ اناڑی -

griffinship, *n.*: نا تجربہ کاری ؛ اناڑی پن -

Griffin, Griffon, Gryphon, *n.*: (۱) ایک خیالی جانور جس کے سر اور بازو عقاب کے سے اور باقی جسم شیر کا سا تصور کیا جاتا ھے - (۲) (-fon) ایک قسم کا گدھ -

Griffon, *n.*: ایک قسم کا کتا جس کے بال موٹے ھوتے ھیں اور جو ٹیریر کے جیسا ھوتا ھے اور ابتداً بلجیم سے لایا گیا تھا -

Grig, *n.*: (۱) بام مچھلی - (۲) جھینگر ؛ ٹڈا -

merry, lively as a g.: (ٹڈے کی طرح) خوش و خرم ؛ چاق و چوبند -

Grill, *v. t. & i., & n.*: (۱) بھوننا ؛ بریاں کرنا ؛ کباب کرنا - (۲) تکلیف دینا ؛ ایذا دینا ؛ جلا دینا ؛ پھونک دینا - (۳) بھنا ھوا یا بریاں گوشت - (۴) مکان جہاں گوشت وغیرہ بھونا جاتا ھے (G. room) -

g. -room : طعام خانے کا وہ کمرہ جہاں بریاں گوشت ملتا ہے -

griller, *n.*: (۱) بھوننےوالا؛ کبابی- (۲) ایذا دینےوالا؛ جلانے والا -

Grill, *n.*: گوشت بھوننے کی انگھیٹی ؛ سیخدار چولھا -

Grillage, *n.*: لکڑی کا ڈھانچا جو دھنسنے والی زمین پر مکان کی بنیاد کا کام دیتا ہے -

Grille, Grill, *n.*: (۱) (خانقاہ میں) جنگلہ یا جالی دار اوٹ - (۲) (ٹینس) دیوار میں چوکور سوکھا - (۳) وہ ڈھانچہ جس میں مچھلی کے انڈوں سے بچے نکالے جاتے ہیں -

grilled, *a.*: جالیدار جنگلے کا -

Grilse, *n.*: سامن مچھلی کا بچہ -

Grim, *a.*: (۱) سخت ؛ سنگدل ؛ ظالم ؛ بے رحم - (۲) خوفناک؛ مہیب؛ہیبت ناک ڈراؤنا؛ بھیانک؛ کریہ‌منظر؛ وحشتناک؛ کھسیانا ؛ تلخ -

hold on like g. death : خوب مضبوط پکڑنا -

grimly, *adv.*: ہیبتناک طور سے؛ سنگدلی سے -

grimness, *n.*: سنگدلی ؛ ڈراؤنا پن ؛ کریہ منظری وغیرہ -

Grimace, *n. & v. i.*: (۱) منہ بنانا ؛ مضحک شکل بنانا - (۲) بناوٹی‌صورت بنانا ؛ تصنع؛ بناوٹ - (۳) مضحک شکل؛ چہرے کا بناوٹی انداز -

Grimacer, Grimacier, *nn.*: منہ بنانے والا -

Grimalkin, *n.* : (۱) بڈھی بلی - (۲) بد مزاج بوڑھی عورت -

Grime, *n., & v. t.*: (۱) کلونس ؛ کالک ؛ میل؛ میل کچیل - (۲) میلا کرنا ؛ کثیف کرنا ؛ آلودہ کرنا -

grimy, *a.*: میلا ؛ کثیف -

griminess, *n.*: میلا رهنا ؛ میل ؛ کثافت -

Grimm's law : دیکھو Law -

Grin, *v. i. & t. & n.*: (۱) کھسیانی‌ہنسی‌ہنسنا؛ بد تمیزی سےہنسنا؛ دانت نکالدینا - (۲) ہنس کر اظہار حقارت کرنا - (۳) حقارت آمیز یا کھسیانی ہنسی؛ زہر خند ؛ بد تمیزی کی ہنسی -

g. and bear it : تکلیف کو ہنسی خوشی برداشت کرنا -

g. like Cheshire cat : ہر وقت بلا وجہ ہنستے رہنا -

g. through horse-collar : گنواروں کے کھیل میں منہ بنا کے مقابلے میں ہنسنا -

Grind, *v. t.& i. & n.*: (۱) پیسنا؛چبانا- (۲)پیسنا-(۳)ستانا؛ظلم کرنا؛ جبر ستائی کرنا ؛ پیس ڈالنا - (۴) تیز کرنا ؛ سان چڑھانا ؛ دھار رکھنا - (۵) چکی چلانا ؛ چکی پیسنا - (۶) دستی ارگن بجانا ؛ دستے کو حرکت دینا - (۷) محنت کرنا ؛ گھوٹنا ؛ رٹنا ؛ بیحد محنت سے مطالعہ کرنا یا پڑھنا - (۸) محنت سے تعلیم دینا ؛ پڑھانا - (۹) گھسنا ؛ رگڑنا ؛ ملنا - (۱۰) (دانت) پیسنا - (۱۱) پسائی - (۱۲) دن رات کا مطالعہ ؛ گھٹائی ؛ شدید محنت - (۱۳) سیر ؛ چہل قدمی - (۱۴) (کیمبرج) گھات -

grind out an oath : دانت پیس کر قسم کھانا -

grindstone : سان؛ فسان -

hold, keep, one's *nose to the grindstone* : ہل میں جوتے رکھنا ؛ سختی سے کام لینا -

Grinder, *n.*: (۱) ڈاڑھ - (۲) چکی؛ آسیا - (۳) چکی کا اوپر کا پاٹ - (۴) پیسنے والا ؛ سان پر چڑھانے والا ؛ گھوٹنے والا -

Grip, *n.*: (۱) قبضہ ؛ پکڑ ؛ گرفت ؛ پنجہ - (۲) قابو؛ قبضہ؛ عبور ؛ مہارت - (۳) ہاتھ ملانے کا طریقہ - (۴) مشین کا ایک پرزہ ؛ کلپ - (۵) دستہ ؛ قبضہ -

at. come to, gg. : دست و گریباں (ہونا) -

g. -brake : دستی بریک؛ دستی روک -

Grip, *v. t. & i.*: (۱) پکڑنا ؛ مٹھی میں لینا ؛ تھامنا ؛ مضبوط پکڑنا - (۲) متوجہ کرنا ؛ توجہ منعطف کرنا -

gripsack : بیگ ؛ دستی بیگ -

gripper, *n.*: پکڑنے والا ؛ تھامنے والا وغیرہ -

Grip, *n.*: چھوٹی خندق ؛ کھائی -

Gripe, *v. t. & i. & n.*: (۱) مضبوط پکڑنا ؛ بھینچنا ؛ مضبوط گرفت کرنا ؛ زور سے پکڑنا - (۲) تکلیف دینا ؛ دبانا - (۳) درد قولنج پیدا کرنا - (۴) رسیوں سے باندھنا (بحری) - (۵) (جہاز کا) باوجود پتوار چلانے کے ہوا کے رخ پر چلنا- (۶) پکڑ ؛ گرفت؛ قبضہ؛ قابو ؛ اینٹھن - (۷) دستہ؛ قبضہ ؛ ہتا - (۸) رسیاں جس سے کشتی ساحل سے بندھی رہتی ہے - (۹) (جمع) درد قولنج -

g. -water: ایک دوا جو بچوں کو درد قولنج میں‌دی جاتی ہے -

Grippe, *n.*: جنگلی بخار ؛ انفلوئنزا -

Grisaille, *n.*: ایک طرح کی رنگ کاری جس میں خاکستری رنگ کے نقوش بنائے جاتے ہیں -

Griseous, *a.*: نیلگوں خاکستری یا سفیدی مائل خاکستری -

grisette, *n.*: فرانس کی مزدور لڑکی -

Griskin, *n.*: (نمک ڈال کر سکھائی ہوئی) سور کی ران کا پتلا حصہ-

Grisly, *a.*: خوفناک؛ مہیب ؛ ڈراؤنا ؛ ہولناک -

Grist, *n.*: (۱) چکی‌کا کول - (۲) کٹے ہوئے جو جن سے شراب بنتی‌ہے-

all is g. that comes to his mill : وہ ہر چیز سے فائدہ اٹھاتا ہے ؛ کام نکالتا ہے -

brings g. to the mill : اس سے کام چلتا ہے ؛ نفع ہوتا ہے -

Grist, *n.*: سوت یا رسے کی موٹائی -

Gristle, *n.*: کرکری یا چبنی ہڈی ؛ نرم ہڈی -

in the g. : خام ؛ نا رسیدہ (بچے جن کی ہڈی نرم ہو) -

gristly, *a*: کرکری ہڈی کی طرح -

Grit, *n.* : (۱) سنگریزہ؛ کنکری؛کنکر - (۲)موٹا ریتیلا پتھر-(۳) ریتیلے پتھر کے ذرے - (۴) (روز مرہ) کس‌؛بل؛ جیوٹ؛ دم؛ استقلال؛ سب-

gritty, *a.* : کرکرا ؛ کنکر دار ؛ کسکسا -

grittiness, *n.* : کرکرا پن ؛ کسکساہٹ -

Grit, *v. i. & t.* : (۱) کرکراہٹ کی آواز پیدا کرنا ؛ کسکسانا - (۲) دانت کسکسانا -

Grits, *n.* pl. : (۱) کٹی ہوئی جئی - (۲) موٹا جئی کا آٹا -

Grizzled, *a.* : خاکستری ؛ خاکی؛ بھورا ؛ خاکستری بالوں والا ؛ بھورے بالوں والا -

Grizzly, *a. & n.* : (۱) خاکستری ؛ خاکی ؛ بھورا ؛ خاکستری‌سا ؛ خاکستری بالوں والا ؛ بھورے بالوں والا - (۲) بڑا بھورا ریچھ -

g. bear. : شمالی امریکہ کا بڑا ریچھ ؛ بھورا ریچھ -

g. king, queen : کیڑے جو مچھلی کے‌چارے کے کام آتے ہیں-

Groan, *v. i. & t., & n.* : (۱) کراہنا - (۲) کراہ کراہ کر کہنا - (۳) دبا ہونا ؛ لدا ہونا - (۴) آرزو مند ہونا ؛ (کسی چیز کے لئے) تڑپنا -

g. down : (مقرر کو) ھاے ھاے کر کے خاموش کردینا -

سسی ۔۔۔

g. inwardly. : صدمہ ہونا ؛ دل پر چوٹ لگنا -

groaningly, adv. : (۱) کراہ کر ؛ فریاد کے ساتھ - (۲) تکلیف سے ؛ مظلومانہ طور پر - (۳) آرزو سے ؛ خواهش سے -

Groat, n. : (تاریخ) ایک چاندی کا سکہ جو چار پینی کے برابر ہوتا تھا (سنہ ۱۳۵۱ تا سنہ ۱۶۶۲ ء) - (۲) حقیر رقم ؛ کوڑی ؛ جھنجھنی -

Groats, n. (pl.) : چھلا اور کٹا ہوا غلہ ؛ دلیا -

Grobian, n. : بد تمیز ؛ بے تکا آدمی ؛ گنوار -

Grocer, n. : پنساری ؛ کرانا بیچنے والا ؛ بقال -

g.'s itch. : خارش جو شکر کو چھونے سے پیدا ہوتی ھے -

grocery, n. : پنساری کا پیشہ یا دوکان ؛ کرانا ؛ پنساری کا سامان -

Grog, n., & v. i. & t. : (۱) پانی ملی ہوئی شراب - (۲) جلسہ جس میں اس شراب کا دور ہو - (۳) پانی ملی شراب پینا - (۴) خالی پیپے میں گرم پانی ڈال کر بچی کچی شراب نکالنا -

g.-blossom. : شراب خوری کی وجہ سے ناک پر جو سرخی رہتی ھے -

Groggy, a. : (۱) شرابی ؛ متوالا ؛ مدہوشی ؛ پیے ہوے ؛ بے پرسش ؛ شراب خوار ؛ لڑکھڑانے والا ؛ ہلتا ڈولتا ؛ متزلزل - (۳) (گھوڑا) اگلے پیروں کا کمزور -

grogginess, n. : (۱) مدہوشی ؛ میخواری - (۲) (گھوڑے کی) اگلے پاوں کی کمزوری - (۳) تزلزل ؛ لڑکھڑاہٹ -

Grogram, n. : ایک قسم کا موٹا کپڑا جو ریشم ' اون اور بلی کے بالوں کو ملا کر بنایا جاتا ھے -

Groin, n., & v. t. : (۱) چڈا ؛ جانگھ - (۲) متقاطع محرابوں کا کونا - (۳) ان کونوں کا سلسلہ - (۴) متقاطع محرابوں کے طرز پر تعمیر کرنا -

groining, n. : متقاطع محرابوں کا طرز تعمیر -

Gromwell, n. : ایک قسم کا پودا جس کے بیج پہلے بطور دوا کے استعمال ہوتے تھے -

Groom, n., & v. t. : (۱) شاہی محل کا ایک افسر ؛ داروغہ - (۲) سائیس ؛ نفر - (۳) (شاذ) دولہا - (۴) گھوڑے کو ملنا ؛ کھریرا کرنا ؛ دانہ گھاس کھلانا ؛ گھوڑے کی دیکھ بھال کرنا -

groomsman. : دولھا کا کنوارا دوست جو حسب رواج نکاح کے وقت اس کے ساتھ رہتا ھے ؛ شہ بالا -

well groomed : بنا سنورا ؛ بال بنائے ؛ مانگ نکالے -

Groove n., & v. t. : (۱) نالی ؛ خانہ ؛ نال بنانا - (۲) بندھا ٹکا کام ؛ مقررہ رستہ ؛ لیکھ ؛ لکیر -

groovy, a. : لکیر کا فقیر ؛ لیکھ پر چلنے والا -

grooviness, n. : لکیر کا فقیر ہونا ؛ لیکھ پر چلنا -

Grope, v. i. : (۱) ٹٹولنا - (۲) کسی شے کو اندھوں کی طرح تلاش کرنا ؛ (نیز مجازاً) ٹٹول کر معلوم کرنا -

g. one's way : ٹٹول کر چلنا ؛ دیکھ بھال کر قدم اٹھانا -

gropingly, adv. : ٹٹول کر ؛ ٹٹولتے ہوے -

Grosbeak, n. : ایک قسم کا چھوٹا پرند جس کی چونچ بڑی اور مضبوط ہوتی ھے -

Groschen, n. : جرمنی کا ایک قدیم نقرئی سکہ ... اب رواج نہیں ھے -

Gros de Naples, n. : ایک قسم کا موٹا ریشمی کپڑا -

Gross, n. (pl. gross) : بارہ درجن یا ایک سو چوالیس -

Gross, a. : (۱) کثیر ؛ وافر ؛ لبریز ؛ مالا مال - (۲) ابھرا ہوا ؛ پھولا ہوا - (۳) فاش ؛ کھلی ؛ موٹی ؛ سخت (غلطی وغیرہ) - (۴) کل ؛ مع خرچہ - (۵) کثیف ؛ مکدر ؛ غلیظ ؛ موٹا ؛ بھدا - (۶) میلا ؛ چکٹا ؛ غلیظ ؛ کثیف ؛ مکروہ (کھانا) - (۷) کند ؛ سست - (۸) بیہودہ ؛ غیر مہذب ؛ نا شائستہ ؛ فحش -

g. feeder : کثیف غذا کھانے والا -

in (the) g. : مجموعی طور پر ؛ من حیث الکل -

grossly, adv. : بہ شدت ؛ نہایت ؛ صاف طور پر ؛ بد تمیزی سے ؛ بے شرمی سے ؛ پھوہڑ پن سے -

grossness, n. : کثرت ؛ کثافت ؛ غلاظت ؛ بیہودگی -

Grot, n. : دیکھو GROTTO -

Grotesque, n. & a. : (۱) ایک قسم کی نقاشی یا سنگ تراشی جس میں انسان اور حیوان کی عجیب و غریب تصویریں اور پھول پتیاں ملی جلی ہوتی ہیں - (۲) بگڑی ہوئی شکل ؛ مضحک تصویر (عمارت) - (۳) مضحک ؛ رنگ برنگ ؛ آدھا تیتر آدھا بٹیر ؛ بے ڈھنگا ؛ بے تکا ؛ بے سر و پا -

grotesquely, adv. : بیہودگی سے ؛ بے ڈھنگے پن سے ؛ مضحک طور پر -

grotesqueness, n. : بے ڈھنگا پن ؛ بے تکا پن ؛ مضحک ہونا -

grotesquerie, n. : مضحک ' بے ڈھنگی ' بے تکی چیز یا کام -

Grotto, n. (pl.-os,-oes) : (۱) خوبصورت غار یا کھوہ - (۲) مصنوعی کھوہ یا غار جو سیپ وغیرہ سے آراستہ کیا جاتا ھے -

grottoed, a. : غار دار -

Ground, n. : (۱) سمندر کی تہہ - (۲) (جمع) تلچھٹ ؛ گاد - (۳) (برق) زمین - (۴) بنیاد ؛ اصل ؛ سبب ؛ علت ؛ وجہ - (۵) (نقاشی ' سوزن کاری) زمین - (۶) (کندہ کاری) مسالا جو دھات پر پھیلا کر سوئی سے چھید ا جاے - (۷) سطح ارض زمین - (۸) مکان کا احاطہ - (۹) محل وقوع ؛ رقبہ ؛ فاصلہ - (۱۰) کسی خاص چیز کا میدان - (۱۱) اراضی ؛ زمین ؛ جائیداد - (۱۲) کھیلنے والے کی کریز (crease) کے پیچھے کا میدان ؛ تنخواہ دار کھلاڑی - (۱۳) (پرندوں کے نام میں) بری یا بحری ؛ (جانور) ماند یا بھٹ میں رہنے والا ؛ (پودوں کے نام میں) زمین پوش -

above g. : زندہ ؛ بقید حیات -

classic g. : تاریخی مقام -

cover much g. : موضوع وسیع ہونا -

cut the g. from under one's feet : پیش بندی کرکے کسی کے دلائل اور منصوبوں کو توڑ دینا -

down to the g. : (روز مرہ) ہر طرح سے ؛ ہر صورت سے ؛ پوری طرح -

fall, be dashed, to the g. : نا کام ہونا یا رہ جانا (تجویز کا) -

forbidden g. : ممنوع مبحث یا موضوع -

gain g.: (۱) بڑھنا ؛ ترقی کرنا - (۲) رائج ہونا ؛ رواج پانا -

get in on the g.-floor: کسی کمپنی میں اس کے قائم کرنے والوں سے مساوی حقوق کے ساتھ شریک ہونا -

g.-ash: ایش (ash) کا چھوٹا درخت - (۲) اس کی چھڑی -

g.-bait: مچھلی کا چارہ ؛ چارہ لگانا -

g.-box: چھوٹے صلد وتھپے جن سے باغ کی کیاری کی میلتی بنائی جاتی ہے -

g.-colour: (مصوری) زمین کا رنگ ؛ تہ رنگ -

g.-fish: تہ نشین مچھلی -

g.-fishing: تہ میں چارہ ڈال کر شکار کرنا -

g. floor: نیچے کی منزل -

g. game: جنگلی خرگوش وغیرہ -

g.-gudgeon: ایک دریائی مچھلی -

g.-hog: ایک قسم کی امریکی گلہری -

g.-ice: پانی کی تہ کا برف -

g. ivy: ایک قسم کی بیل جس کے پھول نیلے ارغوانی ہوتے ہیں -

g.-landlord: اس زمین کا مالک جو تعمیر مکان کے لئے پٹے پر دی گئی ہو -

g. man: کرکٹ وغیرہ کے میدان کا نگران -

groundsman, groundman: شخص عموماً پیشہ ور کھلاڑی جو کرکٹ یا دوسرے کھیلوں کے میدان کی نگرانی کرتا ہے یا حاضر رہتا ہے -

g.-note: لے کا سُر ؛ بنیادی سُر -

g.-nut: مونگ پھلی -

g.-pine: ایک قسم کی جھاڑی ؛ ایک قسم کی کائی -

g.-plan: عمارت کا نقشہ یا خاکہ -

g.-rent: زمین کا کرایہ -

g. sea: طوفان جس کا سبب نہ معلوم ہو -

g.-swell: طوفان جو سمندر میں زلزلہ وغیرہ کے سبب سے آیا ہو -

g.-torpedo: تار پیڈو جو سمندر کی تہ میں لگا دیا جائے -

groundwork: (۱) بنیاد ؛ داغ بیل - (۲) جزو اعظم - (۳) (سوزن کاری وغیرہ) زمین -

lose, give, g.: پیچھے ہٹنا ؛ پسپا ہونا ؛ زوال پذیر ہونا -

stand, shift, one's *g.*: اپنی دلیل یا ارادے پر قائم رہنا ؛ دلیل یا ارادہ بدل دینا -

take g.: جہاز کا کنارے پر چڑھ جانا -

touch g.: ادھر ادھر کی باتوں کے بعد اصل مقصد پر آنا ؛ مطلب پر آنا -

groundless, *a.*: بے سبب ؛ بے دلیل ؛ بے سروپا ؛ بے بنیاد -

groundlessly, *adv.*: ناحق ؛ بلا سبب ؛ بلا وجہ -

groundlessness, *n.*: بے بنیادی ؛ بے سبب ہونا -

groundy, *a.*: گل لا -

Ground, *v. t. & i.*: (۱) بنیاد رکھنا ؛ مبنی کرنا ؛ بنا قرار دینا ؛ مدار رکھنا - (۲) بنیاد مضبوط کرنا ؛ ابتدائی اصول اچھی طرح سکھانا - (۳) (سوزن کاری وغیرہ) زمین تیار کرنا - (۴) ہتھیار وغیرہ زمین پر رکھنا - (۵) (برقیات) زمین سے ملانا (بطور برق کش) - (۶) زمین پر اترنا - (۷) (جہاز کا) زمین پر چڑھ جانا -

well or ill grounded: جس کی بنیاد مضبوط یا کمزور ہو -

groundedly, *adv.*: مستحکم طور پر -

grounding, *n.*: ابتدائی اصول کی تعلیم ؛ بنیادی تعلیم -

Ground: (p. p. of grind)

G. glass: اندھا شیشہ (جو گھس کر شفاف بنایا جائے) -

Groundage, *n.*: محصول جو جہازوں کو کنارے پر ٹھہرنے یا بندرگاہ میں داخل ہونے پر دینا پڑتا ہے -

Groundling, *n.*: (۱) ایک قسم کی تہ نشین مچھلی - (۲) بونا یا زمین بوس پودا یا بیل - (۲) ادنی مذاق کا شخص ؛ تماشائی یا ناظر -

Groundsel, *n.*: ایک قسم کی گھاس جو پالے ہوئے پرندوں کو کھلائی جاتی ہے -

Groundsel, *n.*: (قدیم) لکڑی کا داسا جو بنیاد کا کام دیتا ہے ؛ دہلیز ؛ بنیادی تختہ -

Group, *n. & v. t. & i.*: (۱) (فنون لطیفہ) مرقع ؛ مجموعہ - (۲) مجمع ؛ جتھا ؛ گچھا ؛ جھنڈ ؛ پرا ؛ ٹکڑی - (۳) جماعت ؛ گروہ ؛ فریق ؛ زمرہ - (۴) (علمی اصطلاح) صنف ؛ جنس - (۵) جمع کرنا ؛ جماعت بنانا ؛ جماعت میں داخل کرنا ؛ زمرہ میں شریک کرنا ؛ ترتیب دینا ؛ قسموں میں تقسیم کرنا -

Grouping, *n.*: جماعت بندی ؛ صف وار ترتیب -

Grouper, *n.*: ایک قسم کی مچھلی جو آسٹریلیا اور جزائر غرب الہند میں ہوتی ہے -

Hang, *v. t. & i.* : (۱) آویزاں کرنا ؛ ٹانگنا ؛ لٹکانا (کھونٹی کیل وغیرہ سے) - (۲) (گوشت وغیرہ) خشک کرنے یا نرم کرنے کے لئے لٹکانا - (۳) دیوار پر (تصویر) لگانا یا لٹکانا - (۴) دیوار پر (ابری یا کاغذ) چسپاں کرنا - (۵) (مکان میں گھنٹی) لگانا - (۶) معلق کرنا ؛ ادھر میں لٹکانا ؛ (دروازوں کا قبضوں پر اور پلنگ کا کمانیوں پر) قائم کرنا یا اٹکانا - (۷) پھانسی دینا ؛ سولی دینا ؛ دار پر کھینچنا - (۸) سر جھکا لینا (شرم وغیرہ سے)- (۹) لٹکنا ؛ معلق ہونا ؛ لٹکا رھنا ؛ آویزاں ہونا ؛ ٹنگا رھنا ؛ پھانسی پانا ؛ (مجازاً) معلق ہونا : فیصلہ نہ ہونا ؛ منڈلانا - (۱۰) تصویروں ' قندیلوں وغیرہ سے آراستہ کرنا -

hang about. : آس پاس ٹہلتے رھنا ؛ چکر کاٹتے رھنا -

h. back : جھجکنا ؛ رکنا ؛ چلتے چلتے رک جانا -

h.-dog : کمینہ ؛ ذلیل ؛ خوشامدی ؛ کمینہ پن کا ؛ ذلیل ؛ خوشامد کا -

h. fire : (بندوق وغیرہ کا) چلنے میں دیر کرنا ؛ رکنا ؛ (مجازاً) کام میں دیر کرنا -

h. heavy : (وقت کا) مشکل سے کٹنا ؛ دوبھر ہوجانا -

h. man : جلاد -

h.-nail : agnail

h. off : پیچھے رہ جانا -

h. on : (۱) دست نگر ہونا ؛ طفیلی ہونا - (۲) آسرا رکھنا ؛ بھروسہ رکھنا ؛ تکیہ کرنا - (۳) توجہ کرنا - (۴) چمٹا رھنا -

h. out : (کھڑکی وغیرہ سے) کسی چیز کا باھر لٹکانا ؛ نیچے جھکا رھنا یا نکلا رھنا ؛ (عامیانہ) رھنا ؛ اقامت پزیر ہونا -

h. together : (۱) مربوط ہونا - (۲) ساتھ رھنا ؛ مل جل کر رھنا -

h. up : (۱) لٹکانا ؛ آویزاں کرنا ؛ (مجازاً) الگ کرنا ؛ بالائے طاق رکھنا - (۲) کھٹائی میں ڈالنا ؛ ملتوی کرنا ؛ معرض التوا میں ڈالنا -

Hang, *n.* : (۱) خم ؛ جھوک ؛ جھکاؤ ؛ ڈھال - (۲) لٹکنے کا انداز -

get the hang of : اٹکل پانا ؛ گُر سمجھ لینا -

not a h. : (روز مرہ) کچھ نہیں ؛ ذرہ برابر بھی نہیں -

Hangar, *n.* : وہ جنگل جو ڈھلواں پہاڑی پر ہو -

Hanger, *n.* : (۱) لٹکانے والا ؛ لٹکنے والا ؛ پھانسی پانیوالا - (۲) کڑا وغیرہ جس میں کوئی چیز لٹکائی جائے - (۳) وہ زنجیر یا رسی جس سے دیگچی چولھے پر لٹکائی جائے - (۴) (لکھنے میں) دو خمہ شوشہ ؛ وہ شوشہ جس میں دو خم ہوں (مثلاً s) - (۵) چھوٹی تلوار ؛ نیمچہ ؛ چھرا

h.-on. : دست نگر ؛ طفیلی ؛ حاضر باش ؛ حلوہ دار ؛ حاشیہ نشین -

Hanging, *n.* : (۱) لٹکانا ؛ لٹکنا ؛ پھانسی پانا ؛ پھانسی دینا - (۳) دیوار کے پردے ؛ چھت گیری وغیرہ -

a h. matter : پھانسی کا معاملہ ؛ سولی کا معاملہ ؛ وہ جرم جس کی سزا قتل ہو -

h. committee : وہ مجلس جو اس کا فیصلہ کرتی ھے کہ نمائش میں کونسی تصویریں رکھی جائیں ؛ مجلس انتخاب تصاویر -

Hank, *n.* : (۱) لچھا ؛ انٹی ؛ پھینٹی (خصوصاً وہ جس میں ۸۴۰ گز سوت یا ۵۶۰ گز اون کا تاگا ہو) - (۲) (جہازرانی) باد بان گیر ؛ رسی کا گول پھندا یا لوھے وغیرہ کا کڑا جس سے بادبان مستول کی رسی میں اٹکا دئے جاتے ھیں

Hanker, *v. i.* : (۱) آرزو ہونا ؛ تمنا ہونا ؛ دل چاھنا ؛ طلب ہونا -

hankering, *n.* : آرزو ؛ شوق ؛ تمنا ؛ طلب ؛ چاہ ؛ میل ؛ رغبت -

Hanky, *n.* : (بچوں کی زبان) رومال -

Hankey-panky, *n.* : (۱) شعبدہ بازی ؛ بازیگری ؛ نظر بندی ؛ مداری کا کھیل ؛ بھان متی کا تماشا - (۲) چال ؛ سازش -

Hanover, *House of H.* : انگلستان کے بادشاہ جارج اول سے وکٹوریا تک

Hans, *n.* : جرمن یا ڈچ کا عرفی نام -

Hansardize *n.* : برطانوی پارلمنٹ کے کسی رکن کی تقریر کا اس کی گذشتہ تقریروں سے مقابلہ کرکے تناقض بیان ثابت کرنا (لیوک ھنسرڈ سنہ ۱۷۵۲ ع سے ۱۸۲۸ ع تک زندہ رھا [illegible] میں شائع کرنے کا دستور نکالا تھا ' اس کی اولاد سنہ ۱۸۸۹ ع تک یہ روئیداد میں شائع کرتی رھی) -

Hanse *n.* : جمیعت تجار ؛ جمیعت ھنزا ؛ جرمنی کے چند شہروں کی سیاسی اور تجارتی مجلس سنہ ۱۲۴۱ ع میں ھیمبرگ اور لیوبک (جرمنی کے دو شہروں) کے تاجروں میں تاجرانہ اور مدافعانہ اتحاد کے متعلق ایک معاہدہ ہوا تھا جس کے مطابق ایک انجمن بنائی گئی تھی اس کا یہ مقصد تھا کہ وہ جرمنی کے تجارتی شہروں کے حقوق ومفاد کی حفاظت کرے) -

hanseatic, *a.* : (۱) اس جمیعت کے متعلق ؛ ھنزائی - (۲) جمیعت مذکورہ کے داخلے کی فیس -

Hansom (cab), *n.* : کرائے کی ٹم ٹم (اس کا ہانکنے والا پیچھے بیٹھا کرتا تھا اور باگ ڈور چھتری یا ٹپ پر سے ہوکر اس کے ہاتھ میں رھتی تھی -

Hanwell, *n.* : لندن کے پاگل خانے کو کہتے ھیں جو ھنیویں میں ھے -

Hap, *n.* : (۱) اتفاق ؛ قسمت ؛ تقدیر - (۲) اتفاقی واقعہ ؛ حادثہ -

Hap, *v. i.* : (۱) (قدیم) اتفاقاً کرنا (کوئی کام) - (۲) اتفاقاً واقع ہونا ؛ ناگہاں ظہور پذیر ہونا -

Hapax legomenon, *n.* : وہ لفظ جو سارے ادب میں صرف ایک موقع پر استعمال ہوا ہو -

Haphazard, *n. & a. & adv.* : محض اتفاق -

at, by h. : اتفاقی ؛ اتفاقاً ؛ اٹکل پچو -

Hapless, *a.* : بد بخت ؛ بد نصیب ؛ بد قسمت ؛ کمبخت ؛ ابھاگی -

haplessly. *adv.* : بدبختانہ ؛ بد نصیبی سے -

Haplography, n. : جو حرف یا بول دو بار لکھنا چاہیے اسے غلطی سے ایک بار لکھنا (مثلاً Philology کی جگہ philogy) -
Haply, adv. : قدیم (أ) اتفاقاً ؛ اتفاق سے - (۲) مبادا ؛ شائد -
Haporth : دیکھو HALFPENNY
Happen, v. i. : (۱) واقع ہونا ؛ پیش آنا ؛ اتفاقاً واقع ہونا - (۲) اتفاقاً کرنا (کوئی کام) - (۳) گذرنا ؛ بیتنا ؛ پیش آنا -
happening, n. : (عموماً جمع میں) حادثہ ؛ واقعہ ؛ ماجرا -
Happy, a. : (۱) مبارک ؛ خجستہ ؛ فرخندہ ؛ فرخ ؛ مسعود - (۲) اقبال مند ؛ خوش نصیب ؛ خوش قسمت - (۳) خوش ؛ مسرور ؛ دلشاد ؛ قانع ؛ مطمئن - (۴) معتدل ؛ موزوں ؛ مناسب -
h.-go-lucky : لا ابالی ؛ بے پروا -
happily, adv. : خوش قسمتی سے ؛ خوش نصیبی سے ؛ راحت سے ؛ مسرت سے ؛ آسودہ حالی سے -
happiness, n. : (۱) خجستگی ؛ فرخندگی ؛ سعادت ؛ اقبال مندی ؛ خوش نصیبی - (۲) راحت ؛ مسرت ؛ آسودہ حالی ؛ سکھ ؛ آنند - (۳) برمحل ہونا ؛ موزوں ہونا -
Hara-kiri, n. : (۱) شکم دری ؛ جاپانی طرز کی خود کشی (جاپان کے امراء معززین و فوجی حکام میں دستور ہے کہ جب ان میں سے کسی کو سزائے موت دی جاتی ہے یا کسی اور طرح ان کی ذلت ہوتی ہے تو اپنا پیٹ چاک کرکے خود کشی کرلیتے ہیں) -
Harangue n. & v. i. & t. : (۱) خطبہ ؛ تقریر - (۲) پرجوش یا ولولہ انگیز تقریر ؛ پُرزور دار تقریر - (۳) تقریر کرنا ؛ خطبہ دینا ؛ پرجوش تقریر کرنا ؛ داد خطابت دینا -
Haras (or ahrah) : گھوڑوں کی افزائش نسل کا مقام ؛ مرکز افزائش نسل
Harass, v. t. : (۱) بار بار کے حملوں سے پریشان کرنا ؛ ناک میں دم کرنا ؛ ثانیہ تنگ کرنا ؛ زچ کر دینا - (۲) تکلیف دینا ؛ اذیت پہنچانا ؛ دق کرنا ؛ پریشان کرنا ؛ ستانا ؛ تشویش میں ڈالنا -
harassment, n. : پریشانی ؛ تشویش ؛ بد حواسی ؛ ایذا دہی ؛ تکلیف ؛ دکھ ؛ زچ کرنا ؛ دق کرنا ؛ ستانا -
Harbinger, n. & v. t. : (۱) نقیب ؛ چاؤش ؛ آمد کی خبر دینے والا - (۲) مقدمہ ؛ پیش خیمہ - (۳) (قدیم معنی) پیش خیمہ ؛ لین ڈوری - (۴) آمد کی خبر دینا -
Harbour, n. & v. t. & i. : (۱) جہازوں کے قیام کی جگہ ؛ بندر ؛ بندرگاہ - (۲) پناہ ؛ ملجا ؛ ماوی - (۳) پناہ دینا ؛ چھپانا (مجرم کو) ؛ دل میں جگہ دینا (فاسد خیالات کو) ؛ (کھٹمل مچھر وغیرہ کو) بڑھنے دینا - (۴) بندرگاہ میں لنگر انداز ہونا -
h. -master : بندرگاہ کا منتظم یا نگران کار -
harbourless, a. : بے مامن ؛ بے بندرگاہ کا -
Harbourage, n. : (جائے) پناہ ؛ مامن ؛ ملجا -
Hard, a.& n. & adv. : (۱) سخت ؛ کڑا ؛ ٹھوس - (۲) دشوار ؛ مشکل ؛ کٹھن - (۳) درشت - (۴) بے رحم - (۵) بھاری (پانی) -
be h. put to it : مشکلوں میں مبتلا ہونا -
die h. : بڑی مشکل سے مرنا -
h. & fast : بندھے ہوئے ؛ سخت -
hard-bake : بادام کی ٹانی (ایک طرح کی مٹھائی) -
h. -bitten : خوب لڑنے والا ؛ کڑا حریف -
h. by : بالکل قریب ؛ متصل -
h. cash : نقد روپیہ ؛ چہرہ شاہی
h. facts : حقیقی واقعات ؛ محسوس واقعات -
h. -favoured, featured : بد صورت ؛ روکھا -
h. -fisted : بخیل ؛ کنجوس ؛ مکھی چوس
h. -headed : سیانا ؛ عملی (آدمی)
h. -hearted : قسی القلب ؛ سخت دل ؛ سخت دل ؛ بے رحم ؛ کٹر -
h. -heartedly : سنگ دلانا ؛ بے رحمانہ ؛ قساوت ؛ کٹرپن سے -
h. -heartedness : قساوت ؛ سنگ دلی ؛ بے رحمی ؛ سخت دلی ؛ کٹر پن
h. labour : مشقت تعزیری -
h. laid : کسا ہوا ؛ پاس پاس بنا ہوا (کپڑا وغیرہ) -
h. lines : دیکھو LINES
h. -mouthed : (۱) (گھوڑا) سرکش ؛ بد لگام ؛ منہ زور - (۲) سرکش ؛ بے قابو (شخص) -
h. of hearing : اونچا سننے والا ؛ جسے ثقل سماعت ہو
h. row to hoe : مشکل کام ؛ ٹیڑھی کھیر -
h. set : (۱) مضبوط جما ہوا - (۲) (انڈا) جس کو سے چکے ہوں - (۳) بھوکا (آدمی) -
hard sehll : سخت چھلکے کا ؛ (مجازاً) سخت ؛ کٹر -
h. tack : جہازی بسکٹ -
h. -up : (۱) قلاش ؛ نادار ؛ مفلس ؛ حاجت مند (خصوصاً روپے وغیرہ کا) - (۲) حیران - (۳) (جہاز رانی) ہوا کے رخ پر بہت دور -
hard (up) on : (۱) سختی سے معترض - (۲) مخالف ؛ ناسازگار (زمانہ) -
hard upon : پاس ہی ؛ قریب ہی -
hardware : لوہے کے برتن ؛ ظروف آہنی
hardwareman : لوہے کے برتن بیچنے والا -
hardwater : بھاری پانی (جس میں صابن نہیں گھلتا) -
hardwood : برگ ریز درختوں کا جنگل -
it shall go h. but : بڑی مشکلیں پڑیں گی مگر (کام چل جائے گا) -
run (person) hard : سختی سے تعاقب کرنا ؛ پیچھا کرنا -
hardness, n. : (۱) سختی ؛ ٹھوس پن ؛ دشواری - (۲) دقت - (۳) سخت دلی ؛ کنجوسی - (۴) درشتی ؛ شدت -
Harden, v. t. & i. : سخت کرنا یا ہونا ، بے چین یا سخت دل کرنا یا ہونا ؛ مضبوط ، کنہرہ ، یا جفاکش کرنا یا ہونا -
Hardihood, n. : دلیری ؛ جرات ؛ بے باکی ؛ نڈرپن ؛ دل چلاپن ؛ اکھڑپن -
Hardly, adv. : (۱) بدشواری ؛ بدقت ؛ بمشکل ؛ بڑی مشکل سے ؛ درشتی سے - (۲) سختی سے - (۳) شائد ہی ؛ مشکل سے -
h. -earned : (۱) خون پسینہ ایک کرکے کمایا ہوا ؛ گاڑھے پسینے سے کمایا ہوا ؛ مشکل یا محنت سے حاصل کیا ہوا - (۲) (مزاحاً) مفت کی (کمائی) ؛ مال مفت -
Hardship, n. : (۱) بدنصیبی ؛ کور بختی ؛ سیاہ بختی ؛ گردش ؛ مصیبت - (۲) صعوبت ؛ کلفت ؛ اذیت ؛ آزار ؛ سختی ؛ تکلیف ؛ بپتا -
Hardy, a. : (۱) دلیر ؛ جری ؛ باہمت ؛ منچلا ؛ دل جلا ؛ بیباک ؛ نڈر ؛ اکھڑ - (۲) مضبوط ؛ جفا کش - (۳) پودا

جو تمام سال کھلی ھوا میں اگا یا جا سکے -

half h. : وہ پودا یا درخت جس کو جاڑے میں حفاظت کی ضرورت ھو -

h. annual. : (۱) وہ پودا جو کھلی ھوا میں اگ سکے - (۲) کوئی چیز جو ھر سال واقع ھو -

hardily, *adv.* : دلیرانہ ؛ بیباکانہ ؛ جرأت و ھمت سے -

hardiness, *n.* : جرأت ؛ دلیری ؛ بیباکی ؛ مضبوطی ؛ جفاکشی -

Hardy , *n.* : نہائی ؛ سندان -

Hare, *n.* : خرگوش -

first catch your h. (then cook him): (ضرب المثل) سوت نہ کپاس کولی سے لٹھم لٹھا -

hare and hounds : بہت لمبی دوڑ جس میں دو ایک آدمی کھیتوں یا جنگلوں میں کاغذ کی کترن پھینکتے جاتے ھیں اور بہت سے لوگ کھوج لگاتے ھوے اس کا تعاقب کرتے ھیں ؛ خرگوش اور کتوں کی دوڑ -

harebell. : (۱) جنگلی سنبل - (۲) ایک گھنٹی کی شکل کا پھول -

hare-brained : نا عاقبت اندیش ؛ دل چلا ؛ بیحد جری ؛ نا عاقبت اندیشانہ ؛ خطر ناک -

h.'s-foot, : (۱) تپتیا گھاس - (۲) ایک قسم کی لکڑی جس میں مسامات ھوتے ھیں - (۳) خرگوش کا پیر جو غازہ لگانے کے لئے استعمال ھوتا ھے -

h.-lip : اوپر کے ھونٹ کا شگاف -

h.-lipped. : جس کا اوپر کا ھونٹ کٹا ھوا ھو -

hold with the hare, and run with the hounds فریقین سے ساز باز رکھنا ؛ دونوں طرف ملا ھوا ھونا -

mad as a March hare. : اس خرگوش کی طرح جو مستی پر آیا ھوا ھو -

Harem,-am, *n.* : (۱) حرم سرا ؛ زنان خانہ - (۲) حرم ؛ بیگمات ؛ پردہ نشین خواتین - (۳) حرم محترم -

h. skirt : (عامیانہ) ایک قسم کا لہنگا -

Haricot, *n.* : پسندے (بھیڑ یا بکری کے گوشت کے) -

h. (bean) : ایک قسم کی پھلی ؛ فرانسیسی پھلی یا اس کے بیج -

Hark, *v. i. & t.* : (۱) سننا ؛ کان لگا کر سننا ؛ کان دھرنا ؛ توجہ سے سننا - (۲) لینا ھے ؛ لیے لگے (شکاری کتوں کو ھشکارنے کے لئے) -

h. back. : (۱) (شکاری کتوں کے لئے) کھوج لگانے کے لئے پیچھے لوٹنا - (۲) گھوم پھر کر اسی بات پر آ جانا - (۳) (شکاری کتوں کو) واپس بلانا -

Harl(e), *n.* : پر کا ریشہ -

Harleian, *a.* : رابرٹ ھارلے اول آف اکسفورڈ کے کتب خانے کا یا اس کے متعلق -

Harleiquin, *n.* : (۱) اطالوی کامیڈی کا ایک کیرکٹر - (۲) انگریزی گونگے ناٹک (pantomime) کا کیرکٹر جو منہ سے نہیں بولتا اور مسخرے پن کی حرکتیں کرتا ھے - (۳) مسخرا ؛ بھانڈ -

h. duck. : ایک قسم کی بط جس کے پر رنگ برنگ کے ھوتے ھیں -

Harlequinade : harleiquin سوانگ کا وہ حصہ جس میں کا پارٹ ھوتا ھے -

Harley Street, *n.* : لندن کی سڑک جس پر بڑے بڑے طبیب رھتے ھیں -

Harlot, *n., & v. i.* : رنڈی ؛ کسبی ؛ طوائف ؛ فاحشہ -

harlotry, *n.* : کسب ؛ چھنالا -

Harm, *n., & v. t.* : (۱) ضرر ؛ نقصان ؛ گزند ؛ تکلیف ؛ ایذا ؛ دکھ ؛ شر ؛ برائی ؛ قباحت - (۲) نقصان یا گزند پہنچانا -

out of h.'s way. : محفوظ مقام پر ؛ سلامتی کی جگہ پر -

harmfûl, *a.* : مضر ؛ موذی ؛ ضرر رساں ؛ نقصان دہ -

harmfully, *adv.* : ضرر رساں طور پر -

harmfulness, *n.* : ضرر رسانی ؛ مضر ھونا ؛ مضرت -

harmless, *a.* : بےضرر ؛ غیرمضر ؛ مسکین ؛ مرنجان مرنج -

harmlessly *adv.* : بے ضرر طور پر -

harmlessness, *n.* : بے ضرر ھونا ؛ غیر مضر ھونا -

Harmattan, *n.* : سموم گائنا ؛ وہ گرم و خشک جھلس دینے والی ھوا جو بالائی گائنا کے ساحل پر دسمبر جنوری اور فروری میں چلتی ھے -

Harmonic, *a. & n.* : (۱) ھم آھنگ ؛ ملتے ھوے سروں کا ؛ سریلا - (۲) ھم آھنگی کا - (۳) موسیقیانہ سر -

h. progression : سلسلۂ موسیقیہ -

h. quantities. : سلسلۂ موسیقیہ کے اعداد -

h.tones : موسیقی کے سر -

harmonically, *adv.* : ھم آھنگی سے -

Harmonica,-con, *nn.* : مختلف قسم کے ساز -

Harmonious, *a.* : (۱) ھم آھنگ ھمساز ؛ مربوط - (۲) متحد ؛ متفق - (۳) خوش آواز ؛ سریلا ؛ خوش گلو ؛ شیریں نوا ؛ شیریں (نغمہ) -

harmoniously, *adv.* : ھم آھنگی سے ؛ خوش نوائی سے ؛ میٹھے سروں میں ؛ موسیقی کے قواعد کے مطابق -

Harmonist, *n.* : (۱) فن نغمہ کا ماھر - (۲) مغنی ؛ مطرب ؛ موسیقی داں - (۳) مصحح ؛ مختلف نسخوں یا بیانوں کا مقابلہ کر کے تصحیح کرنے والا - (۴) ھم آھنگی پیدا کرنے والا -

harmonistic, *a.* : فن نغمہ کے متعلق -

Harmonium, *n.* : ھارمونیم باجا -

Harmonize, *v. t. & i.* : (۱) ھم آھنگ ، ھمساز ، مطابق یا موافق کرنا یا ھونا ؛ سروں کا ملنا یا ملانا - (۲) خوش ترتیب کرنا یا ھونا ؛ حسن ترتیب پیدا کرنا -

harmonization, *n.* : ھم آھنگی ؛ سروں کا میل -

Harmonometer, *n.* : وہ آلہ جس سے سروں کی باھمی نسبت معلوم ھوسکے ؛ آھنگ پیما -

Harmony, *n.* : (۱) مطابقت ؛ اتحاد ؛ اتفاق ؛ ھم آھنگی ؛ میل - (۲) حسن ترتیب ؛ خوش ترتیبی - (۳) ھم آھنگ نغمہ سروں کا میل - (۴) میٹھی یا سریلی آواز - (۵) مختلف نسخوں خصوصاً چاروں انجیلوں کا مقابلہ اور تصحیح -

Pre-established h. : جرمن فلسفی لائبنز کا نظریہ ، مطابقت جسم و روح قبل تخلیق -

Harness, *n. & v. t.* : (۱) بگھی کے گھوڑے وغیرہ کا ساز و سامان ؛ جانوروں کی گاڑی میں جوتنے کا سامان - (۲) (مجازاً) کام کرنے کے کپڑے وغیرہ - (۳) (پارچہ بافی) پھنی ؛ کنگھی - (۴) زرہ بکتر ؛ مدافعت کے ھتیار - (۵) گھوڑے پر

ساز وغیرہ رکھ کر جوتنا ؛ کسی اور جانور کو گاڑی وغیرہ میں جوتنا؛ (مجازاً) دریا کے پانی کو روک کر اس کی قوت سے کام لینا -

h.-cask : ایک طرح کا پیپا جس میں نمکین گوشت رکھ کر جہاز پر رکھتے ہیں -

in h. : جتا ہوا؛ روز مرہ کے کام میں مصروف -

Harp, *n.* : ستار کی قسم کا مثلث شکل کا باجا ؛ بربط -

Harp, *v. i.* : (۱) بربط بجانا - (۲) کسی مضمون کو بہت طول دے کر بیان کرنا -

harper, *n.* : بربط نواز -

harpist, *n.* : بربط بجانے میں ماہر -

Harpoon, *n. & v. t.* : (۱) ہارپون؛ برچھے کی شکل کا خمدار کانٹا جس میں رسی کا پھندا باندھکر وھیل مچھلی وغیرہ کو شکار کرتے ہیں - (۲) ہارپون سے مارنا یا چھیدنا -

h.-gun : وہ توپ جس سے ہارپون پھینکا جاتا ہے -

Harpsichord, *n.* : ایک سازجس کا رواج سولھویں صدی عیسوی تک تھا یہ ساز مضراب سے بجتا تھا -

Harpy, *n.* : (یونانی اور لاطینی دیومالا) (۱) ایک خونخوار عفریت جس کا چہرہ اور جسم عورت کا سا تھا اور بازو اور پنجے پرندہ کی طرح تھے - (۲) خونخوار شخص -

h.-eagle : جنوبی امریکہ نیز میکسیکو کا ایک شکاری پرند -

Harquebus, ar-, *n.* : (تاریخ) پرانی وضع کی ہلکی توڑےدار بندوق -

harquebusier, *n.* : بندوقچی ؛ توڑے دار بندوق چلانے والا -

Harridan, *n.* : بھیانک شکل کی بوڑھی عورت؛ چڑیل؛ ڈائن -

Harrier, *n.* : غارت گر؛ تاراج کرنے والا ؛ اجاڑنے والا -

Harrier, *n.* : (۱) ایک قسم کا شکاری کتا جس سے خرگوش کا شکار کراتے ہیں - (۲) (جمع) شکاریوں اور کتوں کا غول - (۳) ایک قسم کا باز یا شکرہ -

Harris tweed, *n.* : ایک قسم کا دھاری دار اونی کپڑا جو جزائر ہیبریڈیز کے مقام ہیرس میں بنتا ہے -

Harrovian, *a. & n.* : (۱) ہیرو کے اسکول کا طالب علم - (۲) قصبہ ہیرو کا باشندہ -

Harrow, *n.* : ایک طرح کا سراون جس میں لوہے کے دندانے ہوتے ہیں ؛ دندانے دار سراون -

under the h. : مصیبت زدہ ؛ پریشان -

Harrow *v. t.* : (۱) زمین پر دندانے دار سراون پھیرنا - (۲) زخمی کرنا - (۳) (مجازاً) جذبات کو مجروح کرنا؛ دل میں گھاو ڈالنا -

harrowing, *a.* : جگر خراش ؛ دل خراش -

Harrow, *v. t.* : (۱) اجاڑنا؛ تباہ کرنا؛ برباد کرنا - (۲) لوٹنا؛ تاراج کرنا -

Harry *v. t.* : (۱) لوٹنا ؛ پامال کرنا ؛ تباہ کرنا ؛ برباد کرنا؛ تاراج کرنا؛ اجاڑنا ؛ ویران کرنا ؛ لوٹ لینا (کسی شخص کو) - (۲) تنگ کرنا؛ دق کرنا؛ ستانا؛ تکلیف دینا؛ رنج پہنچانا ؛ دکھ دینا ؛ اذیت پہنچانا ؛ حیران کرنا ؛ پریشان کرنا ؛ ناک میں دم کردینا -

Harsh, *a.* : (۱) سخت؛ کھردرا ؛ درشت ؛ کرخت - (۲) نا پسندیدہ ؛ ناگوار - (۳) بے رحم ؛ سنگدل ؛ سخت دل؛ بے رحمانہ؛ سخت -

harshly, *adv.* : بے دردانہ؛ بے رحمانہ ؛ سختی سے ؛ درشتی سے؛ ناگوار طور پر -

harshness, *n.* : سختی ؛ درشتی ؛ بے دردی؛ سنگدلی ؛ ناگواری؛ ناپسندیدگی -

Hart, *n.* : غزال ؛ آہو ؛ ہرن؛ مرگ ؛ بارہ سنگا ؛ خصوصاً پانچ سال سے زیادہ عمر کا) -

h. of ten : وہ شاخہ ہرن جس کے ہر سینگ میں دس دس شاخیں ہوں -

h.'s-tongue : شمالی امریکہ اور یورپ کا ایک فرن (ایک قسم کا پودا) -

Hartal, *n.* : ہڑتال ؛ احتجاج کے طور پر کاروبار بند کرنا -

Hart (e) beest, *n.* : جنوبی افریقہ کا بارہ سنگا -

Hartshorn, *n.* : ایک خاص مادہ جو ہرن کے سینگوں سے نکلتا ہے اور پہلے امونیا کا جزو ہوتا تھا -

salt of h. : نوشادر کا لخلخہ ؛ نوشادر کا مرکب جو بے ہوش آدمی کو ہوش میں لانے کے لئے استعمال ہوتا ہے -

(spirit of) h. : محلول امونیا -

Harum-scarum, *a. & n.* : لا ابالی (شخص یا طبیعت) -

Harvest, *n. & v. t.* : (۱) فصل کاٹنے کا زمانہ - (۲) تیار فصل - (۳) حاصل ؛ پیداوار - (۴) (مجازاً) کام کا نتیجہ ؛ ماحصل - (۵) فصل کاٹنا ؛ اکٹھا کرنا - (۶) ذخیرہ جمع کرنا -

h.-bug : چھوٹا سا کیڑا جو فصل کٹنے کے زمانے میں بہت ستاتا ہے -

h. festival : فصلی جشن (جو فصل کٹنے پر منایا جاتا ہے) -

h. home : فصل کٹنے کا اختتام ؛ فصلی جشن جو اس موقع پر ہوتا ہے -

h. moon : موسم خزاں کا ماہ کامل ؛ ۲۲ یا ۲۳ ستمبر کا زمانہ جب سورج برج میزان کے پہلے خط پر پہنچے اور چاند کامل ہو -

h. mouse : مرش خرمنی ؛ وہ چوہا جو فصل کٹنے کے زمانے میں پیدا ہوتا ہے اور کھیت کے پودوں میں رہتا ہے -

Harvester, *n.* : (۱) کھیت کاٹنے والا - (۲) آلۂ درو ؛ کھیت کاٹنے کی کل -

Has : دیکھو HAVE -

Hash, *v. t., h. up* : (۱) (گوشت کا) قیمہ کرنا - (۲) (مجازاً) کاٹ کر ٹکڑے ٹکڑے کرنا -

Hash *n.* : (۱) (پکا ہوا) قیمہ - (۲) پرانی چیز جو نئی صورت میں پیش کی جائے - (۳) بے میل (چیز) ؛ ملغوبہ ؛ گڈمڈ -

make a hash of : خراب کر دینا ؛ ستیا ناس کر دینا -

settle a person's h. : (کسی شخص کا) خاتمہ کردینا ؛ مار ڈالنا ؛ ٹھکانے لگا دینا -

Hashish, -eesh, *n.* : حشیش (ایک نشہ آور پتی جو عرب مصر، ترکی وغیرہ میں چبائی یا حقے میں پی جاتی ہے) -

Haslet, harslet, *n.* : گوشت کا پارچہ (جو بھوننے کے لئے کاٹا جائے) ؛ سور کے گوشت کا پارچہ -

Hasp, *n., & v. t.* : (۱) ایک طرح کا قفل - (۲) یہ قفل لگانا - (۳) (سوت کا) لچھا ؛ انٹی -

Hassock, *n.* : (۱) گدا جس پر گھٹنوں کے بل کھڑے ہوتے وقت گھٹنے ٹیکتے ہیں - (۲) گتھی ہوئی گھاس کا پولا - (۳) (کینٹ میں) چونا ملا ہوا بھربھرا پتھر -

Hastate, *a.* : (۱) نیزہ نما ؛ نیزہ شکل - (۲) (نباتیات) برچھی سا -

Haste, *n.*, & *v. i.* : (۱) عجلت ؛ شتابی ؛ جلدی ؛ تیزی - (۲) جلد بازی ؛ ضرورت سے زیادہ عجلت - (۳) جلدی کرنا ؛ عجلت کرنا -

more h. less speed : جلد بازی میں اور دیر ہوتی ہے ؛ دیر آید درست آید -

Hasten, *v. t.* & *i.* : (۱) جلدی کرانا ؛ عجلت کی تاکید کرنا - (۲) رفتار بڑھا دینا ؛ تیز تر کرنا ؛ تیز کرنا ؛ جلد تر کرنا - (۳) تیزی کرنا ؛ عجلت کرنا ؛ جلدی کرنا - (۴) تیزی سے آنا یا جانا ؛ جلدی قدم اٹھانا -

Hasty *a.* : (۱) جلدی کا ؛ عجلت کا ؛ عاجلانہ - (۲) تیز ؛ تیز رفتار - (۳) جلد باز ؛ نا عاقبت اندیش ؛ نا عاقبت اندیشانہ - (۴) زود رنج ؛ چڑچڑا ؛ جھلا ؛ تندخو ؛ تیز مزاج -

h. pudding : ایک طرح کی لپسی -

hastily, *adv.* : (۱) تعجیلاً ؛ عاجلانہ - (۲) جلدی جلدی تیزی سے - (۳) جلد بازی یا نا عاقبت اندیشی سے - (۴) چڑچڑے پن سے -

hastiness, *n.* : (۱) تعجیل ؛ عجلت ؛ شتابی ؛ جلدی ؛ تیزی - (۲) جلد بازی ؛ نا عاقبت اندیشی - (۳) زود رنجی ؛ چڑچڑا پن -

Hat, *n.*, & *v. t.* : (۱) ہیٹ ؛ انگریزی ٹوپی (مردانہ یا زنانہ) - (۲) (کسی کے) سر پر ہیٹ رکھنا ؛ (کسی کو) ہیٹ دینا -

as black as my h. : بالکل سیاہ ؛ کالا کوئلہ ؛ کالا جیسے کوے کا پر -

bad h. : (عامیانہ) کمینہ یا بدچلن آدمی -

cardinal's or *red h.* : (مجازاً) قسیس کا عہدہ ؛ عہدۂ کارڈنل -

hat band : ہیٹ کی پٹی (جو اس کے گرد لپٹی ہوتی ہے) -

h.-block : (ٹوپی کا) قالب -

h. in hand : غلامانہ ؛ خوشامدانہ -

h. trick : متواتر تین مرتبہ گیندیں پھینک کر تین کھلاڑیوں کو آوٹ کرنا -

send round the h. : چندہ مانگنا یا جمع کرنا -

talk through one's *h.* : (عامیانہ) شیخی مارنا ؛ نقروں سے کام نکالنا ؛ مبالغہ کرنا -

top, chimney-pot h. : استوانہ نما ریشمی ہیٹ ؛ اونچی ٹوپی -

hatful, *n.* : کسی شے کی ٹوپی بھر مقدار -

hatless, *a.* : بے ٹوپی کا ؛ ننگے سر ؛ کھلے سر ؛ برہنہ سر -

hatter, *n.* : کلاہ ساز ؛ ہیٹ بنانے والا ؛ ٹوپی والا -

Hatch, *n.* : (۱) نو حصے والے کواڑ کا نیچے کا حصہ - (۲) کھڑکی (دروازے ؛ دیوار ؛ مکان کے فرش یا جہاز کے عرشے میں) - (۳) کھٹکے دار دروازہ جو جہاز کے عرشے میں ہوتا ہے ؛ اس کا پٹ - (۴) دریا یا نہر کے بند کا دروازہ -

hatchway : جہاز کے عرشے میں وہ کھڑکی یا دروازہ جس سے مال تہ خانے میں اتارتے ہیں

under hh. : (۱) جہاز پر سب سے نیچی منزل یا خانے میں - (۲) (مجاز) نیچے جاکر غائب (ہونا) (۳) پستی کی حالت میں ؛ خستہ حال - (۴) مردہ -

Hatch, *v. t.* & *i.*, & *n.* : (۱) انڈوں سے بچے نکالنا ؛ جھول نکالنا (مرغی کے بچوں وغیرہ کا) - (۲) انڈے سینا ؛ انڈوں پر بیٹھنا - (۳) بچے کا (انڈے سے) نکلنا ؛ انڈا کھٹکنا - (۴) تدبیر کرنا ؛ منصوبہ باندھنا (سازش وغیرہ کا) -

hatches, catches, matches & dispatches : اخبارات میں ولادت ؛ منگنی ؛ شادی ؛ اور موت کی خبریں -

Hatch, *v. t.*, & *n.* : (۱) کندہ کرنا ؛ جدول کھینچنا ؛ (کسی سطح پر متوازی) خطوط کھینچنا - (۲) کھدے ہوئے متوازی خطوط -

hatched moulding : متقاطع متوازی خطوط کی کندہ کاری (تمنیز) -

Hatchery, *n.* : وہ جگہ جہاں مچھلیوں کے انڈوں سے بچے نکلتے ہیں -

Hatchet, *n.* : تبر ؛ کلہاڑی -

bury the h. : دیکھو Bury

h.-face : تنگ کتابی چہرہ

throw the helve after the h. : اور نقصان اٹھانا -

throw the h. : مبالغہ کرنا -

Hatchment, *n.* : (۱) مارکہ ڈھال ؛ جس پر مراد کے مار کے بنائے جاتے ہیں - (۲) مارکہ تختی ؛ وہ تختی جو مکان کے دروازے پر لگائی جاتی ہے جس پر صاحب خانہ کا مارکہ ہوتا ہے -

Hate, *n.* : (زیادہ تر شعر میں مستعمل ہے) (۱) نفرت ؛ بغض ؛ عداوت ؛ عناد - (۲) (فوجی عامیانہ) جرمن فوج کی گولہ باری -

Hate, *v. t.* : (۱) نفرت کرنا - (۲) عداوت رکھنا ؛ بغض وعناد رکھنا ؛ جلنا ؛ دشمنی رکھنا -

hatable, *a.* : قابل نفرت -

Hateful *a.* : نفرت انگیز ؛ قابل نفرت -

hatefully, *adv.* : نفرت انگیز طور پر -

hatefulness, *n.* : نفرت انگیزی -

Hatred, *n.* : (۱) نفرت - (۲) عداوت ؛ کینہ ؛ بغض ؛ عناد -

Hatti, *n.* : (ترکی) (خط شریف) سلطان کا دستخطی فرمان ؛ فرمان واجب الاذعان

Hauberk, *n.* : زرہ ؛ بکتر -

Haugh, *n.* : دریا برآمد زمین جو دریا کے کنارے واقع ہو -

Haughty, *a.* : (۱) مغرور ؛ متکبر ؛ خود بین ؛ خود پسند ؛ مغرورانہ - (۲) پر تمکین ؛ با تمکنت ؛ بھاری بھرکم -

haughtily, *adv.* : متکبرانہ ؛ مغرورانہ ؛ تمکنت سے -

hautiness, *n.* : (۱) کبر ؛ غرور ؛ تکبر ؛ خود بینی ؛ نخوت - (۲) تمکین ؛ تمکنت ؛ بھاری بھرکم پن -

Haul, *v. t.* & *i.* & *n.* : (۱) کھینچنا ؛ گھسیٹنا - (۲) (جہاز رانی) جہاز کا رخ بدلنا - (۲) (ہوا کا) رخ بدلنا - (۳) کھنچائی (مجازاً) یافت -

upon the wind : جہاز کا رخ ہوائی رخ پر بدلنا یا کرنا ؛ موڑنا ؛ پھیرنا ؛ گھمانا ؛ پلٹنا -

haulage, *n.* : کرہ چڑھنے کی اجرت (کشتی) -

Haulier, *n.* : (خصوصاً) کوئلے کی کان میں ٹب کا کھینچنے والا

Ha (u) lm, *n.* : کھیتوں میں اناج کے کٹے ہوے درختوں کے خشک ڈھانٹھے ؛ دھانسے ؛ سوکھی کھونٹیاں (جمع میں مٹر وغیرہ کی) ؛ پھلیوں کے ڈنٹھل ؛ گھاس پھونس وغیرہ (جو چھپر بنانے کے کام آتی ھے) -

Haunch, *n.* : (۱) کولا ؛ پٹھا - (۲) هرن وغیرہ کی ران اور پٹھے کا گوشت (پکانے کے لیے) - (۳) محراب کے مرکز اور ستون کا درمیانی حصہ -

Haunt, *v. t. & i., n.* : (۱) (کسی جگہ) زیادہ آمد و رفت رکھنا ؛ زیادہ آنا جانا ؛ نشست یا اڈا بنانا - (۲) (کسی شخص سے) زیادہ ملنا جلنا ؛ صحبت میں رهنا - (۳) (خیالات کا) بار بار آنا ؛ ملذ لانا ؛ چکر لگانا - (۴) (بھوتوں کا) گھر ؛ بسیرا - (۵) (جانور کے) آنے جانے کی جگہ - (۶) (مجرموں یا بد معاشوں کا) اڈا ؛ بیٹھک - (۷) (*p. p.*) آسیب زدہ (مقام) -

Hautboy, Hoboy, Oboe, *n.* : (۱) ایک طرح کی نفیری یا بانسری - (۲) ارگن باجے کا پردہ - (۳) اسٹرا بیری کے پودے کی ایک قسم -

Hauteur (hoter), *n.* : نخوت کا انداز ؛ تمکنت کا انداز -

Hautgout (hogoo), *n.* : چٹپٹا پن -

Havana, *n.* : هوانا یا کیوبا کا بنا هوا سگار -

Have, *v. t & i. & auxil* (*pres.* : *I, we, you, they have, he has, archaic, thou hast; past had, archaic, 2nd sing. hadst; p. p. had*) : (۱) پاس هونا ؛ رکھنا - (۲) مشتمل هونا - (۳) محسوس کرنا (خوشی وغیرہ)- (۴) استعداد رکھنا - (۵) مجبور هونا (کسی کام کے کرنے پر)- (۶) کرنا (شک وغیرہ)- (۷) هونا (گفتگو، ملاقات)- (۸) پانا (خبر وغیرہ)- (۹) کھانا یا پینا -

as Plato has it : افلاطون کے الفاظ میں ؛ بقول افلاطون کے ؛ جیسا افلاطون نے کہا ھے -

h. at : حملہ کرنا -

h. done : بس کرنا ؛ ختم کرنا -

h. him shot : اسے گولی سے مروا دو -

have him up : اسے عدالت میں بلواؤ -

h. it out : (۱) بحث وغیرہ کرکے جھگڑا چکانا ؛ فیصلہ کرنا ؛ نپٹنا - (۲) دانت نکلوانا -

h. it your own way : خیر تم جانو تمہارا کام جانے ؛ اچھا تم جیتے میں هارا ؛ جو تم کہتے هو وهی سهی -

h. rather : ترجیح دینا ؛ مناسب خیال کرنا -

he will h. it that : اس کا یہ دعوی ھے ؛ وہ اس پر مصر ھے کہ -

I had him there : میں نے اسے چت کر دیا ؛ هرا دیا -

I had my leg broken : میری ٹانگ ٹوٹ گئی -

I will not h. you do this : میں نہیں چاھتا کہ تم یہ کرو -

let him have it : اس کی خوب خبر لو ؛ اسے اچھی طرح ڈانٹو -

you h. been had : (عامیانہ) تم چرکا کھا گئے ؛ تمہیں دھوکا دیا گیا -

Have, *n.* : (عام بول چال) فریب ؛ دھوکا ؛ چرکا -

haves and have-nots : غریب اور امیر -

Haven, *n.* : (۱) بندرگاہ ؛ بندر ؛ جہازوں کے ٹھیرنے کی جگہ - (۲) (مجازاً) مامن ؛ ملجا ؛ ماویٰ ؛ جائے پناہ -

Haversack, *n.* : (سپاھی کی) خورجی یا تھیلا (جس میں وہ کھانے پینے کا سامان رکھتا ھے) -

Havildar, *n.* : حولدار -

Having, *n.* : (۱) رکھنا - (۲) جائداد ؛ ملکیت ؛ املاک ؛ مال و متاع ؛ اثاثہ -

Havoc, *n. & v. t.* : (۱) تباھی ؛ بربادی ؛ خرابی - (۲) تباہ و برباد کرنا ؛ تاراج کرنا ؛ اجاڑنا ؛ گدھے کے هل چلوا دینا - (۳) هنگامہ برپا کر دینا ؛ تباھی پھیلانا -

cry h. : (۱) فوج کو لوٹ مار کی اجازت دینا یا اشارہ کرنا ؛ غارتگری کا حکم دینا - (۲) (مجازاً) هلہ کرنے کا حکم دینا -

Haw, *n.* : (۱) چھوٹا گہرے سرخ رنگ کا انگور کی شکل کا پھل - (۲) (تاریخ) (جھاڑیوں کی) باڑ ؛ جنگلہ ؛ احاطہ -

haw buck : گنوار -

haw finch : ایک چھوٹا سا پرندہ جس کی چونچ لمبی هوتی ھے -

Haw, *n.* : (۱) گھوڑے، کتے وغیرہ کی آنکھ کا تیسرا پپوٹا - (۲) چھوٹی سی کری (هڈی) جو آنکھ کے اندرونی کونے میں هوتی ھے -

Haw-haw *int. & n.* : قہ قہ قہ ؛ قہقہہ کی آواز ؛ قہقہہ -

haw-haw, *v. i.* : کھل کھلا کر هنسنا ؛ قہقہہ لگانا -

Hawk, *n., & v. i. & t.* : (۱) شاهین ؛ شکرہ ؛ باز ؛ جرہ - (۲) جبر ستانی کرنے والا شخص ؛ ڈاکو ؛ قزاق (مجازی معنی میں) - (۳) باز یا شکرے سے شکار کھیلنا -

h. (*at*) : (۱) شکرے کی طرح جھپٹنا ؛ ٹوٹ پڑنا - (۲) (ابابیل وغیرہ کا) کیڑوں کا شکار کرنا -

h.'s-bill : ایک قسم کا کچھوا -

h.-eyed : شاهین نظر ؛ تیز نظر -

h. moth : ایک قسم کا اڑنے والا کیڑا -

h. nosed : عقاب بینی ؛ باریک اونچی اور نوک دار ناک والا -

know a h. from a handsaw : قوت امتیاز رکھنا ؛ سمجھ دار هونا -

hawkish, hawklike, : شکرے کی طرح ؛ باز نما -

Hawk, *v. t.* : پھیری لگا کر سامان فروخت کرنا ؛ پھیری لگانا -

Hawk, *v. i. & t.* : کھنکارنا ؛ کھنکار کر بلغم نکالنا -

Hawk, *n.* : گچ وغیرہ لے جانے کا چوبی ظرف -

Hawker, *n.* : پھیری والا ؛ خوانچے والا -

Hawse, *n.* : (۱) جہاز کے اگلے سرے کا وہ حصہ جس میں رسوں یا تاروں کے لیے چھید هوتے هیں - (۲) لنگر انداز جہاز کے اگلے سرے اور لنگروں کے بیچ کی جگہ -

Hawser, *n.* : (جہاز رانی) بڑا یا چھوٹا رسا ؛ لوھے کا موٹا تار -

Hawthorn, *n.* : ایک خار دار جھاڑی جس کے پھول سفید، گلابی یا سرخ اور پھل انگور کی شکل کے گہرے سرخ هوتے هیں -

Hay, *n. & v. t. & i.* : (۱) کاہ ؛ سوکھی گھاس جو چارے کے کام آتی ھے ؛ سوکھی کٹی هوئی گھاس جو جانوروں کو کھلاتے هیں - (۲) زمین پر گھاس سکھانے کے لئے پھیلانا - (۳) گھاس سکھانے کے لئے پھیلانا اور الٹ پلٹ کرنا -

Burgundian h. : ایک قسم کی گھاس -

h. box. : گھاس بھرا صندوق جس میں پکے هوے کھانے کی دیگچی دم هونے کے لئے رکھ دیتے هیں -

haycock : گھاس کی کنجی ؛ سوکھی گھاس کا مخروطی شکل کا انبار -

hayfever : تپ کاهی ؛ یہ بخار خاک دھول کوڑا کرکٹ پیٹ میں پہنچنے سے پیدا هوتا ھے اور اس میں ضیق النفس کی علامات بھی هوتی هیں -

h.-fork : پنجا جس سے گھاس الٹ پلٹ کرتے ہیں ؛ جیلی -

haymaker : (۱) کٹنے کے بعد گھاس کو سکھانے اور پھیلانے والا - (۲) گھاس کو الٹ پلٹ کرنے کا اوزار -

hayrick, haystack : گھاس کی گنجی ؛ گھاس کا مخروطی دار ڈھیر -

look for a needle in a bottle (or bundle) of h. : دیکھو BOTTLE -

make h. : گھاس کو دھوپ میں سکھا کے الٹ پلٹ کرنا -

make h. of. : ابتری پیدا کرنا ؛ درھم برھم کرنا -

make h. while the sun shines : موقع سے فائدہ اٹھانا ؛ بہتی گنگا میں ھاتھ دھونا -

Hayward, *n.* : باڑ رکھوالا ؛ حلقے کے جنگلوں یا باڑوں وغیرہ کا محافظ -

Hazard, *n.*; & *v. t.* : (۱) کمبخت یا پانسوں کا کھیل ؛ قمار بازی ؛ جوا - (۲) اتفاق ؛ موقع - (۳) خطرہ ؛ جوکھوں ؛ کھٹکا - (۴) ٹینس کا ایک قسم کا ھاتھ ضرب - (۵) (گولف) رکاوٹیں - (۶) (آئر لینڈ) گاڑی کا اڈا - (۷) خطرے میں ڈالنا ؛ اپنے سر جو کھم لینا ؛ دل کڑا کر کے کوئی بات کہنا یا کرنا ؛ کام شروع کرنا -

at all hh. : ھر چہ بادا باد -

losing h. : اپنی گولی کو تھیلی میں گرانا -

winning h. : (بلیرڈ) سرخ گولی کو تھیلی میں گرانا -

Hazardous, *a.* : (۱) خطرناک ؛ پر خطر ؛ جوکھم کا - (۲) اتفاقی ؛ قسمتی ؛ جوئے کا سا (معاملہ) -

hazardously, *adv.* : خطرناک پن ؛ جوئے کی طرح -

hazardousness, *n.* : خطرناک ہونا ؛ اتفاق پر مبنی ہونا -

Haze, *n.*, & *v. t.* : (۱) دھند ؛ ہلکا کہر - (۲) (مجازاً) دھندلا پن (ذھن کا) ؛ پریشان خیالی - (۳) دھندلا کردینا -

Haze, *v. t.* : (ملاحی) کام لیتے لیتے پلیتھن نکال دینا ؛ زیادہ محنت یا کام کی وجہ سے تھک جانا یا تھکا دینا ؛ (امریکہ) ستانا ؛ دق کرنا -

Hazel, *n.* : (۱) برطانیہ کی ایک جھاڑی جس کے پھل کا مغز کھایا جاتا ھے - (۲) اس کی لکڑی کی چھڑی - (۳) بادامی سرخی مائل رنگ (خصوصاً آنکھ کا) - (۴) دیکھو WYCH-HAZEL

hazelly, *a.* : سرخی مائل بادامی رنگ کی (آنکھ) -

Hazy, *a.* : (۱) کہر آلود ؛ دھندلا - (۲) مبہم ؛ دھندلا ؛ غیر واضح - (۳) کسی قدر پئے ہوئے -

hazily, *adv.* : دھندلے پن سے

haziness, *n.* : دھندلا پن -

He, *pron.* & *n.* (pl.hes) : (۱) وہ ؛ اس نے - (۲) نر -

he-man. : (امریکہ) دبنگ ؛ زور دار آدمی -

He, *int.* : اھا ھاھا ؛ واہ (خوشی یا حقارت کے اظہار کے لئے) -

Head, *n.* : (۱) سر ؛ کلہ - (۲) سر کی اونچائی یا لمبائی (ناپ کے طور پر) (جیسے *won by a head* (گھوڑ دوڑ) ایک سر کی لمبائی سے جیت گیا) - (۳) دماغ ؛ ذھن ؛ عقل - (۴) زندگی ؛ جان - (۵) چہرہ (جو سکے پر بنا ہو) - (۶) شخص - (۷) فرد ؛ کس ؛ نفر ؛ (مویشی) راس وغیرہ ؛ تعداد - (۸) سرا (مثلاً ناخن کا ، اوزار کا) - (۹) (نباتیات) تنہ تودہ ؛ گھنڈ ؛ پتوں کی چھتری ؛ سرشاخ - (۱۰) شراب وغیرہ کا جھاگ - (۱۱) دودھ کی بالائی ؛ ملائی ؛ پپڑی - (۱۲) اوپر کا سرا - (۱۳) (پھوڑے کا) منہ - (۱۴) جھیل کا دھانہ ؛ دریا اور جھیل کے ملنے کی جگہ - (۱۵) سرھانا - (۱۶) سر چشمہ - (۱۷) وہ پانی جو کسی انجن یا مشین وغیرہ کے لئے اوپر کے خزانے میں رکھا جائے - (۱۸) بھاپ کا دباو یا زور - (۱۹) (فوج ، مجمع کا) اگلا سرا - (۲۰) ھل کا سامنے کا حصہ ؛ پھل - (۲۱) راس جہاز (اگلا سرا) - (۲۲) راس ؛ زمین یا خشکی کا وہ حصہ جو سمندر میں نکلا ہوا ہو - (۲۳) کوئلہ کی کان میں زمین دوز راستہ - (۲۴) رئیس ؛ سردار ؛ صدر ؛ اعلیٰ افسر - (۲۵) رئیس کلیہ ؛ صدر کلیہ - (۲۶) (مدرسے کا) صدر الاساتذہ - (۲۷) مقالے یا تقریر کا حصہ ، شعبہ - (۲۸) زمرہ ؛ قسم - (۲۹) انتہائی صورت ؛ نازک موقع - (۳۰) ملاحوں کا پیخانہ جو جہاز کے اگلے سرے پر ہوتا ھے -

beat person's h. off. : (کسی سے) پوری طرح جیتنا ؛ سبقت لے جانا -

by h. and shoulders : (۱) جبراً ؛ زبردستی - (۲) کہیں زیادہ ؛ بہت زیادہ (لمبا وغیرہ) -

by the h. and ears : زبردستی ؛ سیفہ زوری سے ؛ کھینچ تان کر کے -

can not make h. or tail of it : (اس معاملے) کا سر پیر سمجھ میں نہیں آتا -

come to a h. : نازک صورت اختیار کرلینا -

could do it on my h. : (عامیانہ) میرے بائیں ھاتھ کا کرتب ھے -

from h. to foot : از سرتا پا ؛ سراسر ؛ سر سے پیر تک -

give (horse) his h : (گھوڑے کی) باگ ڈھیلی چھوڑ دینا -

have old h. on young shoulders : باوجود کم سنی کے دانشمند ہونا ؛ نوعمری میں بوڑھوں کی طرح سمجھ دار ہونا -

headache : صداع ؛ درد سر -

headachy : مبتلائے درد سر ؛ درد سر پیدا کرنے والا ؛ جس سے درد سر ہونے لگے -

h. and front : (۱) اصل (جرم) - (۲) (بول چال) سر غنہ -

headborough : (تاریخ) میر ؛ میر محلہ (انگلستان میں پہلے دس خاندانوں میں ایک میر خاندان مقرر ہوتا تھا جس کے فرائض میر محلہ کی طرح ہوتے تھے) -

h.-dress : سر کا لباس (خصوصاً عورتوں کا) -

headfast : (جہاز رانی) رسا جو جہاز کے اگلے سرے پر بندھا ہوتا ھے -

h. first or formost : (۱) سر کو آگے کئے ہوئے - (۲) دفعتاً ؛ یکبار گی -

h.-gear : ٹوپی ؛ سر کا لباس (مردوں یا عورتوں کا) -

headland : (۱) (جغرافیہ) راس - (۲) کھیت کے سرے کا وہ ٹکڑا جو بن جوتے چھوڑ دیا جاتا ھے -

h.-line : (اخبار) عنوان ؛ ضمنی عنوان ؛ پیشانی ؛ صفحہ کی پہلی سطر جس میں کتاب کا نام یا باب کا عنوان وغیرہ ہو -

headman : سردار قبیلہ ؛ چودھری ؛ مکھیا

h.-money : رقم فی کس (جو دی جائے یہ وصول کی جائے) -

h. of hair : سر کے بال خصوصاً زیادہ اور گھنے بال -

h. over heels : الٹا ؛ قلا بازی کھاتا ہوا -

h.-phones : ٹیلی فون یا لاسلکی کا سننے کا آلہ جسے دونوں کانوں میں لٹکا لیتے ہیں -

h.-piece : (۱) خود ؛ آہنین کلاہ - (۲) عقل ؛ فہم ؛ ذہن ؛ ذکاوت - (۳) عاقل ؛ ذہین ؛ ذکی - (۴) کسی کتاب کے باب یا فصل وغیرہ کے آغاز میں (آرائشی) جدول اور بیل بوٹے وغیرہ -

headquarters : (فوجی اصطلاح) سپہ سالار یا امیر عساکر کی فرود گاہ ؛ (عام اصطلاح) فوجی مرکز ؛ پڑاو ؛ صدر مقام -

heads I win, tails you lose : چت بھی میری پٹ بھی میری -

headspring : منبع ؛ سر چشمہ (لغوی و مجازی معنوں میں) -

h.-stall : سردوال ؛ مہری -

headstock : گھومنے والے آلہ یا مشین کی کرسی ؛ مشین کا وہ حصہ جس پر گھومنے والے پرزے ٹھیرے ہوئے ہوں -

headstone : سنگ مزار ؛ لوح مزار ؛ قبر کے سرہانے کا پتھر -

h. stone : سنگ بنیاد ؛ (مجازاً) بنیاد ؛ اساس -

h.-voice : ٹیپ ؛ اونچی آواز ؛ بلند آواز ؛ اونچا سر -

headway : (۱) ترقی ؛ اقدام - (۲) جہاز کی رفتار - (۳) (عمارت) محراب وغیرہ کی بلندی -

h. wind : باد مخالف -

h.-work : دماغی کام ؛ دماغی محنت ؛ دماغ سوزی -

keep one's *h.* : طبیعت کو قابو میں رکھنا ؛ مشتعل نہ ہونا ؛ اوسان قائم رکھنا -

keep one's *head above water* : (مجازاً) بغیر قرض کے کام چلانا -

lose one's *head* : قتل کیا جانا ؛ گھبرا یا گڑبڑا جانا -

lay hh. together : آپس میں صلاح کرنا ؛ مشورہ کرنا -

make h. : آگے بڑھنا (دوسرے کو پسپا کرکے) -

make h. against : کامیابی سے مقابلہ کرنا ؛ بڑھنے نہ دینا

off one's *h.* : دیوانہ ؛ پاگل -

on one's *h.* : کسی کے سر ہونا (الزام ، ذمہ داری)

out of one's *own h.* : اپنی عقل سے ؛ اپنی ایجاد سے

over h. and ears : دیکھو Ear

over one's *h.* : سر پر (منڈلاتا خطرے وغیرہ کا) -

promote person over another's h : مستحق کے مقابلے میں غیر مستحق کو ترقی دینا -

put thing out of (one's) *h.* : بھول جانا ؛ دل سے نکال دینا -

put thing out of (person's) *h.* : بھلا دینا -

put (*thing*) *into person's h.* : (تدبیر) سجھانا ؛ بتانا -

stand on one's *h.* : سر نیچے ٹانگیں اوپر کرنا -

take person's h. off : مغز چاٹنا ؛ بھیجا کھانا -

to talk over one's *hh.* : ایسی تقریر یا باتیں کرنا جو سمجھ میں نہ آئیں

two hh. are better than one : (ضرب المثل) دو آدمیوں کی عقل ایک آدمی سے بہتر ہوتی ہے -

(-) headed, *a.* : (—) سروالا ؛ (—) دماغ والا -

headless, *a.* : سر بریدہ ؛ بے سرا ؛ بے سر کا ؛ بے سردار کا -

Head, *v. t. & i.* : (۱) سرا بنانا ؛ نوک نکالنا ؛ پھل یا پیکان بنانا - (۲) گل تودہ یا سرشاخ قلم کرنا ؛ چھانٹنا - (۳) سرے پر ہونا ؛ سرا ہونا - (۴) سب فہرست ہونا ؛ عنوان ہونا (۵) (کتاب کے باب یا فہرست وغیرہ میں) عنوان یا سرخی قائم کرنا - (۶) عروج حاصل کرنا ؛ ترقی کرنا ؛ آگے بڑھنا ؛ انتہائی نقطہ پر پہنچنا ؛ نازک صورت اختیار کرنا - (۷) (کسی جماعت وغیرہ کا) صدر یا امیر ہونا یا بننا ؛ سردار ہونا سالاری کرنا - (۸) رہبری یا رہنمائی کرنا ؛ قیادت کرنا ؛ اگوا ہونا ؛ سرغنہ یا سر گروہ بننا - (۹) سبقت لیجانا ؛ بڑھ جانا ؛ برتری یا امتیاز حاصل کرنا ؛ گوئے سبقت لے جانا ؛ فائق ہونا - (۱۰) مزاحمت کرنا ؛ مقابلہ کرنا ؛ مخالفت کرنا ؛ روکنا ؛ مخالف یا مقابل ہونا - (۱۱) (کسی جھیل وغیرہ کے) دہانے کے گرد پھرنا -

h. (*back, off*) : (کسی سے) آگے بڑھ کر پیچھے لوٹنا ؛ دوسری طرف رخ کرنا ؛ دور ہٹنا -

-head,-hood : (۱) (لاحقہ) اسم یا صفت کے آخر میں لگا کر اسم ذات یا صفت بناتے ہیں جیسے childhood, godhead -

Header, *n.* : سر پوش ساز ؛ پیپوں وغیرہ کے ڈھکن بنانے والا ؛ پھول بنانے والا - (۲) (بول چال) سر کے بل غوطہ مارنا - (۳) پتھر یا اینٹ جو دیوار سے (زاویہ قائمہ بناتا ہوا) آگے کو نکلا ہوا ہو -

Heading, *n.* : (۱) فعل اور حاصل مصدر کے معنوں میں - (۲) (فٹ بال) سر سے گیند کو اچھالنا - (۳) عنوان یا سرخی وغیرہ - (۴) زمین دوز راستہ (سرنگ بنانے کے لئے) -

Headlong, *adv. & a.* : (۱) سر کے بل ؛ سر آگے کی طرف (گرنے وغیرہ میں) - (۲) دفعتاً ؛ جھٹ پٹ ؛ فوراً ؛ آناً فاناً ؛ اندھا دھند ؛ نا عاقبت اندیشانہ ؛ عاجلانہ ؛ بے سوچے سمجھے -

Headmost, *a.* : سب سے پہلا ؛ سب سے مقدم ؛ سب سے نمایاں -

Headsman, *n.* : (۱) جلاد ؛ پھانسی دینے والا - (۲) وھیل مچھلی کا شکار کرنے والی کشتی کا کپتان یا افسر -

Headstrong, *a.* : سرکش ؛ ضدی ؛ ہٹیلا ؛ خود رائے -

headstrongness, *n.* : خود رائی ؛ سرکشی ؛ ضد -

Heady, *a.* : (شخص) عجلت پسند ؛ جلد باز ؛ تند مزاج ؛ مغلوب الغضب - (۲) عاجلانہ ؛ نا عاقبت اندیشانہ ؛ تشدد آمیز - (۳) (شراب وغیرہ) تیز ؛ نشہ آور ؛ چڑھ جانے والی -

headily, *adv.* : عاجلانہ ؛ جلد بازی سے ؛ تند مزاجی سے -

headiness, *n.* : عجلت پسندی ؛ جلد بازی ؛ تند مزاجی ؛

تند خوئی ؛ تیزی (شراب کی) -

Heal, *v. t. & i.* : بھلا چنگا کرنا ؛ اچھا کر دینا ؛ شفا بخشنا ؛ (زخم کا) مندمل ہونا ؛ بھر جانا ؛ گھاو کا بھرنا ؛ زخم کا اچھا ہونا ؛ (مجازاً) زخم دل کو اچھا کرنا ؛ درد کی دوا کرنا -

h.-all : (۱) اکسیر ؛ اکسیر اعظم ؛ کیمیائے صحت ؛ ہر مرض کی دوا - (۲) (عوام) بعض پودوں کو کہتے ہیں -

healer, *n.* : زخم کو بھرنے والا ؛ درد کی دوا کرنے والا -

Health, *n.* : (۱) صحت ؛ تندرستی ؛ (مجازاً) نفسی یا روحانی صحت - (۲) صحت کی حالت (اچھی یا بری) - (۳) جام صحت -

bill of health. : دیکھو BILL -

h.-officer, officer of h. : افسر صحت ؛ محافظ صحت عامہ ؛ حفظ صحت کی ہدایات وغیرہ جاری کرنے والا -

Healthful, *a.* : (۱) صحت بخش ؛ صحت افزا - (۲) ممد اخلاق ؛ مہذب نفس ؛ روحانیت افزا -

healthfully, *adv.* : صحت بخشانہ ؛ صحت افزایانہ -

healthfulness, *n.* : صحت بخشی ؛ صحت افزائی -

Healthy, *a.* : (۱) تندرست ؛ صحیح المزاج ؛ صحیح الجسم ؛ بھلا چنگا - (۲) (مجازاً) صحیح النفس ؛ نفسی یا روحانی امراض سے پاک - (۳) مفید صحت ؛ صحت افزا ؛ صحت بخش -

healthily, *adv.* : صحت بخشانہ -

healthiness, *n.* : تندرست ہونا ؛ صحت بخشی ؛ مفید صحت ہونا ؛ ممد اخلاق یا مصلح روح ہونا -

Heap, *n.* : (۱) انبار ؛ ڈھیر ؛ تودہ ؛ ڈھیری - (۲) (روز مرہ) بہت بڑی تعداد -

hh. of. : بہت -

he was struck all of a heap. : اس کی سٹی گم ہوگئی -

Heap, *v. t.* : (۱) (چیزوں کا) انبار لگانا ؛ ڈھیر کرنا - (۲) (گاڑی یا شخص وغیرہ پر) لادنا ؛ بار کرنا - (۳) بوچھار کرنا ؛ بھر مار کرنا (گالیوں وغیرہ کی) -

Hear, *v. t. & i.* : (۱) سننا - (۲) غور یا توجہ سے سننا ؛ (کسی کی) بات سننا ؛ گفتگو کا موقع دینا - (۳) (مقدمہ یا دعوی کی) سماعت کرنا - (۴) قبول کرنا (دعا) - (۵) معلوم ہونا ؛ اطلاع ملنا ؛ واقفیت ہونا (کسی کے متعلق) ؛ ذکر سننا ؛ چرچا سننا -

h. from : خیر و عافیت معلوم ہونا ؛ خط آنا -

h. him out : (اس کی) پوری بات سنو -

h.! h.! : خوش ہوکر یا طنزاً تالیاں بجا کر کہتے ہیں -

h. tell of. : ذکر سننا ؛ چرچا سننا -

he will not h. of it : وہ اس بات سے کانوں پر ہاتھ دھرتا ہے -

you will h. of this : تمہیں اس کی سزا ملے گی ؛ قدر و عافیت معلوم ہو جائے گی -

hearable, *a.* : شنیدنی ؛ لائق سماعت ؛ سننے کے لائق -

hearer, *n.* : سامع ؛ شنوا ؛ سننے والا -

Hearing, *n.* : (۱) سننا ؛ شنوائی ؛ سماعت - (۲) قوت سامعہ ؛ سماعت -

give him a fair h. : نیر جانب داری یا انصاف سے اس کی بات سنو -

hard of h. : اونچا سننے والا ؛ بہرا -

within h., out of h. : سماعت کے اندر یا سماعت کے باہر ؛ اتنی دور کہ سنا جائے یا نہ سنا جائے -

Hearken, Har-, *v. i.* : دھیان دینا ؛ متوجہ ہونا ؛ توجہ سے سننا -

Hearsay, *n.* : افواہ ؛ سنی سنائی بات ؛ سماعی بات -

Hearse, *n.* : (۱) وہ گاڑی جس میں مردے کو قبرستان تک لے جاتے ہیں ؛ ارابہ ؛ تابوت دار - (۲) (قدیم) تابوت کا چوبی ڈھانچا جس پر چادر تانی جاتی ہے (اور کبھی کبھی موم بتیاں بھی لگادیتے ہیں) -

Heart, *n.* : (۱) قلب ؛ دل - (۲) سینہ ؛ چھاتی - (۳) دماغ ؛ نفس ؛ ذہن - (۴) روح - (۵) جذبات ؛ احساس ؛ تہ قلب - (۶) جرأت ؛ ہمت ؛ جگر ؛ گردہ ؛ زہرہ ؛ پتّا - (۷) لخت جگر ؛ آرام جاں ؛ راحت دل ؛ نور بصر وغیرہ - (۸) (بحری) باہمت یا جاں باز رفیق - (۹) وسط ؛ درمیانی یا بیچ کا حصہ خصوصاً درخت کا - (۱۰) لب لباب ؛ نچوڑ ؛ مغز - (۱۱) (زمین) شادابی ؛ سرسبزی ؛ زر خیزی - (۱۲) دل کی شکل کی کوئی شے - (۱۳) تاش میں پان کی بازی یا رنگ ؛ پان -

after one's h. : حسب مرضی ؛ حسب خواہش -

at h. : ل سے ؛ بہ باطن ؛ در اصل ؛ در حقیقت -

break person's h. : ہجوم غم کی وجہ سے) دل شکستہ نا ؛ کمر توڑ دینا -

by h. : حفظ ؛ زبانی ؛ از بر -

cry one's h. out : رو کر برا حال کرنا -

eat one's h. out : رنج و غم کی وجہ سے) کڑھنا ؛ گھن لگ جانا -

(not) find in one's h. : دل (نہ) چاہنا ؛ گوارا (نہ) ہونا -

from one's h. : خلوص سے ؛ صداقت سے ؛ دل سے -

have one's h. in one's mouth : سہم جانا ؛ ہکا بکا رہ جانا -

(not) have the h. (to do) : (خصوصاً نفی کیساتھ) اتنا سنگدل (نہ) ہونا (کہ) -

have thing at h. : سے دلچسپی ہونا ؛ دل سے لگی ہونا -

h.-ache : دل ؛ روحانی کرب -

h. and hand : پاک سے ؛ جوش و خروش سے ؛ گرم جوشی سے ؛ ذوق شوق سے -

h. and soul : جان و دل سے ؛ تن من دھن سے ؛ انتہائی جوش اور سرگرمی سے -

h.-beat : حرکت قلب ؛ دل کی دھڑکن ؛ (مجازاً) جذبہ -

heart ('s)-blood : وہ خون جس پر زندگی کا مدار ہے ؛ (مجازاً) سرمایۂ حیات ؛ روح رواں ؛ گہرا احساس ؛ جان سے زیادہ عزیز (چیز) -

h.-break : رنج ؛ غم ؛ جانکاہ مصیبت ؛ جانگزا الم ؛ روحانی صدمہ -

h.-breaking : سوہان روح ؛ روح فرسا ؛ جانگزا -

h.-broken : دل ریش ؛ درد رسیدہ ؛ خستہ جگر ؛ دکھ کا مارا -

h.-burn : التہاب قلب ؛ سوزش جگر

h. burning : حسد ؛ جلن ؛ رشک

h. -disease : دل کی بیماری -

h. -felt : مخلصانہ : سچا ؛ دلی ؛ قلبی (جذبہ وغیرہ) -

h. of oak : جیوٹ ؛ جری ؛ بہادر آدمی -

h. -rending : دلخراش ؛ جگر خراش ؛ جگر گداز ؛ درد ناک -

heartsease : ایک پودا جس کے پھل رنگ برنگ کے ہوتے ہیں ؛ گل دل آرام -

h. -sick : افسردہ خاطر ؛ دلگیر ؛ اداس ؛ غمگین ؛ ملول ؛ محزون -

h. sore : بیحد ملول ؛ دل ریش ؛ خستہ جگر -

h. string : (مجازاً) (۱) دل ؛ قلب ؛ رگ جان - (۲) دلی محبت ، قلبی الفت -

h. -whole : (۱) پر دل ؛ جوہمت نہ ہارے - (۲) قید محبت سے آزاد - (۳) مخلص ؛ پر خلوص -

his h. is in the right place : اس میں ہمدردی کا سچا جذبہ ہے -

in h. : خوش ؛ ہشاش بشاش ؛ شگفتہ خاطر -

in one's *h.* : دل ہی دل میں ؛ مخفی طور پر ؛ پوشیدہ طور پر -

in one's *h. of hh.* : دل میں قلب کی گہرائی میں -

lay thing to h. : (کسی بات پر) سنجیدگی سے غور کرنا -

near (est) one's *h.* : عزیز ؛ (دل سے) محبوب (ترین) ؛ (بہت) پیارا -

out of h. : پژمردہ : افسردہ ؛ دلگیر -

right, left, h. : دل کے دائیں یا بائیں جانب -

searchings of h. : شکوک ؛ شبہات -

smoker's h. : ایک بیماری جو تمباکو نوشی کی کثرت سے پیدا ہوتی ہے -

take h. (of grace) : ہمت بندھنا ؛ دل بڑھنا ؛ حوصلہ ہونا -

take thing to h. : بہت صدمہ ہونا ؛ بہت متاثر ہونا -

to do one's *h. good* : (کسی بات سے) بہت خوش ہونا ؛ باغ باغ ہوجانا -

wear one's *h. upon* one's *sleeve* : بھڑ بھڑیا ہونا -

with all one's *h.* : بہ خوشی ؛ بہت شوق سے ؛ دل و جان سے -

(-) hearted, *a.* : (---) دل ؛ (---) قلب -

Hearten, *v. t. & i.* : (۱) حوصلہ افزائی کرنا ؛ دل بڑھانا ؛ ہمت بندھانا - (۲) حوصلہ بڑھنا ؛ دل بڑھنا -

Hearth, *n.* : آتشدان یا چولہے کا فرش ؛ گھر بار ؛ بال بچے -

h. -rug : چولہے کے پاس سامنے رکھنے کی دری یا قالین کا ٹکڑا -

hearthstone : سنگ آتشدان ؛ چولہے کا پتھر ؛ چولہے کی استر کاری -

Heartily, *adv.* : (۱) خوشی سے ؛ شوق سے ؛ تپاک سے ؛ بدل و جان - (۲) جی کھول کر ؛ پیٹ بھر کر - (۳) بہت زیادہ اچھی طرح -

Heartless, *a.* : بے حس ؛ بے احساس ؛ سنگدل ؛ سخت قلب ؛ بیرحم ؛ کٹر ؛ کٹھور ؛ بیدرد ؛ ظالم -

heartlessly, *adv.* : سنگدلانہ ؛ بیرحمانہ ؛ کٹر پن سے ؛ بیدردانہ ؛ ظالمانہ -

heartlessness, *n.* : سنگدلی ؛ بیرحمی ؛ بیدردی ؛ کٹر پن -

Hearty, *a. & n.* : (۱) خوش خلق ؛ محبت والا ؛ ملنسار ؛ ہنس مکھ ؛ خوش مزاج - (۲) بے ریا ؛ پر خلوص ؛ سچا ؛ مخلصانہ ؛ دلی ؛ قلبی - (۳) ہٹا کٹا ؛ چاق چوبند ؛ توانا ؛ تنومند - (۴) (کھانا) (جو) پیٹ بھر کر ، سیر ہو کر (کھا یا جائے) -

my hh. : میرے بہادرو (ملاحوں سے خطاب) -

heartiness, *n.* : ملنساری ؛ خوش خلقی ؛ خوش مزاجی ؛ خلوص ؛ بے ریائی ؛ صدق ؛ تنومندی ؛ توانائی -

Heat, *n.* : (۱) گرمی ؛ حرارت ؛ حدت ؛ تپش ؛ تمازت - (۲) (طبیعیات) حرارت - (۳) موسم گرما ؛ گرمی کا موسم - (۴) احتراق خون ؛ حدت خون - (۵) (ذائقے وغیرہ کی) تیزی - (۶) ایک ہلہ ؛ ایک کوشش - (۷) (جمع) کھیلوں کے ابتدائی مقابلے (فائینل یا آخری مقابلے سے پہلے) - (۸) اشتعال ؛ جوش ؛ غصہ ؛ تاؤ - (۹) (مناظرہ و مباحثہ) گرما گرمی - (۱۰) شہوت ؛ مستی (جانور کی) -

h. -spot : (۱) (چہرے کے) داغ ؛ جھائیں ؛ چتی - (۲) جلد یا جسم کے وہ مقامات جن سے گرمی کا احساس ہو -

h. -wave : لو ؛ شدید گرمی (کرۂ ہوائی) جو ایک خطے سے دوسرے خطے میں منتقل ہوتی رہتی ہے -

latent h. : حرارت مخفی -

prickly h. : گرمی دانے -

red h. : کسی شے کی حرارت کا وہ درجہ جب وہ سرخ ہو جاتی ہے -

specific h. : حرارت نوعی -

white h. : کسی شے کی حرارت کا وہ درجہ جب وہ سفید ہو جاتی ہے -

Heat, *v. t. & i.* : (۱) گرم کرنا ؛ گرم ہونا ؛ جوش دینا ؛ تپانا ؛ تپنا ؛ تاؤ دینا ؛ تاؤ کھانا - (۲) خون کا گرم کرنا ؛ حدت پیدا کرنا ؛ احتراق پیدا کرنا - (۳) بھڑکنا ؛ بھڑکانا ؛ مشتعل کرنا ؛ مشتعل ہونا ؛ جوش پیدا کرنا ؛ جوش میں آنا -

heatedly, *adv.* : گرم ہوکر ؛ تپتا ہوا ؛ مشتعل ہوکر ؛ تیزی یا جوش سے ؛ گرما گرمی سے -

heater, *n.* : گرم کرنے کا ظرف ؛ گرم کرنے کا آلہ -

Heath, *n.* : (۱) بیڑ یا پیڑ ؛ وہ وسیع میدان جس میں جھاڑیاں اور چھوٹے گھنے درخت ہوں - (۲) جھاڑیاں (مختلف قسم کی) خصوصاً اریکا قسم کی جھاڑیاں -

h. -bell : ان جھاڑیوں کے پھول ؛ صحرائی پھول -

h. -berry : جھر بیری اور دوسری قسم کی بیریاں -

h. -cock : - black cock

heathy, *a.* : جہاں پیڑ کثرت سے ہوں -

Heathen, *a. & n.* : غیر اہل کتاب ؛ کافر ؛ ملحد ؛ مشرک -

the h. : غیر اہل کتاب -

heathendom, *n.* : دنیائے غیر اہل کتاب -

heathenry, heathenishness, *nn.* : الحاد ؛ شرک -

heathenish, *a.* : کافرانہ ؛ مشرکانہ ؛ ملحدانہ ؛ وحشیانہ -

heathenishly, *adv.* : مشرکوں کی طرح ؛ وحشیوں کی طرح -

heathenism, *n.* : (۱) غیر اہل کتاب ہونا ؛ الحاد ؛ شرک -

(۲) غیر اهل کتاب لوگ ؛ جماعت مشرکین -

heathenize, *v. t. & i.*: مشرک ؛ کافر ؛ ملحد بنانا یا بننا -

Heather, *n.*: اریکا قسم کی جھاڑیاں ؛ ایک چھوٹی قسم کی ولائتی جھاڑی جس کے پھول گلابی رنگ کے ہوتے ہیں اور ایک ایک جھاڑی میں پھولوں کے کئی گچھے لگتے ہیں -

h.-bell: (اریکا قسم کی) جھاڑیوں کا پھول -

h.-mixture: (کپڑا) پچرنگی -

heathery, *a.*: جہاں جھاڑیاں کثرت سے ہوں -

Heave, *v. t. & i.*: (۱) اٹھانا (بھاری چیز کو) - (۲) (زمین کے پرت یا کان کی درا ژکا) دوسرے (پرت یا دراز) کو ہٹا کر اس کی جگہ لینا - (۳) (آہ سرد) کھینچنا ؛ (ٹھنڈے سانس) بھرنا - (۴) (جہاز رانی اور روز مرہ) پھینکنا - (۵) (جہاز رانی) رسے سے کھینچنا ؛ گھسیٹنا ؛ کھینچنے کی کوشش کرنا ؛ زور لگانا - (۶) اٹھنا ؛ بلند ہونا ؛ ابھرنا ؛ پھولنا ؛ اٹھنا ... (۷) لہریں لینا ؛ اٹھنا اور گرنا - (۸) ہانپنا ؛ دم چڑھنا ؛ سانس پھولنا - (۹) قے کے لئے منہ کھلنا ؛ ابکائی آنا

h. down: جہاز کو (صفائی وغیرہ کے لئے) ایک طرف جھکانا -

h. ho: (جہاز کا لنگر اٹھاتے وقت ملاحوں کا) نعرہ -

h. in sight: نمودار ہونا ؛ دکھائی دینا ؛ نظر آنا ؛ سامنے ہونا ؛ ظاہر ہونا ؛ پیش نظر ہونا -

h. to: جہاز کو ٹھیرانا یا روکنا -

Heave, *n.*: (۱) ابھرنا ؛ اٹھنا - (۲) ہانپنا ؛ سانس پھولنا - (۳) کھنچنا - (۴) پیٹ پھولنا ؛ ابکائی آنا - (۵) لہر ؛ زور (رسا کھینچنے میں) - (۶) (زمین کے پرت یا کان کی دراز کا) دوسرے (پرت یا دراز) کو ہٹانا - (۷) گھوڑوں کی بیماری ؛ سانس پھولنا -

h. of the sea: لہروں کی طاقت ؛ قوت موج ؛ سمندر کی طاقت جو جہاز کی رفتار پر اثر ڈالتی ہے -

Heaven, *n.*: (۱) (نثر میں اب عموماً جمع کے صیغہ میں مستعمل ہے) سماء ؛ آسمان ؛ فلک ؛ چرخ ؛ گردوں ؛ سپہر ؛ آکاش ؛ گگن - (۲) فضاء - (۳) (قدیم) آسمان کا طبقہ ؛ سات آسمانوں میں سے ایک - (۴) بہشت ؛ فردوس ؛ عرش ؛ کرسی ؛ مقام علیین ؛ عالم بالا ؛ عالم قدس - (۵) خدا ؛ قدرت (الہی) - (۶) بہشت کا سا مقام ؛ بہشت ؛ جنت - (۷) روحانی مسرت ؛ سعادت (کی حالت) -

by h!, good hh!: باللہ ؛ واللہ ؛ غضب خدا کا -

h. born: آسمان سے اترا ہوا -

seventh heaven, h. of the hh: چرخ ہفتم ؛ ساتواں آسمان ؛ فلک الافلاک ؛ عرش معلیٰ (یہودیوں کے عقیدے میں ساتویں آسمان پر خدائے تعالیٰ رہتا ہے) -

heavenward, *a.* **heavenward(s)** *adv.*: سوئے آسمان ؛ جانب عرش (کا) ؛ آسمان کی طرف (کا) -

Heavenly, *a.*: (۱) سماوی ؛ آسمانی ؛ فردوسی ؛ بہشتی ؛ علوی ؛ برگزیدہ ؛ مسعود - (۲) آسمانی ؛ (اجسام) فلکی - (۳) قدوسی ؛ عالم قدس کا - (۴) (روز مرہ) عمدہ ؛ اچھا ؛ خوب ؛ نفیس ؛ پاکیزہ -

h.-minded: مقدس ؛ پارسا ؛ باخدا -

the H. City: جنت ؛ فردوس ؛ بہشت -

the H. Twins: = GEMINI

heavenliness, *n.*: فلکیت ؛ سماویت ؛ قدوسیت ؛ سعادت ؛ پاکیزگی -

Heavy, *a., n., & adv.*: (۱) وزنی ؛ بھاری ؛ بوجھل ؛ گراں - (۲) بھرپور (فصل) - (۳) لداھوا - (۴) (عسکری) بھاری ہتیاروں سے مسلح - (۵) تند ؛ پرشور (سمندر) ؛ بھاری ؛ زبردست (طوفان) - (۶) (زمین) سخت ؛ دشوار گذار ؛ کٹھن - (۷) (نان پاؤ) خشک ؛ سخت (خمیر نہ اٹھنے کی وجہ سے) - (۸) (خوراک) بطی الہضم ؛ دیر ہضم ؛ ثقیل - (۹) (آسمان) مکدر ؛ ابر آلود ؛ غبار آلود ؛ تاریک - (۱۰) بدنما ؛ بد شکل بھدا ؛ بھونڈا - (۱۱) (شخص) غبی ؛ مجہول ؛ کند ذہن - (۱۲) بھاری ؛ بیڈول ؛ اتنا موٹا اور بھاری جس کے اٹھانے میں دقت ہو - (۱۳) (آرٹ اور ادب کی چیز) ذلیل ؛ روکھی ؛ پھیکی ؛ خشک ؛ بے لطف ؛ بھدی - (۱۴) (تھیٹر) خشک ؛ بے لوچ ؛ ٹھوس - (۱۵) سخت ؛ دشوار ؛ صعب ؛ ... افسوس ناک - (۱۶) ... بری ... پریشان کن ؛ وحشت انگیز (خبر) - (۱۷) دلگیر ؛ اداس ؛ رنجیدہ ؛ افسردہ ؛ مایوس ؛ شکستہ دل - (۱۸) سست رو ؛ سست قدم ؛ خواب آلود ؛ اونگھتا ہوا -

h. armed: بھاری ہتیار سے مسلح -

h. hearted: ملول ؛ غمگین ؛ رنجیدہ ؛ پریشان ؛ افسردہ خاطر ؛ شکستہ دل ؛ اداس -

h. in, or *on hand*: (مجازاً) بے ذوق ؛ بے لوچ ؛ کند (شخص) -

h. metal: (۱) بھاری توپ خانہ - (۲) (مجازاً) خوفناک دشمن ؛ کڑا حریف -

h. spar: = BARYTES

h. weight: (۱) گھونسا باز پہلوان جو ۱۱ اسٹون ۴ پونڈ یا ۲ من سے زیادہ وزن کا ہو - (۲) (گھڑ دوڑ) معمول سے زیادہ وزن کا سوار -

it lies h.: اس کا بڑا بوجھ ہے -

the Hh.: (۱) بھاری (۲) - DRAGOON GAURDS = (۱) توپ خانہ -

time hangs h.: وقت کاٹے نہیں کٹتا -

heavily, *adv.*: گرانی یا ثقل سے ؛ بھدے پن سے ؛ سستی سے ؛ بھاری ہتیاروں سے ؛ بھاری بوجھ سے -

heaviness, *n.*: گرانباری ؛ ثقل ؛ بوجھل پن ؛ دشواری ؛ اداسی ؛ غمگینی ؛ سستی ؛ بھدا پن -

heavyish, *a.*: قدرے گراں ؛ کچھ بوجھل ؛ بھاری سا -

Hebdomad, *n.*: ہفتہ

Hebdomadal, *a.*: ہفتہ وار ؛ ہفت روزہ -

H. Council: (اکسفرڈ یونیورسٹی کی) مجلس منتظمہ جس کا جلسہ ہر ہفتہ منعقد ہوتا ہے -

Hebe, *n.*: (یونانی دیو مالا) (۱) شباب کی دیوی - (۲) ساقی اولمپس (اولمپس وہ پہاڑ ہے جس پر دیوتا رہتے ہیں) - (۳) (مزاحاً) ہوٹل کی خادمہ ؛ شراب خانے کی ملازمہ ؛ باندی -

Hebetate, *v. t. & i.* : غبی یا مجہول کرنا یا ہونا ؛ کند ذہن کرنا یا ہونا ۔

Hebraic, *a.* : عبرانی یا عبرانیوں کا ۔

hebraically, *adv.* : عبرانیانہ ؛ عبرانی طریقہ سے ۔

Hebraism, *n.* : (۱) عبرانیوں یا یہودیوں کی خصوصیت ۔ (۲) مذہب یہود ؛ عبرانی عقائد ۔ (۳) عبرانی زبان کا محاورہ ۔

hebraistic, *a.* : عبرانی ؛ عبرانیانہ ۔

hebraistically, *adv.* : عبرانیوں کی طرح ۔

hebraize, *v. t. & i.* : یہودی ہونا یا کرنا ؛ عبرانی بنانا یا بننا ۔

Hebraist, *n.* : (۱) عبرانی زبان کا عالم ؛ یہودی مذہب یا عبرانی عقائد کا پیرو ؛ مقلد یہودیت ۔

Hebrew, *n. & a.* : (۱) اسرائیلی ؛ یہودی ۔ (۲) قدیم عبرانیوں کی زبان ؛ (روز مرہ) وہ تقریر جو سمجھ میں نہ آئے ؛ ناقابل فہم تقریر ۔ (۳) عبرانی یا یہودیوں کا ۔

Epistle to the Hh. : انجیل کا ایک حصہ ۔

H. wise. : (تحریر) دائیں جانب سے بائیں جانب ؛ عبرانی زبان کی طرح ۔

Hecatomb *n.* : (قدیم یونان) سو جانوروں کی قربانی (خصوصاً سو بیلوں کی) ؛ بڑی مذہبی قربانی ۔

Heck, *n.* : وہ جنگلہ جو مچھلیوں کا راستہ روکنے کے لئے دریا میں لگایا جاتا ہے ؛ مچھلی روک ۔

Heckle, *v. t., & n.* : (۱) = HACKLE ۔ (۲) سوالات کی بوچھار کرنا ؛ سوالات کرکے دق کرنا ۔

Hectare *n.* : (پیمائش کے اعشاری طریقہ میں) سطح ناپنے کا پیمانہ جو ۲٫۴۷۱ ایکڑ کے برابر ہے ۔

Hectic, *a. & n.* : (۱) سل کا ؛ دق کا ۔ (۲) مدقوق ؛ دق کا (مریض) ۔ (۳) انگارے کی طرح سرخ ؛ لال بھبو کا ؛ بیماری سے سرخ ۔ (۴) (عامیانہ) جوش کا ؛ ہیجان کا ؛ ہیجان خیز ۔ (۵) دق کا بخار ؛ تپ دق ؛ تپ دق کی سرخی ۔

h. fever : تپ دق ۔

Hecto - : (سابقہ بہ معنی) سو (۱۰۰) ۔

hectograph : نقل گیر ؛ وہ آلہ جس سے ایک کاغذ کی بہت سی نقلیں ہو جاتی ہیں ۔

hectogram (me) : = (اعشاری پیمائش) سو گرام کا وزن ۳٫۵۲ اونس ۔

hectolitre, -liter : ۱۰۰ لیٹر = ۳٫۵۳۱ مکعب فٹ ۔

hectometre, -meter : ۱۰۰ میٹر = ۳۲۸٫۰۸۹ فیٹ ۔

Hector, *n, & v. t. & i.* : (۱) شیخی بگھارنا ؛ ڈینگ مارنا ؛ دوں کی لینا ؛ دھونس جمانا ؛ لات زنی کرنا ۔ (۲) کم زور کو ستانا ؛ دق کرنا ؛ کم زور پر ظلم کرنا ۔ (۳) شیخی باز ؛ لات زن ؛ ڈینگیا ؛ تیس مار خاں ؛ کم زور کو ستانے والا ؛ بزدل ظالم

Heddles, *n.* : کرگے کی چھوٹی ڈوریاں یا تار جن میں سے تانا گزرتا ہے ۔

Hedge, *n.* : (۱) باڑ ؛ احاطہ (درختوں ، جھاڑیوں ، گھانس یا پتھر کا) ۔ (۲) (لوگوں کی) صف یا (چیزوں کی) قطار (جو راستہ روکے) ۔ (۳) (مجازاً) روک ؛ (شرط ، بازی ، سٹہ وغیرہ) نقصان کی تلافی کا انتظام کرنا ۔

dead h. : سوکھے درختوں یا جھاڑیوں کی باڑ ۔

doesn't grow on every h. : بہت کمیاب ہے ۔

h. -priest : مثلاً ؛ ادنی درجے کا جاہل پادری وغیرہ ۔

hedgerow : جھاڑیوں یا چھوٹے پودوں کی باڑ ۔

Hoar, *a. & n.* : (۱) جس کے بال بڑھاپے سے سفید ہوگئے ہوں ؛ سفید مو (بوڑھا) - (۲) سفیدی مائل ؛ ہلکا سفید - (۳) (چیزیں) پرانی ؛ بوسیدہ - (۴) سفید مو ہونا ؛ سفیدی -

h.-frost : پالا -

h.-stone : قدیم زمانے کا سنگ سرحد (وہ سفید پتھر جو سرحد پر نصب کیا جاتا ہے) -

Hoard, *n., & v.t.* : (۱) اندوختہ ؛ ذخیرہ (خصوصاً روپیہ کا) - (۲) (واقعات وغیرہ کا) ذخیرہ - (۳) (روپیہ وغیرہ) جمع کرنا ؛ جمع کرکے یا بچا کر رکھنا ؛ جوڑنا ؛ ذخیرہ کرنا - (۴) یاد تازہ رکھنا ؛ (دل میں یادگار) قائم رکھنا ؛ حاتی دولت سمجھ کر دل میں رکھنا -

Hoarding, *n.* : (تختوں کی) باڑ ؛ تختوں کی ٹھاٹر جس پر بیٹھ کر معمار کام کرتے ہیں (اکثر اشتہارات چپکانے کے لئے بھی بناتے ہیں) -

Hoarhound : دیکھو Horehound -

Hoarse, *a.* : (۱) (آواز) گلو گرفتہ ؛ بھاری ؛ بھرائی ؛ بیٹھی ؛ پڑی ؛ سخت ؛ کرخت - (۲) گلو گرفتہ ؛ پھٹی آواز کا ؛ بیٹھی یا پڑی ہوئی آواز والا ؛ کرخت آواز -

hoarsely, *adv.* : پھٹی یا بھرائی ہوئی آواز میں -

hoarsen, *v.t & i.* : بھرا جانا ؛ بیٹھ جانا ؛ بھاری پڑجانا -

hoarseness, *n.* : گلو گرفتگی ؛ آواز کا پھٹنا یا بھرا ہونا -

Hoary, *a.* : (۱) (پیرانہ سالی کی وجہ سے) سفید یا سفیدی مائل (بال) - (۲) سفید مو ؛ سفید بالوں والا ؛ قابل احترام ؛ بزرگ - (۳) (نباتیات و علم حشرات الارض) سفید یا بھورے بالوں والا ؛ ریشے والا -

hoariness, *n.* : سفیدی ؛ بزرگی -

Hoax, *v.t. & n.* : (۱) (کسی شخص کو ہنسی میں) چکما دینا ؛ جھانسا دینا ؛ تقرہ دینا ؛ الو بنانا ؛ بیوقوف بنانا - (۲) جل ؛ دم ؛ فریب ؛ دھوکا ؛ جھانسا ؛ تقرہ -

Hob, *n.* : (۱) آتشدان کا چھجا - (۲) کھونٹی ؛ آلپن وغیرہ جو Quoits کے کھیل میں نشان کے طور پر استعمال ہوتے ہیں - (۳) Sledge (برف گاڑی) کا دھرا - (۴) دیکھو Hobnail -

Hobble, *v.i. & t.* : (۱) لنگڑانا ؛ لنگڑا کر چلنا ؛ لنگ کرنا - (۲) (مجازاً) رک رک کر کام کرنا ؛ اٹک اٹک کر تقریر کرنا - (۳) (عروض) روانی نہ ہونا - (۴) لنگڑاتے ہوئے چلانا - (۵) گھوڑے وغیرہ کی دو ٹانگیں ملا کر باندھنا (تاکہ وہ ادھر ادھر بھاگ نہ سکے) -

Hobble, *n.* : (۱) لنگ ؛ لنگڑاہٹ - (۲) بیڈھب موقع - (۳) (گھوڑے وغیرہ کی ٹانگیں باندھنے کے لئے) رسی ؛ بندھن -

Hobbledehoy, hobbad-, hobbed-, *n.* : الھڑ لڑکا ؛ بے شعور چھوکرا -

hobbledehoyish, *a.* : کسی قدر الھڑ -

hobbledehoyism, *n.* : الھڑپن -

hobbledehoyhood, *n.* : الھڑپن کی عمر ؛ لڑکپن -

Hobby, *n.* : (۱) شوق ؛ تفریحی مشغلہ - (۲) یابو ؛ ٹٹو ؛ چھوٹا گھوڑا - (۳) (تاریخ) ایک بائیسکل کی قسم کی گاڑی -

Hobby, *n.* : چھوٹا باز ؛ شکرہ -

Hobby-horse, *n.* : (۱) بید کا بنا ہوا گھوڑا جو morris-dance میں استعمال ہوتا ہے - (۲) بچوں کی چھڑی جس کی موٹھ گھوڑے کے منہ کی طرح ہو - (۳) کاٹھ کا گھوڑا (بچوں کا) - (۴) چکر (Merry-go-round) کا گھوڑا -

Hobgoblin, *n.* : (۱) شریر ؛ شیطان بچہ - (۲) ہوا -

Hobnail, *n.* : کھیل تکلی میخ ؛ پھول دار یا گھنڈی دار کیل -

Hobnailed, *a.*: نعل‌دار ؛ گل میخ لگا ہوا -
h. liver : جس میں گل میخ کی شکل کے کونے لگے ہوں -
Hob-nob, *v. i.*: ہم پیالہ و ہم نوالہ ہونا؛ بے تکلفی کے تعلقات رکھنا -
Hock, *n.*: گھوڑے یا بیل وغیرہ کے پچھلے پاؤں کے گھٹنے اور پاس کی ابھری ہوئی ہڈی کا درمیانی جوڑ -
Hock, *n.*: جرمنی کی انگوری شراب؛ ہاک ہائم (جرمنی) کی شراب -
Hockey, *n.*: ہاکی (مشہور کھیل) -
Hocus, *v. t.*: (۱) جل دینا ؛ فریب دینا ؛ دم دینا - (۲) (کسی شخص کو منشیات سے) بیہوش کر دینا - (۳) نشہ ملا دینا ؛ داروئے بیہوشی ملا دینا -
Hocus-pocus, *n., & v. i. & t.*: (۱) فسونگری ؛ شعبدہ بازی ؛ بازی گری ؛ نظر بندی ؛ بھان متی کا کھیل ؛ جل ؛ دم ' جھا نسا ؛ دھوکا ؛ فریب ' چھل - (۲) منتر ؛ چھومنتر (وہ الفاظ جو مداری تماشا دکھاتے وقت کہتے ہیں) - (۳) نظر بندی ؛ شعبدے دکھانا ؛ ہاتھ کی صفائی دکھانا ؛ مداری کا کھیل یا کرتب دکھانا - (۴) جل دینا ؛ دم دینا ؛ جھانسا دینا -
Hod, *n.*: تسلی دار پرات (معمار یا راج کا وہ برتن جس میں گارا وغیرہ اٹھایا جاتا ہے) -
hodman : (۱) پرات دار ؛ راج ؛ معمار - (۲) (مجازاً) ادنیٰ مزدور ؛ قلم کا مزدور ؛ گھس کھدا -
Hodden, *n.*: (اسکاٹلستان) (۱) موٹا اونی کپڑا ؛ دبیز بھدا کپڑا - (۲) دیہاتیوں کا خاص پہراوا ؛ دہقانی پوشاک ؛ گنوارو کپڑے ؛ موٹے جھوٹے کپڑے -
Hodge, *n.*: انگریز زرعی مزدور (کا اسم عرفی) ۔
Hodge-podge, *n.*: = Hotch-potch
Hodiernal, *a.*: آج کا ؛ آج کے دن کا ؛ آجکل کا ؛ امروزہ ۔
Hodometer, od-. *n.*: مقیاس مسافت ؛ مسافت پیما (وہ آلہ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ گاڑی کتنی دور چلی) -
Hoe, *n., & v. t. & i.*: (۱) بیلچہ ؛ کھرپا ؛ کھرپی - (۲) (کھیت میں سے) خس و خاشاک ' گھاس پھوس وغیرہ کھودنا ؛ نرانا ؛ نندائی کرنا ؛ گوڑنا - (۳) بیلچے کھرپے وغیرہ سے کام لینا ؛ ان سے کھودنا یا کاٹنا ؛ کھرپنا -
Hog, *n.*: (۱) خنزیر ؛ خوک ؛ سور ؛ خصوصاً خصی سور جو ذبح کرنے کے لئے پالا جائے - (۲) (مقامی بول چال) پٹھیا ؛ بھیڑ (وہ جس کی اون ابھی نہ کتری ہو) - (۳) (مجازاً) بد تمیز ؛ ناشائستہ ؛ کھاؤ ؛ پیٹو ؛ اکال ؛ بلا نوش ؛ نجس ؛ غلیظ ؛ میلا کچیلا ؛ گندہ ؛ پلید شخص -
go the whole h. : دمر تک پہنچا دینا -
hogback, h.'s -back : نوک دار دو رویہ ڈھلوانی پہاڑیاں -
h. -fish . ایک قسم کی مچھلی جس کے سر پر سخت بال ہوتے ہیں -
h. in armour : بھدا کھرا آدمی -
h. mane : (گھوڑے کی) باریک کٹی ہوئی ایال -
h.'s pudding : سور کی آنتیں اور اوجھڑی جن میں مختلف چیزیں وغیرہ بھر کر رکھتے ہیں -
h. wash : باورچی خانہ کا دھوون جو سوروں کو پلایا جاتا ہے -
road-h : دیکھو road -
hoggish, *a.*: سور کا سا ؛ خنزیر نما ؛ بد تمیز ؛ غلیظ وغیرہ -
hoggishly, *adv.*: سور کی طرح ؛ غلاظت یا گندے پن سے وغیرہ -
hoggishness, *n.*: خنزیر پن ؛ سور پن ؛ غلاظت ؛ گندگی ؛ بلا نوشی وغیرہ -
hoglike, *a.*: خنزیروش ؛ خوک‌صفت ؛ سور کی طرح -
hogling, *n.*: خوکک ؛ چھوٹا سور یا سور کا بچہ -
Hog, *v. t. & i.*: (۱) (کسی چیز کی پشت کا) دو رویہ ڈھلوانی یا محرابی بنانا - (۲) ایال کے بال کترنا ؛ ایال کے بال خشخشی کرنا -
Hogget, *n.*: میش یک سالہ ؛ ایک سال کی بھیڑ -
Hoggin, *n.*: ریگ بیختہ ؛ چھنی ہوئی ریت یا بجری -
Hogshead, *n.*: (۱) بڑا پیپا - (۲) 52 ½ سرکاری گیلن یا 51 ½ معمولی گیلن کا پیمانہ (سیالات کا) -
Hoi (c) k, *v. t. & i.*: (طیارے کو) دفعتاً اوپر لے جانا -
Hoick(s), *int.*: (کتوں کو ہشکارنے کے لئے) لگے لگے ' لئے چھو -
Hoipolloi : دیکھو polloi -
Hoist, *v. t. & n.*: (۱) اٹھانا ؛ چڑھانا ؛ اونچا کرنا ' بلند کرنا (خصوصاً جھنڈوں اور بادبان کا) - (۲) اٹھانا ؛ اوپر کو دھکا دینا - (۳) لفٹ (Lift) ؛ آدمیوں کو یا اسباب کو اوپر چڑھانے کی کل ؛ مرفع
Hoist, p.p. *H. with his own petard.*: چاہ کن را چاہ درپیش -
Hoity - toity, *n. & a. & int.*: (۱) طوفان بے تمیزی ؛ ادھم ؛ شرارت - (۲) شوخ ؛ ھرزہ ؛ چنچل ؛ مغرور ؛ متکبر ؛ خود بین ؛ تنک جو ؛ بد مزاج ؛ چڑ چڑا ؛ جھلا - (۳) (بے جا غرور وغیرہ پر تعجب اور احتجاج) چہ خوش ؛ چرا نہ باشد ؛ تمہاری ایسی تیسی -
Hokey-Pokey, *n.*: (۱) = Hocus-pocus - (۲) سستی ملائی کی برف جو برف فروش گلی کوچوں میں بیچتے پھرتے ہیں -
Hold, *v. t. & i.* (held ; archaic p. p. holden): (۱) پکڑنا ؛ پکڑے رہنا ؛ گرفت کرنا ؛ تھامنا ؛ تھامے رہنا ؛ سنبھالنا - (۲) (اپنے آپ کو) خاص حالت میں رکھنا (الگ رکھنا وغیرہ) ؛ رکھنا (سر وغیرہ کو اونچا ' نیچا) - (۳) (برتن وغیرہ میں) بھرا ہونا ؛ موجود ہونا ؛ سمانا ؛ گنجائش ہونا یا رکھنا - (۴) قابض ہونا ؛ مالک یا پٹے دار ہونا - (۵) (فوج) کسی مقام پر قابض ہونا - (۶) (کسی مقام پر) ہونا - (۷) (ذہن یا خیالات پر) چھایا ہونا - (۸) (شخص یا اس کی توجہ کو) منہمک رکھنا ؛ مصروف رکھنا - (۹) (شخص وغیرہ کو) خاص جگہ یا خاص حالت میں رکھنا ؛ (قابو میں) رکھنا ؛ روکے رکھنا - (۱۰) پابندی کرانا ؛ تعمیل کرانا (کسی شخص سے معاہدہ یا شرائط کی) - (۱۱) (تہوار ' جشن ' جلسہ ' مکالمہ و مناظرہ) منعقد کرنا ؛ منانا ؛ رچانا - (۱۲) (بد کلامی) کرنا ؛ (زبان درازی) کرنا - (۱۳) روکنا ؛ قابو میں رکھنا (زبان وغیرہ کو) - (۱۴) (خیال یا عقیدہ) رکھنا ؛ رائے رکھنا ؛ قائل ہونا - (۱۵) (حاکم یا عدالت کا) رائے ظاہر کرنا ؛ تجویز کرنا - (۱۶) (عزت ' حقارت وغیرہ کی) نظر سے دیکھنا - (۱۷) بوجھ سہہ لینا ؛ (بوجھ وغیرہ سے) نہ ٹوٹنا ؛ قائم رہنا - (۱۸) (قانون وغیرہ کا) جاری

هونا؛ بر قرار هونا -

h.! : (قديم) ٹھیرو؛ رک جاؤ -

held! : (رگبی، فٹ بال) یہ نعرہ اس وقت بلند کیا جاتا ہے جب گیند پر حملہ کرنے والا اور مدافعت کرنے والا دونوں ساتھ ساتھ پکڑیں اور اس کا قاعدے کی رو سے زمین پر رکھنا ضروری ہو -

h.-all : کپڑے وغیرہ رکھنے کا ہلکا صندوق؛ بستودان -

h. aloof: روکنا؛ باز رکھنا؛ عزلت میں زندگی بسر کرنا؛ الگ تھلگ رہنا -

h. back : رکنا؛ جھجکنا؛ ہچکچانا -

~~h. -back~~ : مزاحمت؛ سد؛ روک؛ رکاوٹ -

h. by, to. : (خیال یا مقصد وغیرہ پر) قائم رہنا؛ مستقل رہنا؛ جمے رہنا -

holdfast : مضبوط یا سخت گرفت؛ چھوٹا شکنجہ، پنجہ وغیرہ جس سے کوئی چیز دیوار وغیرہ میں لگی ہو -

h. forth: (جلسۂ عام میں) تقریر کرنا (عموماً حقارت کے طور پر کہتے ہیں) -

h. hard : ٹھیرو -

h. in : روکے رکھنا؛ قابو میں رکھنا؛ قید رکھنا -

h. off : دیر کرنا؛ دیر لگانا -

h. on : گرفت مضبوط رکھنا؛ قابو میں رکھنا؛ پکڑے رہنا -

h. on one's way : چلے جانا؛ جاری رہنا -

h. one's hand : ہاتھ روک لینا؛ سزا دینے سے یا کسی اور کام سے باز رہنا -

h. one's head high : غرور کرنا؛ تکبر کرنا؛ گھمنڈ کرنا -

h. one's own : پیچھے نہ ہٹنا؛ پسپا نہ ہونا؛ ڈٹے رہنا (نیز مباحثہ وغیرہ میں) -

h. out : (۱) پھیلانا؛ بڑھانا - (۲) دلانا (ترغیب و توقع) - (۲) ثابت قدم رہنا؛ قایم رہنا؛ جمے رہنا -

h. over: ملتوی کرنا؛ معرض التوا میں ڈالنا -

h. thing over one : کسی بات کی دھمکی دئے جانا -

h. together : (۱) متحد رکھنا؛ مربوط رکھنا، مجتمع رہنا - (۲) مربوط رہنا، مجتمع رہنا؛ متحد رہنا -

h. up : (۱) بوجھ اٹھائے رہنا؛ سنبھالنا؛ سہارا دینا؛ قایم رکھنا - (۲) برملا ظاہر کرنا (خصوصاً حقارت سے) - (۳) (امریکا) راہ میں روک کر لوٹ لینا؛ رہزنی کرنا - (۴) (گھوڑے کا) تلا کرنا؛ قدم سنبھالے رہنا -

h. up one's head : آن بان قائم رکھنا؛ ہمت باندھے رہنا؛ مایوس یا پست نہ ہونا -

h. water : (مجازاً) کھرا ہونا؛ معیار پر ٹھیک اترنا -

h. with : منظور کرنا؛ متفق ہونا؛ اتفاق کرنا؛ پسند کرنا -

there is no holding him : وہ کسی کے روکے نہیں رکتا -

Hold, n.: (۱) گرفت؛ پکڑ - (۲) قبضہ؛ قابو؛ اختیار - (۳) پکڑنے یا تھامنے کا موقع؛ گرفت (چیز کا حصہ جو پکڑا جا سکے) -

h. (on) : اثر (کسی شخص پر) -

Hold, n.: جہاز کے نچلے حصہ میں سامان وغیرہ رکھنے کی جگہ؛ جہاز کا تہ خانہ یا گودام -

Holder, n.: (۱) پکڑنے والا؛ تھامنے والا وغیرہ - (۲) کسی چیز کے رکھنے یا پکڑنے کی چیز (اردو میں [—] دان یا گیر وغیرہ جیسے لاحقے معنی دیتے ہیں) جیسے Cigar, pen, h. - (۳) (عہدے کا) عارضی کام کرنے والا؛ مقدوم -

Holding, n.: (۱) پکڑنا، تھامنا وغیرہ - (۲) زمین کا پٹہ، اجارہ وغیرہ - (۳) وہ زمین جو پٹے یا اجارے پر ہو - (۴) اسٹاک تمسکات وغیرہ کے حصے -

Hole, n.: (۱) (کسی ٹھوس جسم میں) خلو؛ گڑھا؛ سوراخ؛ کھوہ؛ (چشمہ وغیرہ میں) گہری جگہ؛ گڑھا - (۲) (جانوروں کا) بل؛ بھٹ؛ کھوہ - (۳) جھونپڑا؛ جھونپڑی؛ تنگ و تاریک مکان - (۴) (مختلف کھیلوں میں) گیند وغیرہ ڈالنے کی جگہ - (۵) (گولف کھیل) وہ نمبر جو کم سے کم ہاتھ لگا کر ایک کچی سے دوسری کچی میں گیند پہنچا دینے والے کھلاڑی کو ملتے ہیں -

h.-&-corner : خفیہ؛ اندر ہی اندر؛ سازشی (کارروائی) -

make a hole in : بہت زیادہ صرف کرنا -

pick hh. in : عیب نکالنا؛ نکتہ چینی کرنا -

round (square) peg in square (round) h.: اپنی جگہ یا عہدے کے لئے ناموزوں -

holey, a.: روزن دار؛ سوراخدار -

Hole, v. t. & i. : (۱) گڑھے کھودنا؛ گڑھے بنانا؛ (جہاز رانی) جہاز کے پہلو میں سوراخ کرنا - (۲) (کھوہ، سرنگ یا زمین درز راستہ) بنانا؛ (کان وغیرہ کی) کوٹھی بنانا - (۳) (کان کنی) ایک جگہ سے دوسری جگہ تک کھودنا - (۴) گڑھے میں ڈالنا - (۵) (گولف) کچی میں پہنچانا -

Holiday, n.: (۱) یوم تعطیل؛ یوم تفریح؛ تعطیل؛ چھٹی کا دن؛ تیوہار؛ عید - (۲) (عموماً — جمع میں) تعطیل؛ تعطیلات؛ چھٹیاں

bank h.: وہ تعطیل جس میں بنک تک بند رہیں؛ عام تعطیل -

blind man's h.: دیکھو Blind -

h. clothes : زرق برق پوشاک؛ پر تکلف پوشاک -

h. task : مدرسے کا کام جو طالب علم کو تعطیل کے زمانے میں کرنا پڑے؛ چھٹیوں کا کام -

make h., take h.: چھٹی منانا -

Holily, adv. : مقدس طریقے سے؛ پرہیز گاری سے -

Holiness, n.: تقدس؛ پاکی؛ پارسائی؛ تقوی؛ پرہیز گاری -

H., his H. : (پاپائے روما کا خطاب) تقدس مآب؛ تقدس پناہ -

Holism, n.: (فلسفہ) وحدت فطرت کا نظریہ کہ نیچر مختلف یا متضاد عناصر پر مشتمل نہیں بلکہ اجزا کل کی حیثیت رکھتے ہیں؛ نظریۂ کلیت -

Holla, int. : دیکھو Hollo

Holland n.: (۱) ہالینڈ؛ ہالستان - (۲) ایک سوتی کپڑا؛ ہالینڈ -

brown H. : کورا یا بن دھلا ہالینڈ (کپڑا) -

hollander, n.: باشندۂ ہالینڈ؛ ہالستانی -

Hollands, n.: ہالینڈ کی بنی ہوئی شراب جو اناج سے

بنائی جاتی ہے -

Hollo, *int.*: (۱) (پکارنے یا مخاطب کرنے کے لئے) ہوت - (۲) پکارنے کی آواز -

Hollo, -low, -la, -loa, *v. i. & t.*: (۱) چلانا - (۲) کتوں کو پکارنا یا بلانا؛ پکارنا؛ آواز دینا

Hollow, *a., n., & adv.*: (۱) مجوف؛ کھوکھلا؛ خالی - (۲) (H. square) دیکھو square - (۳) خالی پیٹ؛ بھوکا؛ گرسنہ - (۴) (آواز) کھوکھلی؛ بے زور؛ (مجازاً) جھوٹا؛ بناوٹی؛ خالی؛ خولی؛ دیکھنے ہی دیکھنے کا (اخلاق) - (۵) کھوہ؛ غار؛ وادی؛ درہ - (۶) پوری طرح -

beaten h.: پوری طرح ' بالکل مغلوب یا شکست خوردہ -

h.-eyed: نیل چشم؛ جس کی آنکھیں دھنسی یا بیٹھی ہوئی ہوں -

h.-hearted: ریاکار؛ غیر مخلص؛ غیر مخلصانہ؛ بناوٹی؛ جھوٹا -

h. race: پھسپھسی دوڑ؛ جس میں زور دار مقابلہ نہ ہوا ہو -

hollowly, *adv.*: کھوکھلے پن سے؛ ریاکاری سے -

hollowness, *n.*: مجوف ہونا؛ کھوکھلا پن؛ ریاکاری -

Hollow, *v. t.*: (Hollow out) خالی کرنا؛ کھوکھلا کرنا؛ کھودنا؛ برمانا؛ سوراخ کرنا؛ پولا کرنا -

Holloway, *n.*: ہالووے کا جیل خانہ (جو ملزمہ عورتوں کی حوالات اور دیوانی کے قیدیوں کا محبس ہے) -

Holly, *n.*: ایک سدا بہار جھاڑی جس کے پتے کانٹے دار' پھول چھوٹے سبز اور پھل سرخ انگور نما ہوتے ہیں -

Hollyhock, *n.*: ایک بڑا پودا جس کے پھول کئی رنگوں کے ہوتے ہیں اور بڑے بڑے ہوتے ہیں -

Holm, -me, *n.*: چھوٹا جزیرہ جو کسی دریا یا سمندر میں ساحل کے قریب ہو؛ ٹاپو - (۲) وہ زمین جو دریا کے قریب ہو اور دریا کی طغیانی کے زمانے میں تہ آب رہے -

Holm, *n.*: امریکی شاہ بلوط؛ سدا بہار بلوط -

Holo-: (لاحقہ بمعنی) کل (اصل یونانی لفظ holos ہے) -

holograph: وہ دستاویز جو پوری اسی شخص کے ہاتھ کی لکھی ہوئی ہو جس کے اس پر دستخط ہیں؛ خود نوشت دستاویز -

holohedral: کامل السطحات(بلورہ crystal)؛ وہ بلورہ جس میں سطحوں کی پوری تعداد جو تشاکل (symmetry) کے لئے ضروری ہے موجود ہو -

holometabola: وہ کیڑے مکوڑے جنکی تمام شکل وہیئت بالکل بدل جائے؛ کامل جمعفرقی (کیڑے) -

holophote: وہ آلہ جس سے منار (لائٹ ہاؤس) وغیرہ کے لیمپ کی روشنی مجتمع کر کے ڈالی جاسکے -

Holocaust, *n.*: بڑے پیمانے کی سوختنی قربانی؛ ہون کنڈ؛ بیشمار جانوروں کی قربانی؛ (مجازاً) قتل عام؛ عالمگیر بربادی -

Holothurian, *a. & n.*: ایک قسم کا کیڑا جو سمندر میں ہوتا ہے -

Holpen: دیکھو help -

Holster, *n.*: پستول دان (وہ چرمی خول جس میں پستول رکھکر کمر کی پیٹی یا گھوڑے کی زین میں لٹکاتے ہیں) -

Holt, *n.*: (۱) (شعر) جنگل؛ بن؛ گھنی جھاڑی - (۲) پہاڑی جس پر جنگل ہو -

Holy, *a. & n.*: (۱) متبرک؛ مقدس؛ واجب التعظیم؛ پاک - (۲) معصوم؛ ولی - (۳) الہی؛ خدا کا؛ جو خدا کی طرف یا خدا کی راہ میں ہو - (۴) پاکباز؛ نوشتہ سیرت' بے نفس؛ متقی؛ پرہیز گار - (۵) (N.) معبد (صرف ذیل کے فقرہ میں) -

h. of hh.: (مجازاً) (یہودیوں کے معبد) کا اندرونی حصہ؛ حرم؛ حریم -

h. place: یہودیوں کے معبد کا بیرونی حصہ -

H. city: بیت المقدس -

h. cross: (حضرت عیسی علیہ السلام کی) صلیب مقدس؛ صلیب عیسوی -

H. Cross day: یوم صلیب؛ جشن صلیب؛ ۱۴ دسمبر -

h. day: عید؛ مذہبی تہوار؛ مذہبی جشن -

H. family: دیکھو Family -

H. grail: پیالہ جو مسیح نے عشائے آخری میں استعمال کیا تھا -

H. Ghost, Spirit: روح القدس؛ تثلیث میں تیسری ذات -

h. Joe: (عامیانہ بحری) دیندار یا پرہیز گار شخص -

H. Land: مغربی فلسطین؛ یروشلم؛ ارض مقدس -

H. office: دیکھو office -

h. orders: دیکھو orders -

H. Roman Empire: دیکھو Roman -

H. Saturday: (ایسٹر کے ہفتے) مقدس ہفتے کا سنیچر -

h. terror: (عامیانہ) (۱) خوفناک آدمی - (۲) شریر لڑکا - (۳) وہ آدمی جس کی صحبت اجیرن ہوجائے؛ بار خاطر -

h. thursday: (۱) یوم معراج مسیح؛ وہ دن (جمعرات) جب حضرت عیسی علیہ السلام آسمان پر گئے - (۲) مقدس ہفتے (ایسٹر کے ہفتے) کی جمعرات -

h. water: پھونکا یا دم کیا ہوا پانی؛ پاک پانی؛ وہ پانی جو مذہبی رسوم میں استعمال ہو -

H. Week: رجعت مسیح؛ (ایسٹر) کے اتوار سے پہلے کا ہفتہ؛ مقدس ہفتہ -

H. Writ: کتاب مقدس؛ صحیفۂ مقدس (خصوصاً بائیبل) -

Holystone, *n. & v. t.*: (۱) نرم بھربھرا پتھر جس سے جہاز کے فرشے وغیرہ پر صیقل کرتے ہیں - (۲) اس پتھر سے صیقل کرنا -

Hom, *n.*: (۱) قدیم ایرانیوں اور پارسیوں کا شجر مقدس؛ ہوم - (۲) عرق ہوم -

Homage, *n.*: (۱) (نظام جاگیرداری) حلف وفاداری؛ عہد اطاعت - (۲) اظہار عقیدت؛ تعظیم؛ احترام -

Home, *n., a., & adv.*: (۱) بیت؛ مسکن؛ مقام؛ خانہ؛ گھر؛ استھان - (۲) گھر بار - (۳) وطن؛ دیس؛ زاد بوم جنم بھوم - (۴) وہ جگہ جہاں کوئی چیز پیدا ہوتی ہے یا کثرت سے پائی جاتی ہے؛ (کسی چیز کا) گھر - (۵) محتاج خانہ وغیرہ - (۶) (کھیلوں میں) گول - (۷) ملکی؛ وطنی؛ دیسی - (۸) وطن یا گھر سے قریب - (۹) وطن سے آنے والا - (۱۰) گھریلو؛ خانہ ساز - (۱۱) داخلی (جیسے وزارت داخلہ) - (۱۲) دلنشین (حقیقت)؛ کاری (زخم) - (۱۳) وطن کو یا وطن کی طرف؛

وطن میں آیا ہوا - (۱۲) ٹھیک نشانے پر -

at h.: (۱) اپنے گھر یا مکان پر - (۲) اپنے وطن یا دیس میں -

bring charge h. to person: جرم ثابت کرنا یا ہونا -

come h. to: گہرا اثر ڈالنا -

h.-born: دیسی ؛ وطنی -

h.-bred: گھر پر پلے ہوئے -

h.-brewed: خانہ ساز ؛ گھر کی کشید (بیر شراب وغیرہ) -

h.-coming: مراجعت وطن ؛ وطن یا گھر کو واپس آنا یا پہنچنا -

h.-counties: وہ صوبے یا علاقے جو لندن سے قریب ہیں -

h.-felt: اندرونی ؛ دلی ؛ قلبی (احساس ہونا) -

h. industries, products: دیسی صنعت یا دیسی پیداوار -

h.-keeping: گھر سے نہ نکلنے والا ؛ گھر گھسنا -

h.-made: خانہ ساز ؛ سدیشی ؛ ملکی ؛ دیس کا بنا ہوا ؛ دیسی ؛ گھریلو -

H. Office: وزارت داخلہ ؛ وزارت داخلہ کی عمارت -

h. question: دلنشین مسئلہ -

H. Rule: خود اختیاری حکومت ؛ سوراج ؛ ہوم رول (خصوصاً آئرستان کا) -

h. sick (ness): (۱) (یاد وطن میں) افسردہ ؛ ملول - (۲) دیس کی لگن ؛ یاد وطن کا ملال -

long or last h.: تربت ؛ مزار -

the thrust went h.: تیر نشانے پر لگا -

homeless, *a.*: بے خانماں ؛ بے گھرا ؛ خانماں برباد -

homelike, *a.*: وطن یا گھر کی طرح -

Home, *v. i. & t.*: (۱) گھر لوٹنا (خصوصاً کبوتروں کا) - (۲) (کسی شخص وغیرہ کے لئے) گھر بنا دینا ؛ مکان مہیا کرنا -

Homely, *a.*: (۱) سادہ ؛ تکلفات سے بری ؛ بے ٹیم ٹام کا ؛ سیدھا سادہ - (۲) غیر متمدن ؛ قدیم - (۳) بے تصنع ؛ بے بناوٹ - (۴) پھیکی معمولی آدمی کی سی (صورت) -

homeliness, *n.*: سادگی ؛ تکلف سے بری ہونا ؛ بے بناوٹ ہونا -

Homeo-: دیکھو Homoeo -

Homer, *n.*: وہ کبوتر جو اپنے کابک میں جا رہا ہو -

Homeric, *a.*: ہومر کا ؛ مشہور یونانی شاعر ہومر کی طرز کا ؛ ہومرانہ (طرز کلام) -

Homespun, *a. & n.*: (۱) ہاتھ کے کتے ہوئے سوت یا اون کا بنا ہوا (کپڑا) ؛ کھدر ؛ کھادی - (۲) (کوئی چیز) سادی ؛ سیدھی سادی -

Homestead, *n.*: (۱) مکان (مع شاگرد پیشہ کی کوٹھریوں وغیرہ کے) - (۲) مزرع ؛ کھیت ؛ باڑہ -

Homeward, *adv. & a.* **-wards,** *adv.*: (۱) سوئے وطن ؛ دیس یا گھر کی طرف - (۲) وطن کو جانے والا ؛ عازم وطن -

h. bound: وطن کو جانے والا ؛ عازم وطن (خصوصاً جہاز) -

Homicide, *n.*: (۱) قاتل ؛ قاتل انسان ؛ خونی - (۲) قتل انسان -

homicidal, *a.*: قاتلانہ -

Homiletic, *a. & n.*: (۱) وعظ کا ؛ موعظوں کا - (۲) فن وعظ ؛ وعظ گوئی -

Homily, *n.*: (۱) وعظ ؛ خطبہ ؛ موعظہ ؛ پند و موعظت ؛ اپدیش - (۲) غیر دلچسپ و اعظانہ مناظرہ ؛ مکالمہ -

Books of Hh.: موعظوں کی کتاب جو کلیسائے انگلستان نے سنہ ۱۵۴۷ ع اور ۱۵۶۳ ع میں شایع کی تھی -

Homing, *a.*: (۱) گھر کو جانے والا - (۲) (کبوتر) جنھیں اڑکر گھر واپس آجانا سکھا دیا گیا ہو -

Hominy, *n.*: مکئی کا دلیا (پانی یا دودھ میں پکایا ہوا) -

Homo, *n.*: (حیاتیات) انسان -

Homo-: (سابقہ بمعنیٔ) ہم ؛ یکساں -

homocentric: ہم مرکز -

homogamous: (نباتیات) یک ساں پھولا -

homogenetic ہم اصل ؛ ہم نسل -

homogeny: ہم نسلی مشابہت -

homomorphic, -morphous: ہم شکل ؛ ہم صورت -

homophone: (۱) یکساں آواز مگر مختلف ہجے اور معنی رکھنے والے - (۲) یکساں آواز رکھنے والے ؛ ہم صوت (حروف) -

homophonic: ہم سر ؛ ہم آہنگ -

homophonous: ہم سر ؛ ہم آہنگ ؛ (نیز) ہم آواز سر ؛ ہم صوت (حرف) -

homophony: ہم سری ؛ ہم آہنگی ؛ ہم سازی -

homoplastic: ہم ساخت ؛ ہم ہیئت ؛ ہم ترکیب -

homotype: ہم شکل یا ہم ساخت (عضو یا حصہ) -

homozygote: ہم جفتہ -

Homoeopath, *n.*: ہومیو پیتھی طریقے سے علاج کرنے والا ؛ علاج با لمثل کا ڈاکٹر -

Homoeopathy, *n.*: علاج با لمثل (ڈاکٹر ہانیمین کا ایجاد کردہ اصول علاج کہ صحت کی حالت میں جو دوائیں جن امراض کی علامات پیدا کرسکتی ہیں وہی دوائیں اس امراض کی علامات ظاہر ہونے پر مفید اور صحت بخش ہو سکتی ہیں اس طریقۂ علاج میں دواؤں کے قلیل قطرات مریض کو دئے جاتے ہیں) -

homoeopathic; *a.*: (۱) ہومیو پیتھی کا ؛ علاج بالمثل کا - (۲) (مزاحاً) بہت خفیف -

homoeopathically, *adv.*: علاج بالمثل کے طریقے سے ؛ ازروئے ہومیو پیتھی -

homoeopathist, *n.*: ہومیو پیتھی کا ماہر ؛ علاج با لمثل کا ماہر -

Homogeneous, *a.*: (۱) ہم جنس ؛ ہم نوع ؛ ہم قسم - (۲) متجانس ؛ یک رنگ ؛ یکساں - (۳) (نباتیات) یک جنسا -

homogeneity, homogeneousness *nn.*: ہم جنسی ؛ ہم نوعی ؛ ہم قسمی ؛ تجانس ؛ یک رنگی ؛ یکتائی -

homogeneously, *adv.*: ہم جنسانہ ؛ یکساں -

Homoiousian, *a & n.*: باپ بیٹے کی وحدت جوہر کا قائل ؛ وہ شخص جو یہ عقیدہ رکھے کہ تثلیث میں باپ اور بیٹے کا

جوهر ذات ایک هے) -

Homologate, *v. t.*: (۱) (اسکا چستان) اقرار کرنا ؛ اعتراف کرنا ؛ تسلیم کرنا ؛ قبول کرنا - (۲) تصدیق کرنا -

homologation, *n.*: اقرار ؛ اعتراف ؛ تصدیق ؛ تسلیم -

Homologize, *v. i. & t.*: یکساں رشتہ یا تعلق رکھنا یا پیدا کرنا ؛ هم نسبت یا متناسب هونا یا کرنا ؛ مماثل یا مقابل هونا یا کرنا -

Homologous, *a.*: (۱) یکساں رشتہ یا تعلق رکھنے والا ؛ هم نسبت ؛ متناسب - (۲) مطابق ؛ مماثل ؛ مساوی ؛ مقابل ؛ مقابلے کا ؛ جوڑ کا -

Homologue, *n.*: هم نسبت ؛ متناسب چیز ؛ مماثل یا مقابل شے -

Homology, *n.*: (۱) مطابقت ؛ مماثلت - (۲) هم نسبتی ؛ تناسب -

homological, *a.*: (۱) مطابق ؛ مماثل ؛ مقابل - (۲) هم نسبت ؛ متناسب -

homologically, *adv.*: اسی نسبت سے ؛ متناسب طور سے -

Homonym, *n.*: (۱) متحد الصوت مگر مختلف معنی رکھنے والے الفاظ - (۲) هم نام -

homonymic, homonymous, *aa.*: متحد الصوت مگر مختلف معنی رکھنے والا ؛ تجنیس نام رکھنے والا ؛ هم نام -

Homoousian, homous-, *a. & n.*: وحدت جوهر کا قائل (جس کا یہ عقیدہ هو کہ تثلیث کے تینوں خداؤں کا جوهر ذات ایک هے) -

Homuncule, -cle, *n.*: بونا ؛ بالشتیا -

Homy, *a.*: گھر کی طرح ؛ وطن کی مانند ؛ وہ مقام جہاں وطن کا سا لطف آئے -

Hone, *n., & v. t.*: (۱) سلی ؛ پتھری ؛ سان ؛ فسان (خصوصاً استروں وغیرہ کو تیز کرنے کی) - (۲) وہ پتھر جن سے سلی بنتی هے - (۳) سلی پر تیز کرنا ؛ سان چڑھانا ؛ رکھنا دھرنا ؛ لگانا -

Honest, *a.*: (۱) ایماندار ؛ کھرا ؛ دیانت دار ؛ راست باز - (۲) مخلص ؛ پر خلوص - (۳) دیانت دارانہ ؛ راستبازانہ ؛ مخلصانہ ؛ سچا (فعل یا جذبہ) (۴) جائز ؛ حلال کی (کمائی) - (۵) خالص ؛ بے میل ؛ کھرا ؛ بے ریا ؛ بے بناوٹ ؛ بے تصنع - (۶) (قدیم) با عصمت ؛ پاک دامن (عورت) - (۷) (چھوٹا سمجھ کر اظہار التفات کے لئے یا مزاحاً) بھلا ؛ نیک -

make an h. woman of: شادی کر لینا (ایسی عورت سے جسے کسی نے پھسلا کر بے عصمت کیا هو) -

honest, *int.*: (عامیانہ) (استفہاماً) سچ ؟ (تصدیقاً) واقعی ؛ واللہ -

honestly, *adv.*: راستبازی سے ؛ ایمانداری سے ؛ مخلصانہ ؛ خلوص سے ؛ سچے دل سے ؛ خالصانہ ؛ عفیفانہ -

Honesty, *n.*: (۱) ایمانداری ؛ دیانتداری ؛ تدین ؛ راستبازی ؛ خلوص ؛ بے ریائی - (۲) راستبازی ؛ صداقت ؛ سچائی - (۳) ایک پودا جسکے پھول ارغوانی رنگ کے اور پھلیاں نیم شفاف هوتی هیں -

h. is the best policy: ایمانداری سے بڑا کام نکلتا هے -

Honey, *n.*: (۱) شہد ؛ عسل ؛ انگبیں - (۲) (مجازاً) حلاوت ؛ شیرینی ؛ مٹھاس - (۳) معشوق ؛ محبوب ؛ دلدار ؛ دل آرام ؛ پیارا ؛ چہیتا ؛ دلارا -

h. -buzzard: زنبور خور (کیڑا) -

h. -bee: نحل ؛ زنبور ؛ شہد کی مکھی ؛ مہال کی مکھی -

h. -dew: ترنجبیں کے قسم کی میٹھی چیز جو پودوں کی پتیوں پر جمی هوئی هوتی هے - (۲) نہایت میٹھی چیز - (۳) شیرا ملا تمباکو ؛ میٹھا تمباکو -

honeysuckle: ایک بیل هے جس میں زرد خوشبودار پھول آتے هیں -

h. -sweet: شہد کی طرح شیریں ؛ بہت میٹھا -

honeyed, -nied, *a.*: شہد آلود ؛ شیریں ؛ شہد سے بھرا هوا -

Honeycomb, *n., & v. t.*: (۱) خانۂ زنبور ؛ مہال کا چھتا - (۲) (دھات خصوصاً بندوق میں) گڑھا - (۳) شش پہلو آرائش یا کام - (۴) گڑھے ڈالنا - (۵) بیخکنی کرنا ؛ اندر هی اندر جڑ کھودنا - (۶) (مہال کے) چھتے کی وضع کی چیز بنانا -

Honeymoon, *n., & v. i.*: (۱) وہ زمانہ جب دولہا دلھن کسی نئی جگہ جا کر بسر کرتے هیں ؛ ماہ عروسی - (۳) (کسی مقام پر) ماہ عروسی گزارنا -

Hong, *n.*: (۱) (چین) وہ عمارتیں جو کارخانوں وغیرہ کیلئے مستعمل هوں ؛ کارخانوں کی عمارتیں یا مکانات - (۲) (چین یا جاپان) غیر ملکیوں کے تجارتی مرکز یا کوٹھیاں -

Honk, *n. & v. i.*: (۱) جنگلی هنس کی آواز - (۲) موٹرکار کی آواز ؛ پوں پوں - (۳) یہ آواز نکالنا -

Honorarium, *n.* (pl. -ums, -a): وہ رقم جو اعزازی خدمت کے عوض بطور اعزاز نہ کہ بطور معاوضہ دی جائے -

Honorary, *a.*: (۱) اعزازی (عہدے وغیرہ) - (۲) اعزازی (عہدے دار وغیرہ) - (۳) اخلاقی (ذمہ داری یا مطالبہ جو اخلاقاً عائد هو مگر اس کی قانونی چارہ جوئی نہ هو سکے) -

h. secretary, treasurer: اعزازی معتمد ؛ خازن (خزانچی) (جو بغیر تنخواہ کے کام کریں) -

Honorific, *a. & n.*: تعظیمی ؛ تکریمی (الفاظ) (خصوصاً مشرقی طرز گفتگو کے) -

Honour, *n.*: (۱) شرف ؛ وقار ؛ عزت ؛ توقیر ؛ احترام ؛ قدر ؛ منزلت - (۲) شان و شوکت ؛ دبدبہ ؛ شکوہ ؛ عظمت ؛ بزرگی ؛ جلال - (۳) نیک نامی ؛ شہرت ؛ ساکھ - (۴) شرافت ؛ عالی ظرفی ؛ عالی منشی - (۵) پاس آبرو ؛ مروجہ ضابطۂ اخلاق کا لحاظ یا رسمی اخلاق کی پابندی - (۶) (عورت) عفت ؛ پاکدامنی ؛ عصمت - (۷) حضور ؛ سرکار ؛ حضور والا - (۸) اعزاز ؛ خطاب امتیاز - (۹) باعث فخر ؛ موجب فخر - (۱۰) (هنتی وغیرہ) ـ کارنا - (۱۱) (گولف) کچی میں گیند ڈالنے کے بعد پہلے هٹ مارنے کا حق - (۱۲) (جمع) تواضع ؛ خاطر مدارات ؛ فرائض میزبانی ؛ لوازم مہمانداری - (۱۳) (یونیورسٹی) امتیاز ؛ آنرز - (۱۴) (تاش کے کھیل) ترپ کی تصویریں اور اکا (برج میں دهلا بھی) -

affair of h.: دیکھو Affair -

be on one's h. to (do): اخلاقاً ذمہ دار هونا -

bound in h. to (do): اخلاق کی روسے پابند یا مجبور -

code, law, of h.: مروجہ ضابطۂ اخلاق ؛ معاشرتی ضابطۂ

اخلاق ؛ رسمی اخلاق -

debt of h.: دیکھو debt -

do the hh. of the house &c.: میز بانی یا مہمانداری کے فرائض ادا کرنا -

for the h. of: (ھنڈی لکھنے والے یا پیش کرنے والے کی) ساکھ قائم رکھنے کے لئے -

in h. of: (کسی شخص کے) احترام یا اعزاز میں؛ (کسی چیز کی) تقریب یا خوشی میں -

last, funeral, hh.: تجہیز و تکفین کے رسوم -

legion of h.: دیکھو Legion -

maid of h.: دیکھو Maid -

military hh.: (فوجی سردار یا بادشاہ کی موت کا) فوجی جلوس یا سلامی وغیرہ -

point of h.: دیکھو point -

upon my h., h. bright: (روز مرہ) واللہ ؛ میرے سر کی قسم ؛ آبرو کی قسم -

word of h.: دیکھو Word -

Honour, *v. t.*: (۱) عزت کرنا ؛ تعظیم و تکریم کرنا ؛ ادب واحترام کرنا ؛ قدر و منزلت کرنا - (۲) عزت بخشنا ؛ شرف بخشنا ؛ ممتاز کرنا ؛ سرفراز کرنا - (۳) (تجارت) ھنڈی سکار نا ؛ ٹھیک وقت پر ادا کرنا ؛ واجب الادا (قرضہ) بیباق کرنا -

Honourable, *a.*: (۱) معزز ؛ ذی عزت ؛ قابل تعظیم ؛ معظم ؛ جلیل القدر ؛ والا شان ؛ موقر ؛ عالی وقار - (۲) معزز ؛ عزت کا ؛ اونچا ؛ بڑا (عہدہ وغیرہ) - (۳) شریفانہ ؛ عالی ظرفانہ (عمل ؛ برتاؤ وغیرہ) - (۴) مخلص ؛ متدین ؛ راستباز ؛ کھرا ؛ دیانتدارانہ ؛ راستبازانہ - (۵) آنریبل (مار کوئیس سے کم درجے کے رؤسا و امرا کے بچوں کا ؛ ھائی کورٹ کے ججوں کا اور ھندوستان کی نوآبادیوں کی حکومت یا مجالس مقننہ کے ارکان کا خطاب)

his intentions are h.: (معاشقہ کرنے والوں کے لئے کہا جاتا ھے) اس کی نیت پاک ھے یعنی شادی کی ھے -

Most H.: مارکوئس ؛ آرڈر آف باتھ اور پریوی کونسل کے رکن کا خطاب -

Right H.: (مار کوئیس سے کمتر درجہ کے) امیروں کا خطاب ؛ پریوی کونسل کے ارکان کا خطاب -

Honourably, *adv.*: عزت و احترام سے ؛ تعظیم و تکریم سے ؛ راستبازانہ ؛ مخلصانہ ؛ شریفانہ ؛ عالی ظرفانہ -

Hooch, *n.*: (امریکا ؛ عامیانہ) شراب -

Hood, *n., & v. t.*: (۱) سر اور گردن کی پوشش جو کبھی جبے کے ساتھ جڑی ھوئی اور کبھی علٰحدہ ھوتی ھے ؛ کلاہ - (۲) (یونیورسٹی) پٹی جو گون وغیرہ کے ساتھ پہنی جاتی ھے اور جس کے رنگ سے ظاہر ھوتا ھے کہ پہننے والے نے کون سی سند حاصل کی ھے - (۳) چمڑے کی ٹوپی جو شکرے کے سر پر چڑھائی جاتی ھے - (۴) کلاہ پہنانا ؛ گون پر پٹی چڑھانا ؛ (شکرے کے سر پر) ٹوپی چڑھانا -

hooded, *a.*: کلاہ پہنے ؛ گون پر پٹی چڑھائے -

-hood: دیکھو Head -

Hoodie, -dy, *n.*: ایک قسم کا سفید پروں والا کوا جسکے صرف سر کے پر سیاہ ھوتے ھیں -

Hoodlum, *n.*: (امریکہ) شہدا ؛ گنڈا -

Hoodman-blind, *n.*: Blind-Man's - Buff کا پرانا نام -

Hoodwink, *v. t.*: (۱) جل دینا ؛ فریب دینا ؛ دم دینا ؛ دھوکا دینا ؛ دام تزویر میں پھانسنا - (۲) آنکھوں میں خاک جھونکنا ؛ بیوقوف بنانا - (۳) آنکھوں پر پٹی باندھنا -

Hoof, *n.* (pl. -fs, -ves), *v. t. & i.*: (۱) سم ؛ کھر ؛ ناخن (گھوڑے وغیرہ کا) - (۲) (مزاحاً) انسان کا پیر - (۳) کھر مارنا ؛ ٹاپ مارنا ؛ (عامیانہ) لاتیں مار کر نکال دینا - (۳) پیدل چلنا -

cloven h.: دیکھو Cloven

h.-pad: گدی (جو گھوڑے کے سموں پر باندھتے ھیں تاکہ وہ ایک دوسرے سے رگڑ نہ کھائیں) -

h.-pick: سم میں سے چبھے ھوئے کنکر وغیرہ نکالنے کا اوزار -

(-) **hoofed**, *a.*: (—) کھر کا -

Hook, *n.*: (۱) ھک ؛ کانٹا ؛ آنکڑا - (۲) مچھلی پکڑنے کا کانٹا دام ؛ جال ؛ پھندا - (۳) درانتی ؛ ھنسیا ؛ کریکٹ یا گولف کا ایک خاص ھٹ (ھاتھ) - (۴) تنگ موڑ (دریا وغیرہ کا) - (۵) خشکی کا نکلا ھوا حصہ ؛ راس ؛ خصوصاً راس ھالینڈ -

by h. or by crook: کسی طریقے سے چاھے وہ جائز ھو یا ناجائز -

drop off the hh.: مر جانا ؛ عدم آباد کو سدھارنا -

h. & eye: کانٹا اور تکمہ -

h.-nose (d): سواسی ناک والا ؛ طوطے کی چونچ کی سی ناک والا -

on one's own h.: اپنی ذمہ داری پر ؛ اپنے ھاتھ سے -

pot-h.: دیکھو POT

Hook, *v. t. & i.*: (۱) کانٹے یا آنکڑے سے پکڑنا - (۲) ھک پر لٹکا دینا ؛ ھک میں اٹکا دینا ؛ ھک لگانا - (۳) چرانا - (۴) کانٹے سے مچھلی پکڑنا ؛ (مجازاً) پھانسنا (خصوصاً عورت کا مرد کو شادی کے لیے) - (۵) (گولف کھیل) بائیں طرف ترچھا ھاتھ مارنا - (۶) (کرکٹ کھیل) دور کے وکٹ سے ترچھی ھٹ مارنا -

Hookah, *n.*: حقہ ؛ قلیان ؛ گڑگڑی ؛ پیچوان ؛ فرشی ؛ سٹک -

Hooked, *a.*: (۱) کانٹے یا آنکڑے کی شکل کا ؛ خم دار ؛ پرخم - (۲) آنکڑے یا کانٹے دار ؛ ھک دار -

Hooker, *n.*: ھالینڈ یا آئرستان کا چھوٹا بادبانی جہاز -

the old h.: ھر جہاز کو پیار سے کہتے ھیں -

Hoolee, holi, n.: ھولی (ھندوؤں کا مشہور تہوار) -

Hooligan, *n.*: کنڈا ؛ شہدا -

hooliganism, *n.*: کنڈا پن ؛ شہدا پن -

Hoop, *n., & v. t.*: (۱) پیپوں وغیرہ کے جکڑنے کے گول آھنی یا چوبی حلقے - (۲) بڑے چوبی یا آھنی حلقے جنھیں لڑکے لڑھکاتے ھیں - (۳) (زنانہ لباس) لچک دار حلقے (جو عورتوں کے ساے کا گھیرا پھیلانے کے لیے استعمال ھوتے تھے) ؛ دامن کش - (۴) کنڈے یا محراب نما چھلے جو croquet کھیل میں استعمال ھوتے ھیں - (۵) دامن کش سے پھیلانا ؛ لوھے کے حلقوں سے جکڑنا گھیرنا ؛ گھیرا ڈالنا -

h. petticoat: لہنگا ؛ گھگھری -

Hoop, *v. i., & n.* : (۱) هو هو یا کھو کھو (کالی کھانسی کی آواز)- (۲) اس طرح کی مصنوعی آواز - (۳) اس آواز میں چلانا ؛ یہ آواز نکالنا -

hooping - cough. : (بچوں کی) کالی کھانسی -

Hoopoe, *n.* : جنوبی یورپ کا ایک پرندہ جس کے پر کئی رنگ کے ہوتے ہیں اور سر پر کھڑی کلغی ہوتی ہے -

Hoosh, *n.* : (عامیانہ) دیوانی ہانقی جو خطۂ منجمد شمالی کے سیاہ پکاتے ہیں -

Hoot, *v. i. & t., & n.* : (۱) ناراضی یا حقارت کے نعرے بلند کرنا ؛ لولو بولنا - (۲) حقارت کے نعروں سے بھگا دینا یا لولو بول کر بھگا دینا - (۳) الو کا بولنا - (۴) (دخانی انجنوں کا) سیٹی دینا ؛ سیٹی بجانا - (۵) (موٹروں کا) بھوں پوں بجنا - (۶) حقارت کے نعرے ؛ لولو ھوھو - (۷) الو کی بولی ؛ گھو گھو ؛ ھو ھو -

Hoot (s), *int.* : (شمالی انگلستان ، اسکاٹستان) توبہ ؛ لا حول ولا قوۃ (کوفت اور نا راضی کے اظہار کے لئے) -

Hooter, *n.* : (۱) حقارت کا نعرہ بلند کرنے والا وغیرہ - (۲) کارخانے کی دخانی سیٹی (جو کام شروع کرنے اور ختم کرنے کے وقت بجتی ہے) -

Hoove, *n.* : نفخ ؛ ھری گھانس وغیرہ کے کھانے سے مویشی کا پیٹ پھولنا یا نفخ ہونا -

Hop, *n., & v. t. & i.* : (۱) ایک قسم کی بیل جس کی پکے پھل ولائتی شرابوں میں تلخی پیدا کرنے کے لئے ڈالتے ہیں ؛ ہاپ - (۲) ہاپ ڈال کر اس کی بو پیدا کرنا ؛ ہاپ پیدا کرنا ؛ ہاپ توڑنا -

(۲) ہاپ ڈال کر ا لی کی بو پیدا کرنا ؛ پھولنا یا نفخ ہونا -

h. -bind, -bine : ہاپ کی بیل -

h. -fly : ایک کیڑا جو ہاپ کو تباہ کر دیتا ہے ؛ ہاپ خور -

h. -garden : ہاپ کا کھیت -

h. -picker : ہاپ کو توڑنے یا کاٹنے والا آلہ یا مزدور -

h. -pillow : وہ تکیہ جس میں ہاپ بھری جاتی ہے (تاکہ نیند جلد آ جائے) -

.h. -pocket : دیکھو pocket

h. -pole : وہ لکڑی یا بانس جس پر ہاپ کی بیل پرورش کے لئے چڑھائی جاتی ہے -

Hop, *v. i. & t.* : (۱) (کسی آدمی کا) ایک پاؤں پر کودنا - (۲) (جانوروں کا دونوں یا چاروں پیروں سے) جست کرنا ؛ کودنا ؛ پھدکنا ؛ کدکنا - (۲) (خندق وغیرہ کو) پھاندنا ؛ کود جانا - (۳) (عامیانہ) یک بیک مر جانا ؛ دفعتاً چل دینا - بالشتیا -

hop- o' -my -thumb :

hopscotch : (" پہلا دوجا یا سات سمندر " کی قسم کا) بچوں کا کھیل -

h. (the twig) : (عامیانہ) یک بیک مرجانا ؛ دفعتاً چل دینا -

Hop, *n.* : (۱) کودنا ؛ پھدکنا وغیرہ - (۲) جست ؛ زقند ؛ چھلانگ - (۳) (روز مرہ) رقص ؛ ناچ -

h., skip (or step), and jump : ایک قسم کی ورزش - دوڑ دھوپ میں مصروف -

on the h. :

Hope, *n.* : (۱) رجا ؛ توقع ؛ اُمید - (۲) اعتبار ؛ اعتماد ؛ بھروسا ؛ آس ؛ آسرا - (۳) اُمید کی گنجائش - (۴) شکل اُمید ؛ مرکز اُمید ؛ اُمیدوں کا مرکز ؛ سہارا -

forlorn h. : دیکھو FORLORN HOPE

Hope, *v. i. & t.* : اُمید کرنا ؛ توقع کرنا ؛ اُمید باندھنا یا لگانا ؛ آس کرنا یا لگانا -

Hopeful, *a. & n.* : (۱) جسے اُمید ہو ؛ با اُمید ؛ پر اُمید - (۲) اُمید افزا - (۳) ہونہار (اکثر طنز سے کہتے ہیں جیسے young h.) -

hopefully adv. : با اُمید یا پر اُمید طور پر ؛ اُمید افزا طور پر -

hopefulness, n. : پر اُمید ہونا ؛ اُمید افزا ہونا -

Hopeless, *a.* : مایوس ؛ نا اُمید ؛ مانع اُمید ؛ نا اُمید کر دینے والا -

hopelessly, adv. : مایوسانہ ؛ نا اُمیدانہ ؛ لا علاج طور پر -

hopelessness n. : مایوسی ؛ نا امیدی ؛ لا علاج یا مانع اُمید ہونا -

Hoplite, *n.* : قدیم یونان کا بھاری ہتیاروں سے مسلح پیدل سپاہی

Hopper, *n.* : (۱) کودنے یا جست کرنے والا ؛ پھدکنے والا - (۲) ٹڈے کی قسم کا پودا - (۳) مانی جس میں پیسنے کے لئے اناج ڈالا جاتا ہے (۴) دوسری مشینوں وغیرہ میں مانی کی طرح کا حصہ - (۵) موز ؛ پنکھی ؛ بجرا ؛ بڑی ناؤ یا کشتی جس میں کیچڑ وغیرہ غلاظت کش مشینوں سے نکالکر دریا، سمندر میں پھینکا جاتا ہے -

Hopper, *n.* : ہاپ کش ؛ ہاپ شکن ؛ ولایتی تلخ پودے یا بیل کو توڑنے والا آلہ -

Hopple, *v. t. & n.* : (۱) (گھوڑے وغیرہ کے) دو پاؤں ملا کر باندھنا ؛ کلوا ڈالنا ؛ اس طرح باندھنے کا آلہ ؛ کلوا ؛ پیکڑا - (۲) بندھن ؛ پاؤں باندھنے کی رسی وغیرہ -

Horary, *a.* : (۱) گھنٹوں کا ؛ ساعتوں کا - (۲) ساعت وار ؛ ساعت بساعت ؛ ہر گھنٹے واقع ہونے والا -

Horatian, *a.* : مشہور لاطینی شاعر ہوریس یا اسکی نظموں کی طرح ؛ ہوریسی ؛ ہوریس یا اسکی نظموں کا -

Horde, *n.* : (۱) تاتاریوں یا دوسری خانہ بدوش قوموں کا گروہ یا جرگہ - (۲) جتھا ؛ جرگہ ؛ گروہ (عموماً حقارت کے لئے)-

Horehound, Hoar-, *n.* : ایک بوٹی جس کا عرق تلخ اور خوشبو دار ہوتا ہے اور کھانسی کے لئے مفید ہے -

Horizon, *n.* : (۱) افق ؛ آفاق (وہ خط جہاں زمین و آسمان ایک دوسرے سے ملتے ہوئے نظر آتے ہیں) - (۲) (مجازاً) دائرۂ نظر ؛ (علم تجربے یا ذوق کا) دائرہ یا حلقہ -

apparent, sensible, visible, horizon : افق مرئی یا حسی -

celestial, rational, true, horizon : افق حقیقی -

Horizontal, *a. & n.* : (۱) افق کا ؛ افق کے قریب ؛ افقی - (۲) افق کے متوازی - (۳) مسطح ؛ چپٹا - (۴) (مشین) جس کے پرزے افقی سمت میں حرکت کرتے ہیں - (۵) افقی خط پٹری (سلاخ وغیرہ) -

horizontality, n. : افقیت ؛ مسطح ہونا -

horizontally, adv. : افق کے متوازی ؛ افقی سمت میں -

Hormone, *n.* : (عضویات) اندرونی افراز (Secretion) جو خون میں ملکر تحریک اعضاء کا باعث ہوتا ہے -

Horn, *n.* : (۱) سینگ ؛ قرن - (۲) شاخ آھو ؛ ھرن کے سینگ - (۳) دوسرے جانوروں کے سروں پر سینگ نما اعضاء (مثلاً گھونگوں

کے سر ' کیڑے مکوڑوں کی مونچھیں) - (۴) وہ مادہ جس کے سینگ بنے ہوئے ہیں - (۵) سینگ کی بنی ہوئی چیز - (۶) شراب پینے یا بارود رکھنے کا سینگ - (۷) قرنا؛ ترہی؛ نفیری؛ نرسنگھا- (۸) سینگ کی طرح کی آگے نکلی ہوئی چیز - (۹) گوشۂ ہلال؛ شاخ ہلال؛ نئے چاند کی نوک - (۱۰) شاخ دریا؛ شاخ خلیج وغیرہ؛ دریا یا خلیج کا نکلا ہوا حصہ؛ دو نا گزیر مصیبتوں میں سے ایک مصیبت -

draw in one's hh.: اپنے جوش کو روکنا؛ پیچھے ہٹ جانا؛ ٹھنڈا پڑ جانا -

h.-bar: گاڑی کے نیچے آر پار لکڑی جو گاڑی کا بوجھ سہارے رہتی ہے -

hornbeam: ایک پودا جس کی لکڑی سخت ہوتی ہے اکثر باڑ لگانے کے کام آتا ہے -

hornbill: ایک پرندہ جس کی چونچ میں سینگ نما نوک ہوتی ہے -

h.-book: حروف تہجی کا نقشہ یا کوئی مناجات وغیرہ جسے ایک دستے دار تختی پر چڑھا کر سینگ کے پتلے غلاف سے منڈھ دیتے تھے -

h.-mad: (قدیم) پاگل؛ بالکل مجنوں -

h. of plenty: = Cornucopia

h.-plate.: ریل گاڑی کے پہیے کا دھرا -

h.-rimmed: سینگ کی کمانی کی (عینک) - (۲) (وہ شخص جو) یہ عینک لگائے (ہو) -

h.-shavings: سینگ کا کھاد -

hornstone: ایک قسم کا کرارا پتھر -

take the bull by the hh.: مشکلات کا مردانہ وار مقابلہ کرنا -

the H.: راس ہارن

hornful, n.: سینگ بھر مقدار -

hornless, a.: منڈا؛ بے سینگ کا -

Horn, v. t. & i.: (۱) سینگ لگانا (خصوصاً p. p. میں) - (۲) سینگ مارنا؛ سینگ مار کر زخمی کرنا -

Hornblende, n.: معدنی شے جو سنگ خارا وغیرہ میں پائی جاتی ہے اور گہرے بادامی سیاہ یا سبز رنگ کی ہوتی ہے -

Horner, n.: (۱) سینگ کا کام کرنیوالا؛ سینگ کا کاریگر؛ سینگ کی کنگھیاں وغیرہ بنانے والا - (۲) نرسنگھا بجانے والا -

Hornet, n.: ایک قسم کی بھڑ -

bring hornets' nest about one's ears: بھڑ کے چھتے کو چھیڑنا؛ بہت سے لوگوں کو دشمن بنا لینا -

Hornpipe, n.: (۱) قرنا کی قسم کا ایک باجہ جس کا اب رواج نہیں ہے - (۲) ایک شخص کا ناچ - (۳) ساز جو اس ناچ کے ساتھ بجایا جاتا ہے -

Horny, a.: (۱) سینگ کا؛ سینگ کی طرح - (۲) شاخدار؛ پر شاخ - (۳) سخت؛ ٹھوس؛ سینگ کی طرح سخت - (۴) کٹر؛ سخت دل؛ بےحس؛ بے رحم -

horniness, n.: (۱) سینگ کی طرح ہونا - (۲) شاخدار ہونا - (۳) ٹھوس پن - (۴) سخت دلی؛ بیرحمی؛ بےحسی -

Horologe, n.: ساعت نما؛ بڑی یا چھوٹی گھڑی؛ دھوپ گھڑی -

horologer, n.: گھڑی ساز -

horologist, n.: (۱) گھڑی سازی کے فن کا ماہر یا استاد؛ ساعت شناس -

Horology n.: ساعت شماری؛ ساعت شناسی؛ گھڑی سازی کا فن -

horologic(al), aa.: ساعت شناسانہ؛ گھڑی سازی کا -

Horopter, n.: نقطوں کی وہ مجموعی تعداد جو ایک وقت میں اور نظر کی ایک قائم حالت میں دیکھے جا سکیں -

Horoscope, n.: (۱) (نجوم) ستاروں کی حالت کا مشاہدہ (کسی خاص لمحے میں خصوصاً کسی کی پیدائش کے وقت) - (۲) زائچہ؛ جنم پترہ؛ جنم کنڈلی؛ لگن کنڈلی - (۳) زائچہ کھینچنا -

horoscopic (al), aa.: زائچہ یا جنم پترے کا -

horoscopy, n.: جوتش؛ زائچہ کھینچنے کا فن -

Horrent, a.: (شاعری) رونگٹے کھڑے کردینے والا؛ خوفناک -

Horrible, a.: (۱) ہولناک؛ مہیب؛ ہیبتناک؛ ہیبت انگیز؛ خوفناک؛ خطرناک؛ بھیانک؛ ڈراؤنا؛ دہشتناک - (۲) (روز مرہ) ناخوشگوار؛ ناگوار؛ مکروہ؛ ناپسندیدہ؛ شدید؛ سخت؛ بہت زیادہ -

horribleness, n.: ہولناک ہونا؛ ہیبت انگیزی؛ وحشت زائی؛ بھیانک پن؛ ڈراؤنا پن -

horribly, adv.: ہولناک طور پر؛ مہیب طور پر؛ ہیبت انگیزانہ؛ بھیانک پن سے؛ بیحد؛ شدت سے؛ ناگوار طور پر -

Horrid, a.: (۱) خوفناک؛ خوف انگیز؛ ہیبت افزا؛ ڈراؤنا - (۲) (شعر اور قدیم زبان) کریہہ؛ وحشتناک رونگٹے کھڑے کرنے والا؛ (روز مرہ) ناگوار؛ ناخوشگوار؛ ناپسندیدہ؛ شدید؛ سخت؛ بہت زیادہ -

horridly, adv.: خوفناک طور پر؛ وحشتناک طور پر؛ بیحد؛ شدت سے؛ ناگوار طور پر -

horridness, n.: خوفناک ہونا؛ ڈراؤنا پن؛ وحشتناک ہونا -

Horrify, v. t.: (۱) دہلا دینا؛ دہشت پیدا کردینا؛ بدحواس کرنا؛ لرزہ براندام کرنا؛ ہیبت زدہ کرنا - (۲) (اخلاق یا تہذیب کے احساس کو) صدمہ پہنچانا؛ دھچکا لگانا -

horrific, a.: خوفناک؛ لرزہ انگیز؛ ہیبت ناک -

horrification, n.: (مزاحاً) بدحواسی؛ گھبراہٹ؛ سراسیمگی؛ وحشت -

Horror, n.: (۱) تھرتھری؛ کپکپی؛ بدحواسی؛ ہول؛ دہشت؛ خوف؛ ہیبت - (۲) کراہت؛ نفرت؛ گھن - (۳) (طب) رعشہ؛ لرزہ؛ تھرتھری؛ کپکپی جو بعض امراض کی علامت ہے - (۴) ہولناک یا دہشتناک شے؛ گھناؤنی چیز -

chamber of Hh.: وہ جگہ جہاں ہولناک چیزیں اکٹھا ہوں -

h.-struck: ہیبت زدہ؛ حواس باختہ؛ بدحواس؛ ہکا بکا -

the hh.: وحشت اور ہیبت کا دورہ؛ خوف و ہراس کی وجہ سے دل بیٹھنا -

Hors, adv. & prep.: (فرانسیسی) باہر؛ خارج از -

h. concours: (نمائش میں) وہ شے جو انعامی مقابلے کے لئے نہ ہو -

h. de combat: ناقابل جنگ؛ مجروح؛ معذور -

h. d' oeuvre: (جمع عموماً S- کے ساتھ آتی ہے) لذیذ نمکین

مچھلی، گوشت، ترکاریوں اور زیتون وغیرہ سے بنائی ہوئی چٹپٹی چیز جو کھانے سے پہلے ذائقہ اور بھوک بڑھانے کے لئے کھائی جاتی ہے -

Horse, *n.*: (۱) گھوڑا؛ توس؛ رخش؛ اسپ - (۲) (اسم مجموعی) رسالہ؛ سوار فوج -

dark h.: دیکھو Dark -

eat, work, like a horse: بہت کھانا؛ بکری کی طرح چرنا؛ بہت کام کرنا؛ بیل کی طرح کام کرنا -

flog a dead h.: دیکھو Flog -

grin through a h.-collar: بھدا مذاق کرنا -

h. artillery: توپ خانے کا رسالہ -

h.-block: گھوڑوں پر سوار ہونیکے لئے پتھر یا لکڑی کا چبوترہ -

h.-box: پہیے دار صندوق جس میں گھوڑوں کو ریل پر لیجاتے ہیں یا جہاز پر چڑھاتے ہیں؛ (مزاحاً) گرجے میں بڑی نشست گاہ -

h.-breaker: چابک سوار؛ گھوڑے کو پھیرنے والا -

h.-chestnut: بڑا درخت جس میں مخروطی شکل کے سفید یا گلابی گچھے ہوتے ہیں -

h.-cloth: گھوڑے کی جھول؛ کپڑے کی پاکھر -

h.-coper: گھوڑوں کا تاجر (خصوصاً جس کی راستبازی مشتبہ ہو) -

h.-flesh: (۱) گھوڑے کا گوشت (پکاہوا) - (۲) گھوڑے -

h.-fly: گھڑ مکھی -

H. Guards: (انگلستان کا) شاہی باڈی گارڈ کا رسالہ؛ رسالۂ مذکور کا دستہ؛ مذکورہ رسالوں کی قیام گاہ خصوصاً وائٹ ہال کے مقابل عمارت؛ نیز فوج کے اعلیٰ حکام -

h.-hair: گھوڑے کے ایال یا دم کے بال؛ گھڑ بال؛ گھوڑے کے بال کا -

h. latitudes: کرۂ زمین کا وہ حصہ جو عرض البلد شمالی ۳۰ درجہ اور ۳۵ درجہ کے درمیان ہے (اس حصہ میں کرۂ ہوا کی ایسی متغیر اور ناقابل اطمینان حالت رہتی تھی کہ از منۂ سابقہ میں جبکہ بادبانی جہازات پر بحری تجارت اور آمد و رفت کا دار و مدار تھا یہاں پہنچ کر جہازات کو اپنا بوجھ ہلکا کرنے کے لئے بسا اوقات گھوڑوں کو سمندر میں پھینکدینا پڑتا تھا) -

h.-laugh: بد تمیزی کی ہنسی؛ قہقہہ؛ ٹھٹھا -

h.-leech: بھینسا جونک؛ بڑی جونک؛ (نیز) بیحد حریص شخص -

horseman: سوار؛ شہ سوار -

horsemanship: گھوڑے کی سواری؛ شہسواری -

h.-marines: فرضی بحری رسالہ؛ وہ لوگ جن سے ایسا کام لیا جائے جس کے لئے وہ موزوں نہیں -

h. mushroom: ایک قسم کی موٹی کھمبی (چترما ر) جو کھائی جاتی ہے -

h.-play: اودھم؛ وہ کھیل جس میں بہت شور و شغب ہو -

h.-pond: گھوڑوں کو نہلانے اور پانی پلانے کا حوض یا تالاب -

h.-power: (۱) وہ مشین یا کل جو گھوڑوں سے چلائی جائے اور اس سے دوسری کلیں چلیں - (۲) اتنی طاقت جس سے ۵۵۰ پونڈ وزن ایک سکنڈ میں ایک فٹ اٹھا یا جاسکے - (۳) (علم سکون و حرکت) اسپی طاقت -

h.-race: گھڑ دوڑ -

h.-radish: ایک پودا جس کی جڑ مسالے کے کام آتی ہے -

h. sense: (روز مرہ) اٹکل؛ سمجھ -

h.-shoe: نعل؛ نعل اسپ؛ نعل نما چیز؛ نعل کی شکل کا -

h.-tail: (۱) دم اسپ؛ گھوڑے کی دم - (۲) (ترکی میں) فوجی جھنڈے کا مارکہ؛ پاشاؤں کا مارکہ - (۳) وہ پودے جو گھوڑے کی دم کی شکل کے ہوتے ہیں اور ان میں پھول نہیں آتے -

h.-whip: (۱) چابک؛ کوڑا؛ تازیانہ - (۲) چابک مارنا؛ کوڑے لگانا؛ سزادینا؛ کھال ادھیڑ دینا -

horsewoman: اسپ سوار (عورت) -

look a gift h. in the mouth: دان کی بچھیا کے دانت دیکھنا؛ تحفے میں عیب نکالنا -

mount, ride, the high h.: غرور و تکبر کرنا؛ نخرے کرنا -

on horseback: گھوڑے پر سوار -

put the cart before the h.: دیکھو CART -

tell that to the h. marines: یہ نخرے کسی اور کو دو -

to h.: رسالہ کے سپاہیوں کو گھوڑوں پر سوار ہونے کا حکم؛ سوار ہو جاؤ -

willing h.: دیکھو Willing -

horseless, *a.*: بے گھوڑے کا -

Horse, *v. t. & i.*: (۱) کسی شخص کو گھوڑا دینا - (۲) (گاڑی میں) گھوڑا یا گھوڑے جوتنا - (۳) چڑھنا؛ چڑھانا؛ پیٹھ پر لاد کرلے جانا - (۴) کسی شخص کو تازیانے لگانے کے لئے پیٹھ چڑھانا - (۵) (گھوڑے پر) سوار ہونا؛ چڑھنا؛ سوار ہوکر جانا -

Horsey pouch, *n.*: ربڑ کی کی تمباکو کی تھیلی جو تہ کی جا سکتی ہے -

Horsy, *a.*: گھوڑوں سے یا گھڑ دوڑ سے متعلق؛ گھوڑوں کا یا گھڑ دوڑ کا شوقین؛ لباس اور گفتگو میں سائیسوں اور گھڑ دوڑ کے سواروں کی نقل کرنے والا -

horsiness, *a.*: گھوڑوں کا یا گھڑ دوڑ کا شوق؛ لباس اور گفتگو میں سائیسوں وغیرہ کی نقل کرنا -

Hortative, *a.*: (۱) سرزنش یا تنبیہ کی - (۲) جوش دلانے والی - عبرت دلانے والی -

hortatory, *a.*: تنبیہ آمیز؛ جوش دلانے والی -

Horticulture, *n.*: فن باغبانی -

horticultural, *a.*: باغبانی کا -

horticulturist, *n.*: باغبانی کے فن کا ماہر -

Hortus siccus, *n.*: سوکھے پودوں کا با ترتیب مجموعہ یا ذخیرہ -

Hosanna, *n.*: نعرۂ حمد -

Hose, *n., & v. t.*: (۱) لمبے موزے یا جرابیں؛ گھٹنوں تک کے موزے - (۲) پودوں کو پانی دینے کی کرمچ وغیرہ کی نالی - (۳) (کسی کو) لمبے موزے دینا یا پہنانا؛ نلکی سے پانی دینا (پودوں کو) -

half-h.: چھوٹے موزے (اب زیادہ تر کار و باری اصطلاح ہے) -

h.-tops: (اسکاچستان) بے تلے کے موزے -

Hosier, *n.*: موزہ یا بنیان فروش -

hosiery, *n.*: موزہ بنیان وغیرہ کی تجارت یا دوکان -

Hospice, *n.*: (۱) مسافر خانہ ؛ مہمان خانہ (خصوصاً مذہبی جماعتوں کا قائم کیا ہوا) - (۲) محتاج خانہ ؛ شفا خانہ -

Hospitable, *a.*: مہمان نواز ؛ مسافر نواز ؛ متواضع -

hospitably, *adv.*: مہمان نوازانہ ؛ خاطر تواضع سے -

Hospital, *n.*: (۱) شفا خانہ ؛ دارالشفاء ؛ بیت الشفاء ؛ اسپتال ؛ ہسپتال - (۲) خیراتی اسکول وغیرہ ؛ خیراتی ادارہ وغیرہ ؛ رفاہ عام کا ادارہ - (۳) (تاریخ) مہمان خانہ ؛ (مذہبی) مسافر خانہ ؛ Knights Hospitallers کا مرکز تنظیم -

h. fever: وہ میعادی بخار جو ہسپتال کے مریضوں کے سانس لینے سے دوسروں کو ہو جاتا ہے -

H. Saturday, Sunday: (عموماً) ہسپتال کے چندے کا دن سنیچر کو گلیوں اور بازاروں میں اور اتوار کو کلیساؤں اور گرجوں میں مقامی ہسپتالوں کے لیے چندہ جمع کیا جاتا ہے) -

Hospitalism, *n.*: (۱) شفا خانوں کا نظام - (۲) اس کے نقائص حفظان صحت کے نقطۂ نظر سے -

Hospitality, *n.*: مہمان نوازی ؛ مسافر نوازی ؛ تواضع ؛ خاطر مدارات -

Hospital (l)er, *n.*: (۱) امور خیر کی مذہبی جماعت کا رکن - (۲) (لندن کے بعض شفا خانوں کا) پادری -

Knights Hh.: راہبوں کی مجلس (جو سنہ ۱۰۴۸ ع میں فوجی طرز پر قائم ہوئی تھی) -

Hospodar, *n.*: نواب (پہلے ولیشیا اور مولدیویا کے صوبیداروں کا خطاب تھا) -

Host, *n.*: (قدیم) (۱) انبوہ ؛ ہجوم ؛ غول ؛ گروہ ؛ جماعت - (۲) فوج ؛ لشکر ؛ جند ؛ عسکر ؛ دل -

a h. in himself.: اکیلا سو کے برابر (کام کرنے میں) -

Lord of hh.: (انجیل) خدائے جند ؛ رب العساکر (خدا) -

host (s) of heaven: چاند، سورج، ستارے وغیرہ ؛ گروہ ملائکہ -

Host, *n.*: (۱) میزبان - (۲) مالک سرائے ؛ سرائے والا - (۳) وہ جانور یا پودا جس کے ساتھ طفیلی کیڑے اور طاقی پودے ہوں -

reckon without one's h.: معاملے کی مشکلات کو نظر انداز کر دینا ؛ مشکلات کا اندازہ نہ کرنا ؛ مخالفوں کی قوت کو نظر انداز کرنا -

Host, *n.*: وہ روٹی جو عشائے ربانی میں کام آتی ہے ؛ پاک روٹی -

Hostage, *n.*: (۱) یرغمال ؛ وہ شخص جو ضمانت کے طور پر دشمن کے حوالے کیا جائے - (۲) ضمانت ؛ ذمہ داری ؛ کفالت -

h. to fortune: جوکھم -

hostageship, *n.*: یرغمالی ؛ ضمانتی ؛ ضمانت -

Hostel, *n.*: (۱) (قدیم) سرائے - (۲) طلبا وغیرہ کے رہنے کی جگہ ؛ دارالاقامہ ؛ اقامت خانہ ؛ بورڈنگ ہاؤس -

Hostelry, *n.*: (قدیم) سرائے

Hostess, *n.*: (۱) (قدیم) میزبان (عورت) ؛ میزبان کی بیوی - (۲) سرائے کی مالکہ ؛ سرائے والی -

Hostile, *a.*: (۱) دشمن کا - (۲) مخالفانہ ؛ بد اندیشانہ ؛ نا مہربانی کا - (۳) دشمنانہ ؛ معاندانہ ؛ مخاصمانہ -

hostilely, *adv.*: نا مہربانی سے ؛ مخالفانہ ؛ مخاصمانہ ؛ معاندانہ (طور سے) -

Hostility, *n.*: دشمنی ؛ عداوت ؛ کد ؛ مخالفت ؛ خصومت ؛ لاگ ؛ بیر - (۲) حالت جنگ ؛ لڑائی کی حالت - (۳) (جمع) جنگ و جدل ؛ جنگ کی جد و جہد -

Hostler, *n.*: = OSTLER

Hot, *a. & adv.*: (۱) تپش کے بلند درجے پر - (۲) بہت گرم ؛ گرم ؛ تپتا ہوا - (۳) گرمی پہنچانے یا محسوس کرنے والا - (۴) حدت یا حرارت کی تیز حالت پیدا کرنے والا - (۵) (مرچ وغیرہ) تیز ؛ چرپری - (۶) تیز ؛ تند ؛ پر جوش ؛ شدید ؛ انتہائی - (۷) غضب ناک ؛ خشمناک ؛ آگ بھرا ہوا ؛ غصہ میں ؛ خفا ؛ برہم - (۸) جوش میں ؛ ہیجان میں ؛ مست - (۹) محرک ؛ جوش انگیز ؛ ہیجان آور - (۱۰) (شکار میں، بو وغیرہ) تازہ ؛ تیز - (۱۱) (مجازاً خبر وغیرہ میں) تازہ ؛ تازہ بتازہ ؛ گرما گرم -

blow h. and cold: دیکھو BLOW

give it him h.: خوب خبر لینا ؛ اچھی طرح ڈانٹنا -

h. air: (عامیانہ) فخریہ وغیرہ یا شیخی کی گفتگو -

h. and h.: گرما گرم (کھانا) -

h. and strong: بیحد پر جوش ؛ بیحد جوش سے -

hotbed: (۱) گرم کیاری ؛ کیاری جو کھاد کا خمیر اٹھا کر گرم کی جائے - (۲) (مجازاً) (بدمعاشی کا) اڈا ؛ گھر -

h. blast: (بھٹی میں) گرم ہوا کا مسلسل جھونکا ؛ گرم ہوا کی رو -

h.-blooded: گرم مزاج ؛ جوشیلا ؛ پر جوش -

h.-brained, -headed: تیز مزاج ؛ زود اشتعال ؛ جلد بھڑک اٹھنے والا -

h. cockles: ایک دیہاتی کھیل جس میں ایک شخص کی آنکھوں پر پٹی باندھکر اسے مارتے ہیں اور وہ مارنے والے کا نام قیاس سے بتاتا ہے ؛ اندھا بھینسا -

h.-foot: بہت عجلت میں -

hothead: جلد باز ؛ تیز مزاج یا جھلا شخص -

h.-house: حرارت خانہ ؛ وہ مکان جس کی چھت اور دیوار بلور یا کانچ کی ہوتی ہے اور اس میں غیر موسمی یا غیر ملکی نازک پودوں کو سردی وغیرہ سے محفوظ رکھتے اور پرورش کرتے ہیں -

h.-pot: شب دیگ کی قسم کا کھانا -

h.-press: کاغذ یا کپڑے کو دبا کر چکنا کرنے کا شکنجہ ؛ اس شکنجے میں دبانا -

h.-short: پھوٹک (لوہا جو گرم ہونے پر ٹوٹ جائے) -

hotspur: سر ہنری پرسی کا لقب تھا جو سنہ ۱۴۰۳ ع میں مرے ؛ دلیر اور ناعاقبت اندیش ؛ (عامیانہ) من چلا ؛ دبنگ ؛ جوشیلا ؛ چلتا پرزہ ؛ زور دار (آدمی) -

h. water: (۱) (مجازاً) مصیبت ؛ آفت ؛ پریشانی - (۲) ذلت (کی حالت) ؛ شرمناک حالت - (۳) الجھیڑا -

h. well: (۱) گرم پانی کا قدرتی چشمہ - (۲) (دخانی انجنوں وغیرہ میں) پانی کا خزانہ

make it, the place, too h.: اس طرح پیچھے پڑنا

کا رهنا مشکل هو جائے یا زندگی دوبھر هوجائے -

hotly, *adv.* : حرارت ' حدت ' گرمی یا شدت سے ؛ غصے میں ؛ تیز مزاجی سے -

hotness, *n.* : گرمی ؛ حدت ؛ حرارت ؛ شدت ؛ تیزی ؛ جوش ؛ هیجان -

Hot, *v. t.* : گرم کرنا ؛ گرما دینا -

Hotchkiss, *n.* : ایک قسم کی مشین گن یا کلدار توپ (موجد کے نام سے موسوم ھے) -

Hotchpotch,-pot, *n.* : (۱) دیوانی هانڈی- (۲) کھچڑی؛ ملغوبہ؛ معجون ؛ معجون مرکب ؛ خلط ملط - (۳) (قانون) جائداد کا یکجا کردینا تاکہ تقسیم مساوی هو (خصوصاً ایسے شخص کی جائداد جو بے وصیت مرجائے اور جس کے بعض حصے پہلے سے ورثا کے قبضے اور تصرف میں هوں) -

Hotel, *n.* : آرام گاہ ؛ مسافر خانہ ؛ هوٹل ؛ (عموماً) بڑی سرائے یا مسافر خانہ -

Hottentot, *n.* : جنوبی افریقہ کی قوم هاٹنٹاٹ کا ز جو پہلے کیپ کے قریبی علاقہ میں آباد تھی) ؛ (مجازاً) جنگلی ؛ وحشی

Hough, *n., & v. t.* : (۱) گھٹنوں کی هڈیوں کا جوڑ - (۲) اس جوڑ کو کاٹ کر لنگڑا کردینا -

Hound, *n.* : (۱) سگ تازی ؛ شکاری کتا ؛ خصوصاً وہ کتا جو بو پا کر اپنے شکار کا تعاقب کرے - (۲) کمینہ آدمی ؛ ذلیل آدمی -

h.'s-tongue : ایک قسم کا روئیں دار پودا جس کے پھول نیلے هوتے هیں -

Master of h'. : دیکھو Master -

the hh. : لومڑی کا شکار کرنے والے کتے -

houndish, *a.* : شکاری کتے کا سا ؛ کمینہ ؛ ذلیل -

Hound, *v. t.* : (۱) شکاری کتوں سے شکار کھیلنا یا کرنا - (۲) هلکارنا ؛ هشکارنا ؛ چھوڑنا (کتے کو شکار کے پیچھے یا مجازاً آدمی کو) - (۳) اکسانا ؛ مجبور کرنا (کسی کام پر) ؛ پیچھے پڑ کر کرانا ؛ زبردستی کرانا -

Hour, *n.* : (۱) گھنٹا ؛ ساعت ؛ تھائی گھڑی - (۲) قلیل مدت ؛ مختصر وقت ؛ قلیل وقفہ - (۳) وقت (گھڑی میں) - (۴) (جمع) مقررہ اوقات - (۵) دن بھر میں عبادت کے سات وقت ؛ یہ نمازیں یا عبادات - (۶) (هیئت) طول البلد کے پندرہ درجے ' ساعت -

at the eleventh h. : دیر میں ؛ بالکل تنگ وقت میں ؛ عین وقت پر ؛ تنت پر -

bad or *late hh.* : اویرے ؛ دیر سے (سونے یا اٹھنے کا وقت) -

good or *early hh.* : سویرے (سونے یا اٹھنے کا وقت) -

h.-circle : دائرۂ ساعت -

h.-glass : جام ساعت نما ؛ ریت گھڑی -

h.-hand : گھنٹے کی سوئی -

in a good, or *evil, h.* : نیک یا بد ساعت میں مبارک یا منحوس گھڑی میں -

regular hh. : با قاعدہ یا باضابطہ اوقات (سونے یا اٹھنے کے) -

small hh. : (رات کے) ایک دو بجے -

the question of the h. : مسئلۂ حاضرہ ؛ زمانۂ حال یا موجودہ وقت کا سوال -

Houri, *n.* : (۱) حور ؛ حوراء - (۲) حسین اور عیش پسند یا عیاش عورت -

Hourly, *a. & adv.* : (۱) ساعت وار ؛ ساعت بہ ساعت ؛ گھنٹہ گھنٹہ بھر کا - (۲) مسلسل ؛ متواتر ؛ برابر ؛ لگاتار ؛ اکثر ؛ گھڑی گھڑی ؛ بار بار -

House, *n.* : (۱) مسکن ؛ خانہ ؛ مکان ؛ مستقر ؛ گھر ؛ دار ؛ سکن ؛ سکونت گاہ ؛ محل ؛ حویلی ؛ بھون ؛ منزل - (۲) گودام ؛ جانوروں کے رکھنے کی جگہ (جیسے مرغی خانہ وغیرہ) (۳) مذهبی جماعت کے رهنے کی جگہ - (۵) (اسکول کے) بورڈنگ هاوس کے لڑکے - (۶) ایوان (دارالعوام وغیرہ کا) - (۷) گھر بار ؛ گھرانا؛ خاندان ؛ خانوادہ - (۸) تھیٹر کے حاضرین یا تماشائی - (۹) تجارتی کارخانہ یا کوٹھی - (۱۰) (نجوم) آسمان کا بارھواں حصہ ؛ برج ؛ راس ؛ منزل - (۱۱) ایک کھیل کا نام -

Ale h. : دیکھو Ale -

alms h., bake h., light h., Summer h. : دیکھو Alms, Bake, Light, Summer

bow down in the h. of Rimmon : تقیہ کرنا -

bring down the h. : دیکھو Bring

clearing h. : دیکھو Clearing

coffee- h. : دیکھو Coffee

counting h. : دیکھو Counting -house

custom - h. : دیکھو Custom

eating h. : دیکھو Eating -

h.- agent : مکانوں کا دلال ؛ مکانوں کے خریدار اور کرایہ دار حاصل کرنے والا-

h. and home : گھر؛ وطن -

h. -boat : هاوس بوٹ ؛ خانہ کشتی -

housebreaker : (۱) نقب زن؛ دن کو چوری کی غرض سے گھر میں گھسنے والا ؛ دن دھاڑے چور- (۲) پرانے مکان اور کھنڈر ڈھانے والا-

h.- dog : وہ کتا جو گھر کی حفاظت اور نگہبانی کے لئے رکھا جائے؛ چوکیدار کتا

h. -flag : کسی تجارتی کارخانے کے جہاز کا جھنڈا -

housekeeper : (۱) منتظمۂ خانہ؛ گھر گرستی کا انتظام کرنیوالی - (۲) داروغہ ؛ محلدار ؛ گھر یا دفتر کا منتظم -

housekeeping : (۱) گھر کی انتظامی حالت - (۲) امورخانہ داری؛ گرستی ؛ تدبیر منزل -

houseleek : ایک قسم کی بوٹی جو دیواروں اور چھتوں پر اُگتی ھے (اور اس کے پھول گلابی هوتے هیں) -

housemaid : خادمہ ؛ ما ما (خصوصاً وہ ماما جو دیوان خانے اور سونے کے کمرے کی دیکھ بھال کرتی ھے) -

housemaid's knee : گھٹنے کی سوجن یا ورم (جو گھٹنوں کے بل جھکے رهنے سے هوتی ھے) -

housemaster : (مدرسے کے) اقامت خانے کا نگران یا منتظم -

h. of call : (۱) مہمان خانہ - (۲) (کسی شخص کے) آنے جانے کی جگہ (جہاں سے اس کا پتہ لگ سکے) -

h. of cards : (۱) تاش کے پتوں کا گھر جو بچے کھیل میں بناتے

هیں - (۲) (مجازاً) اسکیم (تجویز) جو چلنے والی نہ ہو -

h. of commons, Lords : (انگلستان کا) دارالعوام' دارالامرا -

h. of God : خانۂ خدا ؛ معبد؛ مسجد ؛ گرجا ؛ عبادت خانہ -

h. of ill fame : چکلا ؛ رنڈی خانہ -

H. of Keys : جزیرۂ Manx کی مجلس وضع قوانین کا ایک شعبہ -

H. of Windsor : انگلستان کا موجودہ شاهی خاندان -

h. party : مہمان جو کسی امیر کے دیہاتی محل میں ٹھہرے ہوں -

inadvertence, -ency, *nn.*: غفلت ؛ بے توجہی -
inadvertently, *adv.*: غفلت سے ؛ بے توجہی سے ؛ بلا قصد ؛ بے ارادہ -
Inalienable, *a.*: غیر منفک ؛ نا قابل انتقال -
inalienability, *n.*: غیر منفک ھونا : نا قابل انتقال ھونا -
inalienably, *adv.*: غیر منفک طور پر -
Inalterable, *a.*: نا قابل تغیر ؛ نا قابل تبدیل ؛ غیر تغیر پذیر ؛ غیر متغیر ؛ اٹل -
inalterability, *n.*: غیر تغیر پذیری ؛ نا قابل تغیر ھونا -
inalterably, *adv.*: نا قابل تغیر طور پر -
Inamorato, *n.*: عاشق ؛ شیدائی -
Inane, *a.* & *n.*: (۱) خالی ؛ تہی ؛ بے مغز - (۲) بیوقوف ؛ احمق ؛ احمقانہ ؛ نامعقول ؛ لغو
the i.: خلا ؛ فضاے غیر محدود -
inanely, *adv.*: (۱) خالی پن سے - (۲) بیوقوفی سے ؛ حماقت سے -
inanity, *n.*: خالی ھونا ؛ خلو ؛ بے مغزی؛ بیوقوفی ؛حماقت -
Inanimate, *a.*: (۱) بے روح ؛ بے جان ؛ غیر ذی روح (۲) مردہ دل ؛ بیحس ؛ کند -
inanimately, *adv.*: (۱) بے جان یا غیر ذی روح کی حیثیت سے - (۲) مردہ دلی سے ؛ بیحسی سے -
inanimation, *n.*: (۱) بے جان ھونا ؛ غیر ذی روح ھونا - (۲) مردہ دلی ؛ بیحسی -
Inanition, *n.*: خلو ؛ خالی ھونا (خصوصاً عدم تغذیہ کی وجہ سے) -
Inappeasable, *a.*: نرو نہ ھونے والا ؛ سیر نہ ھونے والا -
Inappellable, *a.*: جس کے خلاف مرافعہ نہ ھو سکے ؛ نا قابل اپیل ؛ نا قابل مرافعہ -
Inappetence, *n.*: خواھش نہ ھونا ؛ آرزو نہ ھونا ؛ بے رغبتی -
Inapplicable, *a.*: جو صادق نہ آئے ؛ نا قابل اطلاق ؛ بے محل ؛ نا موزوں ؛ غیر مطابق -
inapplicability, *n.*: نا مطابقت ؛ نا موزونیت -
inapplicably, *adv.*: بلا مطابقت؛ بے محل یا نا موزوں طورپر -
Inapposite, *a.*: ناموزوں ؛ بے محل ؛ بے موقع -
inappositely, *adv.*: بے محل ؛ بے موقع ؛ نا موزوں طور پر -
Inappreciable, *a.*: (۱) غیر محسوس ؛ خفیف - (۲) نا قابل لحاظ -
inappreciably, *adv.*: غیر محسوس طور پر ؛ نا قابل قدر طور پر -
Inappreciation, *n.*: نا شناسی ؛ نا قدری ؛ عدم احساس -
inappreciative, *a.*: نا قدر ؛ نا قدرانہ ؛ نا شناسانہ -
Inapprehensible, *a.*: نا قابل فہم ؛ نا قابل ادراک -
Inapproachable, *a.*: جس کے قریب پہنچ نہ سکیں ؛ پہنچ سے باھر ؛ رسائی سے باھر -
Inappropriate, *a.*: غیر مناسب ؛ غیر موزوں ؛ بے محل ؛ بے موقع ؛ بے جوڑ -
inappropriately, *adv.*: نا مناسب طور پر ؛ غیر موزوں طور پر -
inappropriateness, *n.*: غیر موزونی ؛ نا مناسبت ؛ بے محل ھونا -
Inapt, *a.*: نا قابل ؛ نا اھل ؛ نا موزوں -
inaptitude, *n.*: نا قابلیت ؛ نا لائقی -
inaptly, *adv.*: نا قابلیت _
inaptness, *n.*: نا قابلیت ؛ نا لائقی -
Inarch, *v. t.*: ایک درخت میں دوسرے درخت کی شاخ کو کاٹے بغیر پیوند لگانا -
Inarm, *v. t.*: (شعر) گلے لگانا ؛ آغوش میں لینا ؛ معانقہ کرنا -
Inarticulate, *a.*: (۱) غیر مربوط ؛ بے ربط - (۲) (کلمہ) مہمل ؛ غیر واضح ؛ نا صاف- (۳)جو صاف نہ بول سکے- (۴) گونگا-
inarticulately, *adv.*: غیر مربوط طور پر ؛ اس طرح کہ سمجھ میں نہ آسکے -
inarticulateness, *n.*: بے ربطی ؛ مہمل ھونا ؛ گونگا پن -
Inartificial, *a.*: (۱) بھدا ؛ بھونڈا ؛ بد نما ؛ بے اصول ؛ صناعی (آرٹ) کے اصول کے خلاف - (۲) بے تکلف ؛ سادہ ؛ بے بناوٹ ؛ بلا تصنع ؛ فطری -
inartificially, *adv.*: (۱) بھونڈے پن سے - (۲) بے تکلفی سے ؛ بے بناوٹ -
inartistic, *a.*: (۱) بے اصول ؛ صناعی (آرٹ) کے اصول کے خلاف - (۲) بھدا ؛ بھونڈا ؛ بد نما - (۳) صناعی (آرٹ) سے ناواقف -
inartistically, *adv.*: بھدے پن سے ؛ صناعی کے اصول کے خلاف -
Inasmuch, *adv.*, *i.as*: (۱) چونکہ ؛ کیونکہ - (۲) (قدیم) جہاں تک کہ -
Inattention, *n.*: (۱) بے توجہی - (۲) غفلت ؛ بے پروائی - (۳) بے اعتنائی ؛ بے رخی -
inattentive, *a.*: بے توجہ ؛ بے پروا ؛ غافل ؛ بے اعتنائی کرنے والا -
inattentiveness, *n.*: غفلت ؛ بے پروائی ؛ بے توجہی ؛ بے اعتنائی ؛ بیرخی -
Inaudible, *a.*: جو سنا نہ جا سکے ؛ جو سنائی نہ دے ؛ بہت دھیما ؛ بے آواز -
inaudibility, *n.*: بے آوازی ؛ سنا نہ جا سکنا -
inaudibly, *adv.*: چپکے سے ؛ بہت دھیمی آواز میں -
Inaugural, *a.*: افتتاح کے متعلق ؛ افتتاحی ؛ باضابطہ آغاز یا جائزے کا -
Inaugurate, *v. t.*: (۱) رسمی طور پر جائزہ دلانا (عہدے کا) - (۲) دھوم دھام سے شروع کرنا ؛ باضابطہ شروع کرنا - (۳) افتتاح کرنا -
inauguration, *n.*: (۱) افتتاح ؛ دھوم دھام سے یا باضابطہ

کوئی کام شروع کرنا یا عہدے کا جائزہ لینا ؛ با ضابطہ آغاز -

Inaugurator, *n.*: افتتاح کرنے والا ؛ رسمی طور پر آغاز کرنے والا -

Inauguratory, *a.*: افتتاحی -

Inauspicious, *a.*: بد شگون ؛ بد فال ؛ نا مبارک ؛ منحوس -

inauspiciously, *adv.*: بد شگونی سے ؛ نحوست سے -

inauspiciousness, *n.*: بد شگونی ؛ نحوست ؛ بد فالی -

Inboard, *adv.* & *a.*: (بحری) جہاز کے پہلو یا وسط میں ؛ وسط جہاز یا طرف جہاز کا -

Inborn, *a.*: خلقی ؛ جبلی ؛ فطری -

Inbreathe, *v. t.*: سانس کے ساتھ اندر کو کھینچنا ؛ جذب کرنا -

Inbred, *a.*: خلقی ؛ جبلی ؛ فطری -

Inbreeding, *n.*: ایسے جانوروں سے نسل لینا جن میں قریبی رشتہ ہو -

Inca, *n.*: (۱) ہسپانوی فتح سے پہلے پیرو کے بادشاہوں کا لقب - (۲) پیرو کے شاہی خاندان کا فرد -

Incalculable, *a.*: (۱) بے شمار ؛ بے حساب ؛ ان گنت ؛ بے حد - (۲) جس کا پہلے سے اندازہ نہ ہوسکے ؛ نا قابل اندازہ - (۲) متلون ؛ ڈانواں ڈول -

Incandesce, *v. i.* & *t.*: گرمی سے روشن ہونا اور جلنا ؛ دھکنا ؛ گرمی سے جلانا ؛ دھکانا -

Incandescent, *a.*: (۱) جلتا ہوا ؛ دھکتا ہوا - (۲) چمکتا ہوا ؛ روشن - (۳) (برقی یا گیس کی روشنی) جو تار کے جلنے سے پیدا ہو -

incandescence, *n.*: جلنا ؛ دھکنا ؛ تابانی ؛ چمک ؛ روشنی -

Incantation, *n.*: افسوں ؛ منتر پڑھنا ؛ افسوں پھونکنا -

Incapable, *a.*: (۱) نا قابل ؛ نا لائق ؛ نا اہل ؛ معذور ؛ جس میں صلاحیت نہ ہو ؛ بے بہرہ - (۳) مسلوب الحواس -

incapability, *n.*: نا قابلیت ؛ نا اہلی ؛ معذوری ؛ عدم صلاحیت -

incapably, *adv.*: نا قابلیت سے وغیرہ -

Incapacitate, *v. t.*: (۱) نا قابل کرنا ؛ بے کار کرنا ؛ کام کا نہ رکھنا -

incapacitation, *n.*: بے کار کر دینا یا ہوجانا -

Incapacity, *n.*: (۱) نا قابلیت ؛ نا اہلی ؛ نا لائقی ؛ معذوری - (۲) قانونی نا قابلیت -

Incarcerate, *v. t.*: (۱) قید کرنا ؛ محبوس کرنا ؛ جیل میں ڈالنا ؛ مقید کرنا -

incarceration, *n.*: قید ؛ حبس ؛ اسیری -

incarcerator, *n.*: قید کرنے والا ؛ محبوس کرنے والا -

Incarnadine, *a.*, & *v. t.*: (شعر) قرمزی ؛ سرخ ؛ قرمزی رنگ میں رنگنا ؛ سرخ رنگ میں رنگنا -

Incarnate, *a.*: مجسم ؛ بہ شکل انسان -

Incarnate, *v. t.*: (۱) مجسم کرنا ؛ تجسیم کرنا - (۲) عملی صورت میں لانا ؛ عملی جامہ پہنانا (کسی خیال وغیرہ کو) - (۳) زندہ نمونہ ہونا ؛ زندہ مثال ہونا ؛ (کسی صفت کا) مجسمہ ہونا ؛ پتلا ہونا -

Incarnation, *n.*: (۱) تجسم ؛ تجسیم ؛ مجسم ہونا یا کرنا ؛ انسانی شکل دینا یا اختیار کرنا - (۲) زندہ نمونہ ؛ زندہ مثال ؛ پتلا -

the I.: مسیح کا انسانی شکل اختیار کرنا -

Incautious, *a.*: نا عاقبت اندیش ؛ بے احتیاط ؛ بے احتیاطی کا ؛ خلاف احتیاط -

incautiously, *adv.*: بے احتیاطی سے

incautiousness, *n.*: بے احتیاطی -

Incendiary, *a.* & *n.*: (۱) آگ لگانے والا ؛ آتش زن ؛ آگ لگاؤ - (۲) مفسدانہ ؛ اشتعال انگیز ؛ آگ لگا دینے والی -

Incendiarism, *n.*: (۱) آتش زنی ؛ آگ لگانا - (۲) فتنہ پردازی -

Incense, *n.*: (۱) لوبان ؛ عود وغیرہ - (۲) لوبان وغیرہ کی خوشبو ؛ بخورات - (۳) خوشامد ؛ خوشامدانہ تعریف ؛ چاپلوسی -

Incense, *v. t.*: (۱) (بخورات کی) دھونی دینا - (۲) (دیوتا کے نام پر) لوبان وغیرہ جلانا ؛ بخورات سلگانا - (۳) معطر کرنا ؛ مہکانا ؛ خوشبو میں بسانا -

incensation, *n.*: دھونی ؛ بخورات سلگانا ؛ معطر کرنا یا ہونا -

Incense, *v. t.*: بھڑکانا ؛ غصہ دلانا ؛ طیش دلانا ؛ برہم کرنا ؛ بر افروختہ کرنا -

Incensory, *n.*: عود دان وغیرہ ؛ بخورات کی انگیٹھی -

Incentive, *a.* & *n.*: (۱) محرک ؛ اشتعال دہ ؛ تحریک ؛ اشتعال - (۲) محرک ؛ اشتعال دینے والی چیز ؛ باعث اشتعال -

Incept, *v. i.* & *t.*: (۱) (کیمبرج یونیورسٹی) ایم - اے یا ڈاکٹر کی ڈگری لینے کی منزل طے کرنا - (۲) (حیاتیات) اپنے اندر جذب کر لینا -

Inceptor, *n.*: (کیمبرج یونیورسٹی) ایم - اے یا ڈاکٹر کی ڈگری لینے والا -

Inception *n.*: (۱) آغاز ؛ ابتدا ؛ شروع - (۲) (کیمبرج) ایم - اے یا ڈاکٹر کی ڈگری لینا -

Inceptive, *a.* & *n.*: (۱) ابتدا ؛ آغاز ؛ شروع - (۲) ابتدائی ؛ شروع کا - (۳) فعل تمہیدی -

i. verb: وہ فعل جس سے کام کا آغاز ظاہر ہوتا ہو ؛ فعل تمہیدی -

Incertitude, *n.*: عدم یقین ؛ غیر یقینی ہونا -

Incessant, *a.*: مسلسل ؛ پیہم ؛ لگا تار ؛ متواتر ؛ پے در پے -

incessancy, incessantness, *nn.*: تسلسل ؛ تواتر -

incessantly, *adv.*: متواتر ؛ لگا تار ؛ مسلسل ؛ پیہم -

Incest, *n.*: محرمات کے ساتھ مباشرت ؛ تزویج محرمات -

Incestuous, *a.*: (۱) محرمات کے ساتھ مباشرت کرنے والا - (۲) مباشرت با محرمات کے متعلق -

incestuously, *adv.*: مباشرت با محرمات کے طریقے پر -

Inch, *n.*, & *v. t.* & *i.*: (۱) انچ ؛ گز کا چھتیسواں حصہ - (۲) خفیف سی مقدار - (۳) (جمع) قد - (۴) ایک ایک انچ کر کے سرکنا یا سرکانا -

an i. of cold iron: خنجر ؛ تلوار -

by ii.: رفتہ رفتہ ؛ تھوڑا تھوڑا کر کے -

cubic i.: مکعب انچ -

every i.: سرا سر ؛ بالکل -

flog person within an i. of his life: اتنے کوڑے لگانا

کہ بس جان نکلنے کی کسر رہ جائے -

square i. : مربع انچ -

Inch, *n.* : چھوٹا جزیرہ (خصوصاً اسکاچستان کا) -

-incher, *n.*, *Six &c.-i.* : چھ انچ لمبا یا چھ انچ قطر وغیرہ کا -

Inchoate, *a.* : جس کا ابھی آغاز ہوا ہو؛ ادھورا؛ غیر مکمل -

Inchoa *v. t.* : (۱) شروع کرنا ؛ آغاز کرنا ؛ ابتدا کرنا - (۲) طرح ڈالنا ؛ اختراع کرنا ؛ ایجاد کرنا -

inchoation, *n.* : شروع ؛ ابتدا ؛ آغاز ؛ ایجاد -

inchoative, *a.* : ابتدائی ؛ آغاز کا ؛ شروع کا -

Incidence, *n.* : (۱) کسی چیز پر گرنا ؛ تصادم - (۲) (طبیعیات) وقوع (شعاع کا) - (۳) دائرۂ اثر ؛ حلقۂ اثر -

angle of i. : (طبیعیات) زاویۂ وقوع -

what is the i. of the tax : ٹیکس کا بوجھ کس پر پڑے گا -

Incident, *n.* : (۱) حادثہ ؛ ماجرا ؛ واقعہ ؛ ضمنی واقعہ - (۲) واقعہ جو کسی ناٹک یا نظم میں بیان کیا جائے - (۳) (قانون) جائداد سے متعلق حق یا ذمہ داری وغیرہ -

Incident, *a.* : (۱) یقینی طور پر واقع ہونے والا ؛ لازمی - (۲) (قانون) متعلق بہ - (۳) (طبیعیات) واقع ہونے والی (شعاع وغیرہ) ؛ (شعاع) واقع -

Incidental, *a.* : (۱) ضمنی ؛ عرضی - (۲) شدنی ؛ جس کا واقع ہونا ضروری ہو -

i. images, colours : ایسی شبیہیں اور رنگ جو ان اثرات کے نتائج ہوں جو موجود نہ رہے ہوں -

incidentally, *adv.* : ضمناً -

Incinerate, *v. t.* : جلا کر خاک کر ڈالنا ؛ جلا کر راکھ کر ڈالنا -

incineration, *n.* : جلا کر راکھ کردینا -

incinerator, *n.* : جلا کر راکھ کر دینے والا -

Incipient, *a.* : ابتدائی ؛ جو ابتدائی منزل میں ہو -

incipience, incipiency, *nn.* : شروع ؛ آغاز ؛ ابتدا -

incipiently, *adv.* : ابتدءاً ؛ شروع میں -

Incipit : (جملہ) (یہاں سے کتاب) شروع ہوتی ہے -

Incise, *v. t.* : (۱) شگاف دینا ؛ حمرنا ؛ گودنا - (۲) کندہ کرنا ؛ کھودنا -

Incision, *n.* : درز ؛ شگاف ؛ کھودنے کا نشان ؛ گودنے کا نشان -

Incisive, *a.* : (۱) گودنے والا ؛ چیرنے والا ؛ گھس جانے والا - (۲) (استعارتاً) تیز طبع - (۳) باریک ؛ تیز ؛ چبھتا ہوا -

incisively, *adv.* : تیز طبعی سے ؛ تیزی سے ؛ کاٹتا ہوا؛ چبھتا ہوا -

incisiveness, *n.* : تیز طبعی ؛ باریکی ؛ تیزی ؛ کاٹ -

Incisor, *n.* : سامنے کے کاٹنے والے دانتوں میں سے کوئی دانت ؛ اگلا دانت -

Incite, *v. t.* : اُکسانا ؛ اُبھارنا ؛ ترغیب دینا ؛ آمادہ کرنا ؛ بھڑکانا ؛ مشتعل کرنا ؛ بر انگیختہ کرنا ؛ متحرک کرنا -

incitation, **incitement**, *n.* : تحریک ؛ اشتعال ؛ ترغیب -

Incivility, *n.* : کج خلقی ؛ بد تمیزی

Incivism, *n.* : شہریت کے فرائض میں کوتاہی (یہ لفظ خصوصیت کے ساتھ ان لوگوں کے لئے مستعمل ہوتا تھا جو انقلاب فرانس سے ہمدردی نہیں رکھتے تھے) -

Inclearing, *n.* : وہ چک وغیرہ جو clearing house کی معرفت بینک میں آتے ہیں اور ان کا اکٹھا حساب ہوجاتا ہے -

Inclement, *a.* : شدید ؛ سخت ؛ تند و تیز ؛ طوفان خیز ؛ بہت سرد (موسم کے متعلق) -

inclemency, *n.* : شدت ؛ تیزی و تندی ؛ سختی -

Inclinable, *a.* : (۱) مائل ؛ راغب ؛ رجحان یا صلاحیت رکھنے والا - (۲) موافق ؛ موید -

Inclination, *n.* : (۱) میلان ؛ جھکاؤ ؛ ڈھال ؛ نشیب - (۲) انحراف ؛ میل - (۳) صلاحیت ؛ رغبت - (۴) شوق ؛ ذوق ؛ محبت ؛ چاہ ؛ التفات -

Incline, *v. t. & i.* : (۱) جھکانا ؛ خم ہونا ؛ خم کردینا - (۲) مائل ہونا ؛ راغب ہونا ؛ ملتفت ہونا - (۳) مائل ہونا ؛ کسی قدر پایا جانا (صفت کا) -

i. one's ear : التفات سے سننا ؛ ہمدردی سے سننا -

inclined plane : ڈھلوان سطح (ایک میکانکی قوت) ؛ سطح مائل -

Incline, *n.* : (۱) ڈھلوان سطح - (۲) ڈھال -

Inclinometer, *n.* : (۱) (مقنا طیس) میل پیما - (۲) نشیب پیما -

Include, *v. t.* : (۱) احاطہ کرنا ؛ محیط ہونا ؛ محتوی ہونا ؛ مشتمل ہونا - (۲) شامل کرنا ؛ داخل کرنا ؛ شمار کرنا

Inclusive, *a.* : (۱) جس میں کوئی چیز شامل یا داخل ہو ؛ محتوی ؛ مشتمل - (۲) جس میں بہت کچھ یا سب کچھ شامل ہو -

i. of : مع -

inclusion, *n.* : شمول ؛ داخل کرنا ؛ شامل کرنا -

inclusively, *adv.* : شامل کر کے -

inclusiveness, *n.* : مشتمل ہونا ؛ محتوی ہونا -

Incognito, *a. & n. & adv.* : (۱) وہ (شخص) جو بھیس بدلے ہو - (۲) بھیس بدلے ہوئے ؛ بھیس بدل کر -

Incognizable, *a.* : نا قابل تعقل ؛ نا قابل ادراک -

Incognizant, *a.* : نا واقف ؛ لا علم ؛ بے خبر ؛ انجان -

incognizance, *n.* : لا علمی ؛ بے خبری ؛ انجان پن -

Incoherent *a.* : (۱) غیر متصل - (۲) بے ربط ؛ بے جوڑ ؛ منتشر ؛ پریشان -

incoherence, *n.* : انتشار ؛ پریشانی ؛ بے ربطی -

incoherently, *adv.* : بے ربطی سے -

Incohesive, *a.* : غیر متصل -

Incombustible, *a.* : جو آگ میں نہ جل سکے ؛ غیر آتش گیر -

incombustibility, *n.* : آگ سے نہ جلنے کی خاصیت -

Income, *n.* : آمدنی ؛ آمد ؛ یافت ؛ حاصل -

i. tax : انکم ٹیکس ؛ محصول آمدنی -

Incomer, *n.* : (۱) اندر داخل ہونے والا؛ آنے والا- (۲) دوسرے ملک سے آکر بسنے والا ؛ نو وارد ؛ نوآباد - (۳) خلل انداز ہونے والا ؛ جو کسی صحبت میں مخل ہو ؛ نا خواندہ مہمان - (۴) جانشین؛ بعد میں آنے والا -

Incoming, *n.*: (۱) داخلہ؛آمد؛نزول- (۲) (جمع) آمدنی؛آمد؛حاصلات-

Incoming, *a.*: (۱) بعد میں آنیوالا - (۲) نو وارد ؛ نو آباد - (۳) حاصل ہونیوالا -

Incommensurable, *a.*: (۱) (وہ عدد) جو کسی دوسرے (عدد) کے ساتھ مشترکہ مقسوم علیہ نہ رکھتا ہو ؛ متباین - (۲) مقدار اصم - (۳) جس کا مقابلہ دوسری چیزوں سے مقدار کے لحاظ سے نہ ہو سکے - (۴) (وہ مقدار) جس کا (کسی دوسری مقدار سے) کوئی مقابلہ نہ ہوسکے ؛ (وہ چیز) جو (کسی دوسری چیز کے) پاسنگ بھی نہ ہو -

incommensurability, *n.*: متباین‌یا اصم وغیرہ ہونا -

incommensurably, *adv.*: متباین طور پر وغیرہ -

Incommensurate, *a.*: غیر متناسب؛ تناسب نہ رکھنے والا -

incommensurateness, *n.*: عدم تناسب -

Incommode, *v. t.*: (۱) تکلیف دینا ؛ زحمت دینا - (۲) مزاحم ہونا ؛ روکنا ؛ روڑا اٹکانا ؛ سدراہ ہونا ؛ سنگ راہ ہونا -

Incommodious, *a.*: تنگ ؛ چھوٹا ؛ ناکافی؛ جو کافی وسیع نہ ہو ؛ بے آسائش ؛ تکلیف دہ -

incommodiousness, *n.*: (۱) تنگی - (۲) بے آسائشی؛ تکلیف دہ ہونا -

Incommunicable, *a.*: (۱) (فطری کمال ، جوہر ، شاہی اقتدار وغیرہ) ناقابل شرکت؛ غیر شرکت پذیر - (۲) جو کہا نہ جا سکے ؛ ناقابل اظہار ؛ ناگفتنی -

incommunicability, incommunicableness, *nn.*: غیر شرکت پذیری؛ ناقابل اظہار ہونا -

incommunicably, *adv.*: غیر شرکت پذیر یا ناقابل اظہار طور پر -

Incommunicative, *a.*: (۱) گھنّا ؛ کم سخن - (۲) جو بات کو ظاہر کرنے پر آمادہ نہ ہو ؛ اخفا کرنے والا -

incommunicativeness, *n.*: گھنّا پن ؛ کم سخنی؛ اخفا -

Incommutable, *a.*: (۱) غیر متغیر ؛ غیر تغیر پذیر - (۲) جس کا مبادلہ نہ ہو سکے ؛ ناقابل مبادلہ - (۳) تخفیف یا تبدیل سزا کے ناقابل (جرم) -

incommutably, *adv.*: غیر تغیر پذیر طور پر وغیرہ -

Incompact, *a.*: (۱) جو ٹھوس یا گتھا ہوا نہ ہو ؛ ڈھیلا - (۲) (اسلوب بیان) جس میں ایجاز نہ ہو -

Incomparable, *a.*: (۱) لاثانی ؛ بے بدل ؛ بے نظیر؛ بے مثال ؛ عدیم المثال -

incomparable (with, to): جس کا (کسی دوسرے چیز سے) مقابلہ نہ کیا جا سکے -

incomparableness, *n.*: عدیم المثالی ؛ بے نظیری -

incomparably, *adv.*: بدرجہا -

Incompatible, *a.*: (۱) متضاد ؛ مخالف - (۲) بے میل ؛ بے جوڑ ؛ بے آہنگ - (۳) متباین -

incompatibility, *n.*: متباین ہونا؛ بے آہنگی؛ بے جوڑ ہونا -

Incompetent, *a.*: (۱) ناقابل ؛ نالائق ؛ نااہل ؛ بے مقدور - (۲) بے اختیار - (۳) جو قانوناً مجاز نہ ہو ؛ غیر مجاز -

incompetence, incompetency, *nn.*: ناقابلیت ؛ نااہلی؛ بے مقدوری ؛ مجاز نہ ہونا -

incompetently, *adv.*: نالائقی سے ؛ نااہلی سے ؛ بغیر مجاز ہونے کے -

Incomplete, *a.*: غیر مکمل ؛ ناقص ؛ ادھورا ؛ ناتمام -

incompletely, *adv.*: نامکمل طور سے -

incompleteness, *n.*: ناقص ہونا ؛ ناتمامی؛ ادھورا پن -

Incomprehensible, *a.*: (۱) ناقابل فہم ؛ سمجھ سے باہر - (۲) غیر محدود؛ بے پایاں-

incomprehensibility, incomprehensibleness, *nn.*: ناقابل فہم ہونا -

incomprehensibly, *n.*: ناقابل فہم طور پر -

Incomprehension, *n.*: عدم فہم ؛ سمجھنے سے قاصر رہنا ؛ فہم کا قصور -

Incompressible, *a.*: جو دبایا نہ جاسکے -

incompressibility, *n.*: دبایا نہ جا سکنا -

Incomputable, *a.*: بے اندازہ ؛ بے حساب ؛ جس کا حساب یا شمار نہ ہو سکے -

Inconceivable, *a.*: ناقابل تصور ؛ (عام استعمال) عجیب و غریب ؛

inconceivability, *n.*: ناقابل تصور ہونا -

inconceivably, *adv.*: ناقابل تصور طور پر -

Inconclusive, *a.*: غیر شافی ؛ غیر فیصل ؛ غیر فیصلہ کن -

inconclusiveness, *n.*: غیر شافی ہونا ؛ غیر فیصلہ کن ہونا -

inconclusively, *adv.*: غیر شافی طور پر ؛ غیر فیصلہ کن طور پر -

Incondensable, *a.*: (۱) جو بستہ ، مختصر وغیرہ نہ ہو سکے - (۲) جو منجمد یا رقیق نہ ہو سکے -

Incondite, *a.*: (۱) (اسلوب بیان) غیر مرتب ؛ جس کی بندش چست نہ ہو - (۲) بھدا ؛ پھسپھسا -

Inconformity, *n.*: (۱) عدم یکسانیت؛ عدم مطابقت؛ غیر مناسبت - (۲) کلیسائے انگلستان کی عدم پیروی

Incongruous, *a.*: (۱) نا متناسب؛ بے‌میل؛ بےجوڑ - (۲) بے محل؛ بے موقع ؛ لغو ؛ بیہودہ؛ مہمل -

incongruously, *adv.*: بے ڈھنگے پن سے؛ بے جوڑ طریقے سے ؛ بے موقع -

incongruousness, *n.*: بے جوڑ ہونا ؛ مہمل ہونا بے محل ہونا -

incongruity, *n.*: (۱) بے جوڑ ہونا ؛ مہمل ہونا ؛ بے محل ہونا - (۲) بے جوڑ چیز -

Inconsecutive, *a.*: جس میں قدرتی ترتیب نہ ہو ؛ بے سلسلہ -

inconsecutively, *adv.*: بے سلسلے طور پر -

Inconsequent, *a.*: (۱) قدرتی ترتیب کے خلاف ؛ غیر متعلق ؛ خارج از بحث - (۲) جس میں منطقی ترتیب نہ ہو؛ بے ترتیب - (۳) غیر مربوط ؛ بے ربط -

inconsequence, *n.*: منطقی یا قدرتی ترتیب کے خلاف ہونا ، غیر متعلق ہونا ؛ بے ربطی -

inconsequential, *a.*: غیر منطقی؛ منطقی ترتیب کا ساتھ نہ دینے والا؛ بے ربط ؛ بے تکا -

inconsequentially, *adv.*: غیر منطقی طریقے سے؛ بے تکے پن سے ؛ بے ربطی سے -

inconsequently, *adv.*: منطقی یا قدرتی ترتیب کے خلاف؛ بے ربطی سے -

Inconsiderable, *a.*: (۱) ناقابل لحاظ - (۲) خفیف؛ حقیر؛ ادنیٰ -

Inconsiderate, *a.*: (۱) بے پروا؛ ناعاقبت اندیش؛ لاأبالی - (۲) دوسروں کے جذبات کا لحاظ نہ کرنے والا؛ بے اعتنا -

inconsiderately, *adv.*: ناعاقبت اندیشی سے؛ بے اعتنائی سے -

inconsiderateness, *n.*: ناعاقبت اندیشی؛ بے اعتنائی -

inconsideration, *n.*: ناعاقبت اندیشی؛ بے اعتنائی -

Inconsistent, *a.*: (۱) غیر مطابق؛ غیر موافق؛ بے میل؛ مخالف؛ منافی؛ غیر مناسب؛ بے جوڑ - (۲) متناقض؛ جس کے اجزا آپس میں مناسبت نہ رکھتے ہوں - (۳) بے اصول؛ اپنے اصول پر قائم نہ رہنے والا -

inconsistency, *n.*: نامطابقت؛ تناقض؛ تضاد؛ بے اصولی -

inconsistently, *adv.*: متناقض طور پر؛ بے اصولی سے -

Inconsolable, *a.*: غیر تسکین پذیر؛ غیر تسلی پذیر؛ غمگین -

inconsolably, *adv.*: غیر تسکین پذیر طور پر -

Inconsonant, *a.*: خارج از آهنگ؛ بے جوڑ؛ بے ربط؛ نا موزوں -

inconsonance, *n.*: خارج از آهنگ ہونا؛ نا موزونی -

Inconspicuous, *a.*: غیر نمایاں؛ غیر ممتاز؛ غیر معروف -

Inconspicuousness, *n.*: غیر نمایاں یا غیر ممتاز ہونا -

Inconstant, *a.*: (۱) غیر مستقل مزاج؛ متلون؛ بے وفا - (۲) بے ثبات؛ ناپائیدار - (۳) تغیر پذیر؛ بے قاعدہ؛ بےاصول -

inconstancy, *n.*: عدم استقلال؛ تلون؛ بیوفائی؛ تغیر پذیری -

inconstantly, *adv.* متعلق فعل مذکورۂ بالا معنوں میں -

Inconsumable, *a.*: (۱) جس کو آگ وغیرہ ضایع نہ کر سکے - (۲) (معاشیات) جو استعمال کرنے سے صرف نہ ہو (مثلاً مشین، سکے وغیرہ) -

Incontestable, *a.*: مسلمہ؛ مانا ہوا؛ ناقابل تردید؛ جس میں حجت کی گنجائش نہ ہو؛ غیر متنازع فیہ -

incontestably, *adv.*: مسلمہ طور پر -

Incontinent, *a.*: (۱) نفس پرست؛ شہوت پرست؛ عیاش؛ بندۂ نفس؛ حرص و ہوا کا بندہ - (۲) جو ضبط نہ کر سکے یا روک نہ سکے -

incontinence, *n.*: نفس پرستی؛ شہوت پرستی -

Incontinently, *adv.*: فوراً؛ فی الفور؛ معاً -

Incontrovertible, *a.*: مسلمہ؛ مانا ہوا؛ ناقابل تردید؛ غیر متنازع فیہ

incontrovertably, *adv.*: مسلمہ طور پر -

Inconvenience, *n.*: (۱) تکلیف؛ زحمت - (۲) تکلیف دینا؛ زحمت دینا، آرام میں خلل ڈالنا -

Inconvenient, *a.*: تکلیف دہ؛ بے آسائش؛ بے موقع -

inconveniently, *adv.*: تکلیف دہ طور سے

Inconvertible, *a.*: جس کا مبادلہ نہ ہو سکے؛ غیر بدل پذیر (زر کاغذی) -

inconvertibility, *n.*: غیر بدل پذیری؛ بدل پذیر نہ ہونا -

inconvertibly, *adv.*: غیر بدل پذیر طور پر -

Inconvincible, *a.*: جسے یقین نہ دلایا جاسکے؛ غیر یقین پذیر -

Incoordination, *n.*: (۱) ہم رتبہ یا درجہ نہ ہونا - (۲) (پٹھوں کا) مل کر عمل نہ کرنا -

Incorporate, *a.*: (تجارتی شرکت یا اشخاص وغیرہ) جو کارپوریشن کی شکل میں منظم ہوئی ہو یا ہوئے ہوں -

Incorporate, *v. t. & i.*: (۱) متحد ہونا؛ شامل ہونا؛ متحد کرنا - (۲) متفرق اجزا کو ملا کر ایک چیز بنانا - (۳) ہیئت اجتماعی کو تشکیل دینا؛ (قانون) جماعت بمنزلہ شخص بنانا - (۴) ضم ہوجانا -

incorporation, *n.*: اتحاد؛ شمول؛ ضم ہونا؛ ہیئت اجتماعی کی تشکیل -

incorporator, *n.*: متحد کرنے والا؛ ضم کرنیوالا؛ ہیئت اجتماعی قائم کرنیوالا -

Incorporeal, *a.*: (۱) بے جسم؛ غیر مادی؛ لاجسمی - (۲) غیر مادی اشیاء کا - (۳) (قانون) جسکا وجود مادی نہ ہو؛ غیر محسوس

incorporeally, *adv.*: غیر مادی طور پر -

incorporeity, *n.*: غیر مادیت؛ لاجسمیت -

Incorrect, *a.*: (۱) غلط؛ غیر صحیح؛ نا درست؛ خلاف واقع - (۲) (اسلوب بیان وغیرہ) ناقص - (۳) (کتاب کے متعلق) ناقص؛ جس کی طباعت سے پہلے پوری تصحیح نہ ہوئی ہو -

incorrectly, *adv.*: غلطی سے؛ غلط طور پر -

incorrectness, *n.*: غلطی؛ عدم صحت؛ نا درستی؛ ناقص ہونا -

Incorrigible, *a.*: غیر اصلاح پذیر (شخص یا عادت) -

incorrigibility, *n.*: غیر اصلاح پذیری -

incorrigibly, *adv.*: غیر اصلاح پذیر طور پر -

Incorruptible, *a.*: (۱) غیر فانی؛ خراب نہ ہونیوالا - (۲) (بائبل) ابدی؛ دائمی؛ لازوال - (۳) نہایت دیانتدار؛ جسے رشوت نہ دی جاسکے؛ جس پر بری صحبت کا اثر نہ ہو -

incorruptibly, *adv.*: نہایت دیانت داری سے -

incorruptibility, *n.*: (۱) لازوال ہونا - (۲) انتہائی دیانتداری -

incorruption, *n.*: غیر فانی ہونا -

Incrassate, *a.*: (حیوانیات، نباتیات) دبیز -

Increase, *v. i. & t.*: (۱) بڑھنا؛ افزوں ہونا؛ زیادہ ہونا؛ بیشی ہونا - (۲) تعداد میں اضافہ ہونا؛ افزائش نسل ہونا؛ پھیلنا - (۳) ترقی کرنا - (۳) بڑھانا؛ زیادہ کرنا؛ افزوں کرنا؛ اضافہ کرنا؛ ایزاد کرنا - (۵) تیز کرنا؛ بڑھانا -

increasingly, *adv.*: زیادہ ہوتے ہوئے؛ بڑھتے ہوئے -

Increase, *n.*: (۱) بڑھوتری؛ بیشی؛ افزائش؛ افزونی؛ کمال؛ اضافہ؛ زیادتی؛ ترقی - (۲) افزائش نسل؛ تعداد میں اضافہ - (۳) (قدیم) پیداوار؛ فصل

on the i.: ترقی پر -

Incredible, *a.*: (۱) ناقابل یقین - (۲) (روزمرہ) حیرت ناک؛ حیرت انگیز -

incredibility, *n.*: ناقابل یقین ہونا ؛ حیرت ناک ہونا -

incredibly, *adv.*: نا قابل یقین طور پر ؛ حیرت انگیز طور پر -

Incredulous, *a.*: (۱) بے اعتقاد ؛ منکر - (۲) یقین نہ کرنے والا -

incredulity, *n.*: بے اعتقادی ؛ یقین نہ کرنا -

incredulously, *adv.*: بے اعتقادی سے ؛ یقین نہ کرتے ہوئے -

Increment, *n.*: (۱) اضافہ ؛ زیادتی ؛ افزونی ؛ بڑھوتری ؛ بیشی ؛ ترقی - (۲) نفع ؛ منافع ؛ فائدہ - (۳) (ریاضی) اضافہ -

Incriminate, *v. t.*: (۱) الزام دینا ؛ ملزم قرار دینا ؛ الزام عائد کرنا - (۲) الزام میں لپیٹنا -

incriminatory, *a.*: الزامی ؛ ملزم قرار دینے والی -

Incrustation, *n.*: (۱) تہ جمانا ؛ تہ جمنا - (۲) تہہ ؛ پرت ؛ پپڑی - (۳) (عمارت) سنگ مرمر وغیرہ کی تہ - (۴) (استعارتاً) (عادت کا) راسخ ہوجانا ؛ طبیعت ثانیہ بن جانا - (۵) کُھرنڈ -

Incubate, *v. t. & i.*: (انڈوں سے) بچے نکالنا ؛ انڈے سینا ؛ انڈوں پر بیٹھنا -

Incubation, *n.*: (۱) (انڈوں سے) بچے نکلنا یا نکالنا - (۲) (مرضیات) علامات مرض کے ظاہر ہونے سے پہلے کی جراثیم کی حالت

artificial i.: مصنوعی حرارت کے ذریعے سے بچے نکالنا -

incubative, incubatory, *aa.*: صفات مذکورۂ بالا معنوں میں -

Incubator, *n.*: (۱) انکو بیٹر ؛ مصنوعی حرارت سے پرندوں کے بچے نکالنے کی مشین - (۲) (انسان کے) قبل از وقت پیدا ہونے والے بچے کو پالنے کی مشین - (۳) جراثیم پیدا کرنے کی مشین -

Incubus, *n.*: (۱) خواب پریشان ؛ بھیانک خواب ؛ ڈراونا خواب - (۲) کابوس ؛ خبیث روح جو خواب میں ستاتی ہے - (۳) بلا ؛ کوئی شخص یا چیز جو خواب پریشان کی طرح ستائے -

Inculcate, *v. t.*: (کسی بات کی) تاکید کرنا ؛ تعلیم دینا ؛ دل پر نقش کرنا ؛ دلنشین کرنا -

inculcation, *n.*: تاکید ؛ تعلیم -

inculcator, *n.*: تاکید کرنے والا -

Inculpate, *v. t.*: (۱) الزام رکھنا ؛ ملزم قرار دینا ؛ الزام عائد کرنا - (۲) الزام میں لپیٹنا یا پھانسنا -

inculpation, *n.*: الزام ؛ الزام لگانا -

inculpatory, *a.*: الزامی ؛ ملزم قرار دینے والی -

Incult, *a.*: (۱) (شاذ) غیر مزروعہ - (۲) ناشائستہ ؛ ناتراشیدہ -

Incumbency, *n.*: (۱) عہدہ ؛ اسامی (خصوصاً پادری کی) - (۲) پادری کا حلقہ - (۳) زمانۂ کارکردگی -

Incumbent, *n.*: (۱) مذہبی عہدہ دار ؛ پادری - (۲) (شاذ) عہدہ دار -

Incumbent, *a.*: واجب ؛ فرض ؛ لازمی ؛ ناگزیر -

Incunabula, *n. pl.*: (۱) کسی چیز کی ابتدائی حالت یا منزل اوائل ؛ ابتدائی مراحل - (۲) سنہ ۱۵۰۰ ع سے پہلے کی چھپی ہوئی کتابیں

Incur, *v. t.*: (سزا ، مصارف وغیرہ کا) مورد ہونا ، عائد ہونا ؛ اپنے آپ کو ڈالنا (خطرے میں) -

Incurable, *a. & n.*: (۱) لاعلاج (بیمار) ؛ جس کا علاج نہ ہوسکے ؛ (ایسا بیمار) جو شفا نہ پا سکے - (۲) لادوا ، لاعلاج (مرض) -

incurability, incurableness, *nn.*: لاعلاج ہونا -

incurably, *adv.*: لاعلاج طور پر -

Incurious, *a.*: (۱) جس میں تحقیق کا مادہ نہ ہو ؛ بے شوق ؛ غیر متجسس - (۲) بے پروا ؛ لاپروا - (۳) غیر دلچسپ -

incuriosity, *n.*: بے شوقی ؛ تجسس کا مادہ نہ ہونا ؛ بے پروائی ؛ غیر دلچسپی -

incuriously, *adv.*: بے شوقی سے ؛ بے پروائی سے -

Incursion, *n.*: حملہ ؛ چڑھائی ؛ دھاوا ؛ یلغار ؛ ہلہ ؛ اچانک حملہ -

incursive, *a.*: حملے کا ؛ حملہ آور -

Incurve, *v. t.*: موڑ کر خم دینا ؛ اندر کی طرف موڑنا -

incurvation, *n.*: خم -

Incus, *n.*: کان کی ایک ہڈی -

Incuse, *a. & n.*: (۱) ضرب شدہ ؛ مضروب ؛ ٹھپا لگایا ہوا - (۲) ٹھپا ؛ ضرب -

Incuse, *v. t.*: ٹھپا لگانا -

Indebted, *a.*: (۱) قرض دار ؛ مقروض ؛ دین دار - (۲) مرہون منت ؛ احسان مند -

indebtedness, قرض داری ؛ ممنونیت -

Indecent, *a.*: (۱) ناشائستہ ؛ نامعقول ؛ نامناسب ؛ نازیبا - (۲) بے شرم ؛ بے حیا ؛ بے لحاظ ؛ بے شرمانہ ؛ بے حیائی کا ؛ فحش -

indecency, *n.*: بے شرمی ؛ بے حیائی ؛ ناشائستگی -

indecently, *adv.*: بے شرمی سے ؛ ناشائستگی سے -

Indeciduous, *a.*: غیر ریزندہ ؛ جس کے پتے ہر سال نہ گرتے ہوں -

Indecipherable, *a.*: جو پڑھا نہ جاسکے ؛ لاینحل (کتبہ وغیرہ) -

Indecision, *n.*: تذبذب ؛ پس و پیش ؛ بے استقلالی ؛ تلون -

Indecisive, *a.*: (۱) غیر فیصلہ کن ؛ غیر قطعی - (۲) مذبذب ؛ ڈھلمل ؛ پس و پیش میں ؛ متلون ؛ بے استقلال -

indecisively, *adv.*: غیر قطعی طور پر ؛ تذبذب سے ؛ بے استقلالی سے -

indecisiveness, *n.*: تذبذب ؛ تلون ؛ بے استقلالی -

Indeclinable, *a.*: غیر منصرف ؛ جسکی گردان نہ ہوسکے -

Indecomposable, *a.*: (۱) جس کے اجزا الگ نہ ہوسکیں ؛ ناقابل تجزیہ ؛ ناقابل تحلیل - (۲) نہ سڑنے والا -

Indecorous, *a.*: (۱) ناشائستہ ؛ نازیبا ؛ نامعقول ؛ نامناسب ؛ ناسزاوار - (۲) بد مذاقانہ ؛ بیہودہ -

indecorously, *adv.*: ناشائستہ طور پر ؛ نامناسب طور پر ؛ بیہودگی سے ؛ بد مذاقی سے -

indecorousness, *n.*: ناشائستگی ؛ بد مذاقی ؛ بیہودگی -

Indecorum, *n.*: (۱) ناشائستگی ؛ بد مذاقی ؛ بیہودگی - (۲) بیہودہ فعل ؛ ناشائستہ حرکت ؛ نازیبا حرکت -

Indeed, *adv.*: (۱) فی الحقیقت ؛ در اصل ؛ یقیناً - (۲) (استفہامیہ ، استعجاب کے موقع پر) سچ مچ ؛ واقعی - (۳) (تعجب ، طنز ، حقارت ، شبہ) واہ ! جی ہاں ! ارے کیا ! ہونہہ ! -

Indefatigable, *a.*: ان تھک؛ نہ تھکنے والا ؛ انتہا سے زیادہ سرگرم؛ پیہم ؛ مستقل -

indefatigability, *n.*: بیحد استقلال؛ انتہائی سرگرمی -

indefatigably, *adv.*: انتہائی سرگرمی سے؛ بیحد استقلال سے-

Indefeasible, *a.*: ناقابل ضبط ؛ ناقابل منسوخی؛ غیر منفک -

i. right : غیر منفک حق -

indefeasibility, *n.*: ناقابل منسوخی ہونا ؛ ناقابل ضبط ہونا -

indefeasibly, *adv.*: غیر منفک طور پر -

Indefectible, *a.*: (۱) ناقابل حفاظت؛ غیر حفاظت پذیر - (۲) ناقابل حمایت ؛ جس کی حمایت میں کچھ نہ کیا جاسکے -

Indefensible, *a.*: (۱) اٹل ؛ لازوال - (۲) بے نقص ؛ بے عیب -

indefensibility *n.*: ناقابل حفاظت یا ناقابل حمایت ہونا -

indefensibly, *adv.* : ناقابل حفاظت طور پر ؛ ناقابل حمایت طور پر -

Indefinable, *a.*: غیر تعریف پذیر ؛ غیر تعین پذیر ؛ غیر متعین -

indefinably, *adv.*: غیر متعین طور پر ؛ ناقابل بیان طور پر -

Indefinite, *a.*: (۱) مبہم؛ غیر واضح ؛ غیر معین؛ غیر مشخص - (۲) غیر محدود - (۳) (صرف و نحو) (فعل کا وہ زمانہ) جس سے یہ ظاہر نہ ہو کہ فعل جاری ہے یا ختم ہو گیا -

indefinitely, *adv.*: غیر متعین طور پر ؛ غیر محدود طور پر -

indefiniteness, *n.*: ابہام ؛ عدم تعین ؛ غیر محدود ہونا -

indefinitude, *n.*: ابہام ؛ غیر معین یا غیر محدود ہونا -

Indehiscent, *a.*: (نباتیات) بستہ ؛ منہ بند -

Indelible, *a.*: نہ مٹنے والا ؛ محو نہ ہونے والا ؛ ان مٹ ؛ راسخ -

indelibility, *n.*: ان مٹ ہونا ؛ راسخ ہونا -

indelibly, *adv.*: راسخ طور سے ؛ پتھر کی لکیر کی طرح -

Indelicate, *a.*: (۱) بھدا ؛ بدنما ؛ نا زیبا - (۲) بیہودہ؛ نا شائستہ ؛ بے حجابانہ ؛ بے شرمانہ - (۳) موقع شناسی کے خلاف -

indelicacy, *n.*: (۱) بھدا پن ؛ بدنمائی - (۲) بے شرمی ؛ نا شائستگی؛ بیہودگی - (۳) موقع شناسی کے خلاف ہونا -

indelicately, *adv.*: بھدے یا بدنما طریقے سے؛ بے شرمی سے؛ موقع شناسی کے خلاف -

Indemnify, *v. t.*: (۱) (نقصان سے) محفوظ کر دینا ؛ حفاظت کا سامان کردینا - (۲) قانونی ذمہ داری سے بری کردینا - (۳) تلافی کرنا ؛ تاوان دینا ؛ ہرجانہ دینا -

indemnification, *n.*: نقصان سے حفاظت ؛ قانونی ذمہ داری سے بریت ؛ تلافی ؛ تاوان -

Indemnity, *n.*: (۱) نقصان سے حفاظت - (۲) قانونی ذمہ داری سے بریت - (۳) تلافی ؛ تاوان ؛ زر تاوان ؛ ہرجانہ؛ تاوان جنگ -

Indemonstrable, *a.*: غیر ثبوت پذیر -

Indent, *v. t. & i.*: (۱) دانتے ڈالنا ؛ دندانے بنانا - (۲) (ساحل وغیرہ میں) دراڑیں ڈالنا ؛ گہرے درز یا شگاف ڈالنا - (۳) کسی دستاویز اور اس کے مثنیٰ کے بیچ میں (جو اسی صفحے پر ہو) دندانے دار لکیر کھینچنا - (۴) دستاویز کا مثنیٰ تیار کرنا - (۵) (طباعت) نئے پیرا گراف کی پہلی سطر کو حاشیے سے ذرا ہٹا کر شروع کرنا - (۶) تحریری مطالبہ کرنا ؛ تحریری حکم کے ذریعے سے طلب کرنا - (۷) مال کی فرمائش ایسی تحریر کے ذریعے کرنا جس کا مثنیٰ موجود ہو -

Indent, *n.*: (۱) دندانہ ؛ دندانہ دار خط ؛ (ساحل وغیرہ میں) گہرا شگاف - (۲) باضابطہ دستاویز خصوصاً کام سیکھنے کی یا مزدوری کا اقرار نامہ - (۳) سرکاری تحریر جس میں سامان رسد کا مطالبہ ہو - (۴) فرمائش خریداری ؛ آرڈر (خصوصاً جو باہر سے انگلستان آئے) -

Indent, *v. t.*: نشان ڈالنا ؛ دانتے ڈالنا -

Indent, *n.*: نشان ؛ دانتا -

Indentation, *n.*: (۱) دندانے ڈالنا - (۲) دندانہ ؛ دندانے دار خط - (۳) (ساحل وغیرہ میں) گہرے درز یا شگاف -

Indention, *n.* : نئے پیرا گراف کی پہلی سطر کو حاشیے سے ذرا ہٹا کر لکھنا -

Indenture, *n. & v. t.*: (۱) مثنیٰ دار دستاویز - (۲) باضابطہ دستاویز خصوصاً مزدوری کی یا کام سیکھنے کا اقرار نامہ - (۳) ساحل وغیرہ میں گہرے شگاف - (۴) دندانہ ؛ دندانہ دار خط - (۵) اقرار نامے سے پابند کرنا؛ مزدوری کا یا کام سیکھنے کا اقرار نامہ لکھوانا -

take up one's *i.*: مزدوری کی مدت ختم ہونے پر اقرار نامہ واپس لے لینا -

Independence, -ency, *nn.* : (۱) آزادی؛ خود مختاری ؛ استقلال ؛ بے تعلقی ؛ پابند یا ماتحت نہ ہونا - (۲) مستقل ذاتی آمدنی جو کسب معاش سے بے نیاز کردے - (۳) (-cy) = congregationalism ؛ آزاد حکومت ؛ خود مختار ریاست -

Independent, *a. & n.*: (۱) آزاد ؛ خود مختار ؛ غیر پابند - (۲) علحدہ؛ جداگانہ ؛ مستقل - (۳) فارغ البال؛ ذاتی آمدنی رکھنے والا ؛ جو کسب معاش کا محتاج نہ ہو - (۴) غیور - (۵) وہ شخص جو سیاست میں کسی جماعت کے ساتھ نہیں ہوتا - (۶) انفرادی گرجے کی آزادی کا قائل -

independently, *adv.*: (۱) آزادی سے ؛ خود مختاری سے ؛ بے تعلق ہو کر؛ بغیر پابندی کے - (۲) جداگانہ ؛ علحدہ - (۳) فارغ البالی سے -

Indescribable, *a.* : (۱) مبہم؛ غیر مشخص ؛ غیر معین - (۲) ناقابل بیان ؛ ناقابل اظہار ؛ بیان سے باہر -

indescribability, *n.* : (۱) غیر معین ہونا - (۲) ناقابل بیان ہونا ؛ بیان سے باہر ہونا -

indescribably, *adv.* : غیر معین طور پر ؛ ناقابل بیان طور پر ؛ بے حد -

Indestructible, *a.* : لافانی ؛ لازوال ؛ غیر فانی -

indestructability, *n.* : لازوال ؛ بقائے دوام؛ غیر فنا پذیری-

indestructibly, *adv.* : لازوال طور پر -

Indeterminable, *a.*: (۱) غیر تعین پذیر ؛ غیر مستحق ؛ غیر معین ؛ نا معلوم - (۲) ناقابل تصفیہ ؛ ناقابل انفصال -

Indeterminate, *a.* : (۱) غیر محدود ؛ غیر معین ؛ غیر مشخص ؛ غیر محصور ؛ نا معلوم - (۲) مبہم ؛ غیر واضح - (۳) (ریاضی) غیر منقطع -

i. sentence, : سزا جس کی مدت مجرم کے طرز عمل پر منحصر ہو-

i. vowel : حرف علت جس کی آواز معین نہ ہو -

indeterminately, *adv.* : غیر معین طور پر ؛ غیر واضح طور پر-

indeterminateness, *n.* : عدم تعین ؛ ابہام -

Indetermination, *n.* : (۱) تلون؛ بے استقلالی؛ تذبذب ؛ پس و پیش - (۲) عدم تعین ؛ ابہام -

indeterminism, *n.* : یہ فلسفیانہ عقیدہ کہ انسان کے اعمال کلی طور پر محرکات سے متعین نہیں ہوتے ؛ لا قدریت ؛ عدم تعین کا عقیدہ -

indeterminist, *n.* : عدم تعین کا قائل -

Index, *n.* (*pl. -exes, -ices*). & *v. t.* : (۱) کلمے کی انگلی ؛ سبابہ ؛ انگشت شہادت - (۲) گھڑی وغیرہ کی سوئی ؛ عدد نما - (۳) اصول عمل ؛ معیار عمل ؛ دلیل راہ - (۴) انڈکس؛ نمایندہ ؛ کتاب کے مضامین کی فہرست حروف تہجی کی ترتیب سے؛ اشاریہ- (۵) (الجبرا) عدد قوت نما - (۶) (کتاب میں) انڈکس لگانا -

the I. : (رومی کلیسا) ان کتابوں کی فہرست جن کا مطالعہ ممنوع ہے -

i. exburgatorius : ان مضامین کی فہرست جو کتاب سے خارج کرنے کے قابل ہیں-

indexless, *a.* : بے انڈکس (کتاب) ؛ بے اشاریہ -

India, *n.* : ہند ؛ ہندوستان ؛ بھارت -

Further I. : ہنداقصی' ہندوستان اورچین کے درمیان کے ملک -

Indiaman : ہندوستان کی تجارت کا جہاز -

I. Office : دفتر وزیرہند -

I. paper : ایک قسم کا نرم جذب کرنے والا کاغذ -

I. proof : پروف جو اس کاغذ پر لیا جائے -

indiarubber : ربڑ -

Indian, *a.* & *n.* : (۱) ہندوستانی ؛ ہندوستان کا (باشندہ) - (۲) امریکہ اور جزائر غرب الہند کا قدیم باشندہ - (۳) کوئی یورپی خصوصاً انگریز جو ایک عرصہ تک ہندوستان رہ گیا ہو -

I. club : مگدر -

I. corn : مکئی -

I. file : اکہری قطار -

India(n) ink : ایک طرح کی سیاہی جو چین اور جاپان میں بنتی ہے -

I. meal : مکئی کا دلیا -

I. summer : امریکہ میں خزاں کا آخری حصہ جس میں بارش بالکل نہیں ہوتی -

I. weed : تمباکو -

Red I. : شمالی امریکہ کا قدیم باشندہ -

Indianize, *v. t.* : ہندوستانی بنانا ؛ محکموں میں ہندوستانیوں کو ملازم رکھنا -

Indicate, *v. t.* : (۱) ظاہر کرنا؛ دلالت کرنا ؛ بتانا - (۲) (طبی) (علاج کا) متقاضی ہونا ؛ ضروری ہونا ؛ ضرورت ہونا - (۳) اشارہ کرنا ؛ مجمل طورپر بیان کرنا - (۴) علامت ہونا -

indicated horsepower : ہارس پاور (قوت اسپ) جو سوئی بتاتی ہو -

Indication, *n.* : اظہار ؛ نشان ؛ علامت : دلیل -

Indicative, *a.* & *n.* : (۱) (صرف و نحو) بیانیہ - (۲) مطلب ؛ دال ؛ ظاہر کرنے والا -

indicatively, *adv.* : فعل کی حالت بیانیہ کے طور پر ؛ بتاتے ہوئے ؛ ظاہر کرتے ہوئے وغیرہ -

Indicator, *n.* : (۱) بتانے والا ؛ دکھانے والا ؛ مظہر - (۲) کسی پیمانے کی سوئی ؛ عدد نما ؛ مظہار -

indicatory, *a.* : بیانیہ ؛ اظہاریہ ؛ ظاہر کرنے والا -

Indicium (-shi-). n. (pl.-ia). : علامت ؛ نشان -

Indict, *v. t.* : الزام لگانا ؛ الزام عائد کرنا ؛ مقدمہ چلانا -

Indictable, *a.* : قابل الزام (شخص) جس پر مقدمہ چلایا جائے؛ ملزم ؛ ملزم بنانے والا (فعل) -

Indiction, *n.* : (۱) قسطنطین کی مقرر کی ہوئی پانزدہ سالہ محصول کی مدت (ابتدا پہلی ستمبر سنہ ۳۱۲ع کو) - (۲) محصول ملکیت کی تشخیص جو رومی سلاطین کے عہد میں ہر پندرہ سال کے بعد ہوتی تھی - (۳) مندرجہ بالا محصول - (۴) اعلان -

Indictment, *n.* : (۱) با ضابطہ الزام لگایا جانا ؛ فرد قرار داد جرم کا عائد کرنا یا ہونا ؛ استغاثہ ؛ نالش ؛ دعوی - (۲) الزام تحریری مصدقہ جوری کلاں ؛ چالان - (۳) فرد قرار داد جرم -

bill of i. : تحریری استغاثہ جو بڑی جوری کے سامنے پیش ہوتا ہے-

Indies, *n.* pl. *(East Indies)* : ہند؛ ہنداقصی اور جزائر شرق الہند-

West I. جزائر غرب الہند -

Indifference, *n.* : (۱) بے توجہی : بے پروائی ؛ بے اعتنائی - (۲) غیر جانبداری ؛ نزاعی مسئلوں میں کوئی رائے نہ دینا - (۳) غیر اہم ہونا ؛ خفیف ہونا -

indifferently, *adv.* : بے توجہی ' بے اعتناعی سے -

Indifferent, *a.* & *n.* : (۱) غیرجانب دار؛ غیرطرفدار؛ نزاعی مسائل میں کوئی رائے نہ رکھنے والا - (۲) دلچسپی نہ رکھنے والا ؛ نہ موافق نہ مخالف - (۳) نہ اچھا نہ برا ؛ بین بین- (۴) نا قابل اطمینان - (۵) (کیمیا ' طبیعیات) معتدل ؛ تعدیلی - (۶) غیر اہم؛ خفیف - (۷) غیر جانبدار شخص- (۸) (ما بعد الطبیعیات) خالي - (۸) کسی قدر برا (خصوصاً very کے ساتھ) -

indifferently, *adv.* : غیر جانبداری سے وغیرہ -

Indiffirentism, *n.* : کسی مسئلہ میں خصوصاً مذہبی أمور میں بے پروائی' آزادہ روی

indifferentist, *n.* : بے پروا ؛ آزادہ رو -

Indigene, *n.* : باشندہ ؛ رہنے والا -

Indigenous, *a.* : دیسی ؛ ملکی ؛ فطری علاقہ رکھنے والا

indigenously, *adv.* : متعلق فعل مذکورۂ بالا معنوں میں -

Indigent, *a.* : غریب ؛ نادار ؛ مفلس -

indigence, *n.* : افلاس ؛ ناداری -

Indigested, *a.* : (۱) بے شکل ' بے ترتیب - (۲) بے سوچا سمجھا ؛ جو اچھی طرح ذہن نشین نہ ہوا ہو (۳) جو پچا یا ہضم نہ ہوا ہو ؛ غیر منہضم -

Indigestible, *a.* : نا قابل ہضم ؛ جو ذہن نشین نہ ہوسکے -

indigestibility, : نا قابل ہضم ہونا -

Indigestion, *n.* : (۱) بد ہضمی ؛ سوء ہضم ؛ ضعف معدہ - (۲) غیر منہضم حالت (لفظاً و استعارتاً) -

Indigestive, *a.* : بد ہضمی یا ضعف معدے میں مبتلا ؛ بد ہضمی پیدا کرنے والا -

Indign, *a.* : (شاذ) نا قابل ؛ نالائق ؛ نا سزا -

Indignant, *a.* : (بیجا طور پر) برہم ؛ نہایت خفا ؛ طیش

میں ؛ غصے میں -

indignantly, *adv.* : (بجا) طیش سے ؛ غصہ سے

Indignation, *n.* : (بجا) طیش ؛ غصہ ؛ برہمی ؛ خفگی -

i.-meeting : جلسۂ احتجاج -

Indignity, *n.* : ذلت ؛ ہتک ؛ اہانت ؛ بے عزتی ؛ بے وقری ؛ توہین ؛ سبکی -

Indigo, *n.* : نیل -

i.-bird : شمالی امریکہ کا ایک خوشنما پرندہ -

i. blue : نیلا -

indigotic, *a.* : مائل بکبودی ؛ نیلا سا ؛ کسی قدر نیلا -

Indirect, *a.* : (۱) پھیر کا ؛ چکر کا (رستہ) - (۲) بالواسطہ - (۳) (معاشیات) بالواسطہ (محصول) - (۴) ضمنی ؛ ذیلی -

i. object : مقصود ذیلی ؛ مفید ثانوی -

i. speech : (نحو) حکایت غیر مستوی ؛ (کسی کے) قول کو فعل کے زمانے اور ضمیروں وغیرہ میں ضروری تبدیلی کرکے بیان کرنا -

indirectly, *adv.* : (۱) بالواسطہ - (۲) کنایتاً ؛ ضمناً -

indirectness, *n.* : (۱) پھیر ؛ چکر - (۲) بالواسطہ ہونا - (۳) ضمنی ہونا ؛ ذیلی ہونا -

Indirection, *n.* : (۱) پیچ ؛ حیلہ ؛ چال - (۲) دغا ؛ فریب؛ مکر؛ عیاری ؛ جعل سازی ؛ مکاری ؛ کیادی -

Indiscernible, *a.* & *n.* : (۱) غیر ممیز ؛ ناقابل امتیاز ؛ نامعلوم ؛ غیر محسوس - (۲) غیر ممیز یا غیر محسوس شے -

identity of ii. : تفریق بالتمیز ؛ یہ نظریہ کہ دو چیزیں ایک ہی وقت میں جداگانہ وجود نہیں رکھ سکتیں جب تک کہ ان میں کوئی چیز مابہ الامتیاز نہ ہو -

indiscernibly, *adv.* : غیر محسوس طور پر؛ غیر ممیز طور پر-

Indiscerptible, *a.* : ناقابل تحلیل -

indiscerptibility, *n.* : لاینجزی ہونا ؛ غیر تفریق پذیر ہونا ؛ عدم تحلیل ؛

Indiscipline, *n.* : بد نظمی ؛ بدانتظامی ؛ نظم و ضبط نہ ہونا -

indisciplinable, *a.* : غیر تربیت پذیر ؛ ناقابل انضباط -

Indiscreet, *a.* : (۱) ناسمجھ ؛ نادان ؛ نافہم ؛ نادانی کا - (۲) بے احتیاط ؛ ناعاقبت اندیش ؛ خلاف احتیاط ؛ ناعاقبت اندیشانہ -

indiscreetly, *adv.* : نافہمی سے ؛ بے احتیاطی سے

Indiscrete, *a.* : غیر منقسم ؛ بسیط -

Indiscretion, *n.* : (۱) نافہمی کی حرکت ؛ نادانی - (۲) سرکاری راز کا افشاء (عمداً یا اتفاقاً) - (۳) ناعاقبت اندیشی ؛ بے احتیاطی ؛ لغزش ؛ مروجہ اخلاق کی خلاف ورزی -

Indiscriminate, *a.* : (۱) بے امتیاز ؛ بے تفریق - (۲) منتشر ؛ بے ربط ؛ گڈمڈ ؛ بے اصول ؛ بے قید -

indiscriminately, *adv.* : اندھا دھند؛ بلا امتیاز؛ بلا تفریق-

indiscrimination, indiscriminateness, *nn.* : بےاصولی؛ تفریق یا امتیاز نہ ہونا -

indiscriminative, *a.* : بے اصول ؛ بے امتیاز؛ بے تفریق -

Indispensable, *a.* : ضروری ؛ لازمی ؛ ناگزیر ؛ جس کے بغیر چارہ نہ ہو -

indispensability, indispensableness, *nn.* : ضروری یا لازمی ہونا ؛ ناگزیری -

indispensably, *adv.* : ناگزیر طور پر ؛ لازمی طور پر -

Indispose, *v. t.* : (۱) ناقابل کرنا ؛ معذور کرنا - (۲) دل پھیر دینا ؛ نفرت دلانا ؛ طبیعت ہٹا دینا (کسی کام کے کرنے سے) - (۳) طبیعت ناساز کرنا -

indisposed, *p. p.* : ناساز -

Indisposition, *n.* : (۱) عارضی علالت ؛ طبیعت کی ناسازی ؛ عارضہ ؛ شکایت - (۲) بے رغبتی ؛ بے دلی (کسی کام کے کرنے سے) - (۳) نفرت ؛ کراہت -

Indisputable, *a.* : مسلم ؛ مانا ہوا ؛ غیر متنازع فیہ ؛ جس میں بحث کی گنجائش نہ ہو -

indisputability, indisputableness, *nn.* : مسلم ہونا -

indisputably, *adv.* : مسلمہ طور پر ؛ یقینی طور پر -

Indissoluble, *a.* : (۱) پائدار ؛ واثق ؛ استوار ؛ پکا - (۲) ناقابل تحلیل -

indissolubility, *n.* : (۱) ناقابل تحلیل ہونا - (۲) پائداری ؛ استواری -

indissolubly, *adv.* : ناقابل تحلیل طور پر ؛ نہایت مضبوطی سے -

Indistinct, *a.* : (۱) دھندلا ؛ غیر واضح ؛ غیر ممیز - (۲) مبہم ؛ بے ربط -

indistinctly, *adv.* : غیر واضح طور پر ؛ مبہم طور پر -

indistinctness, *n.* : دھندلا پن ؛ ابہام ؛ بے ربطی -

Indistinctive, *a.* : غیر امتیازی ؛ غیر مخصوص -

indistinctively, *adv.* : غیر امتیازی طور پر -

Indistinguishable, *a.* : جس کی شناخت نہ ہو سکے ؛ ناقابل شناخت ؛ ناقابل امتیاز -

indistinguishably, *adv.* : ناقابل شناخت طور پر -

Indistributable, *a.* : ناقابل تقسیم ؛ غیر منقسم ؛ جس کی تقسیم نہ ہو سکے -

Indite, *v. t.* : (۱) لکھنا ؛ تصنیف کرنا ؛ کہنا (نظم وغیرہ) - (۲) (مزاحاً) لکھنا (خط وغیرہ) -

Indivertible, *a.* : اٹل ؛ مبرم -

indivertibly, *adv.* : اٹل طور پر وغیرہ -

Individual, *a.* & *n.* : (۱) منفرد ؛ انفرادی - (۲) جزئی ؛ مخصوص - (۳) ذاتی ؛ شخصی ؛ کسی شخص کی ذات سے مخصوص - (۴) کسی طبقے کا منفرد رکن ؛ فرد - (۵) فرد (ضد جماعت) - (۶) (عامیانہ) شخص ؛ انسان -

Individualism, *n.* : (۱) انانیت ؛ خودی - (۲) انفرادیت ؛ عمرانیات کا وہ نظریہ جس کی روسے افراد کو عمل کی آزادی ہونا چاہیئے (ضد اجتماعیت یا اشتراکیت) -

individualist, *n.* : انفرادی ؛ انفرادیت پسند -

individualistic, *a.* : انفرادیت پسندانہ -

Individuality, *n.* : (۱) منفرد ہونا ؛ جداگانہ وجود رکھنا - (۲) شخصیت - (۳) (جمع) شخصی خصوصیات -

Individualize, *v. t.* : (۱) منفرد کرنا ؛ فرد قرار دینا ؛ فرد بنانا -

(۲) صراحت کرنا ؛ تعین کرنا ؛ تخصیص کرنا -

individualization, *n.* : فرد بننا یا بنانا ؛ تخصیص -

Individually, *adv.* : (۱) شخصی طور پر ؛ ذاتی طور پر ؛ فرد کی حیثیت سے -(۲) مخصوص طور پر- (۳) ایک ایک کر کے ؛ فرداًفرداً -

Individuate, *v. t.* : منفرد کرنا ؛ فرد بنانا ؛ فرد قرار دینا -

individuation, *n.* : فرد بنانا -

Indivisible *a.* & *n.* : نا قابل تقسیم ؛ جس کی تقسیم نہ ہوسکے ؛ غیر تقسیم پذیر ؛ غیر منقسم ؛ لایتجزیٰ -

indivisibility, *n.* : نا قابل تقسیم یا غیر منقسم ہونا -

indivisibly, *adv.* : [illegible]

Indo- : (سابقہ) ہندوستانی : ہند ، -

Indo-Aryan : ہند آریائی -

Indo-Chinese : ہند چینی -

Indo-European : ہند یورپی -

Indo-Germanic : ہند جرمانی ؛ اس خاندان السنہ کا جو یورپ کے بیشتر حصے اور ایشیا میں شمالی ہند تک بولی جاتی ہیں-

Indonesian : مشرقی جزائر ہند (ملایا وغیرہ) کا -

Indocile (or -dosil). *a.* : غیر تعلیم پذیر ؛ غیر فرمان پذیر ؛ سر کش -

indocility, *n.* : غیر تعلیم پذیری ؛ غیر فرمان پذیری

Indolent, *a.* : (۱) کاہل ؛ آلکسی ؛ مجہول ؛ آرام طلب ؛ (۲) (طب) سن ؛ مردہ ؛ جس میں درد نہ ہو -

i. tumour : سن گموڑا -

indolence, *n.* : کاہلی ؛ آرام طلبی -

indolently, *adv.* : کاہلی سے ؛ آرام طلبی سے -

Indomitable, *a.* : (۱) مغلوب نہ ہونے والا ؛ نہ دبنے والا - (۲) غیر متزلزل -

indomitably, *adv.* : مغلوب نہ ہوکر ؛ غیر متزلزل طور پر -

Indoor, *a.* : (۱) بھیتری ؛ گھر کا - (۲) خیرات خانے کے اندر کا -

Indoors, *adv.* : اندرون خانہ ؛ گھر کے اندر -

Indorsation, *n.* : (۱) دستخط ظہری ؛ تحریر ظہری ؛ عبارت ظہری ؛ پشت پر لکھی ہوئی تحریر - (۲) تصدیق -

indorsee, *n.* : مصدق لہ ؛ جس کا نام پشت پر لکھا جائے ؛ منتقل الیہ ہنڈی وغیرہ -

Indraught, -draft, *n.* : (۱) اندر کی طرف کھینچنا - (۲) اندر آنے والا جھوکا وغیرہ -

Indri, *n.* : اندری ؛ ایک لنگور کی قسم کا جانور جو مڈغاسکر میں پایا جاتا ہے -

Indubitable, *a.* : بے شبہ ؛ مسلمہ ؛ یقینی -

indubitably, *adv.* : بلا شک و شبہ -

Induce, *v. t.* : (۱) آمادہ کرنا ؛ ترغیب دینا ؛ راغب کرنا - (۲) اٹھانا ؛ برپا کرنا ؛ پیدا کرنا ؛ باعث ہونا ؛ موجب ہونا - (۳) (برق و مقناطیس) امالہ کرنا، امالے سے پیدا کرنا (رو کا) - (۴) اخذ کرنا ؛ نتیجہ نکالنا ؛ استقرا کرنا ؛ اِستقراء سے نتیجہ اخذ کرنا -

Inducement, *n.* : (۱) تحریک ؛ ترغیب - (۲) محرک ؛ باعث -

Induct, *v. t.* : (۱) قبضہ دینا، جائزہ دینا (گرجا کی جاگیر کا) ؛داخل کرنا؛ بٹھانا - (۳) آشنا کرنا ؛ ابتدائی مراحل طے کرانا ؛ روشناس کرنا -

Inductile *a.* : (۱) بے لچک ؛ (طبیعیات) غیر متمدد - (۲) غیر صورت پذیر - (۳) غیر اثر پذیر -

Induction, *n.* : (۱) قبضہ دلانا ؛ داخل کرنا - (۲) (قدیم) تمہید ؛ دیباچہ - (۳) ثبوت میں (واقعات) پیش کرنا - (۴) (منطق) استقراء ؛ جزئی مثالوں سے کلی نتیجہ اخذ کرنا - (۵) (برق و مقناطیس) امالہ -

i. coil : امالی لچھا یا چکر -

mathematical i. : ریاضیاتی [illegible] -

Inductive, *a.* : (۱) (منطق) استقرائی [illegible] مقناطیس) امالی -

inductively, *adv.* : استقرا سے ؛ امالے سے -

inductiveness, *n.* : استقرائی یا امالی ہونا -

Inductor, *n.* : (۱) جائزہ دلانے والا (گرجے کی جاگیر کا) - (۲) (برق و مقناطیس) ممیل ؛ امالی مشین کا کوئی حصہ -

Indulge, *v. t.* & *i.* : (۱) (کسی شخص کے) حسب مرضی کرنا (کوئی کام) ؛ (خواہش) پوری کرنا ؛ ناز برداری کرنا - (۲) (دے کر) خوش کرنا ؛ دلجوئی کے لئے دینا - (۳) مزے لینا ؛ لطف اندوز ہونا ؛ جی بھر کے مزہ لینا - (۴) دل کھول کر پورا کرنا (شوق وغیرہ) ؛ شوق ہونا ؛ عادی ہونا -

indulgent, *a.* : مہربان ؛ شفیق ؛ با مروت ؛ شفیقانہ ؛ مہربانی کا -

indulgently, *adv.* : شفقت سے ؛ مروت سے ؛ دلجوئی سے -

Indulgence, *n.* : (۱) عادت ؛ شوق - (۲) دلجوئی ؛ نازبرداری - (۳) مروت ؛ شفقت ؛ لطف اندوزی - (۴) رعایت ؛ خاص حق - (۵) (رومی کلیسا) کسی کلیسائی رسم (دعائے ربانی وغیرہ) کے بعد سزا کی معافی (پادری کے ہاتھ سے) -

Declaration of I. : مذہبی آزادی کا اعلان خصوصاً وہ جو کہ چارلس ثانی نے سنہ ۱۶۷۲ ع اور جیمس ثانی نے سنہ ۱۶۸۷ ع میں کیا تھا -

Indulgenced, *a.* : (رومی کلیسا) (وہ دعائیں وغیرہ) جن سے گنہگار کو معافی مل جاتی ہے -

Indult, *n.* : ان اشیا کی نسبت جن کی عام کلیسا کے قانون میں اجازت نہیں پوپ کی خاص اجازت ؛ اجازت خاص -

Indurate, *v. t.* & *i.* : (۱) سخت ہونا ؛ سخت کرنا ؛ کڑا ہونا ؛ کڑا کرنا - (۲) دل پتھر کر لینا ؛ بے حس ہو جانا ؛ سخت دل ہو جانا - (۳) راسخ ہو جانا ؛ شدید ہوجانا -

induration, *n.* : سختی ؛ کڑا پن ؛ بے حسی ؛ سخت دلی ؛ شدت ؛ راسخ ہو جانا -

indurative, *a.* : سخت کر دینے والا ؛ بے حس کرنے والا ؛ شدید کرنے والا -

Indusium, *n.* (pl.-*ia*). : (نباتیات) (۱) وہ جھلی جس میں فرن کے پھل ہوتے ہیں ؛ جامہ ؛ محرم - (۲) وہ باریک روئیں جو بعض پھولوں کے سر بقچے کے گرد ہوتے ہیں - (۳) (حیوانیات) پھل روپ کا خول -

Industrial, *a.* & *n.* : (۱) صنعت و حرفت کے متعلق؛ صنعتی - (۲) اہل صنعت و حرفت؛ کار خانے کا مالک یا مزدور - (۳) مشترکہ صنعتی کمپنی کے حصے -

i. revolution : صنعتی انقلاب ؛ وہ تغیر جو انیسویں صدی کے

شروع میں مشینوں کے ایجاد سے صنعت و حرفت میں رو نما ہوا -
i. school, : بے نگرانی لڑکوں کا مدرسہ جس میں ان کو تعلیم کے علاوہ کوئی پیشہ بھی سکھایا جاتا ہے -
industrialism, n. : صنعتیت ؛ صنعتی نظام ؛ یورپ کا موجودہ نظام معاشرت جس میں مشینوں پر مبنی صنعت کو خاص اہمیت حاصل ہے -
industrialist, n. : صنعتی کارخانے کا مالک -
industrialize, v. t. : (کسی ملک میں) مشینوں کی صنعت جاری کرنا ؛ صنعتی کارخانے کھولنا -
industrially, adv. : صنعت و حرفت کے لحاظ سے -
Industrious, a. : محنتی ؛ جفا کش -
inustriously, adv. : تن دہی سے ؛ جفاکشی سے ؛ محنت سے -
Industry, n. : (۱) محنت ؛ جفا کشی ؛ تندہی - (۲) مفید شغل ؛ کار آمد مشغلہ - (۳) صنعت و حرفت -
Indwell, v. t. & i. : (۱) اندر رہنا ؛ سما جانا - (۲) (استعارتاً) اندر ہونا ؛ تہ میں ہونا (اصول وغیرہ کا) - (۳) گھر کر لینا ؛ جا گزیں ہو جانا -
indweller, n. : اندر رہنے والا -
-ine : (لاحقہ) صفات کے آخر میں آتا ہے جیسے divine -
-ine : (لاحقہ) ان صفات کے آخر میں آتا ہے جو نباتات ؛ معدنیات وغیرہ کے نام سے بنیں جیسے pristine -
-ine : (لاحقہ) اسماے مونث کے آخر میں آتا ہے جیسے heroine :
-ine : (لاحقہ) لاطینی حاصل مصدر کے انگریزی شکل کے آخر میں جیسے rapine -
-ine : (لاحقہ) کیمیاوی alkaloids اور basic substances کے نام کے آخر میں -
Inebriate, a. & n. : متوالا ؛ مست ؛ مخمور ؛ نشے میں ؛ مست یا مخمور شخص ؛ میخوار ؛ شرابی -
Inebriate, v. t. : مدہوش کرنا ؛ متوالا کرنا ؛ مست کرنا ؛ مخمور کرنا (لفظی اور استعاری معنوں میں) -
inebriation, n. : مستی ؛ مدہوشی ؛ خمار ؛ نشہ -
Inebriety, n. : مخمور رہنے کی عادت ؛ شراب خواری ؛ میخواری -
Inedible, a. : جو کھایا نہ جا سکے ؛ نا قابل خورش ؛ نا خوردنی -
Inedited, a. : (۱) غیر شائع شدہ ؛ غیر مطبوعہ - (۲) جو بغیر تہذیب و تحشیہ کے شائع ہو ؛ بے تہذیب و تحشیہ -
Ineffable, a. : ناقابل بیان ؛ بیان سے باہر ؛ جس کو الفاظ میں بیان نہ کیا جا سکے ؛ بے حد -
ineffably, adv. : ناقابل بیان طور پر ؛ بے حد -
Ineffaceable, a. : ان مٹ ؛ جو مٹایا نہ جا سکے ؛ نا قابل محو -
ineffaceability, n. : ان مٹ ہونا ؛ ناقابل محو ہونا -
ineffaceably, adv. : نا قابل محو طور پر ؛ اس طرح کہ مٹایا نہ جا سکے -
Ineffective, a. : (۱) غیرموثر ؛ بےسود ؛ بےکار ؛ اکارت ؛ جو کارگر نہ ہوسکے - (۲) نا لائق ؛ نا قابل ؛ نا اہل ؛ نکما - (۳) بے تاثیر ؛ بے لطف (آرٹ یعنی فنون لطیفہ کا نمونہ) -
ineffectively, adv. : غیر موثر طور پر -
ineffectiveness, n. : غیر موثر ہونا ؛ بے تاثیری ؛ ناقابلیت ؛ نا لائقی ؛ نا اہلی -
Ineffectual, a. : بےسود ؛ اکارت ؛ بیکار ؛ بےاثر ؛ لاحاصل ؛ بے فائدہ -
ineffectually, adv. : بیفائدہ ؛ بلا نتیجہ -
ineffectualness, n. : بیفائدہ ہونا ؛ بے سود ہونا -
Inefficacious, a. : غیر موثر (علاج و تدبیر وغیرہ) -
Inefficient, a. : (۱) نالائق ؛ ناقابل ؛ نا اہل ؛ بد سلیقہ - (۲) غیر موثر ؛ بے کار ؛ بے فائدہ ؛ بے سود -
inefficiency, n. : (۱) نالائقی ؛ ناقابلیت ؛ نا اہلی - (۲) غیر موثر ہونا ؛ بے کار ہونا - (۳) عدم استعداد (طبیعیات) -
inefficiently, adv. : نالائقی سے ؛ بد سلیقگی سے ؛ بد سلوبی سے ؛ غیر موثر طور پر -
Inelastic, a. : جس میں سار گاری کا مادہ نہ ہو ؛ بے لوچ ؛ بے لوچ (لغوی اور مجازی معنوں میں) -
inelasticity, n. : بے لچک ہونا ؛ بے لوچ ہونا -
Inelegant, a. : (۱) بھدا ؛ بھونڈا ؛ بے ڈھنگ ؛ بے ڈول ؛ بدنما ؛ بد اسلوب - (۲) ناتراشیدہ ؛ کھرا - (۳) (اسلوب بیان) غیر شستہ ؛ نا ہموار -
inelegance, n. : بھداپن ؛ بھونڈاپن ؛ بے ڈھنگاپن ؛ بدنمائی ؛ بد اسلوبی ؛ کھرا پن -
inelegantly, adv. : بھدے پن سے ؛ بداسلوبی سے ؛ بے ڈھنگے پن سے ؛ کھرے پن سے -
Ineligible, a. : نا قابل انتخاب ؛ غیر مستحق -
ineligibility, n. : نا قابل انتخاب ہونا ؛ عدم استحقاق
ineligibly, adv. : بے استحقاق -
Ineluctable, a. : جس سے مفر نہ ہو ؛ مبرم ؛ ناگزیر -
Inept, a. : (۱) ناموزوں ؛ بے محل ؛ بے تکا - (۲) مہمل ؛ نا لائق ؛ نا قابلیت -
ineptitude, n. : نا لائقی ؛ نا قابلیت -
ineptly, adv. : بے محل -
ineptness, n. : بے محل ہونا ؛ غیر موزوں ہونا -
Inequality, n. : (۱) عدم مساوات ؛ تفاوت - (۲) نا ہمواری - (۳) تغیر پذیری - (۴) (ہیئت) اجرام سماوی کی رفتار میں - (۵) (طبیعیات) نا برابری ؛ لاتساوی -
Inequilateral, a. : غیر متساوی الاضلاع ؛ جس کے ضلع برابر نہ ہوں -
Inequitable, a. : غیر منصفانہ ؛ غیر عادلانہ ؛ خلاف انصاف -
inequitably, adv. : بے انصافی سے ؛ غیر منصفانہ -
Inequity, n. : بے انصافی ؛ خلاف انصاف ہونا -
Ineradicable, a. : جس کو جڑ سے نہ اکھاڑا جاسکے ؛ نا قابل استیصال ؛ غیر استیصال پذیر
ineradicably, adv. : ناقابل استیصال طور پر -
Inerrable, a. : خطا سے بری ؛ معصوم ؛ جس سے غلطی نہ ہوسکے -
inerrability, inerrancy, nn. : خطا سے بری ہونا ؛ معصومیت ؛ عصمت -
inerrably, adv. : معصومیت سے -
inerrant, a. : خطا سے بری -
Inert, a. : (۱) غیر متحرک ؛ بے حرکت ؛ جامد ؛ بے جان - (۲) غیر موثر - (۳) سست ؛ مجہول ؛ آلکسی ؛ جامد -
inertly, adv. : جمود سے ؛ غیر موثر طور پر ؛ سستی سے -
inertness, n. : (۱) بے حرکتی ؛ جمود ؛ فقدان حرکت - (۲) کاہلی ؛ سستی - (۳) غیر موثر ہونا -

Inertia, *n.*: (۱) (طبیعیات) جمود؛ مادے کی یہ خاصیت کہ وہ خارجی قوت سے متاثر نہ ہو تو ساکن رہے گا یا ایک خط مستقیم میں مساوی رفتار سے حرکت کریگا - (۲) (فلکیات) استمرار - (۳) سکون؛ بے حرکتی - (۴) سستی؛ کاہلی؛ آلکس -

Inescapable, *a.*: ناگزیر؛ جس سے مفر نہ ہو؛ جس سے گریز نہ ہو؛ اٹل -

Inessential, *a.*: غیر ضروری؛ غیر لازمی؛ غیر اہم؛ جو ناگریز نہ ہو -

Inestimable, *a.*: بے انداز؛ بے قیاس؛ بے بہا؛ انمول -

inestimably, *adv.*: بے قیاس؛ بے اندازہ -

Inevitable, *a.*: (۱) ناگزیر؛ لابد؛ اٹل؛ مبرم؛ حکمی؛ جسکا واقع ہونا یقینی ہے - (۲) قضا کی طرح اٹل؛ اس چیز کے لئے کہتے ہیں جسے ہمیشہ دیکھتے ہوئے جی گھبرا جائے - (۳) (نقادوں کی اصطلاح سیرت نگاری یا قصے کے پلاٹ کے متعلق) حقیقی؛ عین فطرت کے مطابق -

inevitability, **inevitableness**, *nn.*: (۱) لزوم؛ ابرام؛ ناگزیر ہونا - (۲) مطابق فطرت ہونا -

inevitably, *adv.*: ناگزیر طور پر -

Inexact, *a.*: غیر صحیح؛ ناقص؛ جو بالکل صحیح نہ ہو -

inexactitude, **inexactness**, *nn.*: ناقص ہونا؛ بالکل صحیح نہ ہونا؛ غیر صحیح ہونا -

inexactly, *adv.*: ناقص طور پر؛ غیر صحیح طور پر -

Inexcusable, *a.*: جس کے لئے کوئی عذر نہ کیا جاسکے؛ ناقابل عذر؛ ناقابل معذرت؛ ناقابل عفو -

inexcusably, *adv.*: ناقابل عفو طور پر -

Inexecutable, *a.*: ناقابل تعمیل؛ غیر تعمیل پذیر؛ ناقابل عمل -

Inexhaustible, *a.*: کبھی نہ ختم ہونے والا؛ لازوال؛ بیحد؛ بے انتہا؛ بے نہایت -

inexhaustibility, *n.*: لازوال ہونا؛ بے انتہا ہونا -

inexhaustibly, *adv.*: بے انتہا؛ لازوال طور پر -

Inexorable, *a.*: بے رحم؛ سنگ دل؛ کٹر؛ بے رحمانہ -

inexorability, *n.*: بے رحمی؛ سنگدلی؛ کٹر پن -

inexorably, *adv.*: بے رحمی سے؛ کٹر پن سے؛ سنگدلی سے -

Inexpectant, *a.*: غیر منتظر؛ غیر متوقع -

Inexpedient, *a.*: خلاف مصلحت؛ بے موقع -

inexpediency, *n.*: خلاف مصلحت ہونا -

Inexpensive, *a.*: ارزاں؛ سستا؛ کم قیمت -

inexpensively, *adv.*: کم خرچ میں؛ ارزانی سے -

inexpensiveness, *n.*: کم قیمتی؛ سستا ہونا -

Inexperience, *n.*: ناتجربہ کاری؛ ناآزمودہ کاری؛ ناواقفیت -

inexperienced, *a.*: ناتجربہ کار؛ ناآزمودہ کار؛ ناواقف -

Inexpert, *a.*: غیر ماہر؛ اناڑی؛ غیر ماہرانہ؛ بے مہارت -

inexpertly, *adv.*: اناڑی پن سے؛ بے مہارتی سے -

Inexpiable, *a.*: ناقابل کفارہ؛ ناقابل تلافی (جرم) - (۲) فرو نہ ہونے والا (غصہ) -

inexpiably, *adv.*: اس طرح کہ کفارہ نہ ہوسکے؛ اس طرح کہ فرو نہ سکے -

Inexplicable, *a.*: ناقابل توجیہہ؛ ناقابل تشریح؛ غیر شرح پذیر -

inexplicability, *n.*: ناقابل توجیہہ ہونا؛ غیر شرح پذیری -

inexplicably, *adv.*: ناقابل توجیہہ طور پر؛ ناقابل تشریح طور پر -

Inexplicit, *a.*: غیر واضح؛ مبہم؛ مقدر -

inexplicitly, *adv.*: غیر واضح طور پر؛ مبہم طور پر -

inexplicitness, *n.*: غیر واضح ہونا؛ ابہام؛ مقدر ہونا -

Inexplosive, *a.*: نہ پھٹنے والا؛ غیر آتش گیر -

Inexpressible, *a. & n.*: (۱) ناقابل بیان؛ ناقابل اظہار؛ بیان سے باہر - (۲) (مزاحاً) پتلون؛ پیجامہ -

inexpressibly, *adv.*: ناقابل بیان طور پر -

Inexpressive, *a.*: (۱) غیر معنی خیز؛ غیر مطلب خیز؛ تشنۂ معنی؛ تشنہ (عبارت وغیرہ)؛ بے معنی (حرکت وغیرہ) - (۲) (قدیم) ناقابل بیان؛ بیان سے باہر -

inexpressively, *adv.*: غیر معنی خیز طور پر؛ تشنہ طور پر -

inexpressiveness, *n.*: غیر معنی خیز ہونا؛ تشنہ ہونا -

Inexpugnable, *a.*: ناقابل تسخیر؛ ناقابل فتح؛ جو مغلوب نہ ہوسکے (لغوی اور مجازی معنی میں) -

Inextensible, *a.*: جسکو وسعت نہ دی جا سکے؛ غیر توسیع پذیر؛ ناقابل توسیع -

Inextinguishable, *a.*: نہ بجھنے والی؛ جو فرو نہ ہوسکے؛ جو بجھائی نہ جا سکے (لغوی اور مجازی معنی میں) -

Inextricable, *a.*: (۱) جس سے خلاصی نہ ہو سکے؛ بے مفر - (۲) نہ سلجھنے والا؛ لاینحل؛ بیحد پیچیدہ -

inextricably, *adv.*: بے مفر طور پر؛ اس طرح کہ خلاصی نہ ہوسکے؛ لاینحل طور پر -

Infallibilism, *n.*: پوپ کے معصوم یا خطا سے بری ہونے کا عقیدہ یا اصول؛ اصول معصومیت -

infallibilist, *n.*: اصول معصومیت کا قائل -

Infallible, *a.*: (۱) معصوم؛ خطا سے بری - (۲) یقینی؛ قطعی (ثبوت)؛ حکمی (طریقہ) -

infallibility, *n.*: (۱) قطعیت؛ حکمی ہونا - (۲) بے خطائی؛ خطا سے بریت؛ معصومیت (خصوصاً پوپ کی) -

infallibly, *adv.*: قطعی طور پر؛ حکمی طور پر؛ اس طرح پر کہ خطا کا امکان نہ ہو -

Infamize, *v. t.*: بدنام کرنا؛ رسوا کرنا؛ کلنک کا ٹیکہ لگانا؛ مطعون خلائق کرنا -

Infamous, *a.*: (۱) بدنام؛ رسوا؛ ملعون؛ مطعون خلائق؛ مردود؛ روسیاہ - (۲) قابل لعنت؛ قابل نفرت؛ نفرت انگیز؛ ذلیل - (۳) جرم کے سبب سے حقوق شہریت سے (کلی یا جزوی طور پر) محروم؛ ممنوع شہریت -

infamously, *adv.*: (۱) روسیاہی کے ساتھ - (۲) ذلیل طریقے پر؛ کمینہ پن سے -

infamy, *n.*: (۱) بدنامی؛ روسیاہی؛ رسوائی؛ خواری - (۲) نفرت انگیزی -

Infancy, *n.*: (۱) شیر خوارگی؛ چھوٹ پن؛ خورد سالی؛ بالک پن؛ بال پن - (۲) (قانون) نابالغی (اکیس سال سے کم عمر) - (۳) آغاز؛ ابتدا؛ عنفوان -

Infant, *n.* : (۱) بچہ ؛ شیر خوار ؛ ننھا - (۲) بالک ؛ چھوٹا لڑکا (سات سال سے کم عمر کا) - (۳) نا بالغ (قانون) (اکیس سال سے کم عمر کا) -

Infanta, *n.* : شاہ اسپین یا پرتگال کی بڑی بیٹی (جو وارث تاج نہیں ہوتی) -

Infanticide, *n.* : (۱) نوزائیدہ بچہ کا مار ڈالنا ؛ قتل شیر خوار - (۲) نوزائیدہ بچوں کے مار ڈالنے کی رسم ؛ بچہ کُشی ؛ طفل کُشی -

infanticide, *n.* : بچے کا قاتل ؛ طفل کُش -

infanticidal, *a.* : طفل کُشی سے متعلق -

Infantile, *a.* : (۱) بچوں کا ؛ طفلانہ ؛ بچپن کا ؛ بچوں کا سا - (۲) جو بالکل ابتدائی حالت میں ہو ؛ نوزائیدہ -

i. paralysis : ایک قسم کا فالج جو عالم طفلی میں ہوتا ھے -

infantine, *a.* : طفلانہ ؛ بچوں کا -

Infantry, *n.* : پیدل فوج ؛ پیادہ فوج -

infantryman : پیادہ ؛ پیدل فوج کا سپاھی ؛ پیدل -

mounted i. : وہ فوج جو پیدل لڑتی ھے مگر تبدیل مقام گھوڑوں پر کرتی ھے -

Infatuate, *v.t.* : (۱) احمق بنانا ؛ عقل سلب کر لینا ؛ عقل ماری جانا ؛ عقل پر پتھر پڑنا - (۲) والہ و شیدا کرنا ؛ فریفتہ کرنا ؛ لٹو کرنا ؛ محبت میں اندھا کر دینا ؛ عشق میں دیوانہ کر دینا -

infatuatedly, *adv.* : حالت سے ؛ محبت میں اندھا ہو کر ؛ عشق میں دیوانہ ہو کر -

infatuation, *n.* : (۱) بے وقوفی ؛ احمق پن - (۲) شیفتگی ؛ فریفتگی ؛ والہانہ محبت -

Infect, *v. t.* : (۱) فضا کو زہریلا کرنا ؛ نا پاک کرنا ؛ گندگی پھیلانا ؛ بیماری کے جراثیم پھیلانا ؛ متعدی مرض پھیلانا - (۲) چھوت لگانا ؛ چھوت سے بیمار ڈالنا ؛ (مجازاً) بگاڑنا ؛ روگ لگانا - (۳) متاثر کرنا ؛ پھونک دینا (روح) ؛ سرایت کرنا (خیالات کا) -

infective, *a.* : لگنے والی ؛ اڑنے والی ؛ متعدی ؛ سرایت کرنے والی ؛ روگ لگانے والی -

infectiveness, infectivity, *nn.* : متعدیت ؛ متعدی ہونا -

Infection, *n.* : (۱) بیماری پر اثر لگنا ؛ چھوت - (۲) سرایت کر جانا - (۳) اخلاقی چھوت ؛ (صحبت وغیرہ کا) برا اثر ؛ روگ لگنا -

Infectious, *a.* : (۱) وبائی ؛ وبا پھیلانے والی ؛ بیماری پھیلانے والی - (۲) متعدی ؛ لگنے والی - (۳) پر تاثیر ؛ اثر آفرین ؛ متاثر کرنے والا ؛ پھیلنے والا ؛ سرایت کرنے والا (جذبہ وغیرہ) -

infectiously, *adv.* : متعدی پن سے ؛ بطور متعدی ؛ چھوت سے -

infectiousness, *n.* : متعدی ہونا ؛ وبائی ہونا ؛ پرتاثیری ؛ اثر آفرینی -

Infelicific, *a.* : موجب الم ؛ الم آفرین -

Infelicitous, *a.* : (۱) بے سعادت ؛ روحانی مسرت سے خالی - (۲) بے محل ؛ بے لطف ؛ پھیکا -

Infelicity, *n.* : (۱) رنج ؛ ملال ؛ غم - (۲) بد بختی ؛ بد نصیبی ؛ شومیٔ قسمت - (۳) بے محل ہونا ؛ بے لطف ہونا ؛ پھیکا ہونا -

Infer, *v. t.* : (۱) استخراج کرنا ؛ نتیجہ نکالنا ؛ استنباط کرنا - (۲) دلالت کرنا ؛ ظاہر کرنا ؛ پہلو نکلنا -

inferable, *a.* : قابل استخراج ؛ لائق استنباط وغیرہ -

Inference, *n.* : (۱) نتیجہ نکالنا ؛ استخراج یا استنباط کرنا - (۲) نتیجہ ؛ استخراج ؛ استنباط ؛ انتاج ؛ استنتاج -

inferential, *a.* : استنباطی ؛ استخراجی ؛ نتیجہ کے متعلق -

inferentially, *adv.* : استخراجاً -

Inferior, *a. & n.* : (۱) نیچے کا ؛ جو نیچے واقع ہو ؛ نچلا - (۲) گھٹیا ؛ ادنیٰ ؛ ہلکا ؛ کم رتبہ ؛ خورد ؛ کمتر ؛ ماتحت ؛ زیردست (شخص) - (۳) (ہیئت) سیارات سفلیہ - (۴) (نباتیات) سفلی - (۵) (طباعت) معمولی حرفوں سے نیچے ہٹا ہوا زیرین (جیسے $C_n H_2$) -

inferiorly, *adv.* : گھٹیا سا -

inferiority, *n.* : گھٹیا پن ؛ کمتری -

inferiority complex : (نفسیات) کمتری کا احساس جو اعصابی مرض کی صورت اختیار کر لے ؛ وہم پستی ؛ احساس کمتری کی گرہ ؛ کمتری گرہ -

Infernal, *a.* : (۱) جہنم کا ؛ دوزخ کا - (۲) شیطانی ؛ جہنمی ؛ مافوقی - (۳) (روز مرہ) کمبخت ؛ منحوس ؛ نا شدنی -

i. machine : دھماکا ؛ مشین ؛ جس کے پھٹنے سے آدمی ھلاک ہو جاتا ھے -

infernality, *n.* : جہنمی پن ؛ شیطنت -

infernally, *adv.* : (۱) شیطنت سے - (۲) نہایت سخت -

Inferno, *n.* : (۱) (خصوصاً دانتے کی ڈی وائن کو میڈی کے متعلق) دوزخ ؛ جہنم ؛ نرک ؛ اسفل السافلین - (۲) ہیبت ناک منظر -

Inferrable, *a.* = inferable

Infertile, *a.* : غیر سرسبز ؛ غیر زرخیز ؛ بنجر ؛ شور ؛ اوسر -

infertility, *n.* : اوسر پن ؛ بنجر پن ؛ غیر زرخیزی -

Infest, *v. t.* : کثرت ہونا (حشرات ' امراض ' چوہوں وغیرہ کی) ؛ پٹا ہونا ؛ بھرا ہونا -

Infeudation, *n.* : جاگیر یا اراضی پر قبضہ دلانا یا پانا -

i. of tithes : غیر راھب کے لئے عشر منظور کرنا -

Infibulation, *n.* : اعضائے تناسل پر خول چڑھا دینا تاکہ جماع نہ ہو سکے ؛ خول بندی -

Infidel, *n. & a.* : (۱) بے دین ؛ ملحد ؛ منکر ؛ زندیق - (۲) غیر عیسائی (تاریخ) - (۳) (یہودیوں اور مسلمانوں کے نقطۂ نظر سے) مذہب حق کا منکر ؛ کافر ؛ غیر مسلم یا غیر یہود - (۴) کافروں کا ؛ بے دینوں کا -

infidelize, *v. t. & i.* : کافر کرنا ؛ کافر ہونا ؛ مرتد ہونا -

Infidelity, *n.* : (۱) کفر ؛ بے دینی ؛ مذہب حق سے انکار ؛ زندقہ ؛ الحاد - (۲) بیوفائی -

conjugal i. : بیوی کا شوہر سے یا شوہر کا بیوی سے بیوفائی کرنا یعنی زنا کا مرتکب ہونا -

Infield, *n.* : (۱) گھر سے ملحق کھیت ؛ باڑہ - (۲) قابل زراعت زمین - (۳) مزروعہ زمین ؛ وہ زمین جس میں زراعت ہوتی ہو -

Infiltrate, *v. t. & i.* : (۱) مقطر کر کے ڈالنا - (۲) مقطر ہونا ؛ سرایت کرنا یا ہونا ؛ تقطیر کے ذریعہ سرایت کرنا یا ہونا -

Infinite, *a. & n.* : (۱) نا محدود؛ لا متناہی ؛ بے حد؛ بے پایاں؛ لا اِنتہا ؛ اَن گنت - (۲) بہت بڑا ؛ عظیم ؛ کبیر ؛ جلیل - (۳) بے شمار ؛ لا تعداد ؛ کثیر؛ بہت ؛ بے حساب - (۴) (صرف و نحو) غیر منصرف -

the I. : ذات نا محدود ؛ خدا -

the i. : نا محدود مکان -

infinitely, *adv.* : بےحد؛ بےپایاں؛ لاانتہا؛ بےکراں؛ بےشمار-

Infinitesimal, *a. & n.* : بے حد خفیف ؛ چھوٹے سے چھوٹا ؛ لا اِنتہا چھوٹا -

i. calculus, : صغاری احصاء .

Infinitesimally, *adv.* : بے حد خفیف -

Infinitive, *a. & n.* : مصدری؛ مصدر -

infinitival, *a.*: مصدری -

Infinitude, *n.* : (۱) لا محدودیت ؛ لا متناہیت ؛ نا محدودی - (۲) بے شمار ؛ بے اندازہ -

Infinity, *n.*: (۱) (دیکھو اُوپر کا لفظ) - (۲) (ریاضی) لا تناہی -

Infirm, *a.* : (۱) کمزور ؛ ضعیف ؛ نحیف ؛ نا تواں (خصوصاً بڑھاپے کی وجہ سے) - (۲) غیر مستقل مزاج ؛ بے اِستقلال ؛ کمزور ؛ ضعیف‌الارادہ ؛ بودا ؛ نا پائدار -

infirmity, *n.* : (۱) کمزوری ؛ ضعف ؛ نا توانی ؛ نقاہت ؛ ضعف پیری - (۲) غیر مستقل مزاجی ؛ بوداپن ؛ نا پائداری ؛ بے اِستقلالی ؛ ضعف اِرادہ -

infirmly, *adv.* : کمزوری سے ؛ ناتوانی سے ؛ بے اِستقلالی سے -

Infirmary, *n.* : (۱) اسپتال ؛ دارالشفاء ؛ شفا خانہ - (۲) بیمار خانہ : مریضوں کے رہنے کا کمرہ (مدرسے، کار خانے وغیرہ میں) -

Infix, *v.t.* : (۱) گاڑنا ؛ لگانا ؛ نصب کرنا ؛ جڑنا - (۲) ذہن نشین کرنا؛ نقش کرنا - (۳) (صرف و نحو) اصل لفظ کے اندر تصریف کے لئے کوئی ٹکڑا (لاحقہ، سابقہ وغیرہ) داخل کرنا -

Infix, *n.* : تصریفی ٹکڑا جو کسی لفظ میں داخل کیا جائے ؛ لاحقہ، سابقہ وغیرہ

Inflame, *v. t. & i.* : (۱) جلانا ؛ مشتعل کرنا ؛ آگ لگانا - (۲) برہم کرنا ؛ اِشتعال دلانا ؛ مشتعل کرنا؛ بھڑکانا ؛ جوش دلانا ؛ ہیجان دلانا؛ ہیجان پیدا کرنا؛ بر افروختہ کرنا؛ بر انگیختہ کرنا- (۳) (خون میں) شدید حرارت پیدا کرنا ؛ احتراق پیدا کرنا - (۴) (جسم میں) سوزش اور آماس پیدا کرنا ؛ سجانا - (۵) شدید کردینا ؛ اور بڑھا دینا - (۶) آگ لگنا ؛ آگ پکڑنا ؛ مشتعل ہونا ؛ جل اٹھنا - (۷) جوش میں آنا ؛ ہیجان میں آنا ؛ آگ ہوجانا ؛ مشتعل ہونا ؛ برہم ہونا ؛ بر افروختہ ہونا - (۸) سوجنا ؛ سوزش اور ورم ہو جانا -

Inflammable, *a. & n.* : (۱) آتش گیر؛ جلدی آگ پکڑنے والی- (۲) تند مزاج ؛ جلد مشتعل ہوجانے والا ؛ جلد بھڑک اٹھنے والا؛ شعلہ مزاج - (۳) آتش گیر شے -

inflammability, inflammableness, *nn.* : (۱) آتش گیری؛ جلد آگ پکڑنے کی خاصیت - (۲) تند مزاجی؛ شعلہ مزاجی-

Inflammation, *n.*: (۱) اشتعال ؛ بھڑکانا ؛ بھڑکنا (لفظاً و مجازاً)- (۲) سوزش اور ورم ؛ سوجن اور جلن -

Inflammatory, *a.* : (۱) بھڑکانے والا ؛ اِشتعال انگیز؛ ہیجان میں لانے والا ؛ مہیج ؛ بر انگیختہ کرنے والا - (۲) سوزش اور ورم پیدا کرنے والا ؛ مضرتانہ -

Inflate, *v. t.* : (۱) گیس یا ہوا سے پھلانا - (۲) مغرور کردینا ؛ دماغ آسمان پر پہنچا دینا؛ پھلا دینا - (۳) (مالیات) مصنوعی ذرائع سے اشیا وغیرہ کی قیمتیں بڑھادینا ؛ ملک میں زر کی مقدار بڑھا دینا تا کہ اشیا کی قیمتوں میں اِضافہ ہوجائے -

inflated words : موٹے موٹے لفظ ؛ ثقیل الفاظ -

inflation, *n* : (۱) مصنوعی ذرائع سے زر کی مقدار ملک میں بڑھا دینا - (۲) پھلا دینا ؛ پھولنا ؛ ہوا بھرنا ؛ مغرور ہونا یا کرنا.

inflator, *n.* : ہوا بھرنے والا ؛ پھلانے یا پھولانے والا ؛ بائیسکل وغیرہ کا پمپ -

Inflect, *v. t.* : (۱) اندر کو موڑنا؛ جھکانا ؛ کج کرنا؛ خم دینا - (۲) (صرف و نحو) گردان کرنا ؛ تصریف کرنا - (۳) (موسیقی) (نغماتی سرتیوں میں) زیر و بم پیدا کرنا -

Inflection, inflexion

Inflective, *a.* گردانی؛ تصریفی -

Inflexible, *a.* : (۱) جو جھک یا مڑ نہ سکے ؛ غیر خم پذیر ؛ بے لوچ - (۲) (اِستعارتاً) بے لوچ؛ غیر اثر پذیر؛ غیر تغیر پذیر-

inflexibility, *n.* : غیر خم پذیری ؛ بےلوچ ہونا ؛ غیر اثر پذیری ؛ غیر تغیر پذیری -

Inflexibly, *adv.* : متعلق ذیل مذکورۂ بالا معنوں میں -

Inflexion, *n.* : (۱) گردان؛ تصریف- (۲) تصریفی شکل - (۳) لاحقہ وغیرہ جو تصریف کے لئے اِستعمال ہو - (۴) (ہندسہ) خط منحنی کی تبدیلی محدب سے مقعر میں- (۵) انعطاف (مساوات) -

inflexional *a.* : گردانی؛ تصریفی-

inflexionless, *a.* : غیر متصرف -

Inflict, *v. t.* : (۱) لگانا (زخم، ضرب وغیرہ) - (۲) دینا (سزا) ؛ پہنچانا (تکلیف) - (۳) سر ہو کر سنانا ؛ دینا (تقریر، رائے وغیرہ) ؛ سر ہو جانا -

inflictable, *a.* : (زخم، ضرب) جو لگایا جاسکے ؛ (سزا، تکلیف) جو دی جا سکے وغیرہ -

infliction, *n.* : (۱) لگانا؛ دینا ؛ پہنچانا - (۲) جی کا جنجال ؛ عذاب -

inflictor, *n.* : لگانے والا ؛ دینے والا ؛ پہنچانے والا -

Inflorescence, *n.* : (۱) (نباتیات) نظام گل- (۲) پودے کے پھول مجموعی حیثیت سے - (۳) پھولنا ؛ پھولداری ؛ (مجازاً) بہار ؛ اُٹھان -

Inflow, *n.* : بہکر اندر آنا ؛ امنڈ کر اندر آنا -

inflowing, *n & a.* : امنڈ کر یا بہکر اندر آنے والا -

Influence, *n., & v. t.* : (۱) (نجوم) تاثیر (کواکب) - (۲) اثر - (۳) اثر ؛ رسوخ - (۴) با اثر شخص ؛ موثر قوت یا شے - (۵) برق ؛ امالہ - (۶) متاثر کرنا ؛ اثر ڈالنا ؛ دباو ڈالنا -

Influent, *a. & n.* : معاون دریا ؛ امنڈ کر یا بہہ کر اندر آنے والا (لغوی اور مجازی معنی میں)

Influential, *a.* : ذی اثر ؛ با اثر ؛ صاحب اثر ؛ بارسوخ -

influentially, *adv.* : با اثر طریقہ سے ؛ رسوخ سے وغیرہ

Influenza, *n.* : (۱) انفلوئنزا ؛ وبائی زکام - (۲) شدید زکام- (۳) کوئی تجارت، خیال یا تحریک جو وبا کی طرح پھیلے ؛ وبا -

Influx, *n.* : (۱) گرنا (چشمے کا دریا میں) - (۲) ریل پیل ؛

ھجوم ؛ اُمنڈ کرآنا (مجمع کا یا اشیاء کا) -

Inform, *v. t. & i.* : (۱) جان ڈالنا ؛ روح پھونکنا : ساری ھونا - (۲) اطلاع دینا ؛ خبر دینا ؛ مطلع کرنا ؛ بتلانا ؛ کہنا ۔ (۳) مخبری کرنا ؛ شکایت کردینا ؛ الزام لگانا ؛ نالش کرنا -

informant, *n.* : خبر دینے والا ؛ اطلاع دینے والا -

Informal, *a.* : (۱) بے ضابطہ (۲) بے تکلف ؛ غیر رسمی ؛ سادہ -

informality *n.* : بے ضابطگی ؛ بے تکلفی ؛ غیر رسمی صورت

informally, *adv.* : بے ضابطہ طور پر ؛ غیر رسمی طور پر -

Information, *n.* : (۱) اطلاع دینا ؛ مخبری کرنا ؛ خبر دینا - (۲) خبر ؛ اطلاع - (۳) قانون رپٹ ؛ اطلاع ؛ دعوی ؛ نالش -

informational, *a.* : اطلاعی ؛ خبر کا ؛ نالشی -

Informative, informatory, *aa.* : پراز معلومات ؛ مفید -

Informed, *a.* : (۱) جاننے والا ؛ باخبر ؛ مطلع - (۲) صاحب علم ؛ تعلیم یافتہ ؛ ذھین ؛ ذکی -

Informer, *n.* : پیشہ ور مخبر ؛ جاسوس ؛ خبر دھندہ ؛ خبر رساں ؛ گرگنڈہ -

common i. : مخبری پیشہ -

Infra, *adv.* : نیچے ؛ ذیل میں ؛ آگے -

vide i. : نیچے یا ذیل میں دیکھو ؛ آگے دیکھو -

Infra- : زیر ؛ تحت ؛ نیچے (مرکبات میں) -

infrarenal : گردن کے نیچے -

infrascapular : مونڈھے کی ھڈی کے نیچے -

infrasternal : سینے کی ھڈی کے نیچے -

Infraction *n.* : خلاف ورزی ؛ انحراف ؛ شکست ؛ انفساخ ؛ فسخ -

Infradig;pred a. : جو شایان شان نہ ھو ؛ خلاف شان ؛ ناسزا وار -

Infralapsarian, *n. & a.* : کیلون کا پیرو پروٹسٹنٹ جن کا یہ عقیدہ ہے کہ خدا نے جو چند خاص بندوں کو برگزیدہ کیا ھے اس کی وجہ یہ ہے کہ اس کو ھبوط آدم کا پہلے سے علم تھا -

Infrequent, *a.* : کم ؛ قلیل الوقوع ؛ خال خال -

infrequency, *n.* : قلیل الوقوع ھونا : کم ھونا -

infrequently, *adv.* : گاھے گاھے ؛ خال خال ؛ بہت کم -

Infringe, *v. t.* : توڑنا ؛ خلاف ورزی کرنا ؛ فسخ کرنا ؛ انحراف کرنا -

infringement, *n.* : خلاف ورزی ؛ کسی کے حق میں دست اندازی -

Infructuous, *a.* : (۱) بے بار ؛ جس پر پھل نہ آئے ؛ بے ثمر ؛ بے پھل - (۲) بیفائدہ ؛ بے ثمر ؛ رائگاں ؛ لاحاصل ؛ فضول ؛ اکارت -

Infundibular, *a.* : قیف کی شکل کا ؛ قیف نما -

Infuriate, *v. t.* : غصہ دلانا ؛ اشتعال دلانا ؛ غضب آلود کرنا ؛ طیش دلانا ؛ غصہ میں دیوانہ کرنا -

Infuse, *v. t. & i.* : (۱) ڈالنا ؛ انڈیلنا ؛ اندر ڈالنا - (۲) (مجازاً) پھونکنا (روح) ؛ ڈالنا (جان) ؛ بھر دینا (حسن ؛ خوبی وغیرہ) - (۳) بھگونا (عرق یا زلال نکالنے کے لئے) - (۴) بھیگنا —

infuser, *n.* : ڈالنے والا ؛ بھگونے والا -

Infusible, *a.* : ناقابل تحلیل ؛ جو گھل یا پگھل نہ سکے -

Infusion, *n.* : (۱) ڈالنا ؛ انڈیلنا ؛ پھونکنا (روح) ؛ بھر دینا (حسن وغیرہ) (۲) نچوڑ ؛ عرق ؛ زلال ؛ خیساندہ - (۳) وہ چیز جو کسی دوسری چیز میں ملائی یا ڈالی جائے ؛ جزو افزودہ -

Infusoria, *n. pl.* : یک خلیہ اجرام کا مجموعہ جو حیوانات یا نباتیات کی ستی ھوئی رطوبات میں ھوتا ھے -

infusorial, *a.* : infusoria بھرا ھوا یا بنا ھوا یا اس کا -

infusorian, infusory, *aa. & nn.* : (۱) infusorial (۲) infusoria میں سے ایک

-ing : (لاحقہ) حسب ذیل الفاظ کے آخر میں آتا ھے :- (۱) اسم مصدر اور حاصل مصدر - (۲) پیشے کے نام - (۳) خام اشیاء جن سے دوسری چیزیں بنیں مثلاً sacking - (۴) چیزوں کے مجموعے یا سلسلے کے نام جیسے feathering -

-ing : (لاحقہ) ان اسمائی صفات کے آخر میں آتا ھے جو مصدر سے بنتے ھیں جیسے charming -

-ing : (لاحقہ) ان اسماء کے بنانے کے لئے جن کا مفہوم " کسی چیز سے متعلق " یا " کوئی صفت رکھنے والا " ھوتا ھے مثلاً atheling -

Ingathering, *n.* : (۱) جمع کرنا ؛ بٹورنا ؛ انبار لگانا - (۲) کٹی ھوئی فصل ؛ خرمن -

Ingeminate, *v. t.* : تکرار کرنا ؛ بار بار کہنا ؛ رٹ لگانا ؛ مالا جپنا -

i. peace : امن کا مالا جپنا ؛ بار بار امن کا مطالبہ کرنا -

Ingenious, *a.* : (۱) خوش سلیقہ ؛ ایجاد کا مادہ رکھنے والا ؛ اختراع پسند ؛ خوش تدبیر - (۲) عمدہ ؛ انوکھا ؛ اپج کا ؛ سلیقہ کا ؛ کاریگری کا -

ingeniously, *adv.* : کاریگری سے ؛ خوش تدبیری سے ؛ اپج سے ؛ سلیقے سے -

Ingenue, *n.* : (فرانسیسی) بھولی لڑکی ؛ بھولی بھالی ؛ معصوم لڑکی (خصوصاً ناٹک کی ایکٹریس) -

Ingenuity, *n.* : خوش تدبیری : کاریگری ؛ اپج ؛ اختراع کا مادہ -

Ingenuous, *a.* : (۱) کھرا ؛ صاف دل - (۲) بے بناوٹ بے تصنع ؛ بھولا ؛ سادہ -

ingenuously, *adv.* : بلا تصنع ؛ بھولے پن سے ؛ صاف دلی سے ؛ سادگی سے -

ingenuousness, *n.* : تصنع سے پاک ھونا ؛ صاف دلی ؛ سادگی ؛ بھولاپن -

Ingest, *v. t.* : معدے میں داخل کرنا ؛ اتارنا -

ingestion, *n.* : معدے میں داخل کرنا ؛ اتارنا -

ingestive, *a.* : معدے میں اتارنے والی -

Ingle, *n.* : آگ جو آتشدان میں روشن ھو -

i. -nook : وہ گوشہ جس میں دود کش ھو -

Inglorious, *a.* : (۱) شرم ناک ؛ قبیح ؛ مذموم - (۲) گمنام -

ingloriously, *adv.* : شرمناک طریقے سے ؛ گمنامی میں -

Ingoing, *a. & n.* : داخل ھونیوالی -

Ingot, *n.* : (ڈھلی ھوئی) دھات کا ڈلا -

Ingrain, *a.* : (۱) جس کا تانا بانا یا ریشہ ریشہ رنگا ھوا ھو - (۲) خلقی ؛ جبلی - (۳) راسخ ؛ پکا -

Ingrained, *a.* : (۱) پختہ ؛ پکا ؛ راسخ ؛ رگ و ریشے میں سرایت کیا ھوا - (۲) کامل ؛ پورا

ingrainedly, *adv.* : راسخ طور سے ؛ کامل طور سے -

Ingrate, *a. & n.* : (۱) (قدیم) نا شکر گذار - (۲) نا شکر گذار شخص ؛ احسان فراموش -

Ingratiate, *v. t.* : دل میں گھر کرنا ؛ منظور نظر ھو جانا -

استمالت سے -
ingratiatingly, *adv.*:

Ingratitude, *n.*: ناسپاسی ؛ احسان ناشناسی ؛ ناشکری ؛ ناشکر گذاری ؛ احسان فراموشی -

Ingravescent, *a.*: (طب) (بیماری) بڑھنے والی ؛ بد سے بد تر ہونیوالی -

ingravescence, *n.*: افزونی مرض ؛ مرض کا بد سے بد تر ہونا -

Ingredient, *n.*: جز ؛ جزو ترکیبی ؛ عنصر -

Ingress, *n.*: (۱) درآمد ؛ اندر داخل ہونا ؛ رسائی ؛ بار یابی - (۲) داخلے کا حق - (۳) حیلولہ ؛ دخول (علم ہیئت) -

Ingrowing, *a.*: اندر کی طرف بڑھنے والا ؛ (خصوصاً ناخن) جو کہ گوشت میں پیوست ہونے والا -

ingrowth, *n.*: اندر کی طرف بڑھنی ؛ گوشت میں پیوست ہونا -

Inguinal, *a.*: چڈے کا -

Ingurgitate, *v. t.*: (۱) غٹ غٹ چڑھا جانا ؛ نگلنا - (۲) غرق کرنا ؛ ڈبونا -

Inhabit, *v. t.*: رہنا ؛ بود و باش رکھنا ؛ سکونت پذیر ہونا ؛ بسنا ؛ آباد ہونا -

inhabitable, *a.*: بسنے کے قابل ؛ قابل بود و باش ؛ قابل سکونت -

inhabitant, *n.*: باشندہ ؛ ساکن ؛ رہنے والا ؛ باشی -

inhabitation, *n.*: (۱) آبادی ؛ بود و باش ؛ سکونت ؛ رہائش - (۲) بستی ؛ آبادی -

Inhabitancy, *n.*: سکونت (خصوصاً مقررہ میعاد کی جس سے بعض حقوق حاصل ہو جائیں) -

Inhale, *v. t.*: (۱) سانس کیساتھ اوپر کو چڑھانا ؛ اندر کو سانس لینا ؛ تمباکو وغیرہ کا دھواں نگلنا - (۲) جذب کرنا ؛ لطف اٹھانا

inhalation, *n.*: اندر کو سانس لینا ؛ سانس کے ساتھ چڑھانا ؛ کوئی چیز جو سانس کے ساتھ چڑھائی جائے -

inhaler, *n.*: سانس کے ساتھ چڑھانے والا ؛ ایک آلہ جسکے ذریعہ دوا سانس کے ساتھ پہنچائی جاتی ہے -

Inharmonic, *a.*: جو آپس میں ہم آہنگ نہ ہوں ؛ غیر ہم آہنگ ؛ بے میل ؛ غیر متناسب ؛ غیر موسیقیانہ -

Inharmonious, *a.*: غیر ہم آہنگ ؛ بے میل ؛ غیر متناسب -

inharmoniously, *adv.*: بے میل ؛ غیر متناسب طور پر -

Inhere, *v. t.*: (۱) ہونا ؛ موجود ہونا (صفات کا انسان میں) ؛ خلقی ہونا ؛ راسخ ہونا - (۲) لاینفک ہونا (حقوق وغیرہ کا) -

inherence, *n.*: لاینفک ہونا ؛ راسخ ہونا ؛ موجود گی -

inherent, *a.*: ذاتی ؛ اصلی ؛ جبلی ؛ خلقی ؛ راسخ ؛ لاینفک -

inherently, *adv.*: جبلی طور پر ؛ لاینفک طور پر -

Inherit, *v. t.*: (۱) وارث ہونا ؛ میراث پانا ؛ ترکہ پانا - (۲) وراثت میں پانا ؛ ورثہ میں ملنا -

inheritor, *n.*: وارث ؛ میراث پانے والا ؛ ورثے میں پانے والا -

inheritress, inheritrix, *nn.*: وارثہ ؛ میراث پانے والی ؛ ورثے میں پانے والی

Inheritable, *a.*: (۱) ارثی ؛ ورثے میں منتقل ہونے کے قابل - (۲) ورثہ پانے کے قابل -

inheritability, *n.*: (۱) ارثی ہونا ؛ ورثے میں منتقل ہونے کی قابلیت - (۲) ورثہ پانے کی قابلیت -

Inheritance, *n.*: (۱) ورثہ پانا ؛ وارث ہونا - (۲) میراث ؛ ترکہ ؛ وراثت ؛ ارث - (۳) ارثی صفت یا قابلیت یا خصوصیت -

Inhesion, *n.*: ہونا ؛ مضمر ہونا ؛ راسخ ہونا ؛ خلقی ہونا

Inhibit, *v. t.*: (۱) منع کرنا ؛ ممانعت کرنا (خصوصاً قانون کلیسا میں) - (۲) پادری کو اپنے فرائض ادا کرنے کی ممانعت کرنا ؛ معطل کرنا - (۳) روکنا ؛ رکاوٹ ڈالنا ؛ مزاحمت کرنا -

inhibition, *n.*: (۱) روک ؛ مزاحمت - (۲) ممانعت ؛ امتناع - (۳) (نفسیات) رکاوٹ (کسی کام کے کرنے میں ہچکچاہٹ خواہ جبلی ہو یا خارجی موثرات کی پیدا کی ہوئی) -

inhibitory, *a.*: روکنے والا ؛ مزاحمت کرنے والا ؛ ممانعت کرنے والا ؛ مزاحم ؛ مانع -

Inhospitable *a.*: (۱) غیر مہمان نواز ؛ غیر مسافر نواز - (۲) جہاں مسافر کو آسائش نہ ملے ؛ بے آسائش ؛ بے فیض -

inhospitableness, *n.*: بے فیضی ؛ غیر مہمان نوازی ؛ بخل -

inhospitably, *adv.*: غیر مہمان نوازی سے -

Inhospitality, *n.*: غیر مہمان نوازی ؛ بے فیضی -

Inhuman, *a.*: (۱) بے رحم ؛ بے درد ؛ وحشی ؛ کٹر ؛ سنگ دل ؛ بے رحمانہ ؛ وحشیانہ - (۲) نوع انسانی سے مختلف ؛ غیر انسانی -

inhumanity, *n.*: بے رحمی ؛ کٹر پن ؛ بے دردی ؛ سنگدلی ؛ ظلم -

inhumanly, *adv.*: بے دردی سے ؛ وحشیانہ ؛ سنگدلانہ -

Inhume, *v. t.*: دفن کرنا ؛ [illegible] ؛ مدفون کرنا -

inhumation, *n.*: تدفین ؛ دفن -

Inimical, *a.*: (۱) بداندیش ؛ دشمن ؛ مخالف ؛ معادی ؛ مخالفانہ ؛ معاندانہ - (۲) نقصان دہ ؛ ضرر رساں ؛ مضر -

inimically, *adv.*: دشمنوں کی طرح ؛ معاندانہ -

Inimitable, *a.*: لاثانی ؛ یکتا ؛ ناقابل تقلید ؛ بے مثل -

inimitableness, *n.*: یکتائی ؛ بے مثالی ؛ ناقابل تقلید ہونا -

inimitably, *adv.*: ناقابل تقلید طور پر

Iniquity, *n.*: (۱) پاپ ؛ معصیت ؛ گناہ ؛ سیہ کاری ؛ بداعمالی ؛ گنہگاری - (۲) ظلم ؛ سخت نا انصافی -

iniquitous, *a.*: (۱) پاپی ؛ گنہگار ؛ سیہ کار ؛ بد اعمال - (۲) ظالم ؛ بے انصاف ؛ بعید از انصاف ؛ بے انصافی کا -

iniquitously, *adv.*: (۱) بے انصافی سے ؛ ظلماً - (۲) سیہ کارانہ ؛ گنہگارانہ -

Initial, *a. & n., & v. t.*: (۱) ابتدائی ؛ پہلا ؛ اول کا - (۲) دستخط جس میں نام کے ابتدائی حرف لکھے جائیں - (۳) نام کے ابتدائی حرفوں سے دستخط کرنا -

i. letter: شروع کا حرف -

initially, *adv.*: ابتدءاً ؛ شروع میں -

Initiate, *v. t.*: (۱) شروع کرنا ؛ آغاز کرنا ؛ ابتدا کرنا ؛ بنا ڈالنا - (۲) آشنا کرنا ؛ واقف کرنا ؛ روشناس کرنا ؛ محرم بنانا - (۳) باضابطہ طور پر شریک کرنا ؛ تمام رسوم کے ساتھ داخل کرنا یا ہونا -

initiation, *n.*: (۱) آغاز ؛ ابتداء - (۲) روشناسی ؛ محرومی - (۳) باضابطہ شرکت ؛ تمام رسوم کے ساتھ داخل کرنا یا ہونا -

initiator, *n.*: مبتدی ؛ آغاز کرنے والا ؛ روشناس کرنے والا ؛

داخل کرنے والا -

initiatory, *a.*: ابتدائی ؛ تمہیدی ؛ شروع کا ؛ داخلے کا -

initiatrix, *n.*: ابتدا کرنیوالی ؛ آغاز کرنے والی ؛ روشناس کرنے والی

Initiate, *a. & n.*: روشناس ؛ محرم ؛ عارف -

Initiative, *n. & a.*: (۱) آغاز ؛ بدایت ؛ شروع ؛ ابتدا - (۲) شہریوں کا حق قانون سازی (جو مجلس وضع قوانین کے سوا دوسرے شہریوں کو حاصل ہوتا ہے) - (۳) ابتدائی ؛ تمہیدی ؛ شروع کا -

have the i.: (۱) قوت اختراع رکھنا ؛ ابتدا کرنیکا حق رکھنا -

take the i.: (کسی کام میں) پیش قدمی کرنا -

Initio, *adv.*: ابتدا میں ؛ شروع میں (فلاں کتاب کی فلاں عبارت کے) -

Inject, *v. t.*: پچکاری دینا ؛ پچکاری سے داخل کرنا ؛ اس طرح داخل کرنا جیسے پچکاری دی جاتی ہے -

injector *n.*: پچکاری دینے والا ؛ پچکاری -

Injection, *n.*: (۱) پچکاری دینا - (۲) وہ دوا جس کی پچکاری دی جاتی ہے

Injudicious, *a.*: کوتاہ اندیش ؛ غیر دانشمند ؛ ناعاقبت اندیش ؛ غیر دانشمندانہ ؛ ناعاقبت اندیشانہ ؛ غیر صائب -

injudiciously, *adv.*: کوتاہ اندیشی سے ؛ ناعاقبت اندیشی سے -

injudiciousness, *n.*: کوتاہ اندیشی ؛ غیر دانشمندی ؛ ناعاقبت اندیشی ؛ غیر صائب ہونا -

Injunction, *n.*: (۱) حکم ؛ تاکید ؛ ہدایت - (۲) (قانون) حکم امتناعی -

injunct, *v. t.*: (روزمرہ) حکم امتناعی کرانا -

Injure, *v. t.*: (۱) نقصان پہنچانا ؛ ضرر پہنچانا ؛ بگاڑنا ؛ خراب کرنا ؛ زخمی کرنا ؛ چوٹ آنا - (۲) ظلم کرنا ؛ آزار پہنچانا ؛ بدسلوکی کرنا -

Injured, *a.*: (۱) زخمی ؛ مظلوم ؛ جسے نقصان یا ضرر پہنچا ہو - (۲) آزردہ -

Injurious, *a.*: (۱) بیجا ؛ ناحق ؛ غیر منصفانہ - (۲) ہتک آمیز ؛ توہین آمیز ؛ تہمت آمیز - (۳) نقصان دہ ؛ ضرر رساں ؛ مضر -

injuriously, *adv.*: (۱) بیجا طور پر ؛ غیر منصفانہ - (۲) توہین آمیز طور پر - (۳) مضر طور پر -

injuriousness, *n.*: ضرر رسانی ؛ مضرت ؛ توہین آمیز ہونا ؛ بیجا یا غیر منصفانہ ہونا -

Injury, *n.*: (۱) بے انصافی ؛ زیادتی ؛ بدسلوکی - (۲) نقصان ؛ مضرت ؛ گزند ؛ ضرر ؛ صدمہ ؛ چوٹ -

Injustice *n.*: بے انصافی ؛ ظلم ؛ نا انصافی -

Ink, *n., & v. t.*: (۱) روشنائی ؛ سیاہی ؛ مداد - (۲) روشنائی سے نشان کرنا ؛ سیاہی پھیرنا ؛ روشنائی لگانا - (۳) ایک سیاہ رطوبت جو cuttle مچھلی کے منہ سے خارج ہوتی ہے -

i.-pot: دوات -

inkstand: دوات دان -

printer's i.: چھاپے کی روشنائی -

inkiness, *n.*: کالک سیاہ آلودگی ؛ سیاہی مائل ہونا -

inkless, *a.*: بے روشنائی کا -

inky, *a.*: سیاہ ؛ کالا ؛ سیاہی آمیز ؛ روشنائی کے رنگ کا -

inker, *n.*: تلغرافی آلہ جو پیام کو سیاہی سے لکھ دیتا ہے -

Inkling, *n.*: خفیف سا علم ؛ خفیف سا شبہ -

Inland, *n., a. & adv.*: (۱) اندرون ملک ؛ وہ حصہ جو ساحل یا سرحد سے دور ہو - (۲) اندرون ملک میں واقع ؛ ساحل سے دور ؛ اندرونی - (۳) اندرون ملک کی ؛ اندرونی - (۴) اندرون ملک کی طرف ؛ اندرون ملک میں -

i. revenue: وہ آمدنی جو اندرون ملک کے محصولات اور محصول بر آمد سے ہو -

inlander *n.*: اندرون ملک کا باشندہ ؛ سرحد سے یا ساحل سے دور رہنے والا

inlandish, *a.*: جو اندرون ملک کا معلوم ہو -

Inlay, *v. t.*: (۱) جڑنا ؛ مرصع سازی یا مرصع کاری کرنا - (۲) صفحہ کاغذ کو کاٹ کر اس کے اندر تصویر یا کسی دوسرے صفحہ کا ٹکڑا جوڑنا -

Inlay(or inla), *n.*: جڑاؤ کام ؛ مرصع کام -

Inlet, *n.*: (۱) تنگ کھاڑی - (۲) وہ چیز جو کسی دوسری چیز کو کاٹ کر اسکے اندر جوڑ دی جائے -

Inlier, *n.*: (طبقات الارض) طبق اندرونی -

Inly, *adv.*: (۱) (شعر) باطنا ؛ دل میں - (۲) دل سے ؛ صمیم قلب سے ؛ دلی وابطے سے -

Inlying, *a.*: جو اندر کی طرف واقع ہو ؛ اندرونی -

Inmate, *n.*: مکین ؛ مکان میں رہنے والا -

Inmost, *a.*: (۱) سب سے زیادہ اندرونی - (۲) (مجازاً) قلبی ؛ دلی ؛ باطنی ؛ عمیق ترین -

Inn, *n.*: سرائے -

Gray's I.: ان چار قانونی انجمنوں میں سے ایک جن کے سوا بیر سٹری کی سند دینے کا کسی کو حق حاصل نہیں

Inner Temple: یہ بھی ان چار قانونی انجمنوں میں سے ایک ہے -

innkeeper: سرائے کا مالک -

Ii. of Chancery: (۱) لندن کی وہ عمارات جو کسی زمانے میں قانون کے طلبہ کی اقامت گاہیں تھیں - (۲) وہ انجمنیں جن کا دفتر ان عمارتوں میں ہے

Ii. of Court: لندن میں ان چار قانونی انجمنوں کی عمارات جن کے سوا کسی کو بیر سٹری کی سند دینے کا حق نہیں

Lincoln's Inn: ان انجمنوں میں سے ایک

Middle Temple: ان چار انجمنوں میں سے ایک

Innate, *a.*: پیدائشی ؛ خلقی ؛ فطری ؛ جبلی ؛ طبعی -

innately, *adv.*: خلقاً ؛ فطرتاً ؛ جبلتاً -

innateness, *n.*: خلقی یا فطری ہونا -

Innavigable, *a.*: ناقابل جہاز رانی ؛ جس میں جہاز نہ چلایا جا سکے -

Inner, *a. & n.*: (۱) اندرونی ؛ داخلی ؛ باطنی - (۲) نشانے کا حلقہ جو اندرونی نقطے کے گرد ہوتا ہے ؛ حلقۂ متصل (ہدف) ؛ وہ نشانہ جو اس حلقے پر پڑے -

the i. man: روح انسانی یا نفس انسانی ؛ (مزاحاً) معدہ

innermost, *a.* = inmost

Innervate, *v. t.* : تقویت پہونچانا ؛ عصبی قوت بخشنا ۔

innervation, *n* : تقویت اعصاب ۔

Innings, *n.* : (۱) (کرکٹ) اننگ ؛ پوری ٹیم کے کھیلنے کی باری ؛ ایک کھلاڑی کے کھیلنے کی باری ۔ (۲) (مجازاً) سیاسی پارٹی کا عہد حکومت یا عہد اقتدار ۔

Innocent, *a.* & *n.* : (۱) معصوم ؛ گناہ یا خطا سے بری ۔ (۲) بے قصور ؛ ناکردہ گناہ ؛ بے جرم ۔ (۳) سیدھا سادھا ؛ بھولا بھالا ؛ سادہ دل ؛ معصوم شخص ، خصوصاً چھوٹا بچہ ؛ بھولا آدمی ۔ (۴) ضعیف العقل ؛ بلا ؛ سادہ لوح ۔

Innocents' Day : اٹھائیس دسمبر ان بچوں کی یاد کا دن کو هیرود نے مارا تھا ۔

massacre of the ii. : (پارلیمنٹ کی اصطلاح) میعاد اجلاس کے ختم پر وقت نہ ہونے کے سبب سے تجاویز کا مسترد ہوجانا ۔

innocence, -ency, *nn.* : معصومی ؛ بے گناہی ؛ سادگی ؛ بھولا پن (شاذ) ۔

innocently, *adv.* : سادگی سے ؛ معصومیت سے

Innocuous, *a.* : بے مضرت ؛ بے ضرر ؛ بے زہر کا (سانپ) ۔

innocuity, *n.* : بے مضرتی ؛ بے ضرر ہونا ۔

innocuously, *adv.* : بے ضرر طور پر ۔

innocuousness, *n.* : بے مضرتی ؛ بے ضرر ہونا ۔

Innominate, *a.* : بے نام ؛ جس کا کوئی نام نہ رکھا گیا ہو ۔

i. bone : (تشریح) کولے کی ہڈی ۔

Innovate, *v. i.* : (۱) نئی راہ نکالنا ؛ نئی باتیں پیدا کرنا ؛ اختراع کرنا ؛ ایجاد کرنا ۔ (۲) تغیرات کرنا ؛ بدعت کرنا ؛ تبدیلیاں کرنا ۔

innovation, *n.* : (۱) اختراع ؛ ایجاد ؛ احداث ؛ بدعت ؛ جدت ۔ (۲) نئی راہ ؛ طرز نو ؛ جدید طریقہ ۔

innovator, *n.* : مخترع ؛ بدعتی ؛ نئی راہ نکالنے والا ؛ نئی طرز کا موجد ۔

innovatory, *n.* : اختراعی ؛ ایجادی ؛ بدعتی ۔

Innoxious, *a.* : بے مضرت ؛ بے ضرر ؛ بے شر ۔

innoxiously, *adv.* : بے ضرر طور پر ۔

! .oxiousness, *n.* : بے ضرر ہونا ؛ بے شر ہونا ۔

Innuendo. *n.* (pl. -oes) & *v. i.* : (۱) طعن آمیز اشارہ ؛ طعن ؛ چوٹ ۔ (۲) چوٹ کرنا ؛ طعن کرنا ۔

Innumerable, *a.* : بے شمار ؛ ان گنت ؛ بے حساب ۔

Innutrition. *n.* : عدم غذائیت ؛ بے پرورش ہونا ۔

Innutritious, *a.* : غذائیت سے خالی ؛ بے غذا ؛ بے پرورش ۔

Inobservance, *n.* : (۱) بے توجہی ؛ بے خیالی ؛ عدم توجہی ۔ (۲) عدم توجہ ؛ عمل نہ کرنا (قانون وغیرہ پر) ۔

Inoccupation, *n.* : غیر مصروفیت ؛ بے شغلی ؛ بےکاری ؛ ٹھالی پن ۔

Inoculate, *v. t.* : (۱) ٹیکہ لگانا ۔ (۲) ٹیکے کے ذریعہ داخل کرنا (بیماری وغیرہ کا) ۔ (۳) پیوند یا قلم لگانا ۔

Inoculation, *n.* : (۱) ٹیکہ ۔ (۲) پیوند ؛ قلم ۔

inoculative, *a.* : پیوند یا قلم لگانے کا ؛ ٹیکہ لگانے کا ۔

inoculator, *n.* : (۱) ٹیکہ لگانے والا ۔ (۲) پیوند یا قلم لگانے والا ۔

Inodorous, *a.* : بے بو ؛ بے باس ۔

Inoffensive, *a.* : (۱) غیر جارحانہ ۔ (۲) غیر دل‌آزار ؛ بےآزار ؛ بے ضرر ؛ بے نیش ۔

inoffensively, *adv.* : غیر جارحانہ طور پر ؛ بے ضرر طور پر ۔

inoffensiveness, *n.* : غیر جارحانہ ہونا ؛ بے آزار یا بے ضرر ہونا ۔

Inofficious, *a.* : (۱) بیکار ؛ بے مصرف ۔ (۲) (قانون) جو اخلاقی فرض کے مطابق نہ ہو ۔

Inoperative, *a.* : غیر موثر ؛ بے کار ؛ غیر نافذ ۔

Inopportune, *a.* : بے موقع ؛ بے وقت ۔

inopportunely, *adv.* : بے وقت ؛ بے موقع ۔

inopportuneness, *n.* : بے موقع ہونا ۔

Inordinate, *a.* : (۱) غیر معتدل ؛ بے حد ؛ بہت زیادہ ؛ حد سے زیادہ ؛ حد اعتدال سے متجاوز ؛ حد سے بڑھا ہوا ۔ (۲) بے اعتدال ؛ بے احتیاط ؛ غیر معتدل ۔ (۳) بے اصول ؛ بے ترتیب ۔

inordinately, *adv.* : حد سے زیادہ ؛ بے حد ؛ بے اعتدالی سے ؛ بے اصولی سے ۔

Inorganic, *a.* : (۱) غیر نامی (جسم ، شے) ۔ (۲) (کیمیا) غیر نامی (مرکبات) ۔ (۳) خارجی ؛ غیر نامی (جزو ، عنصر) ۔ (۴) (سیاسیات) لا عضوی ۔

i. chemistry : غیر نامیاتی کیمیا ۔

Inorganization, *n.* : عدم تنظیم ؛ بے نظامی ۔

Inornate, *a.* : غیر مزین ؛ غیر آراستہ ؛ بے نقش و نگار ؛ بے آرائش ؛ (اسلوب) عاری ۔

Inosculate, *v. i.* & *t.* : (۱) (شریانوں کا) جڑنا ؛ ملنا ؛ منہ ملنا ؛ جوڑ ملنا ۔ (۲) (ریشوں وغیرہ کا) باہم پیوست ہونا ، گتھا ہونا ۔ (۳) باہم پیوست کرنا ۔

inosculation, *n.* : جوڑ ملنا ؛ منہ ملنا ؛ باہم پیوستہ ہونا ؛ گتھاؤ ۔

Inpouring, *a.* & *n.* : (۱) امڈ کر یا ہجوم کرکے (اندر) آنا ۔ (۲) برسنے والا ؛ امڈ کر آنے والا ۔

Inquest, *n.* : (۱) قانونی یا عدالتی تحقیقات ؛ تفتیش ۔ (۲) مرگ ناگہانی کے سبب کی تحقیقات ۔ (۳) جیوری جو اس کی تحقیقات کرتی ہے ۔

coroner's i : مرگ غیر طبعی کی تفتیش ۔

grand i. : بڑی جیوری ۔

grand i. of the nation : دارالعوام ۔

great, last, i. : قیامت ؛ حشر ۔

Inquietude, *n.* : بے اطمینانی ؛ خلجان ؛ بے چینی ؛ بے کلی ۔

Inquire, en-, *v. i.* & *t.* : (۱) پوچھنا ؛ دریافت کرنا ؛ استفسار کرنا ؛ سوال کرنا ۔ (۲) تحقیق کرنا ؛ چھان بین کرنا ؛ تحقیقات کرنا ؛ تفتیش کرنا ؛ پوچھ گچھ کرنا ۔ (۳) (چیز دوکان پر) تلاش کرنا ؛ پوچھنا ۔

i. after, for, one : کسی کی مزاج پرسی کرنا ۔

inquiringly, *adv.* : دریافت کرتے ہوئے ؛ استفساراً ۔

Inquiry, en-, *n.* : (۱) استفسار ؛ سوال ؛ دریافت حال ۔ (۲) پوچھنا ؛ تحقیقات ؛ تفتیش ؛ چھان بین ؛ پوچھ گچھ ۔

Inquisition, *n.* : (۱) تلاش ؛ جستجو ؛ تفتیش ؛ تحقیقات ۔ (۲) عدالتی تحقیقات ؛ سرکاری تحقیقات ۔

the I.: (رومی کلیسا) عدالت استیصال الحاد ؛ مذہبی عدالت جو بدعتیوں کے استیصال کے لئے قائم ہوئی تھی ؛ عدالت احتساب (کلیسا کی) -

inquisitional, *a.*: تحقیقاتی -

Inquisitive, *a.*: (۱) متجسس ؛ کھوجی ؛ تحقیق پسند ؛ شوق جستجو رکھنے والا - (۲) راز جو ؛ خواہ مخواہ جستجو کرنے والا ؛ پرائے معاملے کا کھوج لگانے والا -

inquisitively, *adv.*: متجسسانہ ؛ راز جوئی سے -

inquisitiveness, *n.*: (۱) تجسس کا شوق ؛ تحقیق پسندی ؛ کھوجی پن - (۲) راز جوئی -

Inquisitor, *n.*: (۱) سرکاری طور پر تحقیقات کرنے والا ؛ سرکاری محقق - (۲) کلیسا کی عدالت احتساب کا افسر ؛ محتسب کلیسا -

Grand, I.: (کسی ملک کی) اس عدالت کا اعلیٰ افسر ؛ صدر محتسب -

I. General: (اسپین کی) اس عدالت کا اعلیٰ افسر ؛ محتسب اعظم -

Inquisitorial, *a.*: (۱) محتسب کلیسا کی طرح یا اس سے متعلق - (۲) راز جو ؛ راز جویانہ -

inquisitorially, *adv.*: (۱) محتسبانہ ' عدالت احتساب کے افسر کی طرح - (۲) راز جو یا نہ -

Inroad, *n.*: (۱) حملہ ؛ تاخت ؛ یورش - (۲) (مجازاً) زبردستی کی مداخلت -

Inrush, *n.*: ریل پیل ؛ یورش -

Insalivate, *v. t.*: رطوبت دہن کے ساتھ ملانا ؛ لعاب دہن سے تر کرنا -

insalivation, *n.*: لعاب دہن کے ساتھ آمیزش -

Insalubrious, *a.*: مضر صحت ؛ غیر صحت بخش

insalubrity, *n.*: غیر صحت بخش ہونا -

Insane, *a.*: (۱) باولا ؛ دیوانہ ؛ پاگل ؛ سڑی ؛ مخبوط الحواس ؛ سودائی ؛ مجنون ؛ خبطی - (۲) احمقانہ ؛ نا معقول ؛ بے معنی -

insanely, *adv.*: مجنونانہ -

insanity, *n.*: خبط ؛ دیوانگی ؛ جنون ؛ پاگل پن -

Insanitary, *a.*: گندا ؛ حفظان صحت کے اصول کے خلاف ؛ مضر صحت -

insatiable, *a.*: (۱) نہ بجھنے والی ؛ سیر نہ ہونے والی ؛ غیر تسکین پذیر - (۲) حریص ؛ لالچی ؛ جسے ہوکا ہو -

insatiability, *n.*: ہوکا ؛ غیر تسکین پذیری -

insatiably *adv.*: شدت حرص سے ؛ غیر تسکین پذیر طور پر ؛ ہوکے پن سے -

Insatiate, *a.*: جو کبھی سیر نہ ہو ؛ غیر تسکین پذیر -

Inscribe *v. t.*: (۱) نقش کرنا ؛ کھودنا ؛ کندہ کرنا یا منقوش کرنا - (۲) لکھنا ؛ فہرست میں نام داخل کرنا - (۳) قرضے کے حصے مقررہ حصہ داروں کے نام جاری کرنا - (۴) (ہندسہ) اس طرح شکل بنانا کہ اس کے چند خاص نقطے دوسری شکل میں داخل ہو جائیں -

inscribable, *a.*: ایسی (شکل) جو دوسری شکل کے اندر بنائی جا سکے -

Inscription, *n.*: (۱) نقش ؛ کتبہ - (۲) محدود حصص کے قرضے کا اجرا -

inscriptional, *a.*: کتبہ کے متعلق -

inscriptive, *a.*: کتبے کا -

Inscrutable, *a.*: جس کی تہ تک نہ پہنچ سکیں ؛ (مجازاً) نا معلوم ؛ مخفی ؛ فہم و ادراک سے باہر -

inscrutability, inscrutableness, *nn.*: فہم و ادراک سے باہر ہونا -

inscrutably, *adv.*: متعلق فعل مذکورہ بالا معنوں میں -

Insect, *n.*: (۱) کیڑا ؛ مکوڑا ؛ کرم - (۲) (حیوانیات) حشرہ ؛ وہ کیڑا وغیرہ جس کے جسم کے تین حصے (بالائی ' درمیانی اور زیریں) ہوتے ہیں ' بالائی حصے پر چھ ٹانگیں ہوتی ہیں اور اس کے (عموماً) دو یا چار پر ہوتے ہیں - (۳) حقیر شخص یا مخلوق -

i. -powder: کرم کش سفوف -

insectivora, *n.* pl.: کرم خور نوع -

insectivore, *n.*: کرم خور -

insectivorous, *a.*: کرم خور -

Insectarium, *n.*: کیڑوں کے رکھنے کی جگہ ؛ کیڑے خانہ ؛ کیڑا گھر -

insecticide, *n.*: کیڑوں کا مارنے والا ؛ کیڑا مار ؛ کرم کش ؛ ایک دوا جس سے کیڑے مر جاتے ہیں -

insecticidal, *a.*: کیڑا مار (دوا) یا اس کے متعلق -

insectology, *n.*: کیڑوں کا علم ؛ حشریات -

Insecure, *a.*: (۱) غیر محفوظ ؛ بے آڑ ؛ غیر مامون ؛ غیر مصئون - (۲) کمزور ؛ بودی (زمین یا برف) -

insecurely, *adv.*: غیر محفوظ طور پر -

insecurity, *n.*: غیر محفوظ ہونا ؛ بے حفاظتی ؛ بے امنی ؛ عدم تحفظ -

Inseminate, *v. t.*: بونا ؛ تخم ریزی کرنا ؛ تخم پاشی کرنا ؛ بیج ڈالنا -

insemination, *n.*: تخم ریزی ؛ تخم پاشی -

Insensate, *a.*: (۱) بے حس ؛ بے احساس ' بے درد ؛ کٹر ؛ سنگدل ؛ بے رحم - (۲) بے عقل ؛ بے شعور ؛ بیوقوف ؛ احمق ؛ نا فہم - (۳) بے حس ؛ ماؤف -

insensately, *adv.*: بے وقوفی سے ؛ بے حسی سے ؛ سنگدلی سے ؛ بیدردی سے -

Insensibility, *n.*: (۱) بے حسی ؛ فقدان احساس ؛ فقدان جذبات - (۲) بے ذوقی ؛ کورا ہونا - (۳) بے ہوشی ؛ غشی -

Insensible, *a.*: (۱) غیر محسوس ؛ غیر معلوم ؛ بہت خفیف - (۲) بے ہوش ؛ غش میں - (۳) بے خبر ؛ نا واقف ؛ لا علم - (۳) بے حس ' بے احساس ؛ جذبات سے خالی ؛ کٹر ؛ بے درد ؛ سنگدل -

insensibly, *adv.*: غیر معلوم طور پر ؛ غیر محسوس طور پر -

Insensitive, *a.*: بے حس ؛ ماؤف ؛ بے ذوق ؛ کورا -

insensitiveness, *n.*: بے حسی ؛ بے ذوقی -

Insentient, *a.*: غیر ذی روح ؛ بے جان -

Inseparable, *a.* & *n.*: (۱) غیر منفک ؛ جو جدا نہ ہو سکے ؛ لاینفک ؛ لازمی - (۲) غیر منفک شے (لازم و ملزوم) ؛ یک جان دو قالب (دوستوں کے لئے) -

i. prefix: لاحقہ غیر منفک -

inseparability, *n.*: عدم انفکاک ؛ لازم ملزوم ہونا ؛ غیر منفک ہونا -

inseparably, *adv.*: غیر منفک طور پر -

Insert, *v. t.*: (۱) لگانا ؛ نصب کرنا ؛ داخل کرنا ؛ ٹھونسنا ؛ اندر ڈالنا - (۲) شامل کرنا ؛ داخل کرنا ؛ اضافہ کرنا ؛ درج کرنا ؛ مندرج کرنا ؛ شائع کرنا (اخبار وغیرہ میں) -

Insertion, *n.*: (۱) نصب کرنا ؛ ڈالنا ؛ داخل کرنا وغیرہ - (۲) اندراج ؛ شمول - (۳) مندرجہ شے (خصوصاً کتاب ، اخبار وغیرہ میں) - (۴) کام ؛ سوزن کاری (کپڑے وغیرہ پر) - (۵) (تشریح) انضمام -

Inset, *n.*: (۱) زائد صفحہ یا صفحات جو کتاب کے اندر داخل کر دئیے جائیں - (۲) چھوٹا نقشہ جو بڑے نقشہ وغیرہ کو کاٹ کر بیچ میں لگا یا جوڑا جائے - (۳) فیتہ یا پٹی وغیرہ (جو لباس میں بطور آرائش لگاتے ہیں -

Inset, *v. t.* (inset or -tted): داخل کرنا : لگانا : شامل کرنا وغیرہ -

Inshore, *adv.* & *a.*: ساحل سے قریب ؛ ساحل کے نزدیک -

i. of : ساحل سے قریب تر (کسی دوسرے مقام کے مقابلے میں) -

Inside, *n.*, *a.*, *adv.* & *prep.*: (۱) اندرونی رخ ؛ اندرونی حصہ - (۲) بازو کے رستے کی وہ پٹی جو دیوار سے نزدیک یا سڑک سے دور ہو - (۳) (روزمرہ) معدہ اور انتڑیاں - (۴) شکرم وغیرہ کے اندر کے مسافر - (۵) اندرونی ؛ جو اندر یا اندر کی طرف واقع ہو ؛ اندر کا - (۶) اندرونی رخ پر ؛ اندر کی طرف - (۷) (حرف) اندر ؛ میں -

i. information : اندرونی واقفیت ؛ گھر کا بھید -

i. of a week : ہفتہ کے اندر ؛ ہفتہ سے کم میں (روزمرہ) -

the i. of a week : ہفتے کا درمیانی دن

turn i. out : الٹا کر دینا ؛ الٹا دینا

Insider, *n.*: (۱) گھر کا ؛ اندر کا (وہ شخص جو کسی انجمن وغیرہ کا رکن ہو ، باہر کے لوگوں کے مقابلے میں) - (۲) بھیدی : واقف کار ؛ راز دار -

Insidious, *a.*: (۱) فریبی ؛ دغا باز ؛ عیار ، مکار ؛ پر فریب ؛ عیارانہ - (۲) چپکے چپکے آنے والا یا بڑھنے والا ؛ چور چال -

i. disease: چور بیماری -

insidiously, *adv.*: مکر سے ؛ فریب سے ؛ عیاری سے ؛ چپکے چپکے ؛ غیر محسوس طور پر ؛ چور چال سے -

insidiousness, *n.*: دغا بازی ؛ فریب ؛ مکاری ؛ چور چال ہونا -

Insight, *n.*: دقت نظر ؛ بصیرت ؛ درک -

Insignia, *n pl.*: (عہدے کا) نشان یا علامت ؛ تمغہ ؛ نشان امتیازی -

Insignificant, *a.*: (۱) غیر اہم ؛ خفیف ؛ ادنیٰ ؛ چھوٹی سی - (۲) ہیچ ؛ پوچ ؛ نا چیز ؛ حقیر - (۳) بے معنی ؛ مہمل -

insignificance, -ancy, *nn.*: بے اہمیتی ؛ خفیف ہونا ؛ حقیر ہونا ؛ بے معنی ہونا -

insignificantly, *adv.*: بے اہمیتی سے ؛ بے معنی طور پر -

Insincere, *a.*: غیر مخلص ؛ بیوفا ؛ ریا کار ؛ منافق ؛ سخن ساز -

insincerely, *adv.*: ریا کاری سے ؛ سخن سازی سے -

insincerity, *n.*: ریاکاری ؛ منافقت وغیرہ -

Insinuate, *v. t.*: (۱) چالاکی سے ، چپکے چپکے دل میں جگہ کرنا یا کسی صحبت میں یا عہدے پر پہنچ جانا - (۲) کنایتاً کہنا : پردے پردے میں کہنا -

insinuatingly, *adv.*: (۱) چالاکی سے ؛ چپکے چپکے - (۲) اشارتاً ؛ کنایتاً ؛ پردے پردے میں -

insinuation, *n.*: (۱) (فعل کے معنی میں) - (۲) در پردہ تعریض یا چوٹ یا الزام -

insinuative, *a.*: (۱) چالاکی سے ، چپکے چپکے دل میں جگہ کرنے والا وغیرہ - (۲) جس میں درپردہ تعریض ہو -

insinuator, *n.*: اسم مذکورۂ بالا معنوں میں -

Insipid, *a.*: (۱) بے مزہ ؛ پھیکا ؛ بے ذائقہ ؛ سیٹھا - (۲) بے لطف ؛ غیر دلچسپ ؛ روکھا پھیکا ؛ بیرنگ ؛ بے نمک -

insipidness, insipidity, *nn.*: بے مزہ ہونا ، پھیکا پن ؛ بے نمکی ؛ بے لطفی ؛ بیرنگی -

Insist, *v. i.* & *t.*: (۱) اصرار کرنا ؛ مصر ہونا ؛ ہٹ کرنا ؛ ضد کرنا ؛ بضد ہونا ؛ اڑنا ؛ تاکید کرنا - (۲) وثوق کے ساتھ کہنا - (۳) ناگزیر سمجھ کر اصرار کرنا (کسی شرط پر) -

insistence, -ency, *nn.*: اصرار ؛ ہٹ ؛ ضد ؛ تاکید -

insistent, *a.*: مصر ؛ بضد ؛ اڑا ہوا -

insistently, *adv.*: بہ اصرار ؛ تاکید سے -

Insobriety, *n.*: بے اعتدالی (خصوصاً شراب خواری میں) -

Insolation, *n.*: (۱) دھوپ کھانا ؛ دھوپ میں رکھنا ؛ دھوپ دکھانا - (۲) دھوپ میں جھلسنا -

Insolent *a.*: گستاخ ؛ بد تمیز ؛ گستاخانہ ؛ بد تمیزی کا ؛ توہین آمیز -

insolence, *n.*: گستاخی ؛ بدتمیزی -

insolently, *adv.*: گستاخانہ ؛ بد تمیزی سے -

Insoluble, *a.*: (۱) لا ینحل ؛ جو حل نہ ہوسکے ؛ نہایت پیچیدہ - (۲) ناقابل تحلیل ؛ غیر تحلیل پذیر -

insolubility, insolubleness, *nn.*: پیچیدگی ؛ لاینحل ہونا ؛ غیر تحلیل پذیر ہونا -

insolubly, *adv.*: لاینحل طور پر ؛ غیر تحلیل پذیر طور پر -

Insolvent, *a.* & *n.*: (۱) دوالیہ ؛ (قرض دار) جس کا دیوالہ نکل جائے - (۲) دوالے کے متعلق -

insolvency, *n.*: دوالیہ پن ؛ دوالیہ ہونا

Insomnia, *n.*: بے خوابی ؛ نیند نہ آنے کا مرض -

Insomuch, *adv.*: اس حد تک (کہ) ؛ یہاں تک (کہ) ؛ حتیٰ (کہ) -

Insouciant (-soo-, or as F), *a.*: بے پروا ؛ بے فکر -

insouciance, *n.*: بے پروائی ؛ بے فکری -

Inspan, *v. t.*: (جنوبی افریقہ) جوتنا ؛ جوا رکھنا (بیلوں پر) ؛ گاڑی جوڑنا ؛ بیل لگانا -

Inspect, *v. t.*: (۱) ملاحظہ کرنا ؛ معائنہ کرنا (سرکاری طور پر) - (۲) غور سے دیکھنا ؛ جانچ کرنا ؛ معائنہ کرنا -

inspection, *n.*: ملاحظہ ؛ معائنہ ؛ جانچ -

inspector, *n.*: ناظر

inspectoral, inspectorial, *aa.*: ناظر کا ؛ انسپکٹر کا -

inspectorship, *n.*: نظارت ؛ انسپکٹری -

Inspectorate, *n.*: (۱) نظارت ؛ انسپکٹری کا دفتر - (۲) کل ناظر یا انسپکٹر مجموعی حیثیت سے - (۳) حلقۂ ناظر ؛ انسپکٹر کا حلقہ -

Inspiration, *n.*: (۱) اندر سانس لینا ؛ دم کشی - (۲) تخلیقی تحریک ؛ روحانی تاثیر یا فیضان - (۳) القا ؛ الہام - (۴) عمدہ خیال جو یکایک دل میں آئے ؛ آمد ؛ شاعرانہ وجدان ؛ الہامی خیال - (۵) وہ چیز جس سے تخلیقی تحریک ، روحانی تاثیر یا فیضان حاصل ہو - (۶) وہ خیال جو دوسرے کی تحریک سے پیدا ہو ؛ سکھائی پڑھائی بات -

moral i.: مقدس کتابوں میں صرف اخلاقی اور روحانی مطالب کا الہامی ہونا -

plenary i.: مقدس کتابوں کے کل مضامین کا الہامی ہونا -
verbal i.: مقدس کتابوں کا لفظ بلفظ الہامی ہونا
inspirational, *a.*: الہامی -
inspirationism, *n.*: الہامیت ؛ مقدس کتابوں کے الہامی ہونے کا عقیدہ -
inspirationist, *n.*: یہ عقیدہ رکھنے والا ؛ الہامی -
Inspirator, *n.*: ہوا یا بھاپ کے کھینچنے کا آلہ -
Inspire, *v. t.*: (۱) اندر سانس لینا ؛ سانس کے ساتھ اندر کھینچنا - (۲) القا کرنا ؛ دل میں ڈالنا ؛ دل میں پیدا کرنا - (۳) جوش یا احساس پیدا کرنا ؛ روح پھونکنا - (۴) تخلیقی تحریک یا روحانی تاثیر پیدا کرنا ؛ فیضان ہونا -
inspired article: وہ مضمون جو کسیکے اشارہ سے لکھا گیا ہو -
inspiratory, *a.*: دم لینے کا ؛ سانس کھینچنے کا
Inspirit, *v. t.*: (۱) جان ڈالنا ؛ روح پھونکنا - (۲) دل بڑھانا ؛ ہمت بڑھانا ؛ جوش دلانا -
inspiriting, *a.*: روح پھونکنے والی ؛ جان ڈالنے والی ؛ ہمت بڑھانے والی ؛ ہمت آفریں ؛ جوش انگیز
Inspissate, *v. t.*: گاڑھا یا غلیظ کرنا ؛ جمانا -
Inspissation, *n.*: گاڑھا یا غلیظ کرنا -
Instability, *n.*: عدم استحکام ؛ بے ثباتی ؛ ناپائیداری ؛ بے استقلالی ؛ تلون -
Install, *v. t.*: (۱) باضابطہ جائزہ دلانا ؛ تمام آداب و رسوم کے ساتھ عہدہ یا منصب سپرد کرنا ؛ مسند نشین کرنا - (۲) جمنا ؛ قدم جمانا - (۳) (آلہ وغیرہ) قاعدے سے لگانا یا نصب کرنا -
installant, *a. & n.*: جائزہ دلانے والا ؛ مسند نشین کرنیوالا ؛ نصب کرنے والا -
Installatio.ı, *n.*: (۱) تخت نشینی ؛ مسند نشینی ؛ رسم جائزہ ؛ تقرر - (۲) قدم جمانا - (۳) لگانا ؛ نصب کرنا - (۴) (طبعیات) منصوبات -
Instalment, *n.*: (۱) قسط - (۲) قسط بندی -
nstance, *n.*: (۱) مثال ؛ نظیر - (۲) مخصوص صورت یا موقع - (۳) مقدمہ - (۴) ایما ؛ فرمائش -
at the i.: حسب ایما ؛ حسب فرمائش ؛ حسب تجویز -
court of first i.: ابتدائی عدالت -
in the first i.: اولاً ؛ اول تو ؛ پہلے تو -
Instance, *v. t.*: (۱) مثال یا نظیر کے طور پر پیش کرنا ؛ نظیر پیش کرنا - (۲) مثال یا نظیر کے طور پر پیش کرنا -
Instancy, *n.*: فوری ہونا ؛ ضروری ہونا -
Instant, *a.*: (۱) اشد ضروری - (۲) ماہ حال کی ؛ اس مہینے کی - (۳) فوری -
Instant, *n.*: (۱) لحظہ ؛ لمحہ ؛ آن ؛ پل ؛ دم - (۲) موجودہ لمحہ -
Instantane, *n.*: (فرانسیسی) فوری عکسی تصویر (اسنیپ شاٹ) ؛ (مجازاً) مختصر الفاظ میں کھینچا ہوا خاکہ -
Instantaneous, *a.*: (۱) ایک لمحے میں واقع ہونے والا ؛ فوری - (۲) آنی ؛ دم بھر کا -
instantaneously, *adv.*: فوراً ؛ معاً ؛ اسی دم ؛ فی الفور ؛ آناً فاناً ؛ جھٹ پٹ -
instantaneousness, *n.*: فوری ہونا ؛ آنی ہونا -
Instanter, *adv.*: (مزاحاً) فی الفور ؛ معاً ؛ جھٹ پٹ ؛ فوراً
Instantly, *adv.*: فوراً ؛ آناً فاناً ؛ اسی وقت ؛ اسی دم -
Instauration, *n.*: اجراء ؛ تجدید ؛ واپسی ؛ استرداد ؛ بازدہی ؛ واگذاشت -
instaurator, *n.*: تجدید کرنیوالا ؛ بازدہ -
Instead, *adv.*: (۱) بجائے ؛ جگہ پر (۲) اس کے بدلے ؛ اس کی جگہ -
Instep, *n.*: (۱) (انسان کے) پیر کا اوپر کا حصہ (انگوٹھے سے لے کر ٹخنے تک) - (۲) جوتے کا وہ حصہ جو اسکو ڈھکے - (۳) اس شکل کی کوئی چیز -
Instigate, *v. t.*: (۱) ترغیب دینا ؛ اکسانا ؛ ابھارنا ؛ شہ دینا (۲) برپا کرنا (فساد ، بغاوت وغیرہ) ؛ محرک ہونا
instigation, *n.*: شہ ؛ تحریک ؛ اکسانا ؛ ابھارنا -
instigator, *n.*: شہ دینے والا ؛ اکسانے والا ؛ محرک ؛ برپا کرنے والا -
Instil(l), *v. t.*: (۱) ڈالنا ؛ ٹپکانا ؛ چوانا (قطرہ قطرہ کرکے) - (۲) رفتہ رفتہ ذہن نشین کرنا ؛ پیدا کرنا ؛ دل میں بٹھا دینا -
instillation, instilment, *nn.*: ٹپکانا ؛ رفتہ رفتہ ذہن نشین کرنا -
Instinct, *n.*: (۱) عقل حیوانی ؛ جبلت - (۲) جبلی افعال - (۳) وجدان ؛ فطری مہارت یا مناسبت - (۴) اندرونی تحریک -
Instinctive, *a.*: جبلی ؛ فطری ؛ وجدانی -
instinctively, *adv.*: جبلی طور پر ؛ جبلتاً ؛ وجدانی طور پر ؛ اندرونی تحریک سے ؛ خود بخود -
Instinct, *pred. a.*: بھرپور ؛ لبریز ؛ بھرا ہوا -
Institute, *n.*: (۱) علمی مجلس یا ادارہ - (۲) ایسی مجلس کا مکان یا دفتر - (۳) اصول قانون کی مبادیات ؛ کسی فن کی مبادیات کا مجموعہ -
Institute, *v. t.*: (۱) قائم کرنا ؛ جاری کرنا ؛ بنا ڈالنا ؛ بنا رکھنا - (۲) شروع کرانا (تحقیقات وغیرہ) - (۳) مقرر کرنا (خصوصاً پادری کو) -
Institution, *n.*: (۱) بناء ؛ آغاز ؛ ابتدا ؛ تقرر (خصوصاً پادری کا) - (۲) آئین ؛ قانون ؛ دستور ؛ رواج - (۳) (روزمرہ) شخص خصوصاً وہ جو نمایاں اور ممیز خصوصیات رکھتا ہو یا جو اس قدر نرالا اور عجیب الخیال ہو کہ لوگ عام طور پر اس کو پسند کرتے ہوں ، مانتے ہوں یا کم سے کم اس کی باتوں کو برداشت کرتے ہوں - (۴) ادارہ - (۵) کسی ادارے کی عمارت -
institutional, *a.*: ادارہ وغیرہ کے متعلق یا اس کی نوعیت کا -
Instruct, *v. t.*: (۱) تعلیم دینا ؛ پڑھانا ؛ درس دینا ؛ سکھلانا - (۲) مطلع کرنا ؛ اطلاع دینا ؛ آگاہ کرنا ؛ بتانا - (۳) ضروری باتیں بتانا ؛ معاملہ سمجھانا (وکیل یا پیرو کار کو) - (۴) ہدایت کرنا ؛ حکم دینا -
instructress, *n.*: استانی -
instructor, *n.*: استاد ؛ اتالیق ؛ معلم -
Instruction *n.*: (۱) تعلیم ؛ درس ؛ پڑھائی - (۲) ہدایات ؛ احکام (۳) ہدایات (جو وکیل یا پیرو کار کو دی جائیں)
intructional, *a.*: تعلیمی ؛ درسی ؛ ہدایتی -
Instructive, *a.*: پر از معلومات ؛ مفید ؛ سبق آموز -
inst ıctıʋ ely, *adv.*: سبق آموز طور پر -
instrucṫiveɤess, *n.*: پر از معلومات ہونا ؛ سبق آموز ہونا -

Instrument, *n.*, & *v. t.*: (۱) آلہ : اوزار : ہتھیار - (۲) آلہ کار ؛ وہ شخص جس سے دوسرا جس طرح چاھے کام لے - (۳) آلات (سائینس وغیرہ کے) - (۴) آلہ (موسیقی)- (۵) دستاویز ؛ قانونی کاغذ - (۶) (گیت کو) ساز پر بجانے کے لئے ترتیب دینا -
musical i.: باجا ؛ ساز ؛ آلات موسیقی -

Instrumental, *a.*: (۱) معاون ؛ مدد ؛ کام دینے والا ؛ ذریعہ کا - (۲) آلے کا یا آلے کے متعلق - (۳) ساز کی (موسیقی) -
i. case: (صرف ونحو) فعل کی حالت جس سے واسطہ ' ذریعہ وغیرہ ظاھر ھو -

instrumentalist, *n.*: کسی ساز کا بجانے والا یا ماھر -

instrumentally, *adv.*: ذریعے کے طور پر ؛ آلے کے طور پر -

Instrumentality, *n.*: آلہ ھونا ؛ ذریعہ ؛ مدد -

Instrumentation, *n.*: (۱) گیت کو ساز کے لئے ترتیب دینا - (۲) آلات جراحی وغیرہ سے کام لینا - (۳) آلہ ھونا؛ ذریعہ؛ مدد -

Insubordinate, *a.*: نا فرمان ؛ باغی ؛ سرکش ؛ شوریدہ پشت -

insubordination, *n.*: نا فرمانی ؛ بغاوت ؛ عدول حکمی ؛ سرکشی ؛ شوریدہ پشتی -

Insubstantial, *a.*: غیر حقیقی ؛ غیر مادی ؛ غیر جامد ؛ جو ٹھوس نہ ھو -

Insubstantiality, *n.*: غیر مادیت ؛ غیر حقیقی پن ؛ جامد نہ ھونا وغیرہ -

Insufferable, *a.*: نا قابل برداشت طور پر مغرور ؛ سخت متکبر -

insufferably, *adv.*: حد سے زیادہ (مغرور وغیرہ) -

Insufficient, *a.*: غیر کافی ؛ نا کافی ؛ تھوڑا ؛ کم -

insufficiency, *n.*: کمی ؛ کوتاھی ؛ نا کافی ھونا -

insufficiently, *adv.*: نا کافی طور پر -

Insufflate, *v. t.*: پھونکنا ؛ بھرنا (ھوا یا گیس وغیرہ) ؛ (چوٹ جلن وغیرہ کے دور کرنے کے لئے) منہ سے یا آلے کے ذریعے سے پھونکنا -

insufflator, *n.*: پھونکنے کا آلہ

Insufflation, *n.*: (۱) پھونک بھرنا ؛ ھوا بھرنا - (۲) جھاڑ پھونک (آسیب دور کرنے کے لئے) -

Insular, *a.*: (۱) جزیرہ کا ؛ ٹاپو کا ؛ جزیرے کا سا - (۲) جزیرہ والوں کا یا جزیرہ کا سا تنگ نظر ؛ تنگ نظر انہ -

insularism, *n.*: (جزیرے والوں کی سی) تنگ نظری -

insularity, *n.*: (۱) جزیرہ یا جزیرے کا سا ھونا - (۲) تنگ نظری -

insularly, *adv.*: جزیرے والوں کی طرح ؛ جزیرے کی طرح -

Insulate, *v. t.*: (۱) جزیرہ بنانا - (۲) (شخص ' شے کو) ماحول سے جدا کرنا ؛ سب سے الگ کر دینا ' جدا کر لینا - (۳) (حرارت اور برق) منفصل کرنا ؛ حاجز درمیان میں رکھنا -

insulation, *n.*: (۱) جزیرہ بنانا - (۲) علحدہ کرنا - (۳) حجز -

insulator, *n.*: (۱) علحدہ کرنے والا - (۲) حاجز -

Insulin, *n.*: انسولین ؛ ذیا بیطس کی خاص دوا -

Insult, *n.*: (۱) توھین ؛ ھتک ؛ تذلیل ؛ ذلت ؛ سبکی ؛ [illegible] - (۲) توھین آمیز فعل یا گفتگو -

Insult, *v. t.*: ھتک کرنا ؛ توھین کرنا ؛ تذلیل کرنا ؛ ذلیل کرنا ؛ اھانت کرنا -

insultingly, *adv.*: توھین آمیز طور پر ؛ ھتک آمیز طور پر -

Insuperable, *a.*: (مشکل ؛ روک یا رکاوٹ) جو دور نہ ہوسکے ؛ جس پر غالب نہ آسکے : نا قابل عبور ؛ نا قابل قتح : (شاذ) لا ثانی ؛ بے نظیر -

insuperability, *n.*: نا قابل عبور ھونا -

insuperably, *adv.*: نا قابل عبور طور پر -

Insupportable, *a.*: نا قابل برداشت ؛ نا قابل تحمل

insupportably *adv.*: نا قابل برداشت طور پر -

Insurance, *n.*: (۱) بیمہ کرنا ؛ بیمہ - (۲) بیمہ کی رقم -
National I. Act: (انگلستان) سنہ ۱۹۱۱ ع کا قانون جس کی رو سے مزدور اپنی اجرت میں سے ھفتہ وار ایک رقم دیتے ھیں اور اس کے عوض بیماری ' بیکاری وغیرہ کی صورت میں ریاست ان کی مدد کرتی ھے -

Insurant, *n.*: بیمہ کرانے والا ؛ جس کا بیمہ کیا جائے -

Insure, *v. t.*: (۱) بیمہ کرنا یا کرانا - (۲) بیمے کے ذریعے محفوظ کرنا یا کرانا (جائداد) -
the insured: جس کا بیمہ ھوا ھو -

insurable, *a.*: بیمے کے قابل -

Insurer, *n.*: بیمہ کرنے والا -

Insurgent, *a.* & *n.*: (۱) بغاوت کرنے والا ؛ باغی ؛ سرکش - (۲) آگے بڑھتا ھوا ؛ سیلابی -

insurgency, *n.*: (۱) بغاوت ؛ سرکشی - (۲) باڑھ ؛ سیلاب -

Insurmountable, *a.*: نا قابل فتح ؛ جس پر غالب نہ آسکیں -

insurmountably, *adv.*: نا قابل فتح طور پر -

Insurrection, *n.*: (۱) بغاوت ؛ سرکشی - (۲) بغاوت کی تحریک یا سازش -

insurrectional, insurrectionary, *aa.*: بغاوت کا ؛ باغیانہ -

insurrectionist, *n.*: باغی -

Insusceptible, *a.*: نا قابل (علاج) ؛ اثر نہ قبول کرنے والا ؛ صلاحیت نہ رکھنے والا ؛ غیر اثر پذیر -

insusceptibility, *n.*: غیر اثر پذیری ؛ عدم صلاحیت -

Intact, *a.*: (۱) جس کو ھاتھ نہ لگا ھو - (۲) سالم ؛ ثابت ؛ بجنسہ ؛ جوں کا توں - (۳) محفوظ؛ درست؛ اچھی حالت میں -

Intagliated, *a.*: (سطح پر) کھدا ھوا ؛ کندہ کیا ھوا ؛ جس پر کندہ کاری کی گئی ھو -

Intaglio, *n.*, & *v. t.*: (۱) کھدا ھوا نقش ؛ کندہ کاری - (۲) منقوش ھیرا وغیرہ - (۳) کندہ کرنا ؛ کندہ کاری کرنا -

Intake, *n.*: (۱) ٹھوکر لگانے کی جگہ ؛ ایسا مقام جہاں سے پانی کاٹا جاسکے - (۲) معدن میں ھوا پہنچنے کا راستہ - (۳) نلکی وغیرہ کا یکایک تنگ ھو جانا -

Intangible, *a.*: (۱) جس کو چھو نہ سکیں - (۲) غیر محسوس - (۳) نا قابل فہم -

intangibility, *n.*: غیر محسوس ھونا ؛ نا قابل فہم ھونا -

intangibly, *adv.*: نا قابل فہم طور پر -

Integer, *n.*: (۱) عددصحیح؛ مقدار سالم - (۲) مکمل یا لذات شے -

Integral, *a.* & *n.*: (۱) عدد صحیح کا ؛ مقدار سالم کا ؛ (جزی)

متدمل؛ (جزو) اہم؛ تکملی - (۲) صحیح : کامل : سالم ؛ مکمل؛ کلی - (۳) (ریاضیات) تکملہ -

integrality, *n.* : سالم ہونا ؛ مکمل ہونا -

integrally, *adv.* : مکمل طور پر ؛ بالکل -

Integrant, *a.* : (دوسرے اجزا سے) مل کر مقدار سالم بنانے والا؛ متکمل : جزو -

Integrate, *a.* : (۱) اجزا سے مرکب - (۲) سالم -

Integrate, *v.t.* : (۱) مکمل کرنا ؛ تکمیل کرنا ؛ پورا کرنا - (۲) اجزا کو ملا کر مقدار سالم بنانا - (۳) (ریاضی) معلوم کرنا -

integration, *n.* : تکمیل -

integrative, *a.* : تکمیلی : متکمل -

integrator, *n.* : اوسط نکالنے والا یا میزان نکالنے والا -

Integrity, *n.* : (۱) سالمیت؛ کلیت؛ ہیئت سالمہ - (۲) درستی حالت - (۳) دیانت ؛ دیانت داری؛ ایمانداری -

Integument, *n.* : کھال؛ جلد؛ چھال؛ غلاف؛ چھلکا ؛ پوست -

integumentary, *a.* : کھال وغیرہ سے متعلق -

Intellect, *n.* : (۱) تعقل؛ عقل ؛ ذہن - (۲) سمجھ : فہم؛ فراست - (۳) دانا ؛ دانشمند ؛ ارباب عقل و دانش (بحیثیت مجموعی) -

Intellection, *n.* : تعقل -

intellective, *a.* : تعقلی -

Intellectual, *a.* & *n.* : (۱) عقلی؛ ذہنی؛ تعقلی - (۲) ذی فہم؛ روشن خیال (شخص) - (۳) دانا ؛ ذی ہوش -

intellectuality, *n.* : عقلیت وغیرہ -

intellectualization, *n.* : عقلیت کے رنگ میں رنگنا یا رنگا جانا -

intellectualize, *v. t.* & *i.* : عقلیت کے رنگ میں رنگنا -

intellectually, *adv.* : (۱) عقلاً - (۲) بلحاظ ذہنی قابلیت کے -

Intellectualism, *n.* : عقلیت ؛ یہ نظریہ کہ علم بیشتر عقل کے ذریعہ سے حاصل ہوتا ہے -

intellectualist, *n.* : عقلی -

Intelligence, *n.* : (۱) عقل؛ فہم - (۲) ذکاوت ؛ جودت ؛ تیز فہمی ؛ فراست ؛ ذہانت - (۳) اطلاع ؛ خبر -

intelligential, *a.* : عقلی ؛ عقل کے متعلق -

Intelligencer, *n.* : خبر رساں ؛ اطلاع دہندہ ؛ جاسوس ؛ مخبر -

Intelligent, *a.* : عاقل ؛ فہیم ؛ ہوشمند ؛ دانشمند؛ عقلمند؛ ذکی ؛ ذہین ؛ زیرک -

intelligently, *adv.* : ذہانت سے؛ عقلمندی سے -

Intelligentzia, -sia, *n.* : کسی قوم (خصوصاً روسیوں) کا وہ طبقہ جو اہل الرائے ہونے کا مدعی ہو ؛ روشن خیال طبقہ -

Intelligible, *a.* : (۱) قابل فہم ؛ صاف ؛ سمجھ میں آنے والا - (۲) (فلسفہ) جس کا ادراک حواس کے ذریعہ سے نہیں بلکہ محض عقل کے ذریعے سے ہو ؛ معقول -

Intelligibility, *n.* : (۱) معقولیت - (۲) قابل فہم ہونا -

Intelligibly, *adv.* : قابل فہم طور پر -

Intemperate, *a.* : (۱) (شخص، کردار) بے اعتدال ؛ غیر معتدل ؛ بے روک؛ شدت کا - (۲) غیر منضبط؛ نا پرہیز گار؛ ہوا پرست؛ بندۂ نفس - (۳) شرابی ؛ شراب خوار -

intemperance, *n.* : (۱) بے اعتدالی ؛ نا پرہیز گاری - (۲) شراب خواری -

Intemperately, *adv.* : بے اعتدالی سے؛ حد سے زیادہ شدت سے -

Intend, *v. t.* : (۱) ارادہ کرنا ؛ قصد کرنا ؛ چاہنا ؛ نیت رکھنا - (۲) (کسی کام کے لئے) مخصوص کرنا ؛ نامزد کرنا ؛ (کسی چیز کا) کسی کے لئے ہونا - (۳) مطلب ہونا؛ مدعا ہونا-

Intendant, *n.* : منتظم ؛ ناظر ؛ داروغہ -

intendancy, *n.* : نظارت ؛ داروغگی وغیرہ -

Intended, *n.* : (روز مرہ) مطلوب یا مخطوبہ ؛ منگیتر -

Intendment, *n.* : مفہوم از روے قانون ؛ قانونی معنی -

Intense, *a.* (-er, -est) : (۱) شدید؛ سخت؛ بہت زیادہ؛ شدت کا - (۲) دلی ؛ قلبی ؛ گہرا - (۳) حساس ؛ گہرے جذبات کا؛ احساس رکھنے والا -

intensely, *adv.* : بے حد سخت ؛ نہایت شدت سے

intenseness, *n.* : شدت ؛ سختی؛ گرمی ؛ تیزی ؛ گہرائی -

intensification, *n.* : شدید کرنا یا ہونا؛ مزید شدت -

intensify, *v. t.* & *i.* : سخت کرنا ؛ شدید کرنا ؛ زیادہ کرنا ؛ تیز کرنا ؛ بڑھانا -

intensity, *n.* : سختی؛ شدت ؛ تندی -

Intension, *n.* : (۱) گہرائی (کسی صفت کی) - (۲) تھکا دینے والی جد و جہد (ذہنی یا ارادے کی) -

Intensive, *a.* : (۱) شدت ؛ عمق یا گہرائی کے متعلق - (۲) (صرف و نحو) مبالغے کا ؛ تاکیدی - (۳) محدود اور عمیق ؛ ایک مرکز پر مجتمع - (۴) (معاشیات) پیدائش بڑھانے والا؛ پیدائش افزا -

i. inoculation : (طب) ٹیکہ اندازی جس میں دوا کا زور بتدریج بڑھایا جائے -

intensively, *adv.* : (۱) (صرف و نحو) تاکید یا مبالغے کے طور پر - (۲) (معاشیات) افزائش پیدائش کے اصول پر - (۳) گہرائی کے ساتھ -

Intent, *n.* : نیت؛ مراد؛ مطلب ؛ مدعا؛ مقصد؛ منشاء -

to all intents and purposes : عملاً ؛ عیناً ؛ انجام کار -

intent, *a.* : (۱) تلا ہوا ؛ آمادہ - (۲) سرگرم ؛ منہمک ؛ بہت مصروف؛ جٹا ہوا- (۳) پر جوش؛ پر شوق -

intently, *adv.* : جی سے؛ جی لگا کر؛ سرگرمی سے ؛ انہماک سے؛ بڑے شوق سے

intentness, *n.* : آمادگی ؛ سرگرمی ؛ انہماک؛ جوش -

Intention, *n.* : (۱) ارادہ کرنا ؛ قصد کرنا ؛ ارادہ؛ قصد ؛ منصوبہ - (۲) مقصد ؛ مراد ؛ منشاء ؛ مطلب ؛ مدعا؛ غایت - (۳) (منطق) تصور شے -

first i. : (طب) زخم کا بغیر پکانے متن مل کرنا

first ii : (منطق) تصورات اولی -

second i. : (طب) پکے ہوے زخم کے منہ کو بند کرکے مندمل کرنا -

second ii : (منطق) تصورات ثانیہ -

(-) intentioned, *a.* : مقصود ؛ مد نظر -

Intentional, *a.* : دانستہ ؛ بالقصد -

intentionally, *adv.* : ارادتاً ؛ دیدہ و دانستہ؛ جان بوجھ کر؛ قصداً ؛ عمداً ؛ بالقصد -

Inter, *v. t.* : (۱) رکھنا ؛ گاڑنا (قبر، زمین وغیرہ میں) - (۲) دفن کرنا -

Inter-prep. : (حرف ربط) میں ؛ درمیان ؛ مابین ؛ منجملہ -
i. alia : منجملہ اور چیزوں کے -
i. nos : ہمارے تمہارے درمیان ؛ ارادے کے طور پر) -
i. se : ان کے مابین -
i. vivos : زندہ اشخاص کے مابین -

Inter- : سابقہ (۱) ایسے افعال ' اسما اور صفات میں جن سے باہمی تعلق یا تعامل ظاہر ہو درمیان یا مابین کے معنی میں استعمال ہوتا ہے مثلاً :

interbed : دوسری چیزوں کے بیچ میں جڑنا یا نصب کرنا -
intercenval : دو مرد ، شہ زیوں کے درمیان -
intercollegiate : کالجوں کے درمیان ؛ بین المدارس -
intercolumnar : دو ستونوں کے بیچ کا ؛ بین العمودین -
intercolumniation : فاصلے فاصلے سے ستون لگانا ؛ ستونوں کی ترتیب ؛ ایسے دو ستونوں کے مابین کا فاصلہ -
interconnect : باہم مربوط کرنا -
interconvertible : (آپس میں) تبادل پذیر ؛ مبادلہ پذیر -
intercross : (۱) (خطوط وغیرہ کو) ایک دوسرے کا متقاطع بنانا یا ان کا متقاطع ہونا - (۲) دو مختلف قسم یا نسل کے جانوروں سے بچے لینا ؛ دو نسلوں کو ملانا -
interflow : ایک دوسرے میں گرنا ؛ ملنا ؛ سنگم ہونا -
intergradation : اتصال ؛ سنگم -
intergrade : ایک چیز کا بتدریج دوسری کا سا ہوجانا ؛ اس کا کوئی درمیانی درجہ -
intergrowth : (چیزوں کا) ایک دوسرے میں اُگنا
interjaculatory : جو بطور مجانیہ کے خطوط وحدانی کے اندر ہو -
interknit : بلنا ؛ بٹنا -
interlink : باہم مربوط کرنا ؛ ایک دوسرے سے جوڑنا -
interoceanic : دو سمندروں کے درمیان یا ان کو ملانے والی ؛ بین البحرین -
interplait : بالوں کو ملا کر گوندھنا ؛ پٹیاں گوندھنا -
interprovincial : صوبوں کے درمیان ؛ مابین صوبہ جات
interpunction : اوقات -
interpunctuate : اوقات لگانا -
interracial : مختلف نسلوں کے درمیان -
intershoot : (۱) گولی وغیرہ وقفوں سے چلانا - (۲) وقفوں سے نظر دوڑانا - (۳) چت کبرا بنانا (خصوصاً -(intershot = pp.
interspace : وقفہ ؛ فصل
intertangle, -tanglement : ایک دوسرے میں اُلجھانا -
intertribal : قبیلوں کے درمیان ؛ بین القبائل -
intertwist : مل کر بٹنا -
intervein : رگ جال بنانا ؛ رگ جال سا بنانا ؛ نساجال بنانا -
(۲) علمی مصطلحات میں مابین کے معنی میں استعمال ہوتا ہے -
interdigital : انگلیوں یا انگوٹھوں کے درمیان
interdigitate : بند مٹھی کی انگلیوں کی طرح لپٹانا -
interdigitation : اسم مذکورۂ بالا فعل کا -
interfacial : دو سطحوں یا رخوں کے درمیان کا خصوصاً بلوروں کے زاویوں کے درمیان کا -
interfemoral : (عضویات) جانگھوں یا رانوں کے درمیان کا -
interfoliaceous : (نباتیات) بالمقابل پتوں کی جوڑی کے درمیان ایک آڑ ایک رکھا ہوا -
interglacial : دو برفانی دوروں کے درمیان -
interlobular : ذاتی کی لونکیوں (یعنی گوشوں) کے درمیان -
internode : (۱) (نباتیات) تنے کا وہ حصہ جو ان دو گرہوں کے درمیان ہوتا ہے جن سے پتیاں پھوٹتی ہیں - (۲) (تشریح) دو جوڑوں کے درمیان کا پتلا حصہ خصوصاً انگلی یا انگوٹھے کی ہڈی
interosseous : ہڈیوں کے درمیان -
interparietal : کھوپڑی کی دائیں اور بائیں ہڈیوں کے درمیان -
interseptal : دو پردوں یا آڑوں کے درمیان -
interspinal, -spinous : ریڑھ کے منکوں کے درمیان کا -
interstellar : ستاروں کے درمیان کا -
interstratification, -stratified : درجہ وار یا پرت وار بکھیرنا ؛ اس طرح بکھیرا ہوا -
intrawreathe : ایک دوسرے کے ساتھ گوندھنا -

Interact, n. : ناٹک کے دو ایکٹوں کے درمیان وقفہ ؛ نقل جو اس وقفے میں کی جائے ؛ درمیانی نقل -
Interact v. i. : ایک دوسرے پر اثر ڈالنا ؛ تفاعل کرنا -
interaction, n. : تفاعل -
interactive, a. : تفاعلی -
Interblend v. t. & i. : (۱) ملانا ؛ مخلوط کرنا ؛ امتزاج کرنا - (۲) باہم ملنا ؛ گھل مل جانا ؛ مل کر ایک ہو جانا -
Interbreed, v. t. & i. : (۱) دوغلے یا دو نسلے بچے پیدا کرنا ؛ دو نسلوں کو ملانا ؛ دو مختلف قسم یا مختلف نسل کے جانوروں سے بچے لینا (۲) (مختلف النوع جانوروں کا) جفت ہو کر بچہ دینا -
Intercalary, a. : (۱) لوند کا (مہینہ) ؛ کبیسہ وہ دن یا مہینہ جو قمری سال کو شمسی سال سے مطابق کرنے کے لئے بڑھا یا جائے - (۲) (سال) کبیسہ ؛ وہ سال جس میں زائد ایام یا مہینہ بڑھایا جائے - (۳) ایزادی ؛ الحاقی ؛ زائد -
Intercalate v. t. : (۱) ایام کبیسہ یا ماہ کبیسہ داخل کرنا ؛ لوند کا مہینہ بڑھانا - (۲) اضافہ کرنا ؛ ایزاد کرنا -
intercalation, n. : اضافہ ؛ کبیسہ ؛ ایزاد -
Intercede v. i. : بیچ میں پڑنا ؛ شفاعت کرنا ؛ سفارش کرنا -
Intercept, v. t : (۱) راہ میں روکنا ؛ راستہ میں پکڑنا ؛ بیچ میں روک لینا - (۲) حائل ہونا ؛ روکنا (روشنی وغیرہ) (۳) روکنا ؛ باز رکھنا ؛ مزاحمت کرنا ؛ مزاحم ہونا - (۴) (ریاضی) دو خطوں یا نقطوں کے درمیان داخل کرنا یا ان سے قطع کرنا -
interception, n. : مزاحمت ؛ راہ میں روکنا ؛ بیچ میں اڑا لینا -
interceptive, a. : مزاحم ؛ مزاحمت کا -
interceptor, n. : روکنے والا ؛ بیچ میں اڑا لینے والا ؛ حائل ہونے والا ؛ مزاحم -
Intercession, n. : شفاعت (خصوصاً مذہبی معنی میں) -
intercessor, n. : شافع ؛ شفیع -
intercessorial, a. : شفاعت کا ؛ شفیعانہ -
intercessory, a. : شافعانہ ؛ شفیعانہ -
Interchange, n. : (۱) تبادل ؛ مبادلہ - (۲) ہیر پھیر ؛ ادل بدل ؛ الٹ پھیر -
Interchange, v. t. : (۱) تبادلہ کرنا ؛ مبادلہ کرنا - (۲)

(۲) دو چیزوں کو ایک دوسرے کی جگہ پر رکھنا ؛ تبادل مقام کرنا ؛ ادل بدل کرنا ؛ ادل بدل کر رکھنا ؛ الٹ پھیر کر رکھنا ؛ دو چیزوں کو باری باری سے رکھنا -

interchangeability, interchangeableness, *nn.* : تبادل پذیری ؛ مبادلہ پذیری -

interchangeable, *a.* : تبادل پذیر ؛ مبادلہ پذیر -

interchangeably, *adv.* : اس طرح کہ مبادلہ یا ادل بدل ہو سکے -

Intercolonial, *a.* : نو آبادیات کے ما بین -

Intercommunicate, *v. i.* : (۱) باہم آمد و رفت ہونا ؛ باہم سلسلۂ رسل و رسائل ہونا - (۲) دونوں کے درمیان راستہ ہونا ؛ بیچ میں دروازہ ہونا -

intercommunication, *n.* : آمد و رفت ؛ سلسلۂ رسل و رسائل ؛ راستہ -

Intercommunion, *n.* : (۱) ربط ضبط ؛ میل جول ؛ گہرا تعلق ؛ روحانی اتحاد ؛ ارتباط - (۲) باہمی تعلق ؛ تعامل -

Intercommunity, *n.* : مختلف جماعتوں میں مشترک ہونا ؛ اشتراک -

Intercourse, *n.* : (۱) تعلق ؛ میل جول ؛ رسم و راہ ؛ آمد و رفت ؛ معاملہ ؛ بیوپار ؛ گفتگو ؛ مراسلت - (۲) بندے اور خدا کا معاملہ - (۳) رسل و رسائل ؛ آمد و رفت کا تعلق ؛ کار و بار کا تعلق ؛ جماع ؛ مباشرت -

Intercurrent, *a.* : (۱) درمیانی ؛ بیچ کا - (۲) تھوڑے تھوڑے وقفے سے عود کرنے والی (بیماری) ؛ (دوسری بیماریوں کے) دوران میں ہونے والی ؛ لاحقہ ؛ عارضہ

intercurrence, *n.* : بیچ میں ہونا ؛ تھوڑے تھوڑے وقفے سے عود کرنا ؛ لاحق ہونا -

Interdepend, *v. i.* : ایک دوسرے کا پابند ہونا ؛ ایک دوسرے پر منحصر ہونا ؛ ایک دوسرے کے تابع ہونا -

interdependence,-ency, *nn.* : ایک دوسرے پر انحصار ؛ ایک دوسرے کی پابندی -

interdependent, *a.* : ایک دوسرے کے پابند ؛ ایک دوسرے کے تابع -

interdependently, *adv.* : اس طرح کہ ایک دوسرے کے تابع ہوں -

Interdict, *n.* : (۱) امتناع ؛ ممانعت ؛ حکم امتناعی - (۲) (کلیسا کیتھلک) کسی مقام یا شخص کو مذہبی فرائض کی بجا آوری کے حق سے محروم کردینا -

Interdict, *v. t.* : (۱) ممانعت کرنا ؛ منع کرنا ؛ باز رکھنا ؛ روکنا ؛ مانع ہونا ؛ حکم امتناعی دینا - (۲) ممنوع قرار دینا -

interdiction, *n.* : امتناع ؛ ممانعت ؛ امتناعی حکم ؛ ممنوع قرار دینا

interdictory, *a.* : امتناعی ؛ ممانعت کا -

Interest, *n.* : (۱) (جائداد سے) قانونی تعلق ؛ حق ؛ حق نسبت جائداد غیر منقولہ - (۲) (تجارتی کار و بار میں) حصہ ؛ تعلق ؛ سر و کار - (۳) فائدہ ؛ مفاد ؛ فلاح ؛ بھلائی - (۴) (شخص یا جماعت کا) مقصد ؛ مفاد ؛ مصلحت - (۵) اُن لوگوں کی جماعت جن کے اغراض مشترک ہوں - (۶) خود غرضی - (۷) شوق ؛ دلچسپی ؛ کشش - (۸) (نفسیات) غرض ؛ ذوق - (۹) بیاج ؛ سود -

compound i. : سود مرکب -

make i. : اپنے ذاتی اثر سے کام لینا -

simple i. : سود مفرد -

with i. : اس سے بڑھ کر ؛ اور زیادہ -

Interest, *v. t.* : (۱) راغب کرنا ؛ شوق دلانا ؛ دلچسپی پیدا کرنا - (۲) توجہ دلانا ؛ متوجہ کرنا -

interested, *a.* : دلچسپی رکھنے والا ؛ غرض رکھنے والا ؛ غرض پر مبنی -

interestedly, *adv.* : ذاتی غرض کی بنا پر -

interesting, *a.* : دلچسپ -

interestingly, *adv.* : دلچسپی سے -

Interfere, *v. i.* : (۱) مزاحم ہونا ؛ راہ میں حائل ہونا ؛ مخل ہونا ؛ خلل انداز ہونا ؛ تعرض کرنا - (۲) خواہ مخواہ دخل دینا - (۳) مداخلت کرنا ؛ دست اندازی کرنا - (۴) (طبیعیات) تداخل کرنا ؛ (روشنی کی شعاعوں وغیرہ کا) آپس میں ٹکرانا - (۵) (گھوڑے کا) سم پر سم مارنا -

interference, *n.* : (۱) مزاحمت ؛ خلل اندازی ؛ رکاوٹ - (۲) دخل - (۳) (طبیعیات) تداخل ؛ دست اندازی ؛ تعرض -

interfering *a.* : خواہ مخواہ دخل دینے والا -

Interfluent, *a.* : ایک دوسرے میں گرنے والے ؛ ملنے والے -

Interfuse, *v. t. & i.* : (۱) ملانا ؛ بیچ بیچ میں بکھیرنا - (۲) مخلوط کرنا ؛ امتزاج کرنا - (۳) مخلوط ہونا ؛ امتزاج ہونا -

interfusion, *n.* : ملانا ؛ بیچ بیچ میں بکھیرنا ؛ مخلوط کرنا یا ہونا ؛ امتزاج -

Interim, *adv., n., & a.* : (۱) اس اثناء میں ؛ اس عرصے میں - (۲) درمیان کا عرصہ یا وقت ؛ بیچ کا زمانہ - (۳) بیچ کا ؛ درمیانی - (۴) عارضی ؛ غیر مستقل ؛ ہنگامی -

the I. : وہ صلح جو سولھویں صدی میں جرمنی کی پروٹسٹنٹ جماعت اور پوپ میں کلیسا کی مجلس عمومی کے انعقاد تک کے لئے ہوئی تھی -

Interior, *a. & n.* : (۱) اندرونی ؛ داخلی - (۲) اندرون ملک کا - (۳) خانگی ؛ ملکی ؛ داخلی ؛ اندرونی - (۴) باطنی ؛ روحانی ؛ داخلی ؛ (ملک کے) امور داخلی ؛ کوئی محکمہ جس کا تعلق امور داخلی سے ہو مثلاً *minister of the I.* وزیر (امور) داخلہ - (۵) اندر کا حصہ - (۶) اندرون ملک - (۷) عمارت کا اندرونی حصہ - (۸) باطن ؛ اندرون ؛ داخل ؛ روح ؛ نفس - (۹)

interiorly, *adv.* : داخلی طور پر ؛ باطنی طور پر ؛ اندرونی طور پر -

Interjacent, *a.* : درمیانی ؛ بیچ کی -

Interject, *v. t.* : (۱) کہہ اٹھنا ؛ (بیچ میں) بول اٹھنا - (۲) جملۂ معترضہ کے طور پر کہنا -

Interjection, *n.* : (۱) نعرہ (حیرت ، افسوس وغیرہ کا) - (۲) حرف ندا و ندبہ ؛ حرف فجائیہ - فجائیہ -

interjectional, interjectory, *aa.* : فجائیہ کے طور پر -

interjectionally, *adv.* :

Interlace, *v. t. & i.* : (۱) گوندھنا - (۲) ملا کر بننا ؛ وابستہ کرنا -

- (۳) ملانا ؛ مخلوط کرنا - (۴) گتھنا - گوتھنا ؛ گتھنا ؛ آمیزش -

interlacement, *n.* :

Interlard, *v. t.*: غیر زبان کے لفظ استعمال کرنا (تقریر' تحریروغیرہ میں) ؛ بھرمار کرنا (غیر زبانوں کے الفاظ وغیرہ کی)

Interleaf, *n.* : زائد سادہ ورق (جو کتاب کے ورقوں کے بیچ میں لگا یا جائے) -

Interleave, *v. t.*: (کتاب کے ورقوں کے بیچ میں) زائد سادہ ورق لگانا -

Interline, *v. t.* : بین السطور لکھنا ؛ سطروں کے بیچ میں لکھنا -

interlineation, *n.* : تحریر بین السطور -

Interlinear, *a.* : بین السطور لکھا ہوا ؛ سطروں کے بیچ میں لکھا ہوا -

Interlock, *v. i. & t.* : (۱) ایک دوسرے میں پھنسنا یا اٹکنا - (۲) ایک دوسرے کے ساتھ مقفل کرنا یا ہوجانا -

Interlocutor, *n.*: گفتگو کرنے والا ؛ سوال و جواب میں حصہ لینےوالا -

my i. : میرا مخاطب ؛ مجھ سے گفتگو کرنے والا -

interlocution, *n.* : بات چیت ؛ گفتگو -

interlocutress, interlocutrix, *nn.*: مخاطب عورت؛ گفتگو کرنے والی -

interlocutory, *a.* : گفتگو کے متعلق -

Interloper, *n.* : (۱) خواہ مخواہ دخل دینے والا ؛ زبردستی کا شریک - (۲) (تاریخ) بغیر اجازت کے تجارت کرنے والا ؛ غیر مجاز تاجر-

interlope, *v. i.* : زبردستی کا شریک بننا ؛ خواہ مخواہ دخل دینا ؛ بلا اجازت تجارت کرنا -

Interlude, *n.* : (۱) ناٹک کے دو ایکٹوں کے درمیان وقفہ - (۲) درمیانی نقل یا تماشا - (۳) مناجات وغیرہ کے بیچ میں ساز کی گت - (۴) وقفہ ؛ درمیانی زمانہ - (۵) پر لطف ضمنی واقعہ - (۶) اخلاقی یا مذہبی ناٹکوں کے بیچ میں پر مذاق نقل -

Intermarriage, *n.* : مختلف خاندانوں' ذاتوں یا قوموں میں آپس میں شادی بیاہ ؛ (بیجا استعمال) قریبی رشتہ داروں میں آپس میں شادی بیاہ -

Intermarry, *v. i.*: (مختلف خاندانوں' ذاتوں یا قوموں کا) آپس میں شادی بیاہ کرنا -

Intermeddle, *v. i.* : خواہ مخواہ دخل دینا ؛ دخل در معقولات کرنا ؛ پاؤں اڑانا -

Intermediary, *a. & n.* : (۱) درمیانی ؛ متوسط ؛ مصالحت کرانے والا ؛ بیچ میں پڑنے والا - (۲) بیچ کا ؛ درمیانی -

Intermediate, *a. & n.*: درمیانی ؛ بیچ کا ؛ درمیانی شے ' بیچ کا ؛ درمیانی درجہ وغیرہ -

intermediately, *adv.* : دو چیزوں کے درمیان یا بیچ میں -

Intermediate, *v. i.* : بیچ میں پڑنا ؛ مصالحت کرانا -

intermediation, *n.*: مصالحت کرانا ؛ بیچ میں پڑنا -

intermediator, *n.*: بیچ میں پڑنے والا ؛ مصالحت کرانے والا -

Intermedium, *n.*(pl. *-ia,-iums*): درمیانی شے؛ واسطہ (وہ چیز جس میں سے ہوکر روشنی حرارت وغیرہ فضائے مکانی میں گذرتی ہے)

Interment, *n.* : تدفین ؛ دفن -

Intermezzo , *n.* : (۱) ناٹک یا اوپیرا کے دو ایکٹوں کے درمیان کی مختصر سی نقل- (۲) مختصرسی نغمہ گری جو اوپیرا کے دوحصوں کے درمیان واقع ہو -

Intermigration, *n.* : دو ملکوں میں سے ہر ایک کے باشندوں کا نقل وطن کر کے دوسرے میں جانا -

Interminable, *a.* : (۱) بے حد طویل ؛ لامتناھی ؛ کبھی نہ ختم ہونے والا - (۲) طول طویل ؛ شیطان کی آنت -

interminableness, *n.* : لا متناھی ہونا ؛ بیحد طوالت -

interminably, *adv.* : بے حد طوالت سے

Intermingle, *v. t. & i.*: ملانایاملنا؛مخلوط ہونایاکرنا؛خلط ملطکرنا-

Intermission, *n.* : سکون ؛ وقفہ -

Intermit, *v. t. & i.* : (۱) ٹھیرانا ؛ روکنا ؛ بند کرنا ؛ معطل کرنا (تھوڑی دیر کے لئے) ؛ کچھ دیر کے لئے موقوف کرنا - (۲) ٹھیرنا؛ رکنا ؛ موقوف ہونا -

intermittence, *n.* : تھوڑی دیر کے لئے روکنا -

intermittent, *a.* : وقفہ دار ؛ بیچ بیچ میں اتر جانے والا (بخار)؛ تھوڑے تھوڑے وقفہ کے بعد ہونے والا (درد) -

intermittently, *adv.* : تھوڑے تھوڑے وقفہ سے ؛ تھوڑی تھوڑی دیر بعد -

Intermix, *v. t. & i.* : (۱) ملانا ؛ مخلوط کرنا ؛ خلط ملط کرنا - (۲) ملنا ؛ خلط ملط ہونا ؛ مخلوط ہونا -

intermixture, *n.* : آمیزش ؛ خلط ملط -

Intern, *v. t.* : نظر بند کرنا ؛ زیر نگرانی رکھنا -

internee, *n.* : نظر بند -

internment, *n.* : نظر بندی

Internal, *a. & n.*: (۱) اندرونی ؛ داخلی - (۲) اصلی ؛ داخلی ؛ نفس شے سے متعلق - (۳) ملک کے اندر کا ؛ اندرونی ؛ داخلی ؛ ملکی - (۴) باطنی ؛ داخلی ؛ نفس کے اندر کا -

i. evidence, : داخلی شہادت ؛ نفس امر سے متعلق شہادت -

internality, *n.* : داخلیت -

internally, *adv.* : اندرونی طور پر ؛ داخلی طور پر ؛ باطناً

International, *a. & n.* : (۱) بین الاقوامی - (۲) مزدوروں کی بین الاقوامی مجلس کا - (۳) بین الاقوامی مقابلوں میں شریک ہونے والا -

first I. : مزدوروں کی پہلی بین الاقوامی مجلس (سنہ ۱۸۶۲ع سنہ ۱۸۷۳ ع) -

second I. : مزدوروں کی دوسری بین‌الاقوامی مجلس (فرانس سنہ ۱۸۸۹ ع) -

third I. : تیسری یعنی روسی اشتمالیوں کی بین الاقوامی مجلس (سنہ ۱۹۱۸ ع) -

internationality, *n.* : بین‌الاقوامیت -

internationally, *adv.* : بین الاقوامی اعتبار سے -

Internationale, *n.* : فرانسیسی اشتراکیوں کا مشہور گیت -

Internationalist, *n.* : (۱)بین‌الاقوامی اتحاد کا حامی - (۲) روسی اشتمالیوں کی بین‌الاقوامی مجلس کا حامی - (۳) قانون بین‌الاقوامی کا ماہر -

Internationalism, *n.* : بین‌الاقوامی اتحاد کی حمایت ؛ مذکورۂ بالا مجلس کی حمایت -

Internationalize, *v. t.* : بین الاقوامی بنانا (خصوصاً کسی خطے

کو بین الاقوامی جماعت اور اِنتظام میں لینا)

internationalization, *n.* : بین الاقوامی بنانا -

Internecine, *a.* : (۱) ایک دوسرے کو ہلاک کرنے والی ؛ باہمی تباہی یا ہلاکت کا باعث ہونے والا - (۲) (اصل معنی) مہلک ؛ ہلاکت آمیز ؛ ہلاکت آور ؛ ہلاکت آفریں -

Internuncial, *a.* : (اعصاب کے متعلق) نظام عصبی کے مختلف حصوں میں تعلق قائم کرنے والی -

Internuncio *n.* : (۱) پوپ کا بے ضابطہ سفیر - (۲) (تاریخ) باب عالی (ترکی) میں آسٹریا وغیرہ کا سفیر -

Interosculate, *v. i.* : (۱) ملنا ؛ مخلوط ہونا ؛ خلط ملط ہونا - (۲) دو چیزوں کے درمیان واسطہ ہونا ؛ درمیانی کڑی ہونا -

Interosculation, *n.* : (۱) اختلاط ؛ خلط ملط ؛ آمیزش - (۲) واسطہ یا رابطہ (ہونا) -

Interpage, *v. t.* : زائد درمیانی صفحات پر لکھنا یا چھاپنا -

Interpellate, *v. t.* : (فرانس وغیرہ کے دارالعوام میں) مسئلۂ زیربحث کو ملتوی کرنے کے لئے وزیر متعلق سے تفصیل طلب کرنا -

Interpellation, *n.* : مطالبۂ تفصیل ؛ طلب تفصیل (بہ غرض التواء بحث) ؛ استیضاح ؛ سوالات -

Interpellator, *n.* : مطالبۂ تفصیل کرنے والا -

Interpenetrate, *v. t. & i.* : (۱) سرایت کرنا ؛ نفوذ کرنا ؛ جاری و ساری ہو جانا - (۲) ایک دوسرے میں در آنا یا گھس جانا -

Interpenetration, *n.* : (۱) ایک دوسرے میں در آنا یا گھس جانا - (۲) نفوذ ؛ سرایت -

Interpenetrative, *a.* : ایک دوسرے میں در آنے والا ؛ نفوذ کرنے والا ؛ ساری -

Interplay, *n.* : (۱) ملاعبت ؛ ساتھ کھیلنا - (۲) تعامل -

Interplead, *v. i.* : دو شخصوں کا آپس میں مقدمہ بازی کرنا تاکہ کوئی مسئلہ جس کا تعلق تیسرے شخص سے ہے طے ہوجائے -

Interpolate, *v. t.* : (۱) الحاق کرنا ؛ (کتاب وغیرہ میں) کچھ الفاظ بڑھانا ؛ (بد نیتی سے) بڑھانا ؛ اضافہ کرنا - (۲) (ریاضی) اِدراج کرنا -

interpolation, *n.* : (۱) اضافہ ؛ الحاق - (۲) الحاقی عبارت - (۳) (طبیعیات) ادراج -

Interpolator, *n.* : الحاق کرنے والا ؛ بڑھانے والا -

Interpose, *v. t. & i.* : (۱) بیچ میں لے آنا ؛ حائل کر دینا - (۲) مداخلت کرنا ؛ دخل دینا ؛ دست اندازی کرنا ؛ جڑ دینا (اعتراض) - (۳) بیچ بچاؤ کرنا ؛ بیچ میں پڑنا - (۴) قطع کلام کرکے کہنا - (۴) قطع کلام کرنا -

Interposal, *n.* : (۱) حائل ہونا - (۲) مداخلت ؛ دخل ؛ دست اندازی - (۳) بیچ بچاؤ - (۴) قطع کلام -

Interposition, *n.* : (۱) حائل کرنا ؛ حائل ہونا ؛ قطع کلام کرنا ؛ بیچ بچاو کرنا - (۲) جو چیز حائل کی جائے - (۳) مداخلت ؛ دست اندازی -

Interpret, *v. t. & i.* : (۱) تشریح کرنا ؛ تفسیر کرنا ؛ شرح کرنا ؛ حل کرنا - (۲) معنی سمجھنا ؛ مطلب سمجھنا - (۳) مراد لینا ؛ تعبیر کرنا - (۴) (کسی چیز کی) تمثیل پیش کرنا (فنون لطیفہ کے ذریعے سے) - (۵) ترجمانی کرنا ؛ ترجمان کا کام کرنا -

interpretable, *a.* : تشریح پذیر ؛ شرح پذیر ؛ تفسیر پذیر -

interpretation, *n.* : (۱) تشریح ؛ توضیح ؛ تعبیر ؛ تفسیر - (۲) معنی ؛ مفہوم -

interpretative, *a.* : تشریحی ؛ توضیحی ؛ مفسرانہ ؛ ترجمانی کا -

Interpreter, *n.* : شارح ؛ مفسر ؛ تعبیر کرنے والا ؛ ترجمان -

interpretress, *n.* : تفسیر یا شرح کرنے والی ؛ ترجمانی کرنے والی ؛ ترجمان (عورت) -

interpretership, *n.* : شارح یا مفسر ہونا ؛ ترجمانی -

Interregnum, *n.* (pl.-*na*, -*nums*) : (۱) تخت سلطنت کے خالی رہنے کا زمانہ خصوصاً ایک بادشاہ کی وفات اور دوسرے کی تخت نشینی کے درمیان کا زمانہ - (۲) وقفہ ؛ درمیانی عرصہ ؛ درمیانی مدت -

Interrelation, *n.* : باہمی تعلق ؛ باہمی علاقہ -

Interrelationship, *n.* : باہمی تعلق ہونا ؛ باہمی علاقہ ہونا -

Interrogate, *v. t.* : (۱) سوال کرنا ؛ پوچھنا ؛ استفسار کرنا ؛ دریافت کرنا - (۲) (کسی شخص سے) تفصیلی سوالات کرنا ؛ کرید کرید کر پوچھنا ؛ سوال جواب کرنا -

interrogator, *n.* : سوال کرنے والا ؛ دریافت کرنے والا ؛ سوال جواب کرنے والا -

Interrogative, *a. & n.* : (۱) سوال کے متعلق ؛ سوال کا ؛ استفسار کے طرز کا ؛ مستفسرانہ - (۲) (صرف و نحو) استفہامیہ -

Interrogatively, *adv.* : استفہامیہ کے طور پر ؛ استفساراً ؛ سوال کے طور پر -

Interrogatory, *a. & n.* : (۱) سوال کا ؛ استفسار کا ؛ مستفسرانہ ؛ سوال ؛ استفسار ؛ سوالات - (۲) (قانون) بند سوال -

Interrupt, *v. t.* : (۱) سلسلہ منقطع کر دینا ؛ خلل انداز ہونا ؛ خارج ہونا ؛ قطع کلام کرنا - (۲) حائل ہو جانا ؛ سامنے آ جانا ؛ آڑ کرنا - (۳) منقطع کرنا ؛ سلسلہ توڑ دینا ؛ تسلسل میں خلل ڈالنا -

interruptedly, *adv.* : رک رک کر ؛ ٹھہر ٹھہر کے ؛ تھوڑے تھوڑے وقفے یا فصل سے -

Interrupter, *n.* : حارج ہونے والا ؛ خلل انداز ہونے والا ؛ قطع کلام کرنے والا -

interruption, *n.* : خلل اندازی ؛ خلل ؛ حرج ؛ قطع کلام -

interruptory, *a.* : قطع کلام کرنے والا ؛ حارج ہونے والا -

Intersect, *v. t. & i.* : (۱) کاٹنا ؛ کاٹتے ہوئے گذرنا ؛ بیچ میں سے گذرنا - (۲) ایک دوسرے کو کاٹنا ؛ متقاطع ہونا -

Intersection, *n.* : (۱) تقاطع ؛ کاٹنا - (۲) وہ نقطہ جو متقاطع خطوط یا سطحوں میں مشترک ہو ؛ نقطۂ تقاطع -

intersectional, *a.* : متقاطع -

Intersperse, *v. t.* : (۱) بکھیرنا ؛ بیچ میں بکھیر دینا یا ڈال دینا - (۲) گونا گوں کرنا ؛ بوقلموں کرنا ؛ طرح طرح کا کرنا ؛ رنگ برنگ کرنا -

Interstate, *a.* : ریاستوں کے مابین ؛ ریاستوں کا باہمی -

Interstice, *n.* : (۱) خلو ؛ خالی جگہ - (۲) درز ؛ شگاف ؛ دراڑ ؛ روزن -

Interstitial, *a.* : (۱) خلو کا ؛ خالی جگہ میں (واقع) -

(۲) درز کا؛ شگاف کا؛ درز یا روزن میں (واقع)۔

Intertwine, *v. t. & i.*: (۱) (چند چیزوں کو ملا کر) گوندھنا؛ بٹنا یا بل دے دینا؛ ایک دوسرے سے وابستہ کرنا؛ خلط ملط کرنا۔ (۲) مل کر بٹا ہوا یا گندھا ہوا ہونا؛ ایک دوسرے سے وابستہ ہونا؛ خلط ملط ہونا۔

intertwinement, *n.*: ملا کر بٹنا؛ گوندھنا یا بل دینا۔

Interval, *n.*: (۱) وقفہ؛ فصل؛ درمیانی عرصہ۔ (۲) وقفہ؛ سکون۔ (۳) خلو؛ خالی جگہ۔ (۴) (موسیقی) دو سُروں کے امتداد کا فرق یا فصل یا بُعد۔ (۵) فرق؛ تفاوت۔

at ii.: تھوڑے تھوڑے وقفے یا فصل سے۔

intervallic, *a.*: وقفے کا؛ فاصلے کا۔

Intervene, *v. i.*: (۱) بیچ میں آنا؛ حائل ہونا۔ (۲) (اسی) اثناء میں واقع ہونا؛ درمیان میں واقع ہونا۔ (۳) بیچ میں پڑنا؛ مداخلت کرنا۔ (۴) (قانون) (فریقین مقدمہ کے علاوہ کسی اور کا مقدمے میں اس کی کسی نوبت پر باجازت عدالت) شامل ہونا۔ (۵) (دو چیزوں کے بیچ میں) ہونا؛ حد فاصل ہونا۔

intervener, *n.*: مقدمہ میں فریقین کے علاوہ کوئی دوسرا شامل ہونے والا۔

intervenient, *a.*: (۱) حائل؛ درمیان میں پڑنے والا؛ درمیان میں واقع ہونے والا۔ (۲) فاصل۔

intervention, *n.*: (۱) حائل ہونا۔ (۲) بیچ بچاؤ؛ مداخلت۔ (۳) درمیان میں واقع ہونا۔

Interview, *n. & v. t.*: (۱) باضابطہ ملاقات؛ بار یابی۔ (۲) اخبار کے نمائندے کا سوال جواب۔ (۳) (اخبار کے نمائندے کا) کسی سے مل کر سوال جواب کرنا۔

interviewer, *n.*: سوال جواب کرنے والا (اخبار کا نمائندہ)؛ باضابطہ ملاقات کرنے والا۔

Intervolve, *v. t.*: (کئی چیزوں کو ملا کر) لپیٹنا۔

Interweave, *v. t.*: (۱) (ملا کر) گوندھنا؛ بُننا۔ (۲) باہم وابستہ کرنا؛ خلط ملط کرنا۔

Interwind, *v. t. & i.*: ایک دوسرے کے ساتھ لپیٹنا یا لپٹنا۔

Intestate, *a. & n.*: (۱) بے وصیت (مرنے والا)۔ (۲) جو شخص بلا وصیت کئے مر جائے؛ متوفی بلا وصیت۔

intestacy, *n.*: وفات بلا وصیت۔

Intestine, *n.*: (عموماً جمع) رودہ؛ آنت؛ انتڑی۔

intestinal, *a.*: آنتوں کا۔

Intestine, *a.*: داخلی؛ اندرونی؛ ملکی (لڑائیاں)۔

i. motion.: وہ حرکت جو کسی جسم کے اندر محدود ہو؛ اندرونی حرکت۔

Intimate, *a. & n.*: (۱) گہرا؛ دلی؛ قلبی؛ بے تکلف۔ (۲) اصلی ذاتی؛ لاینفک۔ (۳) بے تکلف دلی دوست۔

i. connexion: قریبی تعلق؛ گہرا تعلق۔

intimacy, *n.*: بے تکلفی؛ گہرا تعلق؛ گہری دوستی؛ یارانہ۔

intimately, *adv.*: بہت اچھی طرح؛ لاینفک طور پر۔

Intimate, *v. t.*: (۱) واقف کرنا؛ مطلع کرنا؛ بیان کرنا۔ (۲) اشارہ کرنا؛ اشارتاً کہنا۔

intimation, *n.*: اطلاع؛ اشارہ۔

Intimidate, *v. t.*: دھمکانا؛ تخویف کرنا۔

intimidation, *n.*: دھمکی؛ تخویف۔

intimidator, *n.*: مخوف؛ دھمکانے والا۔

Intimity, *n.*: (۱) داخلیت؛ باطنیت۔ (۲) خلوت؛ تخلیہ؛ تنہائی۔

Intinction, *n.*: عشائے ربانی کی روٹی کو شراب میں ڈبونا۔

Intitule, *v. t.*: مجاز کرنا (پارلیمنٹ کے قانون کے ذریعے سے)۔

Into, *prep.*: (حرف ربط) (کسی چیز کی) طرف؛ میں؛ اندر۔

In-toed, *a.*: اندر کو مڑی ہوئی پیر کی انگلیاں رکھنے والا۔

Intolerable, *a.*: ناقابل برداشت؛ ناقابل تحمل؛ برداشت سے باہر۔

intolerableness, *n.*: ناقابل تحمل ہونا۔

intolerably, *adv.*: ناقابل برداشت طور پر۔

Intolerant, *a.*: متعصب؛ غیر روادار؛ متعصبانہ؛ غیر روادارانہ۔

intolerance, *n.*: تعصب؛ غیر رواداری؛ عدم رواداری۔

intolerantly, *adv.*: تعصب سے؛ عدم رواداری سے۔

Intonate, *v. t.*: = Intone

Intonation, *n.*: (۱) لحن سے پڑھنا۔ (۲) کلیسا کے معمولی گیت کے پہلے الفاظ۔ (۳) لہجہ؛ لے؛ سر؛ آواز؛ آواز کا اُتار چڑھاؤ۔

Intone, *v. t.*: (۱) لحن سے پڑھنا۔ (۲) خاص لہجے میں ادا کرنا۔

Intoxicant, *a. & n.*: (۱) منشی؛ نشہ آور؛ مسکر؛ نشہ لانے والی۔ (۲) منشی چیز؛ نشہ۔ (۳) (جمع) منشیات؛ مسکرات۔

Intoxicate, *v. t.*: (۱) نشہ میں لانا؛ مدہوش کرنا۔ (۲) مغرور کرنا؛ مست یا بے خود کردینا؛ والہانہ جوش پیدا کرنا

intoxicating *a.*: مسکر؛ نشہ آور؛ منشی۔

intoxication, *n.*: نشہ؛ سرشاری؛ مخموری؛ مدہوشی؛ متوالا پن؛ مخموری؛ بد مستی؛ مستی؛ کیف؛ سکر؛ بے خودی؛ والہانہ جوش۔

Intra-: (سابقہ) اندرونی؛ درونی؛ داخلی۔

intracranial: اندرون کاسۂ سر۔

intramural: چار دیواری کے اندر۔

intranational: قومی۔

Intractable, *a.*: (۱) بے قابو؛ بے لگام؛ منہ زور؛ سر کش؛ غیر تربیت پذیر۔ (۲) مشکل؛ پیچیدہ؛ دشوار؛ دقت طلب

intractability, intractableness, *nn.*: منہ زوری؛ سر کشی؛ غیر تربیت پذیری۔

intractably, *adv.*: سرکشی سے؛ منہ زوری سے۔

Intrados, *n.*: محراب کا اندرونی خم۔

Intransigent, *a. & n.*: (سیاست میں) (۱) انتہا پسند؛ کٹر؛ سخت۔ (۲) کٹر؛ جمہوریت پسند۔

Intransitive, *a & n.*: لازمی؛ فعل لازم۔

intransitively, *adv.*: بطور فعل لازم کے۔

Intrant, *n.*: داخل ہونے والا؛ شریک ہونے والا (کالج یا انجمن وغیرہ میں)۔

Intrepid, *a.*: نڈر؛ دلیر؛ شجاع؛ جری؛ شیر دل؛ بہادر۔

intrepidity, *n.*: جرأت؛ دلیری؛ جانبازی؛ شجاعت؛ تہور؛ جواں مردی۔

intrepidly, *adv.*: مردانہ وار ؛ دلیرانہ ؛ دلیری سے -

Intricate, *a.*: (۱) پیچیدہ ؛ پیچ در پیچ ؛ پر پیچ - (۲) ادق ؛
مشکل ؛ دشوار ؛ دقت طلب - (۳) دھندلا ؛ مبہم ؛ اُلجھا
ہوا ؛ گنجلک -

intricacy, *n.*: پیچیدگی ؛ دقت ؛ دشواری ؛ الجھاؤ ؛ گنجلک -

intricately, *adv.*: پیچیدگی سے ؛ الجھاؤ سے ؛ پیچیدہ
عبارت میں ؛ پیچیدہ انداز میں -

Intrig(u)ant, *n.* (fem. intrig(u)ante): سازشی ؛ سازش کرنے والا -

Intrigue, *v. i & t.*: (۱) سازش کرنا ؛ ساز باز کرنا - (۲) سانٹھ
گانٹھ کرنا ؛ پوشیدہ اثر سے کام لینا - (۳) تعلق پیدا کرنا ؛ آشنائی
کرنا - (۴) (شخص ، تخیل ، ذوق تجسس کو) راغب کرنا ، مشتاق
بنا دینا ؛ مسحور کرنا ، حیرت زدہ کردینا وغیرہ -

Intrigue, *n.*: (۱) سازش ؛ سازباز - (۲) آشنائی ؛ پوشیدہ تعلق -

Intrinsic, *a.*: ذاتی ؛ اصلی ؛ لاینفک -

Intrinsically, *adv.*: فی نفسہ ؛ نفس شے کے اعتبار سے ؛ لاینفک طور پر -

Intro-: (سابقہ) اندر کی طرف ؛ اندرونی -

introflexion: اندرونی خم -

introgression: اندر آنا یا اندر جانا -

introsusception: = Intussusception

Introduce, *v. t.*: (۱) داخل کرنا ؛ لانا - (۲) شریک کرنا ؛
شامل کرنا - (۳) جاری کرنا ؛ رائج کرنا ؛ رواج دینا ؛ شروع کرنا -
(۴) پیش کرنا - (۵) ملاقات کرانا ؛ تعارف کرنا ؛ شناسائی کرانا ،
ملانا - (۶) (لفظ کا جملے کو) شروع کرنا - (۷) (جوان لڑکی کو)
سوسائٹی میں داخل کرنا ؛ مجلسی زندگی میں شریک کرنا -
(۸) (مسودۂ قانون) پیش کرنا -

introductory, *a.*: تمہیدی ؛ ابتدائی ؛ تعارفی -

Introduction, *n.*: (۱) داخل کرنا ؛ شریک کرنا ؛ رواج دینا وغیرہ -
(۲) آغاز ؛ ابتدا - (۳) دیباچہ ؛ تمہید ؛ مقدمہ - (۴) تعارف ؛
ملاقات ؛ شناسائی -

letter of i.: تعارفی خط -

Introit, *n.*: (مذہبی) حمد ؛ بھجن ؛ نعت جو عشائے ربانی کے
موقع پر پادری کے قربان گاہ جاتے وقت گائی جاتی ھے -

Intromit, *v.t.*: (قدیم) داخلے کی اجازت دینا ؛ داخل کرنا ؛ اندر
جانے دینا ؛ بار دینا ؛ مندرج کرنا -

intromission, *n.*: اذن ؛ بار یابی ؛ داخلے کی اجازت ؛
داخلہ ؛ اندراج -

intromittent, *a.*: داخل کرنے والا وغیرہ -

Introspect, *v. i.*: اپنی نفسی کیفیات کا خود مطالعہ کرنا ؛
مشاہدۂ نفس کرنا -

Introspection, *n.*: مشاہدۂ نفس ؛ معائنۂ باطن ، مطالعۂ باطن -

Introspectionist, *n.*: وہ شخص جو اس کا قائل ھو کہ نفسیات
کی بنا مشاہدۂ نفس پر ھے ؛ قائل مشاہدۂ نفس

Introspective, *a.*: مشاہدۂ نفس کا ؛ مشاہدۂ نفس کا عادی -

Introspectively, *adv.*: مشاہدۂ نفس کے طور پر -

Introspectiveness, *n.*: مشاہدۂ نفس کا عادی ھونا -

Introvert, *v. t.*: (۱) (خیالات) کو اندر کی طرف موڑنا ؛ مطالعۂ باطن
کرنا - (۲) (حیوانیات) (کسی عضو وغیرہ کو) اس کی اپنی نلکی
یا پیندی میں کھینچنا -

introversible, *a.*: صفت مذکورۂ بالا معنوں میں -

Introversion, *n.*: مطالعۂ باطن وغیرہ -

introversive, *a.*: مطالعۂ باطن کا -

introvert, *n.*: مطالعۂ باطن کا عادی -

introvertive, *a.*: مطالعۂ باطن کرنے والا ؛ مطالعۂ باطن سے متعلق -

Intrude, *v.t. & i.*: (۱) زبردستی داخل کرنا ؛ ٹھونسنا - (۲) زبردستی
دینا ؛ سر ڈالنا - (۳) بے بلائے جانا ؛ نا خواندہ مہمان ھونا ؛
مخل ھونا ؛ خلل انداز ھونا -

intruder, *n.*: نا خواندہ مہمان ؛ مخل صحبت -

Intrusion, *n.*: (۱) ناخواندہ مہمان ھونا ؛ بے بلائے جانا ؛ زبردستی
داخل کرنا یا داخل ھونا - (۲) بیجا مداخلت ؛ خلل اندازی -
(۳) (ارضیات) چٹان کا طبقات ارض کے بیچ میں پیوست ھو جانا -
(۴) (اسکاٹ لینڈ) کلیسا کے پادری کا تقرر عبادت گزاروں کے
مجمع کی رضا مندی کے خلاف -

intrusionist, *n.*: خلل انداز ؛ مخل وغیرہ

intrusive, *a.*: مخل ھونے والا ؛ بےجا مداخلت کرنے والا -

intrusively, *adv.*: نا خواندہ مہمان کی طرح -

intrusiveness, *n.*: بے جا مداخلت کی عادت ؛ مخل
ھونے کی عادت -

Intubate, *v.t.*: (طب) (حنجرے میں) نلکی لگانا (تاکہ وہ کھلا رھے) -

intubation, *n.*: (حنجرے میں) نلی لگانے کا عمل -

Intuit, *v.t. & i.*: (۱) وجدانی طور پر معلوم کرنا - (۲) براہ راست
ادراک سے جاننا ؛ محسوس کرکے جاننا -

Intuition, *n.*: (۱) وجدان ؛ بداھت - (۲) مشاہدہ ؛ ادراک بلاواسطہ
صفات ؛ مشاہدۂ ذات -

Intuitional, *a.*: وجدانی -

Intuitionalism, *n.*: یہ نظریہ کہ ادراک حقیقت وجدانی طور پر
ھوتا ھے ؛ وجدانیت -

intuitionalist, *n.*: وجدانی ؛ وجدانیت کا قائل -

Intuitionism, *n.*: یہ نظریہ کہ خارجی اشیا کے ادراک میں انسان
کا نفس تغیر صفات کے واسطے سے ذات شے کا مشاہدہ کرتا ھے ؛
نظریۂ مشاہدۂ ذات -

intuitionist, *n.*: مشاہدہ ذات کا قائل -

Intuitive, *a.*: وجدانی ؛ وجدان کا ؛ صاحب وجدان -

intuitively, *adv.*: وجدانی طور پر -

intuitiveness, *n.*: وجدانی ھونا ؛ صاحب وجدان ھونا -

Intuitivism, *n.*: یہ نظریہ کہ اصول اخلاق وجدان پر مبنی ھوتے
ھیں ؛ اخلاقی وجدانیت -

intuitivist, *n.*: اخلاقی وجدانیت کا قائل ؛ وجدانی -

Intumescent, *a.*: سوجا ھوا ؛ ورمایا ھوا ؛ متورم -

intumescence, *n.*: ورم ؛ سوجن ؛ تورم -

Intussusception, *n.*: (۱) (عضویات) عضو کا خارجی مادہ
(مثلاً خوراک) کو اپنے اندر لینا اور اس کو بافتوں (نسیج) میں
منتقل کرنا - (۲) (خیالات وغیرہ کو) دل میں جگہ دینا -
(۳) آنت کے ایک حصہ کا دوسرے میں داخل ھوجانا -
(۴) اخذ (خیالات کا) - (۵) آنت کے ایک حصے کا دوسرے میں پھنس جانا -

Inunction, *n.*: تیل کی مالش ؛ تیل چپڑنا -

Inundate, *v.t.*: (۱) تالاب کر دینا ؛ سیلاب میں غرق کردینا -

(۳) بھر مار کرنا ؛ ریل پیل کرنا ؛ طوفان بر پا کردینا -

Inundation, *n.*: طغیانی ؛ سیلاب ؛ سیلان (نیز مجازاً) -

Inurbane, *a.*: کھرا ؛ کج خلق ؛ کج خلقی کا ؛ خشونت کا -

inurbanity, *n.*: کھرا پن ؛ کج خلقی ؛ خشونت -

Inure, en-, *v. t. & i.*: (۱) عادی کرنا ؛ خوگر کرنا ؛ عادت ڈالنا ؛ عادی ہونا ؛ خوگر ہونا - (۲) نافذ ہونا (خصوصاً قانون کا) -

inurement, *n.*: خوگر ہوجانا ؛ عادی ہو جانا -

Inurn, *v. t.*: (جلی ہوی لاش کی راکھ کو) خاکدان میں رکھنا -

Inutile, *a.*: بیکار ؛ نکما ؛ فضول ؛ بے فائدہ -

inutility, *n.*: بیکار ہونا ؛ فضول ہونا ؛ نکماپن -

Invade, *v. t.*: (۱) حملہ کرنا ؛ حملہ آور ہونا ؛ چڑھائی کرنا ؛ یورش کرنا - (۲) نرغہ کرنا ؛ ہجوم کرنا (خیالات ، امراض وغیرہ کا) - (۳) بیجا مداخلت کرنا ؛ دست اندازی کرنا (حقوق میں) -

invader, *n.*: حملہ آور ؛ چڑھائی کرنیوالا -

Invaginate, *v. t.*: (۱) غلاف چڑھانا ؛ میان میں رکھنا - (۲) (غلاف) اندر کو پلٹ لینا -

invagination, *n.*: غلاف چڑھانا ؛ اندر کو پلٹنا -

Invalid, *a. & n.*: بیمار ؛ مریض ؛ علیل ؛ روگی ؛ مجروح ؛ زخمی ؛ بیماری کا مارا ہوا ؛ معذور -

invalidhood, invalidism, *nn.*: علالت ؛ بیماری ؛ مرض کی حالت -

Invalid, *v. t. & i.*: (۱) بیمار پڑنا ؛ علیل ہونا - (۲) مجروح یا بیمار قرار دینا ؛ بیماری کی بنا پر خدمت سے علحدہ کرنا ؛ (سپاہی کو) بیمار یا مجروح ہونے کی وجہ سے گھر بھیج دینا -

Invalid, *a.*: (۱) باطل ؛ غیر محکم ؛ بے بنیاد (دلیل) - (۲) (کارروائی وغیرہ) نا جائز ؛ بے ضابطہ ؛ (دستاویز) قانوناً بے اثر -

invalidly, *adv.*: نا جائز یا بے ضابطہ طور پر ؛ بغیر قانونی حیثیت کے -

Invalidate, *v. t.*: باطل کر دینا ؛ نا جائز یا بے ضابطہ قرار دینا قانوناً بے اثر کرنا -

Invalidity, *n.*: (۱) باطل ہونا ؛ قانوناً بے ضابطہ یا بے اثر ہونا - (۲) علالت ؛ مرض ؛ معذوری ؛ جسمانی کمزوری -

Invaluable, *a.*: بے بہا ؛ انمول -

Invariable, *a.*: (۱) غیر متغیر ؛ غیر تغیر پذیر ؛ اٹل - (۲) یکساں ؛ ایک ہی حالت میں رہنے والا ؛ ہمیشہ ویساہی - (۳) (ریاضی) مستقل ؛ ثابت -

invariability, invariableness, *nn.*: غیر تغیر پذیری ؛ عدم تغیر ؛ یکسانی -

invariably, *adv.*: جب دیکھئے تب ؛ ہمیشہ ؛ غیر متغیر طورپر -

Invasion, *n.*: (۱) حملہ ؛ یورش ؛ لشکر کشی ؛ فوج کشی - (۲) مداخلت ؛ دست اندازی ؛ دست درازی -

Invasive, *a.*: حملہ آور ؛ چڑھائی کرنے والا ؛ دست دراز -

Invective, *n.*: (۱) گالیوں کی بوچھاڑ ؛ سب وشتم ؛ شدید طعن - (۲) دشنام آمیز تقریر یا تحریر ؛ ہجو تبیح -

Inveigh, *v. i.*: برا بھلا کہنا ؛ لعن طعن کرنا ؛ اچھی طرح خبر لینا ؛ پھٹکارنا -

Inveigle, *v. t.*: بہکا لے جانا ؛ اغوا کرنا ؛ پھانس کرلے جانا ؛ ورغلانا ؛ پٹی پڑھانا ؛ پھسلانا -

inveiglement, *n.*: ورغلانا ؛ پھسلانا ؛ اغوا -

Invent, *v. t.*: (۱) ایجاد کرنا ؛ اختراع کرنا ؛ نکالنا ؛ پیدا کرنا ؛ نئی بات نکالنا - (۲) گھڑنا ؛ بنالینا (جھوٹی بات) -

inventive, *a.*: ایجادی ؛ اختراعی -

idventively, *adv*: ایجاداً ؛ اختراعاً -

inventiveness, *n.*: اختراع یا ایجاد (کی قوت) -

inventor, *n.*: موجد ؛ مخترع ؛ (قانون) ایجاد کے حقوق محفوظ کرانے والا -

inventress, *n.*: موجد ؛ مخترع (عورت) -

Invention, *n.*: (۱) ایجاد ؛ اختراع - (۲) کوئی نئی مصنوعہ شے جس کے حقوق محفوظ کرائے جائیں - (۳) گھڑی ہوئی بات ؛ بنائی ہوئی بات - (۴) قوت ایجاد ؛ قوت اختراع -

I. of the Cross: تین مئی عیسائیوں کے ہاں کی ایک عید (اس روز قسطنطین کی ماں ہیلینا نے صلیب ڈھونڈی تھی) -

Inventory, *n., & v. t.*: (۱) فرد ؛ فہرست - (۲) اشیائے مندرجہ فہرست - (۳) فہرست لکھنا ؛ فہرست تیار کرنا ؛ فہرست میں درج کرنا -

Inveracity, *n.*: عدم صداقت ؛ کذب ؛ جھوٹ ؛ دروغ -

Inverness, *n.*: (۱) اسکاٹلینڈ کا شہر - (۲) ایک طرح کا بے آستینوں کا کوٹ یا لبادہ -

I. cloak, coat: ایک طرح کا بے آستینوں کا لبادہ یا کوٹ -

Inverse, *a. & n.*: معکوس ؛ الٹا ؛ اوندھا ؛ مقلوب ؛ عکس ؛ قلب -

i. proportion: تناسب معکوس -

i. ratio: نسبت معکوس -

inversely, *adv.*: بر عکس ؛ معکوس طور پر ؛ مقلوب طور پر -

Inversion, *n.*: (۱) الٹ پلٹ ؛ تقلیب ؛ الٹنا ؛ اوندھا کرنا - (۲) (صرف و نحو) (الفاظ کا) عکس ترتیب - (۳) (ریاضی) عکس نسبت -

inversive, *a.*: الٹ پلٹ کر دینے والا ؛ تہ وبالا کر دینے والا ؛ تقلیبی ؛ معکوس -

Invert, *v. t.*: (۱) الٹنا ؛ الٹا کرنا ؛ اوندھا کرنا - (۲) ترتیب الٹ دینا ؛ تقلیب کرنا - (۳) (موسیقی) سروں کی ترتیب بدلنا (پست سروں کو بلند کرکے ترتیب بدل دینا) -

Invert, *n.*: قوس معکوس ؛ محراب معکوس (جیسی صفائی کی نالیوں میں بناتے ہیں) -

Invertebrate, *a. & n.*: (۱) غیر مہرہ پشت ؛ بے ریڑہ کا - (۲) (مجازاً) (طبیعت کا) کمزور ، بودا ؛ دبو - (۳) غیر مہرہ پشت جانور ؛ بے ریڑہ کا - (۴) کمزور شخص ؛ بودا ؛ دبو -

Invest, *v. t. & i.*: (۱) پوشاک یا لباس پہنانا ؛ خلعت پہنانا - (۲) عطا کرنا ؛ بخشنا ؛ سرفراز کرنا ؛ متصف کرنا (صفات سے) - (۳) محاصرہ کرنا ؛ گھیرنا - (۴) روپیہ لگانا (تجارتی حصوں کی خریداری وغیرہ میں) - (۵) (روز مرہ) خریدنا -

investor, *n.*: لباس پہنانے والا ؛ خلعت دینے والا ؛ عطا کرنے والا ؛ روپیہ لگانے والا -

Investigate, *v. t.*: چھان بین کرنا ؛ تحقیق کرنا ؛ تفتیش کرنا ؛ تحقیقات کرنا -

Investigation, *n.*: تحقیقات ؛ تفتیش ؛ تحقیق ؛ چھان بین -

investigatory, investigative, *aa.*: تحقیقات سے متعلق؛ تحقیقاتی ؛ تفتیشی ؛ تحقیقی -

investigator, *n.*: تحقیقات کرنے والا ؛ تفتیش کرنے والا ؛ محقق -

Investiture, *n.*: (۱) باضابطہ جائزہ دلانا ؛ عطاے (خطاب وغیرہ) ؛ مسند نشینی ؛ تقرر اسقف (منجانب پوپ) ؛ رسم تشریف - (۲) اقمابت -

Investment, *n.*: (۱) روپیہ لگانا - (۲) لگا ہوا روپیہ ؛ راس المال - (۳) جائداد یا املاک جس میں روپیہ لگا ہوا ہو - (۴) جائزہ دلانا ؛ عطاے خطاب وغیرہ ؛ مسند نشینی - (۵) لباس ؛ پوشاک -

Inveterate, *a.*: (۱) پرانا ؛ کہنہ (مرض) - (۲) سخت ؛ شدید ؛ جانی (دشمن) -

Inveteracy, *n.*: (۱) کہنہ ہونا - (۲) سختی ؛ شدت -

inveterately, *adv.*: سختی سے ؛ شدت سے -

Invidious, *a.*: (۱) غیر منصفانہ ؛ ناگوار - (۲) عداوت انگیز ؛ تکلیف دہ ؛ ناگوار -

invidiously, *adv.*: بے انصافی سے؛ تکلیف دہ طور پر؛ ناگوار طریقے سے -

invidiousness, *n.*: بےانصافی؛ تکلیف دہ ہونا ؛ ناگوارہونا -

Invigilate, *v. i.*: امتحان دینے والے طلباء کی نگرانی کرنا -

invigilation, *n.*: نگرانی (امتحان کی) -

invigilator, *n.*: ناظر امتحان ؛ نگران کار (امتحان کا) -

Invigorate, *v. t.*: (۱) قوی کرنا ؛ مضبوط کرنا ؛ تقویت پہنچانا - (۲) روح پھونکنا ؛ جان ڈالنا -

invigorative, *a.*: تقویت بخش ؛ جانفزا -

invigorator, *n.*: تقویت پہنچانے والا ؛ جان ڈالنے والا -

Invincible, *a.*: (۱) نا قابل فتح؛ ناقابل تسخیر؛ اجیت - (۲) غیر مغلوب ؛ جس پر کوئی غالب نہ آسکے -

invincibility, *n.*: ناقابل تسخیر ہونا -

invincibly, *adv.*: نا قابل تسخیر طور پر -

Inviolable, *a.*: (۱) موثق ؛ واثق (عہد ، قسم)؛ ناقابل انفساخ؛ نا قابل خلاف ورزی ؛ ہتک سے بری - (۲) واجب التعمیل (قانون)؛ محترم ؛ قابل حرمت -

Inviolate, *a.*: (۱) نا شکستہ ؛ صحیح و سالم ؛ مسلم ؛ محفوظ - (۲) (قانون) (مقامات وغیرہ) غیر آلودہ ؛ پاک ؛ خالص -

inviolacy, inviolateness, *nn.*: (۱) استحکام؛ استواری؛ بے عیبی - (۲) پاکی ؛ عصمت ؛ تقدس -

inviolately, *adv.*: (۱) مضبوطی سے ؛ استواری سے - (۲) پاکی سے -

Invisible, *a. & n.*: (۱) غیر مرئی - (۲) غائب - (۳) خفیف ؛ غیر محسوس -

i. exports: غیر محسوس برآمد (جہاز رانی کی حاصلات ، دوسرے ملکوں میں جمع کئے ہوئے روپئے کا سود وغیرہ) -

i. ink: چھپی روشنائی (جو آگ دکھانے پر نظر آتی ہے) -

invisibility, invisibleness, *nn.*: غیر مرئی ہونا؛ غیر محسوس ہونا -

invisibly, *adv.*: غیر مرئی طور پر ؛ غیر محسوس طور پر -

Invite, *v. t. & n.*: (۱) بلانا ؛ دعوت دینا ؛ مدعوکرنا ؛ نیوتنا ؛ نیوتا دینا ؛ بلوا بھیجنا - (۲) (اظہار رائے کی) درخواست کرنا ؛ التجا کرنا ؛ استصواب کرنا - (۳) باعث ہونا ؛ موجب ہونا - (۴) رغبت یا شوق دلانا ؛ کشش رکھنا ؛ جاذب ہونا - (۵) (روز مرہ) دعوت ؛ بلاوا -

invitation, *n.*: دعوت ؛ نیوتا ؛ بلاوا -

invitatory, *a.*: دعوتی ؛ بلاوے کا -

invitingly, *adv.*: دلکشی سے -

invitingness, *n.*: دلفریبی ؛ دل کشی -

Invocation, *n.*: (۱) دعا (جو نام لے کر کی جائے)؛ استمداد (خدا سے) - (۲) دہائی - (۳) منتر پڑھ کر بلانا ؛ حاضرات کا عمل - (۴) شاعری کی دیوی سے طالب فیضان -

the i.: دعا جو "مقدس باپ کے نام کے ساتھ" کے الفاظ سے شروع ہوتی ہے اور جس سے پادری وعظ شروع کرتے ہیں -

invocatory, *a.*: مناجاتی ؛ دعا کا ؛ عرض کا ؛ التجائی -

Invoice, *n. & v. t.*: (۱) اشیائے مرسلہ کی فہرست مع قیمت وغیرہ کے ؛ بیجک - (۲) بیجک بنانا -

Invoke, *v. t.*: (۱) نام لے کر دعا کرنا ؛ خدا کو شاهد کرنا ؛ خدا سے مدد طلب کرنا - (۲) دہائی دینا ؛ منتر پڑھ کر (ارواح کو) بلانا - (۳) (مدد، انتقام کےلئے) التجا کرنا (درزو بچاؤ وغیرہ) -

Involucre, *n.*: (۱) غلاف ؛ خول (خصوصاً تشریح) - (۲) (نباتیات) اوراقہ -

Involuntary, *a.*: غیر ارادی ؛ بلا قصد -

involuntarily, *adv.*: غیر ارادی طورپر ؛ بلا قصد ؛ بلا ارادہ -

involuntariness, *n.*: غیر ارادی ہونا -

Involute, *a. & n.*: (۱) پیچیدہ ؛ پیچ در پیچ ؛ ادق ؛ اُلجھا ہوا - (۲) مرغولہ دار ؛ جس میں اندر کی طرف مسلسل پیچ ہوں ؛ چکر دار ؛ کنڈلی دار - (۳) (نباتیات) در نورد

Involution, *n.*: (۱) لپیٹنا ؛ اُلجھانا وغیرہ - (۲) پیچیدگی ؛ پیچ در پیچ ہونا ؛ اُلجھاؤ - (۳) اُلجھانا ؛ لپیٹ میں آنا ؛ لپٹنا - (۴) چکر دار ہونا ؛ کنڈلی دار ہونا ؛ چکر ؛ کنڈلی - (۵) (ریاضی) بر پیچ -

Involve, *v. t.*: (۱) لپیٹنا - (۲) اندر کی طرف چکر دینا - (۳) پھنسانا ؛ مبتلا کرنا ؛ اُلجھانا (مشکل وغیرہ میں) - (۴) (جرم میں) سانٹا ؛ لپیٹ لینا - (۵) شامل کرنا - (۶) دلالت کرنا ؛ پہلو رکھنا ؛ باعث ہونا ؛ سبب ہونا -

Involvement, *n.*: (۱) لپیٹ ؛ اُلجھاؤ ؛ شمول - (۲) مالی مشکلات - (۳) پیچیدہ معاملہ ؛ عقدہ ؛ گتھی -

Invulnerable, *a*: جس کو زخم یا ضرر نہ پہنچایا جا سکے ، غیر ضرر پذیر (بالخصوص استعارتاً) -

invulnerability, *n.*: غیر ضرر پذیری وغیرہ -

invulnerably, *adv.*: متعلق فعل مذکورۂ بالا معنوں میں -

Inward, *a. & n.*: (۱) اندرونی ؛ اندر کا - (۲) باطنی ؛ ذہنی ؛ روحانی ؛ داخلی - (۳) اندر کی طرف (کا)- (۴) (جمع) اوجھڑی -

Inwardly, *adv.*: (۱) اندر سے ؛ اندر - (۲) آهستہ سے ؛ دل میں چپکے سے (بولنا) - (۳) روحانی یا ذہنی حیثیت سے

Inwardness, *n.*: (۱) باطن ؛ جوہر اصلی - (۲) داخلیت ؛ اندرونی ہونا - (۳) روحانیت -

Inward (s), *adv.* : (۱) اندر کی طرف - (۲) باطناً ؛ نفس کے یا روح کے اندر -

Inweave, en-, *v.t.* : (۱) ملاکر بننا - (۲) پیوستہ کرنا ؛ وابستہ کرنا -

Inwrought, *a.* & *p.p.* : مرصع ؛ مزین ؛ کامدار ؛ بیل بوٹوں وغیرہ سے آراستہ یا کندہ کیا ہوا ؛ (مجازاً) ملا ہوا ؛ مخلوط ؛ آمیختہ -

Inyala, *n.* : جنوبی افریقہ کا چکارہ -

Iodine, *n.* : آیوڈین ؛ (طبیعیات) بالمشیں -

iodic, *a.* : آیوڈین کا -

iodism, *n.* : آیوڈین کا اثر چڑھنا -

iodize, *v.t.* : آیوڈین ملا دینا -

Iodoform, *n.* : ایڈو فارم (ایک کیمیاوی مرکب) -

Iolite, *n.* : ایولائٹ (ایک کیمیاوی مرکب) -

Ion, *n.* : اوان ؛ برقی پارہ -

ionize, *v.t.* : ذروں کو برقانا دینا -

ionization, *n.* : سیال یا گیس کی وہ حالت جب اس میں برقی رو گزرتی ہے -

-ion : (لاحقہ) اسما کے آخر میں آتا ہے -

Ionian, *a.* & *n.* : (یونان کے خطے) ایونا کا ؛ ایونی -

I. mode : (۱) یونانی موسیقی کا طرز (جس میں زنانہ پن پایا جاتا ہے) - (۲) (موسیقی کا) طرز کلیسائی - (۳) ایونا کا رہنے والا ؛ ایونی -

Ionic, *a.* : ایونا کا -

i. a majore : ایک قسم کی بحر کا رکن -

I. dialect : ایونی بولی -

I. order : یونانی طرز تعمیر کی تین مشہور قسموں (Doric ، Ionic, Corinthian) میں سے ایک

-ior : (لاحقہ) اسماء کے آخر میں آتا ہے (جیسے warrior) -

-ior : (لاحقہ) صفات کے صیغۂ تفضیل کے آخر میں آتا ہے (جیسے Senior) -

Iota, *n.* : (۱) یونانی زبان کا ایک حرف - (۲) خفیف سی مقدار ؛ ذرہ ؛ شائبہ -

Iotacism, *n.* : (۱) یونانی حرف ایوٹا کی کثرت استعمال - (۲) دیگر یونانی حروف علت کا تلفظ ایوٹا کی طرح کرنا -

IOU, *n.* : رقعہ قرض ؛ پرونوٹ -

-iour : لاحقہ جو قدیم فرانسیسی ieur- اور eour- کا قایم مقام ہے جس سے وسیلہ ؛ ذریعہ ؛ سبب ؛ واسطہ وغیرہ ظاہر کرنے والے اسماء بنتے ہیں مثلاً paviour, saviour وغیرہ -

-ious : لاحقۂ مرکب جو ous- کے پہلے i کے آنے سے بنتا ہے ؛ i در اصل ایک دوسرے لاحقے کا جز ہے ؛ ious- لاطینی iosus- اور فرانسیسی ieux کا قایم مقام ہے جس سے خاصیت رکھنے والا یا ظاہر کرنے والا یا پر ازکا مفہوم پیدا ہوتا ہے مثلاً religious, precious, delicious وغیرہ -

Ipecacuanha, *n.* : جنوبی امریکہ کے ایک درخت کی جڑ جو مسہل وغیرہ کے طور پر استعمال ہوتی ہے -

ipse dixit, *n.* : دعوی بلا دلیل ؛ ادعائی دعوی -

ipso facto, *adv.* : اسی بات سے ؛ خود بخود ؛ فی نفسہ -

Ir- : (سابقہ) in= (r- کے پہلے آتا ہے) -

Irade, *n.* : سلطان ترکی کا فرمان -

Iranian, *a.* & *n.* : (۱) ایرانی - (۲) (کوئی) قدیم ایرانی زبان ؛ (کسی قدیم) ایرانی زبان کا -

Irascible, *a.* : تند مزاج ؛ جھلا ؛ چڑ چڑا -

irascibility, *n.* : تند مزاجی ؛ جھلا پن ؛ چڑ چڑا پن -

Irate, *a.* : غصے میں بھرا ؛ جھلایا ہوا ؛ خفا -

Ire, *n.* : (شعر) غصہ ؛ خشم ؛ غیظ ؛ غضب -

ireful, *a.* : غضبناک ؛ غضب آلود ؛ خشمگیں ؛ برہم -

irefully, *adv.* : غصے سے ؛ برہمی سے -

Irenic(al), *aa.* : (۱) صلح جو ؛ صلح جویانہ - (۲) صلح ساز -

Irenicon : دیکھو Eirenicon -

Iridaceous, *a.* : سوسنی ؛ سوسن کی قسم کا -

Iridescent, *a.* : قوس قزح کے رنگوں کا ؛ قزح رنگ ؛ صد رنگ - (۲) ہر پہلو سے نئے رنگ دکھانے والا -

iridescence, *n.* : قزح رنگی ؛ تبدیل مقام سے رنگ بدلنا -

Iridium, *n.* : پلاٹینم کی قسم کی ایک دھات ؛ اریڈیم -

Iris, *n.* : (۱) آنکھ کا ایک پردہ ؛ پردۂ عنبیہ - (۲) سوسنی ؛ قزحی ؛ پھولدار درختوں کی ایک قسم - (۳) ایک طرح کا چٹانی بلورہ جس میں منشور کی طرح رنگ دکھائی دیتے ہیں -

Irish, *a.* & *n.* : (۱) آئرلینڈکا ؛ آئرستان کا ؛ آئری - (۲) آئری زبان -

the I. : آئری قوم -

Irishman : آئری -

Irishwoman : آئری عورت -

Irishism, *n.* : آئری طرز ؛ آئری محاورہ -

Irishize, *v.t.* : آئری بنانا -

Irk, *v.t.* : (قدیم) تھکا دینا ؛ اکتا دینا ؛ ناگوار ہونا -

Irksome, *a.* : تکلیف دہ ؛ گراں ؛ ناگوار ؛ اکتا دینے والا ؛ تھکا دینے والا -

irksomely, *adv* : تکلیف دہ طور پر -

irksomeness, *n* : تکلیف دہ ہونا ؛ ناگوار ہونا -

Iron, *n.* & *a.* : (۱) لوہا ؛ آہن ؛ حدید - (۲) مضبوط جسم ؛ اٹل ارادہ - (۳) مرکب فولاد ؛ ایک مقوی دوا - (۳) آہنی آلہ ؛ آہنی اوزار - (۵) استری - (۶) (عموماً جمع) بیڑی ؛ ہتکڑی زنجیر ؛ جولاں - (۷) لوہے کی سلاخ وغیرہ جس سے داغ دیا جاتا ہے - (۸) گولف کا ایک بلا جس کا سرا لوہے کا ہوتا ہے - (۹) قوی الارادہ ؛ مضبوط ؛ سخت ؛ بے درد -

have (too) many ii. in the fire : بہت سی ترکیبیں یا چالیں چلنا -

i. age : (۱) ظلم و ستم کا عہد ؛ کل جگ ؛ چودھویں صدی - (۲) عہد حدید ؛ وہ زمانہ جب لوہے کے اوزار رائج ہوے -

i. -bark : یوکلپٹس کی ایک قسم جس کی چھال جو بہت سخت ہوتی ہے -

i. -bound : (۱) لوہے میں جکڑا ہوا - (۲) چٹانوں سے گھرا ہوا (ساحل) - (۳) (مجازاً) سخت ؛ شدید ؛ سختی کے ساتھ معین -

iron-clad : (۱) آہن پوش - (۲) آہن پوش جہاز -

i. -grey. : کچے لوہے کے رنگ کا -

i. horse : انجن ؛ بائیسیکل وغیرہ -

i.-master : آھن ساز ؛ لوھا بنانے والا ؛ آھن سازی کے کار خانے کا مالک ۔

i.-mould : لوھے کے زنگ کا داغ ؛ سیاھی کا دھبہ ؛ سیاھی یا لوھے کا داغ لگانا ؛ زنگ کا داغ لگنا ۔

Ironsides. (۱) بہادر ؛ شجاع ۔ (۲) (خصوصاً جمع) کرامویل کے سپاھی ۔

i.-stone : ایک طرح کا کچا لوھا ۔

ironwork : لوھے کا کام ؛ لوھے کی بنی ھوئی چیزیں

ironworks : لوھے کا کار خانہ ۔

strike while the i. is hot : موقعے سے فائدہ اٹھانا ۔

Iron, v. t. : (۱) لوھے سے منڈھنا ۔ (۲) پا بزنجیر کرنا ؛ ھتکڑی ' بیڑی پہنانا ؛ پا بجولاں کرنا ۔ (۳) استری کرنا ۔

Ironic (al), aa. : (۱) طعن آمیز ؛ طنز آمیز ؛ طنزیہ ۔ (۲) طعن و طنز کا عادی ۔

Ironically *adv.* : طنزاً ؛ طعن کے طور پر ۔

Ironist, n. : (ادب میں) طعن یا طنز استعمال کرنے والا ؛ طنز نگار ۔

Ironmonger, n. : لوھے کا سامان بیچنے والا ؛ آھنی اشیا کا تاجر ۔

ironmongery, n. : آھنی اشیا کی تجارت ۔

Irony, n. : (۱) طنز ؛ طعن ۔ (۲) ستم ظریفی (مثلاً irony of fate) ۔ (۳) رمز ؛ کنایہ ۔

Socratic i. : حریف کو بحث میں جاھل ظاھر کرنے کے لئے اپنے آپ کو جاھل ظاھر کرنا ۔

Irony, a. : (۱) لوہے کا ؛ آھنی ۔ (۲) لوھے کا سا ؛ لوھے کے مانند ۔

Irradiant, a. : روشن ؛ درخشاں ؛ منور ؛ ضیاگستر ؛ ضیا بار ۔

irradiance, n. : درخشانی ؛ تنویر ؛ تجلی ۔

Irradiate, v. t. : (۱) روشن کرنا ؛ اجالا کرنا ؛ منور کرنا ؛ چمکانا درخشاں کرنا ۔ (۲) روشنی ڈالنا ؛ واضح کرنا ؛ وضاحت کرنا ۔ (۳) (خوشی سے) چہرہ چمکانا ؛ دمکانا ۔

irradiative, a. : ضیا بار ؛ نور افشاں ؛ توضیحی ۔

Irradiation, n. : (۱) چمک ؛ درخشندگی ؛ روشنی ؛ تجلی ؛ درخشانی ؛ نور ۔ (۲) روشنی ڈالنا ؛ توضیح ۔ (۳) کسی روشن چیز کا اندھیری فضا میں پھیلا ھوا نظر آنا ۔ (۴) اشعاع ؛ اضائت ۔

Irrational, a. & n. : (۱) خلاف عقل ؛ خلاف منطق ؛ غیر منطقی ؛ لغو ؛ نامعقول ؛ مہمل ۔ (۲) غیر ذی عقل ؛ بے عقل ۔ (۳) (ریاضیات) اصم ۔ (۳) مقدار اصم ۔

irrationality, n. : خلاف عقل یا خلاف منطق ھونا ؛ نا معقولیت ؛ بے عقلی ۔

irrationalize, v. t : غیر معقول یا غیر منطقی بنانا ۔

irrationally, adv. : (۱) غیر معقول طور پر ؛ غیر منطقی طور پر ۔ (۲) نا معقولیت سے ۔

Irreclaimable, a. : غیر اصلاح پذیر ؛ ناقابل اصلاح ؛ گیا گذرا ۔

irreclaimably, adv. : ناقابل اصلاح طور پر ۔

Irrecognizable, a. : ناقابل شناخت ؛ جو پہچانا نہ جاسکے ۔

Irreconcilable, a. & n. : (۱) سخت مخالف ؛ سخت دشمن ۔ (۲) ناقابل مصالحت ؛ سخت کٹر ۔ (۳) متبائن ؛ منافی ۔ (۴) کسی سیاسی تحریک کا کٹر مخالف ۔

irreconcilability, n. : (۱) سخت دشمنی ؛ کٹر پن ۔ (۲) تناقض ؛ تبائن ؛ غیر مصالحت پسندی ۔

irreconcilableness, n. : لفظ مذکورۂ بالا کے معنوں میں ۔

irreconcilably, adv. : سختی سے ؛ کٹر پن سے ؛ متبائن طور پر ۔

Irrecoverable, a. : غیر ممکن الوصول ؛ لاعلاج ؛ پھر ھاتھ نہ آنے والا ۔

irrecoverably, adv. : غیر ممکن الوصول طور پر ؛ لاعلاج طور پر ؛ اس طرح کہ پھر ھاتھ نہ آئے ۔

Irrecusable, a. نا قابل رد ؛ واجب القبول ۔

Irredeemable, a. : (۱) غیر میعادی (سرکاری سالیانہ) ۔ (۲) غیر میعادی (نوٹ وغیرہ) جس کا جاری کرنے والا زر نقد سے بدلنے کی ذمہ داری نہ لے ۔ (۳) نا قابل اصلاح ؛ نا ممکن الوصول ؛ گیا گذرا

irredeemably, adv. : نا قابل اصلاح طور پر ؛ نا قابل وصول طور پر ۔

Irredentist, n. : (۱) (سیاسیات اطالیہ) اس اصول کا حامی کہ کل اضلاع جہاں اطالوی بولی جاتی ھے اطالیہ میں شامل کرلئے جائیں ؛ نظریۂ رجوع کا حامی ۔ (۲) (یونان ' پولینڈ ' سربیا وغیرہ) جو اپنے ملک کے نقطۂ نظر سے اس اصول کا حامی ھو ۔

irredentism, n : نظریۂ رجوع ؛ رجوع پسندی ۔

Irreducible, a. : (۱) نا قابل تحویل ؛ غیر تحویل پذیر ۔ (۲) غیر تخفیف پذیر ۔ نا قابل تخفیف ۔ (۳) جس کو سادہ تر شکل میں لانا نا ممکن ھو ؛ غیر تسہیل پذیر ۔

irreducibility, n. : غیر تحویل پذیری ؛ غیر تخفیف پذیری ۔

Irrefragable, a. : مُسکت ؛ نا قابل تردید

irrefragably, adv. : نا قابل تردید طور پر ۔

Irrefrangible, a. : (۱) نا قابل خلاف ورزی ؛ نا قابل عدول ۔ (۲) غیر انعطاف پذیر ۔

Irrefutable, a. : ناقابل تردید ؛ مُسکت ۔

irrefutability, n. : ناقابل تردید ھونا ۔

irrefutably, adv. : ناقابل تردید طور پر ؛ قطعاً ۔

Irregular, a. & n. : (۱) بے قاعدہ ؛ بے اصول ؛ بے ضابطہ ؛ بے ترتیب ۔ (۲) غیر معمولی ؛ خلاف معمول ؛ غیر طبعی ۔ (۳) بے ڈھنگا ؛ بے ترل ؛ بے اسلوب ؛ کڈھب ۔ (۴) نا ھموار ؛ غیر مسطح ؛ اونچی نیچی ۔ (۵) بے ترتیب ؛ بے نظام ؛ غیر معین ؛ غیر موقت ؛ غیر منتظم ۔ (۶) سماعی ؛ بے قاعدہ ۔ (۷) (فوج) بے قاعدہ ۔ (۸) (اسم ۔ جمع) بے قاعدہ فوجی دستے ۔

irregularity, n. : بے قاعدگی ؛ بے ضابطگی ؛ بے اصولی ؛ بے ڈھنگا پن ؛ ابتری ؛ بے ترتیبی ؛ بے اسلوبی ؛ بے نظمی ؛ نا ھمواری ۔

irregularly, adv. : بے قاعدگی سے ؛ بے ضابطگی سے ؛ بے اصولی سے ؛ بے قاعدہ ؛ خلاف ضابطہ ۔

Irrelative, a. : (۱) غیر متعلق ؛ بے ربط ؛ بے علاقہ ۔ (۲) مطلق ؛ بے تعین ۔

irrelatively, adv. : علی الاطلاق ؛ غیر متعلق طور پر

Irrelevant, a. : (۱) غیر متعلق ؛ بے تک ؛ بے جوڑ ؛ بے ربط ۔

(۲) خارج از بحث ؛ بے موقع ؛ بے محل ؛ غیر مناسب -
غیر متعلق ہونا ؛ بے تک ہونا ؛ **irrelevance, -ancy**, *nn.*:
بے محل ہونا ؛ خارج از بحث ہونا -
irrelevantly, *adv.*: بغیر مناسبت کے ؛ بے محل طور پر ؛
بے تکے پن سے -
Irreligion, *n.*: (۱) لا مذہبی ؛ بے دینی ؛ الحاد ؛ زندقہ - (۲)
مذہب کا پابند نہ ہونا -
irreligionist, *n.*: لا مذہب ؛ مخالف مذہب -
irreligious, *a.*: (۱) بے دین ؛ ملحد ؛ ملحدانہ - (۲)
غیر پابند مذہب -
irreligiously, *adv.*: (۱) لا مذہبی سے ؛ بے دینی سے ؛
ملحدانہ - (۲) بغیر پابندی مذہب کے
Irremediable, *a.*: لا علاج ؛ لا دوا ؛ ناقابل تلافی -
irremediably, *adv.*: لا علاج طور پر ؛ ناقابل تلافی طور پر -
Irremissible, *a.*: (۱) ناقابل عفو ؛ ناقابل معافی - (۲) اٹل ؛
لابد ؛ لازمی ؛ نا گزیر -
irremissibly, *adv.*: نا قابل عفو طور پر ؛ اٹل طور پر ؛
نا گزیر طور پر -
Irremovable, *a.*: غیر نقل پذیر ؛ نا قابل علحدگی ؛ جو
ہٹایا یا علحدہ نہ کیا جا سکے (خصوصاً عہدے سے) -
irremovability, *n.* غیر نقل پذیر ہونا ؛ نا قابل
علحدگی ہونا -
irremovably, *adv.*: اس طرح کہ ہٹایا یا علحدہ
نہ کیا جا سکے -
Irreparable, *a.*: ناقابل تلافی -
irreparableness, *n.*: ناقابل تلافی ہونا -
irreparably, *adv.*: ناقابل تلافی طور پر -
Irreplaceable, *a.*: جس کا بدل نہ ہو ؛ ناقابل تلافی -
Irrepressible, *a.* & *n.*: (۱) نہ دبنے والا ؛ نہ رکنے والا ؛ زیر
نہ ہونے والا - (۲) (روزمرہ) نہ دبنے والا ؛ بے باک شخص -
irrepressibly, *adv.*: نہ دبتے ہوئے ؛ مغلوب
نہ ہوتے ہوئے -
Irreproachable, *a.*: بیداغ ؛ پاک ؛ جس پر حرف
نہ رکھا جا سکے -
irreproachability, *n.*: بیداغ ہونا ؛ پاک ہونا -
irreproachably, *adv.*: متعلق فعل مذکورۂ بالا معنوں میں
Irresistible, *a.*: ناقابل مزاحمت ؛ ناقابل تعرض (زبردست قوت ؛
دلیل ؛ دلکشی یا دلربائی کی وجہ سے) -
irresistibility, *n.*: نا قابل مزاحمت ہونا ؛ بیحد قوی ؛
مدلل یا دلکش ہونا -
irresistibly, *adv.*: ناقابل مزاحمت طور پر ؛ بے اختیار -
Irresolute, *a.*: (۱) مذبذب ؛ متامل ؛ حیص بیص میں -
(۲) ضعیف الارادہ ؛ غیر مستقل مزاج ؛ ارادے کا کچا
irresolutely, *adv.*: تذبذب سے ؛ غیر مستقل مزاجی سے -
irresoluteness, **irresolution**, *nn.*: تذبذب ؛ ضعیف
ارادہ ؛ بے استقلالی -
Irresolvable, *a.*: (۱) نا قابل تجزیہ ؛ نا قابل تحلیل -
(۲) نا قابل حل -

Juggle, *v. i. & t., & n.*: (۱) شعبدے کرنا ؛ نظر بندی کرنا ؛ ہاتھہ کی صفائی دکھانا - (۲) دھوکا دے کر لے لینا ؛ دھوکے سے ازالینا (کوئی چیز) - (۳) چالاکی سے کوئی چیز ہٹا دینا یا رکھہ دینا ؛ چالاکی سے کسی چیز کو بدل دینا - (۴) شعبدہ ؛ فریب ؛ دھوکا -

j. with : (۱) دھوکا دینا ؛ غلط فہمی میں ڈالنا - (۲) (واقعات کو) کچھہ کا کچھہ کردکھانا -

juggler, *n.*: (۱) بازیگر؛ شعبدہ باز؛ مداری - (۲) عیار؛ فریبی ؛ دغا باز ؛ مکار -

jugglery, *n.*: (۱) شعبدہ بازی؛ مداری کا کھیل؛ بازیگری - (۲) دغابازی ؛ عیاری ؛ مکاری -

Jugo-Slav, *a. & n.* : یوگوسلاو؛ یوگوسلاویا کا (باشندہ) -

Jugular, *a. & n.*: (۱)(تشریح) وداجی؛ گردن یا حلق کا - (۲) اس (مچھلی) کے متعلق جس کے حلق کے قریب پر ہوں - (۳) رگ گردن ؛ وداج -

external j.: بیرونی وداج؛ وہ رگیں جو سر کے بیرونی حصے اور گردن کے درمیان خون لاتی لیجاتی ہیں -

internal j.: اندرونی وداج ؛ وہ رگیں جو اندرون دماغ سے گردن تک خون لاتی لیجاتی ہیں -

j. vein : وداج -

Jugulate, *v. t.* : مارنا ؛ ہلاک کرنا ؛ (خصوصاً) کسی زبر دست دوا سے مرض کو روک دینا -

Juice, *n.* : (۱) رس ؛ عرق ؛ شیرہ ؛ افشردہ - (مجازاً) حیوانی جسم وغیرہ کا رقیق حصہ ؛ رطوبت - (۲) (مجازاً) لب لباب ؛ نچوڑ - (۳) (عامیانہ) انجن وغیرہ کا تیل (پٹرول یا بجلی) - اخلاط (صفرا ' سودا ' بلغم ' خون) -

the jj. :

gastric j. : دیکھو gastric -

Juicy, *a.* : (۱) رس دار ؛ رس بھرا - (۲) (موسم) جس میں بارش کثرت سے ہو؛ پر باران - (۳) (روز مرہ) دلچسپ ؛ لطیف؛ معنی خیز ؛ پر معنی - (۴) (آرٹ کی اصطلاح) طراوت بخش ؛ شوخ رنگوں کا -

juiciness, *n.* : رس دار ہونا ؛ پرباران ہونا ؛ پر معنی ہونا -

Ju-ju, *n.* : (۱) (مغربی افریقہ میں) جادو ؛ ٹونا ؛ منتر - (۲) بیجان چیز جس کی عبادت کی جائے - (۳) جادو کا پھیر ؛ آسیب کا خلل -

Jujube, *n.* : (۱) بعض پودوں کا انگور کی شکل کا پھل - (۲) کھانسی وغیرہ کی چوسنے کی گولی (جو کسی پھل سے مشابہ ہو یا اس کی چاشنی رکھتی ہو) -

Ju-jutsu, Jiu-jitsu (joojutsoo), *n.* : جاپانی کشتی کا فن -

Julep, *n.* : (فارسی لفظ گلاب یا عربی لفظ جلاب کا بگاڑ ہے) (۱) شربت جس میں کوئی دوا شامل ہو - (۲) مفرح شربت یا عرق - (۳) (امریکا) مسالےدار یا برف میں لگایا ہوا شراب اور پانی کا مرکب -

Julian, *a.* : قیصر جولیس کا ؛ جولیسی -

J. calendar : تقویم جولیسی -

Julienne (F), *n.* : گوشت کی یخنی کے ساتھ پکایا ہوا ترکاریوں کا سوپ (شوربا) -

July, *n.* : ماہ جولائی -

Jumbal, -ble, *n.* : مختلف قسم کی پتلی کرکری میٹھی ٹکیاں -

Jumble, *v. i. & t.* : (۱) تہ و بالا ہونا ؛ خلط ملط ہونا ؛ گڈمڈ ہونا - (۲) گھال میل کرنا ؛ خلط ملط کرنا ؛ گڈمڈ کرنا ؛ تہ و بالا کرنا ؛ کھلبلی پڑنا -

Jumble, *n.* : (۱) بے ترتیب مجمع یا ڈھیر ' انبار - (۲) گڈمڈ ؛ بے ترتیبی - (۳) دھکم دھکا -

j. -sale : متفرق سستی چیزوں کا نیلام -

j. -shop : کباڑ خانہ ؛ کاٹ کباڑ کی دوکان ؛ کپڑے کی دوکان -

Jumbo, *n.* : (۱) بہت موٹا بھدا آدمی ' جانور یا بہت بڑی بھدی شے ؛ ڈھور کا ڈھنڈ - (۲) لندن کے جانور خانے کا مشہور ہاتھی - (۳) قسمت کا دھنی ؛ نہایت کامیاب آدمی -

Jump, *n.* : (۱) جست ؛ زقند ؛ چھلانگ ؛ پھلانگ - (۲) چونک اٹھنا - (۳) قیمت وغیرہ کا دفعتاً چڑھ جانا - (۴) گریز ؛ ایک بات سے دوسری بات پر جا پہنچنا ؛ (سلسلے یا استدلال میں) خلا -

high j. : اونچی جست -

long j. : لمبی جست -

the jj. : (عامیانہ) نشہ کا ہذیان -

Jump, *v. i. & t.* : (۱) کودنا ؛ اچھلنا ؛ پھلانگ مارنا ؛ زقندبھرنا ؛ جست کرنا - (۲) اچھل پڑنا ؛ چونک اٹھنا - (۳) دفعتاً قیمت چڑھ جانا - (۴) جلد بازی سے کسی نتیجے پر پہنچنا ؛ جھٹ سے نتیجہ نکالنا ؛ مطابقت ہونا ؛ میزان پٹنا - (۶) پھاند جانا - (۷) ریل کا پٹری سے اتر جانا - (۸) بچے کو کدانا ؛ کودنے میں مدد دینا - (۹) چونکا دینا - (۱۰) آلو کو ماھی توے میں تلنا اور کبھی کبھی الٹ پلٹ کرتے رہنا - (۱۱) جھپٹنا ؛ جھوٹ مارنا - (۱۲) کسی جگہ پہلے سے جا پہنچنا - (کسی کام میں) سبقت کرنا (۱۳) (نو آبادیات) فوراً قبضہ کرلینا (معدنی خطے پر جسے سابق مالک نے خالی کردیا ہو) - (۱۴) سرسری نظر ڈال کر چھوڑ دینا (کسی مضمون یا کتاب کے کسی حصے کو) - (۱۵) برے سے سوراخ کرنا -

j. at : قبول کرلینا ؛ فوراً راضی ہو جانا -

j. down person's throat : دنداں‌شکن جواب دینا ؛ سخت لہجے میں قطع کلام کرنا -

j. out one's skin: حیرت کے مارے چونک پڑنا ' اچھل پڑنا -

J. over the Broomstick : جھوٹ موٹ کی شادی کرنا -

j. together : متفق ہونا ؛ میزان پٹ جانا -

j. upon : (۱) حملہ کرنا ٹوٹ پڑنا - (۲) سختی سے ڈانٹنا ؛ خبر لے ڈالنا -

Jumper, *n.* : (۱) کودنے والا وغیرہ - (۲) ویلز کے میتھو دست ترقے کا پیرو (یہ لوگ پرستش کے وقت اچھلتے کودتے ہیں) - (۳) پسو یا ایسے کیڑے جو کود کر چلتے ہیں - (۴) وہ رسی جو جہاز پر مستول وغیرہ میں باندھتے ہیں کہ اسے جھٹکے نہ لگیں- (۵) ایک قسم کا بڑا برما -

Jumper, *n.* : (۱) کرمچ کی ڈھیلی ڈھالی صدری جو ملاح پہنتے ہیں - (۲) عورتوں کا ڈھیلا ڈھالا جاکٹ -

Junction, *n.* : (۱) ملنا ؛ اتصال - (۲) ملنے کی جگہ ؛ مقام اتصال (خصوصاً ریل کا جنکشن) -

Juncture, *n.* : (۱) ملنا ؛ اتصال- (۲) مقام اتصال - (۳) واقعات کا اکٹھا ہو جانا - (۴) صورت حال ؛ موقع ؛ منزل (واقعے کی) -

June, *n.* : جون کا مہینہ -

Jungle, *n.* : (۱) جنگل - (۲) بے ترتیب انبار - (۳) (عامیانہ) مغربی افریقہ میں تجارتی کمپنیوں کے حصوں کا بازار ؛ صحرا -

Junior, *a. & n.* : (۱) چھوٹا ؛ اصغر (ہم‌نام باپ بیٹوں‌میں بیٹے کا اور ہم نام طالب علموں میں کم عمر والے کا لقب) - (۲) جونیر (جس کا زمانۂ خدمت یا رتبہ کم ہو) -

juniority, *n.* : جونیر ہونا -

Juniorate, *n.* : (یسوعیوں Jesuits کے طبقہ میں) دو سال کا نصاب جسے پورا کرنے کے بعد مبتدی پادری بنایا جاتا تھا) -

Juniper, *n.* : ایک قسم کی صنوبری سدا بہار جھاڑی جس کا تیل دوا کا کام دیتا ہے اور جن (شراب) میں پڑتا ہے -

Junk, *n. & v. t.* : (۱) (جہاز کا) پرانا رسا (جس کے ریشے نکال کر جہاز کی درزوں میں بھرے جاتے ہیں) - (۲) پرانا سامان جو بیکار سمجھ کر پھینک دیا جائے - (۳) بڑا سا ٹکڑا ' قاش ؛ کندہ (لکڑی کا) - (۴) (بحری) نمک لگایا ہوا گوشت - (۵) ایک قسم کی وھیل کا بھیجا (جس کی چربی سے موم بتی اور موم روغن بناتے ہیں)- (۶) بڑے بڑے ٹکڑے کرنا -

j. -shop: جہاز کے پرانے سامان کی دوکان -

Junker, *n.* : (۱) جرمنی کا امیر زادہ - (۲) پرشیا (جرمنی) کے امرا کی پارٹی کارکن-

Junket, *n., & v. i.* : (۱) ایک قسم کا میٹھا جز دھی دار کھیر سے بنایا جاتا ہے اور اس کے اوپر بالائی کی تہ ہوتی ہے- (۲) دعوت ؛ ضیافت - (۳) ضیافت کرنا ؛ گوٹ کرنا -

Juno, *n.* : (۱) جونو (رومیوں کے سب سے بڑے دیوتا جیوپی ٹر کی بیوی) - (۲) با وقار حسینہ - (۳) ایک سیارچہ جو سنہ ۱۸۰۴ع میں دریافت ہوا -

Junta, *n.* : جنٹا (اطالیہ یا ہسپانیہ) کی شاہی مجلس مشاورت -

Junto, *n.* : ٹولی؛ جتھا؛ خاص سیاسی یا غیر سیاسی اغراض رکھنے والی جماعت -

Jupe (F), *n.*: زنانہ سا یا -

Jupiter, *n.* : (۱) (قدیم روما) جو پیٹر (سب دیوتاؤں کا دیوتا) - (۲) مشتری سیارہ -

J. Pluvius : بارش کا دیوتا -

Jural, *a.* : قانونی؛ متعلق بہ قانون؛ حقوق و فرائض سے متعلق -

Jurassic, *a.*: (۱) جورا پہاڑ کا (یہ پہاڑ فرانس اور سوئستان کے درمیان واقع ہے)- (۲) اس پہاڑ کی طرح چونے کے اولیتی (oolitic) پتھر سے بھرا ہوا -

Jurat, *n.* : (۱) بلدیہ کا عہدہ دار؛ میونسپل کمشنر یا مجسٹریٹ - (۲) (جزائر بحیرۂ برطانیہ) وہ شخص جسے عمر بھر کے لئے مجسٹریٹ کے اختیارات دے دئے جائیں -

Juridical, *a.* : قانونی؛ ضابطۂ عدالت یا قانونی کارروائی سے متعلق -

Jurisconsult, *n.* : عالم قانون؛ مقنن؛ قانون داں؛ ماہر قانون -

Jurisdiction, *n.* : (۱) عدل کا نظم و نسق؛ عدل گستری؛ داد رسی - (۲) اختیار سماعت؛ عدالتی اختیار - (۳) حاکمانہ اختیار - (۴) حد اختیار؛ دائرۂ اختیار - (۵) حلقۂ حکومت؛ حلقۂ انتظام -

iurisdictional, *a.* : نظم عدل کے متعلق؛ حد اختیار یا حلقۂ اختیار کے متعلق -

Jurisprudence, *n.* : (۱) اصول قانون؛ علم قانون؛ فلسفۂ قانون - (۲) قانون دانی؛ قانونی مہارت -

jurisprudential, *a.* : اصول قانون؛ علم قانون یا فلسفۂ قانون کے متعلق -

jurisprudent, *a* &. *n.* : قانون داں -

Jurist. *n.* : (۱) ماہرقانون؛ عالم قانون - (۲) قانون پر کتابیں لکھنے والا - (۳) متعلم قانون؛ قانون کا طالب علم - (۴) قانون کا طلسیا نی (گرایجویٹ) -

Juror, *n.* : (۱) جوری کا رکن - (۲) حلف اٹھانے والا -

Jury, *n.* : (۱) جوری - (۲) انعامی مقابلے کے ججوں کی جماعت -

coroner's j. دیکھو coroner -

grand j. : بارہ سے ۲۳ اشخاص تک کی ایک جماعت جو کسی دعوے کے عدالت میں دائر ہونے سے پہلے اس کی تحقیقات کرتی ہے-

j. box : اہل جوری کے بیٹھنے کی جگہ -

juryman: جیوری کا رکن-

j. of matrons : عورتوں کی جوری (جب کوئی عورت جسے سزائے موت دی گئی ہو حمل کا عذر پیش کرکے التوا کی درخواست دے تو یہ جوری حمل کی تحقیق کرتی ہے)-

special j. : کسی خاص رتبے یا حیثیت کے اشخاص کی جوری -

trial, common, petty j. بارہ اشخاص کی معمولی جوری (جس کے فیصلے اتفاق رائے سے ہوتے ہیں) -

Jury-mast, *n.* : عارضی مستول (جو ٹوٹے ہوئے مستول کی جگہ کھڑا کرلیا جائے) -

Jussive, *a.* : (صرف و نحو) امر تاکیدی کا صیغہ -

Just, *a.* : (۱) عادل؛ منصف؛ عدل پسند - (۲) منصفانہ؛ عادلانہ؛ مبنی پر انصاف - (۳) بجا؛ استحقاق کے مطابق - (۴) ٹھیک؛ مناسب (مقدار وغیرہ کے لحاظ سے)- (۵) معقول؛ بجا؛ درست-

justly, *adv.* : بجا طور پر؛ انصاف سے-

justness, *n.* : صحیح ہونا؛ مبنی بر انصاف ہونا -

Just, *adv.* : (۱) بالکل؛ ٹھیک ٹھیک؛ عین؛ پورا - (۲) جیسے ہی کہ؛ ابھی ابھی - (۳) (روز مرہ) قطعی طور پر؛ حتمی طور پر -

j. now : (۱) ابھی؛ ابھی؛ اسی لمحے میں؛ ذرا دیر پہلے -

Just : دیکھو joust-

Justice, *n.* : (۱) انصاف؛ عدل- (۲) ایمانداری؛ دیانت - (۳) انصاف کا برتاؤ؛ داد - (۴) عدالتی کارروائی- (۵) عدالت العالیہ کا جج - (۶) مجسٹریٹ -

do j. to : انصاف کرنا؛ منصفانہ برتاؤ کرنا؛ قدردانی کرنا؛ داد دینا-

do oneself j. : اپنے شایان شان کام کرنا؛ اپنی (قابلیت کی) لاج رکھ لینا؛ (کسی کام میں اپنی پوری قابلیت) دکھا دینا -

J. of the Peace: مضافات کا چھوٹے درجے کا مجسٹریٹ -

justiceship, *n.* : ججی؛ جج کا عہدہ؛ مدت ملازمت -

Justiciable, *a.* : (۱) قابل دادرسی؛ اندرون اختیار سماعت - (۲) ماتحت؛ حلقۂ حکومت کے اندر -

Justiciar, *n.* : وزیر سیاسیات و عدالت (نارمن بادشاہوں اور ابتدائی Plantagenet بادشاہوں کے زمانے کا سب سے بڑا سیاسی اور قانونی عہدہ دار) -

Justiciary, *n.* & *a.* : (۱) حاکم مجاز- (۲) نظم انصاف کے متعلق -

Justify, *v. t.* : (۱) صحیح یا بجا ثابت کرنا (قول یا فعل کو) - (۲) تائید میں دلائل پیش کرنا؛ صحیح یا حق بجانب ثابت کرنے کی کوشش کرنا - (۳) (دینیات) کفارۂ مسیح یا قبول دعا کی بنا پر (کسی شخص) کے گناہوں سے پاک ہوجانے کا اعلان کرنا -

j. bail : ضامن کا حلف اٹھانا کہ اس کی مالی حیثیت زر ضمانت ادا کرنے کے قابل ہے -

justifiable, *a.* : جو صحیح یا حق بجانب ثابت کیا جاسکے -

justifiability, *n.* : صحیح یا حق بجانب ثابت کیا جاسکنا -

justification, *n.* : (۱) صحیح یا حق بجانب ثابت کرنا یا ہونا - (۲) وجۂ معقول - (۳) تائید -

justificative, justificatory, *aa.* : تائیدی؛ صحیح یا حق بجانب ثابت کرنے والا -

justifiably, *adv.* : اس طور پر کہ صحیح یا حق بجانب ثابت ہوسکے -

Jut, *n.*, & *v. i.* : (۱) آگے کو نکلا ہونا - (۲) نوک؛ نکلا ہوا حصہ - (۳) آگے کو نکلنا یا بڑھنا -

Jute, *n.* : سن -

Jute, *n.* : جوٹ؛ جٹ لینڈ کا قدیم باشندہ؛ اس جرمنک قوم کا شخص جو پانچویں اور چھٹی صدی میں برطانیہ پر حملے کیا کرتی تھی-

Juvenescence, *n.*: عنفوان شباب؛ طفلی سے نوجوانی میں قدم رکھنا-

juvenescent *a.* : عنفوان شباب میں قدم رکھنے والا؛ حالت بلوغ میں -

Juvenile, *a.* & *n* : (۱) نو عمر؛ کمسن - (۲) نو عمری کا؛

نوجوانوں کا سا ؛ طفلانہ - (۳) نوعمر آدمی ؛ لڑکا -

juvenilely, *adv.* : نوجوانوں کی طرح ؛ طفلانہ طور پر -

juvenility, *n.* : نوجوانی ۔

Juxtapose, *v. t.* : ملاکر رکھنا ؛ برابر برابر رکھہ دینا ؛ پہلو بہ پہلو رکھنا -

Juxtaposition, *n.* : پہلو بہ پہلو رکھنا یا رکھا جانا -

K

K,k,letter (pl. ,ks k's) : انگریزی حروف تہجی کا نواں حرف -

Kaama, *n.* : جنوبی افریقہ کا ایکسوبارہ سنگھا -

Kabbalah : دیکھو cabbala -

Kaddish, *n.* : (۱) یہودیوں کی ایک ماتمی دعا - (۲) یہودیوں کی دعائے تکبیر -

Kadi : دیکھو cadi -

Kaf(f)ir, Caffre, *n.* : (۱) جنوبی افریقہ کے قبائل بانٹو کا کوئی شخص ؛ کافر - (۲) کافرستان (واقع ایشیا) کا باشندہ - (۳) (جمع) جنوبی افریقہ کی کان کنی کی کمپنیوں کے حصے -

Kago, *n.* : (۱) بید کی بنی ہوئی جاپانی ڈولی -

Kail (**yard**) : دیکھو kale

Kainit(e); *n.* : منگنیشیم اور پوٹیشیم کا ہائیڈرس کلور وسلفیٹ (کھاد کے طور پر استعمال ہوتا ہے) -

Kaiser, *n.* : (۱) قیصر ؛ شہنشاہ - (۲) جرمنی اور آسٹریا کے شہنشاہ کا لقب ؛ (تاریخ) ہولی رومن امپائر (رومی سلطنت) کا فرمانروا -

kaisership, *n.* قیصریت -

Kajawah, *n.* : کجاوہ ؛ محمل -

Kale, Kail, *n.* : ایک قسم کا کرم کلا یا بند گوبھی (جس کے پتوں میں سلوٹیں پڑی ہوتی ہیں) -

k.-yard : ترکاری باغ ؛ باورچی خانہ کے متعلق باغ -

k.-yard school : وہ ناول نویس جو (اسکا چستان) کی عام زندگی کے متعلق افسانہ لکھتے ہیں اور مقامی محاوروں کی بھر مار کردیتے ہیں -

Scotch k. : (۱) ارغوانی پتوں والی گوبھی - (۲) اس کا یا دوسری ترکاریوں کا شوربہ یا یخنی -

Kaleidoscope, *n.* : (۱) ایسی نلکی جس کے ذریعہ سے سڈول اور متناسب صورتیں دیکھی جاتی ہیں جو رنگین شیشہ کے ٹکڑوں کے عکس سے پیدا ہوتی ہیں اور جن میں نلکی کے پھرانے سے تغیر و تبدل واقع ہوتا ہے ؛ عکس بین ؛ عکسی صورتیں دیکھنے کا آلہ ؛ عکس نما - (۲) چمکدار چیزوں کا ہمیشہ متغیر ہونے والا مجموعہ ؛ بار بار متغیر ہونے والا منظر -

kaleidoscopic(al), *a.* : (۱) عکس بین کے رنگ اور شکلوں کے مشابہ - (۲) متواتر متغیر ہونے والا -

kaleidoscopically, *adv.* : متعلق فعل مذکورۂ بالا معنوں میں -

Kalends : دیکھو calends -

Kali, *n.* : (۱) قلی ؛ شخار ؛ سجی ؛ ایک قسم کا پودا جس سے soda ash یعنی سجی نکالی جاتی ہے -

Kalian,-lioun, *n.* : قلیان ؛ قلیون ؛ حقہ -

Kalmuck,-myk, *a. & n.* : (۱) قلماق ؛ قلماقی شخص یا زبان (قلماق ایک تاتاری قبیلے کا نام جو بحر اخضر کے کنارے رہتا ہے)-

Kalong, *n.* : جزیرہ نمائے ملایا کی پھل خور چمگادڑ یا بڑباگل ؛ سب سے بڑی قسم کی چمگادڑ -

Kalpa, *n.* : کلپ؛ سب سے بڑا جگ ؛ برھما کا دن (چار ارب بتیس کروڑ سال) -

Kamerad, *int.*: دوست؛ رفیق (جرمن سپاہی ہتیار ڈالتے وقت یہ نعرہ بلند کرتے ہیں -

Kami, *n.* : (۱) جاپانی گورنروں وغیرہ کا خطاب ؛ کھمی - (۲) جاپان کے دیسی مذہب کا دیوتا -

Kamptulicon, *n.* : کرمچ کا فرش جس پر ربر ، کتا پرچا اور کارک کی تہہ چڑھائی گئی ہو -

Kanaka, *n.* : کنکا ؛ بحر جنوبی کے جزائر کا باشندہ (خصوصاً وہ مزدور جو کوئینس لینڈ میں گنے وغیرہ کے کھیتوں میں کام کرتا ہے) -

Kangaroo, *n.* : (۱) کنگرو ؛ ایک قسم کا دودھ پلانے والا تھیلی دار جانور جو بہت اونچی چھلانگیں بھرتا ہے (آسٹریلیا ، تسمانیا وغیرہ میں پایا جاتا ہے) - (۲) (جمع ، عامیانہ) مغربی آسٹریلیا کی کان کنی کی کمپنیوں کے حصے - (۳) ان حصوں کا دلال -

k.bicycle : ایک قسم کی قدیم بائیسیکل جس میں پیچھے کی طرف ڈھال ہوتا تھا -

k. closure : من مانی بحث اور رائے شماری (کسی کمیٹی کے صدر کا بعض ترمیمات کے مباحثے کی اجازت دینا اور بقیہ کو خارج کردینا) -

k.-rat : کنگرو چوہا ؛ آسٹریلیا کا ایک چھوٹا سا تھیلی دار جانور -

Kanoon *n.* : قانون ؛ ایک طرح کی بربط جس میں پچاس سے لیکر ساٹھ تک تار ہوتے ہیں -

Kantian, *a.* : کانٹی ؛ کانٹ کا ؛ جرمن فیلسوف امینوئل کانٹ (وفات سنہ ۱۸۰۴ ع) سے متعلق -

kantism, *n.*: کانٹ کی پیروی ؛ کانٹ کا فلسفہ -

Kaolin, *n.* : کاؤلین ؛ ایک قسم کی نفیس سفید چکنی مٹی Feldspar کے تجزیہ سے حاصل کی جاتی ہے اور چینی بنانے میں کام آتی ہے -

Kaolinize, *v. t.* : کاؤلین بنانا -

Kapellmeister, *n.* : کلیسا کے مغنیوں کی سنگت کا سر گروہ ، سر مطرب ، سر مغنی -

Kapok, *n.* : ایک قسم کی عمدہ روئی جو ایک درخت کے بیج کو لپٹی ہوتی ہے اور گدیوں وغیرہ میں بھری جاتی ہے -

Karaite, *n.* : اہل توریت ؛ یہودیوں کے اس فرقے کا پیرو جو احبار کی روایات کا قائل نہیں اور توریت کی تفسیر لفظی معنوں کے لحاظ سے کرتا ہے -

Karma, *n.* : (۱) (بدھ مت کی فلسفہ) کرم ؛ انسان کے جنم بھر کے اعمال جن کی بنا پر اس کے دوسرے جنم کا تعین ہوتا ہے - (۲) سر نوشت ؛ تقدیر -

Kar(r)oo, *n.* : کرو ؛ (جنوبی افریقہ میں) چکنی مٹی کی سطح مرتفع جو گرمی میں بالکل خشک رہتی ہے -

the Great K. : کیپ کالونی کا بڑا کرو -

Kaross, *n.* : کروس ؛ جانوروں کی کھال کی پوشاک (مع بالوں کے) جو جنوبی افریقہ کے باشندے استعمال کرتے ہیں -

Kartel, *n.* : (جنوبی افریقہ) وہ تختہ جو بیل گاڑی میں سونے کے لئے لگا دیا جاتا ہے ؛ آرام چوکی -

Kartell, دیکھو Cartel -

Kasha, *n.* : ایک کپڑا جس سے عورتوں کی پوشاک بنائی جاتی ہے -

Katabolism, *n.* : (حیاتیات) تفرق ؛ نظزمائے کا سادہ تر عناصر میں تبدیل ہونا -

Katydid, *n.* : امریکہ کے ایک جھینگر کی قسم کا کیڑا جس کا رنگ سبز ہوتا ہے -

Kauri, *n.* : کوری؛ نیوزیلینڈ کا ایک مخروطا درخت جس سے نہایت عمدہ عمارتی لکڑی اور رال نکلتی ہے ؛ کوروان کا درخت -

k.-gum : اس درخت کا گوند ؛ کوری گوند -

Kava, *n.* : کاوہ ؛ پولی نیشیا کی ایک جھاڑی ؛ اس جھاڑی کی جڑوں کا نشہ آور عرق -

Kavass, *n.* : ترکی مسلح خادم ' سپاہی یا قاصد ؛ قواس -

Kayak, *n.* : ایسکیمو (قوم) کا ھلکا ڈونگا جس پر دریائی کتے (Seal) کا چمڑا منڈھتے ھیں -

Kea, *n.* : نیوزلینڈ کا سبز پہاڑی توتا جو بھیڑوں کو ھلاک کرکے ان کی گردن کی چربی کھاتا ہے -

Keck, *v. i.* : ابکائی لینا ؛ ابکائی آنا -

k. at : (کھانے وغیرہ سے) گھن آنا جی متلانا -

Kedge, *v. i. & t. & n.* : (۱) (لنگر سے بندھے ھوے رسے کو لپیٹ کر) جہاز کا رخ بدلنا - (۲) جہاز کا رخ اس طرح بدلا جانا - (۳) جہاز کا رخ بدلنے والا چھوٹا لنگر -

k. (-anchor) : جہاز کا رخ بدلنے والا چھوٹا لنگر -

Kedgeree, *n.* : (۱) کھچڑی - (۲) ایک انگریزی کھانا جو دال چانول انڈے مچھلی وغیرہ کو ملا کر پکایا جاتا ہے -

Keel, *n. & v. t.* : (۱) جہاز کا چوبی یا آہنی پیندا ؛ جہاز کا تلا - (۲) (شعر) جہاز - (۳) (جہاز کو) اُلٹا یا اوندھا کرنا -

false k. : جہاز کے پیندے کا پشتیبان -

k.-blocks : لکڑی کے کندے جن پر جہاز کا پیندا بننے کے دوران میں رکھا جاتا ہے -

keelhaul : سزا کے طور پر (کسی شخص کو) جہاز کے پیندے میں اتار دینا ؛ جہاز کو الٹا یا اوندھا کرنا -

k. over : الٹ دینا ؛ اوندھا کردینا ؛ الٹ جانا اوندھا ھوجانا -

keelless, *a.* : بے پیندے کا (جہاز) -

Keel, *n.* : (۱) چپٹے پیندے کی کشتی خصوصاً وہ جو دریائے ٹائن وغیرہ میں جہازوں پر کوئلہ لادنے کے لئے استعمال کی جاتی ہے - (۲) ایسی کشتی کی ایک کھیپ -

Keelson : دیکھو Kelson

Keen, *n.* : آئرلینڈ کا ماتمی گیت جو جنازے کے ساتھ رو رو کر گاتے ھیں -

Keen, *v. i. & t.* : (۱) (جنازے کے ساتھ) ماتمی گیت گانا ؛ نوحہ پڑھنا ؛ بین کرنا - (۲) (کسی کا) ماتم کرنا - (۳) رو رو کر کہنا -

Keen, *a.* : (۱) تیز دھار یا نوک کا ؛ نوک دار ؛ تیز - (۲) تیز (دھار وغیرہ) (۳) (آواز ' روشنی وغیرہ) تیز ؛ صاف - (۴) (جاڑا) شدید ؛ کڑا - (۵) (درد) سخت ؛ شدید - (۶) (آرزو ' خواھش) گہری ' پر جوش - (۷) (شخص) شوقین ؛ شائق ؛ مشتاق ؛ آرزو مند - (۸) (آنکھ ' نظر ' قوت شامہ) تیز - (۹) (مقابلہ ' لڑائی وغیرہ) پر زور ؛ سخت ؛ زبردست - (۱۰) ذھین ؛ تیز ؛ زود فہم ؛ طباع ؛ حساس -

k. as mustard : جوشیلا ؛ جوش میں بھرا -

k.-set : (کسی چیز کا) شائق ؛ بھوکا -

keenly, *adv.* : تیزی سے ؛ شدت سے وغیرہ -

keenness, *n.* تیزی ؛ شدت وغیرہ -

Keep, *v. t. & i.* (kept) : (۱) لحاظ کرنا ؛ پابندی کرنا (قانون ' وعدے وغیرہ کی) - (۲) منانا (جشن وغیرہ) ؛ (رسم) ادا کرنا - (۳) حفاظت کرنا ؛ نگہبانی کرنا - (۴) نگران ھونا ؛ نگرانی کرنا - (۵) اپنے پاس رکھنا ؛ ھاتھ سے نہ دینا - (۶) (خاندان کی) کفالت کرنا ؛ پرورش کرنا ' گذر کرنا - (۷) (خانہ داری کا) انتظام کرنا ؛ (گھر بار کی) دیکھ بھال کرنا - (۸) (دوکان) رکھنا ؛ چلانا - (۹) (حساب) باقاعدہ رکھنا - (۱۰) پالنا ؛ پرداخت کرنا (گائے ' بکری ؛ شہد کی مکھیوں وغیرہ کی) - (۱۱) (عورت کو) بطور داشتہ رکھنا ؛ گھر میں ڈالنا - (۱۲) (کوئی جنس) بیچنا ؛ دوکان میں رکھنا - (۱۳) (کسی خاص حالت میں) قائم رکھنا ؛ بر قرار رکھنا - (۱۴) روکنا ؛ مزاحمت کرنا ؛ مانع ھونا - (۱۵) باز رھنا - (۱۶) (قید ' حوالات میں) رکھنا - (۱۷) محفوظ رکھنا ؛ اٹھا رکھنا - (۱۸) چھپانا؛ پوشیدہ رکھنا؛ مخفی رکھنا- (۱۹) جاری رکھنا-(۲۰) (گھر سے ' بستر سے) نہ نکلنا- (۲۱) (باوجود مخالفت کے) جمے رھنا - (۲۲) (روز مرہ خصوصاً جامعہ کیمبرج) رھنا ؛ مقیم ھونا - (۲۳) (کسی خاص حالت میں) رھنا - (۲۴) (کام) کرتے رھنا - (۲۵) (کسی سمت) چلتے رھنا - (۲۶) (مجازاً خبر وغیرہ کا) آئندہ کے لئے اٹھا رکھا جاسکنا -

k. at : (۱) (کسی کام میں) لگے رھنا ؛ برابر کئے جانا - (۲) مصروف رکھنا ؛ لگائے رکھنا -

k. away : (۱) نہ جانا - (۲) نہ جانے دینا -

k. back : (۱) کھنچنا ؛ الگ رھنا؛ شریک نہ ھونا - (۲) ترقی میں حایل ھونا - (۳) چھپانا -

k. company دیکھو company -

k. cool : اوسان قائم رکھنا -

k. down : (۱) دبائے رکھنا ؛ سر نہ اٹھانے دینا - (۲) مقدار کم رکھنا - (۳) (فوج) کمین گاہ میں دبکے رھنا -

k. friends : دوستانہ تعلقات رکھنا -

k. from : بچنا ؛ دور رھنا ؛ احتراز کرنا -

k. house : انتظام خانہ داری کرنا -

k. in : (۱) جذبات کو) روکے رھنا ؛ دبائے رکھنا - (۲) (مدرسے کا وقت ختم ھونے کے بعد بطور سزا کے طلبا کو) روک رکھنا - (۳) (آگ) جلتی رکھنا - (۴) گھر سے نہ نکلنا - (۵) (کسی سے) اچھے تعلقات قائم رکھنا -

k. in good health : تندرست رہنا -

k. in touch with : دیکھو Touch -

k. look out : دیکھو Look -

k. off : (۱) روک دینا ؛ ٹال دینا - (۲) دور رہنا -

k. on : (۱) قائم رکھنا ؛ جاری رکھنا - (۲) کرتے رہنا -

k. one's hair on : دیکھو Hair -

k. one's head : دیکھو Head -

k. oneself to oneself : ملنے جلنے سے بچنا -

k. one's feet : سنبھل جانا ؛ نہ گرنا

k. one's hand : دیکھو Hand -

k. open house : ہر وارد و صادر کی مہمانداری کرنا -

k. pace : دیکھو Pace -

k. step : دیکھو Step -

k. the ball rolling : دیکھو Ball -

k. the pot boiling : دیکھو Pot -

k. time : دیکھو Time -

k. together : (۱) اکٹھا رہنا ؛ ساتھ رہنا - (۲) مربوط رکھنا -

k. to : (۱) (کسی خاص دائرے میں) محدود رہنا - (۲) پابندی کرنا - (۳) لگے رہنا ؛ چپٹے رہنا -

k. to oneself : اپنے ہی تک رکھنا ؛ دوسرے کو شریک نہ کرنا ؛ تنہا رہنا -

k. under : مطیع رکھنا ؛ دبائے رکھنا -

k. up : (۱) بدستور قائم رکھنا - (۲) اچھی حالت میں رکھنا - (۳) (خط و کتابت) جاری رکھنا - (۴) (رات کو) جاگتا رکھنا - (۵) ہمت نہ ہارنا - (۶) ساتھ چلنا ؛ قدم برابر رکھنا -

keep up appearances : دیکھو Appearance -

k. up your Greek : اپنی (زبان) یونانی کی استعداد قائم رکھو -

k. watch : دیکھو Watch -

k. wicket : دیکھو Wicket -

where do you k. ? آپ کہاں رہتے ہیں ؟ -

Keep, n. : (۱) (تاریخ) برج ؛ گڑھ ؛ کوٹ ؛ قلعہ - (۲) پرورش ؛ کفالت - (۳) مایحتاج ؛ خوراک -

for keeps : (امریکا عامیانہ) مستقل طور پر -

you don't earn your k. : تم اپنی روزی نہیں کماتے ہو -

Keeper, n. : (۱) رکھنے والا وغیرہ - (۲) شکار گاہ کا محافظ - (۳) پاگل کا نگران - (۴) انگوٹھی ؛ خصوصاً شادی کی انگوٹھی کے ساتھ کا چھلا -

Keeping, n. : (۱) رکھنا وغیرہ - (۲) نگرانی ؛ حفاظت - (۳) ہم آہنگی ؛ مناسبت ؛ میل - (۴) دیر تک رکھ سکنے والا - رکھ کر کھانے کے قابل یا نہ بگڑنے والی چیز -

in k. with : ہم آہنگ ؛ مناسبت رکھنے والا -

k. apples : جلدی نہ بگڑنے والے سیب -

k.-room : (امریکا) دیوان خانہ ؛ نشست کا کمرہ -

out of k. with : خارج از آہنگ ؛ بے میل -

Keepsake, n. : (۱) نشانی ؛ یادگار - (۲) خوشنما مگر بے لطف ؛ دیکھنے ہی دیکھنے کا - (۳) انیسویں صدی کے اوائل کے ادبی سالناموں کی طرح جو (keepsakes) کہلاتے تھے -

Kef, Keif, Kief, n. : (۱) بھنگ وغیرہ کا نشہ ؛ سرور ؛ کیف - (۲) سستی یا بیکاری میں مگن رہنا - (۳) بھنگ ؛ گانجا وغیرہ -

Keffiyeh, n. : کفیہ ؛ بدوی عربوں کا رومال جو سر پر کی پوشاک کے طور پر استعمال کیا جاتا ہے -

Kefir, n. : ایک قسم کی جھاگ دار شراب جو مریضوں کو پلائی جاتی ہے -

Keg, n. : چھوٹا پیپا (جس میں عموماً دس گیلن سے کم گنجائش ہوتی ہے) -

Kelp, n. : (۱) ایک بڑی قسم کا صوت البحر یا دریائی گھاس - (۲) اس کی راکھ جس سے پہلے شیشہ ؛ صابن وغیرہ بنایا جاتا تھا -

Kelp'ie, -py, n. : (اسکاٹستان) دریائی بھتنا (جو عموماً گھوڑے کی شکل میں دکھائی دیتا ہے اور مسافروں کو غرق کردیتا ہے) -

Kelson, Keelson, n. : شہتیروں کی قطار جو فرش جہاز کے تختوں کو جہاز کے پیندے پر قائم رکھتی ہے -

Kelt &c. : دیکھو Celt &c -

Kemp, n. : اون کے موٹے بال ؛ موٹی اون -

kempy, a. : موٹی اون کا ؛ موٹی اون کی طرح -

Ken, n. : (۱) دائرۂ نظر ؛ حد نظر - (۲) دائرۂ علم ؛ حد إدراک -

in one's *k.* : (کسی کی) حد نظر یا حد علم کے اندر -

out of , beyond one's *k.* : (کسی کی) حد نظر یا حد علم سے باہر -

Ken, v. t. (Kent) : (۱) (اب صرف اسکاٹستان اور شمالی انگلستان میں استعمال ہوتا ہے) دیکھ کر پہچاننا ؛ صورت آشنا ہونا - (۲) جاننا -

Kennel, n. & v. i. & t. : (۱) سگ خانہ ؛ کتا گھر ؛ کتوں کے رہنے کی جگہ - (۲) ادنی درجے کا مکان ؛ ذلیل مکان - (۳) سگ خانے میں رہنا یا جانا - (۴) سگ خانے میں رکھنا -

Kennel, n. : موری ؛ بدرو ؛ نالی -

Kenosis, n. : (دینیات) (مسیح کا) ترک الوہیت ؛ بشریت مسیح ؛ حضرت عیسی کا إنسانی شکل إختیار کرتے وقت کلی یا جزوی طور پر الوہیت سے دست بردار ہونا -

kenotic, a. : (مسیح کے) ترک الوہیت کے متعلق یا کا -

kenoticism, n. : (مسیح کے) ترک الوہیت کا عقیدہ -

Kentish, a. : (إنگلستان کے (ضلع) کینٹ کا -

K. fire : نعرۂ ہائے تحسین یا نفرین کی بوچھار ؛ پسندیدگی یا نا پسندیدگی کا طویل مظاہرہ -

K. man : مغربی کینٹ کا باشندہ -

K. rag : ایک قسم کا سخت کھردرے کا پتھر جو کینٹ میں پایا جاتا ہے -

Kentledge, n. : (جہاز رانی) کچا لوہا جو جہاز کا توازن قائم رکھنے کے لئے بھر لیا جاتا تھا -

Kepi, n. : فرانس کی فوجی ٹوپی جس میں اُفقی چوٹی ہوتی ہے -

Kept : دیکھو Keep -

Keratose, a. & n. : (۱) سینگ کے سے مادہ کا - (۲) ایک قسم کا سینگ نما مادہ جو بعض اسفنجوں میں پایا جاتا ہے -

Kerb, n. : پتھر کے فرش یا سڑک کی پٹری کے کنارے کا پشتیبان -

k.-stone : پشتیبان پتھر -

Kerchief, n. : سر پر اوڑھنے کا رومال ؛ (شاعری) دستی ؛ رومال -

Kerchiefed, a. : رومال دار -

Kerf, *n.* : (۱) شگاف (خصوصاً جو آرے سے کاٹنے سے پڑ جائے) - (۲) کٹے ہوئے درخت کا وہ سرا جدھر سے وہ کاٹا گیا ہے -

Kermes, *n.* : (۱) ایک کیڑے کی حاملہ مادہ جس کو پہلے بیر کولہ جیسا پھل تصور کیا گیا تھا ؛ قرمز (ایک کیڑا جس سے سرخ رنگ بنتا ہے) - (۲) سرخ رنگ جو ان کیڑوں کو خشک کرکے بنایا جاتا ہے ؛ قرمزی رنگ - (۳) شوخ سرخ رنگ کا سرمہ کا غیرقلمدار ٹرائی سلفائیڈ (trisulphide) -

Kermis, *n.* : ہالینڈ وغیرہ کا موسمی میلہ جس میں بڑا اودھم مچتا ہے اور رنگ رلیاں منائی جاتی ہیں -

Kern(e), *n.* : (۱) (تاریخ) آئرستان کا سبک پوش (کم اسلحہ) پیدل سپاہی - (۲) کسان ؛ گنوار -

Kernel, *n.* : (۱) مغز ؛ مینگ ؛ گودا ؛ (گیہوں وغیرہ کی) گری - (۲) مرکزہ ؛ نوات (Nucleus) - (۳) (مجازاً) مرکز ؛ جز ؛ اصل ؛ اساس (کسی مسئلے یا معاملے وغیرہ کی -)

Kerosene, *n.* : مٹی کا تیل ؛ گھاس لیٹ ؛ گیس کا تیل -

Kerry, *K.blue*, *n.* : ایک قسم کا ٹیریر کتا -

Kersey, *n.* : ایک قسم کا چھوٹے عرض کا موٹا کپڑا جو لمبی اون سے تیار کیا جاتا ہے ؛ پٹو -

Kerseymere, *n.* : (۱) باریک بناوٹ کا اونی کپڑا ؛ ایک قسم کا پشمینہ - (۲) (جمع) اس کپڑے کی پتلون -

Kestrel, *n.* : ایک چھوٹی قسم کا باز ؛ شکرا - -

Ketch, *n.* : دو مستولی چھوٹا جہاز جو ساحل کے قریب چلا یا جاتا ہے -

Ketchup,*n.*: - (Sauce) ٹماٹر ؛ کھمبی وغیرہ کے عرق کی پتلی چٹنی

Kettle, *n.* : کیتلی -

a pretty k. of fish : بیڈھب معاملہ -

kettle-drum : (۱) نقارہ ؛ نوبت ؛ ڈنکا - (۲) شاندار عصرانہ (چائے کی پارٹی) -

kettle-drummer : نقارچی

k.-holder : کیتلی کو پکڑ کر اٹھانے کا کپڑا وغیرہ ؛ صافی -

kettleful, *n.* : کیتلی بھر چیز -

Kevel, *n.* : (جہاز رانی) دھری میخیں یا کھونٹیاں جن پر بعض رسیاں لپٹی جاتی ہیں -

Kew Gardens, *n.* pl : (۱) کیو گارڈن (لندن کا مشہور نباتاتی باغ (botanical gardens) -

Key, *n.*: (۱) کنجی ؛ چابی ؛ تالی ؛ کلید ؛ مفتاح - (۲) (مجازاً) کنجی (معاملے وغیرہ کی) ؛ دروازہ ؛ باب ؛ راہ - (۳) (مجازاً) چوکی ؛ وہ مقام جو موقعے کے لحاظ سے سمندر یا خشکی کے کسی حصے پر کنٹرول قائم رکھنے کے لئے مناسب ہو - (۴) حل ؛ تشریح ؛ تفسیر ؛ غیر زبان کی کتاب کا ترجمہ - (۵) ریاضی کے مسائل کے حل کی کتاب ؛ شرح مسائل ریاضی - (۶) (موسیقی) آہنگ ؛ ایک سلسلے کے سُر - (۷) (مجازاً) لہجہ ؛ طرز خیال ؛ طرز ادا ؛ اسلوب بیان - (۸) پچّر ؛ لکڑی یا دھات کا ٹکڑا جو مضبوطی کیلئے دوسرے ٹکڑوں کے درمیان جڑ دیا جائے ؛ گچ کی تہ جو لکڑی کے تلے تختوں کے درمیان دیوار کی مضبوطی کے لئے جڑ جاتے ہیں - (۹) ساز کے پردے - (۱۰) ٹائپ رائٹر کی کنجی - (۱۱) پیچ کش ؛ گھڑی کی چابی - (۱۲) (جمع) پوپ کے مذہبی اختیارات -

get, have, the k. of the street : رات کو گھر سے باہر نکال دیا جانا ؛ بے خانماں ہونا -

golden, silver, k. : رشوت ؛ زر رشوت -

House of Kk. : جزیرۂ مین کی مجلس وضع قوانین کا عہدہ انتظامات -

keyboard : (ساز کے) پردوں کا تختہ -

k.-bugle : وہ بگل جس میں آواز کے اتار چڑھاو کیلئے کنجیاں لگی ہوتی ہیں ؛ چابی بگل -

keyhole : قفل کا دہانہ یا سوراخ -

k.industry : بنیادی صنعت -

k.-note : بنیادی سر ؛ بنیادی خیال ؛ تصور -

k.-ring : کنجیوں کا چھلا -

keystone : محراب کے بیچ کا پتھر ؛ ڈاٹ ؛ (خیالات کا) مرکز ؛ محور ؛ بنیادی اصول -

master k. : ہر قفلی کنجی ؛ ایسی کنجی جو ہر طرح کے قفلوں پر لگ سکے -

power of the kk. : پاپائی اختیارات -

St Peter's kk. : صلیب نما متقاطع کنجیاں (پوپ کا مارکہ) -

Keyless, *a.* : بے کلید -

Key, *v. t.* : (۱) پچر جڑنا ؛ بلی یا چٹخنی لگانا ؛ آلپن لگانا - (۲) (باجوں کے) سر ٹھیک کرنا ؛ تاروں کو کسنا -

k. up : (مجازاً) (کسی شخص کو کسی بات پر) ابھارنا - (۳) بڑھا دینا (اشتیاق، ہمت وغیرہ) -

Key, *n.* : (۱) نیچا جزیرہ - (۲) (سمندر میں سطح آب سے نیچے) چٹانوں کا سلسلہ یا ریت کا تودہ -

Khakan, *n.* : خاقان ؛ بادشاہ ؛ سلطان -

Khaki, *a.* & *n.* : (۱) خاکی ؛ مٹیالا (۲) خاکی کپڑا -

Khamsin, *n.* : خمسین - مصر کی جنوبی یا جنوب مشرقی گرم ہوائیں (جو مارچ اپریل اور مئی کے مہینوں میں پچاس دن تک چلتی رہتی ہیں) -

Khan, *n.* : خان ؛ افغانستان، وسط ایشیا وغیرہ کے حکمرانوں اور عہدہ داروں کا خطاب - (۲) (تاریخ) تار تاری اور ترکی قبیلوں کا فرمانروا ؛ (قرون وسطیٰ میں) بادشاہ چین ؛ خاقان چین -

khanate, *n.* : خان کی قلمرو (یا حکومت) -

Khan, *n.* : کارواں سرائے

Kheda, *Keddah*, *n.* : کھیدا (بنگال وغیرہ میں ہاتھیوں کے پکڑنے کا باڑہ یا احاطہ)

Khedive, *n.* : خدیو (مصر) -

khediv(i)al, *aa.* : خدیوی ؛ خدیو کا -

Khidmutgar, *n.* : خدمت گار ؛ بیرا -

Khilafat, *n.* : خلافت

k.agitation: - (جنگ عظیم کے بعد) ہندوستان کی تحریک خلافت

Kibble, *n.* : (لوہے کی کانوں میں) ڈول جس سے کچا لوہا نکالتے ہیں -

Kibble, *v. t.* : دلنا (غلے وغیرہ کو)

Kibe, *n.* : بوائی -

tread on person's kk: - کسی شخص کے احساسات کو ٹھیس لگانا

Kibitka, *n.* : (۱) تاتاریوں کا گول خیمہ جو نمدے سے ڈھکا ہوتا

ھے ؛ تاتاری خیمہ ؛ لمد ڈیرا - (۲) تا تاری گھرانا ، کنبہ ،
خاندان ؛ روس کی چوچھےدار برف گاڑی (sledge) -

Kiblah, n. : قبلہ ؛ سمت قبلہ -

Kibosh, n. : (عامیانہ) مہمل بات ؛ لغو بات -

put the k. on : مار ڈالنا ؛ ختم کر دینا ؛ سر پر ضرب لگانا -

Kick, n. : (۱) لات ؛ ٹھوکر - (۲) (روز مرہ) جان ؛ دم ؛ مزاحمت
کی قوت - (فیر کرتے وقت) بندوق کا دھکا - (۳) (فٹ بال)
کک ؛ ٹھوکر -

drop-k. : (فٹ بال) وہ کک (ٹھوکر) جو گیند کو گرا
کر لگائی جائے -

k. off : (فٹ بال) پہلی کک (جس سے کھیل شروع ہوتا ھے) -

k.-starter: موٹر سائیکل کا پرزہ جس پیر سے دبانے سے وہ چلتی ھے -

more kk. than halfpence : باتیں کم لاتیں زیادہ ؛
مہربانی کم سختیاں زیادہ -

place-k. : دیکھو place -

Kick, v. i. & t. : (۱) لات مارنا ؛ ٹھوکر مارنا ؛ لات چلانا ؛ لات
پھینکنا - (۲) حقارت سے رد کرنا ؛ ٹھکرانا (حقارت سے) -
(۳) لات مارکر ھٹانا یا بھگانا - (۴) (فٹ بال) کک مارکر گول کرنا -

k. against the pricks : دیوار سے سر پھوڑنا؛ لات مار کر چوٹ
کھانا ؛ مزاحمت کرکے نقصان اٹھانا -

kicking-strap: گھوڑے کی لاتوں کو روکنے کے لئے بندھن
باندھنا ؛ لات بندھن -

k. off: پیرجھٹک کر (جوتے) اتار پھینکنا؛ (فٹ بال) پہلی کک لگانا-

k. one's heels : دیکھو Heel -

k. one upstairs: (کسی کو) لارڈ وغیرہ کا خطاب دےکر سیاسی
میدان سے ھٹا دینا ؛ (کسی کو) ترقی دینا استحقاقاً نہیں بلکہ
کسی دوسرے نقطۂ نظر سے -

k. the bucket : (عامیانہ) مرنا -

k. up : (دھول) اڑانا ؛ (گڑبڑ ، شور و فساد) مچانا -

k. up its heels : (گھوڑے کا) لاتیں اچھالنا -

Kick, n. کانچ کی بوتلوں کے پیندے کے دندانے -

Kicker, n. : (۱) لات مارنے والا ؛ لاتیں اچھالنے والا - (۲) دولتی
جھاڑنے والا گھوڑا -

Kickshaw, n. : (۱) وہ نفیس غذا جس سے اشتہا رفع نہ ہو
مثلاً نمش - (۲) کھلونا ؛ بے حقیقت یا حقیر چیز -

give k. to a hungry person : بھوکے کو نمش دینا

Kid, n. & v. t. & i. : (۱) بز غالہ ؛ بکری کا بچہ ؛ میمنا -
(۲) کِڈ ؛ بکری کے بچے کا چمڑا جو دستانوں اور
جوتوں کے لئے استعمال کیا جائے - (۳) جننا ؛ بکری کا
بچہ جننا ؛ بچہ دینا -

k. -glove : (مجازاً) نواب ؛ حد سے زیادہ نفاست پسند ؛
روز مرہ کے کاموں سے عار رکھنے والا -

the Kk. or k. : صورت میوق کے دو چھوٹے ستارے -

Kiddy, n. : (عامیانہ) بچہ ؛ چھوٹا بچہ -

Kid, v. t. & n. : (عامیانہ) دم ؛ جھانسا - (۲) دم دینا ؛
جھانسا دینا -

Kid, n. : چھوٹا کٹھڑا یا کٹھولی (خصوصاً وہ جس میں ملاح
کھانا کھاتے ھیں) -

Kidderminster, n : ضلع وسٹر کا ایک قصبہ ؛ کڈر منسٹر -

K. -carpet : اس قصبے کی بنی ہوئی دو رنگی پٹی دار دری -

Kiddle, n. : (۱) جال روک (بہت بڑا جال جو مچھلی پکڑنے کے
لئے دریا میں لگادیا جاتا ھے)- (۲) ڈنڈے دار جالوں کا سلسلہ
(جو سمندر کے کنارے پھیلاتے ھیں) -

Kidnap, v. t. ; (۱) (بچہ کو) چرا لے جانا - (۲) (کسی کو)
ناجائز طور پر جبراً لے بھاگنا -

kidnapper, n. : (۱) بالک چور- (۲) (کسی کو) جبراً لےبھاگنےوالا-

Kidney, n. (۱) گردہ - (۲) مزاج ؛ سرشت ؛ طینت ؛ طبیعت -
(۳) قسم ؛ طبقہ ؛ جنس -

k. bean : ایک قسم کی سیم کی چھوٹی پھلی؛ فرانسسی سیم کی
چھوٹی پھلی ؛ ایک قسم کی پھلی -

k. potato : گردے نما آلو ؛ بیضوی آلو -

man of the right k. : صحیح طبیعت انسان -

Kief : دیکھو Kef -

Kie-Kie, n. : نیوزی لینڈ کی ایک بیل جس کے پتوں کی ٹوکریاں
بنائی جاتی ھیں -

Kier, n. : ماٹ جس میں کپڑوں کو میل چھانٹنے کے لئے جوش دیتے
ھیں ؛ شوب دیگ (ج) -

Kilderkin, n. : شراب کا پیپا جس میں ۱۶ یا ۱۸ گیلن کی
گنجائش ہوتی ھے ؛ یہ پیپا بطور پیمانہ؛ کلڈر کن -

Kill, v. t. & i. : (۱) مار ڈالنا ؛ قتل کرنا - (۲) (بیماری زھر وغیرہ
کا) ھلاک کرنا ؛ موت کا سبب ہونا ؛ ختم کردینا - (۳) گردن
مارنا ؛ پھانسی دینا - (۴) شکار کرنا ؛ مارنا ؛ (جانوروں کو)
کاٹنا ؛ ذبح کرنا - (۵) (افسانے وغیرہ میں کسی کیرکٹر کو) مار
ڈالنا ؛ ختم کردینا - (۶) (پودوں کو) مارنا ؛ باڑھ مارنا -
(۷) (بیماری کا) ازالہ کرنا ؛ زائل کرنا ؛ استیصال کرنا -
(۸) (احساسات وغیرہ کو) مارنا ؛ دور کردینا - (۹) (شوخ رنگ کو
متضاد رنگ سے) دھیما کردینا - (۱۰) (وقت) کاٹنا ، گذارنا - (۱۱)
(تعریف ، خاطر تواضع کی کثرت سے) ناک میں دم کر دینا ؛ دق
کر دینا - (۱۲) (ٹینس) (گیند کو اس طرح سے مارنا کہ
حریف واپس نہ کرسکے- (۱۳) (فٹ بال) (گیند کو) بالکل ساکن کردینا-
(۱۴) (پارلیمنٹ) کسی تحریک کو فاش شکست دینا- (۱۵) اچھا
یا زیادہ گوشت نکالنا -

k. -devil : مچھلی کا مصنوعی چارہ جو پانی میں ناچتا رہتا ھے-

k.-joy : عیش منغض کرنے والا ؛ رنگ میں بھنگ کرنے والا -

k. off : (قتل کرکے لوگوں سے) چھٹکارا پانا -

k. -time : بے شغلی کا وقت کاٹنے کا (مشغلہ) -

k. with kindness : بے موقع مہربانی سے سخت نقصان پہنچانا :

k. your villain in the last chapter : اپنے شریر کیرکٹر کو
آخری باب میں مار ڈالو -

pigs do not k. well at that age : اس عمر میں سور میں
زیادہ گوشت نہیں نکلتا -

killing, a. : (۱) قاتل - (۲) (مجازاً) نہایت خندہ انگیز ؛
قاتل (آنکھیں وغیرہ) -

killingly, adv. : قاتلانہ -

Kill, n. : (۱) قتل - (۲) کاٹا ہوا یا ذبح کیا ہوا جانور ؛ راس -
(۳) شکار میں مارے ہوئے جانور ؛ شکار -

Kiln, *n.*: بھٹی ؛ گلخن -
brick-k.: پجاوہ ؛ پزاوہ -
K.-dry: بھٹی میں سکھا نا -
lime-k.: چونے کی بھٹی -
Kilo-: (سابقہ یونانی بہ معنی) ہزار -
kilogram (me): کلو گرام -
kilogrammetre: وہ طاقت جو ایک کلوگرام کو ایک میٹر اٹھاسکے -
kilolitre, -liter: کلولیٹر؛ ایک ہزار لیٹر (۳۵۰۳۱ مکعب فٹ) کا پیمانہ -
kilometre, -meter: کلومیٹر؛ ایک ہزار میٹر (۳۲۸۰۰۸۹ فٹ) کا پیمانہ -
kilometric (al): کلو میٹری ؛ اس پیمانے کا -
Kilt, *v. t.*: (دامن کو یا سائے کو) سمیٹ کر کمر سے لپیٹ لینا -
Kilt, *n.*: (۱) گھاگرا (اسکاچستان کے پہاڑی مردوں کا پہنا وا جو عورتوں کے سائے سے مشابہ ہوتا ہے) -
kiltie, *n.*: گھاگرے والا ؛ اسکاچستان کا پہاڑی سپا ہی -
Kin, *n. & a.*: (۱) خاندان ؛ گھرانا - (۲) اعزا ؛ رشتے دار - (۳) عزیز؛ قرابت دار -
comes of good k.: اعلیٰ خاندان سے ہے -
kith & k.: رشتہ دار؛ قرابت دار -
near of k.: قریبی رشتہ دار -
of k.: (۱) رشتہ دار- (۲) ہمرنگ؛ ہم مزاج؛ ہم مذاق؛ ہم سرشت -
kinless, *a.*: ناتھا ؛ جس کا کوئی رشتہ دار نہ ہو -
-kin: لاحقۂ تصغیر (مثلاً lamkin - بھیڑ کا بچہ) -
Kinchin, *n.*: (تملق کے موقعے پر) (پیارا) بچہ ؛ منا -
k. lay: بچوں سے سودے سلف کے پیسے ہتیا لینا - (بچوں کے ساتھہ) اچکا پن -
Kincob, *n.*: کمخوا ب -
Kind, *n.*: (۱) (حیوانات یا نباتات کی) نوع ؛ نسل ؛ جنس - (۲) قسم ؛ قماش ؛ طرح - (۳) (قدیم) قدرت؛ عالم فطرت ؛ عالم طبیعی - (۴) (قدیم) سرشت؛ طبیعت - (۵) ماهیت؛ کیفیت؛ کیف -
he is a k. of stockbroker: وہ صرافے کے دلال کی قسم سے ہے -
human. k.: بنی نوع انسان -
I k. of expected it: (روز مرہ) میں ایک حد تک اس کا متوقع تھا -
in k.: (ادائی) بالجنس ؛ خام اشیا کی صورت میں -
nothing of the k.: (حقارت) سے ایسا ہرگز نہیں -
repay his insolence in k.: اس کی بد تمیزی کا ترکی بہ ترکی جواب دو -
we had a coffee of a k.: ہم نے قہوہ پیا جو نام کا قہوہ تھا -
Kind, *a.*: (۱) رحیم؛ کریم؛ رحم دل؛ با مروت؛ شفیق؛ کرپال - (۲) مہربان؛ لطف و عنایت سے پیش آنے والا - (۳) (قدیم) پرانی؛ محبت کا؛ محبت والا -
k.-hearted.: رحم دل -
kindly, *adv.*: مہربانی سے؛ شفقت سے -
kindness, *n.*: لطف و عنایت؛ مہربانی؛ رحم دلی؛ شفقت؛ رحم؛ کرم -
Kindergarten, *n.*: کنڈر گارٹن ؛ بستان اطفال ؛ چھوٹے بچوں کا مدرسہ جہاں کھلونوں وغیرہ کے ذریعے سے تعلیم دی جاتی ہے
kindergartenism, *n.*: کنڈر گارٹن کا طریقۂ تعلیم -
Kindle, *v.t. & i.*: (۱) سلگانا ؛ جلانا ؛ روشن کرنا ؛ (مجازاً) آگ سی لگا دینا ؛ مشتعل کرنا ؛ بھڑکانا - (۲) (کسی کے جذبات کو یا کسی کو کسی کام پر) اکسانا ؛ ابھارنا؛ جوش دلانا - (۳) جل اٹھنا ؛ بھڑک اٹھنا - (۴) (مجازاً) مشتعل ہوجانا؛ تیز ہو جانا ؛ جوش اٹھنا ؛ ہیجان پیدا ہونا ؛ چمکانا ؛ دمکانا ؛ دمکانا ؛ تمتما نا ؛ چمکنا؛ دمکنا ؛ دمکنا -
kindling, *n.*: (۱) سلگانا وغیرہ - (۲) (جمع یا واحد) چھپٹیاں جن سے آگ جلائی جاتی ہے -
kindly, *a.*: (۱) شفیق ؛ رحیم؛ کریم؛ رحم دل - (۲) (آب و ہوا وغیرہ) خوشگوار؛ ساز گار ؛ موافق - (۳) قدیم؛ پیدائشی؛ جنسی -
a k. Scot.: پیدائشی یا جنسی باشندۂ اسکاچستان -
Kindred, *n. & a.*: (۱) رشتہ ؛ عزیز داری ؛ قرابت؛ نا تا - (۲) اتحاد مذاق؛ اتحاد طبیعت؛ روحانی رشتہ - (۳) یک جدی رشتہ دار؛ عزیز ؛ قرابت دار - (۴) (مجازاً) متعلق ؛ علاقہ رکھنے والا؛ مشابہ -
Kine: دیکھو cow -
Kinematic, *a. & n.*: (۱) حرکت مجردہ سے متعلق- (۲)(جمع) حرکیات مجردہ ؛ علم حرکت مجرد -
kinematical, *a.*: حرکیات مجرد کا -
Kinematograph, *n.*: وہ آلہ جس سے سینما کی تصویریں حرکت کرتی ہوی نظر آتی ہیں -
Kinetic *a. & n.*: (۱) حرکت کا ؛ حرکی ؛ متحرک - (۲) (جمع) حرکیات اجسام ؛ علم حرکت اجسام -
k. energy: توانائی بالفعل -
k. theory of heat, of gases: یہ نظریہ کہ حرارت (اور گیس بننا) ذرات کی حرکت پر مبنی ہے -
King, *n.*: (۱) بادشاہ ؛ شاہ ؛ ملک؛ خصوصاً موروثی بادشاہ - (۲) وہ شخص جو کسی تجارت میں نہایت کامیاب ہو؛ ملک التجار؛ بہت بڑا تاجر مثلاً oil king, sugar king - (۳) پھلوں ترکاریوں وغیرہ کی بہترین قسم - (۴) (شطرنج) بادشاہ - (۵) (تاش) بادشاہ -
k. baby: بچہ ؛ گھر کا راجہ -
k.-bird: (۱) ایک قسم کا پپلو (نیوگنی کا پرندہ) - (۲) امریکہ کا مکھی مار پرندہ -
k.-bolt: بڑی بلی یا چٹخنی -
k. Charle's Spaniel: دیکھو spaniel -
k.-crab: شاہ سرطان -
k.-craft: کامیاب بادشاہت -
k.-cup: (۱) گل صد برگ - (۲) گل سافری -
kingfisher: رام چڑیا -
k. Log, K. Stork.: (۱) ظالم بادشاہ - (۲) نام کے بادشاہ ؛ شاہ شطرنج ؛ کمزور بادشاہ -
k.-maker: بادشاہ ساز ؛ بادشاہ گر (خصوصاً ارل آف وارک جو هنری ششم کے عہد میں تھا) -
K.-of-arms: کالج آف آرمس کے پانچ صدر نقیبوں میں کا کوئی سا ایک نقیب -
k. of beasts: شیر -
k. of birds: عقاب -
k. of kk: (۱) خدا - (۲) اکثر مشرقی بادشاہوں کا خطاب؛ شہنشاہ -
k. of Terrors.: موت -
k. of the Castle: بچوں کا ایک کھیل -
k.-post: سیدھا کھمبا جو بلندی یا دھنی سے میال

تک جاتا ھے -

k. 's Bench, Bounty, Colour, Counsel, English, Evidence, Head, Highway, Pipe, Shilling, Weather: دیکھو bench وغیرہ -

k. 's bishop : (شطرنج) شاہ کی (طرف کا) فیل -

k.'s evil : کنٹھ مالا ؛ خنازیر (جس کے متعلق پہلے یہ خیال تھا کہ بادشاہ کے ہاتھ لگانے سے زائل ہوجاتا ھے) -

k. 's knight : (شطرنج) (شاہ کی طرف کا) گھوڑا -

k.'s peg : شامپین اور برانڈی کا مرکب -

king's roll : اُن آجروں کی فہرست جنھوں نے یہ عہد کر لیا ھے کہ اجیروں میں ایک مقررہ تعداد ان سپاھیوں کی رکھینگے جو جنگ عظیم میں شریک تھے -

k. 's rook : (شطرنج) (شاہ کی طرف کا) رخ -

kingless, *a.*: بے بادشاہ -

kinglike, *a.*: بادشاھانہ -

kingly, *a.*: شاھانہ -

kingliness, *n.*: شان بادشاھی ؛ دبدبۂ بادشاہ -

kingship *n.*: بادشاھی -

king, *v. i. & t.*: حکومت کرنا ؛ بادشاہ کی طرح سلوک کرنا ؛ (کسی کو) بادشاہ بنانا -

Kingdom, *n.* : (۱) بادشاھت ؛ شاھی ؛ شاھی حکومت - (۲) بادشاہ کی قلمرو ؛ سلطنت - (۳) خدا کی روحانی بادشاھت ؛ حکومت الٰہی - (۴) قلمرو ؛ دائرہ حکومت - (۵) عالم (عالم حیوانات وغیرہ) -

animal k.: عالم حیوانات -

k. -come : (عامیانہ) آخرت ؛ عقبیٰ -

mineral k.: عالم معدنیات -

the k. of heaven : رام راج ؛ حکومت الٰہی -

United K.: برطانیۂ عظمیٰ و آئرستان -

vegetable k.: عالم نباتات -

kingdomed, *a.*: صاحب سلطنت -

Kinglet, *n.* : (۱) (عموماً حقارت سے) معمولی یا چھوٹا سا بادشاہ - (۲) ایک پرندہ جسکی چوٹی سنہری ھوتی ھے -

Kingling, *n.*: چھوٹا سا بادشاہ -

Kink, *n. & v. i. & t.*: (۱) (تار ، زنجیر وغیرہ میں) پیچ ؛ بل ؛ کتھی ؛ (مجازاً) انوکھا خیال ؛ وھم ؛ خلل دماغ - (۲) کتھی ڈالنا ؛ الٹا بل دینا ؛ الٹا بل پڑنا ؛ کتھی پڑنا -

kinky, *a.*: کتھی دار ؛ خلل دماغ والا وغیرہ -

Kinkajou, *n.*: racoon کی قسم کا جانور ؛ تنکاج -

Kinnikinic, *n.*: (۱) برگ سماق ؛ بید مجنوں کی چھال وغیرہ کا مرکب جو تمباکو کی جگہہ یا تمباکو کے ساتھ استعمال کیا جاتا ھے - (۲) کوئی پودا جو اس غرض کیلیئے استعمال کیا جاے -

Kino, *n.* : مختلف درختوں کا کتھا نما گوند جو دوا کے طور پر اور چمڑے کو پکانے میں استعمال ھوتا ھے -

Kinsfolk, *n.* pl.: (ادب) اعزا و اقربا ؛ بھائی بند ؛ قریبی رشتہ دار -

Kinsman, *n.*: عزیز -

Kinswoman, *n.*: عزیز (عورت) -

Kinship, *n.* : (۱) یک جدی رشتہ داری ؛ قرابت - (۲) اتحاد مذاق ؛ اتحاد طبیعت ؛ روحانی رشتہ -

Kintal : quintal کی قدیم شکل -

Kiosk, *n.*: (۱) (ترکی و ایران) کھلا ھوا چھوٹا خیمہ - (۲) (فرانس اور بلجیم) اخبارات اور بینڈ وغیرہ رکھنے کا تھاتر یا مچان -

Yildiz k. : یلدیز کوشک ؛ سلطان ترکی کا محل -

Kip, *n.*: کم عمر جانور یا پشو کا چمڑا -

Kip, *n.* : (عامیانہ) (۱) اقامت گاہ جس میں بہت سے لوگ رھتے ھیں - (۲) کرائے کا کمرہ - (۳) بستر ؛ پلنگ -

Kipper, *n.*: (۱) (انڈوں کے زمانے میں) نر سامن مچھلی - (۲) نمک لگا کر اور دھنواں دے کر سکھا ئی ھوئی مچھلی خصوصاً ھیرنگ -

Kipper, *v. t.* : (سامن ، ھیرنگ وغیرہ مچھلیوں کو) نمک اور کالی مرچ لگا کر اور دھنواں دیکر سکھانا -

Kirghiz, *a. & n.*: (۱) ایک مغل قوم ؛ کرغز - (۲) اس کی زبان ؛ کرغزی -

Kirk, *n.*: (اسکاٹستان اور شمالی انگلستان) گرجا -

K. of Scotland : اسکاٹستان کلیسا -

kirkman : اس کلیسا کا پیرو -

k. session : (presbyterian) اسکاٹستانی کلیسا اور دوسرے کلیساؤں کی مجلس ماتحت -

Kirsch (wasser), *n.*: ایک قسم کی شراب جو جنگلی گلاس (cherry) کو اونٹا کر کشید کی جاتی ھے -

Kirtle, *n.*: (قدیم) عورتوں کا ڈھیلا سایا - (۲) جامہ ؛ چوغہ ؛ غرغل -

Kismet, *n.*: قسمت ؛ تقدیر ؛ نصیبہ -

Kiss, *n.* : (۱) بوسہ ؛ پیار ؛ چوما - (۲) (بلیرڈ) دو متحرک گیندوں کا تصادم - (۳) ایک قسم کا آلوچہ -

Kiss, *v. t.*: (۱) (خیر مقدم یا اظہار کے طور پر) بوسہ لینا ؛ پیار کرنا ؛ چومنا - (۲) (ادب سے) بوسہ دینا ؛ چومنا - (۳) (بلیرڈ) دو گیندوں کا حرکت کی حالت میں ٹکرانا -

k. away : (آنسو) چوم کر پاک کرنا -

k. hands or *the hand :* (بادشاہ کی) دست بوسی کرنا -

k.-in-the-ring : لڑکے لڑکیوں کا کھیل جس میں ایک شخص جنس مخالف کے دوسرے شخص کا تعاقب کرتا ھے اور بوسہ لیتا ھے -

k.-me quick : (۱) ایک پودا - (۲) ایک قسم کی چھوٹی زنانہ ٹوپی جو سر کے پچھلے حصے پر رکھی جاتی ھے - (۳) زلف -

k. the book : انجیل کو بوسہ دیکر حلف اٹھانا -

k. the dust : (۱) گڑگڑانا ؛ عاجزی کرنا - (۲) قتل ھونا ؛ خاک و خون میں لوٹنا -

k. the ground : (۱) (عقیدت و احترام ظاھر کرنے کے لئے) سر کے بل زمین پر لیٹ جانا ؛ سجدہ کرنا - (۲) (مجازاً) نیچا دیکھنا -

k. the rod : سزا کو عاجزی سے برداشت کرنا -

kissable, *a.* : چومنے کے قابل ؛ قابل بوسہ -

kissably, *adv*: پیارے طریقہ پر -

Kissing, *a.*: (فعل کے معنوں میں)

k. -crust : وہ نرم پپڑی جو دو روٹیوں کے تنور میں پکاتے وقت ایک سے دوسری میں چپک جاتی ہے -

Kissing, n. : بوسہ لینا ؛ چومنا وغیرہ -

k. -gate : حرف u یا v کی شکل کا دروازہ -

k. kind : مہرو محبت کا تعلق رکھنے والا

Kit, n. : (۱) کٹھوتی - (۲) سپاہیوں کا تھیلا - (۳) وہ سامان جو اس کے اندر ہو - (۴) کپڑے بستر وغیرہ (خصوصاً سفر کے لئے بندھا ہوا اسباب) ؛ سامان ، رخت سفر - (۵) (کاریگر خصوصاً موچی کا) ساز و سامان -

k. -bag : سپاہی یا مسافر کے سامان کا تھیلا -

Kit : kitten کا مخفف -

Kit, n. : (شاذ) چھوٹی سی سارنگی جو ناچ کا معلم استعمال کرتا ہے -

Kit-cat, n., K. Club : whig (حریت پسند) پارٹی کا کلب جو جیمس ثانی کے عہد میں قائم کیا گیا تھا ؛ اس کلب کا ممبر -

k. (portrait) : نصف قد سے کم کی تصویر جس میں ہاتھ بھی شامل ہوں -

Kitchen, n. : باورچی خانہ ؛ مطبخ ؛ رسوئی -

k. garden : ترکاری باغ -

k. maid : باورچی کا مددگار ؛ مہری -

k. -midden : دیکھو Midden -

k. physic : عمدہ اور کافی غذا -

k. -stuff : باورچی خانہ کے ضروریات خصوصاً ترکاری وغیرہ -

Kitchener, n. : (۱) خانقاہ کے باورچی خانہ کا داروغہ - (۲) اونچا چولہا جس میں دیگچیوں کے لئے لوہے کے خانے بنے ہوتے ہیں -

Kite, n. & v. i. & t. : (۱) چیل ؛ زغن - (۲) ظالم اور لالچی آدمی ؛ چمرگدہ ؛ ٹھگ ؛ اچکا ؛ عیار - (۳) پتنگ ؛ کنکوا - (۴) (جمع) جہاز کے سب سے اونچے بادبان جو ہلکی ہوا میں کھول دئے جاتے ہیں - (۵) (کاروباری اصطلاح) (قرضہ کا) تمسک یا ہنڈی ؛ ادھار ہنڈی - (۶) چیل کی طرح اڑنا یا اڑانا - (۷) ادھار ہنڈی میں تبدیل کرنا -

fly a k. : (۱) عوام کی رائے کا اندازہ کرنے کے لئے کوئی تجربہ کرنا - (۲) ادھار ہنڈی کے ذریعہ روپیہ قرض لینا -

k. balloon : پتنگ‌غبارہ ؛ بیضوی شکل کا غبارہ جو فوجی مشاہدے کے لئے اڑایا جاتا ہے اور رسی کے ذریعہ کسی چیز سے اٹکا رہتا ہے -

Kith, n., K. & kin : اعزہ اور احباب ؛ اعزہ و اقربا -

Kitten, n. & v. t. : (۱) بلی کا بچہ - (۲) شوخ ، چلبلی لڑکی - (۳) (بلی کے بچے) دینا -

kittenish, a. : شوخ ؛ چلبلی ؛ بلی کے بچہ جیسا -

Kittereen, n. : (جزائر غرب الہند) ایک گھوڑے کی گاڑی ؛ یکہ -

Kittwake, n. : ایک قسم کی مرغابی -

Kittle, a. : نازک ؛ مشکل ؛ دشوار ؛ تکلیف دہ (اب صرف ذیل کے اسکاٹستانی فقرے میں مستعمل ہے) -

k. cattle : (مویشی کے لئے) جو قابو میں نہ رہے ؛ (مجازاً) ہٹیلا ۔ متلون المزاج -

Kittul, Kitool, n. : (۱) ایک قسم کی کھجور کا درخت - (۲) اس کے پتوں کے ڈنٹھل کے مضبوط سیاہ ریشے -

Kitty, n. : بلی کے بچے کا پیار کا نام -

Kiwi : = Apteryx

Klepht, n. : ان یونانیوں میں سے ایک جنہوں نے پندرھویں صدی میں ترکوں کے یونان فتح کرلینے کے بعد پہاڑوں میں اپنی خود مختاری کو قائم رکھا - (۲) ڈاکو ؛ قزاق -

Kleptomania, n. : ایک مرض جس میں انسان بے ضرورت چوری کرتا ہے ؛ جنون سرقہ -

kleptomaniac, n. : مجنون سرقہ -

Klipspringer, n. : جنوبی افریقہ کا چھوٹا چکارہ -

Kloof, n. : جنوبی افریقہ کی تنگ گہری وادی یا گھاٹی -

Knack, n. : (۱) سلیقہ ؛ ڈھب - (۲) نئی ترکیب ؛ عمدہ ترکیب - (۳) (کام یا باتیں کرنے کا) خاص ڈھب ، سبک دستی ؛ صفائی - (۴) انوکھی عادت ؛ خاص ادا -

knacky, n. : نئی ترکیبیں سوچنے والا ؛ خاص سلیقہ رکھنے والا -

Knacker, n. : (۱) وہ شخص جو از کار رفتہ گھوڑوں کو ذبح کرنے کے لئے خریدتا ہے ؛ اسپ قصاب ؛ گھڑ قصائی - (۲) وہ شخص جو پرانے جہازوں ، مکانوں وغیرہ کو خرید کر ان کا مسالا کام میں لاتا ہے

knackery, n. : اسپ قصابی -

Knag, n. : لکڑی کی گرہ ، گانٹھ ؛ شاخ کی جڑ -

knaggy, a. : گرہ دار -

Knap, n. : (مقامی بول چال) پہاڑی کی چوٹی ؛ سطح مرتفع -

Knap, v. t. : (۱) سڑک بنانے کے لئے ہتوڑے سے (پتھر) توڑنا - (انجیل ، مقامی بولی) کھٹکھٹانا ؛ کھٹ کھٹ کرنا ؛ (اس طرح) توڑنا (کہ آواز پیدا ہو) -

knapper, n. : پتھر توڑنے والا -

Knapsack, n. : (سپاہیوں یا مسافروں کا) کرمچ کا تھیلا (جو پیٹھ پر باندھ لیا جاتا ہے) ؛ بغچہ ؛ بوغبند -

Knapweed n. : گھاس جس کا ڈنٹھل سخت اور پھول ارغوانی ہوتا ہے -

Knar, n. : لکڑی کی گانٹھ خصوصاً وہ ابھرا ہوا حصہ جو تنے پر یا جڑ کے نوکیلے چھال سے ڈھکا ہوتا ہے -

Knave, n. : (۱) بد معاش ؛ مکار ؛ عیار ؛ شریر ؛ بے ایمان - (۲) (تاش) غلام -

knavery, knavishness, nn. : بد معاشی ؛ شرارت -

knavish, a. : شریر ؛ فریبی ؛ مکار ؛ بد معاش -

knavishly, adv. : شرارت سے ؛ بدمعاشی سے -

knead, v. t. : (۱) (آٹا وغیرہ) گوندھنا ؛ مالنا ؛ سانا ؛ سوندنا - (۲) (آٹا گوندھ کر) روٹی پکانا ؛ (مٹی گوندھ کر) برتن گھڑنا - (۳) (مجازاً) ملانا ؛ امتزاج دینا ؛ سمونا - (۴) پٹھے ملنا ؛ پٹھوں کی مالش کرنا ؛ چپی کرنا -

kneadable, a. : گندھنے کے قابل -

kneader, n. : گوندھنے والا -

Kneading, n. : گوندھنا وغیرہ -

k. -trough : آٹا گوندھنے کا چوبی برتن ؛ کٹھڑا

Knee, n. : (۱) گھٹنا - (۲) پوشاک کا وہ حصہ جس سے گھٹنے ڈھکے رہتے ہیں ؛ گھٹنا - (۳) گھٹنے کی شکل یا وضع کی کوئی چیز خصوصاً

لوہے یا لکڑی کا ایسا ٹکڑا جس میں زاویہ نما خم ہو : خمدار ٹکڑا ؛ قبضہ -

bring (person) *to his kk.* : مغلوب کرکے اطاعت پر مجبور کرنا ؛ ناک رگڑوانا -

give a k. to: (مکے باز کو) مقابلے کے وقفوں میں گھٹنے کا سہارا دینا -

is on the kk., of the gods : ابھی تک ڈانواں ڈول ہے -

k.-breeches : گھٹنے تک کی برجیس -

k.-cap : (۱) (گھٹنے کی) چپنی - (۲) گھٹنا بند -

k.-deep : گھٹنوں تک گہرا -

k.-hole (table) : (لکھنے کی میز جس کی) دراز اور پاؤں کے درمیان گھٹنوں کے لیے جگہ بنی رہتی ہے -

k.-joint : (۱) گھٹنے کا جوڑ - (۲) قبضہ ؛ جوڑ -

k.-pan : دیکھو Pan -

k.-swell : (باجے وغیرہ کا) لیور یا کھٹکا جو گھٹنوں کے ذریعہ دبایا جاتا ہے تاکہ آواز میں زیر و بم پیدا کیا جاسکے -

on one's *kk.* : گھٹنوں کے بل (کھڑا ہونا ' خصوصاً اطاعت ' ملتمس ساجت ' احترام کے اظہار کے لئے) -

Knee, *v. t.* : (۱) گھٹنا لگانا ؛ گھٹنے سے مس کرنا - (۲) (چوکھٹے وغیرہ کو) قبضوں سے جکڑنا - (۳) (روز مرہ) (پتلون کے) گھٹنے ڈھیلے کردینا -

Kneel, *v. i.* **(Knelt)** : گھٹنوں کے بل کھڑا ہونا یا جھکنا (عاجزی' اطاعت ' احترام کے اظہار کے لئے) -

Knell, *n.* : (۱) گھنٹی کی آواز ' خصوصاً اس گھنٹی کی جو موت کے بعد یا دفن کے وقت بجائی جاتی ہے ؛ ماتمی گھنٹی - (۲) (مجازاً) پیام اجل ؛ موت کی نشانی -

Knell, *v. i. & t.* : (۱) (قدیم) گھنٹی بجنا خصوصاً موت یا دفن کے وقت - (۲) ماتمی آواز نکلنا - (۳) (مجازاً) منحوس خبر دینا ؛ بد شگونی کرنا - (۴) (ماتمی) گھنٹی کے ذریعہ اعلان کرنا -

Knelt : دیکھو Kneel -

Knew : دیکھو Know -

Knickerbocker, *n.* : (۱) نیویارک کا رہنے والا - (۲) (جمع) گھٹنوں پر سمٹی ہوئی ڈھیلی برجس ؛ نکر ؛ جانگیا -

Knickers, *n.* pl. : (۱) (بول چال) لفظ مذکورۂ بالا کا مخفف - (۲) عورتوں کی نیچے پہننے کا جانگیا -

Knick-knack,-Nick nack, *n.* : (۱) ہلکا نازک فرنیچر یا پوشاک ؛ ہلکی نفیس غذا - (۲) ٹرم چھلا ؛ کھلونا ؛ چھوٹی موٹی آرائشی چیزیں -

(k) nick-(k) nackery, *n* : نازک اور نفیس چیزیں (مجموعی طورپر) -

(k) nick-(k) nackish, *a.* : (۱) نازک یا نفیس - (۲) کھلونا سا -

Knife, *n.* : (pl. knives) &, *v. t.* (-fed) : چاقو ؛ چھری - (۲) مشین کی چھری - (۳) چاقو مارنا یا بھونکنا ؛ چاقو سے کاٹنا -

before you can say k. : آناً فاناً یا اچانک ؛ چشم زدن میں -

k.-board : (۱) چاقو چھری صاف کرنے کا تختہ - (۲) اُمنی بس (omnibus) کی چھت کی دھری بینچ -

k.-boy : کانٹے چھری صاف کرنے والا ملازم -

k.-edge : (۱) چھری یا چاقو کی دھار - (۲) فولاد کا پرزہ جس پر رقاص (کھڑی وغیرہ کا لٹکن) جھولتا ہے - (۳) پہاڑ کا تنگ ڈھلواں کنارہ -

k.-grinder : (۱) چھری چاقو کی دھار بنانے والا - (۲) فسان ؛ سان -

k.-machine : چاقو چھری صاف کرنے کی مشین -

k. rest : (میز پر رکھنے کا شیشہ یا دھات کا بنا ہوا) چھری بردار -

play a good k. & fork : خوب سیر ہوکر کھانا ؛ اچھی طرح کھانا -

pocket k. : (۱) قلمتراش - (۲) جیبی چاقو -

table k. : (کھانے کی) چھری -

the k. : چیر پھاڑ ؛ عمل جراحی -

war to the k. : شدید ' سخت خطر ناک مہلک لڑائی -

Knight, *n. & v. t.* : (۱) فوجی مصاحب خصوصاً وہ جو کسی خاتون کی حمایت یا خدمت کے لئے وقف ہو ؛ رستم رزم ؛ مرد میدان - (۲) وہ اعلیٰ خاندان کا شخص جسے بادشاہ نے کوئی معزز فوجی منصب عطا کیا ہو - (۳) نائٹ ؛ سردار - (۴) (تاریخ) وہ شخص جو پارلیمنٹ میں کسی ضلع کا نمائندہ ہو (*k. of the shire*) بھی انہی معنوں میں آتا ہے - (۴) (شطرنج) اسپ ؛ گھوڑا - (۵) نائٹ ؛ سردار ' جسے ملکی یا قومی خدمت کے صلہ میں سر کا خطاب ملے - (۶) (رومائے قدیم) رسالے کا سوار - (۷) (یونان قدیم) اتیھنس کا دوسرے درجہ کا شہری -

k. Bahelor, Commander, Companion, Hospitaller, Templar : دیکھو Bachelor وغیرہ -

k.-errant : (۱) مہم جو بانکا ؛ قرون وسطیٰ کا بانکا جو بہادری دکھانے کے موقعوں کی تلاش میں مارا مارا پھرتا تھا - (۲) (مجازاً) کمزوروں کا حامی ؛ ناقابل عمل بلند منصوبوں کے در پے ؛ خدائی فوجدار -

k.-errantry. : مہم جوئی ؛ خدائی فوجداری ؛ کمزوروں کی حمایت ؛ ناقابل عمل بلند منصوبوں کے در پے ہونا -

k.-heads : دو کھڑی لکڑیاں جس کے سہارے باد بانی شہتیر (bowsprit) قائم رہتی ہے -

k. of the post : پیشہ ور جھوٹا گواہ ؛ جھوٹی گواہی دے کر روزی کمانے والا -

k.-service : (تاریخ) جاگیر ؛ منصب (فوجی خدمات کے عوض) -

knighthood, *n.* : نائٹ کا رتبہ ؛ سر کا خطاب -

knightlike, knightly, *aa.* : بانکوں کا سا ؛ بہادرانہ -

knightly, *adv.* : (شعر) بانکوں کی طرح ؛ بہادرانہ -

Knightage, *n.* : (۱) جماعت امرا ؛ طبقۂ امرا - (۲) فہرست و حالات امرا -

Knit, *v. t. & i.* (knitted or knit) : (۱) (موزے وغیرہ) بننا - (۲) بھویں سکوڑنا - (۳) گھٹا ہوا ہونا - (۴) (مجازاً) (شادی وغیرہ کے ذریعہ) ملانا ؛ (رشتہ اتحاد میں) مربوط کرنا ؛ ملنا ؛ رشتہ (اتحاد میں) مربوط ہونا -

k. needle : بننے کی سلائی یا سوئی -

k. up : (۱) رفو کرنا - (۲) (مجازاً) ختم کرنا ؛ خاتمہ کرنا (بحث وغیرہ کا) -

Knitting, *n.* : (۱) بننا وغیرہ - (۲) وہ چیز جو بنی جا رہی ہو -

Knittle, *n.* : (جہاز رانی) سوت کی پتلی ڈوری -

Knob, *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) مٹھیا ؛ موٹھ ؛ گرہ - (۲) گانٹھ ؛ گومڑی - (۳) لٹو ؛ میز یا دروازے کا دستہ - (۴) (شکر وغیرہ کا) چھوٹا سا ڈلا - (۵) (عامیانہ) سر - (۶) موٹھ لگانا - (۷) گومڑی پڑنا ؛ ابھرنا -

knobkerrie : جنوبی افریقہ کے باشندوں کی چھوٹی سی موٹھ دار لاٹھی -

knobstick : (۱) موٹھ دار لاٹھی (خصوصاً بطور ہتیار کے) - (۲) وہ مزدور جو ہڑتال کے زمانے میں مالک کار خانہ کا ساتھ دے -

knobby, *a.* : گومڑی دار ؛ گرہ دار -

knobbiness, *n.* : گومڑی دار ، گرہ دار ہونا -

Knobble, *n.* : مٹھیا ؛ چھوٹی موٹھ ؛ چھوٹی گانٹھ یا گومڑی -

knobbly, *a.* : گانٹھ دار ؛ گومڑی دار ؛ مٹھیا دار -

Knock, *v. t.* & *i.* : (۱) (لاٹھی وغیرہ کی) ضرب لگانا ؛ دھکا دینا - (۲) دستک دینا ؛ کنڈی کھٹکھٹانا ؛ دروازہ پیٹنا - (۳) (عامیانہ) حیرت زدہ کردینا ؛ چھکے چھڑا دینا ؛ چت کردینا - (۴) (ہتوڑے وغیرہ سے) ٹھوکنا یا نکالنا -

k. about : (۱) کنڈی کرنا ؛ اچھی طرح ٹھوکنا - (۲) سختی کا برتاؤ کرنا - (۳) آوارہ گردی کرنا ؛ لا ابالی زندگی بسرکرنا - (شرح) کھٹا دینا - (۶) (ریل وغیرہ پر لے جانے کے لئے) مشین کے پرزے الگ کر لینا تاکہ جگہ کم گھیرے -

k. -about : (۱) (گھڑ سوسیتی میں) ہنگامہ خیز (تماشا) - (۲) آوارہ گردی - (۳) معمولی استعمال کے موٹے جھوٹے کپڑے -

k. down : (۱) (کسی کو) مار کر گرا دینا ؛ پٹک دینا ؛ پچھاڑ دینا - (۲) (مجازاً) پست کر دینا ؛ چت کردینا؛پچھاڑ دینا - (۳) (نیلام یا ہراج میں) بولی ختم کرنا - (۴) (روز مرہ) (گانے وغیرہ کی) فرمائش کرنا - (۵) (قیمت) کم کر دینا ؛

k. -down : (۱) (لفظاً و مجازاً) شدید گرا دینے والی (ضرب) ؛ پست کر دینے والا (صدمہ) - (۲) (نیلام میں) کم سے کم (قیمت) ؛ وہ قیمت جس سے کم پر کوئی چیز نیلام نہیں ہو سکتی؛ سرکاری (قیمت یا بولی) - (۳) عام لڑائی (جس میں ہر شخص شریک ہو سکے) -

k. head : (چینی رسم کے مطابق) جبیں سائی کرنا -

k. into a cocked hat : دیکھو Cock -

k. -kneed : ٹیڑھے گھٹنے والا ؛ پنگا -

k. -knees : چلنے میں رگڑنے والے گھٹنے -

k. (person &c) *on the head* : (۱) سر توڑ ڈالنا یا بے ہوش کرنا - (۲) (مجازاً) خاتمہ کر دینا (منصوبے وغیرہ کا)-

k. off : (۱) (ضرب سے) توڑ دینا ؛ کاٹ ڈالنا - (۲) کام چھوڑ دینا ؛ (کام) چھوڑا دینا - (۳) (روز مرہ) (کام کو) تیزی سے ختم کرنا ؛ جلدی سے نبٹانا - (۴) (شعر یا نظم) گھسیٹ دینا ؛ فی البدیہہ کہہ دینا - (۵) (قیمت ، بل وغیرہ میں سے رقم) وضع کر دینا -

k. one's *head against* : ٹکر کھانا ؛ (مجازاً) نا موافق حالات یا واقعات سے دو چار ہونا -

k. one *into the middle of next week* : (مار کر) بھگا دینا -

k. out : (۱) پائپ کو کسی چیز پر پٹک کر خالی کرنا - (۲) مکے باز کو پست کرکے ہرا دینا ؛ پالے باہر کر دینا - (۳) (مجازاً) مغلوب کرنا ؛ پست کرنا ؛ چھکے چھڑا دینا - (۴) (روزمرہ) جلدی سے کوئی تدبیر سوچنا ؛ منصوبہ گھڑنا -

k. -out : (۱) (مکے بازی میں) پالے باہر کر دینے والی ضرب - (۲) اس جتھے کا ایک شخص جو ملی بھگت کرکے نیلام یا ہراج میں کم قیمت پر مال خرید تا ہے اور نفع سے بیچتا ہے - (۳) نیلام میں ملی بھگت ؛ ملی بھگت کا نیلام -

k. out of time : (مکے باز کو) اس طرح بیکار کر دینا کہ وہ وقت پر مقابلے کے لئے نہ آ سکے -

k. person's *head off* : (مجازاً) (کسی سے) آسانی سے بڑھ جانا ؛ (کسی پر) سبقت لے جانا -

k. the bottom out of : (دلیل وغیرہ کو) باطل کر دینا ؛ توڑ دینا -

k. together : جلدی جلدی اکٹھا کرنا -

k. under : ہار ماننا ؛ مغلوب ہوجانا ؛ پچھڑ جانا -

k. up : (۱) (ہتوڑے وغیرہ سے) ضرب لگا کر ابھارنا - (۲) جلدی سے سوچنا یا گھڑنا - (۳) کرکٹ میں رن بنانا - (۴) کنڈی کھٹکھٹا کر (کسی کو) جگانا - (۵) تھکا دینا ؛ تھک جانا ؛ پست ہو جانا -

Knock, *n.* : (۱) مکا ؛ گھونسا ؛ ضرب (لاٹھی وغیرہ کی) - (۲) کھٹکھٹانا ؛ دستک ؛ پیٹنا (خصوصاً دروازہ) - (۳) (عامیانہ) کرکٹ کی اننگ -

k. -up : (کرکٹ وغیرہ میں) روز مرہ کا کھیل ؛ روزانہ مشق -

Knocker, *n.* : (۱) مارنے والا یا کھٹکھٹانے والا وغیرہ - (۲) دروازے کا کھٹکھٹا - (۳) کان کا موکل (عوام کا عقیدہ ہے کہ کان میں ایک موکل ہوتا ہے جو کھٹ کھٹ کرکے دھات کے موجود ہونے کی خبر دیتا ہے)-

up to the k. : (عامیانہ) مکمل طور پر -

Knoll, *n.* : چھوٹی پہاڑی ؛ ٹیلہ -

Knoll, *v. t.* & *i.* : (قدیم) (گھنٹی) بجانا ؛ (گھنٹی کا) بجنا - (۲) گھنٹے بجانا (وقت بتانے کے لئے) - (۳) گھنٹہ بجا کر بلانا -

Knop, *n.* : (قدیم) موٹھ ؛ کلی ؛ غنچہ -

Knot, *n.* : (۱) گانٹھ ؛ گرہ ؛ عقدہ - (۲) فیتے کی گرہ (جو پوشاک وغیرہ پر خوشنمائی کے لئے لگاتے ہیں (مثلاً shoulder (sword, top, true-love, -k. - (۳) (جہاز رانی) log-line کے نشانات - (۴) (غیر مستند) جہازی میل (۶۰۸۰ فیٹ) - (۵) مشکل ؛ دشواری ؛ پیچیدگی ؛ مشکل مسئلہ ؛ گتھی - (۶) گلٹی ؛ غدود ؛ گانٹھ - (۷) گومڑی (درخت کے تنے یا شاخ میں) - (۸) چکتا (تنے اور شاخ کے جوڑ پر) - (۹) (تنے کی) گانٹھ ؛ گرہ - (۱۰) (اشخاص کا) چھوٹا سا گروہ یا مجمع ؛ (اشیاء کا) مجموعہ - (۱۱) گدیاں جنھیں قلی کندھوں پر رکھ کر اسباب اٹھاتے ہیں (جس کو عموماً Porter's k. بھی کہتے ہیں) -

granny's. reef-, slip-, k. : دیکھو Granny وغیرہ -

Gordian k. : دیکھو Gordian -

marriage, wedding, -k. : عقد نکاح ؛ گٹھ بندھن -

k. -grass : ایک قسم کی معمولی ڈیل نما گھانس جس کے ڈنٹھل گتھے ہوئے ہوتے ہیں اور جس میں زردی مائل گلابی رنگ کے پھول لگتے ہیں -

knotwork: (۱) ایک قسم کا گتھا ہوا خوبصورت کام - (۲) ایک قسم کا کُرتُھواں کشیدہ -

knotless, *a.*: بے گرہ -

Knot, *v. t. & i.*: (۱) گرہ باندھنا ؛ گانٹھ لگانا - (۲) جھالر گوتھنا ؛ جھالر کے لئے ڈورے گوتھنا - (۳) بھویں سکوڑنا ؛ تیوری چڑھانا ؛ پیشانی پر بل ڈالنا - (۴) گوتھنا ؛ گتھنا - (۵) الجھانا -

knotting, *n.*: جھالر گوتھنا -

Knotty, *a.*: (۱) گانٹھ دار ؛ گرہ دار ؛ گٹھیلا - (۲) مشکل ؛ دشوار ؛ پیچیدہ ؛ پیچدار -

knottiness, *n.*: (۱) گٹھیلا پن - (۲) پیچیدگی -

Knout, *n. & v. t.*: درہ ؛ کوڑا یا تازیانہ (جو پہلے روس میں استعمال کیا جاتا تھا اور اکثر مہلک ثابت ہوتا تھا) - (۳) کوڑے لگانا -

Know, *v. t. & i.* (knew, known): (۱) پہچاننا یا پہچان لینا ؛ شناخت کرنا - (۲) فرق کرنا ؛ تمیز کرنا - (۳) جاننا ؛ واقف ہونا ؛ واقفیت رکھنا (کسی چیز، مقام یا شخص سے) - (۴) ذاتی تجربہ رکھنا ؛ آشنا ہونا (خوف ، درد وغیرہ سے) - (۵) دوستانہ مراسم رکھنا ؛ راہ و رسم ہونا ؛ دوستی ہونا - (۶) واقف ہونا ؛ علم رکھنا ؛ معلوم ہونا - (۷) (زبان ، علم وغیرہ میں) درک رکھنا یا جاننا -

all one knows: جس حد تک ممکن ہے ؛ امکان بھر ؛ حتی المقدور ؛ اپنی سی -

(he would do it) if he knew how: وہ اس کام کو کرلے اگر اسے اس کے کرنے کا طریقہ معلوم ہو -

I k. better (than that): مجھے واقعات کا اچھی طرح علم ہے (اس لئے میں فلاں بات کو تسلیم نہیں کرسکتا) -

k. about: کسی جگہ کسی چیز کے متعلق واقفیت یا معلومات رکھنا -

k. better than: احتیاط یا مصلحت اندیشی کی بنا پر (کسی کام کو) نہ کرنا -

k. -nothing: (۱) جاہل آدمی ؛ جاہل مطلق - (۲) لا ادری -

know-nothingism: لا ادریت -

k. of: جاننا ؛ واقف ہونا ؛ آگاہ ہونا ؛ خبر ہونا -

k. (person &c) to be: (کسی شخص کو اس طرح) جاننا ، سمجھنا -

k. the ropes: دیکھو Rope -

k. what's what: سمجھ بوجھ کا آدمی ہونا ؛ سمجھدار اور تجربہ کار ہونا ؛ زندگی کا تجربہ رکھنا -

not that I k. of: جہاں تک مجھے علم ہے ایسا نہیں ہے -

knowability, knowableness, *nn.*: ممکن الادراک ہونا -

knowable, *a.*: ممکن الادراک -

Know, *n., in the k.*: (روز مرہ) (۱) معاملے کی اصلیت سے واقف - (۲) محرم راز -

Knowing, *a.*: (۱) واقف ؛ ماہر ؛ جاننے والا - (۲) چتر ؛ سیانا ؛ ہوشیار ؛ چوکس - (۳) (روز مرہ) بانکی ؛ ٹھاٹ کی ؛ طرحدار (مثلاً *a k. hat*) -

knowingness, *n.*: سیان پن ؛ ہوشیاری ؛ چوکسی -

Knowingly, *adv.*: جان بوجھ کر ؛ دیدہ و دانستہ ؛ عمداً ؛ بالارادہ -

Knowledge, *n.*: (۱) علم ؛ معلومات ؛ وقوف ، ادراک ؛ خبر ؛ آگاہی ؛ اطلاع ؛ واقفیت - (۲) دائرۂ علم ، واقفیت - (۳) (کسی فن ، زبان وغیرہ کی) نظری و عملی مہارت ، علم ، استعداد ، درک ، عبور - (۴) علم و فن -

knowledgeable, *a.*: (روز مرہ) باخبر ؛ ذی علم ؛ ذہین ؛ طباع ؛ تیز -

Knuckle, *n. & v. t. & i.*: (۱) انگلیوں کے جوڑ (کی ہڈی) ؛ پور کا جوڑ ؛ بند انگشت - (۲) چوپایوں کے گھٹنے اور ٹخنے کی ابھری ہوئی ہڈی ؛ پونگے کی ہڈی - (۳) پونگے کا پارچہ (ہڈی مع گوشت) - (۴) ان ہڈیوں سے مارنا ، دبانا ، رگڑنا - (۵) گولیاں کھیلنے میں انگلی کے پور کو زمین پر ٹکانا -

k. -bone: (۱) بھیڑ وغیرہ کے گھٹنے کی ہڈی ؛ پونگا - (۲) (جمع) ایک قسم کا کھیل جو ان ہڈیوں سے کھیلا جاتا ہے -

k. down, under: مغلوب ہوجانا ؛ ہار مان لینا -

k. -duster: ایک دھات کا آلہ جو بند انگشت پر لگا دیا جاتا ہے تاکہ ٹکرانے سے چوٹ نہ آئے -

Knur(r), *n.*: (۱) درخت کے تنے پر کی گانٹھ ، منجمد مادہ - (۲) شمالی انگلستان کے ایک کھیل کی چوبی گیند -

Knurl, *n.*: (۱) گانٹھ ؛ گرہ - (۲) موٹھ ؛ لٹو (خصوصاً وہ جس سے ٹائپ رائٹر کے بیلن کو گھماتے ہیں) -

knurled, *a.*: گانٹھ دار یا موٹھ دار ؛ دانہ یا پشتہ دار -

Koa, *n.*: جزائر سینڈوچ میں ایک قسم کا (acacia) ببول کا درخت -

Kobold, *n.*: (جرمن دیومالا) گوبلو بھوت ؛ نیک دل بھتنا (جو چپکے سے گھر کا کام کردیتا ہے) ؛ کانوں وغیرہ کا بھتنا ؛ روح خاکی -

Kodak, *n., & v. t.*: (۱) کوڈک کیمرا (آلۂ عکاسی) - (۲) کوڈک کیمرے سے فوٹو لینا (Kodak کارخانے کا نام ہے) - (۳) (مجازاً) ایک نظر میں وضاحت کے ساتھ بیان کرنا ؛ (واقعے کی) تصویر کھینچ لینا -

Koel, *n.*: (ہندی) کوئل -

Koh-i-noor, *n.*: (۱) کوہ نور (ہندوستان کا مشہور ہیرا جو سنہ ۱۸۴۹ ع سے انگریزی تاج میں ہے) - (۲) کوئی چیز (جو اپنی قسم کی چیزوں میں) فرد ہو ؛ بے نظیر شئے -

Kohl, *n.*: کحل ؛ سرمہ -

Kohlrabi, *n.*: کول رابی ؛ ایک قسم کی گوبھی جو انگلستان میں جانوروں کو کھلائی جاتی ہے اور جس کا ڈنٹھل شلغم نما ہوتا ہے -

Kola: دیکھو Cola -

Koodoo, Kudu, *n.*: کودو ؛ جنوبی افریقہ کا ایک بڑا ہرن جس کی کھال پرسفید دھاریاں ہوتی ہیں اور سینگ مرغولہ دار ہوتے ہیں -

Koolah, *n.*: کولا ؛ آسٹریلیا کا ایک دودھ پلانے والا جانور جو درختوں پر رہتا ہے -

Kopec(k), -peek, -pek: دیکھو Copeck -

Kopje, *n.*: (جنوبی افریقہ) چھوٹی پہاڑی -

Koran, *n.*: قرآن ؛ کلام مجید -

koranic, *a.*: قرآنی -

Kosher, *a. & n.*: کوشر ؛ (یہودیوں کی شرع کے مطابق) حلال (کھانا) یا ایسے کھانے کی دوکان -

Kotow, *n. & v. t.*: (۱) چینیوں کی رسم زمین بوسی یا جبیں سائی - (۲) ناصیہ سائی کرنا ؛ جبیں سائی کرنا -

Koumiss, *n.*: ایک قسم کی شراب جو گھوڑی کے دودھ کو سڑا کر

تیار کی جاتی ہے ؛ کو میس -

Kourbash, koor-, *n.*: چمڑے کا کوڑا جو مصر اور ترکی میں سزا دینے کے لئے استعمال کیا جاتا ہے ؛ قور باش ؛ تورباچ -

Kraal, *n.*: کرال ؛ جنوبی افریقہ کا جھونپڑیوں کا گاؤں جو احاطہ سے گھرا ہوتا ہے ؛ مویشی یا بھیڑوں کا احاطہ ؛ باڑہ -

Kraken, *n.*: کراکن ؛ ایک خیالی عفریت جو بحر ناروے کے سواحل پر ظاہر ہوتا ہے -

Kran(t)z, *n.*: (جنوبی افریقہ) چٹانوں کی کھڑی دیوار ؛ چٹانوں کا چھجا ؛ چھجے دار چٹان

Kremlin, *n.*: روسی شہروں کا اندرونی قلعہ ' خصوصاً ماسکو کا قلعہ جس میں شاہی محل ہے -

Kreutzer, *n.*: چاندی اور تانبے کے چھوٹے سکے جو پہلے جرمنی اور آسٹریا میں رائج تھے ؛ صلیبیہ -

***Kriegspiel* (krogspel), *n.*:** ایک جنگی کھیل جس میں مہرے جو فوجوں کے قائم مقام ہوتے ہیں نقشوں پر چلائے جاتے ہیں ؛ جنگی شطرنج -

Kris: دیکھو Creese -

Krishnaism, *n.*: کرشن پوجا ؛ کرشن بھگتی -

Kromesky, *n.*: جو زوں کا قیمہ جو سور کے گوشت میں ملا کر تلا جاتا ہے -

Krone, *n.*: (۱) ڈنمارک ناروے اورسویڈن کا چاندی کا سکہ جو ایک شلنگ ڈیڑھ پنس کے برابر ہوتا ہے - (۲) جنگ عظیم سے قبل آسٹریا کا چاندی کا سکہ جو دس پنس کے برابر تھا - (۳) جرمنی کا دس مارک کا طلائی سکہ -

Kroo, Krou, Kru, *n.* & *a.*: حبشی قبیلہ کرو کا رکن یا اس قبیلے کے متعلق ؛ کروی (یہ لوگ لائبیریا کے ساحل پر آباد ہیں اور بڑے اچھے ملاح ہوتے ہیں) -

Krypton, *n.*: (کیمیا) ایک کمیاب گیس جو سنہ ۱۸۹۸ ع میں Ramsay نے دریافت کی تھی ؛ کرپٹن -

Kudos, *n.*: (عامیانہ) شہرہ ؛ شہرت ؛ نیک نامی ؛ نام -

Kufic: دیکھو Cufic -

Ku-Klux(-Klan), *n.*: (۱) انجمن کوکلس کلین ؛ ریاست ہائے متحدہ (امریکا) کی جنوبی ریاستوں کی ایک خفیہ انجمن جو سنہ ۱۸۶۱ ع تا سنہ ۱۸۶۵ ع کی خانہ جنگی کے بعد حبشیوں کے استیصال کے لئے قائم ہوئی تھی - (۲) اسی قسم کی انجمن جو جنگ عظیم کے بعد کل ریاست ہائے متحدہ میں بیرونی اثرات کے خلاف قائم ہوئی -

***Kukri*, *n.*:** ککری ؛ ایک خمیدہ چھرا جو نوک کی طرف سے چوڑا ہوتا ہے اور جس کو ہندوستان میں گورکھے استعمال کرتے ہیں -

***Kultur*, *n.*:** (جرمن) تہذیب و تمدن (جرمن قوم کے نقطۂ نظر سے) -

***Kulturkampf*, *n.*:** جرمن جنگ تہذیب ؛ روسی اور کلیسائی مہدیوں کے متعلق پوپ اور جرمن حکومت کی نزاع (۱۸۷۲ تا ۱۸۸۷ع)-

Kummel, *n.*: (جرمن) زیرے کی چاشنی کی شراب ؛ مئے زیرہ بو -

Kurd, *n.*: کرد ؛ کردستان کا باشندہ -

Kursaal, *n.*: (جرمن) ہوٹل ؛ (خصوصاً) جرمنی کے صحت بخش مقامات کا ہوٹل -

Kvass, *n.*: روس کی شراب جو rye سے بنتی ہے ؛ کواز -

Kyanize, *v. t.*: (لکڑی پر) معرق مرکب (Corrosive sublimate) لگانا تاکہ گھن نہ لگنے پائے -

Kylin, *n.*: ایک خیالی نرمادی جانور جس کی تصویر جاپانی اور چینی ساخت کے مٹی کے برتنوں پر بنی ہوتی ہے ؛ کیلن -

Kyloe, *n.*: اسکاٹستان کی لمبی سینگوں والی مویشی کی ایک چھوٹی نسل ؛ کیلوکا -

Kymograph, *n.*: آلہ جو دباؤ ' موج آواز ' رفتار ' نبض کے انحنیات کو دکھاتا ہے -

***Kyrie eleison*, *n.*:** (۱) مختصر دعاؤں کے الفاظ جن سے مشرقی اور رومی کلیساؤں میں Mass شروع کی جاتی ہے - (۲) ان الفاظ کا نغمہ - (۳) کلیسائے انگلستان کی عشائے ربانی میں احکام عشرہ کو سن کر یہ الفاظ کہے جاتے ہیں " یا اللہ رحم کر " -

L

L, letter (pl. Ls' L.s): (۱) انگریزی حروف تہجی کا بارھواں حرف (لام کی آواز دیتا ہے) - (۲) L کی شکل کی چیز ؛ قائمہ نما - (۳) نلیوں کا قائم الزاویہ جوڑ وغیرہ - (۴) رومی هندسہ = ۵۰ -

La, *n.*: (موسیقی) سرگم کا چھٹا سر ؛ دھا -

Laager, *n.* & *v. t.* & *i.*: (۱) خیمہ گاہ ؛ پڑاو (خصوصاً وہ جو چھکڑوں سے گھرا ہوا ہو) - (۲) خیمے لگانا ؛ خیمہ زن ہونا ؛ پڑاو ڈالنا - (۳) پڑاؤ کو چھکڑوں سے گھیرنا - (۴) چھکڑوں سے گھرے ہوئے پڑاو میں ٹھیرانا (لوگوں کو) -

Labarum, *n.*: (۱) قسطنطین اعظم کا شاہی جھنڈا جس پر روما کے فوجی نشانات کے علاوہ مسیحی نشانات بھی موجود تھے - (۲) علم ؛ نشان -

Labdacism: دیکھو Lambdacism -

Labefaction, *n.*: تزلزل ؛ نا توانی ؛ کمزوری ؛ ضعف ؛ زوال ؛ ھبوط ؛ انحطاط -

Label, *n.* & *v. t.*: (۱) کاغذ ' پٹھے کپڑے یا دھات وغیرہ کا ٹکڑا جو کسی چیز پر اس کی نوعیت ' مالک کا نام یا پتا ' نشان وغیرہ بتانے کے لئے لگایا جاتا ہے ؛ لیبل چٹ ؛ چٹھی ؛ طبلقی - (۲) (مجازاً) (جماعت ' گروہ کا) نام ؛ تسمیہ - (۳) چپکنے والا ٹکٹ - (۴) (تعمیر) چھجا ؛ لگر (پتھر کی) - (۵) لیبل لگانا ؛ چٹ لگانا ؛ چٹھی لگانا ؛ طبلقی لگانا - (۶) کسی گروہ یا زمرہ میں شامل کرنا -

Labial, *a.* & *n.*: (۱) ہونٹوں کا ؛ لبوں سے متعلق ؛ لبی ؛ شفوی ؛ شفہی - (۲) (نباتیات ؛ حیوانیات) لب نما حصہ - (۳) (صوتیات) (حروف) شفہی (جو ہونٹوں کو بند کر کے یا قریب لا کر ادا کئے جائیں) -

***l. pipe*:** (موسیقی) آرگن باجے کی لب دار نلی -

labialism, *n.*: شفہیت -

labialization, *n.*: ہونٹ بند کر کے آواز نکالنے کا عمل ؛ تشفیہ -

labialize, *v. t.* : شفہی بنانا ؛ ہونٹوں کو ہلا کر کے آواز نکالنا -

Labiate, *a. & n.* : (۱) (نباتیات) لبیا ؛ لب دار ؛ لب دار پودا - (۲) (نباتیات و حیوانیات) لب نما ؛ ہونٹ کے مانند -

Labile, *a.* : (طبعیات ' کیمیا) غیر مستقل -

Labio- : (سابقہ) ہونٹوں کا ' لبی ' شفوی مثلاً *Labiodental* لب دندانی -

Labium, *n.* (pl. -ia) : (تشریح عموماً جمع) (۱) زنا ہیر یا تشری حیوانات وغیرہ کا نچلا ہونٹ - (۲) صدف کا اندرونی لب ؛ (نباتیات) لب -

Laboratory, *n.* : مکان جس میں سائنس کے تجربے کئے جاتے ہیں ؛ دارالتجربہ ؛ معمل ؛ تجربہ خانہ -

laboratorial, *a.* : معملی -

Laborious, *a.* : (۱) محنتی ؛ محنت کش ؛ جفا کش - (۲) پرمشقت ؛ محنت طلب ؛ دشوار ؛ سخت - (۳) (عبارت وغیرہ) غیر سلیس ؛ پر آورد -

laboriously, *adv.* : محنت سے ؛ جفا کشی سے ؛ مشقت سے ؛ آورد سے کام لے کر -

laboriousness, *n.* : محنت کشی ؛ محنت طلبی ؛ دشواری ؛ عدم سلاست ؛ آورد -

Labour, *n.* : (۱) جسمانی یا دماغی محنت ؛ مشقت - (۲) مزدوری ؛ محنت ؛ مزدور پیشہ جماعت ؛ انجمن مزدوران - (۳) درد زہ ؛ درد وضع حمل - (۴) مہم ؛ مشکل کام -

hard l. : دیکھو Hard -

L. Exchange : محکمہ مزدوران -

l. of Hercules : بڑی محنت کا کام ؛ ہفتخواں -

L. leader : ٹریڈ یونین (انجمن مزدوران) کا عہدہ دار -

l.-market : مزدوروں کا بازار ؛ مزدوری کی طلب و رسد -

l. of love : (۱) مرغوب کام ؛ خوشگوار کام - (۲) وہ کام جو کسی کی خاطر کیا جائے ؛ خوشی کا بیگار -

L. Party : لیبر پارٹی ؛ مزدور پارٹی ؛ جماعت مزدوران -

lost l. : رائگاں محنت ؛ سعی نامشکور -

Labour, *v. i. & t.* : (۱) کوشش یا جد و جہد کرنا - (۲) محنت کرنا ؛ مشقت اٹھانا - (۳) بہ دقت آگے بڑھنا ؛ اٹک اٹک کر چلنا (مثلاً *wheels l. in the sand*) - (۴) تکلیف اٹھانا ؛ زحمت برداشت کرنا ؛ پریشان ہونا (مثلاً *her labouring heart*) - (۵) مبتلا ہونا (غلطی میں) (مثلاً *l. under mistake*) - (۶) (جہاز کا) ہچکولے کھانا ؛ ڈگمگانا ؛ شدت سے ہلنا ڈلنا - (۷) (تدبیر یا شعر) کاشت کرنا ؛ جوتنا (زمین) - (۸) تفصیل بیان کرنا ؛ مفصل بحث یا ذکر کرنا (مثلاً *I will not l. the point*) -

labouring man : مزدور -

laboured, *a.* : (کلام وغیرہ) پر تکلف ؛ پرآورد ؛ آورد آمیز ؛ آورد کا -

Labourer, *n.* : (۱) محنت کرنے والا وغیرہ - (۲) مزدور -

Labourite, *n.* : مزدور پارٹی کا رکن یا موئید -

Labrador, *n.*, *L. dog* : ایک قسم کا کتا -

Labret, *n.* : ہڈی یا صدف کا ٹکڑا جو لب پر بطور زیور لگایا جاتا ہے -

Laburnum, *n.* : ایک قسم کا چھوٹا سا درخت جس میں شوخ زرد رنگ کے پھولوں کے گچھے آتے ہیں -

Labyrinth, *n.* : (۱) پر پیچ عمارت جس میں رہنما کے بغیر راستہ نہ مل سکے ؛ بھول بھلیاں - (۲) (تشریح) کان کا اندرونی چکر ؛ حلزون ؛ اذن - (۳) پیچیدگی ؛ پیچدار ترتیب - (۴) الجھا ہوا معاملہ ؛ گورکھ دھندا -

labyrinthine, *a.* : پر پیچ ؛ پیچیدہ ؛ پیچ دار -

Labyrinthodon, *n.* : متحجر بحری جانور جن کے دانتوں کی ساخت پر پیچ ہوتی ہے -

Labyrinthodont, *n. & a.* : (۱) پر پیچ ساخت کے (دانتوں والے متحجر بحری جانور) - (۲) معقد الاسنان ؛ پیچ دندان (ج) -

Lac, *n.* : (۱) لاکھ - (۲) برتن جس پر لاکھ کا روغن ہو ؛ لک پھرا ہوا برتن -

Lac, Lakh, *n.* : سو ہزار ؛ لاکھ -

Lace, *n.* : (۱) ڈوری ؛ فیتہ ؛ تسمہ ؛ بند - (۲) کلا بتوں کا حاشیہ ؛ ٹیماون ؛ لیس ؛ جھالر - (۳) لیس کا کپڑا (سادہ یا زرتار کا) -

l.-glass : شیشہ جس میں جالی کٹی ہو -

l.-pillow : گدی جو لیس وغیرہ بنانے والے گھٹنوں پر رکھتے ہیں -

lacy, *a.* : فیتہ دار ؛ جھالر دار ؛ لیس دار -

Lace, *v. t. & i.* : (۱) (جوتے وغیرہ کے) فیتے یا تسمے باندھنا - (۲) محرم کی ڈوریاں کھینچ کر کمر کسنا - (۳) کمر کو کس کر تنگ کرنا - (۴) لیس بنانا ؛ کلابتوں ' زر بفت وغیرہ کا کام کرنا ؛ (کپڑے پر) جھالر لگانا ؛ ٹیماون لگانا - (۵) (through کے ساتھ) ڈوری وغیرہ پرونا ' ڈالنا - (۶) (پھول میں) رنگ برنگ کی دھاریاں ڈالنا - (۷) چابک ' کوڑے یا درے لگانا ؛ تازیانہ مارنا ؛ پیٹنا - (۸) مشروبات میں روح شراب وغیرہ ملا کر ان کو تیز کرنا یا چاشنی دینا -

lacing, *n.* : (۱) فیتے باندھنا ؛ جھالر لگانا وغیرہ - (۲) لیس ؛ جھالر - (۳) لیس کا ٹکڑا - (۴) زر بفت ؛ کلابتوں وغیرہ کا کام

Lacerate, *v. t.* : (۱) (عضو ' گوشت یا نسیج کو) چیرنا ؛ پھاڑنا ؛ ٹکا بوٹی کرنا - (۲) (دل کو) پاش پاش کر دینا ؛ (کلیجہ) چھلنی کر دینا ؛ (احساسات کو) مجروح کرنا ؛ صدمہ پہنچانا ؛ اذیت دینا -

lacerable, *a.* : جراحت پذیر -

lacerate, *a.* : مجروح ؛ پاش پاش ؛ خستہ جگر -

lacerative, *a.* : چیرنے پھاڑنے والا ؛ دلدوز ؛ دلخراش -

laceration, *n.* : چیر پھاڑ ؛ خستہ جگری ؛ دل آزاری ؛ ایذا رسانی -

Lacertian, -tine, *aa.* : (۱) چھپکلی کا ؛ چھپکلی سا ؛ چلپاسہ نما -

Lacet, *n.* : کلابتوں کا کام -

Laches, *n.* : (قانون) (۱) عدم تعمیل ؛ عدم پیروی ؛ دعوے یا مطالبے میں غفلت - (۲) غفلت مستلزم سزا ؛ غفلت مجرمانہ -

Lachryma Christi, *n.* : جنوبی اطالیہ کی نہایت تیز و شیریں سرخ شراب ؛ (لفظی معنی) اشک مسیح -

Lachrymal, *a. & n.* : (۱) آنسوؤں کا ' آنسوؤں سے متعلق ؛ دمعی ؛ سرشکی - (۲) (L. vase) = اشکدان ؛ وہ ظرف جس میں آنسو جمع کئے جاتے ہیں - (۳) (جمع) دمعی غدود ' نالی ' شریان وغیرہ -

l. canal, duct, gland : (تشریح) دمعی غدود ' نالی ' شریان وغیرہ -

Lachrymation, *n.* : آنسو بہانا ؛ اشک فشانی ؛ اشک باری -

Lachrymatory, *a. & n.* : (۱) آنسوؤں کا ؛ دمعی - (۲) معرک اشک فشانی ؛ موجب اشک باری ؛ رقت خیز - (۳) (قدیم روما) اشک دان ؛ آنسو جمع کرنے کا برتن (قدیم رومی قبروں میں یہ برتن بر آمد ہوئے ہیں جن کی نسبت خیال ہے کہ ان میں آنسو جمع کئے جاتے تھے) -

l. shell : وہ گولا جس کی گیس سے آنسو بہنے لگتے ہیں -

Lachrymose, *a.* : (۱) اشک آلودہ ؛ آب دیدہ - (۲) آنسو بہانے والا ؛ بات بات پر رونے والا -

lachrymosely, *adv.* : آنسو بہاتے ہوئے -

Laciniate,-ated, *aa.* : (نباتیات و حیوانیات) قاش دار ؛ دندانے دار ؛ جھالر دار -

Lack, *n. & v. i. & t.* : (۱) کمی ؛ قلت ؛ کوتاہی ؛ محتاجی ؛ نہ ہونا - (۲) کمی ہونا ؛ محتاج ہونا ؛ نہ رکھنا ؛ خالی ہونا - (۳) (فعل میں صرف زمانۂ جاریہ یا نا تمام کے صیغوں میں مستعمل ہے) نہ ہونا (مثلاً money was lacking) -

lackland : وہ شخص جس کے پاس [illegible] نہ ہو ؛ بے ملک ؛ بے زمین -

lack-lustre : [illegible] دھندلا ؛ ماند ؛ بے آب ؛ بے چمک ؛ بے نور (آنکھ وغیرہ) -

Lackadaisical, *a.* : نا توانی کا اظہار کرنے والا ؛ مصنوعی نزاکت کا ؛ بناوٹ کا ؛ ناز و انداز کا ؛ نخرے کا ؛ رقت آگیں ؛ بندۂ جذبات -

lackadaisically, *adv.* : نا توانی کا اظہار کرتے ہوئے ؛ مصنوعی نزاکت سے ؛ نخرے سے ؛ ناز و انداز سے وغیرہ -

lackadaisicalness, *n.* : مصنوعی نزاکت ؛ اظہار نا توانی ؛ بناوٹ ؛ ناز و انداز ؛ رقت طاری ہونے کی حالت ؛ جذبات سے بہت جلد متاثر ہوجانا -

Lacker : دیکھو Lacquer -

Lackey, Lacquey, *n. & v. t.* : (۱) (عموماً وردی پوش) ہر کارہ ؛ خدمت گار ؛ خادم ؛ شاگرد پیشہ ؛ ٹہلوا - (۲) خوشامدی آدمی ؛ خوشامد خورا ؛ طفیلی ؛ کاسہ لیس - (۳) در بار داری کرنا ؛ جوتے اٹھانا ؛ خوشامد کرنا ؛ کاسہ لیسی کرنا -

Laconic, *a.* : (۱) مختصر - (۲) مختصر اور پر مغز ؛ نپا تلا ؛ قل و دل - (۳) اختصار پسند وغیرہ (مقرر ؛ انشا پرداز) -

laconically, *adv.* : ایجاز سے ؛ اختصار سے ؛ مختصر اور پر مغز انداز میں -

laconicism, *n.* : ما قل و دل ؛ مختصر بات ؛ [illegible] اور پر مغز بات -

Laconism, *n.* : (۱) (تقریر کا) اختصار ؛ ایجاز - (۲) مختصر اور پر معنی کلام -

Lacquer, Lacker, *n. & v. t.* : سنہری روغن جو چپڑا لاکھ کو روح شراب میں حل کرکے تیار کیا اور پیتل وغیرہ پر لگایا جاتا ہے ؛ بیروزہ دار روغن جو لکڑی وغیرہ پر لگایا جاتا اور بہت محنت سے مجلا کیا جاتا ہے (بالخصوص Japanese l. جاپانی روغن) - (۲) اشیا جن پر مذکورۂ بالا روغن لگایا گیا ہو - (۳) (یہ) روغن لگانا یا پھیرنا -

Lacquey : دیکھو Lackey -

Lacrim-, lacrym- : دیکھو Lachrym -

Lacrosse, *n.* : شمالی امریکا کا ہاکی کے مانند کھیل -

Lactation, *n.* : (۱) دودھ پلانا - (۲) (حیوانات کے جسم میں) دودھ کی پیدائش -

Lacteal, *a. & n.* : (۱) دودھ کا ؛ متعلق بہ شیر ؛ دودھیا ؛ لبنی ؛ دودھ سا ؛ شیر نما ؛ کیلوس دار - (۲) (جمع) عروق امعا جن میں سے کیلوس گزرتا ہے ؛ مجرائے کیلوس -

Lactescence, *n.* : (۱) دودھیا پن ؛ شیر نمائی - (۲) شیر نما عرق ؛ کیلوس -

Lactescent, *a.* : (۱) دودھ جیسا ؛ شیر نما - (۲) شیر دار ؛ کیلوس دار -

Lactic, *a.* : (کیمیا) دودھ کا -

l. acid : لبنی ترشہ (جو کھٹے دودھ میں پیدا ہوجاتا ہے) -

lactate, *n.* : لبنی ترشہ کا ایک مرکب -

Lactiferous, *a.* : دودھ یا دودھ کا سا عرق پیدا کرنے والا ؛ شیر دار ؛ کیلوس دار -

Lacto-. (سابقہ) بمعنی دودھ ؛ مثلاً :-

lactoprotein : دودھ کا البیومینی جز -

lactometer, lactoscope : آلہ جس سے دودھ کے خالص ہونے کا امتحان کیا جاتا ہے ؛ شیر پیما ؛ معیارالّلبن ؛ دودھ کسوٹی -

Lactose, *n.* : ایک قسم کی شکر جو دودھ میں پائی جاتی ہے ؛ لبنی شکر -

Lacuna, *n.* (pl.-ae,-as) : (۱) خلو ؛ خلل ؛ رخنہ ؛ چھوٹی ہوئی جگہ ؛ خالی جگہ - (۲) قعر ؛ گڑھا ؛ جوف (ہڈی یا اعصاب میں) -

lacunal, lacunar, lacunary, lacunose, *aa.* : رخنے کا ؛ جوف کا ؛ رخنہ دار ؛ جوف دار ؛ مقعر -

Lacustrine, *a.* : جھیل کا ؛ جھیل سے متعلق ؛ جھیل میں رہنے یا پیدا ہونے والا ؛ غدیری -

l. age : وہ زمانہ جب لوگ جھیلوں پر بود و باش رکھتے تھے ؛ تال جگ ؛ عصر غدیری -

Lad, *n.* : (۱) لڑکا ؛ چھوکرا ؛ لونڈا ؛ امرد ؛ طفل - (۲) شخص ؛ آدمی -

laddie, *n.* : (Lad کا تصغیر اور پیار کا طرز تخاطب) لڑکا ؛ چھوکرا ؛ لونڈا -

Ladder, *n. & v. i.* : (۱) سیڑھی ؛ زینہ ؛ نردبان ؛ مرقات - (۲) جراب وغیرہ میں کھڑا رخنہ ؛ موزہ کا کھڑا تار نکل جانا - (مجازاً) دنیاوی ترقی یا حصول مقصد کا ذریعہ ؛ وسیلۂ ترقی

l.-dredge : پانی کے اندر سے کیچڑ یا ریت کھود کر نکالنے کا آلہ جس کے ساتھ سیڑھی کی شکل کی زنجیر لگی ہوتی ہے اور زنجیر پر ڈول بندھے ہوئے ہوتے ہیں ؛ کیچرھٹ (کیچڑ + رھٹ) (ج) -

l.-stitch : کشیدے میں جلیبائی دوخت -

kick down the l. : جس شخص کے یا چیز کے ذریعہ آدمی ترقی کرے اس سے بے وفائی کرنا ؛ جس سیڑھی سے چڑھنا اسے لات مارنا -

Lade, *v. t.* (p.p. laden) : لادنا ؛ بوجھ رکھنا ؛ جہاز پر مال چڑھانا ؛ اسباب بھرنا ؛ بار کرنا -

lading, *n.* : بوجھ ؛ بار ؛ مال ؛ اسباب -

laden, *a.* : (۱) لدا ہوا (جانور ؛ درخت) ؛ لدی ہوئی (گاڑی ؛ کشتی) - (۲) (گناہ وغیرہ کے بوجھ سے) گراں بار ؛ دبا ہوا -

La-di-da, *a. & n.* : (۱) شیخی خور ؛ ڈینگیا ؛ اکڑ باز ؛ اٹھلانے والا ؛

چبا چبا کے بات کرنے والا - (۲) شیخی ؛ تعلی ؛ لافزنی ؛ اکڑ ؛ اٹھلانا ؛ چبا چبا کے بات کرنا -

Ladin, *n.* : ایک قسم کی رومی بولی جو جنوب مشرقی سوئیستان (سوئزرلینڈ کے) بعض حصوں اور ٹرول میں بولی جاتی ہے -

Ladle, *n.* & *v. t.* : (۱) پلی ؛ ڈوئی ؛ بڑا چمچمہ - (۲) پلی سے نکالنا -

ladleful, *n.* : پلی بھر ؛ ڈوئی بھر -

Lady, *n.* : (۱) فرمانروا عورت : ملکہ ؛ رانی (سوائے ذیل کے فقروں کے صرف نظم میں *l. of the manor, our sovereign l.*) - (۲) معشوقہ ؛ محبوبہ - (۳) حضرت مریم عذرا - (۴) خاتون ؛ بیگم ؛ خانم ؛ بی بی (یعنی اونچے گھرانے والی عورت) - (۴) گھر والی ؛ صاحبۃ البیت - (۵) خاتون (تعظیماً ہر عورت کے لئے صیغۂ واحد میں صرف نظم میں بطور خطاب یا عامیانہ ؛ لیکن جمع میں مخاطبت کی عام شکل) ؛ معزز خاد مہ - (۶) لیڈی جو مارسلیس کاونٹس ، وائی کاونٹس اور بیرونس کے نام یا ڈیوک مارکوئس اور ارل کی بیٹی کے مسیحی نام یا رسمی خطاب والے کی بی بی کے مسیحی نام یا بیرونٹ اور نائٹ کی بی بی کے لئے اس کے شوہر کے خاندانی نام کے پہلے استعمال کیا جاتا ہے نیز مرکب خطاب میں بھی استعمال ہوتا ہے - (۷) بیوی ؛ زوجہ (مثلاً *your good l.*) -

Ladies : عورتوں کا بیت الخلا -

Ladies' chain : ایک قسم کے ناچ (quadrille) کی ایک صورت -

Ladies' gallery : دارالعوام میں عورتوں کی گیلری -

lady-bird : بادامی رنگ کا بھونرا جس پر سیاہ چتیاں ہوتی ہیں -

L. Bountiful : فارکوھر کی کتاب Beaux's Stratagem کا ایک کیرکٹر ؛ (تلمیحاً) نہایت فیاض اور مخیر خاتون -

l.-chair : زخمیوں وغیرہ کے لئے ڈولی جو دو آدمیوں کے ایک دوسرے کا ہاتھ چلیپا وار پکڑنے سے بنتی ہے ، قینچی -

L.-chapel : بڑے گرجا کا معبد جو حضرت مریم کے نام سے منسوب ہوتا ہے ؛ معبد عذرا -

l. clerk : محررہ -

L.-Day : عید البشارت (۲۵ - مارچ) ، یوم عذرا -

l. doctor : طبیبہ ؛ ڈاکٹرنی -

l.-fern : اونچا اور پتلا فرن -

l.-in-waiting, l. of bedchamber : ملکۂ انگلستان کی مصلدار یا مصاحبہ -

l.-killer : عورتوں کا دل موہ لینے میں سرگرداں ؛ کنھیا -

l.-love : معشوقہ ؛ محبوبہ -

L. Mayoress : صدر بلدیہ کی بیوی -

my l. : (خصوصاً نوکروں کا طریق تخاطب لیڈی کا خطاب رکھنے والی سے) بیگم صاحبہ -

painted l. : ایک قسم کی تتلی -

l. president : صدر نشین عورت ؛ رئیسہ -

L.'s bedstraw : دیکھو Bed -

l.'s companion : تلے دانی -

L.'s cushion : پہاڑی کائی نما پودا ؛ گچھے دار پودا -

L.'s finger : بھنڈی -

L.'s laces : ایک قسم کی گھانس جس پر رنگ برنگ کی دھاریاں ہوتی ہیں -

l.'s maid : خواص -

l.'s man, ladies' man : عورتوں کی صحبت پسند کرنے والا مرد ؛ زن پسند -

L.'s mantle : ایک گلاب نما پودا -

L.-smock : ایک قسم کا پھول -

L.'s slipper : جنگلی یا چمنی پودا جس کے پھول زرد رنگ کی تھیلیوں کی طرح یا پاپوش نما ہوتے ہیں -

L.'s tresses : ایک قسم کا آرقید (ایک پودا) ؛ گانٹھ دار پودا جس کے پھول بہت خوش رنگ ہوتے ہیں -

Our L. : حضرت مریم عذرا -

our sovereign l. : ملکۂ معظمہ -

ladyhood, *n.* : خاتون یا بیگم ہونا ؛ شریف عورتوں کے اطوار و خصائل ، شرافت -

Ladyfy, -ify, *v. t.* : (۱) بیگم یا خاتون بنانا - (۲) بیگم یا خاتون کہہ کر خطاب کرنا -

ladified, *a.* : بیگم یا خاتون بننے والی ؛ بیگموں کا سا ٹھسا رکھنے والی -

Ladylike, *a.* : (۱) بیگموں کے عادات و اطوار والی ؛ خاتون صفت ؛ بیگمانہ - (۲) زنانہ ؛ زن صفت ؛ زن مزاج - (۳) بیگموں کے شایان ؛ بیگماتی -

Ladyship, *n.* : (۱) خاتون ہونا ؛ بیگم ہونا - (۲) خطاب یافتہ خاتون کے لئے استعمال کیا جاتا ہے (مثلاً *your l.* = تم ، حضور ، آپ ؛ *her l.* = وہ ، بیگم صاحبہ ؛ *their ll.* = وہ بیگمات) -

L(a)evo- : (سابقہ بمعنی) گردش چپ کا ؛ گردش یساری کا (بالخصوص ان کیمیائی اصطلاحات میں مستعمل ہے جو سطح تقطیب کی بائیں جانب کی گردش سے تعلق رکھتی ہے) -

l(a)evo-rotatory or *l(a)evo-gyrous* : مقطب نور کی سطح کو بائیں جانب گردش میں لانے والی ؛ چپ گرداں -

l(a)evo-compound : وہ مرکب جس میں مذکورہ بالا خاصیت موجود ہو ؛ چپ گرداں مرکب -

l(a)evo-glucose : دیکھو L(a)evulose -

L(a)evulose, *n.* : (کیمیا) ایک قسم کی پھل کی شکر جو چپ گرداں ہوتی ہے -

Lag, *v. i.* & *n.* : (۱) بہت آہستہ چلنا ؛ پیچھے رہ جانا ؛ دھیرے دھیرے حرکت کرنا - (۲) (طبیعیات) برقی رو یا حرکت کا ابطاء ؛ تاخر -

l. of tide : مد و جزر کی وہ تاخیر جو اوسط وقت کے لحاظ سے چاند کے ربع اول و ثالث میں واقع ہوتی ہے ؛ مد و جزر کا تاخر -

laggard, *n.* & *a.* : وہ شخص یا چیز جو پیچھے رہ جائے ؛ سست رفتار ؛ مٹھا ؛ پھسڈی -

lagger, *n.* : آہستہ چلنے والا ؛ سست رفتار ؛ دھیما -

lagging, *a.* : سست رفتار ؛ دھیما ؛ پیچھے رہ جانے والا -

Lag, *v. t.* & *n.* : (عامیانہ) (۱) قید ؛ گرفتار ، محبوس ، اسیر یا ماخوذ کرنا ؛ پکڑنا - (۲) قید محض کی سزا دینا ؛ کالے پانی بھیجنا - (۳) سزا یافتہ ؛ قیدی ؛ مجرم -

Lag, *n.* & *v. t.* : (۱) بوئلر (گرم آبے) وغیرہ کا غیر موصل ڈھکنا ؛ کسی غیر موصل چیز کا ٹکڑا یا پٹی - (۲) غیر موصل پٹیاں لگانا -

lagging, *n.* : غیر موصل پٹی -

Lagan, *n.* : (قانون) غرق شدہ اشیاء جو سمندر کی تہ میں پڑی

ھوں ؛ غرق شدہ مال ؛ تہ آب سامان -

Lager (beer), n. : ایک قسم کی ھلکی بیر یا بوزہ -

Lagoon, -une, n. : (۱) ساحلی جھیل ؛ کھارے پانی کا قطعہ جسے ریت کا نیچا کراڑا سمندر سے جدا کرتا ہو - (۲) جھیل جو مونگے کے ٹیلوں سے گھری ہو ؛ مرجانیہ -

Laic, a. & n. : (۱) غیر کلیسائی ؛ جو پادری نہ ہو ؛ دنیوی ؛ گرھستی ؛ غیر ماہرانہ - (۲) (کلیسا کے) باہر کا آدمی ؛ غیر عالم دین ؛ دنیادار ؛ عامی ؛ غیر ماہر (کسی فن خصوصاً قانون یا طب کا) -

laical : laic = معنی نمبر (۱) -

laically adv. : دنیادارانہ ؛ عامیانہ ؛ غیر ماہرانہ وغیرہ -

Laicize, v. t. : (۱) غیر کلیسائی یا دنیاوی بنانا ؛ عوام یا دنیاداروں کے سپرد کرنا (عہدے کا انتظام) ؛ دنیا داروں یا غیر ماہروں کے تقرر کی اجازت دینا (کسی عہدے پر) -

laicization, n. : اسم منکورۂ بالا معنوں میں -

Laid : دیکھو lay -

Lain : دیکھو lie -

Lair, n. & v. i. & t. : (۱) جانوروں کے لیٹنے یا آرام کرنے کی جگہ ؛ باڑا ؛ کھوک (وہ جس میں جانوروں کو بازار لےجاتے وقت بند کرتے ہیں) - (۲) جنگلی جانوروں کے رہنے کی جگہ ؛ ماند ؛ بھٹ - (۳) باڑے میں جانا ' آرام کرنا یا بند کرنا ؛ ماند یا بھٹ میں جانا ؛ آرام کرنا -

lairage, n. : جانوروں کو باندھنے کا محصول -

Laird, n. : اسکاچستان کا زمیندار یا تعلقدار -

lairdship, n. : زمینداری یا تعلقہ داری (اسکاچستان کی)

Lais, n. : شائستہ یا حسین طوائف -

***Laissez-aller*, n. :** کامل آزادی ؛ مطلق العنانی ؛ بےقیدی -

Laissez-faire, n. : سرکار کا انفرادی اعمال خصوصاً تجارت میں دخل دینے سے احتراز ؛ عدم مداخلت -

Laity, n. : (۱) غیر کلیسائیت ؛ دنیویت ؛ گرھستھ ؛ دنیاداری - (۲) دنیادار لوگ ؛ غیر کلیسائی جماعت ؛ عوام ؛ غیر ماہرین ؛ غیر پیشہ ور لوگ ؛ غیر اہل فن -

Lake, n. : پانی کا بڑا سا قطعہ جو خشکی سے گھرا ہو ؛ جھیل ؛ بحیرہ ؛ بڑا تال یا تالاب -

l. -dweller : قبل تاریخی زمانے میں جھیل گھروں میں رہنے والا ؛ جھیل باشی -

l. dwelling : جھیل میں پل کی طرح کھمبوں یا پایوں پر بنا ہوا گھر ؛ جھیل گھر -

l. land, l.-country, the Ll., the Lake District : جھیلوں کا علاقہ (ویسٹ مورلینڈ کمبرلینڈ اور لنکاشائر کا وہ حصہ جہاں جھیلیں کثرت سے ہیں) -

l. poets : جھیلوں کے علاقے کے شاعر کولرج ' سدے اور ورڈزورتھ جو جھیلوں کے علاقے کے رہنے والے تھے -

the Great L. : بحر عظیم (بحر اقیانوس مراد ہے) -

the Great Ll. : سپیریر ' ہیورن ' مشیگن ' ایری اور اونٹاریو جھیلیں جو ریاستہاے متحدہ اور کناڈا کی سرحد پر واقع ہیں -

lakeless, n. : بے جھیل -

lakelet, n. : چھوٹی جھیل ؛ تالاب ؛ تال ؛ تلیا -

Lake, n. : قرمزی رنگ جو ابتدا میں لاکھ سے بنایا گیا تھا اور اب کسی طرح مختلف چیزوں کے ملانے سے تیار کیا جاتا ہے -

Lakh : دیکھو Lac -

Lallation : Lambdacism

Lam, v. t. & i. : (سوقیانہ) پیٹنا ؛ مارنا ؛ بید لگانا ؛ کندی کرنا ؛ ہر سمت کرنا -

Lama, n. : تبت یا منگولیا کا بودھ ' پجاری ؛ لاماگرو -

***Dalai* or *Grand L.* :** تبت کا دلائی لاما یا بڑا لاما -

***Teshu L.* :** منگولیا کا تیشو لاما -

lamaism, n. : لاما کی پیروی -

lamaist, n. : لامائی ؛ لاما کا پیرو -

Lama : دیکھو Llama -

Lamarckian, a. & n. : لیمارکی ؛ پیروے لیمارک ؛ لامیاتی ارتقا کے متعلق لیمارک کے اس نظریے کو ماننے والا کہ عادت کی بناء پر فرد کی جسمانی ساخت میں نئی خصوصیات پیدا ہوجاتی ہیں اور یہ متوارث ہوتی ہیں - (۲) لیمارکی ؛ لیمارک کے نظریہ سے متعلق -

Lamasery, n. : لاماؤں کی خانقاہ یا مٹھ ؛ لاما مندر -

Lamb, n. & v.t. & i. : (۱) بھیڑ کا بچہ ؛ میمنا ؛ برہ ؛ حلوان - (۲) برے کا گوشت ؛ حلوان - (۳) کلیسائی جماعت کا کم سن رکن ؛ مسیح کے گلے کا میمنا - (۴) بھولا ' مسکین شخص ؛ اللہ میاں کی گاے ؛ گئو ؛ بھیڑ - (۵) پیارا ؛ پیار کے قابل - (۶) (صیغۂ مجہول) (برے کا) پیدا ہونا ؛ بچہ ہونا ؛ برہ پیدا کرنا ؛ بچہ دینا ؛ بیانا - (۷) بچہ کشی کے وقت بھیڑوں کی خبر گیری کرنا -

***as well be hanged for a sheep as for a l.* :** گناہ کرنا ہے تو دل کھول کر کرو ؛ گنہگار بننا ہے تو پھر کوئی کسر کیوں رہ جاے -

***l.'s -fry* :** برے کا تلا ہوا کپورا -

***lambskin* :** برے کی کھال یا چمڑا ؛ میشا

***l.'s-tails* :** فندق کے دم نما پھول -

***l.'s-wool* :** برے کی اون یا پشم -

***like a l.* :** چپ چاپ ؛ بے کان ہلاے -

***The L. (of God)* :** خدا کا برہ (حضرت عیسی) -

***wolf, fox, in l.'s skin.* :** رنگا سیار ؛ بھیڑ کے پردے میں بھیڑیا ؛ ریاکار -

lamber, n. : (۱) وہ شخص جو جننے کے وقت بھیڑ کی خبر گیری کرتا ہے ؛ گڈریا - (۲) بچہ جننے والی بھیڑ -

lambhood, n. : برگی ؛ میمناپن -

lambkin, n. : (۱) چھوٹا سا برہ - (۲) نازک اندام شخص یا بچہ -

lamblike, a. : بھولا ؛ بے زبان گئو ؛ حلیم الطبع -

Lambaste, v. t. : (مقامی) مارنا پیٹنا -

Lambda, n. : لیمڈا ؛ یونانی حرف جو انگریزی میں "L" اور اردو میں "ل" کا مترادف ہے ' اس طرح (Λ) لکھا جاتا ہے -

***l. moth* :** ایک قسم کا پتنگا جس کے پروں پر Λ کا نشان بنا ہوا ہوتا ہے -

La(m)bdacism, n. : (۱) "ر" کا تلفظ "ل" کی طرح ادا کرنا - (۲) تقریر یا تحریر میں "ل" کا کثرت استعمال - (۳) "ل" کا ناقص تلفظ ادا کرنا -

Lambdoid, Lambdoidal, aa. : Λ کی شکل کا -

***l. suture* :** سر کے پچھلے حصے اور کھوپری کی دونوں ھڈیوں کا جوڑ -

Lambent, a. : (۱) (شعلہ یا روشنی) (سطح پر اس کو جلاے بغیر) لپکتا ہوا ؛ سبک تاب (ج) - (۲) (آنکھیں ، وغیرہ) دھیمی روشن ؛

منور - (۳) (آسمان وغیرہ) رخشان؛ منور - (۴) (ظرافت وغیرہ) با مزہ ؛ نمکین -

lambency, *n.* : لہک (روشنی کی) ؛ سبک تابی ؛ سبک رخشی -

lambently, *adv.* : سبک تابی سے ؛ سبک رخشی سے -

Lambeth, *n.* : (۱) کنٹربری کے اسقف اعظم کا قصر جو لیمبتھ میں واقع ھے- (۲) کنٹربری کا اسقف اعظم کلیسا کے نمائندے کی حیثیت سے-

Lambrequin, *n.* : (۱) چھوٹا سا پردہ جو دروازے یا کھڑکی کے بالائی حصہ پر پڑا رہتا ھے یا آتش دان کے روکار (mantelpiece) سے لٹکتا رہتا ھے -

Lame, *n. & v. t.* : (۱) لنگڑا ؛ لولا ؛ لنجا ؛ لنگ ؛ اعرج - (۲) (دلیل یا عذر) لنگ ؛ نا معقول ؛ مہمل ؛ نا قابل قبول ؛ (بیان) غیر تشفی بخش ؛ بودا ؛ پھسپھسا ؛ (بحر) جس میں روانی نہ ھو - (۳) (مصرعہ) جس میں سکتہ ھو - (۴) لنگڑا یا لولا کر دینا ؛ بگاڑ دینا ؛ نکما کر دینا -

l. duck : دیکھو Duck -

l. excuse : عذر لنگ -

lamely, *adv.* : لنگڑا کر ؛ غیرتشفی بخش طریقہ سے ؛ بودے یا پھسپھسے طور سے -

lameness, *n.* : لنگڑا پن ؛ لنگ ؛ نا معقول ھونا ؛ غیر تشفی بخش ھونا -

lamish, *a.* : کسی قدر لنگڑا -

Lame, a. & n. : (فرانسیسی) زر بفت -

Lamella, n. (pl. -ae) : ورق ؛ پرت ؛ تہ ؛ چھلکا ؛ غشا ؛ پتری -

lamellose, -ated, lamellate, lamellar, *aa.* : پرت دار ؛ پتری دار -

lamelli- : سابقے کے طور پر استعمال ھوتا ھے مثلاً Lamelliferous بمعنی ورق دار ، پرت دار ، پتری دار -

ament, *n. & v. t. & i.* : (۱) زاری ؛ گریہ ؛ نالہ ؛ شیون ؛ فغاں ؛ فریاد ؛ ماتم ؛ واویلا - (۲) نوحہ ؛ مرثیہ - (۳) رونا ؛ پیٹنا ؛ نالہ ، فغاں ، فریاد ، شیون یا نوحہ کرنا ؛ واویلا ، غم ماتم یا افسوس کرنا -

lamented, *a.* : (مردوں کے متعلق) مرحوم (مثلاً the late lamented) -

Lamentable, *a.* : (۱) (قدیم) غم زدہ ؛ محزون - (۲) قابل افسوس ؛ افسوس ناک -

lamentably, *adv.* : افسوس ناک طور پر -

Lamentation, *n.* : گریہ ؛ ماتم ؛ فریاد ؛ رونا پیٹنا -

Lamia, *n.* : (یونانی دیو مالا) ایک ڈائن جس کا سر اور سینہ عورت کا اور جسم اور دم سانپ کی ھوتی ھے اور جو انسان کو مسحور کرکے مار ڈالتی ھے -

Lamina, n. (pl. -ae) : پتری ؛ ورق ؛ طبق ؛ تہ ؛ غشا ؛ قشر ؛ چھلکا ؛ پرت -

laminar, *a.* : پتری دار ؛ ورق دار ؛ پرت دار ؛ پترے کی طرح -

laminose, *a.* : ورق دار ؛ پتری دار -

Lamini- : سابقہ کے طور پر استعمال ھوتا ھے (مثلاً Laminiform ورق سا ، پترے کی طرح) -

Laminate, *v. t. & i.* : (۱) پترے بنانا یا بننا - (۲) ورق اتارنا یا اترنا ؛ تہوں یا اوراق میں تقسیم کرنا یا ھونا - (۳) پترے جوڑ کر (۴) پترے یا تہیں جما کر تیار کرنا -

laminate, *a.* : ورق دار ؛ ورق سا وغیرہ -

lamination, *n.* : ورق سازی ؛ ورق داری ؛ کوئی ورق دار ساخت -

Lammas, *n.* : اگست کی پہلی تاریخ (پہلے اس تاریخ کو انگلستان میں فصل کٹنے کا جشن منایا جاتا تھا) ؛ فصلی جشن -

latter L. : فرضی تاریخ ؛ کبھی نہ آنے والا دن ؛ کالی جمعرات -

Lammergeyer, *n.* : ریش دار کرگس جو یورپ کا سب سے بڑا شکاری پرندہ ھے -

Lamp, *n. & v. i. & t.* : (۱) چراغ ؛ دیا ؛ دیپک ؛ قندیل ؛ سراج ؛ مشعل ؛ مصباح ؛ فانوس ؛ لیمپ - (۲) (مجازاً) سورج ؛ چاند ؛ ستارہ - (۳) مشعل ہدایت ؛ چراغ راہ ؛ امید وغیرہ کا سرمایہ - (۴) چمکنا ؛ روشن ھونا - (۵) چراغ مہیا کرنا ؛ روشنی کرنا ؛ منور کرنا -

l. black : دئے کی کالک ؛ کاجل ؛ دود چراغ -

l.-chimney : کانچ کا استوانہ جو چراغ کے شعلہ کے گرد رھتا ھے ؛ حباب ؛ چمنی -

lamplight : چراغ کی روشنی -

l.-lighter : چراغ روشن کرنے والا ؛ دیا جلاؤ -

l.-post : لالٹین یا قندیل کا کھمبا -

like a l.-l. : تیزی سے ؛ عجلت سے -

pass, hand, on the l. : علم وغیرہ کی ترقی کے متعلق اپنا فرض ادا کرنا -

safety l. : محفوظ چراغ یا لیمپ (اس چراغ سے کوئلے کی کان میں کام لیتے ھیں تاکہ کان کے اندر اشتعال پذیر گیسوں میں آگ لگنے کا خدشہ نہ رھے) -

smell of the l. : تیل کی بو آنا ؛ مطالعہ شبینہ کا پتہ دینا ؛ طرز تحریر میں آورد کا پایا جانا -

spirit l. : چراغ جس میں روح شراب جلتی ھے ، روح شراب کا چراغ -

lampless, *a.* : بے چراغ -

Lampas, *n.* : (۱) گھوڑے کے ایک مرض کا نام - (۲) تالو کی سوجن -

Lampas, *n.* : پھول دار ریشمی کپڑا جو پہلے پہل چین میں تیار ھوا تھا -

Lampion, *n.* : قمقمہ ؛ تونبڑی -

Lampoon, *n. & v. t.* : (۱) ھجو تبیح - (۲) خاکہ اڑانا ؛ ھجو تبیح لکھنا -

lampooner, *n.* : مذمت کرنے والا ؛ ھاجی ؛ ھجو گو -

lampoonist, *n.* : ھجو باز -

Lamprey, *n.* : بام کی شکل کی مچھلی جس کا منہ اور گلپھڑے تھیلیوں کی طرح ھوتے ھیں ان کے دونوں جانب سات منافذ اور سر کے اوپر ایک نالی ھوتی ھے ؛ سنگ لیس مچھلی ؛ تنبو مچھلی ؛ موریند -

Lancastrian, *a. & n.* : (۱) لنکاسٹری ؛ جان آف گانٹ یا ڈیوک آف لنکاسٹر کے خاندان کا - (۲) خاندان مذکور کا رکن یا موئید - (۳) لنکاشائر یا لنکاسٹر کا ؛ ان مقامات کا باشندہ -

Lance, *n.* : (۱) نیزہ ؛ برچھا ؛ بھالا ؛ برچھی ؛ سنان ؛ وھیل مچھلی کے مارنے کا برچھا - (۲) (جمع) نیزہ باز ؛ نیزہ بردار -

l.-corporal, l.-sergeant : فوج کا ادنی عہدہ دار جو سپاھی کی تنخواہ پاتا اور نائک کا کام کرتا ھے ؛ ایلچی نائک -

l.-fish : نیزہ مچھلی (ج) -

l.-snake : امریکا کا ایک زھریلا سانپ جس کا سر نیزہ کی طرح

هوتا هے؛ نیزۂ سانپ (ج) -

lancewood : ایک قسم کی مضبوط لچک دار لکڑی جس سے دھرے اور کمانیں وغیرہ بنتی هیں اور جزائر غرب الهند میں پائی جاتی هے -

Lance, *v.t.*: (۱) (شعر) (برچھی؛ تیر وغیرہ) پھینکنا ؛ چلانا - (۲) (جراحی) نشتر دینا - (۳) بھالا ؛ برچھا مارنا ؛ نیزہ چلانا

Lancelet, *n.*: ایک مچھلی جو اصلی ریڑھ دار جانداروں کی ادنیٰ ترین قسم هے -

Lanceolate, *a.*: بھالے کی شکل کا؛ دونوں جانب گاؤدم ؛ نیزہ نما -

Lancer, *n.*: (۱) رسالے کا سپاهی جو نیزہ سے مسلح هو؛ نیزہ بردار ؛ برچھیت؛ نیزہ باز - (۲) (جمع) ایک قسم کا ناچ- (۳) اس ناچ کے ساتھ کا ساز -

Lancet, *n.*: (۱) آلۂ جراحی جو بالعموم دو دھارا اور نکیلا هوتا هے؛ نشتر-(۲) نشتری دریچہ یا محراب (L.arch, light, window)-

lanceted, *a.*: نشتری دریچہ یا طاق والا -

Lancinating, *a.*: (درد) سخت ؛ شدید؛ جس میں ٹیس اٹھے-

Land, *n.*: (۱) خشکی؛ بر - (۲) زمین؛ دھرتی ؛ بوم ؛ پرتھی ؛ ارض ؛ کھیتی - (۳) ملک ؛ دیس ؛ اقلیم ؛ ولایت ؛ سر زمین ؛ خطہ (جمع) ریاست ؛ مملکت ؛ سلطنت؛ کشور - (۵) زمینداری ؛ بھوم ؛ حق ؛ جائداد (بصیغۂ جمع) ؛ اراضی ؛ تعلقہ ؛ علاقہ ؛ جاگیر- (۶) کیاری؛ قطعہ؛ تختہ-(۷) بندوق کی کوٹھی؛ خزانۂ تفنگ -

bad landfall : زمین کا جهاز راں کے اندازے کے خلاف نظر آنا؛ حساب کے خلاف رویت زمین -

good landfall : زمین کا اسی مقام پر نظر آنا جس کا جهاز راں نے اندازہ کیا هو ؛ حساب کے مطابق رویت زمین -

how the l. lies : معاملے کی کیا صورت هے ؛ صورت حال کیا هے-

L. -agent : مختار ؛ کارندہ (جاگیر یا علاقے کا)؛ دلال (زمین کا)-

L. -agency : مختاری ؛ دلالی (زمین کی) -

l.-bank: وہ بنک جو زمین کی ضمانت پر نوٹ جاری کرتا هے ؛ زمیندارہ بنک -

l. -breeze : وہ هوا جس کا رخ زمین سے سمندر کی جانب هوتا هے؛ نسیم بری -

l. -carriage : خشکی کے راستے سے حمل و نقل؛ بری حمل و نقل -

l. -crab : بری کیکڑا ؛ کرک یا سرطان (ایک قسم کا کیکڑا جو زمین پر رهتا هے لیکن سمندر میں انڈے دیتا هے) -

landfall : بحری سفر میں جهاز پر سے زمین کا پہلی مرتبہ نظر آنا ؛ رویت زمین -

l. -force(s) : بری فوج ؛ عساکر بریہ -

l. -girls : لڑکیاں جو جنگ عظیم کے زمانے میں کھیتی باڑی کا کام کرتی تھیں -

l. -grabber : (۱) غاصب زمین- (۲) آئرلینڈ میں وہ شخص جو بے دخل کئے هوئے آسامیوں کی زمین حاصل کرے-

landholder : زمیندار ؛ پٹہ دار آسامی ؛ جوتا -

l. -hunger : جوع الارض ؛ زمین کا هوکا -

l. -hungry : جسے زمین کا هوکا هو -

l. -jobber : زمین کا سٹا کرنے والا -

landlady : عورت جو سرائے ؛ طعام خانے ؛ مکان یا زمین کی مالک هو؛ سرائے دارنی؛ بھٹیارن؛ مکان دارنی؛ زمیندارنی؛ چودھرائن-

l -law : (عموماً جمع) قانون اراضی -

L.- League : مجلس اراضی ؛ جمعیت مزارعین (سنہ ۱۸۷۹ ع میں آئرلینڈ کے مزارعین نے اس نام سے ایک انجمن قائم کی تھی جس کا مقصد لگان کی تخفیف اور کسانوں کو حقوق ملکیت وغیرہ دلوانا تھا) -

l. -locked : جو زمین سے تقریباً یا بالکل گھرا هوا هو ؛ زمین بند (ج) ؛ زمین سے محصور -

landlord : سرائے ؛ مکان وغیرہ کا مالک ؛ زمیندار ؛ جاگیردار ؛ مکان دار ؛ مالک مکان ؛ سرائے دار -

l. -lubber : (بحری) وہ شخص جو سمندر اور جهازوں سے ناواقف هو ؛ زمین کا بیل (جهازران یہ لفظ از راہ تضحیک خشکی پر زندگی بسر کرنے والوں کے لئے استعمال کرتے هیں) -

landmark : (۱) ملک ؛ جاگیر ؛ وغیرہ کی سرحد کا نشان؛ سوانا ؛ حدنما ؛ کوئی مشهور چیز جو کسی علاقے کا امتیازی نشان هو - (۲) (تاریخ وغیرہ میں) دور آفرین واقعہ (یعنی ایسا واقعہ جس سے نئے دور یا انقلاب کا آغاز هو) -

l. of cakes : کیکوں کا ملک (اسکاٹلینڈ مراد هے) -

l. of promise : ارض موعودہ (کنعان مراد هے) ؛

l. of the leal : بهشت ؛ جنت ؛ فردوس ؛ خلد -

l. of the living : زندوں کی سر زمین ؛ دنیا ؛ زندگی -

landowner : مالک زمین؛ زمیندار -

landrail : جزائر برطانیہ کا ایک پرندہ جو غلوں کے کھیتوں میں هوتا هے -

l. -service : لازمی فوجی خدمت بری فوج میں -

l. -shark: خشکی کا ٹھگ جس کی گذر اوقات جهازرانوں کے ٹھگنے پر هو-

l. -sick : (بحری اصطلاح میں وہ جهاز) جو زمین کے قریب هونے کی وجہ سے اچھی طرح نہ چلتا هو -

l. slide : (۱) هبوط ارض- (۲) (امریکا میں)سیاسی شکست فاش -

ladslip : پهاڑ وغیرہ کے ٹکڑے کا کٹ کر گرنا -

landsman : غیر جهاز رانی ؛ بری (خشکی کا باشندہ) -

l. -swell : ساحل کے قریب پانی کا تموج ؛ موجۂ ساحل -

l. -tax : محصول اراضی؛ جمع ؛ لگان؛ مالگذاری-

l. -tie : شهتیر یا ستون جو دیوار وغیرہ کو زمین پر سهارا دیئے هوئے هو ؛ ارواژ ؛ ٹیکن ؛ تھونی -

l. -wind : = L. -breeze

landless, *a.* : بے زمین ؛ بے ملک -

landward, *a. & adv.* : خشکی کی طرف کا ؛ خشکی کی طرف -

landwards, *adv.*: خشکی کی طرف -

Land, *v.t. & i.*: (۱) کنارے پر اتارنا یا اترنا؛ جهاز پر سے اتارنا یا اترنا - (۲) گاڑی سے اتارنا - (۳) جگہ پر یا کسی حالت یا نوبت کو پهنچانا یا پهنچنا؛ مبتلا کرنا - (۴) (گھونسا وغیرہ) رسید کرنا ؛ جمانا (مثلاً *landed him one in the eye*) - (۵) مچھلی (مار کر یا پکڑ کر) کنارے پر لانا - (۶) (مجازاً) (انعام) حاصل کرنا - (۷) گھوڑ دوڑ میں گھوڑے کا اول وغیرہ آنا ؛ (سوار کا گھوڑے کو اول وغیرہ) لانا؛ پهنچانا - (۸) (کودنے کے بعد) زمین چھونا -

Landau, *n.*: چوپهیا گاڑی جس کے ٹپ کا اگلا حصہ اور پچھلا حصہ الگ الگ کھولا یا بند کیا جا سکتا هے؛ لینڈو گاڑی یا بگھی-

Landaulet, *n.* : چھوٹی لینڈو گاڑی

Landdrost, *n.* : جنوبی افریقہ کا مجسٹریٹ یا ناظم عدالت -

Landed, *a.*: اراضی کا مالک ؛ اراضی سے متعلق؛ اراضی پر مشتمل -
the l. estate, property: جائداد مشتمل بہ اراضی' زمینداری -
the l. interest: زمینداروں کی جماعت -
Landgrave, *n* (fem.-gravine.): بعض (قدیم) جرمن ریاستوں کے حکمران کا لقب -
Landing, *n.* (۱) (جہاز سے ' گاڑی سے) اُتارنا یا اُترنا - (۲) دو سیڑھیوں کے درمیان کا چبوترا ؛ جہاز پر سے اُترنے کی جگہ -
l.-net: بڑی مچھلی کو پکڑنے کے بعد کنارے پر لانے کا جال -
l.-place: جہاز پر سے اُترنے کی جگہ ؛ گودی ؛ گھاٹ -
l.-stage: عموماً تیرتا ہوا چبوترا جس پر سے جہاز کے مسافر اور مال اُتارا جاتا ھے -
Landlordism, *n.*: (۱) نظام زمینداری؛ زمینداری (خصوصاً آئرلینڈ کے نظام زمینداری کو حقارت سے کہتے ہیں) - (۲) اس نظام کی حمایت -
Landocracy, *n.*: زمینداروں کی جماعت؛ جاگیرداروں کا گروہ ؛ مالکان اراضی -
landocrat, *n.*: بڑا زمیندار یا جاگیر دار -
Landscape, *n.*: (اندرون ملک کے) بری مناظر یا ان کی تصویر -
l.-gardener: قدرتی مناظر کے مشابہ باغ لگانے والا -
l.-gardening: قدرتی مناظر کے مشابہ باغ لگانا -
l.-marble: وہ سنگ مرمر جس پر درختوں سے نقش ہوں ؛ شجری سنگ مرمر -
l.-painter: بری مناظر کا مصور -
landscapist, *n.*: قدرتی مناظر کا مصور -
Landsturm, *n.*: (جرمن) (بری ' بحری اور صرف ایام جنگ میں خدمت کرنے والی فوجوں کے علاوہ) عام بھرتی ؛ (جنگ کے موقع پر) عام بھرتی -
Land-tag (-ahch), *n.*: (قدیم) جرمن ریاستوں کی مجلس وضع قوانین -
Landwehr, *n.*: (جرمن) صرف ایام جنگ میں خدمت کرنے والا لشکر -
Lane, *n.*: (۱) عموماً دو باڑوں کے درمیان تنگ راستہ - (۲) تنگ راستہ ؛ گلی ؛ کوچہ - (۳) صفوں کے بیچ کا راستہ - (۴) جہازوں کا مقررہ راستہ -
it is a long l. that has no turning: ایک نہ ایک دن حالت بدلے گی -
red l.: حلق -
the L.: (لندن میں) ڈرروی لین (کا تھیٹر) -
Langrage,-idge, *n.*: ٹین کے ڈبے میں بھری ہوئی انگھڑ گولیاں (قدیم زمانے میں جہاز کی رسیوں ' باد بانوں وغیرہ کو برباد کرنے کے لئے توپ میں بھر کے چلائی جاتی تھیں) -
Lang syne, *adv.* & *n.*: زمانۂ سابق (میں)؛ زمانۂ گزشتہ (میں) -
Language, *n.*: (۱) زبان ؛ بھاشا ؛ بولی ؛ لسان ؛ بول چال ؛ طرز سخن ؛ طرز کلام ؛ طرز بیان ؛ زبان ؛ نشست الفاظ - (۲) لغات اور ان کا استعمال - (۳) (مجازاً) پیرایۂ ادا ؛ اظہار خیال کا طریقہ (مثلاً *finger l.*) - (۴) نطق ؛ گویائی - (۵) اصطلاحی زبان ؛ کسی خاص طبقے کی زبان ؛ اصطلاح ؛ محاورہ -
bad l. or *vulgar l.*: ناشایستہ گفتگو؛ گالیاں وغیرہ؛ سوقیانہ گفتگو -
dead l.: غیر مروجہ زبان؛ مردہ زبان ؛ وہ زبان جو بولی نہ جاتی ہو صرف کتابوں میں محفوظ ہو مثلاً سنسکرت -
finger l.: قواعد مقررہ کے مطابق انگلیوں کے اشاروں سے مطلب ادا کرنا ؛ اشاروں کی زبان -
l.-master: زبان کا معلم (خصوصاً جدید غیر ملکی زبانوں کا) -
l. of flowers: مختلف پھولوں کی مقررہ علامتوں سے مطلب ادا کرنا ؛ پھولوں کی زبان ؛ پھول بھاشا (ج) -
strong l.: (۱) پر زور الفاظ ؛ پر جوش گفتگو ؛ جوشیلی گفتگو - (۲) سخت کلامی -
Langue d'oc, langue d'oil, *nn.*: قرون وسطیٰ کی فرانسیسی زبان جو دریائے لوار (Loire) کے جنوب اور شمال میں بولی جاتی تھی -
Languid, *a.*: (۱) مریل ؛ بے جان ؛ بے دم ؛ نڈھال ؛ سست ؛ مضمحل - (۲) بے ہمت ؛ مردہ دل ؛ بے حس ؛ بے کیف - (۳) بے رونق ؛ پھیکا ؛ بے لطف - (۴) مٹھا ؛ سست - (۵) کمزور ؛ نا توان ؛ پست -
languidly, *adv.*: سستی سے ؛ بے کیفی سے ؛ افسردہ دلی سے ؛ کمزوری سے وغیرہ -
languidness, *n.*: سستی ؛ بے کیفی ؛ کمزوری ؛ افسردہ دلی -
Languish, *v. i.*: (۱) کمزور ہونا ؛ نا توان ہونا ؛ پژ مردہ ہونا؛ کمہلانا؛ مرجھانا ؛ نڈھال ہونا ؛ مضمحل ہونا - (۲) (under کے ساتھ) اداسی یا مردہ دلی کی زندگی بسر کرنا - (۳) گرنا؛ زور گھٹنا ؛ پست ہونا - (۴) (for کے ساتھ) (کسی آرزو میں) گھلنا؛ جھڑنا - (۵) حسرت و یاس کا انداز اختیار کرنا- (۶) چشم نیم باز سے دیکھنا ؛ مدھ بھری نگاہوں سے دیکھنا -
languishingly, *adv.*: چشم نیم باز سے ؛ مخمور نگاہوں سے ؛ مدھ بھری نگاہوں سے -
languishment, *n.*: کمہلاہٹ ؛ اضمحلال ؛ اداسی ؛ کاہش ؛ گھلنا (کسی آرزو میں) -
Languor, *n.*: (۱) نقاھت ؛ کمزوری ؛ تکان - (۲) سستی ؛ ڈھیلا پن ؛ بے دم یا بے جان ہونا - (۳) حسرت و یاس کا انداز؛ نیم نگاھی؛ لگاوٹ - (۴) سستی ؛ بے رونقی ؛ بے کیفی؛ افسردگی؛ پژ مردگی - (۵) (آسمان وغیرہ کی) بھیانک خاموشی -
languorous: = Languid -
languorously: = Languidly -
Laniary, *a.* & *n.*: (۱) (کچلیوں کا سا) تیز اور نکیلا - (۲) تیز نکیلا دانت ؛ کچلی -
Laniferous,-gerous, *aa.*: اون دار ؛ پشم دار ؛ روئیں دار -
Lank, *a.*: (۱) سوکھا ؛ لاغر ؛ کم گوشت ؛ چھریرا ؛ اکہرا ؛ پتلا - (۲) لمبی نرم (گھانس) - (۳) سیدھے نرم (بال) -
Lanky, *a.*: دبلا پتلا اور لمبا ؛ سوکھا اور لمبا -
lankiness, *n.*: سوکھا اور لمبا ہونا -
Lanner, lanneret, *nn.*: ایک قسم کا باز (et- کے ساتھ نر اور er- کے ساتھ مادہ) -
Lanolin, *n.*: ایک قسم کی روغنی چیز جو اون سے نکالی جاتی ھے اور اس سے مرھم کے پھاھے بناتے ھیں ؛ صوفانی -
Lansquenet, *n.*: تاش کا ایک کھیل جو جرمنی کی ایجاد ھے -
Lantern, *n.*: (۱) فانوس ؛ قندیل ؛ لالٹین - (۲) روشنی کے مینار کا وہ کمرا جس میں روشنی کی جاتی ھے - (۳) کمرے ،

کی چھت یا گنبدکاروشن‌دان (اندھے شیشوں‌کا) -(۴) *l.-fly* کی چمکنے والی سونڈ - (۵) = *magic l.*–

bull's eye l. : نیم کروی عدسہ کی لالٹین -

Chinese l. : دیکھو Chinese -

dark l. : چور لالٹین -

l.-fly : جنوبی امریکا کا جگنو کی قسم کا کیڑا

l. jaws : لمبے پتلے جبڑے -

magic l. : دیکھو magic

parish l. : چاند -

lantern-jawed, *a.* : جس کے جبڑے لمبے اور پتلے ہوں -

Lanthanum, *n.* : (کیمیا) ایک کم یاب عنصر جو سیزیم دھات میں ملا ہوا ہوتا ھے (دریافت سنہ ۱۸۳۹ - ۴۱) -

Lanthorn, *n.* : Lantern کے قدیم ھجے -

Lanyard, *n.* : چھوٹی رسی خصوصاً وہ جس سے کوئی چیز باندھی جائے یا پکڑی جائے -

Laodicean, *a.* & *n.* : (۱) مذہبی یا سیاسی معاملات سے بے پروا - (۲) وہ آدمی جو مذہبی یا سیاسی معاملات میں بہت کم دلچسپی لے -

Lap, *n.* : (۱) (کپڑے کا) دامن ؛ (زین وغیرہ کا) لٹکتا ہوا حصہ - (۲) کان کی لو ؛ بنا گوش - (۳) جھولی - (۴) گود ؛ آغوش (مثلاً *in Fortune's l.*) - (۵) غار ؛ کھوہ -

l.-dog : چھوٹا پلا ہوا کتا ؛ گرجی کتا -

lapstone : موچیوں کا سندان (جسے گود میں رکھکر چمڑا پیٹتے ہیں) -

lapful, *n.* : دامن بھر ؛ جھولی بھر ؛ گود بھر -

Lap, *v. t.* & *i.* : (۱) لپیٹنا ؛ اوڑھنا ؛ تہ بہ تہ باندھنا (کپڑے کو) - (۲) بہت سے کپڑوں یا تہوں میں لپیٹنا ؛ بہت سے کپڑے پہنادینا - (۳) (اثرات وغیرہ کا) گھیر لینا ؛ محاصرہ کرلینا ؛ نرغے میں لینا - (۴) آغوش میں لینا - (۵) (گھوڑدوڑ) (دوسرے گھوڑے سے) آگے رھنا یا ھوجانا (بہ قدر ایک یا زیادہ چکر کے) - (۶) (کسی چیز کو) اس طرح ڈھکنا کہ کچھ حصہ باہر نکلا رھے - (۷) باھر نکلا رھنا -

Lap, *n.* : (۱) کسی چیز کا وہ حصہ جو دوسری چیز کو ڈھکنے کے بعد باھر نکلا رھے ؛ اس حصہ کی مقدار - (۲) بیلن پر (روئی وغیرہ کی) لپٹی ہوئی تہ - (۳) چرخی یا پھرکی کے گرد سوتی یا ریشمی تاگے کا ایک دور یا چکر - (۴) دوڑ کے میدان کا ایک چکر یا ایک دور -

l.-joint, half-l. : (ریل کی پٹریوں وغیرہ میں) ایسا جوڑ جس میں سروں کی مثاثی آدھی کرکے انھیں پیوست کردیں ؛ ادھا سرا جوڑ (ج) -

l.-streak : ایک خاص ساخت کی کشتی

Lap, *n.* & *v.t.* : (۱)پہیہ کی جس پر دھاتوں اور جواھرات کوجلادیتے ھیں - (۲) جلا دینا –

Lap, *v. i.* & *t.* & *n.* : (۱) (up کے ساتھ) سڑپنا ؛ (پانی وغیرہ) زبان سے سڑپ کر پینا؛ چپڑچپڑ پینا - (۲) (تالاب یا چشمے کے کنارے سے) لہروں کا شور کے ساتھ ٹکرانا - (۳) (عموماً up اور down کے ساتھ) مشروبات پر (حریصانہ طور پر) گرنا - (۴) سڑک جانا ؛ سڑپا لگانا ؛ پرندوں کی طرح پینا - (۵) کتوں کی پتلی خوراک - (۶) (عامیانہ) پینے کی کوئی ھلکی چیز ؛ شراب - (۷) سڑپا ؛ ایک بار سڑپنے کی مقدار - (۸) لہروں کے کنارے پر ٹکرانے کی آواز -

Lapar(o) -: پہلو ؛ کوکھ (تشریح و جراحی کے بعض مرکب اصطلاحات کا پہلا جزو مثلاً *laparectomy, laparocele* - *laparotomy*)

Lapel, *n.* : کوٹ کے گریبان کی لوٹ ؛ لوٹ گریبان -

lapelled, *a.* : لوٹ کے گریبان کا (کوٹ) -

Lapicide, *n.* : سنگتراش ؛ کندہ کار -

Lapidary, *a.* & *n.* : (۱) (قیمتی یا آرائشی) پتھروں کے متعلق ؛ حجری - (۲) کندہ کیا ہوا - (۳) (عبارت) کندہ کرنے کے قابل – (۴) نگینہ ساز ؛ حکاک ؛ جواھرات کو تراشنے اور جلا دینے والا -

l. bee : مہال کی مکھی جو پتھر میں اپنا چھتا بنائے -

Lapidate, *v. t.* : پتھر برسانا ؛ سنگسار کرنا ؛ سنگسار کرکے مار ڈالنا –

lapidation, *n.* : پتھروں کی بوچھاڑ ؛ سنگساری -

Lapidify, *v. t.* : پتھر بنا دینا ؛ پتھر کا بنا دینا ؛ متحجر کر دینا -

lapidification, *n.* : پتھر بنا دینا یا بن جانا ؛ تحجر -

Lapislazuli, *n.* : (۱) ایک معدنی چیز جس سے شوخ نیلا رنگ بناتے ھیں ؛ لاجورد – (۲) شوخ نیلا رنگ ؛ لاجوردی رنگ -

Lapp, *n.* & *a.* : (۱) شمالی اسکنڈی نیویا کی ایک بونی قوم ؛ لیپی قوم - (۲) اس قوم کی زبان (Lappish) ؛ لیپی زبان – (۳) لاپستان کا ؛ لاپی ؛ لاپستانی –

Lapland : لاپستان –

Laplander, *n.* : لاپستان کا باشندہ ؛ لاپی –

Lappish, *a.* & *n.* : لاپی زبان ؛ لاپی -

Lappet, *n.* : (۱) دامن ؛ کپڑے کا لٹکتا ہوا حصہ - (۲) لٹکتا ہوا گوشت یا جھلی ؛ کان کی لو - (۳) کوٹ کے گریبان کی لوٹ – (۴) عورتوں کی ٹوپی کا دنبالہ یا فیتہ -

Lapponian : = Lapp

Lapse, *n.* : (۱) بھول ؛ چوک ؛ ادنیٰ سی خطا ؛ غلطی ؛ سہو ؛ فروگذاشت - (۲) لغزش ؛ اخلاقی قصور ؛ غفلت - (۳) ارتداد – (۴) تنزل - (۵) عدم استعمال کی وجہ سے استحقاق باقی نہ رھنا ؛ حق چلا جانا ؛ تمادی عارض ہونا - (۶) (پانی کا) ھلکا بہاؤ ؛ سبک روی - (۷) امتداد زمانہ ؛ وقت کا گزرنا ؛ وقفہ -

Lapse, *v. i.* : (۱) گرنا ؛ گھٹنا ؛ (back اور away کے ساتھ) گرکر پہلی حالت ھوجانا ؛ بدتر ھوجانا - (۲) (حق) جاتا رھنا ؛ تمادی عارض ھوجانا ؛ (جائداد وغیرہ کا) وارث نہ ھونے سے کسی کو واپس ملنا - (۳) آھستہ آھستہ بہنا ؛ گزرنا ؛ اترنا؛ دبنا؛ فرو ھونا ؛ کم ھونا -

Lapsus, *n.* (pl. -us) : فرو گزاشت ؛ بھول؛ لغزش -

l. calami : قلم کی لغزش -

l. linguae : زبان کی لغزش

Laputan, *a.* & *n.* : (۱) لے پوٹا (کتاب گلی ورز ٹراولز میں ایک خیالی اڑنے والا جزیرہ) کا باشندہ؛ لیپوٹی ؛ (استعارتاً) شیخ چلی- (۲) خیالی ؛ موہوم ؛ بے سروپا ؛ بے بنیاد شیخ؛ چلی سا -

Lapwing, *n.* : انگلستان کا ایک قسم کا سبزی مائل کبوتر کے

قد کا پرندہ -

Lar, *n.* (pl. Lares, Lars): (۱) (جمع Laras) قدیم روما کا گھریلو دیوتا - (۲) (جمع lars) برمی لنگور؛ بلدر -

Larboard, *n.* & *a.*: (۱) جہاز کا بایاں پہلو - (۲) اس پہلو کا یا اس کے متعلق (غلط فہمی سے بچنے کی غرض سے آج کل starboard کے مقابلہ میں larboard کی بجائے port استعمال کیا جاتا ہے) -

Larceny, *n*: (قانون) چوری؛ سرقہ -

petty l.: خفیف سرقہ (پہلے ایسی چیز کی چوری کو کہتے تھے جس کی قیمت ایک شلنگ سے کم ہو) -

larcencer, larcenist, *nn.*: چور؛ سرقے کا مجرم؛ سارق -

larcenous, *a.*: سرقے کا؛ چوری کا؛ سارقانہ -

larcenously, *adv.*: چوری سے؛ سارقانہ -

Larch, *n.*: ایک قسم کا اونچا خوبصورت درخت جس سے گندہ بروزہ؛ پائدار عمارتی لکڑیاں اور دباغت کے کام کی چھال حاصل ہوتی ہے؛ لارش کی لکڑی -

Lard, *n.*: سور کے پیٹ کی چربی؛ سور کی چربی؛ پیہ خوک؛ شحم الخنزیر (جو پکانے میں کام آتی ہے) -

lardy, *a.*: اس چربی کا سا -

Lard, *v. t.*: (۱) (مرغ وغیرہ میں) سور کا نمکایا ہوا گوشت ملانا (پکانے سے پہلے) - (۲) (تقریر یا تحریر کو) استعاروں، اصطلاحوں اور غیر ملکی لغات سے مرصع کرنا -

Lardaceous, *a.*: (طب) سور کی چربی سے مشابہ؛ چربیلا -

Larder, *n.*: کمرا جس میں گوشت اور کھانے پینے کی چیزیں رکھی جاتی ہیں؛ رکابدار خانہ؛ نعمت خانہ -

Lardon, Lardoon, *n.*: (مرغ وغیرہ میں ملانے کے لئے) سور کے نمکائے ہوئے گوشت کا ٹکڑا -

Lardy-dardy, *a.*: (عامیانہ) بننے والا؛ چھیلا؛ رنگیلا؛ نخرے باز؛ بناوٹی؛ نخرے بازی کا -

Lares: دیکھو Lar -

Large, *a.* & *n.*: (۱) (قدیم) دریا دل؛ فیاض؛ عالی ظرف؛ شفقت آمیز (views, charity, tolerance کے ساتھ اب بھی مستعمل ہے) - (۲) بے تعصبانہ؛ وسیع - (۳) وسیع؛ فراخ (مثلاً *l. powers, discretions*) - (۴) (صناعی وغیرہ) آزادانہ - (۵) بڑا؛ وسیع (big کا استعمال بول چال میں ہے اور great کا استعمال عظمت وشان کے لئے؛ large کا استعمال اشخاص کے لئے شاذ ہے سوائے l. of limb کے) - (۶) (بطور اسم at اور in کے ساتھ مستعمل ہے؛ مثال کے لئے ذیل کے الفاظ دیکھو) -

at l.: (۱) آزاد؛ جو قید نہ ہو - (۲) (بیان وغیرہ) مفصل؛ مشرح؛ تفصیلی - (۳) علی العموم؛ بحیثیت مجموعی (مثلاً *popular with people at l.*) - (۴) علی الاطلاق؛ بلا تفریق و بلا امتیاز (مثلاً *scatters imputations at l.*) -

gentleman at l.: (۱) درباری جس کے سپرد کوئی خاص کام نہ ہو - (۲) وہ شخص جس کا کوئی مشغلہ یا پیشہ نہ ہو -

in l.: بڑے پیمانہ پر -

l.-hearted: فراخ دل؛ وسیع القلب؛ وسیع النظر؛ فراخ دلانہ -

l.-minded: (۱) فیاض؛ دریادل؛ فیاضانہ - (۲) بے تعصب؛ وسیع القلب؛ بے تعصبانہ -

largen, *v. i.* & *t.*: (شعر) بڑا ہونا؛ بڑا کرنا وغیرہ -

largeness, *n.*: وسعت؛ ضخامت؛ کثرت؛ جسامت؛ بڑا ہونا -

largish, *a.*: کسی قدر بڑا؛ بڑا سا -

large-heartedness, *n.*: فراخ دلی؛ وسعت قلب؛ وسعت نظر -

large-mindedness, *n.*: فیاضی؛ فراخ حوصلگی؛ بے تعصبی؛ وسعت قلب؛ وسعت نظر -

Largely, *adv.*: (۱) وسعت سے وغیرہ - (۲) بڑی حد تک؛ زیادہ تر؛ بیشتر (مثلاً *is l. due to*) -

Largess(e), *n.*: (قدیم) (۱) انعام و اکرام؛ داد و دہش - (۲) گراں قدر عطیہ؛ دریا دلانہ بخشش -

Lariat, *n.*: (۱) گھوڑوں وغیرہ کو پکڑنے کا پھندا - (۲) کچے چمڑے کی کمند جس سے گھوڑوں وغیرہ کو پکڑتے ہیں -

Lark, Laverock, *n.*: بھورے مٹیالے رنگ کے پرندوں کی قسمیں جن کی پچھلی انگلیاں بڑی ہوتی ہیں؛ لوا؛ چنڈول؛ چکاوک؛ قنبرہ -

if the sky fall, we shall catch ll.: آسمان گر پڑے تو ہم کیا مزے میں لوے پکڑیںگے (ڈرپوک لوگوں کو تسکین دینے کے لئے کہتے ہیں) -

l.-heel: گل ناٹرمان؛ نیسٹرٹیم (nasturtium)؛ ماترہ پترک؛ ہالم کا پودا؛ حرجیر

larkspur: ہالم کا پودا؛ پودے کی قسم جس کا پیالہ گل مہمیز نما ہوتا ہے -

rise with the l.: صبح تڑکے اٹھنا -

Lark, *n.*, & *v. i.*: (۱) ہنسی؛ دل لگی؛ چہل؛ رنگ رلیاں؛ پر لطف صحبت - (۲) دلچسپ واقعہ؛ مزے کی بات (مثلاً *what a l.!*) - (۳) رنگ رلیاں منانا؛ ہنسی دل لگی کرنا؛ چہل کرنا؛ کھیلنا کودنا -

larky, *a.*: کھلنڈرا؛ رنگ رلیوں کا شائق؛ خوش طبع؛ زندہ دل؛ ہنسوڑ -

Larrikin, *n.*: (عموماً) نوجوان لچا؛ شہدا؛ لنگا؛ بدمعاش -

Larum, *n.*: Alarum کی قدیم صورت (اب شاذ ہے) -

Larva, *n.* (pl. -ae): (کیڑوں اور بعض دوسرے جانوروں کا) پہل روپ -

larval, *a.*: پہل روپ کا -

larvi-: (سابقہ بمعنی) پہل روپ کا (مرکبات میں) -

Laryngoscope, *n.*: حنجرے کے معائنہ کا طبی آلہ جس میں آئینہ لگا ہوتا ہے؛ حنجرہ نما (ج) -

Laryngotomy, *n.*: حنجرے کا نشتر یا شگاف (جو سانس کے آنے جانے کے لئے باہر سے دیا جاتا ہے) -

Larynx, *n.*: حنجرہ -

laryngeal; laryngic, *aa.*: حنجرے کا؛ حنجری -

laryngitis, *n.*: حنجرے کا ورم -

laryngo-: (سابقہ بمعنی) حنجرے کا یا اس کے متعلق -

laryngology, *n.*: حنجریات

Lascar, *n.*: ہندوستان کا دیسی ملاح -

Lascivious, *a.*: (۱) شہوت پرست؛ نفس پرست؛ شہوت پرستانہ - (۲) شہوت انگیز -

lasciviously, *adv.*: شہوت سے؛ نفس پرستی سے -

lasciviousness, *n.* : شہوت انگیزی ؛ شہوت پرستی ؛ نفس پرستی -

Lash, *v. i. & t.* : (۱) جھٹکنا (دم ' ہاتھ ' پیر وغیرہ کا) - (۲) موسلا دھار برسنا ؛ جھپٹنا ؛ ٹوٹ پڑنا - (۳) زور سے حملہ کرنا ' زور سے وار کرنا ؛ ہاتھ چلانا - (۴) دولتی جھاڑنا ؛ دولتی چلانا - (۵) برس پڑنا ؛ ابل پڑنا - (۶) درے مارنا ؛ چابک مارنا ؛ کوڑے لگانا - (۷) ٹکرانا (موجوں کا) - (۸) جھڑکنا ؛ سرزنش کرنا ؛ آڑے ہاتھوں لینا ؛ ملامت کرنا ' چیتھڑے اڑا دینا - (۹) کوڑے لگاکر مجبور کرنا - (۱۰) کس کر باندھنا ؛ جکڑنا (ڈوری وغیرہ سے) -

lashing, *n.* : (۱) کوڑے کی مار ؛ ملامت ؛ سرزنش - (۲) ڈوریاں ؛ بندھن -

lashings, *n.* pl. : (جمع ' عامیانہ) بہت ؛ ڈھیروں ؛ انبار -

Lash, *n.* : (۱) چابک ' کوڑے ' تسمے وغیرہ کی مار یا ضرب - (۲) چابک کا تسمہ ؛ کوڑا - (۳) (مجازاً) اکسانے والی چیز ؛ تازیانہ ؛ مہمیز - (۴) پلک ؛ مژہ -

eye-l. پلک ؛ مژہ -

the l. : کوڑوں کی سزا -

lashless, *a.* : بے مژہ ؛ بے پلک -

Lasher, *n.* : (۱) کوڑے مارنے والا وغیرہ - (۲) دریا کا بند ؛ بند کے نیچے کا گہرا حصہ ؛ پانی جو بند کے اوپر سے گزرتا ہے -

Lashkar, *n.* : لشکر ؛ فوج -

Laspring, *n.* : چھوٹی سامن مچھلی -

Lasque, *n.* : چپٹا ' بے ڈول ' یا خط دار ہیرا -

Lass, *n.* : (۱) لڑکی ؛ چھوکری - (۲) معشوقہ ؛ محبوبہ -

lassie, *n.* : (پیار میں) معشوقہ -

Lassitude, *n.* : سستی ؛ ماندگی ؛ تکان ؛ تھکن ؛ بے کیفی -

Lasso, *n. & v. t.* : (۱) (ہسپانوی امریکا) (جانوروں کو پکڑنے کی) کچے چمڑے کی کمند - (۲) جانوروں کو کمند سے پکڑنا -

Last, *n.* : لکڑی کا قالب یا کالبد جس پر موچی جوتوں کو چڑھاتے ہیں -

stick to one's l. : جو چیز آدمی نہ جانتا ہو اس میں دخل نہ دینا -

Last, *n.* : پلہ ؛ ناپ تول کے ایک پیمانے کا نام جو مختلف مقامات پر اور مختلف چیزوں کے لئے مختلف ہوتا ہے (مثلاً *l. of wool* = ۱۲ تھیلے یا ۴۳۶۸ پونڈ ؛ *l. of malt* = ۱۰ کوارٹر ۸۰ بشیل)

Last, *a., n. & adv.* : (۱) آخر ؛ آخری ؛ اخیر ؛ آخرین (۲) واپسین ؛ دم مرگ کا ؛ قیامت کے دن کا - (۳) پچھلا ؛ گزشتہ (ہفتہ مہینہ وغیرہ) - (۴) تازہ لطیفہ ' نیا بچھلا وغیرہ (مثلاً *as I said in my l.* : پچھلا خط ؛ *mrs.—'s l.*) - (۵) آخری ؛ ادنیٰ ؛ سب سے کم درجے کا - (۶) آخری ؛ جس کے سوا کچھ باقی نہ رہا ہو (مثلاً *l. resource, crust*) - (۷) سب کے بعد کا - (۸) سب سے زیادہ بیزار ؛ ناموزوں ؛ بعیداز وقوع (مثلاً *I should be the l. to do it* میں یہ کام ہرگز نہیں کرنا چاہتا) - (۹) قطعی ؛ (قول) فیصل - (۱۰) بے حد ؛ نہایت (مثلاً *is of the l. importance*) - (۱۱) موخرالذکر شخص یا چیز - (۱۲) آخری لمحے ؛ دم واپسیں - (۱۳) آخری ذکر یا ذکر - (۱۴) سب کے بعد ؛ سب کے پیچھے ؛ آخر میں ؛ آخری بار -

at l. : آخر ؛ آخر کار ؛ آخرش ؛ آخرالامر ؛ عاقبت الامر -

at long l. : خدا خدا کر کے ؛ بارے -

breathe one's l. : دم توڑنا ؛ مرنا -

l. but not the least : آخر میں مگر موخر نہیں ؛ جس کا ذکر آخر میں ہو لیکن اہمیت کے لحاظ سے کم نہ ہو -

l. day : روز محشر ؛ روز حساب ؛ روز قیامت -

on one's l. legs : دیکھو Legs -

the four l. things : موت ' جزا و سزا ' بہشت ' دوزخ -

to, till, the l. : آخر تک ؛ مرتے دم تک ؛ تا دم مرگ -

lastly, *adv.* : آخر میں -

Last, *v. i. & t., & n.* : (۱) قائم رہنا ؛ ٹکنا ؛ ٹھہرنا ؛ چلنا ؛ زندہ رہنا - (۲) کافی ہونا ؛ بس ہونا (مثلاً *will l. me ten years*) - (۳) کس ؛ دم ؛ پائداری -

l. out : (اتنے دن) چلے گا -

Lasting, *a. & n.* : (۱) پائدار ؛ مضبوط - (۲) مستقل ؛ پائندہ ؛ دیرپا - (۳) ایک قسم کا مضبوط کپڑا -

lastingly, *adv.* : پائداری کے ساتھ ؛ دواماً -

lastingness, *n.* : پائداری ؛ پائندگی ۔ دوام -

Latakia, *n.* : ایک قسم کا ترکی تمباکو (پینے کا) -

Latch, *n. & v. t.* : (۱) (دروازہ بند کرنے کا) پھرکی دار بیلن ' بلی - (۲) کھٹکے کا قفل (دروازے کا) - (۳) پھرکی دار بیلن لگانا (دروازے میں) ' بلی لگانا -

l.-key : کھٹکے دار قفل کی کنجی -

l-key vote = Lodger franchise

on the l. : صرف بیلن سے بند کیا ہوا -

Latchet, *n.* : (انجیل) جوتے کا تسمہ -

Late, *a.* (comp. *later, latter*; superl. *latest, last*), & *n.* : (۱) دیر کر کے آیا ہوا ؛ جسے دیر ہو گئی ہو - (۲) دیررس ؛ دیریو ؛ دیر میں پھلنے یا پھولنے والا - (۳) بے وقت ؛ جو دن چڑھے یا رات گئے ہو (مثلاً *l. -comer* دیر کر کے آنے والا ؛ دیر میں آنے والا ؛ *l. in the day* دن چڑھے ؛ *l. at night* رات گئے ؛ *l. hours* بہت رات گئے ؛ بہت دن چڑھے ؛ زیادہ سے زیادہ ؛ بہت دیر ہوئی تو ؛ *at the latest* (۴) قدیم ؛ پرانے زمانے کا (جیسے *l. stained glass*) - مرحوم ؛ متوفی - (۵) آنجہانی ؛ سابق ؛ پچھلا - (۶) اب کا ؛ حال کا ؛ جدید ؛ نیا (مثلاً *the l. floods, war*) - (۷) (بطور اسم *of l.* میں مستعمل ہے جس کے معنی " حال میں ؛ تھوڑے دن ہوتے " ہیں) -

l. fee : دیر فیس (خطوں کی) -

of l. years : چند سال سے ؛ تھوڑے برسوں سے -

laten, *v. t. & i.* : دیر ہونا ؛ دیر کرنا -

lateness, *n.* : دیر ؛ درنگ ' تاخیر ؛ جدت ہونا -

latish, *a. & adv.* : کسی قدر دیر میں آیا ہوا ؛ کسی قدر قدیم -

Late, *adv.* (-r, -est, last) : (۱) دیر کر کے ؛ وقت کے بعد - (۲) بہت دنوں کے بعد ؛ آگے چل کر - (۳) بہت رات گئے تک -

(۴) (شعر) حال میں ؛ تھوڑے دن ہوئے - (۵) پہلے (مگر اب نہیں) - (۶) نشو و نما کے آخری دور میں ؛ آخری زمانے میں - (۷) (روز مرہ) بہت دیر میں ؛ نا وقت -
better l. than never : کبھی نہ ہونے سے تو دیر میں ہونا اچھا -
soon or late, early or late, sooner or late : دیر سویر ؛ کبھی نہ کبھی -

Lateen, *a.*, *L. sail* : (۱) مثلث نما تکونا باد بان - (۲) مثلث نما یا تکونے باد بانوں کا جہاز -

Lately, *adv.* : حال میں ؛ تھوڑے عرصہ پہلے ؛ ابھی ابھی ؛ کچھلے دن پہلے -

Latent, *a.* : (۱) مخفی ؛ پوشیدہ ؛ چھپا ہوا ؛ پنہاں ؛ نہاں ؛ مضمر - (۲) بالقوۃ موجود - (۳) خوابیدہ ؛ سوتا ہوا ؛ دبا ہوا ؛ سلگتا ہوا -
l. heat : (طبیعیات) حرارت مخفی ؛ مخفی حرارت -
latency, *n.* : چھپا ہوا ہونا ؛ بالقوۃ ہونا -
latently, *adv.* : مخفی طور سے ؛ مضمر طور سے ؛ بالقوۃ ؛ سوتا ہوا وغیرہ -

-later . دیکھو Latry -

Lateral, *a.* & *n.* : (۱) پہلو کا ؛ بغلی ؛ پہلو کی طرف - (۲) پہلو کا حصہ ؛ جانب - (۳) خاندان کی ضمنی شاخ -
l. branch of family : خاندان کی ضمنی شاخ (مورث اعلیٰ کے بھائی یا بہن کی اولاد) -
laterally, *adv.* : پہلو کے بل ؛ پہلو کی طرف سے ؛ ترچھا ؛ آڑا -

Lateran, *n.* & *a.* : (۱) سینٹ جان لیٹرن کا بڑا گرجا واقع روما - (۲) اس گرجے کا یا اسکے متعلق -
L. Councils : مغربی کلیسا کی پانچ مجلسیں جو اس گرجے میں منعقد ہوتی ہیں -

Latex, *n.* : (نباتیات) (۱) (پودوں کا) عرق اصلی ؛ دودہ - (۲) کچی ربڑ -

Lath, *n.* & *v. t.* : (۱) لکڑی کی پتلی پٹی ؛ لکڑی کی پٹی - (۲) دیواروں یا چھت پر لکڑی کی پٹیاں چڑھانا ؛ تختہ بندی کرنا -
as thin as a l. : نہایت منحنی -
l. & plaster : لکڑی کی پٹی اور پلاستر کام
lathy, *a.* : لاغر ؛ منحنی ؛ پتلا اور لمبا
lathing, *n.* : تختہ بندی -

Lathe, *n.* : ضلع کینٹ کا ایک حلقہ -

Lathe, *n.* : خراد -
l. -bearer : خراد بردار -
l. -bed : چاک کا یا خراد کا چو کھٹا -
l. -carrier, -dog : خراد گیر -
potter's l. : کمہار کا چاک -
turning l. : خراد -

Lather, *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) کف صابون ؛ جھاگ ؛ پھین - (۲) گھوڑے کا جھاگ دار پسینہ - (۳) صابون کا جھاگ ملنا یا رگڑنا - (۴) (گھوڑے کو) جھاگ دار پسینہ آنا ؛ پسینے پسینے ہونا - (۵) (صابون میں) جھاگ اٹھنا - (۶) مارنا ؛ کندی کرنا ؛ مرمت کرنا ؛ ادھیڑنا -
lathery, *a.* : جھاگ دار -

lathering, *n.* : مار ؛ ٹھکائی ؛ مرمت ؛ کندی -

Latifundia, *n. pl.* : بڑی بڑی جائدادیں ؛ بڑی بڑی زمینداریاں (جن سے کسی ملک کی اجتماعی حالت ظاہر ہو) -

Latin, *a.* & *n.* : (۱) لاطینی ؛ ملک لاطیم کا ؛ قدیم اہل روما کا ؛ لاطینیوں کا - (۲) قدیم اہل روما کی زبان میں ؛ لاطینی ؛ لاطینی کا - (۳) رومن کیتھلک کلیسا کا - (۴) رومانی قوم کا ؛ لاطینی نسل کا - (۵) لاطینی زبان - (۶) قدیم لاطیم کا باشندہ - (۷) (قدیم روما) وہ اطالوی جسے خاص حق رائے دہندگی تھا -
classical L. : مستند لاطینی زبان از سنہ ۷۵ ق - م تا ۱۷۵ ع -
dog L. : دیکھو Dog -
late L. : عہد متاخر کی لاطینی زبان سنہ ۱۷۵ ع تا سنہ ۶۰۰ ع -
low L. : ازمنۂ وسطی کی یا عہد متاخر کی لاطینی زبان -
medieval L. : ازمنۂ وسطی کی لاطینی زبان سنہ ۶۰۰ ع - تا سنہ ۱۵۰۰ ع -
modern L. : جدید لاطینی زبان سنہ ۱۵۰۰ ع کے بعد کی -
old L. : قدیم لاطینی زبان سنہ ۷۵ ق - م کے پہلے کی -
silver L. : دیکھو Silver -
the L. peoples : فرانس ؛ ہسپانیہ ؛ پرتگال ؛ اٹلی وغیرہ ملکوں کے باشندے ؛ رومانی یا لاطینی قومیں -
thieves' L. : چوروں وغیرہ کی خاص اصطلاحیں -
Latinless, *a.* : زبان لاطینی سے ناواقف -
Latinist, *n.* : زبان لاطینی کا عالم -
Latinism, *n.* : (۱) لاطینی محاورہ جو کسی دوسری زبان میں استعمال کیا گیا ہو ؛ لاطینیت - (۲) لاطینیوں یا لاطینی کلیسا کی خصوصیت یا اثر -

Latine, *adv.* : لاطینی میں (لفظ وغیرہ کا مترادف دینا) -

Latinity, *n.* : (۱) کسی شخص کا طرز تحریر لاطینی میں - (۲) لاطینی صرف و نحو اور اسلوب بیان کا خاص رنگ ؛ لاطینیت -

Latinize, *v. t.* & *i.* : (۱) لاطینی میں ترجمہ کرنا - (۲) لفظوں کو لاطینی صورت میں ڈھالنا ؛ لاطینی بنانا - (۳) قدیم روما کے باشندوں ؛ لاطینیوں ؛ یا رومی کلیسا کے رسوم و خیالات کے مطابق بنانا - (۴) لاطینی الفاظ ؛ لاطینی محاورے وغیرہ استعمال کرنا ؛ لاطینی چھانٹنا -
latinization, *n.* : لاطینی چھانٹنا ؛ لاطینی بنانا -
latinizer, *n.* : لاطینی چھانٹنے والا ؛ لاطینی بنانے والا -

Latitude, *n.* : (۱) (مزاحاً) چوڑائی ؛ عرض (جیسے *hat with great l. of brim*) - (۲) (شاذ) پورا دائرہ (مفہوم وغیرہ کا (جیسے *take in its proper l.*) - (۳) وسعت خیال ؛ وسعت مشرب ؛ آزاد خیالی (مذہبی معاملات میں) - (۴) (جغرافیہ) عرض البلاد ؛ عرض بلد ؛ خط استوا سے جنوبی یا شمالی فاصلہ - (۵) (جمع) خطے ؛ ممالک ؛ بلاد (خصوصاً آب و ہوا کے لحاظ سے) - (۶) (ہئیت) میل ؛ عرض سماوی -
latitudinarian, *a.* & *n.* : وسیع المشرب ؛ وسیع الخیال (شخص) ؛ آزاد خیالانہ -
latitudinarianism, *n.* : وسیع المشربی ؛ وسیع الخیالی
latitudinal, *a.* : (جغرافیہ) عرض بلد کا -

Latrine, *n.* : (لشکر گاہ ؛ ہسپتال ؛ جائے ضرور ؛ پا ئخانہ ؛ ٹٹی

با رک وغیرہ کی) -

-latry, *suf.*: (لاحقہ بلا معنی) پرستش (جیسے idolatry یعنی بت پرستی) -

Latten, *n.* & *a.*: (قدیم) (۱) پھول ؛ پیتل یا پیتل کی سی مرکب زرد رنگ کی دھات - (۲) پیتل کا ؛ برنجی ؛ پھول کا -

Latter, *a.*: قدیم (۱) بعد کا ؛ دوسرا - (۲) عہد متاخر کا ؛ دنیا کے خاتمے کا ؛ آخری - (۳) ثانی الذکر ؛ آخرالذکر ؛ موخرالذکر -

in these .. days.: عہد متاخر میں ؛ عہد حاضر میں ؛ اس آخری دور میں -

l. -day: جدید ؛ عہد حاضر کا -

l. -day saints: امریکی عیسائیوں کا ایک فرقہ ؛ مارمن (Mormons) -

l. end: موت ؛ مرگ -

l. -grass: پچھیتی گھاس -

the l.: آخرالذکر (چیز یا شخص) -

Latterly, *adv.*: (۱) آخر میں ؛ مرنے سے کچھ پہلے ؛ آخری دور میں ؛ عہد متاخرمیں- (۲) حال میں؛ ابھی ابھی؛ تھوڑے دن ہوئے -

Lattice, *n.*: جالی (عمارت میں) -

l. bridge: جالی دار پل (جس کے شہتیر جالی دار ہوں) -

l. frame or *girder*: جالی دار پہلووں کے آہنی شہتیر -

l. window: جالی دار کھڑکی ؛ کھڑکی جس کے پٹ میں چھوٹے چھوٹے سیسے کے ٹکڑے ترچھے جڑے ہوئے ہوں -

l. -work: جالی کا کام -

latticed, *a.*: مشبک ؛ جالی دار -

latticing, *n.*: جالی کا کام -

Latvian, *a.* & *n.*: جمہوریہ لیٹویا کا (یہ ریاست خلیج ریگا کے کنارے واقع ہے سنہ ۱۹۱۸ ع میں قائم ہوئی)؛ لیٹویا کا باشندہ -

Laud, *n.*, & *v. t.*: (۱) (شاذ؛ البتہ مناجاتوں میں مستعمل ہے) ستائش؛ تعریف ؛ ثنا ؛ مدح ؛ حمد - (۲) (جمع) رومن کیتھلک کلیسا وغیرہ میں صبح کی مناجات - (۳) بھجن ؛ مناجات - (۴) تعریف کرنا ؛ ستائش کرنا ؛ سراہنا ؛ گن گانا -

laudation, *n.*: حمد ؛ ثنا ؛ تعریف ؛ بھجن -

laudative, *a.*: ثنائیہ -

laudator, *n.*: حمد و ثنا کرنے والا ؛ بھجن گانے والا -

laudatory, *a.*: ثنائیہ -

Laudable, *a.*: (۱) قابل تعریف ؛ لائق ستائش ؛ مستحسن ؛ حمیدہ ؛ سراہنے جوگ - (۲) (طب) اچھی ؛ صحیح (افرازات)-

laudability, *n.*: لائق ستائش ہونا ؛ خوبی ؛ پسندیدگی-

laudably, *adv.*: قابل تعریف طریقہ سے ؛ بطریق احسن ؛ عمدگی کے ساتھ -

Laudanum, *n.*: شیرۂ افیون ؛ الکوحل اور افیون کا مرکب -

Laudator temporis acti, *n.*: قدامت پسند آدمی -

Laugh, *v. i.* & *t.*, & *n.*: (۱) ہنسنا ؛ کھلکھلانا ؛ قہقہہ لگانا - (۲) (پانی کا) لہرانا ؛ (کھیت کا) لہلہانا ؛ شاداب ہونا ؛ (منظر کا) جگمگانا - (۳) (کسی پر) ہنسنا ؛ طنز کرنا ؛ ہنسی اڑانا ؛ تضحیک کرنا ؛ مضحکہ اڑانا ؛ دل لگی کرنا ؛ بنانا - (۴) ہنس کر کہنا (۵) (مضحکہ اڑا کر) (کسی کی) عادت چھڑانا یا رائے بدلنا ؛ مسکرانا ؛ تبسم کرنا - (۶) (اسم) ہنسی قہقہہ ؛ کھکھلاہٹ ؛ خندہ - (۷) طرز خندہ ؛ ہنسنے کا طور -

have, get, the laugh of, have the l. on one's side: غالب حریف کو نیچا دکھانا ؛ خود گرتے گرتے حریف کو پچھاڑ دینا -

he laughs best who laughs last: قبل ازوقت خوشی لاحاصل -

join in the l.: ہنسی میں شریک ہونا خصوصاً ہنسی مذاق کا برا نہ ماننا -

l. at: (۱) ہنسی اڑانا ؛ تضحیک کرنا ؛ (کسی پر) ہنسنا - (۲) کسی کو دیکھ کر مسکرانا -

l. away: (۱) (وقت) ہنسی ، دل لگی میں گزار دینا - (۲) ہنس کر ٹال دینا -

l. down: (مقرر وغیرہ کو) ہنس ہنس کے بٹھا دینا ، خاموش کردینا-

laughing hyena, jackass: دیکھو Hyena, Jackass -

l. in one's sleeve: دل ہی دل میں ہنسنا یا مضحکہ اڑانا -

l. off: (پریشانی وغیرہ کو) ہنسی میں ٹال دینا -

l. on wrong side of mouth: ہنستے ہنستے رونے لگنا ؛ یکایک خوشی کا رنج سے بدل جانا -

l. over: ہنس ہنس کے بحث کرنا -

l person opinion &c. out of court: (کسی کے خیال یا رائے کو) ہنسی میں اڑانا ؛ مذاق میں ٹال دینا -

laugher, *n.*: ہنسنے والا -

laughing, *a.*: ہنستا ہوا ، خنداں -

laughingly, *adv.*: ہنسی خوشی ؛ ہنستے ہوئے ؛ خوش طبعی سے ؛ زندہ دلی سے -

Laughable, *a.*: مضحک ؛ ہنسنے کے قابل ؛ ہنسی جوگ ؛ قابل تضحیک ؛ خندہ انگیز -

laughably, *adv.*: مضحک طور پر -

Laughing, *n.*: ہنسنا وغیرہ -

l. gas: ہنسانے والی گیس (نائٹرس آکسائیڈ جس کے سونگھنے سے عارضی بے حسی پیدا ہوتی ہے) -

l. -stock: نشانۂ تضحیک ؛ نقل مجلس ؛ سرمایۂ تضحیک -

no l. matter: کوئی ہنسی کی بات نہیں ہے ؛ سنجیدگی سے غور کرنے کی چیز ہے -

Laughter, *n.*: ہنسی ؛ خندہ ؛ قہقہہ -

Homeric l.: زور کے قہقہے (پوری جماعت کے) -

Launce, *n.*: بام مچھلی کی ایک قسم جو ریت میں رہتی ہے -

Launch, *v. t.* & *i.* & *n.*: (۱) پھینکنا ؛ چلانا ؛ دینا (دھمکی)؛ جاری کرنا (ڈگری) - (۲) (کشتی) دریا میں ڈالنا - (۳) بھیجنا (کسی مہم پر)؛ شروع کرنا (مہم یا منصوبہ وغیرہ) - (۴) (عموماً out کے ساتھ) سختی سے کہنے لگنا ؛ برس پڑنا - (۵) بے دریغ خرچ کرنا - (۶) (مہم پر) روانہ ہونا - (۷) (اسم) کشتی کو دریا میں ڈالنا -

l. out: (۱) (روپیہ) دل کھول کر خرچ کرنا یا پانی کی طرح بہانا - (۲) بہت تفصیل سے بیان کرنا ؛ کتھا شروع کرنا - (۳) (کسی مہم پر) جہاز میں سفر کرنا ؛ کسی نئے کام کا آغاز کرنا -

Launch, *n.*: (۱) جنگی جہاز کی بڑی کشتی- (۲) سیر و تفریح کی برقی یا دخانی بڑی کشتی- (۳) برقی یا [illegible] کشتی -

Laundress, *n.*: (۱) دھوبن - (۲) [illegible] Inns of court کی خادمہ -

Laundry, *n.*: دھوبی خانہ ؛ کپڑے دھونے کا کارخانہ -

Laureate, *a. & n.* : (۱) لارل کا؛ لارل کی پتیوں سے گندھا ہوا۔ (۲) لارل کے ہار سے آراستہ؛ سر فراز۔ (۳) اس ہار کا مستحق۔

poet l. : درباری شاعر؛ ملک الشعرا۔

laureateship, *n.* : ملک الشعرا کا عہدہ؛ ملک الشعرائی۔

Laurel, *n. & v. t.* : (۱) لارل؛ ایک پودا جس کی پتیاں چمکدار ہوتی ہیں۔ (۲) (Bay) کی پتیوں کا مکٹ جو ورزشی کھیلوں میں جیتنے والوں یا شاعروں کے سر پر طرۂ امتیاز کے طور پر رکھا جاتا تھا۔ (۳) یہ مکٹ کسی کے سر پر رکھنا؛ طرۂ امتیاز عطا کرنا۔

l.-bottle : کیڑوں کو مارنے کے لئے لارل کے پتوں سے بھرا ہوا شیشہ۔

look to one's ll. : اپنے امتیاز و تفوق کی حفاظت کرنا؛ اپنی پگڑی سنبھالنا۔

reap or win ll. : کامیاب ہونا؛ امتیاز حاصل کرنا۔

rest on one's ll. : پچھلی کامیابی پر قناعت کرنا؛ زیادہ امتیاز حاصل کرنے کی کوشش نہ کرنا۔

Laurustinus, *-res*, *n.* : ایک سدا بہار پھولدار پودا۔

Lava, *n.* : (۱) پگھلا ہوا مادہ جو جوالا مکھی (پہاڑ) سے بہتا ہے؛ لاوا۔ (۲) منجمد لاوا۔ (۳) (جمع) لاوا کی قسم؛ لاوا کی تہہ۔

Lavabo, *n.* (pl. -oes) : (۱) گرجا میں عبادت گزاروں کے ہاتھ دھونے کی رسم؛ دست شوئی۔ (۲) دست شوئی کا تولیہ یا لگن۔ (۳) خانقاہ کا نہانے کا ٹب۔ (۴) طشت؛ لگن۔ (۵) (جمع) طہارت خانہ۔

Lavation *n.* : ہاتھ منہ دھونا

Lavatory, *n.* : (۱) (قدیم) لگن؛ طشت۔ (۲) طہارت خانہ؛ بیت الخلا۔

Lave, *v. t.* : (شعر) (۱) دھونا؛ نہلانا؛ غسل دینا۔ (۲) (چشمے وغیرہ کا) (ساحل کو) چومنا؛ بوسہ دینا۔

Lavement, *n.* : حقنہ؛ پچکاری۔

Lavender, *n. & v. t.* : (۱) ایک خوشبودار جھاڑی۔ (۲) لیونڈر کے پھول اور شاخیں جو بسانے کے لئے کپڑوں میں رکھتے ہیں۔ (۳) ہلکا اودا خفیف سرخی مائل رنگ؛ ارغوانی رنگ۔ (۴) لونڈر سے کپڑے بسانا۔

lay up in l. : (۱) لونڈر میں بسانا۔ (۲) (مجازاً) آیندہ کے لئے اٹھا رکھنا۔

l. water : عرق لونڈر؛ مقطر لونڈر اور الکوحل کا مرکب۔

Laver, *n.* : ایک طرح کی صوت البحر جو کھانے کے کام میں آتی ہے۔

Laver, *n.* : (۱) (بائبل) یہودی مقتدا کے غسل کا بڑا پیتل کا ظرف۔ (۲) (قدیم) دھونے کا باسن؛ چلمچی؛ طشت۔ (۳) فوارے کا حوض۔

Laverock : دیکھو Lark۔

Lavish, *a. & v. t.* : (۱) بہت افراط سے پیدا کرنے والا۔ (۲) دل کھول کر دینے والا۔ (۳) مسرف؛ شاہ خرچ؛ فضول خرچ۔ (۴) کثیر؛ وافر؛ بے اندازہ؛ حد سے زیادہ۔ (۵) بے اندازہ خرچ کرنا (۶) بے دھڑک اٹھانا؛ پانی کی طرح بہانا (روپیہ یا خون)۔

lavishly, *adv.* : بے اندازہ؛ بہت افراط سے۔

lavishness, *n.* : بے حد ہونا؛ افراط؛ بھر مار؛ کثرت۔

lavishment, *n.* : اسراف؛ تبذیر؛ فضول خرچی

Law, *n.* : (۱) قانون؛ آئین یا ضابطہ۔ (۲) جاری کئے ہوئے قاعدوں یا مروجہ دستوروں کا مجموعہ۔ (۳) ضابطہ؛ قاعدہ۔ (۴) قوانین کا اثر یا اقتدار؛ معاشرے میں پابندیٔ قانون۔ (۵) ضابطۂ قانون؛ نظم قانون؛ علم قانون؛ اُصول قانون؛ فلسفۂ قانون؛ قانون دانی: قانونی واقفیت۔ (۶) احکام واجب العمل۔ (۷) قانونی شعبوں میں سے کوئی ایک شعبہ یا شاخ۔ (۸) قانونی پیشہ۔ (۹) عدالتی چارہ جوئی؛ عدالت کی داد رسی؛ مقدمہ بازی۔ (۱۰) طریق کار؛ طرز عمل؛ کاروائی۔ (۱۱) متعلق کا قانون۔ (۱۲) قانون قدرت۔ قانون فطرت۔ (۱۳) کھیلوں کے قواعد ضوابط۔ (۱۴) شکار کو یا حریف کو (دوڑ میں) پہلے روانہ ہونے کا موقع دینا؛ رعایت؛ مہلت؛ وقفہ۔

be a l. unto oneself : من مانا طرز عمل اختیار کرنا؛ رسم و دستور کی پروا نہ کرنا۔

give the l. to : اپنی رائے پر چلانا؛ اپنا حکم منوانا۔

go to l. : عدالت سے چارہ جوئی کرنا۔

Gresham's l. : یہ نظریہ کہ کھرا روپیہ کھوٹے روپے کو خودبخود بازار سے نکالدیتا ہے۔

Grimm's, Verner's l. : جرمنی زبانوں میں حروف صحیح کی تبدیلیوں کے قوانین کے نام۔

L. abiding : پابند قانون؛ مطیع قانون؛ قانون پسند۔

L. -abidingness : اطاعت قانون؛ قانون پسندی؛ پابندی قانون۔

l. calf : بچھڑے کے چمڑے کی بنی ہوئی جلد جو عموماً قانون کی کتابوں میں استعمال ہوتی ہے۔

l. French : انگریزی فارسی اصطلاحات جو قانون و کتب قانون میں استعمال ہوتی ہیں۔

lawgiver : قانون بنانے والا؛ واضع قوانین۔

l.-hand : قانونی طرز تحریر یا رسم الخط؛ وہ طرز تحریر جو قانونی دستاویزات میں مستعمل ہو۔

l. Latin : بھدی لاطینی زبان جو اگلے انگریزی قانون میں مستعمل تھی۔

l. -lord : دارالامرا کا رکن جسے قانونی معاملات میں شرکت کا حق ہو۔

l. maker : واضع قانون۔

l. merchant : تجارتی قوانین؛ ضوابط متعلقہ تجارت۔

l. officer : قانونی عہدہ دار؛ سرکاری وکیل۔

l.- of Moses : موسوی شریعت۔

L. of Nature or Reason : قانون الہی؛ قانون قدرت؛ قانون عقل۔

l. -stationer : وکلا کے ہاتھ کاغذ و قلم وغیرہ بیچنے والا؛ دستاویزات باقاعدہ لکھنے والا۔

lawsuit : مقدمہ؛ نالش؛ عدالتی چارہ جوئی

l. term : (قانونی اصطلاح) وہ مدت جو اجلاس کے لئے مقرر کی جائے۔

l. writer : قانونی کتابیں تصنیف کرنے والا؛ عرائض نویس۔

lay down the l. : تحکمانہ انداز میں گفتگو کرنا۔

necessity knows no l. : احتیاج کسی قانون کی پابند نہیں۔

take the l. into one's own hand : کسی سے اپنا بدلہ خود لے لینا؛ اپنا حق تلتلے کے زور سے لے لینا۔

take the l. of a person : (کسی کے خلاف) مقدمہ لڑنا؛ عدالتی کارروائی کرنا۔

The L. of the Medes, Persians : اٹل قانون۔

Law, laws, *int.* : (عامیانہ) ارے؛ ہائیں؛ اوہ۔

Lawful, *a.* : (۱) قانونی؛ شرعی؛ جائز؛ حسب قانون۔ (۲) (قانوناً) مجاز؛ حلالی (اولاد)۔

lawfully, *adv.* : قانوناً؛ شرعاً؛ جائز طور پر۔

lawfulness, *n.* : جواز قانونی یا شرعی۔

Lawk(s), *int.* : (عامیانہ) ارے؛ اوہ۔

lawk-a-mussy : (عامیانہ) خدا رحم کرے

Lawless, *a.* : (۱) بے آئین؛ بے قانون (ملک)؛ جہاں قانون کا وجود یا نفاذ نہ ہو۔ (۲) غیر پابند قانون؛ غیر مطیع قانون؛ مطلق العنان۔ بے قید؛ بے لگام؛ سرکشانہ۔

lawlessness, *n.* : نافرمانی قانون؛ بے آئینی؛ بے لگامی؛ سرکشی۔

Lawn, *n.*: ایک قسم کی باریک ململ جو پادری آستینوں میں لگاتے ہیں -
l. sieve: ململ یا ریشم کا باریک چھنا یا چھلنی -
lawny, *a.*: باریک ململ یا چھنے کے متعلق -
Lawn, *n.*: (۱) (قدیم) (جنگل کے بیچ میں) کھلا میدان - (۲) چراگاہ؛ گھاس کا تختہ؛ سبزہ زار؛ اس کا رقبہ - (۳) لان؛ دوب کا تختہ -
l. -mower: سبزہ تراش کل جس میں پیچدار گھومنے والے چھرے یا بلیڈ ہوں -
l. -sprinkler: سبزہ آبپاش مشین -
l. tennis: ٹینس کی ایک خاص قسم جو سبزے وغیرہ کے کورٹ پر کھیلی جاتی ہے -
lawny *a.*: جس میں دوب کے تختے ہوں؛ دوب دار؛ پر سبزہ -
Lawyer, *n.*: (۱) قانون پیشہ؛ وکیل، اٹرنی وغیرہ - (۲) عالم قانون؛ قانون دان -
Penang l.: پنانگ کی کھجور کی چھڑی -
Lax, *a.*: (۱) (شاذ) ڈھیلا؛ مسام دار - (۲) غافل؛ بے پروا؛ نرم؛ ڈھیلا؛ غیر واضح؛ مبہم؛ دھندلا -
laxity, *n.*: ڈھیلا پن؛ غفلت؛ بے پروائی؛ نرمی -
laxly, *adv.*: ڈھیلے پن سے؛ بے پروائی سے؛ بیجا نرمی سے؛ غیر واضح طور پر -
Lax, *n.*: ناروے اور سویڈن کی ایک قسم کی مچھلی -
Laxative, *a.* & *n.*: (۱) مفتح؛ ملین - (۲) مفتح یا ملین دوا - (۳) منضج -
Lay, *n.*: (۱) گیت - (۲) نظم؛ گیت؛ پرندوں کا زمزمہ -
Lay, *a.*: (۱) غیر پادری؛ دنیادار؛ گرہست - (۲) غیر پادری یا دنیادار سے متعلق؛ دنیادارانہ - (۳) غیر فنی؛ غیر ماہر - (۴) (تاش) معمولی پتا (جو ترپ نہ ہو) -
l. brother, l. sister: نیم راہب یا نیم راہبہ؛ وہ پادری جس سے محنت مزدوری کا کام لیا جائے اور مذہبی فرائض سے معاف رکھا جائے -
l. clerk: گرجا کا کارندہ؛ پادری کے ماتحت کا محرر -
l. communion: دنیا دار کی رکنیت کلیسا؛ عشائے ربانی میں دنیا داروں کی شرکت -
l. deacon: وہ شخص جو مذہبی ڈیکن (deacon) کا منصب رکھتا ہو اور دنیوی کاروبار میں بھی حصہ لے -
l. lord: وہ امیر جو دارالامرا کا رکن ہو مگر قانونی معاملات میں شرکت کا حق نہ رکھتا ہو -
l. reader: ایسا شخص جو پادری نہ ہو مگر عبادات میں امامت کا مجاز ہو -
layman: اناڑی؛ اناڑی؛ غیر ماہر؛ دنیا دار -
Lay, *v. t.* & *i.* (laid), & *n.*: (۱) لٹا دینا؛ گرا دینا؛ بچھا دینا (خصوصاً آندھی یا پانی کا) فصل کو - (۲) فرو ہونا؛ فرو کرنا (تموج یا طوفان کو)؛ دور کرنا (وہم کو)؛ ہلکا ہونا؛ ہلکا کرنا؛ دبا دینا (ہوا کو) - (۳) رکھنا - (۴) لٹانا - (۵) (انڈے) دینا - (۶) داؤ پر لگانا (رقم)؛ بدنا؛ بدنے پر تیار ہونا - (۷) رکھنا؛ لگانا؛ جمانا - (۸) قائم کرنا (قصے کا موقع یا منظر)؛ کسی عضو کو کسی خاص حالت میں رکھنا - (۹) (توپ کا) نشانہ لگانا - (۱۰) کسی شخص کو کسی حالت میں رکھنا - (۱۱) پیش کرنا (مسئلہ دعوی وغیرہ) - (۱۲) سامنے رکھنا (واقعات وغیرہ) - (۱۳) ہرجانے وغیرہ کی رقم کا تعین کرنا - (۱۴) (قدیم) الزام لگانا؛ (کسی کے) سر تھوپنا - (۱۵) کسی سبب کی طرف منسوب کرنا - (۱۶) (تاوان یا ٹیکس) عائد کرنا؛ لگانا - (۱۷) (لاٹھی وغیرہ) رسید کرنا؛ لگانا؛ مارنا - (۱۸) جمانا؛ ترتیب دینا - (۱۹) رسی بٹنا؛ بانا یا تار بچھا ننا - (۲۰) نقشہ مرتب کرنا؛ حدود قائم کرنا؛ خاکہ تیار کرنا - (۲۱) (رنگ) چڑھانا؛ (رنگ) کرنا - (۲۲) خول یا غلاف چڑھانا؛ تہ چڑھانا؛ تہ جمانا؛ بچھانا - (۲۳) بار لیمنٹ میں کاغذات پیش کرنا - (۲۴) (عامیانہ اور ملاحوں کی زبان) جھوٹ بولنا - (۲۵) (عامیانہ) کاروبار؛ مشغلہ؛ کام؛ پیشہ - (۲۶) رسی کا بل؛ بٹنے کا رخ یا سمت - (۲۷) رخ، مقام یا سمت (کسی شے یا ملک کی) -
laid paper: شکن دار کاغذ -
l. -aboard: دیکھو Aboard -
l. aside or *by*: علحدہ رکھنا؛ ہٹانا؛ کسی چیز کا استعمال یا خیال ترک کرنا؛ موقوف کرنا؛ رکھ چھوڑنا؛ (روپیہ) بچا کر رکھنا -
l. bare: ننگا کرنا؛ ظاہر کرنا؛ فاش کرنا -
l. down: (۱) رکھدینا؛ زمین پر رکھنا - (۲) دست بردار ہونا - (۳) روپیہ دینا؛ شرط پر لگانا؛ بازی پر لگا دینا - (۴) قربان کرنا؛ ندا کرنا (زندگی)؛ (جہاز، ریل کی) تعمیر (آغاز) کرنا - (۵) قرار دینا؛ مقرر کرنا؛ منضبط کرنا (دستور و آئین وغیرہ) - (۶) مرتب کرنا، بنانا (نقشہ وغیرہ) - (۷) چراگاہ بنادینا (زمین کو)؛ (شراب کو) تہ خانے میں رکھنا؛ گودام میں رکھنا -
l. down one's *arms*: ہتھیار ڈالدینا -
l. fast, by the heels: قید کرنا؛ مقید کرنا -
l. great store upon: بہت قدر کرنا؛ بہت اہم سمجھنا -
l. hands on: (۱) قبضہ کرنا؛ متصرف ہونا - (۲) تشدد کرنا؛ مارنا؛ پیٹنا؛ خود کشی کرنا - (۳) پانا؛ ہاتھ آنا - (۴) ہاتھ رکھکر تصدیق کرنا یا حکم دینا -
l. heads together: سر جوڑ کر بیٹھنا؛ مشورہ کرنا -
l. hold on or *of*: پکڑنا؛ تھامنا؛ (مجازاً) حریف کی کمزوری سے فائدہ اٹھانا -
l. in: (۱) ذخیرہ فراہم کرنا - (۲) (روز مرہ) لاٹھیاں وغیرہ برسانا -
l. it on thick or *with a trowel*: کھلی خوشامد کرنا -
l. low: نیچا دکھانا؛ خاک میں ملانا؛ ہلاک کرنا -
l. on: (۱) (تاکیدی حکم) دینا؛ (ٹکس، تاوان) لگانا؛ عائد کرنا - (۲) (مکے وغیرہ) لگانا؛ ٹھونسنا - (۵) (چابک) پھٹکارنا؛ رسید کرنا - (۶) تہ جمانا؛ ردا جمانا؛ روغن کرنا - (۷) (شکاری کتے کو) بو پر چھوڑنا؛ نل وغیرہ لگانا
l. one's *bones*: دفن ہونا کسی مقام پر -
l. open: (۱) ظاہر کرنا؛ تشریح کرنا - (۲) چھیلنا -
l. out: (۱) پھیلانا؛ کھولنا؛ دکھانا - (۲) کفنانا؛ تجہیز و تکفین کرنا - (۳) (عامیانہ) مار ڈالنا - (۴) (روپیہ) صرف کرنا؛ خرچ کرنا - (۵) (کسی کام کے لئے) جد و جہد کرنا - (۶) زمین یا باغ کی تقسیم اور ترتیب کرنا (کسی خاص نقشے کے مطابق) -
l. out: زمین وغیرہ کی تقسیم، ترتیب -
l. siege to: (۱) محاصرہ کرنا؛ پیچھے لگنا؛ پیچھے پڑنا
l. stress, weight, emphasis, on: زور دینا؛ اہم سمجھنا -

l. table, cloth, breakfast : کھانا چننا -
l. to heart : دیکھو Heart -
l. to one's charge or one's door : الزام کسی کے سر لگانا یا تھوپنا -
l. the fire: آگ جلانے کے لئے لکڑی وغیرہ رکھنا -
l. to sleep or rest : (۱) سونے کے لئے لیٹنا یا لٹانا ؛ دفن کرنا - (۲) (مجازاً) دبا دینا ؛ دل سے دور کردینا ؛ بھلا دینا -
l. under contribution : چندہ عائد کرنا -
l. under necessity : مجبور کرنا -
l. under obligation : ممنون کرنا ؛ زیر بار احسان کرنا -
l. up : (۱) ذخیرہ کرنا ؛ اٹھا رکھنا - (۲) بیمار پڑنا ؛ صاحب فراش ہونا ؛ چار پائی کو لگ جانا - (۳) (جہاز کو) جنگی خدمت سے علاحدہ کرنا - (۴) (روپیہ) پس انداز کرنا -
l. wait for دیکھو Wait -
l. waste : تاراج کرنا -

Layer, *n. & v. t. & i.* : (۱) رکھنے والا وغیرہ - (۲) طبق ؛ پرت ؛ تہ ؛ ردا - (۳) (جمع) لیٹے ہوئے ' بچھے ہوئے غلے کے پودوں کے قطعے - (۵) دریا کی تہ جس میں گھونگھے ہوں ؛ صدف زار - (۲) درخت کی شاخ جو جھکا کر زمین میں گاڑ دی گئی ہو تاکہ جڑ پکڑ جائے -
l.-stool : اس شاخ کی جڑ جو زمین میں گاڑ دی گئی ہو -
ll. & backers : کسی گھوڑے کی ہار یا جیت پر شرط لگانے والے -

Layette, *n.* : نئے بچے کے کپڑے اور نہالچے وغیرہ -

Lay figure, *n.* : (۱) انسانی جسم کا چوبی ڈھانچا جس پر مصور پردے لٹکاتے ہیں - (۲) بے حقیقت شخص جس کا عدم و وجود برابر ہو ؛ لاشے محض - (۳) بے اثر کردار (ناول یا قصے میں) -

Laylock, *n.* : Lilac کو مقامی بولی میں کہتے ہیں -

Laystall, *n.* : کوڑی ؛ گھورا -

Lazar, *n.* : (قدیم) غریب بیمار آدمی ؛ کوڑھی ؛ جذامی ؛ مجذوم -
l.-house : جذامی خانہ ؛ کوڑھیوں کا شفا خانہ ؛ کوڑھی گھر -

Lazaret(to), *n.* : (۱) خیراتی ہسپتال ؛ جذامیوں کا خیراتی شفا خانہ - (۲) قرنطینہ کی عمارت یا جہاز - (۳) جہاز کے تہ خانے کا پچھلا حصہ جو گودام کے طور پر استعمال ہوتا ہے -

Lazarus, *n.* : فقیر ؛ گدا گر ؛ بھیک منگا ؛ محتاج -

Laze, *v. i. & t. & n.* : (۱) (روز مرہ) کاہلی کرنا ؛ سستی کرنا - (۲) کاہلی میں تضیع اوقات کرنا ؛ فضول وقت گزارنا - (۳) وقت جو کاہلی میں گزارا جائے -

Lazuli, *n.* : دیکھو Lapis Lazuli -

Lazy, *a. & v. i. & t.* : (۱) کام چور ؛ آلکسی ؛ سست ؛ کاہل - (۲) سستی بڑھانے والا ؛ کاہلی کا ؛ کاہلانہ - (۳) کاہلی کرنا ؛ کاہلی میں وقت گزارنا -
l.-bed : آلو بونے کی کیاری (تخمیناً چھ فٹ چوڑی) جس کے دونوں طرف خندق ہو -
l.-bones : سست یا کاہل آدمی ؛ کاہل الوجود ؛ احدی -
l.-pinion : چھوٹا دندانے دار پہیا جس سے اور پہیوں کو حرکت ہو -

l.-tongs : دور کی چیز اٹھانے کا بیرم دار آلہ -

lazily, *adv.* : سستی سے ؛ کاہلی سے -

laziness, *n.* : سستی ؛ کاہلی -

Lazzarone (lats-) *n.* (pl.-ni) : شہر نیپلز کا آوارہ گرد جو چھوٹے موٹے کاموں اور گدا گری پر بسر کرتا ہے -

-le,-el, : لاحقہ (۱) جو اسماء و صفات پر بڑھایا جاتا ہے ؛ جو اسماء اسم سے بنتے ہیں ان میں اسم تصغیر یا آلہ کا ' جو فعل سے بنتے ہیں ان میں اسم فاعل ' اسم آلہ یا اسم مجموع کا ' اور جو صفت فعل سے مشتق ہوتے ہیں ان میں قابلیت یا لیاقت کا فائدہ دیتا ہے - (۲) اسم کے آخر میں آتا ہے - (۳) فعل کے آخر میں آتا ہے اور کثرت یا تصغیر کا فائدہ دیتا ہے -

Lea, *n.* : (شعر) میدان ؛ سبزہ زار ؛ مرغزار -

Lea, *n.* : انٹی ؛ سوت یا تاگے کا پیمانہ (جو مختلف مقامات میں ۸۰ سے ۳۰۰ سو گز تک قرار دیا گیا ہے) -

Leach, *v. t.* : (۱) (سیال کو) کسی چیز میں چوانا ؛ تقطیر کرنا - (۲) خام دھات ' چھال وغیرہ میں سے سیال چوانا - (۳) قابل تحلیل اجزا کو اس طرح دور کرنا یا خارج کرنا -

Lead *n. & v. t. & i.* : (۱) سیسہ ؛ سرب - (۲) پنسال (پانی ناپنے کا آلہ) - (۳) (جمع) سیسے کی پٹیاں یا کڑیاں چھت پاٹنے کے لئے ؛ سیسے کی پٹی ہوئی چھت ؛ سیسے کے چوکھٹے - (۴) (طباعت) سیسے کا ٹکڑا جو سطروں کے بیچ میں فاصلہ دینے کے لئے رکھتے ہیں - (۵) سیسہ چڑھانا ؛ سیسے کا چوکھٹا جڑنا - (۶) سیسے کے ٹکڑوں سے چھاپے کے سطور میں فاصلہ دینا - (۷) بندوق کی نال کا سیسے کی تہ جم جانے سے کثیف ہونا -
arm the l. : ساہول آب میں چربی بھر دینا تاکہ معلوم ہوجائے کہ دریا کی تہ میں کیا چیزیں ہیں -
black l. : پنسل کا سرمہ یا سیسہ -
l.comb : سیسہ کی کنگھی -
l.pencil : ایک قسم کے سیسہ نما پتھر کی پنسل -
l.-poisoning : سیسے کے زہر سے مسموم ہونا -
leadsman : وہ ملاح جو پانی کی تھاہ ناپنے کے لئے ساہول ڈالتا ہے -
l.-work : سیسہ جڑنے کا کام ؛ سیسے کے چوکھٹے لگانے کا کام -
l.-works : سیسے کو پگھلا کر صاف کرنے کا کار خانہ -
ounce of l. : بندوق کی گولی -
red l. : سیندور -
swing the l : (عامیانہ فوجی اور بحری) فرض منصبی سے جی چرانا ؛ بیمار بن جانا -
white l. : سپیدہ -

leadless, *a.* : بے سیسہ ؛ بن سیسہ -

Lead, *v. t. & i.* : (۱) رہنمائی کرنا ؛ رہبری کرنا ؛ لے جانا ؛ لے چلنا - (۲) ہدایت کرنا ؛ پیشرو ہونا ؛ آگے چلنا ؛ مقدم ہونا - (۳) (فوج) نقل و حرکت کی رہنمائی کرنا - (۴) ہاتھ پکڑ کر یا رسی باندھ کر لے چلنا - (۵) ترغیب دلا کر آمادہ کرنا ؛ کسی کے افعال یا رائے کی رہنمائی کرنا ؛ نتیجے یا فیصلے پر پہنچانا ؛ کرنے کی ترغیب دینا - (۶) (سڑک کا آدمی کو) کسی مقام تک پہنچانا ؛ (مجازاً) نتیجہ ہونا - (۷) (رسی کو) چرخی پر چڑھانا ؛ (پانی کو) نالی سے نکالنا یا

گزارنا - (۸) بسر کرنا ؛ گزارنا (زندگی) - (۹) پیش پیش ہونا ؛ مقدم ہونا ؛ سبقت کرنا ؛ ابتدا کرنا ؛ آغاز کرنا ؛ شروع کرنا - (۱۰) درز میں آگے ہونا ؛ نمونہ دکھا کر ہدایت کرنا ؛ بینڈ میں اگوا ہونا - (۱۱) کوئی پتا پہلے چلنا (تاش) ؛ پہلے کھیلنا - (۱۲) لیڈر ہونا ؛ سر کردہ ہونا ؛ قاید ہونا - (۱۳) مقدمہ میں پیروی کی ابتدا یا رہنمائی کرنا -

l. astray : گمراہ کرنا -

l. away : بے سوچے سمجھے تقلید پر آمادہ کرنا -

l. by the nose : اُلو بنا کر جو چاہنا کرانا -

l. captive : (۱) جبراً ساتھ لے جانا - (۲) قید کرکے لے جانا -

l. off : ابتدا کرنا ' آغاز کرنا (ناچ یا گفتگو وغیرہ کی) -

l. on: پھسلا کر آگے بڑھانا -

l. one *a dance* : کسی کو حیران کرنا ' ریٹانا -

l. one *a life* : کسی کو ہمیشہ ستاتے رہنا؛ ناک میں دم کرنا ؛ کسی کی زندگی دشوار کر دینا -

l. the way : آگے چلنا ؛ رہنمائی کرنا -

lead up to: ایسا پتا چلنا کہ حریف کو کوئی خاص پتا چلنا پڑے -

l. up to: تمہید ہونا ؛ (گفتگو کو) کسی موضوع کی طرف پھیرنا -

l. woman *to altar* : شادی کرنا -

led captain : طفیلی ؛ خوشامدی -

led horse : گھوڑا جسے سائیس باگ پکڑ کر لے جائے -

leadable, *a.* : قابل رہنمائی -

Lead, *n.* : (۱) رہنمائی ؛ مثال - (۲) رہنمائی ؛ رہبری ؛ قیادت - (۳) پنچکی تک جانے والی نہر - (۴) برف پوش میدان کی نالی - (۵) کتے کے لے چلنے کی ڈوری - (۶) تاش میں پہلے پتا چلنا یا اس کا حق - (۷) موصل یا برق کش -

give one *a l.* : اپنی مثال سے ہمت بڑھانا (خصوصاً ٹٹی پھاندنے میں) -

l. off : سبقت ؛ ابتدا -

return the l. : اپنا ساتھی جو رنگ چلے اسی کو چلنا -

تھیٹر میں سب سے اہم پارٹ (کرنیوالا) -

take the l. : قیادت کرنا -

Leaden, *a.* : سیسہ جیسا ؛ سیسے کی طرح ؛ سیسہ کا -

sleep's l. sceptre : (۱) نیند کی مغلوب کرنے والی قوت ؛ نیند کا بوجھ - (۲) بھاری؛ سست ؛ بوجھل (مثلاً *l. limbs*) - (۳) بے لوچ آہنی (ضابطہ) - (۴) سیسے کے رنگ کا -

l. sword : بیکار یا نکمی تلوار -

Leadenhall, *n.* : لندن کا گوشت اور مرغی وغیرہ کا بازار -

Leader, *n.* : (۱) رہنما؛ رہبر؛ قائد؛ راہ دکھانے والا؛ سالار؛ سرگروہ - (۲) دارالعوام کا سرکاری رکن جو کارروائی شروع کرتا ہے (*l. of House of commons*) - (۳) وکیل جو کارروائی مقدمہ کی رہنمائی کرے ؛ سرکاری وکیل (اعزازی) ؛ سینیئر وکیل - (۴) چوامپہ گاڑی کا اگلا گھوڑا - (۵) تنے یا سب سے بڑی شاخ کی چوٹی کا کلا - (۶) نس - (۷) مقالۂ ادارت ؛ اداریہ - (۸) (طباعت) نقطوں کی سطر -

leaderless, *a.* : بے رہنما ؛ بے رہبر -

leadership, *n.* : پیشوائی ؛ رہنمائی ؛ قیادت ؛ سرکردگی -

Leaderette, *n.* : مختصر مقالۂ ادارت؛ چھوٹا اداریہ ؛ ادارچہ -

Leading, *n.* : رہنمائی کرنا ؛ ہدایت کرنا ؛ آگے چلنا وغیرہ -

in l.-strings : ہر بات میں دوسروں کا محتاج ؛ بچوں کی طرح دوسروں کا محتاج -

l.-business : (تماشے میں) سب سے اہم پارٹ -

l.-rein : باگ ڈور -

l.-staff : بیل کی ناتھ کی لکڑی -

l.-strings : ڈوریاں جن کو پکڑ کر بچے چلنا سیکھتے ہیں -

men of light & l. : قابل اور ذی اثر لوگ -

Leading, *a.* : (۱) رہنمائی کرنے والا وغیرہ - (۲) نمایاں؛ خاص؛ اہم؛ اول -

l. article : (۱) اداریہ ؛ مقالۂ ادارت - (۲) (تجارت) وہ چیز جو کم قیمت پر بیچی جائے تا کہ اور چیزوں کی بکری زیادہ ہو -

l.-case : وہ مقدمہ جو بطور نظیر دوسرے مقدموں کے فیصلہ میں مدد دے -

l. men, l. lady : وہ شخص جو تماشے میں سب سے اہم پارٹ کرے -

l. motive : = Leitmotiv

l. question : وہ سوال جس سے مطلوبہ جواب حاصل کیا جائے یا جو مطلوبہ جواب کی طرف اشارہ کرے؛ پتے کا سوال -

Leaf, *n,* (pl.-ves), & *v. t.* : (۱) پتا ؛ برگ - (۲) پتی ؛ پنکھڑی - (۳) پتے پتیاں؛ مجموعۂ برگ ؛ تمباکو یا چائے کی پتیاں - (۴) ورق (کتاب کا) - (۵) چاندی سونے وغیرہ کا پتر ؛ چاندی سونے کا ورق ؛ ورق طلا یا نقرہ وغیرہ ؛ پنّی - (۶) لنگن (بلبوق کی مکھوی کا) ؛ پٹ (کواڑ کا) ؛ لٹک تختہ (میز وغیرہ کا) - (۷) چکر یا پہیے کا دندانہ - (۸) پتے نکلنا -

fall of the l. : پت جھڑ ؛ خزاں -

in l. : برگ پوش ؛ (درخت) جس کے پتے نکلے ہوئے ہوں -

l. brass : پیتل کی کند تلوار (شمشیر بازکی) -

l.-mould : گلے سڑے پتوں کی پھپھوندی -

take l. out of person's *book* : دیکھو Book -

turn over new l. : اپنے طرز زندگی کی اصلاح کرنا -

leafage, *n.* : پتوں کا مجموعہ -

leafless, *a.* : بے برگ ؛ بے پتوں کا -

leaflessness, *n.* : بے برگی -

leafiness, *n.* : پر برگی ؛ گھنا پن -

leafy, *a.* : برگ پوش ؛ پر برگ ؛ پتے دار -

Leaflet, *n.* : (نباتات) (۱) پتی ؛ برگچہ - (۲) نئی پتی ؛ کونپل - (۳) دستی اشتہار ؛ دو ورقی رسالہ -

League, *n* : مسافت کا پیمانہ جو بقدر تین میل کے ہوتا ہے؛ فرسخ -

League, *n., & v. t., & i.* : (۱) اتحاد ؛ ایتلاف - (۲) انجمن اتحاد ؛ متحدہ جماعت ؛ لیگ - (۳) اتحاد یا ایتلاف کرنا -

in l. with : ایتلاف یا اتحاد رکھنے والا -

L. of Nations : انجمن اقوام -

Leaguer, *n.* : (قدیم) محاصرہ ؛ گھیرا ؛ محاصرے کی چھاؤنی یا پڑاو -

Leaguer, *n.* : لیگ کا رکن ؛ انجمن اتحاد کا رکن؛ ایتلاف کا رکن -

Leak, *n., & v. i.* : (۱) چھید؛ سوراخ ؛ درز ؛ دراز (جس میں سے پانی وغیرہ ٹپکے) - (۲) رسنا ؛ ٹپکنا ؛ چونا -

(۳) (بھید) ظاہر ہونا ' آہستہ آہستہ فاش ہو جانا یا پھیل جانا -

spring a l. : سوراخ ہوجانا ؛ چھید ہوجانا -

leakage, *n.* : (۱) رساؤ ؛ ٹپکا - (۲) راز کا افشا - (۳) (روپیہ کا) غبن ؛ خورد برد -

Leaky, *a.* : (۱) سوراخ دار ؛ رسنےوالا ؛ ٹپکنےوالا - (۲) ضعف المثانہ؛ پیشاب نہ روک سکنے والا - (۳) پیٹ کا ھلکا ؛ بھید ظاہر کرنے والا ؛ راز فاش کرنے والا -

leakiness, *n.* : سوراخ دار ہونا ؛ ضعف مثانہ؛ پیٹ کا ھلکاہونا -

Leal, *a.* : (اسکاچستان اور ادب) وفادار؛ باوفا ؛ دیانتدار؛ متدین-

Lean, *a.* & *n.* : (۱) دبلا ؛ ... ؛ لاغر - (۲) ھلکی ؛ کم (فصل) ؛ غذائیت سے خالی ' غیر مقوی (غذا) - (۳) منافع سےخالی؛ بےفائدہ - (۴) بغیر چربی کا (گوشت) -

l. years : قحط کے سال ؛ خشک سالی کا زمانہ -

leanness, *n.* : لاغری ؛ دبلا پن وغیرہ -

Lean, *v. i.* & *t.* (past & p. p. leaned or leant), & *n.* : (۱) ٹیک لگانا ؛ تکیہ لگانا ؛ سہارا لینا ؛ (چیز کا) سہارے پر رکھا ہونا ؛ ٹکا ہونا - (۲) بھروسہ کرنا ؛ اعتماد کرنا ؛ تکیہ کرنا - (۳) جھکنا ؛ جھکانا - (۴) ایک طرف جھک کر کھڑا ہونا - (۵) مائل ہونا ؛ رجحان ہونا - (۶) حامی ہونا ؛ طرفدار ہونا ؛ طرفداری کرنا - (۷) جھکاو ؛ ڈھال -

l. upon : (فوج) محافظت کے لئے ایک بازو پر رکھنا (دیوار ' دھس وغیرہ) -

l.-to : اسارا ؛ سائبان ؛ زائد ڈھلوان چھت -

leaning, *n.* : (طرفداری کا) میل ؛ میلان طبع ؛ رجحان -

Leap, *v. t.* & *i.* (past & p. p. leapt or leaped) : (شعر ' ادب نیز سنجیدہ کلام وغیرہ) کودنا ؛ پھاندنا ؛ پھلانگنا ؛ اچھلنا -

look before you l. : دیکھو Look -

l.-frog : (۱) ایک کھیل جس میں کچھ لڑکے جھک کر اور ٹانگیں پھیلا کر کھڑے ہوتے ہیں اور دوسرے ان کی پیٹھ پر سے پھاندتے ہیں - (۲) محراب بنا کر کھڑا ہونا -

leaper, *n.* : کودنے والا ؛ پھلانگنے والا -

Leap, *n.* : (۱) کود ؛ پھلانگ ؛ چھلانگ؛ جست ؛ تڑپ - (۲) وہ چیز جسے پھاندنا ہو -

by ll. and bounds : حیرت انگیز رفتار سے ؛ نہایت تیزی سے ؛ دن دونی رات چوگنی رفتار سے -

l.-day : لوند کا دن ؛ ۲۹ فروری کی تاریخ -

l. in the dark : اپنے کو جوکھم میں ڈالنا -

l.-year : لوند کا سال ؛ سال کبیسہ -

l.-year proposal : عورت کی مرد سے شادی کی درخواست جو صرف لوند کے سال میں جائز ھے -

Learn, *v. t.* & *i.* : (۱) سیکھنا ؛ (علم) حاصل کرنا - (۲) حفظ کرنا ؛ ازبر کرنا - (۳) اطلاع پانا ؛ مطلع ہونا ؛ آگاہ ہونا ؛ خبر ہونا ؛ دریافت کرکے معلوم کرنا ؛ معلوم کرنا - (۴) پڑھنا - (۳) تعلیم پانا - (۵) (قدیم) پڑھانا ؛ تعلیم دینا -

I have yet to l. : میں نے آج تک نہیں سنا -

learnable, : سیکھنے کے قابل ' جو سیکھا جا سکے -

learner, *n.* : آموزندہ ؛ سیکھنےوالا ؛ متعلم؛ طالب علم؛ شاگرد -

Learned, *a.* : (۱) عالم ؛ متبحر ؛ دانا ؛ فاضل - (۲) فاضلانہ ؛ عالمانہ - (۳) (عدالت میں وکیلوں سے خطاب کے لئے) فاضل - (۴) علمی ؛ عالمانہ (پیشہ یا الفاظ) -

learnedly, *adv.* : عالمانہ طریقہ سے ؛ فاضلانہ انداز سے ؛ عالموں کی طرح سے -

Learning, *n.* : (۱) سیکھنا ؛ آموزش؛ تعلم - (۲) علم؛ فضیلت ؛ علمیت ؛ معلومات ؛ ذخیرہ علوم -

the new l. : یونانی علم و ادب وغیرہ جو انگلستان میں نشاۃ ثانیہ کے زمانے میں رائج ہوا -

Lease, *n.* & *v. t.* : (۱) اجارہ ؛ پٹہ - (۲) پٹے یا اجارے پر دینا یا لینا -

a new l. of life : از سر نو زندگی (بیماری یا مصیبت کے دور ہونے کے بعد) -

leasehold(er) : پٹہ (دار) ؛ اجارہ (دار) -

Lease, *n.* : (پارچہ بافی) (۱) تانا - (۲) گول سوراخ والی ڈوری -

Leash, *n.* & *v. t.* : (۱) تسمہ یا ڈوری جس میں کتے کو باندھ کر ساتھ لے جاتے ہیں - (۲) تین کتوں یا خرگوشوں کا نکتم یا مجموعہ - (۳) (پارچہ بافی) گول سوراخ والی ڈوری - (۴) تسمہ یا ڈوری سے جوڑنا یا باندھنا -

hold in l. : قابو میں رکھنا -

Leasing, *n.* : (بائبل) جھوٹ ؛ دروغ ؛ دروغ گوئی -

Least, *a.*, *n.*, & *adv.* : (۱) سب سے چھوٹا ؛ سب سے کم ؛ کمترین ؛ اقل - (۲) سب سے کم (طرح پر) -

at l. : بہر حال ؛ کم از کم ؛ اور نہیں تو اتنا ' ایسا وغیرہ -

at the l. : کم سے کم ؛ چھوٹے سے چھوٹے تخمینے کے لحاظ سے-

(in) the l. : ذرا بھی ؛ بالکل -

l. said soonest mended : زیادہ بحث یا قیل و قال سے اور خرابی ہوگی -

to say the l. of it : بہت کم کرکے لیکن تب بھی ؛ کم سے کم ؛ کتنا بھی گھٹاو تو بھی -

Leastways Leastwise, *adv.* : (سوقیانہ) یہ نہیں تو ؛ یا کم سے کم ؛ یا یوں کہئے کہ (leastwise کا استعمال شاذ ھے) -

Leat, *n.* : پن چکی تک پانی لے جانے والی نہر -

Leather, *n.* & *v. t.* : (۱) چمڑا ؛ پکا چمڑا ؛ چرم - (۲) چمڑے کی چیز ؛ چرمی شے ؛ پالش کرنے کا چمڑا - (۳) چمڑے کا تسمہ یا پٹی - (۴) کرکٹ کی گیند یا فٹ بال (عامیانہ) - (۵) (جمع) برجس ؛ چمڑے کے موزے - (۶) (عامیانہ) کھال ؛ جلد (آدمی کی) - (۷) چمڑا چڑھانا - (۸) تسمے سے مارنا -

American l. : ایک قسم کا روغنی کپڑا -

l. & prunella : محض لباس کا فرق -

l.-back : ایک قسم کا کچھوا -

l.-head : کوڑھ مغز ؛ بیوقوف ؛ احمق -

l.-hunting : (کرکٹ ' عامیانہ) فیلڈنگ -

l.-jacket : ایک قسم کی سخت جلد والی مچھلی ؛ ایک کیڑے کا پھل روپ -

l.-neck : سپاہی -

nothing like l.: اپنی چیز سب سے اچھی ؛ اپنا فائدہ سب سے مقدم -

patent l.: چمڑا جس پر نقیس سیاہ وارنش ہو -

l.-wood: ایک سخت چھال کا درخت -

leatherette, *n.*: مصنوعی چمڑا ؛ کپڑا یا کاغذ جو چمڑے کی طرح معلوم ہو

leathering, *n.*: مرمت؛ کندی ؛ مار؛ ٹھکائی -

leathern, *a.*: چرمی ؛ چمڑے کا -

leathery, *a.*: (۱) چمڑے جیسے ؛ سخت (گوشت وغیرہ) -

Leatheroid, *n.*: روئی کا کاغذ جو کیمیاوی عمل کرنے سے چرمِ خام سے مشابہ ہوتا ہے ؛ چرم نما کاغذ -

Leave, *n.*: (۱) اجازت ؛ اذن - (۲) رخصت ؛ چھٹی؛ معیاد رخصت -

by your l.: (اکثر طنزاً) گستاخی معاف آپ کو زحمت تو ہوگی(ذرا سامنے سے ہٹ جائیے) -

French l.: دیکھو French -

l.-breaker: ملاح جو رخصت ختم ہونے کے بعد غیر حاضر ہو -

l. taking: الوداع ؛ رخصت -

on l.: چھٹی پر -

take l.: رخصت ہونا ؛ الوداع کہنا ؛ خیرباد کہنا -

take l. of one's *senses*: ہوش و حواس کھو دینا ؛ مجنوں ہوجانا -

Leave, *v. t.* & *n.*: (۱) چھوڑدینا؛ چھوڑ جانا؛رہنےدینا - (۲) ترکے میں چھوڑنا - (۳) چھوڑنا ؛ باقی رکھنا ؛ اٹھا رکھنا ؛ بدستور رہنے دینا - (۴) حوالے کرنا ؛ سپرد کرنا ؛ کسی کی مرضی پر چھوڑنا - (۵) کوئی کام کرنے دینا ؛ دخل دینے سے باز رہنا - (۶) لے جانا (پیام ' ہدایت ' چیز) - (۷) (کسی شخص کے پاس سے) جانا ؛ جدا ہونا ؛ رخصت ہونا - (۸) روانہ ہونا (کسی مقام کے قصد سے) - (۹) کسی چیز کے پاس سے گزر جانا ؛ کسی چیز کو چھوڑ کر گزرجانا - (۱۰) خدمت' ملازمت یا تعلق ترک کرنا - (۱۱) ہاتھ اٹھانا ؛ دست بردار ہونا ؛ ساتھ چھوڑنا - (۱۲) (انتا) وہ حالت جس میں کھلاڑی کیند کو چھوڑ دے -

be well &c left: معقول ترکہ پانا -

get left: اکیلا رہ جانا ؛ شکست کھانا -

l. alone: کسی کو اس کے حال پر چھوڑ دینا ؛ کسی کے معاملہ میں دخل نہ دینا ' تنہا چھوڑنا -

l.-behind: چھوڑ کر چلا جانا ؛ (کسی مقام سے) گزر جانا ؛ آثار وغیرہ چھوڑ جانا -

l. hold of: گرفت چھوڑ دینا -

l. it at that: (روز مرہ) اس معاملے کو یہیں پر چھوڑ دو -

l. off: (استعمال) ترک کرنا ؛ (عادت) چھوڑ دینا ؛ ختم کرنا؛ موقوف کرنا ؛ خاتمہ کرنا ؛ خاتمہ ہونا -

l. out: چھوڑ دینا ؛ بھول جانا -

l. over: بے باق نہ کرنا ' بقایا رہنے دینا -

leaves much to be desired: بہت ناقابل اطمینان ہے -

this leaves me cool: میں اس سے متاثر نہیں ہوا؛ مجھ پر اسکا کوئی اثر نہیں ہوا -

leaving, *n.*: (عموماً جمع) متروکہ ؛ چھوڑی ہوئی چیزیں ؛ ردی ؛ بچا کچھا سامان ؛ پسماندہ -

(-) **leaved**, *a.*: (شاذ) پتے دار ؛ پتی والا (مثلاً red-leaved وغیرہ) -

Leaven, *n.* & *v. t.*: (۱) خمیر - (۲) وہ اثر جو کسی چیز میں سرایت کرکے اس کی ماہیت بدل دے - (۳) کسی صفت کا شائبہ یا آمیزش - (۴) خمیر اٹھانا - (۵) کسی چیز میں سرایت کر کے اسکی ماہیت بدل دینا ؛ معتدل کرنا ؛ امتزاج کرنا ؛ سمونا -

the old l.: دورِ جہالت کے آثار باقیہ ؛ پرانی لاگ ؛ فطری معصیت -

Leaves: دیکھو Leaf -

Lecher, *n.*: (قدیم) عیاش؛ بدکار؛ زانی -

lecherous, *a.*: بدکار؛ زناکار ؛ عیاشانہ -

lecherously, *adv.*: عیاشانہ؛ بدکارانہ -

lechery, *n.*: عیاشی؛ بدکاری ؛ زناکاری -

Lectern, *n.*: گرجوں میں لکھنےیا گانے کا ڈیسک -

Lectionary, *n.*: وہ کتاب جس میں نماز میں پڑھے جانے والے بائبل کے رکوع درج ہوں -

Lecture, *n.* & *v. i.* & *t.*: (۱) درس زبانی؛ تقریر؛کسی مضمون پر تقریر یا بیان ؛ خطبہ - (۲) تنبیہ ؛ سرزنش ؛ وعظ - (۳) تقریر کرنا؛ لکچر دینا - (۴) لکچر کے ذریعے تعلیم دینا ؛ زبانی درس دینا - (۵) تنبیہ کرنا ؛ سرزنش کرنا -

read one *a l.*: سرزنش کرنا ؛ تنبیہ کرنا -

lecturer, *n.*: مقرر؛ لکچرار -

Lectureship, *n.*: لکچرارکا عہدہ یا خدمت -

Led: دیکھو Lead -

Ledge, *n.*: (۱) دیوار وغیرہ کےباہر نکلا ہوا تختہ یا پتھر ؛ کگر - (۲) پہاڑی یا چٹان کے پہلو کا باہر نکلا ہوا حصہ ؛ چھجا - (۳) چٹانوں کا سلسلہ (خصوصاً پانی کے اندر) - (۵) (معدنیات) چٹان کی پرت جس میں دھات موجود ہو؛ دھات پرت -

ledgy, ledged, *aa.*: کگردار؛چھجے دار؛ دھات پرت رکھنےوالا -

Ledger, *n.* & *a.*: (۱) بہی کھاتا ؛ پکی بہی ؛ بڑی بہی - (۲) پاڑ کی افقی لکڑیاں (جو رو کار کے متوازی ہوں) - (۳) قبر کی چپٹی تختی ؛ قبر کا تعویذ یا لوح مزار - (۴) (مچھلی وغیرہ کا) چارہ جو کسی جگہ لگایا جائے- (۵) (صفت) دیکھو *l.-line*

l.-blade: کپڑا کاٹنے کی مشین کا غیر متحرک پھل یا چھری -

l.-line: (موسیقی) یورپی موسیقی کے پانچ متوازی خطوط کے نقشے میں چھوٹی لکیر جو اسی نقشے کے اوپر یا نیچے اضافہ کی گئی ہو-

Lee, *n.*: (۱) آڑ؛ پناہ - (۲) (جہاز کا) محفوظ پہلو جو ہوا کے رخ سے پرے ہو -

l.-board: تختوں کا ڈھانچا جو چپٹے پیندے کے جہازوں کے پہلو میں ہوتا ہے اور انحراف (*l.-way*) کو کم کرنے کے لئے پانی میں لٹکا دیا جاتا ہے -

make up l.-way: (مجازاً) مخمصے سے بچ نکلنا -

l.-shore: سمندر کا کنارہ جو جہاز کے محفوظ پہلو کے مقابل ہو -

leeway: انحراف؛ ہوا سے جہاز کا اپنی راہ سے پہلو کی طرف ہٹنا-

Leech, *n.*: (قدیم ' مزاح ' شعر) طبیب ؛ حکیم؛ معالج -

leechcraft: طبابت؛ فن طبابت ؛ فن معالجہ -

Leech, n.: (۱) جونک ؛ زلو - (۲) جو شخص دوسروں پر سختیاں کر کے نفع حاصل کرے؛ خون چوسنے والا ؛ لہو چوس -

stick like a l.: جونک کی طرح چمٹ جانا ؛ پیچھے پڑجانا -

Leech, n.: باد بان کا عمودی یا ڈھلوان پہلو -

Leek, n.: (۱) پیاز کی قسم کا پودا جسکی گٹھی استوانہ نما ہوتی ہے - (۲) یہ پودا جو ویلز کا قومی نشان قرار دیا گیا ہے -

Leer, v. i. & n.: (۱) کنکھیوں سے دیکھنا ؛ بری نظروں سے دیکھنا - (۲) بری نظر ؛ چور نظر -

leeringly, adv.: بری نظر سے ؛ کنکھیوں سے -

Leer, n.: شیشے کو تپا کر مضبوط کرنے کی بھٹی -

Leery, a.: (عامیانہ) چالاک ؛ کائیاں -

Lees, n. pl.: (۱) شراب کی تلچھٹ ؛ گرد - (۲) سب سے ادنیٰ حصہ ؛ ردی کھدی ؛ فضلہ -

Leeward, a., n., & adv.: (۱) (جہاز کے) ہوا سے محفوظ پہلو کی طرف یا طرف کا - (۲) ہوا سے محفوظ پہلو یا رخ -

leewardmost, a.: ہوا سے محفوظ پہلو کی طرف سب سے زیادہ ہٹا ہوا -

Leewardly, a.: مائل بہ انحراف ؛ ہوا سے محفوظ پہلو کی طرف جھکا ہوا (جہاز) -

Left, a., adv., & n.: (۱) الٹا ؛ بایاں ؛ چپ - (۲) الٹے ہاتھ کی طرف یا بائیں کا - (۳) الٹی طرف کو ؛ جانب چپ - (۴) دست چپ ؛ الٹا ہاتھ ؛ فوج کا میسرہ - (۵) (سیاسی) (فرانس وغیرہ کی مجلس وضع قوانین سے مستعار) صدر کے الٹے ہاتھ کی جمہوریت پسند جماعت ؛ انتہا پسند جماعت ؛ فلسفہ یا مذہب وغیرہ کا جدت پسند یا انتہا پسند فرقہ -

l. hand: الٹے ہاتھ کی جانب -

l.-hand rope: رسی یا ڈوری جس کے پیچ الٹے بٹے ہوئے ہوں -

l.-turn: بائیں کو مڑنا -

marry with the l. hand: شاہی خاندانوں کے شخص کا چھوٹے درجے کی عورت سے اس طرح شادی کرنا کہ اس کی اولاد کو حق وراثت وغیرہ نہ ہو (جرمنی وغیرہ میں) -

over the l.: (عامیانہ) جو کچھ کہا گیا ہے اس کے برعکس مفہوم مراد ہے -

leftmost, a.: چپ ترین ؛ سب سے زیادہ بائیں طرف ہٹا ہوا -

leftward, a. & adv.: جانب چپ کا ؛ الٹی طرف کا -

leftwards, adv.: جانب چپ ؛ الٹی طرف -

Left: = Leave دیکھو

Left-handed, a.: (۱) کھبا ؛ چپلا ؛ چپ دست - (۲) بھدا ؛ بے ڈول ؛ بے تکا - (۳) گول گول ؛ دو رخی ؛ منافقانہ ؛ مشتبہ - (۴) (قدیم) منحوس ؛ نحس - (۵) (شادی) جس میں شوہر شاہی یا امیر خاندان کا اور زوجہ نیچی ذات ہو اور زوجہ کو اور اسکی اولاد کو پورے حقوق نہ ملیں - (۶) (گھونسا وغیرہ) جو الٹے ہاتھ سے لگایا جائے ؛ الٹے ہاتھ کا ؛ (۷) کھبے آدمی کے کام کا ؛ بائیں ہاتھ سے استعمال کرنے کا

left-handedly, adv.: بائیں ہاتھ سے ؛ کھبوں کی طرح منافقت سے ؛ دو رخے پن سے ؛ کھبے پن سے ؛ بھدے پن سے -

left-handedness, n.: کھبا پن ؛ بھدا پن ؛ منافقت ؛ دو رخا پن -

Left-hander, n.: الٹے ہاتھ کا گھونسا وغیرہ ؛ کھبا آدمی -

Leg, n., & v. i.: (۱) ٹانگ - (۲) دست (جانور کی ران پکانے کے لئے) - (۳) ایک قدم پیچھے ہٹا کر تعظیم یا سلام کرنا - (۴) دغاباز ؛ دھوکے باز - (۵) (کرکٹ میں) میدان کا وہ حصہ جو کھیلنے والے کی بائیں جانب اور پاؤں جانب کے پیچھے ہوتا ہے ؛ لیگ - (۶) مصنوعی ٹانگ - (۷) پائینچہ (پاجامے وغیرہ کا) - (۸) مشین کا سہارا یا پایہ - (۹) میز، کرسی یا پلنگ کا پایہ - (۱۰) دو شاخہ چیز کی کوئی شاخ - (۱۱) نہر کے کناروں میں ٹانگیں اڑا کر کشتی چلانا - (۱۲) مثلث کی ساق - (۱۳) (بحری) وہ فاصلہ جو ایک حرکت میں طے ہو -

all ll.: عمر کے لحاظ سے زیادہ بڑا -

bone in one's l.: چلنے سے بچنے کے لئے عذر لنگ -

boot is on other l.: دیکھو Boot -

fall on one's ll.: دیکھو Fall -

feel, find one's ll.: کھڑے ہونے یا چلنے کے قابل ہونا -

give l.-bail: فرار ہوجانا ؛ بھاگ جانا -

give one a l. up: سہارا دینا ؛ (اوپر چڑھنے میں یا مشکل پر غالب آنے میں) دستگیری کرنا -

has not a l. to stand upon: معقول دلائل نہیں رکھتا ؛ دعوے کا ثبوت نہیں رکھتا -

have the ll. of: (کسی سے) تیز چلنا -

keep one's ll.: سنبھلے رہنا ؛ نہ گرنا -

on one's last ll.: موت یا خاتمے کے قریب -

on one's ll.: (۱) کھڑا ہوا (تقریر کرنے کو) - (۲) بیماری کے بعد چلنا پھرنا - (۳) خوش حال ؛ قابل اطمینان مالی حالت میں -

l. before wicket (=l. b. w.): (کرکٹ) کھلاڑی کا وکٹ کے سامنے گیند کو پیر سے روکنا -

l.-guard: گدا جو کرکٹ وغیرہ میں ٹانگوں سے باندھ لیتے ہیں -

l. it: تیز چلنا ؛ تیز دوڑنا -

l.-rest: بیٹھے ہوئے مریض (معذور) کا پیر کا سہارا -

pull one's l.: (روزمرہ) بنانا ؛ بیوقوف بنانا -

put best l. foremot: دیکھو Best -

set one on his ll.: کسی کی مالی حالت ٹھیک کر دینا ؛ کسی کو ترا دینا -

shake a l.: ناچنا -

stand on one's own ll.: اپنے اوپر بھروسہ کرنا ؛ دوسروں کی امداد سے مستغنی ہونا -

stretch one's ll.: ورزش کرنے کے لئے ٹہلنا -

take to one's ll.: بھاگ کھڑا ہونا -

walk one off his ll.: چلاتے چلاتے تھکا مارنا -

(-) legged, a.: مرکب آتا ہے جیسے *four l.* چار پایہ -

legless, a.: بے ٹانگ کا ؛ بے پائے کا -

legger, n.: نہر کے کناروں میں ٹانگیں اڑا کر کشتی چلانے والا -

Legacy, n.: (۱) مال جو بذریعہ وصیت ملے - (۲) مال متروکہ ؛ ترکہ ؛ ورثہ ؛ میراث

l.-hunter: ترکہ حاصل کرنیکے لیے خوشامد کرنے والا -

Legal, *a.*: (۱) قانونی ؛ شرعی ؛ مطابق قانون - (۲) قانون مروجہ کے مطابق (خواہ اصول انصاف کے خلاف ہو) - (۳) جائز ؛ حلال؛ مطابق شرع - (۴) (دینیات) موسوی شریعت کا؛ نجات بالعمل سے متعلق -

legalize, *v. t.*: جائز ٹھیرانا ؛ مباح کرنا -

legalization, *n.*: جواز -

legally, *adv.*: شرعی طریقے سے ؛ جائز طور سے -

Legalism, *n.*: (دینیات) (۱) نجات بالعمل کا اعتقاد ؛ شرع کو وحی و تنزیل پر ترجیح دینا ؛ شریعت پرستی - (۲) ضابطہ پرستی ؛ ضابطے یا قانون پر حد سے زیادہ زور دینا -

legalist, *n.*: شریعت پرست؛ نجات بالعمل کا قائل؛ ضابطہ پرست -

Legality, *n.*: (۱) شریعت پرستی ؛ ضابطہ پرستی - (۲) جواز ؛ اباحت -

Legate, *n.*: (۱) پادری جو پاپا کا نائب سفیر ہو - (۲) (قدیم) سفیر ؛ وکیل ؛ نائب ؛ نمائندہ -

l. a latere: پاپا کا سفیر اعلیٰ ؛ وزیر مختار -

legatine, *a.*: نائب پاپا کے متعلق -

lagateship, *n.*: سفارت؛ وکالت؛ نیابت؛ نمائندگی؛ ایلچی گری -

Legate, *v. t.*: وصیت کی رو سے دینا ؛ دے جانا ؛ چھوڑ جانا (ترکے میں)

legator, *n.*: موصی ؛ وصیت کنندہ -

Legatee, *n.*: موصی لہ؛ جسکے لئے وصیت کیجائے ؛ ترکہ پانے والا -

Legation, *n.*: (۱) سفارت بھیجنا ؛ نمائندہ یا وکیل بھیجنا - (۲) جماعت نمائندگاں ؛ جماعت وکلاء ؛ (دوسرے درجہ کا) سفیر اور اس کا عملۂ سفارت - (۳) سفارت خانہ - (۴) نمائندگی ؛ نیابت ؛ سفارت کا عہدہ -

Limen, *n.* : (نفسیات) وہ حد جس کے نیچے مہیج کا احساس نہ ہو ؛ کم سے کم ہیجان اعصابی جو حس پیدا کرنے کے لئے ضروری ہے ؛ اقل حس (کی حد) -

liminal. *a.* : اقل حس کے متعلق -

Limerick, *n.* : ایک قسم کی بے تکی نظم (عموماً ہجویہ) پانچ مصرعوں کی -

Lime-wort, limp-, : ایک قسم کی پھول دار بوٹی -

Limit, *n.* : (۱) آخری سرا ؛ حد ؛ چھور - (۲) حد ؛ انتہا -

inferior l. : سب سے قریب کی تاریخ ؛ سب سے کم مقدار -

is the l. : (عامیانہ) حد کردی ؛ حد ہوگئی ؛ برداشت نہیں ہو سکتی -

l. man : شخص جسے دوڑ میں سب سے زیادہ رعایت ملے -

superior l. : آخری تاریخ ؛ زیادہ سے زیادہ مقدار -

limitless, *a.* : بے حد ؛ بے انتہا -

Limit, *v. t.* : (۱) محدود کرنا ؛ قیود عائد کرنا ؛ پابند کرنا - (۲) حد ہونا ؛ حد کا کام دینا -

limited : تھوڑا ؛ کم ؛ قلیل ؛ تنگ -

limited company : شرکت محدودہ ؛ وہ کمپنی جو محدود مقدار قرض کی ذمہ دار ہو ؛ محدود کمپنی -

limited mail : ڈاک جو مسافروں کی محدود تعداد کو لے جائے -

limited monarchy : مشروطہ شاہی ؛ آئینی شاہی ؛ محدود شاہی -

limitative, *a.* : محدود کرنے والا -

Limitarian, *n.* & *a.* : جو اس عقیدہ کا حامی ہو کہ انسان کی ایک محدود جماعت ہی کی نجات ہو سکتی ہے ؛ نجات بعض کا قائل -

Limitary, *a.* : (۱) مشروط ؛ پابند قیود - (۲) حد یا قیود کے متعلق ؛ تحدیدی -

Limitation, *n.* : (۱) حد بندی ؛ پابندی ؛ محدود کرنا ؛ محدود ہونا - (۲) محدود یا مشروط حالت ؛ مجبوری ؛ معذوری ؛ پابندی - (۳) قید ؛ بندش - (۴) مدت سماعت مقدمہ ؛ تمادی -

has his ll. : اس کی قابلیت محدود ہے ؛ ہمہ گیر نہیں ہے -

statute of ll. : ضابطہ تمادی -

Limitrophe, *a.* : سرحدی ؛ ہم سرحد ؛ ہم سوانا (علاقہ) -

Limn, *v. t.* : (۱) (قدیم) تصویر کھینچنا ؛ شبیہ یا مرقع بنانا - (۲) بیان کرنا ؛ تصویر کھینچنا (واقعے کی) ؛ نقشہ کھینچنا -

limner, *n.* : مصور ؛ بیان کرنے والا ؛ نقشہ کھینچنے والا -

Limnology, *n.* : جھیلوں کے طبعی حالات کا مطالعہ ؛ تالاب کے جانوروں وغیرہ کا مطالعہ -

Limousine, *n.* : بند موٹر کار -

Limp, *v. i.* & *n.* : (۱) لنگڑانا ؛ لنگ کرنا ؛ لنگڑا کر چلنا - (۲) (اشعار میں) سکتہ ہونا - (۳) لنگ ؛ لنگڑی چال -

limpingly, *adv.* : لنگڑی چال سے ؛ لنگڑاتا ہوا ؛ سکتے کے ساتھ -

Limp, *a.* : (۱) لچیلا ؛ ڈھیلا ؛ نرم - (۲) (جلد بندی) بے پٹھے کی - (۳) (مجازاً) بے طاقت ؛ بے جان -

limply, *adv.* : بے جان ہوکر ؛ بے طاقت ہوکر -

limpness, *n.* : بے طاقتی ؛ ڈھیلا پن ؛ بے جان ہونا -

Limpet, *n.* : (۱) گھونگے کی قسم کا ایک کیڑا جو چٹانوں سے چمٹا ہوتا ہے - (۲) عہدے یا منصب کو کسی طرح نہ چھوڑنے والا شخص ؛ چمچچڑ -

Limpid, *a.* : واضح ؛ صاف ؛ شفاف ؛ نتھرا ہوا ؛ غیر مکدر ؛ نرمل (طرز تحریر، سیال، آنکھیں وغیرہ) -

limpidly, *adv.* : صفائی کے ساتھ ؛ وضاحت کے ساتھ ؛ شفاف حالت میں -

limpidity, limpidness, *nn.* : وضاحت ؛ صاف شفاف ہونا -

Limpkin, *n.* : ایک قسم کا پرند جو سارس سے مشابہ ہوتا ہے -

Limp-wort : دیکھو Lime-wort -

Linage, *n.* : مطبوعہ کتاب وغیرہ میں سطور کی تعداد ؛ سطور کے حساب سے طباعت کی اجرت -

Linchpin, *n.* : دھرے کی کیل (جس سے پہیا باہر نہ نکل سکے) -

Lincoln green : شوخ رنگ کا سبز کپڑا جو (Lincoln) میں تیار ہوتا ہے -

Linden, *n.* : دیکھو Lime-tree -

Line, *n.* : سن کا دھاگا -

Line, *n.* : (الف) ڈور ؛ ستلی - (ب) لکیر ؛ خط ؛ (ج) قطار - (د) سلسلہ - (ہ) سمت - بہ تفصیل ذیل -

(الف) (۱) رسی ؛ رسا (جہاز وغیرہ کا) - (۲) برقی تار ؛ تلغرافی تار ؛ راستہ جس ... تار گزرے ؛ لائن - (۳) مچھلی کے کانٹے کی ڈور ؛ شست - (۴) (معمار کی) ساہول (plumb) - (۵) (جمع) نصیب ؛ مقسوم ؛ قسمت کا لکھا ... (۶) (متروک) قانون ؛ قاعدہ ؛ ضابطہ - (۷) (ب) لکیر ؛ خط - (۸) خط کشی ؛ مسطر کا کام - (۹) (کھیل کے میدان کی) حد بندی کا خط یا نشان - (۱۰) لکیر ؛ رنگ کی دھاری ؛ سیون ؛ چھوٹی نالی ؛ شکن ؛ جھری ؛ ریکھا - (۱۱) (ریاضی) خط - (۱۲) خط استواء - (۱۳) سیدھی لکیر ؛ خط مستقیم - (۱۴) خاکہ ؛ گردہ ؛ خط و خال - (۱۵) (بحالت جمع) خاکہ ؛

نقشہ (جہاز کا)؛ نقشہ یا طریقۂ کارروائی - (۱٦) (پیمانہ) انچ کا بارہ واں حصہ ؛ سوت - (۱۷) حد ؛ سرحد - (۱۸) (جمع) ؛ قطار؛ صف ؛ پرا - (۱۹) (بحالت جمع) مورچوں یا دھسوں کا سلسلہ ؛ (فوجی پڑاؤ میں) خیموں یا جھونپڑوں کی قطار - (۲۰) (فوجی) آدمیوں کی دوہری قطار یا صف جو دوش بدوش کھڑی ہو؛ کمپنیوں کی دوش بدوش صف بندی - (۲۱) لڑنے والی فوج ؛ پیادہ فوج - (۲۲) سطر ؛ رقعہ ؛ مختصر خط ؛ مختصر تحریر - (۲۳) (جمع) نظم ؛ قطعہ ؛ لاطینی اشعار کی مخصوص تعداد جو طلبہ سے بطورسزا کے لکھوائی جائے - (۲۴) (جمع) نکاح نامہ ؛ سندنکاح (marriage ll.) (۲۵) جمع (تھیٹر) ایکٹر کے پارٹ کے الفاظ - (۵) - (۲٦) کشتیوں یا گاڑیوں کی ڈاک؛ لائن - (۲۷) سلسلۂ نسب؛ خاندان ؛ نسل ؛ گھرانہ ؛ خانوادہ - (۲۸) سمت؛ رخ ؛ راستہ ؛ راہ - (۲۹) (ریل) پٹری ؛ سڑک؛ کوئی خاص لائن یا اسکی شاخ (جسکا نظام الگ ہو) - (۳۰) (شکار) سواری کا راستہ - (۳۱) طریقۂ کار روائی؛ طریق کار ؛ طرز عمل؛ طرز خیال - (۳۲) پیشہ ؛ شغل؛ صیغہ ؛ دائرۂ عمل ؛ کاروبار - (۳۳) (تجارت) مال کی کوئی خاص قسم ؛ اس کا ذخیرہ یا آرڈر (فرمائش) -

all along the l.: (۱) ہر نقطے پر - (۲) (مجازاً) ابتدا سے انتہا تک؛ ہر لحاظ سے -

by rule and l.: بہت باضابطگی سے ؛ پوری صحت کے ساتھ -

clothes l.: دیکھو Clothes -

come, bring into l.: متفق ہونا یا کرنا ؛ اتحاد عمل کرنا یا اس پر راضی کرنا -

draw the l.: دیکھو Draw -

give on l. enough : ڈھیل دینا -

hard ll. (۱) بد قسمتی ؛ شومیٔ قسمت؛ کم بختی - (۲) مصیبت ؛ تکلیف -

l. -abreast : - (جو طولاً بنائی گئی ہو) متوازی جہازوں کی قطار

lineman : لائن کا محافظ -

l. of battle : صف جنگ -

l. of beauty : نشان اشاریہ سے مشابہ خط -

l. of fire, force : دیکھو Fire, Force وغیرہ -

l. -work . قلم یا پنسل کی نقشہ کشی -

on the l.: نہ اس سرے نہ اس سرے ؛ بین بین ؛ ادھ میں ؛ ادھر بیچ میں -

out of one's *l.*: جس سے ذوق یا تعلق نہ ہو -

read between the ll.: تحریر یا تقریر کے چھپے ہوئے معنی سمجھ لینا ؛ پنہاں مفہوم کو پالینا -

picture hung on the l.: اس طرح لٹکی ہوئی تصویر کہ اس کا وسط دیکھنے والے کی آنکھ کے مقابل ہو

toe the l.: اپنی سیاسی پارٹی کی پالسی قبول کرنا -

something in one's *l.*: کسی شخص کے مذاق کی چیز یا اس کے متعلق کام -

Line, *v. t. & i.*: - (۱) لکیر کھینچنا؛ خط کھینچنا ؛ سطریں کھینچنا (۲) شکن ڈالنا ؛ جھری ڈالنا - (۳) (*l. through*) قلم زد کردینا - (۴) (*l. up*) آراستہ کرنا ؛ ترتیب دینا ؛ صف میں کھڑا کرنا ؛ صف بندی کرنا - (۵) (*l. out*) تھوڑے فاصلہ سے (کسی چیز کے طول میں) کھڑا ہونا ؛ صف میں کھڑا ہونا ؛ صف بنانا -

Line, *v. t.*: (۱) استر لگانا - (۲) بھرنا - (۳) استر کا کام دینا -

lining, *n* استر -

every cloud has a silver lining : ہر برائی میں اچھائی کی جھلک بھی ہوتی ہے -

Line, *v. t.*: (کتے کا کتیا سے) لگنا -

Lineage, *n.*: - سلسلۂ نسب ؛ نسل؛ خاندان ؛ گھرانا ؛ حسب نسب

Lineal, *a.*: (۱) صلبی (وارث، اولاد) - (۲) (شاذ) خطی؛ خط کا ؛ خط کے متعلق - (۳) دھاگے کی طرح ؛ ڈورا سا -

lineally, *adv.*: براہ راست (سلسلۂ نسب میں) -

Lineament, *n.*: - (عموماً جمع) صورت شکل؛ خط و خال؛ چہرہ مہرہ

Linear, *a.*: (۱) خطوط کا ؛ سیدھے خط میں ؛ خط کا - (۲) (ریاضی، طبیعیات) طولی؛ خطی؛ مستقیم -

l. -equation : سادہ مساوات -

linearly, *adv.*: مستقیماً ؛ خطاً ؛طولاً -

Lineation, *n.*: سطر کشی ؛ سطور سے نشان کرنا ؛ ترتیب خطوط ؛ جدول -

Linen, *a. & n.* : (۱) کتان کا ؛ سنئی کا (کپڑا) - (۲) سنئی کا کپڑا ؛ کتان - (۳) سوتی کرتے، قمیص، چادریں وغیرہ -

l. -draper : کتان وغیرہ کے کپڑے بیچنے والا ؛ بزاز -

wash one's dirty l. at home : گھر کے جھگڑوں کو گھر ہی میں رکھنا -

wash one's dirty l. in public : گھر کے جھگڑے بازار میں چکانا -

linenette, *n.*: نقلی کتان -

Liner, *n.*: - کسی خاص لائن کا جہاز ؛ مسافر دخانی جہاز

Linesman, *n.*: (۱) لڑنے والی فوج کا سپاہی - (۲) (ٹینس، فٹ بال) وہ شخص جو یہ فیصلہ کرے کہ آیا گیند نے حد کو چھوا یا حد سے گزری ؛ لائن مین -

Ling, *n.* : شمالی یورپ کی لمبی پتلی مچھلی جو کھائی جاتی ہے -

Ling, *n.* : ایک قسم کی چھوٹی جھاڑی -

lingy, *a.* : مذکورۂ جھاڑی کا ؛ جھاڑی دار -

-ling : لاحقہ جو اسم مرکب بنانے کے لئے اسم کے آخر میں بڑھایا جاتا ہے اور نسبت کے معنی ظاہر کرتا ہے جیسے hireling وغیرہ ؛ نیز اسم بنانے کے لئے صفت کے آخر میں استعمال ہوتا ہے جیسے grayling ؛ کبھی متعلق فعل یا فعل پر بڑھایا جاتا ہے جیسے shaveling, underling ؛ پہلے تصغیر کے لئے استعمال ہوتا تھا مثلاً codling وغیرہ -

-ling, -lings : لاحقہ جو متعلق فعل بنانے کے لئے استعمال ہوتا ہے ؛ یہ اسما وغیرہ کے آخر میں سمت یا حالت ظاہر کرنے کے لئے آتا ہے (جیسے baecling, darkli[illegible]) -

Linger, *v. i. & t.* : (۱) جانے میں ڈھیل ڈالنا ؛ دیر لگانا ؛ درنگ کرنا - (۲) ٹھیرنا ؛ رک جانا (*l. round*) (۳) کسی جگہ ٹھیر کر دیر لگانا ؛ دیرتک ٹھیرنا (*l over or (up) on*) ؛ (کسی بحث پر) دیر تک گفتگو کرنا - (۴) لشتم پشتم زندگی تیر کرنا ؛ کھسٹنا - (۵) (بیماری کا) طول کھینچنا ؛ مزمن ہونا - (٦) سستی کرنا ؛ تاخیر کرنا - (۷) (*l. time away*) (ہر کام میں دیر لگا کر وقت) گنوانا ؛ ضائع کرنا -

lingerer, *n.* : دیر کرنے والا ؛ دیر تک کسی حالت میں رہنے والا -

lingeringly, *adv.* : دیر کرکے ؛ ٹھیرتے ٹھیراتے ؛ ڈھیل کے ساتھ ؛ مزمن طور پر -

Lingerie, *n.* : (۱) کتان کے پارچوں کا ذخیرہ - (۲) عورتوں کا لباس زیریں -

Lingo, *n.* (pl. -ocs) : (حقارتاً) غیر ملکی زبان ؛ غیر زبان ؛ (کسی خاص مضمون یا طبقے کی) زبان یا محاورہ -

-lings : دیکھو Ling -

Lingua franca, *n.* : اطالوی ، فرانسیسی ، یونانی اور ہسپانوی زبانوں سے مرکب بولی جو Levant میں رائج تھی ؛ کوئی مخلوط زبان جو مختلف قوموں میں اظہار خیالات کا ذریعہ ہو ؛ بین الاقوامی زبان ؛ (مجازاً) مشترک خیالات -

Lingual, *a.* & *n.* : (۱) (تشریح) زبان یا نطق کے متعلق؛ جیبھ کا - (۲) (شاذ) (صوتیات) جس کا تلفظ زبان سے ہو - (۳) (شاذ) آواز جو زبان سے نکلے یا جس کا تلفظ زبان سے ہو - (۴) بولی یا زبان کے متعلق ؛ لسانی -

lingualize, *v. t.* : زبان کے مخرج سے آواز نکالنا -

Linguiform, *a.* : (تشریح) (نباتیات ، حیوانات) زبان نما ؛ زبان کی شکل کا ؛ زبانیہ -

Linguist, *n.* : غیر زبانوں کا عالم ؛ ماہر السنہ ؛ ہفت زبان -

Linguistic, *a.* : (۱) متعلق علم السنہ ؛ لسانیاتی - (۲) لسانی ؛ بولی کے متعلق ؛ زبان کا -

linguistically, *adv.* : لسانیات کی رو سے -

Lingiustics, *n. pl.* : زبانوں کا تقابلی مطالعہ -

Lingulate, *a.* : زبان نما ؛ زبان کی شکل کا -

Linguo- : لفظ lingua (زبان) کی ترکیبی صورت جیسے linguo-dental = جیبھ دنتی ؛ (وہ آواز یا لفظ) جس کا مخرج زبان اور دانت ہوں -

Liniment, *n.* : مالش کی دوا یا تیل ؛ طلا -

Link, *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) زنجیر کی کڑی؛ حلقہ ؛ جریب کا سواں (۱۰۰) حصہ - (۲) آستین کے دھرے بٹن (sleeve-l.) - (۳) (موزے کے بنائی میں) ٹانکا - (۴) رشتۂ اتصاد ؛ رابطہ ؛ لگاو ؛ واسطہ - (۵) خالی جگہ کو جوڑنے والی چیز ؛ کسی سلسلے کی ایک کڑی - (۶) ملانا ؛ منسلک کرنا ؛ جوڑنا - (۷) ہاتھ میں دینا ؛ ہاتھ میں ہاتھ لے کر دبانا - (۸) شامل ہونا ؛ منسلک ہو جانا -

linked battalions : وہ دو پلٹنیں جن میں سے ایک اپنے ملک میں رہ کر دوسری کو جو ملک غیر میں ہو کمک پہنچاتی رہے ؛ منسلک دستے -

linkage, *n.* : زنجیرہ پن ؛ کڑیوں کی ترتیب -

Link, *n.* : سنئی اور رال کی مشعل -

l. -boy, link-man : مشعلچی؛ مشعل بردار ؛ مشعل والا -

Links, *n. pl.* : (۱) (اسکاچستان) ساحل کے قریب ریتیلا قطعۂ زمین جس پر گھاس جمی ہو - (۲) گولف کا میدان- (نیز a links بطور واحد) -

Linn, *n.* : (۱) (اسکاچستان) آبشار؛ جھرنا - (۲) تالاب جو جھرنے کے نیچے ہو - (۳) پہاڑی کی کھڑی دیوار ؛ گہری گھاٹی ؛ نالا -

Linn (a) ean, *a.* & *n.* : Linnaeus نامی عالم نباتات کا (پیرو) ؛ عالم مذکور کے متعلق یا اُس کے ایجاد کردہ طریقۂ تقسیم کے متعلق -

Linnet, *n.* : ایک چھوٹا خوش الحان بھورے رنگ کا پرند -

Linoleum, *n.* : روغنی کرمچ یا موم جامہ جس کا فرش بنتا ہے-

linoleumed, *a.* : جس میں موم جامے کا فرش ہو -

Linotype, *n.* : لینو ٹائپ ؛ ایک مشین جس میں پوری پوری سطریں چھاپنے کے لئے جمائی جاتی ہیں ؛ سطر ٹائپ -

Linsang, *n.* : بورنیو اور جاوا کا مشک بلاو -

Linseed, *n.* : السی ؛ سنئی کا بیج -

l. cake : السی کی ٹکیا یا کھلی جو مویشی کو کھلائی جاتی ہے -

l. meal : پسی ہوئی السی -

l. oil : السی کا تیل-

l. poultice : السی کی پلٹس -

Linsey-woolsey, *n.* : سوت کے تانے اور اُن کے بانے کا موٹا کپڑا -

Linstock, *n.* : (تاریخ) توپ کا فتیلہ جو قدیم زمانے میں استعمال ہوتا تھا -

Lint, *n.* : سنئی کا ملائم موٹا کپڑا ؛ پھاہے کا کپڑا ؛ کتانہ -

Lintel, *n.* : سر دل ؛ (دروازہ یا کھڑکی کے) اوپر کی چوکھٹ -

lintelled, *a.* : سردل دار -

Liny, *a.* : (۱) لکیروں دار ؛ مسطر شدہ - (۲) جھریوں دار ؛ شکن آلود - (۳) (مصوری وغیرہ) حد سے زیادہ خطوط سے کام لینے والا ؛ خطوط کی بھر مار کرنے والا -

lininess, *n.* : لکیروں‌دار یا جھریوں‌دار ہونا ؛ خطوط کی بھرمار-

Lion, *n.* : (۱) شیر ببر ؛ اسد ؛ سنگھ - (۲) بہادر ؛ شجاع ؛ شیر مرد ؛ سورما - (۳) (بحالت جمع) (شہر کی) قابل دید چیزیں ؛ عجائبات - (۴) مشہور مصنف یا کوئی اور مشہور آدمی جو رونق محفل سمجھا جائے - (۵) برطانیہ کا قومی نشان؛ برطانوی قوم بہ حیثیت فرد واحد کے - (۶) برج اسد ؛ سنگھ راس -

l. & unicorn : (نقابت) شیر اور گینڈا شاہی نشان کا ایک جزو -

l. -hunter : وہ شخص جو اظہار شان کے لئے ہیر کو اپنی دعوتوں میں بلاتا ہے -

l. in the way or *path* : رکاوٹ؛ خطرہ (خصوصاً موہوم خطرہ)؛ ہوا-

l. 's mouth : موت کے منہ (میں) ؛ جوکھم کا مقام ؛ سخت خطرے کا محل -

l.'s skin : شیر قالین ؛ مصنوعی بہادری ؛ دکھاوے کی ہمت -

twist l.'s tail : (دوسرے ملکوں کے اخبار نویسوں یا مقرروں کا) انگلستان کے منہ آنا یا اس کی توہین کرنا -

lion-hearted, *a* : شیر دل ؛ بہادر -

lionship, lionhood, *nn.* : رونق محفل سمجھا جانا -

lionesque, lionlike, *aa.* : شیرانہ ؛ شیر کی طرح -

lioness, *n.* : شیرنی ؛ مادہ شیر -

lionet, *n.* : بچہ شیر ؛ چھوٹا شیر -

Lionize, *v. t.* & *i.* : (۱) (کسی شہر کی) عجائبات دیکھنا یا دکھانا - (۲) (سیاحوں کو) شہر کی عجائبات دکھانا - (۳) دلچسپ اور قابل دید مناظر دیکھنا - (۴) (کسی شخص سے) اِس طرح پیش آنا کہ گویا وہ بڑا آدمی ہے ؛ مشاہیر پرست ہونا ؛ اظہار شان کے لئے بڑے آدمیوں کو دعوت دینا -

lionism, *n.* : بڑے آدمیوں کو دعوت دینے کی عادت ؛ مشاہیر پرستی-

Lip, *n. & v. t.* : (۱) ہونٹ' لب - (۲) (عامیانہ) گستاخانہ گفتگو؛ بیباکی؛ بے ادبی (مثلاً *none of your l.*) - (۳) کنارہ؛ لب (برتن' غار' زخم وغیرہ کا) - (۴) ہونٹوں سے مس کرنا؛ ہونٹ لگانا - (۵) (پانی کا کنارے کو) چھونا - (۶) کھس پس کرنا؛ آہستہ کہنا؛ منہ میں بولنا -

bite one's *l.* : ہونٹ چبانا (غصے یا جوشِ طاقت میں)-

curl one's *l.* : ناک بھوں سکیڑنا یا چڑھانا (نفرت سے) -

hang one's *l.* : سر جھکانا (عاجزی سے)-

hang on one's *ll.* : (کسی شخص کے) ایک ایک لفظ کو عقیدت سے سننا -

lick, smack, one's *ll.* : ہونٹ چاٹنا -

l.-deep : سطحی؛ اوپری؛ ظاہری؛ ریاکارانہ -

lip- : (سابقہ) زبانی؛ ظاہری؛ اوپری (مثلاً *l.-homage*

lipsalve : ہونٹوں کےزخم کا مرہم؛ (مجازاً) خوشامد؛ چاپلوسی-

lipstick : لاکھا؛ ہونٹوں پر جمانے کا سرخ روغن -

l.-reading, l.-language, l.-speaking : لبوں کی بےصدا حرکت سے پڑھانا یا پڑھنا -

l.-service : زبانی ہمدردی-

l.-worship : اوپرے دل کی عزت و عظمت -

stiff upper l. : استقلال یا ضد -

word escaped one's *ll.* : بات منہ سے نکل گئی -

(-) **lipped**, *a.* : (بحالت ترکیبی) ہونٹوں والا؛ لب‌دار -

lipless, *a.* : بے ہونٹھ کا؛ بے لب -

Lipography, *n.* Haplography

Lipper, *n.* : (بحر) ہلکا تموج -

Liquate, *v. t.* : (دھات کو) پگھلانا' گلانا-

liquation, *n.* : پگھلانا؛ گلاوٹ؛ گداز -

Liquefy, *v. t. & i.* : پانی کردینا؛ رقیق کردینا؛ پگھلانا؛ رقیق ہو جانا؛ پگھلنا -

liquefaction, *n.* : ترقیق؛ پگھلانا؛ پگھلنا -

liquefacient, *a. & n.* : رقیق کرنے والا؛ پگھلانے والا -

liquefactive, *a.* : پگھلانے والا؛ پگھلانے کا -

liquefiable, *a.* : گداز پذیر؛ جو پگھل سکے -

liquefier, *n.* : پگھلانے والا؛ گدازندہ؛ رقیق کرنے والا (آلہ)-

Liquescent, *a.* : پگھلتا ہوا؛ ترقیق پذیر؛ رقیق ہوجانے والا -

Liqueur, *n. & v.t.* : (۱) میٹھی تیز خوشبودار شراب - (۲) شکردار الکوحل کا شیرہ جو شرابوں میں پڑتا ہے- (۳) یہ شیرہ ملانا -

l. brandy : خاص قسم کی برانڈی -

l.-glass : شراب پینے کا چھوٹا گلاس -

l.-stand, l.-frame : بوتلیں رکھنے کا خانہ

Liquid, *a. & n.* : (۱) رقیق؛ بہنا؛ پتلا؛ رقیق چیز؛ سیال - (۲) پانی سا؛ پانی کا- (۳) پانی کی طرح چمکیلا؛ شفاف؛ شراب کی طرح چمکدار - (۴) (تلفظ) رواں' صاف' نرم' ملائم' غیر حلقی' حروف علت کا سا - (۵) انگریزی حروف L یا R اور کبھی N اور M- (۶)غیر معین؛ غیرمستقل؛ متلون؛متغیر مثلاً *has very l. principles* - (۷) (نقدی یا جائداد) جو آسانی سے نقدی میں تبدیل ہو سکے -

l. air : ہوا جو انتہائی سردی میں سیال ہوگئی ہو؛ سیال ہوا -

l. fire : آتش سیال جو جنگ میں ایک آلے سے برسائی جاتی ہے -

liquidity, liquidness, *nn.* : سیلان؛ رقت؛ پتلا پن؛ نرمی؛ ملائمت؛ تغیر پذیری -

liquidize, *v.t.* : رقیق کر دینا؛ رقیق بنا دینا؛ پتلا کر دینا -

liquidly, *adv.* : رقت کے ساتھ؛ نرمی سے-

Liquidate, *v.t. & i.* : (۱) ادا کرنا؛ چکانا؛ بے باق کرنا' نپٹانا - (۲) (تجارتی کمپنی) بند کرنا؛ اس کا تصفیۂ حساب کرنا - (۳) کمپنی بند ہوجانا؛ تصفیۂ حساب ہوجانا-

liquidator, *n.* : کار وبار بند کرنے کے لئے تصفیۂ حساب کرنے والا-

liquidation, *n.* : تصفیۂ حساب؛ چکوتا -

go into liquidation : کمپنی کا دیوالیہ ہو جانا؛ کار و بار بند کر دینا -

Liquor, *n. & v. t. & i.* : (۱) عرق - (۲) سیال یا رقیق چیز جو بطور دوا کے ڈالی یا لگائی جائے - (۳) پانی جو بیر شراب بنانے کے لئے استعمال ہو- (۴) شراب - (۵) کسی کھانے کی چیز کا جوشاندہ' یخنی وغیرہ - (۶) (دواسازی) کسی دوا کا محلول- (۷) (چمڑے پر) چربی لگانا' روغن لگانا - (۸) (مالٹ malt وغیرہ) کو پانی میں بھگونا -(۹) *l. up* or *l.* (عامیانہ) شراب پینا؛ شراب کا جام چڑھانا -

a l. or *l.-up* : عامیانہ شراب کا ایک دور -

malt l. : ایل' بیر' پورٹر وغیرہ شراب -

spirituous l. : مختلف قسم کی روح شراب -

disguised with l. : دیکھو Disguise-

in l., the worse for l. : نشے میں' پئے ہوئے -

Liquorice, licorice, *n.* : (۱) ملیٹھی؛ اصل‌السوس - (۲) اس پودے سے بنائی ہوئی دوا؛ رب السوس -

Liquorish *a.* : شرابی؛ نشے کا شائق؛ شرابیوں کا سا-

liquorishly, *adv.* : شرابیوں کی طرح -

liquorishness, *n* : شرابی پن؛ شراب کی طلب -

Lira, *n* (pl. *Lire, liras*; *abbr. L.*) : لیرا؛ اٹلی کا نقروی سکہ جو جنگ سے پہلے ۱۰ پینس کے برابر ہوتا تھا -

Lisle thread, *n.* : باریک مضبوط بٹا ہو دھاگا جو پہلے مقام لیل (Lisle جو اب Lille ہے) میں بنتا تھا -

Lisp, *v. i. & t. & n.* : (۱) تتلانا - (۲) تتلاکر بولنا یا کہنا - (۳) تتلاہٹ - (۴) موجوں کی حرکت؛ دریا کا تموج؛ لہرانا؛ پتوں کی سرسراہٹ -

lispingly, *adv.* : تتلا کر

Lissom (e), *a.* : لچک دار؛ نرم؛ لوچدار؛ پھرتیلا؛ چست؛ تیز-

lissom(e)ness, *n* : لچک؛ لوچ؛ نرمی؛ پھرتی؛ تیزی-

List, *n. & v.t. & i.* : (۱) (تھان کا) کنارہ کور - (۲) ایسے کپڑے کی دھجیاں؛ نیزہ بازی کے میدان کا کٹہرا؛ (مجازاً) مقابلہ کا میدان؛ اکھاڑا - (۳) فہرست؛ فرد - (۴) فہرست میں درج کرنا- (۶) (سوقیانہ) فوج میں بھرتی ہونا -

active l. : بحری یا بری فوج کے ان افسروں کی فہرست جو ضروریات کے وقت میدان جنگ میں بھیجے جا سکتے ہیں -

enter the ll. against : بحث وغیرہ میں کسی کے مقابلے پر آنا؛ آستینیں چڑھانا -

free l. : (تھیٹر وغیرہ) میں ان لوگوں کی فہرست جنہیں ٹکٹ

سمات ہو؛ ان چیزوں کی فہرست جن پر چنگی معاف ہو -

listing, *n.* : کور کا کپڑا ؛ کنارہ -

List, *v. t.* (3sing pres. *list* or *listeth*, past *list* or *listed*) : (قدیم) (۱) جی چاھنا؛ پسند ہونا - (۲) چاھنا ؛ پسند کرنا -

List, *n.* & *v. i.* : (جہاز وغیرہ کا) ایک طرف جھک جانا؛ الر -

List, *v.i.* & *t.* : (قدیم) غور سے سننا ؛ کان دھرنا -

Listen, *v.i.* & *t.* : (۱) غور سے سننا ؛ کان لگانا ؛ توجہ سے سننا - (۲) کان دھرنا ؛ التفات کرنا ؛ قبول کرنا ؛ ماننا ؛ (تحریص) میں آ جانا -

listener, *n.* : سننے والا ؛ دھیان دینے والا -

Listerine, *n.* : لسٹرین ؛ ایک قاتل جراثیم یا دافع زھر دوا -

Listerize, *v.t.* : Lord Lister کے طریقۂ جراحی سے علاج کرنا -

listerian, *a.* : طریقۂ مذکور کے متعلق ؛ لسٹری -

Listless, *a.* : اونگھتا ہوا ؛ بے پروا ؛ مجہول؛ مٹھا -

listlessly, *adv.* : مٹھاپن سے؛ بے پروائی سے -

listlessness, *n.* مٹھاپن ؛ بے پروائی ؛ مجہولی -

Lit . دیکھو Light -

Litany, *n.* : عیسائیوں کی دعائیں جو سنگت میں پڑھی جاتی ھیں؛ دعائے مغفرت -

l. *-desk*, *l.* *-stool* : تپائی یا میز جس پر دو زانو ہو کر دعا پڑھتے ھیں -

the L. : کلیسائے انگلستان کی باضابطہ دعا -

Litchi, *n.* : لیچی؛ لیچو -

-lite : لاحقہ جو معدنیات کے ناموں کے آخر میں آتا ھے -

Literacy, *n.* : خواندہ ہونا؛ نوشت وخواند کی قابلیت؛ حرف شناسی -

Literae humaniores, *n.* (abbr. Lit. Hum.) : (۱) ادب وفلسفہ وغیرہ؛ ادبیات - (۲) آکسفورڈ میں ادبیات روما و یونان قدیم کا امتحان یا نصاب -

Literal, *a.* & *n.* : (۱) (حروف) ہجا کا ؛ حروف تہجی کے متعلق - (۲) لغوی؛ حرف بحرف - (۳) ظاہری؛ لفظی ؛ متن کے مطابق؛ صوری - (۴) خشک ؛ بے ذوق ؛ لطیف جذبات یا تخیل سے عاری - (۵) حقیقی معنی میں؛ سچ مچ کا (مثلاً *a l. flood of pamphlets*) -

l. error, *l.* : چھاپے کی غلطی -

literalism, *n.* : لفظی ترجمہ وغیرہ -

literalism, *n.* : ظاہری معنی کی پیروی؛ لفظ پرستی؛ ظاہر پرستی -

literalist, *n.* : لفظ پرست ؛ ظاہری معنی کا پیرو -

literality, *n.* : لفظی ہونا؛ حرف بحرف ہونا؛ لفظ بلفظ ہونا -

literalness, *n.* : لفظی ہونا ؛ حرف بحرف ہونا ؛ خشکی ؛ بے ذوقی -

literally, *adv.* حرف بحرف ؛ لفظ بہ لفظ ؛ حقیقی معنی میں؛ سچ مچ -

Literalize, *v.t.* لفظی معنی مراد لینا (استعارے کے) -

Literarum doctor, *n.* : فاضل ادبیات ؛ ایل ایل ڈی -

Literary, *a.* : (۱) فاضل ادبیات کے متعلق؛ ادبی؛ تصانیف و تالیف کا - (۲) کتابی (لفظ) جو بول چال میں مستعمل نہ ہو -

l. history of a thing : کسی چیز یا مسئلے کی تاریخ بہ حیثیت موضوع ادب کے -

l. -man : ادیب ؛ انشا پرداز -

l. property : (۱) بلا شرکت حق اشاعت - (۲) ادبی ملک؛ وہ کتاب جس پر کلی حق حاصل ہو -

literarily, *adv.* : از روئے علم ادب ؛ ادبیات کی رو سے -

literariness, *n.* : ادبیت ؛ کتابی ہونا (لفظ کا) -

Literate, *a.* & *n.* : (۱) جسے ادب میں دخل ہو - (۲) حرف شناس؛ لکھا پڑھا ؛ خواندہ - (۳) وہ شخص جو بغیر یونیورسٹی کی سند کے انگریزی کلیسا کا پادری بنادیا جائے -

Literati, *n.* pl. : مصنفین ؛ ارباب علم ؛ علما ؛ فضلا ؛ علمی طبقہ ؛ علمی حلقہ -

Literatim, *adv.* : حرف بحرف ؛ لفظ بہ لفظ ؛ لفظی معنی کے لحاظ سے

Literator, *n.* : ذی علم (شخص)؛ مصنف ؛ عالم -

Literature, *n.* : (۱) (قدیم) ادبی ذوق - (۲) تصنیف و تالیف؛ مشغلۂ ادبی - (۳) طبقۂ مصنفین - (۴) کسی ملک یا عہد کی تصانیف - (۵) ادب - (۶) کسی خاص موضوع کی کتابیں - (۷) (روزمرہ) مطبوعات؛ کوئی چھپی ہوئی چیز -

-lith لاحقہ جو یونانی لفظ lithos (پتھر) سے ماخوذ ھے (مثلاً aerolith, monolith) -

Litharge, *n.* : مردار سنگ ؛ مردہ سنگ -

Lithe, *a.* : لچک دار؛ نرم؛ ملائم؛ لوچدار -

litheness, *n.* : لچک ؛ نرمی ؛ لوچ -

lithesome, *a.* : لچیلا ؛ نرم ؛ ملائم؛ لوچدار -

Lithia, *n.* : لیتھیم کا آکسائڈ -

l. -water : اس کا پانی جو گٹھیا میں استعمال ہوتا ھے -

Lithic, *a.* : پتھر کا ؛ سنگی ؛ سنگ مثانہ یا پتھری کے متعلق -

Lithic, *a.* : (کیمیا) لیتھیم (دھات) کے متعلق -

Lithium, *n.* : ایک قسم کی دھات ؛ لیتھیم -

Lith (o)- : (سابقہ) (۱) پتھری کے علاج کے متعلق - (۲) پتھر کے چھاپے کے متعلق -

Lithograph, *n.* & *v. t.* : پتھر کا چھاپا ؛ پتھر پر نقش کرکے چھاپنا -

Lithography, *n.* : سنگی طباعت -

lithographer, *n.* : سنگی طباعت کرنے والا -

lithographic, *a.* : پتھر کے چھاپے کا -

Lithology, *n.* : (۱) چٹانوں کی ماھیت اور ساخت کا علم؛ حجریات - (۲) فن طبابت کا وہ شعبہ جو سنگ مثانہ کے علاج سے تعلق رکھتا ھے ؛ علم سنگ مثانہ -

lithological, *a.* : علم مذکور کے متعلق -

Lithontriptic, *a.* & *n.* : مثانے کی پتھری توڑ دینے والی (دوا) -

Lithophyte, *n.* : (۱) (حیوانیات) مونگے کی قسم کا دریائی جانور - (۲) (نباتیات) پتھر پر اگنے والا پودا ؛ حجری پودا -

Lithotomy, *n.* : مثانہ کی پتھری عمل جراحی سے نکالنا ؛ پتھری نکالنے کا عمل جراحی -

lithotomic (al), *aa.* : اس عمل سے متعلق -

lithotomist, *n.* : پتھری پر عمل جراحی کرنے والا -

lithotomize, *v. t.* : (پتھری) کاٹ کر نکالنا ؛ پتھری نکالنے کے لیے عمل جراحی کرنا -

Lithotrity, *n.* مثانے میں پتھری کو ریزہ ریزہ کر دینے کا عمل جراحی -

lithotritist, *n.*: یہ عمل کرنے والا

lithotritize, *v. t.*: یہ عمل کرنا -

Lithuanian, *a. & n.*: لیتھیونوی ؛ (Lithuania) کا باشندہ یا زبان -

Litigate, *v. i. & t.* (۱) مقدمہ لڑنا ؛ مقدمہ بازی کرنا - (۲) کسی مسئلہ کے قانونی پہلو پر حجت یا نزاع کرنا -

litigable, *a.*: متنازع فیہ ؛ قابل بحث -

litigant, *n.& a.*: اہلِ مقدمہ ؛ فریق مقدمہ ؛ فریق متنازع -

litigation, *n.*: مقدمہ بازی ؛ مقدمہ لڑنا -

Litigious, *a.*: (۱) مقدمہ بازی کا شائق ؛ مقدمہ باز- (۲) قابل نزاع ؛ متنازع فیہ ؛ موجب نزاع- (۳) (مقدمہ) لڑنے کے قابل - (۴) مقدمہ بازی کے متعلق -

litigiously, *adv.*: مقدمہ بازی کے شوق سے ؛ قابل نزاع طور پر -

litigiousness, *n.*: مقدمہ بازی کا شوق ؛ قابل نزاع ہونا -

Litmus, *n.*: ایک نیلا رنگ جو کائی نما نبات سے حاصل کیا جاتا ہے ؛ لٹمس -

l. - paper : لٹمس سے رنگا ہوا کاغذ ؛ لٹمس کاغذ -

Litotes, *n.*: طنز آمیز ملائم فقرے ؛ اثبات کو اسی کی ضد کے ذریعہ نفی میں ظاہر کرنا جیسے (great کی بجائے no small) -

Litre, *n.*: لی ٹر ؛ ظروف کی سمائی کا پیمانہ (تقریباً چار انچ کا مکعب- وزن ایک سیر) -

Litter, *n. & v. t. & i.*: (۱) ڈولی ؛ میانہ - (۲) بیمار ڈولی - (۳) بچھالی ؛ پیال ؛ پرالی - (۴) کوڑا کرکٹ ؛ آخور - (۵) کترن چھتن ؛ ٹکرے پرزے ؛ بچا کھچا ؛ ابتری ؛ بے ترتیبی ؛ کاغذوں وغیرہ کا ڈھیر ؛ ردی - (۶) جھول ؛ (جانوروں کے) بچے جو ایک بار میں ہوں - (۷) بچھالی ڈالنا ؛ بچھانا (گھوڑے کے لئے) - (۸) پیال کا فرش کرنا - (۹) بے ترتیب انبار کر دینا ؛ بے ترتیبی سے پھیلا دینا یا پھیلا ہوا ہونا ؛ ادھر ادھر بکھیر دینا - (۱۰) بیانا ؛ جھول نکالنا ؛ بچے دینا -

littery, *a.* ابتر ؛ بے ترتیب ؛ جہاں ردی کا انبار ہو -

Litterae,- rarum.: دیکھو Lite -

Litterateur*, (F) *n.: عالم ؛ ادیب ؛ مصنف -

Little, *a.* (less, lesser, least; smaller, smallest). *n. & adv.* (*less, least*): (۱) چھوٹا ؛ صغیر - (۲) چھوٹا ؛ کوچک ؛ چھوٹی قسم کا - (۳) چھوٹا ؛ ننھا ؛ کم سن ؛ خرد سال - (۴) طفلانہ ؛ پیارا - (۵) پست قد ؛ ٹھنگنا ؛ بونا - (۶) قلیل ؛ تھوڑا (مسافت یا مدت کے اعتبار سے) - (۷) معمولی ؛ ادنیٰ ؛ خفیف - (۸) حقیر ؛ کمینہ ؛ ادنیٰ - (۹) بہت تھوڑا ؛ بہت کم - (۱۰) تھوڑی سی چیز ؛ مقدار قلیل ؛ معمولی شے ؛ حقیر شے - (۱۱) تھوڑا بہت ؛ کچھ - (۱۲) تھوڑی مدت یا وقفہ ؛ تھوڑا سا عرصہ ؛ تھوڑی سی مسافت- (۱۳) تھوڑا سا ؛ ذرا سا ؛ کچھ ؛ بہت کم - (۱۴) بالکل نہیں ؛ نام کو بھی نہیں -

a l.: تھوڑا سا ؛ قلیل ؛ ذرا سا (مثلاً *give me a l. butter*) -

a l.: کسی قدر ؛ قدرے -

his, her, &c. little ones: اس کے بال بچے

in l.: چھوٹے پیمانہ پر ؛ مختصر پیمانے پر -

l. by l., by l. & l.: بتدریج ؛ رفتہ رفتہ -

l. - Englander: جو اس اصول کا حامی ہو کہ نو آبادیوں کے متعلق انگلستان کو اپنی ذمہ داریاں کم کرنی چاہئیں -

l. -Englandism: اصول مذکور کی حمایت -

l. - go: (روز مرہ) کیمبرج میں بی - اے - کے نصاب کا پہلا امتحان -

l. man or *woman*: (ندائیہ جملہ میں) لڑکا یا لڑکی !

l. - Mary: معدہ ؛ پیٹ -

L. - Masters: سولھویں صدی کے جرمن کندہ کاروں کی جماعت جو Durer کی پیرو تھی -

l. or *nothing*: بہت کم بلکہ کچھ نہیں

not a l. بہت ؛ بیحد -

the l.: ادنیٰ لوگ ؛ شے قلیل -

the l. people: پریاں -

littleness, *n.*: چھٹائی ؛ کوتاہی ؛ قلت ؛ خردی ؛ خفیف یا ادنیٰ ہونا -

Littoral, *a. & n.*: (۱) ساحلی ؛ کنارے کا (سمندر کے) - (۲) ساحلی خطہ یا علاقہ -

Liturgy, *n.*: (۱) مشرقی کلیسا میں عشائے ربانی کی رسم - (۲) کلیسا کی عبادت یا نماز ؛ اس عبادت کے ارکان یا دعا کا طریقہ - (۳) سرکاری کلیسا کی دعاوں کی کتاب - (۴) (قدیم یونان) ملکی خدمت جو دولت مند ساکنان ایتھنس مفت انجام دیتے تھے -

liturgical, *a.* عشائے ربانی کے متعلق ؛ کلیسا کی عبادت کے متعلق

liturgically, *adv.*: آداب عبادت کے لحاظ سے

Livable, *a.*: (۱) قابل سکونت ؛ رہنے کے قابل - (۲) گذر کے قابل ؛ قابل برداشت (زندگی) - (۳) جس کے ساتھ نباہ ہو سکے ؛ رفاقت کی صلاحیت رکھنے والا -

livableness, *n.*: قابل سکونت ہونا ؛ بسر کے قابل ہونا ؛ رفاقت کی صلاحیت رکھنا -

Live, *a.*: (۱) زندہ ؛ جیتا - (۲) (مزاحاً) سچ مچ کا ؛ جیتا جاگتا - (۳) زوردار ؛ معرکے کا ؛ موجودہ زمانے میں اہمیت رکھنے والا (مسئلہ - (۴) دہکتا ہوا ؛ جلتا ہوا (انگارا) (۵) (گولا) جو چھوٹا نہ ہو ؛ بے دغا ہوا ؛ بھرا ؛ (دیاسلائی) جو جلی نہ ہو ؛ برقی قوت سے بھرا ہوا (تار) - (۶) (چٹان) جو جزو زمین ہو ؛ جو زمین سے علحدہ نہ ہوئی ہو ؛ زمین گیر - (۷) (مشین کا پہیا وغیرہ) متحرک ؛ محرک ؛ حرکت کرنے والا یا حرکت پیدا کرنے والا -

l. -bait : زندہ کیڑا جو ماہی گیر بطور چارے کے کام میں لاتے ہیں ؛ زندہ چارا -

l. -oak : امریکہ کا ایک سدا بہار درخت -

l. -stock : ڈھور ؛ مویشی -

Live, *v. i. & t.*: (۱) زندہ ہونا ؛ جینا ؛ جاندار ہونا ؛ ذی روح ہونا (۲) (کسی چیز پر) بسر کرنا ؛ کھا کر زندہ رہنا ؛ گزر کرنا ؛ اپنی عزت یا حیثیت قائم رکھنا ؛ روزی کمانا ؛ معاش حاصل کرنا ؛ روزی پیدا کرنا - (۳) روش اختیار کرنا ؛ چلن اختیار کرنا - (۴) (کسی خاص معیار کے مطابق) رہنا ؛ زندگی بسر کرنا - (۵) (زندگی) کاٹنا ؛ گزارنا ؛ طے کرنا - (۶) (انسان کی زندگی کا) کسی امر کا مظہر یا تفسیر ہونا - (۷) عیش میں بسر کرنا ؛ زندگی کا لطف اٹھانا - (۸) زندہ رہنا ؛ بچ جانا ؛ (بڑی) عمر پانا ؛ (جہاز کا) تباہی سے بچ جانا - (۱۰) (یادگار کا) قائم رہنا ؛ باقی رہنا ؛ تازہ رہنا - (۱۱) رہنا ؛ سکونت رکھنا ؛ بود و باش رکھنا ؛ مقیم ہونا ؛ نشست رکھنا (کمرے میں) -

l. a double life : دو بھیسوں میں زندگی بسر کرنا ؛ دورنگی زندگی بسر کرنا -

l. & learn : پیر شو و بیاموز -

l. & let l.: مرنجان مرنج زندگی گزارنا -

l. close : کنجوس ہونا ؛ کنجوسی سے بسر کرنا -

l. down : اپنی اصلاح کر کے (داغ بدنامی) کو دور کرنا -

l. fast : دیکھو Fast -

l. from hand to mouth : روز کی آمدنی روز خرچ کرڈالنا ؛ عسرت سے بسر کرنا ؛ تنگی ترشی سے بسر کرنا -

l. in a small way : خاموشی اور کم خرچی سے دن گزارنا -

l. in Clover : دیکھو Clover -

l. out the night : (بیمار کا) رات گزار لینا -

l. to oneself : تنہائی کی زندگی بسر کرنا ؛ سب سے الگ تھلگ رہنا -

l. up to one's *principles &c.* : اپنے اصول وغیرہ عملاً برتنا ؛ کرکے دکھانا -

l. well : خوش خوراک ہونا ؛ اچھا کھانا -

Livelihood, *n.*: وجۂ معاش ؛ کفاف ؛ روزی ؛ رزق -

Livelong, *a.*: (شعر و خطابت) سارا ؛ تمام ؛ پورا -

Lively, *a.* : (۱) ہو بہو ؛ اصلیت کے مطابق ؛ جیتا جاگتا - (۲) زندہ دل ؛ چاق چوبند ؛ چست و چالاک ؛ تیز ؛ طرار ؛ سرگرم ؛ دلچسپ - (۳) (مزاحاً) جوش دلانے والا ؛ خطرناک ؛ زور دار ؛ زور شور کا ؛ مشکل (مثلاً *police had a l. time*) - (۴) (رنگ) کھلتا ہوا ؛ چمک دار - (۵) خوش طبع ؛ زندہ دل ؛ شگفتہ خاطر ؛ بشاش ؛ چاق (۶) سبک (کشتی)

livelily, *adv.*: مستعدی سے ؛ سرگرمی سے ؛ زور شور سے ؛ خوش طبعی سے ؛ زندہ دلی سے -

liveliness, *n.* : زندہ دلی ؛ سرگرمی ؛ خوش طبعی ؛ تیزی ؛ طراری -

Liven, *v. t. & i.* : گرمانا ؛ گرما دینا ؛ جان پڑ جانا ؛ جان ڈال دینا -

Liver, *n.*: (۱) جگر ؛ کلیجہ ؛ کلیجی - (۲) جگر کی بیماری - (۳) گہرا بادامی رنگ - (۴) جانور کی کلیجی (جو بصور غذا استعمال ہو) - (۵) (قدیم) جگر (بحیثیت مرکز جذبات کے) -

hot l.: شوریدہ مزاجی ؛ عاشق مزاجی ؛ دل پھینک ہونا -

l.-line : ہتیلی کی ایک لکیر جس سے ہاتھ دیکھنے والے تقدیر بتاتے ہیں -

liverwort : ایک قسم کا پودا جسکے اجزا جگر سے مشابہ اور جگر کے مرض میں مفید ہوتے ہیں -

l. wing : پکے ہوئے مرغ وغیرہ کا سیدھی طرف کا حصہ جس میں جگر ہوتا ہے ؛ (مزاحاً) سیدھا بازو (آدمی کا) -

white or *lily l.*: بزدلی ؛ نامردی -

liverish, *a.*: جسے جگر کی شکایت ہو ؛ جگر کا مریض -

liverless, *a.*: بے جگر کا ؛ جسکے جگر نہ ہو -

Liver, *n.* : (کسی خاص طریقے سے) رہنے والا یا بسر اوقات کرنے والا -

good : (۱) نیک چلن - (۲) خوش گزران -

Liverpudlian, *a. & n.*: لور پول کا (باشندہ) -

Livery, *n.*: (۱) (تاریخ) نوکروں کی خوراک ؛ راتب ؛ نوکروں کی پوشاک ؛ وردی - (۲) جانوروں کا چارا ؛ دانہ ؛ گھاس - (۳) پیشہ وروں کی جماعت یا خدام کی وردی - (۴) پیشہ وروں کی جماعت کی رکنیت - (۵) (قانون) جائداد کی نگرانی سے واگزاشت ؛ حکم نامۂ دخل دہانی ؛ دخل نامہ -

at l. : (وہ گھوڑا) جس کی نگرانی اور کھلائی اس کا مالک ایک مقررہ رقم کے بدلے کسی شخص کے سپرد کردے ؛ کرائے کے اصطبل میں رہنے والا -

l. company . شہر لندن کے پیشہ وروں کی جماعت جس کی ایک خاص وردی تھی -

l. fine : جماعت مذکور کی رکنیت کی فیس -

liveryman : جماعت مذکور کا رکن ؛ گھوڑوں کے اصطبل کا مالک یا خادم -

l. servant : وردی پوش نوکر -

l. stable : کرائے کے گھوڑوں کا اڈا ؛ کرائے کا اصطبل -

sue one's *l.*: جائداد کے وارث کا کورٹ آف وارڈز سے واگزاشت کی درخواست دینا

liveried, *a.*: وردی پوش -

Livery, *a.*: (۱) جگر کا سا - (۲) جگر کے رنگ کا - (۳) چکنی (مٹی) - (۴) جس کا جگر خراب ہو ؛ بے کیف ؛ سست ؛ چڑچڑا -

Livid, *a.*: (۱) نیلگوں سرمئی رنگ کا - (۲) چوٹ سے نیلا -

lividity, *n.* : نیلگوں سرمئی رنگ ؛ نیلا پن -

lividly, *adv.* : مائل بہ نیلگوں -

Living, *n.* : (۱) زندہ ہونا ؛ زندہ رہنا ؛ زندگی بسر کرنا ؛ گزران ؛ زیست ؛ بود و باش - (۲) معاش ؛ معیشت ؛ گزارہ ؛ روزی - (۳) (مذہبی) پادری کی مدد معاش ؛ وظیفہ ؛ وقف -

good l. : خوش خوری ؛ اچھا کھانا ؛ تنعم ؛ ناز و نعمت -

l.-room : بیٹھنے کا کمرہ ؛ نشستگاہ -

l.-wage : گزارے کے قابل مزدوری یا اجرت -

plain l. & high thinking : سادہ اور فلسفیانہ زندگی -

Living, *a.* : (۱) جیتا ؛ زندہ ؛ جاندار - (۲) زندہ ؛ موجودہ (مثلاً *no man l. could do this*) - (۳) (شبیہ) ہو بہو ؛ مطابق اصل ؛ جیتی جاگتی -

l. coal : دھکتا کوئلہ ؛ جلتا کوئلہ -

l. death : موت سے بدتر زندگی ؛ عذاب جان زندگی ؛ زندہ در گور ہونا -

l. language : زندہ زبان ؛ مروج و مستعمل زبان -

l. rock : چٹان جو زمین سے علحدہ نہ ہوئی ہو ؛ زمین گیر چٹان -

l.-water : سدا جاری چشمہ یا دریا وغیرہ -

within l. memory : اس زمانے میں جس کے دیکھنے والے اب تک موجود ہیں -

livingly, *adv.*: ہو . . . -

Livre, n. : پرانا فرانسیسی سکہ (تقریباً ایک آنے کے برابر) -

Lixiviate, *v. t.* : نتھارنا ؛ پانی کے ذریعے سے کسی چیز کے محلول وغیرہ اجزا الگ کرنا -

lixiviation, *n.* : کسی شے کے غیر محلول اجزا سے پانی کے

ذریعے سے عاہدہ کرنا -

Lizard, *n.* : (۱) چھپکلی ؛ چلپا سہ - (۲) ایک زرد رنگ کا پرندہ جو پالا جاتا ہے -

'll : will کا مخفف ہے (جیسے *I' ll*) -

Llama, *n.* : (۱) جنوبی امریکہ کا چھوٹے قد کا اونٹ جیسا جانور ؛ لاما - (۲) اس کی اون (کا بنا ہوا سامان) -

Lloyd's *n.* : لندن کی ایک بھری بیمے کی کمپنی -

L. list : ایک بحری تجارتی اخبار -

L. register : جہازوں کی سالانہ ابجد وار فہرست مختلف درجوں کے لحاظ سے -

Lo, *int.* : (قدیم) وہ دیکھو ؛ دیکھو دیکھو ! اتنے میں کیا دیکھتے ہیں کہ -

l. and behold ! : (مزاحاً) کلمۂ تعجب جیسے دیکھا آپ نے ! !

Loach, *n.* : ایک چھوٹی دریائی مچھلی جو کھائی جاتی ہے -

Load, *n.* : (۱) بار ؛ بوجھ ؛ بھرتی ؛ لادی ؛ بوجھا - (۲) بوجھ کی وہ مقدار جو عموماً لادی جاتی ہے (خصوصاً اشیاء کی) ؛ کھیپ کا مقرر وزن - (۳) (مشین وغیرہ میں) رکاوٹ ؛ دباو ؛ محراب پر بالائی عمارت کا دباو ؛ لداو - (۴) ذمہ داری کا بوجھ یا بار ؛ بار فکر ؛ بار غم - (۵) (روز مرہ) کثرت ؛ افراط ؛ بہتات -

l.-displacement,-draught : لدے ہوئے جہاز کے وزن سے پانی کے ہٹنے کی مقدار -

loadstone, lodestone : مقناطیس ؛ وہ چیز جس میں کشش ہو ؛ مرکز کشش -

ll. of : (روز مرہ) ڈھیروں؛ انباروں ؛ بہ افراط -

l.-(water)line : وہ خط جہاں تک جہاز کی دیوار بوجھ کی وجہ سے پانی میں ڈوبتی ہے ؛ خط بار پیما -

Load, *v. t.* & *i* : (۱) لادنا ؛ بوجھ لادنا ؛ جہاز وغیرہ پر بار کرنا - (۲) لدنا ؛ لادا جانا (جہاز ، گاڑی وغیرہ) - (۳) بوجھل کرنا ؛ بھاری کرنا ؛ بوجھ ڈالنا ؛ بار ہونا - (۴) سیسہ بھرنا ؛ سیسے سے وزنی کرنا - (۵) بوجھ سے چرچرانا ؛ جھکا پڑنا - (۶) وزن بڑھانے کے لئے کسی چیز کی آمیزش کرنا ؛ ملونی کرنا ؛ بھرتی بھرنا - (۷) مالا مال کردینا ؛ لاد دینا ؛ بھر مار کرنا - (۸) (گالیوں وغیرہ کی) بوچھاڑ کرنا - (۹) (بندوق) بھرنا - (۱۰) (صرافہ) تمسکات یا حصے بے دریغ خریدنا - (۱۱) (بیمہ) خاص وجوہ سے قسط ادائی میں اضافہ کرنا -

loading, *n.* : قسط ادائی میں اضافہ -

Loader, *n.* : (۱) لادنے والا وغیرہ - (۲) شکاری کی بندوق بھرنے والا خادم - (۳) کارتوس بھرنے والی مشین -

breech l. : توڑے دار بندوق -

breech-loading, *a.* : توڑے دار -

Loaf, *n.* (pl.-ves) (۱) ڈبل روٹی ؛ نان پاؤ روٹی - (۲) مصری یا شکر کا ڈلا ؛ قند کا کوزہ - (۳) کرم کلے وغیرہ کے سرے کا گچھا -

half a l. is better than no bread : نہوت سے آدھی بھلی ؛ ساری سے آدھی بھلی -

ll. & fishes : ذاتی مفاد ؛ اپنا حلوا مانڈا -

leaved, *a.* : گچھے دار -

Loaf, Loave, *v. i.* : (کرم کلے وغیرہ کے) سر پر گچھے نکلنا یا بننا -

Loaf, *v. i.* & *t.* & *n.* : (۱) آوارہ پھرنا ؛ بیکار وقت گنوانا - (۲) اِدھر اُدھر پھرنا ؛ ہٹر گشت لگانا ؛ ڈانوا ڈول پھرنا ؛ ہرزہ گردی کرنا - (۳) ہٹر گشت ؛ سیر سپاٹا -

l. (time) away : ہرزہ گردی میں (وقت) گزارنا ؛ تضیع اوقات کرنا -

loafer, *n.* : ہرزہ گرد ؛ آوارہ گرد ؛ لفنگا -

Loam, *n.* : (۱) گندھی ہوئی مٹی ؛ مٹی کا گارا ؛ کہگل - (۲) زرخیز چکنی مٹی جس میں ریت کے ساتھ نباتی کھاد ملی ہوئی ہو -

loamy, *a.* : ایسی (زمین) -

Loan, *n.* & *v. t.* : (۱) قرض ؛ وام ؛ دین - (۲) مستعار لفظ یا رسم (جو ایک قوم میں دوسری قوم سے آئی ہو) - (۳) عاریت ؛ ادھار - (۴) سرکاری قرضہ (جو رعایا کی طرف سے حکومت کو دیا جائے) ؛ قومی قرضہ - (۵) (امریکہ) بطور قرض دینا -

l.-collection : تصاویر وغیرہ کا ذخیرہ جو عاریتاً نمائش کی غرض سے حاصل کیا جائے ؛ مانگے کا ذخیرہ -

l.-holder : قرضے کے تمسکات یا حصص کا مالک -

l. - office : قرضے کا دفتر (جہاں ضرورت مندوں کو قرض دیا جائے یا سرکاری قرضہ کی رقوم وصول کی جائیں)-

l. - society : انجمن قرض باہمی -

loanable, *a.* : قرض دئے جانے کے قابل ؛ قابل عاریت -

loanee, *n.* : مقروض ؛ مدیون ؛ قرض دار -

loaner, *n.* : قرض دہندہ ؛ لین دار -

Lo(a)th, *a.* : (کسی کام سے) رغبت نہ رکھنے والا ؛ ابا کرنے والا؛ غیر رضامند-

I am l. to do this: مجھے اس کام سے رغبت نہیں ؛ میرا جی یہ کام کرنے کو نہیں چاہتا -

l. - to - depart : الوداعی گیت کی لے -

nothing l. : بالکل آمادہ ؛ بالکل راضی خوشی سے

Loathe, *v. t.* متنفر ہونا ؛ نفرت کرنا ؛ گھن کھانا ؛ کراہت کرنا -

loathing, *n.* : نفرت ؛ کراہت ؛ گھن -

loathingly, *adv.* : کراہتے ہوئے ؛ نفرت سے ؛ گھن سے -

Loathly, *a.* : (قدیم و ادبی) مکروہ ؛ کریہہ ؛ نفرت انگیز ؛ گھناونا -

loathliness, *n.* : گھناونا پن -

Loathsome, *a.* مکروہ ؛ کریہہ ؛ نفرت انگیز ؛ گھناونا -

loathsomely, *adv.* : گھناونے پن سے ؛ مکروہ طریقے پر -

loathsomeness, *n.* : مکروہ ہونا ؛ گھناونا پن ؛ نفرت انگیزی -

Loaves: دیکھو Loaf -

Lob, *v. i.* & *t.* & *n.* : (۱) سست چلنا؛ بھدے پن سے چلنا یا دوڑنا- (۲) آہستہ سے (گیند) اچھالنا ؛ (گیند) ہلکے سے اونچی پھینکنا ؛ (کریکٹ) گیند جو ہاتھ کو گھمائے بغیر پھینکی جائے ؛ (ٹینس) گیند جو اونچی ماری جائے -

Lobate, *a.* : (نباتیات) گوشہ دار ؛ لو دار -

lobation, *n.* : گوشہ دار ہونا ؛ لو دار ہونا -

Lobby, *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) برساتی پیش کمرہ ؛ پیش دالان ؛ برآمدہ؛ غلام گردش - (۲) (دارالعوام) بڑا کمرہ جس میں پبلک کو آنے کی اجازت ہے ؛ ملاقات کا کمرہ - (۳) غلام گردش جہاں

ممبر رائے دہندگی کے لیے جاتے ہیں ؛ لابی - (۴) (لابی میں مل جل کر) ممبروں پر اثر ڈالنا یا (*l. bill through*) مسودۂ قانون منظور کرانا - (۵) (باہر والوں کا) مجلس وضع قانون میں آمد و رفت رکھنا یا ممبروں کے ووٹ حاصل کرنے کی کوشش کرنا -

lobbyist, n.: لابی باز ؛ مجلس وضع قانون میں آمدو رفت رکھنے والا ؛ (ممبروں کے) ووٹ حاصل کرنے کی کوشش کرنے والا -

Lobe, n.: (۱) (جگر وغیرہ کا) گوشہ جو آگے کو نکلا ہوا ہو - (۲) بنا گوش ؛ کان کی لو -

lobed, a.: بنا گوش دار ؛ لو دار ؛ گوشہ دار -

lobeless, a.: بے گوشہ ؛ بے لو کا -

Lobelia, n.: ایک بوٹی جس کے پھول نیلے لال یا ارغوانی ہوتے ہیں -

Loblolly man, boy, nn.: (بحری) سرجن کا مددگار -

Lobscouse, n.: ملاحوں کی خوراک جس میں گوشت، ترکاری، بسکٹ وغیرہ ملا کر دم پخت کرتے ہیں ؛ دیوانی ہانڈی -

Lobster, n.: (۱) جھینگا مچھلی - (۲) اس مچھلی کا پکا ہوا گوشت - (۳) (حقارتاً) برطانوی سپاہی -

blue or *raw l.*: بحری توپ خانہ کا سپاہی -

l. - eyed : گاؤ دیدہ -

l. joint . پائپ وغیرہ کا قتلی جوڑ -

l. - pot : جھینگا مچھلی پکڑنے کی جال ٹوکری -

red or *boiled l.*: بحری سبک پوش فوج کا سپاہی -

Lobule, n.: گوشک ؛ چھوٹی لو -

lobular, a.. لو دار ؛ گوشک دار -

Lobworm, n.: (۱) ایک بڑا کیچوا جسے ماہی گیر بطور چارے کے لگاتے ہیں - (۲) ایک بحری کیڑا جو بطور چارے کے لگایا جاتا ہے -

Local(e), n.: موقع ؛ موقع واردات ؛ مقام و قوع -

Local, a. & n.: (۱) مقام کا ؛ متعلق بہ مقام - (۲) دیسی ؛ مقامی ؛ کسی خاص مقام سے متعلق - (۳) ایک خاص مقام تک محدود ؛ جزوی ؛ ایک حصے کا (درد ، مرض ، علاج)- (۴) (ریاضی) طریقی ؛ متعلق بہ طریق - (۵) (ڈاکخانہ) اپنے شہر یا ضلع کی (ڈاک) - (۶) کسی خاص مقام کا باشندہ ؛ مقامی شخص ؛ مقامی ڈاکٹر ، وکیل یا اور کوئی پیشہ ور - (۷) مقامی واعظ (میتھوڈسٹ فرقے کا) - (۸) (اخبار میں) مقامی خبریں - (۹) ڈاک خانے کے ٹکٹ جو کسی خاص ضلع میں رائج ہوں - (۱۰) لوکل ، وہ ریل گاڑی جو دو قریب کے مقامات کے درمیان چلتی ہے - (۱۱)(بحالت جمع) مقامی امتحان یا امتحانات -

l. colour : (۱) مقامی رنگ ؛ (ناول وغیرہ میں) زمانی و مکانی جزیات ؛ قصے کے زمانے یا موقع کے مناسب چیزیں - (۲) (نقاشی) انفرادی رنگ (مجموعی رنگ کے مقابلے میں) ؛ الگ الگ چیزوں کا رنگ -

l. habitation : وجود فی المکان ؛ محسوس زندگی ؛ وجود مادی -

l. option, veto : وہ اصول جس کے ذریعہ سے کسی ضلع کے باشندے اپنے ہاں شراب کی فروخت بند کر سکتے ہیں -

locally, adv.: مقامی طور پر ؛ (کسی خاص) شہر یا گاؤں کے اندر ؛ (جسم کے) ایک حصے میں

Localism, n.: (۱) کسی مقام سے وابستہ ہونا ؛ اپنے شہر یا ضلع سے وابستہ ہونا ؛ محدود وطن پرستی - (۲) نظر یا خیالات کا مقامی حالات تک محدود ہونا ؛ محدود خیالی - (۳) مقامی چیزوں کی حمایت - (۴) مقامی محاورہ ؛ مقامی رسم -

Locality, n.: (۱) موقع ؛ محل ؛ مقام ؛ جگہ - (۲) کسی چیز کا موقع یا محل وقوع - (۳) مقامات یاد رکھنے یا شناخت کرنے کی صفت ؛ اپنا راستہ معلوم کرنے کی قوت ؛ راہ کی اٹکل ؛ حس مقام -

Localize, v. t.: (۱)کسی خاص مقام کی خصوصیات پیدا کرنا ؛ مقامی رنگ میں رنگنا - (۲) کسی مقام میں محدود کرنا ؛ کسی مقام سے مختص کرنا - (۳) ضلع سے متعلق کر دینا ؛ مرکز سے ہٹا کر مقامی بنا دینا - (۴) (توجہ کو) مجتمع کرنا ؛ مرتکز کرنا - (۵) (قدیم) = Locate

localizable, a.: مقامی بننے کے قابل ؛ قابل تخصیص مقامی -

localization, n.: کسی خاص مقام میں مقید یا محدود کرنا ؛ مقامی رنگ میں رنگنا ؛ مقامی بنانا -

Locarno, n., Pac of L.: وہ عہد نامجات جو ۱۹۲۵ میں بمقام لوکارنو (سوئزر لینڈ) فرانس ، جرمنی ، بلجیم اور انگلستان ، اٹلی میں ہوئے تھے جن کی رو سے حدود ممالک کی حفاظت اور امن و امان کی شرائط طے ہوئی تھیں ؛ عہد نامۂ لوکارنو -

the spirit of L.: حاصل عہد نامۂ لوکارنو ؛ قدیم عداوتوں خصوصاً جرمنی اور فرانس کے دیرینہ عناد کا ترک -

Locate, v. t. : (۱) (کسی جگہ) جمانا ؛ قائم کرنا ؛ (فعل مجہول ، امریکہ) واقع ہونا - (۲) کسی چیز کا مقام یا محل وقوع بتانا - (۳) ٹھیک جگہ دریافت کرنا (مثلاً *l. the enemy's camp*) -

location, n. : موقع ؛ مقام ؛ تعین مقام -

Locative, a. & n.: (صرف) ظرف مکان ؛ ظرفی (حالت) -

Loch, n.: اسکاٹ لستان کی جھیل یا بند کھاڑی -

Lock, n.: (۱) لٹ ؛ زلف ؛ کاکل ؛ (جمع) سر کے بال ؛ موئے سر - (۲) روئی کا پھل یا گالا ؛ اون کا گچھا -

-locked, a.: (-) زلفوں کا -

Lock, n.: (۱) قفل ؛ تالا - (۲) وہ پرزہ جو پہیے یا چرخی کو گھومنے سے روک دے - (۳) بندوق کا گھوڑا - (۴) بند (نہر کا) - (۵) (انجینیری) جس کمرے میں ہوا کے دباو سے کام کیا جاتا ہے اس کے سامنے کا کمرہ ؛ بند کمرے کا پیش کمرہ - (۶) (مجمع یا گاڑیوں کا) بھیڑ کر رہ جانا ؛ ضیق ؛ کش مکش - (۷) امراض خبیثہ کا شفاخانہ (= L. Hospital)-

lockfast : مقفل ؛ بند -

L. Hospital : دیکھو Lock معنی نمبر (۷) -

l. -keeper : = Locksman

lockman : Isle of man میں وہ عہدہ دار جسے کارونر (coroner) کے طلب کرنے کا اختیار ہے -

locksman : نہر کے بند کا محافظ یا چوکیدار -

locksmith : قفل ساز -

l. stock, & barrel : (۱) تمام ؛ کل ؛ سارا - (۲) پوری طرح سے -

lockless, a.: بے قفل ؛ بے بند -

Lock, v. t. & i.: (۱) قفل دینا ؛ تالا لگانا ؛ بند کرنا ؛ مقفل

کرنا ؛ مقفل ہونا ؛ (دروازے میں) قفل ہونا ؛ مقفل ہوسکنا - (۲) بند کردینا ؛ محبوس کرنا - (۳) احاطہ کرنا ؛ گھیرنا - (۴) (مجازاً) سات قفلوں میں رکھنا ؛ ہوا نہ لگنے دینا - (۵) (مجازاً) معطل کردینا (حواس وغیرہ) (مثلاً senses locked in sleep) - (۶) کسنا ؛ جکڑ دینا ؛ کھٹکا وغیرہ لگانا یا لگنا - (۷) گرنتھنا ؛ الجھانا ؛ پھنسانا - (۸) (فوج) پچھلی صف کا اگلی صف سے ا.قد ر متصل کوچ کرنا کہ پاوں سے پاوں لگتا چلے ؛ بھڑ کرچلنا - (۹) نہر میں بند باندھنا ؛ بند میں کشتی چانا یا لے جانا -

l.-chain: پہیا روک زنجیر -

l.-nut: زائد ڈھبری جو روک کی غرض سے ایک دوسری پر کس دی جاتی ھے -

locked. (۱) (لڑائی میں) گتھے ہوئے ؛ دست و گریباں - (۲) ہم آغوش ؛ ہم کنار -

locked jaw, l.-jaw: دانت پچی -

l.-out: (۱) کارخانے کے مالک کا مزدوروں کو معطل کرکے اطاعت پر مجبور کرنا ؛ کارخانے کی در بندی کرنا - (۲) دربندی (ہڑتال کے مقابلے میں) - (۳) دروازہ مقفل کرکے کسی آدمی کو اندر نہ آنے دینا -

l.-spring: گھڑی کے خانہ کو بند کرنے کی کمانی -

l.-stitch: مشین کا بخیہ جس کے ذریعہ سے دو ڈورے گوتھے جاتے ہیں -

l. the stable door after the horse has been stolen: وقت گزر جانے کے بعد حفاظت کی تدبیریں کرنا ؛ چوری پیچھے تالا لگانا -

l.-up: (۱) مدرسہ وغیرہ کے رات کو مقفل ہونے کا وقت - (۲) سرمایہ کا بغیر آمدنی پھنسا رہنا - (۳) حوالات - (۴) جو مقفل ہوسکے ؛ قفل دار -

Lockage, n.: (۱) (بند کے ذریعہ سے) پانی کے اتار چڑھاو کی مقدار - (۲) بندیانہ (بند کے استعمال کا محصول) - (۳) بند کا استعمال ؛ بندوں کی مجموعی تعداد -

Locker, n.: (۱) قفل لگانے والا ؛ تالا لگانے والا ؛ مقفل کرنے والا ' بند کرنے وغیرہ - (۲) مقفل الماری - (۳) (بحری) کپڑے ' گولہ بارود وغیرہ رکھنے کا خانہ یا صندوق -

Locket, n.: (۱) (تلوار کی میان پر) لوھے کا پتر یا پٹی - (۲) لاکٹ ؛ تعولنا (سونے یا چاندی کا) جس میں یادگار کے طور پر بالوں کی لٹ یا تصویر رکھتے ہیں -

Lockian, a.: (۱) لاکی ؛ John Locke کا یا اسکے فلسفہ کا - (۲) لاک کا پیرو

Lockist, n.: جان لاک (John Locke) کا متبع ؛ لاکی -

Loco, n.: گاڑی کا انجن -

Loco Citato, adv. (abbr. *l.c.*) **:** عبارت منقولۂ بالا میں -

Locomote, v. i.: (حیاتیات) ایک جگہ سے دوسری جگہ حرکت کرنا ؛ نقل مکان کرنا -

Locomotion, n.: (۱) نقل مکان ؛ حرکت ؛ قوت حرکت ؛ رفتار - (۲) طریق سفر ؛ سفر کا طریقہ -

Locomotive, a. & n.: (۱) متعلق بہ نقل مکان ؛ حرکت کے متعلق ؛ (مزاحاً) سفر کا ؛ سفر کے متعلق - (۲) چلنے والا ؛ متحرک ؛ حرکت کرنے والا - (۳) حرکت دینے والا ؛ حرکی - (۴) انجن ؛ ریل کا انجن - (۵) (بحالت جمع ' عامیانہ) ٹانگیں - (۶) گاڑی کھینچنے والا جانور -

a. l. person: جو ہمیشہ سفر کرتا رہتا ہو ؛ جس کے پیر میں چکر ہو -

Locomotor, n. & a.: نقل و حرکت کے متعلق ؛ (شخص یا شے) جس میں حرکت کی صلاحیت ہو -

l. ataxy: دیکھو Ataxy -

Locomotory, a.: نقل مکان کے متعلق ؛ نقل و حرکت کی قوت والا ؛ متحرک -

Loculus (pl. -li) **n.:** (نباتیات ' حیوانیات) درج -

locular, a.: درج دار -

Locum tenens, n.: نائب ؛ قائم مقام ؛ خصوصاً نائب پادری یا ڈاکٹر -

locum-tenency, n.: نیابت ؛ قائم مقامی -

Locus, n. (pl. -ci) **:** (۱) موقع ؛ محل وقوع ؛ کسی چیز کی ٹھیک جگہ یا مقام - (۲) (ریاضی) طریق -

l. classicus: کسی موضوع پر سب سے مشہور یا مستند عبارت ؛ قول فیصل -

l. in quo: موقع واردات ؛ کسی واقع کا محل وقوع -

l. poenitentiae: لوٹنے کا موقع ؛ فیصلہ کن قدم اٹھانے سے پہلے پیچھے ہٹنے کا موقع -

l. standi: مسلمہ حیثیت ؛ مداخلت کا حق ؛ عدالت میں حاضر ہونے کا حق -

Locust, n.: (۱) ٹڈی ؛ ٹیڈری ؛ ملخ - (۲) ایک درخت کے پھل کا نام - (۳) خیار شنبر کی پھلی - (۴) ایک قسم کا درخت -

l.-eater, l.-bird: ملخ خور ؛ ایک پرند جو ٹڈی کھاتا ھے -

Locution, n.: (۱) انداز تقریر ؛ طرز گفتگو - (۲) محاورہ ' لفظ یا فقرہ (فصاحت کے اعتبار سے) -

Locutory, n.: (۱) خانقاہ کا دیوان خانہ یا گفتگو کا کمرہ - (۲) جالی دار پردے کی دیوار جس کے پیچھے سے خانقاہ کے رہنے والے باہر کے لوگوں سے گفتگو کرتے ہیں -

Lode, n.: (۱) (زیر آب اراضی میں) پانی کا گذر ' نالا - (۲) (کان میں) وہ درز جس میں خام دھات ہوتی ھے ؛ کچی دھات کی پرت -

lodestar, loadstar: وہ ستارہ جس کی مدد سے رات کو کشتی چلائی جاتی ھے ؛ رہنما ستارہ ؛ قطب ستارہ ؛ (مجازاً) شمع راہ ؛ دلیل راہ ؛ اصول حیات ؛ مقصد سعی ؛ منتہا -

lodestone: دیکھو Loadstone -

Lodge, n.: (۱) چھوٹا سا مکان - (۲) بڑے مکان یا پارک کے پھاٹک کی کوٹھری (جس میں مالی یا خدمت گار رہتا ھے) - (۲) ڈیوڑھی ؛ دربان خانہ - (۳) (فرامشن وغیرہ کا) ایوان ؛ جلسہ گاہ ؛ جلسہ - (۴) کیمبرج میں کالج کے صدر کی قیام گاہ - (۵) بھٹ ؛ بعض جانوروں کے رہنے کی جگہ - (۶) امریکا کے قدیم باشندوں کا خیمہ یا جھونپڑا -

grand l.: فرامشن وغیرہ کی مجلس انتظامیہ -

Lodge, v. t. & i.: (۱) رات کو ٹھیرانا ' ٹکانا - (۲) (مستقل طور پر) گھر میں رکھنا ؛ مہمان رکھنا - (۳) ٹھیرانا ؛ قیام کا انتظام کرنا ؛ (آرام یا تکلیف سے) رہنا ؛ قیام کرنا ؛ رات گذارنا - (۴) مسکن یا قیام گاہ کا کام دینا ؛ رہنے کی گنجائش رکھنا '

رهنا - (۵) (امانت) رکھنا ' رکھوانا ' سپرد کرنا - (۶) (درخواست یا ضابطہ) داخل کرنا؛ پیش کرنا؛ (دعوے) دائر کرنا - (۷) (اختیار) سونپنا؛ سپردکرنا؛ بخشنا - (۸) (هواکافصل کو) بچھا دینا؛ لٹادینا ؛ گرا دینا - (۹) بٹھا دینا؛ جما دینا ؛ بیٹھ جانا ؛ جم جانا - (۱۰) رهنا ؛ قیام کرنا ؛ سکونت اختیار کرنا ؛ واقع هونا - (۱۱) (کسی کے گھر میں) کرائے کے کمرے میں رهنا -

lodger, *n.* : کرایہ دار مہمان -

lodger franchise : کرایہ داروں کا حق رائے دهندگی (پارلیمنٹ کے انتخاب میں ۱۹۱۸ ع سے پہلے) -

Lodging, *n.* : (۱) ٹھیرانا ' ٹکانا ' رهنا وغیرہ - (۲) کرائے کے کمرے میں رهنا - (۳) مسکن ؛ اقامت گاہ ؛ مکان - (۴) (جمع) (کسی کے مکان میں) کرائے کے کمرے یا کوٹھریاں -

common l. house : مکان جس میں رات کو رهنے کے لئے کرائے پر جگہ مل جاتی هے -

l. house : مکان جس میں کمرے یا کوٹھریاں کرائے پر دی جاتی هیں -

Lodgment, -ement, *n.* : (۱) (فوج) دشمن سے چھینا هوا دهس ؛ مورچہ - (۲) قدم ٹکانے کی جگہ - (۳) (قانون) ادخال زر ؛ روپیہ جمع کرنا یا داخل کرنا ؛ جمع شدہ یا داخل شدہ رقم - (۴) تہ یا ڈهیر (جو کسی چیز کے گرنے سے جمع هوجائے) -

Loess, *n.* : باریک زردی مائل چکنی مٹی کی تہ جو دریائے Rhine وغیرہ کی وادی میں جم جاتی هے -

Loft, *n.* & *v. t.* : (۱) اٹاری ؛ کوٹھا ؛ بالا خانہ - (۲) اصطبل کا بالا خانہ - (۳) کبوتروں کی کابک ؛ کبوتر خانہ - (۴) کبوتروں کا جھنڈ یا غول - (۵) گرجے یا بڑے کمرہ کی بالائی نشست گاہ (گیلری) - (۶) (گولف) گیند کو اونچا مارنا یا اچھالنا ؛ (گولف گیند کو کسی جگہ سے) پار کرنا - (۷) (کبوتروں کو) کابک میں رکھنا -

Lofter, *n.* : گولف کا بلا جس سے گیند کو اونچا مارتے هیں -

Lofty, *a.* : (۱) بلند ؛ بہت اونچا ؛ اعلیٰ ؛ رفیع ؛ سر بہ فلک - (۲) (طور طریقہ) متکبرانہ ؛ پر تمکین ؛ پر وقار - (۳) بلند مرتبہ ؛ رفیع الشان ؛ عالی منزلت ؛ بلند پایہ ؛ سر بلند ؛ ممتاز؛ بلند پرواز ؛ پر شوکت ؛ شاندار ؛ طمطراق کا -

loftily, *adv.* : عالی دماغی سے ؛ تمکنت سے ؛ رفعت سے ؛ شان سے ؛ طمطراق سے -

loftiness, *n.* : بلندی ؛ رفعت ؛ تمکنت ؛ شان و شوکت ؛ بلند پروازی ؛ سر بلندی -

Log, *n.* & *v. t.* : (۱) لکڑی کا کندا ؛ گولا ؛ لٹھا - (۲) جهاز کی رفتار ناپنے کا تریندا ؛ جهازکا رفتار پیما - (۳) جهاز کی رفتار وغیرہ کا روز نامچہ - (۴) (اجرت پر کام کرنے والے) درزی کے کام کا روز نامچہ - (۵) چیر کر کندے بنا لینا ؛ لٹھے یا گولے کاٹنا - (طے شدہ مسافت) روزنامچے میں چڑھانا ؛ جهاز کے روزنامچے میں اندراج کرنا ؛ (جهاز کا) طے کرنا (مسافت) - (۶) (ملاح کا نام اور قصور) روزنامچے میں درج کرنا ؛ جرمانہ کرنا -

float, lie, fall like a l. : بے حس و حرکت تیرتے رهنا ؛ بیہوش هوکر گرنا ؛ بے حس و حرکت یا بے سکت پڑے رهنا -

King L. : شاہ شطرنج ؛ نام کا بادشاہ -

l. -board : جهاز کا کچا روزنامچہ -

l. book : وہ کتاب جس میں جهاز کی رفتار وغیرہ درج هوتی هے ؛ جهاز کا روز نامچہ ؛ سیاح کا روز نامچہ -

l. cabin : لٹھوں یا کندوں کی بنی هوئی جھونپڑی -

l. -line : ڈوری جو جهاز کے رفتار پیما میں بندهی هوتی هے -

logwood : امریکا کا ایک درخت جو رنگ کے کام میں آتا هے -

roll my l. & I'll roll yours : من ترا حاجی بگویم تو مرا حاجی بگو -

sail by the l. : جهازکے رفتارپیماسے جهازکامحل اور رخ دریافت کرنا -

log-roll, *v. i.*, **log-rolling,** *n.* & *a.* : (سیاسی سازش یا ادبی تنقید میں) ایک دوسرے کو بڑهانا -

Log : = Logarithm

Loganberry, *n.* : ایک پھل جو رس بھری اور بلیک بیری کے پیوند سے پیدا هوتا هے -

Logan (-stone), *n.* : متوازن پتھر ؛ بھاری پتھر جو توازن کی حالت میں هو اور چھوتے هی هلنے لگے -

Logaoedic, *a.* & *n.* : (عروض) تین ٹکڑوں اور دو ٹکڑوں کے ارکان پر مشتمل (منظومہ) -

Logarithm, *n.* : (۱) لوگارتم ؛ حساب کا ایک قاعدہ - (۲) قوت جس تک ایک خاص عدد کو بڑهنا چاهئے کہ دیا هوا عدد حاصل هو -

logarithmic, *a.* : لوگارتم کے متعلق -

logarithmically, *adv.* : لوگارتم کی رو سے -

Loge, *n.* : (فرانسیسی) تھیٹر وغیرہ میں بکس -

-loger : لاحقہ جو پہلے اسم فاعل بنانے کے لئے استعمال هوتا تھا اب اس کی جگہ logist- استعمال کرتے هیں -

Loggerhead, *n.* : (۱) (قدیم) کندۂ ناتراش ؛ گاودی ؛ احمق ؛ ابلہ ؛ بےوقوف - (۲) ایک آهنی آلہ جس کے سرے پر گیند سی هوتی هے - (۳) کھم جو کشتی کے پچھلے حصے میں رسی لپیٹنے کے لئے لگا هوتا هے - (۴) ایک بڑے سر کا کچھوا - (۵) ایک بڑے سر کا پرند -

they are at ll : ان میں ان بن هے ؛ ان میں خوب چل رهی هے -

Loggia, *n.* (pl.- s or loggie): برآمدہ ؛ چھت دار راستہ ؛ چھتا -

Logic, *n.* : (۱) (علم) منطق - (۲) منطق کا کوئی خاص مذهب یا نظام - (۳) منطق کی کتاب - (۴) استدلال (غلط یا صحیح) ؛ دلائل ؛ بحث ' استدلال یا مناظرہ کی قابلیت - (۵) زبردست قوت (واقعات وغیرہ کی) -

logician, *n.* : منطقی ؛ منطق دان -

-logic, -logical : دیکھو logy -

Logical, *a.* : (۱) منطقی ؛ متعلق منطق ؛ منطق کا - (۲) صحیح ؛ اصول استدلال کے موافق ؛ مدلل - (۳) معقول ؛ قابل تسلیم - (۴) لازمی - (۵) صحیح استدلال کی لیاقت رکھنے والا -

logicality, *n.* : منطقیت ؛ صحت ؛ اصول منطق کی مطابقت معقولیت -

logically, *adv.* : از روے منطق ؛ منطق سے ؛ لازمی طور پر -

Logie, *n.* : جست کا نقلی زیور جو تھیٹر میں استعمال هوتا هے اور اصلی معلوم هوتا هے -

Logion, *n.* (pl.- ia) : حضرت عیسی کا قول جو تورات اور انجیل میں نہ هو ؛ حدیث مسیح -

-logist : لاحقہ جو اسماء بنانے میں استعمال هوتا هے = ماهر ' عالم ' دان (بحالت ترکیب) -

Logistics, *n.* : (جمع) فوج کی نقل و حرکت اور قیام وغیرہ کے بندوبست کا فن ؛ نظم فوج -

Logogram, *n.* : (مختصر نویسی میں) رمز (علامت یا نشان جو لفظ کے بدلے استعمال ہو) -

Logograph. *n.* : (۱) رمز - (۲) Logotype =

Logographer. *n.* : (قدیم یونان)(۱) Herodotus سے پیشتر یونان کا مورخ - (۲) قدیم یونان کا پیشہ ور تقریر نویس-

Logogriph, *n.* : لفظی معما جو تقلیب (حروف کی لوٹ پھیر) پر مشتمل ہو (جیسے live سے evil) -

Logomachy, *n.* : لفظی بحث ؛ نزاع لفظی -

Logos, *n.*(no pl.) : کلام الہی ؛ عیسائی تثلیث کا اقنوم ثانی -

Logotype, *n.* : (طباعت) ایک لفظ یا دو سے زیادہ حروف ٹائپ کے ایک ٹکڑے میں ڈھلے ہوے -

-logue : لاحقہ جو یونانیسی الفاظ(مثلاً dialogue) میں آتا ہے -

-logy : لاحقہ جو اسما کے آخر میں آتا ہے اور خاصیت، فعل یا کسی مخصوص علم کے معنی دیتا ہے (جیسے eulogy وغیرہ) -

Loin, *n.* : (بحالت جمع) (۱) کمر؛ پٹھا؛ صلب؛ پٹّھا کا گوشت -

l.-cloth : لنگوٹ ؛ لنگوٹی -

-loined. *a.* : پٹھا یا کمر کا (بحالت ترکیب) -

Loir, *n.* : خر موش ؛ گھونس -

Loiter, *v. i. & t.* : (۱) ٹھیرتے ٹھیراتے چلنا ؛ مٹر گشت کرنا ؛ رستے میں دیر لگانا - (۲) ٹھہرتے ٹھیراتے سفر کرنا - (۳) ہرزہ گردی کرنا ؛ کوچہ گردی میں وقت ضایع کرنا -

loiterer, *n.* : ہرزہ گرد؛ کوچہ گرد؛ آوارہ گرد؛ رستے میں دیر لگانے والا-

loiteringly, *adv.* : ٹھیرتے ٹھیراتے؛ سستی سے؛ ہرزہ گردی میں-

Loll, *v.t. & i.* : (۱) (زبان) نکالنا ؛ (زبان کا) باہر لٹکنا - (۲) پاؤں پسار کر یا تکیہ لگا کر بیٹھنا ؛ اینڈ نا ؛ سستی سے کھڑے رہنا یا بیٹھے رہنا -

lollingly, *adv.* : تکیہ لگائے ؛ پاؤں پھیلائے؛ سستی سے -

Lollard (s), *n.* : چودھویں صدی کے بدعتی جو wyclif کے پیرو تھے ؛ وکلفی -

Lollardism, *n.* : وکلفی عقیدہ جس کا بانی Wyclif تھا ؛ وکلف کی بدعت پرستی -

Lollipop, *n.* : (عموماً جمع) مٹھائیاں؛ شکر کی گولیاں -

Lollop, *v. i.* : (روز مرہ) (۱) بھدے پن سے ہلنا ڈلنا - (۲) بھدے پن سے چلنا؛ جھومتے ہوے چلنا؛ ہاتھی کی سی چال چلنا -

Lombard, *n. & a.* : (۱) اس جرمانی قوم کا فرد جس نے چھٹی صدی عیسوی میں اٹلی کو فتح کیا - (۲) باشندۂ لمبارڈی - (۳) Lombard یا Lombardy کے متعلق -

L. street : لندن کی ایک سڑک جس پر Lombardy کے مہاجن رہتے تھے اور اب بھی بنک کا کار و بار ہوتا ہے ؛ (مجازاً) صرافہ؛مہاجنوں کا طبقہ -

L. Street to a china orange : سو بسوے؛ یقینی -

Lombardic, *a.* : لمبارڈی؛ لمبارڈی یا اہل لمبارڈی کے متعلق؛ (خصوصاً) لمبارڈی کے فن تعمیر (ساتویں یا تیرھویں صدی) یا مصوری (پندرھویں اور سولھویں صدی) کے متعلق -

Loment . *n.* : (نباتیات) شکستنی ؛ ایک قسم کی پھلی جو پکنے کے بعد پھٹ جاتی ہے -

lomentaceous, *a.* : شکستنی -

London : ذیل کے الفاظ میں بطور صفت مستعمل ہے -

L. clay : جنوب مشرقی انگلستان کے ارضی طبقات کی ساخت -

L. ivy : لندن کا کُہرا یا دھواں -

L. particular : (روزمرہ) ایک قسم کا کُہرا جو لندن میں ہوتا ہے-

L. pride : ایک قسم کا گچھے دار سرخ یا سفید پھولوں کا پودا جو کوہ آپس وغیرہ پر اگتا ہے -

L. smoke : میلا بھورا رنگ -

Londoner, *n.* : لندنی ؛ لندن کا باشندہ -

Landonism, *n.* : اہل لندن کی خصوصیت یا مخصوص محاورہ -

Londonize, *v.t.* : لندنی بنانا -

Lone *a.* : (۱) (شعر) اکیلا ؛ تنہا ؛ بے مونس و غمخوار ؛ بے یار و مدد گار - (۲) غیر آباد یا اُجاڑ ؛ ویران ؛ سنسان - (۳) اداس؛ تنہائی سے ملول ؛ دلگیر ؛ وحشت خیز ؛ اداسی پیدا کرنے والا - (۳) (عورت) بن بیاہی یا بیوہ -

l. hand : (بعض کھیلوں میں) کھلاڑی جو سب کے خلاف کھیلے ؛ تن تنہا سب کا مقابلہ کرنے والا -

lonesome, *a.* : تنہا ؛ تنہائی سے ملول؛ سنسان

lonesomely, *adv.* : تنہائی محسوس کرتے ہوے -

lonesomeness, *n.* : احساس تنہائی ؛ سنسانی -

Lonely, *a.* : (۱) تنہا؛ اکیلا؛ بے یار ومدد گار؛بے مونس وغمخوار؛ تنہائی سے ملول - (۲) غیرآباد؛ سنسان؛ ویران؛ اجاڑ ؛ جہاں آمد و رفت نہ ہو-

loneliness, *n.* : تنہائی ؛ اکیلا پن ؛ ویرانی ؛ سنسان پن

Long, *a. & n.* : (۱) لمبا؛ دراز؛ طویل؛ بڑا؛ طول طویل؛ مدید(مدت) (مثلاً Long-lived دراز عمر) - (۲) دراز قد ؛ لانبا - (۳) دور رس ؛ دور پر کام کرنے والا ؛ دور کا ؛ جس میں بڑا وقفہ یا تفاوت ہو - (۴) لمبی شکل کا ؛ لمبوترا - (۵) جس کی لمبائی مشہور ہو - (۶) لمبا (ایسا عدد جس میں بہت سے صفر ہوں) - (۷) بڑا (جس میں بہت سے افراد ہوں)- (۸) لمبا چوڑا (مضمون) ؛ طول طویل ؛ شیطان کی آنت ؛ اکتا دینے والا- (۹) معمولی تعداد سے زیادہ کا - (۱۰) دیرپا ؛ قدیم ؛ بہت دنوں کے لئے - (۱۱) (صوتیات؛ عروض) لمبا (بول یا حرف علت) ؛ (عام استعمال) جس پر زور دیا جاے - (۱۲) وقفۂ دراز ؛ مدت طویل - (۱۳) تفصیل ؛ مفصل تذکرہ یا بیان - (۱۴) (عروض) لمبا بول؛ ممدود رکن-(۱۵) (تمیز ll.&shorts) بڑے اور چھوٹے کندے جو یکے بعد دیگرے چلے جاتے ہیں - (۱۶) بڑی تعطیل ؛ تعطیل کلاں -

as broad as it is l. : دیکھو Broad -

at longest : زیادہ سے زیادہ (اتنے عرصے میں) -

by a l. chalk : دیکھو chalk -

draw the l.-bow : کھڑے ہوے قصے بیان کرنا ؛ مبالغہ آمیز قصے بیان کرنا ؛ زمین آسمان کے قلابے ملانا -

gentlemen of the l. robe : وکلاء

in the l. run : (نشیب و فراز کے بعد) آخر میں -

little pitchers have l. ears : دیکھو Pitcher

l. bill : لمبا چوڑا بل -

l.-bill : چہا اور بعض دوسرے پرندے -

l.-boat : باد بانی جہاز کی سب سے بڑی کشتی -

l.-bow : کمان -

l.bowls : (دستی پوست کا ضد) دور کی لڑائی -

l. butt : بلیرڈ کھیلنے کا ڈنڈا جو دور تک پہنچتا ھے -

l. clay : ایک قسم کا لمبا پائپ -

l. cloth : لنکلاٹ ؛ لٹھا -

l.-clothes, l. coats : (قدیم) گود کے بچے کے کپڑے -

l. date : دور کی تاریخ (ھنڈی وغیرہ کی ادائی کی) -

l. drink : شربت وغیرہ جو لمبے گلاس میں پیا جاے -

l. dozen, hundred : دیکھو Dozen, Hundred -

l. ears : گدھا پن -

l. family : بڑا کنبہ (جس میں بہت سے بچے ھوں) -

l. field : (۱) وہ کھلاڑی جو کریکٹ کے میدان میں گیند پھینکنے والے کے دائیں بائیں دور پر کھڑا رھتا ھے؛ گیند پھینکنے والے کے پیچھے کا میدان - (۲) میدان کا وہ حصہ جو گیند پھینکنے والے کے پیچھے ھوتا ھے -

l. finger : دیکھو Finger -

l. firm : دیکھو Firm -

longhand : عام طرز تحریر (شارٹ ھینڈ یا مختصر نویسی کی ضد) -

l. head : (۱) لمبا سر - (۲) دور اندیشی -

l. hop : (کریکٹ) وکٹ کے قریب ٹپا کھانے والی گیند -

l. jump : لمبی جست -

l. measure : لمبائی کا پیمانہ ؛ گز وغیرہ -

l. metre : مناجات کا ایک بند جس میں آٹھ آٹھ بول کے چار مصرعے ھوتے ھیں -

l.-mile : کڑا میل -

l. odds : (شرط) بہت غیر مساوی بازی -

l. off, on : وہ کھلاڑی جو گیند پھینکنے والے کے دائیں بائیں یا پیچھے کھڑا ھوتا ھے -

L. Parliament : پارلیمنٹ جو سنہ ۱۸۴۰ سے ۱۸۶۰ع تک رھی -

l. pig : (مردم خور قبائل کی اصطلاح) انسان کا گوشت -

l. primer : دیکھو Primer -

l. robe : قانون پیشہ لوگوں کا جبہ -

l. service : فوج میں طویل عرصے کے لئے بھرتی کرنے کا قاعدہ ؛ لمبی بھرتی -

longshanks : ایک لمبی ٹانگوں کا پرند ؛ لم ڈنگا -

longstop : (کریکٹ) وہ فیلڈر جو وکٹ کیپر کے پیچھے کھڑا ھوتا ھے ؛ اس جگہ کے پیچھے کھڑے ھوکر گیند روکنا -

l. suit : (تاش میں) ایک رنگ کے بہت سے پتے -

L. Tom : لمبی توپ یا وہ توپ جس کی مار دور تک ھو -

l. tongue : بکی پن ؛ باتونی پن ؛ قینچی کی سی زبان -

l. vacation : تعطیل کلاں ؛ یونیورسٹیوں اور عدالتوں کی گرمیوں کی چھٹی -

l. waist : (کپڑے کی) نیچی چولی ؛ نیچی کمر -

l. whist : دیکھو whist -

l. wind : دیر تک دوڑ سکنے یا کام کرسکنے کی قوت ؛ دم -

make a l. nose : اظہار حقارت کے لئے انگوٹھا ناک پر رکھہ کر انگلیاں پھیلانا -

of l. standing : بہت پہلے کا ؛ پرانا ؛ دیرینہ -

take l. views : بہت آگے تک دیکھنا ؛ بعید نتائج پر غور کرنا -

the l. & the short of it : مدعا ؛ خلاصہ -

long-dated, *a.* : دور کی تاریخ کا -

longeared, *a.* : (مجازاً) بیوقوف ؛ گدھا -

longheaded, *a.* : دور اندیش -

longheadedness *n.* : دور اندیشی -

longish, *a.* : لمبا سا ؛ کسی قدر طویل -

longsighted, *a.* : (۱) دراز نظر - (۲) (مجازاً) دور بین ؛ دور اندیش -

longsightedness, *n.* : (۱) دراز نظری - (۲) عاقبت اندیشی ؛ دور بینی -

longways, longwise, *advv.* : لمبائی میں؛ طولاً -

long-winded : (۱) بڑے دم کا - (۲) طول طویل (گفتگو یا تحریر) -

long-windedness : بڑا دم ؛ طوالت (کلام) -

Long, *adv.* : (۱) عرصے تک ؛ مدت تک ؛ تا دیر - (۲) بہت دیر (پہلے یا بعد مثلاً *l. befoe, after*) - (۳) (اسماے زماں کے ساتھ) سارے ؛ بھر (مثلاً *all day l.*) - (۴) (تفضیل بعض میں no, any, much وغیرہ کے ساتھ) وقت معین کے بعد (مثلاً *no longer*) -

be l. doing, in doing : کسی کام میں دیر لگانا یا دیر لگنا -

l.-ago : بہت دن کا ؛ بہت پرانا ؛ بہت قدیم زمانہ -

l.-drawn : طول طویل ؛ جس کو بیجا طور پر طول دیا جاے -

l.-standing : بہت دن کا ؛ پرانا ؛ دیرینہ -

l.-suffering : متحمل ؛ برد بار ؛ حلیم -

no longer : اب سے (نہیں) -

not be l. for this world : دنیا میں تھوڑے دن کا مہمان ھونا -

so or as l. as : بہ شرطیکہ ؛ اگر -

Long, *v. i.* : بیحد آرزو مند ھونا ؛ تمنا رکھنا ؛ بیحد مشتاق ھونا ؛ (کسی چیز کے لئے) بیتاب ھونا ؛ تڑپنا -

longing, *n.* : اشتیاق ؛ تمنا ؛ آرزو -

longingly, *adv.* : بیحد اشتیاق سے ؛ بیتابی سے -

-long : لاحقہ جو اسما وغیرہ کے آخر میں آتا ھے جیسے sidelong -

Longanimity, *n.* : (شاذ) قوت برداشت ؛ تحمل ؛ سہار -

Longeron, *n.* : طیارے کے ڈھانچے کے لمبان کی کڑی یا تختہ -

Longeval, -gae-, *a.* : بڑی عمر پانے والا ؛ دراز عمر -

Longevity, *n.* : درازیء عمر ؛ بڑی عمر پانا -

Longi -, : سابقہ جو سائینس کی اصطلاحات کے شروع میں آتا ھے اور درازی کے معنی دیتا ھے -

Longitude, *n.* : (۱) طول ؛ لمبائی (اب اس معنی میں مزاحاً آتا ھے) - (۲) (درجہ) طول البلد - (۳) (ھئیت) (دائرۃ المسیر پر) نقطۂ اعتدال خریفی سے شرقی رخ زاویائی فصل (درجہ) ؛ طول فلکی -

Longitudinal, *a.* : (۱) لمبان میں ؛ طول میں ؛ طول کا - (۲) طولاً ؛ طول کے حساب سے - (۳) طویل البلد یا طول فلکی کے متعلق -

longitudinally, *adv.* : طولاً ؛ بحساب طول البلد ؛ بہ حساب طول فلکی -

Longobard, *n.* : دیکھو Lombard کے پہلے معنی -

Long-shore, *a.* : ساحلی ؛ جو ساحل پر رہتا ہو یا پایا جائے ؛ جو ساحل پر زیادہ آمد رفت یا کاروبار رکھے -

l.-man : ساحل کا حمال یا ماہی گیر -

Loo, *n. & v. t.* : (۱) تاش کا ایک کھیل جس میں ہارنے والا جرمانہ ادا کرتا ہے - (۲) یہ جرمانہ - (۳) اس کھیل میں ہرا کر جرمانہ وصول کرنا -

unlimited l. : وہ بازی جس میں جرمانے کی رقم اتنی ہو جتنی کہ پہلے سے گولک میں موجود ہے -

Looby, *n.* : احمق ؛ بے وقوف -

Loofah, *n.* : ایک پھلی جس سے جھانویں کا کام لیا جاتا ہے -

Look, *v. i. & t. & n.* : (۱) آنکھ اٹھا کر دیکھنا ؛ نظر ڈالنا ؛ نگاہ کرنا ؛ دیکھنا - (۲) تکنا ؛ ٹکٹکی باندھنا ؛ حیرت سے دیکھنا - (۳) دیکھنا بھالنا ؛ جانچنا ؛ معائنہ کرنا ؛ جانچ پڑتال کرنا - (۴) چہرے سے ظاہر کرنا یا ہونا ؛ نظروں سے ٹپکنا - (۵) تحقیق کرنا ؛ دریافت کرنا ؛ تفحص کرنا ؛ گہری نظر سے دیکھنا ؛ کسی خاص نقطۂ نظر سے دیکھنا یا غور کرنا - (۶) خیال رکھنا ؛ احتیاط رکھنا ؛ اطمینان کر لینا - (۷) کسی بات کی توقع رکھنا - (۸) کسی رخ پر ہونا ؛ کسی سمت ہونا ؛ محاذی ہونا ؛ اس طرح واقع ہونا کہ (کوئی جگہ یا منظر) نظر آئے - (۹) (واقعات سے) پہلو نکلنا ؛ نتیجہ نکلنا - (۱۰) نظر آنا ؛ دکھائی دینا ؛ معلوم ہونا - (۱۱) نظر ؛ نگاہ ؛ دیکھنا - (۱۲) (واحد اور جمع) صورت ؛ شکل ؛ بشرہ ؛ انداز - (۱۳) وضع ؛ طرز -

fair to l. at : دیکھنے میں خوشنما -

l. about : چاروں طرف نظر ڈالنا ؛ سوچ سمجھ کر تدبیر نکالنا -

l. about : منتظر رہنا ؛ نگرانی کرنا ؛ تلاش کرنا ؛ نگاہ دوڑانا -

l. after : (۱) نگاہ سے تعاقب کرنا - (۲) تلاش کرنا - (۳) نگرانی کرنا ؛ خبرگیری کرنا -

l. ahead : (کشتی چلانے والے کا) گھوم کر دیکھنا کہ کس سمت میں جا رہا ہے -

l. alive : جلدی کرو -

l. as if : اس کو دیکھ کر یہ خیال ہوتا ہے -

l. before you leap : دیکھ بھال کے ؛ سوچ سمجھ کے قدم اٹھاؤ ؛ جلد بازی نہ کرو -

l. back : (۱) (کسی مہم میں) کچھیانا - (۲) پچھلا زمانہ یاد کرنا ؛ گزشتہ واقعات پر نظر ڈالنا - (۳) ترقی رک جانا -

l. black : دیکھو Black -

l. blue : دیکھو Blue -

l. down : (۱) نظر سے مرعوب کر لینا ؛ دبا لینا - (۲) (تجارت) قیمت گر جانا -

l. down upon : (دوسرے سے) نظر حقارت سے دیکھنا ؛ اپنے کو برتر سمجھنا -

l. for : امید کرنا ؛ توقع رکھنا ؛ انتظار کرنا ؛ راہ دیکھنا ؛ تلاش کرنا -

l. for trouble : دیکھو Trouble -

l. forward to : (عموماً خوشی سے) منتظر رہنا ؛ (کسی چیز کی امید پر) خوشی ہونا -

l. gift horse in the mouth : دیکھو Horse -

l. here : دیکھو ؛ سنو !

l. ill : (۱) بیمار نظر آنا - (۲) (معاملات میں) ابتری نظر آنا -

l.-in : ملنے کو آنا یا جانا (بے تکلفانہ) -

l. in : (کسی کے یہاں) ذرا دیر کے لئے ہو لینا ؛ ہو آنا -

looking-glass : آئینہ ؛ آئینے کا (پارہ چڑھا ہوا) شیشہ -

l. into : کسی چیز کے اندرونی حصے کو دیکھنا ؛ سرسری نظر سے دیکھنا (کتاب) ؛ تحقیقات کرنا -

l. like : (۱) مشابہ ہونا ؛ معلوم ہوتا ہے - (۲) (کسی چیز کو دیکھ کر) امید ہونا ؛ اندیشہ ہونا (مثلاً *he looks like winning*) -

l. on : الگ کھڑے تماشا دیکھنا ؛ کھڑے دیکھتے رہنا (شریک کار نہ ہونا) -

l. on : خیال کرنا ؛ سمجھنا ؛ (شک کی نظر سے) دیکھنا -

l. one. death, in the face : کسی شخص کا یا موت کا سامنا کرنا ؛ مردانہ وار مقابلہ کرنا -

l. oneself again : وہ بحال نظر آتا ہے -

l. one up and down : کسی شخص کو حقارت سے یا غور سے یا سر سے پیر تک دیکھنا -

l. on with : کتاب وغیرہ سے پڑھنا دوسرے شخص کے ساتھ -

l. out : جھانکنا ؛ باہر دیکھنا ؛ خبر دار رہنا ؛ دیکھ کر چن لینا ؛ منتخب کرنا -

l.-out : (۱) نگرانی کرنا ؛ نگہبانی ؛ چوکسی - (۲) انتظار ؛ تلاش - (۳) دیدبان - (۴) نگہبانی یا پاسبانی کرنے والا آدمی یا جماعت یا کشتی - (۵) منظر - (۶) آثار (کامیابی یا ناکامی کے) -

l. out for : کسی شخص کی راہ دیکھنا یا انتظار کرنا ؛ (جھگڑے وغیرہ کے لئے) آمادہ رہنا -

l. out over : اس طرح واقع ہونا کہ (کوئی جگہ یا منظر) نظر آئے -

l. over : ایک ایک کر کے معائنہ کرنا ؛ ایک ایک جز کو جانچنا -

l. over : معائنہ کرنا ؛ چشم پوشی کرنا ؛ درگزر کرنا -

l. round : (۱) چاروں طرف دیکھنا - (۲) ہر پہلو کو دیکھ بھال کے فیصلہ کرنا کہ کیا کرنا چاہئے -

l. sharp : جلدی کرو -

looks his age : اس کی عمر وہی معلوم ہوتی جو دراصل ہے -

l. small : محجوب ہونا ؛ اپنا سا منہ لے کے رہ جانا -

looks to be : معلوم ہوتا ہے ؛ نظر آتا ہے -

l. through : (۱) (کسی چیز میں سے) جھانکنا ؛ دیکھنا - (۲) (پردے وغیرہ سے) اندر تک دیکھ لینا - (۳) (معاملے کی) اصلیت کا پتہ چلا لینا ؛ (چال یا فریب کو) سمجھ جانا - (۴) سرسری نظر ڈالنا (کتاب وغیرہ پر) - (۵) ظاہر ہونا ؛ ٹپکنا -

l. through : غور سے دیکھنا ؛ اچھی طرح ٹٹولنا ؛ متجسس نگاہ سے دیکھنا ؛ پورے طور پر جانچنا ؛ یکے بعد دیگرے معائنہ کرنا -

l. to : (۱) سمجھنا ؛ خیال کرنا - (۲) ہوشیار رہنا ؛ خبردار رہنا ؛ نگہبانی کرنا - (۳) بھروسہ کرنا ؛ امید رکھنا ؛ اعتماد کرنا - (۴) قصد کرنا -

l. towards : (روز مرہ) کسی کا جام صحت پینا -

l. up : (تجارت) قیمت بڑھنا ؛ بھاؤ چڑھنا ؛ مالی حالت بہتر ہونا ؛ پنپنا ؛ (لغت یا حوالہ کی کتاب میں) تلاش کرنا ؛ ملنے کے لئے جانا ؛ نظر اٹھانا -

l. upon : خیال کرنا؛ (اچھی یا بری نظر سے) دیکھنا ؛ سمجھنا -
l. up to : احترام کرنا ؛ عقیدت رکھنا -
l. well : (۱) تندرست نظر آنا - (۲) (معاملات کا) اچھی حالت میں نظر آنا -
l. you : دیکھو ! خبردار !
that is his l.-out : وہ جانے اس کا کام جانے -
to l. at him : اس کی صورت سے یہ معلوم ہوتا ہے -
will have a l.-in : (گھوڑ دوڑ وغیرہ) (گھوڑا) اچھے نمبر پر رہیگا اور عجب نہیں کہ دوڑ جیت جائے -
will not l. at : کانوں پر ہاتھ رکھتا ہے ؛ نام سے یا صورت سے بیزار ہے -
looker-on, *n.* : تماشائی ؛ نظارہ کُن-

Loom, *n.* : (۱) کپڑا بننے کی مشین - (۲) جلاہے کا راچھ - (۳) ڈانڈ کا وہ حصہ جو کشتی کے اندر ہوتا ہے -
Loom, *v. i. & n.* : (۱) بڑا دکھائی دینا ؛ خوفناک نظر آنا ؛ دھندلا سا نظر آنا - (۲) سمندر سے خشکی کا پہلا دھندلا نظارہ -
Loom, *n.* : ایک قسم کی مرغابی -
Loomery, *n.* : مرغابی خانہ -
Loon, *n.* : (قدیم) (۱) اچکا ؛ لچا ؛ شہدا ؛ آوارہ گرد - (۲) گنوار - (۳) لڑکا ؛ چھوکرا ؛ لونڈا -
Loon, *n.* : ایک قسم کی مرغابی -
Loony, Lu-, *n. & a.* : (عامیانہ) مجنون ؛ دیوانہ ؛ پاگل؛ سڑی-
Loop, *n. & v. t. & i.* : (۱) پھندا ؛ پھاں ؛ حلقہ ؛ پھانسا ؛ چکر- (۲) (ہندسہ) ایسا خط جو خود اپنا تقاطع کرتا ہو؛ حلقہ- (۳) حلقہ یا کڑا جو کسی چیز میں پکڑنے کے لئے لگا ہو- (۴) (نیز *l.-line*) تار یا ریل کی شاخ جو اصل لائن میں سے نکل کر پھر اسی میں مل جائے ؛ حلقہ (شاخ) ؛ چکر (شاخ) - (۵) (اسکیٹنگ) وہ حلقہ جو اسکیٹ کی ایک نوک سے بنایا جائے - (۶) پھندے ڈالنا ؛ حلقے بنانا - (۷) (کیڑے کا) کنڈلی بناتے ہوئے چلنا یا رینگنا - (۸) حلقہ میں لے لینا ؛ چکر میں پھانسنا یا گھیرنا - (۹) پھندا لگانا ؛ حلقہ دار پھندوں میں باندھنا -
Loop, *n.* : (شاذ) Loop-hole =
Looper, *n.* : (۱) ایک کیڑا جو کنڈلی بناتا ہوا رینگتا ہے - (۲) سینے کی کل کا ایک پرزہ جس سے بخیہ ہوتا ہے ؛ بخیے کی سوئی -
Loop-hole, *n. & v. t.* : (۱) سوراخ ؛ روزن؛ موکھا ؛ روشن دان- (۲) (معاہدے، ضابطے وغیرہ سے) بچ نکلنے کی صورت ؛ مفر ؛ بھاگنے کی راہ - (۳) روزن وغیرہ بنانا ؛ موکھے بنانا -
Loose, *a.* : (۱) کھلا ہوا ؛ چھوٹا ہوا ؛ آزاد ؛ رہا - (۲) اپنی جگہ سے ہٹا ہوا ؛ الگ ؛ جو الگ ہوسکے - (۳) (کیمیاوی عناصر) آزاد ؛ غیر پیوستہ - (۴) لٹکا ہوا - (۵) ڈھیلا ؛ ہلتا ہوا ؛ جو کسا ہوا نہ ہو - (۶) ڈھیلی (لگام وغیرہ) ؛ ڈھیلا (کپڑا) - (۷) چھدرا ؛ جھر جھرا ؛ بھربھرا ؛ جو ٹھوس نہ ہو- (۸) (فوج) (صفیں) جن کے درمیان فاصلہ ہو - (۹) (خیالات) غیر واضح ، دھندلے، مبہم ؛ جس میں صحت کا پورا خیال نہ رکھا جائے ؛ غیر صحیح ؛ (ترجمہ) غیر مطابق اصل یا غیر لفظی ؛ (اسلوب بیان)-جس میں صرف و نحو کی غلطیاں ہوں ؛ غیر نحوی ؛ خلاف قواعد - (۱۰) بے ترتیبی یا بے اصولی سے کام کرنے والا - (۱۱) آوارہ ؛ بے راہ ؛ بد چلن؛ قول یا فعل میں غیر محتاط -
at a l. end. : جس کا کوئی خاص مشغلہ نہ ہو؛ کٹی پتنگ کی طرح-
have a screw l. : دیکھو Screw -
l. bowels : سہالی کیفیت -
l. bowling : (کرکٹ) ڈھیلی گیند جو ٹھیک جگہ نہ پڑے -
l. box. : دیکھو Box -
l. build or *make* : بے ڈول (قد و قامت)-
l. fielding : بے پروائی یا اناڑی پن کی فیلڈنگ -
l. fish : عیاش؛ بد چلن آدمی -
l. fitting : ڈھیلا -
l. handwriting : ٹیڑھا بیڑھا خط -
l. play or *game in football* : جس میں کھلاڑی چھدرے کھڑے ہوں -
on the l. : رنگ رلیاں مناتے ہوئے -
play fast & l. : دیکھو Fast -
with a l. rein : (۱) لگام ڈھیلی چھوڑے ہوئے - (۲) (مجازاً) نرمی سے ؛ رعایت سے -
loosely, *adv.* : بے قاعدہ ، غیرصحیح طورپر ؛ بے پروائی سے وغیرہ-
looseness, *n.* : کشادگی ؛ ڈھیلا پن ؛ بے قاعدگی ؛ آوارگی وغیرہ ؛ اسہال -
loosish, *a.* : کسی قدر ڈھیلا وغیرہ
Loose, *v.t. & n.* : (۱) رہا کرنا ؛ کھولنا ؛ آزاد کرنا ؛ چھوڑنا - (۲) کھولنا (گرہ ، بال ، ہتکڑی وغیرہ) - (۳) (کشتی) کھولنا (کھونٹے وغیرہ سے) - (۴) (تیر) چھوڑنا - (۵) بندوق داغنا ، چلانا- (۶) ڈھیلی کرنا (گرفت) (۷) ڈھیل؛ آزادی؛ پورا اظہار (جذبات کا) -
Loosen, *v.t. & i.* : (۱) کھول دینا (زبان) - (۲) ڈھیلا کرنا ؛ ڈھیلا ہونا ؛ قبض دور کرنا ؛ دست لانا ؛ (کھانسی کی) خشکی دور کرنا - (۳) ڈھیل دینا ؛ آزادی دینا ؛ (ضابطے کی) سختیاں کم کرنا -
Loosestrife, *n.* : ایک بوٹی کا نام جس کی دو قسمیں ہوتی ہیں -
Loot, *n. & t. & i.* : (۱) لوٹ کا مال ؛ مال غنیمت - (۲) ناجائز آمدنی ؛ رشوت - (۳) لوٹنا ؛ تاراج کرنا - (۴) مال غنیمت کے طور پر لے جانا -
looter, *n.* : لٹیرا ؛ لوٹنے والا -
Lop, *n. & v. t. & i.* : (۱) درختوں کی چھوٹی ٹہنیاں- (۲)شاخیں کاٹنا ؛ چھانٹنا- (۳) (شاخوں کے) درخت کو ننگا کردینا - (۴) (اعضا یا سر) قطع کرنا ؛ اڑا دینا ؛ قلم کرنا -
l. at : چھانٹنے کے لئے وار کرنا -
l. & top, l. & crop : درخت کا تراشہ ؛ چھانٹی ہوئی ڈالیاں -
loppings, *n. pl.* : کترن ؛ تراشہ -
Lop, *v.i. & t., & n.* : (۱) ڈھیلا لٹکنا - (۲) (کان) لٹکانا (۳) ٹہالی پھرنا ؛ آوارہ گردی کرنا ، بے ڈھنگے طریقے سے بیٹھنا یا کھڑا ہونا - (۴) چھلانگیں بھرنا - (۵) لٹکتے کان کا خرگوش -
l.-ear : ایک قسم کا خرگوش -
l.-ears : لٹکتے ہوئے کان؛ لمبے لمبے کان -
lop-eared, *a.* : جس کے کان لٹکتے ہوں -
loppy, *a.* : لٹکتے کان والا -
Lop *v. i & n.* : (۱) (پانی کا) چھوٹی لہروں میں ہوکر بہنا -

(۲) پانی کی یکہ رفتار -

Lope, *v. i. & n.* : (۱) چھلانگیں بھرنا - (۲) چھلانگ -

Lopho- : (سابقہ) یونانی لفظ lophos (کلغی) سے ماخوذ ہے اور سائینس کے الفاظ میں استعمال ہوتا ہے -

Lop-sided, *a.* : جس کا ایک رخ دوسرے سے چھوٹا یا نیچا ہو ؛ ناہموار؛ بےتوازن -

lopsidedly, *adv.* : اونچا نیچا ہوکر؛ بے توازنی سے -

lopsidedness, *n.* : عدم توازن ؛ نا ہمواری ؛ ایک طرف چھوٹا ایک طرف بڑا ہونا ؛ اونچا نیچا ہونا -

Loquacious, *a.* : (۱) بکی؛ باتونی؛ زیادہ گو - (۲) شور کے ساتھ بہتا ہوا (پانی) ؛ بولتا ہوا ، چہچہانے والا (پرند) -

loquaciously, *adv.* : بکی پن سے؛ زیادہ گوئی سے؛ چہچہاتے ہوئے؛ شور کے ساتھ بہتے ہوئے -

loquaciousness, *n.* : زیادہ گوئی ؛ بکی پن ؛ باتونی پن -

loquacity. *n.* : بکواس ؛ بک بک ؛ زیادہ گوئی -

Loquat, *n.* : لوکاٹ ؛ چین و جاپان کا مشہور پھل اور درخت -

Loquitur, v. i. 3 sing. presnt : (ناٹک ہدایت) (حال، واحد غائب) کہتا ہے یا کہتی ہے -

Lor, lor' : (عامیانہ) Lord کا مخفف ، کلمۂ تعجبیہ) یا خدا -

Loral. *n.* : (نباتیات ، حیوانیات) Lore کا

Lorcha, *n.* : ایک قسم کا جہاز جس کا ڈھانچہ یورپی طرز کا اور بادبان مستولیں وغیرہ چینی طرز کا ہوتا ہے -

Lord, *n. & int. & v. i. & t* : (۱) مالک ؛ حاکم؛ مخدوم ؛ سردار ؛ فرمانروا ؛ بادشاہ ؛ (شعر) مالک ؛ صاحب - (۲) (کسی خاص چیز کا) سب سے بڑا تاجر ، ملک التجار - (۳) رئیس؛ امیر؛ جاگیردار - (۴) (شعر ، مزاحاً) خاوند؛ شوہر (۵) (نجوم) (کسی شخص کا) ستارہ ؛ طالع - (۶) خداوند ؛ خدا ؛ اللہ؛ رب ؛ (۷) حضرت عیسیٰ ؛ یسوع مسیح - (۸) لارڈ ؛ امیر ؛ دارالامرا کا رکن (۹) (جمع) دارالامرا ؛ دارالامرا کی عدالت عالیہ ؛ اعلیٰ انتظامی مجلس کے ارکان (۱۰) اکثر منصبی خطابات کا پہلا لفظ جیسے L. Lieutenant. = آئیر لینڈ کا وائسرائے (سنہ ۱۹۲۲ء سے پہلے)؛ ہر ضلع کا ناظم اعلیٰ (۱۱) ڈیوک کے چھوٹے لڑکے کا خطاب - (۱۲) حکومت کرنا ، حکم چلانا - (۱۳) لارڈ بنانا؛ لارڈ کا خطاب بخشنا -

live like a l. : رئیسانہ شان سے رہنا -

L. Bishop : بشپ (مذہبی رسوم میں بشپ کو لارڈ بشپ سے موسوم کرتے ہیں) -

L. in waiting : (انگلستان کی) فرمانروا ملکہ کا اعلیٰ مصاحب -

L. knows, who, how, &c. : خدا جانے کون ، کیسے وغیرہ -

L. of the Bedchamber : بادشاہ کا اعلیٰ مصاحب -

L. Mayor : بلدیۂ لندن، ڈبلن وغیرہ کا صدر -

l. of the manor : دیکھو Manor -

l. paramount : دیکھو Paramount -

L. Rector . اسکاچستان کی جامعہ کا صدر -

ll. & ladies : ایک خود رو پودا -

L.'s day : یوم السبت ؛ اتوار -

ll. of creation : (۱) اشرف المخلوقات ؛ نوع انسانی - (۲) (مزاحاً) مرد (عورتوں کے مقابلے میں) -

L.'s prayer : عیسائیوں کی معروف دعا -

L.'s supper : عشائے ربانی -

L.'s table : (۱) گرجے کے قربان گاہ - (۲) عشائے ربانی -

mesne l. : دیکھو Mesne -

the year of our L. : سنہ عیسوی -

lordless, *a.* : بےمالک ؛ بے آقا؛ بے حاکم؛ بے سردار -

lordling, *n.* : چھوٹا امیر -

lordolatry, *n.* امرا پرستی -

Lordly, *a.* : (۱) مغرور؛ متکبر ؛ تحکمانہ؛ رئیسانہ مزاج کا؛ پرتمکین؛ باوقار؛ حقارت آمیز- (۲) شاندار ؛ عظیم الشان؛ امیرانہ ؛ رئیسانہ -

lordliness, *n.* : امیری ؛ صاحبی ؛ امارت ؛ شان و شوکت؛ وقار ؛ تمکنت ؛ غرور ؛ تکبر -

Lord's, *n.* : لندن کا مشہور کرکٹ کا میدان -

Lordship, *n.* : (۱) حکومت؛ ملک ؛ ملکیت - (۲) تعلقہ ؛ علاقہ ؛ ریاست ؛ جاگیر - (۳) لارڈ (امیر) کی ذات یا شخصیت جیسے your l. — حضور؛ جناب عالی -

Lore, *n.* : (۱) (قدیم) عقیدہ ؛ اصول - (۲) (قدیم) علم و فضل؛ ودیا ؛ تبحر - (۳) (کسی خاص موضوع کی) معلومات ؛ روایات ؛ افسانے ؛ داستان پاستان -

Lore, *n.* : (نباتیات ، حیوانیات) تسمہ نما جگہ آنکھ اور بالائی جبڑے کے درمیان (چڑیوں میں) ؛ (سانپ کے جسم میں) آنکھ اور نتھنے کے بیچ کی دھاری -

Lorgnette, *n.* : (۱) لمبے دستے کی عینک ؛ لمبی کمانی کا چشمہ - (۲) چھوٹی دوربین جو تھیٹروں میں لگائی جاتی ہے -

Loricate, *a.* : (حیوانیات) وہ جانور جس کے جسم پر قدرتی حفاظت کا سامان ہو جیسے عقربان ، کھپرا وغیرہ ؛ زرہ پوش

Loris, *n.* ; (۱) ایک چھوٹا پتلا ساپے دم کا دودھ پلانے والا چوپایہ (جو سیلون میں ہوتا ہے) - (۲) ایک قسم کا لنگور -

Lorn, *a.* : (شعر ، مزاحاً) (۱) اجاڑ ؛ ویران ؛ بے چراغ - (۲) تنہا ؛ بچھڑا ہوا ؛ اناتھ؛ بیکس -

Lorry, *n.* : (۱) بڑی نیچی گاڑی جس میں کنارے نہ ہوں ؛ چھکڑا؛ ٹھیلا - (۲) مال گاڑی کا ڈبا ؛ بار برداری کی ٹرام گاڑی -

Lory, *n.* : طوطے جیسی چڑیا جس کے پر شوخ رنگ کے ہوتے ہیں -

Lose, *v. t. & i.* (lost) : (۱) کھو بیٹھنا ؛ کھودینا ؛ تلف کرنا ؛ ضائع کرنا ؛ بچھڑ جانا - (۲) (صیغۂ مجہول میں) معدوم ہوجانا؛ مٹ جانا؛ مرجانا ؛ ہلاک ہوجانا - (۳) نقصان اٹھانا؛ خسارے میں رہنا - (۴) کھودینا ؛ کم کردینا ؛ سلسلہ قائم نہ رکھ سکنا - (۵) ضائع کرنا ؛ رائیگاں کھونا ؛ برباد کرنا - (۶) نہ پانا ؛ نہ پکڑسکنا ؛ سننے نہ پانا ؛ دیکھ نہ پانا - (۷) ہارنا ؛ (داؤ) کھونا ؛ شکست کھانا - (۸) (تحریک یا تجویز کے) منظور کرانے میں ناکام رہنا - (۹) ضایع کرا دینا؛ لے ڈوبنا - (۱۰) (صیغۂ مجہول میں) بھٹک جانا؛ گمراہ ہونا ؛ محو ہوجانا؛ گم ہوجانا -

doctor lost patient : (۱) ڈاکٹر مریض کی جان نہیں بچا سکا - (۲) مریض نے اس کا علاج ترک کر دیا -

have lost my cold : (میرا) زکام جاتا رہا -

l. ground : پسپا ہونا ؛ گرنا ؛ ہٹنا -

l. interest : (۱) شوق نہ رہنا ؛ دلچسپی باقی نہ رہنا - (۲) بے لطف ہو جانا -

l. one's *head* : دیکھو Head -

l. one's *heart*, *l. heart* : دیکھو Heart -

l. patience : صبر نہ کرسکنا ؛ صبر کا یارا نہ رہنا -

l. temper : جھنجھلانا ؛ غصے میں آنا -

losing game : جس میں ہار یقینی ہو -

lost soul : مردود ؛ راندہ -

lost to the sense of duty, shame &c. : احساس فرض وغیرہ کا جاتا رہنا -

losable, *a.* : ہارنے کے قابل -

Losel, *n.* : (قدیم) بد چلن ؛ آوارہ ؛ نکما

Loser, *n.* : (۱) کھونے والا ؛ ہارنے والا - (۲) مغلوب ہونے والا ؛ شکست کھانیوالا ؛ نقصان اٹھانے والا - (۳) آدمی یا گھوڑا جو دوڑ میں ہار جائے - (۴) (بلیرڈ کے کھیل میں) وہ ہاتھ جس سے خود اپنی گیند تھیلی میں چلی جائے -

good l. : وہ شخص جو ہار کو خندہ پیشانی سے برداشت کرے -

Loss, *n.* : (۱) نقصان ؛ خسارہ ؛ ٹوٹا ؛ گھاٹا - (۲) کمی ؛ وہ آدمی یا مال جو تلف ہوجائے یا ہاتھ سے جاتا رہے -

at a l. : قاصر -

Loss, *n.* : دیکھو Loess -

Lost : دیکھو Lose -

Lot, *n. & v. t.* : (۱) قرعہ - (۲) قرعہ اندازی ؛ قرعہ سے انتخاب - (۳) حصہ ؛ نصیب - (۴) قسمت ؛ تقدیر ؛ نصیب ؛ حالت ؛ بخت - (۵) ٹیکس ؛ محصول ؛ مطالبہ ؛ واجب الادا - (۶) قطعۂ زمین (جو ایک شخص کے حصے میں آئے) - (۷) ڈھیری ؛ مجموعۂ اشیا (جو ایک ساتھ نیلام ہو) - (۸) ٹکڑی ؛ گروہ ؛ جتھا ؛ مجموعۂ اشیاء - (۹) (روز مرہ) بہت ؛ بڑی مقدار ؛ بڑی تعداد - (۱۰) بانٹنا ؛ تقسیم کرنا (ڈھیریوں یا قطعوں میں) -

bad l. : برا آدمی ؛ بدچلن آدمی -

the lot : سارا کا سارا ؛ کل -

throw or *cast in* one's *l. with* : دکھ سکھ کا شریک بننا -

Loth : دیکھو Loath -

Lothario, *n.* : اوباش ؛ عیاش -

Lotion, *n.* : (۱) لوشن ؛ گھاؤ دھونے کی دوا ؛ جلدی امراض دور کرنے یا رنگ صاف کرنے کا عرق وغیرہ - (۲) (عامیانہ) شراب -

Lottery, *n.* : قرعہ اندازی ؛ چٹھی ڈالنا ؛ لاٹری -

l.-wheel : (قرعہ اندازی) ایک پہیا جس پر ٹکٹوں کے نمبر پڑے ہوتے ہیں -

Lotto, *n.* : لاٹری (چٹھی) کا سا ایک جوے کا کھیل -

Lotus, *n.* : (۱) کنول ؛ پدم - (۲) ایک قسم کا پودا جو یونانی اساطیر میں کاہلی اور آرام طلبی پیدا کرنے والا مانا گیا تھا - (۳) = Bird's-Foot

l.-eater : کاہل ؛ آرام طلب -

l.-eating : عیش پرستی ؛ آرام طلبی -

l.-land : وہ جگہ جہاں کاہلی اور عیش پرستی سے بسر ہو -

Loud, *a. & adv.* : (۱) اونچا ؛ زور کا ؛ بلند ؛ بلند آواز کا - (۲) پرشور ؛ غل مچانے والا ؛ آسمان سر پر اٹھانے والا - (۳) (رنگ ؛ لباس) بھڑک دار ؛ بھڑکیلا ؛ شوخ رنگ کا ؛ (آداب مجلس) نمائشی -

l.-speaker : آواز رساں ؛ بھونپو -

l.-spoken : دیکھو Spoken -

louden, *v. i.* : بلند ہونا -

loudish, *a.* : کسیقدر بلند آواز کا -

loudly, *adv.* : بہ آواز بلند ؛ پکار کر

loudness, *n.* : بلند آوازی -

Lough, *n.* : جھیل ؛ خلیج ؛ کھاڑی -

Louis, *n.* (pl. Louis) : (۱) لوئی ؛ متعدد فرانسیسی بادشاہوں کا نام - (۲) فرانسیسی طلائی سکہ - تقریباً ۲۰ فرانک -

Lounge, *v. i. & t. & n.* : (۱) خراماں خراماں چلنا ؛ ٹہلنا ؛ سیر گشت کرنا - (۲) آرام سے بیٹھنا ؛ تکیہ لگا کر بیٹھنا (۳) کاہلی میں وقت کھونا ؛ آوارہ گردی کرنا - (۴) سیر گشت ؛ ٹہلنا - (۵) ٹہلنے کی جگہ ؛ سیر گاہ ؛ (مکانوں میں) انتظار کا کمرہ ؛ نشست گاہ ؛ برآمدہ ؛ غلام گردش - (۶) آرام کرسی ؛ سوفا ؛ کوچ -

lounger, *n.* : ٹہلنے والا وغیرہ ؛ آوارہ گرد -

loungingly, *adv.* : خراماں خراماں ؛ آرام سے ؛ سستی سے ؛ کاہلی سے -

l.-lizard : ہوٹلوں کے ناچ میں کسی کے ساتھ ناچنے کے لئے پیشہ ور ناچنے والا یا ناچنے والی -

Lour, Lower, *v. i. & n.* : (۱) تیوری چڑھانا ؛ ماتھے پر بل ڈالنا ؛ خشمگیں نظر آنا ؛ گھورنا - (۲) (بادل ؛ آسمان یا طوفان کا) تاریک اور خوفناک نظر آنا ؛ طور بے طور نظر آنا - (۳) خشمگیں تیور ؛ کڑے تیور ؛ گھورکی - (۴) آسمان وغیرہ کی تاریکی ؛ طوفانی انداز -

louringly, loweringly, *adv.* : خشمگیں انداز سے -

loury, *a.* : خشمگیں ؛ تاریک -

Louse, *n.* (pl. lice) : (۱) جوں - (۲) طفیلی کیڑے -

lousy, *a.* : جوؤں سے بھرا ہوا -

lousiness, *n.* : جوؤں سے بھرا ہونا -

Lout, *n.* : بھدا اور بے ڈھنگا آدمی ؛ گنوار ؛ ان گھڑ

loutish, *a.* : نا تراشیدہ ؛ بے سلیقہ ؛ گنوار -

loutishly, *adv.* : بے ڈھنگے پن سے ؛ گنوار پن سے -

loutishness, *n.* : گنوار پن -

Lout, *v. i.* : (قدیم) آداب بجا لانا ؛ سلام کرنا ؛ تعظیم کے لئے جھکنا -

Louver, *n.* : (۱) گنبد دار منارہ نما دود دان - (۲) (بصالت جمع) (نیز l.-boards) یعنی تختوں یا شیشوں کا روشن دان جس سے ہوا آتی رہے مگر بارش اندر نہ آئے -

louvered, *a.* : جس میں اس طرح کا دود دان یا روشن دان ہو -

Louvre (F) *n.*, *The l.* : پیرس کا شاہی قصر جو اب فنون لطیفہ کا عجائب گھر ہے -

Lovable, *a.* : خوش ادا ؛ پیارا ؛ شیریں مزاج ؛ قابل محبت ؛ دلپذیر -

lovably, *adv.* : پیارے انداز سے

lovableness, *n.* : خوش ادائی ؛ شیریں مزاجی ؛ دلپذیری -

Lovage, *n.* : ایک قسم کی بوٹی -

Love, *n.* : (۱) محبت ؛ عشق ؛ چاہت ؛ الفت ؛ پریم ؛ شفقت ؛

پیار ؛ حب ؛ رغبت ؛ شوق ؛ چاہ ؛ چاؤ ؛ پدرانہ الفت ؛ محبت مادری ؛ دوستانہ خلوص - (۲) کامی دیو ؛ محبت کا دیوتا ؛ کیوپڈ - (۳) پیارا ؛ دوست ؛ عاشق ؛ معشوق ؛ محبوب ؛ صنم ؛ دلبر ؛ دلدار ؛ پیاری ؛ جاناں ؛ معشوقہ - (۴) (روز مرہ) مزے کا آدمی ؛ پر لطف آدمی یا خوبصورت چیز - (۵) (کھیل) صفر ؛ ندارد ؛ خالی -

be in l. : عشق میں گرفتار ہونا ؛ عاشق (ہونا) -

fall in love : عاشق ہوجانا -

for l. or *money* : کسی طرح بھی ؛ بزور یا بزاری -

for the l. of : واسطے ؛ خاطر -

in love with : (۱) عاشق - (۲) شائق ؛ بہت پسند کرنے والا -

labour of l. : (۱) مرغوب کام ؛ خوشگوار کام - (۲) وہ کام جو دوسرے کی خاطر کیا جائے ؛ خوشی کی بیگار -

l. all : (کھیل) دونوں طرف صفر -

l. -affair : عشق بازی ؛ معاملۂ محبت ؛ معاملہ -

l. -apple : لایتی بیگن (ٹماٹو) کا قدیم نام -

l. -begotten : حرامی ؛ حرام کا ؛ نا جائز -

l. bird : طوطے کی قسم کی ایک چھوٹی چڑیا جس کی نسبت یہ مشہور ہے کہ وہ اپنے جوڑے کے مرنے پر گھل گھل کر مرجاتی ہے -

l. -child : حرامی بچہ ؛ نطفۂ حرام ؛ ولد الزنا -

l. -feast : برادرانہ محبت کی یادگار میں دعوت جو قرون اولی کے عیسائیوں میں رائج تھی ؛ مذہبی عبادت (میتھوڈسٹ فرقے کی) -

l. in a cottage : افلاس میں شادی -

l.-in-a-mist : ایک پھول کا نام -

l.-in-idleness : پینسی (ایک پھول) -

l.-knot : فیتے کی ایک خاص قسم کی گرہ -

l. -letter : عشقیہ یا شوقیہ خط -

l.-lies-bleeding : ایک ارغوانی رنگ کی بالیوں کا سنبل نما پودا جو باغوں میں بویا جاتا ہے -

lovelock : زلف ؛ لٹ ؛ کاکل -

l. -lorn : مہجور ؛ ہجراں نصیب ؛ فرقت زدہ ؛ برہ کا مارا -

l.-match : شادی جو صرف عشق کی بناء پر کی جائے ؛ عشق کی شادی -

l.-philtre : شربت حب ؛ عشق آور عرق ؛ وہ عرق جس میں عشق پیدا کرنے کی تاثیر ہو -

lovesick : بیمار عشق ؛ عشق میں گھلنے والا ؛ محبت کا مارا ؛ مریض الفت -

l.-song : عشقیہ غزل یا گیت -

l.-story : عشقیہ ناول ؛ واقعات محبت -

l.-token : یادگار عشق ؛ محبت کی نشانی -

make l. : عشق کرنا ؛ معاشقہ کرنا -

play for l. : محض تفریح کے لئے بے بازی لگائے کھیلنا -

send or *give l. to* : پیار کہہ بھیجنا یا لکھ بھیجنا ؛ دعا کہلانا یا کہنا ؛ پیام محبت بھیجنا یا کہنا -

there is no l. lost between them : دونوں میں ان بن ہے ؛ ایک دوسرے سے بیزار ہیں -

love-making, n. : عشق بازی کرنا ؛ معاشقہ -

lovey, n. : (پیار کا لفظ) پیاری -

loveworthy, a. : قابل -

loveworthiness, n. : قابل محبت ہونا -

Love, v. t. & i. : (۱) عزیز رکھنا ؛ محبت کرنا ؛ چاہنا ؛ پیار کرنا ؛ عشق رکھنا ؛ عاشق ہونا ؛ فریفتہ ہونا ؛ مائل ہونا ؛ راغب ہونا - (۲) بے حد رغبت رکھنا ؛ بہت پسند کرنا ؛ شائق ہونا ؛ رسیا ہونا ؛ شیدا ہونا ؛ جا. دینا - (۳) (روز مرہ) پسند کرنا ؛ خوشی سے کرنا -

l. one's *l. with an A, a B, &c.* : وہ فقرہ جو " صنم آمد " (forfeits) کے کھیل میں دہرایا جاتا ہے -

l. me, l. my dog : دیکھو Dog -

Lovelace, n. : عیاش ؛ تماش بین ؛ ماہر عیاشی -

Loveless, a. : (۱) نا آشنا ؛ بے مہر ؛ بے محبت - (۲) محروم محبت -

lovelessly, adv. : بے مہری سے ؛ محرومی محبت میں -

lovelessness, n. : (۱) نا آشنائی ؛ بے مہری - (۲) محروم محبت ہونا -

Lovely, a. : (۱) خوبصورت ؛ حسین ؛ دلکش - (۲) (روز مرہ) خوشگوار ؛ خوش آیند ؛ بہت دلچسپ -

lovelily, adv. : (شاذ) دلکشی سے -

loveliness, n. : دلکشی ؛ دلآویزی -

Lover, n. : (۱) عاشق ؛ چاہنے والا ؛ شادی کا اُمیدوار ؛ (بحالت جمع) عاشق و معشوق - (۲) آشنا ؛ یار (عورت کا) - (۳) شایق شوقین ؛ شیدائی ؛ پرستار (کسی چیز کا) -

lovers' knot : دیکھو love-knot -

loverless, a. : بے عاشق ؛ بے خریدار -

lover-like, a. & adv. : عاشقانہ ؛ عاشق کی طرح -

loverly, a. & adv. : عاشقانہ ؛ عشاق کے شایاں -

Loving, a. : (۱) محبت کرنے والا ؛ چاہنے والا ؛ شفیق - (۲) محبت آمیز ؛ محبت کا ؛ پیار کا ؛ شفقت کا -

our l. subjects : شاہی اعلان کا رسمی فقرہ -

your l. friend &c. : خط کے خاتمے پر نام کے ساتھ لکھنے کا رسمی فقرہ -

lovingly, adv. : الفت سے ؛ محبت سے ؛ پیار سے -

lovingness, n. : شفقت و محبت -

Low, a. & adv. : (۱) نیچا ؛ چھوٹا ؛ کوتاہ ؛ پست (مکان ، قد ، ذخیرہ) (۲) نشیبی ؛ نشیب میں واقع ؛ نیچی سطح کا - (۳) ادنی ؛ نیچ ؛ پست ؛ کم رتبہ ؛ کہتر - (۴) حقیر ؛ معمولی ؛ غیر مہذب ؛ غیر متمدن - (۵) کمینہ ؛ ذلیل ؛ پست ؛ گرا ہوا - (عامیانہ) بازاری - (۶) غذا کی کمی سے پست ؛ جس کو عمدہ غذا نہ ملی ہو - (۷) کم قوت ؛ جس میں غذائیت کم ہو - (۸) مسعر ؛ ضعف یا غذا کی کمی ظاہر کرنے والا ؛ (نبض) کمزور ؛ ہلکی ؛ پست - (۹) کم ؛ تھوڑا ؛ نا کافی ؛ قلیل - (۱۰) (آواز) دھیمی ؛ ہلکی ؛ نیچی ؛ مدھم ؛ جو تیز یا بلند نہ ہو - (۱۱) (کسی چیز کا ذخیرہ) قریب قریب خالی ؛ قریب الختم - (۱۲) حال کا ؛ ابھی کا ؛ تھوڑے عرصے کا - (۱۳) جو پادریوں اور مذہبی پیشواؤں کے اختیارات اور مذہبی رسوم کو نہ مانے ؛ غیر مقلد - (۱۴) نیچے ؛ نیچے کی طرف ؛ نشیب میں - (۱۵) گری ہوئی حالت

میں ؛ پست حالت میں ؛ ذلیل حالت میں - (۱۶) سادہ یا کم غذا پر ؛ روکھے سوکھے پر ؛ موٹی جھوٹی خوراک پر - (۱۷) معمولی سی بازی لگا کر ؛ کم رقم کے داؤں یا شرط پر - (۱۸) نیچے سر میں ؛ دھیمے ؛ آہستہ - (۱۹) قریب (زمانے) میں - کم سے کم -

at lowest :

bring l.: گرانا ؛ پست کرنا ؛ گھٹانا ؛ صحت خراب کرنا ؛ افلاس میں مبتلا کرنا ؛ مرتبہ کم کرنا -

burn l.: دیکھو Burn -

have l. opinion of : بری رائے رکھنا ؛ کم قدر سمجھنا -

collar l.: (فٹ بال) کھلاڑی کو کمر پر یا کمر سے نیچے پکڑنا -

lay l.: بچھاڑ دینا ؛ نیچا دکھانا ؛ مغلوب کرنا -

lie l. : دبک جانا ؛ عاجزی سے گر پڑنا ؛ مر جانا ؛ ذلیل ہونا ؛ (عامیانہ) چپ رہنا ؛ چپ سادھنا ؛ الگ رہنا ؛ گھات میں رہنا ؛ وقت کا منتظر رہنا -

l. -born : نیچ ذات ؛ کم اصل -

l. -bred : بد تمیز ؛ ناشائستہ -

l. brow : (۱) جو اعلیٰ ذہن ؛ فراست کا مدعی نہیں - (۲) ایسے شخص کی خصوصیت کا ؛ ایسے شخص سے متعلق -

l. -browed : (۱) نیچی ابرو والا - (۲) (چٹان) باہر کو نکلی ہوئی ؛ اوپر لٹکتی ہوئی - (۳) نیچے دروازے کی تنگ و تاریک (عمارت) -

l. celebration : عشائے ربانی کی سادہ رسم جس میں بھجن وغیرہ نہ ہو -

L. Church : کلیسائے انگلستان کا ایک فرقہ -

L. Churchman : اس فرقے کا رکن ؛ غیر مقلد -

l. comedian : مسخر کی آمیز مزاحیہ کا ایکٹر -

l. comedy : وہ مزاحیہ جو مسخرے پن کی حد تک پہنچ جائے ؛ مسخر کی آمیز مزاحیہ -

l. countries : نشیبستان ؛ بلجیم اور ہالینڈ (ہالستان) -

l. -down : ذلیل ؛ کمینہ پن کا ؛ بے ایمانی کا -

l. down : بہت نیچے ؛ غیر شریفانہ طور سے ؛ کمینہ پن سے یا تنگ دلی سے -

l. dress : کھلے گلے اور سینے کی پوشاک -

lower boy : تحتانی مدرسے کا طالبعلم -

lower case : (طباعت) دیکھو Case -

lower chamber : دارالعوام -

lower critic(ism) : وہ نقاد جو محض لفظی تنقید کرے ؛ لفظی تنقید -

lower deck : (جہاز) فرشۂ پائین ؛ تہ خانے کے اوپر کا فرشہ -

lower Empire : آخر زمانے کی سلطنت روما (قسطنطنیہ کے عہد سے) -

lower House : دارالعوام -

lower school : تحتانی مدرسہ -

lower world : (۱) دنیا - (۲) جہنم -

L. German, Dutch : دیکھو German, Dutch -

lowland : نشیبی ملک ؛ نشیبی ملک کا -

lowland : علاقۂ مذکور کا -

Lowlands : اسکاٹ لینڈ (اسکاچستان) کا جنوبی

مشرقی حصہ -

L. Latin : دیکھو Latin -

l. latitudes : خط استوا سے قریب عرض البلد -

l. life : نیچ قوموں کی زندگی ؛ نیچ طبقے کی زندگی -

l. -lived : نیچ طبقے کی زندگی بسر کرنے والا -

l. mass : دیکھو Mass -

l. moon : افق سے نزدیک چاند -

l. pitch : (۱) نیچا سر ؛ زیر - (۲) چھت جس کا کسیقدر زاویہ نما ڈھال ہو -

l. pressure : ہلکا دباؤ

low-spirited : نڈھال ؛ مضمحل ؛ پست -

l. tide or *water* : پانی کی سطح جزر کے وقت -

in l. water : خرچ سے تنگ ؛ عسرت میں -

l. -water mark : جزر کی سب سے نیچی سطح کا نقطہ - (مجازاً) پستی کی انتہا -

l. Week, Sunday : وہ اتوار یا وہ ہفتہ جو بروز ایسٹر یا ہفتہ ایسٹر کے بعد آئے -

Lowlander, *n.*: Lowlands کا باشندہ -

low-pitched, *a.*: (۱) نیچے سروں کا - (۲) (چھت) جس میں زاویہ نما ڈھال ہو -

lowermost, *a.*: سب سے نیچا -

lowish, *a.* کسیقدر نیچا -

lowness, *n.*: نیچا پن ؛ نشیب ؛ پستی وغیرہ -

Low, *v. i. & t. & n.* : (۱) (بیل گائے وغیرہ کا) ڈکرانا ؛ رمبھانا - (۲) گائے وغیرہ کی طرح بولنا ؛ بھیں بھیں کرنا ؛ گائے کی آواز ؛ گائے کا ڈکرانا -

Lower, *v. t. & i.* : (۱) اتارنا ؛ جھکانا ؛ نیچا کرنا - (۲) کشتی کو سمندر میں اتارنا ؛ بادبان اتارنا - (۳) نیچا کرنا ؛ اونچائی کم کرنا - (۴) نشیب ہونا ؛ ڈھال ہونا - (۵) (قیمت) گھٹانا ؛ (مول) کم کرنا ؛ (قیمت کا) کم ہو جانا ؛ گھٹ جانا - (۶) زور یا لے کم کرنا یا کم ہونا - (۷) گرانا ؛ تنزل کرنا ؛ ذلیل کرنا - (۸) (جسمانی طاقت) گھٹانا ؛ کمزور کرنا -

Lower : دیکھو LOUR -

Lowly, *a. & adv.* : (۱) عاجز ؛ نیاز مند ؛ منکسر ؛ غریب ؛ مسکین ؛ سادہ مزاج ؛ سیدھا سادہ - (۲) عاجزی سے ؛ منکسرانہ -

lowlily, *adv.*: عاجزانہ ؛ انکسار سے -

lowliness, *n.*: عاجزی ؛ انکسار -

Loxodromic, *a. & n.*: (۱) جہاز کے ترچھے جانے کے کا متعلق - (۲) وہ خط جو خطوط نصف النہار کو ایک ہی زاویہ پر قطع کرتا ہو -

loxodromics, *n.*: جہاز کے ترچھے چلانے کا فن -

Loyal, *a. & n.*: (۱) باوفا ؛ وفا دار ؛ وفا شعار ؛ مخلص ؛ صادق ؛ فرض شناس ؛ نمک حلال - (۲) (بادشاہ ؛ حکومت یا ملک کا) وفادار - (۳) بادشاہ کی ذات یا خاندان کا سر گرم حامی ؛ شاہ پرست - (۴) وفادارانہ ؛ مخلصانہ - (۵) وہ شخص جو بغاوت کے زمانے میں وفادار رہے -

loyalism, *n.* : شاہ پرستی -

loyalist, *n.* : شاہ پرست ؛ وفادارِ حکومت –

loyalize, *v. t.* : شاہ پرست بننا یا بنانا –

loyally, *adv.* : وفا داری سے ؛ نمک حلالی سے ؛ خلوص سے –

Loyalty, *n.* : وفا داری ؛ نمک حلالی –

Lozenge, *n.* : (۱) معین ذو اربعۃ الاضلاع شکل (جس کے اضلاع برابر ہوں مگر زاویے قائمہ نہ ہوں) – (۲) (نقابت) معین نما ڈھال (جس پر کنواری یا بیوہ عورت کا مارکہ بنایا جاتا ہے) – (۳) ترشے ہوئے جواہرات کی معین نما یا کور نما سطح – (۴) مٹھائی یا دوا کی لوز – (۵) کھڑکی کا معین نما شیشہ –

Lozenged, *a.* : (۱) جس میں مختلف رنگوں کے لوز نما جواہرات باری باری سے جڑے ہوں – (۲) معین نما شیشے کی (کھڑکی) –

£. s. d., *n.* : (۱) پاؤنڈ، شلنگ اور پنس – (۲) دولت ؛ زر ؛ روپیہ –

L. S. Deism : روپیہ کی پوجا ؛ زر پرستی –

'lt: دیکھو Will –

Lubber, *n.* : (۱) بھدا بیوقوف آدمی ؛ گنوار کا لٹھ – (۲) بے ڈھنگا ملاح –

lubberlike, *a.* : بھدا ؛ بے ڈھنگا –

lubberly, *a. & adv.* : بھدا ؛ بے ڈھنگا ؛ بھدے پن سے –

lubberliness, *n.* : گنوار پن ؛ بھدا پن –

Lubricate, *v. t.* : (۱) (تیل وغیرہ سے) چکنا کرنا – (۲) (مشین کو تیل دے کر) رگڑ دور کرنا ؛ تیل دینا – (۳) (مجازاً) دقتوں کو سہولت سے دور کرنا –

lubricant, *a. & n.* : چکنا کرنے والا ؛ مدہن –

lubricator, *n.* : چکنا کرنے والا ؛ مشین میں تیل ڈالنے کی کپی –

lubrication, *n.* : چکنا کرنا ؛ تدہین ؛ تیل دینا یا دیا جانا ؛ سہولت –

Lubricity, *n.* : (۱) چکناہٹ ؛ دہنیت – (۲) حیلہ سازی ؛ کائیاں پن ؛ زمانہ سازی ؛ تملق ؛ چاپلوسی ؛ چکنی چپڑی باتیں کرنا ؛ چرب زبانی – (۳) بدکاری ؛ شہوت پرستی ؛ مستی –

lubricious, lubricous, *aa.* : (۱) چکنا – (۲) کائیاں ؛ زمانہ ساز ؛ چرب زبان – (۳) بدکار –

Lucan, *a.* : حواری لیوک (لوقا) کے متعلق ؛ لوقا کا –

Luce, *n.* : ایک قسم کی مچھلی –

Lucent, *a.* : (۱) چمک دار ؛ چمکیلا ؛ روشن ؛ منور – (۲) نیم شفاف –

lucency, *n.* : چمک ؛ چمکیلا پن ؛ نیم شفاف ہونا –

Lucern(e), *n.* : ایک پودا جو چارے کے کام میں آتا ہے –

Lucianic, *a.* : Lucian (یونانی مصنف) کے انداز کا ؛ جس میں ظرافت اور استخفاف مذہب کا رنگ ہو –

Lucid, *a.* : (۱) (شعر) روشن ؛ تاباں ؛ درخشاں ؛ چمکدار – (۲) (حیوانیات ، نباتیات) چکنی چمکیلی سطح کا ؛ مجلیٰ – (۳) صاف ؛ واضح (اسلوب بیان) –

l. interval : حواس ٹھیک ہونے کا زمانہ ؛ افاقے کا زمانہ ؛ دیوانگی کے دوروں کے درمیان عقل آجانے کا زمانہ ؛ پریشانیوں کے درمیان سکون کا زمانہ –

lucidity, *n.* : تابندگی ؛ وضاحت بیان –

lucidly, *adv.* : وضاحت سے –

Lucifer, *n.* : (۱) ستارۂ سحر ؛ زہرا ؛ لولیِ فلک ؛ برجیس – (۲) عزازیل ؛ شیطان ؛ ابلیس –

l. match or *l.* : ایک پرانی قسم کی دیا سلائی –

Lucifugous, *a.* : (حیوانیات) دن چور (ج) ؛ جو دن کی روشنی سے بچتا ہو –

Luck, *n.* : (۱) بخت ؛ تقدیر ؛ قسمت ؛ نصیب ؛ بھاگ ؛ اتفاق ؛ خوش نصیبی یا بد نصیبی – (۲) خوش قسمتی ؛ اتفاقی کامیابی –

as l. would have it : تقدیر سے ؛ خوش قسمتی سے یا بد قسمتی سے –

down on one's l. : بد نصیبی کا مارا ؛ شامت زدہ –

for l. : برکت کے لئے –

just my l. : ہمیشہ کی طرح اب بھی تقدیر میری مخالف ہے ؛ مجھے اپنی پھوٹی تقدیر سے یہی توقع تھی –

l.-money, l.-penny : قلیل مقدار زر جو برکت کے لئے اٹھا رکھی جائے یا جو بیچنے والا (خصوصاً مویشی کا) خریدنے والے کو اچھے شگون کی خاطر واپس کردے –

try one's l. : قسمت آزمائی کرنا ؛ جوا کھیلنا (لاٹری یا مجازی معنی میں) –

luckless, *a.* : کم بخت ؛ بد نصیب –

lucklessness, *n.* : کم بختی ؛ بد نصیبی –

Luckily, *adv.* : (۱) (شاذ) حسب تقدیر – (۲) خوش قسمتی سے ؛ قسمت سے ؛ حسن اتفاق سے –

Lucky, *a.* : (۱) خوش نصیب ؛ خوش قسمت ؛ اقبال مند ؛ بھاگوان ؛ نصیبے کا سکندر ؛ قسمت کا دھنی – (۲) اتفاق سے صحیح نکلنے والا تیر تکے کا ؛ اتفاقی – (۳) بر وقت ؛ عین ضرورت کے وقت واقع ہونے والا – (۴) نیک ؛ سعید ؛ مسعود ؛ شبھ ؛ نیک فال ؛ نیک شگون ؛ باعث برکت ؛ جو برکت کے لئے پہنا جائے (تعویذ) –

l.-bag : ایک تھیلا یا برتن جس میں کم و بیش قیمت کی اشیا ہوتی ہیں اور جو چاہے ایک چھوٹی سی رقم دے کر اس میں ہاتھ ڈالتا ہے اور جس چیز پر ہاتھ پڑ جائے وہ لے لیتا ہے –

l.dog, l.beggar : خوش نصیب آدمی –

you're l.dog : بڑے خوش نصیب ہو (خصوصاً منگیتر کی مبارک بادی اپنے عاشق کو جب کہ وہ اسے قبول کرلیتی ہے) –

luckiness, *n.* : خوش قسمتی ؛ اقبال مندی ؛ نیک فالی ؛ سعادت ؛ باعث برکت ہونا –

Lucky, *n.* *Cut one's l.* : (عامیانہ) بھاگ جانا ؛ رفو چکر ہونا –

Lucrative, *a.* : نفع بخش ؛ نفع کا ؛ پر منفعت –

lucratively, *adv.* : پر منفعت طور پر –

lucrativeness, *n.* : پر منفعت ہونا ؛ نفع بخش ہونا –

Lucre, *n.* : مال و زر ؛ روپیہ پیسہ (ہمیشہ ذم کے معنوں میں آتا ہے)

filthy l. : دیکھو Filthy –

Lucretia, *n.* : ستونتی ، پیکر عصمت ؛ وہ عورت جو ناموس کو زندگی پر ترجیح دے –

Lucubrate, *v. i.* : (۱) اپنے افکار و خیالات کو سپرد قلم کرنا – (۲) راتوں کو مطالعہ کرنا – (۳) پر آورد یا علمیت نما کتابیں لکھنا –

lucubrator, *n.* : اپنے افکار کو سپرد قلم کرنے والا ؛ پرآورد یا علمیت نما کتابیں لکھنے والا –

Lucubration, *n.* : (۱) مطالعۂ نیم شب ؛ افکار نیم شب - (۲) ادبی تصنیف خصوصاً وہ جس میں علمیت کا بیجا اظہار یا اورد ہو ؛ پر آورد یا علمیت نما تصنیف -

Luculent, *a.* : (شاذ) واضح ؛ صاف ؛ بین ؛ قطعی -

luculently, *adv.* : بین طور پر ؛ واضح طور پر -

Lucus a non lucendo, *n.* : (۱) اشتقاق الضد ؛ کسی لفظ کا اشتقاق ایسے مادے سے جس کے معنی بر عکس ہوں - (۲) (مجازاً) توجیہہ بالضد؛ ایسی علت بیان کرنا جو معلول کی ضد ہو-

Lud, *My L.* : وکیل عدالت کو مخاطب کرتے وقت my lord کا یہی تلفظ کرتے ہیں -

Luddite, *n.* & *a.* : کاریگروں کی ایک جماعت کا رکن جس نے سنہ ۱۸۱۱ء میں مشینوں کے تباہ کر دینے کی غرض سے بلوہ کیا تھا -

Ludicrous, *a.* : مہمل ؛ مضحک ؛ مضحکہ خیز؛ مستحق حقارت-

ludicrously, *adv.* : مضحکہ خیز طور پر؛ مضحک طور پر -

ludicrousness, *n.* : مضحکہ خیز ہونا ؛ مضحک ہونا ؛ مضحکہ خیزی -

ludicro- (جز ترکیبی) بمعنی مسخرگی -

Lues, *n.* : وبا ؛ متعدی مرض ؛ چھوت ؛ متعدی ہونا - (نیز *l. venerea*) آتشک -

luetic, *a.* : آتشک میں مبتلا -

Luff, *n.* & *v. i.* & *t.* : (۱) باد بان کا وہ رخ جو مستول سے قریب ترین ہو - (۲) جہاز کے اگلے حصے (سر جہاز) کا سب سے چوڑا حصہ - (۳) سرجہاز کو ہوا کی طرف پھیرنا - (۴) (کشتی کی دوڑ میں) حریف کی کشتی کے ہوا کے رخ اپنی کشتی لے آنا -

luffing-match : دو کشتیوں میں ہوا کے رخ پہنچنے کی کشمکش-

Lug, *n.* : ایک بڑا بحری کیڑا جس کو مچھلی کے چارے کے لئے کام میں لاتے ہیں -

Lug, *n.* : = Lug-sail

Lug, *v. t.* & *i.* & *n.* : (۱) گھسیٹنا ؛ زور سے کھینچنا ؛ کھینچتے ہوئے لے جانا - (۲) (کسی بھاری چیز کو) کھینچنے کی کوشش کرنا ؛ زور کرنا - (۳) (بات یا مسئلہ کو) کھینچ تان کر لے انا - (۴) (آدمی کو) کھینچتے ہوئے لے چلنا ؛ زبردستی لے چلنا - (۵) زور کی کھینچ ؛ زور کا جھٹکا -

Lug, *n.* : (۱) (اسکاچستان) کان - (۲) لوٹے کے سانچے وغیرہ کا دستہ -

Luge, *n.* & *v. i.* : سوئیٹزرلینڈ (sledge) چھوٹی برف گاڑی - (۲) اس قسم کی گاڑی پر چلنا -

Luggage, *n.* : سفری اسباب ؛ سامان ؛ بوریا بدھنا -

Lugger, *n.* : ایک چھوٹا جہاز جس میں آگے اور پیچھے چوگوشیہ باد بان لگے ہوں -

Lug-sail, *n.* : ایک قسم کا چوگوشیہ باد بان -

Lugubrious, *a.* : (۱) اداس ؛ غمگین ؛ مغموم ؛ رنجیدہ - (۲) غمناک ؛ ماتمی -

lugubriously, *adv.* : اداسی سے ؛ مغمومانہ -

lugubriousness, *n.* : اداسی ؛ غمگینی رنجیدگی -

Lukewarm, *a.* & *n.* : (۱) نیم گرم ؛ کنکنا - (۲) سرد مہر ؛ بے التفات - (۳) سرد مہرانہ ؛ کم التفاتی کا ؛ بے دلی کا -

lukewarmly, *adv.* : کنکنے پن کی حالت میں؛ سرد مہری سے؛ کم التفاتی سے ؛ بیدلی سے -

lukewarmness, *n.* : کنکنا پن؛ سرد مہری؛ غیرگرم جوشی؛ کم التفاتی ؛ بیدلی -

Lull, *v. t.* & *i.* & *n.* : (۱) لوری دیکر یا تھپک کر سلانا - (۲) سہلا دینا ؛ جھوٹی تسلی کر دینا ؛ (شبہہ) رفع کرنا (دھوکا دے کر) - (۳) (طوفان ' شور و غل کا) فرو کرنا ' فرو ہونا - (۴) (طوفان' غصہ وغیرہ کا) فرو ہونا ؛ زور کم ہونا -

lullingly, *adv.* : تھپکتے ہوے ؛ لوری دیتے ہوے ؛ بہلاتے ہوے ؛ جھوٹی تسلی دیتے ہوے -

Lullaby, *n.* & *v. t.* : (۱) بچوں کے سلانے کا گیت ؛ لوری - (۲) لوری دینا -

Lumbago, *n.* : کمر میں گٹھیا کا اثر ؛ وجع مفاصل ؛ درد کمر -

lumbaginous, *a.* درد کمر کا ؛ وجع مفاصل کا -

Lumbar, *a.* & *n.* : کمر کا؛ کمر کی (رگ وغیرہ) -

Lumber, *v. i.* : بھد بھد کرتے ہوے چلنا ؛ بھدے پن سے چلنا -

lumbering, *a.* بھدے پن سے چلنے والا -

lumberingly, *adv.* : بھدی چال سے -

lumbersome, *a.* : بھدی چال والا -

Lumber, *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) فرسودہ یا ازکار رفتہ سامان ؛ کاٹ کباڑ - (۲) بیکار سامان ؛ بھدا یا بھاری سامان - (۳) ضرورت سے زیادہ چربی ؛ فالتو چربی - (۴) بھدی عمارتی لکڑی - (۵) بیکار جگہ گھیرنا ؛ رستہ روک دینا - (۶) ایک جگہ ڈھیر لگا دینا ؛ کاٹ کباڑ کی طرح بھر دینا - (۷) جنگلی لکڑی کے لٹھے کاٹ کر تیار کرنا -

l. -carrier : عمارتی لکڑی لے جانے والی کشتی -

lumberman : جنگلی درختوں کے لٹھے کاٹنے والا -

l. -mill : تختے چیرنے کا کارخانہ -

l. -room : کباڑ کوٹھری -

l. -scaler : تختوں کو ناپنے والا -

lumberer, *n.* : = Lumberman

Lumbo- : (سابقہ) کمر کے معنوں میں -

lumbo-abdominal : کمر اور پیڑو کا -

Lumbrical, *a.* & *n.* : وہ پٹھا جس سے ہاتھ پیر کی انگلیاں جھکتی ہیں (نیز *l. muscle*) -

Lumiere, *L. process* : رنگین عکاسی کی ایک ترکیب -

Luminary, *n.* : (۱) نیر ؛ روشنی بخشنے والا ؛ جرم سماوی ' خصوصاً چاند یا سورج - (۲) جسے ذہنی ' اخلاقی یا روحانی عظمت حاصل ہو ؛ نیر فضل و کمال ؛ صاحب فضل ؛ ذی شرف ؛ روشن خیال و رہنما -

Luminiferous, *a.* : روشنی پیدا کرنے والا یا پھیلانے والا ؛ نور آفرین ؛ نور پاش -

Luminous, *a.* : (۱) روشن ؛ تابان ؛ درخشاں ؛ منور؛ نورانی ؛ چمک دار - (۲) بصیرت افروز (تصنیف یا مصنف) -

luminosity, *n.* درخشانی ؛ روشنی ؛ تابندگی -

luminousness, *n.* : بصیرت افروزی ؛ روشنی ؛ تابانی -

luminously, *adv.* : تابندگی سے ؛ بصیرت افروز طریقے سے -

Lumme, *int.* : (سوقیانہ) (۱) ارے ! ہائیں ! - (۲) قسم ہے ! اپنی جان کی قسم ! -

Lump, *n. & v. t. & i.* : (۱) ڈھیلا ؛ ڈلا ؛ ڈلی ؛ لوندا - (۲) ڈھیر ؛ انبار ؛ مجموعہ ؛ مقدار کثیر - (۳) گندھی ہوئی مٹی ؛ گندھا ہوا آٹا - (۴) ابھری ہوئی چیز ؛ گومڑا ؛ گانٹھ ؛ گلٹی ؛ ورم ؛ چوٹ ؛ زخم - (۵) موٹا بھدا آدمی - (۶) اکٹھا کرنا ؛ ڈھیر کرنا - (۷) سبکو یکساں سمجھنا ؛ فرق نہ کرنا - (۸) کل رقم لگادینا - (۹) گومڑے پڑجانا ؛ بہت سے ڈھیر جمع ہوجانا ؛ ڈلے اکٹھا ہو جانا - (۱۰) بھدے پن سے چلنا یا بیٹھنا -

is a l. of selfishness : سراپا خود غرض ہے ؛ مجسم خود غرض ہے -

in the l. : (۱) اکٹھا ؛ مجموعاً - (۲) تھوک -

l. in the throat : جذبات کے جوش سے دم رکنا -

l. sugar. : شکر کے ڈلے -

l. sum : وہ رقم جس میں تمام مدیں شامل ہوں ؛ بالمقطع ؛ (ادائی) مجموعی رقم ؛ اکٹھی رقم ؛ یکمشت رقم -

Lump, *n.* : ایک بھدی خاردار کھپروں کی مچھلی جس کا رنگ سرمئی ہوتا ہے

Lump, *v. t.* : (کسی چیز کو) ناپسند کرنا ؛ طوعاً کرہاً برداشت کرنا -

Lumper, *n.* : (۱) (جہاز کا) حمال ؛ مزدور جو جہاز کا مال لادنے اتارنے کا کام کرتا ہے - (۲) چھوٹا ٹھیکہ دار جو اکھٹا کام لے اور دوسروں کو بانٹ دے - (۳) وہ شخص جو چیزوں کو چند بڑی بڑی قسموں میں تقسیم کردے اورمزید تقسیم سے گھبراتا ہو -

Lumping, *a.* : (روز مرہ) بڑا ؛ بھاری ؛ کثیر ؛ بہت سا -

Lumpish, *a.* : (۱) موٹا اور بھدا - (۲) بیوقوف ؛ سست ؛ کٹھل -

lumpishly, *adv.* : بھدے پن سے ؛ بیوقوفی سے -

lumpishness, *n.* : بھدا پن ؛ سستی -

Lumpy, *a.* : (۱) کٹھیلا ؛ گومڑے پڑا ؛ گلٹی دار - (۲) ڈھیلوں سے بھرا ؛ ڈلے دار - (۳) (پانی) لہر لہر ؛ جس میں ہوا سے چھوٹی چھوٹی لہریں پیدا ہوجائیں -

lumpily, *adv.* : کٹھیلے پن سے -

lumpiness, *n.* : کٹھیلا ہونا -

Lunacy, *n.* : (۱) سودا ؛ جنون ؛ دیوانگی ؛ سڑی پن ؛ پاگل پن - (۲) (قانون) عدم صحت عقل - (۳) سخت حماقت ؛ بڑی بیوقوفی -

Commission of l. : صحت عقل کی تحقیقات کا اختیار -

Commissioner in l. : صحت عقل کی تحقیقات کا مجاز -

Master in l. : وہ افسر جو صحت عقل کی تحقیق کرتا ہے -

Lunar, *a. & n.* : (۱) چاند کا ؛ قمری ؛ متعلق بہ قمر - (۲) (روشنی یا شان و شوکت) پھیکی ؛ ہلکی ؛ ماند - (۳) ہلال نما - (۴) نقرئی ؛ سیمیں ؛ چاندی کا - (۵) فاصلۂ قمری ؛ مسافت قمری ؛ بعد قمری ؛ مشاہدۂ قمر ؛ چاند کی مسافت معلوم کرکے طول البلاد معین کرنا - (۶) کلائی کی ہلال نما ہڈی ؛ ہلالیہ -

l. month : قمری مہینہ -

l. nodes : عقدتین ؛ نقاط راس و ذنب -

l. politics: ناقابل عمل مسائل ؛ غیر عملی مسائل -

l. rainbow: قمری قوس قزح (جو چاند کی شعاعوں سے بنتی ہے) -

Lunarian, *n.* : (۱) کرۂ قمر کا باشندہ - (۲) قمرشناس ؛ چاند کے متعلق خاص معلومات رکھنے والا ہیئت دان یا جہازران -

Lunate, *a.* : (حیوانیات ' نباتیات) ہلالی ؛ ہلال نما -

Lunatic, *a. & n.* : (۱) سودائی ؛ مجنون ؛ دیوانہ ؛ سڑی ؛ باولا ؛ پاگل - (۲) سخت احمقانہ و مجنونانہ (فعل) - (۳) بیوقوف ؛ خبطی ؛ مراقی ؛ چلا ہوا -

l. asylum : پاگل خانہ -

Lunation, *n.* : تقمیر : ایک چاند رات سے دوسرے تک کا زمانہ ؛ قمری مہینہ -

Lunch, *n. & v. i. & t.* : (۱) نہار ؛ دوپہر کا کھانا - (۲) (ناشتے اور دوپہر کے کھانے کے درمیان) حاضری ؛ چاشت - (۳) نہار ؛ چاشت یا حاضری کھانا یا مہیا کرنا -

luncheon, *n.* : دوپہرکےکھانے کی رسمی دعوت -

Lune, *n.* : (ہندسہ) (۱) کروی پھانک - (۲) ہلالی سطح یا شکل -

Lunette, *n.* : (۱) (مقعر چھت میں) محرابی روشندان - (۲) گنبد یا چھت میں ہلالی یا نیم دائرہ کی جگہ جو نقش و نگار سے مزین کیجائے ؛ کمانچہ - (۳) برا دمدمہ جس میں دو محاذ اور دو پہلو ہوں - (۴) گھڑی کا چپٹا شیشہ - (۵) (guillotine میں) گردن ڈالنے کا سوراخ -

Lung, *n.* : پھیپھڑا ؛ شش -

good ll. : زور دار آواز ؛ بڑی آواز -

l.-fish : شش دار مچھلی -

l.-power : آواز کا زور ؛ چیخنے کی قوت -

ll. of London &c. : بڑے شہر کے اندر یا اس کی نواح میں کھلے میدان -

ll. of oak : ایک قسم کی کائی -

lungwort : (۱) مذکورۂ بالا کائی - (۲) ایک پودا جس کی پتیوں پر سفید چتیاں ہوتی ہیں -

lunged, *a.* : پھیپھڑے والا ؛ شش دار -

lungless, *a.* : بغیر پھیپھڑے کا ؛ بے شش -

Lunge, Longe, *n. & v. t.* : (۱) لمبی رسی جس میں چابک سوار گھوڑے کو باندھتا اور سدھانے کے لئے کاوے دیتا ہے - (۲) گھوڑے کو کاوے دینے کا مدور میدان - (۳) گھوڑے کو اس رسی کے ذریعے سے یا اس میدان میں کاوے دینا -

Lunge, *n. & v. i.* : (۱) شمشیر بازی میں تلوار کی ہول - (۲) حملہ ؛ جھپٹ - (۳) تلوار سے ہول مارنا ؛ بھونکنا - (۴) (مکا بازی) کندھے سے ٹکر مارنا - (۵) (گھوڑے کا) لاتیں پھینکنا ؛ لاتیں اچھالنا - (۶) (تلوار یا ڈنک) زور سے چلانا - (۷) جھپٹنا ؛ حملہ کرنا -

Lunisolar, *a.* : چاند و سورج کا ؛ قمری شمسی -

l. period : پانسو بتیس سال کا عرصہ جس کے بعد شمس و قمر کا دورہ ایک ساتھ ہوتا ہے -

l. year : قمری شمسی سال -

Lunkah, *n.* : لنکا ؛ ایک قسم کا تیز ہندوستانی چرٹ -

Luny : دیکھو Loony

Lupin(e), *n.* : (۱) ایک قسم کا پودا - (۲) (بحالت جمع) اس پودے کے بیج -

Lupine, *a.* : بھیڑیے کا ؛ بھیڑیے کے متعلق ؛ گرگ صفت ؛ بھیڑیے جیسا -

Lupus, *n.* : لیوپس ؛ ایک جلدی مرض -

lupoid, lupous, *aa.* : لیوپس جیسا -

Lurch, *n.*, *Leave in the l.* : (دوست کا) وقت پرساتھ چھوڑدینا

Lurch, *n. & v. i.* : (۱) ایک سمت کو اچانک جھکاو ؛ جھوک؛ لغزش (قدم) - (۲) جھوک کھانا ؛ لڑکھڑانا ؛ قدم کو لغزش ہونا۔
Lurcher, *n.* : (۱) چور ؛ اٹھائی گیرا ؛ دغا باز - (۲) جاسوس ؛ مخبر - (۳) ایک دوغلا کتا جس سے اکثر چوری سے شکار کرنے والے کام لیتے ہیں -
Lure, *n. & v. t.* : (۱) چمڑے کی چڑیا جس کو دکھا کر شکرے کو بلاتے ہیں - (۲) وہ چیز جس سے کسی کو لبھائیں یا پھسلائیں؛ چاٹ ؛ لاسا - (۳) کشش ؛ دلفریبی - (۴) چمڑے کی چڑیا دکھا کر (شکرے کو) بلانا- (۵) پھسلانا؛ لبھانا؛ لالچ دے کر پھانسنا۔
Lurid, *a.* : (۱) (رنگ، روشنی ، مناظر ، آسمان وغیرہ) بھیانک ؛ وحشتناک ؛ جس پر مردنی چھائی ہو ؛ پیلا ؛ زرد ؛ بہت تیز ؛ نظر کو خیرہ کرنے والا ؛ غیر فطری ؛ مہیب رنگ یا روشنی کا - (۲) طوفان خیز ؛ پر شور (برق و رعد)- (۳) (نباتیات) میلا بادامی -
casts a l. light on : واقعات پر خوفناک روشنی ڈالتا ہے ؛ خوفناک طور پر حقیقت ظاہر کرتا ہے -
luridly, *adv.* وحشتناک طور پر ؛ غیر فطری طور پر -
luridness, *n.* : وحشتناکی ؛ وحشت ناک ہونا -
Lurk, *v.i. & n.* : (۱) چھپنا؛ دبکنا ؛ گھات میں رہنا؛ چھپ کر دیکھتے رہنا - (۲) چھپا ہونا ؛ مخفی ہونا ؛ مضمر ہونا -
lurking-place کمین گاہ ؛ گھات -
on the l. چھپ کر دیکھتے ہوے -
Luscious, *a.* : (۱) بہت میٹھا ؛ بہت خوشبو دار ؛ اتنا میٹھا کہ طبیعت پھر جاے ؛ حد سے زیادہ میٹھا - (۳) (زبان یا طرز بیان) حد سے زیادہ رنگین ؛ جس میں ضرورت سے زیادہ تخئیل ہو یا شہوانی خیالات کی جھلک ہو -
lusciously, *adv.* : شیرینی سے ؛ حد سے زیادہ رنگینی سے -
lusciousness, *n.* : شیرینی ؛ مٹھاس ؛ حد سے زیادہ مٹھاس؛ حد سے زیادہ رنگینی (عبارت کی) -
Lush, *a.* : (پودا ، گھانس وغیرہ) گھنا اور رس دار
Lush, *n. & v. t. & i.* : (۱) (عامیانہ) شراب - (۲) خوب شراب پلا دینا - (۳) پینا -
Lushy, *a.* : (عامیانہ) مست ؛ شراب پیئے ہوے -
Lust, *n. & v. i.* : (۱) (بائبل) خواہش نفسانی ؛ ہواے نفس - (۲) مستی ؛ شہوت ؛ خواہش شہوانی - (۳) لپکا ؛ لت ؛ ہوس ؛ ہوکا - (۴) (کسی چیز کی آرزو میں) تڑپنا ؛ بیچین ہونا ؛ بیقرار ہونا -
lustful, *a.* : پر شہوت ؛ ناپاک -
lustfulness, *n.* : شہوت رانی ؛ شہوت پرستی -
Lustral, *a.* : تطہیر کا ؛ تطہیر سے متعلق ؛ مطہر
Lustrate, *v.t.* : (ریاضت یا قربانی سے یا پاک پانی سے غسل دے کر) پاک کرنا ؛ طاہر کرنا ؛ پوتر یا شدھ کرنا -
lustration, *n.* : پاک کرنا یا کیا جانا؛ تطہیر -
Lustre, *n. & v. t.* : (۱) چمک ؛ دمک ؛ تابانی ؛ درخشانی؛ رونق ؛ تیز روشنی ؛ تجلی ؛ نور ؛ درخشاں سطح ؛ فروغ حسن ؛ تجلیٔ حسن - (۲) شان ؛ شوکت ؛ کر و فر ؛ عظمت و جلال - (۳) بلور کا جھاڑ ؛ اس کی قلم - (۴) ایک باریک چمکدار کپڑا - (۵) ایک قسم کی چمکدار اون - (۶) (کپڑے یا برتن کو) چمکانا ؛ چمک پیدا کرنا -
lustreless, *a.* : بے نور ؛ ماند -
lustrous, *a.* : روشن؛ تاباں؛ درخشاں ؛ نورزاں ؛ منور؛ چمکیلا۔
lustrously, *adv.* : روشنی سے ؛ درخشانی سے -
Lustre, *n.* : = Lustrum
Lustrine, *n.* : چمکدار ریشمی کپڑا -
Lustrum, *n.* (pl. -a,-ums) : پانچ سال کی میعاد ؛ پانچ برس کا عرصہ -
Lusty, *a.* : (۱) موٹا تازہ ؛ ہٹا کٹا ؛ چاق چوبند ؛ تندرست و توانا ؛ مضبوط - (۲) زور دار ؛ زور کا -
lustihood, lustiness, *nn.* : مضبوطی ؛ توانائی ؛ کس بل؛ زور ؛ مستعدی -
lustily, *adv.* : زور سے ؛ پوری قوت سے -
Lusus naturae, *n.* : عجیب الخلقت پودا یا جانور ؛ اعجوبہ -
Lutanist, *n.* : بربط نواز ؛ ستار بجانے والا -
Lute, *n.* : ستار کی قسم کا ایک باجا جو قرون وسطی میں مستعمل تھا۔
Lute, *n. & v. t.* : (۱) چکنی مٹی یا کہگل جو سوراخ بند کرنے کے کام آتی ہے - (۲) کہگل وغیرہ سے بند کرنا ؛ کہگل تھوپنا -
luting, *n.* : گل حکمت کرنا ؛ چکنی مٹی یا کہگل سے بند کرنا -
Luteo- : (سابقہ) نارنجی (رنگ کا) -
Luteous, *a.* : (نباتیات) گہرا نارنجی زرد ؛ اصفر -
Lutestring, *n.* : چمکدار ریشمی کپڑا -
Lutetian, *a.* : پیرس کا ؛ پاریسی -
Lutheran, *a. & n.* : لیوتھر (Luther) کا (پیرو) -
Lutheranism, *n.* : لوتھر کا مذہب ؛ پروٹسٹنٹ مذہب کا ایک فرقہ۔
Lutheranize, *v. i.* : لوتھر کا پیرو بننا -
Luxate, *v. t.* : (ہڈی یا جوڑ) اتار دینا -
luxation, *n.* : موچ ؛ ہڈی یا جوڑ کا اتر جانا یا اتار دینا -
Luxe, *n. De. l.* : (غیر معمولی طور پر) شاندار ؛ پر تکلف ؛ آرام دہ ؛ ٹھاٹ کا -
Luxuriant, *a.* : (۱) کثیر ؛ مفرط ؛ فراواں - (۲) (مجازاً) وسیع (تخئیل) - (۳) پر نمو ؛ بہ افراط پیدا ہونے والا ؛ گھنا- (۴) (طرز بیان) رنگین ؛ مرصع -
luxuriance, *n.* : افراط ؛ فراوانی ؛ کثرت ؛ بہتات ، وسعت -
luxuriantly, *adv.* : بہ افراط ؛ کثرت سے ؛ بہتات سے -
Luxuriate, *v. i.* : (۱) جی بھر کے لطف اٹھانا ؛ مزے لینا - (۲) چین کرنا ؛ چین سے گزارنا ؛ عیش و عشرت میں بسر کرنا -
Luxurious, *a.* : عیش پسند ؛ نفس پرست ؛ عیش و عشرت کا متوالا ؛ ٹھاٹ کا ؛ عیش و عشرت کا ؛ موجب عیش ؛ بہت آرام دہ ؛ پر تکلف -
luxuriously, *adv.* : تکلف سے ؛ عیش و عشرت سے -
luxuriousness, *n.* : بہت آرام دہ ہونا ؛ پر تکلف ہونا ؛ عیش پسندی ؛ تعیش ؛ نفس پرستی -
Luxury, *n.* : (۱) ٹھاٹ ؛ ناز و نعم ؛ عیش و عشرت (کی زندگی) - (۲) نعمت؛ لذیذ یا مرغوب شے - (۳) (جمع) تعیشات (ضروریات زندگی کی ضد) ؛ تکلفات - (۴) عیش پسندی ؛ تعیش ؛ پر تکلف ہونا -
-ly : (۱) لاحقہ اسماے صفات بنانے میں مستعمل ہوتا ہے

لائق یا سزا وار (جیسے kingly = شاهانہ) - (۲) بالمر (جیسے daily = روزانہ) -

-ly : متعلقات فعل بنانے میں استعمال هوتا هے -

Lycanthropy, *n.* : (۱) جادو گرنی کا بھیڑ یا بن جانا - (۲) ایک قسم کا مالیخولیا یا جنون جس میں آدمی اپنے آپ کو درندہ سمجھنے لگتا اور وهی بولی بولتا هے ؛ درند خولیا (ج)-

Lycee, *n.* : (فرانس) سرکاری ثانوی مدرسہ -

Lyceum, *n.* : (۱) ایتھنس کا وہ باغ جہاں ارسطو درس دیا کرتا تھا- (۲) ادبی ادارہ ؛ درسگاہ ؛ مدرسہ؛ تعلیم گاہ؛ دبستان-

Lych : دیکھو Lich -

Lychnis, *n.* : ایک قسم کا پھول دار پودا -

Lycopod, Lycopodium, *n.* : (۱) ایک بے پھول کا پودا - (۲) ایک قسم کا باریک سفوف جو اس پودے سے تیار هوتا هے اور جراحی میں رطوبت جذب کرنے کے کام آتا هے -

Lyddite, *n.* : بھک سے اڑجانے والا مادہ جو پوٹاس وغیرہ سے بنتا هے اور توپ کے گولوں میں استعمال هوتا هے -

Lydian, *a.* & *n.* : (۱) لیڈیا (LYDIA) کا (باشندہ) - (۲) لیڈوی زبان -

. mode : زنانہ ' رقت آمیز طرز یا انداز -

Lye, *n.* : سجی دار پانی (جس سے صابون وغیرہ کی چکنائی دور کی جاتی هے) -

Lying, *n.* : (۱) لیٹنا وغیرہ - (۲) جھوٹ بولنا ؛ دروغگوئی - (۳) لیٹنے کی جگہ -

l. -in : (حالت) زچگی -

Lying, *a.* : (۱) لیٹا هوا وغیرہ - (۲) جھوٹا ؛ دروغگو وغیرہ دغاباز ؛ فریبی -

low- l. : نشیب میں واقع -

lyingly, *adv.* : دغا سے ؛ فریب سے -

Lyke-wake, *n.* : شب کو میت کی نگرانی -

Lyme-grass, *n.* : ریت گھاس ؛ ایک قسم کی موٹی گھاس جو ریت پر اگائی جاتی هے تاکہ ریت اُڑنے نہ پائے -

Lymph, *n.* : (۱) (شعر) زلال ؛ پاک صاف پانی - (۲) (عضویات) بے رنگ عرق جو حیوانات کی نسوں میں هوتا هے - (۳) زخم کی ریزش؛ پنچھا - (۴) لمف ؛ حیوانات کی شریان وغیرہ کا عرق جو ٹیکا لگانیکے کام میں آتا هے ؛ کوئی اور فاسد مادہ جو اس غرض سے استعمال کیا جائے -

vaccine lymph : ٹیکے کا لمف -

lymphous, *a.* : لمف دار -

Lymphatic, *a.* & *n.* : (۱) پنچھے کے متعلق؛ لمف کے متعلق - (۲) (آدمی یا مزاج) ڈھیلے پٹھوں والا ؛ زرد جلد کا ؛ سست ؛ کاهل ؛ متھا ؛ جسم کی وہ شریان جس سے بے رنگ عرق نکلتاهے-

Lyncean, *a.* : تیز نگاہ ؛ تیز نظر -

Lynch, *n.*, & *v. t.*, *L. law* : امریکاکاخلاف قانون رواج جس کی رو سے لوگ مجرم کو بطور خود سزائے موت دیدیتے هیں ؛ (لوگوں کا بطور خود کسی کو) سزائے موت دینا -

Judge L. : فرضی حاکم عدالت جسکی طرف یہ فیصلے منسوب کئے جاتے هیں -

Lynx, *n.* : (۱) بن بلاؤ ؛ سیاہ گوش -

l. -eyed : تیز نگاہ ؛ تیز نظر -

Lyon, *n.* (also *L. king of Arms*) : اسکاچستان کا نقیب اعلی -

Lyra, *n.* : (هئیت) شلیاق ؛ نسرواقع ؛ بربط ؛ ستاروں کی ایک شمالی صورت -

Lyraid, Lyrid, *n.* : شلیاقہ ؛ وہ شہاب ثاقب جو ۳۰ اپریل کو شلیاق کے ایک نقطے سے آتا هوا دکھائی دیتا هے -

Lyrate, *a.* : (نباتیات) ستار نما ؛ بربط نما -

Lyre, *n.* : ایک طرح کی بربط یا چنگ -

l. -bird : اسٹریلیا کا ایک پرند جس کی دم بربط جیسی هوتی هے -

lyrist, *n.* : بربط نواز -

Lyric, *a.* & *n.* : (۱) بربط کا ؛ بربط کے واسطے ؛ گانے کے کام کا - (۲) غنائی - (۳) (شاعری) غنائی ؛ غزلیہ ؛ جس میں شاعر خود اپنے جذبات چھوٹی نظموں میں ظاهر کرتا هے - (۴) (شاعری) غنائی؛ تغزل پسند - (۵) غنائی نظم؛ غزلیہ (نظم)- (۶) (جمع) غنائی اشعار ؛ غزلیہ اشعار -

lyrico- : (سابقہ) غنائی -

Lyrical, *a.* : (۱) = LYRIC - (۲) غنائی شاعری کے انداز کا ؛ تغزل کے رنگ کا -

lyrically, *adv.* : غنائی شاعری کے انداز میں ؛ تغزل کے رنگ میں -

Lyricism, *n.* : (۱) غنائیت ؛ تغزل - (۲) (جمع) غنائی طرز ادا ؛ جذبات کی هنگامہ آرائی ؛ مبالغہ آمیز جذبات -

M

M, m, letter (pl. Ms, M's) : انگریزی حروف تہجی کا تیرھواں حرف -

-m. -ma, -me : (لاحقہ) یونانی لاحقوں ma, -matos- سے ماخوذ هے ؛ اسما کے آخر میں آتا هے -

Ma, *n.* : (سوقیانہ) ماں؛ اماں؛ اماں جان ؛ امی؛ امی جان -

Ma'am, *n.* : (۱) بیگم ؛ خانم ؛ خاتون؛ میم - (۲) (ملکہ اور شہزادیوں کو مخاطب کرنے کے لئے) حضور ؛ سرکار -

Macabre, *a.* : عبوس ؛ مہیب ؛ هیبت ناک ؛ ڈراونا ؛ بھیانک -

Danse m. : رقص الموت؛ موت کا ناچ؛ قرون وسطی کا وہ سوانگ جس میں موت ادنی اور اعلی سب کو قبر میں لے جاتی هوئی دکھائی جاتی تھی -

Macaco, *n.* : ایک قسم کا بغدز -

Macaco, *n.* : ایک قسم کا لنگور -

Macadam, *a.* & *n.* : (۱) McAdam کے ایجاد کردہ طریقے سے بنائی هوئی (سڑک) ؛ کٹے هوئے کنکر کی (سڑک) (۲) وہ مسالہ جس سے یہ سڑک بنتی هے ' روڑی ' کنکر وغیرہ -

macadamize, *v. t.* : کٹے هوئے کنکر کی سڑک بنانا -

macadamization, *n.* : (سڑک بنانے کے لئے) کنکر کی کٹائی-

Macaroni *n.* : (۱) مکرونی ؛ آٹے کے سیو جو اندر سے کھوکھلے هوتے هیں اور پکا کر کھائے جاتے هیں - (۲) (تاریخ) اٹھارھویں صدی کے چھیلے جن کا رنگ یورپ کے مذاق پر چھایا هوا تھا -

m. cheese : پنیر کے ساتھ پکی هوئی مکرونی -

macaronism, *n.*: اٹھارھویں صدی کے چھیلوں کا رنگ یا مذاق ؛ رنگین مزاجی -

Macaronic, *a.* & *n.* pl.: (جمع) (۱) وہ مضحک نظم جس میں لاطینی طرز کے گھڑے ہوئے الفاظ کی بھرمار ہوتی ہے - (۲) معجون مرکب ؛ کھچڑی ؛ وہ چیز جو مختلف العناصر اجزا سے مرکب ہو -

Macaroon, *n.*: بادامی کیک ؛ بادامی بسکٹ (جس میں بادام اور انڈے کی سفیدی پڑتی ہے) -

Macartney, *n.*: تیتر کی قسم کا ایک پرند -

Macassar, *a.* & *n.*, *M.* (*oil*): ایک قسم کا سر میں ڈالنے کا خوشبودار تیل -

Macaw, *n.*: طوطے کی ایک قسم -

Macaw, *n.*: کھجور کے درخت کی ایک قسم -

Maccabean, *a.*: (۱) میکابیوں کے متعلق ؛ میکا بی (ان یہودی شہزادوں کے متعلق جنھوں نے سنہ ۱۶۶ قبل مسیح میں Judaea کو Epiphanes کے جور و ستم سے آزاد کرایا تھا) -

Maccaboy, **-baw**, *n.*: عطر گلاب میں بسی ہوئی ہلاس ؛ معطر ہلاس ؛ خوشبودار ناس -

Mace, *n.*: (تاریخ) (۱) گرز - (۲) عصائے شاہی ؛ عصائے حکومت - (۳) وہ چھڑی جس سے bagatelle (انٹے کی قسم کا ایک کھیل) کھیلتے ہیں -

m. *-bearer*: عصابردار -

Mace, *n.*: جوتری ؛ بسباسہ -

Macedoine, *n.*: جیلی میں ملے ہوئے پھل یا ترکاریاں -

Macerate, *v. t.* & *i.*: (۱) پانی وغیرہ ڈال کر ملائم کرنا - (۲) پانی وغیرہ میں بھگونے سے ملائم ہونا - (۳) فاقے کرکے سوکھنا ؛ گھلنا ؛ تحلیل ہونا -

maceration, *n.*: (۱) ملایم کرنا یا ہونا - (۲) فاقوں کے مارے دبلا ہونا -

Machete: دیکھو Matchet -

Machiavel, *n.*: (۱) عیار ؛ فطرتی ؛ چلتا پرزہ ؛ سازشی - (۲) دو رخا مدبر ؛ زمانہ ساز مدبر ؛ شاطر مدبر -

Machiavellian, *a.*: دو رخی ؛ زمانہ سازانہ شاطرانہ ؛ عیارانہ -

Machiavellism, *n.*: دو رخی حکمت عملی ؛ شاطرانہ ؛ حکمت عملی ؛ دو رخی پالسی -

Machicolate, *v. t.*: فصیل شہر یا شہر پناہ کی دیواروں میں سوراخ کرنا تاکہ اس میں سے بیرونی حملہ آوروں پر پتھر پھینکے جا سکیں ؛ روزن بنانا -

machicolation, *n.*: روزن سازی (فصیل میں)

Machicoulis, *n.*: روزن سازی (فصیل وغیرہ میں) -

Machinate, *v.i.*: سازش کرنا ؛ ریشہ دوانی کرنا ؛ سانٹھ گانٹھ کرنا ؛ چالیں چلنا -

machination, *n.*: سازش ؛ ریشہ دوانی ؛ سانٹھ گانٹھ ؛ چال ؛ عیاری ؛ فتنہ پردازی -

machinator, *n.*: فتنہ جو ؛ عیار ؛ سازشی ؛ چالباز ؛ متفنی -

Machine, *n.* & *v. t.* & *i.*: (۱) مشین ؛ کل ؛ آلہ (دخانی یا برقی وغیرہ) - (۲) بائیسکل ؛ ٹرائسکل - (۳) زندہ مشین ؛ کل کی طرح تیز اور باقاعدہ کام کرنے والا شخص (جسے ذہانت کا تعلق نہو) - (۴) (مکانک) آلۂ نقل قوت ؛ محرک پرزہ یا کل - (۵) سیاسی نظام - (۶) مشین سے بنانا یا چلانا - (۷) مشین سے کام لینا - مشین چلانا -

bathing m.: دیکھو bathe -

m. *-gun*: مشین گن ؛ کلدار توپ -

m.-made: مشین کا بنا ہوا ؛ کل کا بنا ہوا -

simple m.: سادہ مشین ؛ ایسی مشین جس میں پرزے نہ ہوں جیسے بیلرم -

Machinery, *n.*: (۱) کلیں ؛ مشینیں - (۲) کل کی بناوٹ ؛ ساخت ؛ کل پرزے - (۳) فنی تدبیریں یا ترکیبیں جن سے مصنف کام لے خصوصاً مافوق فطرت اشخاص یا واقعات کا ذکر -

Machinist, *n.*: کل ساز ؛ مشین ساز ؛ مشین مین ؛ مشین چلانے والا -

Mackerel, *n.*: ماکریل ؛ ایک قسم کی بحری مچھلی جو گرمیوں میں گروہ در گروہ کنارے پر آکر انڈے دیتی ہے اور کھانے میں لذیذ ہوتی ہے -

m. breeze, gale: تند ہوا جس میں ماکریل کا شکار آسانی سے ہو سکتا ہے -

m.sky: ہلکے سفید بادلوں سے ڈھکا ہوا آسمان ؛ آب رواں کی سی چادر سے ڈھکا ہوا آسمان -

Mackintosh, *n.*: (۱) موم جامہ ؛ پانی روک (واٹر پروف) کپڑا - (۲) میکن ٹوش ؛ برساتی ؛ باران کوٹ -

Macle, *n.*: (۱) دہرا بلورہ ؛ جڑواں بلورہ - (۲) (معدنی اشیاء کا) سیاہ داغ ؛ کالا دھبا -

Maconochie, *n.*: ڈبوں کا دم پخت (گوشت) جو جنگ عظیم میں راتب میں ملتا تھا -

Macrame *n.*: (بٹے ہوئے تاگوں کی) جھالر ؛ حاشیہ -

Macro – : (سابقہ) طویل ؛ کلاں -

macrocephalic: کلاں سر ؛ بزرگ سر ؛ بڑ سرا -

macrocosm: (۱) کائنات ؛ عالم اکبر - (۲) کوئی بڑا کل جو بجائے خود ایک دنیا ہو -

macrometer: دور پیما -

macroscopic: وہ چیز جو خوردبین کی مدد کے بغیر نظر آئے -

Macron, *n.*: بڑا مد ؛ یہ نشان (-) جو حروف علت پر آواز کا مد ظاہر کرنے کے لیے لگاتے ہیں -

Macula, *n.* (pl. -ae): (۱) آفتاب کا سیاہ داغ ؛ معدنی اشیا کا سیاہ داغ - (۲) جلد کا دائمی داغ -

macular, *a*: جلد کے داغ کا -

maculation, *n.*: جلد میں داغ ہونا -

Mad, *a.*: (۱) مجنوں ؛ دیوانہ ؛ پاگل ؛ باولا ؛ سڑی ؛ سودائی - (۲) حواس باختہ ؛ بولایا ہوا ؛ مجنونانہ ؛ پاگلوں کا سا ؛ دیوانہ وار - (۳) (کسی چیز کے پیچھے) دیوانہ ؛ آپے سے باہر - (۴) (غصے سے) آگ بگولا - (۵) (روز مرہ) جھنجلایا ہوا ؛ جھلایا ہوا - (۶) (جانور کے لئے) دیوانہ ؛ باولا وغیرہ -

I ran like m.: میں دیوانہ وار دوڑا -

I was rather mad at missing my train: گاڑی کے چھوٹ جانے سے طبیعت جھلجلا گئی -

m. as a March hare: دیکھو Hare -

madcap: شوریدہ سر ؛ وحشی -

m.-doctor: طبیب دیوانگاں ؛ معالج دیوانگان -

madhouse: پاگل خانہ -

m. minute : گرلی چلانے کی تعلیم میں بہت تیز مشق -
madman : دیوانہ -
madwoman : دیوانی -
madly, *adv.* : مجنونانہ ؛ احمقانہ ؛ دیوانہ وار -
madness, *n.* : خبط ؛ سودا ؛ جنون ؛ دیوانگی ؛ پاگل پن ؛ باولا پن ؛ انتہائی حماقت ؛ دیوانہ پن ؛ سودائی پن ؛ پگلا پن -
Mad, *v. t. & i.* : (شاذ) (۱) مجنون بنانا ؛ سودائی کرنا ؛ پاگل کرنا ؛ دیوانہ بنا دینا - (۲) مجنون ہونا ؛ سودائی ہونا ؛ سڑی ہونا -
the madding crowd : سکون دشمن عوام -
Madam, *n.* : بیگم ؛ خانم ؛ خاتون ؛ بانو -
Madame, *n.* : لفظ Madam کی فرانسیسی شکل -
M. Tussaud's : لندن میں مشہور لوگوں کے موسی پتلوں کی نمائش -
Madapollam, *n.* : ماتھا پولام ؛ ایک سوتی کپڑا جو پہلے ہندوستان میں بنایا جاتا تھا -
Madden, *v. t. & i.* : (۱) دیوانہ کرنا ؛ پاگل بنانا ؛ مجنون کرنا ؛ سودائی کرنا ؛ آپے سے باہر کرنا - (۲) برافروختہ کرنا ؛ برانگیختہ کرنا ؛ طیش دلانا - (۳) دیوانہ ہونا ؛ مجنون ہونا -
maddeningly, *adv.* : دیوانہ کن انداز سے ؛ جنون خیز اسلوب سے ؛ وحشت انگیز طور سے وغیرہ -
Madder, *n.* : (۱) مجیٹھ ؛ میدر (ایک قسم کا پودا جو ہالستان اور ترکی میں پایا جاتا ہے) - (۲) رنگ جو اس پودے سے بنتا ہے -
Made, *a.*,p. p. of make : بنا یا ہوا -
a m. man : ایسا شخص جس کا دنیا میں کامیاب ہونا یقینی ہو -
m. dish : وہ کھانا جو کئی چیزوں سے مرکب ہو -
m. gravy : مصنوعی یخنی ؛ مصنوعی آبجوش ؛ ایسی یخنی جو مصنوعی طریقے سے مرکب کی گئی ہو -
Madeira, *n.* : (۱) مدیرا ؛ بحر اوقیانوس کا ایک جزیرہ - (۲) شراب مدیرا ؛ مدیرا کی سفید انگوری شراب -
M. cake : مدیرا کیک ؛ ایک طرح کا اسفنجی کیک -
Mademoiselle, *n.* (pl. *mesdemoiselles*) : فرانسیسی دوشیزہ یا معلمہ کا خطاب ؛ مس صاحب -
Madia, *n.* : مےڈیا ؛ سورج مکھی کی قسم کا پھول -
m. oil : ایک تیل جو اس کے بیج سے نکالا جاتا ہے اور کھلی بنا کر جانوروں کو دیا جاتا ہے -
Madonna, *n.* : (۱) مریم عذرا - (۲) ان کی تصویر یا مجسمہ -
M. lily : سفید سوسن -
Madrasah, Medresseh, *n.* : مدرسہ ؛ مسلمانوں کا دارالعلوم -
Madrepore, *n.* : (۱) ایک قسم کا بندھا ہوا مونگا - (۲) مرجان سفتہ - (۲) وہ کیڑا جس سے یہ مونگا پیدا ہوتا ہے -
madreporic, *a.* : مرجانی -
madreporiform, *a.* : مرجان نما ؛ مرجان صورت -
Madrigal, *n.* : مختصر عاشقانہ نظم ؛ دیہاتی عاشقانہ راگ ؛ کوال گیت ؛ عشقیہ ؛ شبابی نظم -
madrigalian, *a.* : اس نظم کے انداز کی ؛ عشقیہ ؛ شبابی (شاعری) -
Maeceonas, *n.* : ادب یا آرٹ کا سرپرست ؛ اہل ہنر کا قدردان (Horace اور Virgil کے مربی کا نام) -
Maelstrom, *n.* : (۱) ناروے کے مغربی ساحل کا گرداب - (۲) گرداب عظیم ؛ بڑا بھاری بھنور - (۳) گرداب بلا ؛ ورطۂ ہلاکت -
Maenad, *n.* : دیکھو - Bacchante
Maestoso, *adv.* : (موسیقی) استادی کی شان سے ؛ شاندار انداز سے -
Maestro, *n.* : استاد فن موسیقی ؛ ماہر موسیقی ؛ باکمال نغمہ نگار ؛ معلم موسیقی یا میر مطرب -
Maffick, *v. i.* : رنگ رلیاں منانا ؛ دھوم دھام سے خوشیاں منانا -
Mafia, *n.* : (۱) اہل سسلی (صقلیہ) میں قانون شکنی - (۲) سسلی (صقلیہ) کے قانون شکنوں کی جماعت -
Mag, *n.* : (عامیانہ) نصف پینی ؛ نیم پینی -
Magazine, *n.* : (زمانۂ جنگ میں) سامان جنگ اور رسد وغیرہ کا گودام ؛ میگزین - (۲) رسالہ ؛ جریدہ ؛ صحیفہ ؛ مجلہ -
m. gun : کرتوس دار بندوق -
Magdalen, -lene *n.* : تائب کسبی -
Magdalenian, *a.* : آخری زمانۂ حجریہ کا -
Mage, *n.* : (قدیم) (۱) ساحر ؛ جادوگر - (۲) فاضل ؛ عالم -
Magenta, *n.* : ایک قسم کا شوخ قرمزی رنگ جو تارکول سے بنتا ہے -
Maggot, *n.* : (۱) بعض کیڑوں کا پہلا روپ - (۲) وہم ؛ خبط (مثلاً *m. in* one's *head*) -
maggoty, *a.* : جس میں گھن لگا ہو -
Magi : دیکھو - Magus
Magian, *a. & n.* : (۱) موبد ؛ مغ ؛ قدیم ایرانی پجاری - (۲) ساحر ؛ جادوگر -
Magianism, *n.* : موبدوں کا مذہب -
Magic, *a. & n.* : (۱) جادو ؛ سحر ؛ فسوں گری - (۲) جادو کا ؛ طلسمی -
black m. : سفلی جادو -
m. lantern : سیر بین -
m. square : طلسمی مربع ؛ نقش (جس میں ہر سمت سے اعداد کی میزان ایک ہی ہو) -
natural m. : وہ جادو جس کا روحوں سے تعلق نہ ہو -
white m. : علوی جادو -
magical, *a.* : ساحرانہ ؛ طلسمی ؛ جادو کا -
magically, *adv.* : جادو سے -
Magician, *n.* : جادوگر ؛ ساحر ؛ افسوں گر -
Magilp : دیکھو - Megilp
Magisterial, *a.* : (۱) مجسٹریٹ کا ؛ مجسٹریٹ کا مانند - (۲) حاکمانہ ؛ افسرانہ ؛ بااختیار - (۳) تحکمانہ ؛ نادری ؛ مختار کل (ڈکٹیٹر) کا سا - (۳) مستند -
magisterially, *adv.* : مجسٹریٹ کی حیثیت سے ؛ حاکمانہ انداز سے ؛ تحکمانہ طریقے سے ؛ مستند طور سے -
Magistral, *a.* : (۱) آقا کا ؛ مالک کا - (۲) (عطاری) طبیب کی خاص بیاض کا (نسخہ وغیرہ) -
the m. staff : مدرسے کے اساتذہ ؛ معلمین -
Magistrate, *n.* : (۱) مجسٹریٹ ؛ حاکم فوجداری (۲) آنریری مجسٹریٹ -
magistracy, *n.* : (۱) مجسٹریٹی ؛ عہدہ مجسٹریٹی - (۲) کل مجسٹریٹ مجموعی حیثیت سے -
magistrateship, *n.* : مجسٹریٹی -
magistrature, *n.* : مجسٹریٹی -

Magma, (pl.-ta,-s) (۱) معدنی ' حیوانی یا نباتی مادے کا قطیر - (۲) زمین کے نیچے کی رقیق تہ -

MagnaC(h)arta, *n.* : منشور اعظم ؛ منشور آزادی (یہ ایک منشور ھے جو سنہ ۱۲۱۵ ع میں انگریزوں نے بادشاہ John سے حاصل کیا تھا ' اس کی رو سے انگریزی قوم کو شخصی اور سیاسی آزادی حاصل ہوئی) -

Magnanimous, *a.* : اولوالعزم ؛ کریم النفس ؛ عالی همت ؛ عالی ظرف ؛ بلند نظر ؛ بلند فطرت ؛ بلند حوصلہ ؛ بلند همت -

magnanimously, *adv.* : اولوالعزمانہ ؛ عالی ظرفی سے وغیرہ -

magnanimity, *n.* : اولوالعزمی ؛ عالی ظرفی وغیرہ -

Magnate, *n.* : (۱) بڑا آدمی - (۲) رئیس ؛ امیر ؛ صاحب ثروت ؛ معزز ؛ سر بر آوردہ ؛ مقتدر یا ممتاز شخص

Magnesia, *n.* : (۱) میگ نیشیا ؛ مگنیشیم کا آکسائیڈ - (۲) (عام استعمال) میگنیشیم کا ایک مرکب جو دوا استعمال ہوتا ھے -

magnesian, *a.* : میگ نیشیا کا -

Magnesium, *n.* : میگنیشیم ؛ ایک معدنی عنصر -

m. light : خیرہ کن روشنی جو میگنیشیم کے تار کے جلانے سے پیدا ہوتی ھے -

Magnet, *n.* : (۱) مقناطیس ؛ سنگ مقناطیس ؛ آھن ربا - (۲) قطب نما - (۳) (استعارۃً) شئے جاذب ؛ مرکز کشش ؛ دلکش چیز -

horse-shoe m. : نعل نما مقناطیس -

Magnetic, *a.* & *n.* : (۱) مقناطیسی - (۲) جاذب ؛ دلکش - (۳) مسمریزم کا ؛ عمل کشش کا - (۳) مقناطیس سے اثر پذیر ہونے والا -

m.equator : = Aclinic line

m. needle : دیکھو Needle -

m. north : دیکھو North -

magnetics, *n.* : علم مقناطیس ؛ مقناطیسیات ؛ اصول مقناطیس -

magnetically, *adv.* : مقناطیسانہ -

Magnetism, *n.* : (۱) مقناطیسیت - (۲) مقناطیسی کشش ؛ قوت مقناطیسی - (۳) کشش ؛ دلکشی -

animal m. : مقناطیس حیوانی ؛ مسمریزم ؛ عمل کشش ؛ قوت کشش -

terrestrial m. : مقناطیس ارضی ؛ کرۂ ارض کی مقناطیسی کشش -

magnetist, *n.* : (۱) مسمریزم دان ؛ عامل مسمریزم - (۲) عالم مقناطیس ؛ مقناطیس داں -

Magnetite, *n.* : مقنیطہ ؛ مقناطیسی لوھا ؛ آھن مقناطیسی -

Magnetize, *v. t.* : (۱) مقنانا (ج) ؛ (کسی چیز میں) مقناطیسی خاصیت پیدا کرنا - (۲) مقناطیسی اثر ڈالنا ؛ (مجازاً) کشش کا عمل کرنا - (۳) مسمریزم کے عمل سے بیہوش کرنا -

magnetization, *n.* : مقناؤ (ج) ؛ مقناطیسی خاصیت پیدا کرنا ؛ عمل کشش ؛ عمل مقناطیسی ؛ عمل مسمریزم -

Magneto, *n.* (pl.-os) : مقناطیسی برقی مشین ؛ میگنیٹو -

Magneto- : (لاحقہ) مقناطیسی -

megnetoelectricity : مقناطیسی برق -

magnetograph : (آلہ) مقناطیس نگار -

magnetometer : مقناطیس پیما -

Magnific(al), *aa.* : (قدیم) بزرگ ؛ کبیر ؛ عظیم ؛ اعلی ؛ ارفع ؛ عظیم الشان ؛ رفیع الشان ؛ عالی شان -

Magnificat, *n.* : (لوقا کی انجیل میں) مریم عذرا کی مناجات -

Magnificent, *a.* : (۱) عظیم الشان ؛ رفیع الشان ؛ عالی شان ؛ شاندار - (۲) پر تکلف ؛ آراستہ پیراستہ - (۳) شاہانہ ؛ گراں قدر ؛ بیش بہا - (۴) (روز مرہ) بہت عمدہ ؛ بہت خوب -

magnificence, *n.* : شان و شوکت ؛ تزوک و احتشام ؛ عظمت و جلالت ؛ جاہ و جلال ؛ رونق و شان ؛ کر و فر -

magnificently, *adv.* : نہایت تکلف سے ؛ شان و شوکت سے وغیرہ -

Magnifico, *n.* : (اطالیہ کے شہر وینس کا) رئیس -

Magnify, *v. t.* : (۱) کسی چیز کی ظاھری جسامت کو آلات کے ذریعے سے بڑھانا ؛ تکبیر کرنا - (۲) مبالغہ کرنا ؛ بڑھا چڑھا کر بیان کرنا - (۳) (شاذ) بڑھانا - (۴) (قدیم) حد سے زیادہ تعریف کرنا ؛ آسمان پر چڑھانا -

magnification, *n.* : (۱) تکبیر - (۲) مبالغہ -

magnifier, *n.* : (۱) مکبر - (۲) مبالغہ کرنے والا -

Magniloquent, *a.* : (۱) شوکت الفاظ کا شائق ؛ شاندار الفاظ استعمال کرنے والا - (۲) شیخی باز - (۳) پر شوکت ' شاندار (عبارت) -

magniloquence, *n.* : شوکت الفاظ ؛ شاندار عبارت لکھنے کا شوق ؛ شیخی ؛ دور کی لینا -

magniloquently, *adv.* : لفاظی سے ؛ بڑے شاندار الفاظ میں ؛ شیخی سے -

Magnitude, *n.* : (۱) قدر ؛ مقدار ؛ جسامت ؛ ضخامت ؛ حجم ؛ وسعت - (۲) اهمیت - (۳) (هئیت) قدر ؛ اشراق ؛ ستاروں کی ظاھری روشنی کا درجہ -

of the first m. : بیحد اھم ؛ اھم ترین -

first, seventh &c. m. : قدر اول ' قدر ھفتم وغیرہ -

Magnolia, *n.* : مگنولیا ؛ ایک قسم کا درخت جس کے پھول اور پتے خوش رنگ ہوتے ھیں -

Magnum, *n.* : (شراب کا) بڑا شیشہ ؛ بڑی بوتل (جس میں دو quart شراب آتی ھے) -

Magnum bonum, *n.* : (۱) شاہ آلو ؛ ایک قسم کا آلو - (۲) بڑا زرد آلو جو پکانے کے کام آتا ھے -

Magnum opus : دیکھو opus -

Magpie, *n.* : (۱) ایک یورپی پرندہ جس کی دم لمبی نوکدار اور پر سیاہ و سفید ہوتے ھیں ؛ ایک قسم کی مینا - (۲) فضول گو ؛ یا وہ گو ؛ بکی - (۳) ایک قسم کا کبوتر - (۴) چاند ماری کا کوئی بیرونی حلقہ - (۵) رائفل کا نشانہ جو اس حلقے پر لگے -

Magus, *n.* (pl.-gi) : (۱) مغ ؛ ایران کا قدیم پجاری ؛ موبد - (۲) ساحر ؛ جادو گر -

the three Magi : تین دانایان مشرق جو مسیح کے پاس ان کی شیر خوارگی کے زمانے میں نذریں لیکر پہنچے تھے -

Magyar, *n.* & *a.* : (۱) مگیار (هنگری کے اکثر باشندے جو تاتاری نسل سے ھیں) - (۲) مگیاری زبان ؛ اھل هنگری کی زبان -

Mahabharata, *n.* : مہابھارت ؛ هندوں کی مشہور قدیم رزمیہ نظم -

Maharaja(h), *n.* : مہاراجہ -

Maharanee, *n.* : مہارانی -

Mahatma, *n.* : مہاتما -

Mahdi, *n.* : مہدیء موعود ؛ امام مہدی ؛ مہدی (سوڈان کی هر

شورش کے قائد کے لیے استعمال ہونے لگا ھے) -

Mahd (i) ism, n.: مہدیت -

Mah - jongg, n.: چین کا ایک کھیل جس میں چار آدمی ۱۴۴ مہروں سے کھیلتے ھیں -

Mahlstick.: دیکھو Maulstick

Mahogany, n.: (۱) مہاگنی ؛ ایک قسم کی سخت لکڑی جو امریکہ کے گرم حصوں میں پائی جاتی ھے (یہ لکڑی فرنیچر کے کام آتی ھے ' اس پر روغن نہایت عمدہ ھوتا ھے)- (۲) مہاگنی رنگ (سرخی مائل بادامی رنگ)- (۳) مہاگنی کا درخت - (۴) کھانے کی میز -

have one 's knees under person 's m.: کسی کے یہاں دعوت کھانا -

Mahometan: دیکھو Mohammedan

Mahound, n.: (قدیم) محمد (صلعم)

Mahout, n.: مہاوت ؛ فیلبان -

Mahratta, n.: مرہٹا -

Maid, n.: (۱) لڑکی - (۲) کنواری لڑکی ؛ دو شیزہ ؛ باکرہ ؛ ناکت خدا لڑکی ؛ بن بیاھی لڑکی - (۳) بن بیاھی عورت - (۴) لونڈی ؛ باندی ؛ خادمہ ؛ ملازمہ ؛ کنیز ؛ مہری ؛ خواص -

m. of honour : بن بیاھی معزز خاتون جو ملکہ یا شہزادی کی مصاحبت میں رھتی ھے - (۲) پنیر کا کیک -

old m.: (۱) معمر ناکتخدا عورت ؛ سن رسیدہ کنواری - (۲) تاش کا ایک کھیل -

maidish, a.: کنواری لڑکیوں کی سی (بیجا شرم وغیرہ)

maidy, n.: چھوٹی سی لڑکی -

Maidan, n.: قواعد کا میدان ؛ پریڈ کا میدان -

Maiden, n. & a.: (۱) عذرا ؛ دو شیزہ ؛ ناکتخدا ؛ کنواری لڑکی ؛ لڑکی - (۲) بن بیاھی عورت - (۳) (تاریخ) گردن مارنے کا آلہ جو اڈنبرا میں استعمال کیا گیا تھا - (۴) (کرکٹ) خالی اوور (over) (جس میں کوئی رن نہ ھو)- (۵) جو هنوز نر کے قریب نہ گئی ھو ؛ کوری - (۶) (گھوڑا) جس نے کبھی گھوڑ دوڑ میں انعام نہ پایا ھو ؛ (۷) ایسے گھوڑے کی دوڑ - (۸) بیج سے اگا ھوا (ننھا پودا) - (۹) (سپاھی ؛ تلوار وغیرہ) نا آزمودہ ؛ نیا ؛ نئی -

m. assize : خالی اجلاس (عدالت کا) -

maidenhair : ایک قسم کا فرن جو بالچھڑ سے مشابہ ھوتا ھے -

maidenhead : دو شیزگی ؛ کنوار پنا ؛ کنوارپت ؛ بکارت -

m. name : (عورت کا) کنوار پنے کا نام ؛ شادی سے پہلے کا نام -

m. speech : دارالعوام میں کسی ممبر کی سب سے پہلی تقریر -

maidenhood, n.: دو شیزگی ؛ بکارت ؛ کنوار پن ؛ کنوارپت ؛ اچھوتا پن -

maidenish, a.: کنواریوں کے سی (بیجا شرم وغیرہ) -

maidenlike, a.: کنواریوں کا سا ؛ دوشیزہ وش -

maidenly, a.: کنواریوں کے شایان شان -

Maieutic, a.: سقراطی (منہاج تحقیق)؛ سقراطی (طریق بحث)-

Mail, n.: زرہ بکتر ؛ جوشن ؛ چار آئینہ -

Mail, v. t.: چار آئینہ پہننا ؛ زرہ پہننا ؛ زرہ بکتر سے آراستہ ھونا -

mailed fist : (مجازاً) جبر و تشدد ؛ پنجۂ فولاد -

Mail, n. & v. t.: (۱) ڈاک ؛ ڈاک کا تھیلا ؛ ڈاک (کا انتظام) (۲) ڈاک میں خط ڈالنا -

m. - cart : (۱) ڈاک کا تانگہ - (۲) بچوں کی گاڑی -

m. - coach : (۱) ڈاک کا تانگہ - (۲) (سابق) ڈاک کی شکرم -

m. (train): ڈاک گاڑی -

Maim, v. t.: (۱) لنگڑا کرنا ؛ لولا کرنا ؛ ھاتھ پیر کاٹ ڈالنا - (۲) (مجازاً) نکما کر دینا ؛ بیکار کر دینا -

Main, n.: (۱) مرغوں کی لڑائی ؛ مرغوں کی پالی - (۲) (نرد میں)) پانچ سے نو تک کوئی عدد جو پانسہ پھینکنے والا پھینکنے سے پہلے پکارتا ھے -

Main n.: (۱) زور و قوت ؛ قوت بازو - (۲) (شاعری) کھلا سمندر ؛ محیط؛ بھر دخار - (۳) بڑی نالی؛ آب گزر؛ بدررو وغیرہ -

in the m.: زیادہ تر -

with might & m. : پوری قوت سے -

Spanish m.: دیکھو Spanish -

Main, a.: (۱) پوری (قوت) ؛ اپڑی چوٹی کا (زور)- (۲) اصلی ؛ مرکزی ؛ بڑا ؛ صدر - (۳) خاص؛ سب سے مقدم ؛ سب سے اهم -

have an eye to the m. chance : اپنی ذاتی غرض کو مد نظر رکھنا -

m. brace : (جہازرانی) وہ رسی جو مستول کے آڑ ڈنڈے سے بندھی رھتی ھے -

m. deck : عرشہ کلاں ؛ بڑا ڈیک -

m. line : مین لائن ؛ اصلی لائن ؛ بڑی سڑک -

mainland : بر اعظم -

mainmast : سب سے بڑا مستول -

m. point : اصلی بات -

mainsail : سب سے بڑا بادبان -

mainspring : (۱) اصلی کمانی؛ بڑی کمانی- (۲) اصل محرک-

mainstay : (۱) اگلے مستول کی بڑی سہارے کی رسی - (۲) (مجازاً) سب سے بڑا سہارا ؛ وہ چیز جس پر دار و مدار ھو -

m.-top : نچلے بڑے مستول کے اوپر کا تختہ -

m. yard : آڑ ڈنڈا؛ سب سے بڑے پال کا ڈنڈا -

splice the m. brace : خوب شراب پینا ؛ جی کھول کر لنڈھانا؛ چھک کر پینا -

mainly, adv.: زیادہ تر -

Maintain, v. t.: (۱) قائم رکھنا ؛ جاری رکھنا ؛ کرتے رھنا (۲) (کسی شخص کو کسی حالت میں) قائم رکھنا ؛ سنبھالے رھنا ؛ سہارا دیئے رھنا ؛ قابض رکھنا - (۳) (اپنا) خرچ چلانا ؛ حیثیت قایم رکھنا - (۴) خرچ اٹھانا ؛ کفالت کرنا ؛ خبر گیری کرنا ؛ پرورش کرنا - (۵) تائید کرنا ؛ حمایت کرنا - (۶) وثوق سے کہنا ؛ دعوے سے کہنا -

maintainable, a.: قابل حمایت ؛ قابل تائید ؛ قیام پذیر -

Maintenance, n.: (۱) پرورش؛ سہارا ؛ حفاظت؛ حمایت ؛ خبر گیری (۲) روٹی کپڑا ؛ نان و نفقہ ؛ ما یحتاج ؛ ضروریات زندگی - (۳) (قانون) کسی فریق مقدمہ کی ناجائز امداد -

cap of m.: (۱) کلاہ حکومت؛ کلاہ منصب - (۲) کلاہ شاھی جسے جلوس میں بادشاہ کے آگے لے چلتے ھیں -

Maize, n.: مکئی کا پودا ؛ مکئی -

Maizena, n.: مکئی کا آٹا -

Majestic, *a* **:** عالیشان ؛ پرشکوہ ؛ باوقار ؛ شاندار ؛ شاہانہ ؛ رعب‌دار ؛ عظیم الشان -

majestically, *adv.* **:** شان و شکوہ سے ؛ کروفر سے ؛ شان و شوکت سے ؛ جاہ و جلال سے -

Majesty, *n.* **:** (۱) شان و شوکت ؛ شان و شکوہ ؛ جاہ و جلال ؛ عظمت و جلالت ؛ عظمت و جلال ؛ کروفر ؛ رعب داب ؛ دبدبہ ؛ طنطنہ ؛ وقار - (۲) منصب شاہی ؛ فرمانروا قوت - (۳) (عیسوی تثلیث) باپ یا بیٹے کی تصویر نور کے ہالے میں -

Her majesty **:** ملکۂ معظمہ -

His majesty **:** ملک معظم -

Your majesty **:** حضور ؛ جلالت مآب ؛ جلالت الملک -

Majolica, Maio-, *n.* **:** (۱) اطالیہ کے قدیم نقشی ظروف - (۲) ان کی نقل جو آج کل بنائی جاتی ہے -

Major, *n.* **:** میجر (فوجی عہدہ دار جو کپتان سے بڑا اور لفٹنٹ کرنل سے چھوٹا ہوتا ہے) -

majorship, *n.* **:** عہدۂ میجر ؛ میجری -

Major, *a.* **&** *n.* **:** (۱) (دو شخصوں یا چیزوں میں) بڑا ؛ بزرگ ؛ کبیر ؛ اکبر ؛ اعظم - (۲) (مدرسوں میں) ایک نام کے دو لڑکوں میں سے بڑا لڑکا - (۳) بالغ ؛ بالغہ - (۴) (منطق) کبریٰ -

drum m., bugle m. **:** کسی دستے کا صدر نقارچی ؛ بگلچی وغیرہ -

m. axis **:** محور اعظم -

m.-domo **:** (اطالیہ اور ہسپانیہ) شاہی محل کا میر سامان - (۲) (غلط استعمال) گھر کا داروغہ -

m. epilepsy **:** اصلی صرع -

m. general **:** دیکھو officer -

m. part **:** اکثریت ؛ بڑا حصہ -

m. premiss **:** (قضیہ) کبریٰ -

m. prophets **:** دیکھو prophet -

m. term **:** (منطق) حد کبریٰ -

m. third **:** (موسیقی) ؛ سوم کبریٰ ؛ سوم کبیر ؛ ایک اور تین کا درمیانی وقفہ -

sergeant m. **:** دیکھو sergeant -

Majority, *n.* **:** (۱) اکثریت ؛ کثرت تعداد ؛ کثرت رائے ؛ غلبۂ آرا ؛ بڑا حصہ - (۲) بلوغ ؛ سن بلوغ - (۳) میجری ؛ میجر کا عہدہ -

absolute m. of votes **:** کل رائے دینے والوں کی نصف سے زیادہ تعداد -

attain m. **:** بالغ ہونا ؛ سن بلوغ کو پہنچنا -

join the m. **:** مرجانا ؛ مردوں میں شامل ہوجانا -

the majority **:** رفتگان ؛ مردے -

Majuscule, *a.* **&** *n.* **:** (قدیم کتبوں میں) بڑے حروف -

majuscular, *a.* **:** بڑے حروف سے متعلق -

Make, *v. t.* **&** *i.* **:** (۱) بنانا ؛ پیدا کرنا ؛ خلق کرنا - (۲) تصنیف کرنا ؛ تالیف کرنا ؛ ترتیب دینا ؛ مرتب کرنا ؛ تحریر کرنا وغیرہ - (۳) تیار کرنا ؛ بنانا (چائے وغیرہ) ؛ بچھانا ؛ درست کرنا (بستر وغیرہ) - (۴) کرنا ؛ عمل میں لانا ؛ برپا کرنا - (۵) ٹھونا - (۶) قائم کرنا ؛ بنانا ؛ وضع کرنا (قانون ، قواعد) - (۷) پورا کرنا ؛ (کورم ، مقررہ تعداد) (۸) کرنا (شک ، تامل وغیرہ) - (۹) (جہاز رانی) نظر آنا (ساحل) ، پہنچنا (کسی مقام پر) - (۱۰) میزان ہونا ؛ حاصل ہونا - (۱۱) بن جانا ، ہوجانا - (۱۲) ہونا ؛ شمار ہونا - (۱۳) کام دینا - (۱۴) ثابت ہونا (۱۵) حاصل کرنا ؛ کمانا ؛ پیدا کرنا (*m. money*) - (۱۶) ہاتھ بنانا ؛ پتا بنانا ؛ پتے ملانا یا پھینٹنا - (۱۷) (کسی مقام کی طرف) جانا ؛ رخ کرنا - (۱۸) بنانا ؛ کامیاب بنانا - (۱۹) کردینا ؛ بنا دینا - (۲۰) جھوٹ موٹ ظاہر کرنا - (۲۱) خیال کرنا ؛ سمجھنا ؛ اندازہ کرنا - (۲۲) (کوئی کام) کرنے پر مجبور کرنا ؛ کرانا - (۲۳) (لڑائی) لڑنا ؛ (جنگ) کرنا - (۲۴) جسمانی حرکت کرنا - (۲۵) (سفر ، کوشش ، ابتدا وغیرہ) کرنا - (۲۶) (فاصلہ) طے کرنا ؛ قطع مسافت کرنا - (۲۷) (دریا میں) مد یا جزر ہونا -

"find" makes "found" in the past tense **:** لفظ find ماضی میں found ہو جاتا ہے -

good daughters m. good wives **:** اچھی لڑکیاں اچھی بیویاں ہوتی ہیں -

he made as if **:** اس نے یہ ظاہر کیا کہ -

he makes Richard die in 1026 **:** اس نے رچرڈ کی موت سنہ ۱۰۲۶ میں دکھائی ہے -

It makes no difference **:** اس سے کچھ فرق نہیں پڑتا -

m. a bag **:** بہت سے جانور شکار کرنا -

m. a bow **:** آداب بجا لانا ؛ تسلیم کرنا ؛ کورنش کرنا -

m. a face or faces **:** دیکھو Face -

m. a fire **:** سلگانا -

m. a good breakfast **:** اچھی طرح ناشتہ کرنا -

m. after **:** (قدیم) تعاقب کرنا -

m. against **:** (کسی بات کا کسی شخص کے) خلاف ہونا ؛ خلاف پڑنا -

m. a hash of **:** دیکھو Hash -

m. an example, exhibition, fool, beast (of oneself) **:** دیکھو Example, Exhibition, Fool, Beast -

m. away **:** چمپت ہوجانا ؛ بھاگ جانا -

m. away with **:** (۱) الگ کرنا ؛ پیچھا چھڑانا - (۲) مار ڈالنا ؛ کام تمام کردینا - (۳) اڑا دینا ؛ ٹھکانے لگا دینا (دولت) -

make-bate **:** (قدیم) فتنہ انگیز ؛ فتنہ پرداز -

m. believe **:** (کوئی کام) جھوٹ موٹ کرنا -

m.-believe **:** بناوٹ ؛ دکھاوا ؛ ظاہر داری -

m. for **:** (۱) باعث ہونا (راحت وغیرہ کا) - (۲) قابل ہونا ؛ تائید کرنا (رائے یا خیال کی) (۳) (کسی طرف) رخ کرنا ؛ جانا ؛ دھاوا کرنا ؛ حملہ کرنا -

m. friends **:** دیکھو Friend -

m. fun of **:** بنانا -

m. game of **:** تضحیک کرنا ؛ ہنسی اڑانا -

m. good **:** دیکھو Good -

m. hay **:** دیکھو Hay -

m. head or tail of **:** دیکھو Head -

m. it hot **:** دیکھو Hot -

m. it up **:** (آپس میں) مصالحت ہوجانا -

m. light of **:** دیکھو Light -

m. love **:** دیکھو Love -

m. much of **:** (۱) (موقع سے) اچھی طرح فائدہ اٹھانا - (۲) بہت اہمیت دینا -

m. oneself scarce : دیکھو scarce -

m. or mar : بنا نا یا بگا ڑ نا -

m. out : (۱)ترتیب دینا ؛ تحریر کرنا (دستاویز' فہرست وغیرہ) - (۲) جوں توں کرکے پورا کرنا - (۳) ثابت کرنا - (۴) معنی یا (مفہوم) سمجھنا - (۵) پرانے کتبوں یا شکستہ تحریر وغیرہ کو پڑھنا - (۶) (دور سے) دیکھ لینا یا پہچان لینا -

m. over : حوالے کرنا ؛ منتقل کرنا -

makepeace : صلح کرانے والا -

m. place, m. room: جگہ دینا ؛ جگہ چھوڑنا -

m. sail : (۱) (جہاز کا) روانہ ہونا - (۲) مزید باد بان چڑھانا -

makeshift : وہ چیز جو دفع الوقتی کے لئے ہو ؛ عارضی تدبیر یا انتظام -

m. sure : دیکھو sure -

m. up : (۱) (کمی) پوری کرنا ؛ تکمیل کرنا ؛ تعداد پوری کرنا - (۲) تلافی کرنا - (۳) (دوا یا نسخہ) بنانا ؛ (گھاس کے گٹھے وغیرہ) بنانا - (۴) اکٹھا کرنا (رقم' مجموع)- (۵) (طباعت) کالم بندی یا صفحہ بندی کرنا - (۶) ترتیب دینا؛ مرتب کرنا ؛ تحریر کرنا (فہرست' دستاویز وغیرہ) - (۷) گھڑنا (قصہ)- (۸) (اجزا کا) مل کر بنانا (کل مجموعہ) - (۹) (تھیٹر) ایکٹرکا روپ بھرنا؛ بھیس بدلنا- (۱۰) تصفیہ کرنا (نزاع کا) -
(۱) ایکٹر کا بھیس ؛ بہروپ - (۲) غازہ ' روغن ' وغیرہ جو اس کے لئے استعمال ہو - (۳) من گھڑت؛ گھڑا ہوا قصہ -

m. up one's mind : مصمم ارادہ کرلینا؛ طے کرلینا؛ ٹھان لینا-

m. up to: (۱) معاشقہ کرنا- (۲)خوشامد کرنا ؛ درباداری کرنا -

m. way : ترقی کرنا -

makeweight : (۱) پا سنگ - (۲) برائے بیت؛ بھرتی کا (شخص) - (۳) (مجازاً) بھرتی کی دلیل یا بات -

one swallow does not m. a summer. : اکیلا چنا بھاڑ نہیں پھوڑ سکتا -

this makes a pleasant reading : یہ دل کش تحریر ھے -

this makes the tenth time : یہ دسویں بار ھے-

to m. a book : ایک ہی گھڑ دوڑ وغیرہ کے متعلق بہت سی شرطیں بدنا -

to m. a corner in the wheat: گیہوں کاسارا بازار خریدلینا-

to m. a house. : چالیس ارکان پارلیمنٹ کا جمع ہونا -

to m. a leg : (قدیم) ایک پیر پیچھے ہٹا کرتعظیم کےلئے جھکنا -

to m. mony : دیکھو Money -

two and two m. four : دو اور دو چار ھوتے ھیں -

what do you m. the time: آپ کے خیال میں کے بجےھیں ' کیا وقت ھے -

will you m. one of the party : کیا آپ بھی پارٹی میں شریک رھینگے -

Make, n. : (۱) ساخت ؛ بناوٹ ؛ کاٹھی ؛ جثہ ؛ ترکیب ؛ صنعت ؛ تراش خراش؛ وضع قطع - (۲) فطرت ؛ سرشت ؛ انداز طبیعت ؛ افتاد طبع ؛ سیرت؛ نہاد- (۳) (برق) تماس؛ نقطۂ تماس -

American m. : امریکہ کی بنی ھوئی چیزیں -

on the m. : (عامیانہ) روپیہ کما نے پر تلا ہوا -

Maker, n : بنا نے والا؛ خالق ؛ صانع؛ صناع ؛ صنعت گر -

the, our, &c., M. : آفرید گار ؛ خالق ؛ خدائے تعالی -

Making, n. : (۱) بنانا وغیرہ - (۲) (جمع) آمدنی ؛ منافع - (۳) (جمع) ضروری اوصاف ؛ لازمی صفات ؛ امتیازی خصوصیات

Mal- : (سابقہ)(۱) خراب؛ برا؛ ناقص (مثلاً maltreat وغیرہ) (۲) = un (مثلاً maladroit وغیرہ) -

Malacca, n : ملاکا: جزیرہ نمائے ملایا کا ایک ضلع؛اس ضلع کا صدرمقام -

M. cane : ملاکا کی کھجور کی چھڑی -

Malachite, n.: ملاکیٹ ؛ ایک سبز رنگ کی معدنی شے جو تانبے کے کار بونیٹ سے مرکب ھے -

Malaco-: (سابقہ) - نرم ؛ ملائم -

malacoderm : نرم یا ملائم جلد والا جانور؛ حشرات الارض کی ایک قسم -

malacologist : صدفیات دان ؛ ماہر صدفیات -

malacology : صدفیات -

malacopterygian : نرم بازو (مچھلی) -

malacostracan : سخت خول جانوروں کی ایک قسم-

Maladjustment,n. : (۱)بے ترتیبی ؛ ابتری - (۲) بے آہنگی ؛ ناسازی - (۳) عدم مطابقت -

Madministration,n. : بد نظمی ؛ بد عملی ؛ بد انتظامی -

Maladroit, a. : بد سلیقہ؛ بھدا؛ اناڑی-

maladroitly, adv. : بد سلیقگی سے؛بھدے پن سے؛ اناڑی پن سے

maladroitness,n. : بد سلیقگی؛ بھدا پن ؛ اناڑی پن -

Malady n. : (لغوی اور مجازی) مرض ؛ عارضہ ؛ بیماری ؛ آزار؛ روگ ' علت ؛ علالت -

Malafide, adv. & a. : (۱) ناجائز - (۲) بدنیتی سے -

Malaga, n. : (۱) ملاگا (اسپین کے جنوب میں ایک بندر گاہ) - (۲) ملاگا کی سفید شراب -

Malagasy, a & n. : مدغا سکری (زبان) ؛ مدغا سکر کا باشندہ -

Malaise, n. : (طبیعت) کی بد مزگی؛ بے کیفی؛ الجھن (بغیر کسی خاص بیماری کے) -

Malanders, mallen,n. pl.: گھوڑوں کے گھٹنے کے پیچھے داد کی قسم کی پھنسیاں -

Malapert, a. & n.: (قدیم) بد تمیز؛ شوخ دیدہ؛ گستاخ؛ بےادب-

Malaprop(ism)n.: بے موقع یاغلط استعمال الفاظ جس پرہنسی آئے؛ بےتکاپن-

malapropian,a. : بے تکا

Malaprapos, adv. a. & n.: (۱) بے موقع؛ بے محل؛ بےجوڑ؛ بےتک- (۲) بے موقع یا بے تکی بات یا حرکت؛ بے وقت حادثہ -

Malar,a & n. : رخساری (ھڈی) ؛ گال کی (ھڈی) -

Malaria, n. : (۱) ھوائے فاسد ؛ ابخرات فاسد (جو کیچڑ سے پیدا ھوں) - (۲) ملیریا بخار ؛ موسمی بخار ؛ دلدلی بخار -

malarial, malarian, aa.: ملیریائی ؛ ملیریا کا-

malarious, a.: فاسد؛ ملیریا بھری (ھوا وغیرہ)

Malay, a. & n.: جزائر شرق الہند اور ملاکا کی زبان یا ان مقامات کا باشندہ : ملائی ؛

M.fowl : ملاوی مرغ

Malayan,a. & n. : ملاوی -

Malayalam,n. : ملیالم -

Malcontent,a.& n.: (بادشاہ' حکومت سے)بیزار؛آمادۂبغاوت؛شورش پسند-

Male, *a.* & *n.*: (۱) مذکر؛ نرینہ؛ نر - (۲) (مشین) نر پینچ (جو کسی سوراخ میں داخل ہوتا ہو) - (۳) موٹ؛ نر - (۴) وہ لفظ جس کا صرف آخری بول دوسرے لفظ کے آخری بول کا قافیہ ہو -

Male-: (سابقہ) بد -

Malediction, *n.*: بد دعا؛ سراپ؛ کوسنا -

maledictory, *a.*: بد دعا بھری (تقریر وغیرہ) -

Malefactor, *n.*: (۱) بدمعاش؛ مجرم - (۲) (کسی کے ساتھ) برائی کرنے والا؛ ستم گر؛ موذی -

malefaction, *n.*: مجرمانہ خصلت؛ جرم؛ بدمعاشی؛ جوروستم؛ ایذارسانی -

Malefic, *a.*: سفلی؛ موذی (جادو وغیرہ) -

Maleficent, *a.*: (۱) مضر؛ باعث مضرت؛ باعث ایذا؛ موجب آزار - (۲) مجرمانہ؛ بدمعاشی کا -

maleficence, *n.*: مضر ہونا؛ باعث ایذا ہونا؛ بدمعاشی؛ مجرمانہ خصلت -

evolent, *a.*: بد خواہ؛ بد اندیش؛ بد باطن؛ کینہ ور؛ کینہ توز؛ خبیث -

malevolence, *n.*: کینہ؛ بغض؛ بد خواہی؛ بداندیشی؛ بد باطنی؛ خبث؛ خباثت -

malevolently, *adv.*: ازراہ بداندیشی؛ از راہ بد باطنی؛ کینے سے؛ خباثت سے؛ بغض سے -

Malfeasance, *n.*: (قانون) فعل ناجائز؛ بد عنوانی (خصوصاً ملازمان سرکار کا کی) -

malfeasant, *a.* & *n.*: بدعنوانی کا مرتکب -

Malformation, *n.*: (خلقت میں) نقص؛ ساخت میں خرابی -

malformed, *a.*: ناقص -

Malice, *n.*: (۱) کینہ؛ بغض؛ عداوت؛ عناد؛ بد باطنی؛ خبث - (۲) ستم ظریفی؛ شرارت؛ (قانون) بدنیتی؛ مخاصمت؛ خصومت -

m. prepense: دیکھو Prepense -

bear m. (to): کینہ رکھنا؛ بغض رکھنا -

malicious, *a.*: کینہ توز؛ کینہ ور؛ خبیث؛ بد باطن؛ بدنیتی کا؛ معاندانہ -

maliciously, *adv.*: کینہ توزانہ؛ کینہ ورانہ؛ خبث باطن سے؛ بدنیتی سے؛ عداوت سے؛ معاندانہ -

Malign, *a.*: (۱) موذی؛ مضرت رساں؛ مہلک - (۲) شدید یا متعدی (مرض) - (۳) (شاذ) کینہ ور؛ خبیث؛ بد باطن -

malignly, *adv.*: کینہ توزانہ؛ کینہ ورانہ؛ ازراہ بغض و عداوت؛ ازراہ حسد و کینہ؛ دشمنی سے؛ عداوت سے وغیرہ -

Malign, *v. t.*: بد نام کرنا؛ تہمت لگانا -

Malignant, *a.* & *n.*: (۱) کینہ توز؛ کینہ ور؛ کینہ ورانہ؛ خبیثانہ؛ بغض و عداوت کا؛ بیر بھرا - (۲) (بیماری) سخت؛ شدید؛ متعدی - (۳) (تاریخ) طرف داران چارلس اول -

m. cholera: شدید ہیضہ؛ مہلک ہیضہ -

malignancy, *n.*: بغض؛ کینہ؛ بیر؛ عداوت؛ دشمنی؛ خصومت؛ خبث باطن؛ خباثت -

malignantly, *adv.*: ازراہ بغض و عداوت؛ خباثت سے وغیرہ -

Malignity, *n.*: (۱) کینہ؛ بغض؛ عداوت؛ بیر؛ دشمنی؛ خصومت؛ خباثت؛ خبث باطن - (۲) تیزی؛ شدت؛ سختی؛ متعدی ہونا (بیماری کا) -

Malinger, *v. i.*: بیمار بننا؛ بیماری کا بہانہ کرنا؛ دانستہ بیمار پڑنا؛ بیماری کو طول دینا -

malingerer, *n.*: بیمار بننے والا؛ بیماری کا بہانہ کرنے والا؛ بیماری کو طول دینے والا -

Malism, *n.*: شریت (یہ نظریہ کہ دنیا شر محض ہے) -

Malison, *n.*: (قدیم) بد دعا -

Mall, *n.*: (۱) ٹھنڈی سڑک؛ خیابان (۲) (تاریخ) Pall-Mall کھیلنے کا خیابان یا وہ چوگان جس سے یہ کھیل کھیلا جاتا تھا -

the Mall: سنت جیمس پارک لندن کی ایک سڑک، پہلے یہ ایک خیابان تھا جہاں Pall-Mall کھیلا جاتا تھا -

Mallard, *n.*: (۱) جنگلی بطخ - (۲) اسکا گوشت -

Malleable, *a.*: (۱) (دھات) متورق؛ جس کے ورق اتارے جاسکیں - (۲) (مجازاً) لوچ دار؛ تشکیل پذیر؛ اثر پذیر -

malleability, *n.*: (۱) تورق - (۲) لوچ؛ تشکیل پذیری؛ اثر پذیری -

Mallet, *n.*: (۱) موگرا؛ موگری؛ کوبہ؛ موسل - (۲) پولو وغیرہ کھیلنے کا چوگان -

Malleus, *n.*: کان کی ہڈی؛ استخوان گوش -

Mallow, *n.*: ایک جنگلی پودا جس کا تنا اور پتیاں روئیں دار اور پھول ارغوانی ہوتے ہیں -

Malm, *n.*: (۱) نرم چاک کی چٹان؛ دودھیا چٹان - (۲) ریت اور نباتی کھاد سے مرکب مٹی جو اس چٹان کے ٹوٹنے سے بنتی ہے -

Malmaison, *n.*: ایک سرخ رنگ کا پھول -

Malmsey, *n.*: یونان اور اسپین وغیرہ کی تیز اور شیریں شراب -

Malnutrition, *n.*: (۱) ناکافی غذائیت؛ غذائیت کی کمی - (۲) ناکافی غذا پہنچنا؛ ناقص تغذیہ؛ غذا کی کمی -

Malodorous, *a.*: بد بودار؛ متعفن -

Malpractice, *n.*: (۱) ناجائز فعل؛ بدعنوانی؛ بد دیانتی؛ بے ضابطگی - (۲) (طبیب کی) علاج میں غفلت یا غلط علاج؛ سوء علاج؛ غفلت مجرمانہ - (۳) خیانت -

Malt, *n.*: (۱) شراب سازی کے لئے تیار کئے ہوئے جو یا کوئی اور اناج؛ شعیرہ -

extract of m.: جوہر شعیر -

m.-house: شیرہ بنانے اور رکھنے کی جگہ -

m. liquor: شراب شعیر؛ جو کی شراب -

m.-worm: (مجازاً) پکا شرابی -

Malt, *v. t.* & *i.*: (۱) اناج کا malt (شعیرہ) بنانا - (۲) بیج کا خشک سالی کے سبب سے شعیرے کی طرح ہوجانا -

Malta, *n.*: مالٹا؛ بحر روم کا ایک جزیرہ -

M. fever: مالٹی بخار -

Maltese, *a.* & *n.* (pl. same).: مالٹی زبان؛ اہل مالٹا؛ مالٹی -

M. cat: مالٹا کی خوبصورت بلی جو پالی جاتی ہے -

M. cross: دیکھو Cross -

M. dog : مالٹا کا خوبرد ورت کتا جو پالا جاتا ہے -

Maltha, *n.* : تیر و موم کا گارا ؛ موم اور تیر کی کیچ -

Malthusian, *a.* & *n.* : مال تھوسی ؛ مال طوسی ؛ مال طوس (T. R. Malthus انتوفی سنہ ۱۸۳۵) کا پیرو (مالطوس نے یہ نظریہ پیش کیا تھا کہ آبادی کا حد سے زیادہ تیزی سے بڑھنا تمدن کے لئے ہلاکت کا پیش خیمہ ہے اس لئے ضبط نفس سے کام لے کر اسے روکنا چاہئے) -

Malthusianism, *n.* : مالطوسیت ؛ مالطوسی نظریہ -

Malting, *n.* : (۱) اناج کا شیرہ بنانا وغیرہ - (۲) شیرے کا گودام یا کارخانہ -

Maltose, *n.* : (کیمیا) شیرہ‌ی شکر -

Maltreat, *v. t.* : بد سلوکی کرنا ؛ بری طرح پیش آنا ؛ برا برتاو کرنا -

maltreatment, *n.* : بد سلوکی ؛ برا سلوک -

Maltster, *n.* : شیرہ ساز ؛ شیرہ فروش -

Malvaceous *a.* : Mallow کی قسم کا (پودا) -

Malversation, *n.* : (۱) خیانت عاملانہ (۲) غبن ؛ خیانت ؛ تصرف بے جا -

Mamelon, *n.* : گول ٹیلہ یا پہاڑی -

Mameluke, *n.* : (۱) (تاریخ) مملوک ؛ اس فوجی جماعت کا ایک رکن جس نے سنہ ۱۲۵۴ ع میں مصر پر قبضہ کر لیا تھا ' ابتدا میں یہ لوگ گرہ قاف قاف کے رہنے والے غلام تھے - (۲) غلام -

Mamilla, *n.* : (۱) بھٹنی ؛ سر پستان - (۲) پستانی شکل کا عضو وغیرہ -

mamillary, *aa.* : پستانی ؛ پستان کا ؛ پستان آسا -

mamillate, mamillated, *a.* : پستاندار ؛ پستان والی -

mamilliform, *a.* : پستان نما -

Mam(m)a, *n.* : (بچے) اماں ؛ اماں جان ؛ امی ؛ امی جان -

Mamma *n.* (pl. -ae). : (۱) تھن ؛ پستان - (۲) نر کا تھن جیسا عضو -

mammary, *a.* : پستان کا ؛ تھن کا -

mammiferous, *a.* : تھن دار ؛ پستان دار -

mammiform, *a.* : تھن جیسا ؛ پستان نما -

Mammal, *n.* : دودھ پلانے والا جانور -

Mammalia, *n.* pl. : ذوات الثدی ؛ دودھ پلانے والے جانور ؛ تھن دار جانور -

mammalian, *a.* & *n.* : ذوات الثدی کے متعلق ؛ دودھ پلانے والے جانوروں کے متعلق -

mammalogist, *n.* : ماہر علم ذوات الثدی -

mammalogy, *n.* : علم ذوات الثدی -

Mammaliferous, *a.* : (ارضیات) (وہ زمین) جس میں تھن دار جانوروں کے اجزا ہوں -

Mammee, *n.* : امریکہ کے گرم خطے کا درخت جس کا رنگ زرد اور گودا ملائم ہوتا ہے -

Mammon, *n.* : (۱) دولت کا بت ؛ زرخیزہ السقم ؛ حرص کا شیطان ؛ مایا -

mammonish, *a.* : مایا کا ؛ دولت پرستی کا -

mammonism, *n.* : زر پرستی ؛ دولت پرستی -

mammonist, *n.* : زر پرست -

mammonite, *n.* : زر پرست -

Mammoth, *n.* & *a.* : (۱) ایک قسم کا ہاتھی جس کی نسل اب معدوم ہو گئی ہے - (۲) زبردست ؛ بہت بڑا ؛ فیل پیکر ؛ فیل‌قامت -

Mammy, *n.* : (۱) (بچے) اماں ؛ امی ؛ اماں جان ؛ امی جان - (۲) (امریکہ) دیسی نسل کی انا یا کھلائی -

Man, *n.* (pl. men). : (۱) آدمی ؛ انسان ؛ آدم زاد ؛ بشر - (۲) شخص - (۳) بنی آدم ؛ نوع انسان ؛ نوع بشر - (۴) (مزاحیہ) بڑے آدمی ؛ بندۂ خدا - (۵) (مزاحاً یا پیار میں ' خطاب کے طور پر جیسے little m.) میاں صاحبزادے ! (۶) کوئی شخص ؛ انسان ؛ آدمی - (۷) مرد ؛ فرد ؛ کس - (۸) (لاحقہ) پیشہ ' عہدہ وغیرہ ظاہر کرنے کے لئے (جیسے clergyman) - (۹) مرد ؛ جوان مرد ؛ بہادر - (۱۰) (شادی) شوہر ؛ میاں - (۱۱) (تاریخ) (نظام جاگیرداری میں) اسامی - (۱۲) خادم ؛ نوکر ؛ خدمتگار ؛ پیش خدمت - (۱۳) مزدور - (۱۴) (عموماً جمع) سپاہی ' پیادے یا سوار ؛ جوان - (۱۵) (شطرنج وغیرہ میں) مہرہ - (۱۶) (بہ حالت ترکیب) جہاز (مثلاً M.- of -war) -

as a m. : شخصی حیثیت سے ؛ اپنی ذات سے -

be a m. : مرد بنو -

be one's own m. : (۱) آزاد ہونا ؛ اپنے فعل کا مختار ہونا - (۲) اپنے آپے میں ہونا ؛ حواس بجا ہونا -

between m. & m. : آدمی آدمی میں -

every m. jack : دیکھو Jack -

I am your m. : میں حاضر ہوں ؛ مجھے منظور ہے -

if you want noise, he is your m. : اگر شور و غل کی ضرورت ہے تو اس سے کہہ دو -

Indiaman : تجارتی جہاز جو ہندستان آتا جاتا ہو -

inner m. : (۱) روح ؛ باطن - (۲) (مزاحاً) جسم کا اندرونی حصہ ؛ بطن ؛ معدہ

m. about town : لندن کا بے فکرا (طبقۂ شرفا کا)

m. & boy : طفولیت سے ؛ لڑکپن سے ؛ بچپن سے -

m. & wife : میاں بیوی -

m. -at -arms : سپاہی پورا مسلح سوار -

m. -child : لڑکا

m. -eater : (۱) آدم خور - (۲) کٹ کھنا گھوڑا - (۳) ٹائگر یا آدم خور شیر یا شارک مچھلی -

m. for m. : ایک کے مقابلے میں ایک -

m. Friday : (۱) رابن سن کروسو کا نوکر - (۲) بد ہو نوکر ؛ خدمت کار -

m. -handle : (۱) ہاتھ سے چلانا ؛ انسانی قوت سے چلانا - (۲) بری طرح برتنا -

m. -hole : (نالی وغیرہ میں) اتنا بڑا سوراخ جس میں سے آدمی گزر سکے -

m. in the moon : (۱) چاند کی بڑھیا - (۲) فرضی شخص -

m. -milliner : دیکھو Milliner -

m. of Letters : دیکھو Letters -

m. of straw : دیکھو Straw -

m. of the world : دنیا دار ؛ جہاں دیدہ ؛ تجربہ کار -

man-of-war : جنگی جہاز ؛ مسلح جہاز -

m.-power : آدمیوں کی تعداد فوجی خدمت وغیرہ کے لئے -

manslaughter : (۱) قتل انسان - (۲) (قانون) قتل انسان بوجۂ اشتعال طبع -

m.-trap : آدم گیر بانس پھندا جو چوروں وغیرہ کو پکڑنے کے لئے لگادیتے ہیں -

merchantman : تجارتی جہاز -

new m. : دیکھو New -

old m. : دیکھو Old -

outer m. : (۱) جسم ؛ ظاہر - (۲) (مزاحاً) جسم کا بیرونی حصہ -

play the m. : مردانگی دکھانا -

Rs 5 per m. : پانچ روپیہ فی کس -

~~*the m.*~~ *in the street* : معمولی آدمی (خصوصاً ماہر فن کی ضد) -

to a m. : سب کے سب -

manless, *a.* : بغیر آدمی کے -

Man, *v. t.* : (۱) (قلعے میں) فوج رکھنا ؛ (جہاز میں) ملاح وغیرہ رکھنا - (۲) (بحریہ) (جہاز کے کسی حصے میں) لوگوں کو تعینات کرنا - (۳) (عہدے پر) کسی کو مقرر کرنا - (۴) دل مضبوط کرنا ؛ ہمت بندھانا ؛ ہمت کرنا -

Manacle, *n.* (usu.pl.) & *v. t.* : (۱) (لغوا و مجازاً) ہتکڑی ؛ بیڑی ؛ زنجیر - (۲) ہتکڑی ڈالنا ؛ بیڑی ڈالنا ؛ زنجیر ڈالنا ؛ پا بہ زنجیر کرنا -

Manage, *n.* : (قدیم) (۱) گھوڑے کا سدھانا یا نکالنا - (۲) باقاعدہ چال ؛ دلکی ؛ پویہ وغیرہ - (۳) سواری سکھانے کا مدرسہ -

Manage, *v. t.* & *i.* : (۱) (اوزار وغیرہ) استعمال کرنا ؛ چلانا - (۲) (کام) انجام دینا ؛ چلانا ؛ انصرام کرنا ؛ سر انجام کرنا - (۳) (گھر بار ، ادارے وغیرہ کا) انتظام کرنا ؛ بند و بست کرنا ؛ نظم و نسق کرنا - (۴) (چوپایوں وغیرہ کو) سنبھالنا ؛ دیکھ بھال کرنا - (۵) (گھوڑے یا انسان کو) قابو میں رکھنا - (۶) (خوشامد درآمد وغیرہ سے) کام نکالنا - (۷) کسی نہ کسی طرح کرلینا - (۸) (ناکافی وسائل سے) کام چلانا - (۹) نمٹنا ؛ بھگتنا ؛ سنبھالنا -

managing, *a.* : (۱) خوشامد وغیرہ سے کام نکالنے والا - (۲) انتظامی -

manageability, *n.* : قابل انتظام ہونا وغیرہ -

manageable, *a.* : قابل انتظام ؛ لائق انصرام ؛ مطیع ؛ فرمان پذیر ؛ خوش لگام ؛ سیدھا -

manageableness, *n.* : قابل انتظام ہونا وغیرہ -

manageably, *adv.* : فرمان پذیری سے وغیرہ -

Management, *n.* : (۱) انتظام ؛ انصرام ؛ بند و بست ؛ اہتمام - (۲) چال ؛ ترکیب ؛ جوڑ توڑ -

the m. : جماعت مدیران ؛ مجلس نظما -

Manager, *n.* : (۱) مینیجر ؛ منتظم ؛ منصرم ؛ سر براہ کار ؛ مہتمم - (۲) پارلیمنٹ کے کسی ایوان کا ممبر جو کسی ایسے کام کے انصرام کے لئے مقرر کیا گیا ہو جسے دونوں ایوانوں سے تعلق ہو - (۳) (قانون) سر براہ کار ؛ وہ شخص جو عام طور پر عدالت کی جانب سے دیوالیہ یا مقروض کار خانے وغیرہ کے انتظام کے لئے مقرر کیا جاتا ہے -

manageress, *n.* : منتظمہ ؛ منصرمہ ؛ مہتممہ -

managerial, *a.* : مینیجر کا ؛ منتظمانہ ؛ انتظامی -

managership, *n.* : منتظمی ؛ منصرمی ؛ مینیجری ؛ سر براہ کاری ؛ مہتممی ؛ انتظام -

Manatee, *n.* : مناتی ؛ جل گائے ؛ سمندری گائے (ایک نباتات خور بحری جانور) -

Manav(i)lins, *n.* pl. : (عامیانہ) بچے کھچے ٹکڑے ؛ بچا کھچا کھانا -

Manchester, *M. School.* : مذہب مانچسٹر ؛ آزادانہ تجارت اور اصول عدم مداخلت کے حامی -

Manchineel, *n.* : منچی نیل ؛ جزائر غرب الہند کا ایک درخت جس کا دودھ زہریلا اور پھل تلخ ہوتا ہے -

Manciple, *n.* : کالج اور inn of court وغیرہ کا وہ عہدہ دار جو مطبخ کے لئے جنس خریدتا ہے ؛ داروغہ ؛ سر براہ کار -

Mancunian, *a.* & *n.* : (۱) مانچسٹر کا (باشندہ) - (۲) مانچسٹر کے گرامر اسکول کا (طالب علم) -

-mancy : (لاحقہ) پیش گوئی بذریعہ... -

Mandaean, *a.* & *n.* : (۱) اس باطنی فرقے کا رکن جو عراق عرب میں اب تک موجود ہے - (۲) اس فرقے کی زبان -

Mandamus, *n.* : وہ حکم نامہ جو کسی عدالت عالیہ کی جانب سے کسی عدالت ماتحت کے نام صادر ہوتا ہے ؛ روبکار عدالت بالا -

Mandarin, *n.* : (۱) ماندرین ؛ چین کے عمال کے نو طبقوں میں سے کسی طبقے کا عامل ؛ کسی جماعت کا رہنما جو زمانے سے پیچھے ہو - (۲) ایک گڑیا جسے چینی لباس پہناتے ہیں اور اس کا سر ہلتا ہے -

Mandarin,-ine, *n.* : (۱) چھوٹی چپٹی شوخ رنگ کی نارنگی - (۲) نارنجی رنگ جو تار کول سے نکلتا ہے - (۳) ایک قسم کی شراب -

Mandatary, *n.* : (۱) (قانون) وکیل جس کو بذریعۂ فرمان حکم یا اختیار دیا جائے -

Mandate, *n.* : (۱) حاکم عدالت کا حکم ؛ ہدایت - (۲) حق وکالت ؛ انجمن اقوام کی طرف سے کسی ریاست کو کسی ملک پر حکومت کرنے کا عارضی اختیار - (۳) (شعر) حکم ؛ فرمان - (۴) پاپائے اعظم کا فتویٰ - (۵) (قانون) معاہدہ جس کی رو سے کوئی شخص بلا معاوضہ کسی خدمت کے انجام دینے کا اقرار کرے - (۶) سیاسی امور کے متعلق ہدایات جو انتخاب کرنے والے پارلیمنٹ کے ممبر کو دیں -

Mandate, *v. t.* : کسی ملک کو عارضی طور پر کسی ریاست کی حکومت میں دینا -

Mandatory, *a.* & *n.* : (۱) حکم یا فرمان کے متعلق وغیرہ - (۲) کوئی شخص یا حکومت جسے کسی جائداد یا علاقے کے انتظام کا اختیار تفویض کیا جائے -

Mandible, *n.* : (۱) جبڑا ؛ دودھ پلانے والے جانوروں اور مچھلیوں کا نیچے کا جبڑا - (۲) (چونچ) کا اوپر یا نیچے کا حصہ - (۳) (کیڑوں کے) اوپر کے جبڑوں میں سے کوئی ایک جبڑا -

mandibular, *a.* : جبڑے کے متعلق ؛ جبڑا سا -

mandibulate, *a.* : جبڑے دار ؛ ڈاڑھ دار -

Mandola,-dora, *n.* : سارنگی کی قسم کا بڑا باجا -

Mandolin (e), *n.* : سارنگی کی قسم کا باجا جس میں چار سے چھ تک تار ہوتے ہیں ؛ چکارا -

Mandragora, *n.* : ایک خواب آور دوا (= ذیل کا لفظ) -

Mandrake, *n.*: مردم گیا ؛ ایک خواب آور اور نشے آور زہریلا پودا (مشہور ہے کہ اس کی جڑ کی شکل انسان کی سی ہوتی ہے اور جب اکھاڑی جائے تو چیخنے کی آواز نکالتی ہے) -

Mandrel, **- il**, *n.*: (۱) خراد کا محور - (۲) لوہے کا اسطوانی کھونٹا جس پر رکھ کر دھات وغیرہ کی چیزیں ابھری جاتی ہیں - (۳) (مقامی) کان کنوں کی کدال -

Mandrill, *n.*: ڈراونی شکل کا خونخوار بڑا لنگور -

Manducate, *v. t.*: چبانا ؛ کھانا -

manducation, *n.*: چبانا ؛ چبائی -

manducatory, *a.*: چبانے کا -

Mane, *n.*: ایال ؛ گردن کے بال -

(-) **maned**, *a.*: (-) ایال کا -

maneless, *a.*: بے ایال -

Manege, **- ege**, *n.*: (۱) سواری کا مدرسہ - (۲) سدھے ہوئے گھوڑے کی چال - (۳) سواری ؛ شہسواری -

Manes, n. pl.: (۱) بزرگوں کی پاک روحیں - (۲) مردوں کی روحیں جن کی پرستش کی جائے --

Manful, *a.*: جواں مرد ؛ بہادر ؛ شجاع ؛ ارادے کا پکا ؛ بات کا دھنی ؛ راسخ الارادہ -

manfully, *adv.*: مردانہ وار ؛ شجاعانہ ؛ بہادرانہ ؛ ہمت و استقلال سے -

manfulness, *n.*: بہادری؛شجاعت؛ جواں مردی؛ عزم و استقلال-

Mangabey, *n.*: افریقہ کا ایک بندر -

Manganese, *n.*: (۱) ایک سیاہ دھات جو شیشہ گری کے کام آتی ہے؛ منگ نیز- (۲) ایک فلزی عنصر جس کی یہ دھات آکسائڈ ہے-

manganesian, **manganic**, *aa.*: منگ نیز کا ؛ منگ نیزی -

Mange, *n.*: (۱) جلد کی بیماری جو اون دار جانوروں کو ایک طفیلی کیڑے سے ہوجاتی ہے ؛ ایک قسم کی خارشت - (۲) (غلط استعمال) جلد کی خرابی -

Mangel (- wurzel), **mangold -**, *n.*: چقندر کی ایک بڑی قسم جسے جانور کھاتے ہیں -

Manger, *n.*: دانہ کھلانے کا برتن ؛ چارہ کھلانے کا برتن ؛ کونڈا ؛ ناند ؛ کٹھرا -

dog in the m.: دیکھو - Dog

Mangle, *n. & v. t.*: (۱) کل دار استری ؛ استری کرنے کی کل - (۲) کپڑوں پر کل کے ذریعہ استری کرنا -

Mangle, *v. t.*: (۱) ٹکڑے ٹکڑے کرنا ؛ پرزے پرزے کرنا ؛ دھجیاں اڑانا ؛ دھجی دھجی کرنا ؛ زخموں سے چور کردینا ؛ قیمہ کردینا - (۲) کاٹ پیٹ کر خراب کردینا ؛ صورت بگاڑ دینا - (۳) (عبارت وغیرہ کو کثرت اغلاط سے) مسخ کردینا ؛ (غلط تلفظ سے لفظ کو) کچھ کا کچھ کردینا ؛ بدل دینا ؛

Mango, *n.*: آم ؛ انبہ -

m. - fish: سنہرے رنگ کی مچھلی جو ہندوستان میں ہوتی ہے-

m. trick: آم کا شعبدہ ؛ نظر بندی کرکے آم کا درخت اگا کردکھانا -

Mangold (- wurzel): دیکھو - Mangel

Mangonel, *n.*: (تاریخ) منجنیق ؛ پتھر پھینکنے کی کل جو لڑائی میں استعمال کی جاتی تھی -

Mangosteen, *n.*: مینگوسٹین ؛ جزائر شرق الہند کا ایک درخت جس کے پھل کا رنگ گہرا سرخ ہوتا ہے ؛ اُس کا پھل -

Mangrove, *n.*: چمرنگ (ج) ؛ منطقۂ حارہ کا درخت جس کی چھال چمڑا رنگنے اور دوا کے کام آتی ہے -

Mangy, *a.*: خارشتی ؛ جسے mange کی بیماری ہو -

mangily, *adv.*: خارشتیوں کی طرح -

manginess, *n.*: خارشتی پن -

Manhood, *n.*: مرد ہونا ؛ مردمی؛ مردانگی؛ جواں مردی ؛ بہادری ؛ انسانیت ؛ آدمیت ؛ رجولیت ؛ بلوغ -

m. - suffrage : مردوں کا عام حق رائے دہندگی (جز سوائے مجرموں اور دیوانوں کے ہر مرد کو حاصل ہو)-

Mania, *n.*: (۱) خبط ؛ سودا ؛ جنون ؛ مالیخولیا ؛ سانیا - (۲) (کسی کام میں) حد سے زیادہ جوش یا انہماک ؛ خبط -

-mania : (۱) لاحقہ اقسام جنون کے ناموں کے آخر میں آتا ہے- (۲) حد سے زیادہ شوق ؛ حد سے زیادہ محبت؛ خبط؛ شوق کے معنی ظاہر کرتا ہے -

Anglomania : انگریز پرستی کا خبط -

bibliomania : کتابوں کا خبط -

kleptomania : جنون سرقہ ؛ چوری کا مالیخولیا -

Maniac, *a. & n.*: خبطی ؛ سودائی ؛ مجنون ؛ جنونی -

maniacal, *a.*: مجنونانہ -

maniacally, *adv.*: مجنونانہ طور پر -

-maniac : دیکھو - Mania

Manichee, *n.*: مانویت کا پیرو؛ مانویت پرست؛ مانی کا مقلد؛ مانوی-

Manich(a)ean, *a. & n.*: دین مانی کے متعلق؛ مانوی-

Manich (a)eism, *n.*: مانویت ؛ دین مانی ؛ مذہب مانی (ایک مذہب جو چوتھی اور پانچویں صدی عیسوی میں رائج تھا جس میں ایزد و اہرمن دونوں حی و قیوم مانے جاتے تھے) -

Manicure, *n. & v. t.*: (۱) ہاتھوں اور ناخنوں کی صفائی وغیرہ ؛ ناخن تراشی - (۲) ناخن تراش - (۳) ناخن تراشنا ؛ ہاتھوں اور ناخنوں کی صفائی وغیرہ کرنا -

Manifest, *n.*: جہاز کے مال کی فہرست -

Manifest, *a.*: ظاہر ؛ صاف ؛ واضح ؛ آشکار ؛ آشکارا ؛ عیاں ؛ روشن؛ ہویدا ؛ بین -

manifestly, *adv.*: بر ملا ؛ بدیہی طور پر؛ صریحاً ؛ واضح طور پر ؛ علانیہ طور پر وغیرہ -

Manifest, *v. t. & i.*: (۱) ظاہر کرنا ؛ عیاں کرنا ؛ آشکار کرنا - (۲) ثابت کرنا ؛ ثبوت ہونا ؛ دلیل ہونا - (۳) اپنے افعال سے ظاہر کرنا ؛ دکھانا - (۴) ظاہر ہونا ؛ عیاں ہونا ؛ مترشح ہونا - (۵) جہاز کے مال کی فہرست میں درج کرنا - (۶)(سیاسی پارٹی وغیرہ کا) عام جلسے وغیرہ میں اظہار رائے کرنا - (۷)(بھوت کا) نظر آنا -

manifestation, *n.*: ظہور ؛ اظہار ؛ اعلان -

manifestative, *a.*: اظہاریہ ؛ اظہار رائے کا -

Manifesto, *n.*: اعلان ؛ منشور ؛ محضر -

Manifold, *a. & n.*: (۱) گوناگوں ؛ بوقلموں ؛ رنگا رنگ ؛ طرح طرح کا - (۲) قسم قسم کا ؛ چند در چند ؛ متنوع - (۳) بہت سے سوراخوں والی نلکی وغیرہ -

m. writer : (آلہ) نقل گیر -

manifoldly, *adv.*: کئی طرح سے ۔

manifoldness, *n.*: طرح طرح کا ہونا ؛ تنوع ۔

Manifold, *v. t.*: (خطوط وغیرہ کی) کئی نقلیں تیار کرنا جیسے آلۂ نقل گیر کے ذریعے لی جاتی ہیں ۔

Manikin, *n*: (۱) بونا ؛ ٹھنگنا آدمی ۔ (۲) (جسم انسانی کا تشریحی) ڈھانچا ۔ (۳) مجسمے وغیرہ کا ابتدائی ڈھانچا ۔ (۴) ایک چھوٹا پرندہ جو امریکہ کے گرم علاقوں میں ہوتا ہے ۔

Manilla, *n.*: دھات کا کنگن جو افریقی قومیں سکے کی جگہ مبادلے کے لئے استعمال کرتی ہیں ۔

Manilla, -ila, *n.*: (۱) منیلا ؛ جزائر فلپائن کا دارالحکومت ۔ (۲) منیلوی چروٹ ۔ (۳) منیلوی سَن جس سے چٹائیاں ' رسیاں وغیرہ بنتی ہیں (نیز *M. hemp*) ۔

Manille, *n.*: quadrille اور ombre (تاش کے کھیل) میں دوسرے نمبر کا ترپ یا ٹیپ کا پتا ۔

manioc, *n.*: (۱) جزائر غرب الہند کا پودا جس کے نشاستے کی روٹی پکائی جاتی ہے ۔ (۲) اس کا روا یا سوجی ۔

Maniple, *n.*: (۱) (قدیم روما) فوج کا دستہ جس میں ۶۰ یا ۱۲۰ جوان ہوتے تھے ۔ (۲) کلیسائی لباس کا ایک جزو (جو عشائے ربانی کے وقت استعمال ہوتا ہے) ؛ عشائیہ (کپڑے کی گز بھر لمبی دھجی جو بائیں بازو پر لٹکتی رہتی ہے) ۔

Manipulate, *v. t.*: (۱) سلیقے سے استعمال کرنا یا برتنا (چیز کو) ۔ (۲) (خوش اسلوبی سے) انجام دینا (کام کو) ؛ سبکدستی سے کرنا ؛ (بڑی خوبی سے) نپٹانا ؛ سلجھانا ؛ بحث کرنا (مسئلے پر) ۔ (۳) (کسی شخص سے ترکیب سے یا نا جائز اثرات سے) کام نکالنا ؛ ہموار کرنا ' ساز باز کرنا ؛ جوڑ توڑ کرنا ۔

manipulation, *n.*: استعمال ؛ برتنے کا طرز یا سلیقہ ؛ مسئلے کی بحث ؛ جوڑ توڑ ؛ ساز باز ؛ کارستانی

manipulative, *a.*: سبکدستی کا ؛ ہوشیاری کا ۔

manipulator, *n.*: برتنے والا ؛ جوڑ توڑ کرنے والا ؛ تدبیر سے کام نکالنے والا ۔

manipulatory, *a.*: سبکدستی کا ۔

Manitou, *n.*: (۱) (امریکی دیسی) پاک یا نا پاک روح ؛ بھوت ؛ پریت ؛ آسیب ۔ (۲) کوئی شے جس میں مافوق فطرت قوت ہو

Mankind, *n.*: (۱) نوع انسان ؛ نوع بشر ؛ بنی آدم ؛ نسل انسان ۔ (۲) مرد ؛ جنس ذکور ۔

Manlike, *a.*: (۱) انسانیت کا ؛ آدمیت کا ؛ انسانی ؛ بشری ؛ انسانوں کا سا ؛ جس میں انسانی خوبیاں یا کمزوریاں ہوں ۔ (۲) (عورت) مردانی ۔

Manly *a.*: (۱) مردانہ ؛ دلیرانہ ؛ بہادرانہ ؛ شجاعانہ ؛ شریفانہ ؛ جوان مرد ؛ بہادر (۲) (عورت) مرد صفت ؛ مرد سیرت

manliness, *n.*: مردمی ؛ مردانگی ؛ جوان مردی ؛ دلیری ؛ بہادری ؛ شجاعت ؛ مرد صفت ہونا ۔

manna, *n.*: (۱) من ؛ وہ خوراک جو خدا نے بنی اسرائیل کو صحرائے سینا میں عطا فرمائی تھی ۔ (۲) روحانی غذا خصوصاً عشائے ربانی ۔ (۳) شیر خشت ۔

m.-croup: گیہوں کا روا ۔

m. in tears, in sorts: اچھی ' بری قسم کی شیر خشت ۔

Mannequin, *n.*: وہ عورت یا مرد جس کا کام یہ ہو کہ درزیوں وغیرہ کی دوکان پر پوشاک خریداروں کو پہن کر دکھائے ۔

Manner, *n.*: (۱) طور ؛ طریقہ ؛ انداز ؛ طرز ۔ (۲) چال ڈھال ؛ وضع قطع ؛ رکھ رکھاو ۔ (۳) (جمع) طرز معاشرت ؛ اخلاق و عادات ؛ آداب و رسوم ۔ (۴) (جمع) اطوار ؛ برتاو ؛ سبھاو ؛ طور طریقہ ؛ تمک ؛ تہذیب ؛ تمیز ؛ شائستگی ۔ (۵) اسلوب بیان ؛ طرز ادا ؛ انداز فن ۔ (۶) (ادب یا آرٹ میں) ایک مخصوص طرز کا جا و بیجا استعمال ؛ بیان یا ادا کا خاص ڈھب ؛ تکیۂ فن جس سے جا و بیجا کام لیا جائے ۔ (۷) (قدیم) قسم ؛ طرح ۔

adverb of m.: متعلق فعل جس سے کیفیت ظاہر ہو ۔

all m. of: ہر طرح کا ۔

he has no mm.: وہ کندۂ نا تراش ہے ' بدتمیز ہے ۔

in a m.: ایک طرح سے ؛ ایک ڈھنگ ۔

in a m. of speaking: گویا (قدیم) ۔

no m. of: کسی طرح کا نہیں ۔

the grand m.: پرانی طرز کا رکھ رکھاو ۔

to the m. born: (۱) (شیکسپیر) ایک خاص خاندان میں پیدا ہونے کی وجہ سے کسی رسم کی پابندی پر مجبور ۔ (۲) (عوام) کسی رتبے کے لئے خلقی طور پر موزوں ۔

mannerless, *a.*: بے تہذیب ؛ بے تمیز ؛ نا شائستہ ؛ گنوار ؛ کندۂ ناتراش ۔

Mannered, *a.*: (اسلوب بیان ' مصنف ' صناع وغیرہ) کسی مخصوص طرز کا جا و بیجا استعمال کرنے والا ؛ تکیۂ فن رکھنے والا ۔

Ill, well, rough, -m.: بدتمیز ' خوش اطوار وغیرہ ۔

Mannerism, *n.*: (۱) ادب یا آرٹ میں کسی مخصوص طرز کا جا و بیجا استعمال ۔ (۲) بیان یا ادا کا خاص ڈھب ؛ تکیۂ فن جس سے جا و بیجا کام لیا جائے ۔

mannerist, *n.*: تکیۂ فن سے کام لینے والا ۔

manneristic(al), *aa.*: جس میں تکیۂ فن سے کام لیا گیا ہو ۔

Mannerly, *a.*: مہذب ؛ شائستہ ؛ تمیزدار ؛ خلیق ؛ خوش خلق ۔

mannerliness, *n.*: تہذیب ؛ شائستگی ؛ خوش خلقی ؛ تمیزداری ۔

Mannish, *a.*: (۱) (عورت کے لئے) مردانی ' مردوں کی سی ۔ (۲) مردوں سے مخصوص ؛ مردانہ ۔

mannishness, *n.*: مردانہ پن ۔

Mannite, *n.*: شیر خشت کی شکر (نیز *m.-sugar*) ۔

mannitose, *n.*: اس قسم کی کوئی شکر ۔

Manoeuvre, *n.*: (۱) حرکت عسکری یا بحری ؛ فوج یا جہازوں کے اجزاء کی نقل و حرکت کسی خاص نقشے کے مطابق ؛ مانورہ ۔ (۲) چال ؛ داوں ؛ گھات ؛ جوڑ ۔ (۳) ترکیب ؛ تدبیر ؛ حکمت ۔

mass of m.: وہ فوج جو حرکت عسکری کے لئے خالی یا محفوظ رکھی جائے ۔

Manoeuvre, *v. i. & t.*: (۱) حرکت عسکری یا بحری کرنا یا کرانا ؛ فوج یا جہازوں کے بیڑے کا کسی خاص نقشے کے مطابق حرکت کرنا ؛ مانورہ کرنا یا کرانا ۔ (۲) داوں کرنا ؛ گھات کرنا ؛ جوڑ چلنا ۔ (۳) جوڑ توڑ یا حکمت عملی سے مجبور کردینا (کسی شخص کو کسی کام پر) ۔ (۴) خوش اسلوبی سے کام کرنا یا کام نکالنا ۔

manoeuvrer, *n.*: (۱) حرکت عسکری یا بحری کرنے والا ۔

(۲) داؤں کرنے والا ؛ چال باز ؛ عیار -

Manometer, n. : فشار پیما -

manometric, a. : فشار پیما کا -

Ma non troppo : (موسیقی کی ہدایت جو کسی دوسری ہدایت کے ساتھ آتی ہے) مگر بہت زیادہ نہیں -

Manor, n. : جاگیر ؛ تعلقہ ؛ علاقہ -

lord of the m. : جاگیر دار ؛ تعلقہ دار -

m.-house : تعلقہ دار کا محل ؛ جاگیر دار کی ڈیوڑھی -

manorial, a. : جاگیر دارانہ ؛ تعلقہ دارانہ ؛ جاگیر کا ؛ تعلق کا -

Manqué (F), a. : *a Napoleon m.* جو ہوسکتا تھا مگر نہیں ہے مثلاً یعنی نپولین ہوسکتا تھا مگر نہیں ہے یعنی بالقوہ نپولین -

Mansard, n. : ملساروی چھت ؛ دو رویہ ساسی چھت جس کے ہر رخ پر دو ڈھال ہوتے ہیں اوپر والا کم اور نیچے والا زیادہ ڈھلواں ہوتا ہے -

Manse, n. : گرجے سے متعلق مکان ؛ (اسکاچستان) حلقے کے پادری کا مکان -

Mansion, n. : (۱) بڑا مکان ؛ محل ؛ قصر ؛ حویلی ؛ (جمع) بڑی عمارت جس کی ہر منزل پر الگ الگ کرائے کے مکان ہوں - (۲) (کسی بڑے عہدہ دار کی) سرکاری اقامت گاہ

m.-house : جاگیر دار کا محل ؛ تعلقہ دار کی حویلی ؛ گڑھی -

the M.-house : لندن کے لارڈ میر کا قصر -

Mansuetude, n. : (شاذ) مسکینی ؛ شائستہ شعاری -

Mantel, n. : (۱) (اب عموماً *mantelpiece* کہتے ہیں) آتش دان کے اوپر کا سچھاں یا الماری ؛ تختۂ آتش دان - (۲) آتش دان کے اوپر کی دیوار گیر الماری (عموماً mantelshelf کہتے ہیں) -

m. board : لکڑی کا سچھان جو آتش دان کے اوپر لگا دیا جاتا ہے (اس پر عموماً کپڑا ڈال دیا جاتا ہے) -

m.-tree : لکڑی جو آتش دان کے منہ کے آر پار لگی ہوتی ہے -

Mant(e)let, n. : (۱) ایک قسم کا چھوٹا لبادہ ؛ چغہ یا فرغل - (۲) گولہ اندازوں (توپ چلانے والوں) کے لئے گولی روک اوٹ -

Mantic, a. : پیشین گوئی ؛ پیش گوئی ؛ غیب دانی کے متعلق -

Mantilla, n. : (۱) جالی وغیرہ کا ڈپٹا جو عورتیں سر اور کاندھے پر ڈال لیتی ہیں - (۲) چھوٹی (Cape) بے آستین کی قبا -

Mantis, n. : جھینگر کی قسم کا ایک کیڑا -

praying m. : اس کیڑے کی ایک قسم جو اگلے پیر اس طرح رکھتا ہے جیسے نماز کے لئے ہاتھ باندھے ہو ؛ نمازی کیڑا -

Mantissa, n. : لوگارتم کا اعشاری جزو ؛ لوگارتم کا وہ جزو جس میں کسر اعشاریہ واقع ہو -

Mantle, n. : (۱) عورتوں کا بے آستین کا چوغہ ؛ لبادہ ؛ فرغل - (۲) (مجازاً) پردہ ؛ نقاب - (۳) گیس کے لمپ کی جالی نما ٹوپی ؛ جال ٹوپی (۴) گھونگھے وغیرہ کے بیت کی جھلی -

Mantle, v. t. & i. : (۱) لبادہ یا چوغہ پہنانا ؛ چوغہ سا اڑھا دینا (۲) چھپا لینا ؛ ڈھک لینا ؛ گھیر لینا - (۳) (سیال چیزوں پر) پھین آ جانا ؛ کسی چیز کی تہ جم جانا - (۴) (چہرے پر) سرخی دوڑ جانا -

Mantlet : دیکھو Mantelet

Mantua, n. : عورتوں کا لبادہ یا گون جو سترھویں اور اٹھارویں صدی میں پہنا جاتا تھا -

m.-maker : عورتوں کی پوشاک تیار کرنے والی ؛ درزن -

Manual, a. & n. : (۱) رسالہ ؛ دستی کتاب ؛ ننھا بچہ ؛ مختصر دستورالعمل - (۲) (کلیسا) مذہبی رسوم و اعمال کے آداب کا دستورالعمل - (۳) (ہارمونیم ؛ ارگن یا پیانو کا) لوحہ ؛ پردوں کا تختہ - (۴) دستی ؛ دستکارانہ ؛ ہاتھ کا -

m. alphabet : ہاتھ کے اشارے جن سے بہرے گفتگو کرتے ہیں -

m. exercise : (فوجی) دستی مشق ؛ ہاتھوں کی مشق -

m. labour : ہاتھ کا کام ؛ ہاتھ کی محنت -

sign m. : دیکھو Sign -

manually, adv. : ہاتھ سے ؛ دستی کام سے -

Manufactory, n. : کار خانہ ؛ کار گاہ ؛ فیکٹری

Manufacture, n. : (۱) صنعت ؛ بڑے پیمانے پر تجارتی اشیا کا تیار کرنا - (۲) صنعت کی کوئی خاص شاخ - (۳) (حقارتاً) (ادب وغیرہ کی) مشینی پیداوار ؛ کل کی ساخت -

Manufacture, v. t. : (۱) بنانا ؛ پیدا کرنا - (۲) بڑے پیمانے پر اشیا تیار کرنا - (۳) (حقارتاً) لکھ لکھ کے ڈھیر لگا دینا (مشین کی طرح سے) (ادب وغیرہ) (۴) گھڑنا (قصہ ؛ بات) -

manufacturer, n. : صانع ؛ کاریگر ؛ کار خانہ دار -

Manumit, v. t. : (تاریخ) آزاد کرنا ؛ غلامی سے رہا کرنا -

manumission, n. : غلامی سے رہائی ؛ آزادی -

Manure, n. : کھاد ؛ کھات ؛ پانس

manurial, a. : کھاد کا

Manure, v. t. : (۱) کھاد ڈالنا ؛ کھاد دینا - (۲) (مجازاً) زرخیز کرنا ؛ قوت نمو یا قوت تخلیق بڑھانا -

Manuscript, a. & n. (abbr. *MS.*, pl. *MSS.*) : (۱) مسودہ ؛ مبیضہ ؛ قلمی نسخہ ؛ دستاویز - (۲) قلمی ؛ دستی ؛ ہاتھ کی لکھی -

Manward, a. : سوئے انسان ؛ آدمی کی طرف ؛ راجع بہ انسان -

Manx, a. & n. : (۱) جزیرہ Man کا ؛ مانوی ؛ اس جزیرے کی - (۲) اس جزیرے کے باشندے - (۳) یہاں کی زبان : مانوی - (۴) اس جزیرے کی بلی -

M. cat : اس جزیرے کی بلی جس کی دم نہیں ہوتی -

Manxman : جزیرۂ مان (Man) کا باشندہ -

Many, a. & n. : (۱) بہت ؛ اکثر ؛ بہتیرے ؛ متعدد - (۲) بڑی تعداد -

good m. : خاصی تعداد میں -

great m. : بڑی تعداد میں ؛ بہت سے -

he was (one) too many for us : اس نے ہمیں ہرا دیا یا چرکا دے دیا -

m.-headed beast or monster : عوام کالانعام ؛ بھیڑ یا دھماں ؛ خلقت -

manyplies : (مقامی) جانوروں کا تیسرا معدہ -

m.-sided : متنوع ؛ ہمہ گیر -

one too m. : مخل صحبت ؛ بار خاطر -

six mistakes in as m. lines : چھ سطروں میں چھ غلطیاں -

the m. : جماعت ؛ جمہور -

Maori, n. : (۱) ماوری ؛ نیوزی لینڈ (New Zealand) کی ایک پالونی نسل کا آدمی - (۲) ماوری زبان

Map, *n* : نقشہ۔

mapless, *a.*: بے نقشہ ؛ بلا نقشہ ۔

Map, *v. t.*: نقشہ بنانا ؛ نقشہ کھینچنا ؛ نقشہ تیار کرنا ۔

m. out : لائحۂ عمل بنالینا ؛ مفصل خاکہ بنا لینا ۔

Maple, *n.* : (۱) ایک درخت ہے جس کی مختلف قسمیں ہیں ان میں سے ایک سے شکر بنتی ہے ۔ (۲) ان درختوں کی لکڑی ۔

m.-leaf : کناڈا کا امتیازی نشان ۔

Mar, *v. t.*: خراب کرنا ؛ ابتر کرنا ؛ بگاڑنا ؛ برباد کر دینا ؛ غارت کر دینا ؛ ستیاناس کر دینا ۔

make (or mend) or m.: بنانا یا بگاڑنا ۔

mar-plot : کھیل بگاڑ ؛ خواہ مخواہ دخل دے کر کام خراب کرنے والا ۔

Marabou, *n.*: (۱) مارابو ؛ ایک قسم کا سارس یا لقلق جو مغربی افریقہ میں پایا جاتا ہے ۔ (۲) اسکے پلکڑے یا دم کے نرم پروں کا گچھا جو ٹوپی میں لگایا جاتا ہے ۔

Marabout, *n.*: (۱) مرابط (تارک الدنیا درویش جو شمالی افریقہ میں کثرت سے ہوتے ہیں) ۔ (۲) کسی مرابط (درویش) کا مزار ۔

Maraschino, *n.*: مراشینو ؛ سیاہ شاہ دانے کی شراب ۔

Marasmus, *n.*: تحلیل بدن ؛ سوکھا ۔

marasmic, *a.*: (مریض) جسے سوکھے کا عارضہ ہو ؛ سوکھے کا ۔

Marathon, *n.*, *M. (race)* : بڑی لمبی دوڑ ۔

Maraud, *v. i. & t.*: (۱) ڈاکہ ڈالنا ؛ چھاپا مارنا ۔ (۲) چوری کرتے پھرنا ؛ ادھر ادھر ہاتھ مارنا ؛ جو پانا وہ لے بھاگنا ۔ (۳) تاراج کرنا ؛ لوٹنا ۔

marauder, *n.*: قزاق ؛ غارت گر ؛ لٹیرا ؛ ڈاکو ؛ رہزن ؛ راہ زن ۔

Maravedi *n.*: (تاریخ) مراودی (اسپین کا سکہ) سونے کا = ۱۴ شلنگ ؛ تانبے کا = $\frac{1}{4}$ پینی ۔

Marble, *n. & v. t.*: (۱) سنگ مرمر ؛ سنگ رخام ۔ (۲) سنگ مرمر کی طرح چکنی یا سخت (چیز) ۔ (۳) (جمع) سنگ تراشی کے نمونوں کا مجموعہ ؛ مجسموں کا مجموعہ (جیسے *Elgin mm.*) ۔ (۴) (کھیلنے کی) گولی ۔ (۵) (کاغذ، صابن وغیرہ پر) ابری بنانا ؛ مارول بنانا ۔

marbly, *a.* : مرمریں ۔

Marc, *n.*: (پھلوں کا) فضلہ ؛ پھوک ۔

Marcasite, *n.*: لوہے اور گندھک کا مرکب ؛ گندھکی فولاد ۔

Marcel, *M. wave*, *n.*: بالوں میں ایک خاص قسم کی شکن ۔

m.-wave : مذکورہ شکن ڈالنا ۔

Marcescent, *a.*: سوکھی ہوئی ؛ مرجھائی ہوئی ؛ ٹھٹھری ہوئی (ٹہنی وغیرہ) ۔

marcescence, *n.*: ٹھٹھرنا ؛ مرجھانا ۔

March, *n.* (abbr. Mar.) : مارچ ؛ انگریزی سال کا تیسرا مہینہ ؛ ماہ مریخ ۔

M. hare : دیکھو HARE ۔

March. *n.*: (۱) (تاریخ) حد ؛ سرحد ؛ ڈانڈا ۔ (۲) انگلستان اور اسکا چستان یا ویلس کے درمیان سرحدی علاقہ (اکثر جمع میں آتا ہے) ۔

March, *v. i* : (ملکوں کی) سرحد ملنا ؛ ڈانڈا ملنا ۔

March, *n.*: (۱) کوچ ؛ روانگی ؛ مارچ ۔ (۲) طویل اور تکلیف دہ قطع مسافت ؛ چکر ؛ دوڑ ؛ ریز ۔ (۳) رفتار ترقی (واقعات، وقت، ذہن، دماغ کی) ۔ (۴) فوجی کوچ کی ایک دن کی مسافت ؛ منزل ۔ (۵) (فوج کی تیز، سست وغیرہ) چال رفتار ۔ (۶) (موسیقی) کوچ کا راگ ؛ مارچ ۔

dead m.: دیکھو Dead ۔

forced m.: دیکھو Force ۔

line of m.: کوچ کا راستہ ؛ راہ سفر ؛ خط سفر ۔

m. past : (فوج کی) سلامی ۔

quick m.: (فوج کی) تیز چال ۔

slow m.: (فوج کی) سست چال ۔

March, *v. i. & t.*: (۱) باقاعدہ قدم اٹھانا ؛ معین رفتار سے چلنا ۔ (۲) (فرانسیسی محاورہ) ترقی کرنا ؛ آگے بڑھنا ۔ (۳) روانہ کرنا ؛ لے چلنا ۔ (۴) (افسر معائنہ یا بادشاہ کے سامنے سے) سلامی دیتے ہوئے گزر جانا ؛ فوجی اصول سے چلنا ؛ باضابطہ قدم اٹھاتے ہوئے چلنا ؛ مارچ کرنا ۔

Marchioness, *n.*: (۱) زوجہ مارکوئس ۔ (۲) وہ عورت جو مارکوئس کے مساوی ذاتی منصب رکھتی ہو ؛ مارشینس ۔

Marchpane, Marzipan, *n.* : بادام کے کیک کی لونی ؛ بادام کا کیک ۔

Marconi, *n & v. t. & i.*: (۱) لاسلکی خبر، لاسلکی پیام (مارکونی طریقے سے) ۔ (۲) مارکونی طریقے سے لاسلکی خبر یا پیام بھیجنا ۔

Marconigram, *n.*: لاسلکی خبر ؛ لاسلکی پیام (مارکونی طریقے سے) ۔

Mare, n. M. clausum: وہ سمندر جو کسی خاص ملک کے زیر اقتدار ہو ۔

m. liberum : وہ سمندر جو تمام قوموں کے لئے عام ہو ۔

Mare, *n.*: گھوڑی ؛ مادیان ؛ مادہ اسپ ۔

grey m.: دیکھو Grey ۔

m.'s nest : نیا انکشاف جسے لوگ کوئی بڑی چیز سمجھ لیں مگر اصل میں وہ چیز نہ ہو ؛ سراب آسا انکشاف ۔

m.'s -tail : ایک قسم کا آبی پودا ۔

shanks's m.: دیکھو Shanks ۔

Maremma, *n.*: سمندر کے کنارے کی نشیبی دلدلی زمین ؛ کچھار ؛ ترائی ؛ کھادر ۔

Margarine. *n.*: نقلی مکھن ۔

Margay, *n.*: گربہ شیر ؛ جنوبی امریکا کا ایک جانور جو شیر سے مشابہ ہوتا ہے ۔

Marge, *n.*: (شعر) Margin ۔

Margin, *n. & v. t.*: (۱) لب ؛ حاشیہ ؛ کور ؛ گوٹ ؛ سنجاف ؛ کنارہ ۔ (۲) آخری حد (جسکے آگے کسی چیز کا وجود ناممکن ہو) ۔ (۳) کچھ زائد مقدار (جو کمی بیشی کے لحاظ سے رکھ لی جائے) ۔ (۴) زائد رقم (جو نقصان پورا کرنے کے لئے دلال کے پاس جمع کر دی جائے) ۔ (۵) کتاب کا حاشیہ ۔ ( ) حاشیہ دینا ؛ حاشیہ لکھنا ؛ دلال کے پاس زائد رقم جمع کرنا ۔

marginate, -ated, *aa.*: حاشیہ دار ؛ کنارہ دار ؛ سنجافی ۔

Marginal, *a.*: (۱) حاشیے کا ؛ متعلق بہ حاشیہ ؛ حاشیے پر لکھا ہوا مندرجۂ حاشیہ ۔ (۲) کنارے کا ؛ کنارے پر واقع ۔ (۳) آخری حد کے قریب کا ۔

marginally, *adv.*: حاشیے پر ؛ بہ طور حاشیہ ۔

Marginalia, *n.* pl.: حواشی ؛ حاشیہ پر لکھی ہوئی تشریحات -

Margrave, *n.* : (تاریخ) (۱) مارگریو ؛ سرحد کا گورنر ؛ عامل سرحد (۲) Holy Roman Empire کے ماتحت نوابان اور بعض کا لقب -

میں سے بعض کا لقب -

Margravine, *n.* : زوجہ مارگریو ؛ بیگم مار گریو -

Marguerite, *n.* : نورچشم ؛ ایک پھول کا نام ھے -

Mariage de convenance (F), *n.* : مصلحت کی شادی ؛ وہ شادی جو دنیاوی مصلحتوں کی بنا پر کی جائے -

Marian, *a.* & *n.* : (۱) مریمی ؛ متعلق بہ مریم عذرا - (۲) ملکہ میری کا ؛ متعلقہ بہ میری ملکۂ انگلستان - (۳) اسکاٹستان کی ملکۂ میری کا حامی -

Marid, *n.* : دیو مرید ؛ سب سے قوی جن -

Marigold, *n.* : صد برگ ؛ گیندا ؛ گل صد برگ -

marsh m. : دیکھو Marsh -

Marinade, *n.* & (also -te) *v.t.* : (۱) شراب ، سرکا اور گرم مسالے کا مرکب - (۲) گوشت یا مچھلی کا اچار جو اس میں ڈالا جائے - (۳) اس میں اچار ڈالنا -

Marine, *a.* & *n.* : (۱) بحری ؛ آبی ؛ دریائی ؛ سمندری - (۲) جہازرانی کا ؛ بحری فوج کا ؛ بحری ؛ امور بحری سے متعلق - (۳) بحری سفر میں استعمال کی چیز - (۴) (وہ سپاہی) جو جہاز پر تعینات ہو - (۵) بحری فوج ؛ تجارتی یا فوجی بیڑا جہاز کا - (۶) جنگی جہاز کا سپاہی -

blue m : توپ خانہ -

m. stores : پرانے جہاز کا سامان جو بطور اسباب تجارت فروخت کیا جائے -

red m. : سرخ پوش پیادہ فوج -

tell that to the (horse) mm. : دیکھو Horse -

Mariner, *n.* : ملاح ؛ جہاز ران -

master m. : تجارتی جہاز کا کپتان -

Marinism, *n.* : اطالوی شاعر مرینی (المتوفی سنہ ۱۶۲۵ ع) کا سا تصنع آمیز انداز بیان -

Marinist, *n.* : تصنع پسند ؛ مقلد مارینی -

Mariolatry, *n.* : مریم پرستی ؛ حضرت مریم کی پرستش -

Marionette, *n.* : کٹھ پتلی -

Marish, *n.* & *a.* (شعر) (۱) دلدل - (۲) دلدلی -

Marist, *n.* : رومن کتھلک سوسائیٹی آف میری کا رکن -

Marital, *a.* : (۱) شوہری ؛ شوہرانہ ؛ متعلق بہ شوہر - (۲) ازدواجی ؛ شادی کے متعلق -

maritally, *adv.* : شادی کی بنا پر -

Maritime, *a.* : بحری ؛ سمندر کے قریب واقع ، رہنے والا ؛ بحری سیاحت کے متعلق -

Marjoram, *n.* : بوٹیوں کی ایک نوع کا نام -

Sweet M. : اس کی وہ قسم جو کھانا پکانے میں کام آتی ھے -

Mark, *n.* : (۱) نشان ؛ نشانہ ؛ چاند ؛ ہدف - (۲) (مکہ بازی) جوف معدہ - (۳) ہدف مراد ؛ مدعا ؛ مقصود - (۴) علامت ؛ نشانی - (۵) مہر ؛ طغرا ؛ مارکہ وغیرہ - (۶) کوئی نشان جو نا خواندہ آدمی دستخط کی جگہ بنائے - (۷) تعریفی نشان یا علامت (کسی خاص مفہوم کو ادا کرنے کے لئے) ؛ نیک چلنی یا بدچلنی کا نشان (جو رجسٹر میں بنا یا جائے) - (۸) (امتحان کا) نمبر ؛ نشان - (۹) خط (جو کسی چیز کا محل وقوع یا حد ظاہر کرے) - (۱۰) (فٹ بال) ایڑی کا نشان (جو گیند جھیلنے والا زمین پر بناتا ھے) (۱۱) داغ ؛ دھبہ ؛ نشان - (۱۲) (تاریخ) قدیم ٹیوٹانی (جرمن) جماعتوں کے دیہات سے متعلق علاقہ ؛ پرگنہ -

above the m. : معیار سے اونچا ؛ معیار سے بلند -

below m. : معیار سے کم ؛ معیار سے نیچے -

beside the m, wide of the m. : (۱) نشان سے باہر ؛ خالی ؛ نشانے سے دور - (۲) (مجازاً) غیر متعلق ؛ خارج از بحث ؛ موضوع کلام سے بے تعلق -

ear-m. : دیکھو Ear -

(God) save the m. : کسی ہولناک واقعے کو بیان کرتے وقت عذر کے طور پر کہتے ہیں -

hall-m. : دیکھو Hall -

make one's mark : امتیاز حاصل کرنا -

m. of mouth : گھوڑے کے دانتوں کا گڑھا جس کے ذریعے عمر معلوم ہوتی ھے -

of m. : ممتاز ؛ مشہور -

Plimsoll's m. : ازکا فرقابی خط ؛ یعنی وہ خط جہاں تک لادے ہوئے جہاز کو زیر آب رکھنے کی قانوناً اجازت ھے ؛ اگر پانی اس سے اوپر جائے تو خلاف قانون ہوگا -

trade -m. : دیکھو Trade -

up to the m. : معیار کے برابر ؛ معیار پر پورا (اترنے والا) -

Mark, *v.t.* : (۱) نشان لگانا ؛ نشان کرنا ؛ علامت بنانا ؛ داغنا ؛ نقش کرنا ؛ نقش کھودنا ؛ گودنا ؛ لکھنا (علامت کے طور پر) - (۲) نام لکھنا یا نشان بنانا (کپڑوں پر جو دھوبی کو دئے جائیں) - (۳) (اشیا پر) قیمت لکھنا - (۴) قدرتی نشان داغ یا دھبا پا یا جانا (بصیغۂ مجہول) - (۵) اعراب یا علامات لگانا (حرفوں پر) ؛ کسی نشان سے ظاہر کرنا یا دکھانا (جگہ کو نقشے میں) - (۶) کھیلوں کے جیتے ہوئے نمبر درج کرنا - (۷) ظاہر کرنا (ناپسندیدگی وغیرہ) - (۸) خصوصیت ہونا ؛ لازمی جزو ہونا - (۹) غور کرنا ؛ خیال کرنا ؛ دھیان کرنا ؛ نظر کرنا ؛ لحاظ رکھنا وغیرہ - (۱۰) (فٹ بال) حریف کے قریب رہنا تاکہ اسے گیند نہ ملنے پائے -

a marked difference : بین فرق -

a markedman : مشتبہ شخص -

m. down : شکار میں چڑیوں وغیرہ کے چھپنے کی جگہ نظر میں رکھنا -

m. off : حدود الگ کرنا ؛ حد بندی کرنا -

m. out : (۱) حدود قایم کرنا ؛ خاکہ کھینچنا - (۲) تجویز یا طریق عمل سوچنا - (۳) (کسی کام کے لئے) چن کر مخصوص کردینا -

this tendency is strongly marked in him : اس کی طبیعت میں یہ رجحان نمایاں ھے -

m. time : (۱) مارک ٹائم کرنا (فوجی قواعد میں) - (۲) (مجازاً) چپ چاپ -

markedly, *adv.* : نمایاں طور پر -

markedness, *n.* : نمایاں ہونا -

Mark, *n.* : (۱) مارک ؛ ۸ اونس کا پیمانہ چاندی سونے کے لئے - (۲) جرمنی کا سکہ جیسے انگریزی شلنگ - (۳) (تاریخ) قدیم انگریزی سکہ جس کی قیمت ۱۳ شلنگ چار پینس تھی -

Marker, *n.* : (۱) نشان لگانے والا ؛ نشان کرنے والا وغیرہ - (۲) وہ شخص جو شکار کی چھپنے کی جگہ سے واقف ہوتا ہے ؛ کھوجیا ۔ (۳) وہ شخص جو تاش وغیرہ کھیلوں کا حساب رکھتا ہے ؛ مارکر - (۴) book-marker = -

Market, *n.* : (۱) بازار ؛ منڈی ؛ گزری ؛ پیٹھ - (۲) بازار لگنے کا دن -

bring one's eggs or hogs to a bad m. : اپنے مقصد میں ناکام رہنا -

come into the m. : بازار میں آنا ؛ بکنے کے لئے آنا ۔

make a m. of. : (مجازاً) بیچ ڈالنا ؛ مالی نفع کی خاطر کھو دینا -

m. cross : وہ صلیب جو بازار میں نصب ہو -

m.-day : بازار کا دن ؛ پیٹھ کا دن -

m. garden : وہ باغ جس میں بازار میں بیچنے کے لئے سبزی ترکاری بوئی جائے -

money-m. : دیکھو Money -

m.-place : مقام بازار ؛ چوک بازار -

m.-town : قصبہ جہاں بازار لگے -

the corn m. : اناج کی منڈی ؛ اناج کی تجارت -

the m. fell : بازار سرد ہوگیا ؛ کساد بازاری ہوگئی -

put on the m. : بازار میں بھیجنا ؛ بکنے کے لئے پیش کرنا -

Market, *v. i. & t.* : (۱) خرید و فروخت کرنا ۔ (۲) بازار میں بیچنا (مال کو) -

marketable, *a.* : قابل فروخت ؛ قابل بازار ؛ بکنے والی ؛ بکنے کے قابل -

marketably, *adv.* : اس طرح کہ بک سکے -

Marking, *n.* : (۱) نشان کرنا ؛ نشان لگانا وغیرہ - (۲) پروں اور کھال وغیرہ کی رنگائی -

m.-ink : پختہ روشنائی ؛ کپڑوں پر نشان لگانے کی سیاہی -

Marksman, *n.* : اچھا نشانہ باز ؛ تیر انداز -

marksmanship, *n.* : نشانہ بازی ؛ تیر اندازی -

Mark Tapley, *n.* : سدا مگن شخص ؛ وہ شخص جو ہمیشہ خوش رہے -

Marl, *n. & v. t.* : (۱) ایک طرح کی مٹی جس میں چونا ہوتا ہے اور کھاد کے کام آتی ہے ؛ کھریلی مٹی - (۲) اس مٹی کی کھاد دینا -

marly, *a.* : (وہ زمین) جس میں ایسی مٹی ہو -

Marlborough House, *n.* : لندن میں پرنس آف ویلس کا محل -

Marlburian, *a. & n.* : Marlborough College کا رکن یا وہاں کا پڑھا ہوا -

Marline, *n.* : دو بل کی چھوٹی ڈوری یا رسی -

m.-spike, marlinspike : رسی کے بل کھولنے کا آلہ -

Marlite, *n.* : کھریلی مٹی کی ایک قسم جو ہوا کے عمل کی مزاحمت کرتی ہے -

Marmalade, *n.* : مارملیڈ ؛ نارنگی کا مربہ ؛ بعض اور پھلوں کا مربہ -

Marmolite, *n.* : ایک ہلکے سبز رنگ کا پتھر -

Marmoreal, *a.* : (شعر) مرمریں ؛ سنگ مرمر کا ؛ سنگ رخام کا ؛ مرمر صفت -

Marmoset, *n.* : ایک قسم کا بندر جو امریکہ کے گرم حصوں میں پایا جاتا ہے اس کی دم گچھے دار ہوتی ہے -

Marmot, *n.* : (۱) ایک طرح کی گلہری - (۲) ایک ٹوپی جو نہاتے وقت اوڑھتے ہیں -

Marocain, *n.* : ایک قسم کا کپڑا -

Maronite, *n.* : مارونی ؛ مقلد مارون ؛ لبنان (شام) میں عیسائیوں کے اس فرقے کا شخص جس کا بانی مارون تھا -

Maroon, *n. & a.* : (۱) بادامی قرمزی رنگ - (۲) ایک قسم کی آتش بازی جو زور کے دھماکے سے پھٹتی ہے -

Maroon, *n.* : (۱) مرون وہ حبشی جو جزائر غرب الہند اور گیانا کے جنگلوں میں رہتے ہیں ابتدا میں یہ لوگ بھاگے ہوئے غلام تھے - (۲) وہ شخص جو سزا کے طور پر غیر آباد جزیرے وغیرہ میں چھوڑ دیا جائے -

Maroon, *v. t. & i.* : (۱) کسی شخص کو کسی غیر آباد جزیرے میں سزا کے طور پر چھوڑ دینا - (۲) آوارہ گردی کرنی ؛ آوارہ پھرنا ؛ مارا مارا پھرنا ؛ سیر گشت کرنا -

Marque, *n.*, *Letter (s) of m. (& reprisal)* : (۱) مسلح جہاز سے دشمنوں کے تجارتی جہاز گرفتار کرنے کا اجازت نامہ - (۲) (راہزن) وہ جہاز جس کے پاس ایسا اجازت نامہ ہو -

Marquee, *n.* : شرگاہ ؛ بڑا خیمہ ؛ قنات -

Marquetry,-terie, *n.* : مرصع کام ؛ جڑاؤ کام ؛ میناکاری -

Marquis,-quess, *n.* : (۱) مارکوئیس ؛ نواب ؛ ڈیوک سے چھوٹا اور ارل سے بڑا خطاب - (۲) (ممالک غیر) کاونٹ -

marquisate, *n.* : (۱) مارکوئیس کا خطاب ؛ مارکوئیس کا درجہ - (۲) مارکوئیس کا علاقہ ؛ مارکوئیس کی عملداری -

Marquise, *n.* : (۱) (ممالک غیر) زوجہ مارکوئیس ؛ مارکوئیس بیگم - (۲) (قدیم) خیمہ - (۳) انگوٹھی جس میں بیضوی شکل میں نگینے جڑے ہوتے ہیں -

Marquois, *n.* *M. scale* : متوازی کش ؛ خطوط متوازی کھینچنے کا آلہ -

Marram, *n.* : ساحلی گھاس جو ریت میں اگتی ہے -

Marriage, *n.* : (۱) شادی ؛ بیاہ ؛ نکاح ؛ عقد ؛ ازدواج ؛ عروسی - (۲) (مجازاً) اتحاد ؛ یگانگی ؛ یکجان دو قالب ہونا - (۳) (تاش) ایک ہی رنگ کے بادشاہ اور بیگم کا ساتھ ساتھ دکھانا -

civil m. : قانونی شادی (جس میں مذہبی رسوم نہ ہوں) -

communal m. : مشترکہ شادی (ایک جماعت کے کل مردوں کی شادی کل عورتوں سے) -

companionate m. : (امریکہ) امتحانی شادی ؛ مرد اور عورت کا امتحاناً کچھ دن میاں بیوی کی حیثیت سے رہنا -

give in m. : نکاح میں دینا ؛ عقد میں دینا -

m. articles : شرائط نکاح ؛ شرائط ازدواج -

m.-bed : بستر عروسی -

m. licence : دیکھو Licence -

m. lines : اجازت نامۂ نکاح -

m. market : شادی کا بازار ؛ شادی کے لائق لڑکوں اور لڑکیوں کی طلب اور رسد -

m. settlement : وہ معاہدہ جس کے ذریعے سے جائداد بیوی بچوں کے نام کردی جائے -

take in m. : نکاح کرنا ؛ نکاح میں لانا -

Marriageable, *a.* : (۱) قابل شادی ؛ قابل نکاح ؛ قابل عقد -

(۲) شادی بیاہ کے قابل (عمر) -

Married, *a.* : شادی شدہ؛ بیاہا ہوا ؛ بیاہی ہوئی؛ منکوحہ؛ متاہل -

m. life : تاہل کی زندگی -

Marron glace (F), *n.* : Chestnut کی برفی -

Marrow, *n.* : (۱) مغز ؛ گودہ - (۲) کسی چیز کا مغز ؛ نچوڑ ؛ ست ؛ لب لباب -

chilled to the m. : (۱) جس کا کلیجہ تک سردی سے ٹھٹھر جائے - (۲) بیحد افسردہ -

marrowbone : (۱) گودے کی ہڈی ؛ گودے کی نلی - (۲) (جمع مزاحاً) گھٹنے -

marrow(fat) : بڑی قسم کا مٹر -

m.-spoon : مغز کش؛ نلی میں سے مغز نکالنےکی چمچی؛ گوداکش -

pith & m. : لب لباب ؛ مغز -

spinal m. : حرام مغز -

vegetable m. : کھیا کدو -

marrowless, *a.* : بے مغز کا ؛ بے گودے کا -

marrowy, *a.* : مغز دار ؛ گودے دار -

Marrow, *n.* : (مقامی) جوڑا؛ بر؛ دولہا یادلہن؛ (کسی کی) ہوبہو شکل -

Marry, *v. t. & i.* : (۱) نکاح پڑھانا - (۲) نکاح میں دینا ؛ بیاہ دینا ؛ شادی کردینا - (۳) نکاح میں لانا ؛ عقد کرنا ؛ شادی کرنا ؛ بیاہ کرنا ؛ بیاہنا - (۴) (مجازاً) ملانا ؛ ایک کرنا ؛ امتزاج کرنا ؛ متحد کرنا - (۵) شادی ہونا ؛ بیاہ ہونا -

Marry, *int.* : (قدیم) (تعجب ' غصہ ' تاکید) ہائیں ! ارے ! لاحول ولا قوۃ ! واللہ ! -

m. come up : لاحول ولا قوۃ -

Mars, *n.* : (۱) (ہیئت) مریخ ' جلاد فلک - (۲) قدیم رومیوں کا لڑائی کا دیوتا ؛ مریخ - (۳) جنگ ؛ حرب ؛ لڑائی ؛ جدال و قتال -

Marsala, *n.* : Marsala شراب؛ جزیرہ صقیلیہ (سسلی) کے شہر مارسالا کی سفید شراب -

Marseillaise, *n.* : مارسائیز ؛ جمہوریہ؛ فرانس کا قومی راگ ؛ فرانس کا قومی گیت -

Marseilles, *n.* : مارسائی فرانس کی مشہور بندرگاہ - (۲) ایک قسم کا کرارا سوتی کپڑا -

Marsh, *n.* : دلدل ؛ کیچڑ ؛ کلابہ -

m. gas : دلدلی گیس ؛ کاربنی ہائیڈروجن -

m. mallow : ایک جھاڑی جو دلدل کے قریب اگتی ہے ؛ ایک مٹھائی جو اس کی جڑ سے بنتی ہے -

m. marigold : ایک طرح کا پودا جو مرطوب چراگاہوں میں اگتا ہے جس کا پھول سنہرا ہوتا ہے -

marshiness, *n.* : دلدلی ہونا -

marshy, *a.* : دلدلی ؛ دلدل دار -

Marshal, *n.* : (۱) (یورپ کے بعض ممالک میں) سپہ سالار ؛ سردار ؛ سینا پتی ؛ جنرل - (۲) میر دربار (بادشاہ کا) -

air m., m. of the air : دیکھو Air -

earl-m. : دیکھو Earl -

field-m. : دیکھو Field -

judge's m. : جج کا پیشکار (جو دورے میں ساتھ رہتا ہے) -

knight m. : (تاریخ) شاہی محل کا عہدہ دار جو محل کے اندرونی مقدمات کا فیصلہ کرتا تھا -

provost -m. : دیکھو provost -

marshalship, *n.* : سپہ سالار کا عہدہ ؛ سپہ سالاری وغیرہ -

Marshal, *v. t. & i.* : (۱) صف آرائی کرنا ؛ صف بندی کرنا ؛ (واقعات وغیرہ کو) ترتیب دینا ؛ مرتب کرنا - (۲) (نقابت) نشان یا مار کے کو ترتیب دینا - (۳) (کسی شخص کو بادشاہ وغیرہ کے سامنے) پیش کرنا -

Marshalsea, *n.* : (۱)(تاریخ) *Southwark* میں *knight marshal* کی عدالت - (۲) اس مقام کا جیل خانہ -

Marsupial, *a. & n.* : (تشریح ' حیوانات) تھیلی دار جانور ؛ تھیلی دار ؛ وہ جانور جو اپنے بچوں کو تھیلی میں رکھتے ہیں - (۲) خریطہ نما ؛ کیسہ نما -

m. muscle : کیسہ نما عضلہ -

Mart, *n.* : (۱) (شعر) بازار - (۲) نیلام خانہ ؛ نیلام گھر ؛ نیلام گاہ - (۳) منڈی ؛ تجارتی مرکز -

Martello, *n.*, *M. tower* : مارٹیلا ؛ ساحلی قلعہ ؛ قلعہ جو ساحل بحر پر ملک کی حفاظت کے لئے بنا لیا جاتا ہے -

Marten, *n.* : نیولے کی قسم کا ایک جانور جس سمور بہت قیمتی ہوتی ہے -

Martial, *a.* : (۱) حربی؛ جنگی ؛ عسکری ؛ فوجی - (۲) مریخی؛ مریخ کے متعلق - (۳) جری ؛ جرار - (۴) جنگ جو -

m. law : مارشل لا ؛ جنگی قانون ؛ حربی حکومت -

martialize, *v. t.* : فوجی بنانا ؛ جنگی بنانا -

martially, *adv.* : فوجی طرز پر ؛ جنگی اصول پر ؛ جرارانہ ؛ جنگجویانہ -

Martian, *n.* : مریخی ؛ باشندۂ مریخ -

Martin, *n.* : ایک طرح کی ابابیل (نیز *house-m.*) -

Martinmas, St. M.'s day : یوم مارٹن (۱۱ نومبر) -

M.'s summer : یوم مارٹن کا خوشگوار موسم -

St. M. : مقدس مارٹن (یہ شخص چوتھی صدی عیسوی میں *Tours* کا اسقف تھا) -

Martinet, *n.* : وہ شخص جو (بحری یا فوجی) انضباط میں سخت ہو ؛ سخت گیر ؛ فوجی اور بحری انضباط کا قائل -

martinetism, *n.* : سخت گیری ؛ انضباط کی سختی -

martinettish, *n.* : سخت گیرانہ (انضباط) -

Martingale, *n.* : (۱) وہ تسمہ جس کا ایک سرا گھوڑے کے تنگ میں اور دوسرا پوزی میں باندھا ہوتا ہے - (۲) (جہاز رانی) پیش جہاز کی چوب کے سہارے کی رسی ؛ چوب جہاز کی طناب - (۳) جوے میں داؤں کو دو چند کردینے کا اصول ؛ دوگنی بازی -

Martini, *n.* : مارٹنی رائیفل -

Martlet, *n.* : (۱) ایک قسم کی چڑیا - (۲) (نقابت) بے پاؤں کے پرند کی تصویر جو مارکوں میں بنی ہوتی ہے -

Martyr, *n. & v. t.* : (۱) شہید؛ راہ حق میں جان دینے والا - (۲) شہید کرنا ؛ اذیت دینا -

make a m. of oneself : نام و نمود کی خاطر (سچا یا جھوٹا) ایثار کرنا؛ شہید بننا؛ لپک کر شہیدوں میں داخل ہونا -

m. to gout, &c. : نقرس میں مبتلا ؛ نقرس کا دائم المرض -

Martyrdom, *n.* : (۱) شہادت - (۲) اذیت ؛ کرب -

Martyrize, *v. t.* : (۱) (*m.onesef*) شہید بننا ؛ شہید بنانا -

Martyro- : (لاحقہ) شہیدوں کا -

martyrological : تاریخ شہدا کے متعلق؛ مآثر شہدا کے متعلق -

martyrology : سلسلۂ شہدا ؛ فہرست شہدا ؛ تاریخ شہدا ؛ مآثر شہدا -

martyrolatry : شہید پرستی -

Martyry, *n.* : شہید کا مزار یا روضہ ؛ وہ گرجا جو کسی شہید کی یادگار میں بنایا جائے -

Marvel, *n.* : (۱) تعجب کی بات ؛ حیرت انگیز واقعہ ؛ عجیب و غریب چیز ؛ انوکھی چیز ؛ اچنبھا - (۲) (کسی صفت کا) کمال ؛ حیرت انگیز نمونہ - (۳) (قدیم) حیرت ؛ تعجب -

Marvel, *v. i.* : (۱) (ادبی) حیران ہونا ؛ حیرت زدہ ہونا ؛ محو حیرت ہونا ؛ متعجب ہونا - (۲) (کسی چیز کی وجہ وغیرہ معلوم کرنے کی) فکر ہونا ؛ الجھن ہونا ؛ کاوش ہونا -

Marvellous, *a.* : (۱) عجیب و غریب ؛ طرفہ ؛ حیرت خیز ؛ تعجب انگیز ؛ انوکھا ؛ نرالا - (۲) مافوق العادت؛ خارج از قیاس -

the m. : مافوق العادت امور -

marvellously, *adv.* : حیرت انگیز طریقہ سے -

marvellousness, *n.* : حیرت انگیزی ؛ انوکھا پن -

Marxian, *n. & a.* : پیرو مارکس ؛ مارکس کا ؛ مارکسی (مشہور جرمن اشتراکی کارل مارکس ۸۳ - ۱۸۱۸ سے منسوب) -

Marzipan : دیکھو Marchpane -

Mascot, *n.* : (۱) وہ شخص یا چیز جس کا ہونا نیک شگون سمجھا جائے - باعث برکت چیز یا شخص ؛ یمن آور ؛ بھاگوان چیز یا شخص -

Masculine, *a. & n.* : (۱) مذکر - (۲) مردانہ ؛ جوان مردانہ ؛ قوی ؛ پر زور - (۳) جنس مذکر ؛ مذکر لفظ -

m. ending : مصرع کا آخری بول جس پر جھٹکا ہو -

m. rhyme : (فرانسیسی عروض میں) وہ قافیے جن کے آخر میں ساکن حرف "e" نہ ہو بلکہ آخری بول پر جھٹکا ہو -

masculineness, masculinity, *nn.* : تذکیر -

Mash, *n.* : (۱) وہ شعیرہ (Malt) جس میں برزہ (بیر) بنانے کے لئے گرم پانی ڈالا گیا ہو - (۲) کھچڑ - (۳) چنے ، چوکر اور بھوسی وغیرہ کا مرکب جو گھوڑوں کو دیا جاتا ہے - (۴) (عامیانہ) آلو کا بھرتا - (۵) ملغوبا ؛ معجون مرکب -

Mash, *v. t.* : (۱) شعیرے (Malt) میں گرم پانی ملانا - (۲) کچومر بنانا ؛ کچلنا - (۳) (آلو وغیرہ کا) بھرتا بنانا -

Mash, *v. t. & n.* : (۱) (عامیانہ) (عورت کا مرد کو مرد کا عورت کو) فریفتہ کرلینا ؛ موہ لینا - (۲) من موہن ؛ جانی ؛ پیارا یا پیاری

be mashed on : لٹو ہونا ؛ جان دینا ؛ فریفتہ ہونا -

Masher, *n.* : (عامیانہ) اپنے آپ کو کنھیا سمجھنے والا ؛ چھیلا ؛ رسیا -

Mashie, -y, *n.* : گولف کھیلنے کا ایک چوگان -

Masjid, *n.* : مسجد -

Mask, *n.* : (۱) نقاب ؛ مقنع ؛ برقع ؛ جالی وغیرہ (جو حفاظت کے لئے کسی چیز پر لگا دی جائے) - (۲) (مصنوعی) چہرہ (جیسے رومی اور یونانی اکثر استعمال کرتے تھے) - (۳) (شبیہ) چہرہ ؛ چہرے کا سانچہ (جو موم وغیرہ چہرے پر رکھ کر ڈھالا جاتا ہے) - (۴) (مجازاً) (بناوٹ کا) پردہ ؛ بہروپ - (۶) نقاب پوش ؛ برقع پوش - (۷) لومڑی کا سر یا چہرہ -

death m. : مردے کے چہرے کا سانچہ -

to throw off the m. : (بناوٹ کا) پردہ اٹھا دینا ؛ اصلی رنگ میں ظاہر ہونا -

Mask, *v. t.* : (۱) منہ پر نقاب ڈالنا ؛ برقع یا مقنع میں منہ چھپانا - (۲) چہرہ لگانا ؛ مصنوعی چہرے کا استعمال کرنا - (۳) (احساسات و جذبات کو) (کسی چیز کے پردے میں) چھپانا - (اصلی رنگ میں) ظاہر نہ ہونے دینا ؛ پوشیدہ رکھنا - (۴) (فوج) اپنی قوت کو دشمن سے پوشیدہ رکھنا ؛ کافی فوج کے ساتھ دشمن کی نقل و حرکت دیکھتے رہنا تاکہ وہ کچھ نہ کر پائے ؛ اپنی فوج کے آگے کھڑا ہوکر گولہ باری میں خلل انداز ہونا -

masked ball : ناچ کا جلسہ جس میں لوگ نقاب ڈال کر شریک ہوں ؛ نقابی رقص -

Masker, -quer, *n.* : وہ شخص جو *Masque* (سوانگ یا رهس) میں حصہ لے -

Maskinonge, *n.* : سلان ماهی ؛ ایک بڑی قسم کی نوک دار منہ کی مچھلی جو شمالی امریکہ کی بڑی جھیلوں میں ہوتی ہے -

Mason, *n. & v. t.* : (۱) راج ؛ معمار (پتھر کی عمارت کا) - (۲) فراماسن (*free-mason*) - (۳) پتھر کی عمارت بنانا ؛ مضبوطی کے لئے پتھر لگانا -

masonic, *a.* : فراماسن کا -

Masonry, *n.* : (۱) معماری - (۲) پتھر ، اینٹ ، گچ کا کام -

Mas(s)ora(h), *n.* : عبرانی بائبل کے متعلق قدیم روایات ؛ عبرانی بائبل کی تفسیر -

Mas(s)orete, -ite, *n.* : عبرانی انجیل کا مفسر ؛ وہ یہودی عالم جو عبرانی انجیل کی قدیم روایات کا راوی ہو -

mas(s)oretic, *a.* : عبرانی انجیل کی تفسیر کے متعلق -

Masque, *n.* : (۱) ایک طرح کا طائفیوں کا ناٹک ، سوانگ یا رهس - (۲) وہ قصہ جو اس کے لئے لکھا جائے ؛ سوانگ ؛ رهس -

Masquerade, *n.* : (۱) نقاب پوشوں کا رقص ؛ رقص نقابی - (۲) بناوٹ ؛ بہکاوا ؛ سوانگ ؛ بہروپ ؛ ریا کاری -

Masquerade, *v. i.* : (۱) بھیس بدلنا ؛ بہروپ بدلنا ؛ سوانگ بھرنا - (۲) ریا و نمائش کرنا ؛ دکھاوے کی زندگی بسر کرنا -

Mass, *n.* : (۱) رسم عشائے ربانی ؛ دعا یا نماز عشائے ربانی - (۲) عشائے ربانی کے الفاظ ؛ وہ دعا جو اس میں پڑھی جاتی ہے - (۳) عشائے ربانی کی تحریر نغمہ -

high m. : عشائے ربانی کی پر تکلف رسم (بخورات ، موسیقی وغیرہ کے ساتھ) -

low m. : عشائے ربانی کی سادہ رسم (جس میں موسیقی وغیرہ کی ضرورت نہیں ہوتی) -

Mass, *n. & v. t. & i.* : (۱) ڈھیر ؛ انبار ؛ تودہ - (۲) گچھا ؛ لچھا - (۳) بہت بڑی تعداد ؛ کثیر تعداد - (۴) دور تک پھیلا ہوا سلسلہ (روشنی وغیرہ کا) ؛ چادر (نور کی) - (۵) (طبیعیات) کمیت ؛ مادہ - (۶) اکٹھا ہونا ؛ اکٹھا کرنا - (۷) (فوج) فوجوں کو ایک مرکز پر جمع کرنا -

he is m. of bruises : وہ زخموں سے چور ہے ؛ وہ سراپا زخم ہے -

in the m. : مجموعی حیثیت سے ؛ من حیث المجموع -

m. of manoeuvre : وہ ترح جو حرکت عسکری کے لئے خالی یا محفوظ رکھی جائے -

m. meeting : جلسۂ عام ؛ عام سیاسی جلسہ -

the mm. : عوام کالانعام ؛ عوام الناس -

the m. or *the great m.* : اکثریت ؛ کثرت تعداد -

Massacre, *n.* & *v. t.* : (۱) قتل عام ؛ عام خونریزی ؛ بہت سے جانور ذبح کرنا - (۲) قتل کرنا ؛ خون ریزی کرنا ؛ ذبح کرنا ؛ بیدردی سے قتل کرنا ؛ گلے پر چھری پھیرنا -

Massage, *n.* & *v. t.* : (۱) جسم کی مالش ؛ مشت مال ؛ ملدلی ؛ چپی - (۲) مالش کرنا (جسم کی) ؛ (ہاتھ پاؤں) دبانا ؛ ملدلی کرنا ؛ چپی کرنا ؛ مشت مال کرنا -

Masse, *n.* : (انٹے کا کھیل) صودی نشانہ ؛ وہ نشانہ جو چھڑی کو سیدھا رکھ کر لگایا جائے -

Masseur, *n.* (fem.-euse) : جسم کی مالش کرنے والا ؛ مشت مالی کرنے والا ؛ ہاتھ پاؤں دبانے والا -

masser, massor, *nn.* : دلاک ؛ حمامی -

Massif, *n.* : اونچے پہاڑوں کا گتھا ہوا سلسلہ -

Massive, *a.* : (۱) بڑا اور بھاری ؛ بڑا اور ٹھوس - (۲) (نقشہ ، چہرہ وغیرہ) بھاری ، چوڑا چکلا - (۳) (مجازاً) ٹھوس - (۴) (نفسیات) وسیع ، کثیر (احساس وغیرہ) -

massively, *adv.* : بڑے اور بھاری پن یا ٹھوس پن سے -

massiveness, *n.* : بھاری پن ؛ ٹھوس پن ؛ وسعت یا کثرت احساس -

Massy, *a.* : (۱) بھاری ؛ ٹھوس - (۲) وزنی ؛ گراں ؛ بوجھل ؛ وقیع ؛ اہم -

massiness, *n.* : (۱) بھاری پن ؛ بوجھل پن ؛ ٹھوس پن ؛ اہمیت ؛ وقعت -

Mast, *n.* : مستول ؛ ستون کشتی -

before the m. : دیکھو Before -

half-m. high : دیکھو Half -

m.-head : (۱) مستول کی چوٹی ؛ سرمستول ؛ (خصوصاً) نچلے مستول کی چوٹی جس پر چڑھ کر مشاہدہ کرتے ہیں یا جس میں لوگوں کو باندھ کر سزا دیتے ہیں - (۲) ملاح کو مستول کی چوٹی پر چڑھانا - (۳) (باد بان) چڑھانا -

two-, three-masted : دو مستولی ؛ سہ مستولی -

two-, three-master : دو مستول والا ؛ تین مستول والا -

Mast, *n.* : شاہ بلوط وغیرہ کا پھل -

Master, *n.* : (۱) مالک ؛ مختار ؛ قابض ؛ متصرف - (۲) (جہاز رانی) تجارتی جہاز کا کپتان - (۳) آقا ؛ آجر ؛ کار خانے کا مالک - (۴) کتے ، گھوڑے ، وغیرہ کا مالک - (۵) سردار خاندان ؛ صاحب خانہ ؛ ماہر فن ؛ ماہر فن مزدور ؛ فن دان ؛ رئیس المدارس ؛ حاکم ؛ عامل ؛ ناظم - (۶) استاد ؛ معلم - (۷) استاد فلسفہ وغیرہ - (۸) کاریگر (خصوصاً وہ جس کا اپنا کار خانہ ہو) جیسے (m. carpenter) - (۹) استاد فن ؛ کامل فن ؛ مسلم الثبوت آرٹسٹ (خصوصاً تیرھویں اور سترھویں تک کے نقاش) - (۱۰) ان نقاشوں کی بنائی ہوئی تصویر - (۱۱) میاں ؛ بھیا (شرفا کے لڑکوں کے نام کے ساتھ لوگ خصوصاً نوکر یہ لقب لگاتے ہیں) -

a m. mind : برترین یا افضل ترین شخص -

be master of : کسی شے میں کمال حاصل کرنا ؛ ماہر ہونا -

be one's own m. : اپنی مرضی کا مختار ہونا -

house m. : دیکھو House -

m.-at-arms : جنگی جہاز کا پولیس افسر -

m.-key : ہر قفلی کلجی ؛ وہ کنجی جو بہت سے تفلوں میں لگ جائے -

m. mason : (۱) ماہر فن معمار ، کاریگر ؛ راج - (۲) فرامشن سوسائیٹی کا وہ رکن جو تیسری منزل سے گزر چکا ہو -

M. in Chancery : دیکھو Chancery -

M. of Arts (M. A.) : ایم - اے -

M. of Ceremonies : دیکھو ceremony -

m. of misrule : دیکھو Misrule -

M. of rolls : دیکھو Roll -

M. of the Horse : انگلستان کے محل شاہی کا ایک عہدہ دار -

make oneself m. of : عبور حاصل کرنا ؛ مہارت پیدا کرنا -

M. of the revels : میر طرب ؛ محل شاہی اور Inns of court کے جلسوں اور جشنوں کا منتظم -

masterpiece : شاہ کار ؛ مہا کاج -

m.-stroke : معرکے کی تدبیر ؛ غضب کی چال ؛ (حکمت عملی وغیرہ کا) کمال -

The M. : آقا ؛ مولا (حضرت عیسیٰ) -

masterdom, masterhood, *nn.* : آقائی ؛ حکومت ؛ قبضہ ؛ تصرف -

masterless, *a.* : بے مالک ؛ بے آقا وغیرہ -

Master, *v. t.* : (۱) غالب آنا ؛ مغلوب کرنا ؛ فتح کرنا ؛ شکست دینا - (۲) مطیع کرنا ؛ تسخیر کرنا ؛ تابع کرنا ؛ زیر کرنا ؛ قابو میں لانا - (۳) کمال حاصل کرنا ؛ تکمیل کرنا ؛ مہارت حاصل کرنا ؛ عبور حاصل کرنا ؛ دسترس پیدا کرنا ؛ دستگاہ حاصل کرنا ؛ قدرت حاصل کرنا ؛ حاوی ہونا (علوم و فنون میں ، اوزار کے استعمال میں) - (۴) حکومت کرنا ؛ حکم چلانا -

Masterful, *a.* : (۱) خود سر ؛ خود رائے ؛ تحکم پسند - (۲) قوی العزم -

masterfully, *adv.* : (۱) خودرایانہ ، خود سری سے ؛ تحکم پسندی سے - (۲) قوی العزمی سے -

masterfulness, *n.* : (۱) خودرائی ؛ خود سری ؛ تحکم پسندی - (۲) قوی العزمی -

Masterly, *a.* : استادانہ ، ماہرانہ ؛ اعلیٰ درجے کا ؛ عمدہ -

masterliness, *n.* : استادی ؛ مہارت ؛ کمال ؛ عمدگی -

Mastership, *n.* : (۱) معلمی ؛ ماسٹری ؛ ٹیچری ؛ استادی ؛ معلمی - (۲) حکومت ، سرداری ؛ قبضہ -

Mastery, *n.* : (۱) واقفیت ؛ مہارت ؛ دسترس ؛ دستگاہ - (۲) قبضہ ؛ دخل ، حکومت ، سرداری ؛ فرمان روائی - (۳) غلبہ - (۴) مہارت ؛ استادی ؛ کمال ؛ کاریگری ؛ چابک دستی ؛ یدطولیٰ -

Mastic, *n.* : (۱) (نباتیات) مصطگی ؛ درخت مصطگی - (۲) ایک طرح کی گوند - (۳) شراب جس میں مصطگی کی چاشنی ہوتی ہے - (۴) ہلکا زرد رنگ -

masticic, *a.* : مصطگی کا -

Masticate, *v. t.* : (۱) چبانا (غذا کو دانتوں سے) -

masticability, *n.* : چبایا جاسکنا ؛ چبانے کے قابل ہونا

mastication, *n.* : چبائی ؛ چبانے کا عمل ؛ چبانا -

masticator, *n.* : چبانے والا -

masticatory, *a.* : چبانے کا -

Mastiff, *n.* : ماسٹف ؛ ایک بڑا کتا جس کے کان اور ہونٹ لٹکے ہوئے ہوتے ہیں -

Mastitis, *n.* : التہاب پستان ؛ ورم پستان -

Mastodon, *n.* : مستودن؛ ہاتھی سے مشابہ جانور جواب معدوم ہے -

mastodontic, *a.* : مستودنی -

Mastoid, *a.* : (تشریح) پستان نما -

Masturbate, *v. i.* : جلق لگانا ؛ ہتھ رس کرنا؛ مشت زنی کرنا -

masturbation, *n.* : جلق ؛ ہتھ رس ؛ مشت زنی -

Mat, *n* : (۱) چٹائی ؛ بوریا ؛ سیتل پاٹی - (۲) زیر انداز ؛ پائنداز (خصوصاً door-m.) -

Mat, *v. t. & i.* : (۱) (کمرے وغیرہ میں) چٹائی بچھانا؛ بوریا بچھانا ؛ چٹائی کا فرش بچھانا ؛ بوریے کا فرش بچھانا - (۲) الجھا دینا - (۳) الجھ کر گچھا سا بن جانا -

matted hair : موئے ژولیدہ ؛ الجھے ہوئے بال -

Mat, *a. n. & v. t.* : (۱) ماند ؛ مدھم ؛ بے رونق ؛ بے آب - (۲) (چوکھٹے دار ؛ تصویر کے گرد) غیر مجلی سنہرا حاشیہ - (۳) زر خام کا سا رنگ وغیرہ؛ مدھم پن ؛ ماند پن - (۴) (منقش شیشے وغیرہ کی) کھردری زمین ؛ دانہ دار زمین - (۵) ملمع کو ماند کرنا ؛ شیشے کو کھردرا کرنا ؛ دانہ دار بنانا -

Matador, *n.* : (۱) (اسپین) سانڈ سے لڑنے والا پہلوان ؛ ثور افگن - (۲) بعض کھیلوں میں تاش کا سب سے بڑا پتہ -

Match, *n.* : (۱) مد مقابل ؛ حریف ؛ جوڑ ؛ ٹکر کا شخص - (۲) نظیر ؛ مثیل ؛ جواب - (۳) ہمسر ؛ ہم پلہ - (۴) مقابلہ ؛ مقابلے کا کھیل ؛ میدان ؛ میچ - (۵) بر؛ جوڑا؛ دولہا یا دلھن -

make a m. : شادی کرانا ؛ بیاہ کرانا -

m.-board : سال تختہ ؛ وہ تختہ جس کے ایک طرف نوک نکلی ہو اور دوسری طرف چول ہو تاکہ دوسرے تختے میں سال دیا جائے -

m.-maker : شخص جسے شادیاں کرانے کا شوق ہو -

Match, *v. t. & i.* : (۱) شادی کرانی ؛ بیاہ کرانا - (۲) برابر کا جوڑ ہونا ؛ ہمسر ہونا - (۳) مقابلے میں لانا یا کھڑا کرنا - (۴) میل کھانا؛ (مقدار ، صفت ، رنگ وغیرہ میں) یکساں ہونا یا جوڑ کا ہونا - (۵) میل کی چیز ڈھونڈنا ؛ میل ملانا -

Match, *n.* : (۱) ماچس ؛ دیا سلائی ؛ کبریت ؛ آگ کاڑی - (۲) (توپ وغیرہ کا) فتیلہ ؛ فلیتہ ؛ بتی ؛ توڑا ؛ شتابہ -

m.-box : آگ پیٹی ؛ ماچس کا بکس ؛ دیا سلائی کا بکس ؛ ماچس کی ڈبیا -

m.-lock : توڑے دار بندوق -

matchwood : لکڑی کا چھوٹا پتلا ٹکڑا ؛ دیا سلائی کی لکڑی -

safety m. : محفوظ دیا سلائی ؛ وہ دیا سلائی جس کی سطح ضروری ہو -

Matchet, *n.* : بڑا چاقو ؛ چھرا ؛ بغدا (جو شمالی امریکہ وغیرہ میں اوزار اور ہتھیار کے طور پر استعمال ہوتا ہے) -

Matchless, *a.* : بے نظیر ؛ عدیم المثال ؛ بے مثیل ؛ لاثانی ؛ لاجواب؛ بے مثل ؛ فرد ؛ عدیم النظیر -

matchlessly, *adv.* : لاجواب طور پر ؛ بے نظیر طور پر ؛ بے مثل انداز سے ؛ لاثانی اسلوب سے -

Mate, *n. & v. t.* : (شطرنج) (۱) مات (*checkmate*) - (۲) مات دینا -

fool's m. : احمق مات(ج)؛ مات جو دو ہی چالوں میں ہو جائے -

stale m. : ضیق ؛ زچ -

Mate, *n.* : (۱) (مزدور) رفیق ؛ ساتھی ؛ (عربی خطاب) دوست - (۲) (پرندوں کا) جوڑا ؛ نر یا مادہ - (۳) بر ؛ جوڑا ؛ دولہا یا دلھن - (۴) (تجارتی جہاز کا) نائب کپتان - (۵) (باورچی وغیرہ کا) مددگار ؛ میٹ -

mateless, *a.* : بے رفیق ؛ بے شوہر یا زوجہ؛ اکیلا (جانور) -

Mate, *v. t. & i.* : (۱) شادی کرانا ؛ نکاح کرانا - (۲) شادی کرنا ؛ بیاہ کرنا ؛ نکاح کرنا - (۳) (پرندوں کا) جوڑا ملانا - (۴) (پرندوں کا آپس میں) جوڑا ملنا - (۵) ہم صحبت ہونا ؛ ہم نوالہ و ہم پیالہ ہونا ؛ ساتھ اٹھنا بیٹھنا -

Mate, *n.* : ایک قسم کا درخت جس میں پیراگوے کی چائے (Paraguay tea) پیدا ہوتی ہے - (۲) پیراگوے کی چائے - (۳) اس چائے کی جھاڑی -

Matelot, **matlo**, *n.* : (جہازوالوں کا روز مرہ) ملاح -

Matelote, *n.* : شراب اور پیاز وغیرہ کے مسالے میں پکی ہوئی مچھلی ؛ ماتلوت -

Mater, *n.* : (مکتب ؛ روز مرہ) ماں ؛ اماں ؛ اماں جان -

dura mater : دیکھو Dura -

materfamilias : گھر کی بڑی بوڑھی -

pia mater : دیکھو pia -

Material, *a. & n.* : (۱) معنوی؛ نفس مضمون کے متعلق؛ ہیولی کے متعلق - (۲) مادی ؛ ہیولائی - (۳) مادیت پرستانہ ؛ مادی ؛ مادیاتی - (۴) جسمانی (راحت وغیرہ) - (۵) اہم ؛ ضروری - (۶) وہ اشیا جن سے کوئی چیز بنائی جائے ؛ مسالہ ؛ سامان - (۷) کپڑا ؛ پارچہ - (۸) مواد ؛ مسالہ (تاریخی کتاب وغیرہ کے لئے) -

m. theory (of heat) : (حرارت کا) نظریۂ مادیت یعنی یہ نظریہ کہ گرمی مادی شے ہے -

raw m. : خام اشیا ؛ خام اجناس -

writing-mm. : سامان نوشت و خواند ؛ لکھنے کا سامان -

materiality, *n.* : ہیولانیت ؛ مادیت ؛ جسمانیت -

materially, *adv.* : معنوی حیثیت سے؛ مادی طور پر ؛ جسمانی طور پر -

Materialism, *n.* : (۱) مادیت؛ مادہ پرستی ؛ یہ نظریہ کہ دنیا میں سوائے مادے کے جوہر موجود نہیں ؛ یہ عقیدہ کہ شعور اور ارادہ بھی مادے کے مظاہر ہیں - (۲) (آرٹ) مادیت ؛ اشیا کے مادی پہلو پر زور دینا -

materialist, *n.* : مادی ؛ مادہ پرست ؛ دہری -

materialistic, *a.* : دہریانہ ؛ مادہ پرستانہ -

materialistically, *adv.* : مادہ پرستانہ انداز سے -

Materialize, *v. t. & i.* : (۱) مادی بنانا ؛ مادی قرار دینا - (۲) مادی بنانا ؛ ہیولائی بنانا ؛ جسم کی صورت میں لانا ؛ مجسم کرنا - (۳) روحوں کو جسمانی شکل میں ظاہر کرنا ؛

روحوں کا جسمانی شکل میں نمودار ہونا - (۳) واقع ہونا ؛ ظہور میں آنا ؛ وقوع میں آنا ؛ حقیقت کا جامہ پہننا - (۵) مادہ پرست بنانا ؛ مادیت کے رنگ میں رنگنا -

materialization, *n.* : تجسیم ؛ مجسم ہونا یا کرنا ؛ وقوع ؛ ظہور -

Materia medica, *n.* : ادویات کا مجموعہ جو علاج میں استعمال ہوتی ہیں ؛ مخزن الادویہ ؛ میٹریا میڈیکا -

Materiel (F), *n.* : مال تجارت ؛ سامان تجارت ؛ بضاعت ؛ پونجی ؛ سامان -

Maternal, *a.* : (۱) مادری ؛ مادرانہ ؛ ماں کا - (۲) ماں کی طرف سے ؛ ننھیالی -

m. uncle : ماموں -

maternally, *adv.* : (۱) مادرانہ ؛ ماں کی طرح ؛ ماں کی طرف سے ؛ ننھیالی رشتے سے -

Maternity, *n.* : (۱) ماں ہونا ؛ امومت ؛ زچگی - (۲) مادرانہ شفقت ؛ ماممتا -

m. bag : وہ تھیلا جس میں وضع حمل کا ضروری سامان ہوتا ہے اور غریبوں کو مفت تقسیم کیا جاتا ہے -

m. hospital : شفاخانۂ زچگی -

Mathematical, *a.* : (۱) ریاضی کے متعلق ؛ ریاضیاتی - (۲) (ثبوت وغیرہ) بالکل صحیح ؛ جچا تلا ؛ بالکل ٹھیک -

mathematically, *adv.* : از روے ریاضی ؛ از روے علم ریاضی -

Mathematics, *n.* pl. : (جمع) ریاضی ؛ علم ریاضی ؛ ریاضیات -

applied m., mixed m. : علمی ریاضی ؛ ریاضی مقرون (مثلاً ہیئت میں) -

pure m. : نظری ریاضی ؛ ریاضی مجرد ؛ ریاضی محض -

mathematician, *n.* : ریاضی داں ؛ ماہر ریاضی -

Matico, *n.* : پیرو جھاڑ ؛ ایک جھاڑی جو ملک پیرو میں پائی جاتی ہے اس کی پتیاں خون کے بہنے کو روکتی ہیں -

Matin, *n.* : (۱) (جمع) تسبیح نیم شب ؛ تسبیح صبح (جس کا بائبل میں حکم ہے) - (۱) (جمع) (کلیسائے انگلستان) نماز صبح ؛ دعائے صبح - (۳) (واحد یا جمع شعر) نغمۂ مرغان سحر ؛ پرندوں کا زمزمۂ صبح گاہی -

Matinee, *n.* : سہ پہر کا تماشا (تھیٹر ، سنیما وغیرہ کا) ؛ سہ پہر کی صحبت موسیقی -

the m. hat : (۱) عورتوں کی ٹوپی جو تماشے میں حائل ہو - (۲) خاص وضع کے ٹوپی جو تماشے میں حائل نہ ہو -

Matio : دیکھو Matelot -

Matrass, *n.* : بھبکا ؛ قرنبیق -

Matriarch, *n.* : (Patriarch) وہ عورت جو رتبے میں سر قبیلہ کے برابر ہو ؛ مزاحاً گھر کی بڑی بوڑھی کو کہتے ہیں -

Matriarchy, *n.* : (۱) وہ عمرانی تنظیم جس میں ماں سردار خاندان ہوتی ہے ؛ حکومت مادری -

matriarchal, *a.* : حکومت مادری کے متعلق -

Matricide, *n.* : (۱) مادر کشی ؛ قتل مادر - (۲) اپنی ماں کا قاتل ؛ قاتل مادر -

matricidal *a.* : مادر کشانہ ؛ قتل مادر کے متعلق -

Matriculate, *v. t. & i.* : (۱) (طالب علم کو) یونیورسٹی (جامعہ) میں داخل کرنا ؛ (امتحان وغیرہ کے بعد) جامعہ میں داخلے کا حق عطا کرنا - (۲) طلبہ کا داخل جامعہ ہونا ؛ داخلے کا امتحان پاس کرنا -

matriculation, *n.* : داخلۂ جامعہ ؛ امتحان داخلہ -

matriculatory, *a.* : امتحان داخلہ کے متعلق ؛ داخلۂ جامعہ کے متعلق -

Matrimony, *n.* : (۱) بیاہ ؛ شادی ؛ عقد ؛ نکاح ؛ ازدواج - (۲) تاش کے بعض کھیلوں میں ترپ کے شاہ و بیگم کا ایک جگہ جمع ہونا - (۳) تاش کا ایک کھیل -

matrimonial, *a.* : بیاہ شادی کے متعلق ؛ ازدواجی ؛ متعلق بہ نکاح -

matrimonially, *adv.* : از روے ازدواج ؛ شادی کی بناء پر ؛ شادی کے اعتبار سے -

Matrix, *n.* (pl. -ices, -ixes) : (۱) (تشریح) رحم ؛ بچہ دانی ؛ کوکھ - (۲) مقام نشو و نما ؛ منشا - (۳) جسم حیوانی کے کسی عضو کا جزو ترکیبی - (۴) چٹان وغیرہ کا ٹکڑا جس میں جواہرات وغیرہ پائے جائیں - (۵) (حیوانیات) وہ مادہ جو دو خلیوں کے درمیان ہوتا ہے ؛ دھارن - (۶) ٹائپ وغیرہ کا سانچہ -

Matron, *n.* : (۱) زن منکوحہ ؛ بیاہی عورت - (۲) شفاخانے ، مدرسے وغیرہ کی منتظمہ ؛ میٹرن -

matronage, *n.* : (۱) مدرسے وغیرہ کی منتظمہ کا عہدہ یا کام - (۲) جماعت منتظمات -

matronal, *a.* : منتظمہ کا یا اس کے متعلق -

matronhood, *n.* : بیاہی ہونا -

matronly, *a.* : بیاہی عورتوں کا سا -

matronship, *n.* : منتظمہ کا عہدہ یا کام -

Mattamore, *n.* : غلہ خانہ ؛ زمین دوز گودام یا گودام -

Matter, *n.* : (۱) جنس خام ؛ وہ مادہ جس سے اشیا بنتی ہیں - (۲) مواد ؛ ریم ؛ پیپ ؛ راد - (۳) ہیولیٰ ؛ مادہ ؛ جوہر مادی - (۴) (منطق) قضیے کا موضوع ؛ مدعا - (۵) مسئلہ ؛ امر - (۶) (کتاب یا تقریر کا) مضمون ؛ موضوع ؛ مغز - (۷) موقع ؛ مقام (شکایت ، افسوس وغیرہ کا) -

for that m. : اس معاملے میں ؛ اس امر خاص میں ؛ جہاں تک اس بات کا تعلق ہے -

hanging m. : پھانسی کا کام ؛ پھانسی کا معاملہ -

laughing m. : ہنسی کی بات -

m. of course : وہ بات جو خود بخود یعنی قدرتی طور پر واقع ہو -

matter -of- course : (وہ بات) جو خود بخود یعنی قدرتی طور پر واقع ہو -

m. of fact : امر واقع ؛ واقعات کا سوال -

m. -of- fact : (قانون) امر واقعہ ؛ واقعات کا مسئلہ -

m. of fact : تخیل سے کورا ؛ شاعریت سے خالی ؛ بے ذوق -

m. -of -law : امر قانونی ؛ قانون کا مسئلہ -

money mm. : روپے پیسے کا معاملہ -

no m. : کوئی بات نہیں ؛ کچھ مضائقہ نہیں -

postal m. : ایسی چیزیں جو ڈاک میں بھیجی جا سکیں -

printed m. : چھپی ہوئی چیز -

that is a m. of habit : یہ عادت کی بات ہے -

mattery, *a.*: پرمواد؛ پیپ بھرا -

Matter, *v. i.*: (۱) اہم ہونا ؛ ضروری ہونا ؛ اہمیت رکھنا - (۲) پیپ پڑنا ؛ پیپ بننا ؛ پیپ بہنا ؛ بہنا (زخم کا) -

Matting, *n.*: چٹائی ؛ بوریا -

coconut m.: ناریل کی چٹائی ؛ ناریل کا فرش -

Mattock, *n.*: ایک طرح کی کدال -

Mattoid, *n.*: سنکی آدمی؛ وہ شخص جو غیر معمولی ذہانت رکھتا ہو مگر اس کا دماغ صحیح نہ ہو -

Mattress, *n.*: گدا (کوچ کا جس میں پیال وغیرہ بھری ہو) -

spring m.: کمانی دار گدا -

Maturate, *v. i.*: (طب) پھوڑے وغیرہ کا پکنا -

Maturation, *n.*: (۱) پھوڑے وغیرہ کا پکنا؛ مادے کا پک جانا یا پکا دینا - (۲) پھل کا پکنا - (۳) نشو و نما ؛ پختہ ہونا -

maturative, *a.*: پھوڑے وغیرہ کو پکانے والی -

Mature, *a.*: (۱) رسیدہ ؛ بالغ؛ پختہ ؛ پکا - (۲) جس کی جسمانی اور ذہنی نشو و نما مکمل ہوچکی ہو ؛ پختہ سیرت ؛ پختہ کار - (۳) (ہنڈی) واجب الادا -

m. deliberation: کامل غور و فکر -

m. plans: پختہ تجاویز ؛ مکمل منصوبے (جو کامل غور و فکر کے بعد قرار پائیں) -

maturely, *adv.*: کامل نشو و نما کے ساتھ ؛ پختہ طور پر -

matureness, : (۱) بلوغ؛ پختگی؛ رسیدگی - (۲) واجب الادا ہونا -

maturity, *n.*: پختگی ؛ بلوغ ؛ رسیدگی -

Mature, *v. t. & i.*: (۱) پختہ ہونا ؛ تیار ہونا ؛ پکنا ؛ بالغ ہونا؛ نشو و نما کا مکمل ہونا - (۲) پکانا - (۳) پختہ کرنا ؛ کامل ؛ مکمل کرنا - (۴) (ہنڈی کا) واجب الادا ہونا -

Matutinal, *a.*: (۱) سحری ؛ سحرگاہی ؛ صبحگاہی ؛ صبح کا - (۲) سویرے کا ؛ قبل از وقت -

matutine, *a.*: صبح کا وغیرہ -

Maud, *n.*: (۱) اسکاچستان کے گڈریوں کی چادر جس پر خاکستری دھاریاں ہوتی ہیں - (۲) اسی طرز کا سفری غالیچہ یا کمل -

Maudlin, *a. & n.*: (۱) بےجا طور پر رقیق القلب؛ روتی صورت - (۲) (خصوصاً نشے کی وجہ سے) رونا پن ۔ رقت -

Maugre, *prep.*: (شاذ) با وجود -

Maul, mall, *n.*: موگرا؛ موگری -

Maul, *v. t.*: (۱) مارتے مارتے زخمی کر دینا ؛ بری طرح مارنا - (۲) بری طرح یا بے پروائی سے استعمال کرنا ؛ خراب کردینا - (۳) (تنقید میں) پرخچے اڑا دینا ؛ دھجیاں بکھیر دینا -

Mauley, *n.*: (عامیانہ) مٹھی ؛ ہاتھ -

Maulstick, *n.*: وہ چھڑی جسے مصور (نقاش) بائیں ہاتھ میں رکھتا ہے تاکہ سیدھے ہاتھ سے جس میں قلم ہوتا ہے توازن قائم رہے -

Maunder, *v.i.*: کھویا کھویا رہنا ؛ بے جوڑ باتیں کرنا ؛ انمل فقرے کہنا ؛ بے ربط تقریر کرنی ؛ اِدھر اُدھر کی بکواس کرنی

Maundy, *n.*: (۱) (رومن کیتھولک ملکوں میں) غریبوں کے پیر دھونے کی رسم - (۲) (انگلستان میں) خیراتی جمعرات کو پادشاہ کی جانب سے تقسیم خیرات -

m. money: خیراتی رقم ؛ وہ رقم جو خیراتی جمعرات کو بادشاہ کی جانب سے شاہی داروغہ خیرات تقسیم کرتا ہے -

M. Thursday: خیراتی جمعرات (ایسٹر سے قبل کی جمعرات) -

Mauser, *n.*: ماؤزر ؛ ایک خاص فوجی رائفل (جو موجد کے نام سے موسوم ہے) -

Mausoleum, *n.*: مقبرہ (اصل میں یونانی بادشاہ Mausolus کی قبر کا نام تھا)؛ قبر کی شاندار عمارت -

Mauvais, *a.*: خراب ؛ برا -

m. quart d' heure: مختصر مگر تلخ تجربہ ؛ مختصر مگر ناگوار ملاقات -

M. sujet: بد معاش -

Mauvaischonte (F), *n.*: (۱) بیجا شرم ؛ ناجائز شرم ؛ فضول شرم - (۲) ناگوار شرمیلا پن یا جھینپو پن -

Mauve, *n & a.*: (۱) ایک شوخ اور لطیف ارغوانی رنگ - (۲) اس رنگ کا -

Mavis, *n.*: (شعر) ماوس ؛ ایک قسم کا نغمہ سنج پرند -

Maw, *n.*: (۱) (مزاحاً) معدہ (انسان کا) - (۲) جگالی کرنے والے جانوروں کے چار معدوں میں سے آخری معدہ -

mawworm: کیچوا؛ کیڑا جو آنتوں میں پیدا ہوتا ہے -

Mawkish, *a.*: (۱) (کھانے کی چیز) منہ بھرا دینے والی- (۲) رقت کا ؛ روتے پن کا -

mawkishly, *adv.*: اس طور سے کہ منہ بھر جائے -

mawkishness, *n.*: (۱) منہ بھرا دینے کی کیفیت - (۲) رقیق القلبی ؛ رونا پن -

Mawseed, *n.*: پوست کا دانہ ؛ خشخاش ؛ تخم افیون -

Maxilla, *n.* (pl.-ae): فقرے دار جانوروں کا اوپر کا جبڑا ؛ جبڑا؛ جبڑے کی ہڈی ؛ فک -

maxillary, *a.*: جبڑے کے متعلق؛ جبڑے کی ہڈی کے متعلق؛ فکی-

maxilliform, *a.*: جبڑے کی شکل کا؛ جبڑے کا سا؛ فک نما -

Maxim, *n.*: (۱) اصول ؛ قاعدہ ؛ ضابطۂ عمل - (۲) گر ؛ حکمت ؛ (حکیمانہ) قول ؛ دانش و ... کا مقولہ -

Maxim, *n.*: میکسم؛ ایک ڈھنگ کی مشین گن جو بہت تیزی سے گولہ باری کرتی ہے اور ٹھنڈا رکھنے کے لئے اس کے خول میں پانی بھرا رہتا ہے-

M.-Nordenfelt gun: میکسم گن کی ایک تغیر یافتہ صورت -

Maximalist, *n.*: روس کے ایک اشتراکی فرقے کا رکن جو اپنے مطالبات میں بہت سخت ہے اور کسی مصالحت کو پسند نہیں کرتا ؛ کٹر ؛ انتہا طلب ؛ متشدد -

Maximize, *v.t.*: (۱) بہت بڑھا دینا ؛ انتہا تک پہنچا دینا - (۲) بڑھا چڑھا کر دکھانا یا بیان کرنا - (۳) کسی اصول کی تفسیر میں غلو کرنا ؛ انتہائی پہلو کو اختیار کرنا -

maximization, *n.*: انتہا تک پہنچانا ؛ بڑھانا ؛ مبالغہ ؛ غلو ؛ افراط (ضد تفریط) -

Maximum, *n.* (pl. usu. -ma): (۱) بڑی سے بڑی مقدار؛ بڑی سے بڑی تعداد انتہا ؛ فائض؛ منتہا - (۲) زیادہ سے زیادہ ؛ اعظم؛ اکثر -

m. thermometer: اعلی تپش پیما ؛ اعلی مقیاس الحرارت -

Maximus, *a.*: (اسکولوں میں) ایک نام کے کئی لڑکوں میں سب سے بڑا ؛ بڑا ؛ کلاں (مثلاً Lateef m.) -

May, *v. auxil* (3rd sing. *may*, past *might*): (۱) سکنا ؛ ممکن ہونا ؛ امکان ہونا ؛ اختیار ہونا ؛ اجازت ہونا - (۲)

خراهش یا دعا کے لئے آتا ھے (مثلاً *M. you live long*) - (۳)
سوالات میں بلا تاکید لاعلمی ظاھر کرنا (مثلاً *who m. you be*) -
شائد؛ ممکن ھے کہ -

may be :

might-have-been : کسی چیز کا امکان جو پہلے تھا اب نہیں رہا ؛ گزرا ہوا امکان -

who m. you be ? : خدا جانے تم کون ہو -

May, *n.*: (شعر) دوشیزہ ؛ کنواری -

May, *n.*: (۱) مئی ؛ ماہ مئی - (۲) (مجازاً) (کسی چیز کا) شباب؛ عنفوان شباب؛ نوبہار - (۳) hawthorn کی کلی یا شگوفہ- (۴) (جمع) (جامعۂ کیمبرج) مئی کے امتحانات ؛ کشتیوں کی دوڑ جو آخر مئی یا شروع جون میں ہوتی ھے -

M. -day : یوم بہار ؛ یکم مئی -

Mayfair : لندن کا ایک محلہ جہاں امرا رہتے ھیں -

m. -fly : ایک موسمی کیڑا -

M. -games : وہ کھیل جو یکم مئی کو کھیلے جاتے ھیں؛ یوم بہار کے کھیل-

M. meetings : مذھبی انجمنوں وغیرہ کے اجلاس جو مئی میں ہوتے ھیں -

may-pole : وہ چھڑ جو یوم بہار کو پھولوں سے آراستہ کرکے نصب کی جاتی ھے اور اس کے آس پاس ناچتے ھیں -

M. -week : (کیمبرج) ھفتۂ بہار ؛ ھفتہ مئی (جو آخر مئی میں یا شروع جون میں منایا جاتا ھے) -

Queen of (the) M.: ملکۂ بہار ؛ ملکۂ مئی ؛ وہ لڑکی جو یوم بہار کے کھیلوں میں ملکہ بنائی جائے -

maying: (۱) howthorn کی کلیوں کو چننا - (۲) یوم بہار منانا -

Maya, *n.*:- (فلسفۂ زندگی) فریب زندگی؛ فریب نظر؛ سراب نظر؛ مایا -

Mayan, *a.* : ماری ؛ قدیم مایا قوم یا اس کے تمدن سے متعلق -

Mayonnaise, *n.*: ساس کی قسم کی چیز جو انڈے کی زردی وغیرہ سے تیار کرتے ھیں -

Salmon, chicken &c. m.: پکی ہوئی مچھلی یا مرغی جسکے ساتھ یہ چیز ہو -

Mayor, *n.*: (۱) رئیس بلدیہ ؛ صدر بلدیہ -

Lord m.: لندن اور برطانیہ کے بعض بڑے شہروں کے رئیس بلدیہ کا لقب-

mayoral, *a.* : میئری؛ میئر کے متعلق؛ صدر بلدیہ کے متعلق -

Mayoralty, *n.*: صدر بلدیہ کا عہدہ ؛ صدر بلدیہ کی میعاد حکومت -

Mayoress, *n.*: میئر کی بیوی ؛ صدر بلدیہ کی بیوی -

Mazard, *n.*: (۱) (قدیم) سر ؛ چہرہ - (۲) سیاہ شاھدانہ یا گیلاس (*cherry*) -

Mazarine, *n.* & *a.*: گہرا نیلا رنگ ؛ لاجوردی رنگ -

Mazdaism, *n.*: (۱) مذھب زرتشت -

Maze, *n.* & *v. t.*:- (۱) سڑکوں یا رستوں کا پیچیدہ جال؛ بھول بھلیاں- (۲) گورکھ دھندا ؛ بے ترتیب مجموعہ ؛ پیچ در پیچ مجموعہ - (۳) حیران کر دینا؛ چکر میں ڈال دینا؛ سراسیمہ کردینا؛ گھبرا دینا -

mazily, *adv.*: پیچیدگی سے؛ بھول بھلیاں کی طرح ؛ گورکھ دھندے کی طرح -

maziness, *n.*: الجھا ہوا ہونا ؛ پیچ در پیچ ہونا -

mazy, *a.*: پیچیدہ ؛ پر پیچ و خم ؛ پیچ در پیچ ؛ الجھا ہوا -

Mazurka, *n.*: (۱) ایک طرح کا پولستانی رقص - (۲) سرود جو اسکے ساتھ ہوتا ھے -

Me, *pron.*: (۱) مجھے ؛ مجھکو - (۲) (روزمرہ) میں - (۳) (قدیم شعر) (میں نے) اپنے آپ کو -

Mead, *n.*: ایک قسم کی شراب جو شہد سے تیار کی جاتی ھے -

Mead, *n.*: (شعر) meadow کا مخفف -

Meadow, *n.*: (۱) چراگاہ؛ مرغزار؛ سبزہ زار - (۲) ترائی؛ سیراب زمین-

m. -sweet : ایک گلاب کی طرح کا پودا جو مرغزاروں میں اگتا ھے اس کا طرہ دودھیا رنگ کا اور پھول خوشبودار ہوتا ھے -

meadowy, *a.*: سبزہ زار کے مانند؛ جہاں سبزہ زاروں کی کثرت ہو-

Meagre, *a.*: (۱) دبلا ؛ پتلا ؛ لاغر ؛ نحیف - (۲) حقیر ؛ کم مایہ ؛ تھوڑا؛ قلیل؛ کم؛ ناکافی-(۳) (عبارت، خیالات) نامکمل؛ ناقص؛ تشنہ -

meagrely, *adv.*: قلیل مقدار میں؛ نامکمل طور پر؛ ناقص طور پر-

meagreness, *n.*: لاغری؛ کمی ؛ قلت ؛ بے مائگی ؛ کوتاھی -

Meal, *n.*: آٹا ؛ میدہ ؛ چونی -

whole m.: دیکھو Whole -

Meal, *n.* & *v. i.*: (۱) غذا جو مقررہ وقت پر کھائی جائے ؛ طعام ؛ کھانا ؛ کھانے کی باری یا وقت - (۲) دودھ کی وہ مقدار جو گائے بھینس وغیرہ سے ایک وقت میں حاصل ہو - (۳) کھانا کھانا -

m. -time: کھانے کا وقت -

Mealie, *n.*: (جنوبی افریقہ، عموماً جمع) مکئی -

Mealy, *a.*: (۱) آٹے کا ؛ میدے کا ؛ آٹا سا ؛ میدا سا ؛ جس میں آٹا ہو - (۲) سوکھا اور بھر بھرا (ابلا ہوا آلو) - (۳) (گھوڑا) ابلق؛ چتلا ؛ گل دار - (۴) پیلا (چہرے کا رنگ) - (۵) چرب زبان؛ چکنی چپڑی باتیں کرنے والا؛ اعتراض میں نرمی کرنے والا ؛ نرم زبان-

m. -bug : ایک کیڑا جو انگور کی بیل وغیرہ میں لگ جاتا ھے -

m. primrose : ایک قسم کا primrose -

mealiness, *n.*: (۱) آٹے سے بھرا ہونا - (۲) بھر بھرا پن - (۳) چتلا رنگ - (۴) پیلا پن - (۵) چرب زبانی -

Mean, *n.*: (۱) اوسط؛ حد اوسط ؛ نقطۂ اعتدال - (۲) (ریاضی) اوسط - (۳) (جمع جو اکثر واحد کے طور پر استعمال ہوتی ھے) ذریعہ ؛ وسیلہ؛ واسطہ - (۴)(جمع) آمدنی؛ مقدرت؛ دولت؛ ثروت

by all (manner of) mm.: ہر طرح سے ؛ ہر ممکن ذریعے سے ؛ یقیناً -

by no (manner of) mm.: مطلق نہیں؛ ہرگز نہیں؛ قطعاً نہیں-

golden m., happy m.: اوسط جو خیر الامور ھے -

mm. of grace : وسائل برکت (کلیسائی رسوم و عبادت کو کہتے ھیں) -

ways & mm.: دیکھو Way -

Mean, *a.*: (ریاضی) اوسط -

in the m. time, while : اس اثنا میں -

meantime, meanwhile : اس اثنا میں -

m. proportional : (ریاضی) متناسب اوسط ؛ تین مقداروں میں سے درمیانی مقدار جس سے پہلی کو وھی نسبت ہو جو خود اس کو تیسری سے ھے -

m. sea level : سمندر کی سطح اوسط -

m. sun : فرضی آفتاب جو آسمانی خط استوا پر اصلی آفتاب کی اوسط رفتار سے حرکت کرتا ہو -

Mean, *a.*: (۱) گھٹیا ؛ ادنی درجے کا ؛ حقیر - (۲) کم رو ؛ کم حیثیت ؛ بے حیثیت - (۳) رذیل ؛ کمینہ ؛ دنی ؛ خسیس ؛

بخیل ؛ کنجوس ؛ تنگ خیال ؛ تنگ ظرف -

he is no m. scholar : وہ کوئی معمولی علم و فضل کا آدمی نہیں ؛ وہ اعلیٰ درجے کا عالم ہے -

m. white : (تاریخ) ریاستہائے متحدہ امریکا کی جنوبی ریاستوں کے گوری قوم کے لوگ جن کے پاس جائداد نہیں تھی ؛ بے مایہ گورے -

meanly, *adv.* : قلیل مقدار میں ؛ افلاس زدہ حالت میں ؛ کمینہ پن سے ؛ تنگ ظرفی سے ؛ تنگ خیالی سے ؛ دون ہمتی سے -

meanness, *n.* : کمینہ پن ؛ کمینگی ؛ رذالت ؛ دنائت ؛ خست ؛ کنجوسی ؛ تنگ دلی ؛ تنگ ظرفی ؛ تنگ خیالی ؛ دون ہمتی -

Mean, *v. t.* (meant). : (۱) چاہنا ؛ نیت رکھنا ؛ مد نظر رکھنا ؛ قصد رکھنا ؛ ارادہ رکھنا - (۲) مطلب ہونا ؛ معنی ہونا ؛ مراد ہونا ؛ مفہوم ہونا ؛ منشا ہونا - (۳) کسی چیز کے لئے مخصوص کرنا ؛ کسی مقصد کے لئے بنانا یا منتخب کرنا -

he was meant for a soldier : اس کے والدین اسے سپاہی بنانا چاہتے تھے یا قدرت نے اسے سپاہی ہونے کے لئے پیدا کیا تھا -

Meander, *n. & v. i.* : (۱) (جمع) پر پیچ و خم راہیں ؛ پیچدار رستے - (۲) (جمع) دریا کے پیچ و خم ؛ پھیر ؛ چکر - (۳) (عموماً جمع) چکر ؛ پھیر (کا سفر) - (۴) لہر دار کشیدہ (کٹا و کا کام) - (۵) ادھر ادھر پھرنا ؛ چکر لگانا - (۶) دریا کا چکر کھاتے ہوئے بہنا -

Meandrine, *a.* : پر پیچ و خم ؛ خم دار ؛ پیچدار (خصوصاً اس مونگے کی صفت جس کی ساخت انسان کے دماغ کی طرح ہوتی ہے) -

Meaning, *n.* : مطلب ؛ مقصد ؛ مدعا ؛ مفہوم ؛ مقصود ؛ مراد ؛ معنی ؛ منشا -

meaningless, *a.* : بے معنی ؛ مہمل ؛ لغو -

Meaning, *a.* : معنی خیز ؛ پر معنی -

well-m. : نیک نیت -

meaningly, *adv.* : پر معنی طریقے سے -

Measles, *n. pl.* : (جمع) کھسرا ؛ ایک قسم کی چھوتی چیچک (۲) سوروں کی ایک بیماری -

German m. : دیکھو German -

Measly, *a.* : (۱) کھسرے کا ؛ جسے کھسرا ہو - (۲) (عامیانہ) حقیر ؛ ذلیل ؛ نکما -

Measure, *n.* : (۱) ناپ ؛ پیمائش (جسامت ؛ طول ؛ مقدار وغیرہ) - (۲) حد ؛ درجہ ؛ مقدار - (۳) پیمانہ ؛ صاع ؛ وہ ظرف جس سے سیالات وغیرہ ناپی جائیں - (۴) فیتہ جس سے ناپتے ہیں ؛ گز وغیرہ - (۵) وزن کا پیمانہ یا اکائی (جیسے bushel = گیہوں ناپنے کی اکائی) - (۶) پیمائش (کا اصول یا طریقہ) - (۷) معیار ؛ مقیاس - (۸) معینہ حد یا مقدار - (۹) (شعر کا) وزن ؛ بحر - (۱۰) گیت وغیرہ کی تال (۱۱) (قدیم) ناچ - (۱۲) تدبیر یا کار روائی - (۱۳) قانون ؛ ضابطہ -

beyond m. : بے حد ؛ حد سے زیادہ ؛ بے انتہا -

clothes made to m. : ناپ کے مطابق بنے ہوئے کپڑے -

full m. : مقدار کامل ؛ پوری مقدار -

linear m. : طول کی پیمائش ؛ طول کا پیمانہ -

liquid m. : سیالات کی پیمائش ؛ سیالات کا پیمانہ -

set m. to : حد بندی کرنا ؛ حد مقرر کرنا ؛ محدود کرنا -

short m. : (مقدار معینہ سے) کم مقدار ؛ ناقص مقدار -

take mm. : مناسب کارروائی کرنا -

take (person's) measure : (۱) (کسی شخص کے) کپڑوں کی ناپ لینا - (۲) (مجازاً) سیرت وغیرہ کا اندازہ کرنا -

tread a m. : ناچنا -

measureless, *a* : بے اندازہ ؛ بے حد ؛ بے کراں ؛ بے قیاس ؛ بے انتہا -

Measure, *v. t.* : (۱) ناپنا ؛ ماپنا ؛ پیمائش کرنا ؛ تولنا - (۲) (کسی شخص کے کپڑوں کی) ناپ لینا - (۳) (کسی کو) سر سے پیر تک دیکھنا - (۴) (مقررہ طول کا) خط کھینچنا ؛ ناپ کر نشان کرنا ؛ ناپ کر ایک ٹکڑا علاحدہ کر لینا - (۵) کسی کی سیرت وغیرہ کا اندازہ کرنا ؛ کسی غیر مادی چیز کا اندازہ کرنا - (۶) (کسی کو) مقررہ حصہ دینا - (۷) طاقت آزمائی کرنا - (زور) آزمانا - (۸) (شعر) قطع مسافت کرنا -

it measures seven inches : اس کی ناپ ۷ انچ ہے -

m. one's length : زمین پر چت گرنا ؛ زمین ناپنا -

m. swords : (۱) ڈوئیل کے لئے تلواروں کو ناپنا کہ برابر ہیں یا نہیں - (۲) مقابلہ کرنا ؛ زور آزمائی کرنا -

within measurable distance of : بہت قریب -

measurable, *a.* : قابل پیمائش ؛ قابل اندازہ ؛ جو ناپا جا سکے -

measurably, *adv.* : قابل پیمائش طور پر ؛ حد کے اندر -

measurement, *n.* : اندازہ ؛ پیمانہ ؛ مقیاس ؛ پیمائش ؛ ناپ ؛ تول -

Measured, *a.* : (۱) ناپا ہوا ؛ پیمائش کردہ - (۲) موزوں ؛ باقاعدہ ؛ با ترتیب - (۳) جچے تلے (الفاظ) -

Meat, *n.* : (۱) گوشت ؛ لحم ؛ ماس (غذا کی حیثیت سے باستثنائے مرغ) - (۲) (قدیم) غذا ؛ کھانے کی چیز - (۳) (قدیم) کھانا ؛ کھانے کا وقت -

after m. : کھانے کے بعد ؛ بعد از طعام ؛ بعد از غذا -

as full as an egg is of m. : بالکل بھرا ہوا -

before m. : کھانے سے پہلے ؛ قبل طعام ؛ غذا سے پہلے -

green m. : سبزی ؛ ترکاری ؛ چارا -

m. -offering : (بائبل) میدے دار تیل کا چڑھاوا -

m. -safe : گوشت رکھنے کی الماری (جالی دار) -

one man's m. is another man's poison : ایک کے لئے جو نعمت ہے دوسرے کے لئے وہ زہر ہو سکتا ہے -

this was m. & drink to him : یہ اس کے لئے نعمت تھی -

meatless, *a.* : بے گوشت کا -

Meatus, *n.* (pl. -us, -uses). : (تشریح) نالی -

auditory m. : کان کی نالی -

Meaty, *a.* : (۱) پر گوشت ؛ گوشت دار ؛ بھرا بھرا ؛ (گوشت سے) بھرا ہوا - (۲) (مجازاً) پر مغز ؛ ست دار - (۳) گوشت کا ؛ گوشت جیسا -

Mecca, *n.* : (۱) مکہ ؛ مکہ معظمہ - (۲) (مجازاً) وہ جگہ جس کے دیکھنے کی آرزو ہو (۳) (مجازاً) (عقیدے وغیرہ کے) پیدا ہونے کی جگہ ؛ سرچشمہ ؛ مولد و منشا ؛ گہوارہ -

Mechanic, *n.* : (۱) کاریگر ؛ دستکار ؛ اہل حرفہ ؛ مشین ساز - (۲) مشین چلانے والا مستری -

mechanics, *n. pl.* : (۱) علم سکون و حرکت ؛ مکانک ؛ علم جر ثقیل - (۲) مشینوں کا علم ؛ مشین دانی -

Mechanical, *a.* : (۱) مشینی ؛ کلوں کے متعلق ؛ علم جر ثقیل کے متعلق - (۲) مشین سے چلنے والا ؛ مشین کا بنا ہوا ؛ کل دار - (۳) مشین جیسا ؛ کٹھ پتلی کی طرح کا ؛ جس میں اپج بالکل نہ ہو - (۴) مکانکی ؛ سکون و حرکت سے متعلق - (۵) مکانکی (نظریہ) ؛ (نظریہ) جو کل مظاہر کو محض طبیعی حرکت کا نتیجہ سمجھتا ہے -

m. drawing : ڈرائینگ بذریعہ اوزار یا آلات ؛ اوزاری نقشہ کشی جو بذریعہ پرکار کی جائے -

the m. powers : مکانکی اوزار ؛ مکانکی آلات (بیرم ، چرخی وغیرہ) -

mechanicalism, *n.* : نظریۂ مکانکی کی پیروی ؛ مکانکی عقیدہ -

mechanically, *adv.* : مکانکی طریقے سے ؛ از روے علم جر ثقیل ؛ کلوں کے ذریعہ سے ؛ مشین سے ؛ مشین کی طرح ؛ کٹھ پتلی کی طرح ؛ بغیر شعوری ارادے کے -

mechanicalness, *a.* : مکانکی ہونا ؛ مشین جیسا ہونا -

Mechanician, *n.* : کل ساز ؛ مشین بنانے والا ؛ ماہر مشین سازی -

Mechanism, *n.* : (۱) پرزوں کی ترتیب و ترکیب وغیرہ ؛ مشین کی ساخت - (۲) (مجازاً) کسی چیز کی ساخت ؛ ترکیب و ترتیب - (۳) منظم جسم ؛ نظام - (۴) (آرٹ) اصول فن ؛ فنی پہلو ؛ ظاہری ساخت -

Mechanist, *n.* : (۱) (شاذ) مشین ساز - (۲) ماہر مکانک - (۳) مکانکی نظریے کا قائل ؛ جو خیالی مظاہر کو بھی طبیعی اور کیمیاوی اصول کے ماتحت سمجھتا ہے -

Mechanize, *v. t.* : مکانکی بنا دینا ؛ مشین صفت کر دینا -

mechanization, *n.* : مشین صفتی -

Mechlin, *n.* : میکلن (بلجیم) کی بنی ہوی لیس (نیز *M. lace*) -

Meconic, *a.*, *M. acid* : ایک قسم کا سفید قلمی تیزاب جو افیون سے حاصل ہوتا ہے -

Medal, *n.* : تمغہ ؛ نشان -

the reverse of the m. : سوال کا دوسرا پہلو ؛ تصویر کا دوسرا رخ -

medalled, *a.* : تمغہ یافتہ -

medallic, *a.* : تمغوں کا ؛ تمغوں کے متعلق -

Medallion, *n.* : (۱) بڑا تمغہ ؛ تمغۂ کلاں - (۲) کوئی تمغہ نما چیز جیسے تصویر ، لوح وغیرہ -

Medallist, *n.* : (۱) تمغہ ساز ؛ تمغہ گر ؛ تمغہ کش - (۲) تمغہ یافتہ شخص ؛ جس کو تمغہ ملا ہو -

Meddle, *v. i.* : (۱) دخل دینا ؛ مداخلت کرنا ؛ بیجا دست اندازی کرنا ؛ ٹانگ اڑانا ؛ دخل در معقولات کرنا -

meddler, *n.* : مداخلت کنندہ ؛ خواہ مخواہ دخل دینے والا ؛ دست اندازی کرنے والا -

meddlesome, *a.* : دخل در معقولات کا عادی ؛ خواہ مخواہ دخل دینے کا عادی -

meddlesomeness, *n.* : دخل در معقولات کی عادت -

Media, *n.* (pl. -ae) : (۱) شریان کی درمیانی جھلی ؛ رگوں کی درمیانی جھلی - (۲) b, d, g کی اصوات -

Medieval, -diaeval, *a.* : ازمنۂ وسطیٰ کے متعلق ؛ قرون وسطیٰ کا -

medi(a)evalism, *n.* : ازمنۂ قرون وسطیٰ کا رنگ یا طرز ؛ وسطیٰ کا نظام وغیرہ -

medi(a)evalist, *n.* : قرون وسطیٰ کی تاریخ وغیرہ کا محقق -

medi(a)evalize, *v. t. & i.* : قرون وسطیٰ کے رنگ میں رنگنا -

medi(a)evally, *adv.* : قرون وسطیٰ کے طرز پر -

Medial, *a.* : (۱) وسطی ؛ درمیانی ؛ بیچ کا ؛ درمیان کا ؛ جو بیچ میں واقع ہو - (۲) متوسط ؛ اوسط درجے کا ؛ درمیانی رتبے اور حیثیت کا -

medially, *adv.* : وسط میں ؛ اوسط درجے پر -

Median, *a. & n.* : (۱) درمیانی ؛ وسطی ؛ بیچ کا - (۲) (تشریح) وسطی شریان ، رگ یا عصب -

Mediant, *n.* : (موسیقی) سرگم کا تیسرا رکن -

Mediastinum, *n.* : (تشریح) غشاے وسطی ؛ ایک جھلی جو پھیپھڑوں وغیرہ کے درمیان ہوتی ہے -

mediastinal, *a.* : اس جھلی کا -

Mediate, *a.* : بالواسطہ -

mediately, *adv.* : بالواسطہ طور پر ؛ بوساطت وغیرہ -

Mediate, *v. i. & t.* : (۱) واسطہ ہونا ؛ بیچ کی کڑی ہونا - (۲) بیچ میں پڑنا ؛ مصالحت کرانا ؛ رفع شر کرنا ؛ بیچ بچاؤ کرنا ؛ کفت و شنید کرنا - (۳) سبب ہونا ؛ باعث ہونا ؛ وسیلہ ہونا ؛ ذریعہ ہونا -

mediation, *n.* : واسطہ ؛ شفاعت ؛ وساطت ؛ توسل -

Mediatize, *v. t.* : بالواسطہ الحاق کرنا ؛ مشروط الحاق کرنا ؛ کسی چھوٹی ریاست کا بڑی سلطنت کے ساتھ اس طرح الحاق کرنا کہ اس کے فرمان روا کا شاہی خطاب اور بعض حقوق برقرار رہیں -

mediatization, *n.* : الحاق بالواسطہ ؛ مشروط الحاق -

Mediator, *n.* : بیچ بچاؤ کرنے والا ؛ مصالحت کرانے والا ؛ شفیع ؛ (خصوصاً) حضرت مسیح -

mediatorial, *a.* : وسیطانہ ؛ شفیعانہ -

mediatory, *a.* : شفیعانہ ؛ شفاعت کی ؛ مصالحت کی -

mediatrix, *n.* : وسیطہ ؛ مصالحت کرانے والی ؛ شفیعہ -

Medicable, *a.* : علاج پذیر ؛ قابل علاج ؛ لائق معالجہ ؛ جس کا طبی تدارک ممکن ہو -

Medical, *a. & n.* : (۱) طبی ؛ طب کے متعلق ؛ طب مغربی کا - (۲) طبی (ضد جراحی) وغیرہ - (۳) جس کا علاج عمل جراحی سے نہیں بلکہ دواوں سے ہو - (۴) (روز مرہ) طب کا طالب علم ؛ مدرسہ طبی کا طالب علم -

m. jurisprudence : وہ قانونی معلومات جو طبیب کے لئے لازمی ہے -

m. man : طبیب (وسیع معنی میں) ؛ حکیم ؛ ڈاکٹر ، وید ؛ ماہر جراحی وغیرہ -

medically, *adv.* : از روے طب -

Medicament, *n.* : دوا ؛ مرہم وغیرہ -

Medicaster, *n.* : بے قاعدہ طبیب ؛ نیم حکیم ؛ عطائی طبیب ؛ عطائی -

Medicate, *v. t.* : (۱) علاج کرنا ؛ معالجہ کرنا ؛ دوا کرنا - (۲) (کسی چیز میں) دوا ملانا ؛ دوا شامل کرنا -

medication, *n.* : علاج ؛ معالجہ ؛ (کسی چیز میں) دوا کی آمیزش ؛ دوا ملانا -

medicative, *a.* : علاجی ؛ علاج کے متعلق ؛ معالجہ کے متعلق ؛ دوا کی خاصیت رکھنے والا -

Medicean, *a.* : خاندان میڈیچی (یا مدیسی) کا رکن (یہ پندرھویں صدی میں فلورنس کا حکمراں خاندان تھا) -

Medicinal, a. : (۱) طبی ؛ متعلق دوا ؛ دوا کے متعلق ؛ ادویاتی - (۲) طبی حیثیت سے مفید ؛ دافع امراض ؛ دافع امراض -

medicinally, adv. : طبی طور پر ؛ دوا سے ؛ دواءً -

Medicine, n. & v. t. : (۱) علم طب ؛ طب (ضد جراحی وغیرہ) ؛ دواؤں سے علاج کرنے کا فن - (۲) دوا (جو اندرونی علاج میں استعمال ہو) ؛ پینے یا کھانے کی دوا - (۳) (وحشی اقوام میں) تعویذ ؛ گنڈا ؛ جادو ؛ ٹونا ؛ منتر - (۴) دواؤں سے علاج کرنا ؛ دوا دینا ؛ دوا استعمال کرانا -

m.-man : ساحر ؛ جادوگر ؛ سیانا -

Medico, n. (pl.-os) : (مزاحاً) طبیب -

Medico- : (سابقہ بہ معنی) طبی -

medico-botanical : طبی نباتاتی -

medico-galvanic : طبی برقی ؛ طبی گالوینی -

medico-judicial : طبی قانونی -

medico-legal : طبی قانونی -

Medieval : دیکھو Mediaeval -

Mediocre, a. : معمولی ؛ اوسط درجے کا ؛ بین بین ؛ نہ اچھا نہ برا -

mediocrity, n. : معمولی چیز ؛ اوسط درجے کی چیز ؛ معمولی قابلیت کا آدمی -

Meditate, v. t. & i. : (۱) تجویز کرنا ؛ منصوبہ باندھنا ؛ نیت کرنا ؛ ارادہ کرنا ؛ قصد کرنا - (۲) دھیان کرنا ؛ مراقبہ کرنا ؛ غور و فکر کرنا ؛ محو خیال ہونا -

meditation, n. : غور و فکر ؛ تامل ؛ تفکر ؛ مراقبہ ؛ دھیان -

meditator, n. : مراقبہ کرنے والا ؛ غور و فکر کرنے والا -

meditative, a. : جس میں غور و فکر کا مادہ ہو ؛ تفکر پسند ؛ دھیانی ؛ مراقبے میں رہنے والا ؛ غور و فکر کا ؛ مراقبے کا -

meditatively, adv. : غور و فکر کرنے کے انداز سے ؛ مراقبے کے انداز سے -

meditativeness, n. : غور و فکر ؛ تامل ؛ تفکر ؛ محویت ؛ انہماک ؛ مراقبہ ؛ استغراق ؛ فکر مندی ؛ سوچ بچار -

Mediterranean, a. & n. : (۱) اندرونی (حصۂ ملک) ؛ ساحل بحر سے دور - (۲) (جھیل وغیرہ) اندرون ملک کی ؛ چاروں طرف خشکی سے گھری ہوئی -

M. (Sea) : بحر روم ؛ بحیرۂ روم -

Medium, n. & a. (pl.-a,-ums) : (۱) درمیانی درجہ ؛ درمیانی منزل ؛ درمیانی چیز ؛ اوسط - (۲) واسطہ ؛ ذریعہ (حرارت یا روشنی کا ، اظہار خیال وغیرہ کا) - (۳) (مجازاً) اسباب معیشت ؛ لوازم زندگی - (۴) ذریعہ ؛ وسیلہ ؛ وساطت - (۵) مصالہ ؛ وہ سیال جس میں رنگ گھولے جائیں - (۶) (روحانیات) معمول ؛ مورد اسرار - (۷) درمیانی ؛ اوسط درجے کا ؛ منجھولا -

m. bowler : (کرکٹ) وہ بولر جس کی گیند نہ زیادہ تیز ہو نہ زیادہ ہلکی ہو -

m. of circulation : ذریعۂ گردش زر -

mediumism, n. : معمول ہونا ؛ روحانی اسرار کا مورد ہونا -

mediumistic, a. : معمول ہونے کے متعلق -

mediumize, v. t. : معمول بنانا -

Medlar, n. : (۱) سیب کا سا ایک پھل جسے سڑنے کے بعد کھاتے ہیں - (۲) وہ درخت جس میں یہ پھل آتا ہے -

Medley, n. a. & v. t. : (۱) مختلف النوع چیزوں کا مجموعہ ؛ معجون مرکب ؛ گڈ مڈ ؛ گھال میل - (۲) مختلف قسم کے لوگوں کا مجمع ؛ مخلوط مجمع ؛ پچ میل مجمع - (۳) متفرق مضامین کے رسالوں کا مجموعہ - (۴) گڈ مڈ ؛ مخلوط ؛ پچ میل ؛ رنگ برنگ کا - (۵) خلط ملط کرنا ؛ گڈ مڈ کرنا -

Medoc, n. : جنوبی مغربی فرانس کے ضلع میڈوک کی سرخ شراب ؛ میڈوک شراب -

Medulla, n. : (۱) مغز استخواں ؛ مغز ؛ گودا - (۲) مخ ؛ حرام مغز - (۳) بعض اعضا کے مثلاً گردوں کے مرکزی حصے - (۴) پودوں کے اندرونی ملائم ریشے ؛ گودا - (۵) جانوروں کی پشم یا بالوں کا گودا -

m. (oblongata) : مغز کا سب سے پچھلا حصہ -

medullary, a. : مغز استخواں کا -

Medusa, n. : (۱) (یونانی دیو مالا) میڈوسا (تین Gorgons میں سے ایک) - (۲) (حیوانیات) = jellyfish

medusal, medusan, aa. : میڈوسا کے متعلق یا اس کا -

medusoid, a. & n. : میڈوسا کی نوعیت یا شکل کا -

Meed, n. : (۱) (شعر) انعام ؛ اجر ؛ جزا ؛ معاوضہ - (۲) ماوجب ؛ حق ؛ حصہ (تعریف وغیرہ کا) -

Meek, a. : (۱) حلیم ؛ عاجز ؛ مسکین ؛ منکسر - (۲) چپ چاپ ؛ ظلم سہنے والا ؛ بے زبان -

meekly adv. : حلم سے ؛ عاجزی سے ؛ چپ چاپ ؛ مسکینی سے ؛ تحمل سے -

meekness, n. : حلم ؛ مسکینی ؛ تحمل ؛ بے زبانی -

Meerschaum, n. : (۱) میر شام ؛ میگ نشیم کا ہائڈرس سلیکیٹ (hydrous silicate) جو سمندر پھین کی شکل کا ہوتا ہے - (۲) اس کا بنا ہوا پائپ -

Meet, n. : جمگھٹ ؛ اجتماع ؛ شکاریوں اور کتوں کا شکار کے لئے جمع ہونا - (۲) سیکل سواروں کا ایک جگہ جمع ہونا -

Meet, v. t. & i. : (۱) دو چار ہونا ؛ ملنا ؛ ملاقات ہونا - (۲) استقبال کرنا ؛ خیر مقدم کرنا - (۳) ملنا ؛ تعارف ہونا - (۴) (خطوط یا سڑکوں کا) ملنا ؛ اتصال ہونا - (۵) مقابلہ کرنا ؛ لڑنا (کسی شخص سے یا برائی وغیرہ سے) - (۶) اتفاقاً سامنا ہونا ؛ مٹھ بھیڑ ہوجانا - (۷) (کسی شخص کے) حسب دلخواہ کام کرنا - (۸) پورا کرنا - (۹) ادا کرنا (ہنڈی یا قرض کا روپیہ) - (۱۰) ملنا ؛ چھونا ؛ متصل ہونا - (۱۱) (صفات کا کسی شخص میں) جمع ہونا - (۱۲) (برتاؤ یا سلوک) ہونا -

meet one's eye : (۱) کسی کو اپنی طرف دیکھتے ہوئے دیکھنا - (۲) آنکھیں ملانا -

m. person half-way : (۱) کسی کو دوستی پر آمادہ دیکھ کر خود بھی قدم بڑھانا - (۲) مصالحت کرنا -

m. the case : کافی ہونا ؛ ضرورت پوری کرنا -

m. the ear : کان میں پڑنا ؛ سنائی دینا -

m. the eye : نظر آنا ؛ دکھائی دینا -

m. with : سابقہ پڑنا ؛ دو چار ہونا -

waistcoat won't m. : واسکٹ تنگ ہے -

Meet, a. : (قدیم) موزوں ؛ مناسب ؛ زیبا ؛ سزاوار ؛

بھلا ؛ درست وغیرہ -

meetly, *adv.* : درست طریقے سے ؛ بھلا طور پر ؛ مناسب طور پر؛ موزوں طریقے سے -

meetness, *n.* : بھلا ہونا؛ درست ہونا؛ موزونیت؛ سزاواری وغیرہ-

Meeting, *n.* : (۱) ملنا ؛ میل ؛ ملاقات ؛ وصل ؛ اتصال - (۲) مجلس ؛ سبھا ؛ جلسہ ؛ بزم ؛ انجمن ؛ جماعت (نماز کی) - (۳) حاضرین مجلس ؛ مجمع -

m.-house : عبادت خانہ ؛ جائے عبادت (سرائے Quakers کے عبادت خانوں کے اور سب کے لئے حقارت کے موقع پر آتا ہے)-

m.-place : مقام جلسہ ؛ جلسے کی جگہ ؛ مقام انجمن؛ جلسہ گاہ وغیرہ -

Mega- : (سابقہ یونانی بہ معنی) کلاں ؛ بزرگ ؛ بڑا -

megacephalic : کلاں سر ؛ بڑ سرا ؛ بڑے سر والا -

megalith : سنگ کلاں ؛ بڑا پتھر (یادگار وغیرہ کا) -

megalithic: بڑےپتھروں کا بنا ہوا ؛ جس میں بڑےبڑےپتھرہوں-

megaphone : (۱) ایک آلہ جو آواز کو دور تک پہنچاتا ہے ؛ مکبر الصوت ؛ آلۂ بلند آواز - (۲) باتیں کرنے کا بڑا آلہ - (۳) مکبرالصوت سے کسی بات کا اعلان کرنا -

megapode, -pod : ایک قسم کا پرندہ جو ٹیلہ بناتا ہے -

megascope : ایک قسم کی سیر بین -

megascopic : ایسی اشیا جو خردبین وغیرہ کی مدد کے بغیر نظر آ سکتی ہیں -

megatherium: sloth کی قسم کا سبزی خور جانور جو اب معدوم ہے-

Megalo- : (یونانی سابقہ بہ معنی) کلاں ؛ بزرگ -

megalomania : بڑائی کا خبط ؛ بڑے کاموں کا خبط -

megalosaurus: ایک قسم کی بڑی گوشت خور چھپکلی جو اب معدوم ہے-

Megass, *n.* : گنے کا کھوجڑ یا پھوک (جو رس نکالنے کے بعد رہ جاتا ہے) -

Megilp, *n.* : (تصویر کے) روغنی رنگوں کا محلل (السی اور تارپین کے تیل کا مرکب) -

Megrim, *n.* : (۱) من کی موج ؛ لہر؛ ترنگ - (۲) آدھی سیسی کا درد ؛ درد شقیقہ - (۳) (جمع) گھوڑوں کی دوران سر کی بیماری؛ گھمیر کی بیماری- (۴) (جمع) جی ڈوبنا؛ جی بیٹھنا؛ افسردگی؛ تبخیر-

Meiosis, *n.* : = Litotes

Meistersinger, *n.* pl.: چودھویں سے سولہویں صدی عیسوی تک کے جرمن غنائی شاعروں کی علیحدہ علیحدہ جماعتیں -

Melancholia, *n.* : خفقان ؛ مالیخولیا ؛ وحشت ؛ سودا -

Melancholic, *a.* : (۱) سوداوی ؛ خفقانی - (۲) اداس ؛ ملول ؛ دلگیر ؛ حسرت ناک ؛ غمناک -

Melancholy, *n.* & *a.* : (۱) افسردہ ؛ پژمردہ ؛ دلگیر ؛ ملول : اداس ؛ محزوں ؛ غمگین ؛ مغموم ؛ غمناک؛ حسرت ناک ؛ افسردگی ؛ وحشت انگیز ؛ غم خیز - (۲) اداسی ؛ غمگینی ؛ حزن ؛ افسردگی ؛ دلگیری - (۳) افسردہ مزاجی ؛ افسردہ دلی ؛ محزون طبعی

Melange, *n.* : (فرانسیسی) ملغوبہ ؛ مرکب ؛ گڈمڈ ؛ کھال میل -

Melanism, *n.* : جلد یا بالوں کی گہری سیاہی -

Melanochroi, *n.* pl. : (انسانیات) انسانوں کی وہ نسل جس کے بال چکنے اور سیاہ اور چہرے کا رنگ زرد ہوتا ہے؛ سیاہ مو زرد رو انسان-

Melanosis, *n.* : (۱) رگ ؛ ریشے میں سیاہ رنگ کا غلبہ - (۲) سیاہ سرطان -

melanotic, *a.* : مذکورۂ بالا وصف رکھنے والا یا اس کی خاصیت کا -

Melee, *n.* : (۱) گھمسان کی لڑائی ؛ دست بدست لڑائی - (۲) چھوٹی سی بے قاعدہ لڑائی - (۳) پر زور یا پر جوش بحث ؛ گرما گرم بحث ؛ معرکے کا مباحثہ -

Melic, *a.* : غنائی (نظم) -

Melinite, *n.* : ایک آتش گیر مادہ جو فرانس میں ایجاد ہوا تھا -

Meliorate, *v. t.* & *i.* : بہتر کرنا ؛ ترقی دینا ؛ سدھارنا ؛ سنوارنا ؛ اصلاح کرنا ؛ درستی کرنا ؛ ترمیم کرنا -

melioration, *n.* : سدھار ؛ اصلاح ؛ ترقی ؛ بہتری -

Meliorism, *n.* : عقیدۂ اصلاح و ترقی ؛ یہ مسئلہ کہ دنیا سعی انسانی کے ذریعے سے بہتر ہو سکتی ہے ؛ اصلاحیت -

meliorist, *n.* : اصلحی ؛ اصلاح کا قائل ؛ وہ شخص جس کا یہ عقیدہ ہو کہ دنیا سعی انسانی کے ذریعے بہتر ہوسکتی ہے -

Mellay, *n.* : = Melee (قدیم)

Melliferous, *a.* : پراصل ؛ شہد پیدا کرنے والا ؛ جس سے شہد حاصل ہو -

Mellifluous, *a.* : شہد کے مانند شیریں ؛ میٹھی ؛ حلاوت آمیز (آواز ، تقریر وغیرہ) -

mellifluence, *n.* : خوش کلامی ؛ شیرینی ؛ حلاوت ؛ عذوبت -

mellifluent, *a.* : شیریں ؛ میٹھی ؛ شکر ریز -

Mellow, *a.* (er, -est), & *v. t.* & *i.* : (۱) میٹھا اور رسیلا ؛ میٹھا اور گھلا ہوا (پھل) - (۲) (شراب) رسیدہ ؛ کہنہ ؛ چاشنی کی (شراب) ؛ پکی (شراب) - (۳) زرخیز؛ چکنی مٹی والی (زمین)- (۴) ٹھنڈی اور نرم (طبیعت) - (۵) مدھم ؛ دھیما - (۶) خوش مزاج - (۷) جیسے ہلکا سا نشہ یا سرور ہو ؛ سرخوش - (۸) نرم کرنا ؛ ملائم ہونا ؛ مدھم یا دھیما کرنا ؛ نرم، ملائم کرنا ؛ مدھم یا دھیما ہونا -

mellowly, *adv.* : رسیلاپن، پختگی، نرمی پیدا کرنے کے طور پر -

mellowness, *n.* : پختگی؛ رسیدگی؛ دھیماپن؛ نرمی؛ ملائمت -

Melodeon, -dion, -dium, *n.* : ایک ساز کا نام ؛ امریکی ارگن کی ابتدائی شکل -

Melodious, *a.* : پر نغمہ ؛ خوش آہنگ ؛ سریلا -

melodiously, *adv.* : سریلے پن سے ؛ خوش آہنگی سے وغیرہ -

melodiousness, *n.* : شیرینی ؛ خوش آہنگی ؛ سریلا پن -

Melodist, *n.* : (۱) گانے والا ؛ گویا ؛ مغنی - (۲) گیت بنانے والا ؛ سریلے نغمے ترتیب دینے والا -

Melodize, *v. i.* & *t.* : گیت بنانا ؛ سریلے نغمے ترتیب دینا ؛ سریلا کرنا -

Melodrama, *n.* : (۱) جذبات پرستانہ ڈراما جس میں واقعات شورش انگیز اور انجام خوش گوار ہو ؛ میلو ڈراما ؛ جذبات انگیز ڈراما - (۲) وہ فعل یا گفتگو جس میں اثر پیدا کرنے کے لئے جذبات کی نمائش کی جائے - (۳) (قدیم) وہ ناٹک جس میں جا بجا گیت ہوں -

melodramatic, *a.* : میلو ڈراما کا ؛ جذبات فروشانہ -

melodramatically, *adv.* : جذبات فروشانہ انداز سے

melodramatist, *n.* : میلو ڈراما لکھنے والا -

melodramatize, *v. t.* : میلو ڈراما بنا دینا۔

Melody, *n.* : (۱) نغمۂ شیریں ؛ سریلا گیت - (۲) الفاظ کی ترتیب موسیقی کے لحاظ سے ؛ روانی - (۳) سروں کی ترتیب موسیقی کے لحاظ سے - (۴) لے ؛ آہنگ۔

Melon, *n.* : تربوز؛ خربوزہ ؛ سردا -

Melpomene, *n.* : المیہ (ٹریجڈی) کی دیوی -

water m. : تربوز -

Melt, *n.* : (۱) پگھلی ہوئی دھات - (۲) کسی چیز کی وہ مقدار جو ایک بار میں پگھل جائے -

Melt, *v. i. & t.* (p.p. *melted, molten*) : (۱) پگھلانا؛ گلانا - (۲) نرم کرنا ؛ ملائم کرنا ؛ گداز کرنا ؛ متاثر کرنا - (۳) پگھلنا؛ گلنا- (۴) نرم ہونا؛ ملائم ہونا؛ متاثرہونا؛ پسیجنا؛ روپڑنا؛ رونے لگنا-(۵) (روز مرہ)گرمی میں جھلسنا؛ چربی پگھلنا- (۶) (بادل کا) برس پڑنا- (۷) گھل جانا ؛ اڑجانا؛ رفتہ رفتہ غایب ہو جانا ؛ فنا ہوجانا - (۸) (آواز کا) نرم اور رواں ہونا ؛ دریا کی طرح بہنا - (۹) غیر محسوس طور پر شکل بدلنا (کسی شے کا)-

clouds m. into rain : بادل برس پڑتے ہیں -

go into the melting-pot : (مجازاً) کایا پلٹ ہوجانا ؛ انقلاب ہوجانا -

m. away : پگھل جانا ؛ گھل جانا ؛ اڑجانا ؛ ضائع ہو جانا ؛ غایب ہوجانا؛ فنا ہو جانا -

m. down : دھات کے برتنوں کو پگھلا ڈالنا -

m. into tears : آبدیدہ ہونا ؛ رو پڑنا -

the melting mood : رقت کی کیفیت -

meltingly, *adv.* : پگھلانے کے طور پر ؛ رقیق القلبی سے -

Melton, *n.* : ایک قسم کا کپڑا (مردوں کی پوشاک کا) -

M. Mowbray pie : ایک طرح کی pasty -

Member, *n.* : جسم کا حصہ ؛ عضو ؛ ہاتھ یا پیر - (۲) جزو ؛ حصہ- (۳) رکن؛ ممبر -(۴) فقرہ؛ جملے کا ٹکڑا- (۵) سیاسی جماعت کا حصہ؛ شعبہ؛ شاخ - (۶) اعداد کا مجموعہ (حسابی یا الجبری مساوات میں ہر دو جانب کے اعداد یا علامات 'ممبر' کہلاتے ہیں)

unruly m : زبان ؛ جیبھ -

m. of Christ : (مجازاً) عیسائی ؛ مسیحی -

(-)membered, *a.* : ذی ارکان ؛ منقسم بہ ارکان -

memberless, *a.* : بے رکن (جماعت یا مجلس) -

Membership, *n.* : (۱) رکنیت ؛ ممبری - (۲) ارکان کی مجموعی تعداد - (۳) (سوقیانہ) ارکان ؛ ممبر -

Membrane, *n.* : (۱) جھلی؛ پردہ ؛ غشا - (۲) وہ جھلی جو بعض بیماریوں میں پیدا ہوجاتی ہے- (۳) جھلی پر لکھی ہوئی وصلی -

membranaceous, membraneous, membranous, *aa.* : غشائی جھلی‌دار؛ جھلی سا -

Membrum virile, *n* : عضو تناسل -

Memento, *n.* (pl. -oes, -os) : یاد گار ؛ یاد داشت ؛ نشانی -

m. mori : (لفظی معنی یاد رکھو کہ ایک دن مرنا ہے) موت کو یاد دلانے والی یا عبرت دلانے والی شے مثلاً مردے کی کھوپڑی-

Memoir, *n.* : (۱) تذکرہ؛ توزک؛ سوانح ؛ سر گزشت - (۲) سوانح عمری؛ سیرت ؛ خود نوشت سیرت؛ آپ بیتی؛ توزک - (۳) فاضلانہ مقالہ ؛ محققانہ رسالہ -

Memorabilia, *n.* pl : قابل یادگار؛ اشیاء؛ قابل یادداشت چیزیں -

Memorable, *a.* : یادگار؛ یاد رکھنے کے قابل -

memorability, *n.* : یادگار ہونا ؛ یاد ؛ یاد گاری -

memorably, *adv.* : یادگار کے طور پر -

Memorandum, *n.* : (pl. -da, -dums) (۱) یاد داشت؛ روداد- (۲) (قانون) دستاویز - (۳) غیر رسمی خط (جو اکثر ایسے کاغذ کے ٹکڑوں پر لکھا جاتا ہے جن پر (M.) لکھا ہوتا ہے اور جو دفتروں یا کار و باری کارخانوں اور دکانوں میں استعمال ہوتا ہے) -

Memorial, *a. & n.* : (۱) یادگار کا کام دینے والا ؛ یاد گار کا - (۲) یاد کا؛ یاد کے متعلق - (۳) یادگار؛ رسم یاد گار - (۴) یاد داشت؛ عرض داشت؛ محضر؛ میموریل- (۵) (جمع) روداد؛ وقائع؛ سوانح-(۶) بے ضابطہ تحریر یا نوٹ (سیاسی معاملات میں مثلاً عہد نامہ وغیرہ تیار کرتے وقت جب ایک مدبر دوسرے مدبر کے پاس اپنی تحریر یا نوٹ بھیجتا ہے) -

memorialist, *n.* : عرض گزار؛ محضر پیش کرنے والا؛ عرض داشت لکھنے والا

Memorialize, *v. t.* : (۱) یادگار منانا - (۲) یاداشت پیش کرنا ؛ عرض داشت یا محضر پیش کرنا ؛ میموریل پیش کرنا -

Memoria technica, *n.* : حافظے کا ٹنکا ؛ وہ چیز یا طریقہ جس سے حافظہ کو مدد پہنچے -

Memorize, *v. t.* : (۱) (امریکہ) یاد کرنا ؛ حفظ کرنا؛ ازبر کرنا - (۲) یادداشت رکھنا؛ ضبط تحریر میں لانا یا قلمبند کرنا (یاد رکھنے کے لئے)-

Memory, *n.* : (۱) حافظہ ؛ یادداشت ؛ قوت حافظہ - (۲) یاد - (۳) شہرت مابعد ؛ نام ؛ وہ رائے جو کسی شخص کے مرنے کے بعد اس کی نسبت ہو - (۴) زمانے کی وہ مدت جہاں تک حافظہ پہنچتا ہو ؛ یاد -

convenient or *accommodating m.* : ایسا حافظہ جو اپنے مطلب کی بات یاد رکھتا ہے -

his m. has been censured : مرنے کے بعد اس کے نام پر دھبا لگایا گیا-

in m. of : بہ یادگار فلاں ؛ فلاں شخص کی یاد گار میں-

of blessed m., of happy m. : خلد مکان ؛ مرحوم؛ مغفور -

Mem-sahib, *n.* : میم صاحب ؛ میم صاحبہ-

Menace, *n.* : (ادبی زبان) دھمکی ؛ ڈراوا ؛ تخویف -

Menace, *v.t.* : ڈرانا ؛ دہشت دکھانا ؛ دھمکانا؛ دھمکی دینا -

menacingly, *adv.* : دھمکی کے طور پر ؛ دھمکاتے ہوے -

Menage, *n.* : (۱) امور خانہ داری ؛ انتظام خانہ داری - (۲) گھربار؛ گھر -

Menagerie, *n.* : جانوروں کا مجموعہ پنجروں وغیرہ میں؛ چڑیا گھر-

Mend, *n.* : رفو -

on the m. : رو بہ صحت ؛ روبہ اصلاح ؛ روبہ ترقی ؛ بہتر -

Mend, *v.t. & i.* : (۱) درست کرنا ؛ اصلاح کرنا؛ درستی کرنا ؛ سدھارنا ؛ رفو کرنا - (۲) اپنی اصلاح کرنا ؛ سدھارنا ؛ سنورنا - (۳) اچھا ہونا ؛ صحت پانا - (۴) بنانا ؛ تراشنا (قلم وغیرہ) -

least said soonest mended : جتنا کم کہو اتنی ہی اصلاح میں آسانی ہوتی ہے -

m. fire : آگ میں ایندھن ڈالنا -

m. matters : معاملات کی اصلاح کرنا -

m. one's pace : قدم بڑھانا ؛ رفتار تیز کرنا -

m. or end : (کسی چیز کی) یا تو اصلاح کرنا یا خاتمہ کر دینا ؛

بنا نا یا بگا ڑنا -

m. one's *ways* : اپنے اطوار کی اصلاح کرنا ؛ اخلاق کی درستی کرنا -

mendable *a.* - اصلاح پذیر؛ قابل اصلاح؛ مرمت پذیر؛ رفو پذیر

Mendacious, *a.* - (۱) جھوٹا ؛ کاذب ؛ دروغ گو - (۲) غلط؛ باطل

mendaciously, *adv.* : جھوٹ ؛ دروغ گوئی سے -

mendacity, *n.* : کذب ؛ جھوٹ ؛ دروغ ؛ دروغ گوئی -

Mendelism, *n.* : مینڈل کا نظریۂ وراثت نسلی (یعنی بعض حیوانات و نباتیات میں نسلی اور موروثی ہوتے ہیں) -

Mendelian, *a.* : اس نظریہ کے متعلق -

Mendicant, *a.* & *n.* : (۱) گدا گرانہ؛ دریوزہ گرانہ- (۲) فقیر؛ گداگر؛ بھکاری ؛ بھک منگا ؛ دریوزہ گر -

m. friars : دریوزہ گر راہب -

mendicancy, mendicity, *n n.* : فقیری؛ گداگری؛ دریوزہ گری؛ گدائی ؛ بھکاری پن -

Menhaden, *n.* : کھاد مچھلی ؛ ہیرنگ کی قسم کی مچھلی جو کھاد کے کام آتی ہے اور اس سے قیمتی تیل بھی حاصل ہوتا ہے -

Menhir, *n.* : سنگ یادگار ؛ (پتھر کی) لاٹھ ؛ ایک قسم کا سیدھا اونچا سنگ یادگار جو ایشیا اور یورپ اور افریقہ میں پایا جاتا ہے -

Menial, *a.* & *n.* : (۱) ادنیٰ ؛ ذلیل (خدمت) - (۲) گھر کا (نوکر) خانگی ؛ نیچ کا (نوکر) - (۳) خدمتگار ؛ نوکر ؛ چاکر ؛ شاگرد پیشہ -

menially, *adv.* : اجیرانہ ؛ خدمتگار کے طور پر -

Meninx, *n.* (pl. *meninges*) : مانینکس؛ مغز پوش جھلی ؛ حرام مغز پوش جھلی ؛ ان تین جھلیوں (یعنی ام جافیہ = dura mater ؛ عنکبوتیہ = arachnoid اور ام الرقیقہ = pia mater) میں سے ایک جن میں مغز اور حرام مغز ملفوف ہیں -

meningeal, *a.* : مغز غشائی -

meningitis, *n.* : مغز غشائیت ؛ مانینکس کا ورم ؛ گردن توڑ بخار -

meningocele, *n.* : مغز غشائی دنبل -

Meniscus, *n.* : (۱) ہلالی عدسہ یا تال؛ ایسا عدسہ ایک جانب سے محدب اور دوسری جانب سے مقعر ہو - (۲) ہلالی شکل -

Meno- : (سابقہ) حیض کا ؛ ماہواری ایام کا -

menopause : حیض کا بند ہونا -

menorrhagia : حیض کی کثرت -

menorrhoea : حیض کا جاری ہونا -

Menology, *n.* : تقویم؛ جنتری؛ خاص طور پر کلیسائے یونانی کی جنتری جس میں اولیا کے حالات درج ہوتے ہیں -

Menses, *n. pl.* : ایام ؛ ماہواری ؛ حیض

Menshevik, *n.* : روس کا اعتدال پسند اشتراکی : مینشویک

Mens sana in corpore sano : (لاطینی فقرہ) صحیح جسم میں صحیح دماغ ؛ چنگا تن چنگا من ؛ (یہ حیثیت تعلیمی نصب العین کے) -

Menstrum, *a.* : (۱) ماہواری ؛ ماہواری ایام کے متعلق ؛ حیض کے متعلق؛ حیضی - (۲) (ہیئت) ماہانہ ؛ ماہوار -

menstruous, *a.* : حیض کا ؛ حائضہ ؛ حیضی خون سے آلودہ -

Menstruate, *v. i.* : ایام ماہواری کا جاری ہونا ؛ حیض کا جاری ہونا -

menstruation, *n.* : حیض کا جاری ہونا -

Menstruum, *n.* (pl. -a) : (۱) محلل - (۲) (مجازاً) کم زور؛ کم کردینے والی شے (جیسے *paradoxes are mm. of friendship*)

Mensurable, *a.* : قابل پیمائش ؛ ماپ کے قابل (فاصلہ وقت وغیرہ) ؛ محدود - (۲) (موسیقی) جس کی تال مقرر ہو ؛ تال دار ؛ موزوں -

Mensural, *a.* : (۱) پیمائشی ؛ مساحتی - (۲) (موسیقی) تال دار ؛ موزوں -

Mensuration, *n.* : (۱) پیمائش؛ ناپنا - (۲) (ریاضی) مساحت -

-ment : (لاحقہ) اسما کے آخر میں آتا ہے اور فعل کے سبب یا نتیجے کے معنی پیدا کرتا ہے -

Mental, *a.* : نفسی؛ ذہنی ؛ دماغی -

m. arithmetic : زبانی حساب (جو بغیر لکھے دل ہی دل میں لگایا جائے) -

m. patient : دماغی مریض ؛ امراض دماغی کا مریض -

m. reservation : دیکھو Reservation -

mentally, *adv.* : ذہن میں ؛ دل میں ؛ ذہنی طور پر ؛ دماغی طور پر -

Mental, *a.* : ذقنی ؛ زنخدانی ؛ ٹھوڑی کے متعلق -

Mentality, *n.* : (۱) ذہنی ہونا؛ دماغی ہونا - (۲) ذہنی قابلیت ؛ ذہنی معیار - (۳) (غلط استعمال) ذہنیت ؛ طرز طبیعت ؛ افتاد طبع ؛ سیرت -

Mentation, *n.* : (۱) عمل ذہنی؛ دماغی فعل- (۲) ذہنی کیفیت یا حالت -

Menthol, *n.* : من تھول ایک قسم کی کافور جیسی چیز جو پودینے کے ست سے حاصل ہوتی ہے ؛ جوہر پودینہ -

m. pencil : من تھول کی بتی جو چہرے کے اعصابی درد میں استعمال ہوتی ہے -

Mention, *n.* : ذکر ؛ تذکرہ ؛ نام لینا -

honourable m : تحسین ؛ تعریف؛ اعتراف قابلیت (خصوصاً اس کا جو صناعی وغیرہ کے مقابلے میں امتیاز حاصل کرے مگر انعام کا مستحق نہ سمجھا جائے) -

Mention, *v. t.* : ذکر کرنا ؛ ظاہر کرنا ؛ اظہار کرنا ؛ بہ سبیل تذکرہ نام لینا ؛ اشارہ کرنا

don't m. it : (عذر یا شکریے کے جواب میں) اس کا ذکر نہ کیجیئے ؛ آپ مجھے کیوں شرمندہ کرتے ہیں

not to m. : (فلاں چیز کا) تو ذکر ہی کیا ہے ؛ (اس کو) تو جانے دو -

Mentor, *n.* : (۱) تجربہ کار اور بھروسے کا مشیر؛ عقل کل ؛ اتالیق ؛ مرشد ؛ گرو -

Menu, *n.* : فہرست طعام؛ طعام نامہ -

Mephistopheles, *n.* : (۱) مفسٹو؛ جرمن کہانی فاوسٹ میں روح خبیث جس کے ہاتھ فاوسٹ نے اپنی روح بیچ ڈالی تھی ؛ بہکانے والا ؛ شیطان - (۲) خبیث آدمی ؛ شیطان صفت انسان -

Mephistophelian. *a.* **Mephistophelean**. *a.* : شیطانی ؛ مفسٹو کا ؛ مفسٹو جیسا ؛ شیطان صفت ؛ شیطان جیسا

Mephitis, *n.*: (۱) متعفن ابخرات - (۲) بدبو ؛ تعفن ؛ سڑا ھلد -

mephitic, *a.* : بدبودار ؛ متعفن -

Mercantile, *a.* : (۱) تجارتی ؛ تاجرانہ کا روبار کے متعلق - (۲) ھر چیز میں اپنا نفع ڈھونڈھنے والا ؛ ھربات میں مول تول کرنے والا ؛ بنیا -

m. marine : تجارتی جہاز ؛ تجارتی بیڑا -

m. theory : تجارتی نظریۂزر؛ یہ نظریہ کہ صرف زر دولت ھے -

mercantilism, *n.* : (۱) تجارتی نظریۂ زر - (۲) بنیاپن -

mercantilist, *n.* : تجارتی نظریۂ زر کا قائل -

Mercator : دیکھو Projection -

Mercenary, *a.* & *n.* : (۱) مطلب کا یار ؛ ھر بات میں اپنا نفع سوچنے والا - (۲) کرائے کا ؛ بھاڑے کا (سپاھی) ؛ پیسے کی لالچ میں کام کرنے والا -

mercenariness, *n.* : زرپرستی؛ خود غرضی؛ مطلب کی دوستی -

Mercer, *n.* : ریشم فروش ؛ حریر فروش ؛ پشمینہ فروش؛ قیمتی کپڑے کا تاجر -

mercery, *n.* : ریشم فروشی؛ پشمینہ فروشی؛ قیمتی کپڑے کی تجارت -

Mercerize, *v. t.* : سوتی کپڑوں کو مسالا لگا کر رنگنے کے لئے تیار کرنا -

mercerized, *p.p.* : اس طرح تیار کیا ھوا (کپڑا) جس میں ریشم کی سی چمک ھوتی ھے -

Merchandise, *n.* : سامان تجارت؛ مال تجارت؛ اسباب تجارت ؛ تجارتی اشیا ؛ مال وجنس -

Merchant, *n* & *a.* : (۱) تاجر ؛ سوداگر ؛ بیوپاری ؛ تجارت پیشہ - (۲) (جز ترکیبی) شایق ؛ عادی (جیسے speed m. موٹر تیز چلانے کا شائق) -

law m. : دیکھو Law -

m. prince : دولت مند تاجر ؛ بڑا تاجر ؛ ملک التجار -

m. service : جہازوں کی تجارتی لائن -

m. ship, *merchantman* : تجارتی جہاز -

Merchantable, *a.* : قابل بازار ؛ قابل تجارت ؛ قابل فروخت ؛ بکری کے قابل ؛ جو شے بازار میں بک سکے -

Merciful, *a.* : رحیم ؛ رحم دلانہ ؛ رحم کا ؛ رحمدل ؛ نرم دل ؛ مہربان ؛ درد مند -

mercifully, *adv.* : شفیقانہ؛ رحیمانہ؛ رحم دلانہ ؛ دردمندانہ؛ رحمدلی سے ؛ نرم دلی سے -

mercifulness, *n.* : درد مندی ؛ رحمدلی؛ نرم دلی؛ رحم؛ کرم -

Merciless, *a.* : بے رحم ؛ بے درد؛ سخت دل ؛ سنگدل ؛ کٹر -

mercilessly, *adv.* : بے دردانہ یا بے رحمانہ طور پر؛ بے دردی سے؛ بے رحمی سے؛ سنگدلی سے -

mercilessness, *n.* : بےدردی؛ بےرحمی؛ سنگدلی؛ سخت دلی -

Mercurial, *a.* & *n.* : (۱) چنچل؛ شوخ؛ اچپل؛ سیماب وش؛ سیماب صفت ؛ تیز طرار ؛ چست و چالاک - (۲) پارے کا ؛ سیمابی ؛ سیماب دار - (۳) عطارد کا ؛ عطاردی - (۴) وہ دوا جس میں پارے کا جز ھو ؛ پارہ آمیز دوا -

mercurialism, *n.* : پارے کی خاصیت ؛ پارے کا اثر -

mercuriality, *n.* : اچپلاھٹ؛ شوخی؛ چنچل پن؛ تیزی طراری -

mercurialize, *v. t.* : پارہ ملانا ؛ پارے کا جز ملانا؛ پارے کا اثر پہنچانا (جسم میں دوا کے طور پر) ؛ پرپانا (ج)؛ پارے کے ذریعہ سے علاج کرنا -

mercurially, *adv.* : سیماب دستی سے؛ چنچل پن سے؛ شوخی سے -

Mercury, *n.* : (۱) (رومی دیو مالا) مرکری ' دیوتاؤں کا قاصد اور فصاحت؛ ھنرمندی اور چوری کا دیوتا - (۲) عطارد - (۳) پارہ؛ سیماب - (۴) (مجازاً) سیماب وشی ؛ چنچل پن ؛ شوخی؛ تیزی طراری -

mercuric, *a.* : سیمابی ؛ پارے کا؛ پارہ ملا -

mercurous, *a.* : جس میں پارہ کثرت سے ھو -

Mercy, *n.* : رحم؛ کرم؛ مہربانی ؛ رحمت؛ شفقت؛ ترس؛ عفو؛ درگزر -

at the m. of : پنجے میں ؛ قبضۂ قدرت میں ؛ اختیار میں -

m.-seat : (۱) (یہودیوں کے معبد میں) تابوت یہودا کا طلائی غلاف - (۲) عرش -

that is a m : یہ بڑی خیریت ھے ؛ خدا کا بڑا فضل ھے -

to be left to the tender mm : (طنزاً) (کسی کے) پنجۂ غضب میں چھوڑ دینا -

Mere, *n.* : جھیل؛ تالاب ؛ کنڈ -

Mere, *a.* : محض؛ خالص ؛ صرف ؛ فقط -

m. right : (قانون) حق محض یعنی حق بلا قبضہ -

merely, *adv.* : محض ؛ صرف ؛ فقط -

Meretricious, *a.* : (۱) کسبی کا ؛ رنڈی کا ؛ کسبیوں کا سا - (۲) بھڑک دار (آرائش وغیرہ) ؛ پر تصنع؛ طمطراق کی (عبارت) -

meretriciously, *adv.* : کسبیوں کی طرح ؛ طمطراق سے ؛ بھڑکیلے پن سے -

meretriciousness, *n.* : کسبیوں کا سا ٹھسا ؛ بھڑکیلا پن ؛ طمطراق ؛ تصنع -

Merganser *n.* : غوطہ مارنے اور مچھلی کھانے والی بطخ -

Merge, *v. t.* & *i.* : (ایک چیز کا دوسری میں) ضم ھوجانا ؛ مل جانا ؛ جذب ھوجانا؛ ضم کردینا ؛ ملادینا -

mergence, *n.* : ضم ھونا یا کرنا ؛ انضمام -

Merger, *n.* : (۱) ضم ھونا - (۲) (امریکہ) کسی ایک کمپنی یا کارخانے کا دوسرے میں ضم ھو جانا -

Meridian, *n.* & *a.* : (۱) نصف النہار؛ سمت الراس - (۲) اوج کمال؛ عروج - (۳) نصف النہاری ؛ دوپہر کے متعلق - (۴) اوج کمال کا -

calculated for the m. of : (فلاں ملک یاقوم یا اشخاص کے) مذاق کے مطابق -

Meridional, *a.* & *n.* : (۱) جنوبی یورپ کا ؛ جنوبی یورپ کے باشندوں کا - (۲) خط نصف النہار کا - (۳) جنوب کا باشندہ (خصوصاً جنوبی فرانس کا) -

Meringue, *n.* : (۱) انڈے کی مٹھائی؛ ایک مٹھائی جس میں شکر اور انڈے کی سفیدی پڑتی ھے - (۲) انڈے کی سفیدی کا چھوٹا سا کیک -

Merino, *n.* : (۱) مرینوں ' ایک قسم کی بھیڑ جس کی اون نہایت عمدہ ھوتی ھے - (۲) نفیس اونی کپڑا ؛ ملیدہ -

Merit, *n.* & *v. t.* : (۱) لیاقت ؛ قابلیت ؛ اھلیت ؛ جوھر ذات ؛ ھنر ؛ وصف؛ صفت ؛ خوبی؛ حسن ؛ فضیلت - (۲) حسن خدمت؛ استحقاق - (۳) (جمع) حقیقی حسن و قبح ؛ حق و باطل ؛ حقیقت حال - (۴) (سزا یا جزا کا) مستوجب ھونا ؛ سزاوار ھونا ؛ قابل ھونا -

judge on its mm. : نفس معاملہ کے لحاظ سے فیصلہ کرنا ؛

حقیقت حال کے لحاظ سے حکم لگانا -

make a m. of : اپنے رویہ کو مستحسن قرار دینا ؛ کسی چیز کو هنر بنا کر دکھانا -

Meritorious, *a.* : لائق توصیف ؛ قابل تعریف ؛ مستحسن ؛ پسندیدہ ؛ قابل شکریہ -

meritoriously, *adv.* : پسندیدہ طور پر؛ قابل تعریف طور پر-

meritoriousness, *n.* : خوبی ؛ عمدگی ؛ فضیلت -

Merle, *n.* : (قدیم) یورپ کا ایک خوش الحان پرندہ -

Merlin, *n.* : ایک قسم کا باز -

Merlon, *n.* : فصیل کا وہ حصہ جو روزنوں کے درمیان واقع هوتا هے -

Mermaid, *n.* : ایک عجیب مخلوق جس کا سر اور دھڑ عورت کا هوتا هے اور دم مچھلی کی ؛ بنت البحر -

merman, *n.* : ابن البحر -

Mero- : (جز ترکیبی) بہ معنی جزوی ؛ جزواً -

meroblast : ناقص بیضہ دان -

merohedral : ناقص ؛ کم پہلو (قلم یا بلورہ) -

-meroue: : (لاحقہ نباتیات بمعنی) جس کے (اتنے) اجزا یا حصے هوں مثلاً

dimerous : دو رکنی -

5-merous : پنج رکنی -

Merovingian, *a. & n.* : (1) میرونجی (وہ خاندان شاهی جس کا بانی کلوس تھا جس کی اولاد نے گال اور جرمنی پر سنہ ۷۰۰ ع تک حکومت کی)- (۲) اس خاندان کا کوئی بادشاہ -

Merriment, *n.* : هنسی مذاق ؛ هنسی دل لگی ؛ رنگ رلیاں ؛ عیش و طرب ؛ قہقہے چہچہے -

Merry, *n.* : ایک قسم کی سیاہ چیری؛ سیاہ گیلاس (پھل)؛ کرز اسود -

Merry, *a.* : (1) شاد ؛ خرم ؛ هشاش بشاش ؛ مسرور ؛ خوش طبع؛ زندہ دل؛ رنگیلا ؛ مگن- (۲) پئے هوئے؛ سرور میں؛ سرخوش-

make m : رنگ رلیاں منانا ؛ عیش منانا -

make m. over : (کسی کی) هنسی اڑانا ؛ مذاق کرنا ؛ (کسی کے ساتھ) تمسخر کرنا؛ (کسی کی) تضحیک کرنا -

m. -andrew : نقل کا مددگار ؛ مسخرا -

m. -dancers : دیکھو Dancer -

m. England : پر لطف انگلستان -

m. -go-round : جھولا ؛ چرخ چوں -

m. -making : رنگ رلیاں ؛ قہقہے چہچہے -

merry-thought : دو شاخی هڈی جو پرندوں کے حلق اور سینے کے درمیان هوتی هے -

the m. monarch : رنگیلا بادشاہ یعنی انگلستان کا بادشاہ چارلس دوم -

merrily, *adv.* : خوشی سے ؛ هنسی سے ؛ مذاق سے ؛ از راہ تمسخر ؛ شادمانی سے ؛ خوش طبعی سے ؛ زندہ دلی سے -

merriness, *n.* : (شاذ) خوشی ؛ خرمی؛ هنسی ؛ زندہ دلی؛ خوش طبعی وغیرہ -

Mesalliance, n. : ایسے شخص کے ساتھ شادی جو رتبے میں کم هو؛ کم حیثیت شخص کے ساتھ شادی -

Mesdames, Mesdemoiselles : دیکھو Madame, - Mademoiselle

Meseems, *v. i.* : (قدیم) مجھے یہ معلوم هوتا هے؛ ایسا نظر آتا هے ؛ میرا خیال هے -

Mesembrianthemum, *n.* : ایک قسم کا گیندا ؛ گل صد برگ -

Mesentery, *n.* : ماسا ریقا ؛ جھلی کی ایک تہ جو آنتوں کے کسی حصہ کو معدے کے بیرونی حصے سے ملحق کرتی هے -

mesenteric *a.* : ماساریقی -

mesenteritis, *n.* : سوزش ماساریقا -

Mesh, *n.* : (1) جال کا پھندا یا سوراخ - (۲) (جمع) جالی کا کام - (۳) (مجازاً) پھندا (جیسے mesh of law) - (۴) (عضویات) جالی دار ساخت ؛ مشبک ساخت ؛ مشبکی ساخت -

in m. : پھنسے هوئے چرخی کے دندانے -

Mesh, *v. t & i.* : (1) جال میں پھنسانا ؛ دام میں پھنسانا ؛ پھندے میں پھنسانا (لغوی اور مجازی) - (۲) جال میں پھنسنا ؛ دام میں پھنسنا ؛ پھندے میں پھنسنا (لغوی اور مجازی) -

Mesial, *a.* : (کسی جسم کے) خط مرکزی یا وسطی کا ؛ خط وسطی میں ؛ خط وسطی کی طرف -

mesially, *adv* : خط مرکزی یا وسطی سے -

Mesmerism, *n.* : (1) اثر پذیر حالت نوم - (۲) مسمریزم ؛ مسمریزم کا اثر -

mesmeric, *a.* : مسمریزم کا -

mesmerist, *n.* : مسمریزم کا عامل -

mesmerization, *n.* : مسمریزم کا عمل -

mesmerize, *v. t.* : مسمریزم سے بےهوش کرنا ؛ مسمریزم کرنا -

Mesne, a. : درمیانی ؛ وسطی ؛ بیچ کا -

m. lord : درمیانی زمیندار (جو بڑے جاگیردار سے زمین پٹہ پر لے اور دوسروں کو پٹہ پر دے) -

m. process : (مقدمے کی) درمیانی کارروائی -

m. profits : نا جائز واصلات (جو نا جائز طور پر قابض پٹہ دار دو مقررہ تاریخوں کے درمیان وصول کرے) -

Meso-: (جز ترکیبی) درمیانی ؛ وسطی -

mesogaster : غشائے واصل ؛ ایک جھلی جو معدہ اور بطن کی ظہری دیوار کے درمیان واقع هے -

mesolithic : عہد حجری کے درمیانی زمانے کا -

mesophyll : برگ ریشہ ؛ پتی کا اندرونی ریشہ -

mesozoic : دور ثانی کا ؛ دوسرے ارضیاتی دور کا -

Mespot : (مامیانہ) Mesopotamia کا مخفف ؛ عراق عرب -

Mesquit(e), *n.* : مسکیت ؛ ایک پھلی دار درخت جو شمالی امریکہ میں هوتا هے -

m. -grass : مسکیتی گھاس ؛ ایک قسم کی گھاس جو اس درخت کے گرد و پیش پائی جاتی هے -

Mess, *n.* : (1) حریرہ ، دلیا بھرتا وغیرہ کی ایک مقدار- (۲) شکاری کتوں کی رقیق یا مخلوط غذا - (۳) بےمیل شربت ؛ مخلوط مشروب ؛ معجون مرکب - (۴) ابتری ؛ ردی حالت ؛ گندی حالت - (۵) ساتھ کھانا کھانے والوں کی جماعت ؛ فوج کی ٹولی ؛ جہازی سپاهیوں کی ٹولی (جو مل کر کھانا کھاتی هو) ؛ مسکوٹ - (۶) مسکوٹ کا کھانا -

messmate : ایک هی مسکوٹ کا ؛ هم طعام -

m. of pottage : (مجازاً) اپنا حلوا مانڈا ؛ مادی راحت ؛ دنیاوی اغراض (جن پر اعلیٰ مقاصد قربان کردے جائیں) -

to make a m. of : (کسی کام کو) چوپٹ کردینا؛ ستیاناس کردینا۔

messy, *a.* : مخلوط؛ گڈ مڈ؛ ابتر؛ گندا۔

messily, *adv.* : گندے پن سے؛ ابتری کی حالت میں۔

messiness, *n.* : گندا پن؛ گڈ مڈ؛ ابتری۔

Mess, *v. t. & i.* : (۱) چوپٹ کردینا؛ ستیاناس کردینا؛ گندا کردینا؛ میلا کردینا۔ (۲) (کام میں) گڑ بڑ کردینا؛ خلط مبحث کردینا۔ (۳) ساتھ مل کر کھانا۔

Message, *n.* : (۱) زبانی یا تحریری پیغام؛ پیام۔ (۲) پیام الہٰی جو پیمبر لاتا ھے؛ روحانی پیام۔

Message, *v. t.* : (۱) پیام بھیجنا؛ خبر بھیجنا۔ (۲) تار، لاسلکی وغیرہ سے بھیجنا؛ خبر دینا۔

Messenger, *n.* : (۱) پیغامبر؛ پیامبر؛ قاصد؛ ھرکارہ؛ نامہ بر؛ ایلچی۔ (۲) کاغذ کا پرزہ جسے پتنگ اڑانے والا ڈور پر چڑھا کر پتنگ تک پہنچاتا ھے۔ (۳) چرخی پر چڑھی ھوئی ڈور جس سے جہاز کا رسا اوپر کھینچا جاتا ھے۔

Messiah, *n.* : (۱) یہودیوں کا نجات دھندہ؛ مسیحا۔ (۲) حضرت عیسیٰ مسیح۔ (۳) مظلوم قوم یا ملک کو آزاد کرنے والا؛ نجات دھندہ۔

Messianship, *n.* : مسیحیت؛ مسیحائی۔

Messianic, *a.* : مسیح کا؛ عقیدۂ مسیح کا۔

Messieurs, *n.* pl.: حضرات؛ صاحبان۔

Messrs: (لفظ مذکورۂ بالا کا مخفف) کسی تجارتی کوٹھی کے شرکا کے نام کے ساتھ۔

Messuage, *n.* : (قانون) حویلی مع متعلقات؛ مکان مع اراضی ملحقہ۔

Mestizo, *n.* (pl.-os) : مخلوط ھسپانوی یا پرتگالی نسل کا شخص؛ مخلوط ھسپانوی اور امریکی نسل کا شخص۔

Meta- : (سابقہ) ما بعد یا تغیر کے معنی دیتا ھے۔

Metabolism, *n.* : جمفرق (ج)؛ استحالہ؛ غذا کا جز و بدن ھونا؛ اپنے مادے (یا مادۂ حیات) کا تحلیل ھونا

constructive m. : تعمیری استحالہ۔

destructive m. : تخریبی استحالہ۔

metabolic, *a.* : (۱) استحالی۔ (۲) قابل استحالہ

metabolize, *v. t.* : استحالہ کرنا۔

Metacarpus, *n.* : کف دست و پشت دست؛ ھاتھ کا وہ حصہ جو انگلیوں اور کلائی کے درمیان ھے۔

Metage, *n.* : (۱) سرکاری بار پیمائی؛ سرکاری طور پر کوئلے وغیرہ کے وزن کا اندازہ۔ (۲) محصول بار پیمائی۔

Metagenesis, *n.* : (حیوانیات، حیاتیات) سلسلۂ توالد کا باری باری سے ازدواجی اور غیر ازدواجی ھونا۔

metagenetic, *a.* : اس سے متعلق۔

Metal, *n. & v. t.* : (۱) دھات؛ فلز۔ (۲) سڑک بنانے کے کنکر، روڑے وغیرہ۔ (۳) (جمع) ریل کی پٹری۔ (۴) دھات لگانا؛ سڑک پر کنکر ڈال کر کوٹنا؛ سڑک کو پکا کرنا۔

bell, Britannia, gun, white, yellow m. : دیکھو Bell, Britannia, Gun, White, yellow-

heavy m.: دیکھو Heavy -

road-m. : سڑک کے کنکر

train leaves the mm : گاڑی پٹڑی سے اتر گئی۔

Metallic, *a.* : (۱) فلزاتی؛ دھات کا؛ فلزات کے متعلق۔ (۲) دھات جیسی۔

m.currency : سونے، چاندی یا تانبے وغیرہ کا سکہ؛ فلزاتی سکہ یا زر۔

metalline, *a.* : دھات کا؛ فلزاتی۔

Metallize, *v. t.* : (۱) دھات لگانا؛ دھات کا بنانا؛ دھات جیسا بنانا۔ (۲) ربڑ کو گندھک ملا کر مضبوط کرنا۔

Metallography, *n.* : فلزاتیات؛ علم فلزات؛ وہ علم جس میں دھاتوں کی اندرونی ساخت کا ذکر ھوتا ھے۔

Metalloid, *a. & n.* : (۱) فلزات نما؛ دھات نما۔ (۲) ایک غیر فلزاتی عنصر (جس میں فلز کی چند خصوصیات ھوں)۔

Metallurgy, *n.* : خام دھات کو صاف کرنے کا فن۔

metallurgic(al), *aa.* : اس فن سے متعلق۔

metallurgist, *n.* : خام دھات کو صاف کرنے والا یا اس فن کا ماھر۔

Metamere, *n.* : (حیوانیات) کسی جسم کے چند یکساں اجزا میں سے ایک قاش۔

Metameric, *a.* : (۱) (کیمیا) (وہ عناصر) جن کی ترکیب اور وزن سالماتی یکساں ھو مگر خواص میں فرق ھو۔ (۲) قاشوں کا۔

metamerism, *n.* : (حیوانیات) قاشی جز؛ (کیمیا) ہم عنصر اور ہم وزن سالمات کی حالت جو اگرچہ ایک ھی ساخت اور ایک سالماتی وزن کے ھیں مگر خواص میں مختلف ھیں۔

Metamorphic, *a.* : (۱) قلب ماھیت کا؛ جس میں قلب ماھیت ھو۔ (۲) (ارضیات) وہ چٹان جس کی نوعیت فطری نشو و نما سے بدلی ھو؛ متغیر۔

metamorphism, *n.* : تغیر؛ کامل تغیر۔

Metamorphose, *v. t.* : قلب ماھیت کردینا؛ کایا پلٹ کردینا۔

Metamorphosis, *n.*(pl.-*oses*): (۱) قلب ماھیت؛ کایا پلٹ۔ (۲) بالکل بدلی ھوئی شکل۔

Metaphor, *n.* : استعارہ؛ کنایہ؛ مجاز۔

mixed m. : استعارۂ مخلوط؛ بے جوڑ استعاروں کا اجتماع۔

metaphorical, *a.* : استعاری؛ مجازی۔

metaphorically, *adv.* : استعارتاً؛ کنایتاً؛ از روے مجاز؛ از راہ استعارہ۔

Metaphrase, *n. & v. t.* : (۱) ترجمہ؛ (خصوصاً) لفظی ترجمہ؛ لفظ بہ لفظ ترجمہ۔ (۲) لفظی ترجمہ کرنا؛ دوسرے لفظوں میں بیان کرنا۔

metaphrastic, *a.* : لفظی؛ تحت لفظی؛ لفظ بہ لفظ۔

Metaphysical, *a.* : (۱) ما بعد الطبیعی؛ مابعد الطبیعیاتی؛ الٰہیاتی؛ مافوق الطبیعی؛ ما بعدالطبیعیاتی۔ (۲) بے حد دقیق؛ نہایت باریک۔ (۳) مافوق العادۃ؛ مافوق الفطرۃ۔ (۴) خیالی؛ تصوری۔

metaphysically, *adv.* : (۱) معقول یا مجرد حیثیت سے؛ مافوق العادۃ طور پر؛ مابعدالطبیعیات میں۔ (۲) از روے الٰہیات۔

Metaphysics, *n.* : (۱) مافوق الطبیعیات؛ مابعد الطبیعیات؛ الٰہیات۔ (۲) (عوام) دقیق گفتگو؛ مجرد مسائل پر گفتگو؛ محض نظری بات۔

metaphysician, *n.* : ماھر مابعدالطبیعیات؛ عالم الٰہیات؛ الٰہی۔

metaphysicize, *v. i.* : مابعدالطبیعی مسائل پر بحث کرنا۔

Metaplasm, *n.* : اپنے مایہ (protoplasm) کا وہ حصہ جو تشکیلی مادہ رکھتا ھے؛ شکل مایہ۔

Metapolitics, *n.pl.* : ما بعدالسیاسیات ؛ سیاسیات محض ؛ مجرد فلسفۂ سیاست -
metapolitical, *a.* : مابعدالسیاسی -
metapolitician, *n.* : ماہر ما بعدالسیاسیات ؛ سیاسیات محض کا ماہر -
Metastasis, *n.* : (۱) کسی جسمانی وظیفے یا مرض کا ایک عضو سے دوسرے عضو میں انتقال ؛ انتقال مقام ؛ انتقال عضوی - (۲) (کیمیا) استحالۂ نامی ؛ کسی مرکب کا جسم نامی کا جزو بننے کے بعد بدل کر ایک دوسرا مرکب بن جانا -
metastatic, *a.* : استحالۂ نامی کے متعلق ؛ انتقال عضوی کے متعلق -
Metatarsus, *n.* : (تشریح) پشت‌پا ؛ ان پانچ ہڈیوں کا مجموعہ جو ٹخنے اور انگلیوں کے درمیان ہیں-
metatarsal, *a.* : پشت پا کا -
Metathesis, *n.* : (۱) (صرف و نحو) تجنیس ؛ تقلیب (لفظ میں حروف اور اصوات کا ادل بدل تلفظ کی آسانی کی وجہ سے جیسے bridd کا bird) - (۲) (کیمیا) دو سالمات میں جواہر فرد کا مبادلہ؛ مبادلۂ جواہر -
Metayage, *n.* : کاشتکاری کا وہ طریقہ جس میں کاشتکار زمیندار کو پیداوار کا ایک حصہ دیتا ہے؛ بٹائی -
Metayer, *n.* : وہ کاشتکار جو بٹائی پر کاشت کرتا ہے؛بٹائی دار-
Mete, *n.* : حد ؛ سرحد ؛ ڈانڈا ؛ سنگ حد ؛ ڈانڈے کا پتھر -
mm. & bounds: (قانون)حدود؛ ڈانڈے؛ حدود اربعہ؛ چوحدی-
Mete, *v. t.* : (۱)(انشاپردازی) (سزا و جزا) دینا؛ حصہ مقرر کرنا ؛ قسمت کرنا - (۲) (شعر) پیمائش کرنا ؛ ناپنا ؛ ماپنا -
m.-wand, m.-yard. : معیار ؛ پیمانہ -
Metempiric, *n.* : (۱) ما فوق التجربیت ؛ ان چیزوں کا فلسفہ جو تجربے کے ماورا ہیں - (۲) قائل مافوق‌التجربیت-
metempirical, *a.* : مافوق‌التجربی ؛ ماورائے تجربہ -
metempiricist, *n.* : ما فوق التجربی فلسفی ؛ قائل ما فوق التجربیت -
Metempsychosis, *n.* : تناسخ ارواح ؛ تناسخ ؛ اوا گون -
metempsychosist, *n.* : معتقد تناسخ ؛ قائل تناسخ ؛ اوا گون کا ماننے والا -
Meteor, *n.* : (۱) شہاب ؛ شہاب ثاقب ؛ ٹیزک ؛ ٹوٹتا ہوا ستارہ - (۲) کوئی فضائی مظہر؛ مظہر جوّی ؛ حادثۂ جوّی -
Meteoric, *a.* : (۱) شہاب کے متعلق؛ شہابی - (۲) کرۂ ہوا کے متعلق ؛ فضائی - (۳) (مجازاً) تیز ؛ تیز رفتار ؛ تیز رو - (۴) (مجازاً) روشن؛ تابناک؛ خیرہ کن ؛ جوّی؛ درخشاں اورعارضی-
Meteorite, *n.* : زمین پر گرا ہوا شہاب ؛ حجر شہابی ؛ حجر جوی؛ حجر ہوائی -
meteorolite, *n.* : حجر ہوائی ؛ حجر جوّی -
Meteorograph, *n.* : جوّیات پیما؛حوادث جوید کی پیمائش کا آلہ-
Meteoroid, *n.* : شہاب نما -
meteoroidal, *a.* : شہاب نما ؛ مماثل شہاب -
Meteorology, *n.* : علم کائنات‌الجو؛ علم حوادث‌الجو ؛ موسمیات -
meteorologic(al), *aa.* : علم کائنات‌الجو کے متعلق؛موسمیاتی-
meteorologically, *adv.* : علم کائنات‌الجو کی رو سے ؛ موسمیات کی رو سے -
meteorologist, *n.* : علم‌کائنات‌الجو کا ماہر ؛ ماہرموسمیات -
Meter, (۱) ناپنے کا آلہ ؛ پیمانہ- (۲) ناپنے والا ؛ ماپنے والا -
gas m. : بس‌پیما -
water m. : ب پیما -
-meter : (لاحقہ) ناپنے کے آلوں کے نام کا آخری جز' (-) پیما -
Metheglin, *n.* : شہد کی مسالہ دار شراب -
Methinks, *v.i.* (archic; *methougt*) : میرا‌یہ خیال ہے؛ مجھے یہ معلوم ہوتا ہے -
Method, *n.* : (۱) (کسی علم کا) طریق استدلال ؛ منہاج تحقیق؛ طریق؛ منہاج - (۲) (حیاتیات) اصول ترتیب و تقسیم - (۳) خیالات میں ترتیب' ربط- (۴) با قاعدگی ؛ باضابطگی؛ ضابطہ -
there's m. in his madness : (مزاحاً) اس کی دیوانگی میں فرزانگی ہے ؛ اس کے خبط میں ضبط ہے -
methodical, *a.* : باضابطہ ؛ با اصول ؛ با قاعدہ ؛ با سلیقہ ؛ با اسلوب ؛ با ترتیب-
methodically, *adv.* : اصول ' ضابطہ یا ترتیب کے ساتھ ؛ قاعدے کے ساتھ -
methodology, *n* : منہاجیات؛ منہاج کی بحث -
Methodist, *n.* : (۱) پروٹسٹنٹ مذہب کے کسی غیر مقلد فرقے کا پیرو ؛ اصولی - (۲) متشدد فی‌المذہب ؛ کٹر - (۳) (تاریخ طبیعی) تقسیم وترتیب میں کسی اصول کو مدنظر رکھنےوالا ؛اصولی-
methodistic(al), *aa.* غیر مقلدانہ ؛ اصولیت کا-
methodistically *adv.* : غیرمقلدوں‌کی‌طرح؛اصولی نقطۂ نظرسے-
methodism, *n.* : میتھوڈسٹ فرقے کی تنظیم وتعلیم -
Methodize, *v. t.* : ترتیب دینا ؛ نظم و ترتیب قائم کرنا ؛ با اصول بنا نا ؛ ضابطے کی تحت میں لانا -
Methought : دیکھو Methinks -
Methyl, *n.* : میتھل ؛ بہت سے کاربنی مرکبوں کی زمین -
methylic, *a* : میتھیلک ؛ میتھل آمیز -
Methylate, *v. t.* : میتھل ملانا (خصوصاً روح‌شراب میں تاکہ پینے کے قابل نہ رہے اور محصول سے بری ہوجائے) -
methylated spirit : میتھل ملی ہوئی روح شراب -
Meticulous, *a.* : باریک بیں ؛ بےحد محتاط ؛ جزویات کا حد سے زیادہ خیال رکھنے والا -
meticulously, *adv.* : باریک بینی‌سے؛حد سے زیادہ احتیاط سے-
Metier, *n.* : پیشہ؛ کام -
Metis, *n.* : (کناڈا) میٹس؛مخلوط‌یورپی‌اوردیسی‌نسل‌کا؛مخلوط النسل -
Metonymy, *n.* : صنعت مجاز مرسل (جس میں صفت سے موصوف یا جز و سے کل مراد لیتے ہیں) -
metonymical, *a.* : مجاز مرسل کے متعلق -
metonymically, *adv.* : (مجازاً) مجاز مرسل کے طور پر -
Metope, *n.* : چشمہ -
Metre, *n.* : شعر کا وزن؛ بحر
metrician, *n.* : عروض دان -
metrics, *n.* : عروض -
metrist, *n.* : عروض دان -
Metre, *n.* : میٹر (فرانسیسی نظام پیمائش میں لمبائی کی

اکائی جس کا طول ۳۷، ۳۹ انچ ہے) -

Metric, *a.* : میٹری ؛ میٹر کے متعلق -

m. system : (پیمائش کا) نظام اعشاری -

Metrical, *a.* : (۱) وزن یا بحر کے متعلق ؛ موزوں - (۲) پیمائشی ؛ مساحت کے متعلق -

m. geometry : مساحتی ہندسہ -

metrically, *adv.* : (۱) وزن کے لحاظ سے - (۲) پیمائش کی رو سے

Metrology, *n.* : نظام وزن و پیمائش -

metrological, *a.* : پیمائشی ؛ نظام وزن و پیمائش کے متعلق -

Metronome, *n.* : (۱) ایک آلہ جس میں ایک رقاص کے ذریعے تال اور سم کا آتار چڑھاو معلوم ہوتا ہے ؛ تال ناپ ؛ تال ترازو -

metronomic, *a.* : تال کی پیمائش کا ؛ تال ترازو کا -

Metropolis, *n.* : (۱) کسی ملک کا سب سے بڑا شہر ؛ اُم البلاد - (۲) دارالسلطنت ؛ دارالحکومت ؛ راجدھانی - (۳) استف اعظم کا علاقہ - (۴) مرکز (جد و جہد کا) -

the m. : لندن -

Metropolitan, *a.* & *n.* : (۱) اُم البلاد کا - (۲) استف اعظم کا - (۳) اُم البلاد کا رہنے والا ؛ (نیز *m. bishop*) استف اعظم ؛ یونانی کلیسا میں استف سے بڑا اور بطریق سے چھوٹا عہدہ دار -

metropolitanate, *n.* : استف اعظم کا عہدہ یا علاقہ -

-metry : (لاحقہ بمعنی) (کسی آلے کے ذریعے) پیمائش ؛ پیمائش کا طریقہ -

Mettle, *n.* : (۱) جوہر ؛ نہاد ؛ طبیعت ؛ مزاج - (۲) ولولہ ؛ جوش - (۳) دلیری ؛ شجاعت ؛ بہادری ؛ ہمت ؛ جرأت ؛ جیوٹ ؛ دم خم -

be on one's m. : اپنی والی پر آنا ؛ اپنی بات پر آنا ؛ اپنی طرف سے کوئی کسر اٹھا نہ رکھنا -

(-) **mettled, mettlesome**, *aa.* : جیوٹ ؛ جی دار ؛ جوشیلا ؛ جری ؛ دم خم کا -

Meum, *n.*, *M. & tuum* : میرا اور تیرا ؛ اپنا اور پرایا (ملکیت کا امتیاز ظاہر کرنے کے لئے) -

Mew, *n.*, (also *sea-m.*) : مرغابی -

Mew, *n.* & *v. t.* : (۱) پنجرا (جس میں شکرے کو کریز کے زمانے میں رکھتے ہیں) - (۲) کریز کے لئے چھوڑنا ؛ شکرے کو کریز کے پنجرے میں بند کرنا - (۳) (مجازاً) قید کرنا ؛ پنجرے میں بند کرنا -

Mew, *v. t.* : (قدیم) (شکرے کا) کریز کرنا ؛ (پرانے پر) جھاڑنا -

Mew, *v. i.* & *n.* : (۱) بلی کا بولنا ؛ میاوں میاوں کرنا - (۲) سمندر کے پرندوں کا بولنا - (۳) میاوں میاوں (بلی کی بولی)-

Mewl, mule, *v. i.* : (۱) ٹھوں ٹھوں کرنا ؛ بچے کا رونا ؛ ٹھنکنا - (۲) بلی کی طرح میاوں میاوں کرنا -

Mews, *n.* : وہ عمارت جس کے بیچ میں صحن ہو اور چاروں طرف اصطبل کا سلسلہ پھیلا ہو -

Mezzanine, *n.* : (۱) پہلی منزل اور دوسری منزل کے درمیان نیچی چھت کی منزل ؛ درمیانی منزل - (۲) (تھیٹر) تماشاگاہ سے نیچے کا فرش ؛ پائین -

Mezzo, *adv.* : (موسیقی) درمیانی ؛ وسطی ؛ متوسط ؛ نصف ؛ نیم-

m. forte : دیکھو Forte -

m. piano : دیکھو Piano -

m. -rilievo : وہ منبت کاری جس میں نقش سطح پر سے اپنے اصلی تناسب سے نصف ابھرے ہوئے ہوں -

m. -soprano : (موسیقی) ایک خاص نرعیت کی آواز -

Mezzotint, *n.* & *v. t.* : (۱) نیم رنگ (فولاد اور تانبے پر کندہ کاری کا طریقہ جو نقاشی کی تقلید میں اختیار کیا گیا ہے ؛ اس میں سطح کے نشیب و فراز سے روشنی اور تاریکی کے اثرات پیدا کئے جاتے ہیں) - (۲) نیم رنگ کندہ کاری کرنا -

Mi, *n.* : سرگم کا تیسرا سر ؛ گا -

Miaow, *n.* & *v. i.* : (۱) میاوں ؛ بلی کی آواز - (۲) میاوں میاوں کرنا ؛ بلی کی بولی بولنا ؛ بلی کی طرح بولنا -

Miasma, *n.* (pl. -ta, -s) : (۱) متعدی سمی ابخرات ؛ مضر ابخرات خصوصاً ملیریا -

miasmal, miasmatic, *aa.* : سمی ابخرات ؛ ملیریا کا -

Miaul, *v. i.* : میاوں میاوں کرنا ؛ بلی کی بولی بولنا ؛ بلی کی طرح بولنا -

Mica, *n.* : ابرق یا اس قسم کی کوئی اور معدنی شے -

m. -schist, -slate : ابرق کی پرت دار چٹان -

micaceous, *a.* : ابرقی ؛ ابرق دار -

Micawber, *n.* : شیخ چلی ؛ نکما اور بے فکر آدمی جو ہمیشہ یہ امید رکھے کہ تقدیر سے کوئی فلاح کی صورت نکل آئے گی -

Micawberism, *n.* : شیخ چلی پن -

Michael, *n.* : میکائیل (جو چار ملائک مقربین میں سے ہیں) -

Order of St. M. & St. George: انگلستان کا ایک اعزازی خطاب-

Michaelmas : یوم المیکائیل ؛ سینٹ میکائیل کا عرس جو ۲۹ ستمبر کو منایا جاتا ہے -

Mickle, mu-, *a.* & *n.* : بہت ؛ زیادہ ؛ بڑا ؛ کثیر -

many a little, or *pickle makes a m.* : تھوڑا تھوڑا بہت ہو جاتا ہے ؛ اندک اندک بہم شود بسیار -

Micro- : (یونانی لفظ *Mikros* سے ماخوذ) چھوٹا ؛ خرد -

microcephalic : خرد سر (شخص) -

microcephalous : خرد سر -

microlithic : سنگریزوں سے بنا ہوا -

micrology : بال کی کھال نکالنا ؛ موشگافی ؛ ہندی کی چندی -

micrometer : چھوٹی چیزوں یا چھوٹے فاصلوں کے ناپنے کا آلہ ؛ خرد پیما -

micrometrical : خرد پیمائی کا -

micrometry : خرد پیمائی -

microphone : خرد شنو -

microphotograph : بہت چھوٹی چیز کی تصویر بڑے پیمانے پر کھینچنا ؛ خرد بینی تصویر یا عکس -

microphyte : (۱) خرد بینی درخت - (۲) جرثومہ -

microseism : خفیف زلزلہ -

microseismic : زلزلے کے متعلق -

microseismograph : زلزلہ پیما ؛ زلزلہ نگار -

microseismology : علم زلزلہ -

microspore : (نباتیات) خرد تخمک ؛ وہ خلیہ جو علحدہ نشو و نما پا سکے -

microtome : خرد تراش ؛ وہ آلہ جس سے کسی چیز کے نہایت چھوٹے ٹکڑے خرد بین سے دیکھنے کے لئے کاٹے جائیں -

microzyme : تشمیری جرثومہ (جو سڑنے سے پیدا ہوتا ہے) -

Microbe, *n.* : جرثومہ -

microbial, *a.*: جرثومی -

microbiology, *n.* : حیاتیات جرثومی -

Microcosm, *n.* : (۱) کائنات اصغر (یعنی انسان' اس حیثیت سے کہ اس کی ذات کائنات کا خلاصہ ہے) -

microcosmic, *a.* : کائنات اصغر کا -

Micron, *n.*: میٹر کا دس لاکھ واں حصہ -

Microscope, *n.* : خورد بین -

Microscopic, *a.* : (۱) خورد بین کا - (۲) اتنا چھوٹا جو صرف خورد بین سے نظر آئے ؛ خورد بینی -

microscopical, *a.* : خورد بینی -

microscopically, *adv.* : (۱) خورد بین سے - (۲) خورد بینی اشیا کی طرح -

Microscopy, *n. n.* : خورد بین کا استعمال -

microscopist, *n.* : خورد بین کےاستعمال کا ماہر ؛ ماہرخورد بین-

Micturition, *n.* : (۱) پیشاب کی کثرت ؛ سلسل البول - (۲) (غلط استعمال) پیشاب کرنا -

Mid, *a.* (sup. *midmost*) : (۱) وسط ؛ بیچ ؛ درمیان (اردو میں اسم ہے) - (۲) وسطی ؛ درمیانی ؛ اوسط ؛ منجھولا ؛ نیم ؛ نصف -

m. iron : منجھولا سرا ؛ گولف کے چوگان کا متوسط چوڑائی کا خمدار آہنی سرا -

m. off, midwicket off : (کرکٹ) وہ فیلڈر جو گیند پھینکنے والے کے داہنی جانب کھڑا ہوتا ہے -

m. on. midwicket on : (کرکٹ) وہ فیلڈر جو گیند پھینکنے والے کے بائیں جانب کھڑا ہوتا ہے -

m. rib : پتے کی بیچ کی رگ ؛ درمیانی رگ -

midway : وسط راہ میں ؛ بیچوں بیچ ؛ آدھی دور پر -

Mid, *prep.*: (شعر) درمیان -

Midday, *n.* : (۱) نصف النہار ؛ نیم روز ؛ دوپہر - (۲) دوپہر کا ؛ نیم روز کا -

Midden, *n.*: (مقامی بولی) گھورا ؛ کوڑی ؛ کوڑے کا ڈھیر -

kitchen m.: زمانۂ قبل تاریخ کا کوڑا کرکٹ خصوصاً ہڈیوں اور کوڑیوں کا انبار -

Middle, *a.* (sup. -most) & *n.* : (۱) بیچ کا ؛ درمیانی - (۲) وسطی ؛ مرکزی (۳) - متوسط ؛ اوسط درجے کا - (۴) (یونانی صرف و نحو) فعل مجہول جو معروف کے معنی دے - (۵) مرکز؛ وسطی حصہ - (۶) کمر -

in the m. of : دوران میں؛ اثنا میں -

m. age : سن کہولت ؛ متوسط عمر ؛ ادھیڑ عمر -

m. -aged : متوسط عمر کا ؛ ادھیڑ -

m. article: مختصر ادبی مضمون جو رسالے یا اخبار میں سیاسی مضامین اور تنقید کتب کے درمیان ہو؛ وسطی مضمون -

m. -class : (۱) متوسط طبقہ - (۲) متوسط طبقے کا -

m. course, m. way : وہ صورت جو دو انتہائی صورتوں کے بین بین ہو ؛ درمیانی صورت یا رستہ -

M. English : دیکھو English -

m. finger : بیچ کی انگلی؛ انگشت وسطی -

M. Kingdom : چین -

m life : سن کہولت ؛ متوسط عمر

middleman : بیچ والا ؛ بیچ کا بیوپاری ؛ دلال -

m. term : (منطق) حد اوسط ؛ وہ لفظ جو کبریٰ و صغریٰ میں مشترک ہو -

m. weight : (مکہ بازی) ایک من بتیس سیر سے دو من تک وزن -

principle of excluded m.: یہ اصول کہ نقیضین کے درمیان حد اوسط نہیں ہو سکتی-

the M. Ages : قرون وسطیٰ (وہ دور جو عہد قدیم اور عہد جدید کے درمیان گزرا سنہ ۱۰۰۰ تا ۱۴۰۰ ع یا سنہ ۶۰۰ تا ۱۵۰۰ ع) -

Middle, *v. t.*: (۱) (جہاز رانی) بیچ میں سے تہ کرنا - (۲) (فٹ بال) گیند کو گول کے سامنے میدان میں ڈالنا - (۳) بیچ میں رکھنا ؛ وسط میں رکھنا -

Middling, *a.* & *adv.*: (۱) (تجارت) دوسرے درجے کا ؛ درمیانی درجے کا - (۲) اوسط درجے کا ؛ بیچ کے راس کا ؛ خاصا - (۳) معمولی - (۴) اوسط درجے پر ؛ متوسط طور سے - (۵) (روزمرہ) (صحت کے لحاظ سے) اچھا خاصا -

middlings, *n.* pl.: اوسط درجے کی چیزیں؛اوسط درجے کا باریک میدہ-

middlingly, *adv.*: متوسط طور پر -

Middy, *n.* : دیکھو Midship -

Midge, *n.*: (۱) ڈھنگنا - (۲) چھوٹا سا آدمی ؛ مٹھی بھر کا آدمی -

Midget, *n.* : (۱) بونا (جس کی نمائش کی جائے) ؛ بالشتیا - (۲) بہت چھوٹی تصویر -

Midland, *n.* & *a.*: (۱) وسط ملک؛ ملک کا درمیانی حصہ؛ اندرونی علاقہ - (۲) (جمع) انگلستان کے وسطی اضلاع - (۳) اندرونی علاقے کے متعلق ؛ وسط ملک کا -

Midnight. *n.*: (۱) نیم شب ؛ نصف شب ؛ آدھی رات ؛ رات کے بارہ بجے - (۲) غضب کا اندھیرا -

Midrash, *n.* (pl. -shim) : یہودیوں کی قدیم شرح توریت -

Midriff, *n.* : = Diaphragm

Midship, *n.*: کشتی کا درمیانی حصہ ؛ جہاز کا درمیانی حصہ ؛ وسط جہاز -

midshipman : جہاز کا ایک چھوٹا افسر -

midships : دیکھو Amidships -

Midst, *n. adv.*, & *prep.*: (۱) درمیان- (۲) (شعر) وسط میں؛ بیچ میں -

In the m. of : درمیان میں -

Midsummer, *n.*: انقلاب صیفی ؛ عدول کلی صیفی (۲۱ جون کے لگ بھگ) -

M. day : ۲۴ جون -

m. madness : جوش جنون ؛ انتہائی حماقت -

Midwife, *n.* (pl. -wives) : دائی ؛ قابلہ -

midwifery, *n.*: دایہ گری -

Mien, *n.* : (انشاپردازی) چہرہ ؛ بشرہ ؛ انداز ؛ رنگ -

Miff, *n.* & *v. i.* & *t.*: (۱) چھیڑ ؛ جھڑپ ؛ ان بن - (۲) خفگی ؛ روٹھنا ؛ ناراضگی - (۳) خفا ہوجانا ؛ بگڑجانا - (۴) خفا کردینا ؛

ناراض کردینا -

Might, *n.* : (۱) زور ؛ قوت ؛ طاقت - (۲) زور طبیعت ؛ قابلیت ؛ قدرت ؛ عظمت -

with m. & main : دیکھو Main -

Might : دیکھو May -

Mighty, *a. & adv.*: (۱) قوی ؛ طاقتور ؛ شہ زور ؛ بلونت ؛ زور آور ؛ زبردست ؛ جید ؛ جلیل القدر ؛ عظیم الشان - (۲) بڑا بھاری - (۳) (روزمرہ ' صفت) بہت ؛ بہت زیادہ - (۴) (روزمرہ ' متعلق فعل) بہت ؛ نہایت -

high & m.: دیکھو High -

m. works : (بائبل) معجزات ؛ معجزے -

mightily, *adv.*: قدرت سے ؛ عظمت سے ؛ بہت ؛ نہایت -

mightiness, *n.*: قوت ؛ عظمت وغیرہ -

Mignon, a.: نازک ؛ سبک -

Mignonette, *n.*: (فرانسیسی) (۱) ایک پودا جسکے پھول خوشبودار ہوتے ہیں - (۲) بھورا سا سبز رنگ - (۳) ایک قسم کی لیس - (۴) باریک جالی -

Migraine, n.: شقیقہ ؛ درد نیم سر ؛ آدھی سیسی کا درد -

Migrate, *v. i.*: (۱) نقل مکان کرنا ؛ نقل وطن کرنا ؛ ایک مدرسے سے دوسرے میں جانا ؛ ایک شہر کو چھوڑ کر دوسرے شہر میں رہنا ؛ ھجرت کرنا - (۲) (چڑیوں اور مچھلیوں کا) جاڑے میں گرم خطوں اور گرمی میں سرد خطوں میں چلا جانا -

migrant, *a. & n.*: نقل وطن کرنے والا ؛ مہاجر -

migration, *n.*: ھجرت ؛ نقل وطن ؛ نقل مکان -

migrator, *n.*: مہاجر ؛ نقل وطن کرنے والا -

migratory, *a.*: موسمی (چڑیاں ' مچھلیاں) -

Mikado, *n.*: شہنشاہ جاپان -

Mike, *v. i. & n.*: (عامیانہ) (۱) کام سے جی چرانا ؛ بیکار وقت ضائع کرنا ؛ آوارہ گردی کرنا - (۲) آوارہ گردی

Mil, *n.*: (۱) هزار - (۲) مجوزہ سکہ = پونڈ کا هزارواں حصہ - (۳) تار وغیرہ کا قطر ناپنے کی اکائی ؛ انچ کا هزارواں حصہ -

Milage, *n.*: (۱) مسافت (میلوں میں) - (۲) بھتا فی میل ؛ خرچ فی میل -

Milanese, *a. & n.*: (۱) (شمالی اطالیہ کے) شہر ملان کا باشندہ ؛ ملانی - (۲) ملان کا -

the M.: وہ علاقہ جس پر قدیم زمانے میں ڈیوک ملان کی حکومت تھی -

Milch, *a.*: دودھ دینے والی ؛ دودھار -

m. cow : (مجازاً) (۱) منافع کا ذریعہ - (۲) وہ شخص جس سے روپیہ آسانی سے اینٹھا جاسکتا ہو ؛ اسامی -

Mild, *a.*: (۱) حلیم ؛ نرم مزاج - (۲) نرم (قواعد) ؛ ھلکی (سزا) ؛ شفیقانہ ؛ رحمدلانہ (حکومت) - (۳) معتدل (موسم) ؛ جب بارش اور سردی نہ ہو ؛ معتدل - (۴) ھلکی (دوا) (۵) (تمباکو وغیرہ) ھلکا - (۶) (کھانا) موافق آب و نمک کا - (۷) میٹھی ؛ ھلکی (بیر) - (۸) کمزور ؛ بودا (انسان اور افعال) -

m. steel : سخت فولاد جو آسانی سے تپایا نہ جاسکے -

milden, *v. t. & i.*: (۱) نرم کرنا ؛ ملائم کرنا ؛ معتدل کرنا - (۲) نرم ھونا ؛ ملائم ھونا ؛ معتدل ھونا -

mildly, *adv.* : حلم و مروت سے ؛ نرمی سے ؛ ملائمت سے ؛ رحمدلی سے وغیرہ -

mildness, *n.*: نرمی ؛ ملائمت ؛ رحم دلی ؛ نرم مزاجی ؛ حلم و مروت ؛ (موسم کا) اعتدال -

Mildew, *n. & v. t. & i.*: (۱) پھپھوندی - (۲) پھپھوندی لگانا یا لگنا -

mildewy, *a.*: پھپھوندی لگا -

Mile, n.: (۱) میل (۱۷۶۰ گز) - (۲) ایک میل کی دوڑ -

geographical m.: جغرافی میل (۶۰۸۰ فٹ) -

milestone : (۱) سنگ میل ؛ میل کا پتھر - (۲) (مجازاً) زندگی کا اھم واقعہ ؛ زندگی کی ایک منزل -

nautical m.: بحری میل ؛ جغرافی میل -

not 100 miles from : بالکل قریب (راز داری کے بناوٹی انداز سے کہتے ہیں) -

Miler, *n.* : (روزمرہ) ایک میل کی دوڑ دوڑنے والا ؛ وہ گھوڑا یا شخص جسکو ایک میل کی دوڑ کی مشق کرائی گئی ہو (*two -m.* وغیرہ بھی آتا ھے) -

Milesian, *a. & n.*: آئری ؛ آئرستانی ؛ آئرستان کا (باشندہ) -

Milfoil, *n.* : ایک سدا بہار پودا جسکی خوشبو بہت تیز اور مزا چرپرا ہوتا ھے -

Miliary, *a.*: باجرے کا ؛ باجرے برابر (غدود ' دانہ وغیرہ) -

m. fever : موتی جھرا ؛ وہ بخار جس میں باجرے کے سے چھوٹے دانے نکل آتے ہیں -

Milieu, n.: ماحول ؛ معاشرتی ماحول -

Militant, *a.*: (۱) مجاھد ؛ محارب - (۲) جنگ جو ؛ جنگی ؛ لڑاک ؛ لڑاکا -

the Church m.: کلیسائے مجاھد -

militancy, *n.*: جنگ جوئی -

militantly, *adv.*: مجاھدانہ طور پر ؛ محاربانہ انداز سے ؛ جنگ پسندانہ ؛ جنگ جوئی کے انداز سے -

Militarism, *n.*: (۱) فوجی روح ؛ سپاھیانہ روش - (۲) فوجی رنگ کا بیجا غلبہ ؛ فوج گردی ؛ فوجی نظام -

militarization, *n.*: فوجی نظام کے ماتحت لانا -

militarize, *v. t.*: فوجی روح پیدا کرنا ؛ فوجی رنگ میں رنگنا ؛ فوجی نظام کے ماتحت لانا -

Militarist, *n.*: (۱) جنگ پرست ؛ فوجی نظام کا حامی - (۲) فن جنگ کا ماھر ؛ ماھر حربیات -

Military, *a. & n.*: (۱) لشکری ؛ عسکری ؛ فوجی ؛ جنگی ؛ حربی ؛ سپاھیانہ - (۲) سپاہ ؛ فوجی دستہ -

m. (سوقیانہ) چند سپاھی -

m. chest : فوج کا خزانہ -

m. fever : فوجی بخار ؛ جنگی بخار ؛ میعادی بخار -

m. testament : سپاھی کی غیر تحریری وصیت ؛ زبانی وصیت -

the m.: فوج -

militarily, *adv.*: فوجی یا حربی طرز پر -

Militate, *v. i.*: (۱) شریک جنگ ھونا ؛ جنگ کرنا ؛ (مجازاً) لڑنا ؛ مخالفت کرنا - (۲) (واقعات یا شہادت کا) اثر ڈالنا (عموماً مخالف ' شاذ موافق) -

Militia, *n.*: شہریوں کی فوج ؛ رضاکار فوج -

militiaman : رضا کار فوج کا سپاہی ۔

Milk, *n.* : (۱) دودھ؛ شیر۔ (۲) درختوں کا دودھ۔ (۳) (بادام وغیرہ کا) شیرہ۔

condensed m. : دیکھو Condensed

m. & honey : سامان عیش و فراغبالی ۔

m.-&-water : بودی ' پھسپھسی یا رقت آمیز (تحریر ' تقریر ' جذبات) ۔

m.-crust : پپڑی سی جو شیر خوار بچوں کی جلد پر جم جاتی ہے ۔

m. fever : دودھ کا بخار ؛ وضع حمل کا بخار ۔

m. for babes : (مجازی) ادب ' فلسفہ وغیرہ کا سادہ اور سہل طرز ۔

m.-float : ہلکی گاڑی جس میں دودھ لے جاتے ہیں ۔

m.-leg : پیر کا ورم جو وضع حمل سے ہوتا ہے ۔

m. maid : وہ عورت جو دودھ دوہتی ہے یا دودھ گھر میں کام کرتی ہے ۔

milkman : شیر فروش ؛ گھوسی ؛ دودھ والا ۔

m. of human kindness : ہمدردی جو لازمۂ انسانیت ہے ۔

m. pudding : شیر برنج ؛ کھیر ۔

m. punch : شراب اور دودھ کا مرکب ۔

milksop : زنانہ ؛ بودا لڑکا یا آدمی ۔

m.-tooth : دودھ کا دانت ۔

milkweed : دودھیل پودا ؛ ایک جنگلی پودا جس کا عرق دودھ سا ہوتا ہے ۔

m.-white : دودھ جیسا سفید ؛ نہایت سفید ۔

milkwort : ایک قسم کا پودا جس کے چرنے سے کہتے ہیں کہ گائے کا دودھ بڑھ جاتا ہے ۔

no use crying over spilt m. : جب کوئی چارہ کار نہیں تو رونے دھونے سے کیا فائدہ ؛ جو ہونا تھا ہوگیا اب صبر کرو ۔

Milk, *v. t.* : (۱) دودھ دوہنا ۔ (۲) روپیہ اینٹھنا ؛ ٹھگنا ؛ لوٹنا ۔ (۳) (عامیانہ) ٹیلیفون وغیرہ کے تار سے خبر بالا بالا اڑا لینا ۔ (۴) (پودوں وغیرہ کا) دودھ نکالنا؛ شیرہ نکالنا؛ (سانپ کا) زہر نکالنا۔

m. the ram or *bull* : نا ممکن بات کی کوشش کرنا ۔

Milky, *n.* : (۱) دودھ کا ؛ دودھ جیسا؛ شیر صفت؛ دودھ ملا؛ دودھیا ۔ (۲) (سیال شے) میلی میلی سی؛ دھندلی؛ ملگجی؛ (۳) زنانہ؛ نازک ۔

M. Way : کہکشاں ۔

milkiness, *n.* : (۱) دودھ جیسا ہونا ۔ (۲) دودھیا پن ۔ (۳) دھندلا پن ؛ ملگجا پن ۔ (۴) نزاکت ؛ زنانہ پن ۔

Mill, *n.* : (۱) پن چکی ؛ پون چکی؛ (مشین سے چلنے والی) چکی ؛ معمولی چکی ۔ (۲) پیسنے کی چھوٹی مشین ۔ (۳) کارخانہ ؛ مل؛ گرنی ؛ پتلی گھر ۔ (۴) مکہ بازی کا مقابلہ ۔

between upper & nether millstone : بالکل مجبور ۔

millboard : موٹی دفتی ۔

m.-dam : چکی بند؛ وہ بند جو پن چکی چلانے کے لئے دریا میں باندھتے ہیں ۔

m.-pond : چکی تال؛ وہ پانی جو اس بند سے رک کر جمع ہو جاتا ہے ۔

m.-race : چکی دھارا ؛ پانی کی وہ دھار جو چکی کے پٹے کو چلاتی ہے ۔

millstone : چکی کا پاٹ ؛ سنگ آسیا ۔

millstone grit : ایک قسم کی سخت چٹان ۔

m.-wheel : مل کا پہیا (خصوصاً پن چکی کا) ۔

millwright : مل کا کاریگر ؛ چکی ساز ؛ آسیا ساز ؛ آسیاکار ۔

nether millstone : دیکھو Nether ۔

see far into a millstone : (طنزاً) بہت تیز ہونا ؛ ہوشیار ہونا ۔

the mm. of God grind slowly : عذاب الٰہی اکثر ڈھیل دے کر آتا ہے؛ خدا کی لاٹھی میں آواز نہیں ہوتی ۔

Mill, *v. t. & i.* : (۱) کپڑے کو دبیز کرنا ۔ (۲) پیسنا (غلہ) ۔ (۳) (سکے کے کنارے پر) خط ڈالنا ۔ (۴) چاکولیٹ وغیرہ کو پھینٹنا ؛ جھاگ اٹھانا ۔ (۵) مارنا ؛ پیٹنا ۔ (۶) (کسی شخص سے) لڑنا ؛ جھگڑنا ۔ (۷) (مویشی کا) ساتھ ساتھ چکر کاٹنا ۔

Mill, *n.* : (امریکہ) مل ؛ ایک ڈالر کا ہزارواں حصہ (یہ رقم محض شمار کے لئے مقرر کرلی گئی ہے) ۔

Millenarian, *a. & n.* : (۱) مسیح کی ہزار سالہ حکومت کا ۔ (۲) الف سعادت کا ۔ (۳) اس حکومت کا قائل؛ الف سعادت کا قائل؛ عہد سعادت کا قائل ۔

millenarianism, *n.* : مسیح کی ہزار سالہ حکومت کا عقیدہ؛ الف سعادت کا عقیدہ ۔

Millenary, *a. & n.* : (۱) عہد ہزار سالہ ۔ (۲) عہد ہزار سالہ کا ۔ (۳) مسیح کی ہزار سالہ حکومت کا قائل ؛ عہد سعادت کا قائل ؛ الف سعادت کا قائل ؛ عہد سعادت کا ؛ الف سعادت کا ۔

Millennium, *n.* : (۱) عہد ہزار سالہ ؛ دور ہزار سالہ ۔ (۲) عہد سعادت ؛ الف سعادت ؛ الف سعادت ۔(ہزار سال کا زمانہ جس میں شیطان قید ہوگا اور مسیح کی حکومت ہوگی) ۔

millennial, *a.* : (مسیح کی حکومت کے) عہد ہزار سالہ کا ؛ عہد سعادت کا ؛ الف سعادت کا ۔

Millepede, *n.* : (۱) کھنکھجورا ؛ ہزار پا ؛ صد پا ۔ (۲) ایک قسم کا کیڑا جس کا خول ہڈی کا ہوتا ہے اور پیر بہت سے ہوتے ہیں ۔ (۳) ایک سخت خول کا جانور جو بہت بنا کر رہتا ہے ۔

Miller, *n.* : (۱) کسی قسم کی چکی چلانے والا ۔ (۲) پن چکی والا ۔ (۳) ایک قسم کا سفید کیڑا ۔ (۴) بھونرے کی قسم کا کیڑا ۔

m.'s thumb : ایک چھوٹی مچھلی جس کا سر بڑا ہوتا ہے ۔

Millesimal, *a. & n.* : (۱) ہزارواں حصہ ۔ (۲) ہزارویں حصے پر مشتمل ۔

Millet, *n.* : باجرہ ' کودوں وغیرہ ۔

m.-grass : ایک لمبی خوشنما گھاس ۔

Milli- : (سابقہ) (ـــ) ہزارواں حصہ

milligramme : ایک گرام کا ہزارواں حصہ ؛ انگریزی گرین کا ۱۵۴۳۰ء حصہ ۔

millilitre : ایک لٹر کا ہزارواں حصہ یعنی ۰۶۱ء مکعب انچ ۔

millimetre : ایک میٹر کا ہزارواں حصہ یعنی ۰۳۹۳ء انچ ۔

Milliard, *n.* : ہزار ملین ؛ ایک ارب ۔

Milliner, *n.* : (۱) وہ شخص خصوصاً عورت جو عورتوں کی ٹوپی وغیرہ تیار کرتی یا بیچتی ہے ؛ کلاہ ساز ۔

man m. : (مجازاً) وہ شخص جو چھوٹے چھوٹے کاموں میں وقت صرف کرتا ہے ۔

millinery, *n.* : ٹوپی وغیرہ ؛ کلاہ سازی کا سامان ۔

Million, *n. & a.* : (۱) ملین ؛ دس لاکھ ۔ (۲) (انگلستان) دس لاکھ پونڈ ؛ (امریکا) دس لاکھ ڈالر ۔

the m. : کثیرالتعداد لوگ ؛ عام لوگ -

millionfold, *a. & adv.* : دس لاکھ گنا -

millionth, *a. & n.* : دس لاکھواں (حصہ) -

Millionaire, *n.* : (۱) لکھ پتی ؛ کروڑپتی - (۲) بیحد دولت مند -

Mills bomb, *n.* : بیضاوی دستی بم جو جنگ عظیم میں کثرت سے استعمال ہوتا تھا -

Milor(d), *n.* : مائی لارڈ ؛ (تلفظ = می لور) فرانسیسی میں انگلستان کے لارڈ یا دولتمند شخص کو کہتے ہیں -

Milreis, *n.* : پرتگالی طلائی سکہ جو ۴ شلنگ ۵ پنس کے برابر ہے -

Milt, *n. & v. t.* : (۱) تلی ؛ طحال - (۲) نر مچھلی کے انڈے - (۳) مادہ مچھلی کے انڈوں میں تولیدی مادہ پہنچانا -

Milter, *n.* : نر مچھلی (انڈے دینے کی فصل میں) -

Miltonic, *a.* : ملٹنی ؛ ملٹن کے طرز کا -

Miltonian, *a.* : ملٹن کے طرز کا ؛ ملٹن سے متعلق -

Mime, *n. & v. i.* : (۱) (قدیم یونان و روما) بھانڈوں کی نقل - (۲) نقال ؛ بھانڈ ؛ مسخرا - (۳) محض چہرے کے حرکات و اشارات سے نقل کرنا ؛ خاموش نقل کرنا -

Mimeograph, *n.* : وہ آلہ جس میں لکھے ہوئے صفحوں سے دھات کی پلیٹیں تیار ہوتی ہیں ؛ سوگرات (جس سے بہت سی نقلیں کی جا سکتی ہیں) -

Mimesis, *n.* : (حیاتیات) ظاہری مشابہت (ایک جانور کی دوسرے جانور یا کسی بیجان چیز سے) -

Mimetic, *a.* : (۱) نقل کا ؛ نقالی کا ؛ ظاہری مشابہت کا - (۲) نقل اتارنے کا عادی ؛ نقالی کا شائق ؛ تقلید کا شائق

mimetically, *adv.* : ظاہری مشابہت کے لحاظ سے ؛ نقالی کے طور پر -

Mimic, *a. & n.* : (۱) نقالی کا شائق ؛ نقل کا شائق - (۲) نقلی ؛ مصنوعی - (۳) نقل اتارنے میں مشاق -

Mimic, *v. t.* : (۱) نقل اتارنا - (۲) نقالی کرنا ؛ اندھی تقلید کرنا - (۳) (اشیا کا) پورا مشابہ ہونا -

Mimicry, *n.* : (۱) نقل اتارنا - (۲) نقالی ؛ اندھی تقلید - (۳) نقل ؛ مشابہ چیز - (۴) (حیوانیات) ظاہری کلی مشابہت (دو جانوروں میں) -

Miminy-piminy, *a.* : حد سے زیادہ نازک دماغ؛ ضرورت سے زیادہ نفاست پسند ؛ نانا شاہ -

Mimosa, *n.* : چھوئی موئی اور اس قسم کے اوربودوں کا نام -

Mimulus, *n.* : ایک قسم کا پھول دار پودا -

Mina, *n.* : (۱) مینا ؛ ایک یونانی رقم جو تقریباً چار پونڈ کے برابر ہوتی ہے - (۲) قدیم یونان و مصر وغیرہ کا وزن کا پیمانہ جو تقریباً آدھ سیر کے برابر تھا -

Mina, *n.* : مینا (ہندوستان کا مشہور پرند) -

Minacious, *a.* : تہدیدی ؛ تہدید آمیز ؛ دھمکی کا -

minaciously, *adv.* : تہدیداً ؛ دھمکی کے طور پر -

minacity, *n.* : تہدید آمیز ہونا ؛ تہدید آمیزی -

Minar, *n.* : (۱) روشنی کا مینار؛ روشنی کا منارہ - (۲) عمارت کا مینار -

Minaret, *n.* : مینار (مسجد کا) -

Minatory, *a.* : تہدیدی؛ تخویف آمیز؛ تہدید آمیز ؛ دھمکی کا -

Mince, *n.* : قیمہ -

make a mincemeat of : (۱) (دلیل وغیرہ کی) دھجیاں اڑا دینا - (۲) (کسی شخص کو) کچل کر رکھ دینا ؛ بھرتا بنا دینا -

mincemeat : خشک میوہ جو m. pie میں ڈالتے ہیں -

m. pie: ایک کھانا جس میں خشک میوہ وغیرہ ڈال کر اوپر سے آٹے کی تہ دے کر پکاتے ہیں -

Mince, *v. t. & i.* : (۱) قیمہ کرنا ؛ چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا - (۲) گفتگو میں نرمی اور شائستگی کا خیال رکھنا - (۳) ناز سے چلنا ؛ ناز و انداز سے قدم اٹھانا ؛ تکلف سے چلنا یا گفتگو کرنا ؛ چبا چبا کر باتیں کرنا -

m. matters: مذمت یا مخالفت کے اظہار میں نرمی سے کام لینا ؛ مروت سے کام لینا -

mincingly, *adv.* : چبا چبا کر ؛ اٹھلا کر ؛ تکلف سے -

Mind, *n.* : (۱) یاد ؛ یادداشت - (۲) صاف صاف رائے ؛ اصلی منشا - (۳) دھیان ؛ توجہ ؛ میلان خاطر - (۴) قلبی کیفیت - (۵) ذہن ؛ نفس ؛ دماغ ؛ دل ؛ قلب - (۶) روح ؛ باطن - (۷) ذہن رکھنے والا شخص ؛ دماغ (بہ معنی صاحب دماغ) ؛ نفس (بہ معنی صاحب نفس) - (۸) عقل ؛ فہم؛ قوائے عقلی -

absence of m. : بے خیالی -

be in two mm. : حیص بیص میں ہونا ؛ دو دلا ہونا ؛ ڈانواں ڈول ہونا -

be of person's m. : کسی شخص کی رائے سے اتفاق کرنا -

bring to m., call to m. : یاد کرنا -

have in m., keep in m. : یاد رکھنا -

m.'s eye : چشم بصیرت ؛ دل کی آنکھ -

m.-s stuff : (فلسفہ) جوہر نفس ؛ بعض فلسفیوں کے نزدیک کائنات کی حقیقت یہی جوہر ہے، مادہ بھی اسی کی ایک شکل ہے -

month's m. : دیکھو Month -

presence of m. : اوسان ؛ اوسان قائم بحال رہنے کی حالت -

speak one's *m.* ,*give* one's *piece of m.* : دل کی بات صاف صاف کہہ ڈالنا ؛ اصلی رائے ظاہر کر دینا -

time out of m. : عرصہ دراز ؛ مدت مدید -

to be of a or *one m.* : ہم خیال ہونا ؛ متفق ہونا -

to change one's *m.* : ارادہ بدل دینا -

to give one's *m. to* : توجہ کرنی ؛ توجہ مبذول کرنی -

to go out of m., to pass out of m. : دل سے اتر جانا ؛ فراموش ہوجانا -

to have a good m. or *great m. to* : بہت جی چاہنا -

to have half a m. : کچھ کچھ جی چاہنا -

to know one's *own m.* : ایک فیصلہ کرلینا اور اس پر مضبوطی سے قائم رہنا -

to make up one's *m.* : (۱) مصمم ارادہ کرنا ؛ عزم بالجزم کرنا - (۲) کسی مصیبت یا ناگزیر واقعہ پر صبر کرلینا؛ راضی برضا ہونا -

to my m. : میرے نزدیک ؛ میرے خیال میں ؛ میری رائے میں -

to set one's *m. on*: خواہش کرنی ؛ آرزو کرنی (کسی چیز کے حاصل کرنے یا انجام دینے کی) -

mindless, *a.* : تہی مغز ؛ کورہ مغز -

Mind, *v. t. & i.* : (۱) یاد رکھنا ؛ لحاظ رکھنا - (۲) پورا کرنا ؛

خیال کرنا- (۳) معترض ہونا (۴) اعتراض ہونا - (۵) (کسی چیز کی طرف سے) خبردار رہنا ؛ خیال رکھنا - (۶) نگران ہونا ؛ نگرانی کرنا - (۷) (امر) دیکھو؛ یاد رکھو - (۸) (امر) یہ یاد رہے ؛ یہ ملحوظ رہے -

I should not m. a cup of tea, if you don't, m.: آپ کو کوئی اعتراض نہ ہو تو میرا جی چاہتا ہے کہ ایک پیالی چائے پیوں -

m. one's *P's & Q's*: گفتگو یا کام میں احتیاط برتنا ؛ سوچ سمجھکر بات کرنا یا کام کرنا -

m. the step: زینے کا خیال رہے ؛ دیکھو زینہ ہے -

m. your eye: (عامیانہ) چوکس رہو ؛ دیکھتے رہو -

m. your own business: جاؤ اپنا کام کرو (دوسروں کے کام میں دخل نہ دو) -

Minded, *a*: (۱) راغب ؛ مائل - (۲) (اعلیٰ ادنیٰ وغیرہ) دماغ کا -

high-m.: بلند ہمت ؛ عالی حوصلہ ؛ عالی ظرف -

small-m.: تنگ ظرف ؛ پست ہمت ؛ پست حوصلہ -

Mindful, *a.*: محتاط ؛ احتیاط کرنے والا ؛ لحاظ رکھنے والا -

mindfully, *adv.*: احتیاط سے ؛ توجہ سے -

mindfulness, *n.*: احتیاط ؛ لحاظ ؛ فکر -

Mine, *n.*: (۱) کان ؛ معدن ؛ کھان- (۲) (مجازاً) مخزن ؛ خزانہ ؛ منبع - (۳) خام لوہا ؛ کچا لوہا - (۴) (فوج) سرنگ (جس میں بارود وغیرہ بچھا کر اڑاتے ہیں) - (۵) بحری سرنگ (لوہے کی نلکیاں جن میں آتش گیر مادہ بھر کر سمندر میں ڈالتے ہیں) -

m.-field: سمندر کا وہ حصہ جس میں سرنگوں کا جال بچھا ہو -

m.-layer: سرنگیں لگانے والا جہاز -

m.-sweeper: دشمن کی سرنگیں ہٹانے والا جہاز -

Mine, *v. t. & i*: (۱) نقب لگانا - (۲) اندر اندر زمین کھودنا ؛ سرنگ کھودنا ؛ زمین دوز رستہ بنانا - (۳) (مجازاً) جڑ کھودنا ؛ بنیاد کھوکھلی کر دینا ؛ بیخ کنی کرنا - (۴) (فوج) سرنگ لگانا - (۵) (بحری) سرنگ بچھانا - (۶) کان سے دھات نکالنا - (۷) کان کھودنا -

Mine, *poss. pron. & a.*: میرا ؛ میری (بہ طور صفت جب اسم محذوف ہو) ؛ (قدیم ؛ شعر) بعض اسموں کے ساتھ استعمال ہوتا ہے (جیسے *m. eyes, m. host*) -

Miner, *n.*: (۱) کان کن ؛ کان کھودنے والا ؛ کان کا مزدور - (۲) سرنگ لگانے والا ؛ سرنگ بچھانے والا ؛ سرنگ اڑانے والا ؛ سرنگ باز (سپاہی) -

sappers & mm.: سفر مینا ؛ سفرمینا (پہلے شاہی انجینیر اس نام سے موسوم ہوتے تھے) -

Mineral, *a. & n*: (۱) دھاتی (شے) ؛ معدنی (شے) - (۲) (از قسم) جمادات -

m. kingdom: دیکھو Kingdom -

m. water: قدرتی چشموں کا پانی جس میں کوئی معدنی جز ملا ہو ؛ معدنی پانی (سوڈا واٹر وغیرہ ہاضم پانی کے لئے بھی استعمال ہوتا ہے) -

mineralization, *n.*: معدنی بننا یا بنانا -

mineralize, *v.t. & i.*: معدنی بننا یا بنانا -

Mineralogy, *n.*: (علم) معدنیات ؛ کھان ودیا -

mineralogical, *a.*: معدنیاتی ؛ معدنی ؛ علم معدنیات کے متعلق -

mineralogically, *adv.*: علم معدنیات کی رو سے -

mineralogist, *n.*: عالم معدنیات ؛ ماہر معدنیات ؛ معدنیات داں -

Minerva, *n.*: (رومی دیو مالا) منروا ؛ عقل و دانش کی دیوی ؛ سرسوتی -

M. press: (۱) لندن کا ایک مطبع - (۲) بے حد جذباتی پرستانہ ناول جو سنہ ۱۸۰۰ کے قریب اس مطبع سے شایع ہوتے تھے -

Minever -iver, *n.*: ایک قسم کا سمور ؛ قاقم ؛ سنجاب -

Mingle, *v.t. & i.*: (۱) ملانا ؛ آمیزش کرنا ؛ مرکب کرنا ؛ مخلوط کرنا - (۲) ملنا ؛ مرکب ہونا ؛ مخلوط ہونا -

m. with: ملنا جلنا -

they mingled their tears: وہ مل کر روئے -

Miniate, *v. t.*: (۱) سیندور کا رنگ چڑھانا ؛ شنگرف کے رنگ میں رنگنا - (۲) (قلمی کتابوں میں) ہر عبارت کے پہلے حرف کو نقش و نگار اور طلائی کام وغیرہ سے آراستہ کرنا ؛ منقش اور مطلا کرنا -

Miniature, *n. & a. & v.t.*: (۱) منقش اور مطلا قلمی کتابوں میں تصویر - (۲) بہت چھوٹی سی تصویر ؛ بہت چھوٹے پیمانے کی تصویر ؛ مختصر تصویر ؛ تصویرچہ - (۳) مختصر تصویروں کی نقاشی - (۴) مختصر شبیہ یا عکس ؛ مختصر نقشہ - (۵) بہت چھوٹے پیمانے کا ؛ بہت چھوٹے پیمانے پر بنا ہوا ؛ مختصر - (۶) مختصر پیمانے پر تصویر یا نقشہ بنانا -

in m.: بہت چھوٹے پیمانے پر -

miniaturist, *n.*: مختصر تصویروں کا مصور یا نقاش -

Minify, *v. t.*: (۱) کم کر کے دکھانا ؛ چھوٹا کر کے دکھانا ؛ گھٹا کر ظاہر کرنا - (۲) چھوٹا کرنا ؛ وقعت یا اہمیت کم کر دینا ؛ توڑ کی پھاڑ دینا -

Minikin, *n. & a.*: (۱) بہت چھوٹا (شخص یا جانور) ؛ بونا ؛ بالشتیا - (۲) بننے والا ؛ اتولانے والا ؛ نخرے کرنے والا ؛ نخرے کا -

Minim, *n.*: (۱) موسیقی کا ایک سر - (۲) قلم کی کشش (نیچے کی طرف) - (۳) سب سے چھوٹی یا کم درجے کی مخلوق ؛ بونا - (۴) (سیال کا پیمانہ) ایک ڈرام کا ساٹھواں حصہ ؛ بوند ؛ قطرہ -

Minimal, *a.*: نہایت خفیف ؛ بہت چھوٹا ؛ چھوٹے سے چھوٹا -

Minimalist, *n.*: وہ شخص جس کا یہ اصول ہو کہ کم سے کم سیاسی حقوق وغیرہ بھی جو ملیں انہیں نہ چھوڑنا چاہئے -

Minimize, *v.t.*: (۱) گھٹا کر کم سے کم کرنا - (۲) کم سے کم اندازہ کرنا ؛ کم سے کم کر کے دکھانا -

minimization, *n.*: کم سے کم اندازہ ؛ کم سے کم کر کے دکھانا ؛ گھٹا کر کم سے کم کرنا -

Minimum, *n.* (pl. -ma): (۱) قلیل ترین مقدار ؛ اقل - (۲) کم سے کم ؛ کم از کم -

m. thermometer: وہ تپش پیما جس سے معلوم ہو سکے کہ ایک مقررہ وقت کے اندر تپش کا کم سے کم درجہ کیا تھا -

Minimus, *a.*: (اسکول میں) ایک نام کے بچوں میں سب سے چھوٹا بچہ (جیسے Jones m.) -

Minion, *n.*: (۱) (تحقیر) منہ لگا ؛ منہ چڑھا ؛ منظور نظر (بچہ ؛ نوکر ؛ جانور) ؛ آوردہ - (۲) غلام ؛ بردہ - (۳) (طباعت) ٹائپ کے حروف کی ایک ناپ -

Minish, *v. t. & i.*: (۱) (متروک) گھٹانا ؛ کم کرنا ؛ تخفیف کرنا ؛ کم ہونا ؛ تخفیف ہونا - (۲) اہمیت گھٹانا ؛ قدر و قیمت میں کمی کرنا -

Minister, *n.*: (۱) فاعل ؛ عامل ؛ کارکن ؛ کارپرداز - (۲) وزیر ؛ دیوان ؛ مدارالمہام - (۳) سفیر ؛ ایلچی ؛ وکیل ؛ مختار - (۴) پادری (عیسائی اتالیق) - (۵) بعض مذہبی حلقوں کا سردار -

prime m. : وزیر اعظم ؛ صدر اعظم -

Minister, *v. i. & t.* : (۱) خدمت کرنا؛ امداد کرنا ؛ اعانت کرنا- (۲) مدد ہونا؛ مدد پہنچانا ؛ باعث ہونا - (۳) (قدیم) دینا ' پہنچانا (مدد وغیرہ)-

ministering angel : تیمار دار -

Ministerial, *a.* : (۱) عاملانہ (۲) معاون؛ ممد - (۳) وزارتی؛ وزیر کا ؛ وزارت کا - (۴) وزارت کی پارٹی کا حامی ؛ طرف دار وزارت - (۵) پادری کا ؛ پادری سے متعلق -

ministerialist, *n.* : موئد وزارت ؛ طرف دار وزارت ؛ وزیر کی پارٹی کا شخص-

ministerially, *adv.* : عاملانہ طور پر ؛ وزیر کی حیثیت سے؛ پادری کی حیثیت سے -

Ministration, *n.* : (۱) اعانت ؛ امداد ؛ دست گیری ؛ معاونت ؛ خدمت - (۲) دینا ' پہنچانا (امداد) -

ministrant, *a. & n.* : معاون؛ ممد؛ (مدد وغیرہ) دینے والا -

ministrative, *a.* : امدادی؛ اعانتی-

Ministry, *n.* : (۱) خدمت ؛ اعانت ؛ امداد - (۲) جماعت وزرا ؛ وزارت ؛ پادریوں کی جماعت- (۳) (محکمہ) وزارت -

Miniver : دیکھو Minever -

Mink, *n.* : (۱) نیولے کی قسم کا ایک چھوٹا نیم بحری جانور - (۲) اس کی سمور -

Minnesinger, *n.* : جرمنی کا مغنی شاعر (بارھویں تا چودھویں صدی)-

Minnie, *n.* : (فوج ' عامیانہ) ایک قسم کی ھلکی توپ جو خندقوں میں استعمال ھوتی ھے -

Minnow, *n.* : چھوٹی دریائی مچھلی -

Triton among the mm. : اندھوں میں کانا راجا -

Minoan, *a.* : کریت کے قدیم تمدن کا (۳۰۰۰ تا ۱۵۰۰ ق - م) -

Minor, *a. & n.* : (۱) چھوٹا؛ اصغر- (۲) کم درجے کا ؛ گھٹیا ؛ ناقابل لحاظ جیسے m. poets - (۳) فرانسسکی راھب (۴) (منطق) مقدمہ صغری ؛ حد صغری - (۵) نابالغ -

conversation in a m. key : یاس خیز گفتگو؛ افسردہ دلی کی گفتگو -

Tones m. : چھوٹا جرنس -

m. canon : چھوٹے درجے کا پادری -

m. premiss : (مقدمہ) صغری -

m. prophet : دیکھو prophet -

m. term : (منطق) حد صغری -

Minorca, *n.* : ایک جزیرے کا نام -

M.(fowl) : ایک قسم کی مرغی جو اسپین سے آتی ھے -

Minority, *n.* : (۱) نا بالغی ؛ زمانۂ نا بالغی - (۲) کمتر تعداد یا مقدار ؛ رائے دھندوں کی کمتر جماعت ؛ اقلیت -

Minotaur, *n.*, *The M.* : (یونانی دیو مالا) ایک عجیب مخلوق جس کا آدھا دھڑ انسان کا آدھا بیل کا تھا اور وہ انسان کا گوشت کھاتا تھا -

Minster, *n.* : (۱) کلیسائے خانقاہ؛ وہ گرجا جو کسی خانقاہ میں واقع ھو - (۲) بڑا گرجا ؛ مشہور و معروف گرجا -

Minstrel, *n.* : (۱) قرون وسطی کا مغنی شاعر - (۲) (تاریخ) مسخرا مطرب ؛ بھانڈ؛ میراثی - (۳) (جمع) حبشیوں کا سوانگ بھرنے والوں کی ٹولی -

Minstrelsy, *n.* : (۱) مطربی ؛ مغنی شاعر کا پیشہ ؛ گانا بجانا - (۲) مغنی شاعروں کی جماعت - (۳) ان کی شاعری -

Mint, *n.* : (۱) ٹکسال ؛ دارالضرب - (۲) دولت وافر ؛ زر کثیر ؛ خزانہ - (۳) (مجازاً) نئی چیزیں گھڑنے کی جگہ ؛ ٹکسال -

m.-mark : ٹھپا ؛ سکہ ؛ ٹکسال کا نشان ؛ نشان دارالضرب -

m.-master : ٹکسال کا داروغہ ؛ مہتمم دارالضرب -

Mint, *v. t.* : (۱) سکہ ڈھالنا ؛ مضروب کرنا ؛ بنانا ؛ ٹھپا لگا کر سکہ بنانا - (۲) ایجاد کرنا ؛ اختراع کرنا - (۳) (الفاظ تراشنا ؛ (محاورات) گھڑنا ؛ ڈھالنا -

mintage, *n.* : (۱) کسی خاص ٹکسال یا وقت میں ڈھلے ھوے سکے۔ (۲) ڈھلائی ؛سکہ ڈھالنےکی اجرت ؛ سکہ سازی کا محصول -

Mint, *n.* : منٹ ؛ پودینے کی قسم کی پتی -

m.sauce : (۱) منٹ کی چٹنی (جو سرکہ اور شکر ملا کر بناتے ھیں) - (۲) (مجازاً) روپیہ ؛ زر -

Minuet, *n.* : (۱) ایک قسم کا ناچ جو دو آدمی مل کر ناچتے ھیں - (۲) اس کے ساتھ کا ساز -

Minus, (*quasi-prep. & a.*) : (۱) منفی (جس کا نشان-ھے)- (۲) (روز مرہ)کھوکر؛ کم (جیسے *he came back m. an arm*) -

m. quantity : منفی مقدار ؛ مقدار منفی -

Minuscule, *a. & n.* : (۱) (ساتویں صدی کے ایک خط کی) چھوٹی (قسم) - (۲) چھوٹا حرف -

Minute, *n.* : (۱) منٹ ؛ ایک گھنٹے کا ساٹھواں حصہ - (۲) لمحہ ؛ لمحہ ؛ ایک درجے کا ساٹھواں حصہ ؛ دقیقہ - (۳) تحریری یاد داشت ؛ مسودہ - (۴) (جمع) مختصر روداد ؛ خلاصۂ کار روائی - (۵) سرکاری یاد داشت ؛ تجویز -

a Treasury minute : وزارت عظمی کی یاد داشت یا تجویز -

m.-book : کتاب روداد -

m.-gun : منٹ توپ؛ ایک ایک منٹ کے بعد فیر کرنے والی توپ-

m.-hand : (گھڑی میں) منٹ کی سوئی ؛ بڑی سوئی -

Minute, *v. t.* : (۱) ٹھیک لمحہ معلوم کرنا ؛ ٹھیک وقت معلوم کرنا - (۲) لکھنا ؛ مرتب کرنا ؛ مسودہ کرنا (یاد داشت تجویز وغیرہ کا)- (۳) روداد میں لکھنا -

m. down : نوٹ کر لینا ؛ قلم بند کرلینا -

Minute, *a.* : (۱) باریک ؛ خفیف ؛ بہت چھوٹا سا - (۲) معمولی ؛ ذرا سا ؛ جزوی ؛ ادنی - (۳) کھری ؛ دقیق ؛ نکتہ سنجانہ ؛ بالکل ٹھیک ؛ بالکل صحیح -

minutely, *adv.* : باریک بینی سے ؛ نکتہ سنجی سے ؛ دقیقہ رسی سے ؛ دقت نظر سے ؛ غور و فکر سے ؛ صحت کا پورا خیال رکھتے ھوے -

minuteness, *n.* : (۱) باریکی ؛ خفیف ھونا - (۲) معمولی ھونا ؛ ادنی ھونا - (۳) دقیقہ رسی ؛ نکتہ رسی ؛ دقیقہ سنجی ؛ نکتہ سنجی ؛ دقت نظر ؛ باریک بینی ؛ موشگافی -

Minutely, *a.* : منٹ منٹ کا ؛ ھر منٹ کا ؛ ھر منٹ واقع ھونے والا -

Minutia, *n.* (pl. -ae) : (۱) تفصیل ؛ جزئیات (عموماً جمع میں آتا ھے) -

Minx, *n.* : (۱) شوخ چشم لڑکی ؛ دیدہ دلیر لڑکی ؛ لگاوٹ

کرنے والی لڑکی -

Miocene, *a.* : (ارضیات) (تیسرے ارضیاتی دور کے) طبقۂ اوسط کا -

Miracle, *n.* : (۱) معجزہ ؛ اعجاز ؛ کرامات ؛ خرق عادت - (۲) عجیب و غریب واقعہ - (۳) (ڈھانے یا شوخ چشمی وغیرہ کا) حیرت انگیز نمونہ -

m. play : قرون وسطیٰ کا مذہبی ناٹک -

to a m. : کمال کی حد تک ؛ حیرت انگیز خوبی سے -

Miraculous, *a.* : اعجازی ؛ کراماتی ؛ مافوق فطرت ؛ ما وراے فطرت ؛ حیرت خیز ؛ تعجب انگیز ؛ معجز نما ؛ معجزے کی طرح کا ؛ معجزے جیسا ؛ معجزہ صفت ؛ اعجاز خیز -

miraculously, *adv.* : معجز نما طور پر ؛ اعجاز خیز انداز سے ؛ کرامات سے ؛ معجزے کے ذریعے ؛ عجیب و غریب طریقے پر -

miraculousness *n.* : معجز نمائی ؛ اعجاز خیزی ؛ کرامات ؛ معجزہ ؛ حیرت خیزی ؛ تعجب انگیزی ؛ معجزہ صفتی -

Mirage, *n.* : (۱) سراب - (۲) فریب نظر ؛ نظر کا دھوکا -

Mire, *n.* : (۱) دلدل - (۲) کیچڑ ؛ میل کچیل -

stick, find oneself in the m. : مصیبت میں مبتلا ہونا ؛ مشکلات میں ہونا -

Mire, *v. t.* : (۱) دلدل میں دھکیلنا ؛ کیچڑ میں آلودہ کرنا - (۲) (مجازاً) مصیبت میں پھنسانا ؛ مشکلات میں [illegible] کرنا - (۳) لتھیڑنا ؛ آلودہ کرنا ؛ دلدل یا کیچڑ میں پھنسانا -

Mirror, *n. & v. t.* : (۱) آئینہ - (۲) (مجازاً) ہو بہو عکس یا نقشہ ؛ آئینہ - (۳) منعکس کرنا ؛ عکس دکھانا -

Mirth, *n.* : (۱) ہنسی ؛ ہنسی مذاق ؛ ہنسی دل لگی ؛ عیش و طرب ؛ رنگ رلیاں ؛ قہقہے ؛ چہچہے ؛ لطف و مسرت -

mirthful, *a.* : (۱) خوش طبع - (۲) پرلطف ؛ پر مذاق -

mirthfulness, *n.* : (۱) خوش طبعی - (۲) پرلطف ہونا ؛ پر مذاق ہونا -

mirthfully, *adv.* : (۱) خوش طبعی سے ؛ پر لطف طور پر ؛ پر مذاق طریقے سے -

mirthless, *a.* : بے لطف ؛ خوشی سے خالی -

Miry, *a.* : (۱) کیچڑ میں لت پت ؛ کیچڑ بھرا - (۲) شرمناک ؛ ذلیل -

Mirza, *n.* : (۱) میرزا (تعظیمی لقب جو شاہزادوں کے نام کے بعد اور احکام اور علما کے نام سے پہلے لگایا جاتا ہے) -

Mis- : یہ سابقہ اسماء و افعال پر لگایا جاتا ہے اور ان [illegible] خرابی یا غلطی کا مفہوم پیدا کر دیتا ہے -

Mis- : یہ سابقہ صفات اور افعال پر لگایا جاتا ہے اور ان [illegible] خرابی یا غلطی کا مفہوم پیدا کرتا ہے -

Misadventure, *n.* : (۱) شامت ؛ شامت اعمال ؛ بد قسمتی ؛ بد بختی ؛ بد نصیبی - (۲) بد بختانہ حادثہ ؛ آفت ؛ مصیبت ؛ بھوگ - (۳) (قانون) اتفاق -

homicide by m. : واردات قتل اتفاقی -

Misalliance, *n.* : بے جوڑ دوستی یا رفاقت ؛ بے جوڑ سنگت ؛ بے جوڑ شادی ؛ نا مناسب شادی -

misanthrope, *n.* : (۱) بنی نوع انسان سے نفرت کرنے والا - (۲) انسانی صحبت سے دور بھاگنے والا ؛ مردم بیزار ؛ اکل کھرا -

misanthropic(al), *aa.* : مردم بیزارانہ ؛ مردم بیزاری کا -

misanthropist, *n.* : مردم بیزار -

misanthropy, *n.* : مردم بیزاری ؛ اکل کھرا پن -

Misapplication, *n.* : تصرف بیجا ؛ صرف بیجا ؛ (رقم کا) نا جائز استعمال -

Misapply, *v. t.* : (۱) (رقم کو) نا جائز طور پر صرف کرنا ؛ بیجا تصرف کرنا - (۲) غلط استعمال کرنا ؛ بیجا استعمال کرنا -

Misapprehend, *v. t.* : (۱) (بات کا مطلب) غلط سمجھنا - (۲) (کسی شخص کا منشا) غلط سمجھنا - (۳) (کسی کے متعلق) غلط راے قائم کرنا -

misapprehension, *n.* : غلط فہمی -

misapprehensive, *a.* : غلط فہمی پر مبنی ؛ غلط سمجھنے والا -

Misappropriate, *v. t.* : غبن کرنا ؛ تغلب کرنا ؛ خورد برد کرنا ؛ تصرف نا جائز کرنا -

misappropriation, *n.* : غبن ؛ تغلب ؛ تصرف نا جائز -

Misbecome, *v. t.* : شایان شان نہ ہونا ؛ خلاف شان ہونا ؛ نا مناسب ہونا ؛ نازیبا ہونا -

Misbegotten, *a.* : حرام زادہ ؛ حرامی ؛ بد ذات -

Misbehave, *v. i. & refl.* : (۱) بد اطواری کرنا ؛ بد چلنی کرنا - (۲) ناشائستہ حرکتیں کرنا ؛ بد تمیزی کرنا -

misbehaviour, *n.* : نا شائستہ حرکت ؛ بد تمیزی ؛ بد اطواری ؛ بد چلنی -

Misbelief, *n.* : (۱) فاسد عقیدہ ؛ بد اعتقادی - (۲) غلط راے ؛ خطا -

misbeliever, *n.* : گمراہ ؛ فاسد عقیدہ رکھنے والا ؛ بد اعتقاد -

misbelieving, *a.* : گمراہ ؛ فاسد العقیدہ ؛ بد اعتقاد -

Misbeseem, *v. t.* : نا مناسب ہونا ؛ نا زیبا ہونا ؛ خلاف شان ہونا ؛ شایان شان نہ ہونا -

Miscalculate, *v. t. & i.* : غلط حساب کرنا ؛ غلط اندازہ کرنا ؛ حساب میں غلطی کرنا ؛ اندازے میں غلطی کرنا -

miscalculation, *n.* : حساب کی بھول چوک ؛ حساب کی غلطی ؛ اندازے کی غلطی ؛ غلط اندازہ -

Miscall, *v. t.* : (۱) غلط نام رکھنا ؛ غلط نام پکارنا - (۲) (مقامی) گالیاں دینا ؛ برا بھلا کہنا -

Miscarriage, *n.* : (۱) (خط کا) ٹھیک پتے پر نہ پہنچنا - (۲) قبل از وقت ولادت ؛ اسقاط حمل - (۳) ناکامی (منصوبے یا تجویز کی) -

m. of justice : کوتاہی انصاف ؛ نا رسائی انصاف -

Miscarry, *v. i.* : (۱) (شخص یا کاروبار) ناکام رہنا - (۲) قبل از وقت ولادت ہونا ؛ اسقاط حمل ہونا - (۳) (خط کا) ٹھیک پتے پر نہ پہنچنا -

Miscasting, *n.* : میزان میں غلطی ؛ جوڑنے میں غلطی ؛ حساب کے جمع کرنے میں غلطی -

Miscegenation, *n.* : اختلاط اقوام ؛ مختلف نسلوں کی آمیزش ؛ (خصوصاً) گوروں اور حبشیوں کا اتحاد نسل ؛ گوروں اور حبشیوں کے درمیان شادی -

Miscellanea, *n.* : ادبی رسائل کا مجموعہ ؛ مجموعۂ مضامین ؛ ادبی کشکول -

Miscellaneous, *a.* : (۱) مخلوط ؛ بے میل ؛ مختلف العناصر -

(۲) متفرق؛ مختلف قسم کے؛ کئی طرح کے - (۳) جامع حیثیات (شخص) -

miscellaneously, *adv.* : متفرق؛ مختلف طور پر؛ کئی طرح سے -

miscellaneousness, *n.* : مخلوط ہونا؛ مختلف العناصر ہونا؛ مختلف قسم کا ہونا -

Miscellany, *n.* : (۱) معجون مرکب؛ خلط ملط؛ گڈ مڈ؛ بے میل مجموعہ - (۲) رسائل کا مجموعہ؛ مجموعۂ مضامین (ایک جلد میں)۔ (۳) ایسی کتاب (جس میں مختلف رسالے یا مقالے ہوں) -

miscellanist, *n.* : مجموعۂ رسائل مرتب کرنے والا یا شائع کرنے والا -

Mischance, *n.* : (۱) بد بختی؛ بد نصیبی؛ بد قسمتی؛ گردش تقدیر؛ گردش طالع؛ گردش ایام - (۲) (بد بختانہ) حادثہ؛ آفت؛ مصیبت؛ سوء اتفاق -

by m. : سوء اتفاق سے؛ بد قسمتی سے -

Mischief, *n.* : (۱) نقصان؛ ضرر؛ ایذا؛ مضرت - (۲) موجب ضرر؛ باعث ایذا؛ تکلیف دہ چیز؛ بنائے فساد -(۳) شرارت (خصوصاً بچوں کی) - (۴) فتنہ؛ فساد؛ جھگڑا؛ جھمیلا - (۵) شوخی؛ شرارت؛ چھیڑ

do one a m. : (سوقیانہ) (کسی کو) زخمی کرنا یا مار ڈالنا -

make m. : آپس میں پھوٹ ڈالنا؛ فساد پیدا کرنا -

m.-maker : فتنہ پرداز؛ مفسد -

m.-making : فتنہ پردازی -

the m. of it is that : اس میں تکلیف دہ پہلو یہ ہے -

where the m. have you been? : (غصے میں) آخر تم گئے کہاں تھے -

Mischievous, *a.* : (۱) مضر؛ ضرر رساں؛ مضرت رساں؛ تکلیف دہ؛ فساد انگیز؛ مفسد؛ فتنہ پرداز- (۲) شریر؛ ستم ظریف-

mischievously, *adv.* : مضر طور پر؛ تکلیف دہ طور پر؛ شرارت سے؛ ستم ظریفی سے -

mischievousness, *n.* : شرارت؛ ایذا رسانی؛ مضر ہونا؛ تکلیف دہ ہونا؛ فتنہ پردازی؛ فتنہ انگیزی -

Miscible, *a.* : آمیزش پذیر؛ قابل آمیزش -

miscibility, *n.* : آمیزش پذیری؛ قابل آمیزش ہونا -

Misconceive, *v. i. & t.* : (۱) غلط تصور قائم کرنا؛ (بات کا مطلب) غلط سمجھنا - (۲) (کسی کا منشا) غلط سمجھنا؛ کسی کے متعلق غلط رائے قائم کرنا -

misconception, *n.* : (۱) غلط تصور- (۲) غلط فہمی؛ غلط رائے-

Misconduct, *n. & v.t. & refl.* : (۱) بری حرکت؛ ناشائستہ فعل؛ بد فعلی؛ زنا - (۲) بد نظمی؛ بد انتظامی؛ بد اعمالی- (۳) ناشائستہ فعل کا مرتکب ہونا؛ (کام) کو بگاڑ دینا؛ ابتر کردینا -

Misconstrue, *v. t.* : (۱) غلط تعبیر کرنا؛ غلط معنی پہنانا - (۲) غلط مفہوم سمجھنا؛ غلط سمجھنا -

misconstruction, *n.* : غلط تعبیر؛ غلط معنی -

Miscount, *n. & v. t. & i.* : (۱) غلط گننا؛ غلط شمار کرنا؛ (رایوں کے شمار میں) غلطی کرنا - (۲) غلط شماری؛ شمار میں غلطی -

Miscreant, *a. & n.* : (۱) (قدیم) بدعتی؛ بدعت پرست؛ ملحد؛ ملحدانہ؛ بدعت پرستانہ - (۲) بد معاش؛ بد ذات -

Miscreated, *a.* : بد اندام؛ مکروہ؛ صورت حرام -

miscreation, *n.* : بد قطع ہونا؛ صورت حرام ہونا -

Mis-cue, *n.* : انٹا کھیلنے کی چھڑ کا گیند سے ٹھیک طور پر نہ ٹکرانا -

Misdate, *v. t.* : غلط تاریخ ڈالنا -

Misdeal, *v. t. & i.* : غلط تقسیم کرنا؛ تقسیم میں غلطی کرنا؛ (تاش کے پتوں کے) بانٹنے میں غلطی کرنا -

misdeal, *n.* : غلط بانٹ؛ غلط تقسیم -

Misdeed, *n.* : (۱) بدکاری؛ بد کرداری؛ عمل بد؛ برا کام - (۲) جرم؛ مجرمانہ فعل -

Misdeem, *v. t. & i.* : (قدیم ' شعر) (۱) (کسی چیز کی بابتہ) غلط فہمی میں مبتلا ہونا؛ غلط رائے رکھنا - (۲) غلط رائے قائم کرنا؛ غلط خیال قائم ہونا - (۳) غلطی سے ایک شخص کو دوسرا شخص یا ایک چیز کو دوسری چیز سمجھ لینا؛ کچھ کا کچھ سمجھ لینا -

Misdemeanant, *n.* : جرم خفیف یا بد اعمالی کا مجرم -

1st-class m. : درجہ اول کا قیدی (زیادہ رعایت کا مستحق)-

2nd-class m. : درجہ دوم کا قیدی (کم رعایت کا مستحق) -

Misdemeanour, *n.* : (۱) (قانون) قابل مواخذہ جرم؛ خفیف جرم - (۲) جرم؛ مجرمانہ فعل -

Misdirect, *v. t.* : (۱) غلط ہدایت دینا؛ غلط رہنمائی کرنا؛ غلط رستہ بتانا؛ غلط رستہ دکھانا؛ گمراہ کرنا - (۲) غلط رخ پر وار کرنا -

misdirection, *n.* : گمراہ کرنا یا ہونا؛ غلط ہدایت؛ (وار کا) صحیح رخ سے انحراف -

Misdoing, *n.* : (۱) خطا؛ قصور؛ تقصیر- (۲) بد کاری؛ بد کرداری -

Misdoubt, *v. t.* : (۱) قدیم (کسی بات کی) صداقت پر شبہ کرنا؛ (کسی چیز کے وجود میں) شبہ کرنا - (۲) شک کرنا؛ مشکوک سمجھنا؛ مشتبہ سمجھنا؛ شکوک رکھنا - (۳) یہ شبہ رکھنا کہ ......

Mise, *n.* : (۱) (تاریخ) باہمی معاہدہ؛ آپس کا فیصلہ؛ وہ فیصلہ جو طرفین کی رضامندی سے ہو-

mise en scene : (۱) (فرانسیسی) کسی ناٹک کے پردے اور لباس وغیرہ؛ ساز و سامان- (۲) (مجازاً) کسی واقعے کا ماحول-

M. of Lewes: وہ فیصلہ جو ہنری سوم شاہ انگلستان اور امرائے دولت کے مابین فرانس کے بادشاہ لوئی کے توسط سے سنہ ۱۲۶۴ ع میں ہوا تھا -

Miser, *n.* : (۱) ممسک؛ بخیل؛ کنجوس؛ لئیم - (۲) لالچی؛ طماع؛ حریص؛ بندۂ زر -

Miser, *n.* : کنواں کھودنے کا آلہ -

Miserable, *a.* : (۱) مصیبت زدہ؛ فلاکت زدہ؛ آفت زدہ؛ شکستہ حال؛ بد بخت؛ کم بخت؛ بد نصیب؛ بیحد رنجیدہ؛ زار و نزار؛ خستہ حال؛ انتہائی تکلیف یا کرب کی حالت میں - (۲) کم بخت؛ آفت خیز؛ منحوس؛ مصیبت انگیز (حالات و واقعات وغیرہ) - (۳) ذلیل ' حقیر؛ قابل نفرت -

miserably *adv.* : تکلیف دہ طور پر؛ افسوسناک طور پر؛

(۲) رحم کی دعا ؛ رحم کی التجا - (۳) (غلط استعمال) گرجے کے مشرقی حصے میں گانے والوں کی نشست کا سلامی بازو -

Misericord, n. : (۱) (رومی کلیسا) خانقاہ کا ایک قطعہ جس میں عفو گناہ کی رسم ادا ہوتی تھی؛ بیت العفو - (۲) وہ خنجر جس کے ایک ہی وار میں سر اُڑ جاتا ہے - (۳) گرجے کے مشرقی حصے میں گانے والوں کی نشست کا سلامی بازو (جن کے سہارے لوگ کھڑے ہو سکتے ہیں) -

Miserly, a. : (۱) ممسک ؛ بخیل ؛ کنجوس ؛ ممسکانہ ؛ بخیلانہ ؛ لئیمانہ ؛ کنجوسوں کا سا -

miserliness, n. : بخل ؛ کنجوسی -

Misery, n. : (۱) پریشانی ؛ کلفت ؛ حال زار - (۲) نکبت ؛ کم بختی ؛ بد بختی ؛ بد نصیبی ؛ بد قسمتی ؛ فلاکت ؛ مسکنت - شامت ؛ شامت اعمال ؛ آفت ؛ مصیبت - (۳) (تاش ، روز مرہ) بولنے والے کی بولی جس سے یہ ظاہر ہو کہ وہ کوئی ہاتھ نہیں بنائے گا -

Misfeasance, n. : (۱) (قانون) خلاف ورزی ؛ اختیار جائز کا نا جائز استعمال ؛ اختیار قانونی کا خلاف قانون استعمال - (۲) (مزاحاً) بے عنوانی ؛ بیجا حرکت -

Misfire, v. i. & n. : (۱) (بندوق کا) رنجک چاٹ جانا ؛ سر نہ ہونا - (۲) (موٹر کے انجن وغیرہ کا) نہ چلنا ؛ اسٹارٹ نہ ہونا -

Misfit, n. : چھوٹا یا بڑا ، تنگ یا ڈھیلا ، نا موزوں ، نا مناسب کپڑا ؛ وہ کپڑا وغیرہ جو ٹھیک نہ آئے -

Misfortune, n. : (۱) بد نصیبی ؛ بد بختی ؛ کم بختی ؛ بد قسمتی ؛ شامت - (۲) آفت ؛ بلا ؛ مصیبت -

Misgive, v. t. : (دل میں) خطرہ ، شبہ یا وسوسہ پیدا ہونا -

my mind misgives me : مجھے اندیشہ ہے ، دھڑکا ہے ؛ مجھے شک یا وسوسہ ہے ؛ میرے دل میں شبہ پیدا ہوتا ہے -

Misgiving, n. : شک ؛ شبہہ ؛ اندیشہ ؛ خطرہ ؛ دھڑکا ؛ وسوسہ -

Misgovern, v. t. : بد انتظامی سے حکومت کرنا ؛ بری طرح حکومت کرنا -

misgovernment, n. : بد انتظامی ؛ بری حکومت -

Misguide, v. t. : بہکانا ؛ گمراہ کرنا ؛ غلط رستے پر ڈالنا -

misguided, a. : گمراہ ؛ گم کردہ راہ ؛ بے راہ رو -

misguidedly, adv. : غلط روی سے -

Mishandle, v. t. : (۱) بری طرح انجام دینا ؛ بد سلیقگی سے کرنا - (۲) بد سلوکی کرنا ؛ برا سلوک کرنا

Mishap, n. : حادثہ ؛ سانحہ ؛ مصیبت ؛ آفت -

Mishear, v. t. : غلط سننا ؛ پوری طرح نہ سننا ؛ کچھ کا کچھ سننا -

Mishmash, n. : گڈ مڈ ، کھچڑی -

Mishna(h), n. : احکام تالمود -

mishnic, a. : احکام تالمود کے متعلق -

Misinform, v. t. : غلط اطلاع دینا ؛ جھوٹی خبر دینا ؛ غلط فہمی میں ڈالنا -

misinformation, n. : غلط اطلاع ؛ غلط خبر -

Misinterpret, v. t. : غلط تعبیر یا تفسیر کرنا ؛ غلط معانی بیان کرنا ؛ غلط معنی پہنانا ؛ غلط مطلب یا نتیجہ نکالنا -

misinterpretation, n. : غلط تعبیر ؛ غلط تفسیر ؛ غلط معنی یا مطلب نکالنا ؛ غلط استنباط ؛ غلط استخراج -

Misjudge, v. t. & i. : (۱) (کسی شخص کی طبیعت یا سیرت کا) غلط اندازہ لگانا - (۲) غلط رائے قائم کرنا -

Mislay, v. t. : (چیز کو) کہیں رکھ کر بھول جانا -

Mislead, v. t. : غلط راستے پر ڈالنا ؛ غلط رستہ بتانا ؛ گمراہ کرنا ؛ بری راہ چلانا ؛ غلط فہمی میں ڈالنا -

Mislike, v. t. : (قدیم) نا پسند کرنا -

Mismanage, v. t. : بری طرح انتظام کرنا ؛ خراب انتظام کرنا ؛ بد انتظامی کرنا -

mismanagement, n. : بد انتظامی ؛ بد نظمی ؛ انتظام کی خرابی ؛ سوء تدبیر -

Misname, v. t. : غلط نام رکھنا -

Misnomer, n. : نام کی غلطی ؛ تسمیے کی غلطی ؛ غلط نام کا استعمال ؛ اصطلاح کا غلط استعمال -

Miso- : (سابقہ) نفرت ، بیزاری ؛ متنفر ، بیزار -

misologist . علم سے نفرت کرنے والا ؛ علم بیزار -

misology : علم بیزاری -

misoneism : جدت بیزاری -

misoneist : جدت بیزار -

Misogamy, n. : شادی سے نفرت ؛ ازدواج بیزاری -

misogamist, n. . شادی سے نفرت کرنے والا ؛ ازدواج بیزار -

Misogynist, n. . زن بیزار؛ عورت سے نفرت رکھنے والا -

misogynic, a. : زن بیزار ؛ زن بیزارانہ -

Misplace, v. t. : (۱) بے ٹھکانے رکھنا ؛ بے جگہ رکھنا - (۲) نا مناسب شخص کے ہاتھ میں دینا - (۳) (محبت ، اعتماد وغیرہ کا) موضوع نا مناسب شخص یا چیز کو بنانا - (۴) بے محل یا غلط موقع پر (کوئی لفظ) رکھنا یا (کوئی کام) کرنا -

misplacement, n. : غلط استعمال ؛ بے محل استعمال -

Misprint, n. & v. t. : (۱) چھاپے کی غلطی ؛ طباعت کی غلطی - (۲) غلط چھاپنا ؛ (کسی چیز کے چھاپنے میں) غلطی کر دینا -

Misprision, n. : (۱) (قانون) نا جائز فعل یا ترک فعل - (۲) (موجودہ معنی) اخفائے سازش ، یا بغاوت -

Misprision, n. : (قدیم) (۱) حقارت ؛ تحقیر - (۲) نا قدری ؛ نا قدر شناسی ؛ بے قدری -

Misprize, v. t. : (۱) حقارت کی نظر سے دیکھنا ؛ حقارت کرنا ؛ تحقیر کرنا - (۲) بے قدری کرنا ؛ نا قدری کرنا ؛ نا قدر شناسی کرنا -

Mispronounce, v. t. : غلط تلفظ کرنا ؛ تلفظ میں غلطی کرنا -

mispronounciation, n. : غلط تلفظ ؛ تلفظ کی غلطی -

Misquote, v. t. : (قول کو) غلط نقل کرنا ؛ عبارت یا قول کو نقل کرنے میں غلطی کرنا -

misquotation, n. : الفاظ نقل کرنے میں غلطی ؛ نقل عبارت میں یا قول میں غلطی -

Misread, v. t. (-read) : (۱) (عبارت یا لفظ کو) غلط پڑھنا ؛ غلط تعبیر یا تفسیر کرنا -

Misrepresent, v. t. : غلط تصویر پیش کرنا ؛ خلاف واقعہ بیان کرنا ؛ غلط بیان کرنا ؛ توڑ مروڑ کر بیان کرنا -

misrepresentation, *n.* : غلط بیانی ؛ تدلیس ؛ واقعے کی غلط تصویر ؛ غلط بیان -

Misrule, *n.* : (۱) (تاریخ) چند تندی ؛ بد عملی ؛ بد انتظامی ؛ خراب حکومت ؛ ابتری -

Lord, Abbot, Master, of M. : بڑے دن کے جشن طرب کا صدر -

Miss, *n.* : نشانے کا خطا ہونا یا خالی جانا ؛ چوک ؛ نا کامی -

a m. is as good as a mile : (۱) بال بھر چوک اور گز بھر چوک برابر ہے - (۲) بال بال بچنا اور صاف بچنا برابر ہے -

give a m. : (انشا) حریف کی گیند کو خاص کر کے نہ مارنا تاکہ اپنی گیند اچھی جگہ پڑ رہے -

Miss, *v.t.* : (۱) (نشانے کا) خطا ہونا ؛ خالی جانا ؛ نہ لگنا - (۲) (کسی چیز کے حاصل کرنے میں) چوک جانا ؛ نا کام رہنا ؛ محروم رہنا ؛ (کسی سے) نہ مل سکنا ؛ ملاقات نہ ہوسکنا - (۳) (موقع کو) ہاتھ سے کھو دینا ؛ خالی جانے دینا - (۴) (ریل گاڑی) نہ پکڑسکنا ؛ نہ پاسکنا - (۵) نہ سن سکنا یا نہ سمجھہ سکنا (لفظ بات) - (۶) (وعدے پر) نہ پہنچ سکنا - (۷) (فرض منصبی کے ادا کرنے میں) قاصر رہنا - (۸) کسی کو یاد کرنا ؛ کسی کی جدائی میں بے چین ہونا ؛ کمی محسوس کرنا ؛ نہ ہونے پر افسوس کرنا -

m. fire : (۱) (بندوق کا) رنجک چاٹ جانا ؛ نہ چلنا - (۲) (مجازاً) نشانے کا خالی جانا ؛ تدبیر کا نا کام رہنا -

m. stays : (جہاز رانی) رخ بدلنے میں نا کام رہنا -

Miss, *n.* : (۱) مس ؛ نا کتخدا لڑکی یا عورت کا لقب جیسے *the M. smith* جمع *the Misses smith* یا *M. smiths* - (۲) (حقارت یا مذاق میں) لڑکی ؛ اسکول کی لڑکی - (۳) (نوکروں کی اور پیشہ وروں کی اصطلاح تخاطب میں) نوجوان خاتون -

M. 1934 &c. : نئی روشنی کی لڑکی ؛ آج کل کی لڑکی -

missish, *a.* : لڑکیوں کا سا ؛ نازک مزاج ؛ بنا ٹھنا ہوا ؛ لڑکیوں کے سے مزاج و عادت کا -

missishness, *n.* : لڑکیوں کا سا مزاج یا عادت -

Missal, *n.* : (۱) کتاب نماز ؛ عبادت نامہ ؛ پادریوں کی عبادت کی کتاب - (۲) (غلط استعمال) رومی کلیسا کی کتاب نماز خصوصاً وہ جو منقش اور مطلا ہو -

Missel, *n.* : (عموماً *M. thrush*) ایک خوش الحان پرند جس کا کھاجا ثمر اکاس بیل (*mistletoe berries*) ہے

Misshapen, *a.* : بد قطع ؛ بد قوارہ ؛ بد شکل ؛ بد صورت ؛ کریہہ ؛ کریہہ منظر ؛ کم رو -

Missile, *a. & n.* : (کسی آلہ یا ہاتھہ سے) پھینک کر مارنے کا ہتیار ؛ پھینکنے کی چیز -

Missing, *a.* : (۱) نشانے کا خطا ہونا وغیرہ - (۲) غائب ؛ گم -

m. link : (۱) گم شدہ کڑی ؛ بیچ کی خالی کڑی - (۲) انسان اور بندر کے درمیان ایک فرضی جانور (حیوانیات) -

the m. : مفقود الخبر سپاہی ؛ وہ سپاہی جو لڑائی کے بعد موجود نہ ہو اور اس کے زخمی ہونے یا مارے جانے کا بھی پتا نہ لگے -

Mission, *n.* : (۱) رسالت ؛ سفارت - (۲) مشن ؛ جماعت مبلغین ؛ تبلیغی جماعت - (۳) اس جماعت کے کام کا حلقہ یا دائرہ - (۴) تبلیغی مرکز - (۵) کسی ضلع کا ادارۂ تبلیغی - (۶) (سیاسی مہم وغیرہ یا سفارت کا) مقصد - (۷) انسان کا مشن (وہ کام جس کے لئے اسے خدا نے پیدا کیا ہے) ؛ مقصد زندگی -

Missionary, *a. & n.* : (۱) مشنری ؛ مشن کا ؛ تبلیغی ادارے یا جماعت کا - (۲) مشنری ؛ تبلیغی جماعت کا رکن ؛ مبلغ ؛ داعی - (۳) وہ پادری جو فوجداری عدالتوں میں مجرموں یا مستغیثوں کی اصلاح اور امداد کے لئے ہوتا ہے -

m.-box : چندے کا صندوقچہ -

Missioner, *n.* : (۱) مشنری ؛ مبلغ ؛ کلیسائی حلقے کے تبلیغی ادارے کا منتظم -

Missis,-us, *n.* : (نوکروں کی زبان) بیوی ؛ بیگم صاحبہ

the m. : (عامیانہ ، مزاحاً) بیوی صاحبہ (اپنی یا دوسرے کی) -

Missive, *a. & n.* : خط ، خصوصاً سرکاری مراسلہ -

Letter(s) m. : منشور شاہی ؛ وہ خط جو بادشاہ وقت کسی نائب اسقف کے نام ارسال کرتا ہے اور کسی شخص کو اسقف کے منصب کے لئے نامزد کرتا ہے -

Misspell, *v.t.* : غلط ہجے کرنا ؛ ہجوں میں غلطی کرنا -

Misspend, *v.t.* (-spent) : بیجا خرچ کرنا ؛ بیجا صرف کرنا ؛ فضول کام میں صرف کرنا -

Misstate, *v.t.* : غلط بیان کرنا ؛ غلط اظہار کرنا -

misstatement, *n.* : غلط بیانی -

Missy, *n.* : (۱) (محبت ، مذاق یا حقارت کی راہ سے) نوجوان خاتون (نوکروں اور پیشہ وروں کی اصطلاح) -

Mist, *n. & v.i. & t.* : (۱) کُہر ؛ کُہرا - (۲) دھند ؛ جالا (آنکھوں کی بیماری) ؛ دھندلا پن (جو آنسوؤں کی وجہ سے پیدا ہوجاتا ہے) - (۳) دھندلا کرنا ؛ دھند چھا جانا ؛ دھندلا ہوجانا -

Scotch m. : اسکاچستانی کُہر ؛ گہری کُہر جو اسکاچستان کی پہاڑیوں پر چھائی رہتی ہے -

mistful, *a.* : کُہریلا ؛ دھندلا -

mistlike, *a. & adv.* : کُہر جیسا -

Mistake, *n.* : (۱) غلط فہمی ؛ دھوکا - (۲) بھول ؛ چوک ؛ غلطی ؛ خطا ؛ قصور -

and no m. : (کسی بات کو بیان کرکے زور دینے کے لئے کہتے ہیں) بلا شبہ -

Mistake, *v.t. & i.* : (۱) غلط سمجھنا (معنی ، منشا ، مقصد) ؛ سمجھنے میں غلطی کرنا - (۲) غلط رائے قائم کرنا ؛ رائے میں غلطی کرنا -

there is no mistaking (fact, person) : یہ بات کھلی ہوئی ہے ، صاف ظاہر ہے ؛ یہ بلا شبہ وہی شخص ہے -

to m. A for B : الف کو ب سمجھنا -

mistaken, *a.* : غلطی پر ؛ بر سر خطا ؛ غلط ؛ غلط فہمی پر مبنی -

mistakenly, *adv.* : غلطی سے ؛ غلط فہمی سے -

mistakeness, *n.* : غلطی پر ہونا ؛ غلط ہونا -

mistakable, *a.* : جس میں غلطی ممکن ہو -

Mister, *n. (abbr. Mr.) & v.t.* : (۱) مسٹر ؛ صاحب (اشخاص کے نام یا عہدے کے ساتھہ تعظیماً استعمال ہوتا ہے) - (۲) غیر خطاب یافتہ شخص ؛ معمولی شخص - (۳) (عامیانہ ، تخاطب کے لئے) جناب ؛ حضرت - (۴) کسی کو مسٹر کہہ کر پکارنا -

Mr. Right : ہونے والا شوہر -

Mistigris, *n.* : (تاش) poker کے ایک کھیل میں سادہ پتا -

Mistime, *v. t.* : (۱) (کوئی کام) بے وقت کرنا ؛ بے موقع کرنا - (۲) (کوئی بات) بے وقت کہنا ؛ بے محل کہنا -

Mistletoe, *n.* : ایک قسم کی بیل جس کا پھل لیسدار ہوتا ہے اور اس سے لاسا بناتے ہیں ؛ اکاس بیل ؛ امربیل -

under the m. : اس رسم کی طرف اشارہ ہے کہ بڑے دن میں اگر کوئی شخص کسی لڑکی کو اس بیل کے نیچے کھڑا دیکھے تو اس کا بوسہ لے سکتا ہے -

Mistral (or -trahl), *n.* : سرد شمالی مغربی ہوا ، فرانس وغیرہ کی ان صوبوں میں چلتی ہے جو بحیرۂ روم کے کنارے پر واقع ہیں)

Mistranslate, *v. t.* : غلط ترجمہ کرنا ؛ ترجمے میں غلطی کرنا -

mistranslation, *n.* : غلط ترجمہ -

Mistress, *n.* : (۱) منتظمہ ؛ نوکروں کی نگران عورت ؛ خاتون - (۲) بی بی ؛ بیگم ؛ گھروالی - (۳) مالک ؛ مختار (عورت) - (۴) (کسی علم کی) ماہرہ ؛ عالمہ - (۵) محبوبہ ؛ معشوقہ - (۶) داشتہ ؛ آشنا (عورت) - (۷) معلمہ ؛ مدرسہ ؛ استانی - (۸) (بطور لقب کے) دیکھو Mrs. -

M. of the Robes: ملکہ کے توشہ خانے کی منتظمہ -

m. of the world: کسی ملک کی [illegible] -

mistressship, *n.* : استانی گیری ؛ معلمہ کا عہدہ [illegible]

Mistrial, *n.* : (قانون کی) غلط تحقیقات ؛ ناقص تحقیقات -

Mistrust, *v. t.* : اعتماد نہ کرنا ؛ اعتبار نہ کرنا ؛ بھروسا نہ کرنا ؛ بدگمانی رکھنا ؛ بدظنی کرنا -

Mistrust, *n.* : بے اعتباری ؛ بے اعتمادی ؛ عدم اعتماد ؛ بدظنی ؛ بدگمانی -

mistrustful, *a.* : اعتماد نہ کرنے والا ؛ بدظن ؛ بدگمان -

mistrustfully, *adv.* : بدظنی یا بدگمانی سے ؛ بے اعتمادی کی راہ سے -

mistrustfulness, *n.* : بدظنی ؛ بدگمانی بے اعتباری ؛ بے اعتمادی ؛ عدم اعتماد -

Misty, *a.* : (۱) کہر آلود ؛ کہرا (جیسے *m. weather*) - (۲) دھندلا سا ؛ مٹا مٹا سا - (۳) دھندلا ؛ غیر واضح (جیسے *a m. idea*) -

mistily, *adv.* : دھندلے پن سے ؛ غیر واضح طور پر -

mistiness, *n.* : دھندلا پن ؛ کہرا ہونا -

Misunderstand, *v. t.* (-stood) : (۱) (الفاظ کا مطلب) غلط سمجھنا ؛ کچھ کا کچھ سمجھنا - (۲) (کسی شخص کے قول یا فعل کا) منشا غلط سمجھنا ؛ تعبیر غلط کرنا -

misunderstanding, *n.* : غلط فہمی -

Misuse, *v. t.* : (۱) غلط استعمال کرنا ؛ بیجا استعمال کرنا - (۲) برا برتاؤ کرنا ؛ برا سلوک کرنا ؛ بدسلوکی کرنا ؛ سختی کرنا -

misuse, *n.* : بیجا استعمال ؛ غلط استعمال ؛ سختی ؛ تشدد ؛ زیادتی -

Mite, *n.* : (۱) (اصلی معنی) ایک چھوٹا سا تانبے کا سکہ ہے جو فلانڈرس میں رائج تھا - (۲) (عوام) دھیلا ؛ نصف فار دنگ (۳) اپنا تھوڑا سا حصہ جو کچھ انسان سے ہوسکے (کسی اچھے مقصد یا کام میں) ؛ اپنی سعت کی انتی (غریب آدمی کا حقیر لیکن مخلصانہ عطیہ) - (۴) ننھی سی چیز ؛ ننھی سی جان (بچہ) -

not a m. : (روز مرہ) مطلق نہیں ؛ ذراسا بھی نہیں -

Mithras, **-ra**, *n.* : ایک ایرانی دیوتا ؛ سُوریا دیوتا -

Mithraic, *a.* : سورج کے دیوتا کے متعلق -

Mithraism, *n.* : آفتاب پرستی -

Mithraist, *n.* : آفتاب پرست -

Mithridatize, *v. t.* : زہر کا عادی کردینا ؛ زہر کی مقدار بتدریج بڑھا کر اس کے اثر سے محفوظ کر دینا -

mithridatic, *a.* : زہر کا عادی کرنے کے متعلق -

mithridatism, *n.* : زہر کا عادی کرنا یا ہونا -

Mitigate, *v. t.* : (۱) (غصہ وغیرہ) ٹھنڈا کرنا ؛ کم کرنا - (۲) (درد میں) تخفیف کرنا ؛ کمی کرنا - (۳) (سزا کو) ہلکا کرنا ؛ کم کرنا ؛ گھٹانا - (۴) (گرمی ، سردی ، سختی وغیرہ میں) اعتدال پیدا کرنا ؛ شدت کم کرنا -

mitigation, *n.* : تخفیف ؛ کمی -

mitigatory, *a.* : تخفیفی ؛ تخفیف کرنے والا ؛ کمی کرنے والا ؛ ہلکا کرنے والا -

Mitrailleuse, *n.* : کئی نیر کی بندوق ؛ کئی نال کی توڑے دار بندوق (جو ساتھ ساتھ یا خفیف وقفے سے کئی فیر کرتی ہے) -

Mitral, *a. & n.* : تاج اسقف کی شکل کا ؛ نیم قائمے کی شکل کا -

m. (valve): دل کا (بائیں جانب) کا پردہ -

Mitre, *n.* : (۱) تاج اسقف ؛ اسقف کی لمبی ٹوپی جس کی چوٹی پر گہرا کٹاؤ ہوتا ہے - (۲) (نجاری) جوڑ جو دو لکڑیوں کے ملنے اور باہم ٹھیک بیٹھنے سے اس طرح پیدا ہو کہ زاویہ قائمہ بن جائے - (۳) پینتالیس درجے کا زاویہ ؛ نیم قائمہ -

m. -block, -board, -box: نیم قائمی شکل کا باریک تختہ وغیرہ جس کی مدد سے لکڑی کے نیم قائمی جوڑ بنائے جاتے ہیں -

m.-wheels : نیم قائمی پہیے ؛ مخروطی پہیے جن کے دندانے ۴۵ درجے کے زاویے پر اور دھرے زاویہ قائمہ پر ہوتے ہیں -

mitred, *a.* : صاحب کلاہ (اسقف) -

Mitre, *v. t.* : (۱) کلاہ اسقفی عطا کرنا - (۲) نیم قائمی جوڑ سے جوڑنا - (۳) نیم قائمی شکل کا بنانا -

mitring machine : نیم قائمی سرے بنانے کی کل -

Mitten, **Mitt**, *n.* : (۱) (mitten) بے انگلیوں کا دستانہ - (۲) (mitt) عورتوں کا جالی کا یا معمولی سادہ پوش ؛ دستانہ جو کلائی اور ہتھیلی کی حفاظت کرتا ہے -

get the m. : (۱) (عاشق کا) صاف جواب پانا - (۲) برطرف ہونا (خدمت سے) -

give the m. : (۱) (عاشق کو) صاف جواب دینا - (۲) برطرف کردینا (خدمت سے) -

mittened, *a.* : دستانہ پہنے ؛ سادہ پوش پہنے -

Mittimus, *n.* : (۱) (قانون) (سزائے) قید کا حکم دینا ؛ پروانۂ قید - (۲) (روز مرہ) برطرفی ؛ خدمت سے علحدہ کیا جانا ؛ موقوفی -

get one's m.: برطرف ہونا -

Mix, *v. t. & i.* : (۱) ملانا ؛ مرکب کرنا ؛ مخلوط کرنا ؛ آمیزش کرنا - (۲) (اجزا کو ملا کر) مرکب تیار کرنا ؛ ترتیب دینا - (۳) ملنا ؛ مرکب ہونا ؛ مخلوط ہونا - (۴) ملنا جلنا ؛ میل جول رکھنا ؛ صحبت

رکھنا ؛ راہ و رسم رکھنا -

be mixed up: شامل ہونا ؛ تعلق رکھنا ؛ الجھاؤ ہونا ؛ پھنسا ہونا -

m. up: (۱) اچھی طرح ملانا یا ملنا - (۲) خلط مبحث کر دینا ؛ گڈ مڈ کر دینا - (۳) (کسی مشتبہ یا قابل اعتراض معاملے میں) شریک ہونا - (۴) (بری صحبت یا کم درجے کے لوگوں سے) میل جول-

they do not m. well: ان دونوں کا میل نہیں -

Mixed, *a.*: (۱) ملا ہوا ؛ مخلوط - (۲) مختلف العناصر ؛ بے میل- (۳) (صحبت) جس میں ہر طرح کے لوگ (خصوصاً مشتبہ رویہ کے) ہوں ؛ بے امتیاز - (۴) (روز مرہ) متحیر ؛ بد حواس - (۵) عورت مرد دونوں کے لئے ؛ مخلوط -

m. train: وہ ریل جس میں مال اور مسافر دونوں ہوں -

m. bathing: عورتوں اور مردوں کا ایک جگہ نہانا -

m. mathematics: دیکھو Mathematics -

m. school: مخلوط مدرسہ ؛ مدرسۂ ذکور و اناث ؛ لڑکے اور لڑکیوں کا مخلوط مدرسہ -

mixedness, *n.*: مخلوط ہونا ؛ بے میل ہونا ؛ بے امتیاز ہونا -

Mixen, *n.*: (مقامی) گھورا ' کوڑی ؛ کوڑے کا انبار (کسانوں کے بارے میں) -

Mixture, *n.*: (۱) ملانا ' مرکب محلول (دواؤں کا) - (۳) (خارجی) آمیزش (دو چیزوں کا اس طرح ملنا کہ وہ ایک ذات نہ ہوں)-

heather m.: دیکھو Heather -

Mizpah, *n.*, *M. ring*: (تلمیح) وہ انگوٹھی جس پر لفظ Mizpah (بائبل کتاب تخلیق) لکھا ہوا ہو اور محبت کی نشانی کے طور پر دی جائے-

Miz(z)en, *n.*, *m.-sail*: (جہاز رانی) سر مستولی جہاز کے سب سے پچھلے مستول کا سب سے نچلا مربع بادبان -

m.-mast: سر مستولی جہاز کا سب سے پچھلا مستول -

m.-yard: اس مستول کا کھم -

Mizzle, *v. impers.*: (فعل جس کا فاعل محذوف ہے) پھوار پڑنا ؛ ترشح ہونا ؛ بوند بوند پڑنا ' ہلکی ہلکی بارش ہونا -

mizzle, *n.*: پھوار ؛ ترشح -

mizzly, *a.*: (وہ موسم) جس میں ترشح ہو -

Mizzle, *v. i.*: (عامیانہ) بھاگ جانا ؛ فرار ہو جانا ؛ چمپت ہو جانا ؛ چل دینا -

Mnemonic, *a. & n.*: (۱) حافظے کا - (۲) ممد حافظہ ؛ حافظے میں مدد دینے والا -

mnemonics, *n.*: تقویت حافظہ کا اصول یا فن -

mnemonist, *n.*: ماہر فن تقویت حافظہ -

mnemotechny, *n.*: تقویت حافظہ کا اصول یا فن -

mnemotechnic, *a.*: اس اصول یا فن کے متعلق -

Mo, *n.*: (عامیانہ ' مزاحاً *moment* کا مخفف) لحظہ ؛ ذرا (جیسے *wait a m.*) -

Moan, *n.*: کراہنے کی آواز ؛ آہ -

make (one's) m.: (قدیم) شکایت کرنی ؛ فریاد کرنی ؛ اپنا دکھڑا رونا -

moanful, *a.*: دردانگیز ؛ پر درد -

Moan, *v. i. & t.*: (۱) آہیں بھرنا ؛ کراہنا - (۲) کراہ کر کہنا - (۳) فریاد کرنا ؛ (قسمت کو) رونا - (۴) (مردے کو) رونا ؛ ماتم کرنا ؛ نوحہ کرنا -

Moat, *n. & v. t.*: (۱) خندق ؛ کھائی - (۲) (قلعے وغیرہ کو) خندق سے محصور کرنا ؛ چاروں طرف خندق بنانا -

Mob, *n.*: (۱) ادنیٰ طبقے کے لوگ ؛ عوام ؛ عوام الناس - (۲) میلہ ؛ بھیڑبھڑکا ؛ بھیڑبھاڑ - (۳) مجمع عام ؛ اژدحام ؛ انبوہ ؛ جم غفیر -

m. law: قانون انبوہ -

swell m.: سفید پوش اچکے یا گرہ کٹ -

mobbish, *a.*: مجمع عام کی طرح ؛ بے ترتیب -

mobocracy, *n.*: حکومت عوام ؛ حکومت انبوہ ؛ انبوہ گردی -

Mob, *v. t. & i.*: (۱) (مجمع کا کسی شخص پر) ہلہ کرنا ؛ ٹوٹ پڑنا ؛ ستانا - (۲) مجمع ہونا ؛ ٹھٹ لگنا ؛ اژدحام ہونا -

Mob-cap, *n.*: عورتوں کی گھر پر پہننے کی ٹوپی جو سارے سر کو ڈھک لیتی تھی (اٹھارویں اور انیسویں صدی)

Mobile, *a.*: (۱) متحرک ؛ نقل پذیر ؛ قابل حرکت ؛ حرکت پذیر - (۲) متلون ؛ سیماب وش - (۳) (فوج) جو آسانی سے ایک جگہ سے دوسری جگہ منتقل ہوسکے ؛ نقل و حرکت کے لئے تیار۔

mobility, *n.*: حرکت پذیری ؛ حرکت کی صلاحیت ؛ نقل و حرکت کی صلاحیت ؛ تلون ؛ غیر مستقل مزاجی -

Mobilize, *v. t.*: (۱) حرکت پذیر بنانا ؛ حرکت میں لانا ؛ گردش میں لانا - (۲) (فوج یا بیڑے کو) جنگ کے لئے تیار کرنا ؛ جمع کرنا ؛ بحری اور بری فوج کا اجتماع کرنا -

mobilizable, *a.*: قابل نقل و حرکت ؛ حرکت پذیر ؛ جو آسانی سے جنگ کے لئے تیار ہو سکے -

mobilization, *n.*: اجتماع افواج ؛ بحری یا بری افواج کا جنگ کے لئے تیار ہونا -

Moccasin, *n.*: مکاسن ؛ ہرن کی کھال کا جوتا جو شمالی امریکہ کے دیسی پہنتے ہیں -

Mocha, *n.*: ایک قسم کا عقیق-

Mocha *n.*: مخا ؛ بحیرۂ قلزم کے ساحل عرب کی ایک بندرگاہ -

M. coffee: مخا کا نفیس قہوہ -

Mock, *n.*: (قدیم) (۱) تمسخر ؛ تضحیک ؛ مضحکہ ؛ استہزا ؛ ہنسی - (۲) قابل مضحکہ چیز؛ قابل تحقیر چیز- (۳) تلبیس؛ جعل-

Mock, *a.*: نقلی ؛ جعلی ؛ جھوٹا ؛ بناوٹی ؛ مصنوعی -

m. duck, *m. goose*: سور کا گوشت جو بطخ کے مسالے میں پکایا جائے -

m.-heroic: وہ مضحک نظم جس میں رزمیہ نظم کا خاکہ اڑایا جائے ؛ رزمیہ انداز کی مضحک نظم -

m. moon: دیکھو Paraselene -

m. sun: دیکھو Parhleion -

m.-turtle soup: نقلی کچھوے کا شوربا ؛ گائے کی سری کا شوربا جسے اس طرح پکاتے ہیں کہ وہ کچھوے کا معلوم ہوتا ہے -

Mock *v. t. & i.*: (۱) نقل کرنا ؛ نقل اتارنا ؛ منہ چڑانا - (۲) مضحکہ اڑانا ؛ تضحیک کرنا ؛ استہزا کرنا ؛ مذاق اڑانا ؛ ہنسی اڑانا ؛ کھلی اڑانا - (۳) جوتی کی نوک پر مارنا ؛ پروا نہ کرنا ؛ ٹھکرانا ؛ ہیچ سمجھنا - (۴) بیوقوف بنانا ؛ دھوکا دینا - (۵) (مقدس چیزوں کا) استخفاف کرنا ؛ مضحکہ اڑانا -

mocking-bird: (۱) امریکہ کا ایک پرندہ جو اوروں کی نقلیں کرتا ہے - (۲) نقل کرنے والا پرندہ مثلاً طوطا -

mockingly, *adv.*: مضحکے کے طور پر؛ استہزا کے طور پر -

Mockery, *n.* : (۱) استہزا ؛ تضحیک ؛ کھلی ؛ ھنسی ؛ خندہ زنی - (۲) قابل مضحکہ چیز ؛ موضوع تمسخر - (۳) (کسی چیز کی) نقل ؛ (ظاھری) چربا - (۴) فضول حرکت ؛ حماقت ؛ مسخرا پن -

Modal, *a.* : (۱) صوری یا عرضی (ضد معنوی یا جوھری)- (۲) (صرف و نحو) طور فعل کے متعلق ؛ (حرف) طوری -

m. legacy : مشروط ترکہ (جس کی تقسیم کا طریقہ موصی نے مقرر کردیا ھو) -

m. proposition : (۱) (منطق) قضیۂ مشروط (جس میں موضوع کا مسند سے مشروط تعلق ھو) - (۲) قضیۂ جھتی (جس میں عدم یا وجود امکان یا وجوب کا ذکر ھو)-

modality *n.* : (۱) صوریت - (۲) جھت - (۳) نہج ؛ طریقہ - (۴) (جمع) اداے قرض کا مقررہ طریقہ ؛ ذمہ داری پوری کرنے کے مقررہ شرایط -

modally, *adv.* : (۱) صوری اعتبار سے - (۲) طوری حیثیت سے - (۳) مشروط طور پر - (۴) (منطق) از روے جھت -

Mode, *n.* : (۱) طور ؛ طریق ؛ طرز ؛ ڈھنگ ؛ انداز - (۲) عام رواج ؛ وضع زمانہ ؛ دستور - (۳) (منطق) جھت (عدم یا وجود امکان یا وجوب) (۴) (موسیقی) دو قسم کے سروں (میجر، مائنر) میں سے ایک ؛ (عہد قدیم اور قرون وسطی کی موسیقی میں) طرز -

authentic m. : دیکھو Authentic -

Dorian m. : دیکھو Dorian -

Ionian m. : دیکھو Ionian -

Lydian m. : دیکھو Lydian -

plagal m. : دیکھو Plagal -

the m. لباس کی مقبول عام وضع ؛ فیشن -

Model, *n.* : (۱) (عمارت ، مشین وغیرہ کا) چھوٹا مجسمہ ؛ مجسم نمونہ ؛ نمونے کا ڈھانچا - (۲) موم یا مٹی کا ڈھانچا - (۳) (عمارت کا) طرز ؛ نقشہ ؛ ساخت - (۴) نمونہ جس کی تقلید کی جائے ؛ اسوۂ - (۵) (صناعوں خصوصاً مصوروں کا) معمول - (۶) وہ عورت جو پوشاک کی دوکان پر کپڑے پھن کر خریداروں کو دکھاتی ھے - (۷) (بطور صفت) قابل تقلید (نمونہ) ؛ مکمل؛ کامل؛ مثالی -

The New M. تنظیم جدید؛ پارلیمنٹ کی فوج کی تنظیم جدید (سنہ ۱۶۴۴ تا ۱۶۴۵ ع)-

working m. :- مشین کا ڈھانچا جو مشین کی طرح چلتا بھی ھے

Model, *v.t.* : (۱) (کسی چیز کا) موم یا مٹی کا ڈھانچا بنانا - (۲) ترتیب دینا ؛ تشکیل کرنا - (۳) (کسی چیز کے) نمونے پر ڈھالنا ؛ طرز پر بنانا -

Modena, *n.* : قرمزی ؛ قرمزی رنگ ؛ گہرا ارغوانی رنگ -

Moderato, *a. & n.* : (۱) اعتدال پسند ؛ معتدل خیالات کا - (۲) اوسط درجے کا ؛ اچھا خاصا ؛ واجبی (قیمت) - (۳) اعتدال پسند -

moderatism, *n.* : اعتدال پسندی -

moderately, *adv.* : اعتدال کے ساتھ؛ اوسط درجے کے لحاظ سے -

moderateness, *n.* : اعتدال ؛ اوسط درجے کا ھونا ؛ اچھا خاصا ھونا ؛ واجبی ھونا -

Moderate, *v.t. & i.* : (۱) نرم کرنا؛ ھلکا کرنا ؛ دھیما کرنا؛ معتدل کرنا ؛ اعتدال پر لانا - (۲) ھلکا ھونا؛ نرم پڑنا ؛ دھیما ھونا ؛ معتدل ھونا ؛ اعتدال پر آنا - (۳) ثالث یا پنچ ھونا -

Moderation, *n.* : (۱) معتدل کرنا یا ھونا - (۲) اعتدال پسندی ، میانہ روی ؛ سلامت روی؛ اعتدال -

in m. : بدرجۂ اعتدال ؛ اعتدال سے -

moderations, (abbr. mods) : (جمع، جامعۂ آکسفورڈ میں) بی ۔ اے کی ڈگری کے امتحان کا پہلا حصہ ؛ ابتدائی سندی امتحان -

Moderator, *n.* : (۱) ثالث ؛ پنچ - (۲) مصالحت کرانے والا - (۳) نگران ؛ صدر - (۴) (جامعۂ آکسفورڈ) ابتدائی سندی امتحان کا ممتحن - (۵) (کیمبرج) ریاضی سندی امتحان کے دو ممتحنوں میں سے ایک - (۶) غیر مقلد عیسائی (Presbyterain) فرقے کی کسی مذھبی مجلس کا صدر -

m. lamp : وہ لیمپ جس میں تیل چڑھایا ، گھٹایا ، بڑھایا جاسکتا ھے -

moderatorship, *n.* : (۱) ثالثی کا (منصب) - (۲) صدارت ؛ ممتحنی -

Modern, *a. & n.* : (۱) جدید ؛ زمانۂ حال کا ؛ دور حاضر کا - (۲) نئی روشنی کا شخص ؛ جدید زمانے کا انسان ؛ نیا -

m. school, m. side : شعبۂ علوم جدیدہ -

modernity, *n.* : جدید ھونا ؛ جدید طرز ؛ جدید چیز -

modernization, *n.* : زمانۂ حال کے مطابق کرنا ؛ زمانۂ حال کے رنگ میں رنگنا -

modernize, *v. t. & i.* : (۱) جدید طرز پر لانا ؛ زمانۂ حال کے رنگ میں رنگنا - (۲) زمانۂ حال کا رنگ اختیار کرنا -

modernly, *adv.* : زمانۂ حال کے طرز پر؛ زمانۂ حال میں -

modernness, *n.* : جدید ھونا ؛ زمانۂ حال کے مطابق ھونا -

Modernism, *n.* : (۱) جدید خیال ؛ جدید خیالات؛ جدید اصول ؛ (خصوصاً) مذھبی عقاید کو جدید طرز خیال کے مطابق کرنا ؛ جدت پسندی ؛ نئی روشنی - (۲) زمانۂ حال کی اصطلاح ؛ جدید لفظ یا محاورہ -

modernist, *n.* : (۱) نئی روشنی کا شخص- (۲) (مذھبی عقائد میں) جدت پسند -

Modest, *a.* : (۱) بے ادعا ؛ منکسر؛ جو اپنی قابلیت کا اندازہ کم کرتا ھو - (۲) شرمیلا ؛ با حجاب ؛ جھیپنے والا - (۳) با حیا ؛ با عصمت ؛ پاکدامن ؛ لجونتی - (۴) (مطالبہ ، دعوی وغیرہ) واجبی ؛ معقول - (۵) سیدھا سادا؛ معمولی -

modesty, *n.* : انکسار ؛ لحاظ ؛ حیا ؛ شرم ؛ لاج ؛ عصمت ؛ عفت ؛ نیک چلنی ؛ پاک دامنی ؛ انکسار ؛ خاکساری -

modestly, *adv.* : شرمیلے انداز سے ؛ سیدھے سادے طریقے سے ؛ خاکسارانہ ؛ منکسرانہ -

Modicum, *n.* : مقدار قلیل ؛ تھوڑی سی مقدار -

Modify, *v. t.* : (۱) معتدل کرنا ؛ ھلکا کرنا ؛ شدت کم کرنا - (۲) ترمیم کرنا ؛ جزوی تغیر تبدل کرنا - (۳) (صرف و نحو) لفظ کے مفھوم کو معین اور محدود کرنا - (۴) (جرمانی زبانوں میں) (کسی) حرف علت کی آواز میں (i) یا (u) کی آواز مدغم کرنا -

modifiable, *a.* : اعتدال پذیر ؛ ترمیم پذیر ؛ تبدیل پذیر -

..odifiability, *n.* : اعتدال پذیری ؛ تبدیل پذیری ؛ ترمیم پذیری ؛ تغیر و تبدل کی صلاحیت -

modification, *n.* : معتدل کرنا ؛ ترمیم ؛ تغیر و تبدل -

modificatory, *a.* : ترمیمی ؛ معتدل کرنے والا -

Modillion, *n.* : کارنتھی طرز کی کارنس میں آگے کو نکلا ہوا بریکٹ -

Modish, *a.* : طرحدار؛ مقبول عام وضع کے مطابق؛ فیشن کے مطابق -

modishly, *adv.* : فیشن کے مطابق ؛ فیشن کے لحاظ سے -

modishness, *n.* : فیشن کے مطابق ہونا -

Modiste, *n.* : عورتوں کی پوشاک تیار کرنے والی عورت -

Modulate, *v. t. & i.* : (۱) (معیار) گھٹانا بڑھانا ؛ کمی بیشی کرنا ؛ ٹھیک ترتیب پر لانا - (۲) کسی چیز کا تناسب سے بدلنا یا گھٹانا بڑھانا - (۳) (موسیقی) آواز کو خاص استداد پر لانا ؛ سر ٹھیک کرنا - (۴) (موسیقی) ایک سرگم سے دوسرے سرگم میں تبدیل کرنا -

modulation, *n.* : متناسب تبدیلی؛ معیار کے مطابق کمی بیشی ؛ سر ٹھیک کرنا ؛ آواز کا اتار چڑھاؤ -

modulator, *n.* : (۱) (موسیقی) نقشہ جس میں آواز کے گھٹانے بڑھانے کی تفصیل ہوتی ہے- (۲) گھٹانے بڑھانےوالا وغیرہ -

Module, *n.* : (۱) (فن عمارت) (تناسب ظاہر کرنے کے لئے) طول کی اکائی (خصوصاً پیل پایے کا نصف قطر) - (۲) ناپنے کی اکائی یا معیار -

Modulus, *n.* (pl. *-li*) : (۱) معینہ مضروب فیہ (خاص طور پر وہ مضروب فیہ جو نیپیری لوگارتم کو معمولی لوگارتم میں تحویل کرنے کے لئے کام آتا ہے)- (۲) معیار (قوت اور کام کا تناسب)-

Modus, *n.* : (۱) طریقہ؛ طرز - (۲) دہ یکی کے عوض نقد ادائگی -

m. operandi : طریق عمل ؛ طریق کار -

m. vivendi : (لفظی معنی = دینے کا طریقہ) (امور متنازعہ کا عارضی تصفیہ ؛ (معاملہ زیر تحقیقات کا) بالفعل تصفیہ -

Mofette, *n.* : (۱) گندی اور بد بو دار گیس کی تبخیر - (۲) وہ غار جس سے گندی اور بد بودار گیس نکلتی ہے -

Mofussil, *n.* : (انگلو انڈین) (۱) مضافات - (۲) اضلاع ؛ صدر مقام سے دور کے مقامات -

Mogul, *n. & a.* : (۱) مغل ؛ مغل نسل کا - (۲) (جمع) بہترین قسم کے تاش کے پتّے -

the (Great or Grand) M. : خاندان مغلیہ کے بادشاہوں کا خطاب ؛ مغل اعظم ؛ شہنشاہ دہلی -

Mohair, *n.* : (۱) انگورہ کی بکری کی نرم اور ملائم اون - (۲) اس کا دھاگا - (۳) کپڑا جو اس سے بنتا ہے -

Mohammedan, *n. & a.* : مسلمان ؛ مسلم ؛ اسلامی -

Mohammedanism, *n.* : اسلام ؛ دین اسلام ؛ مذہب اسلام -

Mohammedanize, *v. t.* : مسلمان بنانا؛ اسلامی رنگ چڑھانا -

Mohawk, *n.* : (۱) موہاک ؛ امریکہ کے اصلی باشندوں کی ایک قوم - (۲) موہاکی ؛ قوم موہاک کی زبان - (۳) برف پر پھسلنے کے کھیل میں ایک خاص حرکت -

Mohock, *n.* : (تاریخ) امیر خاندان کے بد معاش جو اٹھارہویں صدی میں رات کو لندن کی گلیوں میں ہلڑ کرتے تھے ؛ شریف بد معاش -

Mohur, *n.* (*gold m.*) : مہر ؛ گنی ؛ کلدار اشرفی (ہندوستانی سکہ جس کی قیمت پندرہ روپیہ ہے) -

Moider, *v. t.* : (مقامی بولی) حیران کرنا ؛ پریشان کرنا ؛ الجھن میں ڈالنا -

Moidore, *n.* : (۱) مائڈور ؛ ایک پرتگالی سکہ (جو ۲۷ شلنگ کے برابر ہوتا ہے) - (۲) ۲۷ شلنگ کی رقم -

Moiety, *n.* : (۱) (غلط استعمال) کسی چیز کے دو حصوں میں سے ایک - (۲) (قانون) نصف ؛ نیم ؛ آدھا -

Moil, *v. i.* : بیل کی طرح کام کرنا ؛ ناگوار کام میں عرقریزی کرنا -

toil & m. : زحمت و مشقت کرنا -

Moire, *n.* (*m. antique*) : لہر یا ریشم ؛ ابری ریشم (جو خام ریشم کو بھگو کر شکنجے میں دبانے سے بنتا ہے) -

Moire, *a. & n.* : (۱) ابری ؛ لہریا (ریشم) - (۲) لہر دار (دھات کا برتن وغیرہ جس کی سطح پر پانی کی سی لہریں نظر آئیں) - (۳) ابری یا لہریئے کی طرز -

Moist, *a.* : (۱) نم ؛ مرطوب ؛ تر ؛ سیلا ؛ گیلا - (۲) (موسم وغیرہ) بارش کا ؛ بارانی - (۳) (مرض) جس میں رطوبت خارج ہوتی ہے ؛ ریزشی ؛ رطوبت ریز -

moistness, *n.* : نمی ؛ تری ؛ رطوبت ؛ گیلا پن ؛ سیلن -

Moisten, *v. t. & i.* : گیلا کرنا ؛ سیلا کرنا ؛ مرطوب کرنا ؛ تر کرنا ؛ نم کرنا ؛ نم ہونا ؛ گیلا ہونا ؛ مرطوب ہونا ؛ تر ہونا ؛ سینچنا ؛ سینک بھانا -

Moisture, *n.* : نمی ؛ رطوبت ؛ تری ؛ گیلا پن ؛ سیلن-

moistureless, *n.* : سوکھا؛ خشک ؛ بے رطوبت؛ نمی سے خالی-

Moke, *n.* : (عامیانہ) گدھا ؛ خر -

Moko, *n.* : جسم گودنے کا طریقہ (نیوزیلینڈ کا) -

Molar, *a. & n.* : ڈاڑھ ؛ پیسنے والا-

Molar, *a.* : (۱) بڑی کمیت (مادہ) پر عمل کرنے والا ؛ بڑی کمیت مادہ کے ذریعہ سے عمل کرنے والا ؛ بڑے مجموں میں واقع ہونے والا- (۲) متعلق کمیت مادہ -

Molasses, *n.* : (واحد بہ صورت جمع) (۱) راب - (۲) شیرہ (شکر کا) -

Mole, *n.* : تل ؛ خال ؛ مسا -

Mole, *n.* : چھچھوندر ؛ کور موش -

blind as a m. : نپٹ اندھا ؛ بالکل نابینا -

m.-hill : مٹی کا ڈھیر جو چھچھوندر لگاتی ہے -

make mountains out of m.-hh. : رائی کا پربت بنا دینا ؛ چھوٹی سی رکاوٹ کو بہت بڑھا چڑھا کر دکھانا -

moleskin : (۱) چھچھوندر کی کھال یا سمور - (۲) ایک قسم کا موٹا سوتی کپڑا جو رنگنے سے پہلے چکنا کرلیا جاتا ہے - (۳)(جمع) لباس جو اس قسم کے کپڑے کا بنایا جاتا ہے خصوصاً پاجامہ-

Mole, *n.* : (۱) سنگین عمارت جیسے گودی یا رستہ جو پانی کے بیچ میں بنایا جائے- (۲) مصنوعی بندرگاہ -

Molecular, *a.* : سالماتی ؛ سالمہ مادہ کے متعلق -

m. weight : سالماتی وزن -

molecularity, *n.* : سالمیت ؛ سالمے کی خاصیت -

molecularly, *adv.* : سالمے کے طور پر -

Molecule, *n.* : (۱) (طبیعات و کیمیا) سالمہ ؛ سالمہ مادہ - (۲) (غلط استعمال) ذرہ ؛ پرزہ ؛ کرچ -

Molest, *v. t.*: (۱) ستانا ؛ دق کرنا ؛ چھیڑنا ؛ حیران کرنا ؛ پریشان کرنا -
molestation, *n.*: چھیڑ ؛ ستانا ؛ دق کرنا -
Molinism, *n.*: (۱) مولینی عقیدہ ؛ یہ عقیدہ کہ توفیق یا فضل ربانی خلوص نیت یا حسن عقیدت پر موقوف ہے (اس عقیدہ کا بانی Luis Molina, المتوفی سنہ ۱۶۰۰ ع تھا) - (۲) مولینی عقیدۂ تسلیم و رضا ؛ یہ عقیدہ کہ روحانی ترقی صرف اسی وقت ممکن ہے کہ مشیت ایزدی کے آگے سر تسلیم خم کردیا جائے (اس کا بانی Miguel de Molinos المتوفی سنہ ۱۶۹۶ تھا) -
Molinist, *n.*: اس عقیدہ کا معتقد -
Mollify, *v. t.*: ٹھنڈا کرنا ؛ فرو کرنا ؛ شدت کم کرنا ؛ نرم کرنا ؛ ملائم کرنا -
mollification, *n.*: تسکین ؛ تخفیف ؛ نرم کرنا ؛ ملائم کرنا یا ہونا -
Mollusc, *n.*: صدفہ ؛ صدف نما جانور ؛ سیپ وغیرہ ؛ گھونگھا -
molluscan, *a.*: صدفی -
molluscoid, *a.* & *n.* صدفہ نما ؛ صدف نما -
molluscous, *a.*: صدفی -
Molly, *n.*: زنانہ (مرد یا لڑکا) ؛ مرزا پھویا -
m. -*coddle* : (۱) زنان سفتری ؛ ہیجڑا ؛ زنانہ - (۲) دلار کرنا ؛ لاڈ کرنا ؛ نازونعمت میں پرورش کرنا ؛ نازبرداری کرنا -
Moloch, *n.*: (۱) مولوک : ایک کنعانی بت جس پر بچوں کی قربانی چڑھائی جاتی تھی - (۲) (مجازاً) جو بے گناہوں کی قربانی کا طالب ہو - (۳) آسٹریلیا کا خاردار گرگٹ -
Molossus, *n.*: (عروض) شعر کا ایک خاص رکن ؛ مولوسس -
Molten : دیکھو Melt -
Malto, *adv.*: (موسیقی کی ہدایت) بہت -
Moly, *n.*: (۱) ایک فرضی بوٹی جس کا ذکر افسانوں میں آتا ہے اور دافع سحر سمجھی جاتی ہے - (۲) ایک قسم کا خودرو لہسن -
Moment, *n.*: (۱) دقیقہ ؛ لمحہ ؛ لحظہ ؛ منٹ ؛ آن ؛ پل ؛ دم - (۲) اہمیت ؛ قدرومنزلت ؛ وقعت -
at the m.: (۱) اس وقت - (۲) اُس وقت -
come here this m.: فوراً یہاں آو -
I came the very m. I heard of it : میں یہ سنتے ہی یہاں چلا آیا -
m. of a force about a point : (مکانک یا جر ثقیل) (ایک نقطے کے گرد قوت کا) معیار اثر -
men of the m.: وہ لوگ جن کا زمانہ تھا ؛ وہ لوگ جو اس وقت پیش پیش تھے -
of great m.: نہایت اہم -
of little m.: بے وقعت ؛ حقیر -
of no m.: بالکل غیر اہم ؛ بے حقیقت ؛ ہیچ -
the m.: موقع -
timed to the m. : بالکل ٹھیک (وقت پر) -
momentous, *a.*: مہتم بالشان ؛ نہایت اہم ؛ عظیم ؛ خطیر -
momentously *adv.*: اہمیت کے ساتھ ؛ مہتم بالشان طریقے سے -
momentousness, *n.*: اہمیت ؛ عظمت و شان -

Momentary, *a.*: (۱) عارضی ؛ وقتی ؛ ... دم بھر کا ؛ ایک لمحے کا ؛ آنی -
mementarily, *adv.*: پل بھر ؛ ساعت ؛ دم بھر کے لئے ؛ عارضی طور پر -
momentariness, *n.*: دم بھر کا ہونا ؛ آنی ہونا ؛ عارضی ہونا ؛ ناپائداری -
Momently, *adv.*: (۱) دم بدم ؛ لحظہ بہ لحظہ - (۲) ہر لحظہ ؛ ہر ساعت ؛ ہردم ؛ ہر آن - (۳) ایک منٹ کے لئے ؛ ایک لمحے کے واسطے -
Momentum, *n.* (pl. -ta) : (۱) (مکانک) حرکت کا معیار اثر ؛ معیار حرکت (جسامت اور رفتار کا حاصل ضرب) - (۲) (غیر علمی) زور جو حرکت سے حاصل ہو ؛ زور حرکت -
Momus, *n.*: (۱) موموس ؛ یونانی دیومالا میں تضحیک کا دیوتا - (۲) عیب جو ؛ حرف گیر ؛ نکتہ چین ؛ خردہ گیر -
Monachal, *a.*: راہبانہ ؛ خانقاہی -
monachism, *n.*: رہبانیت ؛ رہبان ؛ راہبانہ زندگی -
Monad, *n.* : (۱) اکائی ؛ ایک - (۲) وجود کی اکائی یا واحدہ ؛ جوہر واحد (Leibnitz کے فلسفے میں) - (۳) (حیاتیات) ابتدائی جسیمہ جس کے ارتقاء سے تمام اجسام بنتے ہیں ؛ جسیمۂ اولی - (۴) (کیمیا) عنصر جس کے جوہر فرد کی قوت ترکیبی ایک ہو یعنی جو ہائیڈروجن کے ایک جوہر فرد سے مرکب ہو سکے -
monadism, *n.*: جوہر واحد کا نظریہ ؛ نظام واحدات -
monadic, *a.*: اکائی کا ؛ واحدی ؛ جوہر واحد کا ؛ اکہری قوت ترکیبی رکھنے والا (جوہر فرد) -
Monadelphous, *a.* : (نباتیات) (۱) ایک گچھے کا (حامل زر) - (۲) ایک گچھے کا حامل زر رکھنے والا پودا -
Monandrous, *a.*: (نباتیات) اکہرے حامل زر کا (پودا) ؛ اک نری ؛ جس میں ایک نر یا حامل زر ہو -
Monandry, *n.*: یہ دستور کہ ایک عورت کا صرف ایک شوہر ہو ؛ یک شوہری دستور -
Monarch, *n.*: (۱) سلطان ؛ خود مختار فرماں روا ؛ شاہ یا شہنشاہ ؛ مطلق العنان فرماں روا - (۲) حاکم اعلیٰ ؛ سردار ؛ (مجازاً) مالک و مختار - (۳) ایک قسم کی بڑی سیاہ اور سرخ تتلی -
monarchal, *a.*: شاہانہ ؛ فرماں روا یانہ -
monarchally, *adv.*: بادشاہ کی شان سے ؛ مطلق العنان فرمانروا کی حیثیت سے -
monarchic(al), *a.*: سلطانی ؛ شاہی ؛ شخصی حکومت کا ؛ مطلق العنان (حکومت کا) -
monarchically, *adv.*: مطلق العنان حکومت کے طریقے سے -
Monarchism, *n.*: شاہ پسندی ؛ شاہ پرستی ؛ شخصی حکومت ؛ شاہی نظام حکومت -
monarchist, *n.*: شاہ پسند ؛ شخصی حکومت کا حامی -
Monarchy, *n.*: شاہی حکومت ؛ سلطنت ؛ حکومت مطلق العنان -
Monastery, *n.*: دیر ؛ صومعہ ؛ خانقاہ -
Monastic, *a.*: (۱) راہبانہ ؛ خانقاہی - (۲) (جلد سازی میں وہ آرائش) جس میں سونے کے بغیر کتاب پر نقش و نگار کئے جاتے ہیں ؛ صوفیانہ (حاشیے کا کام) -

monastically, *adv.*: (۱) راهبانه یا خانقاهی انداز میں -

monasticism, *n.*: رهبان ؛ رهبانیت ؛ خانقاهی زندگی -

monasticize, *v. t.*: راهب بنانا ؛ راهبانه طرز میں ڈهالنا -

Monday, *n.*: پیر ؛ سوموار ؛ دوشنبه -

Black M.: (مدرسے کے لڑکوں کی اصطلاح) وہ دوشنبه جس سے مدرسے کی میقات شروع هوتی هے -

Mondayish, *a.*: (پادری وغیرہ) اتوار کا تهکا مانده -

Monde, *n.*: (۱) امرا کی سوسائٹی یا زندگی ؛ اعلی سوسائٹی - (۲) صحبت ؛ دائرۂ معاشرت ؛ طبقه -

Monetary, *a.*: (۱) زر کے متعلق ؛ سکے کے متعلق - (۲) مالی ؛ روپیے پیسے کا -

Monetize, *v. t.*: زر کے طور پر جاری کرنا ؛ سکے کے طور پر چلانا (دهات وغیرہ کو) -

monetization, *n.*: استعمال بصورت زر -

Money, *n.*: (۱) زر ؛ سکۂ رائج الوقت - (۲) نوٹ ؛ پرامیسری نوٹ ؛ زر کاغذ - (۳) (جمع moneys) کوئی ایک سکه - (۴) (جمع قدیم قانونی اصطلاح) رقوم - (۵) املاک جو زر میں تبدیل هو سکے؛ جائداد بمنزله زر نقد - (۶) روپیه پیسه؛ زر نقد - (۷) (جمع) دولت ؛ مال و زر -

coin m.: دولت گهسیٹنا ؛ روپیه بٹورنا ؛ تیزی سے روپیه پیدا کرنا -

conscience m.: دیکهو Conscience -

love or *m.*: دیکهو LOVE -

make m.: روپیه کمانا ؛ روپیه پیدا کرنا -

m. -bag: روپئے کا بٹوا ؛ کیسۂ زر -

m. -bags: دولت مند یا لالچی آدمی -

m. -box: صندوق زر ؛ گولک؛ غلک -

m. -changer: صراف -

m. -grubber: ذلیل طریقے سے پیسه کمانے والا؛ زر پرست -

m. -grubbing: (۱) ذلیل طریقے سے پیسه کمانا ؛ زر پرستی - (۲) زر پرست -

m. -lender: سود پر روپیه دینے والا ؛ مهاجن ؛ سود خوار ؛ ساهوکار -

m. -market: صرافه ؛ بازار زر -

m. of account: زر حسابی؛ رقم حسابی (جس کا سکه نه هو صرف شمار کے لئے کام آئے) -

m. -order: منی آرڈر -

m. -spinner: ایک قسم کی مکڑی جس کا دیکهنا نیک شگون سمجها جاتا هے -

moneywart: زرورق ؛ ایک پودا جس کے پتے چمکدار هوتے هیں -

m.'s worth: مساوی زر ؛ بدل زر -

not every man's m.: وہ چیز جو هر شخص کے لئے اتنی قدر نه رکهتی هو جتنی اس کی قیمت هے -

moneyless, *a.*: بے زر ؛ مفلس ؛ قلاش ؛ غریب ؛ نادار -

Moneyed, *a.*: (۱) دولت مند ؛ متمول ؛ صاحب دولت ؛ مالدار ؛ امیر ؛ اهل زر ؛ زردار - (۲) مالی؛ مال و زر کا -

m. assistance: مالی امداد -

m. interest: ارباب زر ؛ اهل زر ؛ زردار طبقه -

m. resources: مالی ذرایع -

Monger, *n.*: تاجر ؛ سوداگر ؛ بیچنے والا وغیرہ ؛ (عام طور پر حالت ترکیبی میں آتا هے جیسے اردو میں فروش مثلاً costermonger میوہ فروش، سبزی فروش) -

scandal m.: رسوائی فروش (ج) ؛ جس کا کام لوگوں کے شرمناک قصے بیان کرنا هو -

Mongol, *n. & a.*: منگولیا کا (باشندہ) ؛ منگولی -

Mongolian, *a. & n.*: (۱) منگولیا کا (باشندہ) ؛ منگولی - (۲) وہ انسانی نسل جس کا زرد رنگ اور کهوڑے بال هوتے هیں - (۳) (منگولیوں کی طرح) فاتر العقل -

Mongoose, mungoose, *n.*: (۱) نیولا - (۲) ایک قسم کا لنگور -

Mongrel, *n. & a.*: (۱) مجهول النسل کتا - (۲) دو نسلا ؛ مخلوط النسل ؛ پیوندی (پودا ، جانور) - (۳) دوغلا ؛ جس کی نسل خالص نه هو - (۴) آدها تیتر آدها بٹیر ؛ مخلوط -

mongrelism, *n.*: دوغلے پن کی حرکت -

mongrelize, *v. t.*: مخلوط النسل بنانا یا بننا ، نسل میں میل کرنا یا هونا ؛ دوغلا بنانا یا بننا -

mongrelly, *a.*: مخلوط النسل حیثیت سے -

Monial, *n.*: (روشندان کی) عمودی سلاخ -

Moniliform, *a.*: مالا جیسی ؛ تسبیح نما -

Monism, *n.*: (۱) وحدت وجود ؛ یه عقیدہ که صرف ایک ذات موجود هے -(۲) وحدت جوهر ؛ یه عقیدہ که مادے اور روح کی تفریق غلط هے یه دونوں ایک هیں -

monist, *n.*: وحدت پرست ؛ وحدت وجود کا قائل ؛ وحدت جوهر کا قائل -

monistic, *a.*: وحدت‌پرستانه؛ وحدت وجود کا؛ وحدت جوهر کا -

Monition, *n.*: (۱) تنبیهه ؛ آگاهی ؛ انتباہ - (۲) اسقف یا عدالت کلیسا کی جانب سے ملزم کے نام باقاعدہ اطلاع که ارتکاب جرم سے باز آئے ؛ تنبیهه نامه - (۳) (دیوانی عدالتوں میں) اطلاع نامه ؛ سمن ؛ طلب نامه -

Monitor, *n.*: (۱) (قدیم) تنبیهه کرنے والا ؛ خطرے کی خبر دینے والا ؛ نذیر - (۲) مانیٹر ؛ مدرسے کا خلیفه - (۳) آهن پوش جهاز (جو ساحل کی محافظت کرتا هے) - (۴) ایک قسم کی چهپکلی جس کے متعلق یه خیال هے که مگر مچهه کے آنے کی خبر دیتی هے -

monitorial, *a.*: مانیٹر کا -

monitorship, *n.*: مانیٹری -

monitress, *n.*: تنبیه کرنے والی ؛ ناصحه ؛ لڑکیوں کے مدرسے کی مانیٹر -

Monitory, *a. & n.*: (۱) تنبیهی - (۲) پاپائے روم (پوپ) کا تنبیهی خط یا فرمان

Monk, *n.*: راهب ؛ تارک الدنیا درویش؛ بیراگی -

m.'s-hood: ایک قسم کا پودا -

monkhood, *n.*: رهبانیت ؛ راهبانه زندگی -

monkship, *n.*: راهب هونا ؛ راهب کا درجه یا منصب -

Monkery, *n.*: (۱) رهبانیت ؛ راهبانه زندگی - (۲) خانقاہ - (۳) جماعت راهبان - (۴) راهبانه طرز عمل ؛ راهبانه طور طریق

monkdom, *n.* : (۱) رهبانیت - (۲) جماعت راهبان -

Monkey, *n. v. t. & i.*: (۱) بندر ؛ بوزنه ؛ میمون - (۲) (چھیڑ یا مذاق میں) اشخاص کو بھی کہه دیتے هیں - (۳) میخ ٹھوکنے کا هتوڑا یا آله - (۴) چھوٹی صراحی - (۵) (عامیانه) پانسو پونڈ کی رقم - (۶) (منه) چڑانا ؛ نقل کرنا ؛ چھیڑنا - (۷) شرارت کرنا -

get one's *m. up* : غصه آجانا -

m.-bread : baobab کے درخت کا کھپل -

m.-cup : ایک قسم کا پودا جس کی پتی جھجری سے مشا به هوتی هے -

m.-jacket : تنگ جاکٹ (چست کوٹ) جو ملاح پهنتے هیں -

m.-nut: مونگ پھلی کے قسم کی پھلی -

m.-puzzle, puzzle-m. : ایک قسم کا خاردار درخت -

m.wrench: ایک قسم کاپیچ کش جس کا منه چھوٹا بڑا هوسکتا هے -

put one's *m. up* : کسی کو غصه دلانا -

monkeyish, *a.* : بندر جیسا ؛ میمون صفت ؛ میمون خصلت وغیره -

monkeyishness, *n.* : بندر جیسا هونا ؛ میمون خصالی -

Monkish, *a.* : (۱) راهبوں کا ؛ راهبانه - (۲) راهبوں جیسا ؛ خانقاه نشینوں کا سا (حقارت کے طور پر) -

Mono- : (۱) (یونانی monos سے مشتق به معنی) ایک ؛ واحد وغیره ؛ حرف علت سے پہلے (- mon) - (۲) ان کیمیاوی الفاظ سے پہلے آتا هے جو کسی عنصر کے صرف ایک جوهر فرد یا چیز کی موجودگی پر دلالت کرتے هیں مثلاً *monobromide* -

monobasic: (کیمیا) یک باسه ؛ جس میں ایک هی باسه (base) یا باسے کا ایک هی جوهر فرد هو -

monocarpic,(ca. pous) : ایسے درخت جن میں صرف ایک بار پھل آتا هے ؛ یک فصلی -

monocephalous : (نباتیات) یک کھنڈیا -

monoclinal : (ارضیات) یک رخی ؛ (پرتیں یا طبقے) جن میں ایک هی رخ پر ڈھیپ هو -

monocotyledon (ous) : (نباتیات) یک دالی ؛ یک دالہ -

monocracy: یک سری حکومت -

monocular: یک چشمی ؛ ایک آنکھ کا یا آنکھ سے متعلق -

monocycle : ایک پہیے کی سائیکل -

monodactylous: یک انگشت ؛ یک پنجه -

monodrama: یک شخصی ڈراما؛ ناٹک جس میں ایک ایکٹر هو -

monoecious: (نباتات، حیوانیات) نرمادی ؛ دوجنسی -

monogenesis: (نظریه) وحدت اصل (یه نظریه که تمام جاندار ایک هی خلیے سے نشو و نما پاکر اس حالت کو پہنچے هیں) -

monogenetic: یک اصلی -

monogeny : (نظریه) وحدت نسل :(یه نظریه که بنی نوع انسان ایک هی شخص کی اولاد هیں) -

monoglot : یک لسان ؛ یک زبان ؛ وه شخص جو صرف ایک زبان جانتا هو -

monogynous: (نباتیات) یک بتھی -

monogyny : یک زوجگی ؛ یک مادگی ؛ ایک هی مادہ کے ساتھ رهنا -

monoideism: یک خیالی ؛ ایک هی بات کا خبط -

monolatry: واحد پرستی ؛ توحید ناقص ؛ ایک خدا کو پوجنا مگر اوروں کو اس کا شریک جاننا -

monomania : یک مانیا ؛ ایک هی بات کا خبط یا جنون ؛ یک رخی جنون -

monomaniac, n. : یک مانی؛ ایک هی بات کا خبطی یا مجنوں؛ یک رخی مجنوں -

mon maniacal : یک مانی ؛ یک رخی مجنون کا سا ؛ یک رخی جنون کا -

monometallic : یک فلزی (زر) ؛ ایک دھات کا (زر) -

monometallism: یک فلزیت؛ یک فلزی زرکا اصول یا نظریه -

monomorphic (-morphous) : یک شکلی (جس کی شکل نشونما کے دوران میں یکساں رهے) -

monopetalous: (نباتیات) یک چھر (جس میں چھڑہ گل ایک هی پنکھڑی کا هو) -

monophthong : ایک حرف علت کی آواز -

monoplane : یک سطحی طیارہ -

monopsychism: نظریۂ وحدت روح (سب روحیں ایک هیں) -

monorail : ایک پٹڑی کی ریل کی سڑک -

monorhyme: یک قافیه نظم ؛ ایسی نظم جس کے سب مصرعوں کا ایک هی قافیه هو -

monospermous: (نباتیات) یک تخمی ؛ یک تخمه -

monostichous : (نباتیات) یک منزله؛ یک صف -

monostrophic (-poem) : ترجیع بند -

monotint : یک رنگی (تصویر یا نقش) -

monotype : وه مشین جو کمپوز بھی کرتی هے اور ساتھ هی ٹائپ ڈھالتی بھی هے -

monotypic : حرفی ٹائپ کا -

Monochord, *n.* : یکتارا ؛ وه آله جس سے موسیقی کے ابعاد (*intervals*) معین کئے جاتے هیں -

Monochromatic, *a.*: (۱) یک رنگ (نور) - (۲) یک رنگی(تصویر) -

Monochrome, *n. & a.*: (۱) وه تصویر جس میں ایک هی رنگ کے کئی روپ بھرے گئے هوں - (۲) ایک رنگ کا نقشه وغیره - (۳) یک رنگی ؛ ایک هی رنگ کا -

Monocle, *n.* : یک چشمه ؛ یک چشمی عینک -

Monody, *n.* : یونانی المیه (ٹریجڈی) کا ایک راگ جسے ایک هی شخص گاتا تها ؛ ایک هی شخص کا المیه راگ - (۲) نوحه ؛ نغمۂ ماتم -

monodic, *a.* : نوحے کا ؛ ماتمی -

monodist, *n.* : نوحه خواں ؛ المیه گیت گانے والا -

Monogamy, *n.* : یک زوجگی ؛ ایک وقت میں ایک بیوی رکھنے کا اصول -

monogamist, *n.* : اس اصول کا پیرو ؛ عامل یک زوجگی -

monogamous, *a.* : یک زوجی -

Monogram, *n.* : طغرا -

monogrammatic, *a.* : طغرائی -

Monograph, *n. & v. t.* : (۱) رساله جو صرف ایک موضوع پر هو ؛ مخصوص موضوع کا رساله - (۲) (کسی مخصوص موضوع

پر) رسالہ لکھنا -

monographer, *n.* : (کسی موضوع پر) رسالہ لکھنے والا ؛ مقالہ نگار -

monographic, *a.* : مخصوص رسالے کے طرز کا -

monographically, *adv.* : مخصوص رسالے کے طور پر -

monographist, *n.* : رسالہ نگار ؛ مقالہ نگار -

Monolith, *n.* : ایک پتھر سے تراشی ہوئی یاد گار (ستون وغیرہ) ؛ یک سنگی ستون ؛ یک سنگی یاد گار -

monolithic, *a.* : ایک پتھر کا ؛ یک سنگی -

Monologue, *n.* : (۱) ڈراما کا یک شخصی سین - (۲) ایک شخصی ڈراما - (۳) کسی صحبت میں ایک شخص کی طول طویل تقریر - (۴) وہ گفتگو جو انسان اپنے آپ سے کرے ؛ آپ ھی آپ گفتگو ؛ خود کلامی ؛ تنہا کلامی

monological, *a.* : یک شخصی سین یا یک شخصی ڈرامے کی طرز کا -

monologist, monologuist *nn.* : (۱) آپ ھی آپ باتیں کرنے والا - (۲) تنہا گو (جو صحبت میں کسی دوسرے کو بات کرنے کا موقع نہ دے) - (۳) یک شخصی ڈرامائی گفتگو کا کرنے والا یا پڑھنے والا -

monologize, *v. i.* : آپ ھی آپ باتیں کرنا -

Monomial, *n. & a.* : (جبر و مقابلہ) یک رقمی مقدار ؛ یک رقمی جملہ -

Monophysite, *n.* : (مسیح کی) وحدت فطرت کا قائل (جس کے نزدیک مسیح کی ذات بشریت اور الوھیت کی جامع ھے) -

Monopolist, *n.* : (۱) بلا شرکت غیرے قبضہ کرنے والا یا تجارت کرنے والا ؛ اجارہ دار - (۲) اصول تجارت بلا شرکت غیرے کا حامی ؛ اجارہ داری کا حامی -

Monopolize, *v. t.* : اجارہ لینا ؛ (تجارت وغیرہ) بلا شرکت غیرے قابض ھو جانا -

monopolization, *n.* : اجارہ داری ؛ بلا شرکت غیرے قبضہ -

Monopoly, *n.* : حق تجارت بلا شرکت غیرے ؛ اجارہ -

Monopolylogue, *n.* : چند یکی تماشا (ج) ؛ وہ تماشا جس میں ایک ھی شخص کئی پارٹ کرتا ھے -

Monosyllable, *n.* : ایک بول کا لفظ ؛ یک رکنی لفظ -

speak in mm. : بہت مختصر جواب دینا ؛ ھاں یا نہیں کے سوا کچھ نہیں کہنا -

monosyllabic, *a.* : یک رکنی (لفظ وغیرہ) -

monosyllabically, *adv.* : یک رکنی الفاظ میں -

monosyllabism, *n.* : یک جزی ؛ یک رکنی لفظ -

monosyllabize, *v. i.* : یک رکنی الفاظ استعمال کرنا -

Monotheism, *n.* : وحدانیت ؛ توحید -

monotheist, *n.* : توحید پرست ؛ وحدانیت پرست ؛ موحد -

monotheistic, *a.* : توحید پرستانہ ؛ موحدانہ -

Monotone, *a. & n. & v. t.* : (۱) ایک سرا ؛ یک لہجہ - (۲) ایک سری آواز ؛ یک لہجہ گیت - (۳) طرز تحریر کی یک رنگی ؛ یکسانی - (۴) اول سے آخر تک ایک ھی آواز میں گانا یا پڑھنا -

monotonic, *a.* : ایک سرا ؛ یک لہجہ ؛ یک نغمہ -

Monotonous, *a.* : (۱) ایک سری ؛ ایک لہجہ (آواز) - (۲) بے تنوع ؛ یک رنگ ؛ یکساں ؛ اول سے آخر تک ایک انداز کا ؛ اکتا دینے والا

monotonize, *v. t.* : ایک سری آواز میں گانا یا ادا کرنا ؛ یکسانی یا یک رنگی پیدا کرنا -

monotonously, *adv.* : ایک سرے پن سے ؛ یک لہجہ آواز سے ؛ یکساں طور پر ؛ اول سے آخر تک ایک انداز سے -

monotonousness, monotony, *nn.* : ایک سرا پن ؛ یک لہجہ پن ؛ یکسانی ؛ عدم تنوع ؛ اول سے آخر تک ایک انداز -

Monroeism, *n.* : اصول منرو (Monroe Doctrine) دیکھو Doctrine -

Monroeist, *n.* : اصول منرو کا حامی -

Monseigneur, *n.* (pl. messeigneurs) : حضور (امرائے فرانس کا لقب ، خصوصاً شہزادوں ، کارڈینالوں اور اسقفوں کے لئے) -

Monsieur, *n.* (pl. messieurs) : (۱) مسٹر ؛ صاحب - (۲) آپ ؛ جناب - (۳) فرانسیسی (شخص) ؛ فرانس کا باشندہ - (۴) (تاریخ) بادشاہ فرانس کے ولی عہد سے چھوٹے لڑکے کا خطاب ؛ بادشاہ کے چھوٹے بھائی کا خطاب (تلفظ " مے سی اے ") -

Monsignor(e) (-seny), *n.* : پاد ریوں کا لقب ؛ پوپ کے دربار کے افسروں کا لقب ؛ حضرت (تلفظ " مان سین اور ") -

Monsoon, *n.* : (۱) موسمی ھوا (یہ ایشیا کے جنوب خاص کر بحر ھند میں گرمی میں جنوب مغرب اور جاڑوں میں شمال مشرق سے چلتی ھے) - (۲) برسات ؛ بارش کا موسم ؛ موسم باراں - (۳) دوسری ھوائیں جن کا رخ معینہ اوقات پر بدلتا رھتا ھے -

Monster, *n. & a.* : (۱) غیر طبعی پودا یا جانور ؛ اعجوبہ - (۲) عجیب الخلقت فرضی جانور - (۳) ننگ بشر ؛ بے حد بد نفس اور شریر انسان - (۴) انسانیت سوز (ظلم وغیرہ) ؛ عفریت صفت انسان - (۵) دیو پیکر جانور یا شے ؛ بد قطع شخص یا شے - (۶) بہت بڑا ؛ زبردست ؛ عظیم الشان -

Monstrance, *n.* : ظرف عشائے ربانی -

Monstrosity, *n.* : (۱) عجیب الخلقت ھونا ؛ انسانیت سوز ھونا - (۲) اعجوبہ ؛ عجیب الخلقت جانور - (۳) انسانیت سوز یا شرمناک بات یا حرکت -

Monstrous, *a. & adv.* : (۱) عجیب الخلقت ؛ اعجوبہ صفت ؛ غیر طبعی - (۲) بہت بڑا ؛ عظیم الشان ؛ دیو پیکر - (۳) فاحش ؛ سراسر مہمل ؛ سراسر غلط - (۴) انسانیت سوز ؛ وحشیانہ ؛ شرمناک - (۵) (قدیم) نہایت ؛ بیحد -

m. good friends : بہت گہرے دوست -

monstrously, *adv.* : عجیب الخلقت طور پر ؛ غیر طبعی طریقے سے -

monstrousness, *n.* : مہمل یا غلط ھونا ؛ شرمناک یا وحشیانہ ھونا ؛ عجیب الخلقتی ؛ اعجوبہ یا غیر طبعی ھونا ؛ غیر معمولی جسامت ؛ دیو پیکری ؛ مہمل یا غلط ھونا ؛ شرمناک یا وحشیانہ ھونا -

Montane, *a.* : کوھی ؛ کوھستانی ؛ پہاڑی ؛ پہاڑی ملک کا (باشندہ) -

Monte, *n.* : تاش کا ایک کھیل جس میں ۴۵ پتے ھوتے ھیں (ھسپانیہ میں کھیلا جاتا ھے) -

three-card m. : ایک کھیل جو میکسیکو سے نکلا ھے -

Montenegrin, *n. & a.* : مانٹی نیگرو کا (باشندہ) -

Month, *n.* : مہینہ ؛ ماہ ؛ شہر ؛ ماس -

calender m. : تقویمی مہینہ -
lunar m. : قمری مہینہ ؛ چاند کا مہینہ -
m. of Sundays : غیر معین عرصہ ؛ غیر معین معیاد -
m.'s mind : (۱) تیسواں؛ کسی شخص کی وفات کے ایک مہینہ کے بعد کا فاتحہ - (۲) رجحان ؛ خواهش ' پسند وغیرہ -
this day m. : آج سے ایک مہینے بعد -
Monthly, *a. & adv. & n.* : (۱) ماهانہ ؛ ماهواری ؛ ماهوار - (۲) ماہ بہ ماہ ؛ هر مهینے ؛ مهینے کے مهینے - (۳) ماهوار رسالہ ؛ ماهانہ مجلہ یا میگزین - (۴) (ج ج) ایام ؛ حیض -
m. nurse : مهینے کی دائی ؛ وہ دائی جو وضع حمل کے ایک ماہ بعد تک خدمت کرتی ھے -
m. rose : چینی گلاب (جس کے متعلق مشہور ھے کہ هر مهینے پھولتا ھے) -
Monticule, *n.* : (۱) چھوٹی پہاڑی ؛ ٹیلا - (۲) چھوٹا ٹیلا جو کوہ آتش فشاں کے مادے سے بن جاتا ھے - (۳) (جانور وغیرہ کے جسم پر) خفیف سا ابھرا هوا حصہ -
Monument, *n.* : (۱) یادگار ؛ کوئی چیز جس سے اشخاص یا واقعات کی یاد محفوظ رھے مثلاً عمارت' لاٹھ وغیرہ - (۲) نشان - (۳) قدیم عمارت - (۴) تحریری یاد داشت ؛ دستاویز -
The M. : مینار لندن (وہ مینار جو لندن میں سنہ ۱۶۶۶ ع کی آتش زدگی کی یادگار کے طور پر بنا تھا) -
Monumental, *a.* : (۱) یادگار ؛ یادگار کا - (۲) مستقل ' معرکے کی اور زبردست (تصنیف) ؛ عظیم الشان اور پائدار - (۳) بیحد ؛ بے پایاں -
monumentally, *adv.* : یادگار کی شان سے -
Monumentalize, *v. t.* : همیشہ کے لئے محفوظ رکھنا؛ یادگار قائم کرنا ؛ بقائے دوام بخشنا -
-mony : (لاحقہ) اسما بنانے کے لئے آتا ھے (جیسے *patrimony*) -
Moo, *v. i.* : (۱) گائے بیل وغیرہ کا رمبھانا - (۲) گائے یا بیل کی طرح بولنا -
Mooch, Mouch, *v. i. & t.* : (۱) (عامیانہ) مٹر گشت کرنا ؛ اِدھر اُدھر پھرنا - (۲) سر جھکا کر چلنا - (۳) چرا لینا ؛ اڑا لینا -
Mood, *n.* : کیفیت مزاج ؛ حالت ؛ رنگ -
in no m. to do : کسی کام کے لئے طبیعت موزوں نہ ہونا -
in the m. to do : کسی کام کے لئے طبیعت موزوں هونا -
Mood, *n.* : (۱) (صرف و نحو) طور فعل - (۲) (موسیقی) دیکھو Mode - (۳) (منطق) ضرب -
imperative m. : (صرف) طور امر -
indicative m. : طور بیانیہ -
subjunctive m. : طور شرطیہ -
Moody, *a.* : ملول ؛ دلگیر ؛ اداس ؛ آزردہ ؛ روٹھا هوا -
moodily, *adv.* : اداسی سے ؛ دلگیری سے ؛ آزردگی کے انداز سے -
moodiness, *n.* : خفگی ؛ آزردگی ؛ دلگیری ؛ اداسی وغیرہ -
Moollah : مُلّا -
Moon, *n.* : (۱) چاند ؛ قمر ؛ ماهتاب ؛ ماہ - (۲) کسی خاص مہینے کا چاند - (۳) (شعر) مہینہ ؛ ماہ -
age of the m. : دور قمر -
full m. : ماہ دو هفتہ ؛ ماہ کامل ؛ ماہ تمام ؛ چودھریں رات کا چاند ؛ پورا چاند ؛ بدر -
moonbeam : شعاع قمر ؛ چاند کی کرن -
mooncalf : پیدائشی بے وقوف ؛ مادر زاد احمق -
m.-flower : ایک پھول کا نام -
moonlight : چاندنی ؛ نور قمر -
moonlight flitting : راتوں رات مکان سے سامان منتقل کرنا تاکہ کرایہ نہ دینا پڑے -
moonlighter : وہ شخص جو آئرستان میں Land League کی طرف سے رات کے وقت کسانوں کو ستاتا تھا -
moonshine : (۱) خیالی پلاو ؛ شیخ چلی کے منصوبے - (۲) چنگی والوں سے چرا کر لائی هوئی شراب -
moonshiner : (امریکہ) (۱) چوری سے شراب کشید کرنے والا - (۲) چنگی سے بچنے کے لئے چوری سے شراب لانے والا -
moonshiny : (۱) جو چاندنی سے روشن هو - (۲) خیالی ؛ شیخ چلی -
moonstone : ایک طرح کی قلمی دھات جو موتی کی طرح چمکتی ھے -
moonstruck : سڑی ؛ سودائی ؛ مجنوں ؛ خبطی -
new m. : نیا چاند ؛ هلال ؛ ماہ نو -
old m. in new m.'s arms : پہلے هفتے کا چاند جس کے تاریک حصے کو زمین کی روشنی خفیف سا روشن کرتی ھے -
once in a blue m. : دیکھو Blue -
moonless, *a.* : بے چاندنی ؛ تاریک -
Moon, *v. i. & t.* : (۱) کھویا هوا سا رهنا ؛ گم صم رهنا ؛ اونگھتے هوے چلنا - (۲) گم صم ' بیٹھے بیٹھے وقت ضائع کرنا -
Moonshee, *n.* : (۱) منشی ؛ محرر - (۲) انگریزوں کو دیسی زبانیں پڑھانے والا -
Moony, *a.* : (۱) قمری ؛ چاند کا ؛ چاند جیسا - (۲) گم صم؛ کھویا کھویا ؛ اونگھتا هوا -
Moor, *n.* : (۱) بیہڑ ؛ بنجر زمین جس میں چھوٹی چھوٹی جھاڑیاں هوں - (۲) (Cornwall میں) بنجر زمین جہاں رانگ پایا جاتا ھے -
m.-cock : جنگلی مرغا -
m. game : ایک قسم کا جنگلی مرغ -
m.-hen : جنگلی مرغی؛ مرغابی -
moorland : بیہڑ -
moorstone : ایک قسم کی چٹان -
moorish, *a.* : بیہڑ کا سا -
morry, *a.* : جہاں بیہڑ هو -
Moor, *n.* : مور ؛ مخلوط بربری اور عربی نسل کے مسلمان جو افریقہ کے شمال مغرب میں رهتے هیں -
Moorish, *a.* : موری -
Moor, *v. t.* : کشتی کو لنگر گاہ سے باندھنا (الس زنجیر دار لنگر سے جو گھاٹ پر مستقل طور سے رهتا ھے) -
moorage, *n.* : گھاٹ کا محصول؛ کشتی کے لنگر سے باندھنے کا محصول -
Mooring, *n.* : مستقل زنجیر دار لنگر ؛ مستقل لنگر جو ساحل کے قریب هوتا ھے اور اس کے ساتھ زنجیریں هوتی هیں

جن میں جہاز اور کشتیاں اٹکا دی جاتی ہیں ؛ وہ چیز جس سے کوئی تیرنے والی چیز اٹکادی جاے۔

moorings, *n.* : لنگر گاہ -

Moose, *n* : ایک قسم کا ہرن جو شمالی امریکہ میں پایا جاتا ہے -

Moot, *n. a. & v. t.* : (۱) (تاریخ) مجلس ؛ جماعت ؛ انجمن - (۲) (قانون) فرضی مقدموں کی بحث جو قانون کے طلبہ مشق کے لئے کرتے ہیں ۔ (۳) قابل بحث ؛ بحث طلب ؛ نزاعی ؛ متنازع فیہ - (۴) (سوال) اٹھانا ؛ (مسئلہ) پیش کرنا ؛ بحث کے لئے پیش کرنا -

Mop, *n.* : کچھے دار سرے کی جھاڑو ؛ کوچی وغیرہ -

m.-head : سر کے کچھے دار یا جھبر بال ؛ کچھے دار یا جھبر بالوں والا شخص؛ جھبرا؛جھمورا -

moppy, *a.* : جھبرے بالوں والا ؛ کچھے دار بالوں والا -

Mop *v. t.* : (۱) صاف کرنا ؛ جھاڑو دینا - (۲) پیشانی سے آنسو اور پسینہ پونچھنا -

m. the floor with : (عامیانہ) (حریف کو) چاروں خانے چت کر دینا ؛ بالکل مغلوب کردینا -

m. up : (۱) پونچھنا ؛ صاف کرنا - (۲) کھپ جانا (نفع)؛ (۳) خاتمہ کردینا ؛ قصہ تمام کردینا ؛ ٹھکانے لگا دینا -

Mop, *v. i. & n.* : منہ بنا نا -

m. & mow : منہ بنا نا ؛ منہ چڑانا ؛ چہرے کی لینا -

mm. & mows : چہرے کی مضحک حرکتیں ؛ نقلیں -

Mope, *v. i. & t. & n.* : (۱) کھویا کھویا رہنا ؛ دلگیر ہونا؛ اداس ہونا - (۲) تنہائی سے اچاٹ ہونا ؛ جی گھبرانا - (۳) دلگیر؛ تنہائی کا مارا ؛ افسردہ دل (شخص) -

the mm: افسردگی ' دلگیری ؛ اداسی -

mopish, *a.* : دلگیر ؛ افسردہ ؛ پژمردہ ؛ اداس -

mopishly, *adv.* : دلگیری سے ؛ افسردگی سے -

mopishness, *n.* : دلگیری ؛ افسردگی؛ پژمردگی؛ اداسی -

Mopoke, Morepork, *n.* (نیوزیستان) الو ؛ (تسمانیہ میں) ایک قسم کی ابابیل؛ (آسٹریلیا میں) مختلف اقسام کے پرندے -

Moquette, *n.*: تماش قالین؛ اون ' سن اور کتان جس کے غالیچے بنتے ہیں-

Mor(r)a, *n.* : انگلیاں بوجھنے کا اطالوی کھیل (ایک چند انگلیاں تیزی سے اٹھاتا ہے اور دوسرا بوجھتا ہے کہ کتنی ہیں) -

Moraine, *n.* : ملبہ ؛ چٹانوں کے ٹکڑے (جسے برف کا چشمہ بہا کر لاتا ہے) -

Moral, *a. & n.* : (۱) اخلاقی ؛ منسوب بہ اخلاق ؛ متعلق اخلاق (کتاب وغیرہ) - (۲) اخلاقی قانون پر مبنی (حقوق)- (۳) مکلف از روئے اخلاق - (۴) نیک ؛ اخلاقاً جائز یا درست ؛ مطابق اخلاق - (۵) نیک سیرت ؛ اچھا ؛ نیک چلن ؛ نیک کردار - (۶) (قصے ' واقعے وغیرہ کا) اخلاقی نتیجہ ؛ سبق - (۷) اخلاقی اصول یا اخلاقی مقولہ ؛ پند - (۸) (جمع) چال چلن ؛ اطوار (خصوصاً جنسی معاملات میں) - (۹) اخلاقی حالت خصوصاً انضباط اور اعتماد نفس -

m. certainty : (کسی بات کا اتنا) قوی احتمال جو یقین کے مساوی ہو ؛ گمان غالب -

m. courage : اخلاقی جرات -

m. law : اخلاقی قانون؛ قانون اخلاق ؛ اصول قانون -

m. sense : حاسۂ اخلاقی ' حس اخلاقی -

m. science, m. philosophy : علم الاخلاق ؛ اخلاقیات -

m. victory : لڑائی وغیرہ کا غیر فیصلہ کن نتیجہ یا شکست جس سے اخلاقی غلبہ حاصل ہو؛ اخلاقی فتح -

point a m. : اخلاقی اصول کو عملاً برتنا؛ کرکے دکھانا -

the very m. of a thing : (سوقیانہ) ہو بہو تصویر (کسی چیز کی) -

morally, *adv.* : اخلاقاً ؛ از روے اخلاق -

Morale, *n.* : اخلاقی حالت ؛ اخلاقی قوام خصوصاً انضباط اور اعتماد نفس (فوج وغیرہ کا) -

Moralism, *n.* : نظری اخلاق ؛ اخلاق کا نظری نظام ؛ مذہب کا تصور محض اخلاق کی حیثیت سے -

Moralist, *n.*: (۱) معلم اخلاق ؛ عامل اخلاق - (۲) جو محض اخلاق کا قائل اور اس پر عامل ہو (مذہب کو نہ مانتا ہو) ؛ اخلاق پرست -

moralistic, *a.* : ناصحانہ ؛ اخلاق آموز ؛ اخلاق پرستانہ -

Morality, *n.* : (۱) اخلاقیات ؛ علم اخلاق - (۲) (جمع) اخلاقی اصول ؛ اخلاقی نکتے - (۳) کسی خاص طبقے کا اخلاق یا نظام اخلاق- (۴) اخلاقی عمل؛ حسن عمل؛ نیکی-(۵) اخلاقی تلقین؛ پند و موعظت۔ (۶) اخلاقی یا مذہبی ڈراما جو سولھویں صدی میں رائج تھا -

Moralize, *v. i. & t.* : (۱) کسی موضوع پر اخلاقی پہلو سے غور کرنا ؛ اخلاقی تلقین کرنا ؛ وعظ کہنا ؛ نا صحانہ گفتگو کرنا - (۲) اخلاقی تفسیر کرنا ؛ اخلاقی نتیجہ نکالنا ؛ سبق یا عبرت حاصل کرنا - (۳) اخلاق کی اصلاح کرنا ؛ اخلاق کو سنوارنا -

moralization, *n.* : اخلاقی تلقین ؛ پند و موعظت ؛ اخلاقی تعبیر یا تفسیر ؛ تہذیب اخلاق ؛ اصلاح اخلاق -

Morass, *n.* : دلدل -

Morat, *n.* : (تاریخ) شہتوت اور شہد کا مرکب عرق -

Moratorium, *n.* : باضابطہ التوائے قرض -

Moravian, *a. & n.* : (۱) موراوی ؛ باشندہ موراویا - (۲) عیسائیوں کا ایک فرقہ جو Huss کا مقلد ہے -

Morbid, *a.* : (۱) (خیالات ' طبیعت) روگی ؛ سقیم ؛ مریضانہ ؛ افسردہ کن - (۲) مریضانہ جذبات رکھنے والا؛ مرض پسند؛ افسردہ طبع یا افسردہ خیال ۔ (۳) (طب) حالت مرض کا ؛ علامت مرض ظاہر کرنے والا -

m. anatomy : مرضیاتی تشریح -

morbidly, *adv.*: مریضانہ ؛ افسردہ کن نظر سے -

morbidness, *n.* : حالت مرض۔ مرض پسندی؛ افسردگی؛ روگی پن -

Morbidezza, *n.* : (مصوری) گوشت کا رنگ (زردی مائل گلابی رنگ) ؛ لطیف نقاشی جس سے تصویر جیتی جاگتی معلوم ہو-

Morbidity, *n.* : (۱) سقم ؛ حالت مرض ؛ مرض پسندی ؛ مریضانہ جذبات - (۲) (کسی مقام پر) بیماری کا زور -

Morbific, *a.* : مرض خیز ؛ بیماری پیدا کرنے والا ؛ مرض آور -

Morceau (-so), *n.* : گانے کی چیز؛ چھوٹا سا گیت؛ مختصر مضمون یا عبارت ؛ ٹکڑا -

Mordant, *a. & n.* : (۱) (طعن وغیرہ) چبھتا ہوا ؛ سخت ؛ نشتر کا سا ؛ دلدوز- (۲) جلانے والا؛ تیز ' جس سے جلن پڑجائے -

(۳) (تیزاب) محرق ؛ سوزندہ ؛ تیز - (۴) جو کھا تیزاب -
(۵) طلائی ورق یا رنگ کو جمانے والی چیز -

mordacious, *a.* : چبھتا ہوا ؛ نشتر کا سا ؛ دلدوز -

mordacity, mordancy, *nn.* : تلخی ؛ دلدوزی -

Mordent, *n.* : (موسیقی) وہ لطف جو کسی ایک نقش نغمہ کو اس کے بعد والے کے ساتھ باری باری بجانے سے پیدا ہو -

More, *a.* & *adv.* : (۱) زیادہ ؛ اور زیادہ ؛ بیشتر - (۲) زیادہ مقدار میں - (۳) پھر -

be no m : مرجانا ؛ گزر جانا -

m. and m. : روز بروز زیادہ ؛ دن دونا رات چوگنا -

m. or less: کم و بیش -

neither m. nor less than: بالکل ؛ محض -

never m.: اب کبھی نہیں : پھر کبھی نہیں -

once m. پھر ایک بار ؛ ایک بار اور -

the m.: جتنا ؛ جتنا زیادہ -

what is m.: بلکہ -

Moreen, *n.*: مورین ؛ ایک مخلوط اونی اور سوتی کپڑا ؛ پردوں کا موٹا کپڑا

Morel, *n.*: پودوں کی قسمیں جن میں چھوٹے انگور رش پھل آتے ہیں -

Morel, *n.*: ایک قابل خورش سماروغ یا فطر ؛ کھمبی کی قسم کا پودا -

Morello, *n.* : کڑوی چیری یا گلاس -

Moreover *adv.*: مزید براں ؛ علاوہ بریں ؛ علاوہ ازیں ؛ اس کے علاوہ -

Morepork, دیکھو Mopoke -

Moresque , *a.* : موری ؛ موری طرز کا ؛ بربری طرز کا -

Morganatic, *a.*, *M. marriage*: غیر متناسب شادی ؛ بے جوڑ شادی ؛ ان میل شادی ؛ بڑے درجے کے مرد کی شادی چھوٹے درجے کی عورت سے (جس میں بیوی شوہر کے رتبے میں حصہ نہیں پاتی اور بچے ترکے سے محروم رہتے ہیں) -

m. wife: نکا حتا بیوی ؛ نکاحی بیوی ؛ گھر ڈالی ہوئی عورت -

morganatically, *adv.* : گھر ڈال کر ؛ گھر پڑ کر ؛ بے جوڑ شادی کے ذریعے سے -

Morgue , *n.* : مردہ گھر ؛ وہ مکان جس میں نا معلوم مردوں کی لاشیں شناخت کے لئے رکھی جاتی ہیں ؛ (خصوصاً) اس قسم کا وہ مکان جو ایک زمانے میں پیرس میں تھا -

Morgue n. : غرور ؛ تمکنت -

m. anglaise : انگریزوں کا غرور -

Moribund, *a.* : (۱) قریب مرگ ؛ جاں بلب ؛ دم توڑنے والا - (۲) (مجازاً) جس کا خاتمہ قریب ہو ؛ دم توڑنے والا -

Morion, *n.* : بے جھلم کا خود یا مغفر -

Morisco, *a.* & *n.* : (۱) موری ؛ شمالی افریقہ کے عربوں کا - (۲) ور خصوصاً ھسپانیہ کا - (۳) (دیکھو *morris dance*) -

Mormon, *n.* : (۱) مارمن ؛ عیسائیوں کے اس فرقے کا پیرو جو امریکہ میں پایا جاتا تھے (بانی Joseph Smith) - (۲) تعدد ازدواج کا عامل (یہ مارمن فرقے کی نمایاں خصوصیت ھے) -

Mormonism, *n.* مارمن مذھب ؛ تعدد ازدواج -

Morn, *n.* (شعر) صبح ؛ سحر ؛ فجر -

Morning, *n.* (۱) صبح ؛ فجر ؛ سحر - (۲) (شعر) طلوع سحر کا وقت ؛ پو پھٹنے کا وقت ؛ صبح کا جھٹپٹا -

good m.: صبح بخیر (صبح کا سلام) -

m. call: سہ پہر کی ملاقات -

m. clothes: لباس صبح -

m. coat: مارننگ کوٹ ؛ پیچھے سے کٹا ہوا کوٹ جس کے گریبان کی تراش ترچھی ہوتی ھے -

m. draught: صبوحی ؛ وہ شراب جو ناشتے سے پہلے پی جاتی ھے -

m. gift : وہ تحفہ جو غیر متناسب عقد کی صبح کو شوہر اپنی زوجہ کو دیتا ھے ؛ یہی اس کا مہر ہوتا ھے -

n. prayer: کلیسائے انگلستان کی صبح کی نماز -

m.-room: صبح کے بیٹھنے کا کمرہ -

m. star: ستارہ صبح ؛ زھرہ -

m. watch: (بحری) صبح کا پہرا (چار بجے صبح سے آٹھ بجے تک) -

Morocco, *n.*: مراکشی چمڑا ؛ مراکو کا چمڑا ؛ بکری کا چمڑا جو سماق کی پتیوں کے ذریعے کمایا جاتا ھے (پہلے مراکش میں بنتا تھا اب یورپ میں بھی بنتا ھے) -

French m.: ادنیٰ قسم کا چھوٹے دانے والا چمڑا -

Levant m.: اعلیٰ قسم کا بڑے دانے والا چمڑا -

Morose, *a.* : اکل کھرا ؛ روکھا اور تیکھا -

morosely, *adv.*: اکل کھرے پن سے ؛ رکھائی اور تیکھے پن سے -

moroseness, *n.* : اکل کھرا پن ؛ رکھائی اور تیکھا پن -

Morpheus, *n.* : نیند کا دیوتا ؛ خوابوں کا دیوتا -

in the arms of M. خوابیدہ ؛ آغوش خواب میں -

Morphia,-phine, *nn.*: جوھر افیون ؛ افیون کا ست ؛ انیم کا ست -

morphinism, *n.* جوھر افیون کھانے کی عادت یا بیماری جو اس سے ھوجائے -

Morphology, *n.*: (۱) (حیوانیات) علم اشکال الاعضاء ؛ صوریات - (۲) (لسانیات کا) وہ شعبہ جو الفاظ کی ساخت سے بحث کرتا ھے ؛ صوریات -

morphological, *a.* صوریاتی -

morphologically, *adv.* : بہ لحاظ صورت ؛ ازروئے صوریات -

morphologist, *n.* ماھر صوریات -

Morris, *a.* & *n.*, *M.* (*-dance*) : سوانگ کا مضحک ناچ (خصوصاً Robin Hood کے سوانگ کا) -

m.-pike : ایک طرح کا نیزہ جو مور قوم (شمالی افریقہ کے عربوں) کا ایجاد سمجھا جاتا ھے -

Morris tube, *n.* : چھوٹے منہ کی نال جو رائفل میں قریب کی چاند ماری کے لئے لگائی جاتی ھے (موجد R. Morris) -

Morrow, *n.*, *The m.*: (انشاپردازی) کل ؛ فردا ؛ دوسرا دن ؛ اگلا دن -

on the m. of: (کسی واقعے کے) بعد (جیسے *on the m. of war*) -

Morse, *n.* : والرس ؛ دریائی گھوڑے کی قسم کا جانور -

Morse, *a.* مورس کے تار برقی کا (موجد S. F. B. Morse وفات سنہ ۱۸۷۲ ع) -

M. alphabet, code: تار برقی ابجد ؛ تار برقی نظام (جو دو نشانات کی مختلف ترتیبوں سے بنتا ھے) -

Morse, *n.* : پادریوں کے جبے کا بکلس جو اکثر جڑاؤ ھوتا ھے -

Morsel, *n.* : (۱) لقمہ ؛ نوالہ - (۲) ٹکڑا -

Mort, *n.*: (شکار) نرسنگھے کی آواز جس سے ھرن کے مرنے کا اعلان ھوتا ھے -

Mort, *n* : وہ سامن مچھلی (salmon) جو تیسرے سال میں ھو -

Mortal, *a.* & *n.* : (۱) فانی ؛ فنا پذیر - (۲) جاں ستاں ؛ جان لیوا ؛ مہلک ؛ قاتل (مرض) ؛ کاری (زخم) - (۳) شدید ؛ سخت ؛ گھمسان کی (لڑائی) - (۴) جانی (دشمن) - (۵) شدید (درد ، خوف) - (۶) (گناہ) کبیرہ ؛ مہلک روح - (۷) موت کا ؛ نزع کا - (۸) (عامیانہ) بہت ؛ بیحد - (۹) (عامیانہ) طویل اور اکتا دینے والا ؛ کڑا - (۱۰) فانی مخلوق ؛ انسان ؛ بشر - (۱۱) (مزاحاً) شخص -

mortally, *adv.* : مہلک طور پر ؛ بہ شدت ؛ شدید -

Mortality, *n.* : (۱) فانی ہونا ؛ فنا پذیری - (۲) مرگ عام ؛ اتلاف جان - (۳) تعداد اموات - (۴) شرح اموات -

Mortar, *n.* & *v. t.* : (۱) کھرل ؛ ہاون ؛ کونڈی - (۲) چھوٹی توپ (جس سے گولہ بہت اونچا جاتا ھے) - (۳) آتشبازی کے گولے پھینکنے کا آلہ - (۴) گارا چونے کا مسالہ - (۵) گارے کی تہ جمانا ؛ پلاستر کرنا ؛ گارے یا مسالے سے جوڑنا -

m.-board: (۱) گارا چونا لانے لیجانے کا تختہ - (۲) (عوام) کالج کے طالبعلموں کی مربع ٹوپی ؛ کلاہ کالج -

mortarless, *a.* : بے گارے کا -

mortary, *a.* : گارے کی طرح کا -

Mortgage, *n.* : (۱) مکفول کرنا ؛ رهن ؛ گرو - (۲) رهن نامہ -

Mortgage, *v. t.* : رهن کرنا ؛ گرو کرنا ؛ گروی رکھنا ؛ مکفول کرنا -

mortgagee, *n.* : مرتہن ؛ گروی دار -

mortgager, mortgagor, *nn.* : راهن ؛ رهن کرنے والا -

Mortify, *v. t.* & *i.* : (۱) (جسم کو ، جذبات کو) نفس کشی یا ریاضت سے قابو میں لانا ؛ مارنا - (۲) نیچا دکھانا ؛ ذلیل کرنا ؛ (غرور وغیرہ کو) خاک میں ملانا ؛ (جذبات کو) مجروح کرنا یا ٹھیس لگانا - (۳) (جسم یا گوشت کا) سڑنا ؛ سڑ کر رہ جانا -

mortifying, *a.* : موجب شرم و ذلت ؛ سوھان روح ؛ باعث اذیت ؛ تکلیف دہ -

mortification, *n.* : شرم و ذلت ؛ کوفت ؛ اذیت ؛ سڑنا (گوشت یا جسم کا) -

Mortise,-ice, *n.* & *v. t.* : (۱) چول ؛ کھو ؛ خانہ (جس میں کوئی دوسری چیز بیٹھتی ھو) - (۲) چول بٹھانا ؛ سالنا ؛ جوڑنا ؛ پیوست کرنا -

m. chisel: سال بیندھنے کی ریتی یا چھینی -

Mortmain, *n.* (مذھبی اور کسی قسم کی جماعت کا) دائمی قبضہ اراضی ؛ غیر منتزع حق تصرف -

in m.: (مجازاً) مرنے کے بعد (کسی شخص کے) قبضے میں ؛ قبضۂ بعد مرگ میں -

Mortuary, *a.* & *n.* : (۱) موت کا ؛ متعلق مرگ - (۲) وہ عمارت جس میں لاشیں کچھ عرصے تک رکھی جاتی ھیں ؛ لاش گھر

Mosaic, *a, n.* & *v. t.* : (۱) پچی کاری کا - (۲) پچی کاری - (۳) (مجازاً) پچرنگی مجموعہ ؛ گونا گون مرقع - (۴) پچی کاری کرنا ؛ رنگ برنگ کا مرقع طیار کرنا -

m. disease: ایک روگ جو پودوں میں خصوصاً تمباکو ، مکئی اور گنے میں لگ جاتا ھے -

m. gold: رانگ کا ڈائی سلفائڈ ؛ جست اور تانبے کا مرکب جس کے سستے زیور بنتے ھیں -

m. woolwork : رنگ برنگ کا اونی کشیدہ -

mosaicist, *n.* : پچی کار ؛ پچی کاری کرنے والا ؛ پچی کاری کا کام کرنے والا -

Mosaic, *a.* : موسوی ؛ حضرت موسی کا -

M. law: قانون موسوی ؛ شرع موسوی -

Mosasaurus, *n.* : میوزی چھپکلی ؛ ایک قسم کا مگر مچھ تھا جو اب معدوم ھے ، یہ جانور دریائے میوز میں بکثرت تھا -

Moschatel, *n.* : مشک بو ؛ ایک پودا جس کے پھول دھانی رنگ کے ھوتے ھیں اور مشک جیسی خوشبو رکھتے ھیں -

Moselle. *n.* : موزیلی ؛ سفید رنگ کی فرانسیسی شراب جو موزیل کے علاقہ میں تیار کیجاتی ھے -

Moses, *n.* : (عرف) یہودی ساھوکار -

Moslem, Muslim, *a.* & *n.* : مسلمان ؛ مسلم -

Moslemism, *n.* : اسلام ؛ دین اسلام ؛ مذھب اسلام -

Mosque. *n.* : مسجد -

Mosquito *n.* : مچھر

m.-curtain, m. -net: مچھر دانی -

m. -craft: ایک قسم کا ھلکا جہاز -

Moss, *n.* & *v. t.* : (۱) کائی - (۲) کائی اگنا ؛ کائی سے ڈھک لینا -

mossbunker : = Menhaden

m.-grown: جس پر کائی ھو ؛ کائی سے ڈھکا ھوا -

m.-hag: جتی ھوئی زمین جس میں سے گھاس اکھاڑلی گئی ھو -

m.-rose: گوبھیا گلاب -

m.-trooper: (سترھویں صدی کا) سرحدی قزاق ؛ سرحدی ڈاکو -

rolling stone gathers no m.: (کہ) برسنگ گرداں نہ روید نبات ؛ سنگ گرداں پر کائی نہیں جمتی (یعنے جو شخص ھمیشہ اپنا مقام اور پیشہ بدلتا رھتا ھے وہ کبھی دولت مند نہیں ھو سکتا) -

mossiness, *n.* : کائی پن -

mossy, *a.* : کائی دار

Most, *a.* & *adv.* : سب سے زیادہ ؛ سب سے بڑھ کر ؛ زیادہ سے زیادہ -

at m. : زیادہ سے زیادہ -

for the m. part: زیادہ تر ؛ بیشتر ؛ عموماً -

make the m. of it: (۱) (کسی چیز سے) زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانا ؛ غنیمت سمجھکر کام چلانا - (۲) بہت بڑھا کر دکھانا ؛ بہت گھٹا کر دکھانا -

mostly *adv.* : زیادہ تر ؛ اکثر ؛ عموماً -

-most : (لاحقہ) (۱) یہ لاحقہ حروف جار اور اسمائے اشارہ پر لاحق ھوتا ھے اور ان کو صفات بنا دیتا ھے مثلاً : *aftermost* - *foremost* (۲) لاحقہ ظرف زمان و مکان وغیرہ پر لاحق ھوتا ھے اور صفت کے معنی دیتاھے (مثلاً *backmost, centremost.*) -

Mot, *n.* (pl. mots pron. moz.) لطیفہ ؛ بذلہ ؛ پھڑکتا ھوا فقرہ -

mot juste: موزوں فقرہ یا لفظ ، چست فقرہ یا لفظ (جو مفہوم کو ادا کرنے کے لئے سب سے زیادہ موزوں ھو) -

Mote, *n.* : ذرہ ؛ خاک کا ذرہ -

m. in (another's) eye : دوسرے کی آنکھ کا تنکا (اپنی آنکھ کے شہتیر کے مقابلے میں) ؛ دوسرے کا خفیف سا عیب -

Motet, *n.* : مذہبی گیت ؛ بھجن -

Moth, *n.* : (۱) کپڑے کا کیڑا - (۲) پروانہ ؛ پتنگا ؛ پتنگ -

clothes-m. : کپڑے یا کاغذ کا کیڑا -

m.eaten : کرم خوردہ ؛ کیڑوں کھایا ہوا -

mothy, *a.* : جس میں کیڑا لگا ہو -

Mother, *n.* : (۱) ما ؛ ماں ؛ اماں ؛ والدہ - (۲) جڑ ؛ منبع ؛ سر چشمہ - (۳) بڑی بی (بوڑھی عورتوں سے خطاب کے موقع پر کہتے ہیں) - (۴) (متروک) اختناق الرحم ؛ ہسٹیریا -

every mother's son of you : تم میں سے ہرایک -

M. Carey's chicken : دیکھو chicken -

M. Church : مادر کلیسا -

M. -Church : مرکزی کلیسا -

m. country : مادری ملک ؛ کوئی ملک اپنی نو آبادیوں کے مقابلے میں -

m. -craft : بچوں کو پالنے کا فن -

m. earth : (۱) مادر گیتی ؛ مادر ارض- (۲) (مزاحاً) زمین -

m. Hubbard : (۱) فرضی نام جو لوریوں میں آتا ہے-(۲) ایک قسم کا لبادہ -

m. -in- law : ساس -

m. of pearl : صدف ؛ سیپی -

m. of thousands or *millions* : ایک پودا -

m. or *artificial m.* : چوزوں کی پرورش کا آلہ -

m.'s son : آدمی ؛ انسان ؛ آدم -

m. tongue : (۱) مادری زبان - (۲) ام السنہ ؛ وہ زبان جس سے اور زبانیں نکلیں -

m. wit : مادر زاد عقل ؛ پیدائشی سمجھ ، فطرتی سمجھ ؛ معمولی عقل -

necessity is the m. of invention : ضرورت ایجاد کی جڑ ہے -

motherhood, *n.* : امومت ؛ مادریت -

motherless, *a.* : بے ماں کا ؛ یسیر -

motherlike, *a.* : مادرانہ ؛ ماں جیسی -

Mother, *v.t.* : (۱) جننا ؛ پیداکرنا (عموماً مجازاً آتا ہے) - (۲) ماں کی طرح پالنا ؛ مادرانہ سلوک کرنا ؛ مادرانہ شفقت سے پیش آنا - (۳) ماں بننا ؛ (مجازاً) حمایت میں لینا -

Mother, *n.* (also m. of vinegar) : سرکے کی پھپوندی -

mothery, *a.* : پھپوندی لگا -

Motherly, *a.* : ماں جیسی شفیق ؛ ماں جیسی ؛ مادرانہ -

motherliness, *n.* : ماں جیسی شفقت ؛ مادریت -

Motif, *n.* : (۱) (مصوری یا کسی دوسری صناعی) امتیازی خصوصیت یا خیال ؛ بنیادی خصوصیت یا خیال ؛ موسیقی یا کسی اور صنعت میں وہ بات جسے صناع ظاہر کرنا چاہتا ہے ؛ اصل مقصود یا مدعا - (۲) لباس پر کلابتوں لیس وغیرہ سے جو زر دوزی کی جاتی ہے -

Motile, *a.* : (حیوانیات و نباتیات) حرکت پذیر ؛ متحرک -

motility, *n.* : حرکت پذیری -

Motion, *n.* : (۱) جنبش ؛ حرکت ؛ نقل و حرکت ؛ نقل مکان - (۲) چلنے میں جسم کو جنبش دینے کا طرز ؛ انداز خرام ؛ گردش - (۳) نشست میں تبدیلی ؛ جسم کے انداز میں تبدیلی ؛ حرکت - (۴) ادا ؛ حرکت ؛ اشارہ - (۵) اجابت - (۶) (جلسے وغیرہ میں) تحریک ؛ تجویز - (۷) (قانون) درخواست ، استدعا جو مدعی یا مدعا علیہ عدالت سے کریں - (۸) متحرک چیز ؛ متحرک مشین -

in m. : متحرک ؛ رواں ؛ حرکت میں -

put in m. : حرکت دینا ؛ متحرک کرنا ؛ حرکت میں لانا -

motional, *a.* : حرکت کا ؛ حرکی -

motionless, *a.* : غیرمتحرک ؛ بے حرکت ؛ساکن ؛ بے حس و حرکت -

Motion, *v. t. & i.* : (کسی کام کا) اشارہ کرنا ؛ اشارے سے بتانا ؛ اشارے سے کہنا ؛ اشارے سے حکم دینا -

Motive, *a. & n.* : (۱) محرک ؛ وجۂ تحریک ؛ باعث حرکت - (۲) تحریکی ؛ حرکی - (۳) (عمل کا) محرک ؛ نیت ؛ منشا ؛ مقصد ؛ غرض -

m. power : حرکی قوت (بجلی وغیرہ کی) -

motivity, *n.* : تحریک ؛ قوت محرکہ -

Motive, Motivate, *vv. t.* : (۱) سبب مہیا کرنا ؛ سبب یا باعث ہونا - (۲) (مصوری) بنیادی خصوصیت یا خیال ہونا -

mativation, *n.* : اسم مذکورۂ بالا معنوں میں -

Motley, *a. & n.* : (۱) گونا گوں ؛ بوقلموں ؛ رنگ برنگ ؛ پچرنگ ؛ رنگا رنگ - (۲) بے میل ؛ مخلوط ؛ مختلف العناصر - (۳) معجون مرکب ؛ گڈ مڈ ؛ چوں چوں کا مربا - (۴) تاریخ (درباری) مسخرے کا رنگ برنگ لباس -

wear m. : مسخرا بننا ؛ مسخراپن کرنا ؛ مسخرے کی سی حرکتیں کرنا -

Motor, *n., a., & v. t. & i.* : (۱) محرک ؛ متحرک ؛ حرکت آفریں ؛ حرکی - (۲) موٹر (مشین کا) - (۳) موٹر کار - (۴) (تشریح) حرکی عضلہ یا پٹھا - (۵) حرکی (اعصاب) - (۶) موٹر میں سفر کرنا ؛ موٹر میں جانا یا لے جانا -

motorial, *a.* : حرکی ؛ حرکت آفریں

motorist, *n.* : موٹر چلانے والا -

motory, *a.* : حرکی -

Mottle, *n. & v. t.* : (۱) رنگ برنگ کی بندکیوں یا دھبوں کا مجموعہ - (۲) ایسا داغ ، دھبا ، بندکی - (۳) پچرنگی اونی دھاگا جس سے کپڑا بنتے ہیں ؛ پچرنگی اون - (۴) صابون پر پچرنگی بندکیاں ڈالنا (عموماً اس کا اسم مفعول استعمال ہوتا ہے) -

Motto, *n.* : (۱) حسب حال کتبہ یا مقولہ - (۲) اصول عمل ؛ وہ کہاوت یا قول جسے کوئی شخص دستورالعمل بنالے - (۳) (موسیقی) وہ فقرہ جو بار بار آے - (۴) شعر جو مٹھائی کے کاغذی پٹاخے کے اندر سے نکلے - (۵) مقولہ جو کتاب یا باب کے عنوان کے طور پر لکھا جاے -

Mouffion, *n.* : جنوبی یورپ کی پہاڑی بھیڑ -

Moujik, Muzhik, *n.* : (۱) کلاہ سمور ؛ عورتوں کی ڈھیلی سموری ٹوپی - (۲) روسی دہقان ؛ روسی کاشتکار -

Mould, *n.* : (۱) مٹی ؛ خاک - (۲) اراضیء مزروعہ کی بالائی مٹی -

man of m. : انسان فانی ؛ خاک کا پتلا ؛ انسان خاکی ؛ مشت خاک -

m. -board : ہل کی پھال -

Mould, *n.* : (۱) (معماروں کا) ڈھانچہ (۲) سانچہ ؛ قالب - (۳) پڈنگ کا سانچہ - (۴) شکل ؛ ڈھانچہ ؛ کاٹھی (آدمی یا جانور کی) - (۵) (عمارت) دیوار کی کانس یا لکڑی کی چیزوں میں آرائشی حاشیہ -

m. candle : سانچے میں ڈھلی ہوئی موم بتی -

m. loft : وہ کمرا جس کے فرش پر جہاز کا خاکہ بڑے پیمانے پر کھنچا ہو -

Mould, *v. t.* : (۱) کسی خاص شکل میں گھڑنا ؛ ڈھالنا - (۲) (کسی چیز سے) گھڑنا ؛ تیار کرنا - (۳) کسی نمونے پر ڈھالنا - (۴) بدل کر کسی شکل میں لے آنا - (۵) نان پاؤ کی لوئی بنانا -

Mould, *n.* : پھپھوندی -

Moulder, *n.* : ڈھالنے والا ؛ سانچے بنانے والا -

Moulder, *v. i.* : (۱) خاک ہوجانا ؛ گل کر مٹی ہوجانا - (۲) سڑ جانا ؛ گل جانا ؛ (مجازاً) فنا ہوجانا ؛ برباد ہوجانا -

Moulding, *n.* : (۱) سانچے میں ڈھالنا وغیرہ - (۲) آرائشی حاشیہ جو دیوار کی کانس یا لکڑی کی چیزوں میں ہوتا ہے -

m.-board : آٹا گوندھنے کا تختہ -

Mouldy, *a.* : (۱) جس میں پھپھوندی لگی ہو ؛ پھپھوندی لگا - (۲) (مجازاً) فرسودہ ؛ دقیانوسی - (۳) (عامیانہ) اکتا دینے والا ؛ بار خاطر -

mouldiness, *n.* : پھپھوندی لگا ہونا ؛ فرسودگی ؛ دقیانوسی ہونا -

Mouldy, *n.* : (بحری عامیانہ) تار پیڈو -

Moulin, *n.* : برف کے پہاڑ میں کھڑی دراز -

Moult, *v. t. & i. & n.* : (پرندوں کا) پر جھاڑنا ' کریز کرنا -

Mound, *n.* : سونے کی گیند جو تاج میں یا مار کے میں ہوتی ہے (کرۂ ارض کو ظاہر کرتی ہے) -

Mound, *n. & v. t.* : (۱) ٹیلہ ؛ خاک کا تودہ خصوصاً قبر کا - (۲) پہاڑی (۳) ٹیلوں سے گھیرنا ؛ ڈھیر لگانا -

m.-builder : (۱) امریکہ کے قبل تاریخی زمانے کے باشندے جو تودے بناتے تھے - (۲) تودہ گر پرندہ (جو انڈوں کا ڈھیر لگا دیتا ہے) -

Mount, *n.* : (۱) پہاڑ ؛ پہاڑی ؛ کوہ ؛ (علم فراست الید) (ہتیلی میں) ابھار -

Mount *v. i. & t.* : (۱) چڑھنا - (۲) سوار ہونا (گھوڑے پر) - (۳) (خون) چہرے پر جھلکنا - (۴) بڑھنا ؛ شدت بڑھنا - (۵) بلند ہونا ؛ بڑھنا (رتبہ وغیرہ) - (۶) مقدار میں بڑھنا ؛ چڑھنا - (۷) چڑھانا ؛ سوار کرنا - (۸) توپ کو کل پر چڑھانا - (۹) گھوڑا دینا ؛ گھوڑا بہم پہنچانا - (۱۰) (چرخے وغیرہ کو) چالو کرنا ؛ درست کرنا - (۱۱) تصویر کو دفتی پر چپکانا - (۱۲) کسی چیز کو خرد بین کے شیشے پر رکھنا - (۱۳) (ناٹک) دکھانا ؛ اسٹیج پر لانا - (۱۴) (پوشاک کی) نمائش کرنا -

Mount, *n.* : (۱) تصویر کا حاشیہ ؛ دفتی جس پر تصویر چپکاتے ہیں ؛ منقش مرتھہ ' دستہ وغیرہ (دھات کا) - (۲) سواری کا گھوڑا - (۳) سواری خصوصاً گھڑ دوڑ میں -

Mountain, *n.* : (۱) پہاڑ ؛ کوہ ؛ کوہسار ؛ جبل - (۲) پہاڑ کا پہاڑ ' بڑا زبردست انبار ؛ ڈھیر کا ڈھیر -

m. ash : دیو دار کوہی -

m. chain : سلسلۂ کوہ -

m. sickness : ایک بیماری جو پہاڑ کی ہوا سے ہوجاتی ہے -

m. wine : (Malaga کی) پہاڑی شراب ؛ پہاڑی انگور کی شراب -

the M. : انقلاب فرانس میں انتہا پسند جماعت جس کی نشست پارلیمنٹ میں بہت اونچی تھی -

waves ran mm. high : موجیں پہاڑ کی طرح اٹھ رہی تھیں -

Mountaineer, *n.* : (۱) پہاڑی ؛ پہاڑوں پر رہنے والا - (۲) پہاڑ پر چڑھنے والا ؛ پہاڑ پر چڑھنے کا ماہر -

mountaineering, *n.* : پہاڑ پر چڑھنا ؛ پہاڑ پر چڑھنے کی مہارت ؛ پہاڑ پر چڑھنے کا فن -

Mountainous, *a.* : (۱) کوہستانی ؛ جس میں پہاڑوں کی کثرت ہو - (۲) عظیم الشان ؛ بڑا بھاری -

Mountebank, *n.* : (۱) سفری دوا فروش ؛ بازاری دوا فروش - (۲) عطائی ؛ نیم حکیم -

mountebankery, *n.* : سفری یا بازاری دوا فروشی ؛ عطائی پن -

Mourn, *v. i. & t.* : (۱) رنج کرنا ؛ افسوس کرنا ؛ آہ و نالہ کرنا ؛ آہ و بکا کرنا ؛ نوحہ کرنا ؛ ماتم کرنا - (۲) سوگ منانا - (۳) (کسی کو) رونا ؛ ماتم کرنا -

Mourner, *n.* : (۱) سوگوار ؛ نوحہ گر ؛ ماتم کرنے والا ؛ ماتمی - (۲) شریک جنازہ - (۳) وہ شخص جو کرائے پر جنازے میں شرکت کرے ؛ کرائے کا ماتمی -

Mournful, *a.* : (۱) غم گین ؛ غم زدہ ؛ حزین ؛ محزون ؛ مغموم ؛ ماتمی ؛ اندوہ گین ؛ ملول - (۲) غمناک ؛ پر ملال -

mournfully, *adv.* : مغموما نہ ؛ غمگین انداز سے ؛ حزن و ملال سے -

mournfulness, *n.* : غم گینی ؛ غم زدگی ؛ پر ملال ہونا وغیرہ -

Mourning, *n.* : (۱) رنج و غم ؛ ماتم ؛ سوگ ؛ آہ و بکا ؛ آہ و نالہ ؛ گریہ و زاری ؛ آہ و زاری - (۲) ماتمی لباس (پہننا) ؛ رنق سالہ -

complimentary m. : وہ ماتمی لباس جو غیر لوگ متوفی کے ماتم میں پہنتے ہیں -

deep m. : دیکھو Deep -

half m. : دیکھو Half -

in m. : (۱) سیاہ پوش ؛ ماتمی لباس پہنے ہوے ؛ سوگ میں ؛ ماتم میں - (۲) (آنکھ) لڑائی میں زخمی - (۳) (ناخون) میلا -

m.band : کپڑے کی سیاہ دھجی جو کوٹ کی آستین پر یا ٹوپ کے گرد ماتم کی نشانی کے طور پر باندھ لی جاتی ہے -

m.-coach : گاڑی جو جنازے کے ساتھ ہو ؛ سیاہ ماتمی گاڑی -

m.-paper : کاغذ یا لفافہ جس کا حاشیہ سیاہ ہوتا ہے ؛ ماتمی کاغذ -

m.-ring : انگوٹھی جو مرنے والے کی یادگار کے طور پر پہنی جائے ؛ ماتمی انگوٹھی -

Mouse, *n.* (pl.mice) : (۱) چوہا ؛ چوہیا ؛ موش - (۲) (عامیانہ) لڑائی میں زخمی یا چوٹ کھائی ہوئی آنکھ -

m.-colour : گہرا بھورا رنگ جس میں خفیف سی زردی ہو -

m.- ear : ایک پودا -

mousetrap : چوہے دان -

mousy, *a.* : (۱) چوہے کا سا (رنگ ' بو وغیرہ) - (۲) چوہوں بھرا (گھر) -

Mouse, *v. i.* : (۱) (بلی یا شکرے کا) چوہے کا شکار کرنا ؛ چوہے پکڑنا - (۲) (کسی چیز کی) تلاش میں کونا کونا چھان ڈالنا ؛ بڑی محنت سے تلاش کرنا ؛ (کسی چیز کی) تلاش میں چکر لگانا ؛ منڈلانا -

mouser, *n.* : چوہے کا شکار کرنے والا خصوصاً بلّی -

Mousseline, *n.* : فرانسیسی ململ -

m.-de-laine : اونی سوتی ململ -

m.-de-soie : ریشمی ململ ؛ ایک ریشمی کپڑا جس کی بناوٹ ململ کی طرح ہوتی ہے ۔

Moustache, *n.* : مونچھ ؛ بروت ۔

m. -cup : مونچھ دار پیالہ ؛ لب دار پیالہ (جو مونچھ کو بھیگنے سے روکتا ہے) ۔

Mousterian, *a.* : (آثار قدیمہ) عہد حجری کا ؛ اس زمانے کا جب پتھر کے اوزار کا استعمال ہونے لگا تھا ۔

Mouth, *n.* : (۱) منہ ؛ دہن ؛ دہاں ۔ (۲) (عامیانہ) زبان درازی ؛ گستاخی ؛ ڈھٹائی ۔ (۳) منہ بنانے کی ادا ۔ (۴) (تھیلے ، غار ، بھٹی وغیرہ کا) منہ ۔ (۵) دریا کا دہانہ ؛ مہانہ ۔

bad m. : بد لگام ؛ بدعنان (گھوڑا) ۔

down in the m. : جس کی کلغی گری ہوئی ہو ؛ اداس ؛ پست ۔

give m. : (کتے کا) بھونکنا ۔

good m. : خوش لگام ، خوش عنان (گھوڑا) ۔

hard m. : سخت لگام ، سخت عنان (گھوڑا) ۔

laugh on wrong side of one's *m.* : ہائے وائے کرنا ؛ آہ و زاری کرنا ۔

make a wry m. : منہ بنانا ۔

m. -filling : موٹا سا (لفظ) ؛ لفاظی کی (تقریر) ۔

m. organ : منہ سے بجانے کا باجا ۔

mouthpiece : (۱) دوسروں کی طرف سے بولنے والا ۔ (۲) مہنال (پائپ کا) ۔ (۳) باجے کا وہ حصہ جو منہ میں لیا جاتا ہے ۔

m. waters at (food &c.) : (کھانا وغیرہ دیکھ کر) منہ میں پانی بھر آتا ہے ۔

*put words in some*one's *m.* : الفاظ یا قول کسی کی طرف منسوب کرنا ؛ کسی کی زبان سے کہلانا (خصوصاً فسانے یا ڈرامے کے اشخاص کی زبان سے) ۔

this sounds strange in your m. : آپ کے منہ سے یا زبان سے یہ بات عجیب معلوم ہوتی ہے ۔

useless m. : بیٹھے بیٹھے کھانے والا ؛ مفت خورا ۔

(-) **mouthed**, *a.* : (بہ حالت ترکیبی) منہ والا ۔

mouthless, *a.* : بے منہ کا ؛ بے دہانے کا ۔

Mouth, *v. t. & i.* : (۱) ایک ایک لفظ الگ الگ کہنا ؛ صاف صاف ادا کرنا ؛ بھرے منہ سے کہنا ؛ ٹھسے سے کہنا ؛ چبا چبا کر باتیں کرنا ۔ (۲) منہ میں لینا ؛ منہ ڈالنا ؛ منہ سے لگانا ۔ (۳) گھوڑے کو لگام کا عادی کرنا ۔ (۴) منہ بنانا ۔

Mouthy, *a.* : (۱) بد زبان ؛ یا وہ گو ؛ تقریر یا ۔ (۲) لفاظ ۔

Movable, *a. & n.* : (۱) متحرک ؛ حرکت پذیر ۔ (۲) (جائداد) منقولہ ۔ (۳) منقولہ یا انتقال پذیر فرنیچر ۔ (۴) (جمع) جائداد منقولہ ۔

m. feast : (۱) وہ تہوار جس کی تاریخ آگے پیچھے رہے ؛ غیر معین تاریخ کا تہوار ۔ (۲) (مزاحاً) کھانا جس کا کوئی مقررہ وقت نہ ہو ۔

movability, movableness, *n.* : انتقال پذیری ؛ حرکت پذیری ۔

Move, *n.* : (۱) (شطرنج وغیرہ کی) چال (جو چلی جائے) ؛ چلنے کی باری ؛ چال ۔ (۲) عملی قدم ؛ اقدام ۔

get a m. on : (عامیانہ) جلدی کرنا ؛ پھرتی سے کام لینا ۔

make a m. : اٹھنا ؛ جانا ؛ خصوصاً کھانے کی میز سے اٹھنا ۔

on the m. : متحرک ؛ رواں ۔

Move, *v. t. & i.* : (۱) متحرک کرنا ؛ حرکت دینا ؛ ہٹانا ۔ (۲) (شطرنج وغیرہ میں مہرہ) چلنا ۔ (۳) چلانا ؛ ہلانا ؛ جنبش دینا ۔ (۴) (پہلو) بدلنا ؛ (ہاتھ وغیرہ کو) جنبش دینا ۔ (۵) اجابت لانا ؛ قبض دور کرنا ۔ (۶) ترغیب دینا (کسی فعل کی مثلاً ہنسانا وغیرہ) ۔ (۷) دل پر اثر کرنا ؛ ہمدردی وغیرہ کا جذبہ پیدا کرنا ۔ (۸) آمادہ کرنا ؛ متوجہ کرنا (کسی بات یا کام کی طرف) ۔ (۹) (جلسے وغیرہ میں) تجویز پیش کرنا ۔ (۱۰) (عدالت سے) درخواست کرنا یا ضابطہ پیش کرنا ۔ (۱۱) سرکنا ؛ چلنا ؛ ہٹنا ؛ حرکت کرنا ؛ ہلنا ۔ (۱۲) آگے بڑھنا ؛ ترقی کرنا ۔ (۱۳) (شطرنج میں) چال چلنا ۔ (۱۴) نقل مکان کرنا ؛ ایک مکان سے اٹھ کر دوسرے میں جانا ؛ مکان بدلنا ۔ (۱۵) (انسان کا) پہلو بدلنا ؛ ہلنا جلنا ؛ (ہاتھ پیر کا) جنبش کرنا ۔ (۱۶) اجابت ہونا ۔ (۱۷) کارروائی کرنا (کسی معاملے میں) ۔ (۱۸) میل جول ہونا یا رہنا سہنا (کسی خاص طبقے میں) (جیسے the little world (in which he moved ۔

m. about : مکان بار بار بدلنا ۔

m. heaven and earth : زمین آسمان کو ایک کر دینا ؛ انتہائی کوشش کرنا ۔

m. in : کسی نئے مکان میں آکر رہنا ۔

m. on : (۱) چلو ؛ آگے بڑھو (پولس والے کا حکم) ۔ (۲) (پولس والے کا) لوگوں کو ہٹا دینا ؛ ایک جگہ کھڑا نہ رہنے دینا ۔

the spirit moves me : میرا جی چاہتا ہے ؛ میرے دل میں تحریک پیدا ہوتی ہے (کسی کام کے کرنے کی) ۔

moving, *a.* : موثر ؛ پر اثر ؛ رقت انگیز ؛ دلگداز ۔

movingly, *adv.* : موثر طریقے سے ۔

moveless, *a.* : (شاذ) بے حس و حرکت ؛ بے جنبش ؛ ساکن ؛ غیر متحرک ۔

Movement, *n.* : (۱) حرکت ؛ نقل و حرکت ؛ جنبش ۔ (۲) فوجی نقل و حرکت ؛ فوج کی ترتیب میں تغیر تبدل ۔ (۳) مشین کے متحرک پرزے ؛ مشین کا کوئی پرزہ یا پرزوں کا مجموعہ (کسی خاص غرض کے لئے) ۔ (۴) ذہنی تحریک یا حرکت ۔ (۵) نظم یا قصے کی تدریجی تکمیل یا ارتقا ۔ (۶) (موسیقی) گیت یا نغمے کی حرکت بلحاظ وقت اور سریلے پن کے ۔ (۷) تحریر نغمہ (musical composition) کا ایک حصہ جو اپنی جداساخت اور سریلاپن رکھتا ہے ۔ (۸) تحریک (جیسے قومی تحریک) ۔ (۹) (بازار میں مال کی) گرم بازاری ۔

the Oxford m. : دیکھو Oxford ۔

Mover, *n.* : (۱) حرکت دینے والا وغیرہ ۔ (۲) مجوز ؛ محرک ۔

prime m. : (۱) مبداء حرکت ؛ محرک اصلی ۔ (۲) کسی مفید کام کا بانی یا موجد ۔

Movies, *n. pl.* : (عامیانہ) سنیما ؛ بائیسکوپ ۔

movieton. : ایک طرح کا بولتا ہوا سنیما ۔

Mow, *n.* : خرمن ؛ گھاس غلے وغیرہ کا ڈھیر (مدور یا مستطیل) ۔

mow-burnt : گلا سڑا اناج ؛ کھلیان کا جلا ہوا غلہ وغیرہ جو کھلیان میں تپش کی شدت سے جل جائے ۔

Mow, *n. & v. i.* : دیکھو Mop ۔

Mow, *v. t.*: (۱)(درانتی یا مشین سے) (گھاس) کا ٹنا؛ (کھیت) کاٹنا؛ درو کرنا؛ کٹائی کرنا - (۲) فصل کاٹنا - (۳) قلع قمع کرنا؛ مولی گاجر کی طرح کاٹ ڈالنا -

mower, *n.*: گھاس کاٹنے والا؛ کھیت کاٹنے والا -

Moxa, *n.*: موکسا؛ ایک درخت کی سوکھی پتیوں کا رواں جس سے جلد میں سوزش پیدا ہوتی ہے (گٹھیا میں مفید ہے) -

Moya, *n.*: وہ کیچڑ جو کوہ آتش فشاں سے نکلتی ہے؛ آتش فشاں کی کیچڑ -

Mozarab, *n.*: مستعرب؛ ہسپانیہ کے شاہان مور کی عیسائی رعایا جسکو مذہبی آزادی حاصل تھی -

Mozarabic, *a.*: مستعربی -

Mprel, *n.*: البانیا کا فرمانروا

Mr.: دیکھو Mister -

Mrs. *n.*: بیگم؛ ان شریف خواتین کا لقب جن کے شوہر خطاب یافتہ نہ ہوں (شوہر کے خاندانی نام کے ساتھ استعمال ہوتا ہے)-

Mrs. Grundy: دیکھو Grundyism -

Much, *a. & adv.*: (۱) بہت؛ بہت سا؛ بہت زیادہ؛ بسیار؛ کثرت سے - (۲) بہت؛ شدت سے - (۳) تقریباً؛ قریب قریب -

he is not m. of a scholar: وہ کوئی بڑا عالم نہیں ہے -

he is too m. for me: میں اس کے مقابلہ کا نہیں؛ وہ مجھ سے بڑھا ہوا ہے؛ وہ میرے بس کا نہیں -

make m. of: دیکھو Make -

m. of a size: قریب قریب برابر؛ تقریباً ایک ہی قد و قامت کے -

think m. of: دیکھو Think -

muchly, *adv.*: (مزاحاً) کثرت سے؛ بہت زیادہ -

Muchness, *n.*: (۱) کثرت؛ زیادتی؛ افراط؛ فراوانی؛ بہتات - (۲) بڑائی -

much of a m.: قریب قریب یکساں -

Mucilage, *n.*: (۱) (درختوں کا) لعاب؛ چیپ - (۲) گوند؛ صمغ - (۳) آنو وغیرہ؛ چپچپا مادہ جو انسان کے جسم سے نکلتا ہے -

mucilaginous, *a.*: لعاب دار؛ چیپ دار؛ لس دار؛ چپچپا؛ لزج -

Muck, *n.*: (۱) کھات؛ کھاد - (۲) کیچڑ؛ نجاست - (۳) (روز مرہ) مکروہ یا ناپاک چیز - (۴) (روز مرہ) میلا پن؛ گندگی -

m.-rake: کیچڑ جمع کرنے کا پنجا؛ (مجازاً) گندی جگہ -

muckworm: (۱) گبریلا؛ گوبر کا کیڑا - (۲) (مجازاً) کنجوس؛ مکھی چوس - (۳) آوارہ؛ لاوارث چھوکرا -

mucky, *a.*: میلا کچیلا؛ غلیظ؛ گندا -

Muck, *v. t. & i.*: (۱) گندہ کرنا؛ غلیظ کرنا؛ میلا کرنا - (۲) (عامیانہ) (کام کو) بگاڑنا؛ چوپٹ کردینا - (۳) (عامیانہ) مٹلا انتھائے پھرنا؛ ادھر ادھر مارا مارا پھرنا -

Mucker, *n.*: (۱) پٹخنی - (۲) (مجازاً) افتاد؛ مصیبت -

come a m.: افتاد پڑنا؛ ٹھوکر کھانا -

go a m.: فضول خرچی کرنا؛ روپیہ برباد کرنا -

Muckle: دیکھو Mickle -

Mucous, *a.*: (۱) لعابدار؛ لسدار؛ لزج؛ چیپ دار؛ چپچپا؛ آنو بھرا -

m. membrane: (۱) غشائے مخاطی - (۲) آنو کی جھلی -

mucosity, *n.*: لعابدار ہونا؛ لزوجت؛ چپچپا پن وغیرہ -

Mucro, *n.*: (نباتیات، حیوانیات) نکیلا حصہ؛ نکیلا عضو؛ نوک -

mucronate, *a.*: نکیلا؛ نوکدار -

Mucus, *n.*: لزوجت؛ لعاب؛ چیپ؛ آنو، بلغم وغیرہ چپچپا مادہ جو انسان کے جسم سے نکلتا ہے -

Mud, *n.*: (۱) گیلی مٹی؛ کیچڑ؛ کیچ - (۲) نکمی چیز؛ گندی بات؛ گندگی؛ کیچڑ -

fling m., throw m.: کیچڑ اچھالنا؛ بد نام کرنا -

m.-bath: معدنی چشموں کی کیچڑ میں غسل (وجع مفاصل کا علاج) -

mudguard: کیچ روک؛ مڈ گارڈ -

mudlark: کیچڑ میں رہنے والا؛ کیچڑ میں لوٹنے والا؛ لاوارث چھوکرا -

m. pie: گیلی مٹی کا سموسہ جو لڑکے کھیل میں بناتے ہیں -

m. volcano: وہ آتش فشاں جس میں سے کیچڑ نکلتی ہے -

stick in the m.: دیکھو Stick -

Mudar, *n.*: مدار کا درخت؛ ایک جھاڑی جو جزائر شرق الہند میں ہوتی ہے -

Muddle, *n.*: گڑبڑ؛ ابتری؛ گڈمڈ؛ خرابی؛ بدنظمی؛ بدترتیبی -

make a m. of: (کام کو) خراب کرنا؛ ابتر کرنا؛ چوپٹ کر دینا -

muddle-headed: بے وقوف؛ کوڑھ مغز -

muddle-headedness: بے وقوفی؛ احمق پن -

Muddle, *v. t. & i.*: (۱) مدہوش کرنا؛ بدمست کرنا - (۲) گڈمڈ کرنا؛ خلط ملط کرنا - (۳) کام بگاڑ دینا؛ چوپٹ کر دینا؛ ابتر کر دینا - (۴) بے تکے پن سے کام کرنا -

m. on: لشتم پشتم کام چلانا -

m. through: تیر تکے سے کام چلانا؛ باوجود غلطی پر غلطی کرنے کے کام نکال لے جانا -

Muddy, *a. & v. t.*: (۱) گدلا؛ کیچ بھرا؛ کیچڑ سے بھرا ہوا - (۲) (روشنی) دھندلی؛ میلی میلی - (۳) (آواز) بھاری - (۴) جس کے خیالات الجھے ہوئے ہوں؛ پریشان خیال - (۵) مبہم؛ غیر واضح - (۶) گدلا کرنا؛ کیچڑ بھرنا؛ دھندلا کرنا (خیالات کو) الجھانا؛ مبہم کرنا -

muddily, *adv.*: گدلے پن سے؛ بھاری آواز سے؛ دھندلے پن سے؛ مبہم یا غیر واضح طور پر -

muddiness, *n.*: گدلا پن؛ دھندلا پن؛ بھاری پن (آواز کا)؛ غیر واضح ہونا -

Mudir, *n.*: مدیر؛ (ترکی) گاؤں کا مقدم؛ (مصر) صوبہ دار -

Muezzin, *n.*: موذن؛ اذان دینے والا -

Muff, *n.*: سمور یا اون کا استوانہ نما خول جسے عورتیں ہاتھوں کو گرم رکھنے کے لئے استعمال کرتی ہیں؛ سموری یا اونی دست پوش؛ مف -

foot-m.: اسی قسم کا خول پیروں کے لئے؛ پیروں کا مف -

Muff, *n. & v. t.*: (۱) بھدا (جو ورزشی کھیلوں میں ...

هو) ؛ بیوقوف - (۲) چوک ' (خصوصاً) کرکٹ میں گیند جھیلنے میں چوکنا - (۳) چوکنا (گیند جھیلنے میں) ؛ اناڑی پن سے گیند چھوڑ دینا -

muffish, *a.*: بھدا ؛ بیوقوف ؛ بھدے پن کا ؛ بیوقوفی کا -

Muffetee, *n.*: اونی دھاگے کے کف جو کلائی میں پہنتے ہیں -

Muffin, *n.*: کلچہ -

m.-bell: گھنٹی جو کلچہ فروش بجائے -

m.-man: کلچہ فروش -

Muffineer, *n.*: وہ شیشی جس میں سے نمک یا شکر کلچے پر چھڑکتے ہیں ؛ نمک پاش یا شکر پاش -

Muffle, *n.*: جگالی کرنے والے اور کترنے والے جانوروں کے بالائی لب اور ناک کا موٹا حصہ -

Muffle, *n.*: (۱) چرمی دستانہ (جو دیوانوں کے ہاتھوں پر چڑھا دیتے ہیں کہ کپڑے نہ پھاڑ سکیں) - (۲) بغیر انگلیوں کا دستانہ - (۳) وہ ظرف جس میں کوئی چیز رکھ کر بھٹی میں گرم کریں - (۴) بھٹی کا خانہ جس میں مٹی کے کچے برتن پکائے جاتے ہیں -

Muffle, *v. t.*: (۱) (کپڑے سے) ڈھکنا' ڈھانپنا - (۲) (کسی کے منہ پر) کپڑا ڈالنا تاکہ آواز نہ نکلنے پائے - (۳) (گھنٹی وغیرہ پر) کپڑا لپیٹ دینا یا منڈھ دینا تاکہ آواز دب جائے ؛ کپڑا منڈھ کر آوازکو دبا دینا -

muffled curse: دبی آواز میں لعنت -

Muffler, *n.*: (۱) گلو پوش ؛ گلوبند - (۲) مکا بازی کا دستانہ ؛ دبیز دستانہ - (۳) کوئی چیز جس سے آواز دب جائے خصوصاً وہ گدی جو پیانو کے پردے اور تار کے بیچ میں رکھتے ہیں -

Mufti, *n.*: (۱) مفتی ؛ فتوی دینے والا - (۲) معمولی کپڑے ؛ سادے کپڑے (وردی کے مقابلے میں) -

Mug, *n.*: (۱) گلاس ؛ آبخورہ - (۲) پانی وغیرہ جو گلاس میں ہو - (۳) ایک مفرح شربت -

Mug, *n.*: (عامیانہ) احمق ؛ بے وقوف -

Mug, *v. i* & *t.* & *n.*: (۱) (عامیانہ) بڑی محنت سے پڑھنا ؛ رٹنا ؛ گھونٹنا - (۲) (m. up) (کسی مضمون کا) مطالعہ کرنا ؛ تیار کرنا - (۳) بہت پڑھنے والا ؛ رٹو ؛ رٹنے والا ؛ گھونٹنے والا -

Mugger, *n.*: مگر ؛ مگر مچھ -

Muggins, *n.*: (۱) سادہ لوح ؛ بے وقوف ؛ نادان - (۲) بچوں کا تاش کا کھیل - (۳) dominoes کا ایک کھیل -

Muggletonian, *a.* & *n.*: مگلٹونی ؛ مگلٹون کا مقلد (Muggleton ایک درزی تھا جو مذہبی جنون کے باعث اپنے آپ کو سب سے بڑا اور آخری پیغمبر سمجھتا تھا) -

Muggy, *a.*: (۱) مرطوب اور گرم (موسم) ؛ مرطوب اور گرمی کا (دن) - (۲) بند ؛ جس میں دم گھٹتا ہو -

mugginess, *n.*: مرطوب گرمی ؛ گھٹن -

Mugwump, *n.*: (ریاستہائے متحدہ امریکہ میں) (۱) بڑا آدمی - (۲) وہ شخص جو سیاسی پارٹیوں سے الگ رہتا ہو -

Muhammadan: دیکھو Mohammedan -

Mulatto, *n.* & *a.*: (۱) مخلوط یورپی اور حبشی نسل کی اولاد - (۲) گندمی رنگ کا -

Mulberry, *n.*: (۱) شہتوت کا درخت - (۲) اس کا پھل ؛ شہتوت -

m. bush: بچوں کا ایک کھیل -

Mulch, *n.* & *v. t.*: (۱) گیلی پیال اور پتوں کا مرکب جو نئے پودوں کی جڑوں کی حفاظت کے لئے پھیلایا جاتا ہے - (۲) اس مرکب کے ذریعے پودوں کی حفاظت کرنا -

Mulct, *n.* & *v. t.*: (۱) جرمانہ - (۲) جرمانہ کرنا ؛ جرمانے کی سزا دینا - (۳) (کسی شخص سے کوئی چیز) چھین لینا -

Mule, *n.*: (۱) خچر - (۲) بے وقوف اور ضدی آدمی ؛ اڑیل ٹٹو - (۳) دوغلا جانور یا پودا - (۴) ایک قسم کی کاتنے کی مشین -

m. canary: ایک دوغلا پرند -

mulish, *a.*: خچر جیسا ؛ بے وقوف اور ضدی ؛ اڑیل -

mulishly, *adv.*: احمقانہ ضد سے ؛ اڑیل پن سے -

mulishness, *n.*: خچر صفتی ؛ بے وقوفی کی ضد ؛ اڑیل پن -

Mule, *v. i.*: = Mewl

Muleteer, *n.*: خچر بان ؛ خچر والا -

Mull, *n.*: باریک سادہ ململ -

Mull, *n.* & *v. t.*: (۱) خرابی ؛ ابتری ؛ گڑبڑ - (۲) اناڑی پن سے چھوڑ دینا (گیند وغیرہ) ؛ کام خراب کر دینا -

Mull, *v. t.*: شراب یا بیر میں شکر' گرم مسالا ' انڈے کی زردی ملا کر ایک گرم آشام بنانا -

Mullah, Moollah, *n.*: ملا ؛ عالم ؛ عالمِ دین ؛ ملا -

Mullein, *n.*: ایک بوٹی جس کی پتیاں نرم روئیں دار اور پھول زرد رنگ کے ہوتے ہیں -

Muller, *n.*: بٹا ؛ سل کا بٹا -

Mullet, *n.*: ملیٹ ؛ سمندر کی ایک مچھلی -

Grey M.: خاکستری ملیٹ مچھلی -

Red M.: سرخ ملیٹ مچھلی -

Mulligatawny, *n.* (also *m. soup*): ہند کا ایک چٹپٹا سوپ (شوربا) -

m. paste: وہ مسالا جو اس شوربے میں پڑتا ہے -

Mulligrubs, *n.* pl.: (۱) درد شکم ؛ درد معدہ - (۲) دل کا بیٹھا جانا ؛ افسردگی -

Mullion, *n.*: کھڑکی کی عمودی سلاخ -

mullioned, *a.*: سلاخدار -

Mullock, *n.*: (۱) معدن یا زر ؛ کان جس میں سونا نہ ہو - (۲) فضلہ جو سونا نکالنے کے بعد بچ رہے - (۳) (مقامی بولی) فضلہ ؛ کوڑا ؛ کرکٹ -

Multangular, *a.*: کثیر الزوایا ؛ جس کے بہت سے زاویے ہوں -

Multeity, *n.*: کثرت اقسام ؛ گوناگونی ؛ بوقلمونی ؛ تنوع -

Multi-: سابقہ جو لاطینی زبان کے لفظ multus سے مشتق ہے اس کے معنی "بہت سے" ہیں -

multicolour(ed): بہورنگی ؛ رنگا رنگ ؛ بوقلمون -

multifid: (حیوانیات ' نباتیات) بسیار زخم ؛ کئی حصوں میں شگافتہ -

multiflorous: کثیر گل ؛ (وہ ٹہنی) جس میں تین سے زیادہ پھول ہوں -

multifoil: (قدیم) کثیر ورقی ؛ زیور جس میں پانچ سے زیادہ پتر ہوں (چاندی سونے کے) -

multiform: کثیر الانواع ؛ متلون -

multiformity: کثیرالنواعی ؛ تنوع -

multilateral : بسیار پہلو ؛ کثیرا لاضلاع -

multimillionaire : کروڑ پتی -

multinomial : (جبر و مقا بلہ) کثیرالمقادیر -

multiparous : جدول میں بچے دینے والے (جانور)؛ دو یا زیادہ بچے جننے والی (عورت) -

multipartite : جس کے بہت سے حصے ہوں -

multivalve : (جانور) جس کے خول میں کئی کھل سکنے ہوں -

multivocal : (لفظ) جس کے کئی معنی نکلتے ہوں -

multocular : بسیار چشم ؛ کثیرالعیون ؛ بہت سے آنکھوں والا -

multungulate : کثیر ظلف جس کے کئی سم ہوں (اور سب سے کام لیتا ہو) -

Multifarious, *a.* : (۱) کثیرالانواع ؛ مختلف ؛ گونا گوں ؛ بوقلموں؛ رنگ برنگ ؛ بھانت بھانت کا ؛ طرح طرح کا ؛ انواع و اقسام کا ؛ متنوع -

multifariously, *adv.* : طرح طرح سے ؛ مختلف انداز سے -

multifariousness, *n.* : گونا گونی ؛ بوقلمونی ؛ رنگا رنگی ؛ تنوع -

Multiple, *a.* & *n.* : (۱) مرکب ؛ کثیرالعناصر - (۲) انواع و اقسام کے ؛ گونا گوں ؛ مختلف - (۳) حاصل ضرب ؛ ضعف -

Least Common M. : ذواضعاف اقل (L.C.M.)

Multiplex, *a.* : مرکب ؛ مختلف العناصر ؛ کثیرالعناصر -

Multiplicable, *a.* : قابل ضرب ؛ ضرب دینے کے لائق -

Multiplicand, *n.* : مضروب ؛ جس کو ضرب دی جائے -

Multiplication, *n.* : (۱)(تعداد) بڑھنا ؛بڑھانا؛اضعاف-(۲) ضرب -

m. table : پہاڑے -

multiplicative, *a.* : اضافی ؛ ضربی -

Multiplicity, *n.* : کثرت ؛ تنوع ؛ گو ناگونی -

a, the, m. of : (کسی چیز کی) تعداد کثیر -

Multiplier, *n.* : (۱) تعداد بڑھانے والا وغیرہ - (۲) مضروب فیہ ؛ وہ عدد جس سے ضرب دی جائے - (۳) (برق و مقناطیس) ایک آلہ (جس سے قوت یا برقی رو کی شدت بڑھائی جاتی ھے)؛ آلۂ شدت افزا -

Multiply, *v.t.* & *i* : (۱) (ریاضی) ضرب دینا - (۲) کثرت سے دینا ؛ پیش کرنا (مثالیں وغیرہ) - (۳) (جانوروں کی) افزائش نسل کرنا - (۴) (پودوں کی) پود بڑھانا - (۵) (جانوروں کی) نسل کا بڑھنا ؛ افزائش نسل ہونا -

multipliable, *a.* : قابل افزائش ؛ قابل ضرب -

Multitude, *n.* : (۱) کثرت تعداد - (۲) تعداد کثیر - (۳) مجمع ؛ بھیڑ ؛ اژدحام ؛ جم غفیر ؛ جمگھٹ ؛ ھجوم ؛ انبوہ -

the m. : عوام الناس ؛ عوام -

multitudinous, *a.* : کثیر ؛ بے شمار -

multitudinously, *adv.* : بہتات سے ؛ کثرت سے -

multitudinousness, *n.* : کثرت تعداد ؛ بے شمار ہونا -

Multitudinism, *n.* : مفاد جمہور کا نظریہ ؛ افادۂ جمہور کا اصول ؛ یہ اصول کہ جمہور کے مفاد افراد کے مفاد پر مرجح ہیں -

multitudinist, *n.* : افادۂ جمہور کا قائل یا حامی -

Multum in parvo, *n.* : (۱) کوزے میں دریا - (۲) قائل و دل ؛ مختصر اور جامع -

Multure, *n.* : پسائی (جو جنس کی صورت میں دی جائے) ؛ اناج یا وہ آٹا جو پسائی میں دیا جائے ؛ پسنہارے کے حق کا غلہ یا آٹا -

Mum, *int.* & *a.* : (۱)چپ؛ خاموش؛ چپ رہو (m's. the word) (۲) چپ ؛ خاموش ؛ قفل بد ہن -

Mum, *v. i.* : چپ سوانگ کھیلنا ؛ خاموش نقل میں ایکٹ کرنا -

mumchance : (قدیم) چپ ؛ خاموش قفل بلا دھن -

Mum, *n.* : (تاریخ) ایک قسم کا بوزہ (بیر شراب) جو پہلے Brunswick میں بنتا تھا -

Mum, *n.* : = Mummy

Mumble, *v. i.* & *t.* & *n.* : (۱) ملا ھی ملا میں بولنا؛ بڑبڑانا - (۲) ملا ھی ملا میں کہنا (کوئی بات) - (۳) پوپلے منہ سے کھانا یا چبانا ؛ منہ بند کر کے کھانا - (۴) بڑبڑ ؛ پوپلے منہ کی بات جو اچھی طرح سمجھ میں نہ آئے -

Mumbo Jumbo, *n.* : (۱) ممبو جمبو ؛ اھل افریقہ کا ایک مضحک شکل کا دیوتا - (۲) کوئی چیز جس کی کورانہ پرستش کی جائے ؛ دیوتا -

Mummer, *n.* : (۱) (حقارت کے لئے) ناٹک والا ؛ ناٹک کا ایکٹر - (۲) (تاریخ) خاموش ایکٹر ؛ وہ ایکٹر جو چپ سوانگ میں ایکٹ کرتا تھا -

Mummery, *n.* : (۱) سوانگ ؛ بہروپیے کا تماشا - (۲) مضحکہ خیز رسم ؛ مہمل رسم ؛ مضحکہ خیز مذہبی رسم -

Mummify, *v. t.* : مومیا ؛ ممی (mummy) بنانا ؛ مومیانا ؛ لاش کو مسالہ لگا کر محفوظ رکھنا -

mummification, *n.* : مومیا ؛ ممی بنانا یا بنایا جانا -

Mummy, *n.* : (۱) ممی ؛ مومیا ؛ لاش جو مسالہ لگا کر محفوظ رکھی جائے - (۲) سکھائی ہوی لاش - (۳) کچومر - (۴) گہرا بادامی رنگ -

beat (thing) to a m. : پیٹ کر کچومر بنا دینا -

Mummy, *n.* : (چھوٹے بچے) اماں ؛ ماں -

Mump, *v. i.* : (۱) آزردہ اور خاموش ہونا ؛ چپ چپ اور خفا خفا ہونا - (۲) مقطع بن بیٹھنا -

mumping, *a.* : صفت مذکورۂ بالا معنوں میں -

Mump, *v.i.* : بھیک مانگنا ؛ بھیک مانگتے پھرنا؛ دریوزہ گری کرنا -

Mumps, *n.pl.* : (۱) گلسوئے؛ گلپھڑے - (۲) روٹھنا ؛ آزردگی ؛ خفگی -

mumpish, *a.* : تنک مزاج ؛ ذراسی بات پر روٹھنے والا -

Munch, *v. t.* & *i* : چبانا ؛ چباکر کھانا -

Munchausen, *n.* : (۱) بیرن منش ہاؤزن؛ایک جرمن R.E.Raspe نامی کی کتاب کا ہیرو جس کے متعلق بیحد مبالغہ آمیز قصے بیان کئے گئے ہیں - (۲) نہایت مبالغہ آمیز قصہ -

Mundane, *a.* : (۱) دنیوی ؛ دنیاوی ؛ اس دنیا کے متعلق - (۲) کائنات کا -

mundanely, *adv.* : دنیاوی حیثیت سے ؛ دنیوی طور پر -

mundaneness, *n.* : دنیاوی ہونا -

Mundungus, *n.* : (قدیم) بدبودار تمباکو -

Mungo, *n.* : منگو ؛ ایک قسم کا جھر جھرا کپڑا -

Municipal, *a.* : بلدی ؛ حکومت بلدی کا ؛ بلدیہ کے متعلق -

m. law : ملکی قانون؛ قومی قانون (بین الاقوامی کےمقابلےمیں) -

municipalism, *n.* : بلدی حکومت کا اصول -
municipalist, *n.* : بلدی حکومت کا قائل -
municipalize, *v. t.* : بلدیہ بنانا ؛ بلدی حکومت کے قانون کے تحت میں لانا -
municipally, *adv.* : بلدیے کے ذریعے سے ؛ بلدیے کے طریقے سے -
Municipality, *n.* : بلدیہ ؛ انتظام شہر کی کمیٹی -
Munificent, *a.* : حاتم وقت ؛ نہایت فیاض ؛ لکھ لٹ ؛ نیا خانہ ؛ حاتم ثانی -
munificence, *n.* : حاتمی ؛ سخاوت ؛ شاہانہ فیاضی -
munificently, *adv.* : حاتمی شان سے؛ کمال سخاوت سے؛ شاہانہ فیاضی سے -
Muniment, *n.* (usu. pl.). : (۱) (عموماً جمع) اسناد حقوق و مراعات ؛ التمغا وغیرہ -
Munition, *n.* & *v. t.* (pl. exc. in comb): (۱) سامان جنگ؛ اسلحہ؛ سامان جنگ، ذخائر حرب؛ گولہ بارود-(۲) سامان جنگ بہم پہنچانا ؛ سامان جنگ سے آراستہ کرنا ؛ گولہ بارود یا اسلحہ مہیا کرنا -
munitioner, *n.* : اسلحہ سازی کے کار خانے کا مزدور -
Munnion : = Mullion
Muntjak, *n.* : ایک قسم کا چھوٹا سا ایشیائی ہرن ؛ چکارا -
Muntz, *n.* : ایک دھات جو تانبے کے میل سے بنتی ھے -
Murage, *n.* : (تاریخ) فصیلانہ ؛ وہ محصول جو شہر کی فصیلوں کی مرمت کے لئے وصول کیا جاتا تھا -
Mural, *a.* : دیوار کا ؛ جداری -
m. crown : (تاریخ قدیم روما) وہ مکٹ جو محصور شہر کی فصیل سب سے پہلے چڑھنے والے سپاہی کو اعزاز کے طور پر دیا جاتا تھا -
m. paintings . نقش و نگار دیوار ؛ جداری تصویریں -
Muratorian, *a.* : موریٹوری کا : موریٹوری (Muratori ایک اطالوی عالم تھا جو سنہ ۱۷۵۰ میں فوت ہوا) -
M. fragment or *canon* : مغربی کلیسا کی پہلی فہرست انجیل -
Murder, *n.* : قتل ؛ قتل عمد -
cry blue m. : خواہ مخواہ شور مچا دینا -
judicial m. : دیکھو Judicial -
m. will out: خون سر چڑھ کر بولتا ہے؛ خون چھپا نہیں رہ سکتا -
the m. is out : معمہ حل ہو گیا ؛ راز کھل گیا -
Murder, *v. t.* : (۱) مار ڈالنا ؛ قتل کرنا ؛ خون کرنا ؛ بے رحمی سے قتل کرنا - (۲) (کام کو) ستیاناس کرنا ؛ برباد کرنا ؛ (لفظ یا عبارت کو) مسخ کردینا ؛ (زبان کی) ٹانگ توڑنا -
murderer, *n.* : قاتل ؛ خونی ؛ سفاک -
murderess, *n* : قاتلہ ؛ خون کرنے والی -
Murderous, *a.* : (۱) قاتلانہ ؛ سفاکانہ - (۲) آمادۂ قتل ؛ خون خوار - (۳) خونی ؛ خونریز ؛ سفاک (تلوار وغیرہ) -
murderously, *adv.* : قاتلانہ ؛ سفاکانہ ؛ خونخوارانہ -
Mure, *v. t.* : محبوس کرنا ؛ قید کرنا ؛ بند کرنا -
Murex, *n.* (pl.-ices,-exes) : صدف ماھی جس سے ارغوانی رنگ نکلتا ھے -
Muriate, *n.* : (تجارت) کلورائڈ؛ نمک کے تیزاب کا مرکب -
Muriatic, *a.*, *M. acid* : (تجارت) نمک کا تیزاب -
Murk, mirk, *a.* : (قدیم ' شعر) تاریک؛ اندھیرا ؛ کہریلا ؛ دھندلا -
Murky, *a.* : (۱) تاریک ؛ اندھیرا - (۲) گھٹا ٹوپ (اندھیرا) -
murkily, *adv.* : دھندلے پن سے ؛ تاریکی کے ساتھ -
murkiness, *n.* : تاریکی ؛ دھندلا پن -
Murmur, *n.* : (۱) پانی کے بہنے کی آواز ؛ سرسراھٹ - (۲) بڑبڑاھٹ ؛ کڑکڑاھٹ - (۳) وہ لفظ یا بات جو آہستہ سے کہی جائے ؛ جنبش لب -
murmurous, *a.* : سرسراھٹ کی؛ بڑبڑ کی (آواز) ؛ ہونٹوں میں کہی ہوئی (بات) -
murmurously, *adv.* : متعلق فعل مذکورۂ بالا معنوں میں -
Murmur, *v. i.* & *t.* : (۱) (پانی کا) سرسر بہنا ؛ سرسرانا ؛ سرسراھٹ کی آواز پیدا کرنا - (۲) کڑکڑانا ؛ بڑبڑانا -
Murphy, *n.* : (عامیانہ) آلو -
Murrain, *n.* : جانوروں کی ایک متعدی بیماری -
a m. on you : خدا تجھ سے سمجھے ؛ خدا تجھے غارت کرے -
Murrey, *a.* & *n.* : (قدیم) (۱) شہتوت کے رنگ کا ؛ ارغوانی - (۲) شہتوت کا رنگ ؛ ارغوانی رنگ -
Murrhine, *a.*, *M. glass* : fluorine ایک طرح کا معدنی شیشہ جو سے بنتا ھے -
Muscadine, *n.* : مشکبو انگور ؛ ایک قسم کا انگور جس میں مشک کی خوشبو آتی ھے -
Muscardine, *n.* : ریشم کے کیڑوں کی بیماری -
Muscat, Muscatel, -del, *nn.* : (۱) مشکبو انگور - (۲) اس کی شراب - (۳) اس کی کشمش -
Muscle, *n.* : عضلہ ؛ پٹھا -
do not move a m : بالکل بےحس و حرکت رھو ؛ مطلق جنبش نہ کرو -
muscleless, *a.* : بے عضلات -
Muscology, *n.* : فطریات ؛ کائی وغیرہ کے متعلق معلومات -
muscologist, *n.* : فطریات داں -
Muscovado, *n.* : کچی شکر ؛ کھانڈ -
Muscovite, *n.* : ابرق -
Muscovite, *n.* & *a.* : (قدیم) روسی -
Muscovy, *n.* : (قدیم) روس -
M. duck : = Musk-duck
Muscular, *a.* : (۱) عضلاتی ؛ پٹھوں کا - (۲) مضبوط ؛ گٹھا ہوا ؛ گٹھیلا -
m. Christianity : عیسوی مذھب کا وہ نصب العین جو Kingsley کی کتابوں میں پیش کیا گیا ھے -
muscularity, *n.* : (جسم کی) مضبوطی ؛ گٹھیلا پن -
Musculature, *n.* : (جسم یا عضو کا) نظام عضلات -
Muse, *n.* : (شعر) شاعر -
The Mm. : (یونانی دیو مالا) نو بہنیں جو زیوس (zeus) اور نیموسینی (Mnemosyne) کی لڑکیاں ھیں ان میں سے ھر ایک فنون لطیفہ میں سے کسی ایک کی دیوی سمجھی جاتی تھی -
the m. : شاعری کی دیوی ؛ روح شاعر ؛ شاعر کی طبع خدا داد -
Muse, *v. i.* & *n.* : (۱) غور کرنا ؛ غور و فکر کرنا ؛ غور و خوض کرنا - (۲) محویت کے عالم میں دیکھنا - (۳) (قدیم) محویت ؛ استغراق -
Musette, *n.* : (۱) ایک قسم کا bagpipe - (۲) ایک طرح

کی دھیمی لے - (۳) وہ ناچ جو اس گت کے ساتھ ہوتا ہے - (۴) آرگن باجے کا پردہ -

Museum, *n.* : عجائب خانہ ؛ عجائب گھر -

Mush, *n.* : (۱) ملائم گودا ؛ نرم مغز - (۲) (شمالی امریکہ میں) ایک قسم کا دلیا ؛ لپسی -

mushiness, *n.* : نرم گودے کی طرح پلپلا ہونا ؛ لپسی کی طرح ہونا -

mushy, *a.* : لپسی جیسا ؛ نرم گودے کی طرح پلپلا -

Mush, *n.* : (۱) (عامیانہ) چھتری ؛ چھاتا - (۲) (کرائے کی) گاڑی والا ؛ گاڑی کا مالک -

Mushroom, *n.* & *v. i.* : (۱) سماروغ ؛ فطر ؛ ککر متا ؛ کلاہ باراں ؛ سانپ کی چھتری (خصوصاً وہ اقسام جو کھائی جاتی ہیں) - (۲) نو دولت ؛ نیا نواب ؛ کل کا رئیس - (۳) (روز مرہ) عورتوں کی چٹائی کی ٹوپی جس کا کنارہ نیچے کی طرف مڑا ہوا ہوتا ہے - (۴) فطر کے پودے جمع کرنا - (۵) بندوق کی گولی کا پھیل کر چپٹا ہو جانا -

m. growth : برساتی مینڈک کی طرح پیدا ہوجانا ؛ برساتی مینڈک کی سی پیداوار -

Music, *n.* : (۱) علم موسیقی - (۲) موسیقی راگ ؛ نغمہ ؛ سرود - (۳) کوئی خوش گوار آواز - (۴) تحریر نغمہ ؛ نقش نغمہ -

face the m. : حریفوں کا مردانہ وار مقابلہ کرنا ؛ مخالفت یا نکتہ چینی سے نڈ گھبرانا -

m.-hall : سرود خانہ (جہاں ناچ گانا وغیرہ ہوتا ہے) -

m.-stool : پیانو کی تپائی (جو پیانو کے ساتھ لگائی جاتی ہے اور اس پر بیٹھ کر بجاتے ہیں) -

rough m. : شور و غوغا ؛ ہنگامہ -

set to m. : (نظم وغیرہ کو) نغمے میں ڈھالنا ؛ تحریر نغمہ تو تیب دینا -

Musical, *a.* : (۱) موسیقی کا ؛ راگ کا ؛ سرود کا ؛ گانے بجانے کا - (۲) شیریں ؛ سریلی ؛ خوش الحان - (۳) شائق موسیقی ؛ ماہر موسیقی - (۴) نغمے میں ڈھلا ہوا - (۵) جس کے ساتھ نغمہ و ساز ہو ؛ بانغمہ و ساز ؛ سرود آگیں - (۶) (ذوق، تمیز، بصیرت) جس سے موسیقی کو سمجھ کر لطف اٹھایا جائے -

m.-box : دستی آرگن باجا -

m. chairs : کرسی بدلنے کا کھیل (جتنے لوگ کھیلتے ہیں ان کی تعداد سے ایک کرسی کم رکھی جاتی ہے باجے کے بند ہوتے ہی ہر شخص ایک کرسی پر بیٹھتا ہے جو رہ جاتا ہے وہ کھیل سے خارج کردیا جاتا ہے اور ایک کرسی بھی کم ہو جاتی ہے آخر میں ایک شخص سب سے جیت جاتا ہے) -

m. glasses : ایک باجا جس میں شیشے کی نلیوں سے سر پیدا ہوتے ہیں ؛ سرود شیشہ -

musicality, *n.* : موسیقیت ؛ خوش الحانی ؛ سریلاپن ؛ خوش گلوئی -

musicalness, *n.* : خوش الحانی ؛ سریلا پن ؛ موسیقی کا شوق یا مادہ -

musically, *adv.* : از روئے موسیقی ؛ سریلی آواز میں ؛ خوش الحانی سے -

Musicale, *n.* : محفل موسیقی -

Musician, *n.* : موسیقی دان ؛ ماہر موسیقی ؛ راگ ودیا وان ؛ گان ودیا وان ؛ گانے بجانے کا واقف ؛ گویا ؛ مطرب ؛ مغنی ؛ کائن ؛ کلاونت ؛ سازندہ ؛ سازنواز ؛ سارنگیا ؛ بجنتری -

Musk, *n.* : (۱) مشک ؛ مسک - (۲) مشکبو پودا ؛ ایک پودا جس میں مشک کی سی خوشبو ہوتی ہے -

m.-deer : آہو مشک بر ؛ مشک آہو -

m.-duck : (۱) امریکہ کے گرم خطوں کی بطخ - (۲) آسٹریلیا کی بطخ (جس کے نر میں مشک کی سی خوشبو ہوتی ہے) -

m. melon : خربوزہ -

m.-ox : امریکہ کے منجمد خطوں کا بیل جس میں مشک کی سی خوشبو ہوتی ہے ؛ مشک گاو -

m.-rat : (۱) چھچھوندر - (۲) اس کی کھال -

m.-rose : جھاڑی دار گلاب جس میں بڑے بڑے سفید پھول آتے ہیں -

m.-tree, m.-wood : درخت جس میں مشک کی سی خوشبو ہوتی ہے -

musky, *a.* : مشکیں ؛ مشک بو ؛ مشک کا سا -

Musket, *n.* : پیدل سپاہیوں کی دستی بندوق (جو ہاتھ سے بھری جاتی تھی اب استعمال نہیں ہوتی) -

m.-shot : (۱) دستی بندوق کا فیر - (۲) اس بندوق کی زد -

Musketeer, *n.* : بندوقچی ؛ تفنگ چی -

Musketry, *n.* : (۱) دستی بندوقیں ؛ دستی بندوقوں کا مجموعہ - (۲) بندوق چلانے کا فن ؛ بندوق بازی - (۳) بندوقچیوں کا دستہ - (۴) بندوق بازی یا نشانہ بازی کی تعلیم یا مشق -

Muslim: دیکھو Moslem -

Muslin, *n.* : (۱) ململ ؛ تن زیب وغیرہ -

bit of m. : (روزمرہ) عورت ؛ لڑکی

m.-de-laine : دیکھو Mousseline -

muslined, *a.* : جس میں ململ یا تن زیب لگی ہو -

Muslinet, *n.* : موٹی ململ -

Musmon : = Moufflon

Musquash, *n.* : چھچھوندر یا اس کی سمور -

Mussal, n. : (انگلو انڈین) (۱) مشعل - (۲) مشعلچی -

mussalchu : مشعلچی ؛ مشعل بردار -

Mussel, *n.* : دوہرے کھول مندن کا صدفیہ ؛ سیپ کی قسم کا کیڑا -

Fresh-water M. : دریائی صدفیہ -

m. plum : گہرے ارغوانی رنگ کا آلوچہ -

Sea M. : بحری صدفیہ -

Mussulman, *n.* & *a.* (pl.-mans) : مسلمان ؛ مسلم -

Must, *n.* : (۱) تازہ شراب - (۲) کچی شراب -

Must, *n.* : پھپھوندی -

Must, *a.* & *n.* : (۱) مست (ہاتھی یا اونٹ) - (۲) مستی -

Must, *v. auxil* : چاہئے ؛ لازم ہے ؛ ضروری ہے ؛ فرض ہے -

he m. be mad : وہ یقیناً پاگل ہے -

you m. be aware of it : تم اس سے ضرور واقف ہوگے -

you m. find it : تمہیں وہ ضرور ڈھونڈھنا چاہیئے ؛ تمہیں ڈھونڈھنا پڑے گا -

you m. have knwon quite well what I meant : تم یقیناً اچھی طرح جانتے تھے کہ میرا مفہوم کیا تھا -

you m. have caught it if you had run: اگر تم دوڑتے تو اس کو ضرور پکڑ لیتے -

you m. know : تمہیں یہ جاننا چاھئے؛ میں تم سے کہے دیتا ھوں -

you m. lose, whichever happens : ھر صورت میں تمہارا نقصان لازمی ھے -

Mustachio, *n.* : (قدیم) مونچھ ؛ بروت -

Mustang, *n.*: مستانگ ؛ مکسیکو اور کیلیفورنیا کا جنگلی گھوڑا -

m. grape : Texas کا سرخ چھوٹا انگور -

Mustard, *n.* : رائی -

French m. : سرکہ ملی رای -

grain of m. seed: ذراسی چیز جو بڑہ کر بہت بڑی ھوسکتی ھے -

m. & cress : ایک قسم کا سلاد جو کھراور سفید رای کی کونپلوں سے تیار ھوتا ھے -

m. plaster : رائی کا ضماد یا لیپ -

m.-pot : رائی دان (جو کھانے کی میز پر رکھتے ھیں) -

Muster, *n.* : (۱) (فوج وغیرہ کی) حاضری ؛ موجودات ؛ جائزہ - (۲) اجتماع ؛ مجمع -

m.-book : وہ رجسٹر جس میں سپاھیوں کے نام درج ھوں ؛ سپاھوں کا رجسٹر ؛ فرد افواج -

m.-roll : وہ کتاب جس میں جہاز یا فوج کے افسروں اور سپاھیوں کے نام ھوں ؛ فرد ملازمان فوج ؛ فرد ملازمان جہاز -

pass m. : پاس ھونا ؛ پسند ھونا ؛ منتخب ھونا -

Muster, *v. t. & i.* : (۱) موجودات لینا ؛ چہرہ لکھنا - (۲) جمع ھونا یا کرنا - (۳) ھمت ، قوت وغیرہ بہم پہنچا (عموماً up کے ساتھ) -

Musty, *a.* : (۱) جس میں پھپوندی لگ گئی ھو ؛ پھپوندی لگا - (۲) باسی ؛ ایسا ھوا - (۳) بوسیدہ ؛ فرسودہ ؛ دقیانوسی -

mustiness, *n.* : پھپھوندی لگا ھونا ؛ باسی پن ؛ بوسیدگی ؛ فرسودگی -

Mutable, *a.* : قابل تغیر ؛ متغیر ؛ تغیر پذیر ؛ تبدیل پذیر ؛ بدلنے والا ؛ متلون ؛ غیر مستقل مزاج ؛ بے استقلال -

mutability, *n.*: تبدیل پذیری؛ تغیر پذیری؛ بےاستقلالی؛ تلون -

Mutation, *n.* : (۱) تغیر ؛ تبدل ؛ تبدیلی ؛ ترمیم - (۲) (حیاتیات) تبدیل نوع ؛ انقلاب نوعی -

Mutatis mulandis, adv. : (دو چیزوں کے تقابل میں) جزوی اختلافات کو ملحوظ رکھتےھوئے ؛ مناسب تغیر تبدل کے ساتھہ -

Mutch, *n.* : (اسکاچستان) عورتوں یا بچوں کی ٹوپی -

Mute, *a.& n.*: (۱) خاموش ؛ چپ ؛ ساکت - (۲) گونگا ؛ گنگ ؛ لال - (۳) غیر ناطق ؛ صامت ؛ بے زبان - (۴) (حرف) بے آواز ؛ بے صوت ؛ مختفی - (۵) (شکاری کتا) خاموش ؛ جو بھونکتا نہ ھو - (۶) جو زبان حال سے کہا جائے ؛ زبان بے زبانی کا - (۷) ساکت و صامت ؛ صمٌ بکمٌ - (۸) حرف بے صوت - (۹) گونگا آدمی - (۱۰) خاموش سوانگ کا ایکٹر - (۱۱) گونگاذکر - (۱۲) کرائے کا ماتم دار (جو جنازے کے ساتھہ ھوتا ھے) - (۱۳) آواز روک گدی وغیرہ جو باجوں میں لگا دیتے ھیں -

m. adoration : خاموش پرستش یا محبت؛ بے زبانی کا عشق -

m. appeal : خاموش التجا ؛ زبان حال کی التجا -

m. consonants : بے صوت حروف صحیح (b, p, ph, d, t, th, k, g) -

stand m. of malice : (قانون) بالقصد صفائی پیش کرنے سے انکار کرنا -

mutely, *adv.* : خاموشی سے ؛ چپ چاپ ؛ زبان حال سے ؛ زبان بے زبانی سے -

muteness, *n.* : بے آواز ھونا ؛ بے صوت ھونا ؛ صامت ھونا ؛ خاموشی ؛ گونگا پن -

Mute, *v. t.* : آواز کو دبانا ؛ کسی باجے کی آواز کو دھیما کرنا -

Mute, *v. i. & t.* : (چڑیوں) کا بیٹ کرنا ؛ چرکنا -

Mutilate, *v. t.*: (۱) کوئی عضو کاٹ ڈالنا ؛ ھاتھہ پیر کاٹ ڈالنا یا بیکار کردینا - (۲) کتاب کے بعض حصے کو نکال کر عبارت کو ناقص کر دینا ؛ (عبارت میں) کاٹ چھانٹ کرکے مسخ کر دینا -

mutilation, *n.* : قطع و برید ؛ کاٹ چھانٹ ؛ قطع اعضا ؛ عبارت کو مسخ کرنا -

mutilator, *n.* : کاٹ چھانٹ کرنے والا ؛ قطع و برید کرنے والا ؛ قاطع اعضا -

Mutineer, *n.* : بغاوت کرنے والا ؛ باغی (سپاھی وغیرہ) -

Mut'nous, *a.* : بغاوت انگیز ؛ باغی ؛ باغیانہ -

mutinously, *adv.* : باغیانہ ؛ سرکشانہ -

Mutiny, *n. & v. i.*: (۱) غدر ؛ بغاوت (فوج وغیرہ کی) - (۲) غدر برپا کرنا ؛ باغی ھونا -

Indian M. : غدر ھندی (غدر سنہ ۱۸۵۷ ع) -

M. Act : قانون بغاوت (بحری اور بری فوج کا اب قانون سنہ ۱۸۸۱ ع فوج میں ضم ھوگیا ھے) -

Mutism, *n.* : (۱) خاموشی ؛ سکوت - (۲) گونگا پن - (۳) بے صوت ھونا ؛ بے آواز ھونا - (۴) بے نطق ھونا ؛ بے زبانی -

Muto-: (سابقہ) لاطینی لفظ mutare سے مشتق ھے جس کے معنی " تغیر " ھیں -

mutograph : (۱) متحرک چیزوں کی تصویر لینے کا آلہ ؛ حرکت نگار - (۲) اس آلے سے تصویر لینا -

mutoscope : وہ آلہ جس سے متحرک تصویریں دکھاتے ھیں ؛ حرکت نما -

mutoscopic : حرکت نما کا -

Mutter, *v. i. & t. & n.* : (۱) بڑبڑانا ؛ منہ ھی منہ میں بولنا - (۲) کڑکڑانا ؛ بڑبڑ کرنا ؛ چپکے چپکے شکایت کرنا - (۳) منہ ھی منہ میں کہنا ؛ (کوئی بات) آھستہ سے کہنا - (۴) (مجازاً) چپکے سے کہنا ؛ کان میں کہنا ؛ کان میں پھونکنا - (۵) بڑبڑاھٹ - (۶) وہ الفاظ جو بڑبڑا کر کہے جائیں ؛ بڑبڑ -

Mutton, *n.* : (۱) بھیڑ کا گوشت ؛ بکری کا گوشت - (۲) (مزاحاً) بھیڑ -

dead as m. : بالکل مردہ -

eat one's m. : کسی کے ساتھہ کھانا کھانا -

m. chop : (۱) مٹن چاپ؛ گوشت کے تلےھوئے پارچے - (۲) گل مچھے -

to our m. : (فرانسیسی محاورہ) باز آمدم بر سر مطلب -

muttony, *a.* : بھیڑ کے گوشت کا سا -

Mutual, *a.* : (۱) طرفین کا ؛ جانبین کا ؛ باھمی ؛ آپس کا ؛ ایک دوسرے کا - (۲) (غلط استعمال) مشترکہ -

m. admiration society : وہ حلقہ جس میں لوگ ایک دوسرے کو آسمان پر چڑھاتے ہیں ؛ وہ حلقہ جس کے اندر من ترا حاجی بگویم تو مرا حاجی بگو کا مصداق ہو -
m. terms : مبادلۂ خدمت یا مبادلۂ معنفت کا طریقہ (جس کے مطابق فریقین بجائے نقد معاوضے کے ایک دوسرے کا کام کردیں) -
mutuality, *n.* : طرفین سے ہونا ؛ جانبین سے ہونا -
mutually, *adv.* : آپس میں ؛ باہمی طور پر ؛ فی ما بین ؛ طرفین سے ؛ جانبین سے ؛ دونو طرف سے ؛ ایک دوسرے سے -
Mutualism, *n.* : نظریۂ احتیاج باہمی ؛ یہ نظریہ کہ انسان کی فلاح کے لئے ایک دوسرے کا محتاج ہونا ضروری ہے -
mutualist, *n.* : نظریۂ احتیاج باہمی کا قائل -
Mutule, *n.* : (فن تعمیر) وہ بریکٹ جو ڈوری (Doric) کا رنس سے مطابقت رکھتا ہے -
Muzhik : دیکھو Moujik -
Muzz, *v. t.* : (۱) (عامیانہ) شراب پلا کر دھت کر دینا - (۲) نڈھال کر دینا ؛ سست کر دینا ؛ افسردہ کر دینا ؛ مست کرنا -
Muzzle, *n.* : (۱) منہ ؛ تھوتھنی - (۲) بندوق کی نال کا منہ ؛ دہانہ - (۳) (جانوروں کا) منہ باند ؛ منہ چھینکا -
m. loader : منہ بھرنی ؛ وہ بندوق جو منہ کی طرف سے بھری جاتی ہے -
Muzzle, *v. t.* : (۱) (جانور کا) منہ باندھنا ؛ منہ بند چڑھانا ؛ چھینکا چڑھانا - (۲) زبان بندی کرنا ؛ تقریر اور تحریر کی ممانعت کرنا - (۳) (بادبان) لپیٹنا -
Muzzy, *a.* : (۱) نشے میں دھت - (۲) نڈھال ؛ سست ؛ افسردہ -
muzzily, *adv.* : پژمردہ ؛ سست ؛ پست -
muzziness, *n.* : (۱) نشہ میں بہک جانا - (۲) افسردگی ؛ پژمردگی -
My, poss. adj. of Ist pers. sing. (*with abs. form mine*). میرا ؛ میرے ؛ میری -
Myalgia, *n.* : پٹھوں کی کنٹھیا ؛ عضلاتی گٹھیا -
Myalism, *n.* : ایک قسم کا جادو جو جزائر غرب الہند میں رائج ہے -
Myall, *n.* : اسٹریا کے ببول کی خوشبو دار لکڑی جس سے پائپ بنتے ہیں -
Mycelium, *n.* : فطروسہ ؛ چھوٹا سفید ریشہ جس سے سانپ کی چھتری کے قسم کے پودے اگتے ہیں -
mycelial, *a.* فطروسی -
Mycenaean, *a.* : (آثار قدیمہ) قدیم ایجیائی تہذیب کا (جو یونانیوں سے پہلے تھی اس کے آثار یونان میں Mycenae میں ملتے ہیں) -
Mycetoma, *n.* : ایک طرح کا داد جو ہاتھ یا پیر میں ہوجاتا ہے -
Mycology, *n.* : فطریات ؛ سانپ کی چھتری کی طرح کے پودوں کا مطالعہ -
mycologist, *n.* ماہر فطریات -
Mycosis, *n.* : ایک طرح کا داد -
Myelitis, *n.* : ورم نخاع -
Mylodon, *n.* : میلوڈان ؛ ایک دیو پیکر دودھ پلانے والا جانور جو اب معدوم ہے -
Myna : Mina
Mynheer, *n* : ہالستانی (ہالینڈ) کا باشندہ ؛ ہالستانی -

Myo- (سابقہ) یونانی لفظ mus muos سے مشتق ہے جس کے معنی ' عضلہ ' ہیں -
myocardium : وہ عضلاتی مادہ جس سے دل بنا ہے ؛ عضلات قلب -
myocarditis : ورم عضلات قلب -
myology علم العضلات -
Myope, *n.* : (۱) وہ شخص جس کی نظر کمزور ہو ؛ کم نظر شخص - (۲) چلدھا ؛ ضعیف البصر -
myopia, *n.* : چلدھا پن ؛ ضعف البصر -
myopic, *a.* : ضعیف البصر -
myopy, *n.* : ضعف بصر -
Myosis, *n.* : آنکھ کی پتلی کا سکڑ جانا -
myotic, *a.* : مردم چشم کے سکڑنے کے متعلق یا جو اس کا باعث ہو -
Myosote, *n.* : = Forget-me-not
Myosotis, *n.* : ایک چھوٹا پودا جس کے پھول نیلے ' سرخ یا سفید ہوتے ہیں -
Myriad, *a. & n.* : (شعر و خطاب) (۱) دس ہزار - (۲) بے شمار ؛ لا تعداد ؛ ہزاروں ؛ لاکھوں ؛ کروڑوں -
Myriapod, *a. & n.* : کھنکھجورا ؛ ہزار پا -
Myriorama, *n.* : ایک قسم کا کھیل یا تماشہ جس میں بہت سے مناظر یا تصویریں ہوتی ہیں -
Myrmidon, *n.* : (۱) مرمیڈن ؛ تھسلی کی اس جنگجو قوم کا فرد جو Achilles کے ساتھ تھی - (۲) بد معاش ؛ شہدا ؛ کرائے کا غنڈا ؛ گرگا - (۳) کمینہ نوکر ؛ بد ذات نوکر -
m. of the law : پولیس والا ؛ دیوانی کا چپراسی ؛ عدالت کا گرگا -
Myrobalan, *n.* : ہڑ ؛ ہلیلہ ؛ زنگی ہڑ -
Myrrh, *n.* : مر ؛ لوبان کی طرح کا خوشبودار گوند ؛ (ہندی) بول -
myrrhic, *a.* : مر کے متعلق یا اس کا -
myrrhy, *a.* : جس میں مر ہو -
Myrrh, *n.* : ایک خوشبودار پودا -
Myrtle, *n.* : مہندی ؛ حنا ؛ آس -
Common M. : سفید پھول کی مہندی -
Myself, *pron.* : میں خود ؛ میں نے خود ؛ میں نے اپنے آپ کو -
I am not m. : میں اپنے آپے میں نہیں ہوں -
Mystagogue, *n.* : مرشد ؛ پیرطریقت ؛ علوم باطنی کا استاد ؛ (قدیم یونانی) وہ گرو جو اپنے چیلوں کو Eleusinian اسرار کی تعلیم دیتا تھا -
mystagogic(al), *aa.* مرشدانہ -
Mysterious, *a.* : (۱) پر اسرار - (۲) وہ شخص جسے ہر بات کو ایک راز بنا لینے میں لطف آئے ؛ راز پسند شخص -
mysteriously, *adv.* : پر اسرار طریقے پر ؛ راز پسندی کے انداز سے -
mysteriousness, *n.* : پر اسرار ہونا ؛ ہر بات کو ایک راز بنا لینا ؛ راز پسندی
Mystery, *n.* : (۱) راز ؛ بھید ؛ سر ؛ معما ؛ چیستاں - (۲) پردۂ خفا ؛ پردۂ راز - (۳) معمولی سی بات کو راز بنالینا ؛ راز پسندی - (۴) سر حقیقت ؛ سر معرفت - (۵) مذہبی رسم - (۶) (جمع) عشائے ربانی - (۷) (جمع) یونانیوں ' رومیوں وغیرہ کی مذہبی

رسوم - (۸) مذہبی سوانگ یا ناٹک -

m.-ship : جنگی جہاز جو بظاہر مال کا جہاز معلوم ہوتا ہو اور جس سے تحت البحر کشتیوں کو پھانسنے کا کام لیا جائے -

to be wrapt in m. : پردۂ راز میں ہونا -

to make a m. of (something) : کسی چیز کو راز بنا لینا -

Mystery, n. : (۱) (قدیم) صنعت ؛ دستکاری ؛ حرفہ - (۲) تجارت -

Mystic, a. & n. : (۱) متصوفانہ ؛ عارفانہ ؛ باطنی - (۲) مخفی ؛ نہانی - (۳) پر اسرار ؛ سری ؛ مرموز - (۴) پراسرار اور ہیبت ناک - (۵) صوفی ؛ باطنی ؛ اہل باطن -

mystical, a. : پراسرار ؛ مخفی ؛ نہانی ؛ باطنی ؛ متصوفانہ -

mystically, adv. : پر اسرار طور پر ؛ باطنی انداز میں ؛ تصوف کے انداز میں -

mysticism, n. : باطنیت ؛ علم باطن ؛ تصوف -

mysticize, v. t. : پر اسرار بنانا ؛ باطنی رنگ دینا ؛ باطنی رنگ میں پیش کرنا -

Mystify, v. t. : (۱) کرامات کے دعوے سے بے وقوف بنانا ؛ الو بنانا ؛ فریبی کرنا ؛ ضعیف الاعتقادوں کو دھوکا دینا - (۲) چکر میں ڈال دینا ؛ حواس گم کردینا ؛ عقل گم کردینا - (۳) پر اسرار بنادینا ؛ راز بنا دینا ؛ پردۂ راز میں چھپانا -

mystification, n. : اسم مذکورۂ بالا معنوں میں -

Myth, n. : (۱) اسطور ؛ دیوتاؤں کی کہانی ؛ خرافات ؛ خیالی قصہ یا فسانہ - (۲) فرضی چیز یا فرضی شخص -

mythic (al), aa. : خرافاتی ؛ اسطوری ؛ فرضی ؛ خیالی -

mythically, adv. : خرافات کی طرح ؛ اسطور کی طرح ؛ فرضی طور پر ؛ خیالی ؛ افسانے کے طور پر -

Mythicize, v. t. : افسانہ بنانا ؛ اسطور یا خرافات کا رنگ دینا ؛ اساطیر کے رنگ میں پیش کرنا -

mythicism, n. : خرافات پرستی ؛ اساطیر پرستی -

mythicist, n. : افسانہ پرست ؛ خرافات پرست ؛ اساطیر پرست -

Mytho- ; (سابقہ) یونانی لفظ muthos سے مشتق ہے اس کے معنی " اسطور " " خرافات " " دیوتاؤں کی کہانی " ہیں -

mythographer : اساطیر نگار -

mythography : اساطیر نگاری -

mythopoeic, -poetic : اساطیر نگارانہ ؛ اساطیر آفریں -

mythopoet : اساطیر نگار شاعر -

mythopoetry : اساطیری شاعری -

Mythology, n. : علم الاساطیر ؛ علم الاصنام ؛ دیو مالا ؛ خرافات -

mythologer, n. : اساطیر نگار ؛ خرافات نگار -

mythologic(al) aa. : اساطیری ؛ علم الاصنام کے متعلق ؛ خرافات کے متعلق ؛ دیو مالا کا -

mythologically, adv. : از روئے خرافات ؛ اساطیر کے رو سے ؛ علم الاصنام یا دیو مالا کے مطابق -

mythologist, n. : ماہر اساطیر ؛ ماہر علم الاصنام ؛ خرافات دان -

mythologize, v. t. & i. : دیوتاؤں کی کہانی بنا لینا ؛ اساطیر کے رنگ سے رنگنا ؛ خرافات کے انداز میں پیش کرنا -

Mythus, n : خیالی قصہ یا فسانہ ؛ دیوتاؤں کی کہانی ؛ خرافات ؛ اسطور -

N

N, letter (pl. *Ns, N's*) : انگریزی حروف تہجی کا چودھواں حرف - (طباعت) n یا en ٹائپ کی پیمائش کی اکائی ؛ (ریاضی) غیر معین عدد -

N-rays, N^{1}-rays : اشعاع کی مختلف شکلوں کے نام

to the nth. : (۱) کسی مطلوبہ قوت کی اکائی - (۲) (استعارتاً) انتہا تک -

Nab, v. t. : (۱) (عامیانہ) پکڑنا ؛ پکڑ لینا ؛ گرفتار کرلینا - (۲) دھرلینا ؛ موقع واردات پر گرفتار کرنا -

Nabob, n. : (تاریخ) (۱) صوبہ دار ؛ کسی صوبے کا حاکم اعلیٰ (لفظ نواب کی خرابی ہے) - (۲) دولت مند عیش پرست شخص ؛ رئیسانہ ٹھاٹ کا آدمی (خصوصاً وہ انگریز جو ہندوستان سے مالا مال ہوکر انگلستان جاتے ہیں) -

Naboth's vineyard, n : نا کستانِ نیبا تھلا ؛ وہ چیز جس کے حاصل کرنے کے لئے آدمی سب کچھ کر گزرے (بائیبل کتاب ملوک) -

Nacarat, n. : شوخ نارنجی رنگ -

Nacelle, n. : (۱) اس طیارے کا بیچ کا حصہ جس کا پنکھا پیچھے کی طرف ہوتا ہے - (۲) ہوائی جہاز کا جھولا جس میں مسافر بیٹھتے ہیں -

Nacre, n. : (۱) پرکی شکل کا ایک بحری کیڑا - (۲) گھونگھا ؛ صدف -

nacreous, nacrous. aa. : صدف کی قسم کا ؛ صدفی ؛ پرصدف ؛ جہاں گھونگھوں کی کثرت ہو -

Nadir, n. : (۱) (ہیئت) فلک کا وہ نقطہ جو مشاہدہ کرنے والے کے پیروں کی سیدھ میں ہو ؛ سمت الراس کی ضد ؛ سمت القدم ؛ سمت النظیر - (۲) (مجازاً) سب سے پست درجہ ؛ پستی کی انتہا ؛ انتہائی زوال کا زمانہ -

Nag, n. : (۱) (بول چال) گھوڑا ؛ ٹٹو - (۲) یابو -

Nag, v. i. & t. : (۱) پیچھے پڑجانا ؛ ہمیشہ اعتراض یا نکتہ چینی کرتے رہنا ؛ ہمیشہ ملامت کرتے رہنا - (۲) اعتراض یا ملامت سے ناک میں دم کر دینا -

nagging, n. : ہر وقت کی نکتہ چینی یا ملامت -

Nagor, n. : سینیگال کا ہرن -

Naiad, n. : سمندر کی پری ؛ جل پری -

Naif, a. : = Naive (شاذ)

Nail, n. : (۱) ناخن - (۲) پنجہ (جانوروں کا) - (۳) کیل -

hard as nn. : مضبوط ؛ کسرتی جسم والا -

hit n. or right n., on head : بات کی تہ کو پہنچ جانا ؛ پتے کی بات کہنا ؛ بالکل ٹھیک بات کہنا ؛ ایسا کام کرنا یا ایسی تجویز پیش کرنا جو موقع کے عین مناسب ہو -

n.-brush : ناخنوں کا برش -

n.-head : ایک طرح کی گل کاری جو عمارتوں میں ہوتی ہے -

n. in one's coffin, or drive a n. into one's coffin. دیکھو coffin -

n. scissors : ناخن تراش ؛ ناخن گیر (قینچی کی شکل کا) -

on the n. : فوراً ؛ ھاتھ کے ھاتھ (رقم کی ادائی کے لئے آتا ھے) -

right as nn. : بالکل صحیح ؛ بالکل درست ؛ بالکل ٹھیک -

tooth & n. : دیکھو Tooth -

nailless, *a.* : (۱) بے کیل - (۲) بے ناخن ؛ بے پنجے کا -

Nail, *v. t.* : (۱) کیلوں سے جڑنا - (۲) پکڑنا ؛ توجہ کرنا ؛ متوجہ کرنا ؛
پکڑ لینا ؛ پکڑ پانا ؛ جانے نہ دینا ؛ نہ چھوڑنا -

n. colours to mast : اپنی بات پر قائم رھنا ، جمے رھنا -

n. to counter, barndoor : قلعی کھولنا ؛ پردہ فاش کرنا -

n. up : (۱) کیلیں جڑ کر بند کرنا - (۲) دیوار یا کسی
اونچی جگہ پر چڑھنا -

nailed-up drama : بے ربط ڈراما جس کا جوڑ سے
جوڑ نہ ملتا ھو -

Nailer, *n.* : (۱) میخ ساز ؛ کیل بنانے والا - (۲) (عامیانہ)
بڑھیا چیز - (۳) (عامیانہ) (کسی کام میں) اُستاد ؛ ماھر ؛ طاق -

nailery, *n.* : کیلیں بنانے کا کارخانہ -

Nailing, *a.* : (۱) فعل کے معنوں میں - (۲) (عامیانہ) بڑھیا ؛ بانکا ؛ تماشہ -

Nainsook, *n.* : نین سکھ -

Naive, *a.* : (۱) بھولا ؛ سیدھا ؛ بھولے پن کا ؛ بے تصنع -
(۲) صاف باطنی کا -

naively, *adv.* : بھولے پن سے ؛ بلا تصنع ؛ سادگی سے -

naivety, naivete, *n.* : بھولا پن ؛ سادگی ؛ سادہ لوحی

[N]aked, *a.* : (۱) عریاں ؛ برھنہ ؛ ننگا - (۲) غیر مسلح ؛
نہتا - (۳) بے نیام ؛ ننگی (تلوار وغیرہ) - (۴) صاف صاف ؛
کھری کھری ؛ پوست کندہ - (۵) عاری ؛ خالی (کسی چیز سے) -
(۶) بے شجر ؛ بے برگ ؛ بنجر - (۷) کھلی ھوئی ؛ بے آڑ
(چٹان) - (۸) بے ساز و سامان ؛ بے سجا (کمرہ) - (۹) سادہ ؛
بے آرائش - (۱۰) بے فانوس (شمع) ؛ کھلی - (۱۱) بے پیٹھ
دان (پھل) ؛ بے برگ - (۱۲) بے بال کا ؛ بے روئیں کا - (۱۳)
بے کھپرے کا - (۱۴) بے صدف - (۱۵) بلا اضافہ ؛ جوں کا
توں (قول وغیرہ) ؛ بلا دلیل ؛ بلا ثبوت (دعوی) - (۱۶) خالی
(بغیر کسی آلے کی مدد کے) -

n. heart : دل کا حال ؛ درد دل -

N. Lady, N. Boys : زعفران کی قسم کے پودے -

nakedly *adv.* : صاف صاف ؛ پوست کندہ وغیرہ

nakedness, *n.* : (۱) عریانی ؛ برھنگی - (۲) نہتا ھونا ؛
بے نیام ھونا ؛ پوست کندہ ھونا ؛ بنجر پن ؛ سادگی وغیرہ -

he nakedness of the land : (بائیبل کتاب تخلیق) کسی
شخص یا ادارے یا ریاست کی بے سر و سامانی یا کمزوری
(نقارے کی خرابی) طبل جنگ ؛ ڈھول ؛ (قدیم) -

[N]amby-pamby, *a. & n.* : (۱) مرصع مگر بے لطف (عبارت
وغیرہ) - (۲) رقت آمیز - (۳) رقت آمیز گفتگو - پر تکلف
اور بے مزہ گفتگو -

Name, *n.* : (۱) نام ؛ اسم ؛ لقب ؛ عرف ؛ تخلص - (۲) مشہور
شخص - (۳) خاندان ؛ قبیلہ ؛ قوم (۴) نام (نیک نامی یا
بد نامی) ؛ ناموری ؛ شہرت - (۵) وہ چیز جس کا وجود نہ ھو ،
صرف مشہور ھو ؛ محض نام ھی نام

call someone nn. : کسی کو کہنا ؛ گالیاں دینا (روزمرہ)

give it a name. : (کونسا تحفہ
بتاؤ کیا چاھتے ھو
کونسی شراب وغیرہ) -

in a person's n. : کسی کے نام سے ؛ کسی
(دے کر ، دلا کر) کسی
کی طرف سے ، کسی کے واسطے -

in name. : برائے نام -

in one's own n. : آزادانہ ؛ بلا اختیار بغیر اختیار یا
اجازت کے ؛ اپنی طرف سے -

in the n. of God., in God's n. : خدا کے واسطے ؛ برائے خدا ؛
خدا گواہ ھے -

keep one's n. on the books. : رکن رھنا -

know by n. : (۱) ایک ایک کو جاننا ؛ فرداً فرداً واقف ھونا -
(۲) محض نام سے واقف ھونا -

n.-child : وہ بچہ جس کا نام کسی کے نام پر رکھا گیا ھو -

n.-day : اُس ولی سے منسوب دن جس کے نام پر کسی شخص
کا نام رکھا گیا ھو (خصوصاً یورپ کے بادشاھوں کا) -

n.-part : ڈرامے کے اُس شخص کا پارٹ جس کے نام سے
ڈراما موسوم ھو -

namesake : ھم نام -

put one's n. down for : (امید واروں) میں نام درج کرانا ؛
امیدوار ھونا ؛ درخواست دینا -

take one's n. off the books : رکنیت سے علحدہ ھوجانا -

Name, *v. t.* : (۱) (کسی کا) نام رکھنا ؛ موسوم کرنا ؛ کہنا -
(۲) ٹھیک نام لینا ؛ صحیح نام بتانا - (۳) نام زد کرنا ؛
مقرر کرنا - (۴) ذکر کرنا ؛ بیان کرنا ؛ وضاحت کرنا ؛ صراحت کرنا -
(۵) صدر پارلیمینٹ کا کسی ممبر کو نا فرمانی کا ملزم ٹھیرانا -
(۶) مثال کے طور پر پیش کرنا - (۷) متعین کرنا ؛ ٹھیرانا -

not be named on or *in same day with* : کہاں یہ کہاں وہ ؛
(اِس کا اور اُس کا) کوئی مقابلہ نہیں -

name ! : (۱) صدر سے درخواست کہ کسی رکن کو نافرمانی
کا ملزم قرار دے (۲) کسی مقرر سے اُس شخص کا نام بتانے
کا مطالبہ جس کی طرف تقریر میں اشارہ ھو -

namable, *a.* : بتانے کے قابل ؛ نام لینے کے قابل ؛
قابل متعین ؛ قابل تقرر -

Nameless, *a.* : (۱) گمنام ؛ غیر معروف ؛ بے ننگ و نام -
(۲) جس کا نام نہ لیا جائے (نام اِرادتاً چھپانا) - (۳) نامعلوم ؛
مجہول الاسم - (۴) (کوئی چیز) جس کا نام نہ ھو ؛ جس پر
نام نہ لکھا ھو ؛ بے نام کا - (۵) نا قابل ذکر ؛ قابل نفرت ؛
لائق حقارت ؛ ناقابل اظہار ؛ نا قابل تعریف -

Namely, *adv.* : یعنی

Nammet : دیکھو Nummet -

Nankeen, *n.* : (۱) نانکین ؛ نین کین (ایک قسم کا سوتی کپڑا)
جو ابتدا میں قدرتی (زرد) رنگ کا ھوتا تھا - (۲) (جمع)
نانکین کا پا جامہ - (۳) میلا سا زرد رنگ -

Nanny, *n.* : (۱) بکری (*Nanny goat*) - (۲) بچہ کی دایہ ؛ انا -

Nantz, *n.* : (قدیم) برانڈی (اسے اکثر right N. کہتے ھیں) -

Nap, *v. i. & n.* : (۱) آنکھ لگنا ؛ آنکھ جھپکنا - (۲) جھپکی
لینا - (۳) جھپکی ؛ ھلکی سی نیند ؛ قیلولہ -

catch napping : (۱) غافل پانا ؛ سوتا ھوا پانا ؛ غلطی

کرتے ہوے پکڑ لینا - (۲) غفلت میں جا لینا؛ اچانک آ پہنچنا۔

Nap, *n.* & *v. t.* : (۱) کپڑے کی نرم روئیں دار سطح ؛ - (۲) رواں اٹھانا (کپڑے وغیرہ پر) -

napless, *a.* : جس پر رواں نہ ہو -

Nap, *n.* : (۱) پچ پتی (تاش کا ایک کھیل) - (۲) (شرط) سارا روپیہ ایک شرط پر لگا دینا ؛ وہ شرط جس پر سارا روپیہ لگا دیا جاے -

go n. : پانچوں ہاتھ بنانے کا دعوی کرنا ؛ (استعارتاً) بہت بڑے فائدے کی امید پر جوکھوں میں پڑنا ؛ پو بارے کا داؤں لگانا -

n. hand : (استعارتاً) وہ حالت جس میں کامیابی تقریباً یقینی ہو اگر ذرا جرأت سے کام لیا جاے ؛ پو بارے کا موقع -

Nape, *n.* : منکا ؛ گردن کا پچھلا حصہ ؛ گدی -

Napery, *n.* : (قدیم اسکاچستانی) دستر خوان ' میز پوش ' چادر وغیرہ (معمولی استعمال کے) -

Naptha, *n.* : ایک آتش گیر مادہ ؛ نفط ؛ نفت -

Napthalene,-ine, *n.* : نفطلین ؛ نفطی گولی ؛ نفتی گولی -

napthalize, *v. t.* : نفتی گولیاں رکھ کر یا نفطی تیل چھڑک کر کسی جگہ کو جراثیم سے پاک کرنا -

Napkin, *n.* : (۱) دست پاک (جو کھانا کھاتے وقت کپڑوں پر ڈال لیتے ہیں) - (۲) پھلیا (بچوں کی) -

lay up in a n. : (لوقس کی انجیل) تہ کر کے رکھ لینا ؛ کوئی کام نہ لینا ؛ استعمال نہ کرنا -

n.-ring : نشان کیا ہوا چھلا جس میں دست پاک رکھتے ہیں کہ بدل نہ جاے -

Napoleon, *n.* : (۱) نپولین ' فرانس کا طلائی سکہ جس کی قیمت ۲۰ فرانک ہے - (۲) ایک قسم کا بوٹ - (۳) پچ پتی (تاش کا ایک کھیل) -

double n. : ڈبل نپولین (چالیس فرانک کا سکہ) -

Napoleonic, *a.* : نپولین کا ؛ نپولین سے متعلق ؛ مثل نپولین ؛ نپولین صفت -

Napoleonically, *adv.* : نپولین کی طرح -

Napoleonism, *n.* : نپولین کے اصول کی حمایت ؛ نپولین کی پیروی -

Napoleonist, *n.* : پیرو نپولین -

Napoleonize, *v. t.* & *i.* : نپولین بننا یا بنانا -

Napoo, *int.* : (فوجی روز مرہ) غائب ؛ ختم ؛ گیا ہاتھ سے اب کچھ نہیں ہو سکتا -

Nappy, *a.* : (۱) (قدیم) کف دار ؛ تیز (شراب وغیرہ) جس میں خوب جھاگ ہو - (۲) نرم ؛ گدگدا ؛ ملائم - (۳) خواب آور ؛ نیند لانے والا -

Napu, *n.* : (ملایا کی زبان کا لفظ) غزال مشکیں ؛ جاوا اور سماترا کا مشکیں ہرن -

Narceine, *n.* : (کیمیا) نرسین؛ ایک القلی جو افیون سے نکلتا ہے اور کبھی کبھی افیون کے ست کے بجاے استعمال ہوتا ہے -

Narcissism, *n.* : (تحلیل نفسی) عشق ذات ؛ خود پرستی ؛ وہ نفسی کیفیت جس میں انسان اپنی ذات کو کامل سمجھتا ہے اور اسی میں مصر رہتا ہے -

narcissistic, *a.* : خود پرستانہ ؛ عشق ذات کا -

Narcissus, *n.* (pl.-ssuses,-ssi) : نرگس -

Narcolepsy, *n.* : ایک مرض جس میں مریض پر رہ رہ کر نیم خوابی کیفیت طاری ہوجاتی ہے -

Narcosis, *n.* : تخدیر ؛ سن ہونا ؛ بے حسی -

Narcotic, *a.* & *n* : (۱) مُخدر ؛ سن کرنے والا - (۲) خواب آور ؛ مُنوم ؛ مُسکر - (۳) تخدیر کے متعلق -

narcotically, *adv.* : مخدرانہ ؛ مُنومانہ -

narcotization, *n.* : تنویم ؛ تخدیر -

narcotize, *v. t.* : سن کرنا ؛ بے حس کرنا -

narcotism, *n.* : مخدر دوا کا اثر ؛ تخدیر کی کیفیت

narcotist, *n.* : مخدرات کا استعمال کرنے والا -

Nard, *n.* : بال چھڑ -

Narghile, *n.* : حقہ ؛ نرگیل (ناریل ' نرل) -

Nark, *n.* : (عامیانہ) پولیس کا مخبر ؛ جاسوس -

Narrate, *v. t.* : بیان کرنا ؛ روایت کرنا ؛ نقل کرنا ؛ کہانی یا قصہ بیان کرنا یا لکھنا -

narration, *n.* : بیان ؛ روایت ؛ نقل -

narrator, *n.* : راوی ؛ ناقل ؛ داستان گو ؛ داستان نویس ؛ بیان کرنے والا وغیرہ -

narratress, *n.* : (عورت)راوی؛ ناقل؛ داستان‌گو؛ داستان‌نویس؛ بیان کرنے والی وغیرہ -

Narrative, *n.* & *a.* : (۱) قصہ ؛ داستان ؛ حکایت ؛ کہانی - (۲) بیان ؛ نقل ؛ روایت - (۳) حکائی ؛ حکایتی (طرز بیان) -

narratively, *adv.* : حکایتی طرز میں ؛ قصے کے انداز میں -

Narrow, *a. n.,* & *v. i.* & *t.* : (۱) تنگ ؛ سکڑا ؛ کم چوڑا ؛ بھچا ہوا - (۲) چھوٹا ؛ محدود ؛ تنگ - (۳) قلیل ؛ کم ؛ تھوڑا - (۴) تنگ نظر ؛ متعصب ؛ خود پسند - (۵) گہرا ؛ غائر - (۶) تنگ نالے یا آب نالے ؛ دریا ' درے اور سڑک وغیرہ کا تنگ حصہ - (۷) تنگ کردینا ؛ کم کردینا ؛ محدود کرنا ؛ تنگ ہونا ؛ کم ہونا ؛ محدود ہونا -

n. circumstances : تنگدستی ؛ افلاس -

n. cloth : اکہرے عرض کا کپڑا (۵۲ انچ سے کم) -

n. escape : بال بال بچنا -

n. examination : چھان بین -

n. gauge : چھوٹی پٹری ؛ چھوٹی لائین -

n. goods : فیتے ' بیلیں وغیرہ -

n. : بحیرۂ انگلستان اور بحیرۂ آئرستان -

the ay : - (Matt.vii.14 نیکی کا راستہ؛ صراط مستقیم (دیکھو

narrowish, *a.* : قدرے تنگ ؛ کسی قدر تنگ ؛ تنگ ترین -

narrowness, *n.* : تنگی ؛ سکڑا پن وغیرہ -

narrowly, *adv.* : باریکی سے ؛ تنگی سے ؛ بال بال

narrow minded, *a.* : تنگ نظر ؛ متعصب -

narrow-mindednsss, *n.* : تنگ نظری؛ تعصب -

Narthex, *n.* : قدیم کلیساؤں میں کٹہرے سے الگ کیا ہوا مغربی حصہ ' مستورات ' توبہ کرنے والوں اور نو مریدوں کے لئے -

Narwhal, *n.* : نرول ؛ ایک قسم کی وھیل مچھلی جو بحر شمالی میں پائی جاتی ہے اس کے سر پر ایک یا دو سینگ ہوتے ہیں۔

Nasal, *a.* & *n.*: (۱) ناک کا - (۲)خلقہ' ناک سے ادا ہونے والاحرف
n. organ: (مزاحاً) ناک -
nasalization, *n.*: ناک سے ادا کرنا وغیرہ -
nasalize, *v. i.* & *t.*: ناک سے ادا کرنا ؛ غنہ بنانا ؛ غنہ ہونا -
nasality, *n.*: حروف غنہ -
nasally, *adv.*: ناک سے ؛ ناک میں سے -
Nascent, *a.*: بنتا ہوا ؛ اٹھتا ہوا ؛ پیدا ہوتا ہوا ؛ نکلتا ہوا ؛ عنفوانی (جو عالم عنفوان میں ہو) -
nascency, *n.*: عنفوان ؛ بننے یا پیدا ہونے کی حالت -
Naseberry, *n.*: (نس بیری) جزائر غرب الہند میں ایک قسم کا بیر کا درخت -
Naso-: (رابطہ لاطینی) انفی ؛ ناک سے متعلق ؛ انفی؛ جبینی ؛ ناک اور پیشانی سے متعلق -
Nasturtium, *n.*: تلخ صلیبی شکل کے پودوں کی جنس جس میں نارنجی رنگ کے پھول لگتے ہیں -
Nasty, *a.*: (۱) گندہ ؛ غلیظ ؛ ناپاک ؛ میلا کچیلا - (۲) گندہ ؛ فحش ؛ فاحش - (۳) ناگوار ؛ بد بو دار ؛ بد مزہ ؛ (مجازاً) برا ؛ خراب - (۴) (موسم وغیرہ) خراب؛ طوفانی - (۵) سخت ؛ سنگین ؛ دشوار ؛ مشکل - (۶) بدخو ؛ بدطینت -
nastily, *adv.*: گندے پن سے ؛ بد طینتی سے ؛ سختی سے -
nastiness, *n.*: بدطینتی ؛ سختی؛ گندگی؛ غلاظت؛ گھناؤناپن -
Natal, *a.*: (۱) پیدائش کے متعلق ؛ پیدائش کا - (۲) پیدائشی ؛ جنم کا -
Natality, *n.*: بچوں کے پیدا ہونے کی سالانہ اوسط تعداد فی ہزار؛ شرح پیدائش
Natation, *n.*: تیرنا ؛ شناوری -
Natatorial, natatory, *aa.*: (۱) تیرتا ہوا ؛ تیر نے والا - (۲) تیرنے کا؛ شناوری کے متعلق -
Nates, *n.* (pl. anat): (۱) چوتڑ؛ سرین- (۲) تصوص عینی؛ دماغ میں تصوص عینی کا سب سے پہلا جوڑ -
Nath(e)less, *adv.*: (قدیم) تاہم ؛ اس پر بھی؛ پھر بھی -
Nation, *n.*: (۱) قوم؛ ملت - (۲) (تاریخ) از منۂ وسطیٰ کی اور بعض ابکا جستانی جامعات میں.ایک ملک یا ضلع کے طلبا -
Law of nn.: دیکھو LAW -
most favoured n.: وہ قوم جس کے تجارتی مال پر سب سے کم محصول درآمد لگا یا گیا ہو -
nationhood, *n.*: قومیت -
National, *a.* & *n.*: (۱) قومی ؛ ملی ؛ سازی قوم کا - (۲) قوم سے مخصوص ؛ قومی -(۳) (جمع) ہم قوم افراد ؛ ہم قوم لوگ -
Grand N. Steeplechase: انگلستان کی لبرل پارٹی کا کلب؛ قومی سو سائیٹی؛ قومی انجمن ؛ انگلستان کی ایک انجمن(جو سنہ ۱۸۱۱ ع میں غریبوں کی تعلیم کے لئے قائم ہوئی تھی) ؛ انگلستان کی سب سے بڑی Steeplechase گھڑ دوڑ جو ہر سال مارچ میں Aintree میں ہوتی ہے -
n. anthem: (۱) انگلستان کا قومی ترانہ "God...ng" - (۲) دوسرے ملکوں کا قومی ترانہ -
n. debt: دیکھو Debt -
N. Portrait Gallery: لندن کا مشہور نگار خانہ ؛ نیشنل گیلری -

n. insurance: دیکھو Insurance -
nationally, *adv.*: قومی طور پر ؛ من حیث القوم -
Nationalism, *n.*: (۱) ملت پروری (۲) قومی آزادی کی پالیسی (خصوصاً آئرستان میں) - (۳) صنعت و حرفت کے کار خانوں کو قومی ملک بنانے کی پالیسی -
nationalist, *n.*: قوم پرور ؛ وطن دوست -
Nationality, *n.*: (۱) قومی ہونا؛ قومی رنگ - (۲) قومی احساس؛ جذبۂ قومیت - (۳) قوم - (۴) قوم ہونا ؛ وجود بلا حیثیت قوم - (۵) نسل -
Nationalize, *v. t.*: (۱) قومی بنانا ؛ قومی رنگ دینا - (۲) ایک قوم بنانا - (۳) (اجانب کو) قومیت کے حقوق دینا - (۴) صنعت و حرفت اور زراعت و کاشتکاری وغیرہ کو قومی ملک قرار دینا -
nationalization, *n.*: قومی بنانا یا بنا یاجانا -
Native, *n.*: (۱) باشندہ ؛ رہنے والا - (۲) (آسٹریلیا) گورا جو آسٹریلیا میں پیدا ہوا ہو - (۳) دیسی (اصلی) باشندہ ؛ غیر یوروپی اقوام کا فرد ؛ غیر مہذب نسل کا فرد - (۴) دیسی یا ملکی جانور ؛ پودا - (۵) Oyster جسکی پرورش برطانوی سمندر میں ہوئی ہو (خصوصاً مصنوعی پرورش گاہوں میں) -
Native, *a.*: (۱) ذاتی ؛ خلقی؛ طبعی؛ فطری - (۲) سادہ ؛ بے تکلف؛ بے تصنع - (۳) پیدائش کا (مقام) - (۴) پیدائشی (حق)- (۵) اصلی (باشندہ)؛ دیسی؛ دیس کا ؛ ملکی - (۶) دیسیوں کا ؛ دیسیوں کے متعلق - (۷) (معدنیات) خالص؛ خام -
n. rock: چٹان جو اپنی اصلی جگہ پر موجود ہو -
natively, *adv.*: خلقی طور پر ؛ طبعاً ؛ فطرتاً -
Nativism, *n.*: (فلسفہ) خلقیت؛ نفسیات کا نظریہ کہ بعض تصورات خلقی ہوتے ہیں اور انسان انہیں حاصل نہیں کرتا -
nativist, *n.*: (فلسفہ) نظریۂ خلقیت کا قائل ؛ خلقیت پسند -
Nativity, *n.*: (۱) میلاد مسیح ؛ میلاد مریم عذرا ؛ میلاد یوحنا ؛ میلاد بپتسمی - (۲) میلاد مسیح کی تصویر - (۳)عید میلاد مسیح ؛ بڑا دن (۲۵ دسمبر) ؛ عید میلاد عذرا (۸ ستمبر) ؛ عید میلاد یوحنا (۲۴ جون) - (۴) پیدائش ؛ ولادت - (۵) (نجوم) جنم پترا ؛ زائچہ -
Natron, *n.*: خام شورہ -
Natterjack, *n.*: برطانی مینڈک ؛ ایک قسم کا برطانی مینڈک جسکی پیٹھ پر زرد دھاریاں ہوتی ہیں -
Natty, *a.*: (۱) چابک دست ؛ کاریگر ؛ ہوشیار - (۲) بہت صاف ستھرا ؛ نہایت سلیقے کا ؛ بڑی خوبصورتی سے سجا ہوا -
nattily, *adv.*: بہت سلیقے سے ؛ خوبصورتی سے -
nattiness, *n.*: (۱) خوشنما سجاوٹ ؛ نفاست پسندی - (۲) صفائی ؛ کاریگری ؛ چابک دستی -
Natural, *a.* & *n.*: (۱) فطری ؛ جبلی- (۲) قدرتی ؛ قانون قدرت کے مطابق - (۳) (طبعی موت n. death) طبعی ؛ معمولی - (۴) انسانی ؛ جو وحی و تنزیل پر مبنی نہ ہو - (۵) طبیعی ؛ غیر روحانی - (۶) خلقی ؛ جبلی - (۷) خودرو ؛ غیر مزروع - (۸) اصلیت کے مطابق - (۹) کالاصل ؛ اصلی ؛ بے ساختہ ؛ بے تکلف؛ بے تصنع - (۱۰) توقع کے مطابق؛ قدرتی - (۱۱) طبیعت کے مناسب ؛ آسان - (۱۲) ناجائز؛ بے نکاحی - (۱۳)-

علوم طبیعی کے متعلق ؛ طبیعی - (۱۴) پیدائشی ضعیف العقل ؛ جلم کا بازلا - (۱۵) قدرتی سر ؛ پیانو کا سفید پردہ - (۱۶) (تاش کے ایک کھیل میں) تقسیم میں پہلی ہی بار کسی شخص کے پاس پتے جمع ہوجانا جن میں مجموعی طور پر اکیس بوندیں ہوں -

n. -*bron* : پیدائشی -

n. classification : (نباتیات) قدرتی تقسیم (پودوں کی مشابہت کے اعتبار سے) -

n. day : دیکھو Day -

n. historian: تاریخ طبیعی کی کتاب لکھنے والا ؛ تاریخ طبیعی کا ماہر -

n. history : (۱) تاریخ طبیعی ؛ تاریخ موالید ؛ حیوانیات اور نباتیات کی ابتدائی معلومات - (۲) کسی مقام یا طبقے کی قدرتی خصوصیات کا علم -

n. note or *key* : (موسیقی) قدرتی سر ؛ خالص سر -

n. philosoper : ماہر طبیعات -

n. philosophy : طبیعیات -

n. science : دیکھو Science -

Naturalness, *n.* : قدرتی پن ؛ بے ساختگی ؛ بے تکلفی ؛ طبیعی ہونا وغیرہ -

Naturalism, *n.* : (۱) جبلی فعل - (۲) فطرت پرستی ؛ طبعی مذہب یا اخلاق - (۳) دہریت - (۴) فطرت پسندی (ادب یا آرٹ میں) - (۵) رسمی پابندیوں سے بے پروائی ؛ آزادہ روی ؛ آزاد مشربی -

Naturalist, *n.* & *a.* : (۱) دہریا ؛ نیچری ؛ فطرت پرست - (۲) ماہر حیوانات و نباتات - (۳) (کار و بار) چڑیاں یا پالتو جانور بیچنے والا - (۴) جانوروں کی کھال کی اصلی شکل بنانے والا -

Naturalistic, *a.* : (۱) فطرت یا دہریت سے متعلق ؛ فطرت پسندی کا (۲) تاریخ طبیعی کے متعلق -

naturalistically, *adv.* : فطرت پسندانہ ؛ فطری انداز میں -

Naturalize, *v. t.* & *i.* : (۱) ملکی بنانا ؛ (کسی اجنبی کو) حقوق قومیت عطا کرنا - (۲) اپنا لینا ؛ (غیر الفاظ یا رسم و رواج کو) اختیار کر لینا - (۳) ایک ملک کے جانور یا پودے کو دوسرے ملک میں لے جانا - (۴) ملکی ہو جانا - (۵) رسمی پابندیوں سے آزاد کرنا ؛ فطرت کے مطابق بنانا - (۶) مافوق الفطرت رنگ کو دور کرنا فطری یا طبیعی رنگ دینا - (۷) تاریخ طبیعی یا تاریخ موالید کا مطالعہ کرنا -

naturalization, *n.* : اسم مذکورۂ بالا معنوں میں -

Naturally, *adv.* : (۱) فطرتاً ؛ فطری طور پر - (۲) لازمی طور پر ؛ ظاہر ہے ؛ بے شک -

Nature, *n.* : (۱) ماہیت - (۲) فطرت ؛ طبیعت ؛ سیرت ؛ مزاج ؛ طینت - (۳) فطرت انسانی کا کوئی خاص عنصر - (۴) خاص طبیعت یا مزاج کا شخص - (۵) قسم ؛ نوع ؛ جنس - (۶) بندوق (گولی کی) ناپ ؛ ساخت - (۷) فطری جنسیں ؛ فطری صفات - (۸) فطری ضروریات ؛ فطری قوتیں یا افعال - (۹) (لکڑی کا) دودھ ؛ رس ؛ رال - (۱۰) فطرت ؛ عالم طبیعی ؛ کائنات - (۱۱) فطرت پسندی ؛ تقلید فطرت (آرٹ میں) -

against n. : خلاف فطرت ؛ بد اخلاق

against or *contrary to n.* : (۱) خلاف عادت یا خرق عادت - (۲) خرق عادت کے طور پر -

by n. : فطری طور پر ؛ خلقی طور پر -

debt of n. : موت ؛ قضا -

ease n. : رفع حاجت کرنا -

full of n. : جس میں ہنوز رال موجود ہو -

good n. : دیکھو Good -

ill n. : دیکھو Ill -

in the course of n. : فطری طور پر ؛ قدرتی طور پر -

law of n. : دیکھو Law -

n. -*printing* : قدرتی طباعت ؛ پتیوں وغیرہ کو بنی ہوئی پلیٹ پر رکھ کر دبانا تاکہ چربہ اتر آئے -

second n. : دیکھو Second -

state of n. : (۱) انسان کی فطری حالت ؛ تہذیب سے پہلے کی حالت - (۲) عہد جہالت (بمقابلہ عہد ایمان ؛ نجات) - (۳) پودوں کی خود رو حالت - (۴) جانوروں کی غیر اہلی حالت -

touch of n. : دیکھو Touch -

Naught, *n.* & *pred. a.* : (۱) (قدیم) ہیچ ؛ لا شے ؛ کچھ نہیں - (۲) (ریاضی) صفر - (۳) بیکار ؛ نکما

set at n or *nought* : ہیچ سمجھنا ؛ خاطر میں نہ لانا -

Naughty, *a.* : (۱) شریر ؛ نافرمان ؛ شوخ - (۲) بد ؛ نا معقول ؛ بیہودہ -

naughtily, *adv.* : شرارت سے ؛ بیہودگی سے -

naughtiness, *n.* : (۱) شرارت ؛ شوخی - (۲) بیہودگی -

Nausea, *n.* : (۱) متلی یا مالش - (۲) متلی جو سمندر کے سفر میں ہوتی ہے - (۳) کراہیت ؛ گھن -

Nauseate, *v. t.* & *i.* : (۱) (کھانے کو یا اور کسی چیز کو) کراہیت کے ساتھ واپس کر دینا - (۲) متلی پیدا کرنا - (۳) جی متلانا ؛ متلی ہونا ؛ طبیعت کا مالش کرنا ؛ ابکائی آنا ؛ (کھانے یا کسی اور چیز سے) کراہت ہونا -

nauseating, *a.* : قے آور ؛ جس سے متلی ہو -

Nauseous, *a.* : (۱) قے آور ؛ جس سے متلی ہو - (۲) بد مزہ ؛ بد بو دار ؛ گندہ - (۳) گھناؤنا ؛ مکروہ -

nauseously, *adv.* : گھناؤنے پن سے ؛ مکروہ طریقے سے -

nauseousness, *n.* : مکروہ ہونا ؛ گھناؤنا پن -

Nautch, *n.* : (ہندوستان) طوائف کا ناچ -

n. -*girl* : ناچنے والی ؛ رقاصہ -

Nautical, *a.* : جہاز رانی سے متعلق ؛ جہاز کا ؛ بحری -

Nautilus, *n.* (pl. -li), *Paper n.* : (۱) ایک سر پایہ (جس کے پاؤں سر سے لگے ہوں) بحری جانور جس کی مادہ کا ایک باریک سخت چھلکا ہوتا ہے اور بازو جھلی سے جڑے ہوئے باد بان کی شکل کے ہوتے ہیں - (۲) ایک سر پایہ جس کا سخت چھلکا خانے کا ہوتا ہے اور اس کے بیچ میں صدفی پردے (pearly n.) حائل ہوتے ہیں -

Naval, *a.* : جہاز رانی کا ؛ بحری جہازوں کا ؛ بحری فوج کا

n. officer : بحری فوج کا افسر -

n. stores : سفر جہاز کا سامان ؛ جہاز رانی کا سامان -

Nave, *n.* : پہیے کا بیچ کا حلقہ -

Nave, *n.* : وسط کلیسا ؛ ناف کلیسا ؛ کلیسا کا بیچ کا حصہ -

Navel, *n.* : (۱) ناف - (۲) مرکز ؛ وسط ؛ بیچ -

n. orange : ایک قسم کی بڑی نارنگی جس کے سرے پر ناف سی ہوتی ہے ؛ کھٹی دار نارنگی -

n. -string : نال؛ آنول نال -

n. -wort : ایک قسم کا پودا -

Navicular, *a.& n.*: کشتی نما؛ جہازنما(قبر کوئی عضو یاپودے کا کوئی حصہ) -

n. bone : کشتی نما ہڈی (جو ہاتھ یا پیر میں ہوتی ہے) -

n. disease : بیماری جو گھوڑوں کی کشتی نما ہڈی میں ہوتی ہے -

Navigable, *a.* : (۱) (دریا سمندر وغیرہ) جہاز رانی کے قابل - (۲) (جہاز وغیرہ) قابل بحر ؛ قابل سفر (بحری) -(۳) قابل پرواز(غبارہ)-

navigability, *n.* : (۱) جہاز رانی کے قابل ہونا - (۲) بحری سفر کی صلاحیت - (۳) پرواز کی قابلیت -

Navigate, *v. i. & t.* : (۱) جہاز چلانا ؛ بحری سفر کرنا - (۲) عبور کرنا (دریا وغیرہ) - (۳) جہاز یا ہوائی جہاز وغیرہ کو چلانا

Navigation, *n.* : (۱) جہازوں کی آمد و رفت ؛ جہاز رانی - (۲) فن جہاز رانی - (۳) بحری سفر -

aerial n. : ہوائی جہازوں کی آمد و رفت ؛ ہوائی جہاز رانی -

inland n. : نہروں اور دریاؤں میں جہازرانی : اندرونی جہاز رانی -

n. -coal : بھاپ بنانے کا کوئلہ -

Navigator, *n.*: (۱) جہاز راں؛ ماہر جہاز رانی- (۲) مفتش بحری- (۳) کھدائی کرنے والا مزدور(اب شاذ ہے) -

Navvy, *n.* : (۱) کھدائی کرنے والے مزدور ؛ وہ مزدور جو ریلوں نہروں اور سڑکوں کے لئے زمین کھودتے ہیں - (۲) کھودنے والی مشین (*steam-n.*) -

Navy, *n.* : (۱) (شاعری) بیڑا - (۲) جنگی جہازوں کا بیڑا - (۳) بحری فوج کے افسر اور سپاہی (بحیثیت مجموعی) -

n. bill : بحری ہنڈی ؛ بحری نوٹ (محکمۂ فوج بحری کی طرف سے بجائے نقد رقم کے جاری کیا جاتا ہے) -

n.-blue : گہرا نیلا رنگ (جو بحری فوج کی وردی کا ہوتا ہے) -

n. blue : گہرے نیلے رنگ کا -

n. league : بحری انجمن (ملک میں فوج سے دلچسپی پیدا کرنے کے لئے قائم کی گئی تھی) -

n. list : بحری فہرست (اس میں بحری فوج کے تمام افسروں کے نام، عہدے اور دیگر مختصر حالات ہوتے تھے)-

Nawab, *n.* : (۱) نواب - (۲) (شاذ) ان انگریزوں کو کہتے ہیں جو ہندوستان سے دولت جمع کر کے انگلستان جاتے ہیں -

Nay, *particle & n.* : (۱) (قدیم) نہیں - (۲) (قدیم) (جوابی جملے کے شروع میں) جی - (۳) نہیں بلکہ - (۴) لفظ نہیں ؛ انکار -

say n. : انکار کرنا ؛ تردید کرنا -

will not take n. : لاکھ انکار کیجئے وہ سنتا ہی نہیں -

yea & nay : ٹال مٹول ؛ آرے بلے -

Nazarene, *n. & a.* : (۱) نصرانی (باشندۂ ناصریہ) - (۲) (یہود اور مسلمانوں کے ہاں) عیسائی ؛ مسیحی ؛ نصرانی - (۳) اس قدیم فرقے کا رکن جو نسلاً یہودی اور مذہباً مسیحی تھا ؛ یہودی نصرانی -

Nazarite, *n.* : باشندۂ ناصریہ ؛ نصرانی -

Nazarite, *n.* : نذیر ؛ عبرانی زاہد (ایک یہودی جس نے زہد و اتقا کا عہد کر لیا تھا) (شمارات آیت ۲) -

Naze, *n.*: راس ؛ خشکی کا وہ حصہ جو دور تک پانی میں چلا جائے -

-nd : لاحقہ جو لاطینی اسماے صفات کے آخر میں آتا ہے -

-nd : ایک لاحقہ جو اسما کے آخر میں آتا ہے اس کی قدیم شکل and- تھی -

Neap, *a.& n., & v. t. & i , N.-tide* or *n.* : (جزری) ختم مد ؛ مہینے کے پہلے اور تیسرے ہفتے کے شروع کا مد جو سب سے نیچا ہوتا ہے- (۲) مد کا گھٹتے گھٹتے ختم ہوجانا - (۳) پانی کا ختم مد کے خط تک پہنچنا- (۴) جہاز کا ختم مد کی وجہ سے روانگی سے مجبور ہونا -

Neapolitan, *a. & n.* : باشندۂ ناپل ؛ ناپلی یا ناپولی -

N. ice : (۱) ناپلی قلفی ؛ ایک قسم کی بالائی کی برف جس کی ہر تہ کا رنگ اور ذائقہ مختلف ہوتا ہے- (۲) ناپلی مٹھائی؛ اسی قسم کی مٹھائی

N. violet : خوشبودار دو رنگی بنفشہ -

Near, *adv. & prep(-er, -est,* also *advv. & prepp)*: (۱)پاس؛ قریب؛ نزدیک- (۲) تقریباً ؛ قریب قریب ؛ قریب تر (اصلیت سے)- (۳) جز رسی سے ؛ بے حد کفایت شعاری سے -

it lies near his heart : اس کے دل سے لگی ہے؛ اسے اسی سے قلبی تعلق ہے -

n. at hand: قریب -

n. by: (زیادہ تر) قریب ہی؛ تھوڑے فاصلے پر -

n. upon : تھوڑے ہی دنوں کے فرق سے -

Near, *a.* : (۱) قریبی؛ قریب کا (عزیز) - (۲) بے تکلف (دوست)؛ (۳) بائیں (جانور کے اعضاء، گاڑی کے پہیوں یا جوڑی کے گھوڑوں کے لئے) - (۴) پاس کا ؛ قریب کا - (۵) (راستہ) سیدھا ؛ قریب کا - (۶) قریب کا؛ اصلیت سے قریب تر- (۷) نہایت جز رس یا کفایت شعار؛ کنجوس ؛ جز رسانہ ؛ کنجوسی کا -

a near escape : بال بال بچنا -

a near guess : اصلیت سے قریب اندازہ ؛ قریب قریب صحیح اندازہ -

a near race : سخت مقابلہ کی دوڑ جس میں مقابلہ سخت ہو -

a near resemblance : بہت زیادہ مشابہت -

a near translation : ترجمہ جو مطلب سے قریب تر ہو ؛ صحیح تر جمہ -

n. -sighted : (جسے دور کی چیز نہ دکھائی دیتی ہو) نزدیک بین ؛ کوتاہ بین -

near work : باریک کام ؛ مہین کام (جو آنکھ کو قریب لے جا کر کرنا پڑے) -

the near distance : منظر کا وہ حصہ جو پس منظر اور پیش منظر کے بیچ میں واقع ہو -

nearish, *a.* : کسی قدر قریب -

nearness, *n.* : (۱)قرب؛نزدیکی- (۲) جزرسی : کنجوسی ؛ بخل

Near, *v. t. & i.* : پاس آنا ؛ قریب پہنچنا -

Nearctic, *a.* : (حیوانیات) شمالی امریکہ کے شمالی یا معتدل حصے کا (جانور) -

Nearly, *adv.* : (۱) قریب کے رشتے سے - (۲) غور سے (۳) تقریباً ؛ قریب قریب -

not n. : بالکل نہیں -

Neat, *n.* (sing. & collect. as pl.) : (۱) بیل یا اسی جنس کا کوئی اور جانور - (۲) مویشی ؛ ڈھور -
n.-herd : گوالا ؛ چرواہا -
n.-house : مویشی کا باڑہ ؛ مویشی گھر -
n.'s-foot : گائے بھینس کے پائے -
n.'s-leather : گائے بیل کا چمڑا ؛ کوکا -
n.'s-tongue : زبان (گائے وغیرہ کی بطور غذا) -

Neat, *a.* : (۱) خالص ؛ بے میل - (۲) ستھرا ؛ عمدہ ؛ سڈول - (۳) (زبان ' اسلوب بیان ' مقولہ) برجستہ ؛ شستہ ؛ پاکیزہ ؛ نستعلیق - (۴) نفیس کاریگری کا ؛ اُستادانہ (کام) - (۵) صاف ؛ ستھرا ؛ باقاعدہ ؛ باسلیقہ (آدمی) ؛ چابک دست ؛ ہوشیار (کاریگر) -
neatly, *adv.* : ستھرے پن سے ؛ کاریگری سے ؛ عمدگی سے ؛ نفاست سے -
neatness, *n.* : ستھرا پن ؛ کاریگری ؛ عمدگی ؛ نفاست ؛ شستگی ؛ خوش اسلوبی -

Neath, *prep.* : (شعر) بجائے Beneath -

Neb, *n.* : (اسکاٹ ستان) (۱) چونچ ؛ منقار - (۲) ناک - (۳) تھوتھنی - (۴) نوک ؛ ٹونٹی ؛ سرا -

Nebula, *n.* (pl. -lae) : (۱) پھُلی (آنکھ کی) - (۲) (ہیئت) سدیم ؛ سحابیہ -

Nebular, *a.* : سدیمی -
n. hypothesis : سدیمی مفروضہ : یہ مفروضہ یا نظریہ کہ نظام شمسی و نظام کوکبی سدیمی الاصل ہیں -
n. theory : سدیمی نظریہ -

Nebulium, *n.* : نبولیم ' ایک عنصر جس کے متعلق صرف اتنا معلوم ہے کہ گیسوں کی طیف میں سبز خط اسی کی وجہ سے ہوتا ہے -

Nebulous, *a.* : (۱) (ہیئت) سدیمی ؛ سدیم نما - (۲) بادل کا سا ؛ سحاب نما - (۳) دھندلا ؛ مبہم ؛ غیر واضح ؛ بے شکل - (۴) ابر آلود ؛ مکدر -
n. star : (۱) دھندلے ستاروں کا گچھا - (۲) دھندلا ستارہ ؛ سدیمی ستارہ -
nebulosity, *n.* : (۱) سدیمیت - (۲) دھندلا پن ؛ ابہام ؛ بے شکلی -

Necessarian, *n.* & *a.* : = Necessitarian
necessarianism, *n.* : عقیدۂ جبر ؛ عقیدۂ قدر ؛ جبریت ؛ قدریت -

Necessarily, *adv.* : لازمی طور پر ؛ لازماً ؛ ضرور -

Necessary, *a.* & *n.* : (۱) ضروری ؛ ضروری ؛ درکار ؛ لابد - (۲) ناگزیر ؛ جبری - (۳) لازمی (نتیجہ وغیرہ) - (۴) مجبور (فاعل انسان) - (۵) ضروریات زندگی میں سے کوئی شے -
the n. : (عامیانہ) روپیہ یا کام جو کسی مقصد کے لیئے ضروری ہو -
the nn. of life : ضروریات زندگی -

Necessitarian, *n.* & *a.* : جبر کا قائل ؛ جبری ؛ قدری -
necessitarianism, *n.* : عقیدۂ جبر ؛ عقیدۂ قدر ؛ جبریت ؛ قدریت -

Necessitate, *v.t.* : (۱) (شاذ) مجبور کرنا ؛ (کسی پر) جبر کرنا - (۲) (کسی امر کو) ضروری ' لازمی یا محتم کرنا ؛ ضروری شرط یا لازمی نتیجہ ہونا -

Necessitous, *a.* : محتاج ؛ حاجت مند ؛ ضرورت مند -

Necessity, *n.* : جبر ؛ قدر ؛ لزوم (۲) مجبوری - (۳) حاجت ؛ ضرورت ؛ احتیاج - (۴) لابد ہونا - (۵) ضروریات زندگی میں سے کوئی شے ؛ ضروری چیز - (۶) (عموماً جمع) افلاس ؛ محتاجی ؛ تنگ دستی ؛ شدید ضرورت -
logical n. : لزوم منطقی ؛ منطق کی رو سے لازم ہونا -
make a virtue of n. : جو کام مجبوراً کیا ہے اس کی داد چاہنا ؛ جو کام ناگزیر ہے ' اسے اس طرح کرنا جیسے اپنی خوشی سے کیا ہو -
n. is the mother of invention : ضرورت پڑتی ہے تو تدبیر سوجھتی ہے ؛ ضرورت ایجاد کی ماں ہے -
n. knows no law : جو حاجت سے مجبور ہے اس کے لیئے کوئی قانون نہیں -
of n. : مجبوراً ؛ طوعاً یا کرہاً -
physical n. : لزوم طبعی ؛ قانون طبعی کی رو سے لازم ہونا -

Neck, *n.* : (۱) گردن - (۲) بکری وغیرہ کا گردن کا گوشت - (۳) گریبان ؛ گلا - (۴) گردن ؛ کسی ظرف کا تنگ حصہ ؛ دریا یا خلیج کا تنگ حصہ - (۵) کسی چیز کا پتلا سا حصہ جو دو بڑے حصوں کو جوڑتا ہو -
break n. of task : کسی کام کا سخت ترین حصہ ختم کر لینا -
break one's n. : گردن ٹوٹنا ؛ گردن ٹوٹنے سے مر جانا -
get it in the n. : مہلک زخم یا چوٹ کھانا ؛ سخت چوٹ کھانا -
n. & crop : سر کے بل -
n. & n. : برابر برابر (گھڑ دوڑ میں دو یا زیادہ گھوڑے) -
n.-band : کالر یا گلوبند (جو قبا کا جز ہو) -
neckcloth : گلوبند ؛ مفلر -
neckerchief : گلے کا رومال -
necklace : گلوبند (زیور) ؛ چمپا کلی ؛ مالا ؛ کنٹھا -
n. or nothing : یا اِدھر یا اُدھر ؛ تخت یا تختہ -
n.-tie : نکٹائی ؛ نیکٹائی -
n.-verse : لاطینی اشعار (مناجات نمبر ۵۱ کی ابتدا کے) جن کو پڑھ کر ملزم اہل کلیسا کے حق استثنا (benefit of clergy) سے مستثنیٰ ہوسکتا تھا اور اپنی جان بچا سکتا تھا -
save one's n. : اپنی جان بچانی -
(-) **necked**, *a.* : (-) گردن والا ؛ (-) گردن -

Neck, *n.* : کٹے ہوئے غلے کا آخری گٹھا -

Necking, *n.* : گردنہ ؛ ستون کا وہ حصہ جو وسط ستون اور لنگنی کے درمیان ہوتا ہے -

Necklet, *n.* : (۱) گلے کا زیور - (۲) سمور کا گلوبند -

Necr(o)- : یونانی لفظ Nekros سے مشتق سابقے بمعنی لاش ' نعش -
necrobiosis : انحطاط نسیج -
necrogenic : جو اجسام مردہ کے اتصال سے پیدا ہو -
necrolatry : مردہ پرستی -
necrology : (۱) فہرست اموات - (۲) اطلاع وفات -
necrophagous : مردہ خوار ؛ مردہ خور -
necrophore : قبر کھودنے کی کدال -
necropolis : گورستان ؛ قبرستان ؛ شہر خموشاں
necropsy or *necroscopy* : لاش کا طبی معائنہ ؛ معائنہ بعد از موت -

Necromancy, *n.* : مردوں سے باتیں کرکے پیش گوئی کرنے کا فن ؛ جادو ؛ سحر ۔
necromancer, *n.* : ساحر ؛ جادوگر ۔
necromantic, *a.* : ساحرانہ ۔
Necrosis, *n.* : انحطاط استخواں ؛ انحطاط نسیج ۔
necrotic, *a.* : انحطاط استخواں یا انحطاط نسیج کے متعلق ۔
necrotize, *v. i.* : نسیج کا گل جانا ۔
Nectar, *n.* : (۱) (یونانی اساطیر) دیوتاؤں کی شراب ؛ وہ چیز جو دیوتا پیتے ہیں ۔ (۲) کوئی خوش ذائقہ پینے کی چیز ۔ (۳) پودوں کا میٹھا رس یا شہد ؛ عسل ۔ (۴) نیکٹر ؛ ایک قسم کا پونگ کا پانی ۔
nectarean, *a.* : عسلی ۔
nectareous, *a.* : عسل نما ۔
nectared, *a.* : عسل دار ۔
nectariferous, *a.* : عسلیہ بر ۔
nectarous, *a.* : پر عسل ۔
Nectarine, *n.* : ایک قسم کا خوش ذائقہ شفتالو جس کا چھلکا نرم روئیں دار اور گودا سخت ہوتا ہے ۔
Nectary, *n.* : شہد داں (پودوں کا وہ حصہ جس میں رس یا شہد ہوتا ہے) ۔
Neddy, *n.* : گدھا ؛ خر ۔
Nee, *a.* : (لغوی معنی = پیدائشی) عورتوں کے خاندانی نام کو جو شادی سے قبل تھا ظاہر کرتا ہے، اردو میں " بنت فلاں " سے یہ مفہوم ادا ہوسکتا ہے، مثلاً *Mrs. Smith, n. Jones* بیگم اسمتھ، بلحجونز۔
Need, *n.* : (۱) ضرورت ۔ (۲) احتیاج ؛ حاجت ۔ (۳) آڑا وقت ؛ نازک وقت ۔ (۴) افلاس ؛ مفلسی ؛ ناداری ؛ تنگدستی ۔ (۵) مایحتاج ؛ وہ چیز جس کی ضرورت ہو ۔ (۶) (جمع) حوائج ضروریہ ؛ بول و براز ۔
a friend in n. is a friend indeed : دوست آں باشد کہ گیرد دست دوست در پریشاں حالی و در ماندگی ۔
do one's nn. : رفع حاجت کرنا ۔
failed him in his n. : آڑے وقت کام نہ آیا ۔
needfire : وہ آگ جو سوکھی لکڑیوں کو رگڑ کر جلائی جائے ۔
neediness, *n.* : افلاس ؛ فلاکت ؛ ناداری ۔
needy, *a.* : مفلس ؛ محتاج ؛ مفلوک الحال ؛ نادار ۔
Need, *v. i. & t.* (3 sing. pres. *needs, & need*) (۱) درکار ہونا ؛ مطلوب ہونا ؛ (قدیم) ضروری ہونا (مثلاً it needs not) ۔ (۲) (کسی شخص کو کسی چیز کی) ضرورت ہونا ؛ حاجت ہونا ۔ (۳) محتاج ہونا ؛ نادار ہونا (۴) (کسی بات کا کسی شخص کے لئے) ضروری ہونا (اس کا جانا ضروری نہیں *he n. not go*) ۔
Needful, *a.* : مطلوب ؛ ضروری ۔
do the n. : (۱) جو ضروری ہو وہ کرنا ۔ (۲) (فٹ بال) try سے گول کرنا ؛ ایسی ٹھوکر لگانا کہ گول ہوجائے ۔
it is n. to do that : یہ ضروری ہے کہ وہ کام کیا جائے ۔
the n. : (۱) جو ضروری ہو ؛ جس کی ضرورت ہو ۔ (۲) (عامیانہ) روپیہ (جو کسی کام کے لئے ضروری ہو) ۔
needfulness, *n.* : تنگ دستی ؛ مفلسی ؛ محتاجی ۔

Needle, *n. & v. t. & i.* : (۱) سوئی ؛ سوا ؛ سوزن ؛ سلائی ۔ (۲) مقناطیسی سوئی ؛ قطب نما وغیرہ کی سوئی ۔ (۳) معیاری سلائی ؛ خالص اور کامل سونے یا چاندی کا پتلا سا ٹکڑا جو کسی چیز کو کسوٹی پر کستے وقت مقابلے کے لئے سامنے رکھا جاتا ہے ۔ (۴) کلدہ کاری کا نوکدار آلہ ۔ (۵) ایک نوکدار آلۂ جراحی جو ہلکے موتیا بند میں استعمال ہوتا ہے ؛ موتیا بند کی سلائی ۔ (۶) زیر جلدی پچکاری کا سوا ؛ پچکاری کی سوئی ؛ پچکاری کی سلائی ۔ (۷) گولی چلانے کی سلائی (جو توڑے دار بندوق میں ہوتی ہے) ۔ (۸) مخروطی پتھر ۔ (۹) نوکدار چٹان ؛ چوٹی ۔ (۱۰) وہ تھونی جو محراب وغیرہ کو سہارا دینے کے لئے عارضی طور پر لگائی جائے ۔ (۱۱) سوئی کی شکل کا بلورہ (قلم) ۔ (۱۲) fir یا pine کی پتی ۔ (۱۳) سینا ۔ (۱۴) سوئی چبھونا ؛ عمل جراحی میں سلائی استعمال کرنا ۔ (۱۵) اندر گھس جانا ؛ گھس پیٹھ کر نکلنا (بہت سی چیزوں میں سے) ۔ (۱۶) (محراب وغیرہ میں) سہارے کے لئے تھونی لگانا ۔ (۱۷) سوئی کی شکل کی قلمیں یا بلورے بننا (کسی چیز سے) ۔
look for n. in bottle of hay : دیکھو Bottle ۔
n.-book : کتاب نما تکلے دانی ۔
n.-case : سوئی دانی ؛ تکلے دانی ۔
n.-fish : ایک مچھلی جس کا منہ لمبا برچھے کی شکل کا اور کانٹے سبز ہوتے ہیں ۔
needleful : سوئی بھر (روئی وغیرہ) ۔
n.-gun : سوئی دار بندوق (جس میں کارتوس سوئی سے چلتا ہے) ۔
n.-lace : سوزنی فیتہ ؛ سوزنی لیس ۔
n.-point : سوئی کی نوک ۔
n.'s eye : سوئی کا ناکا ؛ بیحد تنگ رستہ (بحوالہ متی باب ۱۹ آیت ۲۴)
needlewoman : سینے والی ؛ سلائی کا کام کرنے والی ۔
needlework : سوزن کاری ؛ سلائی اور کڑھائی ۔
pins & nn. : دیکھو pin ۔
sharp as a n. : تیز فہم ؛ چوکس ۔
the n. : (عامیانہ) کسی اعصابی بیماری کا دورہ ۔
Needless, *a.* : غیر ضروری ؛ بے فائدہ ؛ بے کار ۔
n. to say : یہ تو کہنے کی ضرورت ہی نہیں ؛ یہ تو ظاہر ہی ہے ۔
needlessly, *adv.* : بلا ضرورت ؛ بے کار ؛ بے فائدہ ۔
needlessness, *n.* : غیر ضروری ہونا ؛ بے کار ہونا ۔
Needments, *n.* pl. : ضرورت کی چیزیں ؛ (خصوصاً) ضروریات سفر ؛ سامان سفر ؛ رخت سفر ؛ اسباب ۔
Needs, *adv.* : ضرور ؛ بالضرور ؛ لازمی طور پر ؛ مجبوراً ؛ چار و ناچار (اب صرف must کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ۔
Ne'er, *adv.* (شعر) ہرگز نہیں ؛ حاشا و کلا ۔
n. a : ایک بھی نہیں ۔
n.-do-well, -weel : نکما ۔
Nefarious *a.* : بد معاش ؛ بے ایمان ؛ بد کردار ؛ بد معاشی کا ؛ بے ایمانی کا ۔
nefariously, *adv.* : بد معاشی سے ؛ بے ایمانی سے ۔
nefariousness, *n.* : بد معاشی ؛ بے ایمانی ۔
Negate, *v. t.* : (۱) نفی کرنا ؛ انکار کرنا (کسی چیز کے وجود

کا) - (۲) (ایک چیز کی دوسری سے) نفی ہونا ؛ تردید ہونا ؛ ابطال ہونا -

Negation, *n.*: (۱) نفی ؛ انکار ؛ تردید ؛ ابطال - (۲) سلبی یا منفی قول یا نظریہ - (۳) (منطق) سلبی دعویٰ - (۴) نقیض ؛ نفی - (۵) لاشے ؛ سلبی یا غیر حقیقی شے -

negatory, *a.*: منفی ؛ سلبی -

Negationist, *n.*: منکر ؛ نفی پسند ؛ وہ شخص جو مسلمہ عقائد سے انکار کرے اور اُن کی جگہہ کوئی دوسرے عقائد پیش نہ کرے -

Negative, *a.*: (۱) اِنکاری ؛ تردیدی ؛ اِمتناعی - (۲) منفی ؛ سلبی - (۳) (الجبرا) منفی صفر سے کم مقدار ظاہر کرنے والا - (۴) منفی (برق) ؛ منفی برق رکھنے والا - (۵) (مصوری) منفی (تصویر جس میں اصل شے کی روشنی اور تاریکی کا عکس اُلٹا آیا ہو) -

n. answer: انکار -

n. causes of dissatisfaction: ترک فعل کا گناہ یا جرم -

n. evidence: واقع نہ ہونے کی شہادت ؛ منفی شہادت -

n. instance: موجود نہ ہونے کی مثال ؛ منفی مثال -

n. proposition: قضیۂ سالبہ ؛ قضیۂ منفیہ -

n. quantity: (بول چال مزاحاً) کچھ نہیں ؛ صفر -

n. statute: امتناعی قانون -

n. virtue: خیر منفی ؛ ترک شر

n. voice: حق تنسیخ ؛ حق تردید -

n. vote: انکاری رائے -

negatively, *adv.*: منفی طور پر ؛ سلبی طور پر ؛ انکار، تردید یا ممانعت کے طور پر -

negativeness, *n.*: منفیت ؛ منفی ہونا ؛ سلبیت -

negativity, *n.*: منفیت ؛ سلبیت -

Negative, *n.*: (۱) منفی قول ؛ منفی قضیہ - (۲) انکاری جواب ؛ تردیدی جواب ؛ انکار ؛ تردید - (۳) حرف نفی ؛ منفی لفظ - (۴) حق تردید ؛ حق تنسیخ - (۵) سلبی صفت - (۶) (جبر و مقابلہ) مقدار منفی - (۷) (فن تصویر کشی) منفی تصویر ؛ منفی عکس - (۸) (برقیات) منفی برق -

he returned a n.: اُس نے اِنکار یا تردید کی -

in the n.: منفی ؛ انکاری ؛ نفی میں -

it was decided in the n.: تجویز مسترد کردی گئی -

the answer is in the n.: جواب یہ ہے کہ " نہیں " -

two nn. make an affirmative: نفی کی نفی اثبات کے برابر ہے -

Negative, *v. t.*: (۱) منسوخ کرنا ؛ نا منظور کرنا ؛ مسترد کرنا - (۲) تردید کرنا ؛ غلط ثابت کرنا ؛ ابطال کرنا - (۳) (کسی بیان یا قول کی) تردید کرنا یا اس سے انکار کرنا - (۴) (اثر کو) باطل کر دینا -

Negativism, *n.*: مذہب انکار ؛ مذہب نفی ؛ منکریت -

negativist, *n.*: منکر ؛ نفی پسند -

Neglect, *v. t. & n.*: (۱) بے توجہی کرنا ؛ بے التفاتی کرنا ؛ تغافل برتنا - (۲) پڑا رہنے دینا ؛ غافل رہنا ؛ توجہ نہ کرنا - (۳) غفلت کرنا ؛ سہل انگاری برتنا ؛ قاصر رہنا (ادائے فرض سے) - (۴) بھول جانا (کسی کام کو) ؛ فروگزاشت ہوجانا ؛ چوک جانا -

neglectable, *a.*: (شاذ) قابل فروگزاشت -

neglectful, *a.*: تغافل شعار ؛ غفلت شعار ؛ غافل ؛ بے پروا ؛ سہل انگار -

neglectfully, *adv.*: غفلت سے ؛ سہل انگاری سے ؛ بے التفاتی سے -

neglectfulness, *n.*: غفلت شعاری ؛ تغافل شعاری ؛ سہل انگاری ؛ بے پروائی -

Neglige, *n.*: ڈھیلا ڈھالا بے تکلف لباس -

Negligeable, *a.*: (شاذ) بالکل خفیف ؛ برائے نام ؛ ناقابل لحاظ -

Negligence, *n.*: (۱) غفلت ؛ بے پروائی ؛ بے توجہی ؛ بے التفاتی ؛ تغافل - (۲) (ادب و فن) بے تکلفی ؛ بے ساختہ پن ؛ سادگی -

contributory, *n.*: (قانون) امدادی غفلت ؛ مدعی اور مدعی علیہ دونوں کا مساوی قصور جس کی بنا پر حادثہ وقوع میں آئے ؛ شخص متضرر کا معمولی احتیاط سے بھی کام نہ لینا -

negligent, *a.*: (۱) غافل ؛ غفلت شعار ؛ سہل انگار ؛ بے پروا - (۲) سادہ ؛ بے ساختہ ؛ بے تکلف -

negligently, *adv.*: (۱) غفلت سے ؛ بے پروائی سے - (۲) سادگی سے ؛ بے ساختہ ؛ بے تکلف -

Negligible, *a.*: بالکل خفیف ؛ برائے نام ؛ ناقابل لحاظ -

Negotiate, *v. i. & t.*: (۱) گفت و شنید کرنا ؛ کارو بار یا مصالحت کی گفتگو کرنا - (۲) گفت و شنید سے معاملہ طے کرنا یا مقصد حاصل کرنا ؛ معاملہ کرنا - (۳) ہنڈی وغیرہ کو سکارنا ؛ بھنانا ؛ ہنڈی کے بدلے زر نقد (روپیہ یا نوٹ) لینا یا دینا - (۴) باڑ وغیرہ پھاند جانا - (۵) رکاوٹ کو دور کرنا ؛ مشکلات پر غالب آنا -

negotiable, *a.*: (۱) قابل گفت و شنید - (۲) سکارنے کے قابل (ہنڈی وغیرہ) -

negotiant, *n.*: (۱) گفت و شنید کرنے والا ؛ معاملہ کرنے والا - (۲) سکارنے والا -

negotiation, *n.*: (۱) گفت و شنید ؛ معاملہ - (۲) ہنڈی وغیرہ سکارنا -

negotiator, *n.*: گفت و شنید کرنے والا ؛ درمیانی شخص -

negotiatress, negotiatrix, *nn.*: گفت و شنید کرنے والی ؛ بیچ میں پڑنے والی -

Negrillo, *n.*: (۱) چھوٹا سا حبشی - (۲) پست قامت حبشی ؛ حبشیوں کی اُس نسل کا جو وسطی اور شمالی افریقہ میں آباد ہے -

Negrito, *n.*: (ملایا اور پولنیشیا کے خطے کی پست قامت) حبشی نما نسل کا شخص -

Negro, *n.* (fem. *Negress*) & *a.*: (۱) حبشی ؛ زنگی - (۲) حبشی نسل کا ؛ سیاہ فام ؛ کالے رنگ کا (آدمی یا جانور)

n. minstrels: حبشی گوئیے ؛ اصلی یا فرضی حبشی جو حبشیوں کے گیت گاتے ہیں اور اُنکے ناچ ناچتے ہیں -

N.-head: (۱) ایک قسم کا تیز سیاہ تمباکو جس کی ٹکیہ بنا کر چبائی جاتی ہے - (۲) ایک ادنیٰ قسم کا ربر -

Negroland: حبشیوں کا علاقہ ؛ حبش ؛ سوڈان وغیرہ ؛ افریقہ کا (علاقہ) جس میں حبشی آباد ہیں -

negroid, *a. & n.*: حبشی نما -

negroidal, *a.*: حبشی نما

negrophil, *a. & n.*: حبشی دوست؛ جو حبشیوں کو پسند کرتا ھے۔

negrophilism, *n.*: حبشی دوست ھونا ۔

negrophobia, *n.*: حبشی ترسی؛ حبشیوں کی طرف سے نفرت۔

Negus, *n.*: فرمانروائے حبش؛ شاہ حبش ۔

Negus, *n.*: شراب جوش (انگور کی شراب میں شکر اور پانی ڈال کر گرم کرکے بنا تے ھیں (یہ ایک قسم کی شراب ھے جس کو ایف ۔ نیگس المتوفی سنہ ۱۷۳۲ ع نے ایجاد کیا تھا) ۔

Neigh, *v. i., & n.*: (۱) ھنہنانا (گھوڑے کا بولنا یا گھوڑے کی طرح بولنا) ۔ (۲) ھنہناھٹ ۔

Neighbour, *n., & v. t. & i.*: (۱) پڑوسی؛ پڑوس کا؛ ھم سایہ۔ (۲) ھم سایہ ملک کا باشندہ ۔ (۳) پاس کا؛ برابر کا؛ ھم پہلو شخص یا چیز۔ (۴) پڑوس میں ھونا؛ برابر میں ھونا؛ متصل ھونا ۔

neighbouring, *a.*: پڑوس کا؛ برابر کا ۔

neighbourliness, *n.*: حق ھم سایگی کی رعایت کرنا ۔

neighbourless, *a.*: بےھم سایہ؛ جس کا کوئی ھم سایہ نہ ھو ۔

neighbourly, *a.*: حق ھم سایگی کی رعایت کرنے والا ۔

neighbourship, *n.*: ھم سایگی ۔ ھم محلگی؛ حق ھم محلگی ۔

Neighboured, *a.*: (اچھا یا برا) ھم سایہ رکھنے والا؛ گرد و پیش رکھنے والا ۔

a beautifully n. town: خوش نواح شہر؛ خوش سواد شہر ۔

ill n.: برا ھم سایہ رکھنے والا؛ برا گرد و پیش رکھنے والا ۔

Neighbourhood, *n.*: (۱) ھم سایگی کا احساس؛ ھم سایگی کا برتاؤ ۔ (۲) پڑوس؛ ھم سایگی ۔ (۳) لگ بھگ ھونا؛ قریب ھونا (قریب قریب؛ لگ بھگ: *in the n. of*) ۔ (۴) پڑوس کے لوگ؛ آس پاس کے لوگ ۔ (۵) نواح؛ آس پاس کا علاقہ ۔

Neither, *adv. conj. a. & pron.*: (۱) نہ تو؛ نہ ۔ (۲) (یہ) بھی نہیں؛ (یوں) بھی نہیں ۔ (۳) (دونوں میں سے) ایک بھی نہیں؛ نہ یہ نہ وہ ۔ (۴) (بیجا استعمال) (کئی چیزوں میں سے) کوئی بھی نہیں ۔

n. here nor there: دیکھو Here ۔

Nek, *n.*: گردن کوہ؛ کوھستان کا نشیبی حصہ؛ وہ نشیب جو پہاڑوں کے سلسلے کے بیچ میں ھو ۔

Nelly, *n.*: petrel کی سب سے بڑی قسم؛ ایک پرندہ جس کے بازو لمبے اور پر سفید و سیاہ ھوتے ھیں ۔

Nemato-: (سابقہ) یونانی لفظ neme سے ماخوذ ھے جس کے معنی ھیں رشتہ، دھاگا ۔ یہ سابقہ اگر علمی الفاظ میں آتا ھے تو ان کو خیطی معنی پہنا دیتا ھے ۔

nematocyst: خیطی کیسہ؛ ایک کیسہ جو (jellyfish) (لعاب ماھی) وغیرہ میں پایا جاتا ھے؛ اس میں سلائی کی ایک لچھی ھوتی ھے، جس کا ایک سرا ڈنک مارتے وقت باھر نکل آتا ھے ۔

nematode & nematoid: (۱) ایک پتلا استوانی شکل کا (کیڑا)؛ خیطیہ؛ رشتہ نما (کیڑا) ۔

Nemesis, *n.*: (۱) انتقام کی دیوی ۔ (۲) انتقام الہی؛ مکافات عمل؛ پاداش عمل ۔

Nemine: بلا اختلاف؛ بہ اتفاق رائے؛ متفقہ طور پر ۔

Nenuphar, *n.*: نیلوفر؛ گل نیلوفر؛ کنول؛ کنول کا پھول ۔

Neo-: یہ ایک سابقہ جو یونانی زبان کے neos سے ماخوذ ھے، یہ اسما و صفات کے ساتھ آتا ھے ۔ اور ان میں جدید، نو، حال کا، متاخر، اصلاح شدہ کے معنی پیدا کر دیتا ھے ۔

n.-Platonism: نو افلاطونیت؛ اشراقیت؛ تیسری صدی عیسوی کا مذھب فلسفہ (افلاطونی خیالات میں مشرقی باطنیت کی آمیزش) ۔

n.-Malthusianism: جدید مالتھوسی اصول؛ نو مالتھوسی اصول ۔ مانع حمل طریقوں کا استعمال ۔

n.-Hellenism: جدید یونانیت؛ یونانیوں کے نصب العین زندگی کا احیاء ۔

n.-Cambrian: (طبقات الارض) نوکیمبری؛ اخیر کیمبری زمانہ؛ دیکھو (cambrian) ۔

neodoxy: عقیدۂ جدید؛ نظریۂ جدیدہ ۔

neontology: موجودہ حیوانات کا مطالعہ ۔

neozoic: (طبقات الارض) تاریخ طبقاتی کے زمانۂ متاخر کے متعلق؛ عہد متاخر کا ۔

Neolithic, *a.*: عہد متاخر حجری کا؛ اس زمانے کا جب پتھر کے ھتھیار اور آلات گھس کر یا رگڑ کر بنائے جاتے تھے ۔

Neologian, *a. & n.*: الٰہیات میں معقول پرستی کا قائل؛ معقول پرست؛ بدعتی؛ معقول پرست انسان؛ بدعتی انسان ۔

Neologism, neology, *nn.*: (۱) الفاظ سازی؛ الفاظ تراشی؛ وضع الفاظ؛ نئے الفاظ گھڑنا ۔ (۲) نیا تراشا ھوا لفظ؛ گھڑا ھوا لفظ ۔ (۳) دینی بدعت پسندی؛ عقیدہ؛ دینی عقائد میں جدت پیدا کرنا یا عقلیت کو دخل دینا؛ معقولی مذھب ۔

neologist, *n.*: (۱) لفظ تراش؛ واضع الفاظ ۔ (۲) بدعت پسند؛ معقول مذھب رکھنے والا ۔

neologize, *v. i.*: (۱) الفاظ تراشنا؛ الفاظ گھڑنا ۔ (۲) دینی عقائد میں جدت پیدا کرنا یا عقلیت کو دخل دینا؛ معقولی مذھب اختیار کرنا ۔

Neon, *n.*: ایک نئی گیس (جو کرۂ ھوا میں حال میں دریافت کی گئی ھے) ۔

Neophron, *n.*: مصر کا سفید گدھ (اسی قسم کے دوسرے پرندوں کو بھی کہتے ھیں) ۔

Neophyte, *n.*: (۱) وہ شخص جس نے کوئی نیا مذھب اختیار کیا ھو؛ نو ایمان؛ (خصوصاً ابتدائی عہد کے عیسائیوں اور رومن کیتھولک فرقے کے ھاں) نو مرید ۔ (۲) وہ شخص جو کسی مذھبی سلسلے میں امتحاناً داخل کیا گیا ھو؛ امیدوار راھب یا پادری ۔ (۳) نو آموز؛ مبتدی ۔

Neoteric, *a.*: جدید؛ نیا؛ حال کا ۔

Neotropical, *a.*: امریکہ کے گرم خطے اور جنوبی امریکہ کا ۔

Nepenthe (s), *n.*: (۱) (شعر) (دارو غم) اندوہ ربا؛ (داروئے) غم فراموش ۔ (۲) ایک پودا جس کی پتیاں صراحی کی شکل کی ھوتی ھیں ۔

Nephew, *n.*: بھتیجا؛ برادر زادہ؛ بھانجا؛ خواھر زادہ ۔

Nephology, *n.*: سحابیات؛ علم سحاب؛ بادلوں کا علم ۔

Nephritic, *a.*: گردے کا؛ گردے کے متعلق ۔

Nephritis, *n.*: ورم گردہ ۔

Nephr(o)-: یہ دونوں سابقے یونانی لفظ nephros سے ماخوذ ھیں،

جس کے معنی گردے کے ہیں -
nephrectomy : قطع گردہ ؛ گردے کو کاٹ کر نکال دینا -
nephrology : علم گردہ -
nephrotomy : گردے کی چیر پھاڑ ؛ گردے کا عمل جراحی -
Ne plus ultra, n. : (۱) استثناع پیش قدمی : آگے بڑھنے کی ممانعت - (۲) اٹک رکاوٹ ؛ سد راہ - (۳) انتہا ؛ منتہا ؛ آخری حد - (۴) معراج کمال ؛ نقطۂ کمال (ہرقل اعظم کے میناروں پر یہ کتبہ کندہ تھا " اس سے آگے نہیں ") -
Nepotism, n. : عزیزوں کے ساتھ بیجا رعایت ؛ عزیزوں کی پاسداری -
nepotist, n. : عزیزوں کی بیجا رعایت یا پاسداری کرنے والا -
Neptune, n. : (۱) خدا وند بحر ؛ رب النوع بحر ؛ سمندر کا دیوتا - (۲) سمندر ؛ بحر - (۳) نیپتون ؛ نظام شمسی کا بعید ترین ستارہ -
N.'s cup : سونگے اور اسفنج کی بعض قسموں کے نام ہیں -
Neptunian, a. & n. : (طبقات الارض) (۱) نیپ چونی ؛ نیپ چونی عقیدہ ؛ آبی عقیدہ ؛ وہ عقیدہ جو پانی کے عمل سے پیدا ہوا ہو - (۲) اس نظریے کا قائل کہ اکثر طبقات الارض پانی کے عمل سے بنتے ہیں - (۳) ستارۂ نیپتون کے متعلق ؛ نیپتونی -
Neptunist, n. : وہ شخص جو اس نظریے کا قائل ہو کہ اکثر طبقات ارض پانی کے عمل سے بنتے ہیں -
Nereid, n. : (۱) بحری پری ؛ سمندر کی پری ؛ جل پری ؛ ساگر پری - (۲) (حیاتیات) سمندر کا ایک کیڑا ؛ بحری ہزار پا ؛ سمندر کا کنکھجورا -
Nero antico, n. : ایک قسم کا سیاہ مرمر (جو رومی کھنڈروں میں پایا جاتا ہے) -
Neroli, n. : نیرولی ؛ روغن نارنگی ؛ نارنگی کا تیل (جو اکثر خوشبوؤں میں پڑتا ہے) -
Neronian, a. : نیرونی ؛ نیرو کا ؛ نیرو صفت ؛ نیرو کے زمانے کا ؛ رومی شہنشاہ نیرو سے منسوب - (۲) ظالم ؛ نفس پرست ؛ مطلق العنان ؛ نفس پرستانہ ؛ مطلق العنانی کا -
Nervate, a. : (نباتیات) عروقی ؛ عروق دار ؛ جس میں رگیں ہوں -
nervation, n. : نظام عروقی -
Nerve, n. & v. t. : (۱) عصب ؛ پٹھا ؛ نس ؛ رگ - (۲) (شعر) زور ؛ توانائی ؛ کس ؛ بل - (۳) (نباتیات) رگ ؛ عرق - (۴) (تشریح) عصب (اعصاب اُن خاص ریشوں کو کہتے ہیں ' جو دماغ یا نخاع وغیرہ سے جسم کے دوسرے حصوں تک حس یا حرکت کو منتقل کرتے ہیں) - (۵) (جمع) اعصابی بے چینی ؛ اعصاب کی کمزوری ؛ غیر طبعی زود حسی - (۶) نظام اعصاب ؛ رگ و ریشہ - (۷) اوسان ؛ جرات ؛ ہمت - (۸) قوت پہنچانا ؛ تقویت پہنچانا ؛ جان ڈال دینا ؛ ہمت بڑھانا ؛ دل بڑھانا - (۹) اوسان سنبھالنا ؛ دل کو مضبوط کرنا -
a fit of nn. : اعصابی بے چینی کا دورہ -
does not know what nn. are : اسے اعصابی بے چینی کی مطلق شکایت نہیں -
get on one's nn. : پریشان کردینا ؛ ناک میں دم کردینا -
goods laws are the nn. of a State : عمدہ قانون حکومت کی جان ہے -
has iron nn.-nn. of steel : اس کے اعصاب نہایت قوی ہیں ؛ کبھی گھبراتا یا ڈرتا نہیں -
lose one's n. : اوسان جاتے رہنا ؛ گھبرا جانا -
n.-centre : مرکز اعصاب -
n.-knot : عقدۂ اعصاب -
strain every nerve : انتہائی کوشش کرنا ؛ ناخنوں تک کا زور لگانا -
(-)nerved, a. : (-) اعصاب کا -
nervo- : (سابقہ بمعنی) اعصابی -
Nerveless, a. : (۱) مٹھا ؛ مجہول ؛ بےحس - (۲) (اسلوب بیان) پھسپھسا ؛ جس میں طول یا اطناب کا عیب ہو - (۳) (علم حشرات و نباتیات) بے رگ ؛ بے عرق - (۴) (تشریح و حیوانیات) بے اعصاب -
nervelessly, adv. : (۱) مٹھے پن سے ' بے حسی سے - (۲) پھسپھسے انداز میں ؛ بیجا طول دے کر -
nervelessness, n. : (۱) مٹھا پن ؛ مجہولیت - (۲) پھسپھسا پن ؛ طول پسندی -
Nervine, a. & n. : (طب) عصبی امراض کی (دوا) -
Nervous, a. : (۱) عضلات کا ؛ پٹھوں کا ؛ عضلاتی ؛ مضبوط ؛ گٹھا ہوا - (۲) (اسلوب بیان) پر زور ؛ جس میں اختصار یا ایجاز کی صفت ہو - (۳) پر اعصاب جس میں اعصاب ہوں - (۴) اعصاب پر اثر کرنے والا ؛ عصبی - (۵) اعصاب کا ؛ اعصابی - (۶) عصبی المزاج ؛ بے حد زود حس ؛ بے چین ؛ پریشان ؛ مضطرب ؛ خوف زدہ -
n. system : نظام عصبی ؛ نظام اعصابی -
nervously, adv. : (۱) زود حسی سے ؛ بے چینی سے ؛ پریشانی یا اضطراب سے - (۲) پر زور انداز میں ؛ اختصار سے ؛ ایجاز سے -
nervousness, n. : (۱) عصبی المزاج ہونا ؛ بے حد زود حسی ؛ اضطراب ؛ پریشانی - (۲) پر زور ہونا ؛ اختصار ؛ ایجاز -
Nervure, n. : (۱) پرندے کے بازو کی نلی یا نس - (۲) پتے کی بڑی رگ -
Nervy, a. : (۱) (شعر) مضبوط ؛ قوی - (۲) (عامیانہ) نڈر ؛ بیباک ؛ ڈھیٹ - (۳) جو اعصابی کمزوری کی حالت میں ہو ؛ بے چین ؛ گھبرایا ہوا ؛ چڑ چڑا - (۴) جس سے اعصاب پر زور پڑے یا صدمہ پہنچے ؛ بے چین کرنے والا ؛ پریشان کرنے والا -
Nescience, n. : ناواقفیت ؛ لا علمی -
Nescient, a. & n. : (۱) جاہل - (۲) بے خبر ؛ لا علم ؛ نا واقف - (۳) لا ادریہ -
Ness, n. : راس ؛ خشکی کا پتلا حصہ جو سمندر میں دور تک چلا جائے -
-ness : یہ ایک لاحقہ ہے ' جو صفات کے ساتھ لگایا جاتا ہے اور کیفیت یا حالت کے معنی دیتا ہے -
Nest, n. & v. t. & i. : (۱) گھونسلا ؛ آشیانہ - (۲) گوشۂ عافیت ؛ مقام امن ؛ خلوت گاہ ؛ نشیمن - (۳) گھر ؛ بستر ؛ کسی چیز کا خانہ - (۴) ڈاکوؤں وغیرہ کا اڈا - (۵) (عیاشی وغیرہ کا) گھر - (۶) جھول (مرغی وغیرہ کے بچوں کا) ؛ جھتہ (مکھیوں وغیرہ کا) - (۷) مجموعہ ؛ سلسلہ - (۸) چھوٹی الماری یا میز جس میں بہت سی درازیں ہوں - (۹) گھونسلا بنانا ؛ آشیانہ بنانا ؛ نشیمن بنانا - (۱۰) پرندوں کے گھونسلے اتارنا ؛ گھونسلے جمع کرنا ؛ گھونسلے میں رہنا ؛ آشیانے میں رہنا ؛ رین بسیرا کرنا ؛ بسیرا کرنا ؛ اقامت پذیر ہونا ؛ آرام کرنا -

feather one's n. : دیکھو Feather -
it's an ill bird that fouls its own nest : اپنے وطن کو یا گھر کو برا کہنا بری بات ہے -
n. -egg : (۱) ڈربے کا انڈا (وہ اصلی یا نقلی انڈا جو ڈربے میں رکھتے ہیں کہ مرغی وہاں جاکر انڈے دے) - (۲) برکت کی رقم ؛ تھوڑی رقم جو بینک میں پڑی رہنے دی جائے تاکہ اور جمع کرنے کی تحریک ہو -
nestful, *n.* : گھونسلا بھر -
nestlike, *a.* : آشیاں نما -

Nestle, *v. i & t.* : (۱) (شاذ) گھونسلا بنانا ؛ آشیانہ بنانا - (۲) آرام سے بیٹھنا ؛ اچھی طرح لپٹ کر بیٹھنا یا لیٹنا - (۳) (کسی شخص سے) چمٹ کر بیٹھنا یا کھڑا ہونا (پیار سے) - (۴) (سر ' چہرہ ' کندھا وغیرہ) پیار سے یا آرام سے رکھ دینا (کسی چیز پر) - (۵) چمٹائے رکھنا ؛ آغوش میں لیے رکھنا -

Nestling, *n.* : (پرند کا) بچہ جو گھونسلے سے باہر نہ نکل سکے ؛ بے بال و پر بچہ -

Nestor, *n.* : نسطور ؛ پیر دانشمند ؛ کسی حلقے یا جماعت میں سب سے معمر اور تجربہ کار شخص ؛ بزرگ جماعت ؛ بزرگ قوم -

Nestorian, *a. & n.* : نسطوری ؛ پیرو نسطور (Nestor سنہ ۴۲۸ء میں قسطنطنیہ کا بطریق تھا) -
Nestorianism, *n.* : نسطوریت -

Net, *n. & v. t. & i.* : (۱) جالی ؛ جالی دار چیز - (۲) جال ؛ دام (مچھلی ' پرند وغیرہ کو پکڑنے کا) - (۳) جال ؛ جالی (جو کوئی چیز رکھنے یا حفاظت یا آڑ کے کام آئے مثلاً ٹینس کا جال ' بالوں کی جالی وغیرہ) - (۴) پھندا ؛ دھوکا ؛ دام فریب - (۵) مکڑی کا جالا - (۶) کوئی چیز جو شاخ در شاخ اور حلقہ درحلقہ پھیلی ہو ؛ جال ؛ کوئی چیز جو جال کی طرح پھیلی ہوئی ہو ؛ ریل کا جال ؛ نہروں کا جال وغیرہ - (۷) جال میں پھنسانا - (۸) جالی یا جال میں رکھنا - (۹) جالی سے ڈھک دینا - (۱۰) جال پھیلانا ؛ جال ڈالنا ؛ جال بچھانا ؛ (دریا وغیرہ میں) جال سے مچھلی پکڑنا - (۱۱) جالی بنانا - (۱۲) (جالی دار تھیلی ' جھولا وغیرہ) بنانا - (۱۳) جال سا پھیلا دینا -
netful, *n.* : جال بھر -
netted, *p.p.* : جالی دار ؛ جس میں جالی کی سی آرائش کی گئی ہو -

Net, *a. & v. t.* : (۱) خالص ؛ بعد منہائی (اخراجات وغیرہ) - (۲) (کوئی رقم) خالص لینے کی حیثیت سے حاصل کرنا یا حاصل ہونا -
n. price : اصلی قیمت (جس پر دستوری یا آڑھت نہیں ملتی) -
n. profit : نفع بعد از وضع اخراجات ؛ خالص نفع -

Ne te mere, *n.* : فرمان پاپا دربارۂ نبود نکاح (سنہ ۱۹۰۷ء میں پاپائے اعظم نے یہ فتوی دیا تھا کہ کیتھو لکوں اور عیسائیوں کے اور فرقوں کے درمیان شادی صرف اس وقت ہوسکتی ہے جب کیتھو لک اسقف یا اس کا قائم مقام نکاح پڑھائے) -

Nether, *a.* : (قدیم یا مزاحیہ) زیرین ؛ نیچے کا -
n. garments : پاجامہ ؛ پتلون -
n. man or person. : نیچے کا دھڑ ٹانگیں وغیرہ -
n. millstone : (مجازاً) پتھر کا دل -
n. world, regions : عالم اسفل ؛ (عموماً) جہنم ؛ (شاذ) دنیا ؛ زمین -
nethermost, *a.* : سب سے نیچے کا -

Netherlander, *n.* : نشیبستان یا نشیبی ممالک (ہالستان اور بلجیم) کا باشندہ ؛ نشیبستانی -
Netherlandish, *a.* : نشیبستان کا یا اس کے متعلق ؛ نشیبستانی -

Netsuke, *n.* : نت سوک ؛ یہ ایک قسم کا بٹن نما زیور ہے جو جاپانی پہنتے ہیں -

Netting, *n.* : (۱) جال بچھانا وغیرہ (دیکھو net) - (۲) جالی کا کام - (۳) جالی -

Nettle, *n. & v. t.* : (۱) بچھوا ؛ عقربیہ ؛ ایک پودا جس کی پتیاں خاردار ہوتی ہیں - (۲) بچھوے مارنا - (۳) بچھوے کے چھوجانے سے سوزش ہونا - (۴) چھیڑنا ؛ بھڑکانا ؛ اشتعال دلانا ؛ خفا کردینا —
Common n. : معمولی بچھوا -
dead n. : دیکھو Dead -
Great n. : بڑا بچھوا -
n. -rash : بچھوا چھپاکی (جلد کی ایک بیماری جس میں جسم پر چھپاکی پڑجاتے ہیں) -

Neum(e) *n.* : (موسیقی) وہ گیت جو plainsong کے طریقے سے ایک ایک بول کر کے گا یا جائے -

Neural, *a.* : (۱) عصبی ؛ اعصابی - (۲) مرکزی نظام عصبی کے متعلق -

Neuration, *n.* تقسیم عروق ؛ ترتیب عروق ؛ پرندے کے بازو یا درخت وغیرہ کے پتوں میں نسوں کی تقسیم -

Neur(o)- : سابقہ یونانی کے لفظ " neurore " سے مشتق ہے جن الفاظ میں یہ آتا ہے ان سب میں " عصبی " " اعصابی " " عضلی " " عضلاتی " یا " عروقی " معنی پیدا کردیتا ہے -
neuralgia. : درد اعصاب ؛ اعصابی درد ؛ پٹھوں کا درد (خصوصاً سر یا چہرے میں) -
neuralgic : درد اعصاب کے متعلق -
neurasthenia : ضعف اعصاب -
neurasthenic : ضعف اعصاب کے متعلق -
neurectomy : قطع اعصاب -
neurine : عصبی نسیج -
neuritis ورم اعصاب -
neurological : علم الاعصاب کے متعلق -
neurologist : ماہر علم الاعصاب -
neurology : عصبیات ' علم الاعصاب -
neuro-muscular : اعصاب و عضلات کے متعلق
neuropath : اعصاب کا مریض ؛ عصبی مرض کا مریض ؛ وہ شخص جو حد سے زیادہ زود حس ہو -
neuropathic : عصبی امراض کے متعلق -
neuropathist : ماہر علاج اعصاب ؛ عصبی امراض کا معالج -
neuropathology : عصبی امراض کی تشخیص -
neuropathy : عصبی امراض کا علاج -
neurophysiology : علم افعال الاعصاب -
neuropsychic : نفسیات اعصاب کا -
Neuroptera : کرم عروقی ؛ یہ ایک قسم کا کیڑا ہے جس کے چار لنگے ' جھلی دار اور شفاف بازو (بال) ہوتے ہیں اور ان میں ایک رگوں کا جال پھیلا ہوتا ہے -
neurotomy : قطع اعصاب -

neurypnology : hypnotism کا علم -
Neuroma, *n.* (pl. -ta): عصبی پھوڑا ؛ عصبی دنبل؛ عصبی گلٹی -
Neurosis, *n.*: (۱) فساد اعصاب ؛ خلل اعصاب - (۲) عصبی تغیر (جوہر نفسی فعل سے پہلے واقع ہوتا ہے) -
Neurotic, *a.* & *n.*: (۱) اعصاب کی (دوا) ؛ (وہ دوا) جو نظام اعصاب پر اثر کرتی ہے - (۲) خلل اعصاب کا مریض ؛ فساد اعصاب کا مریض -
Neuter, *a.* & *n.*: (۱) (صرف و نحو) بے جنس ؛ لا جنسی (جو نہ مذکر ہو اور نہ مونث) - (۲) فعل لازم - (۳) غیر جانب دار - (۴) (نباتیات) بے زوج - (۵) (علم حشرات) عاقر (جس میں نر اور مادہ کا فرق نہ ہو) - (۶) اسم بے جنس - (۷) فعل لازم - (۸) جنس لا جنسی - (۹) غیر جانب دار شخص - (۱۰) عاقر کیڑا خصوصاً چیونٹی یا شہد کی مکھی - (۱۱) خصی جانور -
stand n.: غیر جانب دار رہنا -
Neutral, *a.* & *n.*: (۱) جو جنگ میں کسی فریق کا ساتھ نہ دے ؛ غیر جانب دار (ریاست)؛ غیر جانب دار ریاست کا (باشندہ) - (۲) جو بحث یا جھگڑے میں کسی فریق کا ساتھ نہ دے ؛ بے تعلق؛ غیر جانب دار - (۳) غیر معین ؛ مبہم ؛ بے رنگ - (۴) (کیمیا) جو ترشہ ہو اور نہ القلی ؛ بے رنگ - (۵) (برقیات) جو نہ مثبت ہو نہ منفی ؛ بے رنگ - (۶) (نباتیات اور حشرات) عاقر (جس میں نر اور مادہ کا فرق نہ ہو) - (۷) غیر جانب دار ریاست یا ملک - (۸) غیر جانب دار ریاست کا باشندہ -
n. tint : خاکستری رنگ -
n. tinted : (۱) خاکستری رنگ کا - (۲) (مجازاً) بے رنگ ' جس میں کوئی خاص امتیازی شان نہ ہو -
neutrality, *n.*: (۱) غیر جانب داری ؛ بے تعلقی - (۲) غیر معین یا بے رنگ ہونا ؛ عاقر ہونا -
neutrally, *adv.*: (۱)غیر جانب دارانہ-(۲)غیر معین یا بے رنگ طور پر-
Neutralize, *v. t.*: (۱) بے اثر کردینا ؛ اثر کو باطل کر دینا (مخالف اثر کے ذریعے) - (۲) (کسی مقام کو) خطۂ جنگ سے باہر قرار دینا ؛ جنگ سے مستثنی کردینا -
neutralization *n.*: (۱) بے اثر کر دینا - (۲) خطۂ جنگ سے باہر قرار دینا -
Neve, *n.*: برف کا کھیت؛ کچی برف جو دور تک پھیلی ہوئی ہو -
Never, *adv.*: (۱) کبھی نہیں ؛ ہرگز نہیں - (۲) (بول چال حیرت کے موقع پر) اجی نہیں! یہ نہیں ہوسکتا ! یہ ممکن نہیں- (۳) بالکل نہیں ؛ ذرا بھی نہیں -
it is n. too late to mend : اصلاح ہر وقت ممکن ہے -
n. a, n. a one : کوئی بھی نہیں ؛ ایک بھی نہیں-
n. fear, mind : کچھ پروا نہیں -
n. is a long word or *day* : یہ نہ کہو کہ کبھی نہیں -
Neaver Never (land) : شمالی کوئنستان ' کوئنس لینڈ -
nevermore : آئندہ کبھی نہیں ؛ اب کبھی نہیں -
n. so : کتنا بھی ؛ کتنا ہی -
nevertheless : باوجود اس کے ؛ تاہم ؛ پھر بھی-
now or n.: دیکھو Now -
I n. did! , *Well, I n.!* : میں نے یہ کبھی نہیں سنا -
New, *a.*: (۱) نیا ؛ نو ؛ جدید - (۲) جس سے واقفیت نہ ہو ؛ اجنبی ؛ انوکھا - (۳) تازہ ؛ مزید ؛ اور زیادہ - (۴) جو بدل گیا ہے ؛ نیا ؛ جدید - (۵) متاخر ؛ عہد جدید کا - (۶) (وہ چیز) جو نئی نئی نکلی ہو یا باہر سے آئی ہو یا پہلی بار استعمال ہوئی ہو؛ نئی؛ نیا - (۷) نو دولت -
n. chum دیکھو Chum -
N. England : نیو انگلینڈ؛ انگلستان جدید (امریکہ کی چھ ریاستیں جو شمال مشرق میں واقع ہیں) -
N. Englander : نیو انگلینڈر ؛ انگلستان جدید کا رہنے والا -
new-fangled : (۱) جدت پسند (شاذ) - (۲) نیا نیا؛ (اعتراض کے لہجے میں) انوکھا ؛ نرالا ؛ نو ساختہ ؛ نو ایجاد -
n. man : (مسیحی دینیات) نو ایمان عیسائی؛ نو عیسائی -
n. moon : (۱) ہلال - (۲) رویت ہلال - (۳) (بائبل) یہودیوں کی ایک عید -
n. style : دیکھو Style -
N. Testament : عہد نامۂ جدید ؛ انجیل -
n. year : سال نو ؛ سال جدید ؛ نئے سال کی ابتدا کے چند روز
n.-year's day n.: پہلی جنوری ؛ نئے سال کا پہلا دن -
n.-year's eve : ۳۱ دسمبر -
N. zealander : (۱) باشندۂ نیوزی لینڈ - (۲) ماؤری (Maori) قوم کا فرد - (۳) یورپی جو نیوزی لینڈ میں آباد ہو گیا ہو -
put on the n. man : اپنی اصلاح کرنا ؛ اپنے اخلاق و عادات کو درست کرنا -
the n. comedy : دیکھو comedy -
the n. learning : دیکھو Learning -
the n. model : دیکھو Model -
the n. poor : نیا بگڑا ہوا طبقہ ؛ وہ لوگ جو جنگ عظیم کے بعد مفلس ہو گئے ہوں -
the n. rich : نو دولت طبقہ ؛ وہ شخص جو جنگ عظیم کے بعد مال دار ہو گئے ہوں -
the n. woman . آزاد خیال عورت -
the N. World : نئی دنیا ؛ امریکہ -
turn over n. leaf : دیکھو Leaf -
new-fashioned, *a.*: نئے فیشن کا ؛ نئی وضع کا -
newish, *a.*: کسی قدر نیا ؛ نیا سا -
newness, *n.*: جدت ؛ نیا پن -
New, *adv.*: (عموماً مرکب لفظوں میں آتا ہے) (۱) نو ؛ تازہ ؛ حال کا - (۲) نئے سرے سے از سر نو -
n.-blown : نو شگفتہ ؛ تازہ کھلا ہوا ؛ نو خیز -
n.-coined نیا گھڑا ہوا (لفظ) -
n. come (r) : نو وارد -
n.-born : (۱) نو زائیدہ - (۲) جس نے نئی زندگی پائی ہو -
n.-build : از سر نو تعمیر کرنا -
n.-front : ساحلی کا حصہ نئے سرے سے بنانا -
n.-model : دوبارہ نئی طرز سے بنانا -
Newel, *n.*: (۱) پیچدار زینے کا مرکزی ستون - (۲) وہ کھمبا جو زینے کے جنگلے کے نیچے یا اوپر کے سرے پر ہوتا ہے -
open or *hollow n.* پیچدار زینے کا کھوکھلا مرکزی ستون -
Newfoundland, *n.*: نیو فاؤنڈ لینڈ ' ایک جزیرہ جو دریائے

سینٹ لارنس کے دھانے پر واقع ہے -

N. dog or *N.*, also *Newfound'lander* : ایک طرح کا سپانیل کتا جو تیراکی میں مشہور ہے -

Newfoundlander, *n.* : (۱) باشندۂ نیوفاؤنڈلینڈ - (۲) *N. dog* =

Newgate, *n.* : نیوگیٹ (لندن کا مشہور قید خانہ) -

N. calendar : نیو گیٹ کے قید خانے کی سالانہ رپورٹ -

N. fringe, frill : ڈاڑھی کی وہ طرز جس میں ٹھوڑی کے نیچے کچھ بال چھوڑ کر باقی مونڈ دیے جاتے ہیں ؛ ریش زیر لبی -

N. knocker : ایک خاص طرز کی زلف جو عموماً میوہ فروش رکھتے ہیں -

Newly, *adv.* : (۱) حال میں ؛ تھوڑے دن ہوئے - (۲) نئے طرز پر ؛ نئے طریقے سے -

Newmarket, *n.* : (۱) نیو مارکٹ ، علاقۂ کیمبرج شائر کا ایک قصبہ جو گھڑ دوڑ کے لئے مشہور ہے - (۲) تاش کا ایک کھیل -

N. coat or *N.* : ایک قسم کا چست " بالائی کوٹ " جسے مرد بھی پہنتے ہیں اور عورتیں بھی -

News, *n. pl.* (usu. followed by sing. verb) : (۱) خبر ؛ اطلاع ؛ خبریں - (۲) (*-N.*) اکثر اخبارات کے نام کا جزو آخر ہوتا ہے مثلاً *Evening-N.* -

ill n. flies apace : بری خبر بڑی جلدی پھیلتی ہے -

is there any n.? : کوئی خبر ہے ؟

n.-agent : اخبار کا ایجنٹ -

n.-boy, -man : اخبار فروش -

n.-letter : (تاریخ) خبروں کی چٹھی جو اوقات معینہ پر قصبات و قریات میں بھیجی جاتی تھی -

newsmonger : گپاتی ؛ گپی ؛ گپ اڑانے والا -

newspaper : جریدہ ؛ اخبار -

n.-print : کاغذ جس پر اخبار چھپتا ہے -

n.-room : (دارالمطالعے میں) اخبار کا کمرا -

n.-sheet : اخباری صفحہ ؛ سادہ اخبار -

n.-stand : اخبار فروش کا دو کانچہ -

n. vendor : اخبار فروش -

no n. is good n. : کوئی خبر نہ آئے تو خیریت سمجھو -

that is no n. : یہ تو کوئی نئی خبر نہیں ہے (پہلے سے مشہور ہے) -

what is the n.? : کیا خبریں ہیں ؟

newsiness, *n.* : پر خبر ہونا -

newsless, *a.* : خبر سے خالی ؛ جس میں خبر نہ ہو -

newsy, *a.* : خبروں سے بھرا ؛ پر خبر -

Newt, *n.* : ایک قسم کا سمندری جانور ، جس کی دم چھوٹی ہوتی ہے ، جو خشکی اور تری دونوں میں رہ سکتا ہے -

Newtonian, *a.* & *n.* : (۱) نیوٹنی ؛ نیوٹن کے متعلق ؛ نیوٹن کے نظریۂ کائنات کے متعلق (آئزک نیوٹن ، سنہ ۱۶۴۲ تا سنہ ۱۷۲۷ ع) - (۲) پیرو نیوٹن ؛ مقلد نیوٹن - (۳) نیوٹنی دور بین ؛ نیوٹنی عاکس -

Next, *a., adv. prep.,* & *n.* : (۱) قریب ترین ؛ برابر کا ؛ اگلا ؛ دوسرا ؛ پہلے یا بعد کا - (۲) اب ؛ اب کی بار ؛ اس کے بعد - (۳) بالکل قریب ؛ متصل ؛ برابر - (۴) دوسرا شخص ؛ دوسری چیز ؛ دوسرا شعر ؛ دوسرا بچہ -

Nexus, *n.* : کڑی ؛ رشتہ ؛ تعلق ؛ علاقہ ؛ رابطہ -

the cash n. : لین دین -

Niagara, *n.* : (۱) آبشار ؛ سیلاب ؛ دھارا - (۲) شور ؛ غل ؛ ہنگامہ -

shoot N. : خطرہ جو کام میں پڑنا -

Nib, *n.* & *v. t.* : (۱) زبان قلم ؛ نوک قلم - (۲) نب - (۳) اوزار کی نوک - (۴) (جمع) کوکو کے دانوں کے ریزے - (۵) (قلم) بنانا ؛ درست کرنا ؛ (قلم میں) نب لگانا -

Nibble, *v. t.* & *i.* & *n.* : (۱) کترنا ؛ کتر کتر کے کھانا - (۲) مچھلی کا چارے کو ٹھونگنا ؛ (مجازاً) لیت و لعل کرنا - (۳) چوٹ کرتے رہنا ، اعتراض کرتے رہنا - (۴) ٹھونگی - (۵) گھاس وغیرہ کی اتنی مقدار جس پر منہ مارا جاسکے -

Niblick, *n.* : گولف کا چوگان جس میں چھوٹا سا گول بھاری سرا ہوتا ہے -

Nibs, *n.*, *His &c. n.* : (مزاحاً) خطاب کے طور پر استعمال ہوتا ہے ، *his grace &c.* وغیرہ کے قیاس پر بنالیا ہے -

Nice, *a.* & *adv.* : (۱) نفاست پسند ؛ مشکل پسند ؛ نازک طبع ؛ لطافت پسند - (۲) حد سے زیادہ محتاط ؛ بے حد چھان بین کرنے والا - (۳) نازک (معاملہ وغیرہ) - (۴) باریک ؛ دقیق - (۵) گہرا ؛ پر غور - (۶) نہایت تیز - (۷) (بول چال) خوشگوار ؛ عمدہ ؛ نفیس ؛ لذیذ ؛ خوش ذائقہ ؛ پر لطف ؛ خوش اخلاق ؛ با مروت -

n.-looking : خوب صورت ؛ قبول صورت -

nicely *adv.* : نفاست سے ؛ نزاکت سے ؛ باریک بینی سے ؛ عمدگی سے ؛ خوبی سے -

niceness, *n.* : عمدگی ؛ نفاست ؛ نزاکت ؛ خوبی ؛ لطف ؛ باریک بینی ؛ موشگافی ؛ حد سے زیادہ احتیاط -

nicish, *a.* : کسی قدر نفاست پسند ؛ عمدہ سا ؛ نازک سا وغیرہ -

Nicene, *a.* : نیکائی ؛ قصبۂ نیکیا کے متعلق (یہ ایشیائے کوچک میں ایک یونانی قصبہ تھا) -

first N. council : اول مجلس نیکائی -

second N. council : دوم مجلس نیکائی -

(یہ دو مجلسیں قصبۂ نیکیا میں سنہ ۳۲۵ اور سنہ ۷۸۷ میں منعقد ہوئی تھیں - ان کا مقصد یہ تھا کہ " آریوس سکندرانی " کے اس قضیے کا تصفیہ کریں کہ حضرت مسیح جسمانی حیثیت سے ذات ربانی میں موجود ہوتے ہیں کہ نہیں ، اس کے علاوہ اس مسئلے پر بھی غور کریں کہ عیسائیت میں بتوں کو رکھنے کی اجازت ہے یا نہیں) -

N. Creed : مذہب عیسوی کے عقائد جو اول مجلس نیکائی میں طے ہوئے تھے -

Nicety, *n.* : (۱) بے حد احتیاط ؛ ذرا ذراسی بات کا خیال رکھنا - (۲) صحت ؛ بالکل ٹھیک ہونا - (۳) باریکی ؛ نزاکت - (۴) نازک فرق ؛ باریک فرق ؛ جزوی پہلو ؛ چھوٹی سی بات - (۵) (جمع) جزویات -

to a n. : بالکل ٹھیک ٹھیک -

Niche, *n.* & *v. t.* : (۱) طاق ؛ طاقچہ (مجسمہ وغیرہ رکھنے کے لئے) - (۲) جگہ ؛ مرتبہ ؛ رتبہ - (۳) طاق میں (مجسمہ وغیرہ) رکھنا - (۴) ایک کوٹھے میں جم کر بیٹھ جانا ؛ کسی کونے میں آسن جما لینا -

n. in the temple of fame : ناموروں کی صف میں جگہ -

Nick, *n.* : (۱) دانتا ؛ دندانہ ؛ نشان (لکڑی وغیرہ پر) - (۲) قماربازی

میں ایک خاص داؤں کو کہتے ہیں -

in the n. (*of time*) : عین وقت پر ؛ تنت پر -

Nick, *v. t. & i.* : (۱) دانتے ڈالنا؛ دندانے ڈالنا ؛ نشان لگانا - (۲) (گھوڑے کی دم کی جڑ میں) شگاف دینا (تاکہ وہ دم اٹھا کر چلے) - (۳) قیاس کر لینا ؛ تاڑ جانا ؛ سمجھ جانا - (۴) (ریل وغیرہ کے) عین وقت پر پہنچ جانا - (۵) دھرلینا ؛ پکڑ لینا؛ گرفتار کر لینا (مجرم وغیرہ) - (۶) پانسا پھینکنا ؛ داؤں کرنا (خاص قسم کا جس میں جیت ہوتی ہے) - (۷) (شکار اور گھڑ دوڑ وغیرہ میں) کترا کے نکل جانا ؛ راستہ کاٹ کے آگے بڑھ جانا - (۸) (حیوانوں کی افزائش نسل میں) ایک نسل کا دوسری سے گھل مل جانا -

Nickel, *n & v.t.* : (۱) نکل ؛ ایک قسم کی سفید دھات (جس کی اکنیاں وغیرہ بنتی ہیں) - (۲) (امریکا) پانچ سینٹ کا سکہ ؛ انگلستان اور فرانس کا ہم قیمت سکہ - (۳) نکل چڑھانا ؛ نکل کا جھول چڑھانا -

n. silver : نکل سلور ؛ ایک جرمن جیسی مرکب دھات -

n. steel : نکل اور لوہے کا مرکب -

Nick-nack : دیکھو knick-knak -

Nickname, *n. & v.t.* : (۱)لقب؛ عرف - (۲)ذاتی نام کی مختصر یا بگڑی ہوئی شکل - (۳) لقب دینا ؛ نام رکھنا ؛ ملقب کرنا -

Nicotian, *a. & n.* : (۱) تمبا کو کا ؛ تمبا کو کے متعلق - (۲) تمباکو نوش -

Nicotine, *n.* : (۱) تمباکو کا زہر؛ نکوٹین -

nicotinism, *n.* : نکوٹین کا زہریلا اثر -

nicotinize, *v.t.* : نکوٹین ملانا -

Nictate, nictitate, *vv.i.* : آنکھ جھپکنا ؛ آنکھیں جھپکنا؛ آنکھیں کھولنا اور بند کرنا؛ پلکیں جھپکنا -

nict(it)ating membrane : بعض جانوروں کا اندرونی پپوٹا؛ جفن ثالث ؛ جفن اندرونی -

nictation, nictitation, *nn.* : آنکھ جھپکنا یا جھپکانا -

Nicy, *n.* : (بچوں کی زبان) چیز (یعنی مٹھائی) -

Nidamental, *a.* : بیضہ دان کا کام دینے والا -

Nid(d)ering, *n. & a.* : (۱) (قدیم) ڈرپوک ' بزدل شخص ؛ کمین؛ کمینہ شخص - (۲) بز دل ؛ ڈرپوک ؛ کمینہ -

Niddle-noddle, *a, & v.i. & t.* : (۱) سر ہلاتا ؛ تھر تھراتا ؛ ہلتا ڈلتا ؛ ڈگمگاتا - (۲) سر ہلاتے رہنا ؛ ہلنا ڈلنا ؛ ڈگمگانا -

Nide, *n.* : ولایتی تیتر (pheasant) کے بچوں کا جھول -

Nidificate, nidify, *vv.i.* : گھونسلہ بنانا ؛ آشیانہ بنانا -

nidification, *n.* : آشیانہ سازی؛ گھونسلہ بنانا -

Nid-nod, *v.i. & t.* : سر ہلاتے رہنا -

Nidus, *n.* (pl. -di, -duses) : (۱) بیضہ دان ؛ بیضہ دانی - (۲) تخمک دان - (۳) مرض ' صفت ' نظریے وغیرہ کا مولد و منشا ' منبع - (۴) قدرتی ظرف خانہ - (۵) انڈوں کا ڈھیر یا دانوں کا گچھا -

Niece, *n.* : بھتیجی ؛ بھانجی

Niello, *n* (pl. -lī). : (۱) ایک طرح کا مسالہ جو چاندی اور دوسری دھاتوں پر کھودے ہوئے نقوش میں بھرا جاتا ہے - (۲) سیاہ نقشی کام - (۳) اس کام کا نمونہ -

nielloed, *a.* : جس پر سیاہ نقشی کام بنا ہو -

Niersteiner, *n.* : ایک قسم کی سفید انگوری شراب -

Niggard, *n. & a.* : (۱) کنجوس؛ بخیل؛ ممسک؛ شوم (۲) (شعر و خطابت) ممسکانہ ؛ بخیلانہ -

Niggardly, *a. & adv.* : (۱) کنجوس ؛ بخیل ؛ ممسک ؛ خسیس؛ شوم - (۲) بخیلانہ ؛ ممسکانہ ؛ خست سے ؛ تنگ دلی سے ؛ بخل سے -

niggardliness, *n.* : کنجوسی ؛ بخل ؛ خست -

Nigger, *n.* : (۱) زنگی ؛ حبشی - (۲) کالا آدمی؛ سیاہ نسل کا آدمی - (۳) سیاہ رنگ کی تتلی یا بھونرا -

niggerhead : = Negro-head

n. in the woodpile or fence : (۱) (امریکہ عامیانہ) کچھ دال میں کالا ؛ مشتبہ بات - (۲) رنگ میں بھنگ -

n. melody, song : امریکی حبشی گیت -

n. minstrel : امریکی حبشی گویا -

niggerdom, *n.* : حبشیوں کا ملک -

Niggle, *v. i.* : جزو یات میں وقت ضایع کرنا ؛ ذرا ذرا سی بات پر بے حد زور دینا -

Niggling, *a.* : (۱) چھوٹی ؛ گھٹیا - (۲) (تحریر) گھسیٹ جس کا پڑھنا مشکل ہو -

Nigh, *adv. prep. & a.* (comp. & sup. formerly *near, next* now *nigher, nighest*) : قریب؛ نزدیک؛ پاس -

Night, *n.* : (۱) رات ؛ شب ؛ لیل - (۲) تاریکی ؛ اندھیرا ؛ ظلمت - (۳) (بہ طور صفت بہ حالت ترکیبی) رات کا؛ رات کے وقت کا -

cannot sleep o'nn. for thinking of : اس فکر میں رات کو نیند نہیں آتی -

have a bad n. : اچھی طرح نیند نہ آنا؛ تکلیف سے رات گزارنا -

have a good n. : رات کو آرام سے سونا؛ آرام سے رات بسر کرنا -

in the n.-watches : ایسی رات میں جو فکر و تردد میں جاگتے کٹے -

make a n. of it : رت جگا کرنا ؛ رات بھر عیش منانا -

n.-bird : (۱) اُلو- (۲) بلبل ؛ عندلیب -(۳) شب گرد ؛ آوارہ شخص جو راتوں کو پھرتا ہو -

n.-blindness : شب کوری ؛ رتوندھا -

n.-boat : رات کو چلنے والا جہاز یا کشتی -

n. cap : (۱) کلاہ خواب ؛ کلاہ شب خوابی - (۲) شراب شبینہ جو سوتے وقت پی جاتی ہے -

n.-cellar : ادنیٰ درجے کا زمین دوز شراب خانہ -

n. chair : پاخانے کی چوکی -

n.-clothes : شب خوابی کے کپڑے -

n.-club : شبینہ کلب -

n.-drese, n.-gown : بچوں یا عورتوں کا لباس شب خوابی -

n.-flower : گل شب ؛ وہ پھول جو رات کو کھلے اور صبح کو مرجھا جائے -

n.-glass : شب دور بین جسے سمندر کے سفر میں رات کے وقت استعمال کرتے ہیں -

n. -*hag* : (۱) رات کی چڑیل - (۲) کا بوس ؛ جکڑا - (۳) بھیانک خواب -

n. -*hawk* : اُتپاٹی گیرا ؛ شب گرد -

nightjar : یہ ایک قسم کی ابابیل ھے جس کی نسبت مشہور ھے کہ رات کے وقت بکریوں کا دودھ پی جاتی ھے -

n. -*light* : رات کو جلانے کے لئے ایک قسم کی موٹی موم بتی جس سے دھندلی روشنی نکلتی ھے -

n. -*line* : مچھلی پکڑنے کا کانٹا ؛ ڈور جس میں چارہ لگا کر رات کو پانی میں ڈال دیتے ھیں -

n. -*long* : تمام رات ؛ رات بھر -

nightman : مہتر -

nightmare : (۱) کابوس ؛ جکڑا - (۲) بھیانک خواب - (۳) حوّا ؛ وہ چیز جس کا ڈر بیٹھ گیا ہو -

nightmarish : بھیانک ؛ ھولناک (کابوس سا) -

n. out : (۱) سیر تماشے کی رات - (۲) نوکروں کی چھٹی کی رات -

n. -*piece* : رات کے منظر کی تصویر -

n. -*school* : مدرسۂ شبینہ -

n. season : (شعر ، خطابت) وقت شب ؛ رات کا وقت -

n. -*shirt* : شب خوابی کا لمبا کرتا -

n. -*soil* : موریوں وغیرہ کی غلاظت جو رات کے وقت صاف کرتے ھیں -

n. -*stool* : رات کی چوکی ؛ پاخانے کی بند چوکی -

n. -*suit* : شب خوابی کا سوٹ -

n. -*watch* : (۱) رات کا چوکیدار - (۲) رات کا پہر ؛ رات کا ایک حصہ ؛ محافظہ شب -

n. -*work* : رات کا کام ؛ وہ کام جو رات کو کیا جائے -

nightless, *a.* : بے رات کا ؛ جس میں رات نہ ھو -

nighty, *n.* : بچوں یا عورتوں کا لباس شب خوابی

Nightingale, *n.* : بلبل ؛ عندلیب ؛ ھزار -

Nightly, *a.* & *adv.* : (۱) رات کا ؛ رات کو واقع ھونے والا - (۲) ھر رات کا ؛ شبانہ - (۳) ھر رات کو ؛ ھر شب -

Nightshade, *n.* : مکو ؛ عنب الثعلب ؛ تاجریزی ؛ ایک پودے کا نام (اس کی تین قسمیں مشہور ھیں) -

Black N. : عنب الثعلب سیاہ ؛ اس کے پھول سفید اور پھل سیاہ انگوروش زھریلے ھوتے ھیں -

Woody N. : اس کے پھول ارغوانی اور پھل گہرے سرخ ھوتے ھیں -

Deadly N. : belladonna عنب الثعلب مہلک (اسے انگریزی میں بھی کہتے ھیں) -

Nigrescent, *a.* : سیاھی مائل ؛ کالا سا -

nigrescence, *n.* : سیاھی مائل ھونا -

Nigritude, *n.* : (لغوی اور مجازی) تاریکی ؛ سیاھی ؛ ظلمت -

Ni hil ad rem, *pred. a.* : دور از کار ؛ خارج از بحث ؛ بے تعلق ؛ بے تک -

Nihilism, *n.* : (۱) مروجہ مذھب و اخلاق کی نفی ؛ مذھب انکار ؛ مذھب نفی - (۲) (فلسفہ) تشکیک ؛ انکار کائنات - (۳) اُنیسویں صدی کے روسی انقلابی فرقے کے خیالات جن کی رو سے موجودہ معاشرت کی کوئی چیز اچھی نہیں سمجھی جاتی تھی -

nihil[illegible]**t**, *n.* : منکر مذھب و اخلاق ؛ منکر -

nihilistic, *a.* : منکرانہ -

Nihility, *n.* : (۱) نیستی ؛ معدومیت ؛ عدم ؛ لا شیئیت - (۲) لاشئے محض ؛ بے حقیقت چیز -

Nil, *n.* : صفر -

n. admirari : وہ حالت جس میں کسی چیز سے تعجب نہ ھو اور کوئی چیز پسند نہ آئے ؛ سرد دلی -

three goals to n. : تین گول مقابل صفر -

Nill, *v. i.* (3rd sing. pres. condit.) *will he n. he* (= willy-nilly) : چار ناچار -

Nilometer, *n.* : نیل پیما ؛ مقیاس النیل ؛ یہ ایک ستون ھے جس پر درجوں کے نشان کندہ ھیں ، اس سے دریائے نیل کی سطح کی بلندی ناپی جاتی ھے -

Nilotic, *a.* : (۱) دریائے نیل کے متعلق - (۲) علاقۂ نیل یا وادی نیل کے متعلق - (۳) اس علاقے کے باشندوں کے متعلق -

Nimble, *a.* : (۱) چست و چالاک ؛ تیز ؛ پھرتیلا - (۲) (طبیعت یا ذھن) تیز فہم ؛ رسا ؛ ھمہ گیر -

n. shilling : (قدیم) شلنگ جس کے پر لگے ھوں -

nimbleness, *n.* : پھرتی ؛ تیزی ؛ تیز فہمی ؛ زود فہمی ؛ ھمہ گیری -

nimbly, *adv.* : پھرتی سے ؛ تیزی سے -

Nimbus, *n.* (pl. -bi). : (۱) نور کا ھالہ ؛ حلقۂ نور - (۲) روشن حلقہ جو اولیا کی تصویر کے گرد ھوتا ھے - (۳) (علم کائنات الجو) ابر مطیر ؛ برسنے والا بادل -

nimbused, *a.* : جس کے گرد نور کا حلقہ ھو -

Nimiety, *n.* : (شاذ) کثرت ؛ افراط ؛ بہتات ؛ وہ شے جو بہت افراط سے ھو -

Niminy-piminy, *a.* : پر تصنع ؛ بناوٹی ؛ جس میں بناوٹی نفاست ھو ؛ مقطع بنا ھوا -

Nimrod, *n.* : بہت بڑا شکاری ؛ جسے شکار کا بہت شوق ھو -

Nincompoop, *n.* : بے وقوف اور کم زور طبیعت کا آدمی ؛ مرد ھو -

Nine, *a.* & *n.* : (۱) نو ؛ نہ - (۲) نو کا عدد ؛ نو کا ھندسہ - (۳) (تاش) نہلا -

cat has n. lives : بلی بڑی سخت جان ھوتی ھے -

dressed up to the nn. : خوب بنا ٹھنا ھوا ؛ بڑے تکلف کا لباس پہنے -

n. days' wonder : وہ واقعہ یا چیز جس سے چند روز ھلچل رھے پھر کوئی اس کا نام بھی نہ لے -

n. -*o'clock wind* : بائیں ھاتھ کی ھوا ؛ وہ ھوا جو بندوق چلانے والے کے بائیں ھاتھ کی طرف چلتی ھے

ninepins : ایک کھیل ھے -

n. tenths : قریب قریب سارا ؛ تقریباً کل -

possession is n. points of law : قانون کے نزدیک قبضہ سب سے بڑی دلیل ھے ؛ قانون تو قبضے کو دیکھتا ھے -

the Nine : نو دیویاں (فنون لطیفہ کی) -

to the nn. : پوری طرح -

ninefold, *a.* & *adv.* : نو گنا ؛ نہ گونہ -

Nineteen, *a.* & *n.* : (۱) اُنیس ؛ نوزدہ - (۲) اُنیس کا عدد ؛ اُنیس کا ھندسہ -

n. to the dozen : دیکھو - Dozen

nineteenth, *a.* : اُنیسواں ؛ نوزدھم -

Ninety, *a.* & *n.* : (۱) نوے؛ نود- (۲) نوے کا ہندسہ؛ نوے کا عدد -
n. -nine out of a hundred : تقریباً کل؛ ننانوے فی صدی -
the nn.: نوا-ی اور سو کے درمیان کے ہندسے ؛ حرارت پیما کے درجے ؛ انسان کی عمر کے سال ؛ صدی کے سال -
ninetieth, *a.* & *n.* : ۹۰ واں ؛ نود واں -
Ninevite, *n.* : نینوائی ؛ نینوا کا باشندہ -
Ninny, *n.* : سودھو ؛ فاترالعقل ؛ ناقص العقل -
Ninth, *a.* & *n.* : (۱) نواں؛ نہم - (۲) نواں حصہ - (۳) (موسیقی) Second octavo اور کا وقفہ -
n. part of a man : خیاط ؛ درزی -
on the n. : نویں تاریخ کو -
Ninthly, *adv.* : نویں ؛ نہم ؛ نویں نمبر پر (شمار میں) -
Niobe, *n.* : وہ عورت جو اپنے مرحوم عزیزوں کا ماتم ہمیشہ کرتی رہے (نیوبہ یونانی دیو مالا میں ایک عورت تھی جو اپنے مقتول بچوں کے غم میں روتے روتے پتھر کی بنگئی تھی) -
Niobean, *a.* : نیوبہ کا سا -
Niobium, *n.* : (کیمیا) نیوبیم (یہ ایک معدنی عنصر ہے جو سنہ ۱۸۴۵ ء میں اس نام سے موسوم کیا گیا) -
niobic, *a.* نیوبک -
niobous, *a.* : نیوبس -
Nip, *v. t.* & *i.* & *n.* : (۱) چٹکی لینا ؛ مسوسنا ؛ دبانا - (۲) کاٹنا ؛ کترنا - (۳) توڑلینا (کلی وغیرہ کو) - (۴) بازہ روک دینا ؛ اُبھنے نہ دینا - (۵) (سردی کا) اثر کرنا ؛ تکلیف دینا ؛ درد پیدا کردینا - (۶) جلدی سے اُٹھا لینا یا لے جانا ؛ جھپٹ لینا ؛ چپ کے سے لے لینا - (۷) بھول سے داخل ہونا ؛ چلا جانا وغیرہ - (۸) چٹکی ؛ بکٹا ؛ منہ مارنا - (۹) طعن ؛ طنز؛ چوٹ - (۱۰) ہوا کی ٹھنڈ - (۱۱) (پودوں کا) ٹھٹھر جانا؛ پالا مار جانا -
nipping, *a.* : تکلیف دہ (سردی) -
nippingly, *adv.* : تکلیف دہ طریقے پر -
nippy, *a.* : پھرتیلا -
Nip, *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) (شراب وغیرہ) کی تھوڑی سی مقدار جو ایک بار میں پی جائے؛ کسی مفرح چیز کا ایک گھونٹ - (۲) پینا ؛ گھونٹ لینا ؛ چسکی لینا -
Nipa, *n.* : نیپاہ : یہ ایک قسم کی کھجور ہے جو ملایا وغیرہ میں پائی جاتی ہے -
Nipper, *n.* : (۱) چٹکی لینے والا ؛ کترنے والا وغیرہ - (۲) کئی قسم کی مچھلیوں کا نام - (۳) لڑکا ؛ چھوکرا ؛ کبڑے کا مددگار لڑکا ؛ بازاری لڑکا ؛ آوارہ گرد چھوکرا - (۴) (جمع) موچنا ؛ نک چونٹی ؛ چمٹی ؛ سنسی - (۵) (جمع) بینی گیر عینک ؛ ناک پر لگانے کی عینک - (۶) (جمع) گھوڑے کے کاٹنے اور چبانے کے دانت؛ گھوڑے کے اگلے دانت - (۷) کچھوے کی قسم کے جانوروں کے پنجے-
Nipple, *n.*: (۱) بھٹنی؛ سرپستان؛ حلمہ- (۲) دودھ کی بوتل کی چسنی- (۳) (کھال شیشے اور دھات وغیرہ پر) بھٹنی کی شکل کی چیز؛ گھنڈی - (۴) پہاڑ پر چھوٹا سا گول اُبھار - (۵) بندوق کا نپل -
nipplewort : ایک قسم کی گھاس ہے جس میں زردپھول آتے ہیں-
Nirvana, *n.* : نروان ؛ نجات ابدی ؛ آواگون سے رہائی (بودھ مذہب کے عقیدے کے مطابق) -

Nisi, *conj* : (لفظی معنی) سوائے اِس صورت کے کہ (قانون) بالفعل -
decree nisi: بالفعل فیصلہ (جس میں عذر داری کی گنجائش ہو)-
n. prius : دیوانی کے مقدمات کی سماعت ؛ دورے کی عدالت میں اس قسم کی عدالتی کار روائی -
Nit, *n.* : لیکھ جوں یا دوسرے طفیلی کیڑوں کا انڈا -
Nitrate, *n.* : نائٹریٹ -
Nitrate, *v. t.* : (کسی چیز میں) نائیٹرک ایسڈ ملانا -
Nitre, *n.* : شورہ ؛ پوٹا شئیم نائٹریٹ
cubic n. : سوڈیم نائیٹریٹ -
Nitric, *a.* : شورے کا ؛ نائیٹرک -
n. acid : شورے کا تیزاب ؛ نائیٹرک ایسڈ -
Nitrify, *v. t.* & *i.* : شورہ بننا یا بنانا -
nitrification : شورہ بننے یا بنانے کا عمل -
Nitrite, *n.* : نائیٹرس ایسڈ یا الکحل کا مرکب -
Nitr (o)- : یہ سابقے نائیٹرک ایسڈ یا نائیٹرا کسیل یا نائیٹر یا نائیٹروجن کے مرکبات کے ناموں میں آتے ہیں -
nitro-acid : نائٹرک ایسڈ کا ایک مرکب -
nitro-compound : کوئی مرکب جو شورے کے تیزاب کے فعل سے بنے -
nitro-explosive : کوئی آتش گیر جو شورے کے تیزاب کے فعل سے بنے -
nitro-glycerin (e) : نائیٹرو گلیسیرین ؛ شورے کے تیزاب ؛ گندھک کے تیزاب اور گلیسیرین کا آتش گیر مرکب -
nitro-powder : شورے کی بارود -
nitro-sulphuric : نائیٹرو سلفورک ؛ شورے اور گندھک کے تیزابوں کے فعل سے بنا ہوا -
nitroxyl : نائیٹروجن اور اکسیجن کا کیمیاوی مرکب -
Nitrogen, *n.* : نائیٹروجن ؛ شورین ؛ یہ ایک بے رنگ و بو اور بے ذائقہ گیس ہے جو کرۂ ہوائی کا ۴/۵ حصہ ہے -
nitrogenous, *a.* : شوریلی -
Nitrous, *a.*: نائیٹرس؛ شورے کا؛ شورے کی مانند ؛ شورے سے مرکب-
n. acid : نائٹرس ایسڈ ؛ شورے کا وہ تیزاب جس میں آکسیجن کی مقدار بہ نسبت نائیٹرک ایسڈ کے کم ہو -
n. oxide : نائیٹرس آکسائیڈ ؛ یہ ایک سُن کرنے والی گیس ہے -
Nix, *int.* : (عامیانہ) ہوشیار (ایسے موقع پر بولتے ہیں جیسے ایک شخص اپنے ساتھی کو جتائے کہ دیکھو مالک یا افسر آرہا ہے)-
Nix, *n.* (fem. *nixie*). : سمندر کا بھتنا ؛ دریائی بالشتیا -
Nix, *n.* : (عامیانہ) کچھ نہیں -
Nizam, *n.* : (۱) اعلیٰ حضرت نظام حیدرآباد - (۲) ترکی باقاعدہ فوج - (۳) اس فوج کا سپاہی ؛ اس فوج کے سپاہی -
No, *a.* : (۱) بالکل نہیں؛ کوئی نہیں- (۲) بہت ہی کم؛ ذرا سا- (۳) ممکن نہیں- (۴) نام نہاد؛ برائے نام - (۵) (بعض اوقات یہ اکیلا لفظ ، جملے کے معنی دیتا ہے) ہرگز نہ ہونا چاہئے ؛ ہم ہرگز نہیں چاہتے -
and no mistake : یقیناً -
be, feel, &c., no show : بگڑا ہوا ہونا؛ طبیعت کا بےکیف ہونا-
by no means : کسی طرح نہیں ؛ ہرگز نہیں -
everybody's business is nobody's business : جس کام

میں ہر شخص کا دخل ہو اس کا ذمہ دار کوئی نہیں ہوتا -

he did it in no time : اس نے وہ آناً فاناً کردیا ؛ ذراسی دیر میں کر دیا -

his faith or no faith : یہ نام نہاد عقیدہ -

no ball : (کرکٹ) (۱) نوبال ؛ خلاف قاعدہ گیند - (۲) امپائر کا " نو بال " کہنا -

no-ball : گیند کو نو بال قرار دینا -

no-being : عدم ؛ نیستی -

nobody : (۱) کوئی نہیں - (۲) بے حقیقت آدمی -

no bon : (عامیانہ فوجی) کسی کام کا نہیں -

no cards, no flowers : جنازے کی شرکت کے لئے دعوتی رقعے نہیں بھیجے گئے ہیں ؛ کوئی قبر پر چڑھانے کے لئے پھول نہ بھیجیں -

no doubt : بے شک ؛ لاریب -

no end : حد سے زیادہ ؛ بے انتہا -

no fear : اس سے اطمینان رکھئے ؛ یہ نہیں ہونے کا -

no go : نا ممکن -

nohow : کسی طرح نہیں -

no man's land : (۱) (فوجی) دونوں حریفوں کے مورچوں کے درمیان کی زمین - (۲) لاوارث زمین ؛ بنجر زمین ؛ زمین جس کی ملکیت مشتبہ ہو -

no Popery : ہم پاپائیت ہرگز نہیں چاہتے -

no song no supper : پہلے گانا پیچھے کھانا -

no thoroughfare : (۱) یہ شارع عام نہیں ہے ؛ یہ راستہ عام نہیں ہے - (۲) وہ راستہ جو شارع عام نہ ہو -

noway, no ways, no wise : کسی طرح نہیں ؛ مطلق نہیں -

nowhence : کہیں سے نہیں -

no whit : قطعاً نہیں ؛ مطلق نہیں ؛ ذرا نہیں -

no whither : کہیں کو نہیں ؛ کسی طرف کو نہیں -

no wonder : کوئی تعجب نہیں کہ -

now no mistake : دیکھو غلطی نہ ہو اچھی طرح سمجھ لو -

there's no accounting for tastes : یہ اپنا اپنا مذاق ہے (اس کی توجیہ ممکن نہیں) -

there was no mistaking what he meant : اس کے مافی الضمیر کے سمجھنے میں غلطی کا امکان نہیں تھا -

these opinions or rather no opinions : یہ نام نہاد رائیں -

No, *adv.* : نہیں -

no compree : (فوجی عامیانہ) سمجھ میں نہیں آیا -

tell me whether or no : کہو منظور ہے یا نہیں ؛ مجھے ہاں یا نہیں کا جواب دو -

whether or no : دونوں صورتوں میں -

No, *adv.* : ذرا بھی نہیں ؛ قطعاً نہیں -

did it no less for my warning : اس نے میری تنبیہ کے با وجود ایسا کیا -

he is no more : وہ گزر گیا ہے ' مرگیا ہے -

he is no more a lord than I am : وہ لارڈ ہے تو پھر میں بھی ہوں (نہ میں ہوں نہ وہ ہے) -

it is no less than a scandal : یہ تو خاصی فضیحت ہے -

let us have no more of it : بس کرو ؛ اب یہ (قصہ) ختم کرو -

no better than she should be : ایسی ویسی ہے -

no less (than) : کثرت یا اہمیت ظاہر کرنے کے لیے بولتے ہیں ؛ ــــ سے کم نہیں -

no less than £ 50 : اکھٹے پچاس پونڈ -

no less than ten people have told me : ایک دونے نہیں ؛ دس آدمیوں نے کہا ہوگا -

no longer : اب نہیں ؛ اب سے نہیں ؛ آئیندہ نہیں -

no more : (۱) زیادہ نہیں ؛ اور نہیں - (۲) اور کچھ نہیں - (۳) اب نہیں ؛ اب سے نہیں - (۴) اورنہ -

no sooner said than done : ادھر کہا ادھر ہوگیا -

no sooner than : ساتھ ہی -

No, *particle & n.* (pl. *noes*) : (۱) انکار یا تردید کے لئے آتا ہے - (۲) (اسم کے طور پر) نفی ؛ انکار - (۳) (جمع) مخالف رائیں - بلکہ . . . . بھی نہیں مثلاً *a man could not lift it, no nor half a dozen* :

the nn. have it : مخالف آراء کا غلبہ ہے ؛ مخالف آراء زیادہ ہیں -

Noachian, noachic, *aa.* : نوحی ؛ حضرت نوح کے متعلق ؛ نوح کے زمانے کا -

Noah, *n.* : حضرت نوح -

N.'s ark : (۱) کشتیء نوح - (۲) کشتئی نوح کی نقل ؛ بچوں کا کھلونا - (۳) قدیم وضع کا صندوق ؛ قدیم وضع کی بے ڈھنگی گاڑی - (۴) ایک چھوٹا سا دو منہ کا گھونگا - (۵) بادل کا ٹکڑا -

N.'s nightcap : کلاہ نوح ' ایک پودا جس کے پھول عموماً زرد اور کلیوں کے خول مخروطی ہوتے ہیں -

Nob, *n. & v. t.* : (۱) (عامیانہ) سر - (۲) (تاش کے ایک کھیل میں) اسی رنگ کا غلام جس کا پتا کھلے - (۳) (مکہ بازی) سر پر وار کرنا -

one for his n. : ایک نمبر ترپ کے غلام کا -

Nob, *n.* : (عامیانہ) امیر اُمرا کے طبقے کا شخص -

Nobble, *v.t.* : (۱) (عامیانہ) (گھڑ دوڑ کے گھوڑے کو) نکما کر دینا (کہ وہ بازی نہ جیت سکے) - (۲) ساز باز کرکے طرف دار بنا لینا ؛ گانٹھ لینا - (۳) بد دیانتی سے روپیہ حاصل کرنا ؛ اینٹھنا ؛ (روپیہ وغیرہ) مارلانا - (۴) پکڑنا ؛ گرفتار کرنا -

Nobby, *a.* : (۱) (عامیانہ) رئیسانہ ؛ امیروں کے لائق - (۲) ٹھاٹ کا ؛ شاندار -

Nobiliary, *a.* : امیرانہ ؛ امیروں کا ؛ امیروں کے طبقے کا -

n. particle : حرف امارت جو امیروں کے نام یا خطاب سے پہلے آتا ہے جیسے جرمنی میں von اور فرانسیسی میں De -

Nobility, *n.* : (۱) شرافت ؛ نجابت ؛ عالی خاندانی ؛ امارت - (۲) شرافت نفس ؛ عالی ظرفی - (۳) طبقۂ امرا ؛ امرا -

Noble, *a. & n.* : (۱) امیرزادہ ؛ رئیس زادہ ؛ عالی خاندان ؛ عالی رتبہ - (۲) شریف النفس ؛ عالی منش ؛ عالی ظرف - (۳) عالی حوصلہ ؛ بلند ؛ برتر - (۴) شاندار ؛ عظیم الشان ؛ رفیع الشان - (۵) نہایت عمدہ ؛ نفیس - (۶) امیر زادہ ؛ امیر - (۷) ایک سکہ جواب رائج نہیں ہے -

nobleman : امیر زادہ ؛ امیر -

noblewoman : عالی خاندان یا عالی مرتبہ عورت -

noble-minded, *a.* : شریف النفس ؛ عالی ظرف -

noble-mindedness, *n.* : شرافت نفسی ؛ عالی ظرفی -

nobleness, *n.* : شرافت ' عالی ظرفی ؛ امیر زادگی ؛ امارت ؛ عظمت و شان -

nobly *adv.* : شرافت سے ؛ عالی ظرفی سے -

Noblesse, *n.* : طبقۂ امرا (خصوصاً بیرون انگلستان کا) -

n. oblige : شرافت اورعالی‌خاندانی کےساتھ بڑی ذمہ داریاں‌ھیں -

Nock, *n.* & *v. t.* : (۱) کمان کے سروں کے دندانے جن میں تانت کو باندھتے ھیں ؛ زہ گیر - (۲) دندانہ دار سرا ؛ سوفار (۳) تیر جوڑنا -

Nock, *n.* : باد بان کا اگلا بالائی گوشہ ؛ گوشۂ باد بان -

Noct (i)-: (لاطینی رابطے بمعنی) رات ؛ شب -

noctambulant : وہ شخص جو سوتے میں اٹھ کر چلنے لگتا ھے ؛ خواب خرام -

noctiflorous : رات کو کھلنے والا -

noctiluca : شب تابہ؛ دور بین سے نظر آنے والا کیڑا جو رات کو چمکتا ھے -

noctivagous : شب گرد ؛ جو راتوں کو آوارہ گردی کرتا ھو -

Noctule, *n.* : ایک قسم کی بڑی چمگادڑ (جو جزائر برطانیہ کی سب سے بڑی قسم ھے) -

Nocturnal, *a.* : شبینہ ؛ شبانہ ؛ رات کا -

Nocturne, *n.* : (۱) خواب آسانغمہ ؛ نغمہ جو خواب کی سی کیفیت پیدا کرے - (۲) (نقاشی) منظرشب ؛ رات کا منظر -

Nod, *v. i.* & *t.* & *n.* : (۱) سر کے اشارے سے سلام کرنا ؛ اقرار کرنا یا حکم دینا - (۲) اونگھنا ؛ نیند میں جھوکے لینا ؛ جھوکے کھانا- (۳) بھک جانا ؛ نیند میں کچھ کا کچھ کہنا یا کرنا - (۴) جھکنا (عمارت کا) - (۵) (کلغی وغیرہ کے پر کا) جھولنا - (۶) سر جھکانا ' خم کرنا - (۷) (اقرار' حکم' وغیرہ کے لیے) سر کا اشارہ؛ سر کی حرکت ؛ سرجھکنا یا جھکانا - (۸) اشارۂ ابرو -

at his n. : اس کے اشارہ ابرو کا مطیع ؛ اس کا تابع فرمان -

Homer sometimes nods : بعض وقت ھومر بھی بھک جاتا ھے (یعنی بڑے سے بڑے آدمی سے غلطی ھونا ممکن ھے) -

land of N. : نیند کا عالم ؛ اقلیم خواب -

nodding acquaintance : سرسری واقفیت ؛ صاحب سلامت ؛ جان پہچان -

Noddle, *n.* : (بول چال) سر ؛ کھوپڑی ؛ چندیا -

Noddle, *v. t.* : سر ھلانا -

Noddy, *n.* : (۱) احمق ؛ بے وقوف ؛ مورکھ ؛ سادہ لوح - (۲) ایک بحری پرندہ جو گرم سمندروں میں رھتا ھے اور آسانی سے پکڑا جاتا ھے -

Node, *n.* : (۱) گانٹھ ؛ گرہ ؛ گومڑی - (۲) گانٹھ ؛ گرہ جہاں سے پتیاں پھوٹتی ھیں - (۳) سخت گلٹی (خصوصاً جو گٹھیا کے مرض میں جوڑوں پر ھو) - (۴) خط صلیبی؛ نقطۂ تقاطع - (۵)مرکز؛ مرکزی نقطہ - (۶) نقطۂ سکون ؛ خط سکون - (۷) (فلکیات) عقدہ ؛ عقدتین وہ دو نقطے جہاں مسیر قمر اور دائرۃ البروج میں تقاطع ھوتا ھے -

nodal, *a.* : گرہ یا گلٹی سے متعلق -

nodical, *a.* : عقدہ کا ؛ نقطۂ تقاطع کا -

Nodose, *a.* : گانٹھ دار ؛ گرہ دار ؛ گلٹی دار -

Nodosity, *n.* : (۱) گانٹھ دار ھونا - (۲) گرہ ؛ گانٹھ -

Nodule, *n.* : (۱) (کسی چیز کی) گرلی ؛ گرہ - (۲) گانٹھ ؛ گومڑی - (۳) گلٹی ؛ دنبل -

nodular, *a.* : گرہ دار ؛ گلٹی دار ؛ گلٹی جیسا ؛ گرہ یا گلٹی کے متعلق -

nodulated, nodulose, nodulous, *aa.* : گرہ دار یا گلٹی دار -

nodulation, *n.* : گرہ دار یا گلٹی دار ھونا -

Nodus, *n.* (pl. *-di*) (۱) عقدہ ؛ مشکل ؛ پیچیدگی ؛ پیچ (خصوصاً قصے کے پلاٹ وغیرہ میں) -

Noel : Nowel

Noetic, *a.* & *n.* : (۱) عقلی ؛ ذھنی - (۲) مجرد ؛ معقول - (۳) تفکر پسند ؛ فلسفیانہ غور و فکر کا عادی ؛ معقولی - (۴) (جمع) علم معقول ؛ معقولات -

Nog, *n.* & *v. t.* : (۱) میخ ؛ کھونٹی ؛ لکڑی کا چھوٹا ساکندا - (۲) ٹھنٹھ ؛ ٹھلٹ (درخت کا) - (۳) میخیں جڑنا ؛ کھونٹیوں سے جڑنا - (۴) کوئی چیز اس طرح بنانا جیسے لکڑی کے چوکھٹے میں اینٹوں کی چنائی -

nogging, *n.* : لکڑی کے چوکھٹے میں اینٹوں کی چنائی -

Nog, *n.* : ایک قسم کی تیز بیر شراب -

Noggin, *n.* : (۱) گلاس یا پیالہ (استوانہ نما شکل کا) - (۲) شراب کا پیمانہ = ¼ پنٹ (7¼ مکعب انچ) -

Noil, *n.* : (واحد یا جمع) اون کے چھوٹے دھاگے جو کنگھی سے ٹوٹ جائیں -

Noise, *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) شور ؛ غل ؛ شور و شغب؛ شور وغوغا - (۲) سخت آواز ؛ کرخت آواز - (۳) مشہور کرنا ؛ شہرت دینا ؛ پھیلانا - (۴) (شاذ) شور کرنا ؛ غل مچانا -

make a n. : (۱) شور مچانا ؛ غل مچانا؛ کرخت آواز پیدا کرنا - (۲) شہرت دینا ؛ چرچا کرنا؛ چرچا ھونا ؛ شہرت ھونا - (۳) فریاد کرنا ؛ واویلا مچانا -

noiseless *a.* : خاموش ؛ بے آواز ؛ بے آھٹ -

noiselessly, *adv.* : چپ چاپ ؛ بغیر آھٹ کے ؛ بغیر آوازکے -

noiselessness, *n.* : خاموشی ؛ بے آواز ھونا ؛ بے آھٹ ھونا -

Noisette, *n.* : گلاب کی ایک قسم -

Noisette, *n.* : ایک قسم کے پسندے (بکری اور ھرن کے گوشت کے ٹکڑے جو ایک خاص انداز سے تیاز کیے جاتے ھیں) -

Noisome, *a.* : (۱) مضر ؛ ضرر رساں ؛ مضرت رساں ؛ مضرت بخش ؛ نقصان دہ - (۲) بدبودار ؛ متعفن - (۳) قابل اعتراض ؛ ناگوار ؛ نا معقول ؛ ناشائستہ -

noisomeness, *n.* : مضرت رسانی ؛ مضر ھونا ؛ متعفن ھونا ؛ نا معقولیت ؛ نا شائستگی -

Noisy, *a.* : (۱) شور کرنے والا ؛ غل مچانے والا ؛ پر شور - (۲) دنگئی ؛ فسادی - (۳) شوخ (رنگ) ؛ بھڑک دار (پوشاک) ؛ حد سے زیادہ رنگین ' طمطراق کی (عبارت) ؛ ٹیپ ٹاپ کی -

noisily, *adv.* : شور مچا کر ؛ شور و غوغا کے ساتھ ؛ ٹیپ ٹاپ سے ؛ دھوم دھڑکے سے -

noisiness, *n.* : پر شور ھونا ؛ دنگئی ھونا ؛ [illegible]

دھوم دھڑ کا -

Nolens volens, *adv.* : چار و ناچار ؛ جبراً قہراً ؛ طوعاً کرہاً -

Noli me tangere, *n.* : (۱) ایک قسم کا ناسور - (۲) مسیح کی وہ تصویر جو مریم ماڈلین کو قبر میں نظر آئی تھی - (۳) دور! خبر دار! دور باش! -

a n.-m.-t. manner : ایسا انداز کہ کسی کو قریب جانے کی ہمت نہ ہو -

carries a n. m. t. in his face : اُس کے چہرے پر لکھا ہے " دور باش " -

Noll, *n.* : (مقامی) چندیا؛ سر ؛ کھوپڑی -

Nolle prosequi, *n.* : (قانون) (۱) دست برداری ؛ دست برداری از مقدمہ؛ دست برداری از جزو دعوی - (۲) التوائے کارروائی ؛ التوائے مقدمہ ؛ اندراج دست برداری یا التوائے مقدمہ -

Nolo episcopari *n.* : (۱) ذمہ داری کے عہدے سے اجتناب یا انکار - (۲) (لفظی) میں اُسقف ہونا نہیں چاہتا -

Nomad,-ade, *n. & a.* : (۱) خانہ بدوش ؛ بدوی (وہ قوم جو چراگاہ کی تلاش میں صحرا بصحرا پھرتی ہے) - (۲) آوارہ گرد ؛ سیاحت پسند -

nomadic, *a.* : خانہ بدوش قوم کا ؛ بدوی قوم کا -

nomadically, *adv.* : خانہ بدوشانہ ؛ بدویانہ -

nomadism, *n.* : خانہ بدوشی؛ بدویت؛ صحرا نوردی؛ بادیہ پیمائی -

nomadize, *v. i.* : خانہ بدوش ہونا ؛ صحرانوردی کرنا ؛ بادیہ پیمائی کرنا -

Nom de guerre, *n.* : جنگی نام ؛ قلمی نام (وہ فرضی نام جو کوئی شخص لڑائی میں ، کھیل میں یا اپنی تصانیف میں اختیار کرتا ہے) -

Nom de plume, *n.* : قلمی نام؛ تصنیفی نام ؛ تخلص (فرضی نام جو تصانیف میں اختیار کیا جائے) -

Nomenclator, *n.* : (۱) (قدیم روما) وہ غلام یا متوسل جس کا کام یہ تھا کہ آنے والوں کے نام بتائے یا دعوت میں لوگوں کو اپنی اپنی جگہ بٹھائے؛ حاجب - (۲) پودوں اور جانوروں کا نام رکھنے والا -

Nomenclature, *n.* : (۱) (شاذ) فہرست ؛ رجسٹر - (۲) نظام تسمیہ ؛ نام رکھنے کا اصول - (۳) اصطلاحات علمیہ - (۴) باقاعدہ یا با اصول تسمیہ -

nomenclative, *a.* : تسمیہ کے متعلق ؛ اصطلاحات علمیہ کا -

Nominal, *a.* : (۱) اِسمی ؛ اسم کے متعلق - (۲) نام کے متعلق - (۳) برائے نام ؛ نام کا - (۴) اِسم وار؛ نام بنام -

n. definition : تعریف اِسمی / وہ تعریف جس میں چیز کے نام کی کل خصوصیات آجائیں -

nominally, *adv.* : برائے نام ؛ محض نام کے لئے -

Nominalism, *n.* : (فلسفہ) اِسمیت (فلسفے کا یہ مسئلہ کہ کلیات یا مجرد تصورات کا فقط نام ہی نام ہے اور یہ حقیقی وجود نہیں رکھتے) -

nominalist, *n.* : اسمیت پسند ؛ حامیء اسمیت ؛ اِسمی -

nominalistic, *a.* : اسمیت کے متعلق ؛ اسمیانہ -

Nominate, *v. t.* : (۱) موسوم کرنا ؛ نام زد کرنا ؛ نام لے کر ذکر کرنا ؛ (تاریخ و مقام) مقرر کرنا ؛ تعین کرنا (اب اس معنی میں شاذ ہے) - (۲) نام زد کرنا ؛ نام تجویز کرنا (عہدے وغیرہ کے لئے) -

nominator, *n.* : نام زد کرنے والا -

nominee, *n.* : نام زد ؛ نام زد شدہ -

Nomination, *n.* : (۱) نام زدگی - (۲) حق نام زدگی ؛ اختیار نام زدگی -

Nominative, *a. & n.* : (۱) فاعلی ؛ حالت فاعلی - (۲) وہ لفظ جو حالت فاعلی میں ہو - (۳) (غلط استعمال) فاعل -

nominatival, *a.* : نام زدگی کا؛ نام زد شدہ ؛ نام زدگی کے ذریعے مقرر کیا ہوا -

Non : ترکیبوں میں بمعنی نفی استعمال ہوتا ہے -

n.assumpsit : (لفظی) اس نے وعدہ نہیں کیا ؛ عذر عدم وعدہ ؛ یہ عذر کہ مدعا علیہ نے وعدہ نہیں کیا تھا -

n.compos(mentis) : (لفظی) اپنے دماغ کا مالک نہیں ہے؛ مجنوں ؛ فاترالعقل -

n.esse : نہ ہونا ؛ عدم -

n. est inventus : (قانون اور عام) وہ موجود نہیں؛ نہیں ملا -

n. est., or n. inventus : (قانون) قرق امین کا بیان کہ مدعا علیہ اس کے حلقے میں موجود نہیں -

n. liquet : (قانون) (واضح نہیں) جوری کا فیصلہ اس حالت میں جب معاملہ مشتبہ ہو اور آئندہ پر اُٹھا رکھا جائے -

n. nobis : (۱) (ہماری طرف سے نہیں ، ہماری کوششوں کا نتیجہ نہیں) فتح و نصرت کو اپنی طرف نہیں بلکہ خدا کی طرف منسوب کرنا ہو تو یہ الفاظ کہتے ہیں - (۲) نغمۂ مسرت (بحوالۂ مزامیر ۱۱۵) -

n. placet : (لفظی " منظور نہیں ") (۱) (کلیسائی اور جامعی جماعتوں میں) منفی رائے؛ خلاف رائے - (۲) خارج کرنا؛ مسترد کرنا ؛ نا منظور کرنا ؛ رد کرنا -

n. plus ultra : = *neplus ultra*

n.possumus : اظہار عدم قابلیت ؛ انکار فعل ؛ کندھا ڈال دینا -

n.sequitur : (اس سے یہ نتیجہ نہیں نکلتا) غلط نتیجہ ؛ غیر منطقی نتیجہ؛ اُلٹا نتیجہ؛ خلاف قیاس نتیجہ -

Non- : ایک سابقہ جو not کا مرادف ہے ، جن الفاظ سے قبل آتا ہے ، اُن میں نفی کے معنی پیدا کردیتا ہے ، یہ سابقہ اسمائے افعال سے پہلے حسب ذیل معنی دیتا ہے - (۱) ترک فعل؛ احتراز فعل - (۲) اسمائے تشخیصی سے پہلے " غیر " کے معنی میں آتا ہے - (۳) اسمائے توصیفی سے پہلے " لا " کے معنی میں آتا ہے ، یعنی تعلق نہ رکھنے والا - (۴) صفات سے پہلے " غیر " یا " لا " کے معنی میں آتا ہے - (۵) بعض صفات سے پہلے نفی کے معنی میں نہیں بلکہ بے تعلقی کے معنی میں آتا ہے ؛ اُردو میں " لا " سے یہ معنی بھی پیدا ہوتے ہیں مثلاً *n. effective* - (۶) *adverbs* سے پہلے بھی آتا ہے مثلاً *n.-contentiously* یعنی بے قیل و قال -

n.-abstainer : غیر تارک شراب ؛ وہ شخص جو احتراز نہ کرتا ہو (خصوصاً شراب سے) -

n.-acceptance : عدم قبولیت ؛ عدم منظوری ؛ عدم تسلیم -

n.-access : نارسائی ؛ پہنچ نہ سکنا ؛ (قانون) عدم امکان صحبت (شوہر و زوجہ) -

n.-appearance : (۱) عدم ؛ ظاہر نہ ہونا - (۲) (قانون) عدم حاضری ؛ عدم پیروی -

non-claim : (قانون) عدم دعویٰ ؛ لا دعویٰ -

n.-collegiate : (۱) وہ طالب علم جو کسی کالج سے وابستہ نہ هو - (۲) وہ جامعہ جس میں کالج نہ هوں

n.-combatant : (فوج میں) غیر حربی لوگ ، خصوصاً ڈاکٹر ، پادری ، بیمار دار وغیرہ ؛ غیر محارب -

n.-commissioned : بے کمیشن (افسر) -

n.-committal : کسی طرف قطعی رائے نہ دینا ؛ اپنے آپ کو پابند نہ کرنا -

n.-committal answer : ایسا جواب جس میں کسی پہلو کی قطعی حمایت نہ هو -

n.-communicant : غیر جماعتی ؛ وہ شخص جو جماعت کے ساتھ عبادت نہ کرتا هو ؛ جماعت کی نماز نہ پڑھتا هو -

n condensing : غیر تکثیفی ؛ وہ اسٹیم انجن جس میں بخار کو سیال بنانے کا آلہ نہ هو بلکہ وہ صرف شدہ اسٹیم کو فضا میں خارج کردیتا هو -

n.conducting : جو حرارت یا برق کو منتقل نہ کرسکتا هو ؛ غیر موصل -

n.-conductor : غیر موصل -

n.-conductability : غیر موصلیت -

n. -content : وہ شخص جو دارالامراء میں کسی تجویز کے خلاف رائے دے ؛ مخالف -

n. effective : (سپاهی وغیرہ) جس نے هنوز معاذ جنگ پر کام کرنے کی سند نہ پائی هو -

n. -ego : (ما بعد الطبیعات) " غیر آنا " ؛ " ما سوائے آنا " آنا کے سوائے تمام مخلوق -

n. - Euclidean : وہ شخص جو هندسے کے کسی مسئلے میں اقلیدس کی تقلید نہ کرے (غیر اقلیدسی) -

n. -feasance : ترک فعل ؛ جو فعل قانوناً فرض هے اُس کا ترک کرنا -

non- flammable : غیر مشتعل (فلالین وغیرہ جو آسانی سے آگ میں نہ جلے) -

n. -human : ذانسانی ؛ جسے نوع انسانی سے تعلق نہ هو -

n. -interference, -intervention : سیاسی اور بین الاقوامی معاملات میں دوسرے ملکوں کے باهمی جھگڑوں میں دخل نہ دینا ؛ عدم مداخلت -

n. intrusion : کلیسائے اسکاچستان کا یہ اُصول کہ کسی حلقے کا سرپرست رئیس ایسے پادری کو نام زد نہیں کرسکتا ، جسے حلقے کے لوگ پسند نہ کرتے هوں -

n. -joinder : (قانون) عدم اشتمال -

n. -jury : بلا جرری (مقدمہ) -

n. -juring, -juror : (تاریخ) وہ پادری جنهوں نے ولیم اور میری کی وفاداری کا حلف اٹھانے سے انکار کر دیا تھا -

n. -logical : جو منطق سے بے نیاز هو ؛ لا منطقی -

n. -member : غیر رکن -

n. -membership : غیر رکنیت -

n. -metal: ادھات ؛ وہ عنصر جو دھات نہیں هے ؛ غیر دھاتی عنصر -

n. -metallic : غیر فلزی -

n. -moral : جو اخلاق کی حد میں نہ آتا هو ؛ جسے اخلاق سے تعلق نہ هو ؛ لا اخلاقی -

h. -natural : غیر قدرتی -

n. party : لا فریقی ؛ جو کسی فریق یا پارٹی سے تعلق نہ رکھتا هو -

n. -provided : غیر امدادی (اسکول وغیرہ) -

n. -resistance: عدم مقاومت ؛ (تاریخ) ۱۷ ویں صدی کا یہ اصول کہ حاکم کے حکم کی مقاومت نہ کی جائے ، خواہ وہ حکم نا جائز هی کیوں نہ هو -

n. -skid : نہ پھسلنے والا (پہیے کا ٹائر) -

n. - ociety, -union, (also *n.-unionist*) : (وہ شخص جو مزدوروں کی کسی انجمن کا رکن نہ هو -

n. -user : (۱) (قانون) استعمال حق جائز میں غفلت یہاں تک کہ وہ حق کالعدم هو جائے -

Nonage, *n.* : (۱) نابالغی ؛ کم سنی- (۲) نا پختگی ؛ ابتدائی منزل -

Nonagenarian, *a. & n.* : نود سالہ ؛ پیر نود سالہ ؛ ۸۹ اور ۱۰۰ کے درمیان کا بوڑھا -

Nonary, *a. & n.* : (۱) (طریق شمار) تسعی ؛ جس کا شمار بجائے دھائی کے نو کے حساب سے کیا جائے - (۲) نو کا مجموعہ -

Non avenu, *a.* : غیر واقع شدہ ؛ جس کی نسبت فرض کرلیا جائے کہ واقع نہیں هوا ؛ کالعدم -

Nonce, *n.* : موجودہ وقت یا موقع -

for the n. : فی الحال ؛ عارضی طور پر -

n. -word : وہ لفظ جو محض ایک موقع کے لئے گھڑا جائے -

Nonchalant, *a.* : ٹھنڈے دل کا ؛ بے جوش ؛ بے پروا -

nonchalance, *n.* : ٹھنڈا دل ؛ بے جوشی ؛ بے پروائی -

nonchalantly, *adv.* : ٹھنڈے دل سے ؛ بے پروائی سے ؛ بے جوشی سے -

Nonconformist, *n.* : غیر مقلد ؛ وہ پروٹسٹنٹ عیسائی جو کلیسائے انگلستان کا رکن نہ هو -

the n. conscience : غیر مقلدانہ خیالات -

Nonconformity, *n.* : (۱) پروٹسٹنٹ غیر مقلدوں کا عقیدہ ، عمل یا ان کی جماعت - (۲) عدم تقلید - (۳) عدم تعمیل - (۴) عدم مطابقت -

Nondescript, *a. & n.* : نہ إلا الذی نہ ألا الذی ؛ دوغلا ؛ آدھا تیتر آدھا بٹیر -

None, *pron., a., & adv.* : (۱) کوئی نہیں ؛ کوئی بھی نہیں (مثلاً *there were n. present*) - (۲) بالکل نہیں ؛ ذرا بھی نہیں (مثلاً *there is n. of it left*) -

I am none the better for seeing you : آپ کے ملنے سے مجھے کچھ حاصل نہیں هوا -

none the less : تا هم -

Nonentity, *n.* : (۱) عدم ؛ نیستی - (۲) معدوم ؛ لا شے ؛ فرضی یا خیالی چیز- (۳) بے حقیقت شے ؛ لا شے ؛ محض ؛ شخص یا چیز جس کی کوئی اهمیت نہ هو ؛ صفر -

Nones, *n.* pl. : (قدیم روما) (۱) مارچ ، مئی ، جولائی اور اکتوبر کی ساتویں تاریخ ، اور باقی مہینوں کی پانچویں تاریخ - (۲) ایک روزانہ عبادت (ابتداً میں نویں گھنٹے یعنی تین بجے سہ پہر کو هوا کرتی تھی)-

Nonesuch, non-, *n.* : (۱) وہ شخص یا چیز جس کا کوئی نظیر نہ هو ؛

لا ثانی شخص یا چیز - (۲) پودا جو مویشی کے چارے کے کام آتا ھے ؛ ایک قسم کی لوسن گھاس -

Nonet, *n.* : نو آدمیوں کے گانے یا نو آدمیوں کے بجانے کا نغمہ -

Nonillion, *n.* : دس لاکھ کی نویں قوت ؛ وہ رقم جس میں ایک کے ہندسے پر ۵۴ صفر ھوں -

Nonius, *n.* : ریاضی کے آلات میں درجے قائم کرنے کا اسکیل (اس کی جگہ اب Vernier استعمال ھوتا ھے) -

Nonpareil, *a.* & *n.* : (۱) بے مثل ؛ بے نظیر ؛ بےمثال ؛ لاثانی ؛ یکتا - (۲) بے مثل شخص یا چیز - (۳) (طباعت) ایک خاص پیمانے کا ٹائپ - (۴) ایک قسم کی مٹھائی - (۵) ایک قسم کا سیب - (۶) ایک قسم کا گیہوں - (۷) پروانے کی قسم کا ایک کیڑا -

Nonplus, *n.* & *v. t.* : (۱) حیرت ؛ سکتے کی سی حالت ؛ دم بخود ھونا - (۲) حیرت میں ڈال دینا ؛ دم بخود کردینا ؛ ھوش گم کردینا -

at a n. : حیرت زدہ ؛ مبہوت ؛ دم بخود ؛ سکتے میں -

Non-resident, *a.* & *n.* : (۱) غیر مقیم پادری ؛ وہ پادری جو اپنے حلقے میں نہ رھتا ھو - (۲) وہ شخص جو کسی عارضی جگہ پر ٹھیرا ھوا ھو ؛ غیر سکونت پذیر ؛ غیر اقامت پذیر -

non-residence, *n.* : (۱) پادری کا حلقے میں مقیم نہ ھونا - (۲) غیر اقامت پذیری ؛ غیر سکونت پذیری -

Nonsense, *n.* & *int.* : (۱) لغویات ؛ واھیات یا مہمل بات یا خیال یا کام - (۲) (فجائیہ) کیا مہمل بات ھے !

n.-book : مسخرے پن کی کتاب -

n. verses : لا یعنی نظمیں -

nonsensical, *a.* : لغو ؛ مہمل -

nonsensically, *adv.* : لغو یا مہمل طریقے سے -

Nonsuch : دیکھو Nonesuch -

Nonsuit, *n.* & *v. t.* : (۱) دعوی خارج کرنا یا ھونا ؛ اخراج دعوی - (۲) عدم شہادت وغیرہ کی بنا پر مقدمہ خارج کردینا -

Nonus, *a.* & *n.* : (مدرسے میں ایک نام کے لڑکوں میں عمر یا مدت تعلیم کے لحاظ سے) نواں ؛ نہم -

Noodle, *n.* : سادہ لوح ؛ احمق ؛ بے وقوف ؛ بدھو -

noodledom, *n.* : سادہ لوحی ؛ احمق پن -

Nook, *n.* : گوشہ ؛ کونا ؛ الگ تھلگ جگہ ؛ کنج عزلت -

Noon, *n.* : دوپہر ؛ نیم روز ؛ نصف النہار -

noonday, noontide : دو پہر کا وقت -

Noose, *n.* & *v. t.* : (۱) پھندا ؛ سرک پھندا ؛ پھانسی ؛ سرک پھانسی ؛ کمند ؛ بربقہ ؛ جال ؛ دام ؛ عقد ؛ عقد شرعی - (۲) پھنسانا ؛ پھاندنا ؛ جال میں پھنسانا ؛ دام میں پھانسنا ؛ اسیر کرنا ؛ قید کرنا ؛ پکڑنا ؛ صید کرنا - (۳) پھندا ڈالنا ؛ پھندا لگانا ؛ لپیٹنا ؛ رسی گردن کے گرد لپیٹنا -

Nopal, *n.* : (امریکی) ناگ پھنی (اس پودے کے کھیت لگائے جاتے ھیں جس میں Cochineal کیڑا پرورش پاتا ھے) -

nopalry, *n.* : امریکی ناگ پھنی کا کھیت -

Nor. *adv.* & *conj.* : (۱) (قدیم) نہ تو - (۲) اور نہ

Nor : اجزائے ترکیبی اور مشتقات میں اکثر North کا مخفف -

Nordenfelt, *n.* : ایک قسم کی مشین گن (اس کا موجد سوئیڈن کا باشندہ Nordenfelt تھا) -

Nordic, *a.* : نارڈی ؛ فرنگیوں کی ایک نسل ھے ' جس کے افراد کا قد لمبا اور رنگ گورا ھوتا ھے ' یہ اسکینڈی نیویا اور شمالی برطانیہ میں آباد ھے -

Norfolk *n.* : نارفک (انگلستان کے ایک ضلع کا نام ھے) -

N. capon : لال ھیرنگ مچھلی -

N. dumpling, turkey : نارفک کا باشندہ -

N. Howard : (عامیانہ) کھٹمل -

N. jacket : ایک قسم کا مردانہ ڈھیلا ڈھالا کوٹ جس میں کمر کے گرد پٹکا ھوتا ھے -

N. plover : ایک لمبی ٹانگوں کی پانی میں چلنے والی چڑیا جو جھاڑ میں رھتی ھے -

Norland, *n.* : ارض شمالی ؛ اضلاع شمالی ؛ خطۂ شمالی -

Norm, *n.* : معیار ؛ کامل نمونہ ؛ مکمل مثال -

Normal, *a.* & *n.* : (۱) (ھندسہ) عمودی - (۲) طبعی ؛ با قاعدہ ؛ معمولی ؛ حسب معمول - (۳) معیاری ؛ مثالی - (۴) خط عمودی - (۵) (طبیعیات) اوسط مقدار (بارش وغیرہ کی) - (۶) طبعی حالت - (۷) طبعی حرارت (جسم انسانی کی = ۹۸۰۴ درجہ)

n. school : مدرسوں کا ٹریننگ اسکول ؛ مدرسۃ المعلمین -

normality (also irreg. *normalcy*), *n.* : باقاعدگی ؛ طبعی ھونا ؛ حسب معمول ھونا -

normalization, *n.* : طبعی حالت پر لانا یا لایا جانا ؛ باقاعدہ بنانا یا بنایا جانا -

normalize, *v. t.* : باقاعدہ بنانا ؛ طبعی حالت پر لانا -

normally, *adv.* : طبعاً ؛ معمولاً ؛ حسب قاعدہ -

Norman, *n.* & *a.* : (۱) نارمن ؛ نارمنڈی کا باشندہ ؛ نارمن نسل کا شخص - (۲) نارمنڈی کا ' نارمن نسل کا - (۳) N. French = (دیکھو ذیل میں) - (۴) N. Style = (دیکھو ذیل میں) -

N. conquest : فتح نارمن ؛ فتح انگلستان از ولیم نارمن سنہ ۱۰۶۶ء -

N. English : نارمن انگریزی ؛ وہ انگریزی جو نارمن قوم بولتی تھی یا جو نارمن زبان سے اثر پذیر ھوئی -

N. French : وہ فرانسیسی زبان جو نارمن لوگ بولتے تھے یا زمانۂ ما بعد میں انگلستانی عدالتوں میں بولی جاتی تھی -

N. style : نارمن طرز عمارت -

Normanesque, *a.* : نارمن طرز تعمیر کا -

Normanism, *n.* : نارمن طرز زندگی ؛ نارمن محاورہ ؛ نارمن رسم -

Normanization, *n.* : نارمن بننا یا بنایا جانا -

Normanize, *v.t.* & *i.* : نارمن بننا یا بنانا ؛ نارمنوں کا طریقہ اختیار کرنا -

Norn, *n.* : (علم الاصنام اسکینڈی نیویا) تقدیر کی دیوی -

Norroy, *n.* : صدر نقیب اسلحہ (برطانیہ و آئرستان کے پانچ نقیبوں میں سے ایک نقیب) -

Norse, *n.* & *a.* : (۱) ناروی ؛ ناروے کی زبان - (۲) ناروی ؛ ناروے کا ؛

Norseland : ناروستان (ناروے) ؛ سرزمین ناروے -

Norseman : باشندۂ ناروے ؛ ناروی -

Old n. : ناروے کی زبان جو ۱۴ ویں صدی تک ناروے اور اس کی نو آبادیوں میں بولی جاتی تھی -

Norsk, *n.* & *a.* : Norse

North, *adv, n.* & *a.* (abbr. N.) : (۱) شمال کی طرف ؛ شمال میں - (۲) شمال ؛ طرف شمال - (۳) انگلستان کا ' برطانیہ کا

اسکاچستان کا اور آئرستان کا یا یورپ کا شمالی حصہ - (۴) (امریکہ) شمالی ریاستیں جن میں غلامی کی رسم نہیں تھی - (۵) کسی ملک کا شمالی حصہ - (۶) باد شمال - (۷) جو شمال میں یا شمال کی طرف واقع ہو ؛ شمال کا (۸) شمال کی طرف سے آنے والی (ہوا یا روشنی) -

due n.: ٹھیک شمال کی طرف -

lies n. & south: (طول میں) شمالاً جنوباً واقع ہے -

magnetic n. : مقناطیسی شمال ؛ شمال کی وہ سمت جسے قطب نما کی سوئی بتاتی ہے -

N. Britain, N. Briton : (۱) اسکاچستان - (۲) اسکاچستانی -

N. Country : برطانیہ کا شمالی حصہ ؛ انگلستان کا شمالی حصہ -

n. -country : شمالی انگلستان یا شمالی برطانیہ کا -

N.-countryman : شمالی برطانیہ کا باشندہ ؛ شمالی انگلستان کا باشندہ -

n. -east شمال مشرق -

n. east passage : شمال مشرقی رستہ ؛ یورپ اور ایشیا کے شمالی ساحلوں کے متوازی بحری راستہ -

Northland : (شعر) ارض شمالی ؛ کسی ملک کا شمالی حصہ -

north light : انوار شمالی ؛ وہ روشنی جو شمالی قطب مقناطیسی سے آتی ہے -

Northman : باشندۂ ناروے ؛ باشندۂ اسکینڈنی نیویا -

north-north east : شمال شمال مشرق میں ؛ شمال اور شمال مشرق کے وسط میں -

north- north -west : شمال شمال مغرب میں ؛ شمال اور شمال مغرب کے وسط میں -

n. pole : قطب شمالی -

north -polar : قطب شمالی کا -

N. Sea : بحر جرمنی ؛ وہ سمندر جو برطانیہ ، بلجیم ، ہالستان ، جرمنی اور اسکینڈی نیویا کے مابین واقع ہے -

N. star : قطب تارہ -

n. -west : شمال مغرب -

n. -west passage : شمالی مغربی راستہ ؛ امریکہ کے شمالی ساحل کے متوازی بحری رستہ -

the N. -west (N.W.) : کناڈا کے اضلاع شمال مغربی -

northward, *adv., n., & a.* . (۱) شمال کی طرف - (۲) شمال کی طرف کا -

northwards, *adv. & n.* : (۱) شمال کی طرف - (۲) شمال یا شمالی طرف -

North-easter, *n.* : شمال مشرقی ہوا -

Norther, *n.* : (ریاستہائے متحدہ امریکہ) شمالی ہوا ؛ تیز اور سرد شمالی ہوا جو سردی اور خزاں کے موسم میں ٹیکساس (Texas) ، فلوریڈا (Florida) اور خلیج میکسیکو کے علاقوں میں چلتی ہے -

Northerly, *a. & adv.* : (۱) (شاذ) شمال کا - (۲) شمالی (سمت) - (۳) شمال کی طرف سے چلنے والی (ہوا) -

Northern, *a. & n.* : (۱) شمال کا ؛ خصوصاً شمال انگلستان کا ؛ شمالی یورپ کا - (۲) (امریکہ) امریکہ کی شمالی ریاستوں کا ؛ کسی ملک کے شمال کا - (۳) شمالی علاقے کی خصوصیات رکھنے والا - (۴) (شاذ) شمالی (ہوا) - (۵) شمال کا باشندہ -

n. lights : انوار شمالی -

northerner, *n.* : شمال کا باشندہ -

northernmost, *a.* : انتہائے شمال کا -

Northing, *n.* : جہاز رانی یا سفر میں شمال کی طرف بڑھنا یا ہٹنا ؛ سفر جانب شمال ؛ انحراف جانب شمال -

Northumbrian, *a. & n.* : (۱) قدیم نارتھمبر یا کا باشندہ یا وہاں کی زبان - (۲) موجودہ نارتھمبرلینڈ کا باشندہ یا وہاں کی زبان -

Northwardly, *adv. & a.*: (۱) شمال کی طرف - (۲) شمالی (ہوا) -

North-wester, *n.*: شمال مغربی ہوا -

Norward(s) : = Northwards

Norwegian, *a. & n.* : (۱) باشندۂ ناروے ؛ ناروے کا رہنے والا - (۲) زبان ناروے ؛ ناروی زبان ؛ ناروی -

Nor-wester, *n.*: (۱) شمال مغربی ہوا - (۲) تیز شراب کا ایک ساغر - (۳) موم جامے کی ٹوپی (جس کا چھجہ پیچھے کی طرف ہوتا ہے) -

Nose, *n. & v. t. & i.* : (۱) ناک ؛ بینی - (۲) قوت شامہ ؛ سونگھنے کی قوت ؛ سراغ لگانے کا مادہ - (۳) خوشبو (چائے یا سوکھی گھاس وغیرہ کی) - (۴) نلکی پائپ وغیرہ کا کھلا ہوا سرا ؛ منہ ؛ دہانہ - (۵) ناک ؛ تھوتھنی - (۶) جہاز کا اگلا حصہ جو اس کے نوکدار سرے سے ملا ہوا ہوتا ہے - (۷) (کسی چیز کا) آگے نکلا ہوا حصہ - (۸) سونگھنا ؛ سونگھ کر معلوم کرنا ؛ (مجازاً) پتا چلا لینا - (۹) (کسی چیز کو) ناک سے رگڑنا ؛ ناک سے ملنا - (۱۰) (ناک سے) سوں سوں کرنا ؛ نتھنے سکوڑنا ؛ (مجازاً) خواہ مخواہ تجسس کرنا ، تلاش کرنا - (۱۱) گھس جانا ؛ (جہاز کا) پانی کو چیر کر آگے بڑھنا - (۱۲) (طبقۂ ارض کا) نیچے کو جھکنا یا سطح پر ابھر آنا -

as plain as the n. in your face : بالکل صاف ؛ کھلا ہوا -

bite one's *n. off, snap* one's *n. off* : کسی شخص کو جھنجھلا کر جواب دینا -

count or *tell nn.* : تجویز کی تائید کرنے والوں کو گننا ؛ کسی معاملے کا کثرت آراء سے فیصلہ کرنا -

cut off one's *n. to spite* one's *face* : پرائے شگون کے لیے اپنی ناک کٹانا -

follow your n. : (۱) ناک کی سیدھ میں چلے جاؤ ؛ سیدھے چلے جاؤ - (۲) جو طبیعت کہے وہ کرو -

keep one's *n. to the grindstone* : کسی سے سخت محنت لینا -

lead by the n. : دیکھو Lead -

make long n.: انگوٹھا ناک سے لگا کر انگلیاں پھیلا کر کسی کو چڑانا -

n. ape : سونڈ والا بندر ؛ ایک قسم کا بندر جس کی ناک بہت لمبی ہوتی ہے -

n. -bag : گھوڑے کا توبرا -

n. -band : پوزی پٹہ -

n. -dive : طیارے کا تیزی سے نیچے کی طرف جھکنا -

n. -flute : نک مرلی ؛ ایک قسم کی بانسری جو ناک سے بجائی جاتی ہے (سیام اور جزیرۂ فجی وغیرہ میں) -

nosegay : گلدستہ -

n. monkey : سونڈ والا بندر -
n. of wax : موم کی ناک ؛ وہ شخص جو دوسروں کا اثر بہت جلد قبول کرے -
n. -piece : (۱) پوزی پٹلہ - (۲) خرد بین کا وہ حصہ جس میں اس کا دھانہ لگا ہوتا ہے -
n. -pipe : نلی وغیرہ کا وہ حصہ جو کسی چیز کے دھانے کے کام آئے -
n. -rag : (عامیانہ) ناک صاف کرنے کا رومال -
n. -ring : (۱) چھلا جو بیل کی ناک میں باندھ دیتے ہیں ؛ ناتھ - (۲) زیور جو وحشی قومیں پہنتی ہیں ؛ ناک کا چھلا -
n. -warmer : (عامیانہ) چھوٹا پائپ (تمباکو پینے کا) -
parson's n. : پکے ہوئے مرغ کا پٹھا -
pay through the n. : ٹھگا جانا ؛ حد سے زیادہ قیمت دینا -
poke one's *n. into* : خواہ مخواہ دخل دینا ؛ دخل در معقولات کرنا -
put one's *n. out of joint* : کسی کو ہٹا کر اس کی جگہ لینا ؛ ہوش بگاڑ دینا ؛ شکست دینا -
speak through one's *n.* : ناک میں بولنا ؛ غنغنا کر بولنا -
turn up one's *n. at* : ناک چڑھانا ؛ حقارت کا اظہار کرنا -
under one's *n.* : (کسی کے) مقابل ہو ؛ رو در رو -
(-) nosed, *a.* : (—) ناک والا -
noseless, *a.* : بے ناک کا ؛ بے دھانے کا -

Noser, *n.* : تیز مخالف ہوا ؛ تیز و تند سامنے کی ہوا -
Nosing, *n.* : زینے یا کارنس وغیرہ کی گول کگر یا دھات کا خول جو اس پر چڑھا ہو -
Noso- : (سابقہ) ؛ بیماری ، مرض وغیرہ -
nosography : تشریح امراض -
nosology : علم تقسیم امراض -
Nostalgia, *n.* : وطن کا ہڑکا ؛ یاد وطن کا عارضہ ؛ وطن واپس جانے کی خواہش جو بیماری کی حد تک پہنچ جائے -
nostalgic, *a.* : عارضۂ وطن کے متعلق -
Nostoc, *n.* : ایک قسم کی کائی یا صوف البحر -
Nostradamus, *n.* : نسطرادیم ؛ پیشہ ور پیشین گو ؛ غیب دانی کا مدعی (نسطرادیم سولھویں صدی کا فرانسیسی طبیب تھا جو پیش گوئی کیا کرتا تھا) -
Nostril, *n.* : نتھنا ؛ منخر ؛ سوراخ بینی -
stink in one's *nn.* : (کسی چیز سے) کراہت ہونا ؛ گھن آنا -
(-) nostrilled, *a.* : (-) نتھنے والا -
Nostrum, *n.* : (۱) عطائی دوا ؛ عطائی نسخہ - (۲) سیاسی اور عمرانی اصلاح کی دل خوش کن تجویز - (۳) خاص ترکیب -
Nosy, *a. & n.* : (۱) بڑی ناک والا ؛ لمبی نکا ؛ بڑنکا (خصوصاً ڈیوک ولنگٹن) - (۲) بد بو دار (خصوصاً گرم کیا ہوا غلہ اور سیلی ہوئی گھاس)- (۳) خوشبو دار (چائے) - (۴) وہ شخص جس کو بد بو کا بہت احساس ہو - (۵) (عامیانہ) جسے تجسس کی عادت ہو ؛ راز جو -
N. Parker : دخل در معقولات کا عادی ؛ ہر کام میں ٹانگ اڑانے والا ؛ از راہ تجسس مدا خلت کرنے والا -

Not, n't, *adv.* : (۱) نہیں ؛ نہ ؛ مت -
n. a. : ایک بھی نہیں -
n. at home : دیکھو Home
n. -being : عدم ؛ موجود نہ ہونا -
n. few : بہت سے -
n. half : (عامیانہ) بہت زیادہ -
n. once or twice, n. once nor twice : بار ہا -
n. out : دیکھو Out -
n. reluctant : دل سے راضی -
n. seldom : اکثر -
n. -self : غیر انا ؛ غیر نفس -
n. sufficient (N. S.) : بینک والے جس چک کو بغیر سکارے واپس کردیتے ہیں اس پر یہ الفاظ لکھے جاتے ہیں -
n. that, n. but that, n. but what : یہ نہیں کہ ؛ یہ مطلب نہیں کہ -

Octant, *n.* : (۱) قوس دائرہ جو محیط کا ⅛ هو - (۲) قطعہ جو دائرہ کا ⅛ هو؛ ثمن - (۳) تین سطحات کے تقاطع سے جو آٹھ قطعے بنتے هیں ان میں سے ایک - (۴) ثمن مجیب ؛ (هئیت) کسی سیارے کا وہ مقام جو کسی دوسرے مقام سے ۴۵ درجے کے فاصلے پر هو - (۵) دائرے کا ⅛ جو هئیت اور جہاز رانی میں پیمانے کا کام دیتا هے -

Octarchy, *n.* : آٹھ چھوٹی چھوٹی حکومتوں کا مجموعہ -

Octaroon: دیکھو octoroon -

Octastyle, *a.* & *n.* : هشت ستونی ؛ هشت عمودی ؛ (وہ عمارت) جس میں کونے پر یا سامنے آٹھ ستون هوں -

Octateuch, *n.* : تورات کی پہلی آٹھ کتابیں -

Octave, *n.* : (۱) کسی مذهبی تہوار کا آٹھواں دن ؛ کوئی مذهبی تہوار اور اس کے بعد کا هفتہ - (۲) آٹھ مصرعوں کا ٹکڑا ؛ مثمن - (۳) (موسیقی) وہ سر جس کا ارتعاش کسی خاص سر کا دگنا یا آدها هو اور وہ سرگم میں اس سے آٹھ درجے اونچا یا نیچا هو - (۴) کسی سر اور اس کے octave کے درمیان فصل - (۵) کسی سر اور اس کے octave کے درمیانی سر - (۶) کسی سر اور اس کے octave کا هم آهنگ نغمہ - (۷) آٹھ چیزوں کا جوڑ یا مجموعہ -

o.- coupler: ارگن کے ان سروں کو ملانے والی چیز جس میں ایک octave کا فصل هو -

o. -flute : ارگن باجے کا ایک پردہ -

Octavo, *n.* (abbr. 8 vo, oct). : (۱) فل اسکیپ کے صفحے کی ⅛ تقطیع - (۲) اس تقطیع کی کتاب -

Octavus : دیکھو primus -

Octennial, *a* : هشت سالہ ؛ آٹھ برسی ؛ آٹھ آٹھ سال کے بعد واقع هونے والا -

Octet (te) *n.* : (۱) هشت بیت ؛ وہ گیت جسے آٹھ گانے والے گائیں - (۲) آٹھ گویوں یا سازندوں کی جوڑ - (۳) هشت مصرعہ: sonnet کے پہلے آٹھ مصرعے -

Octillion, *n.* ایک کروڑ کی ساتویں قوت ؛ وہ عدد جس میں ایک کے هندسہ کے بعد اڑتالیس صفر هوں -

octillionth, *a.&n.* : ایک کروڑ کی ساتویں قوت کا یا اس کے درجے کا -

Octingentenary, *n.* : هشت صد سالہ سالگرہ -

Octo-, oct-: (سابقہ بمعنی) آٹھ -

October, *n.* : (۱) اکتوبر؛ ماہ اکتوبر - (۲)(قدیم) وہ بیر (beer) جو اکتوبر میں کشید کی جائے -

Octobrist *n.&a.* : روسی پارلیمنٹ (۱۹۰۶ - ۱۹۱۷) کے اعتدال پسند فریق کا (رکن) (۳۰ اکتوبر سنہ ۱۹۰۵ء کو دستوری شاهی حکومت کا اعلان هوا تھا) -

Octocentenary, octocentennial, *nn.* : هشت صد سالہ سالگرہ -

Octodecimo, *n.* (abbr. 18 mo) : فل اسکیپ کے صفحے کی 1/18 تقطیع؛ اس تقطیع کی کتاب -

Octogenarian, *a.* & *n.* : (۱) هشتاد سالہ ؛ پیر هشتاد سالہ ؛ اسی برس کی عمر کا (بوڑھا)؛ پیر فرتوت - (۲) اسی برس کے بوڑھے کا ؛ پیر هشتاد سالہ کا -

Octonal, *a.* : آٹھ آٹھ کا ؛ ثمانی (اعداد کا سلسلہ وغیرہ) -

Octonarian, *a.* & *n.* : (عروض) هشت رکنی (مصرعہ) ؛ آٹھہ رکنی (مصرعہ) -

Octonary, *a.* & *n.* : (۱) Octonal = - (۲) آٹھہ کا جوڑیا مجموعہ - (۳) آٹھہ مصرعے کی نظم ؛ مثمن -

Octopus, *n.* : (۱) هشت نیش صدف ؛ سیپ کی قسم کا کیڑا جس کے منہ پر آٹھہ ڈنک ہوتے ہیں - (۲) ظالمانہ منظم قوت جس کا اثر ہر طرف پھیلا ہوا ہو ؛ عالمگیر بلا -

Octoroon, -ta-, *n.* : وہ شخص جس کے جسم میں آٹھواں حصہ حبشی خون ہو -

Octosyllabic, *a.* & *n.* : آٹھہ بولی ؛ هشت رکنی (نظم) -

Octosyllable, *n.* & *a.* : (۱) آٹھہ بولی ؛ هشت رکنی (نظم) - (۲) آٹھہ بولا ؛ آٹھہ بول کا لفظ -

Octroi, *n.* : (۱) چنگی ؛ محصول چنگی ؛ کروڑ گیری - (۲) چنگی کی چوکی - (۳) چنگی کے افسر ؛ چنگی کے ملازم -

Octuple, *a.*, *n.*, & *v. t.* : آٹھہ گنا ؛ هشت چند -

Ocular, *a.* & *n.* : (۱) چشم دید ؛ عینی (مشاہدہ) ؛ آنکھوں دیکھا - (۲) آنکھہ کا ؛ عینی ؛ چشمی ؛ بصری ؛ نظری - (۳) دور بین وغیرہ کا شیشہ -

ocularly, *adv.* : آنکھ کے ذریعے سے -

Ocularist, *n.* : مصنوعی آنکھہ بنانے والا -

Oculate(d), *a.* : = Ocellate

Oculist, *n.* : معالج چشم ؛ آنکھوں کا ڈاکٹر ؛ ماہر امراض چشم ؛ ماہر امراض بصر -

Oculo- : (سابقہ) آنکھہ کا -

Od, *n.* : وہ مفروضہ قوت جو عالم طبعی میں جاری و ساری سمجھی جاتی ہے اور مقناطیسی اور کیمیاوی عمل کی بنا قرار دی جاتی ہے -

Odalisque, *n.* : داشتہ ؛ حرم -

Odd, *a.* & *n.* : (۱) طاق ؛ فرد (جفت کا نقیض) - (۲) پھٹکل ؛ پھٹیل ؛ اکیلا - (۲) طاق عدد کا ؛ طاق نمبر کا - (۳) کچھہ زائد ؛ کچھہ اوپر (جیسے .forty o چالیس سے کچھہ زیادہ ؛ کچھہ اوپر چالیس) - (۵) بقیہ ؛ فاضل ؛ زائد رقم - (۶) فالتو ؛ شمار سے باہر ؛ سلسلے سے باہر ؛ غیر معین - (۷) نرالا ؛ انوکھا ؛ غیر معمولی ؛ عجیب - (۸) golf کے رعایتی نمبر جو کم زور کھلاڑی کو ملتے ہیں -

o. and even : ایک کھیل جس میں ہارجیت قسمت سے ہوتی ہے -

o.-come-short : (۱) بقایا ؛ فاضل - (۲) (جمع) بچا کھچا ؛ متفرق چیزیں -

o.-come-shortly (one of these o.-c.-shortly خصوصاً) عنقریب ؛ کسی قریب کی تاریخ میں ؛ بہت جلد -

o. numbers, volumes : رسالوں کے مختلف نمبر جن میں سلسلہ نہ ہو -

o. man out : (قرعہ اندازی) قرعے کے ذریعے تین شخصوں میں سے ایک کو منتخب کرنے کا طریقہ (تینوں آدمی سکے اچھالتے ہیں - دو کے سکے یکساں ہوں تو تیسرے کو علحدہ کر لیتے ہیں) -

the o. man : وہ شخص جس کی رائے طاق عدد کی کمیٹیوں وغیرہ میں فیصلہ کن ہو -

the o. trick : whist کے کھیل میں تیرھواں ہاتھہ (جب دونوں فریقوں کے چھہ چھہ ہاتھہ بن چکے ہوں) -

oddish, *a.* : نرالا سا ؛ انوکھا سا ؛ عجیب سا -

oddly, *adv.* : نرالی طرز پر ؛ انوکھے ڈھنگ سے ؛ عجیب انداز سے ؛ عجب طرح سے -

oddness, *n.* : (۱) بوالعجبی ؛ نرالا پن ؛ انوکھا پن - (۲) طاق ہونا - (۳) پھٹکل ہونا - (۴) فالتو ہونا -

Oddity, *n.* : (۱) انوکھا پن ؛ نرالا پن ؛ بوالعجبی - (۲) انوکھی صفت ؛ نرالی بات - (۳) عجیب آدمی ؛ انوکھا آدمی - (۴) انوکھا واقعہ ؛ انوکھی چیز -

Oddments, *n. pl.* : بچا کھچا ؛ متفرق چیزیں -

Odds, *n. pl.* (often treated as sing.) : (۱) عدم مساوات - (۲) فرق ؛ تفاوت - (۳) نزاع ؛ مخالفت ؛ لڑائی - (۴) غلبہ ؛ جھکا ہوا پلہ - (۵) رعایت (جو کسی کھیل کے مقابلے میں کم زور فریق کے ساتھہ کی جائے) - (۶) (شرط بازی) دونوں طرف سے جو بازیاں لگائی جائیں ان کی باہمی نسبت - (۷) قوی امکان ؛ گمان غالب -

be at o. with fate : تقدیر سے آن بن ہونا -

lay or *give o. of three to one* : ایک اور تین کی شرط کرنا ؛ یہ شرط کرنا کہ جیتے تو ایک لینگے اور ہارے تو تین دیں گے -

make o. even : عدم مساوات کو دور کرنا ؛ ہموار کرنا -

o. and ends : بچا کھچا ؛ متفرق چیزیں -

take o. : ایسی شرط لگانا کہ جیتے تو زیادہ لینگے اور ہارے تو کم دیں گے -

what's the o.? : اس سے کیا فرق پڑتا ہے ؟ ؛ اس میں کیا حرج ہے ؟ -

Ode, *n.* : (۱) غنائی نظم ؛ غزلیہ نظم ؛ گیت - (۲) تشبیب (پچاس سے دو سو مصرعوں تک کی پرجوش غنائی نظم جس میں کسی سے خطاب کیا جائے) -

-ode : (لاحقہ) بہ معنی (-) کی قسم یا خاصیت کا -

Odeum, *n.* (pl. -s, -ea) : (قدیم یونان و روما کا) سرود خانہ ؛ وہ جگہ جہاں گانے کی محفل ہوتی ہو -

Odic, *a.* : اوڈ (Od) کا یا اس کے متعلق -

Odious, *a.* : قابل نفرت ؛ نفرت انگیز -

odiously, *adv.* : نفرت انگیز طریقے سے -

odiousness, *n.* : قابل نفرت ہونا ؛ مکروہ ہونا -

Odium, *n.* : نفرین خلائق ؛ عام ناراضی ؛ لعنت ملامت کی بوچھار -

o. theologicum : مولویوں کی توتو میں میں ؛ ملاؤں کی جوتی پیزار -

Odometer : دیکھو Hodometer -

Odont(o)- : سابقہ یونانی لفظ odontos سے مشتق بمعنی دانت -

odontoglossum : ایک خوبصورت پھول دار پودا -

odontology, *n.* : اسنانیات ؛ دانتوں کی ساخت اور نشوونما کا علم -

odontorhyncous : دندان منقار ؛ دندانہ منقار -

Odoriferous, *a.* : خوشبودار ؛ مہکتا ہوا ؛ معطر ؛ عطر بیز -

odoriferously, *adv.* : مہکتے ہوئے -

Odorous, *a.* : (شعر) = Odoriferous

odorously, *adv.* : (شعر) = Odoriferously

Odour, *n.* : (۱) بو ؛ باس ؛ مہک - (۲) خوشبو - (۳) (جمع، قدیم) خوشبوئیں ؛ عطریات - (۴) (مجازاً) رنگ ؛ جھلک ؛ شائبہ - (۵) (bad o.) بدنامی ؛ معتوب ہونا ؛ (good o.) نیک نامی ؛ ہر دلعزیز ہونا -

o of Sanctity : تقدس کی شہرت -

odorless, *a.* : بے خوشبو ؛ بے بے باس -

Odyl, *n.* : = Od

Odyssey, *n.* (pl. *-eys*). : (۱) یونانی شاعر (Homer) ہومر کی زندہ جاوید رزمیہ نظم جس میں (Ulysses) کے کارنامے قلم بند ہیں - (۲) اِس نظم کا کوئی باب - (۳) سیاحت کا سلسلہ ؛ ہفتخواں ؛ طویل سفر جس میں بہت سی مہمات پیش آئیں -

Oecist, *n.* : (قدیم یونانی) نو آبادی کا بانی -

Oecology, *n.* : علم معیشت حیوانات -

Oecumenical, *a.* : (۱) عالمگیر کلیسا کا ؛ تمام مسیحی دنیا کا ؛ عالم عیسوی کا - (۲) عام ؛ عالمگیر ؛ ہمہ گیر -

oecumenicity, *n.* : (۱) تمام عالم مسیحی پر حاوی ہونا - (۲) عالمگیری ؛ ہمہ گیری -

Oedema, *n.* (no pl.). : (امراضیات) وریدی اِستسقا (ایک مرض جس سے رگوں میں پانی بھر جاتا ہے) -

oedematic, oedematose, *aa.* : = oedematous

oedematous, *a.* : وریدی استسقائی ؛ وریدی استسقا سے متعلق ؛ وریدی استسقا کی خاصیت کا -

oedematously, *adv.* : متعلق فعل مذکورۂ بالا معنوں میں -

Oedipus, *n.* : معمے حل کرنے والا ؛ بوجھ بجھکڑ -

O. compslex : اُدیپس گرہ ؛ آسٹریا کے معالج نفسی Freud کے نزدیک وہ نفسی کیفیت ہے ' جس میں لڑکی کو باپ کی طرف اور لڑکے کو ماں کی طرف جنسی میلان ہوتا ہے -

O'er, *adv.* & *prep.* : (شعر) over -

Oesophagus, *n.* (pl.- *i*, *-guses*). : نرخرا ؛ مری ؛ گلے کی نلی -

oesophageal, *a.* : مری کا ؛ نرخرے کا -

oesophago- : لفظ مذکورۂ بالا کی ترکیبی صورت -

Oestrum, oestrus, *n.* : (۱) ڈانس ؛ ایک بڑی قسم کا مچھر - (۲) محرک ؛ مہیج - (۳) ہیجان ؛ جوش ؛ زبردست خواہش -

Of- : (سابقہ) دیکھو - Ob -

Of, *prep.* : (مندرجۂ ذیل معنی پیدا کرتا ہے جو اُردو میں ان الفاظ سے ظاہر کئے جاسکتے ہیں) میں ؛ میں سے ؛ کا ؛ والا ؛ پر ؛ بابت ؛ باب میں وغیرہ (۱) علحدگی ؛ بعد ؛ دوری - (۲) اصل ؛ منشر ؛ علت ؛ سبب ؛ فاعلیت ؛ ملکیت ؛ تصنیف - (۳) ماہیت ؛ تعریف ؛ مرادف ہونا - (۴) تعلق ؛ نسبت ؛ اعتبار ؛ لحاظ - (۵) کسی چیز کا تعلق اُس کے موضوع سے - (۶) توضیح ؛ صفت ؛ حالت - (۷) تقسیم ؛ حصہ یا جز ؛ تحویل ؛ انتخاب - (۸) رشتہ ؛ تعلق ؛ تصرف -

comes in of an evening : شام کو کسی وقت آ نکلتا ہے -

five of us : (۱) ہم میں سے پانچ - (۲) ہم پانچ آدمی -

he of all men : سب میں وہی ایک (ایسا تھا یا ایسا نکلا...)

his temper is of the quickest : اس کا مزاج بہت تیز ہے -

is one of a thousand : ہزاروں میں ایک ہے -

of course : دیکھو Course -

of late : حال میں -

of old : پہلے کبھی -

of oneself : خود بخود -

of one's own accord : دیکھو Accord -

of necessity : دیکھو Necessity -

of right : دیکھو Right -

sick of : (۱) (کسی مرض میں) مبتلا - (۲) (کسی چیز سے) عاری ؛ عاجز -

song of songs : ایسا گیت جو واقعی گیت کہلانے کا مستحق ہے -

was sworn of the Council : کونسل کا ممبر بنایا گیا -

Off, *adv.*, *prep.*, *a.*, *n.*, & *v. t.* : مندرجۂ ذیل معنی پیدا کرتا ہے (۱) دور ؛ فاصلے پر ؛ (۲) الگ ؛ جدا ؛ غائب - (۳) منقطع ؛ موقوف ؛ ختم - (۴) مکمل ؛ پوری طرح ؛ بالکل ؛ دور ؛ اُدہر ؛ نیچے ؛ علحدہ - (۵) دور کا ؛ پرے کا ؛ پرلا ؛ داہنا ؛ (کرکٹ) کھیلنے والے کے داہنے ہاتھ پر بیچ کے وکٹ سے آگے - (۶) شاہراہ سے ہٹا ہوا ؛ (مجازاً) ضمنی - (۷) دور کا ؛ خفیف (امکان) - (۸) خالی ' فرصت کا (وقت وغیرہ) - (۹) (کرکٹ) کھیلنے والے کے داہنے ہاتھ کی فیلڈ (بیچ کے وکٹ سے آگے) - (۱۰) (روز مرہ) ترک یا منسوخی کا اعلان کرنا - (۱۱) معاملے کی بات چیت ختم کرنا ؛ وعدہ وغیرہ فسخ کرنا -

anchored o. the cape : (جہاز) جو راس کے مقابل تھوڑی دور پر لنگر انداز ہو -

a street o. the Strand : اسٹرینڈ سڑک کے بازو کی سڑک -

badly off : مالی اعتبار سے پریشان حال -

be o. with the old love : پرانی معشوقہ سے قطع تعلق کرلینا -

break o. : سلسلۂ گفتگو منقطع کردینا -

declare o. : معاہدے سے انکار کردینا ؛ معاہدہ فسخ کردینا -

fall o. : (جہاز کا) ہوا کے رخ سے ہٹ جانا -

fall o., go o. : گر جانا ؛ گھٹ جانا -

from o. : = (قدیم ' شعر ' سوقیانہ) off

get one's daughter o. : بیٹی کی شادی کردینا -

get one's stock o. : مال بیچ ڈالنا -

go o. : سوجانا -

o. and on : کبھی کبھی ؛ رہ رہ کر -

o. colour : سست ؛ جس کی طبیعت نا ساز ہو -

o.-hand : فی البدیہہ ؛ وقت کے وقت ؛ آنا فانا ؛ کھڑے کھڑے ؛ بے تکلف ؛ کھرے پن سے -

o. license : شراب وغیرہ دوکان کے باہر بیچنے کا لیسنس -

o.-load : (جنوبی افریقہ) بوجھ اُتارنا -

o. one's beat : دیکھو Beat -

o. one's head. : دیکھو Head -

o. print. : علحدہ کاپی ؛ کسی مضمون کی کاپی جو رسالے ' کتاب وغیرہ میں سے علحدہ کرلی جائے -

o.- saddle : گھوڑے کا ساز اُتارنا -

o. side : فیلڈ کا وہ حصہ جو گیند کے اور حریف کے گول کے درمیان ہو -

o. shore : سمندر میں کنارے سے تھوڑی دور -

o.-shore wind : ہوا جو کنارے سے سمندر کی طرف چلتی ہے -

o. the map : (عامیانہ) غائب ؛ معدوم -

o. the point : بے جوڑ ؛ بے تک ؛ موضوع بحث سے بے تعلق -

o. with his head : اِسے قتل کر ڈالو -

o. with you : بھاگ جاؤ ؛ چلے جاؤ -

take oneself o., be o., make o. : چل دینا -

throw o.-reserve : بے تکلف ہو جانا -

well o. : (مالی اعتبار سے) خوش حال -

offhand, *a.* : سرسری ؛ بے تکلف -

offhanded, *a.* : کھرا -

offhandedly, *adv.* : فی البدیہہ ؛ سرسری طور پر ؛ بے تکلف ؛ کھرے پن سے -

offhandedness, *n.* : سرسری ہونا ؛ کھراپن -

Offal, *n.* : (۱) فضلہ ؛ پھوک ؛ گاد ؛ ریزے ؛ آخور ؛ جھوٹن - (۲) نکما اور بے کار گوشت ؛ چھیچھڑے ، پٹھے وغیرہ ؛ اوجھڑی ؛ آنتیں ، سری ، کلہ ، پائے ، دم وغیرہ - (۳) مردار ؛ مردارگوشت ؛ سڑاہوا گوشت - (۴) کم قیمت مچھلی - (۵) (اکثر جمع) چوکر ؛ بھوسی - (۶) تلچھٹ ؛ میل کچیل -

o. milk, wheat, wood, &c. : ادنیٰ درجے کا دودھ ، گیہوں وغیرہ -

Offence, *n* : (۱) (شاذ) سنگ راہ ؛ سدراہ ؛ وہ چیز جو عقیدے کی راہ میں حائل ہو ؛ شکوک و شبہات - (۲) حملہ ؛ جارحانہ اقدام ؛ پیش دستی ؛ پیش قدمی - (۳) خلاف ورزی قانون ؛ فعل خلاف قانون ؛ بدعنوانی ؛ لغزش - (۴) دل شکنی ؛ خاطر شکنی ؛ جذبات کو ٹھیس لگانا - (۵) آزردگی ؛ صدمہ ؛ رنج ؛ ملال -

offenceless, *a.* : بے شر ؛ معصومانہ ؛ جس سے کسی کو صدمہ نہ پہنچے -

Offend, *v. i. & t.* : (۱) ٹھوکر کھانا ؛ لغزش ہونا ؛ بدعنوانی یا خلاف ورزی کا مرتکب ہونا ؛ قانون شکنی کرنا - (۲) جذبات کو ٹھیس لگانا ؛ آزردہ کرنا ؛ صدمہ پہنچانا ، خفا کرنا ؛ غصہ دلانا ؛ ناگوار ہونا ؛ مجروح کرنا -

offendedly, *adv.* . خفگی سے ؛ خفا ہوکر -

ofender, *n.* : بدعنوانی یا لغزش کا مرتکب ؛ مجرم -

offending, *a.* : خلاف قانون ؛ مجرمانہ -

Offensive, *a. & n.* : (۱) جارحانہ ؛ حملہ آورانہ - (۲) دل شکن ؛ توہین آمیز ؛ درشت ؛ گستاخانہ - (۳) ناگوار ؛ مکروہ ؛ بد بودار ؛ جس سے متلی ہو ؛ نفرت انگیز - (۴) جارحانہ رویہ ؛ جارحانہ فعل یا اقدام ؛ حملہ -

offensively, *adv.* : دل شکن انداز میں ؛ توہین آمیز طریقے سے ؛ مکروہ یا ناگوار طور پر -

offensiveness, *n.* : گستاخی ؛ گستاخانہ انداز ؛ توہین آمیز ہونا ؛ مکروہ ہونا ؛ ناگواری ؛ نفرت انگیزی -

Offer, *v. t. & i.* : (۱) نذر دینا ؛ (چڑھاوا) چڑھانا ؛ (قربانی) کرنا - (۲) پیش کرنا ؛ آگے رکھنا ؛ دینے کے لیے کہنا ؛ دعوت دینا - (۳) شادی کی درخواست کرنا - (۴) بیچنے کے لیے رکھنا یا پیش کرنا - (۵) دشمن کو لڑائی کی دعوت دینا ؛ لڑائی کا موقع دینا - (۶) (کسی کام کے لیے) آمادگی یا مستعدی ظاہر کرنا - (۷) کام لینا (مزاحمت ، تشدد وغیرہ سے) - (۸) قصد کرنا (کسی فعل کا) - (۹) ظاہر کرنا - (۱۰) ظاہر ہونا ؛ واقع ہونا -

offering, *n.* : نذر ؛ چڑھاوا ؛ قربانی -

Offer, *n.* : (۱) دعوت ؛ عرض ؛ پیشکش ؛ خدمت کی پیشکش - (۲) درخواست (شادی کی) - (۳) بولی (نیلام کی) -

on o. : بکاؤ (ایک مقررہ قیمت میں) -

Offertory, *n.* : (۱) چڑھاوے یا قربانی کی دعا - (۲) چڑھاوا ؛ قربانی - (۳) چندہ جو نماز یا دعا کے بعد کیا جائے -

Office, *n.* : (۱) عنایت ؛ اچھا یا برا سلوک ؛ احسان - (۲) کار منصبی ؛ فرض منصبی ؛ مخصوص کام یا خدمت ؛ وظیفہ - (۳) عہدہ ؛ منصب (خصوصاً وزارت وغیرہ) - (۴) رسمی خدمت ؛ رسم - (۵) (کلیسا) باضابطہ عبادت ؛ رومی کلیسا کی مقررہ دعا ؛ کلیسائے انگلستان کی صبح اور شام کی دعا - (۶) دفتر - (۷) شاخ (کار خانے کی) - (۸) (سرکاری) محکمہ ؛ شعبہ - (۹) (جمع) گھر کا گودام ، باورچی خانہ وغیرہ -

give the o. : (عامیانہ) اشارہ کر دینا ؛ چپکے سے بتا دینا -

Holy O. : محکمۂ احتساب کلیسا -

o.-bearer : عہدہ دار -

perform the last oo. to : تجہیز و تکفین کرنا -

take the o. : (عامیانہ) اشارہ سمجھ لینا ؛ بطور خود معلوم کر لینا -

Officer, *n. & v. t.* : (۱) افسر ؛ عہدہ دار ؛ اہل کار ؛ عامل - (۲) (کسی انجمن کا) صدر ، معتمد ، خزانچی وغیرہ ؛ عہدہ دار - (۳) ناظر ، قرق امین ، نائب وغیرہ - (۴) (شاذ) سپاہی ؛ کانسٹیبل - (۵) بری یا بحری فوج کا افسر ؛ ہوائی فوج کا افسر - (۶) (فوج کے) افسر مہیا کرنا یا مقرر کرنا ؛ کمان کرنا ؛ سردار ہونا -

Official, *a. & n.* : (۱) منصبی ؛ سرکاری ؛ عہدے کے متعلق - (۲) اہل کارانہ ؛ افسرانہ ؛ عہدہ داروں کا - (۳) باضابطہ ؛ مستند ؛ سرکاری - (۴) (طب) غیر قرابادینی ؛ خارج از قرابادین (ادویہ وغیرہ) ؛ غیر سندی - (۵) اسقف اعظم ، اسقف یا قسیس (آرچ ڈی کن) کی عدالت کا حاکم - (۶) عہدہ دار ؛ ملازم سرکار -

officialdom, *n.* : (۱) اہل کارانہ نمود و نمایش ؛ افسرانہ رویہ (ذم کا پہلو) - (۲) اہل کاروں یا افسروں کی جماعت ؛ ملازمان سرکار -

officialism, *n.* : اہل کارانہ طرز و روش ؛ افسرانہ تمکنت (ذم کا پہلو) -

officialize, *v. t.* : (۱) ضابطے میں لانا ؛ با ضابطہ بنانا - (۲) سندی بنانا -

officially, *adv.* : (۱) سرکاری طور پر ؛ با ضابطہ طور پر - (۲) سندی حیثیت سے ؛ علم الادویہ کے مطابق -

Officiate, *v. i.* : (۱) عوضی کرنا ؛ قائم مقامی کرنا - (۲) پادری کی خدمت انجام دینا ؛ گرجے میں نماز پڑھانا -

officiant, *n.* : پادری ؛ نماز پڑھانے والا -

Officinal, *a.* : (۱) طبی ؛ عطاری ؛ صنعتی (دوائیں) ؛ (وہ دوائیں) جو طب میں یا صنعت و حرفت میں استعمال ہوں - (۲) دوکانی ؛ بازاری ؛ وہ دوائیں جو بازار میں بکتی ہیں - (۳) قرابادینی نسخے کے مطابق طیار کی ہوئی ؛ سندی - (۴) (دراکا) مندرجہ قرابادین (نام) ؛ قرابادینی (نام) -

officinally, *adv.* : طبی حیثیت سے ؛ طبی نسخے کے مطابق -

Officious, *a.* : (۱) جو خواہ مخواہ خدمت کرنے کو مستعد ہو ؛ جو ہر کام میں ضرورت سے زیادہ اہتمام کرے ؛ فضول خدمت ؛ فضول کار ؛ فضول کارانہ ؛ دخل در معقولات کرنے والا - (۲) (سیاسی حکمت عملی) غیر سرکاری ؛ دوستانہ ؛ غیر پابند ضابطہ -

officiously, *adv.*: ضرورت سے زیادہ مستعدی سے؛ فضول کاری سے؛ غیر سرکاری طور پر؛ دوستانہ طور پر -

officiousness, *n.*: ضرورت سے زیادہ مستعدی؛ فضول خدمتی؛ فضول کاری -

Offing, *n.*: سمندر کا وہ حصہ جو ساحل سے دکھائی دیتا ہو؛ محاذ ساحل -

Offish, *a.*: (روزمرہ) روکھا؛ تنہائی پسند؛ غیر مانوس؛ کم آمیز -

offishness, *n.*: تنہائی پسندی؛ روکھا پن؛ غیر مانوسی؛ کم آمیزی -

Offscourings, *n.* pl.: فضلہ؛ تلچھٹ؛ میل کچیل؛ غلاظت؛ نجاست -

the o. of humanity: ادنی ترین خلائق؛ ذلیل ترین طبقہ -

Offset, *n.*: (۱) (شاذ) روانگی؛ آغاز؛ ابتدا - (۲) قلم؛ شاخچہ؛ قلمچہ - (۳) (مجازاً) اولاد؛ (کسی خاندان کا) رکن؛ نونہال - (۴) سلسلۂ کوہ کا آگے بڑھا ہوا حصہ؛ شاخ کوہ - (۵) معاوضہ؛ حرجانہ؛ وہ چیز یا رقم جس سے تلافی ہو - (۶) (مساحت) عمود جو اصلی خط پیمائش پر کھینچا جائے - (۷) (عمارت) دیوار کا سلامی چھجا - (۸) نل (پائپ) کا موڑ -

Offshoot, *n.*: (۱) شاخ؛ ٹہنی - (۲) مشتق لفظ؛ نوع -

Offspring, *n.*: (۱) اولاد؛ بال بچہ - (۲) (مجازاً) نتیجہ -

Oft, *adv.*: (قدیم) اکثر؛ بارہا -

many a time & o.: بارہا؛ اکثر -

o -times: (قدیم) بارہا -

Often, *adv.* & *a.*: (۱) اکثر؛ اکثر اوقات؛ بارہا؛ بار بار - (۲) (قدیم) متواتر؛ بار بار کا -

o. and o.: بارہا؛ خدا جانے کتنی بار -

oftentimes, o.: (قدیم) بارہا -

Ogdoad, *n.*: (۱) ہشت؛ آٹھ - (۲) آٹھ کا جرگہ -

Ogee, *n.* & *a.*: (عمارت) (۱) آرایشی حاشیہ جو انگریزی حرف ایس (s) سے مشابہ ہو - (۲) نکیلی محراب جس کا ہر ضلع دھرا منحنی ہو - (۳) جس میں دھرا انحنا پایا جائے؛ جس میں مسلسل دھرے انحنا پائے جائیں -

ogeed, *a.*: دیکھو ogee کے معنی نمبر ۳ -

Og(h)am, *n.*: (۱) قدیم برطانوی اور آئری حروف تہجی (جو بیس حرفوں پر مشتمل تھے) - (۲) ان حروف کا کتبہ - (۳) ان میں سے کوئی ایک حرف -

Ogive, *n.*: (۱) گوتھک (Gothic) یا نوکدار محراب - (۲) وتری آرائش جس میں خطوط محراب کے مرکز میں ایک دوسرے کو قطع کرتے ہیں -

ogival, *a.*: جس میں نوکدار محراب ہو -

Ogle, *v. i.* & *t.*, & *n.*: (۱) نگاہ شوق؛ چاہت کی نظر؛ نظر بازی - (۲) گھورنا؛ نظر بازی کرنا؛ آنکھیں سینکنا؛ پر شوق نظروں سے دیکھنا -

ogler, *n.*: نظر باز؛ گھورنے والا -

Ogre, *n.*: دیو؛ آدم خور جن؛ ہوّا -

ogreish, ogrish, *a.*: دیو سیرت؛ عفریت صورت؛ ہوے کا سا

ogress, *n.*: دیونی؛ بھتنی -

Ogygian, *a.*: قبل تاریخی؛ نہایت قدیم؛ عتیق -

Oh, *int.*: دیکھو O -

Ohm *n.*: اوم؛ برقی مزاحمت کی اکائی -

o.-ammeter: اوم پیما -

Oho, *int.*: اخاہ! اہا ہا! -

Oh yes: دیکھو Oyez -

-oid: (لاحقہ) مشابہت کے معنی رکھتا ہے (اسمائے صفات کے بنانے میں کام آتا ہے) -

Oil, *n.*: (۱) تیل؛ روغن - (۲) (عموماً جمع) روغنی رنگ - (۳) (عموماً جمع) موم جامہ -

burn the midnight o.: مطالعۂ نیم شبی کرنا؛ راتوں کو جاگ کر پڑھنا یا کام کرنا -

drying oo.: وہ تیل جو خشک ہو کر گاڑھے ہوجاتے ہیں -

essential or *volatile oo.*: شفاف قابل تقطیر خصوصاً نباتی تیل -

fatty or *fixed oo.*: چکنے تیل -

mineral oo.: معدنی تیل جو جلانے کے کام آتے ہیں -

non-drying oo.: وہ تیل جن میں تطعیر ہوتی ہے -

o. & vinegar: آگ اور پانی کا ساتھ؛ اجتماع ضدین -

o. -bird, o. -nut, o. -palm, &c.: وہ پرند سفتہ یا کھجور وغیرہ جن سے تیل نکلتا ہو -

o. -bush: دیکھو Bush -

o. -cake: کھلی کی ٹکیا -

o. -can: تیل کا کپا یا کپی -

o. -coat: موم جامے کا کوٹ -

o. -cloth: روغنی کپڑا -

o. -colour: (عموماً جمع) روغنی رنگ -

o. -field: وہ علاقہ جہاں تیل کی کان ہو -

o. -gauge: تیل کی کثافت نوعی ناپنے کا پیمانہ -

o. -gilding, o.-gold: السی کا تیل اور زرد رنگ کی تہ پر ورق طلا لگانا -

o. -gland: روغن غدود؛ وہ غدود جس میں روغن جمع ہوتا ہے -

o. -hole: (مشین میں) تیل سوراخ؛ تیل ڈالنے کا سوراخ -

oilman: روغن فروش -

o. -paint: روغنی رنگ -

o. -painting: روغنی رنگوں کی مصوری؛ روغنی تصویر -

o. -paper: روغنی کاغذ -

o. -press: تیل نکالنے کی مشین؛ کولھو -

oilskin: (۱) موم جامہ - (۲) اس کی پوشاک -

o. -spring: (معدنی) تیل کا چشمہ -

o. -stone: روغنی پتھر (جو سان کا کام دیتا ہے) -

pour o. on the flame: (مجازاً) آگ پر تیل چھڑکنا؛ غصے وغیرہ کو اور بھڑکانا -

pour o. on the waters: (تنقلہ) شورش وغیرہ کو ٹھنڈا کرنا؛ فرو کرنا؛ معاملے کو ہموار کرنا -

smell of o.: مطالعۂ شب کے آثار ظاہر ہونا -

strap-o.: تسمے کی مار -

strike o. : (۱) (لغوی) مٹی کے تیل کی کان ہاتھ آنا - (۲) دولت یا کامیابی حاصل ہونا ؛ سونے کی چڑیا ہاتھ آنا -

oilless, *a.* : بے روغن -

Oil, *v. t. & i.* : (۱) تیل ملنا ؛ چکنا کرنا ؛ تیل دینا - (۲) تیل بنا دینا ؛ تیل بن جانا - (۳) (کسی چیز میں) تیل ڈالنا ؛ تیل لگانا -

o. one : (کسی کو) رشوت دینا -

o. one's hand : کسی کی مٹھی گرم کرنا -

o. one's tongue : چاپلوسی کرنا ؛ خوشامد کرنا -

o. the wheels : (۱) پہیوں کو چکنا کرنا - (۲) معاملات کو ہموار کرنا -

Oiler, *n.* : (۱) تیل دینے والا وغیرہ - (۲) تیل کی کپی ؛ تیل دینے کا آلہ - (۳) (عامیانہ) چاپلوس -

Oily, *a.* : (۱) روغنی ؛ چکنا ؛ چرب ؛ تیل جیسا ؛ تیل میں بھیگا ہوا ؛ تیل میں ڈوبا ہوا ؛ روغن دار - (۲) خوشامدی ؛ چاپلوس -

oilily, *adv.* : چکناہٹ کے ساتھ ؛ خوشامد سے ؛ چاپلوسی سے -

oiliness, *n.* : چکناہٹ ؛ خوشامدی پن -

Ointment, *n.* : مرہم ؛ روغن -

Oireachtas, *n.* : آئرستان کی فری سٹیٹ کی مجلس وضع قوانین -

Okapi, *n.* : اوکاپی ؛ ہرن اور زرافہ سے مشابہ جانور جو وسطی افریقہ میں پایا جاتا ہے (دریافت سنہ ۱۹۰۰ ع) -

-ol : (لاحقہ) (۱) (کیمیا) الکحل کے مرکبات کے ناموں میں آتا ہے - (۲) روغن کے معنی دیتا ہے -

Old, *a.* (*elder*, *-est*, *older*, *-est*) & *n.* : (۱) بوڑھا ؛ سال خوردہ ؛ عمر رسیدہ ؛ سن رسیدہ ؛ مسن ؛ معمر ؛ پیر ؛ دیرینہ سال - (۲) ضعیف ؛ پرانا ؛ تجربہ کار ؛ گرگ باراں دیدہ ؛ خرانٹ ؛ سرد و گرم چشیدہ ؛ پختہ مغز - (۳) پرانا ؛ فرسودہ ؛ بوسیدہ ؛ از کار رفتہ - (۴) قدیم ؛ پرانا ؛ عہد قدیم کا ؛ ابتدائی ؛ بدو فطرت کا - (۵) مشاق ؛ پکا - (۶) - سالہ ؛ - برس کا (مثلاً four years o. چار سالہ ؛ چار برس کا) - (۷) دقیانوسی ؛ بابا آدم کے وقت کا ؛ فرسودہ ؛ متروک -

have a fine, good, high, &c., o. time &c. : (عامیانہ) لطف اٹھانا ؛ حظ اٹھانا ؛ عیش منانا -

my o. bones : مجھ سا ضعیف آدمی -

my o. man : (روز مرہ) خاوند ؛ شوہر -

my o. woman : (روز مرہ) بیوی -

of o. standing : قدیم ؛ دیرینہ -

o. age : ضعیفی ؛ کبر سنی ؛ معمری ؛ بڑھاپا -

o. age pensions : وہ وظیفہ جو ۶۵ سے ۷۰ سال تک کے بوڑھوں کو ملتا ہے -

o. bachelor : دیرینہ مجرد ؛ پکا مجرد ؛ جنم کنوارا -

o. bird : تجربہ کار ؛ گرگ باراں دیدہ -

o. boy : اولڈ بوائے ؛ کسی مدرسے کا قدیم طالب علم -

o. boy, o. chap, o. fellow : (خطاب کے موقع پر) یار ؛ دوست -

o. clothes : پھٹے پرانے کپڑے -

o. clothes-man : پھٹے پرانے کپڑے بیچنے والا -

O. comedy : دیکھو comedy -

o. countries : قدیم ممالک ؛ مہذب اور متمدن ممالک ؛ ترقی یافتہ ممالک -

o. fashions : پرانی روشنی ؛ قدیم وضع -

O. Glory : ستارے اور آڑی پٹیاں (امریکہ کا قومی نشان) -

o. gold : پھیکا سنہرا رنگ -

o. hand : مشاق ؛ تجربہ کار ؛ کار دان ؛ کار کردہ -

o. head on young shoulders : جوانی میں بوڑھوں کی سی دانشمندی -

O. Lady of Threadneedle Street : بنک آف انگلینڈ -

o. London, Paris &c. : قدیم لندن ، پیرس وغیرہ یا اس کے آثار باقیہ -

o. maid : (۱) بوڑھی کنواری - (۲) با اصول اور بے چین طبیعت کا شخص - (۳) تاش کا ایک کھیل -

o. man : (۱) بوڑھا آدمی ؛ بڑے میاں - (۲) ایک پودا جس کی پتی خوشبودار ہوتی ہے - (۳) (بحری) (عامیانہ) جہاز کا کپتان -

o. man of the sea : تسمہ پا ؛ وہ شخص جو بلا بن کر پیچھے پڑ جائے -

o. man's beard : (۱) ایک قسم کی کائی - (۲) ایک بیل کا نام -

O. Masters : (۱) مصوری کے قدیم اساتذہ - (۲) ان اساتذہ کی تصویریں - (۳) رائل اکادمی کی نمائش جو سردی کے موسم میں ہوتی ہے -

O. Tom : ایک قسم کی جن شراب -

o. wine : پرانی شراب ؛ شراب کہنہ ؛ بادۂ کہن -

o. woman : وہمی ؛ ذرا سی بات میں گھبرا جانے والا ؛ ڈرپوک آدمی ؛ زنان مثال -

the good o. times : قدیم زمانہ ؛ قدیم رسم و رواج -

the o. : بوڑھے ؛ ضعیف العمر لوگ -

the o. : قدیم شے یا اشیا -

the o. country, o. home : نو آبادیوں کے لوگ اپنے اصلی وطن کو کہتے ہیں -

the O. Hundreth : دیکھو Hundredth -

the o. man : انسان کی اصلی فطرت (جو معصیت پر مبنی ہے) (عیسوی دینیات) -

the o. one, the o. gentleman, O. Harry, Nick, Scratch : (عامیانہ) شیطان ؛ ابلیس -

the O. World : زمین کا مشرقی نیم کرہ ؛ پرانی دنیا -

young and o. : چھوٹے بڑے سب ؛ ہر پیر و جوان ؛ ہر شخص -

o. fashioned, *a.* : قدیم وضع کا -

o fashionedness, *n.* : قدامت ؛ قدامت پرستی -

oldish, *a.* : پرانا سا ؛ کسی قدر پرانا -

old-maidish, *a.* : بوڑھی کنواریوں کا سا -

oldness, *n.* : (شاذ) قدامت ؛ پرانا ہونا ؛ کہن سالی -

old-womanish, *a.* : وہمی پن کا ؛ بزدلانہ ؛ بڑھیوں کا سا -

old- womanishness, *n.* : بز دلی ؛ بڑھیوں کا سا وہمی پن -

old-womanly, *a.* : وہمی ؛ ڈرپوک ؛ بز دل ؛ بڑھیوں کا سا -

old-womanliness, *n.* : بزدلی ؛ بڑھیوں کا سا وہمی پن -

Olden, *a.* : پرانا ؛ قدیم زمانے کا -

Olden, *v. t. & i.* : بوڑھا کرنا ؛ ضعیف کرنا ؛ بوڑھا ہونا ؛ ضعیف ہونا -

Oldster, *n.* : بڑا ؛ پختہ عمر -

Oleaginous, *a.* : روغنی ؛ تیل جیسا ؛ چکنا ؛ چربی دار -

Oleander, *n.* : ایک قسم کی زہریلی سدا بہار بوٹی جو بحر روم کے ساحل پر پائی جاتی ہے -

Oleaster, *n.* : (۱) جنگلی زیتون ؛ خودرو زیتون - (۲) ایک زرد رنگ کے پھولوں کا پودا جو زیتون سے مشابہ ہوتا ہے -

Oleo- : (سابقہ) لاطینی لفظ Oleum سے نکلا ہے جس کے معنی تیل کے ہیں -

oleograph : روغنی تصویر -

oleography : روغنی رنگوں کی مصوری -

oleomargarine : ایک شحمی مادہ جو گائے کی چربی سے نکلتا ہے اور margarine کا جز ہے -

oleometer : روغن پیما (جس سے تیل کی کثافت وغیرہ ناپی جاتی ہے)-

oleoresin : روغنی رال یا گوند ؛ روغن بلسان ؛ روغن بروزہ -

Olfaction, *n.* : حس شامہ ؛ قوت شامہ ؛ سونگھنے کی قوت؛ سونگھنا -

olfactive, *a.* : حس شامہ کے متعلق ؛ سونگھنے کا -

Olfactory, *a.* & *n.* سونگھنے کا ؛ قوت شامہ کے متعلق -

o. organ : عضو شامہ ؛ ناک ؛ بینی -

Olibanum, *n.* لوبان -

Olid, *a.* : بد بو ؛ بد بو دار ؛ متعفن -

Oligarch, *n.* : عدیدیہ یا چند سری حکومت کا رکن -

Oligarchy, *n.* : عدیدیہ ؛ چند سری حکومت -

oligarchic(al), *aa.* : عدیدی ؛ چند سری حکومت کا -

oligarchically, *adv.* : چند سری حکومت سے -

Olig (o)- : یونانی لفظ Oligos سے نکلا ہے جس کے معنی قلیل یا تھوڑے کے ہیں -

oligocarpous : قلیل الثمر ؛ (وہ درخت) جس میں پھل کم آئیں

oligocene : (ارضیات) درمیانی طبقے اور نچلے طبقے کے بیچ کا -

Olio, *n.* : (۱) شب دیگ ؛ بارلی ہانڈی ؛ دیوانی ہانڈی - (۲) بیچ میل چیز ؛ معجون مرکب ؛ ادبی متفرقات کا مجموعہ ؛ کشکول -

Olivaceous. *a.* : زیتونی رنگ کا ؛ زیتون کے رنگ کا ؛ زردی مائل سبز ؛ کاہی رنگ کا -

Olivary, *a.* : زیتونی شکل کا ؛ بیضوی -

Olive, *n.* & *a.* : (۱) زیتون کا درخت ؛ اس کا پھل ؛ زیتون - (۲) زیتون کی پتی ' شاخ یا ہار جو صلح کی علامت ہے - (۳) زیتون کی لکڑی - (۴) زیتونی شکل کے صدفے - (۵) (جمع) گائے یا بچھڑے کے گوشت کے پارچے سبزی لپیٹ کر دم پخت کیے ہوئے - (۶) زیتون کی شکل کی گھنڈی - (۷) زیتونی رنگ - (۸) کچے زیتون کے رنگ کا -

o.-branch : (۱) زیتون کی شاخ جو صلح کی علامت ہے - (۲) بچہ ؛ نونہال -

o. crown : زیتون کے پتوں کا مکٹ جو صلح کی علامت ہے -

hold out the o. branch : صلح پر آمادگی ظاہر کرنا ؛ صلح کی سلسلہ جنبانی کرنا -

o.-oil : روغن زیتون -

olivet or olivette, *n.* : زیتون کی شکل کی گھنڈی -

Oliver : دیکھو Roland -

Oliver, *n.* : ایک مشین جس سے کیلیں گھڑی جاتی ہیں -

Olivin (e), *n.* : ایک قسم کا قیمتی پتھر جس کا رنگ زیتونی ہوتا ہے -

Olla Podrida, olla, *n.* : = Olio

(-)ology : (۱) (لاحقہ) جس سے علوم کے نام بنتے ہیں - (۲) (مزاحاً جمع میں) علوم ؛ نظری علوم ؛ محض نظری علوم -

Olympiad, *n.* : اولیمپاڈ ؛ یونان کے مشہور olympic کھیلوں کے درمیان چار سال کا زمانہ جس سے یونانی سنہ کا شمار ہوتا تھا (پہلی بار یہ کھیل سنہ ۷۷۶ ق' م میں ہوئے تھے) -

Olympian, *a.* & *n.* : (۱) اولمپی ؛ متعلق بہ اُلمپس - (۲) بلند ؛ رفیع - (۳) پر تمکنت (اطوار و عادات) - (۴) پر وقار شخص ؛ فوق العادۃ سکون و بے تعلقی رکھنے والا -

Olympic, *a.* : اولمپیا کا -

O. games : (۱) ادبی اور ورزشی مقابلے جو یونان قدیم میں ہر چوتھے سال ہوتے تھے - (۲) جدید زمانے کے ورزشی مقابلے جو ہر چوتھے سال ہوتے ہیں -

Olympus, *n.* : مقدونیہ کے ایک پہاڑ کا نام جہاں یونانیوں کے دیوتا رہا کرتے تھے ؛ (مجازاً) عرش الہی ؛ بہشت -

Ombre, *n.* : تاش کا ایک کھیل جو سترھویں اور اٹھارھویں صدی میں مروج تھا -

Ombro- : (سابقہ) یونانی لفظ Ombros سے نکلا ہے جس کے معنی مینھہ یا بارش کے ہیں -

ombrology : علم باراں -

ombrometer : باراں پیما -

Omega, *n.* : (۱) یونانی حروف تہجی کا آخری حرف جو انگریزی حرف O کی آواز دیتا ہے - (۲) آخر ؛ آخری چیز - (۳) آخری صورت ؛ انجام -

Omelet(te), *n.* : آملیٹ؛ انڈوں کا چلا جس میں اکثر سبزی کی پتیاں وغیرہ پڑتی ہیں -

cannot make an o. without breaking eggs : مقصد کے لیے ذرائع مجبوراً اختیار کرنا پڑتے ہیں -

savoury o. : آملیٹ جس میں دھنیا کی پتی وغیرہ پڑتی ہے چٹ پٹا آملیٹ -

sweet o. : میٹھا آملیٹ (جس میں شکر یا جام ڈالتے ہیں) -

Omen, *n.* & *v. t.* : (۱) شگون ؛ فال ؛ آیندہ واقعات کی علامت - (۲) فال ہونا ؛ شگون ہونا (کسی بات کا) -

Omentum, *n.* (pl.-a). : پیڑو کے پردے کی تہ -

omental, *a.* : اس تہ کا یا اس کے متعلق -

Omicron, *n.* : یونانی زبان کا حرف جو انگریزی حرف O کی خفیف آواز دیتا ہے -

Ominous, *n.* : (۱) (شاذ) جس سے شگون نکلتا ہو ؛ فال آور - (۲) منحوس ؛ بد فال ؛ بد شگون ؛ نامبارک ؛ نحس ؛ ڈراؤنا -

ominously, *adv.* : نحوست سے ؛ بد شگونی سے ؛ ڈراؤنے طرز سے -

Omission, *n.* : (۱) چھوڑ جانا ؛ شمار نہ کرنا ؛ شامل نہ کرنا ؛ چھوڑ دیا جانا ؛ شمار نہ کیا جانا - (۲) قضا ؛ چوک ؛ غفلت ؛ فرو گزاشت ؛ ترک فعل -

sins of o. and commission : ارتکاب فعل اور ترک فعل کے گناہ یا جرائم -

omissive, *a.* : ترک فعل کا ؛ فرو گزاشت کا -

Omit, *v. t.* : (۱) چھوڑ جانا ؛ شمار نہ کرنا ؛ شامل نہ کرنا ؛ نظر انداز یا قلم انداز کرنا - (۲) بھول جانا ؛ غفلت سے ترک کرنا -

omissible, *a.* : قابل ترک -

Omni. : (سابقہ) لاطینی لفظ Omnis سے مشتق ھے جس کے معنی کُل کے ھیں -

omnicompetent : کُل مقدمات کی سماعت کا اختیار رکھنےوالا -

omnifarious : ھر قسم کا ؛ ھمہ نوعی -

omnific : خالق کُل

omnigenous : ھمہ نوعی ؛ ھمہ قسمی -

omnipercipience : إدراک کُل؛ فہم کل- :

omnipotence : قدرت مُطلقہ ؛ قدرت کاملہ -

omnipotent : قادر مطلق -

omnipotently : قدرت کاملہ سے ؛ قادر مطلق کی حیثیت سے -

omnipresence : ھمہ جائی -

omnipresent : حاضر ؛ ھر جگہ موجود -

omniscience: عام کل؛ معرفت کل -

omniscient : عالم‌کل؛ ناظر؛ ھمہ بیں؛ ھمہ داں؛ سرو گیانی -

omnisciently : عالم کل کی حیثیت سے ؛ ھمہ بینی سے -

omnivorous : ھمہ خور؛ بلا فرق -

omnivorously : ھمہ خوری سے

omnivorousness : ھمہ خوری -

Omnibus, *n.* (pl.-*uses*), & *a.* : (۱) کرایے کی چوپہیا عموماً دو منزلہ گاڑی یا موٹر؛ بس؛ موٹر بس - (۲) ھوٹل کے مسافروں کو اسٹیشن سے لانے لے جانے والی بس - (۳) وہ بس جو ریلوے کمپنی کی طرف‌سے مسافر اور سامان لے جاتی ھے-(۴) ھمہ‌گیر؛ جامع؛ متعددمقاصد رکھنے والا؛ متعدد دفعات رکھنے والا-

o. box : عام‌ شہ‌نشین؛ تھیٹر کی شہ‌نشین جس‌پربہت سےلوگ بیٹھتےھیں-

o. train : وہ ریل گاڑی جو ھر اسٹیشن پر ٹھیرتی ھے -

o. wire : وہ تار جس میں سے پوری برقی رو گزرتی ھے -

Omnium gatherum, *n.* : مخلوط مجمع ؛ پچرنگی مجمع ؛ عام دعوت یا جلسہ -

Omoplate, *n.* : شانہ ؛ کھوا ؛ مونڈھے کی ھڈی -

Omphalo- : یہ سابقہ الفاظ میں ناف کے معنی پیدا کرتا ھے (یونانی میں omphalos ناف کو کہتے ھیں) -

Om pha'os, *n.* : (۱) (قدیم یونان) سپر کے اوپر اُبھرا ھوا کام - (۲) قیلفی؛ ایک تکونا پتھر تھا جو مرکز عالم خیال کیا جاتا تھا - (۳) مرکز ؛ دارالسلطنت -

On, *prep.* : (۱) اوپر ؛ پر - (۲) بل (مثلاً سر کے بل) ؛ بنیادپر؛ اعتبارپر؛ ضمانت‌پر (مثلاً *borrowed money on jewels*) (۳) قریب؛ متصل؛ طرف؛ ملا ھوا - (۴) دوران میں؛ ساتھ ھی ؛ فوراً بعد - (۵) طور پر (مثلاً *o. the sly*) - (۶)حالت میں (مثلاً *o. fire, loan*) - (۷)متعلق؛ بابتہ (مثلاً *keen, mad, on*) -

gone o : (عامیانہ) لٹو ؛ فریفتہ -

have you a match o. you? کیا تمہارے پاس دیا سلائی‌ھے-

o.-high : دیکھو High -

o. side : (فٹ بال) گیند کے اور اپنے گول کے درمیان -

on tap : دیکھو Tap -

o. the bench, o. the boards, o. the cards &c : دیکھو Bench, Board, Card &c. -

on the cheap, sly, square : دیکھو square وغیرہ -

o. the instant : فوراً -

o. time, the minute : ٹھیک وقت پر -

put one o. inquiring or inquiry : کسی شخص کو تحقیق یا تفتیش پر آمادہ کرنا -

On, *adv., a. & n.* : (۱) اذ ال کے ساتھ مل کر پر ؛ اوپر ؛ کو ؛ میں ؛ سے کے معنی دیتاھے(مثلاً اپنا کوٹ پہن لیجیئے *on with your coat*) (۲) آگے ؛ اور آگے ؛ برابر ؛ لگا تار ؛ مسلسل - (۳) (کرکٹ) کھیلنے والے کے داھنے ھاتھ کی طرف کا - (۴) (کرکٹ) کھیلنے کے داھنے ھاتھ کا میدان -

gas is o. : گیس آرھی ھے ؛ گیس کھلی ھے -

is rather o. : (عامیانہ) مزے میں ھے ؛ کسی قدر پیےھوےھے-

o. licence : شراب کی دکان کے اندر شراب پلانے کا لائیسنس -

Macbeth is o. : میکبتھ (ناٹک) دکھایا جا رھا ھے -

send on : آگے بھیج دینا -

water is o. : پانی آ رھا ھے ؛ نل کھلا ھے -

On- : (سابقہ) جن افعال کے بعد محاورے میں on آتا ھے ان کے پہلے یہ لفظ لگاکر اسماء بناتے ھیں -

oncoming : قریب آنے والا ؛ قریب آنا -

onfall : حملہ -

onflow : ریلا ؛ بہاؤ -

on-goings or goings-on: (عموماًنراالی یاناجائزونامناسب)کارروائیاں-

onhanger : دیکھو hanger-on -

on -looker = looker-on

onrush: پانی یا لشکر کا آگے بڑھنا -

onrushing : آگے بڑھتا ھوا -

Onager, *n.* (pl.-*s*,-*gri*). : گور خر ؛ جنگلی گدھا -

Onanism, *n.* : جلق ؛ مُشت زنی -

Once, *adv., conj., & n.* : (۱) ایک بار ؛ ایک دفعہ ؛ ایک مرتبہ ؛ ایک گنا - (۲) ایک موقع پر ؛ ایک روز ؛ ایک‌بار؛ پہلے کبھی ؛ ایک زمانے میں - (۳) کبھی ذرا ؛ ایک بار بھی - (۴) جیسے ھی ؛ اگر کبھی - (۵) ایک موقع ؛ ایک بار -

at o. : فوراً ؛ آناً فاناً ؛ اِک بارگی ؛ ایک ساتھ -

at o. stern & tender : ایک ھی سانس میں نرم اور درشت -

don't all speak at o. : آپ‌سب‌ایک‌ساتھ نہ‌بولیں(یہ طنزاًایسے موقع‌پر کہا جاتا ھے جب کسی ایسے شخص‌سے کچھ‌کہنے یا سنانے کی فرمائش کی جاتی ھے جو کہنے یا سنانے پر رضامند نہیں) -

for that o. : بس اسی مرتبہ -

for this o. : بس اب کی بار -

o. and away : (۱) قطعی طور پر- (۲) بہت کم ؛ شاذونادر-

o. for all : قطعی طور پر ؛ بالکل واضح طور پر -

o. in a while, o. in a way : بہت کم ؛ کبھی اتفاق ھی سے ؛ شاذ و نادر -

o. more, again : مکرر ؛ ایک بار اور -

o. or twice, o. and again : ایک دو دفعہ؛ ایک‌دو بار؛ چندبار-

On dit, *n.* : سنی سنائی بات -

One, *a., n., & pron.* : (۱) ایک - (۲) واحد ؛ تنہا؛ اکیلا -(۳)ایک ذات ؛ ایک ؛ یکساں - (۴) کوئی ؛ کوئی شخص - (۵) ایک کا عدد : ایک کا ھندسہ ؛ اِکائی ؛ ایک چیز ؛ ایک شخص -

(٦) نمبر ایک ؛ پہلا - (٧) شخص ؛ چیز -

all in o. : سب ملے ہوئے -

become o. : متحد ہو جانا -

go o. better : ایک بولی بڑھ کر بولنا ؛ دوسرے سے ایک قدم بڑھ کر کوئی کام کرنا یا ایک درجہ بڑھ کر جوکھم برداشت کرنا -

in the year o. : مدتوں پہلے -

is o. too many for him : اس کے بس کا نہیں -

it is all o. to me : میرے لئے یکساں ھے ؛ مجھے اس سے کوئی دلچسپی نہیں -

never a o. : کوئی نہیں -

number o. : اپنی ذات (جس کی انسان کو سب سے پہلے فکر ہوتی ھے) -

o. and all : سب کے سب -

o. and sixpence : ایک شلنگ چھ پنس -

o. by o., o. after another : ایک ایک کرکے ؛ یکے بعد دیگرے -

o. eyed : یک چشم ؛ کانا ؛ واحد العین -

o.-handed : یک دست ؛ ایک ہتھا ؛ (کام) جو ایک ہاتھ سے کیا جائے -

o. horse : (١) ایک گھوڑے کی (گاڑی) - (٢) (مجازاً) گھٹیا ؛ معمولی -

o. idea'd, -ideaed : وہ شخص جس کے دل میں صرف ایک ہی بات کا خیال چھا ہو ؛ تنگ نظر ؛ تنگ خیال -

o.-legged : (١) ایک ٹانگ کا ؛ لنگڑا - (٢) (مجازاً) یک طرفہ ؛ یک رخا ؛ غیر مساوی -

o.-man : ایک ہی آدمی کا (کام) ؛ جو ایک ہی شخص کے انتظام میں ہو -

o. man in a thousand : ہزار میں ایک ؛ بہت کم لوگ -

o. man o. vote : حق رائے دہندگی میں مساوات کا اصول -

o.-pair : (مکان کی) دوسری منزل کا کمرہ یا کمرے -

oneself : اپنے تئیں ؛ خود -

o.-sided : یک طرفہ ؛ یک رخا ؛ متعصبانہ ؛ غیر منصفانہ -

o.-sidedly : جانب دارانہ ؛ طرف دارانہ ؛ متعصبانہ -

o.-sidedness : یک طرفی ؛ یکرخی ؛ جانبداری ؛ طرفداری ؛ تعصب -

o. vote o. value : حلقہ ھائے انتخاب کی مساوات کا اصول -

o. with another : (١) اوسطاً - (٢) باہم ؛ ایک دوسرے کو یا سے -

remain for ever o. : ہمیشہ یکساں رہنا -

ten to o. : اغلب یہ ھے کہ -

that was a nasty o. : (١) یہ بری ضرب تھی - (٢) یہ سخت مصیبت یا افتاد تھی -

the all and the o. : کلیت اور وحدت -

the Evil O. : شیطان -

the Holy O., O. above : اللہ تعالی -

they are at o. : ان میں صلح ہو گئی ھے ؛ وہ متفق ہیں

were made o. : (ان کی) شادی ہو گئی -

will you make o. : (قدیم) کیا آپ ہماری جماعت میں شامل ہوں گے -

onefold, *a.* : اکہرا ؛ اکہری -

-one : (لاحقہ) (کیمیا) ہائڈروکاربن مرکبات کے ناموں میں آتا ھے -

Oneiro- : (سابقہ) یونانی لفظ oneiros بہ معنی 'خواب' سے مشتق ھے -

oneirocritic : تعبیر دان ؛ تعبیر گو ؛ معبر -

oneirocritical : معبرانہ ؛ تعبیر دانی کا -

oneirocriticism : تعبیر گوئی ؛ تعبیر دانی -

oneiromancy : علم رویا -

Oneness, *n.* : (١) یکتائی ؛ وحدت ؛ وحدانیت ؛ توحید - (٢) ایک ہونا ؛ انفرادیت - (٣) سالمیت ؛ سالم ہونا ؛ ایک ذات ہونا ؛ ہم آہنگی ؛ اتحاد - (٤) یکساں ہونا ؛ غیرمتغیر ہونا -

Oner, *n.* : (١) اِکا ؛ فرد ؛ طاق ؛ بے نظیر شخص یا چیز - (٢) (روز مرہ) ایک کا ہاتھ ؛ کرکٹ میں وہ ھٹ جس میں ایک رن بنے -

a o. at : (عامیانہ) (کسی بات میں) فرد ؛ طاق -

gave him a o. : (عامیانہ) اسے زور کا ہاتھ مارا -

Onerous, *a.* : مشکل ؛ پر مشقت ؛ صعب ؛ سخت -

o. property : (قانون) جائداد جس پر بار ہو -

onerously, *adv.* : پر مشقت طور پر ؛ سختی سے -

onerousness, *n.* : سختی ؛ مشکل یا صعب ہونا -

Onion, *n. & v. t.* : (١) پیاز ؛ بصل - (٢) (عامیانہ) پر سودا کا باشادہ - (٣) آنکھوں میں پیاز مل کر آنسو نکالنا -

o.-couch, o.-grass, o.-twitch : پیازی گھاس (جئی کے پودے سے مشابہ ہوتی ھے) -

o.-shell : صدفے یا گھونگے کی ایک قسم -

oniony, *a.* : بصل نما ؛ پیاز جیسا -

Only, *a.* : اکیلا ؛ اکلوتا ؛ تنہا ؛ واحد -

Only, *adv. & conj* : (١) صرف ؛ فقط ؛ محض - (٢) البتہ ؛ مگر یہ ھے کہ - (٣) بجز اس کے کہ ؛ اگر یہ نہ ہوتا کہ -

o. you can guess, you o. can guess : صرف تم ھی قیاس کر سکتے ہو -

you can only guess. you can guess o. : تم صرف قیاس ھی کر سکتے ہو -

if o. : اگر کہیں ؛ کاش -

Onomatop(e), *n.* : آوازی یا صوتی لفظ -

Onomatopoeia, *n.* : (١) کسی چیز کی آواز کے لحاظ یا مشابہت سے اس چیز کا نام وغیرہ گھڑنا ؛ آوازی ترکیب ؛ صوتی ترکیب - (٢) اس ترکیب سے بنا ہوا لفظ ؛ آوازی یا صوتی لفظ (مثلاً cuckoo) -

onomatopoeic, onomatopoetic, *aa.* : (١) آوازی ؛ صوتی (لفظ) - (٢) تقلیدی -

onomatopoeically, onomatopoetically, *advv.* : تقلیداً -

Onset, *n.* : (١) حملہ ؛ یورش ؛ چڑھائی ؛ دھاوا - (٢) زور شور کی ابتدا ؛ ھلہ -

Onslaught, *n.* : سخت حملہ ؛ ھلہ ؛ دھاوا -

Onto, *prep.* : دیکھو on to -

Onto- : (سابقہ) یونانی لفظ eimi بہ معنی 'ہونا' یا 'وجود' سے مشتق ھے -

ontogenesis : علم ارتقائے فرد -

ontogenetic : ارتقائے فرد کا -

ontogenetically : علم ارتقائے فرد کی رو سے -

ontogeny : (١) ontogenesis - (٢) علم جنین -

ontological : علم الوجود کا ؛ وجودیات کا -

ontologically : علم الوجود کی رو سے -

ontologist : ماہر علم الوجود ؛ وجودی -

ontology : (ما بعد الطبیعیات کا ایک شعبہ) علم الوجود ؛ علم حقیقت اشیاء -

Onus, *n.* (no pl.) : (١) بار ؛ بوجھ ؛ وزن - (٢) فرض ؛ ذمہ داری -

o. probandi : بار ثبوت بذمہ مدعی

Onward, *adv. & a.* : (١) آگے بڑھنے والا ؛ آگے کی طرف کا - (٢) آگے -

onwards, *adv.* : آگے -

Onymous, *a.* : جس میں نام موجود ہو -

Onyx, *n.* : (۱) سلیمانی پتھر ؛ سنگ سلیمانی - (۲) (علم‌الامراض) قرنیہ کے نچلے حصے کا غیر شفاف ہونا

Oo-, o- : (سابقہ) یونانی لفظ oi on سے مشتق ہے جس کے معنی انڈے کے ہیں -

ooecium : کیسۂ بیضہ -

oogamous : جس میں تناسل نر اور مادہ خلیوں کے ملنے سے ہوتا ہے -

oogenesis : پیدائش بیضہ ؛ نشو و نمائے بیضہ -

oology : پرندوں کے انڈے جمع کرنے کا فن -

oosperm : بیضۂ مادہ جس میں مادۂ تولید پہنچ چکا ہو

Oof, *n.* : (عامیانہ) مال ؛ دولت ؛ روپیہ پیسہ -

o.-bird : سونے کی چڑیا ؛ مال دار آدمی -

oofy, *a.* : مال دار -

Oolite, *n.* : (۱) دانہ دار چونے کا پتھر - (۲) (ارضیات) اس پتھر کی متعدد چٹانوں کا سلسلہ -

oolitic *a.* : چونے کے پتھر کا -

Oom, *n.* : (جنوبی افریقہ) چچا -

O. Paul : پریسیڈنٹ کروگر (*President Kruger*)

-oon : (لاحقہ) انگریزی میں کوئی معین مفہوم نہیں رکھتا ؛ لاطینی میں ان الفاظ میں آتا ہے ، جن سے تضحیک یا حقارت ظاہر ہوتی ہے (جیسے buffoon وغیرہ) -

Oont, *n.* : (اینگلو انڈین عامیانہ زبان) اونٹ -

Ooze, *n.* : (۱) (سمندر یا دریا کی تہ کی) کیچڑ ؛ گیلی مٹی - (۲) مد (نیم وغیرہ کا) ؛ رسی ہوئی چیز ؛ رطوبت جو کسی چیز سے رستی ہے - (۳) چمڑا رنگنے کا عرق (شاہ بلوط کی چھال کو جوش دے کر بناتے ہیں) -

o.-calf : بچھیرے کا چمڑا جس میں رنگ اندر تک سرایت کر گیا ہو -

oozy, *a.* : رسنے والا -

oozily, *adv.* : رستے ہوئے -

ooziness, *n.* : رسنا -

Ooze, *v. i. & t.* : (۱) رسنا ؛ بہنا ؛ پھوٹ نکلنا - (۲) خارج کرنا (رطوبت) ؛ دینا (اطلاع وغیرہ) -

ooze out or *away* : (۱) راز فاش ہونا - (۲) (ہمت وغیرہ کا) جاتے رہنا - (۳) نکالنا ؛ خارج کرنا -

Op- : دیکھو ob -

Opacity, *n.* : (۱) کثافت ؛ دھندلا پن ؛ غیر شفافی - (۲) ابہام - (۳) کند ذہنی ؛ ٹھس ہونا -

Opah, *n.* : ایک قسم کی شوخ رنگ مچھلی جو بحر اوقیانوس کے شمالی حصوں میں پائی جاتی ہے -

Opal, *n.* : (۱) دو دھیا پتھر ؛ ایک طرح کا بلور جس کے رنگ بدلتے رہتے ہیں - (۲) سفید دو دھیا شیشہ -

common o. : دو دھیا شیشہ سفید یا نیلگوں رنگ کا جس میں سرخ سبز وغیرہ رنگوں کی جھوٹ ہوتی ہے -

opalescence, *n.* : (طرح طرح کے) رنگ بدلنا -

opalescent, *a.* : دو دھیے پتھر کا سا ؛ (طرح طرح کے) رنگ بدلنے والا -

opalesque, *a.* : رنگ برنگ ؛ دو دھیا پتھر کے طرز کا (کام) -

Opaline, *a. & n.* : (۱) دو دھیا پتھر کے مانند - (۲) طرح طرح کے رنگ بدلنے والا ؛ رنگ برنگی - (۳) دو دھیا شیشہ -

opalize, *v. t.* : دو دھیا پتھر کا سا بنانا ؛ دو دھیا شیشہ کا سا بنانا -

Opaque, *a. & n.* : (۱) دھندلا ؛ غیر شفاف - (۲) مبہم ؛ غیر واضح - (۳) کند ؛ کند ذہن ؛ ٹھس - (۴) غیر منعکس ؛ ماند ؛ بے آب -

the o. : تاریکی ؛ اندھیرا -

opaquely, *adv.* : دھندلے پن سے ؛ مبہم طور پر ؛ کند ذہنی سے -

opaqueness, *n.* : دھندلاپن ؛ ابہام ؛ کند ذہنی ؛ غیر شفاف ہونا -

Ope, *v. t. & i.* : شعر میں open کے بجائے آتا ہے -

Open, *a. & n.* : (۱) کھلا ؛ کھلا ہوا ؛ وا ؛ باز - (۲) کھلا ؛ بے دروازے کا ؛ بے احاطے یا دیوار کا ؛ غیر محفوظ - (۳) ظاہر ؛ آشکارا ؛ برملا ؛ عیاں ؛ روشن - (۴) عام ؛ غیر مخصوص - (۵) کھلا ہوا ؛ پھیلا ہوا ؛ کھلا ہوا ؛ شگفتہ - (۶) منفصل ؛ غیر مسلسل - (۷) مسام دار - (۸) صاف گو ؛ اپنے خیالات ظاہر کردینے والا ؛ صاف دل - (۹) (موسیقی) کھلا سر (جو بے سوراخ کی بانسری ، بے کھونٹی کے تار یا بے پردے کے باجے سے نکلے) - (۱۰) (علم‌الاصوات) چوڑی ، کشادہ (آواز حرف کی) ؛ (بول) جو حرف علت پر ختم ہو - (۱۱) کھلا میدان ؛ کھلی ہوا ؛ منظر عام -

bowels are o. : قبض نہیں ہے -

force on o. door : اس شخص سے تقاضا کرنا جو خود دینے کو تیار ہے -

has an o. hand : بہت فیاض ہے -

keep o. doors or *house* : مہمان نواز ہونا ؛ ہر وارد و صادر کی مہمانداری کرنا -

o. air : کھلی ہوا ؛ زیر آسمان -

o. boat : بے سائبان کشتی ؛ کھلی کشتی -

o. champion : عام مقابلے میں میری -

o. country : (۱) کشادہ خطہ - (۲) کھلا میدان (جس میں باڑ وغیرہ نہ ہو) -

o. ears : ہمہ تن متوجہ -

o. face : چہرہ جس سے خلوص اور صاف دلی ٹپکتی ہو -

o. harmony : زیادہ فصل کے سروں کی ہم آہنگی -

o. heart : صاف دلی ؛ بھولاپن ؛ گرم جوشی ؛ خوش خلقی ؛ مروت -

o. ice : کھلی برف (جس کے اندر سے جہاز گزر سکیں) -

o. letter : احتجاجی خط ؛ کھلی چٹھی ؛ کھلا خط (جو کسی ایک شخص کے نام ہو مگر اخبار وغیرہ میں شایع کیا جائے) -

o. mind : (۱) بے لاگ پن (کسی معاملے کے متعلق) - (۲) کشادہ دلی ؛ صاف دلی ؛ بے تعصبی ؛ وسعت نظر -

o. mouth : (۱) ہوکا ؛ بسیار خوری - (۲) صاف گوئی - (۳) حیرت سے کھلا ہوا منھ -

o. order : (بحری ، فوجی) کشادہ ترتیب (جس میں سپاہیوں یا جہازوں کے درمیان زیادہ فاصلہ رکھا جاتا ہے) -

o. question : اختلافی مسئلہ ؛ مابہ‌النزاع مسئلہ -

o. scholarship : عام مقابلے کا وظیفہ ؛ وظیفہ جو کھلے مقابلے کے ذریعے سے ملے -

o. time : (closetime کی ضد) اذن عام کا زمانہ -

o. verdict : دیکھو verdict

o. weather, winter : وہ موسم یا زمانہ سرما جب پالا نہ ہو -

o. work: (دھات، لیس وغیرہ پر) کھلا کام (جس میں باہم فصل ہو)-

receive with o. arms : گرم جوشی سے استقبال کرنا -

river, harbour, is o. : (دریا یا بندرگاہ) برف سے خالی ہے-

the exhibition is now o. : نمائش میں اب جانے کی اجازت ہے-

the o. door : (غیر قوموں کو اپنے ملک میں) تجارت کی آزادی-

will be o. with you : تم سے صاف صاف کہدونگا -

with o. eyes : (۱) جان بوجھ کر؛ دیکھ بھال کر - (۲) حیرت سے؛ آنکھیں پھاڑے -

open-armed, *a.* : گرم جوشی کا -

open-eared, *a.* : کان لگائے؛ متوجہ

open-eyed, *a.* : (۱) باخبر؛ چوکس- (۲) حیرت سے؛ آنکھیں پھاڑے-

open-faced, *a.* : جس کی صورت سے صاف دلی ٹپکتی ہو -

open-handed, *a.* : فیاضانہ؛ فیاض -

open-handedly, *adv.* : فیاضی سے؛ دل کھول کر -

open-handedness, *n.* : فیاضی؛ سخاوت -

open-hearted, *a.* : صاف دل؛ بھولا؛ با مروت؛ خوش خلق؛ پر خلوص -

open-heartedly, *adv.* : صاف دلی سے؛ بھولے پن سے؛ گرم جوشی سے؛ خوش خلقی سے -

open-heartedness, *n.* : صاف دلی؛ بھولا پن؛ مروت؛ گرم جوشی؛ خوش خلقی؛ خلوص -

open-minded, *a.* : (۱) کشادہ دل؛ بے تعصب؛ صاف دل؛ وسیع النظر - (۲) بے رائے (جس نے کسی معاملے کے متعلق ابھی تک رائے نہ قائم کی ہو) -

open-mindedly, *adv.* : کشادہ دلی سے؛ وسعت نظر سے؛ بے تعصبی سے-

open-mindedness, *n.* : کشادہ دلی؛ وسعت نظر؛ بے تعصبی -

open-mouthed, *a.* : (۱) بسیار خور؛ پیٹو - (۲) صاف گو - (۳) حیرت سے منہ پھیلائے -

openness, *n.* : صاف دلی؛ سادہ دلی؛ کشادگی -

Open, *v. t. & i.* : (۱) کھولنا؛ بازکرنا؛ وا کرنا - (۲) افتتاح کرنا - (۳) ظاہر کرنا؛ انکشاف کرنا - (۴) شگاف دینا؛ چیرنا؛ پھاڑنا - (۵) کھلنا؛ باز ہونا - (۶) افتتاح ہونا - (۷) ظاہر ہونا - (۸) پھٹنا - (۹) (گفتگو) شروع کرنا - (۱۰) ابتدا کرنا؛ شروع ہونا - (۱۱) (بحری) پوری طرح نظر آنا - (۱۲) (شکاری کتوں کا) بھونکنا شروع کرنا -

o. a person's eyes to something : کسی کی آنکھیں کھولنا؛ جتانا؛ آگاہ کرنا -

openable, *a.* : کھلنے والا -

opener, *n.* : کھولنے والا -

Opening, *n.* : (۱) کھلنا؛ کھولنا وغیرہ - (۲) درز؛ منہ؛ چھڑا سوراخ - (۳) ابتدا؛ آغاز؛ افتتاح؛ شروع کا حصہ - (۴) اچھا موقع؛ موافق صورت حال - (۵) افتتاحی تقریر (وکیل کی) - (۶) (شطرنج) مقررہ ابتدائی چالیں -

Opening, *a.* : پہلا؛ ابتدائی؛ افتتاحی -

Openly, *adv.* : کھلم کھلا؛ کھلے بندوں؛ علانیہ؛ برملا؛ صاف صاف -

Opera, *n.* : اوپیرا؛ غنائی تمثیل؛ وہ ناٹک جس میں نغمہ و ساز کا عنصر غالب ہو -

comic o. or opera comique : مزاحیہ غنائی تمثیل -

grand o. : خاموش اوپیرا یا غنائی تمثیل (جس میں مکالمہ نہ ہو)-

o. bouffe : غنائی نقل یا سوانگ -

o.-cloak, o.-hood : وہ لباس جو عورتیں شام کے جلسوں میں پہن کر جاتی ہیں -

o.-glass (es) : دوربین (جو تھیٹر دیکھنے کے لئے لگاتے ہیں) -

o.-hat : سردروں کی پچکنے والی لمبی ہیٹ -

o.-house : اوپیرا گھر؛ غنائی تمثیل خانہ -

Operate, *v. i. & t.* : (۱) عمل کرنا؛ عمل درآمد ہونا؛ اثر ڈالنا - (۲) پیدا کرنا (تغیر وغیرہ) - (۳) چیرنا؛ پھاڑنا؛ شگاف دینا؛ عمل جراحی کرنا؛ عمل طبی کرنا - (۴) (کسی جذبے کو) ابھارنے کی کوشش کرنا - (۵) (دوا کا) صاف کرنا؛ اثر کرنا - (۶) چلانا (کام، کلوں وغیرہ کا) - (۷) (کسی کام کو) پورا کرنا؛ پورا کرنے کی کوشش کرنا - (۸) (فوجی) حربی نقل و حرکت عمل میں لانا - (۹) (دلالوں کا) خرید و فروخت کے ذریعے قیمت پر اثر ڈالنا -

operating-room : محل جراحی؛ جراحی کا کمرہ -

operating-table : عمل جراحی کی میز -

operating-theatre : جراحی کا کلاس (طبی مدرسوں میں) -

operable, *a.* : قابل عمل جراحی -

operator, *n.* : (۱) مشین یا کل چلانے والا - (۲) جراح؛ جراحی کا عمل کرنے والا - (۳) مالی یا تجارتی کاروبار کرنے والا -

Operatic, *a.* : اوپیرا کا؛ غنائی تمثیل؛ اوپیرا یا غنائی تمثیل سے مشابہ-

operatically, *adv.* : اوپیرا یا غنائی تمثیل کی طرح -

Operation, *n.* : (۱) عمل؛ فعل؛ اثر؛ تاثیر؛ طریق عمل؛ عمل درآمد؛ دائرۂ عمل؛ نفاذ - (۲) (مالیات کا) معاملہ؛ عمل - (۳) عمل جراحی؛ عمل طبی - (۴) فوجی نقل و حرکت؛ حربی تدبیر یا عمل - (۵) (ریاضی) عمل (جیسے ضرب، تقسیم) -

Operative, *a. & n.* : (۱) موثر؛ کارگر؛ نافذ؛ زیر عمل - (۲) عمل جراحی کا - (۳) عملی (ضد نظری) - (۴) کاریگر؛ دستکار؛ مزدور -

operatively, *adv.* : موثر طریقے سے؛ عملی طریقے سے -

Operatize, *v. t.* : اوپیرا کی شکل میں لانا؛ اوپیرا بنانا؛ غنائی تمثیل بنانا (قصے وغیرہ کو) -

Operculum, *n.* (pl. -la). : (۱) مچھلیوں کے گلپھڑوں کا ڈھکنا- (۲) گھونگھے کا ڈھکنا - (۳) (پودوں کا) سرپوش -

opercular, *a.* : ڈھکنے جیسا؛ سرپوش سے مشابہ -

operculate, operculated, *aa.* : ڈھکنے دار؛ سرپوش دار -

Operetta, *n.* : اوپریٹا؛ ایک ایکٹ کی مزاحیہ غنائی تمثیل -

Operose, *a.* : (۱) جفاکش؛ محنتی - (۲) محنت سے حاصل کیا ہوا -

operosely, *adv.* : محنت سے -

operoseness, *n.* : جفاکشی -

Ophicleide, *n.* : بگل کی طرح کا ایک باجا جس میں پردے ہوتے ہیں -

Ophidian, *a. & n.* : سانپ کی نوع کا؛ ماری -

Ophio- : (سابقہ) یونانی لفظ ophis سے نکلا ہے جس کے معنی سانپ کے ہیں -

ophiolater : مار پرست؛ افعی پرست؛ سانپ کی پوجا کرنے والا -

ophiolatry : مار پرستی؛ افعی پرستی -

ophiology : علم‌الافاعی ؛ سانپوں کا علم -

Ophite, *n.* : سنگ سماق -

ophitic, *a.* : سماق کا -

Ophthalmia, *n.* : آشوب چشم ؛ ورم چشم -

Ophthalmic, *a.* & *n.* : (۱) آنکھ کا - (۲) آشوب چشم میں مبتلا ؛ ورم چشم کا مریض - (۳) آنکھ کے لئے مفید (دوا) -

Ophthalm (o)- : سابقہ یونانی لفظ opthalmos سے مشتق ھے جس کے معنی آنکھ کے ھیں -

ophthalmitis : ورم چشم ؛ آنکھ کا ورم -

ophthalmologist : ماھر علم‌العین ؛ ماھر امراض چشم -

ophthalmology : علم‌العین ؛ علم چشم ؛ آنکھ کا علم -

ophthalmoscope: پردۂ شبکی کے معائنے کا آلہ ؛ شبک نما -

ophthalmotomy : آنکھ کی جراحی -

Opiate, *a.* & *n.* : (۱) افیون آمیز دوا ؛ افیم ملی دوا ؛ خواب آوردوا ؛ مخدر دوا- (۲) (قدیم) خواب آور ؛ منوم -

Opiate, *v. t.* : افیون ملانا -

Opine, *v. t.* : (۱) رائے رکھنا - (۲) اظہار رائے کرنا ؛ اظہار خیال کرنا -

Opinion, *n.* : (۱) رائے ؛ خیال ؛ گمان ؛ قیاس - (۲) عقیدہ ؛ راسخ خیال - (۳)ماھرفن کی رائے یا مشورہ - (۴) (کسی شخص یا چیز کی نسبت) رائے ؛ قدر ؛ وقعت ؛ منفی صورت میں استعمال ھوتا ھے مثلاً (*have no o. of French men*) -

a matter of o. : وہ معاملہ جس میں اختلاف رائے ممکن ھے -

is of o. : (یہ) رائے رکھتا ھے -

Opinionated, *a.* : (۱) ھٹ دھرم ؛ متعصب ؛ سخن پرور - (۲) خود رائے ؛ ضدی -

opinionatedness, *n.* : ضد ؛ ھٹ ؛ خودرائی ؛ ھٹ دھرمی ؛ سخن پروری -

Opinionative, *a.* : = Opinionated

O. pip : دیکھو Obersvation, pip -

Opisometer, *n.* : منحنی پیما ؛ منحنی خطوط کی پیمائش کا آلہ -

Opium, *n.* & *v. t.* : (۱) افیون ؛ افیم - (۲) افیون دینا ؛ افیون ملانا -

o. den : چانڈو خانہ ؛ افیمیوں کا اڈا -

opiumism, *n.* : افیون کی لت یا عادت -

opiumize, *v. t.* : افیون ملانا -

Opodeldoc, *n.* : صابون کا روغن (مالش کے لئے)-

Opopanax, *n.* : (۱) ایک قسم کی بد بو دار رال جو کسی زمانے میں دوا کے طور پر مستعمل تھی - (۲) ایک قسم کی رال جو عطر وغیرہ میں پڑتی ھے -

Opossum, *n.* : (۱) اپوسم : ایک قسم کا تھیلی دار دودھ پلانے والا جانور جو پانی میں یا درختوں پر رھتا ھے ' اس کے پچھلے پیروں میں انگوٹھا ھوتا ھے - (۲) = phalanger -

Oppidan, *a.* & *n.* : (۱) (شاذ) شہر کا (باشندہ) ؛ شہر والا - (۲) (مدرسہ ایٹن) وہ طالب علم جو دارا لاقامہ میں نہ رھتا ھو ؛ ڈے اسکالر ؛ بیرونی طالب علم ؛ غیر مقیم طالب علم -

Oppilate, *v.t.* : (طب) مسدود کرنا -

oppilation, *n.* : مسدود کرنا یا ھونا -

Opponency, *n.* : (شاذ) مخالفت ؛ عداوت ؛ دشمنی -

Opponent, *a.* & *n.* : (۱)مخالف؛ معاند؛ مدمقابل؛ مدعی؛ دشمن- (۲) معارض ؛ مخالف ؛ متضاد (اب اس معنی میں شاذ ھے)

o. muscle : مقابل اصبع خامس -

Opportune, *a.* : (۱) ٹھیک ؛ درست ؛ موزوں ؛ مناسب؛ مساعد (وقت وغیرہ) - (۲) بر محل ؛ بر وقت ؛ با موقع -

opportunely, *adv.* : مناسب وقت پر ؛ بر محل -

opportuneness, *n.* : بر وقت ھونا -

Opportunism, *n.* : (۱) وقتی ضرورتوں پر حد سے زیادہ زور دینا ؛ مصلحت پرستی - (۲) موقعے کے لحاظ سے کام کرنا ؛ درمیانی راہ اختیار کرنا ؛ مصلحت بینی ؛ حکمت عملی - (۳) ابن‌الوقتی ؛ زمانہ سازی -

opportunist, *n.* : مصلحت پرست ؛ مصلحت بیں؛ ابن‌الوقت زمانہ ساز -

Opportunity, *n.* : (۱) (شاذ) مناسبت وقت ؛ بر محل ھونا - (۲) موقع ؛ عمدہ موقع ؛ مناسب وقت -

Oppose, *v. t.* : (۱) مقابلے پر رکھنا ؛ مقابلے میں لانایا پیش کرنا ؛ متضاد یا مخالف حیثیت سے پیش کرنا - (۲) مقابلہ کرنا؛ مقابلےپر آنا ؛ مخالفت کرنا؛ مزاحمت کرنا ؛ رکاوٹ ڈالنا ؛ سد راہ ھونا - (۳) ھمیشہ مخالفت کا پہلو اختیار کرنا -

opposed : مخالف -

opposable, *a.* : تقابل پذیر -

opposability, *n.* : تقابل پذیری -

Opposeless, *a.* : (شعر) ناقابل مزاحمت ؛ ناقابل مقاومت -

Opposite, *a. n. adv.* & *prep.* : (۱) روبرو کا ؛ سامنے کا؛ مقابل ؛ محاذی - (۲) بر عکس ؛ مخالف ؛ اُلٹا ؛ متضاد - (۳) نقیض ؛ ضد ؛ برعکس چیز یا لفظ - (۴) سامنے ؛ مقابل ؛ محاذ میں -

o. leaves : (نباتیات) بالمقابل پتیاں (جو تنے کے دوسرے پہلو پر ھوں) -

o. number : مد مقابل؛ تقابل کا شخص یا شے -

oppositely, *adv.* : بالمقابل - (۲) اس کے برعکس -

oppositeness, *n.* : (۱) (پتوں کا) بالمقابل ھونا- (۲)تضاد -

Oppositi-: (سابقہ) مقابل کے معنی پیدا کرتا ھے -

oppositifolious : متقابل‌الاوراق ؛ بالمقابل پتیوں کا -

oppositisepalous : مقابل مسند (حامل زر) -

Opposition, *n.* : (۱) سامنے رکھنا؛ مقابل میں رکھنا - (۲) متقابل جگہ یا محل - (۳) (ھیئت) مقابلہ (ضد قران) - (۴) (منطق) تقابل (۵) مخالفت ؛ مزاحمت - (۶) مخالف جماعت ؛ مخالف پارٹی -

the o. , *His Majesty's o.* : پارلی منٹ میں حکومت کی مخالف پارٹی -

to be in o. : (ھیئت) سورج سے ۱۸۰ درجے کے زاویے پر ھونا ؛ سورج کے مقابل ھونا -

oppositional, *a.* : (شاذ) تقابلی؛ مخالفانہ؛ مخالف حکومت-

oppositionist, *n.* : (شاذ) مزاحم؛ مخالف؛ مخالف حکومت -

Oppositive, *a.* : (شاذ) (۱) متضاد ؛ متقابل - (۲) جسے مخالفت کا شوق ھو ؛ مخالفت پسند -

Oppress, *v. t.* : (۱) ظلم کرنا ؛ جور و تعدی کرنا ؛ جابرانہ حکومت کرنا - (۲) مغلوب کرنا ؛ زیر کرنا ؛ دبانا - (۳) پست کرنا ؛ مضمحل کرنا -

oppression, *n.* : جور ؛ جبر ؛ ظلم ؛ ستم ؛ تعدی -

oppressive, *a.* : (۱) ظالمانہ ؛ جابرانہ ؛ موذی - (۲) بھاری ؛ دشوار؛ شدید ؛ سخت -

oppressively, *adv.* : ظالمانہ؛ جابرانہ؛ شدت سے؛ سختی سے -

oppressiveness, *n.* : جابریت ؛ سخت گیری ؛ موذی پن ؛ سختی ؛ شدت -

oppressor, *n.* : ظالم ؛ جابر ؛ ستم گر ؛ مردم آزار ؛ موذی -

Opprobrious, *a.* : ملامت آمیز ؛ دشنام آمیز سخت سست -

opprobriously, *adv.* : ملامت آمیز الفاظ میں؛ بد زبانی سے -

Opprobrium, *n.* : (۱) ذلت ؛ رسوائی ؛ بد نامی ؛ فضیحت - (۲) نفرین ؛ نعرۂ نفرین -

Oppugn, *v. t.* : (۱) (کسی بات پر) اعتراض کرنا ؛ ایراد کرنا؛ شبہ ظاہر کرنا - (۲) (شاذ) اختلاف رکھنا ؛ مخالفت کرنا -

oppugnant, *a. & n.* : (شاذ) اختلاف کرنے والا ؛ مخالف -

oppugner, *n.* : معترض -

oppugnance, oppugnancy, oppugnation, *nn.*: (شاذ) مزاحمت ؛ مخالفت -

Opsimath, *n.* : وہ شخص جو کبر سنی میں تحصیل علم کرے ؛ بڈھا توتا -

opsimathy, *n.* : کبر سنی کی تحصیل علم -

Opsonic, *a.* : جراثیم میں یہ خاصیت پیدا کردینے والا کہ خون کےجاذب جراثیم جیسے انہیں آسانی سے جذب کرلیں -

o. index : وہ عدد جس سے مریض کے Serum کی جذب جراثیم کی قوت ظاہر ہوتی ہے -

Opsonin : اپسونین (وہ مادہ جو مریض کے خون میں اس کے مرض کے جراثیم کا سیرم داخل کرنے سے پیدا ہوتا ہے) -

Opt, *v. i.* : (شاذ) اختیار کرنا ؛ انتخاب کرنا -

Optative, *a. & n.* : (۱) (صرف و نحو) تمنائی - (۲) (فعل کا) صیغۂ تمنائی -

o. mood : (فعل کا) صیغۂ تمنائی -

optatively, *adv.* : (نحو) تمنائی حالت میں -

Optic, *a. & n.* : (۱) آنکھ کا ؛ متعلق چشم ؛ عینی ؛ بصری ؛ متعلق بصر - (۲) (مزاحاً بول چال) آنکھ ؛ آلۂ بصر - (۳) (جمع) علم مناظر و مرایا ؛ بصریات ، علم نور -

o. angle : زاویۂ بصر -

o. nerve : عصبۂ چشم ؛ عصبۂ مجوفہ -

o. neuritis : آنکھ کی عصبی سوزش -

Optical, *a.* : (۱) عینی ؛ چشمی ؛ متعلق چشم ؛ بصری ؛ متعلق بصر - (۲) علم مناظر و مرایا کا ؛ بصریات کا ؛ علم نور کا -

o. illusion : فریب نظر ؛ آنکھ کا دھوکا -

optically, *adv.* : دیکھنے میں ؛ بصریات کی رو سے -

Optician, *n.* : عینک ساز ؛ عینک فروش ؛ آلات بصر کا بنانے والا یا بیچنے والا -

Optime : دیکھو Wrangler -

Optimism, *n.* : (۱) جرمن فلسفی (لائبنیز) کا نظریۂ استحسان کہ اچھی سی اچھی دنیا جو پیدا کی جاسکتی تھی وہ ہماری دنیا ہے - (۲) رجائیت (یہ عقیدہ کہ دنیا میں نیکی بدی پر غالب آے گی) - (۳) رجائیت؛ امید پروری؛ امید پرستی؛ خوش امیدی (طبیعت کا یہ رجحان کہ ہر معاملے کا انجام اچھا ہوگا) -

optimist, *n. & a.* : استحسان پسند ؛ رجائی ؛ رجائیت پسند ؛ امید پرست ؛ خوش امید -

optimistic, *a.* : استحسان پسندانہ؛ رجائیت پسندانہ؛ امیدانہ -

optimistically, *adv.* : استحسان پسندی سے ؛ رجائیت پسندی سے ؛ خوش امیدی سے -

optimize, *v. i.* : اچھے انجام کی امید ظاہر کرنا ؛ استحسان پسندی یا رجائیت کے خیالات ظاہر کرنا -

Option, *n.* : (۱) اختیار (کرنا) ؛ انتخاب کرنا ؛ وہ چیز جو اختیار کی جاے ؛ وہ چیز جو اختیار کی جاسکے ؛ موضوع اختیار - (۲) اختیار یا انتخاب کا حق - (۳) (صرافہ) تمسکات کو مقررہ شرح پر مقررہ میعاد کے اندر لینے یا دینے کا حق -

Optional, *a.* : اختیاری (ضد لازمی) -

Optophone, *n.* : آلۂ صدا نما (جو روشنی کو آواز میں بدل دیتا ہے اس کی مدد سے اندھے کان کے ذریعے سے پڑھ سکتے ہیں) -

Opulent, *a.* : (۱) دولت مند ؛ مال دار؛ زر دار ؛ متمول - (۲) معمور ؛ فراواں ؛ بھرا پرا -

opulence, *n.* : دولت مندی ؛ تمول ؛ معموری ؛ فراوانی -

opulently, *adv.* : دولت مندی سے ؛ فراوانی سے -

Opus, *n.* (no pl.). : (ماہر موسیقی کی) علحدہ نغمہ نگاری -

magnum o., o. magnum, or *o.* : شاہ کار (ادبی وغیرہ) -

Opuscule, *opusculum* (pl.-la). *n.* : مختصر تحریر نغمہ یا ادبی تحریر -

Or, *n.* : (نقابت) مار کوں میں سنہرا یا زرد رنگ ؛ سونے کا کام -

Or, *prep. & conj.* : (قدیم) قبل (ازیں) ؛ پیشتر ؛ پہلے -

Or, *conj.* : (۱) یا - (۲) یا تو - (۳) یعنی - (۴) ورنہ -

-or : (لاحقہ) انگلستان میں اکثر الفاظ کے آخر میں Our کی صورت میں آتا ہے ، امریکا میں or کرلیا گیا ہے مثلاً ardour, liquor وغیرہ -

-or : (۱) (لاحقہ) اسم فاعل کے آخر میں (قابض ، متصرف Possessor) - (۲) ان الفاظ کے آخر میں جو آلہ اور اوزار کے معنی رکھتے ہیں (مثلاً Extensor) - (۳) متفرق اسماء کے آخر میں -

Orach, *n.* : پہاڑی پالک -

Oracle, *n.* : (۱) (قدیم یونان کا) دارالاستخارہ (جہاں دیوتاؤں سے مشورہ یا پیشین گوئی طلب کی جاتی تھی) - (۲) دیوتاؤں کا جواب جو اکثر مبہم ہوتا تھا؛ جواب استخارہ - (۳) یہودیوں کے مندروں میں مقدس ترین مقام ؛ دارالرحم - (۴) الہام ربانی (کا وسیلہ یا واسطہ) ؛ (وحی یا الہام کا) مہبط - (۵) حکمی معیار یا علامت ؛ حکمی فال ؛ وحیء آسمانی (مجازی معنی میں) - (۶) غیر خاطی رہنما ؛ معصوم رہنما ؛ خضر ثانی - (۷) عاقل مشیر ؛ پر اسرار مشیر - (۸) دانشمندانہ مشورہ ؛ پر اسرار مشورہ - (۹) لقمان ثانی ؛ ارسطوے ثانی ؛ بوجھ بجھکڑ ؛ لال بجھکڑ - (۱۰) دانشمندانہ فیصلہ - (۱۱) سروش غیبی ؛ ہاتف غیبی ؛ حکمی خبر دینے والا - (۱۲)

حکمی خبر یا پیشین گوئی۔

work the o. : (۱) پجاریوں سے ساز باز کر کے حسب منشا جواب حاصل کرنا - (۲) پوشیدہ ذرائع سے اپنے موافق اثر ڈالنا -

oracular, *a.* : متعلق بہ دارالاستخارہ ؛ مبہم ؛ پر اسرار ؛ چیستان کا سا ؛ الہامی ؛ مدعی الہام -

oracularly, *adv.* : مبہم دور پر ؛ چیستان کی طرح -

oracularity, *n.* : ابہام وغیرہ -

Oral, *a.* : (۱) زبانی ؛ تقریری - (۲) (تشریح) منہ کا ؛ متعلق دھن ؛ بر زبان ؛ زبانی -

orally, *adv.* : زبانی طور پر ؛ تقریراً ؛ منہ کے ذریعے سے وغیرہ -

Orange, *n.* & *a.* : (۱) نارنگی ؛ سنترا - (۲) نارنجی (رنگ) -

Blenheim o. : ایک قسم کا سیب -

China o. : پہلے معمولی نارنگی کو کہتے تھے -

o.-blossom : نارنگی کے پھول جو دلہن شادی کے وقت پہنتی ہے -

o.-fin. : ایک قسم کی ٹراؤٹ (Trout) مچھلی -

o.-tip : ایک قسم کی تیتری -

mock o. : ایک قسم کی جھاڑی -

squeeze the o. : (مجازاً) ست نچوڑ لینا -

squeezed o. : وہ چیز جس میں اب کچھ فائدہ اٹھانے کی گنجائش نہ رہی ہو -

orangery, *n.* : نارنگی کا باغ ؛ نارنجستان -

Orange, *n.* : آرینج ایک شہر ہے جو دریائے رھون کے کنارے واقع ہے (اسی کی نسبت سے ولیم سوم ولیم آف آرینج کہلاتا تھا) -

Orangemen : آئرستان کی سیاسی انجمن جو پروٹسٹنٹ مذہب کو فروغ دینے کے لئے سنہ ۱۷۹۵ میں قائم ہوئی تھی -

Orangism, *n.* : آئرستان کی مذکورہ سیاسی انجمن کا اصول (حمایت مذہب پروٹسٹنٹ) -

Orangeade : آرنجیڈ ؛ نارنگی یا سنترے کا افشردہ -

Orang-outang, Orang-utan, *n.* : انسان صورت بندر (بورنیو اور سماترا میں ہوتا ہے) -

Orate, *v. i.* : (مزاحاً) تقریر کرنا ؛ تقریر چھانٹنا ؛ داد خطابت دینا -

Oration, *n.* : (۱) تقریر ؛ خطبہ ؛ لکچر - (۲) (صرف و نحو) نقل قول (دوسرے کے قول کو بیان کرنا) -

direct, indirect, or oblique, o. : دیکھو Direct

Orator, *n.* : (۱) مقرر ؛ تقریر کرنے والا - (۲) خوش بیان مقرر ؛ فصیح و بلیغ مقرر ؛ خطیب -

Public O. : سرکاری خطیب (آکسفورڈ اور کیمبرج کا وہ عہدہ دار جو وہاں کے سربراہی جشن کے موقعوں پر تقریر کرنے کے لئے ہوتا ہے) -

oratress, *n.* : تقریر کرنے والی ؛ خوش بیان خاتون -

Oratorio, *n.* : مذہبی رھس ؛ سادہ مذہبی ناٹک جس کے ساتھ موسیقی ہوتی ہے اور سینری یا نقل و حرکت نہیں ہوتی -

Oratorize, *v. i.* : = Orate

Oratory, *n.* : (۱) شخصی عبادت خانہ - (۲) رومی کلیسا کی مذہبی انجمن جو سنہ ۱۵۶۴ میں روما میں قائم ہوئی تھی ؛ اس میں بے ضابطہ پادری شریک تھے اور مذہبی ارکان کی ساد کی پر زور دیا جاتا تھا - (۳) اس انجمن کی کوئی شاخ جو انگلستان میں ہے -

oratorian, *a.* & *n.* : اس مذہبی انجمن کا رکن ؛ اس انجمن سے متعلق ؛ اس انجمن کا -

/

Oratory, *n.* : (۱) فن تقریر ؛ فن خطابت - (۲) خطبے ؛ تقریریں - (۳) سخن آرائی ؛ رنگیں بیانی ؛ لفاظی ؛ لسانی ؛ خطابت -

oratorical, *a.* : خطیبانہ -

oratorically, *adv.* : رنگین بیانی کے انداز میں ؛ خطیبانہ انداز میں -

Orb, *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) گولہ ؛ کرہ - (۲) جرم سماوی ؛ جرم فلکی - (۳) (شاذ) دائرہ ؛ حلقہ ؛ قرص - (۴) (شعر) آنکھ ؛ دیدہ - (۵) صلیب دار گولہ (جو شاہی ماہی مراتب میں ہوتا ہے) - (۶) نظام ؛ منظم جماعت یا سلسلہ - (۷) حلقے میں گھیر لینا ؛ حلقہ بنا لینا -

orbless, *a.* : بے اجرام (آسمان) ؛ بے دیدے کی (آنکھ) وغیرہ -

Orbicular, *a.* : (۱) حلقہ نما ؛ کروی ؛ مدور ؛ دائرہ نما - (۲) مکمل بالذات -

orbicularly, *adv.* : کرے کی شکل میں ؛ دائرے کی شکل میں -

orbicularity, *n.* : کرویت ؛ دائرہ نما ہونا ؛ مدور ہونا -

orbiculate, *a.* : مدور ؛ دائرہ نما ؛ کروی -

Orbit, *n.* : (۱) خانۂ چشم ؛ آنکھ کا کوہ - (۲) (پرندے وغیرہ کا) آنکھ کا حلقہ - (۳) (اجرام فلکی کا) مدار ؛ مسیر -

orbital, *a.* : صفت مذکورۂ بالا معنوں میں -

orbito- : (سابقہ) خانۂ چشم کا -

Orc, *n.* : (۱) بڑی سمندری مچھلیاں (جن میں وھیل بھی شامل ہے) - (۲) عجیب الخلقت جانور (بری یا بحری) ؛ عجائب المخلوق ؛ ہوا -

Orcadian, *a.* & *n.* : جزیرۂ آرکنی (Orkney) کا باشندہ -

Orchard, *n.* : باغ (پھل دار درختوں کا) ؛ میوہ باغ -

orchardman : پھلوں کا باغ لگانے والا ؛ پھل دار درخت لگانے والا -

orchardist, *n.* : پھلوں کا باغ لگانے والا ؛ میوہ باغ لگانے والا -

Orchestic, *a.* : ناچ کا ؛ متعلق رقص ؛ رقصی -

orchestics, *n.* : فن رقص ؛ ناچ کا فن -

Orchestra, *n.* : (۱) (قدیم یونانی تھیٹر) نیم مدور رقص گاہ (اسٹیج کے سامنے ہوتی تھی) - (۲) (زمانۂ حال کا تھیٹر) سرود گاہ - (۳) (تھیٹر ؛ سرود خانہ) سازندوں کا طائفہ ؛ ساز ؛ نغمۂ ساز ؛ ارکسٹرا -

orchestral, *a.* : ارکسٹرا کا ؛ سازندوں کے طائفے کا -

Orchestrate, *v. t.* & *i.* : ارکسٹرا کے لئے نغمۂ ساز ترتیب دینا -

orchestration, *n.* : ترتیب نغمہ ؛ تدوین نغمہ -

Orchestrina, *n.* : دستی ارکسٹرا (ایک قسم کا ارگن باجا) -

Orchid, orchis, *n.* : ثعلبیہ ؛ ثعلب مصری (ایک مشہور بوٹی یا اسی قسم کی کوئی اور بوٹی -

orchidaceous, *a.* : ثعلبی -

orchidist, *n.* : ثعلب مصری کی یا اس کے پودوں کی کاشت کرنے والا -

Orchido- : (سابقہ) ثعلبی بوٹیوں سے متعلق -

Orchil, *n.* : سرخ یا بنفشئی رنگ جو کائی سے بنتا ہے -

Orcin, *n.* : (کیمیا) آرسن ؛ ایک طرح کی قلم جو کائی سے بنتی ہے اور دوسری چیزوں سے مل کر مختلف رنگ بناتی ہے -

Ordain, *v. t.* : (۱) (کلیسا) مقرر کرنا (پادری کے عہدے پر) ؛ بنانا (پادری) - (۲) مقدر کرنا ؛ قسمت میں لکھنا - (۳) حکم نافذ کرنا ؛ فرمان جاری کرنا -

Ordainment, *n.* : (شاذ) (اجرائے) فرمان ؛ نفاذ حکم -

Ordeal, *n.* : (۱) جسمانی اذیت کے ذریعے سے جھوٹ سچ کا امتحان

(مثلاً ملزم کا ہاتھ کھولتے ہوئے پانی میں ڈالنا) - (۲) صبر آزما مصیبت ؛ سخت آزمائش کا موقع ؛ ابتلا -

Order, *n.*: (الف)(۱)قطار (اب شاذ ہے) - (۲)طبقہ؛ جماعت-(۳)درجہ؛ مرتبہ ؛ حیثیت - (۴) قسم ؛ صنف - (۵) فرشتوں کے نو طبقوں میں سے کوئی طبقہ - (۶) پادریوں کے مدارج میں سے کوئی درجہ- (۷) (جمع) پادری کا منصب - (۸) راہبوں وغیرہ کا سلسلہ ؛ حلقہ - (۹) اعزازی سلسلہ (جس میں بادشاہ حسن خدمت کے صلے میں داخل کرتا ہے) - (۱۰) تمغہ - (۱۱) (فن تعمیر) طرز- (۱۲) (ریاضی) درجہ (مساوات وغیرہ کا) - (۱۳) (تاریخ مو الید) صنف - (ب) (۱) ترتیب؛ توالی؛ سلسلۂ نظام - (۲) صحیح ترتیب ؛ حسن ترتیب ؛ سلیقہ - (۳) (قدیم) مناسب کارروائی - (۴) نظم عالم ؛ نظام کائنات - (۵) مقررہ نماز یا عبادت (۶) آداب ؛ ضابطہ- (۷) امن و امان- (۱) (جمع) حکم ؛ ہدایت- (۲) (بینک) ہنڈی ؛ حکم ادائی - (۳) آرڈر ؛ فرمائش (جو تاجر کو بھیجی جائے) - (۴) پاس ؛ حکم؛ داخلہ -

a large o.: (روز مرہ) مشکل کام -

by o.: حسب الحکم افسران مجاز -

holy oo.: (کلیسائے انگلستان) مقدس مدارج (اسقف پادری وغیرہ کے) -

in o., in good o.: ٹھیک ؛ چالو -

in oo.: پادری کے منصب پر فائز -

in o. to: بغرض -

in o. that: تاکہ -

keep o.: امن قائم رکھنا -

made to o.: فرمائشی ؛ فرمائش پر بنایا ہوا -

minor oo.: (رومی کلیسا) ادنیٰ مدارج (دعا خوار ' دربان وغیرہ کے ادنیٰ عہدے) -

o.-book: فرمائشات کا رجسٹر -

o.-book: دارالعوام کی تجاویز کا رجسٹر -

o. cheque: آرڈر چک (جو اس شخص کے دستخط کے بغیر وصول نہیں ہوسکتا جس کے نام لکھا گیا ہے) -

O. in Council: پریوی کونسل کا فرمان خاص -

o. of the day: (۱) کسی روز کی مجوزہ کار روائی کا پروگرام - (۲) گھر گھر رائج ؛ عام طور پر مروج -

o. paper: کار روائی کا چھپا ہوا پروگرام -

out of o.: بے سلسلہ ؛ بے ترتیب -

out of o., in bad o.: بگڑا ہوا -

rise to o., or a point of o.: کھڑے ہوکر سوال کرنا کہ فلاں چیز ضابطے کے اندر ہے یا نہیں ؛ ضابطہ کا سوال پیش کرنا -

take oo.: پادری بنا یا جانا -

take o. with: کسی چیز کو ترتیب دینا؛ انتظام کرنا -

take them in o.: سلسلے سے ایک ایک کرکے لو -

the o.: (فوج) کمپنی کا بندوق زمین پر سیدھی طرف ٹکا کر کھڑا ہونا -

Order, *v. t.*: (۱) ترتیب سے آراستہ کرنا ؛ سجانا ؛ ترتیب سے رکھنا ؛ قرینے سے لگانا - (۲) قسمت میں لکھنا ؛ مقدر کرنا - (۳) حکم دینا ؛ ہدایت کرنا - (۴) (کسی مقام پر) مامور کرنا ؛ جانے کا حکم دینا - (۵) (تاجروں کو مال کی) فرمائش بھیجنا

o. about: ادھر اُدھر دوڑانا ؛ حکومت جتانا ؛ حکم چلانا -

o. arms: (فوجی) بندوق سیدھی طرف ٹکاکر کھڑا ہونا -

o. dinner: یہ تجویز کرنا کہ کھانے میں کیا کیا چیزیں ہوں

Orderly, *a. & n.*: (۱) درست ؛ آراستہ ؛ مرتب ؛ باترتیب ؛ باقرینہ ؛ ستھرا - (۲) با ضابطہ ؛ باسلیقہ ؛ مستعلیق (شخص یا مزاج) - (۳) قاعدے کا پابند ؛ انضباط پسند ؛ نظم پسند ؛ شائستہ - (۴) (فوج) احکام پہنچانے والا یا احکام کی تعمیل کرانے والا ؛ اردلی - (۵) اردلی؛ اردلی کا (سپاہی) - (۶) ہسپتال کا شاگرد پیشہ (خصوصاً فوجی ہسپتال کا) -

o. bin: کوڑے کا پیپا ؛ کوڑے کا ٹوکرا ؛ جو سڑکوں پر رکھا رہتا ہے-

o. book: (رجمنٹ) احکام کا رجسٹر ؛ آڈربک -

o. officer: اردلی افسر (جس کی اس روز ڈیوٹی ہو) -

o. room: اردلی افسر کا کمرا -

orderliness, *n.*: حسن ترتیب ؛ باضابطگی ؛ سلیقہ پسندی ؛ انضباط پسندی ؛ شائستگی -

Ordinal, *a. & n.*: (۱) توصیفی ' ترتیبی (عدد) - (۲) نباتات یا حیوانات کی کسی صنف کا - (۳) دعاؤں کی کتاب جو پادری کے تقرر کے وقت استعمال ہوتی ہے -

Ordinance, *n.*: (۱) ضابطہ ؛ آرڈیننس - (۲) مذہبی رسم - (۳) (شاذ) کتاب یا عمارت کے اجزا کی ترتیب -

Ordinary, *a. & n.*: (۱) مقررہ ؛ معمولی (جس کا معمول ہو) ؛ مروجہ ؛ عام - (۲) معمولی (جس میں کوئی خصوصیت نہ ہو) ؛ پیش پا افتادہ - (۳) باضابطہ ؛ بالذات (عہدہ دار ' عہدہ) - (۴) (طعام خانے کا) معمولی کھانا جو مقررہ قیمت پر اور مقررہ وقت پر ملتا ہے - (۵) نماز یا عبادت کے ارکان کی کتاب - (۶) (نقابت) کوئی سادہ ' معمولی اور قدیم نشان یا مارکہ (مثلاً صلیب ' پٹی وغیرہ) - (۷) بے گیر (gear) کی بائیسکل -

in an o. way I should refuse: اگر معمولی صورت حال ہوتی تو میں انکار کر دیتا -

in o.: مستقل (مثلاً physicia in o.)

O. or Lord O.: اسکاٹستان کی بیرونی عدالت عالیہ کا حاکم -

o. seaman (o.s.): معمولی درجے کا ملاح -

the O.: (۱) صوبے کا اسقف اعظم - (۲) اپنے حلقے کا اسقف -

ordinarily, *adv.*: معمولاً ؛ عموماً ؛ معمولی صورت میں -

ordinariness, *n.*: معمولی ہونا -

Ordinate, *n.*: (ریاضی) معین -

Ordination, *n.*: (۱) ترتیب ؛ درجہ بندی ؛ تقسیم - (۲) پادری کے عہدے پر ماموری ؛ پادری بنانا یا بنایا جانا - (۳) اجرا یا نفاذ (فرمان ' ضابطے وغیرہ کا) -

Ordinee, *n.*: ڈیکن (deacon) جس کا نیا تقرر ہوا ہو -

Ordnance, *n.*: (۱) توپ خانہ ؛ توپیں- (۲) محکمۂ ذخائر حربی -

o. datum: سطح سمندر جو مندرجۂ ذیل پیمائش میں ناپی جاتی ہے -

o. survey: برطانیہ اور آئرستان کی سرکاری پیمائش -

Ordure, *n.*: (۱) گوبر؛ لید- (۲) فحش؛ پھکڑ؛ گالیاں؛ گندی باتیں

Ore, *n.*: (۱) کچی دھات؛ فلز- (۲) (شعر)کوئی دھات خصوصاً سونا -

Oread, *n.*: (لاطینی اور یونانی دیومالا) کوہستانی پری -

Orectic, *a.*: خواہش یا اشتہا کے متعلق ؛ اشتہائی -

Oreide, *n.*: زر سا پیتل ؛ ایک قسم کا پیتل جو سونے سے

مشابہ ہوتا ہے مصنوعی زیور بنانے میں کام آتا ہے -

Orfe, *n.*: ایک قسم کی سنہری مچھلی۔

Organ, *n.*: (۱) ارگن باجا - (۲) دستی ارگن باجا - (۳) عضو - (۴) آواز؛ آواز کا پاٹ - (۵) اخبار وغیرہ جو کسی جماعت کی نمائندگی کرے؛ آرگن؛ ترجمان -

o. -blower: ارگن میں پھونک بھرنے والا (شخص یا آلہ)-

o. -builder: ارگن ساز -

o. -grinder: دستی ارگن بجانے والا -

o. -loft: ارگن کی گیلری (گرجے یا سرود خانے میں) -

o. -piano: ایک طرح کا پیانو جس میں سے مسلسل سر نکلتے ہیں -

o. -screen: اوٹ جو کلیسا میں ارگن باجے کے سامنے کھڑی کردی جاتی ہے -

o. -stop: ارگن کا پردہ -

organist, *n.*: ارغنوں نواز -

organless, *a.*: (۱) بے عضو کا - (۲) بے ارگن؛ جس کا کوئی ترجمان نہ ہو -

Organdie, *n.*: ایک قسم کی باریک ململ -

Organic, *a.*: (۱) (عضویات) عضوی؛ (جسم کے کسی) عضو کا - (۲) (علم الامراض) عضو کی ساخت سے متعلق؛ ترکیبی - (۳) نامی (جسم) - (۴) (کیمیا) نامیاتی - (۵) خلقی؛ فطری؛ ساخت کا؛ سرشت کا؛ بنیادی - (۶) منظم؛ با نظام -

o. chemistry: نامیاتی کیمیا -

organically, *adv.*: عضو کی ساخت کے اعتبار سے؛ خلقی طور پر؛ بنیادی طور پر -

Organism, *n.*: (۱) جسم نامی - (۲) ساخت؛ بناوٹ؛ ترتیب - (۳) جسم حیوانی؛ جانور - (۴) جسم نباتی؛ پودا - (۵) ہیئت اجتماعی؛ نظام؛ کوئی منظم چیز -

Organization, *n.*: (۱) تنظیم؛ ترتیب؛ قائم کرنا یا ہونا؛ جسم نامی بننا یا بنانا - (۲) منظم جماعت؛ انجمن؛ جمعیت؛ نظام -

Organize, *v.t. & i.*: (۱) اعضا بخشنا؛ جسم نامی بنانا؛ جسم نامی کی خاصیت پیدا کرنا؛ جزو بدن بنانا -(۲) جسم نامی بننا؛ جزو بدن بننا - (۳) تنظیم کرنا؛ منظم کرنا - (۴) ترتیب دینا؛ مرتب کرنا؛ قائم کرنا - (۵) (جلسے وغیرہ کا) انتظام کرنا؛ منعقد کرنا یا کرانا -

organizable, *a.*: ترتیب پذیر؛ تنظیم پذیر؛ جزو بدن بننے کے قابل -

organizer, *n.*: ناظم؛ منتظم؛ کرانے والا؛ بانی -

Organon, organum, *n.*: (۱) نظام منطق؛ علمی غور و فکر کی منہاج - (۲) منطق کا رسالہ؛ منطق کی کتاب -

Organzine, *n.*: الٹا بٹا ہوا ریشمی تورا -

Orgasm, *n.*: (۱) جوش؛ ہیجان؛ دورہ - (۲) جماع کی مستی؛ ہیجان شہوت؛ ہیجان شہوت کی انتہا -

orgastic, *a.*: ہیجانی؛ دورے کا؛ ہیجان شہوت کا -

Orgeat, *n.*: شربت جو؛ ایک قسم کا مفرح شربت جو جَو؛ بادام اور نارنگی کے پھلوں کے عرق سے تیار کیا جاتا ہے -

Orgy, *n.*: (۱) (قدیم یونان و روما) (عموماً جمع میں آتا ہے) دیوتاؤں کی پرستش کی مخفی رسوم خصوصاً باخوس کی پرستش کی جن میں شراب پی کر ناچتے گاتے تھے - (۲) بد مستی؛ شراب و کباب؛ (جمع) رنگ رلیاں؛ بد مستیاں؛ خر مستیاں -

Oriel, *n.*: جھروکہ -

Orient, *n. & a.*: (۱) (شعر) مشرق؛ شرق؛ خاور - (۲) مشرقی ممالک؛ مشرق (وہ ملک جو بحر روم اور جنوبی یورپ کے مشرق میں واقع ہیں) - (۳) (شعر) مشرقی؛ شرقی؛ پوربی - (۴) (سورج، دن وغیرہ) طالع؛ طلوع ہونے والا - (۵) (جواہرات خصوصاً موتی) آبدار؛ تابندہ؛ بے بہا -

Orient, orientate, *vv. t. & i.*: (۱) (عمارت وغیرہ) مشرق رخ بنانا - (۲) (مردے کو) اس طرح دفنانا کہ پاؤں مشرق کی جانب ہوں - (۳) سمت معلوم کرنا؛ محل وقوع معلوم کرنا؛ موضع جغرافی معلوم کرنا - (۴) (مجازاً) صحیح اور واضح سمت معین کرنا؛ صحیح اور واضح نقطہ معلوم کرنا - (۵) مشرق کی طرف یا کسی مقررہ سمت رخ کرنا -

o. oneself: اپنی حالت کا اندازہ کرنا -

orientation, *n.*: تعین سمت؛ تعین محل و قوع؛ صحیح اور واضح سمت یا علاقے کا تعین -

Oriental, *a. & n.*: (۱) (قدیم) شرقی؛ پوربی - (۲) ممالک مشرق خصوصاً ایشیا کا یا اس کے متعلق؛ شرقی - (۳) مشرقی؛ ایشیائی -

o. stitch: ایک قسم کا لہر دار بخیہ یا ٹانکا؛ جسے مچھلی کانٹا بخیہ بھی کہتے ہیں -

orientalism, *n.*: مشرقیت -

orientalist, *n.*: ماہر شرقیات؛ مستشرق -

orientalize, *v. i.*: مشرقی رنگ میں رنگنا؛ مشرقی بنانا -

orientally, *adv.*: مشرقی طرز پر -

Orifice, *n.*: سوراخ؛ منہ؛ دہنی؛ منبع؛ روزن؛ منفذ -

Oriflamme, *n.*: (۱) فرانس کا قدیم نشان؛ علم فرانس (سینٹ دے نس کا مقدس علم جو معبد سینٹ دے نس کے راہب، شاہ فرانس کو جنگ پر جاتے وقت دیا کرتے تھے) - (۲) (مجازاً) علم؛ جھنڈا (نیز مجازاً) - (۳) بقعۂ نور؛ کوئی روشن اور نمایاں چیز؛ طلسم رنگ -

Origan, origanum, *n.*: ایک طرح کا خوشبودار جنگلی پودا؛ درنامروا؛ تلسی -

Origin, *n.*: (۱) مادہ؛ ماخذ؛ اشتقاق - (۲) بنیاد؛ اصل؛ جڑ - (۳) نسب؛ نژاد؛ اصل - (۴) مبداء؛ منبع؛ مصدر؛ مخرج -

Original, *a. & n.*: (۱) ازلی؛ قدیم؛ ابتدائی؛ جبلی؛ خلقی - (۲) اصل؛ اصلی؛ طبع زاد - (۳) انوکھا؛ بدیع؛ نیا - (۴) جدت پسند؛ خلاق؛ قوت تخلیق رکھنے والا - (۵) (شاذ) مادہ؛ ماخذ؛ نسل؛ اصل - (۶) اصل؛ اصلی نمونہ - (۷) مراقی؛ سنکی -

o. sin: گناہ آدم؛ فطری معصیت -

originally, *adv.*: اصل میں؛ ابتدا میں -

originality, *n.*: اپج؛ جدت پسندی؛ قوت تخلیق -

Originate, *v. t. & i.*: ابتدا کرنا؛ آغاز کرنا؛ شروع کرنا؛ اختراع کرنا؛ پیدا کرنا؛ ایجاد کرنا؛ بانی ہونا؛ بنا ڈالنا - (۲) وجود میں آنا؛ پیدا ہونا؛ شروع ہونا؛ آغاز ہونا -

origination, *n.*: اختراع؛ ایجاد؛ تخلیق؛ پیدائش؛ ابتدا؛ شروع؛ آغاز -

originative, *a.*: تخلیقی؛ مخترعانہ؛ موجدانہ؛ ابتدائی -

originator, *n.*: موجد ؛ مخترع ؛ بانی؛ پیدا کرنے والا -

Orinasal, *a.* & *n.*: (۱) جس کا تلفظ منہ اور ناک دونوں سے ہو؛ منہ اور ناک دونوں کا -(۲) وہ حرف علت جس کا تلفظ منہ اور ناک سے ہو -

Oriole, *n.* (also *golden o.*): (۱) اوریول ؛ ایک پرند جس کے پر سیاہ اور زرد ہوتے ہیں (برطانیہ اور آذرستان میں گرمیوں میں آتا ہے- (۲) اسی قسم کے بعض اور پرندوں کا نام ہے -

Orion, *n.*: جبار ؛ جوزا (سات ستاروں کی ایک صورت) -

O.'s bel ; منطقۃ الجوزا ؛ تین ستارے جو صورت جوزا کے بیچ میں ہیں -

O.'s hound : کلب جبار -

Orionid, *n.*: جباریہ ؛ شہاب جبار -

Orison, *n.*: (قدیم) دعا (عموماً جمع میں آتا ہے) -

Orleans, *n.*: (۱) ایک قسم کا آلوچہ- (۲) ایک قسم کا کپڑا جس کا تانا سوتی اور بانا اونی ہوتا ہے ؛ آرلیاں -

Orlop, *n.*: تین یا زیادہ عرشوں کے جہاز کا سب سے نیچے کا عرشہ

Ormer, *n.*: ایک قسم کا صدفہ جو کھانے میں آتا ہے (اس میں صرف ایک کیل منفس ہوتا ہے) -

Ormolu, *n.* & *a.*: (۱) ملائی ملمع کی کانسی جس سے فرنیچر پر نقش و نگار بناتے ہیں - (۲) پیتل اور زنک کا مرکب جس کا رنگ سنہرا ہوتا ہے - (۳) وہ چیزیں جن پر مذکورہ بالا کے نقش و نگار ہوں - (۴) (بھری روز مرہ) شاندار ؛ ٹھاٹ دار -

Ornament, *n.*: (۱) (جمع ' کلیسا) گرجے کا ساز و سامان -(۲)زیور ؛ اسباب آرائش ؛ باعث زینت ؛ باعث رونق - (۳) زیب ؛ زینت ؛ آرائش ؛ نقش و نگار ؛ آرائشی کام -

ornamental, *a.*: آرائش کا -

ornamentalist, *n.*: آرائش گر ؛ زیور فروش -

ornamentalism, *n.*: آرائش پسندی -

ornamentally, *adv.*: آرائش کے طور پر -

Ornament, *v. t.*: آرائشی کام کرنا ؛ مزین کرنا ؛ مرصع کرنا ؛ آراستہ کرنا ؛ چار چاند لگانا ؛ رونق بڑھانا ؛ باعث زینت ہونا -

ornamentation, *n.*: تزئین ؛ آرائش ؛ آرائشی کام -

Ornate, *a.*: (۱) مزین ؛ آراستہ ؛ پیراستہ ؛ پر تکلف ؛ جس کی آرائش میں بہت اہتمام کیا گیا ہو - (۲) مرصع (عبارت) -

ornately, *adv.*: بڑے تکلف سے ؛ بڑی آرائش کے ساتھ -

ornateness, *n.*: مرصع ہونا ؛ پر تکلف ہونا ؛ آراستگی -

Ornith (o)- : (سابقہ) یونانی لفظ سے مشتق ہے جس کے معنی پرند کے ہیں -

ornithoid : طائر نما (بعض حشرات کو کہتے ہیں) -

ornithology : پرندوں کی انواع' عادات ساخت وغیرہ کا علم -

ornithorhyncus : بط بلو؛ آسٹریا کا ایک دودھ پلانے والا جانور ؛ جس کی چونچ بط کی سی پنجے جھلی دار اور جسم پر کھری بادامی رنگ کی سمور ہوتی ہے یہ جانور انڈے بھی دیتا ہے -

ornithoscopy : پرواز طیور سے پیشین گوئی کرنا -

Orography, oreo-, *n.*: کوہ فرافیہ (جغرافیے کا وہ حصہ جس میں پہاڑوں کا بیان ہوتا ہے) -

orographic (al), *aa.*: کوہ فرافی -

or(e) ology, *n.*: علم جبال ؛ جبالیات -

or(e) ological, *a.*: جبالیاتی ؛ علم جبال کا -

or(e)ologist, *n.*: جبالیات دان ؛ ماہر علم جبال -

Orohippus, *n.*: متحجر چوپایہ جو گھوڑے کا مورث سمجھا جاتا ہے -

Oroide, *n.*: تانبے اور زنک کا سنہرا مرکب -

Orotund, *a.*: (بیان یا عبارت) شاندار ؛ پرزور -

Orphan, *n.* & *a.* & *v. t.*: (۱) یتیم؛ بے ماں باپ کا؛ بے ماں کا؛ بےباپ کا- (۲) یتیم کرنا؛ (موت کا بچے کے) ماں یا باپ کو چھین لینا-

orphanhood, *n.*: یتیمی -

orphanize, *v. t.*: یتیم کرنا-

Orphanage, *n.*: (۱) یتیمی - (۲) یتیم خانہ ؛ دارا لیتا می -

Orphean, Orphic, *aa.*: (۱) آرفی؛ آرفیس Orpheus کے متعلق ؛ اس سے منسوب پوشیدہ رسوم کے متعلق ؛ پر اسرار ؛ مبہم - (۲) سریلی ؛ شیریں ؛ دلکش ؛ دلربا -

Orphrey, orfray, *n.*: کلیسائی لباس جس کے ساتھ بھاری کام کی جھالر ہوتی ہے -

Orpiment, *n.*: ہرتال ؛ زرنیخ زرد -

Orpin(e), *n.*: ایک رس دار بوٹی جس کی پتیاں گداز ہوتی ہیں اور پھول ارغوانی رنگ کے ہوتے ہیں -

Orpington, *n.*: مرغیوں وغیرہ کی ایک خاص نسل -

Orrery, *n.*: نظام انجم کا چھوٹا سا نمونہ جو کل کے ذریعے سے چلتا ہے -

Orris, *n.*: سنہری یا روپہلی جالی کا کام یا کشیدہ یا کلابتو -

Orris, *n.*: ایرسا ؛ بیخ ایرسا -

o. powder : بیخ ایرسا کا سفوف -

o. root : بیخ ایرسا -

Orson, *n.*: اکھڑ اور بہادر آدمی -

Ort, *n.*: (قدیم اور مقامی بولی عموماً جمع) فضلہ ؛ تراشہ؛ تلچھٹ -

Orth(o)- : یونانی لفظ orthos سے مشتق ہے جس کے معنی ' سیدھے ' کے ہیں ' الفاظ میں مندرجہ ذیل معانی پیدا کردیتا ہے : سیدھا ؛ قائم الزاویہ؛ کھڑا ؛ مناسب ؛ درست -

orthocephalic : متناسب سر کا (جس کے سر کی چوڑائی لمبائی ۴ / ۳ سے ۵ / ۴ تک ہو -

orthochromatic : متناسب اللون ؛ جس کے رنگوں کی گہرائی میں تناسب ہو -

orthoepy : صحت تلفظ ؛ خوش خوانی ؛ قرأت -

orthoepic : قرأت یا خوش خوانی سے متعلق -

orthoepist : خوش خوان ؛ قاری -

orthognathous : کھڑے جبڑے والا -

orthogonal : قائم الزوایا -

orthopterous : سیدھ پنکھی' راستبال (کیڑے' جھینگر' ٹڈا وغیرہ)-

orthoptic : راست بین ' سوراخ دار چشمہ (جس سے بندوق بازی میں مدد لیتے ہیں) -

orthotone : خوش آواز لفظ وہ لفظ جس پر بذات خود شد accent ہو -

Orthodox, *a.*: (۱) راسخ العقیدہ ؛ تقلید پسند - (۲) راسخ ؛ مسلمہ ؛ مروجہ ؛ رسمی (عقیدہ وغیرہ) -

the O. Church : شرقی یا یونانی کلیسا جس کا سردار

بعاریق قسطنطنیہ ھے -

orthodoxly, *adv.* : مسلک یا رسمی عقیدے کے مطابق -

Orthodoxy, *n.* : راسخ الاعتقادی ؛ تقلید پسندی -

Orthogenesis, *n.* : ارتقائے صحیحہ (یہ نظریہ کہ ارتقائے نوعی میں جو تبدیلیاں ہوتی ہیں وہ غیر مسلسل اور اتفاقی نہیں بلکہ ایک خاص اصول کے مطابق ہوتی ہیں)-

Orthography, *n.* : (۱) علم ہجا ؛ صحت ہجا - (۲) املا - (۳) (مساحت)چیزوں کے صحیح تستیح میں نقشے کھینچنے کا فن -

orthographic (al) *aa.* : صفت مذکورۂ بالا معنوں میں -

orthographically, *adv.* : متعلق فعل‌مذکورۂ بالامعنوں میں -

Orthopaedy, *n.* : بچوں کے جسمانی نقائص کا علاج -

orthopaedic, *a.* : اس علاج سے متعلق -

Ortolan, *n.* : ایک چھوٹاسا پرند جس کا گوشت بہت مزےدار ہوتاھے -

-ory : (۱) (لاحقہ) بعض لفظوں میں صفت کے معنی پیدا کرتا ھے (جیسے compulsory) - (۲) بعض اسما کے آخر میں آتا ھے اور مقام کے معنی دیتا ھے (جیسے factory) -

Oryx, *n.* : افریقہ کا بارہ سنگھا جس کے سینگ سیدھے ہوتے ہیں -

Osborne, *n.* : ایک معمولی قسم کے میٹھے بسکٹ کا نام -

Oscan, *a. & n.* : (۱)اطالیہ کی‌ایک قدیم زبان جو لاطینی سے ملتی جلتی تھی ' اوسکی زبان - (۲) اوسکی زبان کا -

Oscillate, *v. i. & t.* : (۱) جھولنا (لنکن کی طرح) ؛ آگے پیچھے ہلنا ؛ اہتزازہونا - (۲) (شاذ) جھلانا ؛ آگے پیچھے ہلانا - (۳) جلد جلد مزاج یا رائے بدلنا ' کبھی تولہ کبھی ماشہ ہونا کبھی کچھ کبھی کچھ کرنا -

oscillation, *n.* : اہتزاز؛ جھولنا؛ حرکت ' جنبش (آگےپیچھے) -

oscillator, *n.* : لنکن (گھڑی وغیرہ کا) ؛ رقاصہ -

oscillatory, *a.* : اہتزازی ؛ جھولنے کا ؛ جھولنے والا -

Oscitation, *n.* : (شاذ)(۱) جمائی - (۲) عدم توجہ ؛ بے توجہی ؛ بے پروائی ؛ غفلت -

Oscular, *a.* : (۱) دھلی ؛ فمی ؛ منہ کا - (۲) بوسے کا - (۳) (ریاضی) جزواً منطبق ؛ انطباقی -

Osculate, *v. i. & t.* : (۱) (شاذ یا مزاحاً) بوسہ لینا ؛ چومنا - (۲) (تاریخ موالید) (ایک نوع کا دوسری نوع کے) مماثل ہونا ؛ بعض خصوصیات میں مشابہ ہونا ؛ بالواسطہ ملنا - (۳) (ریاضی) (خط منحنی یا سطح کا) جزواً منطبق ہونا -

osculation, *n.* : بوسہ لینا ؛ تقبیل؛ مماثلت؛ انطباق جزوی -

osculant, *n.* : بوسہ لینے والا ؛ بعض خصوصیات میں مشابہ ؛ بالواسطہ ؛ ملحق -

osculatory, *a.* : بوسے کا ؛ انطباقی -

-ose : (لاحقہ) یہ معنی "پر از" "بھر پور" عموماً صفات کے آخرمیں آتا ھےجوعلمی مصطلحات کے طورپراستعمال‌ہوتی‌ہیں‌ان سے اسما بھی‌بنتےہیں جو -osity اور -oseness پر ختم‌ہوتےہیں-

-ose (لاحقہ) (کیمیا) بعض مرکبات کے ناموں میں آتاھے

Osier, *n.* : (۱) ایک قسم کا بید جس کی ٹوکریاں بنتی ہیں- (۲) اس کی ایک ٹہنی -

-osis : (لاحقہ) یونانی اور لاطینی اصل کے الفاظ میں عمل یا حالت کے معنی پیدا کرتا ھے (۱) امراض یا حالت مرض کے ناموں میں آتا ھے (مثلاً amaurosis) (۲) معانی و بیان کی بعض اصطلاحات میں آتا ھے (مثلاً meiosis) - (۳) بعض اور الفاظ کے آخر میں بھی آتا ھے (مثلاً metamorphosis) -

-osity : (لاحقہ) دیکھو -ose,-ous

Osmanli, *a. & n.* : = Ottoman

Osmium, *n.* : پلاٹی‌نم کی قسم کی ایک دھات ؛ اوس می‌ام -

Osmose, Osmosis, *n.* : (طبیعیات) نفوذ (سیالات کا مسام دار سطح سے گزر جانا) -

osmotic, *a.* : نفوذی -

osmotically, *adv.* : نفوذ کے ذریعے سے -

Osmund, *n.* : ایک قسم‌کی پھول دار فرن ؛ آس من -

Osprey, *n.* : (۱) بڑا شکاری پرند جو مچھلیاں پکڑتا ھے ؛ بھری باز یا بھری عقاب - (۲) پوشاک فروش سفید بگلے کے پروں کو کہتے ہیں جو ٹوپی میں لگائے جاتے ہیں -

Osseous, *a.* : (۱) استخوانی؛ مبدل بہ استخوان- (۲) ہڈیوں کے ڈھانچے والا؛ استخوان پیکر- (۳)جہاں‌متحجر ہڈیاں کثرت سےہوں-

Ossicle, *n.* : چھوٹی ہڈی ؛ جانوروں کی ساخت میں استخوانی' صابیی یا آھکی ٹکڑا -

Ossifrage, *n.* : = osprey

Ossify, *v. i. & t.* : (۱) ہڈی بن جانا یا بنا دینا ؛ مبدل بہ استخوان ہونا یا کرنا - (۲) جمود اختیار کرلینا یا جامد بنا دینا ؛ ٹھس ہو جانا یا ٹھس کر دینا ؛ بیحس یا غیر ترقی پذیر ہوکر رہ جانا ؛ بیحس یا غیر ترقی پذیر بنا دینا -

ossific, *a.* : ہڈی بننے یا بنانے کا -

ossification, *n.* : تبدل بہ استخوان ؛ ہڈی بننا یا بنانا -

Ossuary, *n.* : (۱) مردوں کی ہڈیاں رکھنے کی جگہ یا ظرف - (۲) وہ غار جہاں قدیم ہڈیاں ملتی ہیں -

Ostensible, *a.* : ظاہری ؛ دکھانے کا -

ostensibly, *adv.* : ظاہراً ؛ بظاہر -

Ostensory, *n.* : وہ ظرف جس میں عشائے ربانی کی پاک روٹی حاضرین کلیسا کو دکھائی جاتی ھے -

Ostentation, *n.* : طمطراق ؛ بھڑک ؛ ٹھاٹھہ ؛ دکھاوا ؛ نمائش ؛ نمود ؛ خود نمائی -

ostentatious, *a.* : پرنمود ؛ بھڑک دار ؛ طمطراق کا ؛ خود نما ؛ نمائش کا شائق -

ostentatiously, *adv.* : ٹھاٹھہ سے ؛ طمطراق سے ؛ نمود کے طور پر -

Oste (o)- : (جزترکیبی) یونانی لفظ osteon سے مشتق ھے جس کے معنی ہڈی کے ہیں ' یہ دونوں طب اور تشریح کی مصطلحات میں آتے ھے -

osteogenesis : ساخت استخواں ؛ ہڈی کی ساخت -

osteography : حیوانیات کا وہ‌شعبہ‌جس میں ہڈیوں‌کاذکرہوتاھے-

osteology : علم استخواں ' عظمیات -

osteomalacia : ہڈیوں کا نرم پڑ جانا ؛ رخاوت عظام -

osteopathy : بے آلات کی جراحی ؛ (دستی) جراحی -

osteopath : (بے آلات کے کام کرنے والا) جراح -

Ostler, *n.* : سرائے کے اصطبل کا محافظ -

Ostracize, *v. t.* : (۱) (قدیم یونان) (مجلس عامہ کے حکم سے پانچ یا دس سال کے لئے) جلا وطن کرنا ؛ شہر بدر کرنا ؛

خارج البلد کرنا ۔ (۲) (جدید معنی) برادری سے خارج کرنا ؛ حقہ پانی بند کرنا؛ عام حقوق سے محروم کرنا؛ میل جول ترک کردینا۔

ostracism, *n.* : جلا وطنی ؛ شہر بدری ؛ اخراج (برادری سے) معاشرتی مقاطعہ ؛ محرومی از حقوق ۔

Ostrei-, Ostreo- : (oyster) (سابقہ) جس کے صدف خوردنی کے معنی ھیں ۔

ostreiculture : تربیت صدف خوردنی ۔

ostreophagous : صدف خوار ۔

Ostrich, *n.* : شتر مرغ ؛ سنگ خوار ۔

o. belief : خدع نفس ؛ خود فریبی ۔

o. -farm : شتر مرغ کا فارم ۔

o. -plume : شتر مرغ کے پر ۔

o. -tip : شتر مرغ کے پر کی نوک ۔

-ot : (لاحقہ) پہلے تصغیر کے لئے آتا تھا اب کوئی تخصیص نہیں اسما میں آتا ھے ۔

O. T. C. (Officers' Training Corps) افسرانہ تربیت آموز فوج ۔

-ot, -ote : (لاحقہ) قدیم یونانی ناموں میں نسبت مقامی کے لئے آتا تھا جیسے *epirot* بعض اور لفظوں میں بھی آتا ھے جیسے *idiot*۔

Other, *a., n., or pron. & adv.* : (۱) دوسرا ؛ دیگر ؛ اور ۔ (۲) مزید؛ اور بھی ۔ (۳) جدا ؛ الگ ؛ مختلف ۔ (۴) دوسرا شخص ؛ (جمع) دوسرے لوگ ؛ اور لوگ ۔ (۵) جداگانہ طور پر ؛ دوسرے طریقے سے ۔

otherguess : (قدیم ، روز مرہ) بالکل مختلف ، متباین ۔

other things being equal : (۱) اگر یہی صورت رھے یا رہی ۔ (۲) اگر اور سب پہلو برابر ھوں ۔

otherwhence : کہیں اور سے ۔

otherwhere, otherwheres : (شعر) کہیں اور ۔

otherwhile, otherwhiles : پھر کبھی ؛ کبھی اور ۔

the o. world : عالم آخرت ؛ عقبیٰ

otherworldly, *a.* : اخروی ؛ آخرت کا ؛ آخرت پرست ؛ آخرت پرستانہ ۔

otherworldliness, *n.* : آخرت پرستی ؛ اخرویت ۔

Otherness, *n.* : (۱) (شاذ) دوسرا ھونا ؛ دوسری چیز ھونا ؛ اختلاف ؛ فرق ۔ (۲) غیر شے ؛ مدرک ۔

Otherwise, *adv.* : (۱) دوسرے طریقے سے ؛ مختلف طریقے سے ؛ بہ صورت دیگر ۔ (۲) ورنہ ؛ نہیں تو ۔ (۳) اور باتوں کے لحاظ سے ۔ (۴) (اس) کے سوا اور کیا ؛ بجز اس کے کیا ۔

o. -minded : اور خیال کا ؛ مختلف الخیال ؛ رائے عامہ سے مختلف خیال رکھنے والا ۔

-otic : (لاحقہ) اسمائے صفات کے آخر میں آتا ھے اور حسب ذیل معنی دیتا ھے ۔ (۱) مبتلا (کسی مرض میں) ؛ مریض (کسی خاص بیماری کا) (جیسے neurotic) ۔ (۲) (کوئی حالت) پیدا کرنے والی (جیسے hypnotic) ۔ (۳) مشابہ (جیسے narcotic) ۔

Otiose, *a.* : (۱) (شاذ) بے کار ؛ خالی ؛ بے شغل ؛ کاہل ۔ (۲) (نادر) بے سود؛ لا حاصل؛ رائگاں ۔ (۳) بے ضرورت؛ بے مصرف۔

otiosely, *adv.* : بے کار ؛ بے ضرورت ؛ بغیر کسی مصرف کے ۔

otioseness, *n.* : بے کار ھونا ؛ بے ضرورت ھونا؛ بے مصرف ھونا۔

Otium cum dignitate, n. : بے تکلف مگر وقار کے ساتھ ۔

Ot(o)- : (لاحقہ) بہ معنی کان، گوش۔

otology : علم امراض گوش ۔

otoscope : آلہ گوش بین ۔

Ottava rima, n. : ھشت مصرعی بند (ایک خاص وزن کا) ۔

Otter, *n.* : (۱) اود بلاو ۔ (۲) اس کی سمور ۔ (۳) ماھی گیری کے ایک خاص قسم کے اوزار ۔

o.-dog, -hound : اود بلاو کے شکار کا کتا ۔

o.-spear : اود بلاو کے شکار کا برچھا ۔

Otto, *n.* : عطر ۔

Ottoman, *a. & n.* : (۱) عثمانی ؛ عثمانی ترکوں کا سلطنت عثمانیہ کا؛ ترکی۔ (۲) عثمانی؛ عثمان اول کی اولاد سے؛ عثمانی ترک۔

Ottoman, *n.* : گدی دار چوکی ۔

Oubit, *n.* : = woobut

Oubliette, *n.* : قید خانہ جس میں داخلہ صرف چور دروازے سے ھو ؛ چور کوٹھری ۔

Ouch, *n.* : (۱) (قدیم) جڑاو بکس ۔ (۲) نگینے کا گھر؛ خانہ نگین ۔

Ought, *n.* : (عامیانہ) صفر ؛ بندی ۔

Ought, *v. aux.* : چاھئے ؛ لازم ھے ؛ ضروری ھے ؛ مناسب ھے ؛ افضل ھے ۔

Ought : aught کی ایک شکل ۔

Ounce, *n.* (abbr. oz) : اونس (وزن کا پیمانہ $\frac{1}{2}$ اور $\frac{3}{4}$ چھٹانک کے درمیان) (۱) (قیمتی چیزوں کی تول میں) $\frac{1}{12}$ پونڈ ۔ (۲) (معمولی چیزوں کی تول میں) $\frac{1}{16}$ پونڈ ۔

Ounce, *n.* : (۱) سیاہ گوش یا اسی قسم کا کوئی اور جانور ۔ (۲) (حیوانیات) پہاڑی چیتا ؛ برفستانی چیتا ۔

Our, *a.* : ھمارا ؛ ھماری ؛ ھمارے ۔

O. Father : مقدس باپ ؛ خداوند تعالیٰ ۔

O Lady : مریم عذرا ۔

O. Saviour : حضرت مسیح ۔

-our : (لاحقہ) دیکھو -or ۔

Ours, *pron. & pred. a.* : ھمارا ؛ ھماری ؛ ھمارے ۔

Ourself, *pron.* (pl.-ves). : (۱) ھم خود ؛ ھم بذات خاص ۔ (۲) اپنے آپ کو ؛ خود کو (جب we بادشاہ کے لئے آئے تو واحد کا صیغہ استعمال ھوتا ھے اور جب اخبار کے ایڈیٹر یا مصنف کے لئے آئے تو واحد اور جمع دونوں استعمال ھوسکتے ھیں)۔

-ous : (لاحقہ) (۱) لاطینی صفات کو انگریزی شکل میں ڈھالنے کے لئے آتا ھے ۔ (۲) (کیمیا) ان مرکبات کے ناموں میں آتا ھے جن میں کوئی جزو بہت زیادہ مقدار میں ھو جیسے Chlorous acid (کلورس ایسڈ) وہ تیزاب جس میں کلورین بہت زیادہ مقدار میں ھو ۔

Ousel : دیکھو Ouzel ۔

Oust, *v. t.* : بے دخل کرنا ؛ نکال دینا ؛ چھین لینا ؛ خارج کر دینا ؛ کسی کو نکال کر اس کی جگہ لے لینا ۔

ouster, *n.* : (قانون) اخراج ؛ بے دخلی ۔

Out, *adv. prep. n., & a.* : (۱) علحدہ ؛ دور ؛ خارج ؛ باھر ۔ (۲) ظاھر؛ افشا ؛ شائع ؛ روشن ؛ عیاں ؛ واضح؛ معرض وجود میں۔ (۳) جی بھر کے؛ دل کھول کے ؛ حد بھر؛ پوری طرح ۔ (۴) (جمع)

معزول شدہ پارٹی - (۵) (کرکٹ) آوٹ -

all o. : (عامیانہ) جی توڑ کر -

all o. : ایک طرف کے سب کھلاڑی آوٹ ہو گئے -

batsman is o. : (کرکٹ) کھیلنے والا آوٹ ہوگیا (یعنی کھیل سے باہر) -

book is o. : کتاب شائع ہو گئی -

candle is o. : شمع بجھ گئی -

chicken is o. : انڈے سے بچہ نکل آیا -

crinolines are o. : کرینولین کا فیشن نہیں رہا -

fire is o. : آگ ٹھنڈی ہو گئی ؛ بجھ گئی -

girl is o. : لڑکی اب سوسائٹی میں آنے جانے لگی -

he is o. : وہ گھر پر نہیں ہے -

his arm is o. : اس کا بازو اکھڑ گیا ہے -

I am o. with him : مجھ سے اس سے دوستی نہیں رہی -

is o. of drawing : غلط کھچا ہوا ہے -

I was o. in my calculations : میرے حساب میں یا اندازے میں غلطی ہوئی -

labour is o. : لیبر پارٹی وزارت سے الگ ہوگئی -

miners are o. : کان کنوں نے ہڑتال کر دی ہے -

o. and about : نقل و حرکت کے قابل (بیماری کے بعد) -

o. and away : بدرجہا ؛ بہت -

o. and o. : بالکل ؛ پورا ؛ سراسر ؛ سر تا سر ؛ پورا پورا ؛ انتہائی ؛ بے حد -

out-and-outer : انتہا پسند ؛ پکا (اپنے خیال وغیرہ میں) -

o. for, o. to do : تلاش میں مستعد ؛ آمادہ -

o. of : (۱) (کسی چیز یا جگہ کے) اندر سے ؛ میں سے ؛ سے - (۲) باہر (مثلاً *happened o. of India*) - (۳) (کسی مجموعے) میں سے - (۴) (کسی حد سے) پرے ؛ باہر ؛ دور (مثلاً *o. of sight*) - (۵) (کسی شخص یا چیز) سے - (۶) بوجہ ؛ بہ سبب (مثلاً *o. of curiosity*) - (۷) (شہر وغیرہ سے) ایک مقررہ فاصلے پر (جیسے *is three mils o. of Delhi*) - (۸) متجاوز ؛ باہر (کسی ضابطے وغیرہ سے ' جیسے *was o. of drawing*) -

o. of door : کھلی ہوا -

o. of doors : کھلی ہوا میں -

o. of doubt : بے شبہ ؛ یقیناً -

o. of it : (۱) زمرے سے باہر - (۲) اکیلا ؛ تنہا ؛ اچاٹ ؛ افسردہ - (۳) حیران ؛ ششدر - (۴) غلط فہمی میں مبتلا ؛ غلطی پر ؛ دھوکے میں -

o. match : وہ میچ جو اپنی فیلڈ سے باہر ہو -

out of wedlock : بے نکاح کا ؛ حرامی -

o. size : غیر معمولی سائز یا ناپ -

o. with him : نکالو اس کو -

secret is o. : راز افشا ہوگیا -

times out of number : خدا جانے کتنی بار -

Out- : (سابقہ) جو افعال یا اسما کے ساتھ مل کر متعلق فعل یا حرف جار یا صفت کے معنی دیتا ہے (۱) بعض افعال سے پہلے اسی معنی میں آتا ہے جس معنی میں ان کے بعد بطور علحدہ لفظ کے استعمال ہوتا ہے (جیسے *outblaze = blaze out*) (۲) بعض ان افعال میں جن کے بعد بطور علحدہ لفظ کے آیا کرتا ہے پہلے آکر اسم ' صفت وغیرہ بناتا ہے اور معنی کو محدود اور مخصوص کر دیتا ہے (جیسے *outcast, outlying*) - (۳) بعض ایسے افعال سے پہلے آکر حاصل مصدر بناتا ہے جس کے مختلف معنی ہوتے ہیں (جیسے *out come, outlay, outset*) - (۴) اسما سے پہلے بطور صفت کے حسب ذیل معنی میں آتا ہے (الف) خارجی ؛ بیرونی (جیسے *outline*) - (ب) علحدہ متعلقہ مرکز سے الگ ؛ دور (جیسے *out building, outhouse, outskirts*) - (۵) بعض اسما کے پہلے آکر صفت یا متعلق فعل بناتا ہے اور "سے باہر" کے معنی پیدا کرتا ہے (جیسے *outdoor, outlaw*) - (۶) کثرت یا شدت کے معنی میں حسب ذیل صورتوں میں استعمال ہوتا ہے -
(الف) افعال کے پہلے آکر ' بڑھ جانے ' یا ' غالب آنے ' کا مفہوم پیدا کرتا ہے (جیسے *outbalance, outmatch*) - (ب) فعل یا اسم سے پہلے آکر کسی شخص یا چیز کا کسی خاص بات میں بڑھ کر یا زیادہ یا بہتر ہونے کا مفہوم پیدا کرتا ہے (جیسے *outbid, outdance, outgeneral*) - (ج) فعل سے پہلے آکر مقررہ حد سے بڑھ جانے کا مفہوم پیدا کرتا ہے (جیسے *outgrow, outstay*) - (د) اسم سے پہلے آکر فعل بناتا ہے اس خاص چیز میں جسے وہ اسم ظاہر کرتا ہے بڑھ جانے کا مفہوم پیدا ہوتا ہے (جیسے *outclass, outnumber*) - (ہ) کسی شخص کے نام کے پہلے آکر فعل بناتا ہے جس سے اس شخص کی مخصوص صفت میں بڑھ جانے کا مفہوم پیدا ہوتا ہے (جیسے *out-herod Herod*) -

Outbalance, *v. t.* : (۱) وزن میں زیادہ ہونا ؛ پلہ سنگ کر دینا ؛ وزن میں بڑھ جانا - (۲) ہمت میں بڑھ جانا -

Outbid, *v. t.* : (۱) اوروں سے زیادہ دینے کا وعدہ کرنا - (۲) (دوسرے سے) بڑھ کر بولی بولنا - (۳) (مبالغے میں دوسرے کے) کان کترنا ؛ بڑھ جانا -

Outboard, *a. & adv.* : (بحری) (کسی چیز کی نسبت) اطراف جہاز سے قریب تر ؛ اطراف جہاز کی سمت ؛ اطراف جہاز پر -

Outbrave, *v. t.* : بے باکی سے مقابلہ کرنا ؛ مقابلے پر آنا ؛ خاطر میں نہ لانا -

Outbreak, *n.* : (۱) بلوہ ؛ شورش ؛ بغاوت - (۲) زور ؛ جوش - (۳) پھوٹ پڑنا ؛ ابل پڑنا ؛ (دھات کی پرت وغیرہ کا) سطح زمین پر ابھر آنا -

Outbuilding, *n.* : علحدہ مکان نوکروں وغیرہ کے رہنے کا ؛ مکان شاگرد پیشہ -

Outburst, *n.* : (۱) (جذبات کا) طوفان ' ہیجان ' سیلاب - (۲) (کوہ آتش فشاں کا) پھٹنا - (۳) (دھات کی پرت کا سطح زمین پر) ' ابھر آنا -

Outcast, *a. & n.* : بے یار مددگار ؛ آوارہ وطن ؛ بے خانماں -

Outcaste, *n. a. & v. t.* : ذات باہر (کرنا) ؛ ذات سے خارج (کرنا) ؛ ذات باہر شخص -

Outclass, *v. t.* : بہتر قسم کا ہونا ؛ برتر ہونا -

Outclearing, *n.* : (۱) چکوں ' ہنڈیوں وغیرہ کو چکوتے کے لئے حساب گھر بھیجنا (Clearing-house حساب گھر لندن کے ایک بینک کا نام ہے جہاں سارے انگلستان کی ہنڈیاں وغیرہ جمع کرکے حسابات صاف کئے جاتے ہیں) -

Outcollege, *n.* : بیرونی (طالب علم) (جو کالج کے اندر نہ رہتا ہو) -

Outcome, *n.* : نتیجہ ؛ ماحصل ؛ حاصل -

Outcrop, *n.* : (۱) دھات کی پرت کا سطح زمین پر ابھر آنا - (۲) ابھری ہوئی پرت -

Outcry, *n.* : غل ؛ شور ؛ غوغا ؛ شور وشغب -

Outdistance, *v. t.* : (دوسرے سے) بہت آگے بڑھ جانا ؛ بہت دور نکل جانا -

Outdo, *v. t.* : سبقت لے جانا ؛ فائق ہونا ؛ بڑھ جانا -

Out-door, *a.* : (۱) بیرونی ؛ خارجی ؛ باہر کا - (۲) زیر آسمان ؛ کھلی ہوا کا -

Outdoors, *adv.* : زیر آسمان ؛ کھلی ہوا میں -

Outer, *a. & n.* : (۱) بیرونی ؛ خارجی ؛ باہر کا - (۲) جسمانی ؛ خارجی ؛ معروضی ؛ محسوس - (۳) (چاند ماری) نشانے کا بیرونی کا دائرہ -

the o. man : ظاہری وضع قطع ؛ لباس -

the o. world : عالم خارجی ؛ عالم طبیعی -

outermost, *a.* : بالکل باہر کا ؛ جو سب سے زیادہ باہر کی طرف ہو -

Outface, *v. t.* : گھڑک کر بد حواس کر دینا ؛ اس طرح گھڑکنا کہ دوسرے کے چہرے کا رنگ فق ہو جائے

Outfall, *n.* : نالہ وغیرہ جو دریا سے نکلے -

Outfield, *n.* : (۱) فارم کی متعلقہ زمین ؛ بیرونی کھیت ؛ افتادہ کھیت - (۲) غیر معروف میدان خیال - (۳) (کرکٹ) فیلڈ کا وہ حصہ جو وکٹ سے دور ہو ؛ بیرونی فیلڈ -

Outfighting, *n.* : (۱) (دوسرے سے) زیادہ دیر تک لڑتے رہنا (۲) وہ مکہ بازی جو ہاتھ بھر کے فاصلے سے ہو ؛ دور کی مکہ بازی -

Outfit, *n.* : لوازمات ؛ ساز و سامان ؛ سازوبرگ (مادی یا ذہنی) -

Outfitter, *n.* : (کسی چیز کا) سازوسامان بیچنے والا ؛ سامان سفر بیچنے والا -

Outflank, *v. t.* : (فوج) (میمنے یا میسرے کا میدان میں) حریف کے میمنے یا میسرے سے آگے تک پھیلا ہونا -

Outflow, *n.* : بہہ نکلنا ؛ بہاو -

Outgeneral, *v. t.* : سپہداری میں سبقت لے جانا -

Outgo, outgoing(s), *nn.* : اخراجات ؛ مصارف -

Outgo, *n.* : (۱) زیادہ تیز چلنا ؛ رفتار میں بڑھ جانا - (۲) سبقت لے جانا -

Outgrow, *v. t.* : (۱) زیادہ تیزی سے بڑھنا - (۲) قد میں بڑھ جانا ؛ زیادہ لمبا ہو جانا - (۳) (اتنا) بڑھ جانا (کہ کپڑے چھوٹے ہو جائیں) - (۴) (بچے کا) بڑا ہو کر چھوڑ دینا (عادت ، شوق) ؛ بڑا ہو جانے کے بعد پیچھا چھوٹنا (بیماری سے) -

Outgrowth, *n.* : وہ چیز جو کسی چیز سے اُگے ؛ پیداوار ؛ نتیجہ -

Outhector, *v. t.* : (دوسرے کو) ہیکڑی یا شیخی میں مات کرنا ؛ قابو چی پن میں بڑھ جانا -

Out-herod, *v. t.*, *out-herod Herod* : ہیکڑی یا شیخی میں ہیرود سے بڑھ جانا -

Outhouse, *n.* : ملحقہ مکان مثلاً اصطبل وغیرہ -

Outing, *n.* : چھوٹا سا تفریحی سفر ؛ سیر ؛ ہوا خوری -

Out-jockey, *v. t.* : چرکا دینا ؛ دھوکا دینا -

Outlandish, *a.* : غیر ملک یا غیر زبان کا سا ؛ اجنبی ؛ غریب ؛ انوکھا ؛ عجیب الہیئت

Outlast, *v. t.* : (دوسری چیز سے یا مقررہ مدت سے) زیادہ چلنا یا کام دینا -

Outlaw, *n. & v. t.* : (۱) جلا وطن ؛ خارج البلد ؛ راندۂ قانون ؛ قانون کی حمایت سے محروم - (۲) قانون کی حمایت سے محروم کرنا ؛ راندۂ قانون قرار دینا ؛ جلا وطن کرنا -

Outlawry, *n.* : قانون کی حمایت سے محرومی ؛ راندۂ قانون ہونا -

Outlay, *n.* : خرچ ؛ صرف ؛ مصارف -

Outlet, *n.* : نکاس ؛ نکلنے کا راستہ -

Outlier, *n.* : کسی چیز کا حصہ جو اس سے علحدہ ہو ؛ منفصل حصہ -

Outline, *n. & v. t.* : (۱) خاکہ ؛ گردہ ؛ بیرونی خطوط ؛ خط محیط - (۲) مجمل نقشہ ؛ ہلکا خاکہ - (۳) مجمل مسودہ ؛ مجمل بیان ؛ موٹی موٹی باتیں ؛ خلاصہ - (۴) (جمع) اہم خصوصیات ؛ عام اصول ؛ کلی اصول - (۵) خاکہ بنانا ؛ مجمل طور پر بیان کرنا ؛ خاکہ کھینچنا ؛ مجمل نقشہ بنانا - (۶) (آرائش وغیرہ میں) بیرونی حدود قائم کرنا -

Outlive, *v. t.* : (۱) (کسی شخص سے) زیادہ زندہ رہنا - (۲) (معمولی عمر یا مقررہ مدت سے) زیادہ جینا - (۳) (حادثے وغیرہ سے) صحیح سلامت نکل آنا - (۴) (بعد کی زندگی میں) غالب آجانا ؛ نجات پا جانا (بدنامی وغیرہ سے) -

Outlook, *n.* : (۱) منظر ؛ نظارہ - (۲) آثار ؛ رنگ ڈھنگ ؛ متوقع حالات - (۳) نظریہ -

one's *o. on life* : کسی شخص کا نظریۂ زندگی ، تصور زندگی -

Outlying, *a.* : دور و دراز ؛ دورافتادہ ؛ مرکز سے دور -

Outmanoeuvre, *v. t.* : داو گھاو میں سبقت لے جانا ؛ مناورہ میں سبقت لے جانا -

Outmarch, *v. t.* : تیز تر یا دور تر چلنا یا کوچ کرنا -

Outmatch, *v. t.* : بڑھ جانا ؛ سبقت لے جانا -

Outmost : = outermost (متروک یا شعر)

Outness, *n.* : بیرونی ہونا ؛ خارجیت ؛ ظاہریت ؛ معروضیت -

Outnumber, *v. t.* : تعداد میں بڑھ جانا ؛ شمار میں زیادہ ہونا -

Outpace, *v. t.* : رفتار میں بڑھ جانا ؛ زیادہ تیز چلنا -

Out-patient, *n.* : مریض جو شفاخانے میں مقیم نہ ہو ؛ خارجی یا بیرونی مریض -

Outpensioner, *n.* : بیرونی وظیفہ خوار (جو کسی امدادی ادارے سے وظیفہ پاتا ہو مگر اس میں رہتا نہ ہو) -

Outpost, *n.* : (فوج کی) بیرونی چوکی -

Outpouring, *n.* : (تقریر یا تحریر میں) جذبات کا پر جوش اظہار ؛ درد دل کا اظہار -

Output, *n.* : (صنعت یا مشین کی) مجموعی پیداوار ؛ ماحصل -

Outrage, *n. & v. t.* : (۱) ہتک ؛ تہتک ؛ ناجائز دست اندازی ؛ بے حرمتی ؛ (حقوق کی) پامالی - (۲) ظلم ؛ دست درازی ؛ اندھیر ؛ شرمناک حرکت - (۳) ظلم کرنا ؛ ہتک کرنا ؛ بے حرمتی کرنا ؛ دست درازی کرنا ؛ بے عصمت کرنا ؛ نا جائز دست اندازی کرنا - (۴) (کھلم کھلا) خلاف ورزی کرنا ؛ توڑنا ؛ پیروں تلے روندنا -

Outrageous, *a.* : (۱) شدید ؛ سخت ؛ حد سے زیادہ ؛ غیر معمولی - (۲) تند ؛ غضب ناک ؛ قہر آلود ؛ پر قہر - (۳) وحشیانہ ؛ ظالمانہ ، شرمناک ؛ بے شرمی کا - (۴) فحش ؛ گندا -

outrageously, *adv.* : (۱) بلا شدت ؛ حد سے زیادہ - (۲) تندی سے ؛ غضبناک انداز سے - (۳) وحشیانہ ؛ ظالمانہ ؛ شرمناک طور پر -

outrageousness, *n.* : شدت ؛ تندی ؛ وحشیانہ پن ؛ شرمناکی -

Outrange, *v. t.* : (کسی شخص کی) بندوق کی مار یا زد (دوسرے سے) زیادہ ہونا -

Outre, a. : انوکھا ؛ نا مناسب ؛ نا شائستہ ؛ خلاف تہذیب -

Out-relief, n.: خارجی امداد ؛ بیرونی امداد (جو کسی امدادی یا خیراتی ادارے سے ایسے لوگوں کو دی جائے جن کا قیام اس میں نہیں ہے) -

Outrider, n.: (۱) سوار جو رکاب میں ہو؛ ہمرکاب سوار - (۲) سفری ؛ چوبدار

Outrigged, a.: (کشتی) جس میں Outrigger ہو -

Outrigger, n.: (۱) آگے کو نکلا ہوا شہتیر بلی یا ٹہانھر وغیرہ جو جہاز کے اطراف میں مختلف مقاصد کے لئے لگا دیتے ہیں - (۲) اسی قسم کا آگے کو نکلا ہوا شہتیر عمارت میں - (۳) وہ ڈنڈا جو گاڑی کے بم کے آگے نکلا ہوتا ہے اور جس میں زائد گھوڑا جوتتے ہیں - (۴) لوہے کا باہر کو نکلا ہوا کشتی کا ٹیکا جس پر *rowlock* لگا رہتا ہے -

Outright, adv. & a.: (۱) بالکل ؛ تمامتر ؛ سراسر ؛ یک قلم ؛ قطعی طور پر - (۲) بے لاگ طور پر ؛ صاف صاف ؛ کھلم کھلا - (۳) پورا ؛ کامل ؛ کھلا ہوا ؛ قطعی -

outrightness, n.: صاف ہونا ؛ قطعی ہونا -

Outrival, v. t.: حریف، مقابل وغیرہ سے بڑھ جانا ؛ سبقت لیجانا ؛ شرف یا تفضیلت رکھنا -

Outrun, v. t.: (کسی حد سے) گزر جانا ؛ آگے نکل جانا -

Outruner, n.: (۱) (گاڑی کے ساتھ) دوڑنے والا پیادہ - (۲) گھوڑا جو گاڑی کے بم سے بندھا ہو - (۳) کتا جو برف گاڑی (sledge) سے آگے رہنمائی کے لئے دوڑے ؛ رہنما کتا -

Outsentry, n.: (فوج کی) بیرونی چوکی کا سنتری -

Outset, n.: ابتدا ؛ آغاز ؛ شروع -

Outshine, v. t.: زیادہ روشن، شاندار، ممتاز ہونا ؛ آب و تاب میں بڑھ جانا -

Outside, n. a. adv. & prep.: (۱) بیرونی سطح ؛ باہر کا حصہ ؛ باہر - (۲) ظاہر ؛ ظاہری صورت ؛ ظاہری حالت - (۳) عالم خارجی ؛ عالم طبعی - (۴) باہری رخ - (۵) زیادہ سے زیادہ تخمینہ - (۶) (جمع) کاغذ کے گٹھے کے اوپری ورق - (۷) بیرونی ؛ باہر کا ؛ اوپری - (۸) زیادہ سے زیادہ ؛ انتہائی - (۹) کسی حلقے کے باہر کا ؛ بیرونی - (۱۰) باہر کی طرف ؛ باہر کے رخ پر ؛ باہر کو ؛ کھلی ہوا میں ؛ کھلے سمندر میں - (۱۱) خارج (شے سے) ؛ باہر (دائرے سے) ؛ باہر (حد سے) ؛ باہر -

come o.: آجاؤ باہر (عموماً لڑنے کے چیلنج کے طور پر) -

get o. of: (عامیانہ) کھانا یا پینا -

o. broker: بیرونی دلال ؛ وہ دلال جو صرافے کا رکن نہ ہو -

o. edge: برف جوتے (skate) کی نوک پر چلنا -

o. in: اندر کا حصہ باہر نکلا ہوا ؛ الٹا -

o. of a horse: (عامیانہ) گھوڑے پر سوار -

o. opinion: بیرونی لوگوں کی رائے ؛ پارلیمنٹ کے باہر والوں کی رائے -

o. porter: باہر کا قلی ؛ گھر تک اسباب لے جانے والا قلی -

o. seat: باہر کی سیٹ یا نشست (جو کنارے کے قریب ہو) -

o. work: باہر کا کام (جو کارخانے کے باہر کیا جائے) -

outsider, n.: (۱) کسی حلقے وغیرہ کے باہر کا شخص ؛ بیرونی - (۲) غیر ماہر ؛ اناڑی - (۳) مہذب صحبت کے نا قابل ؛ (آداب معاشرت میں) کورا - (۴) وہ گھوڑا جس کے دوڑ یا مقابلے میں جیتنے کی امید نہ ہو -

Outsight, n.: بصارت ؛ خارجی مشاہدہ (صرف insight کے مقابل میں استعمال ہوتا ہے) -

Outsit, v. t.: (دوسرے مہمانوں سے) زیادہ دیر بیٹھنا -

Outskirts, n. pl.: (۱) بیرونی حدود ؛ اطراف - (۲) (کسی علم وغیرہ کے) بیرونی مقدمات ؛ بیرونی اشغال -

Outspan, v. n.: (۱) (گاڑی کے گھوڑوں وغیرہ کو) کھولنا ؛ جوا اتارنا - (۲) کھولنے یا جوا اتارنے کا فعل یا جگہ -

Outspoken, a.: (تقریر یا مقرر) صاف گو ؛ بے باک ؛ بے لاگ -

outspokenly: بے لاگ طور پر ؛ بے باکانہ -

outspokenness: صاف گوئی ؛ بے لاگ پن ؛ بے باکی -

Outspread, a.: پھیلا ہوا ؛ کشادہ یا دراز کیا ہوا -

Outstanding, a.: (۱) ممتاز ؛ نمایاں - (۲) (حساب) جو ابھی ادا نہ ہو ؛ غیر ادا شدہ -

Outstation, n.: بیرونی مقام ؛ وہ مقام جو مضافات میں واقع ہو -

Outstay, v. t.: زیادہ ٹھیرنا ؛ قیام کرنا -

Outstep, v. t.: (کسی حد سے) باہر قدم رکھنا ؛ آگے بڑھ جانا -

Outstretched, a.: پھیلا ہوا ؛ پھیلا یا ہوا ؛ کشادہ کیا ہوا -

Outstrip, v. t.: (۱) بڑھ جانا ؛ آگے نکل جانا ؛ پیچھے چھوڑ جانا - (۲) سبقت لے جانا ؛ بازی لے جانا ؛ مات کر دینا ؛ مقابلے میں بڑھ جانا -

Outthrow, n.: (پانی وغیرہ کا) اخراج ؛ خارج شدہ مقدار -

Outthrust, n.: (عمارت کے کسی حصے کا باہر کی طرف) دباو -

Out-trump, v. t.: (تاش) (کسی سے) بڑھ کر ترپ لگانا -

Outturn, n.: (صنعت یا مشین کی) مجموعی پیداوار ؛ ماحصل -

Outvalue, v. t.: قیمت میں زیادہ ہونا -

Outvie, v. t.: بازی لے جانا ؛ مات کرنا ؛ سبقت لے جانا -

Outvoice, v. t.: (دوسرے) زیادہ بلند آواز سے یا زیادہ موثر طریقے سے بولنا -

Outvote, v. t.: کثرت رائے سے شکست دینا ؛ مقابلتاً زیادہ ووٹ دینا -

Outvoter, n.: غیر مقامی رائے دہندہ (جسے پارلیمنٹ کے کسی حلقے میں ووٹ کا حق ہو مگر وہاں رہتا نہ ہو) -

Outward, a. adv. & n.: (۱) (قدیم) بیرونی ؛ باہر کا - (۲) جس کا رخ باہر کی طرف ہو ؛ باہری ؛ بیرونی - (۳) جسمانی ؛ خارجی ؛ مادی ؛ مرئی ؛ ظاہری ؛ سطحی ؛ اوپری - (۴) ظاہر ؛ ظاہری حالت ؛ ظاہری وضع قطع - (۵) (جمع) ظاہری چیزیں -

o.-bound: عازم ملک غیر ؛ غیر ملک کو جانے والا مسافر یا جہاز -

o. form: ظاہری صورت ؛ ظاہری شکل -

o. man: (مذہبی اصطلاح) جسم ؛ (مزاحاً) لباس -

o. things: خارجی دنیا ؛ عالم ظاہر -

to o. seeming: بظاہر -

outwardly, adv.: ظاہر میں ؛ بظاہر -

outwardness, n.: (۱) بیرونی ہونا ؛ خارجیت ؛ جسمانیت ؛ مادیت - (۲) ظاہریت ؛ ظاہر پرستی ؛ خارج پسندی ؛ معروضیت

Outwards, adv.: باہر کی سمت ؛ خارجی طرف ؛ بیرونی رخ -

Outwatch, v. t.: (دوسرے شخص سے یا مقررہ وقت سے) زیادہ جاگتے رہنا -

Outwear, v. t.: صبر سے کاٹنا ؛ صبر و تحمل سے گزار دینا -

Outweigh, v. t.: وزن میں زیادہ ہونا ؛ زیادہ وزنی ہونا ؛ اہمیت میں زیادہ ہونا ؛ قدر و قیمت میں زیادہ ہونا ؛ زیادہ وقیع ہونا ؛ زیادہ موثر ہونا -

Outwit, v. t.: دھوکا دینا ؛ چرکا دینا ؛ چونا لگانا ؛ عیاری میں بڑھ جانا -

Outwork, *n.* : (۱) قلعے کی بیرونی فصیل؛ بیرونی فصیل بندی - (۲) باہر کا کام (وہ کام جو دکان یا کارخانے کے باہر کیا جائے) -
outworker, *n.* : باہر کا کام کرنے والا -
Outwork, *v.t.* : سبقت لے جانا ؛ کام کرنے میں بڑھ جانا -
Ouzel, -s-, *n.* : ایک چھوٹا سا پرند -
Ova : دیکھو Ovum -
Oval, *a.* & *n.* : (۱) بیضوی ؛ هلیلچی - (۲) بیضوی یا هلیلچی شکل - (۳) کوئی بیضوی شکل کی چیز -
the Oval : لندن میں کرکٹ کا مشہور بیضوی میدان -
ovally, *adv.* : بیضاوی یا هلیلچی شکل میں -
ovalness, *n.* : بیضاوی یا هلیلچی ہونا -
Ovary, *n.* : (جانور یا پودے کا) بیضہ دان ؛ کیسۂ تخم -
ovarian, *a.* : بیضہ دان کے متعلق ؛ بیضہ دان کا -
ovaritis, *n.* : ورم بیضہ دان -
ovario- : (سابقہ) بیضہ داں کے متعلق -
ovariotomy, *n.* : بیضہ دان کا عمل جراحی -
Ovate, *a.* : بیضوی -
ovato- : لفظ مذکورۂ بالا کی ترکیبی صورت -
Ovation, *n.* : (۱) (قدیم روما) فاتح کا استقبال؛ جشن استقبال - (۲) پر جوش استقبال ؛ زور شور کا استقبال ؛ نعرہ ہائے تحسین -
Oven, *n.* : تنور ؛ چولھا -
o.-bird : ایک پرند جو تنور کی شکل کا گھونسلا بناتا ہے -
Over, O'er, *adv. n. a.* & *prep.* : (۱) بلند مقام کے کنارے یا (عمودی حالت سے) آگے کو ؛ باہر کو؛ نیچے - (۲) اوپر ؛ پر (پوری سطح پر) - (۳) آگے ؛ پار (کسی چیز کے) - (۴) تہ کی صورت میں الٹ کر - (۵) (کرکٹ) اوور؛ ایک طرف کے بولر کی گیندپھینکنے کی باری (جس میں عموماً چھ گیندیں پھینکی جاتی ہیں)؛ ایک باری ختم ہو گئی (امپائر کا اعلان) - (۶) ایک جگہ سے دوسری جگہ - (۷) ایک فریق یا جماعت وغیرہ سے دوسری میں - (۸) حد سے زیادہ فاصلہ - (۹) علاوہ ؛ سوا ؛ اور بھی - (۱۰) اول سے آخر تک ؛ مکرر؛ تفصیل سے - (۱۱) ختم ؛ آخر ؛ نیصل - (۱۲) اوپر کا؛ بالائی ؛ باہر کا ؛ بیرونی؛ برتر ؛ بہتر ؛ بے حد ؛ از حد - (۱۳) اوپر؛ پر (کسی چیز کی سطح پر) ؛ آگے پیچھے ؛ ادھر ادھر ؛ سب کہیں ؛ سارے میں ؛ متعلق ؛ بابتہ - (۱۴) (فوقیت یا ترجیح ظاہر کرنے کے لئے) پر؛ اوپر سے؛ سوا؛ زیادہ؛ بڑھ کر - (۱۵) اوپر سے؛ پار؛ دوران میں؛ اثنا میں -
all o. the world : ساری دنیا میں ؛ ہر ملک میں -
asked him o. : (کسی شخص کو جو قریب ہی رہتا ہے) بلوا لینا؛ بلا بھیجنا -
not o. well : کچھ اچھی طرح نہیں -
o. again : پھر ؛ دوبارہ ازسر نو -
o. against : (۱) مقابل ؛ محاذی ؛ سامنے - (۲) مقابلے میں؛ تقابل میں ؛ تضاد میں
o. and above : علاوہ ؛ کہاتے میں -
o. & o. (again) : کئی بار؛ کئی مرتبہ -
o. head and ears : بالکل ڈوبا ہوا؛ غرق (لغوی اور مجازی معنی میں) -
o. our heads : (۱) ہماری سمجھ کے باہر - (۲) بغیر ہمارے مشورے کے ؛ بالا بالا -
o. shoes o. boots : کرنا ہے تو اچھی طرح کرو؛ ہو تو پورا ہو؛ ادھورا نہ ہو -
o. the bags, o. the top : (فوج) خندق سے باہر حملہ کرنے کے لئے -
roll o. and o. : لڑھکتے چلے جانا -
stumble o. : (کسی چیز سے) ٹھوکر کھانا -
that can stand o. : ابھی اس کی جلدی نہیں -
the house o. the way : سامنے والا مکان -
the King o. the water : بادشاہ جو سمندر پار ہے (طرفداران جیمس شاہ معزول کو کہا کرتے تھے) -
turn o. : (کتاب کا صفحہ) الٹنا -
Over- : (الف) (سابقہ) صفت کے طور پر استعمال ہوتا اور مندرجۂ ذیل معنی پیدا کرتا ہے - (۱) بالائی - (۲) بیرونی - (۳) اعلیٰ - (۴) الٹا؛ اوندھا (۵) زائد ؛ فاضل - (۶) اوپر کا یا اوپر کی طرف کا (جیسے *overcoat, overdress, overlord*) - (ب) حرف جار کے طور پر استعمال ہوتا ہے اور دوسرے الفاظ کے ساتھ مل کر صفت یا متعلق فعل بناتا ہے (جیسے *overboard, overnight*) - (ج) حرف جار کے طور پر افعال سے پہلے آتا ہے اور مخصوص معنی پیدا کرتا ہے (جیسے *overcome*) - (د) متعلق فعل کے طور پر آتا ہے اور حسب ذیل معنی پیدا کرتا ہے - (۱) اوپر - (۲) تہ کئے یا غلاف کے طور پر - (۳) نیچے کو - (۴) آگے؛ پرے - (۵) ضرورت سے زیادہ (جیسے *overarch, overspread*) - (ہ) متعلق فعل کے طور پر افعال متعدی کے ساتھ آتا ہے اور مندرجہ ذیل معنی پیدا کرتا ہے - (۱) اچھی طرح (۲) پوری طرح - (۳) مغلوب کرتے ہوئے (جیسے *overjoyed*) - (و) صفت یا متعلق فعل کے طور پر مختلف اجزائے کلام کے ساتھ آتا ہے اور حسب ذیل معنی پیدا کرتا ہے - (۱) افراط سے - (۲) حد سے زیادہ (۳) اصلیت سے زیادہ (جیسے *over-abound, overactive*) - (ز) افعال کے ساتھ مل کر نئے فعل بناتا ہے جن کا مفعول *himself, oneself* وغیرہ ہوتا ہے اور جن میں "ضرر کی حد تک" کے معنی پیدا ہوتے ہیں (جیسے *overfeed oneself*) - (ح) فعل اس کے مشتقات اور صفت کے ساتھ مل کر "زائد از" کے معنی پیدا کرتا ہے (جیسے *overdue*) - (ط) فعل لازمی کے ساتھ مل کر فعل متعدی بناتا ہے اور عموماً "کسی چیز سے آگے یا بڑھ کر" کے معنی پیدا کرتا ہے (جیسے *overlive, overstay*) -
Over-abundant, *a.* : افراط ؛ ضرورت سے زیادہ ؛ وافر -
Over-abundantly, *adv.* : بہ افراط ؛ بہت کثرت سے -
Over-abundance, *n.* : افراط ؛ کثرت ؛ بہتات -
Over-abound, *v. i.* : (کسی چیز کی) افراط ہونا؛ کثرت ہونا ؛ بہتات ہونا -
Overact, *v. t.* : پارٹ یا ایکٹ میں ضرورت سے زیادہ اہتمام کرنا -
Overactive, *a.* : ضرورت سے زیادہ چست یا مستعد -
Overactivity, *n.* : ضرورت سے زیادہ چستی یا مستعدی -
Overagitate, *v. t.* : ضرورت سے زیادہ مباحثہ کرنا -
Overagitation, *n.* : ضرورت سے زیادہ جوش -
Overall, *n.* : اوپری پوشاک جو عورتیں کام کرتے وقت پہنتی ہیں -
overalls, *n.* : (۱) اوپری ازار یا اوپری پوشاک (جو کام کرتے وقت پہن لی جائے) - (۲) (فوج) افسروں کا شب خوابی کا پاجامہ -
Overarch, *v. t.* & *i.* : (کسی چیز کے اوپر) محراب سی بنانا -
Overawe, *v.t.* : بے حد مرعوب کردینا ؛ اچھی طرح رعب ڈالنا -
Overbalance, *v.i.* & *t.* & *n.* : (۱) ڈگمگا کر گرنا؛ عدم توازن سے گر پڑنا ؛ توازن میں خلل ڈال کر گرا دینا؛ ڈگمگا کر گرانا ؛ تہ و بالا کر دینا - (۲) وزن یا اہمیت بڑھ جانا؛ پلہ سبک کر دینا - (۳) زیادتی؛ بیشی؛ بڑھوتری -

Overbear, *v. t.* : (۱) دبانا ؛ اُلٹ دینا - (۲) زیر کرنا ؛ جبر کرنا ؛ (۳) مات کرنا ؛ اھمیت میں بڑھ جانا - (۴) وزن میں بڑھ جانا -

Overbearing, *a.*: متکبر؛ متکبرانہ ؛ تحکم پسند ؛ تحکم پسندانہ ؛ دبنگ -

Overbearingly, *adv*: تکبر سے ؛ تحکم پسندی سے ؛ دبنگ پن سے -

Overbearingness, *n.* : تکبر ؛ تحکم پسندی ؛ دبنگ پن -

Overbid, *v.t.* : بڑھ کر بولی بولنا ؛ زیادہ قیمت لگا دینا -

Overblow, *v.t.*: (موسیقی) (بگل ' بانسری وغیرہ) حد سے زیادہ زور سے بجانا -

Overblown, *a.* : (۱) فرو شدہ (طوفان) - (۲) زیادہ کھلے ہوے (پھول) - (۳) اترا ہوا ؛ شباب سے گزرا ہوا -

Overboard, *adv.* : (جہاز پر سے ' کشتی پر سے) پانی میں -

throw o : (۱) جہاز پر سے پانی میں پھینکنا - (۲) چھوڑ دینا ؛ ساتھ چھوڑدینا ؛ ترک کر دینا -

Overbrim, *v. t. & i.* : چھلکنا ؛ اوپر تک بھر کر گرنے لگنا -

Overbuild, *v.t.* : (زمین پر) عمارتوں کی بھر مار کردینا ؛ حد سے زیادہ گنجان عمارتیں بنا دینا -

Overburden, *v. t.* : حد سے زیادہ زیر بار کرنا (نیز مجازاً) -

Overbusy, *a.* : ضرورت سے زیادہ مشغول ' مصروف ' منہمک - فضول خدمت ؛ خواہ مخواہ ہر کام کرنے کو مستعد -

Overbuy, *v. t. & i.* : ضرورت سے زیادہ خریدنا -

Overcanopy, *v. t.* : شامیانہ' سائبان تاننا -

Over-capitalize, *v. t.* : (کمپنی میں) ضرورت سے زیادہ سرمایہ معین کرنا ؛ سرمایے کا اندازہ اصلیت سے زیادہ کرنا -

Overcareful, *a.* : حد سے زیادہ (بے جا طور پر) محتاط -

Overcast, *v.t.* : (۱) (آسمان پر) بادل گھرنا ' چھانا - (۲) کنارے کو سی دینا (تاکہ کھلنے نہ پائے) -

Overcast, *a.* : گھرا ہوا ؛ تاریک -

Over-caution, *n.* : حد سے زیادہ احتیاط -

Overcharge, *v.t. & n.*: (۱) ضرورت سے زیادہ بھردینا (بارود ' بجلی وغیرہ) - (۲) زیادہ رنگ آمیزی کردینا ؛ زیادہ مبالغہ کرنا ؛ بڑھا کر لکھنا - (۳) ضرورت سے زیادہ تفصیلات بھر دینا (بیان میں) ؛ ضرورت سے زیادہ نقوش بھر دینا ؛ (تصویر میں) جزویات کی بھر مار کر دینا - (۴) زیادہ قیمت لینا ؛ ٹھگنا - (۵) قیمت سے زیادہ لینا (بلا تفصیل رقم) - (۶) قیمت جو زیادہ لی گئی ہو ؛ زیادہ قیمت لینا ؛ زیادہ بارود وغیرہ بھرنا -

Overcloud, *v. t.* : بادلوں یا سایہ سے ڈھانک دینا ؛ غمگین و ملول کرنا -

Overcloy, *v. t.* : اکتا دینا ؛ بے حد سیر کردینا -

Overcoat, *n.* : بالائی کوٹ؛ اوور کوٹ ؛ فرغل ؛ بالا پوش -

Overcolour, *v. t.* : مبالغہ کرنا ؛ زیادہ رنگ آمیزی کرنا -

Overcome, *v. t. & i.*: زیرکرنا؛ مغلوب کرنا؛ شکست دینا؛ سرکرنا؛ فتح کرنا ؛ غالب آنا ؛ فتح مند ہونا -

Overcome, *p.p.* : مغلوب ؛ بد حواس

o. with liquor: نشے میں چور -

Overconfidence, *n.* : ضرورت سے زیادہ اعتماد -

Overconfident, *a.* : ضرورت سے زیادہ اعتماد کرنے والا -

Overcredulous, *a.*: ضرورت سے زیادہ زود اعتقاد -

Overcrop, *v. t.* : ضرورت سے زیادہ کاشت کرنا ؛ متواتر کاشت سے زمین نکال لینا -

Overcrow, *v. t.* : (۱) شادیانے بجانا؛ فتح پانا؛ غالب آنا- (۲) (کسی سے) بڑھکر اینٹھنا ؛ اکڑنا -

Overcrowd, *v. t.*: ہجوم یا بھیڑبھاڑ کردینا؛ بےحد بھرنا یا ٹھونسنا-

Overcunning, *n.* : ضرورت سے زیادہ چالاکی (جس سے آدمی خود زک اٹھاتا ہے) -

Over-curious, *a.* : ضرورت سے زیادہ راز جو یا تجسس پسند ؛ ضرورت سے زیادہ محتاط ؛ ضرورت سے زیادہ نفاست پسند -

Overcuriously, *adv.* : ضرورت سے زیادہ تجسس پسندی' احتیاط یا نفاست پسندی سے -

Overcuriosity, *n.*: ضرورت سے زیادہ تجسس پسندی ' احتیاط یا نفاست پسندی -

Overdelicacy, *n.* : ضرورت سے زیادہ نفاست ' نزاکت -

Over-develop, *v. t.* : بے حد بڑھانا ' بڑھنا ؛ فلم وغیرہ کو کیمیاوی مسالوں سے زاید از ضرورت دھونا -

Overdo, *v.t.* : (۱) (کسی کام میں) حد سے بڑھ جانا ؛ حد سے زیادہ مبالغہ یا اہتمام کرنا - (۲) بہت دور تک چلے جانا - (۳) بہت زیادہ پکا دینا؛ جلادینا- (۴) شل کر دینا ؛ تھکا مارنا -

Overdoor, *n.* چوبی نقش و نگار جو دروازے کے رو کار پر بنے ہوں ؛ منقش روکار (دروازے کا) -

Overdose, *v. t. & n.* : (۱)دوا وغیرہ کی زاید از ضرورت خوراک - (۲) ایسی خوراک دینا -

Overdraft, *n.* : زائد وصولی؛ فاضل وصولی (بنک میں جتنی رقم ہو اس سے) -

Overdraw, *v.t & i.* : (۱) (بینک سے اپنی رقم سے) زاید نکال لینا - (۲) بڑھا چڑھا کر بیان کرنا ؛ مبالغہ یا رنگ آمیزی کرنا -

Overdress, *n.* : ایک قسم کا چغہ یا لبادہ جس کے ساتھ اندرونی پوشاک کا کچھ حصہ بھی جڑا ہوا ہوتا ہے -

Overdrive, *v.t.* : (گھوڑے کو) دوڑاکر تھکا مارنا ؛ (آدمی کو) کام لیتے لیتے شل کر دینا -

Overdue, *a.* : خارج المیعاد ؛ زائد المیعاد ؛ عارض المیعاد (چک ہنڈی وغیرہ جس کی تاریخ گزر گئی ہو) -

Overeat, *v. refl. & i.* : ضرورت سے زیادہ کھانا -

Over-estimate, *v. t. & n.* : (اصلیت سے) زیادہ تخمینہ لگانا ؛ اصلیت سے زیادہ سمجھنا؛ (اصلیت سے) زیادہ تخمینہ -

Overexpose, *v. t.* : (۱) (عکاسی) پلیٹ کو زاید از ضرورت روشنی پہنچانا- (۲) ہوا ' دھوپ ' گرمی ' خطرہ کے سامنے بہت ہی کھلا ہوا رکھنا -

Overfall, *n.* : سمندر کا پرشور حصہ (جہاں پانی زیر آب چٹان سے ٹکراتا ہے) - (۲) بند کا ڈھلانیا مخرج (نہر کی سطح اونچی یا نیچی کرنے کے لئے) -

Over-fatigue, *v. t.& n.* : (۱)بے حد تھکا دینا- (۲) بے حد تکان -

Overfault, *n.* : (ارضیات) الٹا شگاف ؛ پرت کی ساخت میں نقص یا شگاف جو اوپر ہی طرف مائل ہو -

Overfeed, *v. t.* : حد سے زیادہ کھانا یا کھلانا -

Overfill, *v. t.* : بے حد بھر دینا ؛ لبریز کردینا -

Overfish, *v. t.*: اس قدر مچھلیاں پکڑنا کہ تالاب وغیرہ خالی ہو جائے -

Overflow, *n.* : (۱) چھلکی ہوئی چیز (پانی وغیرہ)؛ وہ پانی جو دریا سے ... سیلاب ؛ طغیانی - (۲) فاضل چیز ؛ زاید چیز -

o meeting: زاید جلسہ (ان لوگوں کا جنہیں کانفرنس کے پنڈال وغیرہ میں جگہ نہ ملے) -

Overflow, *v. t. & i. & n.* : (۱) اوپر تک بھر کر بہ نکلنا ؛ چھلکنا - (۲) تہ آب کرنا ؛ (سطح کو) طغیانی یا سیلاب آنا - (۳) (مجازاً) اندر نہ سمانا؛ باہر تک پہنچنا (مجمع وغیرہ کا کمرے کے) - (۴) لب ریز ہونا - (۵) کثرت سے ہونا ؛ وافر ہونا ؛ فراواں ہونا -

Overflowing, *a. & n.* : (۱) طغیانی؛ سیلاب ؛ چھلکنا ؛ باہر تک پہنچنا - (۲) لب ریز ؛ چھلکتا ہوا - (۳) کثرت ؛ فراوانی ؛ وفور (۴) کثیر ؛ فراوان ؛ وافر -

Overfold, *n.* : (ارضیات) الٹی تہہ پرت کی جس میں بیچ کا حصہ دہرا ہو کر نیچے سے اوپر آجائے -

Overfront, *n.* : *Inverness coat* کا بغلی پلہ

Overfull, *a.* : بہت ہی یا حد سے زیادہ بھرا ہوا -

Overgild, *v. t.* : ملمع کرنا -

Overgovern, *v. t.* : بیکار قواعد و ضوابط نافذ کرنا ؛ فضول ضابطوں کی پابندی کرانا -

Over-government, *n.* : اسم مذکورۂ بالا معنوں میں -

Overground, *a.* : بالائے سطح ؛ زمین کے اوپر کا -

Overgrow, *v. t.* : (بیل کا دیوار وغیرہ پر) پھیل جانا؛ ڈھک لینا -

Overgrowth, *n.* : (۱) وہ روئیدگی، پودے یا بیلیں جنھوں نے دیوار وغیرہ کو ڈھک لیا ہو - (۲) accretion = - (۳) (کسی عضو کا) اتنا بڑھ جانا کہ صحت کے لیے مضر ہو -

Overhand, *adv. & a.* : (۱) جس میں ہاتھ پانی کے اوپر ہو - (۲) جس میں ہاتھ کندھے سے اونچا اٹھ جائے (جیسے *overhand bowling*) -

Overhang, *v. t. & i. & n.* : (۱) آگے کو نکلا ہوا ہونا؛ آگے کو نکلا ہوا اور کسی چیز پر سایہ کئے ہونا - (۲) (مجازاً) سر پر کھیلنا ؛ معلق ہونا - (۳) آگے کو نکلا ہونا ؛ جھکاو ؛ جھکاو کی مقدار -

Overhaul, *v. t.* : (۱) معائنے کے لیے اجزا علحدہ کرنا ؛ ایک ایک جز کو علحدہ کر کے معائنہ کرنا - (۲) معائنہ کرنا؛ جانچ پڑتال کرنا- (۳) (بحر، جہاز رانی) جا لینا؛ جا پکڑنا ؛ برابر پہنچ جانا -

Overhead, *adv. & a.* : (۱) اوپر ؛ آسمان پر ؛ اوپر کی منزل میں - (۲) اوپر کا -

o. charges : (تجارت) بالائی اخراجات (دفتر اور عام ضروریات کے) -

Overhear, *v.t.* : (۱) سن پانا؛ اتفاقیہ طور پر سن لینا - (۲) چھپ کر سن لینا -

Over-house, *a.* : (تار) جو بجائے کھمبوں کے مکان پر لگے ہوئے ہوں -

Overhoused, *a.* : اپنی ضرورت سے بڑے مکان میں رہنے والا -

Over-indulgence, *n.* : اپنی خواہش پوری کرنے میں بے اعتدالی -

Over-issue, *v. t. & n.* : (۱) (نوٹ، تمسکات وغیرہ) حد سے زیادہ جاری کردینا (یعنی قانونی حد یا اپنی مالی حیثیت سے زیادہ) - (۲) حد سے زیادہ جاری کئے ہوئے نوٹ یا تمسکات -

Overjoyed, *a.* : بیحد مسرور ؛ بے انتہا خوش -

Overjump, *v. refl.* : کودنے میں رگ پٹھا چڑھا لینا -

Overking, *n.* : شاہ شاہاں ؛ شہنشاہ -

Overknee, *a.* : گھٹنے سے اوپر تک کا -

Overlabour, *v. t.* : (۱) (کوئی کام) بے حد محنت سے کرنا ؛ بیحد اہتمام اور تکلف سے کرنا - (۲) (کسی مسئلے میں) ضرورت سے زیادہ تفصیل یا طول سے کام لینا -

Overladen, *a.* : حد سے زیادہ لدا ہوا -

Overland, *adv. & a.* : (۱) خشکی کے راستے سے - (۲) خشکی کا یا کچھ سمندر اور کچھ خشکی کا (رستہ) (خصوصاً یورپ سے ہندوستان کا بحیرۂ روم سے ہو کر یا بحرالکاہل سے بحرا وقیانوس تک براعظم یورپ سے ہوکر) -

Overlap, *v. t. & i.* : (۱) (ایک چیز کا دوسری چیز کے) ایک حصے کو ڈھکنا ؛ پورا ڈھک کے باہر نکلا رہنا - (۲) (دو یا زیادہ چیزوں کا) ایک حد تک ایک دوسری کو ڈھکنا؛ ایک حد تک منطبق ہونا-

Overlay, *n. & v. t.* : (۱) چھوٹا میز پوش ؛ پوشش تہ - (۲) تہ جمانا ؛ سطح پر پھیلانا ؛ بچھانا - (۳) (غلط استعمال) = Overlie -

Overleaf, *adv.* : پشت کے صفحے پر ؛ ورق کے دوسری طرف -

Overleap, *v. t.* : (۱) پھاند جانا ؛ کود جانا ؛ چھلانگ جانا - (۲) چھوڑ دینا ؛ نظر انداز کرنا - (۳) غالب آنا -

Overlie, *v. i.* : اوپر لیٹ جانا؛ بچے کے اوپر اس طرح لیٹنا کہ دم گھٹ کر مر جائے -

Overlive, *v. t.* : (کسی شخص کے یا معینہ مدت کے بعد) زندہ رہنا ، باقی رہنا -

Overload, *v. t. & n.* : حد سے زیادہ بوجھ (لادنا) -

Overlook, *v. t.* : (۱) (کسی جگہ کا) منظر سامنے ہونا ؛ اس طرح واقع ہونا کہ کوئی منظر سامنے ہو - (۲) (کسی مقام سے) زیادہ اونچا ہونا ؛ بلندی پر واقع ہونا - (۳) چشم پوشی کرنا ؛ اغماض کرنا ؛ نظر انداز کرنا - (۴) چھوڑ جانا؛ نظر انداز کرنا ؛ نظر نہ پڑنا- (۵) نگرانی کرنا؛ دیکھ بھال کرنا- (۶) بری نظر سے مسحور کرنا؛ نظر لگانا-

Overlord, *n.* : سردار ؛ فرمانروا -

Overlordship, *n.* : سرداری ؛ فرمانروائی ؛ اقتدار اعلیٰ -

Overman, *n.* : (فلسفہ) مافوق الانسان (جو اخلاقی معیار سے بالاتر ہو)-

Overmantel, *n.* : منقش الماری وغیرہ جو Mantel کے اوپر بنی ہو -

Overmany, *a.* : تعداد میں بہت ہی زیادہ -

Overmasted, *a.* : زیادہ مستولوں والا ؛ بھاری مستولوں والا -

Ovremaster, *v. t.* : مغلوب کرنا ؛ دبانا ؛ زیر کرنا -

Overmatch, *v. t. & n.* : (۱) (کسی شخص کے مقابلے میں) زیادہ قوی، چالاک وغیرہ ہونا ؛ زبر ، بڑھا ہوا ہونا ؛ ور ہونا - (۲) غالب آنا ؛ شکست دینا؛ مات کرنا - (۳) (کسی کے مقابلے میں) زیادہ قوی ؛ چالاک وغیرہ ؛ ور ؛ زبر -

Over-measure, *n.* : (کافی یا واجبی مقدار سے) زیادہ مقدار؛ فاضل مقدار -

Over-much, *a. & adv.* : بہت زیادہ ؛ حد سے زیادہ -

Over-nice, *a.* : حد سے زیادہ نازک مزاج؛ نفاست پسند؛ باریک بین-

Over-niceness, overnicety, *nn.* : (حد سے زیادہ) نازک مزاجی ؛ باریک بینی؛ نفاست پسندی -

Overnight, *adv. & a.* : (۱) کسی خاص دن سے پہلے کی شب کو ؛ اگلی رات کو - (۲) رات کا ؛ راتوں رات کا -

Overpass, *v. t.* : (۱) گزار دینا ؛ بسر کر دینا ؛ انجام کو پہنچانا- (۲) پار نکل جانا؛ پرے نکل جانا؛ عبور کرنا؛ آگے بڑھ جانا ؛ گزر جانا - (۳) سبقت لے جانا ؛ آگے بڑھ جانا - (۴) غالب آنا -

Overpassed, -past, *a.* : گذشتہ ؛ گذرا ہوا ؛ رفتہ -

Overpay, *v. t.* : (کسی شخص کو) واجبی معاوضے یا تنخواہ سے زیادہ دینا-

Overpayment, *n.* : (واجبی سے زیادہ) معاوضہ -

Overpeopled, *a.* : (حد سے) زیادہ آباد

Over-persuade, *v. t.* : کسی کو کسی طرح راہ پر لے آنا ؛ باوجود انکار کے راضی کر لینا -

Overpitch, *v. t.* : (بولر کا کرکٹ کی گیند) اس طرح پھینکنا کہ وکٹ کے بالکل قریب گرے -

Overplus, *n.* : بیشی ؛ زیادتی ؛ افزونی ؛ بڑھاوا -

Overpoise, *v. t.* : (دوسری چیز سے) وزن میں زیادہ ہونا ؛ پلہ سبک کر دینا -

Overpopulated, *a.* : بیحد گنجان آباد -

Over - population, *n.* : بہت گنجان آبادی -

Overpot, *v. t.* : (پودے کو) ضرورت سے زیادہ بڑے گملے میں لگانا -

Overpower, *v. t.* : (۱) قابو میں لانا ؛ دبا لینا ؛ مغلوب کرنا ؛ بے بس کرنا - (۲) غالب آجانا ؛ چھا جانا - (۳) (گرمی وغیرہ یا جذبات کا) بہت سخت یا شدید ہونا ؛ بے قابو کر دینا ؛ بے بس کر دینا -

Overpowering, *a.* : شدید ؛ بے پناہ ؛ ناقابل مزاحمت -

Overpoweringly, *adv.* : شدت سے ؛ بے حد ؛ بے پناہ طور پر -

Overpraise, *v. t.* & *n.* : تعریف میں غلو کرنا -

Overpressure *n.* : بیحد دباو ؛ بیحد بار (خصوصاً کام کا) ؛ کام کی بے انتہا کثرت -

Overprint, *v. t.* : (۱) مطبوعہ کاغذ کے بالائی حصہ پر چھاپنا - (۲) (عکاسی) منفی پلیٹ کو مثبت پلیٹ بنانے میں غیر مناسب زیادہ روشنی دینا -

Over-produce, *v. t.* & *i.* : (صنعتی اشیا) ضرورت سے زیادہ پیدا کرنا ؛ طلب سے زیادہ پیدا کرنا -

Over production, *n.* : (صنعتی اشیا کی) ضرورت سے زیادہ پیداوار ؛ طلب سے زیادہ پیداوار -

Over-proof, *a.* : بہت تیز (شراب) جس میں معمول سے زیادہ روح شراب ہو -

Overrate, *v. t.* : اصلیت سے بڑھ کر سمجھنا ؛ استحقاق سے زیادہ قدر کرنا ؛ (شرح مقرر کرنے کے لئے) چیز کی مالیت کا حد سے زیادہ اندازہ کرنا -

Overreach, *v. refl.* & *i.* : (۱) چرکا دینا ؛ بیوقوف بنانا ؛ جل دینا ؛ فریب دینا - (۲) (چالاکی میں) کان کاٹنا ؛ مات کرنا -

Over-read, *v. i.* : بہت زیادہ پڑھنا ؛ حد سے زیادہ مطالعہ کرنا -

Over-refine, *v. i.* : بہت باریک فرق نکالنا -

Over-rent, *v. t.* : (معمول سے) زیادہ کرایہ لینا ؛ زیادہ لگان وصول کرنا -

Over-ride, *v. t.* : (۱) گھوڑے کو دوڑا کر تھکا مارنا - (۲) (ملک کو) تاخت و تاراج کرنا ؛ فوج لے کر گزرنا - (۳) گھوڑے کی ٹاپوں سے کچل دینا - (۴) (مجازاً) ٹھکرا دینا ؛ رد کر دینا - (۵) افسر ہونا ؛ افسری کا دعوی کرنا - (۶) (جراحی میں ٹوٹی ہڈی کا) دوسری ہڈی پر چڑھ جانا -

Overripe, *a.* : ضرورت سے زیادہ پکا ہوا -

Overrule, *v. t.* : (۱) (فیصلے یا تجویز وغیرہ کو) مسترد کر دینا ؛ نامنظور کر دینا - (۲) منسوخ کر دینا ؛ رد کر دینا -

Overrun, *v. t.* : (۱) (ملک) تاخت و تاراج کرنا ؛ لوٹنا اور برباد کرنا - (۲) (کیڑوں وغیرہ کا) پھیل جانا - (۳) (کسی حد سے) بڑھ جانا ؛ تجاوز کر جانا -

Oversailing, *a.* : (اینٹ یا پتھر ایک دوسرے سے) آگے نکلا ہوا ؛ باہر نکلا ہوا -

Oversea, *a.* & *adv.* : سمندر پار کا ؛ ماورائے بحر -

Overseas, *adv.* : سمندر پار ؛ ماورائے بحر -

Oversee, *v. t.* : (۱) (شاذ) اوپر سے دیکھنا - (۲) دیکھنا بھالنا ؛ نگرانی کرنا ؛ نگہداشت کرنا -

Overseer, *n.* : اوورسیر ؛ ناظر ؛ نگران ؛ داروغہ -

o. of the poor : ناظر خیرات -

Oversell, *v. i.* & *t.* : (کسی چیز کی) اس سے زیادہ مقدار کی فروخت کا معاملہ کرنا جتنی اپنے پاس موجود ہو -

Oversew, *v. t.* : دونوں سرے ملا کر سینا ؛ ترپنا -

Overshadow, *v. t.* : (۱) آب و تاب میں بڑھ جانا - (۲) (شاذ) سایہ کرنا ؛ دھوپ سے بچانا ؛ حفاظت کرنا ؛ حملے سے محفوظ رکھنا -

Overshoe, *n.* : اوپری جوتا ؛ بالائی جوتا (ربڑ کا یا نمدے کا) -

Overshoot, *v. t.* : (۱) نشانے سے آگے پھینکنا (تیر وغیرہ) ؛ نشانے سے آگے پڑنا (گولی) - (۲) اصل مقصد سے تجاوز کرنا -

o. the mark, o. oneself : زیادتی کر دینا ؛ مبالغہ کر دینا ؛ حد سے بڑھ جانا (کسی کام میں) -

overshot wheel : آب گردان پہیا ؛ پہیا جو اوپر سے پانی گرنے سے چلتا ہے -

Overside, *adv.* & *a.* : (مال کے جہاز سے) باربردار کشتیوں کی طرف (کا) -

Oversight, *n.* : (۱) (شاذ) نگہبانی ؛ نگرانی - (۲) سہو ؛ بھول ؛ چوک ؛ فروگذاشت - (۳) نظر انداز ہو جانا ؛ نظر نہ پڑنا -

Overslaugh, *n.* : (فوجی) زیادہ ضروری فرض کے مقابلے میں کم ضروری فرض کا چھوڑ دینا ؛ ترک ادنی -

Oversleep, *v. refl.* & *i.* : دیر تک سوتے رہنا -

Oversleeve, *n.* : آستین پوش (کپڑا جو آستین پر چڑھا لیتے ہیں) -

Oversoul, *n.* : روح کل ؛ روح کائنات (خدائے تعالی) -

Overspent, *a.* : تھکا ؛ ماندہ ؛ زدہ -

Overspill, *n.* : (۱) گرا ہوا ، چھلکا ہوا پانی وغیرہ - (۲) فاضل آبادی -

Overspread, *v. t.* : بچھنا ؛ پھیلنا ؛ ڈھک لینا ؛ چھا جانا -

Overstate, *v. t.* : مبالغہ کرنا ؛ رنگ آمیزی کرنا ؛ بڑھا چڑھا کر بیان کرنا -

Overstatement, *n.* : مبالغہ آمیز بیان -

Overstay, *n.* : (مقررہ وقت سے) زیادہ قیام کرنا (میزبان کی خوشی سے) زیادہ ٹھیرنا -

Overstep, *v. t.* : (لغوی اور مجازی) حد کے باہر قدم رکھنا ؛ تجاوز کرنا -

Overstock, *v. t.* & *n.* : ضرورت سے زیادہ مہیا کرنا ؛ جمع کر چھوڑنا ؛ زاید از طلب رسد پہنچانا -

Overstrain, *v. t.* & *n.* : (۱) حد سے زیادہ بار ڈالنا ؛ حد سے زیادہ کام لینا - (۲) حد سے زیادہ زور دینا ؛ بیحد اہمیت دینا -

Overstrung, *a.* : (۱) (پیانو باجا وغیرہ) ترچھے متقاطع تاروں کا - (۲) بیحد کشیدہ خاطر (شخص) - (۳) بیحد تنے ہوئے یا کشیدہ (اعصاب) -

Overstudy, *v. i.* & *n.* : ضرورت سے زیادہ مطالعہ کرنا -

Oversubscribe, *v. t.* : ضرورت سے زیادہ چندہ دینا ؛ (قرضے وغیرہ کے) ضرورت سے زیادہ حصے خرید لینا -

Over-supply, *n.* & *v. t.* : رسد زاید از طلب (پہنچانا) -

Overswollen, *a.* : حد سے زیادہ سوجا ، پھولا ہوا -

Overt, *a.* : کھلا ہوا ؛ علانیہ ؛ صریحی -

market o. : بکری کی چیزیں ہر شخص کو دکھانا -

overtly, *adv.* : صریحاً ؛ علانیہ طور پر ؛ کھلم کھلا -

Overtake, *v. t.*: (۱) جا پکڑ لینا ؛ جا لینا ؛ برابر آ جانا - (۲) (مصیبت وغیرہ کا) یک بیک نازل ہونا ؛ ناگہاں آ پڑنا -

Overtask, *v. t.*: حد سے زیادہ کام لینا ؛ حد سے زیادہ بوجھ ڈالنا -

Overtax, *v. t.*: بیحد صبر آزما ہونا ؛ نا قابل برداشت ہونا ؛ بہت بھاری محصول لگا دینا -

Overthrow, *v. t. & n.*: (۱) تہ و بالا کرنا ؛ زیر و زبر کرنا - (۲) طاقت توڑنا ؛ توڑ پھوڑنا ؛ گرانا ؛ کچلنا - (۳) خاتمہ کردینا ؛ برباد کر دینا ؛ شکست دینا ؛ زیر کرنا ؛ مغلوب کرنا ؛ پست کرنا ؛ نیچا دکھانا - (۴) چت کرنا ؛ پٹخ دینا - (۵) شکست ؛ ہزیمت ؛ زوال ؛ بربادی ؛ خاتمہ - (۶) (کرکٹ) فیلڈر کا اس طرح گیند پھینکنا کہ وکٹ کے پاس نہ رکے اور کھیلنے والے کو مزید رن بنانے کا موقع ملے -

Overthrust, *n.*: (ارضیات) ایک پرت کاوہ حصہ جو دوسری پرت کو ڈھک لے -

Overtime, *n. & adv.*: (۱) زائد وقت (جس میں مزدور مقررہ وقت کے علاوہ کام کرے) - (۲) زائد وقت میں ؛ وقت مقررہ کے علاوہ -

Overtire, *v. t.*: حد سے زیادہ تھکا دینا -

Overtoil, *n.*: حد سے زیادہ محنت کرنا -

Overtone, *n.*: = Harmonic

Overtop, *v. t.*: (دوسری چیز سے) اونچا ہونا ؛ قد میں بڑھ جانا ؛ اونچائی میں بڑھ جانا -

Overtrain, *v. t. & i.*: حد سے زیادہ ورزش یا مشق کرنا یا کرانا (کشتی وغیرہ کی) -

Overtrump, *v. t.*: (دوسرے سے) بڑا ترپ کا پتہ چلنا ؛ بڑھ کر ترپ لگانا -

Overture, *n.*: (۱) (گفتگوئے صلح کی) سلسلہ جنبانی ؛ تجویز ؛ درخواست - (۲) افتتاح (گیت وغیرہ کا) ؛ آغاز - (۳) (نظم کی) تشبیب ؛ ابتدائی حصہ ؛ آغاز -

Overturn, *v. t. & i. & n.*: (۱) الٹ دینا ؛ الٹ کر گرا دینا - (۲) برباد کرنا ؛ تہ و بالا کرنا ؛ زیر و زبر کرنا - (۳) منسوخ کرنا ؛ خاتمہ کردینا ؛ مٹا دینا - (۴) گرانا ؛ الٹنا ؛ الٹ پلٹ ؛ انقلاب -

Over-use, *v. t. & n.*: حد سے زیادہ استعمال (کرنا) -

Over-value, *v. t.*: مناسب سے زیادہ قیمت بڑھا دینا ؛ مناسب سے زیادہ قدر بڑھانا ؛ رتبہ دینا -

Over-walk, *v. refl. & i.*: (کسی چیز پر) چلنا ؛ بہت دیر یا بہت دور تک چلنا -

Overweening, *a.*: خود پسند ؛ مغرور ؛ متکبر ؛ خود بین ؛ متکبرانہ ؛ خود پسندانہ ؛ مغرورانہ -

Overweigh, *v. i.*: وزن سے زیادہ ہونا ؛ غالب ہونا ؛ معتبر ہونا -

Overweight, *n.*: (۱) زاید بوجھ ؛ فاضل وزن - (۲) غلبہ - (۳) مقررہ وزن سے زائد -

Overweighted, *a.*: جس کا وزن مقررہ وزن سے زیادہ ہو -

Overwhelm, *v. t.*: (۱) اوپر سے بوجھ لاد دینا ؛ حاوی ہوجانا ؛ چھا جانا - (۲) کچل دینا ؛ دم بھر میں تباہ کردینا ؛ برباد کردینا - (۳) (جذبے سے) بے قابو کردینا - (۴) (سوالات کی) بوچھاڑ کردینا ؛ (سوال کرتے کرتے) ناک میں دم کردینا -

Overwhelming, *a.*: (تعداد یا مقدار کے لحاظ سے) زبردست ؛ قوی ؛ بیحد ؛ بے پناہ -

Overwhelmingly, *adv.*: بے انتہا ؛ بے حد -

Overwind, *v. t.*: (گھڑی میں) ضرورت سے زیادہ چابی دینا -

Overwork, *v. t. & i. & n.*: (۱) بہت زیادہ کام لینا ؛ محنت شاقہ لینا ؛ کام کرتے کرتے تھکا مارنا یا شل کردینا - (۲) کام کرتے کرتے شل ہوجانا ؛ کام کرتے کرتے تھک جانا - (۳) حد سے زیادہ کام -

Overwrite, *v. refl. & i.*: لکھی ہوئی چیز پر لکھنا (مثلاً میٹھی وغیرہ پر کی تحریر کو چیر کر لکھنا) ؛ کسی چیز پر لکھنا ؛ بے حد لکھنا ؛ لکھتے لکھتے تھک جانا ؛ کسی موضوع پر ضرورت سے زیادہ لکھنا

Overwrought, *a.*: (۱) بیحد ہیجان میں ؛ بیحد مشتعل - (۲) ہیجان کا مارا ہوا - (۳) جس میں بہت زیادہ کام ہو ؛ بہت بھاری کام کا ؛ بہت بھاری نقش و نگار کا -

Ovi-, ovo-: (سابقہ) لاطینی کے لفظ ovum سے مشتق ہے جس کے معنی انڈے کے ہیں -

oviduct: راہ بیضہ -

oviform: بیضوی ؛ انڈے کی شکل کا -

oviparous: بیضہ کش ؛ وہ جانور جس کے بچے انڈوں سے نکلتے ہیں -

oviposit: انڈے دینا -

ovipositor: کیڑوں کی انڈے کی نالی -

ovology: بیضیات ؛ حیاتیات کی وہ شاخ جس میں انڈوں کے بننے کا ذکر ہوتا ہے -

ovoviviparous: وہ کیڑے جن کے بچے انڈوں سے پیٹ کے اندر نکلتے ہیں -

Ovi-: لاطینی لفظ ovis سے مشتق ہے جس کے معنی بھیڑ کے ہیں -

oviboune: ایک جانور جو بھیڑ اور بیل کے بین بین ہوتا ہے ؛ میش گاو -

ovicide: (مزاحاً) قتل میش ؛ میش کشی -

Ovidian, *a.*: اویدی ؛ Ovid لاطینی شاعر یا اس کی شاعری کا -

Ovine, *a.*: میشی ؛ بھیڑ کے متعلق ؛ بھیڑ کا سا -

Ovoid, *a. & n.*: (۱) بیضوی ؛ بیضہ نما - (۲) بیضوی سطح ؛ بیضوی شکل ؛ بیضوی چیز -

Ovule, *n.*: بیضک ؛ انڈا اپنی ابتدائی شکل میں -

ovular, *a.*: بیضکی -

Ovum, *n.* (pl. -a): بیضہ -

Owe, *v. t. & i.*: (۱) مقروض ہونا ؛ مدیون ہونا ؛ قرض دار ہونا - (۲) اخلاقاً پابند ہونا - (۳) ممنون ہونا ؛ زیر بار احسان ہونا ؛ احسان مند ہونا ؛

o. one a grudge: کسی شخص سے بیر رکھنا -

Owenism, *n.*: اشتراکی نظام جس کا خاکہ Robert Owen (وفات سنہ ۱۸۵۸ ع) نے تیار کیا تھا -

Owing, *pred. a.*: واجبی ؛ قرض ؛ واجب الادا -

o. to: بہ سبب ؛ بوجہ ؛ بدولت ؛ باعث -

Owl, *n.*: (۱) الو ؛ بوم ؛ چغد - (۲) مقطع بیوقوف ؛ احمق آدمی جو دانشمندوں کی سی صورت بنائے - (۳) ایک قسم کا کبوتر (o. pigeon) -

fly with the o.: راتوں کو جاگنے کا عادی ہونا -

o.-light: جھٹ پٹا ؛ دھندلکا -

owls to Athens: الٹے بانس بریلی -

owlery, *n.*: وہ جگہ جہاں الو پالے جائیں ؛ الو خانہ -

owlish, *a.*: مقطع بیوقوف کا سا ؛ الو کا سا -

owlishly, *adv.*: مقطع بیوقوف کی طرح سے -

Owlet, *n.*: بومچہ ؛ الو کا بچہ -

Own, *a.*: (۱) خاص ؛ ذاتی ؛ خود کا ؛ اپنا - (۲) حقیقی ؛ سگا - (۳) اپنا (مال) ؛ ذاتی (املاک) -

be one's o. man: آزاد ہونا ؛ اپنے دل کا بادشاہ ہونا -

hold one's o. : اپنی جگھہ پر جمے رہنا ؛ اپنا اقتدار' حیثیت' قوت وغیرہ برقرار رکھنا -

of one's o. : اپنا ذاتی -

one one's o. : (عامیانہ) اپنے بل پر ؛ اپنے بوتے پر -

Own, v. t. : (۱) مالک ہونا - (۲) (تصلیف ' ملکیت ' ولدیت) کا اقرار کرنا ؛ تسلیم کرنا - (۳) ماننا ؛ قائل ہونا ؛ تسلیم کرنا؛ اعتراف کرنا - (۴) (o. to) اقرار (جرم) کرنا؛ (قصور کا) اعتراف کرنا - (۵) سرتسلیم خم کردینا ؛ سر جھکا دینا ؛ چپ چاپ قبول کرلینا -

o. up : (روز مرہ) صاف صاف اقرار کر لینا (جرم کا)

the owner : (بحری روز مرہ) جہاز کا کپتان -

owner, n. : مالک -

ownership, n. : ملکیت -

ownerless, a. : بے مالک کا -

Ox, n. (pl. oxen) : بیل ؛ نرگاؤ ؛ بدھیا بیل -

ox-bird : ایک چھوٹا سا پرند جس کی پیٹھ سرخ ہوتی ہے-

ox-eye : بڑی پھیلی ہوئی آنکھ ؛ گاؤ دیدہ -

ox-eyed : (۱) گاو دیدہ - (۲) پودوں کے نام کا جز ہوتا ہے -

ox-fence, oxer : مضبوط جنگلہ جس کے ساتھ بیل بار ؛ جھاڑیوں کی باڑ اور کبھی کبھی خندق ہوتی ہے -

ox-gall : بیل کا پتہ (جو رنگ سازی میں اور دوا استعمال ہوتا ہے)

oxherd : گوالا ؛ بیلوں کا چرواہا -

oxhide : بیل کی کھال -

oxlip : ایک پودا -

oxtail : بیل کی دم (جس کا اکثر شوربا پکاتے ہیں)

the black ox has trod on his foot : اُسے بڑھاپے نے آلیا ہے ؛ اُسے مصیبت نے آگھیرا ہے -

Ox- : (سابقہ) (کیمیا) دیکھو -oxy-

Oxal(o)- : (سابقہ) oxalic acid کے مرکبات کے لئے آتا ہے -

Oxalic, a. : wood-sorrel کا

o. acid : اس کا ترشہ -

Oxford, n. : (۱) شہر آکسفورڈ - (۲) جامعۂ آکسفورڈ -

O. bags : بہت ڈھیلا پتلون -

O. blue : گہرا نیلا قدرے سرخی مائل رنگ -

O. clay : سخت نیلی چکنی مٹی کی تہ جو وسط انگلستان کی پہاڑیوں کے نیچے پائی جاتی ہے -

O. frame : تصویر کا چوکھٹا جس کے کونے نکلے ہوں -

O. man : آکسفورڈ کا تعلیم یافتہ -

O. mixture : گہرے بھورے رنگ کا کپڑا -

O. movement : تحریک آکسفورڈ جس کے ذریعے سنہ ۱۸۳۳ء سے کتھولک مذہب کے احیا اور کلیسائے انگلستان میں مذہبی رسوم دوبارہ جاری کرنے کی کوشش کی گئی -

O. shirting : ایک قسم کا قمیصوں کا کپڑا -

O. shoes : ایک طرح کے نیچے شوز -

O. Tracts : دیکھو Tracts -

[Oxi]de n. : آکسائڈ ؛ آکسی جن کا ایک مرکب -

Oxidize, v. t. & i. : (۱) آکسی جن سے مرکب کرنا ؛ آکسی جن ملانا؛ آکسی جن سے ملنا یا مرکب ہونا- (۲) زنگ آلود کرنا یا ہونا-

oxidized silver : (silver sulphide) چاندی جس پر سلور سلفائیڈ کی تہ جم گئی ہو -

oxidizable, a. : آکسی جن سے ملنے والا ؛ زنگ خور -

oxidization, n. : زنگ آلود ہونا یا کرنا ؛ آکسی جن ملانا یا آکسی جن سے ملنا -

oxidizer, n. : آکسی جن سے مرکب کرنے والا ؛ زنگ آفریں -

Oxonian, a. & n. : جامعہ آکسفورڈ کا (رکن) ؛ ؛ اکسفورڈ کا قدیم یا موجودہ طالب علم

Oxy- : (۱) یونانی لفظ Oxus سے مشتق ہے جس کے معنی نکیلے یا تیز کے ہیں - (۲) کیمیا کی اصطلاحات میں یہ سابقہ آکسی جن کا مخفف ہے - (۳) (غیر فصیح) -Hydroxy

oxycarpous : نکیلے پھل والا -

oxyopia : غیر طبعی ؛ تیز نظری -

Oxygen, n. : آکسی جن -

oxygenous, a. : آکسی جنی ؛ آکسی جن کا -

Oxygenate, v. t. : (۱) کسی شے میں آکسی جن ملانا ' آکسی جن داخل کرنا - (۲) تنفس کے ذریعہ خون میں آکسی جن شامل کرنا-

oxygenant, n. : جس میں آکسی جن ہو -

oxygenation, n. : آکسی جن ملانا -

Oxymoron, n. : صنعت اجتماع ضدین -

Oxytone, a. & n. : (یونانی صوت و نحو) (ایسا لفظ) جس کے اخیر جز پر زور ہو -

Oyer, n. : فوجداری کا مقدمہ (جس کے لئے عدالت دورہ کا اجلاس کرایا جائے)-

o. & terminer : اجلاس عدالت کی درخواست دورے کے ججوں کے نام -

Oyez (-s), oyes! oyes!, int. : سنو ! سنو ! -

Oyster, n. : کستورا مچھلی؛ ایک قسم کا صدفہ جو کھایا جاتا ہے-

o.-bank, o.-bed : سمندر کا وہ حصہ جہاں کستورے کثرت سے ہوتے ہیں-

o.-bar : وہ شراب خانہ جہاں کڑک کے طور پر کستورے ملتے ہیں-

o.-catcher : صدف گیر (پرند) -

o.-farm : کستورے کا کھیت (سمندر کی تہ میں) -

o.-knife : کستورا کھولنے کی چھری -

o.-patty : کستورا بھرے سنوسے -

Ozocerite, ozokerit, n. : معدنی موم؛ موم کی قسم کا متبھر گوند جس سے موم بتیاں وغیرہ بنتی ہیں -

Ozone, (oriodz-), n. : (۱) اوزون (آکسیجن کی ایک شکل) - (۲) (مجازاً) کوئی شے جو ممد حیات ہو -

ozonic, a : اوزونی -

ozoniferous a. : پر اوزون ؛ اوزون خیز ملو -

ozonize, v. t : اوزون بننا یا بنانا ؛ اوزون داخل کرنا -

ozonizer, n : اوزون داخل کرنے کا آلہ -

ozonometer n : اوزون پیما -

P

P, p, letter (pl. Ps, P's) : یہ انگریزی حروف تہجی کا سولھواں حرف ہے ' اردو میں 'پ' کا مرادف ہے -

Mind your P's and Q's. : اپنے p اور q کا خیال رکھو ؛ حفظ مراتب کی احتیاط رکھو ؛ اپنے اخلاق و اطوار میں پوری طرح محتاط رہو -

Pa, n. = Papa (بول چال)

Pabulum, *n.* : غذا ؛ خوراک ؛ کھانا (اکثر مجازاً) -

mental p. : دماغی غذا ؛ روحانی غذا -

Paca, *n.* : ایک کترنے والا جانور ھے جو وسطی اور جنوبی امریکہ میں پایا جاتا ھے -

Pace, *n.* : (۱) قدم ؛ گام ؛ ڈگ - (۲) ایک قدم کا فاصلہ (= تقریباً ۳۰ انچ) - (۳) دہرا قدم (۶۰ انچ) - (۴) چال ؛ رفتار - (۵) گھوڑے وغیرہ کی کوئی چال - (۶) قدم (گھوڑے کی ایک خاص چال) - (۷) رفتار (فی منٹ یا فی گھنٹہ) ؛ رفتار ترقی -

go the p. : (۱) بہت تیز چلنا ؛ تیزرفتار سے چلنا - (۲) دل کھول کر عیاشی کرنا ؛ کھل کھیلنا -

keep p. : ساتھ چلنا ؛ برابر چلنا (نیز مجازاً)

p. - maker : وہ سوار یا شخص جودوڑ میں آگے آگے رہتا ھے جس کی وجہ سے دوسرے تیز دوڑتے ھیں ؛ رفتار مقرر کرنے والا -

put person through his pp. : کسی شخص کی قابلیت کا عملی تجربہ کرنا ؛ کام کراکر دیکھنا -

p. - stick : دو لکڑیوں کی قینچی جس سے قواعد سکھانے والے قدم ناپتے ھیں ؛ قدم پیما -

(-) paced, *a.* : (-) قدم (مثلاً تیز قدم quick - paced)

Pace, *v. i. & t.* : (۱) چلنا ؛ آھستہ آھستہ چلنا ؛ ٹہلنا ؛ چہل قدمی کرنا - (۲) قدموں سے ناپنا (فاصلہ) - (۳) (گھوڑے کا) قدم چلنا - (۴) (کسی سوار کا یا کسی شخص کا) دوڑ میں آگے آگے رھنا تاکہ دوسرے تیز دوڑیں ؛ رفتار مقرر کرنا -

Pace, prep., p. tua, p. Smith : آپ گستاخی معاف کریں ' اسمتھ صاحب گستاخی معاف فرمائیں (یہ ایسے وقت آتا ھے جب کسی کے خلاف رائے ظاھر کرنی ھو) -

Pacer, *n.* : (۱) (pace کا اسم فاعل) چلنے والا وغیرہ - (۲) قدم باز ؛ قدم چلنے والا گھوڑا -

Pacha, *n.* : پاشا ؛ اُمرائے ترکی کا خطاب -

Pachisi, *n.* : پچیسی ؛ ھندوستان کا مشہور کھیل -

Pachyderm, *n.* : (۱) موٹی کھال کا چوپایہ ؛ خصوصاً سم دار چوپایہ جو جگالی نہیں کرتا مثلاً ھاتھی ' گھوڑا وغیرہ - (۲) ڈھیٹ ؛ دیر حس شخص (جس پر طعن وغیرہ کا اثر بہت کم یا بہت دیر میں ھو) -

pachydermatous, *a.* : موٹی کھال کا (چوپایہ) ؛ دیرحس -

Pacific, *a.* : (۱) صلح کا ؛ امن کا ؛ امن پسندانہ ؛ صلح جویانہ - (۲) صلح کل ؛ امن پسند -

The P. (Ocean) : بحرالکاہل -

pacifically, *adv.* : صلح جویانہ ؛ امن پسندانہ طریقے سے -

Pacification, *n.* : (۱) ٹھنڈا کرنا ؛ فرو کرنا (غصہ ' شورش وغیرہ) امن و امان قائم کرنا ؛ تالیف قلوب - (۲) معاھدۂ صلح ؛ صلح نامہ -

pacificatory, *a.* : مصالحت کا ؛ تالیف قلوب کا -

Pacificism, pacifism, *n.* : مذھب امن ؛ امن پسندی (یہ عقیدہ کہ دنیا میں جنگ کا خاتمہ کر دینا ضروری ھے اور ممکن بھی) -

Pacificist, pacifist, *nn.* : مذھب امن کا پیرو ؛ امن پسند -

Pacify, *v. t.* : ٹھنڈا کرنا ؛ فرو کرنا (غصہ ' شورش وغیرہ) ؛ امن و امان قائم کرنا ؛ تالیف قلوب کرنا -

Pack, *n.* : (۱) بقچہ ؛ پشتارہ ؛ گٹھری ؛ گٹھر ؛ پوٹ - (۲) مختلف اشیا کا پیمانہ ؛ گٹھا ؛ بار - (۳) مجموعہ ؛ انبار ؛ منڈلی - (۴) (شکاری کتوں ' بھیڑیوں کا) غول ؛ (پرندوں کا) جھنڈ - (۴) (رگبی ' فٹ بال) forward کھیلنے والے - (۵) تاش کی گڈی - (۶) برف کے تیرنے والے بڑے بڑے قطعے یا جزیرے (قطبین کے سمندر میں) - (۷) مچھلی ' پھل وغیرہ کی مجموعی مقدار جو ڈبوں میں بند کی جائے (ایک فصل یا ایک خاص میعاد میں) ؛ پارسلوں کی مجموعی مقدار -

p. - drill : فوجی سزا جس میں سپاھی کو پورا سامان جنگ لاد کر ٹہلنا پڑتا ھے -

p. - horse : لدو گھوڑا ؛ بار بردار گھوڑا -

packman : پھیری والا -

p. - saddle : خرجی -

packthread : سٹلی ؛ ڈوری -

Pack, *v. t. & i.* : (۱) باندھنا (سامان ' اسباب ' گھڑی ' پشتارہ ' پوٹ وغیرہ) - (۲) (سامان ' اسباب وغیرہ کا) بندھنا ؛ بندھ سکنا ؛ تہ ھونا ؛ تہ ھوسکنا ؛ لپیٹنا ؛ کسنا (بستر وغیرہ) ؛ تہ کرکے رکھنا ؛ چیزوں کو صندوق وغیرہ میں بند کرنا ' سنگوانا - (۳) (گوشت وغیرہ کو) ڈبوں میں بند کرنا - (۴) ٹھونس دینا ؛ کھچا کھچ بھر دینا - (۵) (جہاز رانی) سارے بادبان کھول دینا (p. on all sail) - (۶) کتوں کے غول بنانا - (۷) تاش کے پتوں کی گڈی بنانا - (۸) مجتمع ھونا ؛ ھجوم ھونا ؛ (جانوروں کا) غول یا جھنڈ بنانا - (۹) لپیٹنا ؛ باندھنا ؛ کسنا (کسی چیز سے) - (۱۰) (طبی) (جسم وغیرہ کو گیلے کپڑے میں) لپیٹنا - (۱۱) (صندوق یا تھیلے وغیرہ میں) کپڑے رکھنا ؛ بھرنا - (۱۲) جانور پر بوجھ لادنا - (۱۳) (اپنا سامان لے کر) بھاگ جانا ؛ گٹھری سمیت بھاگ کھڑا ھونا - (۱۴) انتخاب کرنا (جوری وغیرہ کا) تاکہ حسب منشا فیصلہ ھو -

p. (person) off : (کسی کو) بھیج دینا -

send a person packing : کسی شخص کو فوراً برطرف کردینا ؛ کھڑے کھڑے نکال دینا -

Package, *n.* : (۱) پشتارہ ' بقچہ ؛ گٹھری ؛ گٹھر ؛ بنڈل - (۲) صندوق ' بکس (جس میں سامان بندھا ھوا ھو) -

Packer, *n.* : (۱) باندھنے والا وغیرہ (Pack کا اسم فاعل) - (۲) وہ شخص جو گوشت پھل وغیرہ کو ڈبوں میں بھرتا ھے - (۳) گوشت وغیرہ ڈبوں میں بھرنے کی مشین -

Packet, *n.* : چھوٹا بنڈل ؛ چھوٹا پارسل ؛ پلندہ ؛ پیکٹ -

p. (-boat) : ڈاک کا جہاز یا کشتی -

Packing, *n.* : سامان وغیرہ باندھنا -

p. - needle : موٹا سوا ؛ تھیلے سینے کا سوا -

p. - sheet : (۱) بنڈل وغیرہ باندھنے کا کپڑا - (۲) گیلا کپڑا جو پانی کے علاج میں کام آتا ھے -

Pact, *n.* : عہد و پیمان ؛ معاھدہ ؛ عہد نامہ ؛ صلح نامہ -

P. of Locarno : دیکھو Locarno -

Pad *n.* : (۱) (عامیانہ) سڑک ؛ راہ ؛ شارع عام - (۲) سبک رو گھوڑا ؛ اسپ سبک خرام (P. -nag)

gentleman of the p., knight of the p. squire of the p. : قزاق ؛ رھزن -

Pad, *v. t & i.* : پیدل چلنا ؛ پیدل سفر کرنا -

p. it, p. the hoof : (عامیانہ) پیدل چلنا ؛ پیادہ سفر کرنا -

Pad, *n.* : (۱) زین ؛ (بے لکڑی کی) نرم کاٹھی - (۲) کاٹھی کا وہ حصہ جس میں زیر بند باندھتے ہیں - (۳) گدا ؛ گدی ؛ تکیہ - (۴) (کرکٹ وغیرہ میں جسم کو چوٹ سے بچانے کے) پیڈ - (۵) (خط کے کاغذ وغیرہ کا) پیڈ - (۶) (بعض چوپایوں کے) پیر کی نرم گدی؛ تلوا - (۷) (لومڑی اور خرگوش وغیرہ کا) پانجہ - (۸) آلات وغیرہ کا گدی دار خانہ -

Pad, *v. t.* : (۱) گدے کی تہہ دینا ؛ اندر گدا رکھنا - (۲) (جملے وغیرہ میں) بے کار الفاظ بھر دینا ؛ بھرتی کے الفاظ لانا ؛ حشو و زوائد بھر دینا -

padded cell : پاگل خانے کی وہ کوٹھی جس کی دیواروں میں گدوں کی تہہ ہوتی ہے تاکہ پاگل سر نہ ٹکرا لے -

padding *n.* : (۱) گدا وغیرہ (جس کی تہہ دی جائے) - (۲) بھرتی (کے الفاظ) -

Pad, *n.* : ایک ہلکی دہری ٹوکری (جو پھلوں وغیرہ کا پیمانہ ہے) -

Paddle, *n.* : (۱) بیلچہ - (۲) (کشتی چلانے کے) چپو - (۳) وہ تختہ جو جہاز چلانے کی چرخی میں لگا ہوتا ہے - (۴) بیلچے یا چپو کی شکل کا کوئی اوزار - (۵) (حیوانیات) مچھلی کا پر یا پنکھہ یا کچھوے وغیرہ کے پیر -

double p. : دو پھلا چپو -

p.-box : مندرجہ ذیل چرخی کے بالائی حصے کا ڈھکنا -

p.-wheel : جہاز چلانے کی چرخی جس کے محیط میں تختے لگے ہوتے ہیں اور پانی کو ڈھکیلتے ہیں -

Paddle, *v. i. & t. & n.* : (۱) (مچھلی کا پر یا پنکھہ سے) تیرنا - (۲) چپو سے کشتی چلانا - (۳) آہستہ آہستہ کشتی کھینا - (۴) کشتی کی کھوائی ؛ کشتی کھینے کی ایک باری -

p. one's *own canoe* : اپنی ناؤ آپ کھینا ؛ اپنا کام آپ کرنا -

Paddle, *v. i.* : (۱) اتھلے پانی میں پاؤں سے چھپ چھپ کرنا ؛ پانی میں کھیلنا - (۲) (کسی چیز پر) انگلیوں سے تھپ تھپ کرنا - (۳) بچوں کی طرح ڈگمگا کر چلنا -

Paddock, *n.* : (۱) چھوٹا سا میدان یا کھیت (خصوصاً وہ جو گھوڑ سال کے اندر ہو) - (۲) گھوڑ دوڑ کے میدان کا وہ حصہ جہاں دوڑنے سے پہلے گھوڑے جمع ہوتے ہیں-

Paddock, *n.* : (مقامی ، قدیم) مینڈک ؛ غوک -

Paddy, *n.* : (بول چال) آئرستان کا رہنے والا ؛ آئرستان کے باشندوں کا لقب -

Paddy, *n.* : دھان ؛ بن کٹے چاول-

Paddy, paddywhack, *nn.* : (بول چال) غصہ ؛ طیش -

Padishah, padshah, *n.* : باد شاہ (خصوصاً شاہ ایران ؛ اہل یورپ سلطان ترکی کو بھی کہتے ہیں -

Padlock, *n. & v. t.* : (۱) قفل-(۲) قفل لگانا؛ قفل بند کرنا؛ قفل کرنا -

Padre, *n.* : پادری -

Padrone, *n.* : (۱) بحر روم کے تجارتی جہاز کا کپتان - (۲) (عامیانہ) بحری و بری فوج - (۳) وہ اطالوی شخص جو بھیک منگے گویوں اور لڑکوں کو نوکر رکھ کر ان سے بھیک منگواتا ہے ؛ گداگری کا کاروبار کرنے والا - (۴) اطالوی مالک سرائے -

padronism, *n.* : گداگری کا کاروبار -

Paduasoy, *n.* : ابھری ہوئی دھاریوں کا ریشمی کپڑا جو اٹھارویں صدی میں بہت پہنا جاتا تھا -

Paean, *n.* : (۱) مناجات شکر ؛ نغمۂ شکر (اصل میں وہ بھجن جو یونانی دیوتا *Apollo* یا *Artemis* کی شان میں گایا جاتا تھا) - (۲) نغمۂ فتح -

Paederasty, pederasty, *n.* : امرد بازی ؛ لواطت -

Paedo-, pedo- : (جزو ترکیبی بمعنی) بچہ (جیسے *Paedobaptism* بچے کا بپتسمہ) -

Paeon, *n.* : (عروض) بیان (چار بول کا ایک رکن جس میں کسی ایک بول پر زور ہوتا ہے اور تین پر نہیں ہوتا) -

paeonic, *a.* : اس رکن کے متعلق ؛ بیانی -

Pagan, *n.* : (۱) غیراہل کتاب - (۲) تاریک خیال یا غیرشائستہ شخص-

pagandom *n.* : (۱) غیر اہل کتابی - (۲) غیر اہل کتاب کی جماعت یا دنیا -

paganism, *n.* : (۱) غیر اہل کتاب ہونا - (۲) تاریک خیالی -

paganish, *a.* : (۱) کافرانہ - (۲) تاریک خیال کا -

paganize, *v. t. & i.* : غیر اہل کتاب کے رنگ میں رنگنا یا رنگا جانا ؛ کافر بننا یا بنانا -

Page, *n.* : (۱) کم عمر خدمت گار عموماً وردی پوش جس کے ذمہ چھوٹے موٹے کام ہوتے ہیں - (۲) امرا کا کم عمر خدمتگار- (۳) (تاریخ) وہ لڑکا جو نائٹ (بانکا سردار) بننے کا امیدوار ہو اور اس امیدواری میں کسی نائٹ کی خدمت میں ہو -

p. of honour, of the presence : شاہی خاندان کے مختلف عہدہ داروں کے خطابات -

pagehood, pageship, *nn.* : خواص گری؛ خواص گری کا عہدہ -

Page, *n.* : (۱) صفحہ - (۲) وہ واقعہ جو صفحۂ تاریخ پر درج کرنے کے لائق ہو ؛ یادگار واقعہ -

Page, *v. t.* : صفحے ڈالنا؛ صفحوں کے نمبر ڈالنا -

Pageant, *n.* : (۱) شاندار جلوس یا تماشا ؛ پرشکوہ منظر - (۲) سوانگ (اسٹیج یا چلتی ہوئی گاڑی میں) - (۳) (مجازاً) محض دکھاوا ؛ خالی خولی تماشا -

Pageantry, *n.* : (۱) دھوم دھام ؛ طمطراق - (۲) محض دکھاوا ؛ خالی خولی تماشا -

Pagett, M. P., *n.* : وہ سیاح جو چند روز کے قیام میں کسی ملک کے مفصل حالات معلوم کرنا چاہتا ہو (کپلنگ کی تصنیف کا ایک کیرکٹر) -

Paginal, *a.* : (۱) صفحوں کا ؛ صفحوں کے متعلق - (۲) صفحہ وار؛ صفحہ بہ صفحہ -

paginary, *a.* : صفحہ وار -

Paginate, *v. t.* : صفحے لگانا ؛ صفحوں کے نمبر ڈالنا -

pagination, *n.* : صفحے لگانا ؛ صفحوں کے نمبر ڈالنا -

Pagoda, *n.* : (۱) مخروطی شکل کا مندر (ہندوستان ، چین وغیرہ میں) - (۲) مندر کی شکل کا کھلونا؛ مندر کی شبیہ - (۳) ایک سونے کا سکہ جو کسی زمانے میں جنوبی ہندوستان میں چلتا تھا ؛ پگوڈا -

p.-tree : (استعارتاً) پگوڈا کا درخت ؛ وہ فرضی درخت جس سے پگوڈا کے سکے جھڑتے ہیں -

shake the p.-tree : ہندوستان میں روپیہ بٹورنا ؛ بہت جلد روپیہ کمانا -

Pagurian, *a. & n.* : (۱) ایک قسم کا کیکڑا (*hermit-crab*) ؛

(۲) اس ٹیکڑے کے متعلق -

Pah, *int.* : (نجائیہ) (اظہار نفرت و حقارت کے لئے) آخ تھو ! لاحول ولا قوۃ -

Pha, *n.* : نیوزیستان کا دیسی قلعہ -

Paid : دیکھو Pay -

Pail, *n.* : (۱) گگرا ؛ دودھ وغیرہ کا لکڑی یا دھات کا برتن - (۲) پانی وغیرہ کی وہ مقدار جو ایک گگرے میں آ سکے -

pailful, *n.* : گگرا بھر -

Paillasso, palliasse, *n.* : پلنگ کا گدا (جس میں پیال یا خشک گھاس بھری ہو) -

Paillette, *n.* : (۱) کسی چمکدار دھات کا ٹکڑا جو مینا کاری میں کام آتا ہے - (۲) سلمہ ستارہ -

Pain, *n.* : (۱) دکھ ؛ درد ؛ تکلیف ؛ الم ؛ ایذا - (۲) (جمع) دردِ زہ - (۳) (جمع) زحمت ؛ محنت ؛ مشقت - (۴) سزا (مثلاً pp. & penalties) -

get (a thrashing &c.) for one's pp. : محنت کے صلے میں مار کھانا -

on p. of death, under p. of death : سزائے موت کے خطرہ میں پڑ کر -

p.-killer : دافع درد -

painstaking : محنتی ؛ محنت شعار ؛ جفا کش -

pp. and penalties : سزائیں -

take pp., to be at the pp. of (doing something) : زحمت گوارا کرنا ؛ مشقت اٹھانا ؛ محنت کرنا -

painful, *a.* : تکلیف رساں ؛ ایذا رساں ؛ تکلیف دہ ؛ پر درد -

painfully, *adv.* : تکلیف دہ طور پر ؛ اذیت کے ساتھ -

painfulness, *n.* : تکلیف دہ ہونا ؛ پر درد ہونا -

painless, *a.* : درد سے خالی ؛ جس میں درد بالکل نہ ہو ؛ بے تکلیف -

painlessly, *adv.* : بغیر تکلیف کے ؛ بغیر درد کے -

painlessness, *n.* : درد سے خالی ہونا ؛ بے تکلیف ہونا -

Pain, *v. t.* : تکلیف پہنچانا ؛ ایذا دینا ؛ اذیت دینا ؛ دکھ دینا ؛ دل دکھانا ؛ متالم کرنا -

Paint, *n.* : (۱) رنگ ؛ روغن - (۲) غازہ ؛ پوڈر -

luminous p. : دیکھو Luminous -

Paint, *v. t.* : (۱) رنگین یا روغنی تصویر کھینچنا ؛ تصویر اُتارنا ؛ شبیہ کھینچنا ؛ مصوری کرنا ؛ نقاشی کرنا - (۲) نقش و نگار بنانا ؛ نقش و نگار سے آراستہ کرنا (دیوار وغیرہ کو) - (۳) (کسی واقعے کی) لفظوں میں تصویر کھینچنا ؛ نقشہ کھینچنا - (۴) رنگنا ؛ رنگ کرنا ؛ روغن کرنا ؛ رنگ پھیرنا - (۵) غازہ ملنا ؛ پوڈر ملنا (چہرے پر) -

he is not so black as he is painted : وہ ایسا برا نہیں ہے جیسا دکھایا گیا -

Painted Lady : نارنجی رنگ کی تتلی جس پر سیاہ چتیاں ہوتی ہیں -

paint-out : کسی چیز کو مٹانے کے لیے اس پر رنگ پھیرنا -

p. the town red : (رنگ رلیوں سے) شہر میں ہنگامہ برپا کر دینا ؛ دھوم مچا دینا -

painting, *n.* : (۱) نقاشی ؛ مصوری - (۲) رنگ سازی -

(۳) تصویر ؛ نقش ؛ شبیہ -

Painter, *n.* : (۱) نقاش ؛ مصور - (۲) رنگ ساز -

p.'s colic : قولنج کا عارضہ جو اکثر رنگ سازوں کو سیسے سے کام کرنے کی وجہ سے ہوجاتا ہے -

paintress, *n.* : (۱) نقاشہ ؛ مصورہ - (۲) رنگ ساز عورت -

Painter, *n.* : (۱) وہ رسی جو کشتی کے اگلے حصے میں بندھی ہوتی ہے اور اسے جہاز سے اٹکانے کے کام آتی ہے -

cut the p. : (کسی نو آبادی کا مادر وطن سے) قطع تعلق کرنا -

Painty, *a.* : (۱) رنگ کا ؛ روغن کا - (۲) وہ تصویر جس پر زیادہ رنگ تھپ گیا ہو ؛ رنگ تھپی (تصویر) -

Pair, *n.* : (۱) جوڑا ؛ جوڑی ؛ جوڑ - (۲) انگریزی میں ان دو چیزوں کے لیے آتا ہے جو بالکل یکساں ہوں اور آپس میں جڑی ہوئی ہوں جیسے a p. of scissors یا جیسے a p. of trousers یعنی قینچی (اردو میں لفظ pair کا ترجمہ نہیں کرنا چاہئے) - (۳) وہ عورت مرد جن کی آپس میں نسبت یا شادی ہوگئی ہو ؛ ملکیتر جوڑا ؛ میاں بیوی - (۴) نر مادہ کا جوڑا - (۵) گھوڑوں کی جوڑی ؛ دو گھوڑے جو اکٹھے جتتے ہیں (مثلاً p. of horses) - (۶) (پارلیمنٹ کی اصطلاح میں) انتخابات میں دونوں امیدواروں کی طرف سے ایک ایک رائے دھندہ جو باہمی رضامندی سے غیر حاضر رہے ؛ غیر حاضر جوڑا (رائے دھندوں کا) (جیسے cannot find a p. جوڑا نہیں ملتا ' دوسری طرف کا کوئی شخص نہیں ملتا جو انتخاب میں غیر حاضر رہے) - (۷) ساتھ کی یا جوڑ کی چیز ؛ جوڑا ؛ جوڑی (جیسے the p. of this sock اس موزے کا جوڑا ' اس کے ساتھ کا موزہ) -

p.-horse : گھوڑوں کی جوڑی کا -

p.-oar : دو چپوؤں کی کشتی -

Pair, *v. t. & i.* : (۱) جوڑے یا جوڑیاں ملانا ؛ جوڑوں یا جوڑیوں میں تقسیم کرنا ؛ جوڑے یا جوڑیاں ملنا ؛ جوڑے یا جوڑیوں میں تقسیم ہونا - (۲) جوڑا ملانا یا ملنا ؛ (عاشق و معشوق یا دولھا دلھن کا) شادی کرنا ؛ شادی ہونا - (۳) (جانور کا) اپنا نر یا مادہ ڈھونڈ لینا ؛ جوڑا بنا لینا - (۴) (پارلیمنٹ) انتخابات میں دونوں امید واروں کی طرف سے ایک ایک رائے دھندہ کا باہمی رضامندی سے غیر حاضر ہونا - (۵) (بول چال) شادی کرنا -

p. off : (۱) دو دو الگ کرنا ؛ جوڑوں میں تقسیم کرنا - (۲) جوڑے بنا کر جانا - (۳) دو دو مل کر چلے جانا -

Pajamas, *n.* : دیکھو Pyjamas -

Pal, *n. & v. i.* : (۱) (عامیانہ) رفیق ؛ دوست - (۲) ملنا جلنا ؛ ساتھ اُٹھنا بیٹھنا ؛ صحبت میں رہنا -

p. up with : ملنا جلنا ؛ ساتھ اُٹھنا بیٹھنا ؛ صحبت میں رہنا -

Palace, *n.* : (۱) بادشاہ ' اسقف اعظم یا اسقف کی سرکاری قیام گاہ ؛ محل شاہی ؛ ایوان اسقف - (۲) عالی شان عمارت ' محل ایوان - (۳) شاندار ہوٹل ' تماشا گاہ وغیرہ -

gin-p. : دیکھو Gin -

p. car : ریل کا پر تکلف ڈبہ -

Paladin, *n.* : (۱) شارلیمین کے دربار کے بارہ سرداروں میں سے کوئی سردار - (۲) قرون وسطیٰ کا بانکا (نائٹ) جو مہم کی تلاش میں پھرا کرتا تھا ؛ جہاں گشت بانکا -

Palaeo-, Paleo- : یہ دونوں سابقے یونانی لفظ Palaios سے

مشتق ھیں بمعنی " قدیم "-

palaeoarctic: دنیائے قدیم کے شمالی حصے کے متعلق -

palaeocrystic: قدیم برف کا ؛ جو قدیم الایام سے منجمد ھے -

palaeography: کتبہ خوانی؛ قدیم کتبوں اور تحریروں کے پڑھنے کا فن -

palaeographer: کتبہ خواں -

palaeographic: کتبہ خوانی کا -

palaeolithic: قدیم حجری (عہد) ؛ (وہ عہد) جب پتھر کے بن گھڑے اوزار استعمال ہوتے تھے -

palaeontology: معدوم شدہ جانوروں اور پودوں کا علم؛ معدومیات-

palaeontological: معدومیاتی -

palaeontologist: ماہر معدومیات -

palaeothere: ایک معدوم شدہ جانور جو سور اور گینڈے دونوں سے مشابہ تھا -

palaeozoic: (۱) ابتدائی دور حیات کا ؛ حیات قدیم کے متعلق- (۲) طبقات ارض کے دور اولین کا -

Palaestra, palestra, *n.*: ورزش گاہ ؛ کشتی وغیرہ کی تربیت گاہ -

Palafitte, *n.*: وہ قبل تاریخ جھونپڑیاں جو سوئستان اور شمالی اطالیہ کی جھیلوں میں کھمبوں پر کھڑی کی گئی تھیں-

Palankeen, -nquin, *n.*: (۱) پالکی ؛ میانہ ؛ نلس- (۲) (بیبھا استعمال) پالکی گاڑی ؛ بند بگھی -

Palatable, *a.*: (۱) خوش ذائقہ ، خوش مزہ ؛ لذیذ ؛ مزے دار ؛ مزے کا - (۲) (مجازاً) مرغوب ؛ خوش گوار ؛ پسندیدہ -

palatably, *adv.*: خوش گوار طور پر وغیرہ -

Palatal, *a.* & *n.*: (۱) تالو کے متعلق ؛ تالو کا ؛ حنکی - (۲) (صوت) حنکی ؛ (وہ آواز) جو تالو سے نکلے -

Palate, *n.*: (۱) تالو ؛ حنک - (۲) مزہ ؛ ذائقہ - (۳) ذوق ؛ مذاق -

bony or *hard p.*: تالو کا اگلا حصہ -

soft p.: تالو کا پچھلا حصہ -

cleft p.: حنک مشقوق -

Palatial, *a.*: (۱) محل جیسا - (۲) عالیشان ؛ شاندار -

Palatinate, *n.*: خود مختار ریاست (وہ علاقہ جو count palatine کے زیر نگیں ہو) -

The (Rhine) P.: خود مختار ریاست (رھائن جو سلطنت جرمنی کی ایک قدیم ریاست ھے) جو count palatine کے زیرنگیں تھی -

Palatine, *a.* & *n.*: (۱) امیر مختار ؛ خود مختار رئیس ؛ وہ امیر جس کو اپنی قلمرو میں شاہی اختیارات حاصل ہوں (نیز Count P.)- (۲) زنانہ سموری گلوبند -

County P.: خود مختار ضلع (انگلستان میں اب لنکا شائر اور چے شائر ہیں)

Palatine, *a.* & *n.*: (۱) حنکی ؛ تالو کا - (۲) (جمع) تالو کی ہڈیاں -

p. bones: تالو کی ہڈیاں -

Palaver, *n.* & *v. i.* & *t.*: (۱) پنچایت ؛ مشورہ ؛ گفت و شنید (خصوصاً اہل افریقہ ، دوسری غیر متمدن قوموں اور تاجروں کے درمیان) - (۲) بکواس ؛ بک بک - (۳) خوشامد ، چاپلوسی ؛ تملق ؛ چرب زبانی - (۴) بکنا ؛ بک بک کرنا ؛ بکواس کرنا - (۵) خوشامد کرنا ؛ چاپلوسی کرنا ؛ روغن قاز ملنا ؛ چکنی چپڑی باتیں کرنا ؛ بہلانا ؛ پھسلانا -

Pale, *n.*: (۱) باڑ یا جنگلے کا ڈنڈا - (۲) احاطہ ؛ حدود - (۳) (نقابت) عمودی پٹی جو ڈھال کے بیچ میں ہوتی ھے -

beyond the p.: بیرون حدود ؛ حدود کے باہر -

within the p.: اندرون حدود ؛ حدود کے اندر -

the English P.: (تاریخ) آئرستان کا وہ علاقہ جو انگلستان کی قلمرو میں تھا -

Pale, *a.*: (۱) پیلا ؛ ہلکا زرد - (۲) ہلکے رنگ کا - (۳) ماند ؛ بے رونق ؛ پھیکا ؛ بے آب -

p.-face: زرد رو ؛ پیلے چہرے والا (کہا جاتا ھے کہ شمالی امریکہ کے دیسیوں نے یہ نام اہل یورپ و دیگر سفید رنگ والے اشخاص کے لئے رکھا ھے) -

palely, *adv.*: پیلے پن سے ؛ بے رونقی سے -

paleness, *n.*: پیلا پن ؛ بے رونقی ؛ ماند پن ؛ پھیکا پن -

Pale, *v. i.* & *t.*: (۱) پیلا ہو جانا ؛ پیلا پڑ جانا - (۲) (مجازاً) (کسی چیز کے سامنے) ماند ہو جانا ؛ بے آب ہو جانا ؛ پھیکا پڑ جانا ؛ بے رونق ہو جانا - (۳) پیلا کر دینا ؛ بے رونق یا بے آب کر دینا ؛ ماند کر دینا -

Paletot, *n.*: فرغل ؛ چوغہ (زنانہ یا مردانہ) -

Palette, *n.*: (۱) (مصور کی) رنگ کی تختی ؛ وہ تختی جس پر مصور رنگوں کی آمیزش کرتا ھے - (۲) وہ رنگ جو کوئی مصور عموماً یا کسی خاص موقع پر استعمال کرتا ھے -

p. knife: وہ چاقو یا چھری جس سے مصور رنگ ملاتے ہیں ؛ رنگ ملانے کی چھری -

Palfrey, *n.*: (قدیم ، شاعرانہ) زنانہ سواری کا گھوڑا -

Pali, *n.*: پالی ؛ پالی زبان ؛ وہ زبان جس میں بودھ مت کی دینی کتابیں ہیں -

Palikar, *n.*: یونانی اور البانی بے قاعدہ فوج کا سپاہی (خصوصاً اس فوج کا جس نے یونان کی جنگ آزادی میں حصہ لیا تھا) -

Palimpsest, *n.* & *a.*: (۱) وہ کاغذ وغیرہ جس کی اصل عبارت مٹ گئی ہو یا مدھم ہو گئی ہو اور اسی کے اوپر دوسری عبارت لکھی گئی ہو - (۲) ایسا عمل کیا ہوا (کاغذ وغیرہ) -

Palindrome, *n.* & *a.*: مقلوب مستوی ؛ مقلوب؛ وہ لفظ یا شعر جو الٹ کر پڑھنے سے بھی جوں کا توں رھے -

palindromic, *a.*: صنعت تقلیب میں ؛ صنعت تقلیب کا -

Paling, *n.*: جنگلہ ؛ کٹہرا ؛ باڑ -

Palingenesis, *n.*: (۱) (لغوی اور مجازی معنی میں) نئی زندگی پانا یا بخشنا ؛ احیا - (۲) تجدید ؛ ازسرنو اٹھنا یا اٹھانا ، رواج دینا یا رواج پانا - (۳) (حیاتیات) آبائی خصوصیات کا بجنسہ عود کرنا -

palingenetic, *a.*: آبائی خصوصیات کے عود کے متعلق -

Palinode, *n.*: وہ نظم جس میں شاعر اپنی کسی گذشتہ نظم کے خیالات کی تردید کرے ؛ اپنی نظم کا رد -

Palisade, *n.* & *v. t.*: (۱) جنگلہ ؛ باڑ ؛ کٹہرا - (۲) (فوج) مضبوط چوب یا لٹھا - (۳) جنگلہ لگانا ؛ کٹہرا لگانا ؛ باڑ لگانا -

Palish, *a.*: کسی قدر پیلا ؛ پیلا سا ؛ زردی مائل -

Pall, *n.*: (۱) جنازے کی چادر ؛ تابوت کی چادر ؛ قبر کی چادر

(یہ کپڑا عام طور پر سیاہ ' سفید یا ارغوانی مخمل کا ہوتا ہے)- (۲) (مجازاً) چوغہ ؛ چغہ ؛ جبہ - (۳) پوپ وغیرہ کا جبہ ؛ اونی پوشاک جو پوپ اور بعض معائد کلیسا پہنتے ہیں -

p.-bearer : جنازے کا چادر بردار؛ وہ شخص جو تابوت کی چادر کا کونہ پکڑ کر جنازے کے ساتھہ چلے -

Pall, *v. i. & t.* : (۱) بے کیف ہوجانا ؛ بد حظ ہوجانا ؛ بے لطف ہوجانا ؛ بے مزہ ہوجانا - (۲) (غذا کی زیادتی یا زیادہ مٹھاس وغیرہ کا) طبیعت کو بد حظ کردینا ؛ بد مزہ کردینا ؛ منہ پھیر دینا -

p. up(on) : بد حظ ہوجانا ؛ بے مزہ ہوجانا ؛ بے لطف ہوجانا -

Palladian, *a.* : پالادی طرز کی ؛ نقلی کلاسیکی طرز کی (یہ طرز سولہویں صدی میں اطالوی ماہر تعمیر پالادی اونے ایجاد کیا تھا)-

Palladium, *n.* : (۱) پالادیم ؛ پالاس کا بت (اس کے متعلق یہ عقیدہ تھا کہ شہر ٹرائے کی بقا و بہبود اس پر منحصر ہے) - (۲) حفاظت کی تدبیر ؛ تحفظ کا ذریعہ -

Palladium, *n.* : پلادیم ؛ پلاٹینم کی ایک سفید اور سخت دھات -

Pallet, *n.* : گدا (جس میں پیال یا خشک گھاس بھری ہو) -

Pallet, *n.* : (۱) تھاپی (جس سے کمہار وغیرہ کام لیتے ہیں) - (۲) رنگ کی تختی (جس پر مصور رنگوں کی آمیزش کرتا ہے)- (۳) مشین میں وہ پرزہ جو پہیے کی حرکت بدلنے کے کام آتا ہے؛ پالک - (۴) ارگن باجے کا کہل منڈن -

Palliasse, *n.* : دیکھو Paillasse -

Palliate, *v. t.* : (۱) (مرض میں) تخفیف کرنا ؛ تسکین پہنچانا - (۲) (توجیہ وغیرہ سے) جرم کو خفیف ثابت کرنا ؛ در گذر کے قابل قرار دینا -

palliation, *n.* : مرض میں تخفیف ؛ تسکین ؛ جرم کو خفیف ثابت کرنا -

Palliative, *a. & n.* : (۱) (مرض میں) تخفیف پیدا کرنے والی یا مسکن ؛ شدت کو کم کرنے والی (تدبیر یا دوا) - (۲) جرم کو خفیف ثابت کرنے والی -

Pallid, *a.* : پیلا ؛ ہلکا زرد ؛ ماند ؛ بے رونق ؛ پھیکا -

pallidly, *adv.* : پیلے پن سے ؛ بے رونقی سے ؛ پھیکے پن سے -

pallidness, *n.* : پیلا پن ؛ ماند پن ؛ پھیکا پن -

Pallium, *n.* : (۱) مستطیل چوغہ یا فرغل (خصوصاً جو یونانی پہنا کرتے تھے) ؛ یونانی چوغہ - (۲) اسقف اعظم کا جبہ - (۳) گھونگے وغیرہ کی وہ تہ جو کھال کی طرح ہوتی ہے -

Pall-mall, *n.* : (۱) گیند چھڑ (ایک کھیل کا نام) (ایک لمبی بلی میں ایک چھلا لٹکا کر اس کے اندر سے گیند کو گزارتے ہیں)-

P. M. : (۱) لندن کی مشہور سڑک جس پر بہت سے کلب واقع ہیں - (۲) دفتر امور جنگ (جو پہلے اس سڑک پر واقع تھا)-

Pallor, *n.* : (۱) پیلا پن ؛ ہلکی زردی - (۲) ماند پن ؛ بے رونقی ؛ پھیکا پن -

Palm, *n.* : (۱) کھجور ' نخل یا اس قسم کا کوئی درخت - (۲) کھجور کی شاخ جو فتح کی علامت ہے - (۳) کمال؛ امتیاز؛ انعام یا تمغہ جو اس کے صلے میں دیا جائے - (۴) دوسرے درختوں کی شاخیں جو شمالی ممالک میں کھجور کی شاخوں کی جگہہ استعمال ہوتی ہیں (خصوصاً Palm Sunday کے موقع پر) -

bear the p. : غالب آنا ؛ کمال حاصل کرنا ؛ امتیاز حاصل کرنا ؛ انعام وغیرہ پانا -

p. -oil : (۱) کھجور وغیرہ کا تیل - (۲) (عامیانہ) رشوت ؛ زر رشوت -

P.Sunday : عید نصح ؛ ایسٹر سے پہلے کا اتوار ؛ کھجور والا اتوار (اس روز حضرت مسیح یروشلم میں داخل ہوے تھے ' اب تک وہاں جلوس نکلتے ہیں اور ان میں کھجور کی شاخیں ہاتھہ میں لے کر شریک ہوتے ہیں) -

yield the p. to : مغلوب ہونا ؛ (کسی کے مقابلے میں) کمتر ٹھیرنا ؛ انعام وغیرہ نہ پانا ؛ ہار ماننا -

palmaceous, *a.* : کھجور کی قسم کا ؛ نخلی -

Palm, *n.* : (۱) ہتیلی ؛ کف دست - (۲) دستانے کی ہتیلی (وہ حصہ جو ہتیلی سے مشابہ ہوتا ہے) - (۳) ہتیلی کے برابر چوڑائی (کوئی ۳ انچ) اور لمبائی (کوئی ۸ انچ) بطور پیمانے کے-

grease a person's p. : مٹھی گرم کرنا ؛ رشوت دینا -

(-) palmed, *a.* : (-) ہتیلی کا -

palmful, *n.* : ہتیلی بھر -

Palm, *v. t.* : (۱) چکمہ دینا ؛ دھوکا دینا ؛ (p.off) (کسی شخص کو دھوکا دے کر) ایک چیز کی جگہہ دوسری چیز دے دینا؛ ایک چیز کے نام سے دوسری چیز دے دینا ؛ دھوکے سے گلے منڈھ دینا - (۲) (تاش کے پتوں یا کعبتین کو) ہاتھہ میں چھپانا - (۳) ہتیلی سے چھونا - (۴) رشوت دینا ؛ مٹھی گرم کرنا -

Palma Christi, *n.* : ارنڈ کا درخت ؛ درخت بید انجیر -

Palmar, *a.* : ہتیلی کا ؛ جو ہتیلی میں ہو -

Palmary, *a.* : سب پر فائق ؛ سب میں کامل ؛ ممتاز -

Palmate,-ated, *a.* : ہتیلی کی شکل کا ؛ ہتیلی جیسا ؛ کف نما -

Palmer, *n.* : (۱) وہ زائر جو بیت المقدس کی زیارت سے فارغ ہوکر آتا ہے اور کھجور کی شاخ اپنے ساتھہ لاتا ہے - (۲) درویش راہب (جو ہمیشہ سفر میں رہتا ہے) - (۳) (نیز p. -worm) بال‌دار تتلی جو پودوں وغیرہ کو نقصان پہنچاتی ہے- (۴) بال والا مصنوعی کیڑا جو مچھلی کے چارے کے طور پر استعمال ہوتا ہے -

Palmetto, *n.* : (۱) ایک قسم کی چھوٹی کھجور - (۲) نخلک (fan-palm) -

Palmiped,-pede, *a. & n.* : جھلی پیرا (ج) ؛ جھلی دار جڑے ہوئے پنجوں کا (پرندہ) -

Palmistry, *n.* : (۱) نواسعالید ؛ ہتیلی سے غیب کا حال بتانا ؛ ہاتھہ دیکھنا -

palmist, *n.* : ماہر نواسعالید ؛ ہاتھہ دیکھنے والا -

Palmy, *a.* : (۱) نخلی ؛ کھجور کا ؛ نخل نما ؛ نخل صفت ؛ جہاں کھجور کثرت سے ہوں ؛ پر نخل - (۲) خوش حالی کا ؛ کامرانی کا ؛ ترقی کا -

p. days : خوش حالی کا زمانہ؛ کامرانی کا زمانہ؛ عروج کا زمانہ -

Palmyra, *n.* : پالمیرا ؛ بوریا کھجور ؛ پنکھیا کھجور ؛ ایک جوڑے پتوں کی کھجور جو ہندوستان اور لنکا میں ہوتی ہے اور اس کے پتوں سے چٹائی بنی جاتی ہے -

Palp,palpus (pl.-*pi*), *nn.* : کیڑوں کا وہ عضو جس سے وہ چیزوں کو چھوتے ہیں ؛ کیڑوں کی سونڈ یا مونچھہ -

palpal, *a.* : کیڑوں کی سونڈ کا -

Palpable, *a.* : (۱) محسوس ؛ قابل حس ؛ قابل لمس ؛ جس کو چھو سکیں - (۲) کھلی ہوئی صریحی ؛ صاف ؛ پیش پا افتادہ

palpability, *n.* : (۱) محسوسیت ؛ قابل حس ہونا - (۲) صریحی ہونا ؛ پیش پا افتادہ -

palpably, *adv.* : (۱) محسوس طور پر ؛ قابل حس طور پر ؛ ظاہر طور پر ؛ صریحاً -

Palpate, *v. t.* : ہاتھ لگانا ؛ چھونا (خصوصاً طبی معائنے میں کسی شے کو ہاتھ سے چھوکر دیکھنا) -

palpation, *n.* : (طبی معائنے میں) ہاتھ سے چھوکر دیکھنا -

Palpebral, *a.* : جفنی ؛ آنکھ کے پپوٹے کے متعلق -

Palpitate, *v. i.* : (۱) دھڑکنا ؛ دھک دھک کرنا (دل کا) ؛ چلنا ؛ جنبش کرنا (نبض کا) - (۲) لرزنا ؛ تھرانا ؛ تھرتھرانا ؛ کانپنا (خوف سے) ؛ اچھلنا ؛ پھڑک اٹھنا (خوشی سے) -

Palpitation, *n.* : (۱) دھڑکن ؛ دھک دھک ؛ جنبش ؛ لرزش - (۲) اختلاج ؛ اختلاج قلب ؛ (دل کی) دھڑکن -

Palsgrave, *n.* : خود مختار رئیس ؛ امیر مختار -

Palstave, *n.* : ایک قسم کا برنجی یا سنگی رندا (جس کے دستے میں شگاف ہوتا ہے اور اس میں پھل لگا ہوتا ہے) -

Palsy, *n. & v. t.* : (۱) وہ بیماری جس میں جسم کا کوئی حصہ شل ہوجاتا ہے مثلاً فالج ؛ لقوہ وغیرہ - (۲) (استعارتاً) بے بسی کی حالت - (۳) شل کر دینا ؛ بے کار کر دینا (عموماً استعارتاً آتا ہے) -

Palter, *v. i.* : (۱) گول گول بات کہنا ؛ سخن سازی کرنا - (۲) حجت کرنا ؛ جھگڑنا ؛ تکرار کرنا (کسی بات پر) ؛ (کسی مسئلے کو) سطحی گفتگو میں ٹال دینا ؛ لایعنی باتوں میں اڑادینا -

Paltry, *a.* : حقیر ؛ ادنیٰ ؛ بے حقیقت ؛ ہیچ پوچ ؛ معمولی سا ؛ خفیف سا ؛ یونہیں سا -

paltriness, *n.* : بے حقیقتی ؛ حقیر یا ادنیٰ ہونا -

Paludal, *a.* : (۱) دلدلی ؛ دلدل کا - (۲) جہاں ملیریا کی کثرت ہو -

Paly, *a.* : (شاعرانہ) پیلا سا ؛ زردی مائل -

Pam, *n.* : حکم کا غلام (خصوصاً پچ پتیا 100 کے کھیل میں) -

Pampa, *n.* (usu. pl) : (جنوبی امریکہ) دریائے امیزن کے جنوب کا بے شجر بیابان ؛ پمپا -

p. -grass : پمپا گھاس ؛ ایک قسم کی بڑی گھاس جو جنوبی امریکہ سے یورپ آئی تھی -

Pamper, *v. t.* : زیادہ لاڈ سے ناز ونعمت میں پال کر بگاڑ دینا ؛ خراب کر دینا ؛ عادت بگاڑ دینا -

pampered menial : (حقارت کے موقع پر) پیٹ بھرا نوکر یا خدمتگار -

Pampero, *n.* : وہ ٹھنڈی ہوا جو کوہ (*Andes*) اینڈیز سے اوقیانوس کی طرف چلتی ہے -

Pamphlet, *n.* : پمفلٹ ؛ مختصر غیر مجلد رسالہ (خصوصاً مسائل حاضرہ کے متعلق) -

Pamphleteer, *n. & v. i.* : (۱) پمفلٹ لکھنے والا ؛ پمفلٹ باز - (۲) پمفلٹ لکھنا -

Pan, *n.* : (۱) طاس ؛ پرات ؛ بڑا کر چھا یا طاس یا اسی شکل کا کوئی اور برتن جس میں چیزیں گرم کی جاتی ہوں - (۲) رنجک دان ؛ بندوق کا پیالہ (قدیم طرز کی بندوقوں میں ہوتا تھا) - (۳) کم گہرا گڑھا -(۴) سطح مٹی کی تہہ یا پیڑی(نیز hard-p.) -

brain p. : دیکھو Brain -

flat as a pancake : بالکل چپٹا -

pancake : (۱)ایک طرح کا میٹھا چلا؛پان کیک -(۲) (عامیانہ) طیارے کا ہموار سطح میں رہ کر سیدھا نیچے اترنا -

salt p. : دیکھو Salt -

stew-p. : دیکھو stew -

warming-. : دیکھو warm -

Panful, *n.* : پان بھر ؛ کڑ چھابھر ؛ طاس بھر -

Pan, *v. t. & i., P. off, out* : سونا ملی مٹی کو طاس میں رکھ کر دھونا -

p. out: (۱) سونا نکلنا - (۲) (استعارتاً) کامیاب ہونا؛ چل جانا-

Pan, *n.* : (۱) پان ؛ عالم فطرت یا عالم طبیعی کا یونانی دیوتا -

(۱) روح فطرت ؛ عالم طبیعی کی روح - (۳) وثنیت ؛ قبل مسیحی دنیا ؛ دنیائے جاہلیت -

Pan- : سابقہ جو یونانی *p.ts pantos* کے مساوی ہے جس کے معنی ہیں " سب " -

pan-African : ہمہ افریقی ؛ کل اہل افریقہ کا -

pan-Anglican : ہمہ انگلیکی ؛ انگلستان کے کلیسا کی کل شاخوں کا -

pan-Anglican conference : ہمہ انگلیکی کانفرنس -

pan-cosmism : دہریت ؛ مادیت -

pan-genesis : نظریۂ تناسل اجزا ؛ یہ نظریہ کہ جسم نامی کا ہر جز علیحدہ علیحدہ اپنا مثل پیدا کرتا ہے -

pan German : جرمن نسل کے لوگوں کے سیاسی اتحاد کے متعلق ؛ اتحاد المانی کا -

pan hellenism : اتحاد یونانی کا -

pan-islam : اتحاد اسلامی -

pan-islamic : اتحاد اسلامی کا -

pan logistic : معقولیت کائنات کے نظریہ کا -

pan-logism : معقولیت کائنات ؛ ہیگل کا نظریہ کہ صرف معقول اشیا حقیقی وجود رکھتی ہیں

pan slavism : اتحاد سلافی -

pan-spermatism,-spermy : نظریہ جرثومیت ؛ یہ نظریہ کہ کرۂ ہوائی غیر مرئی جراثیم سے معمور ہے جو موافق ماحول میں نشو و نما پاتے ہیں -

Panacea, *n.* : ہر مرض کی دوا ؛ اکسیر اعظم -

Panache, *n.* : (۱) کلغی (پروں کا کچھا جو ٹوپی وغیرہ میں ہو) - (۲) (استعارتاً) طمطراق ؛ ٹھاٹھ ؛ شیخی ؛ اکڑ -

Panada, *n.* : ڈبل روٹی کا میٹھا -

Panama, *P. hat* or *p.* : ایک طرح کی ہیٹ جو ایک درخت کی پتیوں سے بنتی ہے -

Pancratic, *a.* : (۱) کشتی مکے کے متعلق ؛ کشتی مکے کا - (۲) (بصریات) (عینک کا شیشہ) جس کی قوت بہت گھٹائی بڑھائی جاسکے؛ مختلف قوتوں کا -

Pancratium, *n.* : (قدیم یونان) زور آزمائی کا مقابلہ جس میں کشتی اور مکا بازی ساتھ ساتھ ہوتی تھی ؛ مکا کشتی -

pancratiast, pancratist, *nn.*: کشتی مکا لڑنے والا -

Pancreas, *n.* : عنق الطحال ؛ لبلبہ -

pancreatic, *a.* : عنق الطحال کا ؛ متعلق لبلبہ -

Panda, *n.* : ریچھ کی قسم کا ایک چھوٹا سا گوشت خور جانور جو ہمالیہ کی چوٹیوں اور تبت کے میدانوں میں پایا جاتا ہے ؛ ریچھ بلی -

Pandean, -aean, *a.* : پان دیوتا (*Pan*) کا -

P. pipe : = Pan-pipe

Pandect, *n.* (usu. pl.) : (۱) قوانین رومی کا خلاصہ جو قیصر جسٹی نین کے حکم سے چھٹی صدی عیسوی میں پچاس جلدوں میں مرتب کیا گیا -

Pandemic, *a.* & *n.* : (وہ بیماری) جو سارے ملک میں یا دنیا بھر میں پھیلی ہوئی ہو ؛ عالم گیر وبا -

p. venus, pandemian venus : دیکھو venus -

Pandemonium, *n.* : (۱) مسکن شیاطین - (۲) اندھیر نگری ؛ وہ مقام جہاں ظلم و جور کا دور دورہ ہو - (۳) وہ مقام جہاں بےحد غل شور ہو ؛ مچھلی بازار - (۴) طوفان بے تمیزی ؛ گڑ بڑ -

Pander, *n.* & *v. i.* & *t.* : (۱) قرم ساق ؛ بھڑوا ؛ دلال ؛ کٹنا - (۲) برے کاموں میں مدد دینے والا ؛ شہ دینے والا - (۳) برے کاموں میں مدد دینا - (۴) (ادنی جذبات کو) بھڑکانا ؛ شہ دینا - (۵) کٹنا پا کرنا ؛ دلالی کرنا -

Pandit, *n.* : پنڈت -

Pandora, -dore, *n.* : ستار کی قسم کا باجا -

Pandora's box, *n.* : (۱) پانڈورا کا صندوق (یونانی اساطیر کی روسے پنڈورا یہ صندوق بہشت سے اپنے ساتھ لائی تھی اور اس میں تمام چیزیں جو انسان کو مرغوب ہیں بند تھیں ؛ غلطی سے یہ صندوق کھول دیا گیا اور سب چیزوں نے دنیا میں پھیل کر انسانوں میں آفت برپا کر دی صرف امید صندوق کے اندر رہ گئی) -

Pandour, -oor, *n.* (pl.) : غارتگر خونخوار سپاہیوں کی فوج جو سنہ ۱۷۴۱ ع میں بیرن ٹرینک نے فراہم کی تھی اور جو آگے چل کر آسٹروی سپاہ میں ضم ہوگئی تھی -

Pane, *n.* : (۱) کھڑکی کے ایک خانے کا شیشہ - (۲) خانہ (کسی رنگ برنگ شطرنجی وضع کی چیز کا) -

paneless, *a.* : بے شیشہ ؛ بے خانہ -

Pane, *v. t.* : رنگ برنگ شطرنجی وضع کا بنانا ؛ رنگ برنگ چو خانے کا بنانا -

Panegyric, *n.* & *a.* : (۱) مدح ؛ مدح کی تقریر ؛ مدحیہ عبارت ؛ مدحیہ نظم ؛ قصیدہ - (۲) مدح کی ؛ مدحیہ -

panegyrical, *a.* : مدحیہ -

Panegyrize, *v. t.* : مدحیہ تقریر کرنا ؛ مدح لکھنا ؛ مدح سرائی کرنا ؛ قصیدہ لکھنا -

panegyrist, *n.* : قصیدہ گو ؛ مدح گو ؛ قصیدہ خواں ؛ مدح خواں -

Panel, *n.* : (۱) پالان ؛ خوگیر - (۲) ایک قسم کی کاٹھی - (۳) چرمی کاغذ کا ٹکڑا - (۴) فہرست ارکان جوری - (۵) اہل جوری ؛ ارکان جوری - (۶) ان ڈاکٹروں کی فہرست جو *Insurance Act* کے ماتحت آنے والے مریضوں کا علاج کرتے ہیں (*on the p.* وہ ڈاکٹر جس کا نام اس فہرست میں ہو) - (۷) زائد تختہ یا پٹی (جو دروازے یا دیوار کے چوبی حاشیے پر اوپر سے یا اندر سے جڑی ہو) - (۸) زنانے لباس میں دوسرے قسم یا رنگ کا کپڑا جو پورا یا لگایا جائے - (۹) بڑی لمبوتری تصویر -

Panel, *v. t.* : (۱) پالان یا زین رکھنا (گھوڑے وغیرہ پر) - (۲) زائد تختہ یا پٹی لگانا (دیواروں یا دروازوں کے اوپر یا اندر) - (۳) (زنانہ لباس میں) دوسرے رنگ یا دوسری قسم کے کپڑے کا جوڑ دینا (آرائش کے لئے) -

panelling, *n.* : (۱) پالان - (۲) زائد تختہ یا پٹی - (۳) دوسرے کپڑے کا جوڑ -

Pang, *n.* : (۱) درد کی ٹیس - (۲) فوری اور شدید صدمہ یا دھچکا -

Pangolin, *n.* : ایک قسم کا مور خور جانور جس کے بدن پر مچھلی کے سے کھپرے ہوتے ہیں -

Panic, *n.*: (*Italian millet*) مختلف قسم کی گھاس کا نام جن میں باجرا گھاس شامل ہے -

Panic, *a.* & *n.* : (۱) (خوف وغیرہ) بے جا ؛ بے بنیاد ؛ شدید - (۲) (بے بنیاد) خوف ؛ ہول ؛ دہشت - (۳) عام خوف ؛ دہشت جو دفعتاً پھیل جائے -

p. -monger : خوفناک خبریں اڑانے والا -

panicky, *a.* : (بول چال) دہشت زدہ -

Panicle, *n.* : (نباتیات) گچھیا ؛ چھوٹا گچھا -

Panification, *n.* : روٹی پکانا -

Panjandrum, *n.* : (۱) (طنزیہ خطاب) خانخاناں کی دم - (۲) دون کی لینے والا عہدہ دار - (۳) چھوٹا مدعی امارت -

Pannage, *n.* : (۱) سوروں کی چرائی - (۲) سور چرانے کا حق - (۳) سور چرانے کی اجرت - (۴) سور کھاجا -

Panne, *n.* : لمبے روئیں کا ملائم کپڑا -

Paunier, *n.* : (۱) دھری جڑی ہوئی ٹوکری - (۲) بلند ٹوکری جس میں (*ambulance*) ایمبولینس کے آلات جراحی رکھے جاتے ہیں - (۳) دامن جو کمر سے لپیٹ لیا جائے -

Pannier, *n.* : (بول چال *Inner Temple*) کا جبہ پوش بیرا -

Pannikin, *n.*: (۱) کٹورا ؛ کٹوری - (۲) کٹورا بھر ؛ کٹوری بھر چیز -

Panoply, *n.* : (۱) مکمل زرہ بکتر - (۲) (استعارتاً) حفاظت کا پورا سامان -

panoplied, *a.* : زرہ بکتر سے آراستہ -

Panopticon, *n.* : گول قید خانہ (بینتھم کی تجویز تھی کہ قید خانے گول بنائے جائیں جن میں چاروں طرف قیدیوں کی کوٹھریاں ہوں اور بیچ میں پہرہ داروں کے رہنے کا گول صحن ہو) -

Panorama, *n.* : (۱) سیر بین کی تصویر ؛ پھرنے والی تصویر ؛ مسلسل موقع - (۲) منظر جو مسلسل نظر کے سامنے سے گزر رہا ہو ؛ منظر مسلسل - (۳) گرد و پیش کے مناظر

panoramic, *a.* : مسلسل ؛ سیر بین کا سا -

panoramically, *adv.* : مسلسل موقع کی صورت میں -

Pan -pipe, *n.* : منہ سے بجانے کا ارگن باجا -

Pansy, *n.* : ایک پودا جس میں رنگ برنگ کے پھول آتے ہیں -

Pant, *v. i.* & *n.* : (۱) ہانپنا ؛ سانس پھولنا ؛ دم چڑھنا - (۲) (استعارتاً) آرزو میں تڑپنا ؛ تمنا رکھنا ؛ آرزو رکھنا - (۳) زور زور سے اچھلنا یا دھڑکنا - (۴) ہانپ ہانپ کے کہنا - (۵)

ھانپنا - (۱) دھڑکن ؛ دھک دھکی -

Pant- : (سابقہ) panto کی وہ شکل جو حرف علت سے پہلے آتی ھے -

Pantagruelism, *n.* : بھونڈا مذاق ؛ پھکڑ مذاق -

pantagruelian, *a.* : بھونڈا ؛ پھکڑ -

pantagruelist, *n.* : بھونڈا مذاق کرنے والا ؛ پھکڑ -

Pantalet(te)s, *n.* pl. : (۱) پاجامے کی طرح کا زنانہ کپڑا ؛ زیر جامہ - (۲) سائکل سواری کا نیکر -

Pantaloon, *n.* : (۱) اطالوی کومیڈیا (طربیہ ڈرامے کا) ایک کیرکٹر ؛ اب اس شخص کو کہتے ھیں جو سوانگ میں مسخرے کے ساتھ ھوتا ھے اور اس کا تختۂ مشق بنتا ھے ؛ مسخرے کا تختۂ مشق - (۲) (تاریخ) (واحد یا جمع) برجس نما پتلون -(۳) (امریکا) (اب زیادہ تر *pants* کہتے ھیں) ؛ پتلون -

Pantechnicon, *n.* : فرنیچر کا گودام ؛ فرنیچر کی دوکان -

p. van : فرنیچر کی گاڑی -

Pantheism, *n.* : (۱) وحدت وجود کا عقیدہ ؛ ھمہ اوست کا عقیدہ ؛ وجودیت -(۲) دیوتاؤں کی پرستش ؛ اصنام پرستی

pantheist, *n.* : وحدت وجود کا قائل ؛ وجودی ؛ عقیدۂ ھمہ اوست کا قائل ؛ کل دیوتاؤں کا ماننے والا -

panthistic(al), *aa.* : وحدت وجود نما ؛ وجودیت کا وجودی وغیرہ -

Pantheon, *n.* : (۱) پین تھی ان ؛ سب دیوتاؤں کا مندر ؛ خصوصاً روما کا گول مندر جس میں دیوتاؤں کی پرستش ھوتی تھی - (۲) کسی قوم کے کل دیوتا مجموعی حیثیت سے - (۳) مشاھیر کا مقبرہ ؛ مشاھیر کی یادگار - (۴) لندن کی تماشا گاہ جو سنہ ۱۷۷۲ع میں قایم ھوئی -

Panther, *n.* : چیتا ؛ تیندوا ؛ پلنگ -

pantheress, *n.* : چیتے کی مادہ ؛ مادۂ پلنگ -

Pantile, *n.* : پین ٹائل؛ ترچھا ٹائل یا کھپڑا جس میں مقعب شکل کا خم ھوتا ھے -

Pantisocracy, *n.* : وہ معاشرہ یا قوم جس میں سب کا درجہ مساوی ھو اور سب حکومت میں شریک ھوں ؛ ھر شخصی حکومت (ج) -

Panto- : (سابقہ) یونانی لفظ (pas pantos) کے مترادف ھے جس کے معنی ھیں " سب " " ھمہ " (حرف علت سے پہلے o گرجاتا ھے)-

pantologic : علم کُل کے متعلق ؛ ھمہ داں کا -

pantology : علم کُل؛ ھمہ دانی -

pantomorphic : جو سب شکلیں اختیار کر سکے ؛ ھمہ شکلی ؛ ھر شکلی (ج) -

pantopragmatic : (شخص) ؛ ھر کام میں دخل دینے والا (شخص) ؛ ھر دیگی چمچہ -

pantoscopic : بسیار بین ؛ وسیع دائرۂ نظر کا -

Pantograph, *n.* : نقل نگار ؛ ایک آلہ جس سے نقشے وغیرہ کی ھر سائز کی نقل ھوسکتی ھے -

pantographic, *a.* : نقل نگار کا ؛ اس آلے کا -

Pantomime , *n & v.t. & i.* : (۱) (تاریخ) رومی ایکٹر جو چپ سوانگ (dumb show) میں کام کرتا تھا ؛ چپ سوانگ کا ایکٹر - (۲) (انگلستان) وہ ڈراما جس کے ساتھ مزاحیہ نقل ، سوانگ اور ناچ بھی ھوتا ھے - (۳) چپ سوانگ یا تماشا - (۴) اشاروں سے سوانگ کھیلنا ؛ اشاروں میں باتیں کرنا ؛ اشاروں میں ادا کرنا (کوئی مطلب) -

pantomimic, *a.* : اشاروں کی گفتگو کا ؛ چپ سوانگ کا یا اس کی طرح کا -

pantomimist, *n.* : چپ سوانگ کا ایکٹر ؛ اشاروں میں باتیں کرنے والا -

Pantry, *n.* : (۱) وہ کوٹھری جس میں کھانے پینے کی چیزیں رکھی جاتی ھیں ؛ کھانے کی چیزوں کی کوٹھری ؛ نعمت خانہ - (۲) برتنوں (وغیرہ) کی کوٹھری - (*butler's p.*, *housemaid's p.*) -

pantry man : باورچی یا اس کا مدد گار -

Pants, *n.* pl. : (سوقیانہ) (۱) (امریکا) پتلون - (۲) (کار و بار) چست پاجامہ جو پتلون کے اندر پہنتے ھیں ؛ زیر جامہ -

Pap, *n.* : (۱) (قدیم) عورتوں کی بھٹنی ؛ سر پستان - (۲) اسی طرح کا نشان جو مردوں کی چھاتی پر ھوتا ھے - (۳) (جمع) پہاڑ کی مخروطی چوٹیاں جو پہلو بہ پہلو ھوں ؛ پہاڑ کی چھاتیاں -

Pap, *n.* : (۱) نرم غذا ؛ پتلی کھچڑی وغیرہ جو بچوں یا مریضوں کے لئے پکتی ھے - (۲) بھورتا -

pappy, *a.* : نرم ؛ ملائم ؛ رقیق ؛ نیم رقیق ؛ گودا سا -

Papa, *n.* : ابا ؛ ابا جان (عموماً بچے باپ کو کہتے ھیں) -

Papacy, *n.* : (۱) پوپ کی میعاد کار گزاری یا میعاد حکومت - (۲) نظام پا پائی -

Papal, *a.* : (۱) پوپ کا ؛ پا پائی ؛ پا پاے اعظم کا - (۲) منصب پا پائی کا ؛ پا پائی -

papalism, *n.* : نظام پا پائی کی حمایت -

papalist, *n.* : نظام پاپائی کا حامی -

papalize, *v. t. & i.* : (۱) پا پائی بنانا؛ پوپ کے اثر یا اقتدار میں لانا- (۲) نظام پا پائیت کی حمایت میں ھونا؛ اس کے اصولوں کو ماننا یا اس میں عقیدہ رکھنا -

papally , *adv.* : پا پائی طور پر -

Papaverous, *a* : خشخاش نما ؛ خشخاشی ؛ خشخاش کا -

papaveraceous, *a.* : خشخا شیہ -

Papaw, *n.* : (۱) پپیتا ؛ ارنڈ خربوزہ ؛ پپیا؛ جنوبی امریکہ کا ایک درخت جس کی شاخوں ؛ پتوں اور پھل سے سفید دودھ نکلتا ھے اور جو گوشت کو گلا دیتا ھے - (۲) (امریکا) شمالی امریکہ کا درخت جس کے پتے ارغوانی اور پھل لمبوترا ھوتا ھے اور کھانے کے کام آتا ھے -

Paper, *n.* : (۱) کاغذ ؛ قرطاس - (۲) تمسک ؛ ھنڈی وغیرہ - (۳) زر کاغذی ؛ نوٹ وغیرہ- (۴) (عامیانہ) تھیٹر وغیرہ کا پاس- (۵) (جمع) کاغذات متعلق تشخص جہاز یا آدمی ؛ پروانۂ راھداری وغیرہ - (۶) استحان کا پرچہ - (۷) اخبار - (۸) مضمون؛ مقالہ (جو کسی علمی مجلس میں پڑھا جاے) -

commit to p. : لکھ لینا ؛ ٹانک لینا ؛ قلمبند کرلینا -

on p. : مفروضے کے طور پر ؛ نظری حیثیت سے ؛ اعداد شمار وغیرہ کی بناپر -

p.-bag cookery : کھانا وغیرہ کے پکانے کا وہ طریقہ جس میں کاغذ کی مکھن چپڑی ھوی تھیلی میں سامن وغیرہ بھر کر تنور کے اندر دھیمی آگ پر پکاتے ھیں -

p. chase : کاغذی دوڑ (ایک دوڑ ھے جس میں ایک شخص یا کئی شخص سراغ کے طور پر میلوں تک تھوڑے فاصلے سے کاغذ

کے پرزے بکھیرتے جاتے ہیں اور دوسرے ان کا تعاقب کرتے ہیں -

p currency : زر کاغذی -

p.-hanger: وہ شخص جو دیوار پر کاغذ لگاتا ھے -

p.-hangings, wall-p. : دیوار پر لگانے کا کاغذ ؛ دیواری کاغذ -

p.-knife : کاغذ تراش ؛ کاغذ کاٹنے کی چھری -

p.-mill : کارخانۂ کاغذ سازی ؛ کاغذ بنانے کا کارخانہ -

p. money: زر کاغذ ؛ بنک کے نوٹ -

p. profits: فرضی منافع ؛ مفروضہ منافع -

p.-stainer : کاغذ رنگنے والا ؛ دیواری کاغذ بنانے والا -

p.-weight : کاغذ داب (ج) ؛ کوئی بھاری چیز جو کاغذوں کو اُڑنے سے محفوظ رکھنے کے کام آے -

p. war, p. warfare : کاغذی جنگ ؛ وہ لڑائی جو کتابوں یا اخباروں کے ذریعے سے ھو -

put pen to p. : قلم اٹھانا ؛ لکھنا شروع کرنا -

send in one's *pp* : استعفا داخل کردینا -

Paper, *v.t.* : (۱) کاغذ میں رکھنا ؛ کاغذ میں لپیٹنا یا بند کرنا - (۲) کاغذ لگانا ؛ کاغذ پہنچانا - (۳) کاغذ سے آراستہ کرنا ؛ (دیوار وغیرہ کو) کاغذ سے سجانا - (۴) (تھیٹر وغیرہ) بہت سے پاس تقسیم کر کے (نشستوں کو) بھر دینا -

Papier mache, *n.* : گتّی ؛ سانچے میں ڈھلا کچلا ہوا کاغذ (جس کی کشتیاں، صندوق وغیرہ بنتے ہیں) -

Papilionaceous, *a.* : (نباتیات) تیتریا (ج) (جس کا چہرہ تیتری یا تتلی جیسا ھو) -

Papilla, *n.* (pl. *-ae*) : (۱) پھنسی یا سرِ پستان کی شکل کا کوئی دانہ وغیرہ - (۲) (نباتیات) گومڑا -

papillary, papillate, *aa.* : گومڑے یا پھنسی دار ؛ گومڑے یا پھنسی کا -

papillose, *a.* : (نباتیات) پھنسی دار -

Papist, *n.* : (۱) پوپ کے اقتدار کامل کا حامی ؛ پوپ پرست - (۲) رومن کیتھولک عیسائی (حقارت کے لئے آتا ھے) -

papistic(al), *aa.* : حامیانِ پوپ کا ؛ پوپ پرستی کا ؛ کیتھولک مذھب کا -

papistically, *adv.* : حامیانِ پوپ کے طریقے سے ؛ پوپ پرستی سے -

papistry, *n.* : حمایتِ پوپ ؛ پوپ پرستی -

Papoose, *n.* : شمالی امریکہ کے اصلی باشندوں کا بچہ -

Papoosh,-ouche, *n.* : پاپوش -

Pappus, *n.* : (نباتیات) وہ روئیں یا ریشے جو Thistles وغیرہ کے بیج پر ھوتے ھیں ؛ ریشک -

pappose, *a.* : ریشک دار -

Papula,-ule, *nn.* (pl. -lae, -les). : (۱) مہاسا ؛ گومڑا - (۲) (نباتیات) چھالا ؛ آبلہ -

papular, *a.* : گومڑے کا -

papulose, papulous, *aa.* : گومڑے دار -

Papyraceous, *a.* : (تاریخ موالید) کاغذی (کاغذ سا باریک) -

Papyro-: (سابقہ) یونانی لفظ Papuros سے مشتق ھے جس کے معنی ھیں ' کاغذ ' -

papyrograph: کاغذی نقل گیر (جس میں stencil کے ذریعے کاغذات کی نقل کی جاتی ھے) -

papyrography, papyrotype: کاغذی طباعت (جس میں تصویروں کو کاغذ کے ذریعے جست کی تختی پر منتقل کرتے ھیں) -

Papyrus, *n.* : (۱) پپیرس ؛ نرسل کی قسم کا درخت جو پانی میں ھوتا ھے - (۲) پپیرس کے بنے ھوے ورق جن پر قدیم مصری لکھا کرتے تھے ؛ اوراقِ پپیرس - (۳) کوئی تحریر یا کتاب جو اوراقِ پپیرس پر ھو ؛ مخطوطۂ پپیرس -

Par, *n.* : (۱) برابری ؛ مساوات ؛ مساوی درجہ یا مرتبہ - (۲) معمولی مقدار یا حالت یا درجہ ؛ مساوات (نرخ تبادلات کی شرح وغیرہ میں) -

above p. : مساوات سے اوپر -

at p. : مساوات میں -

below p. : مساوات سے نیچے -

on a p. (with) : برابر ؛ مساوی -

p. of exchange : مساوات شرح مبادلہ -

Par, *n.* : (بول چال) پیرا (پیراگراف کا مخفف) -

Para - : (سابقہ) یونانی لفظ بمعنی ' ادھر ' آگے ' ماورا ' جن الفاظ کے ساتھ لگتا ھے ان میں ' بے قاعدہ ' یا ' ناجائز ' کے معنی پیدا کرتا ھے -

Para - : (سابقہ) اطالوی لفظ Parare کا امر ھے جس کے معنی ھیں کسی چیز سے بچانا ' پناہ دینا (مثلاً parasol) -

Parabasis, *n.* (pl. - bases) : خطابی ؛ یونانی طربیہ ڈرامے کا وہ حصہ جس میں شاعر حاضرین سے خطاب کرتا ھے -

Parable, *n.* : (۱) وہ حکایت جس میں کوئی اخلاقی یا روحانی حقیقت بیان کی جاے ؛ اخلاقی حکایت - (۲) وہ قصہ جس میں تمثیل یا استعارے کے پیرائے میں کوئی بات بیان کی جاے ؛ مثالیہ ؛ مجازیہ - (۳) (قدیم) معما ؛ پر اسرار قول -

take up one's *p.*: (قدیم) تقریر شروع کرنا ؛ داستان شروع کرنا -

Parabola, *n.* : (شکل) شلجمی ؛ قطعۂ مکافی -

Parabolic (al), *aa.* : (۱) اخلاقی حکایت کا ؛ تمثیلی ؛ مثالیہ (allegory) کا ؛ مثالیہ کے رنگ کا - (۲) شلجمی نما ؛ شلجمی کا -

parabolically, *adv.* : مثالیہ اخلاقی حکایات کے ذریعے سے ؛ مثالیہ کے طور پر ؛ مثالیہ کے ذریعے سے -

Paraboloid, *n.* : مجسم شلجمی نما -

p. of revolution : وہ شلجمی نما جو شکل شلجمی اپنے محور پر گھوم کر بناتی ھے -

Parachronism, *n.* : زمانی غلطی ؛ تاریخی غلطی (کسی واقعے کا زمانہ یا تاریخ غلط بتانا) -

Parachute, *n.* : پاراشوٹ ؛ محافظ چھتری (جس کی مدد سے انسان بلندی سے خصوصاً ھوائی جہاز سے کود کر بہ حفاظت زمین پر پہنچتا ھے) -

parachutism, *n.* : محافظ چھتری کی مدد سے کودنا -

parachutist, *n.* : محافظ چھتری کی مدد سے کودنے والا -

Paraclete, *n.* : فار قلیطا (یہ روح القدس کا خطاب ھے) (انجیل یوحنا باب ۱۴ ' آیات ۱۶ و ۲۶ وغیرہ) ؛ شفیع -

Parade, *n.* : (۱) نمائش ؛ اظہار ؛ نمود - (۲) پریڈ ؛ پریٹ ؛ فوجی قواعد ؛ فوجی مظاہرہ - (۳) قواعد کا میدان ؛ پریڈ کا

میدان ؛ قواعد گاہ ۔ (۴) چوک ؛ خیابان ؛ سڑک (سڑکوں کے نام کا جز ہوتا ہے) ۔

make a p. of one's *virtues*: اپنے محاسن کی نمائش کرنا۔

Parade, *v. t. & i.*: (۱) فوج کو جمع کرنا یا گزارنا(معائنے کے لئے یا پریڈ وغیرہ کے لئے) ۔ (۲) نمائش کرنا ؛ دکھاتے پھرنا ۔ (۳) مظاہرہ کرتے ہوئے گذرنا (سڑکوں سے) ۔

Paradigm, *n.*: مثال ؛ نمونہ ؛ نقشہ (خصوصاً اسم و فعل کی گردان کا) ۔

paradigmatic, *a.*: گردان یا تصریف کے نقشے کا یا اس کے متعلق ۔

Paradise, *n.*: (۱) جنت عدن ؛ باغ عدن ۔ (۲) فردوس ؛ جنت ؛ بہشت ؛ باغ ارم ؛ باغ رضوان ۔ (۳) روحانی مسرت یا سعادت؛ وہ جگہ جہاں روحانی مسرت حاصل ہو ۔ (۴) وہ باغ جس میں جانور رکھے جاتے ہیں؛ جانور خانہ؛ چڑیا خانہ (جو باغ میں ہو)۔

bird of p.: نیوگنی کا طاؤس ۔

earthly p.: باغ عدن ؛ جنت عدن ۔

fool's p.: بہشت بےوقوف ؛ جنت الحمقا ۔

paradisaic(al) *aa.*: بہشتی؛بہشت کا؛بہشت جیسا؛فردوسی؛جنتی۔

paradisean, *a.*: = Paradisaic

paradisiac(al), *a.*: = Paradisaic

paradisial, paradisian, *aa.*: = Paradisaic

paradisic (al) *aa.*: = Paradisaic

Parados, *n.*: قلعے کا پشتہ ؛ خندق کا پشتہ ۔

Paradox, *n.*: (۱) اُلٹی بات ؛ وہ بات جو کسی مسلمہ خیال کے خلاف ہو۔ (۲) بیان جو بظاہر مہمل معلوم ہو لیکن درحقیقت صحیح ہو (مثلاً *It is therefore no p. to say that in some case the strength of a kingdom doth consist in the weakness of it*) ۔ (۳) (بظاہر) مہمل بات ؛ قول متناقض ؛ قول محال ۔ (۴) وہ شخص یا چیز جس کا وجود عام خیال کے مطابق نا ممکن ہو ؛ محال مجسم ۔

hydrostatic p.: دیکھو Hydrostatic ۔

paradoxer, *n.*: محال یا متناقض بات کرنے والا ۔

paradoxist, *n.*: paradoxes کا استعمال کرنے والا ۔

paradoxicality, *n.*: تناقض ؛ متناقض ہونا ۔

paradoxical, *a.*: متناقضانہ ۔

paradoxically, *adv.*: متناقض طور پر ۔

Paradoxy, *n.*: = Paradox (۲) - (۱) تناقض؛ متناقض ہونا ۔

Paradoxure, *n.*: ایک جانور جس کی بڑی لمبی خم دار دم ہوتی ہے ؛ کبھورر بلاؤ (ج) (*pam-cat*)۔

Paraffin, *n. & v. t.*: (۱) پیرافین(ایک بےرنگ اور بےبو کی چکنی چیز جو پیٹرول وغیرہ کو صاف کر کے بنائی جاتی ہے) ۔ (۲) پیرافین استعمال کرنا ؛ پیرافین ڈالنا ۔

p. oil.: پیرافین کا تیل ۔

Paragoge, *n.*: کسی لفظ میں حرف یا بول کا اضافہ ؛ ازدیادحرفی۔

paragogic(al), *aa.*: ازدیادی ۔

Paragon *n. & v. t.*: (۱) معیار کمال؛ کامل نمونہ (کسی چیز کا) ۔ (۲) مجموعۂ کمالات ؛ تمام خوبیوں کا مجموعہ ؛ خیر مجسم ؛ مجسم اخلاق وغیرہ ۔ (۳) ۱۰۰ قیراط کا مکمل ہیرا ۔ (۴)

(شعر) مقابلہ کرنا ؛ تشبیہ دینا ۔

Paragraph, *n. & v. t.*: (۱) پیرا؛ عبارت کا ایک مکمل ٹکڑا؛ قلم۔ (۲) پیرا گراف کا نشان (¶) اب عموماً حوالہ دینے میں کام آتا ہے ۔ (۳) (اخبار) علحدہ خبر وغیرہ جس کا کوئی عنوان نہ ہو ؛ بے عنوان کی خبر یا نوٹ ؛ پیرا گراف ۔ (۴) کسی شخص یا چیز کے متعلق اخبار میں پیرا گراف لکھنا ۔ (۵) (مضمون کو) پیروں میں تقسیم کرنا ۔

paragrapher,paragraphist, *nn.*: پیرا گراف لکھنے والا ؛ بے عنوان کی مختصر خبریں لکھنے والا ۔

paragraphy, *n.*: پیرا گراف لکھنا ؛ بے عنوان کی مختصر خبریں لکھنا ۔

paragraphic, *a.*: پیرا گراف کا ؛ پیرا کا ۔

paragraphically, *adv.*: پیرا یا پیراگرافوں کے لحاظ سے ۔

Paraguay, *n.*: پیرا گوے کی چائے ۔

Paraheliotropism, *n.*: (نباتیات) نور میلان ؛ یعنے پودوں کا یہ میلان کہ روشنی کے متوازی اپنے پتے پھیر دیتے ہیں ۔

paraheliotropic, *a.*: نور میلانہ ۔

Parakeet, oquet, *n.*: لمبی دم کا ٹُرٹیاں ؛ ایک قسم کا چھوٹا طوطا جس کی لمبی دم ہوتی ہے ؛ لم دما طوطا ۔

Parakite, *n.*: (۱) محافظ پتنگ (ایک قسم کا پتنگ جو محافظ چھتری parachute کا کام دیتا ہے) ۔ (۲) بے دم چی کا پتنگ جو سائنس کے تجربات میں کام آتا ہے

Paralipsis,-leipsis, *n.*: ترک تاکیدی ؛ تاکید بالترک (کسی چیز کے بیان کو ترک کرنے کا وعدہ کر کے اسے اور نمایاں کردینا) ۔

Parallax, *n.*: (۱) اختلاف منظر (مقام نظر یا نقطۂ نظر بدلنے سے کسی چیز کا اپنی جگہ سے ہٹتے ہوئے نظر آنا۔ (۲) اختلاف منظر کا زاویہ ۔

parallactic, *a.*: اختلاف منظر کا ؛ اختلاف منظر کے متعلق۔

Parallel, *a. & n.*: (۱) متوازی ۔ (۲) مشابہ ؛ مماثل ۔ (۳) خط متوازی ۔ (۴) (فوج) متوازی خندق (جو مورچے وغیرہ کے متوازی ہو جس پر حملہ کرنا مقصود ہے) ۔ (۵) مثل ؛ نظیر (وہ شخص یا چیز جو ہو بہو کسی اور شخص یا چیز سے مشابہ ہو) ۔ (۶) متوازی موقع یا جگہ ۔ (۷) مقابلہ ۔

draw a p. between two things: دو چیزوں کا مقابلہ کرنا ۔

p. bars: گھوڑی (جس پر ورزش کرتے ہیں) ۔

p. of latitude: (خط) عرض البلد ۔

p. ruler: متوازی خط کش ؛ متوازی رول ۔

Parallel, *v. t. & i.*: (۱) دو چیزوں میں مشابہت یا مماثلت دکھانا ؛ مقابلہ کرنا ؛ تشبیہ دینا ۔ (۲) مثال یا نظیر ڈھونڈھنا یا پیش کرنا ؛ مقابلے میں پیش کرنا ۔ (۳) متوازی ہونا ؛ مثل یا نظیر ہونا ؛ مد مقابل ہونا ۔

Parallelepiped, *n.*: مجسم متوازی السطوح

Parallelism, *n.*: متوازیت ؛ متوازی ہونا ۔

Parallelogram, *n.*: متوازی الاضلاع ؛ شکل متوازی الاضلاع (مربع و مستطیل) ۔

p. of forces: قوتوں کا متوازی الاضلاع ۔

Paralogism, *n.*: (۱) غیر منطقی استدلال (خصوصاً جس کا احساس استدلال کرنے والے کو نہ ہو) ۔ (۲) مغالطہ ۔

paralogize, *v. i.* : استدلال میں غلطی کرنا ؛ ناقص دلیل پیش کرنا ؛ مغالطہ کہانا ۔

Paralyse *v. t.* : (۱) شل کردینا ؛ فالج زدہ کرنا ؛ مفلوج کرنا ؛ لقوہ مار جانا (جسم کے کسی حصے کو) ۔ (۲) (استعارتاً) بیکار کردینا ؛ بے دست و پا کردینا ؛ نکما کردینا ؛ معذور کردینا ۔

paralysation, *n.* : (۱) شل ہو جانا یا کر دینا ؛ فالج یا لقوے کا اثر ۔ (۲) بیکار ' بے دست و پا کردینا یا ہو جانا ۔

Paralysis, *n.* : (۱) جسم کے کسی حصے کا شل ہوجانا ؛ فالج ؛ لقوہ ۔ (۲) (استعارتاً) مردنی سی ؛ بے بسی کی حالت؛ معذوری کی حالت ؛ اپاہج کی سی حالت ۔

Paralytic, *a. & n.* : (۱) مشلول ؛ مفلوج؛ فالج زدہ ؛ لقوہ زدہ ؛ لنجا ۔ (۲) بے دست و پا ؛ اپاہج ؛ معذور ؛ نکما ۔

paralytically. *adv.* : مشلول یا مفلوج کی طرح ؛ اپاہج کی طرح ؛ بے دست و پائی سے ؛ نکمے پن سے ۔

Paramagnetic, *a.* : (۱) جومقناطیس قطبین کی طرف کھینچنے کی صلاحیت رکھتا ہو ؛ قطبی مقناطیسی ۔

paramagnitism, *n.* : قطبی مقناطیسیت ۔

Paramatta, *n.* : پرمٹا ؛ ایک قسم کا ھلکا کپڑا جو نفیس ملائم اون میں سوت یا ریشم ملا کر بنا یا جاتا ھے [سب سے پہلے شہر پرمٹا (نیو ساؤتھ ویلز) میں تیار ھوا تھا]

Parameter, *n.* : (ریاضی) وہ مقدار جو زیر غور صورت میں متعین ھو مگر اور صورتوں میں غیر متعین ھو ۔

Paramo, *n.* : *(pl.-os)* : بلند اور بے شجر سطح مرتفع جو جنوبی امریکہ کے گرم خطوں میں پائی جاتی ھے ۔

Paramount, *a.* : (۱) (سیاسی مرتبے یا اقتدار میں) اعلیٰ ؛ سب سے بڑا؛ سب سے برتر ۔ (۲) خاص ؛ غیر معمولی ؛ انتہائی۔ (۳) (مرتبے یا اقتدار میں) برتر ۔

lord p., lady, p. : مقتدار اعلیٰ ؛ فرمانروا ۔

paramountcy, *n.* : (۱) اقتدار اعلیٰ ؛ سیاسی اقتدار میں برتر ھونا ۔ (۲) غیر معمولی ھونا ۔

paramountly, *adv.* : (۱) مقتدر اعلیٰ یا فرماں روا کی حیثیت سے ۔ (۲) غیر معمولی طور پر ؛ بے انتہا ۔

Paramour, *n.* : (۱) یار ؛ آشنا ؛ وہ شخص جس کا کسی عورت سے نا جائز تعلق ھو ۔ (۲) آشنا ؛ وہ عورت جس کا کسی مرد سے ناجائز تعلق ھو ۔

Parang, *n.* : ملایا کا بھاری چھرا (جو فلات میں رہ جاتاھے) ۔

Paranoia,-noea, *n.* : خلل دماغ ؛ مالیخولیا خصوصاً اس قسم کا جس میں انسان اپنے آپ کو بہت بڑا آدمی سمجھتا ھے ؛ اپنی بڑائی کا مالیخولیا

Parapet, *n.* : (۱) نیچی دیوار جو چھت' برآمدے وغیرہ کی منڈیر پر ہوتی ھے ۔ (۲) (فوج) دمدمہ ؛ مورچہ ؛ دمس

parapeted, *a.* : دمدمہ دار ؛ جس کے آگے نیچی دیوار ھو ۔

Paraph, *n.* : دستخط کی کشش ؛ قلم کی کشش جو دستخط کے آخر میں ھوتی ھے (ابتدا میں جعل سازی سے محفوظ رہنے کے لئے اختیار کی گئی تھی) ۔

Paraphernalia, *n. pl.* : (۱) ذاتی اسباب یا سامان ؛ وہ چیزیں جو کسی شخص کے ذاتی استعمال میں ھوں ۔ (۲) (کسی چیز کے) آلات وغیرہ ؛ ساز و سامان ؛ لوازم ۔ (۳) (سابق معنی) شادی شدہ عورت کا ذاتی سامان(جوقانوناً اس کی ملک تسلیم کیاجاتاتھا)۔

Paraphrase, *n. & v. t.* : (۱) (عبارت کا) مطالب؛ تشریح؛ توضیح۔ (۲) بائبل کی منظوم تفسیر کا کوئی باب (یہ تفسیر اسکاچستان کے کلیسا میں رائج تھی) ۔ (۳) عبارت کا مطلب یا مفہوم بیان کرنا ۔

paraphrastic, *a.* : توضیحی ۔

paraphrastically, *adv.* : توضیح کے طور پر ۔

Paraplegia, *n.* : پیروں کا اور پورے یا آدھے دھڑ کا فالج ؛ نیچے کے دھڑ کا فالج ۔

paraplegic, *a.* : جس کے نیچے کے دھڑ پر فالج گرا ھو ۔

Parasang, *n.* : فرسنگ (تقریباً $3\frac{1}{2}$ میل کا ھوتا ھے) ۔

Paraselene. *n.* : ماہ کاذب؛ وہ روشن داغ جو چاند کے ھالے میں نظر آتا ھے ۔

Parasite, *n.* : (۱) کاسہ لیس ؛ طفیلی ؛ لیموں نچوڑ ۔ (۲) طفیلی پودا ؛ طفیلی کیڑا (جو دوسرے پودے یا کیڑے سے غذا حاصل کرتا ھو) ۔ (۳) (بیجا استعمال) بیل وغیرہ؛ وہ پودا جو کسی اور پودے پر یا دیوار پر چڑھ جاتا ھے ۔

parasitic(al). *a.* : طفیلی ۔

parasitism, *n.* : (۱) کاسہ لیسی ۔ (۲) طفیلیت ۔

parasitology, *n.* : طفیلی کیڑوں یا پودوں کا علم ۔

Parasiticide, *n.* : طفیلی کش ؛ وہ چیز جو طفیلی کیڑوں یا پودوں کو ھلاک کرتی ھے ۔

Parasitize, *v. t.* : طفیلیوں سے بھر دینا ۔

Parasol, *n.* : زنانہ چھتری ؛ چھوٹی چھتری ۔

Parasynthesis, *n.* : لفظ کا کسی مرکب سے مشتق ھونا ۔

parasynthetic, *a.* : مرکب سے مشتق۔

Parataxis, *n.* : کئی فقروں کا بغیر حرف ربط سادہ ساتھ آنا ۔

paratactic, *a.* : بے حرف ربط کے ملا ھوا؛ تصریفی طورپر ملاھوا ۔

paratactically. *adv.* : تصریفی طور پر ۔

Paratyphoid, *n.* : نقلی ٹائیفائڈ؛ نقلی تپ میعادی (کوئی بخار جو تپ میعادی سے اس قدر مشابہ ھو کہ بغیر جراثیم خون کے معائنے کے فرق نہ معلوم ھو) ۔

Paravane, *n.* : سرنگ کاٹنے کا آلہ (ایک آلہ جو دریا کے اندر دورتک لٹکا کر کھینچاجاتا ھے اور سرنگوں کی زنجیریں کاٹ دیتاھے) ۔

Parboil, *v. t.* : (۱) نیم جوش کرنا ؛ قدرے اُبالنا ۔ (۲) (استعارتاً) بہت زیادہ جوش دلا دینا ؛ بہت بھڑ کا دینا ۔

Parbuckle, *n. & v. t.* : (۱) ڈول پھندا (ج) ؛ وہ رسی جسے بیچ میں کسی چیز سے باندھ دیتے ھیں اور دونوں سروں کو گول پیپوں اور اسی شکل کی چیزوں میں لپیٹ کر انہیں نیچے لٹکاتے یا اوپر کھینچتے ھیں ۔ (۲) ڈول پھندے سے نیچے لٹکانا یا اوپر کھینچنا ۔

Parcel, *n. & adv.* : (۱) (قدیم) حصہ ؛ ٹکڑا ؛ جز ۔ (۲) قطعۂ زمین ؛ قطعۂ اراضی ۔ (۳) پارسل ؛ چیزوں کی کپڑے یا کاغذ وغیرہ میں باندھی ھوئی گٹھڑی ؛ بھنگی ۔ (۴) (تجارت) مال کی ایک کھیپ ایک چالان ۔ (۵) (متروک) کسی قدر ؛ جزوی طور پر ۔

part and p. : دیکھو part ۔

p. gilt : جس کے ایک حصے میں سونے کا ملمع ھو (خصوصاً پیالہ وغیرہ) جس میں اندر کی طرف سونے کا ملمع ھو ۔

p. post : پارسل پوسٹ ؛ ڈاکخانے کی وہ شاخ جس سے پارسل بھیجے جاتے ھیں ۔

Parcel, *v. t.* : (۱) حصے بخرے کرنا ۔ حصوں میں تقسیم کرنا (۲) (جہاز رانی) (رسی پر) کرمچ کی دھجیاں لپیٹنا - (۳) درز بند کرنا (کرمچ کے ٹکڑوں اور رال سے) ۔ (*p.out*) -

Parcelling, *n.* : (۱) parcel کا حاصل مصدر - (۲) تار کول لگی کرمچ کی دھجیاں (جو جہاز کی رسیوں پر لپیٹی جاتی ہیں) -

Parcenary, *n.* : مشترکہ وراثت ؛ شرکت در وراثت -

Parcener, *n.* : شریک وراثت ؛ شریک ارث -

Parch, *v. t. & i.* : (۱) (مٹر وغیرہ کو) تھوڑا سا بھوننا ؛ نیم بریاں کرنا - (۲) (گرمی کا آدمی کو) جھلس دینا ؛ (پیاس کا) حلق میں کانٹے ڈال دینا ؛ خشک کر دینا - (۳) بھوننا - (۴) (پیاس سے) حلق میں کانٹے پڑجانا ؛ خشک ہو جانا ۔

Parchment, *n.* : (۱) چرمی کاغذ ؛ جھلی (جو لکھنے کے کام آئے) - (۲) چرمی کاغذ یا جھلی پر لکھا ہوا مسودہ یا مخطوطہ - (۳) جھلی کی طرح کا چھلکا خصوصاً کافی بن کا چھلکا -

  parchmenty, *a.* : چرمی کاغذ کا -

Pard, *n.* : (قدیم) چیتا ؛ تیندوا

Pard, *n.* : (عامیانہ خصوصاً امریکا) شریک ؛ ساجھی ؛ ساتھی -

Pardon, *n.* : (۱) معافی (خطا یا جرم سے) - (۲) (کلیسا) عفوگناہ (*indulgence* =) - (۳) وہ جشن جس میں گنہ گار کو معافئ سزا (*indulgence*) عطا کی جائے ؛ جشن عفوگناہ - (۴) (قانون) سزا معاف کرنا یا ہونا ؛ معافی -

  general p. : عام معافی (سب جرموں کی یا سب مجرموں کی) -

  I beg your p. : (۱) خطا معاف ؛ قصور معاف - (۲) معاف فرمائیے میں نے سنا نہیں -

Pardon, *v. t.* : (۱) معاف کرنا ؛ بخش دینا ؛ درگزر کرنا - (۲) معذور سمجھنا ؛ معذور رکھنا ؛ معذرت قبول کرنا ۔

  pardonable, *a.* : قابل معافی ؛ لائق درگذر ؛ قابل عفو -

  pardonableness, *n.* : قابل درگذر ہونا

  pardonably, *adv.* : قابل عفو طور پر -

Pardoner, *n.* : (تاریخ) وہ شخص جسے کلیسا کی طرف سے لوگوں سے روپیہ لے کر اُن کے گناہ معاف کر دینے کی اجازت ملی ہو -

Pare, *v. t.* : (۱) تراش کر برابر یا درست کرنا ؛ تراشنا ؛ چھیلنا - (۲) (پھل وغیرہ کو) چھیلنا ؛ چھلکا اُتارنا - (۳) (استعارتاً) رفتہ رفتہ کم کرنا - (۴) موقوف ڈالنا ؛ کاٹ دینا ؛ تراش دینا -

  p. nail &c to the quick : جیتا ناخن وغیرہ تراش دینا -

  parer, *n.* : تراشنے کا آلہ -

  paring, *n.* : (۱) چھیلنا ؛ تراشنا وغیرہ - (۲) چھیلن ؛ تراشہ -

Paregoric, *a. & n.*, *P.(elixir)* : شربت مسکن (افیون کو الکحل میں حل کر کے اس میں کافور ، سونف اور بنزوئیک ایسڈ ملا کر بناتے ہیں) -

Pareira, *n.* : پریرا (یہ دوا ہے جو ایک برازیلی بوٹی کی جڑ سے حاصل ہوتی ہے اور پیشاب کی بیماریوں کے لئے مفید ہے) -

Parenchyma, *n.* : (۱) (تشریح) غدود اور اعضائے جسم کا اصلی مادہ جو گوشت اور نسوں کے علاوہ ان کی ساخت کے لئے ضروری ہے - (۲) (نباتیات) اسفنجیہ ؛ خلیوں کا اسفنج نما مجموعہ جو پتوں اور گودے وغیرہ میں ہوتا ہے -

  parenchymal, *a.* : (۱) مذکورہ مادہ سے بنا ہوا یا اس کے مانند یا اس کا - (۲) اسفنجی -

  parenchymatous, *a.* : (۱) = Parenchymal (۲) اسفنجیہ دار ؛ اسفنجیالی -

Parent, *n.* : (۱) باپ یا ماں - (۲) مورث ؛ بزرگ - (۳) مورث (وہ درخت جس سے اور درخت یا وہ جانور جس سے اور جانور پیدا ہوئے ہوں) - (۴) (استعارتاً) منبع ؛ سرچشمہ ؛ جڑ (برائی وغیرہ کی) -

  our first pp. : ہمارے اصلی والدین (آدم و حوا) -

  parental, *a.* : پدری ؛ مادری ؛ آبائی ؛ خاندانی -

  parentally, *adv.* : ماں یا باپ کے طور پر ؛ ماں یا باپ کی طرف سے ؛ خاندانی طور پر -

Parentage, *n.* : نسب ؛ سلسلۂ نسب -

Parenthesis, *n.* (pl. - *theses*) : (۱) جملۂ معترضہ ؛ وہ لفظ یا جملہ جو قوسین کے اندر ہو اور بقیہ عبارت سے نحوی ربط نہ رکھتا ہو - (۲) قوسین ؛ جملۂ معترضہ کا نشان ( ) - (۳) (استعارتاً) وقفہ -

Parenthesize, *v.t.* : (۱) جملۂ معترضہ کے طور پر داخل کرنا یا لکھنا - (۲) (لفظ یا جملے کو) قوسین کے اندر لکھنا -

Parenthetic, *a.* : (۱) جملۂ معترضہ کا - (۲) جملہ معترضہ کی حیثیت کا - (۳) (استعارتاً) جو بیچ میں داخل کردیا جائے ؛ جو بات کاٹ کر کہا جائے -

  parenthetical, *a.* : صفت مذکورۂ بالا معنوں میں -

  parenthetically, *adv.* : جملہ معترضہ کے طور پر -

Paresis, *n.* : استرخا ؛ وہ فالج جس میں اعصابی حرکت ماؤف ہو جاتی ہے مگر حس باقی رہتی ہے -

  paretic, *a.* : جسے استرخا ہو -

Par excellence, *adv.* : سب سے بڑھ کر ؛ بدرجۂ اتم -

Parget, *v. t. & n.* : پلاستر ؛ استر کاری کرنا -

Parhelion, *n.* : آفتاب کاذب ؛ آفتاب کے ہالے (سر چشمۂ شمس) میں سب سے زیادہ روشن مقام -

  parheliacal, parhelic, *aa.* : آفتاب کاذب کا -

Pariah, *n.* : (۱) ہندوستان کی نیچ قوم کا آدمی ؛ اچھوت - (۲) ادنیٰ ذات کا یا ادنیٰ طبقے کا شخص - (۳) وہ شخص جو ذات باہر ہوگیا ہو ؛ برادری سے خارج شخص -

  p. - dog : ہندوستان کا زرد رنگ کا ادنیٰ ذات کا کتا جو مارا مارا پھرتا ہے -

Parian, *a. & n.* : (۱) پاروسی ؛ جزیرۂ پاروس کا (اس جزیرے کا سفید سنگ مرمر مشہور ہے) - (۲) نفیس سفید چینی مٹی

Parietal, *a.* : کسی جوف جسم کے اطراف کی نسیج کا یا اس کے متعلق -

  p. bones : کھوپڑی کے اوپر اور بازوؤں کی دو ہڈیاں ؛ عظام القحف -

Pari mutuel, *n.* : (۱) شرط مشترک ؛ ساجھے کی بازی (گھڑ دوڑ کی وہ بازی جس میں جیتنے والے جیتی ہوئی رقم دوسرے شرط لگانے والوں کے ساتھ بانٹ لیتے ہیں) -

Pari passu, *adv.* : (۱) مساوی رفتار سے - (۲) ایک ہی وقت میں اور برابر -

Paris, *n.* : شہر پیرس ؛ فرانس کا دارالحکومت -

  P. blue : ایک قسم کا نیلا رنگ -

  P. doll : ... شکل جو عورتوں کے کپڑے بیچنے والی کی دوکان پر رکھی رہتی ہے -

P. green : یہ ایک زہریلا رنگ ہے جو جراثیم کش بھی ہے -

P. white : ایک قسم کا عمدہ سفیدہ جو پالش کے کام آتا ہے -

Parish, *n.* : (۱) کلیسائی حلقہ (کسی ضلع کا اتنا حصہ جس میں ایک علحدہ گرجا اور پادری ہو) - (۲) خیراتی حلقہ (قانون امداد غربا کے نفاذ کے لیے جو حلقے قائم کئے گئے ہیں ان میں سے ایک) (نیز civil p. =) - (۳) کلیسائی حلقے کے کل باشندے -

go on the p. : خیراتی حلقے (parish) سے امداد حاصل کرنا -

p. clerk : کلیسائی حلقے کا محرر ؛ ایک عہدہ دار جو مختلف کلیسائی فرائض انجام دیتا ہے -

p. council : پیرش کی کونسل کا ڈسٹرکٹ بورڈ -

p. lantern : دیکھو Lantern -

p. register : پیرش کا رجسٹر (جس میں ولادت ' موت ' شادی وغیرہ کا اندراج ہوتا ہے) -

Parishioner, *n.* : کسی (کلیسائی) حلقے کا رہنے والا -

Parisian, *a.* & *n.*: (۱) پیرسی ؛ پیرس کا - (۲) پیرس کا رہنے والا ؛ باشندۂ پیرس -

Parisyllabic, *a.* : مساوی الاجزا (یونانی اور لاطینی کا وہ اسم جس کے بول جتنے حالت فاعلی میں ہوتے ہیں اتنے ہی حالت اضافی ' مفعولی وغیرہ میں رہتے ہیں) -

Parity, *n.* : (۱) مساوات ؛ برابری (خصوصاً کلیسا کے ارکان یا عہدہ داروں میں) - (۲) مشابہت ؛ مماثلت - (۳) (تجارت) مساوات مبادلہ ؛ مساوات زر ؛ (دو ملکوں کے) سکوں کے مبادلے کا معمولی حالت میں ہونا -

p. of reasoning : مشابہت استدلال -

Park, *n.* : (۱) رمنہ ؛ سبزہ زار اور جنگل جو دیہات میں امیروں کے مکان کے ساتھ ہوتا ہے - (۲) پارک ؛ کھلا باغ - (۳) قدرتی پارک ؛ سبزہ زار - (۴) (توپ خانے وغیرہ کے) کیمپ کا میدان ؛ پڑاؤ - (۵) موٹروں کے کھڑے کرنے کا چوک یا میدان -

oyster p.: oyster کا کھیت ؛ سمندر کے کنارے ایک محصور رقبہ جس میں oyster پالے جاتے ہیں -

The P.: پہلے لندن کے سینٹ جیمس پارک کو کہتے تھے اب ہائڈ پارک کو کہتے ہیں -

parkish, *a.* : پارک کا سا -

Park, *v. t.* : (۱) کسی متعلقہ اراضی کو پارک بنانا - (۲) (فوجی) (توپ خانہ وغیرہ کو) کیمپ میں سجانا ؛ پڑاؤ میں قرینے سے رکھنا - (۳) موٹر کو موٹروں کے چوک میں کھڑا کرنا -

Parkhurst, *n.*, *P.* (*prison*) : پار کہرسٹ (*Parkhurst*) کا جیل خانہ -

Parkin, *n.* : (شمالی اضلاع) جئی کا کیک (ایک قسم کا کیک جو جئی کے آٹے اور شیرہ وغیرہ سے بنتا ہے) -

Parky, *a.* : (عامیانہ) سرد ؛ ٹھنڈی (ہوا) -

Parlance, *n.*: کسی خاص طبقے کی زبان یا روز مرہ ؛ محاورہ ؛ بولی -

Parley, *n.* : (۱) وہ مجلس جس میں امور متنازعہ پر گفت و شنید کی جائے ؛ گفت و شنید کی صحبت - (۲) (فوج) (صلح وغیرہ کی) شرائط کی گفت و شنید ؛ شرائط کی گفتگو -

beat a p. : ڈھول بجاکر گفت و شنید کی درخواست کرنا -

sound a p. : ترم بجا کر گفت و شنید کی درخواست کرنا -

Parley, *v. i.* & *t.* : (۱) (صلح وغیرہ کی شرائط کے متعلق) گفت و شنید کرنا ؛ شرائط طے کرنا (خصوصاً دشمن سے) - (۲) کسی زبان میں گفتگو کرنا (خصوصاً کسی غیر زبان میں) -

Parleyvoo, *n.* & *v. i.* : (مزاحاً) (۱) فرانسیسی ؛ فرانس کا رہنے والا ؛ فرانسیسی زبان - (۲) فرانسیسی بولنا ؛ فرانسیسی میں گفتگو کرنا -

Parliament, *n.* : (۱) پارلیمنٹ (برطانیہ کی اعلیٰ مجلس مقننہ) - (۲) دوسرے ملکوں کی اعلیٰ مجلس مقننہ - (۳) ادرک کی پتلی خستہ میٹھی ٹکیا (نیز *p. cake*) -

Long P. : پارلیمنٹ جو ۳ نومبر سنہ ۱۶۴۰ ع سے مارچ سنہ ۱۶۶۰ ع تک قائم رہی (دیکھو *Long*) -

open P. : (بادشاہ کا) پارلیمنٹ کے اجلاس کا باضابطہ افتتاح کرنا -

the P. Act : سنہ ۱۹۱۱ ع کا وہ قانون جس کی رو سے برطانوی دارالامرا بعض مسودات قانون مثلاً مالی مسودات کے حق تنسیخ سے محروم کر دیا گیا اور دوسرے مسودات میں بھی یہ حق صرف التوا تک محدود رہ گیا -

Short P.: پارلیمنٹ جو ۱۳ اپریل سنہ ۱۶۴۰ ع سے ۵ مئی سنہ ۱۶۴۰ ع تک رہی -

Parliamentarian, *n.* & *a.*: (۱) پارلیمنٹ کے مباحثے میں مہارت رکھنے والا - (۲) حامی پارلیمنٹ (سترھویں صدی کی خانہ جنگی میں پارلیمنٹ کا طرف دار) - (۳) = parliamentary -

Parliamentary, *a.* : (۱) پارلیمنٹ کا ؛ پارلیمنٹی - (۲) پارلیمنٹی ؛ پارلیمنٹ کا وضع کیا ہوا ' منظور کیا ہوا یا قائم کیا ہوا - (۳) (زبان یا الفاظ کے متعلق) شایان پارلیمنٹ ؛ جو پارلیمنٹ کے مباحثوں میں استعمال ہوسکے ؛ (بول چال) مہذب -

old p. hand : وہ شخص جو پارلیمنٹ کے مباحثوں میں تجربہ کار ہو -

p. agent: پارلیمنٹی وکیل ؛ پارلیمنٹی ایجنٹ (جب پارلیمنٹ میں کوئی ایسا قانون بنتا ہے جس کا تعلق کسی ایک شخص یا ایک کمپنی سے ہو تو اس کی طرف سے ایک ایجنٹ اجلاس پارلیمنٹ میں شریک ہوتا ہے) -

p. train : پارلیمنٹی گاڑی ؛ وہ گاڑی جس کا کرایہ ایک پینی فی میل سے زیادہ نہ ہو -

Parlour, *n.* : (۱) دیوان خانہ ؛ بیٹھک ؛ نشست کا کمرا - (۲) (سرائے وغیرہ میں) خلوت خانہ ؛ علحدہ کمرا (جس میں صرف نجی کی گفتگو کرتے ہیں) -

p. boarder : اقامتی مدرسہ کا وہ طالب علم جو پرنسپل کے گھر میں رہتا ہو -

p.-car : (امریکا) ریل کا پرتکلف ڈبہ -

p.-maid : کھانا کھلانے والی خادمہ -

Parlous, *a.* & *adv.*: (قدیم ' مزاحیہ) (۱) خطرناک ؛ پر خطر - (۲) سخت ؛ کٹھن ؛ دشوار ؛ صعب - (۳) نہایت ہوشیاری کا ؛ کمال کا - (۴) نہایت ؛ بے انتہا ؛ حد سے زیادہ -

Parmesan, *a.* & *n.*, *P.* (*cheese*) : پار ما کا پنیر ؛ ایک قسم کا پنیر جو پارما (واقع اٹلی) میں بنتا ہے -

Parnassus, *n.* : پرناسس ؛ کوہ پرناسس (وسطی یونان کا ایک پہاڑ جو قدیم زمانے میں فنون لطیفہ کی دیویوں کا مسکن سمجھا جاتا تھا) -

Parnassian, *a.* & *n.*: (۱) پرناسسی ؛ انیسویں صدی کے فرانسیسی

کر انہیں اعلی روحانی مراتب عطا کرتا ہے -

p. redemption: (عقیدۂ)نجات خواص؛ یہ عقیدہ کہ صرف خاص خاص لوگوں کو نجات ہوگی -

particularity, *n.*: تفصیل؛ شرح؛ خاصہ؛ تخصیص؛ خاص ہونا -

particularly, *adv.*: خصوصاً؛ بالخصوص؛ خاص طور پر؛ خاص کر -

Particularism, *n.*: (۱) تخصیص پسندی ؛ عقیدۂ برگزیدگی اور عقیدۂ نجات خواص (دیکھو *particular*) - (۲) فرقہ پرستی ؛ فرقہ بندی ؛ تفریق پسندی - (۳) آزاد وفاقیت (یہ اصول کہ متحدہ سلطنت کے اندر ہر ریاست آزاد ہو)

particularist, *n.*: (۱) فرقہ پرست ؛ تفریق پسند - (۲) آزاد وفاقیت کا حامی -

Particularize, *v. t.*: (۱) نام بہ نام ذکر کرنا ؛ ایک ایک کرکے بیان کرنا - (۲) تخصیص کر دینا ؛ صراحت کر دینا -

particularization, *n.*: تخصیص؛ تصریح ؛ نام بہ نام ذکر کرنا -

Parting, *n.*: (۱) part کا حاصل مصدر - (۲) رخصت ؛ وداع - (۳) (بطور صفت کے) رخصتی ؛ وداعی - (۴) مانگ (جو بالوں میں نکالی جاتی ھے) -

p. of the ways: (۱) دوراہا؛ سہ راہا وغیرہ - (۲)(استعارتاً) عمل کا دوراہا ؛ زندگی کا دوراہا ؛ وہ موقع جہاں یہ فیصلہ کرنا ہو کہ مختلف طریقوں میں کون سا طریق عمل اختیار کیا جائے -

Partisan,-zen *n.*: (۱) (خصوصاً کورانہ) حمایت یا طرفداری کرنے والا؛ طرفدار ؛ حامی - (۲) (تاریخ) اس بے قاعدہ فوج کا سپاہی جو کسی خاص موقع کے لئے بھرتی کی گئی ہو؛ ہنگامی فوج کا سپاہی -

partisanship, *n.*: حمایت ؛ طرفداری ؛ کورانہ حمایت ؛ بیجا طرفداری -

Partisan,-zan, *n.*: (تاریخ) (لمبے دستے کا) نیزہ ؛ برچھا ؛ بلم -

Partite, *a.*: (نباتیات و علم حشرات) جو تلے تک یا اس کے قریب تک پھٹا ہوا ہو ؛ دریدہ -

Partition, *n.* & *v. t.*: (۱) تقسیم ؛ حصے ؛ خانے وغیرہ الگ کرنا یا کیا جانا - (۲) حصہ (مکان وغیرہ کا)؛ درجہ؛ خانہ- (۳) بیچ کی دیوار ؛ درمیانی دیوار ؛ اوٹ وغیرہ - (۴) جائداد وغیرہ کی تقسیم ؛ بٹوارہ - (۵) حصوں میں تقسیم کرنا -

p. off: (کمرے کے حصے وغیرہ کو) بیچ کی دیوار یا اوٹ کھڑی کرکے الگ کر دینا -

partitioned, *a.*: جو بیچ کی دیوار یا اوٹ سے الگ کر دیا گیا ہو -

Partitive, *a.* & *n.*: (۱) کلمۂ تخصیص ؛ (وہ لفظ) جو کل کے کسی جز کو ظاہر کرتا ہو (مثلاً some, any) - (۲) تخصیصی ؛ حرف تخصیص کا کام دینے والا -

p. genitive: اضافت تخصیصی ؛ مضاف تخصیصی -

partitively, *adv.*: کلمۂ تخصیص کے طور پر ؛ مضاف تخصیصی کے طور پر -

Partlet, *n.*, **Dame P.**: (مرغی کا نام بہ طور اسم معرفہ کے) مرغی بیگم ؛ مرغی ؛ عورتوں کو یوں کہہ دیتے ہیں -

Partly, *adv.*: جزوی طور پر ؛ کچھ ؛ کسی قدر -

Partner, *n.* & *v. t.*: (۱) شریک ؛ رفیق ؛ ساتھی - (۲) شریک (کاروبار یا تجارت میں)؛ ساجھی - (۳) میاں یا بیوی ؛ رفیق زندگی - (۴) (ناچ میں) ساتھی ؛ ہم دست؛ جوڑا - (۵) (تاش ٹینس اور دوسرے کھیلوں میں) ساتھی ؛ ساجھی ؛ شریک - (۶) (جمع) (جہازرانی) لکڑی کا چوکھٹا جو عرشے کے سوراخ کے گرد ہوتا ھے جس میں سے مستول پمپ وغیرہ گزرتا ھے - (۷) (ایک کو دوسرے کا) ساجھی یا ساتھی بنانا؛ جوڑا بنانا ؛ شریک بنانا - (۸) (کسی کا) شریک ہونا؛ ساجھی ہونا (کھیل ؛ رقص وغیرہ میں) -

predominant p.: شریک غالب (انگلستان برطانیہ ؛ آئرستان کے اتحاد میں) -

sleeping p.: دیکھو sleep -

partnerless, *a.*: بے شریک ؛ بے رفیق ؛ بن ساتھی -

partnership, *n.*: شرکت ؛ ساجھا ؛ ساتھی ہونا ؛ رفاقت -

Partridge, *n.*: (۱) تیتر ؛ دراج - (۲) کبک؛ چکور وغیرہ

Common p., Grey P.: تیتر -

p.-wood: (۱) ایک قسم کی سرخ اور سخت لکڑی - رنیچر بنانے میں کام آتی ھے - (۲) داغ یا چتیاں جو لکڑی میں کبھی (سماروغ) وغیرہ سے پڑ جاتی ہیں -

Parturient, *a.*: (۱) جو بچہ دینے کے قریب ہو - (۲) استعارتاً (دماغ وغیرہ) زائندۂ (معانی) ؛ (معانی) آفریں -

Parturition, *n.*: (۱) بچہ دینا ؛ جننا ؛ زچگی - (۲) (استعارتاً) ولادت معانی ؛ تخلیق معانی -

Parturiunt montes (nascetur ridiculus mus): (یہ جملہ اس موقع پر کہتے ہیں جب بہت کچھ اہتمام ہو اور نتیجہ کچھ نہ ہو) ٹائیں ٹائیں فش ؛ کوہ کندن و کاہ برآوردن -

Party, *n.*: (۱) حزب ؛ فریق ؛ جماعت ؛ پارٹی - (۲) (سیاست میں) پارٹیاں بنانے کا طریقہ - (۳) دعوت ؛ صحبت ؛ جلسہ - (۴) پارٹی ؛ مل کر سفر کرنے والی جماعت - (۵) فریق (معاہدے؛ مقدمے ؛ شادی وغیرہ میں) - (۶) معین ؛ شریک (کسی کام میں) - (۷) شخص (اب اس معنی میں صرف سوقیانہ یا مزاحیہ گفتگو میں استعمال ہوتا ھے) -

p.-coloured: دیکھو Particoloured -

p.-spirit: پارٹی کی حمایت ؛ پارٹی کی پچ -

p.-spirited: پارٹی کی پچ کرنے والا -

p. wall: مشترک دیوار (دو مکانوں کے درمیان کی دیوار جو مالکوں کی مشترکہ ملکیت ہو) -

Party, *a.*: (نقابت) مختلف الالوان ؛ رنگا رنگ ؛ گونا گوں ؛ بوقلموں ؛ بہو رنگی -

Parvenu, *n.*: نو دولت -

Parvis, *n.*: (کلیسا کے سامنے کا) احاطہ؛ چاردیواری -

Pas, *n.*: (۱) حق تقدیم ؛ تفوق ؛ برتری (نشست وغیرہ میں) - (۲) ناچ کی ایک طرز -

p. de deux: ایک قسم کا ناچ جس میں دو مل کر ناچتے ہیں -

p. seul: ایک قسم کا ناچ جس میں ایک شخص ناچتا ھے

Paschal, *a.*: (۱) یہودیوں کی عید فصح (Passover) کا - (۲) عیسائیوں کی عید فصح (Easter) کا ؛ فصحی -

Pasha, -cha, *n.*: پاشا (اعلی ترکی خطاب) -

P. of three, two, tails, of one tail: پاشائے درجۂ اول؛ دوم؛ سوم -

Pashalic,-ch-, *n.*: پاشا کا حلقۂ حکومت -

Pashm *n.*: نرم اون ؛ پشم (جس سے پشمینہ بنتا ھے) -

Pasque-flower, *n.*: ایک پودا جس میں گھنٹی کی شکل کے ارغوانی پھول لگتے ہیں ؛ شقائق النعمان -

Pasquinade, *n.*: ھجو (خصوصاً وہ جو لکھ کر شارع عام پر

لگا دی جائے) ؛ ملاحظہ ہو -

Pass, *v. t. & i.* (p. p. *passed* or as adj *fast*): (۱) آگے بڑھنا ؛ جانا (*along, down, over, on* وغیرہ) - (۲) رائج ہونا ؛ جاری ہونا ؛ چلنا (سکے وغیرہ کا) - (۳) منتقل ہونا ؛ (ایک جگھہ سے دوسری جگھہ) پہنچنا ؛ لے جایا جانا - (۴) ایک حالت بدل کر دوسری حالت اختیار کرنا ؛ ایک چیز سے دوسری چیز ہوجانا - (۵) مرنا ؛ گزر جانا ؛ انتقال ہو جانا - (۶) گزرنا ؛ نکلنا (جلوس وغیرہ کا) - (۷) ختم ہوجانا ؛ فنا ہوجانا - (۸) گزرنا (کسی چیز میں سے) - (۹) (کسی چیز سے) کام چل جانا - (۱۰) (مسودۂ قانون کا) منظور ہوجانا ؛ پاس ہوجانا - (۱۱) امتحان میں کامیاب ہونا ؛ پاس ہونا - (۱۲) واقع ہونا ؛ ظہور میں آنا - (۱۳) رائے ظاہر کرنا (معاملے یا مقدمے میں) - (۱۴) (فیصلے کا) صادر ہونا - (۱۵) (تاش) پاس کرنا ؛ کسی موقع کو (مثلاً ترپ لگانے کے موقع کو) چھوڑ دینا ؛ اپنی بازی پھینک دینا - (۱۶) گزر جانا ؛ آگے نکل جانا (کسی منزل یا مرتبے سے) - (۱۷) عبور کرنا ؛ پار کرنا ؛ گزرنا - (۱۸) سبقت لے جانا ؛ بڑھ جانا - (۱۹) منتقل کرنا ؛ (ایک جگھہ سے دوسری جگھہ) لے جانا - (۲۰) پھیرنا (ہاتھہ وغیرہ) ؛ ڈالنا (نظر) - (۲۱) گزارنا ؛ گزرنے دینا (فوج وغیرہ کو معائنہ وغیرہ کے لئے) - (۲۲) (مسودۂ قانون) پاس کرنا ' منظور کرنا - (۲۳) (کسی چیز کو) آگے بڑھانا ؛ پاس والے شخص کو دے دینا - (۲۴) چلانا (سکہ خصوصاً کھوٹا) (۲۵) گزارنا ؛ بسر کرنا (وقت) - (۲۶) دینا (قول) ؛ کرنا (عہد) ؛ کھانا (قسم) - (۲۷) صادر کرنا (فیصلہ) ؛ تجویز کرنا (سزا) -

has passed the chair : صدر کا مرتبہ حاصل کر چکا ھے -

p. away : مرجانا ؛ گزر جانا -

p. by : نظر انداز کرنا ؛ چھوڑ جانا ؛ چھوڑ کر آگے بڑھ جانا ؛ پاس سے گزر جانا -

p. by the name of : کسی نام سے مشہور ہونا -

p. for : (کسی چیز کا کچھہ اور) سمجھا جانا ؛ مان لیا جانا -

p. in one's *checks, hand in* one's *checks* : دیکھو Check

p. muster : دیکھو Muster -

p. off : (۱) (کیفیت یا جذبے کا) جاتا رہنا ؛ دور ہوجانا - (۲) خیر و خوبی سے ہوجانا (جلسہ ' تقریب وغیرہ) - (۳) ایک چیز کو دوسری چیز کہہ کر کسی کے سر منڈھ دینا - (۴) توجہ ہٹا لینا ؛ خیال بٹانا -

p. over : نظر انداز کرنا ؛ چھوڑ جانا ؛ کچھہ نہ کہنا (کسی چیز کے متعلق) -

p. the time of day : دیکھو Time -

p. through : (مصیبت وغیرہ) دیکھنا ' اٹھانا ' برداشت کرنا -

p. water : پیشاب کرنا -

Pass, *n.* : (۱) پاس ؛ کامیابی (خصوصاً امتحان میں) - (۲) صرف پاس ؛ معمولی کامیابی (بہ خلاف امتیازی کامیابی) - (۳) نازک موقع ؛ نازک حالت - (۴) اجازت نامہ ؛ پاس (کہیں جانے آنے کے لئے) - (۵) ریل کا پاس ؛ مفت سفر کرنے کا اجازت نامہ (*free p.*) - (۶) (شمشیر زنی) ہاتھہ ؛ وار ؛ چوٹ - (۷) مداری کا کرتب ؛ شعبدہ - (۸) (مسمریزم وغیرہ میں) ہاتھہ کی گردش ؛ اشارہ (جو ہاتھ پھیر کر کیا جاے) -

bring to p : بروئے کار لانا ؛ کرنا ؛ کر دکھانا -

come to p. : بروئے کار آنا ؛ ہونا ؛ واقع ہونا -

p.-book : بنک کی کتاب ؛ پاس بک -

p.-key : (۱) خاص کنجی ؛ ذاتی کنجی (دفتر وغیرہ کی) - (۲) ہر قفلی کنجی (master-key) -

passman : جس نے امتحان میں معمولی کامیابی حاصل کی ہو ؛ معمولی پاس یافتہ -

password : وہ لفظ جو فوج وغیرہ میں اپنے آدمیوں کی شناخت کے لئے مقرر کرلیا جاتا ھے ؛ بزول ؛ لفظ شناخت -

Pass, *n.* : (۱) درہ ؛ گھاٹی ؛ شعب ؛ دو پہاڑوں کے درمیانی تنگ راستہ - (۲) (فوج) وہ درہ جس سے داخل ہو کر کسی ملک پر کامیابی سے حملہ کیا جا سکے ؛ کنجی (کسی ملک کی) - (۳) قابل جہاز رانی رود بار یا آبنائے (خصوصاً وہ جو کسی دریا کے دھانے پر ہو) - (۴) وہ راستہ جس سے مچھلی گھیرے (weir) میں داخل ہوتی ھے ؛ مچھلی گھیرے کا دھانہ -

Passable, *a.* : (۱) قابل گزر ؛ قابل عبور وغیرہ (دیکھو Pass) - (۲) خاصا ؛ اچھا ؛ کام چلاؤ -

passably, *adv.* : اس طرح کہ کام چل جاے -

Passage, *n.* : (۱) ایک جگھہ سے دوسری جگھہ جانا ؛ نقل مقام ؛ نقل مکان ؛ سفر - (۲) تبدیل ؛ بدلنا ؛ منتقل ہونا (ایک حالت سے دوسری حالت میں) - (۳) حق گزر ؛ حق آمد و رفت - (۴) بحری سفر ؛ جہاز کا سفر - (۵) بحری سفر کا حق (جو ٹکٹ یا پاس سے حاصل کیا جاے) ؛ جہاز میں جگھہ - (۶) (قانون کی) منظوری ؛ پاس ہونا - (۷) (مکان میں کمروں کے درمیان) گزر گاہ ؛ غلام گردش - (۸) (جمع) آپس کے راز و نیاز ؛ معاملہ - (۹) عبارت ؛ کتاب وغیرہ کا ٹکڑا -

bird of p. : دیکھو Bird -

p. of arms, p. at arms : (۱) لڑائی ؛ مقابلہ - (۲) (استعارتاً) حجت ؛ تکرار ؛ جھوڑ -

Passage, *v. i. & t.* : (۱) گھوڑے کا ایک پہلو کی طرف چلنا (سوار کے لگام کھینچنے اور دوسرے پہلو کو ران سے دبانے سے) - (۲) گھوڑے کو اس ترکیب سے پہلو کی طرف لے چلنا -

Passant, *a.* : (نقابت) " روان و راست نگران " ؛ (تمثال پر جانور کی تصویر جس میں وہ) چلتا ہوا اور سیدھے ہاتھہ کی طرف دیکھتا ہوا نظر آے اس طرح کہ تین پیر زمین پر ہوں اور اگلا سیدھا پیر اٹھا ہوا ہو -

Passe, a. (fem.-*see*) : (۱) ادھیڑ - (۲) ادھیڑ (عورت) ؛ (وہ عورت) جس کے حسن کی دو پہر ڈھل چکی ہو -

Passementric, n. : سنہرے یا رو پہلے فیتے یا کار چوبی کام یا پوت وغیرہ کی جھالر -

Passenger, *n.* : مسافر (جو جہاز ' ریل یا کسی اور کرایے کی عام سواری میں سفر کر رہا ہو) -

foot-p. : پیادہ مسافر ؛ پیدل چلنے والا مسافر -

p.-pigeon : مسافر کبوتر (ج) (شمالی امریکہ کا جنگلی کبوتر جو بہت بلند پرواز ھے) -

Passe-partout, n. : (۱) ہرقفلی کنجی - (۲) تصویروغیرہ کا چوکھٹا -

Passer, *n.* : Pass کا ا م فاعل -

p.-by : راہ گیر ؛ گزرنے والا (اتفاق سے یا بلا قصد) -

Passerine, *a.* & *n.* : (۱) عصفوریہ ؛ passers کی قسم کا (پرندہ) - (۲) عصفوری ؛ چڑیا یا گنجشک کا -

Passible, *n.*: (دینیات) ذی حس ؛ صاحب احساس (جو تکلیف وغیرہ کا حس رکھتا ہو) -

passiblity, *n.* : ذی حس ہونا -

Passim, *adv.* : جابجا (جملہ، تلمیح وغیرہ کسی کتاب میں مثلاً *this occurs in Milton p.* یہ ملٹن کی تصانیف میں جابجا آتا ہے، پایا جاتا ہے) -

Passing, *n.* : Pass کا حاصل مصدر -

p. -*bell* : جرس موت؛ مرنے کی گھنٹی (وہ گھنٹی جو کسی کے انتقال کے وقت بجتی ہے) -

p. note : ملانے والا سر (جو کسی نغمے میں شامل نہ ہو بلکہ دو نغموں کو ملانے کا کام دے) -

Passing, *a.* & *adv.* : (۱) pass کا حالیہ - (۲) عارضی؛ آنی؛ دم بھر کا؛ چشم زدن کا - (۳) سرسری ؛ ضمنی - (۴) (قدیم) بہت زیادہ ؛ بے حد -

Passion, *n.* : (۱) شدید یا قوی جذبہ ؛ جذبات کا ہیجان یا جوش - (۲) غصہ ؛ غصے کی حالت؛ طیش - (۳) عشق ؛ عشق جنسی ؛ عشق شہوانی ؛ ہوائے نفس - (۴) بے حد شوق ؛ جوش؛ ولولہ (کسی کام کا یا کسی چیز کا) - (۵) (*the p.*) مصائب مسیح؛ وہ تکلیفیں جو حضرت عیسیٰ نے صلیب پر اٹھائیں؛ (بائبل میں) مصائب مسیح کا بیان ؛ مسیح کا نغمہ یا گیت -

p. -*flower* : گل صلیبی (ایک قسم کا پھول جو حضرت مسیح کے آلات عقوبت سے مشابہ سمجھا جاتا تھا) -

p. -*play* : مصائب مسیح کی تمثیل -

P. Sunday : Lent کے زمانے کا پانچواں اتوار -

P. Week : ہفتۂ مصائب ؛ عید فصح سے پہلے کا ہفتہ -

passionless, *a.* : بے جذبہ ؛ بے جوش؛ جذبات سے خالی ؛ ٹھنڈے دل کا -

passionlessly, *adv.* : جذبات یا جوش سے خالی ہوکر ؛ ٹھنڈے دل سے -

passionlessness, *n.*: جذبات سے خالی ہونا ؛ جوش سے خالی ہونا ؛ ٹھنڈے دل کا ہونا -

Passion, *v. i* : (۱) (شعر) شدید جذبے سے متاثر ہونا ؛ جذبات میں جوش یا ہیجان ہونا ؛ غصہ، عشق، شوق یا ولولہ اٹھنا - (۲) جوش، ہیجان، غصہ، عشق، شوق یا ولولہ ظاہر کرنا -

Passional, *n.* : کتاب مصائب (جس میں اولیا اور شہیدوں کے مصائب درج ہوں) -

Passional, *a.*: شدت جذبات کا ؛ جوش، ہیجان، غصہ، عشق، شوق یا ولولے کا -

Passionate, *a.* : (۱) غصیلا ؛ غصہ ور ؛ تند مزاج ؛ تند خو ؛ مغلوب الغضب - (۲) پر جوش ؛ گرم مزاج - (۳) (الفاظ، تقریر وغیرہ) پرجوش ؛ جوش میں بھری ؛ غصے میں بھری؛ غصے کی ؛ گرم ؛ پر شوق -

passionately, *adv.*: غصے میں ؛ تند مزاجی سے؛ جوش میں؛ پر جوش طریقے سے ؛ گرما گرمی سے ؛ پر شوق انداز میں -

passionateness, *n.*: تند مزاجی ؛ تند خوئی؛ گرم مزاجی ؛ گرمی ؛ پر جوش ہونا ؛ پر شوق ہونا -

Passionist, *n.* : وفادار مسیح (اس سلسلے کا رکن جو مسیح کے مصائب کا ماتم کرتا ہے) -

Passive, *a.* & *n.* : (۱) منفعل ؛ انفعالی ؛ متحمل - (۲) (صرف و نحو) مجہول - (۳) بے مزاحمت - (۴) غیر متحرک ؛ سست؛ مجہول ؛ بے حرکت؛ جامد - (۵) فعل مجہول -

p. debt : بے سود کا قرضہ -

p. resistance : دیکھو Resistance -

passively, *adv.* : (۱) انفعالی حیثیت سے ؛ منفعلانہ - (۲) فعل مجہول کی حیثیت سے - (۳) تحمل سے؛ چپ چاپ ؛ بے مزاحمت کے - (۴) جمود کے ساتھ -

passiveness, *n.* : انفعالیت ؛ مجہول ہونا (فعل کا) ؛ عدم مزاحمت ہونا -

passivity, *n.* : بے حرکت ہونا ؛ جمود وغیرہ -

Passover, *n.* : (۱) یہودیوں کی عید فصح (اس واقعہ کی یاد تازہ کرنے کے لئے منائی جاتی ہے کہ بلائے آسمانی مصریوں کے گھروں پر نازل ہوئی مگر اسرائیلیوں کے گھروں کو چھوڑ دیا) - (۲) بھیڑ جس کی قربانی عید فصح کی تقریب میں کی جائے - (۳) (مجازاً) حضرت عیسیٰ -

Passport, *n.* : (۱) پروانۂ راہداری ؛ پاس پورٹ - (۲) کسی چیز کے حاصل کرنے کا یقینی وسیلہ، حتمی ذریعہ -

Past, *a.* & *n.* : (۱) ماضی ؛ گزشتہ ؛ گزرا ہوا - (۲) پچھلا؛ گزشتہ (مہینہ وغیرہ) - (۳) (صرف و نحو) ماضی کا - (۴) زمانۂ ماضی (خصوصاً *the p.*) - (۵) گزرے ہوئے واقعات ؛ پچھلے واقعات (مثلاً *you cannot undo the p.*) - (۶) کسی شخص کی پچھلی زندگی ؛ گزشتہ زندگی (خصوصاً نازیبا یا مشکوک) (مثلاً *a lady with a p.*) -

p. master : (۱) سابق ماسٹر ؛ وہ شخص جو فریمسن لاج وغیرہ میں master رہ چکا ہو - (۲) ماہر استاد (کسی فن میں) -

Past, *prep.* & *adv*: (۱) بعد، زیادہ کسی وقت مقررہ سے (مثلاً *was there till past three o'clock*) ؛ آگے، پرے (کسی مقام کے) - (۲) ماورا ؛ خارج از —، گزرا ہوا، باہر (کسی دائرے یا حد سے) (جیسے *p. endurance* برداشت سے باہر) - (۳) آگے بڑھتا ہوا ؛ گزرتا ہوا -

Paste, *n.* : (۱) خمیر ؛ گندھا ہوا آٹا ؛ لپٹی وغیرہ - (۲) نرم حلوا یا میٹھا (کسی خاص چیز کا) ؛ میٹھی لپسی - (۳) مچھلی کی پسی ہوئی چٹنی - (۴) آٹے کی لئی یا لیہی (چپکانے یا جوڑنے کے کام آتی ہے) - (۵) کسی چیز کی لپٹی - (۶) شیشے کا مسالا (جس سے مصنوعی جواہرات بنتے ہیں) -

pasteboard : (۱) دفتی - (۲) (استعارتاً) نامضبوط ؛ کمزور ؛ دفتی کا سا - (۳) (عامیانہ) ملاقاتی کارڈ ؛ ریل کا ٹکٹ -

Paste, *v.t.* : (۱) لیئی سے جوڑنا ؛ چپکانا - (۲) چسپاں کرنا- لیہی سے (اشتہار وغیرہ کو) دیوار پر چپکانا ؛ منڈھنا (کاغذ وغیرہ کسی چیز پر) -

Pastel, *n.* : (۱) زرگلا (ایک درخت جس سے نیلا رنگ حاصل ہوتا ہے) - (۲) نیلا رنگ (جو اس درخت سے نکلتا ہے) - (۳) رنگ اور گوند کی لپٹی جس سے مصوری کی رنگین پنسلیں بنتی ہیں - (۴) رنگین پنسلوں کی تصویر کشی -

pastel(l)ist, *n.*: رنگین پنسلوں سے تصویر بنانے والا -

Pastern, *n.* : گھوڑے کے سم اور ٹخنے کے بیچ کا حصہ ؛ ٹھیرنا -

Pasteurism, *n.* : (۱) پاسچری طریقہ (ٹیکے کا طریقہ جس میں امراض خصوصاً کتے کے کاٹے کا حفظ تقدم اور علاج ٹیکوں کے ذریعے ہوتا ہے (Pasteur فرانسیسی سائنس دان سنہ ۱۸۲۲ تا سنہ ۱۸۹۵) -

Pasteurize, *v. t.* : (۱) پاسچر کے طریقے سے دودھ وغیرہ کے بعض جراثیم کو ہلاک کرنا - (۲) پاسچری طریقے سے علاج کرنا ؛ ٹیکے سے علاج کرنا -

Pasteurization, *n.* : (۱) پاسچر کے طریقے سے صاف کرنا (دودھ [illegible]) - (۲) ٹیکے کا [illegible] -

Pasticcio, Pastiche, *nn* : (۱) مختلف چیزوں کا [illegible] یا تصویر معجون مرکب (نغمہ یا تصویر جس میں موسیقی یا مصوری کے مختلف طرز مخلوط ہوں) - (۲) ادب یا فنون لطیفہ کا وہ نمونہ جو کسی مشہور استاد کے طرز پر ہو ؛ چربا (اس معنی میں Pastiche آتا ہے) -

Pastil, Pastille, *n.* : (۱) خوشبو کی بتی ؛ بخورات کی بتی - (۲) حلق میں گھلانے کی ٹکیا ؛ لوز -

Pastime, *n.* : (۱) [illegible] تفریح ؛ فرصت کا مشغلہ ؛ کھیل - (۲) [illegible] -

Pastor, *n.* : (۱) پادری - (۲) روحانی رہنما ؛ مرشد - (۳) starling کی قسم کا ایک پرند -

pastorship, *n.* : پادری کا منصب -

Pastoral, *a.* & *n.* : (۱) [illegible] ؛ چرواہے یا گڈرئے کے متعلق - (۲) چراگاہ کی (زمین [illegible]) - (۳) (شاعری وغیرہ) جس کا موضوع دیہاتی زندگی ہو - (۴) پادری کا ؛ روحانی رہنما یا مرشد کا - (۵) نظم ' ڈراما ' تصویر وغیرہ جس کا موضوع دیہاتی زندگی ہو ؛ شبانی نظم - (۶) پادری کا خط ؛ خصوصاً کسی اسقف کا خط پادری یا عام لوگوں کے نام -

P. epistles (of Paul) : چند خطوط نبوی جو پولوس رسول نے طیموتیوس (*Timothy*) اور طیطوس (*Titus*) کے نام فرائض پادری (*pastor*) کے متعلق لکھے تھے -

pastoralism, *n.* : اس شاعری کی خصوصیت جس کا موضوع دیہاتی زندگی ہو -

pastorality, *n.* : (۱) شبانیت - (۲) دیہاتی زندگی کی نوعیت کا ہونا ؛ دیہاتی زندگی کی خصوصیات -

Pastorale, *n.*(pl. -ali) : دیہاتی زندگی کے متعلق گیت یا نغمہ ؛ شبانی نغمہ -

Pastorate, *n.* : (۱) پادری کی میعاد کار گزاری ' میعاد خدمت - (۲) پادریوں کی جماعت -

Pastry, *n.* : پیسٹری ؛ چھوٹے کیک (جو گندھے ہوئے آٹے سے بنتے ہیں) -

p. -cook : کیک بنانے والا -

Pasturage, *n.* : (۱) چرائی ؛ چرانا (چوپایوں کو) - (۲) چری ؛ چارہ ؛ گھاس - (۳) چراگاہ ؛ مرغزار -

Pasture, *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) چری ؛ گھاس ؛ چارہ - (۲) چراگاہ ؛ مرغزار - (۳) مویشی کو چراگاہ میں چھوڑنا ؛ چرائی کے لئے بھیجنا - (۴) (بھیڑوں وغیرہ کا) گھاس کے تختے وغیرہ کو چرجانا ؛ چر کر صاف کردینا - (۵) چرنا -

pasturable, *a.* : جہاں مویشی چرائے جاسکتے ہوں ؛ چرائی کے قابل -

Pasty, *n.* : قیمہ بھرا سموسا -

Pasty, *a.* : لپٹی یا لبسی کا ؛ لئی کاسا ' لیسدار - پیلے رنگ کا ؛ جس کا رنگ زرد پڑ گیا ہو -

p. -faced :

Pat, *n.* : (۱) تھپکی ؛ سہلانا (پیار سے) ؛ ٹھونکنا (پیٹھ) - (۲) مکھن وغیرہ کی چپٹی ٹکیہ - (۳) تھپ تھپ کی آواز ؛ تھپکی کی آواز -

Pat *v. t.* & *i.* : (۱) تھپکنا ؛ تھپکی دینا (ہاتھ سے یا کسی چپٹی چیز مثلاً توابی سے) - (۲) (ہاتھ سے یا توابی سے) چپٹا کرنا ؛ پھیلانا - (۳) تھپکنا ؛ سہلانا (پیار سے) ؛ ٹھونکنا (پیٹھ وغیرہ) -

p. -a-cake : اس گیت کے پہلے الفاظ جو بچوں کے ایک کھیل کے ساتھ گایا جاتا ہے -

p. -ball : (حقارتاً) ٹینس (جو عمدگی سے نہ کھیلا جائے) -

p. on the back : تعریف کرنا ؛ شاباشی دینا -

Pat, *adv.* & *a.* : (۱) بر محل ؛ مناسب موقع ؛ موزوں - (۲) بر محل ؛ موقع سے - (۳) بنا بنایا ؛ تیار -

Pat, *n.* : آئری ؛ آئرستانی ؛ آئرستان کا باشندہ (آئرستان کے لوگوں کا عرف Patrick کا مخفف)

Patagium, *n.* (pl. -ia) : (حیوانیات) (چمگادڑ وغیرہ کے) بازو کی جھلی -

Patavinity, *n.* : (۱) پیڈوا (اطالیہ) کی مقامی زبان کی خصوصیات جو Livy کے اسلوب بیان میں نظر آتی ہیں - (۲) کسی صوبے کا مقامی محاورہ یا لغت - (۳) کوئی محاورہ یا لغت جو ملک کے دارالسلطنت کے باہر رائج ہو -

Patch, *n.* : (۱) پیوند ؛ جوڑ ؛ تکلی ؛ تھگلی ؛ ٹانکا - (۲) زخم کا پھایا وغیرہ - (۳) وہ گدی جو زخمی آنکھ پر باندھتے ہیں - (۴) سیاہ ریشم یا پلاستر کا ٹکڑا جو سترھویں اور اٹھارھویں صدی عیسوی میں چہرے پر لگایا جاتا تھا تاکہ رنگت کھلے - (۵) دھبا - (۶) قطعۂ زمین - (۷) درختوں یا پودوں کا تختہ - (۸) پارہ ؛ ٹکڑا ؛ بچا ہوا حصہ -

not a p. on : (فلاں چیز کے مقابلے میں) پاسنگ بھی نہیں -

patchwork : (۱) پارہ دوزی کا کام ؛ مختلف قسم اور مختلف رنگ کے ٹکڑوں کو جوڑ کر بنایا ہوا کام - (۲) بے میل کا کام ؛ بھدا اور بے ڈھنگا کام -

patchery, *n.* : کوئی چیز یا کپڑا جس میں پیوند لگائے گئے ہوں یا جو پیوند سے تیار ہوا ہو -

patchiness, *n.* : پیوند دار ہونا -

patchily, *adv.* : (۱) پیوند دار لباس میں ؛ پارہ پارہ (۲) (مجازاً) غیر مربوط طرز سے -

patchy, *a.* : (۱) پیوند دار - (۲) (مجازاً) غیر مربوط -

Patch, *v. t.* : (۱) پیوند لگانا ؛ جوڑ لگانا ؛ ٹانکا یا ٹانکے لگانا ؛ تکلی لگانا ؛ تیگلی لگانا - (۲) (کپڑے وغیرہ کا) پیوند ' جوڑ وغیرہ لگایا جانا (کسی چیز میں) - (۳) (استعارۃً) (معاملے کو) رو براہ کرنا ؛ (جھگڑا) چکانا (عموماً *p. up* آتا ہے) - (۴) جلدی سے جوڑ جاڑ کر طیار کردینا - (۵) رنگ برنگ ٹکڑوں کو ملا کر جوڑنا ؛ پارہ دوزی کرنا ؛ (استعارتاً) بےربط ٹکڑوں کو جوڑ کر کوئی چیز بنانا - (۶) (کسی سطح پر) دھبے نظر آنا ؛ داغ نظر آنا (کسی چیز کے) -

Patchouli, *n*. : (تامل) پچولی (پچای- سبز + الی-پتی) ' هندوستان کی خوشبودار جھاڑی ؛ اس جھاڑی سے بنا ہوا عطر -

Pate, *n*. : (اب صرف بول چال میں آتا ہے) سر ؛ دماغ -

(-)**patd**, *a*. ; (-) سر کا -

Pate, *n*. : قیمہ بھرا سموسا ؛ میٹھا سموسا -

p. de foie gras ; فربہ بطخ کی کلیجی کے سموسے -

Patella, *n*. : (۱) گھٹنے کی چپنی - (۲) (متیقیات روما) چھوٹا ماس ؛ چھوٹی قاب -

patellar, *a*. : گھٹنے کی چپنی کے متعلق -

patellate, *a*. : چپنی دار -

Paten, *n*. : (۱) اتھلی قاب جس میں عشائے ربانی کے موقع پر روٹی رکھتے ہیں - (۲) تھالی ؛ تھال -

Patent, *a*. : (۱) پیٹنٹ ؛ رجسٹری شدہ ؛ جس کے بنانے اور بیچنے کا حق محفوظ ہو ؛ محفوظ بذریعہ سند اجارہ - (۲) (استعارتاً) جو کسی شخص کی ملکیت سمجھی جائے ؛ جو کسی شخص کے ساتھ مخصوص ہو ؛ جیسے کی (چیز) - (۳) بہت عمدہ بنی ہوئی ؛ اعلی کاریگری کی - (۴) کھلا ہوا (دروازہ) - (۵) (استعارتاً) صریحی ؛ کھلا ہوا ؛ صاف -

Letters p. : سند شاہی (جس کی رو سے کسی شخص کو ایک خاص مدت کے لئے کسی ایجاد کی ہوئی چیز کو بنانے یا فروخت کرنے کا حق بلا شرکت غیرے دیا جائے) -

p. leather : دیکھو Leather -

patency, *n*. : صریحی ہونا ؛ کھلا ہوا ہونا -

patently, *adv*. : صریحاً ؛ ظاہر طور پر -

Patent, *n*. : - *letters p.* = (۱) (۲) (ایجاد کا) پیٹنٹ؛ تحفظ بذریعہ رجسٹری ؛ رجسٹری ؛ بنانے اور بیچنے کا محفوظ شدہ حق اجارہ - (۳) پیٹنٹ ایجاد یا طریقہ ؛ رجسٹری شدہ ' محفوظ شدہ ایجاد یا طریقہ - (۴) خاص علامت ؛ طغرائے امتیاز-

p. office : پیٹنٹ آفس ؛ دفتر رجسٹری ایجادات -

p.-roll : (برطانیہ کی سالانہ) پیٹنٹ ایجادات کی فہرست -

Patent, *v. t* : پیٹنٹ کرانا ؛ رجسٹری کرانا (ایجاد کو) ؛ اجارہ حاصل کرنا -

Patentee, *n*. : جس کے نام سے کوئی ایجاد پیٹنٹ ہو ؛ اجارہ دار-

Pater, *n*. : (عامیانہ) باپ ؛ والد

P. peccavi = Peccavi

Paterfamilias, *n*. : (قانون روما میں اور مزاحاً) سردار خاندان؛ بزرگ خاندان -

Paternal, *a* : (۱) پدری ؛ باپ کا - (۲) پدرانہ ؛ باپ کا سا- (۳) باپ کی طرف سے ؛ باپ کے رشتے سے-

p. aunt : پھوپھی ؛ چچی -

p. government : وہ حکومت جو اپنے نزدیک لوگوں کا فائدہ سمجھ کر ان پر بیجا سختیاں کرے ؛ پدرانہ حکومت -

p. grandfather : دادا -

p. grandmother : دادی -

p. legislature : پدرانہ مقننہ ؛ وہ مجلس وضع قوانین جو اپنے نزدیک لوگوں کے فائدے کے لئے بیجا طور پر سخت قوانین بنائے -

p. uncle : چچا -

paternally, *adv*. : پدرانہ طور سے باپ کی سی شفقت سے-

Paternity, *n*. : (۱) ولدیت - (۲) حسب نسب (دادھیالی) - (۳) (استعارتاً) مصنف ہونا ؛ مصنف کی شخصیت - (۴) (استعارتاً) ماخذ -

Paternoster, *n*. : (۱) عیسائیوں کی مشہور دعا جو " اے ہمارے باپ " سے شروع ہوتی ہے ؛ (خصوصاً لاطینی زبان میں) عیسائیوں کی دعائے قنوت - (۲) قنوت کا دانہ ؛ عیسائیوں کی تسبیح میں وہ دانہ جس پر پہنچ کر دعائے قنوت پڑھی جاتی ہے- منتر -

black p. , *white p.* :

devil's p. : کوسنا جو زیر لب دیا جائے ؛ زیر لب بد دعا -

p. line : مچھلی پکڑنے کی تسبیح نما ڈور (اس میں وزن بندھا ہوتا ہے اور تھوڑی تھوڑی دور پر ہک لگے ہوتے ہیں)-

Path, *n*. : -(نیز Pathway) (۱) پگ ڈنڈی؛ راستہ؛ راہ ؛ لیک - (۲) پیدل دوڑ یا بائسکل دوڑ کا راستہ - (۳) وہ خط جس پر کوئی شخص چلتا ہو ؛ کسی . . . س کا راستہ -

cinder-p. : پیدل دوڑ یا بائسکل دوڑ کا راستہ -

pathless, *a*. : جس میں رستہ نہ ہو؛ بے پگ ڈنڈی کا؛ بے لیکھ کا-

Pathan, *n*. : پٹھان -

Pathetic, *a. & n*. : (۱) افسوسناک ؛ قابل افسوس ؛ قابل رحم؛ حسرت ناک ؛ حسرت انگیز ؛ رقت خیز ؛ رقت انگیز ؛ پر درد - (۲) جذبات انسانی کے متعلق ؛ جذباتی (مثلاً *p. fallacy*)- (۳) (جمع) علم جذبات ؛ مطالعۂ جذبات ؛ جذبات پرستی ؛ اظہار جذبات -

p. fallacy : عالم طبیعی کی طرف انسانی جذبات منسوب کرنا -

pathetically, *adv*. : حسرت ناک طور پر؛ رقت خیز انداز میں-

Pathic, *n*. : = Catamite

Patho- : سابقہ یونانی لفظ Pathos سے نکلا ہے اس کے معنی ہیں مرض ' تکلیف ' جذبہ -

pathogenesis, pathogeny: امراض کا پیدا ہونا؛ آفرینش امراض-

pathogenetic, pathogenic, pathogenous : مرض آفریں ؛ مرض خیز -

pathognomonic : کسی خاص مرض سے مخصوص -

pathognomy : علم جذبات ؛ مطالعۂ جذبات -

pathognomic : علم جذبات کا -

pathology : تشخیص امراض؛ علم الامراض؛ مرضیات-

pathological : مرضیات کا ؛ علم الامراض کے متعلق -

pathologically : مرضیات کی رو سے -

pathologist : ماہر تشخیص امراض ؛ مرضیات -

Pathos, *n*. : (۱) درد ؛ سوز و گداز ؛ رقت انگیزی ؛ دل گداری (تصویر یا تقریر وغیرہ میں) -

-pathy : (لاحقہ) لاحقہ جو یونانی لفظ *patheia* سے ماخوذ ہے اس کے اصلی معنی ہیں تکلیف احساس (مثلاً *homoiopatheia*) اس سے علاج کے معنی بھی پیدا کرلئے گئے ہیں (مثلاً *allopathy*-

Patience, *n*. : (۱) صبر ؛ تحمل ؛ شکیب ؛ برداشت ؛ حلم ؛ برد باری - (۲) استقلال ؛ ثابت قدمی - (۳) تاش کا ایک کھیل جو اکیلا آدمی کھیلتا ہے ؛ پیشنس -

have no p. with : (کسی شخص یا اس کے طرز عمل وغیرہ سے) کوفت ہونا ؛ وحشت ہونا ؛ برداشت نہ ہونا-

out of p. with : عاجز ؛ تنگ ؛ زچ -

p. dock : ایک پودے کا نام -

the p. of Job : صبر ایوب ؛ انتہائی صبر

Patient, *a. & n.* : (۱) صابر ؛ متحمل ؛ بردبار ؛ حلیم ؛ ثابت قدم ؛ مستقل مزاج - (۲) متحمل ؛ احتمال رکھنے والا - (۳) مریض ؛ بیمار (جو زیر علاج ہو) -

the facts are p. of two interpretations : واقعات متحمل المعنیین ہیں ؛ واقعات سے دو معنی نکل سکتے ہیں ؛ دو معنی کا احتمال ہے -

patiently, *adv.* : صبر و تحمل سے ؛ صبر و سکون سے ؛ مستقل مزاجی سے -

Patina, *n.* : سبز رنگ کی پپڑی جو کانسے کے پرانے برتنوں پر جم جاتی ہے اور باعث زینت سمجھی جاتی ہے -

patinated, patinous, *aa.* : زنگ آلود -

patination, *n.* : زنگ آلودگی -

Patio, *n.* : صحن ؛ آنگن ؛ انگنائی (ہسپانوی یا امریکی ہسپانوی مکانوں میں) -

Patois, *n.* : (کسی خطے کی) عوام کی بولی ؛ روز مرہ کی بولی (اعلیٰ زبان کی ضد) -

Patriarch, *n.* : (۱) سردار قبیلہ ؛ سر قبیلہ ؛ سردار خاندان ؛ بزرگ خاندان - (۲) (جمع) حضرت یعقوب کے بیٹے ؛ ابنائے یعقوب - (۳) بزرگان اسرائیل (حضرت ابراہیمؑ ، حضرت اسحاقؑ ، حضرت یعقوبؑ اور ان کے اجداد) ؛ (قدیم کلیسا اور مشرقی مکتب میں) بطریق ؛ اسقف (خصوصاً انطاکیہ ، اسکندریہ ، قسطنطینیہ ، یروشلم ، روما کا) - (۴) (کلیسائے رومی) بطریق ؛ اسقف اعظم سے اوپر کے درجے کا سردار کلیسا - (۵) (کسی فن کا یا کسی سلسلے کا) بانی ؛ مورث اعلیٰ - (۶) قابل احترام بوڑھا شخص ؛ بزرگ - (۷) کسی جماعت یا طبقے کا سب سے بوڑھا شخص ؛ پیر کبیر -

patriarchal, *a.* : سرقبیلی (حکومت) ، جس میں قبیلے کا سردار اس کا سیاسی فرمانروا بھی ہوتا تھا -

Patriarchate, *n.* : (۱) بطریقی ؛ عہدۂ بطریق - (۲) بطریق کا مکان - (۳) اسقف اعظم کا علاقہ ؛ وہ علاقہ جو کسی اسقف یا اسقف اعظم کے سپرد ہو - (۴) سردار قبیلہ کا درجہ -

Patriarchy, *n.* : (۱) وہ معاشرہ (سوسائٹی) یا حکومت جس میں سردار قبیلہ کی فرمانروائی ہو ؛ سرقبیلی معاشرہ ؛ سرقبیلی حکومت -

patriarchism, *n.* : سرقبیلی نظام ؛ سرقبیلی طرز حکومت -

Patrician, *n. & a.* : (۱) قدیم روما کا خاندانی امیر ؛ طبقۂ امرا کا رکن - (۲) عہد متاخر کی رومی سلطنت کے طبقۂ امرا کا رکن - (۳) نائب قیصر (قیصر روم کا صوبہ دار اطالیہ اور افریقہ میں) - (۴) (تاریخ) خاندانی امیر (خصوصاً بعض اطالوی ریاستوں کا) - (۵) امیرانہ ، امیروں کا (خصوصاً قدیم روما کے طبقۂ امرا کا) -

patricianship, *n.* : (۱) امارت - (۲) نائب قیصر کا عہدہ -

Patriciate, *n.* : (۱) طبقۂ امرا ؛ جماعت امرا - (۲) امارت -

Patricide, *n.* : (۱) اپنے باپ کا قاتل ؛ پدر کش - (۲) اپنے باپ کا قتل ؛ پدر کشی -

patricidal, *a.* : پدر کشانہ ؛ پدر کشی کا -

Patrimony, *n.* : (۱) آبائی جائداد یا املاک : ترکہ ؛ میراث ؛ ارث ؛ ورثہ (لغوی اور مجازی دونوں معنی میں آتا ہے) - (۲) گرجے وغیرہ کے متعلق وقف وغیرہ -

patrimonial, *a.* : آبائی املاک کا ؛ میراثی (جائداد) ؛ میراثی ؛ ارثی -

Patriot, *n.* : (۱) وطن دوست ؛ محب وطن ؛ آزادیٔ وطن کا حامی -

patriotic, *a.* : (۱) وطن دوستی کا ؛ حب وطن کا - (۲) وطن دوست ؛ محب وطن -

patriotically, *adv.* : ازراہ وطن دوستی ؛ حب وطن کی بنا پر -

patriotism, *n.* : وطن دوستی ؛ حب وطن ؛ آزادیٔ وطن کی حمایت -

Patristic, *a.* : آبائے کلیسا (Fathers of the Church) کے متعلق یا ان کی تصانیف کے متعلق -

Patrol, *n. & v. i. & t.* : (۱) طلایہ ؛ گشت ؛ روند ؛ گرداوری - (۲) گشت کرنا ؛ روند کرنا ؛ گرداوری کرنا ؛ شب گشت کرنا ؛ شہر گشت کرنا ؛ شب گردی کرنا ؛ چوکسی کرنا ؛ نگرانی کرنا ؛ حفاظت کرنا -

Patron, *n.* : (۱) مربی ؛ سر پرست ؛ حامی ؛ مددگار - (۲) (دکانداری) ہمیشہ کا گاہک ؛ مستقل خریدار - (۳) معاونہ ؛ ولی (کسی شخص یا ملک کا) - (۴) (متعلقات روما) آزاد شدہ غلام کا سابق مالک ؛ امرا کے طبقے کا کوئی شخص جو کسی عامی کا سر پرست ہو - (۵) متولی ؛ وہ شخص جو گرجے کے متعلق وقف یا معافی کا متولی ہو اور اس گرجے کے پادری کا تقرر اس کی سفارش سے ہوتا ہو -

p. saint : وہ ولی یا ولیہ جو کسی شخص یا ملک کی معاونہ سمجھی جاتی ہو ؛ معاونہ ولی یا ولیہ -

patroness, *n.* : (۱) مربیہ یا سر پرست خاتون - (۲) معاونہ ؛ ولیہ - (۳) متولیہ (گرجے کے وقف کی) -

Patronage, *n.* : (۱) حمایت ؛ معاونت ؛ امداد ، سر پرستی - (۲) گاہکوں کی سر پرستی - (۳) سر پرستانہ امداد - (۴) اقتدار تقرر (مثلاً *he has a great deal of p. in his hands*) -

P. Secretary (of the Treasury) : خزانے کا سکریٹری جس کے اختیار میں اس محکمے کے تقررات وانتظامات ہیں -

Patronal, *a.* : ولئی حامی یا معاونہ ولی کا یا اس کے متعلق -

the p. festival : عید ولئی حامی ؛ ولئی حامی کا تہوار -

Patronize, *v. t.* : (۱) سر پرستی کرنا ؛ حمایت کرنا ؛ اعانت کرنا ؛ امداد کرنا ؛ ہمت افزائی کرنا - (۲) مربیانہ عنایت کا برتاؤ کرنا ؛ متکبرانہ التفات سے پیش آنا -

patronizingly, *adv.* : مربیانہ انداز سے ؛ متکبرانہ التفات کی شان سے -

Patronymic, *a. & n.* : (۲) (وہ نام) جو آبا و اجداد میں سے کسی کے نام پر رکھا گیا ہو - (۲) جدی -

Patroon, *n.* : (تاریخ ، امریکہ) جاگیردار ؛ وہ زمیندار جس کو نیویارک اور نیو جرسی کی ڈچ حکومت میں جاگیر داروں کے حقوق حاصل تھے (یہ نظام سنہ ۱۸۵۰ ع میں منسوخ ہوا) -

Patten, *n.* : اوپری جوتا ؛ جوتے کے اوپر پہننے کا جوتا جس کا تلا لکڑی کا اور اوپر کے حصے پر لوہے وغیرہ کا حلقہ ہوتا ہے یہ اصل جوتے کو کیچڑ میں سے اٹھانے کا کام دیتا ہے -

Patter, *n.* : (۱) بولی ؛ کسی خاص پیشے یا طبقے کی زبان - (۲) تقریر بازی - (۳) تیز گفتگو جو گیت کے درمیان میں آجاتی ہے - (۴) گیت یا طربیہ ڈراما کے الفاظ -

Patter, *v. t. & i.* : (۱) (دعا وغیرہ) جلدی جلدی پڑھنا ؛ ایک طانس میں پڑھ ڈالنا - (۲) پٹر پٹر جلدی جلدی باتیں کرنا ؛

تیزی سے گفتگو کرنا ؛ گھاس سی کاٹنا -

Patter, *v. i. & t. & n.* : (۱) ٹپاٹپ گرنا ؛ ٹپ ٹپ کی آواز پیدا کرنا (مثلاً بارش کی بوندوں کا کھڑکی کے شیشوں پر گرنا) - (۲) پٹر پٹر دوڑنا ؛ چھوٹے چھوٹے قدم رکھتے ہوئے تیزی سے دوڑنا - (۳) ٹپ ٹپ گرانا (پانی کو) - (۴) ٹپ ٹپ کی آواز -

Pattern, *n. & v. t.* : (۱) اعلیٰ نمونہ ؛ اعلیٰ مثال ؛ (کسی صفت کا) مجسمہ ، پتلا - (۲) (طور صفت) مثالی ، نمونے کا (جو اپنی خوبی کی وجہ سے نمونے کا کام دے مثلاً *p. wife*) ؛ قابل تقلید - (۳) نمونہ ؛ سانچا (جس کے مطابق کوئی چیز بنائی جائے) - (۴) درزی کے کپڑے وغیرہ کا نمونہ - (۵) نقش و نگار ؛ نقشہ (دیوار ، قالین وغیرہ کے آرائشی کام کا) - (۶) بندوق کی گولیوں کے نشانات کا نقشہ جو چاند پر بن جائے - (۷) (کسی چیز کے) نمونے پر بنانا یا ڈھالنا - (۸) نقش و نگار سے مزین کرنا -

p. room, p.-shop : سانچوں کی ڈھلائی کے کارخانہ کا کمرہ وغیرہ ؛ نمونوں کا کمرہ یا دوکان -

Patty, *n.* : (۱) قیمے کا سموسا - (۲) میٹھا سموسا -

p. pan : سموسے پکانے کا طاس یا کڑاہی -

Patulous, *a.* : (۱) (نباتیات) کشادہ - (۲) پھیلی ہوئی (شاخیں) -

patulously, *adv.* : کشادگی سے ؛ پھیلا ہوا -

patulousness, *n.* : کشادگی ؛ پھیلا ہوا ہونا -

Paucity, *n.* : (۱) قلت ؛ کمی (تعداد یا مقدار کی) -

Paul, *n.* : پولوس رسول ؛ پولوس (حضرت مسیح کے مشہور حواری) -

P. Pry : راز جو شخص ؛ وہ شخص جسے دوسروں کے راز معلوم کرنے کا شوق ہو -

Rob Peter to pay P. : دیکھو Peter -

Pauline, *a. & n.* : (۱) پولوس کا ؛ پولوسی - (۲) لندن کے مدرسہ " سینٹ پال " کا جدید یا قدیم طالب علم -

the P. epistles : خطوط پولوس رسول -

Paulo-post-future, *n.* : (۱) (یونانی صرف و نحو) مستقبل تمام (وہ صیغہ جو مستقبل میں کسی فعل کا تمام ہونا ظاہر کرے) - (۲) (مزاحیہ) مستقبل قریب -

Paunch, *n. & v. t.* : (۱) پیٹ ؛ شکم ؛ معدہ - (۲) (جگالی کرنے والے جانوروں کا) معدۂ اول - (۳) (جہاز رانی) موٹی مضبوط چٹائی - (۴) لکڑی کا خول جو مستول پر چڑھا دیتے ہیں تاکہ وہ رگڑ سے محفوظ رہے (*rubbing p.*) - (۵) پیٹ پھاڑنا ؛ پیٹ چاک کرنا تاکہ آنتیں نکل پڑیں

Pauper, *n.* : (۱) محتاج ؛ فقیر ؛ کنگال ؛ گداگر ؛ مسکین - (۲) وہ محتاج جسے قانون امداد غربا کے ماتحت امداد ملتی ہو - (۳) مفلس ، نادار (جس کو بصیغۂ مفلسی مقدمہ دائر کرنے کی اجازت ملے) -

pauperdom, pauperism, *nn.* : (۱) مسکینی ؛ فقیری ؛ گداگری ؛ ناداری - (۲) جماعت مفلساں ؛ جماعت ناداراں -

pauperization, *n.* : محتاج یا نادار کر دینا یا ہو جانا ؛ گداگر بنا دینا یا بن جانا -

pauperize, *v. t.* : محتاج یا نادار کر دینا ؛ گداگر بنانا -

Pause, *n. & v. i.* : (۱) توقف ؛ تامل - (۲) وقفہ ؛ تقریر یا تحریر میں بیچ میں رک جانا - (۳) (موسیقی) بہت لمبے وقفے کی علامت جو نشان نغمہ کے اوپر یا نیچے بنی ہو [⌒] یا [⌣] - (۴) رکنا ؛ ٹھہرنا ؛ توقف کرنا ؛ رک جانا - (۵) (کسی لفظ پر) رکنا ؛ اٹکنا -

give p. to : کسی کو پس و پیش میں ڈالنا -

Pavage, *n.* : (۱) کھرنجا لگانا ؛ فرش بندی (اینٹوں ، تختوں وغیرہ کا فرش لگانا) - (۲) محصول فرش بندی (سڑکوں پر فرش لگانے کا محصول) -

Pavan, *n.* : ایک شاندار ناچ جو پرتکلف پوشاک پہن کر ناچا جاتا تھا -

Pave, *v. t.* : (۱) (سڑک وغیرہ کا) کھرنجا بنانا ؛ فرش بندی کرنا ؛ اینٹیں یا تختے لگانا ؛ (*p. p.*) (استعارتاً) پٹا ہوا ؛ بھرا ہوا (*paved with flowers*) - (۲) (استعارتاً) (اصلاح وغیرہ کا) راستہ صاف کرنا ؛ راہ سے مشکلات دور کرنا (جیسے *pave the way for reforms*) -

paver, paviour, *nn.* : (۱) فرش بندی کرنے والا ؛ کھرنجا لگانے والا - (۲) راستہ صاف کرنے والا -

Pave, *n.* : (۱) کھرنجے یا فرش بندی کی سڑک - (۲) کھرنجے کی پٹری - (۳) مرصع کاری ؛ جڑاؤ کام (جس میں نگینے پاس پاس کھرنجے کی طرح جڑے ہوں) -

Pavement, *n.* : (۱) (اینٹوں ، تختوں وغیرہ کا) فرش ؛ کھرنجا ؛ (خصوصاً) سڑک کی پٹری (جو کھرنجے کی ہو) - (۲) (حیوانیات) کھرنجے کی شکل کی دانتوں کی ساخت -

crazy p. : (باغ کی روشوں کا) ناہموار کھرنجا یا فرش -

p.-artist : فرشی مصور (جو سڑک کی پٹری پر رنگین تصویریں بنایا کرتا ہے اور رہگیروں سے پیسے وصول کرتا ہے) -

Pavilion, *n. & v. t.* : (۱) بڑا چوٹی دار خیمہ - (۲) چھوٹا سا خوشنما بنگلہ خصوصاً وہ جو کرکٹ کے میدان کے پاس کھلاڑیوں اور تماشائیوں کے لئے بنا دیا جاتا ہے ، پیویلین - (۳) شہ نشین (عمارت کا آگے کو نکلا ہوا حصہ جو عموماً نقش و نگار سے آراستہ ہوتا ہے) - (۴) خیمے لگانا ؛ خیموں سے گھیرنا ؛ پیویلین بنانا (میدان وغیرہ میں) ؛ شہ نشین بنانا (عمارت میں) -

Pavonazzo, *a. & n.* : (مرمر) جس پر طاؤس کے رنگ کے نقش و نگار ہوں ؛ طاؤسی (سنگ مرمر) -

Pavonine, *a.* : طاؤسی ؛ طاؤس کا ؛ طاؤس کا سا -

Paw, *n.* : (۱) (جانور کا) پنجہ - (۲) (بول چال) ہاتھ ؛ خط ؛ تحریر -

Paw, *v. t. & i.* : (۱) پنجہ مارنا ؛ چنگل مارنا - (۲) (گھوڑے کا زمین پر) ٹاپ مارنا ؛ سم سے زمین کریدنا - (۳) (بول چال) بھدے پن سے اٹھانا یا برتنا (کوئی چیز) -

Pawky, *a.* : (۱) (اسکاچستان کی مقامی بولی) عیار ؛ چلتا ہوا ؛ چالاک ؛ ہوشیار ؛ شریر - (۲) عیارانہ ظرافت -

pawkily, *adv.* : عیاری سے ؛ چالاکی سے ؛ شرارت سے -

pawkiness, *n.* : عیاری ؛ چالاکی ؛ شرارت -

Pawl, *n. & v. t.* : (۱) روک دار بیرم (جس میں پہیے کے دندانے میں پھنسنے کے لئے روک لگی ہو) - (۲) (جہاز رانی) چھوٹی سلاخ جو لنگر کے چرخ وغیرہ میں لگا دی جاتی ہے کہ وہ الٹا چکر نہ کرنے لگے ؛ چرخ روک - (۳) لنگر کے چرخ وغیرہ میں چرخ روک لگانا -

Pawn, *n.* : (۱) (شطرنج کا) پیادہ - (۲) (استعارتاً) مہرہ (وہ شخص جسے دوسرا اپنے مقصد کے لئے جو چال چاہے چلائے) -

Pawn, *n.* : (۱) گروی ؛ شے مرہونہ (وہ چیز جو رہن رکھی گئی ہو) -

(۲) وہ شخص جو ضمانت کے طور پر قرضخواہ کے پاس چھوڑ دیا جائے - (۳) گروی ہونا ؛ رهن -

in p., at p. : گروی ؛ ؛ رهن-

pawnbroker : گروی یا رهن کا دوکاندار ؛ چیزیں گرو رکھ کر قرض دینے والا -

pawnbroking : رهن کا کاروبار -

pawnshop : گروی کی دوکان ؛ رهن کی دوکان -

Pawn, *v. t.* : (۱) رهن رکھنا ؛ گرو رکھنا (کسی چیز کو) - (استعارتاً) (اپنی جان سے کسی چیز کی) ضمانت کرنا ؛ قول هارنا ؛ قول دینا -

Pawnee, *n.* : مرتھن ؛ جس کے پاس کوئی چیز گروی رکھی جائے -

Pax, *n.* : (۱) لوح صلیبی ؛ لوح بوسہ (جس پر پادری اور حاضرین Mass کے موقع پر بوسہ دیتے هیں) - (۲) بوسۂ سلامتی (High Mass کی ایک رسم) -

P. Britannica : امن برطانوی ؛ جنگ کی ممانعت سلطنت برطانیہ عظمیٰ کی ماتحت ریاستوں کو

p. Romana : امن رومی ؛ جنگ کی ممانعت سلطنت رومتہ الکبریٰ کی ماتحت ریاستوں کو -

p. vobis : (۱) تم پر سلامتی هو ؛ سلام علیکم - (۲) (مدرسہ میں عامیانہ) خاموش ! -

Paxwax, *n.* : (مقامی بول چال) گدّی کی رگ (یہ ایک سخت رگ هے جو ریڑھ کی هڈیوں سے شروع هوکر گدّی تک پہنچتی هے) -

Pay, *n.* : (۱) ادائی ؛ ادائگی - (۲) تنخواہ ؛ مشاهرہ ؛ مزدوری ؛ اُجرت -

in the p. of : (فلاں کا) ملازم -

p.-day : (۱) یوم تقسیم ؛ تقسیم تنخواہ یا تقسیم اجرت کا دن - (۲) (صرافہ) یوم ادائی (جب تمسکات کے مبادلے کی رقم ادا هوتی هے) -

paymaster : (۱) بخشی (وہ عہدہ دار جو سپاهیوں اور مزدوروں کو تنخواہ تقسیم کرتا هے) - (۲) (استعارتاً) ولی نعمت ؛ آقا -

paymaster general : افسر خزانہ ؛ خزانے کے ایک شعبے کا افسر -

Pay, *v. t. & i.* : (۱) دینا ؛ ادا کرنا ؛ چکانا ؛ مشاهرہ ادا کرنا ؛ اجرت دینا ؛ مزدوری دینا ؛ تنخواہ دینا ؛ قیمت دینا ؛ معاوضہ دینا - (۲) (استعارتاً) بدلہ دینا ؛ اجر دینا ؛ جزا دینا ؛ صلہ دینا ؛ معاوضہ دینا - (۳) کرنا (عزت ، اظهار عقیدت وغیرہ) - (۴) مبذول کرنا (توجہ ، عنایت وغیرہ) ؛ پیش کرنا (هدیۂ احترام ، خراج تحسین وغیرہ) - (۵) (کاروبار سے) نفع هونا ؛ فائدہ هونا -

p. a person in his own coin : دیکھو Coin -

p. for : (۱) قیمت ادا کرنا - (۲) خرچ برداشت کرنا ؛ سزا پانا (اپنے قصور کی) -

p. for one's whistle : دیکھو whistle -

p. in : (اپنے حساب میں یا کسی اور کے حساب میں کوئی رقم) جمع کرانا ؛ داخل کرانا -

p. off : جہاز کاسکان آگے اٹھانے سے اس پہلو مڑنا جدھر ہوا سے مصفر هے -

p. off : بے باق کرنا ؛ چکا دینا (تنخواہ ، قرض وغیرہ) -

p. one's way : اپنا خرچ نکال لینا ؛ قرض دار نہ هونا -

p. out, p. away : (جہاز رانی) رسی چھوڑنا ؛ رسی ڈھیلی کر کے نکلنے دینا -

p. (person) out : سزا دینا -

p. the piper : دیکھو piper -

p. through the nose : دیکھو Nose -

p. up : پورا کردینا ؛ بے باق کردینا ؛ چکا دینا -

payee, *n.* : روپیہ پانے والا ؛ مرسل الیہ ؛ پابندہ -

payer, *n.* : (روپیہ وغیرہ) ادا کرنے والا ؛ دهندہ ؛ ادا کنندہ -

Pay, *v. t.* : (جہاز رانی) رال لگانا ، تار کول لگانا -

Payable, *a.* : (۱) واجب الادا ؛ واجب الدین (قرض) - (۲) قابل ادا ؛ جو ادا هوسکتا هے - (۳) منافع کی ؛ نفعے کی (کان وغیرہ) -

Payment, *n.* : (۱) ادائگی ؛ ادائی ؛ چکوتا - (۲) رقم جو ادا کی جائے - (۳) (استعارتاً معاوضہ ؛ بدلہ ؛ جزا ؛ اجر -

Paynim, *n.* : (قدیم) بے دین (عموماً مسلمانوں کو کہتے تھے) -

Paynize, *v. t.* : (۱) لکڑی میں ایسے مسالوں کی پچکاری دینا کہ وہ گلنے سے محفوظ رهے -

Paysage, *n.* : (۱) دیہات کا منظر ؛ قدرتی منظر - (۲) قدرتی مناظر کی مصوری -

paysagist, *n.* : قدرتی مناظر کا مصور -

Pea, *n.* : (۱) مٹر کا پودا - (۲) مٹر کا دانہ ؛ مٹر -

sweet p. : دیکھو sweet -

as like as two pp. : بالکل یکساں -

p.-nut : ایک پھلی جو کھانے اور تیل نکالنے کے کام آتی هے -

p.-shooter : مٹر بندوق ؛ ایک نلی جس میں خشک مٹر چھرے کی طرح بھرکر مارے جاتے هیں -

p. soup : (خصوصاً خشک) مٹر کا شوربہ -

p.-souper : (بول چال) دھندلی زرد کہر -

p.-soupy : دھندلی زرد (کہر) -

Peace *n.* : (۱) امن ؛ امن و امان ؛ صلح ؛ خیریت - (۲) معاهدۂ صلح - (۳) سکون ؛ چین ؛ آرام ؛ آسودگی - (۴) سکون ؛ قلب ؛ اطمینان قلب - (۵) امن عامہ (*the p.*) -

at p. : بے تشویش ؛ صلح کی حالت میں -

be sworn of the p. : مجسٹریٹ مقرر هونا -

commission of the p. : دیکھو Commission -

hold one's p. : خاموش رهنا ؛ چپ رهنا -

Justice of the p. : دیکھو Justice -

keep the p. : لڑائی جھگڑے سے باز رهنا ؛ امن سے رهنا ؛ امن قائم رکھنا -

make one's p. with : صلح کرنا (آپس کے جھگڑوں کے بعد) -

make p. : صلح کرنا (جنگ کے بعد) -

make person's p. with : کسی شخص کی صلح کرانا (دوسرے شخص سے) -

peacemaker : (۱) صلح کرانے والا - (۲) (مزاحاً) طپنچہ ؛ جنگی جہاز وغیرہ -

p.-offering : (۱) نذر صلح (جو حریف کی تالیف قلوب کے لئے دی جائے) - (۲) (بائبل شکرانہ صلح) (درگاہ الہی میں) -

P. Pact : معاهدۂ امن (جو سنہ ۱۹۲۸ ع میں پیرس امریکا کی طرف سے پیش هوا اور پندرہ ملکوں نے اس پر دستخط کئے) -

p.-pipe : تمبا کو پینے کا پائپ جس کا مل کر پینا شمالی امریکہ کے باشندوں میں صلح کی علامت هے -

the (king's) p. : امن عامہ -

Peaceable, *a.* : (۱) امن پسند؛ صلح پسند؛ صلح جو - (۲) امن پسندانہ؛ صلح جویانہ؛ صلح و آشتی کا -

peaceableness, *n.* : امن پسندی؛ صلح پسندی؛ صلح جوئی؛ پر امن ہونا؛ پر سکون ہونا -

peaceably, *adv.* : امن پسندی سے؛ صلح و آشتی سے؛ سکون سے؛ اطمینان سے -

Peaceful, *a.* : با امن؛ پر امن؛ پر سکون؛ صلح و آشتی کا -

peacefully, *adv.* : امن و امان سے؛ صلح و آشتی سے -

peacefulness, *n.* : با امن ہونا؛ پرامن ہونا؛ پرسکون ہونا -

Peach, *n.* : آڑو؛ شفتالو -

p. -blow : (۱) هلکا سرخ رنگ جس میں ارغوانی کی جھلک ہو - (۲) اس رنگ کا روغن -

p. -brandy : شفتالو کی برانڈی -

p. -colour : هلکا سرخ رنگ؛ شفتالو کا رنگ -

p. -coloured : شفتالو کے رنگ کا؛ هلکے سرخ رنگ کا -

p. -tree : آڑو کا درخت؛ شفتالو کا درخت -

Peach, *v. i.* : (اب عامیانہ ہے) (۱) مخبر بن جانا - (۲) کسی کی مخبری کرنا -

Pea-chick, *n.* : مور کا بچہ؛ طاؤس کا بچہ -

Peachy, *a* : شفتالو کا سا؛ شفتالو کے مانند سرخ اور نرم (رخسار وغیرہ) -

peachiness, *n.* : شفتالو کی طرح سرخ اور نرم ہونا -

Peacock, *n. & v.t. & i.* : (۱) مور؛ طاؤس - (۲) بننا سنورنا؛ سنگار کرنا - (۳) ناز و انداز سے چلنا؛ خرام ناز کا عالم دکھانا؛ اٹھلا کر چلنا -

p. blue : چمکدار نیلا رنگ (جیسا مور کی گردن کا رنگ ہوتا ہے) -

p. butterfly : مور تتلی (یورپی تتلی جس کے بازو گل دار ہوتے ہیں) -

p. coal : ایک قسم کا رنگ برنگ کوئلہ -

p. -fish : مور مچھلی؛ ایک قسم کی رنگین مچھلی جس میں سبز، نیلے، سرخ اور سفید رنگوں کی آمیزش ہوتی ہے -

peacockery, *n.* : طاؤسانہ رویہ؛ خرام ناز؛ اٹھلاتی چال -

peacockish, *a.* : بننے سنورنے والا؛ مرغ زریں سا

peacocklike, *a.* : طاؤس وش؛ مور کا سا -

Peafowl, *n.* : مور یا مورنی؛ نر یا مادہ طاؤس -

Peahen, *n.* : مورنی؛ مادہ طاؤس -

Pea-jacket, *n.* : بحری کوٹ؛ موٹے کپڑے کا چھوٹا اوور کوٹ جو سمندر کے سفر میں پہنا جاتا ہے -

Peak, *n.* : (۱) ٹوپی کا چھجا - (۲) (جہاز رانی) جہاز کے دنبالے کا تنگ حصہ (خصوصاً اگلا) (نیز *forepeak*) - (۳) نوک بادبان (بادبان کا بالائی بیرونی سرا) - (۴) چوٹی؛ پھننگ؛ خصوصاً پہاڑ کی چوٹی - (۵) نوک (مثلاً داڑھی کی) - (۶) اتار یا چڑھاؤ گھٹنے کا انتہائی نقطہ -

peak load : (۱) زیادہ ترین وزن - (۲) قوت برقی کی انتہائی قوت - (۳) بیوپار کی انتہائی حد -

peaked, *a.* : چھجے دار؛ چوٹی دار؛ نوک دار؛ نکیلا -

peaky, *a.* : چھجے دار؛ چوٹی دار؛ نوک دار -

Peak, *v. i.* : کھلنا؛ تحلیل ہونا (رنج وغیرہ سے) (خصوصاً p. & pine میں) -

peaked, *p.p.* : جس کے چہرے پر ہڈیاں نکلی ہوں؛ جو بھوکا رکھا جاتا ہو -

peaky, *a* : سوکھا؛ کم زور؛ مریل -

Peak, *v. i.* : (۱) (جہاز رانی) (مستول کے سہارے کو) عموداً جھکانا؛ آگے یا پیچھے جھکانا - (۲) (چپوؤں کو) سیدھا کھڑا رکھنا - (۳) (ویل وغیرہ کا دم) اٹھانا؛ (غوطہ لگاتے وقت) سیدھا کھڑا ہونا -

Peaky, *a.* : دیکھو Peak -

Peal, *n. & v. i. & t.* : (۱) گجر؛ گھنٹیوں کا زور سے ساتھ ساتھ بجنا؛ گھنٹیوں کی ٹن ٹن - (۲) گھنٹیاں؛ گھنٹیوں کا جوڑ - (۳) گرج؛ کڑک؛ زور کی آواز - (۴) زور سے ہنسنے کی آواز؛ آواز (قہقہہ) - (۵) ٹن ٹن بجنا؛ گرجنا؛ کڑکنا - (۶) کڑک کر کہنا؛ گرج کر کہنا -

p. bells : (گھنٹیوں کا) گجر بجانا -

Pear, *n.* : ناشپاتی -

p. -shaped : ناشپاتی کی شکل کا -

p. -tree : ناشپاتی کا درخت -

prickly p. : دیکھو Prickly -

Pearl, *n.* : (۱) موتی؛ لولو؛ در - (۲) بیش قیمت شے؛ اپنی نوع کی بہترین چیز؛ سرتاج - (۳) موتی سے مشابہ چیز مثلاً قطرۂ شبنم، در اشک، در دنداں - (۴) چھوٹا ٹائپ؛ موتیا ٹائپ - (۵) بعض چیزوں کا ریزہ؛ ٹکڑا -

cast pp. before swine : بھینس کے آگے بین بجانا؛ نا اہلوں کے سامنے بیش بہا چیز پیش کرنا -

mother-of-pearl : دیکھو Mother -

p. -ash : پوٹاسیم کاربونیٹ -

p. barley &c. : موتیا جو وغیرہ (جس کے دانوں کو گول کر لیتے ہیں) -

p. -diver : وہ شخص جو صدف کے لئے غوطہ لگاتا ہے -

p. -fisher : صدف شکاری؛ صدف گیر؛ غوطہ لگا کر موتی نکالنے والا -

p. -fishery : (۱) صدف گیری - (۲) وہ جگہ جہاں صدف شکار کرتے ہیں؛ صدف زار -

p. oyster : موتی کستورا (ج)؛ سیپی کا کیڑا جس سے موتی بنتا ہے؛ صدف مروارید کا کیڑا -

p. -powder, p. -white : ایک طرح کا غازہ -

p. -shell : صدف؛ سیپ -

seed p. : بہت چھوٹا موتی -

pearled, *a.* : جس میں موتی لگے ہوں -

pearliness, *n.* : موتی جیسا ہونا؛ در صفت ہونا -

pearly, *a.* : در صفت؛ موتی جیسا -

Pearl, *v. t. & i.* : (۱) (کسی چیز کے) موتی جیسے قطرے چھڑکنا؛ موتی بکھیرنا - (۲) موتی کا رنگ وغیرہ دینا؛ موتی کی سی آب پیدا کرنا؛ موتی سا بنانا - (۳) (جو وغیرہ کے) دانوں کو گھس کر گول کرنا؛ موتیا بنانا - (۴) موتی جیسے قطرے بنانا - (۵) (موتی کے لئے) صدف کا شکار کھیلنا -

Pearl, *n.* : ٹکمہ (جو تکیے کی جھالر وغیرہ میں آرائش کے لئے ٹانک دیتے ہیں) -

Pearlies, *n. pl.* : میوہ فروش کا لباس (جس میں بہت سے ٹکمے جڑے ہوتے ہیں) -

Pearmain, *n.* : ایک خاص قسم کا سیب -

Peasant, *n.* : گاؤں والا؛ دیہاتی؛ دہقان -

Peasantry, *n.* : گاؤں والے؛ دہقانوں کا گروہ؛ دیہاتی لوگ -

Pease, *n.* : (قدیم) مٹر : مٹر کے دانے -

peasecod : (قدیم) مٹر کی پھلی -

p.-pudding : مٹر کی پڈنگ -

Peat, *n.* : نباتی مادہ جو پانی میں سڑتا ہے اور اس میں ایک حد تک کوئلے کے خواص پیدا ہوجاتے ہیں ' ایندھن کے کام آتا ہے : دلدل کا کوئلہ -

p.-bog : کوئلے کی دلدل -

p. moss : کوئلے کی کائی -

p.-reek : اس کوئلے کی آگ کا دھواں : اس پر کشید کی ہوئی وہسکی کی خوشبو -

peatery, *n.* : دلدل کے کوئلے کا کارخانہ -

peaty, *a.* : دلدل کے کوئلے کا سا : اس سے بنا ہوا : جس میں اس کی بو آئے -

Peat, *n.* : (قدیم) لڑکی : حسینہ -

proud p. : بت طناز : مغرور حسینہ -

Pebble, *n* : (۱) کنکر : روڑی : سنگ ریزہ - (۲) عینک کا شیشہ یا تال - (۳) عقیق ' سنگ سلیمانی وغیرہ کی بعض اقسام کا نام -

pebbly, *a.* : سنگ ریزے یا عقیق کا : جس میں سنگ ریزے یا عقیق وغیرہ ہوں -

Pebrine, *n.* : ایک متعدی بیماری جو ریشم کے کیڑوں میں پھیل جاتی ہے ' جس سے ان کے جسم پر سیاہ داغ پڑ جاتے ہیں -

Peccable, *a.* : غیر معصوم : جس سے گناہ سرزد ہوسکتا ہو -

peccability, *n.* : عدم معصومیت : غیر معصوم ہونا -

Peccadillo, *n.* : جرم خفیف : گناہ صغیرہ

Peccant, *a.* : (۱) گناہ گار : عاصی : خطا کار : خاطی - (۲) فاسد : مرض انگیز -

peccancy *n.* : (۱) گناہ گاری : خطا کاری : معصیت شعاری وغیرہ (۲) فاسد ہونا

Peccary, *n.* : امریکی سور (سور کی قسم کا ایک چوپایہ جو امریکہ میں پایا جاتا ہے) -

Peccavi, *sent. & n.* : (۱) میں نے گناہ کیا ہے : میں گناہ گار ہوں - (۲) اعتراف گناہ : اعتراف -

Peck, *n.* : (۱) خشک چیزوں کی مقدار کا پیمانہ جو دو گیلن کے برابر ہوتا ہے : پیک - (۲) انبار : ڈھیر : بڑی تعداد -

a p. of dirt : غلاظت کا ڈھیر : کوڑے کا انبار -

a p. of troubles : مصیبتوں کا طومار : انبوہ مصائب

Peck, *v. t. & i. & n.* : (۱) ٹھونگیں مارنا : چونچیں مارنا - (۲) چونچیں مار کر سوراخ کردینا - (۳) چونچ چلانا : چونچ مارنے کی کوشش کرنا : (استعارتاً) نکتہ چینی کرنا - (۴) (بول چال) کھانا : شغل کے طور پر ذرا ذرا سا کھاتے رہنا : ٹونگنا - (۵) (کسی نوکدار اوزار سے) (زمین یا دیوار) کھودنا - (۶) ٹھونگ : چونچ - (۷) ٹھونگ مارنے کا نشان (۸) (عامیانہ) کھانا : غذا -

Peck, *v. t. & i.* : (عامیانہ) پتھر پھینکنا : کسی پر پتھر پھینکنا -

Pecker, *n.* (۱) چونچ مارنے والا پرندہ - (۲) کدال -

keep your p. up : (عامیانہ) ہمت بلندی رکھو : گھبراؤ نہیں -

woodpecker : ہد ہد : کٹھ بڑھئی -

Peckish, *a.* : (بول چال) بھوکا : گرسنہ

Pecksniff, *n.* : چرب زبان : ریا کار : رنگا سیار -

Pecten, *n* : (حیوانیات) جانوروں کے جسم میں مختلف قسم کی شانہ نما ساختیں -

pectinate, pectinated, *aa.* : شانہ نما -

pectination, *n.* : دندانوں کا دندانوں میں ملنا یا ایک دوسرے میں اٹکنا یا پھنسنا -

Pectin, *n.* : (کیمیا) سفیدہ (ایک قسم کا سفید معتدل مادہ جو پھلوں میں پک جانے پر Pectose کی وجہ سے پیدا ہوجاتا ہے)

pectic, *a.* : سفیدے کا : سفیدی -

Pectoral, *a. & n.* : (۱) چار آئینہ جو محض آرائش کے لئے لگایا جائے (خصوصاً یہودیوں کے پیشوائے اعظم کا) - (۲) صدری : سینے کا : چھاتی کا - (۳) دافع امراض صدر : وہ دوا جو امراض سینہ میں مفید ہو - (۴) جو سینے پر لگائی جائے : سینے کی (*p. cross*) -

Pectose, *n.* : (کیمیا) سفیدین : پیکٹوز (ایک حل نہ ہونے والا مادہ جو کیسلین سے مشابہ ہے اور اس کے ساتھ کچے پھلوں میں پایا جاتا ہے) -

Peculate, *v. t. & i.* : تغلب کرنا : غبن کرنا : خیانت کرنا : خورد برد کرنا -

peculation, *n.* : تغلب : غبن : خیانت : خورد برد -

peculator, *n.* : خائن : غبن کرنے والا -

Peculiar, *a. & n.* : (۱) مخصوص : خاص : مختص - (۲) انفرادی : شخصی : ذاتی - (۳) غیر معمولی : خاص - (۴) عجیب و غریب : انوکھا : نرالا - (۵) ملک یا استحقاق بلا شرکت غیرے : (کسی کی) مخصوص ملک یا جائداد : مخصوص حق - (۶) (تاریخ) وہ کلیسائی حلقہ یا گرجا جو اپنے علاقے کے بشپ کے ماتحت نہ ہو - (۷) فرقہ " خاصان خدا " (*P. People*) کا کوئی فرد : خاص -

P. People : ایک جدید مذہبی فرقہ جس کا نہ کوئی معبد ہے اور نہ کوئی تنظیم وہ صرف عبادت کو امراض کے علاج کے لئے کافی سمجھتا ہے -

Peculiarity, *n.* : (۱) مخصوص ہونا : انوکھا ہونا - (۲) خاصہ : خاصیت : خصوصیت - (۳) ندرت : انوکھا ہونا -

Peculiarly, *adv.* : (۱) ذاتی طور پر - (۲) خصوصاً : خاص کر : خاص طور پر : بالخصوص : علی الخصوص - (۳) انوکھے طریقے سے : نرالے طرز سے : عجیب طرح سے -

Pecuniary, *a.* : (۱) مالی : روپے پیسے کا - (۲) (جرم) جس میں جرمانے یا تاوان کی سزا ہو : تاوانی -

pecuniarily *adv.* : مالی حیثیت سے : روپے پیسے کے لحاظ سے -

Pedagogue, *n.* : (۱) معلم : مدرس - (۲) (کسی قدر حقارت کے ساتھ) ملا : میانجی -

pedagogic(al), *aa.* : (۱) معلمانہ : مدرسانہ : ملایانہ - (۲) فن تعلیم کے متعلق : تعلیمی -

pedagogically, *adv.* : (۱) معلمانہ طور پر : ملایانہ طرز پر - (۲) فن تعلیم کی رو سے

pedagog(u)ism, *n.* : معلمی : مدرسی : ملا گیری -

Pedagogy, *n.* : تعلیم : علم تعلیم : تعلیمات

pedagogics, *n* : تعلیم ' تعلیمات -

Pedal, *n. & v. i. & t.* : (۱) (ارگن باجے میں) وہ پردہ جو پیر سے بجایا جاتا ہے؛ ایک پیرم جسے پیر سے دباتے ہیں؛ پیڈل- (۲) (پیانو) پیر کا پیرم جو سروں کو اٹھانے اور مدھم کرنے کے کام آتا ہے - (۳) بائسکل وغیرہ کا پیڈل - (۴) وہ مدھم سر جو کئی نغموں کے ساتھ برابر بجتا رہے - (۵) (ارگن باجے یا بائسکل کا) پیڈل چلانا - (۶) پیڈل کو دبا کر چلانا (بائسکل وغیرہ) -

Pedal, *a.* : (حیوانیات) پیروں کا؛ پیر کا (خصوصاً رخادوں molluscs کے متعلق آتا ہے) -

Pedant, *n.* : (۱) وہ شخص جو اپنی علمیت یا قابلیت کا بے جا اظہار کرتا ہے؛ مدعی فضیلت؛ مدعی کمال - (۲) وہ شخص جو کتابی علم یا اصول و ضوابط کی اہمیت پر حد سے زیادہ زور دیتا ہے؛ کتاب پرست؛ اصول پرست - (۳) وہ شخص جو کسی نظریے کا حد سے زیادہ قائل ہو؛ نظریہ پرست -

pedantic, *a.* : (۱) فضیلت نما؛ فضیلت مآبی کا - (۲) کتاب پرست؛ نظریہ پرست؛ کتاب پرستانہ؛ نظریہ پرستانہ - (۳) مغلق (عبارت وغیرہ) -

pedantically, *adv.* : ادعائے فضیلت سے؛ فضیلت مآبی سے؛ کتاب پرستی یا نظریہ پرستی کے انداز سے -

pedantize, *v. t. & i.* : (۱) جا بیجا اظہار فضیلت یا اظہار کمال کرنا؛ کتابی علم یا نظریے پر حد سے زیادہ زور دینا - (۲) مدعی علم؛ فضیلت نما؛ کتاب پرست وغیرہ بنا دینا -

pedantocracy, *n.* : مدعیان فضیلت کی حکومت؛ کتاب پرستوں یا نظریہ پرستوں کی حکومت -

pedantry, *n.* : (۱) ادعائے فضیلت؛ ادعائے علم؛ فضیلت مآبی- (۲) کتاب پرستی؛ نظریہ پرستی -

Pedate, *a.* : (۱) (حیوانیات) پاؤں والا - (۲) (نباتیات) پنجہ صورت (پتیاں) -

Peddle, *v. i. & t.* : (۱) پھیری پھرنا؛ پھیری پھر کر سودا بیچنا - (۲) ادنیٰ کاموں میں وقت صرف کرنا - (۳) تھوڑی تھوڑی مقدار میں بیچنا؛ خردہ فروشی کرنا؛ (استعارتاً) جزواً جزواً (خیالات، مصائب وغیرہ) بیان کرنا؛ (افواہ وغیرہ) پھیلانا -

Pedestal, *n. & v. t.* : (۱) ستون کی کرسی؛ پایۂ ستون - (۲) مجسمے یا مورت کی کرسی - (۳) بنیاد؛ اساس (لغوی و مجازی معنوں میں) - (۴) آرام میز (*knee-hole table*) کا خانہ دار پایہ - (۵) گھومنے والی الماری (جس میں پیشاب کا برتن رکھا جاتا ہے) - (۶) کرسی یا پائے کے سہارے قائم کرنا؛ کرسی پر رکھنا یا کھڑا کرنا -

Pedestrian, *a. & n.* : (۱) پیادہ؛ پیدل؛ جادہ رو - (۲) پیدل کا؛ جو پیادہ پا کیا جائے - (۳) پیدل چلنے کا؛ چلنے کا - (۴) شعریت سے خالی؛ بے لطف؛ بے روح - (۵) (پیدل) چلنے میں مقابلہ کرنے والا؛ (پیدل) چلنے کا مشتاق -

pedestrianism, *n.* : (پیدل) چلنے کی مشاقی -

pedestrianize, *v. i.* : (پیدل) چلنے میں مقابلہ کرنا -

Pedicel, pedicle, *nn.* : (۱) (نباتیات) خصلک؛ ڈنٹھل جیسی ساخت - (۲) (حیوانیات) ڈنٹھل جیسی ساخت -

pedicellate, pediculate, *aa.* : خصلک دار؛ ڈنڈی دار -

Pedicular, -lous *aa.* : جوئیں بھرا؛ جس میں جوئیں ہوں -

pediculosis, *n.* : جوں روگ -

Pedigree, *n.* : (۱) شجرۂ نسب؛ نسب نامہ - (۲) نسل؛ خاندان؛ سلسلۂ نسب - (۳) اشتقاق (الفاظ کا) - (۴) اچھی نسل کا؛ عالی بوجاتی نسل کا (جانور) -

pedigreed, *a.* : عالی نسب؛ عالی خاندان -

Pediment, *n.* : عمارت کے رو کار کا مثلثی حصہ (جو یونانی طرز تعمیر کی یادگار ہے، رومی طرز اور نشاۃ ثانیہ کی طرز میں بھی پایا جاتا ہے) -

pedimental, *a.* : اس مثلثی حصے کا؛ اس کی شکل کا یا جس سے یہ بنے -

pedimented, *a.* : جس میں یہ مثلثی حصہ ہو -

Pedlar, *n.* : (۱) پھیری والا؛ بساطی - (۲) (استعارتاً) ایک سے دوسرے کو پہنچانے والا (مثلاً شہر شہریا، خبرباز) (*p. of gossip* =

p.'s French : چوروں کی بولی -

pedlary, *n.* : پھیری والے کا کام کرنا -

Pedometer, *n.* : (۱) سیر پیما (ایک آلہ جس سے چلنے والے کے قدموں کی تعداد معلوم ہوتی ہے اور اس طرح فاصلے کا اندازہ کیا جاتا ہے) -

Peduncle, *n.* : (۱) (نباتیات) فصلہ؛ شاخ گل؛ پھول دار پودوں وغیرہ کا تنا؛ وہ ڈالی جس میں ایک پھول یا کئی چھوٹی ڈنڈیاں ہوں - (۲) (حیوانیات) جانوروں کے جسم میں فصلہ نما جوڑ -

peduncular, pebunculate, *aa.* : فصلہ دار؛ فصلہ نما؛ فصلہ کا؛ متعلق بہ فصلہ -

Peek *v. i.* : جھانکنا؛ جھانک کر دیکھنا -

p.-a-boo : (اب امریکا میں رائج ہے) آنکھ مچولی (جو بچوں کے ساتھ کھیلی جاتی ہے) -

Peel, *n.* : (تاریخ) سرحدی مینار (چھوٹے چھوٹے مربع مینار جو سولہویں صدی عیسوی میں انگلستان اور اسکاٹستان کے سرحدی علاقوں میں بنائے گئے تھے) -

Peel, *n.* : نان بائی کا کفچہ (جس سے روٹی تنور میں سینکی جاتی ہے) -

Peel, *v. t. & i. & n.* : (۱) چھیلنا؛ چھلکا اتارنا؛ مقشر کرنا - (۲) اتارنا؛ کھینچنا (کھال، چھلکا وغیرہ) - (۳) (قدیم، بائبل غالباً غلط ترجمہ ہے) لوٹنا، تنگ و غارت کرنا (*scattered & peeled*) - (۴) چھلنا؛ چھلکا اترنا؛ اد ھڑنا؛ مقشر ہونا؛ کھال اترنا - (۵) (عامیانہ) کپڑے اتارنا، ننگا ہونا (ورزش وغیرہ کے لئے) - (۶) چھلکا؛ قشر؛ پوست -

candied p. : (عموماً ترنج کے) چھلکے کا مربہ -

peeler, *n.* : چھیلنے والا؛ چھیلنے کا آلہ -

peeling, *n.* : اترا ہوا یا چھلا ہوا چھلکا؛ چھیلن -

Peeler, *n.* : (۱) (بول چال) پولس کا سپاہی - (۲) (تاریخ) آئرستانی پولیس کا سپاہی جو لارڈ پیل کی وزارت میں قائم ہوئی تھی-

Peelite, *n.* : پیل کا پیرو (قدامت پسند پارٹی کا وہ رکن جو اس وقت سر رابرٹ پیل کا طرفدار تھا جب اس نے سنہ ۱۸۴۶ ع میں قانون غلہ کی تنسیخ کا مسودہ پیش کیا تھا) -

Peep, *v. i. & n.* : (۱) چیں چیں کرنا؛ چوں چوں کرنا (چوہے، چڑیا وغیرہ کا) - (۲) چیں چیں؛ چوں چوں؛ بہت ہلکی تیز آواز-

Peep *v. i.* : (۱) جھانکنا؛ روزن میں سے دیکھنا؛ جھانک کر دیکھنا (*p. at, into* وغیرہ) - (۲) دزدیدہ نظر سے دیکھنا؛

چوری سے دیکھنا - (۳) جھلکی دکھائی دینا ؛ تھوڑا تھوڑا نظر آنا یا نکلنا ؛ (روشنی وغیرہ کا) دور سے جھلکنا ؛ (پھول وغیرہ کا) کچھ کچھ کھلنا - (۴) (استعارۃً ' اوصاف و صفات کا) اپنی جھلک دکھانا ؛ رنگ جھلکنا ؛ پر تو نظر آجانا -

peeping Tom : Godiva کے قصے میں ایک کیرکٹر جس میں شہوت پرستانہ تجسس کا مادہ بہت ہے ؛ شہرت پرسعرازجو-

Peep, *n.* : (۱) دز دیدہ نظر ؛ ایک بار جھانکنا - (۲) ظہور ؛ طلوع (صبح وغیرہ کا) -

p.-hole : جھروکا ؛ جھانک کر دیکھنے کا سوراخ ؛ (جھانکنے کا) روزن -

p.-of-day boys : " ارباب سحر " (ج) (یہ آئرستان کے پروٹسٹنٹ عیسائیوں کی ایک انجمن تھی جو سنہ ۱۷۸۴ ع سے سنہ ۱۷۹۵ ع تک قائم رہی ' یہ لوگ علی الصباح اپنے مخالفوں کے گھروں کی تلاشی لیتے تھے کہ ان میں ہتیار تو نہیں ہیں) -

p.-show : سیر بین وغیرہ کا تماشا -

p. sight : (بندوق کی) مکھی -

Peeper, *n.* : (۱) جھانکنے والا - (۲) (عامیانہ) آنکھ ؛ دیدہ -

Peer, *n.* : (۱) هم رتبہ ؛ هم مرتبہ ؛ عمسر ؛ هم چشم - (۲) ثانی ؛ مثل ؛ مقابل - (۳) انگلستان کے طبقۂ امرا کا رکن ؛ امیر ؛ نواب (ڈیوک ' مار کوئیس ' وائی کاؤنٹ ' بیرن یا لارڈ) - (۴) (کسی اور ملک کا) امیر ؛ نواب ؛ رئیس

pp. of Ireland : وہ اٹھائیس امرائے آئرستان جو تاحیات دیوان خاص کے رکن منتخب ہوتے ہیں -

pp. of Scotland : وہ سولہ امرائے اسکاٹستان جو ہر پارلیمنٹ میں دیوان خاص کے رکن منتخب ہوتے تھے -

pp. of the United Kingdom, pp. of the realm : امرائے سلطنت ؛ امرائے ممالک متحدہ (برطانیہ و آئرستان) (یہ سب کے سب دیوان خاص یا دارالامرا کے ارکان ہوتے ہیں) -

peerless, *a.* : بے نظیر ؛ بے مثال ؛ بے بدل ؛ لا ثانی ؛ عدیم النظیر ؛ عدیم المثال -

peerlessly, *adv.* : بے همتائی کی شان سے ؛ بے نظیر یا بے مثال طور پر -

peerlessness, *n.* : بے نظیر ہونا ؛ لا ثانی ہونا ؛ بے همتائی ؛ عدیم المثالی -

peeress, *n.* : نواب بیگم -

Peer, *v. t. & i.* : (۱) هم رتبہ ہونا ؛ هم مرتبہ ہونا ؛ همسر ہونا ' هم چشم ہونا ؛ رتبے میں برابر ہونا - (۲) کسی کو طبقۂ امرا میں داخل کرنا ؛ نواب بنانا -

Peer, *v. i.* : (۱) جھانکنا ؛ غور سے دیکھنا - (۲) جھلک دکھائی دینا ؛ نظر آنا ؛ نمودار ہونا -

Peerage, *n.* : (۱) طبقۂ امرا ؛ نوابین - (۲) امارت - (۳) کتاب الامرا (جس میں برطانیہ اور آئرستان کے امیروں کی فہرست اور حسب نسب درج ہوتا ہے) -

Peeved, *a.* : (عامیانہ) بھنّا یا ہوا ؛ جھلّایا ہوا ؛ برهم ؛ بر افروختہ ؛ خفا ؛ ناراض -

Peevish, *a.* : (۱) نازک مزاج ؛ تنک مزاج ؛ زود رنج ؛ چڑچڑا - (۲) برهم ؛ جھلایا ہوا ؛ بر افروختہ -

peevishly, *adv.* : تنک مزاجی ؛ چڑ چڑے پن سے وغیرہ -

peevishness, *n.* : (۱) زود رنجی ؛ نازک مزاجی ؛ تنک مزاجی ؛ چڑچڑا پن - (۲) بر افروختگی ؛ خفگی ؛ ناراضی ؛ جھلاهٹ -

Peewit : دیکھو Pewit -

Peg, *n.* : (۱) کھونٹی ؛ میخ ؛ چوب (خیمے کی) ؛ کیل - (۲) پیگ ؛ شراب وغیرہ کا جام (خصوصاً برانڈی اور سرکے کا جام) - (بحث یا تقریر کی) تقریب ؛ بہانہ ؛ موضوع -

a p. to hang on : موضوع -

clothes-p. : لکڑی کا کلپ جو الگنی میں لگایا جاتا ہے تاکہ کپڑے اڑ جانے سے محفوظ رهیں -

p.-top : کیل دار لٹو -

p.-top trousers : تنگ مہری کا پتلون جو کمر کے پاس ڈھیلا اور ٹخنے کے پاس تنگ ہوتا ہے -

round p. in square hole : دیکھو Hole -

take (person) down a p. or two : (مغرور شخص کو) ذلیل کرنا ؛ بل نکالنا ؛ دماغ درست کرنا -

Peg, *v. t. & i.* : (۱) میخ یا کیل سے جڑنا ؛ میخوں یا کیلوں سے جڑنا - (۲) (*p. down, in, out*) - (۲) (صرافہ) (تمسکات وغیرہ کی) قیمت کو باندھ دینا (یعنی کثرت سے خرید کر قیمت گرنے نہ دینا یا کثرت سے بیچ کر چڑھنے نہ دینا) - (۳) میخ یا کیل سے مارنا ' چھیدنا ؛ نشانہ لگانا - (۴) (سوقیانہ) پھینکنا (پتھر) ؛ پتھر مارنا یا پھینکنا - (۵) cribbage کے تختے پر کیل سے هار جیت کے نشان لگانا - (۶) (*p. out*) (معدنی اراضی وغیرہ کی) حد بندی کرنا ؛ سرحد کے نشان لگانا - (۷) (*p. at* یا *p. away* یا *p.*) (کسی کام میں) لگے رہنا ؛ پیہم ' علی الاتصال کرنا ؛ تار باندھ دینا - (۸) (کرکٹ کے بلے وغیرہ میں) کیلیں ٹھونکنا -

p. down : پابند کرنا ؛ جکڑنا (ضوابط وغیرہ سے) -

p. out : (۱) Croquet (کھیل میں) کھونٹی پر گیند سے آخری نشانہ لگانا ؛ کھیل ختم کرنا - (۲) (عامیانہ) مرنا ؛ تباہ ہو جانا ؛ برباد ہو جانا -

Pegamoid, *n.* : ایک قسم کا نقلی چمڑا (جو بگھی وغیرہ میں استعمال ہوتا ہے) -

Pegasus, *n.* : (۱) (یونانی اساطیر) پیگاسس (ایک پر دار گھوڑا جس نے کوہ Helecon پر اپنی ٹاپوں سے چشمہ بہا دیا تھا ' جہاں سے شاعروں اور ادیبوں کو فیضان حاصل ہوتا ہے) - (۲) شاعری کا خدا داد ملکہ ؛ جوہر سخنوری ؛ توسن فکر ؛ اسپ طبع - (۳) ستاروں کا جھمکا -

Peignoir (F), *n.* : وہ ڈھیلا ڈھالا لباس جو عورتیں غسل کے بعد یا کنگھی کرتے وقت پہنتی ہیں -

Peine forte et dure (F), *n.* : " عقوبت شدید " (ج) (یعنی دباتے دباتے جان سے مار ڈالنا یہ ایک قسم کی عدالتی سزا تھی جو سنگین جرائم کے ملزموں کو جواب دهی سے انکار کرنے پر دی جاتی تھی) (نیز مجازاً) -

Pejorative, *a. & n.* : تحقیر آمیز (لفظ) ؛ استخفافی (جس سے لفظ کے معنی میں سبکی اور حقارت کا رنگ پیدا ہوجاتا ہے) -

the p. suffix : لاحقۂ استخفافی (مثلاً -aster) -

Pekan *n.* : شمالی امریکہ کا نیولے کی قسم کا گوشت خور جانور جو اپنی سمور کے لئے مشہور ہے -

Peke, *n.* : = Pekinese (dog)

Pekin, *n.* : پیکن (ایک قسم کا ریشمی کپڑا) -

Pekinese, *n. & a.* : (۱) پیکنی ؛ پیکن کا ؛ پیکن کا باشندہ -

(۲) پیکنی کتا (ایک قسم کا کوتاہ قد کتا جس کے بال لمبے اور ریشم کی طرح ملائم ہوتے ہیں)۔

Pekoe, n.: پیکو؛ عمدہ قسم کی سیاہ چائے۔

Pelage, n.: چوپائے کے بال، اون یا سمور۔

Pelagian, a. & n.: نوع انسانی کے فطرتاً گناہگار ہونے کا منکر؛ منکر موروثی؛ مقلد پلاگیس (Pelagius جو کہ پانچویں صدی عیسوی میں ایک راہب تھا جس نے اس عقیدے سے انکار کیا تھا کہ گناہ آدم کی وجہ سے انسان کی سرشت میں بدی ہے)۔

Pelagianism, n.: تقلید پلاگیس؛ انکار موروثیت۔

Pelagian, a. & n.: بحری؛ ساکن بحر؛ سمندر پر رہنے والا؛ کھلے سمندر کا رہنے والا۔

Pelagic, a.: بحر کا؛ بحری؛ سمندری؛ جو کھلے سمندر میں کیا جائے۔

p. sealing: بحری سیل گیری؛ بحری سیل کا شکار؛ کھلے سمندر میں سیل کا شکار کرنا۔

Pelargonium, n: یہ پودوں کی ایک قسم ہے جس کے پھول خوشنما اور پتے خوشبودار ہوتے ہیں (جس کو عام طور سے geranium کہتے ہیں)۔

Pelasgic, a.: پیلسجی [یہ ایک قوم تھی جو بحر روم کے مشرقی کناروں اور بحیرہ (Aegean) ایجین کے ساحلوں پر آباد تھی]۔

P. architecture: پیلسجی طرز عمارت؛ قدیم ترین قسم کی تعمیر جو یونان میں پائی گئی جس میں ان گھڑ پتھر بغیر چونے وغیرہ کے تلے اوپر رکھے ہوتے تھے۔

Pelerine, n.: زنانہ گلوبند یا مفلر۔

Pelf, n.: مال؛ دولت؛ زر (اس میں ذم کا پہلو مضمر ہے)۔

Pelican, n.: حواصل؛ ماہی خور (یہ ایک آبی پرندہ ہے جس کی نسبت یہ مشہور ہے کہ اپنے بچوں کو اپنے خون سے پالتا ہے)۔

Pelisse, n.: (۱) زنانہ چادر (یہ ایک قسم کا ریشمی جامہ ہے، آستین دار یا بے آستین جو ٹخنوں تک پہنچتا ہے)۔ (۲) بچوں کی اوپری پوشاک (یہ ایک قسم کا لباس ہے جو کہ کپڑوں کے اوپر پہنتے ہیں)۔ (۳) فوجی سوار افسروں کی جاکٹ جس پر سمور کا حاشیہ لگا ہوتا ہے۔

Pellagra, n.: لمبارڈی مرض (یہ ایک مرض ہے جو لمبارڈی میں کثرت سے ہوتا ہے، اس میں جلد پھٹ جاتی ہے اور آخر میں اکثر دیوانگی نمودار ہو جاتی ہے)۔

pellagrous, a.: لمبارڈی دیوانگی میں مبتلا؛ لمبارڈی مرض کا مریض۔

Pellet, n. & v. t.: (۱) کاغذ یا روئی وغیرہ کی گولی۔ (۲) حب؛ گولی۔ (۳) چھوٹا چھرا۔ (۴) سکے پر گول ابھار یا پھول وغیرہ۔ (۵) کاغذ وغیرہ کی گولی مارنا۔

Pellicle, n.: (۱) باریک جلد یا پوست۔ (۲) جھلی؛ غشا۔ (۳) جالا؛ پردہ۔

pellicular, a.: غشائی یا غشائی قسم کا؛ پوست نما؛ باریک جلد کا۔

Pellitory, n., *P. of Spain*: عاقر قرحا؛ عقر قرحا۔

p. of the wall: دیواری عقر قرحا (جو دیواروں کے اوپر یا نیچے اگتا ہے)۔

Pell-mell, adv. a. & n.: (۱) خلط ملط؛ تتر بتر؛ گڈمڈ؛ بے ترتیب؛ بے قرینہ؛ بے نظم؛ پریشان۔ (۲) بے ترتیبی سے؛ گڈمڈ؛ خلط ملط۔ (۳) جھڑپ؛ کشمکش؛ کھینچا تانی۔ (۴) بے ترتیبی؛ بے نظمی؛ بدنظمی۔

Pellucid, a.: (۱) صاف؛ شفاف۔ (۲) واضح؛ صاف (طرز تحریر)۔ (۳) سلجھے ہوئے خیال یا دماغ والا۔

pellucidity, n.: (۱) صفائی؛ شفافی۔ (۲) (طرز تحریر کی) صفائی۔ (۳) دماغ کا سلجھا ہوا ہونا۔

pellucidly, adv.: صاف شفاف طور پر؛ سلجھے ہوئے طرز سے۔

Pelmanism, n.: پیلمنیزم؛ حافظے کی تربیت کا طریقہ جو بیسویں صدی میں ایجاد ہوا۔

Pelota, n.: اہل بسکے کا ایک کھیل جو ٹینس سے ملتا جلتا ہے۔

Pelt, n.: (۱) بکری یا بھیڑ کی کھال جس پر چھوٹے چھوٹے بال ہوں۔ (۲) بھیڑ کی کچی کھال؛ بھیڑ وغیرہ کی کھال جس کی اون اتار لی گئی ہو؛ میڈھا۔

peltry, n.: کچے چمڑے؛ بال دار چمڑے۔

Pelt, v. t. & i. & n.: (۱) (کسی پر) پتھر یا اور کچھ پھینک کر مارنا؛ (سوالات، گالیوں وغیرہ کی) بوچھاڑ کرنا۔ (۲) (بارش کا) زور سے برسنا؛ متواتر فائر کرنا؛ آگ برسانا۔ (۳) پتھر، کیچڑ، سوالات، گالیوں کی بوچھاڑ۔

(at) full p.: نہایت تیزی سے۔

Pelta, n. (pl-ae): (۱) یونانیوں اور رومیوں کی ہلکی چھوٹی ڈھال۔ (۲) (نباتیات) ڈھال کی صورت کی ساخت؛ سپر نما۔

peltate, a.: سپر دار؛ ڈھال دار۔

Pelvis, n.: پیڑو۔

pelvic, a: پیڑو کے متعلق؛ پیڑو کا۔

Pembroke, n.: پیم بروک (یہ ویلز میں ایک قصبہ ہے)۔

P. table, p.: پیم بروکی میز (یہ ایک چارپایوں کی میز ہوتی ہے جس میں قبضے دار تختے لگے ہوتے ہیں جو باہر کی طرف پھیل سکتے ہیں اور دوسرے پایوں پر قائم ہو سکتے ہیں)۔

Pemmican, n.: (۱) قیمہ بھری روٹی، شمالی امریکہ کے اصلی باشندوں کی ایک قسم کی روٹی جس میں خشک اور پسا ہوا گوشت اور پگھلی ہوئی چربی پڑتی ہے۔ (۲) گائے کا تلا ہوا اور کشمش ملا گوشت، مسافروں کے توشہ کے لئے۔ (۳) (مجازاً) نہایت مختصر قول یا مضمون۔

Pemphigus, n.: (تشخیص) آبلہ؛ چھالا؛ پھلکا؛ پھکنا؛ پھپولا۔

pemphigoid, a.: آبلہ نما؛ چھالے نما؛ پھلکے نما؛ پھپولے نما۔

pemphigous, a.: آبلہ دار؛ چھالے دار؛ پھلکے دار؛ پھپولے دار۔

Pen, n.: باڑہ؛ احاطہ (مویشی، مرغی، بطخ وغیرہ کے لئے)۔

Pen, v. t.: (۱) گھیرنا؛ چاروں طرف سے بند کرنا؛ محصور کرنا؛ مقید کرنا؛ قید کرنا۔ (۲) (مویشی وغیرہ کو) باڑے میں بند کرنا۔

Pen, n. & v. t.: (۱) قلم؛ کلک؛ خامہ؛ پر کا قلم؛ ہولڈر۔ (۲) تصنیف و تالیف و تحریر۔ (۳) طرز تحریر؛ طرز بیان؛ طرز انشا۔ (۴) لکھنا یا تحریر کرنا۔ (۵) لکھنا؛ تصنیف کرنا۔

fountain p.: دیکھو Fountain۔

p. & ink: (۱) قلم دوات؛ لکھنے کا سامان۔ (۲) تحریر۔

p.-and-ink: قلم کا؛ قلم دوات سے لکھا ہوا یا کھینچا ہوا۔

p.-feather: پر جس سے قلم بنایا جاتا تھا۔

p. - knife : جیبی چاقو ؛ قلم تراش -

penman : (۱) خطاط - (۲) مصنف ؛ اہل قلم -

penmanship : (۱) خطاطی - (۲) خط ؛ انداز تحریر - (۳) انشاپردازی ؛ تصنیف و تالیف - (۴) طرز بیان ؛ طرز انشا -

p. -name : تصنیفی نام ؛ تخلص ؛ وہ نام یا لقب جو کوئی شخص اپنی تصانیف میں اختیار کرے -

penwiper : قلم پونچھنے کی گدی وغیرہ -

penful, *n.* : ایک قلم بھر کی روشنائی وغیرہ -

Pen, *n.* : مادہ راج ہنس -

Penal, *a.* : (۱) سزا کا ؛ سزا کے متعلق ؛ تعزیری (قانون وغیرہ) - (۲) قابل سزا ؛ مستلزم سزا (جرم) - (۳) جو سزا کے طور پر تجویز کیا جائے ؛ تعزیری - (۴) جہاں مجرم سزا کے لیے رکھے جائیں ؛ تعزیری -

p. colony : تعزیری بستی (جیسے کالا پانی) -

p. laws : قوانین تعزیری -

p. servitude : قید با مشقت -

penally, *adv.* : تعزیری طور پر ؛ تعزیری حیثیت سے -

Penalize, *v. t.* : (۱) (کسی فعل کو) تعزیری قرار دینا ؛ قابل سزا ٹھیرانا - (۲) ورزشی کھیل) (کھلاڑی یا مقابلہ کرنے والے کو) سزا دینا ؛ پینالٹی عائد کرنا -

Penalty, *n.* : (۱) تعزیر ؛ سزا (خصوصاً تاوان یا جرمانہ) - (۲) (ورزشی کھیل) پینالٹی ؛ سزا (وہ سختی یا بندش جو کھلاڑی پر کسی بے قاعدگی وغیرہ کی وجہ سے عائد کی جائے) -

the p. of : خمیازہ (کسی صفت یا مرتبہ وغیرہ کے ہونے کا) -

Penance, *n.* & *v. t.* : (۱) (رومی اور یونانی کلیسا) کفارہ (ایک عمل جس میں توبہ، اعتراف گناہ، عقوبت نفس وغیرہ معافی کی کئی منزلیں ہیں) - (۲) عقوبت نفس جو کفارے کے طور پر کی جائے ؛ ریاضت تنبیہ ؛ پراشچت - (۳) کفارہ عائد کرنا ؛ عقوبت نفس تجویز کرنا -

do p. : کفارہ ادا کرنا ؛ کفارہ کے طور پر ریاضت کرنا ؛ پراشچت کرنا -

Penates, *n. pl.* : (رومی علم الاصنام) گھریلو دیوتا -

Pence : دیکھو Penny -

Penchant, *n.* : رغبت ؛ رجحان ؛ میلان ؛ میلان خاطر -

Pencil, *n.* : (۱) (قدیم) برش ؛ موقلم ؛ نقاشی کا برش (اب بھی جز ترکیبی کے طور پر استعمال ہوتا ہے مثلاً *sable - p.*) - (۲) (مجازاً) نقاشی ؛ مصوری ؛ طرز نقاشی - (۳) پنسل ؛ سرمے کا قلم - (۴) (مناظر و مرایا) پنسل ؛ اجتماع شعاع یا انعکاس شعاع (ایک نقطے پر) - (۵) (ہندسہ) وہ شکل جو اکثر خطوط مستقیم کے ایک نقطے پر ملنے سے بنتی ہے - (۶) پنسل نما ؛ وہ شے جو پنسل کی شکل کی ہو -

p. -case : پنسل دان -

Pencil, *v. t.* : (۱) نشان لگانا ؛ پنسل سے خط کھینچنا - (۲) پنسل سے لکھنا - (۳) (گھوڑے کا نام) شرط کی کتاب میں لکھنا - (۴) (خصوصاً) ہلکا سا نشان لگانا (رنگ وغیرہ کا) -

penciller, *n.* : (عامیانہ) گھڑ دوڑ میں محرر یعنی گھڑ دوڑ میں منتظم شرط کا محرر -

pencilled, *a.* : منقش ؛ مخطط ؛ پنسل سے کی ہوئی (نقاشی وغیرہ) -

Pendant, **- ent**, *n.* : (۱) گوشوارہ ؛ آویزہ (کان، گلے وغیرہ میں) ؛ لٹکن - (۲) (جہاز رانی) رسی چلا ؛ ایک چھوٹی سی رسی جو مستول کے بالائی سرے سے وابستہ ہوتی ہے اور اس کے نچلے سرے میں ایک ناکہ ہوتا ہے جس میں ہک پروئے جاتے ہیں - (۳) مخروطی جھنڈا ؛ کا دم جھنڈا (جو جنگی جہاز کے مستول پر اڑتا رہتا ہے) - (۴) گھڑی کا حلقہ جس سے وہ لٹکائی جاتی ہے - (۵) (*broad p.*) ایک چھوٹا سا جھولتا ابابیل کی دم کی شکل کا جو امتیاز کے لیے کمان افسر کے جہاز پر لہراتا ہے - (۶) (فرانسیسی تلفظ "پاں داں") مقابل ؛ ہمسر ؛ رفیق ؛ متوازی ؛ جوابی (تصویر جو دوسری تصویر کے جواب میں لگی ہو) ؛ تکملہ ؛ ضمیمہ -

Pendent, **- ant**, *a.* : (۱) آویزاں ؛ لٹکا ہوا ؛ معلق ؛ ادھر - (۲) باہر کو نکلا ہوا ؛ جھکا ہوا - (۳) غیر منفصلہ ؛ غیر فیصلہ شدہ ؛ معلق ؛ زیر تجویز ؛ زیر غور ؛ زیر سماعت - (۴) (نحو) نا مکمل ؛ ناقص (ساخت کلمہ وغیرہ) -

pendency, *n.* : (۱) زیر تجویز ؛ زیر غور ہونا - (۲) جھکا ہوا ہونا -

Pendentelite, *adv.* : دوران مقدمہ میں ؛ بزمانہ تجویز ؛ زیر - امر (مقدمہ) -

Pendentive, *n.* : (قدیم) (۱) قطعہ قبہ ؛ قطعۂ گنبد - (۲) گنبد کا چوتھائی حصہ ؛ گنبد کے چار کروی مثلثوں میں سے ایک کروی مثلث ؛ گول تکون

Pending, *a.* & *prep.* : (۱) موجودہ ؛ زیر تجویز ؛ زیر غور ؛ زیر سماعت ؛ غیر منفصلہ ؛ معلق (مقدمہ وغیرہ) - (۲) دوران میں ؛ بہ دوران ؛ بزمانہ ؛ اثنا ؛ اثنا میں (مثلاً *p. these negotiations* اس گفت و شنید کے دوران میں یا اثنا میں) - (۳) تک (مثلاً *p. his return* اس کی واپسی تک) -

Pendragon, *n.* : قدیم برطانی یا ویلزی شہزادہ -

Pendulate, *v. i.* : لہرانا ؛ جھولنا ؛ گھڑی کے لٹکن کی طرح ہلنا یا جھولنا ؛ (مجازاً) مذبذب ہونا ؛ ڈانوا ڈول ہونا ؛ پش و پنج میں ہونا -

Penduline, *a.* : (۱) معلق ؛ لٹکتا ہوا (گھونسلا) - (۲) (پرندہ) لٹکتا ہوا گھونسلا بنانے والا -

Pendulous, *a.* : (۱) معلق ؛ آویزاں ؛ لٹکتا ہوا (خصوصاً گھونسلا پھول وغیرہ) - (۲) لہراتا ہوا ؛ جھولتا ہوا ؛ لرزاں ؛ رقصاں -

pendulously, *adv.* : لٹکتے ہوئے طور سے وغیرہ -

Pendulum, *n.* : (۱) رقاصہ (ساعت) ؛ لٹکن ؛ لنگر ؛ شاقول - (۲) (لفظاً و مجازاً) جنباں ؛ لرزاں ؛ رقصاں شے یا شخص -

compensation p. : دیکھو Compensation -

p. cannon or stroke : بلیرڈ کے کھیل میں ایک ضرب جس میں گیند ان دونوں گیندوں کو چھوتے ہی نکل جاتی ہے جو پاکٹ کے منہ پر پہنچی ہوئی ہیں -

swing of the p. : منتخب کنندوں کا سیاسی جماعتوں کے رد و بدل کرنے کا رجحان -

Penelope, *n.* : عصمت مآب ؛ عفت شعار ؛ پاکدامن بیوی (یولے سس کی بیوی کا نام) -

Penetralia, *n. pl.* : گھر کا خاص کر کسی معبد کا سب سے اندرونی حصہ -

Penetrate, *v. t.* & *i.* : (۱) گھسنا ؛ گھس جانا ؛ داخل ہونا ؛

پیٹھنا - (۲) گزرنا ؛ آر پار جانا یا ہونا- (۳) (شخص یا شے کو) کسی رنگ میں رنگ دینا - (۴) تہہ کو پہاچنا ؛ کنہ کو پہنچنا ؛ تاڑ لینا (کسی بات یا منصوبے وغیرہ کو) -

penetrable, *a.*: گھسنے یا داخل ہونے کی صلاحیت رکھنے والا ؛ قابل داخلہ ؛ نفوذ پذیر ؛ اثر پذیر -

penetrability, *n.*: اثر پذیری ؛ گھسنے ، داخل ہونے یا نفوذ کی صلاحیت -

penetration, *n.*: داخل ہونا ؛ گھسنا ؛ نفوذ ہونا ؛ فہم کی رسائی ؛ تیز فہمی ؛ زیر کی ؛ فراست -

penetrator, *n.*: گھسنے والا ؛ داخل ہونے والا ؛ تہہ کو پہنچنے والا ؛ تاڑ جانے والا ؛ تیز فہم -

penetrative, *a.*: چبھنے والا ؛ گھسنے والا ؛ چھیدنے والا ؛ تیز ؛ تیز فہم ؛ ذکی -

penetrating, *part.*: چبھنے والا؛ گھسنے والا؛ چھیدنے والا؛ تیز؛ تیز فہم ؛ زود فہم ؛ زکی ؛ معاملہ فہم -

penetratingly, *adv.*: چھیدتے ہوے وغیرہ ؛ چبھتے ہوے ؛ تیزی سے وغیرہ ؛ معاملہ فہمی سے -

penetratively, *adv.*: چھیدتے ہوے وغیرہ؛ چبھتے ہوے؛ تیزی سے وغیرہ -

Penguin, *n.*: پنگین ؛ ایک بحری پرندہ جو جنوبی علاقوں میں رہتا ہے ، اس کے بازو پنکھے دار ہوتے ہیں جن کی مدد سے پانی کے نیچے تیر سکتا ہے -

Penial, *a.*: ذکری ؛ آلۂ تناسل کے متعلق -

Penicillate, *a.*: (تاریخ طبعی) شعری؛ جھدی؛ جعد دار؛ مخطط ؛ دھاری دار (پنسل) -

Peninsula, *n.*: جزیرہ نما -

the P.: جزیرہ نمائے اسپین و پرتگال -

Peninsular, *a. &n.*: (۱) جزیرہ نما کا؛ جزیرہ نما کے متعلق - (۲) جزیرہ نمائے اسپین و پرتگال کے متعلق - (۳) جنگ جزیرہ نما کے متعلق ؛ اس جنگ کے متعلق جو جزیرہ نمائے اسپین و پرتگال میں انگریزوں اور فرانسیسیوں کے درمیان سنہ ۱۸۰۸ و سنہ ۱۸۱۴ ع کے درمیان ہوئی تھی - (۴) اہل جزیرہ نما -

P. soldier: وہ سپاہی جو جزیرہ نمائی جنگ (مابین سنہ ۱۸۰۸ ع و سنہ ۱۸۱۴ ع) میں شریک تھا -

Peninsulate, *v. t.*: جزیرہ نما بنانا ؛ کسی قطعۂ خشکی کو جزیرہ نما کی شکل میں تبدیل کرنا -

Penis, *n.* (pl. -*nes*): عضو تناسل ؛ آلۂ تناسل -

Penitent, *a. & n.*: (۱) تائب ؛ نادم ؛ شرمسار - (۲) توبہ کرنے والا ؛ کسی پادری کے زیر ہدایت گناہوں کے کفارے کے لئے عقوبت نفس جھیلنے والا- (۳)(جمع)کلیسائے رومی میں توبہ کنندگان کے مدارج-

penitence, *n.*: توبہ ؛ استغفار ؛ ندامت ؛ شرمساری ؛ پچھتاوا ؛ پشیمانی -

penitently, *adv.*: ازراہ توبہ ؛ ازروئے استغفار ؛ پشیمانی سے -

Penitential, *a.*: ندامتی ؛ انفعالی -

the p. psalms: مزامیر استغفاری ؛ مناجات توبہ واستغفار (مزامیر نمبر ۶ و ۲۲ (۳۲) و ۳۸ و ۵۱ و ۱۰۲ و ۱۳۰ و ۱۴۳) -

penitentially, *adv.*: ازراہ توبہ واستغفار -

[Pen]itentiary, *n. & a.*: (۱) مفتی توبہ (پاپائی عدالت میں وہ دفتر جہاں معاملات توبہ کا فیصلہ ہوتا ہے) ؛ توبہ گاہ ؛ (تائب بیسواؤں کے لئے) توبہ خانہ ؛ اصلاحی قید خانہ - (۲) متعلق بہ عقوبت نفس ؛ عقوبت نفس کا جھیلنے والا - (۳) مجرموں کی سزا و اصلاح کے متعلق -

Grand P.: افسر تائبین ؛ وہ افسر جو تائبین یا عقوبت نفس کے متعلق انتظام کرتا ہے -

Pennant, *n.*: (۱)(جہاز رانی) = pendant - (۲) = pennon -

Penniform, *a.*: (تاریخ طبعی) پرنما ؛ پرپیکر -

penniferous, *a.*: پردار -

Penniless, *a.*: مفلس ؛ قلاش ؛ نادار ؛ محتاج -

Pennill, *n.* (pl. -illion): (عموماً جمع میں) (۱) ایک قسم کی فی البدیہہ نظم جو بربط پر گائی جائے - (۲) ایسی نظم کا بند -

Pennon, *n.*: پرچم ؛ نشان ؛ رایت؛ لوا ؛ بیرق؛ لمبا پتلا جھنڈا ؛ (خصوصاً) رسالوں کا فوجی نشان -

pennoned, *a.*: رایتی ؛ لوائی ؛ بیرقی ؛ جھنڈے دار -

Penny, *n.* (pl. *pence* except as below): پینی؛ انگلستان کا ایک سکہ جو شلنگ کے بارھویں حصے کے برابر ہے جمع میں دو سے لے کر گیارہ تک کے اعداد اور بیس کے عدد کے ساتھ متصل لکھا جاتا ہے اور بقیہ اعداد کے ساتھ الگ لکھا جاتا ہے (مثلاً *eighteen pence, sixpence*)؛ ہندسی اعداد میں d. لکھا جاتا ہے مثلاً *6 d.* ؛ یہ d. دراصل Denarius کا مخفف ہے ؛ رقم جو ایک ایک پینی کے سکوں پر مشتمل ہو تو جمع pennies آتی ہے -

a bad p.-worth: خراب سودا ؛ نقصان کا سودا -

a good p.-worth: اچھا سودا ؛ نفع کا سودا -

a p. for your thoughts: میں کچھ نذر کرنے تیار ہوں اگر یہ معلوم ہوجائے کہ آپ کیا سوچ رہے ہیں ؟ (یہ ایسے شخص سے کہا جاتا ہے جو اپنے خیالات میں مستغرق ہے) -

a p. plain and twopence coloured: ارزاں نمود و نمائش پر طعن -

a pretty p.: معقول رقم ؛ رقم خطیر (نفع یا خرچ کے خیال سے) -

fivepenny, tenpenny, &c. nails: کیلوں کا پیمانہ (پہلے کسی زمانے میں ان کی قیمت پانچ پینی اور دس پینی سیکڑہ تھی) -

in for a p., in for a pound: جو کام ایک بار شروع کیا جائے اسے ختم کرکے چھوڑا جائے ؛ خواہ کچھ ہی ہو جائے -

not a pennyworth: ذرا بھی نہیں -

p.-a-line: سستے داموں کی (تصنیف)؛ سطحی اور غیر سنجیدہ (تحریر) -

p.-a-liner: سستا اور سطحی مصنف -

p.-in-the-slot: دیکھو slot -

p. post: پینی ڈاک ؛ ترسیل خطوط بہ معاوضہ یک پینی -

pennyweight: ایک پینی کا وزن ؛ ۲۴ رتی ؛ ۲۴ گرین ؛ ایک اونس کا بیسواں حصہ -

penny wise: وہ شخص جو چھوٹے چھوٹے اخراجات میں محتاط ہو -

penny-wise and pound foolish: اشرفیوں کی لوٹ اور کوئلوں پر مہر -

pennywort: یہ ایک پودا ہے جس کے پتے گول اور مجوف ہوتے ہیں ، یہ دیواروں کی درزوں اور چٹانوں کی شگافوں میں اگتا ہے-

pennyworth, penn'orth : (۱) ایک پینی کا - (۲) جس قدر ایک پینی میں خرید سکیں -

Peter's p. : دیکھو Peter -

take care of the pence : [illegible] -

turn an honest p. : ادھر ادھر کے کام سے کچھ کما لینا -

wall pennywort : دیواری پینی ورٹ -

Pennyroyal, *n.*: پودینے کی ایک قسم جو طبی خواص کے لئے بویا جاتا ہے -

Penology, *n.*: تعزیریات ؛ سزاؤں کا اور سزا گاہوں کے انتظام کا مطالعہ -

penological, a. : تعزیریاتی ؛ سزاؤں کے اور سزا گاہوں کے انتظام کے مطالعے کے متعلق -

penologist, n. : تعزیریات داں -

Pensile, *a.*: (۱) آویزاں ؛ معلق ؛ لٹکتا ہو ؛ ادھر - (۲) معلق گھونسلہ بنانے والا (پرندہ) -

Pension, *n. & v. t.*: (۱) پنشن ؛ وظیفہ (ملازمین کی خدمت کا) - (۲) وظیفہ ؛ امداد (اہل علم یا دوسروں کو جو ملازم نہیں)- (۳) گریز ان (Gray's Inn) کے ارکان کی مجلس مشاورت- (۴) (تلفظ = پانسیوں) دارالاقامہ؛ اقامت خانہ؛ بورڈنگ ھاؤس - (۵) پنشن یا وظیفہ دینا ؛ وظیفہ مقرر کرنا -

live en pension: دارالاقامہ میں رھنا؛ بورڈنگ ھاؤس میں رھنا -

old-age p. : وظیفہ ضعیفی (مزدوروں اور غربا کے لئے بعد ایک خاص عمر کے) -

p. off : پنشن دے کر خدمت سے علحدہ کرنا ؛ پنشن دے کر الگ کرنا ؛ سبکدوش کر دینا -

pensionless : بلا پنشن یا وظیفہ -

Pensionable, *a.*: قابل وظیفہ (ملازمت وغیرہ) -

Pensionary, *a. & n.*: (۱) وظیفہ خوار ؛ وظیفہ یاب ؛ پنشن خوار؛ پنشن یاب - (۲) کرایے کا سپاہی ؛ بھاڑے کا ٹٹو؛ (کسی کا) پٹھو -

Grand P. : (تاریخ) ھالینڈ اور زی لینڈ (ھالستان اور زیستان) کا صدراعظم سنہ ۱۶۱۹ سے ۱۷۹۴ ع تک -

Pensioner, *n.*: (۱) پنشن خوار ؛ وظیفہ یاب- (۲) کرایے کا سپاہی؛ بھاڑے کا ٹٹو - (۳) (جامعہ کیمبرج) انڈر گرایجویٹ جو اپنی خوراک کے دام آپ دیتا ھے یعنی وظیفہ خوار نہیں -

Pensive, *a.*: متفکر ؛ فکر مند ؛ غمگین ؛ مغموم؛ دل گیر ؛ اداس ؛ غم گین سے -

pensively, adv.:

pensiveness, n. : تفکر ؛ فکر مندی ؛ دل گیری ؛ اداسی -

Penstock, *n.*: (تالاب یا پانی کے خزانے وغیرہ کے) پانی کو روکنے یا منظم کرنے کا [illegible] ؛ سلوس -

Pent, *a.*: محصور ؛ مسدود ؛ محبوس ؛ مقید -

Penta-: سابقہ بمعنی پانچ -

pentachord : پنج تارہ (ایک آلہ موسیقی جس میں پانچ تار ھوتے ھیں) -

pentadactyl : پنج انگشت ؛ پنج انگشتی ؛ پنج انگلیا (وہ آدمی یا حیوان جس کے ھاتھ اور پیر پر پانچ پانچ انگلیاں یا پانچ پانچ انگوٹھے ھوں) -

pentadactylic : پنج انگشتی -

pentadactylism : پنج انگلیا پن -

pentagynous : پنج حتی؛ پنج بنجھوی -

pentahedron : پنج سطحی ؛ پنج رخی شکل -

pentahedral : (باتات) پنج سطحی ؛ پنج [illegible]

pentamerous : (۱) (نباتیات) [illegible] پتے وغیرہ کے گرد پتوں [illegible] (۲) (حیوانیات) پانچ حصوں والا -

pentandrous: (نباتیات) پنج نری -

pentapetalous : پنج پنکھڑیا -

pentapody : پانچ رکنی (نظم) -

pentastich : پنج بیتی -

pentatomic : پنج سالمی (جس میں پانچ سالمے ھوں) -

pentatonic : پانچ سُری -

pentavalent : ھائی ڈروجن کے پانچ سالمات کی اتصالی قوت رکھنے والا -

Pentacle, *n.*: جادو گری کا ایک نشان خصوصاً چولا کونی تارہ -

Pentad, *n.*: (۱) پانچ کا عدد ؛ پانچ کا ھندسہ ؛ پانچ کا گروہ - (۲) (کیمیا) وہ عنصر جو پانچ سالمات کی اتصالی قوت رکھتا ھو -

Pentagon, *n.*: مخمس ؛ پنج گوشہ ؛ پنج کونہ -

pentagonal, a. : مخمسی ؛ پنج کونی -

Pentagram, *n.*: پنج کونی تارہ (مخمس کے اضلاع کو اتنا بڑھائیں کہ وہ ایک دوسرے کو قطع کریں اس تقاطع سے جو شکل پیدا ھوتی ھے وہ پنج کونی تارہ کہلاتی ھے یہ شکل کسی زمانے میں پر اسرار نشانی خیال کی جاتی تھی) -

Pentameter, *n.*: (۱) (یونانی اور لاطینی عروض کا) ایک خاص وزن - (۲) پانچ رکنی شعر -

Pentane, *n.*: پروپین کا ھائڈروکاربن (ایک بے رنگ رقیق شے جو پٹرول میں پائی جاتی ھے) -

Pentateuch, *n.*: عہد عتیق کی ابتدائی پانچ کتابیں ھیں جو از روئے روایت حضرت موسیٰ کی طرف منسوب ھیں -

pentateuchal, a. : ان پانچ کتابوں کا یا ان کے متعلق -

Pentecost, *n.*: (۱) یوم خمیس ؛ یہودیوں کا ایک فصلی تہوار ھے جو عید گزراں یا عید ماہ گزاشتہ (Passover) کے یوم دوم کے پچاسویں دن ھوتا ھے (کتاب الثلاث باب ۲۳ آیات ۱۵' ۱۶)- (۲) (بعدہٗ) طور سیناپر درس احکام کے نزول کی سالگرہ - (۳) (قدیم) ساتواں اتوار بعد عید فصح -

pentecostal, a. : یوم الخمیس کا یا اس سے متعلق -

Penthouse, (archaic) Pentice, *n.*: (۱) سائبان؛ اسارا ؛ پڑ- آمدہ ؛ چھجا (۲) پال ؛ کم گیرا ؛ شامیانہ -

Pentonville, *n.*: لندن کا قید خانہ جو اس اصول پر بنایا گیا تھا کہ ھر قیدی الگ حجرے میں رکھا جائے -

Pentstemon, *n.*: ایک خوش رنگ پھول والا باغاتی پودا -

Penult(imate), *a. & n.*: (۱) ماقبل آخر - (۲) ما قبل آخر بول -

Penumbra, *n.*: شعشعہ ؛ جزوی سایہ ؛ ظل مشوب ؛ نیم سایہ ؛ نیم ظلمت ؛ نیم ظلمات ؛ دھندلا سایہ ؛ خسوف و کسوف کے گرد دھندلا سایہ ؛ داغ شمسی کا بیرونی روشن تر حصہ -

penumbral, a. : صفت مذکورۂ بالا معنوں میں -

Penurious, *a.*: (۱) مفلس ؛ تنگ ؛ نادار - (۲) کنجوس ؛ خسیس؛ محتاج (فیزمجا زاً)- (۲) کم؛ تھوڑا؛ قلیل؛ غیربار آور - مفلسانہ ؛ خسیسانہ طور سے ؛ بخل سے -

penuriously, adv. :

penuriousness, *n.* : تنگ دستی ؛ افلاس ؛ محتاجی ؛ کنجوسی ؛ خست ؛ قلت -

Penury, *n.* : تنگ دستی ؛ مفلسی ؛ محتاجی ؛ قلت -

Peon, *n.* : (۱) (ہندوستان میں) مذکوری ؛ ہرکارہ ؛ ہستکی ؛ چپراسی - (۲) (ہسپانی امریکہ) مزدور (میں کا) - (۳) (مکسیکو) غلام مقروض ؛ غلام مدیون -

Peonage, *n.* : چپراسی گری ؛ مذکوری گری ؛ خدمت ہرکارہ -

Peony, *n.* : شقائق نعمان (ایک پودا جس کے پھول گول ہوتے ہیں اور رنگ سفید یا سرخ) -

People, *n.* & *v. t.* : (۱) لوگ ؛ آدمی ؛ اشخاص ؛ افراد ؛ افراد قوم - (۲) قوم ؛ نسل - (۳) باشندے ؛ اہل ملک ؛ اہل قبیلہ - (۴) رعایا ؛ رعیت - (۵) مخلوق ؛ عامۃ الناس ؛ عوام الناس ؛ خلقت ؛ خلق اللہ - (۶) حشم و خدم ؛ خدمت گار - (۷) عزیز و اقارب ؛ بھائی بند - (۸) (سیاست) (مجموعی طور پر) رائے دہندے ؛ جماعت رائے دہندگاں ؛ رائے دینے والے لوگ - (۹) بسانا ؛ آباد کرنا ؛ معمور کرنا ؛ بھرنا - (۱۰)(p.p.) آباد ؛ معمور (مثلاً *a thickly peopled country*) -

P.'s Palace : مشرقی لندن کا ادارہ (اس میں مزدوروں کے واسطے کتب خانہ ، دارالفرحت اور تعلیمی جماعتیں ہیں) -

Pep, *n.* : (امریکہ سوقیانہ) توانائی ؛ تاب و تواں ؛ سکت ؛ مستعدی ؛ سر گرمی -

Peperino, *n* : قصبی چٹان ؛ ہلکی ریتیلی مسام دار (عموماً بھوری) آتشی چٹان -

Pepper, *n.* : کالی مرچ ؛ سیاہ مرچ ؛ فلفل ؛ (مجازاً) چرچرا ؛ چٹ پٹی چیز ؛ تیز -

ack P. : فلفل سیاہ ؛ کالی مرچ ([illegible]) -

black p. : کالی مرچ -

Cayenne p. : دیکھو Cayenne -

p.-&-salt ایک قسم کا کپڑا جو سیاہ اور ہلکے رنگ کی اون کو ملا کر بنا جاتا ہے -

p.-castor, -er : مرچ دانی ؛ مرچ پاش -

peppercorn : (۱) دانۂ سیاہ مرچ جو بطور کرایہ دیا جاتا تھا (یورپ میں جس زمانے میں سیاہ مرچ نہایت گراں تھی تو مکان وغیرہ کے کرایہ میں سیاہ مرچ کے دانے ادا کئے جاتے تھے) - (۲) (مجازاً بطور صفت) برائے نام یا نہایت کم -

pepper corn rent : برائے نام کرایہ ؛ نہایت کم کرایہ -

p.-box : (۱) مرچ دانی ، جس کے ڈھکنے میں چھڑکنے کے لئے سوراخ ہوتے ہیں - (۲) (حقارتاً) چھوٹا مینار ؛ ایڈن کے طرز خمسہ کا بے قاعدہ دمامہ ؛ دمامہ بے قاعدہ ؛ بے قاعدہ پشتہ -

peppermint : (۱) پودینے کی ایک قسم ؛ پودینہ فلفلی ؛ نعنع فلفلی - (۲) روغن پودینۂ فلفلی - (۳) لوز نعنع ؛ قرص نعنع ؛ پیپر منٹ -

p.-pot : (۱) مرچ دانی - (۲) (ویسٹ انڈیز میں) گوشت کا سالن جس میں سرخ مرچیں شامل ہوں - (۳) اہل جمیکا کا عرف -

white p. : فلفل سفید ؛ سفید مرچ (یہ نبات فلفل سیاہ کے پختہ ثمر ہوتے ہیں جن پر سے کم و بیش چھلکا اترا ہوا ہوتا ہے) -

Pepper, *v. t.* : (۱) مرچیں چھڑکنا ، مرچیں [illegible] - (۲) گولیوں ، پتھروں وغیرہ کی بوچھاڑ کرنا (لغوی و مجازی) - (۳) سخت سزا دینا ؛ پیٹنا -

Peppery, *a* : (۱) مرچ کا ؛ فلفلی ؛ مرچ سا ؛ مرچ بھرا - (۲) (مجازاً تقریر یا تحریر) چبھتی ہوئی ؛ شوخ ؛ دلدوز (مجازاً شخص وغیرہ) چڑچڑا ؛ گرم مزاج ؛ آتش مزاج ؛ تیز مزاج ؛ تند خو ؛ تیز -

Pepsin, *n.* : پیپسن [یہ ایک (*ferment*) خمیرہ ہے جو معدی ترشے میں پیدا ہوتا ہے جس سے غذا کے ابتدائی عنصر مطبوخات بن جاتے ہیں] ؛ جوہر ہاضم -

Peptic, *n* & *a.* : (۱) ہاضم - (۲) (بطور اسم کے ، جمع) (مزاحاً) آلات ہاضمہ ؛ اعضائے ہاضمہ -

p. glands : غدود ہاضمہ (غدود جو معدی ترشہ پیدا کرتے ہیں) -

Peptone, *n.* : پپتون ؛ ایک قسم کے البومنی مادے (غذا کے نائٹروجنی اجزا پر پیپسن کے عمل سے یہ مادہ تیار ہوتا ہے) -

peptonize, *v. t.* : (پروٹینی اجزا کو) پپتون بنانا -

Per, *prep* : (۱) فی ؛ - وار (مثلاً ماہوار) ؛ آنہ (مثلاً ماہانہ) ؛ ہر - (۲) بذریعہ ؛ بواسطہ ؛ بوسیلہ (جیسے *p. bearer*, *p. post*) - (۳) حسب (جیسے *p. invoice*) -

as p. usual : (مزاحاً) حسب معمول -

a shilling p. man : ایک شلنگ فی کس ؛ ایک شلنگ فی شخص (ایک ایک شلنگ) -

5 p. cent : پانچ فی صدی ؛ پانچ فی صد (پانچ روپیہ سیکڑہ) -

p. annum : فی سال ؛ سالانہ -

p. contra : بر خلاف ؛ بر عکس -

p. diem : روزانہ ؛ ہر روز -

p. mensem : ماہوار ؛ ماہ بہ ماہ ؛ ماہانہ -

p. mille : فی ہزار -

p. procurationem. (abbr. *per pro(c), p. p.*) : وکالتاً ؛ غیر اصالتاً ؛ بذریعہ مختار -

p. saltum : فوراً ؛ ایک ہی جھپٹ میں ؛ ایک ہی سانس میں -

p. se : بذاتہ ؛ فی نفسہ ؛ فی ذاتہ -

Per- : سابقہ بمعنی (۱) میں سے ؛ پورا (جیسے *perforate, pervade*) - (۲) بہت ؛ بالکل (جیسے *perturb*) - (۳) خرابی ، ہلاکت تک (جیسے *pervert, perdition*) - (۴) (کیمیا) ترکیب میں بعض عناصر کی انتہا کو ظاہر کرتا ہے دو عنصری ناموں میں (جیسے *perchloride, peroxide* وغیرہ) ؛ اُن صفات میں جن کے آخر ic آتا ہے (جیسے *perchloric* وغیرہ) -

Peradventure, *adv.* & *n.* : (قدیم) (۱) شاید ؛ اتفاقاً - (۲) شک ؛ قیاس ؛ ظن -

beyond, without, (all) p. : بلا شبہ ؛ یقیناً -

if, lest, p. : اگر اتفاقاً -

Perai, -raya, *n.* : امریکہ کی جھیلوں کی ہر کا زدہ مچھلی -

Perambulate, *v. t.* : (۱) چلنا ؛ سیر کرنا ؛ گشت کرنا - (۲) چل پھر کر دیکھنا ؛ معائنہ کرنا ؛ سیاحت کرنا - (۳) (کسی مقام وغیرہ کے) گرد پھر کر حدود قائم کرنا -

perambulation, *n.* : (۱) سیر ؛ سیاحت ؛ گشت - (۲) پیدل دورہ - (۳) کسی مقام یا علاقے کا معائنہ ؛ پیمائش - (۴) قیام حدود کے لئے کسی مقام کے گرد چکر لگانا -

perambulatory, *a.* : سیاحتی ، گشتی وغیرہ -

Perambulator, *n.* : بچوں کی ہاتھ گاڑی -

Percale, *n.* : ایک قسم کا باریک سوتی کپڑا ؛ پرکال -

Perceive, *v. t.* : (۱) معلوم کرنا ؛ محسوس کرنا ؛ سمجھنا ؛ بوجھنا - (۲) (حواس خمسہ سے) محسوس کرنا خصوصاً دیکھنا -

Percentage, *n.* : (۱) فیصد ؛ فیصدی - (۲) (غیر فصیح طور پر) تناسب (جیسے *only a small percentage of books are worth reading*) -

Percept, *n.* : (فلسفہ) شے مدرکہ ؛ مدرکہ (بہ خلاف عمل ادراک) -

Perceptible, *a.* : قابل ادراک ؛ لائق احساس ؛ قابل فہم -

perceptibility, *n.* : قابلیت ادراک یا احساس وغیرہ -

perceptibly, *adv.* : محسوس طور پر ؛ قابل ادراک طور پر -

Perception, *n.* : (۱) ادراک ؛ احساس ؛ شعور ؛ تمیز ؛ دریافت ؛ علم ؛ حس ؛ سمجھ ؛ تصور ؛ دیکھنا ؛ خیال ؛ قیاس ؛ گمان ؛ تمیز طبعی - (۲) (فلسفہ) ادراک ؛ احساس ؛ وہ عمل جس کے ذریعے دماغ اپنے احساسات کو اشیائے خارجہ کی طرف من حیث العلت رجوع کرتا ہے ؛ عمل ادراک ؛ عمل احساس - (۳) (قانون) تحصیل ؛ حصول ؛ وصولیت (وصولیت کرایہ وغیرہ) -

perceptional, perceptive, *aa.* : ادراکی ؛ احساسی ؛ شعوری ؛ تمیزی ؛ حسی ؛ تصوری ؛ خیالی ؛ قیاسی -

perceptively, *adv.* : ادراکاً ؛ احساساً ؛ شعوراً ؛ قیاساً ؛ ازروے ادراک ؛ ازراہ احساس -

perceptiveness, perceptivity, *nn.* : ادراکیت ؛ ادراک ؛ احساسیت ؛ احساس ؛ شعوریت ؛ شعور ؛ قیاسیت ؛ قیاس -

Perch, *n.* : ایک قسم کی یورپی مچھلی جو میٹھے پانی میں رہتی ہے -

Perch, *n.* : اڈی ڈنڈا جو پرندوں کے بیٹھنے کے لئے نصب کیا جاتا ہے ؛ چکس ؛ چھتری (پرندوں کے بیٹھنے کی کوئی شے جس پر پرندہ بیٹھے یا اترے)- (۲) (مجازاً) کوئی بلند یا محفوظ مقام - (۳) چوپہیا گاڑی کا بیچ کا ڈنڈا - (۴) زمین کی پیمائش کا پیمانہ = ساڑھے پانچ گز (square p. = 30¼ مربع گز) -

bird takes its p. : پرندہ نیچے اترتا ہے ؛ ٹوٹتا ہے ؛ پر جوڑتا ہے -

hop the perch : مرنا ؛ مرجانا -

knock (person) off his perch : (کسی کو) گرا دینا ؛ شکست دینا ؛ پائمال کردینا -

Perch, *v. i. & t.* : (۱) (پرندے کا کسی شاخ وغیرہ پر) اترنا ؛ (شخص وغیرہ کا) قائم ہونا ؛ قیام پذیر ہونا ؛ (کسی شے پر) بیٹھنا ؛ کھڑا ہونا ؛ آرام کرنا - (۲) کسی بلند مقام پر رکھنا یا قائم کرنا (جیسے *town perched on a hill*) -

Perchance, *adv.* : (قدیم) شاید ؛ اتفاقاً ؛ قضارا -

Percheron,n. : پرشی راس ؛ پرشی گھوڑا ؛ تیز اور توانا گھوڑا (پرشی ضلع فرانس کا) -

Percipient, *a. & n.* : مدرک ؛ حساس شخص ؛ مدرک ؛ حساس شخص ؛ خصوصاً (قلبی خبر رسانی میں) ماورائے احساس دیکھنے یا سمجھنے والا -

percipience, *n.* : حساسیت ؛ مدرکیت ؛ ادراک ؛ شعور -

Percolate, *v. i. & t.* : (۱) چونا ؛ ٹپکنا ؛ رسنا ؛ چھننا ؛ ٹپکانا ؛ چھاننا ؛ نچوڑنا ؛ کپڑ چھان کرنا -

percolation, *n.* : ٹپکاؤ ؛ رساؤ ؛ نچوڑ -

percolotor, *n.* : (۱) نتھارنے والا ؛ ٹپکانے والا وغیرہ - (۲) چھلنا ؛ چھاننی -

Percuss, *v. t.* : (طب) تشخیص کے لئے انگلیوں سے یا آلات سے ٹھوک کر یا بجا کر دیکھنا ؛ آہستہ آہستہ انگلیاں مار کر دیکھنا -

Percussion, *n.* : (۱) تصادم ؛ ٹکر ؛ صدمہ ؛ مار ؛ چوٹ ؛ ضرب - (۲) (طب) ٹھکائی - (۳) آلہ موسیقی کو انگلیوں سے بجانا -

p. cap : تصادم ٹوپی ؛ کلاہ تصادم ؛ اسلحہ آتشین کی ٹوپی جس میں بارود بھری ہوتی ہے اور چٹکی کے زور سے مشتعل ہو جاتی ہے -

percussive, *a* : (۱) ٹھوکنے بجانے کی صلاحیت رکھنے والا ؛ تصادم پذیر ؛ صدمہ پذیر ؛ تصادمی ؛ تصادم پیدا کرنے والا یا اس سے پیدا ہونے والا - (۲) ضرب ؛ تصادم وغیرہ کا یا اس سے متعلق -

Percutaneous, *a.* : جلد کے ذریعے سے کیا ہوا یا بنا ہوا ؛ جلدی -

Perdition, *n.* : ستیاناس ؛ کامل تباہی یا فنا ؛ عذاب ابدی ؛ عذاب جہنم -

Perdu,-due, *a.* : (فوجی) (۱) (ہراول) دشمن کی گھات میں - (۲) گھات میں بیٹھا ہوا ؛ کمین میں ؛ پوشیدہ (خصوصاً lie p.) -

Perdurable, *a.* : مستقل ؛ دائمی ؛ ابدی ؛ ہمیشہ رہنے والا ؛ پائدار ؛ دیرپا ؛ استمراری -

perdurability, *n.* ابدیت ؛ دوام ؛ استقلال ؛ پائداری -

perdurably, *adv.* : ابداً ؛ دائماً ؛ دائمی طور سے -

Pere, n. : باپ (باپ بیٹے کے نام میں امتیاز کرنے کے لئے باپ کے نام کے آخر میں لگادیا جاتا ہے جیسے Jones p.) -

Peregrin te, *v. i.* : (مزاحاً) سیر و سیاحت کرنا -

peregrination. *n.* : سیر و سیاحت ؛ سفر -

peregrinator, *n.* : سیاح ؛ مسافر ؛ سیلانی -

Peregrin (e), *a. & n.* : (۱) (قدیم) غیر ؛ غیر ملکی ؛ بدیشی ؛ بیرونی - (۲) = p. falcon -

p. falcon : ایک قسم کا مشہور شکاری باز -

Peremptory, *a.* : (قانون) (۱) قطعی ؛ ناطق ؛ واجب التعمیل - (۲) (حکم یا بیان) نا قابل انکار یا توقف ؛ قطعی ؛ لازمی - (۳) ضدی ؛ خود رائے ؛ ادعائی ؛ استبدادی ؛ تحکمانہ ؛ مستبدانہ -

p. mandamus : حکمنامہ واجب التعمیل -

p. writ : حکمنامہ مہری (اس کی رو سے مدعا علیہ کا حاضر ہونا لابدی ہے) -

peremptorily, *adv.* : تحکمانہ ؛ مستبدانہ ؛ جابرانہ طور سے ؛ قطعاً ؛ ناطقاً ؛ لازمی طور پر -

peremptoriness, *n.* : قطعیت ؛ ناطقیت ؛ جبر ؛ استبدادیت -

Perennial, *a. & n.* : (۱) سرجیون ؛ سال بھر بہنے والا (چشمہ) - (۲) دوامی ؛ مدامی ؛ استمراری - (۳) کئی سال تک بہار دینے والا (پودا) -

perenniality, *n.* : سدا روانی ؛ سدا بہاری ؛ استمرار ؛ دوام -

pernenially, *adv.* : دائماً ؛ دواماً -

Perfect, *a.& n.* : (۱) مکمل ؛ کامل ؛ تام - (۲) بے عیب ؛ بے نقص -

صحیح ؛ ٹھیک ؛ درست ؛ کامل ؛ پورا (جیسے *p. square*) - (۵) بالکل ؛ قطعی (جیسے *p. stranger*) - (۶) (موسیقی) مکمل - (۷) (نباتیات) چاروں حلقے مکمل رکھنے والا (پودا) -

p. chord : = common chord

p. concord or *consonance* : توافق تام -

p. interval : فاصلۂ تام ؛ پورا فاصلہ -

perfectly, *adv.* : تمام و کمال ؛ سرتا پا ؛ بہ ہمہ وجوہ ؛ کامل طور پر ؛ پورے طور پر ؛ ٹھیک -

perfectness, *n.* : کاملیت ؛ مکملیت ؛ مکمل پن ؛ پختگی -

Perfect, *v. t.* : (۱) مکمل کرنا ؛ پورا کرنا ؛ تکمیل کرنا - (۲) ترقی دینا ؛ اصلاح کرنا -

perfectible, *a.* : تکمیل پذیر ؛ کامل یا مکمل ہونے کی صلاحیت رکھنے والا -

perfectibility, *n.* : تکمیل پذیری -

Perfection, *n.* : (۱) تکمیل ؛ اتمام - (۲) کمال ؛ کاملیت - (۳) بے عیب ہونا - (۴) کامل شخص یا شے - (۵) (کسی خوبی وغیرہ کا) اعلیٰ یا انتہا درجہ کا ہونا ؛ بہترین یا کامل نمونہ ؛ انتہائی - (۶) (جمع) اعلیٰ درجہ کی خوبی ؛ لیاقت ؛ ہنر وغیرہ -

Perfectionist, *n.* : مدعیٔ کمال ؛ معتقدِ کمال ؛ وہ شخص جس کا یہ عقیدہ یا ادعا ہے کہ مذہبی اور اخلاقی کمال کا حصول ممکن ہے ؛ ونائیڈ کریک (*Oneida Creek*) (واقع نیو یارک) کا ایک فرقہ جو اس عقیدے کا قائل ہے -

perfectionism, *n.* : ادعائے کمال ؛ عقیدۂ حصول کمال -

Perfervid, *a.* : سرگرم ؛ پرجوش ؛ پرولولہ -

Perfidy, *n.* : غداری ؛ بے وفائی ؛ نمک حرامی ؛ خیانت ؛ دھوکا دہی -

perfidious, *a.* : غدار ؛ دھوکا باز ؛ دغا باز ؛ بے وفا ؛ نمک حرام ؛ بے ایمان -

perfidiously, *adv.* : خیانتاً ؛ غداری سے ؛ بے وفائی سے ؛ بے ایمانی سے -

perfidiousness, *n.* : غداری ؛ بے ایمانی ؛ دغا بازی ؛ بے وفائی ؛ نمک حرامی -

Perfoliate, *a.* : سفتہ ؛ بندھا ہوا ؛ پرو یا ہوا ؛ ٹہنی کو گھیرے ہوئے -

Perforate, *v. t. & i.* : (۱) باریک سوراخوں کی قطار بنانا ؛ چھیدنا ؛ بیندھنا - (۲) گزارنا ؛ مشبک کرنا - (۳) گھسنا ؛ چھیدنا ؛ بندھنا -

perforation, *n.* : (۱) چھیدائی ؛ بندھائی ؛ برمائی - (۲) سوراخ ؛ چھید -

perforator, *n.* : سوراخ کرنے والا ؛ سوراخ کرنے یا چھیدنے کا اوزار -

perforative, *a.* : سوراخ وغیرہ کرنے کی صلاحیت رکھنے والا -

Perforce, *adv. & n.* : (۱) جبراً ؛ زبردستی سے ؛ مجبوراً ؛ چار و ناچار ؛ ضرورتاً - (۲) (شاذ) ضرورت ؛ جبر (خصوصاً *of, by, p.*) -

Perform, *v. t. & i.* : (۱) پورا کرنا ؛ تعمیل کرنا ؛ بجا لانا - (۲) کرنا ؛ انجام دینا ؛ انجام کو پہنچانا ؛ تکمیل کرنا - (۳) (ڈراما) کوئی کھیل کھیلنا ؛ پارٹ کرنا ؛ (موسیقی) گانا - (۴) تماشا دکھانا ؛ (سدھے ہوئے جانوروں کا) کرتب دکھانا -

performing, *a.* : کرنے والا ؛ بجا لانے والا ؛ (خصوصاً سدھا ہوا جانور) کرتب دکھانے والا -

performable, *a.* : تکمیل پذیر ؛ قابل عمل -

performer, *n.* : تعمیل کرنے والا ؛ بجا لانے والا ؛ پورا کرنے والا ؛ انجام کو پہنچانے والا ؛ (خصوصاً) ایکٹر ؛ نقال ؛ گویا ؛ گانے بجانے والا ؛ کرتب دکھانے والا -

Performance, *n.* : (۱) تعمیل ؛ تکمیل ؛ بجا آوری ؛ انجام دہی - (۲) کام ؛ کرتب ؛ ہنر - (۳) ناٹک میں پارٹ کرنا ؛ گانا بجانا - (۴) (تھیٹر) عام تفریح کا کھیل ؛ تماشا وغیرہ (جیسے *there are two performances a day*) -

Perfume, *n.* : (۱) مہک ؛ بخور - (۲) خوشبو ؛ نکہت - (۳) عطر -

perfumeless, *a.* : بے مہک ؛ بے خوشبو -

Perfume, *v. t.* : بسانا ؛ مہکانا ؛ خوشبو دار کرنا ؛ معطر کرنا -

perfumed, *a.* : معطر ؛ بسا ہوا -

Perfumer, *n.* : عطار ؛ عطر ساز ؛ عطر فروش ؛ گندھی -

perfumery, *n.* : (۱) عطریات ؛ خوشبوئیں - (۲) عطر فروشی - (۳) عطر کشی ؛ عطر سازی - (۴) عطر سال ؛ عطر کھینچنے کا کارخانہ -

Perfunctory, *a.* : رسمی ؛ رواجی ؛ برائے نام ؛ سرسری ؛ مشینی صفت -

perfunctorily, *adv.* : رسمی طور پر ؛ سرسری طور پر ؛ برائے نام -

perfunctoriness, *n.* : غفلت ؛ بے توجہی ؛ بے دلی -

Perfuse, *v. t.* : انڈیلنا ؛ چھڑکنا ؛ (پانی وغیرہ سے) تر کرنا ؛ چھینٹا دینا ؛ چھینٹے دینے ؛ بھر پور کرنا ؛ معمور کرنا -

perfusion, *n.* : پانی بہانا یا چھڑکنا ؛ چھینٹا (خصوصاً بپتسمے میں پانی چھڑکنا) -

perfusive, *a.* : چھڑکاؤ کا ؛ چھڑکنے والا وغیرہ -

Pergameneous, *a.* : چرمی کاغذ کا ؛ چرمی کاغذ سا -

Pergola, *n.* : منڈوا ؛ کنج (جو درختوں اور بیلوں کے سایے سے بن جاتا ہے) -

Pergunnah, -gana, *n.* : پرگنہ -

Perhaps, *adv.* : شاید ؛ ممکن ہے -

Peri, *n.* : پری ؛ خوبصورت حسین شخص -

Peri- : (رابطہ) (جزء ترکیبی بمعنی) گول ؛ غلاف ؛ محیط ؛ حول -

perianth : پھول غلاف -

pericardium : غلاف قلب (یہ ایک غشائی کیسہ ہے جو دل کے گرد محیط ہے) -

pericardiac, -cardial : حول قلبی ؛ محیط قلب کے متعلق -

pericarp : بیج دان ؛ بیج دانی -

perichondrium : حول غضروف (یہ ایک جھلی ہے جو کرکری یا چپنی ہڈی کے گرد محیط ہوتی ہے) -

periclinal : (ارضیات) جو مرکزی نقطے سے ہر طرف ڈھلواں ہو -

perigynous : وہ (زیرہ یا حامل زر) جو بقچۂ گل یا بیضہ دان کے گرد محیط ہوتا ہے ؛ حول بقچی ؛ حول مادی -

periosteum : غلاف استخواں ؛ غشائے استخوانی ؛ وہ جھلی جو ہڈیوں کے گرد محیط ہے -

periosteal : متعلق بہ غشائے استخوانی -

periostitis : غلاف استخواں کی سوزش -

peripteral : (معماری) ستون محیط ؛ جس کے گرد

ستون محیط ہوں -

periscope : بالا بین (ج) ؛ ایک آلہ جس کے ذریعے " آبدوز نشین " یا " خندق نشین " لوگ گرد و پیش اور بالائے آب یا بالائے خندق کی چیزیں دیکھ سکتے ہیں -

periscopic . (وہ آلہ) جس سے اطراف چشم کی چیزیں صاف دکھائی دیتی ہیں -

perisperm : غلاف تخم ؛ جنینی کیسے کے گرد توشۂ تخم کی مقدار ؛ حول جنین -

peristome : (نباتیات) حول منفس ؛ حول فم -

perityphlitis : (حیوانیات) اعور کے اطراف کے کسی حصہ کا ورم (مثلاً التہاب زائدہ appendicitis) -

Periapt, n. : تعویذ ؛ گنڈا -

Periclase, n. : پیری کلیز (ایک دھات جس میں میگنیشیا اور لوہے کا اوّل سائیڈ (*protoxide*) ملا ہوتا ہے ؛ یہ عام طور پر کوہ وسواس کے علاقوں میں پائی جاتی ہے) -

Pericope, n. : (۱) پارہ ؛ جز ؛ پیرا گراف - (۲) بائبل کا کوئی حصہ جو عبادت کے موقع پر پڑھا جاتا ہے -

Pericranium, n. : (۱) غلاف جمجمہ ؛ غشائے جمجمہ (یہ ایک جھلی ہے جو کاسۂ سر کے گرد محیط ہوتی ہے) - (۲) (مزاحاً) کھوپڑی ؛ دماغ ؛ عقل و ذہن -

Peridot, n. : یشب سبز (یہ نام جوہریوں کا رکھا ہوا ہے) -

Perigee, n. : کسی سیارے کا (خصوصاً چاند کا) وہ نقطہ جو زمین سے قریب ترین ہو -

perigean, a. : اس نقطے سے متعلق -

Perihelion, n. : کسی سیارے کے مدار کا وہ نقطہ جو آفتاب سے قریب ترین ہو -

Peril, n. & v. t. : (۱) خوف ؛ خطر ؛ خطرہ ؛ جوکھوں - (۲) خطرے میں ڈالنا ؛ جوکھوں میں ڈالنا -

keep off at your p. : اگر تم نہیں کرتے تو تم ذمہ دار ہو (یعنی اگر اس کا نتیجہ برا ہوا تو تم بھگتوگے) -

you do it at your peril : اگر آپ ایسا کرتے ہیں تو اپنی ذمہ داری پر کریں ؛ اگر کچھ ہوا تو تم جانو -

perilous, a. : پر خطر ؛ خطرناک -

perilously, adv. : پر خطر طور پر ؛ خطرناک طور سے -

perilousness, n. : خطرناکی ؛ خطرہ ؛ خوف ؛ جوکھوں -

Perimeter, n. : (۱) محیط ؛ گھیرا - (۲) محیط پیما ؛ گھیر ناپ ؛ گھیرا ناپنے کا آلہ -

Perineum, n. : مقعد اور اُنثیین کا درمیانی مقام ؛ سیون -

perineal, a : سیون کے متعلق -

Period, n. : (۱) مدت ؛ دور ؛ زمانہ ؛ وقت - (۲) (ہئیت) دور - (۳) زمانہ کا کوئی حصہ مثلاً صدی ؛ جگ ؛ سنہ ؛ سال - (۴) (نحو) فقرہ ؛ جملہ (خصوصاً مرکب جملہ) - (۵) وقفۂ کامل ؛ ختمہ - (۶) (جمع) ایام ماہواری - (۷) (جمع) فصیح و بلیغ زبان -

put a p. to : ختم کردینا -

the period : زمانۂ موجودہ ؛ آج کل (جیسے *the costume of the period*) -

Periodic, a. : (۱) دوری ؛ زمانی ؛ فصلی ؛ موسمی - (۲) میعادی -

p. motion : میعادی حرکت ؛ دوری حرکت -

periodicity, n. : دوری ہونا ؛ دوریت -

Periodical, a. & n. : (۱) دوری ؛ زمانی - (۲) موقت الشیوع (رسالہ وغیرہ) ؛ رسالہ ؛ مجلہ -

periodically, adv. : میعادی طور پر -

Peripatetic, a. & n. : (۱) مشائی ؛ مذہب ارسطاطالیس کا یا مذہب ارسطاطالیس سے تعلق رکھنے والا ؛ ارسطاطالیسی (یہ نام اس لیے پڑ گیا کہ ارسطو کا دستور تھا کہ وہ اپنے مدرسہ میں ٹہل ٹہل کر پڑھاتا تھا اور چونکہ یہ لفظ جس یونانی لفظ سے ماخوذ ہے اس کے معنی چلنے کے ہیں) - (۲) ارسطو کا پیرو یا مقلد - (۳) اپنے کاروبار کے لئے سفر کرنے والا ؛ سفری تاجر ؛ (مزاحاً) پھیری والا -

peripatetically, adv. : ارسطاطالیسی طرز سے -

peripateticism, n. : (۱) مشائین کا فلسفہ - (۲) (مزاحاً) مشی ؛ چلنے یا ٹہلنے کی عادت -

Peripeteia,-tia, n. : یکایک تبدیلی ؛ فوری تبدیلی (قسمت حالت یا ڈراما میں) -

Periphery, n. : گھیرا ؛ گھیر ؛ محیط ؛ دائرہ ؛ بیرونی حد یا سطح -

peripheral, a. : دائرہ کا ؛ محیط کے متعلق ؛ محیطی ؛ دائروی ؛ گول ؛ محیط میں واقع -

peripherally, adv. : محیطانہ ؛ دائرانہ ؛ محیطی طور پر ؛ دائروی طور پر ؛ دائراتی انداز سے -

Periphrasis, n. (pl.-ases) : (۱) پھیر پھار کا طرز گفتگو ؛ پھیر پھار کی بات چیت ؛ لفاظی آمیز طرز کلام - (۲) اڑن گھائیاں -

periphrastic, a. : پھیر پھار کی گفتگو کا ؛ پیچیدہ طرز کلام کا

periphrastically, adv. : پیچیدہ گوئی سے ؛ پھیر پھار سے -

Perique, n. : پریک ؛ اعلیٰ درجے کا تمباکو جو " لوسیانہ (Louisiana) میں ہوتا ہے -

Perish, v. i. & t. : (۱) فنا ہونا ؛ برباد ہونا ؛ ضائع ہونا ؛ نیست و نابود ہونا ؛ تلف ہونا ؛ مارا جانا ؛ ہلاک ہونا - (۲) (سردی وغیرہ کا) ناکارہ کردینا یا تکلیف دینا (جیسے *we were perished with cold*) -

perishingly, adv. : فنا کارانہ ؛ فنا کارانہ انداز سے ؛ فناکاری سے -

Perishable, a. & n. : فنا پذیر ؛ زوال پذیر ؛ خراب ہوجانے والا ؛ سریع الزوال ؛ (جمع میں) سڑجانے والی چیزیں (کھانے پینے کی) -

perishableness, n. : فنا پذیری ؛ زوال پذیری -

Perispome, perispomenon, a. & n. : (یونانی لفظ) آخری بول پر اعراب رکھنے والا -

Peristalith, n. : (آثار قدیمہ) مدفن کے گرد کھڑے پتھروں کا حلقہ -

Peristalsis, n. : (عضویات) پیچیدہ حرکت ؛ پیچ دار حرکت ؛ امعائی حرکت ؛ آنتوں کی حرکت ؛ خرد رو اعصابی حرکت -

peristaltic, a. : امعائی حرکت کا ؛ امعائی حرکت کے متعلق ؛ پیچیدہ حرکت کے متعلق ؛ پیچیدہ حرکت کی بابت -

peristaltically, adv. : امعائی حرکت کے طور پر ؛ آنتوں کی حرکت کی طرح ؛ امعائی حرکت کے مانند -

Peristeronic, a. : کبوتروں کا یا اُن کے متعلق ؛ حمامی -

Peristyle, n. : (۱) حلقۂ ستون یا ستونی حلقہ (کسی مندر وغیرہ کے گرد) - (۲) ستونوں سے محصور مقام -

Peritoneum,-naeum, n. : (تشریح) پری ٹون ؛ غشائے معائی ؛

دھری معلی جھلی ؛ مادالجنبی جھلی ؛ دوھری رقیق جھلی (جوف معدہ کے گرد) -

peritoneal, *a.*: غشائے معلی کے متعلق ؛ پیٹو کے پردے کے متعلق ؛ پردے ٹونی -

peritonitis, *n.*: سوزش غشائے معلی؛ غشائے معلی کی سوزش ؛ مادالجنبی جھلی کی سوزش ؛ پری ٹونا ٹیش -

Periwig, *n.*: وگ ؛ بالوں کی خاص قسم کی مصنوعی ٹوپی (گنج چھپانے کے لئے نیز ججوں وغیرہ کی وردی) -

periwigged, *a.*: بالوں کی مصنوعی ٹوپی والا یا وگ پوش -

Periwinkle *n.*: "پیری ونکل" (ایک سدا بہار جھاڑی جس میں ہلکے نیلگوں پھول لگتے ہیں) -

Periwinkle, *n.*: ایک قسم کا گھونگھا (جو اکثر کھانے میں آتا ہے) -

Perjure, *v. refl.*, *P. oneself*: جھوٹی قسم کھانا ؛ جھوٹی سوگند کھانا ؛ جھوٹا حلف اٹھانا ؛ دروغ حلفی کرنا -

perjured, *p.p.*: جس نے جھوٹا حلف اٹھایا ہو -

perjurer, *n.*: دروغ حلفی کرنے والا ؛ جھوٹی قسم کھانے والا -

Perjury, *n.*: دروغ حلفی ؛ دروغ بیانی ؛ خلاف بیانی ؛ جھوٹی قسم ؛ جھوٹا حلف -

perjurious, *a.*: (۱) خلاف بیانی کرنے والا ؛ جھوٹی قسم کھانے والا - (۲) دروغ گوئی کا ؛ دروغ گویانہ -

perjuriously, *adv.*: دروغ گوئی سے -

Perk, *v. i. & t. & a.*: (۱) اکڑنا؛ اینٹھنا؛ اینٹھ کر یا اکڑ کر چلنا ؛ تفاخر سے سر اٹھانا یا سر ابھارنا ؛ سینہ نکالنا - (۲) Perky = -

p. up: (۱) perk = - (۲) شگفتگی یا زندہ دلی حاصل کرنا (بیماری یا افسردگی کے بعد)

Perky, *a.*: (شاذ) (۱) خود پسند ؛ شوخ ؛ گستاخ - (۲) مسرور ؛ شادان ؛ مگن -

perkily, *adv.*: شوخ چشمانہ ؛ گستاخانہ طور سے -

perkiness, *n.*: خودادعائی؛ خود نمائی ؛ شوخ چشمی ؛ بیباکی؛ ڈھٹائی -

Perlite, *n.*: لاوی یا چٹکنی یا کڑکنی چٹان -

Permanent, *n.*: (۱) مستقل ؛ پائیدار ؛ دیرپا ؛ پکا - (۲) دائم ؛ قائم ؛ باقی ؛ دوامی ؛ مدامی ؛ استمراری ؛ مستحکم -

p. way: ریل کی پکی سڑک -

permanence, *n.*: پائیداری ؛ استقلال ؛ استمرار ؛ استحکام ؛ دوام ؛ قیام -

permanency, *n.*: (۱) استقلال ؛ استحکام؛ دوام - (۲) مستقل شے ؛ عہدہ یا شخص -

permanently, *adv.*: دائماً ؛ مستقل طور پر وغیرہ -

Permeate, *v. t. & i.*: سرایت کرنا ؛ ساری ہونا ؛ بسنا؛ رچنا؛ داخل ہونا؛ نفوذ کرنا؛ گھسنا؛ پیٹھنا ؛ جذب ہونا یا کرنا ؛ رگ و پے میں پیوست ہونا یا سرایت کرنا ؛ چھا جانا -

permeability, *n.*: سرایت پذیری ؛ نفوذ پذیری -

permeable, *a.*: سرایت پذیر ؛ نفوذ پذیر ؛ قابل نفوذ ؛ پولا ؛ مسام دار؛ جذب کرنے والا -

permeance, permeation, *nn.*: سرایت ؛ نفوذ ؛ جذب ؛ جاذبیت -

permeant, *a.*: سرایت کرنے والا ؛ نفوذ کرنے والا -

Permian, *a.*: (ارضیات) قدیم ترین سلسلۂ طبقات الارض کے بالا ترین حصے کے متعلق ؛ جس میں زیادہ تر سرخ ریتیلے پتھر اور میگنیشیائی کلسی پتھر ہوتے ہیں -

Permissible, *a.*: جائز؛ روا؛ مباح ؛ مناسب ؛ درست ؛ بجا -

permissibly *adv.*: روا طور پر؛ جائز طور پر ؛ بجا طور پر -

Permission, *n.*: (۱) اجازت ؛ اذن ؛ پروانگی ؛ رضامندی ؛ منظوری - (۲) اجازت نامہ -

Permissive, *a.*: اجازتی ؛ جوازی ؛ روا رکھنے والا ؛ جائز رکھنے والا ؛ غیر مزاحم ؛ غیر مانع -

p. legislation: وہ قانون جو کسی فعل کی رخصت دیتا ہو مگر اس کے ارتکاب پر مجبور نہ کرتا ہو -

permissively, *adv.*: از راہ جواز

permissiveness, *n.*: جواز ؛ اباحت -

Permit, *v. t & i.*: اجازت دینا ؛ اذن دینا؛ موقع دینا؛ پروانگی دینا ؛ مانع نہ ہونا

weather permitting: اگر موسم موافق یا مساعد ہوا -

Permit, *n.*: (۱) اجازت نامہ ؛ پروانہ ؛ پروانۂ راہداری ؛ رونہ (خصوصاً قابل محصول اشیاء کو خشکی پر اتارنے یا قابل محصول چیزوں کو لے جانے کا) ؛ اجازت نامہ - (۲) اجازت ؛ رخصت -

Permutation, *n.*: (۱) (ریاضی) ترتیب - (۲) (شاذ) تبدیلی -

Permute, *v.t*: ترتیب میں تبدیلی کرنا ؛ ترتیب بدلنا -

Pern, *n.*: زنبور خور (یہ ایک پرندہ ہے جو شہد کی مکھیوں اور بھڑوں کے بچوں کو کھا جاتا ہے) -

Pernicious, *a.*: برباد کن ؛ تباہ کن ؛ مہلک ؛ تباہ کار ؛ مضر ؛ مضرت رساں؛ ایذا رساں ؛ زیاں کار-

perniciously, *adv.*: زیاں کارانہ ؛ مضرت رساں طور پر ؛ مہلک طور سے -

perniciousness, *n.*: تباہ کاری ؛ زیاں کاری ؛ مضرت ؛ مضرت رسانی -

Pernickety, *a.*: (روز مرہ) (۱) بے حد محتاط ؛ نازک مزاج ؛ نازک دماغ ؛ نازک مذاق - (۲) نازک ؛ مشکل سے قابو میں آنے والا (کام)

Pernoctation, *n.*: شب گزاری ؛ شب بیداری ؛ رت جگا (کلیسا) ؛ شب زندہ داری ؛ شب بیداری ؛ شبینہ -

Perorate, *v.i.*: (۱) تقریر ختم کرنا یا آخر میں اس کا خلاصہ بیان کرنا - (۲) طول طویل تقریر کرنا -

peroration, *n.*: خلاصۂ تقریر ؛ خاتمۂ تقریر ؛ تقریر کا وہ فصیح حصہ جو آخر میں ہوتا ہے -

Perpend, *v. t.*: (قدیم) غور کرنا ؛ خوض کرنا ؛ غور و خوض کرنا ؛ غور و فکر کرنا ؛ سوچنا ؛ بچارنا ؛ غور و تامل کرنا -

Perpendicular, *a. & n.*: (۱) عمودی ؛ قائم ؛ سیدھا ؛ تھلواں ؛ (مزاحاً) کھڑا ؛ ایستادہ - (۲) (ہندسہ) عمود ؛ عمودی خط - (۳) ساقول ؛ سہاول ؛ دیوار کی کجی ناپنے کا آلہ - (۴) (عامیانہ) وہ دعوت جس میں مہمان کھڑے رہتے ہیں ؛ کھڑی دعوت - (۵) (جمع) عمودین ؛ دو عمودی خط ؛ خطوط عمودی (یہ دو مفروضہ خطوط ہیں جو جہاز کے خاکہ بنانے اور اس کا طول متعین کرنے میں استعمال ہوتے ہیں) -

line is out of (the) p. : خط عموداً سیدھا نہیں ھے -
p. style : عمودی طرز عمارت (یعنی خالص انگریزی کاتھی طرز کی عمارت جس کی کھڑکیوں وغیرہ پر عمودی خطوط کا کام ھوتا ھے) -
the p. : عمودی خط یا سمت -
perpendicularity, *n.* : عمودیت ؛ سیدھا پن -
perpendicularly, *adv.* : عموداً -
Perpetrate, *v. t.* : ارتکاب کرنا ؛ مرتکب ھونا ؛ مبادرت کرنا ؛ جسارت کرنا ؛ ارتکاب (جرم) کرنا -
perpetration, *n.* : ارتکاب ؛ ارتکاب جرم یا خطا -
perpetrator, *n.* ; ارتکاب کرنے والا؛ مرتکب -
Perpetual, *a.*: دائم ؛ دوامی ؛ استراری ؛ جاودانی ؛ متواتر ؛ بار بار -
p. motion: دائمی حرکت ؛ استمراری حرکت (یعنی مشین کی حرکت جو ایک بار شروع کر دی جائے تو کبھی نہ تھمے) -
perpetually, *adv.* : دائماً؛ دواماً؛ علی الدوام؛ ھمیشہ؛ سدا -
Perpetuate, *v. t.* : دائمی کرنا یا بنانا ؛ دوام بخشنا ؛ زندۂ جاوید کرنا -
perpetuance, perpetuation, *nn.* : دوام ؛ استمرار ؛ دیرپائی ؛ بقاے دوام ؛ ثبات -
perpetuator, *n.* : دوام بخشنے والا ؛ زندۂ جاوید کرنے والا؛ گمنامی سے بچانے والا ؛ بقاے دوام بخشنے والا ؛ قائم رکھنے والا؛ برقرار رکھنے والا -
Perpetuity, *n.*: (۱) دوام ؛ دائمی ؛ ھمیشگی- (۲) ملک استمراری؛ دائمی تبضہ - (۳) دوامی سالانہ عطیہ -
in p., for p., to p. : دائماً ؛ ھمیشہ کے لئے ؛ تا دوام -
Perplex, *v. t.* : (۱) اُلجھانا ؛ حیران کرنا ؛ پریشان کرنا ؛ حیرت میں ڈالنا ؛ زچ کرنا - (۲) اُلجھانا ؛ اُلجھاؤ میں ڈالنا (معاملات کو) - (۳) دشواری میں ڈالنا ؛ اُلجھن میں ڈالنا ؛ تشویش ؛ شبہ یا پریشانی میں ڈالنا -
perplexed ; (۱) حیران؛ پریشان؛ مشوش- (۲) (اشیا) پیچیدہ؛ مشکل ؛ دشوار -
perplexedly, *adv.* : پیچیدہ طور پر ؛ پریشان طور پر ؛ متحیرانہ ؛ حیرت سے -
perplexingly, *adv.* : متحیرانہ ؛ مشوشانہ طور پر؛ حیران کن طریقے سے ؛ پیچیدہ طور پر -
Perplexity, *n.* : تحیر ؛ حیرت ؛ حیرانی ؛ پریشانی؛ پیچیدگی ؛ اُلجھن؛ اُلجھاؤ ؛ دقت؛ تشویش؛ اضطراب؛ مخمصہ؛ جلجال -
Perquisite, *n.* : (۱) بالائی آمدنی ؛ دستوری ؛ بالائی یافت ؛ فتوح ؛ فتوحات (یعنی وہ آمدنی جو نوکر علاوہ اپنی معمولی تنخواہ یا اُجرت کے کسی دوسرے ذریعہ سے کماے) - (۲) زمیندار کی وہ آمدنی جو معمولی محاصل کے علاوہ ھو - (۳) انعام (جس کا ملازم بر خاست کے وقت مستحق ھوتا ھے) - (۴) وہ شے جو استعمال کے بعد نوکروں کو دے دی جاتی ھے جیسے اُترن وغیرہ جو نوکر کا حق ھے -
Perron, *n.*: چبوترہ ؛ شہ نشین خصوصاً کلیسا کے سامنے کا جس میں سیڑھیاں ھوتی ھیں -
Perry, *n.*: ناشپاتی کی شراب -

Perse, *a. & n.* : (۱) (قدیم) نیلگوں بھورا - (۲) نیلا خاکستری رنگ -
Persecute, *v. t.* : ایذا دینا ؛ اذیت پہنچانا ؛ تعدی کرنا ؛ ظلم کرنا ؛ جور کرنا ؛ جبر کرنا ؛ ستانا ؛ عقوبت پہنچانا ؛ (سوال کر کر کے) تھکا دینا -
persecution, *n.* : جبر ؛ ایذا رسانی ؛ اذیت رسانی ؛ عقوبت ؛ تعذیب (خصوصاً جو خاص راے یا مذھبی عقائد کی بنا پر ھو) -
persecutor, *n.* : عقوبت رساں ؛ جفا شعار ؛ جابر ؛ ظالم ؛ خصوصاً وہ شخص جو ذاتی راے یا عقاید کی بنا پر ظلم کرتا ھے) -
Perseverance, *n.* : (۱) ثابت قدمی ؛ استقلال؛ عزم؛ اولوالعزمی - (۲) (دینیات) دائمی سعادت (عیسائیوں کے ایک فرقے کا یہ عقیدہ ھے کہ جو لوگ حیات ابدی کے لیے انتخاب کئے گئے ھیں وہ دائمی سعادت میں رھیں گے اور اُن سے کبھی لغزش نہ ھوگی) -
perseverant, *a.* : (شاذ) ثابت قدم ؛ مستقل مزاج -
Persevere, *v. i.* : لگا رھنا (کسی کام میں) ؛ ثابت قدم رھنا ؛ استقلال رکھنا ؛ عزم و ارادہ پر قائم رھنا ؛ مستقل رھنا ؛ جما رھنا ؛ جد و جہد جاری رکھنا -
perseveringly, *adv.* : با لاستقلال ؛ مستقل مزاجی سے ؛ ثابت قدمی سے
Persian, *a.& n.* : (۱) فارسی ؛ پارسی ؛ مجوسی؛ ایرانی؛ ایران کی؛ ایران کے متعلق - (۲) باشندۂ فارس یا ایران ؛ ساکن عجم ؛ اھلِ ایران - (۳) فارسی زبان -
Persian carpet : ایرانی قالین -
Persian cat : ایرانی بلی (اس کے بال لمبے اور ملائم ھوتے ھیں اور دم موٹی ھوتی ھے) -
Persiennes, *n.* pl. : (جمع میں) جھلملیاں (کھڑکی کی) -
Persiflage, *n.* : مذاق ؛ مزاح ؛ دل لگی ؛ ظرافت ؛ بذلہ سنجی-
Persimmon, *n.* پرسی من ؛ امریکی کھجور (ایک قسم کی کھجور جس کے پھل پیلے ھوتے ھیں ، جب ان پر پالا پڑتا ھے تو یہ پک کر ملائم اور میٹھے ھو جاتے ھیں) -
Persist, *v. i.* : جما رھنا ؛ ثابت قدم رھنا ؛ قائم رھنا (کسی راے یا طریق عمل پر مضبوطی سے) -
persistence, persistency, *nn.* : ثابت قدمی ؛ استقلال ؛ اصرار ؛ ضد ؛ ھٹ -
persistent, *a.* : (۱) ثابت قدم ، مستقل مزاج ؛ (اپنی راے یا طریق عمل پر) مصر ؛ قائم ؛ جما رھنے والا - (۲) (نباتیات ، حیوانیات) مستقل ؛ قائم (بال ، پتے وغیرہ جو اس مدت کے بعد بھی رھیں جبکہ دوسرے حالات میں ان کے گر جانے کا زمانہ ھوتا ھے) - (۳) متواتر ؛ پے در پے -
persistently, *adv.* : ثابت قدمانہ ؛ مستقل مزاجانہ ؛ استقلال سے -
Person, *n.* : (۱) آدمی؛ انسان ؛ شخص - (۲) فرد ؛ متنفس - (۳) جسم ؛ بدن ؛ اندام ؛ جثہ ؛ ظاھری شکل و شباھت - (۴) (قانون) انسان ؛ جماعت (جو خاص حقوق و فرائض رکھتی ھے اور مثل ایک شخص واحد کے خیال کی جاتی ھے)- (۵) ذات جیسے *- found a friend in (the p. of) her landlady* (۶) ڈرامے کا کردار (یا شخص) - (۷) (صرف) ضمیر شخصی -

compound animal (۸) (حیوانات) (جانداروں کی آبادی کا) فرد -(۹) (عیسائی دینیات) الوہیت جو تین اشخاص یعنی باپ بیٹا اور روح القدس پر مشتمل ہے -

first person : (صرف) متکلم -

in (her own) p. : اصالتاً ؛ بذات خود -

second person : (صرف) مخاطب -

third person : (صرف) غائب -

who is this p.? : (تحقیراً) یہ کون ہے ؟ -

Persona, *n.* : شخص -

in propria p. : اصالتاً ؛ بذات خود؛ خود؛ بنفسہ -

p. grata : مقبول ؛ محبوب ؛ پسندیدہ شخص -

Personable, *a.* : وجیہ ؛ خوبصورت ؛ خوش اندام ؛ شکیل -

Personage, *n.* : (۱) معزز شخص ؛ عزت دار آدمی؛ ممتاز شخص ؛ ذی رتبہ آدمی - (۲) شخص ؛ انسان ؛ آدمی - (۳) (ڈراما وغیرہ کا) کردار -

Personal, *a.* : (۱) ذاتی ؛ شخصی ؛ نج کا - (۲) ذاتیات پر حملہ کرنے والا -(۳) (قانون) منقولہ؛ ذاتی؛ شخصی (جائداد یا ملک)- (۴)(صرف) شخصی (جیسے p. pronoun) (۵) ظاہری ؛ جسمانی -

p. effects : ذاتی اشیا یعنی وہ چیزیں جو کسی کے ذاتی استعمال میں آتی ہوں جیسے کپڑے وغیرہ -

p. pronouns : (صرف) ضمائر شخصی -

p. property, p. estate : ذاتی ملکیت؛ شخصی جائداد (بجز اراضی و اشیاے متعلقہ اراضی جو وارثوں کو پہنچتی ہوں) -

p. remarks : طعن ؛ ایسی بات جس سے کسی ذات کی نسبت اہانت نکلے -

suit his p. convenience : اس کی ذاتی آسائش کے ساتھ موافقت کرنے کے لئے -

this is p. to himself : یہ اس کے ساتھ مخصوص ہے -

Personality, *n.* : (۱) شخصیت ؛ فردیت - (۲) شخصی خصوصیت - (۳) (شاذ) شخصی جائداد ؛ ذاتی جائداد - (۴) (عموماً جمع) طعن و طنز (جس میں ذاتی توہین کا پہلو ہو)- (۵) شخص؛ معزز شخص

Personalize, *v. t.* : جسمانا ؛ جسمانی صورت دینا ؛ صورت مجاز میں پیش کرنا ؛ تجسیم و تشکیل دلانا -

personalization, *n.* : تجسیم ؛ جسمانی صورت دینا -

Personally, *adv.* : (۱) بذات خود ؛ اصالتاً- (۲) ذاتی طور پر (جیسے *p. I see no objection*) -

Personalty, *n.* : حقیت شخصی ؛ حقیت ذاتی ؛ ذاتی یا شخصی جائداد ؛ ذاتی ملک -

Personate, *a.* : (نباتیات) نقاب پوش -

Personate, *v. t.* : (۱) ڈرامے کے کسی شخص کا پارٹ انجام دینا - (۲) تلبیس کرنا (یعنی فریب دہی کے لئے دوسرے کی شخصیت ظاہر کرنا) ؛ دوسرے کے بھیس میں آنا -

personation, *n.* : (۱) بہروپ ؛ بھیس - (۲) تلبیس -

personator, *n.* : ڈرامے کے کسی شخص کا پارٹ کھیلنے والا ؛ بہروپ بدلنے والا ؛ تلبیس کرنے والا -

Personification, *n.* : (۱) تجسم ؛ تمثل - (۲) پتلا ؛ مجسم (جیسے p. of modesty ' مجسم حیا ' حیا کا پتلا) -

Personify, *v. t.* : تمثل کرنا ؛ کسی غیر مادی وصف کو جسمانی اوصاف دینا ؛ مجسم قرار دینا ؛ صورت مجاز میں پیش کرنا -

Personnel, *n.* : اشخاص ؛ عملہ (کسی ادارے یا دفتر وغیرہ کا) -

Perspective, *n. & a.* : (۱) تناظر- (۲) ظاہری نسبت ؛ ظاہری تناسب؛ اشیاے مرئی میں جاے وقوع اور فاصلے کا ظاہری تناسب - (۳) (مجازاً) تناسب باطنی ؛ تناسب تابی - (۴) تناظری -

in p. : تناظری ؛ فی التناظر ؛ فی تناظر ؛ حسب تناظر ؛ حسب قواعد تناظر -

linear p. : خطی تناظر؛ تناظر خطی؛ تناظر مستقیم -

perspectively, *adv.* : تناظراً ؛ ازراہ تناظر ؛ حسب قواعد تناظر -

Perspicacious, *a.* : زیرک ؛ ذکی ؛ ذہین ' صاحب بصیرت ؛ صاحب ذکا ؛ تیز فہم ؛ صاحب فراست -

perspicaciously, *adv.* : فراستاً ؛ تیز نظری سے ؛ ژرف نگاہی سے -

perspicacity, *n.* : فراست ؛ زیرکی ؛ ذکاوت ؛ ذہانت ؛ تیز فہمی ؛ عقل کی رسائی ؛ ژرف نگاہی

Perspicuous, *a.* : (۱) جو آسانی سے سمجھ میں آسکے ؛ غیر مبہم؛ واضح ؛ صاف ؛ صریح (تحریر وغیرہ)- (۲) صاف ؛ کھرا ؛ غیر مبہم (اشخاص ' اپنے بیان وغیرہ میں) -

perspicuity, *n.* : صفائی ؛ وضاحت (تحریر ' بیان وغیرہ کی)

perspicuousness, *n.* : زیرکی ؛ ذکاوت ؛ تیز فہمی -

perspicuously, *adv.* : صراحتاً ؛ وضاحتاً ؛ صاف طور سے ؛ واضح طور پر -

Perspirable, *a.* : (۱) عرق بن کر نکلنے والا ؛ پسینہ ہو کر خارج ہونے کے لایق - (۲) پسینہ ہو کر ہوا میں اڑ جانے والا - (۳) پسینے کا یا اس سے متعلق -

Perspiration, *n.* : عرق ؛ پسینہ -

perspiratory, *a.* : (۱) عرق آور ؛ پسینہ آور ؛ پسینہ خیز - (۲) پسینے کا ؛ پسینے سے متعلق یا اس نوعیت کا -

Perspire, *v. i. & t.* : پسینہ آنا ؛ پسینہ لانا ؛ پسینہ نکالنا ؛ عرق آلود ہونا یا کرنا -

Persuade, *v. t.* : (۱) راغب کرنا ؛ مائل کرنا ؛ ترغیب دینا؛ تشویق دلانا - (۲) آمادہ کرنا - (۳) باور کرانا ؛ قائل کرنا ' معقول کرنا ؛ دل نشین کرنا ؛ ذہن نشین کرانا ؛ خاطر نشین کرنا -

persuadable, persuasible, *aa.* : ترغیب پذیر ؛ تشویق پذیر ؛ جس کو راغب کرسکیں یا جو مائل ہو سکے -

persuasibility, *n.* : ترغیبی قوت ؛ ترغیب دلانے کی قوت -

Persuader, *n.* : (۱) راغب کرنے والا ؛ ترغیب دینے والا ؛ مائل کرنے والا ؛ لبھا لینے والا شخص - (۲) (جمع ، عامیانہ) مہمیز ؛ ایڑ -

clap in the pp. : گھوڑے کو مہمیز لگانی ؛ ایڑ لگانی -

Persuasion, *n.* : (۱) ترغیب ؛ تحریص ؛ تحریک ؛ تشویق - (۲) دل نشینی؛ خاطر نشینی- (۳) یقین؛ قیاس غالب؛ گمان غالب (مثلاً *it is my private p. that he is mad*) - (۴)(مذہبی) فرقہ؛ گروہ ؛ جماعت ؛ (مزاحاً) قسم ؛ نسل ؛ قوم (جیسے *a man of Jewish p.*) - (۵) (مذہبی) اعتقاد ؛ عقیدہ (جیسے *he is of the Roman Catholic p.*) -

Persuasive, *a. & n.* : محرک؛ ترغیب دینے یا مائل کرنے کی صلاحیت رکھنے والا ؛ دل میں گھر کرنے والا ؛ لبھا دینے والا ؛ اثر پیدا

کرنے والا -

persuasively, *adv.*: از راہ ترغیب ؛ از راہ تشویق -

persuasiveness, *n.*: تشویقی یا ترغیبی صلاحیت ؛ تاثیر ؛ خاطر نشینی ؛ دل نشینی -

Pert, *a.*: شوخ ؛ گستاخ ؛ دریدہ دهن ؛ منہ پهٹ ؛ زبان دراز ؛ کلہ دراز ؛ شوخ چشم ؛ ڈھیٹ ؛ دیدہ دلیر -

pertly, *adv.*: شوخی سے ؛ شوخ چشمی سے ؛ گستاخی سے -

pertness, *n.*: شوخی؛ شوخ چشمی ؛ ڈھٹائی وغیرہ -

Pertain, *v. i.*: متعلق هونا ؛ علاقہ رکھنا ؛ تعلق رکھنا ؛ وابستہ هونا ؛ سروکار رکھنا ؛ موزوں هونا ؛ نسبت رکھنا ؛ رشتہ رکھنا -

Pertinacious, *a.*: ضدی ؛ خود سر ؛ خود رائے ؛ سرکش ؛ سرتاب ؛ مستقل مزاج ؛ ثابت قدم -

pertinaciously, *adv.*: ضدی پن سے ؛ خود رائی سے ؛ خود سری سے ؛ ثابت قدمی کی راہ سے -

pertinaciousness, pertinacity, *nn.*: ضد ؛ هٹ ؛ ضدی پن؛ هٹیلا پن ؛ سر کشی ؛ ثابت قدمی؛ استقلال -

Pertinent, *a. & n.*: (۱) مناسب - (۲) مدلل؛ معقول- (۳) متعلق (بہ امر زیر بحث)- (۴) (جمع) لوازم ؛ متعلقات -

pertinence, pertinency, *nn.*: موزونیت؛مناسبت؛برجستگی-

pertinently, *adv.*: حسب موقع؛ بر محل ؛ موزوں ؛ باموقع -

Perturb, *v. t.*: (۱) بے ترتیب کرنا یا گڈ مڈ دینا ؛ درهم برهم کرنا (۲) پریشان کرنا ؛ گھبرا دینا ؛ بے چین کرنا ؛ بے قرار کرنا ؛ مضطر کرنا ؛ مضطرب کرنا ؛ حواس باختہ کرنا -

perturbation, *n.*: گڑ بڑ ؛ ابتری؛ بے ترتیبی؛ درهمی برهمی؛ انتشار ؛ افراتفری ؛ پریشانی ؛ بے قراری ؛ اضطراب ؛ خلل اندازی؛ دست اندازی ؛ اقلاق ؛ قلق -

perturbative, *a.*: خلل انداز ؛ دست انداز؛ پریشان کن ؛ گڑ بڑ کرنے والا ؛ قلق افزا -

Peruke, *n.* وِگ (بالوں کی ٹوپی) -

Peruse, *v. t.*: (۱) مطالعہ کرنا ؛ پڑھنا ؛ غور سے پڑھنا ؛ نظر امعان سے دیکھنا ؛ تفصیل سے ایک ایک چیز دیکھنا - (۲) (مجازاً) (کسی شخص کے چہرے مہرے کا) نہایت غور و تامل کے ساتھ معائنہ کرنا -

perusal, *n.*: مطالعہ ؛ معائنہ ؛ ملاحظہ -

Peruvian, *a.*: پیرو کا ؛ پیرو کے متعلق ؛ پیرو (جنوبی امریکہ) کا باشندہ ؛ پیروی -

P. bark: سنکونا کی چھال -

Pervade, *v. t.*: سرایت کرنا ؛ رچنا ؛ گھسنا ؛ پیٹھنا ؛ رگ و پے میں سرایت کرنا ؛ نفوذ کرنا -

pervasion *n.*: سرایت؛ اثر؛ نفوذ-

pervasive, *a.*: سرایت کن ؛ نفوذ کرنے والا -

pervasively, *adv.*: سرایت کے انداز سے ؛ از راہ نفوذ -

pervasiveness, *n.*: سرایت یا نفوذ کرنے کی قوت ؛ نفوذ پذیری -

Perverse, *a.*: (۱) گمراہ ؛ گم کردہ راہ ؛ بے راہ رو ؛ بے راہ - (۲) ضدی ؛ هٹی ؛ هٹیلا ؛ متمرد ؛ خود سر ؛ خود رائے - (۳) بد ؛ بد کیش - (۴) تنک مزاج ؛ نازک مزاج ؛ چڑ چڑا - (۵) کج رائے ؛ هٹ دهرم - (۶) [illegible] ؛ ناسازگار (حالات وغیرہ) - (۷) (قانون میں جوری وغیرہ کا فیصلہ) خلاف شہادت و هدایت عدالت خود سرانہ ؛ خلاف عقل ؛ کج رائی ؛

perversely, *adv.*: کج رائی سے؛ ضد سے -

perverseness, *n.*: ضد ؛ هٹ ؛ هٹ دهرمی؛ کج رائی ؛ خود رائی ؛ تنک مزاجی -

perversity, *n.*: بد نہادی ؛ تمرد ؛ خود سری -

Pervert, *v. t.*: (۱) الٹنا پلٹنا ؛ درهم برهم کرنا ؛ زیر و زبر کرنا ؛ تہ و بالا کرنا ؛ بے ترتیب کرنا - (۲) غلط تعبیر کرنا ؛ غلط معنی لینا (الفاظ وغیرہ کے) ؛ غلط تاویل کرنا ؛ توڑ مروڑ کے کچھ کے کچھ معنی بیان کرنا- (۳) گمراہ کرنا؛ غلط رستے پر ڈالنا ؛ راہ راست سے بہکا دینا -

perversion, *n.*: گمراهی ؛ ضلالت ؛ بے جا استعمال -

perversive *a.*: گمراہ کن ؛ ضلالت کی طرف لے جانے والا ؛ بیجا (استعمال وغیرہ) -

Pervert, *n.*: بگڑا هوا ؛ گمراہ ؛ منحرف شخص؛ برگشتہ مذهب -

Pervious, *a.*: (۱) نفوذ پذیر ؛ (داخلے کے لیے) کھلا ؛ اثر پذیر ؛ سرایت پذیر - (۲) پولا ؛ مسام دار - (۳) (مجازاً) اثر پذیر ؛ تاثیر پذیر ؛ معقولیت پسند -

perviousness, *n.*: نفوذ پذیری ؛ اثر پذیری ؛ تاثیر پذیری ؛ سرایت پذیری ؛ معقول پسندی ؛ پولا پن

Peseta *n.*: پسیٹا (یہ ایک هسپانی نقرئی سکہ هے جو دس پنس کے قریب هوتا هے) -

Peshito, - itta, *n.*: پشیطہ ؛ عہد نامہ جدید و عہد نامۂ عتیق کا مستند سامی نسخہ -

Peshwa, *n.*: (۱) (تاریخ) پیشوا (مرهٹی ریاستوں کا حکمران یا راجا) - (۲) (قدیم) مرهٹی ریاستوں کا وزیر اعظم -

Pesky, *a.*: (امریکہ عامیانہ) ناگوار خاطر ؛ تکلیف دہ ؛ قابل نفرت ؛ پریشان کن ؛دل آزار ؛ لیچڑ -

Peso, *n.*: پیسو(ایک نقرئی سکہ جو امریکہ کی کئی ریاستوں میں چلتا هے کم و بیش چار شلنگ کے برابر هوتا هے) -

Pessary, *n.*: رحمالہ ؛ (رحم آلہ) یہ ایک آلہ هے جو ازاحت رحم کو روکنے کے لئے رحم کی نالی میں رکھا جاتا هے -

Pessimism *n.*: (۱) قنوطیت ؛ یاس - (۲) یہ نظریہ کہ دنیا بد ترین مقام هے اور هر شے مائل بہ شر هے -

pessimist, *n.*: قنوطی -

pessimistic, *a.*: قنوط کا یا قنوط پر مبنی؛ قنوطانہ ؛ مایوسانہ-

pessimistically, *adv.*: از راہ قنوط؛ مایوسانہ طور پر -

Pest, *n.*: (۱) (شاذ) وبا ؛ طاعون - (۲) بلا ؛ آفت؛ عذاب جان (شخص ؛ جاندار یا شے) -

p. - house: وبائی شفا خانہ ؛ طاعون کا هسپتال -

Pester. *v. t.*: ستانا ؛ دق کرنا ؛ تکلیف دینا ؛ آزار پہنچانا ؛ ایذا یا اذیت دینا -

Pestiferous, *a.*: (۱)وبائی ؛ وباخیز ؛ وبا آور؛ مضر؛ مضرت رساں ؛ مہلک -(۲)(مجازاً) اخلاق سوز؛ مخرب اخلاق؛ بد اخلاقی یا خرابی پھیلانے والا -

Pestilence, *n.*: وبا ؛ پلیگ ؛ طاعون ؛ مری؛ لگنے والی عام بیماری؛ [illegible]

pestilential, *a.*: وبائی ؛ طاعونی -

Pestilent, *a.*: (۱) مہلک ؛ مضرت رساں - (۲) (مجازاً) اخلاق سوز ؛ مخرب اخلاق ؛ مفسداخلاق - (۳) (بول چال) تکلیف دہ ؛ تکلیف رساں ؛ آزار رساں ؛ ناگوار خاطر ؛ لیچڑ -

pestilently, *adv.*: مہلکانہ ؛ وبائی طور پر -

Pestle, *n. & v. t. & i.*: (۱) موسلی ؛ موسل ؛ خذکا ؛ سوٹنا - (۲) کوٹنا ؛ موسل سے کوٹنا ؛ باریک کر نا ؛ چھڑ نا ؛ سفوف کر نا ؛ موسل چلا نا -

Pet, *n. & v. t.*: (۱) عزیز یا پیارا جانور - (۲) لاڈلا ؛ پیارا ؛ منظور نظر - (۳) لاڈ پیار کر نا -

one's *pet aversion*: جس سے کسی کو خاص طور پر نفرت ہو -

p. -*cock*: ایک چھوٹی سی ٹونٹی جس کے ذریعے بھاپ نکالی جا تی ہے ؛ بھاپ ٹونٹی -

p. name: پیار کا نام ؛ بے تکلفی کا نام -

Pet, *n.*: (۱) برا ماننا (اہانت کا) ؛ رنجیدگی - (۲) ترش روئی ؛ بد مزاجی ؛ برا ماننا ؛ رنجیدہ ہو نا ؛ ناراض ہو نا -

take (the) p., be in a pet: برا ماننا (اہانت کا) ؛ ترش رو ہو نا -

Petal, *n.*: پنکھڑی ؛ پتی -

petaline, *a.*: پنکھڑی کا یا پنکھڑی سے متعلق ؛ پنکھڑی دار ؛ پنکھڑی پر واقع -

(-)petal(l)ed, *a.*: پنکھڑی دار -

petaloid, *a.*: پنکھڑی کی شکل کا ؛ پنکھڑی سا ؛ پتی سا -

Petalon, *n.*: یہودیوں کے ربی اعظم کے تاج میں سنہری پترا -

Petard, *n.*: (۱) منجنیق (قدیم زمانے میں جنگ میں پھاٹک ' فصیل وغیرہ توڑ نے کے کام میں آ تی تھی) - (۲) ایک قسم کی آتشبازی ' پٹاخا وغیرہ -

hoist with his own p.: چاہ کن را چاہ در پیش -

Petasus, *n.*: (۱) یونانیوں کی قدیم چھجے دار ٹوپی - (۲) ہرمز دیوتا کی پردار ٹوپی -

Petaurist, *n.*: پتروپ ؛ یہ ایک قسم کا تھیلی دار جانور ہے جس کے بازؤں پر جھلی منڈھی ہو تی ہے جس کی مدد سے یہ زقندیں لگا تا ہے -

Peter, *n.*: پطرس ؛ پیٹر ؛ عیسائی مردوں کا نام -

blue P.: دیکھو Blue -

rob P. to pay Paul: حامد کی پگڑی محمود کے سر ؛ ایک سے لینا دوسرے کو دینا -

St Peter: حضرت عیسیٰ کے بارہ حواریوں میں سے ایک ؛ پطرس رسول -

P.-penny, P.'s-penny or *pence*: (تاریخ) سالانہ خراج ؛ پاپائی ؛ یہ سالانہ پاپائی خراج ہے جو پاپائی خزانے میں داخل کیا جا تا ہے (سنہ ۱۸۶۰ ع سے) -

P.'s fish: ماہی پطرس (یہ ایک قسم کی مچھلی ہے جس کی نسبت یہ روایت مشہور ہے کہ اس کی پشت پر پطرس کے انگوٹھے اور انگلیوں کے نشان ہیں) -

Peter, *v. i., p. out*: (سو قیانہ) ختم ہوجانا ؛ اختتام کو پہنچ جا نا ؛ ہو چکنا ؛ سر جا نا ؛ (چشمے وغیرہ کا) خشک ہوجانا -

Petersham, *n.*: دبیز ریشمی فیتہ ؛ بھاری اور کوٹ یا برجس ؛

Petiole, *n.*: ڈنٹھل -

petiolar, petiolate, *a.*: ڈنٹھلی ؛ ڈنٹھلی دار -

Petit, *a.*: خرد ؛ چھوٹا -

Petits - chevaux: یہ قمار بازی کا ایک کھیل ہے -

p. - maitre: بانکا ؛ رعنا ؛ چھیلا -

p. mal: ہلکی قسم کی مرگی -

p. souper: چند خاص احباب کا مخصوص کھانا -

petits soins: ادنیٰ توجہات -

p. verre: شراب کا چھوٹا گلاس -

Petite, *a.*: چھوٹے قد کی نازک اندام (عورت یا لڑکی) -

Petitio, *n. P. principii*: انحصار مقدمہ بر نتیجہ ؛ اقتراح المسول -

Petition, *n & v.t. & i.*: (۱) واجب العرض ؛ عرض ؛ معروض ؛ گذارش ؛ التماس - (۲) درخواست ؛ عرضی ؛ عریضہ ؛ عرضداشت - (۳) (قانون) درخواست ؛ عرضی دعوی - (۴) درخواست دینا ؛ عرض پیش کر نا ؛ گذارش کر نا -

P. and Advice: (تاریخ) سنہ ۱۶۵۷ ع میں پارلیمنٹ کا محضر " کرام ویل " کے نام -

P. of Right: اعلان حقوق آزادی نامہ ؛ عرضداشت حقوق (یہ حقوق سنہ ۱۶۲۸ ع میں چارلس اول سے حاصل کئے گئے تھے)

petitionary, *a.*: معروضی ؛ التماسی ؛ مشتمل بہ درخواست -

petitioner, *n.*: سائل ؛ درخواست کنندہ ؛ (خصوصاً مقدمہ طلاق میں) مدعی ؛ داد خواہ -

Petrel, *n.*: پطریل ؛ ایک بحری پرندہ جس کے پر سیاہ و سفید اور بازو لمبے ہو تے ہیں -

storm - p., stormy p.: = Petrel

Petrification *n.*: (۱) پتھر میں تبدیل کر دینا یا ہو جا نا ؛ حجریت - (۲) متحجر مادہ یا شے -

Petrify, *v. t. & i.*: (۱) (حیوانی یا نباتی مادوں کا) پتھر ہو جانا ؛ حجرانا ؛ متحجر ہوجانا - (۲) حجریت ؛ حجرانا ؛ پتھر ہو جا نا ؛ پتھر میں تبدیل ہو جانا ؛ (مجازاً) حیرت یا خوف کے مارے ششدر رہ جانا ؛ بت بن جانا ؛ ہاتھ پاؤں پھول جانا ؛ حیران و ششدر کر دینا - (۳) مردہ کردینا ؛ بیجان کردینا ؛ بے حس کر دینا (دماغ یا عضو وغیرہ کو)

Petro - : (سابقہ بمعنی) چٹان -

petroglyph: چٹان تراشی -

petrograph: چٹانی تصویر یا کتبہ -

petrography: چٹانوں کی ساخت و ترکیب کا علمی بیان ؛ صخریات -

petrographer: اس علم کا جاننے والا ؛ ماہر صخریات -

petrographic (al): متعلق بہ صخریات ؛ صخریاتی -

petrology: چٹانوں کی اصلیت اور ان کی ساخت وغیرہ کا علم ؛ صخرہ دانی -

petrologic, petrological: متعلق بہ صخرہ دانی -

petrologically: از روے صخرہ دانی -

petrologist: صخرہ داں -

Petrol, *n. & v. t.*: (۱) پٹرول - (۲) پٹرول فراہم کرنا (موٹروں وغیرہ کے لئے)

Petroleum *n.* : پٹرولیم ؛ معدنی تیل جو چٹانوں یا سطح آب پر پا یا جا تا ھے اور مشینوں میں کام آ تا ھے -

Petroleur, n. (fem. - *euse*) : پٹرولیم سے آگ لگانے والا (یا آگ لگانے والی) -

Petrolic, *a.* : پٹرولی -

Petrolin. *n.* : پٹرولین ؛ پٹرولی تیل ؛ وہ تیل جو پٹرولیم سے حاصل ھو ؛ وہ شے جو رنگرنی پٹرولیم سے نکلتی ھے -

Petronel, *n.* : (تاریخ) بطرو نیل ؛ پٹرو نیل ؛ ایک بڑا تمنچہ جو سولھویں اور سترھویں صدی عیسوی میں خاص کر سوار استعمال کرتے تھے -

Petrous, *a.* : (۱) صخرائی ؛ صخراتی؛ مشابۂ صخرہ - (۲) (تشریح) صدمی؛ کنپٹی کی ھڈی کے متعلق -

Petticoat, *n.* (۱) سایہ ؛ لہنگا ؛ گھگرا - (۲) لڑکی ؛ عورت - (۳) (بطورصفت) زنانی (مثلاً p. government) - (۴) (جمع) جنس اناث ؛ عورت ذات -

I have known him since he was in pp. : میں اس کو بچپن سے جا نتا ھوں -

p. government : زنانہ حکومت؛ عورت کی حکومت یا اثر (گھر میں یا سیا سیات میں) -

she is a Cromwell in pp. : وہ بالکل کرام ویل ھے فرق صرف جنس کا ھے -

petticoated, *a.* : سایہ دار ؛ لہنگے دار ؛ لہنگے والی؛ گھگرے والی -

petticoatless, *a.* : بے سایہ ؛ بدون سایہ؛ بے لہنگے ؛ بےگھگرے -

Pettifog, *v. i.* : (۱) مختاری کرنا ؛ ادنی درجے کی وکالت کرنا - (۲) ادنی عدالت میں چھوٹے مقدمات کی پیروی کرنا - (۳) قانونی فریب کاری کرنا ؛ قانونی حیلہ بازی کرنا - (۴) اصل بحث سے گریز کرنا ؛ غیر ضروری باتوں پر زور دینا ؛ لفظی بحث کرنا -

Pettifogger, *n.* : (۱) ادنی درجے کا وکیل ؛ مختار - (۲) فریب یا نا جائز ذرائع سے کام لینے والا ؛ ادنی وکیل - (۳) عطائی (ھر پیشے کا) -

pettifoggery, *n.* : قانونی حیلہ بازی یا فریب کاری وغیرہ -

pettifogging, *a.* : فریب کار ؛ حیلہ باز ؛ مکار ؛ لفظی بحث کرنے والا ؛ جھکی ؛ کمینہ -

Pettish *a.* : تنک مزاج ؛ نازک مزاج ؛ چڑ چڑا ؛ زود رنج ؛ بد دماغ -

pettishly, *adv.* : تنک مزاجی سے؛ نازک مزاجی سے؛ چڑ چڑے پن سے -

pettishness, *n.* : تنک مزاجی؛ نازک مزاجی؛ تند مزاجی؛ چڑ چڑا پن -

Pettitoes, *n. pl.* : سور کے پائے (جو کھانے میں آتے ھیں) -

Petto, n., In p. : فی الباطن ؛ سینے میں ؛ راز میں؛ پوشیدہ -

Petty, *a.* : (۱) حقیر ؛ نا قابل توجہ ؛ بے حقیقت - (۲) ادنی ؛ چھوٹا ؛ کم رتبہ - (۳) کم مایہ ؛ کم ظرف ؛ فرومایہ ؛ خفیف ؛ تھوڑا سا ؛ ذرا سا ؛ یونہی سا ؛ ادنی سا -

p. cash : قلیل زر نقد (آمد و خرچ کا)

p. jury : دیکھو Jury -

p. larceny : دیکھو Larceny

p. officer : ادنی بحری افسر (نان کمیشنڈ افسر کے مساوی)

p. session : دیکھو Session -

pettily, *adv.* : کم مایگی سے ؛ تنگ ظرفی سے -

pettiness *n.* : سبکی؛ دنایت؛ کمینہ پن؛ کم مایگی؛ کم ظرفی -

Petulant, *a.* : بد خو ؛ بد مزاج ؛ تنک مزاج ؛ تنک چڑھا ؛ چڑ چڑا ؛ ترش مزاج ؛ بد دماغ ؛ جھکی -

petulance, *n.* بد خوئی؛ تنک مزاجی؛ نازک مزاجی ؛ چڑ چڑا پن ؛ ترش مزاجی ؛ بد دماغی -

petulantly, *adv.* : چڑ چڑے پن سے ؛ جھکی پن سے ؛ بے ادبانہ ؛ گستاخانہ ؛ تنک مزاجی سے وغیرہ -

Petunia, *n.* : (۱) پٹونیا (یہ ایک پودا ھے' جس میں سفید ارغوانی یا بنفشئی پھول لگتے ھیں جن کی شکل قیف نما ھوتی ھے) - (۲) گہرا بنفشئی رنگ ؛ ارغوانی رنگ -

Petuntse, *n.* : وہ سفید مٹی جس سے چینی بنتی ھے ؛ چینی مٹی -

Pew, *n.* & *v. t.* : (۱)پیو؛گرجے میں نشست کامقام (اونچا یا محصور اکثر خاص خاص لوگوں کے لیے) - (۲) گڑی ھوئی تکیہ دار بنچ (گرجے میں) - (۳) گرجے میں ایسی نشستوں کا مہیا کرنا ؛ ایسی نشستوں سے محصور کر دینا -

family p. : گرجے میں کسی خاندان کےلیےمخصوص مقام نشست -

p. - rent : ایسی نشست کا کرایہ -

pewage, *n.* : درجے کی نشست کا کرایہ -

pewless, *a.* : بے پیو کے -

Pewit, peewit, *n.* : (۱) = Lapwing - (۲) اس پرندےکی آواز -

p. (gull) : ایک قسم کی کالے سر کی مرغابی -

Pewter, *n.* : (۱) جست - (۲) جستی برتن ؛ جست کے برتن - (۳) (عامیانہ) وہ رقم جو اُس مال یا جہاز کی فروخت سے حاصل ھو جو زمانۂ جنگ میں سمندر پر پکڑا جائے -

Pfennig, - ing, *n.* : پفینگ' ایک تانبے کا سکہ جو جرمنی میں رائج ھے (انگریزی پینی کے دسویں حصے کے برابر ھوتا ھے)

Phaeton, *n.* : فٹن ؛ ایک ھلکی چو پہیہ کھلی گاڑی جس میں عام طور پر دو گھوڑے جتتے ھیں -

Phaged (a)ena, *n.* : پھیلنے والا ناسور -

phagedaenic, - denic, *a.* : ایسے ناسور کے متعلق ؛ ناسوری -

Phagocyte, *n.* : خون کا ایک جسیمہ جو متعدی جراثیم سے محفوظ رکھنے کی صلاحیت رکھتا ھے -

-phagous : (لاحقہ) - کھانے والا ؛ - خوار -

Phalange, *n.* : دیکھو Phalanx -

Phalangeal, *a.* : (تشریح و نباتیات) متعلق به Phalanx -

Phalanger, *n.* : آسٹریلیا کا ایک چھوٹا سا سمور و تھیلی دار جانور جو کسی قدر لومڑی سے مشابہ ھوتا ھے -

Phalanstery, *n.* : (۱) فوریر (فرانسیسی) کے نظام اشتراکیت کے پیرو؛ اشتراکیت پسندوں کی جماعت - (۲) اس جماعت کی عمارت جس میں وہ رھتے ھوں -

phalansterian, *n.* & *a.* : اس فوریری اشتراکیت کا قائل ؛ اس عقیدے کا پیرو -

Phalanx, *n.* (pl. *phalanxes, phalanges*).: (۱) فوج کا پرا ؛ صف جنگ ؛ بخصوصاً مقدونوی پیدل فوج - (۲) کوئی منظم جماعت - (۳) تخمیناً اٹھارہ سو نفوس کی اشترا کی جماعت (فوریر کے نظام اشتراکیت کے مطابق) - (۴) (تشریح) ان چھوٹی ھڈیوں میں سے کوئی ھڈی جو ساعد اور پیر (انگلیوں اور ٹخنوں کے درمیانی حصے) میں ھوتی ھیں - (۵) (نباتیات) حامل زروں کا گچھا ؛ گدی (تشریح اور نباتیات میں اس لفظ کی جمع *phalanges* ھے) -

Phalarope, *n.* : ایک قسم کا "جھلی پا" پرندہ جو پانی میں چلتا پھرتا اور تیرتا ھے -

Phallus, *n.* : لنگ ؛ آلۂ تناسل کی صورت جس کی بعض مذاھب میں پرستش کی جاتی ھے -

phallic, *a.* : لنگ کا یا اس سے منسوب -

phall(ic)ism, *nn.* : لنگ پرستی -

Phanariot, *n.* : (۱) فناری ؛ قسطنطنیہ کے محلۂ فنار کا رھنے والا - (۲) یونانی افسر جو ترکوں کے ماتحت تھے ؛ فناری -

Phanerogam, *n.*: (نباتیات) پھول دار ؛ وہ پودا جس میں پھول آتے ھوں -

phanerogamic, phanerogamous, *aa.*: پھول داری ؛ پھول دار کے متعلق ؛ جس میں بقچۂ گل اور حامل زر ھو -

Phansigar, *n.* : ٹھگ؛ ڈاکو (ھندی لفظ پھانسی سے بنا ھے) -

Phantasm, *n.* : (۱) فریب نظر ؛ توھم - (۲) وھمی صورت ؛ خیالی پیکر ؛ (طبیعیات) غائب (مردہ یا زندہ) کی وھمی صورت -

phantasmal, phantasmic, *aa.* : وھمی ؛ توھمی ؛ وھمی صورت کا یا اس سے متعلق -

phantasmally, *adv.* : توھمانہ طور پر -

Phantasmagoria, *n.* : (۱) فریب نظر کی نمائش ؛ وھمیات بصری کی نمائش (یہ ایک نمائش تھی جو سنہ ۱۸۰۲ ع میں لندن میں منعقد ھوئی تھی ، جس میں فریب نظر کے مظاھر میجک لینٹرن کے ذریعے دکھائے گئے تھے) - (۲) خیالی یا اصلی صورتوں کے مظاھر (جو مسلسل یکے بعد دیگرے دکھائے جائیں) -

phantasmagoric, *a.*: خیالی صورتوں کے مظاھر کے متعلق -

Phantasy, *n.* : (۱) قوت واھمہ - (۲) وھمی شبیہ -

Phantom, *n.* : (۱) وھمی صورت ؛ خیالی صورت یا شبیہ - (۲) طیف ؛ توھم - (۳) بھوت پریت ؛ سایہ - (۴) (بطور صفت کے) بے اصل ؛ غیر حقیقی ؛ کذا ؛ محض دیکھنے کا (شخص یا ادارہ جو دیکھنے میں سب کچھ ھو مگر اصل اقتدار نہ رکھتا ھو) ؛ صفر -

p. tumour : عارضی سوجن یا ورم (جو اصل جیسا ھو) -

Pharaoh, *n.* : فرعون ؛ فرعون مصر (یہ قدیم شاھان مصر کا لقب تھا) -

P.'s serpent : سانپ کھلونا ؛ ایک کھلونا جو جلا یا جائے تو سانپ کی شکل اختیار کر لیتا ھے اور بل کھاتا ھوا نظر آتا ھے -

Pharisee : (۱) فریسی ، یہ ایک قدیم یہودی فرقہ تھا جو رسم پرستی اور ظاھر داری میں مشہور تھا - (۲) ظاھر دار؛ ظاھر پرست ؛ گندم نما جو فروش ؛ ریاکار ؛ منافق -

Pharisaic(al), *a.* : فریسیانہ ؛ منافقانہ ؛ ریاکارانہ -

Pharisaically, *adv.* : فریسیوں کی طرح سے ؛ منافقانہ طور پر ؛ ریاکارانہ -

Pharisaism, *n.*: فریسیت ؛ فریسی عقیدہ؛ ریا کاری؛ ظاھر پرستی -

Pharmaceutical, *a.* : دوا سازانہ ؛ عطارانہ ؛ عطار کا ؛ دوا سازی کا ؛ عطاری یا دوا سازی کے متعلق -

pharmaceutically, *adv.* : دوا سازی کے طور پر ؛ دوا سازی کے مقاصد کے لیے -

pharmaceutics, *n.* : دوا سازی ؛ عطاری -

Pharmacology, *n.* : اصول دوا سازی -

pharmacologist, *n.* : ماھر دوا سازی ؛ ماھر عطاری -

Pharmacopoeia, *n.* : کتاب الادویہ (جس میں دواؤں کی فہرست ان کے خواص اور استعمال کا ذکر ھو) ؛ مخزن ادویہ ؛ ذخیرۂ ادویہ ؛ قرابا دین -

pharmacopoeial, *a.* : کتاب الادویہ کے متعلق ؛ قرابادینی -

Pharmacy, *n.* : (۱) دوا سازی ؛ دوا شناسی ؛ دوا آمیزی ؛ عطاری - (۲) ذخیرۂ ادویہ - (۳) دوا خانہ -

Pharos, *n.* : روشنی کا مینار ؛ رھنما مینار (جہازوں کی رھنمائی کے لیے) -

Pharyngo- : (سابقہ بمعنی) حلق یا بلعوم -

pharyngocele : درانی بلعوم -

pharyngotomy : شگاف بلعوم

Pharynx, *n.* : حلق ؛ بلعوم -

pharyngal, pharyngeal, *aa.* : حلقی ؛ بلعومی

pharyngitis, *n.* : سوزش بلعوم -

Phase, *n.* : (۱) (ھیئت) تشکل؛ ممازجہ (کسی سیارے یا خاص کر چاند کا وہ حصہ جو روشن ھے ، مثلاً ھلال ، بدر وغیرہ) - (۲) کسی شے یا خیال کی خاص صورت یا پہلو - (۳) ارتقائی تغیر یا ارتقا کی حالت ؛ منزل تغیر یا ارتقا -

phasic, *a.* : (۱) تشکلی ؛ ممازجی - (۲) متعلق بہ منزل تغیر یا ارتقا -

Pheasant, *n.* : تیتر ؛ دراج -

p.-eyed : دراج چشم (ایک قسم کا پھول) -

Phen (o) : (سابقہ) کیمیا میں یہ ان چیزوں کے اظہار کے لیے آتے ھیں جو تارکول سے ماخوذ ھوتی ھیں مثلاً : -

phenacetin : ایک بخار روک یا بخار شکن دوا -

phenol : کاربالک ایسڈ -

phenyl: فینائل ؛ ایک اساسی جز جو "بینزین" (*benzene*) اور "فینول" (*phenol*) میں پایا جاتا ھے -

Phenology, *n.* : علم المظاھر ؛ مظاھر قدرت کا علم ؛ مظاھر قدرت کے اوقات معاودہ کا علم مثلاً پودوں کے کلیانے ، پھولنے پھلنے کے اوقات اور ان پر آب و ھوا کے اثر کا مطالعہ -

phenological, *n.* : علم المظاھر کا ؛ علم مظاھر قدرت کے متعلق ؛ مظاھری -

Phenomenal, *a.* : (۱) مظہری ؛ مظاھری ؛ مظاھر قدرت کے متعلق - (۲) حسی ؛ مدرک بالحواس ؛ جو حواس خمسہ سے محسوس ھوسکے - (۳) نادر ؛ عظیم الشان ؛ عجیب و غریب ؛ حیرت انگیز ؛ غیر معمولی

phenomenally, *adv.* : (۱) مظاھر قدرت کی حیثیت سے - (۲) عجیب و غریب طور پر ؛ غیر معمولی طور سے -

phenomenalize, *v. t.* : مظہری بنانا ؛ بطور مظہری کے خیال کرنا یا پیش کرنا -

Phenomen(al)ism, *n.* : مظہریت ' یہ نظریہ کہ مظاہر جن کو ہم محسوس کرتے ہیں اور جو خیالات ہم اُن سے اخذ کرتے ہیں وہی اصلیت ہیں -

phenomen(al)ist, *n.* : اس نظریہ کا قائل (کہ سوائے مظاہر اور کچھہ علم نہیں ہوسکتا) -

phenomen(al)istic, *a.* : مظہریاتی -

Phenomenon, *n* (pl. *-ena*) : (۱) مظہر ؛ مظہر قدرت یا نطوت - (۲) (فلسفہ) وہ شے جس کا حواس یا دماغ بلا واسطہ اِدراک کر سکے ؛ مدرک بالحواس یا بالنفس : شے مدرکہ - (۳) عجیب و غریب ' انوکھی چیز یا شخص یا واقعہ -

Phew, *int.* : (فجا نیہ) چھی ؛ چھی چھی ؛ حیف ؛ لا حول ولا قوة -

Phi, *n.* : یونانی حروف تہجی کا اکیسواں حرف جو انگریزی میں Ph کے برابر ہے -

Phial, *n.* : چھوٹی شیشی خصوصاً عرق یا رقیق دوا کی -

Phil- : رابطہ جو یونانی کے لفظ " Philos " سے مشتق ہے ' جس کے معنی ہیں عشق و محبت والا ' جن الفاظ میں یہ آتا ہے اُن میں یہ معنی پیدا ہو جاتے ہیں ' حروف علت سے پہلے یہی رابطہ Philo بن جاتا ہے ' دیکھو -philo) -

-phil, -phile : لاحقۂ اسما بمعنی محبت کرنے والا (جیسے *bibliophil(e)* کتاب سے محبت رکھنے والا) -

-philous : یہ ایک صفاتی لاحقہ ہے ' جو لاحقۂ مذکور سے مشتق ہے -

Philander, *v. i.* : عشق و محبت کرنا (خصوصاً اوپری طور پر) ؛ عورتوں کے پیچھے پھرنا -

philanderer, *n.* : عاشق مزاج ؛ عورتوں کے پیچھے پھرنے والا ؛ (عامیانہ) دل پھینک -

Philanthrope, *n.* : ہمدرد ابنائے جنس ؛ ہمدرد بنی نوع انسان ؛ انسان دوست

Philanthropic, *a.* : ہمدردانہ ؛ فیاضانہ ؛ انسان دوستی کا -

philanthropically, *adv.* : اِنسانی ہمدردی سے -

Philanthropist, *n.* : = philanthrope

philanthropism, *n.* : ہمدردیٔ بنی نوع انسان -

Philanthropize, *v. i. & t.* : ہمدرد بشر ہونا ؛ (کسی سے) ہمدردانہ یا فیاضانہ سلوک کرنا ؛ ہمدرد بشر بنانا -

Philanthropy, *n.* : ہمدردیٔ بنی نوع انسان؛ انسان دوستی؛ عملی ہمدردیٔ بشر -

Philately, *n.* : ٹکٹ نواھمی ؛ ڈاک کے ٹکٹ جمع کرنا -

philatelic, *a.* : ٹکٹ نواھانہ؛ ٹکٹ نواھمی کا یا اُس کے متعلق -

philatelist, *n.* : ڈاک کے ٹکٹ جمع کرنے والا یا اُس کا معتقد -

Philharmonic, *a. & n.* : موسیقی کا دلدادہ ؛ راگ کا رسیا -

Philhellene, *a. & n.* : حامیٔ یونان ؛ یونان دوست ؛ یونان پرست ؛ یونان کی آزادی کا طرف دار -

philhellenic, *a.* : یونان دوستانہ ؛ یونان پرستانہ ؛ یونان دوست -

philhellenism, *n.* : یونان دوستی ؛ یونان پرستی -

philhellenist, *n.* : یونان دوست ؛ یونان پرست -

Philippi, *n.* : جنگ فلیپی سنہ ۴۲ ع قبل مسیح -

Thou shalt see me at P., meet me at P. : یہ فقرے تہدید و عتاب کے اظہار کے لئے آتے ہیں -

Philippic, *n.* : (۱) (جمع) دیماس تھینیز کی ہجویہ تقریریں جو اُس نے فیلقوس (فلپ) مقدونوی کے خلاف کی تھیں - (۲) سسرو کی ہجویہ تقریریں جو اس نے انطونی کے خلاف کی تھیں - (۳) ہجویہ تقریر ؛ ملامت آمیز تقریر ؛ مخالفانہ تقریر -

Philippina, -pine, Philopoena, *n.* : (۱) (دعوت وغیرہ جس میں جب کسی کے پاس کوئی) بادام یا کوئی اور دو گری کا میوہ (آجاتا ہے ' اور وہ اس کی ایک گری خود کھا لیتا ہے اور دوسری کسی دوسرے کو (خصوصاً خاتون کو) دے دیتا ہے تو یہ تاوان کا مستوجب ہو جاتا ہے اور اُسے دوسری ملاقات میں کوئی تحفہ دینا پڑتا ہے) - (۲) یہ تحفہ ؛ یہ رسم -

Philistine, *n. & a.* : (۱) ایک جنگ جو قوم جو فلسطین کے جنوب میں آباد تھی اور بنی اسرائیل کو بہت ستاتی تھی - (۲) (مزاحاً) دشمن ؛ (جو ستا سکے) ' مثلاً قرق امین ' ادبی نقاد وغیرہ) - (۳) (جامعۂ جرمنی میں) غیر طالب علم ؛ بیرونی - (۴) نا تربیت یافتہ ؛ غیر شائستہ؛ عامیانہ؛ کم مایہ - (۵) ناشائستہ یا نا تراشیدہ (شخص) ؛ مادہ پرست؛ شخص جس کی نظر مادی اشیا تک محدود ہے ؛ عامیانہ خیال کا آدمی -

Philistinism, *n.* : بد مذاقی؛ عامیانہ پن؛ کم نظری؛ بے تہی وغیرہ -

Philo- : (سابقہ) بمعنی دوست ' دلدادہ وغیرہ مثلاً :-

philobiblic : کتاب دوست؛ کتاب کا دلدادہ -

philogynist : زن پرست ؛ عورتوں کا شائق -

philomath : صاحب علم ؛ علم دوست ؛ علم پرور خصوصاً ریاضی دوست ؛ ریاضی کا دلدادہ -

philoprogenitive : (۱) بہت اولاد والا - (۲) اولاد پرست -

philoprogenitiveness : اولاد پرستی -

philotechnic : فنون کا دلدادہ؛ فن دوست (خصوصاً فنون حرفہ کا) -

Philology, *n.* : (۱) علم اللسان ؛ لسانیات - (۲) (شاذ) علم دوستی ؛ شوق علم و ادب -

philologer, philologian, philologist, *nn.* : ماہر لسانیات ؛ ماہر علم اللسان -

philological, *a.* : لسانی ؛ لسانیات کے متعلق -

philologically, *adv.* : لسانیات کے طور پر ؛ لسانیاتی حیثیت سے -

philologize, *v. i.* : لسانیات کا مطالعہ کرنا -

Philomel, philomela, *nn.* : (شاعرانہ) بلبل ؛ عندلیب ؛ ہزار داستان -

Philopoena, *n.* : دیکھو Philippina -

Philosopher, *n.* : (۱) حکیم ؛ فلسفی ؛ فلاسفر ؛ فلسفہ دان ؛ ماہر فلسفہ - (۲) شائق علم و حکمت - (۳) فلسفی کردار ؛ فلسفی مزاج - (۴) ضابط نفس ؛ مشکلات میں پر سکون شخص -

natural p. : عالم طبیعیات ؛ طبیعی -

moral p. : حکیم اخلاقیات -

philosophers' stone : سنگ پارس ؛ پارس پتھر ؛ پارس پتھری -

Philosophic(al), *aa.* : (۱) حکیمانہ ؛ فلسفیانہ ؛ محققانہ - (۲) ماہر فلسفہ - (۳) محقق ؛ حکیم ؛ صحیح الدماغ ؛ پر سکون ؛ راضی برضا -

philosophically, *adv.* : (۱) حکیمانہ یا فلسفیانہ طور پر - (۲) صبر و سکون سے -

Philosophism, *n.* : فلسفیت ؛ نظام فلسفہ (خصوصاً فرانس کے السائیکلو پیڈیا مرتب کرنے والوں کے نظام فلسفہ کو حقارتاً کہتے ہیں) : بناوٹی فلسفہ -

philosophist, *n.* : فیلسوت؛ سوفسطائی (یہ لفظ فرانس کے السائیکلوپیڈیا نگاروں کے لئے استعمال ہوتا تھا) ؛ (اور اب عام طور پر) پیرو عقلیت -

Philosophize, *v. i. & t.* : (۱) فلسفے کے رنگ میں رنگنا ؛ حکمت کے انداز میں پیش کرنا - (۲) قیاس آرائی کرنا - (۳) فلسفی بننا - (۴) اخلاقی مضامین پر بحث کرنا ؛ اخلاقی رنگ دینا - (۵) فلسفیانہ بنانا -

Philosophy, *n.* : (۱) علم و حکمت کی شیفتگی ؛ حکمت ؛ فلسفہ - (۲) سکون ؛ اطمینان ؛ توکل -

moral p. : انسانی اعمال و افعال کے اصول کی تحقیق ؛ فلسفۂ اخلاق ؛ اخلاقیات -

natural p. : طبیعیات ؛ فطرتی اشیا اور مظاہر کی تحقیق -

Philtre,-ter, *n.* : (۱) عمل حب یا تسخیر ؛ عرق حب ؛ شربت حب (جس کے پلانے سے سمجھا جاتا تھا کہ عشق پیدا ہوتا تھا) - (۲) جادو ؛ ٹونا -

Phiz, *n.* : (بول چال) چہرہ ؛ چہرہ مہرہ ؛ حلیہ ؛ نقشہ ؛ بشرہ (یہ لفظ *Physiognomy* کا مخفف ہے) -

Phlebitis, *n.* : ورید کی دیواروں کی سوزش -

phlebitic, *a.* : (ورید) سوزشی -

Phlebo- : (سابقہ بمعنی) ورید -

phlebolite, phlebolith : وریدوں میں پتھری سی بن جانا ؛ کلسی انجماد وریدی -

phlebolitic, phlebolithic : وریدی کلسی انجماد کے متعلق ؛ وریدی انجماد کلسی کا -

Phlebotomize, *v. i. & t.* : ورید شگافی کرنا ؛ فصد کھولنا -

phlebotomist, *n.* : نشتر زن ؛ رگ زن ؛ جراح ؛ فصاد ؛ فصد کھولنے والا -

Phlebotomy, *n.* : ورید شگافی ؛ رگ زنی ؛ فصادی ؛ نشتر زنی -

Phlegm, *n.* : (۱) بلغم ؛ کف ؛ بلغمی مادہ - (۲) بلغمی مزاج -

phlegmy, phlegmatic, *aa.* : (۱) بلغمی- (۲) بلغمی مزاج؛ دھیما ؛ متھا ؛ ٹھس -

phlegmatically, *adv.* : سکون سے ؛ متھے پن سے -

Phlegmon, *n.* : دنبل ؛ پھوڑا ؛ پھنسی ؛ گلٹی -

phlegmonic phlegmonous, *aa.* : دنبلی -

Phloem, *n.* : (نباتیات) اندر چھال ؛ جلد -

Phlogistic, *a.* : التہابی -

Phlogiston, *n.* : اصول تحریق ؛ اصول سوزش ؛ اصول التہاب (زمانۂ سابق میں خیال تھا کہ یہ اشتعال پذیر اشیامیں مضمر ہے)-

Phlorizin *n.* : (کیمیا) ایک تلخ مادہ جو سیب وغیرہ کی جڑ کی چھال سے حاصل ہوتا ہے -

Phlox, *n.* : پودا جس کے پھول طباق نما ہوتے ہیں -

-phobe : (لاحقہ) بمعنیٔ خوف (مثلاً *hydrophobe* وغیرہ)-

-phobia : (لاحقہ) بمعنی خوف وترس مثلاً *hydrophobia* وغیرہ-

Phoebus, *n.* : (۱) یونانیوں کا سورج کا دیوتا ؛ رب الشمس ؛ سورج کا دیوتا - (۲) (شعر) شمس ؛ آفتاب ؛ سورج -

Phoenician, *n. & a.* : (۱) اہل فینشیا ؛ فینشیا والے ؛ فینشیا کے باشندے (یہ ساحل شام کے ایک حصے کا قدیم نام ہے)-(۲) فینشیاکا-

Phoenix, phe-, *n.* : (۱) ققنس ؛ ایک فرضی پرندہ جو اپنی جنس میں واحد ہے ، پانچ چھ سو برس صحرائے عرب میں زندہ رہا ، اس کے بعد لکڑی کی چتا بنا کر جل کر مر گیا اور اس کے بعد از سر نو زندہ ہو گیا - (۲) مثنا ؛ نادر چیز یا شخص ؛ نادرالوجود - (۳) وحید ؛ لا ثانی ؛ بے نظیر شخص یا شے -

Phonate, *v. i.* : آواز نکالنا ؛ ایسی آوازیں نکالنا جن سے کوئی لفظ نہ بن سکے ؛ مہمل آواز نکالنا -

phonation, *n.* : آواز نکالنی ؛ تصویت -

phonatory, *a.* : صوتی -

Phonautograph, *n.* : صوت نگار ؛ ایک آلہ جس کے ذریعے آواز کا تموج خود بخود قلم بند ہوجاتا ہے -

Phone, *n. & v. i. & t.* : (بول چال) (۱) ٹیلی فون - (۲) فون کرنا ؛ ٹیلی فون کرنا ؛ ٹیلی فون کے ذریعے خبر بھیجنا -

Phone, *n.* : صوت ؛ سادہ صوت ؛ سادہ آواز ؛ حروف علت اور حروف صحیح کی سادہ آواز -

Phonendoscope, *n.* : آواز گیر ؛ ایک آلہ جو آلۂ " صدر بین " کی ایک قسم ہے جس کے ذریعے سے جسم کے اندرونی حصوں کی آواز سنتے ہیں -

Phonetic, *a. & n.* : (۱) صوتی ، (وہ نظام) جو حشو و زوائد سے پاک ہے ، جس میں ہر آواز کے لئے ایک ہی حرف ہے - (۲) (جمع) علم الاصوات ؛ صوتیات -

phoneticism, *n.* : صوتیت ؛ آواز کو حرف کی شکل میں پیش کرنا -

phoneticist, *n.* : صوتیاتی ؛ حامیٔ صوتیت -

phoneticize, *v. t.* : الفاظ کے تلفظ کو مناسب اشکال میں پیش کرنا -

phonetically, *adv.* : صوتاً ؛ از روے صوت -

phonetician, *n.* : صوتیاتی ؛ صوتیات داں ؛ صوتیات کا عالم -

Phonetist, *n.* : صوتیت کا حامی -

Phonic, *a.* : صوتی ؛ متعلق بہ صوت -

Phono : (سابقہ بمعنی) آواز ؛ صدا ؛ صوت -

phonolite : کھلکھنا پتھر ؛ آتش فشاں چٹان کی ایک قسم جس کے ٹکرانے سے کھلکھناھٹ کی آواز نکلتی ہے -

phonology : صوتیات ؛ علم الاصوات -

phonologic(al) : اصواتی ؛ صوتیاتی ؛ علم الصوت کے متعلق -

phonologically : صوتاً ؛ از روے صوتیات -

phonologist : صوتیاتی ؛ ماہر صوتیات -

phonometer : صوت پیما ؛ ایک آلہ جس سے آواز کی لہروں کی تعداد قلم بند ہوتی ہے -

phonopore : صوت گزار ؛ ایک آلہ ہے جو تار برقی کے تار میں لگا دیا جاتا ہے اور اس طرح ٹیلیفون کی گفتگو اور تار

برقی کا پیغام ایک ہی وقت میں اس الٹی پر بھیجا جا سکتا ہے -

phonoporic : صوت گزارانہ -

phonoscope : (۱) صوت بیں' ایک آلہ جس کے ذریعے موسیقی کے تاروں کو پرکھا جاتا ہے - (۲) صوت نما' یہ ایک آلہ ہے جس کے ذریعے صوتی تموج نمایاں صورت میں پیش ہوتے ہیں -

phonotype : (۱) فونوٹائپ ؛ صوتی ٹائپ ؛ صوتی ابجد کا حرف جو طباعت کے لیے وضع کیا گیا ہو - (۲) فونوٹائپ میں طبع کرنا -

phonotypic(al) : فونوٹائپی ؛ صوتی ٹائپی -

phonotypist : صوتی ٹائپ کار ؛ فونوٹائپ کا حامی -

phonotypy : صوتی ٹائپ کاری ؛ فونوٹائپ کی طباعت کا نظام یا طریقہ -

Phonogram, n.: (۱) حرف جو آواز کی علامت ہے (خصوصاً پٹ مین کے نظام مختصر نویسی کا حرف) - (۲) صوت بلدی (بذریعۂ آلۂ صوت نگار) -

Phonograph, n. & v. t.: فونوگراف' آلۂ صوت نگار ؛ ایک آلہ جس کے ذریعے آوازیں خود بخود قلم بند ہوجاتی ہیں اور مساعد حالات میں خود بخود پھر ادا ہوسکتی ہیں -

Phonography, n.: (۱) آوازوں کا بھرنا اور نکالنا - (۲) مختصر نویسی -

phonographer, phonographist, nn.: مختصر نویس -

phonographic, a.: صوت نگارانہ ؛ صدانگارانہ؛ آواز نگارانہ -

phonographically, adv.: مختصر نویسی کے طور پر ؛ صدانگاری سے -

-phore : (لاحقہ بمعنی) رکھنے والا (مثلاً *carpophore* ثمر آور وغیرہ) -

-phorous : (لاحقہ بمعنی) رکھنے والا (مثلاً *carpophorous*) -

Phosgene, n.: ایک زہریلی گیس جو جنگ عظیم میں کام آئی تھی -

Phosphate, n.: (۱) ایک فاسفوری نمک (یہ ایک قسم کا نمک ہے جو فاسفوری تیزاب سے حاصل ہوتا ہے) ؛ فاسفیٹ - (۲) (جمع) چونے' لوہے' اور پھٹکری کے نمک جو اناجوں کے اجزا ہوتے ہیں -

phosphatic, a.: متعلق فاسفیٹ ؛ فاس فیٹی -

Phosphene, n.: نور نمائی ؛ ضو نمائی ؛ ضیا نمائی ؛ نور منظر ؛ منظر نور ؛ تظاہر نور ؛ معرض نور ؛ حلقۂ نور ؛ نورانی حلقہ (جب آنکھ کے ڈھیلے پر کسی قسم کا دباؤ پڑتا ہے تو ایک قسم کے نورانی حلقے آنکھوں کے سامنے پھر جاتے ہیں ' شبکہ میں ایک گونہ اِلتہاب پیدا ہوتا ہے اس کا نتیجہ یہ نورانی حلقے ہیں) -

Phosphide, n.: (کیمیا) فاسفائڈ ؛ فاسفورس اور کسی دوسرے عنصر کا مرکب -

Phosphite, n.: فاسفوری تیزاب کا ایک نمک -

Phosph(o)- : (لاحقہ) Phosphorus کا مرادف ہے -

Phosphorate, v. t.: فاسفورس کے ساتھ ملانا ؛ فاسفورس سے مرکب کرنا ؛ فاسفورس کی آمیزش کرنا -

Phosphoresce, v. i.: ضو لگن ہونا ؛ دھیمی یا ہلکی روشنی نکلنا ؛ (بغیر حرارت کے) جوت نکلنا -

phosphorescence, n.: ضو افگنی؛ جوت -

phosphorescent, a.: ضو لگن ؛ تابندہ ؛ تابناک ؛ (بغیر حرارت یا بھڑکنے کے) جوت دینے والا ؛ اندھیرے میں چمکنے والا -

Phosphorite, n.: کلسی فاسفورس جو اسپین میں پایا جاتا ہے -

Phosphoro- : (لاحقہ) جو phosphorus کا مرادف ہے -

phosphorogenic : ضیا آفریں ؛ ضو آفریں -

phosphorograph : ضیا تصویر ؛ ایک عارضی تصویر جو کسی تابناک سطح پر پڑے -

phosphorographic : ایسی تصویر سے متعلق ؛ ضیا تصویری -

phosphorography : ضیا تصویر کشی ؛ ضو تصویر کشی -

phosphoroscope : (۱) ضو پیما ؛ ایک آلہ جس سے مدت تنویر کی پیمائش ہوتی ہے - (۲) ایک کھلونا ؛ جس میں مختلف رنگ کی ضو بار اشیا ہوتی ہیں -

Phosphorus, n.: فاسفورس -

p. necrosis : فاسفوری زوگ (جبڑے کی ہڈی کا مرض جو اکثر دیا سلائی کے کارخانوں میں پیدا ہوجاتا ہے اس کا دوسرا نام phossy jaw ہے) -

phosphoric, a.: فاسفری ؛ فاسفوری -

phosphorous, a.: فاسفری ؛ متعلق بہ فاسفورس ؛ فاسفورس سے ماخوذ -

phosphorism, n.: بیماری جو فاسفورس کے بکثرت سے پیدا ہوجاتی ہے -

Phosphuret(t)ed, a.: فاسفورس آمیز -

Phossy : دیکھو Phosphorus -

Photism, n.: توہمی احساس نور ؛ آنکھوں کے سامنے رنگ یا روشنی کو بعض دوسرے احساسات کی معیت میں محسوس کرنا مثلاً غصے کی حالت میں سرخ رنگ کا احساس -

Photo, n. (pl. -os) & v. t.: = Photograph

Photo- : (سابقہ بمعنی) روشنی-

photochromy : رنگین فوٹو گرافی ؛ رنگین عکاسی -

photogen : (۱) ایک قسم کا "پیرافن" تیل ؛ مٹی کا تیل - (۲) آنکھ کے مشابہ روشنی دینے والا عضو جو بعض جانوروں میں پایا جاتا ہے -

photogenic : نور خیز ؛ تابناک؛ روشنی دینے والا ؛ کوئی شے جو روشنی پیدا کرے یا روشنی کے عمل سے پیدا ہو -

photoglyph : روشنی کے عمل سے کندہ کی ہوئی پلیٹ جو طباعت کے کام آتی ہے -

photoglyphy : عکسی کندہ کاری ؛ پلیٹ پر روشنی کے عمل سے کندہ کاری کا فن -

photometer : نور پیما ؛ مقیاس النور' یہ ایک آلہ ہے جس سے روشنی کی شدت ناپی جاتی ہے -

photometric : نور پیمایانہ -

photometry : نور پیمائی -

photophobia : (مرضیات) نور ترسی ؛ روشنی سے خوف -

photophone : ایک آلہ جس سے آوازیں روشنی کے ذریعے منتقل کی جاتی ہیں ؛ نور صدا -

photosphere : کرۂ نور ؛ نورانی کرہ ؛ روشن طبق ؛ روشن سطح (یہ ایک نورانی بادلوں کا سا غلاف ہے جو سورج یا اور

دیگر اجرام فلکی کے گرد ہوتا ہے ' اس سے ان کی روشنی اور گرمی انعکاس پذیر ہوتی ہے) -

photospheric : نورانی کرہ یا طبق کا یا اس سے متعلق -

photostat : فوٹو گرافی کا ایک آلہ جس کے ذریعے سے قلمی یا مطبوعہ تصویر کا ہو بہو عکس اُتر آتا ہے -

photo-telegraphy : برقی تصویر رسانی؛ تار برقی کے ذریعے سے تصویر یا فوٹو کو ارسال کرنا -

photo-telescope : فوٹو دوربین' ایک آلہ جس میں آلۂ فوٹوگرافی اور دوربین جڑے ہوتے ہیں اس سے ستاروں کا فوٹو لیتے ہیں-

phototype : (۱) فوٹو ٹائپ؛ طباعت کی پلیٹ جو فوٹو گرافی کے ذریعے سے تیار کی جائے - (۲) تصویر وغیرہ جو اس پلیٹ سے چھاپی جائے -

photozincography: زنک پلیٹ پر فوٹوگرافی کے ذریعے نقش کرنے کا طریقہ یا فن -

Photograph, *n.* & *v. t.* : (۱) فوٹو گراف ؛ عکسی تصویر - (۲) فوٹو لینا ؛ عکسی تصویر لینا یا کھینچنا -

photographer, *n.* : فوٹو گرافر ؛ تصویر اُتارنے والا -

photography, *n.* : فوٹو گرافی ؛ فن تصویر کشی -

photographic, *a.* : فوٹو گرافی کا یا اس کے متعلق ؛ جو فوٹو گرافی میں استعمال ہو ؛ فوٹو گرافی سے تیار کردہ -

photographically, *adv.* : فوٹو گرافی کے طریقے سے ؛ عکسی تصویر کشی کے طور پر -

Photogravure, *n.* & *v. t.* : (۱) فوٹو گراف اور ترشوں کے عمل سے طباعت کے لیے پلیٹ تیار کرنے کا طریقہ - (۲) پلیٹ یا تصویر جو اس طرح بنائی جائے - (۳) عکسی کندہ کاری کرنا ؛ عکسی عمل سے تصویر تیار کرنا -

Phrase, *n.* & *v. t* : (۱) انداز بیان ؛ طرز بیان ؛ طرز اظہار ؛ طرز ادا ؛ بامحاورہ اندازبیان (مثلاً *felicity of p.*) - (۲) محاورہ ؛ روز مرہ - (۳) فقرہ ؛ جز و جملہ - (۴) کہاوت ؛ مثل ؛ پر معنی مقولہ - (۵) (جمع) محض لفاظی یا لفظوں کی بھرمار (جیسے *we have had enough of pp.*) - (۶) (موسیقی) گیت کا ٹکڑا - (۷) الفاظ میں ادا کرنا ؛ بیان کرنا (مثلاً *thus he phrased it* اس نے اس طرح بیان کیا) -

p. - book : ہر زبان کے محاورات کی کتاب -

p. - monger : شاندار الفاظ استعمال کرنے کا شائق -

felicity of p. : آسانیِ بیان ؛ سہولت اظہار -

Phraseogram. *n.* : (خصوصاً مختصر نویسی میں) وہ نشان جو بجائے فقرہ کے آئے -

Phraseograph, *n.* : فقرہ جس کے لیے کوئی نشان مقرر ہو ؛ علامتی فقرہ -

Phraseology, *n.* : (۱) الفاظ کی خوش ترتیبی ؛ خوبیِ بندش - (۲) اسلوب بیان ؛ طرز ادا -

phraseological, *a.* : خوبیِ بندش یا اسلوب بیان کے متعلق -

phraseologically, *adv.* : خوبیِ بندش یا اسلوب بیان کے لحاظ سے -

Phratry, *n.* : (تاریخ یونان) سیاست آمیز مذہبی برادری یا جماعت ؛ (خصوصاً ایتھنز میں)قبیلہ (وہاں قبیلہ برادری رشتے یا نسل کے لحاظ سے نہیں ہوتا تھا بلکہ سیاسی اور مذہبی اعتبار سے ہوتا تھا)؛ (قبل تاریخی قوموں میں) قبیلہ واری تقسیم -

Phrenetic, *a.* : سودائی ؛ دیوانہ؛ مجنوں؛ (خصوصاً) مذہبی دیوانہ یا مجنوں -

Phrenic, *a.* : (تشریح) پردۂ شکم کے متعلق -

Phrenology, *n.* : علم کاسۂ سر -

phrenological, *a.* : علم کاسۂ سر کے متعلق -

phrenologically, *adv.* : علم کاسۂ سر کی رو سے -

phrenologist, *n.* : ماہر علم کاسۂ سر -

Phrontistery, *n.* : (مزاحاً) دھیان استھان ؛ کارخانۂ غور و فکر (جیسے آج کل کی تعلیم گاہیں) -

Phrygian, *n.* : فروجیائی ؛ اہل فریجیا (یہ ایشائے کوچک میں ایک قدیم ملک تھا) -

P. cap : (۱) مخروطی ٹوپی جس کی نوک آگے کو جھکی ہوتی ہے - (۲)= *cap of liberty* -

P. mode : (موسیقی) ایک قدیم یونانی نغمہ ہے جو جنگ و حرب کے لئے مخصوص تھا -

Phthisis, *n.* : سل ؛ دق -

phthisical, *a.* : مدقوق ؛ مسلول ؛ دق یا سل کا -

Phut, *n.* & *adv.* : (۱) پھٹ ؛ پھکنے کے پھٹنے یا گولی کے گزرنے وغیرہ کی آواز - (۲) = *go p.* -

go p. : دفعتاً گرنا؛ دھڑام سے گرنا؛ٹوٹ جانا (نیز مجازاً تجویزوغیرہ کا) -

Phylactery, *n.* : (۱) چمڑے کی ڈبیا جس میں عبرانی کا نسخۂ توریت چمڑے پر لکھا ہوا ہوتا ہے یہودی اسے اس لیے پہنے رہتے ہیں کہ احکام ربانی کی یاد دلاتا رہے ؛ تعویذی توریت - (۲) (ریا کارانہ) مذہبی ظاہر داری ؛ دیندارانہ ظاہر داری - (۳) تعویذ ؛ گنڈا ؛ ٹونا ؛ ٹوٹکا - (۴) کوئی ظرف یا صندوق جس میں مقدس آثار محفوظ ہوں -

make broad one's p. or pp. : عبادت یا نیکی کی نمائش کرنا -

Phyletic, *a.* : (نباتیات)خاندانی ؛ نسبی ؛ نسلی -

Phyllo : (سابقہ ' بمعنی) پتا' ورق وغیرہ -

phyllomorphy : (نباتیات) برگ روپی -

phyllophagan : (حیوانیات) برگ خوار جانور؛ پت خورہ -

phyllophagous : برگ خوار ؛ پت خورہ -

phyllophore : (نباتیات)سرشاخچہ؛ برگ بر؛ شاخ کا وہ مقام جہاں سے پتا پھوٹتا ہے -

phyllopod : (حیوانیات) برگ پا جانور؛ برگ پا -

phyllostome : (حیوانیات) برگ بینی چمگادڑ ؛ پت لگی چمگادڑ -

phyllotaxis : نظام الاوراق ؛ ترتیب اوراق ؛ ترتیب برگی ؛ پتوں کی ترتیب -

phylloxera : پت جوں ' یہ ایک قسم کا باریک کیڑا ہے جو پتوں (اور خصوصاً انگور کے پتوں) کو چاٹ جاتا ہے -

Phylo- : (سابقہ ' بمعنی) نسل ' خاندان وغیرہ مثلاً :-

phylogenesis,- geny : (جانوروں یا پودوں کا) (۱) نوعی ارتقا ؛ نسلی ارتقا - (۲) تاریخ ارتقائے نسلی

phylogenetic,-genic : نسلی یا نوعی ارتقا کا یا اس کے متعلق -

phylogenetically : ارتقائے نسلی کے طور پر -

Phylum, *n.* (*biol*; pl. - *la*) : (حیاتیات) ابتدائی پودوں یا

جانوروں کا گروہ جو نسلاً بلحاظ ساخت مشابہ اور ایک مورث نسل سے ہو ؛ ہم نسلی -

Physic, *n.* & *v. t.* : (۱) طب؛ علم طب؛ طبابت (پیشہ)؛ (بول چال) دوا - (۲) (جمع) طبیعات ؛ علم طبیعات - (۳) دوا دینا ؛ دوا پلانا (نیز مجازاً) -

Physical, *n.* : (۱) مادی ؛ جسمانی (جیسے *p. force*) - (۲) طبعی ' فطری ؛ قدرتی ؛ قانون قدرت کے مطابق (جیسے *p. explanations of miracles*) -(۳) طبیعیاتی؛ علم طبیعیات کے متعلق -

p. impossibility : قطعاً نا ممکن -

p. drill : جسمانی قہاہ؛ جسمانی قواعد -

p. geography : جغرافیۂ طبعی -

p. jerks : (عامیانہ) جسمانی ورزش -

physically, *adv.* : مادی یا جسمانی طور پر -

physico- : (جز ترکیبی) جسمانی-

Physician, *n.* : حکیم ؛ طبیب ؛ (مجازاً) معالج -

Physicist, *n.* : (۱) طبیعی ؛ طبیعیات داں ؛ عالم طبیعیات ؛ محقق طبیعیات - (۲) قائل مادیت -

physicism, *n.* : طبیعیات دانی؛ فطرت‌پرستی؛ مادیت -

Physicky, *a.* : دوا نما ؛ دوا جیسا -

Physio- : (سابقہ) فطرت؛ قدرت وغیرہ مثلاً : -

physiocracy : قدرتی حکومت؛ فطری حکومت ؛ اصول فطرت کے مطابق حکومت -

physiocrat: فطری حکومت کا حامی (اس اصول کا بانی اٹھارھویں صدی میں ایک فرانسیسی کوئیسنے (Quesnay) نامی تھا جس کا یہ خیال تھا کہ حکومت فطری اصول پر ہونی چاہیے یعنی زمین دولت کا اصل ذریعہ ہے اور اس لئے وہی قابل محصول ہی ہے)-

physiogeny: (۱) جسم کے اعمال رئیسہ (مثلاً ہضم' تنفس' دوران خون وغیرہ) کی ابتدا - (۲) ان اعمال کا ارتقا - (۳) ان اعمال کی سائینس یا تاریخ -

physiolatry: فطرت پرستی -

Physiognomy, *n.* : (۱) علم قیافہ - (۲) خط و خال ؛ چہرہ مہرہ؛ قیافہ - (۳) (عامیانہ) چہرہ - (۴) حالات طبعی ؛ کسی ملک وغیرہ کے طبعی حالات - (۵) (کسی شے کی) خصوصی حالت (اخلاقی ذہنی ' سیاسی وغیرہ جس سے اس کے کردار کا پتا چلتا ہے)

physiognomic(al), *aa.* : قیافی ؛ مبنی بر قیافہ ؛ علم قیافہ کے متعلق -

physiognomically, *adv.* : از روئے قیافہ -

physiognomist, *n.* : قیافہ داں ؛ قیافہ شناس -

Physiography, *n.* : (۱) قدرت یا مظاہر قدرت کا بیان - (۲) اشیا کی کسی خاص قسم (مثلاً معدنیات وغیرہ) کا بیان - (۳) جغرافیۂ طبعی -

physiographer, *n.* : عالم مظاہر قدرت -

physiographic(al), *aa.*: متعلق بہ مظاہر قدرت یا جغرافیۂ طبعی -

Physiology, *n.* : عضویات ؛ علم اعمال و افعال اعضا -

animal p. : عضویات حیوانی -

vegetable p. : عضویات نباتاتی -

physiologic(al), *aa.* : عضویاتی -

physiologically, *adv.* : عضویاتی طور پر ؛ از روئے عضویات -

physiologist, *n.* : عضویات داں؛ ماہر عضویات -

Physique, *n.* : جسمانی ساخت؛ جسمانی ترکیب؛ جسمانی نشو و نما -

- phyte : لاحقہ جس کے معنی نباتی ترکیب میں مثلاً *protophyte* وغیرہ (نیز دیکھو Zoophyte) -

Phyto- : (سابقہ ' بمعنی) پودا -

phytogenesis, phytogeny: پودوں کی پیدائش یا ارتقا -

phytography : نباتیات تفصیلی ؛ بیان نباتات -

phytomer : نب اکائی ؛ پودے کی جز ؛ تنے یا پتے کا وہ چھوٹا ٹکڑا جو اصل درخت سے جدا کر کے لگایا جائے تو اُگ آئے -

phytophagous : نبات خور ؛ سبزی خور (کیڑے وغیرہ)

phytotomy : نبات تشریح ؛ نباتات کی تشریح -

phytozoon (pl. zoa) : نبات حیوان؛ پودے جیسا جاندار -

Pi, *n.* : پائی (π) (یونانی زبان کے ایک حرف کا نام) ؛ ریاضی میں اس تناسب کی علامت (π) جو نصف قطر اور محیط میں ہو تا ہے یعنی— ۳٫۱۴۱۵۹ -

Pi, *n.* : (مدارس کی عامیانہ اصطلاح) = pious -

p. jaw : مرعظۂ حسنہ ؛ اخلاقی لکچر -

Piacular, *n.* : (۱) کفارتی ؛ کفارہ طلب - (۲) پر معصیت ؛ بد ؛ مجرمانہ -

Piaffe, *v. i.* : دلکی چلنا ؛ قدم قدم چلنا (گھوڑے کا) -

Piaffer, *n.* : دلکی ؛ قدم -

Piamater, *n.* : (تشریح) اُم رقیقہ (یہ دماغ کی سب سے اندرونی جھلی ہے) -

Pianette, *n.* : پیانوچہ ؛ پیانچہ ؛ نیچا پیانو (باجا) -

Pianino, *n.* : پیانوکہ ؛ پیانکہ ؛ چھوٹا سیدھا (کھڑا) پیانو -

Pianissimo, *adv.* & *n.* : (موسیقی) مدھم؛ مدھم؛ آہستہ -

Pianist, *n.* : پیانو نواز ؛ پیانو بجانے والا ؛ پیانوچی -

Piano, *adv.* & *n.* : (موسیقی) (موسیقی کا ٹکڑا جو) مدھم یا آہستہ (بجایا جائے) -

Piano, pianoforte, *nn.* : پیانو -

cottage p. : چھوٹا نیچا پیانو جس کے تار ترچھے ہوتے ہیں -

grand p. : پیانو کلاں ؛ بڑا لمبا پیانو جس کے تار اُفقی یعنی لیٹے ہوئے ہوتے ہیں -

p. organ : وہ میکانی پیانو جس میں ڈھول لگا ہوتا ہے -

p. player : ایک قسم کا پیانو جو کل کے ذریعے سے بجتا ہے -

upright p. : عمودی پیانو جس کے تار عمودی ہوتے ہیں -

Pianola, *n.* : پیانچہ یہ " میکانی " پیانو کی ایک قسم ہے -

Piastre, - ter, *n.* : (۱) پیاسٹر (یہ ایک اسپینی نقرئی سکہ ہے جو تقریباً چارشلنگ دو پینس کے برابر ہوتا ہے)-(۲) قرش یا غرش (ایک ترکی سکہ جو دو پینس سے لے کر چھ پینس تک کا ہوتا ہے) -

Piazza, *n.* : (۱) چوک ؛ ملتقی (خصوصاً اطالوی شہروں میں) - (۲) (امریکہ) برآمدہ -

Pibroch, *n.* : بیگ پائپ (bagpipe) کا سلسلۂ راگ و تغاشات خصوصاً جنگی -

Pica, *n.* : پائیکا (یہ ٹائپ کے حروف کی جسامت کا نام ہے) -

Picador, *n.* : بلم سوار (سانڈوں کی لڑائی میں) -

Picamar, *n.* : کڑوا تیل جو لکڑی کے تارکول سے نکلتا ہے -

Picaresque, *a.* : (فسانے کی وہ قسم) جس میں بدمعاشوں کے کرتوت بیان ہوتے ہیں -

Picaroon, *n. & v. i.* : (۱) بدمعاش - (۲) چور - (۳) بحری ڈاکو - (۴) ڈاکو یا ڈاکہ زن جہاز- (۴) بحری ڈاکہ زنی کرنا -

Piccalilli, *n.* : چٹنی ؛ کچومر (کتری ہوئی ترکاری اور گرم مسالا) -

Piccaninny, pick-, *n. & a.* : (۱) بچہ (خصوصاً جنوبی افریقہ کے حبشیوں یا آسٹریلیا والوں کا) - (۲) ننھا ؛ شیر خوار -

Piccolo, *n.* : چھوٹی بانسری -

Pice, *n.* : پیسہ ؛ تین پائی کا سکہ -

Pichiciago, *n.* : ایک چھوٹا سا جانور جو زمین کھود کر بل بناتا ہے ' یہ چلی (Chili) میں پایا جاتا ہے -

Pick, *n.* : (۱) کدال ؛ کدالی ؛ بیلچہ - (۲) کریدنی ؛ کرنی -

Pick, *v. t. & i.* : (۱) کھودنا - (۲) زمین میں گڑھا کرنا - (۳) توڑنا ؛ نوچنا ؛ کھرچنا ؛ صاف کرنا - (۴) چننا ؛ چگنا - (۵) ٹھونگنا ؛ (عامیانہ) کھانا (لازم و متعدی) - (۶) خلال کرنا - (۷) انتخاب کرنا : انتخاب میں احتیاط اور ذوق سے کام لینا ؛ چھانٹنا ؛ منتخب کرنا - (۸) الگ الگ کرنا ؛ تومنا -

p. holes in : عیب گیری کرنا : خوردہ گیری کرنا ؛ عیب نکالنا ؛ رخنے نکالنا -

p. one's *words* : لفظوں کا صحیح انتخاب کرنا -

p. one's *way, steps* : کسی غلیظ یا خطرناک مقام میں احتیاط کے ساتھ رستہ اختیار کرنا -

p. a lock : قفل توڑنا ؛ چور کنجی سے قفل کھولنا ؛ قفل شکنی کرنا -

p. and choose : انتخاب میں بڑے احتیاط اور صحیح ذوق سے کام لینا -

p. a quarrel with : کسی سے جھگڑا کرنا ؛ جھگڑا مول لینا -

p. and steal : (لازم) چھوٹی موٹی چوری کرنا -

p. oakum : پرانی رسیوں کے بل کھولنا (پہلے جیل خانوں میں قیدیوں سے یہ کام لیا جاتا تھا) -

p. (person's) pocket : جیب کترنا ؛ جیب کاٹنا -

p. to pieces : ٹکڑے کرنا ؛ ٹکڑے ٹکڑے کرنا ؛ (مجازاً) دھجیاں اڑانا ؛ پرخچے اڑانا -

picklock : (۱) قفل شکن (شخص) - (۲) قفل شکن (آلہ) -

p.-me-up : مفرح اور محرک پینے کی چیز (نیز مجازاً) -

p. off : (۱) توڑنا ؛ نوچنا - (۲) ایک ایک کو نشانہ بنانا -

p. out : (۱) چھانٹنا ؛ انتخاب کرنا ؛ اختیار کرنا ؛ امتیاز کرنا - (۲) معنی سمجھنا ؛ مطلب سمجھنا - (۳) پیانو کی کسی لے کو محض کنرس ہونے کی وجہ سے بجالینا (یعنی ایک شخص پیانو بجانا نہیں جانتا لیکن اس کے کان میں رس ہے اس لیے کوئی سنی سنائی لے بجالیتا ہے) -

pickpocket : گٹھ کترا ؛ جیب کترا -

p.-thank : (قدیم) خوشامدی ؛ چاپلوس ؛ کاسہ لیس -

p.-up : (۱) (کھیل) ایسے فریقوں کے درمیان کھیل جنہوں نے اپنے اپنے پاری یکے بعد دیگرے انتخاب سے حاصل کیے ہیں (۲) اٹھالینا (خصوصاً کرکٹ کی گیند کا) -

p. up : (۱) زمین کھودنا - (۲) لے لینا ؛ اٹھالینا - (۳) مضبوط پکڑلینا - (۴) حاصل کرنا (فائدہ ' اطلاع ' معاش وغیرہ) - (۵) گرتے گرتے سنبھل جانا - (۶) کسی کو اپنے ساتھ لے جانا یا گاڑی وغیرہ میں بٹھا کر لے جانا - (۷) کھوئی ہوئی چیز حاصل کرنا - (۹) شناسائی پیدا کرنا

p. up flesh : بدن پر گوشت آنا ؛ مٹاپے یا فربہی کا پھر حاصل کرنا -

p. up spirit : صحت بحال ہونا ؛ مزاج بحال ہونا ؛ طبیعت شگفتہ ہونا -

train stops to p. up passengers : مسافروں کو بٹھانے کے لیے گاڑی ٹھیرتی ہے -

Pick, *n.* : چننا ؛ انتخاب ؛ پسند -

the p. : بہترین یا اعلیٰ ترین حصہ یا نمونہ -

Pick-a-back *adv.* : بردوش ؛ بدوش ؛ بر پشت ؛ پیٹھ پر (مثل گٹھڑی کے آدمی یا کوئی چیز) -

Pickax (e), *n. & v. t. & i.* : (۱) کدال ؛ کدالی - (۲) کدال یا کدالی سے کھودنا (گڑھا ' زمین وغیرہ) - (۳) کدال سے کام کرنا ؛ کدالی سے کام لینا -

Pickelhaube, *n.* : جرمن فوج کا انی دار خود -

Picker, *n.* : (۱) چننے والا ؛ انتخاب کرنے والا ؛ جمع کرنے والا ؛ اکٹھا کرنے والا- (۲) چننے ' جمع کرنے یا الگ کرنے کا آلہ یا مشین (زراعت ' ندائی ' معدنیات وغیرہ میں) -

Pickerel, *n.* : چھوٹی (کم عمر) pike (ایک قسم کی مچھلی) -

Picket, *n. & v. t. & i.* : (۱) کھونٹا ؛ کھونٹی ؛ میخ ؛ کیل - (۲) (تاریخ) سولی - (۳) (فوج) طلایہ ؛ پکٹ (نیز *piquet* اور *picquet*) - (۴) (عموماً جمع میں) وہ لوگ جو فرداً فرداً یا اجتماعی حیثیت سے ہڑتال کے زمانے میں آدمیوں کو کام کرنے سے روکتے ہیں - (۵) کھونٹا گاڑنا ؛ میخ ٹھونکنا ؛ کیل گاڑنا ؛ پکٹ لگانا ؛ پہرہ دینا ؛ گشت کرنا ؛ ہڑتال کے زمانے میں آدمیوں کو کام سے روکنا -

inlying p. : اندرونی طلایہ ؛ اندرونی پہرہ ؛ وہ سپاہی جو کیمپ کے اندر رہ کر پولیس کا کام دیتے ہیں -

outlying p. : بیرونی طلایہ ؛ بیرونی پہرہ ؛ وہ سپاہی جو کیمپ سے باہر جاکر دشمن کا پتا لگاتے ہیں -

Picking, *n.* : (۱) چھانٹ ؛ چھانٹن ؛ کترن - (۲) پسند ؛ انتخاب ؛ چننا - (۳) (جمع) جو چیز چگنے کے لیے چھوڑدی جائے جیسے مثلاً گری پڑی یا بچی کھچی چیز - (۴) (جمع) چوری ؛ چھوٹی موٹی چوری - (۵) یافت ؛ فتوح ؛ بالائی آمدنی -

Pickle, *n. & v. t.* : (۱) اچار ؛ مربہ - (۲) تیزابی محلول اشیا کی صفائی کے لیے - (۳) شریر لڑکا - (۴) اچار ڈالنا ؛ اچار بنانا ؛ سرکے یا تیزاب میں ڈالنا - (۵) (جہازرانی) (کسی شخص کی کمر پر) درے مارنے کے بعد نمک چھڑکنا -

Picksome, *a.* : باریک بیں ؛ نازک مزاج ؛ نازک مذاق -

Pickwick, *n.* : سستا سگار -

Pickwickian, *a. & n.* : (۱) (ایسا موقع ' مقام یا مذاق وغیرہ) جو پک وک پیپرز (ڈکنز کے ناول) میں دکھایا گیا ہو - (۲) متعلق بہ مسٹر پک وک (ڈکنز کے ناول کا کردار)؛ متعلق بہ پک وک کلب -

(۳) پک وک کلب کا رکن ؛ شخص جس نے پک وک پیپرز کا گہرا مطالعہ کیا ہو -

in a P. sense : جس کا مفہوم محض الفاظ کے اعتبار سے نہ لینا چاہیئے -

Picnic, *n. & v. i.* : (۱) گھر سے باہر کسی مقام پر تفریحی کھانا پینا ؛ گوٹ - (۲) ایسے کھانے میں شریک ہونا ؛ گوٹ کرنا -

picnicker, *n.* : گوٹ کرنے والا ؛ تفریحی جلسے میں شریک ہونے والا -

picnicky, *a.* : (بول چال) گوٹ یا تفریحی جلسے کے مانند یا جس میں گوٹ وغیرہ کے سامان ہوں -

Picot, *n.* : بٹے ہوئے تاگے کا چھوٹا سا حلقہ جو اکثر جھالر وغیرہ میں بنایا جاتا ہے ؛ تکمہ -

Picotee, *n.* : کارنیشن (Carnation) پھول کی ایک قسم جس کی پنکھڑیوں کا حاشیہ سیاہ ہوتا ہے -

Picquet, *n.* : دیکھو Picket -

Picric, *a.*, *P. acid* : یہ ایک زرد رنگ کی تلخ چیز ہے جو رنگائی جراحی اور بارود وغیرہ میں کام آتی ہے -

Pict, *n.* : شمالی برطانیہ کی ایک قدیم قوم -

Pictish, *a.* : متعلق بہ پکٹ -

Pictograph, *n.* : (۱) تصویر یا علامت جو تصویر نویسی میں استعمال کی جائے ؛ تصویری نشان ؛ تصویری علامت - (۲) تحریر جو اس خط میں لکھی گئی ہو ؛ تصویری تحریر -

pictographic, *a.* : تصویر نویسانہ ؛ تصویر نویسی کے متعلق -

pictography, *n.* : تصویر نویسی -

Pictorial, *a. & n.* : (۱) تصویری - (۲) مصور ؛ با تصویر - (۳) مصورانہ - (۴) مجلۂ مصور ؛ با تصویر رسالہ -

pictorially, *adv.* : مصورانہ طور پر ؛ تصویری حیثیت سے -

Picture, *n. & v. t.* : (۱) تصویر ؛ شبیہ ؛ نقش ؛ نگار - (۲) نقش و نگار ؛ مصوری ؛ تصویر کشی - (۳) حسین یا جمیل شے - *her hat is a p.* (۴) منظر - (۵) (مجازاً) خیالی تصویر - (۶) کامل مشابہ ؛ (کسی کا) ہم شکل ؛ شبیہ ؛ (کسی کا) مثنیٰ - (۷) مکمل یا کامل ترین نمونہ - (۸) ایسی تحریر یا بیان جو کسی واقعے یا منظر کا نقشہ کھینچ دے - (۹) (جمع میں) سینما - (۱۰) تصویر کھینچنا ؛ تصویر اُتارنا - (۱۱) تصویرکشی کرنا - (۱۲) دل یا خیال میں تصویر کھینچنا - (۱۳) دلکش تحریر یا بیان میں ادا کرنا -

come into the p. : دلچسپ بننا -

moving pp. : متحرک تصویریں ؛ سینما -

out of the p. : نقطۂ بحث سے خارج ؛ غیر متعلق -

p.-book : تصویروں کی کتاب ؛ بچوں کی کتاب جس میں بکثرت تصویریں ہوتی ہیں -

p.-card : تصویری کارڈ ؛ تصویری تاش کا پتا (بادشاہ ، بیگم ، غلام) -

p. gallery : تصویر گھر ؛ چترسال ؛ نگار خانہ -

p. hat : ایک قسم کی زنانہ ٹوپی جس میں شتر مرغ کے پر لگے ہوتے ہیں -

p. palace, theatre, drome : دارالتصویر ؛ دارالتمثیل جس میں متحرک تصویریں (سینما) دکھائی جاتی ہیں -

p. postcard : تصویری پوسٹ کارڈ ؛ وہ پوسٹ کارڈ جس پر کوئی تصویر بنی ہوئی ہو -

p.-writing : تصویر نویسی ؛ تصویری خط (جو قدیم زمانے میں استعمال ہوتا تھا) -

she looks the very p. of health : وہ صحت کی کامل تصویر ہے (یعنی اُس کی صحت اعلیٰ درجے کی ہے) -

the pp. : سینما -

picturize, *v. t.* : سینما کے لئے فلم بنانا -

Picturesque, *a.* : (۱) دلکش ؛ دل ربا ؛ دلفریب ؛ دلاویز - (۲) قابل تصویر - (۳) دلکش یا روشن (بیان وغیرہ) ؛ آنکھوں کے سامنے تصویر کھینچ دینے والا (بیان یا تحریر) -

picturesquely, *adv.* : دلکش طور پر -

picturesqueness, *n.* : دلکشی -

Piddle, *v. i.* : (۱) (قدیم) بے دلی سے کام کرنا ؛ سرسری طور سے کام انجام دینا - (۲) (بول چال یا بچوں کی بولی میں) پیشاب کرنا ؛ موتنا -

Piddock, *n.* : ایک قسم کی سیپی مچھلی جو چارے کے کام آتی ہے -

Pidgin, pigeon, *a.*, *P. English* : چینی انگریزی ؛ بگڑی ہوئی انگریزی جو چینی اپنے محاورے اور لہجے کے موافق بولتے ہیں (یہ ایک قسم کی کاروباری زبان ہے جو چینیوں اور فرنگیوں کے درمیان رائج ہے) -

Pie, *n.* : عق عق ؛ جنگلی کوا ؛ زاغ صحرائی -

French p. : فرانسیسی نیل کنٹھ ؛ عق عق فرنساوی ؛ فرانسیسی عق عق ؛ ایک قسم کا ہدہد -

rain-p : برساتی عق عق ؛ ایک قسم کا ہدہد -

sea-p. : صدف گیر ؛ یہ ایک قسم کا پرندہ ہے جو ساحل بحر پر رہتا ہے -

wood-p. : صحرائی عق عق (ہدہد کی ایک قسم ہے) -

Pie, *n.* : پائی ؛ ایک قسم کا انگریزی کھانا (اوپر آٹے کی پپڑی جمی ہوتی ہے اور اندر گوشت ، ترکاریاں ، پھل پکے ہوئے ہوتے ہیں) -

apple-p. : دیکھو Apple -

bran p. : یہ چوکر کا ٹب ہے اس میں کھلونے چھپے ہوتے ہیں ، عید میلاد کے موقع پر بچے اس میں سے کھلونے نکالتے ہیں اور خوش ہوتے ہیں -

have a finger in the p. : کسی معاملے میں (خواہ مخواہ) دخل رکھنا -

mud p. : دیکھو Mud -

piecrust : پائی کی تاب پر کی پپڑی -

pieman : پائی فروش -

promises are like piecrust, made to be broken : (ضرب المثل) وعدے پائی کی پپڑی کی طرح توڑنے کے لئے ہوتے ہیں ؛ وہ وعدہ ہی کیا جو وفا ہو -

Pie, *n. & v. t.* : (مطابع) (۱) ملے جلے ٹائپ کا ڈھیر ؛ (مجازاً) بے ترتیبی ؛ بدنظمی ؛ ہیولیٰ - (۲) ٹائپ ملا جلا دینا ؛ خلط ملط کر دینا -

printers' p. : ملے جلے ٹائپ کا ڈھیر -

Pie, *n.* : (اینگلو انڈین) پائی ؛ ایک آنے کا بارھواں حصہ -

Piebald, *a.* : (۱) ابلق (خصوصاً گھوڑا) ؛ چتلا ؛ چت کبرا - (۲) (مجازاً) بوقلموں ؛ رنگ برنگ ؛ متنوع (حیثیت یا مزاج وغیرہ میں) -

Piece, *n.* : (۱) ٹکڑا ؛ قطعہ ؛ حصہ ؛ پرزہ - (۲) قطعۂ (اراضی) - (۳) علیحدہ جز (کسی شے کا) - (۴) مقررہ مقدار (دیواری

کاغذکی = ۱۲ گز اور ململ کی = ۱۰ گز) - (۵) (شراب کا) پیپا - (۶) نمونہ ؛ مثال ؛ بانگی (مثلاً *fine p. of painting*) - (۷) تھان - (۸) توپ؛ بندوق؛ طپنچہ ؛ تفنگ- (۹) مہرہ ؛ شطرنج کا مہرہ - (۱۰) سکہ - (۱۱) تصویر ؛ شبیہ - (۱۲) مختصر ادبی تحریر؛ مختصر تحریری نغمہ- (۱۳) ڈراما ؛ ناٹک-

a fine p. of painting. : نقاشی کا عمدہ نمونہ -

a p. of goods : (مزاحاً) شخص ؛ بچہ یا عورت -

a p. of impudence : شوخ چشمی کا نمونہ -

a p. of one's mind : بے لاگ رائے ؛ اصلی رائے ؛ جھڑکی ؛ ڈانٹ ڈپٹ -

broken to pp. : شکستہ ؛ جس کے ٹکڑے ہو گئے ہوں -

in pp. : (۱) ٹکڑے ٹکڑے؛ پارہ پارہ- (۲) شکستہ؛ ٹوٹا پھوٹا-

of a p. : ایک قسم کا ؛ ایک ذات ؛ یکساں ؛ ملتا ہوا -

paid by the p. : جس کو کام کے لحاظ سے اجرت ملے -

pick up the pp. : (یہ فقرہ گرے ہوئے لڑکے سے کہتے ہیں) بیونٹی مر گئی ؛ پیسہ گرا -

p.-goods : تو َن ؛ کپڑے کے تھان -

p. of eight : آٹھ ریال (*reals*) کا سکہ ؛ ہسپانوی ڈالر -

p. of work : کام -

p.-work : ٹھیکے ، کام ؛ اجرتی کام ؛ اجرت کا کام -

Piece, *v. t.* : (۱) جوڑنا ؛ ملانا ؛ جوڑ ملانا - (۲) کاتنے میں تاگے ملانا ، تاگے جوڑنا ؛ تاگوں کے سرے ملانا ؛ گرہ لگانا - (۳) سلسلہ ملانا ؛ جوڑ بٹھانا - (۴) تکملہ کرنا ؛ جوڑنا ؛ کمی پوری کرنا - (۵) (*p. out*) منتشر اجزا کو ملا کر (قصہ) بنانا یا (نظریہ) قائم کرنا یا (شہادت کا سلسلہ) بہم پہنچانا - (۶) باہم ملانا ؛ وصل کرنا ؛ جوڑ لگانا ؛ پیوند لگانا -

piecer, *n.* : ٹوٹے ہوئے تاگوں کو جوڑ ملانے والا -

Piece de resistance, *n.* : (فرانسیسی) بہترین قاب؛ دستر خوان کا بہترین کھانا ؛ (مجازاً) کسی مجموعے یا سلسلے وغیرہ کی سب سے اہم یا خاص چیز

Piecemeal, *adv. a.* & *n.* : (۱) جزواً ؛ جز جز ؛ ٹکڑے ٹکڑے؛ الگ الگ ؛ تھوڑا تھوڑا ؛ بتدریج ؛ رفتہ رفتہ - (۲) جزوں سے مرکب - (۳) تھوڑا تھوڑا یا بتدریج کیا ہوا (۴) ٹکڑا ؛ جز (جیسے *by p.*) -

by p. : ٹکڑے ٹکڑے ؛ جزواً ؛ تھوڑا تھوڑا -

Pied, *a.* : رنگ برنگ ؛ بو قلموں ؛ بہو رنگ ؛ چت کبرا -

Pied a terre, *n.* : تلوے کا آرام ؛ عارضی قیام ؛ ذرا ٹھیرنے کا ٹھکانا -

Pier, *n.* : (۱) بند ؛ پشتہ (پانی یا لہروں کو روکنے کے لئے) - (۲) پل ساحل سے سمندر میں (جہاز سے اترنے کے لئے نیز سیر کے لئے) ؛ گودی - (۳) ستون ؛ پیلپا ؛ پیلپایہ ؛ کھمبا - (۴) دروازوں یا کھڑکیوں کا درمیانی حصہ دیوار -

p.-glass : آئینہ کا بڑا قطعہ جو پہلے دروازوں یا کھڑکیوں کے درمیانی حصہ عمارت میں لگایا جاتا تھا

pierage, *n.* : بند پر جانے کا محصول

Pierce, *v. t.* & *i.* : (۱) چبھنا ؛ چبھو - (۲) چھیدنا ؛ برمانا ؛ سالنا ؛ بیدھنا (۳) گھسنا ؛ پیوستہ ؛ توڑنا - (۴) اثر کرنا ؛ سرایت کرنا ؛ گھر جانا (دل ...) - (۵) تہ کو پہنچنا ؛ تہ کو پہنچنا -

piercingly, *adv.* : شدت سے؛ تیزی سے؛ چبھتے ہوئے -

Pierian, *a.* : (۱) پیریائی : متعلق بہ پیریا (واقع تھسلی جو فنون کی دیویوں کے مسکن کی حیثیت سے مشہور ہے) - (۲) جس کا تعلق شعر و سخن سے ہو -

Pierrot, *n.* (fem. *pierrette*) : (فرانسیسی) (۱) خاموش نقل کا ایکٹر - (۲) ایک چلتا پھرتا گویا یا تماشا کرنے والا جو رنگ برنگ کا ڈھیلا ڈھالا لباس پہنے اور منہ پر سفیدہ ملے ہوتا ہے -

Pietà, *n.* : حضرت مریم کی تصویر یا مورت جس میں حضرت عیسیٰ کی لاش ان کی گود میں ہوتی ہے -

Pietism, *n.* : (۱) سترھویں صدی عیسوی میں اسپینر کی وہ تحریک جو کلیسائے لوتھری میں تقویٰ اور پر خلوص عبادت کا احیا کیا جائے - (۲) تقویٰ ؛ تقوے کا اظہار یا دکھاوا -

pietist, *n.* : اسپینر کی جماعت کا رکن ؛ تحریک تقویٰ کا حامی ؛ پر جوش مذہبی شخص -

pietistic(al), *aa.* : متعلق بہ حامیء تقویٰ -

pietistically, *adv.* : اظہار تقویٰ کے طور پر -

Piety, *n.* : (۱) تقویٰ ؛ تقدس ؛ پارسائی ؛ خدا پرستی ؛ خدا ترسی - (۲) (قدیم) سعادت مندی -

Piezometer, *n.* : دباؤ پیما -

Piffle, *v. i.* & *n.* : (۱) (عامیانہ) بے دلی یا بے پروائی سے کوئی کام کرنا؛ یا وہ گوئی کرنا ؛ ہرزہ سرائی کرنا ؛ واہی تواہی باتیں کرنا - (۲) ہرزہ سرائی ؛ بکواس ؛ بے مزہ یا بے نتیجہ گفتگو -

piffler, *n.* : ہرزہ سرا ؛ نکما ؛ مہمل شخص -

piffling, *a.* : لغو ؛ مہمل ؛ نکما -

Pig, *n.* & *v. i.* & *t.* : (۱) سور؛ خوک؛ خنزیر - (۲) لحم خنزیر؛ سور کا گوشت (کھانے کا) - (۳) میلا کچیلا ، گندہ غلیظ شخص - (۴) (بول چال) حریص ؛ لالچی - (۵) چڑ چڑا ، خود سر ، خود رائے شخص - (۶) دق کرنے والا ؛ نا گوار خاطر شخص - (۷) لوہے کا مستطیل ٹکڑا ؛ کسر اور دھات کا کتابی سانچہ ؛ سیسے کا ڈلا - (۸) نارنگی کی قاش ؛ رنگترے کی پھانک - (۹) (سورنی کا) بچے دینا یا جننا - (۱۰) سوروں کی طرح کئی مل کر ایک جگہ رہنا (نیز *p. it*) -

bring one's pp. to a fine, a pretty, the wrong, market : (طنزاً) کسی منصوبے میں نا کام رہنا -

buy a p. in a poke : بے دیکھے بھالے سودا کرنا ؛ اٹکل پچو سودا کرنا ؛ پانی میں بھینس اور اوپر مول کرنا -

guinea-p. : دیکھو Guinea -

pigheaded : خود سر ؛ ضدی ؛ کاودی -

pigheadedly : خود سری سے ؛ حماقت سے -

pigheadedness : خود سری ؛ کاودی پن -

p.-iron : لوہے کا ڈلا جو بھٹی میں سے نکل کر مستطیل کی شکل میں جم جاتا ہے -

p.-jump : گھوڑے کی چوکڑی

pignut : جوز ارضی -

pigskin : سور کا کمایا ہوا چمڑا؛ (عامیانہ) زین ؛ کاٹھی -

pp. might fly : (حیرت و استعجاب یا یقین نہ لانے کا کلمہ)

کہیں کولر میں پھول آتا ھے ؛ کہیر چڑیا دودھ دیتی ھے -

pigsticker : (۱) سور کا شکاری - (۲) بڑ پھٹ جیبی چاقو -

pigsticking : سور کا شکار (برچھیوں سے) ؛ خنزیر کشی -

pigsty : سور خانہ ؛ (مجازاً) گندی اور غلیظ جھونپڑی -

p.'s wash, pigwash : شراب خانے یا باورچی خانے کا دھوون جس کو سور پیتے ھیں -

pigweed : ایک قسم کی نبات جو سور کھاتے ھیں -

please the pp. : (مزاحاً بجائے please God) انشاءاللہ؛ اگر خدا نے چاھا -

piggish, *a* (۱) خنزیری - (۲) خوک صفت ؛ خوک وش ؛ خوک و شانہ - (۳) خود سر ؛ ضدی ؛ خود رائے - (۴) خود غرض - (۵) کمینہ ؛ پاجی - (۶) غلیظ ؛ ناپاک -

piggishly, *adv.* : خود سری سے ؛ خود غرضی سے ؛ کمینہ پن سے وغیرہ -

piggishness, *n.* : خوک صفتی ؛ خوک وشی ؛ خود سری ؛ خود غرضی ؛ ٹھچلی پن ؛ کمینہ پن -

piglet, pigling, *nn.* : سور کا بچہ -

piglike, *a.* : خوک صفت ؛ خوک وش -

Pigeon, *n.* & *v. t* (۱) کبوتر - (۲) سادہ لوح ؛ بھولا ؛ بے وقوف ؛ جو آسانی سے دھوکے میں آ جائے - (۳) دھوکے سے کسی کا مال اُڑا لینا -

carrier-p., homing p. : قاصد کبوتر ؛ پیغام بر کبوتر -

clay p. : مٹی کی تشتری یا ٹکیا جو نشانہ لگانے کے لئے کل کے ذریعے ھوا میں اُڑائی جاتی ھے -

p. - breast : (انسان کا) محدب بد وضع سینہ -

p. - breasted : محدب بد وضع چھاتی والا (شخص) -

pigeongram : وہ پیغام جو کبوتر کی معرفت بھیجا جائے -

p. English : دیکھو Pidgin -

p. -hole : (۱) دیوار میں موکھا یا سوراخ یا کابک کا دروازہ جہاں کبوتر ستانے کو بیٹھا جاتا ھے ؛ کبوتر چھید ؛ کبوتر کا سوراخ - (۲) میز یا الماری میں چھوٹے چھوٹے خانے (کاغذ وغیرہ رکھنے کے لئے) (۳) کاغذات وغیرہ ان خانوں میں رکھنا - (۴) کسی معاملے کو آئندہ غور کے لئے ملتوی کر دینا - (۵) آئندہ کے لیے دماغ میں محفوظ رکھنا -

p. pair : (۱) توام لڑکا اور لڑکی - (۲) لڑکا اور لڑکی ؛ صرف دو ھی بچے (کسی کی اولاد) -

p.'s milk : (۱) چوگا (کبوتر جو اپنے بچوں کو کھلاتا ھے) - (۲) چڑیا کا دودھ (فرضی شے جس کے لانے کے لئے بچوں کو بھیجا جاتا ھے)-

pluck a p. : (بے وقوف بنا کر) کسی کو موس لینا یا لوٹ لینا ؛ مال اُڑا لینا -

Pigeonry, *n.* کبوتر خانہ -

Piggery, *n.* : (۱) پرورش گاہ خوکاں ؛ سور سال - (۲) سور خانہ - (۳) میلی کچیلی گندی جگہ - (۴) سور پن ؛ خود سری ؛ کمینہ پن وغیرہ -

Piggy, *n.* : سور کا بچہ -

p. - wiggy : (۱) (بچوں کا محاورہ) گندہ بچہ ؛ غلیظ بچہ - (۲) ایک قسم کا کھیل -

Pigment, *n.* : رنگنے کا رنگ ؛ رنگ سازی کا ملونا ؛ نسیج کا قدرتی رنگ -

pigmental, pigmentary, *aa.* : رنگ سازی کے ملونے کے متعلق ؛ رنگ دار -

Pigmy : دیکھو Pygmy -

Pigtail, *n.* : (۱) تمباکو جٹی ؛ تمباکو کی بٹی ؛ تمباکو کی بتی - (۲) چوٹی ؛ چٹیا (خصوصاً چینیوں کی) -

pigtailed, *a.* : چوٹی دار ؛ چٹیا والا -

Pike, *n.* & *v. t* : (۱) نیزہ ؛ برچھا ؛ برچھی ؛ بلم - (۲) (مقامی) کدال ؛ کدالی - (۳) [لیک دسٹرکٹ (Lake district) کے پہاڑوں کے ناموں میں] نکیلی چوٹی - (۴) برچھی سے مارنا ؛ برچھی بھونکنا - (۵) ایک قسم کی کھاؤ مچھلی جو میٹھے پانی میں رھتی ھے (غالباً P. - fish کا مخفف) -

p. - fish : ایک قسم کی مچھلی جس کی تھوتھنی نکیلی ھوتی ھے اور میٹھے پانی میں رھتی ھے -

pikeman : کان کنی کا مزدور جو کدال سے کام کرتا ھے -

Pike, *n.* : (۱) دروازہ یا روک جہاں چنگی وصول کی جاتی ھے ؛ چنگی دروازہ ؛ چنگی روک - (۲) چنگی - (۳) چکری دار دروازے کی سڑک -

pikeman : دربان ؛ محصولی چوکی کا چوکی دار -

Pikelet, *n.* : چائے کیک ؛ وہ چھوٹی گول کیک جو چائے کے ساتھ کھائی جاتی ھے -

Pikestaff, *n.* : ڈانڈ ؛ نیزے کی چھڑ -

plain as a p. : بالکل صاف اور صریح ؛ بدیہی -

Pilaster, *n.* : دیواری ستون ؛ ایک چوکور ستون جو دیوار میں ھوتا ھے اور اس کی چوڑائی کا کچھ حصہ دیوار سے باھر نکلا ھوتا ھے -

Pilau, - aw, - aff, *n.* : پلاؤ -

Pilch, *n.* : فلالین فلات ؛ فلالین کا تکونی غلاف جس میں بچے کو لپیٹ دیتے ھیں -

Pilchard, *n.* : یہ ایک چھوٹی سی سمندری مچھلی ھے جو ھیرنگ سے مشابہ ھوتی ھے -

Pilcorn, *n.* : پل کارن؛ یہ ایک قسم کی جئی ھے جس میں بھوسی دانے سے چسپاں نہیں ھوتی -

Pile, *n.* & *v. t.* : (۱) نکیلی چوبی؛ نوک دار لکڑی - (۲) لوھے کا بھاری شہتیر جو پل وغیرہ کے سہارے کے لیے دریا کی تہ وغیرہ میں ٹھونکا یا گاڑا جاتا ھے - (۳) ستون یا کھمبے لگانا ؛ کھمبے گاڑنا ؛ کھمبوں سے سہارا دینا -

p. - driver : کھمب گاڑ ؛ یہ ایک مشین ھے جس کے ذریعے شہتیر گاڑے جاتے ھیں -

Pile, *n.* : (۱) ڈھیر ؛ انبار ؛ تودہ - (۲) (بول چال) دولت کا ڈھیر؛ دولت - (۳) بڑی شاندار عمارات یا سلسلۂ عمارت (۴) چتا- (۵) مختلف دھاتوں کی تختیوں کا سلسلہ ایک پرا یک جس سے برقی رو نکلتی ھے -

funeral p. : چتا -

make a p., make one's p. دولت کمانا -

Pile, *v. t* : (۱) (اکثر up اور on کے ساتھ) ڈھیر لگانا ؛ انبار لگانا ؛ اکٹھا کرنا ؛ جمع کرنا - (۲) پاٹنا ؛ بھرنا ؛ معمور کرنا -

p. arms : بندوقیں جوڑ کر کھڑی کرنا (اس طرح کہ کندے زمین

پر اور سرے ایک دوسرے سے کٹے ہوئے) -

p. it on : غلو کرنا ؛ مبالغہ کرنا -

p. up : (کسی جہاز کو) خشکی پر چڑھا دینا -

p. up (on) the agony : دردناک بیان میں شدت پیدا کرنا -

Pile, *n.* : (قدیم) سکے کی پشت؛ سکے کا اُلٹا رخ یا رخ معکوس-

cross or p. : چت یا پٹ -

Pile, *n.* : (۱) اون ؛ بھیڑ کی اُون ؛ ملائم بال ؛ رواں - (۲) قالین مخمل وغیرہ پر کارواں- (۳) قالین پر کارواں یا ملائم ریشہ جو بننے کے بعد بنا یا جا تا ھے •

low, three -p. carpet : دو ریشئی یا سہ ریشئی قالین -

pily, *a.* : روئیں دار ؛ بال دار -

Pile, *n.* : (۱) مسا ؛ مسّا - (۲) (جمع) بواسیر -

pilewort : ایک پودے کا نام جو ایک زمانے میں بواسیر کا علاج سمجھا جا تا تھا -

Pilfer, *v. t & i.* : چرانا (خصوصاً چھوٹی یا معمولی چیزوں کا) ؛ چوری کرنا -

pilferage, *n.* : چوری ؛ چوٹا پن .

pilferer, *n.* : چور ؛ چوری کرنے والا -

Pilgarlic, *n.* : (قدیم) (۱) گنجا سر - (۲) گنجا (آدمی) -

Pilgrim, *n. & v. i.* : (۱) حاجی؛ زائر؛ جاتری- (۲) مسافر ؛ سیاح- (۳) حج ' زیارت یا جاترا کرنا ؛ سیر و سیاحت کرنا -

P. Fathers : (Puritans) وہ انگلستانی طبقۂ مذھبی کے لوگ جنھوں نے سنہ ۱۶۲۰ ع میں پلائی متھہ اور مساچو سیٹ کی بنیاد ڈالی تھی -

The Pp. of Great Britain, of the U. S. : یہ در انجمنیں ھیں جو انگلستان اور امریکہ کے درمیان دوستانہ تعلقات پیدا کرنے کے لیے قائم کی گئی تھیں -

pilgrimize, *v.i.* : حاجی؛زائر یا جاتری ہونا؛ مسافر یا سیاح ہونا-

Pilgrimage, *n &v. i.* : (۱) حج؛ زیارت ؛ جاترا - (۲) سفر حج یا زیارت - (۳)(مجازاً) سفر حیات- (۴) حج ' زیارت یا جاترا کو جانا -

Piliferous, *a.* : (۱) بال دار ؛ مو دار ؛ بالوں والا - (۲) (نباتیات) موسر ؛ موبر -

piliform, *a* : شعر پیکر؛ بال صورت ؛ بال کی شکل کا .

Pill, *n. & v.t.* : (۱) حب؛ گولی؛ قرص (دوا کی)- (۲) (مجازاً) ایسی بات جو ناگوار ' نا قابل برداشت یا موجب ذلت ھو اور سہنی پڑے- (۳) (مزاحاً یا عامیانہ) گولی مثلاً بندوق یا تمنچے وغیرہ کی گولی ' توپ کا گولہ ' ٹینس کی گیند - (۴) (جمع) بلیرڈ - (۵) (عامیانہ) کالی گولی ڈالنا ' جو کلب وغیرہ کے ارکان کے انتخاب میں رد کرنے کی علامت ھے) یعنی ھزیمت یا شکست دینا -

a p. to cure an earthquake : ادھوری تدبیر -

gild the pill : ناگوار حقیقت کو خوشگوار انداز سے پیش کرنا -

p. - box. : (۱) گولیوں کی گول ڈبیا ؛ (مزاحاً) چھوٹی سی گاڑی؛ چھوٹا سا مکان- (۲) - (فوجی) چھوٹا ننھا؛ خصوصاً زمین دوز قلعہ-

pillwort : ایک قسم کا پانی کا پودا جس میں پھول نہیں آتے-

swallow the p., a bitter p. : ذلت گوارا کرنا ؛ تلخ گولی نگلنا ؛ کڑوی گولی کھانا -

Pill, *v. t.* : (قدیم) (۱) لوٹنا ؛ لوٹ مار کرنا ؛ لوٹ مچانا - (۲) (مقامی) چھیلنا ؛ چھلکا اُتارنا -

Pillage *n. &v. t.* : (۱) لوٹ ؛ لوٹ مار ؛ لوٹ کھسوٹ ؛ تاخت و تاراج- (۲) (خصوصاً فوجی) مال غنیمت؛لوٹ کا مال-(۳) لوٹنا ؛ کھسوٹنا ؛ لوٹ مار کرنا ؛ لوٹ مچانا ؛ تاخت و تاراج کرنا ؛ غارت گری کرنا -

pillager, *n.* : لٹیرا ؛ تاخت و تاراج کرنے والا -

Pillar, *n. &v. t.* : (۱) منارہ ؛ ستون؛ کھم؛ کھمبا؛ پیلپایہ ؛ (۲) (مجازاً) بہت بڑا حامی ؛ معاون ؛ معین ؛ رکن (جیسے *a p. of the Church*)- (۳)ھرا یا پانی کا استوانہ سا جو بعض اوقات سیدھا کھڑا ھو جاتا ھے - (۴) کوئلے کا ستون جو کان کھودتے وقت سہارے کے لیے چھوڑ دیا جاتا ھے - (۵) کھمبوں سے سہارا دینا ؛ تقویت پہنچانا -

driven from p. to post : ایک مقام یا جماعت سے دوسرے مقام یا جماعت کے پاس التجا لیے لیے پھرنا ' جگہ جگہ سے راندہ جانا -

p. - box : ڈاک کا ستون جو اندرسے خالی ھوتا ہے؛صندوق خطوط -

pillaret, *n.* : چھوٹا کھمبا یا ستون ؛ ستونچہ -

Pillion, *n.* : (۱) (تاریخ) زنانہ زین - (۲) پچھلی زین یا کاٹھی (زین کے پچھلے حصے میں ایک گدی لگادی جا تی ھے جو عموماً عورت کے لیے ھوتی ھے) ؛ موٹر سائیکل کی پچھلی نشست -

Pilliwinks, *n.* : (تاریخ) آلۂ عقوبت انگلیوں کے لیے ؛ انگلی شکنجہ -

Pillory, *n. & v. t.* : (۱) لکڑی کا شکنجہ جس میں سر اور ھاتھوں کے لیے سوراخ ھوتے ھیں اس میں خطا کار کو عام تذلیل و تشہیر کے لیے کس دیا جاتا ھے - (۲) اس شکنجے میں کسنا - (۳) عام طور پر تذلیل اور تشہیر کرنا -

Pillow, *n. & v. t. & i.* : (۱) تکیہ؛ بالش- (۲) (صناعتی)تکیہ نما ٹیکن یا سہارا یا لکڑی کا کندا - (۳) تکیے پر (سر) دھرنا ؛ تکیوں کا سہارا دینا -

p. - case, - slip : تکیے کا غلاف -

p. - fight = Bolster - fight

take counsel of one's p. : کسی اھم معاملے پر غور کرتے کرتے سو رھنا ؛ کسی معاملے کے سوچنے میں ایک رات لگانا -

pillowy, *a.* : تکیہ صفت ؛ جس سے تکیے جیسا آرام ملے -

Pilose, - ous, *aa.* : بال دار؛بال والا ؛ روئیں دار ؛ شعری -

pilosity, *n.* : روئیں داری -

Pilot, *n. &v. t.* : (۱) ماھر جہاز رانی - (۲) (قدیم) جہاز ران - (۳) (ھوائیات) طیارہ باز ؛ طیارہ بازی کا ماھر - (۴) (مجازاً) ھادی ؛ رھبر ؛ رھنما (خصوصاً صید و شکار میں) - (۵) رھنمائی کرنا ؛ جہاز رانی کی خدمت انجام دینا -

drop the p. : قابل اعتماد مشیروں سے رو گردانی کرنا -

p. cloth : ایک طرح کا نیلا اُونی کپڑا جو جہاز ران کے کوٹ بنانے میں کام آتا ھے -

p. engine : طلایہ انجن؛ وہ انجن جو ایسی ریل سے قبل بھیجا جاتا ھے جس میں خاص لوگ سوار ھوتے ھیں تاکہ دیکھ لے کہ رستہ صاف ھے یا نہیں -

p. - fish : ایک قسم کی چھوٹی سی مچھلی جو جہاز کے ساتھ ساتھ رھتی ھے .

p. - jacket : جہاز ران کا چھوٹا ڈھیلا ڈھالا کوٹ -

pilotage, *n.* : رھنمائی یا فن جہازرانی کی خدمت ؛ فن

ہوا بازی یا جہاز رانی کا عمل ؛ فن جہاز رانی یا ہوا بازی کا معاوضہ -

pilotless, *a.* : بے رہنما ؛ بغیر ماہر جہاز رانی -

Pilule, pill -, *n.* : چھوٹی گولی یا حب -

pilular, *a.* : گولی یا گولیوں کا یا اس سے متعلق -

pilulous, *a.* : گولی نما ؛ حب نما ؛ حب صفت ؛ بہت چھوٹا -

Pimelode, *n.* : ایک قسم کی امریکن مچھلی جو دریاؤں میں رہتی ہے -

Pimento, *n.* : (۱) پائی منتو ایک قسم کا چھوٹا ' گول ' خشک اور خوشبو دار پھل ؛ فلفل جمیکا - (۲) اس کا درخت -

Pimp, *n.* & *v. i.* : (۱) قرم ؛ قرم ساق ؛ قلتبان ؛ بھڑوا ؛ کٹنا ؛ دیوث ؛ دلال ؛ کُٹنی ؛ قطامہ - (۲) قرم ساقی کرنا ؛ کُٹنا پا کرنا -

Pimpernel, *n.*: ایک چھوٹا سا بارہ ماسی پودا جو کھیتوں یا اُفتادہ زمینوں پر ہوتا ہے اس کے پھول قرمزی تیز نیلگوں اور سفید ہوتے ہیں -

Pimping, *a.* : (۱) چھوٹا ؛ حقیر ؛ کم مایہ - (۲) بیمار سا ؛ ناتوان -

Pimple, *n* : پھنسی ؛ پھوڑا ؛ پھڑیا ؛ دنبل ؛ ددوڑا ؛ مہاسا -

pimpled, *a.*: دنبلی ؛ پھنسیلا ؛ پھنسیوں یا مہاسوں والا -

pimply, *a.*: دنبلی ؛ پھنسیوں یا مُہاسوں بھرا -

Pin, *n.*: (۱) پن ؛ آل پن - (۲) کُھونٹی ؛ میخ ؛ کیل - (۳) چھوٹا پیپا ۴½ گیلن کا - (۴) (سارنگی وغیرہ کی) کُھونٹی - (۵) چٹخنی ؛ بلی - (۶) (جمع ' بول چال) ٹانگیں جیسے *quick on his pp.* -

belaying -p.: لپیٹن ؛ لپیٹنے کی میخ ؛ وہ میخ وغیرہ جس سے رسی باندھتے ہیں -

drawing -p.: نقشے کی پن ؛ وہ پن جس کے ذریعے نقشے کا کاغذ نقشے کی میز سے چسپاں کیا جاتا ہے -

hairpin : بال آلپن ؛ وہ پن جو بالوں کو ٹھیک طور پر جمانے کے لیے استعمال کی جاتی ہے -

I don't care a p.: مجھے مطلق پروا نہیں -

ninepin : یہ ایک کھیل کا نام ہے -

pincushion : پن گدی ؛ پن دانی -

p. -feather : پرند کے بچے کا پر جسے پوری نشوونما نہ ہوئی ہو ' کچا پر -

p. -fire cartridge : پنی کارتوس ' پن سے چلنے والا کارتوس -

p. -head : پن کا سرا ؛ (مجازاً) بہت چھوٹی سی چیز -

p. -hole : سوراخ جو کھونٹے یا کیل سے بنا یا جائے یا جس میں کھونٹا یا کیل ٹھیک بیٹھ جائے -

p. -money : سالانہ رقم جو عورتوں کو لباس وغیرہ کے اخراجات کے لیے دی جاتی ہے ؛ میوہ خوری کا خرچ ؛ بیوی کا ذاتی خرچ ؛ وہ رقم جو زوجہ کو اُس کے ذاتی اخراجات کے لیے دی جاتی ہے ؛ پاندان کا خرچ -

p. -prick : (مجازاً) خفیف تکلیف یا ایذا رسانی -

pintail : ایک قسم بطخ نیز تیتر کی جن کی دم نکیلی ہوتی ہے -

p. -wheel : = catterine-wheel

pp. and needles : سنسناہٹ (جسم کے کسی عضو میں) -

split p.: دھات کی پچر -

thole p.: نصابی پن ؛ یہ ایک پن ہے جو جہاز کے بالائی کنارے میں لگی ہوتی ہے اور چپو کے لیے ٹیک کا کام دیتی ہے -

Pin, *v. t.* : (۱) پن لگانا ؛ پن یا پنوں سے جوڑنا - (۲) میخ یا برچھی وغیرہ سے چبھونا یا آر پار کرنا - (۳) مضبوط پکڑے رہنا ؛ (کسی آدمی یا جانور کو دیوار یا کونے وغیرہ میں) اڑائے رکھنا اور جانے نہ دینا - (۴) پابند کرنا (کسی شخص کو وعدہ وغیرہ کا) - (۵) محصور کرنا (سلاخوں یا جنگلے سے) ؛ بند کرنا -

p. one's *faith on* (person &c) : کا مل اعتماد رکھنا (کسی پر) ؛ اعتقاد رکھنا یا یقین رکھنا (کسی دوا وغیرہ پر) -

p. up : (تعمیر) اڑواڑ لگانا ؛ سہارا لگانا ؛ آڑ لگانا ؛ تھونی لگانا -

Pinafore, *n.*: بچوں کے لباس کے اُوپر کا کوٹ جو کپڑوں کی حفاظت کے لیے پہنا دیا جاتا ہے ؛ بالا پوش -

pinafored, *a.* : (وہ بچہ) جو بالاپوش پہنے -

Pinaster, *n.* : ایک قسم کا دیودار جو جنوب مغربی یورپ میں ہوتا ہے -

Pince-nez, *n.*: بینی گیر عینک یا چشمہ -

Pincers, *n.* (pl. also *a pair of pp.*) دسپنا ؛ موچنا ؛ سنسی -

Pincette, *n.*: چمٹی ؛ موچنی ؛ چھوٹی سنسی -

Pinch, *n.* : (۱) چٹکی ؛ چیونٹی - (۲) (مجازاً) تنگی ؛ تکلیف (خصوصاً احتیاج یا افلاس کی) ؛ درد - (۳) چٹکی بھر (جیسے *a. p. of salt*) - (۴) نازک موقع -

at p.: نازک وقت پر ؛ تنگی پر -

Pinch, *v. t.* & *i.*: (۱) چٹکی لینا - (۲) (مجازاً) تکلیف ہونا (بھوک ' سردی وغیرہ کی) - (۳) تکلیف دینا ؛ دکھ دینا ؛ کاٹنا (مثلاً جوتے کا) - (۴) بجبر وصول کرنا (روپے کا) ؛ اینٹھنا (روپیہ) - (۵) تخفیف یا کمی کرنا (غذا دینے میں) - (۶) کنجوسی کرنا ؛ خست کرنا - (۷) ایڑ لگانا (گھوڑے کو شرط میں) - (۸) نوچنا (کونپل وغیرہ کا) - (۹) (جہاز کو) ہوا کے رخ چلانا - (۱۰) (عامیانہ) چرانا ؛ لوٹنا - (۱۱) گرفتار کرنا ؛ حراست میں رکھ لینا -

pinched with cold : سردی سے ٹھٹھر کر -

that is where the shoe pinches : یہ مقام ہے جہاں سے جوتا کاٹتا ہے یعنی یہ مصیبت یا تکلیف ہے -

Pinchbeck, *n.* & *a.*: (۱) تانبے اور جستے کا ملاؤ ؛ جھوٹا سونا - (۲) جھوٹا ؛ نقلی ؛ مصنوعی ؛ بناوٹی -

Pindari, *n.*: پنڈاری (سترھویں ' اٹھارویں صدی کا ہندوستانی ڈاکو) -

Pindaric, *a.* & *n.*: (۱) منسوب بہ شاعر یا مماثل یونانی پنڈار ؛ پنڈار کے انداز میں لکھا ہوا - (۲) (جمع) پنڈاری بحریں ' نظمیں وغیرہ -

Pine, *n.* : (۱) صنوبر - (۲) اننناس -

p. -apple : اننناس -

p. -beauty, p. -carpet : ایک قسم کا کیڑا جو صنوبر کے

پتے کہا جا تا ھے -

p.-cone : صنوبر کا پھل -

Pine, *v. i.* : (۱) کملانا ؛ سوکھنا ؛ دبلا ھونا (غم' بیماری وغیرہ سے) - (۲) کڑھنا ؛ جھرنا - (۳) (کسی شے کے لیے) بیتاب ھونا -

Pineal, *a.* : (تشریح) صنوبر کے پھل کے مانند ؛ ثمر صنوبر سا -

p. gland : دماغ کے زیرین حصے میں ایک غدود جس کے اعمال و خواص معلوم نہیں؛ صنوبری غدہ -

Pinery, *n.* : (۱) صنوبر سال ؛ صنوبر ستان ؛ وہ مقام جہاں صنوبر اُگتے ھیں - (۲) انناس کا کھیت یا باغ -

Pinfold, *n.* & *v. t.* : (۱) کانجی ھاؤس جہاں لاوارث جانور بند ھوتے ھیں؛ سرکاری باڑا؛ (دکن) کونڈواڑہ -(۲) کانجی ھاؤس میں بند کرنا-

Ping, *n.* & *v. i.* : (۱) جھنجھناھٹ ؛ جھنکار (رائیفل کی اس گولی کی آواز کی طرح جو ھوا میں اڑے) ؛ ٹنکار ؛ جھنکارنا ؛ ٹن سن کرنا - (۲) جھنکار یا جھنجھناھٹ کی آواز نکلنا -

Ping-pong, *n.* : پنگ پانگ ' لان ٹینس کا سا ایک کھیل جو میز پر کھیلا جاتا ھے -

Pinguid, *a.* : (عموماً مزاحاً) موٹا ؛ فربہ ؛ لحیم ؛ شحیم ؛ چربیلا ؛ روغن دار ؛ چکنا چپڑا -

Pinguin, *n.* : (۱) غرب الہندی انناس کا پودا - (۲) اس کا پھل -

Pinion, *n.* : (۱) پر ؛ شہ پر ؛ پنکھ - (۲) (شاعرانہ) بازو - (۳) پرندے کا کوئی پر جس سے اُسے قوت پرواز حاصل ھوتی ھے -

Pinion, *v. t.* : (۱) پرتینچ کرنا ؛ پر کاٹنا ؛ پر کترنا - (۲) مشکیں باندھنا ؛ مشکیں کسنا - (۳) کس کے باندھنا (کسی شخص کو کسی شے سے) -

Pinion, *n.* : دندانے دار چھوٹا سا پہیہ ؛ دندانے دار پرزہ -

Pink, *n.* & *a.* : (۱) پنک ؛ خوشبو دار پھولوں کا پودا جس کے پھول گلابی سفید وغیرہ رنگوں کے ھوتے ھیں - (۲) گلابی رنگ ؛ پیازی رنگ - (۳) گلابی ؛ پیازی - (۴) روباہ کے شکاری کا لال کوٹ - (۵) ایسے کوٹ کا کپڑا - (۶) لومڑی کا شکاری -

in the p. : (عامیانہ) بہت اچھا یا عمدہ (حال' صحت) -

the p. of elegance : کمال نفاست ؛ کمال زیبائی -

the p. of health : کمال صحت ؛ کمال تندرستی -

p.-eye : (۱) ایک طرح کا متعدی بخار جو گھوڑوں میں پھیلتا ھے - (۲) التہاب چشم متعدی (انسان میں) -

pinkish, *a.* : گلابی سا ؛ پیازی سا -

pinky, *a.* : گلابی ؛ پیازی -

pinkiness, *n.* : گلابی پن -

Pink, *n.* : ایک قسم کا ھلکا زردی مائل رنگ جو نباتات کے رنگین مادے اور کسی سفید اساسی رنگ کی آمیزش سے حاصل ھوتا ھے -

Brown, French, Dutch, p. : یہ سب رنگ اس نباتاتی رنگ کی آمیزش سے بنائے جاتے ھیں -

Pink, *n.* : (تاریخ) تنگ دنبالہ کشتی ؛ تنگ دنبالہ کی کشتی -

Pink, *v. t.* : (۱) تلوار وغیرہ بھونکنا - (۲) آرائش کی غرض سے چمڑے ' کپڑے وغیرہ میں سوراخ کرنے (حاشیے وغیرہ پر) (*p. out* نیز) - (۳) آراستہ کرنا ؛ سجانا -

Pink, *n.* : (۱) سامن مچھلی کا بچہ - (۲) (مقامی) منو (*minnow*) مچھلی -

Pinna, *n.* (pl.-*ae*) : (۱) کان کا بالائی حصہ ؛ پرگوش- (۲) پردار پتے کی ایک پتی - (۳) مچھلی کا پر ؛ فلس ماھی -

Pinnace, *n.* : (۱) چھے یا آٹھ چپو والی کشتی (جو جنگی جہاز کے ساتھ ھوتی ھے) - (۲) (تاریخ) چھوٹا دو مستولی جہاز -

Pinnacle, *n* & *v. t.* : (۱) کنگرہ ؛ کنگورہ ؛ کلس - (۲) چوٹی ؛ راس -(۳) (مجازاً) بلند ترین نقطہ ؛ منتہائے کمال - (۴) کنگورے یا چوٹی پر رکھنا یا نصب کرنا ؛ کنگورہ بنانا ؛ کنگورے یا کلس سے آراستہ کرنا -

Pinnate, *a.* : (نباتاتیات) پردار ؛ پر نما (جس کے ساق کے دونوں طرف بالمقابل پتیاں ھوں) ؛ ملمس دار ؛ (حیوانیات) زائدہ دار ؛ جس کے کسی عضو کے دونوں طرف ملمس ' پیر وغیرہ ھوں -

pinnated, *a.* : = pinnate

pinnately, *adv.* : پردارانہ؛ پر نمائی کے طور پر ؛ ملمس دارانہ طور پر وغیرہ -

Pinner, *n.* : (۱) آلپین ساز ؛ آلپین بنانے والا - (۲) باندھنے والا ؛ جوڑنے والا ؛ محصور کرنے والا ؛ بند کرنے والا - (۳) (تاریخ) (عورتوں کی) دامن دار ٹوپی جس کے دونوں دامن ٹکے ھوئے ھوتے تھے -

Pinni- : (سابقہ ' بمعنی) فلس ؛ پر مثلاً :-

pinnigrade, pinniped : پرپا ؛ فلس پا (حیوانات) -

Pinnothere, -tere, *n.* : کیکڑا یا سرطان کی قسم جو طفیلی کی حیثیت سے گھونگے کی سیپی میں رھتے ھیں -

Pinnule, *n.* : (نباتیات) پربچہ ؛ (حیوانیات) فلسچہ ؛ حیوان کا عضو جو مثل فلس یا پر کے ھو؛ اُصطرلاب کی مکھی -

pinnular, *a.* : پردار ؛ فلس دار -

Pinny, *n.* : (بچوں کی بولی) pinafore کا مخفف ھے -

Pinocle, *n.* : (امریکہ) بزیک (*Bezique*) کے جیسا ایک تاش کا کھیل -

Pinole, *n.* : پینول ؛ ایک قسم کا ستو ؛ امریکن ستو -

Pint, *n.* : پائنٹ ؛ مائعات کی مقدار ناپنے کا پیمانہ (ایک گیلن کے آٹھویں حصے کے مساوی) -

Pintado, *n.* : (۱) ایک قسم کا سمندری پرند (*Petrel*) - (۲) گنی مرغ (اب یہ عام طور پر *p. bird, p. petrel* بولا اور لکھا جاتا ھے) -

Pintle, *n.* : میخ ؛ کیل ؛ کیلی ؛ کواڑ کی کیلی (خصوصاً وہ جس پر کوئی دوسرا حصہ پھرتا ھے جیسے کواڑ کی چول ' تبضے) -

Pinxit, Pinxerunt, v. t. : -مل (نقل) (تصویروں کے نیچے مصور اپنے نام یا دستخط کے ساتھ لکھ دیتا ھے) -

Piny, *a.* : وبری ؛ صنوبر نما ؛ صنوبر صفت؛ مثل صنوبر -

Piolet, *n.* : برف شکن تبر ؛ تبر یا کلھاڑی جو آلپس پہاڑ پر چڑھنے والوں کے پاس برف کاٹ کر رستہ بنانے کے لیے ھوتا ھے (تلفظ = پایولے) -

Pioneer, *n.* & *v. i.* & *t.* : (۱) (فوجی) سفر مینا ؛ رستہ بنانے والا فوجی دستہ - (۲) ھادی ؛ پہلا مہم جو ؛ پہلا محقق ؛ پہلا رھنما ؛ راہ دکھانے والا - (۳) (رستہ) صاف کرنا ؛ (رستہ) تیار کرنا ؛ رھنمائی کرنا ؛ ھدایت کرنا -

Pious, *a.* : (۱) پرھیزگار؛ متقی ؛ خدا ترس؛ زاھد ؛ دیندار

متدین ؛ صالح - (۲) (قدیم) اطاعت شعار ؛ فرماں بردار ؛ سعادتمند -

p. founder : مقدس بانی (کسی کالج یا دیگر فیض رساں ادارے کے بانی کے لیے آتا ھے) -

p. fraud : فریب مصلحت آمیز؛ دھوکا جو اس یقین سے کیا جائے کہ اس کا نتیجہ بھلائی ھوگا -

piously, *adv.* : پارسایانہ طور پر ؛ دیندارانہ طور پر ؛ پارسائی سے -

Pip, *n.* : مرغیوں نیز دوسرے پرندوں کی ایک بیماری ؛ (مزاحاً) انسانی امراض کے لئے بھی بولتے ھیں -

Pip, *n.* : (۱) تاش کے پتے یا پاسے پر کا نشان یا بندی - (۲) افسر کے شانے کا تارا - (۳) پھولوں کے گچھے کی ایک کلی - (۴) انناس کی سطح پر کا معین قطعہ -

Pip, *v.t.* : (۱) (بول چال) (کسی کلب کے ارکان کے انتخاب میں) کالی گولی ڈالنا یعنی خلاف رائے دینا ؛ رد کرنا ؛ مسترد کرنا - (۲) شکست دینا ؛ ھزیمت دینا - (۳) چھرا مارنا ؛ گولی مارنا -

Pip, *n.* : بیج ؛ تخم (ناشپاتی ' نارنگی سیب وغیرہ کا) -

pipless, *a.* : بے بیج ؛ بے تخم -

Pip, *n.* : اشارے دینے والی (signaller) اصطلاح میں حرف "پ" -

Pipe, *n.* : (۱) نلی ؛ نالی ؛ نل - (۲) شہنائی ؛ قرنا ؛ مزمار ؛ الغوزا ؛ مرلی ؛ بانسلی ؛ بانسری ؛ نے - (۳) ارغنون باجے کی ھرنے جس سے آواز نکلتی ھے - (۴) کشتی راں کی سیٹی (ملاحوں کے بلانے یا ھدایت کے لئے) - (۵) آواز خصوصاً گانے کی آواز - (۶) راگ ؛ نغمۂ ؛ نغمہ طائر - (۷) جسم حیوانی میں سانس یا پسینہ نکلنے کی نالی - (۸) (معدنیات) معدنیات خام کی مخروطی رگ یا دھاری - (۹) جنگلی پرندوں کو پھنسانے کی نلی - (۱۰) پائپ (تمباکو نوشی کا) ؛ تمباکو کی وہ مقدار جو پائپ میں ھو - (۱۱) شراب کا پیپا جس میں ۱۰۵ گیلن آئیں - (۱۲) (جمع) = Bagpipes -

King's or *Queen's p.* : لندن کے بندرگاہ میں ایک بڑی سی بھٹی جس میں وہ تمباکو جلایا جاتا تھا جو خلاف اجازت دیا گیا ھو -

peace- p. : شمالی امریکہ کے اصلی باشندے پائپ میں تمباکو بھر کر ایک دوسرے کو کش لگانے کو دیتے ھیں جو صلح و امن کی علامت ھے -

p. -clay : (۱) مزماری مٹی ؛ ایک طرح کی سفید مٹی جس کے تمباکو نوشی کے پائپ بنتے ھیں یا جس سے سفید برجس ' پیٹیوں وغیرہ پر پالش کیا جاتا ھے (خصوصاً فوج میں) - (۲) (مجازاً) (فوجی) جزئیات لباس پر غیر معمولی توجہ - (۳) سفید پالش کرنا ؛ سفیدی پھیرنا -

p. -light : چھپٹی یا کاغذ کی نلکی وغیرہ جس سے پائپ سلگاتے ھیں -

p. -line : پیٹرول کا نل -

p. major : نان کمیشنڈ عہدہ دار جو پائپ بجانے والوں کی کمان کرتا ھے

p. -rack : پائپ دان

p. -stone : ایک قسم کی سخت سرخ مٹی جس سے شمالی امریکہ کے اصلی باشندے تمباکو پینے کے پائپ بناتے ھیں -

put that in your p. and smoke it : اگر ھوسکے تو صبر کرو

pipeful, *n.* : پائپ بھر -

pipeless, *a.* : بن پائپ ؛ بے پائپ -

pipy *a.* : پائپ دار -

Pipe, *v. i. & t.* : (۱) بانسری ' نے یا مرلی بجانا - (۲) سیٹی بجانا - (۳) تیز آواز نکالنا - (۴) بانسری وغیرہ بجا کر (کسی شخص کو) لے جانا یا لانا - (۵) سیٹی بجا کر ملازمین جہاز کو کھانے کے لیے یا کام پر طلب کرنا (نیز *p. up*) - (۶) پنک پھول (*pinks*) وغیرہ کی شاخیں کاٹ کر لگانے سے پود بڑھانا - (۷) آراستہ کرنا یا سجانا (کیک وغیرہ کو) ؛ (لباس پر) حاشیہ چڑھانا ؛ بیل بوٹے کاڑھنے - (۸) نل لگانا ؛ نلی لگانا -

p. away : رخصتی سیٹی بجانا ؛ جہاز یا کشتی کی روانگی کی سیٹی بجانا -

p. one's eye (s) : رونا ؛ آنسو بہانا -

Pipemma, *adv.* : (عامیانہ) بعد نصف النہار ؛ بعد ظہر ؛ دو پہر بعد -

Piper, *n.* : (۱) نے نواز ؛ شہنائی نواز ؛ بانسلی یا مرلی بجانے والا - (۲) (خصوصاً) گانوں گانوں پھر کر گانے بجانے والا ؛ جہاں گرد گویا - (۳) ایک قسم کی مچھلی - (۴) بے دم گھوڑا ؛ ناکارہ گھوڑا - (۵) کتا جو جنگلی مرغوں کو پھنسا کر لاتا ھے ؛ لگا لانے والا کتا -

pay the piper (and call the tune) : خرچ اٹھاؤ اور قابو پاؤ (جو کسی چیز کا خرچ برداشت کرے اس کو اس پر قابو رکھنے کا حق حاصل ھے) -

Pipette, *n.* : پتلی نلی جو کیمیا میں گیس یا سیال اشیا کے ناپنے یا منتقل کرنے کے کام آتی ھے -

Piping, *n.* : (۱) نے نوازی ؛ سیٹی بجانا ؛ تیز آواز نکالنا ؛ ملازمین جہاز کو کام وغیرہ پر بلانے کی سیٹی دینا - (۲) پنک پھول وغیرہ کی چھانٹن - (۳) لباس کی سجاوٹ ڈوری کے ذریعے سے جو نلی جیسے غلاف میں رھتی ھے ؛ فیتہ یا حاشیہ - (۴) کیک کی آراستگی شکر کے ڈوروں سے -

Piping, *a.* : نے وغیرہ بجانے والا -

p. hot : کھولتا ھوا ؛ کھد بداتا ھوا ؛ بہت گرم -

the p. time (s) of peace : صلح و امن کے راگ گانے کا زمانہ (جس میں طبل جنگ کے بجائے امن و صلح کے شادیانے بجیں) -

Pipistrel (le), *n.* : چھوٹی قسم کی چمگادڑ -

Pipit, *n.* : ایک چنڈول جیسا پرندہ -

Pipkin, *n.* : ھانڈی ؛ ھنڈیا -

Pippin, *n.* : ایک قسم کا سیب -

Pip squeak, *n.* : (فوجی ' عامیانہ) بم کا گولہ جس میں سے اس لفظ کی سی آواز نکلتی ھے -

Piquant, *a.* : (۱) چرپرا ؛ تیز ؛ تیکھا ؛ چٹ پٹا - (۲) مشتہی ؛ اشتہا خیز - (۳) (مجازاً) محرک ؛ مہیج ؛ دلچسپ ؛ للچانے یا لبھانے والا -

piquancy, *n.* : چرپراھٹ ؛ چٹ پٹا پن ؛ اشتہا آفرین رائحہ (غذا کا) -

piquantly, *adv.* : چٹ پٹے پن سے ؛ لبھانے کے طور پر -

Pique, *v.t. & n.* : (۱) برافروختہ کرنا ؛ کھجانا ؛ کسی کی خود بینی یا غرور کو چوٹ لگانا - (۲) دلچسپی یا شوق کو بڑھانا ' ابھارنا - (۳) فخر کرنا ؛ گھمنڈ کرنا - (۴) ناراضی ؛ بیزاری ؛ برافروختگی ؛ رنجیدگی ؛ آزردگی - (۵) رنجش ؛ جو شکستہ غرور سے پیدا ھوا) کینہ وری ؛ دشمنی ؛ عداوت ؛ عناد -

in a fit of p. : آزردگی یا برهمی کے عالم میں -

Pique, *n. & v. t. & i.* : (piquet) (۱) تاش کے دو پتی کھیل میں متواتر تیس نشانات (پرائنٹ) بنانا پیشتر اس کے کہ فریق مخالف ایک بھی نہ بنا سکے؛ تیس نشان کی جیت - (۲) تیس نشانات جیتنا یا بنانا - (۳) تیس نشانات کا بننا -

Pique *n.* : ایک قسم کا بٹے ہوئے تاگے کا سوتی کپڑا -

Piquet, *n.* : پیکٹ (یہ دو پتی تاش کا ایک کھیل ہے جو صرف ۳۲ پتوں سے کھیلا جاتا ہے) -

Piquet, *n.* : دیکھو Picket -

Piragua, **periagua**, *n.* : کشتی جو درخت کے ایک تنے سے بنائی جاتی ہے ؛ دو مستولی کشتی -

Pirate, *n. v. t. & i.* : (۱) بحری ڈاکو- (۲) لٹیرا؛ قزاق- (۳) بحری ڈاکو جہاز (یعنی بحری ڈاکوؤں کا جہاز) - (۴) حق تصنیف یا ایجاد کا غاصب ؛ جو بغیر اجازت کسی کی تصنیف اپنے فائدے کے لئے چھاپ لیتا ہے یا کسی کے اختراع یا ایجاد کو اپنے اغراض کے لئے کام میں لاتا ہے - (۵) وہ بس (گاڑی) جو غیر سڑک پر چلے ؛ وہ گاڑی جو مسافروں سے زیادہ کرایہ وصول کرے یا ان کو لوٹے - (۶) بحری ڈاکہ ڈالنا - (۷) حق تصنیف و تالیف کی خلاف ورزی کرنا - (۸) ڈکیتی کرنا -

piracy, *n.* : قزاقی ؛ بحری ڈاکہ زنی ؛ بحری لوٹ مار وغیرہ -

piratic(al), *aa.* : غارت گرانہ ؛ قزاقانہ وغیرہ -

piratically, *adv.* : خیانت کے طور پر وغیرہ -

Pirogue, *n.* : = Piragua

Pirouette, *n. & v. i.* : (۱) ناچ جو ایک پیر پر یا ایک انگوٹھے کے بل ناچا جاتا ہے - (۲) ایک پیر یا ایک انگوٹھے کے بل ناچنا -

Pis aller, *n.* : (تلفظ پی زالے) لاچاری کی تدبیر ؛ مجبوری کی پسند ؛ ایسا طریقۂ کار جو بہتر صورت نہ ہونے کی حالت میں اختیار کیا جائے -

Piscary, *n.*, *Common of p.* : مشترک حق ماہی گیری جس میں مالک ماہی گاہ یا دوسرے بھی شریک ہوں -

Piscatory, *a.* : ماہی گیری یا ماہی گیروں کا یا ان کے متعلق ؛ ماہی گیری کا عادی ؛ ماہی گیری کا رسیا یا دھتیا -

piscatorial, *a.* : ماہی‌گیری یا ماہی گیروں کے متعلق یا ان کا -

Pisces, *n.* pl. : (ہیئت) حوت؛ برج حوت (بارھویں برج کا نام) -

Pisciculture, *n.* : مچھلیوں کی مصنوعی پرورش ؛ ماہی پروری -

piscicultural, *a.* : ماہی پرورانہ -

pisciculturist, *n.* : مچھلیوں کی پرورش کرنے والا ؛ ماہی پروری کا شائق -

Piscina, *n.* (pl.-ae,-as) : (۱) مچھی بھون ؛ مچھی تالاب - (۲) قدیم روما میں نہانے کا حوض - (۳) (کلیسا) سوراخ دار سنگین ظرف پانی کی نکاس کے لئے -

Piscine, *n.* : نہانے کا تالاب -

Piscine, *a.* : مچھلی کا ؛ مچھلی کے متعلق -

Piscivorous, *a.* : ماہی خور ؛ مچھلی کھانے والا -

Pise, *n.* : (تلفظ- پی زے) (۱) کٹی پٹی مٹی تعمیر کے لئے ؛ گارا - (۲) عمارت جو اس قسم کی مٹی سے بنائی جائے ؛ کچا مکان -

Pisgah, *n.* : پڑکا ؛ وہ پہاڑ جہاں سے حضرت موسیٰ کو ارض معہودہ کا جلوہ نظر آیا تھا -

P.glance, prospect : آئیندہ کی جھلکی یا اُمید -

Pish, *int. & v. i.* : (۱) چھی ؛ چھی چھی ؛ تھو ؛ تف - (۲) چھی چھی کرنا ؛ تھوتھو کرنا ؛ تف کرنا -

Pishogue, *n.* : (آیرستان) جادو؛ سحر ؛ جادو گری؛ منتر؛ٹونا؛ٹوٹکا-

Pisiform, *a.* : مٹر سا ؛ مٹر کی صورت کا -

p. bone : کلائی کی ہڈیوں میں ایک چھوٹی سی ہڈی -

Pismire, *n.* : چیونٹی -

Piss, *v. i. & t. & n.* : (غیر مہذب) (۱) پیشاب ؛ بول ؛ مُوت - (۲) مُوتنا ؛ پیشاب کرنا ؛ پیشاب میں تر کرنا ؛ (خون آلود) پیشاب کرنا - (۳) (*p.p.*) (عامیانہ) مخمور -

Pistachio, *n.* : (۱) پستہ - (۲) درخت پستہ - (۳) پستئی رنگ -

Pistil, *n.* : حقہ ؛ بقچۂ گل -

pistillary, *a.* : بقچوی ؛ بقچہ صفت -

pistillate, pistilliferous, pistilline, *aa.* : بقچوی -

Pistol, *n. & v. t.* : (۱)پستول؛طمنچہ؛ طپنچہ-(۲) پستول‌سےمارنا-

beyond p.-shot : پستول کی مار یا زد سے باہر -

p.-grip : پستول کا دستہ -

within p.-shot : پستول کی مار میں ؛ طپنچے کی زد میں -

Pistole, *n.* : (تاریخ) پستول ؛ یہ ایک غیر ملکی طلائی سکہ ہے ؛ اس کا اطلاق عام طور پر ہسپانی سکے پر ہوتا ہے جس کی قیمت ۱۸ شلنگ ہے -

Pistolgraph, *n.* : (۱) فوری عکسالہ ؛ یہ ایک آلہ ہے جو پستول کی طرح چلتا ہے اور فوراً تصویر اتارلیتا ہے - (۲) فوری عکاسی ؛ فوری تصویر کشی -

Piston, *n.* : نشارہ ؛ پھیلتی ہوئی کھل منڈن -

p.-rod : نشار گز -

Pit, *n.* : (۱) گڑھا ؛ سوراخ ؛ چھید ؛ مرکھا - (۲) اوگی ؛ کھائی ؛ خندق - (۳) غار ؛ کھد (جو کان یا دوسرے کاموں کے لئے کھودا جاتا ہے جیسے *chalk, clay, coal,-p.*) - (۴) جوت ؛ کھوکھل - (۵) داغ ؛ نشان (چیچک وغیرہ کا) - (۶) (تھیٹر میں) سب سے نیچے کی نشست گاہ - (۷) (تھیٹر) سب سے نیچے کی نشست گاہ کے بیٹھنے والے -

cockpit : مرغوں کے لڑانے کی جگہ ؛ پالی -

dig a p for : (کسی کے لئے) گڑھا کھودنا؛ (کسی کو) دام میں پھنسانے کی کوشش کرنا -

p. of the stomach : جوف معدہ ؛ سینے سے نیچے پسلیوں کے بیچ کا جوف -

pitfall : (۱) اوگی ؛ ڈھکا ہوا گڑھا بڑے جانوروں کے پکڑنے کے لئے - (۲) (مجازاً) مقام لغزش ؛ چھپا خطرہ یا دھوکا -

pitman : (۱) کان‌کن - (۲) (امریکہ) مشین کی‌واصل سلاخ-

p. pony : معدنی ٹٹو ؛ وہ ٹٹو جو کان میں کام کرتا ہے -

saw-p. : آرہ گڑھا ؛ وہ مقام جہاں زیریں آرہ کش کھڑا ہوتاہے-

tan-p. : چمڑے کی دباغت کا گڑھا -

the p. (of hell) : جہنم ؛ قعر جہنم -

Pit, *v. t. & i.* : (۱) گڑھے میں رکھنا ؛ کھتے میں رکھنا (خصوصاً سبزی اور ترکاری وغیرہ کو) - (۲) (کتے کو) لڑنے کے لئے

لئے چھوڑنا ؛ (مرغے کو) پالی میں اتارنا ؛ (مجازاً) ایک شخص کو دوسرے سے لڑانا - (۳) نشان یا داغ ڈالنا - (۴) نشان پڑنا انگلی وغیرہ کے (جلد پر) - (۵) (*p. p.*) داغ دار ؛ نشان دار ؛ چیچک رو -

Pit-(a-)pat, *adv.* & *n.* : لڑ کھڑاتا ہوا ؛ دھڑکتا ہوا ؛ دھک دھک ؛ دھڑ دھڑ ؛ دھڑکن ؛ دھڑدھڑاہٹ ؛ پٹ پٹ -

his feet went p. : اس کے پاؤں لغزش کر رہے تھے ؛ لڑ کھڑا رہے تھے -

his heart went p. : اس کا دل دھڑک رہا تھا ؛ اس کا دل دھک دھک کر رہا تھا -

Pitch, *n.* & *v. t.* : (۱) زفت ؛ رال ؛ قیر ؛ تار کول - (۲) رال لگانا ؛ رال لتھیڑنا ؛ تار کول پھیرنا -

p. black : بالکل تاریک ؛ بالکل سیاہ -

p. -blende : یوریفیم کا اکسائڈ جو قیرانی اشیا میں پایا جاتا ہے -

p. -cap : تارکولی ٹوپی ؛ ایک قسم کی ٹوپی جس پر تار کول لگا ہوتا تھا (یہ ایک آلۂ عقوبت تھا) -

p. darkness : اندھیرا گھپ ؛ سرتا سر تاریکی -

p. -pine : قیرانی صنوبر ؛ وہ صنوبر جس میں سے قیر نکلتی ہے -

pitchstone : قیر نما پرانی آتش فشانی چٹان -

Pitch, *v. t.* & *i.* : (۱) (خیمہ) کھڑا کرنا ؛ لگانا ؛ نصب کرنا - (۲) چھاؤنی چھانا ؛ چھاؤنی ڈالنا ؛ ڈیرے ڈالنا ؛ خیمے نصب کرنے - (۳) قائم کرنا ؛ ایستادہ کرنا ؛ قرینے لگانا ؛ سلیقے سے رکھنا - (۴) نمائش کے لئے رکھنا - (۵) فرش بندی کرنا ؛ سنگ بندی کرنا ؛ (سڑک پر) پتھر بچھانا - (موسیقی) لے یا باجے کی آواز معین کرنا ؛ (مجازاً) خاص انداز یہ اسلوب بیان اختیار کرنا - (۷) (عامیانہ) کہنا ؛ بیان کرنا (قصہ کہہ) - (۸) پھینکنا ؛ گرانا - (۹) (کھیلوں میں) نشانے پر پھینکنا (چپٹی چیز) - (۱۰) سر کے بل گرنا ؛ سر کے بل زور سے گرنا - (۱۱) (جہاز کا) طولاً غوطہ مارنا (roll کا نقیض) -

p. -and -toss : ایک مہارت اور اتفاق کا کھیل جس میں سکے نشانے پر پھینکے جاتے ہیں -

pitched battle : ٹھنی ہوئی لڑائی ؛ وہ لڑائی جس میں فریقین جم کر لڑیں -

p. -farthing : ایک کھیل جس میں پیسہ یا کوئی اور سکہ بازی کے لئے پھینکا جاتا ہے -

p. in : (بول چال) شوق یا انہماک سے کام میں لگ جانا یا جٹ جانا -

p. into : (بول چال) مکوں ، گھونسوں ، ضربوں یا گالیوں کا جھاڑ باندھ دینا ؛ سختی سے حملہ کرنا ؛ (کھانے) پر ٹوٹ پڑنا -

p. upon : (کسی شے پر) ٹھہر انتخاب دینا ؛ اتفاقاً انتخاب کرلینا -

p. wickets : وکٹیں نصب کرنا -

Pitch, *n.* : (۱) جہاز کا غوطہ (صرف) - (۲) (کرکٹ) گیند پھینکنے کا انداز - (۳) مقدار مال جو منڈی میں بکری کے لئے رکھا جائے - (۴) (کرکٹ) وکٹوں کا درمیانی یا گرد و پیش کا فاصلہ - (۵) وہ مقام جہاں گلی کوچوں میں تماشا کرنے والا یا کھڑ دوڑ کا شرط باز کھڑا ہوتا ہے - (۶) وہ بلندی جہاں سے باز وغیرہ شکار پر جھپٹتے ہیں ؛ (مجازاً) انتہا ؛ منتہائے کمال ؛ درجہ (خوبی وغیرہ کا) - (۷) گانے میں آواز کا زیر و بم ؛ ٹھاہ اور دون - (۸) ڈھال ؛ درجۂ میلان ؛ ڈھلان یا جھکاؤ کا درجہ ؛ چھت کی ڈھلان کا درجہ ؛ (میکانی) کسی مشین یا پیچ کے سلسلہ وار نقطوں یا خطوط کا درمیانی فاصلہ ، مثلاً دندانے دار پہیے کے دندانوں کے درمیان کا فصل -

fly a high p. : انتہائی بلندی تک پرواز کرنا -

p. -pipe : بانسری یا نے جو منہ سے بجائی جاتی ہے -

p. -wheel : دندانے دار پہیا جو دوسرے میں پھنسا ہو -

Pitcher, *n.* : (۱) مٹی کی صراحی ؛ جھجری ؛ ٹھلیا وغیرہ جس میں ایک یا دو دستے لگے ہوں - (۲) (نباتیات) صراحی نما پتا -

little pp. have long ears : چھوٹی صراحیاں ، بڑے کان ؛ بچے بھی چھپ کر سن سکتے ہیں ؛ اطفال هم گوش دارند -

p. -plant : صراحی نما پودا جس میں حشرات الارض پھنس کر ان پودوں کی خوراک بن جاتے ہیں -

pitcherful, *n.* : صراحی بھر ؛ کھڑا بھر ؛ ٹھلیا بھر -

Pitcher, *n.* : (۱) نصب کرنے والا ؛ قائم کرنے والا (وغیرہ فاعلی معنوں میں) ؛ گیند پھینکنے والا خصوصاً *baseball* میں - (۲) پھیری والا ، جو کسی مقررہ جگہ پر اپنی دکان لگائے - (۳) وہ پتھر جو سڑک بنانے کے کام آئے ؛ فرش پتھر -

Pitchfork, *n.* & *v. t.* : (۱) جیلی ؛ دو شاخہ (جس سے گھاس وغیرہ اٹھا کر ڈالتے ہیں) - (۲) جیلی سے اٹھا کر رکھنا یا پھینکنا - (۳) (مجازاً) زبردستی ٹھونسنا (کسی شخص کو کسی عہدے پر) ؛ کسی کو جبراً کوئی عہدہ یا منصب دینا -

Pitchy, *a.* : تارکول کا ؛ سیاہ ؛ تارکول سا -

Piteous, *a.* : ترس کے قابل ؛ قابل همدردی ؛ درد ناک ؛ قابل رحم ؛ ملال انگیز ؛ افسوس ناک ؛ قابل افسوس -

piteously, *adv.* : درد ناک طور پر -

piteousness, *n.* : قابل رحم ، قابل افسوس یا ملال انگیز حالت -

Pith, *n.* & *v. t.* : (۱) (نباتیات) مغز ؛ گودا - (۲) نارنگی وغیرہ پھلوں کے چھلکوں کا گودا - (۳) ریڑھ کا عصبہ ؛ ریڑھ کا پٹھا - (۴) جوہر ؛ اصل ؛ لب لباب ؛ خلاصہ ؛ نچوڑ - (۵) قوت ؛ زور ؛ طاقت ؛ توانائی - (۶) جانوروں کو ریڑھ کی رگ کاٹ کر ذبح کرنا -

of p. and moment : اهم اور ضروری (شکسپیر کا هملیٹ ایکٹ ۳ سین اول سطر ۸۹) -

p. and marrow : لب لباب ؛ خلاصہ ؛ نچوڑ -

pithless, *a.* : بغیر گودے کا ؛ کم زور ؛ نا توان ؛ ضعیف -

Pithecanthrope, *n.* : آدم نما بندر ؛ بندر اور انسان کی درمیانی کڑی -

Pithecoid, *a.* : بوزنہ نما ؛ بندر جیسا ؛ میمونی -

Pithy, *a.* : (۱) گودے کا ؛ گودے جیسا ؛ گودے دار ؛ پر مغز - (۲) پر مغز ؛ پر معنی ؛ عاقل و دل -

pithily, *adv.* : پر مغز طور پر ؛ پر معنی انداز میں -

pithiness, *n.* : پر مغزی -

Pitiable, *a.* : (۱) قابل رحم ؛ واجب الرحم ؛ لائق ترحم - (۲) افسوس ناک ؛ قابل افسوس ؛ قابل نفرت یا حقارت -

pitiableness, *n.* : قابل رحم یا واجب الرحم حالت ؛ قابل نفرت یا لائق حقارت حالت ؛ مسکنت

pitiably, *adv.* : قابل رحم طور پر ؛ واجب الرحم انداز سے ؛

نفرت خیز طریقے سے -

Pitiful, *a.* : (۱) رحم دل ؛ درد مند - (۲) واجب الرحم ؛ قابل ترحم؛ درد انگیز (۳) قابل افسوس؛ قابل نفرت - (۴) ذلیل؛ حقیر-

pitifully, *adv.* : دردمندی سے؛ قابل رحم طور پر؛ ذلیل طور پر-

pitifulness, *n.* : درد مندی ؛ نفرت انگیز حال-

Pitiless, *a.* : بے رحم؛ بے درد؛ شقی؛ شقی القلب ؛ سنگ دل -

pitilessly, *adv.* : بے رحمانہ ؛ بے دردانہ ؛ سنگ دلانہ ؛ جابرانہ؛ ظالمانہ طور پر -

pitilessness, *n.* : بے رحمی ؛ بے دردی؛ سنگ دلی؛ قساوت-

Pitpan, *n.* : وسطی امریکہ میں ایک قسم کی کشتی -

Pittance, *n.* : (۱) (تاریخ) کسی دینی ادارے کے حق میں مزید خوراک کے لئے وصیت - (۲) قلیل وظیفہ ؛ حقیر روزینہ ؛ قلیل معاوضہ جیسے a mere p. یعنی بہت تھوڑی تعداد یا رقم -

Pittite, *n.* : شخص جو ناٹک گھر میں سب سے ادنی درجے کی نشست پر بیٹھتا ہو-

Pituitary, **pituitous**, *aa.* : بلغمی ؛ بلغم خیز ؛ بلغم زا ؛ رطوبت خیز ؛ آنف یا لعاب پیدا کرنے والا -

Pity, *n.* & *v. t.* : (۱) رحم ؛ دردمندی ؛ ترس ؛ ہمدردی ؛ شفقت ؛ دل سوزی - (۲) افسوس؛ تاسف - (۳) رحم کھانا ؛ ترس کھانا ؛ افسوس کرنا (کسی پر) -

for p.'s sake : خدا کے لئے ! ؛ لِلّٰہ ! -

I pity you if you think that : اگر آپ یہ خیال کرتے ہیں تو مجھے آپ پر افسوس ہے -

it is a thousand pp. you did not mention it : حیف صد حیف تم نے یہ ظاہر نہیں کیا -

it is or was p. of them : (قدیم) دیکھنے والوں کو ان پر رحم آتا ہے یا آتا تھا -

more's the p. : یہ زیادہ افسوسناک بات ہے -

take p. on me : مجھ پر رحم کیجئے-

what a p. ! : کیا افسوس ہے ؛ بڑے افسوس کی بات ہے -

pityingly, *adv.* : از راہ ترحم ؛ از روئے تاسف -

Pivot, *n. v. t.* & *i.* : (۱) چول؛ محور؛ مدار - (۲) (فوجی) لین کے ایک سرے پر کا سپاہی جس کے گرد فوجی دستہ گھومتا ہے - (۳) (مجازاً) اصلی یا مرکزی نقطہ ' یعنی وہ جس پر کسی معاملے یا واقعے کا اصلی دار و مدار ہو - (۴) محور یا چول لگانا - (۵) (نیز مجازاً) گھومنا -

pivotal, *a.* : محوری ؛ مرکزی وغیرہ -

Pixy, **-xie**, *n.* : پری -

Pizzicato, *adv. a.* & *n.* : (۱) (بجائے کمانچے کے) سارنگی وغیرہ کو انگلیوں سے (بجانا) - (۲) اس طرح بجایا ہوا - (۳) جو راگ یا اگنی اس طرح بجائی جائے -

Pizzle, *n.* : (سوقیانہ) کسی چوپایے کا ذکر خصوصاً بیل کا ' جو کسی زمانے میں تازیانے کا کام دیتا تھا -

Placable, *a.* : نرم ؛ حلیم ؛ نرم دل ؛ برد بار ؛ جلد معاف کرنے والا ؛ عفو شعار ؛ جلد دھیما یا ٹھنڈا ہوجانے والا ؛ تشفی پذیر -

placability, *n.* : نرمی ؛ ملائمت ؛ حلم ؛ عفو شعاری؛ بردباری-

placably, *adv.* : نرمی یا ملائمت سے ؛ حلم سے؛ برد باری سے -

Placard, *n.* & *v. t.* : (۱) اشتہار ؛ اعلان ؛ پوسٹر - (۲) اشتہار دینا ؛ اعلان کرنا ؛ اشتہار لگانا یا چسپاں کرنا ؛ پوسٹر لگانا -

Placate, *v. t.* : تشفی کرنا ؛ تسکین کرنا ؛ اطمینان دلانا ؛ مطمئن کرنا؛ راضی کرنا؛ خوش کرنا ؛ منانا ؛ رضامند کرنا ؛ دل ہاتھ میں لینا؛ (امریکہ) مخالف کو چشم پوشی کرنے پر راضی کرنا -

Place, *n.* : (۱) جگہ ؛ مقام؛ محل - (۲) جگہ ؛ جاے؛ ٹھکانا (کسی شخص یا شے کا) - (۳) شہر ؛ قصبہ ؛ قریہ ؛ گاؤں ؛ دیہ ؛ دیہات - (۴) مکان ؛ گھر - (۵) دیہاتی مکان مع متعلقہ اراضی کے- (۶) عمارت ؛ مقام (کسی خاص مقصد کے لئے مثلاً تفریح ' عبادت وغیرہ)- (۷) کسی جسم یا سطح پر نشان یا جگہ- (۸) زخم ؛ گھاؤ- (۹) کوئی مقام (کسی کتاب یا تحریر میں) - (۱۰) درجہ ؛ رتبہ ؛ مرتبہ؛ حیثیت - (۱۱) (گھڑ دوڑ کے مقابلے میں) درجہ یا نمبر - (۱۲) اعداد اعشاریہ میں کسی عدد کا درجہ (جیسے calculated to 50 decimal pp.) - (۱۳) بیان یا دلیل کا نمبر (جیسے in the first, second p.) - (۱۴) مناسب یا ٹھیک جگہ؛ موقع (جیسے take your pp., there is no p. for doubt)- (۱۵) نشست ؛ گنجائش ؛ سمائی (گاڑی وغیرہ میں) - (۱۶) اسامی ؛ منصب ؛ عہدہ - (۱۷) فرائض متعلقہ (جیسے it is not my p. to inquire into that)-

a sore p. on his wrist : اس کی کلائی پر زخمی جگہ -

give p. to : جگہ دینا ؛ کسی کے لئے جگہ خالی کرنا -

he is in his p. : وہ اپنی مناسب جگہ پر ہے -

he is out of his p. : وہ اپنی اصلی جگہ پر نہیں -

in p. : بجا ؛ موزوں ؛ مناسب ؛ بر محل -

in p. of : بجاے ... ؛ ... کی جگہ -

it has changed its p. : اس نے اپنی جگہ بدل دی ' اپنا مقام بدل دیا -

it is not my p. to inquire into that : یہ میرا منصب نہیں کہ اس کی تفتیش کرتا پھروں -

keep him in his p. : اس کو اپنی جگہ پر رکھو -

out of p. : بے جا ؛ بے محل ؛ نا موزوں ؛ نا مناسب -

p. (-kick) : (فٹ بال) ٹھوکر جو اس گیند کو لگائی جائے جو دوسرا کھلاڑی اس غرض سے زمین پر رکھتا ہے -

placeman : ملازم سرکاری ' خصوصاً ایسا شخص جو ذاتی فائدے کے لئے کسی خدمت پر مقرر کیا جاتا ہے ' خواہ اس میں اس عہدے کی صلاحیت ہو یا نہ ہو -

servants must know their p. : نوکروں کو اپنا مرتبہ یا اپنی حیثیت معلوم ہونی چاہیے -

take p. : واقع ہونا ؛ وقوع پذیر ہونا ؛ وجود میں آنا -

take the p. of : کسی کی جگہ لینا ؛ قائم مقامی کرنا -

take two pp. in the coach : گاڑی میں دو نشستیں لے لو -

take your pp. : اپنی (اصلی) جگہ پر جاؤ -

there is always a p. for you at our table : ہمارے دستر خوان پر آپ کے لئے ہمیشہ جگہ ہے -

there is no p. for doubt : اس میں شک وشبہ کی گنجائش نہیں-

Place, *v. t.* : (۱) رکھنا ؛ لگانا - (۲) قرینے سے لگانا ؛ ٹھکانے سے رکھنا - (۳) مقرر کرنا ؛ متعین کرنا ؛ تعینات کرنا (خصوصاً اہل کلیسا کو کسی منصب پر) - (۴) (کسی کے لئے اسامی) تلاش کرنا ؛ روز گار کا انتظام کرنا - (۵) (روپیہ) بنک میں رکھنا یا جمع کرنا یا کسی کاروبار میں لگانا - (۶) (مال) خریدار کے

ھاتھ بیچنا؛ خریدار کے حوالے کر دینا- (۷) (مال کو) فرمائش کرنا (کسی کمپنی وغیرہ سے) - (۸) (اعتماد) رکھنا؛ (اعتماد) کرنا؛ بھروسا کرنا - (۹) درجہ معین کرنا؛ رتبہ مشخص کرنا - (۱۰) مقام مشخص کرنا؛ کھوڑ دوڑ میں گھوڑوں کا نمبر یا درجہ بیان کرنا (خصوصاً پہلے تین گھوڑوں میں سے کسی ایک کا نمبر یا درجہ) - (۱۱) مقامی ٹھوکر (*place-kick*) سے (گول) کرنا -

be placed : پہلے تین گھوڑوں میں ھونا؛ پہلے تین گھوڑوں میں آنا -

Placenta, *n.* : (حیوانیات و نباتیات) آنول نال -

placental, *a.* آنول نالی -

Placer, *n.*: ریت، بجری، کنکر وغیرہ کی تہ جس میں قیمتی معدنیات کے ریزے ھوں -

Placet, *sent.*, & *n.*, *P. non p.*: (۱) (لاطینی جملہ) میں اسے پسند کرتا ھوں، میں اسے پسند نہیں کرتا (قدیم یونیورسٹیوں میں بڑی رائے دھی کے فقرے تھے جس سے تجویز کی موافقت یا مخالفت ظاہر کی جاتی تھی) - (۲) (اسم) ایسی رائے یا ووٹ -

Placid, *a.* : سکون یا پر سکون؛ نرم؛ حلیم؛ پر اطمینان؛ مطمئن -

placidity, *n.* : نرمی؛ سکون؛ دل جمعی؛ خاطر جمعی -

placidly, *adv.*: نرمی سے؛ خاطر جمعی سے -

Placket, *n.* : جیب؛ کیسہ (خصوصاً عورتوں کے کوٹ میں) -

p. hole : جیب کا منہ -

Placoid, *a.* : قاب نما؛ رکابی کی شکل کا؛ قاب نما (فلس)؛ قاب نما فلس والی (مچھلی) -

Plafond, *n.*: چھت (خصوصاً جس پر نقاشی ھو)؛ چھت کے نقش و نگار؛ چھت کی نقاشی -

Plagal, *a.* : (موسیقی) ایک قسم کا کلیسائی نغمہ -

p. cadence : ایک قسم کا تال -

Plagiarize, *v. t.* : سرقہ کرنا (کسی کے خیال، مضمون یا ایجاد کا) -

plagiarism, *n.* سرقہ (مضمون وغیرہ کا) -

plagiarist, *n.* : سارق، سرقہ کرنے والا (مضمون وغیرہ کا) -

plagiary, *n.* : (۱) سرقہ (مضمون وغیرہ کا) - (۲) ادبی سرقہ کرنے والا -

Plagio -: (سابقہ) ترچھا -

plagiocephalic: ترچھے سر والا؛ جس کی کھوپڑی دونوں جانب نا ھموار ھو یعنی اگلا حصہ ایک طرف اور پچھلا حصہ دوسری طرف بڑھا ھوا ھو -

plagioclastic : ترچھے شگاف والے معدنیات؛ وہ معدنیات جو ترچھے شگاف رکھتے ھوں -

plagiostome : وہ مچھلی جس کا منہ تھوتھنی کے نیچے ترچھا ھوتا ھے (مثلاً شارک) -

Plague *n.* & *v.t.*: (۱) طاعون؛ پلیگ؛ وبا - (۲) عذاب الٰہی؛ غضب الٰہی؛ قہر الٰہی - (۳) (بول چال) تکلیف؛ زحمت؛ بلا؛ باعث زحمت - (۴) (خصوصاً *the p.*) طاعون؛ گلٹی دار طاعون؛ وہ طاعون جس میں مختلف مقامات میں گلٹیاں نمودار ھوتی ھیں - (۵) طاعون میں مبتلا کرنا - (۶) (بول چال) دق کرنا؛ پریشان کرنا -

p. on it! : (بد دعا) اس پر خدا کی مار؛ لعنت -

p.-spot : (۱) جسم کا وہ مقام جہاں طاعونی گلٹی ھو - (۲) وہ جگہ یا مقام جو طاعون سے متاثر ھو - (۳) (مجازاً) چشمۂ بد اخلاقی؛ علامت بد اخلاقی -

plaguesome, *a.* : (بول چال) دق کرنے والا؛ ستانے والا؛ ناگوار -

Plaguy, *a.* & *adv.* : (۱) طاعونی - (۲) (بول چال) پریشان کرنے والا؛ ستانے والا؛ دق کرنے والا - (۳) پریشان کن طور پر؛ نہایت؛ بے انتہا (جیسے *I was p. glad to get back again*) -

plaguily, *adv.* : پریشان کن طریقے سے -

Plaice, *n.* : ایک چپٹی مچھلی جو یورپ میں پائی جاتی ھے -

Plaid, *n.* : پلید؛ اونی چارخانہ؛ اونی چارخانے (شوال) کا کپڑا؛ چارخانہ دار کپڑا یا چوخانہ کپڑا جس کا ھائی لینڈ والے لباس بناتے ھیں -

plaided, *a.* : چارخانہ دار؛ اس لباس میں ملبوس -

Plain *a. adv.* & *n.*:(*p. words, English* جیسے) (۱) سادہ؛ آسان (۲) سیدھا سادہ؛ بغیر کنچلک کے جیسے *p. sewing* - (۳) صاف؛ سادہ؛ بے رنگ؛ بے آرائش (خاکہ یا نقشہ وغیرہ) - (۴) سادہ (کھانا) - (۵) (*adv.*) صاف صاف؛ صاف؛ صحیح؛ ٹھیک ٹھیک؛ بے کم و کاست؛ صریحاً آشکار (جیسے *learn to speak p.* صاف بولی سیکھو) - (۷) (*N.*) میدان؛ ھموار خطہ (بخلاف کوھستان)؛ میدانی علاقہ - (۹) سادہ؛ خالی از عیش و عشرت (زندگی) (جیسے *p. living*) - (۸) صاف گو؛ کھرا؛ راست گو - (۹) سیدھا سادہ؛ معمولی (جیسے *I am a p. man*) - (۱۰) سادہ؛ گھریلو؛ معمولی (وضع قطع، آداب و عادت، لباس) - (۱۱) بد صورت؛ کم رو جیسے *a pity the poor girl is so p.* -

p. as a pikestaff : بالکل صاف سیدھا -

p. cards :- تاش کے سادہ پتے (جو بادشاہ، بیگم، غلام وغیرہ میں سے نہ ھوں) -

p.-chant, p.-song: ایک قسم کی مذھبی موسیقی جو اصول و قواعد کی شدید پابند نہیں ھوتی -

p. clothes : سادہ کپڑے؛ سادہ لباس؛ وردی کے علاوہ دوسرے کپڑے -

p. dealing:- راست معاملگی؛ صاف معاملہ؛ صاف دلی؛ اخلاص مندی -

plainsman : میدانی؛ میدان کا رھنے والا -

p. sailing: - آسان جہاز رانی؛ (مجازاً) نہایت آسان طریق کار -

p. spoken: صاف گو -

p. suit : سادہ ھاتھ (جو ترپ نہ ھو) -

p. tile : صاف چپٹی کھپریل -

plainly, *adv*: صاف طور پر؛ واضح طور پر؛ سادہ طور پر؛ بے تکلف انداز سے؛ بے کم و کاست؛ صاف صاف؛ صریحاً؛ ظاھراً -

plainness, *n.*: ھمواری؛ سادگی؛ وضاحت؛ صراحت؛ درستی؛ راستی؛ بے تکلف پن؛ کھرا پن؛ سچائی؛ معمولی ھونا -

Plain, *v. i.* : (قدیم، شاعرانہ) نوحہ کرنا؛ ماتم کرنا؛ زار نالی کرنا؛ نالہ کرنا؛ فریاد کرنا؛ شکایت کرنا؛ ماتمی آواز نکالنا؛ ماتمی نغمہ ادا کرنا -

Plaint, *n.* : (۱) (قانون) عرضی دعوی - (۲) (شاعرانہ) ماتم؛ نوحہ؛ شکایت؛ فریاد -

Plaintiff, *n.* : مدعی؛ دعوی دار؛ دعوی کرنے والا -

Plaintive, *a.* : غم آلود؛ غم آگین -

plaintively, *adv.* : غم آلودانہ -

plaintiveness, *n.* : غم آلودگی؛ غم آگینی -

Plait, *n.* & *v.t.*: (۱) تہ؛ شکن؛ چنائی؛ چنٹ؛ چین - (۲) لٹ

ڈالل - (۳) بنا ہوا فیتہ یا بٹی ہوئی گھاس - (۴) تہ کرنا ؛ شکن ڈالنا ؛ چلت ڈالنا ؛ چنٹ ڈالنا ؛ چٹیا گوندھنا ؛ گھاس وغیرہ بٹنا -

Plan, *n. & v. t.* : (۱) نقشہ ؛ خاکہ - (۲) تفصیلی نقشہ (شہر وغیرہ کا) - (۳) نقشۂ اوقات ؛ پیش نامہ ؛ اوقات نامہ ؛ مقامات نامہ - (۴) تجویز ؛ منصوبہ - (۵) تدبیر ؛ ترکیب - (۶) طریق کار ؛ طریق عمل ؛ طرز عمل ؛ روش ؛ رویہ - (۷) فرضی سطوح میں سے کوئی ایک جو خط نظر کی عمودی سطح ہے تصویر کی شکلوں میں گزرتی ہوئی نظر آتی ہے - (۸) نقشہ بنانا ؛ خاکہ کھینچنا - (۹) تدبیر کرنا ؛ سوچنا ؛ منصوبہ باندھنا ؛ تجویز کرنا -

p. of campaign : دیکھو Campaign -

planless, *a.* : بے منصوبہ ؛ بے نظم ؛ بے ترتیب ؛ بے اصول -

Planch, *n* : دھات کی تختی یا پتھر کی سل ؛ (خصوصاً) پکی ہوئی مٹی کی سل جو مینا سازی میں کام آتی ہے -

Planchet, *n.* : دھات کی سادہ ٹکیا جس کا سکہ بنتا ہے ؛ دھاتی قرص جس کا سکہ مسکوک ہوتا ہے -

Planchette, *n.* : پلینچیٹ ؛ یہ ایک قسم کا خود نویس آلہ ہے جو دو پہیوں اور ایک پنسل پر قائم ہوتا ہے اور جب آدمی اس پر انگلیاں رکھتا ہے تو یہ پنسل خود بخود لکھنے لگتی ہے -

Plane, *n.* : چنار کی قسم کا درخت -

p.-tree : درخت چنار -

Plane, *n. & v. t.* : (۱) رندہ - (۲) دھات صاف کرنے کا رندہ - (۳) رندے سے چھیلنا یا ہموار کرنا ؛ رندہ پھیرنا ؛ صاف کرنا ؛ برابر کرنا -

jack p. : موٹے کام کا رندہ -

moulding-p. : سانچے بنانے کا رندہ -

p. the way : (قدیم) رستہ صاف یا ہموار کرنا -

smoothing-p. : نفیس کام کا رندہ -

trying-p. : باریک کام کا رندہ -

Plane, *n. & v. i.* : (۱) سطح ؛ سطح مستوی ؛ سطح ہموار - (۲) چپٹی باریک شے جیسے میز کی سطح یا ہوائی جہاز کی میز نما چھت - (۳) (جمع) ہوائی جہاز - (۴) بلورین قلم کا پہلو ؛ منشور مثلثی کا رخ - (۵) کان میں جڑی سڑک - (۶) (مجازاً) سطح خیال ؛ سطح علم (جیسے *his superstition places him on the same p. as the savage*) - (۷) ہوائی جہاز میں سفر کرنا یا سیر کرنا -

inclined p. : سطح مائل -

p. sailing : (۱) جہاز کے مقام کا تعین کرنا ' اس نظریے کے مطابق کہ وہ ہموار سطح میں سفر کر رہا ہے ؛ مستوی رانی - (۲) (مجازاً) نہایت سہل طریقۂ کار (اب عموماً plain sailing مستعمل ہے) -

Plane, *a.* : بالکل ہموار یا مسطح ؛ مستوی -

p. chart : نقشہ جس پر خطوط زوال اور متوازی خطوط عروج مساوی المسافت خطوط مستقیم سے دکھائے جاتے ہیں (یہ نقشہ مستوی رانی میں کام آتا ہے) -

p.-table : (۱) پیمائشی آلہ جو نقشے بنانے میں زاویہ پیمائی کے کام آتا ہے - (۲) اس پیمائشی آلہ سے (رقبہ کی) پیمائش کرنا -

Planet, *n.* : (۱) (تاریخ) سیارہ ؛ وہ جرم فلکی جو حرکت کرتا نظر آتا ہے (ضد ستارہ) - (۲) (ہیئت) وہ جرم فلکی جو آفتاب کے گرد گھومتا ہے - (۳) (نجوم) طالع ؛ سیارہ جس کا اثر اشخاص و واقعات پر پڑتا ہے -

major pp. : سیارات کلاں (عطارد ' زہرہ ' ارض ' مشتری ' مریخ ' زحل ' یورے نس ' نپ چون) -

minor pp. : سیارات صغیرہ (ان کے مدار مشتری اور مریخ کے مداروں میں واقع ہیں) -

p. struck, -stricken : حیران پریشان ؛ ہکا بکا ؛ خوف زدہ -

primary pp. : سیارات اولیہ ؛ سیارات اولیٰ جو سورج کے گرد گھومتے ہیں -

secondary pp. : سیارات ثانویہ جو سیارات اولیہ کے گرد گھومتے ہیں -

sun-and-p. : دیکھو Sun -

Planet, *n.* : عیسائیوں کی عید قربان و فطر کے موقع پر رسوم ادا کرنے والے کے پشت و دوش کا حلۂ عبادت -

Planetarium, *n.* : نظام سیارات کا نمونہ -

Planetary, *a.* : (۱) سیاری ؛ متعلق بہ سیارات - (۲) دنیوی ؛ سماوی - (۳) متحرک ؛ گرداں -

p. hour : معمولی گھنٹہ (دن یا رات کا بارھواں حصہ) -

p. influence : سیاروں کا اثر یا عمل -

p. motions : حرکات سیاری -

p. system : نظام سیاری ؛ نظام شمسی -

Planetoid, *n.* : سیارۂ صغیرہ ؛ نجمیہ ؛ سیارچہ -

Plangent, *a.* : (آواز) مرتعش ؛ ارتعاش پذیر ؛ اهتزاز پذیر ؛ کپکپانے والی ؛ گریہ و زاری کی ؛ غمگین ؛ مسلسل ؛ متواتر -

plangency, *n.* : (آواز کا) ارتعاش ؛ اهتزاز ؛ رقت و گریہ کی آواز -

Plani- : (سابقہ بمعنی) ہموار ' مسطح مثلاً :-

planimeter : آلۂ پیمائش سطح (خاص کر بے قاعدہ شکل کی سطح کی پیمائش کا) -

planimetry : سطح پیمائی -

planimetric(al) : سطح پیمایانہ -

planipetalous : مسطح پنکھڑی والا ؛ چپٹی پنکھڑی والا -

planisphere : کرۂ مسطحہ ؛ کرۂ فلکی کا نقشہ -

planispheric : کرۂ مسطحہ کا -

revolving planisphere : ایک آلہ جس سے آسمان کا وہ حصہ ظاہر ہوتا ہے جو کسی خاص وقت یا مقام پر نظر آتا ہے -

Planish, *v. t.* : (۱) چپٹا کرنا - (۲) (سکہ بنانے کے لئے دھات کے ٹکڑوں کو) چپٹا کرنا - (۳) (تصویر وغیرہ پر) رول پھیر کر پالش کرنا -

planisher, *n.* : چپٹا کرنے والا (شخص) ؛ چپٹا کرنے کی مشین -

Plank, *n.* : (۱) تختہ ؛ تختی ؛ پٹرا ؛ پٹری ؛ لوح - (۲) سیاسی پیش نامے (پروگرام) کا کوئی جز -

p. bed : سونے کا تختہ جس پر توشک وغیرہ نہیں ہوتی (قید خانے میں قیدیوں کے لئے) -

walk the p. : جہاز کے کنارے کے تختے پر آنکھوں پر پٹی باندھ کر چلنا (بحری ڈاکو اپنے اسیروں کی آنکھوں پر پٹی باندھ کر انہیں اس تختے پر چلنے کے لئے مجبور کرتے جو سمندر میں نکلا ہوتا ہے یہ ان کا انداز قتل ہے) -

Plank, *v. t.*: (۱) تختے لگانے ؛ تختے جڑنے ؛ تختہ بندی کرنی ؛ تختے چھانے ؛ تختوں سے ڈھکنا ؛ تختے بچھانے ؛ تختوں کا فرش کرنا - (۲) (عامیانہ) (*p. down*) (روپیہ پیسہ) رکھ دینا ؛ روپیہ فوراً ادا کر دینا -

planking, *n.*: تختہ بندی وغیرہ -

Plankton, *n.*: سمندری حیوانات و نباتات (یہ ایک عام نام اُن تمام دریائی حیوانات و نباتات کا ہے جو سمندر ، دریا وغیرہ پر بہتے ، تیرتے ، پھرتے رہتے ہیں) -

Plano-: (سابقہ بمعنی) مسطح ، چپٹا وغیرہ -

plano-concave: جس کی سطح کا ایک رخ مستوی دوسرا مجوف ہو ؛ مسطح مجوف -

plano-convex: جس کی سطح کا ایک رخ مستوی دوسرا محدب ہو ؛ مسطح محدب -

planometer: سطح پیما -

Plant, *n.*: (۱) پودا ؛ بوٹا ؛ نبات - (۲) نشو و نما ؛ اُگنا ؛ بڑھنا - (۳) وضع ؛ حالت - (۴) مشین اور اس کے متعلقات ؛ (مجازاً) دماغی کام کی مشین - (۵) (عامیانہ) دھوکا ؛ فریب ؛ جھانسا ؛ نقب یا سرقہ - (۶) (عامیانہ) سراغ رساں ؛ سراغ رسانوں کا طائفہ -

in p.: نشو نما میں ؛ اگتا ہوا -

lose p.: مر جانا ؛ مرجھا جانا -

miss p.: نہ اُگنا ؛ نہ پھوٹنا -

p.-louse: ایک قسم کا درخت کا کیڑا ؛ روکھہ جوں -

plantlet, *a.*: شجر چہ ؛ چھوٹا پودا یا بوٹا -

plantlike, *n.*: بوٹا سا ؛ پودا سا ؛ نبات نما -

Plant, *v. t.*: (۱) (بیج) بونا ؛ (پودا) لگانا ؛ (بیز)لگانا ؛ (جڑ) جمانا - (۲) (درخت) نصب کرنا ؛ گاڑنا ؛ جمانا - (۳) (تالاب وغیرہ میں مچھلیاں) چھوڑنا (افزائش نسل کے لئے) - (۴) (کسی جگہ پر) متعین کرنا ؛ مقرر کرنا (شخص کو خصوصاً بطور جاسوس کے) - (۵) قائم کرنا ؛ آباد کرنا ؛ بنا ڈالنا ؛ بستی بسانا - (۶) بسانا (کسی شخص کو) کسی مقام پر - (۷) جا گزیں کرنا ؛ دل نشین کرنا (کسی خیال کا) - (۸) (کسی قطعۂ اراضی پر) (درخت) نصب کرنا ؛ شجرزار بنانا - (۹) (گھونسا وغیرہ) رسید کرنا - (۱۰) (عامیانہ) چھپانا ؛ مخفی رکھنا (خصوصاً مال مسروقہ کو) - (۱۱) (عامیانہ) دفن کرنا ؛ مدفون کرنا - (۱۲) (عامیانہ) کان میں (زر ریزے یا کچھ) کے کا ت ڈالنا کہ خریدار دھوکا کھائیں - (۱۳) (عامیانہ) سازش کرنا ؛ فریب کا منصوبہ باندھنا ؛ فریب آمیز سازش کرنا - (۱۴) ترک کرنا ؛ چھوڑ دینا ؛ قطع تعلق کرنا (جیسے *there I was fairly planted*) -

p. oneself: اپنے تئیں قائم کرنا ؛ مضبوطی سے کھڑا ہونا -

p. out: پرد لگانا ؛ نلاؤ کرنا ؛ کسی پودے کو گملے وغیرہ میں سے نکالنا اور کھلی زمین میں لگانا -

plantable, *a.*: لگانے کے لائق ؛ اُگانے کے قابل -

Plantagenet, *n.* & *a.*: (۱) اس خاندان کا رکن جس کا بانی جیفرے آف آنجو (*Geoffrey of Anjou*) تھا ؛ خصوصاً ہنری دوم سے رچرڈ سوم تک کوئی انگریزی بادشاہ - (۲) اس خاندان کا -

Plantain, *n.*: ایک قسم کی جھاڑی (خصوصاً *Greater P.*) جو زمین سے ملتی ہوئی پھیلتی ہے -

Plantain, *n.*: کیلا ؛ موز -

Plantar, *a.*: تلوے کا ؛ تلوے کے متعلق ؛ کف پا کی جانب -

Plantation, *n.*: (تشریح) (۱) مزرعہ ، شجر زار ؛ کشت - (۲) کارخانۂ کاشت ؛ کاشت سال ؛ جائداد (جن میں پہلے غلام کاشت وغیرہ کا کام کرتے تھے) - (۳) (تاریخ) بستی ؛ نو آبادی -

p. song: وہ راگ جو حبشی غلام امریکن مزرعہ میں گاتے تھے -

Planter, *n.*: (۱) مزارع ؛ کاشت کار ؛ کسان - (۲) (آئرستان) وہ انگریز جو ۱۷ ویں صدی میں ضبط شدہ جائدادوں پر قابض ہوا - (۳) مالک کارخانۂ کاشت (خصوصاً گرم یا نیم گرم ملکوں میں) (جیسے *coffee, sugar -p.*) - (۴) تخم بندی کی مشین ؛ بونے کی مشین ؛ آلو ، غلہ وغیرہ بونے کی مشین مثلاً *corn-p.* *potato-p.* وغیرہ -

plantership, *n.*: مالک کارخانہ ہونا -

Plantigrade, *a.* & *n.*: تلوؤں کے بل چلنے والا (جانور یا انسان) -

Plantocracy, *n.*: جزائر غرب الہند میں کاشت والوں کی حکومت -

Planxty, *n.*: ایک قسم کی صدائے بربط -

Plaque, *n.*: (۱) دھات یا چینی کی منقش یا سادہ تختی یا لوح - (۲) (مرضیات) داد ؛ دھوڑا -

plaquette, *n.*: چھوٹی تختی یا لوح -

Plash, *n.*: (۱) دلدل ؛ جوہڑ - (۲) ڈبرا ؛ چھپری -

plashy, *a.*: دلدل بھرا ؛ کیچڑ بھرا ؛ دلدلی ؛ ڈبروں سے بھرا ہوا -

Plash, *v. t.* & *i.* & *n.*: (۱) پانی چھپ چھپ کرنا ؛ چھپل چھپل کرنا ؛ کھلکھولنا ؛ جھکولنا ؛ چھینٹیں اُڑانا - (۲) فوطہ ؛ ڈبکی یا اس کی آواز -

plashy, *a.*: چھپ چھپ کرنے والا ؛ چھینٹیں اُڑانے والا (فوارہ وغیرہ) -

Plash, *v. t.*: (شاخیں) جھکا کر اور ایک دوسری میں گوندھ کر باڑ بنانا -

Plasm, *n.*: خلیے کا زندہ مادہ ؛ نطفہ مایہ ؛ مادۂ حیات ؛ حیاتیہ ؛ خون یا دودھ کا رقیق حصہ -

Plasma, *n.*: (۱) حجر الصلب اخضر ؛ سبز حجر الصلب - (۲) خون کا انجماد پذیر بے رنگ حصہ ؛ خون کا وہ رقیق حصہ جس میں جسیمے بہتے پھرتے ہیں ؛ پانچھا ؛ ملف ؛ حیاتیہ -

plasmatic, plasmic, *aa.*: نطفہ مایہ کا ؛ متعلق بہ مادۂ حیات -

Plasmin, *n.*: وہ مادہ جو خون کے رقیق حصے سے حاصل ہوتا ہے ؛ پلاسمین -

Plasmo-: (سابقہ بمعنی) اصلی نطفہ مایہ -

plasmogen: اصلی نطفہ مایہ

plasmogeny, -gony: طریقۂ خود تولید -

plasmology: جسیموں کا مطالعہ ؛ جسیمات -

plasmolysis: نباتی خلیے کے نطفہ مایہ کا سکڑنا -

plasmolyse: نباتی خلیے کے نطفہ مایہ کا سکیڑنا -

plasmolytic: خلیۂ نباتی کے نطفہ مایہ کے سکڑنے کے متعلق یا جو اس کا باعث ہو ؛ جس میں اس طرح سکڑنے کا عمل ظاہر ہو -

Plasmodium, *n.* (pl. -ia): (حیاتیات) (۱) عریاں نطفہ مایہ کا ڈھیلا جو بہت لو اجسام کے اجتماع سے بن جاتا ہے - (۲) طفیلی

جراثیم جو ملیریا کے مریضوں میں پائے جاتے ہیں -

Plaster, n.: (۱) پھایا ؛ پلاستر ؛ ضماد ؛ لیپ - (۲) پلاستر ؛ کہگل ؛ سفیدی ؛ قلعی -

court p.: (۱) چپک پھایا (جو زخم یا خراش پر لگا یا جاتاھے)- (۲) سترھویں اور اٹھارھویں صدی میں درباری خواتین سیاہ ریشم کے ٹکڑے افزائش رنگ کے لئے چہرے پر پہنتی تھیں -

mustard -p.: رائی کا پلاستر -

p. of Paris: پیرسی پلاستر (نفیس سفید کھر یامٹی کا پلاستر جو بطور سیمنٹ کے بھی استعمال ھوتا ھے)-

sticking -p.: چپکنے والا پلاستر-

plastery, a.: پلاستری ، پلاستر دار

Plaster, v. t.: (۱) لیپنا ؛ پوتنا ؛ پوچا پھیرنا ؛ سفیدی پھیرنا ؛ رنگ کرنا ، پھیرنا یا چڑھانا ؛ استر کاری کرنا ؛ استر چڑھانا ؛ قلعی کرنا ؛ (مجازاً) حد سے زیادہ تعریف کرنا - (۲) پلاستر لگانا یا چڑھانا ؛ پھایا لگانا یا چڑھانا ؛ (مزاحاً) معاوضہ دینا ، بدلہ دینا ؛ تلافی کرنا - (۳) چپکانا ؛ لگانا ؛ پلاستر کی طرح لگانا - (۴) شراب میں (کھر یا مٹی) ملانا اس کی تیزی کم کرنے کے لئے -

plasterer, n.: پلاستر کار؛ پلاستر کرنے والا ؛ سفیدی پھیرنے والا -

Plastic, a.: (۱) ڈھالنے کا ؛ ڈھالنے کے متعلق ؛ ڈھالنے کی خصوصیت رکھنےوالا - (۲) تکوینی اشکال طبعی کا نشو و نما دینے والا- (۳) ڈھلنے والا؛ سانچے میں ڈھلنے کے لائق ؛ صورت پذیر؛ شکل پذیر - (۴) (مجازاً) لچک دار؛ لچکیلا ؛ نرم؛ ملائم - (۵) (حیاتیات) زندہ نسیج بنانے یا بننے کی صلاحیت رکھنے والا؛ تکوینی - جس میں یہ عمل پایا جائے (جیسے *p. bronchitis*) -

p. arts: فنون شکل تراشی ؛ وہ فن جن میں (بخلاف نقاشی) ڈھالنے اورسانچہ سازی سے کام لیا جاتاھے؛ مثلاً بت سازی ، سفال گری وغیرہ-

p. clay: (ارضیات) تیسرے طبقے کا وسطی حصہ -

p. surgery: جسم کی ناقص ساخت کو درست کرنے کا فن -

plastically, adv.: ڈھالنے کی غرض سے؛ صورت گرانہ؛ شکل تراشانہ-

plasticity, n.: صورت پذیری ؛ شکل پذیری ؛ ڈھلنے کی صلاحیت : ملائمت -

Plasticine, n.: ایک قسم کی ملائم اور لچکدار چیز کا نام ھے جو مدرسوں میں بچوں کے لئے طرح طرح کی چیزیں بنانے یا ڈھالنے کے کام آتی ھے -

Plastron, n.: (۱) چرمی سینہ پوش (فینسنگ کرنے والوں یا پٹہ بازوں کا)؛ سوار (سپاھی) کا صدر پوش - (۲) زنانہ سینہ پوش - (۳) مردانہ قمیص کا سامنا- (۴) کچھوے وغیرہ کے پوست کا شکمی حصہ ؛ اور جانوروں کا شکمی حصہ - (۵) (تاریخ) فولادی سینہ پوش ؛ فولادی چار آئینہ -

Plat, n.: قطعۂ زمین؛ قطعۂ اراضی (جیسے *grass p.* گھاس کا قطعہ)-

Plat, n. & v. t.: دیکھو plait معنی نمبر ۲ و ۳ -

Plat, n.: قاب طعام؛ کھانے کی رکابی -

Platan, n.: مشرقی چنار کا درخت -

Plate, n.: (۱) پترا؛ ھموار ٹکڑا (دھات وغیرہ کا) - (۲) پترا کندہ کاری کے لئے - (۳) اس کا نقش - (۴) کتاب کی چھپی تصویر - (۵) نام کی تختی (کسی چیز پر لگانے کے لئے) - (۷) شیشے یا دھات کا پترا (جس پر فلم ھو) (فوٹو گرافی کے لئے) - (۸) ٹائپ کی ھوئی تختیاں (طباعت کے لئے) - (۹) چھت کے شہتیر ؛ لکڑی ، چھت کے شہتیروں کے سہارے کے لئے (جیسے *roof, wall, window p.*) - (۱۰) سونے چاندی یا دوسری دھات کے برتن (کھانے کے) - (۱۱) طلائی یا نقرئی جام جو گھوڑ دوڑ میں انعام کے طور پر دیا جا تا ھے - (۱۲) ایسی گھوڑ دوڑ - (۱۳) مٹی یا چینی کی رکابی طباق (جیسے *dinner, soup -p.*) - (۱۴) جو شے طباق میں ھو (جیسے *a p. of strawberries*) - (۱۵) وہ برتن جس میں کلیسا میں چراغی ڈالی جاتی ھے (مثلاً *put a shilling in the p.*) -

book -p.: دیکھو Book -

coffin -p.: تابوتی تختی (جو تابوت کے ڈھکنے میں رکھتے ھیں جس پر متوفی کا نام ھوتا ھے) -

door -p: تختی در؛ دروازے کی تختی؛ وہ تختی جس پر رھنے والے کا نام لکھ کر دروازے پر لٹکا تے ھیں -

electro -p.: دیکھو Electro -

half -p.: نیم تختی ؛ آدھی تختی ؛ نیم پلیٹ جس کی لمبائی ساڑھے چھ انچ اور چوڑائی پونے پانچ انچ ھوتی ھے -

home p.: (امریکہ) بیس بال میں بلا باز (بلا مار) کی جگہ -

name -p.: تختی نام ؛ نام کی تختی ؛ نام کا پترا ؛ تختی جس پر نام لکھا ھوتا ھے -

pewter p.: جست کے برتن ، رکابیاں وغیرہ -

pitcher's p.: بیس بال میں گیند باز (گیندانداز) کی جگہ -

p. -basket: چھری کانٹے چمچے اور رکابیاں رکھنے کی ٹوکری -

p. glass: اعلی درجہ کا موٹا شیشہ جو چادروں میں ڈھالا جاتا ھے اور دریچوں میں لگایا جاتا ھے -

p. -layer: وہ شخص جو سڑک کی پٹڑی کی مرمت کرتا ھے اور ریل کی پٹڑی جما تا ھے -

p. -mark: سرکاری مہر ؛ مہر تصدیق ؛ وہ سرکاری مہر جو طلائی یا نقرئی اشیاء پر بطور تصدیق و سند لگائی جائے -

p. -powder: کھانے کے کانٹے چمچے وغیرہ صاف کرنے کا سفوف -

p. out : بتانا ؛ اشارہ کرنا -

Point-blank, *a. & adv.* : (۱) (بندوق کا نشانہ) سیدھا ؛ افقی - (۲) بلا خط مستقیم؛ بالکل سیدھا؛ افقی سمت میں - (۳) (مجازاً) صاف صاف ؛ صاف لفظوں میں - (۴) چھوٹتے ھی ؛ بے تامل ؛ بحث سے -

he refused it p. : اس نے بلاتامل انکار کردیا؛ بحث سے انکار کردیا-

I told him p. it would not do : میں نے اس سے صاف صاف کہہ دیا کہ اس سے کام نہیں چلے گا -

p. distance : اس قدر فاصلہ جہاں سے افقی نشانہ لگا سکیں -

Point-device, *a. & adv.* : (۱) (قدیم) بالکل ٹھیک ؛ بالکل ، معدوم؛ جچا تلا؛ کانٹے کا تلا - (۲) بالکل ٹھیک ٹھیک؛ کانٹے میں تول کر ؛ جچے تلے طریقے سے -

Pointed, *a.* : نوکدار ؛ نکیلا ؛ تیز نوک کا - (۲) چبھتی ھوئی ؛ نوک کی ؛ پتے کی؛ طعن آمیز (بات) - (۳) پرزور ؛ کھری کھری؛ کھلی ھوئی ؛ صریحی -

pointedly, *adv.* : چبھتے ھوئے الفاظ میں؛ طعن آمیز طریقے سے؛ کھری کھری ؛ صاف صاف -

pointedness, *n.* : نکیلاپن ؛ نوکدار ھونا ؛ چبھتا ھوا ھونا ؛ طعن آمیز ھونا ؛ صفائی ؛ صراحت -

Pointer, *n.* : (۱) اسم فاعل بہ معنی اشارہ کرنے والا وغیرہ - (۲) (گھڑی کی) بڑی سوئی ؛ (ترازو کا) کانٹا ؛ ہر آلے کی سوئی جو پیمائش کا کام دے - (۳) وہ چھڑی جس سے نقشہ ' تختۂ سیاہ وغیرہ دکھایا جاتا ھے ؛ اشارے کی چھڑی ؛ نقشہ نما - (۴) شکار کی نشان دہی کرنے والا کتا ؛ شکار نما کتا - (۵) (جمع) دلیلین (یہ دب اکبر کے دو روشن ترین ستارے ھیں اگر ان کے درمیان ایک سیدھی لکیر کھینچی جائے تو اس کا رخ قطب کی طرف ھوگا) -

Pointing, *n.* : (۱) اشارہ کرنا وغیرہ - (۲) نقطے لگانا ؛ اوقات لگانا - (۳) دیوار وغیرہ کے جوڑ ریختے یا گچ سے بھرنا ؛ گچ کی بھرائی -

Pointless, *a.* : (۱) بے نوک کا ؛ کند - (۲) جس میں کسی قسم کی ظرافت یا کوئی خاص بات نہ ہو؛ بے چمک ؛ بے مزہ؛ بے لطف ؛ بے معنی ؛ مہمل ؛ لغو - (۳) جس نے کھیل میں کوئی پائینٹ نہ بنایا ہو -

pointlessly, *adv.* : (۱) کندی سے - (۲) بے لطف یا بے معنی طریقے پر -

pointlessness, *n.* : (۱) کندی ؛ بے نوک پن - (۲) بے لطفی ؛ بے تکی ؛ بے معنی ہونا -

Poise, *v. t. & i. & n.* : (۱) وزن برابر رکھنا ؛ توازن قائم رکھنا - (۲) معلق رکھنا ؛ سہارا دے کر سنبھالے رکھنا - (۳) سر کو کسی خاص انداز سے جھکانا وغیرہ - (۴) متوازن ہونا ؛ وزن کا برابر ہونا ؛ کسی چیز کے سہارے قائم ہونا - (۵) پر تولے ہوئے ہوا میں قائم ہونا - (۶) توازن - (۷) (مجازاً) طبیعت کا سکون یا توازن - (۸) سر کے جھکانے وغیرہ کا کوئی خاص انداز - (۹) دگدھا ؛ دبدھا ؛ پس و پیش -

Poison, *n. & v. t.* : (۱) زہر ؛ سم ؛ بس - (۲) مہلک اصول یا نظریہ ؛ زہریلا خیال - (۳) زہر دینا ؛ زہر دے کر مار ڈالنا؛ زہر کھلانا ؛ زہر کھلا کر مار ڈالنا - (۴) زہر پڑ جانا ؛ سمیت پیدا کردینا (خون میں) - (۵) (پانی وغیرہ میں) زہر ملانا؛ مسموم کرنا ؛ زہر آلود کرنا - (۶) (ہتھیار کو) زہر میں بجھانا - (۷) (کسی کے) خیالات کو خراب کرنا ؛ (طبیعت کو) بری راہ پر لگانا ؛ بگاڑنا - (۸) (عیش خوشی وغیرہ کو) تلخ کرنا - (۹) (زمین ، مٹی وغیرہ کی) ہوا کو زہر آلود کرنا -

p. a person's mind against : کسی کو کسی کے خلاف بدظن کردینا -

p. gas : دیکھو Gas -

p. -tree, p.-wood : زہریلا درخت یا پودا -

slow p. : دیر اثر زہر ، جو پے در پے دینے سے اثر کرتا ہے -

they hate each other like p. : وہ ایک دوسرے سے سخت نفرت کرتے ہیں -

poisoner, *n.* : زہر دینے والا ؛ زہر خورانی کا مجرم -

poisonous, *a.* : زہریلا -

poisonously, *adv.* : زہریلے پن سے -

Poissarde, *n.* : (۱) پیرس کی ان دوکاندار عورتوں میں سے ایک جنھوں نے انقلاب فرانس سے بلوائیوں کی رہبری کی تھی - (۲) (فرانس کی) ماھی فروش عورت -

Poke, *n.* : (مقامی) تھیلا ؛ تھیلی ، بورا ؛ بوری -

buy a pig in a p. : دیکھو pig -

p-pudding : (اسکاچستان) پیٹو؛ بندۂ شکم؛ موٹا تازہ آدمی؛ انگریز -

Poke, *v. t. & i.* : (۱) (*p. in, up, down &c*) ہاتھ یا چھڑی سے کسی چیز کو ٹھیلنا ، دھکا دینا ، دبانا ، اٹھانا ، چبھونا ، گھسانا - (۲) کہنی مارنا ؛ کہنی سے دھکا دینا - (۳) (انگاروں کو دست پناہ (*poker*) سے) الٹ پلٹ کرنا - (۴) (بول چال) (*p. up*) تنگ و تاریک کمرے وغیرہ میں بند ہوکر بیٹھا رہنا - (۵) (*p. in*) گھسا کر یا چبھو کر سوراخ کردینا - (۶) (*p. at*) (چھڑی وغیرہ سے) ہول مارنا؛ ہول دینا - (۷) (*p. into*) (۸) خواہ مخواہ گھسا دینا یا داخل کردینا - راز جوئی کرنا -

don't p. your nose into my affairs : میرے معاملات میں خواہ مخواہ دخل نہ دو -

p. about, p. & pry : راز جوئی کرنا؛ تجسس کرنا ؛ کرید کرنا -

p. fun at : مضحکہ اڑانا؛ پھبتیوں اور فقروں کی بوچھاڑ کردینا -

p. one in the ribs : کہنی مارنا ؛ گد گدانا -

p. one's head : گردنا سر جھکا کر چلنا -

Poke, *n.* : (۱) ٹھیلنا ؛ چبھونا وغیرہ - (۲) ہول؛ گھونسا - (۳) لکڑی ، گھونٹا وغیرہ جو مویشی کی گردن میں ڈال دیتے ہیں کہ بھاگنے میں رکاوٹ پیدا کرے - (۴) چھجا (عورتوں کی ٹوپی وغیرہ کا) -

p. (-bonnet) : چھجے دار ٹوپی [خصوصاً سالویشن آرمی (*Salvation Army*) کی عورتوں کی] -

Poker, *n. & v. t.* : (۱) کریدنی ؛ آگ کریدنی ؛ آگ کریدنے کی سلاخ ؛ آتش کاوا - (۲) (آکسفورڈ اور کیمبرج میں) نقیب؛ عصا بردار جو نائب امیر جامعہ کے آگے آگے چلتا ہے - (۳) وہ آلہ جسے گرم کر کے لکڑی کی چیزوں پر نقش و نگار کھودتے ہیں - (۴) اس طرح نقش و نگار کھودنا -

as stiff as a p. : ماش کے آٹے کی طرح اینٹھا ہوا -

by the holy p. : تمسخر کے طور پر یہ قسم کھاتے ہیں -

red-hot p. : ایک پودا جس میں زرد اور ارغوانی پھول لگتے ہیں -

p.-work : وہ آرائشی کام جو لکڑی پر ایک آلے کو خوب گرم کر کے اس کی نوک سے کرتے ہیں -

Poker, *n.* : پوکر (تاش کا ایک کھیل جو امریکہ میں رائج ہے) -

Poky, *a.* : (۱) بند بند ؛ تنگ؛ گھٹیا ؛ میلا (کمرہ یا مقام) - (۲) (شغل یا پیشہ) ادنیٰ -

Polacre,-acca, *n.* : پولا کر ؛ پولاکا ؛ سہ ستونی تجارتی جہاز جو بحر روم میں چلتا ہے -

Polar, *a. & n.* : (۱) قطبی ؛ قطب جنوبی یا قطب شمالی کا ؛ قطب جنوبی یا شمالی کے قریب کا - (۲) مقناطیسی ؛ قطبی میلان رکھنے والا - (۳) جس میں مثبت یا منفی برق ہو (یعنی جس کے سرے قطبین کی طرف مائل ہوں) - (۴) (سالمات کی صفت) جو خاص ترتیب سے ہوں اور کسی خاص سمت رخ رکھتے ہوں؛ قطبی - (۵) (ھندسہ) کسی قطب سے متعلق ؛ قطبی - (۶) (مجازاً) قطب صفت ؛ قطب تارے یا قطبین سے مشابہ مرکز کا کام دینے والا ؛ شمع ہدایت یا رہنما ؛ اصول کا کام دینے والا - (۷) بالکل برعکس - (۸) قطبی خط منحنی -

p. bear : سفید ریچھ -

p circles : دوائر قطبی ؛ قطبی دائرے ؛ قطبی حلقے ؛ یہ حلقے خط استوا کے متوازی ہیں اور قطبین سے ۲۳ درجے ۲۸ دقیقے کے فاصلے پر ہیں -

p. curve : قطبی خط منحنی (وہ خط منحنی جو کسی قطب سے ایک مقررہ نسبت رکھتا ہو) -

p. distance : بعد قطبی ؛ قطبی فاصلہ ؛ کرے پر کسی نقطے کا قریب تر قطب سے فاصلہ -

p. hare : سفید خرگوش -

polarly, *adv.* : قطبی طریقے سے ؛ مقناطیسی طریقے سے ؛

بالکل برعکس طریقے پر وغیرہ -

Polari-: سابقہ جو تقطیب کے معنی پیدا کرتا ہے -

polarimeter: تقطیب پیما -

polarimetric: تقطیب پیما کا ؛ تقطیب پیمائی کا -

polarimetry: تقطیب پیمائی -

polariscope: تقطیب بین -

polariscopic: تقطیب بین کا ؛ تقطیب بینی کا -

Polarity, n.: (۱) قطبی میلان ؛ قطب نمائی (کی خاصیت) - (۲) کسی جسم کی یہ صفت کہ اس کا محور ہمیشہ ایک خاص رخ پر رہے - (۳) کسی چیز کے دونوں (قطبین) سروں کا متضاد صفات رکھنا ؛ (مجازاً) اجتماع ضدین - (۴) مثبت یا منفی برقی کیفیت - (۵) (مجازاً) مقناطیس کی سی کشش ؛ کسی چیز کی طرف کھچنا -

Polarize, v. t. & i.: (۱) تقطیب کرنا (حرارت ' روشنی وغیرہ کی شعاعوں پر ایسا اثر ڈالنا کہ ان کے دونوں سروں میں مختلف خاصیتیں پیدا ہوجائیں یعنی یہ کہ دوشعاعوں کے مخالف سرے یکساں خاصیت رکھتے ہوں) - (۲) (مقناطیسی برقیات) (لوہے کی سلاخ وغیرہ میں) قطبی میلان یا برقی کیفیت پیدا کرنا - (۳) (مجازاً) (الفاظ وغیرہ کی) من مانی تعبیر کرنا ؛ خاص معنی پہنانا - (۴) (مجازاً) ایک رخ پر لانا ؛ مختلف چیزوں میں ایک رنگ پیدا کرنا -

polarizable, a.: قابل تقطیب -

polarization, n.: تقطیب -

polarizer, n.: مقطب ؛ تقطیب کرنے والا -

Polatouche,n.: پولا طوش ؛ ایک قسم کی چھوٹی اڑنے والی گلہری -

Polder, n.: دریا بر آمد نشیبی زمین (ہالستان اور بلجیم میں) -

Pole, n. & v. t.: (۱) بانس؛ بلی؛ (خیمےکی) چوب ؛ (تارکا)کھمبا- (۲) (گاڑی کا) بم - (۳) پول ؛ ڈنڈا وغیرہ بطور پیمانہ $5\frac{1}{2}$ گز - (۴) بانس یا چوبیں لگانا (کسی چیز میں) - (۵) بم لگانا (گاڑی میں) - (۶) بانس یا بلی کے ذریعے سے ڈھکیلنا یا سرکانا -

p.-jumping: بانس کدائی ؛ بانس ہاتھ میں لیکر اس کی مدد سے کودنا -

under bare pp.: (بحری) بغیر بادبان چڑھائے -

up the p. (عامیانہ) مشکل میں ؛ (بحری) شغلے میں -

Pole, n.: (۱) قطب (جنوبی یا شمالی) ؛ محوررارض کا (شمالی یا جنوبی) سرا ؛ کرۂ فلکی کا (شمالی یا جنوبی) نقطہ جس کے گرد ستارے گھومتے ہوئے معلوم ہوتے ہیں - (۲) (ہندسہ) کسی کرے کے وہ دو نقطے جن پر کوئی دائرہ اس کرے کو قطع کرتا ہے ؛ قطبین کرہ (*poles of a circle of a sphere*) - (۳) کوئی قائم نقطہ جس کی نسبت سے اور نقطوں کے محل کا تعین کیا جائے ؛ نقطۂ قائمہ - (۴) (جمع) مقناطیس کے دو متقابل نقطے جو مقناطیسی قوت کے مرکز ہوتے ہیں ؛ قطبین مقناطیس - (۵) برقی خانے (cell) یا مورچے (battery) کے منفی اور مثبت سرے - (۶) (حیاتیات) کسی کروی یا بیضاوی عضو کے محور کا سرا - (۷) (مجازاً) (جمع) ایک دوسرے سے متضاد اصول ؛ اضداد -

p.-star: قطب تارہ ؛ نجم القطب ؛ (مجازاً) شمع ہدایت ؛ چراغ راہ ؛ رہنما اصول ؛ مرکز کشش -

North p.: قطب شمالی -

South p.: قطب جنوبی -

poleward, a.: قطب رخ ؛ قطب کی سمت کا -

poleward(s), adv.: قطب کی طرف ؛ قطب کی سمت -

Pole, n.: پولستانی ؛ باشندۂ پولستان -

Pole-ax(e), n. & v. t.: (۱) تبر ؛ تیشہ - (۲) ایک قسم کا تبر جو قدیم زمانے میں بحری لڑائیوں میں کام آتا تھا - (۳) تبر نیزہ ؛ ایک ہتھیار جس میں تبر اور نیزہ ملا ہوا ہوتا ہے - (۴) بغدا ؛ قسائی کا چھرا - (۵) بغدے سے جانور کا سرکاٹ دینا -

Polecat, n.: چھوٹا سا خاکستری رنگ کا نیولے کی قسم کا بدبودار گوشت خوار چوپایہ جو یورپ میں پایا جاتا ہے -

Polemarch, n.: (۱) (تاریخ یونان) سپہ سالار - (۲) ایتھنس کے نو چیف مجسٹریٹوں میں سے تیسرا چیف مجسٹریٹ جو ابتدا میں فوجی فرائض بھی رکھتا تھا -

Polemic, a. & n.: (۱) نزاعی ؛ نزاع یا حجت سے متعلق ؛ مناظرے سے متعلق - (۲) حجت ؛ بحث ؛ مناظرہ - (۳) مناظرہ کرنے والا - (۴) (جمع) مناظرہ -

polemical, a.: مناظرے کا ؛ حجت یا بحث سے متعلق -

polemically, adv.: مناظرے کی رو سے -

polemize, v. i.: مناظرہ کرنا ؛ حجت یا بحث کرنا -

Polenta, n.: اطالوی طرز کا دلیہ (جس کو جو اور دیگر چیزوں کو ملا کر بنایا جاتا ہے) -

Police, n. & v. t.: (۱) نظم ملکی ؛ امن عامہ - (۲) محکمۂ پولیس ؛ محکمۂ کوتوالی - (۳) پولیس (کی جماعت) - (۴) ملازمین پولیس ؛ پولیس والے - (۵) پولیس کے ذریعے ملک کا انتظام کرنا یا امن قائم رکھنا - (۶) پولیس مقرر کرنا - (۷) مجازاً) (ماتحت انتظام کرنا ؛ نظم و ضبط قائم رکھنا -

p. court: مجسٹریٹ کی عدالت ؛ عدالت خفیفہ -

p. magistrate: مجسٹریٹ ؛ عدالت خفیفہ کا حاکم -

policeman: پولیس یا کوتوالی کا سپاہی ؛ پولیس کا ملازم -

p. office: پولیس کا دفتر -

p. officer: پولیس کا آفیسر ؛ عہدہ دار کوتوالی -

p. station: پولیس کی چوکی ؛ تھانہ ؛ کوتوالی -

Policlinic, n.: سربریات خانگی ' پرائیوٹ کلی نک ؛ سربریات بیرون دارالشفاء ؛ بیرونی سربریات ؛ صیغۂ خارجیۂ دارالشفاء ؛ کسی ہسپتال کا وہ صیغہ جس میں بیرونی مریضوں کا علاج ہوتا ہے -

Policy, n.: (۱) فن سیاسی ؛ سیاسی مصلحت اندیشی - (۲) اصول جہاں بانی ؛ تدبر ؛ مصلحت اندیشی دوربینی ؛ حکمت عملی - (۳) چالاکی ؛ عیاری ؛ جوڑ توڑ - (۴) (حکومت یا پارٹی کی) پالسی ؛ طریق عمل ؛ طرز عمل - (۵) (اسکاچستان) وہ پارک جو دیہات میں امرا کے مکانوں کے گرد ہوتا ہے -

Court of P.: برٹش گیانا کی مجلس مقننہ -

Policy, n.: (۱) *insurance p.* یا *p. of assurance* کا مخفف) بیمے کی پالسی ؛ دستاویز بیمہ ؛ معاہدۂ بیمہ -

Poligar, n.: (تامل زبان سے ماخوذ) (۱) پولیگر ؛ جنوبی ہندوستان کا جاگیر دار - (۲) اس جاگیر دار کا ملازم جو لوٹ مار کیا کرتا ہو -

p.-dog: جنوبی ہندوستان کا ایک کتا -

Polish, *v. t. & i.* : (۱) پالش کرنا ؛ صیقل کرنا ؛ جلا دینا ؛ رگڑ کر صاف کرنا؛ یا چمکانا ؛ روغن کرنا - (۲) (مجازاً) تہذیب کا رنگ روغن پھیرنا ؛ اخلاق کو جلا دینا ؛ نستعلیق بنانا - (۳) (مجازاً) (*p. up*) تراش خراش پیدا کرنا ؛ چمک دمک پیدا کرنا ؛ نوک پلک پیدا کرنا -

p. off : نوک پلک پیدا کر کے جلد ختم یا پورا کر دینا -

polishable, *a.* : قابل صیقل ؛ جلا پذیر -

polisher, *n.* : (۱) صیقل گر ؛ پالش کرنے والا - (۲) صیقل کرنے کا آلہ ؛ پالش کرنے کا برش -

Polish, *n.* : (۱) پالش ؛ صیقل ؛ جلا ؛ چمک ؛ رنگ ؛ روغن - (۲) وہ چیز جس سے پالش کی جائے ؛ پالش ؛ روغن - (۳) (مجازاً) تہذیب کا رنگ روغن ؛ اخلاق کی جلا ؛ نستعلیق پن ؛ نفاست -

French-p. : دیکھو French -

furniture-p. : دیکھو Furniture -

Polish, *a.* : پولستانی ؛ پولستان کا ؛ اہل پولستان کا -

Politarch, *n.* : (تاریخ) پولیٹارک ؛ بعض مشرقی اضلاع کے عامل یا حاکم کا لقب مثلاً رومیوں کے عہد حکومت میں مشرقی صوبوں کے حاکم کا -

Polite, *a.* : (۱) شائستہ ؛ خلیق ؛ مہذب ؛ نستعلیق - (۲) شستہ ؛ نستعلیق ؛ خوش مذاق - (۳) تربیت یافتہ ؛ شریف ؛ شریفانہ - (۴) لطیف -

p. letters : ادب ؛ ادب لطیف -

politely, *adv.* : خوش خلقی سے ؛ شائستگی سے ؛ تہذیب سے -

politeness, *n.* : شائستگی ؛ شستگی ؛ خوش خلقی وغیرہ -

Politic, *a. & n.* : (۱) دانشمند ؛ ذی فہم ؛ دور بین ؛ دور اندیش ؛ مصلحت بین ؛ مصلحت اندیش - (۲) دانشمندی کا ؛ دانشمندانہ ؛ دور اندیشانہ (فعل یا عمل) - (۳) سازشی ؛ نطرتی ؛ جوڑ توڑ کا ؛ چلتا ہوا ؛ مکار ؛ عیار - (۴) (جمع) سیاسیات ؛ علم سیاسیات ؛ سیاسی امور ؛ سیاسی معاملات ؛ سیاسی اصول ؛ سیاسی عقیدہ -

body p. : دیکھو Body -

it is not practical pp. : یہ نا قابل عمل ہے ؛ یہ خیالی باتیں ہیں ان پر بحث کرنے سے کوئی فائدہ نہیں -

politicly, *adv.* : دانشمندی سے ؛ دور اندیشی سے ؛ مکاری سے -

Political, *a. & n.* : (۱) ریاست یا سلطنت کے متعلق ؛ امور مملکت کے متعلق ؛ ریاستی ؛ ملکی - (۲) امور عامہ کے متعلق - (۳) سیاسیات کے متعلق ؛ امور سیاسی کے متعلق ؛ سیاسی - (۴) ملکی ؛ انتظامی (عہدہ) - (۵) منظم ریاست رکھنے والا ؛ منظم - (۶) سیاسی معاملات سے تعلق یا دلچسپی رکھنے والا ؛ سیاسی - (۷) پولیٹیکل ایجنٹ ؛ ملکی ایجنٹ -

p. economy : دیکھو Economy -

p. geography : سیاسی جغرافیہ -

p. verse : جدید یونانی نظم جس میں ارکان کا نہیں بلکہ لہجے کا لحاظ کیا جاتا ہے اس میں آخری سے پہلے کے رکن پر زور ہوتا ہے -

politically, *adv.* : سیاسی طور پر ؛ سیاسی اعتبار سے ؛ نظم ملکی کے اعتبار سے -

Politician, *n.* : (۱) سیاست داں ؛ ماہر سیاست ؛ مدبر - (۲) سیاست سے دلچسپی رکھنے والا شخص - (۳) وہ شخص جس کا پیشہ سیاست ہو ؛ سیاست پیشہ -

Politicize, *v. i. & t.* : (۱) سیاست داں بننا ؛ مدبر بننا ؛ سیاست چھانٹنا - (۲) سیاسیات میں حصہ لینا ؛ سیاسیات کے متعلق گفتگو کرنا یا بحث کرنا - (۳) سیاسی رنگ میں رنگنا ؛ سیاسی نوعیت دینا -

Politico- : (سابقہ بہ معنی) سیاسی ؛ سیاست کا -

p.-religious : سیاسی مذہبی ؛ اس طرح کا سیاسی (مسئلہ وغیرہ) جس میں مذہبی رنگ بھی شامل ہو -

Polity, *n.* : (۱) نظام سیاست ؛ نظام مدنی - (۲) حکومت ؛ طرز حکومت ؛ نظام حکومت - (۳) منظم معاشرہ ؛ ریاست ؛ مملکت -

Polk, *v. i.* : پولکا (Polka) ناچ ناچنا -

Polka, *n.* : (۱) پولکا ناچ (ایک قسم کا دلکش ناچ جو بوہیمیا میں دھری گت پر ناچا جاتا ہے) - (۲) وہ گت جس پر یہ ناچ ناچا جاتا ہے ؛ پولکا گت - (۳) زنانہ چست جاکٹ (عموماً ہاتھ سے بنایا جاتا ہے) -

Poll, *n.* : (۱) (اب مقامی بولی میں یا مزاحاً استعمال ہوتا ہے) سر؛ سر کا وہ حصہ جس پر بال ہوتے ہیں؛ چند ؛ چندیا - (۲) شمار رائے دہندگان ؛ رائے شماری (پارلیمنٹ یا کسی اور مجلس کے انتخاب میں) - (۳) رائے دہندگی ؛ انتخابات میں رائے دینا - (۴) تعداد آرا ؛ جتنی رائیں دی گئی ہیں ان کی تعداد -

p.-tax : عام محصول ؛ وہ محصول جو ہر شخص پر عائد ہو -

Poll, *v. t. & i.* : (۱) (قدیم) سر کے بال کاٹنا یا تراشنا - (۲) (درخت یا پودے کی) پھننگ کاٹنا یا چھانٹنا ؛ شاخوں کو اس طرح چھانٹنا کہ ان کی چوٹی گول نظر آئے - (۳) (کسی چوپائے کے) سینگ کاٹنا ؛ منڈا کردینا - (۴) رائے لینا ؛ (مجہول) رائے درج ہونا یا شمار ہونا - (۵) (امیدوار کا) ووٹ حاصل کرنا؛ رائیں حاصل کرنا- (۶) ووٹ دینا؛ (رائے) دینا-

pollable, *a.* : (۱) سر کے بال تراشنے یا سینگ کاٹنے کے قابل - (۲) (وہ رائے) جو درج یا شمار ہو سکے -

polled, *p. p.* : سینگ کٹا -

Poll, *a. & n.* : (۱) بے سینگ کا ؛ منڈا - (۲) بے سینگ کا جانور ؛ خصوصاً منڈے بیلوں کی ایک قسم -

Poll, *n.* : طوطا ؛ میاں مٹھو -

p. parrot : (۱) طوطا - (۲) میاں مٹھو (وہ شخص جو بندھے ٹکے لفظوں اور دلیلوں کو دہراتا ہے) -

Poll, *n.*, *The P.* : (۱) (جامعہ کیمبرج) (عامیانہ) معمولی سند یافتہ اشخاص ؛ وہ لوگ جنھیں معمولی سند ملی ہو (امتیاز حاصل نہ ہوا ہو) -

go out in the p. : معمولی سند حاصل کرنا؛ پاس ڈگری حاصل کرنا-

p. degree : معمولی سند -

p. man : معمولی سند یافتہ -

Pollack,-ock, *n.* : پولک مچھلی ؛ ایک قسم کی بحری مچھلی جو (Cod) مچھلی سے ملتی جلتی ہے -

Pollam, *n.* : جنوبی ہندوستان کے جاگیر دار (پولیگر) کی جاگیر -

Pollan, *n.* : پولن ؛ یہ ایک آئرستانی مچھلی ہے جو میٹھے

پانی میں رهتی هے -

Pollard, *n.* & *v. t.* : (۱) سینگ کٹا جانور - (۲) منتدا ؛ بے سینگ کا بیل وغیرہ - (۳) درخت جس کی شاخیں اس طرح چھانٹی جائیں کہ اس کی چوٹی گول نظر آئے ؛ منتدا درخت - (۴) بھوسی ؛ چھوکر - (۵) باریک بھوسی جس مد. تھوڑا سا آٹا بھی ملا ھو - (۶) درخت کو منتدا کرنا -

Pollen, *n.* & *v. t.* (۱) (نباتیات) زر ؛ زردانہ ؛ زرگل ؛ پھول کا زیرہ - (۲) زردانہ پہنچانا یا داخل کرنا ؛ زر گل نکلنا -

  pollenless, *a.* : بے زر ؛ بے زردانہ ؛ بےزیرہ -

  pollinic, *a.* زر گل کا -

  polliniferous, *a.* : جس میں زر گل کثرت سے هو -

Pollicitation, *n.*: (قانون دیوانی) وعدۂناقابل استرداد؛ عهد بلا قبول؛ وہ وعدہ جو طرف ثانی نے قبول نہ کیا هو اس لئے واپس لیا جاسکے -

Pollinate, *v. t.* : پھول کا زیرہ چھڑکنا (کسی جگہ یا کسی چیز پر) -

  pollination, *n.* : زیرگی -

Polloi, *n.* pl., *Hoi p.* : عام لوگ ؛ عوام کالانعام ؛ عوام الناس -

Pollute, *v. t.* : (۱) آلودہ کرنا ؛ نجس کرنا ؛ ناپاک کرنا - (۲) (کسی متبرک جگہ یا چیز کو) -

  pollution, *n.* : آلودگی ؛ ناپاک کرنا ؛ نجس کرنا -

Polo, *n.* : چوگان کا کھیل ؛ پولو -

  p. -*stick* : چوگان ؛ پولو اسٹک -

  water p. : دیکھو Water -

Polonaise, *n.* : (۱) پولو نیز (ایک قسم کا زنانہ لباس جس کے دامن کمر سے نیچے کھلے ہوتے ہیں) - (۲) ایک قسم کا پولستانی ناچ - (۳) وہ گت جو اس ناچ کے ساتھ بجتی ہے -

Polonuim, *n.* : پولونیم [ایک عنصر جس میں اشعاعی قوت (*Radio-activity*) بہت ہے] -

Polony, *n.*: (نیز *P. sausage*) نیم پخت سور کےگوشت کا دلمہ -

Poltergeist, *n.* : وہ روح جو کھٹ کھٹانے سے اپنی آمد کا اعلان کرتی ہے -

Polt-foot, *n.* & *a.*: (قدیم) (۱) پھرا ہوا پاؤں؛ وہ پاؤں جس میں پیدائشی کجی هو - (۲) پنگا ؛ پاؤں پھرا ؛ (هوا) کج قدم -

Poltroon, *n.* : ڈرپوک ؛ بزدل ؛ نامرد ؛ هیز -

  poltroonery, *n.* : ڈرپوک هونا ؛ بزدلی؛ نامردی؛ هیزپن-

Poly- : سابقہ یونانی لفظ *polus* سے نکلا هے جس کے معنی هیں "متعدد" یا "کثیر" -

  polyadelphous : کثیر بندوی ؛ جس کا حامل زر تین یا زیادہ کے گچھوں میں هو -

  polyandrist : زن چند شوهر ؛ وہ عورت جس کے کئی شوهرهوں-

  polyandrous : (۱) چند شوهر؛ چند شو- (۲) (نباتیات) کثیر نر -

  polyandry : چند شوئی ؛ چند شوهری -

  polyarchy : چند سری حکومت -

  polyatomic : چند جوهری ؛ جس میں کئی جوهر فرد هوں-

  polyautography: لیتھو کی چھپائی ؛ پتھر کی چھپائی -

  polybasic : (کیمیا) چند باسی-

  polycarpellary, -*carpous* : (نباتیات) کثیر بقچہ ؛ کثیر بقچوی -

  polychaete : (وہ کیڑا) جس کے پیروں میں کئی خار هوں ؛ چند خاری (کیڑا) -

  polychaetan, -*chaetous* : چند خاری -

  polychroite : مختلف اللون؛ زعفران کا رنگ جو مختلف چیزوں کے ساتھ مل کر مختلف رنگ دیتا هے -

  polydactyl : کثیر الگشتی ؛ کثیر الاصابع ؛ بہت سی انگلیوں والا (جانور) -

  polydaemonism : کئی دیوتاؤں کی پرستش -

  polygastric : چند معدی ؛ وہ جانور جس کے ایک سے زیادہ معدے هوتے هیں -

  polygenesis : کثیر الاصلی ؛ ایک نوع کا کئی جدا جدا مورثوں کی نسل سے هونا یا کئی جدا جدا تخموں سے پیدا هونا -

  polygenesic, -*genetic* : کثیر الاصل -

  polygenic : (۱) (کیمیا) کثیرالترکیب ؛ هائڈروجن کے ساتھ جس کے ایک سے زیادہ مرکب بن سکیں - (۲) (ارضیات) چند حجری ؛ جو مختلف قسم کی چٹانوں سے مرکب هو -

  polygenism : یہ نظریہ کہ نوع انسانی جدا جدا ماں باپ کی اولاد سے هیں ؛ کثیرالمورثی -

  polygenist : کثیرالمورثی کا قائل -

  polygenistic : کثیر المورثی کا -

  polygenous : (۱) (ارضیات) چند حجری ؛ جو مختلف قسم کی چٹانوں سے مرکب هو - (۲) کثیرالترکیب ؛ جس کے هائڈروجن کے ساتھ کئی مرکب بن سکیں -

  polygeny : کثیرالمورثی ؛ نوع انسانی کا جدا جدا ماں باپ کی نسل سے هونا -

  polygram : کثیرالخطوط شکل یا خاکہ -

  polygraph : (۱) ایک کاغذ کی کئی نقلیں کرنے کی مشین ؛ نقل نگار - (۲) هر فن نویس؛ پر نویس ؛ بسیار نویس ؛ وہ شخص جس نے بہت سی یا مختلف قسم کی کتابیں لکھی هوں -

  polygraphic : هر فن نویسی کا یا پر نویسی کا -

  polygraphy : بسیار نویسی ؛ هر فن نویسی -

  polygynous : (۱) چند زن ؛ جس کی کئی بیویاں هوں - (۲) (نباتیات) کثیر بقچوی؛ جس میں کئی بقچہ گل ' سر بقچہ ' یا گردن بقچہ هوں -

  polygyny : چند زنی ؛ تعدد ازواج -

  polyhedron : کثیر الاضلاع مجسم (وہ شکل جس کے چھ سے زیادہ ضلعے هوں) -

  polyhedral : کثیرالاضلاع -

  polyhedric : کثیرالاضلاع -

  polymeric : (کیمیاوی مرکبات کی صفت) کثیر الاوزان ؛ جن میں ایک هی قسم کے عناصر ایک هی تناسب سے هوں لیکن وزن سالماتی میں فرق هو -

  polymerism : مرکبات کا کثیرالاوزان هونا -

  polymerize: کثیرالاوزان یا کثیرالارکان بنانا -

  polymerous : (تاریخ موالید) کثیرالارکان -

  polymorphic, -*morphous* . کثیرالاشکال -

  polymorphism کثیرالاشکالی -

  polynomial: = Multinomial

polyonymous : کثیرالاسما ؛ جس کے کئی نام ہوں -
polyonymy : کثیرالاسمی ؛ ایک چیز کے کئی نام ہونا -
polyopia : آنکھ کا مرض جس میں ایک چیز کی جگہ کئی چیزیں نظر آتی ہیں ؛ کثیر بینی -
polypetalous: (نباتیات) علیحدہ علیحدہ پنکھڑیوں والا؛ کثیربرگ -
polyphagous : (۱) پر خور ؛ بسیار خور - (۲) (حیوانیات) وہ جانور جو مختلف قسم کی غذائیں کھاتا ہے ؛ کثیرالغذا -
polyphone : (لسانیات) کثیرالاصوات -
polyphonic, -phonous : (۱) وہ شخص جس کی کئی آوازیں ہوں ؛ چند آواز - (۲) (لسانیات) کثیرالاصوات - (۳) جس میں علاوہ اصل نغمے کے مزید نغمے شامل ہوں ؛ کثیر نغمہ -
polyphony : (۱) چند آوازی - (۲) (لسانیات) کثیرالاصواتی - (۳) (موسیقی) کثرت نغمہ ؛ کثیر انغمہ ہونا -
polyphyletic : = polygenetic
polyphyllous : (نباتیات) کثیر برگہ ؛ بسیار برگہ -
polysepalous : (نباتیات) کثیر مسند ؛ مختلف‌الاوراق -
polystome: کثیرالافواہ جانور ؛ بسیار دھن جانور -
polystomous: کثیرالافواہ ؛ بسیار دھن -
polysynthetic : (لسانیات) کثیرالترکیب ؛ ایسی زبان جس میں جملے کے کئی لفظوں کو ملاکر مرکب الفاظ بنا لئے جاتے ہیں -
polythalamous : (تاریخ سوالید) کثیر خانہ ؛ بسیار خانہ -
polytype: (۱) (stereotype) اسٹیریو ٹائپ کی ایک ترکیب - (۲) وہ نقش جو اس ترکیب سے بنایا جائے -
polyzoa : (حیوانیات) مرکب‌الجسم جانور -
polyzoic : مرکب‌الجسم -
polyzonal : وہ روشنی کا منارہ جس کے کئی حلقہ نما حصے ہوں -

Polyanthus, *n.* : پولی اینتھس؛ ایک سدا بہار بوٹی جس میں زرد سفید ' گلابی اور ارغوانی پھول آتے ہیں -
Polychromatic, *a.*: کثیرالالوان ؛ رنگ برنگ کا ؛ رنگا رنگ -
Polychrome, *a.* & *n.* : (۱) (وہ چیز) جو بہت سے رنگوں میں چھپی ہو ؛ (وہ چیز) جس پر کئی رنگ کئے گئے ہوں' رنگا رنگ - (۲) رنگا رنگ نقش و نگار ؛ کئی رنگوں کا کام -
polychromic, polychromous, *aa.* : رنگا رنگ ؛ رنگ برنگ کا -
Polychromy, *n.* : رنگا رنگ نقاشی ؛ رنگا رنگ نقش و نگار (خصوصاً قدیم مٹی اور چینی کے برتنوں پر کئے جاتے ہیں) -
Polyclinic, *n.* : وہ شفاخانہ جہاں مختلف قسم کی بیماریوں کا علاج ہوتا ہو ؛ شفاخانۂ عام ؛ عام دارالشفا و -
Polygamous, *a.* : (۱) چند زن ؛ کثیر الازواج ؛ (وہ مرد) جس کے ایک وقت میں کئی بیویاں ہوں - (۲) (شاذ) چند شو ؛ (وہ عورت) جس کے کئی شوہر ایک وقت میں ہوں - (۳) (حیوانیات) چند نری ؛ چند مادی (جانور) - (۴) (نباتیات) مختلط‌الزوج (پودا) -
polygamic, *a.*: تعدد ازدواج کے متعلق -
polygamist, *n.* : کثیرالازواج ؛ چند زن مرد یا چند شو عورت -
polygamy, *n.*: تعدد ازدواج؛ چندزنی؛ چند شوئی؛ کثرت‌ازدواج -
Polyglot, *a.* & *n.* : (۱) کئی زبانوں کا ؛ چند زبانی - (۲) وہ شخص جو کئی زبانیں بولتالکھتا ہے ؛ ہفت زبان - (۳) وہ کتاب جوکئی زبانوں میں لکھی ہوئی ہو (خصوصاً بائبل)؛ چند زبانی کتاب -
polyglottal, polyglottic, *aa.*: چند زبانوں کا؛ چند زبانی -
polyglottism, *n.* : چند زبانی؛ ہفت زبانی -

Polygon, *n.* : (۱) کثیرالاضلاع ؛ شکل کثیراضلاع؛ کثیرالزوایا (عموماً ان شکلوں کو کہتے ہیں جن میں چار سے زیادہ ضلعے ہوں) -
p. of forces : قوائی کثیرالاضلاع؛ قوتوں کا کثیرالاضلاع -
polygonal, *a.* : کثیرالاضلاعی -
polygonally, *adv.* : کثیرالاضلاع کی حیثیت سے -
Polygonum, *n.* : کثیرالساق (پودوں کی ایک قسم جن میں knotgrass وغیرہ شامل ہیں) -
Polyhistor, *n.* : وہ شخص جو مختلف علوم پر حاوی ہو ؛ جامع‌العلوم ؛ ہمہ دان ؛ عالم متبحر ؛ جید عالم -
Polymath, *a.*: جامع‌العلوم؛ ہمہ‌داں؛ عالم متبحر؛ جید عالم -
polymathy, *n.* : ہمہ‌دانی؛ جامعیت -
Polynesia, *n.* : پولی نیشیا (بحرالکاہل میں چند چھوٹے جزیروں کا مجموعہ ہے جو آسٹریلیا کے مشرق میں واقع ہیں -
Polynesian, *a.* : پولی نیشائی -
Polynia, *n.* : برفستانی جھیل ؛ برف کے درمیان پانی کا قطعہ (خصوصاً بحر منجمد شمالی میں)-
Polyp(e), *n.*: (۱)کثیرپا؛ ادنی قسم کا نظام جسمانی رکھنےوالے جانوروں کی ایک قسم - (۲) بعض ایسے جانوروں کو بھی کہتے ہیں جن کا نظام جسمانی پیچیدہ ہوتا ہے -
Polypary, *n.* : کثیرپا کا چھتا ؛ بہت سے کثیر پا جانوروں کا جڑا ہوا جسم جو چھتے کی طرح ہوتا ہے -
Polypidom, *n.* : دیکھو Polypary -
Polypite, *n.* : ایک کثیرپا ؛ فرد یا واحد کثیر پا -
Polypod, *a.* & *n.*: کوئی جانور جس کے بہت سے پیرھوں؛ بسیار پا -
Polypody, *n.* : ایک قسم کی فرن جو نم جگاً نرں اور دیواروں وغیرہ پر اگتی ہے -
Polypoid, *a.* : (۱) کثیر پا کا؛ کثیر پا کی طرح کا- (۲) polypus کا یا اس کی طرح کا -
polypous, *a.*: کثیر پا -
Polypus, *n.* (pl. -pi) : پالی پس ؛ ورم جو ناک ' رحم ' مثانے کی باریک جھلیوں میں پیدا ہوتا ہے اور سطح پر ظاہر ہوتا ہے -
Polysyllabic, *a.* : کثیرالاجزا ؛ کئی بول کا (لفظ) ؛ کثیرالاجزا (لفظ) -
polysyllabically, *adv.* : کثیرالاجزا لفظ کی طرح سے -
Polysyllable, *n.* : کثیرالاجزا لفظ ؛ کئی بول کا لفظ -
Polytechnic, *a.* & *n.* : جس میں بہت سےفنون کی تعلیم ہوتی ہو؛ کثیرالفنون ؛ کئی فنون کا (مدرسہ وغیرہ) -
P. (Institution) : دارالفنون' خصوصاً لندن کا وہ مدرسہ جو سنہ ۱۸۳۸ع میں قائم ہوا تھا -
Polytheism, *n.* : (۱) بہت سے دیوتاؤں کی پرستش ؛ اصنام پرستی - (۲) ایک سے زیادہ خدا کی پرستش ؛ کثرت الہٰ کا عقیدہ ؛ کثرت پرستی -
polytheist, *n.* : (۱) اصنام پرست - (۲) کثرت الہٰ کا قائل ؛ کثرت پرست -
polytheistic, *a.* : اصنام پرستانہ ؛ کثرت پرستانہ -

Pom, *n.* : پوم (*Pomeranian dog* کا مخفف ھے) -

Pomace, *n.* : (۱) کچلا ھوا سیب جس سے شراب بناتے ھیں - (۲) اس کا فضلہ جو عرق نکالنے کے بعد بچ رھتا ھے - (۳) کسی چیز کا گودا یا کچلی ھوئی چیز - (۷) وہ فضلہ جو مچھلی وغیرہ میں سے تیل نکالنے کے بعد بچ رھتا ھے -

Pomade, *n.* & *v. t.* : (۱) پوماد (موم روغن کی قسم کی بالوں کو لگانے کی خوشبودار چیز) - (۲) پوماد ملنا ؛ خوشبودار موم روغن ملنا -

Pomander, *n.* : (۱) (تاریخ) خوشبودار چیزوں کی گولی جسے متعدی بیماریوں سے بچنے کے لئے پاس رکھتے تھے ؛ بخور کی گولی - (۲) سونے یا چاندی کی گول ڈبیا جس میں یہ گولی رکھی جاتی تھی ؛ بخور دانی -

Pomard, **pomm-**, *n.* : پومارد ؛ برگنڈی (فرانس) کی سرخ شراب -

Pomatum, *n.* & *v. t.* : = Pomade

Pombe, *n.* : پومبی ؛ ایک قسم کی شراب جو افریقہ میں غلے سے اور پھلوں سے بنائی جاتی ھے -

Pome, *n.* : (۱) (نباتیات) سیب وش (پھلوں کی وہ قسم جس میں سیب ناشپاتی وغیرہ شامل ھیں) - (۲) (شعر) دھات کا گیند یا گولہ -

pomiferous, *a.* : (وہ پودا) جس کے پھل سیب وش ھوں ؛ سیب وشی -

Pomegranate, *n.* : انار ؛ انار کے درخت -

Pomeranian, *a.* & *n.* : پومیرانی ؛ پومیرانیا کا (یہ ملک بحیرہ بالٹک کے جنوبی ساحل پر واقع ھے) -

P. (*dog*) : پومیرانی کتا ؛ ایک قسم کا چھوٹا کتا جس کے بال لمبے اور ریشم کی طرح، تھوتھنی کاو دم اور کان کھڑے ھوتے ھیں -

Pomfret, *n.* : پمفریٹ ؛ ایک قسم کی مچھلی جو بحر ھند اور بحر کاھل میں ھوتی ھے اور کھانے کے کام آتی ھے ؛ چھمنا مچھلی -

Pomfret-cake, *n.* : ایک قسم کا کیک جو اصل السوس سے بنتا ھے -

Pomiculture, *n.* : میوہ دار درختوں کی کاشت ؛ ثمر بانی -

Pommel, *n.* & *v. t.* : (۱) گول موٹھہ خصوصاً وہ جو تلوار کے قبضے میں سرے پر ھوتی ھے - (۲) گھوڑے کی کاٹھی کا اگلا اٹھا ھوا حصہ ؛ ھونا - (۳) موٹھہ سے مارنا ؛ پیٹنا ؛ ڈنڈے لگانا ؛ مکے مارنا -

Pomology, *n.* : فن ثمر بانی ؛ میوہ دار درختوں کی کاشت کا فن -

pomological, *a.* : فن ثمر بانی کا یا اس کے متعلق -

pomologist, *n.* : فن ثمر بانی کا ماھر -

Pomona, *n.* : پومونا (روما کی دیومالا میں پھلوں کی دیوی) -

P. green : سبز رنگ جس میں زردی غالب ھو -

Pomp, *n.* : کروفر ؛ شان و شوکت ؛ تزک ؛ احتشام ؛ جاہ و جلال ؛ جاہ و حشم ؛ دھوم دھام -

Pompano, *n.* : پمپانو ؛ ایک قسم کی مچھلی جو جزائر غرب الہند اور شمالی امریکہ میں پائی جاتی ھے اور کھانے میں بہت لذیذ ھوتی ھے -

Pompier, *a.*, *P. ladder* : آگ بجھانے کی سیڑھی -

Pom-pom, *n.* : پم پم (یہ ایک قسم کی دور مار مشین گن ھے جو بہت تیزی سے فیر کرتی ھے) -

Pompon, *n.* : (۱) عورتوں یا بچوں کی ٹوپی یا جوتے کا پھندنا یا پھول - (۲) سپاھیوں کی ٹوپی کا طرہ یا پھندنا -

Pompous, *a.* : (۱) شاندار ؛ عالی شان ؛ طمطراق کا ؛ دھوم دھام کا - (۲) خود پسند ؛ برخود غلط - (۳) (زبان یا عبارت) پرتکلف ؛ طمطراق کی -

pomposity, *n.* : (عبارت کا) پرتکلف ھونا ؛ طمطراق -

pompously, *adv.* : (۱) شان و شوکت سے ؛ طمطراق سے ؛ دھوم دھام سے - (۲) خود پسندی سے - (۳) پر تکلف عبارت میں ؛ طمطراق سے -

pompousness, *n.* : (۱) شان و شوکت ؛ طمطراق - (۲) خود پسندی - (۳) پرتکلف ھونا ؛ طمطراق (عبارت کا) -

Ponceau, *n.* : شوخ سرخ رنگ ؛ گل لالہ کا رنگ -

Poncho, *n.* : (۱) پانچو ؛ جنوبی امریکہ کا چوغہ (کپڑے کا مستطیل ٹکڑا جس کے بیچ میں گریبان ھوتا ھے) - (۲) اس قسم کا چوغہ جو بائسکل پر بیٹھتے وقت پہنا جاتا ھے -

Pond, *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) تالاب ؛ حوض (وغیرہ) - (۲) (مزاحاً) سمندر - (۳) (*p. back*) (*p. up*) دریا کو روکنا ؛ بند باندھنا ؛ پشتہ باندھنا - (۴) (پانی کا) تالاب یا گڑھا بنا لینا -

herring-p. : دیکھو Herring -

p. -life : تالاب کے جانور (خصوصاً غیر فقری جانور یعنی مچھلی وغیرہ) -

pondweed : وہ بوٹیاں جو بند پانی میں اگ آتی ھیں -

Pondage, *n.* : (۱) تالاب کی گنجائش - (۲) پانی جمع کرنے کا محصول -

Ponder, *v. t.* & *i.* : (۱) (معاملے کے نشیب فراز کو) سوچنا - ھر پہلو سے غور کرنا - (۲) خیالات میں غرق ھونا ؛ غور و فکر میں مصروف ھونا -

ponderingly, *adv.* : غور وفکر کے ساتھہ ؛ محویت کے انداز سے -

Ponderable, *a.* : (۱) وزنی ؛ بھاری - (۲) اھم ؛ قابل غور -

ponderability, *n.* : (۱) بھاری پن ؛ وزنی ھونا - (۲) اھمیت ؛ قابل غور ھونا -

Ponderation, *n.* : (۱) تولنا ؛ وزن کرنا - (۲) تامل ؛ غور و فکر ؛ غور و خوض ؛ سوچ بچار -

Ponderous, *a.* : (۱) وزنی ؛ بھاری - (۲) بھاری اور بے ڈول ؛ بوجھل - (۳) دقت طلب ؛ کٹھن ؛ بیڈھب - (۴) (عبارت یا اسلوب بیان) ثقیل ؛ ادق -

Pone, *n.* : (تاش کے بعض کھیلوں میں) پہلے چال چلنے والے کا ساتھی -

Pone, *n.* : (۱) مکئی کی روٹی جو شمالی امریکا کے اصلی باشندے پکاتے ھیں - (۲) ایک قسم کی میٹھی ٹکیہ جس میں انڈا دودھ وغیرہ ڈالتے ھیں -

Pongee, *n.* : ایک قسم کا نرم غیر صاف شدہ چینی ریشم -

Pongo, *n.* : (۱) پانگو، افریقہ کا ایک انسان نما بندر - (۲) (غلط استعمال) = Orang-outang -

Poniard, *n.* & *v. t.* : (۱) پیش قبض ؛ خنجر ؛ دشنہ ؛ کٹار - (۲) خنجر مارنا ؛ خنجر بھونکنا -

Pons, *n.*, *P. asinorum* : (۱) گدھوں کا پل ' اقلیدس کے پہلے مقالے کی پانچویں شکل کو کہتے ھیں - (۲) کوئی چیز جو مبتدیوں کو مشکل معلوم ھو -

P. (*Varolii*) : (اطالوی ماھر تشریح وار ولی کے نام پر) جسر وار ولی ؛ عصبی ریشوں کی پٹی جو دماغ کے اندر ھوتی ھے -

Pontifex, *n.* (pl. -fices). : (۱) (روماے قدیم) پجاریوں کی مجلس کا رکن - (۲) = pontiff -

P. maximus: (متیقیات روما) پوجاریوں کی مجلس کا اسر -

Pontiff, *n.*: (۱) پاپا ؛ پاپائے اعظم - (۲) اسقف - (۳) رئیس کلیسا ؛ مہا پجاری ؛ سب سے بڑا دینوی پیشوا -

Pontifical, *a. & n.*: (۱) پاپائی ؛ اسقفی - (۲) رسوم نامہ؛ کتاب الرسوم (مغربی کلیسا کی بیاض جس میں رسوم عبادت درج ھیں)- (۳) (جمع) اسقف کا لباس اور دوسرے منصبی نشانات؛ سامان اسقفی -

pontifically, *adv.*: اسقف یا پاپا کی شان سے ؛ پاپا کی حیثیت سے -

Pontificalia, *n. pl.*: اسقف کا لباس اور دوسرے منصبی نشانات -

Pontificate, *n.*: (۱) پاپائے روما ' اسقف ' مہا پجاری یا رئیس کلیسا کا عہدہ - (۲) ان تینوں میں سے کسی کا زمانہ خدمت یا عہد حکومت -

Pontify, *v. i.*: (۱) پاپا بننا ؛ اسقف بننا - (۲) غیر خاطی یا معصوم بننے کا دعوی کرنا -

Pont-levis, *n.*: پل تختہ؛ وہ پل جو ضرورت کے وقت ہٹایا جا سکے-

Pontoneer, -ier, *n.*: کشتیوں کا پل بنوانے والا ؛ کشتیوں کے پل کا نگہبان -

Pontoon, *n. & v. t.*: (۱) چپٹے پیندے کی کشتی - (۲) کشتیوں کے پل کی ایک کشتی - (۳) پن روک پیپا ؛ پانی میں بنیاد ڈالنے کے لئے آب بند ڈبہ ؛ کو ٹھی - (۴) مرشدہ جہاز کا کشتی نما دروازہ - (۵) کشتیوں کا پل لگا کر دریا کو پار کرنا -

Pony, *n.*: (۱) ٹٹو ؛ یابو- (۲) (عامیانہ) ۲۵ پونڈ کی رقم -

Pood, *n.*: پوڈ تولنے کا روسی پیمانہ جو ۳۶ پونڈ کے برابر ہوتا ھے -

Poodle, *n. & v. t.*: (۱) پو ڈ ل ' یہ ایک قسم کا کتا ھے جس کے بال لمبے اور گھونگر والے ھوتے ھیں اور طرح طرح کی انوکھی شکلوں میں تراشے جاتے ھیں - (۲) (کسی اور کتے کے) بال پوڈل کے بالوں کی طرح تراشنا -

Pooh; *int.*: اونہہ (کرفت یا حقارت کے اظہار کے لئے) -

Pooh-Bah, *n.*: وہ شخص جو ایک ساتھ کئی عہدوں پر فائز ہو (ایک شخص جس کا ذکر گلبرٹ کے ناٹک (*The Mikdo*) دی میکاڈو میں آیا ھے) -

Pooh-pooh, *v. t.*: ہنسی اڑانا ؛ حقیر سمجھنا -

Pooka, ph-, *n.*: (۱) بھتنا - (۲) ہوا ؛ ڈراوا -

Pookoo, puku, *n.*: پو کو ؛ ایک سرخ رنگ کا بارہ سنگھا جو وسط افریقہ کے جنوب میں پایا جاتا ھے -

Pool, *n. & v. t.*: (۱) گھڑھا جس میں پانی بھرا ہو ؛ جوہڑ - (۲) دریا میں گہری جگہ ؛ کنڈ - (۳) کسی سیال سے بھرا ہوا چھوٹا گڑھا - (۴) (میخ ٹھوکنے کے لئے) سوراخ کرنا - (۵) (کوئلے کی) کان میں سرنگ کھودنا ؛ سرنگ لگانا -

Pool, *n. & v. t.*: (۱) (تاش)سب کھیلنے والوں کی بازی کی رقموں اور جرمانوں کی مجموعی مقدار - (۲) وہ خانہ جس میں شرط اور جرمانے کی رقم جمع کی جاتی ھے -(۳) ایک کھیل جو ٹیبل کی میز پر کھیلا جاتا ھے - (۴) وہ کل رقم جس کی بازی لگائی جائے ؛ شرط کی مجموعی رقم - (۵) نفعے میں شرکت کا وہ طریقہ جس کے مطابق کئی دوکاندار آپس میں مقابلہ کرنے کے بجائے مال کی شرح مقرر کر لیتے ھیں اور منافع بہ حصہ رسدی تقسیم کر لیتے ھیں - (۶) مشترک رقم مثلاً نفعے کی رقم جو کئی دوکانداروں میں تقسیم ہو ؛ مشترک سرمایہ - (۷) مشترک سرمایے میں داخل کرنا یا جمع کرنا -(۸) (نفعے وغیرہ کو) جمع کر کے بہ حصہ رسدی تقسیم کرنا -

Poon, *n.*: پون ' ایک ھندوستانی درخت -

p. oil: پون کا تیل (دوا کے کام آتا ھے) -

Poonah, *a.*: پونا ؛ ھندوستان کا مشہور شہر -

p. brush: پونا کا موقلم -

P. painting: پونا کی مصوری (چاول کے کاغذ یا اور باریک کاغذوں پر قدیم مشرقی طرز کے مطابق کی جاتی ھے) -

p. paper: پونا کا کاغذ (جو اس مصوری میں استعمال ہوتا ھے)-

Poop, *n. & v. t.*: (۱) جہاز کا پچھلا حصہ؛ دنبالہ جہاز- (۲) سب سے پچھلا اور سب سے اونچا مرشلہ - (۳) (موجوں) کا دنبالہ کشتی پر چڑھ جانا- (۴) (جہاز یا کشتی کے پچھلے حصے پر) پانی کا چڑھ آنا -

(—) **pooped**, *a.*: (—) دنبالہ دار -

Poop: دیکھو Pope (تیسرا لفظ)-

Poop, *n.*: (عامیانہ) ادنی بیوقوف شخص (*nincompoop* کا مخفف ھے) -

Poor, *a.*: (۱)غریب؛ نادار ؛ مفلس ؛ محتاج ؛ کنگال ؛ تنگ دست ؛ تہی دست - (۲) جس میں کوئی خاص چیز کم مقدار میں ھو ؛ ناقص ؛ (کسی خاص چیز کے اعتبار سے) کم مایہ - (۳) (زمین) غیر مزروعہ ؛ نا قابل کاشت ؛ بنجر ؛ اوسر - (۴) کم ؛ ناکافی ؛ توقع سے کم - (۵) ادنی؛ حقیر؛ خفیف - (۶) ذلیل؛ ہیچ؛ نکما؛ دوکوڑی کا - (۷) ناچیز؛ حقیر - (۸) بچارا ؛ بیچارہ ؛ غریب -

p. -box: خیرات کی صندوقچی (جو گرجوں میں رکھی رہتی ھے) -

p. -house: محتاج خانہ ؛ خیرات خانہ -

p. -law: قانون مساکین ؛ غربا و مساکین کی امداد کا قانون -

p. man's weather-glass: = pimpernel

p. -rate: وہ محصول جو غربا کی امداد کے لئے عائد کیا جاتا ھے -

p. -spirited: بزدل ؛ نامرد ؛ ڈرپوک ؛ پست ہمت -

the p.: غربا ؛ مساکین ؛ محتاج لوگ جو خیرات کے مستحق ھیں-

Poorly, *adv. & pred. a.*: (۱) کمی کے ساتھ ؛ قلت کے ساتھ ؛ ناقص طور پر - (۲) لشتم پشتم ؛ برے بھلے طریقے سے - (۳) ذلیل طریقے سے ؛ گھٹیا طریقے سے - (۴) (*pred. adj.*) بیمار ؛ نڈھال [مثلاً *he is (looking) very p.*] -

Poorness, *n.*: (۱) نقص ؛ کوتاھی ؛ خامی - (۲) (کسی جزو کی) کمی ؛ قلت -

Pop, *v. i. & t.*: (۱) بھک سے ہونا (مثلاً بوتل کا کاگ کھولنے میں) - (۲) (بندوق وغیرہ) داغنا ؛ سر کرنا - (۳) (کسی پرندے وغیرہ پر) بندوق سے نشانہ لگانا ؛ بندوق چلانا - (۴) (*p. in, out, down &c.*) (کوئی چیز دفعتاً یا تیزی سے) ڈالنا؛ نکالنا ؛ رکھنا - (۵) (*p. in, out &c.*) (دفعتاً) آ پہنچنا ؛ نازل ہوجانا ؛ چل دینا ؛ غائب ہو جانا ؛ جانا ؛ لپکنا ؛ جھپٹنا - (۶) یکایک سوال کر بیٹھنا - (۷) (عامیانہ) رھن رکھنا ؛ گروی کرنا - (۸) (امریکہ) مکئی کو بھوننا ؛ کھیلیں کرنا -

p.-corn: بھنی مکئی ؛ مکئی کھیلیں -

p.-gun: (۱) بچوں کی بندوق ؛ ہوائی بندوق - (۲) (حقارتاً) نکمی بندوق -

p. off (the hooks): مر جانا ؛ گزر جانا -

p.-shop : رهن گهر ؛ اس شخص کی دوکان جو چیزوں کو رهن رکهتا هے -
p. the question : (روز مرہ) شادی کی درخواست کرنا -
Pop, n., adv., & int. : (۱) پهک (کی آواز) - (۲) نقطه ' نشان (جو بهیڑوں وغیرہ پر پہچان کے لئے لگاتے هیں) - (۳) کوئی پینے کی چیز جس میں پهین اٹهتا هو مثلاً جنجر بیر ؛ (عامیانه) رهن (خصوصاً *in p.* گروی ' رهن) - (۵) پهک سے۔
I heard it go p. : میں نے اسے پهک سے اڑتے سنا -
p. goes the weasel : ایک دیهاتی ناچ کا نام -
Pop, n. : (بول چال) عوام پسند جلسهٔ سرود ؛ گانے کا جلسه -
Pop, n. : ایٹن کے مدرسے کا کلب اور دارالمباحثه -
Pop, n. : دیکهو Poppa -
Pope, n. : (۱) پوپ ؛ پاپا ؛ پاپائے اعظم - (۲) (مجازاً) غیر خاطی شخص ؛ غیر خاطی هونے کا مدعی -
p.'s head : لمبے دستے کی گول جهاڑو یا برش -
P. Joan : (۱) فرضی عورت جس کی نسبت مشهور هے که پوپ منتخب هو گئی تهی ؛ پوپ جون - (۲) تاش کا ایک کهیل-
p.'s nose : (دیکهو Parson) = Parson's nose
popedom, n. : مملکت پاپا ؛ منصب پاپا ؛ پاپائی -
popeless, a. : بے پوپ کا ؛ بے پاپا -
Pope, n. : پاپو ؛ روس میں کلیسائے یونانی کا پادری -
Pope, poop, n. & v. t. : (۱) ران میں ایک مقام جهاں کی چوٹ بهت سخت هوتی هے اور اعصاب کو ماؤف کردیتی هے -
take person's p. : (۲) کسی شخص کو اس مقام پر مارنا -
Popery, n. : (معاندانه) پوپ‌پرستی ؛ پاپا پرستی؛ پاپائیت ؛ کیتهولک مذهب -
Popinjay, n. : (۱) (قدیم) طوطا ؛ میاں مٹهو - (۲) تاریخ ' طوطے کی شکل جو کسی بانس یا بلی پر هوتی هے اور اس پر نشانه لگاتے هیں - (۳) خود نما و خود بین آدمی ؛ چهیلا - (۳) (مقامی بول) سبز هد هد -
Popish, a. : پاپائی ؛ پاپا سے متعلق -
popishly, adv. : پاپائی انداز سے ؛ پاپا کی طرح -
Poplar, n. : ایک لمبا درخت جو سیدھی قامتی میں مشهور هے ؛ درخت حور -
trembling p. : بید مجنوں -
Poplin, n. : پاپلین : ایک قسم کا ریشمی کپڑا جو آئرستان میں بنتا هے -
Popliteal, a. : عقب رکبی ؛ گهٹنے کے پیچهے کے جوڑ کا -
p. artery : شریان عقب رکبی -
p. tendons : عروق عقب رکبی -
Pop(pa), n. : (امریکه) پاپا ؛ ابا -
Poppet, n. : (۱) (اب صرف مقامی بولی میں) چهوٹا سا آدمی؛ (بچوں کے لئے) پیارا ؛ لاڈلا ؛ دلارا - (۲) خراد کا اوپر کا حصه - (۳) (بحری) چوب ؛ چهوٹی سی لکڑی -
p.-head : (۱) خراد کا اوپر کا حصه - (۲) (کان کنی) ایک فریم جو کان کے دهانے پر هوتا هے اور جس میں چرخ جنبان لگی هوتی هیں -
Popping, n. : pop (۱) کا حاصل مصدر ؛ پهک سے هونا ؛ بندوق سرکرنا یا سر هونا؛ کوئی چیز تیزی سے ڈالنا؛ نکالنا وغیرہ -
p.-crease : (کرکٹ) ایک خط جو وکٹ کے متوازی چار فٹ کے فاصلے پر هوتاهےاور کهلاڑی‌کو جس کے اندر رهنا لازمی هے؛ کریز -
Popple, v. i. & n. : (۱) (پانی کا) تلاطم یا تموج میں هونا ؛ موج زن هونا- (۲) تلاطم؛ تموج ؛ موج -
popply, a. : موج خیز ؛ متلاطم ؛ متموج -
Poppy, n. : پوست ؛ خشخاش ؛ کوکنار -
Flanders pp. : (۱) فلانڈرس کے کوکنار - (۲) ریشمی کوکنار جو ۱۱ نومبر کو بناکر بیچے جاتے هیں (کشتگان جنگ عظیم کی یادگار سمجهے جاتے هیں) -
opium p. : پوست کی وہ قسم جس سے افیون نکلتی هے -
P.-day : یوم کوکنار ؛ ۱۱ نومبر -
p.-head : (۱) پوست کا ڈوڈا ؛ خشخاش کا ڈوڈا - (۲) گرجے کی نشست کی منقش چوکی -
poppied, a. : (۱) جس میں کوکنار موجود هو- (۲) گرجے کی نشست جس میں منقش چوکی هو -
Popsy(-wopsy), n. : پیاری ؛ لاڈلی (لڑکی کے لئے پیار کے موقع پر آتا هے) -
Populace, n. : (۱) عموم ؛ جمهور - (۲) عوام الناس؛ عوام ؛ عام لوگ -
Popular, a. : (۱) عمومی ؛ عموم کا ؛ جمهور کا - (۲) عام فهم؛ عام پسند - (۳) هر دلعزیز ؛ مقبول عام - (۴) عوام کا ؛ جو عوام میں مروج هو ؛ عامیانه -
popularity, n. : هر دلعزیزی ؛ مقبولیت عام ؛ قبول عام
popularly, adv. : (۱) عمومی حیثیت سے ؛ جمهوری حیثیت سے - (۲) عام فهم یا عام پسند طریقے سے - (۳) هر دلعزیزی سے - (۴) عام طور پر -
Popularize, v.t. : (۱) هردل عزیز کرنا؛ مقبول عام کرنا ؛ عام شهرت یا عام رواج دینا - (۲) (حق رائے دهی وغیرہ) عام کرنا ' جمهور کردینا - (۳) کسی علمی مضمون کو عام فهم انداز میں پیش کرنا -
popularization, n. : (۱) هر دل عزیز بنانا ؛ عام پسند بنانا- (۲) هردل عزیزی؛عام پسندی مقبولیت عام؛ ترویج عام؛ تشهیر عام-
Populate, v.t. : (۱) بسنا ؛ آباد هونا - (۲) بسانا ؛ آباد کرنا -
Population, n. : (۱) آبادی کا اوسط ؛ آبادی کے گنجان هونے کا درجه- (۲) مردم شماری ؛ آبادی (ملک وغیرہ کی)- (۳) (کسی مقام کے) باشندے ؛ (بستی وغیرہ کے) لوگ -
A 1 p. : فوجی صلاحیت کے لحاظ سے سب سے ادنی طبقه -
C 3 p. : فوجی صلاحیت کے لحاظ سے سب سے اعلی طبقه -
Populist, n. : (۱) قبضهٔ جمهور کا حامی (ریاستهائے متحدہ امریکه کا ایک سیاسی فرقه جو سنه ۱۸۹۲ ع میں قائم هوا تها اس کا مقصد یه هے که ریلوں اور دیگر قومی اداروں پر جمهور کا قبضه هو اور محصول کی شرح درجه وار هو) - (۲) ملکیت جمهور کا حامی (روس کا ایک سیاسی فرقه جو " اجتماعیت " (*collectivism*) کا حامی تها) -
populism, n. : قبضهٔ جمهور یا ملکیت جمهور کا اصول -
populistic, a. : ملکیت جمهور کے اصول کے متعلق یا اس کا -
Populous, a. : آباد ؛ کثیر آبادی رکهنے والا -
populousness, n. : کثرت آبادی -

Porbeagle, *n.* : ایک قسم کی شارک مچھلی جو کھانے میں آتی ہے -

Porcelain, *n.* : (۱) چینی ؛ چینی مٹی - (۲) چینی کے برتن - (۳) (مجازاً بطور صفت) نازک ؛ لطیف ؛ کانچ بھو جو ؛ جو آسانی سے ٹوٹ جائے -

p. -clay : کولین (Kaolin) (ایک قسم کی چکنی مٹی جس سے چینی بنتی ہے) -

p. shell : کوڑی -

porcelainous, *a.* : جس میں چینی ہو ؛ چینی دار -

porcellaneous, *a.* : چینی کا سا ؛ چینی کا -

porcellanic, *a.* : چینی کا سا ؛ چینی کا -

porcellanous, *a.* : جس میں چینی ہو ؛ چینی دار -

Porcelainize, *v. t.* : چینی بنانا ؛ (مٹی وغیرہ کو) بدل کر چینی بنا دینا -

Porch, *n.* : وہ چھتا جو مکان کے دروازے کے سامنے ہو ؛ برساتی ؛ پیش دہلیز -

the P. : (۱) ایتھنس کی مشہور عمارت جس میں زینو درس دیا کرتا تھا ؛ رواق - (۲) رواقی فلسفہ ؛ مذہب رواقئین -

porched, *a.* : برساتی دار -

porchless, *a.* : بے برساتی کا -

Porcine, *a.* : (۱) خوکی ؛ خنزیری ؛ سور کا - (۲) خوک صفت ؛ خنزیر صفت ؛ خنزیر جیسا -

Porcupine, *n.* : (۱) سیہہ ؛ خارپشت - (۲) خارپشت مشین - (۳) ان جانوروں کے نام کا جزو جن کی پشت پر کانٹے ہوتے ہیں (مثلاً *p. ant-eater, p. crab* وغیرہ) -

porcupinish, porcupiny, *aa.* : سیہہ کا سا ؛ خارپشت کا سا -

Pore, *n.* : مسام ؛ مسم -

Pore, *v. i. & t.* : (۱) (*P. over*) مطالعے میں غرق ہونا ؛ مطالعے میں ڈوب جانا ؛ نہایت غور سے مطالعہ کرنا (کتاب وغیرہ کا) - (۲) (مجازاً) غور کرنا ؛ غور و خوض کرنا - (۳) (قدیم) (*p. at, on, over*) غور سے دیکھنا ؛ ٹکٹکی باندھ کر دیکھنا -

p. one's eyes out : پڑھتے پڑھتے آنکھوں کو تھکا ڈالنا -

Porge, *v. t.* : (یہودیوں کی رسم) ذبیحے کو نس پٹھے وغیرہ نکال کر شرعی طور پر پاک کرنا -

porger, *n.* : ذبیحے کو صاف کرنے والا -

Porism, *n.* : (۱) مسئلۂ کثیرالحل ؛ سوال کثیرالجواب ؛ ایسا مسئلہ یا سوال جس کے لاتعداد حل یا جواب ہوں - (۲) = corollary -

Pork, *n.* : سور کا گوشت (خصوصاً تازہ) -

p.-butcher : سور قصائی ؛ سور قصاب -

p. pie : وہ سموسا (pie) جس میں سور کا قیمہ بھرا ہو -

p. -pie hat : ایک قسم کی ٹوپی جس کی چاند چپٹی ہوتی ہے اور چھجا چاروں طرف اوپر کو مڑا ہوتا ہے -

Porker, *n.* : (۱) سور جو ذبح کرنے کے لئے پالا جائے - (۲) سور کا بچہ جو ذبح کرنے کے لئے پالا جائے -

porket, *n.* : سور کا بچہ ؛ چھوٹا سور -

Porkling, *n.* : چھوٹا سا سور یا سور کا بچہ -

Porky, *a.* : سور کا ؛ سور کی طرح کا ؛ (روز مرہ) موٹا تازہ ؛ چربیلا ؛ چربی دار -

Porno- : یہ سابقہ یونانی زبان کے لفظ porne سے نکلا ہے جس کے معنی ہیں " قحبہ " " فاحشہ " وغیرہ -

pornocracy : قحبہ راج ؛ بیسوا راج (وہ حکومت جس میں بازاری عورتوں کا اثر غالب ہو ؛ خصوصاً دسویں صدی کی رومی حکومت -

pornography : (۱) بیسواؤں ، قحبہ عورتوں وغیرہ کے طرز زندگی وغیرہ کا بیان - (۲) رسالہ ، کتاب وغیرہ جس میں یہ بیان ہو - (۳) فحش نگاری -

pornographer : قحبہ عورتوں کے حالات لکھنے والا ؛ فحش نگار -

pornographic : (۱) جس میں بیسواؤں ، قحبہ عورتوں وغیرہ کے حالات لکھے ہوں - (۲) فحش نگارانہ -

Poroplastic, *a.* : (جراحی) (فیلٹ کی صفت) مسام دار اور شکل پذیر -

Porous, *a.* : مسام دار ؛ جس میں مسامات کثرت سے ہوں (نیز مجازاً) -

porosity, porousness, *nn.* : مسام دار ہونا -

Porphyry, *n.* : (۱) سنگ سماق - (۲) (ارضیات) غیر طبقی چٹان ؛ آتش نشانی چٹان -

Porpoise, *n.* : سنگ ماہی ؛ سوسمار ؛ گرہ -

Porraceous, *a.* : سبز ؛ گندنے کے رنگ کا -

Porrect, *v. t.* : (۱) (تاریخ موالید) بدن کے کسی عضو کو پھیلانا - (۲) (قانون کلیسا) پیش کرنا ، گزارنا (مرضداشت دستاویز وغیرہ) -

Porridge, *n.* : جئی یا جو وغیرہ کا دلیہ -

keep your breath to cool your p. : اپنی نصیحت تہ کر رکھئے آپ کے کام آئیگی -

Parrigo, *n.* : قراع ؛ سعفت ؛ سر کی ایک جلدی بیماری -

Porringer, *n.* : شوربہ دان ؛ پیالہ جس میں بچے شوربہ وغیرہ پیتے ہیں -

Port, *n.* : (۱) بندرگاہ ؛ بندر - (۲) (مجازاً) مامن ؛ ملجا و ماوا -

Cinque ports : دیکھو cinque -

close p. : بند بندرگاہ (جو اندرون ملک میں کسی دریا کے کنارے واقع ہو) -

free p. : (۱) کھلی بندرگاہ جس میں ہر قوم و ملک کے جہازوں کو مال اتارنے چڑھانے کی اجازت ہو - (۲) درآمد و برآمد کے محصول سے استثنا -

p. admiral : بندرگاہ کی بحری فوج کا سپہدار -

P. of London Authority : بندر لندن کی جماعت انتظامی (یہ ایک جماعت بلدیہ ہے جو سنہ ۱۹۰۸ ع میں بندر اور گودیوں کے انتظام کے لئے مقرر کیگئی تھی) -

Port, *n.* : (۱) پھاٹک ؛ دروازہ خصوصاً قلعہ بند شہر کی شہر پناہ کا (زیادہ تر اسکا چستان میں برلتے ہیں) - (۲) (بحری) جہاز کے پہلو کا دروازہ - (۳) = p. -hole - (۴) (مکانک) دھواں پانی وغیرہ نکلنے کا سوراخ - (۵) لگام کا خم دار دھانہ -

p. -hole : روشن دان جو جہاز کے پہلو میں ہوتا ہے -

Port, *n.* : چال ڈھال ؛ انداز خرام وغیرہ -

Port, *v.t.* : (فوج) (تلوار یا بندوق کو) ترچھا سینے سے لگا کر رکھنا -

p. arms : (تلوار یا بندوق کو) سینے سے لگا کر ترچھا رکھو - !

Port, *n. & v. t. & i.* : (۱) جہاز کا وہ پہلو جو آگے کی طرف رخ کرکے کھڑے ہونے والے کے بائیں ہاتھ پر ہو ؛ بایاں پہلو - (۲) سکان جہاز کو جہاز کی بائیں طرف گھمانا ؛ جہاز کی بائیں طرف گھومنا یا مڑنا - (۳) (جہاز کا) بائیں کو گھومنا ؛ بائیں جانب مڑنا -

Port, *n.* : پورٹ ؛ شراب پرتگالی ؛ ایک قسم کی تیز میٹھی شراب -

جو گہرے سرخ رنگ کی ہوتی ہے -

Portable, *a.* : نقل پذیر ؛ اٹھاؤ ؛ جس کو اٹھا کر لے جا سکیں ؛ سفری ؛ ہلکا -

portability, *n.*: نقل پذیری ؛ اٹھاؤ پن -

Portage, *n.* & *v. t.*: (۱) ڈھونا ؛ ڈھلائی - (۲) کرایہ ؛ بار برداری ؛ بار برداری کا خرچ ؛ ڈھلائی - (۳) دو قابل جہاز رانی سمندروں کے درمیان کشتیوں یا مال کا لے جانا ؛ نقل - (۴) وہ مقام جہاں اس کی ضرورت ہو ؛ مقام نقل - (۵) (vb.) دو قابل جہازرانی سمندروں کے درمیان کشتیاں یا مال لے جانا -

mariner's p. : جہاز میں وہ جگہ جو ملاح کو دیدی جائے کہ خواہ اپنا اسباب لے جائے یا کرائے پر اٹھادے -

Portal, *n.* : دروازہ ؛ باب ؛ پھاٹک (خصوصاً وہ جو شاندار ہو) -

Portal, *a.* : جگر کے ترچھے شگاف کے متعلق یا اس کا -

p. vein : ورید جگری -

Portamento, *n.* : (موسیقی) امتداد نغمہ کو مسلسل بہ تدریج بدلنا -

Portative, *a.* : (۱) جو اٹھایا جاسکے - (۲) (قدیم) جس کو اٹھا کر لے جاسکیں -

Portcullis, *n.* : بھاری سلاخوں کی جالی جو قلعے کے دروازوں کے پہلو میں ایک خانے کے اندر اوپر نیچے پھسلتی ہے ؛ پھسلواں دروازہ -

portcullised, *a.* : جس میں پھسلواں دروازہ لگا ہو -

Porte, *n. the* (*Sublims* or *Ottoman*) *P.*: (تاریخ) باب عالی (ترکی حکومت سنہ ۱۹۲۳ ع تک اس نام سے مرسوم تھی) -

Porte- : ایک سابقہ جو فرانسیسی زبان کے لفظ " porter " سے نکلا ہے جس کے معنی ہیں " اٹھانا " " لیجانا " -

port(e)-crayon : پنسل گیر ؛ چاک گیر -

portefeuille : چمڑے کا تھیلا (جس میں کاغذات وغیرہ رکھتے ہیں) -

porte-monnaie : چمڑے کا بٹوا ؛ چمڑے کی پاکٹ بک -

Porte-cochere, *n.* : بیرونی ڈیوڑھی ؛ پھاٹک اور ڈیوڑھی (جس میں سے گاڑیاں گزر کر مکان کے صحن میں جاتی ہیں) -

Portend, *v. t.* : (۱) (ہونے والے واقعے کا) شگون ہونا ؛ علامت ہونا ؛ نشانی ہونا - (۲) (ہونے والے واقعے سے) آگاہ کرنا ؛ خبر دینا -

Portent, *n.* : (۱) فال ؛ شگون ؛ علامت ؛ نشانی - (۲) اعجوبہ ؛ عجیب و غریب چیز -

portentously, *adv.* : ازراہ شگون ؛ بد فالی کے طور پر ؛ بد شگونی سے -

Porter, *n.* : پاس بان ؛ دربان ؛ ڈیوڑھی بان -

Porter, *n.* : (۱) حمال خصوصاً ریل کا قلی - (۲) ایک قسم کی تلخ بیر شراب -

p. -house : (امریکہ) شراب خانہ -

p. -house steak : ران کے نیچے کا ٹکڑا (جس کا گوشت بہت عمدہ سمجھا جاتا ہے) -

p.'s knot : قلیوں یا مزدوروں کی گدی (جو شانوں پر یا ہندوستان میں سر پر رکھتے ہیں) -

porterage, *n.* : حمالی ؛ قلی کی مزدوری -

Portfire, *n.* : خاص قسم کا فتیلہ ؛ بتی جو ہوائی وغیرہ چھڑانے یا کان کنی میں آتش گیر مادے کو مشتعل کرنے کے کام آتی ہے -

Portfolio, *n.* : (۱) چمڑے کا تھیلا یا جزدان جو کاغذات رکھنے کے کام آتا ہے - (۲) (مجازاً) قلمدان وزارت ؛ وزیر کا عہدہ ؛ وزارت -

Portico, *n.* : برساتی ؛ غلام گردش ؛ کسی عمارت کے سامنے کا وہ حصہ جو ستونوں پر کھڑا ہو -

Portiere, *n.* : دروازے کا پردہ یا چلمن -

Portion, *n.* & *v. t.* : (۱) حصہ ؛ بخرہ ؛ جز - (۲) حصہ رسدی - (۳) جہیز ؛ وہ مال یا جائداد جو لڑکی کے والدین شادی کے وقت اسے دیں - (۴) قسمت ؛ نصیب ؛ مقسوم - (۵) حصے کرنا ؛ حصے بخرے کرنا - (۶) حصوں میں تقسیم کرنا ؛ حصے لگانا - (۷) (*p. out*) حصے کے طور پر کسی کو دینا ؛ کسی کے حصے میں رکھنا (کوئی چیز) -

a p. (*of*) : (کسی چیز کی) تھوڑی سی مقدار -

portionless, *a.* : بے جہیز -

Portland, *n.* : پورٹ لینڈ کا جیل خانہ -

Portly, *a.* : (۱) جسیم ؛ لحیم شحیم ؛ بھاری بھرکم - (۲) شاندار ؛ عظیم الشان -

portliness, *n.* : (۱) جسامت ؛ بھاری بھرکم پن - (۲) شان و شوکت -

Portmanteau, *n.* (pl. -s, -x) : (۱) پورٹ منٹو ؛ چمڑے کا بیگ جس میں دو برابر حصے الگ الگ ہوتے ہیں اور بیچ میں سے کھلتا ہے - (۲) گھڑا ہوا لفظ جو دو لفظوں کی ترخیم سے بنایا جائے اور دونوں کے معنوں پر حاوی ہو ؛ آواز اور معنی میں مرکب لفظ (جیسے *slimy* اور *lithe* = *slithy*) -

Portolano, *n.* : (تاریخ) ہدایات جہاز رانی (وہ کتاب جس میں جہاز رانی کی ہدایتیں اور بندرگاہوں کے حالات درج ہوتے تھے) -

Portrait, *n.* : (۱) تصویر ؛ شبیہ ؛ فوٹو (کسی انسان یا جانور کا) - (۲) (مجازاً) ہو بہو تصویر (کسی چیز کی) ؛ کامل نمونہ - (۳) تصویر جو الفاظ میں کھینچی جائے ؛ ایسا بیان جس سے واقعے کی تصویر آنکھوں میں پھر جائے ؛ لفظی تصویر -

Portraitist, *n.* : صورت گر ؛ شبیہ ساز (وہ شخص جو انسانوں یا جانوروں کی تصویر بناتا ہے) -

Portraiture, *n.* : (۱) تصویر کشی ؛ شبیہ سازی ؛ صورت گری - (۲) تصویر ؛ شبیہ - (۳) لفظی تصویر ؛ لفظی مرقع ؛ ایسا بیان جس سے واقعے کی تصویر نظر میں پھر جائے -

Portray, *v. t.* : (۱) تصویر کھینچنا ؛ شبیہ بنانا ؛ فوٹو کھینچنا - (۲) الفاظ میں تصویر کھینچ دینا ؛ واقعے کو اس طرح بیان کرنا کہ آنکھوں میں تصویر پھر جائے -

portrayal, *n.* : صورت گری ؛ شبیہ سازی -

Portreeve, *n.* : (۱) (تاریخ) کسی پرگنے یا شہر کا افسر اعلیٰ ؛ اعلیٰ افسر - (۲) (حال) نائب صدر بلدیہ ؛ نائب مئیر -

Portress, *n.* : دربان عورت ؛ ڈیوڑھی بان عورت -

Portuguese, *a.* & *n.* : (۱) پرتگال کا ؛ پرتگال کے متعلق ؛ پرتگالی ؛ پرتگیزی - (۲) باشندۂ پرتگال ؛ پرتگیزی ؛

پرتگالی (شخص) - (۳) پرتگالی زبان ؛ پرتگیزی زبان -

Pose, *v. t. & i. & n.* : - (۱) کرنا ؛ پیش کرنا (دعوی وغیرہ) (۲) چھیڑنا ؛ پیش کرنا (مسئلہ) - (۳) مصور کا اپنے معمول (model) کو کسی خاص انداز سے بٹھانا یا کھڑا کرنا - (۴) تصویر کھچوانے کے لئے کوئی خاص انداز اختیار کرنا - (۵) بنانا ؛ اپنے آپ کو ظاہر کرنا (مبصر وغیرہ) - (۶) (Dominoes کے کھیل میں) پہلا مہرہ رکھنا یا چلنا - (۷) کوئی انداز جو قصداً اختیار کیا جائے خصوصاً مصنوعی انداز - (۸) (Dominoes کے کھیل میں) پہلا مہرہ چلنا یا اسی کا حق -

Pose, *v. t.* : کوئی سوال پوچھ کر یا کوئی مسئلہ پیش کر کے الجھن میں ڈال دینا -

Poser, *n.* : (۱) مندرجۂ بالا لفظ کا اسم فاعل- (۲) مشکل سوال یا مسئلہ-

Poseur, *n.* : بننے والا ؛ تصنع سے کام لینے والا -

Posh, *a.* : (عامیانہ) ٹھاٹ کا ؛ ٹیم ٹام کا ؛ خوش پوش -

Posit, *v. t.* : (۱) فرض کرنا ؛ فرضیے کے طور پر مان لینا - (۲) قائم کرنا ؛ وضع کرنا ؛ رکھنا -

Position, *n. & v. t.* : (۱) مسئلہ ؛ نظریہ ؛ قضیہ ؛ دعوی - (۲) (جسم کی) حالت یا انداز یا وضع - (۳) انداز خیال ؛ نقطۂ نظر - (۴) جگہ ؛ موقع ؛ محل - (۵) (حربیات) مورچہ ؛ مقام ؛ عمدہ مقام - (۶) جز لفظ میں حرف علت کا محل ؛ (خصوصاً لاطینی اور یونانی کے عروض میں) دو حروف صحیح سے پہلے کسی حرف علت کا ہونا جس سے یہ حرف علت طویل ہوجاتا ہے - (۷) (مجازاً) حیثیت ؛ صورت حال ؛ حالت - (۸) رتبہ ؛ مرتبہ - (۹) عہدہ ؛ جگہ - (۱۰) ٹھیک جگہ پر رکھنا ؛ محل یا موقع معین کرنا -

eas'ward p. : پادری کا عشائے ربانی کے وقت مشرق کی طرف رخ کر کے قربان گاہ کے سامنے کھڑا ہونا -

he is in a p. to do : وہ کر سکتا ہے ؛ اسے کرنے کا موقع یا مقدور ہے -

in p. : مناسب یا ٹھیک جگہ پر -

out of p. : بے محل ؛ غلط جگہ پر -

people of p. : بڑے لوگ ؛ ذی رتبہ لوگ ؛ امیر لوگ -

positional, *a.* : وضع ، مقام ، طرح وغیرہ کے متعلق -

Positive, *a. & n.* : (۱) وضعی ؛ موضوع (جیسے *p. law* قانون موضوعہ) - (۲) صریحی ؛ قطعی - (۳) کسی رائے پر پورا وثوق رکھنے والا ؛ کسی بات کا کامل یقین رکھنے والا - (۴) (صرف و نحو) مطلق (صفت کی وہ شکل جو مقابلہ ظاہر نہیں کرتی - (۵) حقیقی ؛ محض ؛ مطلق (اعتباری یا اضافی کی ضد) - (۶) (روز مرہ) پورا ؛ پکا ؛ سرا سر (مثلاً *he is a p. nuisance*) - (۷) ثبوتی ؛ واقعی ؛ جس کی بناء واقعات اور مشاہدات پر ہو (جیسے *p. philosophy* ثبوتی فلسفہ) - (۸) ایجابی ؛ اثباتی ؛ مثبت (سلبی یا منفی کی ضد) - (۹) (جبر و مقابلہ) مثبت (وہ مقدار جو صفر سے زیادہ ہو) - (۱۰) جس سے ترقی یا اضافہ ظاہر ہو ؛ مثبت - (۱۱) (صفت کا) درجۂ مطلق ؛ صفت مطلق - (۱۲) مقدار مثبت -

p. electricity : مثبت برق -

p. organ : ایک طرح کا چھوٹا آرگن باجا -

(مقناطیس) مثبت قطب ؛ (جغرافیہ) قطب جنوبی - : *p. pole*

p. sign : علامت مثبت (+) -

positively, *adv.* : قطعی طور پر ؛ ثبوتی حیثیت سے -

positiveness, *n.* : قطعیت ؛ ثبوتیت ؛ اثبات -

positivity, *n.* : ثبوتیت ؛ اثبات -

Positivism, *n.* : ثبوتیت ؛ آگسٹ کومٹ (Auguste Comte) کا نظام فلسفہ جس کی رو سے صرف ان چیزوں کا وجود تسلیم کیا جاتا ہے جو قابل مشاہدہ اور ثبوت ہوں -

positivist, *n.* : ثبوتیت پسند ؛ ثبوتی ؛ فلسفۂ ثبوتیت کا قائل-

positivistic, *a.* : ثبوتیت کا ؛ ثبوتی -

precipitation, n.: (۱) سرکے بل گرنا یا گرانا؛ ڈالنا؛ ڈالا جانا؛ جو چیز ڈالی یا گرائی گئی ہو - (۲) بے سوچے سمجھے کا کام؛ عاجلانہ کام - (۳) ترسیب - (۴) تکثیف بخار - (۵) برسنا (پانی، برف، اولے وغیرہ کا) -

precipitator, n.: (۱) گرانے، پھینکنے یا ڈالنے والا - (۲) جلد باز - (۳) (کیمیا، طبیعیات) = precipitant - (۴) آلۂ ترسیب - (۵) کثیف پانی کو صاف کرنے کا حوض یا تالاب -

Precipitous, a.: (۱) کڑاڑے یا کھڑی چٹان کا یا اس کے جیسا؛ کھڑا - (۲) (شاذ) = precipitate -

precipitously, adv.: (۱) عموداً؛ کھڑا ہی کھڑا - (۲) بالکل نیچے - (۳) (شاذ) تیزی، شتابی سے؛ تعجیلاً؛ بے سوچے سمجھے -

precipitousness, n.: عمودیت؛ کھڑا ہونا وغیرہ -

***Precis*, n.:** تلخیص؛ خلاصہ؛ اختصار -

Precise, a.: (۱) ٹھیک ٹھیک؛ صحیح؛ بے کم و کاست - (۲) (شخص وغیرہ) با ضابطہ؛ با قاعدہ؛ پابند آداب و آئین؛ چھوٹی چھوٹی باتوں کی بھی صحت چاہنے والا؛ صحت پسند؛ تحقیق پسند - (۳) (اخلاق، طرز عمل وغیرہ) رسم و رواج، آئین و آداب کے عین مطابق؛ (تقریر، گفتگو) بالکل واضح؛ صاف -

the p. moment: ٹھیک وہی وقت؛ عین وہی لمحہ -

preciseness, n.: ٹھیک ٹھیک ہونا؛ بےکم و کاست ہونا؛ صحت؛ با ضابطگی؛ باقاعدگی وغیرہ -

Precisely, adv.: (۱) ٹھیک طرح؛ صحیح اور صاف طور پر؛ بے کم وکاست؛ بعینہٖ؛ بجنسہٖ؛ ہو بہو - (۲) جی ہاں ایساہی؛ بالکل ٹھیک -

Precisian, n.: (قاعدہ، رسوم و رواج کا) سخت پابند شخص؛ ضابطہ پرست؛ (خصوصاً) سخت پابند شرع -

precisianism, n.: (رسوم، قاعدہ شرع وغیرہ کی) سخت پابندی؛ ضابطہ پرستی -

Precision, n.: ٹھیک، درست ہونا؛ صحت -

arm of p.: بندوق، توپ وغیرہ جس میں ایسی مکھی یا دیگر پرزے وغیرہ موجود ہوں جن سے نشانہ ٹھیک بیٹھتا ہو -

precisionist, n.: (زبان، آداب، اطوار وغیرہ کی جزئیات کی موزونی و صحت کا) حد سے زیادہ خیال رکھنے والا؛ ضابطہ پرست -

Preclude, v. t.: (غیر مادی اشیا کے لئے) خارج کرنا؛ باہر کرنا؛ باز رکھنا؛ پہلے سے روکنا؛ مانع ہونا؛ محروم کرنا؛ ناممکن کردینا (مثلاً *p. any chance of failure, p. all doubts*) —

preclusive, a.: مانع؛ مزاحم؛ روکنے والا؛ خارج کرنے والا (پودا، وغیرہ) -

Precocious a.: (۱) (پودا وغیرہ) قبل از وقت پھولنے پھلنے والا؛ پیش رس - (۲) (انسان کی کوئی دماغی یا جسمانی ترقی) قبل از وقت نشو و نما پاتا؛ (کوئی چیز یا شخص) قبل از وقت نشو و نما پاتا (مثلاً *p. child, talent, growth &c.*) - (۳) (افعال وغیرہ) جو قبل از وقت نشو و نما کو ظاہر کریں -

precociously, adv.: قبل از وقت؛ بہت قبل -

precociousness, precocity, nn.: اسماء مذکورۂ بالا معنوں میں -

Precognition, n.: (۱) علم جو پہلے سے ہو؛ سابق علم؛ پیش ادراک؛ وقوف ماقبل - (۲) (قانون اسکاٹستان) گواہ کا ابتدائی اظہار یہ جانچنے کے لئے کہ آیا مقدمہ چلنے کے قابل ہے یا نہیں -

Preconceive, v. t.: پہلے سے سوچنا، جاننا یا سمجھنا؛ پہلے سے

خیال باندھنا؛ (کسی واقعے کا) پہلے سے قیاس کرلینا؛ پیش بینی کرنا۔

preconception, *n.* : رائے ' خیال ' فیصلہ جو پہلے سے قایم کرلیا جائے ؛ تعصب ؛ طرفداری ۔

Preconize, *v. t.* : (۱) عام اعلان کرنا ؛ اعلان کرنا ؛ علانیہ مشتہر کرنا - (۲) علانیہ تعریف کرنا - (۳) نام لے کر طلب کرنا - (۴) (پاپائے اعظم کا) تقرر اسقف کی علانیہ منظوری دینا -

preconization, *n.* : (۱) (پاپائے اعظم کا کارڈینالوں کے سامنے) تقرر اسقف کا اعلان - (۲) اعلان عام -

Precursor, *n.* : (۱) پیش رو ؛ نقیب ؛ مقدم (خصوصاً یوحنا اصطباغی) - (۲) سابق عہدہ دار ؛ پیش رو عہدہ دار -

Precursory, precursive; *aa.* : ابتدائی ؛ تمہیدی ؛ پہلے کا ؛ پیش رو کا کام دینے والا ؛ افتتاحی -

Predacious, *a.* : (۱) (جانور) شکار خوار ؛ شکار پر گزران کرنے والا - (۲) شکار خور جانوروں کا (مثلاً *p. instincts*) -

predacity, *n.* : شکارانہ جبلت -

Predate, *v. t.* : تاریخ ماقبل ڈالنا؛ اصلی تاریخ سے پہلے کی تاریخ ڈالنا-

Predatory, *a.* : (۱) غارت گری ' سفاکی کا عادی ؛ لٹیرا - (۲) (جانور) شکار پر گزران کرنے والا ؛ شکار خور -

Predecessor, *n.* : (۱) سابق یا پیش رو عہدہ دار (مثلاً *my, William's, pp., his immediate p.*) - (۲) کوئی چیز جس کے بجائے کوئی دوسری چیز اسی استعمال کے لئے لائی گئی ہو(مثلاً *my present car is far superior to its pp.*) - (۳) مورث ؛ جد -

Predella, *n.* : (۱) قربان گاہ کی کرسی - (۲) اس کرسی کے عمودی رخ پر کے نقش و نگار - (۳) قربان گاہ کی پشت کی اٹھی ہوئی الماری - (۴) اس الماری پر کی نقاشی یا کندہ کاری -

Predestinarian, *n. & a.* : جبری؛ مسئلہ جبر کا (قایل)؛ قایل تقدیر-

Predestinate, *v. t. & a.* : (۱) مقدر کرنا ؛ تقدیر میں لکھنا - (۲) پہلے سے تہیہ کرلینا ؛ پہلے سے مقرر کرلینا - (۳) خدا کا کسی شخص کی تقدیر میں پہلے سے نجات یا کوئی اور انجام لکھہ دینا- (۴) مقدر؛ تقدیر میں لکھا ہوا؛ پہلے سے مقرر کیا ہوا-

Predestination, *n.* : (۱) قضا و قدر - (۲) تقدیر ؛ قسمت -

Predestine, *v. t.* : (۱) پہلے سے مقرر کرنا ؛ مقدر کرنا - (۲) = predestinate, *v. t.* -

Predetermine, *v. t.* : (۱) پہلے سے مقرر کرنا ' طے کرنا ' فیصلہ کرلینا - (۲) = Predestine - (۳)(کسی پر کوئی طرز عمل اختیار کرنے کے لئے) اثر ڈالنا یا (اس کو) راغب کرنا-

predeterminate, *a.* : پہلے سے مقرر کیا ہوا ' طے شدہ ؛ (خصوصاً) مقدر کیا ہوا ؛ قسمت میں لکھا ہوا-

predetermination, *n.* : (۱) ارادہ ' فیصلہ وغیرہ جو پہلے سے کرلیا جائے - (۲) = predestination-

Predial, *a. & n.* : (۱) اراضی کا یا اس کے متعلق ؛ زراعتی - (۲) دیہات کا ؛ دیہی - (۳) زرعی (غلام)- (۴) غلام جن سے زراعت کا کام لیا جاتا ھے؛ زرعی غلام -

Predicable, *a. & n.* : (۱) ممکن الاثبات ؛ قابل اسناد ؛ مسندی ؛ خبری - (۲) محکوم ؛ محمول ؛ مسند ؛ خبر - (۳) (جمع) محکومات؛ ارسطو کے محمولات کی وہ قسمیں جو موضوعات کے تابع ہیں (مثلاً نوع ' جنس ' تعریف ' عوارض و خواص وغیرہ)

predicability, *n.* : محمولیت؛ محکومیت؛ خبریت؛ مسندیت-

Predicament, *n.* : (۱) مسند ؛ محمول ؛ محکوم - (۲) (جمع) ارسطو کے مقولات عشرہ- (۳) ناگوار' خطر ناک ' بیڈھب' تکلیف دہ صورت حال ' موقع -

predicamental, *a.* : (۱) مسندی ؛ محکومی ؛ محمولی - (۲) ارسطو کے مقولات عشرہ کا -

Predicant, *a. & n.* : (۱) (مذہبی جماعت خصوصاً ڈومینیکی راھب) واعظ گر - (۲) = Predikant -

Predicate, *n.* : (۱) (منطق) محمول ؛ محکوم بہ ؛ مسند - (۲) (صرف و نحو) مسند ؛ خبر -

Predicate, *v. t.* : (۱) (کسی چیز کی صحت یا وجود کا) اثبات کرنا ' ادعا کرنا ' بہ وثوق کہنا - (۲) (منطق) موضوع کے متعلق کسی چیز کا اثبات کرنا -

predication, *n.* : (۱) اثبات - (۲) جس کا اثبات کیا جائے - (۳) محمول ؛ محکوم بہ ؛ مسند -

Predicative, *a.* (opp. *attributive*) : (۱) اثباتی ؛ اثبات کرنے والا- (۲) (صرف و نحو ' اسماء و صفات) جو مسند (خبر) ہو یا اس کا کوئی جز ہو (مثلاً *this is absurd* میں *absurd*)-

predicatively, *adv.* : مسند یا اس کے جزو کے طور پر -

Predicatory, *a.* : وعظ کا ؛ پند و نصیحت کے متعلق ؛ واعظانہ ؛ ناصحانہ ؛ جس کو وعظ کہنے کا شوق ہو ؛ نصیحت فروش -

Predict, *v. t.* : پیشین گوئي کرنا ؛ پیش گوئی کرنا ؛ پیش خبری کرنا ؛ (آنے والے واقعات کو) پہلے سے بتا دینا -

predictability, *n.* : پیشین گوئی کئےجا نے کی قابلیت ؛ کسی چیز وغیرہ کا ایسا ہونا کہ جس کی بناء پر اس چیز کے متعلق پیش گوئی یا شگون کیا جاے -

predictable, *a.* : جس کی پیش گوئی کی جاسکے ؛ جس کی پیشین گوئی ممکن ہو -

prediction, *n.* : پیشین گوئی ؛ پیش خبری ؛ پیش گوئی ؛ آنے والے واقعات کو پہلے سے بتا دینا -

predictive, *a.* : پیش خبرانہ ؛ پیش گویانہ ؛ جو آنے والے واقعات کی پہلے سے خبر دے -

predictively, *adv.* : از راہ پیشین گوئی ؛ پیش گوئی کے طور پر ؛ پیشین گوئی کرتے ہوے ؛ پیش گویانہ -

predictor, *n.* : پیش گو ؛ پیشین گو ؛ آنے والے واقعات کی پہلے سے خبر دینے والا -

Predikant, *n.* : ڈچ پروٹسٹنٹ کلیسا کا پادری (خصوصاً جنوبی افریقہ میں) -

Predilection, *n.* : رغبت ؛ رجحان ؛ شوق ؛ میلان ؛ میلان خاطر ؛ میلان طبع -

Predispose, *v. t.* : (۱) متحمل یا متاخذ بنانا یا کرنا (مثلاً *both heredity and environment may p. an organism to disease*) - (۲) راغب ' مائل یا رجوع کرنا ؛ شایق بنانا (مثلاً *my training predisposes me to liberalism*)-

Predisposition, *n.* : (۱) رغبت طبع ؛ میلان خاطر ؛ رجحان (مثلاً *p. towards piety*) - (۲) میلان جسمی ؛ صلاحیت ؛ متحمل ہونا ؛ مائل بہ تاخذ ہونا (*a p. to tuberculosis*) -

Predominate, *v. i.* : (۱) (کسی پر) اختیار' قابو ہونا ؛ (کسی پر) حکومت رکھنا (*the women in those parts never p.*)-

(۲) غالب ہونا ' رہنا ' آنا ؛ فائق ہونا - (۳) قوی تر یا خاص عنصر ہونا -

predominance, *n.* : تسلط؛ غلبہ ؛ تفوق؛ استیلا ؛ بالادستی؛ غالب‌ہونا؛ (کسی پر) حکومت رکھنا؛ قوی یا خاص عنصر ہونا وغیرہ-

predominant, *a.* : متغلب؛ غالب (مثلاً *the temporary effects of a p. passion*) ؛ فائق ؛ بالا دست ؛ بر تر (مثلاً *p. partner*) (لارڈ روسبری نے انگلستان کو بمقابلہ آئرستان وغیرہ کہا تھا) -

predominantly; *adv.* : بہ غلبہ ؛ بہ تفوق ؛ بالا دستی سے ؛ غالب ہوتے ہوے ؛ ارفعیت سے ؛ زیادہ تر ؛ قوی تر یا خاص عنصر ہوتے ہوے -

predominatingly, *adv.* : غالب یا فائق یا برتر ہوتے ہوے ؛ زیادہ تر -

Pre-eminent, *a.* : سب پر فائق ؛ افضل ؛ ممتاز ؛ بر تر ؛ سرفراز ؛ اعلیٰ ؛ قابل ترین -

pre-eminence, *n.* : تفوق ؛ امتیاز ؛ افضلیت ؛ فوقیت ؛ فضیلت ؛ قابل ترین ہونا -

pre-eminently, *adv.* : اعلیٰ طور پر ؛ افضل طور پر ؛ سب پر فائق ہوتے ہوے ؛ قابل امتیاز طور پر وغیرہ -

Pre-empt, *v. t.* : (۱) از روئے حق شفع حاصل کرنا - (۲) (امریکہ) حق شفع کے حصول کے لئے (اراضیء جمہور پر) قبضہ کرنا - (۳) (مجازاً) پہلے سے قابض ہوجانا ؛ اپنے تصرف میں لانا ؛ ہتھیا لینا -

Pre-emption, *n.* : دوسروں کو خریدنے کا موقع دیے بغیر کسی شخص کاکوئی اراضی خرید کرنا؛ اس طرح خرید کرنے کاستحق؛ شفع -

pre-emptive, *a.* : حق شفع کا ؛ شفعانہ -

Preen, *v. t.* : (۱) چونچ سے (پروں کو) ٹھیک کرنا ' سنوارنا ؛ کریز کرنا ؛ کریال کرنا - (۲) (شخص کا اپنے آپ کو) سنوارنا ' خوشنما بنانا -

Preface, *n. & v. t. & i.* : (۱) دیباچہ ؛ تمہید ؛ افتتاحیہ ؛ مقدمہ - (۲) تمہید تقریر ؛ تقریر کا ابتدائی حصہ - (۳) رسم عشائے ربانی کے درمیانی حصے کی تمہید - (۴) تمہید؛ دیباچہ' مقدمہ لکھنا - (۵) (تقریر ' کام وغیرہ) کسی چیز سے شروع کرنا (مثلاً *prefaced his remarks with a snort*)- (۶) (کسی واقعے وغیرہ کا) دوسرے (واقعے وغیرہ) کی تمہید ہونا - (۷) ابتدائی اظہار رائے یا خیال کرنا ؛ تمہیدی جملے بطور اظہار خیال کے کہنا -

prefatorial, prefatory, *aa.* : تمہیدی ؛ ابتدائی؛ افتتاحی؛ مقدمہ کی نوعیت کا -

Prefect, *n.* : (۱) متعدد فوجی و ملکی رومی عہدہ داروں کا خطاب ؛ پری فیکٹ - (۲) فرانسیسی محکمۂ انتظامی کا ناظم خصوصی - (۳) (بعض پبلک اسکولوں میں) خلیفہ ؛ مانیٹر -

p. of police : پیرس کی پولیس کا افسر -

prefectoral, prefectorial, *aa.* : پری فیکٹ ' مانیٹرکا وغیرہ-

Prefecture, *n.* : (۱) پری فیکٹ کا عہدہ یا اس کی مدت ملازمت- (۲) پری فیکٹ کی سرکاری قیام گاہ - (۳) پری فیکٹ کے زیر حکومت ضلع -

prefectural, *a.* : صفت مذکورۂ بالا معنوں میں -

Prefer, *v. t.* : (۱) بڑھانا ' ترقی دینا (کسی شخص کو کسی خدمت پر) - (۲) (بیان ' اطلاع وغیرہ کسی عہدہ دارکےسامنے) پیش کرنا ' گزارنا ' داخل کرنا- (۳) ترجیح دینا ؛ بہتر یا برتر جاننا؛ زیادہ پسند کرنا (مثلاً *p. water to wine, p. to leave it alone, p. that it should be left*) (prefer کے بعد *than* کا استعمال خلاف محاورہ ہے اگر *rather* داخل نہ کیا گیا ہو مثلاً *preferred to die rather than pay*) -

preferable, *a.* : قابل ترجیح ؛ مرجح ؛ بہتر ؛ مستحسن -

preferably, *adv.* : ترجیحاً ؛ ترجیح دیتے ہوے -

preferment, *n.* : ترقی (کسی عہدہ پر) ؛ ترقی دینا یا پانا (خصوصاً کلیسا میں) -

Preference, *n.* : (۱) ترجیح ؛ بہتر یا برتر سمجھنا (مثلاً *p. of A to* or *over B*) - (۲) مرجح یا منتخب شے (مثلاً *this is my p.*) - (۳) (قانونی) ترجیح (مدیون کا اپنے دائنوں میں سے کسی ایک کو ادائے قرض میں ترجیح دینا) (مثلاً *to give a creditor an illegal p.*) - (۴) (معاشیات) ترجیح (تجارتی معاملات میں کسی شخص یا ملک کو دوسرے پر ترجیح دینا خصوصاً کسی ملک کی درآمد پر نسبتاً کم محصول عاید کر کے) -

Imperial p. : دیکھو Imperial -

p. bond, share, stock : ترجیحی یا مرجح تمسک ' رقعہ ' حصہ ' اسٹاک وغیرہ (یعنی وہ حصص کمپنی وغیرہ جن کی بابت منافع کی تقسیم بہ ترجیح دیگر حصص کے ایک معینہ حد تک عمل میں آتی ہے) -

Preferential, *a.* : (۱) ترجیحی ؛ ترجیح کا ؛ ترجیح دینے یا پانے والا - (۲) (محصولات وغیرہ) خاص ملکوں کے حق میں رعایتی ؛ (خصوصاً ایسے محصولات وغیرہ) جن سے برطانیہ عظمیٰ اور اس کی نو آبادیات کی تجارت کو فائدہ پہنچے ؛ رعایتی یا ترجیحی (محصولات) -

preferentialism, *n.* : طریق ترجیح (شرح محصول مقرر یا عاید کرنے میں ترجیح دینے ' رعایت کرنے یا فائدہ پہنچانے کا اصول ' عمل وغیرہ) -

preferentialist, *n.* : طریق ترجیح کا موید -

preferentially, *adv.* : از روئے ترجیح ؛ ترجیحاً -

preferred, *a.* : صفت ' فعل کے معنوں میں -

p. shares, stock &c. : = Preference shares &c.

Prefigure, *v. t.* : (۱) پہلے سے تصویر بنا کر ظاہر کرنا ' بیان کرنا - (۲) پہلے سے نمونہ یا مثال پیش کرنا - (۳) پہلے سے اپنے دماغ میں تصویر کھینچ لینا -

prefiguration, prefigurement, *nn.* : (۱) آنے والی بات کا پہلے سے نمونہ یا مثال پیش کرنا - (۲) نمونہ یا مثال جو آنے والی بات کی خبر دے - (۳) = prototype -

prefigurative, *a.* : صفت مذکورۂ بالا معنوں میں -

Prefix, *n.* : (۱) سابقہ - (۲) خطاب ' لقب جو نام سے پہلے آتا ہے (مثلاً *Mr., Sir, Dr. &c.*) -

Prefix, *v. t.* : (۱) (باب ' پیراگراف وغیرہ کو) کتاب کے شروع میں دیباچے کے طور پر لگانا - (۲) بطور سابقے کے (لفظ وغیرہ کو) لگانا -

سابقے کا استعمال -

prefixion, *n.*:

prefixture, *n.*: (۱) سابقہ لگانا - (۲) سابقہ -

Preform, *v. t.*: پہلے سے بنانا ' گھڑنا ' تیار کرنا -

Preformation, *n.*: ساخت اولین ؛ ساخت پیشین -

theory of p.: یہ نظریہ کہ کسی پودے کے بیج ھی میں وہ تمام اجزاء موجود ہوتے ھیں جو بعد کو پودے میں ظاھر ہوتے ھیں -

Preformative, *a. & n.*: وہ (سابقہ وغیرہ) جو بطور جز و ترکیبی کسی لفظ میں لگا دیا جائے -

Pregnable, *a.*: قابل تسخیر ؛ قابل فتح -

Pregnant, *a.*: (۱) حاملہ ؛ گابھن - (۲) (ذھن) رسا ؛ معنی خیز ؛ پر تخیل ؛ اختراعی ؛ ایجادی - (۳) نتیجہ خیز - (۴) (کلام ' الفاظ) معنی خیز ؛ نکتہ خیز ؛ پر معنی ؛ مضمون آفرین ؛ نکتہ آفرین -

p. construction: (صرف و نحو) معنی خیز ترکیب (جملے وغیرہ کی ایسی ساخت جس میں لفظی معنوں کے علاوہ معنوی اور پنہاں معنی بھی ھوں) ؛ ذو معنی ترکیب -

pregnancy, *n.*: حاملہ ہونا ؛ گابھن ہونا ؛ پرمعنی ہونا وغیرہ -

pregnantly, *adv.*: پر معنی انداز میں ؛ مطالب خیز طور پر وغیرہ -

Prehensile, *a.*: (وہ عضو یا دم) جو گرفت کرسکے -

prehensility, *n.*: گرفت کرنے کی صلاحیت ؛ قوت گرفت -

Prehension, *n.*: (۱) قبضہ ؛ گرفت کرنا - (۲) فہم ؛ ادراک ؛ تصور -

Prehistoric, *a.*: ما قبل تاریخی ؛ قبل تاریخی -

prehistorically, *adv.*: قبل تاریخی زمانے میں -

Prehistory, *n.*: زمانۂ ما قبل تاریخ ؛ واقعات ما قبل تاریخ -

Prejudge, *v. t.*: (۱) مناسب تحقیقات یا سماعت سے پہلے فیصلہ صادر کرنا ' رائے ظاھر کرنا ' تجویز کرنا - (۲) (کسی فعل ' شخص سبب وغیرہ کے متعلق) قبل از وقت رائے قایم کرلینا -

prejudgement, *n.*: (۱) قبل از وقت رائے قایم کرلینا - (۲) رائے ' فیصلہ ' تجویز وغیرہ جو تحقیقات یا سماعت سے پہلے صادر کی جائے -

prejudication, *n.*: (۱) = prejudgement - (۲) پہلے کا فیصلہ جو بطور نظیر کام آئے ؛ نظیر -

Prejudice, *n. & v. t.*: (۱) (کسی کے موافق یا مخالف) میلان خاطر ؛ بے جا مخالفت یا طرفداری کا رجحان ؛ تعصب ؛ بے جا بدظنی یا حسن ظن - (۲) مضرت ؛ نقصان - (۳) کسی کے دل میں تعصب پیدا کرنا ؛ بے جا اثرات ڈال کر کسی شخص وغیرہ کو موافق یا مخالف بنا لینا (مثلاً *his voice and manner prejudiced his audience against him, counsel should never attempt to p. the Court or the jury*) - (۴) مضرت ' نقصان پہنچانا ؛ بگاڑ دینا ؛ کمزور کرنا (مثلاً *p. one's chances, p. one's case*) -

without p.: " موجودہ حقوق وغیرہ کو نقصان پہنچائے بغیر " (معاملہ کرتے وقت یہ فقرہ کہتے ھیں جس سے مراد یہ ھے کہ اگر معاملہ طے نہ ھو تو جو کچھ کہا یا تحریر کیا جائے وہ کسی فریق کے حق میں مضر نہیں ھوسکتا اور نہ وہ بطور شہادت پیش ھوسکتا ھے) -

Prejudicial, *a.*: (۱) بدظنی ' تعصب ' طرفداری وغیرہ پیدا کرنے والا - (۲) نقصان دہ ؛ مضر ؛ مضرت رساں -

prejudicially, *adv.*: نقصان دہ طور پر ؛ بدظنی ' تعصب ' طرفداری وغیرہ پیدا کرتے ہوئے -

Prelacy, *n.*: (۱) ریئس کلیسا (پریلیٹ) کا عہدہ ' منصب ' درجہ ' علاقہ - (۲) جماعت روساء کلیسا - (۳) پریلیٹوں کی حکومت کلیسا [اسقفی حکومت (Episcopacy) کا مذمت آمیز نام] -

Prelate, *n.*: پریلیٹ ؛ ریئس کلیسا [جس سے مراد ھے اسقف اعظم ' اسقف ' مطران ' بطریق اور (تاریخ میں) صدر راھب وغیرہ] -

prelatic(al), *aa.*: پریلیٹوں یا ان کے عہدے ' علاقے وغیرہ کا یا اس عہدے وغیرہ کے متعلق (عموماً بطور مذمت) -

prelatically, *adv.*: پریلیٹ کی طرح -

Prelatess, *n.*: (۱) صدر راھبہ - (۲) = prioress - (۳) (مزاحاً) پریلیٹ کی بیوی -

Prelatize, *v. t.*: (کلیسا کو) پریلیٹی حکومت کے تحت لانا -

Prelature, *n.*: (۱) پریلیٹ کا عہدہ - (۲) پریلیٹوں کی جماعت -

Prelect, *v. i.*: تقریر کرنا ؛ لکچر دینا (کسی موضوع پر خصوصاً جامعہ میں) -

prelection, *n.*: عام تقریر یا لکچر (خصوصاً جامعہ میں اس کے کسی ریڈر یا لکچرار کا) -

prelector, *n.*: لکچرار یا ریڈر (کسی جامعہ کا) -

Prelibation, *n.*: (عموماً مجازاً) پہلے سے مزہ چکھ لینا -

Preliminary, *a. & n.*: (۱) تمہیدی ؛ ابتدائی ؛ افتتاحی ؛ آزمایشی (مثلاً p. examination) - (۲) (عموماً جمع) ابتدائی انتظامات -

preliminarily, *adv.*: (۱) ابتدائی انتظام کے طور پر - (۲) بطور تمہید ؛ بطور مقدمہ ؛ بطور افتتاح -

Prelude, *n.*: (۱) (کوئی کام ' واقعہ ' عمل ' حالت وغیرہ جو دوسرے کام وغیرہ کا) پیش خیمہ (ھو) ؛ ابتدا ؛ آغاز ؛ تمہید - (۲) سرملاپ ؛ افتتاحی نغمہ -

preludial, *a.*: ابتدائی ؛ تمہیدی ؛ بطور پیش خیمہ کے کام دینے والا -

preludize, *v. i.*: تمہید لکھنا ؛ افتتاحی نغمہ بجانا -

Prelude, *v. t. & i.*: (۱) پیش خیمہ ہونا یا بنانا ؛ روشناس کرنا ؛ پہلے سے آگاہ کرنا ' بتانا ؛ (آیندہ واقعات کا) پیش خیمہ ہونا ؛ شگون ہونا - (۲) تمہید وغیرہ کے ساتھ پیش کرنا - (۳) سر ملانا ؛ افتتاحی نغمہ سنانا -

prelusion, *n.*: اسم مذکورۂ بالا معنوں میں -

prelusive, *a.*: (۱) افتتاحی ؛ تمہیدی ؛ ابتدائی - (۲) بطور پیش خیمہ کے کام دینے والا -

Premature, *a.*: قبل از وقت ؛ پیش رس ؛ زودرس ؛ نو رسیدہ ؛ غیر پختہ ؛ عاجلانہ (مثلاً p. decision) ؛ ادھورا ؛ خام -

prematurely, *adv.*: مناسب ' متوقع یا معمولی وقت سے پہلے ؛ قبل از وقت ؛ عاجلانہ ؛ جلدی سے -

prematureness, prematurity, *nn.*: (۱) قبل از وقت ہونا ؛ خامی ؛ کچاپن ؛ پیش رسی وغیرہ - (۲) بے وقت ہونا - (۳) = precocity -

Premeditate, *v. t.*: پیش بندی کرنا ؛ پہلے سے ٹھان لینا ' سوچ لینا ' تجویز کر رکھنا (کسی کام کی) (عموماً p. p. میں) -

premeditated, *a.*: بالعمد ؛ پہلے سے سوچا ہوا -

premeditatedly, *adv.*: عمداً ؛ پہلے سے سوچ کر ' ٹھان کر -

premeditation, *n.*: پہلے سے سوچنا ' ٹھان لینا ' تجویز کر رکھنا ؛

بالعموم ' سوچ سمجھکر تجویز یا منہ پہلا کرنا -

Premier, *a. & n.* : (۱) (اب زیادہ تر عامیانہ) (وقت ' اہمیت ' سلسلہ ' جگہ ' رتبہ ' درجہ کے لحاظ سے) متقدم ؛ پہلا ؛ اول ؛ اعلیٰ ؛ ارفع (مثلاً *the p.duke, secured p. place in ra ce*) - (۲) (برطانیۂ عظمیٰ یا نو آبادیات کا) وزیر اعظم -

premiership, *n.* : صدارت عظمیٰ ؛ مدت ملازمت وزیر اعظم -

Premiere, *n.* : کسی ڈرامے کا پہلا کھیل یا مظاہرہ -

Premise, -ss, *n.* (۱) (منطق عموماً ss -) مقدمہ (قیاس syllogism تین قضیوں پر مشتمل ہے جن میں سے ایک جس کو نتیجہ کہتے ہیں دوسرے دو جن کو مقدمات کہتے ہیں) - (۲) (جمع) امر مندرجۂ بالا ؛ (خصوصاً قانون) مندرجۂ بالا مکانات و اراضیات وغیرہ (جائیداد جس کے حالات دستاویز میں درج ہوچکے ہوں) - (۳) (جمع) مکان ' عمارت اور اس کے متعلق اراضی اور دیگر اشیاء (مثلاً *to be drunk on the pp.*) -

the major p. : مقدمۂ کبریٰ -

the minor p. : مقدمۂ صغریٰ -

Primise, *v. t.* : (۱) بطور مقدمۂ پیش کرنا - (۲) (کوئی بات) افتتاحاً یا بطور تمہید کے کہنا یا لکھنا -

Premium, *n.* : (۱) انعام ؛ صلہ ؛ معاوضہ ؛ بخشش ؛ منافع (مثلاً *a. p. for good conduct*) - (۲) پریمیم ؛ وہ رقم جو بیمہ کرنے والے کو بطور بدل معاہدۂ بیمہ اوقات معین پر دی جائے - (۳) بڑھوتی ؛ بڑھوتری ؛ بیشی ؛ مزید نفع یا فائدہ ؛ خصوصاً زاید منافعہ جو کمپنی کے حصہ داروں کو ملے - (۴) انعام جو مزدوروں کو علاوہ اجرت کے دیا جائے - (۵) کوئی پیشہ سیکھنے کی فیس - (۶) بٹاوں ؛ بٹا ؛ بھنوائی ؛ بدلوائی ؛ وہ رقم (بحساب فی صد) جو زر کاغذی کو سکوں میں یا کسی زر کو اس سے اعلیٰ زر میں بدلوانے کے لئے زاید دینی پڑتی ہے -

at a p. : (مجازاً) گراں قدر -

put a p. on (fraud): (دغابازی کا) محرک ہونا ' ترغیب دینا -

stand at a p. : (حصص کا) بیشی پر ہونا ؛ بڑھوتی پر ہونا ؛ قیمت مساوات یا قیمت اجزاء سے زیادہ قیمت پر ہونا -

Premonition, *n.* : (۱) پہلے سے خبردار کردینا ؛ پیش آگاہی ؛ پیش خبری - (۲) پیش اندیشگی ؛ پیش آگاہی (مثلاً *to have a p. of disaster*) -

premonitor, *n.* : پہلے سے خبردار کرنے والا وغیرا -

premonitory, *a.* : پیش آگاہی کرنے والا ؛ آگاہی بخش (مثلاً *p. symptoms of disease*) -

premonitorily, *adv.* : پہلے سے خبردار کرتے ہوے ؛ پیش آگاہانہ ؛ پیش خبرانہ -

Premonstratensian, *a. & n.* پریمونٹری ؛ پریمونٹو (*Premontre*) واقع فرانس میں سنہ ۱۱۱۹ع میں قایم شدہ راہبوں کے سلسلے کا (رکن) ؛ راہبہ جو ایسے راہبوں کے سلسلے کی رکن ہو -

Premorse, *a.* (نباتیات ' حیوانیات) گزیدہ ؛ جس کا سرا منقطع ہو -

Prentice, *n. & v. t.* : = Apprentice (قدیم) دست مبتدی ؛ اناڑی ہاتھ ؛ نا تجربکارانہ کوشش -

p. hand :

prenticeship, *n.* : = Apprenticeship (قدیم)

Preoccupation, *n.* : کسی کے لئے پہلے سے اچھا یا برا خیال رکھنا ؛ کسی کے لئے پہلے سے سوء ظن یا حسن ظن رکھنا ؛ تعصب ؛ طرفداری - (۲) کسی جگہ کا قبضۂ پیشین ؛ پیشگی قبضہ - (۳) پیشہ یا شغل جو سب پیشوں یا شغلوں پر ترجیح پاتا ہے (مثلاً *marrying and giving in marriage is now and alwyas has been the great p. of man and womankind*) - (۴) خوض ؛ خیال میں غرق ہونا ؛ دھن ؛ مشغولیت ذہن ؛ دور از نظر چیزوں کے خیالات میں محو ہونا -

Preoccupy, *v. t.* : (۱) (کسی اور کے) پہلے قبضہ کرلینا ' قابض ہوجانا ' اپنے تصرف میں لانا (اراضی وغیرہ) - (۲) (دماغ وغیرہ کو) محو خیال کرنا ؛ خیال میں مصروف رکھنا ؛ سوچ میں غرق کرنا - دور از نظر چیزوں کے سوچ میں

preoccupiedly, *adv.* : مصروف ہوکر ؛ بے خیالی سے وغیرہ -

Prep, *n.* : (مکتبی عامیانہ) تیاری (*preparation* کا مخفف) -

Preparation, *n.* : (۱) تیار کرنا ؛ تیار ہونا ؛ ساز و سامان مہیا کرنا ؛ تیاری ؛ آمادگی ؛ کمربندی ؛ مستعدی - (۲) بندوبست ؛ انتظام - (۳) ساز و سامان - (۴) اسباق درسی کی تیاری (مخفف *prep*) - (۵) خاص طور پر تیار کردہ شے (مثلاً دوا ' غذا یا مرکب) (مثلاً *the p. of opium*) - (۶) (موسیقی) آغاز نغمۂ بے آہنگ (*discord*) -

make pp. for: تیاریاں کرنا ؛ تیاری کرنا ؛ انتظام کرنا -

Preparative, *a. & n.* : (۱) (صفت) = preparatory - (۲) (اسم) عمل جس سے تیاری کی جائے ؛ تیاری (۳) (فوجی ' بحری) بگل ' دھل وغیرہ کے ذریعے یہ حکم کہ تیار ہوجاؤ -

preparatively, *adv.* : بطور تیاری کے ؛ تیاری کرتے ہوے -

Preparatory, *a & n.* : (۱) تیار کرنے والا ؛ تیاری کا ؛ جس کے ذریعے (کسی کام وغیرہ کی) تیاری ہو - (۲) ابتدائی ؛ تعارفی ؛ تمہیدی (*a p.stage, training*) - (۳) (بطور متعلق فعل) (کسی چیزے) قبل ' پیش (*p. to*) - (۴) *p.school* = (دیکھو ذیل میں) -

he was packing it up p. to sending it by post : وہ اس کو ڈاک سے بھیجنے کے لئے پیک کر رہا تھا -

p. school : مدرسہ جو لڑکوں یا لڑکیوں کو بڑے مدرسے میں یا پبلک اسکول میں بھیجنے کے لئے تیار کرے ؛ اعدادی مدرسہ -

preparatorily, *adv.* : تیاری کے طور پر ؛ تمہیداً ؛ (کسی چیز کے لئے) تیار ہوکر -

Prepare, *v. t. & i* : (۱) (کسی شخص یا چیز کو کسی کام کے لئے) تیار کرنا ؛ مستعد کرنا ؛ آمادہ کرنا (۲) پکانا ؛ تیار کرنا (کھانا وغیرہ) - (۳) (کسی شخص کو کوئی خبر یا اور کوئی چیز سننے کے لئے) آمادہ کرنا یا تیار کرنا - (۴) (سبق ' تقریر ' وعظ ' خطبہ وغیرہ) پہلے ہی سے مطالعہ وغیرہ کرکے تیار کرنا - (۵) (طالب علم وغیرہ کو) تعلیم دے کر (کالج یا کسی امتحان کے لئے) تیار کرنا - (۶) (کسی شخص کو) تعلیم دے کر (فوج وغیرہ کے لئے) تیار کرنا - (۷) (کیمیائی مرکب) تیار کرنا - (۸) (موسیقی) discord کا (ایک خاص طور سے) افتتاح کرنا - (۹) تیار کرنا ؛ بنانا ؛ (نقشہ وغیرہ) مرتب کرنا - (۱۰) قابل ' لائق بنانا ؛ آراستہ کرنا - (۱۱) تیار ہونا ؛ تیار ہوجانا ؛ کمربستہ ہونا ؛ تیاریاں کرنا ؛ تیاری کرنا ؛ ساز و سامان مہیا کرنا (مثلاً *p. for action,battle, p. for a surprise*) -

be prepared : تیار ہونا ؛ کمربستہ ہونا ؛ آمادہ ہونا ؛ (کسی کام کے کرنے کو) راضی ہونا -

Prepay, *v. t.*: (۱) (قیمت ' خرچ ' دام ' اجرت محنتانہ وغیرہ) پہلے سے دینا ؛ پیشگی دینا ؛ پہلے سے ادا کرنا - (۲) (پارسل ' بہنگی کا محصول ڈاک) پیشگی ادا کرنا ؛ (پارسل ' بہنگی کا) محصول ڈاک پیشگی دینا مثلاً ٹکٹ لگا کر -

prepayable, *a.*: قابل ادائے پیشگی ؛ طالب ادائے پیشگی -

prepayment, *n.*: ادائے پیشگی -

Prepense, *a.*: بالعمد ؛ ارادی ؛ بالارادہ ؛ بالقصد ؛ پیشتر سے خیال کیا ہوا ؛ پہلے سے سوچا ہوا -

malice p.: قصد ضرر رسانی -

of malice p.: ضرر رسانی کے قصد سے -

prepensely, *adv.*: عمداً ؛ پہلے سے سوچ کر ' ٹھان کر -

Preponderate, *v. i.*: (۱) زیادہ بھاری ہونا ؛ وزن میں زیادہ ہونا - (۲) از روئے عقل یا اخلاق زیادہ وقعت یا زیادہ اہم ہونا - (۳) تعداد ' مقدار میں زیادہ ہونا - (۴) خاص یا اہم یا مقدم جز ہونا - (۵) = predominate - (۶) (ترازو کے پلے کا) جھکنا -

p. over: زیادہ اقتدار رکھنا ؛ تعداد یا مقدار میں زیادہ ہونا ؛ اہمیت میں زیادہ ہونا -

preponderance, *n.*: زیادہ بھاری ہونا ؛ زیادہ وقعت رکھنا ؛ زیادہ اہم ہونا ؛ تعداد میں زیادہ ہونا ؛ زیادہ اقتدار رکھنا -

preponderant, *a.*: زیادہ بھاری ؛ زیادہ وقعت رکھنے والا ؛ زیادہ اہم ؛ تعداد یا مقدار میں زیادہ ؛ زیادہ اقتدار رکھنے والا وغیرہ -

preponderantly, *adv.*: متعلق فعل ' صفت کے معنوں میں -

Preposition, *n.*: (صرف و نحو) حرف ربط ؛ حرف جار -

prepositional, *a.*: ربطی ؛ ربطیہ -

prepositionally, *a.*: حرف ربط کے ذریعے ؛ بطور حرف ربط کے -

Prepositive, *a.*: (صرف و نحو) سابقی ؛ وہ لفظ ' جزو لفظ وغیرہ جو سابقے کے طور پر برتا جاسکے -

Prepositor: دیکھو Praepostor -

Prepossess, *v. t.*: (۱) (*p. with*) کسی خیال ' گمان وغیرہ کو (کسی شخص کے) دل میں ڈالنا - (۲) (خیال وغیرہ کا کسی شخص کے) دل میں بسانا - (۳) ایسا اثر ڈالنا جس سے کوئی (شخص کسی شخص یا چیز کی) طرف داری کرے یا (اس کی طرف) مائل ہو ؛ (کسی کو کسی شخص یا چیز کا) پاس دار یا طرف دار کردینا - (۴) متعصب یا بدظن کردینا (ان معنوں میں کم استعمال ہوتا ہے) -

prepossessing, *a.*: دل کش ؛ دل آویز ؛ دل پسند ؛ دلچسپ ؛ مرغوب (مثلاً *his p. manners*) -

prepossessingly, *adv.*: دل کشی سے وغیرہ -

prepossessingness, *n.*: دل کشی وغیرہ -

prepossession, *n.*: (۱) سابق قبضہ - (۲) کسی خیال ' گمان وغیرہ کا دل میں بس جانا - (۳) اچھا خیال ؛ رغبت ؛ میل ؛ حسن ظن - (۴) بد ظنی ؛ سوء ظن ؛ تعصب -

Preposterous, *a.*: (اصلی معنی " معکوس " " منقلب " " اوندھا ") خلاف فطرت ؛ خلاف عقل ؛ بعید از قیاس ؛ لغو ؛ نا معقول ؛ بیہودہ ؛ لچر -

preposterously, *adv.*: بیہودگی سے ؛ مہمل طور پر ؛ بے سر و پا طریقے سے ؛ عبثاً وغیرہ -

Prepotent, *a.*: (۱) بہت قوی ؛ زورآور یا مقتدر - (۲) دوسروں سے زیادہ قوی یا مقتدر ؛ قوی تر - (۳) (حیاتیات) مولد قوی ؛ (نر یا مادہ) جو اپنی نسل میں اپنی خصوصیات منتقل کرنے میں بمقابلہ یک دیگر زیادہ قوی ہو -

prepotency, prepotence, *nn.*: اسم ' صفت کے معنوں میں -

Pre-preference, *a.*: (حصص ' دعاوی وغیرہ) قبل ترجیحی -

Prepuce, *n.*: گھونگھٹ ؛ قلفہ ؛ غلاف یا حشفہ کے اوپر کا چمڑا -

preputial, *a.*: گھونگھٹ کا ؛ قلفی وغیرہ -

Pre-Raphaelite, *n.*: قبل رفائیلی ؛ وہ صناع جو ایسے نمونے پیش کرتا ہو جو رفائیل کے زمانے سے پہلے رائج تھے -

P. Brotherhood (abbr. *P. R. B.*): انجمن قبل رفائیلی [یہ صناعان انگلستان کی ایک جماعت کا نام ہے جس میں ہولمین ہنٹ (Holman-Hunt)' ملائیس (Millais) اور ڈی' جی ' روزیٹی (D. G. Rossetti) شامل تھے] -

pre-Raphael, *a.*: قبل رفائیلی -

Pre-Raphael(it)ism, *n.*: قبل رفائلیت -

Prerequisite, *a. & n.*: (۱) جو بطور شرط اولین ضروری ہو ؛ لازمی ؛ ضروری - (۲) شرط اول ؛ شرط لازمی ؛ شرط پیشیں (مثلاً *intelligence and industry are pp. to scholarship*) -

Prerogative, *n. & a.*: (۱) (نیز *royal p.*) اختیار شاہی ؛ اختیار تعلی (از روے نظریہ بے روک اور بےقید اختیار شاہی) - (۲) کوئی خاص حق یا اختیار ؛ حق مخصوص ؛ امتیازی حق ؛ استحقاق (مثلاً *freedom, an English subjects sole p.*) - (۳) فطری یا خدا کا دیا ہوا حق یا اختیار یا قابلیت (مثلاً *it is the p. of man to drink without thirst*) - (۴) (لغوی معنی) سب سے پہلے راے (*vote*) دینے کا حق (جو راے اس نیت سے دی جاے کہ بعد میں راے دینے والے پہلے راے دینے والے کی مطابقت کریں) - (۵) (صفت) جس کو کوئی حق یا اختیار ملا ہو ؛ حق یافتہ ؛ استحقاق یافتہ ؛ جس سے کسی حق یا اختیار کی رو سے فائدہ اٹھایا جاے (مثلاً *a p. right*) - (۶) (تاریخ روما) جس کو سب سے اول راے دینے کا حق ہو -

p. court: اسقف اعظم کی عدالت جس کو پیشتر بمعاملۂ اہتمام ترکہ بعض اختیارات حاصل تھے -

p. of mercy: شاہی اختیاری معافی -

Presage, *n.*: (۱) فال ؛ شگون - (۲) پیش اندیشگی ؛ پیش خبری ؛ وقت سے پہلے کسی آنے والے خطرے کا خیال پیدا ہونا ؛ پیش آگہی (مثلاً *p. of storm, of coming disaster*) -

presageful, *a.*: پر فال ؛ پر از پیش اندیشگی وغیرہ -

Presage, *v. t.*: (۱) پہلے سے خبر دینا ؛ پیش آگاہی کرنا ؛ فال ہونا ؛ پہلے سے خبر دار کرنا ؛ (کسی ہونے والی بات کی) علامت یا آثار ہونا ؛ جھلک دکھانا - (۲) کسی ہونے والی بات پر دلالت کرنا (مثلاً *such ideas are held to p. insanity*) - (۳) (کسی شخص کا کسی امر کے متعلق) پیش گوئی کرنا - (۴) (کسی شخص کا کسی ہونے والی بات سے) پیش آگاہ ہونا ؛ اس کو پہلے سے معلوم کرلینا -

Presbyopia, *n.*: درازنظری ؛ دور نظری ؛ بصرالشیوخ (ایک بیماری جس میں بڑھاپے کی وجہ سے بصارت میں فتور پیدا ہو جاتا ہے اور دور کی چیزیں صاف اور قریب کی دھندلی دکھائی دیتی ہیں) -

presbyopic, *a.*: دراز نظر ؛ بصرالشیوخ میں مبتلا ؛ دور نظری کا -

Presbyter, *n.* : (۱) (کلیسا ـ قدیم کا) پریسبیٹر (منتظم پادری) -
(۲) (اسقفی کلیسا کا) پریسبیٹر (دوسرے درجے کا پادری) -
(۳) (پریسبیٹرین فرقے کا) بزرگ کلیسا ؛ ایلڈر ؛ عام پادری -

presbyteral, presbyterial, *aa.* : پریسبیٹری -

presbyterate, *n.* : (۱) پریسبیٹر کا عہدہ یا رتبہ - (۲) = presbytery -

presbytership, *n.* : پریسبیٹر کا عہدہ یا رتبہ -

Presbyterian, *a.* & *n.* : پریسبیٹرین ؛ عام پادریوں کی حکومت کلیسا کے طریق حکمرانی کا (پیرو) ؛ پریسبیٹرین مذہب کا رکن -

United P. church : متحدہ کلیسائے پریسبیٹرین [یہ اتحاد سنہ ۱۸۴۷ ع میں قائم ہوا اس کی رو سے کلیسائی سیسیشن اور ریلیف چرچ (*Secession & Relief churches*) متحد ہوگئے تھے ؛ اب یہ متحدہ کلیسائے آزاد اسکاچستان (*United Free church of Scotland*) کا جز بن گئے ہیں] -

P. church : کلیسائے پریسبیٹرین (وہ کلیسا جس کا نظام عام ہم رتبہ پادریوں *presbyters* پر مبنی ہو) (بمقابلہ حکومت اسقفی)-

Presbyterianism, *n.* : طریق پریسبیٹرین؛ نظام پریسبیٹرین -

Presbyterianize, *v. t.* : پریسبیٹرین بنانا -

Presbytery, *n.* : (۱) کلیسا کا آخری مشرقی حصہ - (۲) پریسبیٹر فرقے کے پادریوں کی جماعت ؛ خصوصاً وہ جو کسی ضلع میں بطور عدالت دینی کے کام کرے؛ ضلع جس کا تعلق اس عدالت سے ہو -

Prescient, *a.* : پیش بین ؛ پیش داں ؛ اگم گیانی ؛ جس کو کسی چیز کا علم (واقفیت) پہلے سے ہو؛ دور بین ؛ دور اندیش -

prescience, *n.* : پیش بینی ؛ پیش دانی ؛ ہونے والی چیز کا پہلے سے علم -

presciently, *adv.* : پیش بینی سے ؛ پیش دانی سے ؛ دور اندیشی سے وغیرہ -

Prescind, *v. t.* & *i.* : (۱) (کسی جز و کو کل میں سے) کاٹ ڈالنا؛ قطع کرنا خصوصاً قبل از وقت یا بے ربط طور پر یا دفعتاً - (۲) (*p. from*) خارج از خیال کرنا ؛ توجہ اٹھالینا -

Prescribe, *v. t.* & *i.* : (۱) حتماً تجویز کرنا (مثلاً *do not p. to me what I am to do*) - (۲) ہدایت کرنا ؛ حکم دینا (مثلاً *the law prescribes what should be done*) - (۳) (مریض کے لیے دوا وغیرہ) بتانا یا تجویز کرنا ؛ نسخہ تجویز کرنا (نیز مجازاً) ؛ نسخہ لکھنا - (۴) بر بنائے آمد و شد یا تصرف قدیم دعوی کرنا -

Prescript, *n.* : فرمان ؛ ہدایت ؛ حکم ؛ قانون ؛ آئین -

Prescription, *n.* : (۱) ہدایت کرنا ؛ ہدایت ؛ حتماً تجویز کرنا ؛ حکم دینا - (۲) تجویز کردہ شے - (۳) نسخہ - (۴) (قانون) (p. یا positive p.) قدامت ؛ آمد و شد ؛ حق جو آمد و شد یا تصرف کی بنا پر حاصل ہو ؛ حق قدامت ؛ حق بذریعۂ قبضہ و تصرف قدیم ؛ دعوی بر بنائے حق مذکور - (۵) دستور قدیم ؛ رواج قدیم ؛ رسم قدیم - (۶) حق بربنائے تصرف قدیم -

negative p. : وہ مدت جس کے اندر دعوی یا مقدمہ پیش کیا جاسکے-

positive p. : prescription معنی نمبر ۴ =

Presence, *n.* : (۱) حاضر باشی ؛ حاضری ؛ موجودگی (مثلاً *your p. is requested, in the p. of a large audience*) - (۲) جائے موجودگی ؛ جائے حاضری ؛ جناب ؛ حضور (مثلاً *the p.*) (۳) - (*admitted to their p.*) کسی امیر یا شاہی خاندان کے شخص کے حضور میں شاہی آداب یا دیگر مراسم بجالانے کے لیے حاضر خدمت رہنا (مثلاً *he remained in, retired from the p.*)-(۴) وضع؛ طور طریق؛ انداز؛ روش ؛ وضع قطع ؛ صورت (مثلاً *of dignifed, noble, poor, p.*) -

p.-chamber : شاہی ملاقات گاہ؛ ملاقات کا کمرا؛ دیوان خانۂ شاہی -

p. of mind : اوسان ؛ حواس کا بحال رکھنا ؛ ناگہانی آفت یا پر خطر صورت حال میں نہ گھبرانا اور اوسان قایم رکھنا ؛ استقلال طبع ؛ قایم مزاجی -

real p. : دیکھو real -

the p. : presence معنی نمبر ۳ =

Present, *a.* : (۱) حاضر ؛ حاضر باش ؛ موجود - (۲) موجودہ ؛ یہ ؛ اس ؛ زیر تجویز ؛ جز آگے یا پیش ہو - (۳) (قدیم) جب چاہو تب مل سکنے والی ؛ مدد کے لیے تیار - (۴) موجودہ؛ جو اس وقت ہو یا جاری ہو یا ہورہا ہو ؛ حال کا ؛ اس وقت کا ؛ حالیہ ؛ اب کا ؛ حاضرہ -

a p. help in trouble : مشکل میں جب چاہو تب ملنے والی مدد -

p. tense : (صرف ونحو) حال ؛ زمانۂ حال -

p. to one's mind : جس کی یاد تازہ ہو؛ دل میں؛ ذہن میں موجود -

the p. cabinet : موجودہ کیبنٹ (مجلس وزراء) -

the p. company : حاضرین؛ جوابھی(یہاں) حاضر ہیں؛ یہ جماعت -

the p. volume : کتاب ہذا (یہ کتاب جو آپ پڑھ رہے ہیں یا جو زیر تبصرہ ہے) -

the p. worth of : (کسی رقم کی) موجودہ قیمت (رقم جو جو آئیندہ کسی مقررہ وقت پر مع سود کے واجب الادا ہو اس کی قیمت حالیہ) -

the p. writer : راقم (اس کتاب یا مضمون وغیرہ کا لکھنے والا) -

Present, *n.* : (۱) حال ؛ زمانۂ حال ؛ موجودہ وقت - (۲) = p. tense -

at p. : فی الحال ؛ اس وقت ؛ آج کل ؛ ان دنوں (مثلاً *I do not want any more at p., he is at p. in England*) -

by these pp. : (قانون) اس تحریر کی رو سے ؛ اس دستاویز کی رو سے (ان الفاظ سے حوالہ خود اس دستاویز کا دیا جاتا ہے جو زیر تحریر ہو ؛ معمولی طور پر دستاویزات بزبان انگریزی ان الفاظ سے شروع ہوتے ہیں) (مثلاً *know all men by these pp.* اس تحریر کی رو سے سب پر واضح ہو کہ) -

for the p. : (۱) فی الحال ؛ آج کل چند روز کے لئے (مثلاً *I am staying in the country for the p.*) - (۲) ابھی کے لئے (مثلاً *this will suffice for the p.*) -

Present, *n.* : تحفہ ؛ عطیہ ؛ ہدیہ ؛ بخشش ؛ نذر؛ سوغات ؛ بھینٹ ؛ پیش کش -

Present, *v. t.* & *i.* & *n.* : (۱) (کسی شخص کو دوسرے سے) ملانا ؛ ملاقات کرانا ؛ تعارف کرانا - (۲) (کسی کا) دربار میں پادشاہ سے رسماً تعارف کرانا (مثلاً *she was presented last year*)- (۳) پیش کرنا ؛ حاضر کرنا - (۴) (تھیٹر کے منیجر کا کسی ایکٹر کو کسی کھیل میں) پیش کرنا (مثلاً *p. an unknown actor*):

(تماشا) پیش کرنا (مثلاً *to p. a new play*) - (۵) اسقف سے (کلیسائی وقف یا جاگیر پر) تقرر کے لئے (کسی پادری کی) سفارش کرنا - (۶) پیش کرنا؛ دکھانا ؛ ظاہر کرنا - (۷) (فوج) (اسلحۂ آتشیں کو) سلامی اتارنے کے طور پر پکڑنا - (۸) (کسی خیال وغیرہ کا) آنا ؛ پیدا ہونا - (۹) (قانون) حسب ضابطہ اطلاع کرکردینا (کسی حاکم عدالت وغیرہ کو کسی جرم کی) ؛ پیش کرنا (استغاثہ ' نالش وغیرہ) ؛ (عرضی) گزراننا - (۱۰) (بندوق وغیرہ) جھکانا یا چھتیانا؛ شست باندھنا (مثلاً *to p. a revolver at one's head*) - (۱۱) (کسی کو کوئی چیز) بطور تحفہ ' ہدیہ ' بھینٹ وغیرہ کے دینا ؛ نذر کرنا ؛ بخشش دینا (مثلاً *p. a person with ten rupees*) - (۱۲) (آداب ' تسلیمات ' سلام وغیرہ) کہنا' بھیجنا (مثلاً *p. one's compliments, best regards*) - (۱۳) (بل ' چک ' وغیرہ) پیش کرنا (سکارنے یا ادا کرنے کی غرض سے) - (۱۴) بخشش کرنا ؛ دینا- (۱۵) (اسم) (خصوصاً بندوق وغیرہ) جھکانا یا چھتیانا ؛ چھتیاتے وقت بندوق پکڑنے کا طرز ؛ سلامی کے وقت بندوق پکڑنے کا طرز - (فوجی) چھتیاؤ (بندوق وغیرہ سے شست باندھنے کا حکم) -: *p.* !

p. an appearance(of) : نظر آنا (مثلاً *the rock presented a rugged appearance*) -

p. oneself : (۱) اپنے تئیں پیش کرنا (مثلاً *to p. oneself for an examination* امتحان میں بیٹھنا) - (۲) اپنے تئیں حاضر کرنا ' جانا (مثلاً *p. oneself at a meeting*) -

this case presents great difficulties : یہ معاملہ بڑی مشکلات پیش کرتا ہے ؛ اس معاملے میں بڑی مشکلات ہیں -

Presentable, *a.* : خوش وضع ؛ اچھی وضع قطع کا ؛ پیش کرنے کے قابل ؛ قابل تعارف ؛ قابل مجلس ؛ شائستہ ؛ قابل نذرانہ ؛ لائق تحفہ ؛ جو دیکھنے میں اچھا ' مناسب اور معقول معلوم ہو-

presentability, *n.* : اسم' صفت کے معنوں میں -

presentably, *adv.* : متعلق فعل' صفت کے معنوں میں -

Presentation, *n.* : (۱) اسم' فعل (present) کے معنوں میں - (۲) دکھانا ؛ ظاہر کرنا ؛ اظہار ؛ نمائش - (۳) تمثیل نمائی ؛ ناٹک پیش کرنا - (۴) شاہی دربار میں حسب رسم (کسی کا) تعارف - (۵) (مابعدالطبیعیات) علم حضوری؛ احضار -

p. copy of a book : کسی تصنیف کا نسخہ جو مصنف کی طرف سے کسی کو بطور پیش کش دیا جائے ؛ نسخۂ پیشکشی ؛ نسخۂ نذر ؛ نسخۂ تہدیہ ؛ تحفے کا نسخہ -

presentational, *a.*: - علم حضوری کا یا اس کے متعلق یا اس کی نوع کا -

Presentationism, *n.* : - (مابعد الطبیعیات) نظریۂ علم حضوری -

presentation(al)ist, *nn.*: اس نظریہ کا قائل یا پیرو -

Presentative, *a.* : (۱) (وہ کلیسائی وقف ' جاگیر ' وظیفہ) جس کے لئے کسی پادری کے پیش کرنے کا سر پرست کو حق ہو - (۲) دماغ میں کوئی خیال لانے والا- (۳) (مابعدالطبیعیات) علم حضوری کا ؛ علم حضوری کی نوعیت کا -

Presentee, *n.* : (۱) پادری جو کلیسائی وقف یا وظیفہ کے لئے پیش کیا جائے - (۲) شخص جس کے کسی عہدے پر تقرر کرنے کی فرمایش کی گئی ہو - (۳) شخص جس کا دربار شاہی میں تعارف ہوا ہو- (۴) شخص جس کو کوئی انعام' تحفہ وغیرہ دیا گیا ہو-

Presentient, *a.* : جس کو (ہونے والے واقعات کی) پہلے سے خبر ہو ؛ پہلے سے معلوم کرنے والا ؛ پیش آگاہ -

Presentiment, *n.* : آنے والے واقعات کا پہلے سے خیال پیدا ہوجانا؛ کسی امر کے وقوع کا پہلے سے دل میں اندیشہ پیدا ہوجانا؛ آنے والی بلا یا مصیبت کا پہلے سے اندیشہ؛ پیش اندیشگی ؛ ماتھا ٹھنکنا -

Presentive, *a.* : (لفظ) جو کسی شے یا تصور کو فوراً ذہن کے سامنے پیش کر دیتا ہے (ضد symbolic) -

Presently, *adv.* : تھوڑی سی دیر میں ؛ جلدی؛ تھوڑی دیر میں؛ ذرا سی دیر میں؛ تھوڑی دیر بعد ؛ (قدیم) بطور نتیجۂ بلاواسطہ یا نتیجہ براہ راست؛ لازمی طور پر (مثلاً *does not presently follow that he knew*) -

Presentment, *n.* : (۱) (قانون) بڑی جوری کی اپنے امر کی نسبت رپورٹ جس کا اس کو علم ہو ؛ جوری کا اس امر کے متعلق حلفیہ بیان - (۲) اسقف یا نایب اسقف کے حضور میں بروقت معائنۂ معاملات کلیسا کسی جرم کے متعلق استغاثہ پیش کرنا - (۳) ناٹک؛ تمثیل ؛ تمثیلی تماشا - (۴) تصویر؛ صورت ؛ خاکہ ؛ نقشہ - (۵) بیان ؛ اظہار - (۶) پیش کرنے کا انداز؛ انداز ادا ؛ طرز ادا ؛ انداز اظہار ؛ طرز نمائش -

Preservation, *n.* : بچانا ؛ حفاظت کرنا ؛ محافظت کرنا؛ بچنا ؛ بچا رہنا ؛ حفاظت ؛ محافظت ؛ تحفظ ؛ بچاؤ ؛ نگہداشت ؛ ٹوٹنے؛ پھوٹنے ' سڑنے ' گلنے یا کسی اور طرح بگڑنے سے محفوظ رکھنا ؛ اس طرح سے محفوظ رہنا ؛ اس طرح محفوظ یا غیر محفوظ رہنے کی حالت ؛ حالت تحفظ (مثلاً *eggs in a good or ill state of preservation*) -

Preservative, *a. & n.* : (۱) بچانے والی (چیز)؛ تحفظی ؛ جو دوسری شے کو بگڑنے نہ دے ' نقصان نہ ہونے دے - (۲) تحفظی (کارروائی)-(۳) (کیمیاوی شے) جو اشیاے خوردنی کو بگڑنے نہ دے -

Preserve, *n.*: (۱) رب؛ جام؛ مربا؛ اچار - (۲) محفوظ شکار گاہ - (۳) دریا وغیرہ کا وہ حصہ جو مچھلی کے شکار کے واسطے محفوظ کیا گیا ہو؛ محفوظ ماہی گاہ- (۴)(جمع) گردعینک(گرد سے بچانے والی)؛ بڑا چشمہ-

Preserve, *v. t.* : (۱) (زیاں و ضرر سے) محفوظ رکھنا ؛ بچانا ؛ صحیح و سالم رکھنا- (۲) (نام' یاد وغیرہ) زندہ رکھنا؛ برقرار رکھنا؛ قایم رکھنا - (۳) (صورت حال) بر قرار رکھنا ؛ قایم رکھنا- (۴) مربا ڈالنا ؛ اچار ڈالنا - (۵) کیمیاوی اشیاء کے ذریعے (کسی چیز کو) گلنے سڑنے سے محفوظ رکھنا؛ بگڑنے نہ دینا- (۶) (شکار گاہ کے جانوروں یا شکار گاہ یا دریا کو) اپنے تصرف کے لئے محفوظ رکھنا -

a well p. reserved old man : ایسا بوڑھا جس میں بڑھاپے کے آثار کم ہوں -

preservable, *a.* : تحفظ پذیر ؛ جس کی ضرر سے یا بگڑنے یا سڑنے گلنے سے حفاظت ہو سکے -

preserver, *n.*: (۱) (اسم' فعل کے معنوں میں)- (۲) بچانے والا ؛ محافظ ؛ نگہبان - (۳) محافظ شکار ؛ رکھوالا -

President, *n.* : (۱) صدر؛ صدرنشین؛ میر مجلس- (۲) صدر مدرسہ؛ صدر کالج ؛ پرنسپل - (۳) صدر اکادمیہ ؛ میر اکادمیہ؛ کسی مجلس علمی یا ادبی کا صدر - (۴) (امریکا) صدر بنک - (۵) صدر مجلس شوریٰ - (۶) (امریکا اور دیگر جمہوری حکومتوں میں) منتخب شدہ صدر جمہوریت - (۷) (تاریخ) حاکم صوبہ؛ والیء صوبہ -

President of the Board of Agriculture: صدر مجلس زراعت-

President of the Board of Trade : صدر مجلس تجارت -

Lord President of the Council : صدر مستشارشاہی؛ پریوی کونسل کا صدرنشیں لارڈ -

presidential, *a.* : صدارتی -

presidentially, *adv.* : بحیثیت صدر -

presidentship, *n.* : صدارت -

Presidentess, *n.* : (۱) صدرنشینہ - (۲) خاتون صدرنشین ؛ زوجۂ صدر نشین -

Presidiary, *a.* : قلعے کی فوج کے متعلق -

Presidio, *n.* : (ھسپانیہ اور ھسپانی امریکہ میں) قلعہ ؛ کوٹ ؛ گڑھ ؛ گڑھی ؛ گڑہ نگر -

Press, *n.* : (۱) بھیڑ ؛ بھیڑ بھاڑ؛ ھجوم و اژدھام- (۲) (لڑائی میں) دھکاپیل ؛ ریل پیل ؛ روندن - (۳) کش مکش ؛ کشاکش ؛ دباؤ ؛ داب ؛ زور - (۴) اضطراب؛ گھبراھٹ؛ گڑبڑ - (۵) شکنجہ؛ دبانے کی کل ؛ دبانے کا پیچ ؛ دبانے کی مشین (کو لھو) - (۶) چھاپ خانہ ؛ مطبع ؛ چھاپہ خانہ - (۷) چھاپنے کی مشین ؛ چھپائی کی کل - (۸) خانہ دار الماری ؛ دیواری الماری -

come, go, send, to (the) p. : مطبع میں (برائے طباعت) آنا ؛ جانا ؛ بھیجنا -

correct the p. : چھپائی کی غلطیاں درست کرنا ؛ طباعت کی غلطیاں ٹھیک کرنا -

favourably noticed by the p. : اخباروں نے اس کے موافق رائے ظاھر کی ھے ؛ اخبارات نے اس کو استحسان کی نظروں سے دیکھا ھے -

freedom of the p. : آزادی ؛ آزادیء اشاعت بلا احتساب ؛ اخبارات ؛ آزادیء مطابع ؛ آزادیء مطبع -

in the p. : مطبع میں ؛ زیر مطبع ؛ زیر طباعت -

p. -box : نامہ نگاروں کی نشست -

p. campaign : صحافتی مضمون بازی ؛ اخباری جد و جہد ؛ اخباری مضامین کے ذریعے مقصد بر آری کی کوشش -

p. cutting : اخبار کا تراشہ -

p. -gallery : دارالعوام میں نامہ نگاروں کے بیٹھنے کی جگہ ؛ نامہ نگاروں کی گیلری -

p.-mark : نمبر اور نام کتاب ؛ وہ نمبر اور نام جس سے معلوم ہوتا ھے کہ کتب خانے میں اس نام اور نمبر کی کتاب کہاں ملیگی -

pressman : (۱) نامہ نگار ؛ جریدہ نگار ؛ روز نامہ نگار ؛ اخبار نویس - (۲) چھاپنے والا ؛ مطبع کا مستری -

p. of canvas : پال کا دباؤ ؛ پال کا تناؤ -

p. of sail : (جہازی) بادبان کا دباؤ ؛ بادبان کا تناؤ -

p. stunt : صحافتی کرشمہ ؛ اخباری چال ؛ اخباری شوشہ -

printing -p. : مطبع ؛ چھاپ خانہ -

the gutter p. : ٹٹ پونجیے اخبارات ؛ ادنی مذاق کے اخبارات -

the p. : (۱) اخبارات ؛ صحافت - (۲) صنعت طباعت ؛ فن طباعت -

the yellow p. : مطبع اصفر ؛ مطابع اصفر ؛ زرد اخبارات ؛ ھیجانی اخبارات ؛ ھیجان خیز اخبارات -

they have a good p. : ان کے ھاں فن صحافت کی حالت اچھی ھے -

Press, *v. t. & i.* : (۱) دبانا ؛ دباؤ ڈالنا ؛ کسنا (کسی چیز کو) - (۲) کسی چیز کو دبا کر اوپر نیچے کھسکانا - (۳) دبانا ؛ بھینچنا ؛ چمٹانا - (۴) زور ڈالنا ؛ دبانا (کسی چیز کا) - (۵) نچوڑنا ؛ رس نکالنا ؛ عرق نکالنا ؛ تیل نکالنا ؛ پیلنا - (۶) شکنجے میں کسنا ؛ کسی چیز کو دبا کر ھموار کردینا ؛ بل نکال دینا - (۷) دباؤ ڈالنا ؛ دبانا (دشمن یا فوج کا) - (۸) دماغ پر بار ھونا ؛ باعث تردد ھونا - (۹) ضروری ھونا ؛ فوری کار روائی چاھنا - (۱۰) منت کرنا ؛ سماجت کرنا ؛ خوشامدکرنا - (۱۱) مُصر ھونا ؛ بضد ھونا - (۱۲) مجبور کرنا ؛ اصرار کرنا ؛ تقاضا کرنا ؛ شدید مطالبہ کرنا - (۱۳) ھجوم کرنا ؛ بھیڑ لگ جانا - (۱۴) جلدی کرنا ؛ عجلت کرنا ؛ سرعت کرنا ؛ (*p. on, forward*) پیچھے پڑ جانا ؛ آگے چلنا ؛ آگے بڑھنا -

p. the button : بٹن دبانا ؛ بجلی کھولنا ؛ (مجازاً) ابتدائی قطعی کار روائی کرنا -

time presses : وقت مقتضی ھے ؛ وقت کا تقاضا ھے -

pressed, p. p. : نچوڑا ھوا ؛ دبایا ھوا ؛ مجبور وغیرہ -

Press, *v. t. & n.* : (۱) (تاریخ) جبری بھرتی خدمت ؛ جبری فوجی ملازمت (شاذ) - (۲) جبر کرنا ؛ مجبور کرنا (کسی شخص کو فوجی یا بحری خدمت کے لیے) ؛ (خصوصاً) کسی کو کسی خدمت کے لیے مجبور کرنا ؛ کسی پر کسی کام کے لیے جبر کرنا ؛ شاھی یا پبلک استعمال کے لیے لےلینا (گھوڑوں ، کشتیوں وغیرہ کا) ؛ بیگار میں پکڑنا -

p. -gang : بحری بھرتی کرنے والی جماعت -

Pressing, *a.* : (۱) تاکیدی ؛ شدید؛ ضروری - (۲) مُصر ؛ بضد -

p. danger : شدید خطرہ ؛ اشد خطرہ ؛ سخت خطرہ -

p. invitation : تاکیدی دعوت -

p. need : اشد ضرورت ؛ سخت ضرورت -

pressingly, *adv.* : تاکیداً ؛ بضد ؛ بہ جد و کد -

Pressure, *n.* : (۱) دباؤ ؛ داب ؛ زور - (۲) دباؤ کی مقدار - (۳) تنگی ؛ مصیبت ؛ سختی ؛ تکلیف - (۴) جبر ؛ زبردستی - (۵) تاکید ؛ تاکید شدید ؛ اھمیت ؛ دباؤ - (۶) داب ؛ ناجائز داب ؛ مجبوری ؛ جبر ؛ مجبور کُن اثر -

atmospheric p. : کرۂ ھوائی کا دباؤ -

blood -p. : خون کا دباؤ (رگوں میں) -

financial p. : مالی دباؤ ؛ اقتصادی دباؤ ؛ مالی مشکل -

high p. : اعلی دباؤ ؛ زیادہ دباؤ ؛ (مجازاً) بہت تیزی ، پھرتی ؛ سرگرمی (مثلاً *working at high p.*) -

low p. : ادنی دباؤ ؛ کم دباؤ -

Prester John, *n.* : پریسٹر جان ؛ یہ ایک فرضی بادشاہ اور پادری ھے جو از منۂ وسطی میں حبش یا کسی دور مشرقی ملک کا فرماں روا تھا -

Prestidigitator, *n.* : شعبدہ باز ؛ بازی گر ؛ ڈھٹ بند -

prestidigitation, *n.* : ھاتھ کی صفائی ؛ شعبدہ بازی ؛ بازی گری ؛ نظر بندی -

Prestige, *n.* : شہرت ؛ ناموری ؛ اثر ؛ نفوذ ؛ سطوت -

Prestissimo, *a., adv. & n.* : (موسیقی) (۱) بہت تیز حرکت ؛ تیز رفتار لے - (۲) بہت تیز (لے) - (۳) بہت تیزی سے -

Presto, *a. adv. & n.* : (۱) (موسیقی) تیز سرکت ؛ تیز رفتار ؛ چلتی لے - (۲) تیز ؛ چلتی (لے) - (۳) تیز ؛ تیزی سے ؛ چلتی لے میں -

Presto, *adv., & a.* : (۱) تیز ؛ شعبدہ بازانہ - (۲) (فی) شعبدہ

بازی میں) جلدی ' تیزی ' شتابی ' پھرتی سے -

hey p. pass! : ھاں شتاب ؛ ھاں جلدی گزر جاؤ !

Presume, *v. t. & i.* : (۱) فرض کرنا ؛ قیاس کرنا ؛ ماننا (فرضی طور پر)- (۲) زعم کرنا ؛ نظر کرنا- (۳)جرأت کرنا؛ جسارت‌کرنا-

p. up(on) : (کسی شخص کی نیک نیتی یا شناسائی سے) ناجائز فائدہ اٹھانا ؛ (کسی شخص کی نیک دلی یا شناسائی کا) ناجائز استعمال کرنا -

presumable, *a.* : قابل قیاس ؛ لایق قیاس ؛ لایق‌گمان ؛ قابل خیال؛ ممکن ؛ ممکن القیاس -

presumably, *adv.* : قیاساً؛ قیاس کے طور پر ؛ از راہ قیاس -

presumedly, *adv.* : قیاساً ؛ از روئے قیاس -

presumingly, *adv.* : بلا اجازت ؛ از روئے جسارت ؛ از راہ شوخی -

Presumption, *n.* : (۱) غرور ؛ گستاخی ؛ شوخ چشمی؛ جسارت - (۲)احتمال؛ فرض؛قیاس؛گمان؛ خیال(مثلاً *this is a mere p.*)- (۳) شے مفروضہ ؛ احتمالی یا قیاسی شے - (۴) وجۂ قیاس ؛ بنائے قیاس ؛ وجۂ احتمال (مثلاً *there is a strong p. (against its authenticity)*-

p. of fact : (قانون) واقعات معلومہ سے استنباط واقعہ ؛ قیاس واقعاتی ؛ واقعاتی قیاس -

p. of law : (۱) قیاس قانونی ؛ قانونی قیاس ؛ یہ قیاس کہ شے مبینہ درست ھے جب تک اس کے خلاف ثابت نہ ھو جائے - (۲) استنباط قانون قابل اطلاق بہ حالات مخصوصہ -

Presumptive, *a.* : قرائینی؛ قیاسی ؛ احتمالی؛ فرضی -

p. evidence : قیاسی شہادت ؛ قرائینی شہادت -

heir p. : وارث قیاسی ؛ وارث فرضی (بمقابلہ وارث حقیقی) ؛ وہ شخص جو اس صورت میں وارث ھو جب کہ کوئی اور قریب تر وارث پیدا نہ ھو -

presumptively, *adv.* : قیاساً ؛ ظناً -

Presumptuous, *a.* : گستاخ ؛ شوخ چشم ؛ متکبر ؛ بیباک -

presumptuously, *adv.* : بے باکانہ؛ بے ادبانہ؛ گستاخانہ -

presumptuousness, *n.* : بےباکی؛گستاخی؛ شوخ‌چشمی؛تکبر-

Presuppose, *v. t.* : (۱) قبل از قبل فرض کرلینا؛ پہلے سے فرض‌کرنا ؛ پیش‌قیاسی کرنا- (۲)مضمر ھونا؛ مستلزم ھونا؛ لازم‌آنا؛ دلالت کرنا-

Presupposition, *n.* : (۱) پیش فرضی ؛ قبل از قبل قیاس کرنا - (۲) قیاس قبل از قبل ؛ مفروضۂ اولین -

Pretence, *n.* : (۱) تصنع ؛ نمود ؛ نمائیش - (۲) ادعا ؛ دعوائے باطل - (۳) حیلہ ؛ بہانا ؛ دغا ؛ فریب -

Pretend, *v. t. & i.* : (۱) بننا ؛ ظاھر کرنا ؛ دکھلانا - (۲) جھوٹ موٹ بننا ؛ روپ بھرنا ؛ بننا (تماشے میں) - (۳) بہانہ کرنا ؛ بھگل کا ٹھٹھا ؛ بن جانا (بیمار وغیرہ) - (۴) دعوائے باطل کرنا ؛ جھوٹا ادعا کرنا ؛ مدعی ھونا - (۵) جسارت کرنا ؛ مدعی بننا - (۶) دعوی دار ھونا ؛ حق جتانا - (۷) شادی کی آرزو رکھنا(مثلاً *to p. to the hand of a lady in marriage*)-

pretendedly, *adv.* : ظاھرداری‌سے؛ ریاکاری‌سے؛ حیلےسے؛ بہانےسے-

Pretender, *n.* : جھوٹا مدعی ؛ جھوٹا دعوی دار -

Old Pretender : "بڑا مدعی و تخت" یعنی جیمز ثانی کا بیٹا جس نے تخت انگلستان کا دعوی کیا تھا -

Young Pretender : "چھوٹا مدعئی تخت" یعنی جیمز ثانی کا پوتا جو تخت انگلستان کا دعوی دار تھا -

pretendership, *n.* : ادعاے باطل ؛ جھوٹی مدعیت -

Pretension, *n.* : (۱) دعوی؛ ادعا -(۲) سچا دعوی ؛حق‌بجانب دعوی (مثلاً *he has pp. to the name*)-(۳) ریاکاری ؛ تصنع؛ ڈینگ -

Pretentious, *a.* : (۱) خواہ مخواہ ادعا رکھنے والا ؛ ادعائی؛ مصنوعی - (۲) نمائشی ؛ نمودیا ؛ ڈینگیا ؛ بڑہ بڑہ کے باتیں بنانےوالا-

pretentiously, *adv.* : از روےنظر و مباھات؛ ازراہ‌ریا و‌نمائش-

pretentiousness, *n.* : ریا کاری؛ تصنع ؛ ڈینگ ؛ بڑہ بڑہ کے باتیں بنانا -

Preter- : سابقہ ھے جو لاطینی زبان کے لفظ praeter سے نکلا ھے ' جس کے معنی ھیں " گزشتہ " " ماضی " " بعید " " ورا " " ماوری " " پرے " دور " " زیادہ " وغیرہ' جن الفاظ میں یہ سابقہ آتا ھےان میں یہ معنی پیدا کردیتا ھے ' مثلاً :-

preter-canine : فوق کلبی ؛ ورائےکلبی ؛ کتوں سے بہت زیادہ-

preter-human : ورائے انسانی ؛ فوق انسانی -

preter-natural : مافوق‌طبیعت؛ مافوق فطرت؛ بعیدازفطرت-

preter-naturally : مافوق‌فطرت‌اندازسے؛ ماوراےفطرت‌طریق‌سے-

preter-naturalism : فوق طبعی مذھب یا عقیدہ -

preter-sensual : فوق حسی؛ وراے حواس -

Preterite, Preterit, *a. & n.* : (۱) (صرف و نحو) ماضی؛ زمانۂ ماضی مطلق؛ زمانۂ گزشتہ -(۲)(استہزائیہ) پارینہ ؛ دقیانوسی -

p. tense : (صرف و نحو) زمانۂ ماضی -

p. present tense : زمانہ جو پہلے ماضی کا صیغہ تھا لیکن اب حال سمجھا جاتا ھے (مثلاً *can, may, shall*) -

preteriteness, *n.* : ماضیت ؛ ماضی پن -

Preterition, *n.* : (۱)ترک ؛ سہو ؛ فروگزاشت ؛ اھمال ؛ غفلت ؛ بے احتیاطی- (۲) نظر اندازی ؛ بے توجھی-(۳) (دینیات) موت؛ وفات (اپنے لوگوں کے لئے استعمال ھوتا ھے جو بر گزیدہ ھوں)-

Pretermit, *v. t.* : (۱) (کسی واقعے کا بیان کرنا وغیرہ) بھول جانا؛ چھوڑدینا - (۲) بھول جانا ؛ چھوڑ جانا ؛ غفلت کرنا ؛ کوتاھی کرنا (کسی کام کے کرنے میں) - (۳) (غلط استعمال) ترک کرنا؛ چھوڑ دینا -

pretermission, *n.* : ترک؛ فروگزاشت ؛ اھمال؛ بھول

Pretext, *n.* : عذر ؛ حیلہ؛ بہانہ (مثلاً *on, upon, under, the pretext* اس بہانے سے؛ یہ عذر رکھہ کر) -

Pretext, *v. t.* : عذر کرنا ؛ بہانہ کرنا -

Pretone, *n.* : وہ مقطعہ (syllable) یا حرف‌علت جو مقطعہ موکدہ سے قبل آئے؛ ماقبل موکدہ -

pretonic, *a.* : متعلق بہ ماقبل مو کدہ -

Pretor: دیکھو praetor -

Prettify, *v. t.* : حسین بنا کر دکھانا؛ خوبصورت بناکر پیش کرنا -

Prettily *adv.* : (۱) خوبی‌سے ؛ حسن و خوبی سے' خوش اسلوبی سے' خوبصورتی سے - (۲) (تو بیت اطفال کے متعلق) خوبی سے؛ قاعدے سے (مثلاً *eat, ask, behave, p.*) -

Prettiness, *n.* : (۱) حسن ؛ خوبصورتی (نزاکت لئے ھوئے) - (۲) خوبصورت شے ؛ عمدہ شے ؛ حسین شے (زیور وغیرہ) - (۳) (ادبیات؛ فنون لطیفہ میں) نزاکت؛ نازک ادائی (شائبۂ تصنع

(v. t.) (۲) قیمت لگانا ' مول کرنا ' معلوم کرنا ؛ دام لگانا ؛ نرخ معلوم کرنا - (۵) (مجازاً) گراں قیمتی ؛ مہنگا پن - قیمت کا اندازہ لگانا ؛ آنکنا ؛ بھاؤ جانچنا -

above p. : لاقیمت ؛ بیش بہا ؛ گراں قدر -

beyond price : ماورائے قیمت؛ بیش بہا ؛ گراں قدر -

cost p. : دیکھو Cost -

current p. : بازاری نرخ ؛ بازاری بھاؤ ؛ جاریہ قیمت ؛ چالو قیمت -

everyman has his p.: ہر آدمی کی قیمت ہوتی ہے ؛ ہر شخص خریدا جا سکتا ہے -

I would not do it at any p.: میں یہ کسی طرح نہ کرونگا -

I would not have it at any p.: میں اس کو کسی طرح مول نہ لونگا -

long p. : دیکھو Long -

p. -list : قیمتوں کی فہرست؛ نرخ نامہ -

set p. on a person's *head* : کسی کی گرفتاری یا قتل کا انعام مقرر کرنا -

the starting p. of a horse : گھڑدوڑ کےوقت شرط بازکی آخری بولی -

this must be done at any p. : یہ ہر حال میں ہونا چاہیئے ؛ یہ ہونا چاہیئے کچھ ہی کیوں نہ ہو -

without p. : اَن مول ؛ بے بہا -

Priced, a.: قیمت والا ؛ جس کی قیمت مقرر کی گئی ہو -

high -p. : مہنگا ؛ جس کے دام زیادہ رکھے گئے ہوں -

low -p. : سستا ؛ جس کے دام کم رکھے گئے ہوں -

p. catalogue : فہرست قیمت ؛ قیمت وار فہرست ؛ ایسی فہرست جس میں قیمتیں درج ہوں -

Priceless, a.: (۱) اَن مول؛ بے بہا ؛ لاقیمت - (۲) (سوقیانہ) نہایت مضحک ؛ بے انتہا لغو ؛ اپنی لغویت میں لاجواب -

pricelessness, n.: (۱) اَن مول پن ؛ بے بہائی؛ لاقیمت ہونا - (۲) (سوقیانہ) انتہائی لغویت ؛ حد درجہ مضحکہ خیزی -

Prick, n.: (۱) چھید؛ چھیدن ؛ چبھن ؛ سوراخ - (۲) (جمع) چھیدنے سے جو نشان پڑ جائے ؛ چھید ؛ سوراخ - (۳) (قدیم) آر ؛ خار ؛ کانٹا - (۴) (عامیانہ) عضوِ تناسل -

kick against the p. : بے کار مزاحمت کر کے نقصان اٹھانا ؛ کانٹوں کے ٹھوکر مارنا ؛ کانٹوں کے لات مارنا (بحوالہ کتاب اعمال باب ۹ آیت ۵) -

p. -eared : کھڑے کان والا -

p. -ears : کھڑے کان ؛ (جیسے بعض قسم کے کتوں کے) ؛ نمایاں کان (بعض آدمیوں کے خصوصاً Roundheads کے) -

pp. of conscience : ضمیر کی سرزنش -

Prick, v. t. & i.: (۱) چھیدنا ؛ سوراخ کرنا ؛ چبھونا - (۲) کھسانا ؛ گودنا ؛ بھونکنا ؛ گھونپنا ؛ (مجازاً) چبھونا ؛ تکلیف دینا - (۳) (قدیم) ایڑ لگانا ؛ ٹھوکر لگانا ؛ گھوڑا ڈال دینا ؛ گھوڑا بڑھانا ؛ آر مارنا ؛ آر لگانا ؛ آر چبھونا - (۴) پیش قدمی کرنا ؛ گھوڑے پر سوار ہو کر آگے بڑھنا ؛ سوار ہو کر آگے بڑھنا - (۵) (off, out کے ساتھ) نشان لگانا ؛ نشان کرنا (سوراخ بنا کر) ؛ انتخاب کرنا ؛ نقطے لگاکر فہرست میں سے کسی کو منتخب کر لینا ؛ (اس طرح افسر بلدیہ کا) انتخاب کرنا ؛ نقطے لگانا ؛ نشان لگانا ؛ کسی نمونے پر نقطے لگانا -

p. in : زمین میں سوراخ کرنا اوراس میں پودا لگانا ؛ کسی پودے کو زمین میں لگانا -

p. off : پودوں کو فاصلے سے لگانا -

p. out : پودوں کو دور دور لگانا -

p. up one's *ears* : (کتے کا) چوکنا کان کھڑے کرنا ؛ (مجازاً) (آدمی کا) یکا یک متوجہ ہوجانا ' چوکنا ہونا -

Pricker, n.: (۱) فعل Prick کا اسم فاعل - (۲) (خصوصاً) آری ؛ چھیدنی ؛ سوراخنی ؛ سالنی ؛ چھیدنے اور سوراخ کرنے کا آلہ -

Pricket, n.: (۱) دوسالہ ہرنوٹا - (۲) شمع گیر ؛ ایک قسم کا خار جس میں موم بتی لگاتے ہیں -

p. sister : دوسالہ ہرنی ؛ دوسالہ ہرنوٹی -

Prickle, n. & v. t. & i.: (عموماً) (۱) خار ؛ کانٹا ؛ خارچہ - (۲) خارچہ ؛ چھوٹا سا کانٹا - (۳) خار پشت وغیرہ کے نوک دار سخت کانٹے - (۴) کانٹے چبھانا ؛ چبھانا ؛ چبھونا؛ سالنا ؛ چھیدنا - (۵) چبھنا ؛ چھدنا ؛ سلنا -

prickling, n. & a.: (۱) چبھن ؛ چھیدن ؛ خلش ؛ کھٹک ؛ کسک - (۲) چبھنے والا ؛ چھیدنے والا ؛ خلش آمیز -

Prickle, n.: (۱) ٹوکرا ؛ ٹوکری ؛ ڈلیا - (۲) جالی دار ٹوکرا (جو پیمانے کے طور پر استعمال ہوتا ہے) -

Prickly, a.: (۱) کانٹے دار ؛ خاردار - (۲) سنسناہٹ کا ؛ جھنجھناہٹ کا -

p. heat : گرامی دانے -

p. pear : چپل سینڈ ؛ ناگ پھنی -

prickliness, n.: خار داری؛ کٹیلا پن؛ نکیلا پن ؛ سنسناہٹ ؛ جھنجھناہٹ -

Pride, n. & v. refl. : (۱) غرور ؛ تکبر ؛ خود بینی ؛ خود پسندی - (۲) شیخی؛ فخر و مباہات ؛ ناز ؛ گھمنڈ - (۳) آن بان؛ شان و شوکت ؛ جاہ و جلال ؛ کر و فر ؛ نام و نمود - (۴) (نیز proper p.) بجا فخر ؛ بجا ناز ؛ بجا غرور - (۵) خود داری؛ رکھ رکھاؤ - (۶) بہترین حالت (مثلاً p. of grease) - (۷) فخر؛ باعث فخر (مثلاً he is the p. of his parents) - (۸) (p. oneself upon) (کسی چیز ' ہنر ' صفت ' کام وغیرہ پر) ناز کرنا ؛ فخر کرنا -

false p.: فخر بے جا -

London p. : ایک پودے کا نام -

peacock in his p.: (تقابت) طاؤس رقصاں ؛ ناچتا ہوا مور؛ طاؤسِ پر کشادہ ؛ پر کشادہ مور -

p. of place : شانِ فضیلت ؛ اس کا فخر؛ تکبر جلال؛ غرور جاہ -

p. of the morning : صبح کی کُہر یا ترشح ؛ وقت طلوع کی بارش -

p. will have a fall : غرور کا سر نیچا -

take a p. in (something) : (کسی چیز پر) ناز کرنا ؛ فخر کرنا -

دیکھو grease -

prideful, a. : (خصوصاً اسکاٹستان) پر غرور ؛ پر تکبر؛ پر فخر؛ گھمنڈی ؛ نخوت مزاج ؛ مدمغ ؛ دماغ آور ؛ شوخ چشم وغیرہ -

prideless, *a.*: اوچھا؛ خود داری سے خالی؛ بے نخوت؛ بےتمکنت۔

pridefully, *adv.*: مغرورانہ؛ متکبرانہ؛ شوخ چشمانہ۔

Prie-dieu, *n.*: (۱) (عبادت) رکوع کی چوکی؛ رکوع گاہ۔ (۲) (نیز *p. chair*) رکوع کرنے کی کرسی؛ رکوع کی کرسی۔

Priest, *n.* & *v. t.*: (۱) پجاری؛ پادری؛ پروہت؛ کاہن؛ قسیس: جس کا درجہ مابین شماس و اسقف ہو؛ خادم دین؛ امام؛ پادری؛ گرو؛ مرشد؛ پیشوا؛ خادم مذہب؛ خادم قربان گاہ؛ عامل دعائے ربانی۔ (۲) ماہی کش؛ ماہی کش موگری؛ ماہی کش ڈنڈا۔ (۳) کسی کو ملا بنانا؛ پادری بنانا؛ پروہت کرنا؛ قسیس بنانا؛ کاہن بنانا؛ حبری بنانا (خصوصاً یہودیوں کا)۔

high p.: ربی اعظم؛ ملائے اعظم؛ بڑا پروہت؛ کاہن اعلیٰ۔

p. craft: مذہبی پیشوا کا دنیا دارانہ رویہ۔

p.-in-the-pulpit: جنگلی اے رم ' ایک پودے کا نام ہے۔

p. of nature: پرستار فطرت؛ فطرت کا پجاری۔

p. of science: پرستار علوم طبعی؛ پرستار سائنس۔

p.-ridden: ملا راجی؛ پروہت راجی؛ جہاں ملاؤں کی حکومت ہو؛ ملا زدہ۔

p.'s hood: جنگلی اے رم (ایک پودا)۔

p. vicar: نائب ملا؛ نائب پادری؛ نائب پروہت؛ نائب امام؛ نائب پیشوا۔

priestess, *n.*: پجارن۔

priesthood, *n.*: ملا گری؛ پروہتائی۔

priestling, *n.*: ملانا؛ غیر اہم ' کم حیثیت یا کم عمر مذہبی پیشوا ' پروہت وغیرہ۔

priestless, *a.*: بے پیر؛ بے ملا؛ بے پروہت؛ لا کاہن۔

priestlike, *a.*: ملا صفت؛ پروہت جیسا؛ پادری طبیعت۔

Priestly, *a.*: ملا یانہ؛ ملا صفتانہ؛ شایان ملا؛ پادری پروہت وغیرہ کا یا اس کے مانند۔

p. code: (تنقید عہد نامۂ عتیق) ضابطۂ قسیسی؛ ضابطۂ کہانت؛ انجیل کی چھ کتابوں کے بعض حصے جو مذہبی رسوم ' قوانین وغیرہ پر مشتمل ہیں۔

p. writer: مصنف ضابطۂ کہانت؛ مذکورۂ بالا حصے کا لکھنے والا۔

priestliness, *n.*: پروہتائی؛ ملائیت؛ ملا پن؛ ملا گری؛ کہانت؛ قسیسیت۔

Prig, *n.* & *v. t.*: (۱) رفتار گفتار میں بے حد محتاط؛ بات چیت اور اطوار میں اتنی احتیاط کرنے والا کہ ناگوار ہو۔ (۲) خود پسند؛ خود بین؛ خود نما۔ (۳) نصیحت فروش۔ (۴) (عامیانہ) چور؛ دزد۔ (۵) (عامیانہ) چرانا۔

priggery, priggishness, priggism, *nn.*: (۱) رفتار گفتار میں ناگوار یا بے حد احتیاط؛ خود پسندی؛ خود نمائی؛ نصیحت فروشی۔ (۲) خود پسندانہ یا نصیحت فروشانہ فعل یا برتاؤ۔

priggishly, *a.*: خود پسندانہ ' نصیحت فروشانہ وغیرہ؛ خود پسند؛ نصیحت فروش ' رفتار گفتار میں بے حد محتاط وغیرہ۔

priggish, *adv.*: متعلق فعل مذکورۂ بالا معنوں میں۔

Primly, *a.* & *v. i.* & *t.*: (۱) (شخص ' گفتگو ' اطوار) رسمی؛ باضابطہ؛ نامناسب طور پر متین ' سنجیدہ؛ نازک مزاج؛ تکلف شعار؛ متقطع اور باقاعدہ۔ (۲) متانت اختیار کرنا؛ بننا۔ (۳) چہرے اور لبوں کی ایسی وضع بنانا کہ متانت مترشح ہو۔

primly, *adv.*: متعلق فعل مذکورۂ بالا معنوں میں۔

primness, *n.*: اسم مذکورۂ بالا معنوں میں۔

Prima, *a.*: پہلا؛ اول؛ خاص؛ اعلیٰ؛ صدر۔

p. buffa: صدر ایکٹریس یا مزاحیہ گانے والی؛ صدر نقالہ یا گائن۔

p. donna, (pl.-*ma-nas*,-*me-ne*): اوپیرا میں صدر گائن۔

Primacy, *n.*: (۱) عہدہ یا منصب اسقف اعظم۔ (۲) افضلیت؛ تفضیل؛ فوقیت؛ برتری۔

Prima facie, *adv.* & *a.*: بادی النظر؛ بادی النظری؛ بدیہی۔

p. f. case: مقدمۂ بادی النظری (وہ مقدمہ جس میں شہادت ایسی ہو کہ اس کی تردید کے لئے فریق مخالف کو لازماً جواب دہی کرنی پڑے)۔

Primage, *n.*: کرایۂ احتیاط؛ زر احتیاط (جو علاوہ کرایۂ مالکان جہاز کو اس لئے دیا جاتا ہے کہ مال کے اتار چڑھاؤ میں احتیاط برتی جائے)۔

Primage, *n.*: پانی کی وہ مقدار جو بوائلر سے بھاپ کی شکل میں خارج ہو۔

Primal, *a.*: پہلا؛ ابتدائی؛ اولین؛ اصلی؛ بنیادی؛ مقدم؛ اہم ترین؛ قدیمی؛ پرانی وضع کا۔

primally, *adv.*: متعلق فعل مذکورۂ بالا معنوں میں۔

Primary, *a.* & *n.*: (۱) اول؛ پہلا؛ قدیم ترین؛ اصلی۔ (۲) اصلی؛ پہلا (مثلاً *p. meaning of a word*)۔ (۳) اولیٰ؛ اہم ترین؛ خاص؛ مقدم۔ (۴) ابتدائی؛ مبتدیوں کا۔ (۵) (طبقات الارض) زیرین؛ زیرین طبقوں کا۔ (۶) (حیاتیات) ابتدائی؛ اول؛ عنصری۔ (۷) = p. planet ; p. meeting۔

p. amputation: ابتدائی قطع عضو؛ وہ عمل جراحی جو سوزش سے پہلے کیا جائے۔

p. assembly, meeting: جلسہ یا اجتماع ابتدائی؛ انتخاب عام کے لئے امیدواروں کے انتخاب کا جلسہ۔

p. battery: ابتدائی مورچۂ برقی (وہ بیٹری جس میں برقی رو پیدا ہوتی ہے)۔

p. colour: لون صحیح؛ لون اصلی؛ مول رنگ (تشریح کے لئے دیکھو Colour کے ذیل میں)۔

p. education: ابتدائی تعلیم ' جبری تعلیم (خصوصاً وہ جو بچوں کو جبری طور پر دی جاتی ہے)۔

p. planets: سیارات اولیہ (جو بلاواسطہ سورج کے گرد گھومتے ہیں)۔

p. school: مدرسۂ ابتدائیہ؛ وہ مدرسہ جہاں جبری ابتدائی تعلیم دی جاتی ہے۔

p. tenses: اصلی زمانے (حال ' مستقبل ' ماضی)۔

primarily, *adv.*: اولاً؛ ابتداءً؛ ابتدائی طور پر وغیرہ۔

Primate, *n.*: (۱) اسقف اعظم۔ (۲) (حیوانات) = (ذیل کے لفظ کا واحد)۔

p. of all England: اسقف اعظم کنٹربری۔

p. of England: اسقف اعظم یارک۔

primatial, *a.*: اسقف اعظم یا اس کے متعلق

Primates, *n. pl.*: (حیوانات) اعلیٰ ذوات الثدی؛ اعلیٰ مخلوق؛

حیوانات اعلی ؛ دودھ پلانے والے جانوروں کا اعلی ترین طبقہ جس میں آدمی ، بندر ، شب رو بندر (لیمور) اور لینیائی (Linnaean) تقسیم طبقات کے اعتبار سے چمگادڑ شامل ھیں-

Prime, *n.*: (۱) پوری نشو و نما ، قوت، خوبصورتی وغیرہ کا زمانہ ؛ شباب؛بہار؛ علفوان (مثلاً *in the p. of life, cut off in his p.*)- (۲) بہترین ، اعلی ترین حصہ ؛ حصۂ اولی - (۳) شروع ؛ آغاز ؛ ابتدا - (۴) (کلیسا) شرع کی رو سے دن کا پہلا گھنٹہ (یعنی صبح یا طلوع آفتاب) ؛ صبح کی عبادت؛ (قدیم) علی الصباح ؛ نور کا تڑکا ؛ بھور ؛ صبح (مثلاً *from p. to vespers will I chant thy praise*) - (۵) (قدیم) وہ عدد جو ایسٹر کی تاریخ نکالنے میں استعمال ھوتا ھے - (۶) عدد مفرد (دیکھو prime بطور صفت کے) - (۷) (کیمیا) جوھر واحد مرکب کی اکائی کے طور پر - (۸) شمشیر بازی کا پینترا -

Prime, *a.*: (۱) صدر ؛ خاص ؛ اھم ترین (مثلاً *p. agent, motive*) - (۲) اعلی درجہ کا (خصوصاً مویشی اور اشیاے خوردنی کے متعلق مثلاً *p. beef*) ؛ عمدہ ؛ بہترین - (۳) ابتدائی ؛ بنیادی ؛ اصلی ؛ پہلا - (۴) (حساب) (عدد) اصم؛ مفرد (مثلاً ۲ ، ۳ ، ۵ ، ۷ ، ۱۱) -

p. cost: دیکھو Cost -

p. minster: وزیر اعظم ؛ صدر اعظم -

p. mover: دیکھو Mover -

p. numbers: اعداد اصم یا مفرد -

p. vertical (circle): دائرہ اول السوت ؛ متسامتۂ اولی ؛ دائرۂ مشرق و مغرب -

Prime, *v.t. & i.*: (۱) رنجک پلانا - (۲) تیل وغیرہ دینا (پمپ وغیرہ کو تاکہ چالو ھو جاے) - (۳) (کسی شخص کو خبر) پہنچانا ، سکھا دینا ، ھدایت کرنا (مثلاً *p. a witness, p. with the latest news*) - (۴) شراب پلانا ؛ مخمور کرنا ؛ (مجازاً) خوب کھلانا ؛ شکم سیر کرنا - (۵) رنگ یا روغن کی پہلی تہہ چڑھانا - (۶) انجن کے بوائیلر کا بھاپ کے ساتھ پانی کو پھوار کی شکل میں خارج کرنا -

Primer, *n.*: (۱) پرائمر ؛ قاعدہ ؛ کتابچۂ مبادیات ؛ کسی علم کی اولین یا ابتدائی معلومات کی کتاب (مثلاً *Greek p.*) - (۲) (تاریخ) انگریزوں کے (خصوصاً) دور اصلاح مذھب سے پہلے کی کتاب مناجات (جس میں دعا، عبادت وغیرہ کے طریقے وغیرہ درج تھے)؛ عبادت نامہ ؛ دعا نامہ - (۳) ٹائپ کی ایک ضخامت (size) -

great p.: بڑا ٹائپ (جس کی سوا چار سطریں ایک انچ میں آتی ھیں) -

long p.: لمبا ٹائپ (جس کی ساڑھے سات سطریں انچ میں آتی ھیں) -

Primer, *n.*: (۱) فعل (prime) کا اسم فاعل - (۲) ٹوپی ، اسطوانہ یا کوئی پرزہ جس سے کارتوس وغیرہ کی بارود آگ پکڑتی ھے -

Primero, *n.*: قمار بازی کا تاش کا ایک کھیل جو سولھویں اور سترھویں صدی میں رائج تھا -

Primeur, *n.*: (عموماً جمع) ثمر پیش رس ؛ معمولی یا مقررہ موسم سے قبل تیار کئے ھوئے یا اگائے ھوے پھل، پھول، ترکاریاں -

Primeval, -aeval, *a.*: (۱) دنیا کے دور اولین کا - (۲) قدیم ؛ ابتدائی ؛ اصلی ؛ قبل تاریخی -

primevally, *adv.*: قدیم حالت یا زمانے میں -

Priming, *n.*: (۱) فعل (prime) حاصل مصدر - (۲) رنجک - (۳) بارود کا سلسلہ جو رنجک دان سے بندوق وغیرہ کے پیالے تک ھوتا ھے - (۴) (نقاشی) مرکب جو پہلی تہہ دینے کے کام آتا ھے - (۵) شکر اور بیر شراب کا مرکب - (۶) رٹوانا ؛ جلد جلد سکھوانا؛ دماغ میں ٹھونسنا -

Priming, *n.*: مد و جزر، مد اور جزر کے درمیانی وقفہ کا کم ھونا -

Primiparous, *a.*: پہلونٹ ؛ پہلن ؛ وہ عورت یا مادہ جو پہلی مرتبہ جنے -

Primitive, *a. & n.*: (۱) ابتدائی؛ قدیم - (۲) قدیم وضع کا؛ سادہ ؛ بھونڈا ؛ غیرمہذب؛ وحشی؛ ان گھڑ- (۳) اصلی؛ پہلا - (۴) (صرف و نحو):(لفظ) غیرمشتق؛ جامد - (۵) (ریاضی) ابتدائی؛ اصلی(خط، شکل وغیرہ جس سے دوسرا خط یا شکل کھینچی یا بنائی جاے) - (۶) primary = (دیکھو primary colour) - (۷) (طبقات الارض) دور اولین کا - (۸) (حیاتیات) نشوونما کے اولین دور کا ؛ نشوونما کے نہایت ابتدائی دور میں ظاھر ھونےوالا - (۹) نشاۃ ثانیہ سے قبل کے دور کا مصور؛ قدیم مصور- (۱۰) اس مصور کی کھینچی ھوئی تصویر- (۱۱) غیر مشتق لفظ - (۱۲) ابتدائی ، اصلی خط ، شکل وغیرہ - (۱۳)= p. methodist -

P. Methodism, P. Methodist: ذیل کی انجمن کا اصول؛ رکن -

P. Methodist Connexion: اصولیوں یا غیر مقلدوں (میتھو ڈسٹ) کی ایک انجمن جس کو Hugh Bourne نے سنہ ۱۸۱۰ع میں غیر مقلدوں سے الگ ھو کر قایم کیا ؛ انجمن اصولیان قدیم -

P. Church: کلیساے قدیم ؛ ابتدائی مسیحی مذھب -

primitively, *adv.*: (قدیم) غیر مہذب قوم کی طرح ؛ غیر مہذب ؛ بھونڈے طریقے سے ؛ ابتدأ ؛ اصلاً وغیرہ -

primitiveness, *n.*: اسم مذکورۂ بالا معنوں میں -

Primo, *n.*: دو آوازی یا دو سازی راگ یا گیت کا پہلا حصہ ؛ دو صوتی نغمے کا پہلا حصہ -

Primo, *adv.* ***, P., secundo, tertio*** : اولاً ، ثانیاً ، ثالثاً (جو 10، 20، 30، لکھا جاتا ھے) -

Primogenitor, *n.*: (۱) جد اعلی ؛ جد امجد ؛ مورث اعلی - (۲) (غیر فصیح) جد ؛ بزرگ ؛ آبا و اجداد [illegible] کوئی ؛ بڑوں

Primogeniture, *n.*: (۱) [illegible] (*right of p.* [illegible]) [illegible] ؛ خلف اکبر ھونے کی وجہ سے جو حق [illegible] حاصل ھو -

primogenital, primogenitary, *aa.*: حق جیٹھائی کا یا اس پر مبنی -

Primordial, *a.*: (۱) جو ابتداء میں یا ابتداء سے موجود ھو - (۲) آغازی ؛ ابتدای ؛ اولین - (۳) بنیادی ؛ اساسی ؛ اصلی ؛ خلقی -

primordiality, *n.*: ابتدائیت ؛ بنیادیت ؛ اساسیت ؛ اصلی، خلقی ھونا -

primordially, *adv.*: ابتدأً ؛ آغاز میں؛ بنیادی حیثیت سے؛

سا سی طور پر ؛ اصلی حالت میں -

Primrose, n. : (۱) بسنتی پھول ؛ ایک قسم کا پھول جو آغاز بہار میں کھلتا ھے؛ اس کا پودا - (۲) (مجازاً) بسنتی (رنگ) -

P. dame, knight : P. League کا رکن (مرد یا عورت) -

P. Day : بنجامن ڈسرائیلی (متوفی ۱۹ اپریل ۱۸۸۱ ع) کی برسی کا دن؛ پرم روز (یہ نام اس لئے رکھا گیا کہ بنجامن ڈسرائیلی کو یہ پھول بہت پسند تھا اسی مناسبت سے اس کی برسی کے روز لوگوں نے یہ پھول پہنے تھے) -

P. League : یہ قدامت پسندوں کی ایک انجمن ھے جو اس مدبر کی یادگار میں ۱۸۸۳ ع میں قائم ھوئی؛ پرم روز لیگ -

p. peerless : دو پھولی یا دو گلی نرگس ؛ (قدیم) نرگس -

the p. path : عیش و نشاط کے درپے ھونا ؛ تلاش و طلب عیش و عشرت -

primrosy, a. : صفت مذکورۂ بالا معنوں میں -

Primula, n. : پری مولا ' ایک بارہ ماسی پودا جس میں زرد' گلابی ' سفید اور ارغوانی پھول لگتے ھیں -

Primum mobile, n. : (۱) فلک الافلاک ؛ فلک اعظم ؛ فلک اطلس (قدیم ھئیت میں نواں آسمان جو سب آسمانوں سے اوپر اور سب کو محیط ھے اور جس کی گردش سے دوسرے سب آسمان بھی گردش کرتے ھیں) - (۲) منبع حرکت یا عمل؛ سرچشمۂ عمل یا حرکت؛ محرک اصلی -

Primus, a. & n. : (۱) (مدرسہ) ھمنام لڑکوں میں سب سے بڑا یا سب سے پرانا مثلاً Smith p. [(جو عموماً Smith i لکھا جاتا ھے) اسی طرح *secundus* (دوم) کو ii ' (سوم) *tertius* کو iii ' (چہارم) *quartus* کو iv ' (پنجم) *quintus* کو v ' (ششم) *sextus* کو vi ' (ھفتم) *septimus* کو vii ' (ھشتم) *octavus* کو viii ' (نہم) *nonus* کو ix ' (دھم) *decimus* کو x لکھتے ھیں] *primus* بعض مدارس میں مروج ھے لیکن عام طور پر اس کی بجائے *major* مستعمل ھے) - (۲) (اسکاٹلینڈ کلیسائے اسقفی میں) صدر (نشین) اسقف

p. inter pares : اماثل میں پہلا؛ ترجمان اماثل و اقران؛ ... اقران و امثال -

Primus, n. : پرائمس چولھا (stove) -

Prince, n. : (۱) بادشاہ ؛ شاہ ؛ سلطان ؛ خسرو ؛ حکمران (مثلاً *to live like a p.*) - (۲) رئیس ؛ والی ؛ حاکم ؛ ... حکمران ؛ پرنس - (۳) شاھی خاندان کا کوئی ... (خصوصاً انگلستان میں) بادشاہ یا ملکہ کا لڑکا یا پوتا اس کو *p. of blood* بھی کہتے ھیں) ؛ شہزادہ ؛ کنور - (۴) امراء کو (خصوصاً) جن کا رتبہ ڈیوک سے کم ھوتا ھے اس لقب سے مخاطب کیا جاتا ھے ؛ غیر ممالک کے امراء کو بھی اس سے مخاطب کیا جاتا ھے ؛ (تواضعی خطاب جو) ڈیوک ' مارکوئیس ' ارل (کو) دیا جاتا ھے) - (۵) کارڈینل کا خطاب - (۶) سر تاج ؛ سردار ؛ ملک (مثلاً *p. of poets* ملک الشعرا) -

Hamlet without the P. of Denmark : بے روح چیز ؛ بے جان ' بے لطف ' خالی خولی شے ؛ کوئی چیز جس کا اھم یا خاص حصہ الگ کر لیا گیا ھو (مثلاً شکسپیر کے ڈرامے ھیملیٹ سے شہزادۂ ڈنمارک کا اھم ... ی کردار حذف کر دیا جائے) -

p. bishop : شہزادہ اسقف ؛ وہ اسقف جو شاھی خاندان کا رکن بھی ھو -

P. Consort : شوھر ملکہ ؛ شریک التاج

p. of darkness, the air, the world : شیطان ؛ ابلیس -

P. of Denmark: ھیملیٹ (شکسپیر کے ڈرامہ ھیملیٹ کا ھیرو) -

P. of Peace : حضرت مسیح -

p. of the (Holy Roman) Church : کارڈینال ... خطاب -

P. of Wales : شہزادۂ ویلز؛ تاج برطانیہ کا وارث ؛ ولی عہد شاہ انگلستان -

P. of Wales' feathers : تمغۂ شہزادۂ ویلز ؛ ولی عہد شاہ انگلستان کا امتیازی نشان (جس میں شتر مرغ کے تین پر بھی ھوتے ھیں) -

P. Regent : رکن خاندان شاھی جو نائب سلطنت بھی ھو -

p. royal : بادشاہ انگلستان کا سب سے بڑا لڑکا -

P. Rupert's drops : شیشے کی ناشپاتی نما چھوٹی گولیاں جو گداختہ شیشے کو پانی میں ڈال کر بنائی جاتی ھیں اور جن کے باریک سروں کو الگ کرنے سے وہ پھٹ کر چورا ھو جاتی ھیں (چارلس اول کا بھتیجا پرنس روپرٹ ان کا موجد ھے) -

p.'s feather : ایک پودا جس میں پر نما خوشہ دار سرخ پھول لگتے ھیں -

p.'s metal: تانبے اور جست کا مرکب -

princedom, n. : شہزادہ یا کسی والیٔ ریاست کا رتبہ' درجہ' حلقۂ اقتدار وغیرہ -

princekin, princelet, princeling, nn. : prince کا اسم مصغر -

princelike, a. : شاھانہ ؛ رئیسانہ ؛ شاھانہ صفت ؛ شہزادہ کا سا ؛ فیاض؛ بلند مرتبہ -

princeship, n. : شہزادگی ؛ والی یا حاکم ھونا وغیرہ -

Princely, a. : (۱) شہزادے ' والی وغیرہ کا یا اس کے متعلق مثلاً *p. birth, rank* - (۲) شہزادے وغیرہ کے شایان شان صفات اور طرز عمل ظاھر کرنے یا رکھنے والا - (۳) شاھانہ ؛ رئیسانہ ؛ نفیس ؛ اعلی ؛ شاندار (مثلاً *a p. house, gift*) -

princeliness, n. : اسم مذکورۂ بالا معنوں میں -

Princess, n. : (۱) (قدیم) ملکہ ؛ رانی - (۲) prince کی بیوی - (۳) بادشاہ یا ملکہ کی لڑکی یا پوتی (نیز *p. of the blood*) ؛ شہزادی -

p. dress : ایک قسم کا زنانہ لباس ھے جس میں چولی اور دامن ایک ٹکڑے کے ھوتے ھیں -

p. regent : شاھی خاندان کی عورت جو نائب سلطنت بھی ھو؛ prince regent کی بیوی -

p. royal : (انگلستان کے) بادشاہ کی سب سے بڑی لڑکی -

princessship, n. : شہزادی وغیرہ ھونا -

Principal, a. & n. : (۱) خاص ؛ اھم ترین ؛ صدر ؛ مقدم ؛ اصل (زر) - (۲) صدر ؛ حکمران ؛ سردار ؛ رئیس ؛ میر - (۳) صدر ؛ پرنسپل - (۴) (قانون) مالک (جو کارندہ

یا مختار کو اختیارات دے) ؛ اصل مجرم ؛ ارتکاب جرم میں اصل
شخص - (۵) اصل قرض دار یا مدیون یا معاہد (بمقابلہ ضامن
کے) - (۶) قریل لڑنے والا (بمقابلہ معاون کے) ؛ (اصل)
یکیکی باز - (۷) دھنی ؛ شہ تیر - (۸) اصل زر (بمقابلہ سود '
آمدنی وغیرہ) ؛ سرمایہ - (۹) مزا میر ارغنوں -

lady p. : صدر کلیۂ نسوان ؛ کسی مدرسہ یا کلیہ کی صدر
معلمہ ؛ کلیۂ اناث کی پرنسپل -

p. clause: خاص ' اصل یا مستقل فقرہ ؛ فقرہ جو دوسرے کا تابع نہ ہو -

p. in the first degree : اصل مجرم ؛ مجرم جس نے
در اصل جرم کیا ہو -

p. in the second degree : معاون جرم ؛ شریک جرم ؛ شریک
جرم بوقت وقوع جرم -

p. parts (of verb): (فعل کے) اجزائے خاص -

p. sentence : خاص ' اصل یا مستقل جملہ -

principalship, *n.* : صدارت (کلیہ) ؛ پرنسپلی -

Principality, *n.* : (۱) فرمان روائی ؛ حکمرانی ؛ حکومت - (۲)
قلمرو ؛ ملک ؛ ریاست - (۳) (جمع) فرشتوں کا ایک طبقہ -

the P. : ویلز -

Principally, *adv.* : خصوصاً ؛ خاص کر ؛ بیشتر -

Principate, *n.* : (۱) (تاریخ روما) شاہی ؛ شہنشاہی (ابتدائی
رومی بادشاہوں کی حکومت جس میں ایک حد تک جمہوریہ کے
بعض پہلو بھی پائے جاتے تھے) - (۲) = principality -

Principle, *n.* : (۱) اصل ؛ سرچشمہ ؛ بنیادی عنصر
(مثلاً *water was held to be the first p. of all things*) -
(۲) اصول ؛ بنیادی یا اولین اصول (مثلاً *the pp. of*
political economy) - (۳) (طبیعیات) اصول ؛ قانون
(عام اصول یا قانون ' بانی ' موجد یا انکشاف کنندہ کے نام پر
مثلاً *Pascal's p.*) - (۴) اصول عمل ؛ اصول (مثلاً
conservative pp., a dangerous p.) - (۵) اصول (اخلاقی)؛
ریت ؛ دھرم ؛ طور طریقہ ؛ ایمان ؛ عقیدہ (جو اعمال و کردار کی
رہنمائی کرتے خصوصاً نیک اعمال کی مثلاً *a man of p., of no pp.*)-
(۶) قدرتی قانون ؛ فطری اصول - (۷) (کیمیا) بنیادی عنصر ؛
اساسی جز (مثلاً *bitter, carminative, p.*) -

on p. : اصولاً ؛ اخلاقی اصول کی بناء پر [مثلاً *I refuse on p.*
میں اصول کی بناء پر انکار کرتا ہوں (نہ کہ
جذبے کی بناء پر)] -

-principled, *a.* : با اصول ؛ صاحب اصول ؛ خاص اصول
رکھنے والا (مثلاً *high-p.*) -

Prink, *v. t. & i.* : (۱) پر تکلف لباس پہننا ؛ بننا سنورنا ؛ اپنے
آپ کو سجانا ؛ ٹیپ ٹاپ کا لباس پہننا - (۲) (پرندے کا پر)
سنوارنا ؛ کریز کرنا -

Print, *n.* : (۱) نقش ؛ نشان (مثلاً *finger-p., footprint*
نشان انگشت ' نقش پا) - (۲) چھینٹ ؛ چھپا ہوا سوتی کپڑا
(بطور صفت مثلاً *p. dress*) - (۳) کتابی یا تحریری زبان -
(۴) چھاپا ؛ چھاپے کے حروف ؛ حروف طبع (مثلاً *large, small,*
clear, p.) - (۵) معرض طبع - (۶) (خصوصاً امریکہ) مطبوعہ
چیز خصوصاً اخبار - (۷) تصویر ' نقشہ وغیرہ جو بلاک یا پلیٹ
سے تیار کیا جائے - (۸) تصویر جو منفی (عکسی پلیٹ)
سے تیار کی جائے -

book is in p. : (۱) کتاب مطبوعہ ہے - (۲) کتاب قابل حصول
ہے (چھاپ باہر نہیں ہے) -

out of p. : چھاپ باہر ؛ جس کا کوئی نسخہ بغرض
فروخت موجود نہ ہو -

p. hand, letters : طباعت کے حروف کے مانند حروف ؛ خط '
حروف جو طباعت کے حروف کے نہج پر ہوں -

p. -seller : کندہ کی ہوئی تختیاں بیچنے والا ؛ کندہ فروش -

p. -shop. : کندہ فروش کی دوکان -

p. -works : کارخانہ جہاں سوتی کپڑے چھاپے جاتے
ہیں ؛ چھینٹ کا کارخانہ -

rush into p.: بغیر کافی یا معقول سبب کے اخبار نویسی کرنا
یا کتاب شایع کرنا -

printless, *a.* : بے نقش ؛ غیر نقش پذیر -

Print, *v. t.* : (۱) نقش ثبت کرنا ؛ نشان لگانا ؛ ٹھپا لگانا ؛
مہر کرنا - (۲) (مجازاً) دل پر نقش کرنا ؛ خاطر نشین کرنا - (۳)
چھاپنا ؛ طبع کرنا - (۴) چھپوانا ؛ طبع کرانا - (۵) طبع کرکے شایع
کرنا - (۶) چھاپے کے حروف میں لکھنا - (۷) کپڑے چھاپنا -
(۸) کاغذ کے نقوش کو مٹی کے برتنوں پر منتقل کرکے رنگنا -
(۹) (عکاسی) (نیز *p. out, off*) منفی پلیٹ سے روشنی گزار
کے تصویر بنانا ؛ تصویر چھاپنا -

printable, *a.* : (۱) طبع پذیر ؛ قابل طبع - (۲) لایق طباعت ؛
چھپائی کے لئے موزوں -

Printer, *n.* : (۱) فعل (print) کا اسم فاعل - (۲) طابع ؛
کتابیں چھاپنے والا - (۳) مالک مطبع - (۴) آلۂ طباعت -

Printers' Bible : وہ انجیل جس میں princes کے بجائے
Pr درج ہوگیا ہے (بحوالہ مزمور باب ۱۱۹ آیت ۱۶۱) -

p.'s devil : دیکھو Devil -

p.'s mark : نشان طابع (نشان ' مونو گرام وغیرہ جو طابع
بطور نشان تجارت استعمال کرے) -

p.'s pie : = Pie

Printing, *n.* : فعل (print) کا اسم کیفیت -

p. -ink : چھاپے کی سیاہی ؛ طباعت کی روشنائی -

p. -press : (۱) چھاپہ خانہ ؛ مطبع ؛ پریس - (۲)
چھاپنے کی مشین -

Prior, *n.* : (۱) پرائر ؛ abbot سے دوسرے درجے کا کلیسائی عہدہ دار ؛
نائب صدر راہب - (۲) عہدہ دار خانقاہ - (۳) (تاریخ) بعض اطالوی
جمہوری ریاستوں کا چیف مجسٹریٹ ' حاکم عدالت اعلیٰ -

priorate, priorship, *nn.* : پرائر کا عہدہ ' مدت ملازمت
یا مدت کار گزاری -

prioress, *n.* : prior کا مونث -

Prior, *a. & adv.* : (۱) سابق ؛ پہلا - (۲) (کسی سے زمانے '
سلسلے یا اہمیت میں) مقدم ؛ افضل - (۳) سابقاً ؛ پہلے ؛ قبل
(مثلاً *p. to my arrival* میرے آنے سے پہلے) -

priority, *n.* : تقدم ؛ افضلیت ؛ فوقیت ؛ (کسی سے زمانے '
سلسلے ' اہمیت میں) مقدم ہونا -

Priory, *n.*: خانقاہ یا دار الراہبات جو prior یا prioress کے
زیر نگرانی ہو -

ailen p., p. alien : غیر ملکی خانقاہ یا دارالراهبات (جس کا انحصار کسی غیر ملک کی خانقاہ پر ہو) -

Prise : دیکھو Prize -

Prism, *n.*: (۱) مخروط مستوی ؛ منشور - (۲) منشور مثلثی - (۳) طیف منشوری ؛ طیف جو انعطاف منشور سے پیدا ہو - (۴) (جمع) الوان منشوری -

prunes & p. : دیکھو prune -

prismal, *a.*: منشوری -

Prismatic, *a.*: (۱) منشور کا ؛ منشوری ؛ منشور نما - (۲) (رنگ) منشوری - (۳)تیز ؛ شوخ -

p. powder : بارود جس کے ذرے شش پہلو ہوتے ہیں ؛ شش پہلو بارود -

the p. colours : الوان منشوری (سات رنگ جن میں شعاع روشنی منشور کے ذریعے منقسم ہوجاتی ہے) -

prismatically, *adv.* : بذریعۂ منشور ؛ گویا کہ بذریعۂ منشور ؛ الوان منشوری کے ساتھ -

Prismoid, *n.* : منشور نما -

prismoidal, *a.* : منشور نما کا یا اس کے متعلق -

Prison, *n. & v.t.* : (۱) قید خانہ ؛ محبس ؛ بندی خانہ ؛ جیل خانہ ؛ حوالات - (۲) قید ؛ حبس [مثلاً *lie, put (person) in p.*] - (۳) (شاعری ' فصاحت) قیدکرنا ؛ محبوس کرنا -

p. -bird = gaol -bird

p.-breaker : جیل سے بھاگنے والا قیدی ؛ مفرور قیدی ؛ فراری -

p. -breaking : جیل سے بھاگ جانا ؛ فرار ہونا -

p. editor : مدیر اخبار جو مضامین اخبار کی ذمہ داری لیتا ہے اور خلاف ورزی پر سزائے قید بھگتتا ہے -

p. -house : (عموماً فصاحت و انشامیں) محبس ؛ قید خانہ -

Prisoner,*n.* : (۱) قیدی ؛ محبوس ؛ اسیر ؛ زندانی (نیز مجازاً) - (۲) (نیز *p. of war*) اسیر جنگ -

I am p. to my room : میں بیماری وغیرہ کی وجہ سے کمرے میں قید ہوں -

p. at the bar : حوالاتی ؛ زیر حراست اور زیر سماعت قیدی -

p. of State, State p. : سیاسی قیدی -

prisoners' bars, base : بچوں کا ایک کبڈی کی قسم کا کھیل ؛ کبڈی -

take p. : قید کرنا ؛ گرفتار کرنا ' اسیر کرنا (کسی شخص کو) -

Pristine, *a.* : اصلی ؛ قدیم ؛ پرانا اور عمدہ ؛ دیرینہ -

Prithee, *int.* : (قدیم) (*I pray thee*) براہ کرم ؛ مہربانی کرکے (مثلاً *tell me p.*) -

Privacy, *n.* : (۱) عزلت ؛ خلوت ؛ علاحدگی ؛ تنہائی ؛ عزلت گزینی ؛ گوشہ نشینی (مثلاً *he lived in absolute p.*) - (۲) پوشیدگی ؛ پردہ داری ؛ اخفا (مثلاً *in such matters p. is imppossible*) -

Privat -docent , -zent, n. : (جرمن جامعات میں) خانگی معلم یا لکچرار جس کو جامعات نے تسلیم کیا ہو لیکن تنخواہ دار عملہ میں شامل نہ کیا ہو -

Private, *a. & n.* : (۱) خانگی ؛ غیرسرکاری ؛ جوسرکاری عہدہ دار نہو - (۲) مخفی ؛ خانگی - (۳) انفرادی ؛ ذاتی ؛ شخصی ؛ اپنا (مثلاً *my p. property*) - (۴) نج کا ؛ انفرادی ؛ ذاتی ؛ جو جماعت سے متعلق نہو (مثلاً *motives of p. malice*) - (۵) راز کا ؛ بصیغۂ راز (مثلاً *p. information*) - (۶) خلوت کی (جگہ) ؛ عزلت یا تنہائی کا (مقام) - (۷) (قدیم) (شخص) عزلت پسند ؛ خلوت پسند - (۸) (اسم ' جمع) = p. parts - (۹) = p. soldier -

for one's p. ear : صرف کسی خاص شخص کے لئے (دوسروں سے مخفی) -

in p. : (۱) privately = - (۲) دوستوں یا خانگی زندگی میں ؛ پوشیدہ طور پر -

p. act, bill : (پارلیمنٹ) قانون یا مسودۂ قانون جو افراد یا کارپوریشن سے متعلق ہو ؛ انفرادی قانون یا مسودۂ قانون -

p. boarding -house, hotel : خانگی اقامت گاہ یا ہوٹل (جو عام نہو) -

p. house : مکان ؛ ذاتی رہائشی مکان (بخلاف دوکان ' دفتر وغیرہ کے) -

p. life : خانگی زندگی -

p. means : خانگی آمدنی (جو نوکری ' پیشے وغیرہ کی آمدنی سے الگ ہو) -

p. member : دارالعوام کارکن جوکابینہ یاوزارت کا عہدہ دار نہو -

p. parts : اعضائے مخصوصہ ؛ خارجی اعضائے تناسل (نوطے ' عضو تناسل ' شرمگاہ وغیرہ) -

p. protector : (کرکٹ) لنگوٹ (جو اعضائے مخصوصہ کی حفاظت کے لئے باندھا جاتا ہے) -

p. school : خانگی مدرسہ ؛ وہ مدرسہ جو کوئی شخص اپنے ذاتی فایدے اور آمدنی کے لئے کھولتا ہے -

p. (soldier) : معمولی سپاہی (جس کو کوئی درجہ یا امتیاز حاصل نہو) ؛ سپاہی ؛ لشکری -

p. view : خانگی مظاہرہ (تصویروں کی عام نمائش سے قبل خانگی طور پر ان کو دیکھنا) -

privately, *adv.* : متعلق فعل مذکورۂ بالا معنوں میں -

Privateer,*n.* : (۱) خانگی مسلح جہاز ؛ غیر سرکاری مسلح جہاز (وہ مسلح جہاز جو کسی شخص کی ذاتی ملک ہو اور جس کے عہدہ دار بھی غیر سرکاری ہوں لیکن جس کو دشمن کے تجارتی جہازوں کو گرفتار کرنے کی سرکاری اجازت حاصل ہو)- (۲) اس جہاز کا کماندار - (۳) (جمع) اس جہاز کے خلاصی -

privateering, *n.* : (۱) مذکورۂ بالا جہاز کے ذریعے دشمنوں کی تجارت کو نقصان پہنچانا ' تجارتی جہازوں کو لوٹنا - (۲) اس جہاز کی کمانداری -

Privation, *n.*: (۱) نہونا ؛ سلب ؛ عدم ' غیر موجود ہونا (مثلاً *cold is the p. of heat*) - (۲) احتیاج ؛ ضروریات زندگی کا نہونا ؛ تنگ دستی ؛ عسرت (مثلاً *died of pp., sufferd many pp.*) -

Privative, *a.* : (۱) سلبی ؛ جو کسی صفت یا خاصیت کے نہونے سے ہو (مثلاً *cold is merely p.*)-(۲) (اصطلاحات) سلبی ؛ منفی ؛ جو کسی صفت کے حذف ' ترک یا عدم کو ظاہر کرے - (۳) (صرف و نحو) منفی یا سلبی ؛ (سابقے لاحقے ' اجزائے ترکیبی) جو کسی صفت کے نہونے کو ظاہر کرے (مثلاً *-less, un-* وغیرہ) -

privatively, *adv.* : متعلق فعل مذکورۂ یا لا معنوں میں -

Privet, *n.* : ایک سفید پھول اور سیاہ پھل والی سدا بہار جھاڑی جو باڑ لگانے کے کام آتی ہے -

p.-hawk : ایک بڑی قسم کا پتنگا جو اس جھاڑی پر انڈے دیتا ہے -

Privilege, *n.* & *v. t.* : (۱) حق ؛ استحقاق ؛ رعایت ؛ استثنا (جو کسی شخص ، جماعت یا عہدہ کو حاصل ہو) ؛ فائدہ - (۲) خاص فائدہ ، نفع ؛ لطف و کرم حاصل کرنا ؛ مورد عنایت ہونا (مثلاً to listen to his conversation was a high *p.*) - (۳) اجارہ ؛ سند ایجاد (پیٹنٹ) - جو کسی شخص یا کار پوریشن کو عطا ہو - (۴) حق ، رعایت ، استثنا ، سند ایجاد وغیرہ عطا کرنا - (۵) کسی کام کو استحقاقاً کرنے کی اجازت دینا - (۶) مستثنیٰ ، معاف یا بری کرنا -

bill of p. : درخواست استحقاق (کسی امیر یا رئیس کی یہ درخواست کہ اس کے مقدمے کی سماعت کوئی امیر یا رئیس کرے) -

breach of p. : نقض یا سقوط حق ، رعایت ، استثنا وغیرہ -

p. cab : کرایہ کی گاڑی جس کو خانگی یا خصوصاً ریلوے اسٹیشن کے احاطے میں ٹھیرنے کی اجازت عطا ہوئی ہو ؛ اجازت یافتہ کرایہ گاڑی -

p. of clergy : (Benefit دیکھو) = Benefit of clergy

p. of Parliament : ہر دو ایوان پارلیمینٹ میں سے کسی کا حق یا اس کے کسی رکن کا حق -

writ of p. : استحقاق یافتہ شخص کے حق میں محبس دیوانی سے رہائی کا حکم نامہ -

privileged, *a.* : جس کو کوئی حق ، رعایت ، استثنا وغیرہ ملا ہو ؛ حق (وغیرہ) یافتہ (مثلاً *p. class, person*) -

p. communication : مراسلت یا بیانات منصبی ؛ بیانات جو ان شریک معاملہ اشخاص کی رضا مندی کے بغیر ظاہر نہیں کئے جاسکتے جن کے درمیان وہ واقع ہوئے ہیں (مثلاً وکیل اور موکل یا طبیب و مریض کے مابین کے بیانات) -

Privity, *n.* : (۱) شرکت ؛ تعلق (جو قانوناً جائز ہے مثلاً تعلق نسبی ، شرکت معاملہ ... لین دین یعنی تعلق برضامندی باہمی) (۲) راز داری ؛ واقفیت ؛ شرکت راز ؛ محرم راز ہونا -

Privy, *a.* & *n.* : (بطور اسم کے متروک سوائے ... کے) (۱) (اشیاء ، مقام ، وغیرہ) چھپا ؛ پوشیدہ ؛ خفیہ ؛ مخفی ؛ گپت (مثلاً *p. chambers, room* وغیرہ) - (۲) (کام یا عمل) مخفی ؛ خفیہ ؛ در پردہ - (۳) (*p. to*) محرم راز ؛ شریک راز ؛ راز دان ؛ در پردہ واقف (مثلاً *p. to the plot*) - (۴) جائے ضرور ؛ بیت الخلا ؛ پاخانہ - (۵) (قانون) شریک ؛ شخص جو کسی چیز یا امر سے تعلق رکھے ؛ شخص جو دوسرے کی حقیت میں حق رکھے یا جو ایسے معاملے میں حق رکھے جس میں وہ فریق نہ ہو -

Lord P. Seal : میر مہر کوچک ؛ میر مہر خاص ؛ وہ امیر جس کے سپرد مہر کوچک (*p. seal*) ہو ؛ مہر بردار سرکاری -

P. Council : مشیران شاہی ؛ (انگلستان میں) پریوی کونسل ؛ مستشار شاہی (پادشاہ کے منتخب کئے ہوئے مشیروں کی جماعت ؛ جس کا رکن ہونا صرف باعث امتیاز ہے ، اس لئے بادشاہ کو اب عموماً کیبینٹ مشورہ دیتی ہے ؛ مستشار شاہی میں شاہزادگان ، اساقفۂ اعظم وغیرہ بھی شامل ہیں) -

p. counsellor, -cillor : (۱) خانگی مشورہ دینے والا - (۲) خصوصاً پریوی کونسل کا رکن ؛ رکن مستشار شاہی (مخفف *P. C.*)

p. parts : = Private parts

p. purse : (۱) صرف خاص ؛ الونس جو بادشاہ کو ذاتی اخراجات کے لئے محاصل ملکی سے دیا جاتا ہے - (۲) صرف خاص کا خزانچی -

P. Seal : مہر سرکاری ؛ مہر کوچک ؛ مہر خاص (یہ مہر ان دستاویزوں پر لگائی جاتی ہے جن پر مہر اعظم یا مہر شاہی (Great Seal) لگانا ضروری نہ ہو یا بعد میں لگائی جائے) -

Prize, *n.* & *v. t.* : (۱) انعام - (۲) وہ چیز جس کو حاصل کرنے کے لئے سخت کوشش کی گئی ہو یا جو جاں فشانی سے حاصل کرنے کے قابل ہو ؛ نعمت ؛ بیش بہا چیز (مثلاً good health is an inestimable *p.*, he missed all the great *pp.* of life) - (۳) انعام ، روپیہ یا اور کوئی چیز جو قرعہ اندازی میں یا لاٹری وغیرہ کے ذریعے کسی کو ملے ؛ انعام (مثلاً won a big *p.* in the Calcutta sweep) - (۴) (بطور صفت کے) جس کو مقابلے یا نمائش وغیرہ میں انعام دیا گیا ہو ؛ انعام کے لئے مقابلہ کرنے والا (مثلاً *p. fighter*) ؛ (بول چال) انعام کا مستحق ؛ انعام پانے کے قابل ؛ جو اپنی جنس کا نمایاں ، ممتاز نمونہ ہو (نیز طنزاً) (مثلاً *he is a p. idiot*) - (۵) بیش قیمت سمجھنا ؛ بڑی قدر کرنا ؛ بہت عزیز جاننا ؛ گراں بہا سمجھنا (مثلاً *we p. liberty more than life*) -

p. fellow : کالج کا رفیق (fellow) جس کو انعامی وظیفہ ملتا ہو ؛ انعامی وظیفہ یاب رفیق -

p. fellowship : کالج کے رفیق کا انعامی وظیفہ -

p. fight : انعامی مکا بازی ؛ وہ مکا بازی جو انعام کی خاطر کی جائے (اس میں مکا باز دستانے (gloves) نہیں پہنتے) -

p. fighter : انعامی مکا باز -

prizeman : شخص جس کو انعام ملا ہو ؛ انعام یافتہ ؛ انعام گیر (مثلاً *Smith's prizeman* وہ جس کو اسمتھ کا انعام ملا ہو ، انعام یافتۂ اسمتھ) -

p. ring : (۱) انعامی مکا بازی کا اکھاڑا - (۲) انعامی مکا بازی -

the p.-ring : مکا باز اور ان کے حمایتی -

prizeless, *a.* : جس کو انعام نہ ملے -

Prize, *n.* & *v. t.* : (۱) جہاز ، مال وغیرہ جو قوانین جنگ کے مطابق گرفتار کر لیے جائیں ؛ مال غنیمت ؛ یغما ؛ مال دشمن جو جنگ میں حاصل کیا جائے - (۲) نعمت غیر مترقبہ ؛ خدا داد ذریعۂ دولت (مثلاً *see what a p. I have found*) -

become (lawful) p. : (بطور مال غنیمت) گرفتار ہونا -

make a p. of (ship &c.) : (جہاز وغیرہ کو) گرفتار کرنا -

p.-court : عدالت امور یغما (عدالت امیرالبحر کا وہ شعبہ جس کا تعلق امور مال غنیمت سے ہو) -

p.-money : روپیہ جو مال غنیمت خصوصاً گرفتار کردہ جہاز کی فروخت سے حاصل ہو -

Prize, -se, *v. t.* & *n.* : (۱) بیرم کے ذریعہ کھولنا - (۲) بیرم سے کام لینا ؛ لیور سے کام لینے کا طریقہ ؛ بیرم کا فعل -

Pro, *prep.* : واسطے ' لئے ' حصلو -

p. forma : تکمیل ضابطہ کے لئے ؛ رسمی -

p. hac vice: صرف اس موقع کے لئے -

p. rata : (۱) (صفت) نسبتاً ؛ متناسب - (۲) (متعلق فعل) نسبتاً ؛ من حیث‌التناسب ؛ متناسب طور پر -

p. re nata : ضرورتاً ؛ حسب ضرورت ؛ حسب موقع (مثلاً *a. p. re nata meeting* وقتی ضرورت کا جلسہ ' *a meeting held p. re nata* ایک جلسہ جس کا انعقاد حسب ضرورت کیا گیا تھا) -

p. tanto : یہاں تک ؛ اس حد تک -

p. tempore : -(*pro tem.* مخفف) عارضی ؛ هنگامی ؛ فی‌الوقت

the pro tem. secretary : عارضی سیکریٹری (مثلاً *he was made secretary pro tem* فی الوقت یا عارضی طور پر وہ سکریٹری بنایا گیا تھا) -

Pro, *n.* (pl. *pros*) : (بول چال ؛ *professional* کا مخفف -

Pro– : (۱) (سابقہ) بجائے ؛ قائم مقام (مثلاً *p.-proctor* مددگار یا نایب پراکٹر (یونیورسٹی کا)]- (۲) حامی اور طرف دار (مثلاً *P.-British*, *p.-tarrif-reform*) -

p.-leg : ایک گوشتین معدی عضو جو بعض کیڑوں کے پہل روپ میں ہوتا ہے -

Pro- : (سابقہ بمعنی) پہلے ' اول پیشتر ' مقدم (بلحاظ مکان و زمان) (یہ یونانی لفظوں اور موجودہ علمی اصطلاحوں میں آتا ہے)-

Proa, *n.* : ایک قسم کی کشتی جو ملایا میں ہوتی ہے -

Pro & con, *adv. & n.* : موافق و مخالف ؛ موافقاً و مخالفاً ؛ نفیاً و اثباتاً (دلیل پیش کرنا وغیرہ) -

pros & cons : موافق و مخالف دلائل -

Probabiliorism, *n.* : (اجتہاد کلیسائے رومی) اغلبیت ' یہ مسئلہ کہ جس طرف شہادت کا پلہ زیادہ جھکا ہوا ہو اس کی صحت اغلب ہے اور وہی قابل اتباع ہے -

probabiliorist, *n.* : اغلبیت پسند ؛ مسئلۂ اغلبیت کا قائل -

Probabilism, *n.* : (۱) یہ مسئلہ کہ جس معاملے میں علما کا اختلاف ہو وہاں ہر شخص کو اختیار ہے کہ کلیسا کے جس عالم کی پیروی چاہے کرے- (۲) یہ مسئلہ کہ یقینی علم موجود نہیں ہے لیکن عملی زندگی کے لئے بنائے یقین کافی ہے -

probabilist, *n.* : اس مسئلے کا قائل ؛ غالبیت پسند -

Probability, *n.* : (۱) امکان ؛ قرینہ - (۲) قیاس غالب ؛ گمان غالب - (۳) احتمال ؛ گمان- (۴) (ریاضی) امکان ؛ احتمال- (۵) کسی واقعے کی اغلبیت اس نسبت کے لحاظ سے جو اغلب حالات کو جملہ ممکنہ حالات سے ہو (مثلاً *from a bag containing 4 red balls & seven white the p. of a red ball's being drawn first is 4/11*) -

in all p. : اغلباً -

the p. is that he will come: گمان یا قیاس غالب ہے کہ وہ آجائے گا-

there is no p. of ... : ......کا کوئی احتمال یا قرینہ نہیں -

what are the pp. ? : امکانات واحتمالات کیا ہیں ؛ قرائن کیا کہتے ہیں -

Probable, *a.*: غالب؛ اغلب ؛ تخمینی؛ قریب بہ صحت یا حقیقت -

he gives a p. account of the matter : اس واقعہ کا حال جو وہ بیان کرتا ہے قرین صحت ہے -

it is p. that he forgot : غالباً وہ بھول گیا -

reckon the p. cost : تخمینی لاگت کا حساب کیجئے -

probably *adv.*: بظن غالب ؛ غالباً ؛ اغلباً ؛ احتمالاً -

Probang, *n.* : ایک آلۂ جراحی جو وہیل کی ہڈی کا ہوتا ہے ' اس کے سرے پر اسپنج کا ٹکڑا اور بٹن ہوتا ہے ' حلق میں ضماد کرنے یا حلق سے کسی چیز کے نکالنے کے لئے کام آتا ہے -

Probate *n.* : وصیت نامے کی مصدقہ نقل ؛ تصدیق وصیت نامہ ؛ وصیت نامے کی سرکاری تصدیق -

p. duty : رسوم جائداد وصیتی ؛ وصیتی جائداد کا ٹیکس -

Probation, *n.* : (۱) امتحان؛ آزمائش (کردار ' اخلاق وغیرہ کی)- (۲) آزمائشی رہائی ' نوعمر مجرموں کا طریق رہائی؛ خصوصاً ایسے مجرموں کا جو پہلی بار ماخوذ ہوئے ہوں اور جن کی سزا مدۃ چلن کے زمانے میں ملتوی رہی ہو اور کسی افسر کی نگرانی میں ہوں -

on p. بشرط آزمائش؛ بطور آزمائش -

p. officer: وہ افسر جس کی نگرانی میں کوئی نو عمر مجرم ہو-

Probationary, *a.* : (۱) متعلق بہ آزمائش- (۲) زیر امتحان؛ زیر آزمائش ؛ امید وارانہ ؛ کارآموزانہ -

probational, *a.* : امیدوارانہ وغیرہ -

Probationer, *n.* : امیدوار ؛ کارآموز ؛ نو آموز -

probationership, *n.* : امیدواری ؛ کار آموزی -

Probative, *a.* : ثابت کن ؛ مثبت ؛ اثباتی ؛ شہادتی ؛ برہانی ؛ متعلق بہ شہادت یا اثبات ؛ استدلال پذیر -

Probe, *n. & v.t.* : (۱) زخم کی گہرائی معلوم کرنے کا جراحی آلہ ؛ زخم سلائی- (۲) زخم کو (آلہ سے) ٹٹولنا-(۳) تیز آلہ چبھونا -(۴)(مجازاً) ٹٹولنا ؛ کھوج لگانا؛ تفتیش کرنا؛ تجسس کرنا؛ چھان بین کرنا-

Probity, *n.* : (۱) دیانت ؛ دیانت داری ؛ تدین ' (۲) صداقت ؛ راست بازی ؛ سچائی ؛ صدق -

Problem, *n.* : (۱) مسئلہ ؛ علمی مسئلہ؛ قضیۂ علمیہ- (۲) مسئلۂ دشوار؛ امر دشوار؛ معما- (۳) (مساحت) مسئلۂ عملی؛ شکل عملی- (۴) (منطق) مسئلۂ قیاسی؛ قضیۂ قیاسی- (۵) (طبیعیات ' ریاضی) قضیہ ' وہ دریافت یا مسئلہ جس کی تحقیق چند شرایط مفروضہ کے تابع ہو - (۶) (شطرنج) نقشۂ معما -

his whole conduct is a p. to me : اس کا تمام رویہ میرے لئے معما ہے -

Kepler's p. : قضیۂ کیپلر -

p. play, novel : ڈراما یا ناول جس کا موضوع معاشرتی یا کوئی دوسرا مسئلہ ہو ؛ موضوعی ڈراما یا ناول -

Problematic(al), *aa.* : مبہم ؛ مشکوک؛ مشتبہ ؛ محتاج تصدیق ؛ غیر محقق ؛ (منطق) ممکن ؛ ممکن‌الوقوع -

problematically, *adv.*: مشکوک یا مشتبہ طور سے؛ قضیہ کے طور پر-

problem(at)ist *nn.* : قضیوں یا مسائل کا سمجھنے والا یا حل کرنے والا ؛ خصوصاً شطرنج کے نقشے حل کرنے والا یا ترتیب دینے والا -

Proboscidean,-ian *aa. & nn.*: (۱) خرطومی؛ خرطوم‌دار؛ سونڈدار؛ سونڈیل- (۲) متعلق بہ خرطوم یا خرطوم آسا - (۳) خرطوم دار چوپایہ -

Proboscis, *n.* : (۱) خرطوم ؛ سونڈ ؛ لمبی تھوتھنی ؛ کیڑوں کی چسنی - (۲) (مزاحاً) آدمی کی ناک -

p. monkey : لم نکا بندر -
proboscidiferous, *a.* : خرطوم ... خرطوم پیکر -
proboscidiform, *a.* : خرطوم ... خرطوم پیکر -
Procedure, *n.* : کارروائی : ... آمد : ضابطہ : طریق کار -
Proceed, *v. i.* : (۱) بڑھنا : آگے بڑھنا : چلنا : قدم بڑھانا
(بلا تعلق مکانی) - (۲) آگے چلنا : بڑھنا (کسی کام یا مضمون
وغیرہ میں) - (۳) ابتدا کرنا : شروع کرنا : آغاز کرنا : طرز عمل اختیار
کرنا : کارروائی کرنا - (۴) قانونی کارروائی کرنا : چارۂ جوئی کرنا -
(۵) جاری ہونا : شروع ہونا : واقع ہونا - (۶) جاری رکھنا
("*in either case*," *he proceeded* "*our* ... (سلسلۂ کلام
course is clear" - (۷) خارج ہونا : نکلنا : صادر
ہونا : پیدا ہونا -
exertions p. from ... : امید سعی و کوشش کا باعث ہوتی ہے
how shall we p. ? : اس میں ہم کیا رویۂ اختیار کریں : کس
کس طرح کارروائی کریں -
p. against a person : کسی شخص کے خلاف قانونی
چارۂ جوئی کرنا -
p. M. A. : ایم اے کی سند حاصل کرنا -
p. to the degree of M. A. : ایم اے کی سند حاصل کرنا -
sobs were heard to p. from the next room : سسکیاں
برابر کے کمرے سے آتی سنائی دیں -
the case, the play, will now p. : مقدمہ؛ کھیل' اب ڈراما
شروع ہوگا : جاری ہوگا -
Proceeding, *n.* : کارروائی : اجرائے کار : روئداد : طریق کار :
طریق عمل -
high-handed p. : جابرانہ کارروائی -
legal pp. : قانونی کار روائی : قانونی چارۂ جوئی -
Pp. of Royal Society : رایل سوسائٹی کی روئداد -
we shall institute legal pp. : ہم قانونی چارۂ جوئی کرینگے :
ہم قانونی کارروائی کرینگے -
Proceeds, *n.pl.* : (جمع) پیداوار؛ آمد؛ آمدنی؛ منافع؛ حاصل -
the pp. will be devoted to charity : آمدنی خیراتی کاموں
کے لئے وقف ہوگی -
Proceleusmatic, *a. & n* : (عروض) چو بولی؛ چو بولی رکن -
Procellarian, *a. & n.* : petrel کی جنس یا خاندان
کا (پرندہ) -
Process, *n. & v. t.* : (۱) زیر' معرض یا مرور کے معنوں میں
(مثلاً *in p. of construction* زیر تعمیر یا معرض تعمیر میں
(*in p. of time* مرور وقت پر یا اپنے وقت پر - (۲) عمل؛ روش؛
طریق؛ ترکیب - (۳) عمل : طریق عمل (مثلاً طباعت' فوٹو'
ساخت اشیا میں) - (۴) قدرتی عمل : غیر اختیاری عمل - (۵)
(بلاک کی طباعت کا) طریقہ جو دستی کندہ کاری سے جدا ہے -
(۶) قانونی کارروائی : سمن : اجرائے سمن : اطلاع نامہ : حکم
نامۂ عدالت - (۷) (تشریح' حیوانیات' نباتیات) ابھار - (۸)
(کسی کے خلاف) عدالتی کارروائی کرنا : عدالتی چارۂ جوئی
کرنا : مقدمہ چلانا - (۹) عمل کرنا (کسی مادہ پر مثلاً فوٹو گرافی
میں) - (۱۰) خاص عمل سے (کھانا' میوہ وغیرہ) - ترکیب
سے محفوظ کرنا -

p. server : پیادۂ عدالت : سمن کی تعمیل
کرانے والا - : ہرکارہ : پیادہ
Process, *v. i.* : جلوس میں نکلنا -
Procession, *n. & v. i. & t.* : (۱) جلوس : سواری - (۲)
(مجازاً) کپڑ دوڑ جس میں مقابلہ ٹھیک نہو - (۳) خروج
روح القدس : ظہور روح القدس - (۴) جلوس میں نکلنا -
(۵) جلوس نکالنا -
go in p. : جلوس میں نکلنا -
p. caterpillars : جلوس تراشہ : دورۂ تراشہ کی ایک قسم جو
جلوس بناکر نکلتی ہے -
p. moth : پروانے قسم کی جو جلوس بنا کر نکلتی ہے -
processionary, *a.* : جلوسی -
Processional, *a.* ... : (۱) متعلق بہ جلوس؛ جلوسی -(۲) جلوسی ...
مناجات : جلوسی بھجن : (کلیسا) جلوسی بھجنوں کی کتاب -
Processionist, *n.* : شریک جلوس : جو جلوس میں چلے -
processionize, *v i.* : جلوس میں نکلنا -
Procès-verbal, *n.* (pl. -baux) : (فرانسیسی قانون) تحریری
بیان : یاد داشت : تحریری روئداد : کارروائی جلسہ (تلفظ
پروسے ور بال) -
Prochronism, *n.* : واقعے کو اس کی صحیح تاریخ سے قبل کی
تاریخ سے منسوب کرنا : پیش زمانی (ج) (مثلاً *it would
be a p. to speak of a Roman sentry smoking
tobacco*) -
Proclaim, *v. t.* : (۱) اعلان کرنا؛ اشتہار دینا؛ مشتہر کرنا؛ منادی کرنا؛
ڈھنڈورا پیٹنا - (۲) کسی کی غداری اور قوم فروشی کا اعلان کرنا - (۳)
صلح یا جنگ کا اعلان کرنا - (۴) تخت نشینی کا اعلان کرنا - (۵)
کسی علاقے پر قانونی پابندیاں عاید کرنا : جلسے کرنے کی ممانعت
کرنا : جلسے کی ممانعت کا اعلان کرنا (مثلاً *to p. meeting*) -
the whole country is proclaimed : تمام ... ممنوع ہے -
proclamation, *n.* : (۱) اعلان : اشتہار' منادی - (۲) اعلان
شاہی : فرمان - (۳) قانونی پابندی - (۴) تخت نشینی کا اعلان -
proclamatory, *a.* : (۱) متعلق بہ اعلان : اعلان آسا - (۲)
اعلانی : اشتہاری : منادیانہ : اعلانی حیثیت رکھنے والا یا اعلان
کرنے والا (واقعہ وغیرہ) -
Proclitic, *a. & n.* : (یونانی نحو) لفظ کا وہ جز یا بول والا
لفظ جو تلفظ میں لفظ ما بعد سے وابستہ ہو اور خفیف آواز دیتا
ہو (مثلاً *at home, as soon* میں *at* اور *as*) : خفیف التلفظ -
Proclivity, *n.* : میلان : میلان خاطر : رجحان طبع : لگاؤ -
Proconsul, *n.* : (۱) (تاریخ روما) رومی صوبے کا صوبہ دار یا والی -
(۲) سابق قونسل - (۳) عامل صوبۂ اعیانی (Senatorial) :
صوبۂ اعیانی کا گورنر - (۴) (علم بیان) جدید نو آبادی کا گورنر -
pro-consul : نایب قونصل : نائب گورنر : ڈپٹی گورنر -
proconsular, *a.* : پرو قونصلی ' متعلق بہ پروقونصل -
proconsulate, *n.* : عہدۂ پروقونصل : وہ علاقہ جو پروقونصل
کے تحت ہوتا تھا -
proconsulship, *n.* : پروقونصلی : پرو قونصل کا منصب -
Procrastinate, *v. i & t.* : (۱) تاخیر کرنا : دیر کرنا :
دیر لگانا : درنگ کرنا : تعویق کرنا : لیت و لعل کرنا : معرض

تعویق میں ڈالنا - (۲) (شاذ) ملتوی کرنا ؛ معرض التوا میں ڈالنا -

procrastinatingly, *adv.* : تاخیراً ؛ تعویقاً ؛ دیر کرکے ؛ دیر لگاکے ؛ آج کل کرکے -

procrastination, *n.* : تاخیر ؛ تعویق ؛ درنگ ؛ دیر ؛ التوا ؛ لیت و لعل -

procrastinator, *n.* : تاخیر کرنے والا ؛ تعویق کرنے والا -

procrastinative, *a.* : تاخیری ؛ تعویقی ؛ التوائی ؛ ملتوی -

procrastinatory, *a.* : تاخیرانہ ؛ تعویقانہ -

Procreate, *v. t.* : پیدا کرنا ؛ جننا ؛ بچہ دینا ؛ افزائش نسل کرنا -

procreant, *a.* : افزائش نسل کرنے والا ؛ پیدا کرنے والا (نیز مجازاً جیسے *p. cause*) : ثمر آور -

procreative, *a.* : متعلق بہ تولید ؛ پیدا کرنے کی قوت رکھنے والا -

procreation, *n.* : پیدائش ؛ تولید ؛ ولادت ؛ جننا -

Procrustean, *a.* : جبر و تشدد سے یکسانی پیدا کرنے والا یا پیدا کرنے کا (طریقہ) (" پروکرسٹیز " ایک افسانوی ڈاکو تھا جو اپنے اسیروں کو ایک چارپائی پر لٹاتا تھا اگر وہ چھوٹے ہوتے تو ان کو شکنجے میں کس دیتا تھا اور بڑے ہوتے تو ان کے پاؤں کاٹ ڈالتا تھا) -

procrusteanism, *n.* : جبری یکسانی ؛ جبری یکسانی پیدا کرنے کا طریقہ - سے

Proctor, *n.* : (۱) جامعہ : پراکٹر ؛ سودب منتظم ؛ جامعہ کا عہدہ دار جو طلبہ کی نگرانی اور دوسرے فرائض ادا کرتا ہے - (۲) (قانون) عدالت دیوانی کا وکیل (خصوصاً مذہبی عدالت میں) - *King's, Queen's P.* : افسر تحقیق کنندۂ وصیت و طلاق و نسب وغیرہ -

proctorial, *a.* : پراکٹر کا ؛ متعلق بہ پراکٹر (جامعہ و مذہبی عدالت میں) -

proctorship, *n.* : پراکٹر یا سودب کا عہدہ یا منصب -

proctorization, *n.* : بطور پراکٹر کے سزا دینا وغیرہ -

proctorize, *v. t.* : بطور پراکٹر کے (انڈر گریجوایٹ کو) سزا دینا ؛ طلب کرنا -

Procumbent, *a.* : (۱) چت ؛ پیٹ کے بل یا منہ کے بل لیٹا ہوا یا پڑا ہوا - (۲) (نباتیات) فلطاں ؛ جو زمین پر پھیلے -

Procuration, *n.* : (۱) حصول ؛ حاصل کرنا ؛ مہیا کرنا - (۲) (قانون) مختار نامہ ؛ مختارکار کا کام - (۳) (کلیسا) اسقف یا دیگر زائرین کی دعوت کا سامان جو کلیسا کے عہدہ داروں کی طرف سے فراہم کیا جاتا تھا - (۴) قرضے کی گفت و شنید ؛ قرضہ دلانے کی دستوری یا کمیشن - (۵) دلالی ؛ قوم ساقی یا اس کا ارتکاب -

procural, *n.* : حصول ؛ حاصل کرنا -

procurance, *n.* : حصول ؛ ذریعۂ حصول ؛ ایجنسی -

Procurator, *n.* : (۱) (تاریخ روما) افسر خزانہ - (۲) کماشتہ ؛ نائب ؛ کارندہ ؛ قائم مقام ؛ مختار - (۳) مجسٹریٹ یا حاکم عدالت (بعض اطالوی شہروں میں) -

p. fiscal : (اسکاٹستان) سرکاری وکیل -

procuratorial, *a.* : عاملانہ ؛ نائبانہ ؛ قائم مقامانہ ؛ مختارانہ وغیرہ -

procuratorship, *n.* : نیابت ؛ مختاری ؛ کارندگی ؛ گماشتگی وغیرہ

Procuratory, *n.* : گماشتگی ؛ کارندگی ؛ مختاری ؛ مختارکاری ؛ نیابت - *letters of p.* : تحریر مختاری ؛ مختار نامہ -

Procuratrix, *n.* : منتظمۂ نن سال (nunnery) -

Procure, *v. t. & i.* : (۱) بہم پہنچانا ؛ حاصل کرنا ؛ پانا ؛ مہیا کرنا ؛ جد و جہد کرنا (حاصل کرنے کے لئے) - (۲) (قدیم) وقوع میں لانا ؛ باعث ہونا ؛ سبب ہونا (مثلاً *they procured his death by poison*) - (۳) دلالی کرنا ؛ کٹناپا کرنا -

procurable, *a.* : قابل حصول ؛ جو حاصل ہوسکے -

procurement, *n.* : حصول ؛ تحصیل -

Procurer, *n.* : (۱) حاصل کرنے والا ؛ بہم پہنچانے والا ؛ مہیا کرنے والا ؛ پیدا کرنے والا - (۲) دلالہ ؛ مشاطہ ؛ قوم ساقی ؛ قلتبان ؛ کٹنا ؛ کٹنی -

procuress, *n.* : دلالہ ؛ کٹنی -

Prod, *v. t. & n.* : (۱) چبھونا ؛ بھونکنا ؛ کچوکے لگانا - (۲) (مجازاً) ستانا ؛ دق کرنا ؛ چھیڑنا - (۳) کچوکا ؛ چوکا - (۴) آر ؛ خار ؛ نوک دار اوزار -

Prodelision, *n.* : (عروض) حذف حرف علت ؛ حرف علت کا گرانا (مثلاً *I am* کے عوض *I'm*) -

Prodigal, *a. & n.* : (۱) بے دریغ خرچ کرنے والا ؛ مسرف ؛ فضول خرچ ؛ شاہ خرچ ؛ بے دریغ بخشش - (۲) مسرفانہ (فعل وغیرہ) (مثلاً *under the p. administration of William*) -

p. son : (۱) مسرف بیٹا (لوقا باب ۱۵ آیت ۱۱ تا ۳۲) - (۲) تائب گنہگار -

prodigality, *n.* : إسراف ؛ بے دریغ خرچ ؛ شاہ خرچی ؛ فضول خرچی -

prodigally, *adv.* : از راہ اسراف ؛ فضول خرچی سے -

Prodigalize, *v. t.* : فضول خرچ کرنا ؛ اسراف کرنا ؛ بے دریغ خرچ کرنا -

Prodigious, *a.* : (۱) عجیب و غریب ؛ حیرت انگیز - (۲) عظیم الشان ؛ بہت بڑا ؛ گراں قدر ؛ بھاری بھرکم ؛ بے اندازہ - (۳) غیر معمولی ؛ انوکھا ؛ نرالا ؛ عجیب الخلقت -

prodigiously, *adv.* : عجیب و غریب طور پر ؛ انوکھے پن سے ؛ نرالے انداز سے -

prodigiousness, *n.* : بھاری بھرم پن ؛ حیرت انگیزی ؛ انوکھا پن ؛ نرالا پن -

Prodigy, *n.* : (۱) عجیب و غریب شے ؛ نادرۂ روزگار ؛ انوکھی اور نرالی چیز ؛ اچنبھا - (۲) عجیب الخلقت - (۳) حیرت خیز کمال کا نمونہ (مثلاً *he is a p. of learning*) - (۴) غیر معمولی اوصاف کا شخص ؛ خصوصاً وہ بچہ جو اپنی عمر کے لحاظ سے بہت ذکی ہو ؛ حیرت انگیز با کمال شخص -

a p. violinist : ایک محیرالعقول رباب نواز

Prodrome, *n.* : ابتدائی یا تمہیدی رسالہ ؛ مقالہ یا باب (کسی کتاب کا) -

prodromal, prodromic, *aa.* : ابتدائی ؛ اولین -

Produce, *n.* : (۱) پیداوار ؛ حاصل ؛ آمد - (۲) زرعی پیداوار ؛ قدرتی پیداوار - (۳) حاصل ؛ ماحصل ؛ ثمرہ (محنت و مشقت کا) - (۴) (سلاح خانہ) فوجی و بحری سامان کی شکست و ریخت کے بعد جو اشیا باقی رہ جائیں -

brought to p. : (اسلحہ خانہ) توڑنے پھوڑنے کے بعد اجزا الگ کرلئے گئے -

raw p. : خام پیداوار -

Produce, *v. t.* : (۱) پیش کرنا ؛ حاضر کرنا - (۲) معائنے یا غور کے لئے پیش کرنا (مثلاً شہادت، گواہ ، وجوہ ، ٹکٹ وغیرہ)- (۳) شایع کرنا ؛ منظر عام پر لانا ؛ پبلک میں لانا ؛ پبلک کے سامنے پیش کرنا (مثلاً ڈراما ، کتاب ، تماشا وغیرہ) - (۴) (مساحت) بڑھانا ؛ (کسی خط کو کسی نقطے تک) وسیع کرنا - (۵) خام پیدا وار سے (مصنوعات) بنانا - (۶) وقوع میں لانا ؛ باعث ہونا ؛ پیدا کرنا (تہلکہ ، سنسنی وغیرہ) - (۷) پیدا وار دینا ؛ نسل پیدا کرنا - (۸) (اولاد) پیدا کرنا ؛ (پھل) دینا (پودوں کا) -

producibility, *n.* : زر خیزی ؛ پیدا وار کی قابلیت ؛ پیدا وار کی صلاحیت وغیرہ -

producible, *a.* : پیدا ہونے کے قابل ؛ جو پیدا ہو سکے ؛ پیدا وار کے قابل ؛ معائنے یا پیش کرنے کے قابل -

Producer, *n.* : (۱) پیدا کرنے والا ؛ پیش کرنے والا وغیرہ - (معاشیات) پیدا کرنے والا ؛ بنانے والا (اشیاء کا) ؛ آجر-

Product, *n.* : (۱) پیدا وار ؛ حاصل ؛ مصنوعات - (۲) نتیجہ ؛ ماحصل ؛ پھل- (۳) (ریاضی) حاصل ضرب؛ (کیمیا) وہ مرکب جوکسی شےمیں نہ ہو مگر دوران تحلیل میں پیدا ہوجائے؛ حاصل‌تجزیہ -

Production, *n.* : (۱)پیدا کرنا ، پیش کرنا وغیرہ - (۲) پیدا وار خصوصاً ادبی ، صنعتی وغیرہ -

Productive, *a.* : (۱) زر خیز ؛ سیر حاصل - (۲) پیدا کرنے والا - (۳) باعث (مثلاً *p. of much inconvenience*) - (۴) (معاشیات) پیداآ ور ؛ بار آور -

a p. mine : معدن سیر حاصل ؛ سیر حاصل معدن -

a p. soil : زر خیز یا سیر حاصل زمین -

a p. writer : پر نویس مصنف ؛ پر گو مصنف -

p. labour : بار آور محنت ؛ ثمر آور مشقت -

p. labourer : بار آور مزدور ؛ ثمر آور اجیر -

productively, *adv.* : از روے پیدائش ؛ از روے منفعت -

productiveness, productivity, *nn.* : زر خیزی ؛ ثمر آوری ؛ بار آوری -

Proem, *n.* : (۱) تمہید ؛ دیباچہ ؛ مقدمہ (کسی تقریر یا کتاب کا) - (۲) آغاز ؛ ابتدا -

proemial, *a.* : تمہیدی ؛ ابتدائی -

Profane, *v. t.* : (۱) بے حرمتی کرنا ؛ تذلیل کرنا ؛ بے ادبی کرنا - (۲) نجس کرنا ؛ نا پاک کرنا ؛ ملوث کرنا ؛ آلودہ کرنا -

profanation, *n.* : بے ادبی ؛ بے حرمتی ؛ بے عزتی؛ آلودگی ؛ نا پاک کرنا -

Profane, *a.* : (۱) غیر مذہبی ؛ دنیوی (مثلاً *p. history, literature, writer*) - (۲) غیر مقدس ؛ عامی- (۳) نجس ؛ ناپاک - (۴) بد مذہب ؛ بد دین ؛ مُلحد -

profanely, *adv.* : بے باکانہ ؛ بے ادبانہ ؛ دنیا دارانہ ؛ لا مذہبانہ ؛ ملحدانہ ؛ زندیقانہ -

profanity, profaneness, *nn.* : بے حرمتی ؛ اِلحاد ؛ بد دینی ؛ لا مذہبی ؛ تحقیر دین -

Profess, *v. t. & i.* : (۱) دعویٰ کرنا؛ ادعا کرنا؛ دعوی دار ہونا؛ مدعی ہونا (مثلاً *he does not p. to be a scholar*) - (۲) ظاہر کرنا (مثلاً *p. regret*) - (۳) اقرار کرنا ؛ اعتراف کرنا ؛ اقبال کرنا (مثلاً *they p. themselves quite satisfied*) - (۴) عقیدہ رکھنا ؛ پیرو ہونا (کسی مذہب کا) - (۵) کسی پیشے یا کار و بار کا کرنا (مثلاً طب ، قانون وغیرہ کا) - (۶) بطور پروفیسر کے سکھانا ؛ پروفیسری کرنا ؛ پروفیسر کی خدمات انجام دینا -

Professed, *a.* : (۱) مدعی ؛ اقبالی (مثلاً *p. Christian*) - (۲) باضابطہ ؛ سند یافتہ (مثلاً *p. anatomist*) - (۳) مذہبی عہد کا پابند (مثلاً *p. monk, nun*) -

professedly, *adv.* : بظاہر ؛ صریحاً ؛ اعترافاً -

Profession, *n.* : (۱) قول؛ اظہار؛ ادعا؛ عہد(مثلاً *in practice if not in p.; accept my sincere pp. of regard; spare me these pp.*) - (۲) پیشہ؛ خصوصاً علمی (مثلاً *medical p.*)- (۳) مذہبی‌عقیدہ -(۴) کسی‌مذہبی فرقے میں داخل ہونےکاعہد-(۵) جماعت جوکسی پیشے‌میں مصروف ہو (خصوصاً تھیٹر کاعامیانہ) ایکٹر - علمی پیشے یعنی مذہبی ، قانونی ، طبی - *the learned pp.*

professionless, *a.* : بے پیشہ ؛ بے روزگار -

Professional, *a. & n.* : پیشے کا ؛ پیشے سے متعلق ؛ پیشہ ور - (۲) پیشہ ور کرکٹ باز ، گولف باز وغیرہ (مخفف *pro*) -

p. agitator : پیشہ ور شورشی (جس نے شورش پھیلانا اپنا پیشہ قرار دے لیا ہے) -

p. cricketer, golfer, &c. : پیشہ ور کرکٹ باز یا گولف باز (یعنی جو اجرت لیکر کھیلتا ہے) -

p. etiquette : آداب پیشہ -

p. men : پیشہ ور لوگ ؛ اہل پیشہ -

p. politician : پیشہ‌ورسیاست‌دان، یعنی‌جس کاپیشہ‌سیاست‌ہے -

professionally, *adv.* : پیشہ ورانہ ؛ پیشہ ورانہ حیثیت سے -

Professionalism, *n.* : پیشہ وری ؛ پیشہ ورانہ اوصاف ؛ پیشہ ورانہ خصوصیت ؛ پیشہ ورانہ ڈھنگ یا مہارت ؛ پیشہ ور لوگوں کو ملازم رکھنا -

professionalize, *v. t.* : پیشہ ور بنانا (مثلاً *the professionalizing education will not better the matter*) -

Professor, *n.* : (۱) معترف یا ماننے والا (کسی مذہب کا) - (۲) اُستاد؛ معلم؛ پروفیسر(اس کا مخفف *prof.* بطور خطاب بزرگی ناموں کے شروع میں لگایا جاتا ہے) - (۳) (کسی فن کی مہارت کاادعائی لقب) استاد ؛ پروفیسر (مثلاً *Arpius, a p. of wrestling*) - (۴) (عامیانہ) پیشہ ور (کھیل میں) -

professorate, *n.* : (۱) پروفیسری- (۲) جماعت پروفیسران -

professoress, *n.* : پروفیسر عورت ؛ پروفیسرانی ؛ اُستانی -

professoriate, *n.* : جماعت پروفیسراں؛ پروفیسروں کا عملہ -

professorship, *n.* : پروفیسری ؛ منصب پروفیسری -

professorial, *a.* : پروفیسرانہ ؛ پروفیسری کے متعلق -

professorially, *adv.* : پروفیسر کی حیثیت سے ؛ پروفیسر کی شان سے -

Proffer, *v. t. & n.* : (۱) پیش کش ؛ نذر ؛ سعی ؛ تحریک ؛ عرضی ؛ درخواست ؛ عرض داشت ؛ التماس ؛ گزارش ؛ سوال ؛ آرزو ؛ خواہش - (۲) دینا ؛ پیش کرنا ؛ پیش کش کرنا ؛ نذر کرنا - (۳) (قدیم) کرنا -

proffered, *a.* : پیش کردہ ؛ نذر کردہ -

Proficient, *a. & n.*: اهل؛ مستعد؛ صاحب استعداد؛ ماهر؛ واقف -
proficiency, *n.*: اهلیت؛ لیاقت؛ استعداد : مهارت ؛ واقفیت -
proficiently, *adv.*: ماهرانه طور سے ؛ هوشیاری سے -
Profile, *n. & v. t.*: (۱) چہرہ کا خاکہ؛ یک رخی تصویر؛ یک رخی نقشہ؛ چہرے کی یک رخی تصویر - (۲) قلعے کا ترچھا صورتی قطعہ ؛ مٹی کا دھس - (۳) یک رخی تصویر کھینچنا ؛ یک رخی نقشہ یا خاکہ کھینچنا -
drawn in p.: جس کی ایک رخی تصویر کھینچی گئی هو -
Profit, *n.*: (۱) فائدہ ؛ نفع ؛ منفعت (مثلاً *derive great p. from instruction*) - (۲) مالی نفع ؛ منافع ؛ منفعت ؛ سود -
p. and loss account: (بہی کھاتا) حساب کا طریقہ جس میں منافع ایک طرف اور نقصان دوسری طرف دکھا کر نفع یا نقصان دکھایا جاتا هے ؛ حساب آمد و خرچ -
p. - sharing: وہ کار و بار جس کے نفع میں آجر و اجیر شریک هوں -
profitless, *a.*: بلا منفعت؛ بے نفع؛ بے منفعت -
profitlessly, *adv.*: غیر منفعت طور پر ؛ بے فائدہ -
profitlessness, *n.*: غیر منفعتی ؛ بے نفعی ؛ غیر نفع مندی -
Profit, *v. t. & i.*: (۱) فائدہ اٹھانا ؛ متمتع هونا ؛ نفع حاصل کرنا (مثلاً *I hope to p. by your advice*) - (۲) مفید هونا ؛ کار آمد هونا ؛ بکار آمد هونا ؛ کام آنا (مثلاً *how will it p. him?*) -
Profitable, *a.*: نفع بخش ؛ فائدہ بخش ؛ سود مند ؛ فائدہ مند؛ مفید؛ منفعت بخش ؛ نفع رساں -
a p. speculation: نفع بخش سودا ؛ نفع بخش سٹا -
profitableness, *n.*: سود مندی ؛ فائدہ مندی -
prnfitably, *adv.*: نفع مندانہ یا سود مندانہ طور پر -
Profiteer, *v. t. & n.*: (۱) حد سے زیادہ نفع اٹھانے والا؛ بے جا نفع حاصل کرنے والا - (۲) بےجا نفع اٹھانا ؛ غیر معقول فائدہ حاصل کرنا؛ حد جائز سے زیادہ نفع لینا (خصوصاً دوران جنگ میں تاجروں اور ٹھیکہ داروں کا بے جا رویہ) -
Profligate, *a. & n.*: (۱) اوباش ؛ عیاش؛ آوارہ ؛ شہوت پرست؛ بدکار؛ بد کردار ؛ بد چلن - (۲) مسرف ؛ فضول خرچ
profligacy, *n.*: اوباشی ؛ عیاشی ؛ اسراف -
profligately, *adv.*: اوباشانہ ؛ عیاشانہ ؛ مسرفانہ طور پر -
rofound, *a.& n.*: (۱) گہرا؛ غائر؛غامض (مثلاً *a p. inquiry*) - (۲) مبصر ؛ جید ؛ متبحر (مثلاً *a p. statesman*) - (۳) گہرا؛ عمیق ؛ نہایت (مثلاً *p. sleep, take a p. interest*) (۴) (شاعرانہ) نہایت گہرائی ؛ عمق (سمندر ، مستقبل ، روح وغیرہ کا) -
profoundly, *adv.*: بنہایت ؛ بدرجۂ غایت ؛ گہرائی میں ؛ نظر غائر سے -
profoundness, profoundity, *nn.*: گہرائی؛ عمق؛ گمبھیر پن ؛ تبحر ؛ فضیلت -
Profuse, *a.*: (۱) شاہ خرچ ؛ بے دریغ بخشش - (۲) فضول خرچ ؛ مسرف - (۳) زیادہ ؛ وافر ؛ فراواں ؛ بلا افراط ؛ مفرط -
profusely, *adv.*: مسرفانہ طور پر ؛ بکثرت ؛ بلا افراط -
profuseness, profusion, *nn.*: (۱) افراط ؛ فراوانی ؛ سرسائی ؛ بہتات ؛ کثرت - (۲) اسراف ؛ فضول خرچی ؛ شاہ خرچی -
Prog, *n.*: (عامیانہ) کھانا خصوصاً توشہ (سفر کے لیے) -
Prog, proggins, *nn. vv. t.*: (۱) (جامعات آکسفورڈ و کیمبرج) پراکٹر - (۲) پراکٹر کے اختیارات عمل میں لانا (اکثر گریجوایٹ وغیرہ کے متعلق) -
Progenitive, *a.*: متعلق افزائش نسل ؛ افزائش نسل کی صلاحیت رکھنے والا ؛ افزائش نسل کا اهل -
Progenitor, *n.*: (۱) مورث ؛ جد ؛ جدامجد - (۲) مورث (حیوانیات یا نباتیات میں)؛ (مجازاً) پیش رو یا بزرگ یا جد (سیاسی یا ذهنی امور میں) - (۳) اصل ؛ نقل کی اصل -
progenitorial, *a.*: موروثی ؛ جدی ؛ بزرگانہ ؛ اسلافی -
progenitorship, *n.*: بزرگی ؛ پیش روی ؛ جدیت -
progenitress, *n.*: مورثہ؛ جدہ -
Progeniture, *n.*: نسل ؛ نسل افزائی ؛ افزائش نسل -
Progeny, *n.*: نسل ؛ اولاد ؛ روحانی اولاد (شاگرد، چیلے) ؛ (مجازاً) نتیجہ ؛ زادہ (مثلاً *falsehood is the p. of folly*) -
Proggins, *n.*: دیکھو Prog -
Proglottis, *n.* (pl. *- ides*): کیچوے کا ایک سالم نشوو نما یافتہ جز جو بریدہ ہونے پر بھی صلاحیت تولید رکھتا -
Prognathous, *a.*: (۱) آگے کو نکلا ہوا (جبڑا) - (۲) جس کا جبڑا آگے کو نکلا ہوا ہو -
prognathic, *a.*: پیش نکانہ -
prognathism, *n.*: پیش نکیت -
Prognosis, *n.* (pl. *-oses*): پیش بینی یا پیش گوئی خصوصاً مرض کی حالت کے متعلق -
Prognostic, *n. & a.*: (۱) شگون ؛ فال ؛ پیش گوئی؛ پیش بینی ؛ پیش خبری ؛ پیش دانی - (۲) پہلے سے نشان دینے والا ، خبر دینے والا ؛ پیش گوئی کرنے والا (الفاظ و علامات وغیرہ) -
Prognosticate, *v. t.*: (۱) پیش گوئی کرنا ؛ پیش خبری کرنا ؛ فال گوئی کرنا - (۲) خبر دینا ؛ علامت ظاهر کرنا ؛ آثار ظاهر کرنا ؛ دلالت کرنا -
prognosticable, *a.*: قابل پیش گوئی؛ جس کی نسبت پیشین گوئی کی جاسکے -
prognosticative, prognosticatory, *aa.*: پیش گوئی کرنے والا ؛ پہلے سے خبر دینے والا؛ دلالت کرنے والا (اشیا سے متعلق) -
pragnostication, *n.*: (۱) پیش گوئی ؛ پیش خبری ؛ پیش دانی ؛ پیش بینانی - (۲) شگون ؛ فال؛ علامت -
prognosticator, *n.*: پیش گو؛ پیش گوئی کرنے والا ؛ غیب کا حال بتانے والا ؛ نجومی ؛ جوتشی -
Program (me), *n. & v. t.*: (۱) پروگرام؛ پیش نامہ -(۲) لائحۂ عمل ؛ لائحۂ کار -(۳) منصوبہ- (۴)پروگرام بنانا؛ پیش نامہ تیار کرنا -
p. -music: پرو گرامی موسیقی ؛ پیش نامی موسیقی ؛ وہ موسیقی جس سے یہ معلوم ہوتا هے کہ کیا کیا مناظر و واقعات پیش آنے والے هیں -
Progress, *n.*: (۱) جاری هونا یا دوران میں هونا (مثلاً *an inquiry is now in p.* تفتیش جاری هے یا دوران

کارروائی میں ہے) - (۲) ترقی ، ارتقا ؛ نشو و نما - (۳) (قدیم) شاہی سفر ؛ شاہی دورہ (خصوصاً royal p.) -

Progress, v. i. : (۱) جاری ہونا یا دوران میں ہونا (مثلاً the controversy still progresses) - (۲) ترقی کرنا ؛ نشو و نما پانا ؛ ترقی پذیر ہونا ؛ نشو و نما پذیر ہونا

Progression, n. : ترقی ؛ آگے بڑھنا ؛ (موسیقی) چڑھاؤ یعنی ایک سر سے دوسرے سر میں جانا ؛ (ریاضی) سلسلہ -

arithmetical p. : دیکھو Arithmetic -

geometrical, p. : دیکھو Geometry -

harmonic p. : دیکھو Harmonic -

progressional, a. : متعلق بہ ترقی ؛ سلسلہ وار -

Progressionist, n. : حامئی ترقی ؛ ترقی کا قایل ؛ ارتقا کا قایل (یعنی وہ شخص جس کا یہ عقیدہ ہو کہ حیات نے نیچے سے اوپر تدریجی ترقی کی ہے) -

progressist, n. : سیاسیات و عمرانیات میں ترقی کا حامی ؛ حامئی ترقی ؛ مصلح -

Progressive, a. & n. : (۱) آگے بڑھنے والا ؛ ترقی پذیر - (۲) تدریجی (۳) ترقی کن ؛ ترقی یافتہ - (۴) ترقی پذیر یا بڑھتا ہوا (مرض) - (۵) اصلاحی (مثلاً p. principles) ؛ ترقی پسند (مثلاً p. party) -

p. motion : ترقی پذیر حرکت ؛ بڑھتی حرکت -

p. whist : ایک کھیل ہے جس میں کئی ٹولیاں مختلف میزوں پر خاموش تاش کھیلتی ہیں ان میں سے بعض کھلاڑی ہر بازی کے بعد دوسرے میز پر چلے جاتے ہیں -

progressivism, n. : حمایت اصول ترقی ؛ ترقی پرستی -

progressiveness, n. : اصلاح پسندی ؛ ترقی پسندی ؛ ترقی پذیری ؛ اصلاح پذیری -

progressively, adv. : (۱) اصلاح پسندی کے طور پر ؛ از راہ ترقی پسندی - (۲) بتدریج ؛ تدریجاً ؛ تدریجی طور پر ؛ رفتہ رفتہ

Prohibit, v. t. : روکنا ؛ منع کرنا ؛ باز رکھنا ؛ ممانعت کرنا ؛ مزاحمت کرنا

prohibiter, prohibitor, n. : مانع ؛ مزاحم باز رکھنے والا ؛ ممانعت کرنے والا -

Prohibition, n. : (۱) ممانعت ؛ مزاحمت ؛ امتناع ؛ رکاوٹ ؛ روک ؛ روک ٹوک - (۲) حکم امتناعی - (۳) ممانعت فروخت منشیات - (۴) (قانون) شقۂ امتناعی ؛ عدالت ماتحت کے نام عدالت عالیہ کا امتناعی حکم -

prohibitionist, n. : امتناع پسند ؛ (خصوصاً) منشی اشیا کی فروخت کی ممانعت کا حامی -

Prohibitive, a. : (۱) امتناعی ؛ مزاحمتی - (۲) مانع یعنی جس کی وجہ سے کسی شے کا استعمال محال ہوجائے -

p. tax : امتناعی محصول -

published at a p. price : قیمت اس قدر زیادہ ہے کہ کوئی خرید نہیں سکتا -

prohibitively, adv. : امتناع کے طور پر ؛ امتناعاً -

prohibitiveness, n. : امتناعیت -

prohibitory, a. : امتناعی ؛ مانع ؛ مزاحمتی (p. law مثلاً) -

Project, v.t. & i. : (۱) تجویز کرنا ؛ تدبیر نکالنا ؛ جتن کرنا ؛ منصوبہ باندھنا - (۲) ڈالنا ؛ پھینکنا - (۳) حلول کرنا ؛ سرایت کرنا - (۴) (روحانیات) اپنے آپ کو طیفی طور پر پیش کرنا - (۵) (کیمیا) (کسی ایک شے کو دوسری شے میں) (p. into, on) ڈالنا یا ملانا - (۶) (سایہ) ڈالنا ؛ (عکس) ڈالنا - (۷) متشکل کرنا ؛ شکل پذیر کرنا (خیال ، منصوبہ وغیرہ کو) - (۸) (ہندسہ) تظلیل کرنا - (۹) (نقشہ کشی) ایک نقطہ (مرکز) سے خطوط مستقیم کھینچنا جو ایک (مفروضہ یا دی ہوئی) شکل کے ہر ایک نقطے میں سے گزر کر ایک سطح کو کاٹیں اور اس طرح ایک متناظر شکل (پہلی شکل کا جواب) پیدا کریں - (۱۰) ایسے خط کھینچنا - (۱۱) (ایسی متناظر شکل) پیدا کرنا - (۱۲) (زمین اور آسمان وغیرہ کے کرہ کا) اس طور پر ظل بنانا - (۱۳) آگے نکل آنا ؛ آگے نکلا ہوا ہونا ؛ آگے بڑھا ہوا ؛ باہر نکلا ہوا ہونا -

p. oneself into another's feelings : کسی کے جذبات کا کامل احساس کرنا -

Project, n. : منصوبہ ؛ خاکہ ؛ تجویز ؛ اختراع -

Projectile, a. & n. : (۱) محرک (مثلاً p. force محرک قوت) - (۲) جو قوت سے پھینکی جا سکے (خصوصاً توپ سے) پھینک کر مارنے کی چیز خصوصاً بندوق کی گولی یا توپ کا گولا -

Projection, n. : (۱) پھینکنا ؛ ڈالنا ؛ دھکیلنا ؛ کٹھالی میں ڈالنا (دھات کی) قلب ماہیت - (۲) خاکہ ؛ تجویز ؛ منصوبہ - (۳) ابھار ؛ ابھرا ہوا یا آگے نکلا ہوا حصہ ؛ باہر نکل آنا ؛ آگے کو نکالنا - (۵) (ہندسہ) تظلیل ؛ ظل ؛ اظلال - (۶) ذہنی تصویر - (۷) تعبیر زمین یا کرۂ سماوی (یا اس کے کسی حصہ کی) سطح مستوی پر (جو حقیقت خارجی کے طور پر نظر آئے)

Mercator's p. : مرکیٹر کا اظلال یا ظل جس میں کمپاس (قطب نما) کے نقطوں کی سمتیں تمام نقشے پر رہی رہتی ہیں -

powder of p. : پارس پتھر کا سفوف ؛ قلب ماہیت کرنے کا سفوف -

p. of a point : خط جو اصلی شکل کے کسی نقطے کو محصلہ شکل کے متناظر نقطے سے ملاتا ہے -

Projective a. : (۱) (ہندسہ) تظلیلی ؛ اظلالی - (۲) ذہن میں کھینچا ہوا ؛ مثلاً p. imagination ذہنی توسیع یافتہ - (۳) آگے کو بڑھا ہوا یا نکلا ہوا -

p. property : تظلیلی خاصیت (یعنی کسی شکل کا اظلال کے بعد غیر متغیر رہنا) -

projectively, adv. : تظلیلی طور پر ؛ تظلیلاً ؛ اظلالاً وغیرہ -

Projector, n. : (۱) مخترع ؛ منصوبہ باز ؛ مجوز ؛ تجویز کنندہ - (۲) پھینکنے والا ؛ جھوٹ موٹ کی کمپنیوں کا ترقی دینے والا ؛ نام نہاد کمپنیوں کا چلانے والا - (۳) آلۂ تظلیل -

Prolapse, v i. & n. : (۱) (مرضیات) ہٹنا ؛ ہٹ جانا ؛ سرکنا ؛ سرک جانا ؛ ٹل جانا ؛ اتر جانا ؛ آگے بڑھ جانا ؛ نیچے گر جانا - (۲) فتق ؛ استرخاء الرحم ؛ استرخاء المقعد -

Prolapsus, n. : (مرضیات) کسی عضو کا ہٹ جانا یا سرک جانا (خصوصاً رحم کا) -

Prolate, a. : (۱) (ہندسہ) انگوری ؛ قطبی قطر کی طرف سے بڑھا ہوا ؛ بیضوی - (۲) عرض میں پھیلنے والا یا وسیع ہونے والا - (۳) (مجازاً) وسیع ؛ فراخ ؛ کشادہ ؛ پھیلا ہوا - (۴) (نحو) تکملہ ؛ توسیع (خبر کی) -

p. spheroid : انگوری کرہ نما -

prolately, adv. : وسیع طور پر ؛ فراخ طور پر -

Prolative, *a.* : (صرف و نحو) تکمیلی ؛ تکملہ یا توسیع کرنے والا (خبرکی) (مثلاً *you can wait* میں "*wait*" *p. infinitive* ہے)-

Prolegomenon, *n.* (pl. -ena) : (عموماً جمع میں) تمہید ؛ مقدمہ ؛ دیباچہ -

prolegomenary, prolegomenous, *aa.* : تمہیدی ؛ افتتاحی ؛ ابتدائی -

Prolepsis, *n.* : (۱) پہلے سے کسی شے کے وجود یا کسی واقعے کے وقوع کا خیال کرلینا ؛ پیش خیالی ؛ پیش بیانی ؛ پیش قیاسی؛ پیش فرضی ؛ پیش بندی -(۲) (نحو) صفت کا استعمال بطور پیش فرضی کے (مثلاً *the fairest of her daughters, Eve*) -

proleptic, *a.* : متوقعانہ ؛ پیش قیاسی یا پیش فرضی کا -

proleptically, *adv.* : پیش بیانی یا پیش فرضی کے طور پر -

Proletaire, *n.* : عامی ؛ عوام الناس یا عوام میں سے کوئی -

proletairism, *n.* : عوامیت -

Proletarian, *a.* & *n.* : (۱) عامی یا عوام کا ؛ عامی یا عوام سے متعلق ؛ عوامیانہ - (۲) عامی ؛ عوام یا عوام الناس میں سے ایک -

p. dictatorship : عوامی کارفرمائی -

proletarianism, *n.* : عوامیت ؛ عوامیوں کا اصول سیاست -

proletary, *a.* : عامی ؛ عوامیت -

Proletariat(e), *n.* : (۱) (روسٹرا لکبرے ' حال ' اکثر حقارتاً) ادنیٰ ترین طبقہ ؛ ادنیٰ ترین جماعت ؛ کمین - (۲) (معاشیات) مفلس مزدور لوگ ؛ کمیرے ؛ طبقۂ مزدوراں -

Prolicide, *n.* : بچہ کُشی ؛ اولاد کُشی (قبل یا بعد ولادت) -

prolicidal, *a.* : اولاد کُشی یا بچہ کُشی یا اس سے متعلق ؛ اولاد کُشانہ ؛ بچہ کُشانہ -

Proliferate, *v.i.* & *t.* : بچہ خیزی کرنا ؛ پودا خیزی کرنا ؛ بچہ خیز ہونا ؛ پودا خیز ہونا -

proliferation, *n.* : بچہ خیزی ؛ پودا خیزی ؛ اعجوبہ خیزی -

proliferative, *a.* : بچہ خیزانہ ؛ پودا خیزانہ -

Proliferous, *a.* : (۱) (نباتیات) پودا خیز - (۲) (حیوانیات) بچہ خیز - (۳) (مرضیات) توسیع پزیر ' بذریعۂ بچہ خیزی -

Prolific, *a.* : (۱) بچہ خیز ؛ کثیرزا ؛ ثمر آور ؛ ثمرخیز ؛ بار آور ؛ مثمر - (۲) زر خیز (نیز مجازاً) ؛ سیر حاصل ؛ بہتات سے پیدا کرنے والا - (۳) فراواں ؛ وافر ؛ کثیر ؛ مفرط ؛ بھر پور -

prolificacy, prolificity, prolificness, *nn.* : بچہ خیزی ؛ ثمر خیزی ؛ ثمر آوری ؛ ثمربخشی ؛ زرخیزی ؛ سیر حاصلی ؛ مضمون خیزی ؛ کثرت ؛ بہتات ؛ افراط ؛ فراوانی ؛ سوسائی -

Proligerous, *a.* : بچہ خیز ؛ بچہ آور ؛ پودا خیز ؛ ثمر خیز -

Prolix, *a.* : (تقریر ' مضمون ' مقرر ' انشاپرداز وغیرہ طویل ؛ طولانی ؛ دراز ؛ اکتا دینے والا ؛ اجیرن ؛ پر از لفاظی ؛ لفاظ ؛ طول نویس ؛ پرگو ؛ طوالت پسند ؛ پر نویس -

prolixity, *n.* : طوالت ؛ طول کلام ؛ طوالت پسندی ؛ پرگوئی -

prolixly, *adv.* : طوالت سے ؛ طویل طور پر ؛ طوالت پسندی سے -

Prolocutor, *n.* : صدر ؛ صدر نشیں ؛ صدر مجلس ؛ صدر انجمن ؛ میر مجلس خصوصاً کلیسائے انگلستان کی کلیسائی مجلسوں کے زیریں ایوان کا نمائندہ -

prolocutorship, *n.* : صدارت ؛ نمائندگی -

Prologize, -guize, *v.i.* : افتتاحی تقریر کرنا ؛ افتتاحی تمہیدی نظم پڑھنا یا لکھنا ؛ تمہیدی تقریر قلم بند کرنا -

Prologue, *n.* & *v. t.* : (۱) افتتاحیہ ؛ تمہید ؛ مقدمہ ؛ تمہیدی تقریر یا نظم (خصوصاً کسی ڈراما کی) ؛ (مجازاً) پیش خیمہ ؛ مقدمہ - (۲) افتتاح کرنا ؛ ابتدا کرنا ؛ دیباچہ یا مقدمہ لکھنا ؛ تمہید لکھنا ؛ تمہید کا اضافہ کرنا -

Prolong, *v. t.* : (۱) لمبا کرنا ؛ دراز کرنا ؛ بڑھانا ؛ طویل کرنا ؛ طول دینا - (۲) پھیرنا ؛ وسیع کرنا - (۳) تلفظ کو طول دینا -

prolongable, *a.* : استداد پذیر ؛ طوالت پذیر ؛ قابل طوالت ؛ توسیع پزیر ؛ قابل درازی -

prolongation, *n.* : امتداد ؛ طوالت ؛ درازی ؛ طول ؛ توسیع -

Prolusion, *n.* : ابتدائی کوشش ؛ ابتدائی کدو کاوش ؛ ابتدائی مضمون ؛ ابتدائی مقالہ -

prolusory, *a.* : ابتدائی ؛ افتتاحی ؛ تمہیدی -

Promenade, *n.* & *v. i.* & *t.* : (۱) چہل قدمی ؛ سیر ؛ سواری (گھوڑے یا گاڑی میں) ؛ سیرگشت - (۲) روش ؛ پٹڑی ؛ سیر گاہ ؛ ٹہلنے کی سڑک - (۳) چہل قدمی کرنا ؛ سواری کرنا ؛ خراماں خراماں چلنا ؛ ٹہلنا ؛ پھرنا - (۴) جلوس نکالنا ؛ نمائش کرنا ؛ ٹہلانا ؛ پھرانا ؛ گشت کرانا -

p. concert : سرگشتی جوئی ؛ سرگشتی محفل ؛ سرگشتی کونسرٹ ؛ جلسۂ نغمہ و سرود جہاں سامعین چل پھر سکتے ہیں-

promenader, *n.* : ٹہلنے والا ؛ چہل قدمی کرنے والا ؛ محوِخرام-

Promerops, *n.* : جنوبی افریقہ کا چھوٹا سا پرندہ (خصوصاً *Cape p.* جس کی چونچ لمبی اور مڑی ہوئی ہوتی ہے اور دم بہت لمبی ہوتی ہے)-

Promethean, *a.* : (Prometheus) پرومیتھی ؛ (یونانی دیومالا) متعلق بہ پرومیتھوس (ایک نیم دیوتا جس نے چکنی مٹی سے انسان کا پتلا بنایا ' اولمپس سے آگ لایا ' انسان کو اس کا استعمال سکھایا ' اس کے علاوہ اس نے اس کو طرح طرح کے فنون و ہنر سکھائے ' اس کی پاداش میں اولمپیائی دیوتاؤں کے بادشاہ زیوس (Zeus) نے اس کو کوہ قاف کی چٹان سے جکڑ دیا) -

Prominent, *a.* : (۱) آگے کو نکلا ہوا یا بڑھا ہوا - (۲) نمایاں ؛ واضح ؛ ممتاز - (۳) مشہور ؛ معروف ؛ ممتاز ؛ نامور -

prominence, prominency, *nn.* : آگے کو نکلا ہوا ہونا ؛ نمایاں ہونا ؛ امتیاز ' نمود ؛ شہرت -

prominently, *adv.* : نمایاں طور پر ؛ امتیازی طور -

Promiscuous, *a.* : (۱) مخلوط ؛ ملا جلا ؛ متفرق ؛ گڈمڈ ؛ خلط ملط - (۲) عام ؛ بلا امتیاز (۳) (بول چال) یوں ہی ؛ بے قرینانہ ؛ بے پروا ؛ اتفاقیہ -

a p. mass : مخلوط انبوہ ' انبار ' تودہ -

p. bathing : مخلوط غسل ؛ ملا جلا غسل (جس میں مرد عورت کا کوئی امتیاز نہ ہو) -

p. hospitality : صلائے عام ؛ دعوت عام (جس میں بڑے چھوٹے کا کوئی امتیاز نہ ہو) -

p.-like : (بازاری ' مزاحاً) یوں ہی ؛ بلا غرض خاص ؛ بلا وجۂ خاص -

p. massacre : قتل عام -

p. sexual relation : بلا امتیاز یا آزاد جنسی تعلقات (جن میں شادی ' نکاح کی قید نہ ہو) -

promiscuity, *n.* : (۱) خلط ملط ؛ ابتری ؛ بے ترتیبی - (۲) آزاد جنسی تعلقات -

promiscuously, *adv.* : ابتری سے ؛ بے ترتیبی سے ؛ مخلوط طور پر ؛ خلط ملط طور پر وغیرہ -

Promise, *n.* : (۱) وعدہ ؛ عہد ؛ پیمان؛ اقرار ؛ قول و قرار - (۲) شئے موعودہ (مثلاً *I claim your p.*)؛ (مجازاً) توقع ؛ عمدہ نتائج کی توقع ؛ ہونہاری (مثلاً *writer of great p.* یعنی ہونہار مصنف) -

breach of p. : خلاف ورزیِ معاہدہ ؛ وعدہ شکنی ؛ نقض وعدہ یا معاہدہ -

land of p. : ارض موعودہ (کنعان) ؛ بہشت ؛ آرام و راحت کا (متوقع) مقام -

Promise, *v. t. & i.* : (۱) وعدہ کرنا ؛ عہد کرنا ؛ عہد وپیمان کرنا ؛ قول و قرار کرنا ؛ اقرار کرنا (مثلاً *I p. you a fair hearing*)- (۲) (بول چال) یقین دلانا ؛ توقع دلانا (مثلاً *I p. you* (*it will not be so easy*)- (۳) (*p. oneself*) (خوش آیند) توقع رکھنا (مثلاً *I p. myself a good time*) - (۴) توقع پیدا کرنا ؛ امید پیدا کرنا یا دلانا ؛ آثار ظاہر کرنا (مثلاً *the rain, the expert, promises large crops*) - (۵) امید افزا ہونا (مثلاً *a promising start*) -

I cannot positively p. : میں حتمی وعدہ نہیں کرسکتا -

promised land (land of promise) : ارض موعودہ (کنعان) بہشت یا مقام راحت) (بحوالۂ پیدائش باب ۱۲ آیت ۷) - (مجازاً) ان

these differences p. future storm : اختلافات سے آیندہ فساد کا اندیشہ ہے -

to p. well &c. : آس ' امید ' بھروسہ دینا -

promiser, *n.* : وعدہ کرنے والا ؛ عہد کرنے والا ؛ پیمان کرنے والا ؛ اقرار کرنے والا -

Promisee, *n.* : (قانون) مقر لہٗ؛ معاہدلہٗ ؛ جس سے اقرار یا معاہدہ کیا جائے -

promisor, *n.* : (قانون) معاہد ؛ مُقِر -

Promising, *a.* : ہونہار؛ امید افزا (مثلاً *p. beginning* یا *p. boy*)

promisingly, *adv.* : امید افزا طور پر -

Promissory, *a.* : پیمانی ؛ وعدی ؛ تعہدی ؛ اقراری ؛ شرطی -

p. note : پراميسری نوٹ ؛ درشنی ھنڈی ؛ دستاویز جس میں کسی خاص شخص یا حامل کی رقم مندرجہ کسی تاریخ پر یا طلب کرنے پر ادا کرنے کا وعدہ ہو -

Promontory, *n.* : (۱) راس ؛ خشکی کا بلند حصہ جو تری میں چلا جائے - (۲) (تشریح) اُبھار ؛ بروز ؛ گلٹی ؛ پھوڑا ؛ پھنسی ؛ دنبل وغیرہ -

promontoried, *a.* : بروزی ؛ اُبھار دار ؛ گلٹی دار -

Promote, *v. t.* : (۱) درجہ بڑھانا ؛ ترقی دینا (کسی شخص کو کسی عہدے وغیرہ پر مثلاً *he was promoted to peerage*) - (۲) تقویت دینا ؛ حمایت کرنا ؛ بڑھانا (مثلاً *this promotes digestion*) ؛ ترقی دینا ؛ فروغ دینا؛ اعانت کرنا ؛ ترغیب دینا ؛ تحریک دینا؛ اچھی طرح پیدا کرنا یا لانا (مثلاً پسینہ)- (۳) اونچا کرنا ؛ بلند کرنا ؛ سر بلند کرنا ؛ سرافراز کرنا ؛ سردار کرنا ؛ بڑھانا چڑھانا - (۴) تائید کرنا (نفاذ قانون میں یا پارلیمنٹ کے مقامی یا انفرادی قانون کے نفاذ میں) - (۵) بنا ڈالنے میں اعانت کرنا (مثلاً *p. a scheme, company*) (شطرنج) (پیادے کا) فرزان بنانا -

promotion, *n.* : ترقی ؛ تعزیت ؛ تائید ؛ حوصلہ افزائی ؛ ہمت افزائی -

promotive, *a.* : بڑھانے والا؛ ترقی دینے والا؛ تائید کرنے والا ؛ ہمت افزا ؛ حوصلہ افزا -

Promoter, *n.* : ترقی دینے والا ؛ بڑھانے والا ؛ حامی ؛ ممد ؛ موید ؛ اعانت کرنے والا ؛ خصوصاً "انجمن سرمایۂ مشترک" بنانے والا ؛ وہ شخص جو سرمایۂ مشترک کی انجمن بنانے کی ترغیب دے (نیز *company-p.*) (خصوصاً ذم کے معنوں میں)-

promoterism, *n.* : (خصوصاً ذم کےطور پر) انجمن سازی؛ مشترک سرمایہ کی شرکتیں بنانے کی تحریص و ترغیب -

Prompt, *a. & n.* : (۱) مستعد ؛ آمادہ ؛ چست (مثلاً *p. assistant*) - (۲) بر محل ؛ بر وقت (مثلاً *p. reply*)- (۳) فوری ؛ بلا تاخیر (مثلاً *p. payment*) - (۴) (تجارتی لین دین) نقد ؛ فوری ؛ تیار (مثلاً *p.iron*) (یعنی جو فوری وصولی اور فوری ادائی کے لئے ہو) - (۵) کسی حساب کی میعاد ادائی جو *p.-note* پر تحریر کی گئی ہو مثلاً *what is p.?*-

for p. cash : فوری ادائی کے لئے؛ وہیں کے وہیں ادائی کےواسطے-

p.-note : چٹھی وغیرہ جس میں کسی حساب کی میعاد ادائی وغیرہ تحریر ہو ؛ میعادی چٹھی -

promptitude, promptness, *nn.* : مستعدی ؛ چستی ؛ آمادگی ؛ پھرتی -

promptly, *adv.* : فوراً ؛ چستی سے ؛ مستعدی سے ؛ پھرتی سے؛ بلا عذر ؛ بلا توقف ؛ جھٹ پٹ ؛ تُرت پھُرت -

Prompt, *v. t. & n.* : (۱) آمادہ کرنا ؛ مستعد کرنا ؛ برانگیختہ کرنا ؛ ابھارنا ؛ اُکسانا ؛ مائل کرنا ؛ ترغیب دینا یا دلانا ؛ تحریص دینا - (۲) لقمہ دینا (ایکٹروں اور قاریوں کو اگلا لفظ سجھانا)- (۳) ایما کرنا ؛ سجھانا (متامل مقرر کو) - (۴) القا کرنا ؛ دل میں ڈالنا ؛ دل میں پیدا کرنا (کسی جذبے یا تحریک کا) - (۵) سجھانا ؛ مدد دینا (خصوصاً کسی ایکٹر کو الفاظ سے) -

p. -book : ڈرامے کا نسخہ لقمہ دینے والے کے استعمال کے لئے؛ نسخۂ سامع-

p. -box : مقام سامع ؛ اسٹیج پر سامع کی نشست -

p. -side : پہلوے سامع ؛ سامعی پہلو ؛ ایکٹر کا داھنا رخ (مخفف *p. s.*) -

Prompter, *n.* : (۱) اُکسانے والا ؛ ترغیب دینے والا ؛ برانگیختہ کرنے والا - (۲) (خصوصاً تھیٹر) سامع ؛ لقمہ دینے والا ؛ وہ شخص جو منظر عام سے پیچھے حاضرین کی نظروں سے اوجھل ہوتا ہے ' اور وہاں کھڑا ہوکر ایکٹروں اور قاریوں کی سماعت کرتا ہے ' اور جہاں کہیں وہ اٹکتے ہیں وہاں لقمہ دیتا ہے -

Prompting, *n.* : تحریک ؛ تحریص ؛ ترغیب ؛ اشتعال ؛ برانگیختگی (مثلاً *the pp. of conscience* تحریک ضمیر) -

Promulgate, *v. t.* : مشتہر کرنا ؛ اعلان کرنا ؛ شہرت دینا ؛ تشہیر کرنا ؛ شایع کرنا ؛ اشاعت کرنا ؛ پھیلانا ؛ منادی کرنا -

promulgation, *n.* : اعلان ؛ شہرت ؛ تشہیر ؛ اشاعت ؛ نشر و اشاعت ؛ منادی -

promulgator, *n.* : اعلان کرنے والا ؛ معلن ؛ مشتہر ؛ ناشر ؛ مناد ؛ شایع کنندہ -

Promulge, *v. t.* : (قدیم) promulgate کے معنوں میں -

Pronaos, *n.* : (یونانی قدیمیات) معبد کا احاطہ اور پیش -

Pronate, *v. t.* : (عضویات) پتیانا ؛ مکب کرنا -

pronation, *n.* : (عضویات) اکباب -

Pronator, *n.* : (تشریح) عضلۂ میلانی ' وہ عضو جو میلان یا جھکاؤ کا ذمہ دار ھے -

Prone, *a.* : (۱) منھہ کے بل ؛ پٹ ؛ اوندھا ؛ (غیرفصیح) چت (مثلاً *he fell p.*) - (۲) ڈھلواں (زمین) - (۳) ڈھلواں (رخ) - (۴) مائل ؛ راغب -

pronely, *adv.* : سر نگوں ؛ اوندھے منھہ ؛ چت ؛ پٹ ؛ منھہ کے بل -

proneness, *n.* : میلان ؛ رغبت ؛ شوق ؛ رجحان ؛ ڈھلان ؛ نشیب ؛ اوندھاپن ؛ پٹ ھونے کی حالت -

Proneur, *n.* : (۱) مداح ؛ ثنا گو ؛ ثنا خواں ؛ مدح خواں - (۲) خوشامدی ؛ بھٹیرہ کرنے والا -

Prong, *n.* & *v. t.* : (۱) دو شاخہ ؛ دو شاخے کی شاخ یا کانٹا - (۲) چبھونا ؛ کانٹا چبھونا ؛ بھونکنا ؛ کوچنا ؛ کچو کا مارنا - (۳) (مٹی وغیرہ) نوکدار شے سے تلہ و بالا کرنا -

p. *-buck*, *-horn*, *-horned antelope* : شاخ دار ھرن ؛ شاخ دار سینگوں والا ھرن (شمالی امریکہ کا) -

(-) **pronged**, *a.* : شاخ دار ؛ کانٹے دار ؛ دندانے دار -

Pronominal, *a.* : ضمیری -

pronominally, *adv.* : ضمیر کے طور پر ؛ ضمیری حیثیت سے -

Pronoun, *n.* : ضمیر -

demonstrative pp. : ضمائر اشارہ -

distributive pp. : ضمائر توزیعی -

indefinite pp. : ضمائر تنکیری -

interrogative pp. : ضمائر استفہامیہ -

personal pp : ضمائر شخصی -

possessive pp. : ضمائر اضافی -

relative pp. : ضمائر موصولہ -

Pronounce, *v. t.* & *i.* : (۱) بیان کرنا ؛ اظہار کرنا ؛ ظاھر کرنا (رائے وغیرہ) - (۲) اعلان کرنا ؛ بالاعلان کہنا - (۳) وثوق سے کہنا ؛ حتمی طور پر کہنا - (۴) صادر کرنا (فیصلہ ' فتوی) ؛ دینا (حکم ' سراپ) - (۵) تلفظ کرنا ؛ بولنا ؛ ادا کرنا (الفاظ کا) (مثلاً *how do you p. this word*) -

I cannot p. him out of danger : میں یہ رائے نہیں دے سکتا کے اب وہ خطرے سے محفوظ ھے -

I p. the mangoes unripe : میری رائے میں آم کچے ھیں -

p. against : کسی کے خلاف رائے دینا -

p. for : کسی کے حق میں رائے دینا -

p. more distinctly : زیادہ وضاحت سے تلفظ ادا کرو ؛ صاف صاف ادا کرو -

p. on : کسی پر رائے زنی کرنا

pronouncement, *n.* : بیان ؛ اظہار ؛ اعلان ؛ رائے ؛ فیصلہ -

pronounceable, *a.* : قابل تلفظ ؛ قابل ادائے تلفظ -

Pronounced, *a.* : (۱) ملفوظ ؛ تلفظ کیا گیا ؛ ادا کیا ھوا - (۲) صریح ؛ واضح ؛ کھلا ؛ قطعی ؛ نمایاں مثلاً :-

p. flavour : نمایاں خوشبو اور ذائقہ -

p. magenta : کھلا قرمزی رنگ -

p. tendency : قوی رجحان ؛ صریح رغبت ؛ نمایاں میلان -

pronouncedly, *adv.* : واضح طور پر ؛ کھلے طور پر ؛ نمایاں طور پر ؛ صریحاً -

Pronouncing, *n.* & *a.* : (۱) تلفظ ؛ صدور (فیصلہ وغیرہ) ؛ اظہار (رائے وغیرہ) - (۲) تلفظ کی ؛ تلفظ والا ؛ تلفظ دار ؛ جس میں تلفظ دیا ھوا ھو مثلاً :-

p. dictionary : تلفظ والا لغت -

Pronunciamento, *n.* : اعلان ؛ اشتہار ؛ محضر (باغیوں کی طرف سے خصوصاً ھسپانوی داں ممالک میں) -

Pronunciation, *n.* : تلفظ ؛ طرز ادا ؛ لب و لہجہ -

Proof, *n.* : (۱) ثبوت ؛ دلیل ؛ حجت ؛ برھان (مثلاً *it requires no p.*) - (۲) شہادت ؛ گواھی ؛ قانونی شہادت ؛ تحریری یا زبانی شہادت - (۳) تصدیق ؛ توثیق ؛ اثبات (مثلاً *it is not capable of p.*) - (۴) (اسکاچستانی قانون) سماعت مقدمہ بحضور جج بجائے جوری - (۵) آزمائش ؛ جانچ ؛ امتحان (مثلاً *it must be brought to the p., will stand a severe p.*) - (۶) (مقام) امتحان اسلحہ - (۷) (قدیم) نا قابل گزر ھونا (مثلاً *armour of p.*) - (۸) معیار قوت شراب مقطر ؛ شراب مقطر کی طاقت کا معیار - (۹) (طباعت) پروف ؛ وہ مطبوعہ کاغذات وغیرہ جو بغرض تصحیح مشین میں سے نکالے جاتے ھیں (مثلاً *first p.*) ؛ تصویری پروف - (۱۰) امتحانی نقل - (۱۱) نا ھموار یا نا تراشیدہ کنارے (کتاب کے) -

artist's' engraver's, p. : فن کار کا تصویری پروف ؛ کندہ کار کا پروف ' یہ نقش اول ھے جو صناع و نقاش تصحیح و ترمیم کے لئے تیار کرتے ھیں -

positive p. : مثبت ثبوت ؛ بین ثبوت -

p. before letters : صناع وغیرہ کے دستخط اور تحریر سے قبل کا پروف -

p. *-plane* : ایک موصل قرص جس میں ایک غیر موصل دستہ ھوتا ھے اور برق پیمائی کے کام آتا ھے -

p. *-reader* : پروف خواں -

p. reading : پروف خوانی -

p. sheet : پروف ورقہ -

signed p. : دستخطی پروف ' وہ پروف جس پر صناع و فن کار کے دستخط ھوں -

the p. of the pudding is in the eating : مٹھائی کی (عمدگی کی) دلیل اس کے کھانے میں ھے -

proofless, *a.* : بے ثبوت ؛ بے دلیل -

Proof, *a.* & *v. t.* : (۱) آزمودہ قوت کے (اسلحہ) ؛ نا قابل گزر (مثلاً *p. against the severest weather*) ؛ ٹھس ؛ بےحس ؛ غیر متاثر (مثلاً *p. against the pricks of conscience* ضمیر کی سرزنش سے غیر متاثر) - (۲) (-proof) (بطور جز ترکیبی) روک (مثلاً *bomb-p.* بم روک) - (۳) نا قابل گزر بنانا ؛ خصوصاً (کپڑے وغیرہ کو) پن روک (*waterproof*) بنانا ' موم جامہ بنانا -

bullet -p. : گولی روک -
burglar -p. : نقب روک -
rain -p. : مینہ روک -
sound -p. : آواز روک -
water -p. : پن روک -
weather -p.: طوفان روک -

Prop, *n. & v. t. & i.* : (۱) آڑ ؛ اڑ وار ؛ ٹیک ؛ ٹیکن ؛ تھونی ؛ پر وایہ ؛ پایہ ؛ (مجازاً) سہارا ؛ آسرا ؛ رکن ۔ (۲) سہارا دینا ؛ آڑ ؛ اڑ وار ؛ ٹیک ؛ ٹیکن ؛ تھونی لگانا - (۳) سہارا دینا ؛ تھامنا ؛ سنبھالنا - (۴) گھوڑے کا چلتے چلتے یکایک رک جانا -

Prop : دیکھو - Proposition

Propaedeutic, *a. & n.* : (۱) ابتدائی ؛ تمہیدی ؛ افتتاحی ؛ اولیاتی - (۲). (جمع) ابتدائی علوم یا مضامین ؛ تمہیدی مضامین یا علوم ؛ ابتدائیات ؛ اولیات -

propaedeutical, *a.* : ابتدائی ؛ تمہیدی ؛ اولیاتی -

Propaganda, *n.* : (*Congregation, College, of*)*the P* (۱) کارڈنلوں کی جماعت جس کے ذمے غیر ممالک کے مشنوں کی نگرانی ہوتی ہے - (۲) نشر و اشاعت کا انتظام یا تدبیر ؛ پروپیگنڈا ؛ نشر و اشاعت کی انجمن - (۳) (بطور جمع غیر صحیح استعمال) پروپیگنڈے کے اصول ؛ کوشش ؛ تجاویز -

Propagandist, *n.* : (۱) مبلغ ؛ داعی ؛ نشر و اشاعت کرنے والا - (۲) انجمن نشر و اشاعت کا رکن -

propagandism, *n.* : تبلیغ ؛ نشر و اشاعت -

propagandistic, *a.* : تبلیغانہ ؛ مبلغانہ ؛ ناشرانہ ؛ اشاعت پوستانہ -

propagandize, *v. i. & t.* : (۱) تبلیغ کرنا (کسی مذہب یا اصول وغیرہ کی) ؛ باقاعدہ نشر و اشاعت کا کام کرنا - (۲) تبلیغ کرنا ؛ نشر و اشاعت کرنا ؛ پروپیگنڈا کرنا -

Propagate, *v. t.* : (۱) پھیلانا - (۲) پیدا کرنا (اولاد وغیرہ) ؛ افزائش کرنا ؛ بڑھانا (نسل وغیرہ) - (۳) زیادہ کرنا (تعداد میں) - (۴) مشتہر کرنا ؛ مشہور کرنا ؛ اشاعت کرنا (عقیدے و رسم وغیرہ کی) - (۵) رائج کرنا ؛ مروج کرنا - (۶) وسیع کرنا ؛ پھیلانا -

propagation, *n.* : نشر ؛ اشاعت ؛ افزائش ؛ توسیع ؛ ازدیاد ؛ تولید -

propagator, *n.* : پھیلانے والا ؛ وسیع کرنے والا ؛ ناشر ؛ اشاعت کرنے والا ؛ مبلغ -

propagative, *a.* : ناشرانہ ؛ مبلغانہ وغیرہ -

Proparoxytone, *a. & n.* : (۱) (یونانی نحو) جس کے ما قبل آخرین پر نبرہ یا زور ہو - (۲) وہ لفظ جس کے جز ما قبل آخرین پر نبرہ ہو -

Propel, *v. t.* : پیلنا ؛ دھکیلنا ؛ ٹھیلنا ؛ چلانا ؛ آگے چلانا ؛ آگے بڑھانا ؛ تحریک دینا (لفظاً و مجازاً) -

Propellent, *a. & n.* : (۱) پیلنے والا ؛ دھکیلنے والا ؛ ٹھیلنے والا ؛ محرک - (۲) وہ انفجاری مادہ جو گولی کو اسلحۂ آتشیں میں سے باہر کی طرف دھکیلتا ہے ؛ محرک -

Propeller, *n.* : دھکیلنے والا ؛ پیلنے والا ؛ آگے چلانے والا ؛ آگے بڑھانے والا ؛ وہ گردش کرنے والی دھری جو جہازوں یا ہوائی مشینوں میں لگی ہوتی ہے ؛ اس کے دو یا دو سے زیادہ پھل ہوتے ہیں جو اس کو دھکیلتے ہیں ؛ سائق ؛ دھکیلو ؛ سہم دوار ؛ سہم گرداں ؛ پنکھا -

screw p. : پیچ دار دھکیلو -

Propensity, *n.* : رجحان ؛ رغبت ؛ میل ؛ میلان ؛ جھکاؤ ؛ لگاؤ -

Proper, *a.* : (۱) (قدیم) ذاتی ؛ اپنا (مثلاً *with my own p.*) - (۲) اصلی ؛ حقیقی (مثلاً *within the sphere of psychology p.*) ؛ (*eyes* - (۳) مخصوص (مثلاً *p. lessons*) - (۴) ٹھیک ؛ درست ؛ صحیح (مثلاً *in the p. sense*) - (۵) مناسب ؛ موزوں (مثلاً *choose the p. time*) - (۶) (بول چال) کامل ؛ پکا ؛ سر تا سر ؛ اول درجے کا (مثلاً *there was a p. row about it*) - (۷) (قدیم) خوب صورت ؛ وجیہہ ؛ حسین ؛ خوش وضع ؛ خوش قطع (مثلاً *these Indians were very p., tall & lusty men*) - (۸) مناسب ؛ درست ؛ معقول ؛ شایستہ ؛ شریف - (۹) (نقابت) اصلی رنگ میں ؛ حقیقی رنگ میں (مثلاً *a peacock p.*) -

p. fraction : کسر خالص (جو اکائی سے کم ہو) -

p. motion : (ہئیت) حرکت خاصہ (حرکت ظاہرہ یا حرکت موہومہ کا وہ حصہ جس کی نسبت یہ خیال ہوتا ہے کہ یہ کسی ستارے کی واقعی حرکت سے پیدا ہوئی ہے) -

p. noun or *name* : اسم خاص ؛ اسم معرفہ -

Properispomenon, *a. & n.* : (۱) (یونانی صرف ونحو) جس کے جزو ما قبل آخر پر نبرہ یا تاکید ہو - (۲) لفظ جس کے جزو ما قبل آخر پر نبرہ یا تاکید ہو -

Properly, *adv.* : (۱) بخوبی ؛ بحسن و خوبی ؛ خوش اسلوبی سے ؛ اچھی طرح ؛ مناسب طور پر ؛ موزوں طور سے (مثلاً *do it p. or not at all*) - (۲) شائستہ طور پر ؛ شریفانہ طور سے ؛ انسانیت سے (مثلاً *behave p.*) - (۳) (بول چال) پورا پورا ؛ کامل طور پر ؛ بالکل (مثلاً *I thrashed him p.*) -

Property, *n.* : (۱) ملکیت ؛ حقیت ؛ ملک ؛ مال ؛ جائداد ؛ جاگیر ؛ املاک ؛ مقبوضہ ؛ مقبوضات - (۲) (تھیٹر ؛ عموماً جمع) لباس یا فرنیچر وغیرہ جو اسٹیج پر استعمال کیا جائے - (۳) (منطق) وصف مشترک ؛ صفت ؛ عرض - (۴) خاصہ ؛ خاصیت (مثلاً *elasticity is a marked p. of indiarubber*) -

a man of p. : مال دار آدمی ؛ صاحب جائداد -

he has a small p. in Norfolk : نارفک میں اس کی کچھ جائداد ہے -

personal p. : جائداد منقولہ ؛ مال منقولہ -

p. has its duties : ملکیت کے ساتھ فرائض بھی لگے ہوئے ہیں -

p. man, p. master : (تھیٹر) شخص جس کی تحویل میں اسٹیج کا سامان ہو -

p. qualification : قابلیت جو جائداد کی بناء پر حاصل ہو ؛ قابلیت مشروط بہ جائداد ؛ قابلیت منحصر بہ جائداد -

p. tax : محصول بہ جائداد -

real p. : جائداد غیر منقولہ ؛ جائداد سکنی ؛ جائداد زرعی -

she regards him as her exclusive p. : وہ اس کو بالکلیہ اپنی ملک سمجھتی ہے -

Prophecy, *n.* : (۱) پیش گوئی ؛ پیشین گوئی - (۲) پیشینگوئی بذریعہ الہام، القا ، وحی - (۳) پیغمبرانہ صلاحیت یا قابلیت پیشینگوئی (مثلاً *gift of p.*) -

Prophesy, *v. t. & i.* : (۱) وحی کی بناء پر کہنا ؛ بحیثیت پیغمبر کہنا ؛ پیش گوئی کرنا ؛ الہام بیانی کرنا ؛ آیندہ کا حال بتانا - (۲) (قدیم) صحف آسمانی کی تفسیر کرنا -

Prophet, *n.* : (۱) نبی ؛ رسول ؛ پیغمبر - (۲) پیشین گو (مثلاً *a weather p.*) ؛ غیب دان ؛ غیب گو - (۳) نمایندہ ؛ حامی (کسی اصول وغیرہ کا) - (۴) (عامیانہ) = Tipster -

major pp. : انبیاے اعظم (عیسایہ ، یرمیاہ ، حزقیل ، دانیال) -

Saul among the pp. : وہ شخص جس کی ذات سے غیر متوقع قابلیتیں اور ہمدردیاں ظہور میں آئیں -

the P. : النبی ؛ الرسول یعنی حضرت محمد الرسول اللہ ؛ (نیز) جوزف اسمتھ بانئی فرقۂ مارمون (Mormons) -

the pp. : انبیاے عہد عتیق (جن پر توریت ، زبور وغیرہ نازل ہوئیں) -

the twelve minor pp.: بارہ انبیاے خرد [ہوسیع (Hosea) سے ملاکی (Malachi) تک] -

prophetess, *n.* : نبیہ ؛ پیغمبرانی -

prophethood, prophetship, *nn.*: پیغمبری ؛ نبوت ؛ رسالت -

Prophetic, *a.* : پیغمبرانہ ؛ ملہمانہ ؛ پیش گویانہ ؛ الہامی -

prophetical, *a.* : پیغمبرانہ ؛ رسولانہ ؛ انبیانہ وغیرہ -

prophetically, *adv.* : پیغمبرانہ یا ملہمانہ طور پر ؛ پیش گوئی کے طور پر ؛ پیش گوئی کرتے ہوے وغیرہ -

Prophylactic, *a. & n.* : (۱) (طب) حفظ ما تقدمانہ ؛ احتیاطی - (۲) محافظ ، مانع (امراض وغیرہ) - (۳) دواے مانع امراض ؛ دواے حفظ ما تقدم ؛ مرض روک دوا ؛ تدبیر حفظ ما تقدم -

Propinquity, *n.* : (۱) قرب ؛ نزدیکی ؛ قربت - (۲) قرابت ؛ رشتہ داری ؛ عزیز داری ؛ قرابت داری - (۳) تشبہ ؛ مشابہت ؛ یکسانی -

Propitiate, *v. t.* : (۱) منانا ؛ روٹھے کو منانا ؛ راضی کرنا ؛ رضامند کرنا ؛ خوش کرنا ؛ بہلانا - (۲) موافق کرنا ؛ ساز گار کرنا ؛ مہربان کرنا -

Propitiation, *n.* : (۱) رضا جوئی ؛ حصول خوشنودی ؛ منانا - (۲) کفارہ ؛ کفارۂ گناہ - (۳) (قدیم) قربانی ؛ بلدان ؛ بھینٹ ؛ نذر ؛ نیاز ؛ منت ؛ صدقہ (مثلاً *he is the p. for our sins*) -

Propitiatory, *a. & n.* : (۱) رضا جویانہ ؛ دل خوش کن ؛ دل جو ؛ دل پذیر (مثلاً *p. smile*) ؛ مصالحت آمیز - (۲) کفارے کا ؛ کفارے سے متعلق ؛ کفارہ آمیز ؛ کفارہ بخش - (۳) تابوت یہودا کا طلائی غلاف ؛ عرش -

propitiatorily, *adv.* : کفارتاً ؛ از راہ کفارہ ؛ کفارے کے طور پر ؛ صدقے کے طور پر ؛ رضا جوئی کے طور پر -

Propitious, *a.* : (۱) سازگار ؛ موافق ؛ مساعد (مثلاً *the circumstances were p.*) - (۲) (شگون وغیرہ) سعد ؛ مبارک ؛ مسعود - (۳) (موسم ، موقع وغیرہ) مناسب ؛ موافق ؛ ساز کار ؛ راس -

propitiously, *adv.* : مساعدانہ یا سازگارانہ طور پر وغیرہ -

propitiousness, *n.* : سازگاری ؛ مساعدت ؛ سعد ؛ موافقت -

Propolis, *n.* : نحلی سریش ؛ عسلی سریش (جو مہال کی مکھیاں کلیوں سے رخنے بند کرنے کے لئے حاصل کرتی ہیں) -

Proponent, *a. & n.*: مجوز ؛ محرک ؛ پیش کرنے والا (کسی تجویز ، خیال یا تحریک کا) -

Proportion, *n. & v. t.* : (۱) حصہ ؛ مقدار ؛ تعداد (مثلاً *a large p. of deaths*) - (۲) نسبت ؛ تناسب (مثلاً *the p. of deaths to the population*) - (۳) مناسبت ؛ تناسب ؛ موافقت (مثلاً *his success bore no p. to his deserts*) - (۴) (ریاضی) تناسب - (۵) (حساب) اربعۂ متناسبہ - (۶) (بحالت جمع) جسامت ؛ وسعت (مثلاً *he was an athlete of magnificent pp.*) - (۷) متناسب کرنا ؛ تناسب قایم کرنا ؛ توافق پیدا کرنا (مثلاً *p. praise & blame to each according to their due*) -

it was out of (all) p. : وہ سرتا سر غیر متناسب تھا -

price will be raised in p. to labour : اجرت کے تناسب سے قیمت میں اضافہ کیا جاے گا -

proportionless, *a.* : بے تناسب ؛ غیر متناسب -

(-)proportioned, *a.* : متناسب ؛ موزوں -

proportionment, *n.* : نسبت ؛ تناسب ؛ توازن ؛ توافق -

Proportional, *a. & n.* : (۱) نسبتی ؛ متناسب ؛ برابر (مثلاً *a p. increase in the price* قیمت میں متناسب اضافہ) - (۲) عدد متناسبہ (مثلاً *8 is a mean p. between 4 & 16; 5, 3, 15, 9 are pp.*) -

p. representation : متناسب نمایندگی -

proportionable, *a.* : تناسب پذیر ؛ متناسب ؛ موزوں ؛ موافق -

proportionate, *a.* : متناسب ؛ موافق ؛ ہم قدر ؛ ہم نسبت ؛ ہم تناسب ؛ برابر ؛ نسبتی ؛ بعضۂ متناسبہ -

proportionably, proportionately, *advv.* : متناسباً ؛ نسبتاً ؛ از روے نسبت ؛ از راہ تناسب ؛ حسب تناسب ؛ حسب نسبت -

proportionality, *n.* : متناسبیت ؛ نسبت ؛ تناسب ؛ توافق -

proportionally, *adv.* : متناسباً ؛ حسب تناسب ؛ حسب نسبت ؛ بقدر تناسب ؛ نسبت سے -

Proportionalist, *n.* : (۱) تناسب داں ؛ تناسب کار - (۲) نقشہ ساز - (۳) متناسب نمایندگی کا حامی -

Proposal, *n.* : (۱) تجویز ؛ تحریک - (۲) پیغام شادی (مثلاً *I have had a p.*) - (۳) منصوبہ (مثلاً *the p. was never carried out* یہ منصوبہ عمل پذیر نہ ہوا) -

Propose, *v. t. & i.* : (۱) تجویز کرنا ؛ راے دینا - (۲) آگے لانا ؛ غور کے لئے پیش کرنا ؛ منصوبہ پیش کرنا ؛ تحریک کرنا ؛ تحریک پیش کرنا (مثلاً *they p. a change*) - (۳) مقصد قرار دینا (مثلاً *the object I p. to myself*) - (۴) نام زد کرنا (کسی شخص کو کسی جماعت وغیرہ کی رکنیت کے لئے) - (۵) جام صحت تجویز کرنا - (۶) شادی کی درخواست کرنا - (۷) قصد کرنا ؛ ارادہ کرنا -

man proposes, God disposes : تدبیر کند بندہ ؛

تقدیر کند خندہ ؛ مادرچہ خیالیم فلک درچہ خیال-

Proposition, *n.*: (۱) قول؛ بیان ؛ مسئلہ (مثلاً *a p. too plain to need argument*) - (۲) (منطق) قضیہ - (۳) (ریاضی) (مخفف prop.) شکل؛ دعویٰ- (۴) تجویز؛ منصوبہ؛ مسئلہ؛ قضیہ - (۵) (امریکہ تجارتی و سوقیانہ) کام؛ پیشہ ؛ عمل ؛ بیوپار؛ کاروبار ؛ (مثلاً *this is not a paying p.*)؛ حریف؛ مخالف؛ ترقع وغیرہ-

propositional, *a.*: قضیاتی ؛ تجویزی ؛ مبنی بر تجویز -

Propound, *v. t.*: (۱) تجویز کرنا؛ پیش کرنا ؛ غور کرنا ؛ غور یا منظوری کے لئے پیش کرنا (مسئلہ، تجویز، معاملہ وغیرہ) - (۲) (وصیت نامے کو) توثیق کے لئے پیش کرنا (حاکم مجاز کے سامنے)-

propounder, *n.*: مجوز؛ تجویز کنندہ ؛ پیش کنندہ -

Propraetor, *n.*: (تاریخ روما) سابق پریٹر ، جو کسی ایسے صوبے کا پریٹر مقرر کیا جاتا تھا جو عسکری اقتدار میں نہیں ہوتا تھا (دیکھو praetor) -

Proprietary, *a.* & *n.*: (۱) مالک جایداد ؛ زمین‌دار (صفت کے معنوں میں)- (۲) مالکانہ؛ زمین دارانہ- (۳) جو ذاتی ملک ہو (خصوصاً پیٹنٹ ادویہ) - (۴) ملکیت ؛ مالکیت ؛ زمینداری - (۵) جماعت مالکان ؛ فرقۂ زمین داران -

an exclusive p.: ملکیت غیر مشترکہ ؛ بلا شرکت غیرے ملکیت -

p. class: فرقۂ زمین داراں -

p. medicine: ادویۂ مملوکۂ خاص ؛ مملوکۂ خاص ادویہ ؛ وہ دوائیں جو قانون موجدان کے ذریعے محدود و محفوظ ہیں-

p. rights: حقوق مالکانہ -

the landed p.: فرقۂ زمین داران ؛ جماعت مالکان اراضی -

Proprietor, *n.*: صاحب ملکیت ؛ مالک -

proprietorial, *a.*: مالکانہ -

propriet)rially, *adv.*: مالکانہ یا زمین دارانہ حیثیت سے -

proprietorship, *n.*: حقیت؛ مالکیت؛ حقیت‌داری؛ زمین داری-

proprietress, *n.*: مالکہ؛ حقیت دار عورت ؛ زمین دارنی -

Propriety, *n.*: (۱) معقولیت؛ درستی؛ صحت ؛ مناسبت؛ موزونیت (مثلاً *I doubt the p. of the term* مجھے اس لفظ کی موزونیت میں شک ہے) - (۲) [illegible] اسلوبی ؛ حسن اسلوب ؛ حسن اطوار ؛ حسن اخلاق ؛ تمیز ؛ اداب (مثلاً *breach of p.*) - (۳) (بحالت جمع) اخلاق ؛ آداب ؛ خوش اطواری (مثلاً *you must observe the p.* آپ کو آداب کا خیال رکھنا چاہئے)-

Proprio motu or ***motu proprio***, *n.*: (ان فرامین پوپ کے تمہیدی الفاظ جو مہری نہیں ہوتے تھے اور پاپائی عدالتوں میں استعمال ہوتے تھے) اپنے طور پر ؛ بلا جبر و ترغیب -

Props. *n.* pl.: (عامیانہ) اسٹیج کا ساز و سامان ۔

Proptosis, *n.*: (مرضیات) فتق؛ ابھار؛ خصوصاً آنکھ کا باہر آنا ؛ سقوط چشم -

proptosed, *a.*: جس کی آنکھ کا ڈھیلا آگے نکلا ہو ؛ ڈھیلے دار-

Propulsion, *n.*: (۱) دفع ؛ اخراج (مثلاً *warm bathing promotes the p. of noxious matter*) - (۲) تحریک ؛ جوش (مثلاً *unconquerable p. to write*) - (۳) آگے کو دھکا دینا یا چلانا؛ ریلنا؛ تحریک (مثلاً *ships driven by the p. of wind*) -

propulsive, *a.*: محرک ؛ باعث تحریک -

Propylaeum, *n.* (pl-*a.*): باب ہیکل؛ مندر یا معبد کا پھاٹک -

the Pp.: باب ایکرو پولس واقع ایتھنز -

Propylite, *n.*: برکانی چٹان ؛ آتش فشانی چٹان (جو بعض چاندی کی کانوں کے علاقے میں پائی جاتی ہے) -

propylitic, *a.*: برکانی ؛ آتش فشانہ -

Propylon, *n.* (pl. *-ons,-a*): = propylaeum

Prorogue, *v.t.* & *i.*: (۱) (پارلیمنٹ کا جلسہ) ملتوی کرنا - (۲) ملتوی ہونا (پارلیمنٹ کے اجلاس کا) -

prorogation, *n.*: التوا (اجلاس پارلیمنٹ کا) -

Pros-: (لاحقہ) (کسی چیز کی) طرف ، جانب ، سمت میں - (۲) علاوہ -

Prosaic, *a.*: (۱) ناثرانہ؛ نثری ؛ غیر شاعرانہ؛ غیر ادیبانہ - (۲) معمولی ؛ روکھاپھیکا ؛ غیر دلچسپ ؛ بےمزہ ؛ بے لطف؛ بےکیف؛ فرسودہ؛ پیش پا افتادہ (مثلاً *a p. life, person, view*) -

prosaically, *adv.*: معمولی طور سے؛ غیر دلچسپ طور سے؛ غیر شاعرانہ طور پر -

prosaicness, *n.*: معمولی پن ؛ غیر شاعرانہ پن ؛ بےلطفی؛ بے کیفی ؛ بد مزگی ؛ پھیکاپن -

Prosaist, *n.*: (۱) ناثر ؛ نثر نویس ؛ نثر نگار - (۲) غیر دلچسپ شخص ؛ بے کیف شخص -

prosaism, *n.*: (۱) نثری انداز تحریر؛ نثر پسندی- (۲) بےکیفی؛ بے لطفی؛ بے مزہ پن -

Proscenium, *n.*(pl.-*a*): (۱) (قدیم یونانی تھیٹر) اسٹیج- (۲) (موجودہ تھیٹر) پردے اور روشن چوکی (آرکسٹرا) کی درمیانی جگہ -

Proscribe, *v. t.*: (۱) قانونی حفاظت سے خارج کرنا ؛ قانونی حمایت سے باہر کرنا- (۲) جلا وطن کرنا؛ دیس نکالا دینا؛ واجب‌القتل ٹھیرانا - (۳) (مجازاً) خارج کرنا ؛ خطرناک قرار دینا ؛ ناجایز ٹھیرانا ؛ ممنوع قرار دینا -

proscription, *n.*: (۱) قتل کا فتویٰ ؛ جواز قتل ؛ جلا وطنی ؛ دیس نکالا - (۲) ممانعت ؛ ممنوع قرار دینا ؛ خارج کرنا -

proscriptive, *a.*: ممانعتی ؛ ممنوعانہ ؛ ممانعت آمیز (مثلاً *p. measures*) ؛ جابرانہ ؛ جابر (مثلاً *they persued them with p. laws*) -

Prose, *n.* & *v. t.* & *i.*: (۱) نثر- (۲) سادہ ، واقعی ، بے رنگ ، معمولی کیفیت (مثلاً *p. of existence*) - (۳) معمولی ، غیر دلچسپ ، اکتا دینے والی تحریر یا بحث - (۴) (کلیسا) مقفیٰ نثر؛ نثر مسجع (جو خدا کی حمد کے بعد گا کر پڑھی جاتی ہے)- (۵) معمولی، بے مزہ بات چیت کرنا- (۶) نظم کو نثر میں تبدیل کرنا -

p. poem: شاعرانہ نثر ؛ نثر مرصع -

proser, *n.*: (۱) نثر نگار؛ نثر نویس - (۲) بے لطف یا بے مزہ باتیں کرنے والا -

Prosector, *n.*: مردہ شگاف ؛ جو شخص تشریحی لکچر کی تیاری کے لئے جسم کو چیرتا ہے -

Prosecute, *v. t.*: (۱) درپے رہنا؛ لگے رہنا؛ مزاولت کرنا (مطالعہ ، تحقیق وغیرہ میں) - (۲) کرتے رہنا ؛ چلانا (کسی پیشے یا تجارت کا)- (۳) مقدمہ قایم کرنا ؛ مقدمہ چلانا ؛ استغاثہ کرنا ؛ استغاثہ دائر کرنا ؛ فوجداری مقدمہ چلانا (مثلاً *trespassers will be prosecuted* مداخلت بے جا کنندگان پر فوجداری مقدمہ دائر

کیا جاے گا) ۔

Prosecution, *n.*: (۱) مزاولت؛ جاری رکھنا ؛ چلانا (کسی کام یا پیشے وغیرہ کو) ۔ (۲) (قانون) استغاثہ ؛ فوج داری دعوی ؛ فوج داری مقدمہ ۔ (۳) قانونی کارروائی؛ قانونی چارہ جوئی۔ (۴) مستغیث (مثلاً *the p. denied it* مستغیث نے اس سے انکار کر دیا)۔

Prosecutor, *n.*: مستغیث ؛ فوج داری دعوی کرنے والا ؛ پیروکار (فوجداری) ۔

public p.: وکیل سرکار ؛ پیروکار سرکار ۔

prosecutrix, *n.* (pl. *-trices*): مستغیثہ ؛ پیروکار خاتون۔

Proselyte, *n.* & *v. t.*: (۱) نو معتقد ؛ نو مرید ؛ نو مذہب ؛ شخص جو نیا نیا تبدیل مذہب کرتا ھے (مثلاً *he made many pp*) ؛ کسی نئے اصول یا عقیدے کا اختیار کرنے والا ؛ ایک فریق سے الگ ھوکر دوسرے فریق سے مل جانے والا ؛ نو معتقد ؛ جدید الایمان ؛ نو داخل (چ) ۔ (۲) نو یہودی ۔ (۳) (شاذ) (کسی شخص کو) اس کا مذہب چھڑا کے اپنے مذہب میں لانا ؛ اپنے فریق میں شامل کر لینا ، توڑ لینا ۔

p. of the gate: نو یہودی (جو ختنہ نہیں کراتا) ۔

proselytism, *n.*: (۱) نو اعتقادی ؛ نو مریدی۔ (۲) تبلیغ ۔

proselytize, *v. t.*: معتقد بنانا ؛ مرید بنانا یا کرنا ؛ ایک مذہب سے دوسرے مذہب میں لانا ؛ تبدیل مذہب کرانا ۔

proselytizer, *n.*: مبلغ ؛ داعی ؛ مرید کرنے والا ۔

Prosenchyma, *n.*: (نباتیات) دوکیہ (چ)؛ طولی بافت ۔

prosenchymatous, *a.*: دوکیائی؛ طولی بافت کا ؛طولی بافتوالا۔

Prosify, *v.t.* & *i.*: (۱) نثرانا ؛ نثر میں تبدیل کرنا ؛ نثر کا سا پھیکا بنانا ۔ (۲) نثر لکھنا ۔

Prosit, *int.*: یہ کلمہ اس وقت بولا جاتا ھے جب کسی کا جام صحت پیتے ھیں (لفظی معنی خدا کرے یہ تمہارے حق میں مفید ھو) ۔

Prosody, *n.*: عروض ؛ علم عروض ۔

prosodiacal, *a.*: عروضانہ ۔

prosodial, *a.*: عروضی ۔

prosodist, *n.*: عروضی ؛ عروض دان ۔

prosodic, *a.*: عروضانہ ؛ عروضی ۔

Prosopopoeia, *n.*: (۱) (معنی و بیان) ایک قسم کی صنعت جس میں ایک خیالی یا غیب متورر تقریر یا ایکٹ کرتا ھوا دکھایا جاتا ھے ؛ ایک فرضی مقرر کی تمہید ۔ (۲) تشخیص و تجسیم ؛ تجسیم اشیاے مجردہ ؛ مجرد اشیاء کو جسم دینا یا جسمانی حالت میں ظاھر کرنا ۔

Prospect, *n.* & *v. i.* & *t.*: (۱) منظر؛ نظارہ؛ سین؛ سماں ؛ فضا (مثلاً *a fine, commanding, p.*) ۔ (۲) دماغی منظر (مثلاً *that opened quite a new p. to his mind*) ۔ (۳) امید؛ رجا ؛ توقع ؛ توقع کامیابی؛ امکان یا مرقع ترقی (*young people often worry because they think they have no pp.*) ۔ (۴) (معدنیات) امید افزا مقام جہاں سے کچھ نکلنے کی توقع ھو ۔ (۵) کچی دھات یا اس کا نمونہ امتحان کرنے کے لئے ۔ (۶) (معدنیات) سونے یا دیگر معدنیات کے لئے کسی علاقے کی معدنی تفتیش کرنا ؛ تجربتاً کان کنی کرنا ؛ آئندہ کی امید دلانا (معدنیات کے متعلق) ۔

prospectless, *a.*: بے توقع ؛ غیر امید افزا ۔

prospector, *n.*: سونے ، چاندی کے لئے کان کی تلاش کرنے والا ؛ متجسس ؛ متلاشی ۔

Prospective, *a.*: (۱) متعلق بہ زمانۂ مستقبل؛ موثر بہ زمانۂ مستقبل ؛ مستقبلی (مثلاً *the law was held to be p.*) ۔ (۲) ھونے والا؛ آئندہ؛ متوقع؛ میں آنے والا (مثلاً *p. son-in-law, profit*)۔

prospectively, *adv.*: آئندہ کے خیال سے ؛ بہ نظر مستقبل ؛ آئندہ کی توقع سے ۔

prospectiveness, *n.*: مستقبلیت ؛ مستقبل بینی (چ) ۔

Prospectus, *n.* (pl. *-tuses*): کیفیت نما (کتابچہ وغیرہ جو کسی مدرسہ ، کمپنی یا آیندہ شایع ھونے والی کتاب کے تفصیلی حالات اور خصوصیات کو ظاھر کرے) ؛ پراسپیکٹس ۔

Prosper, *v. i.* & *t.*: (۱) کامیاب ھونا ؛ سر سبز ھونا ؛ پھلنا پھولنا ؛ بار آور ھونا ؛ برومند ھونا ؛ فروغ پانا (مثلاً *cheats never p.* دغا باز کبھی پھولتے پھلتے نہیں) ۔ (۲) کامیاب کرنا ؛ بامراد کرنا ؛ بارور کرنا ؛ سرسبز کرنا (مثلاً *Heaven p. him*) ۔

Prosperous, *a.*: (۱) کامیاب ؛ با مراد ؛ سر سبز ؛ پھلا پھولا ؛ برومند ؛ بھاگوان ؛ اقبال مند ؛ ھرا بھرا ؛ بھرا پرا (مثلاً *a p. year, p. business, enterprize*) ۔ (۲) مبارک ؛ سعید ؛ موافق ؛ مسعود (مثلاً *in a p. hour*) ۔

prosperity, *n.*: کامیابی ؛ خوش اقبالی ؛ اقبال مندی ؛ سرسبزی ؛ برومندی ؛ خوش طالعی ؛ فلاح ؛ بہبود ؛ بہبودی ۔

prosperously, *adv.*: کامیابی سے ؛ خوش اقبالی سے ۔

Prostate, *n.*: بڑا غدود ؛ غدۂ مثانہ ۔

prostatic, *a.*: غدۂ مثانہ یا اس کے ورم کا یا اس کے متعلق۔

Prostatitis, *n.*: غدۂ مثانہ کا ورم ۔

Prosthesis, *n.*: (۱) (صرف و نحو) سابقہ ؛ اضافہ ؛ انضمام ؛ کسی لفظ کے شروع میں کسی حرف یا کسی جزو کا اضافہ (مثلاً *beloved* میں *be*) ۔ (۲) (جراحی) اضافہ؛ انضمام ؛ جوڑ (کسی کمی کو پورا کرنا یا مصنوعی پیر یا ھاتھ لگانا) ۔

prosthetic, *a.*: اضافی ؛ انضمامی ۔

Prostitute, *n.* & *v. t.*: (۱) رنڈی ؛ کسبی ؛ بیسوا ؛ مال زادی؛ قحبہ ؛ فاحشہ ۔ (۲) (*p. oneself*) رنڈی یا بیسوا بننا ؛ عصمت فروشی کرنا (مجازاً) عزت فروشی کرنا ؛ (قابلیت وغیرہ کو) برے کام میں لگانا ؛ کسی ذلیل کام میں (لیاقت وغیرہ) صرف کرنا ۔

prostitution, *n.*: رنڈی پن ؛ بیسوا پن ؛ قحبہ پن ؛ عصمت فروشی ؛ عزت فروشی ؛ اپنی قابلیت وغیرہ کا معیوب طور پر استعمال کرنا (مثلاً *p. of one's genius*) ۔

Prostrate, *a.*: (۱) پٹ ؛ منہ کے بل ؛ پٹ لیٹا ھوا ۔ (۲) افتادہ ؛ گرا ھوا ؛ پڑا ھوا ؛ پسرا ھوا (علامت عجز) ۔ (۳) مغلوب؛ شکست خوردہ (مثلاً *had laid the Tory party p.*) ۔ (۴) تھکا ماندہ ۔ (۵) (نباتیات) غلطان ؛ زمین پر پڑا ھوا ۔

Prostrate, *v. t.*: (۱) گرادینا؛ گرا دینا؛ فرش کردینا؛ چت کردینا ؛ چت لٹادینا ؛ چت گرا دینا ۔ (۲) ڈنڈوت کرنا ؛ سجدہ کرنا ؛ سرتسلیم خم کرنا ؛ سر جھکانا ؛ پاؤں چومنا ؛ پاؤں پڑنا ؛ جبین سائی کرنا ؛ ناصیہ فرسائی کرنا ۔ (۳) (مجازاً) غالب آنا ؛ مغلوب کرنا ؛ مطیع کرنا ؛ منقاد کرنا ؛ کم زور کرنا ؛ نا توان کرنا ؛ نا طاقت کرنا ؛ بے تاب و تواں کرنا ؛ بے سکت کرنا ؛ تھکا کر چور کر دینا ۔

prostration, *n.*: (۱) سجدہ ؛ ڈنڈوت ؛ جبیں سائی ؛ ناصیہ فرسائی - (۲) پژمردگی ؛ افسردگی ؛ پستی ؛ کم زوری ؛ ناطاقتی ؛ ناتوانی -

Prostyle, *n.* & *a.*: (۱) چو عمودی پیش (یونانی معبد کا) - (۲) چو عمودی -

Prosy, *a.*: (تقریر ' کتاب وغیرہ) بے لطف ؛ بے کیف ؛ غیر دلچسپ ؛ غیر دل کش؛ غیر دل پذیر؛ عامیانہ ؛ ناگوار ؛ اکتا دینے والا (مثلاً *a p. talker*) -

prosily, *adv.*: بے لطفی سے ' غیر دلچسپی سے وغیرہ -

prosiness, *n.*: بے لطفی ؛ بے کیفی ؛ ناگواری ؛ غیر دلچسپی-

Protagonist, *n.*: (۱) کسی ڈرامے یا افسانے کا خاص شخص ؛ هیرو - (۲) سر بر آوردہ ؛ سر غنہ ؛ ممتاز شخص (کسی مقابلے وغیرہ میں) - (۳) حامی؛ طرف دار (کسی معاملے کا) -

Protasis, *n.* (pl. *-ases*): تمہیدی فقرہ ؛ خصوصاً فقرۂ شرطیہ ؛ جزوشرطیہ ؛ کسی جملے کا جز و شرطی -

protatic, *a.*: شرطی؛ شرطیہ -

Protean, *a.*: تغیر پذیر ؛ سیماب صفت ؛ نت نئی صورت بدلنے والا-

Protect, *v. t.*: (۱) بچانا ؛ محفوظ کرنا ؛ محفوظ رکھنا ؛ حفاظت کرنا ؛ حمایت کرنا ؛ پاسبانی کرنا ؛ پناہ دینا - (۲) (معاشیات) مصئون کرنا ؛ تامین دینا ؛ ملکی تجارت کی غیر ملکی اشیا پر ٹیکس لگا کر حفاظت کرنا - (۳) (تجارت) سرمایہ فراهم کرنا ؛ (هنڈی وغیرہ کی رقم ادا کرنے کے لیے) روپیہ اکھٹا کرنا - (۴) مامون یا محفوظ کرنا ؛ (کسی مشین میں کوئی) ایسا پرزہ لگانا جس سے استعمال کرنے والے اس کے ضرر سے محفوظ رہ سکیں -

protected rifles: محفوظ بندوقیں -

protective, *a.*: (۱) محافظ ؛ محفوظ رکھنے والا ؛ حفاظتی (مثلاً *p. armour*) - (۲) (معاشیات) تامینی ؛ حفاظتی (نظام یا محصول وغیرہ) (مثلاً *p. duties*) -

p. colouring: حفاظتی رنگ (جانور وغیرہ کا ایسا رنگ جو اس کے ماحول یا مسکن کے رنگ سے اس قدر غیر ممیز ہو کہ دشمن تمیز نہ کر سکے) -

p. instinct: رجحان حفاظت (وہ فطری رجحان جو حفاظت پر مایل یا مجبور کرتا ھے مثلاً ماں کا بچے کی حفاظت کرنا یا آنکھ کا خوف ضرر سے فوراً جھپک جانا) -

protectively, *adv.*: محفوظ طور پر وغیرہ -

protectiveness, *n.*: حفاظت ؛ محافظی -

Protection, *n.*: (۱) حفاظت ؛ حمایت ؛ سایۂ عاطفت (مثلاً *it is safe under his p.*) - (۲) سر پرستی (مثلاً *book is indebted to his kind p.*) - (۳) بچاؤ ؛ باعث حفاظت (مثلاً *that dog was a great p. against burglars*) - (۴) پروانۂ راهداری ؛ (امریکہ) صداقت نامۂ سکونت ؛ صداقت نامۂ شہریت - (۵) (معاشیات) تامین ؛ صنائع ملکی کو محفوظ رکھنے کا نظام -

protectionism, *n.*: اصول تامین تجارت ؛ تامینیت -

protectionist, *n.*: حامئی تامین ؛ تامین پسند -

Protector, *n.*: (۱) محافظ ؛ حامی ؛ حمایتی ؛ ولی؛ سر پرست ؛ مربی - (۲) ولی ؛ نائب السلطنت (یعنی جو شخص بادشاہ کی صغر سنی یا غیر حاضری وغیرہ میں سلطنت کا کاروبار چلاتا ھے) - (۳) محافظ شے (یعنی وہ چیز جو بچانے کے کام آئے) (مثلاً *chest p.*) -

(۱) خطاب اولیور کرام *Lord P. of the Commonwealth* (سنہ ۱۶۵۳ یا سنہ ۱۶۵۸) - (۲) خطاب رچرڈ کرام ویل (سنہ ۱۶۵۸ یا سنہ ۱۶۵۹) -

protectoral, *a.*: متعلق بہ ولی یا نائب السلطنت -

protectorship, *n.*: خدمت یا منصب نائب السلطنت -

protectress, *n.*: سر پرست خاتون ؛ ولیہ ؛ مربیہ -

Protectorate, *n.*: (۱) نائب السلطنت - (۲) زمانۂ ولایت یا دور نائب السلطنت ؛ خصوصاً عہد اولیور کرام ویل و رچرڈ کرام ویل - (۳) حکومت زیر حمایت ؛ علاقۂ زیر حمایت - (۴) قوی قوم کی حکومت زیر دست قوم پر -

Protectory, *n.*: (کلیسائے رومی) ادارۂ حمایت اطفال؛ شریر اور نادار بچوں کے لیے ادارۂ تادیب -

Protege, *n.* (fem. *-gee*): زیر حمایت ؛ آوردہ ؛ متوسل (مونث) -

Proteid, *n.*: پروٹیڈ (= protein معنی نمبر ایک) -

Proteiform, *a.*: متغیر الشکل -

Protein, *n.*: (۱) پروٹین؛ بیضیہ ؛ لحمیہ - (۲) بیضہ نماؤں (*albuminoids*) کا فرضی اساسی عنصر -

proteinaceous, proteinic, proteinous, *aa.*: پروٹینی-

Proter(o)-: سابقہ جو یونانی زبان کے لفظ *proteos* سے مشتق ھے بمعنی سابق' مقدم وغیرہ مثلاً -

proterandrous: مقدم نر ؛ جس میں نر عضو مادہ عضو سے قبل نشو نما پا جاتا ھے -

proterogynous: مقدم مادہ؛ جس میں مادہ عضو نر عضو سے قبل نشو نما پا جاتا ھے -

Protest, *n.*: (۱) اظہار ناراضی ؛ اظہار ناخوشی یا نارضا مندی؛ اظہار اختلاف (مثلاً *it was paid under p.*) - (۲) عذر ؛ اعتراض؛ احتجاج- (۳) تحریری اختلاف؛ تحریری اظہار ؛ اختلاف - (۴) دارالامرا میں کسی ایسی منظور شدہ تجویز کے خلاف صدائے احتجاج جس پر کسی کے دستخط ہوں - (۵) تحریری اعلان عموماً نوٹری پبلک (notary public) کا کہ هنڈی حسب ضابطہ پیش کی گئی اور اس کی قبولیت یا ادائے زر سے انکار کیا گیا- (۶) اقرار صالح -

he paid it under p.: اس نے رقم تو ادا کی لیکن اظہار عذر کے ساتھ -

Protest, *v. t.* & *i.*: (۱) ادعا کرنا یا دعوے سے بیان کرنا (اپنی بے گناهی وغیرہ) - (۲) تحریری اعتراض یا عذر کرنا (هنڈی کے متعلق)؛ هنڈی کی عدم ادائی کا اعلان کرنا - (۳) احتجاج کرنا ؛ صدائے احتجاج بلند کرنا ؛ عذر کرنا ؛ اعتراض کرنا (خصوصاً تحریری کسی تجویز وغیرہ کے متعلق) - (۴) اقرار صالح کرنا ؛ توثیق کرنا ؛ اعتراف کرنا -

p. against: احتجاج کرنا ؛ عذر کرنا ؛ نہ ماننا -

protester, protestor, *nn.*: (۱) احتجاج کرنے والا ؛ اعتراض کرنے والا ؛ معترض ؛ عذر کنندہ - (۲) اقرار صالح کرنے والا ؛ اعتراف کرنے والا -

protestingly, *adv.*: احتجاجاً ؛ بطور احتجاج ؛

بطریق اعتراض -

Protestant, *n. & a.*: (۱) پروٹسٹنٹ ؛ عیسائیوں کے اُس فرقے کا (وکن ' پیرو وغیرہ) جو سولھویں صدی میں اصلاح کلیسا کے زمانے میں کلیسائے رومی سے علحدہ ہوا - (۲) لوتھری ؛ پیرو لوتھر ؛ لوتھری عیسائی - (۳) احتجاج کنندہ ؛ اعتراض کنندہ - (۴) (تاریخ ' بحالت جمع) وہ لوگ جنھوں نے انجمن اسپائرس (*Diet of Spires*) منعقدہ سنہ ۱۵۲۹ سے انحراف کیا تھا -

Protestantism, *n.*: مذہب پراٹسٹنٹ ؛ مذہب پراٹسٹنٹ کی پیروی ؛ پراٹسٹنٹ ہونا -

Protestantize, *v. t. & i.*: پراٹسٹنٹ بنانا؛ پراٹسٹنٹ ہونا -

Protestation. *n.*: (۱) اعتراف؛ اقرار ؛ اقرار صالح - (۲) اعتراض؛ عذر ؛ احتجاج -

Proteus, *n.*: (۱) متلون مزاج انسان ؛ غیر قائم مزاج آدمی ؛ جلد جلد بدلنے والی شے - (۲) بد لو (amoeba) (کا قدیم نام) - (۳) (ایک قسم کا) جرثومہ - (۴) ایک دم دار جلتپلیا -

Prothalamium, **-on**, *n.*: ابتدائی سہاگ راگ -

Prothesis, *n.*: (۱) تبرکات کی چھوٹی میز جس پر عشائے ربانی کا سامان رکھا جاتا ہے - (۲) گرجا کا وہ مقام جہاں یہ میز رکھی جاتی ہے - (۳) سامان جو اس میز پر ہوتا ہے - (۴) (نحو) = prosthesis -

prothetic, *a.*: لفظ کے پہلے لگا ہوا ؛ انضمامی -

Protista, *n.*: وہ ابتدائی عضوی جان دار جن کا شمار نہ جانوروں میں ہوسکتا ہے نہ پودوں میں -

roto-: (رابطہ جو یونانی کے لفظ protos سے نکلا ہے بمعنی) خاص ؛ ابتدائی ؛ عنصری ؛ بنیادی : اصلی وغیرہ (مثلاً *proto-Arabic* وغیرہ) ؛ کیمیائی ناموں میں یہ رابطہ ایسے عنصر کو ظاہر کرتا ہے جس کا تناسب دیگر عنصر کی نسبت کم سے کم ہو (مثلاً *protochloride*) -

proto-Arabic: اصلی عربی؛ ابتدائی عربوں کے متعلق -

proto-Celtic: اصلی کلتی ؛ ابتدائی کلٹی -

protochloride: اقل سبز ینہ ؛ جس میں سبز ینہ کا تناسب کم سے کم ہو -

protogenetic, *protogenic*: نشو و نما کے دور اول کا -

protogine: کوہ آلپس کا کرے نائٹ پتھر جو بہت قدیم خیال کیا جاتا ہے -

protohippus: گھوڑے کی قسم کا قدیم جانور جو اب معدوم ہے -

protomartyr: شہید اول (خصوصاً عیسائیوں میں سینٹ استیفن) -

protophyta: (جمع) مقدم نباتات؛ کائی (ایک خلیے کے پودے) -

protophyte: اس قسم کا پودا -

protosulphide: اقل کبریتم ؛ نفستیں کبریتہ؛ جس میں کبریت کا تناسب کم سے کم ہو -

prototheria: ذوات الثدی کی اسفل ترین نوع ؛ ذوات الثدی کا مورث اعلیٰ -

protoxide: اقل اکسیر ؛ اول مائینہ ؛ جس میں مائین کا تناسب کم سے کم ہو -

protozoa: حیوانات ابتدائی (جو ایک خلیے کے ہوں) عموماً خورد بینی (microscopic) -

protozoon: ایسا جانور -

protozoal, *protozoan*: متعلق بہ حیوان ابتدائی؛ پہلا جان دار ؛ (مرض) جو ایسے طفیلی جاندار سے پیدا ہوا ہو -

protozoic: (طبقات الارض) (وہ طبقے) جن میں حیات اولیہ کے آثار پائے جاتے ہیں ؛ پہل حیوانی -

protozoology: (۱) حیوانات ابتدائی کا علم -

Protocol, *n. v. i. & t.*: (۱) سیاسی تحریر کا اصل مسودہ خصوصاً دستاویز شرائط معاہدہ جو کانفرنس میں ہوئے ہوں اور جس پر فریقین کے دستخط ہوں - (۲) کیفیت ؛ روئداد ؛ بیان - (۳) (فرانس میں) سر رشتۂ آداب و رسوم ؛ وہ آداب و رسوم جو صدر حکومت کو سرکاری رسوم میں یا ایلچیوں اور غیر ممالک کے فرماں رواؤں وغیرہ کے ساتھ برتنے چاہئیں - (۴) منشور شاہی یا فرمان پوپ کے ابتدائی فقرے یا اس کی تمہید - (۵) سیاسی دستاویز یا تحریر مرتب کرنا - (۶) سیاسی تحریر یا دستاویز میں درج کرنا -

Proton, *n.*: (طبیعیات) پروٹون ؛ مرکزۂ سالمہ کا جز؛ برق مثبت کی اکائی؛ (محققین میں) مرکزۂ سالمہ -

Protonotary, **protho-**, *n.*: میر منشی؛ بعض عدالتوں میں چیف کلارک ؛ (تاریخ) خصوصاً چانسری یعنی اعلیٰ ترین عدالت انگلستان کا محرر اعلیٰ (ابتداءً عدالت بائی زنطہ کا محرر باشی) -

Pp. Apostolic(al): بارہ عہدہ داران کلیسہ جو قرائیں پا پائی قلم بند کرتے ہیں اور ولیوں کی تقدیس وغیرہ کی ہدایت کرتے ہیں -

Protoplasm, *n.*: نطفز مایہ؛ مادۂ حیات ؛ مادۂ اولیہ ؛ مادۂ اولیٰ -

protoplasmatic, **protoplasmic**, *aa.*: نطفز مائی -

Protoplast, *n.*: (۱) آدم اول ؛ سب سے پہلا انسان - (۲) اصل نمونہ ؛ پہلا نمونہ - (۳) (حیاتیات) اکائی یا کمیت نطفز مایہ (جس سے واحد خلیہ بنتا ہے) -

protoplastic, *a.*: (۱) متعلق بہ اصل ؛ اولین - (۲) نطفز مائی -

Prototype, *n.*: اصل (شے یا شخص بمقابلۂ نقل) ؛ اصلی نمونہ ؛ ابتدائی نمونہ -

prototypal, **prototypic(al)**, *aa.*: نمونے کا کام دینے والا ؛ اصلی ؛ ابتدائی -

Protract, *v. t.*: (۱) لمبا کرنا ؛ طویل کرنا ؛ طول دینا ؛ دراز کرنا (مثلاً *to p. a. debate*) - (۲) ملتوی کرنا ؛ معرض التوا میں ڈالنا - (۳) دیر کرنا ؛ تاخیر کرنا - (۴) (زمین وغیرہ کا) نقشہ کھینچنا ؛ نقشہ بنانا -

protractedly, *adv.*: طول دے کر ؛ تاخیر سے ؛ دیر تک وغیرہ -

Protractile, *a.*: (حیوانیات) طول پذیر ؛ کشاد گی پذیر -

Protraction, *n.*: (۱) کھنچاؤ ؛ تناؤ ؛ درازی ؛ طول ؛ طوالت - (۲) عضلۂ ممدہ کا فعل ؛ بروں آوری - (۳) وقفہ ؛ التوا - (۴) نقشہ کشی ؛ خاکہ کشی - (۵) نقشہ ؛ خاکہ -

Protractor, *n.*: (۱) کنیا - (۲) عضلۂ ممدہ؛ بروں آور - (۳) پیمانے کی روسے نقشہ بنانے والا -

Protrude, *v. t. & i.*: (۱) آگے بڑھانا ؛ آگے کو یا باہر کو نکالنا ؛

دھکیلنا ؛ ٹھیلنا؛ آگے کو بڑھانا - (۲) (مجازاً) زبر دستی گھسنا ؛ مداخلت کرنا ؛ مُخل ہونا - (۳) آگے کو یا باہر کو نکلنا ؛ آگے بڑھنا ؛ آگے کو بڑھنا -

protrudent, *a.* : آگے نکلا ہوا ؛ آگے کو نکلا ہوا ؛ اُبھرا ہوا ؛ نمایاں -

protrusible, *a.* : آگے نکلنے کے قابل ؛ آگے کو نکالنے کے لائق -

protrusive, *a.* : آگے کو نکلنے یا نکالنے والا وغیرہ -

protrusion, *n.* : باہر کو نکلنا ؛ دھکیلنا ؛ آگے کو نکلا ہوا حصہ -

Protrusile, *a.* : (وہ عضو وغیرہ) جو آگے نکل سکے یا آگے کو بڑھ سکے -

Protuberant, *a.* : آگے نکلا ہوا یا اُٹھا ہوا ؛ بڑھا ہوا ؛ اُبھرا ہوا ؛ (مجازاً) نمایاں ؛ جاذب توجہ -

protuberance, *n.* : اُبھار ؛ سوجن ؛ ورم ؛ آماس ؛ گلٹی ؛ گومڑی -

Protyle, *n.* : (کیمیا) اساس اولین ، ایک فرضی بنیادی اور غیر تفریق یافتہ مادہ جو عناصر کیمیائی کی بنیاد ہوسکتا ہے -

Proud, *a.* & *adv.* : (۱) مغرور ؛ متکبر - (۲) خود بیں ؛ خود پسند ؛ بد مغ ؛ (۳) نازاں ؛ مفتخر (مثلاً *I am p. to have known him*) - (۴) غیور ؛ خود دار (مثلاً *too p. to beg*) - (۵) بجا طور پر فخر کرنے والا (*p. of one's country*) - (۶) قابل فخر ؛ لائق مباہات (مثلاً *p. day for us*) - (۷) عظیم الشان ؛ عالی شان ؛ گراں قدر ؛ باوقار ؛ ذی شان (مثلاً *in p. array*) - (۸) (ندی ، دریا وغیرہ) سیلابی ؛ طوفانی ؛ طوفان خیز ؛ موج زن (مثلاً *the wind was loud, the stream was p.*) - (۹) (بول چال بطور متعلق فعل) عزت افزائی کے ساتھ (مثلاً *you do me p.* آپ میری بڑی عزت افزائی کرتے ہیں) -

p. flesh : (زخم کا) انگور ؛ کھرنڈ -

proudly, *adv.* : آن بان سے ؛ آن سے ؛ مغرورانہ ؛ متکبرانہ ؛ بد مغانہ ؛ خود پسندانہ طور سے ؛ خود دارانہ ؛ غیورانہ طور پر ؛ بجا فخر کرتے ہوئے -

Prove, *v. t.* & *i.* (archaic p. p. -en): (۱) ثبوت دینا ؛ ثابت کرنا - (۲) (قدیم) آزمانا ؛ جانچنا ؛ امتحان کرنا (مثلاً *prove all things: hold fast that which is good*) - (۳) تصدیق کرنا ؛ توثیق کرنا ؛ صداقت کا ثبوت دینا (مثلاً *they should prove their loyalty*) - (۴) تجربہ کرنا ؛ تجربے سے معلوم کرنا (مثلاً *they only shall his mercy p.*) - (۵) (حساب میں) صحت کی جانچ کرنا - (۶) وصیت نامے کی تصدیق کرنا - (۷) (کسی تصویری پلیٹ وغیرہ کا) پروف نکالنا - (۸) ثابت ہونا ؛ نکلنا ؛ معلوم ہونا ؛ تجربہ ہونا ؛ تجربے سے معلوم ہونا ؛ تجربے سے ثابت ہونا -

he will p. the heir : وہ وارث نکلیگا -

he will p. to know nothing about it : تجربے سے معلوم ہوگا کہ اس کو اس کی بابت کچھ معلوم نہیں ہے -

provable, *a.* : قابل ثبوت ؛ ثابت شدنی ؛ جس کی صحت یا صداقت ثابت ہوسکے -

provableness, *n.* : قابلیت ثبوت ؛ ثابت ہونے کی قابلیت -

provably, *adv.* : قابل ثبوت طور پر ؛ ثابت شدنی طریقے سے -

Proveditor, provedore, *nn.* : (Venetian) (۱) وینیسی جمہوریہ کا ایک افسر - (۲) میر رسد ؛ میر ساماں؛ داروغۂ رسد -

Provenance, *n.* : (مقام) اصل ؛ (مقام) پیدائش ؛ (مقام) ساخت ، ماخذ وغیرہ (مثلاً *picture of doubtful p.* تصویر جس کی نسبت یہ معلوم نہیں کہ کہاں کی ہے) -

Provencal, *a.* & *n.* : (۱) پرو وینسل ؛ پرووینسلی ؛ پرووینسی - (۲) پرووینسی ؛ باشندۂ پرووینس ؛ زبان پرووینس -

Provender, *n.* : (۱) گھاس ؛ چارا ؛ علف - (۲) (مزاحاً) کھانا ؛ غذا -

Provenience, *n.* : = Provenance

Proverb, *n.* : (۱) ضرب المثل ؛ کہاوت ؛ مثل ؛ مقولہ ؛ کہن - (۲) ضرب المثلی ڈراما ؛ کہاوتی ناٹک یا ڈراما (خصوصاً فرانسیسی ڈراما جو کسی ضرب المثل پر مبنی ہو) - (۳) مثال؛ نمونہ ؛ زباں زد ؛ زباں زد خلائق - (۴) (جمع) حلقے یا دائرے کے بعض کھیل جو ضرب الامثال یا عام کہاوتوں سے کھیلے جاتے ہیں؛ کھیلنے والے ایک حلقے میں ہوتے ہیں اور ان سے کوئی کہاوت بجھائی جاتی ہے -

Book of Pp. : کتاب الامثال (عہد نامۂ عتیق کی ایک کتاب) -

he is a p. for inaccuracy : وہ عدم صحت میں ضرب المثل ہے ؛ اس کی عدم صحت زبان زد ہے -

he is foolish to a p. : اس کی بیوقوفی زبان زد خلائق ہوگئی -

their laziness is a p. : ان کی کاہلی زبان زد خلائق ہے -

Proverbial, *a.* : (۱) مثالی؛ مثیلی ؛ ضرب المثل ؛ ضرب المثلی؛ کہاوتی (مثلاً *p. wisdom* وہ عقل مندی جو ضرب الامثال میں پائی جاتی ہے) - (۲) مشہور ؛ مشہور عام ؛ شہرۂ آفاق ؛ زباں زد (عموماً) بد نام -

proverbiality, *n.* : شہرت ؛ بد نامی -

proverbially, *adv.* : ضرب المثل کے طور پر ؛ بطور ضرب المثل ؛ بموجب ضرب المثل -

Proviant, *n.* : رسد ؛ خصوصاً فوج کی رسد رسانی -

Provide, *v. i.* & *t.* : (۱) اہتمام کرنا ؛ تیاری کرنا (بچاؤ ، مہمان داری وغیرہ کی مثلاً *to p. against the danger of attack, I have provided for possible accidents*) - (۲) مہیا کرنا ؛ بہم پہنچانا ؛ تیار کرنا ؛ فراہم کرنا - (۳) (شخص ، قانون وغیرہ کا) مشروط کرنا ؛ قرار دینا (مثلاً *the law provides that*) - (۴) ضروریات بہم پہنچانا یا مہیا کرنا (کسی شخص کے لئے مثلاً کھانا ، پینا ، مکان وغیرہ) (مثلاً *he must p. himself*) - (۵) انتظام کرنا یا مہیا کرنا (خاص کر معاش کا اپنے یا اپنے خاندان کے لئے) (مثلاً *one must p. for one's children*) - (۶) (تاریخ) مقرر کرنا ؛ تقرر کرنا (کلیسائی خدمت پر) ؛ پوپ کا ایسی خدمت کا انتظام کرنا جو ابھی خالی نہیں -

providing (that) : بشرطیکہ -

Provided, *a.* & *conj* : (۱) امدادی ؛ امداد یافتہ (مثلاً *p. school* امدادی مدرسہ) - (۲) بشرطیکہ ؛ اگر (مثلاً

provided that all is safe بشرطیکہ سب کچھ محفوظ ہو ' اگر ہر شے محفوظ ہو) -

Providence, *n.* : (۱) دور بینی ؛ مآل اندیشی ؛ عاقبت بینی ؛ عاقبت اندیشی ؛ حزم و احتیاط ؛ بر وقت خیر داری - (۲) جز رسی ؛ کفایت شعاری - (۳) فضل الٰہی ؛ رزاقی ؛ پروردگاری - (۴) خدا -

special p. : خاص فضل الٰہی -

Provident, *a.* : (۱) دور بین ؛ مآل اندیش ؛ عاقبت بین ؛ عاقبت اندیش ؛ محتاط - (۲) جز رس ؛ کفایت شعار -

providently, *adv.* : دوراندیشانہ؛کفایت شعارانہ ؛ دوراندیشی سے ؛ کفایت شعاری سے -

Providential, *a.* : (۱) خدائی ؛ خداوندی ؛ من جانب اللہ - (۲) مساعد ؛ مبارک؛ بر محل -

providentially, *adv.*: خدائی طرف سے؛ من جانب اللہ ؛ بر محل ؛ خوش نصیبی سے -

Provider, *n.* : - فراہم کرنے والا؛ بہم پہنچانے والا ' مہیاکرنے والا وغیرہ -

lion's p. : گیدڑ ؛ شغال -

universal p. : ہمہ فروش تاجر -

Province, *n.* : (۱) (تاریخ روما) اٹلی کا بیرونی علاقہ جو گورنر رومی کے ماتحت ہو - (۲) صوبہ - (۳) (کلیسا) ضلع اسقفی؛ وہ ضلع جو اسقف اعظم یا میٹروپولیٹن کے ماتحت ہو - (۴) حلقۂ کار و بار ؛ حلقۂ اختیار؛ حلقۂ اثر وغیرہ (مثلاً *it is not within my p.*) - (۵) شعبۂ علم (مثلاً *this hardly falls within the p of philology*) - (۶) (بحالت جمع) راج دھانی یا دارالحکومت کے علاوہ باقی تمام ملک -

Provincial, *a. & n.* : (۱) متعلق بہ صوبہ ؛ صوبہ واری ؛ صوبہ جاتی - (۲) مقامی خیالات و حالات سے متعلق ؛ مقامی خیالات ' لب و لہجہ وغیرہ سے متاثر ' تنگ نظر ؛ تنگ خیال - (۳) اہل صوبہ ؛ ساکن صوبہ - (۴) (کلیسا) مذہبی رئیس صوبہ -

provincialist, *n.* : - اضلاع یا مضافات کا رہنے والا؛ دیہاتی باشندہ -

provinciality, *n.* : - مقامی پن ؛ تنگ نظری؛ تنگ خیالی -

provincialize, *v. t.* : دیہاتی بنا نا ؛ صوبہ جاتی یا صوبہ واری بنا نا (مثلاً *expenditure that was not Imperial was provincialized*) -

provincially, *adv.* : من حیثیت صوبہ ؛ صوبہ جاتی طور پر؛ صوبہ وار -

Provincialism, *n.* : (۱) صوبہ پرستی - (۲)صوبہ جاتی انداز ' طرز ' فیشن ؛ صوبہ جاتی طرز خیال - (۳) صوبہ جاتی محاورہ؛ کھڑی بولی (یعنی جو ٹکسال باہر ہو) -

Provision, *n. & v. t.* : (۱) فراہمی ؛ بہم رسانی ؛ سر براہی ؛ اہتمام - (۲) پیش بینی ؛ تیاری - (۳) (بحالت جمع) ذخیرہ؛ سامان ؛ اشیائے خورونوش - (۴) قانونی قرار داد یا گنجائش؛ قانونی دفعہ یا شرط (مثلاً *the pp. of a settlement*) (تاریخ) معاش کلیسائی پر تقرر؛ غیر خالی معاش کلیسا پر تقرر - (۶) اشیائے خور و نوش بہم پہنچانا ؛ سامان بہم پہنچانا ؛ ذخیرہ فراہم کرنا ' اسباب مہیا کرنا -

Pp. of Oxford : معاہدۂ آکسفورڈ؛ قوانین آکسفورڈ (وہ ہنگامی قوانین جو سائمن مونٹ فورٹ کی ہدایت پر انگلستان کے بیرنوں (barons)

نے بادشاہ کی مطلق العنانی روکنے کے لیے ۱۲۵۸ میں بنائے تھے) -

make p. : سامان بہم پہنچانا؛ ذخیرہ فراہم کرنا؛ تدبیر کرنا -

povisionless, *a.* : - بے سامان؛بےسروسامان؛ بلا سامان خورونوش -

provisionment, *n.* : فراہمی سامان -

provisional, *a.* : وقتی؛ وقتیہ ؛ عارضی ؛ ہنگامی ؛ چند روزہ ؛ قائم مقام -

provisionality, provisionalness , *nn.* : عارضی پن ؛ ہنگامی پن -

provisionally, *adv.* : عارضی طور پر ؛ ہنگامی طور پر ؛ چند روزہ -

Proviso, *n.* (pl. -oes) : شرط ؛ فقرۂ شرطیہ ؛ استثنا ؛ فقرۂ استثنائیہ (تلفظ پرووی زو) -

Provisor, *n.* : (۱) (تاریخ) صاحب پروانۂ تقرر (خصوصاً وہ شخص جسے پوپ نے پروانہ عطا کیا ہو اورجس کی رو سے خدمت معاش خالی ہونے پر اسے تقرر کا حق ہو جاتا ہو) - (۲) (کلیسائے رومن کیتھلک) و کار جنرل ؛ مددگار اسقف اعظم یا اسقف یا اس کا قائم مقام -

Statute of Pp. : قانون پروانۂ تقرر جس کی رو سے پوپ کو عطائے خدمت معاش کا اختیار نہ رہا تھا -

Provisory, *a.*: (۱) مشروط - (۲) = provisional

provisorily, *adv.*: (۱) مشروططورپر - (۲) = provisionally

Provocation, *n.* : التہاب ؛ اشتعال ؛ اشتعال طبعی؛ برانگیختگی؛ باعث یا وجۂ اشتعال طبع ؛ غیظ ؛ غضب؛ طیش -

he did it under severe p. : اس نے یہ کام سخت اشتعال کے عالم میں کیا -

Provocative, *a. & n.* : (۱) اشتعال انگیز؛ طیش آور ؛ ارادتاً بر انگیختہ کرنے والا - (۲) محرک یا ترغیب دینے والا (جیسے *vanity is another p. of lies*) -

Provoke, *v. t.* : (۱) غضبناک کرنا ؛ غصہ دلانا ؛ غیظ و غضب میں لانا ؛ طیش پیدا کرنا - (۲) بر انگیختہ کرنا ؛ اکسانا - (۳) بھڑکانا ؛ اشتعال دینا - (۴) آمادہ کرنا؛ ترغیب دینا؛ بہکانا ؛ ابھارنا ؛ للچانا - (۵) خفا کرنا ؛ بیزار کرنا ؛ چھیڑنا - (۶) باعث ہونا (جیسے *that will p. fermentation*) -

provoking, *a.* : اشتعال انگیز ؛ غیظ آور ؛ طیش آفرین ؛ تحریک دینے والا ؛ بر انگیختہ کرنے والا؛ غصہ دلانے والا وغیرہ-

provokingly, *adv.*: اشتعال انگیز طور پر؛ طیش دلاتے ہوئے؛ بیزار کرتے ہوئے وغیرہ -

Provost, *n.* : (جامعۂ آکسفورڈ ' کیمبرج وغیرہ کے بعض کالجوں کا) پرووسٹ ؛ صدر کلیہ - (۲) (تاریخ) کسی مذہبی جماعت کا سردار؛ پیشوا - (۳) بلدیۂ اسکاچستان کا میر بلدہ (بعض شہروں میں Lord p. کہتے ہیں) - (۴) کلیسائے جدید میں میر کلیسا - (۵) (جرمنی وغیرہ میں کلیسائے پروٹسٹنٹ کا) میر کلیسا -

p. marshal : (۱) پرووسٹ مارشل ؛ فوجی کوتوال (چھاؤنی میں یا جنگ میں) - (۲) دوران جنگ میں صدر کوتوالی - (۳) اس جنگی جہاز کا میر اسلحہ جس پر جنگی عدالت کا اجلاس ہو - (۴) بعض نو آبادیوں کا افسر پولیس - (۵) (فرانس میں) نیم فوجی افسر -

p.- sergeant : فوجی کوتوالی کا سارجنٹ -

Provostship, *n.* : عہدۂ پرووسٹ ؛ منصب پرووسٹ -

Prow, *n.* : (۱) جہاز یا کشتی کا پیش - (۲) (حیوانیات) آگے کا ابھار -

Prow, *a.* : (قدیم) لایق ؛ قابل ؛ اهل ؛ بہادر ؛ دلیر ؛ سورما -

Prowess, *n.* : بہادری ؛ جواں مردی ؛ شجاعت ؛ دلیری ؛ جرأت ؛ همت -

Prowl, *v. i. & t. & n.* : (۱) پھرنا ؛ ادھر اُدھر پھرنا خصوصاً کسی چیز کی تلاش میں ؛ شکار یا لوٹ کی تلاش یا جستجو میں پھرنا ؛ شکار یا لوٹ ڈھونڈھتے پھرنا - (۲) (مجازاً) اس طرح (کسی جگہ ؛ گلیوں وغیرہ میں) پھرنا - (۳) (*n.*) شکار یا لوٹ کی جستجو میں پھرنا ؛ تگ و دو ؛ تجسس ؛ تلاش -

on the p. : لوٹ یا شکار کی تلاش میں پھرتا ہوا ؛ تگ و دو میں ؛ کوچہ گردی میں -

prowler, *n.* : (۱) شکار یا لوٹ کی تلاش میں پھرنے والا ؛ کوچہ گرد - (۲) پچھلگو ؛ طفیلی - (۳) چور ؛ لٹیرا ؛ دغا باز -

Proximal, *a.* : (تشریح) قریبی ؛ اِتصالی ؛ جو کسی جسم کے مرکز کی طرف یا نقطۂ اتصال کے رخ واقع ہو -

proximally, *adv.* : مرکزی مقام پر -

Proximate, *a.* : (۱) نزدیک ترین ؛ قریب ترین (زمان ؛ مکان ؛ ترتیب ؛ سلسلۂ خیال وغیرہ میں) - (۲) = approximate -

proximately, *adv.* : متعلق فعل صفت کے معنوں میں -

Proxime accessit, *sent., & n.* : (۱) (فہرست میں انعام جیتنے والے کے بعد کا نام) وہ انعام یاب کے بالکل لگ بھگ پہنچ گیا ؛ اس میں اور انعام جیتنے والے میں ذراسا فرق رہا - (۲) (*n.*) شخص جو انعام جیتنے والے کے لگ بھگ ہو ؛ انعام جیتنے والے کے لگ بھگ ہونا (مثلاً *I was, he got a, p. a.*)

Proximity, *n.* : قرب ؛ نزدیکی (مکان ؛ زمان وغیرہ میں) (*p. to*) -

p. of blood : خویشی ؛ قرابت -

Proximo, *a.* : (مخفف *prox.*) ماہ آئندہ کا ؛ اگلے مہینے کی (مثلاً *the 4 th prox.*) -

Proxy, *n.* : (۱) نیابت ؛ وکالت (مثلاً *married, voted, by p.* نیابتاً شادی کی رائے دی) - (۲) وکیل ؛ نائب ؛ مختار (مثلاً *he made me his p.*) - (۳) عوضی نامہ ؛ تحریر جس کی رو سے کسی شخص کو کسی اور شخص کی طرف سے رائے دینے کی اجازت دی جائے ؛ رائے جو اس طرح دی جائے - (۴) (بطور صفت کے) عوضی ؛ جو نیابتاً کیا گیا ہو ؛ جو وکیل کے ذریعے دیا گیا ہو -

Prude, *n.* : وہ عورت جو اپنی بات چیت ؛ نشست برخاست اور برتاؤ میں بہت بنتی ہو ؛ لئے دیے ؛ چھِمنا (چھِنال) ؛ وہ عورت جو جنسی تعلقات میں حد سے زیادہ اور بیجا طور پر محتاط ہو -

prudery, prudishness, *nn.* : بناوٹی شرم و حیا ؛ جنسی تعلقات میں بیجا طور پر محتاط ہونا وغیرہ -

prudish, *a.* : بناوٹی شرم والی ؛ جنسی تعلقات میں بیجا طور پر محتاط -

prudishly, *adv.* : متعلق فعل اسم کے معنوں میں -

Prudent, *a.* : ہوشیار ؛ زیرک ؛ چوکس ؛ مصلحت اندیش ؛ دانا ؛ محتاط -

prudence, *n.* : چوکسی ؛ ہوشیاری ؛ زیرکی ؛ مصلحت اندیشی ؛ احتیاط وغیرہ -

prudently, *adv.* : ہوشیاری سے ؛ مصلحت اندیشی سے ؛ احتیاط سے وغیرہ -

Prudential, *a. & n.* : (۱) محتاط ؛ زیرکانہ ؛ مصلحت اندیشانہ ؛ دور اندیشانہ ؛ عاقلانہ - (۲) (جمع) معاملات ؛ حزم و احتیاط -

p. motives, policy : محتاط مقاصد (منشا) ؛ محتاط مصلحت -

prudentialism, *n.* : احتیاط کوشی ؛ احتیاط کشی ؛ اصول احتیاط -

prudentialist, *n.* : احتیاط کوش ؛ احتیاط مند ؛ احتیاط پرست -

prudentially, *adv.* : احتیاطاً ؛ از روے احتیاط ؛ از راہ عاقبت اندیشی -

Prud' homme, *n.* : اس فرانسیسی عدالت کا رکن جو مزدوروں کے معاملات کے تصفیے کے لئے قائم کی گئی تھی -

Pruinose, *a.* : (تاریخ طبیعی) پالا مارا ؛ کہرزدہ ؛ کہرآلود ؛ لونی لگا -

Prune, *n.* : (۱) پرون ؛ خشک آلو بخارا ؛ آلوچہ وغیرہ - (۲) (خصوصاً ؛ مجازاً) ارغوانی رنگ -

pp. and prism : چبا چبا کر بات کرنے کا انداز -

Prune, *v. t.* : (اکثر *p. down*) چھانٹنا (درختوں وغیرہ کی بڑھی ہوئی شاخیں) ؛ تراشنا ؛ قطع برید کرنا ؛ کاٹ چھانٹ کرنا ؛ کاٹ چھانٹ کر آراستہ کرنا - (۲) (*p. off, away*) (شاخیں ؛ ٹہنیاں وغیرہ) کاٹنا ؛ چھانٹنا - (۳) (مجازاً) (کتاب وغیرہ کو حشو و زوائد سے) ستھرا کرنا -

pruning-hook : شاخ تراش (قینچی) -

Prune, *v. t.* : (شاذ) = Preen

Prunella, *n.* : ایک قسم کا ریشمی کپڑا جس کے پہلے بیرسٹروں کے گون بنتے تھے بعد میں زنانہ جوتے کی اوپی کے لئے استعمال ہونے لگا -

leather & p. : دیکھو Leather -

Prunella, *n.* : (۱) ایک گلے کا عارضہ جس سے بخار بھی آتا ہے - (۲) ایک قسم کا درخت جو دوا کے کام آتا ہے -

p. salt : ایک شورہ دار دوا ہے جو اس عارضہ کے لئے مفید ہوتی ہے -

Prunello, *n.* : بہترین قسم کا پرون (prune) جو گرین گیج سے بنایا جاتا ہے -

Prunt, *n.* : آرایشی شیشے کا ٹکڑا جو کسی آرایشی ظرف (مثلاً گلدان وغیرہ) پر رکھا جاتا ہے -

Prurient, *a.* : (۱) فحش خیالات کا دلدادہ ؛ دل میں گندے خیالات پالنے والا ؛ نفس پرست ؛ ہوسناک ؛ شہوت انگیز - (۲) (شاذ) راز جوئی کی چل رکھنے والا ؛ معیوب خواہشیں رکھنے والا -

prurience, -ency, *nn.* : ناپاک خیالات کی طرف میلان ؛ چل ؛ دل میں گندے خیالات پالنا وغیرہ -

pruriently, *adv.* : فحش خیالی سے ؛ ناپاک خواہشوں سے بیتاب ہوکر وغیرہ -

Prurigo, -itus, *nn.* : ایک جلد کی بیماری جس میں شدید خارش ہوتی ہے -

pruriginous, *a.* : خارشی ؛ کھجلی دار وغیرہ -

Prussian, *a. & n.* : (۱) پرشیائی - (۲) اہل پرشیا ؛ باشندۂ پرشیا -

P. blue : پرشیائی نیلا رنگ -

P. brown : پرشیائی بھورا رنگ -

P. green : پرشیائی سبز رنگ -

P. carp : پرشیائی (یعنی چھوٹی قسم کی) کارپ مچھلی -

Prussianize, *v.t.* پرشیانا ؛ پرشیائی بنا نا ؛ پرشیائی رنگ میں رنگنا یعنی اس اصول میں جذب کرلینا کہ قوم کی خاطر افراد کا قربان کردینا روا ہے -

Prussic, *a.* :- پرشیائی نیلے رنگ سے متعلق یا اُس سے نکلا ہوا -
p. acid - (hydrocyanic acid =) ایک زہریلی دوا کا نام
Pry, *v. i.* : (۱) (اکثر *into*, *about* کے ساتھ) دیکھنا ؛ تاکنا ؛ جھانکنا ؛ تاک جھانک کرنا ؛ غور سے دیکھنا - (۲) (*p. into*) (کسی کے معاملات وغیرہ کی خواہ مخواہ) ٹوہ لگانا ؛ تفتیش کرنا ؛ دریافت کرنا ؛ معلوم کرنا ؛ راز جوئی کرنا .
prying, *a.* : - تاک جھانک کرنے والا ؛ تاکنے والا ؛ ٹوہ لگانے والا ؛ رازجو -
pryingly. *adv.* : متجسسانہ طور سے ؛ راز جویانہ طریقہ سے ؛ جاسوسانہ طرز سے -

Prytaneum, *n.* : (یونانی قدیمیات) دیوان عام ؛ خصوصاً سفیروں اور امیروں ' سینٹ کے صدر اور خاص معزز اور سربرآوردہ حضرات کے استقبال کا کمرہ -

Psalm, *n.* : بھجن ؛ مناجات -
the Pp. : حضرت داؤد کے بھجن یا مناجاتیں -
the Book of Pp. : مناجات نامہ ؛ وہ کتاب جس میں حضرت داؤد کی مناجاتیں ہوں -
Pp. of David : مزامیر داؤد ؛ کتاب زبور -
p. -book مزامیر نامہ ؛ مناجات نامہ -
Psalmist, *n.* : مصنف زبور ؛ کتاب مناجات -
the P. : داؤد ؛ مصنف زبور -
Psalmody, *n.* : (۱) مناجات گانے کا فن یا مشق خصوصاً جماعت کی عبادت میں - (۲) مناجات کی ترتیب گانے کے خیال سے -
psalmodic, *a.* بھجن سرایانہ -
psalmodist, *n.* : بھجن خواں ؛ مناجات خواں -
psalmodize, *v. t.* : بھجن گانا -
Psalter,*n.* : کتاب زبور ' اس کا کوئی نسخہ (مثلاً *Latin, English, Prayer -book, Scotch Merical, P.*
Psaltery,*n.* : سرود' ستار وغیرہ ؛ قدیم اور وسطی زمانے کا باجا جو انگلی مضراب کے ذریعے بجتا تھا -
Psephism, *n.* : (عتیقیات یونان) ڈگری بذریعہ رائے عامہ ؛ وہ ڈگری جو عامتہ الناس (خصوصاً اہل ایتھنز) کی رائے پر مبنی ہو -
Pseudechis, *n.*: (حیوانیات) ایک قسم کا زہریلا سانپ ؛ افعی -
pseudechic, *a.* : افعیانہ -
Pseudepigrapha, *n.* pl.: جعلی تصنیفات ' خصوصاً یہودیوں کی بعض غیر مستند تصنیفیں جو عہد عتیق کے انبیا وغیرہ کی طرف منسوب کی جاتی ہیں -
pseudepigraphic (al),**pseudepigraphal**, *aa.*: مصنوعی ؛ جعلی ؛ نقلی ۔
Psued(o)- : (سابقہ بمعنی) نقلی' جعلی' بے اصل ' ادعائی' بظاہر وغیرہ مثلاً :-
pseudo -archaic : جعلی قدیم ؛ قدیم نما -
pseudo -archaism : مصنوعی قدامت پسندی -
pseudo-archaist : جعلی قدیم چیزیں بنانے والا یا استعمال کرنے والا ؛ مصنوعی قدیم الفاظ ایجاد یا استعمال کرنے والا -
pseudo- carp کاذب ثمر ؛ جھٹپھل ۔

pseudo -catholic : مصنوعی کیتھلک مدعی کیتھلک -
pseudo -Christ : مسیح کاذب ؛ مسیح ہونے کا مدعی -
pseudo -Christian : کاذب مسیحی ؛ نقلی عیسائی ؛ جھوٹ موٹ کا عیسائی -
pseudo -classic : جعلی یا مصنوعی کلسک ؛ جو غلطی سے کلسک سمجھ لیا گیا ہو -
pseudo -Gothic : کاذب یا مصنوعی گوتھی طرز -
pseudo -martyr : جعلی شہید ؛ کاذب شہید -
pseudo-patient : کاذب مریض ؛ بنا ہوا مریض ؛ جھوٹ موٹ کا بیمار -
pseudo -prophet: نقلی نبی ؛ مصنوعی پیغمبر ؛ رسول کاذب ؛ جھوٹا اوتار
Pseudograph, *n.* : جعلی تصنیف (یعنی کسی کی تصنیف کسی دوسرے کے نام سے منسوب) -
Pseudologer, *n.* : (مزاحاً) ماہر کاذب ؛ دروغ باف -
pseudological, *a.* : کاذبانہ ؛ دروغ بافانہ -
pseudologist, *n.* : کذب پیشہ ؛ دروغ کیش -
Pseudomorph,*n.* : (۱) صورت حرام ؛ کاذب نما (شکل یا شے) - (۲) (معدنیات) بلور وغیرہ جس میں ایک معدنی چیز کی شکل و صورت کسی اور معدنی چیز سے مشابہ ہو
pseudomrophic, **pseudomorphous**,*aa.* : متعلق بہ صورت حرام ؛ صورت حرام کا ؛ کاذب نمایانہ -
pseudomorphism, *n.* : کاذب صورتی ؛ کاذب نمائی -
pseudomorphosis, *n.* :- تقلیب بہ کاذب صورتی ؛ قلب ہئیت
Pseudonym, *n.*: فرضی نام خصوصاً وہ جو کوئی مصنف اختیار کرے -
Pseudonymous, *a.* : (۱) فرضی نام کا (مضمون یا تحریر) - (۲) فرضی یا مصنوعی نام کا (مصنف) ؛ دوسرے کے نام سے تصنیف کی ہوئی -
pseudonymity, *n.* : فرضی نام اختیار کرنا ؛ فرضی نام سے معروف ہونے کی عادت -
Pseudoscope,*n.*: معکوس نما ؛ ایسا آئینہ جس میں مقعر محدب اور محدب مقعر نظر آئے -
pseudoscopic, *a.* : معکوس نما -
Pshaw, *int. n. & v. i. & t.*: (۱)(کلمۂ تحقیروغیرہ) چھی ؛ چھی ؛ چھی ؛ تھو (مثلاً *he answered us with an angry p.*) - (۲) چھی چھی کرنا - (۳) اظہار حقارت کرنا -
Psi, *n.* : یونانی حروف تہجی کا حرف = ps -
Psilanthropism, *n.* یہ عقیدہ کہ حضرت عیسی انسان محض تھے ؛ عقیدۂ انسانیت مسیح -
psilanthropic,*a.* : متعلق بہ عقیدۂ انسانیت مسیح -
psilanthropist,*n.*: عقیدۂ انسانیت مسیح کا قایل -
Psilosis, *n.*: (۱)(مرضیات) ازالۂ شعر ؛ بال اڑانا - (۲) = sprue -
Psittacine, *a.*: طوطے کا ؛ طوطے جیسا ؛ طوطی صفت ؛ طوطی وش -
Psoas, *n.* : عضلۂ خصریہ -
p. magnus : خصریۂ کبیرہ -
p. parvus : خصریۂ صغیرہ -
Psora,*n.* : کھجلی ؛ خارش -
Psoriasis, *n.* سرخ باد (ایک قسم کا جلدی مرض جس میں

بدن پر سرخ چکتے پڑ جاتے ہیں) -

Psyche, *n.* : (۱) روح ' نفس [جو یونانی دیومالا میں تجسیماً جوان حسینہ کے طور پر ظاہر کی جاتی ہے اس کے بازو تتلی کے پروں کے سے ہیں اور دوام و ہمیشگی کی علامت سمجھے جاتے ہیں *Eros* (کام دیو یا دیوتائے عشق) کی معشوقہ مانی جاتی ہے] - (۲) روز پرواز ؛ پروانے کی ایک قسم -

Psychiater, *n.* : معالج امراض دماغی ؛ دماغی امراض کا طبیب -

psychiatric(al) *aa.* : متعلق بہ معالجۂ دماغی ؛ دماغی معالجہ کا -

psychiatrist, *n.* : معالجۂ دماغی کا محقق یا پروفیسر -

psychiatry, *n.* : طب دماغی ؛ امراض دماغی کا معالجہ ؛ دماغ کا طبی معالجہ -

Psychic, *a.* & *n.* : (۱) روحانی ؛ نفسی - (۲) معمول ؛ واسطہ ؛ ذریعہ (وہ شخص جو روحانی قوت سے جلد متاثر ہوجاتا ہے)- (۳) (بحالت جمع) نفسیات ؛ علم النفس ۔

p. force : روحانی قوت -

Psychical *a.* : متعلق بہ روح ، نفسی ؛ روحانی ؛ روحانی کرشموں سے متعلق -

p. research : نفسی تحقیق ؛ نفسیاتی تحقیقات -

psychically, *adv.* : نفسی طور پر ؛ روحانی طور پر -

psychicism, *n.* : عقیدۂ وجود روح -

psychicist, *n.* : (۱) روحانی قوت کا قائل - (۲) روحانیات کا محقق -

Psycho-: (سابقہ بمعنی) روح ' نفس مثلاً :-

psycho-analysis : تحلیل نفسی -

psycho-dynamic : متعلق بہ قوائے نفسی -

psycho-dynamics : علم قوائے نفس -

psycho-genesis, p. -gony : ابتدائے روح ؛ ابتدائے نفس ؛ ارتقائے نفس -

psycho-genetical, -gonical : متعلق بہ ابتدائے روح -

psycho-gram : تحریر ارواحی (تحریر یا پیغام جس کی نسبت یہ خیال کیا جائے کہ کسی روح سے یا روحانی ذریعے سے حاصل ہوا ہے)-

psycho-graph : روح نگار ؛ روحانی خبر قلم بند کرنے کا آلہ -

psycho-graphy : (۱) روح نگاری - (۲) تاریخ نفسیات -

psycho-mancy : (۱) ارواح کے ذریعے پیشین گوئی - (۲) ارواح کا باہمی ملاپ، تعلق یا ان کی منطقی خبر رسانی -

psycho-metry : نفس پیمائی ؛ ذہن پیمائی ؛ دماغ پیمائی ؛ مادی تعلقات کے ذریعے کسی شخص یا شے کے خواص یا صفات کا دریافت کرنا ؛ خواص یابی (ج) -

psycho-metric, -metrical : خواص یابی کا یا اس کے متعلق -

psycho-motor : محرک قوائے نفسانی -

psycho-neurosis : خلل اعصاب متعلق بہ نفس ؛ ایک دماغی مرض ہے جس کی وجہ سے جذبات اور قوت ضبط وقابو میں توازن باقی نہیں رہتا -

psycho-path : دماغی مریض ؛ خلل دماغ کا مریض -

psycho-pathic : (۱) متعلق بہ امراض دماغی - (۲) دماغی مریض -

psycho-pathist : دماغی امراض کا طبیب

psycho-pathology : علم امراض دماغی -

psycho-pathy : دماغی عارضہ ؛ نفسی عارضہ -

psycho-phys[illegible] : علم تعلق جسم و نفس -

psycho-physical : نفسیات طبیعی -

psycho-physicist : نفسی طبیعیاتی ؛ ماہر [illegible] -

psycho-physiology : نفسی عضویات -

psycho-physiological : نفسی عضویاتی -

psycho-physiologist : نفسی عضویات داں ؛ ماہر نفسی عضویات -

psycho-therapeutic : نوم توجہی علاج کا یا اس کے متعلق -

psycho-therapy : علاج بذریعہ عمل توجہ ؛ نوم توجہی علاج -

Psychological, *a.* : نفسی ؛ دماغی ؛ ذہنی -

p. moment : نقطہ ؛ عین وقت ؛ مناسب وقت (وہ وقت جو کسی واقعہ وغیرہ کا دل پر اثر کرنے کے لئے نہایت موزوں ہو)

psychologically, *adv.* : نفسیاتی طور پر ؛ (مزاحاً) عین وقت پر ؛ نقطہ پر ؛ نازک موقع پر -

Psychology, *n.* : نفسیات ؛ علم النفس -

psychologist, *n.* : نفسی ؛ ماہر نفسیات ؛ روحانیات داں -

psychologize, *v. t.* & *i.* : نفسیات کا مطالعہ کرنا ؛ نفسیات سے بحث کرنا ؛ نفسیات کی رو سے بحث کرنا -

Psychosis, *n.* : نفسی مرض ؛ دماغی عارضہ -

Psychrometer, *n.* : برودت پیما ؛ برودت یبوست پیما -

Ptarmigan, *n.* : بھٹ تیتر کی قسم جس کے پر گرمی میں سیاہ و سبز ہوتے ہیں اور سردی میں سفید -

Pteridology, *n.* : فرن (Fern) کا علم -

pteridological, *a.* : متعلق علم فرن -

pteridologist, *n.* : فرنوں کا عالم ؛ ماہر علم فرن -

Ptero- : (سابقہ بمعنی) بازو مثلاً :-

pterodactyl : پر دار حشرات الارض ' یہ ایک قسم کا ذوالجناح حشرات الارض تھا جو اب معدوم ہے -

pterography : ترو فرافیہ ؛ پروں کا علم ؛ وہ علم جس میں پروں کا بیان ہو -

pterographic (al) : ترو فرافی ؛ ترو فرافی کے متعلق -

pteropod : گھونگا جس کے پر کا درمیانی حصہ پھیل کر دو پر دار گوشوں کی صورت میں بدل گیا ہو -

pterosaur : ایک قسم کی پردار چھپکلی تھی جو اب معدوم ہے -

Pteropus, *n.* (pl. *-pi*) : = flying fox

Pterygoid, *a.* : پر نما ؛ بازو نما -

P. process : بازو نما ابھار ؛ بازو نما جوڑ -

pterygo- : (جز ترکیبی بمعنی) بازو نما -

Ptisan, *n.* : آش جو -

Ptolemaic, *a.* (۱) بطلیموسی ؛ متعلق بطلیموس (بطلیموس سکندریہ کا زبردست ہیئت داں جو دوسری صدی میں گزرا ہے) - (۲) خاندان بطلیموسی کا رکن جنہوں نے اسکندر اعظم کی وفات سے لے کر کلو پیٹرا کے زمانے تک مصر پر حکومت کی تھی -

P. system : نظام بطلیموسی ؛ بطلیموس کا نظام ہیئت (جس میں زمیں ساکن مانی گئی تھی) -

Ptomaine, *n.* : پتو میں ؛ مادۂ عفونت (جو جانداروں اور نباتات کے سڑنے سے پیدا ہوتا ہے) -

p. poisoning : عفونتی زہر -

Ptosis, *n.* : استرخائے جفن بالا ؛ اوپر کے پپوٹے کا استرخا -

Pub, *n.* : (بول چال) سرائے ' بھٹیار خانہ وغیرہ (جہاں قیام وطعام کے ساتھ شراب بھی مہیا کی جاتی ہو) -

Puberty, *n.* : عمر بلوغ ؛ سن بلوغ ؛ سیان پن -

age of p. : صر بلوغ ؛ سن بلوغ (ازروئے قانون انگلستان ذکور کے لیے ۱۴ سال اناث کے لیے ۱۲ سال) -

Pubescence, *n.* : (۱) سن بلوغ کو پہنچنا - (۲) رواں (نباتات نیز جانوروں کا) ؛ روئیں داری -

pubescent, *a.* : روئیں دار -

Public, *a.* & *n.* : (۱) عام ؛ متعلق بہ خلق اللہ ' عامۃ الناس یا جمہور (مثلاً *p. utility.* رفاہ عام ؛ *p. holiday* عام تعطیل) - (۲) علانیہ (مثلاً *gave it p. utterance; made a p. protest*) - (۳) عامۃ الناس یا خلق اللہ کے متعلق ؛ خلق اللہ کی خدمت میں مصروف (مثلاً *p. man, p. life*) - (۴) بین الاقوامی (مثلاً *proscribed Napoleon as a p. enemy*) - (۵) عام لوگ (کسی علاقے یا قوم کے) (مثلاً *p. is the best judge, are the best judges*) -

a p. man : قومی خادم ؛ قومی کارکن -

he gave it p. utterance : اس نے علانیہ اس کا اظہار کیا -

he made a p. protest : اس نے علانیہ احتجاج کیا -

in p. : علی الاعلان ؛ علانیہ ؛ کھلم کھلا -

notary p. ; ناظر ؛ رجسٹری -

p. act : (پارلیمنٹ) پبلک ایکٹ ؛ قانون عام ؛ قانون عامہ ؛ قانون متعلق عامۃ الناس -

p. assembly : جماعت عامہ -

p. baths : عام غسل خانے (جو سب کے لئے ہیں) -

p. bill : پبلک بل ؛ مسودۂ عام ؛ مسودۂ عامہ ؛ مسودہ متعلق عامۃ الناس -

p. education : تعلیم عامہ

p. examination : امتحان جامعہ ؛ یونیورسٹی کا امتحان -

p. house : دارالاقامہ ؛ سرائے (جہاں طعام و قیام کے علاوہ شراب بھی ملتی ہو) -

p. library : عام کتب خانہ -

p. life : قومی زندگی (وہ زندگی جو خلق کی خدمت میں صرف ہو) -

p. offence : جرم خلاف عامۃ الناس -

p. opinion . رائے عامہ -

p. orator, p. lecturer : (جامعات) یونیورسٹی کا لکچرار ؛ جامعہ کا لکچرار -

p. prosecution : سرکاری مقدمہ ؛ فوج داری مقدمہ ؛ سرکاری استغاثہ -

p. prosecutor : سرکاری وکیل ؛ پیروکار سرکاری -

p. road : شارع عامہ ' عام سڑک -

p. school : پبلک اسکول ؛ وہ مدرسہ جو پبلک کے انتظام میں ہو ؛ خصوصاً ان اعلی مدارس میں سے ایک جن میں عموماً مقیم طلبہ لئے جاتے ہیں اور ان کو جامعات یا کسی پیشے کی تعلیم کے لئے تیار کیا جاتا ہے یہ مدارس ذاتی یا خانگی مفاد کی خاطر قایم نہیں ہوتے ان کے انتظام میں سینیر طلبہ مدد کرتے ہیں یہ مدارس Private اور Preparatory مدارس سے مختلف و ممیز ہوتے ہیں -

p. spirit : حب وطن ؛ حب الوطنی -

p.-spirited : وطن پرست ؛ محب وطن -

p.-spiritedly : از راہ حب وطن ؛ حب وطن کے جوش میں -

p. spiritedness : وطن پرستی ؛ حب وطن کا جوش -

p. utility societies : انجمن ہائے رفاہ عام ؛ انجمن ہائے اتحادی جو سکونتی مشکلات کو حل کرتی ہیں -

publicity, *n.* : تشہیر ؛ شہرت ؛ اشاعت ؛ اشتہار -

publicly, *adv.* : عام طور پر ؛ علانیہ ؛ علانیہ طور پر -

Publican, *n.* : (۱) (تاریخ روما اور انجیل) محصول وصول کرنے والا ؛ ٹیکس وصول کرنے والا - (۲) شراب فروش ؛ سرائے والا -

Publication, *n.* : (۱) اشاعت ؛ اشتہار ؛ تشہیر - (۲) اشاعت کتاب وغیرہ - (۳) کتاب ' تصنیف و تالیف -

Publicist, *n.* : (۱) مصنف قانون بین الاقوامی - (۲) ماہر قانون بین الاقوامی - (۳) اخبارنویس ؛ جرنلسٹ ؛ ملکی معاملات پر لکھنے والا -

publicism, *n.* : اخبار نویسی وغیرہ -

publicistic, *a.* : اخبار نویسانہ -

Publish, *v. t.* : (۱) شائع کرنا ؛ مشتہر کرنا ؛ مشہور کرنا - (۲) چھاپنا ؛ اشاعت کرنا - (۳) تشہیر کرنا ؛ اعلان کرنا ؛ منادی کرنا - (۴) (نکاح کا) پہلے سے اعلان کرنا (مثلاً *to p. the banns of marriage*) -

publishable, *a.* : قابل نشر و اشاعت ؛ قابل اشاعت -

Publisher, *n.* . ناشر ؛ شائع کنندہ ؛ پبلشر -

Puccoon, *n.* : پوکون ' شمالی امریکہ کا درخت جس سے سرخ و زرد رنگ حاصل ہوتا ہے -

Puce, *a.* : ارغوانی بھورا -

Puck, *n.* : پک ؛ شریر بھتنا ؛ شریر ' چنچل پری بچہ ؛ (مجازاً) شریر بچہ -

puckish, pucklike, *aa.* : بھوت جیسا ؛ جن صفت -

Puck, *n.* : مویشیوں کی ایک بیماری جو nightjar سے منسوب کی جاتی ہے -

Puck, *n.* : ربڑ قرص ؛ ربڑ کی گیند (جو کینیڈا میں برف پر ہاکی کھیلنے میں کام آتی ہے) -

Pucka, pakka, *aa.* : (۱) پکا (ہندی) ؛ ٹھوس ؛ (۲) اصل ؛ خالص - (۳) مستقل -

Pucker, *v. i.* & *t.* & *n.* : (۱) سکڑنا ؛ شکن پڑنا - (۲) چیں بہ جبیں ہونا - (۳) شکن ڈالنا ؛ تہ ڈالنا ؛ چنٹ ڈالنا ؛ چننا - (۴) شکن ؛ چین ؛ تہ -

puckery, *a.* : پرشکن ؛ چین دار ؛ تہ دار ؛ تہ بر تہ -

Pud, *n.* : (بچوں کی بولی) بچے کا ہاتھ ؛ جانور کا اگلا پاؤں -

Pudding, *n.* : (۱) پڈنگ ؛ پوڈنگ (مثلاً *batter, bread &- butter, plum, p.*) - (۲) امعائی پوڈنگ (جس میں سور کی آنتیں وغیرہ ہوتی ہیں) - (۳) پوڈنگی یا پوڈنگ نما شے - (۴) کیجی وغیرہ (جو چور اور نقب زن سگ دربان کے آگے ڈال دیتے ہیں) -

hasty p. . دیکھو Hasty -

more praise than p. : فائدہ کم تعریف زیادہ -

pudding, puddening : (۱) (جہازرانی) گدی ؛ رگڑروک گدی - (۲) رسیاں جو مستول کے گرد بطور سہارے کے باندھ دی جاتی ہیں -

p.-cloth : پوڈنگی کپڑا ؛ وہ کپڑا جس میں پوڈنگ کے اجزا ابالنے کے لئے باندھ دیے جاتے ہیں -

p. face : بڑا موٹا چہرہ ؛ پھولا ہوا چہرہ -

p.-head : احمق ؛ سادہ لوح -

the proof of the p. (is in the eating) : دیکھو Proof -

Yorkshire p. . دیکھو Yorkshire

p. -heart : کم پوک ؛ بز دل -
p. pie : ایک قسم کی مٹھائی (پیسٹری) -
p. -stone : گول سنگ ریزوں کی مخلوط چٹان -
puddingly, a. : پوڈنگی ؛ پوڈنگ صورت ؛ پوڈنگ صفت -

Puddle, n. : (۱) جوہڑ ؛ ڈبرا - (۲) (بول چال) بد نظمی ؛ ابتری ؛ گڑ بڑ ؛ گڈ مڈ - (۳) گارا ؛ ریت اور چکنی مٹی کا گارا۔
puddly, a. : (۱) میلا ؛ گدلا ؛ مکدر - (۲) جس میں بہت سے جوہڑ یا ڈبرے ہوں -

Puddle, v. t. & i. : (۱) چھپ چھپ کرنا ، چھینٹیں دینا ؛ چھینٹیں اڑانا ؛ کیچڑ میں لوٹنا - (۲) بے تمیزی سے کوئی کام کرنا - (۳) گدلا کرنا ؛ مکدر کرنا ؛ پانی کو خراب کرنا (نیز مجازاً) - (۴) گارا گھولنا ؛ گارا کرنا - (۵) گارا بھر کر بند روک کر دینا - (۶) پگھلے ہوئے لوہے کو ہلا کر متورق یا لوچ دار بنانا -
puddler, n. : گارا گھولنے والا ؛ پگھلا ہوا لوہا ہلانے والا ؛ لوہا ہلانے کی مشین -

Pudency, n. : شرم ؛ لحاظ ؛ حیا ؛ غیرت ؛ لاج -
***Pudendum*, n. (pl. *-da*)** : شرم گاہ ؛ ستر ؛ عضو تناسل ؛ مقام مخصوص -
pudendal, pudic, aa. : متعلق بہ ستر -

Pudge, n. : (بول چال) پست قد ، فربہ آدمی یا جانور یا لحیم شحیم موٹا تازہ آدمی یا جانور یا کوئی شے -
pudgy, a. : فربہ ؛ موٹا تازہ ؛ لحیم شحیم -

Pudsy, a. : گل گدا ؛ گداز ؛ موٹا تازہ -

***Pueblo*, n.** : ہسپانی شہر یا گاؤں ، خصوصاً امریکہ کے اصلی باشندوں کی نو آبادی -

Puerile, a. : طفلانہ ؛ رکیک ؛ سبک ؛ چھچھورا -
p. breathing : ایسا تنفس جس میں ایسی آواز نکلے جو اکثر بچوں کے تنفس میں ہوتی ہے (بالغوں میں یہ بیماری کی علامت ہے) -
puerilely, adv. : طفلانہ طور پر ؛ رکیکانہ طور پر ؛ سبکی سے -
puerility, n. : بچپن ؛ چھچھورپن ؛ رکاکت -

Puerperal, a. : زچگی کا ؛ زچگی سے متعلق -

Puff, n. : (۱) جھونکا ؛ ہوا کا جھونکا ؛ سانس ؛ پھونک - (۲) سانس یا پھونک کی آواز - (۳) بھاپ یا دھوئیں کی اتنی مقدار جو ایک بار نکلے - (۴) نرم ، گول (پھولی ہوئی) آرائش کی چیز لباس میں یا بالوں وغیرہ میں جیسے آستینوں یا دامن میں جھالر یا چوٹی اور بالوں میں بہت سے پر یا فیتے وغیرہ - (۵) روئیں دار گدی (پاؤڈر وغیرہ لگانے کی) - (۶) ایک قسم کی ہلکی پھلکی پیسٹری - (۷) مبالغہ آمیز تعریف (کتاب کی) یا مبالغہ آمیز اشتہار (سودا گر کے مال کا) -
powder-p. : پاؤڈر کی گدی (جسم پر پاؤڈر لگانے کے لئے) ؛ سفوف پاش -
p.-adder : ایک بڑا افریقی افعی جو اشتعال کے عالم میں اپنا بالائی حصہ پھلا لیتا ہے -
p.-ball : ایک قسم کی کھمبی جس کا بیج دان گیند نما ہوتا ہے -
p.-box : پاؤڈر دانی -
p. paste : ہلکی پیسٹری -
p.-p. : (بچوں کی بولی) انجن ؛ ریل -

Puff, v. t. & i. : (۱) پھونک مارنا ؛ پھونکنا ؛ پھونک سے اڑانا ؛ ہوا بھرنا - (۲) ہوا ، دھوئیں وغیرہ کا تھوڑی تھوڑی مقدار میں خارج ہونا ؛ دھواں اڑانا ؛ دھواں یا ہوا نکالنا - (۳) ہانپنا ؛ سانس چڑھنا ؛ سانس پھولنا ؛ دم چڑھنا ؛ بے دم کردینا - (۴) پھلانا - (۵) پھول جانا ۔ (۶) پھولنا ؛ مغرور ہونا ؛ جامے میں نہ سمانا - (۷) مبالغہ آمیز اشتہار دینا - (۸) مبالغہ آمیز تعریف کرنا ؛ آسمان پر چڑھانا ؛ پھلانا ؛ مغرور یا خود پسند بنانا - (۹) قیمت بڑھانا ؛ قیمت بڑھانے کے لئے جھوٹی بولی دینا ؛ (نیلام میں) جھوٹی بولی بولنا - (۱۰) تمباکو کے دھوئیں اڑانا ؛ پائپ یا حقے کے کش لینا -
he puffed away at his cigar : اس نے سگار کے کش لگائے -
he was rather puffed : وہ کسی قدر بے دم ہو گیا تھا ؛ اس کا دم چڑھ گیا تھا -
p. out : ہانپتے کانپتے بیان کرنا -
p. out, up, away : پھونک مار کر اڑا دینا ؛ پھونک مار کر بجھا دینا -
puffed with pride : غرور سے پھولا ہوا -
the engine puffed out of terminus : انجن دھواں اڑاتا اختتامی اسٹیشن سے باہر چلا گیا -
puffer, n. : (۱) دھواں یا ہوا نکالنے والا - (۲) تعریف کر کے آسمان پر چڑھانے والا - (۳) نیلام میں (قیمت بڑھانے کے لئے) جھوٹی بولی بولنے والا - (۴) کوئی چیز جو غرور پیدا کرے ؛ غرور آفریں -

Puffery, n. : (۱) اشتہار ؛ پھبتی - (۲) سنجاف ؛ جھالر -

Puffin, n. : پفین ، بوقلموں منقار ، ایک بحری پرندہ جس کی چونچ جھری دار اور مختلف اللون ہوتی ہے ، بحر ظلمات کے شمال میں ہوتا ہے -

Puffy, a. : (۱) جھونکے دار (ہوا) - (۲) ہانپنے والا ؛ دم کا کچا - (۳) پھولا ہوا - (۴) موٹا پھپس ؛ لحیم شحیم -
puffiness, n. : پھلاؤ ؛ فربہی ؛ موٹا تازہ پن -

Pug, n. : (۱) (نیز *p.-dog*) ایک قسم کا چپٹی ناک والا یا بیٹھی ناک والا کتا - (۲) بڑا نوکر ؛ نوکروں کا سردار - (۳) لومڑی کا اسم خاص - (۴) پٹڑی بدل انجن (یعنی ایک پٹڑی سے دوسری پٹڑی پر جانے والا یا شنٹ کرنے والا) -
p.-nose : چپٹی یا بیٹھی ناک -
p.-nosed : بیٹھی یا چپٹی ناک والا -
puggish, puggy, aa. : چپٹی ناک والا -

Pug, n. & v. t. : (۱) پنڈول اور چکنی مٹی کا گوندا (اینٹیں بنانے کے لئے) خشت سازی کا گارا - (۲) (گارا) سانتا (یا اینٹوں کا گارا) گھولنا ؛ گارا یا برادہ بھرنا (فرش کے نیچے آواز دھیمی کرنے کے لئے) -
p.-mill : اینٹوں کا گارا بنانے کی چکی -
pugging, n. : گارا ، برادہ ، سیمنٹ بھرنا -

Pug, n. & v. t. : (۱) (پگ ، ہندی) نشان قدم ؛ نقش پا (جانور کا) - (۲) نقش پا کے ذریعہ پتا چلانا ؛ کھوج لگانا ؛ پتا لگانا -

Pug, n. : (عامیانہ) مکا باز ؛ گھونسا باز -

Pugg(a)ree, n. : (۱) پگڑی ؛ عمامہ - (۲) ململ وغیرہ کا وہ کپڑا جو انگریزی ٹوپی کے گرد لپٹا ہوا ہوتا ہے -

puggareed, *a.* : پگڑی باندھے ؛ عمامہ باندھے ؛

Pugilist, *n.* : (۱) مکا باز ؛ گھونسا باز - (۲) (مجازاً) سخت تکراری ؛ سخت بحث کرنے والا ؛ مجادلہ کرنے والا -

pugilism, *n.* : مکا بازی ؛ گھونسا بازی ؛ (مجازاً) مجادلہ پرستی ؛ مناظرہ پسندی ؛ مباحثہ پسندی -

pugilistic, *a.* : مکابازی کا ؛ مکابازی سے متعلق ؛ مباحثہ پسندانہ -

pugilistically, *adv.* : مکا بازی کے طور سے ؛ مباحثانہ انداز سے -

Pugnacious, *a.* : نزاع پسند ؛ لڑاک ؛ جھگڑالو ؛ مفسد ؛ مفسدہ پرداز -

pugnaciously, *adv.* : جنگ جویانہ طور سے ؛ جھگڑے یا فساد کی راہ سے -

pugnacity, *n.* : نزاع پسندی ؛ جنگ جوئی ؛ مفسدہ پرستی ؛ جھگڑا لوپن -

Puisne, *a.* & *n.*, *P.* (*judge*) : (۱) اعلیٰ عدالت میں ادنیٰ جج ؛ چھوٹا جج ؛ عدالت اعلیٰ کا جونیئر جج - (۲) (قانون) مابعد ؛ بعد کا ؛ پچھلا مثلاً :-

p. mortgagees : مرتہان مابعد -

mortgagees p. to the plaintiff : وہ مرتہن جو مدعی کے بعد کے ہیں -

Puissant, *a.* : (۱) (قدیم) قوی ؛ طاقت ور ؛ زبردست ؛ توانا ؛ بلونت - (۲) صاحب اثر ؛ با رسوخ ؛ مقتدر -

puissance, *n.* : (۱) زور ؛ قوت ؛ طاقت - (۲) اثر ؛ رسوخ ؛ قدرت -

puissantly, *adv.* : زور سے ؛ قوت سے ؛ اثر سے ؛ قدرت سے -

Puke, *v. i.* & *t.* & *n.* : (۱) استفراغ ؛ قے ؛ الٹی ؛ متلی - (۲) قے کرنا ؛ الٹی کرنا ؛ زمین دیکھنا ؛ متلی ہونا ؛ قے ہونا -

Pukka(h), *a.* : دیکھو Pucka -

Pule, *v. i.* : جھینکنا ؛ ٹھنکنا ؛ کراھنا ؛ ریں ریں کرنا -

pulingly, *adv.* : جھینکتے ہوئے ؛ ٹھنکتے ہوئے ؛ کراھتے ہوئے وغیرہ -

Pull, *v. t.* & *i.* : (۱) کھینچنا (مثلاً *don't pull her hair*) - (۲) اپنی طرف یا کسی خاص سمت کو کھینچنا (مثلاً *p. him nearer*) ؛ اوپر کرنا یا چڑھانا (مثلاً *p. on one's stocking*) - (۳) زور لگا کر کھینچنا (مثلاً *horse pulls well*) - (۴) زور لگا کر چڑھنا یا آگے بڑھنا (مثلاً *p. up hill &c.* وغیرہ) - (۵) (گھوڑے کا) منہ زور ہونا یا منہ زوری کرنا - (۶) (*p. at*) کش لگانا یا کھینچنا (پائپ ، حقہ یا ساغر) ؛ چوسنا - (۷) اکھاڑنا ؛ اکھاڑ پھینکنا ؛ جڑ بنیاد سے اکھاڑ ڈالنا (پودا) - (۸) (*p. at*) پرزے پرزے کر ڈالنا ؛ ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالنا ؛ چیرنا پھاڑنا - (۹) توڑنا (مثلاً *to p. fruit, flowers*) - (۱۰) چھاپنا ؛ پروف یا کاپی نکالنا - (۱۱) کھینا ؛ (کشتی) چلانا ؛ (کشتی کا) کھینچا جانا (مثلاً *she pulled inshore*) - (۱۲) (عامیانہ) گرفتار کرنا ؛ حراست میں لینا (مثلاً *to p. a pick-pocket*) ؛ (عامیانہ) (قمار خانے پر) یورش کرنا ؛ دھاوا کرنا - (۱۳) (گھوڑدوڑ میں گھوڑے کو) روکنا (جس سے وہ ہار جائے) - (۱۴) (کرکٹ) گیند کو (بلے سے) اس طرح مارنا کہ وہ آف سے لیگ کی طرف جائے - (۱۵) (گولف) گیند کو بائیں جانب لے جانا -

p. about : ادھر ادھر کھینچنا ؛ کھینچا تانی کرنا ؛ بری طرح پیش آنا -

p. a face, faces : منہ بنانا -

p. a person's *leg* : دیکھو Leg -

p. a sanctimonious &c. face : مقدس وغیرہ صورت یا وضع بنانا -

p. (*a thing*) *to pieces* : ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالنا ؛ پرزے پرزے کر ڈالنا ؛ (مجازاً) مخالفانہ تنقید کرنا ؛ دھجیاں اڑا دینا -

p.-back : (۱) روک ؛ مزاحمت - (۲) مزاحم (شے) ؛ سد راہ - (۳) ایک آلہ جو عورت کے سایے کے پھیلے ہوئے حصے کو پیچھے کھینچے یا تانے رکھتا ہے تاکہ سامنے کا حصہ صفائی سے لٹکا رہے -

p. caps, wigs : لڑنا ؛ جھگڑنا ؛ ھاتھا پائی کرنا -

p. devil, p. baker : کسی مقابلے میں جانبین کی ہمت افزائی -

p. down : (۱) (عمارت وغیرہ) گرانا ؛ ڈھانا ؛ منہدم کرنا ؛ مسمار کرنا - (۲) لاغر و کمزور کرنا ، ماندہ کرنا ؛ ضعیف و نقیہ کرنا (مثلاً *a bout of fever soon pulls you down*) (۳) قیمت کم کرنا - (۴) (غرور) توڑنا مثلاً *p. down a* person's *pride* -

pulled : خستہ ؛ ماندہ ؛ مضمحل ؛ پست

pulled bread : روٹی کے خستہ ٹکڑے (تازہ پکی ہوئی ڈبل روٹی کے اندر سے بے قاعدہ ٹکڑے نکال کر پھر تنور میں پکاتے ہیں تاکہ خستہ ہو جائیں) -

p. off . (انعام) جیتنا ؛ (مقابلے میں) کامیاب ہونا -

p. off one's *hat* : اپنی ٹوپی اتارنا (= سلام کرنا) -

p. one's *ears, p.* one *by the ear* : کان پکڑ کر کھینچنا ؛ گوشمالی کرنا -

p. oneself together : (۱) (بھاگڑ کے بعد) آجمع ہونا (مثلاً *the Middlesex men now pulled themselves together*) - (۲) آپے میں آنا ؛ ہوش میں آنا ؛ اپنے کو سنبھالنا -

p. one's *nose, p* one *by the nose* کسی کی تحقیراً ناک کھینچنا -

p. one's *sleeve, p.* one *by the sleeve* : متوجہ کرنے کے لئے کسی کی آستین کھینچنا -

p. on one's *stocking* : اپنے موزے کھینچ کر اوپر کر لینا -

p. one's *weight* : اپنے وزن کے تناسب سے کشتی چلانا -

p. out : (۱) کھے کر کشتی کو نکال لے جانا - (۲) ریل گاڑی کا اسٹیشن سے باہر نکل جانا - (۳) اکھیڑنا ؛ نکالنا ؛ کھینچ نکالنا (مثلاً *to p. out a cork, tooth*) -

p. (game &c) *out of the fire* : ٹوٹتی ناؤ کو جا سنبھالنا ؛ ہرے ہوائے کھیل کو جیت لینا -

p.-over : ایک قسم کی گرم بنیان (پسینہ گیر) -

p. round : (۱) (بیمار کو) اچھا کرنا ، صحت یاب کرنا (مثلاً *the doctor tried in vain to p. him round*) - (۲) (بیماری وغیرہ سے) اچھا ہونا ؛ صحت یاب ہونا ؛ تندرست ہونا (مثلاً *you will soon p. round*) -

p. through : (۱) صحیح سلامت نکل آنا (بیماری ، خطرے وغیرہ سے) - (۲) (بیمار کو) بچا لینا (مثلاً *good nursing pulled him through*) ؛ (کسی کو خطرے ، مشکل وغیرہ سے) بچا لینا (مثلاً *his extra speed pulled him through*) -

p. the bell : گھنٹی (کی رسی) کھینچو ؛ گھنٹی بجاؤ -

p. the long-bow : کمان کھینچنا -

p. the strings : دیکھو String -

p. the wires : دیکھو Wire -

p.-through : صافی کش ؛ وہ رسی جس کے ذریعے بندوق میں صافی ڈال کر کھینچتے ہیں -

p. together : مل کر کام کرنا ؛ اتحاد عمل کرنا ؛ تعاون کرنا -

p. up : (۱) باگ کھینچنا ؛ باگ روکنا ؛ باگ تھامنا - (۲) روکنا؛ ٹھیرانا - (۳) سرزنش کرنا ؛ تنبیہ کرنا - (۴) اپنے آپ کو روکنا ؛ ضبط کرنا . (۵) دوڑ وغیرہ میں اپنے کو بڑھانا -

Pull, n. : (۱) کھینچ ؛ کھنچاؤ ؛ کش؛ زور؛ کش مکش؛ کھینچاتانی - (۲) (قوت) کشش یا جذب - (۳) جھٹکا ؛ یک بارگی روکنا (مثلاً *a stiff p. brought us to stop*) - (۴) دستہ - (۵) (مجازاً) ذاتی اثر یا رسوخ (مثلاً *any one who has got a p. can do a great deal*) - (۶) (طباعت) کچا پروف - (۷) (گھڑ دوڑ میں) باگ کھینچنا یا روکنا - (۸) کشتی میں چھوٹا سفر؛ کشتی میں تھوڑی دیر کی تفریح - (۹) (کرکٹ) وہ ضرب جو گیند کو لیگ کی طرف پہنچا دیتی ہے؛ (گولف) ضرب جو گیند کو بائیں طرف اڑا لے جاتی ہے - (۱۰) (مے خانے میں) مطالبے سے زیادہ مقدار شراب - (۱۱) شراب کا لمبا گھونٹ - (۱۲) (مجازاً) نفع؛ فائدہ؛ فوقیت (*a good education gives a man a great p.*)

bear-p : بیر پمپ کا دستہ -

bell-p. : گھنٹی کی رسی ؛ گھنٹی کا دستہ -

have the p. of (person) : کسی شخص سے مقابلتاً فایدہ میں ہونا یا رہنا -

Puller, n. : (۱) کھینچنے والا ؛ اکھاڑنے والا وغیرہ - (۲) کھینچنے کا آلہ یا مشین - (۳) منہ زور گھوڑا ؛ جاندار گھوڑا -

Pullet, n. : چوزہ ؛ مرغی کا بچہ ؛ خصوصاً مرغی انڈے دینے کے وقت سے اول کریز تک -

Pulley, n. & v. t. : (۱) چرخی ؛ گھرنی - (۲) چرخی لگانا ؛ گھرنی چڑھانا- (۳) چرخی کے ذریعے چلانا -

Pullicate, n. : (۱) رنگین رومال - (۲) قماش رومال رنگین ؛ رنگین رومال کا سامان (پولی کٹ علاقۂ مدراس کے نام پر) -

Pullman, a. & n., P (car): ریلوے سیلون (عموماً خواب گاڑی) -

Pullulate, v. i. : (کونپل یا بیج کا) پھوٹنا ؛ پھوٹ نکلنا ؛ پھوٹ آنا ؛ (مجازاً) پھولنا پھلنا ؛ بار آور ہونا (مذہب ' عقیدے وغیرہ کا) -

pullulant, a. : پھولا پھلا ؛ ثمر ور ؛ برومند -

pullulation, n. : پھوٹنا ؛ اگنا ؛ جمنا ؛ افزائش نسل ؛ اولاد ؛ پیداوار -

Pully-hauly, n. & a. : (۱) (بول چال) کش مکش ؛ کھینچا تانی ؛ کھینچ تان - (۲) کش مکش کا؛ کھینچ تان کا -

pully-haul v. t. & i. : (۱) کش مکش کرنا؛ کھینچا تانی کرنا ؛ کھینچ تان کرنا - (۲) کش مکش ہونا ؛ کھینچا تانی ہونا -

Pulmo-: جز ترکیبی بمعنی پھیپھڑا ' شش مثلاً : -

pulmo-branchiate : ششی گلپھڑے دار (وہ جانور جن میں پھیپھڑے اور گلپھڑے دونوں مرکب ہوتے ہیں) -

pulmo-meter : شش پیما ؛ پھیپھڑے کا حجم ناپنے کا آلہ -

pulmo-metery : شش پیمائی -

Pulmonary, a. : (۱) ششی ؛ رئوی ؛ پھیپھڑے کا ؛ پھیپھڑے کے متعلق - (۲) پھیپھڑےدار یا شش نما عضو رکھنے والا- (۳) پھیپھڑے یا شش کا (مرض) (مثلاً *p. consumption* سل) -

p. artery : ششی شریان ؛ پھیپھڑے کی شریان ؛ شریان رئوی (جو دل سے پھیپھڑے کو خون پہنچاتی ہے) -

p. disease : ششی مرض ؛ پھیپھڑے کی بیماری ؛ مرض رئوی -

pulmonate, a. : پھیپھڑے دار ؛ شش نما عضو رکھنے والا -

pulmonic, a. : رئوی ؛ ششی؛ پھیپھڑے کا -

Pulp, n. & v. t. & i. : (۱) گودا - (۲) مغز - (۳) لپٹی - (۴) ماوا (جس سے کاغذ بنایا جاتا ہے) - (۵) دمات کا گودا (دھات کا سفوف جو پانی میں گوندھ لیا جاتا ہے) - (۶) پلپلا کرنا ؛ گودا کرنا - (۷) گودا اتارنا؛ گودا چھیلنا - (۸) پلپلا ہونا ؛ رس سے پھول جانا -

pulper, n. : گودا ساز (کل یا مشین) ؛ مشین جو کسی چیز مثلاً پھل وغیرہ کو گودے کی شکل میں تبدیل کردے -

pulpify, v. t. : پلپلانا ؛ گودے کی صورت میں تبدیل کرنا -

pulpiness, n. : پلپلا ہٹ ؛ گداز پن ؛ گودےدار ہونا -

pulpless, a. : بے گودا ؛ بے مغز

pulpous, pulpy, a.a. : گودے دار ؛ مغز دار نرم ؛ ملائم؛ گداز ؛ پلپلا -

Pulpit, n. : (۱) خطبہ گاہ؛ منبر - (۲) وعظ کرنے والے؛ گروہ واعظاں - (۳) (the p.) واعظ یا خطیب کا پیشہ - (۴) (کتابوں کے ناموں میں) مجموعۂ مواعظ - (۵) (بطور صفت اسما کے ساتھ ؛ مثلاً *p. eloquence, p. orator*) - (۶) وعظ گوئی -

Pulpiteer, n. & v. i. : (۱) (تحقیراً) وعظ پیشہ ؛ پیشہ ور واعظ ؛ وعظ فروش - (۲) وعظ کرنا ؛ وعظ کا پیشہ اختیار کرنا -

pulpitarian, a. : واعظ ؛ وعظ پیشہ ؛ وعظ پرست (یعنی وہ شخص جو وعظ کو عبادت کا سب سے بڑا جز سمجھتا ہے) -

pulpiteering, n. : وعظ پیشگی؛ وعظ فروشی -

Pulque, n. : پولکی ' میکسکوی شراب -

p. brandy: پولکی برانڈی ؛ میکسکوی برانڈی -

Pulsate, v. t. & i. : (۱) (نبض کا) چلنا ؛ (دل کا) دھڑکنا ؛ باقاعدہ پھڑکنا (نیز مجازاً)(مثلاً *life pulsates in rock or tree*) (۲) مرتعش ہونا ؛ تھر تھرانا - (۳) پچھوڑنا (ہیرے کا یعنی پچھوڑنی کے ذریعے ہیرے کو مٹی سے جس میں وہ پایا جاتا ہے جدا کرنا) -

pulsator, n. : ہیرے پچھوڑنے کی مشین ؛ ہیرا پچھوڑنی -

pulsation, n. : (نبض کی) دھڑکن ؛ تڑپ ؛ ارتعاش ' اهتزاز ؛ لہرانا ؛ تھر تھراہٹ ؛ لرزش -

pulsatory, a. : دھڑکتا ؛ ارتعاشی ؛ اهتزازی؛ لہراتا ہوا ؛ تھر تھراتا ہوا ؛ لرزاں -

Pulsatile, a. : (۱) ارتعاش پذیر ؛ اهتزاز پذیر - (۲) مضراب یا ہاتھ کی ٹھیک سے بجنے والا (باجا مثلاً ستار یا طبلہ) -

Pulsatilla, n. : (۱) شقیق ؛ شقایق نعمان ؛ گل ہوائی - (۲) اس کا جوہر جو دوا سازی میں کام آتا ہے ؛ جوہر شقیق -

Pulse n. & v. i. & t. : (۱) نبض- (۲) حرکت نبض؛ جنبش نبض- (۳)(مجازاً) جوش؛ امنگ؛ جذبہ- (۴) باقاعدہ پے در پے ضرب (مثلاً چپو کی)- (۵) تھر تھراہٹ؛ لرزش؛ جنبش ؛ ارتعاش ؛ اهتزاز - (۶) (نبض کا) چلنا؛ (دل کا) دھڑکنا وغیرہ- (۷) قاعدے سے حرکت کرنا؛ تھر تھرانا؛ جنبش کرنا ؛ دھکیلنا ؛ داخل کرنا ؛ پہنچانا (مثلاً *life is*

- . *pulsed into us*

to feel the p. of : کسی کی نبض دیکھنا ؛ (مجازاً) اس کا عندیہ معلوم کرنا -

pulseless, *a.* : (۱) بے نبض ؛ ساقط النبض - (۲) (مجازاً) بے حس ؛ مردہ دل ؛ بے حس و حرکت ؛ بے جان -

pulselessness, *n.* : بے نبضی ؛ ساقط النبضی ؛ مردہ دلی ؛ بے حسی -

Pulse, *n.* : دال -

Pulsimeter, *n.* : نبض پیما (نبض کی رفتار ناپنے کا آلہ) ؛ منبض -

Pulsometer, *n.* : ایک قسم کا پمپ جس میں دو خانے ہوتے ہیں اور ایسا انتظام ہوتا ہے کہ بھاپ اندر منجمد ہوجاتی ہے اور پانی ہر خانے میں باری باری سے پہنچتا رہتا ہے ؛ بھاپ جواز پمپ -

Pultaceous, *a.* : پولٹیس نما ' پولٹیس جیسا ؛ نرم ؛ ملائم ؛ گداز ؛ گی گدا ؛ پلپلا ؛ گودے دار -

Pulverize, *v. t. & i.* : (۱) پیسنا ؛ برادہ کرنا ؛ سفوف کرنا ؛ باریک یا مہین کرنا ؛ چھوٹے چھوٹے ٹکڑے کرنا ؛ میدہ بنانا - (۲) قطرے قطرے کرنا ؛ تقطیر کرنا (سیال کا)- (۳) (مجازاً) منہدم کرنا؛ خاک میں ملا دینا؛ پامال کردینا ؛ پرزے اڑانا (دلائل' بیان' مخالف وغیرہ کے) (مثلاً *to p. an opponent*) - (۴) چورا ہو جانا ؛ ریزہ ریزہ ہو جانا (مثلاً *some kinds of rock easily p.*) ؛ خاک میں ملنا ؛ پامال ہونا وغیرہ (مثلاً *to sand*) - (*the stern old faiths have all pulverized*)

pulverizator, pulverizer, *nn.* : سفوت کی ؛ پیسنے کی کل یا مشین ؛ دلن ہار -

pulverizable, *a.* : سفوت پذیر ؛ پسنے کے لائق -

pulverization, *n.* : سفوتیت ؛ سفوت پذیری؛ سفوفی حالت -

Pulverulent, *a.* : (۱) سفوفی ؛ سفوت آلود ؛ خاک آلود ؛ گرد آلود - (۲) بھر بھری (چٹان وغیرہ)

Pulvinate,-ated, *aa.* : (۱) (آثار قدیمہ) گروی محدب ابھار (خصوصاً کگر کا) -

Puma, *n.* : = Cougar

Pumice (-stone), *n. & v. t.* : (۱) جھانوا - (۲) جھانوے سے گھسنا ' صاف کرنا ' پالش کرنا -

p. hoof (of horse) : (گھوڑے کے) سم جو بیماری کی وجہ سے اسفنج جیسے ہوجاتے ہیں -

pumiceous *a.* : جھانوا نما ؛ جھانوے جیسا -

Pummel, *v. t.* : - بے در پے گھونسے مارنا ؛ لگا تار مکے مارنا

Pump, *n.* : (۱) پمپ ؛ پچکاری - (۲) (مجازاً) قلب ؛ دل ؛ کیڑوں کی چسنی - (۳) پمپ چلانا - (۴) جرحی سوالات کر کے کسی سے معلومات حاصل کرنے کی کوشش ؛ بھید معلوم کرنے کی کوشش - (۵) وہ شخص جو اس میں ماہر ہو یعنی کرید کرید کر معلومات حاصل کرنے یا بھید لینے میں استاد -

air- p. : دیکھو Air -

bicycle-p. : سائیکل پمپ پہیا؛ سائیکل میں ہوا بھرنے کا پمپ -

force -p. : دیکھو Force -

p. -brake : جہاز کے پمپ کا دستہ -

p. -handle : (بول چال) (کسی شخص سے) زور سے ہاتھ ہلا ہلا کر مصافحہ کرنا -

p. room : پمپ خانہ ؛ وہ کمرہ جس میں پمپ چلتا ہے ' خصوصاً معدنی چشمے میں جہاں طبی پانی مریضوں کو دیا جاتا ہے -

stomach -p. : دیکھو Stomach -

Pump, *v. i. & t.* : (۱) پمپ چلانا - (۲) (عموماً *up* کے ساتھ) پمپ سے چڑھانا ' پمپ کے ذریعے (پانی وغیرہ) اوپر چڑھانا - (۳) (عموماً *p. out* کے ساتھ) پمپ کے ذریعے پانی خارج کرنا - (۴) (*p. dry*) (جہاز وغیرہ کے خزانۂ آب کو) خالی کرنا - (۵) [p. (abuse &c) upon] نکالنا ؛ خارج کرنا (۶) دم پھلا دینا ؛ بے دم کر دینا (محنت و مشقت کی وجہ سے) - (۷) (عموماً *p. out*) پے در پے سوالات کر کے یا کرید کرید کر (حال) معلوم کرنا یا (بھید) لینا - (۸) (باد پیما کے پارے کا) فوری اترنا چڑھنا -

pumpship. : (غیر شایستہ) پیشاب کرنا -

p. up : ٹائروں میں ہوا بھرنا ؛ پہیوں میں ہوا بھرنا -

p. upon : بھر مار کرنا ؛ بوچھاڑ کرنا -

pumper, *n.* : (۱) پمپ چلانے والا وغیرہ - (۲) ٹھیلا ؛ ریل کا ٹھیلا -

Pump, *n.* : پمپ جوتا -

Pumpernickel, *n.* : (جرمنی) rye کے موٹے آٹے کی روٹی -

Pumpkin, *n.* : کھیرا ؛ کدو ؛ پیٹھا ؛ لوکی -

Pun, *n. & v. i.* : (۱) ذو معنی لفظ کا مزاحیہ استعمال ؛ ایسے لفظوں کا مزاحیہ استعمال جو تلفظ میں مشابہ ہوں لیکن معنوں میں مختلف ؛ ایہام ؛ تجنیس ؛ ضلع جگت (مثلاً *he kept his spirits up by pouring spirits down*) - (۲) ذو معنی لفظ استعمال کرنا ؛ ذو معنی لفظ سے لطیفہ پیدا کرنا ؛ ضلع جگت بولنا -

punningly, *adv.* : از راہ تجنیس ؛ از راہ ایہام -

Pun, *v. t.* : کوٹ کوٹ کر مضبوط کرنا (مٹی وغیرہ کو تہایں وغیرہ سے)-

Puna, *n.* : پیروی انڈیس (Peruvian Andes) کی سرد اور بےرونق سطح مرتفع ؛ دقت تنفس (لطیف ہوا میں) -

Punch, *n.* : (۱) چھیدنی ؛ سوراخ کرنے کا آلہ ؛ چھیدنے کی مشین ؛ مثقب - (۲) میخ کش ؛ پیچ کش ؛ پیچ نشان - (۳) ٹھپا کرنے کا آلہ -

bell-p. : گھنٹی دار چھیدنی (ٹریم بان کا ٹکٹ چھیدنے کا آلہ) -

driving-p. : میخ کش ؛ کیل وغیرہ ٹھونکنے کا آلہ -

starting-p. : چٹخنی کش ؛ سوراخ میں سے کیل وغیرہ نکالنے کا آلہ -

Punch, *v. t. & n.* : (۱) مکا مارنا؛ گھونسا مارنا (مثلاً *p. his head*)- (۲) (خصوصاً امریکہ میں) آر مارنا ؛ آر مار کر جو پایوں کو ہنکانا - (۳) چھیدنا ؛ برمانا ؛ سوراخ کرنا - (۴) (*p. in*) (میخ) ٹھونکنا ؛ (*p. out*) (میخ) نکالنا - (۵) مکا ؛ گھونسا (مثلاً *a p. on the head*)- (۶) (عامیانہ) زور ؛ قوت؛ معیار؛ حرکت

punching - ball : مکا بازانہ گیند ؛ مشت بازانہ گیند ؛ مشت بازی کی گیند ؛ مشت بازی کی مشق و مزاولت کے لئے ہوا دار گیند -

puncher, *n.* : سوراخ کرنے کا آلہ ؛ مثقب ؛ چھینی؛ برما -

Punch, *n.* : (۱) پنچ؛ ایک قسم کا آشام' جس میں عموماً شراب

لے ساتھ گرم پانی یا دودھ ' شکر ' لیموں گرم مسالے وغیرہ ملے ہوتے ہیں (مثلاً *brandy, rum, milk, p.*) - (۲) پنچ کا جام یا پیالہ - (۳) بزم ہے جس میں پنچ پی جاے -

p.-bowl : (۱) پنچ کا جام یا پیالہ ؛ جام وغیرہ جس میں پنچ تیار کی جاے - (۲) پہاڑی کا گہرا گول غار -

Punch, *n.* : (۱) (نیز *Suffolk p.*) (موٹا تازہ لدو ٹٹو - (۲) (مقامی) چھوٹے قد کا فربہ آدمی ؛ ٹھنگنا موٹا آدمی - (*P.-*) کبڑا مسخرا سا آدمی (پتلیوں کے تماشے (*P. & Judy*) میں)-

P. & Judy : (۱) پتلیوں کا ایک کھیل - (۲) پنچ و جوڈی ' یہ لندن کے ایک اخبار کا نام ہے -

as pleased as P. : بہت خوش -

as proud as P. : نہایت مغرور -

Puncheon, *n.* : (۱) اڑ واڑ ؛ تھم ' کوئلے کی کان میں چھت سہارنے کے لئے -(۲) (شاذ) چھیدنی ؛ مثقب -

Puncheon, *n.* : (تاریخ) بڑا پیپا (شراب وغیرہ کا)؛ ایسا پیپا جس میں ۷۲ سے لے کر ۱۲۰ گیلن تک شراب وغیرہ آجاے -

Punchinello, *n.* : (۱) (اطالیہ) پتلیوں کے تماشے میں خاص شخص - (۲) ٹھنگنا موٹا آدمی -

Punctate, *a.* : (تاریخ طبعی ' مرضیات) چتی دار؛ چتیوں بھرا -

punctuation, *n.* : چتی داری ؛ چتیوں بھرا ہونا -

Punctilio, *n.* (pl. -os), : باریکی؛ (رسوم و تکلفات میں) تکلف؛ خارجی تکلف ؛ رسمی تکلف ؛ ظاہری تکلف ؛ جزئی تکلف -

Punctilious, *a.* : تکلف مزاج ؛ رسم پرست ؛ تکلفات رسمی کا پابند ؛ تکلفات ظاہری کا لحاظ رکھنے والا -

punctiliously, *adv.* : رسماً ؛ رسم پرستانہ ؛ نہایت احتیاط سے ؛ باریکی سے -

punctiliousness, *n.* : ظاہر پرستی؛ باریک بینی؛ تکلف مزاجی-

Punctual, *a.* : (۱) پابند وقت ؛ وقت کی پابندی کرنے والا ؛ بر وقت؛ (قدیم) پابند رسوم ؛ رسوم پرست - (۲) (ھندسہ) متعلق نقطہ؛ نقطے کا-

punctuality, *n.* : پابندی وقت ؛ وقت کی پابندی -

punctually, *adv.* : وقت کی پابندی سے وغیرہ -

Punctuate, *v. t.* : اوقات لگانا ؛ (مجازاً) دوران تقریر میں کلمات تعجائیہ سے مخل ہونا؛ (غیر صحیح استعمال) زور دینا؛ تاکید دینا (مثلاً *he flung it on the ground to p. his refusal*)-

punctuative, *a.* : اوقاتی ؛ رموز اوقات کے متعلق -

punctuator, *n.* : اوقات لگانے والا ؛ اوقات و اعراب لگانے والا -

Punctuation, *n.* : اوقات و اعراب ؛ علامت اوقات ؛ اعراب یا اوقات لگانا ؛ اعراب نگاری ؛ اوقات نگاری -

Punctum, *n.* (pl. -ta) : چتی ؛ نقطہ ؛ بندی ؛ داغ ؛ دھبا ؛ رنگ کا دھبا ؛ نقطۂ نشیب ؛ نقطۂ فراز -

punctule, *n.* : چھوٹا سا نقطہ یا بندی -

punctulate, *a.* : چتی دار ؛ نقطہ دار وغیرہ -

punctulation, *n.* : چتی داری ؛ نقطہ داری ؛ چتیالا پن -

Puncture, *n. & v. t. & i.* : (۱) پنکچر ؛ چھید ؛ سوراخ - (۲) چبھونا ؛ سوراخ کرنا ؛ چھید نا ؛ پنکچر کرنا - (۳) چھید ہونا ؛ پنکچر ہونا (سائکل وغیرہ میں) ؛ پنکچر سے سابقہ پڑنا (سوار کا) (مثلاً *during the last few days I have only punctured twice on the road*) -

Pundit, *n.* : پنڈت ؛ ہندو عالم ؛ (مزاحاً) فاضل مدرس -

Pungent, *a.* : (۱) (تاریخ طبیعی) تیز ؛ نوک دار - (۲) (ہجو تنبیہ وغیرہ) چبھتی ہوئی ؛ دل خراش - (۳) لگتی ہوئی ؛ چبھتا ہوا (ذہنی طور پر) ؛ شوق انگیز - (۴) چرچرا ؛ چرپرا ؛ تیکھا ؛ چھل دار (مثلاً *p. sauce*) -

pungency, *n.* : (۱) حدت ؛ تیزی ؛ تندی ؛ چرچرا پن ؛ چھل - (۲) دل آزاری ؛ جگر خراشی -

pungently, *adv.* : تیزی سے ؛ تندی سے ؛ دل آزاری سے -

Punic, *a. & n.* : (۱) کارتھیجی ؛ کارتھیج یا اہل کارتھیج کے متعلق - (۲) کارتھیجی زبان (ایک سامی زبان ' فنیشیا زبان کی شاخ جو عبرانی سے ملتی جلتی ہے) -

P. War : کارتھیجی جنگ (وہ لڑائی جو رومیوں اور کارتھیجیوں کے درمیان ہوئی تھی) -

P. Faith : بیکو Faith -

Punish, *v. t.* : (۱) سزا دینا؛ ضرر پہنچانا - (۲) عقوبت پہنچانا ؛ تعزیر کرنا - (۳) سیاست کرنا ؛ گوش مالی کرنا ؛ سرزنش کرنا ؛ تنبیہ کرنا - (۴) جرمانہ کرنا ؛ تاوان عائد کرنا - (۵) (بول چال) (مکا بازی میں حریف پر) ضرب شدید لگانا - (۶) (دوڑ اور مقابلے میں) حریف کو تھکا ڈالنا- (۷) (کرکٹ میں کم زور گیند انگلی یا گیند انگن کی کم زوری سے یا ٹینس کی کم زور ضرب سے) پورا فائدہ اٹھانا - (۸) کھانے پر دھاوا کرنا ؛ خوب کھانا -

punishing, *a.* : سزا دینے والا ؛ تنبیہ کرنے والا وغیرہ -

punishability, *n.* : واجب التعزیر ہونا؛ قابل سزا ہونا وغیرہ -

punisher, *n.* : سرزنش کرنے والا ؛ سزا دینے والا ؛ عذاب دینے والا ؛ تعزیر کن -

punishment, *n.* : (۱) تعزیر - (۲) سرزنش؛ گوشمالی؛ تنبیہ- (۳) سزا ؛ عقوبت ؛ عذاب -

punishable, *a.* : واجب التعزیر ؛ قابل سزا (شخص یا فعل) ؛ لائق عذاب ؛ مستحق سزا یا عقوبت ؛ مستلزم تعزیر

punishably, *adv* : تعزیراً ؛ سزاءً ؛ از راہ عقوبت -

Punitive, *a.* : تعزیری؛ عذابی؛ عقوبتی؛ قصاصی (مثلاً *p. justice* تعزیری انصاف ؛ *p. expedition* تعزیری مہم) -

punitory, *a* : تعزیری ؛ قصاصی -

Punk, *n.* : (قدیم) رنڈی ؛ بیسوا ؛ قحبہ ؛ فاحشہ -

Punk, *n.* : (۱) (خصوصاً امریکہ میں) گلی سڑی لکڑی ؛ فرسودہ چوبینہ - (۲) لکڑی پر کی کائی (جو جلانے کے کام آتی ہے) -

Punka(h), *n.* : پنکھا -

Punner, *n.* : مبل -

Punnet, *n.* : چھابا ؛ ٹوکری ؛ ڈلیا (پھل پھول کے لئے) -

Punster, *n.* : ایہام گو؛ ذو معنی گو ؛ ضلع باز ؛ جگت باز -

Punt, *n. & v. t.* : (۱) چوڑے پیندے کی اتھلی ناؤ جو ایک لمبی بلی کو پانی کی تہہ میں ٹکا کر چلائی جاتی ہے - (۲) اس طرح کشتی چلانا ؛ ناؤ کھینا - (۳) ایسی ناؤ میں بٹھا کر لے جانا -

punter, puntist, *nn.* : کشتی راں ؛ کھویا -

Punt, *v. t. & n.* : (۱) (فٹ بال) زمین پر گرنے سے پیشتر گیند کو ٹھوکر لگانا - (۲) ایسی ٹھوکر -

p. -about : مشق و مزاولت کے خیال سے فٹ بال کو ٹھوکریں لگانا -

Punt, *v. i. & n.* : (۱) شرط لگانا (تاش وغیرہ کے کھیل میں) -

(۲) (بول چال) گھوڑے پر شرط بدنا یا شرط لگانا - (۳) شرط لگانے والا (تاش کے کھیل میں) -

punter, *n.* : شرط لگانے والا -

Punty, po-, *n.* : (۱) (شیشہ گری میں) لوہے کی سلاخ ؛ شیشے کے پینڈے کو تھامے رکھنے کے لئے) - (۲) شیشہ گر -

Puny, *a.* : (۱) منحنی - (۲) لاغر ؛ ضعیف ؛ نا توان ؛ کم زور ؛ نحیف الجثہ - (۳) کم رتبہ ؛ حقیر ؛ ذلیل -

puniness, *n.* : لاغری ؛ کم زوری ؛ نا توانی ؛ ادنیٰ پن -

Pup, *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) پلا ؛ کتے کا پلا - (۲) بچے دینا ؛ بیانا - (کتیا) -

in p. : گیا بھن ؛ حاملہ -

conceited p. : خود پسند یا خود بیں نوجوان یا لڑکا -

to sell p. to (person) : دھوکے سے بیچنا (خصوصاً آیندہ کے نفع کی امید پر) -

Pupa, *n.* (pl.-*ae*) : کیڑے کی پیدائش کی تیسری حالت ؛ پہل روپ اور اتم روپ کی درمیانی حالت ؛ منجھلا روپ -

pupal, *a.* : منجھلا روپی -

Pupate, *v. i.* : منجھلا روپ ہونا ؛ منجھلا روپی ہونا -

pupation, *n.* : منجھلا روپاپن -

Pupil, *n.* : (۱) تلمیذ ؛ شاگرد ؛ طالب علم ؛ چیلا - (۲) (قانون) نا بالغ ؛ کم سن (جو کسی اور کی سر پرستی میں تعلیم پاتا ہو) - (۳) پتلی ؛ آنکھ کی پتلی ؛ مردم چشم -

p.-teacher : شاگرد معلم ؛ شاگرد مدرس (وہ طالب علم جو خود بھی پڑھے اور اوروں کو بھی پڑھائے)

pupil(l)ar, *a.* : صفت مذکورۂ بالا معنوں میں -

pupil(l)ary, *a.* : (۱) بوبوالعینی -(۲) زیر تلمذ ؛ نابالغ کا یا اس کے متعلق -

Pupil(l)age, *n.* : نابالغی ؛ کم سنی ؛ صغر سنی ؛ (مجازاً) کسی ملک یا کسی زبان کے عدم بلوغ کی حالت ؛ طالب علمی ؛ شاگردی ؛ تلمیذی ؛ تلمذ -

pupil(l)arity, *n.* : نا بالغی ؛ زمانۂ قبل بلوغ -

pupilship, *n.* : شاگردی ؛ تلمذ -

Pupil(l)ize, *v. t.* & *i.* : تعلیم دینا ؛ شاگرد بنانا ؛ امتحان کے لیے خانگی طور پر کسی شاگرد کو تیار کرنا -

Pupiparous, *a.* : (حشریات) منجھلا روپ آفریں ؛ بہروپ آفریں -

Puppet, *n.* : کٹھ پتلی ؛ گتا ؛ وہ شخص جو دوسروں کے اشاروں پر چلتا ہو -

p.-play : پتلیوں کا ناٹک -

p.-show : پتلیوں کا تماشا -

p.-clack, p-valve : وہ کھلمندن جو چول یا قبضے پر نہیں ہوتا بلکہ اس کے کھولنے کے لیے اسے پورا اٹھانا پڑتا ہے ؛ ٹھس کھلمندن -

puppetry, *n.* : کٹھ پتلیوں کا سا تماشا ؛ تماشا ؛ بازی گری ؛ نمائش ؛ ریا ؛ تصنع ؛ بناوٹ -

Puppy, *n.* : (۱) پلا ؛ کتے کا پلا - (۲) کودن ؛ خود پسند ؛ بے مغز (انسان) - (۳) چھیلا ؛ رنگیلا ؛ چھبیلا -

p.-dog : (بچوں کا لفظ) پلا -

puppyism, *n.* : خودپسندی ؛ کودن پن ؛ چھیلاپن ؛ رنگیلاپن -

puppydom, puppyhood, *nn.* : سگ بچگی ؛ پلاپن -

puppyish, *a.* : پلا سا ؛ سگ بچہ صفت -

Pur- : ... بمعنی) آگے ؛ واسطے ؛ بوجہ ؛ بجائے وغیرہ -

Purana, *n.* : (سنسکرت) پران -

puranic, *a.* : پرانی ؛ متعلق پران ؛ پرانوں کے متعلق -

Purbeck, *a.* : جزیرہ نمائے پوربک واقع ڈارسیٹ کا -

P. stone : پوربکی پتھر ؛ یہ ایک قسم کا سخت کلسی پتھر ہے جو جزیرہ نمائے پوربک سے آتا ہے -

P. marble : پوربکی سنگ مرمر ؛ ایک قسم کا عمدہ اور نفیس سنگ مرمر -

Purblind, *a.* & *v. t.* : (۱) چندھا ؛ نیم کور ؛ ضعیف البصر ؛ نزدیک بیں - (۲) (مجازاً) بطی ؛ بے حس ؛ کودن ؛ بے وقوف ؛ کند ذہن ؛ تنگ خیال ؛ تنگ نظر - (۳) چندھیانا ؛ نیم کور کرنا ؛ نیم چشم کرنا ؛ قریب نظر کرنا ؛ تنگ نظر کرنا ؛ کوتاہ بیں کرنا -

purblindness, *n.* : چندھا پن ؛ نیم کوری ؛ تنگ نظری ؛ کوتاہ بینی ؛ بے حسی ؛ کودن پن -

Purchase, *n.* : (۱) خرید ؛ خریداری - (۲) (تاریخ) فوج میں کمیشن (عہدے) کی خرید - (۳) سودا (مول لی ہوئی چیز) - (۴) زمین کی سالانہ آمدنی ؛ زمین کی سالانہ پیداوار (مثلاً *sold at twenty years' p.*) - (۵) (قانون) زرخرید ؛ جائداد زر خرید - (۶) میکانکی فائدہ یا سہولت ؛ بیرم (مثلاً *(these streets are dangerous for riding, the horses having no p. for their hoofs*) ؛ (اکثر مجازاً) اثر ؛ قوت ؛ رسوخ (مثلاً *the will has a strong p. for understanding*) - (۷) آلہ یا ترکیب (جس سے قوت میں اضافہ ہو) ؛ خصوصاً (بحری) رسا ؛ چرخی وغیرہ -

life is not worth an hour's p. : (مجازاً) زندگی ایک گھنٹے کے لیے بھی قابل و ذوق نہیں ہے -

p.-money : زر ثمن ؛ زر خرید ؛ قیمت خرید -

single, double, treble,-p. pulley : یک بیرمی ؛ دو بیرمی ؛ سہ بیرمی چرخی -

Purchase, *v. t.* : (۱) خریدنا ؛ مول لینا - (۲) حاصل کرنا ؛ پانا (آزادی ؛ فتح ؛ اپنے ایثار یا قربانی سے) - (۳) (بحری) کھینچنا ؛ گھسیٹنا (لنگر ؛ چرخی یا بیرم کے ذریعے) -

purchasable, *a.* : قابل خرید ؛ جو خریدا جا سکے -

purchaser, *n.* : خریدار ؛ مشتری ؛ گاہک ؛ خریدنے والا -

Purdah, *n.* : (۱) پردہ ؛ چلمن - (۲) پردوں کا دھاری دار سامان - (۳) (مجازاً) پردہ نشینی -

Pure, *a.* : (۱) خالص ؛ غیر مخلوط ؛ بے آمیزش ؛ پاک صاف (مثلاً *p. white, air, water*) - (۲) (موسیقی) سر تال کے ساتھ ؛ موزوں - (۳) غیر مخلوط (نسل کا) ؛ خالص (مثلاً *p. blooded*) - (۴) نرا ؛ پورا ؛ بالکل ؛ سرا سر (مثلاً *p. prejudice, p. nonsense*) - (۵) مخلص ؛ بے خطا ؛ سچا - (۶) معصوم ؛ پاک دامن ؛ با عصمت ؛ صاحب عفت - (۷) (صرف نحو ؛ حرف علت) ما قبل حرف علت ؛ (مادہ) حرف علت پر ختم ہونے والا ؛ (حرف صحیح) بلا دیگر حرف صحیح -

p. mathematics : خالص ریاضی ؛ اصولی ریاضی (بخلاف عملی ریاضی) -

his taste was severe & p. : اس کا مذاق دشوار پسند اور خالص تھا -

purely, *adv.* : مطلقاً ؛ خالص طور پر ؛ بالکل ؛ تمام تر ؛ سرا سر ؛ سر تا سر -

pureness, *n.* : خلوص ؛ صفائی ؛ پاکی ؛ اخلاص ؛ پاک دامنی ؛ عصمت ؛ طہارت ؛ پاکیزگی -

Purée, *n.* : (فرانسیسی)سبزی یا گوشت وغیرہ کا شوربہ -

Purfle, *n.* & *v. t.* : (۱) (قدیم) حاشیہ ؛ سنجاف ؛ گوٹ ؛ مغزی ؛ کناری ؛ بیل ؛ فیتہ - (۲) سنجاف ' فیتہ یا حاشیہ لگانا ؛ لباس کا حاشیہ بیل بوٹے سے آراستہ کرنا ؛ (مکان کو کنگروں وغیرہ سے) آراستہ کرنا ؛ خوب صورت بنانا -

purfling, *n.* : (۱) آراستگی ؛ حاشیہ لگانا ؛ کشیدہ کاری وغیرہ - (۲) (خصوصاً) سارنگی ' ستار وغیرہ کی پشت اور شکم کی پچی کاری -

Purgation, *n.* : (۱) (جسمانی) تنقیہ ؛ تنقیع ؛ جلاب - (۲) تطہیر ؛ صفائی ؛ تزکیہ (روحانی) - (۳) (خصوصاً کلیسائے رومی میں) اعراف میں روحوں کا تزکیۂ باطن - (۴) (تاریخ) حلف یا ابتلا کےذریعے اپنے کو شبہ یا الزام سے بری کرنا -

Purgative, *a.* & *n.* : مسہل ؛ جلاب ؛ ملین (دوا) -

Purgatory, *n.* & *a.* : (۱) (کلیسائے رومی) وہ مقام جہاں روحیں گناہ صغیرہ سے پاک کی جاتی ہیں - (۲) عارضی تکلیفوں کا مقام ؛ مقام کفارہ - (۳) پاک کرنے والا ؛ مطہر -

purgatorial, *a.* : اعرافی ؛ مطہری -

Purge, *v. t.* & *n.* : (۱) پاک کرنا ؛ صاف کرنا - (۲) (جسمانی طور پر) صاف کرنا - (۳) (روحانی طور پر) پاک کرنا ؛ تزکیۂ نفس کرنا - (۴) جلاب دینا ؛ مسہل دینا ؛ ماضج دینا - (۵) (کسی شخص کو یا اپنے کو) الزام سے پاک کرنا ؛ شک و شبہات سے بری کرنا - (۶) (قانون) بری کرنا ؛ رہا کرنا - (۷) تنقیہ ؛ تنقیع (۸) دوائے مسہل یا دوائے ملین ؛ منضج - (۹) اخراج -

Pride's P. : (تاریخ) طولانی پارلیمنٹ سے پرنس بی ٹیری اور شاہ پرست ارکان کا اخراج بذریعۂ کرنل پرائڈ -

Purification, *n.* : (۱) تنقیہ ؛ تزکیہ ؛ تصفیہ ؛ تنقیح - (۲) صفائی ؛ پاکی ؛ پاکیزگی ؛ تطہیر ؛ طہارت ؛ خصوصاً زچہ کی طہارت (شریعت موسوی کے مطابق) - (۳) برأت ؛ گناہ سے برأت -

The P. (of the Virgin Mary) : تطہیر مریم عذرا (واقع ۲ فروری) (بحوالۂ انجیل لوقا باب ۲ آیت ۲۲) -

purificatory, *a.* : تطہیری ؛ طہارتی ؛ تنقیعی -

Purificator, *n.* : (کلیسا) وہ صافی یا کپڑا جس سے رسم گزار کے ناخن اور ہونٹ اور عشائے ربانی کے برتن وغیرہ صاف کئے جاتے ہیں-

Purify, *v. t.* : (۱) پاک کرنا ؛ صاف کرنا ؛ طاہر کرنا - (۲) دھونا ؛ غسل کرنا ؛ غسل دینا ؛ میل دور کرنا ؛ میل اتارنا - (۳) شرعی طور پر تطہیر کرنا -

purifier, *n.* : (۱) آلۂ تطہیر ؛ صاف کرنے کا آلہ - (۲) پاک کرنے والا ؛ میل دور کرنے والا ؛ مطہر -

Purim, *n.* : یہودیوں کا تہوار جو ہامانی سازش کی شکست کی یادگار میں منایا جاتا ہے -

Purist, *n.* : پابندیٔ نفاست و صفائی (خصوصاً زبان کے معاملے میں) ؛ جو شخص زبان کی صفائی کا سختی سے پابند ہے یا اس میں مبالغہ کرتا ہے ؛ خالص زبان استعمال کرنے والا -

purism, *n.* : زبان کی صفائی کی سختی سے پابندی ؛ زبان کی صفائی میں غلو -

puristic, puristical, *aa.* : صفائی پرستانہ -

Puritan, *n.* & *a.* : (۱) (تاریخ)پیوریٹن: انگلستانی پروٹسٹنٹ فرقے کا رکن جو اصلاح کلیسا کو کافی نہ جانتا تھا بلکہ غیر صحیفی اور تحریف شدہ رسوم کی تنسیخ کا طالب تھا - (۲) کسی غیر مذہبی ملت پرست فرقے کا رکن - (۳) اخلاق و مذہب میں سخت محتاط - (۴) اخلاق اور مذہب میں ذرا ذرا سی بات کا خیال رکھنے والا ؛ سخت محتاط -

puritanic, puritanical, *aa.* : متعلق بہ فرقۂ پیوری ٹن ؛ پیوری ٹن صفت ؛ محتاطانہ -

puritanically, *adv.* : پیوری ٹن لوگوں کے طریقے پر ؛ سخت احتیاط سے -

puritanism, *n.* : نظام پیوری ٹن ؛ مذہب پیوری ٹن ؛ انتہا درجہ کی احتیاط (مذہبی و اخلاقی معاملات میں) -

puritanize, *v. i.* & *t.* : (۱) پیوری ٹن کی طرح عمل کرنا - (۲) پیوری ٹن بنانا -

Purity, *n.* : (۱) (جسمانی) صفائی ؛ پاکیزگی ؛ پاکی - (۲) خالص ہونا ؛ پاکی ؛ پاکیزگی ؛ نزہت ؛ لطافت ؛ نفاست - (۳) عفت ؛ عصمت ؛ پاک دامنی ؛ پاک دامانی ؛ بے گناہی -

Purl, *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) چاندی ' سونے کا تار ؛ کلابتون - (۲) زری یا کلابتون کے کنارے یا سنجاف کا ہر ایک حلقہ ؛ جھالر - (۳) فیتہ لگانا ؛ حاشیہ لگانا ؛ سنجاف ' گوریا چین لگانا ؛ بیل وغیرہ کا بگنا -

Purl, *v. i.* & *n.* : (۱) (ندی نالوں کا) چہل چہلانا ؛ چہل چہل کرکے بہنا ؛ پانی کا چکر کھانا ؛ بھنور پڑنا - (۲) پانی کی چہل چہل-

Purl, *n.* : (تاریخ) بیر شراب اور جن کا مرکب -

Purl, *v. t.* & *i.* & *n.* : (۱) (بول چال) الٹ پلٹ کرنا یا ہونا ؛ درہم برہم کرنا یا ہونا ؛ نیچے اوپر کرنا یا ہونا - (۲) (اسم) زور سے گرنا ؛ اڑا اڑا دھم -

Purler, *n.* : (بول چال) ضرب ' دھکا ' جس سے آدمی سر کے بل جا پڑے -

Purlieu, *n.* : (۱) شاہی جنگل کا حاشیہ ؛ وہ زمین جو شاہی جنگل کے کنارے پر واقع ہو ؛ وہ زمین جو کبھی شاہی جنگل کا جزو ہو ' مگر اب بھی " قانون جنگلات " کے تابع ہو - (۲) حدود - (۳) (جمع) اطراف و جوانب ؛ نواح ؛ سواد ؛ سرحد (لفظاً و مجازاً) - (۴) گندی گلی ؛ گندا اور غلیظ محلہ -

Purlin, *n.* : شہتیر جو چھت کی لمبائی میں خاص کڑیوں پر ٹکا ہوا ہو اور جس پر دوسری کڑیوں اور تختوں کا سہارا ہو -

Purloin, *v. t.* : سرقہ کرنا ؛ چرانا ؛ چوری کرنا -

purloiner, *n.* : چور ؛ دزد ؛ سارق ؛

Purple, *n. a.* & *v. t.* & *i.* : (۱) ارغوانی رنگ ؛ اودا ؛ بینجنی ' سوسنی رنگ - (۲) ارغوانی ؛ اودا ؛ بینجنی ؛ سوسنی - (۳) ارغوانی لباس (بادشاہ یا قونصل کا یا کارڈینل کا) - (۴) (جمع) گیہوں روگ - (۵) ارغوانی کرنا ؛ ارغوانی ہونا -

p.-red : ارغوانی لال ؛ ارغوانی سرخ -

he was raised to the p. : اس کو کارڈینل کے منصب پر فائز کیا گیا -

he was born in the p. : وہ شاہی گھرانے میں پیدا ہوا -

p. Emperor: ایک قسم کی تتلی -
purplish, purply, *aa.*: ارغوانی مائل ؛ ارغوانی صفت -
Purpoint: دیکھو pourpoint -
Purport, *n.*: (۱) مطلب؛ معنی؛ مفہوم؛ مضمون؛ نفس مضمون؛ نحوی؛ منشا (کلام یا تحریر کا) - (۲) (شاذ) غرض ؛ غایت ؛ مقصد -
Purport, *v. t.*: (۱) معنی ، مطلب ، منشا رکھنا - (۲) پایا جانا ؛ مبادر ہونا ؛ مترشح ہونا -
a letter purporting to be written by you: ایک خط جس سے یہ پایا جائےکہ وہ تمہاری تحریر ہے -
a letter purporting to contain your decision: ایک خط جس سے یہ مترشح ہوتا ہے کہ اس میں تمہارا فیصلہ درج ہے -
Purpose, *n.*: غرض؛ غایت؛ مدعا ؛ مطلب؛ منشا ؛ مراد ؛ نیت ؛ عزم ؛ ارادہ؛ انجام؛ اصل مقصود -
a novel with a p., p. novel: ایسا ناول جو کسی غرض یا غایت پر مبنی ہو یا کسی خاص عقیدے کی حمایت وغیرہ میں لکھا گیا ہو -
honesty of p.: خلوص نیت -
I could not effect my p.: میں اپنا مقصد حاصل نہ کرسکا -
it is wanting in p.: اس سے کوئی غرض متصور نہیں -
of set p.: خاص قصد و ارادہ سے (نہ کہ بخت و اتفاق سے) -
on p: بالقصد؛ بالارادہ -
this will serve (answer) our (or the) p: اس سے مطلب نکل آئیگا -
to little p.: بے فائدہ ؛ لا حاصل -
to no p.: لا حاصل ؛ بے کار
to some p.: اس سے کسی قدر مطلب برآری ہوتی ہے -
to the p.: مفید مطلب ؛ اصل مقصود کے متعلق -
what is the p. of this law: اس قانون کا کیا منشا ہے ؟
purposely, *adv.*: عمداً ؛ قصداً ؛ ارادتاً ؛ بالقصد-
purposeful, *a.*: معنی خیز ؛ جس سے کوئی منشا یا تجویز ظاہر ہوتی ہو ؛ پرمقصد - جس میں کوئی معنی یا مطلب مضمر ہو ؛
purposefully, *adv.*: معنی خیزانہ طور سے؛ خاص غرض سے -
purposefulness, *n.*: معنی خیز طور پر وغیرہ -
purposeless, *a.*: جس میں کوئی غرض مضمر نہ ہو؛ بے نتیجہ؛ لا حاصل؛ بے فائدہ -
purposelessly, *adv.*: بے نتیجہ طور پر -
purposelessness, *n.*: بے حاصلی -
Purpose *v. t.*: قصد کرنا ؛ ارادہ کرنا ؛ تہیہ کرنا ؛ منصوبہ کرنا یا باندھنا ؛ ڈول ڈالنا -
I p. an interview: میں ملاقات کا ڈول ڈالتا ہوں -
I p. to arrange an interview: میں ایک ملاقات کا انتظام کرنے کا ارادہ رکھتا ہوں -
I am purposed: (قدیم) میری خواہش ہے ؛ میں نے تہیہ کر لیا ہے -
Purposive, *a.*: مطابق مقصد ؛ موافق منشا ؛ متعلق مقصد -
Purpura, *n.*: (۱) پر پیورا ، یہ ایک بیماری ہے جس میں جلد پر نیلے یا ارغوانی داغ پڑجاتے ہیں - (۲) گھونگھے کی قسم جس سے ارغوانی رنگ حاصل ہوتا ہے -

Purpuric, *a.*: پر پیورا کا ؛ پر پیورائی -
p. fever: ارغوانی بخار ؛ پرپیورائی بخار -
p. acid: ارغوانی تیزاب ؛ ایک فرضی تیزاب جس سے ارغوانی نمک حاصل ہوتا ہے -
Purpurin, *n.*: مجیٹھی ؛ لال رنگ ؛ سرخ رنگ جو پہلے پہل مجیٹھ اور چھال چوبیلے سے نکلتا تھا-
Purr, *v. i. & t. & n.*: (۱) خر خر کرنا ؛ بلی کی سی آواز نکالنا ؛ (مجازاً) مسرت یا خوشی کا اظہار کرنا - (۲) خر خر ؛ خرخراہٹ-
Purree, *n.*: زرد رنگ (سفوت) (تلفظ پیوری) -
purreic, a.: زرد رنگ کا ؛ اصفری -
Pur sang, adv.: خالص ؛ کامل؛ سر تا سر ؛ تمام و کمال -
he is a militarist p.: وہ سر تا سر یا خالص جنگ پرست ہے-
he is Welsh p.: وہ تمام و کمال ویلزی ہے -
the artist p. is a rarity: خالص اور کامل فن کار شاذ ہے -
Purse, *n.*: (۱) بٹوا ؛ تھیلی؛ کیسہ - (۲) (مجازاً) روپیہ ؛ خزانہ ؛ سرمایہ (مثلاً *a common p.*) - (۳) چندہ ؛ انعام ؛ نذرانہ ؛ ہدیہ (رقمی) (مثلاً *will any gentleman give or put up a p*) - (۴) کیسہ نما شے (حیوانات و نباتات میں)
heavy p.: زر کثیر ؛ بڑی دولت -
hold the p.-strings: اخراجات پر قابو رکھنا -
light p.: افلاس و ناداری -
long p.: زر کثیر ؛ بڑی دولت -
loosen the p.-strings: فراخ دستی برتنا -
privy p.: دیکھو Privy -
p. bearer: کیسہ بردار ؛ کسی شخص یا کمپنی کی نقدی کا تحویل دار ؛ خزانچی ؛ وہ افسر جو مہر اعظم (great seal) کو تھیلی میں رکھکر لارڈ چانسلر کے آگے چلتا ہے -
p.-net: جالی کیسہ (خر گوش وغیرہ پکڑنے کے لئے جس کا منہ رسی سے بند ہو جاتا ہے) -
p. of gold: ترکی سلطنت میں ۱۰۰۰۰ قروش کی تھیلی -
p. of silver: ترکی سلطنت میں ۵۰۰ قروش کی تھیلی -
p.-proud: مغرور دولت -
p.-seine: جال کیسہ (مچھلیاں پکڑنے کا) -
p.-strings: کیسہ بند کرنے کی رسی -
the public p.: خزانۂ عامرہ ؛ بیت المال
tighten the p.-strings: کفایت شعاری برتنا -
will any gentleman give or (put up) a p.: کیا کوئی صاحب چندہ یا انعام عطا فرمائینگے -
purseful, *n.*: کیسہ بھر ؛ تھیلی بھر ؛ بٹوا بھر -
purseless, *a.*: بے کیسہ -
Purse, *v. t. & i.*: (۱) سکیڑنا ؛ شکن ڈالنا - (۲) پر شکن ہونا ؛ شکن پڑنا ؛ سکڑنا ؛ جھریاں پڑنا - (۳) (شاذ) تھیلی میں رکھنا ؛ بٹوے میں ڈالنا -
Purser, *n.*: جہاز کا افسر حساب ساز و سامان؛ پر سر -
pursership, *n.*: اس افسر کا عہدہ -
Purslane, *n.*: باقلہ ؛ خرفہ-
Pursuance, *n.*: پیروی ؛ تلاش ؛ کوشش ؛ تعمیل -
in p. of: بہ تعمیل ؛ بہ اتباع -

Pursuant, *a. & adv.* : (۱) متلاشی ؛ تعاقب کرنے والا - (۲) موافق ؛ مطابق ؛ بلا موجب ؛ حسب -

pursuantly, *adv.* : بلا اتباع ؛ حسبہ ؛ موافق ؛ مطابق ؛ بلا موجب -

Pursue, *v. t. & i.* : (۱) تعاقب کرنا ؛ پیچھا کرنا (گرفتار کرنے یا قتل کرنے کی غرض سے) - (۲) ڈھونڈنا ؛ تلاش کرنا - (۳) (مجازاً) درپے ہونا ؛ کیے جانا ؛ قائم رھنا ؛ لگے رھنا - (۴) پیروی کرنا ؛ چلنا ؛ جاری رکھنا (رستہ ' راہ تحقیق وغیرہ)-(۵)انجام دینا؛ مدنظر رکھنا ؛ جاری رکھنا (تعلیم وغیرہ) ؛ اختیار کرنا (پیشہ وغیرہ) (مثلاً *p.* one's *business, occupation &c.*) - (خصوصاً *p. after*) کسی کے تعاقب میں جانا -

pursuable, *a.* : قابل انجام دھی ؛ قابل تعاقب ؛ قابل اتباع ؛ قابل استغاثہ یا دعویٰ -

Pursuer, *n* : (۱) تعاقب کرنے والا ؛ پیچھا کرنے والا - (۲) متلاشی ؛ متجسس - (۳) (قانون دیوانی و قانون اسکاچستان) مدعی ؛ دعوی دار ؛ مستغیث -

Pursuit, *n.* : (۱) تعاقب ؛ تلاش ؛ کھوج ؛ سعی ؛ جستجو ؛ تفتیش - (۲) پیشہ ؛ کام ؛ دھندا ؛ شغل ؛ مشغلہ ؛ کارو بار -

Pursuivant, *n.* : (۱) مدرسۂ حربیہ (College of Arms) کا ایک افسر جو منصب میں نقیب (herald) سے نیچے ہوتا ھے - (۲) (شاعرانہ) پیرو ؛ متبع ؛ ملازم -

Pursy, *a.* : (۱) پھپس ؛ پولا ؛ پھولا ھوا - (۲) جس کو جلدی دم چڑھ جائے ؛ جس کا سانس جلد پھول جائے -

pursiness, *n.* : پھپس پن ؛ دم چڑھنا یا پھولنا -

Pursy, *a.* : جھری دار ؛ شکن دار ؛ چین آلود -

Purtenance, *n.* : (قدیم) دل ' آنتیں ' کلیجی ' پھیپھڑے ؛ (جانور کے جو بطور غذا استعمال ھو) -

Purulent, *a.* : ریم آلود ؛ راد بھرا ؛ پیپ بھرا ؛ پیپ دار ؛ پر مواد ؛ جس میں سے پیپ جاری ھو -

purulence, *n.* : ریم آلودگی ؛ پیپ بھرا ھونا -

purulently, *adv.* : ریم آلودہ طور پر -

Purvey, *v. t. & i.* : (۱) مہیا کرنا ؛ فراھم کرنا ؛ بہم پہنچانا (کھانے پینے کی چیزیں) - (۲) بندوبست کرنا ؛ رسد بہم پہنچانا ؛ ضروریات بہم پہنچانا ؛ دارغۂ توشہ خانہ کا کام کرنا -

Purveyance, *n.* : (۱) رسد رسانی ؛ خوراک رسانی ؛ بہم رسانی - (۲) ذخیرہ ؛ رسد ؛ سامان رسد ؛ سامان خوراک - (۳) قیمت مقررہ پر سامان رسد کی خریداری و بیگار وغیرہ (حق شاھی) -

Purveyor, *n.* : (۱) بہم پہنچانے والا ؛ سامان رساں - (۲) داروغۂ ذخیرہ ؛ خان ساماں یا میر سامان ؛ داروغۂ توشہ خانہ - (۳) (تاریخ) افسر رسد -

Purview, *n.* : (۱) متن قانون ؛ منشائے قانون - (۲) وسعت منشا (کسی قانون ' دستاویز ' کتاب ' کارو بار وغیرہ کی) - (۳) حد بصیرت ؛ حدنظر -

Pus, *n.* : مادہ ؛ مواد ؛ راد ؛ ریم ؛ پیپ -

Puseyism, *n.* : پوزیت ؛ پیروی پوزی ' یہ لفظ مخالفین تحریک آکسفورڈ کے حامیوں کے خلاف استعمال کرتے تھے (دیکھو Tractarianism) -

Puseyite, *n.* : مقلد پوزی (ڈاکٹر ' ای بی پوزی (*B.E. Pusey*) متوفی سنہ ۱۸۸۲ کا پیرو) -

Push, *v. t. & i.* : (۱) دھکیلنا ؛ ٹھیلنا ؛ ریلنا ؛ پیلنا ؛ کھسکانا ؛ سرکانا (مثلاً *do not p. against the fence*) - (۲) ھلانا ؛ ڈلانا - (۳) (اڈنا) گیند کو ضرب لگانا - (۴) (بائبل) ٹکر مارنا ؛ سینگ مارنا یا سینگ مارنے - (۵) نکلنا (مثلاً *cape pushes out into sea*) باھر نکلنا ؛ پھوٹنا -(۶) باھر نکالنا (*out, forth* کے ساتھہ) (مثلاً *plants p. out new roots*) - (۷) زور مارنا ؛ جدوجہد کرنا ؛ سبقت لے جانے کی کوشش کرنا - (۸) اکسانا ؛ ابھارنا ؛ راغب کرنا ؛ مائل کرنا - (۹) انجام دینا ؛ تکمیل کو پہنچانا ؛ زور دینا - (۱۰) مشغول ھونا ؛ مصروف ھونا ؛ منہمک ھونا - (۱۱) بڑھانا ؛ آگے بڑھانا - (۱۲) ترقی کرنا ؛ تجارت میں ترقی کرنا ؛ فروخت میں اضافہ کرنا (اشتہار وغیرہ کی بدولت) - (۱۳) دبانا ؛ مجبور کرنا ؛ تنگ کرنا ؛ دق کرنا ؛ ستانا ؛ زچ کرنا -

I am pushed for money : مجھے کہیں سے روپیہ نہیں ملتا ؛ میرا ھاتھہ بہت تنگ ھے -

I am pushed for time : میرے پاس بالکل وقت نہیں ھے یا مطلق فرصت نہیں ھے -

I do not wish to p. him for payment : میں اس کو ادائی کے لئے مجبور کرنا نہیں چاھتا -

p. off : چپو سے کنارے پر زور لگاکر کشتی کو بیچ دریا میں لے جانا ؛ بیچ دریا میں پہنچ جانا -

p. one's *fortune* : حصول دولت میں ساعی ھونا ؛ حصول معیشت میں کوشاں ھونا

push pin : بچوں کا ایک کھیل جس میں ھر کھلاڑی اپنی مینخ دوسرے کی مینخ سے لڑانے کے لیے آگے کو دھکیلتا ھے -

p. through : انجام کو پہنچانا ؛ تکمیل کرنا ؛ کام نکال لے جانا -

pushing, *a.* : مستعد ؛ آگے بڑھنے کی کوشش کرنے والا ؛ گھس پیٹھہ کرنے والا ؛ گھس پیٹھہ کا -

pushingly, *adv.* : مستعدی سے ؛ جد و جہد سے ؛ کدو کاوش سے -

pusher, *n.* : (۱) دھکیلنے والا وغیرہ - (۲) دھکیلنے کی مشین ؛ ٹھیلنے کی مشین - (۳) مشین کا پرزہ جو دھکیلنے کا کام کرتا ھے -

pusher aeroplane : ھوائی جہاز جس میں ھوائی پیچ (*air-screw*) پیچھے لگا ھوتا ھے -

[Pu]sh, *n.* : (۱) دھکا ؛ دھکیل ؛ ٹھیل ؛ ریل پیل ؛ ریلا - (۲) (اڈنا) دھکیل ؛ ٹھیلنا - (۳) (کسی کو) سعی ' سفارش یا کوشش سے بڑھانا ؛ زبردست کوشش (مثلاً *must make a p. to get it done*) - (۴) ھول (ھتھیار کی) - (۵) (فوجی) حملہ ؛ چڑھائی ؛ یورش - (۶) دباؤ ؛ زور ؛ بوجھہ - (۷) تنگی ؛ سختی ؛ نازک وقت ؛ انتہائی مشکل یا تکلیف (مثلاً *when a p. comes he procures additional hands*) - (۸) عزم ؛ ھمت ؛ استقلال ؛ ثابت قدمی - (۹) (عامیانہ) چوروں کی ٹولی ؛ جرائم پیشہ لوگوں کا گروہ ؛ بدمعاشوں کا جتھا -

p.-bike : (عامیانہ) بائیسکل -

pushful, *a.* : نہایت مستعد اور سرگرم ؛ الوالعزم ؛ گھس پیٹھہ کرنے والا

Pushtoo *-tu, n.* : پشتو ؛ افغانی زبان -

Pusillanimous, *a.*: ڈرپوک ؛ بزدل ؛ بودا ؛ کم ظرف -
pusillanimity, *n.*: بزدلی ؛ کم ھمتی ؛ بودا پن ؛ کم ظرفی -
pusillanimously, *adv.*: بزدلی سے ؛ بودے پن سے ؛
کم ظرفی سے -
Puss, *n.*: بلّی (بلی کا عرف یا بلّے کا نام) نیز شیر ؛
خر گوش وغیرہ کا عرف ؛ (بول چال) لڑکی (پیار یا دللگی سے) -
sly p.: گربۂ مسکین ؛ مکار لڑکی -
P. Moth: ایک قسم کا بڑا پروانہ -
Pussy, *n.*: (۱) (بچوں کا دیا ھوا نام) (نیز p.-cat) بلّی ؛
بلی - (۲) (بچوں کی) کوئی نرم یا ملائم شے -
pussyfoot, *P.-*: (۱) ممانعت شراب - (۲) ممانعت شراب کا
حامی (امریکہ کے ایک حامیٔ ممانعت شراب کے
عرف سے بنا ھے) -
Pustulate, *v. t. & i.*: آبلہ ڈالنا یا پڑنا ؛ چھالا ڈالنا یا پڑنا ؛
پھپھولا ڈالنا یا پڑنا -
pustulate, *a.*: بثرہ دار ؛ دمل دار ؛ آبلہ دار ؛ پھپھولے دار -
pustulation, *n.*: آبلہ خیزی ؛ چھالے پڑنا -
Pustule, *n.*: (۱) آبلہ ؛ چھالا ؛ دمل ؛ پھوڑا ؛ پھنسی -
(۲) (نباتیات) گومڑی ؛ مسا -
malignant p.: متعدی چھالا یا آبلہ ؛ زھریلا چھالا یا پھوڑا
(جو بھیڑ تپ کے جرثیمہ سے پیدا ھو جائے) -
pustular, **pustulous**, *aa.*: متعلق بہ آبلہ ؛ آبلہ دار ؛
چھالا دار ؛ آبلہ خاصیت -
Put, *v. t. & i.*: (۱) پھینکنا ؛ دھکیلنا (پتھر وغیرہ ورزش میں) -
(۲) گھونپنا ؛ کھبونا ؛ بھونکنا (ھتھیار وغیرہ) (مثلاً *p. a knife into*,
p. a bullet through) - (۳) روانہ ھونا ؛ چلنا (جہاز کا بندر گاہ
وغیرہ سے دور یا اس کی طرف ۔ دیکھو ذیل میں p. back, forth, off
وغیرہ) - (۴) رکھنا ؛ لگانا (مثلاً *p. on the table*) -
(۵) نشان کرنا ؛ لکھنا (مثلاً *p. a cross against his name*) -
(۶) جوتنا ؛ جوڑنا (مثلاً *p. the horse to the cart*) -
(۷) ملانا ؛ جوڑا ملانا (نر کا مادہ سے) (مثلاً *p. bull to the cow*) -
(۸) پار لے جانا ؛ پار اُتارنا (دریا سے) (مثلاً *p. him across*
the river) - (۹) (تجارت) سامان کا مقررہ وقت اور
مقررہ قیمت پر پہنچانا (مثلاً *we cannot p. Russian*
stock at present prices) - (۱۰) حوالہ کرنا ؛ تحویل کرنا ؛
سپرد کرنا (مثلاً *he p. himself under my care*) - (۱۱)
رکھنا ؛ بٹھانا (کسی مقام وغیرہ پر) (مثلاً *p. to school*) -
(۱۲) ڈالنا ؛ اضافہ کرنا (مثلاً *p. water to the wine*) -
(۱۳) داخل کرنا ؛ درج کرنا - (۱۴) قیمت لگانا ؛ اندازہ لگانا ؛
خیال کرنا (مثلاً *he puts truth first; I put his income*
at Rs. 2000 a year) - (۱۵) تبدیل کرنا ؛ (خصوصاً) ترجمہ کرنا
(مثلاً *p. it into English*) - (۱۶) (*p. faith in*) اعتماد کرنا
(مثلاً *he puts no faith in me*) - (۱۷) جوکھم میں ڈالنا ؛ قسمت
پر چھوڑ دینا (مثلاً *he puts all at the issue*) (۱۸) روپیہ
لگانا - (۱۹) مبنی کرنا ؛ منحصر کرنا - (۲۰) اطلاق کرنا ؛ کام میں
لانا (مثلاً *put to a good use*) - (۲۱) (خیال یا بیان میں)
(ایک کو دوسرے کی جگہ) تصور کرنا (مثلاً *p. yourself in*
his place) - (۲۲) پیش کرنا ؛ بیان کرنا (مثلاً *put the*
matter clearly before him; you are putting a riddle
to me) - (۲۳) بوجھ ڈالنا ؛ مجبور کرنا (مثلاً
the contract that was put upon him) -
a few words will p. the matter right: چند لفظوں
میں یہ معاملہ ٹھیک ھوجائے گا -
don't be p. upon by him: اس کی جفاؤں کا شکار مت ھو ؛
اس کی جفائیں نہ سہو -
don't p. the blame on me: مجھے الزام نہ دو -
dues were p. on cattle: رقوم واجب الادا مویشی پر
ڈالی گئیں -
every insult was p. on him: اس کی بری طرح توھین کی گئی -
he always manages to p. me in the wrong: وہ ھمیشہ
کچھ ایسا کرتا ھے کہ میری ھی غلطی ظاھر ھوتی ھے -
he has p. new life into him: اس نے اس میں نئی
زندگی پھونکی ھے -
he p. an end to himself or his life: اس نے اپنا یا اپنی
زندگی کا خاتمہ کردیا -
he p. his money into land: اس نے اپنا روپیہ زمین پر لگایا -
he puts no value on my advice: وہ میرے مشورے کی
کچھ قدر نہیں کرتا -
he puts the circulation at 10,000: وہ اشاعت کا اندازہ
دس ھزار لگاتا ھے
he was hard p. to it to keep them off: وہ انھیں مشکل
سے روکے رھا یعنی ان کے روکنے میں انتہائی قوت صرف کردی -
he was p. to fight: وہ لڑائی پر مجبور کیا گیا -
he was p. to flight: وہ بھاگنے پر مجبور کیا گیا -
he was p. to his blush: دیکھو Blush -
he was p. to his shifts: وہ چال بازی پر مجبور کیا گیا -
he was p. to his trumps: اسے ترپ چال چلنے پر مجبور کیا گیا -
I cannot p. it into words: میں اس کو لفظوں
میں ادا نہیں کر سکتا -
I p. it to you: اس میں میں آپ سے اپیل کرتا ھوں
(نیز دیکھو ذیل میں) -
I p. it to you that you were after no good: میں چاھتا
ھوں کہ تم اس امر کا اعتراف کرو کہ تم بھلائی کے درپے نہ تھے -
I p. my decision on the grounds stated: میں اپنا
فیصلہ اُن وجوہ پر مبنی کرتا ھوں جو بیان ھو چکی ھیں -
I p. my horse to (at) the fence: میں نے اپنے گھوڑے
کو باڑ کدانا چاھا -
it is surprising what he can do when he is p. to it:
حیرت ھے کہ وہ کیا کچھ کرسکتا ھے جب کرنے پر مجبور ھوجاتا ھے -
land was p. into or under turnips: زمین میں شلغم
کی کاشت کی گئی -
p. about: (۱) (کسی چلتے ھوئے جہاز کو) مخالف رستے پر
ڈالنا - (۲) گھوڑے کو گھمانا یا چکر دینا ؛ گھوڑے کو موڑنا - (۳)
آدمیوں کی جماعت کو موڑنا - (۴) (جہاز کا) مڑنا ؛ گھومنا -
(۵) (خصوصاً اسکاچستان) تکلیف دینا ؛ اذیت پہنچانا -
p. a check on it, p. a stopper on it: اس کو روکو -

p. and take : جوے کا کھیل جو چو گوشہ لٹو سے کھیلا جاتا ھے -

p. an end to it, p. a stop to it, p. a period to it : اُسے ختم کرڈالو -

put a good face on matter : دیکھو Face

p. a person's back up : کسی شخص کو برافروختہ کرنا ؛ مشتعل کرنا ؛ غصہ دلانا -

p. a (person) up to : (۱) (کسی کو) اطلاع دینا ؛ خبر دینا ؛ آگاہ کرنا - (۲) سکھانا (کوئی ھنر وغیرہ) - (۳) اُکسانا ؛ اُبھارنا ؛ آمادہ کرنا ؛ راغب کرنا ؛ مائل کرنا -

p. a proposal into shape : کسی تجویز کو عملی جامہ پہنانا

p. a spoke in one's wheel : کسی کے کام میں روڑا اٹکانا -

p. at : (کسی کے) خلاف کارروائی کرنا ؛ حملہ کرنا ؛ (خلاف) استغاثہ کرنا (مثلاً *he should not be p. at for this*) -

p. a veto on it : اس کی ممانعت کرو -

p. away : (۱) (قدیم) طلاق دینا (مثلاً *p. away a wife*) - (۲) حیثیت کے رکرنا ؛ رکیدہ چھوڑنا ؛ چھوڑنا ؛ ترک کرنا ؛ پس انداز کرنا - (۳) (عامیانہ) کھانا پینا ؛ اڑانا - (۴) عامیانہ قید کرنا - (۵) رھن کرنا ؛ گرو کرنا ؛ گروی رکھنا -

p. back : (۱) روکنا ؛ ھٹانا - (۲) گھڑی کی سوئیاں پیچھے ھٹانا - (۳) جیسا پہلے تھا ویسا کردینا ؛ پہلی حالت میں لا ڈالنا ؛ پہلے مقام پر رکھنا -

p. back, forth, into harbour : بندر گاہ کی طرف جانا -

p. by : (۱) کترانا ؛ کنارہ کرنا ؛ بچنا ؛ اُڑا جانا (دلیل ' سوال وغیرہ) - (۲) ٹال دینا (کسی شخص کو) - (۳) محفوظ رکھنا ؛ پس انداز کرنا (مثلاً *p. money by*) -

p. down : (۱) مغلوب کرنا ؛ دبانا ؛ زیر کرنا - (۲) نیچا دکھانا - منہ بند کرنا - (۳) گھٹانا ؛ کم کرنا (مثلاً *p. down one's expenditure*) ؛ خرچ بڑھانے والے سامان کی تخفیف کردینا (مثلاً *since they had p. down their carriage, she had been able to go about so little*) - (۴) محسوب کرنا ؛ شمار کرنا ؛ خیال کرنا (مثلاً *I p. him down for ten years old, as a fool, for a fool* میں نے اس کو بے وقوف جانا) - (۵) منسوب کرنا ؛ محمول کرنا (مثلاً *p. it down to his nervousness* میں نے اسے اس کی عصبی کمزوری کی طرف محمول کیا) -

p. forth : (۱) (زور) لگانا ؛ (اثر ' قوت وغیرہ سے) کام لینا (مثلاً *p. forth all one's energies*) ؛ (خوش بیانی کا) زور دکھانا (جیسے *p. forth one's powers of persuation*) - (۲) شایع کرنا ؛ اشاعت کرنا (جیسے *p. forth a new book*) ؛ پھیلانا (مثلاً *sun puts forth its rays*) - (۳) (پودے کا) نکالنا (کونپل ' کلی وغیرہ) (جیسے *plants p. forth their leaves*) -

p. forward : (۱) (اپنے کو) بڑھانا ؛ نمایاں کرنا ؛ نمودار کرنا ؛ گھس پیٹھ کرنا - (۲) پیش کرنا ؛ بیان کرنا (نظریہ وغیرہ) -

p. him on (his) oath : اسے قسم دو ؛ اس سے حلف اٹھواؤ -

p. him to mind the furnace : اس سے کہو بھٹی کا خیال رکھے -

p. horse or person through his paces : گھوڑے یا شخص کی قوت ' قابلیت وغیرہ کا امتحان کرنا -

p. in an appearance : (۱) ظاھر ھونا ؛ آنکلنا - (۲) (قانون) اصالتاً حاضر ھونا -

p. in distress, p. in execution : قرقی یا ضبطی کا عمل کرنا -

p. in one's oar : مداخلت کرنا ' مزاحمت کرنا -

p. it into Dutch : اس کا ھالستانی (ڈچ) زبان میں ترجمہ کرو -

p. it on the market : اس کو بازار میں بھیجو -

p. it to a good use : اس کا جائز استعمال کرو -

p. it to sale : اس کو فروخت کے لیے پیش کرو -

p. money on the horse : گھوڑے پر شرط لگانا

p. off : (۱) ملتوی کرنا ؛ معرض التوا میں ڈالنا - (۲) ٹالنا ؛ بچنا ؛ لیت و لعل کرنا - (۳) روکنا ؛ باز رکھنا ؛ مانع ھونا - (۴) (*p. off upon*) کسی کے سر مڑھنا یا تھوپنا (چالاکی سے) - (۵) (کپڑے وغیرہ) اتارنا (مثلاً *p. off your hat*) - (۶) ساحل سے روانہ ھونا (کشتی یا اھل کشتی کا) -

p.-off : لیت و لعل ؛ التوا ؛ درنگ ؛ تاخیر ؛ تعویق ؛ حیلہ حوالہ ؛ ٹالا بالا -

p. off from shore : کنارے سے روانہ ھونا ؛ کنارہ چھوڑنا -

p. on : (۱) پہننا ؛ زیب تن کرنا - (۲) اختیار کرنا ؛ بننا ؛ روپ دھارنا ؛ روپ بھرنا ؛ بناوٹ یا تصنع کرنا (مثلاً *his modesty is all p. on*) - (۳) ترقی کرنا (وزن یا جسم میں) (مثلاً *she has p. on a stone in weight*) - (۴) اضافہ کرنا ؛ بڑھانا ؛ زیادہ کرنا (قیمت ' یا کرکٹ میں رن یا فٹ بال میں گول کا) - (۵) بازی لگانا ؛ شرط لگانا (مثلاً *have you put on the winner*) - (۶) (گھڑی کی) سوئیاں آگے کرنا - (۷) عمل میں لانا یا چلانا ؛ (زور) لگانا ؛ (رفتار) بڑھانا ؛ (قوت یا طاقت) بڑھانا - (۸) کسی کام پر مقرر کرنا ؛ کسی کام میں لگانا (مثلاً *p. more men on the work*) ؛ (کرکٹ) کسی کو گیند پھینکنے پر مقرر کرنا ؛ ریل یا جہاز کو باقاعدہ سفر کے لیے مقرر کرنا (مثلاً *Pacific Railways are putting on a line of powerful vessels to the East*) -

p. it on : (۱) (روز مرہ) قیمت بڑھانا ؛ زیادہ قیمت لینا (مثلاً *half a crown for it! they know how to p. on*) - (۲) دکھ ' جذبات وغیرہ کو بڑھا چڑھا کر دکھانا ؛ تصنع کرنا -

p. one at his ease : کسی کی الجھن یا پریشانی دور کرنی ؛ کسی کو مطمئن کرنا -

p. one in fear of his life : کسی کو اسکی جان کا خوف دلانا -

p. one on his guard : کسی کو خبردار کردینا -

p. one on his mettle : کسی کو اس حالت میں لے آنا جس سے اس کو اس کی تیزی اور طراری دکھانے کا موقع ملے -

p. one's foot in it : دیکھو Foot -

p. one's hair up : دیکھو Hair -

p. one's hand to the plough : دیکھو Plough

p. one's shoulder to wheel : دیکھو Shoulder -

p. (our &c.) heads together : مشورہ کرنا -

p. out : (۱) ھڈی اتار دینا ؛ جوڑ الگ کر دینا - (۲) (کرکٹ) آؤٹ کرنا - (۳) بجھانا ؛ گل کرنا - (۴) گڑبڑا دینا ؛ پریشان کرنا ؛ دق کرنا (مثلاً *noise always puts one out*) - (۵) برھم کرنا ؛ برانگیختہ کرنا ؛ مشتعل کرنا (مثلاً *he was evidently quite put out with me*) - (۵) بے آرام کرنا ؛ آسائش میں خلل ڈالنا ؛ زحمت دینا - (۶) (زور) لگانا ؛ (سعی)

کرنا ؛ (جد و جهد) کرنا - (۷) (روپیه) سود پر چلانا ؛ کسی کام میں
روپیه لگانا - (۸) باهر والوں کو کام دینا ؛ ایسے آدمی کو کام
دینا جو اپنا ملازم نهیں (مثلاً *all work is done on the*
premises, nothing is p. out) -

p. out (in ship) : (جهاز میں) روانه هونا -

p. out of countenance : دیکھو countenance -

p. out of court : خارج از بحث کرنا -

p. out of joint : جوڑ الگ کردینا ؛ هڈی اتار دینا ؛
نظم و ترتیب میں خلل ڈالنا -

p. out of temper : مزاج برهم کرنا -

p. Othello on (the stage) : اتھیلو کا ڈراما کرو -

you should p. it at 2/6 : آپ کو اس کی قیمت دو شلنگ
چھ پینس مقرر کرنا چاهیے -

p. the case to him : یه معامله اس کے سامنے پیش کرو -

p. the case to vote : اس معاملے پر راے لو -

p. the lid on : دیکھو Lid -

p. the matter into my hands : یه معامله مجھ
پر چھوڑ دو -

p. the servants on board wages : نوکروں کو اتنی اجرت
دینا جس سے انکو (صرف) خوراکی ملے

p. the stone : پتھر پھینکنا -

p. the weight : وزن پھینکنا ؛ ؛ گوله پھینکنا -

p. the will for the deed : ارادے کو عمل سے بدل ڈالو -

p. the wind up one : (عامیانه) کسی کو ڈرانا، خوف زده کرنا -

p. the words in someone's mouth : دیکھو Mouth -

p. this thing out of his head : یه بات اس کے دماغ سے
نکال دو یعنی ایسا کرو که وه بھول جاے -

p. through : (۱) انجام دینا : تکمیل کو پهنچانا - (۲) (کسی کو
کسی سے) ٹیلی فون نمبر ملانا -

p. to confusion : تشویش میں ڈال دینا یا منتشر کر دینا ؛
پراگنده کرنا -

p. to death : قتل کرنا (خصوصاً جائز طور سے) -

p. to expense : خرچ کرانا -

p. together : (۱) جوڑ ملانا ؛ اکٹھا کرنا - (۲) جمع کرنا ؛ ماده
مصدر یا اجزا سے ایک چیز بنانا ؛ مرتب کرنا (مثلاً *put together*
a short account of one's travels, a dictionary) -
(۲) (کرکٹ) رن بنانا (مثلاً *they p. together thirty runs*) -

p. to inconvenience : تکلیف میں مبتلا کرنا -

p. to ransom : کسی کے لئے فدیه طلب کرنا -

p. to shame : شرمنده کرنا -

p. to the rack : شکنجے میں کسنا -

p. to the test, p. to the trial : کسوٹی پر کسنا ؛
آزمائش کرنا -

p. to the sword : ته تیغ کرنا -

p. to torture : اذیت پهنچانا -

p. two and two together : دیکھو Two -

p. up : (۱) اٹھانا ؛ اونچا کرنا - (۲) (متروک) تحمل کرنا ؛
برداشت کرنا - (۳) (کسی کو) انتخاب کے لیے پیش کرنا ؛
انتخاب کے لیے نام زد کرنا - (۴) (کسی کو) جاکی (*jockey*)
مقرر کرنا - (۵) (کسی ڈرامے کو) اسٹیج پر دکھانا - (۶)
(شکار کو) پناه گاه سے نکالنا ؛ هانکا کرنا - (۷) (دعا) مانگنا ،
کرنا (مثلاً *to p. up a prayer to God*) - (۸) (درخواست)
پیش کرنا ؛ (درخواست) گزارنا - (۹) (قیمت) بڑھانا ؛ (دام)
بڑھانے (مثلاً *to p. up the price*) - (۱۰) منظر عام پر لگانا ؛
اطلاع عام کے لیے کسی نمایاں جگه پر لگانا - (۱۱) (اعلان شادی)
شایع کرنا - (۱۲) کسی شے کو فروخت کے لیے پیش کرنا ،
نیلام کے لیے پیش کرنا ، مقابلے کے لیے پیش کرنا - (۱۳) گٹھڑی
یا بقچے میں باندھنا ؛ صندوق یا تجوری میں رکھنا ؛ حفاظت
سے یا احتیاط سے رکھنا - (۱۴) (تلوار کو) میان یا نیام میں
رکھنا (مثلاً *p. up your sword*) - (۱۵) قیام کرنا ؛ ٹھیرنا
(سرائے وغیرہ میں) - (۱۶) ٹھیرانا - (۱۷) بنانا ؛ گھڑنا ؛
تعمیر کرنا - (۱۸) سازش کرنا ؛ کسی بڑے کام کا منصوبه کرنا
(مثلاً *to put up a swindle*) -

put-up : ساخته ؛ بنایا هوا ؛ گھڑا هوا ؛ جھوٹا ؛ جعلی -

p. up a fight : لڑنا بھڑنا ؛ لڑائی کرنا ؛ جنگ کرنا -

p. up a good fight : خوب لڑنا ؛ دل کھول کر لڑنا ؛
جان بازی کرنا -

p. wise : (عامیانه امریکه) کسی کو آگاه کرنا ؛ (کسی امر
کے متعلق) کسی کی آنکھیں کھول دینی ؛ خبردار کردینا -

p. up with (archaic p. up) : پی جانا ؛ تحمل کرنا ؛ برداشت
کرنا ؛ جھیلنا ؛ سهنا -

the time when he was p. to school : وه وقت جب وه
مدرسے میں بٹھایا گیا -

to p. in : (۱) مقرر کرنا ؛ متعین کرنا (مثلاً *p. in*
caretaker, baillif) - (۲) پیش کرنا ؛ (لفظ ، جمله وغیره)
بیچ میں لے آنا ، بیچ میں شامل کر دینا ، داخل کر دینا
(*p. in a word*) ؛ جڑ دینا (گھونسا وغیره) ؛ دستاویز ، عذر،
شهادت ، دعویٰ ، ضمانت وغیره) پیش کرنا (عدالت میں) -
(۳) اپنے کو پیش کرنا یا ادعا کرنا (انتخاب وغیره کا) - (۴)
لگانا ؛ اضافه کرنا (بطور تکملے کے) - (۵) کرنا ؛ انجام دینا (مثلاً
you may not be able to p. in a hour's work in the
evening) - (۶) (بول چال) (وقت) صرف کرنا ؛ (وقت) گزارنا
(کسی کام میں) -

p. yourself in his place : اپنے آپ کو اس کی
جگه تصور کرو -

p. yourself in my hands : اپنے آپ کو میرے حوالے کردو -

what a way you have of putting things! : آپ کا انداز
بیان کس قدر عمده هے -

what has p. him on meddling : اس کو مداخلت پر
کس نے آماده کیا -

what p. him on this wild scheme : اس باد هوائی
منصوبے پر اس کو کس شے نے مائل کیا -

you must have p. the clock fast : تم نے گھڑی کو
آگے کردیا هوگا -

putter, *n.* : رکھنے والا ؛ پیش کرنے والا ؛ تجویز کرنے والا ؛
وزن اٹھانے والا وغیره -

Put, *n.*: (۱) پھینک ؛ پھینکائی ؛ پتھر یا وزن کی پھینک یا پھنکائی - (۲) قیمت مقررہ اور وقت مقررہ پر تحویل مال کا اختیار -

Put, putt, *v. i. & t. & n.*: (۱) گولف کی گیند کو آہستہ ضرب لگانا ؛ ایسی ضرب لگانا جس سے گیند کچھی میں درآئے - (۲) گولفی ضرب؛ ایسی ضرب جس سے گیند گولفی کچھی میں جا پڑے -

putting green : وہ سبز قطعۂ زمین جو گولفی کچھی کے گرد ہوتا ہے -

putting hole : گولفی یا گولی کچھی -

putter, *n.*: (۱) ضارب ؛ ضرب لگانے والا ؛ وہ شخص جو گولف کی گیند پر ضرب لگائے - (۲) گولف کی چھڑی ؛ گولف کا بلا -

Put, *n.* : (۱) (قدیم ؛ عامیانہ) بے مغز ؛ بلید ؛ احمق - (۲) اجڈ ؛ دھقان ؛ گنوار - (۳) انوکھا ؛ نرالا -

Putative, *a.*: فرضی ؛ مفروضہ ؛ نام نہاد ؛ مانا ہوا (ازروئے شہرت) ؛ عرفی -

his p. father : اس کا نام نہاد باپ ؛ عرفی باپ

putatively, *adv.*: از روئے قیاس ؛ از روئے شہرت -

Pute, *a.* : (قدیم ، شاذ) (ذیل کا فقرہ ملاحظہ ہو) -

pure (and) p.: خالص؛ نرا (مثلاً *only you and I chance to be pore pute asses*) -

Puteal, *n.*: (عتیقیات روما) کوئیں کا من؛ (کوئیں کی) پتھر کی میندھ؛ من -

Putlog, -lock, *n.*: وہ بڑا شہتیر جس پر کسی مچان کے تختے ٹکے رہتے ہیں -

Putrefy, *v. i. & t.* : (۱) سڑنا ؛ متعفن ہونا ؛ اُپسنا ؛ بگڑنا ؛ گلنا ؛ خراب ہونا - (۲) (شاذ) سڑانا ؛ گندہ کرنا ؛ متعفن کرنا - (۳) پیپ پڑنا - (۴) (اخلاقاً) بگڑنا ؛ خراب ہونا -

putrefaction, *n.*: (۱) بدبو ؛ تعفن؛ عفونت؛ بساند؛ سڑاند؛ بوسیدگی - (۲) اخلاقی خرابی -

putrefactive, *a.*: متعفن ؛ عفونت خیز؛ بدبو پیدا کرنے والا ؛ سڑانے والا -

Putrescent, *a.*: متعفن ؛ عفونت دار ؛ سڑا ہوا ؛ سڑتا ہوا -

putrescence, *n.*: تعفن؛ عفونت؛ گندگی؛ سڑاند؛ اخلاقی خرابی -

putrescible, *a.*: تعفن پذیر ؛ عفونت پذیر -

Putrid, *a.*: (۱) متعفن ؛ بدبو دار ؛ سڑا ہوا ؛ گلا ہوا ؛ (اخلاقی لحاظ سے) خراب ؛ گندہ ؛ ناپاک -

p. fever : متعفن بخار ؛ عفونت پذیر بخار ؛ حمائے متعفن (گندہ بخار = ٹائی فس بخار) -

p. sore throat : متعفن التہاب بلعومی -

putridity, putridness, *nn.*: تعفن ؛ عفونت ؛ بوسیدگی ؛ سڑاند ؛ بساند -

putridly, *adv.*: از راہ عفونت ؛ بطریق تعفن -

Putt : دیکھو Put (۳) -

Puttee, *n.*: پٹی ؛ پنڈلیوں پر باندھنے کی پٹی -

Putty, *n. & v. t.*: (۱) پوٹی؛ ٹین یا سیسے کا سفوف شیشے یا دھات کے صاف کرنے کے لیے؛ دھات پالش - (۲) چونے کا باریک سیمنٹ - (۳) پوٹین دیکھو glaziers' p. میں - (۳) پوٹی سے شیشہ جوڑنا ؛ پوٹی سے درز بند کرنا -

jewellers' p. : جوہریوں کا پالش -

plasterers' p.: چونے کا باریک سیمنٹ -

glaziers' p. : شیشے جڑنے کی لئی یعنی کھریا مٹی اور السی کے تیل وغیرہ کی لئی ؛ پوٹین -

p. medal : ادنیٰ خدمات کا موزوں ، مُناسب انعام (مثلاً *you deserve a p. medal*) -

Puy, *n.*: (*Auvergne*) کی چھوٹی پر کانی مخروطا خصوصاً اے ورناں -

Puzzle, *n.*: (۱) مسئلہ ؛ مشکل ؛ معما ؛ عقدہ - (۲) گورکھ دھندا ؛ گلجھٹی - (۳) مشکل ؛ حیرانی؛ پریشانی ؛ بکھیڑا ؛ الجھیڑا -

Chinese p.: معمۂ چینی -

p. -headed, -pate(d) : پریشاں خیال ؛ ژولیدہ دماغ -

p. -peg : لکڑی کا ایک ٹکڑا جو کُتے کے نچلے جبڑے سے باندھتے ہیں کہ زمین سے ناک نہ رگڑنے پائے -

Puzzle, *v. t. & i.* : الجھانا ؛ حیران کرنا یا ہونا ؛ پریشان کرنا یا ہونا ؛ اُلجھن میں پھنسانا ؛ گھبرانا ؛ تذبذب میں ڈالنا ؛ مُذبذب کرنا ؛ عاجز کرنا ؛ تنگ کرنا ؛ زچ کرنا ؛ ضیق کرنا ؛ حیرت میں ڈالنا ؛ حیرت زدہ کرنا ؛ مُتحیر کرنا ؛ غرق حیرت کرنا ؛ محو حیرت کرنا ؛ دق کرنا ؛ لاجواب کرنا -

monkey -p.: مُلک چلی کا ایک درخت

p. out : (معما) حل کرنا ؛ (عقدہ) حل کرنا یا سلجھانا -

puzzledom, *n.* : حیرانی ؛ پریشانی ؛ ضیق ؛ اُلجھن ؛ الجھاؤ ؛ بکھیڑا -

puzzlement, *n.*: حیرت زدگی ؛ پریشانی؛ ضیق ؛ اُلجھن ؛ اُلجھاؤ ؛ بکھیڑا -

puzzler, *n.*: الجھاؤ یا اُلجھن میں ڈالنے والا -

puzzlingly, *adv.*: اُلجھن میں ڈالنے کے طور پر -

Puzzolana : دیکھو Pozzolana -

Pyaemia, *n.* : تقیح الدم؛ یہ ایک مرض ہے جس سے جلد پر پیپ کے نقطے نمودار ہوتے ہیں اور خون میں سمیت پیدا ہوتی ہے -

pyaemic : تقیح الدم یا اس کے متعلق -

Pycno— : جز ترکیبی بمعنی گھنا ؛ گہرا -

pycnostyle : (تعمیرات) وہ طرز تعمیر جس میں ستون قریب قریب ہوں یعنی ستونوں کا درمیانی فاصلہ ایک ستون کے ڈیڑھ قطر کے برابر ہو -

Pygmy, pi- *n. & a.*: (۱) بالشتیا ؛ بونا ؛ پستہ قامت؛ کوتاہ قد؛ پست قد - (۲) پست قد قوم کا فرد - (۳) (مجازاً) کم عقل ؛ بے مغز - (۴) حقیر ؛ ناچیز مثلاً *our p. efforts* - (۵) دیو ؛ پری ؛ بھوت ؛ پریت -

the Pp. : افریقہ کی پست قد قوم -

pygmaean, *a.* : بونوں کے متعلق ؛ بونے جیسا ؛ پستہ قد ؛ پست قامتانہ -

Pyjamas, pa-, *n.pl.*: (۱) پائے جامہ؛ پاجامہ (۲) ڈھیلا ڈھالا کرتا پاجامہ جو رات کو سوتے وقت پہنتے ہیں -

Pylon, *n.*: (۱) اونچا بڑا دروازہ ؛ باب ہیکل ؛ پھاٹک (خصوصاً مصری معابد کا) - (۲) اُونچی مینار دار عمارت ، پشت بانی ، حد بندی یا آرائش کی غرض سے -

Pylorus, *n.* : بواب ؛ یہ معدے کے نیچے والے سرے کا نام ہے -

جو چھوٹی آنت سے ملحق ہے اور گویا دربان کا کام کرتا ہے اوقات معینہ پر غذا کو معدے سے آنت میں جانے کا کام دیتا ہے -

pyloric, *a.*: دربانی ؛ متعلق بہ دربانیہ -

Pyo— : جز ترکیبی بمعنی پیپ وغیرہ -

pyogenesis : پیپ پڑنا -

pyorrhoea : سیلان صدیدی ؛ نجیبج ؛ پیپ کا خارج ہونا خصوصاً دانتوں کی بیماری ؛ پائیریا -

pyoid, *a.*: ریمی ؛ پیپ جیسا ؛ پیپ دار -

Pyracanth, *n.* : ایک سدا بہار باردار جھاڑی جس کے پھول سفید اور پھل ارغوانی ہوتے ہیں -

Pyramid, *n.*: (۱) ہرم ؛ خصوصاً اہرام مصری ؛ منار - (۲) مخروط ؛ مخروطی شکل - (۳) ہرم نما ؛ منار نما ؛ مخروط نما - (۴) ہرم نما میوہ دار درخت (یعنی وہ درخت جو مخروطی شکل کا بنا لیا جائے) - (۵) (جمع) بلیرڈ یا انٹا کا کھیل جس میں عموماً پندرہ رنگین گیندیں ہوتی ہیں اور ایک بے رنگ -

pyramidal, *a.* : ہرمی ؛ ہرمیہ ؛ مخروطی ؛ مخروط نما ؛ ہرم نما ؛ اہرام نما ؛ مضلع نما ؛ منار نما -

pyramidally, *adv.* : ہرمی طور پر ؛ مخروطی شکل میں -

pyramidwise, *adv.* : ہرم دار یا مخروطی طرز یا شکل میں -

Pyramidist, *n.* : اہرام مصری کا ماہر ؛ ماہر ہرمیات یعنی جو اہرام مصری کی ساخت و تاریخ کا علمی انداز سے مطالعہ کرتا ہے -

Pyre, *n.* : چتا -

Pyrethrum, *n.* : عاقر قرحا ، ایک نباتی دوا کا نام ہے -

Pyretic, *a.* : حمی ؛ بخاری ؛ بخار آور ؛ بخار کی -

Pyrexia, *n.* : (تشخیص) تپ ؛ بخار ؛ حمی -

pyrexial, pyrexic(al), *aa.* : متعلق تپ یا بخار ؛ حمی ؛ بخاری -

Pyrheliometer, *n.* : شمس پیما (آلہ) ؛ سورج کی گرمی ناپنے کا آلہ -

Pyridine, *n.* : رقیق آتش گیر شے جو ہڈی کے تیل سے حاصل ہوتی ہے ، دمے کے علاج میں کام آتی ہے -

Pyrites, *n.* : (نیز iron p.) پیریطس ؛ پوریطش ؛ آہن کے دو کبریتیوں میں سے کوئی ایک -

copperp. : نحاسی پیریطس ؛ تانبے اور لوہے کا دگنا کبریتید -

pyritic, *a.* : آتشیائی ؛ ناریائی ؛ منسوب بہ آتشیہ ؛ منسوب بہ ناریہ -

pyritiferous, *a.* : آتشیہ دار ؛ ناریہ دار -

pyritious, *a.* : آتشیائی ؛ ناریائی -

pyritize, *v. t.* : آتشیانا ؛ آتشیہ بنانا ؛ ناریہ بنانا -

Pyro : = دیکھو Pyrogallic

Pyro -: سابقہ جو یونانی کے لفظ pur سے نکلا ہے بمعنی آگ ، آتش وغیرہ مثلاً :-

pyro-acid : ایک ترشہ جو دوسرے ترشے سے بذریعۂ تقطیر حرارت بنایا جائے -

pyro-electric : آتش برقی ، وہ جسم (خصوصاً بلور) جس میں حرارت سے برقی خاصیت پیدا ہوجاتی ہے -

pyro-electricity : آتش برق ، حرارت کے ذریعے برق پیدا ہوجانے کی خاصیت -

pyrogallic acid : ایک قسم کا تیزاب جو فوٹو گرافی میں عامل تعلیلی کے طور پر کام آتا ہے (مخفف pyro) -

pyrogenetic : (۱) حرارت زا ، خصوصاً جو چیز جسم میں حرارت پیدا کرتی ہے - (۲) بخار آور -

pyrogenic : بخار آور -

pyrogenous : (۱) آتش زادہ ؛ حرارت زادہ - (۲) آتشیں چٹان -

pyrography : آتشیں کندہ کاری ؛ لکڑی پر گرم آلے کی نوک سے نقش و نگار بنانے کا کام -

pyrograph : آتش نگاری کرنا ؛ آتشیں کندہ کاری کا کام بنانا ؛ آتشیں کندہ کاری کا فن -

pyrographer,-graphist : وہ شخص جو لکڑی پر گرم آلے سے نقش و نگار بنائے -

pyrographic : آتشیں کندہ کاری کے متعلق ؛ آتش نگارانہ -

pyrogravure : آتشیں کندہ کاری ؛ آتش نگاری -

pyrolatry : آتش پرستی ؛ اگنی پوجا -

pyroligneous : آتش چوبی ؛ وہ چیز جو لکڑی پر حرارت یا آگ کے عمل سے پیدا ہو -

pyromania : آتش مانیا ؛ آتش زدگی کا خبط ؛ آگ لگانے کا جنون -

pyromaniac(al) : آتش مانیائی ؛ آتش زدگی کا خبطی -

pyrometer : آتش پیما ؛ حرارت پیما ؛ تیز حرارت ناپنے کا آلہ -

pyrometric(al) : حرارت پیمایانہ ؛ آتش پیمایانہ -

pyrometrically : آتش پیمائی کے طور پر -

pyrometry : آتش پیمائی ؛ حرارت پیمائی -

pyrophorus : آتش گیر ؛ اشتعال پذیر ؛ وہ چیز جو ہوا میں آتے ہی مشتعل ہو جاتی ہے -

pyrophoric,-phorous : آتش گیرانہ ؛ اشتعال پذیرانہ -

pyrophotograph : آتشی فوٹو ؛ آتشیں عکسی تصویر ؛ وہ عکسی تصویر جو شیشے یا چینی پر آگ کی حرارت سے جما دی گئی ہو -

pyrophotographic : آتشی فوٹو کے متعلق ؛ آتش تصویرانہ -

pyrophotography : آتشیں عکاسی ؛ آتشیں تصویر کشی ؛ آتشیں فوٹو گرافی -

(ان کے علاوہ یہ سابقہ اور علمی الفاظ میں آتا ہے مثلاً جب یہ سابقہ کیمیائی الفاظ میں آتا ہے تو ایسی شے کی طرف اشارہ کرتا ہے جو کسی اور شے سے تخریبی تقطیر کے ذریعے حاصل ہوتی ہے اسی طرح معدنیات میں یہ سابقہ ایسی دھاتوں کی طرف اشارہ کرتا ہے جن میں حرارت کے عمل سے کوئی تبدیلی واقع ہے یا جن میں آتشیں سرخ رنگ یا زرد رنگ پایا جاتا ہے یا کوئی اور خصوصیت پائی جاتی ہے جو حرارت کے اثر پر مبنی ہو)-

Pyrope, *n.* : یاقوت احمر ؛ گہرا سرخ یاقوت ؛ گہرا سرخ تامڑا -

Pyrotechnic, *a.* & *n.* : (۱) آتش بازانہ ؛ آتش بازی کے متعلق ؛ منسوب بہ آتش بازی (مثلاً *p. display* آتش بازی کا تماشا) - (۲) (جمع ، لفظاً و مجازاً) آتش بازی ؛ آتش بازی کا کھیل ؛ آتش بازی بنانے کا فن ؛ آتش بازی کا تماشا - (۳) (صفت) (مجازاً ، ظرافت ، خوش بیانی وغیرہ کے متعلق) مشابہ آتش

بازی ؛ حیرت انگیز سنسنی پیدا کرنے والی ؛ ہوش ربا -

pyrotechnical, *a.* : آتش بازانہ ؛ منسوب بہ آتش بازی -

pyrotechnically, *adv.* : آتش بازی کے طور پر -

pyrotechnist, *n.* : ماہر آتش بازی ؛ آتش بازی بنانے والا -

pyrotechny, *n* : آتش بازی ؛ آتش بازی کا استعمال ؛ آتش بازی کا اطلاق -

Pyroxylin, *n.* : پائرو کسیلین (ایک قسم کی آتش گیر چیز ہے جس میں بارود کی روئی بھی شامل ہوتی ہے جو نباتاتی ریشوں کو شورے کے تیزاب میں بھگانے سے بنتی ہے) -

pyroxylic, *a.* : پائرو کسیلینی -

Pyrrhic, p-, *n.* & *a.* : (۱) [نیز *P.(dance)*] قدیم یونانیوں کا رقص جنگ - (۲) عروضی پد - (۳) رقص جنگ کے متعلق - (۴) عروضی پد کے متعلق -

Pyrrhic, *a.* : منسوب بہ پر ہوس بادشاہ ایپی روس (سنہ ۳۱۸ تا سنہ ۲۷۲ قبل مسیح) -

P. victory : فتح عظیم ؛ فتح گراں بہا یعنی وہ فتح جو بہت کشت و خون اور قربانی کے بعد حاصل ہو جیسی (Pyrrhus) پر ہوس شاہ ایپی روس کو اسقلم (Asculum) کے میدان میں رومیوں پر حاصل ہوئی تھی -

Pyrrhonism, *n.* : پر ہونیت ؛ فلسفہ پر ہونی ؛ کامل تشکیک ؛ شک پرستی ؛ پرہون باشندہ ایلس (سنہ ۳۰۰ قبل مسیح) کا یہ نظریہ کہ علم کا یقین نا ممکن الحصول ہے -

Pyrrhonian, Pyrrhonic, *aa.* & *nn.* : پرہونی ؛ منسوب بہ پرہون -

Pyrrhonist, *n.* : پر ہونی ؛ مقلد پر ہون -

Pyrus, *n.* : سیبی ؛ گلاب نما درختوں اور جھاڑیوں کی ایک قسم ' جس میں سیب اور نا شپاتی وغیرہ شامل ہیں -

P. japonica : ارغوانی سیبی -

Pythagorean, *a.* & *n.* : فیثا غورثی ؛ مقلد فیثا غورث (حکیم فیثا غورث باشندۂ ساموس چھٹی صدی قبل مسیح) -

proposition : اقلیدس کے پہلے رسالے کی ۴۷ ویں شکل -

Pythian, *a.* & *n.* : (۱) متعلق بہ ڈیلفی (*Delphi*) - (۲) اپالو کے سروش غیبی اور اس کی کاہنہ (مقام ڈیلفی کے متعلق) -

the P. : ڈیلفی کا اپالو ؛ اپالو کی کاہنہ (ڈیلفی میں) -

Python, *n.* : (۱) یونانی دیومالا میں ایک عظیم الجثہ اور عجیب الخلقت سانپ جس کو ڈیلفی کے قریب اپالو نے ہلاک کیا تھا - (۲) اژدھا -

pythonic, *a.* : منسوب بہ پائی تھون ؛ منسوب بہ اژدھا -

Python, *n.* (۱) مشہور پریت کا نام - (۲) جس شخص کے سر پر اس کا سایہ ہو یا جو اس کا معمول ہو -

pythoness, *n.* : وہ عورت جس کے سر پائی تھون آئے ؛ کاہنہ ؛ ساحرہ ؛ غیب گو عورت -

pythonic, *a.* : (۱) ملہم ؛ غیب گو ؛ غیب داں ؛ الہام گو - (۲) ملہمانہ -

Pyx, *n.* & *v. t.* : (۱) (کلیسائے رومی میں) وہ برتن جس میں متبرک روٹی رکھی جاتی ہے - (۲) شاہی ٹکسال کی وہ صندوقچی جس میں خالص سونے اور خالص چاندی کے سکے نمونے کے طور پر سالانہ امتحان کے لئے رکھ رہتے ہیں ؛ سکہ دانی - (۳) کسی سکے کو سکہ دانی میں رکھنا ؛ سکہ دان میں ڈالنا - (۴) کسی سکے کو تول کر یا کسوٹی پر کس کر دیکھنا یا پرکھنا -

trial of the P. : امتحان مسکوکات ؛ سکوں کا سالانہ امتحان (شرکت زرگران کی ایک جیوری کرتی ہے) -

Pyxidium, *n.* (pl. *-ia*) : (نباتیات) ڈھکنے دار (ڈوڈا) ؛ وہ ڈوڈا جس کا ڈھکنا اس طرح کھلتا ہے جیسے صندوق کا ڈھکنا -

Pyxis, *n.* : (۱) صندوقچہ ؛ صندوقچی ' ڈبیا ؛ درج - (۲) = pyxidium -

Q

Q. (pl. *Qs, Q's*) : (۱) انگریزی حرف تہجی کا سترھواں حرف - (۲) (اسکیٹ بازی) بدلی (چکر کھانے یا مڑنے کے بعد کھڑاؤں کا کنارہ یا لگر بدلنا) ؛ لگر پلٹا -

Qua, *conj.* : بحیثیت ؛ بلحاظ (مثلاً *objects to the Church not q. Church, but q. Establishment* کلیسا پر معترض ہے نہ اس حیثیت سے کہ وہ کلیسا ہے بلکہ بلحاظ اس کے نظم کے) -

Quack, *v. i.* & *n.* : (۱) (اسم) بطخ کی کرخت آواز ؛ قائیں قائیں - (۲) ایسی آواز نکالنا ' قائیں قائیں کرنا - (۳) چیخ کر احمقانہ بات کرنا ؛ زق زق بق بق کرنا -

q.-q : (بچوں کی بولی میں) بطخ -

Quack, *n.* & *v. i.* & *t.* : (۱) عطائی ؛ غیر مستند طبیب ؛ اناڑی حکیم وغیرہ ؛ وہ جاہل شخص جو (خصوصاً طب اور جراحی میں) قابلیت کا مدعی ہو ؛ وہ شخص جو عجیب عجیب (مگر بے اثر) دوائیں اور ترکیبیں اور علاج بتائے - (۲) شیخی باز ؛ یاوہ گو - (۳) کسی امر میں ادعا کے ساتھ گفتگو کرنا ؛ شیخی مارنا ؛ اشتہار دینا (دوا یا علاج وغیرہ کا) - (۴) عطائیوں کے سے کام (یا علاج) کرنا -

q. doctor : عطائی ؛ غیر مستند طبیب ؛ نیم حکیم ؛ کٹھ بیدی -

q. remedies : ایسا علاج ' یا ایسی دوائیں جو فن کے اعتبار سے مستند نہ ہوں ؛ عطائی علاج -

quackery, *n.* : عطائی طریقۂ علاج ؛ اناڑی یا عطائی پن -

quackish, *a.* : عطائی ؛ غیر مستند ؛ اناڑی پن کا -

Quacksalver, *n.* : quack بمعنی عطائی وغیرہ کی اصلی اور ابتدائی صورت جو اب متروک ہے -

Quad, *n.* : دیکھو Quadrat اور Quadrangle -

Quadrable, *a.* : (ریاضی) تربیع پذیر ؛ جو ایک مساوی مربع کی صورت میں پیش یا ظاہر کیا جا سکے ؛ (الجبرا) قدر پذیر ؛ جو ایک محدود جبری قدر کی شکل میں ظاہر کیا جا سکے -

Quadragenarian, *a.* & *n.* : وہ شخص جس کی عمر چالیس سال ہو ؛ چہل سالہ ؛ چالیسا -

Quadragesima, *n.* : (نیز *Q. Sunday*) مسیحی اربعین یا رمضان (*Lent*) کا پہلا یکشنبہ ؛ یکشنبہ اربعین -

Quadragesimal, *a.* : چہل روزہ ؛ عیسائیوں کے اربعین کا ؛ اربعینی -

Quadrangle, *n.* : (۱) چوکھونٹی ؛ چو گوشہ (شکل) خصوصاً مربع یا مستطیل - (۲) (نیز quad) چوک ؛ چوکھونٹا صحن جس کے تقریباً چاروں طرف بڑی عمارتیں ہوں ؛ صحن جو عمارتوں سے گھرا ہوا ہو ؛ چوکھنٹی ؛ چار دیواری احاطہ ؛ گھیر -

quadrangular, *a.*: چوکھونٹا؛ چوکوشیہ؛ چہار پہلو؛ ذو اربعہ -

quadrangularly, *adv.*: چوکھونٹی یا چو گوشیہ شکل میں -

Quadrant, *n.*: (۱) ربع دائرہ کا چوتھائی حصہ - (۲) وہ شکل جو قوس اور ان دو نصف قطروں سے محصور ہو جو ایک دوسرے کو زاویہ قائمہ بنا کر کاٹتے ہوں - (۳) کوئی چیز (خصوصاً دھات کا ڈھلواں ٹکڑا) جس کی شکل ربع دایرہ کی سی ہو - (۴) زاویہ ناپنے کا آلہ؛ مزولہ -

quadrantal, *a.*: جو ربع دایرہ کی شکل رکھتا ہو؛ ربع دایرہ نما؛ چو پہلا؛ مربع -

Quadrat, (also *quad*) *n.*: دھات کا ایک موٹا ٹکڑا جو لوہے کے حرفوں کے درمیان فاصلہ دینے کے لئے چھاپہ خانوں میں استعمال کیا جاتا ہے -

Quadrate, *a. & n.*: (۱) چوکور؛ چو گوشہ؛ مربع یا مستطیل (خصوصاً علم تشریح کی اصطلاحات میں) - (۲) (اسم) قائم الزاویہ، مستطیل) ٹکڑا یا تختہ (شاذ) -

q. muscle: سخت پٹھے، خصوصاً کمر، ران، بازو وغیرہ کے -

q. bone: پرندوں اور زہریلے جانوروں کی (سر کی) چوڑی ہڈی -

Quadrate, *v. t. & i.*: (۱) (شاذ) مربع بنانا - (۲) (ریاضی) تربیع دایرہ کرنا - (۳) تطبیق کرنا؛ متابعت کرنا یا کرانا -

Quadratic, *a. & n.*: (۱) چوکور؛ مربع (شاذ) - (۲) (اسم) (ریاضی) دوہ درجہ کی مساوات - (۳) (جمع) (الجبرا کی ایک شاخ) دو درجی مساوات -

Quadrature, *n.*: (۱) (ریاضی، تربیع - (۲) (علم الافلاک) تربیع؛ فضا میں ایک یا دو نقطے جہاں قمر شمس سے ۹۰ درجہ دور رہتا ہے، اجرام فلکی کا ایک دوسرے کی نسبت سے وہ موقع جہاں وہ ایک دوسرے سے ۹۰ درجہ کے فاصلے پر ہوتے ہیں، نود درجی؛ بعد نود درجہ -

Quadrennial, *a.*: چہار سالہ؛ بعد از چہار سال؛ چار سال میں ایک دفعہ؛ چو برسی -

Quadri-: (بعض مرکبات کا جزو اول، بمعنی) چار؛ اربعہ -

quadrifid, *a.*: چو پہل؛ چوگوشہ؛ چوپھانکا؛ چار ٹکڑوں، حصوں یا گوشوں میں پھٹا ہوا -

quadrilateral, *a. & n.*: ذو اربعۃ الاضلاع، چو پہلو (شکل یا رقبے کے متعلق) -

quadrillion, *n.*: (ریاضی) وہ شمار یا مقدار جس کو ظاہر کرنے کے لئے ایک کے عدد پر ۲۴ صفر لگائے جائیں؛ کھرب در کھرب (کھرب ضرب کھرب) -

quadrinomial, *a.*: (الجبرا) ذو اربعۃ الحدود؛ چہار قدری - مربع؛ ذو اربعہ

quadripartite, *a.*: چہار حصہ؛ چوطرفی؛ جس میں چار فریق شامل ہوں -

quadrilingual, *a.*: جس میں چار زبانیں لکھی یا استعمال کی گئی ہوں؛ ذو اربعۃ الالسنہ؛ چہار زبان؛ چو بولیا؛ چوبھاشیا -

quadrireme, *a.*: چو طبقہ؛ چہار درجہ؛ قدیم زمانے کا جہاز جس میں پتواروں کی چار قطاریں ہوتی تھیں -

quadrisyllabic, *a.*: چار ارکان تہجی رکھنے والا (لفظ)؛ چہار وتری -

quadrisyllable, *n.*: وہ لفظ جس میں چار ارکان تہجی ہوں؛ چہار وتری -

quadrivalent, *a.*: (علم کیمیا) چہار یا چو گرفتا؛ مقترن بالاربعہ -

quadrivium, *n.*: (تاریخ) قرون وسطیٰ میں یونیورسٹی کا نصاب تعلیم جو ریاضی، ہندسہ، علم الافلاک اور موسیقی پر مشتمل ہوتا تھا؛ چہار علمی -

Quadric, *a. & n.*: (علم ہندسہ، مجسمات) دو درجی؛ سطح ثانوی؛ دوسرے درجے کی سطح -

Quadriga, *n.* (pl.-*ae*): قدیم زمانے کی رتھ جس میں ایک ہی قطار میں چار گھوڑے جوتے جاتے تھے؛ ارابہ؛ عربہ؛ چار اسپہ؛ چوگھوڑا -

Quadrille, *n.*: تاش کا ایک کھیل جو اٹھارہویں صدی عیسوی میں یورپ میں بہت مقبول تھا، جس میں چار آدمی ۴۰ پتوں سے کھیلتے تھے؛ چو پتیا -

Quadrille, *n.*: (۱) رقص مربع؛ چوکورا ناچ؛ ناچ جس میں چار جوڑے بہ یک وقت ناچتے ہیں - (۲) موسیقی کی ایک خاص گت جو اس ناچ کے ساتھ بجائی جاتی ہے؛ چوکوری گت -

Quadroon, *n.*: ایسے دوغلے ماں باپ کا بچہ جن میں سے ایک خالص یورپین ہو اور دوسرے میں یورپین اور حبشی کا خون ملا ہوا ہو؛ ایسے اشخاص جن میں ایک چوتھائی حبشی نسل کا خون ہو؛ چوغلا؛ اسی قسم کے دوغلے انسان، جانور یا نباتات جن کے خون ذمین اسی تناسب سے میل ہو؛ مخلوط در مخلوط؛ کراترون - چوھتہ؛

Quadrumanous, *a.*: چہار دست؛ چار ہاتھیہ والا (دودھ پلانے والے جانوروں کی اس قسم سے تعلق رکھنے والے جانور جن کو qaudrumana کہتے ہیں اور جن کے ہاتھوں پاؤں پر سامنے ایک انگلی یا انگوٹھا ہوتا ہے تاکہ وہ اگلے پچھلے دونوں اعضاء بطور ہاتھ کے استعمال کرسکیں جیسے بندر، لنگور وغیرہ) -

Quadruped, *n. & a.*: (۱) چار پایہ؛ چو پایہ (جانور)، خصوصاً دودھ پلانے والا چو پایہ؛ مویشی - (۲) وہ (جانور وغیرہ) جن کے چار ہاتھ پاؤں ہوں -

quadrupedal, *a.*: چار ہاتھ پاؤں والے (جانور)؛ چہارپا -

Quadruple, *a., n. & v. t. & i.*: (۱) چوگنا؛ چہار چند؛ چہار تہہ؛ چو پرتہ؛ جس میں چار حصے شامل ہوں؛ چہار پارہ - (۲) چہار گانہ - (۳) چو گنا نا؛ چار سے ضرب دینا -

q. algebra: رباعی الجبرا (جس میں چار متبوع اکائیاں استعمال کی جاتی ہیں)؛ چہار فردی -

Q. Pact: وہ معاہدہ جو سنہ ۱۹۲۲ میں برطانیہ عظمیٰ اور ریاستہائے متحدہ امریکہ، فرانس اور جاپان کے درمیان بحر الکاہل کے متعلق ہوا تھا؛ میثاق یا اتحاد مربع یا چہار گانہ -

q. rhythm or *time*: موسیقی کا وہ وزن یا ٹھیکہ جس میں بہ یک وقت چار تالیں ہوں؛ چو تالا -

q. alliance: اتحاد چہار گانہ؛ چار اشخاص (یا قوموں، حکومتوں) کا اتحاد -

quadruply, *adv.*: چوگنا بناتا ہوا -

Quadruplet, *n.* pl.: (۱) توام اربعہ؛ چہار گانی یا چہار زاد (بچے)؛ چار بچے جو ایک ہی ماں سے بہ یک وقت پیدا ہوں - (۲) مربعات؛ چہار گانہ (عمل یا اشیاء)؛ چار چیزیں جو متفقہ عمل کر رہی ہوں - (۳) چار سواری (دو پہیہ)؛ ایسی بائیسکل جس پر چار آدمی بہ یک وقت سوار ہوسکتے ہوں۔

Quadruplicate, *a. & n.*: (۱) مربعہ؛ مربعی؛ جو چار دفعہ دہرایا گیا ہو؛ جس کی چار دفعہ نقل کی گئی ہو - (۲)

مربع ؛ چہار مرّۃ ؛ اربع کرّات ؛ چار یکساں نمونے یا نقلیں ؛ (جمع) چار ایسی نقلیں ؛ مربعات ۔

Quadruplicate, *v. t.* : مربع بنانا ؛ چوگنانا ؛ چار سے ضرب دینا ؛ چار یکساں نمونے بنا نا یا نقلیں کرنا ۔

quadruplication, *n.* : تربیع ؛ چار تہ بنانا ؛ چار سے ضرب دینا ؛ چوگنا کرنا ؛ چار یکساں نمونے بنانا یا نقلیں کرنا ؛ تکریر اربعی ؛ مربعات گوی (یا نویسی) ۔

Quadruplicity, *n.* : چار تہ یا چار گنا ہونے کی حالت (صورت یا نوعیت) ؛ مربعیت ؛ چہار گانگی ۔

Quaere, *v. t. imperat.,* & *n.* (abbr. *qu.*) : (۱) دریافت کرو (یہ ایک سوال ہے' میں معلوم کرنا چاھتا ہوں) ۔(۲) سوال؛ استفہام ۔

most interesting, no doubt but q. is it true (یہ بات بلا شبہ بہت دلچسپ ہے مگر سوال ہے کہ کیا یہ سچ بھی ہے ۔

Quaestor, *n.* : کو استرو ؛ بخشی ؛ خزانچی (قدیم روما میں ایک عہدہ دار کا لقب جو سلطنت کے خزانچی وغیرہ کے خدمات انجام دیتا تھا) ۔

quaestorial, *a.* : کو استو ری ؛ بحیثیت (یا متعلق) quaestor کے عہدے کے ۔

quaestorship, *n.* : quaestor کا عہدہ یا منصب؛ بخشی گری ۔

Quaff, *v. i.* & *t.* : (لمبے لمبے اور بڑے بڑے گھونٹ لیکر) پینا ؛ چڑھا جانا ؛ پیالہ کو خالی کردینا ؛ ایک سانس میں چڑھا جانا ۔

Quag, *n.* : دلدل؛ دلدلی یا دھنسنی زمین ؛ دھنسن (جہاں قدم رکھنے سے زمین دھنس جاتی ہو) ؛ متحرک دلدل ۔

quaggy, *a.* : دلدلی ؛ دلدل دار ؛ دھنسنی ۔

Quagga, *n.* : گور خر جنوبی ؛ ایک چو پایہ (جو جنوبی افریقہ میں پایا جاتا ہے) جو گدھے اور گور خر کی نسل سے ہوتا ہے ' مگر اس کی کھال پر گور خر سے کم دھاریاں ہوتی ہیں ۔

Quagmire, *n.* : (۱) دھنسنی دلدل ؛ کچھار ؛ کیچڑ ۔ (۲)(مجازاً) دہ دل کے دورے ۔

Quai d'Orsay, *n.* : فرانسیسی دفتر خارجہ کا نام ۔

Quail, *n.* : بٹیر ؛ سلوا ۔

q.-call, q.-pipe : ایک قسم کی نے جس سے quail پرندہ کی سی آواز نکلتی ہے پرندہ اس سے دھوکے میں آ کر پھنس جاتا ہے ۔

Quail, *v. i.* & *t.* : (۱) دبنا ؛ ڈرنا ؛ گھبرانا ؛ کانپنا (شخص یا اس کے دل کا) ۔ (۲) ہمت ہارنا ؛ پسپا ہونا (کسی شخص یا چیز کے مقابلے میں) (before یا to کے ساتھ استعمال ہوتا ہے) ۔ (۳) (شاذ) ڈرانا؛ دبانا یا دب جانا ؛ ڈر جانا ؛ دھمکانا ؛ روکنا ؛ ہمت توڑنا ۔

Quaint, *a.* : (۱) عجیب و غریب ؛ انوکھا (بلحاظ ندرت کے یا بلحاظ غیر مانوس و غیر معمولی ہونے کے) (خصوصاً قدیم وضع ' صورت ' آراستگی یا آداب و مراسم کے متعلق استعمال کیا جاتا ہے) ۔ (۲) (بلحاظ نزاکت و لطافت کے) عجیب و نادر (پہلے عقلمند اور چالاک وغیرہ کے مفہوم میں بھی استعمال کیا جاتا تھا) ۔

quaintly, *adv.* : بہت تکلف سے ؛ نادر یا دلکش طریقے پر ؛ انوکھے پن سے ۔

quaintness, *n.* : نزاکت ؛ لطافت ؛ ندرت ؛ غرابت ۔

Quake, *v. i.* : (۱) ہلنا ؛ کانپنا ؛ تھرتھرانا ؛ لرزنا ۔ (۲) جھکولے یا جھٹکے کھانا ؛ آگے پیچھے ہچکولے لینا (جیسے زلزلہ زمین کو جھٹکے دیتا ہے) ۔ (۳) (کسی شخص کا) خوف یا سردی سے کانپنا ؛ تھرتھرانا ۔ (۴) (دلدل کا اس پر قدم رکھنے سے) ہلنا ؛ متحرک ہونا ۔

quaking grass : اس قسم کی گھانسیں جن کے نیچے کی ڈنڈی پتلی ہوتی ہے اور جو اسی لئے ہوا سے ہلتی رہتی ہیں ؛ گیاہ لرزاں ۔

quakingly, *adv.* : لرزتے ہوے ؛ کانپتے ہوے ؛ ڈرتے ہوے ۔

quaky, *a.* : لرزہ بر اندام ؛ مرتعش ؛ لرزاں ۔

Quaker, *n.* : (۱) کیکر ؛ " خائفین " انجمن احباب (Society of Friends) کے اراکین کا نام (غیر ارکان کی اصطلاح میں) (اس انجمن کو سنہ ۵۰ – ۱۶۴۸ میں جارج فاکس نے قائم کیا تھا اس کی اغراض یہ تھیں کہ امن و امان کے اصولوں کی ترویج کی جائے ' لباس کی سادگی اور زبان کی سلاست پر زور دیا جائے ' چنانچہ اس انجمن کے ممبران عموماً گہرے رنگ کا بھورا لباس پہنتے تھے ' اور بات چیت میں لفظ thou کا زیادہ استعمال کرتے تھے نیز القاب و آداب و خطابات استعمال نہیں کرتے تھے اور ایسے الفاظ سے بھی پرہیز کرتے تھے جو قدیم لامذہبی کی یادگار ہوں یا اس سے تعلق رکھتے ہوں ' اس انجمن کے جلسے بھی عجیب ہوتے تھے یعنی باوجود مذہبی ہونے کے ان جلسوں میں پادریوں وغیرہ کو دخل نہیں دیا جاتا تھا) ۔ (۲) (امریکا کی اصطلاح میں) قلعے یا جہاز پر نقلی توپ ۔

q.-bird : کالی مرغابی ؛ ایک آبی پرند جس کا رنگ بہت سادہ ہوتا ہے ۔

q.-moth : ایک قسم کا پردار پتنگا (کیکروں کے لباس کی سادگی کی بنا پر مختلف قسم کے سادہ رنگ کیڑوں اور پرندوں کو " کیکر " موسوم کرنے لگے ہیں) ۔

q.. or q.s, meeting: (Soeiety of Friends) انجمن احباب کا جلسہ جس میں اس وقت تک بالکل خاموشی طاری رہتی ہے ' جب تک کہ کسی ممبر کو روحانی جذبہ گویا نہ کر دے ؛ اصطلاحاً ایسے جلسے یا صحبت کو بھی کہتے ہیں جس میں بات چیت کا سلسلہ سست ہو ؛ حلقہ یا دائرۂ خائفین ۔

quakerdom, *n.* : قوم یا فرقۂ کیکران یا خائفین ۔

quakeress, *n.* : وہ عورت جو انجمن احباب کی رکن ہو؛ کیکرہ؛ خائفہ ۔

quakerism, *n.* : فرقۂ خائفین کے اصول اور طریق ہائے کار؛ کیکریت ۔

quakerish, *a.* : کیکری (بلحاظ خصائص یا طرز عمل) ۔

quakerly, *a.* : کیکر کی طرح سے ؛ کیکرانہ ۔

Qualification, *n.* : (۱) تعدیل ؛ تحدید ؛ حد شناسی ؛ مشروطیت یعنی کسی شے یا فعل کا خاص خاص شرائط سے مشروط ہونا یا اس میں جو کوتاہی یا مشکلات کا امکان ہے اس کا اعتراف مثلاً: ۔

hedged about with qq. : شرائط اور استثنیات میں الجھا ہوا ' رکا ہوا ' محدود ۔

his delight had one q. : اس کی خوشی میں ایک بات کی کمی تھی (ایک رکاوٹ تھی) ۔

requires q. : اس میں تعدیل یا تحدید کی ضرورت ہے ۔

statement with many qq. : مشروط بیان جس میں بہت سی استثنیات یا شرائط ہوں ۔

(۲) شرط قابلیت ؛ (کسی حق یا عہدے کے حاصل کرنے کی)

اہلیت ؛ (مقررہ یا مطلوبہ) لیاقت ؛ اِستعداد (جیسے
the q. for citizenship may be a certain income :
شہری حقوق ملنے کے لئے ایک مقررہ آمدنی کی شرط عائد کرسکتے ہیں)۔
(۳) سند یا صداقت نامہ (جس میں مذکورہ بالا اہلیت کی
تصدیق ہو ۔ (۴) اِنتساب ؛ اِتصاف ؛ کوئی خاص وصف
تجویز کرنا یا بتانا جیسے : ۔
the q. of his policy as opportunist is unfair : اس کے
طرز عمل کو خود غرضانہ ، موقع شناسی بتانا نا انصافی ہے ۔
qualificatory, *a.* : جس کا رجحان کسی کام کو محدود یا
مشروط کرنے کی طرف ہو؛ تحدیدی ؛ مشروط کن ؛ شرط آمیز ۔
Qualify, *v. t. & i.* : (۱) (کسی چیز یا شخص سے) کوئی صفت
منسوب کرنا ؛ کسی صفت سے متصف کرنا ؛ کسی شے میں کوئی وصف
متعین کرنا ، قرار دینا یا بیان کرنا ۔ (۲) ضروری استعداد یا اہلیت
یا صفات پیدا کرنا ، بہم پہنچانا ؛ قابل بنانا یا بننا ؛ سزاوار بنانا ۔
(۳) قانوناً مستحق بنانا (کسی کام کے کرنے یا کسی عہدے پر مقرر
ہونے کا) ۔ (۴) کسی شرط کو پورا کرنا (جیسے امتحان پاس
کرنا ، حلف لینا وغیرہ) ۔ (۵) اپنے کو کسی عہدے پر تقرر کے قابل
بنانا ؛ قابل انتخاب بنانا ۔ (۶) بیان یا رائے میں ترمیم کرنا ؛
اصلاح کرنا یا اس کی قطعیت کو کم زور کر دینا یا اس کی ہمہ
گیری کو کم کر دینا ؛ کسی شرط ، قید ، استثنا سے محدود
کر دینا ؛ قید لگا دینا ؛ معتدل کر دینا ؛ نرم کر دینا ؛ اس کی
مکمل صورت میں ترمیم کر دینا یا اس کو کم خوشگوار یا غیر
خوشگوار بنا دینا ۔ (۷) (شراب وغیرہ کے) مزے یا قوت کو
(پانی ملا کر) کم کر دینا نیز (مزاحاً) پانی میں شراب
ملا کر اس کو تیز بنا دینا ۔
adjectives q. nouns : صفات ، اسما کا تعین
کر دیتے ہیں ۔
q. documents as heretical : کسی تحریر کو ملحدانہ قرار دینا ۔
q. person as a scoundrel : کسی شخص کو بدمعاش قرار دینا ۔
qualifying examination : وہ امتحان جس کا پاس کرنا
کسی کام یا عہدے کے حصول کے لئے ضروری شرط ہو ؛ مطلوبہ
یا مشروطہ امتحان ۔
Qualitative, *a.* : مبنی یا متعلق بہ کیفیت یا خاصیت یا خصلت ؛
ماہیتی ؛ کیفی ؛ نوعی یا نوعیتی ؛ مختص بالکیفیت ۔
q. analysis : تجزیہ یا تحلیل ماہیت ۔
Quality, *n.* : (۱) خوبی یا اچھائی کا درجہ ؛ ماہیت ؛ نسبتی
نوعیت ؛ کیفیت ؛ قسم یا سیرت ؛ عام خوبی ، کمیت کے مقابلے
میں استعمال کرتے ہیں جیسے : ۔
of good, high, poor quality : اچھی ، اعلیٰ ، ادنیٰ قسم
یا نوعیت کا وغیرہ ۔
q. matters more than quantity : کمیت سے کیفیت
اہم تر ہے؛ کسی چیز کا عمدہ ہونا ، اس کے مقدار میں زیادہ
ہونے سے مقابلتاً زیادہ اہمیت رکھتا ہے ۔
(۲) قابلیت؛ کمال؛ گن؛ خاص وصف یا ذاتی خوبی؛ خصوصیت (جیسے
has q. خصوصیت یا ذاتی خوبی رکھتا ہے) ؛ دماغی یا
اخلاقی وصف جیسے :۔
give a taste of one's *quality* : اپنی قابلیت کا کمال
دکھانا ؛ یہ دکھانا کہ ہم کیا کر سکتے ہیں ۔

has many good qq. : (وہ) بہت خوبیاں رکھتا ہے ۔
the qq. of a ruler : وہ خصائص جو کسی حکمران میں ہونے
چاہئیں (جو کسی حکمران کے لئے ضروری ہیں) ۔
the q. of courage : با ہمت ہونا ؛ با ہمت ہونے کی قابلیت
یا خصوصیت ۔
the q. of inspiring confidence : (۱) (دوسروں کے دلوں
میں اپنے یا اپنے کام کے متعلق) اعتماد پیدا کرنے کی قابلیت ۔
(۳) (بازاری اصطلاح ، متروک) بڑا درجہ ؛ مرتبہ ؛ منزلت
(مثلاً *people of, the, q.* اعلیٰ طبقے کے لوگ ، بڑے لوگ) ۔
(۴) (منطق) قضیے کی تقسیم (مثلاً قضیہ موجبہ یا قضیہ
سالبہ) ۔ (۵) (طبیعات) (آواز یا صوت کی) ممیز
یا مخصوص نوعیت (اس کی بلندی اور آہنگ کے علاوہ)؛
فرق صوتی ۔
Qualm, *n.* : (۱) عارضی گھبراہٹ یا ضعف کا احساس ؛ پستی ۔
(۲) (طبیعت کی) مالش ؛ متلی ؛ بے کیفی ؛ غشیان ۔ (۳)
(ضمیر کا) شک و شبہ ؛ خطرہ ؛ وسوسہ ۔ (۴) کسی معاملے
میں خود اپنی راست بازی ، صداقت ، ایمان یا دیانت پر شبہ ؛
اندیشہ ؛ دغدغہ
qualmish, *a.* : شکی ؛ وسواسی ضعیف القلب ؛ گھبرا یا
ہوا ؛ مضطرب ۔
Quandary, *n.* : گو مگو ؛ چکلام ؛ حیرانی ؛ ضیق (کی حالت) ۔
am in a q. : حیران ہوں ؛ مشکل میں پھنس گیا ہوں ؛
پس و پیش میں ہوں ۔
Quand meme, *adv.* : (فرانسیسی) بہر حال ؛ اس حالت میں
بھی ؛ بایں ہمہ ۔
Quant, *n. & v. t. & i.* : (۱) لگی ؛ ناؤ چلانے کی ایک
قسم کی بلی جس کی نوک پر ایک گول لکڑی کا ٹکڑا لگا ہوتا
ہے تا کہ وہ کیچڑ میں نہ دھنس جائے ؛ ٹیکا بلی ۔ (۲) (فعل)
اس خاص قسم کی بلی کے زور سے کشتی چلانا ؛ لگی لگانا ۔
Quantic, *n.* : (ریاضی) کثیر درجی ؛ تدریت (دو یا زیادہ غیر معین
مقادیر کا یکساں مستقل فعل) ۔
Quantify, *v. t.* : (منطق) تقدیر یا تعین کرنا ؛ کمیت کا تعین کرنا ؛
ناپنا ؛ بصورت کمیت اظہار کرنا ۔
quantifiable, *a.* : تقدیر پذیر؛ ممکن التعین ۔
quantification, *n.* : تقدیر ؛ تعین کمیت ۔
Quantitative, *a.* : (۱) کمیت کا ؛ کمی ؛ وہ (اندازہ) جو بلحاظ
مقدار کیا گیا ہو یا جس کا تعلق (کسی چیز کی) مقدار سے ہو ۔
(۲) حروف علت کی کمیت پر مبنی ؛ اوزانی (مثلاً *q. accent*,
scansion) ۔
q. analysis : تحلیل یا تجزیہ کمی ۔
Quantitive, *a.* : (شاذ) = Quantitative
Quantity, *n.* : (۱) کمیت ؛ کم؛ کسی شے کی مقدار جس کا اندازہ
کسی قسم کے پیمانے سے کیا جاسکے ؛ کسی شے کا عرض و طول؛ وسعت؛
وزن وغیرہ جیسے : ۔
mathematics is the science of pure q. : ریاضی خالص
مقادیر کا علم ہے ۔
stated in terms of q. : کمیت کے لحاظ سے بیان کیا گیا ۔
the q. of a surface is its area : سطح کی مقدار

اس کا رقبہ ہے -

(۲) مجموعہ : کل مقدار ؛ مجموعی مقدار (جیسے *the q. of the current depends on the size of the plate* رو کی مجموعی مقدار لوح کی تقطیع پر منحصر ہوتی ہے)

(۳) (کسی چیز کا مقررہ یا معقول) حصہ ، جزو ؛ متعین مقدار (تعداد یا وزن و کمیت کے لحاظ سے) (جیسے *a small q. of blood* خون کا جزو قلیل؛ *a q. of baskets* ٹوکریوں کی ایک مقدار) -

(۴) مقدار کثیر ؛ افراط ؛ کثرت (صیغہ جمع میں qq.) (مثلاً *buys in large qq.* کثیر مقدار میں خرید تا ہے) (۵) (عروض) (اعراب یا حروف ناقص کے) مد و خفض کی مقدار ؛ وزن صوتی -

q.-mark : وہ نشان جو حرف علت پر اس کی آواز کی لمبائی یا اختصار کو ظاہر کرنے کے لئے لگایا جاتا ہے -

(۶) (منطق) کمیت (بشمول تعبیر و تضمین) - (۷) (ریاضی) مقدار ؛ رقم ؛ علامت (جو کسی مقدار کو ظاہر کرتی ہو) مثلاً :

incommensurable qq. have no aliquot parts : ان مقادیر کا جو ہم مقدار نہ ہوں مقسوم علیہ نہیں ہوتا -

unknown q. : مقدار مجہول (نا معلوم) ؛ (استعارتاً) وہ شخص یا شے جس کے آیندہ اعمال وافعال کا اندازہ نہ کیا جاسکے -

negligible q. : نا قابل التفات مقدار ؛ (استعارتاً) وہ شخص یا شے جس کو شمار میں لانا ضروری نہ ہو؛ بے مقدار (بے کار ، معمولی) آدمی یا شے -

Quantivalence, *n.*-: (کیمیا) قوت یا کمیت اقترانی ؛ اقترانیت ؛ امتزاجیت

Quantum, *n.* (pl. -*a rare*): (۱) مقررہ مقدار ، حصہ یا جزو - (۲) کافی مقدار

q. libet or *placet* : اشارہ جو طبی نسخوں میں لکھا جاتا ہے بمعنی جس قدر پسند ہو ؛ حسب خواہش ؛ جتنی خواہش ہو (مخفف *q. p.* اور *q. l.*) -

q. sufficit : (مخفف q. s. یا *quant suff*) کافی مقدار؛ جس حد تک کافی ہو ؛ بقدر کفایت یا کافی (بطور ہدایت کے نسخوں میں لکھا جاتا ہے) -

q. theory : (طبعیات) نظریۂ مقادیر برقیات -

Quaquaversal, *a.* : (علم طبقات الارض) ہر جہتی ؛ ذو اسمات -

Quarantine, *n.* & *v.t.* : (۱) قرنطینہ ؛ قید طبی؛ وہ زمانہ جب مسافروں یا ایسے جہازوں کو جن پر کوئی وبائی بیماری پھیل گئی ہو یا بیماروں کو جبراً سب سے علحدہ رکھا جائے تاکہ وبا نہ پھیلنے پائے - (۲) (فعل) قرنطینہ لگانا ؛ اس قسم کی تنہائی واجب کردینا یا عاید کردینا ؛ قرنطینہ میں رکھنا -

Quare impedit, *n.* : (قانون) پروانہ یا حکم نامۂ استفساری کہ جب معافی دار کے حقوق کے خلاف عذرداری کی گئی ہو تو اسے دریافت حال کے واسطے اجرا کیا جاتا ہے-

Quarenden, -der, *n.* : ایک قسم کا سرخ سیب جو ڈیون شایر اور سامرسٹ میں پیدا ہوتا ہے -

Quarrel, *n.* : (تاریخ) چھوٹا مگر بھاری تیر یا تکا جو کمان میں استعمال کیا جاتا تھا ؛ گز ؛ غلہ -

Quarrel, *n.* : (۱) جھگڑا ؛ لڑائی ؛ نا اتفاقی ؛ آن بن - (۲) کسی شخص کے خلاف (یا اس کے کسی کام کے خلاف) شکایت ؛ پر خاش - (۳) (دو اشخاص کے درمیان زبانی) تو تو میں میں ؛ تکرار ؛ قضیہ ؛ حجت -

espouse one's *q.* : جھگڑے یا فساد میں کسی شخص کی طرف داری کرنا -

fight one's *qq. for him* : کسی شخص کی طرف سے جھگڑوں میں شرکت کرنا ، لڑنا ، جھگڑنا یا کسی شخص کی مدد کرنا تاکہ وہ نا انصافی کے خلاف داد پا سکے ، نا انصافی کی تلافی کرا سکے -

find q. in a straw : ذراسی بات پر لڑ بیٹھنا ؛ ذرا ذرا سے معاملے میں جھگڑا کرنا -

have no q. against or *with him* : اس سے (میرا) کوئی جھگڑا نہیں -

in a good q. : حق بجانب جھگڑے میں -

pick a q. : (کسی بہانے سے) جھگڑا کھڑا کردینا ؛ فساد پیدا کردینا -

quarrelsome, *a.* : جھگڑالو ؛ لڑاکا ؛ فسادی -

quarrelsomely, *adv.* : جھگڑالو پن کے ساتھ -

quarrelsomeness, *n.* : جھگڑالو پن ؛ فسادی پن -

Quarrel, *v. i.* : (۱) اعتراض کرنا ؛ نقص نکالنا ؛ حرف گیری کرنا ؛ عیب جوئی کرنا - (۲) (کسی شخص سے یا کسی شخص یا چیز کے متعلق) سختی سے جھگڑنا ؛ حجت کرنا - (۳) مخالف ہوجانا ؛ جھگڑا مول لینا ؛ دوستانہ تعلقات منقطع کرلینا -

I never q. with Providence : میں کبھی خدا سے نہیں جھگڑتا (اس کے حکم پر اعتراض نہیں کرتا) -

q. with one's *bread & butter* : (مجازاً) اپنی وجہ معاش کو بغیر کافی وجہ کے ترک کردینا -

Quarry, *n.* : شکار ؛ صید ؛ جس کا شکاری جانور یا پرندہ یا انسان (شکار کرنے کے لئے) تعاقب کرتے ہیں -

Quary, *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) پتھر کی کان ؛ معدن الحجر - (۲) کھدانا ؛ مخزن ؛ وہ کھدا ہوا گڑھا جو پتھروں کے (عمارت وغیرہ کے لئے) نکال لئے جانے کے بعد باقی رہ جائے ؛ وہ جگہ جہاں سے پتھر نکالے جا سکتے ہیں - (۳) (استعارتاً) وہ مقام یا جگہ جہاں سے اطلاعات یا معلومات حاصل کی جاسکیں - (۴) فرش کے چوکے (سفال) - (۵) (فعل) کان سے (پتھر) نکالنا - (۶) کتابوں سے (محنت کر کے) واقعات اخذ کرنا ؛ دستاویزات وغیرہ کی تلاش کرنے میں محنت کرنا ؛ علمی تحقیق و تفحص کرنا -

quarryman : کان کا مزدور ؛ کان کن -

Quart, *n.* : (۱) ظرف ؛ (سمائی) کا پیمانہ ؛ ربع گیلن ؛ یک اسار ؛ کوارٹ - (۲) برتن یا بوتل جس کے اندر اس مقدار میں کوئی چیز بھری ہو - (۳) بیر (شراب) کا ایک کوارٹ (مثلاً *I still take my q.*) -

put q. into pint pot : چھوٹے برتن میں اس کی سمائی سے زیادہ مقدار ڈالنا ؛ سیر کے برتن میں سوا سیر ڈالنا -

q. bottle of wine : بوتل جس میں ایک کوارٹ شراب ہوتی ہے -

q.-pot : برتن جس میں کوئی چیز بقدر ایک کوارٹ رکھی جا سکتی ہو -

Quart, *n.* & *v. i.* & *t.* : (۱) پٹے بازی میں ایک ٹھاٹ ؛ داؤں ؛ چو تھیا - (۲) تاش کے ایک کھیل میں چار مسلسل پتے - (۳) (فعل) (پٹے بازی میں) اس داؤں کو استعمال کرنا ؛ چو تھیا چلنا یا کھیلنا -

q. & tierce : پٹے بازی کے داؤں -

q. major : تاش میں ایک رنگ کے چار پتوں (یکہ ، بادشاہ ،

ملکہ اور غلہ) کا لگ جانا -

Quartan, *a.* & *n.* : حمائے مربع ؛ چوتھیا ؛ بخار) -

Quartation, *n.* : تین حصے چاندی اور ایک حصہ سونا ملاکر سونا سودھنے کی ترکیب ؛ چوتھیانا ؛ چوتھیائی -

Quarte : = quart (۲)

Quarter, *n.* : (۱) چوتھا حصہ : چوتھائی : پاؤ ؛ ربع ؛ چہارم ؛ چار مساوی حصوں میں سے ایک مثلاً :-

bad q. of an hour : استعارتاً) مختصر (تھوڑی دیر کے لئے) اور غیر خوشگوار تجربہ ؛ بے مزہ وقت -

can get it at the stores for a q. the or of the, or for q. the, price : دوکان پر یہ چیز) چوتھائی قیمت میں مل سکتی ھے -

divide the apples into qq. : سیبوں کو چار مساوی حصوں میں تقسیم کرو -

is not a q. as good as it should be : جتنااچھا ہوناچاھیے تھا اس کا ایک چوتھائی بھی اچھا نہیں -

q. mile, yard : ایک چوتھائی میل یا گز -

q. of a century : ربع صدی ؛ ۲۵ سال کا عرصہ -

q. of an hour : ۱۵ منٹ (مسلسل) ؛ پاؤ گھنٹہ ؛ ربع ساعت -

second q. of the century : صدی کا ربع ثانی (۲۶ ویں سال سے ۵۰ ویں سال تک) -

(۲) پونڈیا کسی جانور کے جسم کے چار حصوں میں سے ایک' اس طرح کہ ہرحصہ میں ایک ٹانگ یا پر شامل ہو؛ دست -(۳) (صیغہ جمع میں) دست و پابریدہ : غداریا باغی کے جسم کو چو پارہ کرنے کے بعد اس کے جسم کے چار حصوں میں سے ایک حصہ- (۴) (عموماً جمع میں) کولا ؛ چوتڑ ؛ سرین ؛ پٹھا (آدمی یا جانور کا) (مثلاً *hind qq.*) - (۵) (جہاز کا) نیم پہلو ؛ ایک رخ کا آدھا حصہ - (۶) سپر گوشہ : چار پہلو سپر کا ایک حصہ - (۷) غلے کا ایک پیمانہ بقدر ۸ بشل (تقریباً ۶ من ۱۶ سیر) - (۸) ¼ ہنڈرڈویٹ = ۲۸ پونڈ (مخفف *qr.*) - (۹) (امریکہ میں) یک ربع ڈالر (سکے یا مالیت کے معنی میں) - (۱۰) چوتھائی بلی یا بانس (fathom) (تقریباً 1½ فٹ)[مثلاً *a q. five* & سوا پانچ 5¼ بانس (یعنی fathoms) (گہرائی) ؛ *a q. (less) five* پونے پانچ بانس گہرائی] - (۱۱) ایک سال کا چوتھائی حصہ : سہ ماھی (ادائی مزدوری یا سود یا منافع وغیرہ کا حساب لگانے کے لئے استعمال ہوتا ھے)- (۱۲) تنخواہ یا معاوضہ کی سہ ماھی قسط - (۱۳) (مدارس کی) سہ ماھی میقات - (۱۴) (فلکیات) دور قمر کا ایک چوتھائی ؛ ھفتۂ قمر - (۱۵) نشان وقت کسی گھنٹے سے ۱۵ منٹ پہلے (= سوا) یا بعد (= پون) (مثلاً *at a q. to six* جب ۶ بجنے ۱۵ منٹ باقی تھے ' پونے چھہ بجے؛ *at a q. past six.* جب ۶ بج کر ۱۵ منٹ گزرے تھے' سوا چھہ بجے؛ *it is not the q. yet.* ابھی پاؤ گھنٹہ نہیں گزرا - (یہ گھڑی) *strikes hours, half-hours & qq.* گھنٹہ ' آدھا اور پوا بجاتی ھے ؛ *it has gone the q.* پندرہ منٹ گزر گئے' پاؤ گھنٹہ ھو گیا - (۱۶) آمدنی یا جایداد پر ٹیکس لگانے کے لئے ۲۵ پونڈ کی مالیت جو بطور اکائی شمار کی جاتی ھے - (۱۷) سمت ؛ مقام ؛ وہ خطہ یا سر زمین جو کسی نقطۂ پرکار کے قریب ھو ؛ وہ سمت' مقام ' سرزمین' خطہ جس سے کوئی چیز امداد یا معلومات حاصل ہوں؛ مرکز ؛ مرجع؛ ماخذ ؛ سرچشمہ مثلاً *wind blows from all four qq. at once* ھر چہار طرف سے ھوا چل رھی ھے' چوپائی چل رھی ھے؛ *what q. is the wind in* ھوا کا رخ کیا ھے' (اصطلاحاً) صورت حالات کیا ھے؛ *flocked in from all qq.* ھر طرف سے جوق جوق آکر جمع ھوگئے ؛ *no help to be looked for in that q.* اس طرف سے کسی امداد کی توقع نہیں کی جا سکتی ؛ *had the news from a good q.* ایک اچھے حلقے سے (قابل اعتماد ذریعہ سے) یہ خبر ملی - (۱۸) شہر کا ایک حصہ ' علاقہ ' سمت ' محلہ ' خصوصاً وہ جس میں کوئی خاص طبقہ یا قوم مقیم ھو مثلاً *the Jewish q.* یہودیوں کا محلہ یا بستی؛ *manufacturing q.* شہر کا وہ صنعتی حصہ جہاں صنعت و حرفت کے کار خانے واقع ھیں؛ کاریگروں یا کارخانوں کا محلہ ؛ *residential q.* اقامتی یا سکونتی مقام ؛ سکونت گاہ - (۱۹) (جمع) اقامت گاہ ؛ جائے سکونت ؛ خصوصاً وہ جگہ جہاں فوج رھتی ھو یا متعین ھو ؛ پڑاؤ ؛ چھاونی مثلاً *winter qq.* (فوج کے) موسم سرما میں رھنے کا مقام؛ فوج کا سرمائی پڑاؤ ؛ قشلاق - (۲۰) *take up one's qq.* (with اور in کے ساتھ) سکونت اختیار کرنا (کسی جگہ یا کسی کے ساتھ)؛ *beat up qq. of* (دیکھو beat) ؛ *beat to qq.* (بحری اصطلاح) جہاز کے ملاحوں کو اپنی اپنی مقررہ جگہ پر طلب کرلینا (لڑائی شروع کرنے کے وقت)؛ *at close qq.* دیکھو close - (۲۱) معافی جو جنگ میں اس دشمن کو دی جائے جو ھتیار ڈال دے ؛ امان ؛ جاں بخشی مثلاً *give q.* جاں بخشی کرنا ' امان دینا ؛ *receive q.* معافی یا جان بخشی حاصل کرنا ' امان پانا ؛ *ask for or cry q.* معافی مانگنا ' بہ آواز بلند جان بخشی کی درخواست کرنا ؛ *no q. to be given* کوئی معافی نہ دی جائے ' ذرا رعایت نہ کی جائے - (۲۲) ¼ میل کی دوڑ ؛ مقابلے کی دوڑ جو ¼ میل دوڑی جاتی ھے ؛ پاؤ میلی ' دو فرلانگی (دوڑ) مثلاً *won the q.* چوتھائی میل کی دوڑ میں جیت گیا -

Q.-bell : جو گھنٹہ پوا بجائے یا جو ھر پاؤ گھنٹہ گزرنے پر بجا یا جائے -

q. binding (of book) : (کتاب کی) جلد جس کا پشتہ صرف چمڑے کا ھو اور کونوں پر چمڑا نہ ھو -

q.-bound : (کتاب) جس کی جلد سازی مذکورۂ بالا طور پر کی گئی ھو -

q.-butt : (half butt) انٹا کھیلنے کی چھڑ جو ڈانڈ یا بھتیتی سے چھوٹی ھوتی ھے -

q.-day : سلخ (سہ ماھی کا آخری دن جب تنخواہ یا مزدوری یا کرایہ وغیرہ ادا کیا جائے) -

q.-deck : (۱) جہاز کا وسطی عرشہ جو پشت جہاز اور آخری بادبان کے درمیان واقع ھوتا ھے - (۲) (مجازاً) جہاز یا بحری عمال -

q.-ill : مویشی کی ایک بیماری جس سے ان کے جسم کا کوئی حصہ سڑ جاتا ھے -

q. left, right : (فوجی قواعد) (زاویہ قایمہ کا) چوتھائی موڑ ؛ (دائیں یا بائیں طرف) معطفٔ خفیف -

q.-light : (بند گاڑی کا) دریچہ یا روشن دان -

q. line : (بحری اصطلاح) وہ صورت جب کہ جہاز کا اگلا حصہ اپنے سامنے والے جہاز کے پہلو میں ہو ؛ (قطار) سرو بقال؛ سرو سینہ -

quartermaster : (بحری اصطلاح) جہاز کا ایک عامل جو جہاز کے چلنے کی سمت ' اور اشارات اور جہاز کے اندر کے حصے میں سامان رکھوانے کا ذمہ دار ہوتا ہے؛ عامل ؛ میر ساماں ؛ (فوجی اصطلاح) (مخفف .Q. M) وہ سردار جو فوج کی قیام گاہ اور رسد و لباس کا انتظام کرتا ہے -

Quartermaster general : فوج کا وہ افسر اعلی جو قیام گاہ' رسد اور لباس وغیرہ کے انتظام کرنے والے صیغہ کا سب سے بڑا افسر ہوتا ہے (مخفف .Q.M.G) -

q.-miler : دوڑ کے مقابلے میں وہ شرکت کرنے والا جو عموماً ! میل کی دوڑ دوڑا کرتا ہے -

q.-plate : فوٹو لینے کا وہ شیشہ جس کا عرض و طول $3\frac{1}{4} \times 4\frac{1}{4}$ انچ ہوتا ہے یا وہ تصویر جو اس طول و عرض کے شیشہ پر لی گئی ہو-

q. sessions : سہ ماہی عدالت (جو ہر سہ ماہی کے بعد اضلاع انگلستان میں اجلاس کرتی ہے اور جس کو فوجداری و دیوانی کے محدود اختیارات حاصل ہوتے ہیں) -

quarterstaff : ایک مضبوط اور موٹی لاٹھی ٦ سے ٨ فٹ تک لمبی' جو کسی زمانے میں دہقانی بطور آلۂ حرب کے استعمال کرتے تھے ؛ عصا ؛ لٹھ -

q.-tone : (موسیقی) (تال کے درمیان) خفیف وقفہ (= semi -tone کا نصف) -

q.-wind : ہوا جو جہاز کے پہلو کے رخ پر چلتی ہے (ایسی ہوا بادبانی جہازوں کے لئے باد موافق ہوتی ہے) ؛ باد مراد ؛ ہوائے پہلو -

Quarter, *v. t.* : (١) چار مساوی حصوں میں تقسیم کرنا - (٢) چورنگ یا چو پارہ کرنا - (٣) (نقابت) خاندانی نشان کی سپر کے ہر گوشے پر نشانات بنانا- (٤) قیام گاہ پر ٹھہرانا (خصوصاً سپاہیوں کو)؛ کسی جگہ پر تعینات کرنا یا مقیم کرنا - (٥) (کتوں کا کسی میدان میں) ہر طرف دوڑنا یا گزرنا -

Quarterage, *n.* : تماہی ؛ سہ ماہی ؛ سہ ماہہ (اُجرت)؛ سہ ماہی مزدوری ' اُجرت یا وظیفہ -

Quartering, *n.* : (١) مذکورۂ بالا افعال کا اسم- (٢) خصوصاً (سپر پر) خاندانی نشان یا چار گوشے بنانا ؛ توقیع چہار گوشہ جن سے وہ خاندانی تعلقات بھی ظاہر ہوں جو دوسرے خاندانوں کے ورثا (خصوصاً دختروں) کے ساتھ رہیں ؛ ننھیالی نشان یا توقیع -

Quarterly, *a. & n. & adv.* : ہر سہ ماہی (رسالہ یا جریدہ)؛ ربع سال کے بعد؛ ہر تین مہینے بعد -

q.-quartered : جب (کسی چیز کی) ایک چوتھائی کو بھی چار مساوی حصوں میں تقسیم کیا گیا ہو ؛ ربع الربع- چوپارہ چوتھائی ؛ چوتھائی کا چوتھا ؛

Quartern, *n.* : (نیز *q. loaf*) چارپونڈی ڈبل روٹی -

Quartet(te), *n.* : (١) چہار آہنگ ؛ چوراگا ؛ ایک راگ جو چار آوازیں مل کر گایا جائے یا چار آلات موسیقی پر بجایا جائے- (٢) گانے والے یا بجانے والے جو اس قسم کا راگ گاتے یا بجاتے ہوں ؛ گانے والوں کی چوکی ؛ چار گانے والے جو ہم آواز ہو کر گاتے ہیں - (٣) چار کا میل ؛ چوک سنگت ؛ رباعی؛ چو مصرعہ ؛ چو بولا -

Quarto, *n.* : (نیز 4to یا 4° لکھا جاتا ہے) (١) کاغذ کی تقطیع $6\frac{3}{4} \times 7\frac{1}{2}$ سے ١١ × ١٠ انچ کے طول و عرض تک مختلف پیمانے ؛ کاغذ کے ایک تختے کو دو دفعہ موڑنے کے بعد جو صفحہ بنتا ہے اُس کی تقطیع - (٢) وہ کتاب جس میں اس تقطیع کے اوراق ہوں -

in q. : کاغذ کے تختے کے چوتھے حصے میں ؛ اِس تقطیع میں -

q. paper : اس تقطیع کا کاغذ ؛ وہ کاغذ جو اِس طرح تہ کیا گیا ہو -

Quartus : دیکھو Primus -

Quartz, *n.* : سنگ مروہ ؛ صوان ؛ ایک قسم کا پتھر جس میں سے اکثر سونا نکلتا ہے -

Quash, *v.t.* : (١) خارج کرنا ؛ بے اثر یا نا جائز قرار دینا ؛ مسترد کرنا ؛ نا جائز قرار دے کر خارج کرنا ؛ ختم کرنا (قانونی اختیارات یا طریقۂ کار سے) - (٢) (قانون) کالعدم کرنا ؛ منسوخ کرنا -

Quashee, *n.* : سدی ؛ کیشی ؛ عام نام جواب مزاحاً ہر حبشی کے لئے استعمال ہوتا ہے -

Quasi, *conj. & prep.* : (مخفف .*qu*) (اکثر جملۂ معترضہ کے طور پر استعمال ہوتا ہے) (١) گویا کہ ؛ یعنی - (٢) بظاہر ؛ فی الحقیقت نہیں ؛ تقریباً ؛ عملاً -

engaged in a q.-war : ایک ظاہری جنگ میں مشغول -

has a q.-episcopal position : (وہ) ایک نیم (تقریباً) کلیسائی حیثیت رکھتا ہے ۔

Quassia, *n.* : کاسیا جہاز ؛ جنوبی امریکہ کے ایک درخت quassia amara (یا کسی اور درخت) کی لکڑی ' چھال یا جڑ جس سے بہت تلخ جوشاندہ تیار ہوتا ہے جو بطور دوا استعمال کیا جاتا ہے -

Quater-centenary, *n.* : وہ سالگرہ یا یادگاری تقریب جو (کسی شخص یا واقعہ کے) چار سو برس بعد کی جائے ؛ چار صد سالہ سالگرہ ؛ چہار صدی -

Quaternary, *a. & n.* : (١) چار گوشہ ؛ چار جز ؛ مربع ؛ چار عنصر خصوصاً وہ مرکب جس میں چار کیمیاوی عناصر یا اجزائے بسیط شامل ہوں - (٢) چہاری ؛ اربعی - (٣) (علم طبقات الارض) نزدیک ترین یا آخری زمانے کے متعلق ؛ دور رابع (کا) - (٤) (اسم) چار چیزوں کا ایک میل؛ چار (کا عدد) ' ہر چہار ؛ چوا ؛ چہار کس -

the Pythagorean q. : نظام فیثا غورث کا ایک مرکب (١ + ٢ + ٣ + ٤ = ١٠) جس کو فیثا غورثی عقائد میں ایک خاص صوفیانہ (عرفانی) اہمیت حاصل ہے؛ اربعۂ فیثا غورثی-

Quaternion, *n.* : (١) چوا ؛ چار کا ایک جوڑ - (٢) (کاغذ کے) چار تختوں کا ایک دستہ جس کو دوہرا کر دیا گیا ہو - (٣) اربعۂ فیثا غورثی؛ چار سے دس تک کے اعداد (دیکھو گزشتہ لفظ)- (٤) (ریاضی) مجموعۂ علامات (expression) جو کوئی چار غیر معلوم مقادیر رکھتا ہو-

Quaternity, *n.* : چار اشخاص کا اجتماع ؛ چہار کس ہونا ؛ (تثلیث کے مقابلے میں) تربیع ؛ چہار گانگی یا چہارگان -

Quatorzain, *n.* : چودہ مصرعوں کی نظم ؛ بے قاعدہ (خلاف قواعد عروض) نظم -

Quatrain, *n.*: رباعی ؛ چار مصرعوں کا قطعہ ؛ چار بیت -

Quatre, *n.*: = Cater

Quatrefoil, *n.*: چو پتیا بیل ؛ کلاری ؛ ایسی شکل جس کے دائروں کا اتصال چار نوکیں بنائے ؛ خصوصاً چار پتیوں کے پھول کی شکل جو عمارت کے نقش و نگار میں بنائی جاتی ھے -

Quattrocentist, *n.* & *a.*: پندرھویں صدی والا ؛ کواترو سنتی ؛ (مصور) جو اطالوی مصوری کے اُس اُصول و طرز کا متبع ھو جو پندرھویں صدی میں رائج تھا -

Quattrocento, *n.*: طرز قرن پانزدھم ؛ کواتر وسنتو ؛ اطالوی مصوری کے مخصوص طرز کا وہ زمانہ جس کو پندرھویں صدی کہا جاتا ھے -

Quaver, *v.i.* & *t.*: (۱) تھر تھرانا ؛ کانپنا ؛ لہرانا (خصوصاً آواز یا موسیقی کے تاروں کا) - (۲) (موسیقی) کٹکری لینا ؛ ترانہ یا کٹکری کے ساتھ (کوئی راگ یا گیت) گانا - (۳) کانپتی ہوئی آواز میں کچھ کہنا -

quaveringly, *adv.*: کانپتی ہوئی آواز میں ؛ کانپتے ہوئے -

Quaver, *n.*: (۱) مرغول ؛ گانے میں زمزمہ یا کٹکری - (۲) تقریر میں آواز کی کپکپاھٹ ؛ لرزش - (۳) (موسیقی) مدھم (سر کا اشارہ) -

quavery, *a.*: جس (تقریر) میں آواز کی کپکپاھٹ یا لرزش ھو -

Quay, *n.*: (۱) پشتہ ؛ گھاٹ ؛ وہ ٹھوس پشتہ (عموماً لوھے یا لکڑی کا) جو پانی کے کنارے یا پانی کے اندر بڑھا ھوا بنایا جاتا ھے تاکہ جہازوں کا مال و اسباب اُس جگہ اُتارا جائے -

quayage, *n.*: وہ ٹیکس جو اُس مال پر لیا جاتا ھے جو ایسے گھاٹ پر اتارا جائے یا ایسے گھاٹ سے جہاز پر چڑھایا جائے یا اُن جہازوں پر لگایا جاتا ھے جو اس قسم کے گھاٹ کو استعمال کریں ؛ گھاٹ کر ؛ گھاٹ اُترائی -

Quean, *n.*: بدتمیز یا گستاخ لڑکی ؛ ھڑدنگی ؛ بے سوا -

Queasy, *a.*: (۱) متلی ؛ قے آور ؛ (غذا) جو معدہ کو خراب کردے یا متلی پیدا کرے - (۲) ضعیف المعدہ ؛ (مجازاً) ضعیف الاعتقاد ؛ وھمی ؛ چڑک پڑنا ؛ جس کا ھاضمہ کم زور ھو یا جو ضرورت سے زیادہ محتاط ؛ نازک ؛ کم زور یا نازک مزاج ھو -

queasiness, *n.*: بدھضمی ؛ سوء ھضم ؛ متلی ؛ ضمیر کی بے چینی ؛ کراھت ؛ گھبراھٹ ؛ کم زوری -

Queen, *n.*: (۱) بادشاہ بیگم ؛ ملکہ ؛ شاہ بیگم - (۲) سلطانہ ؛ وہ عورت جو تاجدار اور حکمران ھو ؛ جس کا راج ھو - (۳) (مجازاً) معشوقہ ؛ داشتہ یا بیوی جس کا انداز شاھانہ ھو - (۴) سندر ؛ البیلی ؛ دلربا - (۵) فرضی رانی جو کسی میلے یا تماشے میں بنائی جاتی ھے - (۶) عورتوں میں سب سے بہتر ؛ خوب تر ؛ زنانہ خوبی ؛ رعنائی اور حسن کی بہترین مثال ؛ حسینہ - (۷) ملکوں اور شہروں میں سب سے اچھی جگہ ؛ سب سے خوبصورت مقام ؛ عروس البلاد - (۸) (شطرنج) فرزین - (۹) (تاش) بیگم ؛ بیبا -

q. consort: بادشاہ بیگم ؛ بادشاہ موجودہ کی بیگم ؛ راجہ کی رانی -

q. dowager: بیوہ ملکہ ؛ سابق بادشاہ کی بیگم -

q. mother: بادشاہ کی ماں ؛ مادر شاہ -

Q. Anne is dead: کسی خبر کے باسی یا پرانے ھونے کا اشارہ -

Q. Anne's Bounty: دیکھو Bounty -

Q. -Anne: ایک خاص معماری یا آرائشی طرز جس کو Anne سے منسوب کیا جاتا ھے ؛ طرز یا وضع ابنی -

Q. of Scots: ملکہ میری جو ایک زمانے میں اسکاٹ لینڈ کی ملکہ تھی -

Q. of grace: ملکۂ فضل و کرم (اس لقب سے حضرت مریم کو یاد کیا جاتا ھے) -

Q. of heaven: جونو ؛ سیارات صغیرہ میں سے ایک ؛ ملکۂ آسمان -

Q. of love: محبت کی دیوی ؛ ناھید ؛ زھرہ -

Q. of night: — Diana

Q. of May: دیکھو May -

the q. of watering-places: اُن مقامات میں سے بہترین جہاں صحت درست کرنے کے لئے جاتے ھیں -

Q. of roses: گلاب کے پھولوں میں بہترین -

q. of nurses: بہترین تیماردار -

q. of hearts: حسین عورت ؛ دلربا ؛ دلبر -

q. of the Adriatic: (بحر ایڈریاٹک کی ملکہ یعنی) شہر وینس -

q. of the seas: (سمندروں کی ملکہ یعنی) برطانیہ عظمیٰ -

q. of the meadows: = meadowsweet

q. bee: شہد کی مکھیوں کی ملکہ ؛ بڑی مکھی -

q. wasp: بِروں کی ملکہ ؛ بڑی بر -

q. ant: چیونٹیوں کی ملکہ ؛ ملکۂ نمل -

q.'s bishop, knight, pawn &c.: شطرنج کے مہروں کے نام جو سب سے زیادہ فرزین کے قریب ھوں ؛ بایاں فیل ؛ اسپ ؛ رخ -

q.-cake: چھوٹا کشمش کا کیک جس کی شکل اکثر دل کی سی ھوتی ھے -

q.-posts: دو سیدھی لکڑیاں یا کڑیاں جو چھت کی کڑی تختوں کے درمیان لگائی جاتی ھیں ؛ اڑ واڑ ؛ سیدھی قینچی ؛ قائمہ -

Q.'s omnibus: -(Black Maria دیکھو) Black Maria = بھامیانہ

Q.'s bench: دیکھو Bench -

Q.'s bounty: دیکھو Bounty -

Q.'s Club: لندن میں ایک مخصوص میدان جس میں یونیورسٹیوں کے طلبا کے ورزشی مقابلے ھوتے ھیں -

Q.'s colour: دیکھو colour -

Q.'s English: دیکھو English -

Q.'s evidence: دیکھو Evidence -

Q.'s Head: دیکھو Head -

Q.'s pincushion: ایک قسم کا گلاب کا پھول -

q.'s shilling: دیکھو shilling -

q.-stitch: کارچوب کا پھول یا بوٹا -

q.'s-ware: بادامی چینی ؛ ایک خاص وضع کے چینی کے برتن جن کا رنگ بادامی ھوتا ھے -

q.'s weather: دھوپ ؛ وہ موسم جب دھوپ نکلی ھو ؛ روشن موسم -

queendom, *n.*: (۱) عہدہ یا منصب ملکہ - (۲) وہ ملک جس پر کوئی ملکہ حکمران ھو ؛ رانی راج ؛ عہدہ یا مالک ملکہ -

queenhood, queenship, *nn.*: ملکہ ؛ بیگمی ؛ ملکہ ھونا ؛ ملکہ کا مرتبہ عہدہ -

queenless, *a.* : بغیر ملکہ کے ؛ جس (بادشاہ کی ملکہ نہ ہو ؛ بے ملکہ -

queenlike, *a.* : ملکہ سا ؛ مثل ایک ملکہ کے ؛ با وقار ؛ مغرور -

Queen, *v. t. & i.* : (۱) ملکہ بنانا (کسی عورت کو) ؛ ملکہ کی مثل بنانا - (۲) شطرنج : پیدل کو بڑھا کر وزیر کے گھر میں پہنچا دینا اور اس طرح وزیر بنا لینا ؛ اس طرح پیدل کا وزیر یا کسی بڑے مہرے میں منتقل ہونا -

q. it : ایک ملکہ کی طرح حکومت کرنا ؛ ایک ملکہ کی طرح چیرہ دست ہونا ، نمایاں ہونا ؛ ایک ملکہ کا سا اثر یا وقار رکھنا -

Queening, *n.* : ایک قسم کا سیب (میٹھا اور خوشبودار) -

Queenly, *a.* : (۱) ملکہ کے لایق یا شایاں - (۲) ملکہ جیسا ؛ باوقار ؛ شاہانہ -

queenliness, *n.* : ملکہ یا رانی پن ؛ ملکہ کی طرح ہونا ؛ با وقار ہونا ؛ شاہانہ شان -

Queer, *a. & v. t.* : (۱) عجیب ؛ انوکھا ؛ طرفہ ؛ بے طور ؛ بے ڈھنگا ؛ خبطی سا - (۲) قابل اعتراض چال چلن والا ؛ مشتبہ (مثلاً *a q. sort of story*) - (۳) نا تندرست ؛ بیمار سا ؛ دوران سر میں مبتلا - (۴) (بازاری) مخمور ؛ نشے میں دھت - (۵) (فعل) (عامیانہ) خراب کر دینا ؛ بگاڑ دینا ؛ چکرا دینا ؛ پریشان کر دینا بیمار ڈال دینا ؛ دوران سر میں مبتلا کر دینا -

feel q. : مزاج نا درست ہونا ؛ اپنی حالت کو خلاف اعتدال محسوس کرنا ؛ طبیعت کی نا سازی محسوس کرنا -

in Q. street : (عامیانہ) مشکلات میں ؛ قرضے میں ؛ مقروض ؛ مصیبت میں ؛ بد نامی و رسوائی میں (پھنسا ہوا) -

q. the pitch for one : (کسی کے لیے) پہلے سے مشکلات پیدا کرنا ؛ (خفیہ سازش کرکے : (کسی کا) کام خراب کر دینا ؛ کامیابی کے امکانات کو زایل کر دینا -

queerish, *a.* : (۱) انوکھا سا ؛ عجیب عجیب - (۲) پریشان سا ؛ کھویا ہوا سا - (۳) کسلمند ؛ پژ مردہ ؛ دوران سر میں مبتلا -

queerly, *adv.* : متعلق فعل صفت کے معنوں میں -

queerness, *n.* : طرفگی ؛ انوکھاپن ؛ مزاج کی نا درستی ؛ طبیعت کی خرابی ؛ دوران سر -

Quell, *v. t.* : (۱) (شاعری و بلاغت) مسخر کرنا ؛ شکست دینا - (۲) مٹانا ؛ زایل کرنا - (۳) خاتمہ کردینا ؛ کچل ڈالنا ؛ قابو پالینا ؛ مطیع کرلینا (خوف ، بغاوت ، مخالفت ، باغی ، دشمن وغیرہ کو) -

(-)queller, *n.* : دور کنندہ ؛ شکست دینے والا ؛ مٹانے والا ؛ خاتمہ کرنے والا -

Quench, *v. t.* : (۱) بجھانا ؛ گل کرنا ؛ زایل کرنا (آگ ، روشنی ، بصارت وغیرہ) - (۲) (شاعری) ٹھنڈا کرنا (خصوصاً پانی سے ، گرمی یا گرم چیز کو) - (۳) روکنا ؛ مسدود کرنا (خواہش ، رفتار ، حرکت وغیرہ کو) - (۴) دفع کرنا ؛ بجھانا (پیاس کو) - (۵) (بازاری اصطلاح) خاموش کر دینا ؛ بند کر دینا (مخالف یا مد مقابل کو) ؛ زبان بند کر دینا -

q. smoking flax : آئیندہ واقعات یا پیدا ہونے والی صورت حالات یا ترقی کو روک دینا ؛ ہتے سے کاٹ دینا ؛ کسی بنتے ہوئے کام میں روڑا اٹکا دینا -

quenchable, *a.* : جو بجھایا جا سکے ، ٹھنڈا کیا جا سکے ؛ منطفی ؛ اطفا پذیر -

quenchless, *a.* : ابجھ ؛ جو نہ بجھا یا جا سکے ، نہ ٹھنڈا کیا جا سکے ، نہ دفع کیا جا سکے ؛ لاینطفی ؛ نا منطفی -

Quencher, *n.* : (۱) (فاعل) مندرجہ بالا فعل کے معنوں میں - (۲) (خصوصاً بازاری زبان میں) پیاس بجھانے والی چیز ؛ کوئی پینے کی چیز ؛ مشروب -

Quenelle, *n.* : بکری یا مچھلی کا سالن یا مصالحہ دار گوشت -

Querist, *n.* : سوال کرنے والا ؛ مستفسر ؛ جویا -

Quern, *n.* : ہاتھ کی چکی ؛ جنتا ؛ چھوٹی چکی جس میں مرچ وغیرہ پیسی جاتی ہے -

q.-stone : چکی کا پاٹ ؛ سنگ آسیا -

Querulous, *a.* : (۱) بد مزاج ؛ چڑ چڑا - (۲) عیب جو ؛ ناشکرا ؛ شکوہ شکایت کرنے والا ؛ جسکو شکوہ شکایت کرنے کی عادت ہو -

querulously, *adv.* : گلہ گزاری کے ساتھہ ؛ چڑچڑے پن کے ساتھہ -

querulousness, *n.* : گلہ گزاری ؛ چڑچڑا پن -

Query, (abbr. *qu.*) *n. & v. t. & i.* : (۱) دریافت طلب بات ؛ سوال (کوئی دریافت طلب بات اس سے پیش کرتے ہیں) (مثلاً *Query*, or *qu.*, *was the money ever paid ?* سوال یہ ہے کہ کیا روپیہ واقعی ادا کیا گیا تھا) - (۲) سوال خصوصاً جس کی نوعیت معترضانہ ہو ؛ نشان سوال یا لفظ query یا اسکا مخفف qu جو کسی بیان کے سامنے لکھا ہو یا دوران تقریر میں یہ لفظ تقریر یا بیان کی صحت پر شبہ ظاہر کرنے کے لیے کہا جائے ؛ علامت شبہ - (۳) (فعل) دریافت کرنا ؛ استفسار کرنا (if اور whether کے ساتھہ) - (۴) سوال پیش کرنا - (۵) کسی تحریر یا تقریر کی صحت یا سچائی کے متعلق سوال کرنا ، شبہ ظاہر کرنا - (۶) استفہام -

was prepared to suppress all qq. : تمام سوالات کو روکنے یا سب کا منہ بند کرنے کے لئے تیار تھا -

Quest, *n.* : (۱) تلاش ؛ جستجو ؛ کھوج ؛ تحقیقات ؛ تفتیش - (۲) ضابطہ کی سرکاری تحقیقات یا وہ تحقیقات جو اہل جوری کریں - (۳) وہ چیز یا بات جس کی بذریعہ تحقیقات جستجو کی جائے ؛ خصوصاً وہ چیز جس کی تلاش میں (یا جس کا مقابلہ کرنے کے لیے) قرون وسطی کے مشہور سورما جایا کرتے تھے ؛ مطلوب ؛ مقصود -

crowner's q. : (بازاری زبان) = coroner's inquest

in q. of : تلاش کنندہ ؛ متلاشی ؛ تلاش میں ؛ جویاں (قدیم اصطلاح جو خصوصاً قرون وسطی کے سورماؤں کے لیے استعمال کی جاتی ہے) -

Quest, *v. i. & t.* : (۱) شکار کی تلاش و جستجو کرنا (جو کتے وغیرہ کرتے ہیں) - (۲) کسی چیز کی تلاش میں ادھر ادھر پھرنا ؛ سرگرداں ہونا - (۳) (شاعری) تلاش میں ہونا ؛ کھوج نکالنا ؛ پتا چلانا -

Question, *n.* : (۱) سوال ؛ استفسار ؛ کلمہ یا جملہ سوالیہ جس کا منشا بلحاظ ترتیب الفاظ یا بذریعہ علامت استفہامی یا کسی دوسرے طریقے سے مخاطب سے جواب حاصل کرنا ہو - (۲) تامل ؛ ایراد ؛ اشتباہ ؛ (کسی بات کے متعلق) شبہ (ظاہر کرنا) ؛ کسی امر کی صداقت ، صحت ، جواز وغیرہ کے متعلق شک (ظاہر کرنا) - (۳) امر بحث طلب ؛ مبحث ؛ قضیہ - (۴) موضوع ؛ مسئلہ ؛

مقدمہ (جس کے متعلق بحث کرنی مقصود ہو) - (۵) (قدیم) تکلیف جو کسی شخص کو اقبال جرم کرانے وغیرہ کے لئے دیجائے۔

put a q. to : (کسی سے) سوال کرنا ؛ دریافت کرنا -

q. & answer : - سوال و جواب (امتحان یا تحقیقات کا طریقہ)-

leading, rhetorical, q. : -Leading, rhetorical دیکھو

q.-mark or *-stop* : علامت سوالیہ ؛ استفہامیہ -

raising of q. : (کسی معاملے یا بات کی صداقت و صحت کے متعلق) بحث اٹھانا ؛ حجت نکالنا ؛ ایراد کرنا -

allowed it without q. : بلا عذر مان لیا ؛ اجازت دی -

beyond all, beyond, out of, past, without, q. : بےشبہ؛ یقیناً ؛ خارج از بحث -

call in q. اعتراض کرنا ؛ (کسی چیز یا بات یا معاملے پر) جرح کرنا ؛ زیر بحث لانا ؛ شبہ کرنا -

make no q. of &c : مان لینا : قبول کرنا ؛ اعتراف کرلینا -

there is no q. but that : اس میں کوئی حجت ہی نہیں کہ ... ؛ یہ بالکل مسلم ہے کہ ...

Eastern q.: دیکھو Eastern -

a difficult q. : ایک دشوار سوال ؛ بحث ؛ مسئلہ (جس کا حل کرنا ؛ سمجھنا ؛ جواب دینا مشکل ہو) -

beg the q. : دیکھو Beg -

success is merely a q. of time : کامیابی تو یقینی ہے ؛ مگر یہ نہیں کہا جاسکتا کہ جلد ہوگی یا دیر سے؛ کامیابی محض وقت کا سوال رہ گئی ہے -

the person in q. : مستشار الیہ ؛ شخص زیر بحث ؛ شخص مذکور؛ جس کے متعلق گفتگو ہے -

come into q. : زیر بحث آنا ؛ قابل بحث و گفتگو ہوجانا -

that is not the q.: - یہ امر غیرمتعلق ہے؛ سوال یہ نہیں ہے -

the q. is : سوال یہ ہے (اس طرح بحث کے اصلی موضوع کو پیش کرنا یا دہرانا) -

Q (فجائیہ) روک ٹوک ؛ " کیوں صاحب ؟ " (عام جلسوں میں جب مقرر اصلی بحث سے دور ہوجائے تو اس لفظ کو بہ آواز بلند کہہ کر اس کو متوجہ کرتے ہیں) -

the previous q. : دیکھو Previous -

out of the q. : خارج از بحث (اس قدر بے کار یا غیر متعلق کہ اس کو زیر بحث لانا یا اس کا ذکر کرنا فضول ہو) -

put the q. : (کسی جلسے میں بحث و مباحثے کے بعد کسی تجویز کو) رائے شماری کے لئے پیش کرنا (یعنی حاضرین سے تحریک کرنا کہ وہ اپنی رائیں شمار کرائیں) -

was put to q. : - (متروک و قدیم) بذریعۂ ایذا اقبال جرم کرانا -

questionless, *adv. & a.* : ناقابل انکار؛ مسلم الثبوت؛ یقینی -

Question, *v. t.* : (۱) سوال کرنا ؛ پرسش کرنا ؛ استفسار کرنا - (۲) حجت اٹھانا ؛ بحث نکالنا ؛ ایراد یا اعتراض کرنا ؛ شک کرنا - (۳) جرح کرنا؛ پوچھ گچھ کرنا؛ (کسی امر کی تحقیقات کے سلسلے میں) سوال و جواب کرنا - (۴) (کسی عجیب حادثہ طبعی یا واقعات کا) تفحص کرنا ؛ دریافت کرنا ؛ جاننے کی کوشش کرنا -

q. the honesty, accuracy, fitness, &c. : (کسی شخص کی) دیانت ؛ صحت بیان یا موزونیت و استحقاق میں شبہ کرنا ؛ متامل ہونا -

questionable, *a.* : قابل اعتراض ؛ مشتبہ ؛ قابل گرفت -

questionably, *adv.* : قابل اعتراض طریقے پر ؛ قابل اشتباہ صورت سے -

questioningly, *adv.* : بر سبیل استفہام ؛ بطریقۂ استفسار ؛ مستفسرانہ -

Questionnaire, (*rare*) questionary *n.*: سوال نامہ ؛ فہرست استفسارات یا سوالات -

Quetzal, *n.* : ایک خوب صورت پرند جو وسطی امریکہ میں ہوتا ہے ؛ کوے زل ؛ سبز دم -

Queue, *n. & v. t. & i.* : (۱) چوٹی ؛ مینڈھی ؛ گندھے ہوے بالوں کی لڑ جو لٹکتی ہو - (۲) قطار ؛ سلسلہ (جس میں آدمی یا گاڑیاں ایک دوسرے کے پیچھے کھڑی ہوں اور صرف اپنی باری سے آگے بڑھیں) - (۳) چوٹی گوندھنا ؛ بال بنانا ؛ مینڈیاں گوندھنا- (۴) (عموماً *q. up, on*) - (آدمیوں کا) قطار میں کھڑا ہونا؛ قطار باندھنا -

Quibble, *n. & v. i.* : (۱) جگت؛ (لفظی) تلازمہ ؛ بولی ٹھولی - (۲) فقرہ بازی ؛ حیلہ حوالہ ؛ سخن سازی ؛ مغالطہ دہی (خصوصاً ایسے دلائل جن کا انحصار محض الفاظ کے ابہام پر ہو)- (۳) (فعل) ضلع جگت بولنا ؛ فقرے چلنا یا دینا - (۴) باتیں بنانا ؛ مغالطہ دینا -

quibbler, *n.*: - (فعل مذکورہ بالا کا فاعل) تلازمہ گو؛ فقرہ باز وغیرہ -

quibbling, *a.* : فقرہ بازی ؛ سخن سازی ؛ جگت بازی -

Quick, *a. n. & adv.* : (متروک) (۱) زندہ ؛ جاندار ؛ جیتا جاگتا (جیسے *the q. and the dead* زندہ اور مردہ ؛ جاندار اور مردے ؛ *go down q. into hell* زندہ دوزخ میں جاتے ہیں ؛ *q. with child* or *with q. child* : حمل کے زمانے میں جب بچہ پیٹ میں حرکت کرنے لگتا ہے؛ زمانۂ حرکت جنین میں)- (۲) ذکی؛ سریع الحس (جیسے *q. temper* جلد بھڑک جانے والے مزاج والا؛ تنک مزاج ؛ زود رنج) -

q. sight : ہوشیاری ؛ تیز فہمی -

has a q. eye; ear, &c. : آنکھ یا کان تیز رکھتا ہے؛ دور کی چیز جلد دیکھ لیتا ہے ؛ بھانپ لیتا ہے -

q. to take offence : جلد خفا ہوجانے والا ؛ بگڑ جانے والا -

has q. wits : تیز فہم ہے ؛ بہت جلد بات یا صورت حالات کو سمجھ لیتا ہے -

(۳) ذہین ؛ طباع (جیسے *a q. child* ذہین بچہ) -

(۴) تیز ؛ سریع ؛ عاجل ؛ جیسے : -

q. succession : تیز تسلسل؛ یکے بعد دیگرے؛ جلد جلد -

at a q. trot :- تیز رفتار سے؛ تیز دلکی سے (عموماً گھوڑے کی رفتار)-

a q. way of doing it : (اس کام کے) جلد (بلا تعجیل) کرنے کا طریقہ -

his q. growth : اس کی (لڑکے؛ بچے درخت وغیرہ کی) تیز نمو (اٹھان ؛ ترقی) -

(۵) مستعد؛ آمادہ بکار؛ چست چالاک؛ پھرتیلا؛ فرتیا جلد کام کرنے والا -

be q.: جلدی کرو (کام کرنے میں) ؛ تیزی کرو ؛ عجلت کرو -

q. change: (عموماً ایکٹر وغیرہ کے متعلق) بہت تیزی سے لباس یا صورت یا بہیس بدلنا -

quicklime: دیکھو Lime -

q. march : (۱) (فوجی اصطلاح) تیز رفتار ؛ تیز قدم - (۲) " کواک مارچ " " قدم بڑھائے " تیز چلنے کا حکم جو ان الفاظ میں دیا جاتا ھے -

quicksand : ریگ رواں؛ دلدل -

quickset : (۱) (باڑ یا قنات) ھریالی؛ پودوں کی؛ جھاڑی یا کانٹی کی- (۲) باڑ؛ کانٹی؛ قنات (جو پودے جما کر تیار کی جائے)-

quicksilver : (۱) سیماب ؛ پارہ ؛ (استعارتاً) تلون (طبیعت کا)؛ عدم استقامت؛ نا پائداری- (۲) (فعل) آئینے پر پارہ چڑھانا -

q. step : (فوجی اصطلاح) فوجی قدم؛ معیاری رفتار(پاؤ گھنٹے میں ایک میل کی رفتار سے) -

q. time : (فوجی) معیاری وقت یا رفتار (پاؤ گھنٹے میں ایک میل کی رفتار) -

(۱) کچا یا جیتا گوشت (جو پوست کے نیچے ھوتا ھے) : (ناخن کے نیچے یا زخم کی) کور؛ کیا لی ؛ (مجازاً) دکھتی رگ ؛ حاسہ یا مبدء حس-

bites his nails to the q.: بگڑ کر؛ غصہ ھوکر ناخن چبا تا ھے -

probed it to the q. : نازک اور حساس حصۂ جسم (یا احساسات) تک گھرا کرید ا (ایسی بات کہی یا کام کیا جس سے کسی کے محسوسات کو سخت تکلیف پہنچی) ؛ دکھتی رگ پکڑ لی -

the insult stung him to the q. : اس توھین سے گویا اس کے بہت گہرا ڈنک لگا ؛ گوشت کے نازک حصے تک ڈنک چبھا (وہ بہت متاثر ھوا ؛ اسے بہت تکلیف ھوئی) -

is a Tory to the q. : وہ پکا ٹوری ھے -

q. -fading : سریع الزوال ؛ سیمیائی ؛ ناپائیدار ؛ جلد اڑنے یا دھندلا ھوجانے والا (رنگ) -

q. -firing gun, q. -firer : (مسلسل) گولے پھینکنے والی توپ ؛ تیز کار ؛شتاب انداز -

quickly, *adv.* : تیزی سے ؛ جلدی ؛ عاجلانہ -

quicktempered, *a.* : تنک مزاج ؛ چھلا -

quicksighted, *a.* : ھوشیار ؛ تیز فہم ؛ تیز نظر ؛ با خبر -

quick-eyed, *a.* : ھوشیار ؛ تیز فہم ؛ ھر چیز کو جلد دیکھ لینے والا -

quick-eared, *a.* : باخبر ؛ ھر بات کی خبر رکھنے والا ؛ سن گن رکھنے والا -

quickwitted, *a.* : حاضر جواب ؛ ذھین ؛ طباع -

Quicken, *v.t. & i.* : (۱) زندہ کرنا ؛ جلانا ؛ جان ڈالنا - (۲) تر و تازہ کرنا ؛ جوش یا ھمت دلانا ؛ اکسانا - (۳) دوڑانا ؛ معجلت کرانا ؛ تیز تر کر دینا یا کرانا - (۴) حرکت جنین کے زمانے (یا حالت) تک پہنچنا (حاملہ کا) -

quickening, *a.* : (۱) تازہ یا تیز کر دینے والا ؛ معجل؛ محی ؛ جان بخش ؛ قوت بخش - (۲) جان رسیدہ ؛ قوت یافتہ - (۳) (جنین کے لئے) حرکت کناں ؛ متحرک (شدہ) -

Quickness, *n.* : (۱) ذکاوت ؛ تیز فہمی ؛ حاضر دماغی ؛ طباعی ؛ ذھانت - (۲) پھرتی ؛ چالاکی ؛ چستی - (۳) تیزی ؛ تیز رفتاری ؛ سرعت ؛ زود روی -

Quicunque vult, The q. : اتھانیسیس (اسکندریہ کا اسقف اعظم یہ زمانۂ قسطنطین) مذھب ؛ عقیدۂ " من ارادہ " -

Quid, *n.* (pl. *quid*): (عامیانہ)ایک اشرفی؛ ایک پونڈ؛ اٹھارہ ماشی -

at two q. a wee : دو پونڈ فی ھفتہ کے حساب سے -

Quid, *n.* : تمبا کو وغیرہ کا ایک اٹا (جو منہ میں رکھ کر چبا یا جا تا ھے) -

Quiddity, *n.* : (۱) خصوصیت ؛ اصلیت ؛ وجہ امتیاز - (۲) باریک بینی ؛ مو شگافی - (۳) سخن پروری ؛ لفاظی -

Quidnunc, *n.* : لپاٹیا ؛ گپی ؛ باتونی ؛ باتیں بنانے یا لگانے والا ؛ شہر خبرا ؛ جو شخص عادتاً ھر طرف کی جھوٹی سچی خبریں لاتا ھو اور بیان کرتا ھو -

Quid pro quo, *n.* : (۱) (شاذ) التباس ؛ مغالطہ؛ سہو ؛ ادل بدل ؛ ایک چیز کی جگہ کوئی دوسری چیز کا غلط استعمال - (۲) معاوضہ ؛ بدل ؛ جیسے :

must get a q. p.q. : (جو چیز دی اس کا) معاوضہ ملنا چاھیے؛ بدل ملنا چاھئے -

Quiescent, *a.* : (۱) ساکن؛ غیر متحرک؛ خاموش (حروف وغیرہ) - (۲) معطل ؛ خوابیدہ ؛ جامد -

quiescence, quiescency, *nn.* : (۱) وقفہ ؛ قرا ر ؛ اطمینان؛ راحت - (۲) سکون ؛ خاموشی ؛ تعطل -

quiescently, *adv.* : بلاحرکت کئے ؛ سکون کے ساتھہ ؛ خاموشی کے ساتھہ -

Quiet, *n.* : (۱) سکون ؛ طمانیت (سیاسی) ؛ امن چین - (۲) سکوت ؛ خاموشی ؛ چپ چاپ - (۳) آسائش؛ آرام ؛ سکون قلب- (۴) اطمینان ؛ شانتی ؛ آسودہ خاطری -

Quiet, *a.* : (۱) بغیر آواز یا حرکت کے ؛ خاموش ؛ پر سکوت ؛ غیر متحرک ؛ صامت - (۲)کم آواز اور حرکت کے ساتھہ ؛ چپ چاپ؛ آھستہ - (۳) نرم ؛ مسکین ؛ سست (طبیعت) - (۴) (لباس رنگ وغیرہ) سادہ ؛ صوفیانہ ؛ جو بھڑکیلا نہ ھو - (۵) خفیہ ؛ چھپا ڈھکا ؛ پوشیدہ ؛ صورت بدلے ھوے (مثلاً *q. resentment :* خاموش خفگی ؛ خاموش احتجاج [جس کا اظہار زبان سے یا بلند آھنگی سے نہ کیا جاے :

on the q.: (عا میانہ مخفف on the q. t.) خفیہ ؛ چپکے سے؛ رازدارانہ -

(۶) بے خلل ؛ بے غل و غش ؛ ھنگامے یا مداخلت سے دور یا الگ (مثلاً *enjoyed in q.* بے غل و غش یا الگ تھلگ لطف اٹھا یا) - (۷) مطمئن ؛ آسودہ خاطر -

quietly, *adv.* : خاموشی سے ؛ اطمینان سے ؛ خفیہ طریقے پر ؛ بلا مداخلت ؛ بغیر شور و غل -

quietness, quietude, *nn.* : خاموشی؛سادگی؛ اطمینان؛سکون-

Quiet, *v.t. & i.* : خاموش کرنا ؛ اطمینان دلانا ؛ تسکین دینا -

q. down : خاموش ھوجانا ؛ تھم جانا؛ شور و غل کا بندھوجانا-

Quieten, *v.t. & i.* : = quiet (بازاری اصطلاح)

Quietism, *n.* : توکل؛سکتوک؛بھگتی؛ رضا بالقضا؛ مذھب تسلیم و رضا-

quietist, *n. & a.* : جو شخص یہ عقیدہ رکھتا ھو ؛ متوکل ؛ راضی با لقضا -

quietistic, *a.* : متوکلوں سے مخصوص یا متعلق ؛ متوکلی -

Quietus, *n.* : (۱) (شاذ) بےباقی؛ واصل باقی؛ وہ رسید جو حساب ادا کر دینے کے بعد دی جاے- (۲) زندگی سے چھٹکارا؛ موت؛ نیستی؛ خاتمہ-

gave him his q.: ختم کردیا؛ اس کا حساب چکا دیا؛ مار ڈالا۔

got his q.: اس نے چھٹکارا حاصل کیا؛ مرگیا؛ ختم ہوگیا۔

Quill, n.: (۱) پر کی کھوکھلی ڈنڈی؛ (نیز *q. -feather*) بازو یا دم کا پورا پر؛ نلی؛ ڈنڈی؛ صفار۔ (۲) (نیز *q. pen*) پر کا قلم (۳) پر کا مضراب۔ (۴) وہ لٹکن جو مچھلی پکڑنے کے کانٹے کی ڈور میں لگی ہوتی ہے؛ پیر کرا؛ ترنا۔ (۵) (دانت کرید نے کا) خلال۔ (۶) سیہہ کا کانٹا؛ خار مچھلی پکڑنے کا۔ (۷) ماسورہ؛ جولاہے کی نلکی جس میں ڈورا ڈال کر وہ کپڑا بنتا ہے۔ (۸) کسی کھوکھلی ڈنڈی کا پیپہا؛ نے؛ بانسری یا بنسی۔ (۹) دارچینی یا کونین کی چھال کا ٹکڑا؛ بکل۔

q. -coverts: دم یا بازو کے پروں کی جڑ پرکے روئیں۔

q. pen: پر قلم۔

q. -driver: محرر؛ اخبار نویس یا مصنف۔

Quill, v. t. & i.: (۱) ایسی چنٹیں ڈالنا جیسی پروں میں ہوتی ہیں؛ چننا؛ مروڑی دینا؛ اُتو کرنا۔ (۲) ماسورہ پر ڈورا یا تاگا لپیٹنا؛ نلی بھرنا۔

quilling, n.: چنٹیں ڈالنا؛ اُتو (کرنا)۔

Quillet, n.: (۱) باریکی؛ موشگافی۔ (۲) ضلع جگت؛ ٹکڑا۔

Quilt, n. & v. t.: (۱) توشک؛ گدا؛ بالا پوش۔ (۲) رضائی؛ لحاف (کوئی اوڑھنے کی چیز جس کی دو تہوں کے درمیان کوئی نرم چیز بھر کر نگندے ڈال دیے جاتے ہیں)۔ (۳) (فعل) رضائی ڈھانکنا یا اوڑھنا۔ (۴) نگندے ڈالنا؛ سوزنی یا رضائی کی طرح سینا یا جوڑنا۔ (۵) (سکے یا خطوط وغیرہ کو) کپڑوں کی دو تہوں کے بیچ میں سی دینا؛ خلعلا بھرنا یا سینا۔ (۶) دوسروں کے خیالات یا کتابوں سے خلاصے لے کر تالیف کرنا؛ التقاط کرنا؛ جوڑ لینا؛ جوڑ لگا لینا۔ (۷) (بازاری اصطلاح) زدو کوب کرنا؛ پیٹ دینا۔

quilting, n.: کولٹنگ؛ روی وغیرہ جو بھری جاتی ہے۔

Quinary, a.: مخمس؛ پنجلا؛ پنجڑی؛ ایسی چیز جو پانچ چیزوں (یا اجزا) پر مشتمل ہو۔

Quinate, a.: (نباتیات) پانچ پتیوں والا؛ پنج پتیا؛ پنج برگہ۔

Quince, n.: بہی؛ سفر جل (پھل یا اس کا درخت)۔

Quincentenary: = Quingentenary

Quincunx, n.: (۱) پن چتیا؛ چوکور پچ بوندیا؛ پانچ نشانات کی ایسی ترتیب کہ ایک ایک تو چاروں کونوں پر ہو اور ایک وسط میں ہو (جیسے تاش کے پتے یا پانسہ پر پانچ نقطے ہوتے ہیں)۔ (۲) پانچ بارھواں؛ پنج دوازدہ۔

quincuncial, a.: چوکور پچ بوندیا سا۔

quincuncially, adv.: چوکور پچ بوندیا صورت یا ترتیب میں۔

Quingentenary, a. & n.: (۱) پانچ سوویں برس کا؛ پنج صدہ؛ پنج قرنی۔ (۲) (اسم) پانچ سوویں سالگرہ؛ پانصد سالہ یا پنج صدہ سالگرہ۔

Quinia, n.: = (طب) Quinine

Quinine, n.: (۱) کُنین؛ سنکونا کی چھال کا ایک جوہر جو بخار دفع کرنے یا قوت دینے یا دورہ روکنے کے لیے استعمال کیا جاتا ہے۔ (۲) (گندھک سے پھونکا ہوا) کُشتہ کُنین (عام طور پر ایسی صورت میں استعمال کی جاتی ہے)؛ سفرت کُنین۔

quinize, v. t.: کُنین پلانا یا ملانا۔

quinism, n.: وہ غیر معمولی حالت جو کُنین کے زیادہ کھا لینے سے پیدا ہو جاتی ہے مثلاً سر گھومنا، خشکی، بہرا پن، آنکھوں کا خراب ہو جانا وغیرہ؛ کُنین زدگی

Quinquagenarian, a. & n.: (شخص) جس کی عمر ۵۰ سال ہو؛ ۵۰ سالہ؛ پنجاہ سالہ۔

Quinquagenary, a. & n.: پچاسویں سالگرہ؛ پنجاہ سالہ؛ پنجاہ سالگی۔

Quinquagesima, n.: (نیز Q. Sunday) اتوار جو ایسٹر سے تقریباً پچاس دن پہلے آتا ہے [لغوی معنی پچاسواں (دن)]۔

Quinqu(e)-: لفظ Quinque (پانچ) کی وہ صورت جو صرف مرکبات میں استعمال کی جاتی ہے۔

quinquangular: پنج گوشہ؛ پنج زاویہ؛ مخمس الزوایا۔

quinquecostate: پانچ پسلیوں والا (کا)؛ مخمس الضلوع۔

quinquenniad, quinquennium: پانچ سال کا عرصہ، زمانہ؛ پچ برسی؛ پنج سالیہ؛ سنین خمسہ۔

quinquennial: پنج سالہ۔

quinquennially, adv.: ہر پانچ سال بعد؛ پنسا لیانہ۔

quinquelateral, a. & n.: مخمس السطوح؛ مخمس الاضلاع؛ پانچ اطراف والی شے یا شکل۔

quinquelobate: (نباتیات) پنج گوشہ؛ پنج ورقہ؛ پنج فلقہ۔

quinquepartite: پانچ حصوں یا اجزا پر مشتمل؛ خمسہ؛ مخمس الاجزا۔

quinquereme: پنج طبقہ (کشتی جس میں پانچ درجے ہوتے تھے)۔

quinquevalvular: جس (چیز) میں پانچ پردے ہوں؛ پنج فلدہ۔

quinquifid: پانچ ٹکڑوں میں پھٹا ہوا؛ پنج پارہ۔

q...equivalent: مقترن با لخمسہ؛ پنج گرفتی یا پنج گرفتا۔

Quinquina, n.: (ایک قسم کا درخت) کنکینا، جس کی چھال سے کُنین اور اسی قسم کے دوسرے بخار روکنے والے جوہر نکلتے ہیں۔

Quinsy, n.: خناق۔

quinsied, a.: ورم خناق میں مبتلا۔

Quint, n.: (۱) (موسیقی میں) پنجم؛ پانچوا (پانچواں ٹھیکہ)؛ (باجے میں) سر کا ٹھیراؤ جو معمولی سے ۱/۵ زیادہ ہوتا ہے۔ (۲) (تاش) ایک رنگ کے پانچ مسلسل پتے؛ خمسۂ متداولہ؛ پچ کڑی۔

q. major: دکلا سے دہلے تک (تاش کے پتے)؛ خمسۂ اعلیٰ۔

q. minor: غلام سے ستے تک (تاش کے پتے)؛ خمسۂ ادنیٰ۔

Quintain, n.: (۱) (تاریخ) ستون، بورا یا تودہ جسے نیزے سے چھیدتے تھے۔ (۲) نیزہ بازی (اس قسم کے ستون وغیرہ پر)۔

Quintal, kin-, n.: (۱) ایک سو پونڈ کا وزن۔ (۲) ایک سو بارہ پونڈ کا وزن یا ایک ہنڈرڈ ویٹ۔ (۳) ۱۰۰ کیلو گرام۔ (۴) (مربی)

قنطار ؛ سوامنا ؛ 1¼ من -

Quintan, *a.* & *n.* : چوتھیا (بخار) ؛ وہ (بخار) جس کا دورہ ہر چوتھے یا پانچویں دن لرزہ کے ساتھ ہوتا ھے -

Quinte, *n.* : تلوار یا پھکیتی کا پانچواں ہاتھ ؛ پانچویں چوٹ یا هول -

Quintessence, *n.* : (۱) (قدیم فلسفہ) عنصر خامسہ ' جس سے خیال کیا جاتا تھا کہ تمام اجسام فلکی بنے ھیں اور جو ھر چیز میں موجود ھے - (۲) ست ؛ خلاصہ ؛ جوھر ؛ عطر عطیر ؛ روح (جو قدرتی یا مصنوعی ذرائع سے کسی مادی شے سے حاصل یا فراھم کی جائے) - (۳) (غیر مادی چیز یا کسی وصف یا کسی گروہ کے اوصات کا) نمونۂ کامل ؛ مظہر اتم ؛ انتخاب ؛ زبدہ ؛ لب لباب -

quintessential, *a.* : اثیری ؛ آکاسی ؛ جوھرساں ؛ منتخب ؛ چیدہ ؛ برگزیدہ ؛ نمونے کا -

Quintet (te), *n.* : (۱) پنج آھنگ ؛ مخمس اللحن ؛ پنج ساز ؛ پانچ آوازوں یا سازوں کے لئے کوئی راگ - (۲) پچوکی ؛ پانچ گانے والوں کا طائفہ -

Quintillion, *n.* : سنکھہ در سنکھہ ؛ اکائی کی تیسویں قوت ؛ وہ عدد جو ایک پر تیس صفر لگاکر ظاھر کیا جائے -

Quintuple, *a.* & *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) (فعل) پنج گنا کرنا؛ پانچ سے ضرب دینا - (۲) (اسم) پانچ گنا ؛ پنج گونہ (باقی مرکبات کے لئے دیکھو quadruple) -

quintuply, *adv.* : پانچ گنا کرکے -

quintuplet, *n.* : پنج گانی ' پانچ چیزوں کا ایک میل جیسے پانچ بچے جو ایک دفعہ میں پیدا ھوں ؛ توام پنجگانی ؛ پانچ آدمیوں کے سوار ھونے کی بائسیکل (پنج سواری) وغیرہ -

quintuplicate, *a.* & *n.* : ایک ھی چیز پانچ دفعہ ؛ پانچ ایسی چیزوں یا حصوں پر مشتمل جو یکساں ھوں ؛ مخمس ؛ پنج حصہ ؛ پنج پرتہ -

quintupiication, *n.* : پنج گنائی ؛ تخمیس -

Quintus : دیکھو Primus -

Quip, *n.* : (۱) طعنہ ؛ طنزیہ جملہ ؛ فقرہ (جو کسی پر چست کیا جائے) ؛ (کسی پر) زبانی چوٹ - (۲) گول بات ؛ ایہام ؛ غلع ؛ جگت -

Quipu, *n.* : خط گرہ ؛ خط کوئی پو ؛ ملک پیرو کا قدیم طریقہ جو بجائے تحریر کے کام میں لایا جاتا تھا یعنی مختلف رنگوں کے ڈوروں میں گرہ دے کر اظہار مطلب کے لئے اشارات استعمال کرنا -

Quire, *n.* : (۱) دستۂ (کاغذ) ؛ جزو ؛ ۲۴ تختوں کا مجموعہ یا گتی - (۲) چو ورقہ (جس میں آٹھہ صفحے ھوں) - (۳) اوراق ؛ کاغذ (کسی تعداد کا مجموعہ جو قلمی کتاب میں ایک کے اندر ایک لگے ھوں ...

in qq. : اوراق ؛ دستہ ؛ اجزا (جو غیر مجلد یا بے سلے ھوں) -

Quire, *n.* & *v.t.* & *i.* : دیکھو choir -

Quirinal, *n.* : حکومت یا دربار اطالیہ ؛ کوئی ری نل (اطالیہ کے بادشاہ کے محل کا نام)

Quirk, *n.* : (۱) فقرہ بازی ؛ پھبتی ؛ طعن ؛ چوٹ - (۲) (لفظوں کا) ھیر پھیر ؛ سطحی سازی ؛ حیلہ حوالہ - (۳) عجیب وضع یا طرز عمل جس میں کوئی چالاکی مضمر ھو ؛ چال ؛ حکمت ؛ استادی - (۴) (خطاطی یا نقشہ کشی میں) مروڑی ' پیچ و خم ؛ نیز (کوئی نمایاں) کشش ' مد یا مرکز وغیرہ - (۵) (فن عمارت) وہ کھوکھلی جگہ جو عمارت کے گولے کے ماھی پشت حصے اور سر بند یا کنان کے درمیان ھوتی ھے ؛ محراب کا کٹاو ؛ کٹوری -

Quit, *pred. a.* : (۱) (قدیم) بری الذمہ ؛ پاک ؛ مبرا ؛ آزاد ؛ چھٹکارا پایا ھوا - (۲) چھٹکارا پانے والا؛ مخلصی یافتہ مثالیں : -

the other can go q. : (متروک) باقی لوگ آزادی سے جا سکتے ھیں -

was q. for a ducking : بس چند غوطوں ھی پر گزری ؛ چند غوطوں کے بعد بچ گیا -

was glad to be q. of the trouble : پریشانی سے چھٹکارا پاکر خوش ھوا -

quit claim : (۱) حق سے دست برداری ؛ لادعوی - (۲) (فعل) حق یا مطالبے سے دست بردار ھونا؛ (کسی چیز سے) دست کش ھونا ؛ (کسی چیز کو) چھوڑ دینا -

quit-rent : بدل خدمت ؛ زراستثنی جو معافی دار یا کاشتکار خدمت سے مستثنی کئے جانے کے عوض ادا کرے -

Quit, *v.t.* (*quitted*. rarely *quit*) : (۱) کسی چیز سے پیچھا چھڑانا (قدیم و متروک) - (۲) اچھا طرز عمل اختیار کرنا ؛ اچھی طرح سے عھدہ برآ ھونا - (۳) چھوڑ دینا ؛ دست بردار ھونا ' دست کش ھونا ؛ کنارہ کش ھونا ؛ (کسی چیز یا بات سے) ھاتھہ اٹھا لینا - (۴) چلا جانا ' رخصت ھونا ' روانہ ھو جانا (کسی جگہ یا کسی شخص کے پاس سے) - (۵) (کرایہ دار کا) مکان چھوڑ دینا ؛ خالی کر دینا - (۶) (شاعری) بدلہ دینا ؛ حق ادا کرنا ؛ نعم البدل دینا ؛ احسان اتار دینا ؛ حساب بیباق کر دینا مثلاً : -

Ratten, v. t. : (کاریگر کے) اوزار توڑنا؛ کل بگاڑ دینا (لڑائی جھگڑے میں) -

Rattle, v. i. & t. : (۱) دھڑ دھڑ کرنا یا ہونا؛ کھڑ کھڑانا؛ کھڑ کھڑ کرنا یا ہونا (مثلاً *stop the window rattling, a child rattles at a door if he cannot open it*) - (۲) (*r. along, away, on*) بکے جانا؛ تڑ تڑ گفتگو کرنا؛ بڑ بڑ لگانا؛ قینچی کی طرح زبان چلنا (مثلاً *he ratted on gaily about his travels*) - (۳) (*r. along, down, past*) بے تحاشا چلانا (گاڑی کو) سرپٹ دوڑانا؛ (گھوڑے کا) بے تحاشا دوڑنا؛ کھڑ کھڑ کرتے ہوئے چلنا (مثلاً *nothing rattled the warrior*)؛ دھڑام سے گرنا - (۴) جھنکارنا؛ کھڑ کھڑانا؛ چھن چھن کرنا (تلوار، زنجیر وغیرہ کا) - (۵) فراٹے بھرنا؛ گھاس سی کاٹنا (کہانی، نظم وغیرہ پڑھتے میں) - (۶) جھنجوڑنا؛ چونکانا - (۷) (عامیانہ) چونکا دینا؛ مضطرب کرنا؛ بیچین کرنا؛ گھبرا دینا؛ ڈرا دینا (مثلاً *the train rattled over the points*) - (۸) دوڑانا؛ تیزی سے آگے بڑھانا -

r. fox : لومڑی کا پیچھا کرکے آ لینا -

r. the sabre : لڑائی کی دھمکی دینا -

rattling, a. : (۱) تیز؛ تند (رفتار، آندھی وغیرہ) - (۲) نہایت (عمدہ وغیرہ) -

Rattle, n. : (۱) جھنجھنا؛ ٹنٹیری؛ تڑ تڑ؛ تڑ تڑ گاڑی (بچوں کے کھیلنے کی گاڑی جس میں سے آواز نکلتی ہے) - (۲) ناگ چکی (سانپ کی دم کے حلقے جن سے آواز نکلتی ہے) - (۳) ششطیہ (درخت جن کے بیج خول میں آواز دینے لگتے ہیں)؛ کھک بیجیا - (۴) کھڑ کھڑاہٹ؛ گڑ گڑاہٹ؛ دھڑ دھڑاہٹ؛ غل غپاڑہ؛ ہنگامہ؛ شور و غوغا - (۵) بک بک؛ بکواس؛ تڑواس؛ تڑ تڑ؛ یا وہ گوئی - (۶) بکی؛ تڑو؛ یا وہ گو (جس کی زبان قینچی کی طرح چلتی ہو) -

death r. : گھرا؛ نزع کی خر خراہٹ؛ غرغرہ -

r. bag, r.- bladder, r. - box : کھڑ کھڑ تھیلا؛ کھڑ کھڑ پھکنا؛ کھڑ کھڑ صندوق (کھلونے جن میں سے اس قسم کی آواز نکلتی ہو) -

r. - brain, r. - head, r. pate : تہی مغز؛ کوڑ مغز؛ بے عقل؛ گاؤدی آدمی -

r. - brained, r. -headed, r. -pated : صفت مذکورہ یا لامعنی میں -

rattlesnake : امریکہ کا ایک زہریلا سانپ جس کی دم سے چکی کی سی آواز نکلتی ہے؛ چکی ناگ؛ ابوجرس؛ ٹنٹیریا (سانپ) -

r.-trap : کھڑکھڑیا (پرانی گاڑی وغیرہ)؛ (جمع) الم غلم چیزیں؛ کاٹھ کباڑ -

the rattles : حنجرے کا ورم جو بچوں کو ہوجاتا ہے اور جس سے کھانسی آتی ہے -

Rattler, n. : (۱) کھڑ کھڑ کرنے والا وغیرہ (فعل کے معنوں میں) - (۲) (کسی چیز کا) نادر نمونہ؛ بڑھیا چیز؛ بڑھیا نمونہ -

Ratty : (عامیانہ) چوہا؛ چڑ چڑا -

Raucous, a. : بھرائی ہوئی؛ کلپتی (آواز)؛ سرمہ درگلو -

raucously, adv. : بھراہٹ یا بھرائی آواز سے -

Raughty : دیکھو Rorty -

Rauque, a. : (شاذ) Raucous

Ravage, v. t. & i. & n. : (۱) پامال کرنا؛ تاراج کرنا؛ ویران کرنا؛ اجاڑنا؛ غارت کرنا (ملک کو) - (۲) تباہی ڈالنا؛ لوٹ مار ہونا - (۳) تباہی؛ تاراجی؛ پامالی؛ (جمع) دست برد؛ تباہی یا جوانی کے آثار -

Rave, n. : (۱) گاڑی کی باڑ؛ کٹہرا؛ جنگلہ - (۲) (جمع) گاڑی کی گودی؛ مچان (جس سے گاڑی کی گنجائش زیادہ ہوجائے) -

Rave, v. i. & t. & n. : (۱) بڑبڑانا؛ ہذیان بکنا؛ بہکی باتیں کرنا (مثلاً *the patient became conscious for a while and then began to r.*) - (۲) (سمندر یا ہوا کا) فراٹے مارنا؛ سرائے ہونا؛ شائیں شائیں کرنا - (۳) (*r. about or of*) تعریف کے پل باندھنا؛ سر دھننا (مثلاً *r. about a book, author &c.*) - (۴) تلملا اٹھنا؛ جھینکنا - (۵) فراہٹ؛ سراٹا؛ شائیں شائیں؛ گرج (ہوا، سمندر، طوفان کی) -

r. oneself hoarse, to sleep &c. : جھینکتے یا بکتے گلا پڑجانا -

storm raves itself out : فراٹے مارتے طوفان اتر جاتا ہے -

raving, n. : (اکثر جمع میں) بڑ؛ ہذیان وغیرہ -

Ravel, *v. t. & i. & n.* : (۱) پھنسنا؛ الجھنا ؛ الجھانا ؛ پیچیدہ بنانا؛ پرپیچ ہونا - (۲) ادھڑنا؛ ادھیڑنا ؛ پیچ یا پھٹ کھلنا یا کھولنا ؛ گھس کر کھل جانا یا کھولنا - (۳) سلجھانا؛ تار تار الگ کرنا؛ پیچ نکالنا ؛ عقدہ کھولنا (اکثر out کے ساتھ) - (۴) الجھاوا ؛ الجھتی ؛ پیچ ؛ گرہ ؛ گانٹھ - (۵) پیچیدگی؛ عقدہ ؛ الجھیڑا ؛ الجھن - (۶) (بل کھلا) تار ؛ دھاگا جس کے سرے کے بٹ کھلے ہوئے ہوں -

the ravelled skein of life : زندگی کی الجھی ہوئی تار و پود -

ravelling, *n.* : ادھیڑنا ؛ ادھڑنا -

Ravelin, *n.* : (قلعہ بندی) بیرونی دمدمہ ؛ مورچہ (خندق قلعہ کے باہر جسے زاویہ نما اور دو رخ رکھکر بناتے ہیں) -

Raven, *n. & a.* : (۱) پہاڑی کوا ؛ پربت کاگ ؛ غراب (جسے عوام نحس جانتے ہیں) - (۲) سیاہ تاب ؛ سیاہ فام ؛ آبنوسی ؛ چمکیلا سیاہ ؛ نیلیا سیاہ -

Raven, *v. i. & t.* : (۱) لوٹنا ؛ لوٹ لینا - (۲) لوٹتے پھرنا ؛ ڈاکے مارنا ؛ غارتگری کرنا - (۳) تاک لگانا ؛ داؤں کرنا (شکار یا لوٹ کے لئے) ؛ مال غنیمت یا شکار کی تلاش میں چکر کاٹنا - (۴) بڑے بڑے لقمے مارنا ؛ نگلنا ؛ ہڑپ کرنا ؛ (کنگلوں کی طرح) نوالے مارنا - (۵) (کنگلوں کی طرح) بھوکا ہونا ؛ مربھوکا ہونا - (۶) (کسی چیز کا) بھوکا ہونا -

Ravenous, *a.* : (۱) حریص ؛ لٹیرا ؛ غارتگر - (۲) بیحد بھوکا ؛ کال مارا ؛ بھوک سے بیتاب - (۳) ندیدوں کی سی ؛ شدید ؛ سخت -

ravenously, *adv.* : ندیدوں کی طرح ؛ حریصانہ طور سے -

ravenousness, *n.* : شدید بھوک؛ ندیدپن؛ کنگلا پن وغیرہ -

Ravin, *n.* : (۱) (شعر و خطابت) قزاقی ؛ غارتگری ؛ لوٹ مار - (۲) شکار مارکر کھانا ؛ شکار گیری ؛ درندگی - (۳) مال غنیمت -

beast of r. : شکاری جانور ؛ درندے -

Ravine, *n.* : (پہاڑ کا) نالا ؛ گھاٹی ؛ کھڈ (کوہ + نالے) -

Ravish, *v. t.* : (۱) (شاذ) بھگالے جانا ؛ چھین کرلے جانا - (۲) (نظر سے) دور کرنا ؛ نہاں کرنا ؛ (دنیا سے) لے جانا (مثلاً *death has ravished them from us*) - (۳) زنا بالجبر کرنا؛ عصمت دری کرنا - (۴) خوشی سے بیخود کرنا ؛ وجد میں لانا ؛ مسرت سے معمور کر دینا ؛ خوشی سے باغ باغ کر دینا -

ravisher, *n.* : زنا بالجبر کرنے والا ؛ عصمت در -

ravishing, *a.* : وجد آور ؛ مسرت بخش -

ravishingly, *adv.* : وجد آورانہ -

ravishment, *n.* : وجد ؛ بیخودی؛ کمال مسرت ؛ فرط طرب -

Raw, *a. & n. & v. t.* : (۱) ادہ کچری ؛ کچی ؛ خام ؛ نارسیدہ ؛ ناپختہ - (۲) خام (اجناس وغیرہ) - (۳) نا تراش؛ بے خرادا ؛ بے صیقل؛ نا تمام ؛ ادھورا (صناعی کے اعتبار سے) - (۴) ناتجربہ کار؛ اناڑی؛ سیکھتڑ؛ نوآموز - (۵) کھال اترا؛ چھلا ہوا؛ دکھتا ہوا - (۶) سرد ؛ سیلا ؛ مرطوب (ہوا وغیرہ) - (۷) (طرز بیان وغیرہ) گنواروں کا سا؛ سخت نا معقول؛ بہت بھدا ؛ بھنگم - (۸) ہلکا زخم؛ خراش؛ چھلن (خصوصاً گھوڑے کی کھال کی) - (۹) خراش ڈالنا ؛ (خصوصاً گھوڑے کی پیٹھ میں) -

r.-boned : موٹھڑا ؛ سکٹیلا ؛ لاغر ؛ ہڈیار، نکلا ؛ استخوانی؛ پوست و استخوان -

r. brick : خشت خام؛ کچی اینٹ (جو بھٹی میں نہ پکائی گئی ہو) -

r. cloth : کپڑا جو صاف اور دبیز نہ کیا گیا ہو -

r. cream : کچی بالائی یا ملائی (جو دودھ کو بغیر جوش دیے نکالی جائے) -

r. head & bloody bones : (۱) ہوا؛ بنجو - (۲) مردے کا سر اور دو متقاطع ہڈیاں جو موت یا خطرے کی علامت کے طور پر بنادیتے ہیں -

r. edge : (کپڑے کا) کھردرا کنارہ -

r. edge of cloth : بے تریا ، بے حاشیہ کپڑے کا سرا -

r. hide : (۱) بے کما یا ہوا چمڑا - (۲) اس کی رسی یا چابک -

r. spirit : خالص روح شراب -

touch one on the r. : دکھتی رگ پکڑنا -

rawish, *a.* : نیم خام ؛ کچائی لئے ؛ ادہ کچرا -

rawness, *n.* : اسم مذکورۂ بالا صفت کے معنوں میں -

Ray, *n.* : (۱) شعاع ؛ کرن ؛ ضو - (۲) خط شعاعی ؛ شعاع ؛ رو (حرارت وغیرہ کی مثلاً x-rays کا شعاعیں) - (۳) (استعارتاً) روشنی ؛ چمک؛ جھلک (امید وغیرہ کی) - (۴) (شاذ) نیم قطر - (۵) ہم مرکز خطوط؛ مرکز خاستہ خطوط - (۶) (نباتیات) کرن ؛ (پھول کی) رگ شعاعی - (۷) ستارہ ماہی (starfish) کا ایک قوسی حصہ یا قاش -

rayed, *a.* : پرشعاع ؛ شعاعی -

rayless, *a.* : تاریک ؛ اندھیرا ؛ بے شعاع ؛ بے نور -

raylet, *n.* : شعاعہ ؛ چھوٹی کرن -

Ray, *v. i. & t.* : کرن پھوٹنا یا نکلنا ؛ جھلکنا ؛ جھلک نظر آنا ؛ روشن ہونا ؛ ضو پڑنا ، ڈالنا -

Ray, *n.* : شعاعیہ، شارک مچھلی سے مشابہ سمندر کی بڑی مچھلیوں کا ایک خاندان ؛ رائیہ (ماہی) -

Rayah, *n.* : (ترکوں کی غیر مسلم) رعایا ؛ ذمی -

Rayon, *n.* : مصنوعی ریشم ؛ نقلی ریشم ؛ ریشم نما -

Raze, rase, *v. t.* : (۱) (شاذ) چھیلنا ؛ ہلکا سا زخم ڈالنا ؛ چھچھلتا ہوا پڑنا - (۲) چھیل ڈالنا ؛ خاک کر دینا ؛ صاف کردینا ؛ اڑا دینا ؛ محو کردینا ؛ مٹانا ؛ نسیاً منسیا کرنا - (۳) مسمار کرنا ؛ زمین کے برابر کردینا ؛ ڈھا دینا -

Razee, *n. & v. t.* : (۱) جریمہ ؛ عرشہ اترا جہاز ؛ بے عرشے کا جہاز - (۲) (جہاز کا) عرشہ اتروا دینا -

Razor, *n. & v. t.* : (۱) استرہ ؛ موس ؛ موتراش - (۲) (شاذ) استرا پھیرنا ؛ استرا چلانا ؛ مونڈنا -

r.-back, r.-backed : سلامی کوہان کا ؛ استرہ پشت (جس کی پشت استرے کے دھار کی مثل ہو) (اکثر *r.- b.whale* استرہ پشت وھیل یا *r. b-hill* استرہ پشت پہاڑی کے ساتھ آتا ہے)-

r-bill, r.-billed : (طیور) موسیہ (جن کی چونچ استرے کی شکل کی ہوتی ہے) ؛ موسی ؛ استرہ منقار -

r. -edge : (۱) دھار ؛ باڑہ - (۲) سلامی کوہان کی چٹان ؛ استرہ پشت چٹان - (۳) تنت ؛ نازک موقع ؛ وقت صعب ؛ شدید خطرہ - (۴) واضح حد فاصل -

r.-fish, r.-shell : ایک قسم کا بڑا گھونگا ؛ صدف موسیہ؛ گھونگ -

r.-grinder : (۱) چموٹا ؛ سلی ؛ سان ؛ پتھری ؛ استرہ پٹی (جس پر استرہ تیز کیا جائے) - (۲) بعض پرندے ؛ چموٹے -

r.-strop : استرہ پٹی ؛ چموٹی ؛ سان پٹی -

safety r. : محفوظ استرہ (جس میں کھال کے کٹنے کا اندیشہ کم ہو) -

Razzia, *n.* : حملہ ؛ چھاپہ ؛ دھاوا (خاص کر افریقی مسلمانوں کا ' غزوے کی بگڑی ہوئی صورت) -

Razzle-dazzle, *n.* : (۱) (عامیانہ) چہل پہل ؛ گہما گہمی ؛ ریل پیل ؛ رونق ؛ رنگ رلیاں - (۲) چرخ ہنڈولا (جو گھومتے میں تھوڑا سے اونچا اٹھتا اور پھر اترتا ھے)؛ چکر جھولا -

Re, *n.* : (۱) رے ؛ سرگم کا دوسرا سر ؛ را - (۲) (شاذ) فرنگی سرگم میں پنچم کا سر جو دوسری سرتی ھے -

Re, *prep.* : (Res کا مخفف) بابت ؛ عن ؛ متعلق بہ - بلا حصول مراد ؛ کام ہوئے بغیر ؛ *(to return) re infecta* : بے نیل مرام (واپس آنا) -

Re-: سابقہ)(الف(عموماً باز' دوبارہ' بار دگر وغیرہ کے معنی میں افعال یا مفعول الفاظ کے ساتھ استعمال ہوتا ھے ؛ بعض اوقات اس کے اور اصلی لفظ کے بیچ میں خط وقف بنادیتے ہیں -
(۱) جواباً یا با ہمد گر کے معنی میں (مثلاً *react*) -
(۲) مخالفت کے معنی میں (مثلاً *revolt*) - (۳) پیچھے یا بعد کے معنی میں (مثلاً *relic*) - (۴) خلوت یا اخفا کے معنی میں (مثلاً *recluse, reticent*) - (۵) الگ ' دور یا نیچے کے معنی میں (جیسے *relese, relegate*) - (۶) کثرت یا شدت کے معنی میں (جیسے *redouble, refine*) - (۷) نفی کے معنی میں (جیسے *reproach, resign*)
(ب) اس کے علاوہ ذیل میں آنے والے مرکبات میں جو لاطینی وغیرہ سے بنے بنائے انگریزی میں آتے ہیں -

're.: عام استعمال میں *are* کا مخفف جو *we* ' *you* اور *they* کے ساتھ استعمال ہوتا ھے (مثلاً *they' re, we' re* وغیرہ) -

Reach, *v. t. & i.* : (۱) پھیلا ہونا - (۲) پھیلانا و (اکثر out کے ساتھ مثلاً *the tree reached out its branches*) - (۳) بڑھانا؛پہنچانا ؛ آگے بڑھنے کے لئے ہاتھ پیر مارنا ؛ آگے بڑھنے کی کوشش کرنا - (۴) پہنچنا ؛ پہنچ جانا - (۵) حاصل کرنا ؛ رسائی پانا ؛ دسترس پانا ؛ پہنچ ہونا ؛ زد ہونا - (۶) ہاتھ بڑھا کے دینا یا لینا ؛ ہاتھ سے پہنچانا ؛ ہاتھ میں دینا -
reach-me-down : (عامیانہ) تیار ؛ بنا بنایا (لباس) -
reachable, *a.* : پہنچنے کے قابل ؛ رسائی پذیر ؛ قابل دسترس؛ پہنچ کے اندر ؛ زد کے اندر -

Reach, *n.* : (۱) پھیلنا ؛ پھیلانا ؛ بڑھانا - (۲) دسترس ؛ رسائی ؛ حد ؛ حد قدرت ؛ پہنچ ؛ درک ؛ دائرۂ اثر ؛ احاطہ - (۳) زیر نگاہ حصہ ؛ سلسلہ ؛ مسلسل ٹکڑا (خصوصاً دریا کا جو بیک وقت نظر کے سامنے ہو)- (۴) (جہاز رانی) رسا ؛ طناب-
within easy r. of the railway : ریل سے قریب کی مسافت-

React, *v. i.* : (۱) رد عمل کرنا ؛ پلٹنا ؛ پلٹ پڑنا ؛ الٹ آنا ؛ الٹ کر اثر کرنا - (۲) (کیمیا) ایک مادے کا دوسرے پر عمل ہونا ؛ اثر ہونا ؛ عمل کرنا ؛ اثر کرنا - (۳) اثر قبول کرنا ؛ متاثر ہونا - (۴) (فوجی) جوابی حملہ کرنا ؛ پلٹ کر حملہ کرنا - (۵) (کسی چیز سے) کھچنا؛ نافر ہونا؛ پیچھے ہٹنا؛دور ہٹنا؛رجعت کرنا
reactive, *a.* : رد عمل کرنے والا ؛ رد عمل پذیر ؛ رجعت پذیر ؛ تاثیر پذیر وغیرہ -
reactivity, *n.* : رد عمل پذیری؛ رجعت پذیری ؛ تاثر وغیرہ -

Reaction, *n.* : (۱) جوابی عمل ؛ تعامل ؛ تاثیر و تاثر - (۲) (کیمیا) عمل ؛ تاثیر (ایک مادے سے دوسرے مادے میں) - (۳) رد عمل ؛ تاثر (جسم وغیرہ کی خارجی مہیج) - (۴) رد عمل بلا حالت اصلی ؛ مخالف اثر ؛ الٹا اثر - (۵) (فوجی) جوابی حملہ؛ حملے کے جواب میں حملہ - (۶) قدامت یا رجعت پسندی (خصوصاً سیاسیات میں) -
reactionary, *a.* : رجعت پسندانہ ؛ رجعت پسند؛ لکیر کا فقیر-
reactionist, *n. & a.* : رجعت پسندانہ؛قدامت پسند؛رجعت پسند-

Read, *v. t. & i.* (read), *& n.* : (۱) سمجھ لینا ؛ معلوم کرنا ؛ تاڑنا ؛ بوجھنا ؛ حال دریافت کرلینا؛ تعبیر کرنا ؛ پالینا؛ بھید کھلنا؛ (غیب کی باتوں کی)پیش گوئی کرنا(مثلاً *r. dream, omen, futurity*)- (۲) پڑھ لینا ؛ نکال لینا ؛ پڑھ کر مفہوم سمجھنا (تحریر یا علامات وغیرہ کا) - (۳) دیکھنا (کتاب) ؛ پڑھنا ؛ تلاوت کرنا ؛ کتاب خوانی کرنا (دل میں یا بہ آواز بلند) - (۴) مطالعہ کرنا (جیسے *he has read much*) ؛ درس لینا (مدرسے وغیرہ میں) ؛ طالب علمی کرنا - (۵) لکھا دیکھنا ؛ کسی جگہ پڑھنا ؛ کسی کتاب میں دیکھنا - (۶) معنی سمجھنا ؛ تعبیر کرنا - (۷) معنی پہنانا ؛ مطلب پیدا کرنا ؛ تاویل کرنا ؛ پہلو نکالنا - (۸) (کتاب کے مرتب یا مدون کا) کسی نسخے کو اختیار کرنا؛ کسی نسخے کو اختیار کرنا؛ کسی نسخے یا قراۃ کو ترجیح دینا (مثلاً *for Lovaine* *some copies of Wace r. Almaigne*) - (۹) پڑھتے پڑھتے کسی خاص حالت کو پہنچنا یا پہنچانا (مثلاً *he read me to sleep*)- (۱۰) (مقیاس الحرارت وغیرہ کا) ظاہر کرنا یا علامت دکھانا ؛ (کسی خاص) درجے پر ہونا (مثلاً *thermometer reads 34°*)؛ (کوئی خاص) شمار ظاہر کرنا - (۱۱) پڑھا جانا ؛ پڑھنے میں (اچھا یا برا وغیرہ) معلوم ہونا (مثلاً *this play reads better than it acts*) - (۱۲) پڑھنے کا دور ؛ پڑھائی (مثلاً *have a short r.* تھوڑی دیر پڑھ لو) -
my silence is not to be read as consent : میری خموشی کے معنی رضامندی نہیں لئے جا سکتے -
read himself stupid, hoarse &c. : پڑھتے پڑھتے پاگل ہوگیا یا گلا پڑ گیا -
reads like a threat : پڑھنے میں دھمکی معلوم ہوتی ھے-
r. one a lesson : سبق دینا ؛ تنبیہ کرنا -
r. oneself in : مقررہ عبارت پڑھکر عہدے پر مقرر ہونا یا جائزہ لینا -
to r. between the lines : تہہ کی بات یا چھپے ہوئے معنی سمجھنا؛ اصل مطلب نکالنا یا ڈھونڈنا -
well read, deeply read : کثیرالمطالعہ ' عالم متبحر -

Readable, *a.* : (۱) قابل مطالعہ؛ دلکش ؛ (تحریر) خواندنی - (۲) (شاذ) مایقرئ ؛ جو پڑھا جا سکے؛ خواندگی پذیر -
readability, readableness, *nn.* : حسن تحریر ؛ لطف مطالعہ ؛ مطالعہ پذیری -
readably, *adv.* : قابل مطالعہ طریق پر ؛ خوبی کے ساتھ -

Readdress, *v. t.* : (خط کا) پتہ بدل کر لکھنا؛ دوسرے پتے پر (خط) بھیجنا -

Reader, *n.* : (۱) (Read کا فاعل) ؛ پڑھنے والا' مطالعہ کنندہ ' عالم وغیرہ - (۲) (خصوصاً) ناظر ادبی ؛ کتاب خواں؛ نقاد (جو اہل مطبع کو کتاب کے قابل طبع ہونے نہ ہونے کے متعلق رائے دیں) - (۳) مصحح ؛ تصحیح کنندہ ؛ پروف خواں (جو طباعت کے وقت کاپی یا پروف کا مقابلہ اور تصحیح اغلاط کرتا ھے)-

(۴) مثال خواں ؛ ناظر (جو بہ آواز پڑھنے پر مقرر ہو) - (۵) (بعض جامعات میں) ریڈر ؛ نائب پروفیسر؛ مددگار پروفیسر؛ لکچرار ؛ استاد دوم - (۶) ریڈر ؛ درسیہ (نصاب کی کتاب جو مختلف مضامین چن کر مرتب کی گئی ہو) -

lay -r : پیش خواں ؛ دعاخواں (جو گرجوں میں نماز کے بعض حصے پڑھکر سنا تا ھے) -

readership, n. : مصحح ؛ مثال خواں ؛ ناظر ادبی یا مدد گار پروفیسر کا عہدہ -

Readily, adv. : (۱) آسانی سے ؛ بلا دقت ؛ بلا تاخیر - (۲) خوشی سے؛ خوشی خوشی؛ بے تامل-

Readiness, n. : (۱) آمادگی ؛ تیاری ؛ رضامندی ؛ مستعدی ؛ سرگرمی - (۲) سرعت ؛ سہولت ؛ فراست ؛ سوجھ بوجھ ؛ حاضر دماغی ؛ ذکاوت ؛ طباعی ؛ برجستگی ؛ برجستہ کاری - (۳) لیس ہونا ؛ (کیل کانٹے سے) درستی ؛ کمر بستگی -

all is in r. : ہر شے لیس ھے -

Reading n. : (۱) پڑھائی ؛ خواندگی ؛ پوچھنا وغیرہ - (۲) مطالعہ ؛ علم ؛ تبحر - (۳) قراۃ ؛ خواندگی (مسودۂ قانون کی پارلیمنٹ میں) - (۴) خوش خوانی (جلسہ یا دوستانہ صحبت جس میں دلچسپ چیزیں پڑھی جائیں) - (۵) نسخہ ' قراۃ ' قول (اختلاف نسخ کی صورت میں کسی قلمی نسخے کی عبارت کے متعلق) - (۶) مضمون ' عبارت (وغیرہ جو پڑھنے میں اچھی یا بری ہو مثلاً *is dull, good, r.*) - (۷) (مقیاس الحرارت وغیرہ کی) قراۃ ؛ شمار خوانی ؛ اندراج ؛ شمار - (۸) تفسیر ؛ تعبیر ؛ رائے ؛ معنی (جو سمجھے جائیں) ؛ طریقۂ ادا ؛ طریق تمثیل (ناٹک کے کسی کیرکٹر کے پارٹ کا) -

a man of vast r. : وسیع المطالعہ شخص -

first r. : مسودۂ قانون کی پہلی خواندگی جس سے پیش کرنے کی اجازت مراد ھے -

good, dull, r. : اچھی یا بے مزہ پڑھائی -

penny r. : خوش خوانی کا جلسہ جو ٹکٹ لگا کر غریبوں کی امداد کے لئے کیا جا تا ھے -

plenty of r. : کافی مضمون یا پڑھنے کے قابل کافی چیزیں -

r. -desk: کتاب چوکی ؛ رحل -

r.-room: دارالمطالعہ -

second r. : (مسودۂ قانون کی) دوسری خواندگی جو اصولی منظوری حاصل ہونے کی دلیل ھے -

third r. : تیسری خواندگی ؛ قطعی منظوری ؛ نفاذ یابی (قانون کی) -

what is your r. ? : آپ کیا معنی سمجھے -

Readjust, v. t. : پھر مرتب کرنا ؛ پھر آراستہ ؛ پھر مطابق ' موافق ' متوازن کرنا -

Ready, a. & adv. n. & v.t.: (۱) تیار ؛ لیس ؛ کمر بستہ ؛ مستعد ؛ آمادہ ؛ رضامند ؛ راضی ؛ راغب ؛ مایل ؛ درست ؛ ٹھیک ٹھاک چوکس - (۲) تیز ؛ سبک دست ' چست - (۳) بے تکلف ؛ سہل ؛ آسان ؛ بروقت - (۴) برجستہ ؛ بر محل - (۵) حاضر ؛ مہیا ؛ میسر ؛ موجود - (۶) بنا بنایا ؛ تیار ؛ دسترس میں - (۷) پہلے سے تیار ؛ پیش از پیش تیار ؛ مہیا شدہ ؛ تیار (تیاری کی حالت میں) - (۸) ترت کی حالت میں ؛ جلدی سے ؛ فوراً - (۹) (اسم) کندے پر ھاتھ ؛ بندوق بدستی ؛ بندوق بدست ہونا (نشانہ باندھنے یا کندھے پر رکھنے سے پہلے کی حالت) - (۱۰) (عامیانہ) زرنقد ؛ نقد دام - (۱۱) (گھڑ دوڑ) (عامیانہ) چالاکی سے ھروا دینا ؛ خاص کر کے ھروا دینا (گھوڑے کو ایک دوڑ میں تاکہ دوسرے میں معقول رعایت *handicap* ملے) -

r. -built houses : بنے بنائے گھر (مقررہ طرز یا پیمانے پر) -

r. -made clothes: سلے سلائے کپڑے (مقررہ طرز یا پیمانے پر) -

r. -made shop: دکان مختیاط ؛ سلے سلائے کپڑوں کی دوکان -

r. money: (۱) زر نقد - (۲) نقد ادائی -

r. reckoner: حساب نما ؛ حاضر حساب (وہ کتاب جس میں عام کار و بار کے حسابات لگے لگائے تحریر ہوتے ہیں) -

r. solubility : آسان تحلیل ؛ بلا دقت حل پذیری -

r. witted : حاضر جواب ؛ طباع ؛ ذہین -

Reaffirm, v. t.: دوبارہ توثیق ' تصدیق ' اقرار کرنا -

Reafforest, v. t.: (کسی زمین کو) دوبارہ جنگل بنانا -

Reagency, n. : رد عمل ؛ قوت رد عمل ؛ تاثر پذیری ؛ اثر آفرینی -

Reagent, n. : (۱) (کیمیا) موثر ؛ عامل (کیمیاوی) - (۲) اثر پذیر شے یا قوت ؛ اثر آفریں شے یا قوت -

Real, n. : (۱) ریال ؛ ایک زر حسابی سوا چھے پنس کے برابر (صرف حساب میں استعمال ہوتا ہے کوئی سکہ نہیں ہوتا) - (۲) ھسپانوی دوانی (تقریباً $2\frac{1}{2}$ پاس کی) -

Real, a. : (۱) حقیقی ؛ واقعی ؛ اصلی ؛ خارجی ؛ سچا ؛ کھرا - (۲) (قانون) (جائداد) غیرمنقولہ ؛ (مال) غیرمنقولہ - (۳) (فلسفہ) موجود (بالذات) ؛ واقعی ؛ حقیقی (ممکن اور واجب کی ضد) -

r. life : واقعی زندگی (فرضی یا افسانوی زندگی کی ضد) -

r. man : (۱) مرد بے ریا ؛ بے بناوٹ یا بے تصنع آدمی - (۲) حقیقی معنی میں انسان-

r. money : سکہ ؛ زر نقد -

the r. : حقیقت ؛ موجود (فی الخارج) ؛ محسوس (اشیا) ؛ عالم خارجی -

the r. presence : حضور حقیقی ؛ یہ مسئلہ کہ عشائے ربانی میں مسیح کا جسد اور خون موجود ہوتا ھے -

rr. : (شاذ) اشیائے واقعی یا مادی -

Realgar, n. : رہج الفار ؛ رہج احمر ؛ میلتفل (ایک قسم کا زہر جو آتشبازی میں بھی کام آتا ھے) -

Realism, n. : (۱) (عقیدۂ) حقیقت کلیات ؛ وجود کلیات ؛ عقیدۂ وجود ؛ وجودیت (یہ عقیدۂ کہ ہر نوع کے کلی تصورات جنہیں اسمائے کلی ظاہر کرتے ہیں خارج میں موجود ہیں) - (۲) عقیدۂ حقیقت مادہ ؛ عقیدۂ شیئیت (یہ عقیدہ کہ مادی اشیا کا وجود حقیقی ھے نہ کہ محض خیالی) - (۳) حقیقت شناسی ؛ حقیقت بینی ؛ حقیقت پسندی (رسمی قیود اور تعصبات سے آزادی) ؛ عملی روش - (۴) حقیقت نگاری ؛ اصلیت نگاری (شعر ' ادب اور صناعی وغیرہ میں)

realist, n. & a.: (۱) وجودی - (۲) حقیقت مادہ کا قائل ؛ شیئیت پسند - (۳) حقیقت بین ؛ عملی روش رکھنے والا - (۴) حقیقت نگار -

realistic, a. : (۱) وجودیت کا - (۲) شیئیت پسندانہ - (۳) حقیقت پسندانہ ؛ عملی - (۴) حقیقت نگارانہ ؛ مطابق حقیقت ؛ ہو بہو ؛ صحیح -

realistically, adv.: حقیقت نگارانہ ؛ ہو بہو ؛ مطابق اصل -

Reality, *n.*: (۱) حقیقت ؛ اصلیت ؛ واقعیت ؛ سچائی ؛ خارجیت ؛ شیئیت - (۲) حقیقت نمائی ؛ اصل سے مطابقت ؛ اصلیت - (۳) حقیقت ؛ وجود حقیقی ؛ اصلیت - (۴) محسوس یا موجود شے ؛ واقعی شے ؛ خارجی شے ؛ موجودات عالم واقعی یا خارجی - (۵) ماہیت ؛ اصلیت ؛ فطرت اصلی -

reproduce with r. هو بهو تصویر کھینچنا -

Realize, *v. t.*: (۱) (کسی امید یا منصوبے کا) عمل میں لانا ؛ عملی جامہ پہنانا ؛ کر دکھانا ؛ بروئے کار لانا ؛ پورا کرنا ؛ واقعیت کا رنگ پیدا کرنا ؛ حقیقت کو دکھانا ؛ ہو بہو نقشہ کھینچ دینا ؛ پوری طرح سمجھنا ؛ پورا اندازہ کرنا ؛ ذہن نشین ہونا - (۲) (جائداد ' تمسکات وغیرہ کو) بیچ کر روپیہ کھرا کرنا - (۳) (دولت) سمیٹنا ؛ (روپیہ) بٹورنا ؛ جمع کرنا ؛ (نفع) حاصل کرنا ؛ کمانا ؛ وصول کرنا - (۴) مول پانا ؛ (کسی خاص) قیمت پر اٹھانا ؛ بکنا -

realizable, *a.*: (۱) عمل پذیر ؛ پورا ہونے والا - (۲) تصور پذیر ؛ جو عمل میں لایا جاسکے یا پوری طرح ذہن نشین ہوسکے ؛ فروخت پذیر ؛ قابل حصول ؛ قابل وصول -

realization, *n.*: عمل پذیری ؛ تصور پذیری ؛ قیمت یابی ؛ وصول یابی ؛ حصول -

Really, *adv.* (۱) دراصل ؛ فی الواقع ؛ اصل میں - (۲) حقیقتاً ؛ بالیقین ؛ سچ مچ ؛ میں سچ کہتا ہوں ؛ دیکھو میں کہے دیتا ہوں - (۳) (استفہام میں) کیا واقعی ؛ سچ کہنا -

Realm, *n.*: (۱) مملکت ؛ کشور ؛ ملک ؛ ممالک محروسہ - (۲) دائرہ ؛ حلقہ ؛ میدان ؛ اقلیم ؛ دنیا (ادب علم وغیرہ کی) -

Realty, *n.*: جائداد غیر منقولہ -

Ream, *n.*: کاغذ کے بیس دستے ؛ ریم ؛ رزمہ ؛ گڈّھا (کاغذ) -

printers' r.: رزمۂ کاتباں (جس میں ۵۱۶ تختے ہوتے ہیں) -

rr.: گڈّی کے گڈّی ؛ دستے کے دستے ؛ ڈھیر کے ڈھیر (کاغذ)

Ream, *v. t.*: (۱) چوڑانا ؛ چوڑا کرنا ؛ (دھات کے چھید کو) برمانا - (۲) الٹنا ؛ لوٹانا ؛ موڑی دینا (کارتوس کے صندوق وغیرہ کے کنارے کو) - (۳) (جہازرانی) (جہاز کی) درز کھولنا تاکہ رال وغیرہ بھر کر بند کردیں -

reamer, *n.*: چھیدا ؛ برما -

Reanimate, *v. t.*: تازہ جان ڈالنا ؛ احیا کرنا ؛ دوبارہ جلانا ؛ ازسر نو ہمت پیدا کرنا ؛ تازہ دم ہونا یا کرنا -

reanimation, *n.*: احیا ؛ ہمت افزوزی ؛ تازہ دمی -

Reap, *v. i. & t.*: (۱) (فصل) کاٹنا ' درو کرنا ' اٹھانا - (۲) (کئے کا ؛ پھل پانا ؛ (نتیجہ) بھگتنا -

r. as one has sown, sow wind & r. whirlwind: جیسا کرنا ویسا بھرنا ؛ کئے کا پھل پانا -

reaping-hook: ہنسیا ؛ درانتی -

reaping-machine: آلۂ درو -

r. the fruits of: پھل پانا ؛ (نتیجہ) بھگتنا -

r. where one has not sown: دوسرے کی محنت سے فائدہ اٹھانا -

reaper, *n.*: (۱) کاٹنے والا ؛ درو کنندہ - (۲) آلۂ درو ؛ درانتی ؛ ہنسیا -

Reapparel, *v. t.*: دوبارہ کپڑے پہنانا ؛ باز لباسی کرنا -

Reappear, *v. i.*: دوبارہ ظاہر ' نمودار ہونا (خصوصاً ایک دفعہ غائب ہونے کے بعد) -

Reappoint, *v. t.*: پھر مقرر ' متعین کرنا (اسی جگہ یا دوسری جگہ پر) -

Rear, *n.*: (۱) (فوج یا بیڑے کا) عقب ؛ دنبالہ (لشکر) - (۲) پشت ؛ پچھواڑہ ؛ پچھلا حصہ ؛ پچھایا - (۳) (روزمرہ) پیخانہ ؛ بیت الخلا -

bring, close, up the r.: پیچھے چلنا ؛ سب کے بعد یا پیچھے ہونا -

rear- (سابقہ بہ معنی) پچھلا ؛ پس -

r.-admiral: نائب امیرالبحر سے نیچے درجے کا افسر -

r.-guard, r.-ward: فوج ساقہ ؛ موخرالجیش ؛ سپاہ عقب -

take enemy in r.: دشمن پر پشت کی طرف سے حملہ کرنا -

rearmost, *a.* سب سے پچھلا ؛ آخر ترین -

rearward, *a. adv. & n.*: (۱) پچھلا ؛ عقبی ؛ عقب رویہ - (۲) پچھلا حصہ ؛ عقب -

rearwards, *adv.*: جانب عقب -

Rear, *v. t. & i.*: (۱) اٹھانا ؛ سیدھا کھڑا کرنا ؛ قائم کرنا ؛ استادہ کرنا ؛ تعمیر کرنا - (۲) پالنا ؛ پرورش کرنا ؛ پروان چڑھانا ؛ تربیت دینا ؛ تیار کرنا ؛ افزائش نسل کرانا - (۳) کاشت کرنا ؛ اگانا - (۴) (گھوڑے کا) الف ہونا ؛ چراغ پا ہونا ؛ دو پاؤں پر کھڑے ہو جانا -

rearer, *n.*: (۱) پرورش کنندہ ؛ پالنے والا - (۲) الف ؛ الف ہونے والا (گھوڑا) -

Rear-arch, rere-, *n.*: اتھلی ڈاٹ ؛ پس کمان ؛ پشت محراب (جب کہ بیرونی محراب اندرونی محراب سے بڑی یا چھوٹی بنائی جائے) -

Rearise, *v. i.*: دوبارہ اٹھ آنا ' اٹھ بیٹھنا -

Rearm, *v. t. & i.*: (۱) دوبارہ مسلح کرنا ؛ (فوج وغیرہ کو) نئے اسلحہ سے مسلح کرنا - (۲) دوبارہ ہتھیار لگانا ؛ نئے ہتھیاروں سے مسلح ہونا -

Rearouse, *v. t.*: دوبارہ جگانا ' چونکانا ؛ دوبارہ روشن کرنا -

Rearrange, *v. t.*: دوبارہ جمانا ' مرتب کرنا ؛ نئے طریقے سے یا سلسلے میں جمانا ' مرتب کرنا -

Rear vault, *n.*: لداو ؛ کمانچہ (اندر باہر کی کمانوں کے درمیان کی قبہ دار چھت) -

Reascend, *v. i. & t.*: دوبارہ چڑھنا یا چڑھانا ؛ دوبارہ بلند کرنا یا ہونا -

Reason, *n.*: (۱) وجہ ؛ سبب ؛ دلیل ؛ باعث ؛ حجت ؛ علت - (۲) (منطق) صغری یا کبری (خصوصاً صغریٰ) ؛ بنا ؛ سبب ؛ علت - (۳) عقل ؛ نفس ناطقہ ؛ فہم ؛ ادراک ؛ شعور ؛ تعقل - (۴) عقل کل ؛ جوہر عقل - (۵) (کانٹ کے فلسفے میں) عقل محض - (۶) ہوش ؛ صحت دماغ - (۷) سمجھ بوجھ ؛ ہوشمندی ؛ تمیز ؛ معقولیت -

anything in r.: ہر چیز جو حدود اعتدال میں ہو -

as r. was: جو دانشمندی کا تقاضا تھا -

bring to r.: یہ ثابت کر دینا کہ مخالفت بیکار ہے -

have r.: حق بہ جانب ہونا ؛ (شاذ) راستی پر ہونا -

hear or listen to r.: بات مان لینا ؛ راضی ہوجانا (سمجھانے سے) -

it stands to r.: یہ بات قرین عقل ہے ؛ یہ بات سمجھ میں آتی ہے -

lost r.: عقل جاتی رہی ؛ دیوانہ ہو گیا -

r. of state: ملکی مصلحت (خصوصاً ناجائز کاروائی کی) -

the woman's r.: خود قول کو بمنزلۂ دلیل سمجھنا (مثلاً *I love him because I love him*) -

with r.: بجا طور پر -

reasonless, *a.:* بےدلیل؛ غیرموجہ؛ لاسبب؛ خلافِ عقل؛ بےعقل -

Reason, *v. i. & t.:* (۱) سمجھانا بجھانا ؛ قائل معقول کرنا ؛ بحث کرنا ؛ حجت کرنا - (۲) استدلال کرنا ؛ منطقی حیثیت سے نتیجہ نکالنا ؛ غور و فکر کرنا ؛ عقل آرائی کرنا - (۳) (کسی مسئلہ میں) چون و چرا کرنا ؛ قیل و قال کرنا ؛ توجیہ کرنا ؛ علت غائی یا حقیقت پر غور کرنا - (۴) نتیجہ اخذ کرنا ؛ دلیل پیش کرنا - (۵) مدلل کرنا ؛ موجہ بنانا ؛ منطقی صورت میں ڈھالنا - (۶) قائل کرنا ؛ منوانا (*into, out of* کے ساتھ مثلاً *he tried to r. her out of her fears*) - (۷) انجام سوچنا ؛ مآل سوچنا ؛ نتائج پر غور کرنا -

r. oneself to perplexity : خود اپنی دلیلوں سے پریشانی میں پڑ جانا -

reasoned amendment : (مباحثے میں) مدلل ترمیم؛ ترمیم مع دلائل -

reasoner, *n.:* استدلال کنندہ ؛ عقل آرا -

reasoning, *n.:* دلیل ؛ توجیہ ؛ استدلال ؛ بحث ؛ مباحثہ -

Reasonable, *a.:* (۱) (شاذ) عاقل ؛ صاحب عقل ؛ فہیم ؛ قوت استدلال رکھنے والا - (۲) معقول ؛ معقول پسند؛ صائب الرائے؛ ذی ہوش ؛ سلجھا ہوا ؛ سمجھ دار ؛ اعتدال پسند ؛ انصاف پسند - (۳) معقول (مہمل کی ضد)؛ قرین عقل ؛ مطابق عقل ؛ حسب توقع - (۴) مناسب؛ ٹھیک ٹھیک؛ سستا ؛ واجبی -

reasonableness, *n.:* معقول پسندی ؛ معقولیت ؛ اصابت رائے؛ اعتدال -

reasonably, *adv.:* معقول حد تک؛ معقولیت سے ؛ مناسب طور سے -

Reassemble, *v. t. & i.:* دوبارہ جمع یا اکٹھا کرنا ؛ دوبارہ (منتشر ہونے کے بعد) جمع یا اکٹھا ہونا -

Reassert, *v. t.:* ابرام کرنا؛ دوبارہ جتانا؛ دعوی مکرر کرنا؛ پھر یقین دلانا -

Reassess, *v. t.:* تشخیص مکرر کرنا ؛ پھر جانچنا ؛ آنکنا ؛ پھر محصول لگانا -

Reassign, *v. t.:* پھر منسوب ؛ نامزد کرنا -

Reassume, *v. t.:* دوبارہ اختیار یا فرض کرنا ؛ پھر مان لینا ؛ پھر سلسلہ چھیڑنا -

Reassure, *v. t.:* مطمئن کرنا ؛ اطمینان دلانا ؛ ہمت بندھانا ؛ ڈھارس دینا ؛ تسکین دینا -

reassuring, *a.:* (الفاظ یا طریقہ) اطمینان بخش؛ تسکین آمیز -

reassuringly, *adv.:* اطمینان دلاتے ہوئے؛ تسکین آمیز طریقے سے -

Reaumur, (abbr. R.) : رایومر (مقیاس الحرارت کے موجد کا نام جو اس مقیاس الحرارت کے درجوں کے ساتھ تحریر ہوتا ہے) (مثلاً *a temperature of 55° R. or Reaumur*) -

Reave, reive, *v. i. & t.* (archaic, poet., reft): (۱) بربادی کرنا؛ غارتگری کرنا؛ تباہ کرنا - (۲) اینٹھ لینا؛ چھین لینا ؛ جبراً لے جانا ؛ اڑا لانا ؛ اچک لینا -

reiver, *n.:* غارتگر ؛ تباہ کن -

Rebaptize, *v. t.:* نام بدل کر رکھنا؛ نیا نام رکھنا -

Rebate, *v. t.:* (قدیم) گھٹانا ؛ کمزور کرنا ؛ کم کرنا (زور یا اثر کا) - (۲) کند یا بھونڈا کر دینا ؛ دھار مارنا ؛ دھیما یا سست کرنا -

Rebate, *n.:* (۱) منہائی ؛ مجرائی؛ کسر ؛ کٹوتی؛ بٹا ؛ چھوٹ (وہ رقم جو زرِ واجب الادا میں سے وضع کر لی جائے) -

Rebate, *n. & v. t.:* دیکھو Rabbet -

Rebeck, *n.:* رباب ؛ ستار (عہد وسطی کا چوتارا) -

Rebel, *n.:* (۱) باغی ؛ نافرمان ؛ سرکش ؛ منحرف (حکومت سے) - (۲) (بطور صفت کے) باغیانہ ؛ سرکشانہ -

Rebel, *v. i.:* (۱) بغاوت ، سرکشی یا انحراف کرنا - (۲) کون کھانا ؛ نفرت یا اپا کرنا (کسی رسم وغیرہ سے) -

Rebellion, *n.:* (۱) بغاوت ؛ طغیان ؛ سرکشی (حکومت سے) - (۲) انحراف ؛ کھلم کھلا مقابلہ (کسی مسلمہ قوت سے) -

The Great R. : تاریخ انگلستان میں سنہ ۱۶۴۲ تا ۱۶۶۰ کا زمانہ -

Rebellious, *a.:* (۱) آمادۂ بغاوت ؛ باغی ؛ سرکش ؛ بے قابو ؛ متمرد ؛ سرکشانہ ؛ متمردانہ ؛ باغیانہ - (۲) (امراض وغیرہ) عسیر العلاج ؛ موذی ؛ قابو سے باہر -

rebelliously, *adv.:* (۱) سرکشی سے؛ متمردانہ - (۲) موذی پن سے -

rebelliousness, *n.:* (۱) سرکشی ؛ گردن کشی ؛ باغی پن ؛ بغاوت آمادگی ؛ تمرد - (۲) عسیرالعلاجی؛ موذی پن -

Rebellow, *v. i. & t.:* صدائے باز گشت دینا ؛ زور سے گونجنا -

Rebind, *v. t.:* دوبارہ یا دوسری جلد باندھنا -

Rebirth, *n.:* بعث؛ نیا جنم ؛ (اوتار وغیرہ کا) ظہور ثانی؛ بروز -

Rebite, *v. t.:* (۱) پھر کاٹنا ؛ پھر منہ مارنا ؛ بوٹی توڑ لینا - (۲) چھیلنا ؛ صاف کرنا؛ محو کر دینا (چھاپے کی لوح کے ناقص حصے کو)-

Reboant, *a.:* (شعر) گونجتا ہوا ؛ زور سے گونجنے والا -

Rebound, *v. i.:* (۱) اچٹنا ؛ اچٹ آنا - (۲) ردعمل ہونا ؛ پلٹنا ؛ (فعل کا) پلٹ کر فاعل پر اثر کرنا -

Rebound, *n.:* (۱) باز گشت؛ پلٹ؛ گدا ؛ اچٹن - (۲) (جوش جذبات کے بعد) رد عمل ؛ اتار و پستی ؛ ٹھنڈا پڑ جانا -

Rebuff, *n. & v. t.:* (۱) جھڑکی ؛ دتکار ؛ دور باش - (۲) جھڑک دینا ؛ ٹھکرا دینا ؛ دتکارنا -

Rebuild, *v. t.:* دوبارہ یا از سر نو تعمیر کرنا ؛ خرابی و ویرانی کے بعد تعمیر کرنا (نیز مجازاً) -

Rebuke, *v. t. & n.:* (۱) چشم نمائی ، تنبیہ ، تادیب ، سرزنش یا زجر و توبیخ کرنا - (۲) چشم نمائی ؛ تنبیہ ؛ تادیب ؛ سرزنش ؛ زجر و توبیخ -

rebukingly, *adv.:* چشم نمائی سے ؛ تنبیہاً -

Rebus, *n.:* حرف معما ؛ نقش معما ؛ معما نگاری؛ کیلی کانٹی (تصویر یا علامت وغیرہ میں لکھا ہوا نام یا لفظ) -

Rebut, *v. t.:* (۱) (پیچھے) دھکیلنا ؛ پھیرنا ؛ پلٹانا ؛ پیچھے ہٹانا ؛ الٹنا ؛ رد کرنا - (۲) تردید کرنا ؛ ابطال کرنا ؛ (شہادت وغیرہ کو) غلط ثابت کرنا -

rebuttal, rebutment, rebutter, *nn.:* ابطال ؛ تردید؛ جواب (خصوصاً عدالت میں)-

Recalcitrate, *v. i.:* اڑنا ؛ ہٹ کرنا ؛ ضد کرنا ؛ دلتی جھاڑنا ؛ انحراف یا سرتابی کرنا ؛ نہ ماننا ؛ پروا نہ کرنا -

recalcitrant, *a. & n.:* منحرف ؛ ضدی ؛ ہٹی ؛ کٹھ حجت ؛ اڑیل -

recalcitrance, recalcitration, *nn.:* انحراف؛ سرتابی ؛

ضدی پن ؛ ھٹیلا پن ؛ اَتھلا حجتی -

Recalesce, *v. i.* : دوبارہ گرم ھو جانا ؛ دوسرا تاؤ کھانا
(خاص کر لوھے کا جو ایک دفعہ ٹھنڈا ھو کر پھر گرم ھوجاتا ھے)-

recalescence, *n.* : باز طپیدگی ؛ دوسرا تاؤ -

Recall, *v. t.* : (۱) پلٹانا ؛ لوٹانا ؛ واپس بلانا - (۲)
(توجہ کو) پھیرنا ؛ منعطف کرنا ؛ عود کرانا - (۳) باز طلبی کرنا؛
(خصوصاً کسی دور کے حاکم کا عہدے سے) ھٹا لینا ؛ معزول کرنا ؛
عزل کرنا ؛ واپس بلوانا - (۴) یاد کرنا ؛ یاد آنا ؛ یاد دلانا ؛
یاد تازہ کرنا - (۵) جلانا ؛ جان ڈالنا ؛ احیا کرنا - (۶)
منسوخ کرنا ؛ قلم کھینچ دینا ؛ مسترد کرنا - (۷) واپس لینا ؛
(ھدئے کو) الٹا منگا لینا -

recallable, *a.* : عود پذیر ؛ ممکن العزل ؛ یاد پذیر ؛
قابل منسوخی وغیرہ -

Recall, *n.* : (۱) باز طلبی ؛ حکم باز طلبی ؛ حکم واپسی ؛معزولی؛
بر خواستگی ؛ واپس بلا لیا جانا - (۲) (جہاز کو)اشارۂ واپسی ؛
پلٹنے کی جھنڈی - (۳) واپسی ؛ لوٹنا ؛ تنسیخ -

beyond r. : جو واپس نہ آسکے ؛ جس کا منسوخ کرنا ناممکن ہو ؛

past r. : گیا گزرا ؛ ازدست رفتہ؛تیر از کمان جستہ؛ناقابل تنسیخ-

Recant, *v. t. & i.* : (۱) توبہ کرنا ؛ باز آنا ؛ دست بردار ھونا
(ملحدانہ عقیدے سے) - (۲) (عقیدے یا رائے کی) غلطی کا
علی الاعلان اعتراف کر کے اس سے دست بردار ھونا ؛ ترک کرنا -

recantation, *n.* : توبہ ؛ دست برداری ؛ ترک -

Recapitulate, *v. i.* : (۱) عنوانات بیان کردینا ؛ سرخیاں
پڑھ دینا ؛ خلاصہ دھرانا ؛ خلاصہ کرنا ؛ مختصر الفاظ میں
دھرانا؛ سرسری دھرانا -

recapitulation, *n.* : (۱) تلخیص کرنا؛ خلاصہ بیان کرنا-
(۲) باز خوانی ؛ تکرار ؛ اعادہ - (۳) (حیاتیات) جنین کی
نشو و نما میں مدارج ارتقا کا اعادہ -

recapitulative, recapitulatory, *aa* : اعادے کا ؛
اجمالی ؛ تلخیصی ؛ سرسری -

Recapture, *v. t.* : پھر فتح کرنا ؛ دوبارہ تسخیر کرنا (نیز دیکھو
capture کے مختلف مفہوم) -

Recast, *v. t. & n.* : (۱) پھر ڈھالنا ؛ ترمیم کرنا ؛ اصلاح کرنا ؛
از سر نو تشکیل کرنا ؛ نئے سانچے میں ڈھالنا- (۲) نئی شکل ؛
ترمیم شدہ شکل -

Recede, *v. i.* : (۱) پیچھے ھٹنا ؛ سمٹنا ؛ سکڑنا (پیچھے
کی طرف) - (۲) رفتہ رفتہ پیچھے ھٹنا ؛ دور ھوتے جانا
(منظر کا اس شخص سے جو حرکت میں ھو) - (۳) پیچھے
کی طرف ڈھلوان ھونا - (۴) (رائے یا قول قرار سے) رجوع کرنا ؛رجعت
قہقری کرنا ؛ پلٹنا ؛ پیچھے ھٹنا ؛ دست کش ھونا ؛ باز آنا ؛ چھوڑ
بیٹھنا - (۵) (قیمت یا نوعیت میں) گرنا ؛ کم ھوجانا ؛ گھٹنا -

Receipt, *n. & v. t.* : (۱) نسخہ ؛ ترکیب ؛ گر ؛ لٹکا -
(۲) (رقم) موصول ؛ وصول شدہ ؛ مداخل ؛ آمدنی - (۳)
وصولی؛ وصول یابی؛ تحصیل - (۴) (تحریری) رسید ؛ بھرپائی؛
قبض الوصول - (۵) (قدیم) محصول خانہ ؛ دفتر وصول یابی؛
دیوان (خصوصاً کروڑ گیری کا) - (۶) رسید لکھنا یا چھاپنا ؛
رسید دینا ؛ وصولی لکھنا ؛

Receive, *v. t.* : (۱) لینا ؛ پانا ؛ وصول کرنا ؛ قبول کرنا -
(۲) سہنا ؛ جھیلنا ؛ برداشت کرنا ؛ مقابلہ کرنا - (۳) سمانا؛
سمائی ھونا؛ گنجائش ھونا؛داخل ھونے دینا؛ سمانے دینا؛ داخل ھوسکنا؛
آسکنا (الفز) - (۴) خیر مقدم کرنا ؛ دعوت کرنا ؛ مہمان بنانا-
(۵) بڑھ کر لینا ؛ استقبال کرنا ؛ پیشوائی کرنا ؛ لینے آنا - (۶)
دعوت کا جلسہ کرنا - (۷) تسلیم کرنا؛ ماننا؛ یقین لانا؛ سچ جاننا-
(۸) ملنا؛ پانا؛ حاصل کرنا؛ میسر آنا - (۹) شریک ھونا؛ حصہ پانا -

I receive it as certain, as a prophecy : (۱) میں اسے
یقینی سمجھتا ھوں-(۲) بطور پیشین گوئی میں اسے یقینی سمجھتا ھوں -

news was received with horror : خبر کمال خوف کے
ساتھہ سنی گئی -

r. a petition : عرضی لینا غور کرنے کے لئے -

r. person's confession, oath &c. : کسی کا حلف لینے یا
اعتراف سننے پر راضی ھونا -

r. stolen goods : چوری کا مال رکھنا یا چھپانا -

r. the sacraments : عشائے ربانی تناول کرنا -

received, *a.* : مسلمہ ؛ یقین کردہ ؛ معتبر -

receivable, *a.* : قابل وصول؛ لائق پذیرائی وغیرہ -

Receiver, *n.* : (۱) وصول ؛ قبول یا برداشت کرنے والا وغیرہ
(مذکورۂ بالا لفظ کا فاعل) - (۲) امین ؛ متولی (جسے عدالت
دوالیے وغیرہ کی جایداد کے انتظام کے لئے مقرر کرے) - (۳) چوری
کا مال چھپا رکھنے والا ؛ معین سرقہ ؛ چوری چھپار ؛ کھتیل -
(۴) حامل ؛ جوف ؛ ظرف (جس میں کوئی چیز سماسکے)
(خصوصاً) ٹیلیفون کا وہ آلہ جس سے آواز سنائی دیتی ھے ؛
آواز گیر ؛ گوش آلہ ؛ مسمع -

receivership, *n.* : امین گری ؛ تولیت -

Recension, *n.* : (۱) تصحیح ؛ نظر ثانی ؛ تنقیح ؛ تہذیب -
(۲) نسخۂ مصححہ ؛ متن منقح -

Recent, *a.* : حالیہ ؛ تازہ ؛ جدید ؛ قریب زمانے کا -

recency, *n.* : تازگی ؛ قریب العہدی ؛ حداثت -

recently, *adv.* : حال میں ؛ قریب زمانے میں -

Receptacle, *n.* : (۱) جوف ؛ ظرف ؛ سوراخ ؛ خلا ؛ جگہہ ؛
گھر ؛ خانہ (کسی چیز کا) - (۲) (نباتیات) کرسی -

Reception, *n.* : (۱) (شاذ) وصولی ؛ وصول یابی ؛
قبولیت - (۲) داخلہ (مثلاً *I was honoured by r. into
the Academy*) ؛ اپنے گھر ٹھیرانا (مثلاً *the rooms were
prepared for her r.*) - (۳) استقبال؛ پیشوائی ؛ خیر مقدم
(مثلاً *the r. of the delegates is arranged for Tuesday*)-
(۴) دعوت استقبالی - (۵) (خیالات وغیرہ کی) قبولیت ؛ پذیرائی ؛
اثرپذیری - (۶) (شاذ) تسلیم کرنا یا کیا جانا ؛ مقبولیت ؛ قبول -
(۷) (کسی شے یا شخص کی آمد پر خاص قسم کے جذبات کا اظہار)
استقبال (اچھا یا برا) -

warm r. : پر جوش استقبال یا تواضع (اچھے اور برے دونوں
موقعوں کے لئے) -

Receptive, *a.* : (۱) اخاذ ؛ تاثر پذیر؛ خیالات وغیرہ کو جلد قبول کرنے
والا؛ قابل (مثلاً *a r. mind*) (۱) (شاذ) قبول یا وصول سے متعلق -

receptively, *adv.* : تاثر پذیری سے ؛ اخذانہ -

receptiveness, receptivity, *nn.* : اخذیت ؛ قابلیت ؛
قبولیت ؛ تاثر پذیری -

Recess, *n.* & *v. t.* : (۱) وقفہ ؛ مہلت ؛ چھٹی ؛ تعطیل (ھنگامی خصوصاً پارلیمنٹ کی) - (۲) (شاذ) زمین، پہاڑی وغیرہ کی پہلی حد سے باز گشتگی ؛ پس روی ؛ رجعت ؛ پیچھے ھٹا ھوا حصہ ؛ پس گوشہ - (۳) کونا ؛ گوشہ ؛ کنج ؛ خلوت ؛ کلج (مثلاً *the inmost rr. of the Himalayas; the secret rr. of the heart*) - (۴) (پہاڑوں کے سلسلے میں) خلا ؛ فصل ؛ کٹھا ؛ کنارہ - (۵) طاق ؛ کمانچہ ؛ زاویہ ؛ خانہ ؛ چور گھر - (۶) (تشریح) خلا ؛ جوڑ ؛ دالتا ؛ جوت (اعضا میں) - (۷) آڑ میں لینا ؛ خلوت یا گوشے میں کر دینا ؛ چھپا لینا - (۸) طاق بنانا ؛ خانہ چھوڑنا ؛ فصل یا جگہہ رکھنا ؛ جوت رکھنا -

Recession, *n.* : (۱) پلٹنا ؛ واپسی ؛ پس روی ؛ پس گردی ؛ رجعت (کسی مقام سے) - (۲) پلٹنا ؛ ھٹنا (کسی بات سے) ؛ ترک ؛ دست برداری - (۳) (کسی چیز کا) پیچھے ھٹا ھوا حصہ -

recessive, *a.* : پس گوشہ ؛ پس گردان -

Recessional, *a.* & *n.* : (۱) مناجات رجعت یا ترانۂ سلطانی - (۲) تعطیلی (پارلیمنٹ کی تعطیل کا) ؛ چھٹی کا -

R. hymn or *r.* : مناجات (جو نماز کے بعد پادری وغیرہ اپنے حجرے میں گاتے ھیں) -

the R. : ترانۂ سلطانی ؛ کپلنگ کی ایک مقبول نظم جو شاھنشاھی رسوم کے موقعے پر گائی جاتی ھے -

Rechabite *n.* : ریشابی ؛ تارک مے ؛ تارک شراب (Rechab سے منسوب جس کا ذکر بائبل میں ھے) -

Recharge, *n.* : (۱) (کسی چیز میں) وہ مقدار جو دوبارہ بھری جائے ؛ دوسری بھرائی - (۲) بندوق کا لقمۂ ثانی ؛ دوسرا کراب -

Rechauffe, *n.* : (۱) گرم کیا ھوا باسی سالن - (۲) پرانی چیز جو نئی شکل میں پیش کی جائے (خصوصاً نظم و نثر) -

Recherche, *a.* : (۱) فرمائشی ؛ چیدہ ؛ نادر ؛ منتخب - (۲) دوراز کار ؛ پرآورد ؛ جس میں آورد ھو -

Rechristen : = Rebaptize

Recidivist, *n.* : وہ شخص جو دوبارہ مجرمانہ زندگی میں مبتلا ھو جائے -

recidivism, *n.* : مجرمانہ زندگی کی عادت عود -

Recipe, : (۱) نسخہ (طبیبوں کا) ؛ دوا جو نسخے کے مطابق تیار کی جائے - (۲) ترکیب ؛ نسخہ (کسی چیز کے تیار کرنے کا) - (۳) تدبیر ؛ گر ؛ لٹکا -

Recipient, *a.* & *n.* : (۱) گیرندہ ؛ وصول یا قبول کنندہ ؛ پانے والا - (۲) اخلاف ؛ تاثر پذیر ؛ اثر پذیر ؛ قابل -

recipiency, *n.* : قبولیت ؛ تاثر پذیری ؛ اثر پذیری -

Reciprocal, *a.* & *n.* : (۱) بالعوض ؛ بالمقابل ؛ جوابی - (۲) باھمی ؛ دو طرفہ ؛ باھم دگر - (۳) ملزوم ؛ متلازم - (۳) (صرف و نحو) (ضمیر) تفاعلی ؛ (قدیم) ضمیر جمع (الی الفاعل) - (۵) وہ عدد جو دوسرے کے ساتھہ ضرب دے کر ایک کے برابر ھو ؛ متکافی ؛ مقلوب -

reciprocally, *adv.* : جواباً ؛ متلازماً ؛ باھم دگر ؛ دونوں طرف سے -

Reciprocate, *v.t.* & *i.* : (۱) (میکانکی) ھٹتے بڑھتے چلنا ؛ دھک دھک بڑھنا ؛ آگے پیچھے ھٹتے ھوئے چلنا - (۲) حرکت دینا ؛ چلانا ؛ (مذکورۂ طریق پر) دھک دھکانا - (۳) مبادلہ ؛ معاوضہ کرنا ؛ ادل بدل کرنا ؛ باھمی کر رعایت کرنا (سلطنتوں کا تجارت میں) - (۳) بدلے میں کرنا (جیسے محبت کے بدلے محبت کرنا) ؛ (مثلاً *to every attack he reciprocated with a blow*) اس طرح کے جذبات رکھنا ؛ بدلہ دینا ؛ بدلہ اتارنا -

reciprocating engine : جس کی دھر سیدھی دھر کا انجن ؛ گردش کے بجائے آگے پیچھے حرکت کرتی ھے -

reciprocation, *n.* : معاوضہ ؛ باھم دگر رعایت ؛ دھک دھک حرکت -

Reciprocity, *n.* : (۱) التزام ؛ مقابلہ ؛ باھم گری - (۲) تعامل ؛ عمل و رد عمل ؛ فعل و انفعال - (۳) لین دین ؛ ادل بدل ؛ معاوضہ ؛ مراعات ؛ رعایت باھم دگر (خصوصاً سلطنتوں کا تجارتی تعلقات کی بناء پر ایک دوسرے کو رعایتیں دینا) -

Recital, *n.* : (۱) کیفیت ؛ حالات تفصیلی ؛ مفصل بیان ؛ روداد - (۲) دستاویز کا وہ حصہ جس میں واقعات ھوں ؛ واقعات - (۳) خوانندگی ؛ قرات ؛ تلاوت ؛ خوشخوانی - (۴) نغمہ سرائی ؛ مزمار نوازی (شخص واحد کی یا ایک ھی شخص کی تصنیف سے) -

Recitative, *n.* & *v.t.* & *i.* : (۱) اوپیرا (نغمۂ ناٹک) کے مکالمے وغیرہ کو لحن سے ادا کرنا ؛ نثر سرائی (۲) وہ مکالمہ یا عبارت جو لحن سے پڑھی جائے ؛ لحنیہ ؛ لحنیہ (مکالمے کا) پارٹ - (۳) لحنیہ پڑھنا ؛ لحنیہ (مکالمے کا) پارٹ کرنا ؛ لحن سے پڑھنا -

Recite, *v.t.* & *i.* : (۱) تلاوت کرنا ؛ لے سے پڑھنا ؛ سنانا ؛ خوشخوانی کرنا - (۲) (قانون) اقتباس سنانا ؛ دستاویز پڑھنا - (۳) گنانا ؛ شمار کرنا ؛ ترتیب سے بیان کرنا -

reciting-note : لحن ؛ متوالی لے -

recitation, *n.* : تحت اللفظ ؛ خوش خوانی ؛ انشاد -

Reciter, *n.* : (۱) تحت اللفظ خواں ؛ خوشخواں ؛ قاری ؛ (لے سے) پڑھنے والا ؛ بیان کرنے والا - (۲) وہ کتاب جس میں خوشخوانی کے لیے عبارتیں جمع ھوں ؛ گلدستہ -

Recivilize, - از سر نو مہذب ؛ متمدن وغیرہ بنانا ؛ شایستگی پھیلانا -

Reck, *v.i.* & *t.* : (خطابت اور شعر) (of کے ساتھہ صورت استفہامی یا انکاری جملوں میں) پروا کرنا ؛ خاطر میں لانا (مثلاً *he recked not of the danger*) ؛ ملحوظ رکھنا ؛ سروکار رکھنا (مثلاً *what r. they whether live or die ?*) -

Reckless, *a.* : (۱) بے دھڑک ؛ من چلا ؛ بے جگر ؛ جیوٹ - (۲) بے پروا ؛ جلد باز ؛ نا عاقبت اندیش -

recklessly, *adv.* : بے دھڑک ؛ نا عاقبت اندیشی سے -

recklessness, *n.* : بے پروائی ؛ ناعاقبت اندیشی ؛ من چلاپن ؛ جیوٹ -

Reckon, *v. t.* & *i.* : (۱) (تعداد) کا تعین کرنا ؛ جانچنا ؛ بچارنا ؛ شمار میں لانا ؛ شمار کرنا - (۲) (کسی عدد سے) گنتی شروع کرنا یا ھونا ؛ (کسی عدد تک) گننا یا گنا جانا - (۳) اندازہ لگانا (r. up) ؛ (کسی کی سیرت کا) جانچنا ؛ سمجھہ لینا - (۴) میزان لگانا ؛ جوڑنا (مثلاً *he reckoned 52 of them*) - (۵) محسوب کرنا ؛ شمار کرنا ؛ (کسی خاص زمرے میں) سمجھنا (مثلاً *I r. him wise*) - (۶) غور کر کے رائے قائم کرنا ؛ وثوق سے سمجھنا - (۷) حساب کرنا (مثلاً *taught to read, write and r.*) ؛ حساب لگانا ؛ (*r. with*) حساب کتاب کرنا ؛ حساب چکانا (مثلاً *I will r. with these defaulters later on*) - (۸) (*r. upon*) بھروسا کرنا ؛ اعتماد کرنا (مثلاً *we r. upon our friends for help*) ؛ بھروسے پر رھنا -

r. without one's host : دیکھو Host -

Reckoner, *n.* : جانچنے ؛ شمار کرنے والا وغیرہ -

ready r. : دیکھو Ready -

Reckoning, *n.* : (۱) شمار کرنا وغیرہ - (۲) شراب خانے کا بل - اندازہ یا حساب یا توقع کا غلط نکلنا -
be out in one's *r.* : اندازہ یا حساب یا توقع کا غلط نکلنا -
dead r. : دیکھو Dead -
day of r. : روز حساب ؛ روز قیامت ؛ روز کفارہ ؛ سزا کا دن -

Reclaim, *v. t & i. & n.*: (۱) چھڑانا ؛ نجات دلانا (ضلالت یا بدویت سے) (مثلاً *r. a drunkard*) - (۲) اصلاح کرنا - (۳) زمین توڑنا ؛ زیرکاشت لانا ؛ کار آمد بنانا ؛ سمندر سے زمین کو نکالنا - (۴) رام کرنا ؛ وحشت دور کرنا ؛ مہذب بنانا اعلی بنانا (وحشی کو) (مثلاً *'to r. a heathen'*) - (۵) (شاذ) احتجاج کرنا ؛ احتجاج کے طور پر کہنا - (۶) (شاذ) اصلاح ؛ نجات -

reclaimable, *a.* : نجات پذیر ؛ اصلاح پذیر ؛ قابل کاشتکاری -

reclamation, *n.* : باز یابی ؛ نجات دہانی ؛ اصلاح ؛ مزروعہ بنانا (بنجر زمین کو) ؛ سمندر پاٹ کر قابل آبادی زمین تیار کرنا -

Reclame, n. : فن خود اشتہاری ؛ اشتہار بازی ؛ شہرت بازی -

Reclinate, *a.* : (نباتیات) سر نگوں -

Recline, *v. t. & i.* : (۱) (تکیہ لگائے) لیٹا یا بیٹھا ہونا ؛ کسی چیز کے سہارے لیٹا یا بیٹھا ہونا ؛ تکیہ لگانا ؛ سہارا لینا ؛ تکیہ لگا رکھنا ؛ سہارا لے کر لٹانا یا بٹھانا - (۲) (مجازاً) بھروسا کرنا ؛ تکیہ کرنا ؛ بھروسے رہنا (مثلاً *you r. too much on doubtful supporters*) -

Reclothe, *v. t.*: پھر پہنانا ؛ دوبارہ ملبوس کرنا -

Recluse, *a. & n.* : گوشہ نشیں ؛ عزلت نشیں ؛ تارک الدنیا ؛ سنیاسی ؛ زاہد ؛ مرتاض -

Recoal, *v. t. & i.*: (جہاز کا) پھر کوئلہ بھرنا ؛ لینا یا لادنا -

Recoat, *v. t.*: نیا صدلہ یا پچارا پھیرنا -

Recognition, *n.* : (۱) پہچان ؛ شناخت ؛ معرفت - (۲) اقرار ؛ اعتراف ؛ قدر شناسی -

recognitory, *a.*: (شاذ) شناخت کا ؛ شناخت کے متعلق ؛ اعترافی -

Recognizance, *n.* : (۱) اقرار نامہ ؛ مچلکہ - (۲) زر مچلکہ -

Recognizant, *a.* : (۱) مقر ؛ معترف - (۲) آشنا ؛ آگاہ ؛ واقف ؛ شعور رکھنے والا -

Recognize, *v. t.* : (۱) مقر ہونا ؛ اقرار کرنا ؛ اعتراف کرنا ؛ قائل ہونا ؛ معترف ہونا ؛ تسلیم کرنا ؛ واقف ہونا ؛ وجود کو تسلیم کرنا - (۲) سمجھنا ؛ ملحوظ رکھنا ؛ پیش نظر رکھنا - (۳) پہچاننا ؛ شناخت کرنا -

recognizable, *a.* : شناخت پذیر ؛ قابل اعتراف ؛ قابل تسلیم -

recognizability, *n.* : شناخت پذیری ؛ قابل تسلیم ہونا -

recognizably, *adv.* : اس طرح کہ پہچانا جا سکے ؛ قابل شناخت طور پر ؛ قابل اعتراف طور پر -

Recoil, *v. i. & n.* : (۱) (شاذ) پسپا ہونا ؛ پیچھے ہٹنا (غنیم کے سامنے سے) - (۲) چونک کر یا اچھل کر پیچھے ہٹنا ؛ الٹی جست کرنا ؛ جھجک جانا ؛ (طبیعت کا) گریز کرنا ؛ ابا کرنا ؛ نفرت کرنا - (۳) (گدایا ٹکر کھا کے) الٹنا ؛ باز گشت کرنا ؛ لوٹ پڑنا - (۴) جھٹکا دینا ؛ دھکا دینا (بندوق کا چلانے کے بعد) - (۵) جھجک ؛ نفرت ؛ باز گشت ؛ گدا ؛ دھکا ؛ اچھال -

Recoin, *v. t.*: دوبارہ گھڑنا یا ڈھالنا ؛ گھسے ہوئے سکوں کو دوبارہ ڈھالنا -

Recollect, *v. t.* یاد کر لینا یا آ جانا ؛ حافظے میں آجانا -

Recollection, *n.* : (۱) یاد آنا ؛ یاد ؛ یاد داشت ؛ حافظہ - (۲) وہ چیز جو یاد آئے ؛ یادگار ؛ تذکرہ - (۳) یاد ؛ حافظے کا دائرہ -
it is in my r. : میری یاد کی بات ہے -
recollective. *a.* : یاد کا ؛ حافظے کا -

Recolonize, *v. t.*: پھر بسانا یا آباد کرنا ؛ دوبارہ آباد کاروں یا آبادیوں کو بسانا -

Recolour, *v. t.*: دوبارہ رنگنا ؛ نیا رنگ دینا -

Recombine, *v. t.*: دوبارہ جوڑنا ؛ پھر جمع کرنا ؛ امتزاج مکرر کرنا -

Recomfort, *v. t.*: پھر آرام دینا ؛ باز تسکین کرنا -

Recommence, *v. t. & i.*: دوبارہ شروع کرنا یا ہونا ؛ پھر چلانا یا جاری ہونا -

Recommend, *v. t.* : (۱) سونپنا ؛ حوالے کرنا (خدا کے یا کسی شخص کے) (مثلاً *r.* one's *soul to God*) - (۲) سفارش کرنا (زبان یا قلم سے) ؛ (کسی شخص کو) تجویز کرنا ؛ پیش کرنا (کسی عہدے کے لئے) - (۳) باعث خوشنودی ہونا ؛ قابل قدر بنانا ؛ پسندیدہ بنانا (کسی کی نظر میں) (مثلاً *his agreeable manners recommended him to all*) - (۴) صلاح دینا ؛ سمجھانا ؛ رائے دینا (مثلاً *I recommended him to take a holiday*) -

recommendable, *a.* : قابل سفارش -
recommendatory, *a.* : سفارشی -
recommendation, *n.* تفویض ، سفارش وغیرہ -

Recommit, *v. t.* : (۱) دوبارہ حوالے یا حوالات کرنا ؛ پھر سپرد کرنا - (۲) ارتکاب ثانی کرنا ؛ دوبارہ مرتکب ہونا - (۳) (غور مکرر کے لئے مسودۂ قانون کو) دوبارہ کمیٹی کے سپرد کرنا ؛ تفویض مکرر کرنا -

recommittment, recommittal, *nn.* : (۱) از سر نو ارتکاب ؛ مکرر ارتکاب - (۲) از سر نو سپردگی یا حوالات - (۳) تفویض مکرر -

Recompense, *v. t. & n.* : (۱) اجر دینا ؛ جزا دینا ؛ سزا دینا ؛ مکافات دینا ؛ عوض دینا - (۲) تلافی کرنا ؛ معاوضہ دینا ؛ بھرپائی کرنا ؛ ہرجانہ دینا - (۳) مکافات ؛ جزا ؛ تلافی ؛ معاوضہ ؛ ہرجانہ -

Recompose, *v. t.*: دوبارہ جوڑنا ، جمع ، امتزاج کرنا -

Recompound, *v. t.*: پھر ملانا ، جوڑنا ، ترتیب دینا ؛ تازہ ترکیب دینا -

Reconcile, *v. t.* : (۱) من جانا ؛ مل جانا ؛ صلح کر لینا ؛ ملاپ کر لینا ؛ (لڑائی کے بعد) صلح کرا دینا ؛ ملاپ کر دینا - (۲) (مقدس مقام کو خرابی کے بعد) پاک کرنا ؛ پوتر بنانا ؛ مطہر کرنا (خاص نماز یا دعا وغیرہ سے) - (۳) راضی برضا کرنا ؛ سر تسلیم خم کرانا ؛ سلوا دینا (عموماً بصیغہ مجہول مثلاً *he was reconciled to a life of obscurity*) - (۴) (جھگڑا) مٹانا ؛ (معاملہ) رفع دفع کرا دینا ؛ تصفیہ کرا دینا - (۵) (متضاد بیانات وغیرہ کو) ہم آہنگ کرنا ؛ توافق پیدا کرنا ؛ میل دینا ؛ موافق بنانا ؛ مطابقت دینا ؛ تطبیق کرنا (مثلاً *it is difficult to r. such conflicting statements*) -

reconciliability, *n.*: صلح پذیری ؛ مصالحت پذیری ؛ تطبیق پذیری -
reconcilable, *a.* : صلح پذیر ؛ مصالحت پذیر ؛ تطبیق پذیر -
reconciliation, reconcilement, *nn.* : مصالحت ؛ موافقت ؛ تصفیہ ؛ ملاپ ؛ توافق ؛ تطبیق -

Recondite, *a.* : (۱) (مضامین وغیرہ) مغلق ؛ غامض ؛ پیچیدہ ؛ غیر معروف ؛ عسیر الفہم ؛ دور از کار - (۲) (مصنف) ...

مشکل نویس ؛ مشکل پسند -

reconditely, *adv.* : خاصانہ ؛ اخلاق کے ساتھ ؛ مشکل پسندی سے ؛ مشکل نویسی سے -

reconditeness, *n.* : پیچیدگی؛ اغلاق؛ مشکل پسندی؛ مشکل نویسی -

Recondition, *v. t.* : (از سر نو) درست کر دینا ؛ پھر سے ٹھیک ٹھاک کر دینا؛ سارا نظم بدل کر اصلاح کر دینا؛ نئے سرے سے تشکیل کرنا -

Reconnaissance, *n.* : (۱) (جنگی) جاسوسی؛ دیکھ بھال ؛ قراولی - (۲) فوج قراول ؛ گروہ جاسوساں - (۳) (کسی چیز کی ابتدائی) دیکھ بھال؛ تمہیدی معائنہ -

r. in force : پورے دستۂ فوج کی دیکھ بھال ، قراولی -

Reconnoitre, *v. t.*, & *i.* & *n.* : (۱) (غنیم یا موقع کی) دیکھ بھال کرنا ؛ قراولی کرنا - (۲) ابتدائی دیکھ بھال کرنا ؛ تمہیدی معائنہ کرنا - (۳) (شاذ) فوجی دیکھ بھال ؛ قراولی -

reconnoitrer, *n.* : قراول -

Reconquer, *v. t.* : دوبارہ فتح کرنا ؛ پھر فتح کر کے حاصل کرنا -

Reconsider, *v. t.* : نظر ثانی کرنا ؛ غور مکرر کرنا -

Reconstitute, *v. t.* : پھر قایم یا مرتب کرنا ؛ پھر مشتمل ہونا ؛ دوبارہ آئین بند کرنا

Reconstruct, *v.t.* : مکرر ترکیب دینا ؛ پھر بنانا ؛ نو تعمیر کرنا -

reconstruction, *n.* : از سر نو تعمیر ، تنظیم ، تجدید ، اصلاح -

Reconvert, *v. t.* : پھر اصلی مذہب پر لانا ؛ رجوع ثانی کرانا -

Record, *v.t.* : (۱) (پرندوں کا) چہکنا؛ گنگنانا ؛ چوں چوں کرنا - (۲) قلمبند کرنا ؛ ضبط تحریر میں لانا ؛ رقم کرنا ؛ اندراج کرنا ؛ چڑھانا ؛ (دفتر وغیرہ میں) کھتیا لینا - (۳) محفوظ کر لینا ؛ (کسی شکل میں) یادگار قائم کر لینا ؛ ریکارڈ قایم کرنا -

recording angel : کاتب اعمال ؛ نیکی یا بدی کا فرشتہ -

recordable, *a.* : لائق تحریر ، اندراج پذیر ؛ یادگار -

Record, *n.* : (۱) اندراج ؛ قلم بندی ؛ ضبط تحریر میں آنا - (۲) تحریر ؛ دستاویز ؛ مثل ؛ فرد ؛ کاغذات ؛ (سرکاری) روداد - (۳) تاریخی دستاویز ؛ (تحریری) تاریخی شہادت وغیرہ؛ یادگار ؛ مآثر ؛ آثار ؛ نشان - (۳) پچھلی زندگی کے تحریری حالات ؛ اعمال نامہ؛ کارنامہ - (۴) رکارڈ؛ کسی چیز میں بہترین کار نامہ؛ بہترین کرتب - (۵) (بطور صفت) انتہائی یادگار ؛ جو ریکارڈ قایم کرے (مثلاً *at r. pace*) - (۶) (گراموفون) ریکارڈ -

break or *beat the r.* : پچھلوں سے سبقت لے جانا؛ ریکارڈ توڑ دینا -

gramophone r. : آلۂ آہنگ نگاری کی تھالی ؛ گراموفون رکارڈ -

keep to the r. : نفس مبحث سے نہ ہٹنا -

Public R. Office : لندن کا محافظ خانہ -

r. height : انتہائی بلندی -

R. Office : محافظ خانہ ؛ رکارڈ آفس -

r. pace : انتہائی رفتار؛ تیز ترین رفتار -

travel out of r. : نفس مبحث سے دور ہو جانا -

Recorder, *n.* : (۱) اندراج کرنے والا ؛ قلمبند کرنے والا وغیرہ (۲) ناظم بلدہ ؛ منصف ؛ ذی حاکم عدالت - (۳) آلۂ اندراج نگار ؛ شمار نما ؛ درجہ نما ؛ سوئی - (۴) بانسری کی وضع کا ایک باجہ جو اب متروک ہے -

recordership, *n.* : نظامت بلدہ ؛ منصفی -

Recount, *v. t.* : بیان کرنا ؛ مفصل سنانا ؛ رام کہانی کہنا ؛ شرح و بسط سے بیان کرنا ؛ قصہ سنانا ؛ کتھا سنانا ؛ نقل کرنا -

Recount, *v. t.* & *n.* : پھر گننا ؛ دوبارہ شمار کرنا -

Recoup, *v. t.* & *i.* : (۱) (قانون) کم کر لینا ؛ وضع کر لینا ؛ (واجب الادا رقم میں سے) وضعات کرنا ؛ (۲) (نقصان کی) تلافی کرنا ؛ (نقصان) بھرنا -

r. oneself : اپنے نقصان یا خرچ شدہ رقم کو وصول کر لینا -

recoupment, *n.* : (۱) وضعات - (۲) تلافی ؛ معاوضہ -

Recourse, *n.* : (۱) استعانت ؛ استمداد ؛ پناہ جوئی ؛ آسرا لینا - (۲) (شاذ) تدبیر ؛ چارہ -

have r. to : آسرا لینا ؛ مدد یا مشورہ لینا ؛ کام لینا ؛ کام میں لانا ؛ استعمال کرنا -

Recover, *v. t.* & *i.* & *n.* : (۱) پھر پالینا ؛ دوبارہ حاصل کر لینا ؛ پھر ہاتھ آ جانا ؛ باز یافت ہونا ؛ نکال لینا (زمین ، سمندر سے) - (۲) حق پانا ؛ معاوضہ لینا ؛ (عدالت کے حکم سے) بھرپائی کرانا ؛ واپس لینا ؛ وصول کرنا (قرضہ ، ہرجانہ وغیرہ) - (۳) اچھا ہو جانا ؛ صحت پانا ؛ بحال ہو جانا ؛ ہوش آجانا ؛ جان آجانا - (۴) پٹپنا ؛ (کمی یا نقصان کو) پورا کر لینا ؛ تلافی کر لینا - (۵) (شاذ) واپس پہنچنا ؛ لوٹنا - (۶) وہ جگہ جہاں تلوار چلانے کے بعد واپس آئے؛ تلوار چلانے کے بعد اسے واپس لانا -

r. one's legs : (گرنے کے بعد) اٹھ کھڑا ہونا -

r. oneself : بحال ہو جانا ؛ حواس بجا ہو جانا ؛ ہوش میں آجانا ؛ اپنے آپ کو سنبھال لینا -

r. sword : (جنگی اصطلاح میں) تلوار علم کرنا ؛ شمشیر کشیدہ کرنا ؛ تلوار باہر کھینچنا ؛ کھونپکر نکالنا ؛ تلوار الف یا سیدھی کھڑی کرنا (اس طرح کہ قبضہ منہ کے سامنے ہو) -

recoverable, *a.* : باز یافتنی ؛ ممکن الحصول وغیرہ -

Recover, *v. t.* : پھر ڈھانکنا ؛ باز پوشی کرنا -

Recovery, *n.* : صحت یابی ؛ افاقہ ؛ شفایابی ؛ بحالی ؛ بازیافت ؛ وصولی وغیرہ -

Recreant, *a.* & *n.* : (۱) (شعر و خطابت) نامرد ؛ ہیز ؛ دون ہمت - (۲) منکر ؛ مرتد ؛ بے وفا ؛ بد عہد ، غدار -

Recreate, *v.i.* & *t.* : باعث تفریح ہونا ؛ باعث تفنن ہونا ؛ طبیعت کو تروتازہ کرنا (کھیل کود سیر و تفریح کے ذریعے) -

recreation, *n.* : تفنن ؛ تفریح ؛ لطف اندوزی -

recreative, *a.* : تفریحی ؛ فرحت بخش ؛ لطف انگیز -

Recreate, *v. t.* : نئے سرے سے پیدا کرنا -

Recrement, *n.* : (۱) (شاذ) پھوک ؛ فضلہ ؛ کھل - (۲) (عضویات) رقیق مادہ جو جسم سے الگ ہو کر اس میں پھر جذب ہو -

recrementitious, *a.* : فضلہ آمیز -

Recriminate, *v.i.* : معاملہ کرنا ؛ ترکی بہ ترکی لڑنا ؛ (الزام کے) جواب میں الزام دینا ؛ ایک دوسرے کو برا بھلا کہنا ؛ (ایک دوسرے کو) طعن و تشنیع کرنا -

recrimination, *n.* : الزام ؛ الزامی جواب ؛ معاملہ ؛ طعن و تشنیع (دونوں طرف سے) -

recriminative, recriminatory, *aa.* : الزامی ؛ طعن آمیز -

Recross, *v. t.* : دوبارہ پار اترنا ؛ دوبارہ عبور کرنا -

Recrudesce, *v.i.* : (پھوڑے پھنسی بیماری یا شورش کا) پھر زور ہو جانا ؛ پھر پھٹنا یا پھوٹ پڑنا ؛ پھر شدت ہونا ؛ عود کرنا -

recrudescent, *a.* عود کرنے والا ؛ دوبارہ پھوٹنے والا -
recrudescence, *n.* : عود دوبارہ ؛ از سر نو شدت -
Recruit, *n.* : (۱) نوسکھیا ؛ امید وار سپاهی ؛ کار آموز ؛ رنگروٹ - (۲) نو شریک (کسی جماعت یا انجمن میں) - (۳) اناڑی ؛ سیکھتڑ (اکثر raw r.) -
Recruit, *v.t. & i.* : (۱) (فوج وغیرہ کے لئے) بھرتی کرنا ؛ داخلہ کرنا ؛ رنگروٹ جمع کرنا ' فراہم کرنا - (۲) رنگروٹ بنانا ؛ بھرتی کرنا (فوج میں) ؛ داخل کرنا (کسی جماعت وغیرہ میں) - (۳) نیا کرنا ؛ تازہ دم کرنا ؛ تجدید کرنا ؛ کمی کو پورا کرنا ؛ مرمت یا درستی کرنا - (۴) صحت حاصل کرنا ؛ صحت یابی کی کوشش کرنا -
recruital, *n* : صحت یابی -
recruitment, *n.*: نئی بھرتی ؛ داخلہ -
Rectal, *a.*: مستقیمی ؛ امعائے مستقیم کی -
Rectangle, *n.*: مستطیل؛ قائم الزوایا ؛ شکل مستطیل -
Rectangular, *a.*: مستطیل ؛ مستطیل نما ؛ قائم الزوایا -
rectangularity, *n.*: مستطیل ہونا ؛ مستطیلیت -
rectangularly ,*adv.*: مستطیل بناتے ہوئے؛ بہ شکل مستطیل -
Rectify, *v. t.*: (۱) تصحیح کرنا ؛ درستی کرنا ؛ ٹھیک کرنا ؛ اصلاح کرنا؛ ترمیم کرنا؛ ٹھیک ٹھاک کر لینا؛ (آلے کو) کام لینے کے لئے تیار کر لینا - (۲) دور کرنا (خرابی' غلطی' شکایت)؛ ازالہ کرنا ؛ تلافی کرنا - (۳) (کیمیا) تصفیہ کرنا ؛ تقطیر مکرر کرنا ؛ صاف تر کرنا - (۴) (ہندسہ) (خط منحنی کے) برابر کا سیدھا خط نکالنا ؛ خط مستوی بنانا -
rectifiable, *a.*: تصحیح پذیر ؛ اصلاح پذیر ؛ تلافی پذیر -
rectification, *n.* : تصحیح؛ اصلاح؛ درستی؛ تلافی؛ تقطیر مکرر -
rectifier, *n.*: اصلاح کرنے والا وغیرہ -
Rectilinear, -lineal, *aa.* : مستقیم ؛ بلا خط مستقیم ؛ خط مستقیم یا خطوط مستقیم کا ؛ سیدھے خط یا خطوط کا ؛ سیدھا خط بناتا ہوا یا بنانے والا ؛ خطوط مستقیم میں گھرا ہوا -
rectilinearity, *n.*: خط مستقیم میں ہونا ؛ تخطیط مستقیم ؛ مستقیم شکلی -
rectilinearly, *adv.*: مستقیمانہ ؛ سیدھا خط بناتے ہوئے -
Rectitude, *n.*: (۱) راست روی ؛ راستبازی ؛ دیانت ؛ صدق - (۲) (شاذ) صحیح ہونا ؛ صحت ؛ اصابت -
Recto, *n.* : کھلی کتاب کا سیدھی طرف کا صفحہ ؛ صفحۂ راست -
Rector , *n.*: (۱) ریکٹر ؛ حلقے کا پادری (جس کو خود کلیسا کی طرف سے مدد معاش ملتی ہو) - (۲) (براعظم یورپ میں) جامعہ یا مدرسے کا صدر ؛ ناظم ؛ شیخ ؛ (انگلستان میں) آکسفورڈ کے لنکن اور ایکزیٹر کالج کے صدر کا لقب ؛ (اسکاچستان میں) ثانوی مدرسے وغیرہ کا صدر مدرس -
rectress, *n.*: صدر مدرسہ؛ ناظمہ -
rectorate, rectorship, *nn.*: ریکٹر کا عہدہ یا منصب ؛ ریکٹری؛ پادری گری ؛ صدارت ؛ نظامت ؛ صدر مدرسی -
rectorial, *a.*: پادری کا؛ صدر جامعہ کا ؛ صدر مدرس کا -
Rectory, *n.*: (۱) ریکٹر یا پادری کا عہدہ یا منصب - (۲) پادری یا ریکٹر کا گھر -
Rectum, *n.* : امعائے مستقیم؛ بڑی انتڑی کا نیچے کا سرا یا آخری حصہ -
Recumbent, *a.*: لیٹا ہوا ؛ لیٹراں ؛ تکیہ لگائے ؛ متکی -
recumbency, *n.*: لٹائی؛ اتکا ؛ لیٹا ہوا یا تکیہ لگائے ہونا -
recumbently, *adv.*: لیٹا ہوا ؛ تکیہ لگائے -
Recuperate, *v. t. & i.*: (۱) صحت یا قوت حاصل کرنا ؛ بحال ہو جانا ؛ تندرستی پا جانا - (۲) تلافی کر لینا (نقصان یا جسمانی قوت کی) ؛ سنبھل جانا؛ پنپ جانا -
recuperation, *n.*: تلافی ؛ صحت یابی؛ شفایابی ؛ قوت یابی؛ پنپنا ؛ سنبھلنا -
recuperative, *a.*: صحت یابی کا وغیرہ -
Recur, *v. i.* : (part. -urring) : (۱) (دل میں) یاد آنا ؛ دوبارہ خیال آنا - (۲) رجوع کرنا ' عود کرنا ؛ (اصل مطلب کی طرف خیال یا تقریر میں) پلٹنا - (۳) مکرر آنا؛ تکرار ہونا ؛ بار بار واقع ہونا -
recurring decimals : اعشار متوالی ؛ کسور متوالی -
recurring curve : دور پیہم ؛ دائرہ -
recurrence, *n.*: مکرر وقوع؛ رجوع ؛ اعادہ ؛ تکرار؛ تواتر -
Recurrent, *a. & n.*: (۱) (شرائین ' شاخیں وغیرہ) پیچھے کو مڑنے والی ؛ باز گرد ؛ راجعہ - (۲) بار بار ہونے والا ؛ مکرر الوقوع ؛ مکرر؛ متواتر ؛ معاود -
recurrently, *adv.* : (۱) پیچھے کو مڑتے ہوئے - (۲) مکرر؛ متواتر ؛ بار بار -
Recurve, *v. t. & i.* : پیچھے مڑنا یا موڑنا ؛ برگردان کرنا یا ہونا؛ باز خم کرنا یا ہونا -
recurvate, *a.*: باز خمیدہ ؛ برگردان -
recurvature, *n.*: برگردانی ؛ بازخمی ؛ الٹا موڑ -
Recusant, *n. & a.*: (۱) (تاریخ) کلیسائے انگلستان کی عبادات میں شرکت سے انکار کرنے والا - (۲) نافرمان ؛ متمرد ؛ سرکش ؛ رمیدہ ؛ کج رفتہ ؛ گمراہ -
recusance,-ancy, *nn.*: انحراف ؛ عدول حکمی ؛ تمرد -
Recuse, *v. t.*: (۱) (شاذ) رد کرنا ؛ نہ ماننا ؛ مسترد کر دینا ؛ التوا کر دینا - (۲) اعتراض کرنا ؛ معارضہ کرنا (حکم عدالت سے تعصب کا الزام دے کر) -
Red, *a. & n.*: (۱) سرخ ؛ لال ؛ احمر ؛ قرمزی - (۲) خونی انقلابی ؛ انقلاب پسند ؛ اشتراکی ؛ سرخ پوشوں کا - (۳) لالی ؛ سرخی ؛ سرخ رنگ - (۴) سرخ رنگ کا ایک روپ یا درجہ - (۵) (جوے کی چوپڑ کی وغیرہ میں) سرخ پٹری ؛ سرخ خانہ - (۶) اتنے کی سرخ گیند ؛ سرخہ - (۷) سرخ پوشاک - (۸) لال بیڑا (قدیم برطانوی بحری فوج کے تین بیڑوں میں سے ایک) - (۹) انتہا پسند ؛ انقلاب پسند؛ تراجی ؛ فوضوی ؛ سرخ پوش ؛ اشتراکی -
all -r. (route &c.) : برطانوی ؛ زیر نگین برطانیہ (سرخ رنگ سے استعارہ ہے جو نقشوں میں برطانیہ اور مقبوضات برطانیہ کے لئے مخصوص ہے) -
don't care a r. cent: دمڑی بھر پروا نہیں؛ اتنی سی بھی پروا نہیں -
draw r. herring across : کوئی اور جوش انگیز بات چھیڑ کر زیر بحث مسئلے سے توجہ ہٹا دینا -
neither fish, flesh, nor good r. h.: نامعلوم؛ مجہول الکیفیت -
r. bark : لال چھال ؛ سنکونا (اعلیٰ قسم کی) -
r. blind : سرخ اندھا ؛ سرخ نگاندھا ؛ جسے سرخ رنگ نہ سوجھے -
r. book : اشرات نامہ ؛ فہرست امرا -

r. box : قلمدان وزارت -

redbreast : لال چڑی -

r. -cap : فوجی پولیس کا جوان -

r. cent : امریکی پیسہ -

redcoat : لال کرتی ؛ گورا ؛ انگریزی فوج کا سپاہی -

r. cross : (۱) صلیب احمر ؛ انگریزوں کا نیز صلیبی مجاہدین نصاریٰ کا قومی نشان - (۲) مجروحین کے علاج و امداد کی انجمن -

r. -eye : ایک قسم کی سرخ مچھلی ؛ سرخ چشم -

r. -eyes : (۱) سرخ ' خون کبوتر آنکھیں ؛ چشم خونین (رونے کی وجہ سے) - (۲) پرندوں وغیرہ کی آنکھیں جن کا پردۂ عنبیہ (iris) سرخ ہو -

r. -fish : نر سامن مچھلی ؛ سرخ ماہی -

r. flag : علم بغاوت ؛ انقلاب کا جھنڈا؛ لڑائی کا جھنڈا؛ علامت جنگ ؛ سرخ جھنڈی ؛ روکنے کا اشارہ ؛ خطرے کی علامت -

r. gold : (متروک یا شعر میں) زر خالص ؛ زر سرخ ؛ کھرا سونا ؛ کندن ؛ زر نقد ؛ کھرا روپیہ -

r. gum : (۱) سرخ بادہ ؛ لال دانے (بچوں کا مرض دانت نکلنے کے زمانے میں) - (۲) لال گوندیا (دار چینی کی ایک قسم) -

r. -handed : عین حالت جرم میں -

r. hat : (۱) کلاہ احمر ؛ اسقفی کلاہ ؛ کارڈنل کی ٹوپی - (۲) لال پگیا ؛ انگریزی فوجی افسر کا چھوٹا کا نام -

r. heat : (۱) اشد حرارت ؛ انتہائی گرمی ؛ آتشین حرارت ؛ لال انگارا پن - (۲) انتہائی جوش یا شدت -

r. herring : سرخ رنجہ ؛ دود پخت ہیرنگ -

r. hot : لال انگارا ؛ آتشین ؛ بیحد مشتعل ؛ جوش میں یا غصے میں بھرا ہوا -

r. -hot poker : ایک پودا جس میں شعلہ رنگ پھولوں کی بالیاں ہوتی ہیں ؛ گل آذر -

r. lamp : لال بتی ؛ ڈاکٹر کے گھر یا عطار کی دوکان کا نشان -

r. lane : (بچوں کی کہانیوں کی زبان میں) گلا ؛ حلق -

r. lead : (۱) سیندور ؛ شنگرف - (۲) سیندور لگانا ؛ سیندور بھرنا -

r. -legged : سرخ پایہ -

r. -legs : سرخ پا ؛ لال پایا ؛ وہ پرندے وغیرہ جن کی ٹانگیں سرخ ہوتی ہیں -

r. -letter (day) : روز عیش ؛ عید ؛ جشن کا دن ؛ خوشی کا دن؛ تیوہار ؛ چھٹی کا دن؛ یوم سعید -

r. letter : سرخ حرفوں سے لکھنا؛ یادگار عیش بنادینا؛ عید قرار دینا -

r. light : لال روشنی ؛ علامت خطر (ریلوں وغیرہ پر) -

r. man : سرخ فام ؛ قدیم امریکی باشندہ -

r. meat : لال گوشت (گائے ' بکری کا) -

r. mass : نماز سرخ جامہ (جس میں پادری سرخ لباس پہنے ہو) -

r. -poll : گانے والے کلغی دار پرندوں کی چند قسمیں -

r. polls : شاخ بریدہ سرخ مو مویشی -

r. rag : (۱) دیوانہ را ہوئے ؛ اشتعال انگیز چیز - (۲) لال گیروی (جو اناج میں لگ جاتا ہے) -

r. rattle : جوں ؛ کلا -

r. ribbon : لال فیتہ؛ آرڈر آف باتھ کا نشان -

r. sanders : جزائر شرق الہند کے ایک درخت کی لکڑی جس سے رنگ نکالتے ہیں -

redshank : ایک قسم کا چہا -

r. -short : جلتا لوہا جو انگارا ہو کر کرارا بن جاتا ہے -

redskin : سرخ فام ؛ سرخ جلد (قدیم امریکی باشندہ) -

r. snow : بحر منجمد شمالی اور کوہ آلپ کی برف جو ایک قسم کی کائی سے سرخ ہو جاتی ہے -

r. spider : پت مکڑی ؛ ایک کیڑا جو پتے کھا جاتا ہے -

redstart : لل دما ؛ سرخ دم (ایک گانے والا پرند) -

r. -streak : لال سیب ؛ ولایتی سیب ؛ سیبچہ -

r. tape, redtapery, redtapism, : دفتری گھس گھس ؛ دفتری طوالت؛ ضابطہ پرستی -

redtapist : رسم پرست ؛ ضابطہ پرست -

r. triangle : سرخ مثلث ؛ وائی - ایم - سی - اے (انجمن جوانان مسیحی) کا نشان -

r. -water : مرض البول دموی؛ تپ وبائی (جس میں سرخ پیشاب ہوتا ہے) -

r. -wing : سرخ پر؛ لل پرا؛ طوطی اور بعض دوسری قسم کے پرند -

redwood : پتنگ (درخت کی قسمیں) -

r. -worm : سرخ کیچوا (جسے مچھلی کے چارے میں لگاتے ہیں) -

see the r. light : (مجازاً) خطرے کا قرب محسوس کرنا -

the R. Flag. : ایک جدید انقلابی گیت -

with r. hands : جس کے ہاتھ خون آلودہ ہوں -

redden, *v. t. & i.*: سرخ کرنا ؛ لال ہوجانا -

reddish, reddy, *aa.*: سرخی مائل؛ سرخ گوں ؛ لالی لئے؛ محمر -

redly, *adv.* : سرخی لئے ؛ سرخی مائل -

redness, *n.*: لالی؛ سرخی؛ حمرت؛ انقلاب پسندی؛ انتہاپسندی -

Red- : لاطینی الاصل الفاظ میں -re کے بجائے آتا ہے -

Redact, *v. t.*: (کتاب شائع کرنے کے لیے) تدوین کرنا ؛ تہذیب کرنا ؛ مرتب کرنا -

redactor *n.*: مدون ؛ مرتب -

Redaction, *n.* : (۱) تدوین ؛ تہذیب ؛ ترتیب ؛ نظر ثانی (کتاب وغیرہ کی) - (۲) اشاعت نو ؛ نسخۂ جدید -

Redan, *n.*: مثلثی دمدمہ ؛ سوسادھس -

Redd, *v. t.*: (اسکاچستان) درست کرنا؛ ٹھیک کرنا؛ تصفیہ کرنا؛ چکانا -

Reddle, *n. & v. t.* : (۱) ایک قسم کی لوہا ملی لال مٹی - (۲) لال مٹی (کے رنگ) میں رنگنا -

Rede, *n.*: (قدیم) (۱) مشورہ؛ نصیحت - (۲) منصوبہ ؛ ارادہ - (۳) بیان؛ کہانی؛ قصہ -

Rede, *v. t.*: (قدیم) (۱) مشورہ دینا؛ نصیحت کرنا ؛ سمجھانا - (۲) حل کرنا (معمہ) ؛ تعبیر دینا (خواب کی) -

Redeem, *v. t.*: (۱) (معاوضہ دے کر یا قرار دادہ قیمت دے کے) چھڑا لینا؛ واپس خریدنا ؛ فک کرانا (جائداد) - (۲) واپس لینا ؛ پھر سے حاصل کرنا (کھوئی عزت ' رتبہ وغیرہ) - (۳) روپیہ دے کر معاملہ ہموار کر لینا ؛ روپیہ دے کر سمجھوتا کرلینا - (۴) ایفا کرنا ؛ پورا کرنا (وعدہ) - (۵) آزاد کرانا ؛ مخلصی دلانا یا پانا ؛ غلامی سے چھوٹنا یا چھڑانا (روپیہ دے کر) ؛ جان بچانا (زر فدیہ ادا کر کے) - (۶) بچانا ؛ نجات دلانا ؛ چھڑا لانا ؛ (خلاقی پستی سے) ابھارنا - (۷) (خدا کا ' گناہ یا عذاب سے)۔

بچانا ؛ نجات بخشنا ؛ نعم البدل ہونا - (۸) تلافی کرنا - (۹) بد نمائی سے محفوظ رکھنا ؛ بد نما نہ معلوم ہونے دینا مثلاً :
the eyes redeem the ugliness of the face : آنکھیں چہرے کو بد نما نہیں معلوم ہونے دیتیں -
has one redeeming feature : اس میں ایک خوبی ہے جس سے اس کے عیوب کی تلافی ہوجاتی ہے -

redeemable, *a.* : قابل نجات؛ انفکاک پذیر؛ کفارہ پذیر؛ تلافی پذیر -

redeemer, *n.* : (خصوصاً حضرت مسیح کی نسبت) نجات دھندہ ؛ شفیع -

Redemption, *n.* : (۱) انفکاک ؛ مخلصی ؛ نجات ؛ تلافی وغیرہ - (۲) نجات بالکفارہ ؛ نجات؛ شفاعت (جو حضرت مسیح کی شہادت کے بدولت ہوئی) - (۳) وجۂ نجات ؛ باعث مخلصی - (۴) ادائگی زر نقد ؛ خرید -
in the year of our r. : سنہ عیسوی - یعنی سنہ مسیحی کا سال

redemptive, *a.* : تلافی کا؛ نجات کا؛ نجات بخش؛ تلافی کن -

Redif, *n.* : ردیف ؛ ترکی کی محفوظ فوج (کا سپاہی) -

Redingote, *n.* : ایک طرح کا ترکی کوٹ جو عورتیں پہنتی ہیں ؛ ریڈنگوٹ -

Redintegrate, *v. t.* : (۱) دوبارہ متحد یا سالم بنانا - (۲) دوبارہ مکمل کرنا ؛ از سر نو تکمیل کرنا -

redintegration, *n.* : از سر نو تکمیل ؛ دوبارہ متحد کرنا یا کیا جانا -

Redirect, *v. t.* : پھر ہدایت کرنا وغیرہ ؛ (خصوصاً خط کو) دوسری جگہ بھیجنا ؛ پتا بدلنا ؛ دوسرے پتے پر بھیجنا -

Rediscover, *v. t.* : پھر پانا ؛ دوبارہ پانا ؛ (کھوئی ہوئی یا بھولی ہوئی چیز کو) دوبارہ پانا ؛ باز یا فت کرنا -

Redistribute, *v. t.* : پھر بانٹنا ؛ تقسیم کرنا تقسیم جدید کرنا -

Redivide, *v. t.* : پھر تقسیم کرنا ؛ تقسیم جدید کرنا -

Redo, *v. t.* : پھر کرنا ؛ نئے سرے سے کرنا -

Redolent, *a.* : (۱) (شاذ) خوشبو دار ؛ عطر افشاں ؛ معطر - (۲) تیز خوشبو والا ؛ تیز بو - (۳) (مجازاً) کسی شخص یا چیز سے مشابہت رکھنے والا ؛ (کسی کی) یاد دلانے والا -

redolence, *n.* : (تیز) خوشبو وغیرہ -

Redouble, *v. t. & i.* : دو چند کرنا ؛ چند در چند کرنا ؛ اور بڑھانا ؛ اور تیز کرنا ؛ قوی تر کرنا -

Redoubt, *n.* : گڑگچ ؛ (مثمن یا مربع) مورچہ -

Redoubtable, *a.* : زبردست ؛ قوی ؛ خوفناک -

Redoubted, *a.* : (قدیم) رعب دار ؛ خوفناک ؛ زبردست -

Redound, *v. i.* : (۱) بڑھانا ؛ سوا کرنا ؛ اضافہ کرنا؛ (وجۂ) افزائش ہونا - (۲) منتج ہونا ؛ حاصل ہونا (بطور نتیجہ یا ثمر) ؛ پلٹ کر آنا ؛ رد عمل ہونا -

Redress, *v. t. & n.* : (۱) درست کرنا ؛ ترازو کرنا ؛ سیدھا بٹھانا ؛ ٹھیک ٹھاک کرنا - (۲) تلافی کرنا ؛ تداوی کرنا ؛ تعدیل کرنا؛ خرابی مٹانا؛ تدارک کرنا ؛ دور کرنا ؛ چارہ سازی ؛ حق رسی ؛ داد رسی کرنا - (۳) تلافی ؛ تدارک ؛ حق رسائی ؛ داد رسی -
r. the balance : دوبارہ مساوات قائم کرنا -

Reduce, *v. t.* : (۱) (جراحی) (ہڈی یا جوڑ) بٹھانا ؛ جوڑھانا ؛ اصلی حالت پر لانا - (۲) (ضبط و انضباط کا) پابند بنانا ؛ عادی بنانا - (۳) بدلنا ؛ تحویل کرنا ؛ تحلیل کر کے دوسری شکل میں لانا ؛ استحالہ کرنا - (۴) (اقسام میں) تقسیم کرنا؛ تبویب کرنا - (۵) مطابق کرنا؛ تطابق کرنا؛ توفیق کرنا ؛ موزوں بنانا ؛ مناسب بنانا - (۶) (شاذ) جبر کرنا ؛ جبراً کرانا - (۷) مغلوب کرنا ؛ دبانا ؛ زیر کرنا ؛ مطیع کرنا ؛ منقاد کرنا ؛ (بلا صورت مجہول) مجبور ہونا ؛ مجبور ہو کر کرنا - (۸) مفلس کرنا؛ محتاج کرنا ؛ پست کرنا ؛ پہنچانا (بری حالت کو) - (۹) کمزور کرنا؛ گھٹا دینا؛ گھٹا دینا؛ پست کردینا؛ محدود کردینا ؛ کم کردینا -
r. anomalies to rule : بے قاعدہ صورتوں کو کسی قاعدے کے ماتحت لانا -
reduced circumstances : فراغ کے بعد تنگدستی یا مصیبت کی حالت -
r. the establishment : عملے میں تخفیف کرنا -
reduced officers : تخفیف شدہ عہدہ دار -
reduced prices : کم شدہ قیمتیں -
r. rule to practice : اصول کو عمل میں لانا -

reducible, *a.* : تحویل پذیر ؛ استحالہ پذیر ؛ قابل انضباط ؛ تبویب پذیر؛ تقسیم پذیر؛ قابل تخفیف؛ کمی پذیر؛ ممکن التسخیر ؛ جو مطیع یا مغلوب کیا جاسکے -

Reductio ad absurdum, *n.* : (۱) کسی اصول کے غلط ہونے کا ثبوت اس کے منطقی نتائج کو مہمل ثابت کرنے سے - (۲) کسی اصول پر اس حد تک عمل کرنا یا زور دینا کہ وہ مہمل ہوجائے -

Reduction, *n.* : (۱) تحویل ؛ تغیر ؛ تشکل ؛ استحالہ - (۲) انضباط ؛ تبویب ؛ تقسیم ؛ ترتیب - (۳) تخفیف ؛ تقلیل؛ کمی ؛ گھٹائی ؛ منہائی - (۴) تسخیر؛ مغلوب کردگی ؛ مطیع کرنا - (۵) مختصرہ شبیہ یا نقشہ وغیرہ؛ مختصر شکل (تصویر یا نقشے کی) - (۶) (حساب) ایک قاعدہ جس سے نسب نما میں تبدیلی کی جاتی ہے -
r. to absurdity = Reductio ad absurdum

Reduit, *n.* : بالا حصار ؛ چور مورچہ ؛ پچھلا گڑگچ ؛ پس د مد مہ -

Redundant, *a.* : (۱) حشو و زائد ؛ فضول ؛ بھرتی کا ؛ برائے بیت - (۲) وافر ؛ بھر پور ؛ کثیر ؛ لبریز ؛ فراواں -

redundance, redundancy, *nn.* : زیادتی ؛ کثرت ؛ فراوانی ؛ حشویت ؛ زائد ہونا ؛ فضول ہونا

redundantly, *adv.* : بھرتی کے طور پر ؛ حشو کے طور پر ؛ بہ کثرت ؛ فراوانی سے -

Reduplicate, *v. t.* : دہرا کرنا ؛ دہرانا ؛ مثنی بنانا ؛ تکرار کرنا ؛ تضعیف کرنا؛ (صرف و نحو) تکرار حرفی کرنا -

reduplicative, *a.* : تضعیفی ؛ مکرر -

Reduplication, *n.* : (۱) دہرانا ؛ تکرار ؛ تضعیف - (۲) ہو بہو تصویر ؛ مثنی - (۳) (صرف) حرف یا بول کی تکرار - (۴) مکرر حرف یا بول -

Redye, *v. t.* : پھر رنگنا ؛ دوبارہ رنگنا -

Ree : دیکھو Reeve -

Re-echo, *v. i. & t.* : گونجنا ؛ گونج جانا ؛ صدا دینا؛ صدا آنا -

Reed, *n. & v. t.* : (۱) نرسل ؛ سرکنڈا ؛ نے - (۲) پتا ور؛ سرپتا ؛ پیلڈ (چھپر کے لئے) - (۳) (شعر) تیر ؛ نے ؛ بانسری ؛ مرلی ؛ گوالوں کی گیت ؛ وامراقہ شاعری ؛ دیہاتی شاعری ؛ (گراں)

چونی - (۳) (باجوں کی) مهنال (جسے منهه سے لگا کر بجاتے هیں (عموماً جمع میں) - (۵) للکیاں ؛ للیاں (لوهے وغیرہ کی) ؛ قابات - (۶) منهه سے بجانے کے باجے ؛ مثلاً باجے (۷) چھچهڑ ؛ کنگھی (جلاهوں کی) - (۸) نرسل چھالا ؛ چھپر بنا نا ؛ (نرسل سے) بیناو باندهنا - (۹) للیاں بنا نا ؛ (آرائش کے لئے) قابلا کاری کرنا - (۱۰) مهنال لگانا ؛ ٹهونٹیاں لگانا ؛ نرسل بٹھانا (بانسری وغیرہ باجوں میں) -

broken r. : بوداسهارا ؛ نا قابل اعتماد آدمی -

lean on a r. : بودا سہارا لینا -

r.-babbler, -warbler, -wren, -bunting, -sparrow : پرندوں کی قسمیں -

r.-mace : = Bulrush

r. pheasant : (ڈاڑهیل) پهدکی ' ایک قسم کا پرند -

r.-pipe : بانسری ' نے وغیرہ باجے -

r.-stop : (باجے کی) ٹهونٹی (نرسل یا بانس کی) ؛ پردہ -

reeded, *a.* : نرسل بهرا -

Re-edify, *v. t.* : (۱) از سر نو تعمیر کرنا ؛ پهر سے بنا نا (عمارت وغیرہ) - (۲) دوبارہ قایم کرنا یا باندهنا (امید' آس) ؛ پهر سے بنا نا (جسم کو) -

Reedling, *n.* : ولایتی پهدکی ؛ ایک پرندجس کے ڈاڑهی هوتی هے -

Reedy, *a.* : (۱) نرسل بهرا ؛ پرناز نے ؛ جهنڈیلا - (۲) نرسل کا ؛ نے کا ؛ نے جیسا ؛ نلکیوں کا - (۳) کمزور ؛ دبلا پتلا ؛ سرکنڈے جیسی موٹی (گهاس) - (۴) بانسری کی سی تیز ' خشن -

reediness, *n.* : نرسلوں کی کثرت ؛ نرسلوں یا نلیوں کا هونا ؛ دبلاپا ؛ تیزی ؛ خشونت -

Reef, *n. & v. t.* : (۱) بادبان پردہ ؛ باد بانچہ (یہ تین یا چار هوتے هیں اور ان کے کھولنے یا باندهنے سے کشتی کی رفتار کم و بیش هوتی هے) - (۲) باد بانچہ لپیٹنا ؛ چهوٹا کرنا (بادبان وغیرہ کو) -

r.-knot : دهری گرہ -

take in a r. : (۱) باد بانچہ لپیٹنا - (۲) احتیاط سے چلنا ؛ پهونک پهونک کر قدم رکهنا -

Reef, *n.* : (۱) ساحلی سنگستان ؛ پتهریلا ساحل ؛ (کنار آب) ریتی ؛ ترائی - (۲) (کان کنی) رگ زر ؛ طبقۂ حجری -

Reefer, *n.* : (۱) باد بانچی ؛ (عامیانہ) نا خدا ؛ مددگارکپتان - (۲) دهری گرہ - (۳) مرتی دهری صدری ؛ دهرا سینہ بند (reefing-jacket) -

Reek, *n.* : (۱) (ادبی زبان اور اسکاٹستان) دهواں ؛ دخان ؛ بخار ؛ بهاپ ؛ ابخرات ؛ بد بو ؛ بهبکا (بو کا) ؛ بساندی ' کثافت یا دهواں بهری هوا یا فضا -

Auld Reekie : (Edinburgh) ایڈ ن برا -

reeky, *a.* : پردخان ؛ دهواں بهرا -

Reek, *v. i.* : (۱) دهواں اٹهنا ؛ (جلنے کے بعد) بهاپ اٹهنا ؛ ابخرہ نکلنا - (۲) بهبکا نکلنا ؛ بو آنا ؛ بو دینا (تمباکو ' خون وغیرہ کی اور استعارتاً تصنع ' قتل وغیرہ کی) -

Reel, *n. & v. t. & i.* : (۱) چرخی ؛ چکلی ؛ گٹی ؛ ریل (دهاگے کی) - (۲) گولا ؛ بیلن ؛ چکری (سوت وغیرہ لپیٹنے کی) - (۳) چکر ؛ پهرکی ؛ لٹو - (۴) لپیٹنا ؛ (چرخی پر) چڑهانا ؛ اٹیرنا - (۵) چرخی چلانا ؛ ریشم کهولنا ؛ (چرخی سے) اتارنا ؛ چرخی پترا کر تور کهینچنا (مچهلی وغیرہ کی) - (۶) فر فر دهرانا ؛ فرائے بهرنا - (۷) (ٹڈے وغیرہ کا) کٹ کٹ کرنا ؛ چٹ چٹ کرنا -

off the r. : فی البدیہ ' بے تامل ؛ فر فر -

Reel, *v. i. & n.* : (۱) چکرانا ؛ گهومنا ؛ (آنکهوں یا دماغ کا) گهمیر میں هونا - (۲) لرزنا ؛ لڑ کهڑا نا ؛ ڈگمگانا ؛ جهومنا ؛ جهکولے کها نا ؛ جهٹکے پانا ؛ بے قابو هونا ؛ افتاں و خیزاں هونا ؛ گر گر پڑنا ؛ چکر آجانا (صدمے سے) - (۳) هلتا نظر آنا ؛ چکر کهاتا دکهائی دینا - (۴) گهمیر ؛ ڈگمگا هٹ ؛ لغزش ؛ گردش ؛ دور ؛ چکر وغیرہ -

reelingly, *adv.* : گرتے پڑتے ؛ چکراتے یا لڑ کهڑاتے هوے -

Reel, *n. & v. i.* : (۱) رقص دوری ؛ پهاڑی ناچ ؛ کهروا ؛ (تیز خصوصاً) اسکاچی ناچ - (۲) کهروا ناچنا ؛ رقص دوری کرنا -

Re-elect, *v. t. & i.* : (ایک هی شخص کو) ایک هی عہدہ یا دوسرے عہدہ کے لئے منتخب کرنا ؛ کسی عہدہ کے لئے پہلے یا نئے امید وار کا انتخاب هونا -

Re-embark, *v. t. & i.* : دوبارہ جهاز پر سوار هونا یا کرنا ؛ دوبارہ لنگر اٹهانا -

Re-emerge, *v. t.* : پهر برآمد هونا ' ظہور میں آنا ' نجات پانا -

Reen, *n.* : دیکهو Rhine -

Re-enable, *v. t.* : پهر قابل بنانا ؛ دوبارہ کرنے کی قابلیت یا ذرایع بہم پهنچانا -

Re-enact, *v. t.* : دوبارہ حکم جاری کرنا ؛ قانون وضع کرنا ؛ پهر ایکٹ کرنا ؛ کهیل دکهانا -

Re-engine دو بارہ انجن لگانا -

Re-entrant, *a. & n.* : زاویۂ معکوس جس کا رخ اندر کی طرف هو ؛ (خصوصاً قلعے کی فصیل میں) الٹا آٹهہ (۷) -

Reeve, *n.* : (۱) (تاریخ) عامل ؛ قصبے یا ضلع کا صدر ؛ فوجدار (مجسٹریٹ) - (۲) (کنا ڈا) چودهری ؛ گاوں یا قصبے کا میر بلد -

Reeve, ree, *n.* : Ruff کا مونث -

Reeve, *v.t.* : (۱) (بهری) رسی ڈالنا ' اٹکانا یا پرونا ؛ سیدهنا (جهازکے سوراخ یاکنڈے میں) - (۲) (جهاز کا) چیرتے چلنا ؛ چیرنا (ریتی وغیرہ کو) -

Refection, *n* : (۱) تنقل - (۲) ناشتہ ؛ هلکا کهانا ؛ نقل -

Refectory, *n.* : (خانقاهوں وغیرہ میں) طعام خانہ ؛ رسوئی -

Refer, *v. t. & i.* : (۱) محول کرنا ؛ منسوب کرنا ؛ مختص کرنا (دن یا مقام سے) - (۲) حوالے کرنا ؛ سپرد کرنا ؛ رائے پر چهوڑنا (معاملے کا فیصلہ) ؛ فیصلے کے لئے بهیجنا ؛ (مقدمہ) تفویض کرنا - (۳) سند ڈهونڈهنا ؛ استناد یا استمداد کرنا ؛ مدد چاهنا ؛ حوالہ دینا ؛ رجوع کرنا ؛ (کسی شخص کو مدد کے لئے دوسرے کے پاس) بهیجنا ؛ جانے کی هدایت کرنا - (۴) (کسی کے قول وغیرہ کو) حوالے کے طور پر پیش کرنا - (۵) (بیان وغیرہ کا) (کسی چیز کے) متعلق هونا ؛ پابند هونا ؛ متعلق سمجهانا - (۶) اشارہ کرنا ؛ حوالہ دینا ؛ ذکر کرنا -

refer to drawer (abbr. *R. D.*) : بهنا نے والے کے پاس واپس یہ عبارت لکهکر بینک چک واپس کر دیتے هیں -

refer to watch for exact time : گهڑی دیکهنا صحیح وقت کے لئے -

referable, *a.* : منسوب هونے کے قابل ؛ انتساب پذیر ؛ قابل اختصاص -

Referee, *n. & v. i.* : (۱) حکم؛ پنچ ؛ (خصوصاً فٹ بال کے کھیل میں) ریفری - (۲) حکم بننا ؛ ریفری بننا -

Reference, *n. & v. t.* : (۱) تحویل ؛ حوالگی ؛ تفویض ؛ سپردگی (معاملے کی حاکم مجاز کو) ؛ حدود تفویض ؛ حدود تحقیقات - (۲) مناسبت؛ نسبت ؛ تعلق - (۳) ایما ؛ اشارہ ؛ ذکر؛ مذکور - (۴) حوالہ (صفحۂ کتاب کا) - (۵) علامت حوالہ ؛ نشان حاشیہ ؛ فائدہ - (۶) استناد ؛ استشارہ ؛ مشورہ طلبی ؛ (دوسرے شخص سے استناد کرنے کی) ہدایت - (۷) مصدق ؛ ضامن - (۸) (سوقیانہ) صداقت نامہ ؛ سرٹیفکٹ - (۹) (کتاب میں) اسناد لکھنا ؛ حوالے درج کرنا

book of r. : کتاب حوالہ ؛ مسند ؛ کتاب الاستناد -

cross r. : (ایک ہی کتاب کی) دوسری عبارت کا حوالہ؛ اندرونی حوالہ-

legislation by r. : مسودۂ قانون بالحوالہ ، جس میں صرف دوسرے قوانین کے حوالے مذکور ہوں ان کی عبارت نقل نہ کی جائے-

r. bible : کتاب مقدس مسند، جس میں حوالے یا متعلقہ آیات حواشی میں تحریر ہوں ؛ کتاب مقدس محشی بالاسناد -

r. library : کتاب خانۂ حوالہ جات؛ مکتبۂ استناد، جہاں کی کتابیں مستعار نہ لی جائیں اور صرف استناد کے واسطے ہوں -

with r. to : متعلق ؛ بہ لحاظ -

without r. to : بلا لحاظ -

referential, *a.* : استشہادی ؛ حوالے کا ؛ استنادی -

Referendary, *n.* : (۱) (شاذ) پنچ ؛ ثالث ؛ حکم - (۲) مشیر عدالت ؛ مددگار تحقیقات - (۳) رپورٹ کرنے والا ؛ تنقیح کنندہ -

Referendum, *n.* : استشارۂ جمہور ؛ شورائے عام ؛ کسی خاص مسئلے میں کل رائے دہندوں سے بلا واسطہ فیصلہ چاہنا -

Refill, *v. t. & n.* : (۱) پھر بھرنا ؛ باز پری کرنا - (۲) جو دوبارہ بھرے یا بھرا جائے ؛ باز پری ؛ مکرر بھرائی -

Refine, *v. t. & i.* : (۱) صاف ہونا یا کرنا ؛ نتھرنا ؛ نتھارنا ؛ خالص بنانا - (۲) سنوارنا ؛ شائستہ بنانا ؛ مانجھنا ؛ نستعلیق بنانا ؛ نفاست پسندی ، لطافت ، نزاکت پیدا کرنا یا پیدا ہونا - (۳) سنور جانا ؛ مہذب ہوجانا ؛ منجھ جانا ؛ شائستہ ہونا - (۴) موشگافی کرنا ؛ بات نکالنا ؛ باریکی نکالنا ؛ دقیقہ رسی سے کام لینا؛ باریک پہلوؤں پر بحث کرنا ؛ دقت نظر سے بحث کرنا (کسی مسئلے پر) - (۵) ترقی دینا؛ مصفا کر دینا؛ جلا دینا؛ مانجھ دینا -

refinedly, *adv* : نفاست سے ؛ لطافت سے وغیرہ -

Refinement, *n.* : (۱) پاکیزگی ؛ تہذیب ؛ صفائی؛ شستگی - (۲) نفاست ؛ لطافت (ذوق کی)؛ شائستگی؛ آداب دانی ؛ تمیز- (۳) باریکی ؛ نازکی ؛ (خیال وغیرہ کی) نزاکت ؛ پیچیدگی ؛ دقت پسندی ؛ دقیقہ رسی ؛ موشگافی - (۴) دقیق بحث ؛ موشگافی ؛ باریک فرق ؛ نازک فرق -

Refiner, *n.* : منکورہ الفاظ کا فاعل؛ خصوصاً دھات، شکر وغیرہ کا صاف کرنے والا ؛ صاف ساز ؛ صیقل گر

refinery, *n.* : کار خانۂ صاف سازی ؛ کار خانۂ صیقل گری -

Refit, *v. t. & i. & n.* : (۱) پھر ٹھیک کرنا ، بٹھانا ، جمانا ؛ دوبارہ بہم کرنا ؛ (جہاز وغیرہ کو) دوبارہ درست کرنا ؛ (اس کے لئے اسباب وغیرہ) مہیا کرنا - (۲) پھر ٹھیک ہونا یا کیا جانا ؛ پھر درست ہونا یا کیا جانا ؛ (جہاز وغیرہ کا) پھر (اسباب وغیرہ سے) مہیا کیا جانا - (۳) باز درستی ؛ باز فراہمی

Reflect, *v. t. & i.* : (۱) (شاذ) موڑنا ؛ تہ کرنا (سطح یا جسم کو) - (۲) پھینکنا ؛ اچٹانا ؛ ڈالنا ؛ منعکس کرنا - (۳) عکس ڈالنا؛ انعکاس کرنا ؛ پرچھائیں دکھانا ؛ مظہر ہونا ؛ مرقع ہونا ؛ ہو بہو تصویر ہونا (مثلاً *laws r. the average moral attitudue of a half century earlier*) - (۴) باعث ہونا (نیک نامی یا بد نامی کا) ؛ موجب ہونا (فخر یا ذلت کا) - (۵) بد نام کردینا ؛ رسوا کردینا - (۶) غور کرنا ؛ تامل کرنا ؛ تفکر کرنا ؛ سوچنا - (۷) سمجھنا ؛ خیال کرنا ؛ سوچنا (کہ......) - (۷) الزام لگانا ؛ طعن کرنا ؛ چوٹ کرنا -

shine with reectfled light : (مانگے کی) روشنی سے چمکنا -

reflectingly, *adv.* : سوچتے ہوئے؛ سربگریبان؛ تامل کناں؛ غورکناں-

Reflection,-exion, *n.* : (۱) عکس ؛ انعکاس - (۲) عکس؛ پرچھائیں؛ سایہ ؛ پر تو ؛ جوت؛ چھوٹ؛ (نور یا رنگ کی) منعکس حرارت- (۳) فعل اضطراری؛ فعل انعکاسی- (۴) الزام؛ طعن؛ چوٹ - (۵) باعث بد نامی؛ باعث رسوائی؛ ننگ - (۶) قوت فکریہ ؛ فکر - (۷) تخیل ؛ تصور ؛ خیال ؛ غور مکرر (on کے ساتھ) - (۸) قول ؛ نکتہ ؛ رائے (خصوصاً on اور upon کے ساتھ) -

angle of r. : زاویۂ انعکاسی -

reflectional, *a.* : منعکسہ ؛ عکسی ؛ فکری -

reflectionless, *a.* : لاعکس ؛ غیر منعکس -

Reflective, *a.* : (۱) عکس انداز ؛ پرتوفگن؛ انعکاسی - (۲) (شاذ) منعکسہ ؛ معکوس - (۳) (صرف نحو) معکوس (اب شاذ ہے) - (۴) متقابل ؛ باہمی ؛ جانبین کا ؛ دو طرفہ (فعل) - (۵) فاعل کی طرف لوٹنے والا ؛ راجعہ - (۶) (قوی) فکری ؛ تخیئیلی - (۷) سنجیدہ ؛ غور و فکر کا عادی ؛ تفکر پسند ؛ مفکرانہ -

reflectively, *adv.* : مفکرانہ انداز سے؛ سنجیدگی سے -

reflectiveness, *n.* : سنجیدگی ؛ تفکر پسندی -

Reflector, *n.* : (۱) عکس انداز؛ (خصوصاً) وہ آئینہ یا دھات کا مقعر جس کے ذریعے شعاع ڈالی جائے ؛ عاکسہ - (۲) پرتو نما ؛ صورت نما (آلہ یا دور بین جس میں یہ آلہ لگا ہو)؛ معکس - (۳) شخص یا کتاب جو خیال وغیرہ کا آئینہ ہو ؛ مظہر ؛ مرقع-

Reflet, *n.* : (فرانسیسی) چمک ؛ تابندگی ؛ رنگ تابی (خصوصاً مٹی کے برتنوں کی) -

Reflex, *n.* : (۱) پرتو ؛ جوت ؛ چھوٹ ؛ ضو ؛ تابش ؛ جھلک ؛ جلوہ ؛ شان - (۲) (تصویر) وہ حصہ جس میں کسی دوسرے حصے کا عکس پڑتا ہوا دکھایا جائے ؛ ظلیہ - (۳) عکس ؛ شبیہ؛ تصویر ؛ پرچھائیں ؛ تمثال - (۴) مظہر ؛ مرقع ؛ ہو بہو نقشہ؛ لازمی نتیجہ - (۵) عمل اضطراری ؛ فعل اضطراری یا انعکاسی -

Reflex, *a.* : (۱) (شاذ) بر گرداں ؛ دہرا موڑا ہوا ؛ باز خمیدہ - (۲) داخلی ؛ راجع الی النفس (خیال وغیرہ جس کا موضوع اپنا نفس یا اپنی ذات ہو) - (۳) التزامی ؛ رجعی (فعل کا اثر یا نتیجہ جو الٹ کر فاعل پر واقع ہو)- (۴) (عضویات) اضطراری؛ غیر شعوری (۵) (شاذ ، صرف و نحو) معکوس -

reflexly, *adv.* : داخلی ، رجعی یا اضطراری طور پر -

Reflexed, *a.* : (نباتیات) پس گرداں ؛ پس خمیدہ ؛ کوز -

Reflexible, *a.* : انعکاسی ؛ انعکاس پذیر ؛ منعکس ؛ عکس انداز -

reflexibility, *n* : عکس اندازی ، انعکاسیت -

Reflexion : دیکھو Reflection -

Reflexive, *a.* & *n.* : (۱) (صرف و نحو) معکوس ؛ راجع الی الفاعل - (۲) فعل ' ضمیر معکوس یا راجع الی الفاعل -

Refloat, *v. t.* & *i.* : (۱) دوبارہ بہانا ؛ (کسی چیز کے غرق وغیرہ ہونے کے بعد) دوبارہ ترانا ' بہانا - (۲) دوبارہ یاپھر بہنا یاتیرنا -

Refluent, *a.* : الٹا بہتا ' اترتا (پانی) ؛ جزری ؛ باز رو (بہاؤ) -

refluence, *n.* : الٹا بہاؤ ؛ اتار ؛ باز روی -

Reflux, *n.* : بہا تا ؛ جزر ؛ اترنا -

Refoot, *v. t.* : نیا تلا لگانا (موزے میں) -

Reforest, *v. t.* : پھر سے جنگل بنا دینا -

reforestation, *n.* : پھر سے جنگل بنانا یا بنایا جانا -

Reform, *v. t.* & *i.* : (۱) اصلاح کرنا یا ہونا ؛ درستی کرنا یا ہونا؛ سدھارنا ؛ سدھنا ؛ سنوارنا یا سنورنا ؛ تہذیب کرنا یا ہونا - (۳) دور کرنا ؛ علاج کرنا (خرابیوں کا) -

reformable, *a.* : اصلاح پذیر ؛ قابل علاج -

Reform, *n.* : اصلاحات(سیاسی)؛اصلاح؛درستی؛بہتری؛ تہذیب؛ ترقی-

R. Bill, Act وہ ایکٹ جس کی رو سے انتخاب پارلیمنٹ میں ترمیم کی گئی - (۱۸۳۱-۳۲) -

R. *Club*: انگلستان کی لبرل پارٹی کا سابقہ مرکز -

Re-form, *v.t.* & *i.* : پھر جوڑنا؛ پھر مرتب یا متشکل کرنا یا ہونا -

re-formation, *n.* : از سر نو تشکیل ؛ تجدید -

Reformation, *n.* : (۱)اصلاح؛تجدد(خصوصاً سیاسیات'مذہب وغیرہ میں)-

the R.: اصلاح دین (مسیحیت)؛ تجدید مسیحیت جو سولھویں صدی عیسوی میں ہوئی اور جس سے فرقہ پروٹسٹنٹ کی بنا پڑی -

reformational, *a.* : اصلاحی؛ تجدیدی -

Reformative, *a.* : تجدیدی؛ اصلاحی -

Reformatory, *a* & *n.* : (۱) اصلاحی؛ تجدیدی- (۲) تادیب خانہ؛ بچوں کا اصلاحی جیل -

Reformer, *n.* : مصلح؛ خصوصاً سولھویں صدی کا مجدد عیسویت؛ حامی اصلاح ؛ سیاسی اصلاحات کا موید -

Refract, *v.t.* : (۱) منعطف کرنا (روشنی کا) - (۲) (کیمیا) تحلیل کر کے کثافت کی فیصدی نسبت معلوم کرنا -

refracting telescope : مرکز کش دوربین -

refraction, *n.* : انعطاف ؛ انکسار ؛ تکسیر -

refractional, refractive, *aa.* : منعطف؛ انعطافی ؛ تکسیری؛

Refractor, *n.* : (شیشہ) شعاع کش ؛ عدسیہ؛ مکسر (شے) -

Refractory, *a.* : (۱) سر کش ؛ متمرد ؛ منحرف؛ باغی ؛ بےقابو - (۲) عسیرالعلاج(بیماری'زخم وغیرہ)؛دیر طلب-(۳)کڑا؛سخت؛دیرگسل-

refractorily, *adv.* : متمردانہ ؛ کڑے پن سے-

refractoriness, *n.* : سرکشی ؛ تمرد ؛ کڑاپن؛ عسیرالعلاجی -

Refrain, *n.* : ٹیپ ؛ ترجیع (جو ہر بند کے اخیر میں آئے) -

Refrain, *v. t.* & *i.* : (۱) (قدیم) روکنا ؛ ضبط کرنا ؛ پی جانا -(۲) بازرہنا؛ پرہیز کرنا؛ احتراز کرنا؛ ترک کرنا؛ نہ کرنا (کوئی کام) -

Refrangible, *a.* : انعطاف پذیر -

refrangibility, *n.* : انعطاف پذیری -

Refresh, *v. t.* & *i.* : (۱) (شاذ) پھر ٹھنڈا کرنا ' ٹھنڈک پہنچانا - (۲) تازہ دم کرنا؛ بحال کرنا؛ جان میں جان آنا ؛ فرحت بخشنا ؛ باعث تفریح ہونا - (۳) (حافظے کو) تازہ کرنا ؛ یاد دلانا (کوئی بات) - (۴) آگ میں اور ایندھن ڈالنا ؛ (بحال کر بیٹری میں) تازہ قوت بھرنا ؛ تازہ کرنا ؛ تیز کرنا - (۵) نقل کرنا خصوصاً کوئی چیز پینا -

refreshing innocence: : دلکش بھولا پن -

refreshingly, *adv.* : تازگی سے ؛ تازہ دم بنا کر-

Refresher, *n.* : (۱) تازہ دم کرنے والا وغیرہ - (۲) (طویل مقدمات میں وکیل کا) زائد معاوضہ؛ منہ بھرائی - (۳) (روز مرہ) جام شراب ؛ کوئی پینے کی چیز ؛ شربت وغیرہ -

Refreshment, *n.* : (۱) تازگی ؛ تازہ دمی؛ فرحت بخشی؛ تفریح - (۲) (خصوصاً جمع میں) فواکہ ؛ نقل ؛ ناشتہ -

r. room : (ریلوں وغیرہ پر) ناشتہ خانہ -

R. Sunday : وسطی یکشنبہ ؛ یوحنا کا اتوار ؛ مسیحی چلے میں چوتھا اتوار جس میں یوحنانبی کی انجیل تلاوت کی جاتی ہے -

Refrigerate, *v.t.* & *i.* : ٹھنڈک پہنچانا ؛ ٹھنڈا کرنا ؛ خنک کرنا ؛ تبرید کرنا ؛ جمانا -

refrigerant, *a.* & *n.* : مبرد ؛ ٹھنڈائی -

refrigeration, *n.* : تبرید ؛ خنک سازی -

refrigerator, *n.* : (آلہ) برادہ ؛ خنک ساز -

Refrigeratory, *n.* & *a.* : (۱) ظرف تبرید؛ انجماد خانہ - (۲) (ظرف) مبردہ ؛ مبرد ؛ تبریدی -

Reft : دیکھو Reave -

Refuge, *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) جاے پناہ؛ ملجا ؛ ماویٰ؛ مامن؛ ٹھکانا- (۲) سڑک کے وسط میں رہ گیروں کے بھیڑ سے بچنے کے لئے اونچی جگہ ؛ ٹھیک ؛ موقف - (۳) (شاذ) پناہ دینا -

house of r. : بے گھروں کا ٹھکانا -

Refugee, *n.* : مذہبی یا سیاسی تشدد کی وجہ سے غیر ملک میں پناہ لینے والا ؛ مہاجر -

Refulgent, *a.* : روشن ؛ درخشاں ؛ تاباں ؛ منور ؛ پر نور -

refulgence, *n.* : تابانی ؛ درخشانی -

refulgently, *adv.* : درخشانی سے -

Refund, *v. t.* & *i.* & *n.* : (۱) (روپیہ) واپس دینا ؛ باز ادائی کرنا - (۲) ادا کرنا ؛ بے باق کرنا (خرچ کی ہوئی رقم) -

refundment, *n.* : باز ادائی؛ واپسی (رقم کی) -

Refurbish, *v. t.* : پھرجلا دینا؛ دوبارہ زنگ دور کرنا؛ پھرچمکانا -

Refurnish, *v. t.* & *i* : پھر مہیا کرنا یا ہونا ؛ نیا ساز و سامان جمانا ؛ نئے ساز و سامان سے آراستہ کرنا یا ہونا -

Refusal, *n.* : (۱) انکار ؛ نامنظوری ؛ صاف جواب - (۲) پسند نا پسند (کرنے) کا حق ؛ موقع انتخاب (مثلاً -(*give* person *the r. of*

Refuse, *v. t.* & *i.* : (۱) انکار کرنا ؛ جواب دے دینا ؛ نامنظور کرنا ؛ ردکردینا ؛ قبول نہ کرنا - (۲) (تاش کے کھیل میں اپنے ساتھی کا چلا ہوا) رنگ نہ چلنا -

refuser, *n.* : انکاری ؛ نہ ماننے والا -

refusable, *a.* : جس میں پسند نا پسند کرنے کا حق ہو؛ نامنظوری کے قابل-

Refuse, *a.* & *n.* : پھوک ؛ فضلہ ؛ ناکارہ (چیز) ؛ ردی -

Refuse, *v. t.* : (۱) دوبارہ پگھلانا - (۲) دوبارہ مخلوط کرنا -

Refute, *v. t.* : رد کرنا؛ جھٹلانا؛ تردید؛ تغلیط؛ ابطال کرنا؛ غلط ٹھیرانا؛

refutable, *a.* : ابطال پذیر ؛ قابل تردید -

refutal; refutation, *nn.* : رد ؛ ابطال ؛ تردید -

Regain, *v. t.* : (۱) پھر پانا ؛ پھر حاصل کرنا ؛ (ہوش و حواس) بحال ہوجانا' تندرست ہوجانا (طبیعت)- (۲) پھر پہنچ جانا؛ پھر لے لینا

(منزل وغیرہ کو) - (۳) پھر پالینا (زمین کو پاروں سے)؛ پھر سنبھل جا نا -

Regal, *a.*: شاہانہ؛ ملوکانہ؛ خسروی؛ شاہی (حکومت، شان وغیرہ)-

regally, *adv.*: تزک و احتشام سے؛ شاہانہ؛ ملوکانہ -

Regale, *n.*: (۱) پر تکلف دعوت؛ نفیس غذا - (۲) روحانی ضیافت؛ غذاے روح - (۳) (شاذ) تر مال؛ لذیذ کھانا؛ نعمتی؛ نفیس غذا - (۴) خوشبو دار ذائقہ؛ چاشنی؛ خوشبو -

viands of higher r.: (شاذ) خوش ذائقہ اور خوشبودار کھانے -

Regale, *v. t. & i.*: (۱) (اکثر طنزاً) ضیافت کرنا؛ مہمانی کرنا؛ مدارات کرنا (کھانے کی) یا محظوظ کرنا (باتوں سے) - (۲) (حسن، پھول وغیرہ کے متعلق) مسرت بخشنا؛ جی خوش کرنا؛ سرور بخشنا؛ فرحت بخشنا - (۳) نعمتیں کھانا؛ تر مال اڑانا؛ مزے اڑانا (دعوت کے) -

regalement, *n.*: ضیافت؛ مدارات -

Regalia, *n.* pl.: (۱) (شاذ) شاہی اختیارات؛ شاہی حقوق خصوصی؛ حقوق خسروی - (۲) ماہی مراتب؛ لوازم جشن تاج پوشی؛ ساز و سامان شاہی وغیرہ - (۳) (کسی فرقے خاص کو نوی میسنوں کا) نشان؛ لوازم -

Regalia, *n.*: عمدہ قسم کا بڑا سگار؛ نفیس قسم کا بڑا چروٹ -

Regalism, *n.*: یہ عقیدہ کہ بادشاہ دینی معاملات میں واجب الاطاعت ہے؛ عقیدۂ اولوالامر -

Regality, *n.*: (۱) وصف یا لازمۂ شاہی؛ سلطانی؛ ملوکیت؛ شاہی - (۲) (شاذ) بادشاہت؛ سلطنت؛ مملکت - (۳) شاہی حق خصوصی؛ حق خسروی -

Regard, *v. t. & i.*: (۱) گھورنا؛ تکنا؛ دیکھنا (عموماً with کے ساتھ مثلاً *r. with curiosity*) - (۲) پروا کرنا؛ لحاظ کرنا؛ ملحوظ کرنا؛ دھیان میں لانا (خصوصاً منفی جملوں میں جیسے *he fears not God nor regards man*) - (۳) کرنا (عزت، قدر وغیرہ)؛ رکھنا (محبت، نفرت وغیرہ)؛ (عزت وغیرہ کی) نظر سے دیکھنا - (۴) سمجھنا؛ محسوب کرنا؛ شمار کرنا (عموماً as کے ساتھ، اکثر *in the light of*, *under an aspect, &c.* کے ساتھ؛ عامیانہ محاورے میں بغیر as کے بھی آتا ہے) - (۵) متعلق ہونا؛ تعلق رکھنا؛ واسطہ ہونا -

regarding, as regards: متعلق؛ بابت؛ در باب (کسی شے وغیرہ) -

Regard, *n.*: (۱) تکنا؛ جمی ہوئی یا غور کی نظر؛ معنی خیز نظر - (۲) باب؛ خصوص - (۳) دھیان؛ توجہ؛ غور - (۴) لحاظ؛ خیال؛ تعلق خاطر؛ محبت؛ عزت؛ ادب - (۵) (جمع) آداب؛ تسلیمات -

got up r.: بڑے قیمتی کپڑے پہنے -

in r., with r.: بہ لحاظ -

in this r.: اس باب میں -

regardful, *a.*: لحاظ رکھنے والا یا رکھتے ہوے -

regardfully, *adv.*: (شاذ) لحاظ رکھتے ہوے -

regardfulness, *n.*: (شاذ) لحاظ رکھنا -

regardless, *a. & adv.*: (عامیانہ) بلا لحاظ؛ بلا لحاظ مصارف؛ شاہ خرچی سے -

regardlessly, *adv.*: بلا لحاظ -

regardlessness, *n.*: بے پروائی؛ بے توجہی؛ لحاظ نہ رکھنا -

Regardant, *a.*: (۱) (نقابت) پس نگراں؛ پیچھے کو دیکھتا ہوا - (۲) (نگاہ) غائر؛ غور کی؛ جمی ہوئی؛ ٹکٹکی -

Regatta, *n.*: کشتی درز؛ سفینہ بانی؛ کشتی دوانی؛ نا و درزانی؛ نار درز -

از سر نو منجمد ہونا؛ دوبارہ جم جانا (برف کے ٹکڑوں کا پگھل کے جم جانا یا تھپا بن جانا) -

Regelate, *v. i.*:

regelation, *n.*: انجماد -

Regency, *n.*: (۱) (شاذ) حکومت؛ اقتدار؛ فرماں روائی - (۲) ولایت بادشاہ؛ قائم مقامی بادشاہ - (۳) مجلس اولیاے بادشاہ -

the R.: تاریخ انگلستان میں عہد ولایت سنہ ۱۸۱۰ع تا ۱۸۲۰ع -

Regenerate, *v. t. & i.*: (۱) (روحانی اعتبار سے) نیا جنم دینا یا لینا؛ پر تو روحانی زندگی بخشنا یا پانا؛ ہدایت بخشنا یا پانا - (۲) اخلاق کی اصلاح کرنا؛ پستی سے ابھارنا - (۳) پھر پیدا کرنا یا پیدا ہونا؛ تازہ وجود بخشنا؛ احیا کرنا یا ہونا؛ جان ڈالنا یا جان پڑنا - (۴) اپنی اصلاح کرنا؛ پستی سے ابھرنا -

regenerate, *a.*: ہدایت یافتہ؛ اصلاح یافتہ -

regeneration, *n.*: نیا جنم؛ نئی زندگی؛ نشاۃ ثانیہ؛ اصلاح؛ ہدایت؛ اصلاح یابی؛ ہدایت یابی -

regenerative, *a.*: روح افزا؛ جاں پرور؛ اصلاحی؛ ہادیانہ؛ مصلحانہ -

Regenerator, *n.*: اینٹوں کی تہہ جسے بھٹی کے دیر تک گرم رکھنے لئے بنا لیتے ہیں؛ ایلک بھٹی -

Regenesis, *n.*: نو آفرینش؛ تازہ آفریدگی؛ نوزائی -

Regent, *n. & a.*: (۱) (شاذ) حاکم؛ آمر؛ حکمراں؛ فرماں روا - (۲) قائم مقام بادشاہ؛ ولی بادشاہ -

Queen, Prince, &c., r.: قائم مقام بادشاہ یا قائم مقام ملکہ -

Regerminate, *v. i.*: پھر پھوٹنا؛ پھر اُگ آنا -

Regicide, *n.*: (۱) شاہ کش؛ قاتل شاہ یا شریک قتل بادشاہ - (۲) شاہ کشی؛ قتل بادشاہ -

the rr.: قاتلین چارلس اول -

regicidal, *a.*: شاہ کشی کا؛ شاہ کش -

Regie, *n.*: ر. (حکومت کی) اجارہ داری؛ سرکاری اجارہ؛ کنٹرول سرکاری (تمباکو، نمک وغیرہ کا) -

Regild, *v. t.*: (سونے کی) دوسری تہہ چڑھانا؛ نیا ورق چڑھانا؛ دوبارہ ملمع کرنا

Regime, *n.*: اصول حکومت؛ نظام حکومت؛ نظام؛ عہد؛ دور؛ دور دورہ -

ancien regime: فرانس کا نظام حکومت انقلاب سے پہلے -

Regimen, *n.*: (۱) (شاذ) اصول حکومت؛ نظام حکومت؛ نظام - (۲) (طب) پابندی؛ باقاعدگی (غذا وغیرہ کی) - (۳) (صرف و نحو) علاقۂ نحوی (الفاظ میں باہم) -

Regiment, *n. & v. t.*: (۱) (شاذ) اقتدار؛ نظم و نسق؛ حکومت؛ فرماں روائی - (۲) رجمنٹ (فوج کا مستقل حصہ جس میں عموماً دو پلٹنیں یا رسالے اور کئی جوق ہوتے ہیں اور کرنیل یا کمیدان ان کی قیادت کرتا ہے)؛ عسکر؛ دستہ؛ (اکثر جمع میں) پرا؛ لشکر؛ جیش؛ عساکر؛ فوج کی فوج - (۳) رجمنٹیں یا رجمنٹ بنانا؛ جمعیت بندی کرنا؛ (فوج کی) ٹکڑیاں بنانا؛ ٹولیاں تیار کرنا؛ گروہ بندی کرنا (مزدوروں وغیرہ کی)-

regimentation, *n.*: رجمنٹ بنانا؛ جمعیت بندی؛ فوج آرائی؛ گروہ بندی؛ گروہ آرائی -

Regimental, *a. & n.*: (۱) رجمنٹی؛ فوجی؛ رجمنٹ کا - (۲) (جمع) فوجی لباس؛ وردی (رجمنٹ کی) -

regimentally, *adv.*: رجمنٹ کی صورت سے؛ رجمنٹ کے لحاظ سے -

Regina, *n.* (abbr. R.): فرماں روا ملکہ؛ ملکۂ وقت

(دستخطوں یا دستاویزوں میں اکثر مخفف R لکھا جاتا ھے) -

Reginal, *a.* : (شاذ) شایان ملکہ ؛ ملکہ پسند -

Region, *n.* : (۱) خطہ؛ اقلیم؛ سر زمین؛ منطقہ؛ طبقہ - (۲) (اکثر جمع میں) عالم ؛ دنیا - (۳) (پانی یا ہوا کے) اونچائی، زیرین یا وسطی) طبقات ؛ منطقات - (۴) (عضو کے قریب کا حصہ) حوالی ؛ جوار (مثلاً *abdominal r.*) -

lower rr. : عالم سفلی ؛ دوزخ -

upper rr. : عالم علوی ؛ جنت ؛ سماوات -

regional, *a.* : خطے کا ؛ اقلیمی ؛ حوالی کا -

Register, *n.* : (۱) رجسٹر ؛ دفتر ؛ سجل ؛ کتاب ؛ کتابچہ ؛ بہی ؛ چٹھا ؛ فرد جس میں یاد داشت کے لئے حساب کتاب کی تفصیل درج کی جاے - (۲) موت ' ولادت وغیرہ کی سرکاری فہرست ؛ فرد؛ سیاھہ - (۳) (ارگن باجے کا) آگے پیچھے ھٹنے والا پرزہ جو پردوں کے ایک مجموعے کی ترتیب کرتا ھے - (۴) (موسیقی) (راگ کا) ٹیپ ؛ ٹیپ ؛ آھنگ - (۵) (چڑھنے اترنے والا) پٹ ؛ ڈھکن ؛ دریچہ ؛ جھلملی (جس سے ھوا کی آمد و رفت کم و بیش کرسکیں خصوصاً آتش دان کی) - (۶) (رفتار یا قوت دکھانے والا آلہ) مقیاس ؛ پیمانہ - (۷) (طباعت) جدول ؛ مسطر کی برابری (ورق کے دونوں صفحوں کی) - (۸) (عکسی تصویر میں) پردہ ما سکہ (focussing screen) اور لوح تصویر (plate) ی کا ایک دوسرے سے صحیح تقابل ؛ تطبیق ؛ برابری -

in r. : برابر مسطر کی (دونوں صفحوں پر) -

r. office : دفتر ؛ محافظ خانہ ؛ دفتر رجسٹرار -

Register, *v. t. & i.* : (۱) درج کرنا ؛ قلمبند کرنا؛ اندراج کرنا ؛ داخلہ لکھنا ؛ چڑھا لینا (فرد ' فہرست وغیرہ میں)؛ (استعارتاً) یاد رکھنا ؛ ذھن نشین کرنا ؛ ٹانک لینا (حافظے میں) - (۲) داخلہ کرنا یا لکھوانا ؛ رجسٹری کرنا (خط وغیرہ کی مزید حفاظت کے لئے)؛ رجسٹر میں نام لکھوانا ؛ درج فہرست کرادینا - (۳) (آلات کا رفتار وغیرہ) دکھانا؛ مندرج کرنا؛ اندازہ بتانا؛شمار بتانا - (۴) (طباعت) (ورق کے دونوں صفحوں کے) مسطر کا برابر ھونا یا کرنا -

registrable, *a.* : درج پذیر؛ قابل داخلہ؛ قابل رجسٹری؛ اندراج طلب -

registration, *n.* : اندراج ؛ داخلہ ؛ تسجیل ؛ رجسٹری -

Registrar, *n.* : مسجل ؛ رجسٹرار ؛ محافظ دفتر ؛ فہرست نویس -

registrarship, *n.* : عہدۂ مسجل؛ رجسٹراری؛ محافظ دفتری -

Registrary, *n.* : جامعۂ کیمبرج کا مسجل -

Registry, *n.* : (۱) تسجیل ؛ داخلہ ؛ اندراج ؛ رجسٹری - (۲) محافظ خانہ ؛ دفتر اندراجات؛ مسجل یا رجسٹرار کا دفتر - (۳) (شاذ) رجسٹر ؛ کتاب اندراجات -

married at a r. or *r. office* or *register office* : عقد قانونی؛ شادی بلا رسوم مذھبی کے؛ از دواج دفتری -

servant's r. office : دفتر ملازم رسانی؛ دفتر سربراھی خدمتگاراں -

Regius, *a. R. professor of Greek &c.* شاھی استاد جامعہ (اکسفورڈ یا کیمبرج کے مختلف مضامین کے صدر پروفیسر جن کے منصب ھنری ھشتم کے قائم کئے تھے یا دوسرے مساوی حیثیت کے پروفیسر) -

Regnal, *a.* : جلوسی ؛ جلوس کا -

r. day : سالگرہ؛ تخت نشینی ؛ جشن جلوس -

r. year : سنہ جلوس -

Regnant, *a.* : (۱) فرماں روا ؛ حکمراں ؛ سریر آرا - (۲) مروج ؛ مقبول عام ؛ پھیلے ھوے (عقائد' خیالات) -

Queen R. : ملکہ فرماں روا (جو خود وارث تخت ھو محض فرماں روا کی بیوی نہ ھو) -

Regorge, *v. t. & i.* : (۱) اگلنا یا باھر ڈالنا ؛ قے کردینا - (۲) ابلنا ؛ امڈنا ؛ نکل پڑنا (پانی ' چشمے وغیرہ کا) - (۳) پھر کھا جانا ؛ نگل جانا ؛ دوبارہ ھڑپ کرلینا -

Regrate, *v. t.* : (تاریخ) ذخیرہ کرنا ؛ گھٹا بھرنا ؛ غلہ بھرلینا (کوئی جنس خصوصاً خوردنی اشیاء کو خرید کر جمع کرنا کہ فائدے سے بطریق خوردہ فروش بیچی جاے ' زمانہ سابق میں اس طریقے کی قانوناً ممانعت کردی گئی تھی) -

regrater, regrator, *nn.* : لوٹھیالی؛ غلہ یا جنس بھرنے والا -

Regress, *n.* : واپسی ؛ باز گشت ؛ مراجعت ؛ رجعت قہقری -

Regress, *v. i.* : (خصوصاً ہیئت میں) مراجعت کرنا ؛ رجعت قہقری کرنا ؛ واپس چلنا ؛ پھر جانا ؛ پلٹنا -

Regression, *n.* : (۱) رجعت ؛ مراجعت ؛ واپسی (۲) موڑ (جو آگے چل کے شروع حصے کی طرف مڑ جاے) ؛ باز خمیدگی ؛ دھرا خم - (۳) رجوع (اگلی حالت کی طرف)؛ رجعت (پستی کی طرف)؛ ترقی کے بعد تنزل -

regressive, *a.* : راجع؛ باز گرداں؛رجعت پسند؛ رجعت پسندانہ -

regressively, *adv.* : راجعانہ ؛ رجعت پسندی سے -

regressiveness, *n.* : راجعیت ؛ رجعت پسندی -

Regret, *v. t. & n.* : (۱) پچھتانا ؛ پشیمان ھونا ؛ افسوس کرنا ؛ تاسف کرنا (کسی نقصان کے ھوجانے پر) ؛ یاد کر کے رونا - (۲) غم کرنا ؛ ھاتھ ملنا ؛ رنجیدہ ھونا (کسی واقعے یا فعل پر) - (۳) اظہار افسوس کرنا ؛ ملال ھونا (کوئی کام نہ کر سکنے پر) - (۴) تاسف ؛ رنج ؛ ملال (نقصان پر) ؛ حسرت - (۵) پشیمانی ؛ پچھتاوا؛ خجالت ؛ ندامت (فعلی پر)- (۶) افسوس ؛ نا خوشی ؛ ناگواری ؛ گراں خاطری ؛ (خلاف امید واقعہ پر) دلگیری ؛ آزردگی -

regrettable, *a.* : قابل پشیمانی ؛ تاسف انگیز ؛ پر ملال -

regrettably, *adv.* : افسوسناک طور پر -

regretful, *a.* : متاسف ؛ ملول ؛ دلگیر -

regretfully, *adv.* : متاسفانہ ؛ افسوس کے ساتھ -

regretfulness, *n.* : افسوسناک ھونا ؛ تاسف انگیزی -

Regroup, *v. t.* : پھر سے گروہ بندی کرنا؛ نئے گروھوں میں ترتیب دینا -

Regulable, *a.* : بندوبست پذیر ؛ قابل تنظیم ؛ انضباط پذیر -

Regular, *a. & n.* : (۱) رھبانی ؛ خانقاھی (کلیساے روما کے راھبوں سے متعلق) - (۲) با اصول ؛ ھم آھنگ ؛ با ترتیب؛ متناسب ؛ ھموار ؛ معتدل ؛ خوش اسلوب ؛ متشاکل - (۳) پابندی سے ھونے والا ؛ وقت پر ھونے والا ؛ مقرر ؛ معین ؛ معمولی ؛ مطابق معمول ؛ باقاعدہ ؛ باضابطہ ؛ معتاد ؛ (سوقیانہ محاورے میں) با ضابطہ طریق پر ؛ معمولاً ؛ بلا ناغہ - (۴) رسمی؛ حسب قاعدہ؛ حسب آداب - (۵) (صرف و نحو) قیاسی؛ باقاعدہ (افعال یا اسما وغیرہ) - (۶) سچ مچ کا ؛ اصلی ؛باقاعدہ؛ باضابطہ؛مخصوص؛ معینہ ؛ مقررہ - (۷) (روز مرہ) کامل ؛ پکا (مثلاً *r. hero*, *rascal*) (عامیانہ محاورے میں متعلق فعل کے طور پر بھی مستعمل ھے) - (۸) پادری ؛ راھب؛ راھبوں کے کسی سلسلے کا رکن -

a r. life : باضابطہ ' با ترتیب ' با اصول زندگی -
cooks as a r. cook : باورچی کی طرح پکاتا ھے -
keep r. hours : ھر کام وقت کی پابندی سے کرنا -
r. angry : بالکل خفا ؛ سچ مچ کا خفا -
r. army : سپاہ باقاعدہ -
r. people : با اصول لوگ؛ وہ لوگ جو با اصول زندگی بسر کریں -
r. profession : مخصوص پیشہ -
r. soldier : باقاعدہ سپاھی ؛ سپاھی پیشہ -
the five r. solids : مجسمات خمسۂ متساوی الزوایا -
regularity, *n.* : باضابطگی ؛ باقاعدگی ؛ با اصولی ؛ باترتیبی ؛ ھمواری ؛ سڈول پن ؛ تناسب ؛ خوش اسلوبی ؛ پابندیٔ اوقات -
regularization, *n.* : با قاعدہ ' متناسب ' ھموار بنانا -
regularize, *v. t.* : باقاعدہ بنانا ؛ متناسب بنانا ؛ ھموار کرنا -
regularly, *adv.* : سڈول پن سے ؛ ترتیب سے ؛ قاعدے سے ؛ قرینے سے ؛ پابندی سے ؛ باضابطہ طور پر -

Regulate, *v. t.* : (۱) ضبط میں لانا ؛ منضبط کرنا ؛ قیود عائد کرنا ؛ پابندیاں عائد کرنا ؛ تحت قانون لانا ؛ باضابطہ کر دینا ؛ حد کے اندر لانا ؛ حسب ضرورت ترمیم کرنا ؛ تعدیل کرنا - (۲) (گھنٹے یا کل کو) ٹھیک کر دینا ؛ پرزے درست کرنا ؛ ٹھیک لگا دینا ؛ مرتب کر دینا ' باقاعدہ کر دینا -
regulative, *a.* : انضباطی ؛ تنظیمی ؛ ترتیبی ؛ تعدیلی -
regulator, *n.* : (۱) ضابط' منتظم وغیرہ - (۲) لنگر؛ معدل (وہ پرزہ جس سے کل کی رفتار یا ھوا وغیرہ حسب منشا کم و بیش کی جاسکے)-

Regulation, *n.* : (۱) باقاعدگی؛ تنظیم؛ ترتیب؛ تعدیل وغیرہ - (۲) ضابطہ؛ آئین؛ قاعدہ - (۳) (بہ طور صفت) آئینی؛ مطابق ضابطہ -
of r. size : مقررہ پیمانے کی -
r. mourning : مقررہ ایام سو گواری -
r. sword : مطابق ضابطہ تلوار -

Regulus, *n.* (pl. -li) : (۱) برج اسد کا سب سے چمکتا تارہ؛ قلب الاسد - (۲) (کیمیاء) پکی دھات؛ معدنیہ (جو گلانے صاف کرنے کے بعد کٹھالی میں رہ جائے) - (۳) کچا بھرت؛ کچ دھاتا (جو مختلف کچی دھاتوں کو گلانے سے اور بھی غیرخالص حالت میں تیار کیا جائے) - (۴) ایک سنہری کیس کی چڑیا ؛ سن مکھی -
reguline, *a.* : کچ دھاتی ؛ بھرت کی -

Regurgitate, *v. i. & t.* : (۱) (الٹا) بہ آنا ؛ تیز دھار میں واپس آنا ؛ فوارہ سا چھوٹنا - (۲) الٹ دینا ؛ اگل دینا ؛ فوارہ سا چھوڑنا -
regurgitation, *n.* : فوارہ سا چھوڑنا یا چھوٹنا -

Rehabilitate, *v. t.* : بحال کر دینا؛ (دوبارہ) سرفراز کرنا (عہدے پر)-
rehabilitation, *n.* : بحالی -

Rehandle, *v. t.* : پھر کام لینا ؛ دوبارہ اٹھانا بٹھانا ' ترتیب دینا -

Rehang, *v. t.* : پھر لٹکانا (خصوصاً تصاویر) ؛ باز آویزاں کرنا -

Rehash, *v. t. & n.* : (۱) پرانی ' فرسودہ چیزوں کو نئی شکل میں پیش کرنا ؛ خصوصاً قدیم ادبی مواد کو الٹ پھیر کرنا اور اس کو نئے نام کے ساتھ پیش کرنا - (۲) ایسی چیز -

Rehear, *v. t.* : پھر سننا ؛ سماعت مکرر کرنا ؛ نظر ثانی کرنا (مقدمہ کی) -
rehearing, *n.* : سماعت مکرر وغیرہ -

Rehearsal, *n.* : (۱) باز خوانی ؛ باز سرائی ؛ دھرانا ؛ اموختہ خوانی ؛ شمار ؛ فہرست بنانا ؛ تفصیل - (۲) (ناٹک وغیرہ کی) مشق ؛ تمرین؛ تیاری؛ آزمائشی نمائش؛ آزمائشی تماشا -
dress r. : باضابطہ آزمائشی تماشا -

Rehearse, *v. t.* : (۱) (اول سے آخر تک) دھرانا ؛ پڑھ جانا ؛ سنا دینا ؛ گن جانا ؛ فہرست سنا دینا ' تفصیل بیان کرنا - (۲) مشق کے طور پر کرنا ؛ پہلے سے کر کے دیکھنا (کوئی کام) ؛ آزمائشی نمائش کرنا؛ آزمائشی تماشا کرنا -

Rehouse, *v. t.* : دوبارہ گھر دلوانا ' مکان فراھم کرنا ؛ (کسی شخص کو) قدیم ' منہدم شدہ مکان کے بجائے نئے مکان میں ٹھیرانا -

Rehumanize, *v. t.* : پھر سے انسان بنانا ' انسانیت سکھانا -

Reichsrat (h), *n.* : ریشرات؛ قدیم آسٹریا ھنگری کی پارلیمنٹ -

Reichstag, *n.* : ریشتاغ ؛ سلطنت جرمانیہ کی پارلیمنٹ -

Reify, *v. t.* : تجسم کرنا ؛ مجسم بنانا ؛ مادی شکل دینا -
reification, *n.* : مجسم سازی ؛ تجسم -

Reign, *n.* : (۱) فرما نروائی ؛ حکومت ؛ پادشاھی ؛ عملداری ؛ تسلط - (۲) (شاذ) ملک؛ اقلیم؛ دائرہ ؛ میدان (کسی چیز کا) - (۳) عہد بادشاھی ؛ دور ؛ زمان حکومت -
R. of Terror : عہد ھیبت ؛ خونی حکومت [دور انقلاب فرانس کا وہ حصہ (مئی ۱۷۹۳ ع تا جولائی ۱۷۹۴) جو انقلابیوں کے جوش قتل و خون مطالقاں کے لئے مشہور ھے] -

Reign, *v. i.* : حکومت کرنا؛ حکمرانی کرنا؛ بادشاھی کرنا ؛ فرمانروائی کرنا؛ (مجازاً) سر تاج ھونا ؛ سب سے برتر ھونا - (۲) غالب ھونا؛ چھایا ھوا ھونا ؛ دور دورہ ھونا (جیسے *silence reigns*) -
reigning beauty : ملکۂ حسن؛ حسینۂ وقت؛ معشوقۂ روز گار -

Reignite, *v. t. & i.* : دوبارہ جلانا یا جلنا ؛ پھر شتابہ دکھانا ؛ باز سوزانی کرنا -

Reimburse, *v. t.* : ادا کرنا ؛ بیباق کرنا (علی الحساب خرچ کی ھوئی رقم ' جیب خرچ کی رقم وغیرہ) -
reimbursement, *n.* : ادائی؛ تلافی -

Reimport, *v. t. & n.* : (۱) پھر منگانا ؛ در آمد کرنا (بر آمد کئے ھوئے مال کی) ؛ باز در آمد کرنا - (۲) (عموماً جمع) دو بارہ منگایا ھوا یا در آمد کیا ھوا مال -

Reimpose, *v. t.* : پھر لگانا ' عاید کرنا (خصوصاً محصول وغیرہ جو ایک بار اٹھا دیا گیا ھو) -

Rein, *n. & v. t.* : (۱) باگ ؛ زمام ؛ عنان ؛ (مجازاً) عنان حکومت - (۲) باگ سے سنبھالنا ؛ (گھوڑے کو) باگ سے قابو میں رکھنا - (۳) (مجازاً) حکومت کرنا ؛ قابو میں رکھنا ؛ نظم و ضبط کرنا - (۴) باگ کھینچنا ؛ باگ سادھنا ؛ باگ روکنا ؛ (مجازاً) کسی کام سے باز رکھنا ؛ روکنا
draw r. : (۱) باگ کھینچنا ؛ گھوڑا روکنا - (۲) کام یا کوشش چھوڑ بیٹھنا ؛ ھاتھ روکنا (خرچ سے) -
give horse the rr., or r. : باگ چھوڑ دینا ؛ باگ ڈھیلی چھوڑنا ؛ گھوڑے کو چلنے دینا -
give rr. or r. to imagination : تخیل کو دوڑنے دینا ؛ خیال کو آزاد چھوڑ دینا -
reinless, *a.* : بے زمام ؛ بے مہار -

Reincarnate, *v. t. & a.* : (۱) دوبارہ مجسم ' تجسیم کرنا ؛

تجسد نو کرنا - (۲) جو دوبارہ مجسم یا تجسیم کیا گیا ہو ؛ جس نے نیا جسم حاصل کیا ہو -

reincarnation, *n.* : از سر نو تجسیم یا تجسد ؛ اوتار -

eindeer, *n.*: (منطقۂ باردۂ شمالی کا) ہرن ؛ شمالی ہرن -

einforce, *v. t. & n.*: (۱) کمک پہنچانا ؛ مدد لانا (فوجی) - (۲) تائید کرنا (دلائل سے) ؛ قوت پہنچانا (غذا وغیرہ سے)؛ اضافہ کرنا ؛ مضبوط کرنا - (۳) (شاذ) پھر نافذ کرنا ؛ پھر اجرا کرنا - (۴) (بندوق کی) چاپنی؛ دھن کے پاس کا بھاری حصہ- (۵) مزملا ؛ پٹی (کوئی چیز جو مضبوطی کے لئے لگائی جائے)-

reinforced concrete : کنکریٹ جس میں لوہے کی سلاخیں وغیرہ دبا دی جائیں ؛ آہن بستہ -

einforcement, *n.*: (۱) کمک‌رسانی؛ مضبوطی؛ تقویت - (۲) (اکثر جمع میں) کمک ؛ امدادی فوج - (۳) مدد ؛ باعث تقویت ؛ باعث استحکام -

eingratiate, *v. t.* : دوبارہ رسوخ پانا ؛ درخور حاصل کرنا

eink, *v. t.* : پھر روشنائی لگانا ؛ نئی سیاہی پھیرنا -

eins, *n.* pl. : (قدیم) گردے ؛ سرین ؛ پٹھا -

einsert, *v. t.* : از سر نو رو پیہ لگانا ؛ دوبارہ داخل کرنا ؛ باز داخلی کرنا ؛ دوبارہ لکھ لینا -

einstate, *v. t.*: (۱) بحال کرنا ؛ پھر عطا کرنا (عہدہ ، منصب ، خلعت وغیرہ) - (۲) تندرست کرنا ؛ درست یا ٹھیک کردینا -

reinstatement, *n.*: بحالی ؛ درستی ؛ صحت یابی -

einsure, *v. i. & t.* : پھر بیمہ کرانا ؛ بیمہ منتقل کرانا ؛ نو تامینی کرنا -

reinsurance, *n.* : نیا بیمہ کرانا ؛ انتقال بیمہ؛ نوتامینی -

einter, *v. t.* : دوبارہ داخل کرنا ؛ مکرر داخلہ کرنا -

einvest, *v. t.* : سرمایہ منتقل کرنا (کسی دوسرے کام میں) -

reinvestiture, *n.*: باز تنصیبی؛مکرر خلعت‌پوشانی؛بازپوشانی-

reinvestment, *n.* : نقل سرمایہ -

einvigorate, *v. t.* : پھر قوی کرنا ؛ مکرر طاقت دینا -

reinvigoration, *n.* : باز تقویت دہی -

is, *n.* pl. : پرتگالی زر حسابی ؛ راس (پرتگال میں $\frac{1}{5}$ اور برازیل میں $\frac{1}{20}$ آنہ) -

Issue, *v. t. & n.* : (۱) باز اجرائی کرنا (بل وغیرہ) ؛ مکرر نافذ؛ شایع کرنا (کتاب، مضمون وغیرہ) - (۲) مکرر جاری یا شایع شدہ چیز ؛ (خصوصاً) کسی کتاب کا طبع ثانی بغیر تبدیلی ، اضافہ وغیرہ کے) -

iterate, *v. t.* : دہرانا ؛ بار بار کہنا یا کرنا -

iver: دیکھو Reave

ject, *v. t.*: (۱) مسترد کرنا ؛ نامنظور کر دینا ؛ قبول نہ کرنا ؛ یقین نہ کرنا - (۲) الٹ دینا ؛ اگل دینا ؛ قے ہوجانا ؛ خارج ہوجا (قے یا اجابت سے) -

rejectable, *a.* : قابل رد ؛ ردی ؛ نا مقبول ؛ ناپسندیدہ -

rejecter, rejector, *nn.* : رد کرنے والا ؛ مسترد -

rejection, *n.* : رد ؛ نا منظوری -

jectamenta, *n.* pl. : (۱) کوڑا کرکٹ ؛ میل کچیل ؛ فضلات - (۲) کوڑا جو سمندر ساحل پر پھینک دیتا ہے - (۳) فضلہ؛ ساگر کچرا ؛ فضلات دریا -

Rejoice, *v. t. & i.* : (۱) خوش کرنا ؛ مسرت بخشنا ؛ مسرور ہونا ؛ خوشوقت ہونا ؛ خوشی سے پھول جانا ؛ باغ باغ ہونا - (۲) لطف اٹھانا ؛ شوق سے کرنا ؛ شوق ہونا (کسی چیز کا) - (۳) خوشیاں منانا؛ جشن منانا (کسی واقعے کی یادگار میں) -

r. in : (کسی چیز کے پانے سے) شاد یا بہرہ مند ہونا -

rejoicingly, *adv.* : خوش خوش؛ شاداں -

rejoicings, *n.* pl. : شادی ؛ جشن -

Rejoin, *v. t. & i.* : (۱) (قانون) جواب دعویٰ داخل کرنا - (۲) جواب میں کہنا ؛ پلٹ کر کہنا ؛ جواب دینا - (۳) پھر آ ملنا ؛ دوبارہ شامل ہو جانا (فوج یا ساتھ والوں میں) -

Re-join, *v.t. & i.* : (۱) پھر جوڑنا ؛ دوبارہ ملا دینا ؛ پھر باہم کر دینا- (۲) پھر جڑ جانا، مل جانا ، متحد ہوجانا -

kejoinder, *n.* : جواب دعویٰ ؛ رد جواب؛ ترکی بہ ترکی جواب -

Rejuvenate, rejuvenize, *vv. t. & i.* : پھر جوان کرنا یا ہونا؛ تجدید یا اعادۂ شباب کرنا یا ہونا -

rejuvenation, *n.* : اعادہ یا تجدید شباب -

rejuvenator, *n.*:- اعادہ یا تجدید شباب کرنے والی(دوا وغیرہ) -

Rejuvenesce, *v.i. & t.*: (۱)پھر جوان ہونا؛ نئی‌جوانی‌پانا- (۲) (حیاتیات) تازہ قوت بخشنا(خلیوں کو)؛ نیا ہوجانا؛تازہ قوت پانا-

rejuvenescence, *n.*: اعادۂ شباب؛ (ازسر نو) قوت‌پذیری ؛ تجدید قوت -

rejuvenescent, *a.* : (از سر نو) قوت پذیر ؛ باز جوان -

Rekindle, *v. t. & i.* : دوبارہ جلانا یا جلنا ، روشن کرنا یا ہونا ؛ پھر سلگانا یا سلگنا -

-rel, -erel : ایک لاحقہ جو تصغیر یا تحقیر کے لئے بعض قدیم الفاظ کے ساتھ آتا ہے -

Relabel, *v. t.* : (۱) پھر چپکانا ؛ نئی چٹ لگانا - (۲) (کسی چیز کو) نیا نام یا پتہ دینا —

Relapse, *v. i. & n.* : (۱) دوبارہ مبتلا ہونا؛ عود کرنا (بیماری ، کمزوری، بری عادت کی طرف) ؛ مرتد ہو جانا - (۲) عود مرض ؛ انتکاس؛ نکسہ؛ عود؛ معاودت(بری عادت وغیرہ کی‌طرف)؛ ارتداد-

Relate. *v. t. & i.* : (۱) بیان کرنا ؛ نقل کرنا ؛ قصہ کہنا ؛ روایت کرنا - (۲) (دو چیزوں میں) تعلق پیدا کرنا؛ رشتہ لگانا ؛ نسبت دینا ؛ رابطہ قائم کرنا - (۳) نسبت ہونا ؛ تعلق ہونا -

related : (۱) متعلق - (۲) قرابت‌دار ؛ رشتہ دار -

relatedness, *n.*: علاقہ داری؛ متعلق ہونا؛ ہم رشتگی؛ قرابت-

relater, *n.* ناقل ؛ راوی -

Relation, *n.* : (۱) بیان؛ نقل ؛ روایت -(۲) (قانون) روئداد مقدمہ؛ کیفیت (جو وکیل سرکار کے سامنے پیش کی جائے) - (۳) علاقہ؛ نسبت ؛ تعلق ؛ واسطہ ؛ رشتہ ؛ سلسلہ ؛ جوڑ ؛ میل ؛ رابطہ - (۴) رشتہ‌دار ؛ قرابت‌دار ؛ عزیز -

in or *with r. to* : بلحاظ اس کے ؛ اس کی بابت -

relational, *a.* : علاقے کی ؛ نسبتی -

relationally, *adv.* : از روے علاقہ ؛ نسبت کے لحاظ سے -

relationless, *a.* : بے تعلق؛ بے نسبت -

relationship, *n.* : رشتہ ؛ تعلق ؛ نسبت -

Relative, *a. & n.* : (۱) (صرف و نحو) موصول - (۲) (شاذ) مربوط؛ ہم علاقہ ؛ ہم جنس - (۳) (شاذ) (مضمون یا شہادت سے)

متعلقہ؛ مفید مطلب - (۴) نسبتی؛ اضافی ؛ اعتباری (مثلاً *heat,*
speed, strength are r. terms)- (۵) کوئی چیزجو بالمقابلہ
یا نسبتاً ہو - (۶) متناسب ؛ تناسب رکھنے والا - (۷) متلازم (جیسے
conception of husband & wife are r. to each other)؛
مشروط ؛ منحصر (جیسے *she is beautiful to me, but*
beauty is r. to beholder's eye) - (۸) متعلق ؛ بابستہ ؛
(متعلق فعل) بارے میں؛ نسبت سے - (۹) اسم موصول - (۱۰)
اضافی شے یا اصطلاح - (۱۱) رشتہ دار ؛ عزیز -

relatival, *a.* : موصولی -

relatively, *adv.*: نسبتاً؛ اضافی طورپر؛ دوسری چیزکے مقابلے میں-

Relativism, *n.* : (فلسفہ) نسبتیت؛ علاقیت (یہ نظریہ کہ انسان
کا علم صرف اشیاکی باہمی نسبتوں یا علاقوں تک محدود ہے) -

relativist, *n.* : نسبتی؛ علائی؛ علاقیت پسند -

Relativity, *n.* : (۱) نسبتی یا اضافی ہونا ؛ تلازم - (۲) (فلسفہ)
نظریۂ اضافیت (آئین اشتائین کا نظریہ کہ حرکت محض اضافی
چیز ہے وغیرہ) -

Relator, *n.* : (شاذ) ناقل ؛ راوی - (۲) (قانون) (وکیل
سرکار کے سامنے) روئداد مقدمہ پیش کرنے والا -

Relax, *v. t. & i.* : (۱) ڈھیلا کرنا ؛ ڈھیل دینا ؛ ڈھیلا چھوڑنا -(۲)
سست کرنا ؛ کمزور کرنا ؛ گھٹانا ؛ تخفیف کرنا - (۳) ڈھیلا پڑنا ؛
نرم ہوجانا ؛ رعایت کرنا ؛ ملائمت برتنا؛ تساہل کرنا؛ سست پڑجانا ؛
ٹھنڈا پڑ جانا -

relaxed throat : کوا آنا ؛ کوا لٹکنا ؛ ورم حلق کی ایک قسم-

relaxing climate : سستی آور ہوا -

Relaxation, *n.* : (۱) تخفیف ؛ کمی ؛ رعایت (جرمانے یا
محصول میں) - (۲) تفریح ؛ آرام ؛ دل بہلاوا ؛ ستانا : (۳)
ڈھیل ؛ نرمی ؛ سستی ؛ تساہل -

Relay, *n. & v. t. & i.* : (۱) ڈاک ؛ ڈاک چوکی (گھوڑوں یا
آدمیوں کی)؛ بدل چوکی ؛ مدد چوکی - (۲) (تار) مدد آلہ
(جو دور کی رو پہنچانے میں مدد دیتا ہے)؛ بچھو لیا - (۳) ڈاک
چوکی بٹھانا ؛ ڈاک بٹھانا ؛ مدد چوکی پانا -

r.-race : جوکی دوڑ؛ بدل دوڑ (جس میں فریقین کے کئی آدمی
باری باری سے دوڑتے ہیں) -

Re-lay, *v.t.* : دوبارہ رکھنا وغیرہ (دیکھو Lay) -

Release, *v. t.* : (۱) واگزاشت کرنا (جائداد)؛ دست بردار ہونا؛
فارغ خطی لکھنا یا دینا - (۲) (قرض وغیرہ) منتقل کرنا ؛ ہبہ کرنا -
(۳) رہا کرنا ؛ آزادی دلانا ؛ (بند) کھولنا ؛ چھڑانا ؛ چھوڑنا -
(۴) (سنیما کا فلم) پہلی دفعہ دکھانا -

releasable, *a.* : قابل واگزاشت ؛ رہائی پذیر -

releasee, releasor, *nn.*: واگزاشت کرنے والا؛ دست بردار ہونے والا-

Release, *n.* : (۱) آزادی ؛ رہائی ؛ نجات ؛ خلاصی؛ چھٹکارا - (۲)
بیع پائی ؛ رسید؛ فارغ خطی؛ واگذاشت یا دست برداری کی دستاویز-
(۳) انتقال؛ ہبہ ؛ انتقال نامہ؛ ہبہ نامہ- (۴) کھٹکا ؛ دستہ جس
کے دبانے سے کل کا کوئی حصہ کھل جائے -

Relegate, *v.t.* : (۱) جلاوطن کرنا ؛ نکالا دینا ؛ خارج البلد کرنا-
(۲) دھکیل دینا ؛ گرادینا ؛ پھینک دینا (کسی بری جگہ یا ادنی
رتبے پر)- (۳) منسوب کرنا ؛ (کسی دوسرے شخص کا) حوالہ دینا -

relegable, *a.*: قابل اخراج ؛ انتقال پذیر -

relegation, *n.*: اخراج ؛ گرایا جانا ؛ انتقال ؛ حوالہ -

Relent, *v. i.*: ڈھیل دینا؛ نرم پڑنا؛ پسیجنا؛ رحم کرنا ؛ ترس کھانا -

relentingly, *adv.* : پسیج کر ؛ ترس کھا کے -

relentless, *a.*: سخت دل ؛ بے درد ؛ کٹر -

relentlessly, *adv.* : بے دردی سے ؛ سنگدلی سے -

relentlessness, *n.*: بے دردی ؛ سنگدلی -

Relevant, *a.*: متعلق (محل)؛ مفید مطلب؛ موقع کا ؛ بر محل ؛
چسپاں ؛ ٹک کا ؛ موزوں ؛ مناسب ؛ باموقع -

relevance, relevancy, *nn.*: مناسبت ؛ تعلق ؛ بر محل
ہونا ؛ چسپانی ؛ ٹک -

relevantly, *adv.*: مناسبت سے ؛ اپنے محل پر -

Reliable, *a.* : معتبر ؛ قابل اعتماد ؛ بھروسے کا ؛ استوار ؛ پختہ ؛
قابل وثوق ؛ موثق -

Rustic, *a* & *n.* : (۱) دیہاتی ؛ گانو کا ۔ (۲) دہقانی ؛ گنوار ؛ اکھڑ ؛ ناتراشیدہ ؛ اُجڈ ؛ بے ڈول ؛ ان گھڑ ۔ (۳) بھدا ؛ بھدا (کام) ۔ (۴) بے قاعدہ ، بےڈھنگے (کتابت کے حروف) ۔ (۵) (تعمیر) کھردرا ؛ نا ہموار ؛ بھدا ؛ ان گھڑ ۔ (۶) گنوار ؛ دیہاتی ۔

rustically, rusticly, *advv.* : (شاذ) دہقانوں کی طرح ؛ گنوارو پن سے ؛ بھدے طریقے سے ۔

rusticity, *n.* : گنوارو پن ؛ دہقانیت ؛ بھدا پن ۔

Rusticate, *v. i.* & *t.* : (۱) دیہات میں رہنا ؛ دیہاتی زندگی بسر کرنا ۔ (۲) (طالب علم کو) مدرسے سے کچھ عرصے کے لیے نکال دینا ؛ عارضی اِخراج کرنا ۔ (۳) دیہاتی بن جانا ۔ (۴) بھدا یا کھردرا بنانا (عمارت وغیرہ کو) ۔

rustication, *n.* : (۱) دیہات کی بود باش ؛ دیہاتی بن جانا (۲) عارضی اِخراج (طالب علم کا) ۔

Rustle, *v. i.* & *t.* & *n.* : (۱) سرسرانا ؛ کھڑکھڑانا ؛ پڑپڑانا (مینھ کا) ۔ (۲) سرسراہٹ ؛ کھڑکھڑاہٹ ؛ پڑپڑاہٹ ۔

rustlingly, *adv.* : سرسراتے ہوئے وغیرہ ۔

Rusty, *a.* : (۱) زنگ خوردہ ؛ زنگ آلود ، زنگ لگا ہوا ؛ مورچہ لگا ہوا ۔ (۲) بیٹھی ہوئی ؛ چرچراہٹ کی (آواز) ۔ (۳) کند ؛ ازکار رفتہ ؛ پرانا ؛ فرسودہ ؛ گھسا ہوا ۔ (۴) (کالے کپڑے کے لیے آتا ہے) جس کا رنگ اُڑ گیا ہو ۔ (۵) زنگ کے رنگ کا ؛ گہرا بادامی ۔

rustily, *adv.* : زنگ آلودہ یا کند چیز کی طرح ۔

rustiness, *n.* : زنگ آلودہ ہونا ؛ فرسودگی ۔

Rut, *n.* & *v. t.* : (۱) وہ نالی سی جو گاڑی کے پہیے سے بن جاتی ہے ؛ لیک ؛ باہن ۔ (۲) مقررہ دستور ؛ پرانا رواج ؛ باپ دادا کا طریقہ ۔ (۳) لیک ڈالنا ۔

rutty, *a.* : لیک دار ۔

Rut, *n.* & *v. i* : (۱) ہرن کا گرمانا یا مستی پر آنا ۔ (۲) ہرن کی گرمی یا مستی ۔

ruttish, *a.* : مست ؛ مستی پر آیا ہوا ۔

Ruth, *n.* : (قدیم) رحم ؛ ترس ؛ درد ۔

ruthless, *a.* : بے رحم ؛ سنگدل ؛ بے درد ۔

ruthlessly, *adv.* : بے محابانہ ؛ سنگدلی سے ؛ بے دردی سے ۔

ruthlessness, *n.* : بے رحمی ؛ بے دردی ؛ سنگدلی ۔

-ry : لاحقہ (دیکھو -ery) ۔

Rye, *n.* : رئی ؛ ایک قسم کا غلہ جو شمالی یورپ میں ہوتا ہے ۔

Rye-grass, *n.* : ایک قسم کی گھاس جو چارے کے کام آتی ہے ۔

Ryepeck, *n.* : بڑی میخ جس میں ارھے کی شام لگی ہوتی ہے اور اُس میں کشتیوں کو باندھ دیتے ہیں ۔

Rymer, *n.* : دریا کے بند کا کھمبا جس میں چوبے لگے ہوتے ہیں ۔

Ryot, *n.* : رعیت ؛ کاشتکار (ہندوستان کا) ۔

S

S, letter (pl. Ss, S's) : (۱) حرف ایس ؛ انگریزی الفبے کا اُنیسواں حرف جو (س) کی یا کبھی (ز) کی آواز دیتا ہے ، اور معدودے چند لفظوں میں کوئی آواز نہیں دیتا ۔ (۲) حرف ایس کی شکل کا ؛ لہریے دار ؛ دو خما ؛ دوہرے خم والا ۔ (۳) گھمار ؛ خمیدگی ؛ دھچی ؛ پیچیدگی ؛ اِموجاج ؛ اِنحنا ؛ (مثلاً *the river makes a great S.* ندی قدم قدم پر ندی بہت پیچ و خم کھا کر نکلتی ہے) ۔

ذیل کی شکلوں میں بطور مخفف اِستعمال ہوتا ہے :

(۱) (قدیم) *God's* کے لیے *'sblood* میں اور دوسری قسموں میں ۔ (۲) (روز مرہ) بجائے *is* کے *he's* ؛ *she's* ؛ *it's* ؛ *Smith's* وغیرہ میں ۔ (۳) (روز مرہ) بجائے *has* کے خصوصاً *p. p.* سے قبل مثلاً *he's done it* ۔ (۴) بجائے *us* کے *let us* میں ، مثلاً *let's go* ۔

Sab(a)ean, *a.* & *n.* : (۱) یمن کے علاقہ سبا کا باشندہ ؛ یمن قدیم کا ؛ باشندہ ۔ (۲) ستارہ پرست ؛ صابی (یہ لفظ غلطی سے Sabian کا مرادف خیال کیا جاتا ہے) ۔

Sabaism, *n.* : صابیت ؛ ستارہ پرستی ۔

Sabaoth, *n.* pl. : (اِنجیل کی اِصطلاح) رب العالمین ؛ اِنسانوں کا مالک (*Lord of S.*) ۔

Sabbatarian, *n.* & *a.* : (۱) یوم سبت کا ماننے والا ؛ آرام اور عبادت کے دن کا ماننے والا ؛ سبتی ؛ سبتیہ ؛ سبت پرست ؛ وہ یہودی جو (سنیچر کو) یوم سبت منائے ؛ وہ عیسائی جو (اتوار کو) یوم سبت منائے ۔ (۲) وہ عیسائی شخص یا فرقہ جو سنیچر کو سبت منانے کا عقیدہ یا عمل رکھے ۔ (۳) سبتی ، عقیدۂ سبت یا سبت پرستی سے متعلق ۔

sabbatarianism, *n.* : سبت پرستی ؛ سبت پسندی ۔

Sabbath, *n.* : (نیز *sabbath day*) سبت ؛ یوم السبت ؛ آرام کا دن ؛ عبادت و آرام کا دن ؛ وہ دن جو عبادت الٰہی اور آرام و آسائش کے لیے مخصوص ہو ؛ یوم راحت ؛ عبادت و آرام کا دن جو بنی اِسرائیل کے لیے مقرر کیا گیا تھا (یہودیوں میں سنیچر اور عیسائیوں میں اِتوار یوم السبت ہے) ۔

s. - day's journey : (۱) سفر سبت ؛ وہ سفر جو اِسرائیلی سبت کے دن کرنے کے مجاز ہیں یعنی کوئی ۱۲ سو گز کا سفر ۔ (۲) مختصر سفر ؛ تھوڑا سا سفر ؛ آسان سفر ؛ راحت و آرام کا سفر ۔

break the s. : سبت کے احکام کو توڑنا ؛ سبت نہ منانا ۔

keep the s. : سبت منانا ۔

s. - breaker : سبت شکن ۔

witche's s.: سبت الساحرات ؛ ایک سالانہ جشن جو آدھی رات کو بھوت پریت اور جادو گر مل کر مناتے ہیں -

sabbathless, *a.* : بلا سبت ؛ بغیرسبت ؛ لاسبتی -

Sabbatic(al) *aa.* : سبتی ؛ سبت سے متعلق -

s. year : سبتی سال : سال آزادی یعنی ہر ساتواں برس جب کہ بنی اسرائیل کو حکم تھا کہ اپنے غلاموں اور مقروضوں کو آزاد کر دیں ، اور زمین کا جوتنا بونا موقوف کر دیں

sabbatical river : یہودیوں کے قصہ کہانیوں میں ایک ندی جو یوم السبت کو نہیں بہتی -

sabbatically, *adv.* : سبتی طور پر -

Sabbatize, *v. i.* & *t.* : سبتانا ؛ سبت منانا ؛ آرام کرنا ؛ تعطیل منانا -

Sabellian, *a.* & *n.* : سابیلی ؛ اِس عقیدے کا معتقد کہ باپ بیٹا اور روح القدس خدائے واحد کی مختلف حیثیتوں نے نام ہیں -

Sabellian, *a.* & *n.* : (تاریخ روما) قدیم اطالیا میں اقوام کا ایک گروہ جس میں سابینی ، سَمنیتی اور کمپانی وغیرہ قومیں شامل تھیں -

Sabian, *a.* & *n.* : صابی ؛ ایک پرانا فرقہ جس کا ذکر قرآن میں موحد فرقوں کے ساتھ کیا گیا ہے -

Sabicu, *n.* : (۱) جزیرۂ کیوبا (Cuba) کا ساگوانی درخت (۲) اِس کی سخت اور پائیدار قیمتی لکڑی -

Sabine, *a.* & *n.*: سابینی ؛ سابینی فرقے کا فرد ، یہ قدیم اطالیا کی ایک قوم تھی جو اپینائن کے وسطی اضلاع میں بستی تھی) -

Sable, *n.* : (۱) سابل ؛ ایک قسم کا گوشت خور چوپایہ جو ایشیا اور یورپ کے شمالی علاقوں میں پایا جاتا ہے - (۲) سمور ؛ سابل (۳) مہین موقلم جو سمور سے بنایا جاتا ہے -

Sable, *n.* & *a* : (۱) (خاندانی مارکوں میں) سیاہ رنگ - (۲) (شعر میں) سیاہ رنگ ؛ کالا رنگ ؛ (شعر و انشا؛ جمع) ماتمی (کالا) لباس (۳) سیاہی مائل؛ تاریک ؛ تیرہ و تار ؛ اندھیرا ؛ اُداس ؛ غمگین ؛ مغموم ؛ دل گیر ؛ پر خوف و خطر؛ ڈراؤنا ؛ مہیب

his s. Majesty : سلطان ظلمت ؛ شیطان -

s. antelope : کالا ہرن -

sabled, *a.*: سیاہ ؛ سیاہ کیا ہوا ؛ مغموم؛ ماتمی -

sably, *adv.*: دل گیرانہ؛ مغمومانہ -

Sabot, *n.*: (۱) لکڑی کی جوتی جو ایک کندے کو کھود کر بنائی جاتی ہے اور جسے فرانس اور بلجیم کے کاشتکار پہنتے ہیں ؛ کھڑاویں - (۲) (فوجی اصطلاح) لکڑی کا قرص، جو گولوں وغیرہ پر لگایا جاتا ہے - (۳) (صنعت) شام ، جو ستونوں وغیرہ پر لگائی جاتی ہے -

saboted, *a.*: (۱) کھڑاوں دار؛ کھڑاویں پہنے ہوئے - (۲) قرص لگاہوا - (۳) شام دار ؛ شام لگا ہوا -

Sabotage, *n.*: (۱) مزدوروں کا سرمایہ دار سے بگڑ کر کلوں کو توڑ پھوڑ ڈالنا یا کوئی پرزہ نکال کر بے کار کر دینا - (۲) کینہ توزی ؛ شرارت سے کام خراب کرنا ؛ شرارت انگیزی -

Sabre, *n.* & *v. t.* : (۱) سیف ؛ تیغا ؛ رسالے کے سوار کی تلوار ؛ تلوار جو خم دار ہوتی ہے - (۲) زجاج گیر : کانچ کاٹ گیر جس سے پگھلایا ہوا شیشہ اُتارا جاتا ہے - (۳) (جمع) رسالہ؛ رسالے کے سوار - (۴) رسالہ کے گھوڑے - (۵) رسالے کے گھوڑے اور سوار - (۶) تہ تیغ کرنا ؛ تلوار سے وار کرنا ؛ تلوار چلانا ؛ قتل کرنا -

s.-out : تلوار کا گھاو -

s. -bill : ایک پرندہ جس کی چونچ تلوار سی ہوتی ہے ؛ سیف منقار ؛ تیغ منقار -

s. -toothed lion or *tiger*: ایک قسم کا شیرنما جانور جو اب معدوم ہے ، اِس کی اوپر کی داڑھ تلوار کی صورت کی ہوتی تھی ؛ شمشیر دنداں -

s. -wing : ایک قسم کا پرندہ جس کے بازو سیف نما ہوتے ہیں ؛ سیف پر ؛ تیغ پر ؛ شمشیر پر -

the enemy has 3000 ss. : دشمن کے ساتھ ہزارسوارہیں -

Sabretache, *n* : توس دان ؛ چرمی کیسہ جسے رسالے کے افسر حمائل کر لیتے ہیں -

Sabreur, *n.*: رسالہ کا سوار جو سیف سے مسلح ہو -

beau s. : بارعب افسر رسالہ

Sabulous, *a.* : ریگستانی ؛ (طب) ریگی ؛ جس میں ریت ہو ؛ ریگ مثانہ -

Saburra, *n.*: (طب) ریگ معدہ؛ ایک دانہ دار مادہ جو سوہضم کی وجہ سے معدے میں پیدا ہو جاتا ہے -

Sac, *n.*: (۱) تھیلی ؛ صرہ ؛ تھیلی کا سا نشانی ظرف جو حیوانی اور نباتی اجسام میں پایا جاتا ہے - (۲) کانٹی ؛ پھوڑا ؛ دنبل -

Saccate, *a.*: (نباتیات) تھیلی نما ؛ کیسہ نما؛ تھیلی سا پھولا ہوا -

Sacchar - (یونانی لفظ کی انگریزی لکھاوٹ علمی اصطلاحوں میں)

saccharate : شکری (یا شکرین) نمک

saccharic acid : شکری (یا شکرین) تیزاب ؛ شکر ترشہ -

sacchariferous : شکریلا ؛ شکر زا ؛ شکر آور ؛ شکر آفرین -

saccharify : شکرانا؛ (نشاستہ کو) شکر میں تبدیل کرنا -

saccharimeter : شکر پیما ؛ شکر نما ؛ آلہ جس سے کسی چیز میں شکر کی مقدار دریافت کی جاتی ہے -

saccharin'e) : شکرین؛ شکر نما مادہ جو کوئلے سے نکالا جاتا ہے اور کثویا یا ذیابیطس کے مریض کو شکر کے بجائے دیا جاتا ہے -

saccharine : شکریلا ؛ شکردار ؛ شکر صفت

saccharo-: = Sacchar-

saccharoid : (ارضیات) شکری ؛ شکر صورت ؛ مانند شکر ؛ شکر جیسی چیز -

saccharometer : شکر سنج ؛ آلہ جس سے ثقل نوعی کی بنا پر کسی محلول میں شکر کی مقدار دریافت کی جاتی ہے -

saccharose : غیر انگوری شکر؛ شکر کی ایک کیمیاوی نوع -

Sacciform, *a.* : کیسہ نما ؛ تھیلی نما -

Saccule, *n.*: چھوٹی تھیلی ؛ بٹوا -

saccular, sacculate, -ated, *aa.* : تھیلی سا -

sacculation, *n.* : تھیلی کی شکل کا ہو جانا -

Sacerdocy, *n.* (شاذ) پادریوں کے فرائض ؛ عمل کہنوتی ؛ فرائض کہنوتی -

Sacerdotage, *n.* : (مزاحاً) برہمنی راج ؛ حکومت جس پر مذہبی رنگ غالب ہو -

Sacerdotal, *a.* : (۱) مرشدانہ ؛ مشائخانہ ؛ پروہتی ؛ پاک ؛ متبرک ؛ مقدس - (۲) پیر پرست ؛ مشائخ پرست -

sacerdotally, *adv.* : (۱) مرشدانہ انداز سے ؛ مشائخانہ طور پر - (۲) پیر پرستانہ ؛ مرشد پرستانہ -

sacerdotalism, *n.* : حکومت علماء ؛ سیادت مشائخ -

sacerdotalist, *n.* : پیر پرست ؛ مشائخ پرست -

sacerdotalize, *v. t.* : پاک نا ؛ مقدس و متبرک بنانا ؛ مذہبی رنگ دینا ؛ پیر پرست بنا دینا -

Sachem, *n.* : - بعض قدیم امریکی قبائل کا سردار (تلفظ : ساچیم)

Sachet, *n.* : - خوشبو کی تھیلی ؛ خوشبو کی پڑیا (تلفظ : سشے)

Sack, *n.* & *v. t.* : (۱) بورا ؛ بوری ؛ تھیلا ؛ گٹھا - (۲) جامہ ؛ لبادہ ؛ ڈھیلا ڈھالا سایہ ؛ (نیز *Sacque*, *Sac*) چوڑا چکلا لہنگا ؛ چوڑا چکلا اور ڈھیلا ڈھالا کوٹ (زنانہ یا مردانہ) - (۳) بوروں میں بھرنا ؛ تھیلوں میں بھرنا - (۴) (روز مرہ) بر طرف کرنا ؛ موقوف کرنا ؛ نکال باہر کرنا ؛ برخاست کرنا - (۵) (روز مرہ) مقابلے میں ہرانا ؛ شکست دینا -

at 12/- the s. : ۱۲ شلنگ فی بوری -

get the s. : نکال دیا جانا ؛ الگ کر دیا جانا وغیرہ -

give one *the s.* : نکال دینا ؛ الگ کر دینا ؛ موقوف یا برخاست یا برطرف کرنا یا کر دینا -

sackcloth : (۱) سن کا کپڑا ؛ موٹا جھوٹا لباس ؛ ٹاٹ کا جامہ - (۲) (مجازاً) ماتمی لباس ؛ لباس کفارہ ؛ توبہ کا لباس (خصوصاً بائبل میں مثلاً *in sackcloth & ashes* توبہ کا لباس پہنے ہوئے) -

s.-race : بوری کی دوڑ ؛ تھیلے کی دوڑ -

sackful, *n.* : ایک بورا ؛ ایک بوری ؛ بورا بھر ؛ بوری بھر -

Sack, *v. t.* &. *n.* : (۱) لوٹنا مارنا ؛ لوٹ مار کرنا ؛ غارت گری کرنا ؛ تاخت تاراج کرنا ؛ تباہ و برباد کرنا - (۲) تاخت و تاراج ؛ غارت گری ؛ لوٹ مار -

Sack, *n.* : (تاریخ) سفید شراب کی قسمیں جن کی درآمد ہسپانیا سے ہوا کرتی تھی -

half-pennyworth of bread to intolerable deal of s. ضروری چیزیں ندارد، بے کار چیزیں ڈھیری پڑی ہیں -

Sackbut, *n.* : - ایک قسم کا طنبورہ جواب رائج نہیں

Sackless, *a.* : - (قدیم) بے گناہ ؛ معصوم ؛ بے ضرر ؛ سادہ لوح

Sacque : - دیکھو Sack (نمبر ایک)

Sacral, *a.* : - (۱) (تشریح) پیڑو (sacrum) کی ہڈی سے متعلق - (۲) رسوم مقدسہ سے متعلق ؛ مقدس ؛ متبرک -

Sacrament, *n.* & *v. t.* ; (۱) عیسائیوں کی مذہبی رسم جو باطنی اور روحانی افضال الٰہی کی ظاہری علامت مانی جاتی ہے، اور عشائے ربانی پر اس لفظ کا اطلاق ہوتا ہے مگر قدیم فرقوں کے نزدیک متبرک رسم پر - (۲) باطنی معنی رکھنے والی چیز - (۳) قسم ؛ حلف ؛ عہد و پیمان - (۴) مقدس اثر یا نشانی -

take receive, the s. to do or *upon* : کسی وعدے یا عہد کی مضبوطی کے لیے اصطباغ کی رسم ادا کرنا ؛ (مجازاً) قسم کھانا ؛ حلف اٹھانا ؛ حلف دینا ؛ حلف دے کر پابند کرنا ؛ قسم دے کر عہد و پیمان پر مجبور کرنا -

Sacramental, *a.* & *n.* : صفت ؛ مذکورۂ بالا معنوں میں -

sacramentality, *n.* : اسم ؛ مذکورۂ بالا معنوں میں -

sacramentalism, *n.* : (تاریخ) انکار حضوری ؛ اس عقیدے کا انکار کہ "عشائے ربانی کی روٹی اور شراب، مسیح کا گوشت اور خون ہے" بخلاف اس کے یہ ماننا کہ یہ محض مجاز و استعارہ ہے -

sacramentalist, *n* : عقیدۂ انکار حضوری کا معتقد -

sacramentally, *adv* : متعلق فعل ؛ مذکورۂ معنوں میں -

Sacramentarian, *a.* & *n* : منکر حضوری

sacramentarianism, *n.* : انکار حضوری کا عقیدہ -

Sacrarium, *n.* (pl. *-ia*) : (۱) خانۂ مندر ؛ خانۂ مسجد ؛ گھر کے اندر کا مندر ؛ وہ کمرا جو گھر کے اندر گھریلو دیوتاؤں کی پرستش کے لیے یا عموماً عبادت کے لیے مخصوص ہوتا ہے اور جس میں داخل ہونا ممنوع خیال کیا جاتا ہے - (۲) گرجا کا وہ حصہ جو قربان گاہ کے کٹھرے کے اندر محصور ہوتا ہے -

Sacre, *v. i.* : قسم کھانا -

Sacred, *a.* : (۱) پاک ؛ مقدس ؛ متبرک ؛ مذہبی ؛ دینی ؛ محترم ؛ معظم ؛ شریف ؛ قابل تعظیم ؛ واجب التعظیم ؛ مستحکم ؛ مضبوط ؛ اٹل - (۲) منسوب ، موسوم ؛ معنون -

he regards it as his s. duty : (وہ) اس کو اپنا مقدس فرض خیال کرتا ہے -

His most S. Majesty the King : تقدس مآب ، جلالت مآب ، ملک معظم

no place was sacred from him (or *his outrage*) : اس کے نزدیک کوئی مقام مقدس نہ تھا ، اس سے یا اس کی غارت گری سے کوئی جگہ محفوظ نہ تھی -

s. beetle : مقدس بھونرا -

s. book : مقدس کتاب -

s. concert : - مقدس منتاثی ؛ مقدس چوکی (بجانے والوں کی)

s. history : تاریخ مقدس -

s. ibis مقدس سارس (سارس جو قدیم مصریوں کے نزدیک قابل پرستش خیال کیا جاتا تھا) -

s. monky : مقدس بندر -

s. music : مذہبی راگ

s. number : ۷ کا ہندسہ ؛ متبرک عدد ؛ مبارک عدد

s. poetry : مذہبی شاعری -

s. writings : تصانیف مقدسہ -

the s. right of insurrection : سرکشی کا متبرک حق -

their property (or *persons*) *will be held sacred* : ان کے مال کا احترام کیا جائے گا ، اس کو ہاتھ نہ لگایا جائے گا ؛ ان کے جسموں کا احترام کیا جائے گا، ان کو ہاتھ نہ لگایا جائے گا -

sacredly ; *adv.* : تبرکاً و تیمناً ؛ بہ تعظیم و تکریم -

sacredness, *n.* : تقدس ؛ پاکی ؛ پاکیزگی -

Sacrifice, *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) قربانی ؛ نذر ؛ صدقہ - (۲) بھینٹ ؛ بلی ؛ ذبیحہ - (۳) ایثار ؛ قربانی - (۴) نقصان ؛ گھاٹا ؛ تج دینا (۵) تصدق کرنا ؛ صدقہ کرنا ؛ فدا کرنا ؛ قربان کرنا ؛ نثار کرنا ؛ نچھاور کرنا ؛ نذر کرنا ؛ چڑھاوا چڑھانا ؛ بھینٹ چڑھانا - (۶) ذبح کرنا - (۷) نقصان سہنا - (۸) کھونا ؛ ترک کرنا ؛ تج دینا -

at some s. of regularity : باقاعدگی (پابندی) کو قربان کر کے -

his health was the s. demanded of him : جس شے کی قربانی اُس سے طلب کی جاتی تھی ' وہ اُس کی صحت تھی ۔

s. accuracy to vividness: صحت کو شوخی بیان پر قربان کرنا ۔

self-s : ایثار ۔

she has sacrificed herself, her whole life, her pleasures, for his sake : اُس عورت نے اپنے آپ کو ' اپنی جان کو ' اپنے جوبن کو اُس پر قربان کردیا ۔

the great or last s : آخری قربانی ' سب سے بڑی قربانی یعنی جان کی قربانی ؛ جان دے دینا (خصوصاً ملک و ملت کی راہ میں)۔

the surplus stock for sale at a large s. بچا ہوا سامان کہاٹا اُٹھا کر فروخت کرنے کے لیے ۔

you will gain nothing by the s. of your principles : اپنے اُصول کے قربان کر دینے سے تم کو کچھ حاصل نہ ہوگا ۔

sacrificial, *a* : ذبیحی ؛ نذر و نیاز سے متعلق ؛ صدقہ و تصدق سے متعلق ۔

sacrificially, *adv.* : نذر و نیاز کے طور پر ؛ بھینٹ بنا کر ۔

Sacrilege, *n* : (متبرک شخص یا شے کی) بے حرمتی ؛ (مذہبی) بے ادبی ؛ مقدس مقام میں چوری کرنا یا ڈاکا مارنا ۔

sacrilegious, *a.* : صفت ' مذکورۂ بالا معنوں میں ۔

sacrilegiously, *adv* : بے ادبی کے ساتھ ؛ گستاخانہ ۔

sacrilegist, *n.* : مذہبی اُمور میں گستاخی کا مرتکب ؛ جس شخص نے مذہب کی توہین کو اپنا شعار بنالیا ہو ؛ بے حرمت ۔

Sacring, *n.* : (متروک) تقدیس ؛ عشائے ربانی کے اجزا و عناصر کی تقدیس ؛ اُسقفوں یا بادشاہوں کے تقرر کی مذہبی رسم ۔

s.-bell : جرس تقدیس ؛ وہ گھنٹا جو عشائے ربانی میں روٹی کو بلند کرنے کے وقت بجتا ہے ۔

Sacrist, *n.* : (گرجا یا معبد میں) ظروف مقدسہ کا محافظ عہدہ دار ۔

Sacristan, *n.* : (۱) (قدیم) گرجا میں رہنے والا کورکن ۔ (۲) ملبوسات مقدسہ کا محافظ ۔

Sacristy, *n.* : گرجا کے کپڑے اور برتن رکھنے کی جگہ ۔

Sacrosanct *a* : مقدس ؛ متبرک ؛ پاک ؛ واجب التعظیم ۔

sacrosanctity, *n.* : تقدس ؛ تبرک ۔

Sacrum, *n.* : مقعد کی عظم (تکونی شکل کی) ۔

sacral, *a.* : صفت ' مذکورۂ بالا معنوں میں ۔

Sad, *a.* : (۱) اُداس ؛ غمگین ؛ مغموم ؛ محزون ؛ حزیں ؛ رنجیدہ ؛ دلگیر ؛ ملول ۔ (۲) غمناک ؛ اندوہناک ۔ (۳) خراب ؛ ناقابل اصلاح ؛ بے انتہا خراب ۔ (۴) (روٹی وغیرہ) سوقی ؛ بھاری ؛ خمیری ۔ (۵) (رنگ) دھندلا ؛ دھیما ؛ مدھم ؛ ہلکا ؛ صوفیانہ ۔

a sadder & a wiser man : جس نے کچھ ٹھوکر کے سیکھا ہو ؛ جسے تکلیف اُٹھانے کے بعد عقل آئی ہو ؛ جو ٹھوکریں کھا کے سنبھلا ہو ۔

a s. coward : بڑا بودا ؛ نہایت بزدل ؛ حد درجے کا بزدل ۔

a s slut : حد درجے کی پھوہڑ (عورت) ۔

in sad earnest : سنجیدگی سے ۔

s. dog : عیاش ؛ شہوت پرست ؛ اوباش ' واہی وغیرہ ۔

s.-iron : ٹھوس چپٹا لوہا ۔

writes s. stuff : اُس کی تحریر ناقابل اصلاح ہے ؛ مہمل نویس ہے ۔

sadden, *v. t. & i.* : غمگین ' افسردہ یا آزردہ کرنا ؛ دلگیر ' آزردہ یا ملول ہونا ۔

sadly, *adv* : غمگینی سے ؛ رنجیدگی سے ؛ سنجیدگی سے ۔

sadness, *n* : اندوہ گینی ؛ غم گینی ؛ رنجیدگی ؛ افسردگی ؛ آزردگی ؛ ملال ؛ دلگیری ؛ حزن ؛ رنج ؛ غم ؛ اندوہ ۔

saddish *a* : کچھ کچھ اُداس ؛ اُداس سا ؛ کسی قدر آزردہ یا غمگین ۔

Saddle, *n. & v. t.* : (۱) کاٹھی ؛ زین ۔ (۲) زین نما شے ۔ (۱) زین کسنا ؛ زین لگانا ۔ (۲) بار ڈالنا ؛ ذمہ داری ڈالنا ؛ سر تھوپنا ؛ لادنا ؛ دبانا ۔

pack s. : پالان ؛ خوگیر ۔

put s on the right horse : جس کا قصور ہو اُس کو پکڑنا ۔

put s. on the wrong horse : بے قصور کو پکڑنا ۔

saddleback : (تعمیر) زین پشت ؛ کوہانی (چھت) ؛ زین نما (چھت) ۔

saddlebacked : کوہانی چھت والی (عمارت) ۔

s. bag : خورجی ۔

s -boiler : زین نما بوپکا ۔

s. -bow : زین کا اگلا حصہ ؛ زین کا محراب نما حصہ ۔

s. -cloth : عرق گیر ؛ زین کے نیچے کا نمدا ۔

saddlefast : شہسوار ؛ زین پر جم کر بیٹھنے والا ۔

s -horse : زین سواری کا گھوڑا ؛ زین سواری کا گھوڑا ۔

s.-pin : وہ پرزہ جس کے ذریعے بائسکل وغیرہ کا زین اُس کے خانے کے اندر بٹھایا جاتا ہے ؛ زین کا پیچ ۔

s -tree : (۱) زین کا ڈھانچا ۔ (۲) شمالی امریکا کا ایک پودا (جس کے پتے زین کی شکل کے ہوتے ہیں) ۔

side-s. : زنانہ زین ۔

(to be) in the s. : (۱) سوار ہونا ۔ (۲) (مجازاً) بر سرکار ہونا ۔ (۳) صاحب اختیار و اقتدار ہونا ۔

saddleless, *a.* : بے زین ؛ بے کاٹھی

Saddler, *n.* : زین گر ؛ زین ساز ؛ سراج ؛ زین فروش ؛ ساز فروش ؛ (فوج) محافظ زین (افسر جو رسالے کی زینوں کا محافظ ہوتا ہے) ۔

saddlery, *n.* : زین سازی ؛ زین گری ؛ سراجی ؛ سازگری ۔

Sadducee, *n.* : صدوقی ؛ حضرت عیسیٰ کے زمانے میں یہودیوں کا ایک فرقہ تھا ' جو قیامت میں روحوں کے وجود اور سنت قدیمہ کی پابندی کا قائل نہ تھا [اِس فرقے کے بانی کا نام صدوق تھا] ۔

sadduceeism, *n.* : صدوقیت کے اُصول ؛ صدوقیت ۔

sadducean, *a.* : صدوقی ؛ صدوقیت کا معتقد یا پیرو ۔

Sadhu, *n.* : سادھو ۔

Safari, *n.* : سفر شکار (خصوصاً *on s.* میں مستعمل ہے) ۔ (۲) کھلاڑی یا مسافر کی بند گاڑی (Caravan) [یہ لفظ عربی "سفر" سے ماخوذ ہے] ۔

Sadism, *n.* : سادیت [کونٹ دی سادے (۱۷۴۰ تا ۱۸۱۴ء) سے منسوب] ؛ ایک قسم کی جنسی کج روی جس کے مبتلا کو معشوق کو جسمانی ایذا دینے میں لطف آتا ہے ۔

Safe, *n.* : (۱) ڈولی خانہ ؛ (نیز *meat s.*) کھانے کی چیزیں رکھنے کی الماری ۔ (۲) تجوری ۔

Safe, *a.* : (۱) محفوظ ؛ مامون ؛ مصئون ۔ (۲) بلا خوف و

خطر ؛ خطرے سے خالي - (۳) بے ضرر؛ بے آزار- (۴) صحیح سالم ؛ صحیح سلامت ؛ بھلا چنگا - (۵) محتاط ؛ معتدل ؛ قابلِ اعتماد ؛ یقیني -

a s. catch : وہ کھلاڑي جس کی نسبت یہ یقین ہو کہ وہ گیند کو روک لے گا -

a s. critic : اعتدال پسند اور قابلِ اعتماد نقاد -

a s. statesman : اعتدال پسند مدبر -

a s. winner : یقیني طور پر جیتنے والا ؛ ایسا حریف جس کا جیتنا یقیني ہو -

he is a s. first : اُس کا اول آنا یقیني ہے -

is it s. to leave him? : کیا اُسے چھوڑنا خطرے سے خالي ہے ؟

it is s. to say : بلا خدشہ یہ کہا جاسکتا ہے ؛ بلا خوف تردید کہہ سکتے ہیں -

s. & sound : بھلا چنگا؛ صحیح سلامت؛ تندرست و توانا؛ ہٹا کٹا -

S. conduct, s.-guard : پروانۂ راہ داري -

s. custody, s. keeping, s. convoy : حراست؛ حوالات؛ حفاظت -

s. deposit : ایسی عمارت جس میں علحدہ کرائے پر دے جانے کے قابل مضبوط کمرے وغیرہ ہوں -

s. methods : بے خطر طریقے؛ ایسے طریقے جن میں کوئی خطرہ نہیں -

the dog is not s. to touch : اُس کتے کو چھونا خطرے سے خالي نہیں -

to err on the s. side : ایسی غلطي کرنا جس میں خطرے کا احتمال نہ ہو -

we have got him s. : ہم نے اُس کو بے آزار کردیا ہے، اب وہ کوئي نقصان نہیں پہنچا سکتا -

safely, *adv.* : بے خوف و خطر ؛ بخیر و عافیت ؛ بخیر و خوبي ؛ صحیح سلامت ؛ صحت سلامتي سے -

safeness, *n.* : اعتماد و اعتبار ؛ حالت امن و امان -

Safety, *n.* : (۱) حفاظت ؛ امن ؛ امان ؛ اطمینان ؛ سلامتی ؛ بچاؤ - (۲) حراست ؛ نگہبانی ؛ نگہداشت ؛ نگہداری - (۳) آسرا ؛ سہارا ؛ آڑ ؛ روک ؛ بچاؤ -

factor of s., coefficient of s. : تیقن یا بھروسے کي حد -

s.-bicycle : محفوظ بائسکل ؛ جدید نمونے کي نیچي گدی والي بائسکل -

s.-bolt : (۱) محفوظ بلي ؛ محفوظ چٹخني - (۲) محفوظ گھوڑے دار بندوق -

s-curtain : آگ روک پردہ جو تھیٹر میں سامعین کی نشستوں (auditorium) کو اسٹیج سے جدا کرتا ہے -

s. film : سینما کي جھلي (film) جو غیر اشتعال پذیر یا مدھم جلنے والی چیز پر تیار کي جاتی ہے -

s first : جان ہے تو جہان ہے -

s.-fuse : فتیلۂ محفوظ؛ وہ فتیلہ جو دور سے مشتعل کیاجاسکتاہے -

s.-glass : = *Triplex* glass

s.-lamp : چراغ محفوظ ؛ بندلالٹین -

s.-motch : محفوظ دیاسلائي' جو ایک خاص مسالے کے بغیر مشتعل نہیں ہوتی -

s.-pin : محفوظ آلپین ؛ آلپین -

s.-razor : محفوظ اُسترا -

s.-valve : بھبکے کا ایسا سوراخ جو خودبخود بھاپ سے کھل جائے اور بند ہو جائے - (مجازاً) دل کي بھڑاس نکالنے کا بے خطر ذریعہ ؛

to sit on the s. valve : دبانا؛ ناک میں دم کرنا؛ چوں نہ کرنے دینا -

to play for s. : اپنے بچاؤ کے لیے کام کرنا ؛ حفاظت اور بچاؤ کے پہلو کو ہاتھ سے نہ دینا -

there is s. in numbers : (ضرب المثل) کثرت تعداد اطمینان کا باعث ہے -

you can not do it with s. : آپ یہ کام سلامتي سے نہیں کرسکتے ؛ اطمینان سے نہیں کرسکتے -

Saffian, *n.* : نری ؛ بکری یا بھیڑ کي کھال جو کمانے کے بعد سماق کے پتوں میں رنگي جائے - [فارسی " سختیان " سے ماخوذ]

Safflower, *n.* : کسم (کا پھول یا پودا یا رنگ) [عربي "عصفر" سے ماخوذ] -

Saffron, *n.*, *a.*, & *v. t.* : (۱) زعفران؛ کیسر [عربی " زعفران "] - (۲) زعفرانی - (۳) زعفرانی رنگنا -

Bastard S : کسم ؛ نقلي زعفران -

s. cake : زعفراني ٹکیا یا شیرمال -

saffrony, *a.* : زعفرانی -

Safranin, *n.* : زعفراني رنگ ؛ زردي مائل سرخ تار کولي رنگ -

Sag, *v. t.* & *i.* & *n.* : (۱) (عمارت وغیرہ) دباؤ پاکر بیٹھ جانا ؛ جھکنا ؛ خمیدہ ہونا - (۲) (قیمتوں کا) کم ہونا ؛ اُترنا ؛ گھٹنا - (۳) جھکانا ؛ خمیدہ کرنا - (۴) جھکاؤ ؛ خمیدگي ؛ خم - (۵) کمي - (۶) جہاز کا اپنے راستے سے ہٹ جانا (خصوصاً ہوا کی مخالف جانب) -

saggy, *a.* : خمیدہ ؛ خم دار ؛ جھکا ہوا -

Saga, *n.* : سوڈن ' ناروے اور آئس لینڈ کی تاریخي داستان ؛ بالخصوص ایسی داستان جس میں خاندان برفستاني یا شاہان ناروے کے کارنامے بیان ہوں ؛ (مجازاً) رزمیہ داستان ؛ کارنامے -

Sagacious, *a.* : (۱) سیانا ؛ ذہین ؛ زیرک ؛ دانش مند ؛ ہوش مند ؛ ہوشیار ؛ سمجھ دار - (۲) دانش مندی کي یا سمجھ کی (بات) -

sagaciously, *adv.* : دانش مندانہ ؛ ہوش مندانہ ؛ زیرکی سے ؛ تیزفہمی سے ؛ ذکاوت سے ؛ ذہانت سے ؛ ہوشیاري سے ؛ سیانے پن سے -

sagacity, *n.* : ہوشیاری ؛ ذکاوت ؛ سمجھ -

Sagamore, *n.* : سگ مور ؛ امریکا کے بعض قدیم قبائل کا سردار ؛ امریکی سردار -

Sage, *n.* : ساج ؛ ایک قسم کا خوشبودار پودا جس کی پتیاں بھوری سبز ہوتي ہیں اور عام طور پر پکانے کے کام آتی ہیں -

s. & onions : ساج اور پیاز -

s.-brush : ساج برش ؛ یہ ایک طرح کا القلي پودا ہے جو امریکا کے بنجر علاقوں میں ہوتا ہے -

s cheese : ایک قسم کا پنیر ' جس میں ساج پڑتا ہے ؛ ساجی پنیر -

s. green : ساجي رنگ ؛ ساج کی پتیوں کا رنگ -

sagy, *a.* : ساجی -

Sage, *a.* & *n.* : (اکثر طنزاً) دانا ؛ عاقل ؛ سنجیدہ ؛ فہمیدہ ؛ تجربہ کار ؛ فرزانہ ؛ حکیم ؛ عالم ؛ شیخ ؛ عارف -

the seven ss. : حکمائے ہفت گانہ ؛ سات یوناني حکماء جن میں سے ہر ایک کا ایک مقولہ مشہور ہے :

sagely, *adv.* : حکیمانہ ؛ عالمانہ ۔

sageness, sageship, *nn.* : متانت؛ حکمت؛ دانائی؛ فرزانگی ۔

Saggar, *n.* : مٹی کے برتن پکانے کا سانچا ؛ مٹی کا ڈول ' جس میں وہ برتن ملفوف کیا جاتا ہے' جس کا پکانا منظور ہوتا ہے ۔

Sagitta, *n.* : ایک شمالی برج' جس کی شکل تیر کی سی ہے ۔

Sagittarius, *n.* : برج قوس ؛ منطقۃالبروج کا نواں برج جس میں آفتاب ۲۲ نومبر کو داخل ہوتا ہے ۔

Sagittate(d), *aa.* : (نباتیات و حیوانیات)تیرنما ؛ تیر صورت ۔

Sago *n.* : ساگودانہ (ملائی زبان کے لفظ " ساگو " سے ماخوذ) ۔

Saha *int.* : خدا حافظ ۔

Sahara, *n.* : (لفظاً و مجازاً) صحرا ؛ افریقہ کا صحرائے اعظم ؛ صحرائی خطہ یا صحرائی علاقہ ۔

saharan, saharian, saharic, *aa.* : صحرائی ' صحرائے اعظم سے متعلق ۔

Sahib, *n.* : صاحب ؛ انگریزوں کے لیے ہندوستانی عوام استعمال کرتے ہیں (اسی طرح میم صاحب) ۔

Said, : دیکھو say ۔

Said, Say(y)id, *n.* : =Seid

Saiga, *n.* : روس کے گیاہی علاقوں کا ہرن ۔

Sail, *n.* : (۱) بادبان ؛ پال ۔ (۲) جہاز ؛ جہازی بیڑا ؛ جہازوں کا بیڑا ۔ (۳) بادگیر یا بادگیر (نل یا آلہ جس سے ہوا اندر آئے) ۔ (۴) سیل مچھلی کا بازو ۔ (۵) جہاز سازی کی سیر ۔ (۶) (جمع ' بحری عامیانہ) وہ عہدہ دار جس کے تفویض جہاز کے مستول ' رسیاں اور بلیاں وغیرہ ہوتی ہیں ۔

a fleet of 20 s. : بیس جہازوں کا بیڑا ۔

full s. : (لفظاً و مجازاً) تمام بادبان کھول کر ؛ پوری قوت سے ؛ زوروں پر ۔

s. -arm : پون چکی (ہوا چکی) کا پنکھا ۔

s -axle : پون چکی (ہوا چکی) کا دھرا ۔

s. -cloth : کپڑا ' جس سے بادبان بنتے ہیں اور لباس کے کام بھی آتا ہے ۔

s. -fish : سیل مچھلی ؛ بادبانی مچھلی ۔

s. ho! : جہاز ! جہاز ! وہ آیا جہاز ۔

sailmaker : بادبان بنانے یا درست کرنے والا ۔

sailmaker's palm : دیکھو palm ضمن میں ۔

take in s. : (مجازاً) حوصلے کو معتدل رکھنا ؛ جوش کو کم کرنا ۔

take wind out of ss. : (مجازاً) قوت بازو یا سہارا چھین لینا ۔

under s. : روانہ ہو جانا ؛ جہاز کا چھوٹنا ۔

wind-s. : بادکش (جہاز یا کانوں کے منہ پر) ۔

(-)sailed, *a.* : بادبانی ؛ بادبان والا (جہاز) ۔

sailless, *a.* : بے بادبان ۔

Sail, *v. i. & t. & n.* : (۱) جہاز چلانا ؛ بادبان کے ذریعہ جہاز چلانا ۔ (۲) بحری سفر کرنا ۔ (۳) جہاز کا چلنا ۔ (۴) (چڑیوں کا) ہوا میں اُڑنا ۔ (۵) (عورت کا) شان سے چلنا ۔ (۶) بحری سفر یا سیر ۔

it is ten days s. from : یہ (جگہ فلاں جگہ) سے دس دن کے بحری سفر کے فاصلے پر ہے ۔

list of sailings from London : لندن سے روانہ ہونے والے جہازوں کی روانگی کے اوقات ۔

plain sailing : (مجازاً) سیدھا سادہا کام ؛ آسان کام ۔

s. close to or near the wind : (لفظی) تقریباً ہوا کے خلاف چلانا ؛ (مجازاً) قانون شکنی کے قریب ہونا ؛ اخلاقی اُصول کی خلاف ورزی کے قریب ہونا ۔

s. into : (سوقیانہ) ہوا خیزی کرنا ؛ برا بھلا کہنا ۔

s. the sea : سمندر طے کرنا ' پار کرنا ۔

s. the sky : ہوا میں اُڑنا ۔

sailing -master : افسر جہاز ؛ جہاز راں ۔

sailing orders : ہدایات سفر (مالک جہاز کی طرف سے امیر جہاز کو منزل یا رخصت وغیرہ سے متعلق) ۔

we go for a s. : ہم بحری سیر کو جاتے ہیں ۔

Sailer, *n.* : جہاز ؛ کشتی ۔

fast s. : تیز جہاز ۔

good (or bad) s. : اچھا (یا خراب) جہاز ۔

Sailor, *n.* : کشتی بان ؛ ملاح ۔

bad s : جس کو بحری سفر میں متلی ہوتی ہو ۔

good s. : شخص جس کو بحری سفر میں متلی نہ ہوتی ہو ۔

s hat : ملاحی ٹوپی ؛ ایک قسم کی زنانہ ٹوپی ہے جو تنکوں سے بنائی جاتی ہے ۔

s. -man : (مزاحیہ و عامیانہ) ملاح ۔

sailors' home : ملاحوں کے لیے سستی سرائے ؛ ملاح خانہ ۔

s's knot : ملاحی گرہ (رسّی کی ایک خاص قسم کی گرہ) ۔

sailoring, *n.* : ملاحی ۔

sailorless, *a* : بے ملاح ۔

sailorly, *a.* : ملاحانہ ۔

Sain, *v t.* : (قدیم) صلیب کا نشان لگانا ؛ برکت دینا ؛ دعا دینا ۔

Sainfoin, *n.* : ایک قسم کی گھاس ہے جو زیادہ اونچی نہیں اُگتی اور چارے کے کام آتی ہے ۔

Saint, *a.* (*abbr.* St. S., *in pl.* Sts, Ss.), *n. & v. t.* : (۱) ولی ؛ بزرگ ؛ رشی ؛ منی ؛ خدارسیدہ ؛ درویش (بزرگوں اور فرشتوں کے ناموں کے ساتھ دیکھو ذیل میں) ۔ (۲) ولی بنانا ؛ ولی قرار دینا ؛ بزرگ سمجھنا ؛ زمرۂ اولیا میں شمار کرنا ۔

would provoke (or try the patience of) a s. : اولیا کی برداشت سے بھی باہر (بہت سخت بات) ۔

patron s. : سرپرست ولی ؛ خاندانی پیر ۔

latter day ss. : نئے اولیا ؛ نئے ہوئے پیر ۔

St. Paul : پولوس رسول ۔

St. Michael : حضرت میکائیل ۔

St. Andrew's day : سینٹ انڈریوس (سرپرست اسکاچستان) کا عرس (۳۰ نومبر) ۔

St. Bartholomew's : (مخفف Bart's) شفاخانہ بارتھولومی (واقع لندن) ۔

massacre of St. Bartholomew : فرانسیسی پروٹسٹنٹوں کا قتل عام جو ۲۴ اگست ۱۵۷۲ کو سینٹ بارتولومیو کے عرس کے دن ہوا تھا ۔

St. B dog or *St. Bernard* : کتوں کی ایک نسل جو درۂ

برنارڈ کلاں کے راھبوں نے کم کردہ راہ مسافروں کی مدد کے لیے پالی تھی -

St. Cecilia : سینٹ سی سیلیا (سرپرست موسیقی) -

St. Charles : شاہ چارلس اول جو شہید مانا گیا ہے

St. David's day : سینٹ ڈیوڈ (سرپرست ویلز) کا عرس (یکم مارچ) -

St. Denis : سینٹ ڈینس (سرپرست فرانس) -

St. George's day : سینٹ جارج (سرپرست انگلستان) کا عرس (۲۳ اپریل) -

St G's : (۱) شفا خانہ سینٹ جارج - (۲) سینٹ جارج کا گرجا (دونوں لندن میں)

St. G's cross :- (Greek cross = یونانی وضع کی صلیب)

St. Germain (or *Faubourg St. G.*) : پیرس میں شرفا اور اُمرا کا ایک محلہ -

(*the*) *St. Gotthard* : (۱) ایک الپائنی درہ جس جگہ اپ ریل کی سرنگ بنادی گئی ہے - (۲) ریل جو اِس سرنگ سے گزرتی ہے -

St. Helena : (۱) جزیرہ جس میں نپولین نظر بند تھا - (۲) (عموماً) نظر بندی یا جلا وطنی کی جگہ -

St. James's (or *the Court of St. James'* or *St. James*): (۱) انگلستان کے بادشاہ کا دربار - (۲) محل سینٹ جیمس کے گرد کا علاقہ -

St.-John's-wort : ایک قسم کا پودا جس کا پھول زرد ہوتا ہے اور جو باغوں میں بھی ہوتا ہے اور خود رو بھی -

St. Leger : تین سال کی عمر کے گھوڑوں کی دوڑ جو ڈنکاسٹر میں ہوتی ہے (بانی کے نام پر) -

St. Lubbock's day: اُن عام تعطیلوں میں سے کوئی جو سر جان ایک کے قانون ۱۸۷۱ ع کی روسے رائج ہوئیں -

St. Luke's summer : دیکھو summer -

St. Mark's : سینٹ مرقس کا گرجا واقع وینس -

St. Martin's le Grand : صدر ڈاک خانہ

St. Martin's summer : دیکھو summer -

St. Michael & St. George : خطابات -

St. Michael : - ایک قسم کی نارنگی (جزیرے کے نام پر) -

St. Monday : - متبرک دوشنبہ (اِس روز کام کم کیا جاتا ہے) -

St. Patrick : آئرستان کا سرپرست ولی -

order of St. P. : اعزاز سینٹ پٹرک (خطاب) -

St. Vitus's dance : دیکھو dance -

departed saint : مرحوم (یہ لفظ ماتم کرنے والے لوگ متوفی کی شان میں کہا کرتے ہیں) -

St. Paul's : کلیسائے سینٹ پال (لندن) -

St. Peter's : سینٹ پٹر کا گرجا (روما میں)

St. Peter's chair : پاپائے روما کا عہدہ -

St. Sophia : جامع ایا صوفیا (واقع قسطنطنیہ جو کسی زمانے میں گرجا تھی) -

St. Stephen's (chapel) : انگریزی پارلیمنٹ (اِس وجہ سے کہ کسی زمانے میں دیوان عام کے اجلاس اِسی گرجا میں ہوا کرتے تھے) -

St. Swithun : ۱۵ جولائی کا دن، جس کی نسبت مشہور ہے کہ اگر بارش ہوگئی تو برابر ۴۰ دن تک ہوتی رہے گی ورنہ ۴۰ دن تک بالکل نہ ہوگی -

St. Thomas's : شفاخانہ سینٹ طامس واقع لندن -

the Great, Little, St. Bernard : سینٹ برنارڈ کلاں ؛ سینٹ برنارڈ خرد (دو الپائنی دروں کے نام) -

young ss old devils (or *sinners*) : جوانی کا زہد و تقوی بڑھاپے کے لیے کچھ اچھے آثار نہیں -

saintdom, *n.* : زمرۂ اولیا ؛ حلقۂ اولیا ؛ حلقۂ مقدسین -

sainthood, **saintship**, *nn* ولایت ؛ خدا رسیدگی

saintliness, *n.* : ولی نما ہونا ؛ مقدس ہونا -

saintaing, *n.* پیرزادہ -

saintlike, *a.* : ولی صفت ؛ ولی نما ؛ ولی جیسا ؛ مقدس -

saintly *a.* ; ولی صفت ؛ بزرگانہ -

Saint-Simonian, *a. & n.*: *Comte de Saint-Simon* (۱۷۶۰—۱۸۲۵ ع کے) اِس اُصول اِشترانیت کا حامی کہ مال و متاع حکومت کے ھاتھ میں رہے اور صرف آمدنی حق داروں میں تقسیم ہو -

Saint Simonist Saint -Simonite, *nn.* : سیمونیت پسند ؛ سیمونیا -

Saint-Simonism, Saint-Simonianism, *nn.*: سیمونیت -

Saith : دیکھو Say -

Saitic, *a.* : مصر اسفل کے قدیم دار السلطنت (سائس) سے متعلق: سائسی -

S. dynasties : سائسی خاندان ؛ شاھان مصر کے خاندان (چھبیس یں سے تیسویں تک) -

Sake, *n.* : خاطر ؛ واسطہ ؛ لحاظ ؛ خیال -

for any sake : کسی کا واسطہ ؛ کسی کا خیال کرکے -

for children's sake : بچوں کی خاطر ؛ بچوں کا خیال کرکے -

for conscience' sake : ایمان کا واسطہ -

for God's sake : خدا کے لیے ؛ خدا را ؛ اللہ -

for goodness' sake : بھلائی کا واسطہ؛ نیکیوں کے طفیل میں -

for his name's sake : اپنے نام کی خاطر ؛ نام و نمود کے لیے ؛ اپنی ناموری کے لیے -

for my sake : میری خاطر (سے) ؛ میرے حال پر نظر کرکے -

for my own sake as well as yours: میری خاطر اور اپنی خاطر -

for old sake's sake : گزری ہوئی صحبتوں کا واسطہ ؛ ایام گزشتہ کو یاد کرکے -

for peace' sake : امن کی خاطر ؛ امن کے خیال سے -

for the sake, for Christ, of Christ's sake : حضرت مسیح کا واسطہ ؛ حضرت عیسی کے طفیل میں -

he is persecuted for opinion's sake : اپنی رائے کی وجہ سے عذاب میں ہے؛ اُس کے خیالات کی بنا پر اُسے تکلیف دی جارہی ہے -

Sake, *n.* : جاپانی شراب جو چاول سے بنتی ہے -

Saker, *n.* : (۱) شکرا ؛ (صقر) باز کی وہ قسم جس کی مادہ نر سے بڑی ہوتی ہے - (۲) (تاریخ) توپ کی ایک پرانی شکل -

sakeret, *n.* : نر شکرا -

Saki, *n.* : ساکی ؛ جنوبی امریکا کا ایک بندر جس کی دم لمبی ہوتی ہے لیکن گرفت کی صلاحیت نہیں رکھتی ہے اور گردن میں ایک کنٹھا ہوتا ہے -

Sakia, *n.* : رھٹ ؛ ساقیہ (عربی) -

Sal, **saul**, *n.* : سال ؛ سانکھو (درخت یا لکڑی) -

Salaam, *n. & v.i. & t.* : سلام ؛ سلام کرنا -

Salable, *a.* : بکاؤ ؛ بکری کے لائق -

s. price : وہ قیمت جس پر کوئی چیز بک سکے ؛ بکاؤ قیمت -

salability, *n.* : بکری کی قابلیت یا صلاحیت -

Salacious, *a.* : (۱) شہوانی؛ شہوت انگیز- (۲) شہوت پرست؛ عیاش-

salaciously, *adv.* : شہوت کے ساتھ ؛ شہوت پرستی سے؛ عیاشانہ-

salaciousness, *n.* : شہوت انگیزی؛ شہوت پسندی ؛ شہوت پرستی ؛ عیاشی -

salacity, *n.* : شہوت ؛ عیاشی ؛ اوباشی ؛ شہوت پرستی ؛ شہوت پسندی -

Salad, *n.* : سلاد ؛ ترکاریاں یا ساگ جو کچا کھایا جائے (مچھلی یا گوشت کے ساتھ)؛ ساگ کا کچومر یا کچالو -

s. days : کچی عمر؛ نا تجربہ کاری کا زمانہ -

s.-dressing : سلاد کا مسالا (زیتون ، سرکہ وغیرہ) -

s.-oil : اعلی قسم کا روغن زیتون -

Salamander, *n.* : (۱) سمندر (آگ کا کیڑا) - (۲) بڑا بہادر سپاہی (جو گولہ باری کی پروانہ کرے) - (۳) آگ کا بھوت - (۴) (حیوانیات) ایک قسم کا دمدار دوعنصری جانور - (۵) تیز گرم لوہا جس سے بارود میں آگ لگائی جاتی ہے - (۶) توا یا کڑھائی -

salamandroid, *a. & n.* : سمندر خو ؛ سمندر صفت -

salamandrian, salamandrine, *aa.* : بہت گرم؛ جلتا ہوا-

Salame, *n.* : اطالوی ساسیج (sausage) جسے تیز مسالا اور اکثر لہسن ڈال کر بناتے ہیں -

Sal-ammoniac, *n.* : نوشادری کلورائڈ ؛ امونیم کلورائڈ -

Salangane, *n.* : ایک قسم کی ابابیل -

Salariat, *n.* : تنخواہ یاب طبقہ -

Salary, *n. & v. t.* : (۱) تنخواہ - (۲) تنخواہ دینا -

salaried, *p.p.* : (۱) تنخواہ یاب (شخص)- (۲) (جگہ) جس کے لیے تنخواہ مقرر ہو -

Sale, *n.* : (۱) بکری ؛ فروخت ؛ بیع - نیلام ، ہراج

bill of s. : حکم نامۂ بیع ؛ حکم نامۂ فروخت ؛ نیلامی ڈگری -

on (or for) sale : بیچنے کے لیے ؛ بکاؤ -

put up for sale : نیلام پر چڑھانا ؛ نیلام کرنا -

s. & or, return : جانچ؛ جانکڑ ؛ ہیرتی پھیرتی -

s.-ring : نیلام میں بولی بولنے والوں کا حلقہ -

ss. resistance : مقاومت بائع ؛ بیچنے والوں کا متوقع خریداروں کی طرف سے سرد مہری یا مخالفت برتنا تاکہ طالب بڑھے اور زیادہ منافع ہو -

salesman : بیچنے والا ؛ دست فروش -

saleswoman : بیچنے والی -

the ss. were enormous : بکری بہت ہوئی -

salesmanship, *n.* : دست فروشی ؛ مہارت فروخت -

Salem, *n.* : نان کنفارمسٹ فرقے کا گرجا -

Salep, *n.* : ثعلب مصری -

Saleratus, *n.* : (امریکا) پوٹاش کاغیر خالص بائی کاربونیٹ؛ سوڈیم بائی کاربونیٹ (کیک بنانے کا سفوف) -

Salian, *a.* : مریخی ؛ پرستاران مریخ کے متعلق؛ مریخ پرستوں کا -

Salian, *a. & n.* : سالیکی (قبیلۂ سال کا رکن) ؛ فرانکیوں کا ایک قبیلہ جو زیوڈرزی کے کنارے آباد تھا اور جس سے میروونگی سلاطین ہوئے۔

Salic, Salique, *aa.* : سالیکی قانون کی کتاب (وہ قانون جو میروونگی اور کارولنگی سلطنت میں رائج تھا) -

Salic (or salique) law : سالیکی قانون جس کی رو سے عورت تخت کی وارث نہیں ہوسکتی خصوصاً فرانسیسی شاہی دور میں۔

Salicin, *n.* : صفصافید ؛ تلخ بلوریں مادہ جو صفصاف (willow) کی چھال سے نکالا جاتا ہے اور دوا کے طور پر استعمال ہوتا ہے ۔

salicyl, *n.* : صفصافی تیزاب کی اصل

salicylic, *a.* : صفصافی ۔

salicylic acid : صفصافی تیزاب جو گٹھیا کے مریض کو دیا جاتا ہے-

salicylate, *n.* : صفصافی تیزاب کا نمک ۔

salicylize, salicylate, *vv. t.* : صفصافانا؛ صفصافی تیزاب ملانا-

salicylism, *n.* : صفصاف خوری ؛ صفصافی تیزاب کھانا ۔

salicylous, *a.* : صفصافی دار ؛ صفصافی آمیز ۔

Salicional, salicet, *nn.* : باجے کی وہ مدھم آواز جو بجنا بند ہو جانے سے پہلے نکلتی ہے ؛ لہا ؛ گونج (موسیقی کی اصطلاح)-

Salient, *a & n* : (۱) اچھلتا ہوا ؛ ناچتا ہوا (مزاحاً) - (۲) نکلا ہوا ؛ ابھرا ہوا - (۳) نمایاں- (۴) بیرونی حصہ؛ ابھرا ہوا یا باہر کو نکلا ہوا حصہ - (۵) (متروک) اصل؛ شروع کا ؛ ابتدائے حیات -

s. characteristics : نمایاں خصوصیات -

s. features : نمایاں خط و خال ؛ نمایاں کیفیت

s. point : (قدیم) ابھرا ہوا نقطہ ؛ نکلا ہوا نقطہ۔

s. points : نمایاں امور

salience, saliency, *nn.* : نمایاں خصوصیت ؛ ابھار -

saliently, *adv.* : نمایاں طور پر ؛ بیرونی طور پر -

Saliferous, *a.* : (علم الارض) نمک دار (طبقات) -

Saline, *a. & n.* : (۱) کھاری ؛ نمکین ؛ شور؛ (۲) آب شور؛ کھاری جھیل ؛ چشمۂ شور ؛ کھاری دلدل ؛ نمک بنانے کا برتن ؛ نمک کا کارخانہ؛ کھاری جلاب ؛ نمک کا مسہل۔

salinity, *n.* : نمکینیت ؛ کھاری پن ؛ شوریت -

salino- : جزو ترکیبی، لاطینی لفظ Sal (نمک) سے مشتق ہے جن الفاظ کے ساتھ آتا ہے اُن میں نمک کے معنی پیدا کر دیتا ہے مثلاً :-

salinometer, *n.* : نمک کا پیمانہ ؛ نمک کی مقدار معلوم کرنے کا آلہ ؛ نمک پیما -

Salique : دیکھو Salic -

Saliva, *n.* : تھوک ؛ لعاب دہن ؛ رال -

salivary, *a.* : لعاب دار -

Salivate, *v. t. & i.* : لعاب پیدا کرنا یا ہونا ؛ منہ سے رال بہنا -

salivation, *n.* : تھوک نکلنا ؛ لعاب خیزی -

Salle, *n.* : سال ؛ بڑا کمرا ؛ کمرا ؛ ہال ؛ دالان -

s. a manger : کھانے کا کمرا؛ قہوہ پینے کا کمرا ؛ تناول خانہ۔

s. d'attente : انتظار خانہ ؛ مسافر خانہ -

Sallenders, *n. pl.* : خارش یا کھجلی کی بیماری (جو گھوڑوں کی پچھلی ٹانگوں کے جوڑوں کے اندر کی جانب ہو جاتی ہے) -

Sallow, *n.* : بید مجنوں ؛ بید کا درخت ، لکڑی یا شاخ -

sallowy, *a.* : بید والا ؛ بید صفت

Sallow, *a., n., & v. t. & i.* : (۱) زرد ، پیلا ، سانولا ، پھیکا

(رنگ) - (۲) زرد رنگ ؛ پیلا رنگ - (۲) زرد کرنا ؛ پیلا کرنا - (۳) زرد ہونا ؛ پیلا پڑنا -

sallowish, *a.* : زرد سا ؛ زردی مائل ؛ پیلاھٹ لیے -

Sallowness, *n* : زردی ؛ پیلاپن ؛ پیلاھٹ -

Sally, *n.* & *v. i.* : (۱) ھجوم ؛ تاخت ؛ زقند ؛ جھپٹ ؛ اُڑان - (۲) خروج ؛ نکاس ؛ ظہور - (۳) سیر ؛ تفریح - (۴) بلند خیالی ؛ بلند پروازی - (۵) ھنسی ؛ مذاق ؛ مزاح ؛ دل لگی ؛ ٹھٹھا ؛ ٹھٹول ؛ فقرہ کسنا - (۶) نکلنا ؛ باھر نکلنا ؛ اندر سے نکل کر حملہ کرنا ؛ محصورین کا محاصرین پر حملہ کرنا ؛ چڑھ دوڑنا -

s.-port : دریچہ ؛ وہ راستہ جس سے محصور فوج نکل کر محاصرین پر حملہ کرتی ھے -

Sally, *n.* : (۱) گھنٹی کی پہلی جنبش - (۲) رسی کا وہ حصہ جس میں گھنٹی لٹکتی ھے -

s.-hole : سوراخ ' جس میں سے گھنٹی کی رسی گزرتی ھے -

Sally, *n.* : (۱) حضرت ابراھیم کی بیوی کے نام " سارا " کی ترخیم - (۲) ھلکا اور میٹھا کیک جو چاے کے ساتھ گرم ھی کھایا جاتا ھے (شاید شہر Bath کی کیک بیچنے والی کے نام پر - تخمیناً سنہ ۱۸۰۰ ع) -

Salmagundi, *n.* : (۱) ایک قسم کا سالن جس میں مچھلی ' گوشت ' انڈے اور پیاز وغیرہ ڈالتے ھیں ؛ دیوانی ھانڈی - (۲) مختلف قسم کے مضامین کا مجموعہ ؛ کشکول - (۳) مجموعۂ لطائف و ظرائف -

Salmi, *n.* : شکار کی ھوئی چڑیوں کا مسالے دار گوشت -

Salmon, *n.* : سامن ؛ ایک قسم کی نہایت لذیذ مچھلی (جس کا گوشت نارنجی رنگ کا ھوتا ھے) -

s.-colour : نارنجی رنگ -

s. coloured : نارنجی -

s.-ladder,-stair, pass,-leap : بند وغیرہ جو پانی میں مچھلی پکڑنے کے لیے بناتے ھیں -

s steak : سامن مچھلی کا مرگل -

s. peal (or *peal*) : سامن مچھلی کا چھوٹا بچہ ؛ سامنچہ -

s.trout : شمالی یورپ کے سمندر کی ایک مچھلی جو سامن کی سی ھوتی ھے -

salmonoid, *a.* & *n.* : سامن کے رنگ کی (مچھلی) -

Salomonic, salomonian, *aa.* : سلیمانی -

Salon, *n.* : سالوں ' یورپی سلون (خاص کر فرانس) میں ملاقات یا تقریب کا کمرا یا دیوان خانہ -

the S. : پیرس میں اُن مصوروں کی بنائی ھوئی تصویروں کی سالانہ نمائش جو ابھی زندہ ھیں -

Saloon, *n.* : (۱) دیوان خانہ ؛ ھوٹلوں ' قہوہ خانوں کا بڑا کمرا (بڑے مجمعوں یا نمائش کے قابل) - (۲) (جہاز میں) بڑا مشترک کمرا یا اول درجے کے مسافروں کا کمرا ؛ ھوائی جہاز میں مسافروں کا کمرا - (۳) (امریکا میں) شراب خانہ -

s. bar : انگلستان کی سراے میں اعلی درجے کا شراب خانہ -

s.-car, carriage : (۱) ریل کی گاڑی جس میں درجوں کی تقسیم نہ ھو بلکہ جو ایک وسیع کمرے کی طرح آراستہ ھو - (۲) (*s.-car*) بند موٹر جس میں ڈرائیور کے پیچھے کوئی اوٹ نہیں ھوتی -

s-deck : (جہاز کا) عرشہ (اول درجے کے مسافروں کے لیے مخصوص) -

s.-keeper : (امریکی) شراب خانے کا مالک ؛ مے فروش -

s pistol, rifle : تمنچا یا بندوق جس سے نزدیک کی نشانہ بازی کی مشق کی جاسکے -

Saloop, *n.* : (۱) ثعلب مصری - (۲) ثعلب مصری کا جو شاندہ (جو کسی زمانے میں لندن میں بجاے قہوے کے بکا کرتا تھا) -

Salopain, *a.* & *n.* : (۱) Shropshire کا باشندہ - (۲) Shrewsbury کے مسلک والا -

Sapliglossis, *n.* : باغوں کے لیے ایک قسم کا پودا جس کے پھول خوشنما ھوتے ھیں -

Salsify, *n.* : ایک قسم کا پودا جس کی جڑیں لمبی اور اُسطوانی ھوتی ھیں (ترکاری کا کام دیتا ھے) -

Salt, *n.*, *a.* & *v. t.* : (۱) نمک ؛ لون ؛ - (۲) تیزی ؛ تندی - (۳) لطیفہ ؛ ظرافت ؛ نکتہ - (۴) (کیمیا) کھار ؛ شور ؛ نمک - (۵) کھاری ؛ نمکین ؛ شور ؛ سلونا - (۶) تیز ؛ تند ؛ تلخ ؛ کڑوا ؛ چٹپٹا - (۷) دلدلی ؛ بحری (پودے) - (۸) تیز ؛ تلخ ؛ دل گداز ؛ جگرخراش (نالے ' آنسو) - (۹) تیکھا ' لگتا ھوا ؛ چبھتا ھوا (فقرہ ' لطیفہ) ؛ چٹپٹا ؛ ناشائشتہ ؛ غیر مہذب (مذاق ' ٹھٹول) - (۱۰) (سوقیانہ) بہت زیادہ ؛ حد سے زیادہ (قیمت ' دام ' مطالبہ) (۱۱) نمک لگانا ؛ نمک کے پانی میں ڈالنا ؛ نمک میں لگانا (تاکہ خراب نہ ھو) ؛ نمک چھڑکنا (خصوصاً سڑک پر جمی ھوئی برف پر کہ پانی بن کے بہ جائے) - (۱۲) نمک بنانا ؛ نمک ڈالنا ؛ نمک مسالا لگانا ؛ نمک مرچ ملانا ؛ نمک ملنا (خصوصاً تصویر کشی کے کاغذ پر) -

above the s. : (تاریخی اِستعارہ) ذی مرتبت ؛ ذی حیثیت (اپنے ھم چشم یا برابر والوں کے ساتھ کھانا کھانے والا) -

any one worth his s. : اھل ؛ لائق ؛ قابل ؛ رکھنے کے قابل -

attic salt : (نمک یونانی) ملیح ظرافت ؛ لطیف نکتہ -

below the s. : (تاریخ) کم رتبہ آدمی (اپنے سے کم رتبہ کے ساتھ بیٹھ کر کھانا کھانے والا) -

bay- s. : خلیجی نمک ؛ سانبھر نمک -

drop pinch of s. on tail of : گرفتار کرنا ؛ پکڑنا ؛ اسیر کرنا -

eat one's *s.* : کسی کا نمک کھانا ؛ نمک خوار ھونا ؛ کسی کے ھاں مہمان ھونا -

eat s. with : شریک طعام ھونا ؛ شریک نمک ھونا ؛ کسی کے ھاں مہمان ھونا -

Epsom s. : دیکھو Epsom -

Glauber's s. : گلاؤبری نمک (جسے جرمانی کیمیا داں گلاؤبر نے دریافت کیا تھا) -

(*he*) *is not worth his s.* : کسی قابل نہیں ؛ ناکارہ ھے -

I am not made of s. : میں نمک کا بنا ھوا تو ھوں نہیں (پگھل تو جاؤں گا نہیں) -

in s. : نمکین ؛ نمک آلود ؛ نمک میں لگایا ھوا (تاکہ سڑنے نہ پاے) -

rock- s : چٹانی نمک ؛ سیندھا نمک -

salt (esp, *old salt*) : ملاح ؛ تجربہ کار ملاح -

s. a mine : باھر سے کچھ دھات لاکر کان میں داخل کر دینا

(تاکہ کان سیر حاصل معلوم ہو) -

s. an account &c. : (تجارتی عامیانہ) قیمت زیادہ لگانا ؛ حساب میں قیمت زیادہ دکھانا -

salt-cat : ایک مرکب جس کے ذریعے کبوتروں کو پرچاتے ہیں -

salt-cellar : (۱) نمک دان- (۲) (بول چال)عورتوں کی ہنسلی کے اوپر کا گہرا گڑھا (بد صورتی کی علامت) (عموماً جمع میں) -

s.-glaze : نمک کا لک یا روغن (جو پتھروں کے برتنوں پر کیا جاتا ہے اِس طرح پر کہ برتنوں کے پکائے جانے کے وقت بھٹی میں نمک کے ڈھیلے ڈال دیتے ہیں) -

s.-horse : نمکین بیف ' گائے کا خشک گوشت ؛ نمکین گوشت (ملاحوں کا محاورہ) -

s.-junk : نمکین گوشت ' مسالے دار گوشت ؛ خشک گوشت -

s.-lick : نمک زار (ایسی زمین جہاں جانور جمع ہوکر زمین کا نمک چاٹتے ہیں) -

s.-mine : نمک کی کان ؛ کان نمک

s. of lemon : لیموں کا نمک ؛ نیبو کھار -

s.-pan : (۱) نمک کی جھیل (سمندر کے قریب نشیبی زمین جہاں بذریعۂ تبخیر نمک بنایا جاتا ہے) - (۲) طاس نمک ؛ برتن جو نمک بنانے میں کام آتا ہے -

s.-pit : غار نمک ؛ نمک کا گڑھا -

s.-pond : نمک کا حوض (قدرتی یا مصنوعی جس میں سے سمندر کا پانی بھاپ بن کر اُڑجائے اور نمک تہ میں رہ جائے) -

s.-spoon : نمک کا چمچہ' نمک دان سے نمک نکالنے کے لیے -

s. the books : (تجارتی عامیانہ) اصلی قیمت سے زیادہ کی رسیدیں دکھانا -

s.-water : (۱) آب شور ؛ سمندر کا پانی - (۲) اشک ؛ آنسو -

s. water : سمندری ؛ بحری ؛ سمندرباسی -

s.-well : کھاری باولی (کنواں جس میں سے نمک کا پانی نکالا جائے) -

s.-works : نمک کا کارخانہ -

saltwort : ایک بحری پودا -

salted (horse or *person)* : جس پر آب و ہوا یا موسم کا اثر نہ ہو ؛ عادی (سرگرم' زمانہ چشیدہ) -

salting or *salt marsh*: دلدل' جس میں سمندر کا پانی آ بھرے -

sea s. : بحری نمک ؛ سمندری نمک -

smelling ss. : سونگھنے کا نمک ؛ لخلخہ -

table s. ; صاف پسا ہوا نمک -

take with a grain of s. : مبالغہ آمیز خیال کرنا ؛ تمام وکمال یقین نہ کرنا ؛ صرف کسی جز کا یقین کرنا -

talk full of s. : نمک مرچ لگی ہوئی باتیں؛ لطیف یا ظریفانہ کلام -

the s. of the earth : زمین کا نمک ؛ وہ طبقہ جس کے وجود سے دنیا کی حالت بہتر ہو (دیکھو انجیل متی باب ۵ آیت ۱۳) -

(there is) no s. in such tears : بے اثر آنسو ؛ (اُس کے آنسو سوتی تو ہیں مگر جھوٹے

white s. : سفید (صاف کیا ہوا) نمک -

salting, *n.* - (۱) نکائی - (۲) =s. marsh

saltless, *a.* : بے نمک ؛ پھیکا -

salty, *a.*: نمکین ؛ نمک آلود ؛ سلونا -

saltiness, *n.*: تیکھاپن ؛ ملاحت؛ نمکینی -

saltish, *a.* : املیم ؛ نمک آلود ؛ نمکین سا ؛ سلونا سا کسی قدر کھاری -

saltly, *adv.*: تیکھے پن کے ساتھ ؛ تیزی کے ساتھ -

saltness, *n.* : نمکینی؛ سلوناپن ؛ کھاری پن -

Saltarello, n. : اِطالوی اور ہسپانوی ناچ ؛ رقص اِطالوی ؛ رقص ہسپانی -

Saltation, *n.* : (۱) قلانچ ؛ جست ؛ کود پھاند ؛ اُچھل کود - (۲) اچانک حرکت ؛ یکایک جنبش -

saltatory, saltatorial, *aa.* : (۱) اُچھلتا کودتا ؛ کودتا پھاندتا - (۲) اُچھلنے والا ؛ کودنے والا ؛ کودنے پھاندنے والا -

Salter, *n.* : نمک ساز ؛ نمک فروش ؛ لونیا ؛ (مچھلی کو) نمکانے والا؛ نمک میں لگانے والا ؛ نمک کے کارخانے میں کام کرنے والا -

dry-s. : دکاندار جو اچار' چٹنی' گھی ' تیل ' رنگ' روغن ' گوند وغیرہ بیچتا ہو -

Saltern, *n.* : (۱) کارخانۂ نمک - (۲) تالاب یا گڑھے جہاں سے دریی تبخیر کے ذریعے نمک حاصل ہوتا ہے

Saltigrade, *a. & n.* : پھاندنے والی (مکڑی) -

Saltimbanco, n. : (۱) اتائی ؛ نیم حکیم - (۲) خود فروش ؛ شیخی باز ؛ لاف زن -

Saltire, *n.* : (اسلحہ داری) چلیپائی شکل جو کئی متوازی خطوں کے تقاطع سے بنتی ہے -

in s. per s. : اِس قسم کی شکلوں سے مرتب -

Saltpetre, *n.* : شورہ -

Chili (or cubic) s. : چلی (امریکا) کا شورہ جو مکعب ٹکڑوں کی شکل میں ہوتا ہے (= Sodium nitrate) -

s-paper : شورے کا کاغذ ؛ شورے میں ڈوبا ہوا کاغذ (جس سے بارود میں آگ لگتی ہے) -

s rot : لونا ؛ لونی -

Saltus, *n.* (pl. *-us*) : فوری تبدیلی ؛ یکایک تبدیلی -

Salubrious *a.* : صحت بخش ؛ صحت آور ؛ فرحت بخش ؛ خوش گوار ؛ موافق (آب و ہوا' کبھی کبھی غذا) -

salubriously, *adv.* : خوش گواری سے؛ صحت بخش طور پر -

salubrity, خوش گواری ؛ صحت بخشی ؛ فرحت بخشی -

Saluki, *n.* : تازی (کتا) -

Salutary, *a.* : (۱) (شاذ) صحت بخش ؛ صحت آور - (۲) مفید ؛ فائدہ مند ؛ سود مند -

Salutation *n.* : سلام کرنا ؛ صاحب سلامت (سلام علیک) -

the Angelie S. :- (ملکوتی) سلام؛ برکت کی دعا (= Ave Maria)

salutational, salutatory, *aa.* : سلام سے متعلق

Salute, *v. t. & i. & n.*: (۱) سلام ؛ آداب ؛ تسلیم ؛ کورنش - (۲) سلامی* (فوجی یا بحری) - (۳) سلام کرنا ' آداب بجا لانا ؛ آداب عرض کرنا ؛ مجرا کرنا - (۴) سلامی دینا - (۵) سلامی بوسہ دینا یا لینا - (۶) دکھائی دینا ؛ نظر آنا - (۷) (wtih کے ساتھ) اِستقبال کرنا ؛ ملنا (مسکراہٹ وغیرہ کے ساتھ) -

a chaste s. : (قدیم یا مزاحاً) رخصتی بوسہ

a s. of 7 guns : سات توپوں کی سلامی

take the s. سلامی لینا -

Salutiferous, *a.*: (اب شاذ) صحت بخش ؛ صحت آور -
Salvage, *n.* & *v. t.*: (۱) ڈوبے ہوئے جہاز کا سامان نکال لانا ؛ آگ میں سے نکال لانا ؛ بچانا ۔ (۲) آگ یا پانی میں سے نکالا ہوا سامان -
s or *s money*: بچانے یا نکال لانے کا انعام ؛ معاوضۂ رستگاری ؛ زر رستگاری
Salvarsan, *n.*: سالورسان ؛ آتشک کی مشہور دوا ھے جس کو سنبل الفار سے ۱۹۰۷ میں Ehrlich نے ایجاد کیا تھا ؛ یہ 606 کے نام سے بھی مشہور ھے اب اس پر اضافے کر کے سنبل الفار کے نئے مرکب دریافت ہوئے ھیں (پروپرائٹر کے نام سے مشہور ھے)-
Salvation, *n.*: نجات ؛ مکتی ؛ حفاظت ؛ بچاؤ -
be the s. of: اُسی کے لیے ذریعۂ نجات ہونا -
find s: (۱) نجات پانا - (۲) ایمان لانا ؛ (مزاحاً) کرنی ایسا گر دریافت کرنا جس سے انسان اپنے اُصول سے نجات پاسکے
S. Army: مکتی فوج ؛ عیسائیوں کی ایک جماعت جس کا مقصد عوام میں مذھبی بیداری پیدا کرنا ھے -
salvationism, *n.*: کفارۂ مسیح کا عقیدہ -
salvationist, *n.*: مذکورۂ بالا عقیدہ رکھنے والا -
Salve, *n.*, & *v. t.*: (۱) مرہم (اب صرف شاعرانہ معنی میں) - (۲) تار کول اور چربی کا مرکب ؛ لیپ (جو بھیڑوں کے لگایا جاتا ھے) - (۳) مسکن ؛ سکون بخش (چیز یا بات) ؛ درد دل کا علاج (۴) (متروک) توجیہ ؛ تاویل (عموماً for کے ساتھ) (۵) مرہم لگانا - (۶) تسکین بخشنا ؛ درد دل کا علاج کرنا ۔ (۷) لیپ لگانا (بھیڑ کو)- (۸) لیپ پوت کرنا ؛ توجیہ یا تاویل کرنا - (۹) تک ملانا ؛ جوڑ ملانا ؛ بات بنانا - (۱۰) آگ یا پانی سے نکال لانا ؛ بچانا۔
lip-s.: (۱) موم روغن - (۲) (مجازاً) خوشامد ؛ چاپلوسی -
salvable, *a.*: جو بچایا جا سکتا ھے -
Salve, *n.*: (نیز *S. regina*) رومی کلیسا کا ایک راگ جو لفظ salve سے شروع ہوتا ھے -
Salver, *n.*: کشتی (چاندی یا پیتل کی جس میں خدمت گار خط یا کوئی اور چیز پیش کرتے ھیں) -
Salvia, *n.*: ساج (Sage) پودوں کی قسم کا ایک پیوستہ جڑ پودا (اس میں بعض باغاتی گل آور پودے بھی شامل ھیں) -
Salvo, *n.* (pl. *-oes*): (۱) حقوق کی حفاظت کے لیے شرط ؛ قید ؛ استثنا - (۲) بچاؤ ؛ ٹال مٹول ؛ عذر لنگ
Salvo, *n.* (pl. *-oes*): سلامی ؛ شلک ؛ (توپ یا بندوق کی) باڑ ؛ تعریف کی بوچھار -
Salvolatile, *n.*: لخلخہ (نوشادری کاربونیٹ) -
Salvor, *n.*: ڈوبے ہوئے مال کو نکالنے والا (آدمی یا جہاز) -
Sam, *n.*, *Stand S.*: (سوقیانہ) سب دام دینا (خصوصاً شراب وغیرہ کے) ؛ پلانا -
upon my S.: قسم ھے -
Samaritan, *n.* & *a*: سامری ؛ اہل سامریہ ؛ باشندۂ سامریہ -
the S. pentateuch: توریت کی پہلی پانچ کتابوں (اسفار خمسہ) کا سامری متن -
good S.: فیاض ؛ نیک نہاد انسان (دیکھو لوقا باب ۱۰ آیت ۳۳)
Samaritanism, *n.*: سامریت -
Sambo, *n.* (pl. *-os, -oes*): دوغلا ؛ دونسلا (خصوصاً امریکی نیگرو اور یورپی میل) ؛ نیگرو کا اسم تحقیر -
Sam Browne, *n.*: فوجی افسر کی پیٹی اور تسمے -
Sambur, *n.*: سابر -
Same, *a.*: (۱) ایک سا ؛ یک رنگ ؛ جوں کا توں - (۲) مذکورۂ بالا ؛ مطابق ؛ ملتا جلتا -
all planets travel in the s. direction: تمام سیارے ایک ھی سمت گردش کرتے ھیں -
all the s: پور بھی ؛ تاھم -
& never met or found the s. again: اُس کو پھر کبھی نہ دیکھا نہ پایا -
at the s. time: (۱) اُسی وقت ؛ اُسی حالت میں - (۲) باوجود اِس کے ؛ لیکن ساتھ ھی ساتھ -
at the s. time that I am endeavouring: ٹھیک اُسی وقت جب کہ میں کوشش کر رہا ہوں
bigotry is the s. in every age: تعصب ہر زمانے میں ایک ھی معنی رکھتا ھے -
by the s. token: اُسی نشان سے ؛ اُسی علامت سے -
expectation of pleasure is the s. thing with desire: مسرت کی توقع ھی کو خواہش بھی کہتے ھیں -
grace & power faithfully to fulfil the s.: مذکورۂ بالا کام کے ٹھیک ٹھیک پورا کرنے کی طاقت اور توفیق
he gave the s. answer as before: اُس نے وھی جواب دیا جو پہلے دیا تھا -
he that shall endure unto the end, the s. shall be saved: جو اخیر تک تحمل کرے گا وھی نجات پائے گا -
I have the s bible my mother gave me: میرے پاس بائبل کا وھی نسخہ ھے جو میری ماں نے مجھے دیا تھا -
it is all just the s. to me: میرے لیے یہ سب برابر (یا یکساں) ھے -
just the s.: جوں کا توں ؛ اُسی رنگ میں -
much the s.: قریب قریب برابر -
Olympia, (is) the s. city as Pisa: اولمپیا وھی شہر ھے جسے پیزا کہتے ھیں -
on the s. grounds that he would defend suicdie: اُنھیں وجوہ سے جن کی بنا پر وہ خودکشی کی حمایت کرتا -
Rhenish wine at the s. price as French is sold at: رائنی شراب بھی اُنھیں داموں جن داموں فرانسیسی شراب بکتی ھے-
sailors received the s. pay as soldiers: ملاحوں کو بھی وھی تنخواہ ملی جو سپاھیوں کو -
say the s. thing twice over: اُسی بات کو دو دفعہ کہنا -
several of the very s. birds: اُنھیں پرندوں میں سے کئی -
she was always the s. to me: میری نظروں میں وہ ھمیشہ یکساں رھی -
the difference between a body in motion & the s. body at rest: ایک ھی جسم کا فرق حرکت اور سکون کی حالتوں میں -
the life is perhaps a little s.: زندگی کی تو وھی رفتار ھے -
the s.: وھی ؛ ویسا ھی ؛ ایک ھی -

the s. : وہی شخص ؛ وہی چیز -

the s. causes produce the s. effect : یکساں اسباب سے یکساں نتائج نکلتے ہیں -

the s. observations are true of others also : یہی مشاہدات دوسروں کے متعلق بھی درست ہیں -

the very s., just the s., one and the same : وہی ؛ بالکل وہی ؛ یکساں ؛ بجنسہ ؛ بعینہ ؛ ہو بہو -

they belong to one and the s. class : وہ ایک ہی طبقے کے افراد ہیں -

think (or *feel*) *the of* : کسی کے متعلق ویسا ہی خیال رکھنا

to repairing sleeve of s. 1/3 : اُسی کی آستین کی مرمت (کی بابت) ایک شلنگ ۳ پینس -

to the s. place where I had found it : اُسی جگہ جہاں میں نے اُس کو پایا تھا -

we must all say the s. : ہم سب کو ایک ہی بات کہنا چاہیئے -

we would do the s. again : ہم پھر بھی وہی کرینگے -

what is the use of this s. patience? : اِس نہ بدلنے والے صبر و تحمل سے کیا فائدہ ؟

words of the s. nature with those he had first heard: اُسی قسم کے الفاظ اُس نے پہلے سنے تھے -

sameness *n.* : ایک ہی سا ہونا ؛ یکسانی ؛ یک رنگی -

Samel, *a.* : سیہرا ؛ سیوری ؛ خام ؛ کچی ؛ کچا ؛ ادھ پکا ؛ (اینٹ ، کھپرا وغیرہ) -

Samian, *a.* & *n.* : ساموسی ؛ باشندۂ ساموس (ایشیائی ساحل پر ایک ترکی جزیرہ جو سمرنا سے ۴۲ میل جنوب مغرب کی طرف واقع ہے) -

S. ware : ساموسی برتن (مٹی کے برتن جو قدیم رومی مقامات پر پائے جاتے ہیں) -

Samisen, *n.* : جاپانی ستار -

Samite, *n.* : (قدیم) بادلہ ؛ زری (ازمنۂ وسطی کا قیمتی ریشمی کپڑا جس میں سونے کے تار بھی ملے ہوتے تھے) -

Samlet, *n.* : سامن (مچھلی) کا بچہ ؛ سامنچہ -

Samnite, *n.* & *a.* : سمنی ؛ سمنائی (ایک قدیم اطالوی قوم جو روما کی جمہوریت سے لڑتی رہتی تھی) (کا فرد) -

Samoan, *a.* & *n.* : ساموئی ؛ (جزیرۂ ساموا کا باشندہ یا وہاں کی زبان) -

Samovar, n. : سماوار (روسی زبان کا لفظ) -

Samoyed, *n.* : (۱) ساموئیدی ؛ سائبیریائی ؛ منگول ؛ وسطی سائبیریا کی منگول قوم کا رکن ؛ سامویائی - (۲) آرکٹک کے سفید کتوں کی نسل -

Samoyedic, *a.* & *n.* : سامویڈی ؛ سامویڈی شخص یا سامویائی زبان (سے متعلق) -

Sampan, *n.* : چینی ناؤ ؛ چینی (نمونے کی) کشتی -

Samphire, *n.* ایک قسم کی نباتات جو ساحل بحر کے قریب پہاڑوں پر اُگتی ہے اور اچار کے کام آتی ہے -

Sample, *n.* & *v. t.* : (۱) نمونہ ؛ بانگی - (۲) نظیر ؛ مثال - (۳) نمونہ یا بانگی دیکھنا یا دکھانا ؛ جانچنا ؛ صحیح تجربہ حاصل کرنا -

s. card : نمونوں کا پتا ؛ کارڈ جس پر نمونے چسپاں ہوں -

sampler, *n.* : نمونہ دیکھنے یا نمونہ لینے والا ؛ نمونے چھانٹنے والا -

Sampler, *n.* : (۱) لڑکیوں کی سوزن کاری کا بہترین نمونہ جسے دیوار وغیرہ پر لگا دیتی ہیں - (۲) درخت جو اور درخت کاٹتے وقت چھوڑ دیا گیا ہو تاکہ معلوم ہو سکے کہ کس قسم کے درخت اِس مقام سے کاٹے گئے ہیں -

Samson,-pson, *n.* : شمشون (ایک قوی ہیکل آدمی کا نام جس کا ذکر توریت میں آیا ہے) ؛ قوی ؛ گراں ڈیل -

S's post : (۱) (جہاز رانی) ایک مستحکم ستون جو جہاز کے ذخیرہ بنانے یا عرشوں کے درمیان سے گزرتا ہے - (۲) ایک ستون جو ویل گیر کشتیوں میں ہوتا ہے اور ویل کش نیزے کی رسی اُس میں بندھی ہوتی ہے -

samsoite, *n.* : ایک بوک سے اُڑ جانے والا مادہ -

Samurai, n.: (pl. same) : قدیم جاپانی فوجی نواب یا جاگیردار ؛ ایک جاپانی جماعت جو حب وطن کے لیے مشہور تھی

Sanad, n. : سند ؛ سند عطیۂ سلطانی ؛ منشور

Sanative, -tory, *aa.* : صحت بخش ؛ شفا بخش ؛ دافع ؛ مفید صحت ؛ جسمانی اور اخلاقی صحت سے متعلق -

Sanatorium, (pl. *-ia*) : دارالصحت -

Sanbenito, *n.* (pl. *-os*) : (۱) لباس توبہ ؛ ... زرد لباس جس پر آگے اور پیچھے دونوں جانب لال رنگ کی سینٹ اندریوز کی صلیب بنی ہوتی تھی ؛ یہ اُن بدعتی لوگوں کا لباس تھا جو ہسپانی محکمۂ احتساب کے دباؤ سے اپنے عقائد سے توبہ کرلیتے تھے - (۲) اُسی طرح کا سیاہ لباس اُن لوگوں کے لیے جو محکمۂ احتساب کے دباؤ سے بھی اپنے عقائد سے تائب نہ ہوتے تھے ؛ اُس پر شعلوں اور بھوتوں کی تصویریں بنی ہوتی تھیں ؛ یہ لباس اُس وقت پہنایا جاتا تھا جب کسی بدعت پرست کو زندہ جلاتے تھے -

Sanctify, *v. t.* : متبرک یا مقدس قرار دینا ؛ (گناہ سے) پاک کرنا ؛ حلال کر دینا ؛ جواز کا فتوی دینا -

sanctified : (طنزاً) مقدس ؛ متبرک -

such sanctified airs : (طنزاً) ایسے مقدس اطوار ؛ ایسا متبرک انداز -

the end sanctifies the means : اچھے مقصد کے حصول کے لیے ہر ذریعہ جائز ہے ؛ مآل اچھا تو کام بھی اچھا -

sanctification, *n.* : تقدیس ؛ تطہیر -

Sanctimonious, *a.* : ریاکار ؛ زاہد ریائی ؛ ظاہردار ؛ (طنزاً) تقدس مآب -

sanctimoniously, *adv.* : ظاہرداری سے ، ریاکاری سے -

sanctimoniousness, *n.* : = sanctimony

Sanctimony, *n.* ظاہر داری ؛ ریاکاری

Sanction, *n.* & *v. t.* : (۱) قانون ؛ قاعدہ - (۲) سزا یا جزا ؛ وہ دفعہ جس میں کسی جرم کی سزا یا کسی نیکی کی جزا درج ہو - (۳) تصدیق ؛ توثیق - (۴) تکلیف شرعی یا اخلاقی ؛ محرکات خیر - (۵) جواز ؛ حلت ؛ رخصت ؛ منظوری ؛ اجازت - (۶) تصدیق کرنا ؛ اختیار دینا ؛ لازم کرنا ؛ فرض عائد کرنا ؛ اجازت یا رخصت دینا ؛ سزا یا جزا مقرر کرنا -

pragmatic s. : دیکھو Pragmatic

vindicatory s. : تعزیری منظوری

punitive s. : محرک عمل سزا کا خوف -

remuneratory s. : محرک عمل اِنعام کی خواهش -

sanctionless, *a* : بےمنظوری؛ بلاتصدیق؛ بلاتوثیق؛ بلا اختیار؛ ناحق -

Sanctitude, *n.* : (شاذ) تقدس ؛ بزرگی -

Sanctity, *n.* : (۱) تقدس ؛ بزرگی - (۲) عزت ؛ عظمت -

odour of s : نیکی کی شهرت ؛ ولایت کا چرچا -

ss. : فرائض ؛ واجبات ؛ پابندیاں -

ss of the home : خانگی پابندیاں (فرائض) -

Sanctuary, *n.* : (۱) مقدس‌مقام؛ حرم ؛ عبادت گاہ (کا اندرونی حصہ) ؛ مسجد ؛ مندر ؛ درگاہ - (۲) مامن ؛ جاے پناہ - (۳) امن؛ پناہ ؛ حفاظت ؛ حق پناہ دهی ؛ (شکار) وہ جگہ یا زمانہ جس میں جانوروں کا شکار منع هو -

rights of s. : حقوق جاے پناہ ؛ حقوق پناہ دهی -

take (or *seek*) *s.* : پناہ لینا (یا ڈھونڈنا) -

violate (or *break*) *s.* : جاے پناہ کا اِحترام نہ کرنا ؛ مقدس مقام کے پناہ گزینوں کو گرفتار کرنا .

Sanctum (sanctorum), *n.* : (۱) معبد کا اندرونی حصہ؛ حرم - (۲) خلوت - (۳) (مجازاً) باطن (تصوف) - (۴) مقام مقدس ؛ عبادت کدہ -

Sanctus, *n.* : مناجات کے وہ بول جن پر عشاے ربانی کا خاتمہ هوتا هے ؛ بهجن -

s. bell : (۱) جرس مقدس - (۲) گهنٹا جو عشاے ربانی کے وقت بجایا جاتا هے -

Sand, *n.* & *v. t.* : (۱) ریت ؛ ریگ ؛ بالو - (۲) (امریکی روزمرہ) ثابت‌قدمی ؛ اِستقلال - (۳) (کسی چیز پر) ریت چهڑکنا یا ڈالنا ؛ ریت میں دفن کرنا ؛ ریت ملانا (شکر، اون وغیرہ میں) - (۴) مستحکم کرنا ؛ اوٹ قائم کرنا ؛ حملہ روکنا - (۵) دروازوں اور دریچوں کے سامنے هوا روکنے کے لیے ریت کی بوریاں رکهنا - (۶) کسی کے سر پر ریت کی بوری دے مارنا - (۷) (جمع) ریگستان ؛ ریتا ؛ تودۂ ریگ ؛ ریت کے ذرے -

built on s. : (جس کی بنیاد ریت پر هو) غیر مستحکم؛ نا پائدار

numberless as the sand (s) : ریت کے ذروں کے مانند بے شمار ؛ لاتعداد -

plough the s. or *ss.* : ریت میں هل چلانا -

rope of s. : دهول کی رسی -

s. hopper : ایک قشری دریائی جانور جو عام طور سے ساحلوں پر پایا جاتا هے -

s. -bag : ریت سے بهرا هوا تهیلا مدافعت کی عارضی فصیل بندی کے لیے یا کشتی یا غبارے میں توازن رکهنے کے لیے -

s. bag(s) : ریت کے تهیلے ، ریت کے بورے ؛ ریت کی بوریاں -

s. -bank : ریتا -

s. -bar : ریت کی باڑ؛ بندرگاهوں اور دریاؤں کے دهانوں پر ریت کے تودے

s. -bath : گرم ریت کا برتن -

s. -bad : ریت کی تہ -

s. -blast : ریت کا جهونکا (بهاپ یا دبی هوئی هوا کے ذریعہ شیشے کی سطح کهردری کر دینے کے لیے) -

s. -box : (۱) ریگ دان (ڈبیا جس میں سیاهی خشک کرنے کے لیے ریت رکهی جاتی هے) - (۲) ریت کا سانچا (جو ڈهالنے میں کام آتا هے) - (۳) ریگ دان (جو انجن پر هوتا هے کہ برف کی وجہ سے اگر پٹری چکنی هو گئی هو تو اُس پر ریت چهڑک دی جائے) -

jolly as a s.-boy : بالو بیچنے والے چهوکرے کی طرح خوش وخرم -

s. cloud : ریت کی آندهی؛ باد سموم کے ساتھ اُڑتی هوئی ریت -

s. -crack : (۱) بوائی (پهٹنا) ؛ پاؤں کی کهال میں شگاف جو گرم ریت میں چلنے سے هو جاتے هیں - (۲) گهوڑے کے سم میں شگاف - (۳) مٹی کی خرابی سے اینٹوں میں شگاف -

s. -eel : بام مچهلی کی ایک قسم -

s. -fly : بز مکهی -

s. -glass : ریت گهڑی

s. -hill : ریت کا ٹیلا ؛ ریت کا تودہ -

s. -iron : گولف کا وہ ڈنڈا جس سے ریت میں سے گیند نکالتے هیں -

s. -man : (نیز *dustman*) ریت والا (نیند سے بچوں کی آنکهیں کهجلانے لگتی هیں تو اُن سے کها جاتا هے کہ ریت والے نے تمهاری آنکھ میں ریت ڈال دی هے) -

s. -martin : ایک قسم کی ابابیل جو ریت میں گهونسلا بناتی هے -

s. -paper : ریگ مال (کاغذ) ؛ ریگ مال کرنا -

s. -piper : ایک قسم کا پرندہ جو مرطوب ریتیلے مقامات میں رهتا هے

s. -pump : ریگ کش ؛ ریت نکال ؛ ایک قسم کا آلہ جس کے ذریعے مشین وغیرہ میں سے ریت نکالی جاتی هے -

s. shoes : ریت جوتی ؛ ریت میں پهننے کی جوتی -

s. -spout : ستون ریگ ؛ ریت کا ستون (جو هوا کی وجہ سے ریگستان میں بن گیا هو) -

sandstone : ریتیلا پتهر ؛ بهربهرا پتهر -

s. -storm : ریت کا طوفان -

the ss. are running out : وقت گزرتا جاتا هے ؛ مهلت کم هوتی جاتی هے -

Sandal, *n.* & *v. t.* : (۱) چپل - (۲) چپل پهننا -

Sandal (wood), *n.* : صندل (کی لکڑی) ؛ چندن (کی لکڑی) -

Sandarac, *n* : زرنیخ احمر ؛ زرنیخ سرخ ؛ سم‌الفار احمر ؛ لال هرتال ؛ مین پهل -

gum s. : زرنیخ صمغی ؛ سم‌الفار صمغی -

Sand-blind, *a* : (قدیم) کم‌بین؛ بهینگا ؛ چوندها؛ تنگ‌نظر ؛ کوتاہ بین ؛ نزدیک بین -

Sanderling, *n.* : چها ؛ ایک قسم کا چهوٹا سا پانی میں چلنے والا پرندہ -

Sanders, saun-, *n.* : لال صندل ؛ لال چندن ؛ صندل سرخ -

Sandhurst, *n.* : انگلستان کا شاهی فوجی مدرسہ واقع سینڈهرسٹ -

Sandiver, *n.* : کانچ (شیشہ) کا نمک یا کهار ؛ ایک قسم کا نمکیلا پانی جو شیشہ بناتے وقت اُس سے خارج هوتا هے -

Sandwich, *n.* & *v. t.* : (۱) نان پاؤ کے دو پتلے توس جن کے بیچ میں گوشت ، انڈے ، مچهلی ، ککڑی یا کسی اور چیز کے تتلے رکھ دیے گئے هوں - (۲) گهوسنا ؛ ٹهونسنا ؛ بهرنا ؛ داخل کرنا ؛ ملفوف کرنا ؛ کسی شے کو ایسی دو چیزوں کے اندر داخل

کرنا جو مختلف النوع ہوں - (۳) (مجازاً) دو رخا ؛ مخلوط؛ مرکب (مثلاً *he is a s. of good & bad*) -

s.-man, -boy : اشتہار والا جو اشتہار کا ایک تختہ سینے پر اور ایک پیٹھ پر لٹکائے ہو

s.-board : ایسے دو تختوں میں سے ایک -

s.-boat : (کشتیوں کی دوڑ میں) اگلی قطار کی سب سے پچھلی اور پچھلی قطار کی سب سے اگلی کشتی -

Sandy, *a.* : (۱) ریتلا ؛ کرکرا ؛ ریگ آلود - (۲) ریگی ؛ بالو (یا ریت) کے رنگ کا - (۳) زرد سرخی مائل (بال وغیرہ کے لیے) -

sandiness, *n.* : (۱) کرکرا پن ؛ ریتلا پن ؛ ریگ آلودگی - (۲) بالو رنگی ؛ ریگ رنگی ؛ ریت رنگی ؛ زردی مائل سرخی -

sandyish, *a.* : ریتلا سا ؛ کرکرا سا ؛ بالو کے سے رنگ کا -

Sandy, *n.* : (حقارتاً) اسکا چستانی ؛ اسکاچستان کا باشندہ -

Sane, *a.* : (۱) سمجھ دار ؛ ذی فہم ؛ سلیم العقل ؛ صحیح العقل ؛ صحیح الدماغ ؛ صحیح الحواس ؛ دانا ؛ عاقل ؛ زیرک ؛ آدمی جو دیوانہ نہ ہو - (۲) معتدل ؛ معقول (رائے ، خیال وغیرہ) -

Sang: دیکھو sing -

Sanga (r), *n.* : سنگا ؛ پتھر کا سینہ بند جسے ہندوستان کی پہاڑی قومیں استعمال کرتی ہیں -

Sangaree, *n.* : ایک ٹھنڈا مشروب جسے شراب اور مسالے ڈال کر بناتے ہیں -

Sang-de-boeuf, *n. & a.* : گہرا لال (لہو کا سا) رنگ جو پرانی چینی پر اب بھی پایا جاتا ہے -

Sang-froid, *n.* : سکون ؛ اطمینان ؛ دل جمعی ؛ جمعیت خاطر (خوف یا پریشانی کے وقت) -

Sangrail, -real, *n.* : پیالۂ خون ؛ وہ پیالہ جس میں حضرت عیسیٰ نے آخری کھانا کھایا تھا اور جب آپ صلیب پر لٹکائے گئے تو یوسف اری میتھیا نے اسی میں آپ کا خون لیا تھا -

Sanguification, *n.* : تولید خون ؛ خون بننا ؛ خون بننے کا عمل ؛ وہ عمل جس کے ذریعے غذا خون میں بدل جاتی ہے -

Sanguinary, *a.* : خونی ؛ خون ریز ؛ سفاک ؛ خوں آشام ؛ تشنۂ خوں ؛ خوں خوار ؛ قاتل ؛ لہو کا پیاسا ؛ بے رحم ؛ بے مہر ؛ بے رحمی کا (قانون) ؛ ذرا ذرا سے جرم پر موت کی سزا دینے والا (قانون) -

sanguinarily, *adv.* : سفاکانہ ؛ خوں خوار ، خوں ریز یا خوں آشام طریق یا انداز سے ؛ ظالمانہ ؛ جابرانہ -

sanguinariness, *n.* : سفاکی ؛ خون خواری ؛ خوں ریزی ؛ خوں آشامی -

Sanguine, *a. & n., & v. t.* : (۱) لہو سا لال ؛ خون کے سے رنگ کا - (۲) دموی ؛ دموی مزاج آدمی جس کے بدن میں خون بہت ہو - (۳) سر گرم ؛ جوشیلا ؛ جوش بھرا ؛ زندہ دل ؛ امیدوں بھرا ؛ خود اعتماد - (۴) قوی ؛ زبر دست ؛ مضبوط ؛ واثق ؛ پختہ ؛ پکا ؛ یقینی - (۵) لال رنگ ؛ لال رنگ کی تصویر -

S. ant : لال چیونٹی -

S. sponge : لال اسفنج -

S. turtle : لال کچھوا -

sanguinely, *adv.* : سر گرمی سے ؛ پر امید طور سے -

sanguineness, *n.* : (۱) لالی ؛ سرخی - (۲) سر گرمی ؛ جوش ؛ شوق ؛ ذوق و شوق ؛ ہمت ؛ جوشیلا پن ؛ حرارت ؛ گرمی ؛ دل سوزی -

Sanguineous, *a.* : (۱) (طب) خون کا ؛ خون سے متعلق - (۲) دموی ؛ پر خون - (۳) گہرے لال رنگ کا (شیشہ) -

Sanhedrim, *n.* : (قدیم یروشلم کی) عدالت عالیہ ، جس کے اکہتر رکن ہوتے تھے -

Sanicle, *n.* : ایک پودا جس کے پھول گچھے دار اگتے ہیں -

Sanify, *v. t.* : (۱) تندرست کرنا ؛ اچھا کرنا - (۲) صفائی کا انتظام کرنا ؛ صفائی کو ترقی دینا -

Sanitary, *a.* : صفائی یا صحت و تندرستی سے متعلق ؛ حفظان صحت سے متعلق ؛ مفید صحت -

s. towel : گدی یا تولیا جو ایام میں استعمال ہوتا ہے -

sanitarian, *n. & a.* : (۱) انجمن صفائی یا مجلس صفائی کا رکن ؛ ماہر صحت ؛ ماہر حفظان صحت - (۲) صحتی -

sanitarily, *adv.* : حفظان صحت کے لحاظ (کی رو) سے -

sanitariness, *n.* : شرائط صحت کی پابندی ؛ امور حفظان صحت کا پاس -

sanitarist, *n.* : حفظان صحت کا دل دادہ ؛ صحت پرست ؛ صفائی پسند ؛ صفائی پرست -

Sanitas, *n.* : ایک دوا کا تجارتی نام (جس سے بیماری کے جراثیم ہلاک ہوجاتے ہیں) -

Sanitation, *n.* : (۱) علم حفظان صحت ؛ علم اصول صحت ؛ علم الصحت ؛ اصول صحت ؛ صفائی ؛ امور صحت - (۲) امور متعلقہ صحت کا پابند ہونا -

sanitationist, *n.* : اصول صفائی کا ماہر ؛ اصول صحت کا پابند ؛ صحت پرست ؛ صفائی پسند -

sanitate, *v. t. & i.* : صفائی کرنا ؛ امور حفظان صحت کی پابندی کرنا -

Sanity, *n.* : سلامت عقل ؛ صحت عقل و ہوش ؛ ہوش و حواس کا بجا ہونا ؛ دماغی صحت ؛ صحیح الحواس ہونا ؛ عدم جنون -

Sanjak, *n.* : سنجاق ؛ ترکی " ولایت " (یعنی صوبے) کا حصہ ؛ ضلع یا پرگنہ -

Sank : دیکھو sink -

San(n)yasi, *n.* (also *sunnyasse*) : سنیاسی ؛ ہندو فقیر -

Sans, *prep.* : بے ؛ بغیر ؛ بلا ؛ بدون ؛ بن (تلفظ انگریزی لفظ کی حیثیت سے سانز جب یہ لفظ انگریزی لفظوں سے مل کر آئے) -

s. ceremonie : (۱) دنیا کی رسم کی لاج نہ کرکے - (۲) بے تکلفی سے -

s. doute : بے شک ، بلا شبہ ؛ لاریب -

s. everything : بے ہمہ -

s. eyes : بے آنکھوں کے ؛ آنکھوں بغیر -

s. facon : صاف گوئی سے ؛ دریدہ دہنی سے -

s.-gene : بے تکلفی -

s. phrase : صاف صاف ؛ کھلے لفظوں میں -

s.-souci : بے پروائی -

s. taste : بلا ذائقہ ؛ بے ذوق -

s. teeth : بے دانتوں کے ؛ دانتوں بغیر -

sansculotte . عامی یا غیر مہذب ؛ جمہوریت پسند ؛ مساوات پرست ؛ انقلاب پسند ؛ انتہا پسند ؛ انتہا پسند ؛ انتقلابیا (فرانسیسی انقلاب

کے زمانے میں قدیم اشرافیت کے دل دادہ لوگ جمہوریت پسندوں کو " بے برجسا " کہتے تھے ' اس لیے کہ برجس شرفا کا لباس تصور کی جاتی تھی ' بعد کو جمہوریت پسندوں نے خود یہ نام اپنے لیے مخصوص کر لیا) -

sansculotterie : انقلاب پسندی ؛ مساوات پرستی -

sansculottic : صفت مذکورۂ بالا معنوں میں -

sansculottism : انقلاب پسندی ؛ مساوات پرستی -

Sanserif, *n.* & *a.* : منقا حرف جس میں نوکیں نہ ہوں (مثلاً this ؛ this کے حروف منقے نہیں ہیں ؛ ایسے حرف کو serif کہتے ہیں) -

Sanskrit, -scrit, *n.* & *a.* : سنسکرت ' ہندوستان کی پرانی علمی زبان -

Sanskritic, *a.* : سنسکرتی -

Sanskritist, *a.* : سنسکرت دان -

Santa Claus, *n.* : سینٹ نکولس ؛ ایک فرضی شخص جس کے متعلق بچوں کو یہ عقیدہ دلایا جاتا ہے کہ رات کے وقت ان کے موزوں میں بڑے دن کے تحفے ڈال جاتا ہے -

***Santon, n.* :** مسلمان درویش ؛ فقیر ؛ گوشہ نشین ؛ تارک الدنیا ؛ ولی اللہ ؛ خدا رسیدہ -

Santonica, *n.* : سنتو نیکا ؛ ناگدون -

Santonin, *n.* : عرق سنتو نیکا ؛ سنتونیکا کا ست (یہ ست کرم امعاد کی دوا ہے) -

Saorstat Eireann, *n.* : آئرستان کی خود مختار ریاست -

Sap, *n.* & *v. t.* : (۱) عرق ؛ رس ؛ شیرہ ؛ دودھ ؛ (مجازاً) جوہر ؛ جان ؛ لطف - (۲) نیز (*s.-wood*) بکل ؛ چھال ؛ رسیلی لکڑی ؛ کچی لکڑی ؛ چوب خام - (۳) رس یا عرق نکالنا ؛ خشک کرنا ؛ رس نچوڑ لینا ؛ عرق نچوڑ لینا ؛ انس نکال لینا ؛ (مجازاً) جان نکال لینا ؛ زور چوس لینا ؛ کمزور کر دینا (مثلاً *his energy had bean sapped by* اس کی قوت سلب کر لی گئی) - (۴) (لکڑی کے لٹھے پر سے) چھال اتارنا -

s.-green : رنگ جو buckthorn berries سے بنایا جاتا ہے ؛ اس رنگ کا -

s.-lath : کچی لکڑی یا خام چوب کی پٹی -

there is no s. in a written constitution : تحریری قانون میں کچھ جان نہیں -

the s. of youth : جوہر شباب -

sapful, *a.* : رس بھرا ؛ رس دار ؛ شاداب ؛ لعاب دار -

sapless, *a.* : بے رس ؛ بے عرق ؛ خشک ؛ سوکھا ؛ بے لعاب -

sappy, *a.* : (۱) رسیلا ؛ رس دار ؛ عرق دار ؛ پر عرق ؛ تر و تازہ ؛ شاداب ؛ سرسبز ؛ لعاب دار - (۲) (مجازاً) توانا (مثلاً *s. race like German*) - (۳) احمق ؛ نادان ؛ بے وقوف ؛ کم عقل -

sappiness, *n.* : (۱) رسیلا پن ؛ تراوت ؛ تر و تازگی ؛ شادابی ؛ سرسبزی ؛ لعاب داری - (۲) (بول چال) حماقت ؛ نادانی -

Sap, *n.* & *v. i.* & *t.* : (۱) محصور مقام کے گرد ایسا مورچہ جس سے محاصرین کا حملہ روکا جا سکے - (۲) (مجازاً) عقیدے یا ارادے وغیرہ کا استیصال - (۳) جڑ کھودنا ؛ بیخ کنی کرنا ؛ استیصال کرنا ؛ منہدم کرنا ؛ مسمار کرنا - (۴) سرنگ لگانا ؛ نقب لگا کر پہنچنا ؛ سرنگ لگا کر پہنچنا ؛ نقب لگانا (۵) بنیادیں کھوکھلی کرنا ؛ رفتہ رفتہ برباد کرنا ؛ آہستہ آہستہ تباہ کرنا (مثلاً *walls, cliffs, were sapped by the stream* = دیواروں یا چٹانوں کی بنیادیں کھوکھلی کر دی گئیں) -

her health was sapped by the damp climate : مرطوب آب و ہوا نے اس کی صحت خراب کر دی -

s.-head : محاصری مورچے کا اگلا سرا -

s.-roller : محاصری مورچہ -

science is sapping old beliefs : سائنس قدیم اعتقادات کی بنیادیں کھوکھلی کر رہا ہے -

Sap, *v. i.* & *n.* : (۱) (عامیانہ ' مدارس) بہت پڑھنے والا ' رٹو ' محنتی ہونا - (۲) لکھنے پڑھنے میں سخت محنت کرنا ؛ رٹنا ؛ مطالعے میں انہماک ہونا - (۳) صبر آزما کام ؛ کھکھیڑ ؛ شدید محنت ؛ پسائی -

it is such a s. : یہ سخت دقت طلب کام ہے -

it is too much s. : یہ بہت ہی صبر آزما اور پتا مارنے کا کام ہے -

Sapajou, *n.* : سپا جو ' ایک قسم کا بندر جو جنوبی امریکہ میں ہوتا ہے ' لوگ اسے پالتے اور محبت سے رکھتے ہیں -

Sapan-wood, -pp-, *n.* : ساپن لکڑی ' ایک قسم کی لکڑی جو ایشیا کے گرم علاقوں میں ہوتی ہے اس سے سرخ اور زرد رنگ بنائے جاتے ہیں -

Sapid, *a.* : لذیذ ؛ مزہ دار ؛ ذائقہ دار ؛ خوش مزہ ؛ خوش ذائقہ ؛ خوش گوار ؛ (تحریر و تقریر) پر لطف ؛ دل کش ؛ دل پذیر -

sapidity, *n.* : مزہ ؛ لذت ؛ ذائقہ -

Sapient, *a.* : (۱) (شاذ) دانا ؛ دانش مند ؛ عقل مند - (۲) مدعی دانائی ؛ دانائی کا دعوی دار ؛ لال بجھکڑ -

sapiently, *adv.* : (طنزاً) دانش مندانہ طور سے -

sapience, *n.* : (شاذ) دانائی ؛ عقل مندی ؛ دانش مندی ؛ (طنزاً) دانائی ؛ لال بجھکڑ پن -

Sapiential, *a.* : عقل مندی کا ؛ دانش مندی کا ؛ دانشمندانہ -

the s. books : کتب پند و نصائح ؛ خصوصاً بائبل کی کتب امثال و نصائح وغیرہ -

Sapling, *n.* : (۱) نو نہال ؛ پودا ؛ (مجازاً) نوعمر ؛ نوجوان ؛ نوخیز ؛ نا تجربہ کار نو جوان - (۲) ایک سال کی عمر کا شکاری کتا ؛ ایک سالہ سگ تازی -

Sapodilla, *n.* : ایک قسم کا درخت جو امریکہ کے گرم حصوں میں ہوتا ہے اس کی لکڑی پائدار اور پھل خوش ذائقہ ہوتا ہے -

Saponaceous, *a.* : صابونی ؛ صابون صفت ؛ صابون آمیز (نیز مزاحاً) -

Saponify, *v. t.* & *i.* : صابون بنانا ؛ چربی وغیرہ کا صابن بنانا -

saponification, *n.* : صابن سازی -

saponifiable, *a.* : صابن بنانے کے قابل ؛ قابل صابون سازی -

Sapor, *n.* : ذائقہ ؛ لذت ؛ مزہ -

Sapper, *n.* : (۱) چوسنے والا ؛ رس یا عرق چوسنے والا - (۲) سرنگ اڑانے والا ؛ (خاصکر) سفر مینا کا سپاہی - (۳) پڑھنے لکھنے میں محنت کرنے والا ؛ رٹو ؛ پتا ماز کے کام کرنے والا (۴) رایل انجنیری مین سپاہی -

Royal Ss. & Miners : شاہی سفر مینا -

***Sapperment, n.* :** اہل جرمنی کی قسم -

Sapphic, *a.* : (۱) سیفو نی یا سیفو کے متعلق (سیفو ایک یونانی شاعرہ تھی چھٹی صدی قبل مسیح) - (۲) وہ بحریں جو سیفو استعمال کرتی تھی -

S. verse, stanza : نظم ان بحروں میں جو سیفو نے

ایجاد کی تھیں -

Sapphism, *n.* (also *Sapphic vice*): علت سیفوی یعنی چپٹی -

Sapphire, *n.* & *a.*: (۱) نیلم ؛ یاقوت ازرق - (۲) ایک قسم کا شکر خورہ - (۳) نیلم کے رنگ کا -

sapphirine, *a.*: نیلمی ؛ نیلم کا ؛ نیلم کا بنا ہوا -

Sapr (o)-: جز ترکیبی جو یونانی زبان کے لفظ Sapros سے مشتق ہے جس کے معنی ہیں بوسیدہ ، سڑا ہوا مثلاً :-

sapraemia: فساد خون -

sapraemic: فساد خون کے متعلق -

saprogenic: سڑانے والا ؛ فاسد کرنے والا ؛ سڑے کے مادے سے پیدا شدہ -

saprophile: گندگی میں رہنے والا جرثومہ ؛ غلاظت پسند -

saprophyte: (نباتات) مردہ خور ؛ گند خور (یعنی وہ نباتات جو سڑے گلے مادے پر بسر کرتے ہیں) ۔

Sar, *n.*: ایک قسم کی مچھلی جو میٹھے پانی میں ہوتی ہے -

Saraband, *n.*: ایک قسم کا ہسپانی ناچ -

Saracen, *n.* & *a.*: (۱) شرقیئین ؛ اہل شرق ؛ اہل مشرق ؛ مسلمان ؛ اہل اسلام - (۲) رومی اور یونانی ، ساری عرب کے خانہ بدوش قبائل کو اس نام سے یاد کرتے تھے - (۳) حروب صلیبیہ کے زمانے کے مسلمانوں کو عام طور پر اس نام سے پکارتے تھے -

S. corn: = Buckwheat

S. head: عرب یا ترک کا سر جو سپر یا سرائے پر نشان کے طور پر استعمال ہوتا ہے -

Saracenic, *a.*: (۱) مشرقی ؛ اسلامی - (۲) اسلامی (طرز عمارت) -

Saratoga (trunk), *n.*: زنانہ سفری صندوق -

Sarcasm, *n.*: رمز و کنایہ ؛ تعریض ؛ طعن ؛ چبھتی ہوئی بات ؛ جلی کٹی ؛ طنز ؛ اعتراض -

sarcastic, *a.*: تعریضی ؛ طنزیہ ؛ طنز آمیز -

sarcastically, *adv.*: طنزاً ؛ تعریضاً ؛ از راہ طنز و تعریض -

Sarcast, *n.*: (شاذ) جلی کٹی کہنے والا ؛ طعنہ دینے والا ؛ طنز گو شخص -

Sarcelle, *n.*: ایک قسم کی چھوٹی بطخ ؛ چنیا بطخ ؛ پن ککڑی -

Sarcenet: دیکھو Sarsenet -

Sarco-: جز ترکیبی جو یونانی زبان کے لفظ Sarkos سے مشتق ہے ، جس کے معنی ہیں گوشت ، لحم -

sarcology: تشریح لحمی ؛ جسم انسانی کے اجزائے لحمی کی تشریح -

sarcoplasm: اعصاب کا ریشہ دار مادہ -

Sarcode, *n.*: حیوانی نخرمایہ ؛ مادۂ حیات حیوانی -

Sarcoma, *n.* (pl.-*ata*): ورم لحمی ؛ گوشتین ابھار ؛ دنبل لحمی ؛ دنبل گوشتین -

Sarcophagus, *n.* (pl.-*gi*): سنگین تابوت ، جس پر کوئی کتبہ یا سنگ تراشی وغیرہ کا کام ہو -

Sarcous, *a.*: گوشتین ؛ لحمی ؛ گوشت کا ؛ اعصابی ؛ اعصاب دار -

Sard, *n.*: عقیق اصفر ؛ عقیق نارنجی ؛ عقیق احمر -

Sardanapalian, *a.*: سار دانے پلسی ؛ سار دانے پلس کے مانند (یہ نینوا کا بادشاہ تھا جو زنانہ عشرت پسندیوں میں بد نام تھا) -

Sardelle, *n.*: سارڈیل ، ایک قسم کی مچھلی ہے ، سارڈین سے مشابہ -

Sardine, *n.*: عقیق احمر ؛ عقیق اصفر ؛ عقیق نارنجی (ملاحظہ ہو کتاب الہامات باب ۴ آیت ۳ مگر غالباً یہ غلط ہے اس لئے کہ نسخۂ جدید میں Sardius آیا ہے) -

Sardine, *n.*: سارڈین ، ایک قسم کی مچھلی جو جزیرۂ سارڈینیا کے قریب بحیرۂ روم میں پائی جاتی ہے

packed like ss.: سارڈین مچھلیوں کی طرح بھرے ہوئے ؛ ایک پر ایک ٹھنسا ہوا -

Sardinian, *n.* & *a.*: (۱) جزیرۂ سارڈینیا کا (باشندہ) - (۲) سلطنت سارڈینیا (۱۸۶۱ تا ۱۷۲۰ ، بشمول پیڈمونٹ) کا (باشندہ) -

Sardonic, *a.*: (ہنسی ، چہل وغیرہ) نقلی ؛ مصنوعی ؛ ساختہ ؛ بناوٹی ؛ جھوٹی ؛ جھوٹا ؛ زہر خندگی ؛ تمسخر آمیز -

sardonically, *adv.*: جھوٹی ہنسی کے طور پر ؛ مضحکہ خیز اسلوب سے -

Sardonyx, *n.*: عقیق سلیمانی -

Sargasso, *n.* (pl.-*os*,-*oes*): بحری خس و خاشاک ؛ خلیجی خس و خاشاک یہ ایک قسم کی نباتات ہے جس کے ڈھیر کے ڈھیر گلف اسٹریم میں بہتے پھرتے ہیں ، جو دور سے جزیرے معلوم ہوتے ہیں -

S. sea: بحیرۂ سر گاسو ؛ بحر ظلمات کا شمالی حصہ -

Sari, saree, *n.*: ساڑی -

Sarissa, *n.* (pl. *ae*): نیزہ ؛ بھالا ؛ بلم ، ایک قسم کا بڑا نیزہ جو قدیم زمانے میں اہل مقدونیہ رکھتے تھے -

Sark, *n.*: قمیص ؛ کرتا -

sarking, *n.*: (تعمیر) چھت اور شہتیروں کے درمیان تختہ بندی (چھت کی مضبوطی کے لئے) -

Sarmatian, *a.* & *n.*: سار میشیائی ؛ باشندۂ قدیم سار میشیا (روس و پولستان) ؛ (شعر) اہل پولستان ؛ پولستانی -

Sarmentose, -entous, *aa.*: (نباتیات) دراز ساق ؛ شاخ دار ، ایسا درخت جس کی شاخیں لمبی لمبی ، پتلی پتلی اور پھیلی ہوئی ہوں -

Sarong, *n.*: سارنگ ؛ ملایا کا قومی لباس ، سوتی یا ریشمی فرقی یا اونچا تہمد (مرد اور عورت دونوں کے لئے) -

Sarsaparilla, *n.*: عشبہ ؛ جوہر عشبہ -

Sarsen, *n.*: ایک قسم کا چکنا اور بھر بھرا پتھر جو ولٹ شائر وغیرہ میں پایا جاتا ہے -

Sarsenet, -ce-, *n.*: نفیس نرم ریشم -

Sartorial, *a.*: خیاطانہ ؛ خیاطی کے متعلق ؛ درزی کا ؛ سلائی کے متعلق ؛ مردانہ لباس و پوشاک کے متعلق -

Sarum, *n.*: سیروم ، سالسبری کا کلیسیائی نام ہے -

S. use: استعمال سیروم ؛ سیرومی استعمال ؛ سیرومی طریق عبادت ؛ عبادت الٰہی کا طریقہ جو سالسبری میں گیارھویں صدی عیسوی سے Reformation (اصلاح کلیسا) تک رائج تھا -

Sash, *n.*: پٹکا ؛ کمر بند (عربی ، شاش) -

sashed, *a.*: پٹکے والا ؛ کمر بند والا -

Sash, *n.*: کھڑکی کا آئینہ دار پٹ جو اوپر نیچے کھسک سکتا ہے ؛ ساش چوکھٹا ؛ (شاذ) کھڑکی ؛ دریچہ -

s. pocket: دریچہ خانہ ؛ دریچہ گاہ ؛ جیب دریچہ ؛ دریچی جیب ؛ وہ جگہ جس میں لٹکن حرکت کرتا ہے -

s.-pulley: دریچہ کش ؛ ایک قسم کی چرخی جس کے ذریعے دریچہ بند کھینچے جاتے ہیں -

s. cord, -line: ساش ڈوری ، وہ رسی جو ساش میں بندھی ہوتی ہے -

s.-tool: رنگ سازی کا برش ؛ روغن کرنے کا برش ؛

شیشہ سازی کا برش -

s.-weight : ساش کا لٹکن -

s. window : ساش دار کھڑکی ؛ ساش دار دریچہ -

sashed, *a.* : ساش دار ؛ ایسی کھڑکی جس میں اوپر نیچے کھسکنے والے آئینہ دار پٹ ہوں -

sashless, *a.*: بے ساش دریچہ ؛

Sashmaray, *n.* : بادبانی جہاز جو ایک ہی ساحل کی بندرگاہوں پر چلایا جاتا ہے -

Sasin, *n.*: بارہ سنگا -

Sassaby, *n.*: ایک قسم کا بڑا بارہ سنگا جو جنوبی افریقہ میں پایا جاتا ہے -

Sassafras, *n.*: (ساس فراس ایک قسم کا چھوٹا سا درخت ہے جو شمالی امریکہ میں ہوتا ہے ، جس کی چھال دوا کے طور پر کام آتی ہے) ساس فراس کی چھال ؛ ساس فراس کا عرق ؛ پوست ساس فراس ؛ عرق ساس فراس -

Sassanian, Sassanid, *nn. aa.* : ساسانی؛ خاندان ساسانی کا رکن؛ ساسانی خاندان کا بادشاہ (یہ خاندان ایران میں سنہ ۲۱۱ ع سے سنہ ۶۵۱ ع تک فرمان روا رہا) -

Sassenach, *n. & a.* : انگریز؛ انگریزی؛ انگلستانی ؛ سیکسن (اسکاٹستان اور آئرستان کے باشندے اہل انگلستان کو اس نام سے یاد کرتے ہیں) -

Sat : دیکھو Sit -

Satan, (archaic) **Satanas**, *n.*: شیطان؛ ابلیس -

Satanic, Satanical (rare), *aa.* : شیطانی ؛ ابلیسی -

his S. majesty : شیطنت مآب -

S. school : (۱) فرقۂ شیطانی (شروع شروع میں اس لفظ کا اطلاق شاعروں کے اس طبقے پر ہوتا تھا جس کے سرکردہ بائرن اور شیلے تھے ؛ اس کے بعد اور فحش گو شاعروں پر بھی ہونے لگا) - (۲) فحش گو ؛ فحش نویس -

Satanically, *adv.* : ابلیسانہ ؛ شیطانی طور سے -

Satanism, *n.* : (۱) شیطانی خصائل - (۲) دانستہ شرارت ؛ ایسی بدی جو جان بوجھ کر کی جائے ؛ برائی جو محض برائی کی غرض سے کی جائے - (۳) فحش گو شاعروں کے کرتوت - (۴) شیطان کی علانیہ پرستش جو ۱۹ ویں صدی عیسوی میں فرانس میں رائج تھی -

Satanize, *v. t.* : ابلیسانا؛ شیطان یا شیطان جیسا بنانا -

Satanist, *n.*: شیطان پرست ؛ ابلیس پرست -

Satanology, *n.*: ابلیسیات ؛ تاریخ و عقائد شیاطین -

Satara, *n.* : ستارا ؛ ایک قسم کی بانات جس میں اُفقی دھاریاں ہوتی ہیں -

Satchel, *n.*: بستہ ؛ جز دان ؛ تھیلا -

satchelled, *a.* : بستے والا ؛ جز دان والا -

Sate, *v. t.* : (۱) (کسی خواہش کا) پورا کرنا ؛ رجھانا - (۲) چھکانا؛ سیر کرنا ؛ جی بھر جانا ؛ منہ بھر جانا (*sated with*) -

sateless, *a.*: سیر نہ ہونے والا ؛ جو سیر نہ ہو -

Sateen, *n.* : ساٹین؛ اُونی یا سوتی چمک دار کپڑا مثل اطلس کے -

Satellite, *n.*: (۱) طفیلی ؛ طفیلیہ ؛ مصاحب ؛ ملازم ؛ حاشیہ نشین ؛ نوکر چاکر - (۲) وہ سیارہ جو دوسرے کے گرد گھومتا ہے ؛ تابع (سیارہ) ؛ سیارۂ ثانویہ ؛ قمر (اکثر مجازاً) -

satellitic, *a.*: سیارۂ ثانویہ کا یا متعلق بہ سیارۂ ثانویہ (نیز مجازاً) -

Sati, *n.* : ستی ؛ ستی ہونے کی رسم ؛ شوہر کی چتا پر زوجہ کا زندہ جل مرنا -

Satiate, *a.* : (۱) شکم سیر؛ پیٹ بھرا - (۲) پُر ؛ بھرا ہوا ؛ سیر -

Satiate, *v. t.* : (۱) سیر کرنا ؛ شکم سیر کرنا ؛ شکم پر کرنا ؛ پیٹ بھر کر کھلانا - (۲) آسودہ کرنا ؛ چھکانا ؛ منہ پھرا دینا -

satiable, *a.* : قابل شکم سیری؛ سیر ہونے کے لائق؛ جو سیر ہو سکے -

satiation, *n.* : (شاذ) سیری وغیرہ -

Satiety, *n.* : سیری ؛ شکم سیری ؛ بیزاری ؛ (شاذ) پری ؛ افراط ؛ کثرت ؛ بہتات -

to s. : انتہائی حد تک؛ حد سے زیادہ ؛ خواہش سے زیادہ -

Satin, *n. & a. & v. t.* : (۱) ساٹن ؛ اطلس - (۲) نرم؛ ملائم ؛ ہموار - (۳) ابھارنا (کاغذ کو) ؛ گھونٹنا -

Denmark s. : ڈنمارکی ساٹن ، یہ ایک قسم کا بنا ہوا اونی کپڑا ہوتا ہے جس سے خواتین کی زیر پائیاں بنتی ہیں -

s. or white s. : (عامیانہ) جن (شراب) -

s. beauty carpet : ایک قسم کا پروانہ -

s. cloth : اونی ساٹن-

s. finish : ایک قسم کی پالش جو چاندی پر کسی دھات کے برش سے کی جاتی ہے -

s.-flower : ایک قسم کا درخت -

s. gypsum : کھریا مٹی کی ایک ریشہ دار قسم ، جس میں موتی کی سی چمک ہوتی ہے -

s. paper : لکھنے کا مہین چمک دار کاغذ -

s. pug : ایک قسم کا پروانہ -

s. sheeting : ایک قسم کا کپڑا جو بٹے کھچے ریشم اور سوت سے بنا جاتا ہے -

s.-spar : (۱) ریشہ دار کاربونیٹ آف لائم - (۲) = s. gypsum -

s.-stitch : زردوزی یا اُونی کپڑے میں کشیدے کا کام جو اطلس جیسا معلوم ہوتا ہے -

s.-stone : = s. gypsum

s.-straw : نرم اور لچک دار سینکیں جن سے ٹوپیاں بنتی ہیں-

s. white : چونے کا مصنوعی سلفیٹ -

s.-wood : اعلیٰ قسم کی لکڑی-

white s. : (۱) ایک پودے کا نام جس کو Honesty کہتے ہیں- (۲) ایک قسم کا پروانہ -

satiny, *a.* : اطلسی ؛ اطلس نما ؛ اطلس جیسا -

satinette, satinet, *nn.* : نقلی ساٹن؛ مصنوعی اطلس -

Satire, *n.* : (۱) ہجو ؛ ہجویہ نظم ؛ ہجویہ تصنیف ، قصیدہ - (۲) تضحیک ؛ موجب ننگ ؛ باعث عار (مثلاً *our lives are s. on our religion* ہمارے کارنامے مذہب و ملت کے لئے باعث ننگ و عار ہیں) - (۳) طعن ؛ طنز ؛ تعریض -

Satiric, *a.* : ہجویہ، ہجو آمیز ، تعریض انگیز ، طنز خیز؛ طنزیہ ؛ ہجو نویس ؛ ہجو گو -

s. intent : ہجو آمیز نیت ؛ تعریضانہ مقصد -

s. poem: ہجویہ نظم؛ ہجویہ قصیدہ ؛ ہجویہ شعر؛ ہجویہ اشعار -

s. poet : ہجو نویس یا ہجو گو شاعر -

s. verse : ہجویہ نظم ؛ ہجویہ قصیدہ ؛ ذم -

s. writer : ہجو نویس؛ ہجو لکھنے والا ؛ ہجو نگار -

s. stroke : طنزیہ چوٹ ؛ ہجویہ طعنہ -

Satirical, *a.* : ہجائی ؛ ہجویانہ ؛ ہجو آمیز ؛ تعریض آمیز ؛ طنز آمیز ؛ پر تضحیک -

satirically, *adv.* : ہجویانہ انداز سے ؛ طنزاً ؛ تعریضاً ؛ از راہ طنز یا تعریض -

Satirist, *n.*: ہجو نویس ؛ ہجونگار ؛ ہجو گو ؛ تعریض نویس ؛ تعریض گو ؛ طنز کن -

Satirize, *v. t.*: ہجو کرنا ؛ تعریض کرنا ؛ ہجو لکھنا ؛ طعن کرنا ؛ طنز کرنا ؛ طعنہ دینا -

Satis, *adv. & n.* : کافی؛ وافی؛ بس (یہ لاطینی کا متعلق فعل ہے اور صرف مندرجۂ ذیل ترکیبوں میں پایا جاتا ہے)-

jam s. : پہلے سے کافی ہے -

s. superque : کافی وافی -

Satisfaction, *n.* : (۱) ادائیگی ؛ ادائے قرض ؛ بے باقی ؛ تصفیہ ؛ چکاؤ (مثلاً *make s.* یا *in s. of*)-(۲) ادائے فرض؛ ادائے ذمہ داری- (۳) کفارہ - (۴) عوض؛ معاوضہ ؛ بدل؛ مکافات ؛ پاداش - (۵) (کلیسائی مفہوم) توبہ - (۶) (دینیات) کفارۂ مسیح (مثلاً *Christ is the s. of our sin*) - (۷) تسکین؛ سکون؛ اطمینان؛ خاطر جمعی ؛ تسلی - (۸) (کسی شخص سے) یکنگی (duel) لڑنے کا موقع (*give s.*, *demand s.* یعنی موقع دینا یا موقع طلب کرنا) -

enter s. : عدالت میں اس بات کا اندراج کہ رقم مطلوبہ ادا کر دی گئی ؛ بے باقی نامہ داخل کرنا -

find s. in :- کسی شے سے اطمینان حاصل کرنا ؛ تسکین حاصل کرنا -

to the s. of (someone): کسی کے اطمینان کے موافق؛ قابل اطمینان -

if you can prove it to my s. : (اگر تم اس کو اس طرح ثابت کرسکو کہ مجھے اطمینان ہو جائے) -

Satisfactory, *a.* : (۱) (دینیات) کفارہ کرنے والا - (۲) کافی؛ معقول؛ معتدبہ (مثلاً *s. proof*) - (۳) اطمینان بخش ؛ تسلی بخش ؛ تسکین بخش ؛ قابل اطمینان ؛ قابل تسکین ؛ لائق طمانیت ؛ حسب خواہش؛ خاطر خواہ (مثلاً *s. compromise*) ؛ حسب اطمینان ؛ حسب توقع ؛ حسب دل خواہ -

satisfactorily, *adv.* : قابل اطمینان طور پر وغیرہ -

satisfactoriness, *n.* : اطمینان؛ تسلی؛ تسکین؛ دل جمعی -

Satisfy, *v. t.& i.*: (۱) قرض ادا کرنا- (۲) فرض ادا کرنا؛ مانگ پوری کرنا - (۳) کفارہ دینا - (۴) توقع پوری کرنا ؛ امید پوری کرنا - (۵) (بہ طور مجہول) خوش یا راضی ہونا ؛ قانع ہونا (*with* کے ساتھ) - (۶) مطمئن کرنا ؛ اطمینان دلانا - (۷) (فعل لازم) حسب توقع ثابت ہونا ؛ کافی ہونا ؛ مطمئن ہونا -

rest satisfied: قانع یا مطمئن ہونا؛ مزید ہاتھ پاؤں نہ مارنا -

s. oneself : مطمئن ہونا ؛ اطمینان قلب حاصل کرنا -

s. the examiners : صرف پاس ہونا (بلا کسی امتیاز یا اعزاز کے) -

satisfiable, *a.* : قابل وہ شے جو اطمینان بخش ہو سکے ؛ اطمینان ؛ اطمینان بخش -

satisfying, *a.* : اطمینان بخش وغیرہ -

satisfyingly, *adv.* : اطمینان بخش طور پر -

Satrangi, *n.* : شطرنجی ؛ دری -

Satrap, *n.* : (۱) (قدیم ایرانی سلطنت میں) صوبہ دار ؛ والی ؛ نائب السلطنت - (۲) (حال) گورنر ؛ وائسرائے (اس میں عیش و عشرت اور ظلم و تعدی کا مفہوم مضمر ہے) -

satrapy, *n.* : صوبہ ؛ ولایت ؛ نظامت -

Satsuma, (ware), *n.*: (ست سوما ملک جاپان میں ایک صوبے کا نام ہے اسی مناسبت سے) ست سومائی ظروف ؛ دودھیا رنگ کے جاپانی ظروف -

Saturate, *v. t.*: (۱) شرابور کرنا؛ تربتر کرنا ؛ خوب بھگونا؛ پوری طرح بھر دینا ؛ پر کرنا (نیز مجازاً)- (۲) (کیمیا) سیر شدہ کرنے کے لئے کسی شے (ہوا ، بھاپ یا دھات) کو کسی دوسری شے (رطوبت ، مقناطیسی قوت) سے اس طرح ترکیب دینا کہ وہ اس کی زیادہ سے زیادہ مقدار جذب کرلے -

saturable, *a.* : تر ہونے کے قابل ؛ جذب ہونے کے قابل -

saturated, *p.p.*: (۱) معمور ؛ بھر پور - (۲) بھرا ہوا ؛ سیر - (۳) تربتر ؛ شور بور - (۴) (رنگ) شوخ؛ گہرا -

saturation, *n.* : (۱) پری؛ سیری - (۲) نمی؛ تری؛ رطوبت -

Saturday, *n.* : ہفتہ ؛ شنبہ ؛ سنیچر ؛ سبت -

Holy s. : ہفتۂ مقدس کا سنیچر ؛ ایسٹر کی شام -

Hospital s.: دیکھو Hospital -

S.-to-Monday : سنیچر سے پیر تک (یہ ریلوے وغیرہ کے رعایتی ٹکٹ کی مدت ہوتی ہے) -

Saturn, *n.* : (۱) زحل ؛ کیوان ؛ سنیچر؛ (قدیم روما) رب النوع زراعت ؛ کھیتی باڑی کا دیوتا ؛ یونانیوں کا کرو نوس ؛ ابو زیوس (father of zeus) جو معصومیت و فراوانی کے عہد زریں کا حاکم ہے - (۲) سیارۂ زحل ، یہ زمین سے دور ترین ہے ، اس کے گرد آٹھ چاند ہیں ، نجومیوں کا خیال ہے کہ جو بچہ اس کے سائے میں پیدا ہوتا ہے وہ سست ، کاہل ، سرد مہر اور تاریک خیال ہوتا ہے-

Saturnalia, *n.* : (۱) رومیوں کا ایک تہوار تھا جو دسمبر میں ہوتا تھا ، اس وقت خوب دل کھول کر رنگ رلیاں منائی جاتی تھیں ، سات سال کے غلاموں کو بھی تھوڑی دیر کے لیے آزاد کر دیا جاتا تھا - (۲) ہنگام عیش و طرب ؛ زمانۂ انبساط ؛ عہد نشاط ؛ ہنگام جوش و خروش -

a s. of crime : زمانۂ جرائم ؛ جوش جرائم -

saturnalian, *a.* : زمانۂ عیش و انبساط کے متعلق -

Saturnian, *a. & n.* : (۱) کیوانی ؛ زحلی ؛ سنیچری - (۲) ساکنان زحل -

S. age : زریں دور ؛ سنہری زمانہ -

S. metre (verse) : (۱) ایک وزن جو قدیم لاطینی شاعری میں پایا جاتا ہے - (۲) کیوانی نظم ؛ نظم کیوانی؛ زحلی نظم؛ نظم زحلی ؛ (جمع) زحلی نظم ؛ کیوانی نظم -

Saturnic, *a.* : (طب) جس پر سیسے کے زہر کا اثر ہو -

saturnism, *n.* : زہر سیسہ -

Saturnine, *a.*: (۱) کیوانی؛ زحلی؛ سنیچری - (۲) اداس ؛ غمگین؛ مردہ دل - (۳) سیسہ زہر کا (مرض) ؛ سیسہ زہر کا (مریض) -

a s. poultice : سرہی پولٹس -

s. patients : سیسۂ زہر کے مریض -

s. symptoms : سیسۂ زہر کی علامات -

Satyagraha, *n.* : ستیا گرہ -

Satyr, *n.* : (۱) ساطیر: یونانیوں کا ایک دیوتا جس کے کان اور دم گھوڑے کی اور شکل انسان کی تھی- (۲) لاطینیوں کا دیوتا جس کی شکل انسان کی' کان' دم اورٹانگیں بکرے کی ہیں- (۳) شہوت پرست؛ ھوسناک ؛ بوالھوس ؛ بہائم صفت - (۴) بن مانس (شاذ) -

Satyriasis, *n.* : مردوں کی بڑھی ہوی شہوانی خواہش -

Satyric, *a.* : = *s. drama* ساطیری ؛ متعلق بہ satyr (خاصکر ایک قسم کا یونانی ڈراما جس میں ساطیروں کا کورس ہوتا ھے) -

Sauce, *n. & v.t.* : (۱) چٹنی یا چٹنی جیسی شے (مثلاً *bread*, *egg, mint, parsley, tomato &c s.*) - (۲) ساگ ؛ترکاری- (۳) شوخ چشمی؛ گستاخی (مثلاً *none of your s.*) - (۴) چٹخارا؛ چرپراھٹ؛ چٹ پٹاپن (نیز مجازاً)(مثلاً *he is lame without the s. of danger* یعنی بغیر خطرے کی چرپراھٹ کے اس کی وحشت دور ہوگئی) - (۵) (شاذ) نمک مرچ لگانا ؛ نمک چھڑکنا ؛ چٹنی لگانا - (۶) مزہ دار کرنا؛ خوش ذائقہ کرنا ؛ چٹ پٹا کرنا - (۷) (مبتذل) شوخ چشمی کرنا ؛گستاخی کرنا -

hunger is the best s. : سب سے لذیذ چٹنی بھوک ھے -

s.-alone : ایک قسم کا ساگ جو چٹنی کو مزہ دار بنانے کے لیے استعمال کیا جاتا تھا -

s.-boat : چٹنی کی کشتی ؛ چٹنی دانی ؛ وہ برتن جس میں چٹنی پیش کی جاتی ھے -

s.-box : شوخ چشم ؛ گستاخ ؛ دریدہ دھن ؛ منہ پھٹ -

s. for the gander : دیکھو gander -

saucepan : ساس پان ؛ کرچھا ؛ کڑاھی -

serve with the same s. : سب کو ایک لاٹھی سے ھانکنا -

white s. : سفید چٹنی جس میں مکھن اور میدہ پڑتا ھے -

sauceless, *a.* : (۱) الونا ؛ بے نمک مرچ کا ؛ بے چٹنی کا - (۲) بے ذائقہ ؛ بدمزہ ؛ روکھا پھیکا ؛ روکھا سوکھا -

Saucer, *n.* : (۱) پرچ ؛ طشتری ؛ چھوٹی رکابی ؛ چائے کی طشتری - (۲) گملے کے نیچے رکھنے کی طشتری ؛ گملہ دان -

s. eye : طشتری جیسی بڑی اور گول آنکھ -

saucereyed, *a.* : گول اور بڑی آنکھوں والا ؛ گاؤ دیدہ -

saucerful, *n.* : طشتری بھر ؛ پرچ بھر -

saucerless, *a.* : بے پرچ ؛ بے طشتری -

Saucy, *a.* : (۱) شوخ ؛ گستاخ ؛ ڈھیٹ ؛ شوخ چشم ؛ بے ادب؛ دریدہ دھن؛ منہ پھٹ ؛ بد لگام - (۲) (مبتذل) چست و چالاک؛ زندہ دل ؛ خوش وضع -

saucily, *adv.* : شوخ چشمانہ ؛ گستاخانہ ؛ شوخ چشمی سے-

sauciness, *n.* : شوخ چشمی ؛ ڈھٹائی؛ بے باکی ؛ جسارت ؛ شوخی ؛ بے ادبی ؛ گستاخی -

Sauerkraut, *n.* : جرمن گوبھی کا اچار -

Saul : سال ؛ سال کی لکڑی -

Saumur, *n.* : سومور (ایک سفید شراب جو سومور واقع فرانس جنوبی میں تیار کی جاتی ھے) -

Saunders : دیکھو sanders -

Saunter, *v. i. & n.* : (۱) اھلے گہلے پھرنا ؛ مٹرگشت کرنا ؛ ادھر ادھر پھرنا ؛ آوارہ پھرنا - (۲) مٹر گشت ؛ ادھر ادھر گشت کرنا -

s. through life : زندگی کے دن بسر کرنا ؛ دن کاٹنا -

saunterer, *n* : مٹرگشت کرنے والا ؛ ادھر ادھر پھرنے والا ؛ آوارہ پھرنے والا -

saunteringly, *adv.* : مٹر گشت کے طور پر -

Sauria, *n.* : ساریا ' رینگنے والے جانوروں کی ایک قسم جس میں ناکو اور مگر مچھ وغیرہ شامل ھیں -

Saurian, *a. & n.* : ساریائی -

sauro -: ایک رابطہ جو یونانی زبان کے لفظ sauros سے مشتق ھے -

sauroid, *a. & n.* : ساریائی -

Saury, *n.* : دراز تول ؛ دراز کلپ ؛ تول ماھی ؛ تول مچھلی -

Sausage, *n.* : ساسیج ؛ گوشت بھری آنت ؛ قیمہ اور بعض مسالے ملا کر انتڑیوں میں بھرتے ھیں اور ان کے ٹکڑے کر لیتے ھیں (مثلاً *Bologna s.*) -

s.-filler, -grinder, -machine : ساسیج بھرنے کا آلہ -

s.-meat : وہ گوشت جو ساسیج میں بھرتے ھیں -

s. roll : ساسیج کا گوشت جو میدے میں لپیٹ کر پکایا جاتا ھے -

Saute, *a.* (fem.-*ee*; pl.-*es*, fem. -*ees*): بھنا گوشت (تلفظ' سوتے) -

Sauterne, *n.* : ایک قسم کی فرانسیسی سفید شراب (تلفظ سوتارن) -

Sauve-qui-peut, *n.* : بھاگڑ ؛ بھگدڑ -

Savage, *a. n. & v. t.* : (۱) (قدیم) غیرمزروعہ ؛ بنجر ؛ جنگل (مثلاً *a s. scene* بنجر منظر) - (۲) غیر مہذب ؛ غیر متمدن ؛ وحشی ؛ بلا تہذیب ؛ بلا تمدن (مثلاً *s. life* حیات غیر متمدن) - (۳) خوں خوار؛ خوں ریز؛ تند؛ تند خو؛ ظالم؛ جابر؛ جابرانہ؛ سفاکانہ (مثلاً *s. persecution* سفاکانہ یاجابرانہ عقوبت؛ *s. persecutor* جابر ایذا رساں) - (۴) (روز مرہ) خفا ؛ بد مزاج - (۵) (نقابت) عریاں ؛ ننگی (انسانی تصویر) - (۶) (اسم) وحشی ' جنگلی ' بربری ' غیر متمدن شخص جس کی معاش ماھی گیری اور صید افگنی پر ھو - (۷) ظالم ' جابر ' سفاک ' خونخوار شخص - (۸) (گھوڑے کا کسی شخص کو) گرا دینا اور کچل ڈالنا یا کاٹ کھانا (مثلاً *he was savaged by his horse* اس کو گھوڑے نے کچل ڈالا یا کاٹ کھایا) -

s. blow : وحشیانہ حملہ یا ضرب -

s. criticism : سفاکانہ تنقید -

s. revenge : سفاکانہ انتقام -

savagely, *adv.* : وحشیانہ ' ظالمانہ ' جابرانہ ' سفاکانہ ' غیر متمدنانہ طور پر ؛ جنگلی پن سے -

savageness, *n.* : غیر متمدنیت؛ سفاکی؛ خوں خواری؛ جنگلی پن ؛ وحشی پن ؛ بربریت -

savagery, *n.* : وحشیانہ حالت ؛ سفاکانہ کردار ؛ ظالمانہ خو ؛ جابرانہ خصلت ؛ سفاکی ؛ خوں خواری ؛ وحشی پن ؛ جنگلی پن ؛ بربریت -

savagedom, *n.* : بربریت ؛ جاھلیت ؛ وحشیانہ دور حکومت ؛ وحشی اقوام -

Savanna(h), *n.* : لق و دق میدان ؛ صحرا (خصوصاً امریکہ کا) -

Savant, *n.* : علامہ ؛ فاضل اجل ؛ فاضل متبحر -

Savate, *n.* : فرانسیسی مکا بازی جس میں ھاتھوں کے علاوہ سر اور

پاروں سے بڑی کام لیا جاتا ہے (تلفظ سوات) -

Save, *v. t. & i. & n.*: (۱) بچانا؛ محفوظ کرنا؛ مامون کرنا؛ مصؤن کرنا؛ امن دینا؛ نجات دینا؛ چھڑانا (مثلاً *he saved my life* اُس نے میری جان بچائی؛ *save me from my friends* مجھے میرے دوستوں سے نجات دلاؤ یا بچاؤ) - (۲) (فٹ بال) حریف کو کامیابی سے روکنا (نیز بطور اسم) ایسی روک (مثلاً *a clever s.*) - (۳) روحانی نجات کا سامان فراہم کرنا؛ عذاب روحانی سے بچانا (مثلاً *who then can be saved?* اِس حالت میں کون نجات حاصل کرسکتا ہے؟؛ *the saving of souls* نجات ارواح) - (۴) پس انداز کرنا؛ جمع کرنا؛ بچانا؛ کفایت شعاری کرنا - (۵) خرچ سے بچانا؛ تکلیف یا کھکھیڑ سے محفوظ رکھنا؛ کسی صورت سے بچانا (مثلاً *that will s. me £50* اس سے مجھے ۵۰ پونڈ کی کفایت ہوگی؛ *his secretary saved him much time & labour* اُس کے سیکرٹری نے اُسے تضیع وقت اور محنت سے بچایا؛ *his secretary saved him many interviews* اس کے سیکرٹری نے اُسے اکثر ملاقاتوں سے بچالیا) - (۶) ہاتھ سے نکلنے یا جانے ندینا؛ وقت پر جا لینا؛ حاصل کرنے میں کامیاب ہونا (مثلاً *I write hurriedly to s. the post* میں جلدی جلدی لکھتا ہوں کہ ڈاک نکل نہ جائے؛ *shall we s. the tide?* کیا ہم موقع سے فائدہ اُٹھائیں) - (۷) شرط یا اِستثنا کرنا (مثلاً *saving clause* جملۂ استثنائیہ؛ فقرۂ استثنائیہ) - (۸) (تاش کے کھیل، برج میں) وہ طریقہ جو بڑے نقصان سے بچنے کے لیے اختیار کیا جائے -

s.-all: (۱) ضائع ہونے یا نقصان سے بچانے کا آلہ یا ذریعہ - (۲) کوئی برتن وغیرہ جس میں بچی کھچی چیزیں ڈال دیتے ہیں تاکہ ضایع ہونے سے بچیں اور کام میں آسکیں؛ خردہ گیر (ج) - (۳) شمع دان؛ فتیلہ سوز (کوئی ظرف جس میں موم بتی کے لیے سیخ وغیرہ لگی ہوتی ہے تاکہ موم بتی آخر تک جل سکے) -

one stitch in time saves nine: وقت پر ایک ٹانکا لگانے سے نو ٹانکوں کی کفایت ہو جاتی ہے -

s. appearances: نباھنا؛ بھرم رکھنا -

savings bank: سیونگ بینک؛ غریبوں کا بینک-

saving your reverence: معاف کیجئے گا -

s. one's bacon: دیکھو Bacon

s. one's face: دیکھو Face -

s. the follow-on: رنوں کے توا تر کو روکنا -

s. the mark: دیکھو Mark -

s. the situation: آئی بلا کو ٹالنا -

s. us: (فجائیہ) خدا بچائے؛ خدا محفوظ رکھے ہر بلا سے -

savable, *a.*: بچانے کے قابل؛ حفاظت پذیر -

saver *n.*: (۱) بچانے والا (نقصان، خسارے وغیرہ سے) - (۲) پس انداز کرنے والا؛ بچت کرنے والا؛ کفایت شعار؛ جز رس - (۳) بچت کا باعث؛ موجب کفایت -

(-)saver, *n.*: بطور لاحقہ مثلاً *the invention is a great labour-s.* -

saving, *n.*: (عموماً جمع میں) بچت؛ کفایت -

(-)saving: بطور لاحقہ مثلاً *labour-saving machine* محنت بچاؤ مشین -

Save, *prep. & conj.*: سوا؛ بجز؛ اِلا؛ بہ استثنا (مثلاً *all s. him* اس کے سوا تمام؛ *I am well s. that I have a cold* میں بالکل اچھا ہوں سوائے اس کے کہ مجھے زکام ہے) -

Saveloy, *n.*: چاٹ؛ چٹ پٹی چیز -

Savin, *n.*: سابینہ، یہ ایک قسم کی نباتات ہے جس میں سے تیل نکلتا ہے، یہ تیل بہت جلد اڑ جاتا ہے اور دوا کے طور پر کام آتا ہے-

Saviour, *n.*: (۱) ناجی؛ نجات دھندہ؛ نجات دینے والا؛ بچانے والا؛ شفیع؛ بخشوانے والا [مثلاً *the (our) S.* حضرت عیسیٰ] - (۲) بچانے والا؛ رہائی دینے والا؛ رہائی دلانے والا -

Savoir faire, *n.*: تیز فہمی؛ ذکاوت؛ رسائی ذھن؛ زود فہمی؛ نکتہ رسی؛ دقیقہ رسی؛ مستعدی؛ حزم (تلفظ، ساوائر فوار) -

Savoir vivre, *n.*: شرافت؛ خوش سلیقگی؛ خوش اطواری؛ مرزا منشی -

Savory, *n.*: یہ ایک قسم کی نباتات ہے جو پودینے سے ملتی جلتی ہے اور پکانے کے کام آتی ہے -

Savour, *n. & v. i. & t.*: (۱) ذائقہ؛ مزہ؛ لذت؛ رائحہ (نیز مجازاً) - (۲) خوشبو؛ بو (شاذ) - (۳) شائبہ؛ بو؛ خوبو؛ رنگ روپ (مثلاً *he gave an antique s. to the passage*) (قدیم) (۴) ذائقہ محسوس کرنا؛ لطف اُٹھانا؛ مسرت اندوز ہونا؛ حظ اندوز ہونا - (۵) (شاذ) ذائقہ دینا؛ بو دینا؛ بو آنا؛ شائبہ پایا جانا؛ نشان یا علامت پائی جانا (مثلاً *I have written nothing that savours immorality* میں نے ...) -

savourless, *a.*: بے ذائقہ؛ بے مزہ؛ الونا؛ روکھا پھیکا؛ بے لطف-

Savoury, *a. & n.*: (۱) لذیذ؛ مزہ دار؛ خوش ذائقہ؛ خوش مزہ؛ خوشبودار؛ اشتہا خیز - (۲) نمکین؛ چٹ پٹا (مثلاً *s. omelette* خوش ذائقہ یا چٹ پٹا خاگینہ) - (۳) (ایسا مقام جو) بد بو سے پاک (ہو) - (۴) ایک قسم کا کھانا جو دعوت میں کھانے سے قبل یا کھانے کے بعد پیش کیا جاتا ہے، یہ محرک اشتہا و انہضام ہوتا ہے؛ مشتہی -

savourily, *adv.*: خوش گوار طور پر؛ خوش ذائقہ انداز سے -

savouriness, *n.*: لذت؛ ذائقہ -

Savoy, *n.*: بند گو بھی؛ کرم کلا -

Savoyard, *n. & a.*: (۱) ساکن سیوائے (سیوائے ملک فرانس میں ایک علاقے کا نام ہے)؛ سیوائے کا رھنے والا - (۲) سیوائے کا؛ منسوب بہ سیوائے - (۳) سیوائے تھیٹر کمپنی کا رکن جو گلبرٹ اور سلیوان کے آپیرا گونوں کے اصل ڈراموں میں کام کرتا تھا -

Savvy: (۱) اسپینی لفظ Sabe کا بگاڑ جس کے معنی ہیں) جانتا ہے - (۲) (عامیانہ استعمال میں) کیا تم سمجھتے ہو یا جانتے ہو؟ - (۳) (نیز بطور اسم) (عامیانہ) فہم؛ سمجھ؛ سمجھ بوجھ؛ زود فہمی؛ تیز فہمی؛ نکتہ رسی -

no s.: لاعلم؛ یعنی میں نہیں جانتا یا سمجھتا؛ وہ نہیں جانتا یا سمجھتا وغیرہ -

Saw, *n. & v. t. & i.* (p.p. *sawn,* rarely *sawed*): (۱) آرہ؛ آری؛ ارہ - (۲) (تشریح، نباتیات، حیوانیات وغیرہ میں) دندانہ دار - (۳) چیرنا؛ تختے چیرنا؛ آرہ کشی کرنا - (۴) آگے پیچھے حرکت کرنا یا دینا - (۵) اس طرح ہاتھ چلانا جیسے کوئی آرہ کشی کرتا ہے - (۶) (جلد سازی) سوراخ کرنا؛ چیرا دینا -

annular, crown, cylinder, s.: اسطوانی آرہ (گول سوراخ بنانے کے لئے) ؛ تاج آرہ -

band-s.: دیکھو Band -

bow-s.: دیکھو Bow -

circular s.: دیکھو Circular -

cross-cut-s.: ترچھا چیرنے کا آرہ ؛ اندرونی دھاریوں کے خلاف کاٹنے والا آرہ ؛ اُلٹی کاٹ کا آرہ -

frame s.: دیکھو Frame -

fret-s.: دیکھو Fret -

hack-s.: آھن تراش آرہ -

hand-s.: دستی آرہ ؛ دستی آری -

jig-s.: چوکھٹے والا آرہ جو مشین کے ذریعے کام کرتا ھے -

jig-s. puzzle: لکڑی کے ٹکڑوں کا معمہ جو چوکھٹے والے آرے سے چیرے جاتے ھیں یہ ٹکڑے بغیر ترتیب کے ملادیے جاتے ھیں پھر ان کو ٹھکانے سے لگایا جاتا ھے -

let the sawdust out of (someething): خول کا پول ظاھر کرنا ؛ ریا یا بے حقیقتی کا پردہ کھولنا ؛ پردہ فاش کرنا -

pit-s.: ایسا آرہ جس میں دو آدمی کام کرتے ھیں ایک اُوپر دوسرا گڑھے میں ھوتا ھے ؛ کھد آرہ (ج) -

reciprocating s.: آرہ جو آگے پیچھے حرکت سے بذریعۂ مشین کام کرتا ھے ؛ آوک جاوک آرہ (ج) -

rip-s.: اندرونی دھاریوں کے موافق کاٹنے والا آرہ ؛ سیدھی کاٹ کا آرہ -

sawbones: (عامیانہ) سرجن ؛ جراح -

s.-doctor: دندانہ ساز ' آرے کے دندانے بنانے کی مشین -

sawdust: برادہ ؛ لکڑی کا برادہ -

s.-fish: آرہ ماھی ' بڑی قسم کی مچھلی جس کی تھوتھنی دندانے دار ھوتی ھے -

s.-fly: آرہ مکھی ' ایک قسم کی مکھی جو درختوں کو نقصان پہنچاتی ھے -

s.-frame: آرہ چوکھٹا ' چوکھٹا جس میں آرے کا پھل مضبوط پھنسا ھوتا ھے -

s.-gate: آرے کا چوکھٹا -

s.-gin: کپاس اوٹنے کی مشین جس میں آرے کے دندانے ھوتے ھیں -

s.-horse: آرے کی گھوڑی (یہ اس لکڑی کے سہارے کے لئے ھوتی ھے جو آرے سے چیری جاتی ھے) -

s.-mill: کارخانۂ آرہ کشی ' جس میں پانی یا بھاپ کی قوت سے کام ھوتا ھے -

s.-pit: آرہ کھد ' وہ گڑھا جس میں آرہ کش کھڑا ھوتا ھے -

s.-set: دندانہ گردان ' یہ ایک اوزار ھے جو آرے کے دندانوں کو ادھر اُدھر سرکاتا رھتا ھے اس کے ذریعے شگاف آرے کے پھل سے زیادہ چوڑا ھوجاتا ھے اور آرہ کشی کا کام سہولت اور عجلت سے ھوتا رھتا ھے -

s.-wort: ایک پودا جس سے زرد رنگ بنتا ھے -

s.-wrack: منشاری گھاس ؛ منشاری فرسل؛ منشاری ترکل ؛ منشاری سرکنڈا ' یہ ایک قسم کی دندانہ دار سمندری گھاس ھے -

s.-wrest: = S.- set

stone-s.: سنگ آرہ ' وہ آرہ جس سے پتھر کاٹے جاتے ھیں (بے دندانے کا چوکھٹے والا آرہ جس کے ذریعے ریت اور پانی کی رگڑ سے پتھر کاٹے جاتے ھیں) -

Saw, *n.*: کہن ؛ کہاوت ؛ ضرب المثل (عموماً قدیم مقولہ یا حکیمانہ قول) -

Saw: See کا ماضی مطلق -

Sawder, *n.*, *Soft s.*: مدح ؛ ستائش؛ تعریف؛ تحسین؛ للو پتو ؛ خوشامد ؛ چاپلوسی -

Sawney, *n.*: (۱) اسکاٹستان کے باشندے کا عرفی نام - (۲) سادہ دل ؛ سادہ لوح -

Sawyer, *n.*: (۱) آرہ کش - (۲) ایک قسم کا چوب خوار کیڑا ؛ چوب خورہ (ج) - (۳) (امریکہ) وہ درخت جو اُکھڑ کر دریا میں بہنے لگتے ھیں ؛ بہتے درخت -

top-s.: بالائی آرہ کش؛ وہ آرہ کش جو اوپر کی طرف کھڑا ھوتا ھے -

Sax, zax, *n.*: چھتوں پر سلیٹ چھانٹنے والی ھتھوڑی -

Saxatile, *a.*: (حیوانیات) چٹان نواسی ؛ چٹانی ؛ وہ چیزیں جو چٹانوں میں رہتی بستی ھیں اور وھیں نشو و نما پاتی ھیں -

Saxe, *n.*: سیکسی کاغذ ؛ ایک قسم کا تصویر کشی کا کاغذ -

Saxhorn, *n.*: سیکس سنکھ ؛ سک سنکھ -

Saxicoline, -lous, *aa.*: (حیوانیات) چٹانی؛ چٹان نواسی -

Saxifrage, *n.*: ایک قسم کا پودا جو آلپس یا چٹانوں میں نشو و نما پا تا ھے ' اس کا پھول سرخ و سفید یا زرد ھوتا ھے -

Saxon, *n. & a.*: (۱) ٹیوٹانی قوم کا فرد ؛ ٹیوٹانی نسل کا شخص؛ ٹیوٹانی (شمالی جرمن) زبان - (۲) باشندۂ سیکسنی - (۳) انگریزی زبان میں سیکسنی عنصر - (۴) منسوب بہ سیکسن -

Anglo-S.: اینگلو سیکسن -

old S.: قدیم سیکسن ؛ وہ قوم جس نے پانچویں اور چھٹی صدی عیسوی میں انگلستان کو فتح کیا تھا -

S. architecture: سیکسنی طرز تعمیر (نارمنوں کی فتح کے قبل کی انگریزی طرز عمارت ' یہ انداز تعمیر نارمنی انداز تعمیر سے قدیم ھے) -

S. blue: نیلا رنگ ' جو نیل کی ملاوٹ سے بنایا جاتا ھے -

S. words: سیکسن زبان کے لفظ انگریزی زبان میں -

Saxondom, *n.*: سیکسنی دنیا -

Saxonism, *n.*: (۱) اینگلو سیکسن محاورہ یا طرز ادا - (۲) اینگلو سیکسن نسل کے خواص و خصائل - (۳) اینگلو سیکسن شے سے الفت؛ سیکسن پرستی -

Saxonist, *n.*: سیکسن کا عالم ؛ اینگلو سیکسن زبان کا عالم -

Saxonize, *v. i. & t.*: سیکسن یا اینگلو سیکسن بنانا -

Saxony, *n.*: باریک اُون ؛ ایک قسم کی نفیس اون نیز اس اُون کا کپڑا -

Saxophone, *n.*: ایک بلند آواز باجا جو انگریزی باجے کا جز ھے -

Saxtuba, *n.*: بڑا سک سنکھ (saxhorn) -

Say, *n.*: (متروک) ایک قسم کا باریک سرج جیسا کپڑا -

Say, *v. t. & i.* (*said*, archaic 3rd sing. *saith*) & *n.*: (۱) بولنا ؛ کہنا ؛ ملفوظ کرنا ؛ الفاظ نکالنا ؛ لب کھولنا ؛ منہ کھولنا - (۲) پڑھنا یا عبارت کا دھرانا - (۳) بیان کرنا ؛ اظہار کرنا (مثلاً *that was well said*) - (۴) وعدہ کرنا ؛ پیشین گوئی کرنا ؛ دعویٰ کرنا (مثلاً *he says all men are liars; you said you would*) - (۵) پیش کرنا دلیل یا حجت کا یا معترض کا (مثلاً *there is much to be said on both sides* دونوں طرف بہت

have you nothing to say for yourself : کچھ کہا جاسکتا ہے؟
کیا تمہیں اپنے متعلق کچھ کہنا نہیں ہے) - (٦) رائے قائم کرنا یا دینا ؛ قطعی رائے دینا (مثلاً *what s. you to a theatre* ? تھیٹر کے متعلق آپ کی کیا رائے ہے؟ *so s. all of us* ہم سب کی یہی رائے ہے) - (٧) مثلاً کہنا یا فرض کر لینا (مثلاً *any country, let us s. Belgium might do same* کوئی ملک بھی ہو مثلاً بلجیم یہی کریگا ؛ *s. it were true what then* فرض کرو یہ سچ ہوا تو پھر ؛ اپنا *s. your s.* بیان پیش کرو ؛ اپنا بیان دو ؛ اظہار دو) -

a few of them, s. a dozen or so : ان میں سے چند مثلاً کم و بیش ایک درجن -

dare s. : کہنے کی جرأت کرنا -

hear s. : افواہاً سننا ؛ اڑتی سی خبر سننا -

he has said his s. : جو کچھ اسے کہنا تھا کہہ چکا -

he never went that is to s. it is not recorded : وہ نہیں گیا ، کم از کم جانے کی کوئی یاد داشت نہیں ہے -

I can not s. : میں نہیں کہہ سکتا ؛ مجھکو معلوم نہیں کہ -

I had no s. in the matter : اس معاملے میں میری کوئی رائے نہ تھی ؛ مجھے کچھ دخل نہ تھا ؛ مجھے کچھ کہنا نہ تھا -

I s. : یہ ایک حرف ندائیہ ہے جو توجہ دلانے اور اظہار تعجب کے لیے استعمال ہوتا ہے (مثلاً *I s. who is that* کیوں جی ! وہ کون ہے؛ *I s. what a beauty* سبحان اللہ کیا صورت ہے ؛ کیا حسن ہے -

it geos without saying : اس میں شک وشبہ کی گنجائش نہیں -

it is said : کہا جاتا ہے ؛ بیان کیا جاتا ہے -

it says in the Bible, the Bible says : انجیل میں لکھا ہے ؛ انجیل میں آیا ہے -

let him have his s. : اسے اپنا بیان کر لینے دو ؛ جو کچھ وہ کہنا چاہتا ہے کہہ لینے دو -

let us s. or s. : مثلاً یعنی ؛ اگر ؛ بالفرض -

s. : یہ حرف لفظ sum (رقم) کا مخفف ہے ؛ یہ اس رقم لکھا جاتا ہے جب ہندسوں کے بعد رقم مذکور الفاظ میں لکھی جاتی ہے (مثلاً *£ 500 s. five hundred pounds* = پانسو یعنی پانسو پونڈ) -

s. a good word for (me) : میری سفارش فرما دیجئے ؛ میری طرف سے معذرت فرما دیجئے -

s. away : (شاذ) کہہ ڈالنا ؛ بیان کر ڈالنا -

s. grace : الحمد پڑھنا -

s. I : (بول چال) I say =

s. lesson : آموختہ سنانا ؛ سبق سنانا -

s. no : " نہیں " کہنا ؛ انکار کرنا ؛ درخواست مسترد کرنا -

s. no more : اب کچھ نہ کہو ؛ اور کچھ نہ کہو ؛ ایک لفظ بھی نہ کہو -

s. one nay : انکار کرنا ؛ دریغ کرنا -

s. out : کہہ ڈالو ؛ صاف کہہ دو -

s. prayer : دعا مانگنا ؛ نماز پڑھنا -

s. something : الحمد پڑھنا ؛ تقریر کرنا -

s. the word : فرمائیے ؛ حکم دیجئیے وغیرہ -

s. yes : ہاں کرنا ؛ ہامی بھرنا ؛ اقرار کرنا -

saying & doing : قول اور فعل -

that is to s. : (١) یعنی ، بہ الفاظ دیگر - (٢) کم از کم (مثلاً *the whole of the family that is to s. 4 persons* تمام کنبہ یعنی چار شخص) -

there is no saying : اس میں کچھ کہنے سننے کی گنجائش نہیں -

they s. : کہتے ہیں ؛ لوگ کہتے ہیں -

to be said or sung : نظم و نثر میں تعریف کی جاتی ؛ شعر یا تاریخ میں جگہ دی جاتی -

you may well s. so : آپ کا کہنا حق بجانب ہے -

Saying, *n.* : قول ؛ مقولہ ؛ کہاوت ؛ ضرب المثل ؛ مثل -

the s. is : مثل ہے ؛ مثل مشہور ہے -

Say(y)id, *n.* : سید -

Sbirro, n (pl.*-ri*) : اطالوی پولیس کا سپاہی یا جوان -

Scab, *n.,& v. i.* : (١) پپڑی ؛ کھرنڈ - (٢) داغ ؛ نشان ؛ زخم کے بھرنے کے بعد جو داغ رہ جاتا ہے - (٣) خارش ؛ کھجلی ؛ جلدی بیماری - (٤) پودوں کی ایک بیماری - (٥) (قدیم) کمینہ ، فرومایہ ، ذلیل (شخص) - (٦) غیر ہڑتالی ؛ وہ شخص جو ہڑتال میں حصہ نہیں لیتا ؛ وہ شخص جو ہڑتالیوں کی جگہ کام کرتا ہے - (٧) زخم کا بھرنا ؛ مندمل ہونا ؛ اندمال پذیر ہونا -

s.-wort : ایک پودا جس کی پتیاں اور جڑیں کڑوی ہوتی ہیں -

scabbed, *a.* : (١) خارش دار ؛ خارش میں مبتلا - (٢) (متروک) کمینہ ؛ ذلیل -

scabby, *a.* : (١) خارش میں مبتلا - (٢) کمینہ ؛ فرومایہ ؛ بد تمیز -

scabbily, *adv.* : کمینہ پن سے وغیرہ -

scabbiness, *n.* : (١) کھجلی پن ؛ خارش کی حالت - (٢) رذالت ؛ کمینہ پن ؛ کمینگی -

Scabbard, *n.* : میان ؛ نیام ؛ غلاف شمشیر -

fling, throw, away the s. : کسی معاملے کو انتہا تک پہنچانے کا بیڑا اٹھانا -

s.-fish : ایک قسم کی تتونی سمندری مچھلی جو میان کے مشابہ ہوتی ہے -

Scabies, *n.* : خارش ؛ کھجلی ؛ کھجلی کی بیماری ؛ خارش کا مرض -

Scabious, *a.& n.* : (١) خارشی ؛ کھجلی والا ؛ جس کو خارش کا عارضہ ہو - (٢) کھجلی مار ، ایک قسم کا پودا جو جنگلی اور باغی بھی موسمی اور بارہ ماسیہ بھی ہوتا ہے ، یہ کھجلی کا علاج ہے -

Scabrous, *a.* : (١) (نباتیات و حیوانیات) کھردرا ؛ ناہموار ؛ نا برابر - (٢) (ادب و انشا ، مضمون ، مرقع وغیرہ) نازک ؛ دشوار ؛ جس کے بیان میں حزم و احتیاط کی ضرورت ہو (مثلاً *he has chosen to write on divorce, adultery & many other s. topics*) - (٣) (مصنف یا اس کا اسلوب بیان) غیر مربوط ؛ ناہموار ؛ غیر شستہ -

scabrousness : کھردرا پن ؛ ناہمواری -

Scad, *n.* : ایک قسم کی مچھلی -

Scaffold, *n. & v. t.* : (١) پاڑ ؛ مچان - (٢) سولی ، پھانسی (کی مچان) - (٣) بلند چبوترہ - (٤) (تفریح و جنگلیات) تماشا گاہ ؛

ڈھانچہ (مثلاً the s. of the skull) - (۵) مچان پر رکھنا -

the s. : قتل ؛ گردن زنی (جلادوں کے ہاتھوں) ۔

scaffolding, n. : = scaffold

scaffolding -pole : پاڑ یا مچان کی بلی (جو مچان کے لئے ہوتی ہے) ۔

Scaglia, n. : اطالوی سرخی مائل چونا -

Scagliola, n. : مصنوعی پتھر -

Scalable, a.: جس پر سیڑھی سے چڑھ سکیں -

Scalariform, a. (نباتیات و حیوانیات) نرد بانیا (کیڑوں کے پروں کی نسوں کے لئے) -

Scalawag, -lla-, -lly-, n. : (۱) پتلا ؛ دبلا ؛ ضعیف ؛ نحیف ؛ مریل ؛ پست قامت (جانور) - (۲) نکما ؛ ناکارہ - (۳) شریر ؛ بد معاش ؛ بد ذات ؛ ناعاقبت اندیش ؛ وحشی ۔

Scald, v. t. & n.: (۱) گرم پانی، بھاپ وغیرہ سے جلانا (کسی جانور یا کسی شخص کی جلد کو یا کسی اور حصے کو ؛ (مثلاً he was scalded to death by the steam اس کو بھاپ نے جلا کر مار ڈالا) - (۲) دودھ وغیرہ کو کھولانا (مثلاً scalded cream گرم ملائی ؛ کھولتے دودھ کی ملائی ؛ یعنی دودھ کو کھولاؤ کے درجے تک گرم کرنا، پھر ٹھنڈا کرکے ملائی اتارنا) -(۳) کھولاؤ کے درجے تک گرم کرنا - (۳) کھولتے پانی سے دھونا یا صاف کرنا - (۴) چھالا ؛ چرکا ؛ جلن ؛ سوزش (ss. & burns) -

scalding tears: اشک غم ؛ رنج و ملال کے آنسو-

scalder, n.: جو مرغیوں کو اُبالتا یا برتنوں کو کھولتے پانی سے صاف کرتا ہے -

Scald, sk-, n.: قدیم اسکینڈی نیویا کا قصیدہ خواں شاعر -

scaldic, a. : شاعرانہ ؛ مداحانہ -

Scald -head, n. : بچوں کے جلدی امراض ؛ بچوں کا گنج -

Scaldino, n. (pl. -ni) : (اٹلی کی) مٹی کی انگیٹھی -

Scale, n. & v. t. & i. : (۱) چھلکا ؛ فلس ؛ فلس ماہی - (۲) کھپرا ؛ پرت ؛ ورق ؛ تلا ؛ خول ؛ بھوسا - (۳) پرت اتارنا ؛ ورق اتارنا ؛ چھیلنا - (۳) پرت اترنا ؛ ورق اترنا-

s.- armour : بکتر، دھات کے پرت کا جو چمڑے وغیرہ میں لگے ہوتے ہیں -

s.- board : پتلا تختہ (جو آئینے، تصویر وغیرہ کی پشت پر لگایا جاتا ہے) -

Scourge, *n. & v. t.*: (۱) (شاذ) تازیانہ ؛ چابک ؛ کوڑا ؛ درہ - (۲) خدائی تازیانہ یا سزا ؛ ذریعۂ عقوبت یا اِنتقام (آسمانی عقوبت یا سزا مثلاً جنگ یا وبا یا وحشی فاتح وغیرہ) - (۳) (قدیم) چابک لگانا ؛ تازیانہ لگانا ؛ کوڑا مارنا - (۴) سزا دینا ؛ تادیب کرنا - (۵) اِیذا پہنچانا ؛ اذیت پہنچانا ؛ ستانا ؛ مبتلائے آلام کرنا ؛ عقوبت پہنچانا ؛ ظلم و ستم کرنا ؛ جبر کرنا ؛ تعدی کرنا -

the white s. : تپ دق -

Scout, *n. & v. i.*: (۱) جاسوس ؛ مُخبر ؛ خبر رساں ؛ وہ سپاھی جو دشمن کی تعداد و حالت وغیرہ کے متعلق معلومات بہم پہنچانے کے لئے بھیجے جاتے ھیں - (۲) (جنگی) نگراں جہاز یعنی وہ جہاز جو آس پاس کے حالات کی خبر رکھتا ھے - (۳) چھوٹا تیز ایک نشست کا طیارہ - (۴) (آکسفورڈ) ملازم کلیہ ؛ خدمت گار - (۵) (کرکٹ ؛ قدیم) گیند روکنے والا کھلاڑی ؛ فیلڈ کرنے والا - (۶) A. A. یا R. A. C کا پہرے دار - (۷) تلاش ؛ جستجو ؛ کھوج (خصوصاً فوجی) - (۸) ایک قسم کا پرندہ - (۹) اِسکاؤٹ کا کام کرنا ؛ مخبری یا جاسوسی کرنا -

boy s. : بوائے اِسکاؤٹ ؛ اس جماعت کا رکن جس کا منشا یہ ھے کہ لڑکوں میں حوصلہ مندی ؛ خدمت خلق وغیرہ کا مادہ پیدا کیا جائے -

on the s. : (جنگی) تلاش یا خبر رسانی پر مامور -

s. -master : اسکاؤٹ ماسٹر ؛ جماعت اِسکاؤٹ کا افسر -

Scout, *v. t.*: (۱) مضحکہ اڑانا ؛ تضحیک کرنا - (۲) کسی تحریک کی ھنسی اڑانا ؛ کسی خیال کی تضحیک کرنا -

Scow, *n.*: چپٹے پیندے کی کشتی (خصوصاً امریکی)

Scowl, *v. i. & t. & n.*: (۱) ناک بھوں چڑھانا ؛ ترش روئی یا بدمزاجی دکھانا ؛ خفگی ظاھر کرنا ؛ قہر آلود نگاہ سے دیکھنا ؛ (*s. down*) غضب آلود نظروں سے (مخالف یا شخص کو) دبا لینا - (۲) بدمزاجی ؛ ترش روئی ؛ ناک بھوں چڑھانا -

scowlingly, adv.: بدمزاجی سے ؛ خفگی سے -

Scrabble, *v. i.*: (۱) الٹی سیدھی لکیریں کھینچنا ؛ بے ترتیب خط کھینچنا - (۲) گھسیٹ لکھنا ؛ بدخطی سے لکھنا - (۳) (انجیل میں) ٹٹولنا ؛ اندھیرے میں ھاتھ پاؤں مارنا (عموماً *about* کے ساتھ) -

Scrag, *n. & v. t.*: (۱) پتلا ؛ دبلا ؛ قاق ؛ مریل (جانور) ؛ سوکھا ھوا (پودا) ؛ ٹھنٹھ - (۲) ھڈی دار گوشت ؛ خصوصاً بکری کی گردن کا گوشت - (۳) (عامیانہ) انسان کی گردن - (۴) (عامیانہ) پھانسی دینا ؛ پھانسی دیکر مار ڈالنا ؛ گلا دبانا ؛ گلا گھونٹنا ؛ گلا دبا کر مار ڈالنا - (۵) (عامیانہ ؛ فٹ بال) گردن پکڑ کر روک لینا (کھلاڑی کو جو گیند لیکر بھاگا جارھا ھو) - (۶) (عامیانہ ؛ اسکول) گلا دبانا ؛ گردن دبانا ؛ گلا گھونٹنا -

scraggy, a.: سوکھا ؛ سوکھا ھوا (پودا) ؛ گرہ دار ؛ ناھموار (چٹان) -

scraggily, adv.: سوکھے پن سے وغیرہ -

scragginess, n. : سوکھا پن ؛ ناھمواری -

Scram, *int* : (امریکی عامیانہ) چل دو ؛ نکل جاؤ -

Scramble, *v. i. & t., & n.*: (۱) ھاتھوں اور گھٹنوں کے بل چڑھنا ؛ کسی ڈھلوان بلندی پر گھسٹ گھسٹ کر چڑھنا ؛ دقت اور دشواری سے چڑھنا ؛ پیٹ کے بل چڑھنا - (۲) جد و جہد کرنا ؛ کد و کاوش کرنا ؛ ھاتھ پاؤں مارنا ؛ کش مکش کرنا ؛ کش مکش میں حصہ لینا ؛ کھینچا تانی کرنا (مثلاً *s. for pennies,* لوٹ میں حصہ لینا ؛ بکھیر میں ھاتھ پاؤں مارنا ؛ *place, wealth or living* جگہ لینے ؛ حصول دولت یا کسب معاش کے لئے کشمکش یا جد و جہد کرنا) - (۳) بکھیر کرنا ؛ [illegible] کرنا ؛ لوٹ کے لیے بکھیر رکھنا - (۴) انڈے [illegible] - (۵) کش مکش ؛ جد و جہد ؛ کد و کاوش (مسابقت کے لیے) - (۶) کسی ڈھلوان مقام پر سیدھی چڑھائی -

scramblingly, adv.: جد و جہد سے ؛ کد و کاوش سے ؛ مقابلے کے طور پر ؛ بے ترتیب طور پر -

Scran, *n.* : (عامیانہ) کھانے کی کوئی چیز ؛ بچی کھچی غذا -

bad s. to = *bad luck to*

Scrannel, *a.* : (قدیم) کم زور ؛ ضعیف ؛ [illegible] آواز) -

Scranny (U. S. Scrawny), *a.*: پتلا ؛ سوکھا -

Scrap *n. & v. t.* : (۱)(قدیم) بچی کھچی (غذا) ؛ ٹکڑا ؛ بورا ؛ [illegible] - (۲) پارہ ؛ ٹکڑا ؛ پرزہ ؛ [illegible] ؛ کترن ؛ چھیچھڑا ؛ [illegible] - (۳) [illegible] ؛ تلی ھوئی چربی کا فضلہ ؛ پھوک ؛ مچھلی [illegible] پھوک - (۴) تراشے ، اخبار [illegible] کتاب میں سے) کوئی [illegible] - [illegible] ردی ؛ بے کار یا بچی کھچی چیزیں) - (۶) [illegible] وغیرہ (جیسے *s. iron*) - (۷) ردی کے ڈھیر میں ڈالنا ؛ بیکار قرار دینا (جہاز ، سامان وغیرہ کو) -

s. -book : اخبار یا کتاب کے تراشوں کا مرقع -

s. -cake : کیک جو مچھلی پھوک سے بنایا جاتا ہے -

s. -heap : ردی ؛ فضول اور بے کار ردی کا ڈھیر ؛ نیز مجازاً [illegible] -

s. -heap policy : بے کار چیزوں کو پھینک دینے کا عمل -

s. of paper : ھوائی وعدہ [illegible] -

scrappy, a.: ٹکڑوں یا پرزوں یا بچی کھچی چیزوں پر مشتمل ؛ بے کار ؛ بچی کھچی چیزوں سے بنا یا بنایا ھوا ؛ بے جوڑ ؛ اکھڑا پکھڑا -

scrappily, adv.: بے کار طور پر ؛ اکھڑے پکھڑے طور پر -

scrappiness, n. : بے جوڑ ھونا ؛ اکھڑا پکھڑا پن -

Scrap, *n. & v. i.*: (۱) (عامیانہ) جھگڑا ؛ جھڑپ ؛ لڑائی بھڑائی ؛ کش مکش ؛ کھینچا تانی - (۲) جھڑپ ھو جانا ؛ لڑائی ھو جانا (جیسے *to have a bit of s. with* کسی سے اُلجھ پڑنا ؛ جھگڑا یا جھڑپ ھو جانا) -

Scrape, *v. t. & i., & n.*: (۱) چھیلنا ؛ کُھرچنا؛ ھموار کرنا ؛ برابر
کرنا ؛ صاف کرنا (مثلاً *s. ship's bottom* جہاز کے پیندے
کو سیپیوں وغیرہ سے صاف کرنا ؛ *s. one's chin* ڈاڑھی مونڈنا ؛
s. one's boots جوتے کے تلے پر سے کیچڑ وغیرہ صاف کرنا ؛
s. one's plate رکابی صاف کرنا یعنی کچھ باقی نہ رھنے دینا ؛
ship scraped her side, paint, against the pier جہاز نے
پشتے سے رگڑ کھائی اور اس کا رنگ اتر گیا)- (۲) چھیل کر یا رگڑ
کر داغ مٹانا یا نا ھمواری رفع کرنا (جیسے *s. off the paint*) -
(۳) گڑھا کرنا ؛ کھودنا (اکثر *out* کے ساتھ) - (۴) کُھر چنے کی
سی آواز پیدا کرنا یا نکالنا (جیسے *s. one's feet*) ؛ بے چینی
کے وقت یا مقرر کی آواز کو دبانے کے لیے پاؤں کی رگڑ سے ایسی آواز
نکالنا؛ تعظیماً جھکتے وقت بے ڈھنگے پن سے ایک پاؤں پیچھے ھٹنا- (۵)
(*s. bow across fiddle-strings, s. fiddle*, also *s. abs.*)
سارنگی بجانا - (۶) کسی شے سے رگڑ کھانا یا اس سے بال بال
بچنا (جیسے *s. against the wall*) - (۷) امتحان میں بہ
مشکل کامیاب ھونا - (۸) جز رسی یا کفایت شعاری یا مشکل سے
روپیہ پیسہ جمع کرنا (عموماً *up* اور *together* کے ساتھ) (جیسے
you must s. up enough) - (۹) کفایت شعاری کرنا
(جیسے *work & s. as one may*) - (۱۰) (اسم) کُھر چنے
کی سی آواز (جیسے *a s. of the pen* یعنی قلم کی تحریر کی آواز
خصوصاً ایک دو اھم لفظ مثلاً دستخط)-(۱۱) ناگوار یا بیڈھب موقع-

s. acquaintance : کوشش کرکے ملاقات یا آشنائی پیدا کرنا -

s. down : پاؤں کی آواز یا رگڑ سے خاموشی پیدا کرنا -

s. penny : کنجوس ؛ بخیل -

s. through : بچ جانا ؛ بال بال بچنا ؛ اکثر مجازاً امتحان میں
بمشکل کامیاب ھونا -

scraper, *n.*: (۱) چھیلنے والا ؛ کُھر چنے والا - (۲) چھیلنے یا
صاف کرنے کا آلہ - (۳) نوآموز بربط نواز ؛ اناڑی سارنگیا - (۴)
بخیل ؛ کنجوس ؛ جز رس ؛ کفایت شعار ؛ زر پرست (شاذ) -

scraping, *n.*: رگڑ کی آواز -

Scratch, *v. t. & i., n. & a.*: (۱) کُھرچنا ؛ چھیلنا ؛ نوچنا ؛
خراش لگانا ؛ کھرونچا مارنا ؛ ناخن مارنا ؛ پنجہ مارنا (جیسے
s. the surface of; threatened to s. my face) - (۲)
اُوپر ھی اُوپر عمل کرنا ؛ تہ تک نہ پہنچنا (جیسے
someone scratched his name on the wall) - (۳)
کھجانا (خارپشت وغیرہ سے) (جیسے *s. one's head*) ؛ سر
کھجانا (پریشانی کی حالت میں) - (۴) حروف یا تصویر بنانا
(سطح پر) - (۵) کھودنا (چھیل کر) - (۶) کُریدنا - (۷) قلم
زد کرنا (الفاظ وغیرہ کا) ؛ پنسل سے مٹا دینا - (۸) خارج کردینا
(گھڑ دوڑ کی فہرست سے گھوڑے یا شخص کا نام) - (۹) نکال لینا
یا خارج کر لینا (مقابلے سے گھوڑے یا امیدوار کا نام) - (۱۰)
گھسیٹ لکھنا (جیسے *he is scratching off letters for post*) -
(۱۱) اکٹھا کرنا ؛ جمع کرنا ؛ جز رسی یا مشکل سے روپیہ پیسہ
جمع کرنا- (۱۲) (اسم) خراش کی آواز - (۱۳) خراش؛ کھرونچا؛
خفیف زخم (جیسے *he got off with a s. or two*) - (۱۴)
وہ خط جہاں سے حریف دوڑ کا آغاز کرتا ھے - (۱۵)
(جمع) گھوڑوں کی ایک بیماری - (۱۶) (صفت) سر سری یا
جلدی میں بنا یا ھوا یا کھینچا ھوا (نقش وغیرہ) - (۱۷) اتکل
پچو یا اندھا دھند جمع کیا ھوا ؛ جلدی میں جمع کیا ھوا ؛
بے جوڑ ؛ متضاد ؛ بے میل (جیسے *a s. crew* بے میل اھل
جہاز ؛ *a s. collection* بے میل مجموعہ ؛ *a s. team* بے میل ٹیم)-

s. my back of I will s. yours : تم میری کمر میں کھجاؤ
میں تمہاری کمر میں کھجاؤنگا؛ من ترا حاجی بگویم تو مرا حاجی بگو -

he scratched a few line : اس نے جلدی جلدی چند
سطریں لکھ پھینکیں ؛ اس نے چند سطریں گھسیٹ ڈالیں -

s. one's head : سر کُھجانا؛ سراسیمگی کی علامتیں ظاھر کرنا -

s. about for stray seeds : بکھرے بیجوں کو کُرید کر نکالنا -

s. about for evidence : شہادت تلاش کرنا؛ شہادت کا کھوج لگانا-

s. out through : مٹا دینا ؛ محو کر دینا -

s. along : (عامیانہ) زندگی کے دن کاٹنا ؛ گزر کرنا؛ گزارہ کرنا -

s. a Russian & you find a Tartar : روسی کو ذرا چھیلو
تو اندر سے تاتاری نکلیگا ؛ سگ زرد برادر شغال -

s. -cat : کینہ توز عورت یا بچہ -

toe the s.: دوڑ کے وقت خط آغاز کا انگوٹھے سے چھونا ؛
(مجازاً) اپنے جتھے یا پارٹی کی ضروریات کی (خصوصاً دباؤ سے) تعمیل کرنا؛
مقابلہ کرنا ؛ مقابلے کے لیے تیار ھونا -

come to or *up the s.* :

a s. of pen : دستخط یا تحریری حکم جو آسانی سے دیا جاسکے-

s. -race: برابر کی دوڑ؛ ایسی دوڑ جس میں کسی کے لیے کوئی
رعایت نہ ھو ؛ جس میں ھر کوئی شریک ھو سکتا ھے ؛ جس میں
کسی پر کوئی مزید پابندی نہ ھو -

s. man or *s.*: ایسا شخص جس کو مقید یا مشروط دوڑ میں کسی
قسم کی رعایت نہ دی جائے -

s. -wig : چھوٹی بالوں کی ٹوپی جو سر کے صرف ایک حصے کو ڈھکے-

s. -work : دیواری نقش و نگار ؛ پچی کاری؛ مینا کاری -

Scratch, *n.*, *Old S.* : شیطان ؛ ابلیس-

Scratchy, *a.*: (۱) (تصویر ؛ نقش وغیرہ) بھونڈا ؛ سر سری ؛
معمولی - (۲) (قلم) کُھردرا ؛ کاغذ پر اٹکنے والا ؛ چرچر کی
آواز کرنے والا-(۳)(جہازی ملازم) بے میل؛ بے میل؛ بے جوڑ؛ مختلف الجنس-

scratchily, *adv.*: (۱) سر سری طور پر ؛ معمولی طرح سے -
(۲) بے میل یا بے میل یا بے جوڑ طور پر -

scratchiness, *n.*: بے میل پن ؛ سر سری پن وغیرہ -

Scrawl, *v. i. & t., & n.*: (۱) بد خط لکھنا ؛ گھسیٹنا ؛ گھسیٹ
لکھنا - (۲) بد خطی - (۳) بد خط تحریر ؛ بد خط ؛ جلدی میں
لکھی ھوئی تحریر یا رقعہ -

Scray, *n.*: بحری ابابیل -

Scream, *v. i. & t. & n.*: (۱) چیخنا ؛ چلانا ؛ چیخ اُٹھنا ؛
دھاڑیں مارنا - (۲) (دخانی انجن وغیرہ کا) سیٹی بجانا - (۳)
غل کرنا؛ کوک مارنا (پرندوں کا)؛ چنگھاڑ مارنا (جانوروں کا) -
(۴) بے اختیار ھو کر ھنسنا ؛ ھنستے ھنستے بے قرار ھو جانا یا
پیٹ میں بل پڑ جانا (جیسے *screamed with laughter*) -
(۵) چلا کے بولنا (جیسے *she screamed that she dared
not jump*)؛ چیخنا چلانا (اظہار ملامت کے لیے) -

screaming farce, fun : قہقہہ انگیز نقل یا تماشا ؛
نہایت مضحک یا قہقہہ آور نقل یا تماشا -

s. out curse, order : کہہ ڈالنا ؛ بول اُٹھنا ؛ چیخ
اُٹھنا ؛ پکار اُٹھنا ؛ باواز بلند لعنت ملامت کرنا ؛ چیخ چیخ کر

کوسنا ؛ چلا کر حکم دینا ؛ بآواز بلند حکم دینا -

ss. of pain : درد کی آہ و بکا -

screamingly, adv.: چیخ کر ، چلا کے وغیرہ -

screamy, a.: پر شور ؛ چیخ پکار کرنے والا ؛ غضبناک؛ غصہ ور -

screamily, adv.: چیخ پکار کے طور پر -

screaminess, n.: چیخ پکار کی عادت -

Screamer, *n.*: (۱) چیخیں مارنے والا ؛ چیخ پکار کرنے والا - (۲) کوک مارنے والا پرندہ ؛ چنگھاڑنے والا جانور - (۳) (مبتذل) قہقہہ انگیز داستان؛ تمسخر خیز قصہ ؛ اعجوبہ -

Scree, *n.*(often pl.): (۱) پہاڑ کی ڈھلان (جس پر سنگ ریزے اور پتھر پڑے ہوں) - (۲) (ڈھلوان پہاڑ کے) سنگ ریزے جو چلنے سے پھسلتے ہوں-

Screech, *v. i. & t. & n.*: چیخنا؛ چلا اٹھنا؛ چنگھاڑنا؛ چیخیں مارنا؛ کوک مارنا ؛ ڈر سے چیخنا ؛ خوف سے چلانا ؛ غصے میں چنگھاڑنا -

s. -owl : زور سے چیخنے والے اُلو کی ایک قسم ؛ کھگھو -

Screed, *n.*: (۱) طولانی نا گوار تقریر ؛ طویل خط ؛ اُکتا دینے والا خطبہ یا تقریر - (۲) دفتر شکایات ؛ شکوے کا طومار - (۳) گارے ، چونے یا لکڑی کی پٹی جس سے سطح پر پلاسٹر کیا جاتا ہے اور جو خانوں میں تقسیم ہوتی ہے -

Screen, *n. & v. t.*: (۱) چق ؛ چلمن ؛ پردہ - (۲) ٹٹی؛ آڑ ؛ اوٹ؛ قنات - (۳) منقش دیوار جو صحن وغیرہ کو محصور کرتی ہے- (۴) گرجا کا برآمدہ - (۵) بشرہ یا چہرے کی صورت (کسی خیال یا جذبے کو چھپانے کے لیے) - (۶) تدبیر یا جتن (چھپانے یا حفاظت کی غرض سے) - (۷) اس طرح کی حفاظت - (۸) نوٹس بورڈ ؛ تختہ جس پر اعلان وغیرہ چپکائے جاتے ہیں؛ تختۂ اعلان- (۹) چادر وغیرہ جس پر لالٹین سے تصویریں ڈالی جاتی ہیں- (۱۰) بڑی چھلنی - (۱۱) غیر موصل ؛ برق روک ؛ مقناطیس روک - (۱۲) پردہ کرنا ؛ آڑ کرنا؛ چھپانا ، اوجھل کرنا؛ بچانا؛ محفوظ کرنا؛ حفاظت کرنا ؛ پناہ دینا (*from* کے ساتھ، نیز مجازاً)-(۱۳) چھاننا؛ بھوسے کو غلے سے جدا کرنا - (۳) (فوٹو گرافی) پردہ جو تصویر لیتے وقت پیچھے لگا دیا جاتا ہے تا کہ عقبی منظر خوشنما معلوم ہو -

a cavalry s.: رسالہ ، جو دشمن کے جاسوسوں اور دشمن کے لشکر کے درمیان حائل ہو جاتا ہے -

fire -s : آگ روک پردہ -

folding -s. : مُڑ واں چلمن ؛ تہہ ہونے والی چق ؛ تہہ ہونے والی چلمن ؛ تُو تُواں ٹٹی -

he put on an s. of indifference : اس نے (اپنے اُوپر) بے پروائی کا پردہ ڈال لیا -

screened coal : چھنا ہوا کوئلہ -

screenings : فضلہ ؛ بور ؛ چورکر -

they prepared an attack behind a s. of trees : اُنہوں نے درختوں کی آڑ میں حملے کی تیاری کی -

under the s. of night : رات کے پردے میں -

window -s.: چلمن دریچہ ؛ کھڑکی کی چلمن -

Screeve, *v. i.*: لکھنا ؛ رنگین چاک سے لکھنا ؛ تصویر کھینچنا ؛ فرش وغیرہ پر تصویر کھینچنا -

screever, n.: (عامیانہ) فرشی تصویر بنانے والا مصور -

Screw, *n.*: (۱) پیچ - (۲) پیچ کا پھراؤ - (۳) ترچھا گھومنا ؛ غیر متوازی حرکت- (۴) کنجوس؛ مکھی چوس؛ بخیل - (۵) چھوٹا سا مڑا ہوا تماکو کا کاغذ - (۶) (مبتذل) تنخواہ ؛ مزدوری - (۷) پیچ نما ؛ پیچ صورت - (۸) پیچ کسنا ؛ تنگ کرنا ؛ چست کرنا ؛ پیچ گھمانا؛ مروڑی دینا ؛ پیچ پھرانا ؛ مروڑنا ؛ دبانا ؛ پیچ لگانا - (۹) ستانا ؛ دق کرنا ؛ پریشان کرنا - (۱۰) کنجوس ہونا ؛ بخیل ہونا ؛ بخل کرنا ؛ کنجوسی کرنا - (۱۱) چھیننا ؛ جھپٹنا ؛ اینٹھنا ؛ ہڑپ کر جانا ؛ استحصال بالجبر کرنا - (۱۲) کج روی کرنا؛ کج رو ہونا؛ منحرف ہونا ؛ انحراف کرنا - (۱۳) نچوڑنا -

boards were screwed down : تختوں کے پیچ کسے ہوئے تھے-

common -s.: مشترک پیچ -

differential or *Hunter's s.*: ہنٹر والا پیچ -

endless s.: ہمیشہ گھومنے والا پیچ -

female or *interior s.* : اندرونی پیچ؛ اندر دندانے والا پیچ -

give it another s.: اس کو ایک بار اور گھماؤ ؛ ایک مروڑی اور دو-

have a s. loose: (مجازاً) کوئی پیچ ڈھیلا ہونا ؛ کوئی کور کسر ہونا ؛ خصوصاً دماغ میں فتور ہونا -

his head is screwed on the right way : وہ سمجھ رکھتا ہے-

interrupted s.: پیچ جس کے دندانے گھس گئے ہوں؛ گستہ پیچ -

left -handed s.: بائیں جانب گھومنے والا پیچ -

male or *exterior s.* : بیرونی پیچ ؛ باہر دندانے والا پیچ -

perpetual s.: دائمی پیچ -

put the s. on : (۱) پیچ کسنا - (۲) دباؤ ڈالنا ؛ اثر ڈالنا -

s. -bolt : پیچ دار بلی؛ پیچ دار چٹخنی -

s. coupling : جوڑ کا یا جوڑی وال پیچ ؛ دایاں اور بایاں مادہ پیچ جس کے ذریعے نلوں وغیرہ کے سرے ملائے جاتے ہیں -

s.-cutter : پیچ تراش؛ مروڑی کٹ؛ پیچ کاٹنے کا آلہ ؛ آلۂ پیچ تراش-

s.-driver : پیچ کش؛ آلہ جس سے پیچ کسی چیز میں گھما کے بٹھاتے ہیں-

s.-eye : ناکے کا پیچ ؛ حلقہ دار پیچ ، جس میں اوپر تاگے وغیرہ کے لئے حلقہ بنا ہوتا ہے -

s. gear : پیچ کی گراری ؛ دندانہ دار پیچ -

s.-hook : پیچ دار ہک ؛ پیچ دار کانٹا یا آنکڑا -

s. -jack : (۱) آلۂ دندان سازی ؛ دنتوڑا ؛ دندان پیرا ؛ ایک آلہ جس کے ذریعے دانتوں میں فاصلہ درست کیا جاتا ہے - (۲) دیکھو Jack نمبر (۱) (carriage jack) -

s. one's courage to the sticking -place : اتنی ہمت کرنا کہ اس نقطے پر قائم رہے جہاں رہنا ضروری ہے -

s. one's face into wrinkles: منہ بناتے بناتے جھریاں ڈال لینا-

s.-pile : گھماؤ پیچ ، جس کے نیچے کے رخ پیچ ہوتے ہیں اور وہ گھما کر بیٹھایا جاتا ہے -

s.-pine : اننّاسیہ ، درخت جس کے پتے بل کھائے ہوئے اننّاس کی طرح ہوتے ہیں -

s.-plate : مسجبہ؛ چھلنا؛ جس میں پیچ کاٹنے کے روزن بنے ہوتے ہیں-

s.-pod : پیچ ترنہ ، یہ ایک پودا ہے جس کے ڈوڈے پیچیدہ اور خمیدہ ہوتے ہیں -

s. press : شکنجہ (خصوصاً جلد سازوں اور مطبع والوں کا) -

s.-propeller : جہازی پنکھا یا بادکش جو پانی یا ہوا کو کاٹتا ہوا چلتا ہے -

s.steamer : بادکش دار ؛ دخانیہ -

s. stiffly : پیچ گھمانا -

s.-tap : پیچ سنبہ ؛ مادہ یعنی اندرونی پیچ کاٹنے کا آلہ -
s. up door : دروازہ بند کرنا ؛ کنڈی دینا -
s. up (person) : کسی شخص کے آگے سے دروازہ بند کر دینا ؛ دروازہ لگا دینا -
s. up one's courage : کمر ہمت باندھنا ؛ ہمت کرنا ؛ جرأت بہم پہنچانا -
s. up one's eyes : آنکھیں بھینچنا -
s. valve : پیچ کا ڈھکنا یا ڈاٹ جو پیچ سے اولتی بند ہوتی ہے -
s.-wheel : پیچ کا پہیہ ؛ جو پیچ سے چلتا ہو -
s.-wrench : پیچ کی سنسی -
the management wants screwing up: منتظمین کو مضبوط بنانے، ہمت دلانے یا سرگرم کار کرنے کی ضرورت ہے -
wood -s.: چوبین پیچ؛ چوبیں مروڑی -
screwable, *a.* : پیچ کشی کے لایق ؛ کسنے ، کھنچنے کے قابل -
Screw, *n.* : (۱) نکما یا بڈھا گھوڑا - (۲) بد لگام یا شریر گھوڑا ؛ ٹٹو ؛ ٹٹوانی -
screwy, *a.* : نکما ؛ ناکارہ ؛ بد لگام -
Screwed, *a.* : (عامیانہ) متوالا ؛ بد مست -
Scribble, *v. t. & i. & n.* : (۱) گھسیٹنا ؛ بد خط لکھنا ؛ جلدی میں لکھنا ؛ شکستہ لکھنا - (۲) قلم برداشتہ لکھنا ؛ بے پروائی سے لکھنا ؛ لکھا مارنا ؛ گھسیٹ دینا - (۳) (عموماً طعن یا بناوٹی انکسار سے) اخبار نویس ہونا ؛ جریدہ نگاری کرنا- (۴) قافیہ پیمائی کرنا ؛ تک بندی ہونا ؛ شعر گوئی کرنا - (۵) (اسم) شکستہ ' گھسیٹ ' بد خط تحریر ؛ قافیہ پیمائی -
scribbling-paper : پرچہ ؛ کاغذ کا ٹکڑا (معمولی یاد داشتیں لکھنے کے لیے) -
s. -diary : روز نامچۂ سر سری -
scribblement, *n.*: (شاذ) شکستہ ؛ گھسیٹ؛ بد خط تحریر-
scribbler, *n.* : شکستہ نویس ؛ بد خط ؛ بد نویس؛ تک بند-
Scribble, *v. t.* : دھنکنا ؛ تومنا (روئی' اون وغیرہ) -
scribbler, *n.* : روئی دھنکنے کی چرخی ؛ دھنکنی -
Scribe, *n. & v. t.* : (۱) کاتب ؛ منشی ؛ محرر ؛ لکھنے والا ؛ تحریر کرنے والا ؛ تحریر کنندہ ؛ نویسندہ - (۲)(انجیل میں) تدیم یہودی نویسندہ ؛ محافظ نوشتہ جات ؛ نوشتہ دار ؛ صاحب وقائع - (۳) یہودی عالم ؛ حبر - (۴) گنیا ؛ خط کش ؛ جس سے تختے وغیرہ پر نشان لگا دیتے ہیں (نیز *s. owl*) - (۵) (فعل) خط ڈالنا ؛ نشان لگانا -
scribing -compass, scribing-iron : دائرہ کش ؛ پرکار -
scribal, *a.* : حبری ؛ کاتب یا کتبات سے متعلق -
scriber, *n.* : نشان انداز ؛ خط کش -
Scrim, *n.* : (گون وغیرہ کا) استر ؛ استر کا کپڑا -
Scrimmage, scru-, *n.* : کھینچا تانی ؛ کش مکش ؛ چھینا جھپٹی (بہت سے اشخاص کی خصوصاً فٹ بال کے کھیل میں)؛ گتھم گتھا ؛ ھشت مشت (نیز مخفف scrum) -
Scrimp, *v. t. & i.* : (۱) تنگ کرنا ؛ سکیڑنا - (۲) کنجوسی کرنا ؛ بخیل ہونا؛ کنجوس ہونا -
scrimpy, *a.* : بخیل ؛ کنجوس ؛ جز رس -
Scrimshank, *v. i.*: (فوجی عامیانہ) کام چور ہونا؛ گولی بچانا؛ کام سے کترانا -
Scrimshaw, *v. t. & i. & n.* : (۱) جڑت کرنا ؛ گل بوٹے بنانا ؛ سجانا ؛ صنعت کاری کرنا - (۲) (اسم) جڑت ؛ گلکاری (خصوصاً ملاحوں کی بطور تفنن) -
Scrinium, *n.* (pl. *-ia*): (رومی اثریات) نلوا ؛ نوشتہ دان؛ چھوٹا صندوقچہ یا نلکا جس میں مخطوطات رکھے جائیں -
scrimshanker, *n.*: اسم مذکورہ بالا معنوں میں -
Scrip, *n.* : (قدیم) فقیر کی جھولی ؛ زنبیل ؛ کشکول ؛ کچکول ؛ بستہ ؛ جز دان ؛ بقچہ -
Scrip, *n.* : رقعہ ؛ پرچہ؛ چٹھی؛ مشروط صداقت نامۂ زر جو چند روز کے لئے باقاعدہ صداقت نامۂ زر کا قائم مقام ہوتا ہے؛ کچی رسید -
Script, *n.* : (۱) (قانون) (اصل) تحریر یا دستاویز - (۲) تحریر ' لکھائی؛ نوشت ؛ ہاتھ کی یا قلمی تحریر؛ مخطوطہ - (۳) کسی زبان کو لکھنے کا طریقہ؛ تحریر ؛ خط ؛ رسم الخط - (۴) حروف تحریری ؛ ایسے سربی حروف جو قلمی حروف کی نقل ہوں -
Scriptorium, *n.* (pl.-*s*,-*ia*): دارالانشا؛ محرر خانہ ؛ کتابت خانہ (خصوصاً خانقاہوں میں) -
Scriptural, *a.*: توراتی ؛ انجیلی؛ منصوص ؛ کتاب مقدس کا ؛ منقول؛ منقولی -
scripturalism, *n.* : (۱) نصیات ؛ حدیثیات - (۲) منقولات پسندی؛ منقولیت -
scripturalist, *n.* : انجیلی ؛ انجیل پرست ؛ نصی ؛ منقولی ؛ منقولات کا قائل -
scripturally, *adv.* : منقولانہ؛ از روے نصوص؛ بطریق منقول -
scripturalness, *n.* : منقولیت ' منصوصیت -
Scripture , *n.* : (۱) انجیل ؛ بائبل (خواہ اس میں عہد عتیق کی غیر معتبر کتابیں شامل ہوں یا نہ ہوں)؛ توریت؛ زبور؛ صحیفے ؛ صحف انبیا - (۲) غیر عیسائی قوموں کی دینی کتاب مثلاً وید ' شاستر ' پران ' قرآن وغیرہ ؛ کتاب الله؛ مذھبی کتاب - (۳) (قدیم) کتبہ ؛ نوشتہ -
a. s. text : انجیلی متن؛ کتاب مقدس کا متن
Holy S. or *the Ss.*: انجیل مقدس ؛ کتاب مقدس -
s. -reader : انجیل خواں ؛ وہ شخص جو غریبوں کے مکانوں پر جا کر انجیل سناتا ہے -
Scrivener, *n.*: (۱) (تاریخ) عرضی نویس ؛ قبالہ نویس ؛ کاتب ؛ محرر؛ تحریر کنندہ ؛ نویسندہ - (۳) مہاجن ؛ ساہوکار ؛ دلال -
s.'s palsy : تشنج کاتب ؛ ایک قسم کا اعصابی مرض جس سے انسان لکھنے کے قابل نہیں رہتا -
Scrobiculate,- ated, *aa.* : (حیوانیات و نباتیات) جھریالا ؛ شکن پر شکن ؛ پر چیں ؛ شکن دار -
Scrofula, *n.* : کنٹھمالا ؛ گلسوا ؛ خنازیر-
scrofulous *a.* : خنازیری -
scrofulously, *adv.* : بطور (مرض) خنازیر -
scrofulousness, *n.* : خنازیریت -
Scroll, *n. & v. t. & i.*: (۱) مکتوب ؛ طومار ؛ لپٹا ہوا کاغذ - (۲) تدیم)فہرست؛ جدول- (۳)(قدیم) مرغول؛ کنار؛ ترصیع؛ ترصیع کاری- (۴) سر کمنچہ؛ سارنگی کا سرا - (۵) نقش و نگار ؛ بیل بوٹے - (۶) توقیع ؛ طغری ؛ جو کسی کاغذ یا نیتے پر بنا ہوا ہو - (۷)

(فعل) (شاذ) لپٹنا ؛ لپیٹنا ؛ بل دینا ؛ بل کھانا ؛ خمیدہ ہونا۔ (۸) آرا۔تہ کرنا ؛ بیل بوٹے کاڑھنا ؛ نقش و نگار بنانا۔

s.-bone : استخوان مکتوبی ؛ جوڑ ہڈی -

s.-gear : مرغولہ دار یا لپیٹ کی گراری ؛ گیر جس میں دندانہ دار پہیے ہوں -

s.-head : جہازی مرغول -

s.-lathe : نقاشی خراد جس سے نقش و نگار بنائے جاتے ہیں

s.-saw: نقاشی ارہ ؛ مہین ارہ ؛ باریک ارہ -

s.-wheel : دندانہ دار حلقہ یا چرخ -

s.-work: نقش و نگار ؛ بیل بوٹے ؛ نقاشی کے نمونے -

Scroop, *n.* & *v. i.*: سامعہ خراش یا کرخت آوازیں (نکالنا) -

Scrotum, *n.* (pl. *-ta*) : خصیہ دانی؛ بیضہ دانی ؛ خصیوں کی تھیلی؛ انڈ کوش ؛ صفن ؛ فوطہ -

scrotal, *a.* : خصیہ دانی کا ؛ صفنی -

scrotitis, *n.* : خصیہ دانی کی جلن ؛ بیضہ دانی کی سوزش ؛ فروہ ؛ التہاب صفن -

scrotocele, *n.* : خصیہ دانی کا دنبل یا ورم ؛ فروہ ؛ فتق صفنی ؛ صفنی تینہ -

Scrounge, *v. i.* & *t.*: (۱) قبضہ جما لینا؛مالک بن بیٹھنا؛دبابیٹھنا؛ تصرف میں لانا -(۲) بھیک مانگتے پھرنا ؛ بھیک مانگ کرحاصل کرنا -

scrounger, *n.*: قبضہ جمانے والا؛ مالک بن بیٹھنے والا وغیرہ -

Scrub, *n.* : (۱) روئیدگی؛ گھاس پھوس؛ گھاس پات؛ جھاڑ جھاڑی؛ جھاڑ جھنکاڑ - (۲) فرسودہ گھسی ہوی جھاڑو یا برش یا مونچھیں- (۳) حقیر ؛ کمینہ ؛ سفلہ ؛ پاجی ؛ ذلیل - (۴) ادنیٰ شے ؛ حقیر اور کم مایہ چیز؛ ناچیز - (۵) زیر درختی- (۶) (کھیلوں میں امریکی روزمرہ) کھلاڑی جوکسی باضابطہ ٹیم سےتعلق نہ رکھتا ہو؛ پھٹکل کھلاڑی- (۷) دوسری یا کم زور ٹیم - (۸) بیس بال (base-ball) کا کھیل جس میں مقررہ کھلاڑیوں سے کم ہوں -

s.-oak : امریکی بلوط ؛ بونا بلوط -

s.-team : کمزور ٹیم -

scrubby, *a.* : بے حقیقت ؛ ہیچ ؛ فرومایہ -

scrubbiness,scrubbing, *nn.*: بے مایگی ؛ فرومایگی؛ ہیچی ؛ بے حقیقت ہونا -

Scrub, *v. t.* & *i* & *n.*: (۱) گھسنا ؛ رگڑنا ؛ مانجھنا ؛ جھاڑنا - (۲) مل مل کے دھونا یا صاف کرنا (خصوصاً جھاڑو سے) - (۳) جھاڑو دینا ؛ جھاڑن سے جھاڑنا - (۴) گیس کے بعض اجزا چھین لینا ؛ نکال لینا ؛ خارج کر دینا -

I would rather s. for my living : مجھے جھاڑو دے کے پیٹ پالنا منظور ہے -

scrubbing -board : دھوبی کا پٹرا ؛ دھوبی کا تختہ -

Scrubber, *n.* : (۱) جھاڑو ؛ پوچھن - (۲) گیس کو صاف یا خالص کرنے کا اوزار ؛ گاز روب -

Scruff, *n.* : گدی ؛ قفا ؛ گردن کی پیٹھ ؛ گردن کا پچھلا حصہ -

take by the s. of the neck : گردن پکڑنا ؛ گدی پکڑنا -

Scrum (-age) : دیکھو Scrimmage -

scrum-half : (فٹ بال) وہ ہاف بیک جو گیند کو کھلاڑیوں کے ہجوم میں ڈالتا ہے -

Scrumptious,*a.*: (عا میانہ) لذیذ ؛ مزہ دار ؛ بہت خوب؛ عمدہ -

Scrunch : دیکھو Crunch -

Scruple, *n.* & *v. t.* & *i.* : عطاروں کا ایک وزن بقدر ۲۰ گرین ؛ ماشی - (۲) (قدیم) کم وزن ؛ ھلکا - (۳) جھجک ؛ تامل ؛ پس و پیش ؛ ارتیاب (جو کسی اخلاقی یا اعتقادی بناپر ہو) ؛ احتیاط ؛ اخلاقی عذر - (۴) پس وپیش کرنا ؛ تامل کرنا ؛ جھجکنا ؛ ہچکچانا ؛ احتیاط برتنا ؛ محتاط ہونا ؛ شک و شبہ کرنا -

he did it without s. : اس نے اس فعل کا ارتکاب بلا تامل کیا ؛ اس نے اس فعل کے ارتکاب میں ذرا بھی تامل نہیں کیا -

he is a man of no s. : وہ کسی فعل کے ارتکاب میں تامل نہیں؛ وہ نیک وبد یا جائز و ناجائز کی پروا نہیں کرتا -

he would s. lying : اسے جھوٹ بولنے میں تامل ہوگا -

they have ss. about doing : وہ ... کرنے میں تامل یا احتیاط کرتے ہیں -

they make no s. to do : ان کو اس کے ارتکاب میں ذرا تامل نہیں ہوتا -

Scrupulous, *a.* : (۱) متامل ؛ شکی ؛ وھمی - (۲) محتاط ؛ متدین ؛ احتیاط پسند - (۳) صحت پسند ؛ دیانت پرست -

s.attention : انتہائی غور و توجہ -

s. care : انتہا درجے کی احتیاط -

s. cleanliness : کمال صفائی یا طہارت -

s. honesty : بے لوث دیانت ؛ انتہائی دیانت -

s.methods: محتاط طریقے ؛ ایسے طریقے جو احتیاط پر مبنی ہوں-

s. respect : انتہائی احترام -

scrupulosity, scrupulousness,*nn.*: (۱)حزم؛ احتیاط؛ تدین (۲) شک ؛ وھم - (۳) صحت پسندی ؛ راستی پرستی -

scrupulously ,*adv.*: احتیاط پسندانہ؛محتاطانہ؛پوری دیانت داری سے ؛ احتیاط سے ؛ غور و فکر سے ؛ تامل یا اندیشہ سے -

Scrutator, *n.* : مفتش ؛ جانچ پڑتال کرنے والا ؛ ناظر ؛ خصوصاً وہ شخص جو اخباروں کے خطوں وغیرہ کی پڑتال کرتا ہے -

Scrutin, *n. S. d' arrondissemente, de liste* : (فرانسیسی) طریقۂ انتخاب ؛ وہ طریق انتخاب کہ ایک شخص ایک یا ایک سے زیادہ نمائندوں کے حق میں رائے دے ؛ انتخاب بالترمہ -

Scrutineer, *n.* : جانچ پڑتال کرنے والا ؛ پڑتال کنندہ ؛ تنقیح کرنے والا ؛ وہ شخص جو پوشیدہ رایوں کی پڑتال کرتا ہے ؛مفتش آرا -

Scrutinize, *v.t.* : جانچنا ؛ پرتالنا ؛ جانچ پرتال کرنا ؛ تفتیش کرنا ؛ آزمائش کرنا ؛ تلاش کرنا ؛ تجسس کرنا -

Scrutiny, *n.* : (۱) جانچ پڑتال ؛ تنقیح ؛ تلاش ؛ تجسس ؛ احتساب ؛ پرسش ؛ دیکھ بھال - (۲) احتساب آرا ؛ رایوں کی جانچ پڑتال ؛ تنقیح آرا -

demand a s. : رایوں کی جانچ پڑتال کا مطالبہ کرنا -

Scry, *v.i.* : عمل حاضرات میں بلور کا استعمال کرنا ؛ بلور پڑھنا یا دیکھنا (نیز دیکھو crystalgazing) -

scryer, *n.* : عامل بالبلور ؛ بلور نما -

Scud, *v. i.* & *n.* : (۱) دوڑ جانا ؛ بھاگتے چلے جانا ؛ ہوا ہو جانا ؛ کافور ہوجانا - (۲) (جہازرانی) ہوا کے آگے آگے چلےجانا -(۳) (اسم) ریلا ؛ ریل پیل ؛ بھاگ دوڑ ؛ دوڑ دھوپ - (۴) اڑتا بادل -

Scudo, *n.* (pl. *-di*): اسکو دو ؛ ایک قدیم اطالی سکہ جو ۴ شلنگ کے برابر تھا -

Scuff, *v.i.* : لڑ کھڑانا؛ لڑکھڑا کر چلنا ؛ پاؤں گھسیٹ کر چلنا ؛ گھسٹنا -

Scuff, *n.* : گدی (اب عموماً scruff مستعمل ہے ؛ نیز scruft, scuft) -

Scuffle, *v.i. & n.* : (۱) دھکم دھکا کرنا ؛ لپٹ جانا ؛ گتھم جانا ؛ گتھم گتھا ہونا - (۲) گتھم گتھا ؛ پکڑ دھکڑ ؛ لڑائی بھڑائی ؛ لڑائی دنگا ؛ ہاتھا پائی ؛ دھینگا مشتی -

Scug, *n.* : (عامیانہ) کور گھسنا ؛ ایسا شخص جو میل جول' کھیل کود میں حصہ نہ لے اور مردانہ اخلاق و اطوار سے عاری ہو -

Scull, *n. v. t. & i.* : (۱) ڈانڈ ؛ چپو - (۲) کشتی چلانا؛ چپو چلانا - (۳) چلانا ؛ کشتی کو چلانا ؛ دھکیلنا ؛ کھینا -

Sculler, *n.* : (۱) ناؤ ؛ چھوٹی کشتی ؛ مور پنکھی - (۲) کشتی بان ؛ کشتی ران ؛ کھیویا -

Scullery, *n.* : باورچی خانے کا ایک حصہ جہاں برتن رکھے اور دھوئے جاتے ہیں ؛ برتن دھونے کی جگہ -

Scullion, *n.* : (قدیم شاعرانہ ؛ ادیبانہ) برتن دھونے یا مانجھنے والا ؛ شفر چی -

Sculp, *v. t.*: = Sculpture (روز مرہ بجائے)

Sculpin, *n.* : بچھو مچھلی ؛ خار ماہی ؛ امریکہ کی خار دار بحری مچھلیوں کی بعض قسمیں -

Sculpsit, Sculpserunt, (abbr. *sc.* or *sculps*) *v. sing. & pl. 3rd pers* : بقلم فلاں ؛ عمل فلاں؛ تصویر وغیرہ کے نیچے صناع اپنے نام کے ساتھ یہ لفظ لکھ دیتے ہیں -

Sculptor, *n.* : بت تراش؛ بت ساز ؛ سنگ تراش؛ نقاش ؛ بت گر -

sculptress, *n.* مذکورہ بالا کی تانیث -

Sculpture, *n. & v. t. & i.* : (۱) سنگ تراشی ؛ بت تراشی؛ بت سازی ؛ نقاشی - (۲) بت ؛ مورت ؛ تراشی ہوئی چیز - (۳) (حیاتیات و نباتیات) سیپی وغیرہ پر ابھرے ہوئے یا اندر گھسے ہوئے نشان ؛ نقوش (قدرتی) (۴) (فعل) پتھر یا بت تراشنا ؛ بت گری یا نقاشی کرنا - (۵) متمثل کرنا ؛ تصویر یا مورت بنانا - (۶) بت آرائی کرنا ؛ بتوں یا مورتوں سے سجانا (مکان وغیرہ کو) - (۷) بت تراش ہونا -

sculptural, *a.* : بت تراشی کا ؛ سنگ تراشی کا -

sculptured, *a.* : ممثل ؛ منقش ؛ متمثل -

sculpturesque, *a.* : تماثیلی ؛ بت دار -

sculpturally, *adv.* : بت تراشانہ ؛ بت گرانہ -

Scum, *n. v.t. & i* : (۱) کف ؛ جھاگ ؛ پھیں ؛ پھپوندی - (۲) (مجازاً) فضلہ ؛ تلچھٹ ؛ ردی یا نکمی چیز ؛ فنا - (۳) (فعل) جھاگ یا کف اتارنا - (۴) جھاگ آنا ؛ جھاگ ہوجانا -

scummy, *a.* : جھگیلا ؛ کف دار ؛ پھپوندی لگا -

Scumble, *v.t. & n.* : (۱) (روغنی تصویروں کا) رنگ ہلکا کرنا؛ پچارا دینا ؛ ہاتھ پھیرنا (رنگ کا) - (۲) (اسم) ہلکا پچارا ؛ رنگوں کو ہلکا کرنا ؛ رنگ پیرائی -

Scuncheon, *n.* : چھت یا برج کے مثمن زاویوں کے نیچے کی محرابیں ؛ کمانچہ ؛ شملہ -

Scupper *n.* : جہاز کی موری یا پرنالہ -

Scupper, *v.t.* : (عامیانہ) یک بہ یک قتل عام کرنا ؛ بیڑا غرق کرنا ؛ تیا پانچا کر دینا ؛ فیصلہ کر دینا -

Scurf, *n.* : (۱) جلد کی بھوسی ؛ میل ؛ پپڑی ؛ بفا ؛ خشکی ؛ (خصوصاً) سر کی خشکی - (۲) میل کچیل ؛ پھپوندی وغیرہ کی تہہ جو کسی چیز کے اوپر جم جائے -

scurfy *a.* : پپڑیلا ؛ پھپوندی لگا ؛ میلا کچیلا ؛ داغ دار -

scurfiness, *n.* : پپڑیلاپن' بھوسی کی کثرت؛ سر کی خشکی کی افراط -

Scurril, Scurrile, (archaic) **Scurrilous**, *aa.* : فحش ؛ دشنام آمیز ؛ قبیح ؛ گندہ ؛ گندہ دہن ؛ بد زباں -

scurrilously, *adv.* : گندہ دہنی سے؛ بدزبانی سے؛ گالی گلوچ کے طور پر ؛ فحش گوئی سے -

scurrility, *n.* : (۱) فحش گوئی؛ گندہ دہنی؛ دریدہ دہنی ؛ بد زبانی؛ بد لگامی؛ بد کلامی؛ گالی گلوچ ؛ گالم گلوچ - (۲) کمینہ پن ؛ پاجی پن ؛ سفلہ پن -

Scurry, *v.i. & n.* : (۱) کھسک جانا ؛ فرار ہو جانا ؛ جلدی جلدی چلنا ؛ پر تد سے بھاگنا ؛ کافور ہو جانا ؛ رفو چکر ہو جانا - (۲) (اسم) تیز خرامی ؛ تیز روی ؛ گریز پائی - (۳) تیز روی کی آہٹ یا آواز ؛ سرسراہٹ - (۴) مختصر اور تیز گھڑ دوڑ -

polo -s. : پولو کے گھوڑوں کی دوڑ -

the scurrying mice : سبک رو یا گریز پا چوہے -

Scurvy, *a. & n.* : (۱) کمینہ ؛ سفلہ ؛ رذیل ؛ فرومایہ ؛ نفرا - (۲) قابل نفرت ؛ حقارت انگیز ؛ کریہہ منظر ؛ مکروہ ؛ خسیس؛ دنی - (۳) (اسم) داءالحفر ؛ حفر ؛ اسقربوط ؛ یہ ایک مرض ہے جو فساد خون سے پیدا ہوتا ہے ' اس کی علامت یہ ہے کہ مسوڑے سوج جاتے ہیں ' جسم پر سیاہ داغ پڑ جاتے ہیں اور ہاتھ پاؤں میں درد رہتا ہے ' یہ مرض عام طور پر ملاحوں اور جہاز رانوں کو لاحق ہوتا ہے ؛ فساد خون ؛ خارش -

a s. fellow : کمینہ شخص؛ ذلیل آدمی -

s.- grass : گیاہ اسقربوط ؛ اسقربوطی گھاس ؛ یہ ایک پودا ہے جو دافع اسقربوط خیال کیا جاتا ہے -

a s. trick : کمینہ چال؛ سفلانہ دھوکا -

scurvied, *a.* : اسقربوطی ؛ اسقربوطی مریض ؛ وہ شخص جس کو اسقربوط کا عارضہ ہو ؛ خارش زدہ -

scurvily, *adv.* : اسقربوطانہ ؛ مرض اسقربوط کے متعلق ؛ منسوب بہ اسقربوط -

Scut, *n.* : چھوٹی دم ؛ ٹنڈ ؛ خرگوش ' ہرن وغیرہ کی دم -

Scutage, *n.* : (تاریخ) زر بدل ؛ وہ محصول جو قرون وسطیٰ میں ذاتی خدمت انجام نہ دینے کے معاوضہ میں دیا جاتا تھا -

Scutch, *v. t. & n.* : (۱) کوٹ کر تیار یا صاف کرنا (خصوصاً سن کے کپڑے یا کتان کو) - (۲) (اسم) کتان کوب - (۳) پٹ سن ؛ موٹا اور ادنیٰ درجے کا سن جو کوٹنے کے بعد بچ رہے -

s. -blade, scutching -sword, scutcher : کوٹنے کا آلہ یا پھلڑا ' کوب ؛ کوبا -

Scutcheon, *n.*: (۱) = Escutcheon - (۲) تالا پتی جو قفل کے منہ پر لگا دیتے ہیں - (۳) لوح ' تختی ' نام یا کتبہ کندہ کرنے کی غرض سے -

Scute, *n.* : (قدیم رومی) بڑی اور بھاری ڈھال ' بیضوی یا نیم اسطوانی شکل کی ؛ بدن پناہ - (۲) (تشریح) گھٹنے کی چپنی ؛ واحصہ ؛ کھپرا - (۳) (حیاتیات وغیرہ) سپر نما تکہ ؛ سپر نما فلوس (مگر مچھ ' سنگ پشت اور بعض قسم کی مچھلیوں میں)؛ سفنہ اور چپٹی ہڈی ؛ ڈھال ہڈی -

scutal, scutate, *aa.*: سپری؛ متعلق بہ سپر ؛ منسوب بہ سپر -

scutiform, *a.* : سپر صورت ؛ سپر نما ؛ ڈھال کی شکل کا -

Scuthllum, *n.* : (pl. - *lla*) (تاریخ طبعی) کھپرا ؛ خول ؛ (پرندوں، کیڑے مکوڑوں اور پرندوں میں) تلا ' پرت وغیرہ ؛ پرندوں کی ٹانگوں پر سینگ جیسا سخت پرت یا کھپرا -

scutellate, scutellated, *aa.* : خول گشتہ ؛ کھپرایا ہوا -

scutellar, *a.* : خول دار ؛ کھپریلا -

scutellation; *n.* : خول گشتگی -

Scutter, *v. i.* : = Scurry

Scuttle, *n.* (usu. *coal*-s.): کوئلہ دان؛ کوئلے رکھنے کا برتن؛ چنگیر -

Scuttle, *n.* & *v. t.* : (۱) روشن دان ؛ ہوا دان؛ موکھا؛ جس کے کھولنے بند کرنے کا ڈھکنا لگا ہوتا ہے ؛ منفذ - (۲) (فعل) سوراخ کرنا؛ چھید کرنا؛ خصوصاً جہاز کے پیندے میں سوراخ کرنا کہ ڈوب جائے -

s. - butt, s. cask : پانی بھرنے کا سوراخ دار پیپا ؛ وہ پیپا جس میں سوراخ ہو -

Scuttle, *v. i.* & *n.* : (۱) بھاگ کھڑے ہونا ؛ فرار ہونا ؛ کافور ہونا ؛ رفو چکر ہونا ؛ نوک دم بھاگنا ؛ دم دبا کر بھاگنا ؛ پتا توڑ دوڑنا - (۲) (اسم) فراری ؛ گریز (خطرے یا مشکل کے موقع پر)- (۳) موٹر گاڑی کا وہ حصہ جو انجن کے قبضہ دار ڈھکنے کو باڈی (body) سے ملاتا ہے -

Scutum : = Scute

Scylla, *n. S. & charybdis* : سلا دیو ؛ یونانی افسانوں میں ایک شش سر عفریتہ جو ملاحوں اور جہاز رانوں کو پھاڑ کھاتا تھا یہ آبنائے مسینا کی چٹان پر ایک گرداب کے کنارے رہتا تھا -

Scyphus, *n.* (pl. *-phi*) : (۱) قدیم دو دستے کا یونانی پیالہ؛ ساغر سی قسمی - (۲) (نباتیات) پھول کا کاسہ نما حصہ جیسا گل نرگس اور کائی نبات وغیرہ میں ہوتا ہے ؛ برگ کا سہ -

scyphose, *a.* : کاسہ دار ؛ ساغر دار -

scyphiform, *a.* : ساغر صورت ؛ پیالہ نما ؛ کاسہ نما -

Scythe, *n.* & *v. t.* : (۱) درانتی ؛ داس - (۲) تلوار کا دھار دار پھل جو قدیم جنگی رتھوں کے دھروں کے دونوں طرف میں لگا ہوتا تھا - (۳) (فعل) درانتی سے کاٹنا ؛ درانتنا ؛ درو کرنا -

scythed, *a.* : پھل دار (رتھ) -

Scythian; *a.* & *n.* : (۱) سیتھی ؛ سیدی ؛ باشندۂ سیتھیا ' (سیتھیا بحیرۂ اسود ' بحیرۂ خضر اور بحیرۂ ارال کے شمال کا قدیم نام تھا) ؛ تورانی - (۲) سیتھی زبان -

'Sdeath, *int.* : (قدیم) کلمۂ حیرت و غضب " خدا تجھے مارے " -

Se - : لاطینی سابقہ بمعنی جدا ' بغیر -

Sea, *n.* : (۱) سمندر ؛ بحر ؛ بحیرہ ؛ ساگر ؛ دریا ؛ قلزم - (۲) تری - (۳) کوئی خاص حصۂ بحر جو خشکی سے محصور ہو یا جس کا کوئی حصہ خشکی سے محصور ہو - (۴) موج ؛ موجۂ دریا - (۵) مقدار کثیر ؛ بہتات ؛ افراط (مثلاً *a s. of troubles*) ؛ (نیز جمع) (جیسے *ss. of bloodshed*) - (۶) بحری؛ دریائی ؛ سمندری - (۷) بطور سابقۂ توصیفی (مثلاً *s. canary* ؛ *s. cucumber*) -

a heavy s. : طوفانی سمندر ؛ بحر متلاطم -

a s. of care : بحر تفکرات ؛ دریائے فکر -

a s. of flame : (مبالغہ) آگ کا سمندر -

a s. of troubles : بحر مصائب؛ مصائب کثیر؛ مشکلات خطیر -

a s. of upturned faces : (مبالغہ) اٹھے ہوئے چہروں کا سمندر یعنی مجمع کثیر ؛ ازدحام -

arm of the s. : کھاڑی خلیج ؛ کھاڑی ؛ خمیازہ -

as good fish in the s. : دیکھو Fish -

at the bottom of the s. : سمندر کی تہہ میں؛ قعر دریا میں -

be at s. : (۱) سمندر میں ہونا ؛ خشکی سے دور ہونا ؛ اتنی دور ہونا کہ کنارہ نظر نہ آئے - (۲) (مجازاً) ششدر ہونا ؛ حیران ہونا ؛ ہکا بکا ہونا ؛ چکلم میں ہونا -

between devil & deep sea : دیکھو Devil -

beyond, over, s. or ss. : سمندر پار ؛ اُن ملکوں میں جو سمندر پار واقع ہیں؛ ماورائے بحر -

brazen or molten s. : = Laver (نمبر ۲) .

by s. & land : براہ خشکی و تری؛ خشکی اور تری کے رستے -

closed s. : = mare clausum (دیکھو Mare)

follow the s. : سمندر چھاننا ؛ بحر نوردی کرنا ؛ ملاح ہونا ؛ جہاز راں ہونا -

go to s. : ملاح ہونا ؛ ملاح بننا ؛ جہاز رانی سیکھنا -

he is half ss. over : (مجازاً) وہ نشے میں غرق ہے ' پیے ہوئے ہے ؛ وہ بد مست ہے -

inland s. : بحر محاط ؛ اندرونی سمندر ؛ بحیرہ ؛ بڑی جھیل ' جیسے بحیرۂ خضر -

long s. : تموج کبیر ؛ بحر مواج ؛ وہ سمندر جس میں پیہم لمبی لمبی موجیں اٹھتی ہوں -

mistress of the s. or *ss.* : (مجازاً) سب سے بڑی بحری قوت ؛ ملکۂ بحر ؛ ملکۂ بحور -

on the s. : (۱) جہاز میں؛ کشتی میں- (۲) لب دریا ؛ سمندر پر ؛ سمندر کے کنارے -

put to s. : سمندر میں داخل ہونا ؛ بندر گاہ سے چلنا -

s. -acorn : بحری بلوط؛ دریائی بلوط؛ سمندری بلوط؛ سیپ کی مچھلی -

s. air : بحری ہوا ؛ سمندری ہوا ؛ دریائی ہوا -

s. -anchor : بحری لنگر ؛ سمندری لنگر ؛ دریائی لنگر ؛ یہ ایک قسم کا بادبان ہے جو جہاز کو ہوا کے رخ جانے سے روکتا ہے -

s. anemone : دیکھو Anemone -

s. -angel : = Angel-fish

s. -arrow : پرن کلی ؛ ایک قسم کی جھینگا مچھلی -

s. asparagus : بحری ناگدون ؛ بحری مار چوبہ ؛ ایک قسم کا کیکڑا جس کا خول نرم ہوتا ہے -

s. -barrow : اسکیٹ مچھلی یا سونٹا مچھلی کی بیضہ دانی -

s. bathing : بحری غسل ؛ ساگر اشنان -

s. bear : (۱) قطبی ریچھ ؛ خرس بحری - (۲) سگ ماہی یا پشم دار دریائی بچھڑا جو بحرالکاہل کے شمالی علاقوں میں پایا جاتا ہے -

s. -bells : (بحری) لبلابی؛ ایک قسم کی بیل جو ساحل بحر پر ہوتی ہے -

s. -belt : (۱) میٹھی کائی - (۲) ایک قسم کی بحری گھاس؛ نباتِ دریائی -

sea board : ساحل بحری؛ خطہ ساحلی؛ ساحلی علاقہ؛ سواحل -

s. -boat : جہاز وغیرہ جو سمندر میں چلنے کی مخصوص صلاحیت رکھتا ہے -

s. -born : بحری مخلوق ؛ جو سمندر میں پیدا ہو ؛ بحرزادہ ؛ دریازادہ؛ (شعر میں اس کا اطلاق) عشق و محبت کی دیوی افرودائتہ (پر بھی ہوتا ہے) -

s. -borne : بھری؛ دریائی؛ سمندری؛ جوشے براہ بھر لے جائی جائے -

s. -borne commerce : بھری تجارت -

s. -borne goods : وہ مال جو براہ بھر بھیجا جائے؛ بھری سامان -

s. -bow : قوس بھری؛ سمندری دھنک؛ یہ ایک قسم کی قوس ھے جو قوس قزح کے مانند ھے موجوں کے تلاطم سے پیدا ھوتی ھے -

s. breeze : (۱) بھری ھوا؛ نسیم بحر؛ ھوائے دریا - (۲) وہ ھوا جو دن کے وقت سمندر کی طرف سے چلتی ھے بر خلاف اس ھوا کے جو رات کے وقت خشکی کی طرف سے چلتی ھے -

s. -calf : دریائی بچھڑا؛ سمندری بچھڑا؛ عجل البحر

s. canary : سفید وھیل؛ پیل ماھی سفید؛ اس کی سیٹی یا نفیر کے لحاظ سے جو کینری پرند کی آواز سے ملتی ھے -

s. captain : (۱) (شعر و خطابت) بڑا جہاز راں؛ نامی گرامی جہاز راں؛ بحر نورد؛ بحری کپتان؛ نا خدا - (۲) جہاز کا سردار؛ بحری سردار؛ نا خدا؛ جہاز کا کپتان؛ کپتان بحری (بری فوج کے سردار کے مقابلے میں) -

s. change : (استعارتاً) تغیر؛ تبدیل کیفیت -

s. chestnut : بحری خار پشت؛ سمندری سیھہ؛ دریائی سیھہ -

s. -cloth : دریائی؛ یہ ایک طرح کا کپڑا ھے جو ناٹک میں ساحل بحر کا سماں دکھانے کے لیے استعمال کرتے ھیں -

s. -coal : (قدیم) کوئلہ (یہ کوئلہ ابتدا میں نیو کاسل سے براہ بحر آتا تھا)؛ پتھر کا کوئلہ؛ فحم معدنی -

s. coast : ساحل بحر؛ ساحل؛ کنارہ -

s. -cock : (۱) پرندوں اور مچھلیوں کی قسمیں - (۲) نلی جس کے ذریعے سمندر کا پانی جہاز کے اندرونی حصے میں لیا جاتا ھے -

s. colander : ساگر سرونٹ؛ ایک قسم کی بحری گھاس جس کے پتے سوراخ دار ھوتے ھیں -

s. cook : ملاحوں اور جہاز رانوں میں ایک قسم کی گالی ھے -

s. -cow : ایک قسم کی بڑی مچھلی؛ بحری گائے؛ گاو بحری -

s. crow : ساگر بگلا؛ جنقلہ؛ ایک قسم کا بحری بگلا -

s. cucumber : خراطین بحری؛ خصوصاً وہ کیڑے جنھیں یورپ میں پکاکر کھاتے ھیں -

s. -devil : شیطان ماھی؛ ایک قسم کی مچھلی -

s. -dog : (۱) سمندری کتا؛ بحری کتا؛ سگ بحری؛ یہ ایک قسم کا دریائی بچھڑا ھے - (۲) (مجازاً) پرانا ملاح؛ مشاق ملاح یا جہاز راں؛ دریا گشت؛ خصوصاً ملکہ الزبتھ کے زمانے کا بحری کپتان (نیز دیکھو Dog) -

s. eagle : دریائی عقاب؛ عقاب بحری؛ یہ ایک طرح کا ماھی گیر عقاب ھے -

s. -ear : گوش بحر؛ گوش دریا؛ ایک قسم کا گھونگھا -

s. elephant : پیل ماھی؛ یہ ایک قسم کا بڑا دریائی بچھڑا ھے جس کے سونڈ ھوتی ھے -

s. -fan : ایک قسم کا مونگا؛ پنکھیا مونگا -

s. faring : (۱) سمندر میں کثرت سے آمد و رفت رکھنے والا؛ جہازی؛ بحری سیاح - (۲) ملاح؛ دریا نورد -

s. -faringman : ملاح -

s. fennel : ساگر سویا؛ بادیان بحری؛ سمندری سونف؛ ایک قسم کا بحری ساگ ھے -

s. -fight : بحری لڑائی؛ جہازی جنگ -

s. -flower : گل دریا؛ گل بحری؛ اسی کو شقائق بحری بھی کہتے ھیں -

s. fog : سمندری کہر؛ یہ صرف سمندر میں ھوتی اور ساحل پر تھوڑی دور تک پھیل سکتی ھے

s. -fowl : مرغابی -

s. -fox : روبہ ماھی؛ یہ ایک قسم کی شارک مچھلی ھے جس کی دم لمبی ھوتی ھے؛ دم دراز؛ دراز دم -

s. front : بحر رویتا؛ شہر کا وہ حصہ جس کا رخ سمندر کی طرف ھو؛ لب دریا -

s. furbelow : ایک قسم کی بحری گھاس -

s. -gauge : (۱) جہاز پایاب؛ وہ گہرائی جس میں جہاز چل سکے - (۲) سمندر کی گہرائی ناپنے کا آلہ؛ گہرائی ناپ؛ عمق پیما -

s. gherkin : سمندری کھیرا؛ خیارین بحری -

s. gilliflower : (۱) بحری گلاب؛ دریائی گلاب - (۲) ایک قسم کی چھوٹی سامن مچھلی؛ سامنی -

s. -girt : دریا بند؛ محصور دریا؛ محصور بحر (شاعری اور انشا پردازی میں جزیرے کے لئے) -

s. -god : رب البحر؛ بحری دیوتا؛ سمندر کا دیوتا -

s. goddess : ربۃ البحر؛ بحری دیوی؛ سمندر کی دیوی -

seagoing : (۱) بحر نورد؛ بحری؛ وہ جہاز جو کھلے سمندر میں سفر کرے - (۲) بحری مسافر یا سیاح -

s. grape : (۱) سرو بحری - (۲) خلیجی نرسل - (۳) (جمع) سیاہ ماھی کے انڈے -

s.-green : گہرا ھرا رنگ؛ سبز؛ آسمانی؛ پستئی -

s.-gull : بحری بگلا؛ سمندری بگلا؛ جنقلہ -

s.-hedgehog : خار پشت بحری؛ دریائی خار پشت؛ دریائی سیھہ -

s.-hog : (۱) خوک دریائی؛ سو سمار بحری - (۲) (عامیانہ) تیز رو جہاز؛ آندھی ناؤ -

s.-horse : (۱) دریائی گھوڑا؛ میش دریائی؛ دریائی بھینسا؛ ایک بحری جانور جو گینڈے سے ملتا جلتا ھے - (۲) دریائی دیوتا کا گھوڑا؛ اس کا آدھا جسم گھوڑے کا اور آدھا مچھلی کا بیان کیا جاتا تھا - (۳) اسپ ماھی؛ گھوڑ مچھلی؛ گاؤ دریائی؛ گھو مچھہ -

s. kale : بحری گوبھی؛ ایک قسم کی سبزی جو پکانے کے کام آتی ھے -

s. kidney : نرگس دریائی؛ ایک بحری پھول -

s.-king : ملک البحر؛ سمندر راجا؛ زمانۂ متوسط کا بحری ڈاکو؛ بحری قزاقوں کا سر گروہ یا سردار -

s.lace : فیتہ بیل؛ ایک قسم کی بحری گھاس -

s.lawyer : (ملاحی طنزیہ) حجتی؛ کج بحث (شخص) -

s.-legs : (مجازاً) جھکولے کھاتے جہاز پر چلنے کی عادت یا مشق -

s. lemon : پیلا گھونگا -

s. leopard : سگ ماھی یا دریائی بچھڑے کی ایک قسم جس پر چتیاں ھوتی ھیں؛ پلنگ ماھی؛ نمار بحری -

s. level : سطح بحر؛ سمندر کی سطح؛ سطح آب؛

mean s. level : (مثلاً) مد جزر کی درمیانی سطح؛ اوسط سطح؛ **corrected to s. level** یعنی جو سطح بحر کے مطابق کردیا گیا ھو -

s. like looking-glass or sheet of glass : آئینے کی طرح؛ یعنی بالکل ساکن سمندر -

s. lily : ساگر کنول ؛ نیلوفر بحری ؛ سوسن بحری -

s.-line : خط بحر ؛ خط دریا ؛ بحری افق ؛ دریائی افق -

s. lion : بحری شیر ؛ دریائی شیر ؛ یہ ایک قسم کا دریائی بچھڑا ھے ' جس کے کان بہت لمبے لمبے ہوتے ہیں ؛ شیر ماھی ؛ خرگوش آبی -

seaman(pl.-*men*): کشتی بان؛ اہل جہاز ؛ ملاح ؛ جہازران ؛ بحری سپاھی جو افسر نہ ہو ؛ ماہر جہاز ران ؛ جو افسر نہ ہوں (مثلاً *able-bodied s. man* قوی الجثہ ملاح ؛ *ordinary s.m* = معمولی بحری سپاھی ' جس کا رتبہ A. B. سے کم ہو ؛ *good, bad s. -m* = عمدہ جہاز ران ' ماہر جہاز رانی ؛ خراب جہاز ران ' اناڑی جہاز ران) -

s.-mark : بحری نشان ' منارہ ؛ کوئی نمایاں شے جس سے جہاز رانی میں مدد مل سکے ؛ بحری سنگ میل یا ستون وغیرہ -

s. -mat : ایک قسم کا چھوٹا گھونگا ؛ کرم مرجانی ؛ کومک آبی -

s. melon : ایک قسم کا گھونگا یا بحری کیچوا -

s. -mew : بحری بگلا -

s. mile : دیکھو Mile -

s. monster : بحری عفریت ؛ سمندر کا دیو ؛ سمندر کا کوئی بڑا اور مہیب جانور -

s. moss : گیاہ دریائی ؛ سمندری کائی -

s.-mouse : موش دریائی ؛ موش بحری ؛ یہ ایک طرح کا رنگین بحری کیڑا ھے -

s. mud : ساگر کھات ؛ بحری کیچڑ ؛ سمندری کیچڑ ' جو کھات کے کام آتی ھے -

s. necklace : ایک قسم کی مچھلی کی بیضہ دانیوں کا زنجیرہ ؛ مچھلی مالا ؛ ساگر کنٹھی -

s. needle : ایک قسم کی مچھلی ؛ نیزہ ماھی ؛ برچھا مچھلی -

s. nettle : = jelly-fish

s.-nymph : سمندری پری ؛ دریائی پری ؛ بنت البحر -

s. oak : بلوط بحری ؛ ایک قسم کا بحری نرسل -

s. ooze : = S. mud

s. orange : کیرو گھونگا ؛ لال گھونگا ؛ یہ ایک قسم کا گھونگا ھے -

s. -orb = globe-fish

s. otter : اود بلاؤ کی قسم جس کی سمور بیش قیمت ہوتی ھے -

s. -owl : بوم ماھی (lump نمبر ۲) -

s. -ox : گاو دریا ؛ بحری بیل؛ یہ والرس کا نام ھے -

s. -pad : یہ ستارہ ماھی کا دوسرا نام ھے -

s. parrot : = puffin

s. pass : بحری اجازت نامہ ؛ وہ اجازت نامہ جو دوران جنگ میں غیر جانب دار جہازوں کو سفر کے لئے دیا جاتا ھے -

s. -pay : مشاہرۂ بحری؛ وہ تنخواہ جو بحری جنگی خدمت کے معاوضہ میں دی جاتی ھے -

s. peach, s. pear : دریائی شفتالو ؛ آڑو گھونگا ؛ ناخ گھونگا؛ دریائی ناشپاتی؛ یہ دونوں گھونگے کی قسمیں ہیں؛ مشکیزہ-

s.-pen : ساگر بام ؛ مار ماہی ؛ ایک بحری سانپ -

s. pie : (۱) ملاحی سنبوسہ - (۲) صدف گیر ' ایک قسم کا بحری پرند -

s. -piece : تصویر آب؛ بحری تصویر؛ دریائی منظر کی تصویر -

seapiet : صدف گیر؛ ایک قسم کا بحری پرند -

s. -pig : (۱) خنزیر بحری؛ خوک دریائی- (۲) یہ ایک سبزی خوار دودھ پلانے والا جانور ھے جو بحر ہند میں پایا جاتا ھے -

s. -pike : نیزہ ماھی -

s. pilot : = s. Pie (bird)

s. pincushion : سونٹ مچھلی کی بیضہ دانی -

s. pink : بحری گلاب ؛ دریائی گلاب ؛ ساگر کنول -

s. plane : بحری ہوائی جہاز ؛ بحری طیارہ -

s. poacher : ایک قسم کی چھوٹی سی مچھلی کا نام؛ چورمچھلی -

seaport : بندر ؛ بندرگاہ -

s. pumpkin : = s. melon

s. -purse : سونٹ مچھلی کی بیضہ دانی -

s. raven : = sculpin

s. robin : ایک چھوٹی مچھلی ؛ کینڈا مچھلی ' جس کا سینہ سنہری ہوتا ھے -

s. -room : جہازی میدان یا وسعت ؛ سمندر میں اتنی جگہ کہ جہاز مڑ سکے -

s. rover : (۱) بحر گرد ؛ بحری ڈاکو ؛ بحری چور - (۲) بحری ڈاکوؤں کا جہاز ؛ بحر تاز -

s. -salt : سمندری کھار ؛ بحری نمک ؛ سمندر کے پانی سے جو نمک نکلتا ھے وہ بحری نمک کہلاتا ھے -

s. -scape . = s. -piece

s. serpent : (۱) بحری سانپ ؛ دریائی سانپ ؛ سمندری سانپ - (۲)(the کے ساتھ) بحری عفریت' یہ ایک دیو ہیکل عجیب الخلقت حیوان ھے جس کی نسبت مشہور ھے کہ سمندر کی تہ میں رہتا ھے' اس کی شکل سانپ سے ملتی جلتی ھے' مگر علمائے حیوانیات اس کے وجود کے قائل نہیں -

seashore : (۱) ساحل بحر؛ کنارہ - (۲) (قانون) مدو جزر کا درمیانی فاصلہ -

seasick : بحری مریض ؛ دریائی مریض ؛ جس کو جہاز کے ہچکولوں سے قے آتی ہو یا متلی ہوتی ہو ؛ سمندر روگی -

seaside : (۱) ریف ؛ کنار بحر؛ عندالبحر - (۲) بحری مقامات؛ وہ مقامات جو سمندر کے کنارے یا قریب واقع ہوں -

s. -sleeve : = cuttlefish

s. snail : بحری گھونگا ؛ حلزونہ بحری ؛ گھونگا مچھلی -

s. snipe : (۱) = Dunlin - (۲) ایک قسم کی چھوٹی مچھلی ؛ چہا مچھلی -

s squirt : مشکیزہ ؛ (کوی ascidium) -

s. strawberry : ایک قسم کا گھونگا ؛ بحری گھونگا -

s. sunflower : = s. anemone

s. swallow : بحری ابابیل -

s. -tang, s. -tangle : ایک قسم کی بحری گیاس یا نرسل؛ ساگر جھاڑ -

s. -toad : ماھی گیر مینڈک (= Angler) -

s.-urchin : بحری خار پشت ؛ سیہ ؛ ساھی -

s. -wall : بحری پشتہ ؛ بند -

s. -ware : بحری گھاس جو کھات کے کام آتی ھے ؛ بحری کائی -

صوت البحر

s. -water : سمندر کا پانی؛ کھاری پانی؛ آب شور -

s. -way : (۱) جہاز کی رفتار یا روانی - (۲) کھاڑی جس میں طوفان کے وقت جہاز پناہ لے -

seaweed : صوت البحر؛ کائی؛ بحری گھانس یا نر سل -

s. -whip : مرجان سوطی؛ مونگا جس کی شکل کوڑا کی سی ہوتی ہے -

s. whipcord : بحری گھانس یا نر سل کی ایک قسم -

s. -wife : ایک قسم کی بڑی مچھلی جو بحری چٹانوں کے گرد منڈلاتی رہتی ہے (نیز دیکھو wrasse) -

sea wind : = seabreeze

s. -wing : ایک قسم کا دو پرت والا گھونگا؛ پرت گھونگا -

seawithwind : = s.-bells

s. -wolf : (۱) نیل ماہی؛ بھیڑیا مچھلی؛ ایک قسم کی بڑی مچھلی - (۲) بحری قزاق؛ سمندری ڈاکو -

seaworthy : (جہاز) قابل بحر؛ سمندر میں سفر کرنے کے لائق؛ ساگر لیس؛ بحر شایاں -

ss. mountains high : سمندر میں طوفان بپا ہے؛ پہاڑ جیسی موجیں اٹھ رہی ہیں -

ss. of blood : (مبالغہ) خون؛ (کشت و خون) کے دریا -

short s. : تموج صغیر؛ سمندر جس میں چھوٹی چھوٹی مگر طوفانی موجیں اٹھتی ہوں -

the Caspian S. : بحیرۂ خضر؛ بحر خضر -

the Dead S. : بحر لوط -

the four ss. : بحور اربعہ؛ وہ چار سمندر جو برطانیہ کے چاروں طرف واقع ہیں -

the high ss. : کھلا سمندر؛ تین میل کی ملکی حدود یا ساحل کے آگے -

the Mediterranean S. : بحیرۂ روم؛ بحر روم -

the North S. : بحیرۂ شمالی؛ بحر شمالی -

the seven ss. : سات سمندر -

when the s. gives up its dead : جب سمندر اپنے مردے اگل ڈالے گا، یعنی قیامت میں؛ بروز محشر

seafarer, *n.* : (شاذ) ملاح؛ دریانورد -

seamanlike, *a.* : ملاحانہ؛ بحری سپاہی کے مانند؛ جہازرانوں کی طرح -

seamanly, *a.* : بحری سپاہی کے انداز سے؛ جہاز رانوں کے طریق سے -

seamanship, *n.* : ملاحی؛ ملاح گری؛ جہاز رانی -

seasickness, *n.* : بحری بیماری؛ بحری مرض؛ سمندر روگ؛ متلی؛ قے -

seaworthiness, *n.* : سمندر میں چلنے کی قابلیت؛ بحر شایانی -

seaward, *a. adv. & n.* : سمندری؛ سمندر کے رخ؛ جو سمندر کے رخ واقع ہو -

seawards, *adv.* : سمندر کی طرف؛ سمندر کے رخ؛ دریا رو؛ دریا رخ؛ سمندر کی جانب -

Seal, *n. & v. i.* : (۱) سیل؛ دریائی بچھڑا؛ سگ ماہی - (۲) (فعل) دریائی بچھڑوں کا شکار کرنا؛ سگ ماہی کا شکار کھیلنا؛ سگ ماہی پکڑنا -

seared s. or otary : گوش دار سگ ماہی؛ جس کے کان نمایاں اور مختلف قسموں کے ہیں -

s. -rookery : دریائی بچھڑوں کے پرورش پانے کا مقام؛ سگ ماہی گاہ -

sealskin : (۱) سگ ماہی کی کھال یا چمڑا - (۲) سمور سگ ماہی - (۳) پوستین؛ جو اس قسم کے سمور سے بنائی جائے -

sealery, *n.* (or *s. -fishery*) : دریائی بچھڑے کے شکار کا مقام؛ سگ ماہی گیری کا مقام -

Seal, *n. & v. t.* : مہر؛ چھاپ؛ مہر عدالت؛ علامت؛ (۱) مہر؛ خاتم؛ چھاپ؛ مہر عدالت؛ علامت؛ نشان؛ ٹھپہ - (۲) تصدیق؛ توثیق؛ تاکید؛ ضمانت - (۳) ذات؛ زخم بند کرنے والی شے، خصوصاً پانی روکنے والی - (۴) (فعل) مہر لگانا؛ مہر ثبت کرنا - (۵) تصدیق کرنا؛ توثیق کرنا - (۶) مہر لگا کر بند کرنا؛ سر بمہر کرنا - (۷) چھپانا؛ پوشیدہ کرنا؛ مخفی کرنا - (۸) ٹانکا لگانا -

Fisher's S. : مہر یا پانی؛ جس پر پطرس ولی کو مچھلی کا شکار کھیلتا ہوا دکھایا ہے -

given under my hand & s. : میرے دستخطوں اور مہر سے -

Great S. : مہر کلاں؛ یہ برطانیہ کی سرکاری مہر ہے -

has the s. of death in his face : اس کے چہرے سے موت کی علامات ظاہر ہیں -

he is sealed to or for damnation : کارکنان قدرت نے اس امر پر مہر ثبت کردی ہے کہ وہ مردود و ملعون ہے -

he is sealed to or for salvation : ارکان قضا و قدر نے اس امر پر مہر لگادی ہے کہ وہ نجات پانے والا ہے -

his fate is sealed : اس کی قسمت کا فیصلہ ہو چکا ہے -

is a sealed book to me : میرے لیے تو یہ کتاب سر بستہ ہے؛ میرے لیے تو یہ راز سر بستہ ہے -

leaden s. : مہر رصاصی؛ سیسے کی مہر؛ یہ مہر تار کے سروں پر لگائی جاتی ہے -

my lips are sealed : میرے لبوں پر مہر خاموشی لگی ہے؛ میں بول نہیں سکتا -

Privy S. : دیکھو Privy -

Sealed Book : (۱) کتاب سر بمہر؛ سر بمہر کتاب؛ کتاب سر بستہ - (۲) انگلستان میں نماز کی کتاب جس پر چارلس ثانی کے عہد میں مہر کلاں لگی تھی، صحت کی تصدیق یا قانوناً مستند ہونے کی دلیل میں -

s. of love : مہر محبت؛ پیمان محبت؛ (مجازاً) بوسہ؛ ولادت طفل -

s. -pipe : مہر دار نلی؛ سر بمہر نلی؛ یہ مثلہ بند نلکی؛ ایک قسم کی نلی ہے جس کا اوپر کا سرا بڑی گیس دار نلی میں ہوتا ہے اور نیچے کا سرا پانی کے برتن میں غرق ہوتا ہے اس کے ذریعے گیس کا سلسلہ منقطع ہوتا ہے -

s. pipe &c. : کسی نلی کا سرا پانی میں ڈبونا -

s. -ring : مہر دار انگشتری؛ انگوٹھی؛ خاتم -

s. up tin : ٹین کا ٹانکا لگانا کہ ہوا کی روک ہو جائے -

s.-wort : ایک قسم کا سوسن نما پھول؛ اس کو مہر سلیمان بھی کہتے ہیں -

sealing-wax : مہر لگانے کا موم؛ موم -

set one's s. to : کسی دستاویز وغیرہ پر مہر لگانا؛ تصدیق کرنا؛ توثیق کرنا -

sleep sealed his eyes : خواب نے اس کی آنکھوں پر مہر لگادی؛ نیند کے باعث اس کی آنکھیں بند ہو گئیں -

the ss. : وہ مہریں جو لارڈ چانسلر یا سکرٹری آف اسٹیٹ کی تحویل

میں رہتی ہیں -

under s. of confession, confidence & silence : (مجازاً) رازداری، صاف گوئی، خاموشی کے عہد واثق کے ساتھ -

windows must be sealed up : دریچوں کی درزوں پر کا غذ لگانا چاہیے -

Sealer, *n.*: (۱) سیل گیر؛ سیل پکڑنے والا؛ دریائی بچھڑے کا شکاری؛ دریائی بچھڑوں کا شکار کرنے والا؛ خصوصاً سگ ماہی گیر (جہاز یا شخص) - (۲) Seal نمبر ۱ و ۲ کا اِسم فاعل -

Sealyham, *n.*, S. (*terrier*): بحری بو گیر؛ ایک قسم کا شکاری کتا -

Seam, *n.* & *v. t.*: (۱) سیون؛ دوخت؛ جراحی ٹانکا - (۲) درز؛ دراز؛ شگاف؛ لکیر؛ شکن؛ دھاری؛ مانگ - (۳) پرت؛ طبقہ؛ تہہ - (۴) چربی؛ چکنائی؛ سور کی چربی - (۵) داغ؛ دھبا؛ نشان - (۶) (بنائی) جرابوں کے کنارے بنانا - (۷) (فعل) سیون ملانا؛ جوڑ ملانا؛ جوڑ لگانا؛ ٹانکا لگانا؛ دھاریاں بنانا؛ دھاریاں کاٹنا؛ داغ دھبا لگانا -

he is seamed with wounds : وہ زخموں سے داغ دار ہے؛ وہ سراپا زخم ہے؛ اس کے جسم پر زخموں کے نشان ہیں -

s.-lace : سلائی کا فیتہ؛ ٹانکا لگانے کا فیتہ -

s.-presser : (۱) سیون مار؛ سیون دبانے کا آلہ؛ سیون اِستری؛ وہ اِستری جس سے درزی سیونیں دباتے ہیں - (۲) وہ آلہ جس سے ہل کی لکیریں مٹاتے ہیں؛ میز؛ سہاگا؛ کڑا -

seaming-lace : لیس؛ بیل؛ وہ فیتہ جو سیونوں پر سیا جاتا ہے؛ سلائی پر کی بیل -

ship's ss. want caulking : جہاز کی درزیں بند ہونی چاہییں -

seamed, *a.*: شکن دار؛ داغ دار؛ نشان دار -

seamless, *a.*: بے جوڑ؛ بے شکن؛ بے درز؛ بے دوخت؛ بے سیون -

Seamstress, semp-, *n.*: خیاطہ؛ درزن؛ سوزن کار؛ سینے والی؛ اُجرت پر اوروں کے کپڑے سینے والی عورت -

Seamy, *a.*: سیون دار؛ سلائی دار؛ درز دار؛ دوخت دار -

s. side : (۱) سیون دار رخ؛ سلائی دار رخ؛ کپڑے کا وہ رخ جدھر سیون ہوتی ہے؛ اُلٹا رخ؛ اُلٹی طرف - (۲) (مجازاً) خراب (رخ یا پہلو)؛ ناگوار (پہلو)؛ (زندگی کا) تاریک (پہلو) -

Seanad Eireann, *n.*: آئرستان کی خود مختار ریاست کا دارالامرا -

Seance, *n.*: حلقۂ مجلس؛ محفل؛ جلسہ؛ علمائے مفکرین کا جلسہ؛ حاضرات؛ مجلس مراقبہ -

Sear, *a.* & *v. t.*, **Sere**, *a.*: (۱) خشک؛ سوکھا؛ افسردہ؛ پژمُردہ؛ مُرجھایا ہوا؛ مُردہ (پتے، پھول وغیرہ نیز مجازاً عمر وغیرہ کے متعلق) - (۲) (فعل) سکھانا؛ خشک کرنا؛ افسردہ کرنا؛ پژمُردہ کرنا؛ پالا مارنا (شاذ) - (۳) داغ دینا؛ داغ لگانا؛ جلانا؛ گل دینا - (۴) سخت کرنا؛ بے حس کرنا؛ مُردہ کرنا (جیسے *a seared conscience* مُردہ ضمیر) -

searing-iron : داغ؛ داغ لگانے کا لوہا؛ گل دوزی کا آلہ -

Sear : دیکھو sere -

Search, *v. t.* & *i.* & *n.*: (۱) تلاش؛ تجسس؛ جستجو؛ ڈھونڈ؛ دیکھ بھال؛ تلاشی؛ تفتیش (جیسے *I am in s. of* میں اس کی تلاش میں ہوں) - (۲) (فعل) تلاش کرنا؛ تفتیش کرنا؛ تحقیق کرنا؛ تدقیق کرنا؛ ڈھونڈنا؛ تجسس کرنا؛ کھوج لگانا؛ تفحص کرنا - (۳) تلاشی لینا؛ خانہ تلاشی لینا؛ جامہ تلاشی لینا - (۴) ٹٹولنا؛ پوچھنا؛ دریافت کرنا؛ امتحان کرنا - (۵) دیکھنا؛ دیکھنا بھالنا؛ ڈھونڈنا بھالنا؛ جستجو کرنا - (۶) چھان بین کرنا؛ سراغ لگانا؛ سراغ رسانی کرنا -

right of s. : تلاشی کا حق؛ حق تفتیش؛ بین قومی قانون کا دوران جنگ میں متخاصمین کو یہ حق حاصل ہے کہ جس غیر جانب دار جہاز کی چاہیں تلاشی لے لیں -

s. a wound : زخم کو ٹٹولنا؛ سلائی ڈال کر دیکھنا؛ زخم کی حالت کا معائنہ کرنا -

s.-light: (arc-light) سرچ لائٹ؛ ایک قسم کی برقی قوسی روشنی جو دشمن کی تلاش یا راستہ دیکھنے کے کام آتی ہے؛ کھوج روشنی -

s. men's heart : قلوب انسانی کا ٹٹولنا؛ دل کی حالت بھانپنا -

s.-party : تلاش کرنے والا گروہ؛ تلاش ٹولی؛ کھوج ٹولی -

s.-warrant : حکم نامۂ تلاش؛ تلاشی کا وارنٹ؛ حکم نامۂ تلاشی -

searcher, *n.*: (۱) تلاش کنندہ؛ متلاشی؛ متجسس؛ تجسس کنندہ - (۲) تلاشی لینے والا؛ سراغ رساں؛ پتا لگانے والا؛ کھوج لگانے والا؛ کھوجی؛ افسر تلاشی - (۳) سلائی؛ نشتر؛ وہ آلہ جس سے زخم ٹٹولا جاتا ہے - (۴) وہ آلہ جس سے توپ کے نقص معلوم کیے جاتے ہیں -

searchless, *a.*: (شاعرانہ) ناقابل تلاش؛ ناقابل تجسس؛ جس کی تلاش نہ ہو سکے؛ خارج از تحقیق -

Searching, *n.*: تحقیق؛ تدقیق؛ تفتیش؛ تلاش؛ تجسس؛ کھوج؛ ڈھونڈ بھال؛ دیکھ بھال؛ جستجو -

ss. of heart: ضمیر کی خلش؛ دل کا چور؛ احساس گناہ -

searchingly, *adv.*: متجسسانہ؛ محققانہ؛ دیکھ بھال کے؛ غور و فکر سے؛ تجسس و تلاش سے -

Season, *n.* & *v. t.* & *i.*: (۱) موسم؛ فصل؛ رت؛ سماں - (۲) مناسب وقت؛ مساعد موقع - (۳) مدت مدید (جیسے *he may endure for a s.*) - (۴) (فعل) بنانا؛ تیار کرنا؛ پختہ کرنا؛ درست کرنا - (۵) عادی کرنا؛ خوگر کرنا؛ عادت ڈالنا - (۶) خشک کرنا؛ سکھانا - (۷) مسالا ڈالنا؛ چٹ پٹا بنانا؛ مزے دار کرنا؛ خوش گوار کرنا؛ بگھارنا؛ نمکین کرنا؛ چٹخارہ پیدا کرنا - (۸) مزہ پیدا کرنا؛ پسندیدہ کرنا؛ دل پسند کرنا؛ دل چسپ بنانا؛ دلکش بنانا - (۹) معتدل کرنا؛ اعتدال پر لانا؛ سمونا -

a s. of inaction : بے کاری کا زمانہ -

a word in s. : بر محل نصیحت؛ حسب موقع ہدایت -

close s. : بند موسم؛ بند فصل؛ ممنوع زمانہ (جب کسی جانور کا شکار ممنوع ہو) -

conversation s. with humour : چٹ پٹی گفتگو؛ با مذاق گفتگو؛ ایسی گفتگو جس میں ہلکی مذاق کی چاشنی ہو؛ چٹخارے دار گفتگو -

highly seasoned dishes : چٹ پٹے کھانے؛ مسالے دار کھانے؛ بارہ مسالے کی چٹنی -

in s. & out of s.: گاہ و بے گاہ؛ موقع بے موقع، وقت بے وقت -

let mercy s. justice : عدل میں رحم کی چاشنی مناسب ہے -

open s. : کھلا موسم؛ کھلی فصل (جب کسی جانور کے شکار کی اجازت ہو) -

oysters, venison, strawberries, are in s.: کستورا مچھلی، ہرن کے گوشت وغیرہ کی فصل ہے یعنی اچھی حالت میں اور آسانی

سے مل سکتا ھے -

s.-ticket : موسمی ٹکٹ ؛ میعادی ٹکٹ (یہ ٹکٹ کم شرح سے ملتے ھیں) -

seasoned soldiers : تجربہ کار یا مشاق سپاھی ؛ گرگ باراں دیدہ ؛ آزمودہ کار ؛ کار آزمودہ ؛ کہنہ عمل سپاھی -

seasoned timber : پختہ کیا ھوا چوبینہ (جس پر برسات وغیرہ یا ایک طویل مدت گزر جائے) -

seasoned wine : مئے کہنہ ؛ پرانی شراب ؛ تیار کردہ شراب؛ چٹخارے دار شراب -

the cricket s. : کرکٹ کا زمانہ؛ کرکٹ کا موسم؛ کرکٹ کا موقع -

the dry, rainy, s. : گرم ممالک کے دو موسم ھوتےھیں ایک موسم باراں دوسرا بے باراں -

the four ss. : چار فصلیں؛ چارموسم(گرمی، سردی، بہار، خزاں) -

the holiday s. : تعطیل کا زمانہ ؛ تعطیل کا موسم -

the London s. : لندن کی چھل پہل کا زمانہ -

the publishing s. : اشاعت کا زمانہ ؛ اشاعت کا ھنگام -

the theatrical s. : تھیٹر کا دور ؛ تھیٹر کی فصل ؛ تھیٹر کا موسم ؛ تھیٹر بینی کا مزہ -

seasonal, *a.* : موسمی ؛ فصلی ؛ ھنگامی -

seasonally, *adv.* : بہ اعتبار فصل ؛ بہ لحاظ موسم -

seasoner, *n.* : (۱) چٹ پٹا کرنے والا ؛ مسالا ملانے والا - (۲) وہ چیز جو چٹ پٹا بنا دے ؛ مسالا -

seasoning, *n.* : (۱) مسالا ملانا یا ڈالنا - (۲) پختہ کرنا یا بنانا (لکڑی وغیرہ خشک کرکے) - (۳) کسی غیر ملک کی آب و ھوا کی سختی بر داشت کرکے پختہ ھو جانا - (۴) مزہ ؛ ذائقہ ؛ لذت ؛ نمک مرچ ؛ مسالا ؛ چٹ پٹا پن ؛ چٹخارہ ؛ لطف -

seasonless, *a.* : موسم سے مستغنی ؛ غیر متبدل (جیسے *(then over s. sea the cuckoo came)* -

Seasonable, *a.* : (۱) فصل کا مناسب وقت یا موقع ؛ حسب موقع - (۲) مناسب موسم؛ موسم کے مطابق - (۳) باموقع؛ برمحل؛ بروقت-

s. aid : وقت پر مدد ؛ بر محل امداد -

s. arrival : بر محل آمد ؛ با موقع آمد یا تشریف آوری -

s. caution : بر محل احتیاط ؛ با موقع احتیاط ؛ مناسب موقع ؛ حزم و احتیاط -

s. weather : موسم کا تغیر جو مناسب وقت ھو -

seasonableness, *n.* : مناسبت موقع ؛ موزونیت وقت مناسبت وقتی -

seasonably, *adv.* : حسب موقع ؛ موزوں طور پر؛ ٹھیک طرح -

Seat, *n. & v. t.* : (۱) بیٹھنے کی شے؛ مسند؛ تخت؛ کرسی، چوکی وغیرہ (جیسے *the seats are uncomfortable*) - (۲) نشست ؛ بیٹھنا (جیسے *he took his seat on the throne*) - (۳) مقام نشست (یعنی وہ جگہ جس پر بیٹھنے والے کا بوجھ پڑے) - (۴) مشین کا وہ حصہ جو دوسرےحصے کو سنبھالتا ھے (جیسے *seat of valve*)؛ بیٹھک - (۵) سرین؛ پتلون کا وہ حصہ جو سرین پر ھو - (۶) مقام؛ صدر مقام ؛ مرکز ؛ گھر (جیسے *liver is the s. of disease*) - (۷) رکنیت ؛ ممبری (خصوصاً دارالعوام میں) (*the s. of war, s. of barning*) - (۸) انداز نشست (گھوڑے بائیسکل وغیرہ پر جیسے *has a firm, graceful, s.*) - (۹) دیہاتی مکان (جس میں وسیع صحن اور چمن ھو) (جیسے *country ss. of England*) - (۱۰) (فعل) نشستیں مہیا کرنا؛ نشستوں کا انتظام کرنا یا گنجائش نکالنا (کمرے، گرجا وغیرہ میں) (جیسے *the hall in seated for room*) - (۱۱) مضبوط کرنا ؛ مستحکم کرنا ؛ پختہ کرنا ؛ پکا کرنا - (۱۲) پیندی چڑھانا ؛ نالی چڑھانا ؛ میانی چڑھانا ؛ تلا چڑھانا ؛ تلا، تلی لگانا ؛ پیندی، پیندا لگانا - (۱۳) بیٹھک بنانا، لگانا ؛ کاٹھی لگانا ؛ زین لگانا - (۱۴) نصب کرنا؛ قائم کرنا (جیسے *s. the machinery*) -

a deep-seated disease : کہنہ مرض؛ مزمن مرض؛ دیرینہ عارضہ -

pray be seated : از راہ کرم تشریف رکھیے؛ مہربانی سے بیٹھ جائیے -

s. candidate : کسی امیدوار کا انتخاب کرنا ؛ امیدوار کو منتخب کرنا -

s. machinery : مشین کو نصب کرنا ؛ مشین بٹھانا -

seated himself in state : وہ تخت شاھی پر متمکن ھو گیا ؛ وہ تخت پر بیٹھا -

the pindal is seated for 5000 : پنڈال میں پانچ ھزار نشستوں کی گنجائش ھے -

the seated hills : (شاعرانہ) مستحکم پہاڑ -

the Turks seated themselves on the Bosphorus : ترک باسفورس پر قابض ھوگئے -

seatless, *a.* : بے تلی کا ؛ بن پیندے کا؛ بے میانی؛ بے زین -

Sebaceous, : (۱) چربیلا، چربی کا - (۲) چربی دار - چرب آلود ؛ چربیلا ؛ روغن دار ؛ روغن آلود ؛ روغنی -

s. duct : شحمیں مسامہ -

s. follicle : شحمی کیس ؛ شحم ریز گلٹی -

ss. gland : شحمی؛ شحمین غدود؛ چربیلا مادہ پیدا کرنے والا غدود -

s. humour : شحمین رطوبت ؛ چربیلی رطوبت -

Sebastan, sebasten, *n.* : سپستاں ؛ لسلسہ ؛ لسوڑا (*Cordia Myxa* درخت کا پھل جو مشرقی ممالک میں بطور دوا استعمال ھوتا ھے پہلے یورپ میں بھی ھوتا تھا) -

Sec., *a.* : خشک ؛ سوکھا ؛ سوکھی (شراب) -

Secant, *a. & n.* : (ریاضی) قاطع ؛ قاطع التمام ؛ نصف دائرے اور مماس کا وتر -

s. of angle : زاویہ کا قاطع ؛ خط قاطع زاویہ ؛ قاعدے اور وتر کا تناسب -

Secateur, *n.* : قینچی -

Secco, *n.* : (۱) (موسیقی) سادہ ؛ بے تصنع - (۲) خشک پلاستر پر رنگ چڑھانے کا طریقہ -

Seccotine, *n. & v. t.* : رقیق گوند -

Secede, *v. i.* : قطع تعلق کرنا یا الگ ھونا (کسی مذھبی، سیاسی جماعت وغیرہ سے) -

seceder, *n.* : دست کش یا دست بردار ھونے والا ؛ علحدہ ھونے والا ؛ اعتزال پسند ؛ خارجی ؛ معتزلی -

Secernent, *a. & n.* : (۱) (عضویات) جسم کی رطوبت خارج کرنے والا؛ رطوبت خیز ؛ افرازی؛ مفرز خیز - (۲) عضو؛ خارج کرنے والا عضو ؛ رطوبت پیدا کرنے والی دوا ؛ رطوبت خیز دوا ؛ محرک افراز (دوا) -

Secession, *n.* : علحدگی ؛ جدائی ؛ افتراق ؛ خروج -

War of S. : امریکہ کی خانہ جنگی گیارہ جنوبی ریاستوں سے (سنہ ۱۸۶۱ تا ۱۸۶۵) -

secessionism, *n.* : انتراقیت ؛ انتراق پسندی -

secessionist, *n.* : انتراق پسند ؛ اعتزال پرست -

Seclude, *v. t.* : الگ رکھنا (اپنے تئیں یا کسی اور کو) ؛ کنارہ کرنا ؛ صحبت سے پرہیز کرنا ؛ مجمع سے گریز کرنا -

a secluded life : گوشہ نشینی کی زندگی ؛ عزلت گزینی کی زندگی -

a secluded spot : تنہائی کا مقام ؛ الگ تھلگ جگہ -

secludedly, *adv.* : علحدہ' الگ؛ تنہائی پسندی کے طور سے -

Seclusion, *n.* : تنہائی ؛ خلوت ؛ گوشہ نشینی ؛ علحدگی ؛ عزلت ؛ عزلت گزینی -

seclusionist, *n.* : تنہائی پسند؛ خلوت پسند -

seclusive, *a.* : تنہائی بخش ؛ تنہائی یا خلوت کا (جیسے *s. screen*) -

Second, *a. n. & v. t.* : (۱) دوسرا ؛ دوم - (۲) ایک کے یا پہلے کے علاوہ؛ زاید ؛ دوسرا - (۳) ثانی؛ مجازی؛ نقلی ؛ دوسرے درجے کا ؛ تابع - (۴) (اسم) (شرط یا دوڑ میں) اول کے بعد دوسرا - (۵) آنرز کے (امتیازی) امتحان کا دوسرا درجہ ؛ وہ شخص جو اس درجے میں کامیاب ہو - (۶) یکنگی (تونٹل) یا مکا بازی میں ایک فریق کا حامی' جو خود فریق کا منتخب شدہ ہوتا ہے - (۷) سیکنڈ ؛ ثانیہ - (۸) لحظہ ؛ لمحہ ؛ ذرا سی دیر (جیسے *wait a s.*) - (۹) (جمع) کم درجے کا سامان خصوصاً موٹا آٹا یا موٹے آٹے کی روٹی - (۱۰) (فعل) تائید کرنا ؛ حمایت کرنا (جیسے *s. words* (*will you s. me if I ask him?* ؛*with the deeds*) - (۱۱) (بحث یا جلسے میں) تجویز کی تائید کرنا - (۱۲) (فوجی) معطل کرنا ؛ برخاست کرنا ؛ کسی افسر کو عارضی طور پر بلا تنخواہ علحدہ کرنا کہ کوئی غیر فوجی ملازمت حاصل کرسکے-

at s. hand : سماعی ؛ سنی سنائی -

come in, finish, s. :- دوسرے نمبر پر آنا (امتحان یا گھڑ دوڑ میں)

come off s. -best : هار جانا (لڑائی یا کھیل میں) -

habit is s. nature : عادت فطرت (طبع) ثانی ہے -

in the s. place : دوم؛ ثانیاً -

play the s. fiddle : تابع حیثیت رکھنا ؛ کم حیثیت یا اهمیت رکھنا -

s. advent : ظہور ثانی ؛ خصوصاً حضرت عیسیٰ کا ظہور ثانی -

second-adventist : ظہور ثانی کا قایل ؛ اس فرقے کا رکن جس کا اعتقاد ظہور ثانی پر ہے -

s. ballot : (انتخاب کا طریقہ) رائے شماری دوم -

s. -best : دوسرے درجے کا (وصف یا جوهر میں) -

s. cabin دوسرا درجہ (جہاز میں) -

s. cause : سبب ثانی ؛ علت ثانی -

s. chamber : (پارلیمنٹ کا) دیوان خاص ؛ دارالامرا -

s. childhood : دیکھو childhood -

s. chop : (عامیانہ) ادنیٰ درجے کا -

s. class : دوسرا درجہ (ریل میں) -

s. -class : دوسرے درجے کا ؛ کم درجے کا ؛ گھٹیا -

s. -class passenger : دوسرے درجے کا مسافر -

s. -class ticket : درجۂ دوم کا ٹکٹ -

s. coming : ظہور ثانی؛ آمد ثانی -

s. cousin : خالہ زاد' ماموں زاد' چچازاد بھائی بہنوں کی اولاد -

s. Daniel : دانیال ثانی ؛ دانیال کے مشابہ -

s. distance : پیش منظر اور پس منظر کے درمیان کی جگہ -

s. fiddle : تابع حیثیت رکھنے والا -

s. floor : تیسری منزل -

s. -front : تیسری منزل کا اگلا کمرہ -

s. -hand : (۱) مستعمل ؛ استعمال شدہ ؛ برتا ہوا ؛ مستعملہ (کپڑا ' کتابیں' سامان وغیرہ) - (۲) (خبر' اطلاع وغیرہ) بالواسطہ؛ جو ذاتی مشاہدے یا تحقیق پر مبنی نہ ہو - (۳) گھڑی میں سیکنڈ (ثانیہ) کی سوئی -

s. intention : دیکھو Intention -

s. lieutenant : انگریزی فوج کا سب سے ادنیٰ کمیشنڈ افسر -

s. nature : فطرت (طبع) ؛فطرت ثانی -

s. of exchange : جدا جدا بل ایک هی تاریخ اور مضمون کے تاکہ تلف ہونے کا اندیشہ نہ ہو -

s. -pair back : تیسری منزل کا پچھلا کمرہ -

s. person : مخاطب

s. -rate : (۱) گھٹیا ؛ کم درجے کا - (۲) (جہاز) دوسرے نمبر یا درجے کا (نیز اسم) -

s. self : یار غار ؛ سب سے بڑا معین و مدد گار -

s. sight : دیکھو sight -

s. string : کوتل ؛ زائد شخص یا شے جو وقت ضرورت کام آئے -

s. teeth : دانت جو دودھ کے دانتوں کے بعد نکلتے ہیں -

s. thoughts : وہ رائے یا ارادہ جو غور مکرر کے بعد قایم کیا جائے-

s. wind : دیکھو wind -

seconder, *n.* مؤید ؛ حامی -

Secondary, *a. & n.* : (۱) ثانوی؛ دوسرے درجے کا- (۲) ذیل کا؛ کم رتبہ ؛ کم حیثیت - (۳) ضمنی ؛ تابع - (۴) وکیل ؛ نمایندہ - (۵) گرجا کا ادنیٰ عہدہ دار - (۶) بازو کے دوسرے جوڑ پر کا پر - (۷) کیڑے کا پچھلا پر - (۸) زمین کا طبقۂ ثانی -

s. colours : ثانوی رنگ ؛ یعنی نارنجی' سبز ' اودا جو ابتدائی رنگوں (سرخ' زرد ' نیلے) کی آمیزش سے حاصل ہوں -

s. education : تعلیم ثانوی -

s. planet: ثانوی سیارہ ؛ قمر سیارہ (جیسے *moon is a s. planet since it revolves round a primary planet, the earth*) -

s. school : مدرسۂ ثانوی ؛ هائی اسکول -

secondarily, *adv.* : ثانیاً ؛ دوم ؛ ثانوی طور پر -

Seconde, *n.* : پینترا (پٹہ بازی میں) -

Secondly, *adv.* : دوم ؛ ثانیاً -

Secondo, *n.* : (۱) ساز نوازی کا درجۂ ثانی - (۲) دوم ساز نواز -

Secrecy, *n.* : (۱) راز ؛ بھید ؛ اخفا - (۲) تنہائی ؛ خلوت ؛ خلوت گزینی؛ تنہائی پسندی-(۳) پردہ پوشی؛ راز داری؛ سکوت -

he promised s. : اس نے اخفائے راز کا عہد کیا -

I can rely on his s. : میں اس کی راز داری پر اعتماد کرسکتا ہوں-

in s. : راز میں -

the gift of s. : ملکۂ راز داری -

there can be no s. about it : یہ امر صیغۂ راز میں نہیں رہ سکتا -

Secret, *a.& n.* : (۱) مخفی؛ پوشیدہ؛ رازمیں رکھنے کے قابل -(۲) بھید؛ راز ؛ سر (جیسے *keep s.* or *the s.* اسے راز میں رکھو) - (۳) راز جو مخصوص لوگوں کو معلوم ہو - (۴) سر ؛ اسرار (جیسے *ss. of nature* قدرت کے اسرار) - (۵) گر ؛ بھید ؛ راز (جیسے *the s. of hapiness, success* خوشی یا کامیابی کا راز یاگر) - (۶) (خصوصاً عشائے ربانی میں) پادری کی تنہائی کی عبادت (۷) (جمع) اعضائے مخصوصہ -

in the s. : ان لوگوں میں سے جو راز میں شریک ہیں -

open s. : کھلا راز ؛ ایسا راز جو بجز ان کے جو معلوم کرنے کی کوشش نہیں کرتے سب کو معلوم ہے -

s. arrival: مخفی آمد ؛ مخفی ورود -

s. door, s. passage : چور دروازہ ؛ چور راستہ -

s. errand: مخفی پیام ؛ خفیہ پیغام -

s. parts : مخفی اعضا ؛ اعضائے ستر -

s. process: خفیہ کار روائی یا عمل -

s.-service : خفیہ خدمت ؛ راز کی خدمت -

s. service money : وہ روپیہ جو گورمنٹ مخفی اطلاع و کار گزاری پر صرف کر تی ہے اور اس رقم کا کوئی تفصیلی حساب نہیں دیا جاتا ؛ اخراجات خفیہ کارگزاری -

s. sin : مخفی گناہ ؛ خفیہ گناہ ؛ چھپا ہوا گناہ ؛ گناہ پوشیدہ ؛ نا معلوم گناہ —

s. treaty : خفیہ معاہدہ -

s. understanding مخفی سمجھوتا -

secretly, *adv.* : راز میں ؛ خفیہ طور پر -

Secretaire, *n.* : لکھنے پڑھنے کی خانہ دار میز -

Secretary, *n.* : (۱) سکرٹری ؛ سکتر ؛ معتمد (کسی شخص کا ' ادبی خدمت یا مراسلت کے کام کے لئے)- (۲) سر کاری یا کسی جماعت وغیرہ کا عہدہ دار جو اس کی طرف سے کار و بار انجام دیتا ہے ؛ سکرٹری؛ معتمد - (۳) لکھنے پڑھنے کی خانہ دار میز - (۴) (طباعت) ایک قسم کا طباعت کا ٹائپ -

honorary s. : معتمد اعزازی ؛ آنریری سکرٹری (عموماً اپنے اداروں کا جن کا مقصد نفع کمانا نہیں) -

permanent s. : دفتری نایب وزیر -

private s. : پرائیویٹ سکرٹری ؛ ذاتی معتمد ؛ معتمد خاص -

s.-bird : ایک قسم کا مار خور پرندہ جس کی کلغی ایسی ہوتی ہے جیسے منشی کے کان میں قلم -

s. of state : (۱) حکومت کے کسی محکمہ کا وزیر - (۲) (امریکہ نیز حکومت پاپا) معتمد اعلی و وزیر خارجہ -

s. of legation, s. of embassy : سفیر کا نائب خصوصی -

the S. of State for the Home Department, Foreign Affairs, War, Colonies, India or *Home, Foreign, War, Colonial, Indian, S.*: وزیر داخلی ' وزیر خارجہ ' وزیر جنگ ' وزیر نو آبادیات ' وزیر ہند -

unpaid s. بلا تنخواہ کا سکرٹری جو کسی نامی گرامی سیاست داں کے پاس تجربہ حاصل کرنے کے لئے بلا تنخواہ کام کرے -

under- s.: نائب وزیر؛ نائب معتمد (ہر ایک وزیر کے ماتحت دو سکرٹری ہوتے ہیں ' ایک منتظم دفتر ' دوسرا نمایندۂ وزیر) -

secretarial, *a.* : سکرٹری کا ؛ معتمد کا -

secretariat(e), *n.*: (۱) دفتر معتمد؛ سکرٹری کا دفتر؛ معتمدی؛ عہدۂ سکرٹری - (۲) کسی حکومت کے عاملانہ محکمے کے ارکان (مجموعی حیثیت سے) - (۳) (بغیر e کے) کسی صوبے کے عاملانہ محکمے کا صدر مقام یا دفتر کی عمارت -

secretaryship, *n.* : عہدۂ سکرٹری؛ منصب معتمد؛ معتمدی -

Secrete, *v. t.* : (۱) (اعمال الاعضا) بدن کی رطوبت نکالنا ' چھوڑنا ؛ افراز کرنا یا افراز پیدا کرنا - (۲) چھپانا ؛ پوشیدہ کرنا ؛ چھپا کے رکھنا -

secretor, *n.* : مفرز ؛ خارج کنندہ ؛ خارج کرنے والا (جیسے *liver is a s. since it secretes bile*)-

secretory, *a.* : افرازی ؛ مفرز -

Secretion, *n.* : (۱) (اعمال الاعضا) افراز ؛ اخراج؛ نکلنا ؛ تفریق ؛ علحدگی ؛ جدائی ؛ رطوبت جسمانی کی خون سے تفریق ؛ رطوبت جسمانی کا جسم سے جدا ہونا - (۲) رطوبت ؛ ریزش - (۳) اخفا ؛ چھپانا (جیسے *the s. of stolen goods* مال مسروقہ کا اخفا)-

Secretive, *a.* : (۱) اخفائے راز کا دل دادہ ؛ کم گو ؛ دیر آشنا - (۲) اخراجی ؛ رطوبت خیز؛ افرازی ؛ ممد افراز -

secretively, *adv.* : اخفا پسندانہ؛ راز داری کی رو سے ؛ رطوبت خیزانہ -

secretiveness, *n.* : (۱) اخفا پسندی ؛ کم گوئی ؛ کم سخنی - (۲) اخراج ؛ افرازیت ؛ مفروزیت -

Sect, *n.* : فرقہ ؛ فریق ؛ گروہ ؛ طائفہ ؛ مذہبی فرقہ -

sectarian, *a. & n.* : فرقہ بندی کا ؛ فرقہ پرستانہ؛ فرقہ پرست -

sectarianism, *n.* : فرقہ بندی؛ فرقہ پرستی؛ تفریق پرستی -

sectarianize, *v. t.* : فرقہ بنانا ؛ فرقہ بندی پیدا کرنا ؛ فرقوں میں تقسیم کرنا -

Sectary, *n.* : (قدیم) (کسی) فریق کا رکن (خصوصاً *Independents* وغیرہ کا) ؛ فرقہ پرست -

Sectile, *a.* : جو کٹ سکے (خصوصاً نرم معدنیات) -

Section, *n.& v.t.* : (۱) قطعہ؛ ٹکڑا؛ کاٹ؛ حصہ- (۲) باب؛ فصل- (۳) ضمن ؛ دفعہ - (۴) (فوجی) دستہ ؛ پرا - (۵) فرقہ ؛ فریق (جیسے *popular with all ss.*) - (۶) (تاریخ طبیعی) صنف - (۷) ابواب' قطعات ' دفعات وغیرہ میں ترتیب دینا ' تقسیم کرنا -

conic s. : مخروطی تراش -

horizontal s. : افقی تراش -

longitudinal s. : طولی تراش -

microscopic s. : خورد بینی قطعہ ؛ کسی شے کا اتنا ذراسا ٹکڑا جو خورد بین سے دیکھا جاسکے -

oblique s. : مائل یا ترچھی تراش -

s.-mark : نشان دفعہ (یہ نشان : §)

vertical s. : انتصابی تراش -

sectional, *a.* : متعلق بہ دفعہ یا قطعہ ؛ قطعہ واری ؛ دفعہ واری -

sectionalism, *n.* : فرقہ پرستی -

sectionally, *adv.* : قطعہ بندی کے طور پر ؛ دفعہ واری -

Sector, *n.* : (۱) قطعۂ دائرہ - (۲) آلۂ هندسی ؛ آلۂ نجومی -

s. of sphere : قطعۂ کرہ -

sectoral, *a.* : قطعۂ دائرہ کے متعلق ؛ متعلق یا منسوب بہ قطعۂ دائرہ -

Sectorial, *a. & n.* : (حیوانیات) مقراضی ؛ مقراضی دانت (پیسنے والا) -

Secular, *a. & n.* : (۱) صد سالہ ؛ عمر بھر میں ایک دفعہ آنے والا ؛ سو برس تک رهنے والا - (۲) صدیوں رهنے والا ؛ غیر معین مدت تک رهنے والا ؛ دوامی (جیسے *s. rivalry between Church & State*) - (۳) دنیوی؛ دنیاوی؛ غیر مذهبی ؛ غیر دینی (جیسے *s. education*) - (۴) متشکک ؛ دینی صداقت میں شک کرنے والا یا دینی تعلیم کا مخالف - (۵) دنیا دار پادری ؛ گرهست پادری ؛ متاهل پادری -

s. acceleration : اجسام سماوی کی تدریجی ترقی؛ حرکت -

s. bird : ققنس -

s. change : تغیر جو بتدریج مستقل طور پر هوتا رهے (مثلاً وہ تغیر جس سے شمالی افریقہ صحرا هو گیا) -

s. cooling or *refrigeration* : کرۂ زمین کا تدریجی انجماد -

s. education : دنیوی تعلیم ؛ غیر مذهبی تعلیم -

s. fame : دائمی شهرت ؛ دیر پا ناموری -

s. games : صد سالہ کھیل یا تهوار ؛ قدیم رومی تهوار جو مدت مدید کے بعد آتا تھا -

s. hymn : صدی بھجن ؛ صدی مناجات ؛ جو رومی صد سالہ تهوار کے لئے تالیف کی جاتی تھی -

the s. arm : (تاریخ) حلقۂ اختیار ؛ جهاں مذهبی عدالتیں کسی مجرم کو سخت سزا کے لئے بھیجتی تھیں -

the s. clergy : بے قاعدہ پادری -

secularism, *n.* : یہ عقیدہ کہ تعلیم مذهبی عقائد پر مبنی نہ هو بلکہ اخلاقیات پر هونی چاهئے -

secularist, *n.* : فطری اخلاقیات کا قائل -

secularize, *v. t.* : دنیاوی بنانا ؛ غیر مذهبی بنانا ؛ دنیوی کاموں میں لانا ؛ صرف کرنا -

secularization, *n.* : دنیوی بنانے کا عمل ؛ دنیاوی کاموں میں لانا -

secularity, *n.* : دنیویت؛ غیر مذهبیت (تعلیمی معاملے میں) -

secularly, *adv.* : دنیا دارانہ ؛ دنیاوی اعتبار سے ؛ از روے دنیا داری -

Secund, *a.* : (نباتیات ؛ حیوانات) یک طرفی ؛ یک رخی (جس کے پھول ایک هی رخ هوں) -

secundly, *adv.* : یک طرفانہ ؛ یک رخانہ -

Secundo : دیکھو *primo*, *adv.* -

Secundum, *prep.* : (لاطینی حرف جار) مطابق؛ موافق؛ حسب -

s. artem : (۱) مصنوعی یا بناوٹی طور پر - (۲) علمی طور پر ؛ سائنس کے طریقے سے - (۳) صناعانہ یا ماهرانہ طور پر -

s. naturam : از روے فطرت ؛ قدرتی طور پر؛ فطری انداز سے -

s. quid : (۱) بعض لحاظ سے ؛ بعض اعتبار سے ؛ کسی خاص پهلو یا نقطۂ نظر سے - (۲) حدود یا قیود کے ساتھ؛ استثنا کے ساتھ -

Secundus : دیکھو *Primus* (۱) -

Secure, *a. & v. t.* : (۱) بےخطرہ ؛ بےخدشہ؛ بے فکر؛ بے اندیشہ ؛ بے غل و غش - (۲) (قدیم) بھروسا کرنے والا ؛ بھولا (جیسے *s. fool* یعنی سادہ لوح) ؛ یقینی (جیسے *s. hope of salvation*) - (۳) محفوظ؛ مامون ؛ مصئون (جیسے *s. against burglary*) - (۴) بھروسے کے قابل ؛ قابل اطمینان (جیسے *s. grasp*, *s. foundation*) - (۵) مضبوطی سے بندھا هوا ؛ محفوظ ؛ حفاظت میں (جیسے *are you sure it is s.?*, *have got him s.*) - (۶) متیقن؛ پرامید (جیسے *s. of victory*, *s. of interruption*) - (۷) (*v. t.*) محفوظ کرنا ؛ مستحکم کرنا؛ محصور کرنا (شهر ؛ بندرگاہ کو دیوار سے) - (۸) حاصل کرنا (کسی شے کی ضمانت یا کفالت پر)؛ ضمانت کرنا ؛ نقصان سے بچانا (جیسے *loan secured on insurance policy; how can I s. myself against consequences?; to s. the labourer the fruit of his labour*) - (۹) حصول میں کامیاب هونا ؛ حاصل کرنا (جیسے *s. his object*, *s. prize*) - (۱۰) گرفتار کرنا ؛ اسیر کرنا ؛ حراست میں لینا؛ پکڑ رکھنا ؛ باندھ رکھنا (جیسے *s. prisoner*) - (۱۱) بند کرنا جیسے (*s. window*) - (۱۲) مضبوط باندھنا (جیسے *s. buckle*) -

s. arms : (فوجی) بندوق کو اس طرح پکڑنا کہ گھوڑا بغل میں رهے تاکہ بھیگنے نہ پاے -

s. a vein : (جراحی) رگ کو دبانا ؛ کسی رگ کو دبانا کہ خون بند هوجاے -

s. existence : پرسکون اور بے اندیشہ زندگی -

securely, *adv.* : بےخدشہ؛ بےکھٹکے؛ حفاظت سے؛ مضبوطی سے -

securable, *a.* : حصول پذیر ؛ قابل حصول -

Securiform, *a.* : (تاریخ طبیعی) تیشہ نما ؛ تیشہ صورت -

Security, *n.* : (۱) اطمینان؛ سکون - (۲) حفاظت؛ بچاو ؛ سلامتی - (۳) ضمانت ؛ کفالت - (۴) ضامن ؛ کفیل (جیسے *I stand s. for him*) - (۵) وثیقہ ؛ هنڈی -

in s. for : بہ کفالت ؛ بہ ضمانت -

pride should at least be a s. against meanness : غرور ؛ کم از کم ؛ کمینہ پن کے خلاف ضمانت تو هے -

Sedan (-chair), *n.* : (۱) پالکی ؛ نالکی ؛ ڈولی ؛ تام جهام ؛ ڈانڈی ؛ پینس (یورپ میں اٹھارویں صدی میں رائج تھی) - (۲) (نیز امریکہ) بند موٹر گاڑی جس میں ڈرائیور سمیت چار نشستیں هوتی هیں -

Sedate, *a.* : (۱) (انسان) سلیم الطبع؛ پر سکون ؛ سنجیدہ ؛ متین - (۲) (تحریر؛ تقریر؛ مزاج وغیرہ) سنجیدہ ؛ متین -

sedately, *adv.* : سنجیدگی ؛ متانت یا سلامت روی سے -

sedateness, : متانت ؛ سنجیدگی ؛ سکون پسندی -

Sedative, *a. & n.* : (۱) (دوا ؛ اثر وغیرہ) مسکن ؛ سکون بخش - (۲) مسکن دوا -

Sedefendendo, *adv.* : حفاظت خود اختیاری میں ؛ اپنے بچاؤ کے لئے (قتل انسان مستلزم سزا کے مقدموں میں یہ عذر پیش کیا جاتا هے)

Sedentary, *a. & n.* : (۱) (تصویر ؛ نقشہ وغیرہ) بےحس و حرکت بیٹھا هوا؛ نشستہ (جیسے *s. posture*, *status*) - (۲) بیٹھے رهنے کا (پیشہ ؛ عادت ؛ کام وغیرہ) ؛ بھدی ؛ کاهل ؛ (حیاتیات) مقیم (پرندے وغیرہ) - (۳) گھات میں بیٹھی هوئی (مکڑی) - (۴) نشستہ ؛ بیٹھا ؛ کاهل شخص وغیرہ -

Sederunt, *n.* : (مذہبی جماعت یا کسی مجلس کا) بیٹھنا یا
جلسہ یا نشست ؛ کسی صحبت کا بات چیت یا ناؤ نوش میں
بیٹھے رہنا (جیسے *they had a long s.*) -

Sedge, *n.* : (۱) سیج ؛ سوان کے قسم کی گھاس ہے جو دلدلوں
اور سیلابی زمینوں میں ہوتی ہے' اس میں گرہیں نہیں ہوتیں-
(۲) ایسی گھاس کا قطعہ -

s. -*warbler*, -*wren* : ایک قسم کا بولنے والا پرندہ ہے جو ایسے
مقامات میں پایا جاتا ہے -

sedgy, *a.* : وہ مقام جہاں ایسی گھاس کی کثرت ہو -

Sedilia, *n.* pl. (sing. *sedile*, rare) : صدر کلیسا میں پادریوں
کے بیٹھنے کی نشستیں (عموماً تین ہوتی ہیں) -

Sediment, *n.*: ڈُرد ؛ تلچھٹ ؛ گاد -

sedimentary, *a.* : گدلا ؛ ڈُرد آمیز -

Sedition, *n.* : سرکشی ؛ بغاوت (خلاف حکومت) -

seditious, *a.*: بافیانہ؛ بغاوت آمیز؛ بغاوت انگیز ؛ مفسدانہ -

seditiously, *adv.* : از راہ بغاوت یا سرکشی -

seditiousness, *n.* : باغی پن ؛ بغاوت انگیزی -

Seduce, *v. t.* : (۱) اغوا کرنا ؛ ورغلانا ؛ بہکانا پھسلانا ؛ منحرف
کرنا ' گمراہ کرنا - (۲) عصمت دری کرنا ؛ آبرو ریزی کرنا (عورت کی)؛
بہکا لے جانا ؛ اُدھالنا -

seducible, *a.*: اغوا پذیر ؛ جو بہکانے یا ورغلانے میں آجائے -

seducingly, *adv.* : از راہ اغوا وغیرہ -

seducement, *n.* : (شاذ) اغوا ؛ ورغلانا -

seducer, *n.* : مغوی؛ اغوا کنندہ؛ بہکانے والا؛ پھسلانے والا -

Seduction, *n.* : (۱) اغوا ؛ بہکاوا ؛ جھانسا - (۲) کشش ؛گیرائی؛
ترغیب (جیسے *the ss. of a great capital , beauty, the country* حسن یا ملک وغیرہ کی کشش یا ترغیب) -

seductive, *a.*: دلکش؛ موجب ترغیب ؛ پھسلا لینے والا
(جیسے *s. offer of service*) -

seductively, *adv.*: دلکشی یا دلفریبی سے وغیرہ -

seductiveness, *n.* : دلفریبی ؛ دلکشی -

Sedulous, *a.*: محنتی؛ محنت پسند؛ مشقت پسند؛ سرگرم؛ تن دہ ؛
مستعد ؛ جفاکش ؛ مستقل مزاج ؛ ثابت قدم ؛ (افعال وغیرہ)
جفاکشانہ؛سرگرمانہ؛ مستعدانہ؛محتاطانہ (جیسے؛ *with s. care*
s. flattery, attentions) -

sedulously, *adv.*: جفا کشی ' تندھی سے وغیرہ -

sedulity, sedulousness, *nn.*: جفا کشی ؛ کد و کاوش؛
محنت ؛ مشقت ؛ سرگرمی -

See, *v. i.* & *t.* (saw, seen): (۱)دیکھنا؛ نظرکرنا؛ نگاہ کرنا؛ تاکنا -
(۲) غورکرنا؛ خوض کرنا ؛ غور و خوض کرنا - (۳) سمجھنا؛ بوجھنا ؛
معلوم کرنا - (۴) محسوس کرنا؛ ادراک کرنا؛ دھیان کرنا؛ توجہ مبذول
کرنا - (۵)ملاقات کرنا؛ ملنا (جیسے *he could not s. the*) معائنہ
کرنا ؛ ملاحظہ کرنا (جیسے *doctor saw my wound to-day*)-
(۶) تصور کرنا ؛ خیال میں لانا (جیسے *cannot s. myself*
submitted) - (۷) پہنچانا ؛ پہنچا آنا ؛ چھوڑ آنا ؛ ساتھ
جانا (جیسے *may I s. you home?*) ؛ ساتھ دینا ؛
مدد کرنا ؛ مساعدت کرنا (جیسے *s. him through the*
difficulty) - (۸) رائے رکھنا ؛ خیال رکھنا (جیسے *s. it*
differently now) - (۹) تحقیق کرنا ؛ تفتیش کرنا ؛
پرکھنا؛ جانچنا ؛ معائنہ کرنا (جیسے *must s. into it*) -
(۱۰) خبر گیری کرنا ؛ خبر لینا ؛ احتیاط کرنا (جیسے *s. to it*
that it is not spoiled) - (۱۱) مناسب سمجھنا ؛ بخوشی
قبول کرنا (جیسے *do not s. being made use of*) -

as far as I can s.: جہاں تک مجھے علم ہے -

do not s. the good, fun, advantage, of doing : مجھے
ایسا کرنے میں کوئی فائدہ نظر نہیں آتا -

do you s. what I mean? : آپ میرا مفہوم سمجھتے ہیں؟ -

has seen better or *best days* : کبھی حالت بہت اچھی تھی
مگر اب انحطاط پذیر ہے -

has seen service : پختہ کار ہے ؛ ماہر ہے -

I cannot s. a (the) joke : مجھے تو اس میں کوئی لطیفہ
نظر نہیں آتا -

I cannot s. a (the) point : (منشا کو) میں اصل حقیقت
نہیں سمجھا -

I cannot s. my way : مجھے کچھہ نہیں سوجھتا ؛ سمجھہ
میں نہیں آتا کہ کیا کروں -

I have seen five reigns: مجھے پانچ حکومتوں سے سابقہ پڑچکا ہے-

I must s. into it : مجھے اس کی تحقیق کرنی چاہیے -

I must s. the lawyer, a doctor : مجھے وکیل یا ڈاکٹر سے
مشورہ کرنا لازم ہے -

I s. about it : میں اس پر غور کروں گا -

I shall never s. death : میں کبھی نہیں مرونگا -

let me s.: مجھے غور کرنے دو ' یعنی جواب دینے یا تفصیلات
بیان کرنے سے قبل غور کرنا چاہتا ہوں یا اس امر کا اعتراف ہے کہ
آیندہ حالات غور مکرر کے محتاج ہونگے -

refused to s. me : اس نے مجھہ سے ملنے ' ملاقات
کرنے سے انکار کر دیا -

s. a person through a difficulty: مشکل میں کسی کی مدد کرنا-

s. after: خبر گیری کرنا ؛ نگرانی کرنا -

s. a thing done : (کسی کام کی) نگرانی کرنا ؛ اہتمام کرنا -

s. bright : ایک پودا ہے جس کو کلاری کہتے ہیں -

s. double : دو دیکھنا ؛ ایک کی جگہ دو دیکھنا (بھینگاپن) -

s. eye to eye : ہم خیال ہونا ؛ متفق ہونا -

s. into mill stones, s. through brick wall: غیر معمولی
ذہانت ہونا ؛ غیر معمولی قوت مشاہدہ ہونا -

s. life : (۱) دنیا کا تجربہ حاصل کرنا - (۲) عیاشی
کی زندگی بسر کرنا -

s. over (house &c) : معائنہ کرنا -

s. stars : تارے دکھائی دینا (یعنی ضرب لگنے سے) ؛
تیورا جانا ؛ سر کا چکر کھانا -

s. the back : پیٹھ دیکھنا ؛ کسی ملاقاتی یا حملہ آور
کو جاتے ہوے دیکھنا -

s. the light : (۱)پیدا ہونا؛عالم وجود میں آنا - (۲) زندہ رہنا -

s. the sights : قابل دید مقامات یا مناظر دیکھنا -

s. things : فریب نظر کھانا ؛ وہم میں پھنسنا ؛ توہم
میں گرفتار ہونا -

s. thing through or *out* : پورا کر کے چھوڑنا ؛ تکمیل کو پہنچا کر چھوڑ نا -

s. through: (۱) بھانپ لینا ؛ تاڑ جانا ؛ حقیقت سمجھ لینا - (۲) انجام کو پہنچا نا -

s. to one's business : اپنا کام کرو -

s. visions : صا حب بصیرت ہونا ؛ روشن ضمیر ہونا -

seeing is believing : مشا ہد ہ اصل یقین ہے ؛ مشا ہد ہ بہترین شہاد ت ہے -

things seen : دیکھی ہوئی چیزیں؛ محسوسات (نہ کہ خیالی) -

well seen. (قدیم) تجربہ کار ؛ پختہ کار -

will you s. me through the difficulties? : کیاان مشکلات میں آپ میرا ساتھ دینگے ؟ -

worth seeing : قا بل دید -

you s. : آپ جانتے ہیں ؛ آپ سمجھتے ہیں -

seer, *n.* : بینا ؛ روشن ضمیر ؛ غیب دان -

See, *n.* : اسقف یا اسقف اعظم کا علاقہ یا حدود حکومت (جیسے *the s. of Norwich, Canterbury, Rome*) -

Holy S. or *S. of Rome*: پوپ کا منصب ؛ پوپ کی عدالت؛ نظا م پاپائی -

Seed, *n. & v. i. & t.*: (۱) بیج؛ تخم؛ دانہ - (۲) نطفہ ؛ منی - (۳) اصل؛ مادہ ؛ بیخ ؛ جڑ ؛ بنیاد ؛ بنا ؛ علت ؛ علت اُولیٰ؛ علت العلل (جیسے *to sow ss. of strife* یعنی جھگڑے کی بنا ڈالنا) - (۴) (انجیل) نسل ؛ اولاد (جیسے *s. of Abraham* یہودی) - (۵) بیج بونا ؛ بیج ڈالنا ' بیج بکھیرنا ؛ تخم ریزی کرنا - (۶) بیج نکالنے (پھل وغیرہ سے) - (۷) بیج علحدہ کرنے (سن سے) - (۸) بیج آ نا ؛ بیج پڑنا ؛ بیج پک کر گرنا - (۹) (کھیلوں میں) کم زور کھلا ڑیوں سے زورآوروں کو الگ کرلینا تاکہ ٹورنامنٹ میں دو سر ے سیج کھلا سکیں -

go or *run s.* : (پودے کا) پھول د ینے کے قابل نہ ر ہنا ؛ (مجازاً) ذلیل ' حقیر یا کمینہ ہونا -

raise up s. : نسل بڑھانا ؛ افزائش نسل کرنا -

s. bed : = s. plot

s. -cake: وہ کیک جس میں ذائقہ کےلئے (کرادیا) زیرہ وغیرہ ہو-

s. -coral : مرجان یا مرنگے جو بیج جیسے ہو ں -

s -corn : وہ اناج جو بیج کے لئے محفوظ رکھاجاے -

s. -eater : ایک قسم کا پرندہ -

s. -drill : تخم ریزی کا آلہ ؛ مشین جس سے زمین جو تنے ' سراون کرنے اور بیج بونے کا کام لیا جاتا ہے -

s. -fish : مچھلی جو انڈے دینے کے لئے ہو -

s. -leaf : برگ تخم ؛ بیج پتی -

s. -lobe : اکھوا ؛ کن سوا -

s. -oysters : کستورا مچھلی کا بچہ ؛ صد نچہ -

s. -pearl : چھوٹا موتی -

s. -plot : (۱) پود کیاری - (۲) (مجازاً) بغاوت گھر ؛ وہ علاقہ جہاں بغاوت پھیلی ہوئی ہواور وہاں سےدوسرے مقامات پرپہنچے -

seedsman : تخم فروش ؛ سوداگر تخم (خصوصاً پھولوں اور ترکاریوں کے تخم کا) -

s. -time : ہنگام تخم ریزی؛ بیج بونے کاوقت؛ تخم ریزی کی فصل -

s. -vessel : بیج دانی -

s. -wool : کپاس -

seeding machine . تخم ریزی کی مشین؛ بیج بونے کی مشین-

seeding plough : بیج هل ؛ بیج بونے کا وہ هل جس کے ذریعے بیج بویا جا تا ہے -

seedless, *a.* : بے تخم ؛ بن بیجا ؛ بے بیج

Seeder, *n.* : (۱) تخم ریزی کی مشین - (۲) وہ مچھلی جو انڈے دینے کو تیار ہو -

Seedling, *n.* : (۱) تخمی پودا ؛ وہ پودا جو بیج سے اُگے (نہ کہ قلم سے) - (۲) ننھا پودا ؛ نازک پودا -

Seedy, *a.* : (۱) بیج بھرا ؛ بجالا - (۲) پودا جو پھول د ینے کے قابل نہ رھے - (۳) (بول چال) زدہ یا پھٹے حالوں ؛ پھٹے پرانے کپڑے پہنے - (۴) علیل ؛ (طبیعت یا مزا ج کا) نا ساز (ہو نا) (جیسے *I feel s.* یعنی میری طبیعت یا مزا ج نا ساز یا بد مزہ ہے) - (۵) ایک قسم کی برانڈی جس میں کسی خا ص گھا س یا پودے کا ذائقہ ہو جو انگورستان میں اُ گ آ یا ہو -

s. -toe : گھوڑے کے پاؤں کی ایک بیماری -

seedily, *adv.* : زدہ حالت میں ؛ پھٹےحالوں میں ؛ پھٹے پرانے کپڑوں میں ؛ علالت یا ناسازی کی حالت میں -

seediness, *n.*: مزاج کی ناسازی یا علالت ؛ زدہ حالت -

Seek, *v. t. & i.*(*sought*): (۱) ڈھونڈھنا؛ تلاش کرنا- (۲)حاصل کرنےکی کوشش یا فکرمیں ہونایا کرنا (جیسے *s. fortune* و *s. a post*) - (۲) مانگنا ؛ طلب کرنا (جیسے *s. aid*) - (۳) مدنظر ہو نا ؛ درپے ہونا (جیسے *he seeks my life* یا *s. success*) - (۴) جستجو کرنا ؛ پتا لگانا (جیسے *seeking news*) - (۵) ناقص ہونا ؛ کمی ہونا ؛ معلوم نہ ہو نا ؛ دستیاب نہ ہو نا (جیسے *he is to s. in intelligence* or *grammar*; *cause of some diseases still to s.*) - (۶) (قدیم) (کسی گروہ کا جانا (کسی شخص کے پاس یا کسی مقام پر) -

is to s, is much to s. : نایاب یا نادر یا کم ہے -

politeness is much to s. among them : ان میں خوش خلقی نایاب ہے -

s. out : ڈھونڈھ نکالنا ؛ کھوج لگا لینا ؛ سراغ لگا لینا ؛ (کسی کی ملاقات یا صحبت حاصل کرنے کے لیے) سعی کرنا -

sought for, after : مقبول ؛ مطلوب (جس سے ملنے وغیرہ کے لوگ بہت آرزو مند ہوں) -

seeker, *n.*: (۱) طالب؛ جویا؛ جوئندہ؛ متجسس؛ متلاشی؛ تلاش کرنے والا ؛ ساعی؛ کوشاں - (۲) چھوٹی دوربین جو بڑی رصد گاہی دوربین سے لگی ہوتی ہے -

- seeker : (لاحقہ) تلاش کنندہ ؛ جویا ؛ جو -

Seel, *v. t.* : (۱)(قدیم) آنکھیں سینا ؛ بازکی آنکھیں سینا ؛ آنکھیں بند کرنا - (۲) (مجازاً) دم دینا ؛ آنکھوں میں خاک جھونکنا -

Seem, *v. i.*: معلوم ہونا ؛ دکھائی دینا؛نظر آنا؛ واقعی طور پر معلوم ہونایا ظاہرہونا(جیسے *it seems to me that it will rain*) -

do not s. to : (عامیا نہ) کسی نہ کسی و جہ سے نہیں ؛ نہ معلوم کیوں (جیسے *I do not s. to like him* نہ معلوم کیوں میں اس کو پسند نہیں کرتا) -

it seems to me : مجھے معلوم ہوتا ہے -

s. good to : مناسب یا بہتر معلوم ہونا -
the man who seems the ringleader : وہ آدمی جو سرغنہ معلوم ہوتا تھا -
what seemeth him good : (قدیم) جو کچھ اُسے مناسب یا بہتر معلوم ہوتا ہے -
seeming, *a.*: (۱) ظاہر، عیاں - (۲) ظاہری؛ دکھاوے کا (جیسے *a s. friend* : ظاہری اور اصلی *the s. and the real* : ظاہری یا دکھاوے کا دوست) -
seemingly, *adv.*: بظاہر؛ ظاہر داری سے؛ دکھاوے کے طور پر -
Seemly, *a.* & *adv.*: (۱) زیبا؛ موزوں؛ مناسب؛ شایاں؛ معقول (جیسے *dress in s. of suited to the occasion*) - (۲) (شاذ، متعلق فعل) خوبی سے؛ خوش اسلوبی سے وغیرہ -
seemliness, *n.*: مناسبت؛ موزونیت؛ معقولیت -
Seen: دیکھو See -
Seep, *v. i.*: بہنا جھر جھر بہنا؛ قطرہ قطرہ بہنا؛ ٹپکنا -
Seer, *n.*: روشن ضمیر؛ غیب داں؛ رسول؛ نبی -
Seer, *n.*: سیر (ہندوستانی وزن) -
Seer -band, *n.*: باریک ململ (جو پگڑی کے کام آتی ہے؛ اصل فارسی لفظ سر بند ہے) -
Seer-fish; **seir** *n.*: سیر مچھلی؛ ایک قسم کی ہندوستانی مچھلی -
Seer -sucker, *n.*: ہندوستانی نیلی سفید دھاری دار کپڑا (فارسی لفظ شیر و شکر) -
See -saw, *a.*, *adv.* *n.*, & *v. i.*: (۱) جھولا؛ ہنڈولا - (۲) ایک کھیل جس میں ایک لمبے تختے کے دونوں سروں پر ایک ایک شخص بیٹھ جاتا ہے (تختے کے بیچوں بیچ ایک ٹیک ہوتی ہے) ؛ یہ دونوں شخص باری باری سے ایک دوسرے کو اوپر نیچے حرکت دیتے ہیں - (۳) تختہ، جو اس طرح متوازن رہے - (۴) ہنڈولے کی مانند؛ ہنڈولے یا جھولے کی طرح کا (جیسے *s. motion* جھولے کی طرح کی حرکت یا جنبش) - (۵) ہنڈولے یا جھولے کی طرح آگے پیچھے حرکت کرنا - (۶) سی سا کھیل کھیلنا - (۷) پالیسی یا طرز عمل میں متلون یا مذبذب ہونا -
go s. : متلون ہونا؛ پس و پیش ہونا (رائے میں) -
Seethe, *v. t.* & *i.*: اُبالنا؛ اُبلنا؛ جوش دینا؛ جوش میں آنا؛ کھولانا؛ کھولنا؛ (مجازاً) غم و غصہ کھانا؛ جوش میں آنا -
India is seething with discontent : ہندوستان میں بے اطمینانی کا جوش پھیلا ہوا ہے -
madness is seething in his brain : اس کے دماغ میں جنون جوش کھا رہا ہے -
the seething waters : کھولتا ہوا پانی؛ کھولتا ہوا سمندر -
thou shalt not s. a kid in his mother's milk : (ضرب المثل) تو (بکری کے) بچے کو اس کی ماں کے دودھ میں جوش نہ دے -
Segar, *n.*: سگار (Cighr کی غلط شکل) -
Segment, *n.* & *v. i.* & *t.*: (۱) ٹکڑا؛ قطعہ؛ تقا؛ پھانک؛ قاش؛ حصہ؛ درجہ - (۲) قطعہ قطعہ کرنا؛ ٹکڑوں وغیرہ میں تقسیم کرنا - (۳) (جنینیات) شگاف پڑنا؛ قطعات میں منقسم ہونا - (۴) (عضویات) اجزا میں منقسم ہو کر نئے افراد کا پیدا ہونا؛ شگوفہ دار ہونا؛ کلی دار ہونا -
s. of a circle : قطعۂ دائرہ -
s. of a sphere : قطعۂ کُرہ -
s. of a line : قطعۂ خط -
s. -gear : قطعۂ گراری }
s. -rack : قطعۂ شکنجہ } ان میں صرف قوس دائرہ پر دندانے ہوتے ہیں -
s. -wheel : قطعۂ دولاب }
s. -saw : (۱) قطعۂ آرہ؛ دندانہ دار آرہ - (۲) گول آرہ؛ مدور آرہ -
s. -shell : نیم قطعہ، اس میں ایک آہنی خول ہوتا ہے، جس کے اندر آتش گیر مادہ ہوتا ہے اور باہر سیسے کا خول؛ یہ چند چھوٹے چھوٹے ٹکڑوں کا مجموعہ ہوتا ہے، اس سے پھٹنے میں آسانی رہتی ہے -
s. -valve : قطعہ دار کواڑی؛ قطعہ حمامی -
segmental, *a.*: قطعہ دار؛ قاش دار؛ قطعہ دارانہ؛ متعلق بہ قطعہ -
segmentally, *adv.*: قطعہ قطعہ؛ قطعات میں -
segmentary, *a.*: = Segmental
segmentation, *n.*: اسم، مذکورۂ بالا معنوں میں -
Segregate, *v. t.* & *i.*: (۱) تنہا رکھنا؛ علیحدہ یا جدا رکھنا یا کرنا؛ الگ کرنا؛ دوسروں سے علیحدہ رکھنا - (۲) (بلوریات) کل سے الگ ہو کر شکستگی کے خاص نقطوں یا خطوط پر جمع ہونا -
segregation, *n.*: علیحدگی؛ جدائی؛ تنہائی؛ تنہا رکھنا -
segregative, *a.*: علیحدہ رکھنے یا کرنے والا؛ تنہا دارانہ؛ تنہائی یا جدائی کی خاصیت رکھنے والا -
Segregate, *a.*: (قدیم) تنہا؛ جدا؛ علیحدہ رکھا ہوا یا کیا ہوا -
s. polygamy : (نباتیات) نظام گل جس میں ہر گلچھ مشترک مسند (کٹوری) کے اندر اپنا علیحدہ غلاف رکھتا ہے -
Seiche, *n.*: جھیلوں کے پانی کا ہوا کے دباؤ کے بدلنے سے ہلکورے لینا، ہلنا، آگے پیچھے حرکت کرنا -
Seid, *n.*: سید -
Seidlitz powder, *n.*: سفوف سیڈ لیٹ؛ سیڈ لیٹی سفوف؛ سیڈ لٹی پڑیا؛ لال دوا؛ ایک قسم کی مُلین دوا جو دو مختلف سفوفوں کی باہمی آمیزش سے بنتی ہے، جب یہ مرکب پانی میں ڈالی جاتی ہے تو اس میں جوش پیدا ہو جاتا ہے -
Seigneur, **seignior**, *nn.*: جاگیر دار؛ رئیس -
grand seignior : امیر کبیر؛ رئیس اعظم -
the Grand Seignior : سلطان روم کا قدیم خطاب -
signiorial, *a.*: رئیسانہ؛ جاگیر دارانہ -
Seigniorage, *n.*: (۱) حق شاہی؛ (خصوصاً) حق سکہ یعنی چاندی جو ٹکسال کو بھیجی جاتی ہے اس میں سے ایک خاص فی صدی بادشاہ کا حق ہوتا تھا جو اب خزانۂ شاہی میں جاتا ہے - (۲) حق جاگیر دار؛ حق -
Seigniory, *n.*: (۱) جاگیر داری؛ امارت - (۲) شاہی حکومت؛ شاہی اقتدار - (۳) جاگیر دار یا امیر کا علاقہ - (۴) قدیم اطالوی جمہوریت کی مجلس بلدہ -
Seine, *n.* & *v. t.* & *i.*: (۱) مہا جال؛ ماہی گیری کا بڑا جال، جس میں اوپر ترنے (یا ترینڈے) اور نیچے آویزے ہوتے ہیں تاکہ جال پانی میں سیدھا کھڑا رہے - (۲) ماہی گیری کرنا؛ مہا جال کے ذریعے مچھلیوں کا شکار کرنا -
s. -gang : مچھلی کے شکاریوں کا وہ گروہ جو مہا جال

کے ذریعے مچھلیاں پکڑتا ہے -

s. -needle : جال سوا ؛ مہا جال بننے کا سوا -

s. -roller : جال بیلن ' جس پر جال لپیٹتے ہیں -

seiner, n.: ماہی گیر؛ مہا جال کے ذریعے مچھلیوں شکار کرنے والا -

Seise, seisin, : دیکھو seizin و seize -

Seismic, seismal, *aa.*: بھونچالی؛ زلزلے کے متعلق -

Seismo- : جز ترکیبی جو یونانی کے لفظ seismos سے مشتق ہے بمعنی زلزلہ مثلاً :-

seismogram : یاد داشت زلزلہ -

seismograph, seismometer, seismocope : زلزلہ نگار یا زلزلہ پیما (ان آلات سے زلزلے کی قوت اور مقام وغیرہ کا اندازہ ہوتا ہے)-

seismography : زلزلہ نگاری -

seismographer : زلزلہ نویس -

seismographic (al) : زلزلہ نویسانہ ؛ زلزلہ نگارانہ -

seismometry . زلزلہ پیمائی -

seismometric : زلزلہ پیما یانہ -

seismometrical : زلزلہ پیما یانہ -

seismoscopic : زلزلہ نگارانہ -

seismology : زلزلیات؛ علم زلزلہ ؛ بھونچال بدیا -

seismologist : عالم علم زلزلہ ؛ زلزلیات داں -

seismological : زلزلیاتی؛ بھونچالی؛ متعلق بہ علم زلزلہ -

seismologically : زلزلیانہ طور پر -

Seize, *v. t. & i.*: (۱) اپنے قبضے یا تصرف میں لانا؛ اپنے تصرف میں لانا (۲) - (to be or to stand seized of جیسے (نیز قانون seise) ضبط کرنا ؛ قرق کرنا - (۳) چھین لینا ؛ چھیننا ؛ جھپٹنا ؛ جھپٹ لینا - (۴) پکڑ لینا ؛ جبراً لے لینا - (۵)(فن جہازرانی) رسی سے کس کر باندھنا یا باندھ کر کوڑے لگانا (جیسے s. one up کسی کو جہاز کی رسیوں سے باندھ کر کوڑے لگانا)- (۶) جان لینا ؛ سمجھ لینا ؛ تاڑ لینا - (۷) غنیمت سمجھنا ؛ غنیمت سمجھ کر کام لینا (upon کے ساتھ) (جیسے he seized upon a chance) اُس نے موقع کو غنیمت سمجھ کر فائدہ حاصل کیا ؛ he seized upon a pretext اُس نے عذر کی آڑ پکڑی) - (۸) (مشینوں کا غیر ضروری دباؤ یا حرارت سے) جکڑا جانا ؛ رک جانا -

he was seized by apoplexy : اس پر مرگی کا دورہ پڑا یا وہ یکا یک مرگی میں مبتلا ہو گیا -

he was seized with panic : اُس پر دہشت طاری ہوگئی-

he was seized with remorse : وہ نادم ہوگیا ؛ وہ غرق انفعال میں غرق ہو گیا -

s. a distinction : کسی فرق کو سمجھ جانا -

s. a fortress : کسی قلعہ کو فتح یا تسخیر کرنا -

s. an idea : کسی خیال کی کنہہ تک پہنچنا -

s. an opportunity, occasion : موقع حاصل کرنا یا موقع سے فائدہ اٹھانا -

s. sceptre : تخت و تاج پر قبضہ کرنا -

s. the essence of the matter : کسی مسئلے یا معاملے کی اصل کو پہنچ جانا یا اس کی تہہ تک پہنچنا -

s. the point : کسی نکتے کو پہنچ جانا ' اصل بات کو جاننا -

seizable, *a.*: قابل ضبطی؛ لائق گرفت وغیرہ -

seizing, *n.* : گرفتاری ؛ گرفت ؛ قبضہ ؛ بستی (عام طور پر جمع میں آتا ہے)-

seizor, *n.* : گرفتار کرنے والا ؛ ضبطی کرنے والا ؛ زبردستی قبضہ کرنے والا -

Seizine, seisin, *nn.*: (۱) حین حیاتی یا قابل ارث اراضی کا قبضہ - (۲) ایسی اراضی پر قبضہ کرنا - (۳) ایسی اراضی -

Seizure, *n.*: (۱) قرقی ' قبضہ ' گرفت وغیرہ - (۲) بیماری کا حملہ؛ مرض کا دورہ (خصوصاً مرگی وغیرہ کا) -

Sejant, *a.*: (نقابت) اِس طرح (کی نشست) کہ اگلی ٹانگیں سیدھی کھڑی ہوں (جیسے بلی کی نشست) -

Sejugous, *a.* : (نباتیات) چھ پتیا ؛ شش ورقی ؛ جس میں پتیوں کے چھ جوڑ ہوں -

Sejunction, *n.*: (قدیم) جدائی ؛ علحدگی ؛ تفریق -

Sekos, *n.*: مقدس احاطہ ' خصوصاً مندروں ' معبدوں کا -

Selachian, *n.& a.*: (۱) شارک مچھلی کی قسم-(۲) اس مچھلی کا یا اس کے متعلق - (۳) اس مچھلی جیسا -

selachoid, *a. & n.*: مشابہ بہ شارک مچھلی -

Seladang, *n.* : سیلا دنگ ؛ ممالک ملا یا کا بڑا جنگلی سانڈ -

Selah : (مزا میر) ایک عبرانی لفظ ہے جو زبور کی مناجاتوں میں آیا ہے جس کے معنی نا معلوم ہیں اور قیاس یہ ہے کہ یہ کوئی موسیقا نہ ہدایت ہے -

Selamlik, *n.*: مردانہ (مکان)؛ دیوان خانہ؛مردوں کے بیٹھنے کا کمرا -

Seldom, *adv.*(rarely -er, est) : شاذ؛ شاذ و نادر ؛ گاہ گاہ ؛ کبھی کبھی ؛ کم کم ؛ بہت کم -

not s. : اکثر -

s. or never : شاذ یا کبھی نہیں -

very s. : بہت شاذ -

Select, *a. & v. t.* : (۱) منتخب ؛ پسندیدہ ؛ چیدہ ؛ برگزیدہ ؛ چنا ہوا ؛ عمدہ ؛ نفیس ؛ تحفہ - (۲) مستثنی ؛ مخصوص (مجلس وغیرہ جس میں ارکان کا داخلہ بہت احتیاط سے کیا جاتا ہے) - (۳) منتخب کرنا ؛ انتخاب کرنا ؛ چھانٹنا ؛ چننا ؛ پسند کرنا ؛ اختیار کرنا -

s. committee : مجلس منتخبہ ؛ مختصر پارلیمنٹی کمیٹی جو کسی خاص معاملہ میں تحقیقات کے لیے مقرر کی جائے -

selectman : (امریکہ) نیو انگلینڈ (شمال مشرقی امریکہ کی چھ ریاستوں) کے سالانہ منتخب شدنی ارکان میں سے کوئی ایک -

selective, *a.* : انتخابی -

selectively, *adv.* : انتخاباً ؛ ازراہ انتخاب ؛ انتخابی طور پر -

selectness *n.* : پسندیدہ پن ؛ عمدہ پن ؛ برگزیدگی ؛ عمدگی ؛ نفاست -

selector, *n.* : انتخاب کرنے والا ؛ انتخاب کنندہ ؛ چننے یا چھانٹنے والا -

Selection, *n.*: (۱) انتخاب ؛ اختیار؛ پسند - (۲) (شے) منتخب ؛ انتخاب [جیسے what is your s. for the Derby ? ڈربی کے لیے آپ کا انتخاب یا منتخبہ (گھوڑا) کونسا ہے ؟] - (۳) (حیاتیات) انتخاب ؛ چھانٹ - (۴) بقائے اصلح (قانون ارتقا

کے عمل میں بہتر و مضبوط تر فرد یا نوع کا باقی رہنا -)

Selectivity, *n.* : (لاسلکی کے آواز گیر آلات کے متعلق) کسی خاص تموج کو محسوس یا قبول کرنا دوسرے تموجات کی مداخلت کے بغیر -

Selenite, *n.* : (۱) (معدنیات) ایک قسم کی شفاف کھر یا مٹی ؛ چمک کھریا ؛ حجر القمر - (۲) (کیمیا) سلی نیوم کا نمک ؛ کھریا نون - (۳) باشندۂ قمر ؛ چاند کا باشندہ -

selenitic, *a.* : کھریا نون کا یا اس سے متعلق یا مشابہ -

Selenium, *n.* : ایک غیر معدنی عنصر ؛ سلی نیوم -

selenic, selenious, *aa.* : سیلنی؛ سیلینائی -

selenate, *n.* : سیلنی شورہ ؛ سیلنی تیزاب کا نمک -

Selen (o) -: سابقہ بمعنی قمر یا ہلال ' مثالیں :-

selenocentric : قمر مرکزی ؛ جو چیز چاند میں سے دیکھی جائے ؛ جو شے چاند کو مرکز قرار دے کر ناپی جائے -

selenodont : قمر دنداں ' یہ ایک دودھ پلانے والا جانور ہے ' اس کے دانتوں پر ہلال نما دندانے ہوتے ہیں -

selenography : (۱) بیان قمر ؛ قمریات ؛ علم القمر - (۲) چاند کی مساحت ؛ قمر پیمائی -

selenograph : چاند کی تصویر یا نقشہ کشی ؛ قمر پیمائی -

selenographer : چاند کا نقشہ کھینچنے والا ؛ قمر نگار -

selenographic : قمر نگاری کا ؛ قمر نگاشتہ ؛ قمریاتی -

selenology : قمریات دانی ؛ علم القمر -

selenologist : قمریات داں ؛ ماہر علوم قمر -

selenotropic : قمرمائل؛ مائل بہ سوئے قمر؛ وہ پودے جو چاند کی طرف مائل ہوں -

selenotropism,-tropy : قمر میلانی ؛ میلان بہ سوئے قمر -

Seleucid, *n.* (pl-*ids*, -*idae*) : سلوکسی ؛ خاندان سلوکس کا رکن' یہ خاندان ملک شام میں سنہ ۳۶۴ ق م تک حکمراں رہا -

Self, *n.*(pl.-*ves*) & *a.* : (۱)ذات؛ نفس؛ شخصیت؛خودی- (۲) ذاتی اغراض ' ذاتی مقاصد ' اپنے نفس یا ذات کے متعلق (جیسے *refers everything to s.*) - (۳) پھول جس کا رنگ یکساں یا قدرتی ہو ؛ کل یک رنگ - (۴) (تجارتی یا بازاری اصطلاح میں) ذات ' خود (اپنی یا مخاطب کی) (جیسے *cheque drawn to s., ticket admitting s. or friend*) -

the study of the s. : علم النفس؛ مطالعۂ ذات -

the consciousness of s. : شعور ذات ؛ شعور نفس -

second s. : (۱) ذات ثانی ؛ نقش ثانی ؛ وجود ثانی - (۲) نفس ناطقہ ؛ روح و رواں ؛ (مجازاً) یار صادق ؛ دوست مخلص ؛ دست راست -

Caeser's s. : (ادب و انشا) ذات قیصر؛ نفس قیصر ؛ قیصر بذات خود ' بہ نفس نفیس (= *Caeser himself*) -

pity's s. : (ادب و انشا)خود رحم؛خودجذبۂرحم (= *pity itself*) -

his former s. : اس کا وجود اول؛ جو کچھ وہ پہلے تھا ؛ جیسا کہ وہ اب سے قبل تھا -

his better s. : اس کی فطرت کا اچھا رخ یا پہلو ؛ اس کے شریفانہ احساسات -

his s., his own s., his very s. : اس کی ذات ؛ اس کی شخصیت ؛ وہ خود ؛ وہ بذات خود (= *he himself*) -

its s., its own, its very s. : اس کی شخصیت؛ اس کا وجود ؛ اس کی ذات ؛ وہ خود ؛ وہ بذات خود (= *itself*) -

I myself : میں خود -

we ourself : ہم خود -

(thou) thy s. : تو خود -

you yourself : تم خود ؛ آپ خود -

he himself : وہ خود -

she herself : وہ خود -

it itself : وہ خود -

oneself : خود ؛ اپنے آپ

they themselves : وہ خود -

Self -: ایک سابقہ جو تین معنی پیدا کرتا ہے جیسے (۱) اپنے آپ یا خود کرنے والے (فاعل) کے معنی میں جیسے :-

s.- accusing : اپنے آپ الزام لگانے والا ؛ خود گیر -

s. accused : خود (اپنے الزام کا) ملزم ؛ خود ملزم (شدہ) ؛ خود گرفتہ -

s. accuser : اپنے پر خود الزام لگانے والا -

s. -accusation : خود الزامی ؛ خود گیری -

s.-accusatory : خود الزامیہ -

s.-accusingly s. accusatorily : خود کو ملزم بناتے ہوئے؛ خود الزامانہ -

(۲) انفعالی طور پر ؛ خود سرزد؛ خود بخود حرکت یا عمل میں آنے والا ؛ متحرک بالذات یا ظاہر ہونے کے معنی میں جیسے :-

s.-acting : خود کن ؛ خود کار -

s.-action : خود روی ؛ حرکت بالذات ؛ خود کاری -

s.-activity : خود فعلی -

s.-evident : جو بیرونی شہادت کے بغیر ظاہر یا عیاں ہو ؛ صریح ؛ بدیہی -

s.-conceited : خود بیں ؛ خود پرست ؛ متکبر -

s. -conceit : خود بینی ؛ خود پرستی ؛ مشیخت ؛ نخوت

s.-absorbed : جو اپنے اغراض یا معاملات میں منہمک ہو ؛ منہمک بالذات ؛ محو (بالذات) -

s.-absorption : انہماک بالذات ؛ خود انہماکی ؛ محویت -

s.-affirmation : (نفسیات) فی شعور ذات کے وجود کو تسلیم کرنا اور جتانا -

s.-confidence : خود اعتمادی؛ اعتماد نفس؛ اعتماد بالذات؛ اپنے اوپر بھروسا -

s.-inflicted : سزا یا تکلیف جو خود عائد کی گئی ہو؛ خودکردہ-

s.-conscious : خود آگاہ ؛ ایسا شخص جسے غیر مجمع میں اپنی فکر ہو اور بناوٹ کی حرکتیں کرے یا جھینپے؛ خود احساس -

s.-consciousness : شعور ذات؛ خود شعوری؛ خود شناسی؛ اپنے نفس پر نظر -

s.-despair : اپنے آپ سے نو اُمید ہونا ؛ یاس بالذات -

s,-depandence : خود انحصاری؛ اپنے اوپر منحصر ہونا -

s.-righteous : اپنے آپ کو متقی یا راست باز سمجھنے والا ؛ خود پسند؛ معجب ؛ صاحب عجب -

s.-seeker : خود مطلب؛ خود غرض ؛ اپنے مطلب کا جویا -

s.-seeking : خود مطلبی؛ خود غرضی -

s.-sufficing, s. sufficient: غیرمحتاج؛ بے نیاز؛ مغرور؛ خودبیں -
s. sufficiency: بے نیازی ؛ خود بینی -
s.-violence: سطحی مجا هد ۃ ؛ مجا هدۃ بالنفس ؛ خود آزاری؛ نفس کشی -

(۳) یکساں یا قدرتی طورپر پیدا هو جا نے کے معنی میں جیسے :-

s.-abandonment: خود فراموشی ؛ ترک خودی -
s.-abasement: تذلل ؛ انکسار (بےجا)؛ اپنی بے عزتی آپ کرنا -
s.-abhorrence: کراهت با لذات -
s. - absorbed: منهمک یا محو با لذات -
s. - absorption: انهماک یا محویت با لذات
s. - absuse: غلط کاری ؛ مشت زنی ؛ جلق -
s. - accusation خود الزامی؛ اپنے اوپر آپ الزام دهرنا -
s. accusatory: خود الزامانہ -
s. -acting, s. -action, s. -activity: خودروی ؛ خود عملی ؛ خود فعلی -
s. -adjusting: مرتب یا منضبط با لذات؛ خود پیرا ؛ جو خود ٹهیک کر لے یا اپنی جگه بیٹھ جاے (آلے یا کل کے لئے) -
s. -adjustment: ا نضبا ط بالذات؛ خو د پیرائی -
s. -admiration: خو د ستا ئی -
s. -aggrandizement: خو د پروری؛ دست درازی -
s. -appointed: خود مقرر کر دہ ؛ خود ساختہ -
s. -appreciation: خود سنجی؛ قدر شناسی نفس؛ خود دانی -
s. -approval: تصدیق یا تحسین بالذات -
s. -approbation: قبول بالذات ؛ خود تسلیمی ؛ تسلیم نفس ؛ خود پسندیدگی -
s. - assertive, s. -asserting: خو د ادعا ؛ جو اپنے دعوے کو آپ منوائے
s. -assertion: خود ادعائی؛ خود بیانی؛ اپنے دعوےکوآپ منوانا-
s. - assumed: خود اختیار کردہ ؛ خود ساختہ -
s. - begotten: خود زادہ ؛ جو کسی اور سے پیدا نہ ہوا هو -
s. -betrayal: خود آشکاری ؛ عیاں بالذات -
s. -binder: خود بند ؛ آپ باندہ ؛ یہ کهیتی کاٹنے کی مشین هے جس میں اناج کی گڈیاں خود بخود بند هتی چلی جاتی هیں-
s. - blinded: خود کور؛ جس نے اپنے آپ کو جان بوجهہ کر اندها کرلیا هو -
s. - born: خود زادہ -
s. - centred: خود مطلب ؛ محو بالذات ؛ جو اپنی ذات میں مستغرق هو -
s. - centredness: خود مطلبی ؛ ذاتی اغراض میں انهماک-
s. -closing: خود بخود بند هونے والا-
s. -cocking: یہ ایک قسم کی بندوق هے جس میں چٹکی هاتهہ سےنہیں اٹهائی جاتی بلکہ لبلبی سے اٹهائی جاتی هے؛ کژگیر-
s. -collected: مطمئن ؛ جمع دل ؛ جس کو اپنے اوسان پر قابو هو ؛ جو حواس باختہ نہ هو -
s. -colour: یک رنگی ؛ جس میں رنگ یکساں هو ؛ یکسانیت رنگ ؛ یکساں رنگی -
s. -coloured: (۱) یکساں رنگ ؛ یک رنگ - (۲) وہ پهول جس کے رنگ میں تغیر نہ هوا هو -

s. -command: اپنے نفس پر قابو؛ ضبط -
s. -communion: خود محاسبی ؛ محاسبۂ نفس -
s. -complacent: آسودہ خاطر ؛ جو تن آسانی سے یا اپنی جگهہ خوش اور مطمئن هو -
s. -complacency: آسودہ خاطری -
s. -conceit: خود پسندی ؛ نخوت ؛ کبر نفس -
s. -conceited: خود پسند ؛ متکبر -
s. -condemned: مردود بالذات ؛ جس کا مجرم یا ناکارہ هونا عیاں هو ؛ مردود صریحی -
s. -condemnation: صریحی مردودیت یا ناکارہ پن -
s. -confidence: اعتماد نفس ؛ خود اعتمادی -
s. -confident: خود اعتماد -
s. -confidently: خود اعتمادانہ ؛ خود اعتمادی سے -
s. -congratulation: خود مبارکی؛ اپنے آپ کو مبارک باد دینا-
s. -conquest: غلبہ علی النفس ؛ تسخیر نفس -
s. -conscious: (۱) خود آگاہ ؛ خود شعور ؛ با وقوف -(۲)خصوصاً ایسے شخص کی نسبت جسے غیر مجمع میں اپنی فکر هو اور بناوٹ کی حرکتیں کرے یا جهینپے ؛ خود احساس -
s. -consciousness: خود آگاهی؛ خود شعوری؛ اپنے نفس پر نظر ڈالنے کی صلاحیت -
s. -consistent: مستقیم بالذات -
s. -consistency: استقامت بالذات -
s. -constituted: خود ساختہ -
s. -consuming: (۱) خرچ پذیر ؛ از خود خرچ یا ختم هوجانے والا - (۲) زود خرچ -
s. -contained: (۱) مستغنی مزاج ؛ کم گو ؛ خلوت پسند - (۲) سالم ؛ مکمل -
s. -contempt: استحقار نفس ؛ خود تحقیری ؛ خود استحقاری -
s. -contemptuous: مستحقر-
s. -contemptuous: خود استحقارانہ -
s. -content: قناعت دخود دل قانع یا صابر
s. -contented: قانع بالذات یا باخود -
s. -contradiction: خود نقیضی ؛ خود تردیدی ؛ تردید خود ؛ تنقیض خویش ؛ اپنی تردید ؛ تناقض بالذات -
s. -contradictory: متناقض با لذات -
s. -control: ضبط ؛ ضبط نفس ؛ اختیار نفس؛ اپنے نفس پر قابو رکهنا -
s. -convicted: خود مجرم ؛ جو شخص اپنے آپ کو آپ مجرم قرار دے -
s. -created: خود زائیدہ ؛ جو اپنے آپ پیدا هوا هو -
s.- creation: خود زائیدگی -
s.- critical: اپنا نکتہ چیں ؛ نقاد ذات -
s. -criticism: خود تنقیدی ؛ تنقید ذات -
s. -culture: اصلاح ذات؛ تربیت نفس ؛ تهذیب نفس -
s. -deceiving: خود فریبی ؛ خود فریب -
s. -deceiver: خود فریب -
s. -deceit: خود فریبی -
s. -deception: فریب نفس -

s. -defence : دفاع ذات ؛ خود حفاظتی ؛ حفاظت نفس ؛ حفاظت خود اختیاری [مثلاً *in s. defence* حفاظت خود اختیاری کے لئے ' *art of s.-defence* ؛ اپنی حفاظت یا بچاؤ کے واسطے (مجازاً) مکا بازی] -

s. -delusion : تو ہم -

s. -denying : ایثار ؛ نفس کشی -

s. -denying ordinance : قانون نفس کشی ؛ قانون ایثار ؛ یہ قانون طویل پارلیمنٹ کی تجویز مجریۂ سنہ ۱۶۴۵ء پر مبنی تھا ' جس نے ارکان مجلس کو دیوانی اور فوجی عہدوں سے محروم کردیا -

s. -denial : نفس کشی -

s. - dependent : قائم بالذات -

s. dependence : قیا م بالذات ؛ خود انحصاری -

s. -depreciation : استخفاف ذات ؛ خود استخفافی .

s. -depreciative: مستخف ذات -

s. -despair : یا س بالذات ؛ اپنی ذات سے مایوسی -

s. -destroying : خود ہلاک ؛ خود ہلا کی -

s. -destruction : اتلاف ذات ؛ خود کشی -

s. -determining : (۱) خود انفصال ؛ اپنے متعلق خود آپ فیصلہ کرنے والا - (۲) مختار فعل (بمقابلۂ مجبور) -

s. -determination: (۱) خود انفصالی؛خود قراری؛ اپنے متعلق خود فیصلہ کر نے کی قوت یا حق - (۲) مختار رہنا ؛ اختیار فعل (مجبور رہنے کے مقا بلے میں) -

s. determined : باختیار خود کیا ہوا یا کرنے والا -

s. -development : ترقی پذیری ؛ خود نمو ئی -

s. -devotion - جا ں نثا ری ؛ نذریت (کسی شخص یا کام کے لئے) -

s. -discipline: خود انضباطی؛ تز کیہ یا تہذیب نفس'ضبط نفس-

s. -disparagement : استخفاف ذات ؛ اپنے عیب بیان کرنا ؛ تنقیص ذ ا تی -

s. -display : خو د نما ئی ؛ نمود و نما ئش (اپنی ذات کی) -

s. -dispraise : خود مذمتی ؛ خود ہجو ی -

s. -distrust : إرتیاب بالذات ؛ اپنی ذات پر اعتماد نہ کرنا ؛ بے اعتمادیٔ ذات -

-distrustful : مرتاب بالذات؛ خود سے بد گمان؛خود مرتاب- ...

s. -educated : خود آموز ؛ خود آموختہ -

s. -education : خود آموزی ؛ خود تعلیمی -

s. -effacement : کسر نفسی ؛ خود فراموشی -

s. -elective : خود انتخابی(دیہی مجلس وغیرہ کی کار روائی)-

s. -esteem : خود پسندی؛ عجب -

s. -evident : عیاں با لذات ؛ بدیہی ؛ صریح

s. -evidently : بداھتاً ؛ صریحاً -

s. -examination : إحتساب بالنفس ؛ محاسبۂ نفس -

s. -executing : نافذ با لذات ؛ جس کے نفاذ کے لئے قانون سازی وغیرہ کی ضرورت نہ ہو -

s. -existent : موجود با لذات ؛ واجب الوجود -

s. -explaining, s. -explanatory : خود آ شکارا ؛ عیاں ؛ صریح؛ بدیہی -

s. -faced : نا تراشیدہ (پتھر خصوصاً فرش مکان کا) -

s. -feeder, s. -feeding : بھٹی یا مشین جس میں تیل یا ایندھن بطور خود پڑتا ھے ؛ ھیزم گیر -

s. -fertilizing : خود خیز ؛ خود بار (پودے ' پھل وغیرہ) ' جو اپنے زیرے یا زر گل سے بار لاتے ھیں -

s. -fertilized : خود بار شدہ -

s. -fertile: جس میں خود اسی کےزیرے سےپھل لگے؛ خود بارور-

s. -fertility : خود باروری -

s. -flattering : خود ستایندہ ؛ خود ستائی آمیز -

s. -flattery : خود ستائی -

s. -forgetful : خود فراموش -

s. -forgetfulness : خود فراموشی-

s. -generating : خودزا ؛ خود زائی -

s. -glazed : خود لون ' ایک قسم کی چینی (مٹی) جس پر ایک ھی رنگ کا روغن ھوتا ھے ؛ ایک روغن ؛ ایک ھی رنگ کے روغن کی چینی مٹی -

s. -glorification : اپنی بڑائی ؛ خود ستائی ؛ خود ثنائی -

s. -governing : خود اختیا ر ی (مقا می حکو مت) ؛ خو د انتظام ؛ سو را جی -

s. -governing colonies : خود اختیار نوآبادیاں یا مقبوضات؛ سوراجی نوآباد یاں (*crown colonies* یعنی ممالک محروسہ کے مقابلے میں) -

s. government : مقامی یا اندرونی آزادی ؛ حکومت خود اختیاری ؛ خود انتظامی -

s. -gratulation : دیکھو s. congratulation -

s. -healing : شفا ئی ؛ درمانی (بعض پودے جو نہا یت شفا بخش ھیں) -

s. -help : اپنی مدد آپ ؛ خود کوشی ؛ خود اعتماد ی ؛ قوت بازو پر بھروسا -

s. -humiliation . کسر نفسی ؛ تذلل ؛ عاجزی -

s. -immolation : اپنی قربانی ؛ ایثار ؛ خود نثاری ؛ ستی -

s. -important : اپنے آپ کو کچھ سمجھنے والا ؛ جسے اپنی نسبت گھمنڈ ھو ؛ خود پندار ؛ بخود مغرور

s. -importance : خود پنداری ؛ غرور بے جا -

s. -imposed : خود عاید کردہ ؛ اپنی لگائی ھوئی (شرط یا پابندی) ؛خود نہادہ ؛ خود نا فذ ہ -

s. -impotent : خود نہ خیز (خود خیز یا خود بار کی ضد) -

s. -improvement : إصلاح ذات ؛ تزکیہ ؛ خود پیرائی -

s. -inductive : (برقیات) امالی با لذات -

s. -induction : (برقیات) امالہ با لذات -

s. -indulgent : تن پرور ؛ خواھش پرست ؛ عیش دوست -

s. -indulgence : تن پروری وغیرہ -

s. -inflicted : خود لگائی یا عاید کی ھوئی (تکلیف ' سزا وغیرہ) ؛ خود آوردہ -

s. -interest : نفع ذاتی ؛ اپنا مطلب ؛ خود مطلبی -

s. -interested : خو د مطلب ؛ ا پنے نفع سے کا م رکھنے والا ؛ مطلبی -

s. -invited : (۱) خود خواندہ ؛ نا خواندہ (مہمان) - (۲) مستدعی ؛ خود مانگنے یا طلب کرنے والا -

s. -involved : خود مصور یا منہمک با لذات ؛ اپنی دھن میں

یا اُلجھن میں لگا ہوا -

s. -justification : (اپنے فعل کی) تاویل ؛ اِعتذار -

s. -kindled : خود جل اُٹھنے والا ؛ مشتعل با لذات -

s. -knowledge : اپنی سیرت وغیرہ کا علم ؛ خود دانی -

s. -laudation : خود ستائی ؛ خود ثنائی -

s. -love : (۱) خود پرستی ؛ خود پسندی - (۲) (شاذ) اپنی بھلائی کی خواہش ؛ بہی خواہیِ ذات -

s. -luminous : منور با لذات ؛ خود روشن -

s. -made : جس نے خود ترقی کی ہو ؛ خود پرداختہ ؛ خود ساختہ -

s. -mastery : قدرت علی النفس ؛ ضبطِ نفس ؛ خود رانی -

s. -mortification : ریاض ؛ زہد -

s. -moving : متحرک بالذات ؛ خود جنباں

s. -motion : حرکت با لذات -

s. -murder : خود کشی -

s. -murderer : خود کش -

s. -opinion : خود رائی ؛ عجب ؛ خود پسندی -

s. -opinioned : خود رائے ؛ معجب -

s. -opinionated : خود رائے ؛ معجب -

s. -partial : اپنے مقاصد یا منافع کا (بے جا) حامی ؛ غرض پرور ؛ اپنی پچھ کرنے والا -

s. -partiality : خود رعایتی؛ خود حمایتی؛ آپ پچھ؛ غرض پروری -

s. -pity : رحم علی النفس ؛ خود رحمی؛ اپنے اوپر آپ رحم کرنا-

s. -pleasing : من بھاتا کام کرنے والا ؛ اپنی مرضی پر چلنے والا ؛ من کا موجی -

s. -poised : متوازن بالذات -

s. -pollution : = S. abuse

s. portrait : خود اپنا بنایا ہوا مرقع (ادبی یا مصورانہ) -

s. -possessed : ضابط ؛ ٹھنڈے مزاج کا ؛ قادر علی النفس -

s. -possession : ضبط ؛ قدرت علی النفس -

s. -praise : باد خوانی؛ خود ستائی ؛ مدحِ ذات -

s. -preservation : تحفظ؛ حفظِ نفس؛ ذاتی سلامتی؛ بقائے نفس-

s. -profit : نفع ذاتی ؛ ذاتی منفعت -

s. -propagating : تولید (ذات) ؛ اپنی اولاد بڑھانا ؛ تکثیر ذات -

s. -raker : خود درو ؛ فصل کاٹنے کی ایک مشین -

s. -realization : اِستکمالِ نفس ؛ خود افروزی ؛ اپنی قوتوں کو ترقی دینا یا اپنی قوتوں کا نشو و نما پا جانا ذاتی کوششوں سے ؛ واصل بخود ہونا ؛ وصولِ ذات ؛ خود یافتگی -

s. -recoding ; آلۂ اندراج ؛ داخلہ نگار (آلہ) -

s. -regard : اپنی ذاتی مصلحتوں کا لحاظ ؛ مصلحتِ ذاتی ؛ منفعت اندیشی -

s. -regarding: منفعت اندیش -

s, -registering : s. recording

s. -regulating : وہ پرزہ جو کل کو از خود درست کرتا رہے ؛ محکم بالذات -

s. -reliant : معتمد علی النفس ؛ خود اعتماد -

s. -reliance : اعتماد علی النفس ؛ خود اعتمادی -

s -renunciation : ترکِ خودی

s. -repression : قہر علی النفس ؛ دل مارنا ؛ دل مسوسنا -

s. -reproach : ملامتِ نفس ؛ شماتتِ ضمیر -

s. -reproachful : لائمِ نفس ؛ اپنے نفس کو ملامت کرنے والا -

s. -repugnant : معارض بالذات ؛ متضاد -

s. -respect : خود داری -

s. -respecting, s. -respectful : خود دار ؛ غیرت مند -

s. -restrained : جابر علی النفس؛ ضابط -

s. -restraint : جبر علی النفس ؛ ضبط -

s. -revealing : اپنے ذاتی حال کو ظاہر کر دینے والا ؛ کاشفِ ذات ؛ مظہرِ حال -

s. -revealation : اِنکشافِ ذات ؛ اظہارِ حال -

s. reverent, s. reverence : (شعر یا خطابت میں بلا معنی) = s. respecting, s. respect

s. -righteous : جو شخص اپنی نظر میں آپ متقی ہو -

s. -righteousness : دعوائے اتقا ؛ تقویٰ فروشی -

s. -righting : پلٹ ناؤ ؛ وہ کشتی جو الٹ جانے کے بعد خود بخود سیدھی ہو جائے -

s. -sacrifice : ایثار؛ قربانی ؛ قربانیِ نفس؛ فدویت؛ جاں نثاری-

s. -sacrificing : صاحبِ ایثار ؛ ایثار کن ؛ فدائی -

selfsame : (۱) (تاکید کے لئے) قطعاً وہی ؛ بلا شک وہی (شخص یا شے) ؛ بذاتہ - (۲) بعینہ ؛ بجنسہ -

s. -satisfied : مطمئن بالذات -

s. -satisfaction : اِطمینان بالذات -

s. -scorn : تحقیرِ نفس ؛ خود اپنی تحقیر -

s. -seeking : (اِسم) خود غرض ؛ خود مطلبی -

s. -seeker : (صفت) خود غرض ؛ خود مطلب ؛ بندۂ غرض ؛ خود غرض ؛ خود مطلب (شخص) -

s. -slaughter : قتلِ نفس ؛ خود کشی ؛ خود کو ہلاک کرنا -

s. -sown : بغیر بوئے اُگ آنے والا ؛ خود کاشتہ ؛ خود رو -

s. -starter : موٹر کا پرزہ جو بجلی کی قوت سے موٹر کو چلا دیتا ہے ؛ چال پرزہ ؛ چال بٹن ؛ کُتا -

s. -sterile = s. impotent

s. -sterility : نا باروری -

s. -styled : نام نہاد ؛ خود ساختہ -

s. -sufficing, s. -sufficient : خود بیں؛ مغرور؛ مغرور بخود-

s. -sufficiency : (۱) اپنی قوتِ بازو یا ذاتی آمدنی سے کام کرنا - (۲) بد دماغی؛ خود بینی ؛ غرور -

s. -suggestion : اِشارۂ نفس ؛ تحریکِ خفی ، جو بیرونی اثر یا اعلام کے بغیر پیدا ہو -

s. -support : بیرونی مدد کے بغیر اپنی بسر اوقات کرنا یا کام چلانا ؛ خود پروری ؛ خود برداری -

s. -supporting : جو اپنی قوتِ بازو یا ذاتی آمدنی سے اپنا کام چلا سکے ، اپنے پاؤں پر کھڑا ہو سکے ؛ خود بردار ؛ خود پرور -

s. -surrender : تفویضِ ذات ؛ اپنے آپ کو حوالے کر دینا -

s. -sustained : (۱) خود برداشتہ (نقصان وغیرہ) - (۲) خود بردار ؛ خود پرور -

s. -sustaining : اپنا بوجھ خود اُٹھانے والا؛ متحمل بالذات -

s. -taught : خود آموختہ ؛ خود آموز -
s. -tormenting . خود آزار -
s. -torture : تعذیب نفس ؛ خود آزاری -
s. -violence : تعذیب نفس (خصوصاً) ہلاکت نفس یا خود کُشی ؛ اِستہلاک نفس -
s. -will : ضد ؛ خود رائی -
s. -willed : ضدی ؛ خود رائے -
s. -winding : (گھڑی) خود چال ؛ آپ کُوک ؛ جس کی کُوک خود چڑھ جائے -
s. -worship : عبادت نفس ؛ خود پرستی ؛ نفس کی غلامی -
Selfhood, *n.* : (شاذ) خودی ؛ شخصیت ؛ آپا -
Selfish, *a.* : خود غرض ؛ خود مطلب -
s. theory of moral : فلسفۂ غرض پرستی (اخلاقیات کا یہ نظریہ کہ تمام امور غرض پر مبنی ہیں) -
selfishly, *adv.* : خود غرضانہ -
selfishness, *n.* : خود غرضی ؛ غرض بینی -
Selfless, *a.* : بے غرض ؛ بے نفس -
selflessness, *n.* : بے غرضی ؛ بے نفسی ؛ اِیثار -
Selfness, *n.* : = selfhood (شاذ)
Seljuk, *n.* : ترکوں کا ایک مشہور شاہی خاندان ؛ سلجوق -
Seljukian, *a. & n.* : سلجوقی -
Sell, *v. t. & i.* (sold) & *n.* :- (۱) بیچنا ؛ فروخت کرنا؛ بیع کرنا (۲) دکان دار ہونا ؛ کسی شے کا ذخیرہ رکھنا (جیسے *do you s. candles?*) ؛ تجارت کرنا - (۳) روپے یا صلے کی خاطر غداری یا بےوفائی کرنا (جیسے *s. one's country*) - (۴) رشوت لے کر کوئی (نا جائز) کام کرنا (جیسے *s. justice* ؛ *s. oneself* ؛ *s. one's honour*) - (۵) وعدہ خلافی کرنا ؛ فریب دینا ؛ جھانسا دے کر کام نہ کرنا ؛ دغا کھیلنا - (۶) (اسم) جھانسا ؛ فریب (جیسے *what a s.!*) - (۷) خوب بکنا ؛ منڈی میں مقبول ہونا ؛ نکاسی ہونا (جیسے *this will never s.*) - (۸) (*s. off*) بیچ ڈالنا ؛ مال نکال دینا ؛ اونے پونے بیچ ڈالنا - (۹) (*s. out*) (تاریخ) عہدہ بیچ کر فوج سے نکل جانا ؛ تمام حصوں کو بیچ ڈالنا ؛ کچھ حصوں کو فروخت کر ڈالنا ؛ بیچ کر الگ ہو جانا - (۱۰) (*s. up*) مدیون کے مال کو فروخت کر ڈالنا یا نیلام کرادینا - (۱۱) (اسم) بکری ؛ فروخت وغیرہ -
s. one a pup : - (عامیانہ) دھوکا دینا؛ لوٹ لینا (دھوکا دے کر)
s. one's life dearly : (مجازاً) خود جان دینے سے پہلے خوب لڑنا یا بہت سے حریفوں کو قتل کرنا -
selling-race,-handciap, &c. : نیلامی یا آزمائشی گھوڑ دوڑ ؛ جس میں آگے نکلنے والا گھوڑا نیلام یا فروخت کیا جائے -
(-)*seller* : - فروشندہ؛ فروش (بطور جزو ترکیبی یا لاحقہ آتا ہے)
Sellanders : دیکھو Sallenders -
Seltzer (*-water*), *n.* : سلسر ؛ یہ ایک طرح کا معدنی پانی ہے جو دوا کے طور پر برتا جاتا ہے؛ یہ قصبۂ سیلٹرز ... میں ہوتا ہے؛ آب سلسری -
Seltzogene, *n.* : = Gazogene
Selvag[e,] **vedge**, *nn.* : کنارہ ؛ کنی ؛ کور -
selvaged, *a.* : کنارہ دار وغیرہ -

Selvagee, *n.* : رسی کے سوتی دھاگوں کا لچھا جو آپس میں باندھ جاتا ہے اور گوپھن کا کام دیتا ہے -
Selves : self کی جمع ضمائر میں -
Semantics, *n.* pl. : = semasiology
Semaphore, *n. & v. i. & t.* : (۱) ریل کی آمد و رفت بتانے یا فوج میں اشارے کرنے کا آلہ ؛ جھنڈی ؛ اشارہ بردار - (۲) جھنڈی یا اشارہ بردار کے ذریعے اشارہ کرنا یا جانے کی اجازت دینا -
semaphoric, *a.* : - جھنڈی کا؛ اشارہ بردار کا ؛ اشارہ برداری -
semaphorically, *adv.* :- اشارہ بردارانہ؛ بذریعۂ اشارہ بردار
Semasiology, *n.* : لسانیات کی ایک شاخ جس میں الفاظ کے معنی سے بحث ہوتی ہے ؛ معنویات ؛ لغطیات -
semasiological, *a.* : معنویاتی -
semasiologically, *adv.* : بروئے معنویات -
Sematic, *a.* : - (تاریخ طبیعی) گہرا ؛ روشن (جانوروں کا رنگ) -
Semblable, *a.* : (۱) (قدیم) مشابہ ؛ ملتا جلتا ؛ مثل ؛ مانند - (۲) مثیل ؛ ہم جنس -
Semblance, *n.* : مشابہت ؛ شکل شباہت -
bears the s. of an angel and the heart of a devil : اس کی صورت فرشتے کی اور دل شیطان کا ہے -
put on a s. of anger : اس نے غصے کی صورت بنالی -
Semee, Seme, *a.* : (نقابت) انشاں کیا ہوا ؛ گل کشیدہ -
Semeiology, Semeiotics, *nn.* : تشخیص ؛ علم تشخیص ؛ علم علامات (مرض) -
Semen, *n.* : منی ؛ نطفہ ؛ دھات -
Semester, *n.* : شش ماہی ؛ چھ ماہی ؛ (جرمن ، امریکن اور دیگر جامعوں کی) نیم سالہ میقات -
Semi- : سابقہ ، جو لاطینی زبان سے مشتق ہے ، جس کے معنی ہیں : (۱) نیم ؛ نصف - (۲) یک رخا ؛ یک طرفہ - (۳) نیم = جو کچھ زیادہ نہ ہو ؛ جو کچھ بہتر نہ ہو - (۴) نیم = جو قدرے کم ہو ؛ بدرجۂ ادنیٰ - (۵) نا مکمل ؛ غیر مکمل - خاص خاص الفاظ حسب ذیل ہیں : -
s.-annual(ly) : سال میں دو بار ؛ نیم سالہ ؛ شش ماہی -
s.-barbarean : نیم وحشی ؛ جنگلی -
s.-barbarism : نیم بربریت -
semibreve : سرتی -
s.-bull : نیم فرمان ؛ کچا حکم ، جو پاپا انتخاب کے بعد مگر مسند نشینی سے قبل جاری کرے -
s.-centennial : نیم صد سالہ ؛ پنجاہ سالہ -
s.-chorus : آدھا انترہ -
semicircle : نیم دائرہ ؛ نصف دائرہ -
s.-circular : (۱) نیم دور ؛ یہ زاویہ ناپنے کا ایک آلہ ہے - (۲) نیم مدور ؛ کروی -
semicolon : -وقف ناقص، جسے ایک نقطے اور واو سے ظاہر کرتے ہیں
s.-cylinder : آدھا بیلن ؛ نیم یا نصف اسطوانہ -
s.-cylindrical : نیم اسطوانی -
s.-detached : (۱) الگ تھلگ سا ؛ نیم جدا - (۲) ہم دیوار (مکان) -
s.-dome : گنبد نما ؛ نیم گنبد -

s.-double : (نباتیات) (گل) نیم برگ ؛ جس کی صرف
بیرونی ڈنڈیاں پتیاں بنی ہوں -
s.- final : آخری میچ سے قبل کا کھیل -
s.-fluid : نیم مائع ؛ نیم سیال ؛ گلڑھا -
s.-fused : نیم سوختہ
s.-inifdel : تقریباً کافر ؛ نیم کافر -
s.-infinite : جو ایک طرف سے محدود و دوسری طرف سے غیر
محدود ہو ؛ نیم نا محدود -
semilunar : نیم قمری ؛ جو صورت میں نصف قمر سے مشابہ
ہو : ہلالی ؛ ہلال نما ؛ خمیدہ (خصوصاً علم تشریح میں جیسے
s. lunar bone, s. lunar cartilege = s غضروف خمیدہ وغیرہ) -
s.-monthly : نیم ماہہ ؛ نیم ماہی ؛ دو ہفتہ (کا) -
s.-mute : بہرا گونگا ؛ نیم کر (خصوصاً وہ جو پیدائشی بہرے
پن کی وجہ سے گنگ ہو) -
s.-official : نیم سرکاری ؛ نیم دفتری -
s.-officially : نیم سرکاری طور پر -
s.-plume : نیم پال ؛ یک بازو ؛ جس کے صرف ایک طرف
پا بازو پر ہوں -
s.-precious : ادنی ؛ کم قیمت (جواہرات) -
semiquaver : (موسیقی) نیم زمزمہ ؛ آدھی گٹ کری؛زمزمک -
s. rigid (ہوائی جہاز کے متعلق) جس کا غیر لچکدار
پیندا گیس کے لچک دار خزانے سے ملحق ہو -
s.-smile : نیم تبسم ؛ کم تبسمی ؛ خفیف مسکراہٹ -
semitone : (موسیقی) نیم نغمہ ؛ آدھا سر (نیز دیکھو
diatonic semitone) (chromatic سر گم؛ آدھ سر ؛ سب سے
اونچے سر کے بعد کا آدھا سر) -
s. -transparent : نیم شفاف ؛ قدرے شفاف -
s.- tropical : نیم گرم ؛ نیم حار ؛ وہ خطے جو خط جدی اور
خط سرطان کی حدود پر واقع ہیں -
s.- tubular : نیم انبوبتی ؛ نیم نلی نما ؛ نلکے جیسا ؛ کروی -
s.- uncial : نیم جلی ؛ ایک قسم کے حروف جو موجودہ بڑے
حروف سے ملتے جلتے ہیں یہ چوتھی اور آٹھویں صدی کے
درمیان رائج تھے -
semivowel, -vocal : حرف علت (جو کبھی حرف صحیح بھی
ہوتا ہے) ؛ نیم صوتی -
s.- weekly : سہ روزہ ؛ ہفتے میں دوبار -

Seminal, *a.* : (۱) منوی ؛ نطفی ؛ تخمی ؛ بیج کا ؛ بیج کے
اندر کا - (۲) جس سے پیدائش یا افزائش ہو ؛ ذریت افزا ؛
نسل افزا - (۳) بنیادی ؛ ہونہار -
in the s.state : ابتدائی ، نطفی یا تخم کی حالت میں -
s. fluid : منی ؛ رطوبت منوی ؛ رطوبت منویہ -
s. principles : نتیجہ خیز مبادیات ؛ ابتدائی اصول جن سے
آئندہ نتائج بر آمد ہوں -
seminally, *adv.* : اصل کے لحاظ سے ؛ منوی ، تخمی
یا ابتدائی طور پر -

Seminar, *n.*: طلبہ کی اعلی جماعت جو کسی پروفیسر کی نگرانی
میں تحقیقی کام کرتی ہے -

Seminary, *n.* : (۱) مدرسہ؛ درس گاہ ؛ دارالعلوم (پہلے یہ لفظ
بطور مشیبة درس گاہ کے معنی میں بولا جاتا تھا) - (۲) (اب
شاذ و نادر) (مجازاً) تعلیم و تربیت؛ اشاعت یا پیداوار کے مقام (کے
معنی میں آتا ہے جیسے *s. of vice*) - (۳) رومن کیتھولک یا
جیسوئٹ فرقوں کے مدارس (کے لیے بھی مستعمل ہے) -
seminarist, *n.*: مدرسے(خصوصاً کیتھولک) یا تعلیم گاہ کا؛ مدرسی -

Semination, *n.* : تخم ریزی ؛ تخم کاری ؛ بوار -

Seminiferous, *a.* : (۱) با تخم ؛ تخم آور - (۲)
نطفہ دار ؛ نطفہ رساں -

Semiology, Semiotics, Semeiotics, *nn.* : علم تشخیص
علامات ؛ علم علامات (مرض) -

Semite, *n. & a.* : سامی ؛ آل سام ؛ اولاد سام ؛ نسل سام ،
جن میں عبرانی ، آرمینی ، حبشی ، عرب ، شامی وغیرہ
اقوام داخل ہیں -
Semitic, *a. & n.*: (۱) سامی؛نسل یا اقوام سام کا - (۲) (اسم)
سامی زبان ، عربی وغیرہ -
Semitism, *n.* : (۱) سامیت؛ سامی اقوام کی خصوصیات خصوصاً
یہودیت ، عبریت - (۲) سامی محاورہ یا مادۂ الفاظ -
Semitist, *n.* : ادب و علوم سامی کا عالم؛ سامیاتی ؛ سامیت
شناس ؛ سامیات داں -
Semitize, *v. t.*: سامیت کے رنگ میں رنگنا؛ سامیانا؛ سامی بنانا -

Semolina, Semola, *n.* : (۱) چوکر ؛ بور ؛ بھوسی - (۲) دلیا ؛
تھولی ؛ روا ؛ سوجی -

Sempiternal, *a.* : (شاذ) (شاعری و انشا پردازی) دائمی ؛
دوامی ؛ ابدی -

Semplice, adv. : (ہدایت موسیقی) سادہ طور پر ؛ غیر
مصنوعی انداز سے ؛ بغیر بناوٹ کے -

Sempre, adv. (ہدایت موسیقی) یکساں طور پر ؛ اسی انداز
سے ؛ اسی لے سے ؛ اسی طرح -

Sempstress : دیکھو seamstress -

Sen, *n.* : سین ، یہ ایک جاپانی سکہ ہے جو ین (yen) کے
سویں حصے کے برابر ہے ؛ جاپانی پیسہ -

Senarius, *n.* (pl.-*ii*): ایک لاطینی بحر، شش رکنی؛ بحر مسدس -

Senary, *a.* : چھکا ؛ شش گانہ ؛ سدسی (نیز دیکھو scale) -

Senate, *n.* : (۱) قدیم روما کی مجلس عمائد یا اکابر ، جسے قانون
سازی اور فیصلۂ خصومات کے بھی اختیارات حاصل تھے - (۲) اکثر
مجالس وضع قوانین کا دوسرا یا اعلی ایوان یا شعبہ - (۳) جامعۂ
کیمبرج وغیرہ اور بعض دیگر اداروں میں یہ مجلس انتظامی یا
جماعت عاملہ کے مرادف ہے - (۴) (خطابت) مجلس قانون
ساز ؛ اس کے قوانین یا ارکان -
S. -house : ایوان مجلس (خصوصاً کیمبرج میں) -

Senator, *n.* : (۱) مقنن؛ مجلس وضع قوانین کا رکن؛ واضع قانون؛
عمدہ یا اکبر قوم - (۲) کسی مجلس (senate) کا رکن -
senatorial, *a.* : مجلس عمائد یا اکابر کا ؛ مجلسی؛ اکابری -
senatorially, *adv.* : مجلسی؛ اکابر کے طرز پر؛ بطریق اکابر -
senatorship, *n.* : مجلس (senate) کی رکنیت ؛ اکبریت -

Senatus, n. : روما کی مجلس اکابر -
s. populusque Romanus . اکابر و باشندگان روما ،
یعنی ملک و سلطنت روما یا قدیم حکومت روما (مخفف S. P. Q. R.) -

s. - consult, - consultum : مجلس اکابر کا فیصلہ -

Send, *v. t. & i.* (sent): (۱) بھیجنا ؛ روانہ کرنا ؛ ارسال کرنا -
(۲) کہلا بھیجنا (کوئی پیام کسی کام کے لئے خصوصاً *s. word*)؛
پیام بھیج دینا - (۳) نازل فرمانا ؛ بخشنا ؛ مرحمت کرنا (خدائے
تعالیٰ کا) (یا بطور دعائیہ جیسے *God s. it may not be so* ;
خدا کرے کہ یوں نہ ہو *God s. him victoious* :
خدا یا اس کو فتح مند رکھے ' اس کو فتح مندی نصیب
کر) - (۴) (آگے) بڑھنا یا بڑھانا ؛ چلنا یا چلانا (جیسے
s. a bullet; it sent his temperature up, down
گولی چلانا؛اس سے اس کا پارہ چڑھ گیا؛ اس سے اس کا مزاج بگڑ گیا ؛
اس سے اس کا پارہ نیچے اتر گیا؛ اس سے اس کا غصہ فرو ہوگیا)-
(۵) بر آمد ہونا ؛ باہر آنا یا خارج کرنا ؛ لے آنا (برگ و بار
وغیرہ) ؛ باہر نکالنا ؛ پتے نکالنے؛ پتیاں نکالنی (جیسے *send out*
(or *forth leaves; s. out or forth steam, odour*) - (۶)
نکال باہر کرنا (جیسے *s. away* or *off*) (نیز ذیل کے محاورات
میں جیسے *he sent him away, packing, flying, about*
his business اس نے اس کو نکال باہر کیا ؛ اس نے اس کو نکال
دیا) - (۷) (*s.down*) جامعہ سے خارج کرنا ؛ نام کاٹ دینا -
(۸) روانہ کرنا ؛ چلتا کرنا (تیاری کر کے جیسے *s. off letters,*
parcel, &c.) - (۹) (*s. off*) (فعل) مشائیعت
کرنا ؛ خیر باد کہنا؛ الوداع کہنا (کسی کی روانگی کے موقع پر) -
(۱۰) (*s. off*) (اسم) مشائیعت ؛ خیر باد ؛ الوداع؛ تقریظ '
کتاب وغیرہ کی تعریف ؛ مدح آمیز تبصرہ - (۱۱) (دیوانہ یا
پاگل) بنا دینا (جیسے *s. mad* or *crazy*) - (۱۲) (*s. for*)
منگانا؛ طلب کرنا؛ بلا بھیجنا -

s. coventry : دیکھو Coventry -

s. in : (کوئی شے اپنے نام کو) روانہ یا چالان کرنا -

s. up in one's *name* : مقابلے یا نمائش میں بھیجنا -

sender, *n.* : بھیجنے والا ؛ فرستندہ ؛ مرسل ؛ ارسال کنندہ -

Send, scend, *n. & v. i* : (۱) موج کے ڈھلے حصے کا جھونک '
ہولا ' بہارا - (۲) (اس قسم کے تموج سے جہاز کا) غوطہ ؛
ڈبکی - (۳) (فعل) غوطہ کھانا ؛ سر کے بل گرنا (جہاز کا) -

Sendal, *n.* : قدیم زمانے کا اعلیٰ ریشم ؛ حریر -

Senega, seneka, *n.* : سانپ کی جڑ ؛ بیخ مار ؛ ایک جڑی جس
سے کھانسی کی دوا بناتے ہیں -

Senescent, *a.* : سن رسیدہ ؛ مائل بہ پیری ؛ انحطاط رسیدہ ؛
سال خوردہ -

senescence, *n.* : پیرانہ سالی ؛ انحطاط -

Seneschal, *n.* : (عہد وسطیٰ کا) محل کا داروغہ ؛ محل دار -

Sengreen, *n.* : سدا بہار ؛ نیز ایک درخت کا نام -

Senhor, Senhora, Senhorita, *n.* : پرتگالی زبان کا تعظیمی
لقب بمعنی جناب ' صاحب -

Senile, *a.*: (۱) بڑھاپے سے متعلق یا منسوب؛ شیبی؛ عجوزی؛ زالی -
(۲) خرف ؛ سال خوردہ ؛ کہن سال -

s. apathy : بڑھاپے کی مردہ دلی ؛ پیرانہ سرد مہری -

s. atrophy : سخافت پیری ؛ ضعف پیری -

s. dementia : خرافت ؛ جنون پیری -

s. garrulity : سٹھیاپا ؛ بڑھاپے کی بکواس -

senility, *n.* : بڑھاپا ؛ سال خوردگی ' کہنگی ؛ کہن سالی -

Senior, *a.& n.* : (۱) سابق ؛ متقدم ؛ اعلیٰ ؛ بزرگ؛ بڑا ؛ کلاں - (۲)
زیادہ قدرت یا مرتبے کا ملازم یا عہدہ دار - (۳) (اسم) کلاں ؛
اکبر ؛ اسن ؛ عمر یا مرتبے یا مدت ملازمت میں متقدم ؛ افضل ؛
سابق ا لخدمت ؛ ادبیات یا ریاضی میں اعلیٰ کامیابی پانے والا؛
متقدم ؛ پیش وارد ؛ سابق -

he is two years s. to me : وہ مجھ سے دو سال بڑا ہے؛ وہ
مجھ سے عمر میں دو سال زیادہ ہے -

John Smith s. (*John Smith sen*) : جان اسمتھ کلاں ؛
بڑا جان اسمتھ -

s. classic : برطانی جامعات کے امتحان ادبیات میں اعلیٰ
کامیابی پانے والا ؛ ادیب الاعلیٰ -

s. man : (جامعات میں بہ مقابل تازہ وارد) متقدم ؛ سابق ؛
پیش وارد -

s. optime : دیکھو Wrangler -

s. wrangler : دیکھو Wrangler -

the s. members of the family : بزرگان خاندان ؛ خاندان
کے ارکان اعلیٰ ؛ خاندان کے بڑے رکن -

the s. members of university : جامعہ کے ارکان اعلیٰ -

the s. partner : شریک غالب؛ شریک اعلیٰ -

seniority, *n.*: تقدم ؛ افضلیت ؛ کلانیت -

Seniores priores : (لاطینی جملہ) الفضل للمتقدم یا للاکبر
یعنی بزرگوں کو فضیلت یا اولیت (حاصل ہے)-

Senna, *n* : سنا ؛ سنائے مکی ؛ ایک مشہور مسہل دوا -

Sennet, *n.* : (تاریخ) شیکسپیری اور دیگر الزبتھی ڈراموں میں
نقل و حرکت کے موقعوں پر نفیری کی خاص آواز ؛ نفیر بر
آمد و بر خواست -

Sennight, *n.* : (قدیم) ہفتہ ؛ اٹھواڑہ -

Sennit, sinnet, *n.* : (بحری) ایک طرح کی رسی جس میں
تین سے لے کر نو تک بل ہوتے ہیں ' یہ کبھی گول ہوتی ہے کبھی
چپٹی یا چو کور ؛ ست بلی -

common s. : چپٹی ست بلی -

round s. : گول ست بلی -

square s. : چو کور ست بلی -

Senor, Senora, Senorita, *nn.* : ہسپانیہ کے تعظیمی الفاظ یا
القاب بمعنی صاحب ' جناب -

Senous(s)i, *n.* : سنوسی؛ سنیوسی؛ افریقہ میں مسلمانوں کا
ایک مشہور دینی اور سیاسی فرقہ -

Sensation, *n.* : (۱) احساس؛ حس؛ اثر؛ تاثر؛ جسم ' حواس یا
جذبات قلبی کی کوئی خاص کیفیت محسوس یا معلوم ہونا ؛
کیفیت جو اس طرح محسوس ہو؛ خصوصاً جب کہ اس کیفیت یا احساس
میں شدت یا ہیجان محسوس ہو یا وہ نا گہانی یا اتفاقی ہو -
(۲) (مجازاً) جوش انگیز شے یا واقعہ ؛ لطف یا پر لطف مشغلہ
(خصوصاً نیا اور عجیب جیسے *he is in search of a new s.*
وہ کسی نئے تماشے یا ہنگامے کی تلاش میں ہے) - (۳) (مجازاً)
ہیجان ؛ سخت حیرت یا جوش ؛ سناٹا (جیسے *he made a great s.*
اس نے ایک ہیجان پیدا کر دیا) - (۴) (مجازاً)
ہنگامہ ؛ ہنگامہ خیز واقعہ ؛ خبر یا نئی بات (جیسے *what*

is the latest s. ? : تازہ ترین هنگامہ یا هنگامہ خیز خبر کیا هے ؟

he deals largely in s. : وہ بہت کچھہ هنگامہ خیز واقعات یا افسانوں سے کام لیتا هے) -

he had a s. of comfort : اُسے آرام سا آتا معلوم هوا -

he had a s. of deafness : وہ اپنے تئیں کچھہ بہرا بہرا محسوس کرنے لگا ؛ اس کو بہرے پن کی کیفیت محسوس هوتی تھی -

he had a s. of falling : اس کو گرنے کی سی کیفیت محسوس هوتی تھی ؛ وہ گرا جاتا تھا -

he had a s. of giddiness : اُسے چکر سا آتا معلوم هوا ؛ اس کو دوران سر کی کیفیت محسوس هوتی تھی -

he had a s. of heat : اُسے معلوم هوتا تھا کہ تن بدن میں گرمی پھنک گئی -

he had a s. of pain : اس کو درد کی کیفیت محسوس هوتی تھی -

he had a s. of pride : اس کے دل میں نازش کی لہر سی دوڑ گئی -

he had a s. of sourness : اس کو ترشی کی سی کیفیت محسوس هوتی تھی ؛ اس کو ترشی محسوس هوتی تھی -

he had a s. of stupidity : اسے (یکبارگی) اپنی حماقت کا احساس هوا -

he had a s. of thirst : اسے پیاس محسوس هوی

sensational, *a.* : هنگامہ خیز ؛ جوش انگیز ؛ سنائے میں لانے والا -

sensationally, *adv.* : هیجانی یا جوش انگیز طور سے ؛ جوش انگیزانہ -

sensationary, *a.* : (شاذ) صفت مذکورۂ بالا معنوں میں -

Sensationalism, *n.* : (۱) (فلسفہ) یہ نظریہ کہ علم انسانی محض حواس ظاهری کے تاثرات یا محسوسات سے بنا هے ؛ محسوس پرستی ؛ محسوسیات ؛ محسوسات کیشی - (۲) (شاعری اور انشا پردازی میں) هنگامہ خیز اور جذبات انگیز طریقوں سے کام لینا ؛ جذبات انگیزی ؛ هیجان پسندی ؛ اغراق پسندی - (۳) سیاسی تحریکوں میں عامۃ الناس کے جذبات کو برانگیختہ کرنے کے اسلوب ؛ هیجان آوری ؛ جوش اشتعال یا شورش انگیزی -

sensationalist, *n.* : (۱) محسوس پرست ؛ محسوسی ؛ فلسفۂ محسوسیات کا معتقد - (۲) هیجان پسند شورش پسند وغیرہ -

Sense, *n.* & *v.t.* : (۱) حس ؛ حاسہ ؛ قوت مدرکہ (حواس خمسہ میں سے کوئی) حس - (۲) عقل ؛ هوش ؛ ادراک ؛ شعور ؛ تمیز ؛ شناخت ؛ احساس - (۳) عام رائے یا خیال یا عندیہ - (۴) معنی ؛ منشا ؛ مفہوم ؛ مدعا - (۵) صحیح احساس ؛ ٹھیک سمجھہ ؛ دانش ؛ معاملہ فہمی ؛ محل شناسی (مثلاً *a keen s. of honour*; *the religious, moral, aesthetic s.*) - (۶) ذوق ؛ لطف یا امتیاز ذهنی (کسی شے یا حالت کے متعلق) - (۷) (جمع) حواس ؛ حواس خمسہ ؛ عقلمندی ؛ هوشیاری - (۸) (فعل) محسوس کرنا ؛ معلوم کرنا ؛ حواس خمسہ میں سے کسی حس کے ذریعے دریافت کرنا ؛ ادراک کرنا -

a dull s. of smell : قوت شامہ کی کمی ؛ حس شامہ کی کم زوری -

a man of s. : ذی هوش ؛ عقل مند ؛ دانش مند ؛ صاحب فہم و فراست -

a s. of pleasure, pain, shame &c. : احساس مسرت ، درد ، شرم وغیرہ -

are you out of your ss. ? : کیا تم بے هوش هو ؛ کیا تم حواس باختہ هو ؛ کیا تم عقل سے خارج هو -

common s. : معاملہ فہمی ؛ دنیا فہمی ؛ عقل سلیم ؛ سمجھہ بوجھہ -

errors of s. : حسی غلطیاں ؛ حواس کی غلطی -

good s. : صحت عقل ؛ فہم سلیم -

has a plant s. ? : کیا درخت بھی احساس رکھتا هے ؟ -

have you taken leave of your ss. ? : کیا تمہاری عقل ماری گئی هے ؛ دیوانے هو گئے هو ؟ -

he has not the s. to do this : اس کو اتنی عقل نہ آئی کہ یہ کام کرتا -

he has quick s., he has keen s. : وہ ذکی الحواس هے -

he is frightened out of his ss. : خوف سے اُس کے هوش اڑ گئے هیں ، وہ حواس باختہ هو گیا هے -

he will soon come to his ss. : اُس کو جلد هوش آئے گا ؛ وہ بہت جلد هوش میں آجائے گا یعنی جلد اپنی حماقت یا بد عقلی یا نخوت پر اُسے پچھتانا پڑیگا -

in a s. : ایک اعتبار سے ؛ ایک معنی میں -

in a vague s. : مبہم معنی میں -

in every s. : هر معنی میں -

in the figurative s. : مجازی معنی میں ؛ اِستعارتاً -

in the full s. : پورے معنوں میں -

in the legal s. : قانونی اِصطلاح میں ؛ قانونی معنی میں -

in the limited s. : اِن محدود معنی میں (یعنی کسی پہلو سے) -

in the literal s. : لفظی بالغوی معنی میں -

in the metaphorical s. : استعارتاً ؛ مجازی معنوں میں -

in the moral s. : اخلاقی معنی میں ؛ اخلاقی معنوں میں -

in the proper s. : صحیح معنی میں -

in the strict s. : صحیح معنی میں -

(it) does not make s. : یہ بے معنی هے ؛ اس کے کوئی معنی نہیں ؛ یہ لا یعنی هے -

labouring under a s. of wrong : یہ خیال یا زعم پکانا یا یہ احساس رکھنا کہ (اس پر) ظلم هوا هے -

make s. out of nonsense : نا معقول بات کو کچھہ نہ کچھہ معنی پہنانے -

now you are talking s. : اب تم کام کی بات کہہ رهے هو -

Pickwickian s. : دیکھو Pickwickian -

s. - body : اعضاء یا جسم حس -

s. - capsule : خانۂ حس -

s. - cavity : جوف حس -

s. - cell : خلیۂ حس -

s. - centre : مرکز حس -

s. - organ : عضو حس ؛ آلۂ حس -

s. of beauty : حسن شناسی ؛ حسن کا احساس -

s. of distance : فاصلے کا صحیح اندازہ -

s. of duty : فرض شناسی ؛ فرض کا احساس -

s. of gratitude : جذبۂ احسان مندی -

s. of humour : ظرافت شناسی ؛ لطف ظرافت ؛ ظرافت کا مادہ یا ذوق -

s. of locality : مقام کا صحیح اندازہ یا ادراک -

s. of the ridiculous : مضحکہ شے یا واقعے کی تمیز یا خبر یا احساس -

s.-perception : ادراک حسی -

sound s. : صحیح عقل ؛ فہم درست ؛ فراست -

take the s. of the meeting : (اہل) جلسہ یا حاضرین کا عندیہ لینا یا سمجھنا -

the five ss. : حواس خمسہ -

the muscular s. : حس عضلی ؛ مردانہ حس -

the pleasures of s. : حسی مسرتیں ؛ لذائذ حسی -

the s. of the word is clear : اس لفظ کا مفہوم واضح ہے ؛ اس لفظ کے معنی صاف ہیں -

the sixth s. : حس ششم ؛ وجدانی احساس (جس کا انحصار اعضا کی خارجی حس پر نہ ہو) -

we must bring him to his ss. : ہم کو چاہئے کہ اسے ہوش میں لائیں (یعنی سزا دیں) -

what is the s. of talking like that ? : اس طرح بولنے کا مطلب [illegible]

Senseless, *a.* : (۱) بے حس؛ بے ہوش- (۲) بے خبر؛ بے عقل؛ بے وقوف ؛ حواس باختہ ؛ خارج از عقل - (۳) لغو ؛ لا یعنی ؛ مہمل ؛ بے عقلی کا ؛ احمقانہ (قول یا فعل) -

knock someone *senseless* : ایسا مارنا کہ بے ہوش ہو جائے یا چکر کھا کے گر پڑے

senselessness, *n.* : (۱) بے ہوشی ؛ بد حواسی - (۲) بے عقلی ؛ بے وقوفی ؛ حماقت - (۳) لغویت ؛ مہملیت -

senselessly, *adv.* : بےحواسانہ ؛ احمقانہ ؛ بےمعنی طور پر ؛ احمق پن سے ؛ نادانی سے -

Sensibility, *n.* : (۱) حس ؛ ادراک ؛ قوت مدرکہ ؛ احساس - (۲) زود حسی ؛ زود ادراکی ؛ ذہانت ؛ فراست - (۳) نازک دماغی ؛ حساسی - (۴) (جمع) احساسات ؛ قوائے تاثر -

s. to kindness : مہربانی کا احساس؛ احسان‌مندی کا احساس -

Sensible, *a.* : (۱) قابل ادراک ؛ قابل حس ؛ محسوس ؛ معلوم ؛ مفہوم - (۲) تاثیر پذیر ؛ اثر پذیر ؛ محرک ؛ احساس کنندہ ؛ حساس؛ (قدیم) سریع‌الحس - (۳) قائل ؛ مقر ؛ معترف ؛ آگاہ ؛ آشنا ؛ با خبر (مثلاً *s. of his peril, your kindness*) - (۴) معقول ؛ معتدبہ (مثلاً *s. difference*) - (۵) ذی ہوش ؛ فہیم؛ معاملہ فہم؛ موقع شناس-(۶) عقل کی(بات یا فعل)؛ معقول؛ معقولیت‌کی؛ عقل‌مندی کی؛ لیاقت‌کی(بات)(مثلاً *this was very s. of him*)-

sensibly, *adv.* : (۱) بطریق معلوم یا محسوس ؛ صریحاً ؛ صریح طور پر - (۲) معقول طور پر - (۳) عاقلانہ ؛ خرد مندانہ ؛ ہوش مندی کے ساتھ -

sensibleness, *n.* : (۱) ادراک؛ قوت احساس - (۲)تیز فہمی؛ زود حسی؛ نکتہ رسی؛ نکتہ گیری-(۳)عقل مندی؛ معقولیت؛ لیاقت-

Sensitive, *a.* & *n.* : (۱) (شاذ) احساسی ؛ متعلق بہ حس - (۲) حساس؛ زود حس ؛ ذکی الحس ؛ خصوصاً دوسروں کی رائے یا طرز عمل سے جلد اور زیادہ متاثر ہونے والا ؛ نازک دماغ ؛ زود رنج - (۳) (آلات وغیرہ کے متعلق) اثر پذیر ؛ سریع‌التاثر ؛ جس پر خفیف سی تبدیلی کا اور بہت جلد اثر ظاہر ہو ؛ زود اثر (مثلاً *s. market* تغیر پذیر منڈی یا بازار جس کے نرخ وغیرہ میں جلد جلد فرق پڑ جاتا ہو) - (۴) (کیمیا ؛ تصویر کشی وغیرہ) سریع التاثر (مثلاً *s. paper* عکس پذیر کاغذ جو روشنی کا فوری اثر قبول کر لے) -

s. plant : ایک قسم کا درخت ؛ چھوئی موئی ؛ لجونتی -

sensitize, *v.t.* : سریع التاثربنانا؛ زوداثر کردینا؛ تیزحس بنانا -

sensitization, *n.* : سریع التاثر ؛ تیز حس یا زود اثر سازی -

sensitizer, *n.* : (تصویر کشی) تیز حس بنانے کا مسالا ؛ تیز حس ساز -

sensitometer, *n.* : (تصویر کشی) تاثیر پیما؛ ایک آلہ جس سے تیز حسی کا اندازہ کرتے ہیں -

sensitively, *adv.* : تیز حسی سے ؛ زود اثری سے -

sensitiveness, *n.* : زود حسی؛ حساسی ؛ سرعت احساس -

sensitivity, *n.* : (کیمیا وغیرہ) اثر پذیری ؛ زود حسی -

Sensorium, *n.* (pl. *-ia*, *-s*) : جائے حس؛ مقام حس؛ حس گاہ؛ پردۂ حس ؛ پردۂ حس مشترک ؛ دماغ؛ مغز ؛ حرام مغز؛ (حیاتیات) نظام حسیات -

Sensory, sensorial, *aa.* : (۱) دماغی ؛ مغزی - (۲) حسی ؛ حواسی ؛ حواس کے متعلق - (۳) جذبات سے عبارت ، متعلق بہ جذبات ؛ حسیات ؛ حسیاتی -

Sensual, *a.* : (۱) (شاذ) حسی ؛ حواس یا حسیات کے متعلق - (۲) نفسانی؛ شہوانی - (۳) نفس پرست ؛ شہوت پرست ؛ نفسانی؛ خواہش کا بندہ - (۴) حواسیاتی ؛ حسیاتی ؛ فلسفۂ حسیات (جس میں علوم کا ماخذ حواس خمسہ کے محسوسات کو تسلیم کیا جاتا ہے) کا قائل یا اس کے مطابق -

sensualize, *v. t.* : شہوانی یا شہوت خیز بنانا ؛ نفسانی جذبات کو ابھارنا -

sensualization, *n.* : (۱) شہوانیت - (۲) شہوت انگیزی -

sensualism, *n.* : (۱) نفس پرستی ؛ شہوت پرستی ؛ عیاشی - (۲) فلسفۂ حسیات ؛ محسوسات پرستی -

sensualist, *n.* : (۱) نفس پرست؛ شہوت پرست- (۲) حسیاتی؛ محسوسات پرست ؛ محسوسات کیش -

sensuality, *n.* : نفس پرستی؛ شہوت پرستی؛ ہوس رانی ؛ عیاشی -

sensually, *adv.* : بہ اعتبار شہوانیت ؛ نفس پرستانہ ؛ شہوت پرستانہ ؛ عیاشانہ -

Sensuous, *a.* : حسی ؛ حواسی ؛ متعلق بہ حواس خمسہ -

sensuously, *adv.* : بہ لحاظ حواس ؛ حواس کے ذریعے سے -

sensuousness *n.* : حسیت ؛ با حواس ہونا ؛ حواسیت -

Sent : Send دیکھو

Sentence, *n* & *v. t.* : (۱) (قدیم) رائے ؛ فیصلہ ؛ فتویٰ (مثلاً *my s. is for war*) - (۲) (قدیم) مقولہ؛ قول؛ ضرب‌المثل؛ کہاوت - (۳) عدالت کا حکم یا فیصلہ ؛ خصوصاً حکم سزا - (۴) (نحو) جملۂ تام؛ فقرہ ؛ عبارت جو نحوی اجزا کے لحاظ سے پوری ہو - (۵) جملۂ ذیلی ؛ تابع جملہ (عموماً لفظ subordinate

کے ساتھ) - (٦) (فعل) فیصلہ سنانا؛ سزا سنانا (ملزم کو) -

sententious, *a.*: (١) بلیغ؛ پر معنی؛ قل و دل؛ جامع (قول وغیرہ) ؛ موجز؛ مجمل - (٢) (گفتگو ' طرز و انداز کے متعلق) بناوٹی یا شاندار طور پر رسمی ؛ (اشخاص کے متعلق) شاندار رسمی اخلاقی تلقین یا گفتگو کا عادی -

sententiously, *adv.*: جامعیت کے ساتھ ؛ مجملاً ؛ موجزاً -

sententiousness, *n.*: جامعیت' ایجاز وغیرہ -

sentential, *a.*: (شاذ) جملے سے متعلق؛ جملی -

Sentient, *a.*: ذی حس ؛ حساس ؛ مدرک بالحواس -

sentience, *n.*: حساسیت ؛ ادراک بالحواس -

sentiently, *adv.*: حواس والے کی طرح ؛ حواسوں سے -

Sentiment *n.*: (١) خیال ؛ احساس ' جو کسی خاص موضوع کی نسبت دل میں پیدا ہو؛ میلان طبع - (٢) (فنون) فحوا ؛ منشا؛ معہود ذہنی (انشا پرداز ' مصور وغیرہ کا) ؛ اصلی خیال ؛ جذبۂ شعر وغیرہ کا) - (٣) جذبۂ دل (جس میں تعقل کو دخل نہ ہو)؛ (خصوصاً جمع میں) جذبات؛ (دلی) تاثرات؛ کیفیات - (٤)(مجازاً) رحم دلی ؛ رقت قلب (یا اس کی نمائش) ؛ ترحم ؛ درد مندی -

he is animated by noble s.: اس کو جذبات عالیہ نے اس پر آمادہ کیا ہے -

my s. towards him is one of respect: میں اس کی نسبت ادب و احترام کے جذبات رکھتا ہوں -

s. unchecked by reason is a bad guide: وہ جذبہ جس کی زمام اختیار عقل و دانش کے قبضے میں نہ ہو برا رہ نما ہے)-

the s. of patriotism: جذبۂ حب الوطنی ؛ حب الوطنی کا جوش-

the s. of pity: جذبۂ رحم ؛ جوش ترحم ؛ رحم کا جذبہ -

sentimental, *a.*: (١) رحم دل ؛ نیک نہاد ؛ صاحب دل ؛ درد مند؛ جذباتی؛ مغلوب الجذبات ؛ حساس- (٢)جس کا تعلق عقل کی بجائے جذبات قلبی سے ہو ؛ پر جذبات ؛ قلبی؛ تاثراتی -

sentimentally, *adv.*: (١) بہ اعتبار جذبات - (٢) درد مندانہ وغیرہ -

sentimentality, *n.*: (١) رحم دلی وغیرہ جذبات کی افراط یا نمائش ؛ ترحم ؛ حساسی ؛ نازک دلی ؛ نرم مزاجی ؛ رقت قلب - (٢) ایسا خیال یا رائے یا مضمون جو محض جذبات پر مبنی ہو ؛ کیفیت (قلبی) - (٣) (جمع) جذبات ؛ تاثرات -

sentimentalism, *n.*: (١) جذبات کا قائل یا دل دادہ ہونا ؛ جذبات پرستی؛ جذبہ کیشی ؛ جذباتیت - (٢) جوش جذبات ؛ جذبہ داری -

sentimentalist, *n.*: جذباتی ؛ جذبات کا دل دادہ ؛ جذبات پرست -

sentimentalize, *v. i. & t.*: (١) پر سوز بنانا ؛ سوز و گداز پیدا کرنا ؛ جذبات بھرنا - (٢) مغلوب جذبات ہو جانا ؛ جذبات کی رو میں بہنا ؛ وجد میں آنا -

Sentinel, *n. & v. t.*: (١) پہرے والا ؛ نگہبان ؛ چوکی دار ؛ سنتری - (٢) (فعل) پہرہ دینا ؛ چوکی داری کرنا - (٣) (شاذ) پہرے بٹھانا -

s. crab: بحر ہند کا ایک کیکڑا جس کے بڑے بڑے پپوٹے ہوتے ہیں ؛ سرطان بحری -

Sentry, *n.*: (فوجی اصطلاح میں) پہرے والا ؛ سنتری ؛ سپاہی جو کسی مقام یا شے کی حفاظت کے لیے مقرر ہو -

s. -board: جہاز میں سنتری کے کھڑا ہونے کا تختہ یا مچان ؛ پہرا مچان -

s. -box: سنتری گاہ ؛ سنتری خانہ ؛ سنتری کے کھڑا ہونے کا چوبی کمرا -

s. -go: پہرہ ؛ بالا دوی ؛ گشت -

Senza, prep.: بغیر ؛ بدون (یہ اطالوی حرف جار ہے ' جو موسیقی کی اصطلاحات میں برتا جاتا ہے) -

s. tempo: بغیر تال کے ؛ بے تال -

Sepal, *n.*: حصہ ؛ جز؛ (نباتیات) مسند گل یا پھول کی کٹوری کا ایک جز؛ کٹوری تک؛ جز مسند -

Separate, *a. & n.*: (١) جدا ؛ علحدہ ؛ متفرق ؛ الگ الگ ؛ جدا گانہ ؛ جو ایک دوسرے سے الگ بھی ہوں اور ایک مجموعے میں بھی داخل کیے جاسکیں ؛ منفرد - (٢) (اسم) جز ' ایسے مضمون کی نقل جو کسی رو داد یا کسی رسالے سے لے کر علحدہ طبع کرائی جائے ؛ مضمون منفصلہ -

live s.: علحدہ رہنا ؛ الگ رہنا ؛ تنہا رہنا -

one is quite s. from the other: ایک دوسرے سے بالکل علحدہ ہے -

s. estate: (مجازاً) املاک زوجہ' جس میں شوہر کا دخل نہ ہو-

s. maintenance: نفقۂ معلقہ ؛ نان نفقہ جو شوہر زوجہ سے بہ رضامندی علحدہ رہ کر ادا کرے -

s. ownership: ملک غیر مشترک ؛ جداگانہ ملکیت ؛ ملک منفردہ ؛ منقسمہ -

the s. members of the body: (١) جسم کے مختلف اعضا - (٢) جماعت کے مختلف ارکان -

the two questions are essentially s.: یہ دونوں سوال اصولاً جدا جدا ہیں -

the s. volumes may be had singly: علحدہ علحدہ جلدیں بھی دستیاب ہو سکتی ہیں-

they live in s. rooms: وہ الگ الگ کمروں میں رہتے ہیں-

separately, *adv.*: انفرادی حیثیت سے ؛ فرداً فرداً ؛ بہ دفعات ؛ متفرق طور پر ؛ جدا گانہ ؛ الگ الگ ؛ علحدہ علحدہ -

separateness, *n.*: تفریق ؛ جدائی ؛ علحدگی (خصوصاً سیاسی یا مذہبی نوعیت کی) -

separatism, *n.*: (١) مذہبی معاملات میں علمائے کلیسا سے علحدگی یا آزاد روی ؛ غیر مقلدی ؛ جدا مشربی - (٢) تفریق پسندی ؛ تفریق کیشی ؛ تفرقہ خواہی ؛ افتراق دوستی -

separatist, *n. & a.*: جدا مشرب ؛ غیر مقلد یا معتزلی ؛ تفرقہ یا افتراق پسند وغیرہ -

Separate, *v. t. & i.*: (١) جدا کرنا ؛ علحدہ کرنا؛ الگ کرنا ؛ منقسم کرنا ؛ تقسیم کرنا - (٢) چھننا ؛ منتخب کرنا ؛ انتخاب کرنا - (٣) حائل ہونا ؛ درمیان میں آنا ؛ درمیان میں آجانا ؛ بیچ میں پڑنا - (٤) علحدہ ہونا ؛ جدا ہونا ؛ الگ ہونا؛ تقسیم ہو جانا ؛ منقسم ہو جانا ؛ متفرق ہو جانا -

separator, *n.*: جدا کرنے والا ؛ جدا کرنے کا آلہ ؛ فارقہ (آلہ یا عورت وغیرہ) -

separable, *a.*: تفریق پذیر ؛ جو ایک دوسرے سے علحدہ ہوں یا کیے جاسکیں ؛ متفرق -

separative, *a.*: (۱) = Separatist - (۲) تفریق یا علحدگی پر مائل ؛ تفریق گزیں ؛ تفرقہ جو -

separatory, *a.*: (۱) (آلۂ) خارقہ - (۲) مفترق ؛ تفریق کا کام کرنے والا ؛ تفریق ساز -

separably, *adv.*: علحدہ کرتے ہوئے ؛ بہ طریق تفریق -

separability, separableness, *nn.*: تفریق یا علحدگی کی قابلیت ؛ مفترقیت ؛ جدا گانگی ؛ جدا سازی ؛ تفریق سازی ؛ جدا شدگی -

Separation, *n.*: مذکورۂ بالا فعل کا اِسم جملہ معنی میں خصوصاً ؛ شوہر و زوجہ کے درمیان تفریق ؛ فسخ نکاح کے بغیر علحدگی -

judicial s.: تفریق زوجین بحکم عدالت -

Separatum, *n.* (pl.-*ta*): = Separate, *n.*

Sephardi, *n.*(pl.-im): پرتگال یا ہسپانیہ کا یہودی ؛ سفارادی -

Sepia, *n.*: (۱) دہ شاخہ مچھلی کی کالی رال ؛ قیر ماہی - (۲) سرخی مائل رنگ جو تصاویر میں مستعمل اور اسی رال سے تیار ہوتا ہے -

warm s.: گرم سیاہی ؛ سرخی مائل سیاہ رنگ ؛ گہرا بادامی رنگ -

s.-drawing: مرقع تیری جو مذکورۂ بالا رنگ سے تیار کیا جائے -

Sepiment, *n.*: (شاذ) (نباتیات ' حیوانیات) حصہ ؛ جز ؛ عضو ؛ جوڑ ؛ بند -

Sepoy, *n.*: سپاہی ؛ ہندوستانی سپاہی جسے انگریزوں نے فوجی تربیت دی ہو -

s. mutiny: بغاوت ہند ؛ غدر (سنہ ۱۸۵۷ ع) -

Seps, *n.*: سقنقور ؛ سانپ گرہ -

Sepsis, *n.*: (طب) بوسیدگی ؛ عفونت ؛ تعفن ؛ بدبو ؛ اجسام حیوانی و نباتی کا سڑنا -

Sept, *n.*: قبیلہ ؛ خاندان ؛ خیل ؛ موت (خصوصاً آئرستانی) -

Sept-, Septem-, Septi-: یہ سب رابطے لاطینی کے لفظ Septem سے مشتق ہیں ' جس کے معنی ہیں سات ' ہفت ؛ جن الفاظ میں یہ آتے ہیں ان میں 'ہفت' کے معنی پیدا کر دیتے ہیں :-

septan: ہفت روزہ ؛ ہفت روزہ بخار ؛ وہ بخار جو ہر ساتویں دن آ چڑھے -

septangle: ہفت زاویہ ؛ ہفت گوشہ ؛ ست کونا -

septangular: ہفت زاویہ ؛ ہفت گوشہ ؛ ست کونا -

septempartite: مسبع ؛ ہفت گانہ ؛ ہفت حصہ ؛ ہفت جز ؛ وہ شے جو سات حصوں میں منقسم ہو -

septenarius: (بحر) مسبع ؛ ہفت رکنی (ایک لاطینی بحر) -

septenary: سابعی ؛ سات والا ؛ ستا ؛ جس میں سات کا عدد ہو ؛ بر بنائے ہفت ؛ سات سات کرکے ؛ ہفت سالہ -

septenate: (نباتیات) ہفت جز ؛ ہفت حصہ ؛ جس میں سات جز ہوں -

septennate: عرصۂ ہفت سالہ ؛ سات سال کی مدت (کسی عہدہ یا انتظام کے لیے) -

septennial: ہفت سالہ ؛ جو ہر ساتویں سال آئے -

septennially: بہ طریق ہفت سالہ ؛ ہفت سالانہ -

septennium, (pl.-*ia*): ست سیہ ؛ ہفت سال ؛ سات سال ؛ سات برس ؛ عرصۂ ہفت سال ؛ سات سال کا عرصہ -

septet, septette: (۱) ہفت خواہ ؛ سبوحی ؛ جسے سات مطرب یا سات آوازوں میں مل کر گائیں - (۲) ستا (مجموعہ) ؛ سبعہ -

septfoil: (۱) ہفت ورقہ ؛ ست پتا ؛ ہفت برگ (ایک پودے کا نام ہے) - (۲) ہفت قطعہ ؛ شکل ہندسی جو سات مساوی پہلوں میں تقسیم ہو ؛ ست پہلا ؛ ہفت قاش ؛ ہفت پہلو - (۳) ست سول ؛ مسبعہ ؛ رومی کلیسا میں مشائے ربانی کا ہفت پہلو نشان -

septilateral: مسبع ؛ ہفت پہلو ؛ ہفت اضلاع ؛ ہفت اضلاعی ؛ ہفت اضلاعی شکل -

septillion: ملین کی ساتویں قوت ؛ دس لاکھ کی ساتویں طاقت ؛ وہ رقم جس میں ۴۲ صفر ہوں ؛ پدم در پدم -

septisyllable: ہفت اجزا ؛ ہفت رکنی ؛ وہ لفظ جس کے سات جز ہوں -

septuple: (۱) ہفت چند ؛ ست گنا - (۲) (فعل) سات گنا کرنا ؛ سات میں ضرب دینا -

Septa: دیکھو Septum -

Septal, *a.*: (۱) خاندانی ' خاندان کے متعلق ؛ قبیلہ کی بابت - (۲) پردے کے متعلق ؛ اعضائی ؛ اجزائی ؛ جوڑوں کے متعلق -

Septate, *a.*: (۱) (نباتیات ' حیوانیات ' تشریح) پردہ دار ؛ جس میں پردے ہوں ؛ خانہ دار - (۲) جدا ؛ متفرق ؛ مختلف ؛ علحدہ ؛ الگ ؛ منقسم -

septation, *n.*: پردہ داری ؛ خانہ داری ؛ تقسیم ؛ تفریق ؛ علحدگی ؛ اختلاف -

September, *n.*: ستمبر ؛ تقویم انگریزی یا رومی کا ساتواں مہینہ -

Septembrist, *n.*: ستمبری ؛ وہ شخص جو پیرس کے قتل عام واقع ستمبر سنہ ۱۷۹۲ میں شریک یا موجود تھا -

Septic, *a. & n.*: (۱) زہر خونی (زہروتی) ؛ مفسد خون ؛ متعفن ؛ عفونت دار ؛ عفونت خیز ؛ سڑا ہوا - (۲) سڑانے والا ؛ گلانے والا ؛ پکانے والا -

septically, *adv.*: زہریلے پن کے ساتھ ؛ یا طور پر ؛ متعفن کرتے ہوئے -

septicity, *n.*: عفونت ؛ بدبو ؛ تعفن ؛ فساد خون ؛ زہر خون -

Septicaemia, *n.*: خون میں زہر یا سمیت پیدا ہو جانا -

septicaemic, *a.*: صفت مذکورۂ بالا معنی میں -

Septimal, *a.*: سات کا یا سات کے متعلق ؛ ہفتی ؛ سبعی -

Septime, *n.*: پٹہ بازی میں ساتواں داؤں ؛ ہفتی -

Septimus, *a.*: ہفتم ؛ سابع ؛ ساتواں -

Septuagenarian, *a. & n.*: ہفتا دسالہ ؛ وہ شخص جس کی عمر ۶۹ اور ۸۰ کے بیچ میں ہو ؛ بوڑھا -

Septuagenary, *a.*: سبعینہ ؛ ہفتادی ؛ ہفتاد سالہ ؛ ستر کا ؛ جس میں ستر ہوں -

Septuagesima, *n.*: صوم کبیر سے قبل تیسرا اتوار ؛ اس لیے کہ یہ عید فصح سے کوئی ستر دن پہلے آتا ہے ؛ ہفتادم ؛ سبعینی -

S. Sunday: یکشنبۂ سبعینی یا ہفتادم ؛ صوم کبیر سے قبل تیسرا اتوار -

Septuagint, *n.*: عہد عتیق کا یونانی ترجمہ جو حضرت مسیح کی

ولادت سے ۲۷۰ سال پیشتر کیا گیا تھا ' اور اس کے لیے ستر علما منتخب کیے گئے تھے ؛ ہفتادی ترجمہ -

Septum, *n.* : (تشریح ' نباتیات ' حیاتیات) پردہ ؛ فاصل؛ حجاب ؛ حاجب -

Sepulchral, *a.* : (۱) ضریحی؛ تربتی؛ گور کا؛ قبر کا ؛ خانقاہی - (۲) قبر یا موت کو یاد دلانے والا ؛ ترس انگیز ؛ خوف آور ؛ بھیانک -

s. customs : رسوم قبر؛ رسوم تکفین و تدفین؛ رسوم خانقاہی -

s. mound : تل تربتی ؛تودۂ ضریحی ؛ قبر کا ڈھیر -

s. pillar : مینار قبر ؛ ستون تربت -

s. voice : مری ہوئی یاغمناک آواز؛ مردوں کی سی آواز؛ خانقاہی آواز -

sepulchrally, *adv.* : بھیانک یا خوف انگیز طور سے -

Sepulchre, *n.* & *v. t.* : (۱) گور؛ قبر ؛ تربت؛ مقبرہ؛ مزار ؛ خانقاہ - (۲) قبر میں رکھنا -

the Holy **S** : ضریح یا مزار مقدس ؛ مرقد مبارک ؛ درگاہ شریف (حضرت عیسی کا مزار) -

whited s. : ریاکار ؛ مکار ؛ عیار ؛ فریبی (یہ استعارہ متی کی انجیل باب ۲۳ میں آیا ہے) -

Sepulture, *n.* : تدفین ؛ دفن ؛ قبر میں رکھنا -

Sequacious, *a.* : (۱) (پر تصنع زبان میں) مقلد ؛ متتابع ؛ جس میں کوئی آزادانہ راے یا اجتہاد کا مادہ نہ ہو - (۲) (دلیل یا فریق کے متعلق) باتسلسل ؛ مربوط (فی الکلام) -

sequaciously, *adv.* : مقلدانہ ؛ مربوط طریق پر -

sequacity, *n.* : مقلدی ؛ تقلید ؛ تسلسل ؛ ربط -

Sequel, *n.* : (۱) قصے یا بیان کا آخری جز جو وقفے کے بعد آے ؛ (۲) ذیل ؛ تکملہ؛ تتمہ؛ آخر سلسلہ؛ خاتمہ؛ نتیجہ ؛ انجام کار؛ عاقبہ - (۳) (شاذ) نتیجۂ (بیان) ؛ انت ؛ پھل-

Sequela, *n.* (pl.-*ae*) : (طب عموماً جمع) اثرات (ما بعد)؛ نتائج؛ عواقب (خصوصاً بیماری کے) -

Sequence, *n.* : (۱) اشیا کا مجموعہ یا جوڑ جو ایک دوسرے کے بعد یا ساتھ آئیں ؛ سلسلہ ؛ تسلسل ؛ سلک ؛ تانتا - (۲) خصوصاً علت و معلول کا سلسلہ ؛ نتیجہ ؛ عاقبہ ؛ تا بعہ - (۳) (موسیقی) یکساں بولوں کا مختلف سروں میں بار بار آنا ؛ تکرار ؛ ترجیع ؛ دھرانا - (۴) (صرف و نحو) تطابق زمانی ؛ افعال کی ایک جملے میں بہ لحاظ زمانہ ایک دوسرے سے مطابقت- (جیسے *I should think you were satisfied now*)-(۵) حمد (' ھلولیا ') کے بعد کی مناجات جو کتاب مقدس کی تلاوت سے پہلے گائی یا پڑھی جاتی تھی - (۶) (سینما) فلم کے قصے میں کوئی واقعہ جو قصے کے کسی منظر کی مطابقت میں مسلسل طور پر دکھایا جاے۔

give the facts in historical s. : واقعات تاریخی تسلسل سے بیان کرو -

it shall follow the s. of events : یہ تسلسل واقعات کے تابع ہے -

sequent, sequential, *aa.* : سلسلے میں یا ما بعد آنے والا ؛ متتابع ؛ منتہوب -

sequentially, *adv.* سلسلے میں ؛ نتیجۃً ؛ بطور متتابع -

sequentiality, *a.* : تبعیت ؛ متتابعیت ؛ متعاقبیت -

Sequentes, Sepuentia (abbr.*seq.* or *seqq.*) : (لاطینی) وغیرہ ؛ ھذا ؛ بطور ذیل ؛ حسب ذیل

Sequester, *v. t.* & *i.* : (۱) علحدہ کرنا ؛ جدا کر لینا یا ہونا - (۲) (خصوصاً ' دنیا سے) عزلت اختیار کرنا (*s. oneself from the world*) - (۳) عدالتی تحویل میں لینا ؛ محفوظ رکھنا (کسی مال وغیرہ کو عدالت کے فیصلے تک) نیز (*sequestrate*) - (۴) ضبط کرلینا ؛ قبضہ کرلینا ؛ ہتیا لینا - (۵) (بیوہ کا) شوہر کی جائداد سے لا دعوی لکھ دینا ؛ حق زوجیت چھوڑنا -

sequestered, *p.p.* : (۱) جدا کردہ ؛ منقطع - (۲) تنہا یا عزلت گزیدہ -

sequestration, *n.* : ضبطی وغیرہ -

sequestrator, *n.* : قارق ؛ ضابط ؛ قرق کرنے والا -

sequestrable, *a.* : قابل ضبطی ' قرقی وغیرہ -

Sequestrum, *n.* (pl. - *ra*) : مردہ کھال یا ہڈی جو اپنی جگہ چھوڑ چکی ہو ؛ لٹکی ہوئی ہڈی ؛ مرقہ ؛ استخوان یا پوست بے جان ؛ جھولتی ہڈی یا کھال -

sequestral, *a.* : معروقہ؛ معلقہ ؛ لٹکا ہوا ؛ بےجان؛ جھولتا -

sequestrotomy, *n.* : بےجان ہڈی یا کھال پر عمل جراحی؛ (عمل) مرقہ کشی -

Sequin, *n.* : (۱) (تاریخ) وینس کی اشرفی جو تقریباً سات روپے کے مساوی ہوتی تھی ؛ بُندُقی - (۲) سکہ نما زیور جو عورتیں لباس پر سی لیتی ہیں -

Sequoia, *n.* : امریکی دیودار ؛ امریکا کا ایک لمبا صنوبری خاندان کا درخت -

Serac, *n.* : یخ برجی؛ سیل یخ کا تودہ جو قدرتی اسباب سے برج کی شکل بن جاتا ہے (عموماً صیغۂ جمع میں' یخ برجیاں ' بروج یخ) -

Seraglio, *n.* : (۱) قصر ؛ خصوصاً سلاطین عثمانیہ کا محل جس میں کاروبار سلطنت بھی انجام پاتے تھے ؛ محل سراے سلطانی؛ قلعۂ معلی - (۲) حرم سرا ؛ سلطانی محل -

Serai : سرا ے -

Serang, *n.* : سرھنگ کی بگڑی ہوئی صورت ؛ ملاح یا جہازیوں کا (دیسی) سرگروہ یا داروغہ -

Seraph, *n.* : (pl.-*phim*,-*phs*) (۱) فرشتہ ؛ عالم علوی کی ہستی؛ ملک - (۲) ملاء اعلیٰ کے نو گانہ طبقات میں سب سے اونچا طبقہ؛ طبقۂ اعرف الملائکہ - (۳) سویڈن کا خطاب سرداری اور تمغہ (*Order of the Seraphim*) -

seraphic, *a.* : ملکی ؛ ملکوتی ؛ فرشتہ خصال ؛ فرشتہ جمال - (St Bonaventura = *the S. Doctor*) -

seraphically, *adv.* : بہ طریق ملکوتی ؛ فرشتوں کی طرح -

Seraphina, seraphine, *n.* : ہارمونیم باجے کی ابتدائی صورت ؛ سرافینا -

Seraskier, *n.* : ترکی سپہ سالار یا وزیر جنگ ؛ سر عسکر -

seraskierat, *n.* : وزارت جنگ ؛ محکمۂ فوجی -

Serb, *n.* **Serbia(n)**, *aa.* & *nn.* : باشندۂ ملک سرویہ؛ سربیہ کا؛ سربی (باشندہ وغیرہ) -

Serbo– : لفظ مذکورۂ بالا کا جزو ترکیبی -

Serbonian bog, *n.* : (۱) سر بونی دلدل ؛ ایک دلدل جو دریاے نیل کے دہانے پر واقع تھی - (۲) (مجازاً) مشکل ؛ الجھاؤ ؛ دلدل وغیرہ (جس میں پھنس کر نکلنا مشکل ہو) -

Sere, sear, *n.* : (بندوق) گھوڑ روک وہ آنکڑا جو گھوڑے کو ایک جگہ روکے رکھتا ہے -

Sere : دیکھو (1) sear -

Serein, *n.* : پھوار ، خصوصاً وہ جو غروب آفتاب کے بعد گرم ملکوں میں ہوتی ہے جب کہ مطلع بالکل صاف ہوتا ہے ؛ اوس؛ شبنم -

Serenade, *n.* & *v. t.* : (۱) نغمۂ شبینہ ؛ وہ گیت جو رات کے وقت عاشق اپنے معشوق کی دیوار کے نیچے گائے؛ فراقیہ گیت ؛ غزل عاشقانہ؛ (مجازاً) رقص و سرود- (۲) (فعل) عاشقانہ یا فراقیہ گیت گانا : گانا بجانا -

serenader, *n.* : نغمہ سرائے شب ؛ نغمۂ شبینہ گانے والا ؛ شبینہ راگ الاپنے والا -

Seranata, : سادہ راگ ؛ گوالوں کا گیت؛ چوپانی نغمہ -

Serendipity *n.* : اتفاقی طور پر مناسب حال اور غیر متوقعہ انکشافات کرنے کی قابلیت -

Serene, *a.* & *n.* & *v. t.* : (۱) (ہوا ؛ پانی وغیرہ کے لیے) صاف و پرسکون ؛ غیر متلاطم - (۲) مطمئن ؛ متین ؛ مستقیم (مزاج)؛ نا مضطرب - (۳) بعض امرا کے القاب میں ' بلا معنی مستطاب ' متانت مآب (*His S. Highness*) - (۴) (اسم) آسمان یا سمندر کی پر سکون سطح ؛ پھیلائی ساکن - (۵) (فعل ' شاعری میں) سکون پیدا کر دینا (آسمان یا پیشانی کے متعلق) -

serenely, *adv.* : سکون کے ساتھ ؛ متانت سے -

serenity, *n.* : سکون ؛ اطمینان ؛ متانت ؛ استقامت (*Your &c. Serenity* = your Serene Highness) -

all s. : (عامیانہ) سب ٹھیک -

Serf, *n.* : (۱) رعیت ؛ کمین ؛ غلام ؛ کمیرا ؛ وہ شخص جس کی خدمات زمین کے ساتھ منتقل ہو سکیں : (۲) کمین ؛ نیچ - (۳) مظلوم ؛ ستم رسیدہ ؛ ستم زدہ ؛ بیگاری -

serfage, serfdom serfhood, *nn.* : رعیت پن؛ کمین پن؛ غلامی -

Serge, *n.* : سرج ' ایک قسم کا اونی کپڑا -

silk s : ریشمی سرج -

Sergeant, -j-, *n.* : (۱) (تاریخ) قانون داں؛ وکیل اعلیٰ ؛ اونچے مبقے کا وکیل - (۲) ایک فوجی عہدہ دار' چاؤش ؛ حولدار - (۳) پولس کا عہدہ دار جو امین کے زیردست ہوتا ہے؛ حولدار؛ سارجنٹ -

s. major or *regimental s. m.* : فوج کا نان کمیشن اعلیٰ عہدہ دار ؛ مددگار بخشی - (مخفف *R. S. M.*) -

lance s. : قائم مقام حولدار -

s.-at-arms : پارلیمینٹ اور بعض عدالتوں کا ایک عہدہ دار جس کے فرائض اب محض رسمی رہ گئے ہیں ؛ گرز بردار ؛ تبر دار ؛ سرہنگ -

common s : بلدیۂ لندن کا (ایک انتظامی) عہدہ دار -

s. fish (g) : امریکا کے سمندروں کی بعض مچھلی کی اقسام جن پر سارجنٹوں کی وردی کی مثل پٹیاں ہوتی ہیں ؛ دھاریلی (مچھلی) -

sergeantship, *n.* : حولدار ؛ حولداری ؛ گرز برداری ؛ وغیرہ کا عہدہ یا کام -

Sergetto *n.* : سرجی ؛ باریک قسم کا سرج کپڑا -

Serial, *a.* & *n.* : (۱) مسلسل مجموعے یا سلسلے کا ؛ سلسلہ وار یا سلسلہ ساز - (۲) سلسلہ وار؛ قسط وار؛ مسلسل (شائع ہونے والی کتاب وغیرہ)- (۳) (مطبوعات) جو مقررہ وقت پر شائع ہوں؛ موقتی زمانی - (۵) سلسلہ (خصوصاً کسی افسانے کا) ؛ مسلسل کتاب - (۶) (شاذ) جریدہ ؛ رسالہ جو مقررہ وقت پر شائع ہو -

seriality, *n.* : سلسلے میں ہونا ؛ سلسلہ داری ؛ سلسلیت -

s. rights : سلسلہ وار مطبوعات کا حق طبع و اشاعت -

serialist, *n.* : سلسلہ نگار ؛ قسط وار مضامین وغیرہ لکھنے والا -

serially, *adv.* : سلسلہ وار ؛ موقتی طور پر (موقت) بہ اقساط -

Seriate, seriated. *aa.* : سلسلہ وار ؛ مسلسل ؛ سلسلے یا ترتیب سے لگا ہوا -

seriate, *v. t.* : سلسلے سے جمانا یا مرتب یا مسلسل کرنا ؛ با ترتیب کر دینا -

seriation, *n.* : مسلسل سازی ؛ ترتیب دہی -

Seriatim, *adv.* : سلسلہ وار ؛ ترتیب سے؛ نوبت بہ نوبت ؛ فقرہ بہ فقرہ؛ مسئلہ بہ مسئلہ -(مثلاً *consider, discuss, take &c. s.*) -

Seric, *a.* : (خطابت وغیرہ میں) چینی ؛ ملک چین کی (چیز ' خصوصاً چائے ' ریشم وغیرہ) -

Sericeous, *a.* : (نباتیات و حیوانیات) حریری ؛ ریشمی ؛ نرم اور چکنے پوست کا -

Seri(ci)culture, *n.* : پیلہ پروری ؛ ریشم کے کیڑوں کی پرورش ؛ ریشم سازی ؛ کچا ریشم بنانے کی صنعت -

sericicultural, *a.* : پیلہ پروری سے متعلق ؛ پیلہ پرورانہ -

sericiculturist, *n.* : پیلہ پرور ؛ ابریشم ساز -

Seriema, *n.* : برازیل کا ایک پرند؛ مار خوار ؛ امریکی بگلا -

Series, *n.* (pl. same) : (۱) سلسلہ (یکساں یا متعلقہ اشیا کا)؛ زنجیرہ؛ قطار؛ مرتب مجموعہ ؛ سلسلۂ متواترہ یا متتا بعہ جو ایک دوسرے کے بعد واقع ہو - (۲) (رسالے ' کتاب وغیرہ کی) جلد (جس کے مختلف اجزا یا پرچے مسلسل شائع ہوں)؛ سلسلۂ کتب (جو ایک صنف مضامین یا یکساں تقطیع وغیرہ پر شائع ہوں)؛ سلسلۂ مجلدات یا مطبوعات (جو کسی ایک نام یا ادارت سے مرتب کیا جائے) - (۳) (طبقات الارض) طبق ؛ طبقات ارض (جو مشترک خصوصیات رکھتے ہوں) - (۴) (کیمیا) سلسلہ یا صنف عناصر (جو یکساں خواص رکھتے ہوں)- (۵) سلسلۂ ہندسیہ یا حسابیہ - (۶) (برقیات) مورچہ لڑی ؛ برقی مورچوں کا سلسلہ جو ایک دوسرے سے برقی اتصال رکھتے ہوں- (۷) (حیوانیات) نوع ؛ صنف ؛ ایک ہی خاندان یا قسم کے حیوانوں کا گروہ -

in series : سلسلہ وار ؛ مرتب سلسلے (کی صورت) میں -

Serif, (now rare) Ceriph, *n.* : شوشہ' جس سے حرف کی تکمیل ہوتی ہے ' باریک اور چھوٹا سا خط جو حرف کا جز ہو اور جو اس کے اوپر یا نیچے کھینچا جاتا ہے -

Serin, *n.* : وسطی یورپ کی ایک چھوٹی چڑیا جو کنیری خاندان سے ہے ؛ کالی پدڑی ؛ شر شور -

Serinette, *n.* : پرندوں کو گانا سکھانے کا ایک باجا ؛ پرند نے ؛ زمزمہ آموز ؛ پرند آموز -

Seringa, *n.* : برازیل کے بعض درخت جن سے ربڑ نکلتا ہے؛ ربڑ روکھ -

Serio comic, *a.* : نیم مزاحیہ ؛ ہزل جد نما ؛ ہلسی مذاق کی نقل وغیرہ جو متین بن کر کی جائے یا سنجیدہ چیز جو مزاح کے پیرائے میں دکھائی جائے -

seriocomically, *adv.* : نیم مزاحیہ طریق پر ؛ نیم مزاحاً -

Serioso : (هدایت موسیقی) لوازمات کے ساتھ -

Serious, *a.* : (۱) متین ؛ سنجیدہ ؛ غور و فکر یا ذمہ داری کے احساس کے ساتھ کام کرنے والا - (۲) اہم ؛ بڑا ؛ مہتم با لشان؛ سنگین ؛ جو مادی یا غیر مادی اعتبار سے کچھ کم نہ ہو (مثلاً *s. matter, question &c.*) - (۳) قابل فکر؛ مخدوش ؛ خطیر ' (مثلاً *s. loss, illness &c.*) - (۳) ہنسی یا بناوٹ سے خالی ؛ سچا ؛ واقعی (مثلاً *are you s.?* جو کچھ کہہ رہے ہو اس میں ہنسی یا بناوٹ تو نہیں) - (۴) مذہبی یا اخلاقی نوعیت کا ؛ متین ؛ سترگ ؛ معمولی یا دنیاوی سے ما وری (مسائل' مضامین وغیرہ) - (۵) (عموماً طنزیہ) مذہبی ؛ متقشف؛ مذہبی خیال کا ؛ مُلّانی ؛ جو عقبیٰ کے خیال میں منہمک ہو -

seriously, *adv.* : متانت سے؛ سنجیدگی سے؛ جداً ؛ جس میں تمسخر وغیرہ نہ ہو -

seriousness, *n.* : متانت ' سنجیدگی ' اہمیت وغیرہ -

Seriph, : دیکھو serif -

Serjeant : دیکھو sergeant -

Sermon, *n. & v. t.* : (۱) وعظ ؛ موعظت ؛ درس ؛ پند ؛ مذہبی نصیحت؛ شیخ یا عالم دین کی مذہبی تقریر خصوصاً منبر سے ؛خطبہ؛ (نیز) عام ناصحانہ تقریر؛ پند و نصائح جو کلیسا کے باہر کی جائیں (انہیں *lay s.* بھی کہتے ہیں) - (۲) وعظ ؛ خطبہ (مثلاً *S. on the mount* حضرت عیسیٰ کا مشہور پہاڑی وعظ) (مجازاً) عبرت ' بصیرت' درس ' جو قدرتی اشیا کو دیکھنے سے حاصل ہو (خصوصاً *ss. in stones*)-(۳)(فعل) وعظ کہنا؛ خطبہ دینا؛ پند و نصائح کرنا -

lay s. : غیر مذہبی وعظ ؛ غیر دینی وعظ ؛ غیر اکلیزی وعظ ؛ غیر مولویانہ خطبہ ؛ لکچر ؛ تقریر -

sermonet, sermonette, *nn.* : چھوٹا وعظ ؛ خطبۂ مختصر -

sermonize, *v.t. & i.* : واعظ کی طرح تقریر کرنا؛پند و نصیحت یا تلقین کرنا -

sermonizer, *n.* : واعظ ؛ خطیب ؛ پند گو -

Sero- : مرکب علمی اصطلاحات کا جز ترکیبی جو *serum* کے معنی میں آتا ہے -

Serotine, *n.* : (یورپ کی) لال چمگادڑ -

Serotinous, *a.* : پچھیتا ؛ پچھیتی ؛ جو موسم کے بعد اُگے -

Serous, *a.* : خونابی ؛ آب آمیز (خون) ؛ رقیق ؛ پتلا ؛ پنیالا -

serosity, *n.* : پتلا پن ؛ پنیالاپن ؛ خوناب -

Serpent, *n.* : (۱) سانپ ؛ مار ؛ ناگ - (۲) (مجازاً) دغا باز ؛ مار آستین - (۳) (موسیقی) (اب متروک ہے) بانسری -

the S. : شمالی ستاروں کا مجموعہ ؛ برج شمالی -

the or *the old S.* : (مجازاً) مارجنس ؛ شیطان -

Pharaoh's s. : آتش بازی کا سانپ -

s.-charmer : سپیرا ؛ سانپ والا -

s.-eater : ایک پرند (دیکھو secretary-bird) -

s.-grass : سانپیا (گھاس)؛ یہ ایک قسم کی الپائی گھاس ہے -

s. lizard : (ماہی) سقنقور ؛ سانپ گوہ -

s.-tongue : ناگ پھن ؛ ناگ پھنی -

serpentiform, *a.* : مارنما ؛ مار صورت ؛ مار شکل؛ سانپیا -

serpentlike, *a.* : سانپ جیسا ؛ ماروش -

Serpentine, *a. & n., &v.i.* : (۱) جس میں سانپ کے سے بل ہوں؛ پرپیچ ؛ خم بہ خم؛ پیچ بہ پیچ؛ مارپیچ - (۲) (مجازاً) فریبی ؛ دغا باز - (۳) (اسم) چٹان یا پتھر کی بعض قسمیں جن کا رنگ گہرا سبز ہوتا ہے ' ان پر ایسی چتیاں ہوتی ہیں ' جیسی سانپ کی؛ حجرالحیۃ ؛ جسے کیرا (پتھر) جس کو جلا دے کر آرائشی کاموں میں استعمال کرتے ہیں - (۴) (اسکیٹ) لہریا ؛ ہلکا سا پیچ بہ پیچ خط جو اس کھڑاوں کے استعمال سے پڑ جائے - (۵) (فعل) سانپ کی طرح بل کھاتے ہوئے چلنا -

s. windings : (۱) پیچ و خم (سڑک یا چ ہ)جو سانپ کی طرح بل کھاتا جائے - (۲) (مجازاً) اینچ پینچ کی باتیں ؛ دم جھانسا -

s. dance : رقص مارپیچ ' جس میں سانپ کے سے پیچ و خم ہوتے ہیں ' اور اسی کے مناسب ماوڑل الدیل لباس پہنا جاتا ہے -

s. motion : سانپ کی طرح بل کھاتے ہوئے چلنا ؛ پر پیچ و خم حرکت ؛ ٹیڑھی ترچھی چال -

s. verse : متحد الطرفین ' وہ مصرع جس کے شروع اور اخیر کا لفظ یکساں ہو -

s. wisdom : (متی کی انجیل کے استعارے میں) دور اندیشی؛ فراست ؛ حزم -

the ss. : لندن کے چمنستان ہائڈ پارک کی مشہور نہر -

Serpiginous, *a.* : داد کا مریض یا مبتلا ؛ کنجا ؛ کھاج مارا -

Serpula, *n.* (pl.-*ae*) : مارچہ ؛ یہ ایک قسم کا بحری کیڑا ہے جو چونے کی نلیوں میں رہتا ہے -

Serra, *n.* : (تشریح ' نباتیات ' حیوانیات) دندانہ دار یا آرہ نما عضو یا کنارہ ؛ مسلہ -

Serradilla, *n.* : تپتیا گھاس ؛ خوید -

Serrate, *a. & v. t.* : (۱) (تشریح ' نباتیات ' حیوانیات) دندانہ دار؛ آرہ نما- (۲) (فعل) آرہ (سا) بنا دینا؛ آری لگادینا-

serration, *n.* : دندانے یا آرہ فراہم کرنا یا لگانا ؛ تسلیس -

Serrefile, *n.* : وہ شخص یا اشخاص جو فوج کے عقب میں رکھے جائیں ؛ (عموماً صیغۂ جمع میں) اہل ساقہ ؛ پچھروپنگاہ ؛

Serri- : جزو ترکیبی بمعنی دندانہ دار یا آرہ نما -

s.-corn : دندانی بھونرا ؛ جعل ؛ ایک قسم کا بھونرا جس کے سینگ یا آگے نکلے ہوئے بال دندانہ دار ہوتے ہیں -

s.-ferous, s.-form : آرہ نما ؛ دندان نما ؛ دندانہ صورت -

s.-rostrate : آرہ منقار ؛ دندانہ منقار -

Serried, *a.* : دوش بدوش ؛ پیوستہ ؛ بلا فصل ؛ ملصق؛ صف بستہ -

Serromotor, *n.* : دخانی لوٹ گراری ؛ ایک پرزہ جو بحری انجنوں میں لگاتے ہیں -

Serrulate, serrulated, *aa.* : ملوانہ دار ؛ جس میں بہت باریک دندانے ہوں ؛ مسنن ؛ منشاری -

serrulation, *n.* : تسیلیں ؛ دندانہ داری -

Serum, *n.* : (۱) خونناب؛ صدید ؛ ماء الجبن ؛ کیلوس؛ لمف - (۲) (مرضیات) کسی جانور کا کیلوس جو بطور دوا استعمال کیا جاتا ہے-

s. sickness : جلدی امراض بخار وغیرہ جو سیرم کی پچکاری کی وجہ سے پیدا ہوتے ہیں - سیرم روگ -

Serval, *n.* : چیتا بلو ؛ افریقہ کا ایک جنگلی بلو -

Servant, *n.* : (۱) نوکر ؛ چاکر ؛ خادم ؛ خدمت گار ؛ ملازم - (۲) (مجازاً) مقلد ؛ پیرو ' (جیسے *a s. of Jesus Chirst* سیدنا عیسیٰ کا مقلد ' مرید) -

public ss : سرکاری نوکر ؛ سرکاری ملازم ؛ خادمان ملک -

civil ss : عمال دیوانی -

outdoor ss : بیرونی ملازم ؛ سائیس ' مالی وغیرہ -

indoor ss. : گھر کے اندر کے ملازم؛باورچی'خانساماں'ماما'انا وغیرہ -

domestic s. : خانگی ملازم -

livery s. : وردی پوش ملازم

s.-girl : ملازمہ ؛ چھو کری -

s. maid : خادمہ ؛ ماما -

the s. question : نوکروں کا مسئلہ؛ نوکروں کی فراہمی وغیرہ کا مسئلہ -

servants' hall : بڑے گھروں میں نوکروں کے کھانے وغیرہ کا کمرا -

s. of ss. : پاپائے رومہ کا ایک لقب -

your humble s., your obedient s.: آپ کا خادم؛ جو پہلے خطوط میں اور اب صرف درخواستوں کے اخیر میں کاتب اپنی نسبت لکھتا ہے -

Shallow, *a.* (*-er, est*)*n.* & *v. i.* & *t.*: (۱) اتھلا؛ چھچھلا؛ پایاب؛ کم گہرا؛ کم عمیق (جیسے *s. dish, s. water*) - (۲) (مجازاً بمعنی) اوپری؛ سطحی ؛ اوچھا؛ کم ظرف ؛ کم مایہ؛ بے تہہ ؛ سفلہ ؛ کم حوصلہ ؛ چھچھلتی ہوئی : بے جان ؛ خام (جیسے *s. mind, s. man, s. argument*) - (۳) (اسم) پا یاب مقام - (۴) (فعل) اتھلا یا پا یاب ہونا یا اتھلا یا پایاب بنانا -

s. -brained, -pated : بے مغز ؛ نادان ؛ سادہ لوح -

s. -hearted : کم احساس رکھنے والا ؛ جسے احساس کم ہو -

shallowly, *adv.*: اوپری طور سے ؛ سطحی طور پر -

shallowness, *n.*: اتھلا پن؛ پایابی ؛ اوپری پن؛ بے تہی وغیرہ -

Shalt : Shall کا صیغۂ واحد مخاطب -

Sham, *v. t.* & *i. n.* & *a.* : (۱) مصنوعی؛ بناوٹی؛ نقلی؛ جھوٹ موٹ کا ؛ غیر حقیقی (جیسے *s. fight* مصنوعی جنگ یا نقلی لڑائی ؛ جنگ زرگری ؛ *s. plea* بناوٹی عذر ' غیر حقیقی عذر.) - (۲) (اسم) دھوکا ؛ فریب ؛ دغا ؛ مکر ؛ حیلہ ' بہانہ ؛ تصنع ؛ تکلف؛ بناوٹ - (۳) عیار؛ مکار؛ فریبی؛ ریا کار؛ نمائشی؛ مصنوعی (شخص یا شے) - (۴) (فعل) بہانہ کرنا ؛ حیلہ کرنا ؛ بننا ؛ دھوکا دینا - (۵) نقل کرنا ؛ تصنع کرنا ؛ بناوٹ کرنا -

s. sheet : نمایشی چادر ' جو دن کے وقت نمایش کے لیے پلنگ پر بچھادی جاتی ہے -

s. pillow : مصنوعی تکیہ جو دن کے وقت بستر پر رکھ دیا جاتا ہے -

s. illness : بیماری کا بہانہ کرنا ؛ بیمار بننا -

this age of ss. : یہ زمانہ تصنع یا فن فریب کا ؛ یہ زمانۂ ریا کاری -

s. sleep : سونے کا حیلہ یا بہانہ کرنا ؛ جھوٹ موٹ سونا ؛ سونے کی وضع اختیار کرنا -

s. a faint : غشی کا بہانہ کرنا -

s. fear : خوف کا بہانہ کرنا ؛ خوف کی صورت بنانا -

he is only shamming : وہ محض بنتا ہے ؛ تصنع کرتا ہے -

shammed ill : بنا ہوا بیمار ؛ مصنوعی مریض -

shammed dead . مردہ بنا ہوا ؛ مصنوعی مردہ -

shammed asleep : بہانے سے سویا ہوا -

shammer, *n.*: بننے والا یا حیلہ بہانہ کرنے والا -

Shamanism, *n.*: شامنی مذہب ؛ ایک مذہب جو سائبیریا میں رائج ہے ؛ اس کے معتقدوں کا عقیدہ ہے کہ بد روحیں انسان کے نفع و ضرر پر قادر ہیں اور ان کے پروہت یا مذہبی پیشوا ان بد روحوں کے اثر کو باطل کرنے کی قدرت رکھتے ہیں -

Shamble, *v. i.* & *n.*: لڑکھڑا کے چلنا ؛ بھدبھد چلنا ؛ اُفتاں و خیزاں چلنا -

shambling gait : لڑکھڑاتی چال -

Shambles, *n.* pl. (۱) مسلخ ؛ مذبح ؛ ذبح خانہ ؛ کمیلا - (۲) قتل گاہ ؛ مقتل ؛ جائے قتل و غارت (جیسے *the place became a s.* وہ کشت و خون کا مقام بن گیا) -

Shame, *n.* : (۱) حیا ؛ لاج؛ حجاب (جیسے *flushed with s.*) - (۲) شرمندگی؛ ندامت ؛ انفعال؛ خجالت؛ خفت؛ پشیمانی - (۳) رسوائی ؛ فضیحت ؛ ذلت ؛ باعث ننگ؛ باعث ننگ و عار ؛ شرم کی بات (جیسے *He is a s. to his parents ; it is a s.*) -

for s. تف ؛ تفو ؛ پھٹے منہہ ؛ شرم ؛ غیرت -

he cannot do it for very s.: وہ محض شرم کے باعث ایسا نہیں کر سکتا -

s. on you : شرم ! شرم شرم ! تم کو غیرت آنا چاہئے

put some one to s. : کسی کو شرمندہ یا نادم کرنا -

shameless, *a.*: بے حیا ؛ بے شرم ؛ بد لحاظ -

shamelessly, *adv.*: بے شرمی سے -

shamelessness, *n.*: بے شرمی؛ بے حیائی -

shameful, *a.*: باعث شرم ؛ شرم ناک ؛ مذموم ؛ زبون ؛ خراب ؛ معیوب ؛ قبیح -

shamefully, *adv.*: شرم ناک طریقے سے -

shamefulness, *n.*: شرم ناکی ؛ ذلت -

Shame, *v. i.* & *t.* : (۱) شرمندہ ہونا ؛ نادم ہونا ؛ خجل ہونا ؛ شرمسار ہونا ؛ محجوب ہونا (جیسے *He shamed not to say* اس نے شرم کے باعث نہ کہا) - (۲) نادم ' محجوب ' خجل کرنا ؛ غیرت دلانا ؛ شرمندہ کرنا (جیسے *a dog's fidelity shames us* کتے کی وفاداری ہم کو شرمندہ کرتی ہے) -

Shamefaced, *a.*: (۱) شرمیلا ؛ شرمگیں؛ محجوب - (۲) (شاعرانہ ' نیکی ' پھول وغیرہ کے لیے) لجالو ؛ جھینپو ؛ خلوت پسند -

shamefacedly, *adv.*: شرمسارانہ -

shamefacedness, *n.*: شرمیلا پن ؛ حیا ؛ شرم ؛ حجاب -

Shammy, Shamoy, *n.*: = Chamois (2)

Shampoo, *v. t.* & *n.* : (۱) چمپی کرنا ؛ بدن دبانا ؛ مالش کرنا ؛ بالوں کا یا سر کا دھونا ؛ دبانا - (۲) سر کی مالش وغیرہ -

Shamrock, *n.*: ایک قسم کی تپتیا گھاس جو آئرلینڈ کا قومی نشان ہے -

Shandrydan, *n.*: ہلکی دو پہیا گاڑی؛ پرانی کم زور گاڑی -

Shandygaff, *n.*: شراب مخلوط (بیر اور جنجر کے میل سے) -

Shanghai, *v. t.*: (بحری عامیانہ) شانگھائی کرنا ؛ کوئی منشی شے دے کر جہاز پر بٹھا لینا اور ملاح کا کام لینا -

Shank, *n.* & *v. i.*: (۱) ساق - (۲) ڈنٹھی (پھول کی) - (۳) (اوزار وغیرہ میں) دستہ اور اوپر کی چوٹی کا درمیانی حصہ (۴) دستہ یا ڈنڈی (چمچے ' لنگر ' کنجی وغیرہ کی) - (۵) جوتے کے تلے کے بیچ کا تنگ حصہ - (۶) مچھلی کے کانٹے کا سیدھا حصہ - (۷) ستون کی ساق یا عمود (پایہ اور اوپر کے تاج کے درمیان) -

shank's mare : اپنی ٹانگیں (سواری وغیرہ کے مقابلے میں) (جیسے *ride shank's mare* یعنی پیدل چلنا) -

s. off : مرجھا جانا ؛ مرجھا کر گر جانا؛ جھڑ جانا (پھولوں کا) -

( ) **shanked,** *a.*: ساق دار -

Shanny, *n.*: شانی مچھلی؛ ایک قسم کی مچھلی جس کا رنگ زیتونی

اور جسم مستطیل ہوتا ہے -

Shan't : = Shall not

Shanty, *n.* جھونپڑی ؛ کٹی

Shanty : = Chanty

Shape, *v. t.&i.(p.p.-ed,archaic-en)* (۱) بنانا؛ صورت دینا؛ صورت گری کرنا - (۲) سانچے میں ڈھالنا؛ قطع کرنا - (۳) موزوں یا مطابق بنانا - (۴) تدبیر کرنا ؛ ترکیب نکالنا ؛ ایجاد کرنا - (۵) ترتیب دینا - (۶) صورت اختیار کرنا - (۷) خاص جانب پھیرنا (اپنے عزم وغیرہ کو) - (۸) تصور کرنا ؛ خیال کرنا ؛ تصور میں لانا - (۹) آئندہ صورت کے آثار معلوم ہونا (جیسے *he shapes well* وہ ہونہار ہے) -

shaped like a pear : ناشپاتی نما ؛ ناشپاتی کی ساخت کا -

shapable, *a.* : قابل تشکیل؛ کسی صورت میں ڈھلنے کے قابل

Shape, *n.*: (۱) شکل؛ صورت ؛ ہیئت؛ ڈیل ڈول ؛ وضع قطع؛ روپ (جیسے *monster in human s.*) ؛ (۲) رنگ ڈھنگ؛ قسم ؛ انداز (جیسے *he made no overtures in any s. or form*) (۳) ساخت ؛ بناوٹ ؛ نوِاش خراش ؛ خاص صورت یا حالت یا ترتیب (جیسے *get one's ideas into s.*) (۴) مبہم صورت ؛ سایہ سا (۵) قالب سانچہ (ٹوپی وغیرہ کا) (۶) گدی (جو ایکٹر پہنتے ہیں)-

shapeless, *a.* : بے ڈول ؛ بے ڈھنگا ؛ بد وضع ؛ بد قطع -

shapelessly, *adv.*: بے ڈھنگے پن سے وغیرہ -

shapelessness, *n.*: بد ہیئتی؛ بے ڈول پن ؛ بے ڈھنگا پن -

(-) shaped, *a.*: نما ؛ صورت کا -

pear shaped ناشپاتی نما ؛ ناشپاتی کی صورت کا -

Shapely, *a.*: خوش نما ؛ خوش شکل ؛ خوش وضع ؛ خوش قطع ؛ دیدہ زیب -

shapeliness, *n.*: خوبصورتی ؛ خوش وضعی ؛ خوش قطعی ؛ خوش اسلوبی ؛ خوش نمائی -

Shaper, *n.*: ڈھالنے والا ؛ بنانے والا ؛ سنوارنے والا ؛ قطع کرنے والا (مشین یا آدمی) ؛ صورت گر ؛ صورت گر مشین؛ سانچہ وغیرہ -

Shard, Sherd, *n.*: (۱) (قدیم) ٹھیکرا ؛ ٹھیکری؛ سفال - (۲) بھونرے کے بازوؤں کا خول یا غلاف -

Share, *n.*: حصہ؛ بخرا ؛ سہام :-

you must get a s. of the plunder : تم کو بھی لوٹ میں سے حصہ ملنا چاہیئے -

I took more than my s. of the burden : میں نے اس بار (یا ذمہ داری) میں اپنے حصے سے زیادہ بوجھ اٹھایا ہے -

go ss.: باہم برابر تقسیم کرنا یا حصے کرنا -

s. alike. برابر بانٹ لینا یا تقسیم کر لینا -

he has a s. in the bank: بنک میں اس کا ایک حصہ ہے -

deferred ss.: وہ حصے جن پر مقررہ تاریخ (یا واقعہ مشروط) تک کوئی منافع نہ دیا جائے یا کم شرح کا منافع دیا جائے -

preferred, preference ss.: وہ حصے جن پر معمولی حصوں پر منافع دینے سے قبل ' مقررہ منافع دینے کی ذمہ داری کرلی گئی ہو ؛ موجح حصے ؛ ترجیحی حصے -

ordinary ss.: معمولی حصے (یہ بھی *deferred* کی ذیل میں آتے ہیں) -

s.-holder : حصے دار؛ مالک حصص؛ شریک؛ سہام -

s.-list : (کمپنی میں) فہرست حصص؛ جس میں مختلف کمپنیوں کے رائج الوقت

lion's s.: بڑا حصہ -

Share, *v. t. & i.*: حصہ دار ہونا؛ حصہ لینا ؛ حصہ کرنا ؛ شریک ہونا ؛ شریک کرنا جیسے :-

he would s. his last crust : ... کماتا ہے ...

he will s. with you in the undertaking : وہ اس معاملے میں آپ کا شریک ہوگا

we must s. alike : ہم برابر حصہ لینا چاہیئے یا برابر کا شریک ہونا چاہیئے

sharer, *n.*: (۱) بانٹنے والا ؛ تقسیم کرنے والا ؛ حصہ دینے والا - (۲) شریک ؛ سہیم ؛ حصہ دار -

Share, *n.* پھالی

s.-beam : پھالی کی کڑی ؛ پروتھا -

Shark, *n. & v. i. &t.*: (۱) نہنگ ؛ گھڑیال ؛ ناکو ؛ مگر مچھ ؛ شیر دریائی - (۲) عیار ؛ دغا باز ؛ ٹھگ ؛ دھوکے باز ؛ بے حد حریص - (۳) ٹھگنا ؛ دغا بازی سے کام لینا یا لوٹنا ؛ عیارانہ زندگی بسر کرنا ؛ تیر تکوں پر گزارہ کرنا -

land s. : دیکھو Land -

s.-moth : نہنگ نما پروانہ -

s.-oil : اس کا تیل

s.'s-mouth : لنگیرے یا سائبان کا سوراخ (مستول کے لئے) -

he sharks for living : وہ لوٹ مار پر گزارہ کرتا ہے ؛ وہ دغا فریب سے کسب معاش کرتا ہے -

sharking, *a.* : عیار ؛ دغا باز -

Sharp, *a. & adv.* : (۱) تیز ؛ دھار دار؛ آب دار - (۲) انی دار؛ نوک دار؛ نکیلا (جیسے *s. summit or ridge*) - (۳) صاف؛ نمایاں ؛ روشن (جیسے *s. outline, s. distinction*) - (۴) چرپرا ؛ تیز ؛ چرپرا (جیسے *vinegar has a s. taste.*) - (۵) طعن آمیز ؛ چبھتا ہوا ؛ تلخ جیسے (*s. words, s. tongue*) (۶) اچانک ؛ ایکی ؛ ناگہانی جیسے (*s. turn* کونے دار یعنی ایسا موڑ جو دفعتاً آ جائے یا کونے دار ہو) - (۷) سخت ؛ تکلیف دہ ؛ ناگوار ؛ تند (جیسے *s. attack of gout*) - (۸) سخت ؛ تیز ؛ شدید (جیسے *s. contest* شدید مقابلہ) - (۹) تیز ؛ حساس (جیسے *s.-sighted, s. ear*) - (۱۰) ہوشیار ؛ کائیاں ؛ عیار (جیسے *he was too s. for me* وہ مجھے جل دے گیا) - (۱۱) سخت ؛ کرخت (جیسے *s. voice, s. cry*) - (۱۲) تیز ؛ مستعدانہ (جیسے *take a s. walk*) - (۱۳) ذکی؛ ذہین ؛ تیزفہم ؛ زود فہم ؛ ہوشیار ؛ چوکس ؛ تیز ہوش (جیسے *s. child*) - (۱۴) (موسیقی) کسی راگ کی جس قدر آواز بلند ہونی چاہئے اس سے بہت بلند اور تیز آواز ؛ اس آواز کا نشان - (۱۵) (صوتیات) کرخت یا سخت (حرف) - (۱۶) (اسم) باریک سوئی - (۱۷) نشان پنچم - (۱۸) (متعلق فعل) (وقت کی) پابندی کے ساتھ ؛ ٹھیک وقت پر (جیسے *at 7 o clock s.* ٹھیک سات بجے) -

s. features : نمایاں خط و خال -

s.-cut: صاف صاف ؛ نمایاں (جیسے *in a clear atmosphere distant hills stand out s. cut*) -

s. turn : تنگ موڑ ؛ موڑ جو یک بارگی آجائے ؛ کونے دار -

s. incline : سیدھی ڈھلان -

s. temper : جھلّا ؛ تیز یا تند مزاج -

s. reproof : سخت جھڑکی -

keep a s. out look : سخت نگرانی یا چوکسی کرنا -

a s. remark : چست یا چبھتا ہوا فقرہ -

as s. as a needle نہایت ذکی یا ذہین -

s. practice : چالاکی ؛ عیاری (معاملات میں) -

s. work : کام جو جھٹ پٹ کر دیا جائے یا ہو جائے ؛ جان توڑ مقابلہ یا لڑائی -

s.'s the word : عجلت اور مستعدی کے لئے یہ جملہ کہا جاتا ہے -

the piano is s. : پیانو تیز آواز ہے -

he is a s. shooter : وہ ماہر نشانہ باز یا قدر اندازہے (ہر ایسی جگہ متعین کیا جاتا ہے جہاں قدر اندازی کی ضرورت ہوتی ہے) -

ss. and flats : مدھم اور پنچم سر -

he is singing s. : وہ پنچم سروں میں الاپ رہا ہے -

look s. : جلدی کرو ؛ عجلت کرو -

s.-set : بھوکا -

s.-shod : ایسے نعل لگا ہوا جس میں نوکدار کیلیں ہوں -

Sharpen *v.t.&i.* : (۱) تیز کرنا یا ہونا ؛ سان پر لگانا ؛ سان پر دھرنا - (۲) شوق دلانا ؛ اکسانا - (۳) آواز اونچی کرنا ؛ بھوک تیز کرنا - (۴) شدید یا نا گوار بنانا ؛ چو پرا کرنا - (۵) عجلت کرنا -

sharpener, *n.* : تیز کرنے والا ؛ تیز کرنے والا شخص یا آلہ -

sharpness, *n.* : تیزی ؛ جلدی ؛ چڑچڑاہٹ ؛ تیز فہمی ؛ شدت وغیرہ -

sharply, *adv.* : تیزی سے ؛ سختی سے جیسے (*rebuked s.*) -

Sharp, *v. t. & i.* : (۱) تیز کرنا ؛ دھار لگانا ؛ دھار تیز کرنا ؛ سان پر لگانا ؛ سان پر رگھنا (متروک عامیانہ) - (۲) آواز کا تیز کرنا ؛ آواز اٹھانا - (۳) دھوکا دینا یا چالاکی کرنا (تاش کھیل وغیرہ میں) -

sharper, *n.* : عیار ؛ دغاباز -

Shatter, *v. t. & i.* : (۱) ریزہ ریزہ کر ڈالنا یا ہو جانا ؛ پاش پاش کر ڈالنا ؛ چور چور کر ڈالنا ؛ توڑ ڈالنا ؛ ٹوٹ جانا - (۲) الٹ پلٹ کر دینا ؛ بے ترتیب کر دینا ؛ مختل کرنا - (۳) تباہ کرنا ؛ برباد کرنا یا ہونا ؛ ضایع کرنا -

shattered nerves : مضمحل اعصاب -

shattered hope : شکستہ امید -

shattered constitution : مضمحل جسم -

Shave, *v. t. & i.* (p. p. *-ed* & chiefly as adj *-en*) : (۱) حجامت بنانا ؛ اصلاح بنانا ؛ خط بنانا ؛ بال کاٹنے یا تراشنے ؛ مونڈنا (جیسے *has shaved off* or *shaved his beard*) - (۲) چھیلنا ؛ تراشنا ؛ کاٹنا ؛ چھانٹنا - (۳) تلے کرنا ؛ ٹکڑے کرنا ؛ ورق اتارنا - (۴) بالکل قریب سے گزرنا ؛ ذرا چھوتے ہوئے گزرنا - (۵) لوٹنا ؛ ٹھگنا ؛ کپڑے اتارنا ؛ مونڈنا -

s.-hook : چھینی ؛ دھاتوں کے چھیلنے کا آلہ ؛ ٹانکی -

shaving. -brush : حجامتی برش ؛ کوچی -

shaving. -horse : چوب تراش ؛ چھیلنے کی گھوڑی ؛ ایک بنچ جس میں شکنجہ لگا ہوتا ہے ؛ اس میں اس لکڑی کو کس دیتے ہیں جسے چھیلنا منظور ہوتا ہے

shaven, *a.* : تراشیدہ ؛ منڈا ہوا جیسے (*a s. chin*) منڈی ہوئی ٹھوڑی) -

shaving. *n.* : (۱) موتراشی ؛ اصلاح ؛ حجامت ؛ خط - (۲) چھیلن -

Shave, *n.* : (۱) اصلاح ؛ حجامت ؛ خط ؛ موتراشی - (۲) قرب ؛ نزدیکی - (۳) چوب تراش ؛ چھورے وغیرہ کا پھل جس کے دونوں طرف دستے ہوں - (۴) قاش ؛ ٹکڑا ؛ قتلہ ؛ پھانک - (۵) دھوکا ؛ فریب ؛ مکر ؛ عیاری ؛ دغا بازی -

I must have a s. : مجھے حجامت کرنی چاہیے یا کرانی چاہیئے -

a penny a s. : ایک پینی فی حجامت ؛ ایک آنہ حجامت -

he had a close s. of it : وہ بال بال بچا ؛ وہ بال بال بچ گیا -

Shaveling, *n.* : (۱) (قدیم) سر منڈا ؛ سر منڈی ؛ سر منڈے ؛ کیش تراشیدہ ؛ قلندر ؛ راہب ؛ پادری وغیرہ -

Shaver, *n.* : (۱) حجام ؛ حلاق ؛ موتراش ؛ نائی ؛ مونڈنے والا - (۲) ٹھگنے والا ؛ ٹھگ ؛ دھوکا باز ؛ فریبی - (۳) (روز مرہ) نو خیز ؛ نو عمر ؛ نو جوان (جیسے *young s.*) -

Shavian, *a.* : برنرڈ شا (G. B. Shaw) ڈراما نگار کے طرز میں ؛ یا اس کے طرز کا -

Shaw, *n.* : (قدیم ؛ شاعرانہ) جھاڑی ؛ جھاڑ ؛ جھاڑ جھنکاڑ ؛ جنگل -

Shawl, *n.* : (۱) شال ؛ دو شالہ - (۲) (کسی شخص کو) شال اوڑھانا -

s.-dance : رقص دو شالہ ؛ وہ ناچ جس میں ناچنے والا شال کو لہراتا ہے -

s.-pattern : شال کی وضع کی نقل ؛ نمونۂ شال -

Shawm, *n.* : شام ؛ ایک باجے کا نام جو اب متروک ہے -

Shay, *n.* : (متروک ؛ مزاحیہ یا عامیانہ) = *chaise* -

She, *pron.* : (۱) ضمیر واحد مونث - (۲) خاتون ؛ عورت ؛ صنف نازک (obj. *Her*, possess. *Hers*, pl. *they* &c.) (۳) مادہ (جیسے *s. goat* یا *s. ass*) -

the not impossible s. : وہ عورت جس کے ساتھ عشق و محبت ممکن ہو -

is the child a he or a s. : بچہ لڑکا ہے یا لڑکی -

had a litter of 2 shes & a he : کتیا نے تین بچے دیے ہیں ایک نر دو مادہ -

s.-devil, s.-cat : شیطانی ؛ بد باطن ؛ جھگڑالو عورت -

s.-oak : آسٹریلیا کی ایک جھاڑی -

s.-pine : آسٹریلیا کا ایک قسم کا صنوبر -

Shea, *n.* : شیا ؛ ایک قسم کا پودا جو افریقہ کے مغربی علاقوں میں ہوتا ہے ؛ اس سے ایک قسم کا مکھن نکلتا ہے -

s.-butter : شیا مکھن -

Sheading, *n.* : ضلع ؛ پرگنہ ؛ *Isle of man* کے چھ حصے ہیں اور ہر حصے کا نام شیڈنگ ہے -

Sheaf, *n.* (pl. *-ves*) & *v. t.* : (۱) گٹھا ؛ گٹھی ؛ مٹھا جیسے (*s. of arrows* تیروں کا گٹھا ؛ تیروں کا مٹھا) - (۲) پولی (اناج کے پودوں کی) - (۳) (فصل) گٹھا باندھنا ؛ پولیاں باندھنا -

s. of papers : کاغذوں کا مٹھا -

s.-binder : گٹھے باندھنے کا آلہ -

Shear, *v. t. & i.* (past *-ed* & archaic *shore*; p. p. *shorn*, rarely *sheared*) : (۱) کاٹنا ؛ چھانٹنا ؛ کترنا ؛ مونڈنا (جیسے *to s. sheep* مونڈنا ؛ اون کترنا) - (۲) (جھاڑنا)

لوٹنا؛ دھر کا دینا (جیسے *he was shorn of his possession*:) محروم کرنا (جیسے *s. of glory*) - (۳) (عمارت وغیرہ کا) بوجھ سے مسخ ہو جانا یا ٹوٹ جانا ؛ بوجھ سے توڑ ڈالنا -

he shore off his plume : (شاعرانہ) اس نے اس کا طرہ کاٹ ڈالا -

s. a cloth : کپڑے کا رُوان یا پھوسڑے کترنا -

s.-water : ایک دریائی پرندہ (لمبی ٹانگوں کا) -

shearer, *n.* : کاٹنے والا ؛ کترنے والا ؛ مونڈنے والا -

Shear, *n.* : (۱) قینچی ؛ مقراض ؛ کترنی (جیسے *I want a pair of ss.*) - (۲) (میکانک) عمارت وغیرہ پر دباؤ کا بوجھ -

shearbill : ایک قسم کا دریائی پرندہ جو سطح آب سے ملتا ہوا اُڑتا ہے -

s. grass : ایک قسم کی گھاس ، جس کی پتیاں پتلے کناروں کی ہوتی ہیں -

s. legs : دیکھو *sheer* -

s. steel : ایک خاص قسم کا فولاد جس سے قینچیاں یا دوسرے کاٹنے کے آلے بنائے جاتے ہیں -

sheartail : یہ ایک پرندہ ہے جس کی دم مقراض نما ہوتی ہے -

Shearling, *n.* : وہ بھیڑ جس کی اون صرف ایک بار کتری گئی ہو -

Sheat-fish, *n.* : میٹھے پانی کی سب سے بڑی مچھلی -

Sheath, *n.* : (۱) غلاف ؛ میان ؛ نیام - (۲) (نباتیات ، حیوانیات ، تشریح وغیرہ) جھلی ؛ غلاف ؛ خول وغیرہ - (۳) (دریا کا) بند (خالی پتھروں کا) -

sheathless, *a.* : بے نیام ؛ بے غلاف -

Sheathe, *v. t.* : (۱) میان یا نیام میں رکھنا - (۲) غلاف میں رکھنا - غلاف وغیرہ چڑھانا -

s. the sword : تلوار کو میان میں رکھو ، (مجازاً) جنگ ختم کرو -

sheathing, *n.* : میان ؛ نیام ؛ غلاف ؛ خول ؛ جہاز کے پیندے کے لیے آہنی چادر (بغرض حفاظت) -

Sheave, *n.* : چرخی -

Sheave, *v. t.* : اناج کے گٹھے یا مٹھے باندھنا ؛ پولیاں بنانا -

Sheaves : دیکھو sheaf -

Shebeen, *n.* : بوزہ خانہ ؛ شراب خانہ ؛ وہ شراب خانہ جس کے لیے اجازت نامہ نہ ہو -

Shed, *v.t.* : (۱) گرانا ؛ جھاڑنا ؛ چھوڑ دینا (جیسے *prime minister sheds colleagues* وزیراعظم اپنے رفیقوں کو چھوڑ دیتا ہے) - (۲) گرانا ؛ بہانا (خون یا آنسو) (جیسے *he s. his blood for his country* اُس نے اپنے وطن کے لیے اپنا خون بہا دیا) - (۳) ڈالنا ؛ پھیلانا ؛ برسانا (جیسے *s. light on* کسی شے پر روشنی ڈالنا ؛ *s. love around one* محبت کی روشنی پھیلانا) -

tree sheds leaves : درخت پتے گراتا ہے یعنی درخت سے پتیاں جھڑ جاتی ہیں -

stags s. horns : بارہ سنگے سینگ گراتا ہے (یعنی سینگ جھڑ جاتے ہیں) -

snake sheds skin : سانپ کینچلی بدلتا ہے -

s. tears : اشک بار ہونا ؛ اشک ریز ہونا ؛ اشک باری کرنا ؛ رونا ؛ آنسو بہانا ؛ آنسو گرانا ؛ اشک ریزی کرنا -

s. perfume : خوشبو پھیلانا -

shedder, *n.* : پھیلانے والا ؛ گرانے والا وغیرہ -

Shed, *n.* : سائبان ؛ چھپر ؛ اُسارا -

shedding, *n.* : سائبان ؛ اُسارے (مجموعی طور پر) -

Sheen, *n.* : (شعر) چمک ؛ دمک ؛ روشنی ؛ جلوہ ؛ تجلی ؛ نور -

sheeny, *a.* : نورانی ؛ چمک دار ؛ چمکیلا ؛ منور -

Sheep, *n.* (pl. the same): (۱) بھیڑ ؛ بھیڑیں ؛ میش - (۲) شرمیلا ؛ بھولو ؛ جھجھکنے والا - (۳) پادری کے علاقے کے لوگ -

s. & goats : نیک و بد (بحوالہ متی باب ۲۵ آیت ۳۳) -

black s. : بد معاش ؛ شریر ؛ پاجی -

cast s.'s eyes : محبت بھری نگاہوں سے دیکھنا -

follow like s. : اندھے کی طرح پیچھے پیچھے ہو لینا ؛ تقلید محض کرنا -

as well be hanged for a s. as for a lamb : یعنی جب میمنے کی چوری کی سزا وہی ہے جو بھیڑ کی چوری کی ہے تو بھیڑ کیوں نہ چرائیں ؛ دلیرانہ جرم کا ارتکاب کرنا -

s. that have no shepherd : بے یار و مددگار -

wolf in s.s' clothing : بھیڑ کے لباس میں بھیڑیا -

s.-back : چٹان جو برف کے تودے کے عمل سے چکنی ہو گئی ہو -

s.-biter : مکھی جو بھیڑوں کو ستاتی ہے اور اُن کی اُون میں انڈے دیتی ہے -

s.-bot : بھیڑ مکھی ؛ چچڑی ؛ وہ مکھی جو بھیڑوں کو ستاتی ہے -

s.-cote (archaic), *s. fold*, *s. pen* (*rare*): بھیڑوں کا باڑا -

s. dip, *s. wash* : اُون رنگنا ؛ جراثیم کُش ؛ ایک مرکب جس میں جراثیم سے پاک کرنے کے لیے بھیڑ کو غوطہ دیتے ہیں -

s. dog : گڈریے کا کُتا -

s.-farmer, *s. master* : بھیڑیں پالنے والا یا رکھنے والا -

s.-hook : گڈریے کا آنکڑہ -

s.-louse, *s. -tick* : بھیڑ کی جوں ؛ چچڑی -

s.-pox : بھیڑوں کی بیماری جو چیچک سے مشابہ ہوتی ہے -

s.-run : بھیڑوں کی چراگاہ (خصوصاً آسٹریلیا میں) -

s.'s-bit : ایک قسم کا پودا -

s.-fescue : مرغزاری گھاس -

s.-faced : شرمیلا -

s. shank : گرہ یا حلقہ جس کے ذریعے عارضی طور پر رسی کی لمبائی گھٹائی جاتی ہے -

s.s' -head : ایک قسم کی مچھلی -

s. shearing : بھیڑ مونڈن ؛ بھیڑوں کے مونڈنے کے وقت کی تقریب -

s. skin : (۱) بھیڑ کی کھال ، میشی - (۲) پوستین ؛ غالیچہ میشی - (۳) دستاویز میشی - (۴) جلد باندھنے کا چمڑا ، میشی -

s. walk : بھیڑوں کی چراگاہ -

s. wash : دیکھو *s. dip* -

sheepish, *a.* : (۱) میش صفت ؛ بھیڑ جیسا - (۲) بزدل ؛ شرمیلا ؛ جھینپو

sheepishly, *adv.* : شرمیلے پن سے -

sheepishness, *n.* : شرمیلا پن ؛ بزدلی -

Sheer, *a. & adv.* : (۱) قطعاً ؛ صرف ؛ محض ؛ بالکل ؛ نرا ؛ ٹھیک ؛ سراسر ؛ بنو تاسر ؛ سر تاپا (جیسے *a s. impossibility* نا ممکن محض) - (۲) (تجارتی ، کپڑا وغیرہ) صاف شفاف - (۳) (چٹان ؛ چڑھائی ، اُتار وغیرہ) منڈوا ؛ سیدھا ؛ کھڑا ؛ بلا ڈھلان - (۳)

بالکل ؛ بے کم و کاست جیسے -

he fell 5000 feet s. : وہ پانچ ہزار فٹ کی بلندی پر سے سیدھا گرا -

it is torn s. by the root : وہ بالکل جڑ سے اُکھاڑ ڈالا گیا ہے -

it rises s. from water : وہ سیدھا پانی سے نکلا ہے -

Sheer, *v.i.* : (۱) (جہاز رانی) منحرف ہونا ؛ اصل رستے سے ہٹ جانا یا کترا جانا - (۲) (ایسے شخص سے جس سے نفرت یا ڈر یا ناراضی ہو) الگ ہو جانا ؛ جدا ہو جانا ؛ صحبت ترک کرنا -

Sheer, *n.* : (۱) (جہاز رانی) جہاز کا اصل رستے سے انحراف - (۲) جہاز کا جھکنا سامنے یا پیچھے کی طرف -

Sheer, *n.pl.* : ایک آلہ ہے جس کے ذریعے بھاری بوجھ وغیرہ اُٹھا کر جہاز میں ڈالتے ہیں (یہ دو بلیاں ہوتی ہیں جن کے سرے اوپر سے بندھے ہوئے اور ٹانگیں الگ ہوتی ہیں) اِسے s. legs اور *shear legs* کہتے ہیں

s.-hulk : جہاز کا ڈھانچا ، جس سے مذکورہ آلہ کا کام لیا جائے -

Sheet, *n.* : (۱) چادر ؛ پلنگ کی چادر ؛ پلنگ پوش - (۲) (کاغذ کا) تاو ؛ تختہ (جیسے *s. of note paper*) - (۳) (پانی ، فولاد ، شیشے وغیرہ کی) چادر (جیسے *s. of iron, glass*) - (۴) باد بان کے نچلے گوشہ کی رسی یا زنجیر جو باد بان کھولنے بند کرنے کے کام آتی ہے (جیسے *flowing s.* یعنی پوری طرح کھچی ہوئی نہیں) - (۵) اخبار ؛ پرچہ (جیسے *a penny s.*، ایک پینی والا اخبار ؛ *scurrilous s.* دریدہ دہن اخبار)

he is between the ss. : وہ آرام کر رہا ہے ؛ وہ محو خواب ہے -

the book is in ss. : کتاب چھپ گئی ہے لیکن جلد بندی نہیں ہوئی -

a s. of quarto : تختے کو دہرا موڑ کر چار ورق بنا لیے جاتے ہیں -

a s. in the wind : (عامیانہ) قدرے مخمور -

three ss. : (عامیانہ) خوب مخمور ؛ بد مست -

s.-anchor : (۱) سب سے بڑا لنگر - (۲) آخری سہارا یا پناہ -

s. copper, iron, metal : چادری تانبا ، لوہا ؛ دھات -

s. glass : چادری شیشہ -

s. lightning : بجلی کی چادر یعنی جو آسمان پر دور تک پھیلی ہوئی نظر آئے -

sheating, *n.* : (۱) پستوے کی چادر بنانے کا پارچہ - (۲) تختوں یا دھات کی مسلسل باڑ -

Sheet, *v.t.* : (۱) چادر ڈالنا ؛ چادر ڈھانکنا یا ڈھکنا ؛ چادر اوڑھانا ؛ چادر بچھانا ؛ چادر پھیلانا - (۲) چادروں کی صورت میں بنانا یا ڈھالنا -

the sheeted dead : کفن سے ڈھکا ہوا مُردہ -

s. rain : بارش کی چادریں ؛ ایسی بارش جو جھڑیوں میں برسے -

s. home : باد بان کو رسیوں اور زنجیروں سے کسنا -

Sheik, Sheikh, *n.* : شیخ -

S. ul Islam : شیخ الاسلام ؛ قسطنطنیہ کا مفتیِ اعظم -

Shekarry, *n.* : دیکھو shikaree -

Shekel, *n.* : یہودیوں کے ایک وزن کا ایک پیمانہ ؛ یہودیوں کا ایک نقرئی سکہ ؛ (بصورت جمع) مال و دولت ؛ زر و جواہر (جیسے *he is fond of his ss.*) -

Shekinah, Shechina, *n.* : شکینہ ؛ ہیکل سلیمانی میں خداوند ذوالجلال کا نزول اجلال -

Sheldrake, *n.* : موج رنگ کی جنگلی بطخ -

Shelf, *n.* (pl -ves) : (۱) دیوار وغیرہ سے باہر نکلا ہوا یا اس میں جڑا ہوا پتھر یا تختہ ؛ الماری کے اندر کا تختہ (جس پر کتابیں یا کوئی اور سامان رکھا ہو) - (۲) چٹان کے پہلو کا باہر نکلا ہوا حصہ ؛ چھجا - (۳) ریتی (کنار آب) ؛ ترائی -

on the s. : طاق پر ؛ طاق نسیاں پر (خصوصاً گزشتہ کام یا خدمات) -

Shelfful *n.* : تختہ بھر -

shelved, *a.* : الماری دار ؛ تختہ دار -

Shell, *n.* : (۱) چھلکا ؛ پوست ؛ بکل ؛ کھال ؛ خول ؛ کھپرا ؛ بھوسا - (۲) گھونگا ؛ صدف ؛ سیپی - (۳) (اسکول میں) درمیانہ درجہ - (۴) خاکہ (کسی منصوبے یا تجویز کا) - (۵) ہلکی دوڑ کی کشتی - (۶) دستانۂ شمشیر - (۷) بم کا گولہ ؛ شیل کا گولہ (توپ وغیرہ کے لیے) - (۸) دھات یا کاغذ کا خول یا خالی خانہ ، کار توس ، آتش بازی وغیرہ کا - (۹) نمود و نمایش ؛ دکھاوا ؛ ظاہری مشابہت یا نمایش - (۱۰) اندرونی تابوت - (۱۱) بربط ؛ چنگ - (۱۲) نا مکمل مکان یا جہاز کی بیرونی دیواریں ؛ کوئی ایسا ڈھانچا یا بیرونی حصار جس کا اندرونی حصہ پورا نہیں ہوا یا ڈھے گیا ہے -

come out of one's s. : کم سخنی یا حجاب ترک کرکے خوب بات چیت کرنے لگنا -

s.-back : (جہازی عامیانہ) پرانا ملاح -

s.-bark : ایک قسم کا اخروٹ کا درخت -

s.-bit : برما کرنے کی انی -

s. button : قلقی بٹن ؛ دھات کا گول بٹن ، جس کے اوپر کپڑا ماتھا ہوتا ہے -

s.-fish : صدفی تیز کھپرے دار مچھلی -

s.-gun : گولہ انداز یا بم انداز توپ -

s.-heap, s.-mound : پیش تاریخی یا قدیم زمانے کا گھورا (خصوصاً ہڈیوں اور کوڑیوں کا) -

s. lime : سیپی کا چونا -

s.-jacket : بے وردی کوٹ یا جاکٹ (جو پیچھے کمر تک پہنچتا ہے) -

s.-marble : سنگ مر مر کی وہ قسم جس میں متحجر سیپیاں ہوں ؛ صدفی مر مر -

s. money : کوڑیاں وغیرہ -

s. shock : جنگ میں گولہ باری وغیرہ سے جو دماغ یا گویائی کو صدمہ پہنچتا ہے -

s.-work : سیپ کا کام (دیواروں وغیرہ پر) -

s. proof : بم روک (یعنی گولہ باری سے محفوظ) -

(-)shelled, *n.* : چھلکے دار ؛ خول دار وغیرہ -

shellless, *a.* : بے پوست ؛ بے خول وغیرہ -

shelly, *a.* : صدف دار ؛ سیپیوں بھرا ؛ گھونگوں بھرا -

Shell, *v. t. & i.* : (۱) چھیلنا ؛ چھلکا اُتارنا یا اُترنا ؛ بکل اُتارنا یا اُترنا (۲) دانے نکالنا ؛ دانوں کو بالوں سے الگ کرنا ؛ بیج نکالنا (جیسے *s. peas*) - (۳) غلاف یا خول چڑھانا ؛ غلاف یا خول مہیا کرنا ؛ خول وغیرہ سے پاٹ دینا - (۴) گولہ باری کرنا ؛ گولہ اندازی کرنا - (دھات وغیرہ کا) پرت پرت نکلنا -

s. out : (عامیانہ) ادا کرنا یا ہونا ؛ بے باق کرنا یا ہونا ؛ دے ڈالنا -

shelling, *n.* : بم باری ؛ گولہ باری ؛ گولہ اندازی -

Shellac, *n. & v. t.* : (۱) چپڑا؛ لاکھ -(۲)لاکھ سے وارنش کرنا ؛ لاکھ لگانا -

Shelter, *n & v. t. & i.*: (۱) پناہ ؛ پناہ گاہ ؛ جائے پناہ؛ بچاؤ ؛ بچاؤ کی جگہ ؛ آڑ ؛ روک ؛ مسکن (جیسے *cabman's s.* گاڑی بان کی جائے پناہ یا مسکن) - (۲) مامن ؛ جائے امن و حفاظت (جیسے *find, take, s.* پناہ لینا) - (۳) (*v.t.*) پناہ دینا ؛ امن دینا ؛ حفاظت کرنا ؛ محافظت کرنا - (۴) چھپانا ؛ محافظت کرکے بچانا (کسی الزام سے) - (۵) دامن پکڑنا؛ پناہ لینا؛ حفاظت میں آنا

shelterless, *a.* : بے پناہ ؛ غیر محفوظ ؛ بے سایہ -

take s. under (something) : (کسی چیز کے) نیچے پناہ لینا . (کسی چیز کے) سایہ میں پناہ لینا -

s. oneself under, beneath, behind : (کسی کے) نیچے یا پیچھے پناہ ملنا -

Shelty, Sheltie, *n.* : شٹ لینڈ کا ٹٹو -

Shelty, *n.* : چھوٹا ٹٹو ؛ جھونپڑی ؛ کٹر

Shelve, *v. t.* : (۱) طاق یا تختے پر رکھنا (مجازاً) ملتوی کر دینا ؛ معرض التوا میں ڈال دینا ؛ ترک کرنا (جیسے *s. the measure*,) - (۲) موقوف کرنا ؛ برخاست کرنا ؛ نکال دینا (جیسے *work*) (*s. people too old to work*) - (۳) الماری میں تختے لگانا -

shelving, *n.*: (۱) اسم مذکورہ بالا معنوں میں - (۲) الماری بنانے کا سامان یا تختے - (۳) (مجموعی طور پر) الماریاں

Shelve, *v. i.* : ڈھلواں ہونا -

Shelves, *n.*: دیکھو Shelf -

Shema, *n.* : یہودیوں کے کلمۂ ایمان کا پہلا لفظ جس کے معنی " سنو " ہیں -

Sheol, *n.*: یہودیوں کا برزخ یا عالم ارواح ؛ قبر یا گور -

Shepherd, *n. & v. t.*: (۱)چرواہا؛شبان؛گڈریا؛گلہ بان-(۲) (مجازاً) راعی؛ پادری (جو دینی نگہبان ہے جیسے *the Good S.*, Christ)- (۳) (*v. t.*) بھیڑیں چرانا ؛ بکریاں چرانا ؛ حفاظت و نگہداشت کرنا (نیز مجازاً) -

s.'s -club, -joy,-knot,-rod,-purse : یہ سب پودوں کے نام ہیں -

s.'s crook : گڈریے کی آنکڑے دار لکڑی -

s.'s plaid : سفید سیاہ خانوں کا کپڑا (چیک)

shepherdess, *n* : گڈرنی -

Sheppy, *n.* : باڑا (بھیڑوں کا) -

Sheraton, *n.* : شراٹنی (منسوب بہ T. Sheraton) مکان کا سامان ؛ فرنیچر جو طامس شراٹنی نے انگلستان میں اٹھارھویں صدی عیسوی میں رائج کیا تھا (جیسے *S. chairs*)-

Sherbet, *n.* : شربت -

Sherd : دیکھو shard -

Sherif, shereef, *n.* : (۱) شریف ؛ سید ؛ آل نبی ؛ اولاد علی - (۲) مکۂ معظمہ کا حاکم اعلیٰ ؛ شریف مکہ -

Sheriff, *n.* : شیرف ؛ انگریزی کونٹی (county) یا شائر (shire) کا افسر اعلیٰ جس کے ذمے امن قائم رکھنا ہوتا ہے اور عدالتوں کی نگرانی میں عدل و انصاف عمل میں لاتا ہے اور انتخابات وغیرہ میں صدارت کرتا ہے -

Sheriffalty, sheriffdom, sheriffhood, sheriffship, *nn.*: مدۂ شیرف ؛ شیرف کا علاقہ یا حدود ارضی -

Sherry, *n.*: شیری . اندلس . ہسپانیہ یا زیریے (*xeres*) کی سفید شراب-

brown s. : سیاہی مائل شیری

s -glass : شیری پینے کا گلاس -

s. cobbler : برف میں لگی ہوئی شراب یا شربت وغیرہ جو تنکے کے ذریعے پیا جاتا ہے -

Shetland, *n.* : جزائر شٹ لینڈ ؛ چند چھوٹے چھوٹے جزیروں کا مجموعہ جو اسکاٹستان کے شمال مشرق کی طرف واقع ہیں -

S. lace : شٹ لینڈ بیل یا لیس جو موٹی اون سے بنائی جاتی ہے -

S. pony : شٹ لینڈ کا یابو -

S. wool : باریک اور نفیس قسم کی اون -

Shew : دیکھو show -

shewbread : دیکھو show - (۱)

Shiah, shiite, *nn.* : شیعہ -

Shibboleth, *n.* : (۱) لفظ یا کلمۂ امتیازی ؛ کسی جتھے کا خاص کلمہ یا لفظ (بحوالہ کتاب ملضفان باب ۱۲ آیت ۶) - (۲) دقیانوسی ؛ فرسودہ یا متروک خیال وغیرہ -

Shield, *n. & v.t.*: (۱) سپر؛ ڈھال -(۲) حفاظتی پلیٹ؛ سپر؛ روک؛ آڑ (مشین میں) - (۳) حمایت ؛ پناہ - (۴) حمایتی ؛ محافظ ؛ نگہبان - (۵) (نباتیات و حیوانیات) سپر ؛ سپر نما عضو یا حصہ - (نقابت) سپر یا ڈھال جس پر کسی شخص یا خاندان کا مارکہ بنا ہوتا ہے - (۶) (فعل) بچانا؛ حفاظت میں لینا ؛ امن دینا ؛ پناہ دینا (اس میں اکثر الزام یا سزا سے بچانے کے لیے اخفاے حقیقت کے معنی مضمر ہوتے ہیں) -

s. -fern : ایک قسم کا عام خوبصورت فرن جس پر سپر نما غلاف ہوتا ہے -

s. -hand : بایاں ہاتھ ؛ الٹا ہاتھ -

the other side of the s.: (۱) سپر کا دوسرا رخ یا تصویر کا دوسرا رخ - (۲) کسی مسئلے کا وہ پہلو جو زیادہ نمایاں نہ ہو یا جو خیال میں نہ آیا ہو یا اس کی طرف سے غفلت کی گئی ہو -

shieldless, *a.* : بے سپر -

Shier, *a.* : shy کا تفضیل بعض -

Shiest, *a.* : shy کا تفضیل کل -

Shift, *v. t. & i.* : (۱) بدلنا ؛ پلٹنا ؛ تغیر و تبدل کرنا ؛ تبدیلی کرنا - (۲) تبادلہ کرنا - (۳) منتقل کرنا یا ہونا - (۴) کسب معاش کی صورت نکالنا ؛ کسی طرح سے بھی گزر کرنا - (۵) بری بھلی طرح کام نکالنا ؛ جو بن پڑے کرنا - (۶) (کسی کام کی) ترکیب نکالنا ؛ رستہ نکالنا ؛ سبیل نکالنا ؛ جتن کرنا - (۷) گول بات کرنا ؛ گول مول جواب دینا ؛ ٹال جانا -

to s. one's ground : بحث بدل دینا ؛ بحث وغیرہ میں نئی صورت نکالنا -

to s. one's lodging : تبدیل سکونت یا تبدیل مکان کرنا -

to s. load into other hand : ہاتھ بدلنا ؛ بوجھ کو ایک ہاتھ سے دوسرے ہاتھ میں لینا -

s. the scene : سین یا منظر بدل دینا -

s. one's shirt : (قدیم) قمیص بدل ڈالنا -

he shifts & prevaricates : (کنایۃ) وہ حیلے حوالے یا ٹال مٹول کرتا ہے

the scene shifts . : سین بدلتا ہے ؛ منظر بدلتا ہے

cargo shifted : بوجھ اپنی جگہ سے ہل جل گیا یا سرک گیا -

s. about : ہلنا جلنا -

s. off (responsibility &c.) : ذمہ داری وغیرہ سے بچنا ؛ دوسرے پر ٹال دینا -

wind shifts round to the E : ہوا کا رخ مشرق کو بدل جاتا ہے ؛ ہوا پروا ہو جاتی ہے -

Shift, *n.* : (۱) تبدیلی ؛ انتقال مکان - (۲) تبدیلِ مزاج (۳) تبادلہ - (۴) تغیرات ؛ نشیب و فراز - (۵) ادل بدل ؛ باری باری سے بدلنا ؛ دور - (۶) (مزدوروں کی) بدل چوکی ؛ اس کا وقت معینہ (۷) نئی ترکیب ؛ حکمت ؛ مصلحت - (۸) چالاکی ؛ مکاری ؛ دم بازی - (۹) ٹال مٹول ؛ گول مول بات - (۱۰) (قدیم) قمیص - (۱۱) اینٹ کی چنائی وغیرہ میں ایسی ترکیب کہ ایک قطار کے جوڑ دوسری قطار کے جوڑوں سے نہ ملیں -

the ss. & changes of life : زندگی کے نشیب و فراز -

s. of crops : فصلوں کا دور -

make s. or a s. : ترکیب کرنی ؛ سبیل نکالنی ؛ کسی نہ کسی طرح کام چلانا -

shiftless, *a.* : بے نوا ؛ بے تدبیر -

shiftlessly, *adv.* : بے تدبیری سے ؛ بری طرح -

shiftlessness, *n.* : بے تدبیری وغیرہ -

shifty, *a.* :- چالاک ؛ عیار ؛ مکار ؛ فریبی (*s. eyes* پر فن آنکھیں)

shiftily, *adv.* : عیارانہ ، مکارانہ وغیرہ -

shiftiness, *n.* : عیاری ؛ مکاری ؛ فن فریب -

Shiite : دیکھو shiah -

Shikar, *n.* : شکار -

Shikaree, shikari, shekarry, *n.* : شکاری -

Shillelagh, shillalah, shillelah, shillaly, *n.* : شاہ بلوط یا blackthorn کا سونٹا (آئرستان) -

Shilling, *n.* : شلنگ ؛ برطانوی سکہ جو پونڈ کا بیسواں حصہ ہے اس میں بارہ پینس ہوتے ہیں (اس کا مخفف .s ہے) -

take King's or Queen's s. : فوج میں بھرتی ہونا (نئے رنگروٹ کو ایک شلنگ دیا جاتا تھا اس سے یہ محاورہ بنا) -

Shilly-shally, *n. & v. i.* : (۱) تذبذب ؛ ڈانواں ڈول ہونا ؛ شش و پنج ؛ دگدا ؛ پس و پیش ؛ اگر مگر ؛ سوچ بچار - (۲) متذبذب ہونا ؛ ڈانواں ڈول ہونا ؛ شش و پنج میں ہونا ؛ پس و پیش میں ہونا -

Shily, *adv.* : شرمیلے پن سے (دیکھو shy) -

Shim, *n. & v. t.* : (۱) پچر ؛ فانہ - (۲) پچر لگانا -

Shimmer, *n. & v. t.* : (۱) ٹمٹماہٹ - (۲) ٹمٹمانا ؛ جھلکنا ؛ چمکنا -

Shimmy, *n.* : (روز مرہ ، اصطلاح اطفال وغیرہ) قمیص ؛ کرتا -

Shin, *n. & v. t. & i.* : (۱) مقدم الساق ؛ پنڈلی کا اگلا حصہ - (۲) درخت ، دیوار وغیرہ پر چڑھنا (ہاتھوں اور ٹانگوں کے بل) (۳) پنڈلی پر لات یا ٹھوکر مارنا ؛ فٹ بال میں حریف کی پنڈلی پر ٹھوکر لگانا -

s.-bone : نلی ؛ پنڈلی کی نلی -

s. of beef : گائے کی پنڈلی ؛ بیل کی نلی -

s. guard : محافظ ساق ؛ ساق پوش -

Shindy, *n.* : جھگڑا ؛ قضیہ ؛ فساد ؛ ہنگامہ ؛ شور شر ؛ غل غپاڑا -

kick up a s. : ہنگامہ یا فساد برپا کرنا -

Shine, *v. i.&t* - (*shone*) : چمکنا ؛ روشنی ہونا یا روشنی آنا ؛ تاباں ہونا ؛ درخشاں ہونا ؛ رونق دار ہونا ؛ بارونق ہونا (جیسے *her face shone with soap* اس کا چہرہ صابون سے چمک اٹھا ؛ *his face shone with gratitude* اس کا چہرہ جذبات احسان مندی سے تمتما اٹھا) - (۲) چمکنا یعنی نمایاں ہونا ؛ ممتاز ہونا ؛ سبقت لے جانا (جیسے *he does not s. in conversation, society* وہ گفتگو یا سوسائٹی میں ممتاز نہیں ؛ اس کو کوئی امتیازی شان حاصل نہیں) - (۳) چمکانا ؛ چمک دار کرنا ؛ پالش کرنا (جوتوں ، دھات وغیرہ پر) -

it is a shining example : یہ روشن مثال ہے -

Shine, *n.* : (۱) روشنی ؛ چمک دمک ؛ کھلا موسم (جب مطلع صاف ہو) - (۲) (عامیانہ) فساد ؛ ہنگامہ ؛ جھگڑا ؛ قضیہ -

rain or s. : (روز مرہ) بارش ہو یا کھلا ؛ خواہ مطلع صاف ہو یا بارش ہوتی ہو (جیسے *I will come to you rain or s.*) -

put a good s. on boots : جوتوں پر خوب پالش لگانا

take the s. out of : (۱) کسی شے کی چمک مدھم کر دینا ؛ کسی شے کی جدت یا رونق کھو دینا - (۲) کسی سے بڑھ جانا ؛ ماند کر دینا ؛ سبقت لے جانا -

Shiner, *n.* : (۱) چمکنے والا ؛ دمکنے والا ؛ چمکانے والا (جیسے پالش وغیرہ) - (۲) (عامیانہ) سکہ ، خصوصاً پونڈ ؛ گنی - (۳) (جمع) مال ؛ دولت - (۴) مچھلی کی ایک قسم -

Shingle, *n. & v. t.* : (۱) کاٹھ کھپریل ؛ چوبی کھپرے (چھت چھانے کے) - (۲) پرتگے لگانا ؛ چھت بندی کرنا ؛ چھت چھانا - (۳) خشخشی بال کاٹنا ؛ سر کے بال اس طرح کاٹنا کہ بالوں کے سرے چوبی کھپریل کی طرح ہو جائیں -

Shingle, *n.* : چھوٹے گول پتھر یا کنکر (دریا کے کنارے پر)

Shingles, *n.pl.* : ایک جلدی مرض جس میں جسم پر کمر کی دائیں جانب چکتے پڑ جاتے ہیں اور ان میں سوزش ہوتی ہے -

Shinto, *n.* : شنتو ؛ قدیم جاپانی مذہب ؛ جاپانی مت (بودھ مت نے اس کو تدریجاً پسپا کر دیا ہے) -

Shintoism, *n.* : شنتو مت (جو بادشاہ پرستی یا اسلاف پرستی پر مبنی ہے) -

Shintoist, *n.* : شنتو پرست ؛ شنتو مت کا معتقد -

Shiny, *a.* : (۱) روشن ؛ تاباں ؛ چمکیلا ؛ چمکدار ؛ آب دار - (۲) منجھا یا رگڑا ہوا ؛ جو اسقدر منجھا یا رگڑا گیا ہو کہ چمک پیدا ہو جائے -

s. hat, boots : چمک دار ٹوپی ، بوٹ -

s. coat : پرانا ؛ گھسا ہوا (جس کا رواں اڑ گیا ہو) -

s. seams : گھسی ہوئی ، فرسودہ سیونیں -

shininess, *n.* : چمک دمک وغیرہ -

Ship, *n.* : (۱) جہاز ؛ سفینہ - (۲) (عامیانہ) کشتی خصوصاً دوڑ کی کشتی -

battle-s. : دیکھو Battle -

s. of the line : جنگی جہاز ؛ مسلح جہاز -

merchant-s.: تجارتی جہاز -
sailing -s.: باد بانی جہاز -
war -s. : جنگی جہاز -
sister s.: دو جہاز جو ساخت میں یکساں ہوں ' اُن میں سے ہر ایک جہاز *sister s.* کہلائیگا -
about s. : گھومنے والا یا رخ بدلنے والا جہاز -
pump-s.: پمپ دار جہاز -
take s.: جہاز میں سوار ہونا ؛ جہاز میں بیٹھنا -
on board s., on shipboard : جہاز پر سوار -
s. biscuit : جہازی بسکٹ ؛ ایک قسم کا سخت بسکٹ -
s. - breaker : وہ ٹھیکہ دار جو پرانے جہازوں کو توڑ تا اور اس کے ٹکڑے بیچ ڈالتا ھے -
s.-broker : جہازی دلال ؛ جہازی گماشتہ ؛ جہازی بیمہ کرنے والا -
s.-builder : جہاز ساز -
s.-building : جہاز سازی -
s.-canal : جہازی نہر ؛ وہ مصنوعی نہر جس میں جہاز اندرون ملک تک پہنچ سکیں -
s. - chandler(y) : دیکھو Chandler -
s. - candlry : جہازی تجارت -
s. - fever : جہازی بخار ؛ ٹائی فس -
s. -letter : خط جس کو ڈاک کا جہاز نہ لے جائے بلکہ کوئی اور جہاز لے جائے -
shipload : جہاز بھر ؛ بار جہاز -
shipmate : (۱) کسی جہاز کے ہم سفر - (۲) جہاز کے مُلازمین و متعلقین ایک دوسرے کے s. mate ہیں ؛ ہم جہاز -
s. -money : (تاریخ) جہازی محصول ؛ جو بیڑے کے لیے جہاز مہیا کرنے کے لیے لگایا جاتا تھا ۔ چارلس اول نے جب اس کی تجدید کرنی چاھی تو Great Rebellion واقع ہوا -
shipowner : جہاز یا جہازوں کا مالک ؛ یا وہ شخص جو جہاز کے حصص کا مالک ہو -
s.-railway : جہازی ریل ؛ ریل جس پر جہازوں کو ایک سمندر سے دوسرے تک لے جاتے ہیں -
s. -rigged : سہ مستولی جہاز ؛ وہ جہاز جس میں تین یا تین سے زیادہ مستول ہوں اور اُن پر بہت سے باد بان ہوں -
s.'s company : دیکھو Company -
s.'s corporal : جہازی نائک ؛ جہاز کا دفعدار -
shipshape : اچھی حالت میں ؛ ٹھیک ٹھاک -
s.'s husband : جہازی دلال -
s.'s papers : جہازی دستاویزیں ؛ جن سے جہاز کی ملکیت ' قومیت اور سامان کی نوعیت معلوم ہو -
s. -way : ایک ڈھلواں چوبی ڈھانچا جس کے ذریعے جہاز کو سمندر میں ڈالا جاتا ھے -
s.-worm : جہازی کیڑا ' جو جہاز کے پیندے کو کھوکھلا کر دیتا ھے -
shipwreck : جہاز کی تباہی (طوفان سے یا چٹان کی ٹکر سے غرقابی سے) ؛ (نیز مجازاً) تباہی ؛ بربادی -
make (suffer) s. wreck of one's hopes : اپنی اُمیدوں کا خاتمہ کر ڈالنا -
shipwreck :- (مجازاً) پامال ہونا یا کرنا (جہاز کے لیے ؛ شاذ)

s. -wright : جہاز ساز -
s. -yard : جہاز گاہ ' کار خانۂ جہاز سازی -
s. of the desert : اونٹ -
s.'s article : دیکھو Shipping article -
when my s. comes home : جب میرا جہاز گھر آئیگا ؛ جب میرا جہاز ساحل مُراد کو پہنچیگا ؛ جب میں کامیاب و با مراد ہونگا ؛ جب مجھے کامیابی نصیب ہو گی -
shipless, *a.*: بے جہاز -
Ship, *v. t. & i.* : (۱) جہاز پر سوار کرنا یا چڑھانا ؛ جہاز پر بار کرنا یا لادنا ؛ جہاز کے رستے روانہ کرنا ؛ جہاز میں بھر کر بھیجنا - (۲) جہاز میں ملازم ہونا - (۳) جہاز میں سوار ہونا یا جہاز سے روانہ ہونا - (۴) جگہ یا ٹھکانے پر رکھنا ؛ نصب کرنا (جہاز میں مستول ' چپو وغیرہ) -
s. oars : چپو اُتار کر کشتی میں رکھنا -
s. a sea : جہاز یا کشتی پر موجوں کا چڑھ آنا -
-ship : لاحقہ ' اسماء کیفیت کے بنانے کے لیے آتا ھے (مثلاً *hardship, friendship* وغیرہ) -
Shipment, *n.*: (۱) جہاز پر چڑھنا یا چڑھانا (مال وغیرہ) - (۲) جہاز (کسی مُلک کے ' مجموعی تعداد میں) -
Shipper, *n.* : جہاز کے ذریعے مال بھیجنے والا یا جہاز میں مال منگانے والا (تاجر) -
Shipping, *n.*: (۱) جہاز کی بھرائی یا لدائی - (۲) جہازی مال ؛ مال جو جہاز پر بار کیا گیا ھے -
s. -agent : جہازی دلال یا گماشتہ -
s.-articles: جہازی ملازمت کی شرطیں (مابین کپتان و ملازمین) -
s. -bill : جہاز کے مال کی بلٹی -
s. -master: وہ افسر جس کے بالمواجہ جہازی ملازمت کی شرائط پر دستخط کیے جاتے ہیں -
s. -office : دفتر افسر جہاز یا جہاز کے دلال کا دفتر -
Shire, *n.*: (۱) ضلع ؛ حلقہ (county) - (۲) لاحقہ ' جو اکثر شہروں اور ضلعوں کے ناموں کے ساتھ آتا ھے (جیسے *Hampshire* ھمپ شیر وغیرہ) - (۳) (جمع *the ss.*) Hampshire اور Devonshire کے شمال مشرق کے اضلاع جن کے آخر میں shire - آتا ھے - (۴) ملاتہ وسطی (midland) کے اضلاع -
s.- horse : شائری گھوڑا ؛ یہ لدو گھوڑوں کی سب سے بڑی قسم ھے جو خاص طور پر کیمبرج شائر اور للکن شائر میں پایا جاتا ھے -
knight of the s. : دیکھو knight -
Shirk, *v. t.& n.*: (۱) بچ جانا ؛ بچا جانا - (۲) پہلوتہی کرنا (ذمہ داری ' فرض ' لڑائی وغیرہ سے) ؛ کام چوری کرنا -
shirker, *n.* : ذمہ داری وغیرہ سے بچنے والا ؛ کام چور ؛ پہلو تہی کرنے والا -
Shir(r),*n. & v. t.* : (۱) (امریکہ) لچک دار قماش ؛ ربڑ جیسا تاگا جو کسی قماش میں بنا ہوا ہو - (۲) کپڑے یا لباس کی چنٹ - (۳) (فعل) کسی قماش میں متوازی تاگے ڈال کر چنٹ پیدا کرنا -
shirring, *n.*: چنٹ ڈالنا -
Shirt, *n.*: قمیص ؛ کرتا ؛ پیرہن -
night -s. : شب خوابی کا لمبا کرتا -
stripped to the s., in one's s. sleeves : صرف قمیص

پہنے ؛ بغیر کوٹ وغیرہ پہنے -
near is my s. but nearer is my skin : اول خویش
بعدہ درویش -
s. front : قمیص کا پیش جو عام طور پر سخت ہوتا ہے -
in one's *s. sleeves* : بغیر کرتہ پہنے -
s.-f. wicket: (کرکٹ) گیند دینے کا نہایت صحیح اور صاف انداز -
keep one's *s. on* : (عامیانہ) مزاج قابو میں رکھنا -
get one's *s. off* : (عامیانہ) کسی کو غصہ دلانا -
put one's *s. on upon* : (عامیانہ) سب کچھ کسی جوئے میں لگا دینا -
give one a wet s. : کسی سے اتنا کام لینا کہ وہ پسینے پسینے ہو جائے -

shirted, *a.* : قمیص پوش -
shirtless, *a.* : بے پیرہن ؛ بے قمیص -
shirting, *n.* : قمیص کا کپڑا -
shirty *a.* : (عامیانہ) ناراض ؛ نا خوش ؛ غصے میں -

Shit, *v. i. & n.* : (۱) (عامیانہ) پاخانہ کرنا - (۲) گوبر ؛ لید ؛ پاخانہ (نیز گالی) -

Shiver, *v. i. & n.* : (۱) کانپنا ؛ کپکپانا ؛ تھرانا ؛ تھر تھرانا ؛ کپکپی چھوٹنا - (۲) (اسم) لرزہ ؛ تھر تھری ؛ کپکپی ؛ کپکپاہٹ ؛ تھرتھراہٹ (عموماً جمع میں مثلاً *it gives me the ss.* اس سے تو مجھے کپکپی چھوٹتی ہے ؛ میں لرزہ بر اندام ہو جاتا ہوں) -
shivering fit : رعشہ - لرزہ ؛ کپکپی ؛ کپکپاہٹ ؛ تھرتھراہٹ ؛
shiveringly, *adv.* : کپکپاتے ہوئے ؛ کانپتے ہوئے وغیرہ -
shivery, *a.* : کپکپانے والا ؛ لرزہ براندام -

Shiver, *v. t. & i. & n.* : (۱) چورہ چورہ کرنا یا ہونا ؛ ریزہ ریزہ کرنا یا ہونا ؛ ٹکڑے ٹکڑے کرنا یا ہونا - (۲) توڑنا ؛ توڑ ڈالنا - (۳) (اسم عموماً جمع) ٹکڑا ؛ ریزہ ؛ ذرہ ؛ چورا -
s. my timbers : (ایک قسم کی بحری بد دعا) اس کا ستیا ناس ہو جائے -

Shoal, *a. & n. & v. i.* (۱) کم گہرا ؛ اتھلا ؛ پایاب - (۲) کم گہرا مقام ؛ پایاب مقام - (۳) (عموماً جمع میں مجازاً) مخفی خطرے یا رکاوٹیں - (۴) کم گہرا ہونا ؛ کم عمیق ہونا ؛ پایاب ہونا ؛ اتھلا ہونا -
shoaly, *a.* : کم گہرا ؛ پر خطر (جس میں آب دوز کنارے اور ڈھلانگیں ہوں ، جس میں خفیہ خطرے اور رکاوٹیں ہوں) -
shoaliness, *n.* : پایابی ؛ اتھلاپن ؛ خطرناکی -

Shoal, *n. & v. i.* : (۱) ہجوم ؛ گروہ ؛ جھنڈ ؛ غول (خصوصاً مچھلیوں کا جو ایک ساتھ تیرتی ہیں) - (۲) جھنڈ یا غول بننا (مچھلیوں کا)
ss. of people : آدمیوں کا ہجوم -
he gets letters in ss. : اس کے پاس خطوں کے انبار آتے ہیں -

Shock, *n.* : (۱) تصادم ؛ ٹکر ؛ جھٹکا ؛ دھکا ؛ چوٹ - (۲) صدمہ (جیسے *news came upon me with a s.*) - (۳) مڈ بھیڑ ؛ مقابلہ ؛ مارپیٹ ؛ زدوکوب - (۴) (مرضیات) دماغی یا قلبی صدمہ - (۵) ساکھ میں خلل آنا ؛ بے اعتباری ؛ بدنظمی -
s. tactics : رسالے کا منتخب دستہ (دشمن پر دھاوے کے لیے)
electric s. : برقی دھکا یا جھٹکا -

Shock, *v. t. & i.* : (۱) صدمہ پہنچانا ، پہنچنا ؛ دل ہلا دینا ؛ دھکا دینا (جیسے *I was shocked to hear*) - (۲) غضبناک ہونا ؛ برہم ہونا ؛ برانگیختہ ہونا - (۳) (شعر) دھکا دینا یا پہنچنا ؛ دھکا لگنا -
shocking, *a. & adv.* : (۱) دہشت خیز ؛ نفرت انگیز ؛ وحشت انگیز - (۲) دہشت انگیز یا نفرت انگیز طور پر -
shocking bad : نہایت خراب -
shockingly, *adv.* : نہایت ؛ بے حد -
shockingness, *n.* : نفرت انگیزی ؛ دہشت خیزی وغیرہ -

Shock *n. & v. t.* : (۱) (اناج کی) بارہ پولیوں کا گٹھا - (۲) ایسے گٹھوں کا جمانا یا ترتیب دینا -

Shock, *n.*: الجھے ہوئے بال ؛ پریشان یا بکھرے ہوئے بال -
s. head : جھبرے بالوں والا سر -
shock-headed, *a.* : جھبرا ؛ الجھے بالوں والا -

Shocker, *n.* : (۱) (بول چال) بدترین نمونہ (کسی شے کا) - (۲) سنسنی خیز سستا ناول (خصوصاً *shilling s.*) -

Shod : دیکھو shoe -

Shoddy, *n. & a.* : (۱) پھٹے پرانے کپڑوں سے نکالا ہوا سوت یا اون - (۲) ایسے سوت یا اون کا بنا ہوا گھٹیا کپڑا - (۳) گھٹیا چیز ؛ دیکھنے میں اچھی اصل میں خراب - (۴) نقلی چیز ؛ ساختہ اور بناوٹی شے - (۵) نقلی ؛ مصنوعی ؛ بناوٹی ؛ جھوٹا - (۶) ناکارہ ؛ ہیچ پوچ ؛ گھٹیا (مثلاً *s. clothes or footwear* یا مجازاً *s. art, literature*) -

Shoe, *n.* : (۱) جوتا ؛ جوتی ؛ جفت ؛ پاپوش ؛ پیزار ؛ کفش ؛ نعلین - (۲) نعل (گھوڑے کے) - (۳) نعل جیسی چیز شکل میں یا کام کے لحاظ سے (مثلاً *socket* یا *wheel-drag* پہیا روک) -
that's another pair of ss. : وہ اور معاملہ ہے ؛ وہ اور بات ہے -
dead men's ss. : مردے کا مال ؛ مردے کا ترکہ -
be in some one's *s.* : کسی دوسرے کی حالت میں ہونا یا کسی دوسرے کی مصیبت جھیلنا -
die in one's *s.* : سخت کی موت مرنا خصوصاً پھانسی کی سزائے موت واقع ہونا -
where the s. pinches : کسی کی ذاتی تکلیف -
put the s. on the right foot : الزام یا تحسین وغیرہ ٹھیک ٹھیک دینا -
ss. and stockings : ایک قسم کا پودا (تیتیا) -
shoeblack : جوتوں پر پالش کرنے والا -
s.-buckle : جوتے کا بکسوا -
shoehorn : بوٹ چڑھانے کا آلہ -
s.-lace, s.-string : جوتے کی ڈوری ؛ جوتے کا فیتہ -
s.-latchet : (انجیل) کفش بند ؛ بوٹ باندھنے کا تسمہ -
s.-leather : جوتا بنانے کا چمڑا -
s.-lift : shoehorn
as good a man as ever trod s.-leather : ایسا اچھا آدمی جیسا کہ اچھا ہونا ممکن ہے
s.-maker : موچی ؛ جفت ساز ؛ کفش دوز -
shoeless, *a.* : بے کفش ؛ بے جوتی ؛ ننگے پیر -

Shoe. *v. t.* *shod*, part. *shoeing*) : (۱) نعل باندھنا ، جڑنا یا لگانا (خصوصاً گھوڑے وغیرہ کے) - (۲) شام چڑھانا یا لگانا (جیسے *neatly shod*

pole shod feet: ایسے پاؤں جن پر صفائی سے نعل جڑے گئے ہوں ۔
with iron: ایسی بلی جس میں لوہے کی شام یا کیل جڑی ہو ۔

Shogun, *n.*: (تاریخ) جاپانی سپہ سالار ؛ شوگن ؛ شوگان جو حقیقی فرماں روائے جاپان ہوتا تھا ؛ سنہ ۱۸۶۸ ع کے بعد سے یہ عہدہ موقوف ہوگیا ۔

shogunate, *n.*: شوگانیت ؛ سپہ سالاری ؛ سپہ داری وغیرہ ۔

Shone: shine کا ماضی ۔

Shoo, *int. & v. i. & t.*: (۱) شو ؛ پرندے اڑانے کی آواز ۔ (۲) پرندوں وغیرہ کو شو شو کر کے اڑانا ۔

Shook: دیکھو shake

Shook, *n. & v. t.*: (۱) پیپے کے الگ الگ اجزا (کہ جب چاہیں جوڑ کے پیپا بنالیں) ؛ صندوق کے تختے ۔ (۲) ان اجزا کو ایک جگہ باندھنا ۔

Shoot, *v. i. & t.*: (۱) کسی چیز کا زور سے نکلنا ؛ زور سے باہر آنا یا نکلنا (جیسے *boat shot out from the creek*) ۔ (۲) یکایک آجانا یا نکل آنا ؛ پھوٹنا (کلی وغیرہ کا) ۔ (۳) گولی مارنا ؛ نشانہ لگانا ؛ بندوق چلانا ۔ (۴) زور سے پھینکنا ؛ دھکیلنا (جیسے *bow shoots arrow*) ۔ (۵) (فٹ بال) گیند کو گول کی طرف ٹھکرانا ۔ (۶) بندوق سے شکار کرنا ۔ (۷) کشتی پل کے نیچے سے تیزی سے نکال لے جانا یا کشتی کا تیزی سے پل کے نیچے سے نکل جانا ۔

sun shoots its rays: سورج اپنی کرنیں پھیلاتا ہے ۔
s. out one's lips: (انجیل) اظہار نفرت و حقارت کرنا ۔
s. fishing net: ماہی گیری کا جال ڈالنا ۔
s. one's linen: ہاتھ جھٹک کر قمیص کے کف نکالنا ۔
s. the bolt of door: دروازے کی چٹخنی لگانا ؛ زنجیر یا کھٹکا پورے طور سے بٹھانا ۔
s. the cat: (عامیانہ) قے کرنا ۔
trees s. out branches: درختوں سے شاخیں پھوٹتی ہیں ۔
fool's bolt is soon shot: دیکھو Bolt ۔
I will be shot if: (اگر اس کے خلاف کروں) توگولی کھا کر مر جانا پسند کرونگا (قطعی انکار کے موقع پر بولتے ہیں) ۔
he was shot for a spy: جاسوس سمجھ کر اس کے گولی ماردی گئی ۔
he had his hand shot off: اس کا ہاتھ توپ کے گولے سے اڑ گیا
we have shot away all our ammunition: ہم نے تمام بارود نشانہ بازی میں لگادی ۔
s. a match: نشانہ بازی کے مقابلے میں شریک ہونا ۔
s. the sun: (جہاز رانی) سدس کے ذریعے دوپہر کے وقت سورج کا ارتفاع معلوم کرنا ۔
s. Niagara: کسی خطرناک مہم کا بیڑا اٹھانا ۔
s. the moon: (عامیانہ) راتوں رات سامان منتقل کر لینا (کہ کرایہ نہ دینا پڑے) ۔
s. up: (امریکہ ؛ عامیانہ) ۔ تعذیری گولہ باری سے (دیہات یا ضلع میں) دہشت بٹھانا ۔
boat shot out from the creek: کشتی خلیج سے تیر کی طرح نکلی ۔
flash shot across the sky: روشنی کی چمک آسمان کے ایک سرے سے دوسرے سرے تک پہنچ گئی ۔
s. ahead: تیزی سے آگے نکل جانا ۔
buds are shooting: کلیاں پھوٹ رہی ہیں ۔
trees shoot: درختوں میں شاخیں پھوٹتی ہیں ۔
fountain shoots up: چشمہ پھوٹ نکلتا ہے ۔
flame shoots up: شعلہ لپکتا ہے ۔
prices have shot up: قیمتیں یکایک بڑھ گئی ہیں ۔
cricket ball shoots: کرکٹ کی گیند تیزی سے جاری ہے ۔
the child is shooting up: بچہ تیزی سے بڑھ رہا ہے ۔
pain shoots through nerves: اعصاب میں ٹیس ہو رہی ہے ۔
corn shoots.: اناج پھوٹ نکلا ہے ۔
tooth shoots.: دانت میں تھوڑے تھوڑے وقفہ سے درد ہوتا ہے ۔
mountain spur shoots out: پہاڑ کی شاخ آگے کو بڑھ آتی ہے ۔
shooting rubbish: کوڑا لڑکانا یا گرانا (کوڑے دان میں) ۔
shooting star: شہاب ثاقب ۔
shooting box: شکار گھر ؛ ایک چھوٹا سا گھر جہاں شکاری موسم شکار میں رہتے ہیں ۔
shooting coat, boot &c.: شکاری کوٹ بوٹ وغیرہ ۔
shooting iron: (عامیانہ) اسلحۂ آتشیں ؛ توپ بندوق وغیرہ ۔
shooting range: چاند ماری ۔

shot, *p. p.*: (متعلق بہ پارچہ ہائے رنگیں) جو مختلف زاویوں سے مختلف اللون نظر آئے ؛ دھوپ چھاؤں ۔
shot silk: دھوپ چھاؤں کا ریشم ۔
crimson s. with maize-colour: قرمزی رنگ جو کسی دوسری طرف سے مکئی کے رنگ کا نظر آئے ۔

shootable, *a.*: نشانے کے قابل ؛ شکار کے قابل ۔

Shoot, *n.*: (۱) کونپل ؛ سوئی ۔ (۲) ڈھلوان تلیٹی ؛ تیز دھارا (دریا کا) ؛ تیز موج ۔ (۳) ڈھلواں سطح جس پر سے پانی نیچے گرسکے ۔ (۴) کوڑا پھینکنے کی نالی یا بدرو ۔ (۵) نشانہ بازی ؛ مشق نشانہ بازی ۔ (۶) شکاری ٹولی ؛ شکاری مہم ۔

Shooter, *n.*: (۱) بندوق چلانے والا ؛ کشتی کو تیز دھارے میں سے نکال لے جانے والا وغیرہ ۔ (۲) کرکٹ کی گیند جو زمین کو چھوتی ہوئی نکل جاتی ہے ۔ (۳) (مرکبات میں بمعنی) آلہ (گولی وغیرہ چلانے کا) ۔
pea-s.: دیکھو pea ۔
six-s.: وہ تپنچہ جو چھ فیر کرے ۔

Shooting, *n.*: (۱) تیر اندازی ؛ صید افگنی ؛ شکار ؛ بندوق بازی وغیرہ ۔ (۲) حق شکار (کسی خاص اراضی پر) ۔ (۳) اراضی وغیرہ جو شکار کھیلنے کے لیے کرایے پر دی جائے ؛ کرایے کی شکارگاہ ۔ (۴) کرنے والا ؛ ٹوٹنے والا ۔ (۵) متعلق بہ شکار ؛ شکاری ۔

Shop, *n. & v. t.*: (۱) دکان ؛ کارخانہ ۔ (۲) (عامیانہ) ادارہ (مثلاً مدرسہ ، یونیورسٹی وغیرہ) ؛ محکمہ ۔ (۳) (کسی کا) پیشہ ؛ کاروبار وغیرہ ۔ (۴) دکان میں جانا ؛ خریداری کرنا ۔ (۵) (عامیانہ) قید کرنا (مخبر کے ساتھی کو) قید کرا دینا ۔
the other s.: حریف ادارہ ۔
shut up s.: کام کرنا ترک کر دینا ؛ بے کار رہنا ۔
talk s.: اپنے پیشے کے متعلق باتیں کرنا ۔
sink the s.: (۱) پیشے یا کاروبار کی بابت گفتگو کرنے سے پرہیز کرنا ۔ (۲) اپنا پیشہ چھپانا ۔

smell of the s. : دیکھو Smell -
s. bell : دکان کی گھنٹی؛ کار خانے کی گھنٹی -
s. boy, girl : مُلازم دکان ؛ دکان کی خادمہ -
shopkeeper : دکان دار ؛ کارخانہ دار -
nation of shop keepers انگریزی قوم -
shop lifter : جو شخص خریداری کے بہانے سے مال چرالے جائے ؛ اُٹھائی گیرا -
s. man : دکان دار یا اس کا مددگار -
all over the s. : (عامیانہ) تتر بتر ؛ پریشان ؛ ہر سمت میں ؛ بڑے زور سے (جیسے *looked for it all over the s.*, یعنی اسے ہر سمت دیکھا ؛ *my books are all over the s.* میری کتابیں ہر طرف بکھری پڑی ہیں) -
s. steward : وہ شخص جسے کارخانے کے ساتھی کام کرنے والے کام کی شرائط وغیرہ پر اپنا نمائندہ منتخب کریں -
shopwalker : بڑی بڑی دکانوں میں ایک شخص ہوتا ہے جو خریداروں کو دکان کے مختلف شعبوں میں لے جاتا ہے -
the s. : شاہی فوجی اکیڈیمی واقع وولوچ -
s. window : دکان کی کھڑکی جس میں چیزیں سجا کے رکھی جاتی ہیں -
has everything in the s. window : (مجازاً) نمائشی ہے -
s. worn : دکان زدہ ؛ وہ مال جو دکان میں پڑا پڑا خراب ہوجائے یا دکھاتے دکھاتے گھس جائے -
shopping, *n.* : خریداری؛ سودا خریدنے کے لیے بازار میں جانا -
shoppy, *a.* : دکانی ؛ دکان یا پیشے سے متعلق (جیسے *s. conversation*) -
Shore, *n.* : (۱) ساحل؛ کنارہ ؛ لب آب؛ لب دریا - (۲) (قانون) ساحلی علاقہ یا اراضی ؛ ساحل کا وہ حصہ جو پانی کے معمولی چڑھاؤ اور اتار کے درمیان ہو -
in s. ساحل پر ؛ ساحل کے قریب (پانی میں) -
shoreless, *a.* : بے ساحل ؛ نا پیدا کنار -
shoreward, *a.* & *adv.* : جانب ساحل ؛ ساحل کی طرف -
Shore, *n.* & *v. t.* : (۱) ٹیکن ؛ ٹیک ؛ سہارا ؛ تھونی - (۲) سہارا دینا ؛ ٹیکن دینا ؛ تھونی لگانا -
shoring, *n.* : تھونی ؛ ٹیکن ؛ سہارا -
Shore, shorn : دیکھو shear -
Short, *a.* & *adv.* & *n.* : (۱) چھوٹا؛ کوتاہ - (۲) مختصر - (۳) پست قامت ؛ کوتاہ قد ؛ ٹھنگنا - (۴) تھوڑا ؛ کم (مکان و زمان) (جیسے *s. way off* ؛ *a s. time a go*) - (۵) کم ؛ قلیل ؛ حقیر - (۶) نا کافی ؛ غیر مکتفی ؛ ناقص ؛ نا مکمل - (۷) (آواز ؛ حرف) خفیف (جیسے *met* میں *e* کی آواز) - (۸) (عروض ؛ صوتیات) قصیر ؛ جس پر زور نہ دیا جائے - (۹) بھر بھرا ؛ خستہ ؛ کر کرا (بسکٹ ؛ مٹی وغیرہ) - (۱۰) (راس المال ؛ حصص ؛ فصل وغیرہ) فروخت شدہ یا معرض فروخت میں جب کہ مقدار بائع کے ہاتھ میں نہیں ہو اور یہ توقع رکھتا ہے کہ دینے کے وقت کمی پوری کرلیگا - (۱۱) مختصر طور پر ؛ یکایک ؛ جلد (یعنی معمولی یا متوقع وقت سے قبل) - (۱۲) (اسم) چھوٹا بول یا حرف علت - (۱۳) نشان جو ظاہر کرتا ہے کہ حرف علت کی آواز چھوٹی ہے -
a s. story : مختصر فسانہ ؛ چھوٹا ناول -
s. cut : دیکھو cut -
s. circuit : (۱) دو موصلوں میں کم مزاحمت کا تعلق - (۲) ایسے تعلق کو قائم کرنا -
s. division : مختصر تقسیم (جب کہ عدد تقسیم کنندہ ۱۲ سے زیادہ نہ ہو) -
shorter catechism : دیکھو catechism -
s. drink : (عامیانہ) کھانے سے قبل کی cocktail شراب وغیرہ -
s. rib : دیکھو Rib -
s. shrift : دیکھو shrift -
s. whist : دیکھو whist -
s. sea : سمندر جس کی موجیں چھوٹی اور ٹوٹی پھوٹی ہوں -
make a s. work of (something) : (کسی شے کا) جلد خاتمہ کر دینا یا جلد بھگتا دینا -
he had but a s. life : اس کی زندگی چند روزہ تھی -
shortlived, *a.* : قلیل الحیات ؛ نا پائدار ؛ چند روزہ
s. temper : تنگ مزاجی ؛ زود رنجی -
short-tempered, *a.* : تنگ مزاج ؛ زود رنج -
s. waist : (لباس) اونچی کمر ؛ اونچی چولی -
short-waisted, *a.* : اونچی کمر یا چولی والا لباس -
s. wind : دم پھولنا یا چڑھنا (دوڑنے میں) ؛ ضیق النفس ؛ (مجازاً) بات چیت یا لکھنے پڑھنے کے نا قابل ہونا -
short-winded, *a.* : دم چڑھا ہوا یا دم پھولا ہوا (شخص) -
short-windedness, *a.* : ضیق النفس -
s. clothes, coats : چھوٹے بچوں کا لباس ؛ بچکانہ لباس -
short,-coat, *v. t.* : بچکانا لباس پہنانا -
s. sight : (۱) نزدیک بینی - (۲) تنگ نظری ؛ کوتاہ نظری ؛ نا عاقبت اندیشی -
short-sighted, *a.* : نا عاقبت اندیش ؛ نزدیک بیں -
short-sightedness, *n.* : تنگ نظری ؛ نا عاقبت اندیشی ؛ نزدیک بینی -
short-sightedly, *adv.* : تنگ نظرانہ یا ناعاقبت اندیشانہ طور پر -
at s. range : کم فاصلے سے؛ تھوڑی دور کی مار سے -
he takes s. views : وہ تنگ نظر ہے ؛ صرف موجودہ کا خیال رکھتا ہے -
s. date : کم میعاد (ہنڈی سکارنے کی) -
s. dated : کم میعادی ؛ کم میعاد والا -
s. bill, paper &c. : کم میعادی ہنڈی ؛ دستاویز وغیرہ -
s. leg, s. slip : کرکٹ میں وہ کھلاڑی جو بلے باز سے ذرا پیچھے اس کی دائیں جانب کھڑا ہوتا ہے -
he has a s. memory : اس کا حافظہ کم ہے؛ اسے یاد کم رہتا ہے -
they are s. of hands : ان کے ہاں مزدوروں یا کام کرنے والوں کی کمی ہے -
short-handed, *a.* : جس کے پاس مزدور یا کام کرنے والے کم ہوں -
s. of breath : ہانپتا ہوا -
s. commons : دیکھو commons
s. weight : کم وزن (بتائی کردہ وزن سے) -
a s. ten miles : دس میل سے کم یا بمشکل کم -

a s. mile, hour : ایک میل یا ایک گھنٹے سے کم یا بظاہر کم -
cut s. : وقت سے پہلے ختم کر دینا یا خاتمہ کر دینا -
come s. : توقع سے کم نکلنا ؛ مایوس کن ثابت ہونا ؛
ادائے فرض میں قاصر رہنا ؛ پوری نشو و نما کو نہ پہنچنا -
short coming : کوتاہی ؛ قصور -
fall s. : نا کافی ہونا -
run s. : کم پڑ جانا ؛ ہوچکنا (جیسے *our tea ran s.*, *we ran s. of tea*) -
it is an escape nothing s. of marvellous : اس طرح بچ نکلنا حیرت انگیز ہے -
the long & s. of it : دیکھو Long - (خلاصہ ؛ لب لباب) -
in s. : الغرض ؛ قصہ کوتاہ ؛ قصہ مختصر -
he is called Bob for s. : ازراہ اختصار اسے باب کہتے ہیں ؛ اس کا مختصر نام باب ہے -
he was very s. with me : وہ مجھ سے رکھائی سے یا ناشائستگی سے پیش آیا -
something s. : شراب تند یا شراب تلخ کے گھونٹ -
short bread, short cake : روغنی روٹی ؛ خستہ روٹی یا کیک جو آٹے میں بہت سا مکھن اور شکر ملا کر بنائی جاتی ہے -
shorthand : مختصر نویسی -
shorthorn : چھوٹے سینگوں والے مویشی کی ایک نسل کا نام -
I took him up s. : میں نے اس کو روک دیا یا معطل ہوا یا قطع کلام کیا -
stop s. : فوراً ٹھیر جانا -
bring up s., pull up s. : یکا یک روک دینا ؛ دفعتاً ٹھیرا دینا -
be taken s. : دست نکل جانا -
s. spoken : کم گو ؛ کم سخن ؛ پھکڑ دھن -
s. of : بجز ؛ سوائے ؛ قطع نظر (جیسے *s. of committing suicide he does his best to keep out of the way* سوائے (یا قطع نظر) خود کشی کے وہ ہر طرح بچنے کی کوشش کرتا ہے) -
shortish, *a.* : ذرا سا ؛ ننھا سا ؛ مختصر سا ؛ چھوٹا سا -
shortness, *n.* : چھٹائی ؛ اختصار ؛ چھوٹاپن ؛ تنگی -

Shortage, *n.* : کمی ؛ قلت جیسے (*there is no s.* کوئی کمی نہیں ہے - *a s. of 100 tons* سو ٹن کی کمی) -

Shorten, *v. i. & t.* : (۱) کم ہونا یا کرنا ؛ مختصر ہونا یا کرنا ؛ گھٹنا ؛ گھٹانا جیسے (*days s.* ؛ *aeroplanes s. the journey* ؛ *in winter*) - (۲) باد بانوں کی تعداد کم کر دینا -

Shortly, *adv.* : (۱) جلد ؛ کچھ پہلے یا بعد - (۲) مختصراً ؛ القصہ -

Shot, *n. & v. t.* (*pl. s*, also *shot* see below) : (۱) (بندوق کی) گولی ؛ (توپ کا) گولا - (۲) گولی اور حربہ جو کسی آلے سے چلایا جاتا ہو - (۳) چھرا ؛ چھرے - (۴) (بندوق یا توپ وغیرہ کا) فیر ؛ نشانہ - (۵) (استعارتاً) اندازہ ؛ عقلی گدا ؛ (کھیل میں) ہاتھ ؛ داؤ - (۶) (کسی کام کی) کوشش - (۷) نشانہ باز - (۸) گولی یا چھرے بھرنا -
chilled s. : زرہ توڑ گولی (جس پر فولاد کا خول چڑھا ہوتا ہے) -
made a bad s. : نشانہ چوک گیا ؛ اندازہ غلط نکلا -

snap s. : سرسری نشانہ یا فیر -
flying s. : ہوائی نشانہ ؛ وہ نشانہ جو متحرک چیز یا اڑتے پرند پر لگایا جائے -
Parthian s. : دیکھو Parthian -
random s. : اندھا دھند تیر ؛ اٹکل پچو نشانہ -
ear- s. : حد سمع ؛ وہ فاصلہ جہاں تک کان سن سکیں -
bow- s. : پرتاب ؛ وہ فاصلہ جہاں تک تیر پہنچ سکے -
crack s. : اعلیٰ درجے کا نشانہ باز -
s.- tower : گولی چھرے بنانے کا مینار جس میں پگھلا ہوا سیسہ چھلنیوں میں سے گذر کر پانی میں گرتا ہے -
chain-s. : دیکھو Chain -
grape-s. : دیکھو Grape -
case s. : دیکھو Case (نمبر ۲) -
buck- s. : دیکھو Buck (نمبر ایک) -
shotproof, *a.* : جس پر گولی اثر نہ کرے ؛ گولی روک
Shot : دیکھو Shoot (نمبر ایک) -
Shot, *n.* : شراب خانے کا بل یا حساب -
Should : دیکھو Shall -

Shoulder, *n. & v. t. & i.* : (۱) کندھا ؛ کھوا ؛ مونڈھا ؛ شانہ - (۲) پیٹھ کا بالائی حصہ ؛ کندھے (جن پر بوجھ اٹھایا جاتا ہے) - (۳) (ذبح کئے ہوئے جانور کا) پٹھا - (۴) پہاڑ ؛ بوتل وغیرہ کا وہ حصہ جو کندھے کی طرح پھیلا ہو ؛ پشتہ - (۶) سپاہی کی وہ وضع جس میں وہ کندھے پر بندوق اٹھا کر کھڑا ہوتا ہے - (۷) کندھے سے دھکا دینا ؛ دھکم دھکا کرنا ؛ گھس پیٹھ کر آگے بڑھنا (مجمع میں) -
s. -joint : مونڈھا -
s. to s. : دوش بدوش ؛ کندھے سے کندھا ملائے ؛ ایک دوسرے کا ساتھ دیتے ہوئے ؛ متحدہ کوشش -
has broad ss. : اس میں بڑی سکت ہے ؛ بہت سا بوجھ یا بڑی بڑی ذمہ داریاں اٹھا سکتا ہے -
head & ss. : دیکھو head -
old head on young ss. : کم سنی میں دانشمند ؛ چھوٹی عمر میں بڑی عقل (رکھنے والا) -
put or set s. to wheel : زور لگانا ؛ کوشش کرنا -
s. -of -mutton sail : ایک قسم کا تکونا باد بان -
cold s., cold- s. : دیکھو cold - نمبر (۱)
s- bell : پرتلہ
s.- blade : مونڈھا -
s.- brace : بچے کے کندھوں کو چپٹا کرنے کا آلہ -
s.- knot : ملازموں کی وردی میں کندھے کا فیتا یا جھبا -
s.- pegged : (وہ گھوڑا) جس کے کندھے اکڑے ہوئے ہوں -
s.- strap : کندھے کی پٹی جس پر سپاہی کی رجمنٹ وغیرہ کا نام یا نمبر لکھا ہوتا ہے -
s. arms : (فوج) ایک خاص وضع سے کندھے پر بندوق رکھ کر کھڑا ہونا -
rub ss. with : کسی سے متصل ہونا ؛ کسی سے سابقہ ہونا -
straight from the s. : سخت یا کاری (ضرب) ؛ سخت منہ در منہ یا دشنام -

(-) **shouldered**, *a.* : (-) کندھے والا -

Shout, *v i & t. & n.* : (۱) چلّانا : چیخنا ؛ بہت زور سے بولنا ؛ نعرہ بلند کرنا - (۲) چیخ کر کہنا ؛ پکار کر کہنا ؛ پکارنا - (۳) نعرہ؛ آواز (پکارنے وغیرہ کی) -

s. at : کسی سے چیخ کر باتیں کرنا ' ڈانٹنا ؛ ڈپٹنا -

all is over but the shouting : (کھیل وغیرہ کا مقابلہ) قریب قریب ختم ہوگیا ہے -

it is my s. : (عامیانہ) اب میری باری ہے (دوستوں وغیرہ کے لئے شراب وغیرہ منگوانے کی) -

Shove, *v. t. & i., & n.* : (۱) دھکیلنا ؛ ٹھیلنا ؛ ہٹانا ؛ دھکا دینا (۲) دھکم دھکا کرکے آگے بڑھنا ؛ گھس پیٹھ کر آگے بڑھنا (مجمع میں) - (۳) (بول چال) ڈالنا ؛ رکھنا - (۳) دھکا -

s. off : (کنارے سے) کشتی بڑھا دینا ؛ کشتی پر روانہ ہونا -

give one a s. off. : کسی کام کے شروع کرنے میں سہارا دینا -

Shovel, *n. & v. t.* : (۱) بیلچہ ؛ کرچھا - (۲) کرچھے وغیرہ سے اٹھانا یا رکھنا -

s. -hat. : چوڑے کنارے کی ٹوپی جو کلیسائے انگلستان کے بڑے عہدہ دار پہنتے ہیں -

s.-head, s.- nose : ٹہنگ ؛ سمندر کی ایک بڑی مچھلی -

s.food into one's *mouth*: مونہکوں کی طرح کھانا ؛ ٹھونسنا ؛ ٹھورنا -

shovelful, *n.* : کرچھا بھر -

Shovelboard,*n.*: (۱) ایک قسم کا کھیل جو جہاز پر کھیلا جاتا ہے [اس میں جہاز کے فرش پر کھریا سے خانے بنا کر ان میں ہاتھ سے یا لکڑی سے (discs) پھینکتے ہیں]-

Shoveller, *n.*: (۱) کرچھے وغیرہ سے اٹھانے والا - (۲) ایک قسم کی بطخ ' چھنیا بطخ -

Show,Shew, *v. t. & i.* (*p,p.-n*, rarely *-ed*) (۱) دکھانا؛ ظاہر کرنا؛ اظہار کرنا ؛ ثبوت دینا (کسی صفت کام قابلیت کا)؛ کرنا(برتاؤ : سلوک) - (۲) نظر آنا؛ دکھائی دینا ؛ ظاہر کرنا - (۳) ثابت کرنا ' واضح کرنا ؛ سمجھانا - (۳) لے جانا ؛ پہنچانا -

s.oneself گھر سے باہر آنا جانا ؛ ملنا جلنا -

s. fight.: مقابلے پر آمادہ ہونا ؛ نہ دبنا -

has nothing to s. for it.: (قابلیت وغیرہ) کسی بات سے ظاہر نہیں ہوتی: کوئی قابل لحاظ یا پائیدار چیز حاصل نہ کی ۔

s. one's hand.: اپنا ارادہ یا منصوبہ ظاہر کردینا -

s. cause: دیکھو cause -

s. one's colours : دیکھو colour (1) -

s. the hoof or cloven hoof : دیکھو cleave -

s. white feather : دیکھو Feather -

s. a clean pair of heels: دیکھو clean -

s. a leg : بستر سے اٹھنا

s. thing the fire: آنچ دکھانا ؛ ذرا سا گرم کرنا -

s. one the way : (۱) رہبری کرنا ؛ رستہ دکھانا یا بتانا ؛ (کوئی کام) کرکے دکھانا ؛ مثال قائم کرنا -

s. person *the door*: دیکھو Door -

on your own showing: خود تمہارے ہی بیان سے -

s. one *out* or *in*: دروازہ کھول کر اندر لے جانا یا باہر پہنچانا -

s. forth: (قدیم) دکھانا ؛ بیان کرنا ؛ سمجھانا -

s. off: (۱) آب و تاب سے نمائش کرنا ؛ چار چاند لگا کر دکھانا - (۲) قابلیت کا اظہار کرنا یا دولت کے ٹھاٹھ دکھانا -

s. one's teeth : مقابلے یا حملہ کرنے کا ارادہ ظاہر کرنا -

s. up : (۱) نمایاں کرنا ؛ اچھی طرح دکھانا ؛ نمایاں ہونا ؛ صاف نظر آنا - (۲) راز فاش کرنا ؛ پول کھولنا -

show-case : شو کیس ؛ دکانوں ' عجائب خانوں وغیرہ میں چیزوں کے رکھنے کا ارنچے پانو کا صندوق جس میں شیشے لگے ہوتے ہیں-

shew- bread : وہ بارہ روٹیاں جو یہودیوں کے کنیسوں میں رکھی رہتی ہیں اور ہر اتوار کو بدلی جاتی ہیں -

show- room : (دکانوں میں مال سے) سجا کمرہ -

show- window : سجی کھڑکی -

s.- place : قابل دید مقام (جس کے دیکھنے کو سیاح وغیرہ آئیں)-

Show, *n.* : (۱) دکھانا - (۲) نظارہ ؛ نمائش ؛ تماشا - (۳) اظہار ؛ دکھاوا ؛ نمود - (۴) ٹیپ ٹاپ ؛ ٹھاٹ - (۵) کاروبار : کارخانہ - (۶) کام کرنے یا صفائی پیش کرنے کا موقع - (۷) (دایہ گری) سفیدی ' وہ رطوبت جو وضع حمل سے پہلے جاری ہوتی ہے -

dumb s. : دیکھو Dumb -

give away the s. پول کھولنا ؛ راز فاش کرنا -

boss the s. دیکھو boss -

run the s.: دیکھو run -

S. Sunday : commemoration سے پہلے کا اتوار جس میں اکسفورڈ میں عید منائی جاتی ہے -

showman : کسی تماشے یا نمائش کا منتظم -

showy, *a.* : زرق برق ؛ بھڑکیلا ؛ ٹھاٹ کا -

showily, *adv.* : ٹھاٹ سے ؛ ٹیپ ٹاپ کے ساتھ -

showiness, *n.* : نمود ؛ ٹھاٹ ؛ ٹیپ ٹاپ ' ظاہری شان -

Shower, *n. & v. t. & i.* : (۱) (مینہ کا) چھینٹا ؛ بوچھاڑ (پانی ' تیروں ' گولیوں وغیرہ کی) - (۲) بوچھاڑ ؛ بھرمار (تعریف وغیرہ کی) - (۳) بوچھاڑ کرنا ؛ بوچھاڑ ہونا ؛ چھینٹا پڑنا - (۴) بھرمار کرنا -

s. -bath : (۱) فوارہ دار غسل خانہ - (۲) فوارہ کا غسل -

showery, *a.* : بوچھاڑ کے ساتھ گرنے والا (مینہ) -

showeriness, *n.* : بوچھاڑ پن -

Shram, *v. t.* : (مقامی ' عموماً p. p. کا صیغہ استعمال ہوتا ہے) سردی سے ٹھٹھرا ہوا -

Shrank : دیکھو shrink -

Shrapnel, *n.* : (۱) شرپنل گولیاں ؛ پھٹنے والی گولیاں (جو توپ کے گولے کے اندر ہوتی ہیں اور نشانے کے قریب پہنچ کر پھٹتی ہیں) - (۲) شرپنل بم ' وہ بم کا گولا جس کے اندر شرپنل گولیاں ہوتی ہیں (Shrapnel موجد کا نام ہے) -

Shred, *n. & v. t.* (*shredded*, archaic *shred*): (۱) چیتھڑا ؛ دھجی؛ پرزہ ؛ پارہ ' ٹکڑا - (۲) خفیف سی مقدار ؛ ذرہ ؛ رمق - (۳) پرزہ پرزہ کرنا؛ پارہ پارہ کرنا؛ دھجیاں اڑانا ؛ چیتھڑے اڑانا -

Shrew, *n.* : (۱) بد مزاج عورت ؛ لڑاکا عورت - (۲) (*s.-mouse*) ایک قسم کا دودھ پلانے والا جانور جو چوہے سے مشابہ

ہوتا ھے اور کیڑے مکوڑے کھاتا ھے ؛ موش کرم خوار -

shrewish, *a.* : لڑاکا ؛ بد مزاج ؛ چڑ چڑی -

shrewishly, *adv.* : بد مزاجی سے ؛ چڑ چڑے پن سے -

shrewishness, *n.* : بد مزاجی ؛ چڑ چڑا پن -

Shrewd, *a.* : (۱) (ادب ؛ شدید ؛ سخت (سردی ، درد ، چوٹ وغیرہ) - (۲) تیز ؛ سمجھدار ؛ ہوشیار ؛ سیانا ؛ سوجھ بوجھ کا ؛ صاحب الرائے ؛ زیرک - (۳) صائب ؛ صحیح الرائے -

s. face : پر فراست قیافہ -

shrewdly, *adv.* : فراست سے ؛ ہوشیاری سے ؛ سیان پن سے -

shrewdness, *n.* : فراست ؛ زیر کی ؛ ہوشیاری ؛ سیان پن ؛ سوجھ بوجھ -

Shriek, *v. i. & t., & n.* : (۱) چیخنا ؛ چلانا ؛ کوکنا ؛ چیخ مارنا - (۲) بے تحاشا ہنسنا ؛ ہنستے ہنستے لوٹ جانا - (۳) چیخ ؛ کوک -

s. out : رو رو کر کہنا ؛ دلگداز لہجے میں کہنا -

Shrievalty, *n.* : (۱) شیرف کا عہدہ ؛ شیرف کی میعاد کارکردگی -

Shrift, *n.* : (۱) (قدیم) اعتراف گناہ ؛ (پادری کے سامنے) اعتراف اور معافی (اب صرف *short s.* کی ترکیب میں استعمال ہوتا ھے جس کے معنی ھیں قلیل مہلت مجرم قرار پانے اور سزا یا پھانسی پانے کے درمیان) -

Shrike, *n.* : جلاد پرندہ ؛ ایک پرندہ جس کی چونچ مڑی ہوئی دندانہ دار ہوتی ھے اور چھوٹی چڑیوں اور کیڑوں کی کھال کانٹوں پر کھینچ کر انھیں کھاتا ھے -

Shrill, *a., & v. i. & t.* : (۱) باریک اور تیز آواز (مثلاً سیٹی کی) - (۲) خواہ مخواہ متوجہ کرنے والی آواز - (۳) (شعر و خطابت) (چیخ وغیرہ کا) تیز اور باریک آواز میں نکلنا ؛ کانوں میں گھسا جانا ؛ (کوئی بات) چیخ کر کہنا ؛ ایسی آواز میں کہنا کہ سننے والا خواہ مخواہ متوجہ ہو -

shrilly, *adv.* : باریک اور تیز آواز سے

shrillness, *n.* : باریکی اور تیزی (آواز کی) -

Shrimp, *n. & v. t.* : (۱) شرمپ ؛ جھینگے کی قسم کا ایک خول دار جانور جو کھایا جاتا ھے - (۲) ٹھنگنا آدمی -

shrimper, *n.* : شرمپ کا شکار کرنے والا -

Shrine, *n. & v. t.* : (۱) خزینۂ تبرکات ؛ تبرکات کا ظرف یا مزار - (۲) مقبرہ ؛ مزار ؛ روضہ ؛ درگاہ - (۳) قربان گاہ یا مقبرہ جو کسی خاص شخص یا واقعے کی یاد گار ہو - (۴) یاد گار (وہ مقام جو کسی واقعے کی وجہ سے مقدس سمجھا جاتا ہو) - (۵) (کسی متبرک چیز کو) خزینے میں رکھنا ؛ ظرف تبرکات میں رکھنا - (۶) خزینہ ہونا ؛ گنجینہ ہونا -

Shrink, *v. i. & t.* (*shrank; shrunk* & esp. in adj. use *shrunken*) : (۱) سکڑنا ؛ سمٹنا ؛ ٹھٹھرنا - (۲) ٹھٹھک کر رہ جانا ؛ ٹھٹک جانا - (۳) ہچکچانا ؛ جھجھکنا - (۴) طبیعت نہ چاہنا (کسی کام کرنے کو) - (۵) سکڑنے دینا (کپڑے وغیرہ کو) - (۶) (شاذ) سکڑنا (بطور اسم) -

shrunken : سکڑا ہوا -

s. into oneself : کھچ جانا ؛ چپ چپ ہو جانا ؛ رک جانا -

s. wheel-tire &c. on : (ٹائر وغیرہ کو) گرم کرکے کسی چیز پر چڑھا دینا -

shrinkable, *a.* : جو اس طرح گرم کرکے چڑھایا جاسکے -

shrinkage, *n.* : سکڑن ؛ سکڑنا (بطور اسم) -

shrinkingly, *adv.* : جھجھکتے ہوئے -

Shrive, *v. t.* (archaic, *shrove, shriven*) : (۱) توبہ قبول کرنا ؛ پادری کا (کسی عیسائی سے) گناہوں کا اعتراف کرانا ؛ اس کے لئے کفارہ تجویز کرنا اور اسے گناہوں سے پاک کرنا - (۲) توبہ کرنا ؛ کسی عیسائی پادری کے آگے گناہوں کا اعتراف کرنا ؛ کفارہ ادا کرنا اور گناہوں سے پاک ہونا -

Shrivel, *v. i. & t.* : مرجھانا ؛ جھریاں ڈالنا ؛ سکھاکر چرمر کردینا ؛ مرجھا جانا ؛ جھریاں پڑ جانا ؛ سوکھا جانا ؛ چرمر ہو جانا -

Shroud, *n. & v. t.* : (۱) کفن - (۲) پردہ ؛ وہ چیز جو کسی کو چھپائے - (۳) وہ رسے جن کے سہارے جہاز کا مستول کھڑا ہوتا ھے - (۴) کفنانا ؛ کفن پہنانا - (۵) پردہ ڈالنا ؛ چھپالینا ؛ صورت بدل دینا -

shroudless, *a.* : بے کفن -

s. of mystery : پردۂ راز -

Shrove Tuesday, *n.* : یوم استغفار ؛ توبہ کا منگل (Ash Wednesday سے پہلے کے وہ تین دن جب عیسائی پادری کے آگے اعتراف گناہ کرکے گناہوں سے پاک ہوتے ھیں) -

Shrub, *n.* : جھاڑی -

shrubby, *a.* : جھاڑی دار -

shrubbery, *n.* : جھاڑیاں -

Shrub, *n.* : ایک شربت جو پھلوں کے عرق اور روح شراب کو ملا کر بنایا جاتا ھے -

Shrug, *v. t. & i., & n.* : کندھوں کو جنبش دینا ؛ کندھے اچکانا (جس سے بے پروائی ، بے بسی ، حقارت ، خفگی وغیرہ ظاہر ہوتی ھے) (۲) کندھوں کی جنبش -

Shrunk(en) : دیکھو Shrink -

Shuck, *n. & v. t.* : (۱) بھوسا ، خول - (۲) بھوسا یا خول الگ کرنا -

Shudder, *v. i. & n.* : کانپنا ؛ لرزنا ؛ تھر تھرانا ؛ رونگٹے کھڑے ہونا - (۲) وحشت ہونا ؛ کراہت ہونا - (۳) تھر تھری ؛ لرزہ -

shudderingly, *adv.* : کانپتے ہوئے ؛ تھر تھراتے ہوئے -

Shuffle, *v. i. & t., & n.* : (۱) بلا دقت حرکت کرنا ؛ گھسٹ کر چلنا ؛ (پیر وغیرہ) رگڑ کر چلنا - (۲) کتسہ کرنا - (۳) کپڑے پہننا یا اتارنا ؛ بوجھ اٹھانا یا رکھنا - (۴) بار بار پہلو بدلنا ؛ کسی پہلو قرار نہ آنا - (۵) (استعارتاً) ایک بات پر قائم نہ رہنا ؛ گرگٹ کی طرح رنگ بدلنا ؛ سخن سازی کرنا - (۶) گھسٹنے یا رگڑنے کی حرکت ؛ پہلو بدلنا - (۷) تاش کا پھینٹنا یا پھینٹا جانا ؛ الٹ پھیر ؛ ترتیب کا تغیر - (۸) سخن سازی ؛ چال ؛ چکمہ - (۹) رقص میں پیروں کی رگڑ -

double s. : دھری رگڑ ؛ دوبار ایک پیر سے پھر دوسرے سے (جیسے ناچ میں) -

s. cards. : تاش پھینٹنا ؛ پتے ملانا -

s. the cards. : (استعارتاً) ترتیب بدلنا ؛ پالسی بدلنا ؛ الٹ پھیر کرنا -

shuffler, *n.* : گرگٹ کی طرح رنگ بدلنے والا ؛ سخن ساز -

shufflingly, *adv.* : گھسٹتے ہوئے ؛ حیلہ سازی سے -

Shun, *v. t.* : (۱) بچنا ؛ پرہیز کرنا ؛ الگ رہنا ؛ احتراز کرنا ؛

حذر کرنا ؛ دور رہنا ؛ بھاگنا (کسی چیز سے) -

shunless, *a.* : (شعر) ناگزیر -

Shun ! : attention کا اختصار حکم دینے کے لیے آتا ہے -

Shunt, *v. t. & i., & n.* : (۱) دوسرے راستے سے چلانا ؛ لائن بدلنا (ریل گاڑی یا بجلی کی رو کا) - (۲) (ریل گاڑی یا انجن کا کسی دوسری گاڑی کے لیے) اصل لائن چھوڑ کر سائڈنگ پر چلا جانا ؛ ایک پٹری سے دوسری پٹری پر جانا ؛ پٹری بدلنا ؛ بغلی پٹری پر چلا جانا - (۳) روک دینا ؛ بند کر دینا - (۴) ترک کرنا ؛ باز آنا (ارادے یا منصوبے سے) - (۵) (کسی شخص کو) کام چھڑا کر بیکار کر دینا ؛ طاق پر بٹھا دینا - (۶) پٹری بدلنا یا بدلی جانا (برقیات) -

shunter, *n.* : (۱) راستہ بدلنے والا ؛ پٹری بدلنے والا ؛ لائن بدلنے والا - (۲) (عامیانہ) عمدہ انتظامی قابلیت رکھنے والا ؛ اعلی درجے کا منتظم -

Shut, *v. t. & i.* (shut) : (۱) بند کرنا ؛ (کواڑ ؛ آنکھ ؛ منہ وغیرہ) ؛ بھیڑنا (کواڑ) ؛ میچنا (آنکھ) - (۲) بند ہونا ؛ بند ہو سکنا - (۳) دروازہ بند کرکے اندر یا باہر نہ آنے دینا (کسی شخص کو یا آواز کو) - (۴) بند کر دینا (کوٹھری وغیرہ میں) - (۵) باہر نکال کر دروازہ بند کر دینا - (۶) محروم کر دینا - (۷) دروازہ وغیرہ بند کرتے وقت چول میں دبا دینا - (۸) بند کرنا (دانت ؛ چاقو وغیرہ) -

s. the door upon : بالکل انقطاع کر دینا ؛ بالکل توجہ نہ کرنا ؛ راہ بند کر دینا ؛ راہ مسدود کر دینا -

s. one's eyes to. : (۱) چشم پوشی کرنا ؛ اغماض کرنا - (۲) بالکل توجہ نہ کرنا ؛ آنکھ اٹھا کر نہ دیکھنا -

s. one's ears to. : (۱) سن کر ٹال جانا ؛ سنی ان سنی کردینا - (۲) بالکل توجہ نہ کرنا ؛ کان نہ دھرنا -

s. down : (۱) بند کرنا (کھڑکی وغیرہ) - (۲) بند ہو جانا (کارخانہ وغیرہ کا) -

s. in. : گھیرنا ؛ احاطہ کرنا ؛ راستہ بند کرنا ؛ نکاس بند کرنا -

s. off : (۱) گیس یا پانی کو (ٹونٹی وغیرہ بند کرکے) روک دینا ؛ بند کردینا - (۲) برادری سے علحدہ کرنا ؛ صحبت سے خارج کرنا -

s. out : (۱) بیچ میں حائل ہونا ؛ آڑ کر دینا - (۲) سد باب کرنا ؛ مسدود کر دینا -

s. to : اچھی طرح بند کر دینا یا بند ہو جانا -

s. up : (۱) (مکان کو ہر طرف سے) بند کر دینا - (۲) اچھی طرح بند کرنا ؛ (حفاظت کے لیے) بند کر کے رکھ دینا (صندوق وغیرہ کو) - (۳) صندوق وغیرہ میں رکھ کر بند کرنا (روز مرہ) (۴) قید کر دینا ؛ جیل خانے بھیج دینا - (۵) خاموش کردینا ؛ زبان بند کر دینا (قائل کر کے یا دلیلوں سے) ؛ خاموش ہو جانا ؛ (بطور امر) بس چپ رہو ؛ بس رہنے دو -

s. up shop : (۱) (شام کو) دکان بند کرنا ؛ دکان بڑھانا - (۲) دکان بند کرنا (ہمیشہ کے لئے) ؛ دکان اٹھا دینا -

Shutter, *n. & v. t.* : (۱) بند کرنے والا - (۲) جھلملی ؛ ٹوتواں کواڑ ؛ تختہ (جو شیشے کے کواڑ کی حفاظت کے لئے یا اندھیرا کرنے کے لئے لگاتے ہیں) - (۳) ارگن باجے کے پردوں کا ڈھکنا (جس سے آواز اونچی نیچی کی جاتی ہے) - (۴) کیمرے کے عدسے (lens) کا ڈھکنا -

put up the ss. : (۱) دکان بڑھانا ؛ دکان بند کرنا (شام کو) - (۲) دکان بند کر دینا (ہمیشہ کے لئے) ؛ دکان کا اٹھا دینا -

shutterless, *a.* : بے جھلملی وغیرہ کا ؛ بے ڈھکنے کا -

Shuttle, *n.* : جلاہے کی نال ؛ نلی -

shuttlecock. : پر دار گیند -

Shy, *a.* (*shyer -est, rarely shi-*) : (۱) وحشی ؛ بھڑکنے والا - (۲) شرمیلا ؛ جھینپنے والا ؛ جھینپو - (۳) بچنے والا ؛ دور رہنے والا ؛ کنیانے والا ؛ کترانے والا - (۴) مشکل سے ہاتھ آنے والا - (۵) باریک ؛ دقیق -

fight s. of : دیکھو Fight -

shyly, *adv.* : بھڑکتے ہوئے ؛ جھینپتے ہوئے ؛ شرماتے ہوئے ؛ شرمیلے پن سے -

shyness, *n.* : وحشت ؛ بھڑک ؛ شرم ؛ حجاب ؛ کنیانا ؛ کترانا -

Shy, *v. i. & n.* : (۱) چونک اٹھنا ؛ اچھل پڑنا - (۲) بھڑکنا ؛ ڈرنا -

shyer, *n.* : بھڑکنے والا -

Shy, *v. t. & i. & n.* : (۱) (روز مرہ) پھینکنا ؛ نشانہ لگانا (پتھر وغیرہ سے) - (۲) نشانہ ؛ پھینکنے کی کوشش -

have a s. at : نشانہ لگانا ؛ ہنسی اڑانا ؛ حاصل کرنے کی کوشش کرنا -

Shylock, *n.* : سنگدل قرضخواہ ' (شکسپیر کے ڈرامے مرچنٹ آف وینس کا ایک شخص) -

Si, *n.* : (موسیقی) سر گم کا ساتواں سر -

Siamang, *n.* : ایک قسم کا لنگور جو سماٹرا اور ملایا میں ہوتا ہے -

Siamese, *a., & n.* (pl. ese) : (۱) سیام کا ؛ سیامی - (۲) سیامی زبان ؛ سیامی قوم -

S. twins : (استعارتاً) ایک جان دو قالب ؛ دو دوست جو کبھی جدا نہ ہوتے ہوں -

Sib, *a.* : (قدیم) رشتہ دار -

Siberian, *a. & n.* : (۱) سائبیریا کا - (۲) سائبیریا کا باشندہ -

S. dog. : اس نسل کے کتے جو برف گاڑی میں جوتے جاتے ہیں -

Sibilant, *a. & n.* : سسکارنے والا ؛ سسکاری کا ؛ حروف صفیرہ -

Sibilance, sibilancy, *nn.* : سسکاری ؛ صفیت -

Sibilate, *v. t. & i.* : سسکاری سے ادا کرنا یا ہونا -

sibilation, *n.* : سسکاری -

Sibyl, *n.* : (۱) پیش گوئی کرنے والی بنجارن۔ کاہنہ - (۲) بڑھیا ؛ نجومی عورت ؛ بڑھی جادو گرنی - (۳) بڑھیا ؛ ڈھتو ؛ چڑیل -

Sibylline, *a.* : سبیلی ؛ کسی معبد کی کاہنہ کا یا اس کے متعلق -

the s. books : (۱) کاہنوں کی کتاب ؛ قدیم رومی سلطنت میں کاہنوں کی پیشین گوئیوں کا ایک مجموعہ تھا جس سے حکام انفصال مقدمات میں اکثر مدد لیتے تھے - (۲) (استعارتاً) وہ چیز جس سے انسان پہلے انکار کردے اور پھر بڑی مشکل سے اسے حاصل کرے -

Sic : لاطینی لفظ جس کے معنی ہیں " ایسا " (عموماً اقتباس یا مقولے میں کسی لفظ یا جملے کے بعد قوسین میں یہ لفظ لکھ دیتے ہیں اور اس سے مراد یہ ہوتی ہے کہ یہ اصل کے مطابق ہے اگرچہ غلط ہونے کی وجہ سے اس کی اصلیت میں شبہ ہو) - ہکذا -

s. volo : میری خواہش ہے -

s. jubeo : میرا یہ حکم ہے -

s. vos non vobis : کام تمہارا نام دوسرے کا (ایسے موقع پر

استعمال ہوتا ہے جب کام کوئی اور کرے اور تعریف کسی اور کی ہو) -

Sicanian, *n. & a.*: (۱) صقلیہ (جزیرہ سسلی) کا قدیم باشندہ - (۲) صقلیہ کے قدیم باشندوں کا -

Siccative, *a. & n.*: (۱) خشک کرنے والی - (۲) خشک کرنے والی چیز؛ خصوصاً وہ چیز جو مصور روغن کو خشک کرنے کی غرض سے اس میں ملا دیتے ہیں -

Sice, *n.*: چھکا (پانسے کا) -

Sice Syce, *n.*: سائیس -

Sicel, Sikel, Siculian, *nn. & aa.*: (۱) اس نسل کا شخص جو صقلیہ میں گیارھویں صدی قبل مسیح میں آکر بسی؛ صقلیہ کا قرون وسطیٰ کا باشندہ - (۲) ان باشندوں کے متعلق -

Siceliot, Sik-, *n & a.*: قدیم یونانی جو صقلیہ میں آباد ہو گیا تھا -

Sicilian, *a. & n.*: (۱) صقلوی؛ صقلیہ یا اس کے باشندوں کا - (۲) صقلیہ کا باشندہ -

S. vespers: وہ قتل عام جو سنہ ۱۲۸۲ ء میں صقلیہ کے باشندوں نے فرانسیسیوں کا کیا تھا -

Sick, *a.*: (۱) بیمار؛ مریض؛ علیل - (۲) پریشان؛ آزردہ؛ بیزار - (۳) مائل بہ متلی - (۴) بے چین؛ بے قرار (کسی چیز کے لئے) - (۵) جو اکتا گیا ہو؛ جس کا ناک میں دم آگیا ہو (کسی چیز سے)؛ تنگ؛ دق؛ بیزار؛ اکتایا ہوا - (۶) مرمت طلب (جہاز) -

the S. Man: مرد بیمار؛ مریض یورپ (قدیم سلطنت ترکی کو جنگ عظیم سے پہلے کہتے تھے) -

the s.: مریض لوگ -

turn s., feel s.: جی متلانا؛ طبیعت کا مالش کرنا -

turn s., make s.: متلی پیدا کرنا -

be s.: قے ہونا -

s. of love.: عشق میں مبتلا؛ بیمار محبت؛ مریض عشق -

s.-bay.: دیکھو bay -

s.-bed.: (۱) مریض کا بستر - (۲) بستر علالت؛ حالت مرض -

s.-call.: (فوج) مریضوں کے بلانے کا بگل -

s.-flag.: زرد رنگ کا جھنڈا جو قرنطینے کے مقام پر یا جہاز میں بیماری کی خبر دینے کے لئے نصب کر دیا جاتا ہے -

s. headache.: صفراوی درد سر -

s. leave.: رخصت علالت؛ بیماری کی چھٹی -

s.-list.: بیماروں کی فہرست جو جہاز، رجمنٹ وغیرہ میں ہوتی ہے -

on the s.-list: بیمار؛ صاحب فراش -

s.-room.: بیمار یا مریض کا کمرہ؛ (جس میں کوئی بیمار ہو یا جو بیماری کے لئے مخصوص ہو) -

sickish, *a.*: بیمار سا؛ روگی -

Sicken, *v. i. & t.*: (۱) طبیعت بگڑنا؛ جی برا ہونا؛ مرض کے آثار ظاہر ہونا - (۲) گھن آنا؛ کراہت ہونا؛ دل کھٹا ہونا (۳) متلی پیدا کرنا؛ جی متلا دینا - (۴) دل کھٹا کر دینا؛ بیزار کر دینا؛ متنفر کر دینا - (۵) اکتا دینا؛ ناک میں دم کر دینا؛ عاجز کر دینا -

sickener, *n.*: دل کھٹا کرنے والا؛ اکتا دینے والا -

sickeningly, *adv.*: اس طرح یا اس حد تک کہ متلی ہونے لگے؛ دل کھٹا ہو جائے یا طبیعت اکتا جائے -

Sickle, *n.*: (۱) درانتی؛ درانتی؛ ہنسیا - (۲) برج اسد -

sicklebill: بعض پرندے جن کی چونچ درانتی کی سی ہوتی ہے -

s.-feather: مرغے کی دم کا درمیانی لمبا پر -

s.-wort: ایک پودا جس کی نسبت عوام کا خیال ہے کہ وہ ہر مرض کی دوا ہے -

Sickly, *a. & v. t.*: (۱) روگی؛ دائم المرض؛ ضعیف الجثہ - (۲) مریضوں کا سا؛ بیماروں کا سا؛ زرد رو؛ اترا ہوا (چہرہ) - (۳) متلی پیدا کرنے والا - (۴) حد سے زیادہ رقیق (طبیعت)؛ حد سے زیادہ رقت آمیز -

sickliness. *n.*: روگی پن -

Sickness, *n.*: (۱) روگ؛ مرض؛ بیماری؛ علالت - (۲) متلی؛ مالش؛ قے -

sleeping s.: ایک مہلک بیماری جو افریقہ میں پائی جاتی ہے -

sleepy s.: ایک وبائی بیماری جو تمام ملکوں میں پائی جاتی ہے -

Siculian,: دیکھو Sicel -

Siculo,-: جز ترکیبی بمعنے صقلیہ -

Side, *n.*: (۱) سطح؛ پہلو - (۲) افقی بغل کا رخ؛ پہلو - (۳) طرف؛ جانب؛ رخ - (۴) (اقلیدس) ضلع - (۵) انسان یا جانور کے جسم کا وہ حصہ جو داہنے بائیں اور کولے کی طرف ہوتا ہے؛ پہلو - (۶) بغلی حصہ - (۷) حاشیہ؛ سرا؛ کنارہ - (۸) (بطور صفت) ضمنی - (۹) پہلو؛ رخ (سلسلے یا چیز کا) - (۱۰) فریق؛ جانب؛ طرف - (۱۱) (کسی مقررہ خط کے) پار؛ ورے؛ پرے وغیرہ - (۱۲) سلسلہ؛ نسب؛ طرف - (۱۳) (انگلی کا کھیل) ایک پہلو سے گیند کو چھوٹی مار کر دیتے ہیں؛ خاص قسم کی حرکت (۱۴) (عامیانہ) اکڑ؛ بیجا غرور؛ گھمنڈ -

right s. of cloth: کپڑے کا سیدھا (رخ) -

wrong s. of cloth: کپڑے کا الٹا (رخ) -

by the s. of: قریب؛ پاس؛ برابر -

s. by s.: پہلو بہ پہلو؛ برابر برابر -

shake one's *ss.*: ہنستے ہنستے پیٹ میں بل پڑ جانا -

s.-splitting: بہت ہنسانے والی (بات) -

epistle s.: قربان گاہ کا جنوبی سرا -

gospel s.: قربان گاہ کا شمالی سرا -

s. issue: ضمنی بات؛ علحدہ مسئلہ -

s. line: ضمنی کام یا پیشہ -

Cambridge has a strong s.: کیمبرج کی ٹیم (ہاکی وغیرہ کی) مضبوط ہے -

take ss.: (فریقین میں کسی کی) طرف داری کرنا -

on this s. of the grave: زندگی میں -

the right s. of forty: چالیس ۴۰ سال کی عمر سے کم -

on the wrong s. of forty: چالیس ۴۰ سال سے زیادہ -

on the wrong s. of the door: دروازہ کے باہر -

on mother's s.: ماں کی طرف سے -

on father's s.: باپ کی طرف سے -

sidy, *a.*: اکڑ باز؛ گھمنڈی -

S.-arms: تلوار یا سنگین -

side board: کھانے کے برتن رکھنے کی خانہ دار میز -

side-bone: (پرندے کے) بازوؤں کی نیچے کی دو شاخہ ہڈی -

s.-car : موٹر سائیکل میں بغلی نشست -

s. dish : کونی پر تکلف کھانا جو عام کھانوں کے علاوہ دعوت میں کھایا جائے -

s.-drum : بغلی ڈھول ؛ ایک طرح کا گلے میں ڈالنے کا ڈھول -

sidelight. : (۱) روشنی جو ایک پہلو سے آتی ہو - (۲) (استعارتاً) ضمنی مثال یا تشریح - (۳) چلتے ہوئے جہاز کی بغلی روشنی (بائیں طرف سے سرخ اور داہنی طرف سے سبز ہوتی ہے) -

sideless : لباس جس کا آگا پیچھا نہ ہو -

s.-note : حاشیہ -

s. saddle : یک رخی کاٹھی (عموماً عورتوں کے بیٹھنے کی کاٹھی جس پر دونوں پیر ایک طرف لٹکائے جاسکتے ہیں) -

s. seat : بغلی نشست (ٹم ٹم، لاری وغیرہ میں) -

s. show : ضمنی معاملہ ؛ ضمنی نمائش -

s. slip : (۱) پہیے وغیرہ کا پھسلنا - (۲) (طیارے کا) سامنے چلنے کی بجائے پہلو کی طرف چلنا ؛ ٹیڑھا چلنا ؛ بغلی چال چلنا - (۳) درخت کی شاخ - (۴) ناجائز اولاد - (۵) (تھیٹر) اسٹیج کا بغلی حصہ -

sidesman : گرجا کے نگراں کا نائب (جو لوگوں کی طرف سے منتخب ہوتا ہے) -

s. step : (۱) وہ قدم جو دائیں یا بائیں طرف رکھا جائے ؛ ٹیڑھا قدم - (۲) پائدان (گاڑی کا) -

s. stroke : (۱) وہ وار یا ہاتھ جو پہلو کی طرف کو یا پہلو کی طرف سے لگایا جائے ؛ بغلی وار ؛ بغلی ہاتھ - (۲) ضمنی فعل - (۳) تیراکی کا بغلی ہاتھ -

s.-track : (۱) ریل کی سائڈ ٹک ؛ بغلی پٹری - (۲) سائڈ ٹک میں کھڑا کرنا ؛ بغلی پٹری پر لانا ؛ پٹری بدلنا - (۳) ٹال دینا ؛ ملتوی کر دینا (اس معنی میں زیادہ تر امریکہ میں مستعمل ہوتا ہے) -

s.-view : یک رخی منظر ؛ نیم رخی منظر یا تصویر -

s.-walk : اونچی پٹری جو سڑک کے دونوں طرف پیدل چلنے والوں کے لئے بنائی جاتی ہے ؛ پیدل پٹری -

s.-wind : (۱) داہنے یا بائیں طرف کی ہوا ؛ پہلو کی طرف سے چلنے والی ہوا - (۲) بالواسطہ عامل یا محرک ؛ بالواسطہ اثر -

Side, *v. i.* : ساتھ دینا ؛ جانبداری کرنا ؛ طرف داری کرنا ؛ پچ کرنا -

Sidelong, *adv. & a.* : ترچھا ؛ پہلو کی طرف کو -

Sidereal, *a.* : ثوابت یا بروج سے متعلق -

s. day : روز فلکی (روز شمسی سے چار ثانیہ کم ہوتا ہے) -

s. year : سال فلکی -

s. time : زمان فلکی -

Siderography, *n.* : لوہے پر کندہ کرنے کا طریقہ -

Sideward (s), *adv. & a.* : پہلو کی طرف کو ؛ پہلو کی طرف سے -

Sideways, *adv. & a.* : پہلو کی طرف کو ؛ پہلو کی طرف سے -

Siding, *n.* : (ریل کی) سائڈ ٹک ؛ بغلی پٹری -

Sidle, *v. i.* : دبک کر چلنا (ڈر یا خوشامد کی وجہ سے) -

Sidonian, *a. & n.* : سیڈونی ؛ سیڈون کا (باشندہ) -

Siege, *n. & v. t.* : (۱) محاصرہ - (۲) سخت اصرار ؛ پیچھے پڑ جانا - (۳) (قدیم) محاصرہ کرنا -

push the s. : محاصرہ کو شد و مد سے جاری رکھنا -

raise the s. of. : محاصرہ ترک کر دینا ؛ تسخیر کی کوشش سے ہاتھ اٹھانا -

lay s. to : محاصرہ کرنا -

s.-basket : بید یا دھات کے پتروں کی استوانی شکل کی ٹوکریاں جو محاصرہ میں کام آتی ہیں -

s.-gun. : قلعہ شکن توپ -

s.-train. : محاصرہ کا سامان (توپ خانہ وغیرہ) -

s.-works. : محاصرین کی خندقیں، دمدمے وغیرہ -

Sienese, Siennese, *a. & n.* : (۱) سینا (Sienna) کا - (۲) سینا کا باشندہ -

s. school. : سترھویں اور چودھویں صدی کے مصوروں کا ایک خاص سلسلہ -

Sienna, *n.* : سینا ؛ گیرو کے قسم کی مٹی جو خام یا جلا کر رنگ کے طور پر استعمال کی جاتی ہے، خام کا رنگ زردی مائل اور سوختہ کا سرخی مائل بادامی ہوتا ہے - (اطالیہ کے شہر سینا میں پائی جاتی ہے) -

Sierra, *n.* : (۱) طویل ناہموار سلسلۂ کوہ ؛ کوہستان - (۲) اسپین کی ماکرل مچھلی (سمندر میں پیدا ہوتی ہے اور کھائی جاتی ہے) -

Siesta, *n.* : قیلولہ -

Sieve, *n. & v. t.* : (۱) چھلنی - (۲) ایک قسم کی ٹوکری جو پیمانے کے طور پر استعمال ہوتی ہے - (۳) پیٹ کا ہلکا ؛ وہ شخص جو راز کو چھپا نہ سکتا ہو - (۴) چھلنی میں چھاننا -

Sift, *v. t. & i.* : (۱) (چھلنی یا اسی قسم کی کسی چیز میں) پھٹکنا ؛ پھٹکنا ؛ رولنا - (۲) چھان بین کرنا ؛ جانچ پڑتال کرنا -

(-) **sifter**, *n.* : (-) چھاننے والا -

Sigh, *v. i. & t. & n.* : (۱) آہ بھرنا ؛ ٹھنڈی سانس بھرنا - (۲) اطمینان کی گہری سانس لینا - (۳) کسی چیز کی حسرت یا آرزو میں بے چین ہونا ؛ کسی چیز کے لئے کڑھنا (for کے ساتھ) - (۴) ہوا کا سن سن چلنا - (۵) آہ ؛ ٹھنڈی سانس -

Sighingly, *adv.* : ٹھنڈی سانس لے کر ؛ آہ بھر کر -

Sight, *n.* : (۱) بصارت ؛ بینائی ؛ قوت باصرہ ؛ نظر ؛ نگاہ - (۲) دیدار ؛ درشن ؛ نظارہ - (۳) منظر ؛ دائرۂ نظر ؛ حد نگاہ ؛ جہاں تک دکھائی دے - (۴) نظارہ ؛ منظر ؛ دیکھنے کی چیز ؛ تماشا ؛ قابل دید چیز - (۵) (بول چال) بڑی مقدار ؛ بہت کچھ - (۶) بندوق کی مکھی ؛ شست جو اس سے یا کسی اور آلے سے باندھی جائے -

long s. : دور بین نگاہ (جس سے صرف دور کی چیز نظر آئے) -

short s. : (۱) نزدیک بین نگاہ (جس سے صرف پاس کی چیز نظر آئے) - (۲) (استعارتاً) کوتاہی ؛ ناعاقبت اندیشی -

know by s. : محض صورت شناسی ہونا -

loss of s. : اندھا ہو جانا ؛ نابینا ہو جانا -

second s. : عیب بینی ؛ باطنی قوت جس کی بدولت انسان وہ چیزیں دیکھ سکتا ہے جو نظر سے غائب ہیں -

(-) **sighted**, *a.* : (-) بینا -

(-) **Sightedly**, *adv.* : (-) بینی سے -

catch s. of. : دکھائی دینا ؛ نظر پڑنا -

lose s. of. : (۱) نظر سے غائب ہو جانا ؛ اوجھل ہوجانا -
(۲) کسی شخص کی نقل و حرکت سے ناواقف ہونا -

get a s. of. : کسی طرح بھی دیکھ لینا ؛ ایک جھلک دیکھ لینا -

take a sight (of, at) : (عامیانہ) کسی کو چڑانے کے لئے
ناک کے آگے ہاتھ اس طرح رکھنا کہ انگوٹھے کا سرا ناک سے ملا
ہو اور پورا پنجہ پھیلا ہوا ہو -

at, on, s. : دیکھتے ہی -

play music at s. : بغیر مشق کے کچھ گانا بجانا -

payable at s. : درشنی (ہنڈی وغیرہ) -

at first s. : پہلی نظر میں ؛ بادی النظر میں -

is in s. : نظر آتا ہے -

is out of s. : نظر نہیں آتا -

the millennium is in s. : ست جگ قریب ہے -

put out of sight : چھپانا ؛ نظر انداز کرنا -

out of s. out of mind. : آنکھ اوجھل پہاڑ اوجھل ؛
آنکھ سے اوجھل دل سے دور -

out of my s. : دور ہو ؛ دفع ہو ؛ دفان ہو

the ss. : کسی مقام کی مشہور یا قابل دید چیزیں -

a s. for sore eyes. : جسے دیکھ کر آنکھوں کو راحت ہو ؛
خصوصاً وہ مہمان جس کے آنے سے دل خوش ہو -

sightseer, *n.* : سیر کرنے والا -

sightseeing, *n.* : سیر -

make a s. of oneself. عجیب و غریب یا بے تکے کپڑے
پہن کر تماشا بن جانا -

his face is a perfect s. : اس کے چہرہ کا عجیب حال
ہے (زخموں وغیرہ کی وجہ سے بگڑ گیا ہے) -

sight-worthy : قابل دید -

Sight, *v. t.* : (۱) دیکھنا ؛ نظر پڑنا ؛ نظر آنا - (۲) ستاروں
وغیرہ کا) مشاہدہ کرنا (خصوصاً آلات کے ذریعے سے) - (۳)
بندوق وغیرہ میں مکھی لگانا -(۴) بندوق کی مکھی کو درست کرنا-
(۵) بندوق کی مکھی وغیرہ کی مدد سے شست باندھنا -

sighting shot : وہ فیر جو مکھی کو درست کرنے کے لئے کیا جائے -

Sightless, *a.* : (۱) نابینا ؛ اندھا ؛ بے بصر - (۲) (شعر) مخفی ؛
غیر مرئی ؛ جو نظر نہ آے ؛ جو دیکھا نہ جاسکے -

Sightly, *a.* : خوشنما ؛ خوبصورت -

sightliness : خوش نمائی ؛ خوبصورتی -

Sigillate, *a.* : (۱) (چینی مٹی وغیرہ کے برتن) جن پر ٹھپا
کئے ہوئے نقش ہوں ؛ ٹھپے دار - (۲) (نبا تیات) جس پر
مہر کے سے نشان ہوں -

Sigma, *n.* : سگما ؛ یونانی حرف (C) جو S کی آواز دیتا ہے -

Sigmate, *a.* : یونانی حرف سگما یا انگریزی حرف ایس کی شکل کا -

Sigmate, *v. t.* : کسی لفظ میں سگما یا ایس کا اضافہ کرنا -

sigmation : سگما یا ایس کا اضافہ -

Sigmatic, *a.* : سگما سے بنا ہوا ؛ جو سگما لگا کر بنا یا جائے -

Sigmoid, *a. & n.* : (۱) (تشریح میں آتا ہے) قدیم تحریر کے
سگما (c) یا ایس کی شکل کا - (۲) الٹا موڑ -

Sign, *n.* : (۱) نشان - (۲) نشان ؛ علامت - (۳) نشانی ؛ علامت ؛
دلیل ؛ آثار - (۴) معجزہ ؛ کرامت ؛ بشارت ؛ اشارہ غیبی ؛
لطیفہ غیبی - (۵) سائن بورڈ ؛ نشان (وہ تصویر وغیرہ جسے
دکان دار اور سرائے والے اپنی پہچان کے لئے مقرر کر لیتے ہیں) -
(۶) اشارہ - (۷) برج -

the s. of the cross : صلیب کا نشان (جو انگلیوں سے
پیشانی یا سینے پر بنا یا جاتا ہے) -

s. manual : اپنے ہاتھ کے دستخط ؛ دستخط ؛ بقلم خود -

s. and countersign. : اشارے جو ہم راز لوگ پہچان کے
لئے آپس میں مقرر کرلیں -

ss. of the times. : آثار جن سے زمانہ کی حالت ظاہر ہو ؛
زمانے کے آثار -

deaf-and-dumb ss. : انگلیوں کے مقررہ اشارے جن سے
گونگے باہم گفتگو کرتے ہیں -

make no s. : ٹس سے مس نہ ہونا ؛ اف تک نہ کرنا -

s.-painter : سائن بورڈ وغیرہ کا رنگنے والا -

sign-post. : رہنما کھمبا (جو چوراہوں وغیرہ پر لگا دیتے
ہیں اور اس پر ان مقامات کے نام لکھ دیتے ہیں جو ان
سڑکوں پر واقع ہوں) -

Sign, *v. t. & i.* : (۱) نشان بنانا - (۲) دستخط کرنا (کسی
چیز پر) - (۳) اپنا نام اپنے قلم سے لکھنا - (۴) ملازمت وغیرہ کے
معاہدے پر دستخط کرنا ؛ ملازم رکھنا (معاہدے پر دستخط کرا کے) -
(۵) اشارے سے کہنا -(۶) اشارے سے حکم دینا یا درخواست کرنا -

signable, *a.* : قابل دستخط -

Signal, *a.* : (۱) غیر معمولی طور پر اچھا یا برا ؛ نمایاں - (۲)
ممتاز ؛ مشہور - (۳) نہایت سخت ؛ نہایت شدید ؛ قابل عبرت (سزا) -

signally, *adv.* : نمایاں طور پر ؛ نہایت سختی سے -

Signal, *n. & v. t. & i.* : (۱) اشارہ ؛ سگنل - (۲) اشارہ کرنا ؛
اشارے سے اطلاع دینا ؛ اشاروں سے اعلان کرنا ؛ اشارے سے ہدایت کرنا -

fog-s. : دیکھو fog -

s. of distress. : وہ اشارہ جو مصیبت کی حالت میں مدد
کی درخواست کے لئے کیا جائے ؛ خصوصاً توپ کا فیر جو
جہاز سے کیا جائے -

storm-s. : علامت طوفان ؛ مخروطی شکل کی چیز جو رصدگاہوں
پر طوفان کی خبر دینے کے لئے نصب کر دی جاتی ہے -

s. book : (فوجی اور بحری) وہ کتاب جس میں پیام بھیجنے
کے اشارات درج ہوتے ہیں ؛ کتاب اشارات -

s.-box : سگنل کی کوٹھری (ریل کے اسٹیشن پر) -

s.-man : سگنل والا -

Signalize, *v. t.* : مشہور کرنا ؛ ممتاز کرنا ؛ امتیازی شان پیدا
کرنا ؛ خصوصیت پیدا کرنا -

Signatory, *a. & n.* : (وہ فریق ، خصوصاً سلطنت) جو کسی
معاہدے پر دستخط کرے -

Signature, *n.* : (۱) (قدیم) معنی خیز نشان یا علامت - (۲) دستخط -
(۳) صفحے کے آخر میں (طباعت) وہ عدد یا لفظ جو فرمے کے شمار
کے لئے چھاپا جاتا ہے ؛ فرمہ - (۴) (تحریر یا نغمہ) وہ علامتیں جو
خطوط کے سروں پر بنی ہوتی ہیں جن سے گت اور تال کا پتا چلتا ہے -

Signet, *n.* : مُہر -

the s. : شاہی مہر جو پہلے زمانے میں خاص خاص موقعوں پر استعمال کی جاتی تھی -

s.-ring : مہر دار انگوٹھی ؛ خاتم -

Significance, *n.* : (۱) معنی خیزی ؛ پر معنی ہونا - (۲) معنی ؛ مفہوم ؛ مطلب ؛ مراد - (۳) اہمیت ؛ وقعت -

Significant, *a.* : (۱) با معنی - (۲) معنی خیز ؛ پر معنی - (۳) اہم ؛ وقیع -

significantly, *adv.* : پر معنی انداز سے -

Signification, *n.* : (۱) (شاذ) اشارہ کرنا ؛ علامت کرنا - (۲) مطلب ؛ مراد ؛ معنی ؛ مفہوم -

Significative, *a.* : دلالت کرنے والا (کسی چیز پر) - دلیل یا علامت (کسی چیز کی) -

Signify, *v. t. & i.* : (۱) دلالت کرنا (کسی چیز پر) ؛ پیش خیمہ ہونا - (۲) معنی رکھنا ، معنی ہونا - (۳) ظاہر کرنا ؛ اظہار کرنا (کسی چیز کا) - (۴) - اہمیت رکھنا ؛ وقعت رکھنا -

Signior : دیکھو grand

Signor, *n.* : اطالیہ کا تعظیمی لقب Sir اور Mr. کی جگہ استعمال ہوتا ہے -

Signora, *n.* : mrs. یا madam -

Signorina, *n.* : young lady یا miss -

Sikh, *n.* : سکھ -

Silage, *n. & v. t.* : (۱) دیکھو ensilage - (۲) گڑھے میں یا ہوا بند مقام میں رکھنا (مویشی کے سبز چارے کو محفوظ رکھنے کے لیے) -

Silence, *n. & v. t.* : (۱) سکوت ؛ خاموشی ؛ چپ - (۲) کم گوئی ؛ کم سخنی ؛ بےزبانی (۳) راز داری ؛ اخفا - (۴) سناٹا ؛ خاموشی ؛ ہوکا عالم - (۵) گم نامی - (۶) چپ کر دینا ؛ خاموش کر دینا ؛ منہ بند کر دینا ؛ لا جواب کر دینا -

break s. : مہر سکوت کو توڑنا ؛ قفل خاموشی کو توڑنا ؛ گفتگو شروع کرنا -

keep s. : خاموش رہنا -

in s. : چپ چاپ ؛ بغیر کچھ کہے -

Silence! : خاموش ! -

silencer, *n.* : آواز روک ؛ وہ آلہ جو بندوق وغیرہ میں آواز کو دھیما کرنے یا روکنے کے لیے لگایا جائے -

Silent, *a.* : (۱) خاموش ؛ چپ ؛ ساکت - (۲) ساکت ، بے آواز (حرف) - (۳) کم گو ؛ کم سخن ؛ بے زبان - (۴) ذکر سے خالی ؛ ساکت *history is s. on the subject* -

s. film : فلم بے صدا -

s. letter : وہ حرف جو کتابت میں آے مگر پڑھا نہ جاے ؛ حرف ساکت -

s. partner : ایسا شریک جسے انتظام میں کوئی دخل نہ ہو ؛ شریک بے دخل -

s. system : بعض قید خانوں میں رائج ضابطہ جہاں قیدیوں کو کبھی بولنے کی اجازت نہیں دی جاتی ؛ ضابطۂ خاموشی -

silently, *adv.* : خاموشی سے ؛ چپ چاپ -

Silenus, *n.* : شراب کا پیپا ؛ رنگیلا بڑھا جو شراب پی پی کر پھول گیا ہو - (یونانی ادب میں - شراب کے دیوتا بیکس کا ایک ملازم) -

Silesia, *n.* : ایک باریک کپڑا ، جو اوٹ کے پردوں اور استر کے کام آتا ہے (یہ کپڑا ابتدا میں سائیلیشیا میں بنا تھا) -

Silhouette, *n. & v. t.* : (۱) یک رخی خاکہ (کسی شخص کی تصویر کا جو سفید زمین پر سیاہ خطوط سے بنا ہو) - (۲) خاکہ جو شخص یا چیز کو بہت تیز روشنی کے مقابل دیکھنے سے نظر آے - (۳) سفید زمین پر سیاہ خطوط سے یک رخی خاکہ کھینچنا - (۴) کسی چیز کو تیز روشنی کے مقابل رکھہ کر دکھانا کہ صرف خاکہ نظر آے -

Silica *n.* : سلیکا ؛ ایک قسم کی سخت سفید یا بے رنگ معدنی شے جو اکثر قیمتی پتھروں اور معمولی پتھر میں پائی جاتی ہے -

silicic, *a.* : سلیکا کا -

siliciferous, *a.* : جس میں سلیکا کثرت سے ہو -

silicious or siliceous, *a.* : سلیکا سے مشابہ ؛ جس میں سلیکا ہو -

silicate, *n.* : سلیکا کا مرکب (نمک) -

Silicated, *a.* : سلیکا ملا ہوا ؛ سلیکا چڑھا ہوا -

Silicify, *v. t. & i.* : سلیکا ملانا ؛ سلیکا بنانا ؛ سخت پتھر سا کر دینا -

Silicification, *n.* : سلیکا آمیزی وغیرہ -

Silicon, *n.* : سلیکن (ایک غیر فلزاتی عنصر جو صرف مرکب شکل میں پایا جاتا ہے) -

Siliqua, (pl- ae) silique, *n.* : تبچہ ؛ پھلی (رائی وغیرہ کی) -

siliquose, *a.* : تبچوی ؛ پھلی دار -

siliquous, *a.* : تبچہ دار -

Silk, *n.* : (۱) ریشم ؛ حریر - (۲) نقلی ریشم ؛ قسر - (۳) ریشمی کپڑا ؛ حریر - (۴) (جمع) ریشمی کپڑے ، ریشمی لباس - (۵) (بہ طور صفت) ریشمی ؛ ریشم کا (اب عموماً Silken کی جگہ Silk ہی آتا ہے) - (۶) ایک خاص چمک یا آب جو بعض اقسام کے یاقوت وغیرہ میں ہوتی ہے -

silk-worm : ریشم کا کیڑا (جو عموماً شہتوت کے پتے کھاتا ہے) -

take s. : انگلستان کی K. C. یعنی عدالت عالیہ کا وکیل ہوجانا (یہ وکیل ریشمی گون پہنتے ہیں) -

S. : انگلستان کی عدالت عالیہ کی وکالت -

s.-fowl : مرغی وغیرہ کی قسم کا پرند جس کے ریشم کے سے پر ہوتے ہیں -

s.-gland : غدود جس میں سے ریشم کا سا لعاب خارج ہوتا ہے -

s. winder, s. reel : وہ ریل جو کوے سے ریشم نکالنے اور دھاگے کی طرح لپیٹنے میں کام آتی ہے -

make a s. purse out of a sow's ear. : ایک شخص اپنی صلاحیت کے لحاظ سے جیسا بن سکتا ہے اس سے بہتر بنا دینا -

Silken, *a.* : (۱) (قدیم ؛ شعر) ریشمی ، ریشم کا - (۲) ریشمی لباس میں ملبوس - (۳) ریشم کی طرح نرم اور چمک دار - (۴) (انداز ، طریقہ) میٹھا ؛ مرغوب ؛ لبھانے یا پر چانے والا -

Silky, *a.* : ریشم کے مانند ، ملائم ، چکنا ، باریک -

s. manner. : لبھانے والا انداز یا طریقہ -

silkiness, *n.* : ریشم کی سی نرمی ، چکنا پن یا باریکی -

Sill, *n.* : دروازہ کی دہلیز ؛ وہ تختہ یا پتھر جو کھڑکی کی

چوکھٹ کے آگے ہوتا ہے -

Sillabub, *n.* : ایک قسم کا کھانا جو انگوری شراب اور کریم سے بنتا ہے -

Siller, *n.* : (اسکاٹستان) چاندی ؛ روپیہ -

Sillery, *n.* : شامپین شراب کی بعض قسموں کے نام -

Silly, *a. & n.* : (۱) (قدیم) سیدھا سادھا ؛ بھولا بھالا ؛ مسکین - (۲) سادہ لوح ؛ بے وقوف ؛ نادان ؛ نا عاقبت اندیش - (۳) ضعیف العقل ؛ مورکھ - (۴) (بچوں کی زبان میں) بے وقوف شخص (جیسے *don't be a s.*)

the s. season : اگست اور ستمبر کا زمانہ جب اخباروں کو لکھنے کے لئے خبریں نہیں ملتیں اور وہ عام مسائل پر گفتگو شروع کر دیتے ہیں -

s. point, shortleg : (کرکٹ) کھیلنے والے سے بالکل قریب فیلڈر کی جگہ -

sillily, *adv.* : نادانی سے ؛ بے وقوفی سے -

silliness, *n.* : بیوقوفی ؛ سادہ لوحی وغیرہ -

Silo, *n. & v. t.* : (۱) وہ گڑھا یا ہوا بند مقام جس میں مویشی کا سبز چارہ محفوظ رکھا جائے - ۲. اس طرح سے چارہ محفوظ رکھنا -

Silt, *n. & v. t. & i.* : (۱) ریت یا مٹی جو دریا کی تہ میں یا بندرگاہ میں جم جاتی ہے ؛ تہ نشین مادہ ؛ گاد - (۲) تہ نشین مادے سے پاٹ دینا یا اٹ جانا -

Silurian, *a. & n.* : (۱) سلوریوں کا ؛ سالوروی (سلوریوں کی قوم جو برطانیہ کے قدیم باشندوں میں گذری ہے) - (۲) سالوروی پرت یا طبقے (طبقات) ارض میں سے چند طبقے جو برطانیہ میں سلوریوں کے علاقے میں پہلی بار دریافت ہوئے ؛ ان طبقات کا یا ان سے متعلق -

Silvan, sylvan, *a.* : (۱) جنگل کا ؛ صحرائی ؛ جس میں جنگل ہو - (۲) دیہاتی ؛ گاؤں کا -

Silver, *n.* : (۱) چاندی ؛ روپا ؛ نقرہ ؛ سیم - (۲) شلنگ وغیرہ چاندی کے سکے - (۳) چاندی کے برتن اور دیگر اسباب - (۴) چاندی کا کوئی کھار جو فوٹو گرافی کے کاغذ کو اثر پذیر بنانے کے لئے استعمال کیا جاتا ہو - (۵) چاندی کا ؛ چاندی کا بنا ہوا ؛ سیمیں ؛ نقروی - (۶) دوسرے درجہ کا -

German s., nickel s. : جرمن سلور یا نکل ؛ نقلی چاندی کی قسمیں -

s. age : لاطینی علم ادب کا وہ زمانہ جو اگسطینی دور کے بعد گزرا ہے -

speech is s. but silence is golden : بولنا اچھا مگر چپ رہنا اس سے بھی اچھا -

has a s. tongue. : شیریں زبان ہے ؛ خوش تقریر ہے -

s. tongued : شیریں زبان ؛ خوش تقریر -

every cloud has a s. lining : ہر مصیبت میں تسکین کا پہلو بھی ہوتا ہے -

s. -bath : silver nitrate وہ قاب جس میں چاندی کا کھار رکھتے ہیں تا کہ فوٹو گرافی کے کاغذ کو اثر پذیر بنائیں -

s. fir : روپہلا صنوبر ؛ ایک قسم کا صنوبر جس کی پتی میں اندر کی طرف دو روپہلے خط ہوتے ہیں -

s. fish. : (۱) ایک قسم کی مچھلی - (۲) روپہلے رنگ کا کیڑا جو کتابوں اور پھپھوند لگی جگہوں میں ہوتا ہے -

s. fox. : لومڑی کی ایک قسم جس کی سیاہ سمور میں چتیاں سی ہوتی ہیں -

s. gilt. : (۱) چاندی کے ملمع کا - (۲) نقلی سنہری ملمع -

s. -grey. : چمکدار بھورا رنگ -

s. leaf. : دیکھو leaf -

s. paper : (۱) ایک قسم کا سفید باریک کاغذ - (۲) (غلط استعمال) رانگ کی پتی -

s. plate : چاندی کے برتن -

s. point : ایک خاص قسم کے کاغذ پر چاندی کی پنسل کی نوک سے تصویر بنانا -

s. print : (فوٹو گرافی) کاغذ پر مثبت فوٹو جو چاندی کے کھار سے بنایا گیا ہو -

s. sand : ایک قسم کی باریک ریت جو باغبانی میں استعمال ہوتی ہے -

s. side : گائے کے گوشت کی پٹھ کا سب سے اچھا حصہ -

silversmith : صرف چاندی کا کام کرنے والا کاریگر -

s. solder : چاندی کے برتن جوڑنے کا مسالہ -

s.standard : معیار نقرہ ؛ چاندی کے سکے کا قانوناً تسلیم کیا جانا -

s. -stick : (ملک معظم کے) لائف گارڈ کا افسر جو محل پر متعین ہوتا ہے -

the s. streak : رود بار انگلستان -

s. top : ایک طرح کا روگ جو گھاس کو لگ جاتا ہے -

s. weed : ایک قسم کا پودا جس کے پھول زرد اور پتیوں کا نیچے کا حصہ روپہلا ہوتا ہے -

silvern, *a.* : (قدیم) چاندی کا ؛ نقرئی -

silvery, *a.* : چاندی کی طرح سفید ؛ چمکدار یا کھنکنے والا ؛ چاندی کا سا -

silveriness, *n.* : چاندی کی طرح سفید ؛ چمکدار یا کھنکدار ہونا -

Silver, *v. t. & i.* : (۱) چاندی چڑھانا ؛ چاندی کی قلعی کرنا - (۲) (آئینے کی پشت پر) پارہ یا رانگ چڑھانا - (۳) چاندی کی سی چمک پیدا کر دینا - (۴) (بالوں کو) سفید کر دینا ؛ (بالوں کا) سفید ہو جانا -

Silviculture, *n.* : درختوں کی پرورش جنگل سازی کے طور پر -

Simian, *a. & n.* : (۱) (حیوانیات) ایک قسم کا انسان نما بندر - (۲) بندر ؛ بندر کا سا ؛ میمونی -

simioid, *a.* : سی میں بندر کا سا -

Similar, *a. & n.* : (۱) مشابہ ؛ مماثل ؛ مانند ؛ ملتا جلتا ؛ ایک ہی طرح کا ؛ یکساں - (۲) مثل ؛ نظیر - (۳) (جمع) یکساں چیزیں -

similarity, *n.* : مشابہت ؛ مماثلت ؛ یکسانی -

similarly, *adv.* : اسی طرح سے ؛ ایک ہی طرح سے ؛ علی ہذا القیاس -

Simile, *n.* : تشبیہ -

Similitude, *n.* : (۱) مشابہت ؛ مماثلت - (۲) شکل ؛ بھیس ؛ روپ - (۳) تشبیہ - (۴) (شاذ) ہوبہو نقل ؛ جیتی جاگتی تصویر -

Similize, *v. i. & t.* : تشبیہ دینا ؛ تشبیہ کا استعمال کرنا ؛ تشبیہ سے کام لینا -

Simmer, *v. i. & t. & n.* : (۱) ابلنے کے قریب ہونا ؛ سنسنانا (پانی وغیرہ کا) - (۲) پانی کو اتنا گرم کرنا کہ ابلنے کے قریب

ہو یا سنسنانے لگے - (۳) (استعارتاً) غصے سے کھولنا ؛ پیچ و تاب کھانا - (۴) ہنسی کے مارے بے تاب ہونا - (۵) سنسناہٹ ؛ پہلا ابال - (۶) پیچ و تاب کی حالت ؛ ہنسی سے بیتاب ہونے کی حالت -

Simnel cake, n. : عمدہ خوش نما کیک جو بڑے دن وغیرہ کے موقع پر بڑے تکلف سے تیار کیا جاتا ہے -

Simoniac, n. : گرجا کے منصب کی خرید و فروخت کا مجرم -

Simoniacal, a. : (۱) گرجا کے منصب کی خرید و فروخت کرنے والا - (۲) گرجا کے منصب کی خرید و فروخت کا -

Simon pure, n. } **the real S.** : } اصلی شخص یا اصلی چیز (مصنوعی نہیں) -

Simoom, n. : سموم -

Simp. n. : (امریکن روز مرہ) Simpleton کا مخفف ؛ سادہ لوح -

Simper, v. i. & t. & n. : (۱) تکلف سے یا بناوٹ سے مسکرانا ؛ دانت نکال دینا ؛ کھیس کا ڑھنا - (۲) دانت نکال کر اظہار کرنا ؛ (رضامندی وغیرہ کا اظہار) دانت نکال کر کرنا -

simperingly, adv. : کھیسیں کاڑھ کر ؛ دانت نکال کر -

simperer, n. : بناوٹ سے مسکرانے والا -

Simple, a. & n. : (۱) مفرد ؛ غیرمرکب ؛ سادہ ؛ بسیط - (۲) سادہ ؛ بے تکلف (جو پیچیدہ یا آراستہ یا الجھا ہوا یا زیادہ ترقی یافتہ نہ ہو) - (۳) محض ؛ قطعی ؛ مطلق ؛ عین - (۴) بےبناوٹ ؛ بھولا بھالا ؛ سیدھا سادھا - (۵) بے وقوف ؛ سادہ لوح ؛ نا تجربہ کار - (۶) آسان ؛ سہل ؛ سیدھا ؛ جس میں کوئی مشکل نہ ہو - (۷) حقیر ؛ ادنیٰ ؛ خفیف - (۸) مفرد (دوا) ؛ جڑی بوٹی -

s. sentence : مفرد جملہ -

a s. quantity : مقدار مفرد -

induction by s. enumeration : اٹکل پچو استقراء ؛ محض چند مثالوں سے کوئی کلیہ قائم کرنا -

s. addition : سادہ جمع -

s. equation : مساوات مفرد -

s. machine : مفرد مشین یا آلہ ؛ بیرم ، چرخی پیچ وغیرہ

s. leaf : مفرد پتی ؛ یک کنی پتی -

s. pistil : (نباتیات) مفرد بقچۂ گل -

s. eye : کیڑوں مکوڑوں کی آنکھ جو بہت سادہ ساخت کی ہوتی ہے -

s. fracture : صرف ہڈی کا ٹوٹ جانا -

s. idea : مفرد ادراک یا خیال (جس کی تحلیل نہ ہو سکے) -

s. life : سادہ زندگی ؛ وہ زندگی جو تکلفات سے خالی ہو ، زمانۂ قبل تہذیب کی زندگی اختیار کرنے کی کوشش -

in s. beauty : بے زیب و زینت -

s. forms of life : ادنیٰ درجے کے حیوانات -

be cut for the ss. : حماقت کے علاج کا آپریشن کرانا ؛ دماغ کی فصد لینا -

simple-hearted, simple-minded, aa. : سیدھا سادھا ؛ سادہ دل -

simple-mindedness, n. : سیدھا پن ؛ سادہ دلی -

simpleness, simplicity, nn. : مفرد ہونا ؛ سادہ دلی ، بھولا پن ؛ سادگی ؛ بے بناوٹ یا بے تکلف ہونا -

simply, adv. : (۱) محض ؛ صرف ؛ قطعی طور پر - (۲) سادہ دلی سے ؛ سادگی سے ؛ بلا تصنع ؛ بے بناوٹ -

Simpleton, n. : بے وقوف ؛ احمق ؛ سادہ لوح ؛ بھولا ؛ ضعیف العقل -

simpliciter, adv. : قطعی طور پر ؛ کلی طور پر ؛ مطلقاً -

Simplify, v. t. : مفرد شکل میں لانا ؛ پیچیدگی کو دور کرنا ؛ سادہ کرنا ؛ سہل کرنا -

simplification, n. : مفرد شکل میں آنا یا لایا جانا ؛ سہل کرنا یا ہونا -

Simplism, n. : مصنوعی سادگی ؛ بناوٹی سادگی -

Simulacrum, n. (pl. -cra) : (۱) تمثال ؛ شبیہ - (۲) ہلکی سی شبیہ - (۳) نقلی چیز جو دھوکے سے اصلی ظاہر کی جائے ؛ محض نقل یا چربا -

Simulant, a. : ہم شکل ؛ مشابہ -

Simulate, v. t. : (۱) بناوٹ سے ظاہر کرنا ؛ جھوٹ موٹ ظاہر کرنا - (۲) ہونے کا دعویٰ کرنا ؛ بننا ؛ مشابہ ہونا - (۳) روپ بھرنا ؛ بھیس بدلنا - (۴) نقل کرنا ؛ نقل اڑانا - (۸) (لفظ کا) شکل اختیار کرنا (اپنے فرضی ماخذ کی) -

Simulation, n. : بناوٹ ؛ جھوٹا دعویٰ ؛ بھیس بدلنا ؛ نقل -

Simultaneous, a. : ہم وقت ؛ ایک ہی وقت میں واقع ہونے والا -

simultaneity, n. : ہم وقتی -

simultaneousness, n. : ہم وقتی -

simultaneously, adv. : ایک ہی وقت میں ؛ ساتھ ہی ساتھ -

Simurg, n. : سیمرغ -

Sin, n. & v. i. : (۱) گناہ ؛ پاپ ؛ خطا ؛ عصیان - (۲) گناہ کرنا - (۳) کوئی فعل جو تہذیب کے خلاف یا رسم و رواج کی رو سے برا ہو ؛ بد تمیزی ؛ نا زیبا حرکت -

original s. : دیکھو original -

deadly or mortal s. : گناہ کبیرہ -

the seven deadly ss. : غرور ، حرص ، شہوت ، غصہ ، شکم پروری ، حسد ، کاہلی ، یہ سات گناہ کبیرہ جن کا ذکر بائبل میں ہے -

one's besetting s. : لت ؛ دھت ؛ بری عادت جو انسان کو مغلوب کرلے -

for my s. : (مزاحاً) اپنے گناہوں کی پاداش میں -

man of s. : (۱) (قدیم یا مذاحیہ استعمال) گناہ گار ، بد کار - (۲) دجال -

like s. : (عامیانہ) جوش و خروش سے ؛ زور شور سے -

s. eater : مردہ کے گناہوں کا بار لینے والا آدمی جو روپیے لے کر تابوت میں رکھی ہوئی روٹی کھاتا اور شراب پیتا ہے -

s. offering : قربانی یا نذر (گناہ بخشوانے کے لئے) -

sinful, a. : گناہ گار ؛ عاصی ؛ پاپی -

sinless, a. : معصوم ؛ بے گناہ -

Sinfully, adv. : گنہگاری سے -

Sinlessly, adv. : بے گناہی سے -

Sinfulness, n. : گنہگاری -

Sinlessness, n. : بے گناہی ؛ معصومی -

s. one's *merceses* : کفران نعمت کرنا ؛ نا شکری کرنا -

sinner, *n.* : گنہگار ، عاصی ؛ پاپی -

Sinaitic, *a.* : کوہ سینا یا جزیرہ نمائے سینا کا ؛ سینائی -

Sinanthropus, *n.* : پیکن کے قریب کے آثار باقیہ کے بن مانس سے مشابہ انسان -

Sinapism, *n.* : رائی کا پلاسٹر ؛ رائی کا ضماد یا لیپ -

Since, *adv.* : (۱) سے ؛ بعد سے (کسی خاص وقت کے) ؛ اس وقت سے ؛ اس کے بعد سے - (۲) چونکہ ؛ اس لئے کہ -

Sincere, *a.* : (۱) خالص ؛ صادق ؛ سچا ؛ مخلص ، مخلصانہ ؛ پر خلوص - (۲) کھرا ؛ بے لاگ ؛ صاف -

sincerity, *n.* : خلوص ؛ اخلاص ؛ سچائی -

sincerely, *adv.* : صداقت سے ؛ سچائی سے ؛ خلوص سے -

Sinciput, *n.* : سر کا نصف اگلا حصہ -

Sine, *n.* : (علم مثلث) جیب ؛ جیب زاویہ -

Sine, prep. (لاطینی) بغیر ؛ بلا -

s. die : بلا تاریخ ؛ التوائے غیر محدود -

s. qua non : لازمی یا ناگزیر شرط -

Sinecure, *n.* : (۱) وہ عہدہ جس میں کچھ کام نہ کرنا پڑے ؛ بے کام کی نوکری - (۲) کلیسائی جاگیر جس کے جاگیردار کو پادری کا کام بذات خود نہ کرنا پڑے -

not a, no, s. : نوکری جس میں بہت کام کرنا پڑے -

sinecurism, *n.* : بے کام کی نوکری کا طریقہ -

sinecurist, *n.* : (۱) مذکورہ بالا کلیسائی جاگیر کا جاگیر دار - (۲) وہ عہدہ دار جسے کچھ کام نہ کرنا پڑے یا کم کرنا پڑے -

Sinew, *n.* & *v. t.* : (۱) نس ؛ موٹی رگ - (۲) (جمع) (غلط استعمال) عضلات ؛ قوت جسمانی ؛ طاقت ؛ زور - (۳) (استعارتاً) وسائل ؛ ذرایع (مثلاً *the ss. of war* = روپیہ) -

sinewless, *a.* : کم زور ؛ ضعیف ؛ نا طاقت ؛ نا توان -

sinewy, *a.* : مضبوط ؛ قوی ؛ زور آور ؛ نسیلا ؛ طاقت ور -

sinewiness, *n.* : طاقت وری ؛ زور آوری ؛ نسیلاپن -

Sing, v. i. & *t.* : *sang* or now rare, sung;) - (۱) گانا - (۲) چہچہانا ؛ نغمہ سرائی کرنا - (۳) (شہد کی مکھیوں کا) بھنبھنانا ؛ (ہوا کا) سنسنانا وغیرہ - (۴) (آواز سے)کان بھر جانا ؛ کان بجنا - (۵) شعر کہنا ؛ کسی بہادر یا معشوقہ وغیرہ کی شعر میں تعریف کرنا ؛ (کسی بڑے واقعے کو) نظم میں بیان کرنا -

s. another song or tune, s. small : عاجزی پر اتر آنا ؛ خفیف ہونا -

s. in : گا کر استقبال کرنا -

singing-man : گویا -

singing-master : گانے کا معلم ؛ گانا سکھانے والا استاد -

singing-voice : سریلی آواز -

s. into good humour : گا کر مزاج خوش کر دینا -

s. one's *praises* : کسی کے گن گانا ؛ کسی کی تعریف میں رطب اللسان ہونا -

s. out : گا کر رخصت کرنا - چیخنا ؛ بہ آواز بلند پکارنا

... to sleep : گا کر سلا دینا -

singable, *a.* : گانے کے لائق -

singer, *n.* : گویا ؛ مطرب ؛ مغنی ، مراسی ؛ ڈوم -

Singe, *v. i.* & *t.* (singeing) & *n.* : (۱) جھلسنا ؛ جھلسانا ؛ خفیف سا جلنا یا جلانا ؛ داغ لگ جانا - (۲) (شاذ) داغ (جھلسنے کا)-

s. king of Spain's beard : شاہ اسپین کی قلم رو کے ساحل پر چھاپے مارنا -

s. one's *feathers or wings* : کسی بڑے کام کی کوشش میں نقصان اٹھانا -

s. person's hair : بال بناتے وقت ان کے سروں کو آگ دکھانا -

s. pig, s. fowl :- ذبح کرکے کھال جھلسنا (مرغ سور وغیرہ کی) -

Singhalese : = Cingalese

Single, *a.* & *n.* : (۱) واحد ؛ ایک ؛ مفرد ؛ اکہرا - (۲) تنہا ؛ اکیلا ؛ تن تنہا - (۳) سچا ؛ صادق ؛ بے لاگ ؛ کھرا ؛ صاف - (۴) جو ایک ہی شخص کے استعمال کے لئے بنایا گیا ہو ، مثلاً *s. bed, room*) - (۵) *s. game* (دیکھو ذیل میں) - (۵) ایک رن کی ہٹ ؛ کرکٹ میں وہ ہٹ جس سے صرف ایک ہی رن بنے - (۶) اکہرے تاروں کا بٹا ہوا ریشمی دھاگا - (۷) چھتیس پتوں کے ترپ میں وہ کھیل جس میں جیتنے والوں کے پانچ ہاتھ اور ہارنے والوں کے چار ہیں -

s. flower : وہ پھول جو شاخ پر ایک ہی نکلتا ہے ؛ ایک پنکھڑی کا پھول -

s. game : جس کھیل میں دونوں طرف ایک ایک ... ہو ؛ دو آدمیوں کا کھیل -

s. wicket : کرکٹ کی ابتدائی قسم -

s. eye-glass : یک چشمی عینک -

s. state : تجرد -

s. man : مجرد مرد -

s. woman : بن بیاہی عورت -

s. blessedness : (مزاحاً) تجرد کی زندگی -

a s. eye : ایک ہی مقصد کے لئے وقف -

s. heart, s. mind : کھرا پن ؛ یک رنگ طبیعت -

s. hearted, s. minded : بے لاگ ؛ کھرا ؛ یک رنگ -

s. heartedness, s. mindedness : یک سوئی ؛ یک رنگی (طبیعت کی) -

s. breasted : اکہرے صدر کا کوٹ -

s. -acting : اکہرے دباؤ کا (انجن) -

s. -fire : ایک فیر کا (کارتوس) جو ایک بار چلانے کے بعد دوبارہ نہ بھرا جا سکے -

s. cut file : اکہرے دندانوں کی ریتی -

s. -handed : (۱) یکہ ، تنہا ؛ بلا شرکت غیرے - (۲) ایک ہاتھ کا (وار) ؛ ایک ہاتھ سے استعمال ہونے والی چیز -

s. -loader : توڑے دار بندوق -

singlestick : ایک قسم کا پھری گتکا ؛ ولایتی پھری گتکا -

single eyed, *a.* : یک مقصد ؛ وہ شخص جو اپنے آپ کو ایک مقصد کے لئے وقف کر دے -

singleness, *n.* : اکیلا ہونا ؛ مفرد ہونا -

singly, *adv.* : ایک ایک کرکے ؛ فرداً فرداً -

Single, *v. t.* : انتخاب کرنا ؛ چننا ؛ چھانٹنا -

Singlet, *n.* : وہ کپڑا جو کرتے کے نیچے پہنتے ہیں ؛ فتوحی -

Singleton, *n.* : (تاش) ایک رنگ کے پتّوں کی پوپل -

Singsong, *a.* & *n.* : (۱) (گانا ' یا شعر خوانی) ایک ہی دھن میں ؛ اول سے آخر تک ایک ہی لے میں - (۲) ایک ہی لے ؛ یکساں لے - (۳) یکساں لہجہ - (۴) اناڑیوں کا گانا - (۵) (فعل) یکساں لے میں گانا ' پڑھنا یا بولنا -

Singular, *a.* & *n.* : (۱) واحد - (۲) ہر فرد آپ شاذ ہے ! - (۳) عدیم المثال ؛ یکتا - (۴) غیر معمولی ؛ نادر ؛ نرالا ؛ انوکھا ؛ (۵) بے ڈھنگا ؛ بے تکا -

all and s. : سب لوگ مجموعی طور پر اور فرداً فرداً -

singularly, *adv.* : عجیب طرز سے ؛ انوکھے طریقے سے -

Singularity, *n.* : ندرت ؛ نرالا پن ؛ انوکھا پن -

Singularize, *v. t.* : کسی لفظ کے آخر کے حرف یا حروف کو غلطی سے علامت جمع سمجھ کر گرا دینا (pease کو pea کر دینا) -

singularization, *n.* : ایسے حرف کا گرا دینا -

Sinhalese, *n.* : = Cingalese

Sinister, *a.* : (۱) (نقابت) جو ڈھال کے بائیں طرف ہو ؛ بائیں رخ کا - (۲) (مزاحاً) بایاں ؛ چپ - (۳) نا مبارک ؛ منحوس - (۴) جس کی صورت سے خباثت یا بد معاشی برستی ہو - (۵) ناپاک ' برا ' شرارت آمیز ' بد ارادہ ' منصوبہ وغیرہ -

sinisterly, *adv.* : ناپاک ارادے سے ؛ شرارت سے -

Sinistral, *a.* : (۱) (شاذ) بائیں طرف یا بائیں طرف کا ؛ بایاں - (۲) (سلکھہ) جن کے چکر بجائے سیدھی طرف کے الٹی طرف گھومتے ہوں ؛ الٹے چکر کے -

sinistrally, *adv.* : بائیں طرف سے ؛ بائیں طرف کو -

sinistro- : سابقہ بمعنی بایاں -

s. cerebral : دماغ کا بایاں حصہ -

sinstrorse : (نباتیات) چپ خم ؛ بائیں طرف مڑنے یا حرکت کرنے والا -

Sink, *v. i.* & *t.* : (۱) ڈوبنا ؛ غرق ہونا - (۲) دھنسنا ؛ (سطح کے نیچے) بیٹھنا ؛ گرنا - (۳) ڈھلنا ؛ غروب ہونا - (۴) کم ہونا ؛ گرنا ؛ گھٹنا - (۵) جھکنا ؛ مرجھانا - (۶) دل بیٹھنا ؛ ہمت پست ہونا - (۷) نیو ہونا ؛ بیٹھنا - (۸) رفتہ رفتہ ختم ہو جانا ؛ تمام ہونا - (۹) در آنا ؛ گھس جانا ؛ (دل میں) بیٹھہ جانا ؛ سرایت کر جانا - (۱۰) غرق کرنا ؛ ڈبونا ؛ دھنسانا ؛ نیچا کرنا - (۱۱) چھپانا ؛ نظروں سے اوجھل رکھنا ' پوشیدہ رکھنا ؛ ذکر نہ کرنا - (۱۲) کھودنا ؛ کندہ کرنا -

her eyes sank : اسکی آنکھیں نیچے جھک گئیں -

voice sinks : آواز دھیمی ہوتی جاتی ہے -

sick man (life) is sinking : دم نکل رہا ہے - نبضیں ساقط ہو رہی ہیں -

prices s. : اشیا کی قیمتیں گر رہی ہیں -

ground sinks : زمین اندر کو بیٹھی جاتی ہے -

river sinks : دریا اندر کو دھنس رہا ہے -

sink in one's estimation : نظروں سے گر جانا -

lesson sinks into the memory : سبق حافظے پر نقش ہو گیا ہے -

dye sinks in : رنگ جذب ہو گیا ہے -

his cheeks have sunk in : اس کے گال پچک گئے ہیں -

here goes. s. or swim : ہرچہ باداباد ماکشتی درآب انداختیم -

s. shaft or well : کنواں کھودنا -

s. one's head on one's chest : سر کا سینے پر جھک جانا -

s. one's office, title etc. : اپنے عہدے یا خطاب وغیرہ کو عارضی طور پر پوشیدہ رکھنا ؛ یا اُس سے تغافل یا بے التفاتی برتنا -

s. a fact : کسی بات کو پوشیدہ رکھنا -

s. oneself or one's own interests : ایثار سے کام لینا -

s. the shop : دیکھو Shop -

s. a die : مُہر وغیرہ کھودنا -

s. money : (۱) روپیہ ایسے کام میں لگانا جس سے آسانی سے واپس نہ لیا جاسکے - (۲) کسی کام میں روپیہ کھوبیٹھنا -

sunk fence : دیکھو fence (1) -

sinkable, *a.* : جو غرق ہوسکے ؛ ڈوبنے کے قابل -

Sink, *n.* : (۱) گندگی یا غلاظت کا گڑھا (عموماً استعارتاً آتا ہے ؛ مثلاً *the Chinese quarter is a s. of iniquity*) (۲) جستہ یا چینی کی اونچی سی ناند جس میں باورچی خانے کا خراب پانی ڈالتے ہیں اور وہ نل کے ذریعے سے باہر نکل جاتا ہے - (۳) وہ دلدل یا جوہڑ جس میں دریا کا پانی گر کر غائب یا جذب ہو جاتا ہے - (۴) ناٹک کے اسٹیج میں وہ شگاف جس میں سے پردہ گرتا اور اُٹھتا ہے -

Sinker, *n.* : (۱) Sink کا فاعل - (۲) وہ وزن جو مچھلی پکڑنے کی شست وغیرہ میں باندھ کر دریا میں ڈالتے ہیں -

Sinking, *n.* : (۱) ڈوبتے ہوئے یا ڈبوے ہوئے وغیرہ - (۲) دل ڈوبنے کی کیفیت جو بھوک سے یا خوف سے پیدا ہوتی ہے -

s.-fund : وہ آمدنی جو کوئی ریاست یا بلدیہ اپنا قرض رفتہ رفتہ بے باق کرنے کے لیے علحدہ کر دیتی ہے ؛ ذخیرۂ ادائی -

the s.-fund : انگلستان کے بجٹ کی فاضل رقم جو قومی قرض کے بے باق کرنے میں صرف کی جاتی ہے -

raid the s.-fund : اِس مد کا روپیہ کسی اور کام میں صرف کرنا -

Sinnet : دیکھو Sennit -

Sinn Fein, *n.* : آئرلینڈ کی شن فن جماعت جس کا مقصد آزادی حاصل کرنا اور اپنی زبان اور تہذیب کو زندہ کرنا ہے -

Sino,- : (جز ترکیبی بمعنی) چینی -

Sinologue, *n.* : چینی زبان ' تاریخ ' رسم و رواج کا ماہر ؛ ماہر صینیات -

Sinology, *n.* : چینی زبان ' تاریخ ' رسم و رواج کا علم ؛ صینیات -

Sinologist, *n.* : ماہر صینیات -

Sinter, *n.* : چونے یا سلیکا کی پرت جو چشموں کی تہ نشین ریگ سے بنتی ہے -

Sinuate, *a.* : لہردار ' (خصوصاً نباتیات) -

sinuately, *adv.* : لہر دارانہ طریقے سے -

sinuation, *n.* : لہر دار ہونا -

Sinuosity, *n.* : (۱) لہر دار ہونا - (۲) دریا یا سڑک کا موڑ -

Sinuous, *a.* : لہر دار ؛ پیچ دار ؛ چکر دار -

sinuously, *adv.* : لہر دار طریقے سے -

Sinus, *n.* : (۱) (تشریح ' حیوانیات) ہڈی یا نسیج کا خلا ؛ تھیلی

کی شکل کا خلا - (۲) نلی کی شکل کا لمبا پھوڑا - (۳) (نباتیات) نالی سی جو پتی کے دونوں حصوں کے بیچ میں بن جاتی ہے -

-sion : لاحقہ ' جس سے اسما بنتے ہیں اور فعل یا حالت کے معنی دیتے ہیں -

Sioux, n.: سو ' شمالی امریکا کے دیسی باشندوں کی ایک نسل ! اس نسل کا ایک فرد -

Sip, v. t. & i.: (۱) تھوڑا تھوڑا کر کے پینا ! چمچے سے پینا ! چسکی لگانا - (۲) گھونٹ ! جرعہ ! چسکی -

Sipahee, n.: سپاہی (انگریزی فوج کے ہندوستانی سپاہی کے لیے آتا ہے)-

Siphon, n. & v. i. & t.: (۱) خم دار نلی ! سیفن ! ٹیڑھی نلی جس کا ایک سرا نیچا اور ایک اونچا ہوتا ہے - (۲) سیفن دار بوتل (s.-*bottle* بھی کہتے ہیں) - (۳) (حیوانیات) گھونگھوں وغیرہ کی نالی ! بعض کیڑوں کی نلکی جس سے وہ غذا چوستے ہیں- (۴) سیفن میں سے گزارنا یا گزرنا -

s. barometer : ہوا پیما جس کے نیچے الٹے سیفن کی شکل کی نلکی لگی ہوتی ہے -

s. -cup : تیل دینے کی سیفن دار کپی -

s. gauge : دباؤ پیما سیفن (شیشے کا سیفن جو کسی سیال شے کے حوض میں دباؤ ناپنے کے لیے لگاتے ہیں) -

Siphonal(nic), aa.: سیفن کا یا اُس سے مشابہ -

siphonage, n.: ٹیڑھی نلکی میں سے گزرنا -

Siphonet, n.: دو میں سے ایک نلکی جس میں سے روکھا جوں لعاب خارج کرتی ہے -

Siphuncle, n.: دیکھو Siphon -

Sippet, n.: روٹی کے بھیگے ہوئے ٹکڑے ! توس یا ڈبل روٹی کے تلے ہوئے ٹکڑے جو قیمے کے ساتھ پلیٹ میں لگاتے ہیں -

Siquis, n.: وہ نوٹس جو کسی امید وار کو پادری بنانے سے پہلے کلیسائی حلقے میں لگایا جاتا ہے -

Sir, n.: (۱) جناب والا ! جناب ! حضرت ! صدر محترم (بزرگوں سے اور جلسے کے صدر سے خطاب کرنے کے لیے) - (۲) نائٹ یا بیرونیٹ کا لقب ! سر - (۳) سر کہ کر پکارنا یا خطاب کرنا -

Sircar, n.: (۱) حکومت ہند ! سرکار انگریزی - (۲) حاکم یا بزرگ خاندان - (۲) داروغہ یا محاسب -

Sirdar, n.: سردار؛ سر گروہ ؛ (مصر میں) فوج کا سپہ سالار (سنہ ۱۸۸۲ ع کے بعد سے انگریز ہوا کرتا ہے) -

Sire, n. & v. t.: (۱) باپ' دادا یا کوئی اور مورث - (۲) جانور کا باپ یا مورث خصوصاً وہ نر جو نسل کشی کے لیے رکھا جائے - (۳) حضور ! جہاں پناہ (بادشاہ یا فرماں روا کو خطاب کرتے وقت کہتے ہیں) -

Sirén, n.: (۱) (یونانی دیومالا) سائرن ! عورت یا آدھی عورت آدھا پرند جو سمندر کے بیچ میں کسی چٹان پر رہتی ہو اور ساحرانہ موسیقی سے غافل مسافروں کو پھانس لے - (۲) خوش آواز مغنیہ - (۳) موہنی ! لبھا کر پھانسنے والی عورت ! کوئی دل فریب شغل - (۴) (حیوانیات) ایک قسم کا کیڑا (Sirenian) - (۵) سیرن؛ ایک آلہ جس سے بلند آواز پیدا ہوتی ہے ! صوتی تجربات میں اور خبر دینے کے لیے استعمال ہوتا ہے -

Sirenian, a. & n.: مچھلی کی طرح دودھ پلانے والے جانوروں کی ایک قسم-

Sirgang, n.: سرگی؛ ایک قسم کا سبز پرندہ جو جزائر شرق الہند

میں ہوتا ہے -

Siriasis, n.: (۱) لو ! حرقۃ الشمس - (۲) آفتابی غسل ! دھوپ کا غسل (علاج کے طور پر) -

Sirius : دیکھو Dog (1) -

Sirkar : دیکھو Sircar -

Sirloin, n.: گائے کی پیٹھ کا گوشت ! پٹھہ -

Sirocco, sci-, n.: (۱) افریقہ کے صحرائے اعظم کی باد سموم جو اطالیہ میں پہنچتی ہے ! اطالیہ کی لو ! اطالوی سموم - (۲) سردی کی گرم خشک ہوا -

Sirrah, sir (r) ee , nn.: خطاب کے لئے تحکم یا تحقیر کے موقع پر بولتے ہیں ! جی ' اجی -

Sirup, : دیکھو syrup -

***Sirvente*, (F) n.:** ھجو ! ایک قسم کی طنزیہ نظم جس کی ایک خاص بحر ہوتی ہے (تورن وسطی میں رائج تھی) -

Sisal-grass, -hemp, nn.: امریکی ایلوے کا ریشہ' جس سے رسے بنتے ہیں-

Siskin, n.: ایک قسم کا خوش الحان پرندہ جس کا رنگ عموماً زیتون کا سا سبز ہوتا ہے -

Sister, n.: (۱) ھمشیر ! بہن ! خواھر (سوتیلی بہن کو بھی کہہ دیتے ہیں) - (۲) ہم جنس عورت - (۳) راھبہ ! نن ! عورتوں کی مذہبی بہن ! ہم جنس عورت - (۴) راھبہ ! نن ! عورتوں کی مذھبی جماعت کی رکن - (۵) ہسپتال کی بڑی نرس جس کے ماتحت اور نرسیں ہوتی ہیں - (۶) (استعارتاً) کوئی چیز جو دوسری چیز کے مشابہ ہو؛ بہن (مثلاً Prose is the younger s. of verse نثر نظم کی چھوٹی بہن ہے) -

s. german : حقیقی بہن -

half-s. : سوتیلی بہن -

the Fatal Ss. or Ss. three or three Ss. : قسمت کی تین دیویاں ہیں ' ایک چرخا تھامے ہے ' دوسری کات رہی ہے ' تیسری تار توڑتی جاتی ہے -

s. Anne : وہ شخص جو کسی اور کی طرف سے کسی آنے والے کا انتظار کر رہا ہو -

s. -in-law : سالی ! بھاوج ! نند ! سلہج ! دیورانی ! جٹھانی -

s. of mercy : رضا کار نرس ! انجمن صلیب احمر کی نرس -

little Ss. of the poor : فرانس کی انجمن صلیب احمر سے متعلق عورتوں کی ایک انجمن جس کے اراکین نرس کا کام کرتے ہیں-

s. ships : ایک ہی نمونے کے جہاز -

s. -hook : دھرا جڑا ہوا ہک ! زنجیرہ -

sisterless, a.: بے بہن کی ! بے بہن کا -

sisterly, a.: محبت کا ! بہن کا سا ! خواھرانہ -

sisterliness, n.: محبت کا برتاؤ ! خواھرانہ شفقت -

Sisterhood, n.: (۱) بہن کا رشتہ ! بہن ہونا - (۲) عورتوں کی مذھبی انجمن ! راھبات کی جماعت -

Sistine, a.: سکسٹس پوپ کا یا اس سے متعلق (*Sixtus* لقب کے کئی پوپ گزرے ہیں) -

S. chapel : وٹیکن' پوپ کے قدیم مستقر کا ایک کلیسا -

S. Madonna : رفائیل کی بنائی ہوئی تصویر جو سان سسٹو کے گرجا سے علحدہ کی گئی -

Sistrum, n. ڈفلی کی قسم کا باجا جو قدیم مصری ' آئسس

(Isis) دیوی کی عبادت میں استعمال کرتے تھے -

Sisyphean. *a.* : سس نس (sisyphus) نامی یونانی کو یہ سزا دی گئی کہ ایک پتھر پہاڑ پر لے جائے ' اس کو وہاں سے لڑھکائے پھر لائے اور پھر لڑھکائے اور ہمیشہ یہی کرتا رہے : سس نس کا سا (کام): بہت کٹھن اور کبھی نہ ختم ہونے والا -

Sit, *v. i. & t.* : (۱) بیٹھنا - (۲) اجلاس کرنا - (۳) بسیرا لینا (پرندوں کا) - (۴) انڈوں پر بیٹھنا - (۵) کسی خاص حالت میں ہونا ؛ ٹھیک ہونا ؛ چست ہونا - (۶) (گھوڑے وغیرہ پر) آسن جمائے رہنا ؛ اچھی طرح بیٹھنا - (۷) (فوجی) محاصرہ کرنے کی غرض سے خیمہ زن ہونا (کسی مقام کے سامنے) -

sits well : اچھی سواری کرتا ہے ؛ گھوڑے پر خوب بیٹھتا ہے -

s. tight : (بول چال) اپنی جگہہ پر مضبوط رہنا ؛ جمے رہنا -

s. in judgement : دوسروں پر فتویٰ لگانا ؛ نکتہ چینی کرنا ؛ نکتہ چیں ہونا -

s. for borough : کسی حلقے کی پارلیمینٹ میں نمائندگی کرنا -

s. for one's portrait : تصویر کھچوانے کے لیے بیٹھنا -

s. for fellowship : کسی وظیفے کا امتحان دینا -

Parliament, courts, are sitting : پارلیمینٹ یا عدالت کا اجلاس ہو رہا ہے -

s. at home : بے کار وقت گزارنا -

sitting hen : انڈوں پر بیٹھی ہوئی مرغی -

wants to s. : انڈوں پر بیٹھنے والی ہے -

sits the wind there ? : (۱) کیا ہوا ادھر کی ہے - ؟ (۲) کیا یہ معاملہ ہے ؟ -

food sits heavy on the stomach : کھانا معدے میں گرانی کرتا ہے -

her dress sits upon her :- کپڑے اس کے جسم میں ٹھیک آتے ہیں -

her imperiousness sits well upon her : تحکم کی شان اسے زیب دیتی ہے -

his principles s. loosely on him : وہ اپنے اصولوں کا کچھہ زیادہ پابند نہیں ہے -

sitting tenant : موجودہ کاشت کار -

s. down : بیٹھہ جانا -

s. down under : چپکے سے پی جانا (توہین وغیرہ) -

s. on or upon : (۱) کسی امر کے متعلق اجلاس ہونا (جوری وغیرہ کا) - (۲) دباؤ ڈالنا ؛ تنبیہ کرنا -

s. on his head : (عامیانہ) دبانا ؛ جھڑکنا ؛ بے اعتنائی کرنا -

sit out : (۱) حصہ نہ لینا ؛ شریک نہ ہونا (بالخصوص ناچ وغیرہ میں) - (۲) باہر بیٹھنا ؛ کھلی ہوا میں بیٹھنا - (۳) (دوسرے مہمانوں کے جانے کے) بعد تک ٹھیرنا - (۴) (تماشے کے) آخر تک ٹھیرنا -

s. under : کسی وعظ میں شریک ہونا -

sit up : (۱) اٹھہ بیٹھنا - (۲) سیدھے بیٹھنا ؛ تن کر بیٹھنا - (۳) بستر پر نہ لیٹنا اور جاگتے رہنا (کسی کے انتظار میں ' مریض کی تیمار داری کے لیے) -

s. up and take notice : اپنی غرض پر یک بیک نظر پڑنا -

make one s. up : (۱) (کسی سے) کس کر کام لینا - (۲) سخت تکلیف دینا - (۳) چکر میں ڈال دینا ؛ چونکا دینا ؛ حیرت زدہ کر دینا -

sitfast : گھوڑے کی پیٹھہ کا زخم -

Site, *n.* : موقع ؛ جگہ (جہاں شہر ' محل وغیرہ موجود ہو یا تعمیر ہونے والا ہو) -

Sith, *conj.* : چونکہ (قدیم ؛ بائبل میں آتا ہے) -

Sitio- : یونانی sition, sitos کی شکل ہے ' جس کے معنی خوراک کے ہیں مثلاً :-

sitiology : غذائیات -

sitiophobia : وہ بیماری جس میں غذا سے نفرت ہوجاتی ہے -

Sitter, *n.* : (۱) بیٹھنے والا ؛ خصوصاً تصویر کھچوانے کے لیے - (۲) (عامیانہ) آسان نشانہ ؛ سہل کام -

good s. : مرغی جو اچھی طرح انڈے سیتی ہو وغیرہ -

Sitting, *n.* : (۱) بیٹھنا وغیرہ - (۲) نشست - (۳) اتنے انڈے جن پر ایک مرغی بٹھائی جائے ؛ ایک جھول کے انڈے - (۴) گرجے کی ایک نشست -

s. room : (۱) اتنی جگہ جو کھڑے ہوئے آدمیوں کے بیٹھنے کو کافی ہو جائے - (۲) دیوان خانہ ؛ نشست کا کمرا -

Situated, situate, *aa.* : واقع -

awkwardly s. : مشکل میں ؛ الجھن میں -

Situation, *n.* : (۱) موقع ؛ مقام ؛ محل ؛ جگہ - (۲) صورت حال ؛ حالت ؛ صورت - (۳) ڈرامے کا اہم مقام (مثلاً *Curtain falls on a strong s.*) - (۴) عہدہ ؛ جگہ ؛ ملازمت ؛ خدمت ؛ نوکری ؛ منصب -

Sitz-bath دیکھو bath -

Siva, *n.* : شیو ؛ شیوجی -

Sivaistic, *a.* : شیو کا -

Sivaite, *n. & a.* : شیو پنتھی ؛ شیو کا پجاری -

Six, *a. & n.* : (۱) چھہ ؛ شش - (۲) چھہ کا عدد - (۳) چھکا (تاش یا پانسے کا) - (۴) وہ موم بتیاں جو ایک پونڈ میں چھہ ہوتی ہیں -

two and s. : نصف کراؤن کا سکہ ؛ دو شلنگ چھہ پینس -

it is s. of one and half-a dozen of the other : برائے نام فرق ہے ' چاہے یوں کہہ لو چاہے یوں کہہ لو ' بات ایک ہی ہے -

s. to one : اغلب امکان ؛ ۸۵ فی صدی امکان -

s.-footer : چھہ فٹ لمبا شہتیر ؛ چھہ فٹ لمبی چیز -

sixpenny : چھہ پینس کی (چیز) -

s.-shooter : چھہ فیر کا پستول -

sixfold, *a. & adv.* : چھہ گنا -

at ss. & sevens : پریشان ؛ ابتر ؛ تتر بتر -

double ss. : (پانسے میں) دہرا چھکا ؛ پو بارہ -

Sixain, *n.* : چھہ مصرعوں کا بند -

Sixer, *n.* : کرکٹ میں وہ ہٹ جس میں چھہ رن بنیں ' چھہ کی یونٹ (ور -

Sixte, *n.* : لکڑی یا کنکے کا ایک ہاتھہ یا داؤں -

Sixteen, *a. & n.* : (۱) سولہ - (۲) سولہ کا عدد -

sixteenmo or 16 mo, : وہ سائز جس میں تختے کے موڑنے سے سولہ صفحے بن جائیں -

sixteenth, *a. & n.* : سولھواں -

Sixth, *a. & n.* : (۱) چھٹا ؛ ششم ؛ سادس - (۲) چھٹا حصہ -

s. part : چھہ مساوی حصوں میں سے ایک ؛ ۱/۶ -

Sixthly, *adv.* : چھٹے ؛ ششم -

Sixty, *a.* & *n.* : (۱) ساٹھ ؛ شصت - ۲ ساٹھ کا عدد -

s. -fourmo : وہ سائز جس میں کاغذ کے تختے چھ مرتبہ موڑنے کے بعد چونسٹھ صفحے بن جائیں -

the s. : ۶۰ اور ۷۰ کے درمیان کے سال ؛ عمر کے یا صدی کے -

sixtieth, *a.* & *n.* : ساٹھواں -

Sizable, *a.* : بڑے سائز کا ؛ بڑا -

Sizar, *n.* : رعایتی فیس دینے والا طالب علم ؛ کیمبرج یا ٹرنٹی کالج ڈبلن کا وہ طالب علم جو کم شرح فیس داخل کرتا ہے ؛ پہلے بعض خدمتیں بھی اس کے سپرد ہوتی تھیں -

sizarship, *n.* : رعایتی فیس کا منصب -

Size, *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) تاریخ ؛ کھانے پینے کی بعض چیزوں کے تولنے کا باٹ ؛ ناپنے کا پیمانہ - (۲) (جامعۂ کیمبرج) راشن ؛ راتب ؛ روزانہ خوراک (*sizing*) - (۳) قد ؛ قامت ؛ ڈیل ڈول ؛ جسامت ؛ تقطیع ؛ ناپ ؛ سائز - (۴) ٹوپی ؛ جوتے ؛ کپڑوں وغیرہ کا ناپ یا نمبر - (۵) موتی ناپنے کا آلہ - (۶) (جامعۂ کیمبرج) راتب یا راشن منگانا - (۷) قامت کے اعتبار سے ترتیب ؛ جسامت کے لحاظ سے تقسیم کرنا -

that is about the size of it : (روز مرہ) یہ ہے صحیح واقعہ -

size stick : موچی کا پاؤں کی لمبائی لینے کا پیمانہ

(-)sized, *a.* : قامت (-) جسامت کا -

s. up : (۱) قامت ؛ جسامت وغیرہ کا اندازہ کرنا - (۲) (روز مرہ) کسی شخص کی نسبت رائے قائم کرنا ؛ اندازہ کرنا کہ وہ کتنے پانی میں ہے -

Size, *n.* & *v. t.* : (۱) ایک قسم کا چپکنے والا مسالہ جو کاغذ یا کپڑے میں کراراپن پیدا کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے - (۲) (فعل) مسالہ لگا کر سخت کرنا -

sizy, *a.* : چپکنے والا ؛ سریش کا سا -

Sizzle, *v. i.* & *n.* : (۱) (روز مرہ) کسی چیز کا تلنے کے وقت چوں چوں ہونا - (۲) چوں چوں کی آواز -

Sjambok, *n.* : گینڈے کی کھال کا چابک -

Skald : دیکھو Scald -

Skate, *n.* : ایک قسم کی مچھلی -

Blue, Grey, S. : ترچھی مربع شکل کی مچھلی ؛ جس کی لمبی سی دم ہوتی ہے -

Skate, *n. v. i.* & *t.* : (۱) برف پر چلنے کی کھڑاؤں ؛ اسکیٹ - (۲) (فعل) ان کھڑاؤں سے برف پر یا چکنے فرش پر پھسلنا ؛ اسکیٹ کرنا

s. over thin ice : نازک مسئلے پر گفتگو کرنا -

skating rink : مصنوعی برف کی سطح یا وہ فرش جو اسکیٹ کرنے کے لیے مخصوص کر دیا گیا ہو -

skater, *n.* : اسکیٹ کرنے والا ؛ برف پر چلنے والا -

Skean, skene, skain, *n.* : ایک قسم کا خنجر ؛ پیش قبض ؛ چھرا ؛ آئرستان اور اسکاٹستان میں استعمال ہوتا ہے -

s. -dhu : خنجر ؛ جو موزوں (ٹو) میں کھونس لیا جاتا ہے ؛ ہائی لینڈ کے لباس کا ایک جزو ہے -

Skedaddle, *v. i.* & *n.* : (۱) (روز مرہ) بھگدڑ مچانا ؛ تتر بتر ہو جانا ؛ سر پر پاؤں رکھ کر بھاگنا - (۲) (اسم) بھگدڑ -

Skee : دیکھو ski -

Skein, *n.* : (۱) دھاگے یا ریشم کا لچھا ؛ لچھی ؛ انٹی - (۲) جنگلی بطخوں وغیرہ کا اڑتا ہوا جھنڈ - (۳) استعارتاً ؛ گتھی ؛ الجھاؤ -

Skeleton, *n.* : (۱) ڈھانچا ؛ ڈھانچ - ۲ آدمی کا پنجر ؛ ڈھانچ - (۳) ڈھانچ کی ٹھیر ؛ محض قالب ؛ کسی چیز کا - (۴) ڈھانچ ؛ اہم جز ؛ کسی شے کا - (۵) لب لباب ؛ خاکہ ؛ خلاصہ - (۶) (مبالغے کے طور پر) بالکل دبلا پتلا آدمی ؛ پوست و استخوان -

s. at the feast : رنگ میں بھنگ -

s. in the cupboard, family s. : بدنامی یا رسوائی کی بات ؛ جو باہر والوں سے چھپائی جائے -

s. crew, s. regiment : اصل مختصر عملۂ جہاز ؛ اصل مختصر رجمنٹ جو ضرورت کے وقت بڑھائی جاسکے -

s. drill : ایک قسم کی فوجی قواعد جس میں ہر کمپنی کے دو آدمی ہوتے ہیں ؛ اور ایک دوسرے سے بہت فاصلے پر کھڑے کیے جاتے ہیں

s. key : ہر قفل کنجی ؛ کھوکھلی کنجی ؛ وہ کنجی جو بہت سے تالوں میں تھوڑی سی تبدیلی کے ساتھ لگ سکے

s. or s. face type : ہلکا ٹائپ ؛ جس میں حروف اچھی طرح ابھرے نہ ہوں -

Skeletal, *a.* : پنجر سا ؛ ڈھانچ کا -

Skeleto- : (صورت ترکیبی) -

skeletography, *n.* : علم تشریح -

Skeletonize, *v. t.* : (۱) ڈھانچ ہی ڈھانچ رہنے دینا ؛ انسان یا جانور کے جسم یا پتی وغیرہ کا - (۲) (تصویر میں) صرف خاکہ رہنے دینا (جزویات مٹا کر) -

Skene : دیکھو Skean -

Skep, *n.* : (۱) ایک قسم کی ٹوکری (لکڑی یا بید کی) - (۲) شہد کی مکھیوں کا چھتا ؛ لکڑی یا بید کا بنا ہوا -

Skepsis, Skeptic : دیکھو sceptic, scepsis -

Sketch, *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) خاکہ (تصویر کا) ؛ گردہ ؛ ڈھانچا - (۲) خلاصہ ؛ مختصر بیان ؛ خاکہ ؛ مسودہ - (۳) مختصر مضمون جس میں واقعات کا بیان ہو ؛ مختصر سا ناٹک خصوصاً رقص - (۴) ایک گت کا نغمہ - (۵) خاکہ بنانا ؛ گردہ بنانا ؛ قدرتی مناظر کے نقشے کھینچنا ؛ خلاصہ بیان کرنا ؛ مجمل طور پر بیان کرنا -

sketch-block, -book : مصوری کی مشق کی کاپی -

s. map : خاکہ (کسی مقام کے نقشے کا) -

sketchy, *a.* : خاکہ سا ؛ سرسری ؛ مجمل -

sketchily *adv.* : خاکے کے طور پر ؛ مجمل طور پر -

sketchiness, *n.* : سرسری ہونا ؛ اجمال -

sketcher, *n.* : (قدرتی مناظر وغیرہ کا) خاکہ بنانے والا ؛ مصور -

Skew, *a.* & *n.* : (۱) ترچھا ؛ ٹیڑھا ؛ بینڈا ؛ آڑا - (۲) ٹیڑھا میڑھا ؛ خمیدہ (زیادہ تر میکانیات اور ریاضیات میں مستعمل ہے) - (۳) (ریاضی) منحرف (شکل) - (۴) پشتہ - (۵) ڈھلواں سرا پشتے یا آرواز کا - (۶) جوڑ یا دیوار کے ترکونی حصے کی سلفتیر -

s. bridge : وہ پل جس کی آوسی ڈاٹ پر قائمہ نہیں بناتیں ؛ تیلچھی کا پل -

s. chisel : ٹیڑھا یا خمدار رندہ -

s. wheel : ٹیڑھے دندانوں کا پہیا یا چرخی -

s. curve : منحنی مکعب -

skewbald : سفید اور رنگین چتیوں کا (خصوصاً گھوڑا) -
skewered : حول ؛ بھینگا -

Skewer, *n. & v. t.*: (۱) کباب کی سیخ - (۲) مزاحاً : تلوار - (۳) (فعل) ملا کر باندھنا ؛ چھیدنا ؛ سیخ میں پرونا -

Ski, *n. pl.* ski, skis : آٹھ فٹ لمبا اور چار انچ موٹا تختہ جسے ناروے ، سویڈن وغیرہ میں جوتوں سے باندھ کر برف پر پھسلتے ہیں ؛ اسکی -

Skiagraphy : دیکھو Scia -

Skid, *n. & v. t. & i.*: (۱) چوکھٹا یا لکڑی جو روک ، ٹیکن وغیرہ کا کام دے - (۲) لوہے یا لکڑی کی روک جو پہیے کو گھومنے سے روکتی ہے پہیے کا قال - (۳) پہیے کا کیچڑ میں پھسلنا - (۴) ٹیکن لگانا ؛ روک لگانا - (۵) (گاڑی وغیرہ کا) پھسلنا -

Skier, *n.*: وہ شخص جو (ski) سے چلتا ہے -

Skiff, *n.*: ھلکی ناؤ ؛ چھوٹی کشتی ؛ ڈونگی -

Skilful, *a.*: (۱) مشاق ، ماہر ؛ چابک دست ؛ ہوشیار ؛ سلیقہ مند - (۲) اُستادانہ ؛ عمدہ ؛ دانش مندانہ ؛ سلیقے کا -

skilfully, *adv.*: کاریگری سے ؛ اُستادی سے ؛ ہوشیاری سے ؛ دانش مندی سے -

Skill, *n.*: (۱) مشق ؛ مہارت ؛ اُستادی ؛ ہنر مندی ؛ چابک دستی - (۲) شعور ؛ سلیقہ ؛ حسن تدبیر ؛ موقع شناسی -

Skilled, *a.*: (۱) ہنر مند ؛ مشاق ؛ ماہر ؛ اُستاد (کسی فن میں) - (۲) سیکھا ہوا ؛ کاریگر (مزدور وغیرہ) -

Skilless, *a.*: (شاذ) بے ہنر ؛ بے شعور ؛ بے سلیقہ ؛ اناڑی -

Skillet, *n.*: دستہ دار دیگچی ؛ ایک قسم کا پکانے کا برتن -

Skills, *v. i.*: (قدیم) مثلاً it skills not اِس سے کچھ نہیں ہوتا ؛ یہ بالکل بے فائدہ ہے -

Skilly, *n.*: جئی کا پتلا دلیا (عموماً جیل خانوں میں قیدیوں اور محتاج خانوں میں محتاجوں کو دیا جاتا ہے) -

Skim, *v. t. & i., & a.*: (۱) ملائی یا بالائی اُتارنا ؛ پپڑی اُتارنا (دودھ یا کسی اور سیال شے پر سے) - (۲) کسی سطح کو مس کرتے ہوئے گزرنا ؛ سبک پروازی سے اُڑنا - (۳) ایک نظر ڈالنا ؛ سرسری طور پر دیکھ لینا ؛ ایک نظر ڈال کر موٹی موٹی باتیں سمجھ لینا -

s. the cream off : (استعارتاً) کسی شے کا بہترین حصہ لے لینا ؛ ست نکال لینا -

s. milk : ملائی اُترا دودھ ؛ دودھ جس سے ملائی اتار لی گئی ہو -

Skimmer, *n.*: (۱) ملائی اُتارنے کا کفگیر یا کوچھا - (۲) آبی پرندوں کی بعض اقسام خصوصاً (Black S.) ایک پرند جس کی چونچ چپٹی ہوتی ہے -

Skimp, *v. t. & i.*: (۱) ناپ تول کر دینا ؛ خست سے دینا - (۲) خسیس ہونا ؛ بخیل ہونا ؛ خست سے کام لینا -

skimpy, *a.*: ناکافی ؛ قلیل ؛ دبلا پتلا ؛ تنگ -

skimpingly, *adv.*: کنجوسی سے ؛ بخل سے ؛ خست سے -

Skin, *n.*: (۱) کھال ؛ جلد ؛ چمڑا - (۲) (تشریح) جلد کی ایک پرت (مثلاً inner or outer s. اندرونی یا بیرونی کھال یا جلد) - (۳) چمڑا ؛ ادھوڑی ؛ کھال - (۴) چمڑے کی بنی ہوئی چیزیں - (۵) مشک وغیرہ - (۶) پھل یا درخت وغیرہ کا پوست ؛ چھلکا ؛ چھال - (۷) جہاز یا کشتی کے اندر یا باہر کی چادر (خواہ لکڑی کی ہو یا لوہے کی

with a whole s.: صحیح سلامت -

save one's s.: بچ نکلنا ؛ محفوظ رہنا -

change one's s : قلب ماہیت ہونا -

would not be in his s.: اس کی جگہ پر ہونا پسند نہ کرنا -

is only s. & bones : محض پوست و استخواں ہے ؛ بےحد دبلا ہے -

escape with the s. of one's teeth : بال بال بچنا -

thick s. : بے حس (جس پر طعن و تشنیع وغیرہ کا اثر نہ ہو) -

thin s.: زود حس (جس پر طعن وغیرہ کا حد سے زیادہ اثر ہو) -

fair s. : گورا رنگ -

dark s. : کالا رنگ -

near is my shirt, nearer my s. : دیکھو shirt -

s.-bound : چسپ کھال کا -

s.-deep : (۱) زخم ، جس کی گہرائی صرف کھال تک ہو - (۲) سطحی (جذبہ) -

s. friction : جہاز وغیرہ کے چلنے میں پانی کی رکاوٹ -

skinful : مشک بھر (شراب) ؛ اتنی شراب جو ایک آدمی اٹھا سکے -

s. grafting : عمل جراحی میں دوسری جگہ کی یا دوسرے شخص کی کھال لگا دینا -

skinny, *a.* : دبلا پتلا -

skinniness, *n.* : دبلا پا ؛ لاغری -

(-)skinned, *a.* : (-) جلد کا ؛ (-) پوست دار -

skinless, *a.* : بغیر کھال کا ؛ بے جلد ، بے چھلکے کا -

Skin, *v. t. & i.* : (۱) ڈھکنا (زخم وغیرہ) اس طرح جیسے کھال سے ڈھکا ہوتا ہے ؛ پوست منڈھنا ؛ نئی کھال آنا ؛ زخم بھرنا ؛ انگور آنا - (۲) کھال کھینچنا ؛ پوست اتارنا ؛ کھال ادھیڑنا ؛ سوچیلنا (۳) (روز مرہ) اپنا یا دوسرے کا جسم لباس اتارنا - (۴) (عامیانہ) موس لینا ، کنگال کردینا -

keep your eyes skinned : (عامیانہ) ہوشیار رہو ؛ چوکس رہو -

skinflint : کنجوس ؛ بخیل ؛ مکھی چوس -

Skink, *n.* : چھوٹی قسم کی چھپکلی -

Skinner, *n.* : (۱) کھال کھینچنے والا وغیرہ - (۲) سوداگر چرم ؛ چرم فروش ؛ چمڑا کمانے والا -

Skip, *v. i. & t.* : (۱) زقند بھرنا ؛ اچھلنا کودنا ؛ چھلانگ مارنا (بکری کے بچوں ، بیلوں کے بچوں وغیرہ کا) - (۲) (بچوں خصوصاً لڑکیوں کا) رسی ہاتھ میں لے کر اس پر سے کودنا ؛ رسی پھلانگنا - (۳) دفعتاً ایک مضمون یا شغل کو چھوڑ کر دوسرے کو اختیار کرلینا ؛ ایک کام چھوڑ کر دوسرے میں لگ جانا - (۴) (عامیانہ) بھاگ کھڑا ہونا ؛ اڑنچھو ہو جانا - (۵) بیچ میں چھوڑ جانا ؛ بیچ میں چھوڑ چھوڑ کر کرنا ؛ جستہ جستہ کرنا (مطالعہ وغیرہ) - (۶) زقند ؛ چھلانگ ؛ پھلانگ ؛ جست -

skipjack : (۱) نٹ کھلونا - (۲) مچھلی ، تتلی اور کیڑے کی قسم -

skipping-rope : ایک رسی جس کے دونوں طرف لکڑی کے دستے لگے ہوتے ہیں اور لڑکیاں اسے پھلانگتی ہیں -

skippingly, *adv.*: کودتے ہوئے ؛ پھلانگ مارکر -

Skip, *n.* : کالج کا ملازم ؛ خدمت گار (خصوصاً ڈبلن میں) -

Skip, *n.* : curling یا bowls کے کھیل میں ایک فریق کا کپتان -

Skip, *n.*: چھوا یا ٹوکرا جس کے ذریعے اشخاص یا سامان کانوں کے نیچے یا اوپر بھیجے جاتے ہیں -

Skipper, *n.* : (۱) کودنے والا ؛ زقند بھرنے والا - (۲) (حیاتیات) دیکھو s. jack -

Skipper, *n.* : ناخدا ؛ جہاز کا مالک ؛ جہاز کا کپتان -

(۲) کہانیوں میں کہتاں -

s.'s daughters : سمندر کی لہریں جن میں چھینیں اٹھ رہا ہو -

Skippet, *n.* : (تاریخ) چھوٹا سا لکڑی کا ڈبا جس کے اندر وہ بڑی مہر رکھی ہوتی ہے جو فیتے کے ذریعے دستاویز سے بندھی ہوتی ہے -

Skirl, *v. i.* & *n.* : bagpipe کی سی آواز نکالنا ؛ ویسی آواز -

Skirmish, *n.* & *v. i.* : (۱) چھوٹی سی بے قاعدہ لڑائی - (۲) علمی بحث ؛ نوک جھونک - (۳) چھوٹی ٹکڑیوں میں لڑنا ؛ فوجوں کا آپس میں الجھ پڑنا -

skirmisher, *n.* : ایسی لڑائی لڑنے والا -

Skirret, *n.* : ایک قسم کی ترکاری -

Skirt, *n.* & *v. t.* &*i.* : (۱) دامن ؛ لہنگا ؛ سایا - (۲) کنارہ ؛ حاشیہ ؛ سرحد (اکثر جمع) - (۳) آس پاس یا کنارے کنارے واقع ہونا ؛ قریب واقع ہونا ؛ ساحل کے یا دیوار کے کنارے کنارے چلنا - (۴) (عامیانہ) عورت -

divided s. : ڈھیلا پتلون -

on the ss. of London : اطراف لندن میں ؛ لندن کے چھور پر -

s. of beef : گوشت پر کی جھلی ، چھیچھڑے وغیرہ -

s. dance, s. dancing. : سایے کا ناچ -

skirting, *n.* : دامن کا کپڑا -

(-)skirted, *a.* : دامن کا -

skirtless, *a.* : بے دامن -

skirting board : تختہ جو کمرے کی دیوار کے حصۂ زیریں میں برابر لگا ہوتا ہے -

Skit, *n.* : (۱) ہجو - (۲) (روز مرہ) بھیڑ بھاڑ ؛ جمگھٹ -

Skitter, *v. i.* : (۱) پانی کے چھینٹے اڑانا (مرغابیوں وغیرہ کا) - (۲) چارے کو سطح آب پر ڈال کر مچھلی کا شکار کرنا -

Skittish, *a.* : (۱) بھڑکنے والا ؛ بے چین ؛ شوخ (گھوڑا وغیرہ) - (۲) (خصوصاً عورت) متلون مزاج ؛ لگاوٹ باز ؛ چنچل ؛ چلبلی ؛ چونچال ؛ سیلانی ؛ آوارہ ؛ بدوضع -

skittishly, *adv.* : شوخی سے ، چنچل پن سے وغیرہ -

skittishness, *n.* : شوخی ؛ چنچل پن وغیرہ -

Skittle, *n.* & *v. t.* : (۱) (جمع) ایک قسم کا کھیل ہے جو نو میخوں سے کھیلا جاتا ہے ، یہ سب ایک گیند سے گرائی جاتی ہیں - (۲) (عامیانہ ؛ نجائیہ) Ss ! لغویات ہے ، مہمل ہے - (۳) (کرکٹ) بلے بازوں کو یکے بعد دیگرے تیزی سے آؤٹ کر دینا -

beer & ss. : کھیل ؛ تماشا ؛ تفریح -

Skiv, *n.* : (عامیانہ) گنی ؛ پونڈ (انگلستان کا سکہ) -

Skive, *v. t.* : (کھال ، چمڑے وغیرہ کو) پھاڑنا ؛ کاٹنا ؛ چھانٹنا ؛ (جواہر کی سطح کو) رگڑنا ، ہموار کرنا -

Skiver, *n.* : (۱) چمڑے کے کاٹنے کی چھری - (۲) پتلا کتابوں والا استعمال چمڑا -

Skua, *n.* : سمندری مرغابی کی بعض اقسام خصوصاً the Great S. سب سے بڑی مرغابی جو سیاہی مائل ہوتی ہے -

Skulk, *v. i.* : (۱) چھپ رہنا ؛ دبک رہنا - (۲) گھات میں ہونا - (۳) (خطرے سے) منہ چھپانا ؛ پہلو بچانا ؛ کھسک جانا - (۴) (کام سے) جی چرانا - (۵) نظروں سے بچنا -

skulker, *n.* : دبکنے والا ؛ جی چرانے والا ؛ چھپنے والا -

skulk *n.* : چھپنا ؛ دبکنا وغیرہ -

skulkingly, *adv.* : دبک کر ؛ پہلو بچاتے ہوئے ؛ جی چراتے ہوئے -

Skull, *n.* : (۱) کھوپڑی ؛ کاسۂ سر - (۲) ایک پودا جس کا پھول کھوپڑی کی شکل کا ہوتا ہے -

s. & cross bones : کھوپڑی اور ہڈیوں کی قینچی (موت کی علامت سمجھی جاتی ہے) -

s.-cap : مخمل کی ٹوپی جس کو معمر لوگ گھر میں پہنتے ہیں -

(-)skulled, *a.* : کھوپڑی کا ؛ کاسۂ سر کا -

Skunk, *n.* : (۱) امریکا کا ایک گوشت خوار جانور ، جو قد میں بلی کے برابر ہوتا ہے اور اس کے بدن پر سیاہ و سفید داغ ہوتے ہیں ، وہ اپنی حفاظت کے لئے پیچھے سے بڑی سخت بد بو نکالتا ہے جسے کوئی برداشت نہیں کر سکتا - (۲) اس کا سمور - (۳) ذلیل شخص -

Skupshtina, *n.* : سرویا کی پارلیمینٹ -

Sky, *n.* & *v. t.* : (۱) آسمان ؛ فلک ؛ چرخ ؛ آکاس - (۲) آب و ہوا ؛ فضا ؛ خطہ - (۳) (کرکٹ) اونچی ہٹ مارنا - (۴) دیوار پر تصویر اونچی ٹانگنا -

if the s. fall we shall catch larks. : موہوم مصیبت کی فکر کرنا فضول ہے -

under the open s. : زیر آسمان ؛ باہر -

loud to the ss. : حد سے زیادہ تعریف کرنا ؛ آسمان پر چڑھا دینا -

s. -blue : آسمانی (رنگ کا) -

s. -born : (شعر) دیوتاؤں کی نسل کا -

s. -clad : (مزاحاً) عریاں ؛ ننگا ؛ برہنہ -

s. -high : بہت اونچا ؛ سر بفلک ؛ آسمان سے باتیں کرنے والا -

skylark : (۱) لوا - (۲) (روز مرہ) اچھل کود کرنا ؛ کسی کے ساتھ مذاق کی حرکتیں کرنا ؛ شرارتیں کرنا

skylight : روشن دان ؛ تاب دان (چھت میں) -

s. -line : خط فلکی ، پہاڑی وغیرہ کا خاکہ جو آسمان کے پس منظر بنا کر دیکھا جائے -

s. pilot : (عامیانہ) پادری -

s. rocket : ہوائی ؛ بان -

s. sail : ایک قسم کا ہلکا باد بان -

skyscape : فلکی منظر ، وہ تصویر جس میں زیادہ تر آسمان کا منظر دکھایا گیا ہو -

skyscraper : (۱) (مزاحاً) ہلکا باد بان جو سب سے اوپر ہوتا ہے - (۲) کئی منزل کی عمارت - (۳) بلند و بالا عمارت -

skyey, *a.* : آسمان کے مثل -

skyless, *a.* : بے آسمان کے -

skyward(s), *adv.* & *a.* : سوئے آسمان ؛ آسمان کی طرف -

Skye(terrier), *n.* : اسکاٹ لینڈ کا ایک کتا جو خاکستری رنگ ، چھوٹی ٹانگوں اور لمبے جسم کا ہوتا ہے -

Skyer, *n.* : (کرکٹ) آسمانی ہٹ ؛ اونچی ہٹ -

Slab, *n.* & *v. t.* : (۱) پتھر کی سل - (۲) (لکڑی کے کندے کا) اوپری ٹکڑا - (۳) (تختے کاٹنے کے لیے کندے یا درخت کے چاروں طرف سے) بیرونی ٹکڑے کاٹنا

s -stone : پتھر کی وہ قسمیں جن کی سلیں آسانی سے بن جاتی ہیں -

slabbing gang : تختے کاٹنے کے آرے -

Slab, *a.* : (۱) (قدیم) گاڑھا اور لیس دار - (۲) لیس دار (سیال) -

Slabber = slobber

Slack, *a.*, *adv.*, *n.*, & *v. t.* & *i.* : (۱) سست ؛ سجھول ؛ غافل ؛ ڈھیلا ڈھالا - (۲) bake, dry وغیرہ کے ساتھ آتا ہے) آہستہ آہستہ ؛

ڈھیلا ڈھالا (جیسے s. -bake bread) - (۳) ڈھیلی لٹکی ہوئی (رسی) - (۴) تجارت وغیرہ کی سرد بازاری؛ مندا - (۵) (جمع) پتلون؛ پاجامہ - (۶) کوئلے کا چورا - (۷) ڈھیلی کرنا (رسی وغیرہ)؛ دھیما کرنا یا ہونا - (۸) (روز مرہ) ستانا؛ سست ہونا - (۹) (چونا) بجھانا - (۱۰) (روز مرہ) ڈھیلی کا وقفہ - (۱۱) گستاخی -

s. water : ٹھہرا ہوا پانی (جزر کے وقت) -

a s. rope : ڈھیلی رسی -

s. in stays : (بحری) چلنے میں سست ہے -

s. market, trade etc.: سرد بازار؛ مندا کاروبار -

keep s. hand or rein : بے پروائی سے سواری کرنا یا بے پروائی سے حکومت کرنا -

s. weather : سستی پیدا کرنے والا موسم -

s. lime : بجھا ہوا چونا -

slacken, *v. t.*: ڈھیلا ہونا؛ سست ہونا؛ ڈھیلا کرنا؛ سست کرنا -

slackly, *adv.*: ڈھیلے پن سے؛ غفلت سے؛ سستی سے -

slackness, *n.*: سستی؛ ڈھیل؛ کاہلی؛ غفلت؛ سرد بازاری؛ مندا -

slacker, *n.*: سست؛ کاہل؛ کام چور -

s. off : سست پڑ جانا؛ ڈھیلا پڑ جانا -

s. up : ریل وغیرہ کی رفتار کم کرنا؛ آہستہ کرنا -

Slag, *n. & v. i.*: (۱) دھات کا میل جو کچی دھات کو صاف کرنے میں نکلتا ہے - (۲) کھنگر -

Slain : دیکھو Slay -

Slake, *v. t.*: (۱) بجھانا؛ تسکین دینا (پیاس کو) - (۲) تسکین دینا (جذبۂ انتقام کو) - (۳) بجھانا؛ کیمیاوی طریقے سے پانی میں حل کرنا (چونے کو) -

Slam, *v. t. & i., & n.*: (۱) زور سے بند کرنا یا بند ہونا؛ (دروازے وغیرہ کا) دھڑ سے بند کرنا یا ہونا - (۲) کسی شے کو زور سے پٹکنا؛ دھڑ سے پٹک دینا - (۳) مارنا؛ پیٹنا؛ آسانی سے جیت جانا - (۴) دھڑا کا؛ دھڑ سے بند ہونے کی آواز -

Slander, *n. & v. t.*: (۱) بہتان؛ تہمت؛ اتہام؛ افترا؛ جھوٹا اِلزام - (۲) غیبت؛ بدگوئی؛ اِفترا پردازی - (۳) (قانون) ہتک عزت (جو زبانی جھوٹا اِلزام لگا کر کی جائے) - (۴) تہمت لگانا؛ بہتان باندھنا؛ جھوٹا اِلزام لگا کر ہتک کرنا -

slanderous, *a.*: افترا پردازانہ؛ ہتک آمیز -

slanderously, *adv.*: ہتک آمیز طریقے سے؛ افترا پردازی سے -

slanderousness, *n.*: ہتک آمیزی -

slanderer, *n.*: مفتری؛ بدگو؛ بہتان لگانے والا؛ غیبت کرنے والا -

Slang, *n. & v. t.*: (۱) عامیانہ لفظ یا محاورہ؛ عامیانہ زبان - (۲) کسی خاص طبقے یا پیشے کی زبان؛ وہ لفظ یا محاورہ جو کسی خاص پیشے یا طبقے میں رائج ہو؛ کسی خاص پیشے کی اصطلاح - (۳) گالی دینا -

Slangy, *a.*: (۱) عامیانہ؛ عامیانہ زبان کا - (۲) عامیانہ زبان استعمال کرنے والا؛ جس میں عامیانہ زبان استعمال کی گئی ہو -

Slant, *v. i. & t., a. & n.*: (۱) ڈھلوان ہونا؛ ترچھا ہونا؛ ڈھلوان کرنا؛ ترچھا کرنا - (۲) ڈھلان؛ ڈھال؛ ترچھا پن - (۳) (قدیم) طعن؛ چوٹ - (۴) (بحری) موافق ہوا (a s. of wind) - (۵) (امریکن محاورہ) نقطۂ نظر -

slantingly, *adv.*: ڈھلواں؛ ترچھا ہو کر -

slantingdicular, slantendicular, *a.*: *Perpendicular* کے قیاس پر مزاحاً بنا لیا ہے -

slantwise, *adv.*: ڈھلواں؛ ترچھا -

Slap, *v. t., n., & adv.*: (۱) تھپڑ مارنا؛ طمانچہ مارنا؛ چپت رسید کرنا؛ دھول لگانا - (۲) چپت؛ تھپڑ؛ طمانچہ؛ دھول - (۳) تڑ سے؛ تڑاق سے؛ دفعتاً؛ ٹھیک؛ عین -

s. in the face : (۱) تھپڑ؛ طمانچہ - (۲) جھڑکی؛ ذلت؛ ذلت -

s. bang : شدت سے؛ تڑاق سے؛ بے تحاشا -

slapdash : (۱) شدت سے؛ زور شور سے؛ اندھا دھند - (۲) ناعاقبت اندیشانہ؛ اٹکل پچو؛ لاأبالی - (۳) لاأبالی پن کی حرکت؛ ناعاقبت اندیشی کی حرکت - (۴) ریت چونے کا پلاسٹر - (۵) چونے کا پلاسٹر کرنا -

s.-up: (سوقیانہ) بالکل نئے فیشن کا؛ جدید ترین سامان سے آراستہ -

slapping, : تیز؛ بڑا؛ اچھا -

Slash, *v. i. & t. & n.*: (۱) (تلوار، چاقو، چابک وغیرہ سے) اندھا دھند وار کرنا؛ شپاشپ مارنا؛ ہاتھ چلانا - (۲) پتلا لمبا زخم یا شگاف - (۳) چابک مارنا؛ کوڑا پھٹکارنا - (۴) (فوجی) درختوں کو حصار بنانے کے لئے گرانا - (۵) درختوں کے گرنے یا گرانے سے جمع ہونے والا کوڑا -

slashing criticism : پرخچے اڑا دینے والی تنقید -

slashed sleeves : کٹی آستین جس میں سے استر نظر آئے -

Slat, *n.*: جھلملی کا پتلا تختہ؛ لکڑی کی پتلی پٹی -

Slat, *v. i. & t.*: (۱) (بادبان، رسیوں وغیرہ کا) مستول وغیرہ سے زور سے ٹکرانا - (۲) کسی چیز کی سطح پر زور سے مارنا یا ٹکرانا -

Slate, *n. a. & v. t.*: (۱) سلیٹ؛ ایک طرح کی سرمئی رنگ کی چٹان جس کی بہت سی پرتیں ہوتی ہیں - (۲) سلیٹ کے ٹکڑے جو چھتوں میں لگائے جاتے ہیں - (۳) بچوں کے لکھنے کی سلیٹ - (۴) سلیٹ کے ٹکڑوں سے چھت چھانا -

s. pencil : سلیٹ کی پنسل -

s.-black, blue, -grey : سلیٹ کا سا سیاہ، نیلا، خاکستری رنگ -

s.-club : امداد باہمی کی انجمن، جس کا بہت ہی کم ہفتہ وار چندہ ہوتا ہے -

clean the s. : حساب پاک کرنا؛ قرض اور مطالبات معاف کرنا یا اس سے نجات پانا -

slaty, *a.*: سلیٹ کا سا؛ سلیٹ کے رنگ کا -

slater, *n.*: سلیٹ سے پاٹنے والا -

Slate, *v. i.*: (۱) (روز مرہ) سختی سے نکتہ چینی کرنا؛ دھجیاں اڑانا (کتاب کی تنقید میں) - (۲) لعنت ملامت کرنا؛ خبر لے ڈالنا -

slating : سخت نکتہ چینی؛ لعنت ملامت -

Slattern, *n.*: پھوہڑ عورت -

slatternly, *a.*: پھوہڑ؛ پھوہڑپن کا -

slatternliness, *n.*: پھوہڑپن -

Slaughter, *n. & v. t.*: (۱) قتل (عموماً بہت سے آدمیوں یا بہت سے جانوروں کا)؛ خوں ریزی؛ کشت و خون؛ قتل عام؛ ذبح - (۲) قتل عام کرنا؛ کشت و خون کرنا؛ خوں ریزی کرنا - (۳) حلال کرنا؛ قربانی کرنا؛ ذبح کرنا -

s. house : مذبح -

slaughterer, *n.*: ذبح کرنے والا؛ قاتل -

slaughterous : قاتلانہ؛ سفاکانہ -

Slav, *n. & a.*: (۱) سلافی قوم کا - (۲) سلافی قوم سے متعلق؛ سلافیوں کا؛ سلافی -

slavophil, *n.* : سلاف دوست -
slavophobe, *n.* : سلاف ترس ؛ سلاف دشمن -
slavism, *n.* : سلاویت
Slave, *n.* & *v. i.* : (۱) غلام ؛ عبد ؛ بردہ ؛ بندہ ؛ داس - (۲) بندۂ (کسی عادت وغیرہ کا) - (۳) ہر وقت کا نوکر ؛ چوبیس گھنٹے کا مزدور ؛ وہ شخص جسے دن رات کام کرنا پڑے - (۴) ادنیٰ درجے کا آدمی ؛ کمینہ آدمی ؛ نفرا -
s.-born : (۱) جو شخص غلامی کی حالت میں پیدا ہوا ہو - (۲) غلام بچہ -
s.-bangle : ایک قسم کے کڑے جو بازو میں پہنے جاتے ہیں -
s.-driver : (۱) غلاموں کا نگراں - (۲) (استعارتاً) سخت گیر آقا یا افسر
s.-grown : غلاموں کی پیدا کی ہوئی ؛ غلاموں کی بنائی ہوئی (اشیا) وغیرہ -
s. holder : غلاموں کا مالک -
s. hunter : بردہ فروش ؛ غلاموں کو پکڑ کر بیچنے والا خصوصاً حبشیوں کو -
s. states : شمالی امریکا کی جنوبی ریاستیں جن میں سول وار سے پہلے غلامی کا رواج تھا -
s. ship : بردہ فروشوں کا جہاز ؛ وہ جہاز جس پر غلاموں کو بیچنے کے لیے لے جائیں -
s. trade : بردہ فروشی (خصوصاً حبشیوں کی) -
s. trader : بردہ فروشی کا حامی یا بردہ فروش -
Slaver *n.* : (۱) غلاموں کی تجارت کرنے والا ؛ بردہ فروش - (۲) بردہ فروشوں کا جہاز -
Slaver, *v. i.* & *t.* & *n.* : (۱) منہ سے رال بہانا ؛ آب دہن بہنے - آلودہ کرنا ؛ تھوک بھرنا (کپڑوں وغیرہ کو) - (۲) رال ؛ لعاب دھن - (۳) (استعارتاً) ذلیل خوشامد ؛ چاپلوسی -
slavery, *a.* : تھوک بھرا ؛ لعاب دھن سے آلودہ -
Slavery, *n.* : (۱) غلامی ؛ حلقہ بگوشی ؛ بندگی - (۲) غلام رکھنا ؛ غلاموں کی ملکیت - (۳) ہر وقت کی نوکری ؛ سخت محنت کا کام -
Slavey, *n.* : (عامیانہ) ماما ؛ ملازمہ ؛ خادمہ -
Slavic, *a.* & *n.* : سلاوی اقوام کی ؛ سلاوی -
Slavish, *a.* : غلامانہ ؛ غلاموں کا سا ؛ پاجیوں کا سا ؛ ذلیل ؛ کمینہ ؛ دنی ؛ دون -
s. imitation : محض نقل ؛ اندھی تقلید -
slavishly, *adv.* : غلاموں کی طرح ؛ ذلیل طریقے سے -
slavishness, *n.* : غلامانہ طبیعت ؛ ذلیل طبیعت
Slavonian, *a.* & *n.* : (۱) سلاوی زبان - (۲) سلاوی نسل کا شخص ؛ سلاونی ؛ آسٹریا کے صوبۂ سلاونیا کا باشندہ -
Slavonic, *a.* & *n.* : (۱) سلاوی زبان - (۲) سلاوی نسل کا -
slavonicize, *v. t.* : سلاوی رنگ چڑھانا ؛ سلاوی بنانا -
Slaw, *n.* : کرم کلا کا کچومر -
Slay, *v. t.* : قتل کرنا ؛ ذبح کرنا ؛ مار ڈالنا ؛ حلال کرنا (شعر خطابت میں مزاحاً استعمال ہوتا ہے) -
slayer, *n.* : قاتل ؛ خونی ؛ ذبح کرنے والا -
Sleazy, *a.* : (۱) (کپڑا) بالکل پتلا ؛ کمزور - (۲) (استعارتاً) بے بنیاد -
Sled, **sledge**, **Sleigh**, *nn.* : (۱) ایک قسم کی بغیر پہیوں کی گاڑی جس پر سوار ہو کر برف پر سفر کرتے ہیں ؛ برف گاڑی - (۲) برف گاڑی میں سفر کرنا یا اس میں لے جانا -
s.-bell : وہ گھنٹی جو برف گاڑی کے گھوڑوں کے سازمیں بندھی ہوتی ہے
Sledge, (-**hammer**), *n.* : لوہاروں کا بڑا ہتوڑا ؛ گھن -
Sleek, *a.* & *v. t.* : (۱) نرم ؛ چکنا اور چمک دار ؛ چکنا چپڑا ؛ گدگدا ؛ استعارتاً ، بظاہر معقول یا خوشنما - (۲) چکنا اور چمک دار بنانا ؛ چکنا چپڑا بنانا ؛ گدگدا بنانا -
sleekly, *adv.* : نرمی یا چکنے پن سے -
sleekness, *n.* : چکنا اور چمک دار ہونا ؛ چکنا چپڑا ہونا -
Sleep, *n.* : (۱) نیند ؛ خواب ؛ نوم - (۲) استعارتاً ، آرام ؛ خاموشی ؛ سکون ؛ غفلت ؛ موت
the s. of the just : گہری نیند ؛ آرام کی نیند -
s. that knows not breaking : دائمی نیند ؛ موت -
broken s. : بے چینی کی نیند ؛ بار بار اچٹ جانے والی نیند -
go to s. : سو جانا -
fall on s. : (۱) (قدیم) سونا - (۲) (استعارتاً) مرنا -
s. walker, -walking : نیند میں چلنے والا ؛ نیند میں چلنے کا مرض -
sleeplessly, *adv.* : بے خوابی سے -
sleepless, *a.* : بے خواب ؛ بے نیند کا -
sleeplessness, *n.* : بے خوابی ؛ نیند نہ آنا -
Sleep, *v. i.* & *t.* : (۱) سونا ؛ آرام کرنا ؛ سوجانا ؛ آنکھ لگنا - (۲) سو کر گزارنا ؛ سوکر دور کر دینا (تھکن وغیرہ) - (۳) بے کار رہنا ؛ خوابیدہ رہنا ؛ بے حس و حرکت رہنا - (۴) آغوش قبر میں سونا ؛ زیرلحد آرام کرنا ؛ دفن ہونا - (۵) سونے کا انتظام ہونا ؛ سونے کی جگہ ہونا -
let sleeping dogs lie : سوتے فتنے نہ جگاؤ -
s. the clock round : بارہ گھنٹے سونا -
s. like a log or top : گہری نیند سونا ؛ غافل سونا -
s. on, upon or over a question : کسی مسئلے کو دوسرے دن پر ٹال دینا -
top sleeps : لٹو ساکن ہے ، یعنی اس قدر تیز ہے کہ غیر متحرک معلوم ہوتا ہے -
sleeping partner : وہ شریک جو انتظام میں دخل نہ دیتا ہو -
sleeping carriage (car) : سونے کا ڈبا ؛ ریل کا ڈبا ؛ جس میں سونے کا انتظام ہوتا ہے -
sleeping bag : وہ تھیلا جس کو پہن کر زیر آسمان سوتے ہیں -
sleeping draught : خواب آور دوا -
sleeping suit : شب خوابی کے کپڑے -
sleeping sickness : دیکھو sickness -
Sleeper, *n.* : (۱) سونے والا - (۲) (ریل کی پٹری کا) سلیپر ؛ لکڑی کا وہ کندا جس پر پٹریاں رکھی ہوتی ہیں - (۳) (ریل میں) سونے کا ڈبا -
Sleepy, *a.* : (۱) اونگھتا ہوا ؛ خواب آلود - (۲) خاموش ؛ پرسکون (مقام وغیرہ) - (۳) سوتا ہوا ؛ کاہل اور بے حس - (۴) (پھل خصوصاً ناشپاتی) اتری ہوئی -
sleepy head : اونگھنے والا ؛ بے توجہ شخص -
s. sickness : دیکھو Sickness

sleepily, *adv.*: سستی سے ؛ آلکس سے ؛ سوتے ہوئے ؛ اونگھتے ہوئے

sleepiness, *n.*: اونگھنے کی حالت ؛ آلکس ؛ سستی -

Sleet, *n. & v. i.*: اولے یا برف کے ساتھ ملا ہوا مینہ ؛ برف و باراں -

it sleets: برف کے ساتھ بارش ہو رہی ہے ؛ برف و باراں کی جھڑی لگی ہے -

sleety, *a.*: پر از برف و باراں -

sleetiness, *n.*: پر از برف و باراں ہونا -

Sleeve, *n.*: (۱) آستین - (۲) وہ نلکی جس کے اندر خلا میں چھوٹی نلکی ہو -

mandarin s.: ڈھیلی آستین جو کہنی کے نیچے کھلی ہو -

laugh in one's s.: چپکے چپکے ہنسنا ؛ دل ہی دل میں ہنسنا -

s. coupling: وہ نلکی جو دو بڑے نلوں کو ملاتی ہے -

have a plan etc. up one's s.: ترکش میں تیر ہونا ؛ ذہن میں کوئی پوشیدہ تدبیر ہونا -

turn, roll, up one's s.: آستین چڑھا کر تیار ہونا ؛ کمر باندھ کر تیار ہونا (لڑائی یا کام کے لیے) -

s.-fish: ایک قسم کی مچھلی جو تعاقب کے وقت ایک سیاہ سیال شے اپنے اندر سے پھینکتی ہے -

s.-link: کفوں کے بٹن

s.-nut: نلوں یا کڑیوں کے ملانے کی ڈھبری -

(-) sleeved, *a.*: آستین دار -

sleeveless, *a.*: بے آستین کا -

Sleigh: دیکھو sled -

Sleight, *n.*: (قدیم) چال ؛ شعبدہ ؛ پیچ ؛ کرتب -

s. of-hand: (۱) ہاتھ کی صفائی ؛ شعبدہ ؛ کرتب - (۲) (بانک پٹے وغیرہ میں) پھرتی ؛ ہاتھ کی صفائی -

Slender, *a.*: (۱) پتلا ؛ نازک ؛ چھریرا ؛ نازک اندام - (۲) تھوڑا ؛ نا کافی ؛ قلیل ؛ کم ؛ خفیف -

Slenderly, *adv.*: نزاکت کے ساتھ ؛ قلت سے ؛ کمی سے -

slenderness, *n.*: دبلا پن ؛ نزاکت ؛ قلت ؛ ضعف ؛ کمزوری ؛ کمی -

Slept: دیکھو sleep -

Sleuth-hound, *n.*: (۱) خون کی بو سے کھوج لگانے والا کتا ؛ کھوجی کتا - (۲) (امریکا) سراغ رساں -

Slew, slue, *v. t. & i. & n.*: (۱) زور سے یا کوشش سے مڑنا ؛ پھرنا ؛ گھومنا یا موڑنا ؛ پھیرنا ؛ پھرانا ؛ گھمانا - (۲) زور سے یا کوشش سے مڑنا ؛ مڑنا ؛ موڑا جانا وغیرہ -

Slew: دیکھو slay -

Slice, *n. & v. t. & i.*: (۱) ٹکڑا ؛ قتلہ ؛ پھانک ؛ قاش ؛ کٹا ہوا ٹکڑا - (۲) حصہ (نفع کا) ؛ قطعہ (مقبوضات وغیرہ کا) - (۳) باریک چوڑے پھل کا اوزار - (۴) ٹکڑے کاٹنا ؛ قاشیں کاٹنا ؛ پھانکیں کرنا ؛ قتلے کاٹنا ؛ (کسی چیز میں سے) قاش ، ٹکڑا وغیرہ کاٹ لینا - (۵) ہوا کو کاٹتے ہوئے اڑنا - (۶) چپو سے یا گولف کھیلنے کے بلے سے کاٹ کرنا (غلطی سے) یعنی اس طرح چلانا جیسے کسی چیز کو کاٹتے ہیں -

fish-s.: مچھلی وغیرہ نکال کر پلیٹ میں رکھنے کا کفچہ -

Slick, *a. & adv.*: (۱) (روزمرہ) صاف ؛ صفائی کا ؛ پھرتی کا ؛ استادی کا (ہاتھ وغیرہ) - (۲) محض - (۳) سیدھا ؛ ٹھیک ؛ پورا -

Slide, *v. i. & t.*: (۱) پھسلنا ؛ رپٹنا ؛ پھسلتے ہوئے چلنا یا سرکنا - (۲) پھسلانا ، سرکانا ؛ کھسکانا - (۳) خود بخود چلنا - (۴) کسی چیز کی طرف اتنا آہستہ آہستہ بڑھنا کہ محسوس نہ ہو -

s. over delicate subject: کسی نازک معاملے یا مسئلے کی طرف محض اشارہ کرکے چھوڑ دینا

let things s.: بے پروائی سے کام لینا ؛ جو ہوتا ہے ہونے دینا -

sliding door: پھسلنا دروازہ ؛ سرکنے والا دروازہ -

sliding keel: دیکھو centre ; = centre-board

sliding-rule: سرکنے والا پیمانہ جس سے ریاضی کے بعض اعمال مثلاً جمع ، تفریق وغیرہ کرتے ہیں - جس کے ذریعے سے خود بخود حل ہوتے ہیں

sliding scale: حالات کے مطابق گھٹنے بڑھنے والی شرح (قیمت ، مزدوری وغیرہ کی) -

sliding seat: سرکنے والی نشست (خصوصاً چپوؤں سے چلنے والی کشتی میں) -

slider, *n.*: پھسلنے والا -

slidable, *a.*: جو سرک سکے ؛ سرکنے والا

Slide, *n.*: (۱) وہ راستہ جو برف پر پھسلنے سے بن جاتا ہے ؛ پھسلنے کا راستہ - (۲) پھسلواں ڈھال ؛ وہ ڈھال جس پر سے لوگ اسکیٹ سے پھسلتے ہیں - (۳) پھسلنے کا فعل - (۴) پھسلواں تختہ وغیرہ جس پر سے مال اوپر سے نیچے پھسلایا جاتا ہے - (۵) مشین کا وہ حصہ جس کے اندر کوئی چیز پھسلتی ہے - (۶) پھسلنے والا - (۷) سیربین ، خورد بین وغیرہ کا شیشہ ، تصویر ، سلائیڈ -

Slight, *a.*: (۱) دبلا ؛ پتلا ؛ کم زور ؛ نازک - (۲) قلیل ؛ تھوڑا سا ؛ ذرا سا ؛ حقیر ؛ خفیف - (۳) سرسری ؛ نا کافی

slightish, *a.*: پتلا سا ؛ ہلکا سا ؛ خفیف سا

slightly, *adv.*: کسی قدر ؛ خفیف سا -

slightness, *n.*: کم زوری ؛ نزاکت ؛ خفیف ہونا ؛ خفت

Slight, *v. t. & n.*: (۱) سبکی کرنا ؛ حقیر سمجھنا ؛ نا قابل توجہ سمجھنا ؛ کج خلقی سے پیش آنا ؛ بے التفاتی سے کام لینا - (۲) سبکی ؛ حقارت ؛ تحقیر ؛ بے التفاتی -

slightingly, *adv.*: حقارت سے ؛ بے التفاتی سے ؛ کج خلقی سے -

Slily: = slyly

Slim, *a & v. i.*: (۱) دبلا پتلا ؛ چھریرا ؛ نازک اندام ؛ سبک - (۲) چالاک ؛ عیار ؛ جس کو کسی کام میں باک نہ ہو - (۳) پرہیز اور ورزش سے موٹاپا کم کرنا -

slimly, *adv.*: لاغری سے ، نزاکت سے -

slimmish, *a.*: دبلا سا ؛ نازک سا -

slimness, *n.*: دبلا پا ؛ چھریرا پن ؛ نزاکت -

Slime, *n. & v. t. & i.*: (۱) پتلی کیچڑ ؛ کیچ - (۲) اس قسم کی اور چیزیں جو چکنی ہوں مثلاً رال ؛ مچھلی کی رطوبت - (۳) کیچڑ میں لتھیڑنا ؛ رطوبت میں لت پت کرنا (خصوصاً سانپ کا اپنے شکار کو نگلنے سے پہلے) - (۴) پھسل کر نکل جانا - (۵) (مشکل وغیرہ سے) صاف نکل جانا ؛ بچ جانا -

s.-gland: وہ غدود جن سے رطوبت نکلتی ہے -

s.-pit: پتلی رال کا گڑھا -

Slimy, *a.*: (۱) کیچڑ کا سا - (۲) کیچڑ میں لتھڑا ہوا ؛ (رطوبت میں) لت پت - (۳) جو ہاتھ میں سے پھسل جائے ؛ پھسلنا ؛ چکنا ؛ لیلبا ؛ لجلجا - (۴) بے غیرت ؛ بد دیانت - (۵) ذلیل خوشامدی -

slimily, *adv.*: ذلیل خوشامد سے ؛ لجلجے پن سے -

sliminess, *n.*: لجلجا پن ؛ ذلیل خوشامد -

Sling, *v. t. & i.*: (۱) (شاذ) پھینک کر مارنا - (۲) فلاخن یا گوپیے میں رکھ کر پھینکنا یا مارنا (پتھر) ؛ فلاخن یا گوپیا چلانا- (۳) گلے کی پٹی میں لٹکانا (زخمی ہاتھ) ؛ لٹکانا ؛ جھولانا ؛ اسباب کو جھولے کے ذریعے اُٹھانا یا ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچانا - (۴) گوپیا؛ فلاخن ؛ گوپھن ؛ گلے کی پٹی ؛ گل پٹی - (۵) چھینکا یا جھولا جس میں کوئی وزنی شے لٹکائی جائے ؛ سامان اُٹھا کر جہاز میں رکھنے کا جھولا -

s. ink : مصنف یا اڈیٹر ہونا ؛ لکھنا

s. cart : گاڑی جس میں بوجھ دھرے کے ڈنڈے سے لٹکتا رہتا ہے -

slung shot : کلائی تسمے سے لٹکی ہوئی گولی جس کو چور وغیرہ بطور حربے کے استعمال کرتے ہیں -

s. -dogs : دو آنکڑے جو سامان اُٹھانے کے جھولے میں لگے ہوتے ہیں اور اُن میں چیزیں پھنسادی جاتی ہیں -

slinger, *n.*: گوپیا چلانے والا

Sling, *n.*: (امریکہ) تاڑی کی ایک قسم

Slink, *v. i.*: (slunk,) : کھسک جانا ؛ چپکے سے چل دینا ؛ سرک جانا (عموماً off, away, by وغیرہ کے ساتھ آتا ہے) -

Slink, *v. t. & i., & n.* : (۱) (جانور کا) بچہ گرنا ؛ قبل از وقت پیدا ہونا - (۲) وہ بچہ جو قبل از وقت پیدا ہو خصوصاً بچھڑا - (۳) ایسے بچھڑے کا گوشت -

s. -butcher : وہ قصاب جو ایسے بچھڑے کا گوشت بیچتا ہو -

Slip, *v. i. & t.*: (۱) پھسلنا ؛ رپٹنا - (۲) سرکنا - (۳) پھسل کر نکل جانا ؛ بچ کر نکل جانا ؛ صاف بچ جانا - (۴) کھسک جانا ؛ آنکھ بچا کر چل دینا؛ سرک جانا ؛ چپکے سے گزر جانا - (۵) لغزش کرنا ؛ چوک جانا - (۶) چھوڑ دینا ؛ کھول دینا (کسی قسم کی بندش) - (۷) جلدی سے (کپڑے وغیرہ) پہننا یا اُتارنا - (۸) چپکے سے رکھ دینا ؛ کھسکا دینا - (۹) جانا ؛ بچ کر نکل جانا ؛ اُتر جانا (ذہن سے) -

s. along : (عامیانہ) بہت تیز جانا -

s. into : (عامیانہ) مکے مارنا ؛ ٹھونکنا پیٹنا ؛ مرمت کرنا -

let s. the dogs of war : (شاعرانہ) جنگ چھیڑنا -

s. off, away : بے اطلاع چل دینا ؛ موقع پا کر کھسک جانا ؛ آنکھ بچا کر چل دینا -

s. grey hound from leash : کُتّے کا پٹا کھول دینا -

s. anchor : لنگر اُٹھانا -

cow slips calf : گائے قبل از وقت بچہ دے دیتی ہے -

Slip, *n.*: (۱) رپٹنا ؛ پھسلنا ؛ لغزش - (۲) غلطی ؛ لغزش ؛ بھول ؛ چوک ؛ سہو - (۳) سایا ؛ لہنگا ؛ بچوں کا جامہ ؛ تکیے کا غلاف - (۴) کُتّے کا پٹا - (۵) کلب وغیرہ کھولنے کا کھٹکا - (۶) ڈھلواں سطح جس پر جہاز بنائے جاتے ہیں اور ان کی مرمت کی جاتی ہے - (۷) لکڑی ، کاغذ وغیرہ کی چٹی ؛ پتلا لمبا ٹکڑا؛ کاغذ کا لمبا پرزہ ، تراشہ - (۸) (پتلے لمبے کاغذ) مطابع کے پروف - (۹) قلم ؛ شاخ ؛ ٹہنی - (۱۰) کرکٹ فیلڈ میں وہ جگہ جو کھیلنے والے کے پیچھے اور وکٹ کے قریب ہوتی ہے؛ وہ فیلڈر جو اس جگہ کھڑا ہوتا ہے ؛ سلپ - (۱۱) پتلی چکنی مٹی جو برتنوں پر پھیرنے یا اُن پر گل بوٹے بنانے کے کام آتی ہے- (۱۲) (تھیٹر) وہ جگہ جہاں ایکٹر اسٹیج پر آنے سے پہلے کھڑے ہوتے ہیں -

give one the s. : بچ کر نکل جانا ؛ ہاتھ سے نکل جانا -

slip of tongue, pen : لغزش قلم ؛ لغزش زبان ؛ وہ بات جو کسی اور بات کی جگہ زبان یا قلم سے نکل جائے -

there is many a s. 'twixt the cup and the lip : کام جب تک ہو نہ جائے اس وقت تک اُس کا کوئی بھروسا نہیں ، ہو جائے تب جانیے -

a s. of a boy : دبلا پتلا لڑکا -

Slip- : سابقہ جو اور لفظوں کے ساتھ مل کر مرکب الفاظ بناتا ہے -

s. -carriage : وہ ڈبا جو ریل کو ٹھیرائے بغیر کسی اسٹیشن پر کٹ سکے -

s. -cover : لٹھے وغیرہ کے غلاف جو فرنیچر پر اس وقت چڑھا دیتے ہیں جب وہ استعمال میں نہ ہوں ؛ ڈھیلے غلاف -

s. -galley : ایک قسم کی کشتی جس پر کمپوز کیا ہوا ٹائپ رکھتے ہیں ؛ ٹائپ کشتی -

s. -hook : وہ ہک جو آسانی سے کھل سکے ؛ ڈھیلا ہک -

s. knot : (۱) وہ گرہ جو ایک اشارے میں کھل جائے - (۲) پھسلنی؛ گرہ جو ڈوروں کے کھینچنے سے کستی اور کھلتی ہے -

s. -rope : وہ رسا جس میں جہاز بندھا ہوتا ہے، اس کے دونوں سرے جہاز پر ہوتے ہیں اور ایک کھولنے سے جہاز کھل جاتا ہے -

slipshod : (۱) پھٹی جوتی والا ؛ پھوہڑ ؛ بھونڈا - (۲) (استعارتاً) بے تک ؛ بے اصول (تقریر ، تحریر ، مقرر ، مصنف، طریق کار (وغیرہ) ؛ ڈھیلی ؛ سرسری ؛ بے پروائی کی (تحریر) ؛ لاپروا -

slipslop : (۱) پھٹی جوتی والا ؛ پھوہڑ ؛ بھونڈا - (۲) (استعارتاً) بے تک عبارت وغیرہ - (۳) پتلا بے مزہ شوربا وغیرہ ؛ ہلکی شراب - (۴) (استعارتاً) پھیکی؛ بے مزہ ، پھسپھسی چیز (عبارت وغیرہ) - (۵) میلا پانی ؛ دھوون - (۶) رقت آمیز گفتگو یا عبارت -

slip way : جہاز کا کارخانہ جس میں ڈھلوان سطح کے جہاز بنتے ہیں یا اُن کی مرمت ہوتی ہے -

Slipper, *n.&v. t.* : (۱) سلیپر؛ زیر پائی - (۲) ایک قسم کا بریک جو گاڑی کے پہیوں میں ہوتا ہے - (۳) وہ شخص جو کتوں کو دوڑ میں چھوڑتا ہے- (۴) سلیپر سے مارنا (بچوں کو) سزا کے طور پر -

slippered, *a.* : زیر پائی پہنے ہوئے -

s. - bath : سلیپر کی شکل کا نہانے کا ٹب -

slipper wort : ایک قسم کے پھول جو سلیپر سے مشابہ ہوتے ہیں

slippering, *n.* : سلیپر کی مار -

Slippery, *a.*: (۱) پھسلنی ، رپٹنی (زمین وغیرہ) - (۲) (استعارتاً) دقت طلب ؛ ہوشیاری سے کرنے کا (معاملہ) - (۳) پھسل کر نکل جانے والا - (۴) نا قابل اعتبار ؛ جس کا کچھ ٹھور ٹھیک نہ ہو ؛ چلتا ہوا ؛ جسے کسی چیز میں باک نہ ہو؛ بےایمان ؛ عیار -

slipperily, *adv.* : نا قابل اعتبار طریقے سے؛ عیاری سے -

slipperiness, *n.* : (۱) چکنا یا پھسلنا ہونا - (۲) عیاری ؛ بے ایمانی ؛ نا قابل اعتبار ہونا -

Slippy, *a* : (سوقیانہ) پھسلنی ؛ رپٹنی -

look or be s. : جلدی کرو -

Slit, *v.t &i.* : (۱) پھاڑنا ؛ کاٹنا ؛ چاک کرنا ؛ شگاف دینا ؛ چیرنا - (۲) پتلے لمبے ٹکڑے کر دینا - (۳) شگاف ؛ چاک ؛ درز -

s. one's weasand : گلا کاٹنا -

slitting -rollers : دھات کاٹنے کے بیلن -

Slither, *v. i.* : (روز مرہ) رک رک کر پھسلنا یا رپٹنا -

Sliver, *n.*, *&v. t. &i.* : (۱) چھپٹی ؛ لکڑی کا پتلا ٹکڑا - (۲) چھپٹیاں کرنا ؛ لکڑی کے ٹکڑے کرنا - (۳) چھپٹیاں ہونا ؛ ٹکڑے ہونا - (۴) چھوٹی مچھلی کا ذرا سا ٹکڑا جو بطور چارے کے کانٹے میں لگایا جاتا ھے - (۵) مچھلی کا ٹکڑا کاٹنا (چارے کے لیے) -

Slobber, *v. i& t., & n.* : (۱) منہ سے بچوں یا شرابیوں کی طرح رقت کے جوش سے رال بہانا - (۲) تھوک سے بھر دینا - (۳) پھوہڑ پن سے کرنا ؛ خراب کرنا ؛ بے ڈھنگے پن سے کرنا ؛ بگاڑنا - (۴) رال - (۵) رقت آمیز گفتگو یا بوسہ بازی ؛ رقت کا جذبہ -

slobbery, *a.* : رقت آمیز -

slobberiness, *n.* : رقت آمیز ہونا -

Sloe, *n.* : ایک قسم کی جنگلی جھاڑی کا نیلگوں سیاہ پھل جو بیر سے مشابہ ہوتا ھے -

Sloe - worm, : Slow worm کی بگڑی ہوئی شکل -

Slog, *v.i. &t., &n.* : (۱) بے تحاشا مارنا ؛ اندھا دھند ھاتھ چلانا (کرکٹ یا مکے بازی میں) - (۲) لگا تار کام کرنا یا چلنا ؛ برابر کام کیے جانا یا چلنا - (۳) اٹکل پچو ھاتھ (کرکٹ یا مکے بازی کا) -

slogger, *n.* : اندھا دھند ھاتھ چلانے والا -

Slogan, *n.* : (۱) اسکاچستان کے کوہستانی علاقے کا نعرۂ جنگ - (۲) نعرہ ؛ آوازہ ؛ جیکار ؛ نقش نگیں -

Sloid, sloyd, *n.* : اسکول میں دست کاری کی تعلیم کا طریقہ جس میں زیادہ تر لکڑی کی کھدائی کا کام سکھایا جاتا ھے -

Sloop, *n.* : ایک قسم کی یک مستولی کشتی ؛ غراب -

Slop, *n.(in pl.- only)&v. i&t.* : (۱) (جمع) گندہ پانی ؛ موری کا پانی - (۲) (جمع) رقیق غذا مثلاً شوربا ، آش وغیرہ ؛ غیر مدشی شربت - (۳) گرانا ؛ چھلکانا ؛ گرنا ؛ چھلکنا - (۴) گندہ پانی گرانا ؛ گندے پانی میں بھگونا (کپڑے ، فرش وغیرہ) -

s. -basin : تلچھٹ کا برتن ؛ وہ برتن جس میں دسترخوان کے پیالوں کا تلچھٹ ڈالا جاتا ھے -

s. -pail : بالٹی ، جس میں گندہ پانی پھینکا جاتا ھے ؛ گندے پانی کی بالٹی -

s. over : (وفور جذبات سے) پھوٹ پڑنا ؛ رقت کا جوش ہونا -

Slop, *n.* (in pl .only) : (۱) (جمع ؛ قدیم) ڈھیلا نیکر یا جانگیا - (۲) (جمع) بنے بنائے کپڑے جو بازار میں ملتے ھیں - (۳) (جمع) بحری فوج میں ملاحوں کو جو لباس اور بچھونا دیا جاتا ھے -

s. -room : جنگی جہاز کا وہ کمرا جس میں کپڑے تقسیم کیے جاتے ھیں -

s. -seller : بنے بنائے کپڑے بیچنے والا -

s. -shop : بنے بنائے کپڑوں کی دکان -

Slope, *n.* : (۱) ڈھلان ؛ ڈھال ؛ اتار ؛ نشیب - (۲) ڈھلواں سطح ؛ ڈھلواں زمین - (۳) سپاھی کا وہ انداز جس میں بندوق کندھے پر جھکی ہوئی رکھی ہوتی ھے ؛ سلوپ - (۴) بھاگ جانا ؛ ٹہلنا ؛ گشت کرنا -

slopewise, *adv.* : (۱) ترچھا ؛ ڈھلواں - (۲) مائل بہ فراز ہونا - (۳) ترچھا کرنا یا رکھنا ؛ ڈھلواں کرنا -

slopingly, *adv.* : ڈھلواں ہوتے ہوئے -

s. arms : کندھے پر بندوق ترچھی رکھنا -

Sloppy, *a.* : (۱) جس میں کیچڑ ہو اور گڑھوں میں پانی بھرا ہو (سڑک وغیرہ) - (۲) بھیگی اور میلی میز وغیرہ جس پر گندہ پانی ، شوربا وغیرہ گرا ہو - (۳) بے ڈھنگا ؛ بے قاعدہ ؛ ناقص (کام) - (۴) رقت آمیز (جذبہ ، گفتگو) -

sloppily *adv.* : بے ڈھنگے پن سے ؛ رقت آمیز طریقے سے -

sloppiness, *n.* : بھیگا اور گندہ ہونا ؛ بے ڈھنگا پن ؛ رقت آمیزی

Slosh : دیکھو slush

Slosh, *v. t.* : (روز مرہ) پیٹنا ؛ مارنا -

Slot, *n. & v. t.* : (۱) نالی ، سوراخ ، شگاف ، درز (مشین وغیرہ میں تاکہ اس میں کوئی چیز خصوصاً کوئی سکہ ڈالا جا سکے) ؛ سلاٹ - (۲) کھٹکے کا دروازہ جو تھیٹر کے اسٹیج پر ہوتا ھے - (۳) (مشین میں) اس قسم کے سوراخ یا درزیں رکھنا -

s. machine : وہ مشین جس میں کوئی سکہ ڈالنے سے چھوٹی چھوٹی چیزیں خود بخود نکل آتی ھیں ؛ سلاٹ مشین -

Slot, *n.* : ھرن وغیرہ کا کھوج ؛ پیروں کے نشان -

Sloth, *n.* : (۱) سستی ؛ کاہلی ؛ احدی پن ؛ آلکس - (۲) ڈھیل ؛ دیر ؛ درنگ - (۳) ایک قسم کا دودھ پلانے والا جانور جس کے پیر پنجوں کی طرح ہوتے ھیں اور زیادہ تر درختوں میں رہتا ھے -

slothful, *a.* : سست ؛ کاہل -

slothfully, *adv.* : سستی سے ؛ کاہلی سے -

slothfulness, *n.* : کاہلی ؛ احدی پن -

s. -bear : ھندوستان اور سیلون کا ریچھ ؛ بھالو -

s. -monkey : ایک قسم کا لنگور -

Slouch, *v. i. & t., & n.* : (۱) جھکنا ؛ جھکانا ؛ لٹکنا ؛ لٹکانا - (۲) بھونڈے قطع سے چلنا ، کھڑا ہونا یا بیٹھنا - (۳) ٹوپی (ھیٹ) کا ایک طرف کا کنارہ نیچے کی طرف موڑ لینا - (۴) بھونڈی قطع یا چال ؛ کمر کا خم ؛ ھیٹ کا کنارہ نیچے کی طرف مڑا ہونا - (۵) (عامیانہ) نالائق یا بھدا کاریگر ؛ اناڑی - (۶) تماشا -

slouchingly, *adv.* : بھونڈے طریقے سے جھکا ہوا -

s. hat : نیچے مڑے ہوئے کنارے کی ٹوپی -

Slough, *n.* : دلدل ؛ کیچڑ کی جگہ -

the S. of Despond : قعر گناہ جس میں انسان نجات سے مایوس ہو کر گر جائے -

Sloughy, *a.* : جہاں دلدل ہو ؛ دلدلی -

Slough, *n. & v.i. & t.* : (۱) سانپ کی کینچلی یا کوئی اور حصہ جو اس کے جسم سے الگ ہو - (۲) مردار گوشت ؛ کھرنڈ - (۳) (استعارتاً) چھوڑی ہوئی عادت - (۴) کینچلی کی طرح اتار پھینکنا - (۵) کینچلی اتارنا -

Sloughy, *a.* : مردار گوشت کا ؛ کھرنڈ دار -

Slovak, *n. & a.* : (۱) شمالی ھنگری کی سلاف قوم کا ؛ اس قوم کا فرد -

Sloven, *n.* : میلا ؛ پھوہڑ ؛ بے سلیقہ ؛ بے تمیز -

Slovenly, *a.* : پھوہڑ ؛ بے سلیقہ -

Slovenliness, *n.* : پھوہڑپن ؛ بے سلیقہ پن -

Slovenly, *adv.* : پھوہڑپن سے ؛ بے سلیقہ پن سے -

Slovene, *n.*, **Slovenian**, *a. & n.* : کارنتھیا اور آسٹریا کی سلافی نسل کا (فرد) -

Slow, *a., adv., & v.i. & t.* : (۱) دھیما ؛ ھلکا ؛ آھستہ ؛ دھیرے -

(۲) تدریجی - (۳) سست ؛ تامل کرنے والا ؛ دیر لگانے والا ؛ دیر حس ؛ کم حس - (۳) کند ؛ غبی ؛ بے وقوف - (۵) سست ؛ پیچھے (گھڑی) - (۶) غیر دلچسپ ؛ بے لطف - (۷) آہستہ آہستہ ؛ دھیرے دھیرے ؛ ہولے ہولے ؛ بتدریج ؛ دھیما دھیما ؛ (ریل جہاز وغیرہ کی رفتار) کم کرنا ؛ دھیمی کرنا - (۸) اپنی رفتار کم کرنا - (۹) (کیمرے کا تال) کم شگاف - (۱۰) (سطح) آہستگی زا -

Slowness, *n.* : سستی ؛ آہستگی ؛ کند ذہنی -

Slowwitted, *a.* : کند ذہن ؛ غبی -

Slowcoach, *n.* : سست آدمی ؛ غبی آدمی ؛ پرانے خیال کا آدمی -

s.-match : دھیمی دیا سلائی ؛ وہ دیا سلائی جس سے پھٹنے والی چیزوں میں آگ لگائی جاتی ھے -

Slow-worm, *n.* : ایک قسم کا کیڑا جو سانپ اور چھپکلی کے بین بین ہوتا ھے -

Sloyd, *n.* : دیکھو Sloid -

Slub, *n.* & *v.t.* : (۱) اون کی پونی - (۲) اون کی پونی بنانا -

Slubber, *v. t.* & *i.* : (۱) بے پروائی سے کرنا ؛ پھوھڑپن سے کرنا ؛ بے ڈھنگے پن سے کرنا - (۲) رال بہانا ؛ رال یا تھوک بھر دینا -

Sludge, *n.* : (۱) گاڑھی چکنی کیچڑ - (۲) سڑک کی کیچڑ -

Sludgy, *a.* : کیچڑ بھرا -

Slue : دیکھو Slew -

Slug, *n.* & *v.i.* : (۱) بعض اقسام کے کیڑے جو چھوٹے پودوں کی ہلاکت کا باعث ہوتے ھیں - (۲) (باغ وغیرہ میں) اِن کیڑوں کو جمع کرکے مار ڈالنا - (۳) بندوق کی بے ڈول گولی ؛ دھات کا گول سا ٹکڑا - (۴) (لیتھو ٹائپ کی چھپائی میں) ٹائپ کی سطر -

Slug-abed, *n.* : (قدیم) وہ شخص جو دیر تک بستر پر پڑا رھنے کا عادی ھو ؛ پلنگ کا کیڑا -

Sluggard, *n.* : سست ؛ مٹھاپا آرام طلب شخص -

Sluggish, *a.* : آلکسی ؛ سست ؛ مٹھ ؛ آرام طلب ؛ کاھل الوجود -

Sluggishly, *adv.* : سستی سے -

Sluggishness, *n.* : سستی ؛ مٹھا پن ؛ آرام طلبی -

Sluice, *n.* & *v.t.* & *i.* : (۱) پانی کو روکنے اور نکالنے کا پھاٹک یا دروازہ ؛ بند کا دروازہ - (۲) وہ پانی جو بند کے دروازے کے اوپر یا نیچے ھو یا اس میں سے گزرتا ھو ؛ بند کا پانی - (۳) چھوٹی نہر یا نالی (مثلاً s. way) - (۴) بند میں دروازے لگانا ؛ بند کھول کر پانی بھر دینا (میدان وغیرہ میں) - (۵) پانی سے کھنگالنا - (۶) خوب پانی ڈالنا (کسی چیز پر) - (۷) (پانی کا) بند کے دروازے سے زور سے بہنا -

Slum, *n.* & *v.t.i.* : (۱) شہرکی گندی تاریک گلی یامحلہ - (۲) گندی گلیوں میں جاکر غریبوں کی خبر گیری کرنا یا اُن کی حالت کا معائنہ کرنا -

Slummer, *n.* : وہ شخص جو غریبوں کے محلے میں جاکر ان کی خبر گیری کرتا ھو

Slumber, *v. i.* & *t.* & *n.* : (۱) خواب ؛ نیند - (۲) (شعر ؛ خطابت) خواب راحت -

s. away : سوکر گزار دینا -

s.-suit : شب خوابی کا لباس -

Slumberous, *a.* : (عموماً) ساکن ؛ پر اطمینان -

Slumberously, *adv.* : خواب آلودہ طرز سے -

Slumberer, *n.* : سونے والا -

Slummock, *n.* & *v.i.* : (۱) (روز مرہ) مربھکوں کی طرح کھانا ؛ جلدی جلدی نگلنا - (۲) بھنگم طریقے سے چلنا ؛ بھونڈے طریقے سے گفتگو کرنا -

Slump, *n.* & *v.i.* : (۱) (تجارتی اصطلاح) یکایک قیمت کا گرنا - (۲) (کسی کام کی) یک لخت سرد بازاری - (۳) یکایک قیمت کا گر جانا - (۴) بالکل نہ چلنا ؛ بالکل ناکامیاب رھنا -

Slung : دیکھو Sling -

Slunk : دیکھو Slink -

Slur, *v. t.* & *i.* : (۱) اس طرح سے لکھنا یا بولنا کہ حروف یا آوازیں ایک دوسرے سے مل کر صاف طور سے سمجھ میں نہ آئیں ؛ مد غم کرنا - (۲) (موسیقی) ایک بول گانا ؛ ایک بول کئی سروں میں گانا ؛ مسلسل لے میں گانا ؛ مرغول یا گٹکری بھرنا ؛ دو یا زیادہ سروں پر مرغول کا نشان لگانا (تحریر نغمہ میں) - (۳) (تصور وغیرہ) نظر انداز کرنا ؛ چشم پوشی کرنا - (۴) (قدیم) الزام لگانا ؛ بد نام کرنا - (۵) الزام ؛ دھبا ؛ داغ ؛ بد نامی - (۶) تحریر یا گانے میں حرفوں یا آوازوں کا مد غم ھونا ؛ ادغام - (۷) (موسیقی) مرغول ؛ گٹکری کا نشان - (۸) دبا دینا ؛ خفیف کرکے دکھانا -

Slush *n.* : (۱) کیچڑ - (۲) پگھلتی ھوئی (آسمانی) برف - (۳) (استعارتاً) بے معنی جذبات -

Slut, *n.* : پھوھڑ عورت ؛ بد سلیقہ ؛ بد تمیز عورت ؛ (مزاحاً) لڑکی -

Sluttery, *n.* : بد سلیقگی ؛ پھوھڑپن ؛ گندہ پن -

Sluttish, *a.* : بے سلیقہ ؛ پھوھڑ ؛ گندی ؛ میلی -

Sluttishly, *adv.* : بے سلیقہ پن سے ؛ پھوھڑ پن سے -

Sluttishness, *n.* : پھوھڑپن -

Sly, *a.* : (۱) چالاک ؛ عیار ؛ چلتا ھوا ؛ مکار ؛ ریا کار ؛ عیارانہ ؛ مکاری کا ؛ ریا کاری کا - (۲) جو چھپ کر کرتا ھو ؛ چھپا ھوا ؛ خفیہ (۳) اُستاد ؛ کائیاں ؛ پکا ؛ چکے پن کا ؛ کائیاں پن کا ؛ شرارت کا ؛ مسخرے پن کا -

s. dog : چھپا رستم ؛ چھپ کر رنگ رلیاں منانے والا -

on the s. : چپ چاپ ؛ خفیہ طور پر ؛ چھپ کر -

slyboots : شریر ؛ مکار (بچوں یا جانوروں کے لیے مزاحاً) -

slyly, *adv.* : مکاری سے ؛ عیاری سے -

Slype, *n.* : وہ راستہ جو بڑے گرجے کے اندر سے پادری کے گھر یا مجلس خانے کو جاتا ھے -

Smack, *n.* & *v. i.* : (۱) چاشنی ؛ خفیف سا مزہ (کسی چیز کا) - (۲) شائبہ ؛ جھلک ؛ ہلکا سا رنگ (کسی صفت کا) - (۳) خفیف سا مزہ یا چاشنی ھونا ؛ شائبہ ھونا ؛ جھلک ھونا ؛ ہلکا سا رنگ ھونا -

Smack, *n.*, *v. t.* & *i.* & *adv.* : (۱) چٹخارہ ؛ چٹاخا (ھونٹ چاٹنے وغیرہ کی آواز) - (۲) تھپڑ ؛ چپت - (۳) (کرکٹ) زور کا ھٹ - (۴) چٹخارے کےساتھ بوسہ - (۵) چپت ؛ تھپڑ وغیرہ مارنا ؛ چٹخارے لینا ؛ ھونٹ چاٹنا ؛ کوڑا پھٹکارنا - (۶) (روز مرہ) چٹاخ سے ؛ دھڑ سے ؛ دھڑا کے سے ؛ ٹھیک -

Smack, *n.* : یک مستولی کشتی جس میں زیادہ تر مچھلی کا شکار کیا جاتا ھے -

have a s. at : (روز مرہ) امتحان لینا -

smacksman : ملاح جو اس کشتی کو چلاتا ھے -

Smacker, *n.* : (۱) (عامیانہ) چٹخارے کے ساتھ بوسہ - (۲) زور کی تھپڑ وغیرہ ؛ چٹاخا - (۳) کسی چیز کا غیر معمولی یا بڑا نمونہ -

Small, *a., n. & adv.*: (۱) چھوٹا ؛ کوتاہ (جسامت ، قوت ، تعداد میں) کم ؛ تھوڑا - (۲) چھوٹی حیثیت کا ؛ چھوٹا (دکان دار ، کسان وغیرہ) - (۳) چھوٹی قسم کا ؛ چھوٹا - (۴) تھوڑا - (۵) معمولی ؛ غیر اہم ؛ خفیف - (۶) چھوٹا ؛ ادنیٰ طبقے کا ؛ کم نام ؛ کم مایہ - (۷) ذلیل ؛ کمینہ ؛ دنی - (۸) کسی شے کا سب سے پتلا حصہ - (۹) (جمع ، آکسفورڈ) ڈگری حاصل کرنے سے پہلے جو پہلا امتحان پاس کرنا پڑتا ھے ؛ ابتدائی امتحان -

small &early : تھوڑے آدمیوں کی دعوت جو جلد ھی ختم ھو جائے -

s.-sword : خنجر ؛ چھرا -

the still s. voice : ضمیر کی آواز ؛ ضمیر -

s. craft : کشتیاں ؛ ڈونگیاں -

s. beer : ھلکی بیئر -

think no s. beer of oneself : متکبر ھونا ؛ مغرور ھونا -

chronicle s. beer : معمولی باتوں کو بڑی اھمیت دے کر بیان کرنا -

look(feel) s.: ذلیل یا حقیر ھونا ؛ خفیف ھونا -

s. change : (۱) پیسے اور ریز گاری ؛ خردہ - (۲) (استعارتاً) اِدھر اُدھر کی باتیں ؛ معمولی گفتگو -

s. gross : دس درجن -

s. arms : بندوق ، پستول وغیرہ -

s. capitals : ایک چھوٹی سائز کے بڑے حروف -

s. pica : چھاپے کے حروف کا سائز -

s. hand : معمولی قلم -

s. holding : چھوٹا سا کھیت جس میں ۵۰ ایکڑ سے زیادہ زمین نہ ھو -

s.-clothes : (قدیم) جانگھیا -

s. wonder : کوئی تعجب نہیں -

no s.: بہت -

s. talk : بہت ھی معمولی گفتگو ؛ روز مرہ کی گفتگو -

great & small : امیر و غریب ؛ چھوٹے بڑے سب -

lives in s. way : معمولی طریقے سے بسر کرتا ھے ؛ معمولی حیثیت سے رھتا ھے -

s. of the back : کمر -

small minded, *a.*: چھوٹے دل کا -

small pox : سیتلا ؛ چیچک ؛ ماتا ؛ جدری -

smallish, *a.*: چھوٹا سا ؛ ذرا سا -

smallness, *n.*: چھوٹا پن ؛ کمی ؛ قلت ؛ کوتاھی -

Smallage, *n.*: ایک قسم کی Celery -

Smalt, *n.*: (۱) نیلا شیشہ - (۲) رنگ جو اس سے بنتا ھے ؛ نیلا رنگ -

Smart, *v. i. & n.*: (۱) سخت تکلیف ھونا یا دینا ؛ شدت سے درد ھونا یا پیدا کرنا ؛ ٹیس اُٹھنا ؛ جلن ھونا (زخم وغیرہ میں) (۲) جی کا لگنا ؛ دل میں نشتر کی طرح چبھنا (طعن وغیرہ) - (۳) ٹیس ؛ تکلیف ؛ درد ؛ جلن ؛ چرچراھٹ - (۴) دکھ ؛ صدمہ ؛ روحانی کرب ؛ چوٹ -

s. for : سزا پانا ؛ بھگتنا ؛ مزہ چکھنا -

s.-money : تاوان ؛ ھرجانہ -

smartweed : فلفل آبی -

Smart, *a.*: (۱) سخت ؛ شدید - (۲) تیز ؛ پر زور ؛ زور کا - (۳) ھوشیار ؛ تیز ؛ چست و چالاک - (۴) حاضر جواب ؛ تیز طبع - (۵) چلتا ھوا ؛ کائیاں - (۶) ترو تازہ ؛ خوش منظر (باغ وغیرہ) - (۷) صاف ستھرا یا سلیقے کا لباس پہنے ؛ عمدہ یا ٹھاٹ کے کپڑے پہنے ؛ طرح دار ؛ خوش لباس ؛ جامہ زیب - (۸) ساز و سامان سے درست ، سجا سجایا ، ٹھاٹ کا (مکان ، جہاز وغیرہ) - (۹) رئیسانہ ؛ اعلیٰ طبقے کا - (۱۰) (امریکن محاورہ) ھمہ دان ، چک گیانی ؛ ھونہار ؛ سجان -

a s. lad : تیز اور مستعد لڑکا -

a s. dealing : کائیاں پن کا سودا ؛ من مانا سودا یا معاملہ ، جس میں سرا سر اپنا فائدہ ھو ، اور نا جائز چالاکی سے کام لیا گیا ھو -

smarten, *v. t. & i.* : چست و چالاک بنانا -

smartly, *adv.*: چالاکی سے ؛ تیز طبعی سے ؛ بانکپن سے -

smartness, *n.*: تیزی ؛ چستی ؛ تیز طبعی ؛ بانکپن ؛ خوش لباسی ؛ ٹھاٹ -

Smash, *v. t. & i., n. & adv.*: (۱) پاش پاش کر دینا ؛ توڑ پھوڑ کر رکھ دینا ؛ پرخچے اُڑا دینا - (۲) کاری ضرب لگانا ؛ بھر پور ھاتھ لگانا - (۳) شکست فاش دینا ؛ فوج کو درھم برھم کر دینا ؛ تہس نہس کر دینا ؛ قلع قمع کر دینا - (۴) (ٹینس) گیند کو جال کے اوپر سے نیچے کی طرف پوری قوت سے مارنا ؛ (کار خانہ کمپنی وغیرہ کا) بیٹھ جانا ؛ دیوالہ نکل جانا ؛ تباہ ھو جانا - (۵) (عامیانہ) جعلی سکہ چلانا - (۶) پاش پاش ھونا وغیرہ - (۷) زور سے گرنا ؛ تصادم ؛ ٹکر - (۸) تباھی - (۹) (ٹینس) زور کا ھاتھ (جو جالی کے اوپر سے نیچے کی طرف لگایا جائے) - (۱۰) دیوالہ ؛ عام تباھی (تجارت میں) - (۱۱) شراب اور برف کے پانی کا شربت - (۱۲) نہایت زور سے ؛ پوری قوت سے ٹکرا کر -

a smashing blow : کاری ضرب ؛ بھر پور ھاتھ یا وار -

go to s.: تباہ ھو جانا ؛ بگڑ جانا ؛ برباد ھو جانا ؛ درھم برھم ھو جانا -

s. up : کامل تباھی ؛ پورا دیوالہ -

s.-and-grab raid : وہ چوری جس میں دوکان کی کھڑکی توڑ کر قیمتی مال اُڑا لیا جائے -

Smasher, *n.*: (۱) پاش پاش کرنے والا وغیرہ - (۲) (عامیانہ) قطعی دلیل ؛ زور دار دلیل ؛ کاری ضرب ؛ بھر پور ھاتھ یا وار ؛ زور سے گرنا ؛ دھرام سے گرنا -

Smatch (شاذ) : = (1) Smack

Smattering, *n.*: کسی زبان یا مضمون کا تھوڑا سا علم ؛ شدبد -

Smatterer, *n.*: شد بد رکھنے والا ؛ تھوڑی علمی لیاقت والا -

Smear, *v. t. & i. & n.*: (۱) ملنا ؛ لگانا ؛ لیسنا ؛ دھبا ڈالنا ؛ داغ لگانا - (۲) (روشنائی وغیرہ کے) دھبے ڈالنا ؛ میلا کر دینا - (۳) داغ ؛ دھبا -

smeary, *a.*: داغ دار ؛ دھبے پڑا -

smeariness, *n.*: داغ دار ھونا

Smectite, *n.*: ایک قسم کی سفیدی مائل چکنی مٹی جس سے کپڑوں کے چکنے دھبے دور کیے جاتے ھیں -

Smeech, Smitch, *n.*: جلنے کی بو ؛ چراند -

Smegma, *n.* : جلد کی تہ میں صابن کی سی رطوبت (خصوصاً

عضو تناسل کے اوپر کی کھال میں) -

smegmatic, *a.*: رطوبت دار -

Smell, *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) قوت شامہ : سونگھنے کی قوت - (۲) بو ؛ باس - (۳) بدبو ؛ بری بو - (۴) سونگھنا ؛ سونگھنے کا فعل - (۵) سونگھ کر معلوم کرنا ؛ بو محسوس کرنا - (۶) کھوج لگانے کے لیے ادھر اُدھر سونگھنا ؛ بو سے کھوج لگانا (کتے کا)؛ (استعارتاً) پتا چلا لینا ؛ سراغ لگا لینا ؛ بھید معلوم کر لینا ؛ بھید معلوم کرنے کی کوشش کرنا ؛ پتا چلانا - (۷) بو دینا ؛ بو آنا ؛ بو ہونا (اچھی ، بری وغیرہ) - (۸) سڑ جانا ؛ بو آنے لگنا ؛ اُپس جانا -

smelly, *a.* : بو دار -

smellless, *a.* : بے بو -

smellable, *a.* : جس کی بو محسوس ہو -

s. a rat : دھوکے یا فریب کا شبہ کرنا

s. of the lamp : (کتاب وغیرہ سے) ظاہر ہونا کہ راتوں کو جاگ کر لکھی گئی ہے -

s. of the shop : کسی فن کی اصطلاحوں کی بھر مار ہونا (مضمون وغیرہ میں) -

smelling bottle : لخلخے کی شیشی-

smellin: salts : لخلخہ جو نوسادر میں کوئی خوشبو ڈال کر بنتا ہے -

Smeller, *n.* : (۱) سونگھنے والا وغیرہ - (۲) (عامیانہ) ناک - (۳) (عامیانہ) زور کا مکا وغیرہ (خصوصاً ناک پر) -

Smelt, *v. t.* : کچی دھات کو پگھلا کر صاف کرنا ؛ سودھنا -

Smelt, *n.* : سامن کی قسم کی مچھلی جو کھانے میں بہت اچھی سمجھی جاتی ہے -

Smelt, : دیکھو smell -

Smew, *n.* : ایک قسم کی بطخ جو مچھلیوں کو پکڑ کر کھاتی ہے -

Smilax, *n.* : (۱) بیلوں کی قسمیں جن میں سے بعض سے عشبہ حاصل ہوتا ہے - (۲) ایک قسم کے انگور کی بیل جو آرائش کے کام آتی ہے -

Smile, *v. i.* & *t.* & *n.* : (۱) مسکرانا ؛ تبسم کرنا - (۲) کسی چیز پر خندہ زن ہونا ؛ ہنسنا ؛ مسکرانا - (۳) تبسم سے ظاہر کرنا ؛ مسکرا کر ادا کرنا (خیر مقدم ، رضا مندی ، تعریف وغیرہ) - (۴) شاداب ہونا ؛ تر و تازہ ہونا ؛ مسرت چھائی ہوئی ہونا - (۵) یاوری کرنا ؛ حسب مراد ہونا (تقدیر کا) - (۶) تبسم ؛ مسکراہٹ - (۷) شادابی ؛ تر و تازگی - (۸) یاوری (تقدیر کی) -

s. away, s. out of : مسکرا کر دور کر دینا (آزردگی وغیرہ) -

s. into : مسکرا کر (راضی وغیرہ) کر لینا -

come up smiling : نئی مشکل کے مقابلے کے لیے خندہ پیشانی سے تیار ہونا -

smilingly, *adv.* : ہنستے ہوئے ؛ مسکرا کر -

smileless, *a.* : بے تبسم -

Smirch, *v. t.* & *n.* : (۱) دھبا ڈالنا ؛ میلا کرنا ؛ گندہ کرنا - (۲) (استعارتاً) (عزت یا شہرت میں) داغ لگانا ؛ دھبا لگانا -

a smirched reputation : بد نامی ؛ بے عزتی -

Smirk, *v. i.* & *n.* : (۱) بناوٹ یا حماقت کا تبسم یا ہنسی ؛ کھسیانی ہنسی - (۲) بناوٹ یا حماقت سے ہنسنا ؛ دانت نکال دینا -

Smite, *v. t.* & *i.* : (۱) (قدیم یا مزاحاً) پیٹنا ؛ مارنا - (۲) شکست فاش دینا - (۳) سزا دینا ؛ سرزنش کرنا - (۴) مبتلا کرنا (بیماری میں یا عشق میں) ؛ مغلوب کرنا (خواہش کا) - (۵) یکایک آنا یا پہنچنا ؛ آ کر ٹکرانا - (۶) (روز مرہ) ضرب ؛ وار ؛ ہاتھ ؛ کوشش -

an idea smote him : یکایک خیال آیا -

smite one hip and thigh : سخت ہزیمت دینا -

Smitten, : مبتلا ؛ مغلوب (وغیرہ) -

Smiter, *n.* : مارنے والا -

Smith, *n.* : دھات کا کام کرنے والا ، خصوصاً لہار (عموماً مرکب آتا ہے مثلاً goldsmith) -

Smithereens, Smithers, *nn.*: (جمع) ذرا ذرا سے ٹکڑے -

Smithy, *n.* : لہار کی بھٹی ؛ لہار کی دکان -

Smithery, *n.* : لہاری ؛ لہار کا کام -

Smithfield, *n.* : لندن کا قصابہ (گوشت کا بازار) -

Smitten, : دیکھو smite -

Smock, *n.* & *v. t.* : (۱) (قدیم) زنانہ قمیص ؛ کرتی - (۲) بچے کا لبادہ -

s.-frock : (کھیت کے) مزدوروں کا ڈھیلا سا کرتا جس کے بالائی حصے میں چنتیں پڑی ہوتی ہیں ، یہ کپڑوں کے اوپر پہن لیا جاتا ہے -

s. mill : ایک طرح کی ہوائی چکی جس کا بالائی حصہ گھومتا ہے -

Smocking, *n.* : (لباس پر) کڑھائی کی آرائش -

Smoke, *n.* : (۱) دھواں ؛ دخان ؛ دود - (۲) سگرٹ ، سگار ، حقے وغیرہ کے چند کش - (۳) (عامیانہ) سگار -

end in s. : بے کار جانا ؛ اکارت جانا ؛ نا کام رہنا -

from s. into smother : بد سے بد تر جگہ پر ؛ بد سے بد تر حالت میں -

like s. : (عامیانہ) بلا دقت ؛ آسانی سے ؛ ہوا کی طرح -

s.-ball : (۱) دھوئیں کا حقہ ؛ دخانی گولا ؛ ایک قسم کا گولا جس میں ایسی چیزیں بھری ہوتی ہیں جو بہت دھواں دیتی ہیں ، اور یہ دشمن سے نقل و حرکت چھپانے کے لیے چھوڑا جاتا ہے - (۲) وہ گولا جو جانوروں کو گھیر کر شکار کرنے میں چھوڑا جاتا ہے - (۳) ایک قسم کا آلہ ، جس سے دمے کے مریض ، بخارات سانس کے ذریعے اندر لے جاتے ہیں ؛ دم کش -

s.-bell : لیمپ کے اوپر کا توا جو دھوئیں سے چھت کو خراب ہونے سے بچاتا ہے ؛ دھواں روک -

s.-consumer : وہ آلات ، جن سے دھواں خارج نہیں ہوتا بلکہ اس سے بھی کام لیا جاتا ہے -

s.-consuming : دھوئیں سے کام لینے والا (آلہ) -

s.-dried : دھوئیں میں خشک کیا ہوا -

s.-stack : جہاز کا دود کش -

s.-stone : ایک قسم کا بلور -

s.-jack : وہ مشین جو دود کش کی ہوا کی مدد سے سیخ کو الٹتی پلٹتی رہتی ہے ؛ سیخ چرخی -

s.-plant, s. tree : ایک خوش نما جھاڑی جس کے پھولوں کے گچھے پروں کی طرح ہوتے ہیں اور دور سے ان پر دھوئیں کا شبہ ہوتا ہے -

s. -rocket : وہ آلہ جس کے ذریعے نل میں دھواں بھر کر دیکھتے ہیں کہ اس میں سوراخ ہے یا نہیں -

smokeless, *a.* : بے دھوئیں کا -

smokelessly, *adv.* : بے دھوئیں کے -

smokelessness, *n.* : بے دھوئیں کا ہونا -

Smoke, *v.i. & t.* : (۱) دھواں نکلنا ؛ دھواں اُٹھنا ؛ سلگنا (مثلاً Lamp is smoking لیمپ دھواں دے رہا ہے) - (۲) بخارات اُٹھنا ؛ ابخرات نکلنا ؛ بھاپ نکلنا - (۳) دھواں دینا (آگ یا دود کش کا دھواں باہر نکالنے کی جگہ کمرے میں نکالنا) - (۴) دھوئیں سے خراب کر دینا یا خراب ہو جانا - (۵) دھوئیں میں دم گھونٹنا؛ دھوئیں سے کیڑوں وغیرہ کو مارنا یا دور کرنا - (۶) دھوئیں میں سکھا کر محفوظ رکھنا - (۷) حقہ پینا ؛ سگار یا سگرٹ پینا ؛ مدک چانڈو وغیرہ پینا - (۸) تمباکو نوشی سے کوئی حالت طاری ہو جانا (بیماری وغیرہ) - (۹) (اسکول کے لڑکوں کا روز مرہ) شرمانا ؛ شرم سے چہرے پر سرخی دوڑنا - (۱۰) تاڑ جانا ؛ بھانپ جانا - (۱۱) (قدیم) بنانا ؛ ہنسی اُڑانا -

smokewood : وہ لکڑی جس کے رنگ کیمیاوی بخارات کے ذریعے گہرے کئے گئے ہوں -

smoked glass : وہ شیشہ جو دھوئیں سے دھندلا کیا گیا ہو ؛ دھندلا شیشہ -

s. insects : کیڑوں کو دھوئیں سے مارنا یا دور کرنا -

s. plants : پودوں کو دھواں دے کر صاف کرنا -

put that in your pipe & s. it. : جو بات کہی ہو اُسے ہینگ لگا کر رکھو یعنی اچھی طرح یاد رکھو (سرزنش کے طور پر کہتے ہیں) -

smoking cap : پر تکلف ٹوپی جو تمباکو پینے کے وقت استعمال کرتے ہیں -

smoking jacket : پر تکلف جاکٹ جو تمباکو پینے کے وقت استعمال کرتے ہیں -

smoking car (or) carriage : (ریل میں) تمباکو پینے کا ڈبا -

smoking concert : گانے کا جلسہ جس میں تمباکو پینے کی اجازت ہو -

smoking room : ہوٹل وغیرہ میں تمباکو پینے کا کمرا -

smoking room talk : صرف مردوں کے سننے کی گفتگو -

smoking mixture : کئی قسم کے مرکب تمباکو جو پائپ میں پیتے ہیں -

smokable, *a.* : پینے کے قابل (حقہ وغیرہ) -

Smoker, *n.* : (۱) smoke کا اسم فاعل - (۲) حقہ ، سگرٹ وغیرہ کا عادی ؛ تمباکو نوش - (۳) ریل میں تمباکو پینے کا درجہ - (۴) گانے کا جلسہ جس میں تمباکو پینے کی اجازت ہو -

s.'s heart, : دل کی کمزوری جو تمباکو پینے سے ہو جاتی ہے -

s.'s throat : حلق کی خرابی جو تمباکو نوشی سے ہو جاتی ہے -

Smoky, *a.* : (۱) دھواں دینے والا ؛ جس میں سے دھواں نکلتا ہو - (۲) دھوئیں سے ڈھکا ؛ دھوئیں سے بھرا - (۳) دھندلا - (۴) دھوئیں سے کالا ؛ دھوئیں کے رنگ کا -

smokily, : دھواں دیتے ہوئے -

smokiness, : دھوئیں سے بھرا ہونا ؛ دھندلا پن ؛ دھوئیں سے کالا ہونا -

Smolt, *n.* : دوسرے سال کی سامن مچھلی -

Smooth, *a.* : (۱) چکنا : ہموار - (۲) ساکن (پانی کی سطح) - (۳) سلیس ؛ لطیف ؛ خوش گوار - (۴) قائم ؛ ٹھنڈا ؛ (مزاج) نرمی کا ؛ پرسکون ؛ پر اطمینان ؛ (انداز یا طریقہ) شائستہ ؛ با اخلاق ؛ مصالحت آمیز ؛ خوشامدانہ -

am now in s. water : میری مشکلات ختم ہوگئیں -

had a s. passage : خیر و عافیت سے سمندر پار کرگیا -

s. verse : نظم جس میں روانی ہو -

s. bore : معمولی بندوق (رائفل کے مقابلے میں) -

s. breathing : (یونانی گرامر) لفظ کی ابتدا میں حرف علت کی آواز جس میں ہائے ہوز کا میل نہ ہو ؛ اُس آواز کی علامت -

s. things : چکنی چپڑی باتیں -

s. face : دوستی کا بناوٹی انداز ؛ تملق کا انداز ؛ ظاہر داری -

smooth faced, *a.* : تملق سے پیش آنے والا ؛ ظاہرداری برتنے والا -

smooth spoken, (tongued) : چکنی چپڑی باتیں بنانے والا ؛ چرب زبان -

smoothly, *adv.* : ہمواری کے ساتھ ؛ ملائمت سے ؛ شائستگی سے ؛ خوشامد کے ساتھ ؛ سہولت سے ؛ لطافت سے -

smoothness, *n.* : (۱) ہمواری ؛ چکنا پن - (۲) نرمی ؛ ملائمت ؛ شائستگی ؛ خوشامد کا رنگ - (۳) سلاست ؛ روانی ؛ لطافت -

Smooth, *v.t. & i. & n.* : (۱) ہموار کرنا ؛ مسطح کرنا ؛ برابر کرنا ؛ ساکن کرنا (سمندر کو) ؛ ٹھنڈا کرنا ؛ سکون پر لانا (مزاج کو) - (۲) سہل کرنا ؛ آسان کرنا ؛ حل کرنا (مشکل کو) ؛ سلجھانا (گتھی کو) ؛ دور کرنا (رکاوٹ کو) - (۳) سہل اور خوش گوار بنانا - (۴) غلطی یا قصور کی پردہ پوشی کرنا ؛ لیپ پوت کرنا - (۵) ساکن ہو جانا (سمندر کا) - (۶) ہاتھ کی حرکت بالوں کو ہموار کرنے کے لیے -

smoothing iron : اِستری -

smoothing plane : چھوٹا رندا -

Smote, : دیکھو Smite -

Smother, *n. & v.t. & i.* : (۱) (قدیم) بھوبھل ؛ جلتی راکھ - (۲) بگولہ ؛ گھنا گرد و غبار یا دھنواں یا جھاگ - (۳) (شاذ) اندھیرا (جو گرد و غبار وغیرہ سے ہوتا ہے) - (۴) گلا گھونٹنا ؛ گلا گھونٹ کر مار ڈالنا ؛ دم گھونٹ کر مار ڈالنا - (۵) ناک میں دم کر دینا (بوسوں ، خاطر تواضع یا دادودہش کی بھرمار سے) - (۶) دبا دینا ؛ چھپانا ؛ ظاہر نہ ہونے دینا (معاملے کو) - (۷) آگ کو راکھ سے بجھانا یا دبانا - (۸) کوئی چیز اندر ڈالکر ڈھک دینا - (۹) (شاذ) گلا گھٹ کر مر جانا ؛ دم گھٹنا ؛ سانس رکنا -

Smothery, *a.* : گلا گھونٹنے والی ؛ جس سے دم گھٹ جائے -

Smoulder, *v.i. & n.* : (۱) سلگنا ؛ اندر ہی اندر جلنا - (۲) (جذبات کا) دل میں چھپایا دبا ہونا ؛ اندر ہی اندر کام کرنا ؛ اندر ہی اندر بھڑکتے رہنا - (۳) سلگنا ؛ سوزش دروں -

Smudge, *v.t. & i. & n.* : (۱) (قدیم Smutch) کوئی چیز گرا کر خراب کرنا ؛ بھرنا ؛ دھبے ڈالنا ؛ دھندلا یا مسخ کر دینا (عبارت وغیرہ کو) - (۲) (عزت وغیرہ پر) داغ لگانا ؛ دھبا لگانا ؛ بٹا لگانا ؛ کلنک کا ٹیکا لگانا - (۳) دھندلا ہونا (سیاہی وغیرہ کا) - (۴) داغ ؛ دھبا - (۵) داغ بد نامی ؛ دھبا ؛ بٹا ؛ کلنک کا ٹیکا - (۶) دھندلی یا مسخ شدہ سطر وغیرہ -

Smudgy, *a.* : داغ دار ؛ دھبے لگا ؛ دھندلا ؛ مسخ شدہ -

smudgily, *adv.* : دھبا لگاتے ہوئے -

smudginess, *n.* : داغ دار ہونا ؛ دھندلا ہونا -

Smudge, *n.* : وہ آگ جو مچھر ، کیڑوں مکوڑوں کو بھگانے کے لیے جلائی جاتی ہے -

Smug, *a.* & *n.* : (۱) معمولی قسم کا خوش حال ، تنگ خیال آدمی جس کا دل بلند تخیلات اور حوصلوں سے خالی ہو - (۲) (یونیورسٹی کا روز مرہ) وہ شخص جو صحبت سے یا ورزشی کھیلوں سے گھبراتا ہو ؛ ھشو ؛ آدم بیزار -

smugness, *n.* : اس قسم کا آدمی ہونا ؛ آدم بیزاری -

Smuggle, *v. t.* : (۱) خلاف قانون درآمد یا برآمد کرنا ؛ چنگی ادا کیے بغیر مال لے آنا - (۲) خفیہ طور پر لانا یا لے جانا ؛ چھپا دینا ؛ غائب کر دینا -

smuggling, *n.* : خلاف قانون درآمد یا برآمد -

smuggler, *n.* : چنگی چور ؛ خلاف قانون درآمد یا برآمد کرنے والا ؛ چوری سے مال لانے یا لے جانے والا -

Smut, *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) جالے کا چھوٹا سا ٹکڑا ؛ کالک کا دھبا ؛ سیاہ دھبا ؛ کلونس - (۲) فحش گفتگو ؛ فحش الفاظ ؛ فحش قصہ ؛ پھکڑ - (۳) کالا روگ ؛ ایک روگ جو غلے کے کھیت میں لگ جاتا ہے اور بالیوں کو جلا کر سیاہ سفوف بنا دیتا ہے - (۴) سیاہ دھبے لگانا ؛ جالا لگانا - (۵) اناج میں کالا روگ لگنا -

s. ball : (نباتیات) سما روغ کی بعض قسموں کا نام -

s. mill : وہ مشین جو اناج کا روگ دور کر کے اُسے صاف کرتی ہے -

ditto, brother s. : (بچوں کی زبان) ترکی بہ ترکی جواب ؛ وہ جواب جو پلٹ کر دیا جائے -

smutty, *a.* : (۱) روگیلا ؛ روگ لگا - (۲) جالا لگا ؛ دود آلود - (۳) فحش ؛ گندی -

smuttily, *adv.* : روگیلے پن سے ؛ گندے پن سے -

smuttiness, *n.* : جالا لگا ہونا ؛ روگیلا ہونا ؛ گندہ پن -

Smutch, : دیکھو Smudge -

Smyrniot(e), *a.* & *n.* : سمرنا کا ؛ سمرنا کا باشندہ -

Snack, *n.* : ہلکا ناشتہ -

go ss. : بانٹ لینا ؛ (کھانے میں) شرکت کرنا -

ss. ! : ہمارا بھی حصہ ہے ؛ ہم بھی شریک ہیں -

Snaffle, *n.* : اکہری لگام جس میں بے کانٹوں کا دہانہ ہو -

s. bit : بے کانٹوں کا دہانہ -

ride one on the s. : کسی شخص سے نرمی سے کام لینا ؛ نرمی سے پیش آنا -

Snaffled, *a.* : جس کے اکہری لگام چڑھی ہو -

Snag, *n.* & *v. t.* : (۱) ٹھنٹھ (ناہموار ؛ نوک دار چیز مثلاً ٹوٹا ہوا دانت ، درخت کی ٹوٹی شاخ کا بقیہ حصہ ، دریا کی تہ میں کھڑی ہوئی چٹان یا لکڑی کا نوک دار حصہ) - (۲) جہاز کا ٹھنٹھ سے ٹکرانا - (۳) ٹھنٹھ کاٹنا یا نکالنا (درخت ، دریا وغیرہ کا) - (۴) (مجازاً) غیر متوقع رکاوٹ یا نقص -

snagged, *a.* : جس میں ٹھنٹھ ہو -

snaggy, *a.* : ٹھنٹھ کا سا -

Snail, *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) گھونگا - (۲) دیوار گھڑی کی ایک دندانے دار چرخی (مثلاً S. wheel) - (۳) ایک قسم کا پودا جس کی پھلیاں گھونگے سے مشابہ ہوتی ہیں - (۴) باغ کو گھونگوں سے پاک کرنا ؛ گھونگھوں کا شکار کرنا -

Roman s. : گھونگے کی ایک قسم جسے کھاتے ہیں -

s.'s gallop, s.'s pace : بہت ہی سست رفتار ؛ چیونٹی کی چال -

s. fish : ایک قسم کی مچھلی -

s. slow : بے حد سست -

snailery, *n.* : گھونگے پکڑنے کا پیشہ -

snaillike, *a.* : گھونگا جیسا -

Snake, *n.* : (۱) سانپ ؛ مار - (۲) دغا باز ؛ بے مروت آدمی -

s. lizard : وہ چھپکلی جس کی ٹانگیں نہیں ہوتیں -

s. in the grass : (۱) چھپا دشمن - (۲) پوشیدہ خطرہ -

warm, cherish etc. a s. in one's bosom : آستین میں سانپ پالنا ؛ ایسے شخص سے بھلائی کرنا جو آگے چل کر نقصان پہنچائے -

see ss. : (نشے میں) ہذیاں کا دورہ ہونا -

raise or wake ss. : ہنگامہ برپا کر دینا ؛ بھڑوں کے چھتے کو چھیڑ دینا -

Ss. ! : (فجائیہ ، غصے کے موقع پر) لاحول ولا قوۃ -

s. charmer : بین بجا کر سانپ کو مست کرنے والا ؛ سپیرا -

s. locked : وہی زلف ، جس کے سر پر بالوں کی جگہ سانپ ہوں (یونانی دیویوں کے متعلق) -

snakeshead : سوسن کی شکل کا پھول دار پودا -

s. stone : ایک قسم کا کیڑا جو زمین کے اندر رہتا ہے -

s. fence : لہر دار یا مارپیچ جنگلہ جس میں صرف لکڑیاں ایک دوسرے کے سہارے ترچھی لگی ہوں -

s. weed : دیکھو bistort

Snaky, *a.* : (۱) سانپ جیسا ؛ مار صورت ؛ پیچیدہ - (۲) بے وفا اور بے مروت ؛ کینہ پرور ؛ مکار -

snakiness, *n.* : سانپ پن ؛ پیچیدہ پن ؛ دغا بازی ؛ مکاری -

Snap, *v. t.* & *i.* & *n.* : (۱) اچانک کاٹ کھانا ؛ چکت مارنا - (۲) جلدی سے اُٹھا لینا (پرزہ وغیرہ) ؛ چٹ پٹ چکا لینا (سودا) - (۳) کسی کی بات کاٹنا ؛ بات کاٹ کر غلطی درست کر دینا - (۴) تڑاق سے یا چٹ سے توڑ ڈالنا ؛ تڑاق سے ٹوٹ جانا ، چٹ سے ٹوٹ جانا - (۵) دن سے داغنا (پستول) ؛ پھٹکارنا (کوڑا) - (۶) چٹخانا (انگلیاں) - (۷) دھڑ سے بند ہونا یا بند کرنا (کواڑ) - (۸) فوراً فوٹو لے لینا ؛ بے خبری میں فوٹو لے لینا ؛ سرسری تصویر لینا - (۹) چکت ؛ کاٹنا ؛ منہ مارنا - (۱۰) کاٹنے ، ٹوٹنے ، دروازہ بند ہونے کی آواز ؛ تڑاقا ؛ چٹاخا ؛ دھڑاکا - (۱۱) کنگن وغیرہ کا کھٹکا - (۱۲) ایک قسم کا چھوٹا کرارا کیک - (۱۳) تاش کا ایک کھیل - (۱۴) پالا کرنا ؛ پالا - (۱۵) اسلوب بیان کی شوخی یا چٹخارا - (۱۶) تیزی ؛ طراری ؛ پھرتی ؛ جوش - (۱۷) سرسری فوٹو - (۱۸) (تھیٹر) ایکٹر کی تھوڑے دن کی نوکری ؛ تھوڑے دن کا معاہدہ - (۱۹) (پارلیمنٹ ، کمیٹی وغیرہ) اچانک ، فوری ، بلا اطلاع (شمار آراء ، بحث وغیرہ بطور صفت) -

s. at : (۱) منہ مارنا ؛ کاٹنے کی کوشش کرنا - (۲) جھنجھلا کر بات کرنا ؛ جھلا کر جواب دینا -

s. at bait, offer, chance etc : (۱) چارے وغیرہ پر گرنا ؛ کسی چیز کو بڑے شوق سے قبول کرنا - (۲) (استعارتاً) غصے میں برا بھلا کہنا ؛ بد زبانی کرنا ؛ زہر اگلنا -

s. out : جھنجھلا کر کہنا -
s. off one's *nose* : (استعارتاً) بد تمیزی یا غصے سے بات کاٹنا -
s. one's *fingers at* : ٹھینگا دکھانا ؛ پروانہ کرنا -
pistol snapped : (۱) پستول دن سے چل گیا - (۲) پستول رنجک چاٹ گیا ؛ نہیں چلا -
snapping turtle : امریکی کٹ کھنا کچھوا -
snapdragon : (۱) ایک قسم کا پھول جس کی شکل تھیلے کی سی ہوتی ھے - (۲) کرسمس کا ایک کھیل جس میں ابلتی ہوئی برانڈی کی پیالی سے کشمش چنتے ہیں -
s. shot : سرسری تیر ؛ بے نشانے کا تیر -
s. lock : خود بخود بند ہونے والا تالا ؛ کھٹ سے بند ہونے والا قفل -
s. bolt : خود بخود لگنے والی چٹخنی -
s. hook : کھٹکے دار ہک -
s. link : کھٹکے دار بٹن آستین کے -
snapshot : سرسری تصویر -
s. shoot, snapshot : سرسری فوٹو لینا -
snapper- up *n.* : چٹ پٹ سودا کرنے والا -
snappish, *a.* : (۱) کٹکھنا - (۲) تنک مزاج ؛ جھلا ؛ چڑ چڑا -
snappishly, *adv.* : (۱) کٹکھنے پن سے - (۲) تنک مزاجی سے ؛ جھلے پن سے ؛ چڑ چڑے پن سے -
snappishness, *n.* : کٹ کھنا پن ؛ جھلا پن ؛ چڑچڑا پن -
snappy, *a.* : (۱) چٹخارے دار (عبارت) - (۲) تیز ؛ طرار ؛ پھرتیلا ؛ پر جوش -

Snare, *n. & v. t.* : (۱) پھندا - (۲) (علم جراحی) کرم وغیرہ پکڑنے اور نکالنے کے لیے تار کا پھندا ؛ کرم پھندا (ج) - (۳) (استعارتاً) پھندا ؛ پھانسنے کی تدبیر ؛ جال - (۴) تانت یا کھال کی ڈوریاں جو گلے میں ڈالنے کے ڈھول میں ایک طرف سوھی ہوتی ہیں - (۵) لبھانے والی چیز ؛ دام فریب - (۶) جال میں پکڑنا ؛ پھندے سے پکڑنا ؛ پکڑنا - (۷) پھانسنا ؛ پھنسانا ؛ دام میں لانا -
(-) snarer, *n.* : (-) پکڑنے والا -

Snarl, *v. i. & t. & n.* : (۱) غرانا ؛ بھونکنا (غصے سے) - (۲) بڑبڑانا ؛ جلی کٹی سنانا - (۳) بڑبڑا کر شکایت کا اظہار کرنا - (۴) غراھٹ ؛ بڑبڑانے کی آواز ؛ بڑبڑانا -
s. out : بڑبڑاتے ہوے کہنا -

Snarler, *n.* : غرانے والا ؛ بڑبڑانے والا -

Snarlingly, *adv.* : بڑبڑاتے ہوے ؛ غراتے ہوے -

Snarly, *a.* : جھلا ؛ چڑچڑا -

Snarl, *v. t. & i. & n.* : (۱) (قدیم) الجھنا ؛ الجھانا ؛ پیچ دار کرنا ؛ بل دار کرنا - (۲) دھات کی تنگ صراحی پر اندر سے ٹھونک کر ابھرواں نقش و نگار بنانا - (۳) (قدیم) گتھی ؛ پیچ -
Snarling iron : ابھرواں نقش و نگار بنانے کا آلہ -
a snarled skein : پیچیدہ معاملہ -

Snatch, *v. t. & i. & n.* : (۱) جھپٹنا ؛ چھیننا ؛ جھپٹ لینا - (۲) (موت وغیرہ کے) منہ سے نکال لینا ؛ چنگل سے چھڑا لینا - (۳) ہاتھ مارنا ؛ چنگل مارنا ؛ جھپٹا مارنا - (۴) جھپٹنے کا عمل ؛ جھپٹا - (۵) (گیت یا گفتگو وغیرہ کے) متفرق ٹکڑے ؛ چھوٹے چھوٹے دور -
s. at offer : تجویز جلدی سے قبول کر لینا ؛ تجویز پر ٹوٹنا ؛ کرنا وغیرہ -
only works by ss. : وقفے دے کر کرتا ھے ؛ کبھی کبھی کام کرتا ھے -
snatchy, *a.* : غیر مسلسل -
snatchily, *adv.* : غیر مسلسل طور پر -

Sneak, *v. i. & t. & n.* : (۱) کھسکنا ؛ چپکے سے چل دینا ؛ چھپ کر جانا ؛ چوری سے جانا - (۲) (اسکول کے لڑکوں کا روز مرہ) چغلی کھانا - (۳) (عامیانہ) لے کر چل دینا ؛ چرا لے جانا - (۴) بزدل ؛ کمینہ ؛ مکار شخص ؛ چیزنتاتیا - (۵) (اسکول کے لڑکوں کا روز مرہ) چغل خور - (۶) (کرکٹ) وہ گیند جو اس طرح پر پھینکی جاتی ھے کہ زمین سے لگی ہوئی جائے ؛ زمینی گیند -
s.-thief : اٹھائی گیرا -

Sneakers, *n. pl.* : وہ جوتے جن میں آواز نہ ہو ؛ بے چاپ کے جوتے -

Sneaking, *a.* : پوشیدہ ؛ خواہمخواہ کا (جذبۂ شفقت وغیرہ) -
has a sneaking kindness for him : اُس کے ساتھ خواہ مخواہ ایک لگاؤ سا ھے -

Sneakingly, *adv.* : پوشیدہ طور پر ؛ چھپ کر ؛ خفیہ طور پر -

Sneck, *n. & v. t.* : (۱) دروازے کا پھر کی دار بیلن ؛ بلی - (۲) بیلن لگانا ؛ بلی لگانا -

Sneer, *v. i. & t. & n.* : (۱) حقارت سے مسکرانا ؛ ھنسی اڑانا - (۲) طعنہ ؛ طنز ؛ آوازہ ؛ استہزا ؛ حقارت کی نظر ؛ حقارت کا تبسم -

Sneerer, *n.* : طعنہ زن ؛ ھنسی اڑانے والا -

Sneeringly, *adv.* : طنزاً ؛ حقارت کی ھنسی سے ؛ طعن کے طور پر -

Sneeze, *v. i. & n.* : (۱) چھینکنا - (۲) چھینک ؛ عطسہ -
not to be sneezed at : اچھا خاصا ھے ؛ برا نہیں ھے -

Snick, *v. t. & n.* : (۱) چھوٹا سا دانتا یا درز ڈالنا ؛ ذرا سا شگاف دینا - (۲) (کرکٹ) بلے سے ذرا گیند کو چھو دینا - (۳) خفیف سی درز یا دانتا ؛ ھلکا سا شگاف ؛ (کرکٹ) بلے سے ذرا سا چھو دینا یا چھو جانا (گیند کا) -

Snickersnee, *n.* : (مزاحاً) بغدا ؛ چھرا -

Snide, *a. & n.* : (۱) (عامیانہ) جعلی ؛ مصنوعی - (۲) نقلی زیور یا جواھرات ؛ نقلی سکہ -
snidesman : جعلی سکہ چلانے والا -

Snider, *n.* : (*s. rifle*) ابتدائی قسم کی توڑے دار بندوق -

Sniff, *v. i. & t. & n.* : (۱) ناک سے سوں سوں کرنا ؛ ناک چڑھانا (حقارت کے اظہار کے طور پر) - (۲) ناک سڑکنا - (۳) سڑکنا ؛ ناک میں لے جانا یا کھینچنا - (۴) سڑکنا ؛ سڑکنے کی آواز - (۵) ھوا وغیرہ جو ایک بار میں سڑکی جائے -
sniff at : (۱) سونگھنا ؛ سونگھ کر دیکھنا - (۲) ناک چڑھانا ؛ ناک بھوں چڑھانا - (۳) کتے کا کاٹنے پر آمادہ ہونا ؛ کاٹنے کو منہ بڑھانا -

Sniffy, *a.* : (۱) (روز مرہ) نک چڑھا ؛ نک چڑھے پن کا ؛ حقارت آمیز - (۲) کسی قدر بد بو دار -

Snifting valve, *n.* : اسٹیم انجن کے سلنڈر میں ہوا نکلنے کا راستہ -

Snigger, *v. i. & n.* : (بدتمیزی یا بے شرمی سے دیکھ کر) چپکے چپکے ھنسنا -

Sniggle, *v. i.* : چارے کو سوراخ میں ڈال کر بام مچھلی کا شکار کھیلنا -

Snip, *v. t. & i. & n.* : (۱) قینچی سے کاٹنا ؛ کترنا - (۲) کترنا (اسم) - (۳) کترن ؛ تراش - (۴) (روز مرہ) درزی -
s. at : قینچی چلانا -

Snipping, *n.* : کترنا یا کترا جانا -

Snipe; *n.* : (۱) چہا ' ایک پرندہ جس کا شکار کھیلا جاتا ہے - (۲) چہے کا شکار کھیلنا - (۳) (فوجی) کمین گاہ سے دشمن کے کیمپ پر (خصوصاً رات کو) گولیاں چلانا ' کمین گاہ سے گولیاں چلا کر مارنا ' زخمی کرنا -

common or whole, great or double or solitary, small or half or jack s. : یہ قسمیں برطانیہ میں پائی جاتی ہیں -

s.-eel, s.-fish : مچھلی کی قسمیں جن کی لمبی پتلی سونڈ سی ہوتی ہے -

snipy, *a.* : چہے کا سا ؛ جہاں چہے کثرت سے ہوں -

sniper, *n.* : کمین گاہ سے گولی چلانے والا -

Snippet, *n.* : (۱) کٹا ہوا سا ٹکڑا (کپڑے وغیرہ کا) ؛ کترن ؛ تراشہ - (۲) متفرق معلومات ؛ بے ربط علم ؛ متفرقات ؛ ادھر ادھر کی چیزیں -

snippety, *a.* : متفرق معلومات رکھنے والا ؛ بے ربط علم رکھنے والا -

snippetiness, *n.* : متفرق معلومات رکھنا ؛ بے ربط علم رکھنا -

Snip snap snorum, *n.* : تاش کا ایک کھیل جو ایک حلقے میں کھیلا جاتا ہے اور جس میں کوئی کسی کا شریک نہیں ہوتا -

Snivel, *v. i.* & *n.* : (۱) ناک بہنا - (۲) آنسوے بہانا ؛ روں روں کرنا ؛ جھوٹ موٹ ندامت کا اظہار کرنا - (۲) رینٹ ؛ ناک - (۳) روں روں ؛ آنسوے بہانا ؛ بناوٹی رقت - (۴) ریاکاری کی باتیں ؛ جھوٹی باتیں -

sniveller, *n.* : وہ شخص جو آنسوے بہائے -

snivelling, *a.* : آنسوے بہانے والا -

Snob, *n.* : (۱) (قدیم) کم ذات ؛ کم اصل آدمی - (۲) (قدیم ؛ یونیورسٹی اور پبلک اسکول کا روز مرہ) شہر یا قصبے کا رہنے والا- (۳) وہ شخص جسے اپنی شرافت اور حیثیت پر گھمنڈ ہو ؛ جو چھوٹوں کو حقیر سمجھتا ہو اور بڑوں کی خوشامد کرتا ہو ؛ امارت پرست شخص -

snobbish, *a.* : امارت پرست -

snobbishly, *adv.* : امارت پرستی سے -

snobbishness, *n.* : امارت پرستی -

snobbery, *n.* : امارت پرستی -

snobbing, *n.* : امارت پرست شخص -

snobocracy, *n.* : امارت پرست لوگ -

Snood, *n.* : (۱) (اسکاچستان اور ادبی زبان) ایک قسم کا موباف جو اس کاٹ لینڈ کی دوشیزہ لڑکیاں استعمال کرتی ہیں؛ سربلند - (۲) (سمندر کی ماہی گیری میں) چھوٹی شست جو بڑی شست میں لگی ہوتی ہے اور جس میں کانٹا ہوتا ہے -

snooded, *a.* : موباف دار -

Snook, *n.* : ایک قسم کی مچھلی -

Snook, *n.* : ایک حقارت آمیز حرکت جو ہاتھ کے انگوٹھے کو ناک پر رکھ کر اور سب انگلیاں پھیلا کر کی جاتی ہے ؛ جیسے ہمارے یہاں بھی کی انگلی کو نچانا -

snooks ! : (حقارتاً) ٹلی للی -

Snoop, *v. i.* & *t.* : (۱) دخل در معقولات کرنا - (۲) ہتھیا لینا -

Snooze, *v. i.* & *t.* & *n.* : (۱) قیلولہ کرنا ؛ ذرا دیر نیند لینا (دن کو) - (۲) بے کار وقت گزار نا -

s. time etc. away : بر باد کرنا ؛ ضایع کرنا (وقت وغیرہ) -

Snore, *v. i.* & *t.* & *n.* : (۱) خراٹے لینا ؛ نیند میں خر خر کرنا - (۲) خراٹوں میں گزار دینا ؛ سو کر گزار دینا (وقت) - (۳) خراٹے لیتے لیتے جاگ پڑنا وغیرہ - (۴) خراٹے ؛ خر خر -

snorer, *n.* : خراٹے لینے والا -

Snort, *v. i.* & *t.* & *n.* : (۱) نتھنوں سے آواز نکالنا ؛ (عموماً غصے یا شک کے اظہار کے لیے) نتھنے پھلانا - (۲) (انجن کا) پھک پھک کرنا - (۳) نتھنے پھلا کر ضد وغیرہ کا اظہار کرنا (۴) نتھنے پھلا کر کہنا -

Snorter, *n.* : (۱) نتھنوں سے آواز نکالنے والا وغیرہ - (۲) (عامیانہ) جھکڑ ؛ ہوا جو شور کے ساتھ چلتی ہو - (۳) زور دار تماشا -

Snot, *n.* (۱) (مبتذل) رینٹھ - (۲) ایک گالی (جب آدمی کو کہا جائے) -

s. rag : دستی ؛ رومال (ناک صاف کرنے کا) -

Snotty, *a.* & *n.* : (۱) جس کی ناک سے سنک بہتی ہو ؛ رینٹھ بھرا - (۲) گندہ ؛ ایک گالی - (۳) (بحری عامیانہ) جہاز کا ایک چھوٹا افسر - (۴) (روز مرہ) چڑ چڑا ' فصیل -

snottily, : گندے پن سے -

snottiness, : گندہ پن -

Snout, *n.* : (۱) تھوتھنی (حقارت کے موقع پر انسان کی ناک کو بھی کہہ دیتے ہیں) - (۲) کسی چیز کا آگے کو نکلا ہوا حصہ -

s. beetle : ایک طرح کا چونچ دار کیڑا -

s. ring : سور کے منہ کا کڑا (جو اس لیے چڑھا دیا جاتا ہے کہ وہ زمین نہ کھودے) -

(-) **snouted**, *a.* : (-) تھوتھنی کا -

Snow, *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) برف (آسمانی) - (۲) (جمع) برف باری ؛ برف کا انبار - (۳) وہ چیز جو برف کی طرح سفید ہو- (۴) برف گرنا - (۵) جھاگ دار پتنگ - (۶) برف کی طرح پھیلا دینا ؛ برف کی طرح گرنا - (۷) (عامیانہ) کوئین- (۸) (فوجی) چاندی-

the ss. of seventy years: ستر برس کے بوڑھے کے سفید بال -

snowed up (in) : برف سے رکا ہوا -

snowball : (۱) برف کی گولی جس سے کھیل میں ایک دوسرے کو مارتے ہیں - (۲) ایسا فنڈ جس کے ہر چندہ دینے والے کو ایک مقررہ تعداد میں اور چندہ دینے والے تلاش کرنا پڑتے ہیں - (۳) ایک طرح کی پڈنگ (مثلاً سیب چاولوں میں لپیٹ کر پکا ہوا) - (۴) برف کی گولیوں سے مارنا؛ برف کی گولیوں کی مار کا مقابلہ کرنا-

snowballtree : ایک درخت جس میں سفید پھولوں کے گچھے نکلتے ہیں -

s. berry : باغ کی ایک جھاڑی جس میں سفید بیریاں لگتی ہیں -

s. bird : ایک قسم کی چھوٹی چڑیا -

s. blindness : نابینائی جو برف پر چلنے والوں کو روشنی کی شدت سے پیدا ہو جاتی ہے ؛ برفی کوری -

s. blind : برف کور -

s. blink : برفستان کا عکس جو آسمان پر پڑتا ہے -

s. boots: ربڑ اور کپڑے کے اوپری جوتے -

s. bound : برف کی وجہ سے رکا ہوا (جہاز وغیرہ) -

s. cap : سفید تاجدار مرغ نغمہ سنج -
s. capped : (پہاڑ) جس کی چوٹی برف سے ڈھکی ہو
s. drift : برف کا انبار (جو ہوا سے جمع ہو جائے) -
snowdrop : اوائل بہار کا سفید پھول دار پودا -
s. fall : برف باری ؛ مجموعی برف باری (برف کی وہ مقدار جو ایک بار یا ایک سال میں پڑتی ہے) -
s. gauge : برف پیما (برف باری کی مقدار ناپنے کا آلہ) -
s. flake : برف کا گالا -
s. field : برفستان ؛ بڑا میدان جہاں ہمیشہ برف رہتی ہو -
s. goggles : اندھیری ؛ عینک جو برفستان میں سفر کرتے وقت استعمال کی جاتی ہے ؛ برف چشمہ -
s. goose : منطقۂ بارد ہ کے سفید ہانس جن کے بازؤں پر سیاہ داغ ہوتا ہے -
s. grouse : ایک قسم کا سفید تیتر -
s. ice : وہ مصنوعی برف جو پگھلی ہوئی آسمانی برف سے بناتے ہیں -
s. leopard : ایک قسم کا چھوٹا تیندوا -
s. line : خط انجماد ؛ خط برف ؛ وہ سطح جس سے اوپر ہمیشہ برف رہتی ہے -
s.-on-the-mountain : سفید پھول کے پودے جو چمن میں لگاتے ہیں -
s. owl, snowy owl : بڑی قسم کا سفید الو -
s. man : برف کا آدمی جو بچے کھیل میں بناتے ہیں -
s. plough : ہل جیسا آلہ جس سے سڑک پر سے برف صاف کی جاتی ہے -
s. plant : برف کائی ؛ ایک طرح کی کائی جو برف میں اگتی ہے اور اس کے رنگ کو سرخ کر دیتی ہے -
s. shovel : برف کھودنے کا پھاوڑا -
s. slip : برف کا انبار جو پہاڑ سے پھسلے -
s. shoes : (۱) برف پر چلنے کے جوڑے جوتے - (۲) اسکی (دیکھو *ski*) -
s. storm : برف کا طوفان ؛ برف کی آندھی -
s. under : (۱) (امریکا) برف سے ڈھک دینا ؛ برف کی طرح ڈھک دینا - (۲) کثرت تعداد سے بالکل مغلوب کر لینا (انتخابات میں کسی امیدوار کو) -
s. white : برف سا سفید ؛ بگلے کے پر جیسا سفید -
snowless, *a.* : بے برف -
snowy, *a.* : (۱) برف سا سفید - (۲) پر برف -
snowily, *adv.* : برف کی سی سفیدی کے ساتھ -
snowiness, *n.* : برف سا سفید ہونا ؛ پر برف ہونا -
Snub, *v. t. & i. & n.* : (۱) جھڑک دینا ؛ ڈانٹ دینا ؛ دھتکار دینا ؛ بے التفاتی سے ذلیل کرنا - (۲) جہاز کا راستہ روکنا رسوں کے ذریعے سے - (۳) (اسم) جھڑکی ؛ ڈانٹ ؛ بے التفاتی یا بے رخی کا برتاؤ -
snubbing, *n.* : جھڑکی ؛ ڈانٹ -
snubbingly, *adv.* : جھڑک کر ؛ ڈانٹ کر -
snubbing-post : رسیاں لٹکانے کا کھمبا جہاز یا گودی میں -
Snub, *a. & n.* : (۱) چھوٹی اور چپٹی یا اوپر کو اٹھی ہوئی (ناک) - (۲) (شاذ) چپٹی ناک -
s. nosed : چپٹی ناک والا -
Snuff, *v. i. & t. & n.* : (۱) (اب اس کی جگہ sniff استعمال ہوتا ہے) سڑکنا ؛ ناک میں لے جانا یا کھینچنا ؛ سونگھنا - (۲) ناس لینا ؛ ناس سونگھنا - (۳) سڑکنے کی آواز ؛ سڑکنا (اب زیادہ sniff آتا ہے) - (۴) ناس ؛ ہلاس - (۵) کوئی دوا جو ناس کی طرح سونگھی جائے ؛ سونگھنے کا سفوف -
take thing in s. : (قدیم) کسی بات پر بگڑ جانا ؛ خفا ہوجانا -
up to s. : (عامیانہ) خاصا ہوشیار ؛ چلتا ہوا ؛ پکا (پورلے کاغذ) -
s. colour : گہرا بادامی رنگ -
s. coloured : گہرے بادامی رنگ کا -
s. mill : (۱) ناس پیسنے کی دستی چکی - (۲) ناس کی ڈبیا -
snuffy, *a.* : ناس جیسا -
snuffyness, *n.* : ناس کی سی کیفیت -
Snuff, *v. t. & i. & n.* : (۱) گل تراشنا (شمع کا) ؛ گل جھاڑنا - (۲) گل ؛ بتی کا جلا ہوا سرا -
s. dish : گل گیر کی تھالی ؛ لگن -
s. out : (۱) گل تراش کر بجھا دینا - (۲) (استعارتاً) امید کا چراغ بجھا دینا ؛ شمع حیات بجھا دینا ؛ بجھ جانا ؛ مرجانا -
snuffers, *n. pl.* : گل تراشنے کی قینچی ؛ گل گیر -
can s. a candle with a pistol. : پستول چلا کر بغیر شمع کو گل کئے ہوئے گل جھاڑ سکتا ہے -
give person s. : اکھڑپن سے پیش آنا -
Snuffer-tray : گل گیر رکھنے کی تھالی -
Snuffle, *v. i. & t. & n.* : (۱) ناک سے آواز پیدا کرنا ؛ سوں سوں کرنا - (۲) گنگنانا ؛ ناک میں بولنا ؛ منمنانا - (۳) سوں سوں کی آواز - (۴) منمناھٹ ؛ منمنا لہجہ ؛ منمنی آواز کی گفتگو -
Snuffler, *n.* : ناک میں بولنے والا ؛ منمنا -
s. out. : منمنا کر کہنا -
snufflingly, *adv.* : منمناتے ہوئے -
Snug, *a.* : (۱) بارش سردی وغیرہ سے محفوظ ؛ اچھی طرح لپٹا ہوا ؛ آرام سے (رہنے والا یا بیٹھا ہوا) ؛ آرام دہ ؛ آرام کا - (۲) اوسط درجہ کی (آمدنی) ؛ اچھا خاصا (کھانا) -
snugly, *adv.* : بڑے آرام سے -
snugness, *n.* : آرام دہ ہونا ؛ آرام سے ہونا -
Snuggery, *n.* : (۱) آرام دہ مقام (خصوصاً کسی شخص کا) رہنے کا کمرہ ؛ آرام گاہ ؛ پرائیویٹ کمرہ -
Snuggle, : (گرمی کی خاطر) قریب ہو جانا ؛ بھچ کر یا گھس کر بیٹھنا ؛ (کسی شخص کے یا آگ وغیرہ کے) ہم آغوش ہونا ؛ بغلگیر ہونا -
So, *adv.* : (۱) اتنا ؛ اسقدر ؛ اس طرح ؛ یوں ؛ اسی قدر ؛ اسی طرح ؛ علی ہذالقیاس - (۲) (تعجبانہ) بے حد ؛ بے انتہا ؛ حد سے زیادہ - (۳) اس لئے ؛ لہذا ؛ پس ؛ چنانچہ - (۴) بھی - (۵) واقعی ؛ دراصل - (۶) یہ ؛ یہ بات ؛ یہی ؛ یہی تو - (۷) وہی ؛ اسی طرح ؛ ویساہی - (۸) یوں ہی سہی ؛ یہی سہی - (۹) بس ؛ بس یہیں ؛ بس چپ چاپ کھڑے رہو -
so that : کہ ؛ تاکہ ؛ چنانچہ -
so that's that : (۱) بس یہ بات ہے ؛ بس یہ قصہ ہے - (۲)

چلو یہ معاملہ تو ختم ہوا -

so far as, in so far as, so far forth as: جب تک کہ ؛ جہاں تک ؛ جس حد تک کہ -

so forth, so on: وغیرہ ؛ وقس علیٰ ھذا -

so long as: اگر ؛ بہ شرطیکہ -

so be it: خیر یوں ھی سہی ؛ اچھی بات ھے (اس معاملہ میں) بس یہ کافی ھے ؛ بس اتنا بہت ھے -

so much for: بس یہی کرنا یا کہنا ھے -

at so much a week: فی ھفتہ اتنے پر -

at so much a head: فی کس اتنے پر -

not so much as: (فلاں مقدار) سے بھی کم ؛ (اتنا) بھی نہیں ؛ تک نہیں -

so help me God: خدا کی قسم ؛ انشاءاللہ -

so called: نام نہاد ؛ مفروضہ -

so to say, so to speak: گویا -

ever or never so: کتنا ھی زیادہ (عامیانہ) -

quite so, just so: بالکل ٹھیک ؛ بجا و درست -

and so: (قدیم) چنانچہ ؛ اس کے بعد -

so & so: فلاں شخص ؛ فلاں چیز -

so so: یوں ھی سا ؛ معمولی -

or so: یا کچھ کم و بیش ؛ کچھ بہت اچھا نہیں -

is only so much rubbish: بیکار چیز ھے ؛ بالکل مہمل ھے -

suppose so: یہی معلوم ہوتا ھے ؛ غالباً یہی بات ھے -

I told you so: میں نے تم سے پہلے ھی کہدیا تھا (یہ ھو گا) -

you don't say so: واقعی ! سچ ! واللہ ! -

Soak, *v. t. & i. & n.*: (۱) پی لینا ؛ سوکھنا - (۲) اچھی طرح بھگونا ؛ بھیگنا ؛ تر بتر ہونا ؛ تر بتر کرنا ؛ ڈبونا ؛ ڈوبنا - (۳) سر سے پیر تک بھگو دینا ؛ شرابور کر دینا (کسی سیال چیز میں) - (۴) (رطوبت کا) کسی چیز میں سرایت کرنا ؛ جذب ہونا - (۵) بہت سی شراب پینا ؛ خم کے خم لنڈھانا - (۶) جذب کرنا یا ہونا ؛ بھگونا یا بھیگنا - (۷) شراب کا دور - (۸) بہت شراب پینے والا ؛ خم کے خم چڑھانے والا -

soaking, *n.*: بھگونا یا بھگویا جانا -

soakage, *n.*: جذب ہونا ؛ انجذاب ؛ سرایت کرنا -

Soaker, *n.*: (۱) بھگونے والا ؛ بھیگنے والا ؛ جذب کرنے والا وغیرہ - (۲) بہت پینے والا ؛ شرابی - (۳) ایسی بارش جو بھگو دے ؛ زور کی بارش ؛ زور کا جھالا یا چھینٹا -

Soap, *n. & v. t. & i.*: (۱) صابن ؛ صابون - (۲) صابن دینا ؛ صابن مہیا کرنا - (۳) صابن لگانا ؛ صابن ملنا -

s. -berry, -nut, -plant, -pod, -root, -wort: ایسے پودے کی اقسام جن سے صابن کے بجائے کام آنے والی چیزیں بنتی ہیں -

s. boiler: صابن ساز ؛ صابن بنانے والا -

s. boiling: صابن سازی -

s. bubble: صابن کا بلبلہ -

s. works: صابن سازی کا کارخانہ -

soapless, *a.*: بے صابن ؛ بے صابن کا -

Soapy, *a.*: (۱) صابن جیسا - (۲) صابن لگا ہوا ؛ صابن دار - (۳) خوشامدی ؛ چاپلوس ؛ چرب زبان ؛ خوشامدانہ ؛ چکنی چپڑی -

soapily, *adv.*: (۱) صابن کا مزہ وغیرہ - (۲) تملق سے ؛ چاپلوسی سے -

soapiness, *n.*: صابن کا مزہ وغیرہ ؛ تملق -

Soar, *v. i.*: (۱) بلندی پر اڑنا ؛ بہت اونچا اڑنا ؛ ہوا میں تیرنا ؛ منڈلانا - (۲) بلند پرواز کرنا -

soaring: اونچا اڑتے ہوئے ؛ بلند پروازی کرتے ہوئے -

soave soavemente,: (موسیقی کی ہدایت) ھلکے ھاتھ سے ؛ لطافت سے ؛ سبک انداز سے -

Sob, *v. i. & t. & n.*: (۱) سبکنا ؛ سبکی لینا ؛ روتے ہوئے ھچکی لینا ؛ سسکی بھرنا - (۲) سسکی ؛ سبکی -

s. out: سبکتے ہوئے کہنا -

sobbingly, *adv.*: سسکی لےکر ؛ سبک کر -

Sober, *a. & v. t. & i.*: (۱) ھوشیار (مستکی ضد) ؛ جو نشے میں نہ ہو - (۲) (شراب کے استعمال میں) اعتدال پسند ؛ محتاط - (۳) سنجیدہ ؛ متین ؛ معقول ؛ سلجھا ہوا ؛ فرزانہ ؛ ھوش مند ؛ ٹھنڈی طبیعت کا ؛ ضابط ؛ قائم مزاج - (۴) معتدل ؛ سنجیدہ ؛ پر سکون ؛ پر اطمینان ؛ ھوش مندی کا - (۵) صوفیانہ (رنگ) - (۶) ھوش میں لانا ؛ ٹھنڈا کرنا ؛ راہ پر لانا ؛ اعتدال پر لانا ؛ وحشت دور کرنا یا ہونا ؛ سنجیدگی پیدا کرنا ؛ آنکھیں کھول دینا ؛ خام خیالی ؛ غفلت وغیرہ دور کرنا یا ہونا -

appeal from Philip drunk to Philip s.: کسی شخص سے یہ درخواست کرنا کہ نشے میں یا کسی عارضی جذبے کے ماتحت جو اس نے رائے قائم کی ھو یا کام کیا ہوا سے بدل دے -

in s. fact: بلا مبالغہ ؛ حقیقت میں -

s. -sides: قائم مزاج آدمی -

s. -suited: (شاعرانہ) صوفیانہ رنگ کے کپڑے پہنے ہوئے -

soberly, *adv.*: سنجیدگی سے ؛ ھوشمندی سے ؛ معقول طریقہ سے ؛ سکون سے وغیرہ -

Sobranje, *n.*: بلغاری پارلیمنٹ -

Sobriety, *n.*: (۱) ھوشیاری ؛ نشے میں نہ ہونا - (۲) (شراب کے استعمال میں) اعتدال پسندی - (۳) سنجیدگی ؛ متانت ؛ معقولیت ؛ فرزانگی ؛ ھوشمندی ؛ ٹھنڈی طبیعت ؛ ضبط ؛ قائم مزاجی -

Soberiquet, sou- *n.*: عرف ؛ فرضی نام -

Soc (c) age, *n.*: جاگیرداری نظام کا اصول جس میں کاشتکار کو لگان دینا پڑتا ھے یا مالک کی کوئی اور خدمت کرنی پڑتی ھو -

Soccer: Socker کی مبتذل شکل -

Sociable, *a. & n.*: (۱) یار باش ؛ ملنسار ؛ محبت پسند ؛ آشنا مزاج - (۲) بے تکلف بات چیت کرنے والا - (۳) بے تکلف ؛ دوستانہ (صحبت وغیرہ) - (۴) ایک قسم کی بگھی (جس کی نشستیں پہلو میں آمنے سامنے ہوتی ہیں) - (۵) تین پہیوں کی پیرگاڑی جس میں دو آدمی ایک دوسرے کے مقابل بیٹھ سکتے ہیں -

sociability, *n.*: ملنساری ؛ آشنا مزاجی ؛ یار باشی ؛ صحبت پسندی -

Social, *a. & n.*: (۱) گروہ پسند ؛ مل کر رھنے والے (جانور) ؛ ملکر اگنے والے (پودے) ؛ معاشرت پسند ؛ مدنی الطبع (انسان) - (۲) اجتماعی ؛ عمرانی ؛ معاشرتی ؛ معاشری - (۳) حلیفوں کا ؛ (s. war) جو حلیفوں سے ھو - (۴) تفریحی صحبت (کسی کلب وغیرہ کی) -

s. bees, wasps. : ایک ھی چھتے میں رھنے والی بھڑیں ؛ شہد کی مکھیاں -
s. birds : وہ پرند جو قریب قریب گھونسلے بناتے ھیں -
s. plants : وہ پودے جو قریب قریب اگتے ھیں -
the s. contract or *compact* : معاھدۂ عمرانی ؛ اٹھارھویں صدی کے فلسفیوں کا نظریہ تھا کہ انسانی معاشرت کی بنیاد ایک معاھدے پر ھوئی جو انسانوں نے مل کر کیا تھا -
s. democrat : جمھوری اشترا کی ؛ اشتراکیوں کی وہ جماعت جو تدریجی اصلاح کی قائل ھے ؛ معتدل اشتراکی -
the s. evil : حرام کاری کا پیشہ -
sociality, *n.* : صحبت پسندی ؛ معاشرت پسندی -
socially, *adv.* : اجتماعی یا معاشرتی حیثیت سے -
Socialism, *n.* : اشتراکیت ؛ اجتماعیت -
christian s. : عیسوی اشتراکیت -
Socialist, *n.* & *a.* : اشتراکیت پسند ؛ اشتراکی -
Socialistic, *a.* : اشتراکیت کا ؛ اشتراکی -
Socialistically, *adv.* : اشتراکیت کے اصول سے -
Socialize, *v. t.* : اشتراکی بنانا ؛ اشتراکیت کے رنگ میں رنگنا ؛ اشتراکیت کا نظام جاری کرنا ؛ (کسی ملک کو) اشتراکیت کے اصول پر ڈھالنا -
socialization, *n.* : اشتراکی بنانا یا بنایا جانا -
Society, *n.* : (۱) اجتماعی زندگی ؛ معاشرت - (۲) معاشرہ ؛ قوم ؛ جماعت ؛ سماج ؛ سوسائیٹی - (۳) طبقۂ امرا ؛ اعلیٰ طبقہ - (۴) لوگوں کی صحبت ؛ جلوت - (۵) صحبت ؛ رفاقت ؛ ساتھ - (۶) انجمن ؛ سبھا -
s. verse : تفریحی شاعری -
S. of Friends : ایک عیسائی فرقہ -
Royal S. : انگلستان کی سب سے بڑی علمی انجمن ؛ رائل سوسائیٹی -
Socinian, *a.* & *n.* : (۱) سولھویں صدی کے اطالوی فقیہ فاسٹس سوسی نس کے عقیدۂ وحدانیت کا قائل - (۲) اس عقیدے سے متعلق -
Socinianism, *n.* : سوسی نس کا مذھب وحدانیت -
Sociology, *n.* : عمرانیات -
Sociological, *a.* : عمرانی -
Sociologically, *adv.* عمرانیات کی رو سے -
Sociologist, *n.* : ماھر عمرانیات -
Sock, *n.* : (۱) موزہ ؛ جراب ؛ پائتابہ - (۲) سکھ تلا - (۳) قدیم زمانے کے کومیڈی ایکٹروں کے ھلکے جوتے -
pull up your ss. : جد و جہد کے لیے کمر کس لو -
Sock, *v. t., n.* & *adv.* : (۱) (عامیانہ) کسی کی طرف گیند پھینکنا ؛ پتھر مارنا ؛ کوئی چیز پھینک کر مارنا - (۲) پتھر وغیرہ کا وار - (۳) دھڑ سے - (۴) ٹھیک ؛ عین -
Sock, *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) (اسکول کا محاورہ) مٹھائی وغیرہ جو جیب میں پڑی رھے اور وقتاً فوقتاً کھائی جائے - (۲) مٹھائی وغیرہ کھانا یا دوسرے کو دینا -
Sockdologer, *n.* : (عامیانہ) (۱) قطعی دلیل ؛ مسکت دلیل (۲) کاری ضرب یا وار -
Socker, *n.* : فٹ بال کی ایک قسم ؛ ایک کھیل جس میں گیند کو ہاتھ نہیں لگا سکتے -
Socket, *n.* : کسی چیز کا گھر ؛ خانہ -
s. pipe : نلکی جس کے اندر دوسری نلکی ڈالی جاسکے -
socketed : خانہ دار -
Socle, *n.* : (عمارت) آرائشی ظروف ؛ مجسمہ وغیرہ رکھنے کی پتھر کی چوکی یا پایہ -
Socratic, *a.* & *n.* : (۱) سقراط کا ؛ سقراطی - (۲) سقراط کا پیرو -
s. method : سوال و جواب کا طریقہ -
s. irony : تجاھل عارفانہ جو اسی غرض سے کیا جائے کہ دوسرا شخص علم کا ادعا کرے اور اس کی تردید کی جائے -
Socratically, *adv.* : سقراط کی طرح سے -
Sod, *n.* & *v. t.* : (۱) گھاس کی تہہ جس میں زمین پتے جڑیں سب شامل ھوتی ھیں ؛ سبزے کا تختہ ؛ گھاس لگا تختہ - (۲) (زمین کو) سبزے سے ڈھکنا ؛ سبزے کے تختے لگانا - (۳) گھاس لگے ڈھیلوں سے مارنا -
under the s. : قبر میں -
sodding mallet, spade. : کھرپا یا بیلچہ -
soddy, a. : گھاس دار ؛ گھاس سے ڈھکا ھوا ؛ پر سبزہ -
Sod, دیکھو **seethe** -
Sod, *n.* : (سوتیانہ) لونڈے باز -
Soda, *n.* : (۱) سوڈا ؛ سوڈیم کا کھار - (۲) وہ پانی جو سوڈے سے بناتے ھیں -
s. water : کھاری پانی ؛ سوڈا -
s.-fountain : سوڈے کا فوارہ ؛ وہ برتن جس کے اندر سوڈا بھرا ھوا ھوتا ھے اور فوارے کی طرح نکلتا ھے -
Sodality, *n.* : مذھبی برادری ؛ مذھبی انجمن ؛ (عموماً کیتھولک انجمنوں کے نام میں شامل ھوتا ھے) -
Sodden, *a.* & *v. t.* & *i.* : (۱) خوب بھیگا ھوا ؛ تر بتر - (۲) کچی سی ؛ بھاری اور گیلی (روٹی) - (۳) لایعقل (شراب خواری کی کثرت سے) ؛ احمق ؛ وحشت زدہ ؛ چہرے کی وہ کیفیت جو شراب خواری کی کثرت سے ھوتی ھے -
Soddenness, *n.* : تربتر ھونا ؛ شرابور ھونا ؛ لایعقل ھونا (شراب کی کثرت سے) -
Sodium, *n.* : ایک قسم کی دھات جو سوڈے کے اندر ھوتی ھے اور اسے جلانے سے سفید شعلہ نکلتا ھے -
Sodomite, *n.* : اغلام باز ؛ اغلام کرنے والا -
Sodomy, *n.* : اغلام -
Soever, : (لاحقہ بمعنی) کتنا ھی ؛ کوئی بھی ؛ کہیں بھی وغیرہ - **how, who, where,** وغیرہ کے ساتھ تاکید کے لیے آتا ھے -
Sofa, *n.* : کوچ ؛ سوفا ؛ ایک طرح کا سوفا جو رات کو پلنگ کا کام دیتا ھے -
Soffit, *n.* : محراب ؛ مرغول ؛ چھجے وغیرہ کی نیچے کی سطح -
Sofi(sm), دیکھو **Sufi (sm)**
Soft, *a.* & *adv.* : (۱) نرم ؛ ملائم ؛ گدگدا ؛ لوچدار ؛ لچک دار ؛ خستہ - (۲) چکنا - (۳) معتدل ؛ نہ زیادہ گرم نہ سرد ؛ خوشگوار - (۴) بارش کا ؛ مرطوب (وہ موسم یا دن جب بارش ھو یا برف پگھلے) - (۵) میٹھا (پانی کے لیے) - (۶) ھلکے مزے کی (شراب) - (۷) ھلکا ؛ ملائم (رنگ) ؛ (ٹھنڈی) روشنی ؛ پر سکون (آنکھ) - (۸) ھلکا ھلکا (خاکہ) - (۹) دھیمی ؛ مدھم (آواز ، سر وغیرہ) - (۱۰) (تلفظ) سفیہ - (۱۱) نرم ؛ نرمی کا ؛ دھیما ؛ ٹھنڈا ؛ شائستہ

مصالحت آمیز ؛ دوستانہ ؛ عاشقانہ - (۱۲) نرم ؛ رحمدل ؛ درد آشنا - (۱۳) آرام کا ؛ سہل (کام ' پیشہ وغیرہ) - (۱۴) کمزور ؛ پھسپھس ؛ آرام طلب ؛ سست ؛ زنانہ ؛ سادہ لوح ؛ کم عقل - (۱۷) ضعیف العقل شخص ؛ مودھو -

s. coal : نرم کوئلہ -

s. corn : گہائی -

s. tissues of body : (جسم کا) نرم نسیج -

s. palate : تالو کا پچھلا حصہ -

s. wicket : گیلی زمین (کرکٹ) -

s. goods : کپڑا وغیرہ ؛ پارچہ جات -

s. money : کاغذ کا سکہ ؛ نوٹ -

s. solder : نرم ٹانکا -

s. tack : (ضد Hard tack = بسکٹ) روٹی -

s. roe : نر مچھلی کے انڈے -

s. drink : (امریکا) بے نشے کی پینے کی چیز -

s. answer : گالی وغیرہ کا نرم جواب -

s. nothings : عاشقانہ گفتگو ؛ راز و نیاز -

soft hearted, a. : نرم دل ؛ رحم دل -

soft heartedness, n. : نرم دلی ؛ رحم دلی -

s. thing (job): وہ نوکری جس میں کام کم اور تنخواہ زیادہ ہو -

s. headed, s. witted, : ضعیف العقل ؛ بلا -

softy, n. : مودھو ؛ سادہ لوح آدمی -

softish, *a.* : نرم سا ؛ ملائم سا وغیرہ -

softly, *adv.* : آہستگی سے ؛ چپکے سے ؛ نرمی سے ؛ شفقت سے -

softness : ملائمت وغیرہ ؛ نرمی وغیرہ -

Softa, *n.* : دینیات کا طالب علم - (سافتا) -

Soften, *v. i. & t.* : (۱) نرم کرنا ؛ ملائم کرنا ؛ موم کرنا - (۲) نرم ہونا ؛ ملائم ہونا - (۳) معتدل کرنا ؛ دھیما کرنا - (۴) گھٹانا ؛ کم کرنا ؛ ہلکا کرنا -

softening of the brain : دماغ کی بیماری -

Soggy, *a.* : تر ؛ بھیگا ؛ گیلا ؛ نرم ؛ مرطوب ؛ سیلا ہوا ؛ سیل -

sogginess : تری ؛ گیلا پن ؛ رطوبت -

Soh, دیکھو - So -

Soho, *n.* : (۱) (تعجائیہ) (گھوڑے وغیرہ کو خاموش کرنے کے لیے آتا ہے) بس ! بس چپ کھڑے ہو -

Soi- distant, (f), *a.* : بنا ہوا ؛ مصنوعی -

Soil, *n.* : زمین ؛ زراعتی زمین ؛ مٹی -

night s. : پاخانہ ؛ براز ؛ گو -

ones' native s. : وطن کی زمین -

(-) **soiled**, *a.* : (-) زمین یا مٹی کا -

Soil, *v. t&i.&n.* : (۱) خراب کرنا ؛ پلید کرنا ؛ آلودہ کرنا ؛ گندا کرنا - (۲) پلید ہو جانا ؛ دھبے پڑ جانا - (۳) میل کا نشان ؛ پلید داغ یا دھبا ؛ غلاظت ؛ گندگی -

soilure, *n.* : (قدیم) گندگی ؛ آلودہ کرنا یا کیا جانا -

s. pipe : وہ نل جس سے بیت الخلا کا گندا پانی نکلتا ہے -

soilless, *a.* : بے داغ ؛ پاک و صاف -

Soil, *v. t.* : جانوروں کو سبز چارہ کھلانا ' (یہ ابتدا میں جلاب کے طور پر کیا جاتا تھا) -

Soiree, *n.* : شام کی صحبت ؛ شام کا جلسہ (بات چیت ' گانے بجانے یا کسی انجمن کا) -

soixante- quinze, (f) *n.* : فرانس کی ۷۵ ملیمیٹر (تقریباً ۳ انچ) کے دہانے کی توپ جس نے جنگ عظیم میں بہت شہرت حاصل کی -

Sojourn, *v. i. & n.* : (۱) عارضی طور پر قیام کرنا - (۲) عارضی قیام ؛ اقامت ؛ چند روز کے لیے ٹھیرنا -

sojourner, *n.* : عارضی مقیم -

Sol, *n.* : (مزاحاً) سورج -

Sol, *n.* : " پا " - سرگم کا پانچواں سر (موسیقی) -

Sola, *n.* : سولا ؛ ایک گودے دار درخت جو خط استوا کے قریب پایا جاتا ہے -

s. topi : سولا کے گودے کی خود نما ہیٹ -

Solace, *n. & v. t.* : (۱) تسکین ؛ تسلی ؛ دلاسا ؛ دلجوئی - (۲) تسکین دینا ؛ تسلی دینا ؛ دلجوئی کرنا -

s. oneself with. : (کسی چیز سے) غم غلط کرنا ؛ مصیبت میں دل بہلانا یا تسکین حاصل کرنا -

Solan (-goose), *n.* : ایک قسم کی مرغابی -

Solanum, *n.* : پودوں کی جنس جس میں ٹماٹر مکو وغیرہ شامل ہیں ؛ بادنجان -

Solar, *a.* : سورج کا ؛ سورج سے متعلق ؛ شمسی ؛ آفتابی -

s. eclipse , سورج گرہن -

s.flowers : وہ پھول جو دن میں خاص وقت کھلتا ہے اور دن ہی میں بند ہوجاتا ہے ؛ آفتابی پھول -

s. month : شمسی مہینہ ؛ شمسی سال کا مہینہ -

s. myth : افسانہ آفتاب کے متعلق ؛ روایت نظام شمسی کے متعلق -

s. system : نظام شمسی -

s. plexus : جوف معدہ میں اعصاب کی گتھی -

Solarism, *n.* : یہ نظریہ کہ قدیم انسانوں یا دیو مالا کی ابتدا اُن روایات سے ہوئی، جو نظام شمسی سے متعلق تھیں -

solarist, *n.* : اس عقیدے کا قائل -

Solarium, *n.* : دھوپ گھر ؛ آفتاب خانہ ؛ شیشہ سے گھری ہوئی جگہ جس میں تفریح یا علاج کی غرض سے بیٹھ کر دھوپ کھاتے ہیں

Solarize, *v. i&t.* : (۱) (فوٹو گرافی) زیادہ دیر تک روشنی میں رہنے کی وجہ سے خراب ہو جانا ؛ زیادہ دیر روشنی میں رکھ کر خراب کر دینا -

solarization, *n.* : روشنی سے خراب ہونا یا کر دینا -

Solatium, *n.* (p. *-tia*) : بدل ؛ زر تلافی -

Sold دیکھو - Sell -

Soldanella; *n.* : ایک قسم کا پھول دار درخت جو الپس کے علاقے میں پیدا ہوتا ہے -

Solder, *n. & v. t.* : (۱) ٹانکا ؛ دھات جوڑنے کا مسالہ - (۲) ٹانکا لگانا ؛ جھالنا ؛ جوڑنا -

hard s. : وہ مسالہ جو زیادہ حرارت پر پگھلتا ہے -

soft s. : وہ مسالہ جو کم حرارت پر پگھلتا ہے -

soldering iron : وہ اوزار جس سے ٹانکا لگاتے ہیں -

Soldier, *n. & v. i.* : (۱) سپاہی ؛ لشکری ؛ بری فوج کا ملازم ؛ فوج کا پیادہ یا سوار ؛ معمولی سپاہی - (۲) فن سپہ گری کا ماہر ؛ سپاہی - (۳) (روز مرہ ' بحری) کام چور آدمی ؛ کام چور

ملاح یا جہاز کا ملازم - (۴) (عامیانہ) سرخ هیرنگ مچھلی - (۵) ایک قسم کی چیونٹی جو لڑتی ھے s. ant - (۶) ایک قسم کا سرخ کیڑا - (۷) ایک قسم کا کیکڑا - (۸) سپاھی کی خدمت انجام دینا؛ فوج میں نوکری کرنا - (۹) (بحری، روز مرہ) کام سے جی چرانا -

s. of Christ. : مسیح کی فوج کا سپاھی ؛ مذھب عیسوی کا سرگرم مبلغ ؛ پر جوش عیسائی -

s. of fortune : بھاڑے کا سپاھی؛ (استعارتاً) قسمت آزما -

play ss. : (۱) بچوں کا سپاھی کا کھیل کھیلنا - (۲) والنٹیروں وغیرہ کا سپاھیوں کے ٹھاٹھ دکھانا ؛ سپاھی بننا -

old s. : (۱) پرانا سپاھی - (۲) گرگ باراں دیدہ ' تجربہ کار آدمی - (۳) خالی بوتل - (۴) سگار کا بچا ھوا ٹکڑا -

come the old s. over. : زیادہ تجربہ کار ھونے کی بنا پر رعب بٹھانا یا حکم سے کام لینا -

s.'s wind : (بحری) موافق ھوا (جانے اور لوٹنے کے لئے) -

s. orchis : ایک پودا جس کی جڑ سے تعلب مصری حاصل ھوتی ھے -

s. ant : ایک قسم کی چیونٹی جو لڑتی ھے -

soldiership, *n.* : سپہ گری -

soldierlike, *a.* : سپای کا سا ؛ فوجیوں کا سا -

soldierly, *a. & adv.* : سپاھیانہ ؛ بہادرانہ -

Soldiery, *n.* : سپاہ ؛ فوج ؛ سپاھیوں کی جماعت -

Soldo, *n.* : اطالیہ کا سکہ جو ادھنے کے برابر ھوتا ھے -

Sole, *n. & v. t.* : (۱) تلوا ؛ کف پا - (۲) جوتے کا تلا - (۲) تلا ؛ بیٹھک (کسی چیز کی) - (۴) جوتے میں تلا لگانا ' (جوتے کے تلے میں وہ لکیر جو چاروں طرف پڑی ھوئی ھے اور جس میں سلائی ھوتی ھے) -

s. channel : سیون کی لکیر -

s. leather : تلے کا چمڑا -

s. plate : انجن وغیرہ کا پیندا ؛ تلا -

soled, *a.* : تلے دار ؛ تلا لگا ھوا -

Sole, *n.* : ایک قسم کی چپٹی مچھلی جو بہت لذیذ سمجھی جاتی ھے -

Sole, *a.* : (۱) واحد ؛ تنہا ؛ بلا شرکت غیرے ' ایک ھی - (۲) (قانون) غیرشادی شدہ ؛ نا کتخدا - (۳) (قدیم) بیدار و مددگار -

solely, *adv* : بلا شرکت غیرے ' مجرد ؛ محض -

Solecism, *n.* : (۱) صرف و نحو یا محاورے کی غلطی؛ فاش غلطی (تقریر یا تحریر میں) - (۲) بے ھودگی؛ بد تہذیبی ؛ بد تمیزی -

solecist, *n.* : صرف و نحو کی یا زبان کی فاش غلطی کرنے والا -

solecistic, *a.* : غلط ؛ خلاف محاورہ -

Solemn, *a.* : (۱) رسمی ؛ با ضابطہ - (۲) پر رعب ؛ پر ھیبت - (۳) اھم ؛ سنجیدہ ؛ بھاری بھرکم ؛ جچا تلا ؛ آھستہ (رفتار) - (۵) مقطع بنا ھوا ؛ سنجیدہ بنا ھوا -

solemnly, *adv.* : باضابطہ ؛ سنجیدگی سے؛ متانت سے -

solemnness, *n.* : سنجیدگی ؛ متانت؛ اھمیت -

Solemnity, *n.* : (۱) مذھبی رسم ؛ ضابطہ - (۲) متانت ؛ سنجیدگی ؛ وقار ؛ اھمیت -

Solemnize, *v. t.* : (۱) (تیوھار) منانا - (۲) باضابطہ ادا کرنا (رسم کا) - (۳) اھمیت ؛ متانت یا سنجیدگی پیدا کر دینا -

solemnization, *n.* : منانا یا منایا جانا ؛ ادا کرنا یا کیا جانا -

Solen, *n.* : ایک قسم کا گھونگا -

Solenoid, *n.* : وہ مقناطیس جو استوانی شکل کے تار کے لچھے میں برقی رو گذار کر بناتے ھیں -

Solfa, *v. & t. & n.* : (۱) سرگم کا اصول - (۲) سرگم کے اصول پر ترتیب دینا یا دیا جانا - (۳) تحریر نغمہ کا ایک خاص طریقہ -

Solfeggio, *n.* : (۱) سرگم - (۲) سرگم کی مشق -

Solferino, *n.* : ایک قسم کا سرخ رنگ جو روز انلین سے نکالا جاتا ھے -

Solicit, *v. t. & i.* : (۱) درخواست کرنا ؛ التجا کرنا ؛ اصرار کرنا - (۲) (قحبہ عورتوں کا) خریداروں کو رجھانا - (۳) خواستگار ھونا ؛ طالب ھونا -

Solicitation, *n.* : استدعا ؛ التماس ؛ التجا ؛ درخواست؛ اصرار -

Solicitor, *n.* : (۱) (شاذ) درخواست کرنے والا ' التجا کرنے والا - (۲) وہ شخص جو لوگوں کو قانونی امور میں مشورہ دیتا ھے اور مقدمے کے کاغذات ترتیب دے کر وکیل کے حوالے کر دیتا ھے مگر خود اسوائے چھوٹی عدالتوں کے کسی عدالت میں بحث نہیں کرتا -

s. general : حکومت کا اعلیٰ مشیر قانونی -

Solicitous, *a.* : (۱) (کوئی کام کرنے کو) دل سے آمادہ ' مستعد - (۲) خواھش مند ؛ خواستگار ؛ طالب - (۳) متفکر ؛ متردد ؛ فکر مند -

solicitously, *adv.* : دل سے ؛ شوق سے ؛ تردد کے ساتھ ؛ فکر مندی کے ساتھ -

Solicitude, *n.* : (۱) خواھش مندی ؛ خواستگاری ' آمادگی - (۳) فکر مندی ' تردد -

Solid, *a. & n.* : (۱) منجمد ؛ بستہ ؛ جامد ؛ جسم جامد ؛ جماد - (۲) ٹھوس - (۳) مسلسل ؛ پورا - (۳) مضبوط ؛ مستحکم؛ قوی ؛ گتھا ھوا - (۴) یکسانی ؛ ایک میل ؛ خالص - (۵) مدلل؛ مستحکم؛ مضبوط ؛ قابل اعتبار ؛ قابل یقین؛ معقول - (۶) مجسم (مثلث وغیرہ) شکل مجسم - (۷) مجسمات کے متعلق -

s. tire : ٹھوس ٹائر جس میں بیچ میں ٹیوب نہ ھو -

s. square : (فوج) ٹھوس مربع فوج کا قطار در قطار دستہ جس کی عمودی اور افقی قطار میں سپاھیوں کی تعداد برابر ھو -

s. printing : ٹھوس چھپائی ' جس میں سطروں کے درمیان میں سیسے کے ٹکڑے نہ ھوں -

s. colour : یکساں رنگ (جس میں دوسرے رنگ کے بیل بوٹے وغیرہ نہ ھوں) -

s. vote : متفقہ رائے یا ووٹ -

go or be s. for . کسی کی حمایت میں متفق ھونا -

the s. south : امریکہ کی جنوبی ریاستیں جو بالاتفاق جمہوری (ڈیمو کریٹک) پارٹی کو ووٹ دیتی ھیں -

a s. man : سمجھ دار آدمی جو زیادہ تیز نہ ھو - (۲) مضبوط آدمی ؛ وہ شخص جس کی مالی حالت قابل وثوق ھو -

s. consideration : معقول معاوضہ؛ معقول قیمت' اجرت وغیرہ -

s. angle : مجسم زاویہ -

s. number : وہ عدد سالم جس کے تین مفرد اجزائے ضربی ھوں -

regular s. : منتظم

solidify, *v. t.* : ٹھوس کرنا ؛ مضبوط کرنا -

solidification, *n.* : انجماد ، استحکام

solidifiable, *a.* : قابل انجماد ؛ استحکام پذیر -

solidity, *n.* : استواری ؛ مضبوطی ؛ الجھاو؛ جسمیت ؛ ٹھوس پن -

solidly, *adv.* : مضبوطی سے ؛ استواری سے ؛ متانت سے -

Solidarity, *n.* : عصبیت؛ باهمی اتفاق؛استحکام؛ اغراض احساسات اور عمل کا اتحاد -

Solidungular,-ate, *aa.* : (۱) ٹھوس کھر والا ؛ ٹھوس کھر والا (جانور) ؛ گھوڑے کی جنس کا (جانور) -

solidus, n. : (۱) (تاریخ) وہ سونے کا سکہ جس کو رومی شہنشاہ قسطنطین نے رائج کیا تھا - (۲) (جب مخفف کرکے S کی صورت میں لکھا جائے) شلنگ - (۳) وہ ترچھا خط جو شلنگ کی علامت ہے جیسے ۷/۶ سات شلنگ چھہ پنس -

Solifidian, *a. & n.* : اعتقادی ؛ اس نظریے کا کہ عقیدہ نجات کے لئے کافی ہے ؛ اس نظریے کے متعلق -

Soliloquy, *n.* : وہ گفتگو جو اپنے آپ سے کی جائے ؛ خود کلامی -

soliloquize, *v.i.* : اپنے آپ سے باتیں کرنا؛ دل سے باتیں کرنا -

soliloquist, *n.* : اپنے آپ سے باتیں کرنے والا ؛ اپنے دل سے باتیں کرنے والا ؛ خود کلام -

Soliped, *a. & n.* : (۱) ٹھوس کھر والا - (۲) ٹھوس کھر کا جانور ؛ گھوڑے کی جنس کا جانور -

Solipsism, *n.* : (مابعدالطبیعات) فلسفۂ خودی؛ فلسفۂ انانیت ؛ یہ نظریہ کہ انا صرف اپنا نفس وجود رکھتا ہے یا صرف اسی کا علم حاصل ہوسکتا ہے -

Solitaire, *n.* : (۱) بندا ؛ قمیص کا بٹن وغیرہ جس میں صرف ایک نگ جڑا ہوا ہو - (۲) کفوں کے جڑے ہوے بٹن - (۳) ایک کھیل جس کو ایک تختے پر گولیوں سے کھیلتے ہیں- (۵) تاش کا ایک کھیل جو ایک شخص اکیلا کھیلتا ہے-(۶)(شاذ) خلوت گزیں ؛ گوشہ نشیں - (۷) ایک قسم کا پرند جو امریکہ اور جزائر غرب الہند میں پایا جاتا ہے -

Solitary, *a. & n.* : (۱) تنہا ؛ اکیلا - (۲) اکیلا رہنے والا ؛ تنہائی پسند ؛ غیر غول پسند (جانور) - (۳) یکہ و تنہا ؛ بے یار و مدد گار ؛ بے کس - (۴) سونا ؛ الگ تھلگ؛ سنسان ؛ جہاں لوگوں کی آمد و رفت کم ہو- (۵) واحد ؛ بلا شرکت غیرے - (۶) خلوت پسند شخص ؛ گوشہ نشیں درویش ؛ تارک الدنیا راہب -

s. ants,bees : چیونٹی اور شہد کی مکھی کی وہ قسمیں جو کبھی اکٹھی نہیں رہتیں -

s. confinement : قیدتنہائی -

Solitarily, *adv.* : تن تنہا؛ تنہائی میں؛ بےکسی کی حالت میں-

Solitariness, *n.* : تنہائی؛ خلوت پسندی؛ بےکسی؛ سنسان پن-

olitude, *n.* : (۱) تنہائی؛ گوشہ نشینی ؛ خلوت نشینی؛ عزلت - (۲) ویرانہ ؛ کنج عزلت ؛ گوشہ تنہائی ؛ اجاڑ جگہ ؛ سونا یا سنسان مقام -

Solmizate, *v. i.* : سر گم کا ایک خاص اصول -

solmization, *n.* : سر گم کے اصول سے ترتیب دینا یا دیا جانا -

Solo, *n.* : (۱) ایک شخص کے گانے یا بجانے کی چیز ؛ سولو - (۲) ایک باجے پر بجانے کی چیز؛ سولو - (۳) تاش کا ایک کھیل جس میں ایک شخص تین کے مقابلے میں کھیلتا ہے - (۴) (ہوائی جہاز) تنہا پروازی - (۵) (بطور صفت) تنہا -

soloist, *n.* : سولو گانے یا بجانے والا -

Solomon *n.* : حضرت سلیمان -

s.'s seal : سوسن سے مشابہ ایک پھول دار پودا -

Solomonic, *a.* : سلیمانی -

Solon, *n.* : اپنے وقت کا سولن ؛ حکیم دانش مند ؛ واضع قوانین -

Solstice, *n.* : ان دونوں زمانوں میں سے کوئی سا زمانہ جب کہ سورج خط استوا سے زیادہ سے زیادہ دور ہوتا ہے اور ایسا معلوم ہوتا ہے کہ واپس ہونے سے قبل ایک جگہ ٹھیر گیا ہے -

summer s. : راس السرطان (۲۱ مارچ) -

winter s. : راس الجدی (۲۱ ستمبر) -

solstitial, *a.* : راس السرطان یا راس الجدی کا -

Soluble, *a.* : (۱) جو تحلیل ہوسکے ؛ جو پگھل سکے ؛ تحلیل پذیر - (۲) جو حل ہوسکے ؛ جو سلجھایا جا سکے ؛ حل پذیر -

Solus, *a.* : تنہا ؛ اکیلا (تھیٹر کی اصطلاح یا مزاحیہ) -

Solution, *n.* : (۱) تفریق ؛ تجزیہ ؛ الگ الگ کرنا یا ہونا - (۲) حل ؛ تحلیل - (۳) تحلیل کی کیفیت ؛ محلول کی صورت - (۴) محلول - (۵) حل کرنا یا حل ہونا (سوال ، مشکل وغیرہ کا) ؛ حل -

chemical s. : (۱) کیمیاوی تحلیل - (۲) کیمیاوی محلول جس میں محلول کی کیمیاوی ماہیت بدل جائے -

mechanical s. : خارجی تحلیل یا محلول جس میں صرف محلول کے ذرات الگ ہو جائیں -

his ideas are in s. : اس کے خیالات غیر معین ہیں -

strong s. : قوی محلول (جس میں حل شدہ چیز زیادہ مقدار میں ہو) -

weak s. : کمزور محلول(جس میں حل شدہ چیز کی مقدار کم ہو) -

solutionist, *n.* : اخباری معموں کا پیشہ ور حل کرنے والا -

Solutrian, *a.* : (آثار قدیمہ) سالوتری (عہد کا)؛ اس عہد حجری کا جس کے آثار فرانس کے سالوتری غار میں پاے گئے -

Solve, *v. t.* : (۱) (قدیم) کھولنا ؛ سلجھانا (گرہ ، گتھی وغیرہ) - حل کرنا (سوال ، عقدہ وغیرہ) -

solvable, *a.* : حل پذیر ؛ حل ہونے کے لائق -

Solvability, *n.* : حل پذیری -

Solvent, *a. & n.* : (۱) محلل ، وہ چیز جس میں کوئی دوسری چیز حل ہوجاے - (۲) (استعارتاً) ہادم ، وہ چیز جو روایات ، عقائد وغیرہ کے اثر کو مٹادے - (۳) اداے قرض کا مقدور رکھنے والا ؛ صاحب مقدرت ؛ زر دار -

Solvency, *n.* : اداے قرض کا مقدور ؛ مقدرت ؛ ذمہ داری -

-som, : = some

Somatic, *a.* : جسمانی ؛ جسمی ؛ مجسم -

s. death : جسم کا بہ ہیئت مجموعی فنا ہوجانا -

Somato-, سابقہ ؛ بمعنی جسم کا ، جسمانی -

somatogenic : جسم کے اندر پیدا ہونے والا -

somatology : (۱)حیاتیات - (۲)طبیعیات- (۳) تشریح عضویات -

Sombre, *a.* : تاریک؛ اندھیرا؛ تیرہ و تار؛ افسردہ ؛ مغموم ؛ اداس -

Sombrely, *adv.* : تاریکی کے ساتھ ؛ اداسی سے -

sombreness, *n.* : (۱) اداسی - (۲) تاریکی -

sombrous, *a.* : تاریک ؛ تیرہ و تار ؛ اداس (شعر)

Sombrero, *n.* : چوڑے کنارے کی نمدے کی ہیٹ جو امریکہ میں

عام طور سے استعمال کی جاتی ہے -

Some, *a.* : (۱) کوئی (شخص یا چیز) - (۲) کچھہ ؛ چند ؛ تھوڑے سے ؛ تھوڑا سا ؛ کسی قدر - (۳) متعدد ؛ کئی ؛ خاصی مقدار میں ؛ اچھا خاصا ؛ بہت سا - (۴) کسی حد تک ؛ کسی قدر - (۵) (طنزیہ ' عامیانہ ' امریکا) بہت بڑا ؛ بہت زیادہ ؛ اعلیٰ درجے کا - (۶) تقریباً ؛ تخمیناً ؛ اندازاً ؛ کوئی - (۷) تھوڑا بہت؛ کچھہ اور -

somebody: (somebodies جمع)-(۱)کوئی شخص-(۲)معزز آدمی-

somehow : (۱) کسی طرح - (۲) (جب زور دے کر کہا جاتا ہے) کسی نہ کسی طرح -

someone : (۱) کوئی شخص - (۲) معزز آدمی -

s. one : کوئی خاص شخص -

something : (۱) کچھہ ؛ کوئی چیز ؛ کوئی بات - (۲) تھوڑا سا ؛ کسی قدر -

somethinglike (-) (۱) مشابہ ؛ ملتا جلتا - (۲) بہت بڑا ؛ بہت عمدہ -

thats'something like! : کیا کہنا ہے ! -

something or other : کچھہ نہ کچھہ -

s. time : (۱) کچھہ دیر ؛ تھوڑی دیر - (۲) کسی وقت ؛ کبھی -

sometime : (قدیم پیشتر ؛ کسی زمانے میں ؛ سابق -

sometimes : کبھی کبھی ؛ گاہ گاہ ؛ بعض اوقات ؛ گاہے -

someway : کسی طرح سے -

somewhat : (۱) کسی قدر ؛ تھوڑا سا - (۲) کوئی چیز؛ کچھہ -

somewhen : (شاذ) کبھی نہ کبھی ؛ کسی نہ کسی وقت -

somewhere : (۱) کہیں ؛ کسی جگہہ - (۲) جہنم میں -

somewhither : (قدیم) کہیں کو -

-Some,Som, : لاحقہ ' جسے اسماء ' صفات اور افعال کے ساتھہ لگاکر مرکب صفات بناتے ہیں (مثلاً *handsome,gladsome,tiresome*)

Somersault,-set, *n.* : (۱) قلا بازی ؛ کلا بازی ؛ قلابازی ؛ تھیکلی - (۲) قلا بازی کھانا ؛ تھیکلی لگانا -

turn a s. : قلا بازی کھانا -

Somerset, *n.* : گدے دار کاٹھی (لنگڑوں کی سواری کے لئے) -

Somerset House, *n.* : لندن کی ایک عمارت جس میں مالگزاری کے دفتر ہیں اور وصیت ناموں کا محافظ خانہ ہے -

Somite, *n.* : حیوانی جسم کا ٹکڑا ؛ فقرہ ؛ جوڑ -

somitic, *a.* : فقرے یا جوڑ کا -

Somnambulism, *n.* : (۱) نیند میں چلنے وغیرہ کی عادت ؛ خواب خرامی - (۲) دماغ کی وہ حالت جو نیند میں چلنے وغیرہ کا باعث ہوتی ہے -

artificial s. : نوم توجہ -

somnambulant, *a.* : (شاذ) خواب خرامی کا عادی

somnambulistic, *a.* : خواب خرامی سے متعلق

somnambulist, *n.* : خواب خرام ؛ نیند میں چلنے والا -

somnambulate, *v. i.* : (شاذ) خواب خرامی کرنا -

Somni-, : لاحقہ جو نیند کے معنی دیتا ہے -

somniferous : خواب آور ؛ منوم -

somniloquence, somniloquism : نیند میں بولنے کی عادت -

somniloquous, somniloquist : نیند میں بولنے کا عادی ؛ وہ شخص جو سوتے میں بڑبڑاتا ہو -

somnipathist, : عمل توجہ کا معمول -

somnipathy : عمل توجہ -

Somnolent, *a.* : (۱) نیندا سا ؛ نیم خواب ؛ اونگھتا ہوا ؛ مائل بہ خواب - (۲) غنودگی پیدا کرنے والا - (۳) (طب) جو خواب اور بیداری کی درمیانی حالت میں ہو -

Somnolence, somnolency, *nn.* : نیم خوابی ؛ غنودگی -

somnolently, *adv.* : اونگھتا ہوا -

Somnolism, *n.* : نوم توجہ -

Son, *n.* : (۱) بیٹا ؛ لڑکا ؛ پوت ؛ پسر ؛ فرزند ؛ خلف - (۲) ابن آدم ' خصوصاً خطاب کی شکل میں (تورات) - (۳) خلف ' جو کسی کی اولاد یا نسل سے ہو (مثلاً ss. of Abraham اولاد ابراهیم) - (۴) کسی ملک کا باشندہ (مثلاً ss. of Britain فرزندان برطانیہ) - (۵) وارث ؛ نسبت رکھنے والا -

the S. (of God): خدا کا بیٹا ' عیسائی حضرت عیسی کو کہتے ہیں -

the ss. of men : بنی آدم -

s.-in-law : داماد -

he is his father's s. : وہ بالکل اپنے باپ پر ہے -

the s. of Man : (۱) مسیح ؛ حضرت عیسی (انجیل) - (۲) ابن آدم خصوصاً خطاب کی شکل میں (تورات) -

my s. : بیٹا ' میاں (بڑے بوڑھے چھوٹوں کو خطاب کرتے وقت کہتے ہیں) -

s. of soil : (۱) کسی مقام کا باشندہ - (۲) کاشت کار ؛ کسان - (۳) دیہاتی ؛ گاؤں والا -

s. of toil : مزدور -

s. of Mars : سپاہی -

ss. of Liberty, ss. of the American Revolution : امریکا کی وطن پرست انجمنوں کے نام -

Sonless, *a.* : بے فرزند ؛ اولاد نرینہ سے محروم -

Sonship, *n.* : فرزندی ؛ ابنیت -

-son, : لاحقہ ' علامت اسم (مثلاً Reason,season)

Sonant, *a. & n.* : جہری ؛ وہ حرف جو پوری آواز سے ادا ہو -

Sonancy, *n.* : جہریت -

Sonata, *n.* : سوناٹا ' پیانو کا ایک راگ جس میں کئی لے یا گتیں ہوں ' لیکن سب کا سر ایک سا ہو -

s. form : سوناٹا کے طرز کا نغمہ -

Sonatina, *n* : سوناٹینا ' سوناٹا کی سادہ قسم -

Song, *n.* : (۱) راگ؛ نغمہ؛ سرود - (۲) چہچہانا ؛ زمزمہ (پرندوں کا) - (۳) گیت ؛ گانے کی چیز - (۴) نظم ؛ شاعری ؛ شعر - (۵) (موسیقی) ایک قسم کا گیت جو بالعموم تین ٹکڑوں میں ہوتا ہے ' اول اور سوم تقریباً یکساں ہوتے ہیں اور اول و دوم ایک دوسرے کے برعکس -

bought,sold it for a s., or an old song : کوڑیوں کے مول خریدا یا کوڑیوں کے مول بیچ دیا -

s. of Soloman,s. of Ss. : (تورات) نغمات سلیمان -

nothing to make a s. about : (روزمرہ) بہت ہی معمولی سی بات -

songless, *a.* : بے نغمہ -

Songster, n. : (۱) گانےوالا ؛ مغنی؛ گویا - (۲) خوش‌الحان پرند؛ گانے والی چڑیا - (۳) شاعر -

songstress, n. : گانے والی ؛ مغنیہ ؛ شاعرہ -

Soniferous, a. : پر صدا ؛ آواز دینےوالا -

Sonnet, n. : ایک قسم کی نظم جس‌میں چودہ مصرعے ہوتے ہیں‌ اور اس کی خاص بحر ہوتی ہے ؛ سانیٹ -

Sonneteer, n.&v.i : (۱) سانیٹ کہنے والا شاعر (عموماً حقارت کے موقع پر) (۲) سانیٹ کہنا -

Sonny, n. : بیٹا ' بچہ (لڑکے کو پیار میں کہتے ہیں) -

Sonometer, n. : (۱) ایک آلہ جس‌سے بہروں کی قوت سامعہ کا امتحان کیا جاتا ہے- (۲) آواز ناپنے کا آلہ ؛ صوت پیما -

Sonorescent, a. : (ربر وغیرہ) جس میں کسی چیز کے جلنے کی سی آواز ہو -

Sonorific, a. : جس میں آواز ہو -

Sonorous, a. : (۱) گونجنے والا- (۲) بلند آواز کا ؛ پر آواز - (۳) پر شوکت (تقریر یا تحریر کا طرز) -

s. figures : وہ شکلیں جو ریت کی تہ میں آواز کے تموج سے بن جاتی ہیں ؛ اشکال صوتی -

s. rale : پھیپھڑے وغیرہ کی گونجنے والی آواز جو بعض بیماریوں میں سنی جاتی ہے -

sonority, sonorousness, nn. : بلند آوازی ؛ پر آوازی ؛ گونج ؛ شوکت الفاظ -

sonorously, adv. : بلند آواز سے ؛ گونجنے والی آواز سے ' پر شوکت طرز سے -

Sonsy, a. : گداز (جسم کا) ؛ خوش مزاج -

Soon, adv. : (۱) جلد ؛ تھوڑی دیر میں ؛ تھوڑی مدت میں - (۲) خوشی سے - (۳) سویرے -

no sooner said than done : کہتے دیر لگی کرتےدیر نہیں لگی ؛ بات منہ سے نکلتے ہی پوری ہوگئی-

sooner or later : کبھی نہ کبھی؛ دیر سویر -

as soon as, no sooner than : جیسے ہی؛ جوں ہی؛ جب -

Soot, n. & v. t. : کالک ' کلونس (دھوئیں وغیرہ کی) -

s. cancer, wart : خصیتین کی ایک بیماری‌جو دود کش (چمنی) صاف کرنے والوں کو ہو جاتی ہے -

sootily, adv. : میلے پن سے -

sootiness, n. : دھوئیں سے کالا ہونا -

sootless, a. : بے کالک کا-

sooty, a. : دھوئیں‌سے کالا ؛ کالک بھرا ؛ سیاہی مائل -

Sooterkin, n. : (استعارتاً) وہ تجویز جو شروع ہی نہ ہونے پائے -

Sooth, n. : (قدیم) حقیقت ؛ واقعہ -

in good s. : حقیقتاً ؛ واقعی -

Soothe, v. t. : (۱) تسکین دینا یا دلانا ؛ تسلی دینا؛ (غصہ وغیرہ) ٹھنڈا کرنا - (۲) کم کرنا ؛ تخفیف کرنا ؛ دھیما کرنا (درد) - (۳) خوش کرنا -

Soother, n. : (۱) تسکین دینے والا وغیرہ - (۲) ربڑ کی چسنی بچے کے چوسنے کے لیے -

soothingly, adv. : تسکین دیتے ہوئے ؛ تسکین کے طور پر -

Soothfast, a. : (۱) (قدیم) راست گو ؛ سچا - (۲) سچی ' سچ (بات) ؛ صادق ؛ وفادار ؛ پکا -

Soothsayer, n. : کاہن؛ نجومی ؛ رمال؛ جوتشی ؛ فال نکالنے والا-

soothsay, v. i. : پیشین گوئی کرنا ؛ فال نکالنا ؛ فال کھولنا ؛ آئندہ کے واقعات بتانا -

Sop, n. &v. t.&i. : (۱) شوربے،وغیرہ میں‌بھیگی‌ہوئی روٹی یا اورکوئی چیز - (۲) وہ چیز جو کسی خطرناک جانور یا انسان کو پر چانے کے لیے دی جائے- (۳) روٹی وغیرہ کو شوربے میں بھگونا ؛ اچھی طرح تر کرنا ؛ ڈبونا - (۴) اچھی‌طرح‌بھیگ جانا ؛ شرابور ہوجانا- (۵) پراز رقت -

s. in the pan : تلی ہوئی ڈبل روٹی -

sopping, adv. : بھیگا ہوا -

soppy, a. : شرابور؛ پر از رقت -

to be soppy on : کسی پر دم دینا -

Sophism, n. : مغالطہ؛ استدلال ؛ دلیل باطل ؛ سفسطہ -

Sophist, n. : (۱) قدیم یونان کا وہ معلم جو اجرت لے کر فلسفہ اور خطابت کی تعلیم دیتا تھا ؛ سوفسطائی- (۲) غلط استدلال کرنے والا ؛ غلط دلیل سے دھوکا دینے والا ؛ سوفسطائی -

sophistical, a. : غلط ؛ دھوکے کی ؛ سوفسطائیوں کی سی -

sophistically, adv. : سوفسطائیت سے؛ غلط استدلال‌سے کام‌لےکر -

sophistry, n. : سوفسطائیت ؛ غلط استدلال -

Sophister, n. : انگلستان اور امریکا کی بعض یونیورسٹیوں کا منتہی طالب علم -

Sophisticate, v. t. & i. : (۱) (کسی مسئلے میں) غلط استدلال سے کام لینا ؛ سوفسطائیت سے کچھ کا کچھ کر دینا ؛ تدلیس کرنا - (۲) (کسی شخص کو) غلط استدلال سے گم راہ کرنا ؛ مغالطہ دینا- (۳) (کسی شخص یا چیز کی) سادگی کو مٹا دینا ؛ تصنع پیدا کر دینا - (۴) تحریف کرنا (عبارت میں مخالف کو بحث میں ہرانے کے لیے) - (۵) غلط استدلال کرنا ؛ باطل دلیلیں پیش کرنا- (۶) (شراب وغیرہ میں) میل کرنا -

sophistication, n. : تدلیس ؛ تحریف ؛ مغالطہ دینا یا دیا جانا ' میل‌کرنا یا کیا جانا -

Sophomore, n. : سال دوم کا طالب علم (امریکا کی یونیورسٹی کا) -

Sophy, n. : صفوی ؛ ایران کے صفوی خاندان کا کوئی بادشاہ -

Soporific, a. &n. : (۱) خواب آور ؛ نیند لانے والی ؛ منوم - (۲) خواب آور دوا -

soporiferous, soporose, soporous, aa. : خواب آور ؛ منوم؛ نیند لانے والی-

Soprano, n. (pl. - nos, - ni, pr. - nē) : عورت یا لڑکے کے گلے کی سب سے اونچی آواز ؛ سب سے اونچی زنانی آواز ؛ پنچم کا سر -

sopranist, : پنچم کے سروں میں گانے والا یا گانے والی -

-Sor, : لاحقہ ؛ جس سے اسم فاعل بناتے ہیں (مثلاً professor) -

Sora, n. : ایک قسم کا پرندہ جو کیرولینا کی دلدلوں میں خزاں کے موسم میں رہتا ہے اور اس کا گوشت کھایا جاتا ہے؛ سورا -

Sorb, n. : بڑاعظم یورپ کا ایک درخت جس کے پھل چھوٹے چھوٹے ناشپاتی کی شکل کے ہوتے ہیں ؛ سورب -

s. apple : سورب کا پھل -

sorbate, *n.* : سوربی ایسڈ کا نمک -

sorbic, *a.* : سوربی -

Sorbefacient, *a.* & *n.* : (طب) جاذب ؛ جذب کرنے والی (دوا) -

Sorbet, *n.* : (۱) برف کی قلفی - (۲) شربت -

Sorbonne, *n.* : (۱) (تاریخ) جامعۂ پیرس کا شعبۂ دینیات جس کا سولھویں سترھویں صدی میں بڑا اثر تھا ؛ سوربون - (۲) پیرس کی قدیم یونیورسٹی کا ایک حصہ جس میں دینیات ، سائنس اور ادب کے شعبے ھیں -

Sorcerer, *n.* : جادوگر ؛ ساحر ؛ سیانا -

sorceress, *n.* : ساحرہ ؛ جادوگرنی -

sorcery, *n.* : جادو ؛ سحر -

Sordamente, *adv.* : (موسیقی) دبی ھوئی آواز میں ؛ گنگناتے ھوئے -

Sordid, *a.* : (۱) خسیس ؛ تنگ دل ؛ بخیل ؛ خست کا ؛ تنگ دلی کا - (۲) کمینہ ؛ ذلیل ؛ فرو مایہ ؛ دنی - (۳) (رنگوں کے لیے ، حیوانیات اور نباتیات میں) میلا ؛ ملگجا (مثلاً *sordid blue*) - (۴) (قدیم) میلا ، گندہ ؛ ناپاک -

sordidly, *adv.* : کمینہ پن سے ؛ کنجوسی سے ؛ غلاظت سے -

sordidness, *n.* : (۱) نجاست ؛ گندگی - (۲) خست ؛ بخل - (۳) دنائت ؛ کمینگی -

Sordine, *n.* : تارباجوں کی آواز مدھم کرنے والا آلہ -

Sore, *n. a.* & *adv.* : (۱) دکھتا ھوا ؛ سوجا ھوا ؛ چھلا ھوا ؛ چوٹ کھایا ھوا - (۲) جھلایا ھوا ؛ بگڑا ھوا ؛ برھم - (۳) دل خراش ؛ ناگوار - (۴) (قدیم ، شعر) جانکاہ ؛ شدید ؛ سخت - (۵) دل خراش بات ؛ ناخوش گوار واقعے کی یاد ؛ دل کا زخم - (۶) شدت سے ؛ بری طرح - (۷) (اسم) خراش ؛ دکھتی جگہ ؛ پھوڑا -

a sight for s. eyes : جس کو دیکھ کر دل خوش ھوجائے ؛ نہایت خوش گوار -

a bear with a s. head : جھلایا ھوا -

sorely, *adv.* : شدت سے -

soreness, *n.* : خراش ، جلن ، شدت وغیرہ

Sorel : دیکھو Sorrel -

Sorghum, *n.* : گھاس کی وہ قسم جس میں باجرے اور چینی گنے کے پودے شامل ھیں -

Soricine, *a.* : چھچھوندر کی قسم کے ایک جانور سے متعلق -

Sorites, *n.* : (۱) (منطق) قیاس متراکمہ ؛ قیاس مسلسل - (۲) وہ مغالطہ جو کسی قضیے کی حدود خصوصاً تعداد کے معین نہ کرنے سے پیدا ھو -

soritical, *a.* : قیاس متراکمہ کے متعلق -

Sorn, *v. i.* : (اسکاٹستان) زبردستی کا مہمان بننا ؛ مان نہ مان میں تیرا مہمان کا مصداق بننا -

sorner, *n.* : زبردستی کا مہمان -

Sorority, *n.* : (۱) عبادت گزار راھبات کی جماعت - (۲) (امریکہ) کالج یا یونیورسٹی میں عورتوں کی انجمن -

Sorosis, *n.* : (نباتیات) پر انبار گودے دار مرکب پھل جیسے شہتوت ، انناس -

Sorra, *adv.* : (آیرستانی عامیانہ) ھرگز نہیں -

Sorrel, *n.* : ترشہ ؛ کھٹا میٹھا ؛ چوکا ؛ کھٹی گھاس -

Sorrel, *a.* & *n.* : (۱) سرخی مائل بادامی رنگ کا - (۲) اس رنگ کا جانور خصوصاً گھوڑا - (۳) تیسرے سال کا ھرن (*s. buck*) -

Sorrow, *n.* & *v. i.* : (۱) غم ؛ رنج ؛ اندوہ ؛ الم ؛ ملال - (۲) مصیبت ؛ تکلیف ؛ بپتا - (۳) گریہ و بکا ؛ آہ و زاری ؛ واویلا ؛ ماتم - (۴) غمگین ھونا ؛ رنجیدہ ھونا ؛ دل گیر ھونا ؛ غم کرنا ؛ رنج کرنا ؛ کف افسوس ملنا - (۵) ماتم کرنا ؛ سوگ کرنا ؛ رونا (کسی کو) -

the Man of Ss. : حضرت عیسیٰ -

sorrowful, *a.* : غمگین ؛ دل گیر ؛ ملول ؛ اندوہ ناک -

sorrowfully, *adv.* : دل گیری سے ؛ اندوہ ناک طریقے سے -

sorrowfulness, *n.* : غمگینی ؛ دل گیری -

sorrower, *n.* : ماتم کرنے والا -

sorrowing, *a.* : سوگوار -

Sorry, *a.* : (۱) متاسف ؛ رنجیدہ ؛ غمگین - (۲) برا ؛ گھٹیا ؛ حقیر ؛ ادنی درجے کا -

s. for oneself : (روز مرہ) افسردہ خاطر -

sorry, *n.* : بھئی معاف کرنا !

sorrily, *adv.* : گھٹیا طریقے سے -

sorriness, *n.* : ادنی ھونا ؛ گھٹیا پن -

Sort, *n.* : (۱) قسم ؛ نوع ؛ جنس - (۲) (قدیم) طریق ؛ طرز ؛ طور - (۳) (طباعت) ٹائپ کے متفرق حروف -

of ss. : (فہرستوں میں آتا ھے) متفرق ، کئی قسم کی ملی جلی (چیزیں) -

of a s. : ایک طرح کا -

of sorts : (بول چال) ایک قسم کا -

in some s. : (ادب) ایک حد تک -

out of ss. : سست ؛ مضمحل (جس کی طبیعت ناساز ھو) ؛ افسردہ ؛ منغص ؛ کبیدہ خاطر -

Sort, *v. t.* & *i.* : (۱) قسموں میں تقسیم کرنا ؛ ایک ایک قسم کی چیزوں کو الگ الگ کرنا - (۲) چن لینا ؛ چھانٹنا ؛ چھانٹ کر الگ کرنا - (۳) مطابقت رکھنا -

sortable, *a.* : قابل تقسیم ؛ جو چھانٹا جا سکے -

sorter, *n.* : چھانٹنے والا ؛ تقسیم کرنے والا -

Sortes, *n. pl.* : ھومر ، ورجل کی کتابوں اور بائبل وغیرہ سے فال نکالنا -

Sortie, *n.* : دھاوا ؛ حملہ خصوصاً محصور فوج کا -

Sortilege, *n.* : قرعہ اندازی سے فال دیکھنا -

Sortition, *n.* : قرعہ اندازی -

Sorus, *n.* : (نباتیات) انبارہ ؛ چھوٹے بیجوں کی کھنڈیوں کا گچھا جو فرن کے ورق کے پیچھے ھوتا ھے -

-sory : ory- کی ایک خاص شکل اُن لاطینی مصدروں میں جن کے اسم مفعول کے آخر میں s ھو ، لگا کر صفات بناتے ھیں (مثلاً *accessory*) -

S O S, *n.* : (۱) فریادی پیام ؛ لاسلکی پیام جس سے مراد یہ ھے کہ ھم مصیبت میں ھیں ، ھماری مدد کرو - (۲) کسی گم شدہ کے نام لاسلکی اشتہار (جان ھار عزیز سے ملنے کے لئے یا ایسے ھی موقع پر) -

So-so, *a.* & *adv.* : کچھ یوں ھی سا ؛ اچھا نہیں -

Sostenuto, *adv.* : (موسیقی) کھینچ کر -

Sot, *n. & v. i.* : (۱) پرانا شرابی ؛ پکا شرابی ؛ شراب کا بندہ ؛ وہ شخص جس کی عقل شراب خواری سے خبط ہوگئی ہو - (۲) کثرت سے شراب پینا ؛ شراب پی کر غبی ہو جانا -
sottish, *a.* : شراب خوار ؛ شرابی -
sottishly, *adv.* : شرابیوں کی طرح -
sottishness, *n.* : شرابی ہونا -
Sotheby's, *n.* : لندن میں سود بی کی دکان جس میں کتابیں اور مخطوطات نیلام ہوتے ہیں -
Sothic, *a.* : سیارہ شعرائے یمانی کے متعلق ؛ کلب الجبار یا کلب الجوزا کے متعلق -
s. year : مصری سال، ۳۶۵ دن اور چھ گھنٹے کا -
s. cycle : ۱۴۶۰ یا ۱۴۶۱ شمسی سال کا دور -
sotto voce, *adv.* : آہستہ سے ؛ چپکے سے ؛ زیر لب -
Sou, *n.* (pl. -s pr. -z) (۱) مختلف قسم کے فرانسیسی سکے - (۲) (غلط استعمال) پانچ سانتم کا سکہ جو ڈھائی پیسے کے برابر ہوتا ہے -
hasn't a s. : (روز مرہ) اس کے پاس ٹکا بھی نہیں -
Soubrette, *n.* چنچل ماما وغیرہ کا پارٹ (کومیڈی میں) -
Souchong, *n.* : سیاہ چائے کی ایک قسم جو سب سے کم مدت کی اگی ہوئی پتیوں کی تیار کی جاتی ہے -
Soudanese, *a. & n.* : (۱) سوڈانی ، سوڈان کا - (۲) سوڈان کا باشندہ -
Souffle, *n.* : (طب) ہلکی سی مسلسل آواز جو قلب وغیرہ سے سنائی دیتی ہے -
Souffle, *a. & n.* : (۱) ہمش کی طرح جھاگ دار - (۲) ایک پر تکلف کھانا جو انڈے کی سفیدی کو پھینٹ کر تیار کرتے ہیں -
Sough, *n. & v. i.* : سائیں سائیں کی آواز ؛ سائیں سائیں کرنا (ہوا کا پتوں وغیرہ میں) -
Sought : دیکھو seek -
Soul, *n.* : (۱) روح ؛ آتما - (۲) ضمیر ؛ طبیعت ؛ باطن - (۳) عقل ؛ ادراک ؛ ذہن - (۴) نفس ؛ جان - (۵) کسی کام یا چیز کا سب سے اہم جز ؛ کسی جماعت یا ادارے کا سب سے اہم اور سر گرم رکن ؛ روح و رواں ؛ جان - (۶) نفس ؛ ذات (بہ معنی شخص)- (۷) روح دینی یا اخلاقی - (۸) (کسی صفت کا) مجسمہ، پتلا ، زندہ نمونہ - (۹) مردہ - (۱۰) شخص ؛ نفر -
commend one's s. to god : (مرتے وقت) خدا سے لو لگانا -
upon my s. : واللہ -
cannot call his s. his own : دوسرے کے بس میں ہے -
soul-destroying : روح کو ہلاک کرنے والی -
(-) **souled**, *a.* : (-) روح والا -
soulless, *a.* : بے روح ؛ بے درد -
soullessly, *adv.* : بیدردی سے -
soullessness, *n.* : بے روح ہونا -
Soulful, *a.* : پر از جذبات؛ دل نشین؛ پر مغز ؛ پر معنی -
soulfully, *adv.* : دل نشین یا پر معنی انداز سے -
soulfulness, *n.* : دل نشین یا پر معنی ہونا -
Sound, (sow-) *a. & adv.* : (۱) تندرست؛ صحیح؛ پےروگ - (۲) صحیح سلامت؛ بےداغ؛ اچھا (جو سڑا ہوا نہ ہو) ؛ ثابت (جو ٹوٹا ہوا نہ ہو) - (۳) درست ، صحیح ، محکم (دلیل) ؛ معقول- (۴) (شرکت کمپنی ، بنک وغیرہ کی نسبت) معتبر ؛ کھرا ؛ اچھی ساکھ والا - (۵) گہری ، غفلت کی (نیند) ؛ غافل (سونے والا) - (۶) پوری پوری (مرمت ، کندی) ؛ سخت ، شدید (کوڑے وغیرہ کی مار) - (۷) (متعلق فعل) غافل ، چین سے (سویا ہوا) -
a s. mind : صحیح عقل -
s. in life & limb : چاق چوبند -
soundly, *adv.* : پوری طرح -
soundness, *n.* : صحت -
Sound, *n. & v. i. & t.* : (۱) آواز ؛ صوت - (۲) وہ موج جس سے آواز پیدا ہوتی ہے ؛ موج آواز - (۳) تلفظ ؛ آواز - (۴) خالی خولی الفاظ - (۵) اثر (جو کسی بات کو سن کر پڑے) - (۶) آواز دینا؛ بجنا- (۷) معلوم ہونا (اچھا برا وغیرہ)- (۸) بجانا (کرنی باجا) - (۹) آگاہ کرنا؛ خبر دینا جیسے (*s. a note of alarm*)- (۱۰) خوف کا اعلان کرنا (بگل وغیرہ کے ذریعے) (جیسے *s. a retreat an alarm*,) - (۱۱) ڈنکا بجانا ؛ مشہور کرنا جیسے (*s. his praises far & wide*) - (۱۲) جانچنا؛ امتحان کرنا (ریل گاڑی کے پہیوں کو ہتوڑی سے ٹھونک کر ؛ قلب ، شش وغیرہ کی حرکت کو سن کر) -
musical s. : نغمہ ؛ صوت موسیقی جو باقاعدہ، متواتر اور متصل تموج سے پیدا ہو جائے ؛ سریلی آواز -
s. board : = *soundingboard*
s. bow : گھنٹی (جرس) کے کنارے کا موٹا حصہ جہاں موگری سے آواز پیدا ہوتی ہے -
s. hole, s. post : وہ سوراخ جو بعض آلات موسیقی کے اگلے حصے میں ہوتا ہے -
s. film : بولتا فلم -
s. proof : دیکھو (۲) proof -
s. shadow : کسی بڑے جسم کے حائل ہونے سے آواز کا رکنا -
s. wave : آواز کی موج ؛ موج آواز -
sounding, *a.* : (۱) خالی خولی ؛ محض الفاظ کی - (۲) شان دار ؛ رعب دار -
sounding board : (۱) ایک قسم کا چتر جو آواز کو سامعین تک پہنچانے کے لیے عام تقریر گاہوں میں لگایا جاتا ہے - (۲) لکڑی کی ایک پتلی تختی جو باجوں میں آواز کو بڑھانے کے لیے لگا دیتے ہیں -
soundless, *a.* : بے آواز -
Sound, (sow-), *v. t. & i. & n.* : (۱) گہرائی ناپنا ؛ (سمندر ، ندی، نالا یا حوض وغیرہ کا) عمق دریافت کرنا - (۲) سمندر کی تہہ کی مٹی وغیرہ نکال کر دیکھنا - (۳) جہاز کے پیندے میں پانی کی گہرائی- (۴) سلائی سے (مثانہ وغیرہ کا) حال معلوم کرنا- (۵) مچھلی خصوصاً وہیل کا غوطہ لگاکر سمندر کی تہہ میں چلا جانا - (۶) اندازہ لینا ؛ باتوں باتوں میں کسی کی رائے خیال وغیرہ دریافت کرنا ؛ سن گن لینا ؛ ٹوہ لینا- (۷) (اسم) جراح کی سلائی -
s. line, s. apparatus : ساھول کی قسم کی چیز جس سے سمندر کی تہہ کی مٹی نکالتے ہیں -
s. rod : سلاخ ، جس سے جہاز کے پیندے میں پانی کی

گہرائی معلوم کی جا سکے -

Sound, (sow-), *n.* : (۱) آبنائے - (۲) مچھلی کا پھکنا - (۳) ایک شاخہ مچھلی جس کے ملنے سے کالی رال بہتی ہے -

Sounder, *n.* : (۱) (قدیم) جنگلی سوروں کا گلہ - (۲) (مصطلحی قدیم) جنگلی سور کا بچہ -

Sounder, *n.* : (۱) (۲) sound کا اسم فاعل - (۲) تار برقی کا ریسیور یعنی سننے کا آلہ -

Sounder, *n.*: (۳) sound کا اسم فاعل -

flying s. : عمق پیما آلہ جو چلتے جہاز میں استعمال کیا جاتا ہے -

Soundings, *n.* pl.: (۱) دیکھو sound (۳) - (۲) (جمع) سمندر میں کنارے کے قریب جگہ جہاں گہرائی ناپی جا سکے -

Soup, *n.* : یخنی ؛ شوربا ؛ سوپ -

s.-kitchen : خیرات خانہ جہاں سوپ غربا میں مفت تقسیم کیا جاتا ہے -

s.-ticket : چٹھی یا ٹکٹ جس کے ذریعے خیرات خانے سے سوپ ملتا ہے -

s.-maigre : پتلا شوربا (جو اکثر ترکاری سے تیار ہوتا ہے) -

s.-plate : رکابی جس میں سوپ نکالتے ہیں -

in the s. : (عامیانہ) مشکلات میں -

soupy, *a.*: سوپ کا سا -

Soupcon, *n.* : (۱) ذرا سی چاشنی ؛ خفیف سا مزہ - (۲) خفیف سی جھلک ؛ شائبہ -

Sour, *n.* : (۱) ترش ؛ کھٹا ؛ حامض - (۲) کھٹی ؛ خمیر کی سی (خوشبو) - (۳) مرطوب ؛ سیلی ہوئی (زمین) - (۴) چڑچڑا ؛ تیز (مزاج) ؛ کھرا ؛ بد مزاج ؛ چڑچڑے مزاج کا (آدمی) - (۵) ترش ہونا یا کرنا ؛ پھٹنا (دودھ کا) - (۶) چڑچڑا یا بد مزاج کر دینا -

s. dock : ایک ترش پھل ، جس کی فصل سال میں ایک دفعہ ہوتی ہے -

sourish, *a.*: کھٹاسا ؛ چڑچڑا سا -

sourness, *n.*: کھٹا پن ؛ کھٹاس ؛ ترشی ؛ چڑچڑا پن ؛ بد مزاجی -

sourly, *adv.*: ترشی کے ساتھ ؛ چڑچڑے پن سے -

Source, *n.*: (۱) منبع ؛ سر چشمہ ؛ سوتا - (۲) ماخذ ؛ ذریعہ - (۳) بنیاد ؛ جڑ -

s. *book* : ماخذ ؛ مصدر -

Sourdine, *n.* : (۱) ہار مونیم میں مدھم سر کا پردہ - (۲) دیکھو sordene -

Sour-sop, *n.* : (۱) ایک پودا جو جزائر غرب الہند میں ہوتا ہے - (۲) اس کا پھل -

Souse, *n.* & *v. t.* & *adv.* : (۱) اچار (نمک اور پانی کا) - (۲) سور کے سری پائے اور کان کا اچار - (۳) غوطہ ؛ ڈبکی ؛ تر کرنا - (۴) اچار ڈالنا - (۵) (سیال شے میں) ڈالنا یا پڑنا ؛ غوطہ دینا ؛ ڈبونا ؛ شرابور کرنا ؛ تریڑا دینا - (۶) زن سے ؛ زناٹے سے ؛ نہایت تیزی سے جیسے (*came s. into our midst*) -

Soutache, *n.* : خوبصورت حاشیہ جو کپڑے کے گرد لگایا جاتا ہے -

Soused : (عامیانہ) نشہ میں دھت -

Soutane, *n.*: پادریوں کا چوغا ؛ جبہ ؛ عبا -

Souteneur, n. : کسبی کا یار ؛ کسبی کی کمائی کھانے والا ؛ بھڑوا -

South, *adv. n.*, *a.* & *v. i.*: (۱) جنوب کی طرف ؛ دکھن کی طرف - (۲) جنوب ؛ دکھن - (۳) انگلستان ، اسکاچستان ، آئرستان یا یورپ کا جنوبی حصہ ؛ امریکہ کی جنوبی ریاستیں - (۴) جنوبی ؛ جنوب کے رخ کا ؛ جو جنوب میں واقع ہو ؛ دکھنی ؛ دکھن کا رہنے والا - (۵) جنوب کی طرف حرکت کرنا یا چلنا ؛ (چاند کا) کسی مقام کے خط نصف النہار سے گزر جانا -

s. of . (فلاں مقام سے) جنوب کو ؛ جنوب کی طرف -

S. E., S. W. : لندن کے ڈاک خانے کے حلقے -

S. Downs : ہیمپشائر اور وسکس (واقع انگلستان) کی کھریا کی پہاڑیاں جو چرا گاہوں کے لیے مشہور ہیں -

southdown : (۱) بھیڑوں کی ایک نسل جو ان پہاڑیوں سے پیدا ہوتی ہے اور جس کا گوشت بہت عمدہ سمجھا جاتا ہے - (۲) ان پہاڑیوں کا -

S. Kensington : (۱) لندن کے حلقۂ جنوبی کینسنگٹن کا عجائب خانہ - (۲) علم اور آرٹ کی فضا جو اس کی بدولت پیدا ہو گئی ہے -

S. Sea : (تاریخ) بحر الکاہل -

S. Sea Bubble : ایک تجارتی تحریک کا نام جس کا مقصد جنوبی امریکا میں تجارت کرنا تھا - سنہ ۱۷۲۰ ع میں یہ تحریک بیٹھ گئی -

southward, *a.*, & *n.* : (۱) سمت جنوب - (۲) جنوب کی سمت کا ؛ جنوبی -

southwards, *adv.* : جنوب کی طرف ؛ جنوب کی سمت -

Southeaster, souther, *nn.* : (۱) جنوبی مشرقی ہوا ؛ وہ ہوا جو جنوب مشرق کی طرف سے آئے - (۲) جنوبی ہوا ؛ وہ ہوا جو جنوب کی طرف سے آئے -

Southerly, *a.* & *adv.* : (۱) جنوب کی طرف ؛ دکھن کی طرف - (۲) جنوبی ہوا ؛ وہ ہوا جو جنوب سے آئے -

Southern, *a.* & *n.*: (۱) دکھنی ؛ جنوبی ؛ جنوب کا ؛ جو جنوب میں واقع ہو - (۲) جنوب رخ ؛ جنوب کی سمت کا ؛ جنوب رویہ - (۳) (شاذ) جنوبی ہوا -

southerner, *n.*: جنوب کا باشندہ ؛ دکھنی ؛ (خصوصاً) امریکہ کی جنوبی ریاستوں کا باشندہ ؛ امریکہ کی جنوبی ریاستوں کا رہنے والا ؛ جنوب کا رہنے والا -

southernwood : ایک خوشبو دار پھول کا پودا -

southernmost : انتہائی جنوبی -

Southing, *n.* : (۱) جنوب کی رخ سفر کرنا ؛ چاند کا کسی مقام کے خط نصف النہار سے گزرنا - (۲) عرض بلد کا تفاوت (جو سفر میں جنوبی سمت کو سفر کرنے سے واقع ہو) -

Southron, *a.* & *n.*: (۱) (اسکاچستان قدیم) انگریزی ؛ انگلستان کا - (۲) انگریز (حقارت کے طور پر کہتے تھے) -

Southwester, *n.*: (۱) جنوبی مغربی ہوا ؛ وہ ہوا جو جنوب مغرب سے آتی ہو - (۲) ایک طرح کی پانی روک ہیٹ جس کا پچھلا کنارہ چوڑا ہوتا ہے تاکہ گردن کی اچھی طرح حفاظت ہو -

Souvenir, *n.* : (۱) نشانی ؛ یادگار ؛ تحفہ جو یادگار کے طور پر دیا جائے ؛ وہ چیز جو کسی مقام کی یاد دلاتی رہے -

Sovereign, *a.* & *n.*: (۱) اعلیٰ ؛ سب سے برتر - (۲) نہایت ؛ بےحد - (۳)

جسے اقتدار اعلیٰ حاصل ہو - (۴) نہایت عمدہ ؛ تیر بہ ہدف ؛ حکمی (دوا ، تدبیر وغیرہ) - (۵) فرماں روا ؛ مقتدر اعلیٰ - (۶) بادشاہ ؛ شہنشاہ ؛ مہاراجہ ؛ سلطان - (۷) انگریزی طلائی سکہ بیس شلنگ کا ؛ گنی -

s. power : اقتدار اعلیٰ ؛ فرماں روا قوت -

the s. good : دیکھو Summum Bonum -

sovereignty, *n.* : فرماں روائی ؛ حکومت -

sovereignly, *adv.* : (قدیم) سب سے بہتر ؛ حکمی طور پر ؛ نہایت ؛ بے حد -

Soviet, *n.* : (۱) (روس) سوویت ؛ وہ کونسل جس کو کسی چھوٹے حلقے کے مزدور اور سپاہی منتخب کرتے ہیں - (۲) صوبے کی کونسل جس کو یہ کونسلیں منتخب کرتی ہیں - (۳) روسی مجلس نمایندگان یا پارلیمنٹ جسے صوبے کی کونسلیں منتخب کرتی ہیں -

Union of Soviet Socialist Republic = U. S. S. R. : روس کا پنچایتی پرجا راج -

Sow, *v. t.* : (۱) بونا (بیج) - (۲) بونا (کھیت وغیرہ میں) بیج کا ؛ تخم ریزی کرنا ؛ کھیت میں لگانا - (۳) (استعارۃً) (کسی چیز کا) فرش سا بچھا دینا -

s. the seeds of dissension &c. : جھگڑے وغیرہ کا بیج بونا -

must reap what you s. : جیسا کروگے ویسا بھروگے -

sower, *n.* : بونے والا -

sowing, *n.* : بونا ؛ بونی ؛ تخم ریزی -

Sow, *n.* : (۱) سورنی ؛ سور کی مادہ - (۲) ایک قسم کی دیمک (*s.-bug*) - (۳) بڑا حوض جس میں لوہا پگھل کر ادھر ادھر کی نالیوں میں جاتا ہے - (۴) لوہے کا بڑا سا ڈلا جو نالیوں میں جم جاتا ہے -

as drunk as a s. : نشے میں چور -

sow back : ریت کا ایک نیچا سا ٹیلا -

sow bread : پہاڑی کنول -

s.-thistle : ایک پودا جس میں چھوٹے چھوٹے زرد پھول لگتے ہیں اور جس کی شاخوں میں سے دودھ نکلتا ہے -

Soy, *n.* : گوشت کے ساتھ کھانے کی چٹنی (*sauce*) جو جاپان اور چین میں ایک قسم کے مٹر سے تیار ہوتی ہے -

Sozzled, *a.* : (عامیانہ) نشہ میں چور -

Spa, *n.* : (۱) وہ مقام جہاں معدنی چشمہ ہو - (۲) معدنی چشمہ -

Space, *n.* : (۱) مکان ؛ فضاے بسیط - (۲) عرصۂ زمانی ؛ مدت ؛ وقفہ - (۳) جگہ ؛ خالی جگہ ؛ فصل ؛ لفظوں یا ٹائپ کے حروف کا درمیانی فاصلہ - (۴) ٹائپ جو فصل کے لیے لفظوں کے درمیان لگاتے ہیں ؛ اسپیس -

s.-bar : (ٹائپ رائٹر میں) وہ پٹی جو الفاظ میں فصل دینے کے لئے استعمال ہوتی ہے ؛ فصل پٹی -

s.-time : (فلسفہ) زمان مکان ؛ مخلوط زمان و مکان ؛ آئن سٹائن کے نظریے کے مطابق ابعاد ثلاثہ کے علاوہ چوتھا بعد -

s.-writer : اجرت پر مضمون لکھنے والا (اخبار میں کالم یا سطر کے حساب سے) -

s.-writing : اجرت پر مضمون لکھنا -

spaceless, *a.* : بے مکان ؛ بے فصل ؛ بے وقفہ -

Space, *v. t. & i.* : (۱) فصل رکھنا ؛ فصل دینا ؛ بین السطور چھوڑنا - (۲) ٹائپ رائٹر وغیرہ کی تحریر میں الفاظ کے درمیان صحیح فصل رکھنا -

s. out : الفاظ کے درمیانی فصل کو بڑھا دینا ؛ الفاظ کو زیادہ فصل سے جمانا -

spacer, *n.* : فاصلہ ٹھیک کرنے کا پرزہ -

spacing, *n.* : فصل دینا یا دیا جانا -

Spacious, *a.* : فراخ ؛ وسیع ؛ کشادہ ؛ لمبا چوڑا ؛ جس میں زیادہ گنجائش ہو -

spaciousness, *n.* : فراخی ؛ گنجائش -

spaciously, *adv.* : وسعت کے ساتھ -

Spade, *n. & v. t.* : (۱) پھاوڑا ؛ بیلچہ - (۲) اسی قسم کا کوئی اور اوزار - (۳) حکم ؛ تاش کا ایک رنگ ؛ اس رنگ کا پتا - (۴) اس رنگ کے کل پتے - (۵) پھاوڑے یا بیلچے سے زمین کھودنا - (۶) ایک خاص قسم کے چھرے سے مچھلی کی چربی نکالنا -

call a s. a s. : صاف صاف بات کہنا ؛ لگی لپٹی نہ رکھنا -

s. bayonet : چوڑے پھل کا بیلچہ جو ہتھیار کا بھی کام دیتا ہے -

s. husbandry : گہری کھدائی کی کاشت ؛ کاشت کا وہ طریقہ جس میں زمین کو گہرا کھود کر بیج ڈالا جاتا ہے -

s. guinea : جارج سوم شاہ انگلستان کے عہد کی گنی جس کی ٹھال حکم کے پتے کے نقش سے مشابہ تھی -

spadefull, *n.* : بیلچہ بھر ؛ جتنا ایک بیلچے پر آ سکے -

Spadger, *n.* : (عامیانہ) sparrow کی خرابی ؛ چڑی ؛ چڑیا ؛ کنجشک -

Spadille(-il), *n.* : تاش کے بعض کھیلوں میں حکم کے یکے کو کہتے ہیں -

Spadix, *n.* : طلعہ ؛ بال کی شکل کا پھول جس کے بیچ میں گداز تنا ہو اور جو ایک غلاف میں چھپا ہو -

spadiceous, spadicose, *aa.* : غلاف میں لپٹا ہوا (ایسا پھول) -

Spado, *n.* : (قانون) نا قابل اولاد ؛ نا قابل تناسل ؛ (مرد یا عورت) جس کے اولاد نہ ہو سکتی ہو -

Spaghetti(-ge-), n. : ایک قسم کی فیتے کی طرح کی چوڑی سویاں -

Spahi-, ee (*spahhe*) ***n.*** : (۱) ترکی بے قاعدہ فوج کا سوار (چودھویں صدی) - (۲) فرانس کے الجیری رسالے کا سوار -

Spake : دیکھو speak -

Spall, *v. t. & i. & n.* : (۱) لکڑی چیرنا ؛ لکڑی کی چھپٹیاں الگ کرنا ؛ لکڑی کے پتلے پتلے ٹکڑے کاٹنا - (۲) خام دھات کو توڑ کر قسم معلوم کرنا - (۳) چھپٹی ؛ لکڑی کا پتلا ٹکڑا -

spalder, *n.* : لکڑھارا وغیرہ -

Spalpeen, *n.* : کمینہ ؛ بد معاش ؛ بد ذات -

Span, *v. t. & i.* : (۱) (پل کا دریا پر) بنا ہوا ہونا ؛ ایک کنارے سے دوسرے کنارے تک پھیلا ہونا ؛ عبور کرنا - (۲) (استعارۃً) (حافظے کا زمانے پر) محیط ہونا ؛ احاطہ کرنا - (۳) (دریا پر) پل بنانا ؛ عبور کرنا - (۴) (رقبے ، وسعت ، اہمیت وغیرہ کا) اندازہ کرلینا ؛ قیاس کرلینا ؛ احاطہ کرلینا - (۵) (بحری) boom کے گرد رسیوں سے احاطہ کرنا - (۶) تتلی (ٹیٹری) کے پھل روپ کی طرح کودتے ہوئے چلنا -

Span, *n.* : (۱) پورا پھیلاو ؛ پوری لمبان وغیرہ - (۲) مدت ؛ عرصہ - (۳) پل کی کوٹھیوں کا درمیانی فاصلہ - (۴) (باغ کا) حرارت خانہ وغیرہ - (۵) ایک بالشت کی لمبان ؛ بالشت = ۹ انچ - (۶) قلیل مدت (جیسے *our life is but a s.*) - (۷) (بحری) رسا ،

جیسے دونوں سروں پر باندھ کر بیچ میں چرخی وغیرہ کے گرد پھنسا دیتے ہیں؛ دوہرا رسا جو لوہے کے حلقوں سے جڑا ہو - (۸) (نو آباد یہاں امریکا میں) گھوڑے یا خچروں کی جوڑی -

s.-dogs : لوہے کی سلاخوں کے جوڑے جن میں لکڑی پھنسانے کے لیے پنجے لگے ہوتے ہیں -

s. roof : دو طرفہ سلامی چھت -

s.-worm : تتلی کا پہلا روپ -

Spandrel, *n.* : (۱) محراب کے کسی ایک سرے اور اس چوکھٹے کے درمیان کا فاصلہ جو اس کے گرد ہوتا ہے - (۲) دو محرابوں کے سروں کے نقطۂ اتصال اور چوکھٹے کے درمیان کا فاصلہ -

Spangle, *n. & v. t.* : (۱) ستارہ ؛ سلمہ ؛ چھوٹی چمک دار چیز جو کپڑوں پر ٹانکتے ہیں - (۲) کوئی چھوٹی چمک دار چیز - (۳) اسفنج کا سا مواد جو بلوط کے درخت سے خارج ہوکر پتوں پر جم جاتا ہے *oak-s.* - (۴) سلمے ٹانکنا یا جڑنا ؛ ستارے ٹانکنا -

spangly, *a.* : ستارے دار ؛ سلمے دار -

Spaniard, *n.* : باشندۂ ہسپانیہ ؛ ہسپانوی -

Spaniel, *n.* : (۱) اسپینیل کتا ؛ ایک قسم کا کتا ، جس کے لمبے لمبے ریشم کے سے بال اور ڈھیلے اور نیچے گرے ہوئے کان ہوتے ہیں ، مالک سے بہت ہل جاتا ہے اور آسانی سے سدھا یا جا سکتا ہے - (۲) (استعارتاً) خوشامدی ؛ چاپلوسی کرنے والا -

King Charles's s. : سیاہ اور بادامی رنگ کا اسپینیل کتا -

Spanish, *a. & n.* : (۱) ہسپانوی ؛ ہسپانیہ کا ؛ ہسپانیہ والوں میں کا ؛ ہسپانوی زبان کا - (۲) ہسپانوی زبان ؛ ہسپانوی -

S. Armada : دیکھو *Armada* -

S. black, S. red, S. white : مختلف رنگوں کے نام ہیں جو رنگ ریزی اور رنگ سازی میں کام آتے ہیں -

S. fly : سبز چمک دار کیڑا جسے قوت باہ کے لئے استعمال کرتے ہیں ؛ سون مکھی -

S. fowl : گھریلو مرغیوں کی ایک قسم جن کے چمک دار سبزی مائل پر ہوتے ہیں -

S. grass : ایک قسم کی گھاس جو جنوبی ہسپانیہ اور شمالی افریقہ سے چٹائی ، کاغذ اور ٹوکریاں بنانے کے لئے کثرت سے باہر جاتی ہے -

S. main : (تاریخ) جنوبی امریکا کا شمال مشرقی ساحل دریائے اوری نوکو اور پاناما کے درمیان اور بحیرۂ کرے بی این سے ملا ہوا -

S. windlass : لکڑی کے استعمال کی ترکیب جو رسی یا مرہم پٹی کے کسنے کے لئے بیرم کا کام دے -

War of the S. succession : ہسپانوی تخت نشینی کی جنگ ؛ وہ جنگ جو چارلس ثانی شاہ اسپین کے لاولد مرنے پر ایک طرف فرانس اور بیویریا اور دوسری طرف انگلستان ، پروشیا اور صوبہ ہائے متحدہ (ہالینڈ وغیرہ) کے درمیان سنہ ۱۷۰۱ سے ۱۷۱۴ تک جاری رہی -

Spank, *v. t. & i. & n.* : (۱) چوتڑوں پر تھپڑ یا جوتیاں مارنا - (۲) (گھوڑے کو) ہاتھ سے یا چابک سے مار کر چلانا - (۳) گھوڑے کا پویہ چلنا - (۴) تھپڑ یا جوتی وغیرہ جو چوتڑوں پر پڑے -

spanking, *n.* : ٹھکائی ؛ مار ؛ چوتڑوں پر تھپڑ یا جوتیاں پڑنا یا مارنا -

Spanker, *n.* : (۱) spank کا اسم فاعل - (۲) تیز رو گھوڑا ؛ باد پا - (۳) بہت بڑی جسامت کا شخص یا چیز ؛ عجیب و غریب صفات کا شخص یا چیز ؛ وہ شخص یا چیز جسے دیکھ کر آنکھیں کھل جائیں - (۴) اگلا پچھلا بادبان جو پچھلے مستول سے پورے لگایا جاتا ہے -

Spanking, *a. & adv.* : (روز مرہ) عجیب و غریب ؛ نہایت عمدہ ؛ اعلیٰ درجے کا ؛ شدید موافق (ہوا) ؛ بڑے لطف کا -

Spanless, *a.* : (شعر) بیکراں ؛ نا محدود -

Spanner, *n.* : (۱) Span کا اسم فاعل - (۲) پیچ پر ڈھبری کسنے کا آلہ - (۳) پیچ کش - (۴) پل کی قینچی جو مضبوطی کے لئے لگا دیتے ہیں - (۵) وہ ڈنڈا جو انجن میں متوازی حرکت کرنے والے پرزوں کو ملاتا ہے ؛ اسپینر - (۶) تتلی کا پہلا روپ -

Spar, *n. & v. t.* : (۱) مضبوط بلی ؛ خصوصاً وہ جس سے جہاز کا مستول رنیرہ بنایا جاتا ہے - (۲) جہاز میں بلی لگانا یا رکھنا ؛ جہاز کو بلیوں کی مدد سے اتھلے پانی سے نکال لے جانا -

s.-buoy : تیرنے والی بلی جس کا ایک سرا لنگر گاہ سے اس طرح جکڑا ہوا ہو کہ دوسرا سرا اوپر اٹھا رہے -

s.-deck : جہاز کا پورا بالائی عرشہ -

Spar, *n.* : ایک قلمی بناوٹ کی معدنی چیز ، جس میں چمک نہیں ہوتی اور جس کی پرتیں آسانی سے الگ ہوجاتی ہیں ؛ اسپار -

calcareous s. : چونے کا کچا کاربونیٹ ؛ کیلسائٹ -

Derbyshire s., flour s., Iceland s. : بلور کی قسمیں جو عینک میں کام آتی ہیں -

Spar, *v. i. & n.* : (۱) مکے چلانا ؛ گھونسے چلانا (مٹھی باندھ کر اس طرح ہاتھ اٹھانا جیسے گھونسے مارتے ہیں) - (۲) تو تو میں میں کرنا ؛ گالم گلوچ کرنا ؛ جھگڑنا - (۳) مرغوں کا لڑنا (خاروں پر فلاف چڑھا کر) - (۴) گھونسا بازی کے پینترے ؛ مکا بازی کا مقابلہ ؛ مرغوں کی لڑائی - (۵) (استعارتاً) آپس میں تو تو میں میں یا بحث کرا دینا -

Sparable, *n.* : بوٹوں کے تلے اور ایڑی میں لگانے کی کیل جس کا سرا موٹا نہیں ہوتا -

Spare, *a. & n.* : (۱) قلیل ؛ سادہ (*s. diet*) - (۲) دبلا پتلا ؛ چھریرا (*a man of s. frame*) - (۳) ضرورت سے زائد ؛ فالتو ؛ فرصت کا (وقت) - (۴) جو وقت بے وقت کے لئے اٹھا رکھا جائے ؛ زائد - (۵) مشین کا زائد پرزہ -

spare rib : سور کے سینے میں پسلیوں کا اوپر کا حصہ جس میں گوشت کم ہوتا ہے -

sparely, *adv.* : کفایت کے ساتھ -

spareness, *n.* : دبلاپا ؛ چھریرا پن -

Spare, *v. t. & i.* : (۱) کمی کرنا ؛ کوتاہی کرنا ؛ کسر کرنا ؛ خست کرنا ؛ اٹھا رکھنا (جیسے مارنے میں کمی کی اور بچہ بگڑا *s. the rod & spoil the child*) - (۲) کسی چیز کے بغیر کام چلانا ؛ اپنی ضرورت سے بچا کر دوسرے کو دینا ؛ ضرورت نہ پڑنا - (۳) (قدیم) باز رہنا ؛ پرہیز کرنا - (۴) معاف رکھنا (جیسے *s. me these protestations* مجھے ان لمبے چوڑے دعووں سے معاف رکھو) - (۵) بخش دینا ؛ نہ لینا (جان وغیرہ) ؛ درگذر کرنا - (۶) ٹھیس نہ لگانا (جذبات وغیرہ کو) ؛ لحاظ رکھنا - (۷) کفایت شعاری برتنا ؛ کم خرچ کرنا -

sparingly, *adv.* : خست سے ؛ کمی کے ساتھ -

sparingness, *n.* : خست ؛ کوتاہی ؛ کمی -

Sparger, *n.* : عرق پاش ؛ ایک آلہ جو شراب کا خمیر اٹھانے میں کام آتا ہے -

Spark, *n.* : (۱) چنگاری ؛ شرارہ ؛ شرر ؛ پتنگا - (۲) جوت (مثلاً

ہیرے کی) - (۳) جودت طبع ؛ جولانی - (۴) رمق ؛ شمہ خفیف سا جز (عموماً منفی جملوں میں مثلاً *not a s.* ایک شمہ بھی نہیں) - (۵) (برقیات) برقی شرارہ -

Ss. : لاسلکی کے آلے کا نام رکھ لیا ہے -

fairy ss. : روشنی جوگلے سڑے نباتاتی مادے سے پیدا ہوتی ہے -

s.- arrester : جالی وغیرہ جو برقی آلات میں شراروں سے بچنے کے لئے لگا دی جاے ؛ شرارہ گیر -

sparkless, a.: بے شرارہ ؛ بے جوت -

sparklet, n.: (۱) چھوٹی چنگاری - (۲) برقی بار یا چارج جو سوڈا واٹر کی مشین میں ہوتا ہے -

Spark, v. i. : (۱) (کسی چیز میں سے) چنگاریاں نکلنا ؛ برقی شرارے نکلنا - (۲) (برقیات) تعمر دور کے نقطے پر چنگاریاں نکلنا -

sparking plug : موتر انجن میں وہ بٹن جس کے دبانے سے آتش گیر مادہ جل اٹھتا ہے -

Spark, n. & v. i. : (۱) عاشق مزاج ؛ رسیا - (۲) عاشق ؛ یار - (۳) نظر بازی کرنا ؛ عشق بازی کرنا ؛ یار بننا ؛ عاشق بننا -

sparkish, a. : عاشق مزاج -

Sparkle, v. i. & n. : (۱) چمکنا دمکنا ؛ جگ مگ جگ مگ کرنا ؛ جھلکنا - (۲) طبیعت کا جولانی پر ہونا - (۳) چمک دمک ؛ جوت ؛ شرارہ ؛ جولانئی طبع -

sparkler, n.: دمکنے والا -

sparklingly, adv.: دمکتے ہوے -

sparkling wine : شراب جس میں جوش ہو یعنی کاربونک ایسڈ گیس کے بلبلے اٹھتے ہوں ؛ شراب تند -

Sparrow, n. : چڑیا ؛ کنجشک خانہ ؛ گوریا -

sparrow bill : = *sparable*

s. grass : (عامیانہ) asparagus کو کہتے ہیں -

s. hawk : چھوٹی قسم کا باز -

Sparse, a. : (۱) (آبادی وغیرہ) جو گھنی یا گنجان نہ ہو ؛ پھیلی ہوئی ؛ چھدری - (۲) (نباتیات ، حیوانیات) چھدرا (جو دور دور یا غیر مساوی فاصلوں پر ہو) -

sparsely, adv. : چھدرا چھدرا -

sparseness, n. : چھدرا ہونا -

Spartacist, a. & n.: (انقلاب جرمنی میں) انتہا پسند جماعت کا رکن -

Spartan, a. & n. : اسپارٹا کا رہنے والا ؛ اسپارٹا کا ؛ اسپارٹا والوں کی سی (جفاکشی ، سادگی وغیرہ) -

Spasm, (-zm), n. : (۱) تشنج - (۲) دورہ (کھانسی وغیرہ کا) - (۳) (استعارتاً) ایک اینٹھن جو سارے بدن میں دوڑ جائے -

functional s. : اعصابی بیماریاں جو کسی خاص پیشے کی وجہ سے پیدا ہوتی ہیں - مثلاً *writer's cramp* تشنج منشی کثرت سے لکھنے کی وجہ سے ہاتھ کا اکڑ کر رہ جانا -

spasmology, n. : علم تشنج -

Spasmodic, a. : (۱) تشنجی ؛ تشنج کا ؛ جو تشنج سے پیدا ہو ؛ جسے تشنج ہو جایا کرتا ہو - (۲) کبھی کبھی کا ؛ غیر مسلسل ؛ دوروں کی طرح کا -

spasmodically, adv.: غیر مسلسل طور پر ؛ دوروں کی طرح سے -

Spastic, a.: = spasmodic (طب)

Spat, n. & v. i. & t. : (۱) صدف ماہی خصوصاً کستورا مچھلی کے انڈے - (۲) (کستورا مچھلی وغیرہ کا) انڈے دینا ؛ بچے پیدا کرنا - (۳) دینا (انڈے) -

Spat, n. : (جمع) چھوٹے ساق پوش جو ایڑی سے ٹخنے تک پہنتے ہیں -

Spat: دیکھو spit (۲) -

Spatchcock, n. & v. t. : (۱) مرغ وغیرہ جو جھٹ پٹ ذبح کیا اور پکا یا گیا ہو - (۲) جلدی جلدی جو کچھ سمجھ میں آئے لکھنا ؛ (تار وغیرہ) گھسیٹ دینا ؛ دھر گھسیٹنا -

Spate, n. : دریا کی طغیانی ؛ سیلاب (*river is in s*) -

Spathe, n. : (نباتیات) غلاف گل (وہ ورقہ یا ورقے جو پھول پر لپٹے ہوئے ہوتے ہیں) -

spathose, spathous, aa.: غلاف دار -

Spathic, a. : اسپار (۲) spar کا ؛ اسپار کے مانند (خصوصاً اس اعتبار سے کہ اس کے پرت آسانی سے الگ ہوجائیں) -

Spatial, n. : فضا کے متعلق ؛ فضائی ؛ مکانی -

spatially, adv. : مکان کے لحاظ سے -

spatiality, n. : مکانیت -

Spatter, v. t. & i. : (۱) کیچڑ کے چھینٹے پڑنا ؛ چھپکے پڑنا ؛ کیچڑ کے چھینٹوں سے آلودہ کر دینا ؛ کیچڑ میں لت پت کرنا ؛ لتھیڑنا - (۲) کیچڑ اچھالنا (کسی شخص پر) ؛ بد نام کرنا - (۳) (سیال شے کے) چھینٹے اڑنا - (۴) چھینٹا ؛ چھپکا - (۵) چھپ چھپ کی آواز ؛ ٹپ ٹپ کی آواز -

spatterdashes : دیکھو spat (۲) -

Spatula, n. : (۱) چپٹا چمچہ ؛ چوڑے پھل کا آلہ جس سے مختلف اشیا مثلاً رنگ وغیرہ کو ہلاتے ہیں - (۲) جراح کا اسی شکل کا آلہ جس سے زبان کو نیچے یا ایک طرف دبا کر منہ کے اندر کی کیفیت دیکھتے ہیں -

Spatule, n. : (حیوانیات) چپٹا ؛ مستطیل شکل کا حصۂ جسم ؛ خصوصاً پرندوں کی دم کا سرا -

spatular, spatulate, spatuliform, aa. :

Spavin, n. : ایک مرض جو گھوڑے کے پچھلے پیر کے گھٹنے کے جوڑ میں پیدا ہو جاتا ہے ؛ سوتھرا -

blood, bog s. : ورم جو کسی جوڑ میں لمف (فاسد رطوبت) کے جمع ہوجانے سے پیدا ہوتا ہے -

bone s. : استخوانی مادے کے جمع ہونے سے دو ہڈیوں کا جڑ جانا -

spavined, a.: سوتھرے دار -

Spawn, v. t. & i. & n. : (۱) (مچھلی ، مینڈک ، گھونگے وغیرہ کا) انڈے دینا ؛ بچے پیدا کرنا - (۲) (حقارت کے موقع پر انسان کا) بچے دینا - (۳) (مچھلی وغیرہ کے انڈوں بچوں کا) پیدا ہونا - (۴) (مچھلی وغیرہ کے) انڈے - (۵) (حقارت کے موقع پر ، انسان یا کسی اور جانور کے بچوں کا) جھول - (۶) سفید ریشہ دار مادہ جس سے سماروغ پیدا ہوتا ہے -

s. of the devil : شیطان کی ذریات ؛ بد معاش لوگ -

s. of Cobden : آزاد تجارت کے حامی -

Spay, v. t. : (مادہ جانور کا) بیضہ دان نکال دینا -

Speak, v. i. & t. : (۱) بولنا - (۲) (تھیٹر) معمولی آواز میں کہنا (گانے کا ضد) - (۳) گفتگو کرنا ؛ باتیں کرنا - (۴) تقریر کرنا ؛ اسپیچ دینا ؛ خطبہ دینا - (۵) کہنا ؛ ادا کرنا (الفاظ) - (۶) ظاہر کرنا (رائے وغیرہ) - (۷) (ایک جہاز کا دوسرے جہاز کو)

مخاطب کرکے گفتگو کرنا - (۸) (قدیم) (واقعات کا کسی شخص کو کچھ) ثابت کرنا ؛ بتانا - (۹) دلیل ہونا ؛ ثبوت ہونا ؛ دلالت کرنا (کسی بات پر) - (۱۰) (کتے کا) بھونکنا (خصوصاً اس وقت جب حکم دیا جائے) - (۱۱) (استعارتاً) باجوں کا بجنا -

portrait speaks : معلوم ہوتا ہے کہ تصویر بول اٹھے گی -

speaking likeness : بولتی ہوئی مشابہت -

strictly speaking. : سچ پوچھیے تو ؛ حقیقت یہ ہے کہ -

legally speaking : قانونی نقطۂ نظر سے -

generally speaking : عموماً ؛ عام طور سے -

so to s. : گویا ؛ ایک طرح سے -

s. volumes for : بہت کافی شہادت ہونا ؛ بہت بڑا ثبوت ہونا -

s. well for : حق میں ہونا ؛ موافق ہونا -

s. (person) fair : شائستہ انداز میں گفتگو کرنا -

s. of : کسی کا ذکر کرنا ؛ تذکرہ کرنا -

nothing to s. of : قابل ذکر نہیں ؛ بالکل بے حقیقت ہے -

s. one's mind : صاف گوئی یا بیباکی سے کہہ دینا -

s. up, s. out : صاف صاف کہہ دینا -

s. to. : (۱) مخاطب ہونا - (۲) تصدیق کرنا - (۳) کسی امر کے متعلق گفتگو کرنا -

s. without the book : (واقعات وغیرہ) حافظے کی مدد سے بیان کرنا -

fair-spoken : شائستگی سے گفتگو کرنے والا -

ill-spoken : بد زبان -

s. easy : (امریکا ' عامیانہ) وہ دکان جہاں نا جائز طریقے سے شراب بکتی ہے -

Speaker, n. : (۱) تقریر کرنے والا ؛ مقرر ؛ لکچرار ؛ خطیب - (۲) (جب بڑے S سے لکھا جائے) انگلستان کے دار العوام کا میر مجلس؛ صدر - (۳) ریاستہائے متحدہ امریکا میں مجلس وکلا کا صدر -

speakership, n. : صدارت -

Speakies, n. : (عامیانہ) سینما کے مقابلے میں معمولی تھیٹر کو کہتے ہیں -

Speaking, n. : بولنا وغیرہ -

s.-trumpet : آواز کو دور تک پہنچانے کا ایک آلہ؛ آواز رساں -

s. acquaintance : اچھی خاصی ملاقات -

not on s. terms : بول چال بند ہے ؛ صاحب سلامت ترک ہے -

s.-tube : ربر کی نلکی جس کے ذریعے پاس پاس کے کمروں میں گفتگو ہوسکے -

Spear, n. & v. t. & i. : (۱) نیزہ؛ برچھی؛ برچھا؛ سناں - (۲) (شعر) سناں دار ؛ برچھی باز ؛ نیزہ بردار ؛ مچھلی مارنے کا برچھا - (۳) برچھی مارنا ؛ برچھے سے زخمی کرنا - (۴) درخت کے تنے کا (برچھے کی طرح) لمبا ہو جانا -

spearman : برچھی باز ؛ سناں دار ؛ نیزہ بردار -

spearmint : معمولی پودینہ -

s. side : خاندان کا سلسلۂ پدری -

Spearhead, n. : (مجازاً) وہ شخص یا جتھا جو کسی حملہ کی قیادت کے لیے منتخب کیا گیا ہو ؛ قراول -

Spec, n. : (بول چال) سٹا ؛ سٹے کا کاروبار -

Special, a. & n. : (۱) خاص ؛ مخصوص - (۲) غیر معمولی مثلاً اسپیشل کانسٹیبل ' اسپیشل ٹرین ' غیر معمولی امتحان ؛ (اخبار کا) غیر معمولی پرچہ -

s. anatomy : تشریح خاص (علحدہ علحدہ اعضا کی) -

s. hospital : خاص امراض کا شفا خانہ -

s. case : (۱) مقدمے کی تحریری روداد جو اہل مقدمہ پیش کرتے ہیں - (۲) خاص صورت ؛ غیر معمولی صورت -

s. constable : سپیشل کانسٹیبل جو بلوے وغیرہ کے موقع پر انتظام میں مدد دینے کا ذمہ دار ہو -

s. correspondent : نامہ نگار خصوصی -

s. licence : غیر معمولی اجازت نامہ (جس کی رو سے نکاح بغیر پہلے سے اعلان کیے یا غیر معمولی مقام اور اوقات میں ہوسکتا ہے) -

s. logic : منطق جزئی جس میں خاص مسائل کی بحث ہو -

s. pleader : اسپیشل پلیڈر - *Inns of Court* کا رکن جس کے سپرد قانونی معاملات میں رائے دینا اور بعض غیر معمولی کارروائیوں کا انجام دینا ہے -

s. pleading : (۱) (قانون) مخصوص عذرداری (فریق مخالف کے الزامات کی تردید کے علاوہ دوسرے عذرات اور دلائل) - (۲) (عوام) بات بنانا -

s. train : اسپیشل ٹرین جو غیر معمولی اوقات پر چلتی ہے -

specially, adv. : خصوصاً ؛ خاص طور پر -

Specialist, n. : ماہر خصوصی -

specialism, n. : مہارت خصوصی -

specialistic, a. : مہارت خصوصی کا -

Speciality, n. : (۱) خصوصیت ؛ خاصہ ؛ مخصوص صفت وغیرہ - (۲) مخصوص کام یا شغل ؛ خاص پیداوار ؛ خاص چیز ؛ وہ چیز جس کی طرف خاص توجہ کی جائے (اس کے لیے *specialty* بھی آتا ہے) -

Specialize, v. t & i. : (۱) مخصوص کرنا ؛ تخصیص کرنا ؛ عام سے خاص یا کلی سے جزئی بنانا - (۲) (خیال' قول کے) مفہوم کو محدود کردینا - (۳) (حیوانیات) (عضو وغیرہ کو) خاص مقصد کے لیے مخصوص کرنا ؛ انفرادیت پیدا کرنا - (۴) انفرادیت پیدا ہونا - (۵) ماہر خصوصی بننا ؛ مہارت خصوصی حاصل کرنا -

specialization, n. : (۱) تخصیص - (۲) مہارت خصوصی - (۳) انفرادیت پیدا کرنا یا ہونا -

Specialty, n. : (۱) سر بمہر دستاویز - (۲) مہر کیا ہوا اقرار نامہ یا معاہدہ - (۳) مخصوص کام یا شغل؛ خاص پیداوار ؛ خاص چیز -

Specie, n. : سکہ ؛ زر نقد (زر کاغذی کی ضد) -

Species, n. : (۱) (علم موالید) نوع - (۲) (منطق) نوع ؛ صنف - (۳) قسم - (۴) (قانون) صورت ' شکل (جو اشیا میں فعل انسانی کے ذریعے پیدا کی جائے) -

the s., our s. : نوع انسانی -

Specific, a. & n. : (۱) صراحۃً؛ مقررہ؛ معینہ؛ ٹھیک ؛ الگ - (۲) نوعی ؛ نوع کا مثلاً (*the s. name of plant &c.*) نوعی نام - (۳) کسی خاص موضوع سے متعلق ؛ خاص ؛ مخصوص - (۴) خاص وضع کا ؛ خاص انداز کا - (۵) خاص دوا - (۶) (محصول یا ٹیکس) جو مقدار یا تعداد کے لحاظ سے لگایا جائے -

s. cause : سبب مخصوص (کسی خاص بیماری کا) -

s. centre : مرکز خصوصی (زمانی یا مکانی) جس میں کسی اصل مرکز سے تقوم شروع ہوتا ہے -

s. difference : امتیازی وصف ؛ ما بہ الامتیاز -
s. gravity : دیکھو gravity -
s. heat : دیکھو heat -
s. medicine : خاص دوا -
specifically, *adv.*: (۱) بالصراحت ؛ تعین کے ساتھ - (۲) نوعی حیثیت سے - (۳) خصوصیت سے؛ مخصوص طور پر -
specificness, specificity : تعین ؛ مصرح یا معین ہونا ؛ خصوصیت ؛ مخصوص ہونا ؛ نوعی ہونا -
Specification, *n.* : (۱) تصریح ؛ تفصیل - (۲) تفصیلات (خصوصاً عمارت وغیرہ کا نقشہ اور تخمینہ جو میر عمارت یا انجنیر وغیرہ بنا کر دیں) - (۳) وہ حالات جو موجد اپنی ایجاد کے متعلق پیٹنٹ کی درخواست میں درج کرتا ہے ؛ کیفیت - (۴) (قانون) تشکیل ؛ کسی مادے سے کوئی نئی چیز بنانا جو اس مادے کے مالک کی ملک نہ سمجھی جائے -
Specify, *v. t.* : (۱) صراحت کرنا ؛ تصریح کرنا ؛ تعین کر دینا - (۲) میر عمارت کی پیش کی ہوئی تفصیلات میں شامل کرنا (کسی جز و عمارت وغیرہ کا) -
specifiable, *a.* : قابل تصریح -
Specimen, *n* : (۱) نمونہ؛ مثال(خصوصاً کوئی جانور یا درخت یا معدنی شے جو علمی تحقیقات کے لیے استعمال کی جائے) - (۲) (روز مرہ ؛ حقارت کے موقع پر اشخاص کے لیے آتا ہے) طرفہ معجون؛ عجیب شے-
Speciology, *n.* : علم الانواع ؛ نوعیات -
speciological, *a.*: علم الانواع کا ؛ نوعیاتی -
Specious, *a.*: (۱) دیکھنے میں اچھا - (۲) بظاہر صحیح (جیسے *s. argument, person, tale*) -
speciosity, speciousness, *nn.*: دیکھنے میں اچھا ہونا ؛ ظاہری صحت -
speciously, *adv.*: بظاہر صحیح طور پر -
Speck, *n. & v. t.*: (۱) چھوٹا سا دھبا ؛ داغ - (۲) (گرد وغیرہ کا) ذرہ - (۳) داغ (جو پھلوں میں لگ جاتا ہے) - (۴) دھبے ڈالنا -
specked, *a.*: داغ دار -
speckless, *a.*: بے داغ -
Speck, *n.* : (۱) (امریکا و جنوبی افریقہ) چربی دار گوشت ؛ چکنا گوشت (سور وغیرہ کا) - (۲) دریائی جانور سیل ' ویل وغیرہ کی چربی -
Speckle, *n. & v. t.* : (۱) دھبا یا داغ - (۲) چھوٹے چھوٹے داغ ڈالنا ؛ دھبے ڈالنا -
Specktioneer, -si-, *n.* : (ویل مچھلی کے شکار میں) برچھا مارنے والوں کا افسر -
Specs, *n. pl.* : (روز مرہ) عینک -
Spectacle, *n.* : (۱) تماشا ؛ نظارہ ؛ منظر - (۲) وہ چیز جس پر سب کی نظر پڑے ؛ نظارہ؛ منظر - (۳) (جمع) عینک ؛ چشمہ -
spectacular, *a.* : قابل تماشا؛ قابل نظارہ ؛ نظر فریب
spectacularly, *adv.* : نظر فریب طریقے سے
sees everything through rose-coloured ss. : اسے ہر چیز اچھی نظر آتی ہے -
Spectacled, *a.* : (۱) عینک لگائے ہوے - (۲) (وہ جانور) جس کی آنکھوں کے اوپر عینک سے مشابہ نشان ہوں؛ چار چشم -
s. bear : جنوبی امریکا کا ریچھ -
Spectator, *n.* : تماشائی ؛ ناظر ' حاضر -
spectatress, *n.* : تماشائی عورت ؛ ناظرہ -
Spectral, *a.* : (۱) ارواح کے متعلق ؛ ارواح کا - (۲) طیفی ؛ طیف (*spectrum*) سے متعلق -
spectrally, *adv.* : ارواح کی طرح -
Spectre, (-er), *n.* : (۱) روح (مردوں کی جو مجسم نظر آے) - (۲) پیکر خیالی - (۳) بعض جانوروں کے نام کے ساتھ لاغری ظاہر کرنے کے لیے آتا ہے مثلاً (*s.-bat*) -
s. of the Brocken : ایک بہت بڑا انسانی پیکر جو پہاڑوں کی چوٹیوں پر کھڑا ہو کر دیکھنے سے کہر میں نظر آتا ہے ' یہ حقیقت میں خود دیکھنے والے کے جسم کا عکس ہوتا ہے -
Spectro- : الفاظ ترکیبی میں بجائے *spectrum* کے آتا ہے ' مثلاً :-
s.-graph : (آلہ) طیف نگار -
s.-gram : نقش طیف (جو اس آلے سے کھینچا جاتا ہے) -
s.-graphic : طیف نگار کا -
s.-graphy : طیف نگاری -
s.-logy : علم طیف؛ طیفیات -
s.-logical : طیفیاتی ؛ علم طیف کا -
s.-logically : علم طیف کی رو سے -
s.-meter : انحراف پیما -
s.-phone : صوتی طیف پیما -
Spectroscope, *n.* : طیف پیما -
Spectroscopic (al), *aa.* : طیف پیما کا ' طیف پیمائی کا -
spectroscopically, *adv.* : طیف پیمائی کے ذریعے سے -
spectroscopist, (or spe-), *n.* : ماہر طیف پیمائی -
spectroscopy, (or spe-), *n.* : طیف پیمائی -
Spectrum, *n.* : (pl. *-ra*) (۱) عکس شعاعی ؛ کسی چیز کی تصویر جو آنکھیں بند کرلینے کے بعد بھی نظر کے سامنے رہتی ہے - (۲) طیف ؛ نور کی شعاعوں یا کسی اور روشن قوت کی تصویر جس سے مختلف حصے اپنی انحراف پذیری کے لحاظ سے ترتیب وار نظر آتے ہیں -
Specular, *a.* : دھات کے آئینے کا -
Speculate, *v. i.* : (۱) تحقیق کرنا ؛ خیالی گھوڑے دوڑانا ؛ نظریہ قائم کرنا ' قیاس سے کام لینا - (۲) سٹا کرنا ؛ بدنی کا بیوپار کرنا -
speculative, *a.* : نظری ؛ خیالی -
speculatively, *adv.* : نظری حیثیت سے ؛ خیالی طور پر -
speculativeness, *n.* : نظری یا خیالی ہونا -
speculator, *n.* : (۱) مفکر - (۲) سٹے باز -
Speculation, *n.* : (۱) تحقیق ؛ غور و فکر ؛ تفکر ؛ نظریہ ؛ قیاس - (۲) سٹا کرنا ؛ بدنی کے سودوں میں روپیہ لگانا ؛ بدنی کا کاروبار کرنا - (۳) تاش کا ایک کھیل جس میں پتوں کی خرید و فروخت ہوتی ہے -
Speculum, *n.* : (۱) ایک آلہ جس سے منافذ بدن انسانی کو چوڑا کرکے امتحان کیا جاتا ہے - (۲) آئینہ ' جو صیقل شدہ دھات

سے بنا یا جاتا ہے (مثلاً metal - ہ جسے تانبے اور رانگ کو ملا کر بناتے ہیں) - (۳) پرندوں کے شہپروں کا وہ حصہ جس کا رنگ باقی سطح سے جدا ہوتا ہے -

Sped : دیکھو speed -

Speech (-tsh), *n.* : (۱) قوت نطق ؛ قوت گفتار ؛ قوت گویائی ؛ بولنے کی قوت - (۲) قول ؛ بات - (۳) تقریر ؛ اسپیچ - (۴) کسی قوم یا ملک کی زبان ؛ بولی - (۵) باجوں کی آواز (یہ لحاظ اچھے برے ہونے کے) -

King's or Queen's s., s. from the throne : (انگلستان) شاہی خطبہ جس میں ملک کے داخلی اور خارجی معاملات کی صورت حال اور اہم تجاویز پارلیمینٹ کے سامنے پیش کی جاتی ہیں ؛ یہ وزارت میں تیار ہوتا ہے اور خود بادشاہ یا اس کا مقرر کردہ نائب پارلیمینٹ کے افتتاح کے موقع پر پڑھ کر سناتا ہے -

parts of s. : دیکھو part (۱) -

figure of s. : دیکھو figure -

s.-reading : بہرے اور گونگے شخص کا بولنے والے کے ہونٹوں کو دیکھ کر بات سمجھ لینا -

s.-day : اسکولوں کا سالانہ جلسہ جس میں انعام تقسیم ہوتے ہیں اور نظمیں وغیرہ پڑھی جاتی ہیں -

Speechify, *v. i.* : (حقارت کے موقع پر) لکچر بازی کرنا ؛ تقریر بازی کرنا -

speechification, *n.* : تقریر بازی -

speechifier, *n.* : تقریر باز -

speechless, *a.* : (۱) گونگا - (۲) ساکت ؛ چپ ؛ سکوت زدہ (جذبات کے جوش سے) -

speechlessly, *adv.* : بے زبانی سے -

speechlessness, *n.* : بے زبانی ؛ گونگاپن -

Speed, *n. & v. t. & i.* : (۱) سرعت انتقال ؛ پھرتی ؛ جلدی ؛ مستعدی ؛ قرت پھرت مثلاً (with all s.) - (۲) قوت رفتار ؛ قوت کار مثلاً (at full s.) - (۳) شرح رفتار ؛ مقدار معینہ (کار کردگی) ؛ چال جیسے (attains a high s. بڑھیا رفتار حاصل کرتا ہے) - (۴) (قدیم) کامیابی ؛ خوش حالی ؛ بخت مندی ؛ ترقی ؛ مرفہ الحالی ؛ منفعت ؛ اضافہ جیسے (send me god s. میرے لیے برکت یا کامیابی کی دعا کرو) - (۵) (v. t.) جلدی جلدی چلنا ؛ قدم اٹھا کے چلنا (جیسے sped down the street قدم اٹھاتا جلد جلد گلی سے نکل گیا) - (۶) (قدیم) جلد چلا جانا (جیسے s. an arrow from the bow کمان سے تیر چلانا یا برسانا) ؛ روانہ کرنا ؛ جلدی رخصت کردینا ؛ دعائے خیر سے روانہ کرنا (جیسے s. the parting guest) - (۷) (قدیم) کامیاب ہونا یا کرنا ؛ فائز المرام ہونا یا کرنا ؛ پروان چڑھانا (جیسے how have you sped تمہاری کیسے گزر رہی ہے) - (۸) رفتار کو ایک انداز پر رکھنا (انجن وغیرہ کی) ؛ مقررہ رفتار سے چلانا - (۹) (موٹر) فیرقانونی یا خطرناک رفتار سے چلانا -

depends on the s. required : رفتار مطلوبہ پر منحصر ہے -

three-s. engine, tricycle &c. : جن میں ایسے پرزے ہوتے ہیں کہ ان سے رفتار کم و بیش ہوسکتی ہے -

متوازی لٹوؤں یا دھروں میں دانتوں کے ذریعے قسبت ... *s.-cone* رفتار ٹھیک رکھنے کی ترکیب

speedwell : جڑی بوٹی کی قسم جو بیل کی طرح چڑھتی ہے اور جس میں نیلگوں چمکتے پھول لگتے ہیں

s. up : شرح رفتار زیادہ کرنا -

the train service wants speeding up : ریلوں کی رفتار تیز کرنے کی ضرورت ہے -

speeder, *n.* : (۱) اسم فاعل مذکورۂ بالا معنوں میں ؛ تیز چلانے والا وغیرہ - (۲) رفتار کو ٹھیک رکھنے یا تیز کرنے کا آلہ (مشینوں میں) ؛ رفتار گر -

speedometer, *n.* : رفتار پیما ؛ آلہ جس سے موٹر کار وغیرہ کی مسافت معلوم کی جاتی ہے

Speedy, *a.* : (۱) جلد ؛ تیز (مثلاً s. flight) - (۲) فوری ؛ بلا تاخیر (مثلاً s. vengeance فوری انتقام ؛ s. answer فوری جواب) -

speedily, *adv.* : جلدی سے ؛ فوراً -

speediness, *n.* : جلدی ؛ تیزی -

Speiss, *n.* : سنکھیا ؛ لوہے وغیرہ کے مرکبات جو بعض ... کچے سیسے کو صاف کرتے ہوئے پیدا ہوتے ہیں -

Spelaean, *a.* : منسوب بہ غار ؛ غار نشیں ؛ کپھا واسی ؛ غار میں رہنے والا -

Spelicans : دیکھو Spillikin -

Spell, *n.* : (۱) منتر ؛ منتر کے بول ؛ ٹونا ؛ فسوں ؛ سحر ؛ جادو ؛ پڑھنت (جیسے under a s. جادو یا سحر کے اثر میں) - (۲) کشش ؛ جذب ؛ موہ ؛ فریفتگی (جو کسی کی ذات یا کسی شغل یا وصف میں پائی جائے) -

spellbinder : (امریکہ) سیاسی مقرر جو سامعین کو مبہوت کر دے ؛ سحر آفریں مقرر -

spellbound : مسحور ؛ مسخر ؛ متوالا ؛ موہا ہوا ؛ مبہوت (جیسے was s. by its beauty) -

Spell, *v. t.* (*spelt* or *spelled*) : (۱) تلفظ کرنا ؛ ہجے کرنا ؛ ہجے کرکے لکھنا - (۲) حرفوں سے لفظ بنانا (جیسے what does c, a, t, s. سی ، اے ، ٹی ، کیا بنتا ہے ؟) - (۳) (مجازاً) (حالات ، تجاویز وغیرہ) متنج بہ ، منجر بہ ہونا ؛ متضمن بہ ہونا ؛ دلالت کرنا (مثلاً these changes s. ruin to the farmer ان تبدیلیوں کا نتیجہ کسان کے حق میں بربادی ہے) -

s. backward : (۱) کسی لفظ کے الٹی طرف سے ہجے کرنا یا کسی لفظ کو الٹی طرف سے لکھنا - (۲) (مجازاً) معنوں کو توڑنا مروڑنا ؛ تاویل کرنا ؛ غلط معنی پہنانا -

s. out or *over* : (لفظ یا کتاب کا) مشکل سے ہجے کر کر کے پڑھنا ؛ حرف حرف کر کے پڑھنا -

Spell, *n. & v. t.* : (۱) اس قدر کام جو ایک دفعہ میں ہو ؛ (ایک) باری (مثلاً to take a s. at the oars باری سے کھینا) - (۲) تھوڑی سی دیر ؛ وقفہ ؛ دم کے دم (مثلاً to sleep for a s. ذرا سی دیر سونا) - (۳) ہاتھ بٹانا ؛ کسی دوسرے کی جگہ کام کرنا -

Speller, *n.* : فاعل ؛ مذکورۂ بالا معنوں میں نیز spelling book -

Spelling, *n.* : ہجے (مثلاً his s. is weak ہجے کرنے میں کم زور ہے) -

s.-bee : ہجے کرنے میں مقابلہ کا امتحان جس میں

انعام بھی دیا جاتا ھے -

s. -book: ھجے سکھانے کی کتاب -

Spelt, *n.*: ایک قسم کے گیہوں جن کا آٹا نہایت باریک اور عمدہ ھوتا ھے ؛ جرمن گیہوں -

Spelt : دیکھو Spell - (نمبر ۲)

Spelter, *n.*: جست (دھات) -

Spence, -se, *n.*: (قدیم) مودی خانہ ؛ گدام ؛ نعمت خانہ ؛ بھنڈار -

Spencer, *n.* : (تاریخ) نیم تنہ؛ مرزائی (مردانہ و زنانہ) ؛ ابتدائی انیسویں صدی عیسوی کا چھوٹا اوور کوٹ -

Spencer, *n.*: — (بحری) Trysail (Try کے ذیل میں دیکھو)

Spencerism, *n.*: ھربرٹ سپنسر (متوفی ۱۹۰۳ ع) کے فلسفیانہ معتقدات ' جن میں نظام عالم کی توجیہ میکانیکات کے قوانین کی روسے کی گئی ھے -

spencerian, *a.*: سپنسر کا یا اس کے فلسفہ اور معتقدات سے متعلق - (۲) سپنسر کا پیرو -

spencerianism, *n.*: سپنسر کا نظام فلسفہ یا اس کی تعلیم -

Spend, *v. t. & i.* (*spent*) : (۱) خرچ کرنا یا ھو جانا ؛ صرف کرنا یا ھونا (جیسے *his ammunition was all* spent اس کی گولی بارود صرف ھو گئی) - (۲) گزرنا ؛ گزارنا (وقت وغیرہ کا) (مثلاً *how do you* s. *your time* تم اپنا وقت کیونکر گزارتے ھو ؛ *spent a pleasant day* بڑے آرام کا دن گزارا) - (۳) ختم کرنا یا ھونا ؛ ھو چکنا ؛ رہ جانا ؛ زور کم ھو جانا (مثلاً *his anger will soon s. itself* اس کا غصہ جلد فرو ھو جائیگا؛ *storm is spent* طوفان کا زور ھوچکاھے؛ *spent cannon-ball* بجھا ھوا ' چلا ھوا گولہ) - (۴) (جہازرانی) مستول کا جاتے رھنا (طوفان وغیرہ کی وجہ سے) - (۵) بالکل ختم ھو جانا ؛ از کار رفتہ ھو جانا (مثلاً *candles s. fast in draught*) - (۶) مچھلی کا انڈا (جیسے *spent herring* یعنی ھیرنگ مچھلی جس نے انڈے بچے نکلنے کے لئے رکھ چھوڑے ھوں) -

spendthrift : فضول خرچ ؛ کھاؤ اڑاؤ؛ مسرف (اکثر بطور صفت خبری) -

spendable, *a.*: خرچ کرنے کے لایق

spender, *n.*: خرچ کرنے والا -

Spense : دیکھو spence -

Spenserian *a.*: سپنسری؛ منسوب بہ ادمنڈ سپنسر (شاعر انگلستان متوفی ۱۵۹۹ ع) -

s. stanza : ایک خاص بحر جو اس شاعر کی کتاب faerie queen میں استعمال کی گئی ھے -

Spent : دیکھو spend -

Sperm, *n.* نر کا مادۂ تولید ؛ منی -

Spe..., *n* (نیز s. -whale) وھیل مچھلی جس میں سے سپرمی سی ٹی (یعنی ایک سفید روغنی مادہ) نکلتا ھے

Spermaceti, *n.* سفید بھربھرا روغنی مادہ جو حل شدہ شکل میں سپرم وھیل کے سر میں جمع ھوتا ھے اور بتی اور مرھم بنانے کے کام آتا ھے -

Spermary; *n.* : نر کے جسم کا ایک غدود جس میں مادۂ تولید ھوتا ھے؛ غدود منی؛ خصیہ یا اسی فعل و خاصیت کا کوئی اور عضو-

Spermatic, *a.* : متعلق بہ منی یا خصیہ -

Spermatism, *n.* : خروج منی -

spermatize, *v. i.* : منی کا خارج ھونا -

spermism, *n.* : یہ نظریہ کہ نر کی منی میں پیدا ھونے والے حیوان کا کامل مادہ موجود ھے -

spermatist, *n.* : اس نظریہ کا قائل -

Spermato -: (جز و ترکیبی) -

s. -blast : نر کی منی کا بارور جرثومہ -

s. -genesis : منی کی نشو و نما ' نطر المنی

s. - genous : مولد منی -

s. -logist : علم منی کا عالم یا محقق -

s. -logy : علم منی -

s. -logical : متعلق بہ علم منی -

s. -phore : منی دان -

s. -rrhoea : مذی -

s. zoon (pl. *-zoa*): نر کی منی میں بارور مادہ (حیوانات و نباتات دونوں میں) -

Spermo - : (جز و ترکیبی بمعنی) بیج ؛ منی -

s. -blast : = spermatoblast

s. -logy : (۱) spermatology - (۲) (نباتیات) بیجوں کا علم ؛ علم البذور -

s. -logical : متعلق بہ علم منی یا علم بذور

s. logist : عالم علم بذور -

Spew, Spue. *v. t. &i.* ; (۱) قے کرنا ؛ استفراغ ھونا - (۲) (بندوق) متصل فیروں سے نالی کا منہ پر سے ذرا ڈھل جانا -

Sphacelate, *v.t.* : مردہ ھوجانا ؛ سڑ جانا ؛ گل جانا یا گلا دینا (ھڈی یا گوشت کا) -

Sphacelation, *n.* : اسم مذکورۂ بالا معنوں میں -

Sphaer(o) - : (جز و ترکیبی بمعنی) کرہ (علمی اصطلاحات میں آتا ھے) -

Sphagnum, *n.* (pl. *-na*) : (نباتیات) ایک قسم کی کائی نما گھاس جو دلدل میں اگتی ھے -

Sphen(o) - : (جز و ترکیبی بمعنی) فانہ ؛ (خاص کر) فانہ نما ھڈی (کے معنوں میں) -

s. -gram : میخی یا پیکانی حروف -

s.-graphic : پیکانی حروف کے متعلق؛ پیکانی حروف والی (تحریر)

Sphenoid, *a. & n.* : فانہ کی شکل کا ؛ فانہ نما (خصوصاً s. bone کھوپڑی کے قاعدہ کی مرکب ھڈی ؛ استخوان جمجمہ -

sphenoidal, *a.* : متعلق بہ استخوان جمجمہ -

sphenoido -: (جز و ترکیبی بمعنی) فانہ -

Sphere, *n. &v. t.* : (۱) کرہ ؛ گولا - (۲) (شعر) آسمان ؛ فلک - (۳) جرم فلکی ؛ جرم سماوی - (۴) ارض یا افلاک کا کرہ (نقشہ) - (۵) کھوکھلے شفاف کروں میں سے کوئی ایک کرہ جو قدیم منجمین کے اعتقاد کے بموجب زمین کے گرد گھومتے تھے اور ان میں دوسرے اجرام فلکی (چاند ' سورج ' سیارے ' ستارے) جڑے ھوتے تھے (خصوصاً اس فقرے میں ' *music, harmony, of the ss.* وہ موسیقی یا سریلی آواز جو ان کروں کی گردش سے پیدا ھوتی

ھے) - (۶) میدان عمل ؛ حلقۂ اثر و اختیار یا علم (مثلاً *he has done much within his peculiar s.* اپنے حلقۂ اختیار میں اس نے بہت کام کیا ھے ؛ *an earnest young lady in search of a s.* : ایک پرجوش نوجوان خاتون حلقۂ عمل کی متلاشی ھے) - (۷) گرد و پیش کے حالات ؛ ماحول (مثلاً *mistake to take him out of his s.* اس کو اپنے ماحول سے نکال لینا غلطی ہے ؛ *moves in quite another s.* اس کی نشست برخاست کے اور ھی حلقے ھیں) - (۸) رتبہ ؛ منزلت ؛ درجہ - (۹) کرہ سے محیط کرنا ؛ گرد کرہ بنانا ؛ کرہ کر دینا ؛ آسمان پر چڑھانا ؛ خاص فوقیت دینا -

celestial s. : فضائے سماوی ؛ اجرام سماوی کے افلاک -

doctrine of the s. : مسائل ھندسیۂ کروی و علم مثلث -

great, small, circle of s. : قطعۂ دائرۂ عظیم یا صغیر جو کرہ کے مرکز سے کسی سطح کے گزرنے یا نہ گزرنے سے بنتا ھے -

oblique, right, parallel, s. : حلقۂ فلکی کا وقوع ایسے مقام پر جہاں افق اور خط استوا کے درمیان زاویۂ حادہ یا زاویۂ قائمہ یا کوئی زاویہ پیدا ہوتا ہو -

s. of influence: (سیاسیات) کسی غیر علاقے میں کسی حکومت کا مسلمہ یا ادعائی حق مداخلت -

sphery, *a.*: (شعر) متعلق بہ کرہ یا اجرام فلکی؛ کرہ نما ؛ کروی -

Spheric, *a.* & *n.* : (۱) (شعر) فلکی ؛ سماوی ؛ بلند پایہ ؛ عالی مرتبہ - (۲) (جمع) کروی علم ھندسہ یا علم مثلث -

Spherical, *a.* : (۱) کروی شکل کا ؛ کرہ نما ؛ مدور - (۲) کروی (مثلاً s. geometry) -

s. lune, triangle, polygon : ھلالی سطح؛ مثلث؛ کثیرالاضلاع جو بڑے دائروں کے قوسوں سے محیط ھوں -

spherically, *adv.*: بوضع کرہ ؛ کرہ کے طور پر -

sphericity, *n.* : کرویت -

Spherograph, *n.*: کرہ نگار ؛ کروی مسائل کے حساب لگانے کا آلہ -

Spheroid, *n.* : کرہ نما ؛ ایسی شکل جو قریب قریب کرہ کے ھو ' خصوصاً وہ شکل جو ھلیلجی شکل کے اپنے محور پر گردش کرنے سے پیدا ھوتی ھے -

spheroidally, *adv.* : کرہ نما کے طور پر -

spheroid(ic)al, *aa.* : متعلق بہ کرہ نما -

spheroidicity, *n.* : کرہ نمایت -

Spherometer, *n.*: کرہ پیما آلہ جس سے کروی سطح یا جسم کی کرویت یا نصف قطر معلوم کرتے ھیں -

Spherule, *n.* : کرۂ صغیر ؛ چھوٹا کرہ -

spherular, *a.* : چھوٹے کرہ کی شکل کا -

spherulate, *a.* : چھوٹے کرہ کا یا اس سے متعلق ؛ چھوٹے کروں سے پر -

Spherulite, *n.* : (معدنیات) جامد مادہ جو بعض چٹانوں میں چھوٹے چھوٹے کروں کے مجموعہ کی شکل میں پایا جاتا ھے -

spherulitic, *a.* : (وہ چٹانیں وغیرہ) جن میں یہ مادہ پایا جاتا ھے -

spherulitize, *v. t.* : چھوٹے چھوٹے کروں کے مجموعے کی شکل اختیار کرنا -

Sphincter, *n.* : عضلۂ عاصرہ ؛ عضلی حلقہ جو جسم کے کسی منفذ کے گرد ھوتا ھے اور اسے بند کرنے کا کام دیتا ھے -

sphincteral, sphincterial, sphincteric, *aa.* : ایسے عضو کا یا اس کے متعلق -

Sphinx, *n.* : (۱) (یونانی دیو مالا) شہر تھیبس کی ایک پردار دیونی جس کا سر عورت کا اور بدن شیر کا تھا ' اس کی ایک پہیلی تھی جو اس کا جواب نہ دے سکتا اسے مار ڈالتی - آخر اوڈی پس نے یہ پہیلی بوجھ لی ' جس پر اس نے پہاڑ پر سے اپنے آپ کو گرا کے ھلاک کر ڈالا - (۲) ابوالھول ' مصر قدیم کا ایک بت جس کا جسم شیر کا اور سر آدمی یا کسی اور حیوان کا تھا - (۳) پر اسرار شخص ؛ ایسا شخص جس کی حقیقت سمجھ میں نہ آئے - (۴) ایک قسم کا اڑنے والا کیڑا - (۵) لنگور کی ایک قسم -

Sphragistics *n. pl.*: (اکثر بطور واحد) مہروں کا علم یا تحقیق -

Sphygmo- . (جزو ترکیبی) -

s. -graph : نبض نگار ؛ ایک آلہ جس سے نبض کی کیفیت بہ سلسلۂ خطوط منحنی دکھائی جاتی ھے -

s. -gram : وہ نقشہ جو خطوط منحنی سے بنتا ھے -

s. -graphic : نبض نگاری کے متعلق -

s. -graphy : نبض نگاری -

s. -logy : علم حرکات النبض -

s. -phone : نبض شنوا آلہ جس سے نبض کا فعل سننے میں آتا ھے -

s. -scope : نبض نما آلہ جس سے نبض کا فعل نظر آتا ھے -

Sphygmus, *n.* : (عضویات) نبض ؛ نبض کی حرکت -

Spica, *n.* : (۱) (نباتیات) بال ' بالی ؛ سنبل - (۲) (جراحی) ایک پٹی جس کی بندش گیہوں کی بالی کی وضع کی ھوتی ھے -

spicate, -ated, *aa.* : بالی دار -

Spice, *n.* & *v. t.* : (۱) گرم مسالہ - (۲) خصوصیت ؛ رنگ ؛ بو ؛ چاشنی (جیسے *a s. of malice in his words.* : اس کی باتوں میں خبث کی بو پائی جاتی ھے) - (۳) مسالے دار بنانا یا چٹ پٹا بنانا -

spicebush : ایک خوشبو دار پودا (امریکہ) -

spicery, *n.* : مسالے خانہ ؛ مکان کی وہ کوٹھڑی جو مسالے رکھنے کے لئے مخصوص ھو -

Spick, *a.* : ٹھیک ٹھاک ؛ پاک صاف ؛ بے داغ ؛ بالکل نیا ؛ تازہ ؛ چاق چوبند (جیسے he looks s. & span) : لیس ؛ کیل کانٹے سے درست (پہلے S. -&- span-new استعمال ھوتا تھا) -

Spicule, *n.*: (۱) کوئی چھوٹی سی نوکدار شے ؛ کوئی سوئی سی شے ؛ چھوٹی چھوٹی سوئیاں - (۲) (حیوانیات) ایک چھوٹا سا سخت مادہ خصوصاً جو اسفنج کے خول میں ھوتا ھے - (۳) (نباتیات) بالچہ ؛ سنبلچہ (ج) -

spicular, spiculate, *aa.* : بالچہ دار ؛ نوکدار -

Spicy, *a.* : (۱) خوشبو دار ؛ مسالے دار ؛ چٹ پٹا ؛ چرپرا - (۲) (مجازاً) چبھتا ھوا ؛ دلخراش ؛ تیز (مثلاً *s. conversation*) - (۳) نازیبا ؛ نامناسب (جیسے *s. story*) - (۴) چست ؛ نمائشی ؛ بھڑک دار -

spicily, *adv.* : چٹ پٹے پن سے ؛ تیزی سے وغیرہ -

spiciness, *n.* : ؛ تیزی وغیرہ -

Spider, n. : (۱) مکڑی- (۲) جو شباھت میں مکڑی کی سی ھو ' (خصوصاً) جس کی ٹانگیں مکڑی کی سی پتلی ھوں ؛ مکڑیا پلا- (ج) - (۳) دو پہیا ' سلکی ' گاڑی جس کے بڑے بڑے ھلکے پہیے ھوں -

s.-catcher : پرندوں کی ایک قسم -

s.-crab : کیکڑا جس کی ٹانگیں لمبی اور پتلی ھوتی ھیں -

s.-line : مکڑی کا تار جو دقیق اور نہایت خفیف پیمایش کے لئے پیمانوں یا آلات میں دھات کے تار کی بجائے لگایا جاتا ھے-

s.-monkey : ایک قسم کا بندر جس کی ٹانگیں لمبی اور دم ایسی ھوتی ھے کہ اس سے گرفت کر سکتا ھے -

s.-wasp : بھڑکی قسم جو اپنے بچوں کے لئے بل میں مکڑی کے بچے جمع کر رکھتی ھے -

s.-wart : ایک پودا جس کے پھول ارغوانی نیلگوں ھوتے ھیں-

spiderlike, a. : مکڑی جیسا ؛ مکڑی جیسا عیار -

Spidery, a. : (۱) مکڑی جیسا ؛ مکڑی کے مشابہ (جیسے S. handwriting) - (۲) مکڑی کا ؛ مکڑی کے متعلق - (۳) مکڑی سا چالاک ' مکار -

Spiegeleisen, n. : لوھے ' منگنیز اور کاربن کی ملونی جو فولاد بنانے میں کام آتی ھے

Spiel, n. & v. t. & i. : (۱) (امریکی عامیانہ) تقریر ؛ قصہ ؛ کہانی - (۲) (مزاحاً یا حقارتاً) جلسۂ عام میں تقریر کرنا ؛ داد خطابت دینا - (۳) فراٹے بھرنا ؛ فر فر سنانا (سفر کی کہانی یا کوئی داستان مصیبت وغیرہ) -

Spif (f) licate, v. t. : (۱) (عامیانہ) پیٹنا ؛ خبر لینا ؛ سرزنش کرنا - (۲) کچلنا ؛ تباہ کرنا ؛ پائمال کرنا -

Spigot, n. : (۱) چھوٹی میخ یا ڈاٹ خصوصاً جس سے پیپوں میں برمے سے کیے ھوئے سوراخ بند کرتے ھیں - (۲) نل کا سادہ سرا جو دوسرے نل میں ٹھیک بیٹھ جاے -

Spike, n. & v. t. : (۱) تیز نوک - (۲) لوھے کی نوکدار سلاخ (مثلاً لوھے کے جنگلے کے اوپر) - (۳) نوکدار میخ ؛ میخ (جو جوتے کے تلے میں لگائی جاتی ھے کہ پھسلنے سے بچ جاے) - (۴) بڑی مضبوط میخ (جیسی ریلوں میں لگائی جاتی ھے) - (۵) (نباتیات) ان پھولوں کا گچھا جو ایک ھی لمبے ڈنٹھل کے ساتھ ساتھ اگیں - (۶) کسی پودے کی الگ شاخ جس میں پھول گچھے بن کر نکلیں - (۷) فرنچ لیونڈر - (۸) (عامیانہ) مذھبی رسوم کا پابند - (۹) میخیں ' سلاخیں یا ڈنڈے لگا کر مضبوط کرنا ؛ میخیں یا سلاخیں کسی جگہ گاڑنا ؛ ڈنڈوں سے باڑ لگانا ؛ بندوق یا توپ کے پیالے کا ملا کیل ٹھوک کر بند کر دینا ؛ رنجک کے سوراخ میں کیل ٹھوک دینا -

s. oil : تیل جو فرنچ لیونڈر سے بنایا جاتا ھے -

s. plank : پچھلے مستول کے پاس کا پل (خاص بحر شمالی میں آمد و رفت کرنے والے جہازوں میں ھوتا ھے) -

spikelet, n. : (۱) چھوٹی میخ یا سیخ ؛ کانٹا - (۲) (نباتیات) چھوٹی بالی ؛ بالچھ -

spikewise, adv. : میخ یا کیل جیسا -

spiky, a. : (۱) کیل کی شکل کا - (۲) نوکدار سلاخوں یا کیلوں سے جڑا ھوا - (۳) (مجازاً) حساس (شخص) - (۴) کٹر' سخت (مذھبی عقاید میں) -

Spikenard, n. : (۱) ایک سدابہار خوشبودار بوٹی- (۲) زمانۂ قدیم کا ایک خوشبو دار قیمتی مرھم جو خاص اس بوٹی سے تیار ھوتا تھا - (۳) مختلف قسم کے خوشبودار تیل -

Spile, n. & v. t. : (۱) لکڑی کی کھونٹی یا چھوٹی - (۲) شہتیریا کھمبا جو عمارت وغیرہ کی بنیاد میں سہارے کے لیے زمین میں گاڑ دیا جاتا ھے- (۳) ڈاٹ پیپے کا سوراخ بند کرنے کے لیے - (۴) پیپے میں میخ لگانے کے لیے چھید کرنا -

Spiling, n. : (۱) شہتیریا کھمبے (عمارت کے لیے) - (۲) جہاز کے ڈھانچ کے تختوں میں کناروں کے خم -

Spill, v. t. & i. (spilt or spilled) & n. : (۱) گرنا ؛(کسی کا خون) بہنا ؛ گرانا (جیسے *no use crying over spilt milk*) - (۲) گرادینا ؛ پھینکنا (جیسے *spill the salt* نمک گرا دیا)- (۳) (بحری) باد بان سے ھوا خارج کرنا - (۴) گرانا (گھوڑے یا گاڑی سے) (جیسے *horse spill him* گھوڑے نے اسے گرا دیا ؛ *was spilt from a cart* گاڑی سے گر پڑا) - (۵) پچھاڑ ؛ پٹخنی (گھوڑے گاڑی سے) (مثلاً *had a nasty s.* بری طرح پٹخنی کھای) - (۶) ظاھر کرنا ؛ افشا کرنا ؛ فاش کرنا (خصوصاً اس فقرے میں *s. the beans* راز فاش کرنا ؛ بھانڈا پھوڑنا) -

s. blood : قتل کا مجرم ھونا -

s. the blood of : کسی کا خون کرنا -

s. money : روپیہ جوے میں ھار جانا -

spillway : فالتو پانی نکالنے کا راستہ (بند اور پشتوں میں) -

Spill, n : فلیتہ ؛ لکڑی یا کاغذ کی بتی لمپ وغیرہ جلانے کے لئے -

Spiller, n. : چھوٹی مچھلی پکڑنے کی کشتی جو بڑی میں رکھ لی جاتی ھے جب کہ بڑی کو کنارے پر لانے میں دقت ھو -

Spillikin, n. : (۱) لکڑی یا ھڈی وغیرہ کی چھٹی جو بعض کھیلوں میں کام آتی ھے - (۲) (نیز جمع = *spelicans*) ایک کھیل جو ایسی چھٹیوں سے کھیلا جاتا ھے -

Spilt : دیکھو Spill -

Spilth, n. : (متروک) اچھال ؛ جو زیادہ ھونے کی وجہ سے برتن سے باھر نکل آے ؛ فالتو ' فاضل -

Spin, v. t. & i. (spun or span, spun) : (۱) (اون ' کپاس) کاتنا ؛ سوت بنانا (مکڑی ' ریشم کے کیڑے وغیرہ کا) - (۲) جالا تننا ؛ کویا بنانا (ریشہ دار لعاب نکال کر) - (۳) چاک یا ایسی کل پر (برتن وغیرہ) بنانا - (۴) (مجازاً) انشا پردازی کرنا ؛ مضمون لکھنا (اکثر *out* کے ساتھ جب کہ معنی پر نویسی پر شامل ھوجاتے ھیں) - (۵) طوالت دینا ؛ بڑھا دینا (بحث کو)- (۶) گھمانا یا گھومنا (لٹو) (۷)- (شخص یا چیز کا) یکایک مڑ جانا یا موڑ دینا ؛ منہ پھیر دینا یا پھر جانا (ضرب وغیرہ سے) (مثلاً *sent him spinning* ایسا (مکا وغیرہ) دیا کہ چکر کھاتا جا پڑا) - (۸) امتحان کے امید وار کو جواب دیدینا یا نا منظور کرنا - (۹) مچھلی کا شکار کرنا (ھک وغیرہ سے نہر یا نالے میں) - (۱۰) (عامیانہ *P. P.*) تھکا ماندہ ؛ خستہ -

s. a yarn : قصہ کہانی بیان کرنا -

s. out : صرف کردینا ؛ گزار دینا (وقت ' عمر ' یا بحث مباحثہ میں یا کسی شغل میں) -

spun glass : گرم ھونے کی حالت میں کھینچ کر تار تار کیا ھوا شیشہ-

spun gold, silver : سونے اور چاندی کے تار جو کسی بنت کے

لئے تیار کئے جاتے ہیں -

spun silk : سوت کے ساتھہ ملا ہوا ردی ریشم -

spun yarn : رسی جو دو یا چار لڑیوں کو بٹ کر بنائی جائے -

Spin, *n.* & *v. i.* : (۱) گھماؤ - (۲) گیند کی گھومنے کی حرکت - (۳) مختصر یا تیز دوڑ یا سیر (گاڑی ہانکنے' کشتی چلانے یا بائسکل وغیرہ میں) (جیسے *to go for a s.*) - (۴) (ہوا بازی) ہوائی جہاز کا مسلسل چکروں کے ساتھہ یکایک نیچے اترنا - (۵) (*v. i.*) اس طرح نیچے اترنا -

Spinach,-age, *n.* : اسفاناج (عربی ' اسفیناج) : پالک ؛ اسی قسم کی اور سبزی -

spinaceous, *a.* : اسفاناہی -

Spinal, *a.* : ریڑھ کی ہڈی سے متعلق جیسے :-

s. column : ریڑھ کی ہڈی -

s. complaint : ریڑھ کی ہڈی کا عارضہ -

s. cord : حرام مغز -

s. curvature : ریڑھ کی ہڈی کا خم -

Spindle, *n.* & *v. i.* : (۱) تکلا ، چرخے کا) - (۲ سلائی یا تکلی (ہاتھہ سے کاتنے کی) - (۳) پرچھا (وہ نلی جس پر جولاہے سوت لپیٹتے ہیں) - (۴) محور ؛ چرخی ؛ دھرا (جو خود گھومتا ہے یا جس کے گرد کوئی چیز گھومتی ہے) - (۵) پتلی شے ؛ دبلا پتلا آدمی - (۶) سوت کا پیمانہ (جو مختلف قسم کے سوتوں کے لئے مختلف ہوتا ہے) - (۷) تکلے کی شکل کا ہونا؛ لمبا پتلا ہوجانا-

dead s. : قائم ' غیر متحرک سلائی یا چرخی -

live s. : گھومتی سلائی یا چرخی -

s.-shanked : لمبی پتلی ٹانگوں والا ؛ لم ٹنگا -

s.-shanks: لم ٹنگا شخص -

s.-shaped : تکلے کی شکل کا ؛ سگار صورت؛ دونوں طرف سے گاؤدم-

s.tree : ایک درخت جس کی لکڑی مضبوط ہوتی ہے اور تکلوں یا پرچھوں کے کام آتی ہے -

spindly, *a.* : (۱) (درخت) پتلا ؛ کم زور - (۲) (نمو) کم زور-

Spindrift, *n.* : ہلکی پھین جو سطح سمندر پر ہوا کے زور سے برابر چلی جاتی ہے -

s. cloud : ہلکے پھلکے بادل -

Spine, *n.* : (۱) ریڑھ - (۲) (نباتیات) لکڑی میں سخت اور نوک دار حصہ جو کسی تغیر یا خرابی کے باعث الگ صورت اختیار کر جاتا ہے مثلاً کانٹا ' سول - (۳) ابھار ؛ ابھرا ہوا حصہ (مثل ماہی پشت) - (۴) کتاب کے پٹھے یا مرزائی کا وہ حصہ جو ان کے الماری پر رکھے جانے کے بعد نظر آے -

railway s. : ریڑھ کی ہڈی کا صدمہ جو ریل کے حادثے میں پہنچ جاے -

spineback : مچھلی کی قسم جس کی ریڑھ ظہری پروں کے اندر یا مقابل ہوتی ہے -

spined,*a.* : ریڑھ والا -

spinose, *a.* : سول دار ؛ خار دار -

spinous, *a.* : (۱) ریڑھ جیسا - (۲) کٹھن ؛ بے کار - (۳) سول دار -

Spinosity, *n.* : (۱) خار دار ہونا- (۲) (مجازاً) نا سزاوار بات یا قول ؛ مشکل یا بے کار نظریہ یا دلیل -

Spinel, *n.* : مختلف رنگ کی معدنی اشیا جن کی باقاعدہ قلمیں ہوتی ہیں -

s. ruby : ایک سرخ قسم کا بیش قیمت یاقوت -

Spineless, *a.* : (۱) بے ریڑھ کا - (۲) (مجازاً) کم زور (طبیعت کا) ؛ غیر مستقل مزاج؛ مذبذب ؛ ضعیف الارادہ - (۳) (مچھلی) جس کے پنکھہ ریڑھ نہیں ہوتی -

Spinet, *n.* : (تاریخ) ایک قسم کا باجا -

Spini- : (جز ترکیبی بمعنی) کانٹا یا ریڑھ کی ہڈی جیسے :-

spini-cerebrate : ریڑھ کی نس اور دماغ رکھنے والا -

spini-ferous : سول دار (خار دار) ؛ کانٹوں بھرا ؛ سول (کانٹے) پیدا کرنے والا -

Spinnaker, *n.* : ایک مثلثی شکل کا باد بان جو دوڑ کی کشتیوں (*racing-yacht*) کے بڑے مستول پر چڑھا ہوتا ہے -

Spinner, *n.* : (۱) (فعل spin کا اسم فاعل) (خصوصاً) چرخہ ؛ سوت کاتنے کی کل - (۲) ظروف ساز ؛ چاک پر برتن بنانے والا - (۳) (نیز spinneret) مکڑی یا کرم پیلہ میں تار یا جالا پرونے والا عضو؛ عضو جس سے تارکش کیڑے تار نکالتے ہیں؛ تارکش؛ بارا -

Spinney, *n.* : جھاڑی ؛ جھاڑی دار جنگل -

Spinning, *n.* : (فعل spin سے اسم) کاتنا وغیرہ -

s.-house : (تاریخ) رنڈیوں کی تادیب گاہ -

s.-jenny : کل جس میں ایک وقت میں کئی تار کھنچ سکتے ہیں ؛ کاتنے کی کل -

s.-machine : کاتنے کی مشین -

s.-wheel : چرخہ -

Spinozism, *n.* : سپائی نوزا (ہسپانوی یہودی متوفی ۱۶۷۷ ع) کے اصول و عقائد یعنی یہ کہ اصل ایک جوہر ہے جو واحد اور غیر متناہی ہے اور نفس اور فضا صفات اور اشخاص اشکال متغیرہ ہیں -

spinozist, *n.* : قائل عقائد سپائی نوزا -

spinozistic, *a.* : متعلق بہ عقائد سپائی نوزا -

Spinster, *n.* : ناکتخدا عورت (خاص کر بڑی عمر کی) -

spinsterhood, *n.* : ناکتخدائی -

Spinthariscope, *n.* : ایک آلہ جس میں سے ریڈیم کی شعاعیں چھوٹے چھوٹے پتنگوں کی شکل میں نکلتی ہوئی نظر آتی ہیں -

Spinule, *n.* : (نباتیات و حیوانیات) چھوٹی ریڑھ کی ہڈی یا سول-

spinuliferous, *a.* : چھوٹے سول والا -

spinulose, spinulous, *aa.* : خار پیدا کرنے والا ؛ پر خار -

Spiny, *a.* : (۱) کانٹوں بھرا ؛ کانٹوں والا ؛ کانٹے دار ؛ پر خار (خصوصاً جب کہ جانوروں کے نام میں واقع ہو جیسے *s. crab*, *lobster*, *rat*) ؛ سخت ؛ نوک دار - (۲) (مجازاً) مشکل ؛ پیچیدہ ؛ کٹھن ؛ الجھن میں ڈالنے والا (جیسے *a s. subject to discuss*) -

spininess, *n.* : کانٹے دار ہونا ؛ اشکال ؛ پیچیدگی -

Spiracle, *n.* : (حیوانیات) حیوانات میں سانس لینے کا سوراخ مثلاً وھیل اور دیگر سمندری جانوروں کے سانس کا منفذ ؛ نتھنے-

spiracular, *a.* : نتھنے کے متعلق یا سانس کے منفذ کا کام دینے والا -

spiraculate, *a.* : ایسے منفذ رکھنے والا -

Spiraea, *n.* : گلاب نما پودوں کے اقسام جن میں سفید یا گلابی

رنگ کا چھوٹا پھول لگتا ھے -

Spiral, *a., n. & v. t.* : (۱) چکر دار ' یا تو ایک سطح میں
جیسے گھڑی کی کمانی یا اوپر کو گھومتے ھوئے (مخروطی شکل
میں) (جیسے *s. staircase*) ؛ ایسے چکر لگا لگا کر (گویا
اسطوانہ کے گرد) آگے بڑھنے والا جیسے پیچ کا سوت - (۲) چکردار
انحنا ' ایک سطح میں یا اوپر کو مخروطی شکل میں - (۳)
کمانی - (۴) گھونگوں کے خول میں کمانی کی سی بناوٹ -
(۵) چکر دار بنانا -

s. balance : کمانی دار ترازو -

s. wheel : دندانے دار پہیا جس کے دندانے محور کے ساتھ
ایک خاص زاویہ پیدا کرتے ھیں -

spirality, *n.* : چکر دار ھونا -

spirally, *adv.* : چکر کی طرح -

Spirant, *a. & n.* : (حرف صحیح) جو ایک دم سانس خارج کرنے سے
ادا کیا جاے جیسے f, v, te, dh - اور کبھی کبھی w, y - (ان
حروف کے تلفظ میں نہ تو اعضا کا بالکل وصل ھوتا ھے اور
نہ بالکل انفصال) -

Spire, *n. & v. i. & t.* : (۱) گاؤ دم یا مخروطی شکل کی عمارت ؛
کلس یا مینار کی چوٹی - (۲) (درخت کی) چوٹی جیسے شمشاد
اور سفیدہ کی - (۳) کوئی مخروطی شے مثلاً گھاس کا ڈنٹھل وغیرہ -
(۴) اوپر کو نکل جانا ؛ سیدھا اوپر کو بڑھنا یا اٹھنا - (۴)
مخروطی شکل یا کلس کی صورت میں بنانا ؛ چوٹی دار
یا کلس دار بنانا -

spiry, *a.* : مخروطی ؛ کلس نما یا مخروط یا کلس کی شکل
کا یا کلس کے متعلق -

Spire, *n.* : (۱) کسی چکر دار شے یا کمانی کا ایک پیچ یا چکر - (۲)
(نباتیات) حلقہ (پتوں یا پتیوں کا کسی ایک نقطے پر) -

spiry, *a.* : پیچ دار -

Spirillum, *n.* (pl.-*la*) : جراثیم کی ایک قسم جس کی جسمانی
ساخت میں پیچ و خم ھوتے ھیں -

Spirit, *n.* : (۱) روح ؛ نفس [مثلاً *in* (*the*) *s.* = باطن میں'
دل میں ؛ *groaned in s.* = باطن میں کڑھتا تھا ؛
was vexed in s. = دل ھی دل میں ملول تھا ؛ *shall be with*
you in (*the*) *s.* = دل سے وہ تمہارے ساتھ ھوگا] - (۲)
متنفس ؛ شخص (جیسے *one of the most ardent ss.*
of his time اپنے زمانہ کے بڑے پر جوش آدمیوں میں سے ھے ؛
a meeting of choice ss. = برگزیدہ اشخاص کی مجلس ؛
a mastsr -s. = اعلیٰ درجے کا ذھین ' صاحب کمال وغیرہ) -
(۳) جوھر مجرد ؛ جوھر محض ؛ جوھر روحانی ؛ روح مجرد ؛
وجود غیر مادی (مثلاً *God is a s.* = خدا محض جوھر ھے ؛
the holy s. = اقنوم ثلثہ میں سے تیسرا ' روح القدس) -
(۴) غیر مادی شخصیت ؛ طیف ؛ پریت ؛ ارواح ؛ جن ؛ پری ؛ سایہ
[جیسے *has seen a s.* = کوئی بھوت پریت دیکھا ھے ؛
ss. must have been at work = روحیں کام کر رھی
ھونگی ؛ *familiar Astral ss.* (دیکھو Astral وغیرہ) ؛
peace to his departed s. = اس کی روح پر رحمت ھو] -
(۵) حوصلہ ؛ عزم ؛ دل ؛ دل گردہ ؛ جان ؛ جوش ؛ سر گرمی ؛
مستعدی ؛ قوت ؛ جرات ؛ طبیعت ؛ مزاج ؛ افتاد مزاج ؛ سرشت
[مثلاً *a man of unbending s.* = اٹل ارادے یا طبیعت کا ؛
the poor in s. = حلیم الطبع ؛ *as if you had the s.*
of a mouse = گویا چوھیا کا دل رکھتے تھے ؛ *do show a*
little s. = تھوڑی ھمت دکھاؤ نا ؛ *went at it with a s.* =
اسے ھمت و جرات سے ھاتھ میں لیا ؛ *infused s. into his men*
= اپنے آدمیوں میں روح پھونک دی ' جوش پھیلا یا] - (۶)
روح رواں (مثلاً *he was the animating s. of the rebellion*
= وہ بغاوت کی روح رواں تھا) - (۷) جذبہ ؛ رنگ ؛ خیال ؛
انداز ؛ نظر [مثلاً *took it in a wrong s.* = غلط رنگ میں
سمجھا ؛ *depends on the s. in which it is done* =
جس خیال سے کیا گیا ھے اس پر منحصر ھے ؛ *did it in a s.*
of mischief = شرارت کے خیال سے کیا ؛ *objections*
made in a captious s. = اعتراضات جو عیب جوئی کی نظر
سے یا جذبے میں کئے گئے ھیں] - (۸) صحیح یا اصل مفہوم ؛ مغز ؛
اصل منشا (جیسے *must consider the s. of the law,*
not the letter = قانون کے الفاظ کا نہیں بلکہ منشا کا خیال
کیا جاے ؛ *have followed out the s. of his instructions*
= اس کی ھدایات کے اصل منشا کی تعمیل کی) - (۹) اقتضا ؛
مقتضا ؛ رجحان ؛ خصوصیت (مثلاً *can not resist the s. of*
the age or times = زمانے کے اقتضا کا مقابلہ نہیں ھوسکتا) -
(۱۰) (قدیم) غیر مادی توانائی جو خون اور اعضاے رئیسہ میں
پائی جاتی ھے ؛ (جدید) خوشدلی ؛ زندہ دلی ؛ چہل ؛ نشاط ؛
موج (جیسے *animal ss.* ؛ *high or great ss.* = نشاط '
انبساط ؛ خوشدلی وغیرہ ؛ *poor or low ss.* = انقباض خاطر ؛
افسردہ دلی ؛ پژ مردگی ؛ اداسی) - (۱۱) (عموماً جمع) تیز و
تند شراب مثلاً برانڈی ' وھسکی ' جن ' رم [مثلاً *ardent ss.*
(دیکھو ardent)] - (۱۲) روح ؛ جوھر (جیسے *s. or ss.*
of wine = شراب کی روح) -

methylated s. : دیکھو methylated -

s. blue : نیل کا رنگ جو الکحل میں حل ھو جاتا ھے -

s. duck : مرغابی کی اقسام جو بندوق کی آواز ھوتے ھی
فوطہ مار جاتی ھیں -

s. -lamp : لمپ جس میں تیل کے بجاے سپرٹ جلایا جاتا ھے -

s. -level : استواے سطح دریافت کرنے کا آلہ جس میں سپرٹ
ھوتا ھے ؛ سطح مستوی دریافت کرنے کا آلہ -

s. -rapper : مردہ اشخاص کی روحوں سے گفتگو کرنے والا -

s. -rapping : روحوں سے گفتگو (یہ گفتگو ایک میز کے
واسطہ سے ھوتی ھے) -

s. -room : (بحری) بخشی و جہاز کا گودام جس میں پہلے شراب
کا ذخیرہ ھوتا تھا -

ss. of salt : ھائیڈرو کلورک ایسڈ -

Spirit, *v. t.* : (۱) اڑا لے جانا (away ' off کے ساتھ) گویا
روحوں کی مدد سے ؛ جھٹ پٹ اور خفیہ طور سے کھسکا دینا - (۲)
(up کے ساتھ) دل بڑھانا ؛ ھمت بندھانا ؛ تسلی دینا ؛
خوش کرنا ؛ بشاش کرنا -

Spirited, *a.* : (۱) پر زور ؛ پر جوش ؛ جاندار ؛ چاق چوبند ؛
چست ؛ طرار (مثلاً *a s. translation* = جاندار یا چست
ترجمہ ؛ *a s. attack* = پر جوش حملہ ؛ *a s. horse* =

جاندار یا طرار گھوڑا ؛ *a s. reply* = چست جواب) - (۲) خاص
کیفیت مزاج رکھنے والا (*high- s.* – الوالعزم ؛ *mean- s.* =
سفلہ ' کم حوصلہ ؛ *proud- s.* متکبر ؛ *jealous -s.* –
حاسد) - (۳) طبیعت کا خاص رنگ ظاہر کرنے والا (مثلاً *low- s.*
دلگیر ؛ ملول ؛ اداس) -

-spiritedly, *adv.* : زندہ دلی یا خوش دلی سے

-spiritedness, *a.* : زندہ دلی ؛ خوش دلی -

Spiritless, *a.* : کم حوصلہ ؛ کم ھمت ؛ مردہ دل -

spiritlessly, *adv* : بیدلی سے ؛ مردہ دلی سے -

Spiritoso, *adv.* : جوش سے ؛ ولولہ سے ؛ دل لگا کر -

Spiritual, *a. & n.* : (۱) روحانی (بمقابلہ مادی) (مثلاً *s. life*
روحانی زندگی) - (۲) الہی ؛ منزل من الھہ ؛ مقدس ؛
ربانی ؛ الہامی (مثلاً *s. songs* – مقدس ترانے ؛ the s. law
الہی قانون) - (۳) دینی ؛ مذہبی (مثلاً ***our s. interests***
ھمارے دینی اغراض ؛ s. courts کلیسای عدالتیں ؛
s. corporations مذہبی مجلس ؛ ***lords s.*** پارلیمنٹ
میں دیوان امرا کے لاٹ پادری) - (۴) صاحب اوصاف فاضلہ ؛
محمود الخصائل - (۵) (n.) (نیز ***negro s.***) امریکی حبشیوں
کا مخصوص مذہبی گیت -

the s. man : باطنی سیرت ؛ (انجیلی معنوں میں) نیا جنم
پایا ہوا ؛ ھدایت یافتہ -

spiritually, *adv.* : روحانی طور سے -

spiritualness, *n.*: روحانیت -

Spiritualism, *n.* : (۱) یہ عقیدہ کہ ارواح بعد مفارقت زندہ
انسانوں سے مادی ذرایع کی وساطت سے ملتی اور ان سے بات چیت
کرتی ھیں ؛ ارواحیت - (۲) (فلسفہ) یہ عقیدہ کہ روح مادہ
سے الگ موجود ھے یا یہ کہ قائم بالذات ھے -

spiritism, *n.*: ارواحیت -

spiritist, *n.*: ارواحی ؛ ارواحیت پر عقیدہ رکھنے والا -

spiritualist, *n.*: روحانیت کا قائل ؛ روح کو قائم
بالذات ماننے والا -

spiritualistic, *a.*: ارواحیت کا یا اس کے متعلق ؛ ارواحی -

Spirituality, *n.*: (۱) روحانی خاصیت - (۲) (عموماً جمع میں)
کلیسای حقوق واجبات ؛ کلیسای املاک و آمدنی [مثلاً ***the ss. of***
his office اس (پادری) کے منصب کی املاک یا آمدنی ؛
s. benefices – کلیسای اراضی کا لگان (دسواں حصہ)] -

Spiritualize, *v. t.*: (۱) روحانیت پیدا کرنا ؛ روحانی تاثیرات سے
متاثر کرنا ؛ پاکیزگی پیدا کرنا ؛ (خیالات و حالات میں) رفعت
پیدا کرنا ؛ بلند کرنا - (۲) (شاذ) جان ڈالنا ؛ روح پھونکنا -
(۳) باطنی یا روحانی معنے پہنانا یا مراد لینا (بمقابلہ لفظی معنوں کے)-

spiritualization, *n.*: روحانیت پیدا کرنا ؛ روح میں تبدیل
کرنا ؛ مادی شے کو روحانی کیفیت بخشنا -

Spirituel (le), *a.*: (خاصکر عورتوں کے لئے) نفیس مزاج ؛ صاحب
ذوق ؛ لطیف طبع ؛ ذکی؛ فہیم -

Spirituous, *a.*: جس میں الکحل مقطر نلہ کلہ معتبر کی افراط ہو
(مثلاً ***s. liquors***—دو آتشہ شراب؛ تیز و تند شراب) -

spirituousness, *n.*: تندی ' تیزی (شراب کی) -

Spiritus, *n.*: (یونانی نحو) ***s. asper*** — زور سے سانس لینا
جیسے h کی آواز میں؛ اس کا نشان یہ (') ھوتا ھے ؛ ***s. lenis***-
آھستہ سے سانس لینا ' اس کا نشان یہ (') ھوتا ھے -

Spirivalve, *a.*: چکر دار (گھونگا وغیرہ) ؛ چکر دار -

Spirket, *n.*: (جہاز) جہاز کے فرشی تختوں کی درمیانی
فصل ' آگے اور پیچھے -

Spirketing, *n.*: جہاز کی اندرونی تختہ بندی کا حصہ -

Spiro – : جز ترکیبی بمعنی کنڈلی یا چکر -

Spiro – : جز ترکیبی بمعنی سانس -

spirograph : تنفس نگار -

spirometer, spiroscope : شش پیما -

spirometric : متعلق بہ شش پیما ؛ شش پیما کا اندراج -

spirometry : شش پیمائی -

spirophone : تنفس زا (وہ آلہ جس سے مصنوعی طور پر سانس
پیدا کیا جاتا ھے) -

Spirt, spurt, *v. i. & t. & n.*: (۱) دھار باندھ کر نکلنا ؛ بہہ
نکلنا ؛ فوارہ بہنا ؛ پھوٹ نکلنا ؛ پھوٹ بہنا ؛ فوارہ بہانا –
(۲) دفعتاً بہہ نکلنا -

Spit, *n. & v. t.*: (۱) سیخ ؛ سیخ کباب-(۲) گوشت سیخ پر چڑھانا -
(۳) برمانا ؛ چھیدنا ؛ بیندھنا ؛ بھونکنا (جیسے تلوار) -

Spit, *v. i. & t.* (*spat* or archaic *spit*) & *n.*: (۱) تھوکنا ؛
کسی چیز کا منہ سے تھوک دینا یا نکال پھینکنا ؛ اُگلنا - (۲)
غضب ناک ھوکر منہ سے نکالنا (کلمات تخویف یا تھدید وغیرہ) -
(۳) (بلی کا) خر خرانا ؛ (مجازاً انسان کا) پھنکارنا (غصے
اور عداوت سے) - (۴) ترشح ھونا ؛ پھوئیاں پھوئیاں برسنا -
(۵) (آگ یا شمع سے) پتنگے نکالنا ؛ (قلم سے) روشنائی ٹپکنا -
(۶) خر خر ' پھنکار (خصوصاً بلی کی) - (۷) بعض کیڑوں کے
انڈے - (۸) (شاذ) تھوک -

s. at or *upon* : (مجازاً) منہ پر تھوکنا ؛ تضیحت کرنا -

s. fire : تیز مزاج ؛ پر کالۂ آتش ؛ تند مزاج ؛ (نیز *s. devil*
گیلی بارود جو آگ لگنے سے پھس پھس کر کے جلتی ھے -

s. it out : (عامیانہ) کہہ ڈالو (کسی سے بلند آواز سے کچھ کہنے
یا گانے کی فرمائش میں) -

the (very) s. of : مشابہ ؛ ھو بہو (جیسے *he is the s. of*
his father = وہ اپنے باپ سے اشبہ ھے) -

spitter, *n.*: تھوکنے والا (نیز مجازاً) -

Spit, *n.*: کلھاڑی یا کدال بھر گہرائی (مثلاً *did it two*
ss. or *s. deep* = پھاوڑا بھر گہرا) -

Spitchcock, *n. & v. t.*: (۱) بام مچھلی کا کباب - (۲) (بام
مچھلی اور پرند وغیرہ کو) سیخ پر کباب کرنا -

Spitcher, *v. t.*: (بحری عامیانہ) ڈبونا (دشمن کی
آب دوز کشتی) -

Spite, *n. & v. t.*: (۱) بغض ؛ کینہ ؛ خبث باطن (مثلاً
did it from pure s. = محض بغض سے) - (۲) جلن ؛ عداوت ؛
حسد ؛ عناد ؛ بیر ؛ لاگ (مثلاً *has a s. against me* = مجھ
سے عناد رکھتا ھے) - (۳) نیچا دکھانا ؛ ذلیل کرنا ؛ مخالفت
کرنا ؛ دق کرنا ؛ نقصان پہنچانا (مثلاً *does it to s. me* =
مجھے نیچا دکھانے کے لیے ایسا کرتا ھے) -

cut off one's nose to s. one's face : برائی بد شگونی کے

لیے اپنی ناک کاٹنا -
(in) s. of : با وجود یکہ ؛ با ایں ہمہ -
spiteful, a.: کینہ پرور ؛ بدباطن -
spitefully, adv.: کینہ وری سے ؛ بد باطنی سے -
spitefulness, n.: کینہ وری ؛ بد باطنی -
Spittle, n.: تھوک (تھوک جو منہ سے خارج کیا جاتا ہے) -
Spittoon, n.: اُگالدان ؛ پیک دان -
Spitz, n.: (نیز s. dog) ایک چھوٹی قسم کا کُتا جس کی تھوتھنی کاؤ دُم ہوتی ہے (دیکھو Pomeranian) -
Splanchnic, a.: آنتوں کا ؛ امعائی -
splanchno - : جزو ترکیبی مذکورۂ بالا معنوں میں -
splanchnology, n.: علم امراض الامعا -
splanchnotomy, n.: تشریح امعا -
Splash, v. t. & i. & n.: (۱) لتھیڑنا : سانا ؛ لت پت کرنا (پانی ، کیچڑ وغیرہ) - (۲) چھڑکنا ؛ چھینٹے ڈالنا (پانی وغیرہ کے ؛ over یا on ,about کے ساتھ) - (۳) چھینٹے اڑاتے چلنا ؛ چھپ چھپ کرنا - (۴) پانی میں گرنے یا غوطہ لگانے سے چھینٹے اُڑانا - (۵) (کسی شے کو) منتشر دھبوں ، ٹیکوں وغیرہ سے آراستہ کرنا (مثلاً to s. the edge of a book) - (۶) چھینٹا ؛ چھپکا - (۷) چھینٹوں کے پانی کی مقدار - (۸) پانی میں گرنے کی آواز ؛ غڑپ (جیسے we heard a s.) - (۹) کیچڑ یا گرد کا داغ ؛ دھبا - (۱۰) داغ ؛ خال ؛ گل (جانور کی جلد پر) - (۱۱) پوڈر ؛ گلگونہ ؛ غازہ ؛ اُبٹن - (۱۲) (بول چال) سوڈا واٹر وغیرہ کی تھوڑی سی مقدار (جو وسکی وغیرہ میں ملائی جائے) -
make a s.: (مجازاً) چرچا کرنا ؛ شہرہ ہونا ؛ دھوم مچادینا -
s. board : (splasher) گاڑیوں میں آگے کی جانب کا ایک تختہ کیچڑ مٹی سے بچانے کے لئے ، کیچ روک (ج) -
splashy, a.: کیچڑ بھرا ؛ گیلا -
Splasher, a. : (۱) انجن وغیرہ کے پہیوں کے گرد کا پردہ جو سواریوں کو کیچڑ ، مٹی وغیرہ سے بچانے کے لئے لگایا جاتا ہے ؛ کیچ روک - (۲) دھلائی کے پاٹرے کے پاس کا پردہ جس سے دیوار چھینٹوں سے محفوظ رہتی ہے -
Splatter, v. i. &t.: (۱) چھپ چھپ کرنا - (۲) اس طرح بولنا کہ کسی کی سمجھ میں نہ آئے ؛ اَم مم بولنا ؛ گٹر پٹر بولنا -
s. -dash : شور و غوغا ؛ غل غپاڑا -
s. -dashes : = spatterdashes
Splay, v. t. &i., n. & a. : (۱) موکھا بنانا ؛ موکھے یا کھڑکی کے لئے بیرونی حصے کو ڈھلوان بنانا (جیسے to s. the sides of a window) - (۲) جوڑ الگ کرنا ؛ ہڈی اتار دینا (خصوصاً گھوڑے کا شانہ) - (۳) ڈھلوان کرنا ، زاویہ یا سطح خصوصاً موکھے یا روند کا حصہ - (۴) کشادہ اور چپٹا ؛ باہر کو نکلا ہوا -
s. -foot : (۱) چوڑا چکلا پاؤں (باہر کو مڑا ہوا) - (۲) جس کے ایسا پاؤں ہو -
s. mouth : چوڑا کھلا منہ ؛ باچھیں چری یا کھلی -
Spleen, n. : (۱) تلی ؛ طحال - (۲) اضمحلال ؛ بد مزاجی ؛ چڑچڑاپن (مثلاً a fit of s. = بدمزاجی کی لہر vented his s. = غصہ نکالا) -
spleenwort : ایک قسم کی بوٹی جو پہلے تلی کے علاج کے لئے استعمال کی جاتی تھی -
spleenful, a. : تنک مزاج ؛ بد مزاج ؛ چڑچڑا ؛ جھلا -
spleenfully, adv.: بد مزاجی سے ؛ غصہ سے -
spleenish, a. : بد مزاج ؛ چڑچڑا ؛ بد نفسانہ -
spleenishly, adv.: بد مزاجی سے -
spleeny : = spleenful
spleenless, a.: بے تلی ؛ بے غصہ ؛ نیک مزاج -
Splen - : (جزو ترکیبی بمعنی) تلی -
s. -algia : تلی کا درد -
s. -algic : تلی کے درد کے متعلق ؛ تلی کے درد جیسا -
s. -ectomy : قطع طحال -
s. -itis : التہاب طحال ؛ سوزش طحال -
s. -itic : سوزش طحال کے متعلق ؛ مریض التہاب طحال -
s. -ology : علم طحال -
s. ological: متعلق علم طحال -
s. -otomy : تشریح طحال -
Splendent, a. : چمکدار ؛ چمکیلا ؛ منور ؛ روشن ؛ تاباں -
Splendid, a. : (۱) شاندار ؛ عالیشان ؛ پرتکلف ؛ ٹھاٹھ باٹھ والا ؛ بہت بڑا ؛ شاہانہ (جیسے a s. palace, gift, achievement) - (۲) ٹھاٹھ باٹھ سے رہنے والا (شخص) ؛ قابل تعریف - (۳) (بول چال) نہایت عمدہ ؛ اعلیٰ ؛ بہت اچھا (جیسے he has a s. chance of escape نکل بھاگنے کا بہت اچھا موقع ہے) -
splendidly, adv. : شان سے ؛ آب و تاب سے -
Splendiferous, a. : (بول چال) بہت عمدہ ؛ اعلیٰ ؛ شاندار -
Splendour, n.: آب و تاب ؛ چمک دمک ؛ شان و شوکت ؛ زرق برق -
sun in s : (نقابت) سورج (کی تصویر اس طرح بنائی ہوئی کہ اس) سے کرنیں نکلتی دکھائی دیں -
Splenetic, a. & n. : (۱) بد مزاج ؛ زود رنج ؛ چڑچڑا ؛ بدخو - (۲) متعلق سوزش طحال -
splenetically, adv. : بد مزاجی سے ؛ چڑچڑے پن سے -
Splenial, a. : (۱) کھپچی کی شکل کا ؛ کھپچی کا کام دینے والا - (۲) جبیرۂ عنقیہ سے متعلق -
Splenic, a.: طحالی ؛ متعلق بہ طحال [جیسے s. fever = طحالی بخار (بھیڑوں کا)] -
splenoid, a. : طحال نما -
Splenius, n. (pl. -ii) : جبیرہ (جبیرۂ عنقیہ) ؛ گردن کے اطراف اور پشت کے ہر دو طرف کا عضلہ جو گردن کو پیچھے ہٹانے میں کام دیتا ہے -
Splenization, n.: شش کا ایک طحال نما شے میں مستحیل ہوجانا -
Splice, v. t. & n. : (۱) رسی کے سرے جوڑنا ؛ لڑیوں کو آپس میں گوندھ کر لکڑی کے سروں کو ایک دوسرے پر رکھ کر جوڑ دینا - (۲) عقد کردینا [مثلاً when did he or they get spliced ان کا کب عقد ہوا ؛ s. the main brace (دیکھو main نمبر۳)] - (۳) دو رسیوں یا لکڑی کے دو ٹکڑوں کا جوڑ (دیکھو معنی نعل) -
eye -s. : دیکھو eye -
sit on the s : (کرکٹ ، عامیانہ) احتیاط سے ، دفاعانہ کھیل کھیلنا ؛

بہت ھی احتیاط سے پینٹنگ کرنا -

Spline, *n.* & *v.t* : (۱) ایک چورس پٹی جو دھرے اور پہیے کی مشترکہ جھری میں دی جاتی ھے تاکہ دونوں بیک وقت گردش کریں - (۲) ایک لچکدار لکڑی یا ربر کا ٹکڑا جو بڑی بڑی گولائیوں (خصوصاً ریل کے کاموں) کا نقشہ کھینچنے میں کام آتا ھے - (۳) ایسی چورس پٹی (دیکھو معنی نمبر ۱) لگانا -

Splint, *n.* & *v. t.* : (۱) لکڑی کی سخت یا لچکدار کھپچی جو ٹوٹی ھوئی ھڈی کی مرھم پٹی کے بعد اوپر باندھ دی جاتی ھے یا ٹوکریاں بنانے کے کام آتی ھے - (۲) (تشریح نیز *s. -bone*) گھوڑے کے آگے کے پاؤں کی ان دو چھوٹی ھڈیوں میں سے ایک جو ران کی ھڈی کے پیچھے یا اس سے متصل ھوتی ھیں - (۳) (انسان میں) پنڈلی کے باھر کی طرف کی ھڈی - (۴) گھوڑے کی اس ھڈی (دیکھو معنی نمبر ۲) پرکی رسولی - (۵) (شکستہ جوارح وغیرہ پر) کھپچی باندھنا -

s. -coal : سلیٹی ساخت کا کانی کوئلہ -

Splinter, *v. t.* & *i.* & *n.* : (۱) پھاڑ کر یا چیر کر پتلے پتلے ٹکڑے بنانا ؛ چھپٹیاں اتارنا ؛ ریزہ ریزہ کرنا یا ھوجانا ؛ پاش پاش ھو جانا - (۲) (لکڑی ' پتھر وغیرہ کی) چھپٹی ؛ لکڑی کی چھیلن ؛ کرچ ؛ پارہ ؛ ٹکڑا -

s. -bar : آنک ؛ گاڑی میں وہ ڈنڈا یا سلاخ جو کمانیوں کے سہارے کے لئے لگا ھوتا ھے - (۲) بیرکل یعنی وہ ڈنڈے جن میں جوتے بند ھے ھوتے ھیں -

s. bone : = splint bone

s. -proof : کوئی شے جو پھٹتے گولے کی کرچوں سے بچائے ؛ شیل روک -

Splintery, *a.* : چھپٹیوں جیسا ؛ چھپٹیوں کا ؛ چھپٹیاں بن جانے والا ؛ جس کے پھٹنے سے چھپٹیاں نکل آئیں -

Split, *v. t.* & *i.* : (۱) زور سے توڑنا یا ٹوٹنا ؛ پھٹنا یا پھاڑنا (خصوصاً ریشے کے رخ یا لمبائی میں) (جیسے *the rock was s. into two*) - (۲) تقسیم کرنا ؛ بانٹ دینا (جیسے *s. the job*) - (۳) ٹکڑے ٹکڑے کرنا یا ھونا ؛ حصے کرنا یا ھونا (جیسے *s. it into three layers, the job, sum, &c., was s.* (*usu. up*) *among 6 of us*) - (۴) مخالف فریقوں میں تقسیم ھو جانا (اختلاف رائے یا مسائل کی وجہ سے) (مثلاً *our party was s. over this question*) - (۵) اختلاف ھونا ؛ تفرقہ پڑنا ؛ کھنڈت پڑ جانا ؛ اختلاف پیدا کرنا ؛ نفاق ڈالنا -

s. one's vote : مخالف امیدواروں میں اپنے ووٹ تقسیم کردینا -

s. the difference : متنازع فیہ مقادیر یا رقوم میں سے بیچ کی (اوسط مقدار) لے لینا -

s. hairs : بال کی کھال نکالنا -

hair-splitting : بال کی کھال ؛ ھندسی کی چندی -

s(one's sides or *intr.)* : ھنستے ھنستے پیٹ میں بل پڑجانا -

side-splitting : ھنساتے ھنساتے پیٹ میں بل ڈالنے والا (شخص وغیرہ) -

side-splitter : (شخص یا لطیفہ) ھنساتے ھنساتے پیٹ میں بل ڈالنے والا -

head is splitting : درد سے سر پھٹا جاتا ھے -

a splitting headache : سخت درد سر -

s. on : (اپنے شریک وغیرہ کا) راز افشا کردینا -

s. cloth : (جراحی) پٹی (خصوصاً سر اور منہ کے لئے) جس میں کئی دھجیاں ھوں -

s. gear, wheel : ٹوٹواں پہیا یا گیر (جو اس طرح تیار کیا جائے کہ جب چاھیں دھرے سے آدھا الگ کرلیں) -

s. infinitive : مصدر ویز علامت مصدر وغیرہ میں فعل دینا (جیسے *meant to at once write a reply*) -

s. moss : کائی کی وہ اقسام جن کے ڈوڈے پختہ ھو کر پھٹ جاتے ھیں -

s. peas (e) : مٹر کی دال -

s. pin : دیکھو Pin (نمبر ایک) -

s. ring : حلقہ ' چھلا (کلھیوں کے کچھوں کے چھلے جیسا) -

s. shot, stroke : الٹی کے کھیل کا ایک ھاتھ جس سے دو ملی ھوئی گولیاں مختلف سمت میں اڑ جاتی ھیں -

(-)splitter n. : چیرنے والا ' توڑنے والا وغیرہ -

Split, *n.* : (۱) چیر ؛ شگاف ؛ درز ؛ دراڑ - (۲) پھوٹ ؛ تفریق ؛ تفرقہ ؛ اختلاف - (۳) بید کی چری ھوئی چھڑیں (ٹوکریاں وغیرہ بنانے کے لئے) - (۴) نولاد ' بید وغیرہ کی ایک چھڑ ؛ (نجاری) راچھ کی چھڑ - (۵) چمڑے کی ایک تہہ (جب چمڑے کی باریک تہیں تراشی جائیں تو ان میں کی ھر تہہ) - (۶) (تاش کا کھیل) دو برابر کے پتوں کا نکلنا جس سے شرطیں بٹ جاتی ھیں - (۷) ولایتی پانی ؛ شراب کا آدھا گلاس - (۸) بازی گر کا کھیل جس میں وہ زمین پر بیٹھ کر ایک ٹانگ ایک طرف اور دوسری دوسری طرف پھیلا دیتا ھے اور دھڑ سیدھا رکھتا ھے -

Splosh, *n.* : (۱) (بول چال) پانی کا چھپکا جو دفعتاً آ پڑے یا گرایا جائے - (۲) (عامیانہ) روپیہ -

Splotch, splodge, *nn.* : دھبا ؛ داغ ؛ نشان -

splotchy, *a.* : میلا ؛ داغدار -

Splurge, *n.* & *v. i.* : غل غپاڑا (مچانا) ؛ دھوم دھام (دکھانا) -

Splutter, *v. i.* & *t.* & *n.* : = sputter

splutterer, *n.* : فعل مذکورۂ بالا کا اسم فاعل -

Spode, *n.* : نفیس چینی کا برتن (جو سپوڈ اس کے بنانے والے کے نام پر) -

Spoffish, *a.* : (عامیانہ) مضطرب ؛ پریشان ؛ گھبرایا گھبرایا پھرنے والا -

Spoil, *n.* (*usu. pl. or collect. sing.*) : (۱) لوٹ ؛ مال غنیمت - (۲) (مجازاً) منافع ؛ فواید فتوح (جو کسی کامیابی یا جیت میں ھو) - (۳) کسی منصب یا سرکاری خدمت کے فواید - (۴) مٹی وغیرہ جو کھدائی یا گل کشی وغیرہ سے بر آمد ھو -

s. system : (امریکہ) کامیاب پارٹی کے طرفداروں اور حامیوں کو سرکاری خدمات کے عطا کرنے کا طریقہ -

spoilsman : مذکورۂ بالا دستور کا طرفدار یا موید یا جو اس طریقے سے فواید حاصل کرنا چاھتا ھے -

s. five : تاش کا کھیل جس میں ھر کھلاڑی کو پانچ پتے دیے جاتے ھیں -

Spoil, *v. t.* & *i* (*spoilt* or *spoiled*) : (۱) (قدیم ' ادبی) لوٹ لینا ؛ زبردستی یا چوری سے کوئی شے کسی سے لے لینا ؛ چھین لینا (جیسے *s. the Egyptians* = مصریوں کو یعنی ایسے اشخاص کو جو متبرک سمجھے جاتے ھیں) لوٹ لو - (۲) خراب کرنا ؛ بگاڑنا ؛ مزا کرکرا کردینا ؛ بے لطف کردینا (جیسے *the picture was spoit by the rain*) =

بارش نے تصویر خراب کردی - will s. all the fun : سارا مزہ کرکرا کردے گا) - (۳) لاڑ پیار یا مروت و رعایت سے کسی کی عادت خراب کردینا (spare the rod & s. the child : are determined to s. me سب مجھے بگاڑنے پر تلے ہوئے ہیں ؛ the spoilt child of fortune - ناز و نعمت کا بگاڑا ہوا بچہ) - (۴) (عامیانہ) ابہام یا بیکار کردینا یا ہلاک کر ڈالنا - (۵) (پھل ' مچھلی اور بعض اجزا مزاج کے لئے) بس جانا ؛ سڑ جانا ؛ خراب ہوجانا ؛ بے مزہ ہوجانا (جیسے will not s. with keeping - رکھنے سے خراب نہیں ہوگا ؛ dog is spoiling for a fight - کتا لڑنے لڑنے سے خراب ہو رہا ہے یعنی لڑنے کا خواہش مند ہے) - s. one's beauty : آنکھ پھوڑ کر یا کسی اور طرح خراب کر دینا -

s. -sport : کھیل بگاڑنے والا ؛ افسردہ مزاج شخص جو دوسروں کے لطف کو کرکرا کردیتا ہے ؛ عیش منغص کرنے والا ؛ بے لطفی پیدا کرنے والا -

spoiler, n. : غارتگر ؛ لٹیرا ؛ لوٹنے والا ؛ بگاڑنے والا -

Spoilage, n.: کاغذ جو طباعت میں ردی ہوجاتا ہے -

Spoke, n. & v. t. : (۱) ارا (پہیئے کا) - (۲) سیڑھی کا ڈنڈا - (۳) جہاز چلانے کے پہیئے کا ہتھا - (۴) آڑ یا بلی جو پہیئے کو الٹا گھومنے یا الٹنے سے روکتی ہے ؛ (مجازاً) کسی کے کاموں میں روڑا اٹکانا (مثلاً put a s. in person's wheel) - (۵) ارا لگانا ؛ پہیئے کو بلی کی مدد سے روکنا -

s.-bone : پیش بازو کا کبیرہ ؛ وہ ہڈی جو کہنی سے کلائی تک جاتی ہے -

s.shave : ارا بنانے کا رندہ جس کے ادھر ادھر دستے ہوتے ہیں (خصوصاً خمدار کام میں جہاں اور رندہ کام نہیں دیتا)

spoking -machine: پہیئے کے اروں میں یکساں تھلی بنانے کی کل -

Spoke, Spoken - Speak دیکھو

Spokesman, n. : نمائندہ ؛ نائب ؛ وکیل ؛ وہ شخص جو اوروں کی نیابت کرے -

Spolia opima, n. : (رومائے قدیم) ہتھیار جو رومی جنرل مخالف جنرل سے دست بدست لڑائی میں چھین لیتا تھا ' (مجازاً) ممتاز کارنامہ ؛ اعلیٰ امتیاز -

Spoliation, n.: (۱) لوٹ کھسوٹ ؛ مار دھاڑ ؛ غارت ؛ غنیمت (خصوصاً غیر جانب دار جہازوں کا مال جو متخاصمین چھین لیں) - (۲) (مجازاً) استحصال بالجبر - (۳) (کلیسا) استحقاق کے بہانے (writ of s.) رقم معاش اپنے حلقے سے وصول کرنا - (۴) (قانون) اتلاف یا تحریف یا تبدیل دستاویز -

spoliator, n.: غارت گر -

spoliatory, a.: غارت گرانہ -

Spondaic, a.: نظم جو رکن sponders پر مشتمل ہو -

Spondee, n. : (عروض) وہ وزن جس میں دو طویل اور دو تاکیدی ارکان لفظ ہوں -

Spondulicks, n. pl.: (امریکی عامیانہ) روپیہ -

Spondyl(e), n. : (تشریح) فقرہ ؛ مہرۂ پشت ؛ منکا (ریڑھ کی ہڈی کا) -

Sponge, n.: (۱) اسپنج یا اسفنج ؛ ادنیٰ درجے کا آبی جانور جس کے جسم میں سوراخ ہوتے ہیں - (۲) اسفنج کا ڈھانچہ یا خول یا اسفنج زار ؛ لچکیلے اسپنج جو زیادہ تر لیوانٹ یعنی بحیرۂ شام سے آتے ہیں اور غسل و شست و شو میں مستعمل ہوتے ہیں - (۳) کوئی شے جو اسفنج کی طرح جاذب ہو جیسے خمیری آٹا ' اسفنج کیک یا جراحی کا جاذب تکیہ - (۴) جہازرانی جس سے توپ کی نال صاف کرتے ہیں - (۵) اسپنجی کیفیت کا لوہا یا کوئی دوسری دھات - (۶) (مجازاً) طفیلی ؛ مفت خور ؛ جس کا گزارہ دوسروں پر ہو - (پہلوانوں کا محاورہ) throw up the s.: اسفنج کو پھینکنا ؛ (مجازاً) ہار مان لینا ' مقابلے سے دست بردار ہونا -

pass the s. over : برائی یا رنج کے بھول جانے کا اقرار کرنا -

s.- cake : نرم مسام دار کیک -

s.-cloth : نرم جھر جھرا کپڑا -

s.-cucumber, -gourd, vegetable s. : ایک قسم کا کدو جو ترکی حماموں میں ربر یا تولیہ کے طور پر مستعمل ہوتا ہے (جیسے ہندوستان میں توری کا پھل درخت پر پختہ ہونے دیتے ہیں پھر اسے خشک کرکے اس کام میں لاتے ہیں) -

s. tent : کونتہ اسپنج جو زخم کو کھلا رکھنے کے لیے مستعمل ہوتا ہے -

s. tree : خاردار جھاڑی جس میں زرد خوشبودار پھولوں کے گچھے لگتے ہیں -

spongologist, n.: ماہر اسفنجیات -

spongology, n. : اسفنجیات -

spongiform, a.: مشابہ بہ اسفنج -

Sponge, v. t. & i. & n.: (۱) اسفنج سے پونچھنا ؛ صاف کرنا - (۲) بدن کے کسی حصے پر اسپنج کے ذریعے پانی نچوڑنا ؛ اسپنج کا غسل دینا (نیز down, over کے ساتھ) - (۳) محو کردینا ؛ حک کر دینا ؛ چھیل ڈالنا (تحریر کا) ؛ (مجازاً) کسی واقعہ کی یاد محو کر دینا (عموماً out کے ساتھ) ؛ دھو ڈالنا (اسپنج کے ذریعے) - (۴) اسپنج سے جذب کرنا ؛ اسپنج لگا کر سکھانا - (۵) اسپنج نکالنے - (۶) خوشامد ' چاپلوسی سے کام نکالنا - (۷) (s. on) طفیلی بن کر رہنا ؛ دوسروں کے سر رہنا - (۸) (اسم) اسپنجی غسل ؛ اسپنج کو پانی میں ڈبو کر اس سے بدن تر کرنا -

sponger, n.: مفت خور ؛ طفیلی -

Sponging, n.: فعل کے مذکورۂ بالا معنوں میں -

s. house : بیلف کا کمرا جہاں گرفتار شدہ قیدیوں کو عارضی طور پر بٹھا دیتے تھے -

Spongiopiline, n.: اسپنج پولٹس جو اسپنج ' ربر اور نباتی ریشے ملا کر تیار کرتے ہیں اور پولٹس کی طرح استعمال کرتے ہیں -

Spongy, a.: (۱) اسپنج سا ؛ اسپنج جیسا - (۲) مسام دار - (۳) (دھات) اسپنجی جس کی ساخت اسپنج جیسی ہو یعنی جس کے ذرے ایک دوسرے سے پیوستہ نہ ہوں -

sponginess, n.: اسپنجی پن -

Sponsion, n.: (۱) ضمانت ؛ کفالت ؛ قول و قرار - (۲) (بین الاقوام) کسی ریاست کے وکیل کا ایسا معاہدہ کرنا جس کا وہ مجاز نہ ہو -

Sponson, n.: (۱) بارجہ جو جنگی جہازوں کے کناروں پر ایک طرف کو اس لیے نکلا ہوتا ہے کہ توپ کو آگے پیچھے کرسکیں - (۲) ڈونگی بارجہ جو جہاز چرخی کے بالائی حصے کے آگے پیچھے بنا ہوتا ہے -

Sponsor, n.: (۱) دینی ماں یا دینی باپ - (۲) ضامن ؛ کفیل - (۳) مشتہر جو لاسلکی پروگرام میں اشتہار کے لئے رقم ادا کرتا ہے - (۴) اس اشتہار کے لئے رقم ادا کرنا -

sponsorial, *a.*: کفیلانہ ؛ متعلق بہ ضامن -

sponsorship, *n.*: ضامنی؛ ضمانت ؛ کفالت -

Spontaneous, *a.*: (۱) اپنے آپ ؛ خود بخود ؛ بلا تحریک غیر ؛ بلا جبر و اکراہ (مثلاً *made a s. offer of his services* اپنی خوشی سے خدمات پیش کیں) - (۲) بلاقصد؛ بلاارادہ؛ خود بخود - (۳) خود رو - (۴) (حیوانیات) (پودوں کے تغیرات ساخت اور نو ممو حیوانات کے افعال عضلاتی کے متعلق) طبعی ؛ خلقی ؛ فطرتی؛ بلا ارادہ - (۵) (جسمانی حرکات ' ادبی طرز و اسلوب وغیرہ) بے ساختہ ؛ بلا آورد ؛ بے تکلف -

s. combustion : معدنی یا نباتی اشیا کا (مثلاً کوئلے' تیل میں بھیگے ہوے چیتھڑوں یا کوڑے کرکٹ کے انبار کا اندرونی کیمیائی عمل سے) خود بخود بھڑک اٹھنا -

s. generation : جان دار مادے کا بے جان مادے سے پیدا ہو جانا (جراثیم کی تاثیر سے) -

s. suggestion : خود بخود سوجھنا (بوجہ تلازم خیالات) -

spontaneity, spontaneousness, *nn.*: خود بخود ہونا ؛ خود روی؛ آمد -

spontaneously, *adv.*: اپنے آپ ؛ فطرتاً ؛ از خود ؛ خود بخود ؛ طبعاً -

Spontoon, *n.*: تبر نیزہ جو پیادہ برٹش فوج کے افسر رکھتے تھے -

Spoof, *v. t. & n.*: (۱) دھوکا دے کر روپیہ اینٹھنا ؛ دغا کرنا - (۲) چکما دینا ؛ اُلو بنانا - (۳) جھانسا دینا ؛ جل دینا - (۴) (اسم) دم ؛ فریب ؛ جھانسا ؛ فقرہ -

spoofer, *n.*: روپیہ اُڑا لینے والا -

Spook, *n.*: بھوت؛ پریت ؛ سایہ ؛ ہمزاد -

spookish, spooky, *aa.*: بھوت پریت سے متعلق؛ بھوت پریت جیسا ؛ آسیب زدہ (مقام) -

Spool, *n. & v. t.*: (۱) پھرکی ؛ چرخی ؛ ریل ؛ ماہی گیر کی چرخی جس پر جب مچھلی پھنس جاتی ہے تو ڈور لپیٹتے ہیں ؛ نوٹو کی قلم یا جھلی - (*v. t.*) چرخی یا پھرکی پر لپیٹنا -

Spoon, *n. & v. t. & i.*: (۱) چمچہ ؛ چمچی (مثلاً *tea, dessert, table, s.*) -(۲) ڈوئی ؛ کفچہ؛ کفگیر -(۳) چمچے کی شکل کی کوئی شے خصوصاً چپو جس میں اگلا حصہ چوڑا اور خم دار ہوتا ہے - (۴) (*v. t.*) چمچے سے نکالنا یا لینا (مرقیات اور رقیق اشیا عموماً *up, out* کے ساتھ) - (۵) مچھلی پکڑنا دھاتی چارے سے - (۶) (کھیل "کروکے" میں)گیند کو دھکیلنا یا ٹھیلنا - (۷) (کرکٹ) نرم سی چوٹ لگانا ؛ گیند کو اوپر اُچھال دینا -

mustard -s.: رائی کی چمچی -

salt -s.: نمک دانی کی چمچی -

egg s.: دیکھو egg -

apostle s.: دیکھو apostle -

marrow -s.: ہڈیوں سے گودا نکالنے کا چمچہ -

long s. & the devil: دیکھو sup -

wooden s.: (تاریخ) یہ کیمبرج کے امتحان ریاضی (ٹرائپس) میں سب سے آخری امیدوار کو دیا جاتا تھا -

egg & -s., race s.: دیکھو egg

s. (bait) : دھات کا چمکیلا اور کچھ مڑا ہوا پرزہ جو مچھلی پکڑنے میں چارے کے نیچے لگایا جاتا ہے -

s. -beak, -bill : پرندوں کے اقسام ہیں -

s. -drift : دیکھو Spindrift -

s.- fed : (مجازاً حرفت و صنعت کے لیے) جن کو مصنوعی ذرایع (مثلاً سرکاری امداد یا محصول) کی بدولت ترقی دی جائے-

born with silver s. in mouth : دیکھو Born -

(-)spoonful, *n.*: (پیمانہ) چمچہ بھر -

Spoon, *n. & v. i.*: (۱) بے وقوف ؛ سادہ لوح ؛ کورا ؛ بے مغز - (۲) پھوہڑ عاشق - (۳) (*v. i.*) ڈورے ڈالنا ؛ عشق بازی کرنا -

be ss. on : کسی کے عشق میں اُلو بن جانا -

Spooner(ism), *n.*: دو یا زیادہ لفظوں میں پہلے حروف کا اتفاقی طور سے ادل بدل ہوجانا (مثلاً *dear queen* کی جگہ *queer dean* یا مثلاً *sons of toil* کی جگہ *tons of soil*) -

Spoony, *a. & n.*: (۱) سادہ لوح ؛ مورکھ ؛ بھونپو - (۲) عاشق مزاج ؛ مغلوب الجذبات ؛ دل پھینک -

spoonily, *adv.*: سادہ دلی سے ؛ عاشق مزاجی سے ؛ عاشقانہ طور پر -

spooniness, *n.*: سادہ دلی ؛ عاشق مزاجی -

Spoor, *n. & v. t. & i.*: (۱) سراغ ؛ بو ؛ کھوج (خصوصاً جانور کا) - (۲) کھوج لگانا ؛ سراغ لگانا -

spoorer, *n*: کھوج لگانے والا ؛ کھوجی -

Sporadic, *a.*: (عموماً امراض کے لیے) کہیں کہیں ؛ کبھی کبھی؛ کسی کسی جگہ ؛ خال خال ؛ اتفاقی؛ اِکا دکا (وار دات مرض) -

sporadical, *a.*: (شاذ) کہیں کہیں پایا جانے والا -

sporadically, *adv.*: کہیں کہیں؛ اتفاقاً -

sporadicalness, *n.*: خال خال یا اِکا دکا ہونا -

Sporangium, *n.*: (نباتیات ' بے پھول کے پودوں میں) تخمک ؛ تنہا خانہ جو پودا بن جانے کے قابل ہو جاتا ہے ؛ (حیوانیات) جرمک ؛ نہایت خفیف جسم نامی جس سے کوئی نیا فرد پیدا ہو جاتا ہے ؛ (مجازاً) بیج ؛ کسی شے کا تخم

Sporo - : جز ترکیبی جیسے :-

s. -genesis : تخمکی بلادت -

s. -genous : تخمک آور -

Sporran, *n.*: سمور دار کیسہ جو ہائی لینڈر اپنے گھاگرے کے سامنے لٹکائے رکھتے ہیں -

Sport, *n. & v. i, & t.*: (۱) دل لگی ؛ مذاق ؛ ہنسی (*in s.* = ہنسی سے؛ دل لگی سے؛ *make s. of* = ٹھٹھا کرنا؛ ہنسی میں اُڑانا؛ تضحیک کرنا)-(۲) کھلونا؛ ہدف (*be the s. of Fortune* = قسمت کا کھلونا ہونا ؛ قسمت کے ہاتھ میں ہونا) - (۳) تفریح ؛ دل بہلاوا ؛ لہو و لعب ؛ مشغلہ (مثلاً شکار ' ماہی گیری ' گھڑ دوڑ وغیرہ ' *have good s.* = اچھا شکار ہونا) - (۴) درخت یا حیوان جو معمولی خلقت کے خلاف پیدا ہوا ہو - (۵) (عامیانہ) مرد معقول ؛ بھلا آدمی ؛ کھیل اور شکار کا شائق- (۶) (مجازاً) معقول ؛ معقول پسند (یعنے وہ شخص جس کے مزاج میں انصاف پسندی اور رواداری ہے اور جو اپنی ہار کو بھی کشادہ پیشانی سے سہہ لیتا ہے) -. (۷) کھیل تماشے میں لگنا ؛ دل لگی کرنا ؛ دل بہلانا - (۸) ہنسی دل لگی کرنا - (۹) غیر معمولی ؛ عجیب الخلقت پودے یا جانور کا پیدا ہونا یا پیدا کرنا- (۱۰) دکھاوا کرنا ؛ نمود و نمایش کرنا ؛ بن ٹھن کے رہنا ؛ ٹھاٹھ سے رکھنا

- (sported a gold tiepin جیسے)

athletic ss. : بھاگ دوڑ ' چھلانگ پھلانگ ' ہو جوہ اُٹھانا وغیرہ ؛ کھلاڑیوں کا جلسہ جس میں ان کھیلوں کا مقابلہ ہو (مثلاً (inter-university ss., school ss. -

ss. coat, Jacket : کوٹ وغیرہ جو گولف وغیرہ کھیلتے وقت پہنے جائیں -

sportsman, -woman : مرد یا عورت جسے کھیل کود کا شوق ہو خصوصاً شکار ' نشانہ بازی ' ماہی گیری وغیرہ کا -

sportsmanship : شکار اور کھیل کا شوق ؛ معقول پسندی -

sportsmanlike : شکاری کے شایاں ؛ معقول پسندانہ -

sporting, *part.* : (۱) کھیل اور شکار سے متعلق - (۲) کھیل اور شکار کا شایق یا پیشہ ور کھلاڑی (جیسے *a s. man*) - (۳) معقول پسندانہ ؛ مشتبہ؛ جو کھم بھرا [(جیسے *s. conduct* = معقول پسندانہ رویہ ؛ *s. offer, chance* = مشتبہ یا جو کھم بھرا پیشکش یا موقع (جس میں جو کھم ہے مگر کامیابی کا بھی امکان ہے)] -

sportingly, *adv.* : معقول پسندی سے -

Sportive, *a.* : کھلنڈرا ؛ چہل باز ؛ خوش طبع -

sportively, *adv.* : چہل سے ؛ خوش طبعی سے -

sportiveness, *n.* : چہل ؛ خوش طبعی ؛ کلیل -

Sporule, *n.* : تخمک؛ تخمچک -

sporular, *a.* : متعلق بہ تخمک یا تخمچک -

Spot, *n.* : (۱) مقام ؛ جگہ ؛ قطعۂ زمین ؛ موقع (جیسے *a lovely s. to build a house on* = مکان بنانے کی بے مثل جگہ ہے ؛ *the doctor was on the s. a few minutes after the accident* = حادثہ کے چند منٹ بعد ہی ڈاکٹر موقع پر پہنچ گیا) - (۲) دھبا ؛ داغ ؛ نشان ؛ ٹیکا ؛ چتی ؛ کل ؛ تل ؛ مسا [جیسے *can the leopard change his s.?* کیا چیتا اپنے گل بدل سکتا ہے] - (۳) دھبا ؛ داغ (چلن ' وضع میں)؛ عیب؛ کلنک (مثلاً *without a s. on his reputation*)- (۴) مچھلی اور پالتو کبوتر کی قسم - (۵) (عامیانہ) انتخاب ؛ نشاندھی ؛ شناخت (جیتنے والے گھوڑے وغیرہ کی) ؛ جس کی نشاندھی کی جائے (گھوڑا یا شخص) - (۶) (بول چال میں مجازاً) کسی چیز کی چھوٹی سی مقدار ' ذرا سا (جیسے *a s. of lunch, s. of leave*) - (۷) (انگلش کا کھیل) بلیرڈ کی میز کے بیچوں بیچ ایک گول سیاہ نشان -

s.-stroke : (بلیرڈ) نشانی ضرب ؛ وہ ضرب جو سرخ گولے کو اس نشان سے جہاں وہ رکھی ہے جیب میں پہنچا دیتی ہے -

s.-barred game : بلیرڈ کا کھیل جس میں لگا تار نشانی ضربیں جائز نہیں -

s. (-ball) : سفید گولی جو دوسری سفید گولی سے ایک سیاہ نشان سے تمیز ہوتی ہے -

on the s. : (۱) فوراً ؛ اسی دم ؛ اسی جگہ ؛ وہیں - (۲) (شخص کے متعلق) واقف کار ؛ با خبر ' پورا اُترنے والا (وقت اور موقع پر) ؛ کھیل میں اچھا -

s. cash : مال کی حوالگی پر نقد قیمت کی ادائی -

s. cotton, wheat : روئی یا گیہوں کی فروخت فوری حوالگی کی شرط پر -

s. prices : مال کی قیمت فوری حوالگی پر -

ss. : نقد قیمت پر فروخت شدہ اشیا -

put on the s. : (امریکی عامیانہ) کسی کے خفیہ قتل کا فیصلہ کرنا -

spotlight : (تھیٹر) روشنی کی کرن جو کسی خاص ایکٹر پر ڈالی جائے یا آلہ جو اس غرض کے لیے استعمال کیا جائے (نیز استعارتاً limelight کی طرح) -

spotless, *a.* : بیداغ ؛ نہایت صاف ستھرا -

spotlessly, *adv.* : داغ دھبے کے بغیر -

spotlessness, *n.* : بیداغ ہونا ؛ انتہا درجہ کی صفائی -

spotty, *a.* : داغدار ؛ رنگ برنگ ؛ چتلا -

spottiness, *n.* : داغداری -

Spot, *v.t.* : (۱) داغدار کردینا - (۲) عیب لگانا - (۳) (اشیا وغیرہ) داغی یا داغدار ہونا (جیسے *a delicate fabric spots easily*)- (۴) شناخت کرلینا ؛ نشاندھی کرنا (شرط جیتنے والے کی ' آدمی یا گھوڑے کی) - (۵) تاڑ جانا ؛ بھانپ لینا ؛ معلوم کر لینا (قومیت وغیرہ ' جیسے *spotted him at once as an American*) - (۶) (فوجی) دشمن کی ٹھیک جگہ دریافت کرنا - (۷) (*p.p.*) داغدار ؛ گلدار ؛ چتلا (خصوصاً جانوروں کے نام کے ساتھ) -

spottedness, *n.* : داغدار یا چتلا ہونا -

spotter, *n.* : (فوج) طیارہ باز جو دشمن کی ٹھیک جگہ معلوم کرنے کے لئے بھیجا جائے یا جو اس کام کے لئے متعین کیا جائے -

Spouse, *n.* : میاں بیوی میں سے کوئی ایک ؛ میاں یا بیوی؛ زوج -

Spout, *v.t. & i. & n.* : (۱) نکلنا ؛ بہنا ؛ دھار بن کر نکلنا ؛ پھوٹ بہنا ؛ پھوٹ نکلنا (جیسے *blood spouts from wound* زخموں سے خون بہہ رہا ہے ' (یا *whale spouts water* وھیل کے منہ سے پانی کی دھار نکل رہی ہے) - (۲) پر جوش تقریریں کرنا ؛ عوام کے روبرو ولولہ انگیز تقریریں کرنا یا نظمیں پڑھنا- (۳) گرو کرنا -(۴) پرنالہ ؛ ٹونٹی- (۵) ببا (چیزیں ڈالنے کے لئے خصوصاً رھن دار کی دوکان کا جس میں سے اشیا گدام میں پہنچائی جاتی ہیں جیسے *his watch is up the s.* اس کی گھڑی معرض گرو میں ہے) - (۶) فوارہ ' دھار (رقیق شے یا غلے کی) - (۷) (نیز *s.-hole*) وھیل مچھلی کے دم لینے کا سوراخ یا نتھنے -

water-s. : دیکھو Water -

spouter, *n.* : پر جوش تقریر کرنے والا؛ بڑھ بڑھ کر تقریر کرنے والا -

spoutless, *a.* : بے دھانہ ؛ بے ٹونٹی کا -

Sprag, *n.* : بلی یا کوئی اور شے پہیے کی گردش روکنے کے لئے؛ اڑا -

Sprain, *v.t. & n.* : (۱) موچ آنا (ٹخنے ' کلائی وغیرہ میں)- (۲) موچ -

Spraints, *n. pl.* : اود بلاؤ کا سرگین

Sprang : دیکھو Spring -

Sprat, *n. & v.i.* : (۱) ایک چھوٹی سی نورنگستانی هیرنگ جیسی مچھلی - (۲) مچھلی کے اور اقسام - (۳) اس مچھلی کا شکار کرنا - (۴) (مزاحاً) دبلا پتلا بچہ -

s.-day : ۹ نومبر جس دن اس مچھلی کی فصل انگلستان میں شروع ہوتی ہے -

throw a s. to catch a herring or mackerel or whale : زیادہ فایدہ کے لئے تھوڑا سا نقصان اٹھالینا -

Spratter, Spratting, *nn.* : سپریٹ کا شکاری ؛ اس کا شکار -

Sprawl, *v.i. & t. & n.*: (۱) درازهونا؛ پاؤں پسار کر لیٹنا یا بیٹھنا؛ اینٹھنا - (۲) (تصویر ' درخت وغیرہ کا) بے قاعدہ طور پر پھیلنا - (۳) فوج کا اِدھر اُدھر بے قاعدہ پھیلا دینا - (۴) بے قاعدہ پھیلاؤ -

Spray, *n.* : (۱) درخت کی شاخ جس میں (خصوصاً نرم و نازک) چھوٹی چھوٹی ٹہنیاں هوں؛ پھولوں یا پتوں بھری ٹہنی یا ڈالی- (۲) آرائشی شاخ یا قلم (جیسے *a s. of diamonds* الماس کی قلم) -

s. -drain : ڈالی بدررو یعنی وہ بدررو جو زمین میں ٹہنیاں دباکر بنائی جاے -

sprayey, *a.* : ٹہنی سا ؛ شاخوں بھرا -

Spray, *n. & v.t.* : (۱) پھوار (جو عرق پاش سے یا دریا کی موجوں پر سے نکلتی هے) - (۲) چھڑکائی (عرق پاش یا کسی اور آلے سے بغرض علاج یا کسی اور غرض سے سیال شے کا بوند بوند چھڑکنا جیسے *s. plants to kill insects, s. one's throat*) - (۳) چھڑکنا (پانی وغیرہ) -

s. -board : کشتی یا جہاز کا بالائی کنارہ پھوار روکنے کے لیے ؛ پھوار روک -

sprayey, *a.* : پھوار سا ؛ پھوار بھرا -

Spread, *v. t. & i.* (*spread*): (۱) پھیلانا ؛ بچھانا (جیسے *peacock spreads its tail* = مور اپنی دم پھیلاتا هے) (استعارتاً) با طنی نظر کے سامنے لانا - (۲) ڈھانپنا ؛ ڈھکنا (مثلاً *s. butter on bread* = روٹی پر مکھن لگانا)- (۳)نظر کے سامنے کھلا یا پھیلا هوا هونا (مثلاً *the view spreads out before us* — همارے سامنے کا منظر کھلا دکھائی دیتا هے) - (۴) پھیلا دینا ؛ شایع کر دینا (مثلاً *rumours s. from mouth to mouth*) -

s. eagle : (۱) عقاب کی شکل جس میں بازو اور ٹانگیں دونوں طرف پھیلی هوں ' جیسے سکوں پر نظر آتا هے - (۲) اسکٹنگ میں آگے پیچھے کی حرکت ایک ساتھ - (۳) (بول چال) کمر کی طرف سے چیر کر تلا هوا پرندہ - (۴) جهاز یا کشتی کے رسوں میں اس طرح بندها هوا کہ هاتھ اور پاؤں پھیلے هوے هوں - (۵) (بطور صفت) فضول گو؛ لاف زن؛ بڑ بولا ؛ شیخی خورا؛ (خصوصاً) جو حب الوطنی کی بہت لاف مارے -

s.- eagleism : لاف زنی ؛ فضول گوئی ؛ مفاخرہ -

s. - over (system) : کام کے مقررہ گھنٹوں میں خاص ضروریات یا حالات کے لحاظ سے رعایت ' مثلاً دو هفتے پینتالیس پینتالیس گھنٹے کام کرنے کے بجاے ایک هفتے ساٹھ اور دوسرے هفتے تیس گھنٹے کام کرنے کی اجازت دی جاے -

Spread, *n.* : (۱) پھیلاؤ ؛ فراخی (مثلاً *in s. of wings inferior to the eagle*) - (۲) چوڑائی ؛ وسعت (مثلاً *arches of equal s.*) - (۳) اشاعت (جیسے *s. of education*) (۴) (بول چال) کھانا (جیسے *had no end of a s.* = کھانے کی کوئی انتہا نہ تھی) - (۵) (امریکہ ' تجارت) لاگت اور قیمت فروخت کا فرق -

Spree, *n.&v.i.* : (۱) مے نوشی کا دور؛ رنگ رلیاں؛ عیش و نشاط - (۲) مصروف مے نوشی هونا (مثلاً *is on the s.* = مصروف مے نوشی هے) -

Sprent, *a.* : (قدیم) چھڑکا هوا ؛ پاشیدہ (مثلاً *s. with dew*) -

Sprig, *n. &v.t.* : (۱) چھوٹی سی شاخ ؛ ٹہنی ؛ ڈالی - (۲) آرائشی ڈالی کی صورت کی شے ؛ بیل بوٹا (مثلاً کپڑوں پر) - (۳) چپٹے چھوٹے سر کی کیل ' بے سر کی چھوٹی کیل یا کوکا - (۴) (عموماً حقارتاً) جوان ؛ چھوکرا (مثلاً *who is this s.?* ؛ *a s. of the nobility*) - (۵) بیل بوٹوں سے سجانا (جیسے *sprigged muslin*) -

Spriggy, *a.* : ٹہنیوں بھرا -

sprigtail : مرغابی کی قسم جس کی دم نوکدار هوتی هے -

Sprightly, *a.* : زندہ دل ؛ خوش طبع ؛ شگفتہ خاطر ؛ مستعد -

sprightliness, *n.* : زندہ دلی -

Spring, *v. i. &t.* (*sprang, sprung*) : (۱) کودنا ؛ اچھلنا ؛ جست کرنا ؛ چھلانگ بھرنا (اکثر *over ' out ' down ' up ' back ' away* وغیرہ کے ساتھ مثلاً *sprang (up) from his seat, sprang to their asistance, blood sprang to her checks, sprang through the gap, throat,*) - (۲) اچھلنا ؛ لپکنا ؛ تڑپ کر نکل جانا (مثلاً *branch sprang back* ٹہنی اچھل کر نکل گئی) - (۳) وجود میں آنا ؛ پیدا هونا (عموماً *s. up*) ؛ نکلنا (اکثر کسی منبع سے)؛ ظاهر هونا (جیسے *new factions sprang up in the state* حکومت میں نئے نئے فرقے پیدا هو گئے هیں ؛ *the belief has sprang up* یہ اعتقاد پیدا هو گیا هے ؛ *his actions s. from a false conviction* اس کے اعمال غلط اعتقادات سے پیدا هوے هیں یعنی غلط اعتقادات کا نتیجہ هیں ؛ *buds are springing* شگوفے نکل رهے هیں یعنی وجود میں آ رهے هیں) - (۴) یکایک آ موجود هونا (جیسے *where did you s. from* تم کہاں سے آگئے)- (۵) (لکڑی کا) ٹیڑھا کر دینا یا هو جانا ؛ جھک جانا ؛ خم هونا یا جھکا دینا (مثلاً *you have sprung my racket* تم نے میرا ریکٹ ٹیڑھا کردیا)- (۶) پھٹ جانا؛ تڑخ جانا (مثلاً *bat is or has sprung* = بیٹ تڑخ گیا هے) - (۷) شکار کو هشکانا ؛ هانکا کرنا - (۸) یکایک کر بیٹھنا ؛ دفعتاً کوئی بات پیدا کرنا ؛ اچانک کوئی شگوفہ چھوڑنا ؛ کمانی وغیرہ کے ذریعے سے کھولنا' بند کرنا؛ هلانا جلانا(جیسے *s. trap* چوهےدان وغیرہ کو یکایک کھولنا' *has sprung a new theory* ایک نیا نظریہ گھڑلیا هے؛ *loves to s. surprises on us* هم کو حیرانی میں ڈالنے کا بڑا شوقین هے)- (۹) سرنگ اڑانا -

s. a butt : (جهاز رانی) متلاطم سمندر میں چلتے چلتے جهاز کے تختوں کے سروں کا کھل جانا یا ڈھیلا هو جانا -

s. a leak : جهاز میں چھید هو جانا -

s. the or her luff : (جهاز کا) هوا سے قریب هو کر چلنا ؛ پتوار کے حکم میں هونا -

Spring, *n.* : (۱) جست ؛ چھلانگ ؛ زقند ؛ چوکڑی ' کلانچ (مثلاً *took a s.* ایک کلانچ بھری ؛ *rose with a s.* جست مار کر اٹھ کھڑا هوا) - (۲) موسم بہار (نیز جمع میں) (۳) چشمہ ؛ سوتا (جیسے *hot, mineral, ss.* گرم چشمے ؛ معدنی چشمے) - (۴) لچک مثلاً کمان وغیرہ کی - (۵) لچک (مثلاً *his muscles have no s. in them*) - (۶) کمانی (جیسے گھڑی ' گاڑی وغیرہ میں ؛ مثلاً *bow s.* ' *cee s.* (دیکھو *cee*) ؛ *air or pneumatic s.* جو هوا کے دباؤ سے کام دیتی هے ؛ *hair - s.* ؛

(دیکھو Hair) ؛ main s. (دیکھو main) - (۷) (مجازاً) محرک ؛ وجۂ تحریک ؛ باعث منشا ؛ ماخذ ؛ منبع ؛ سر چشمہ ؛ اصل (مثلاً the ss. of hum in action انسانی اعمال کے محرک؛ the custom had its s. in another country اس رواج کی اصل) - (۸) شہتیر وغیرہ کا اور جالب کا خم - (۹) تختوں کا اصل مقام سے ھٹ جانا ؛ تختوں کا کھل جانا - (۱۰) وہ مقام جہاں سے محراب کا خم شروع ہوتا ھے یعنے جہاں سے محراب کی ابتدا ہوتی ھے -

day - . : دیکھو Day -

s. balance : کمانی دار ترازو -

s. -beam : شہتیر جو بلا کسی سہارے کے دور تک چلا گیا ہو ؛ لچکدار سلاخ جو کمانی دار ہتوڑے میں لگی ہوتی ھے -

s. bed, mattress : کمانی دار پلنگ؛ پلنگ جو لکڑی کے چوکھٹے میں لوھے کی کمانیاں لگا کر تیار کیا جاتا ھے ' کمانی دار گدا -

s. -board : چھلانگ (مارنے کا) تختہ -

s. - carriage, - cart : کمانی دار گاڑی -

s. gun : بھری بندوق جو کسی آدمی یا جانور کے ٹھکرانے یا اس ؛ بار وغیرہ کے مس سے جو اس کے گھوڑے میں لگا رہتا ھے فوراً چل جاتی ھے ' یہ چور شکاریوں یا چھپے چوری سے گھس آنے والوں کے لیے چھپا کے رکھدی جاتی ھے ؛ چور بندوق (ج) -

s. - halt : گھوڑے کی پچھلی ٹانگ میں جھٹکا آنا -

s. tide : مد کامل ؛ جوار جو ہر مہینے ہلال اور بدر کا مل کے بعد ہوتا ھے -

springtide, springtime : موسم بہار -

s. water : چشمے کا پانی ؛ سوتے کا پانی -

springless, a. : بے لچک ؛ بے کمانی ؛ بے چشمہ -

springlet, n. : چھوٹا سا چشمہ یا حوض -

springlike, a. : موسم بہار جیسا -

Springal(d), n. : (قدیم) نو عمر لڑکا -

Springbok, n. : (۱) جنوبی افریقہ کا غزال - (۲) (جمع) جنوبی افریقہ والے ؛ جنوبی افریقہ کی فٹ بال کی ٹیم وغیرہ -

Springe, n. : پھندا ؛ لاسا (چھوٹے جانوروں کے شکار کے لئے) -

Springer, n. : (۱) فاعلی معنوں میں - (۲) (تعمیرات) ذات ؛ محراب کا وہ حصہ جہاں سے گولائی شروع ہوتی ھے؛ اس حصے کا سب سے نیچے کا پتھر ؛ مالک یا چھجے کا سب سے نچلا پتھر ؛ محرابدار چھت یا قبے کی ذات - (۳) بڑی قسم کا اسپینیل کتا - (۴) وھیل مچھلی کی قسم کا بحری جانور - (۵) جنوبی افریقہ کا غزال -

Springy, a. : لچک دار ؛ لچک کر ابھرنے والا -

springiness, n. : لچک -

Sprinkle, v. t. & i. & n. : (۱) چھڑکنا ؛ برکنا - (۲) جس (زمین ' شے وغیرہ) پر کچھ چھڑکا جائے - (۳) وہ شے جو چھڑکی جائے ؛ برکی ؛ چٹکی - (۴) خفیف سی بارش ؛ بوندا باندی -

sprinkler, n. : چھڑکنے والا ؛ چھڑکنے کا ظرف ؛ آلہ وغیرہ -

sprinkling, n. : (۱) خفیف چھڑکنا یا برکنا - (۲) (مجازاً) خفیف مقدار یا تعداد ؛ چاند ؛ ادھر ادھر ؛ منتشر (جیسے a s. of knowledge, a s. of Englishmen) -

Sprint, v. i. & t. & n. : (۱) تھوڑی دور یک تک دوڑنا - (۲) (مقررہ فاصلہ) سرپٹ دوڑنا - (۳) مختصر دوڑ -

sprinter, n. : یک تک دوڑنے والا -

Sprit, n. : چھوٹی بلی جو مستول سے بادبان کی چوٹی کے بیرونی کونے تک ترچھی پہنچتی ھے -

spritsail : تکونی بادبان جو ایسی بلی کے سہارے پھیلا ہوتا ھے ؛ (سابق) وہ بادبان جو اس بلی کے سہارے پھیلا ہوتا ھے جو bowsprit کے ساتھ لگا رہتا ھے -

Sprite, n. : جن ؛ پری ؛ بھوت ؛ پریت ؛ خبیث روح -

Sprocket, n. : پہیے کا دندانہ (جیسے بائسکل وغیرہ کا) -

s. -wheel : دندانہ دار پہیا -

Sprout, v. i. & t. & n. : (۱) پھوٹنا ؛ اگنا ؛ کلے نکلنا ' سوئے نکلنا ؛ کلیانا - (۲) سوئے نکالنا ؛ کلے نکالنا ؛ شاخیں نکالنا (مثلاً has sprouted horns, a moustache سینگ نکالے ہیں ؛ مونچھ نکل آئی ھے) - (۳) سُوا ؛ انکوا -

Brussels ss. : دیکھو Brussels -

Spruce, a. & v. t. : (۱) صاف ستھرا (پوشاک اور صورت میں)؛ بنا ٹھنا ؛ بنا سنورا - (۲) بناؤ سنگار کرنا ؛ بننا ٹھننا -

sprucely, adv. : متعلق فعل مذکورۂ بالا معنوں میں -

spruceness, n. : اسم ' مذکورۂ بالا معنوں میں -

Spruce, n. (also s. fir) : قسم صنوبر -

s. -beer : بیر شراب جو اس درخت کے پتوں سے بنائی جاتی ھے (تصفیۂ خون کے لئے) -

Sprue, n. : (۱) قالب یا چھید جس میں سے پگھلی ہوئی دھات قالب میں ڈالی جاتی ھے - (۲) دھات کا وہ حصہ جو اس میں رہ جائے -

Sprue, n. : گرم ممالک کا ایک مرض جس میں منہ ' حلق اور انتڑیوں میں سوزش پیدا ہوجاتی ھے؛ (نیز) بال اڑ جانے کا مرض ؛ گنج -

Sprung : دیکھو spring (نمبر ایک) -

Spry, a. (spryer, -est) : چست ؛ چالاک ؛ پھرتیلا ؛ مستعد -

Spud, n. & v. t. : (۱) کھرپا ؛ کھرپی ؛ بیلچہ ؛ چھوٹا پھاوڑا ؛ کوئی چھوٹی سی موٹی چیز - (۲) (بول چال) آلو - (۳) نلائی کرنا ؛ کھیت کو گوڑنا (out, up) -

spuddy, a. : چھوٹا موٹا -

Spue : دیکھو spew -

Spume, n. & v. i. : جھاگ ؛ کف ؛ پھین -

spumescence, spuminess, nn. : جھاگ دار ہونا -

spumescent, a. : جھاگ سے مشابہ ؛ جھاگ دار -

spumous, a. : جھاگ کے متعلق ؛ جھاگ بھرا -

spumy, a. : جھاگ دار -

Spun : دیکھو spin (نمبر ایک) -

Spunge : (قدیم بمعنی sponge) -

Spunk, n. : (۱) دلیری ؛ جرات ' جیوٹ ؛ دم خم - (۲) جوش ؛ غصہ ؛ تند مزاجی -

spunky, a. : دلیر ؛ جیوٹ ؛ تند مزاج ؛ غصہ ور -

Spur, n. & v. t. & i. : (۱) مہمیز ؛ مہمیز کی خار دار پھرکی ؛ سواری کے کانٹے کا چبھنے والا پہیا (نیز rowel -s.) - (۲) (مجازاً) محرک ؛ تحریک - (۳) مہمیز کی ہم شکل چیز

مثلاً مرغ کی ٹانگ کا خار ؛ لوہے کا کانٹا یا خول جو لڑائی کے وقت اس خار پر باندھ دیتے ہیں ؛ پہاڑی سلسلے کا ایک طرف نکلا ہوا حصہ ؛ جوتے کے تلے کی میخ - (۴) ایک دیوار جو فصیل کو اندر کی عمارتوں سے ملاتی ہے - (۵) ثمر ساق ؛ مشکیزہ (بعض پھولوں میں مہمیز نما حصہ باہر کو نکلا ہوا) - (۶) گھوڑے کو مہمیز کرنا ؛ ایڑ لگانا - (۷) باعث تحریک ہونا ؛ ترغیب دینا ؛ اکسانا (s. on to) - (۸) مہمیز باندھنا (بوٹ میں) ؛ مرغی کی ٹانگ میں خار لگانا - (۹) گھوڑا تیز دوڑانا (on, forward) -

need the s. : سست ' کاہل ' آلکسی یا آرام طلب ہونا -

on s. of the moment : فوراً ؛ فی البدیہ ؛ بےسوچے سمجھے -

put or set ss. to : مہمیز کرنا ؛ ایڑ لگانا -

s. a willing horse : بلاوجہ اصرار کرنا یا کسی کے پیچھے پڑنا -

s. royal : جیمس اول کے عہد کا ایک سکہ جس پر مہمیز نما سورج سے کرنیں نکلی ہوئی دکھائی دیتی تھیں -

s. -wheel : دندانے دار پہیہ -

spurwort : ایک پودا جس میں پتوں کے گچھے مہمیز کی پھرکی کی شکل کے ہوتے ہیں -

win one's ss.: (تاریخ) نائٹ کا رتبہ حاصل کرنا ؛ (مجازاً) شہرت حاصل کرنا ؛ نام کرنا -

spurless, a. : بے مہمیز

Spurge, n. : پودوں کی قسم جن میں جو پڑا دودھیا رس ہوتا ہے -

Spurious, a. : (۱) کھوٹا ؛ جھوٹا ' بناوٹی ؛ مصنوعی ؛ جعلی ؛ نقلی (جیسے s. coin = جعلی سکہ ؛ s. affection = بناوٹی محبت ؛ s. Ms. = جعلی مخطوطہ) - (۲) (حیوانیات) شباہت میں کسی عضو سے ملتا ہوا ' مگر فعل میں غیر ' یا فعل میں مشابہ مگر شکل میں غیر (مثلاً s. eyes, legs = مصنوعی آنکھیں یا ٹانگیں) -

spuriously, adv. : جعلی ' مصنوعی یا نقلی طور پر -

spuriousness, n. : جعل ؛ جعلی پن ؛ کھوٹا پن -

Spurling-line, n. : ڈوری جو پتوار میں لگی رہتی ہے اور اس کی حالت کو مظہار (indicator) پر بتاتی رہتی ہے -

Spurn, v. t. & i. & n. : (۱) لات مارنا ؛ ٹھوکر مارنا - (۲) (نیز قدیم s. at) مسترد کرنا ؛ ٹھکرانا - (۳) ذلت یا حقارت سے رد کرنا ؛ اہانت یا تحقیر کرنا ؛ حقارت سے دیکھنا یا برتاؤ کرنا - (۴) ٹھکرانا ؛ حقارت سے رد کرنا -

Spurrier n. : مہمیز ساز -

Spurry,-rey, n. : پنک (pink) پودے کی اقسام (خصوصاً corn s. = غلے کے کھیتوں کی ایک گھاس) -

Spurt, v. i. & n. : تھوڑی دیر کے لیے جان توڑ کوشش کرنا ' پوری ہمت صرف کردینا (خصوصاً گھڑ دوڑ میں) -

Spurt : دیکھو Spirt -

Sputter, v. t. & i. & n. : (۱) تھو تھو کرکے منہ سے خارج کرنا - (۲) جلدی جلدی یا بے ربط بولنا یا کہنا ؛ بڑبڑانا - (۳) جوش یا گھبراہٹ میں کچھ کہنا - (۴) تھو تھو ؛ چر چر (بتی یا چربی کے جلنے کی آواز) ؛ جلدی یا گھبراہٹ کی بات چیت - جلد جلد یا بے ربط باتیں -

sputterer, n. : بے ربط باتیں کرنے والا -

sputteringly, adv. : بے ربطی سے ؛ جلد جلد -

Sputum, n. (pl. -ta) : تھوک ؛ لعاب دہن ؛ رال ؛ کھنکار ؛ بلغم (بیماری میں) -

Spy, n. & v. t. & i. : (۱) جاسوس ؛ مخبر ؛ خفیہ نویس (۲) دریافت کرنا ؛ معلوم کرنا ؛ شناخت کرنا ؛ پہچان لینا (جیسے *spied a horesman approaching, is quick at spying his neighbour's faults* = پڑوسیوں کے عیب تاڑتا رہتا ہے) - (۳) جاسوسی کرنا ؛ مخبری کرنا ' خفیہ طورپر نظر رکھنا -

s. into one's secret : کسی کے راز کا تجسس کرنا -

s. out : در پردہ تجسس کرنا ؛ خفیہ طور سے معلوم کرلینا -

s. upon a person : کسی شخص پر خفیہ طور سے نظر رکھنا -

spy -glass : چھوٹی سی دور بین -

s. -hole : چھوٹا سا سوراخ نظر بچا کر دیکھنے کے لیے -

Squab, a. adv. & n. : (۱) چھوٹا مگر موٹا - (۲) دھڑام سے ؛ دھم سے (جیسے come down s. on the floor = فرش پر دھم سے گرنا) - (۳) کوتاہ قد موٹا آدمی - (۴) کبوتر کا بچہ جس کے پر پرزے ابھی نہ نکلے ہوں (چوزہ) ؛ (مجازاً) نو عمر لڑکا - (۵) گدی (بھری ہوی) ؛ گدے دار چوکی -

s. -chick : پرند کا بچہ جس کے پر پرزے ابھی نہ نکلے ہوں ؛ پٹھا ؛ چوزہ -

s. pie : کبوتر کی پائی (دیکھو pie) ؛ بکرے کے گوشت ' پیاز اور سیب کی پائی -

squabby, a. : چھوٹا اور موٹا ؛ گداز جسم کا -

Squabble, v. i. & t. & n. : (۱) تکرار ہو جانا یا کرنا ؛ جھگڑا کرنا ؛ جھڑپ ہوجانا - (۲) (طباعت) جمائے ہوئے ٹائپ کو کھولنا - (۳) ادنیٰ تکرار ؛ جھڑپ ؛ جھپٹ ؛ جھگڑا ٹنٹا -

squabbler, n. : جھگڑالو -

Squacco, n. : جنوبی یورپ' افریقہ اور ایشیا کا چھوٹی کلغی دار بگلا -

Squad, n. : (۱) (فوجی) دستہ جو قواعد وغیرہ کے لئے جمع ہو - (۲) مختصر جماعت ؛ ٹکڑی ؛ جتھا -

awkward s. : نئے رنگروٹ (نیز مجازاً) -

Squadron, n. & v. t. : (۱) (فوجی) اسکواڈرن یعنے سواروں کا دستہ (جن میں دو ٹروپ اور ۱۲۰ سے دو سو تک سوار ہوتے ہیں) - (۲) منظم مجمع - (۳) جنگی جہازوں کا دستہ جو کسی خاص خدمت پر مامور ہو (جیسے flying s. = تیز دریا گردی کا دستہ) - (۴) دستوں میں ترتیب دینا -

s. -commander : دیکھو Air force (air نمبرایک کےتحت) -

Squail, n. (pl.) : ایک کھیل جو چھوٹی چھوٹی لکڑی کی گوٹیوں سے گول میز پر کھیلا جاتا ہے ' ان گوٹیوں کو ہتیلی سے اس نشان کی طرف ٹھیلتے ہیں جو میز کے بیچ میں ہوتا ہے -

s. board : اس کھیل کی میز یا بساط -

Squailer, n. : بھاری موٹھ کی چھڑی ' گلہریوں کے مارنے کے کام آتی ہے -

Squalid, a. : غلیظ ؛ گھناؤنا ؛ حقیر؛ خستہ حال؛ رذیل؛ قابل نفرت -

squalidly, adv. : غلیظ طور پر -

Squalidity, Squalidness, squalor, nn. : غلاظت ؛ غلیظ پن -

Squall, v. i. & t. & n. : (۱) چیخنا ' چلانا (تکلیف یا خطرے میں)؛ جھلاہٹ یا گھبراہٹ میں کچھ چیخ کر کہنا - (۲) چیخنا ؛

چلانا ؛ چیخنے چلانے کی آواز - (۳) ہوا کا زور کا جھونکا ' جھکڑ یا
آندھی (خصوصاً بارش ' برف اور اولوں کے ساتھ) -
arched s. : خط استوا کے قریب کی آندھی یا طوفان جس میں
قوسی شکل کے سیاہ بادل یک بیک نمودار ہوجاتے ہیں -
black s. : طوفان وغیرہ جس میں سیاہ بادل ہوں -
look out for ss. : (مجازاً) چوکنا یا چوکس رہنا ؛ خطرے
کی مدافعت کے لئے تیار رہنا -
white s. : طوفان وغیرہ جو صاف مطلع میں بادلوں کے
بغیر نمودار ہو -
squaller, n. : چیخنے چلانے والا -
squally, a. : طوفانی ؛ آندھی یا جھکڑ کا -
Squaloid, a. : مگر جیسا ؛ شیر دریائی یا نہنگ کی مانند -
Squama, n. (pl. -ae) : (نباتیات و حیوانیات) فلس ؛ کھپرا ؛
کھپرے جیسا ہڈی یا جھلی کا حصہ -
squami-, squamo- : اجزائے ترکیبی -
squamose, squamous, aa. : کھپرے دار ؛ کھپرے کے مشابہ -
squamule, n. : چھوٹا کھپرا ؛ فلسچہ -
Squander, v. t. : فضول خرچی کرنا ؛ اسراف کرنا ؛ پھونک دینا '
اڑا دینا (روپیہ ' جائداد وغیرہ) -
squanderer, n. : فضول خرچ ؛ مسرف ؛ اڑا دینے والا
squanderingly, adv. : اسراف کے ساتھ -
squandermania, n. : اسراف مالیا ؛ اسراف کا خبط
(گورنمنٹ کی یا دوسری فضول خرچیوں کے متعلق جو جنگ عظیم
کے بعد رائج تھیں) -
Square, a. adv., & v. t. & i. : (۱) مربع - (۲) مربع نما - (۳)
چوک (جیسے lives in the next s. ؛ Russel s. ؛ Trafalgar s.) -
(۴) کٹرا ' جس کے چاروں طرف سڑک ہو - (۵) گنیا (بڑھئی کا
آلہ زاویۂ قائمہ درست کرنے کے لئے) - (۶) معیار ؛ اصول
(عموماً مجازاً و قدیم) - (۷) کسی عدد کا مربع (جیسے
9 is a perfect s., the s. of 8 is 64) - (۸) پیادہ
فوج بشکل مربع (مثلاً hollow s. = خالی مربع) ؛ چاروں طرف
آدمی اور بیچ میں خالی سامان وغیرہ کے لیے یا صفوں کے ملنے اندر
کو ہوں تاکہ ان افسروں کے احکام جو خالی جگہ میں کھڑے ہوتے ہیں
سن پائیں - (۹) (نیز word -s.) الفاظ کا مجموعہ جو بشکل مربع ایسے
مرتب ہوں کہ آڑے اور سیدھے یکساں پڑھے جائیں (مثلاً bed, ace, cab) -
(۱۰) تقریباً ایک سو مربع فٹ جو فرش وغیرہ کا ایک پیمانہ ہے -
(۱۱) مربع شکل کا (مثلاً s. foot, inch) - (۱۲) مستطیل
(جیسے table with s. corners = میز جس کے کونے زاویۂ
قائمہ بناتے ہیں) - (۱۳) جو کسی دوسرے کے ساتھ زاویۂ
قائمہ پیدا کرے - (۱۴) جس کی چوڑائی ؛ لمبائی یا اونچائی
تقریباً برابر ہو (جیسے a man of s. frame جتنا لمبا تقریباً
اتنا ہی چوڑا ؛ چوکور) - (۱۵) گوشہ دار ؛ کونہ دار ؛ جو گول
نہ ہو (جیسے a s. peg in round hole دیکھو Hole) ؛
(جبڑا has a s. jaw) - (۱۶) مرتب ؛ درست ؛ ٹھیک
ٹھاک ؛ لیس (جیسے must tidy up & get thing s.) -
(۱۷) صاف صاف ؛ واضح ؛ قطعی (was met with a s.
refusal = ٹکا سا جواب ملا) - (۱۸) پورا پورا ؛ کامل
(made a s. meal = خوب کھایا) - (۱۹) منصفانہ ' نیز
باد یانت ؛ ایماندارانہ (مثلاً his play is not always quite s.
= وہ ہمیشہ ایمان داری سے نہیں کھیلتا ؛ a s. deal = کھرا
یا سچا سودا) - (۲۰) برابر کا دعویٰ رکھنے والا ؛ مساوی ؛ معاملے
کا صاف (مثلاً I am now s. with all the world =
دنیا جہان کے ساتھ اب میرا معاملہ صاف ہے ؛ get s. with
creditors (pay, compound with) = حساب صاف کردینا) -
(۲۱) (بطور متعلق فعل) جیسے hit him s. on the jaw,
sat s. on his seat مثلاً) squarely, fair & s. : fair دیکھو
do you think he plays s. ?) - (۲۲) چورس
کرنا ؛ مستطیل بنانا - (۲۳) (لکڑی کے) کناروں کو
چورس کرنا - (۲۴) مجذور کرنا ؛ عدد کا مربع کرنا (مثلاً
3 squared is 9) - (۲۵) ٹھیک کرنا ؛ مناسب حال بنانا ؛
موافق یا مطابق کرنا (مثلاً decline to s. my conduct
to or with his interests = میں اپنے رویہ کو اس
کے اغراض کے مطابق نہیں بنا سکتا ؛ his practice does
not s. or he does not s. his practice with his
principles اس کا عمل اس کے اصول کے مطابق نہیں) - (۲۶)
چکانا (حساب کتاب کا) ؛ ادا کرنا ؛ بے باق کرنا (خصوصاً
s. account with) (مجازاً) بدلہ لینا - (۲۷) چکانا ؛ (بول
چال) دینا ' پیش کرنا (خصوصاً رشوت کا جیسے can you
s. porter = کیا دربان کو کچھ دے دلا کر راضی کر لوگے ؟ ' has
been squared to hold his tongue — خاموش رہنے پر
راضی کرلیا ہے) ؛ منہ بند کرنا - (۲۸) مکا تان کر آگے بڑھنا -
(۲۹) (بحری) بادبان وغیرہ جہاز کے پیندے کے متوازی اور جہاز
کے طول سے زاویۂ قائمہ پر رکھنا ؛ رسی ڈالنے کے گول کندوں کو
ایک دوسرے کے برابر برابر رکھنا -
magic s. : دیکھو magic -
on the s. : دیانت داری سے ؛ منصفانہ یا بے لاگ طور پر -
by the s. : ٹھیک ٹھیک یا نہایت صحت کے ساتھ (مثلاً
can be trusted to act on the s., by the s.) -
s. dance, game. : ناچ یا کھیل جس میں چار شخص ہوتے
ہیں اور ہر ایک اپنے جوڑی دار کے مقابل بیٹھتا ہے -
s.-built : چوڑا چکلا یعنی اونچائی کی مناسبت سے زیادہ چوڑا -
s.head : اسکینڈے نیویا یا کینیڈا کا باشندہ متوطن امریکہ -
s. leg : (کرکٹ) فیلڈ کرنے والا جو بلے والے سے فاصلے پر بائیں
ہاتھ وکٹ کے تقریباً مقابل کھڑا ہو (جیسے was put at s. leg) -
s. measure : رقبہ مربع فٹ وغیرہ میں -
s. number : مجذور صحیح (مثلاً ۴ ' ۹ ' ۱۶ وغیرہ) -
s.-rigged : (جہاز) اس طرح آراستہ کہ بڑے بڑے بادبان
افقی رسوں کے ساتھ پھیلے ہوئے رہیں اور وہ مستول کے
درمیان ہوں (fore-&-aft rigged اس کا ضد ہے) -
s. root : جذر ' وہ عدد جس کا جذر مربع ہے (مثلاً
the s. root of 16 is 4) -
s.-shouldered : چوڑے شانوں والا -
s.-toed : (۱) چوڑے پنجے کا (بوٹ) پہنے ہوئے - (۲)
(مجازاً) آداب و رسوم کا نہایت پابند ؛ بہت با ضابطہ ؛ محتاط ؛
پرانے فیشن کا -
s.-toes : شخص ' جو ایسا بوٹ پہنے ہوئے ہو یا جو بہت

با ضابطہ رفیرہ ہو -

s. the circle: بنانا دائرے کا رقبے میں مربع کے برابر؛ دائرہ کا رقبہ مربع پیمانے میں نکالنا ؛ (مجازاً) ناممکن بات کو عمل میں لانے کی کوشش کرنا -

squarely, *adv.*: (۱) چوکور - (۲) بالکل مقابل ' سامنے - (۳) ٹھیک؛ بالکل - (۴) ایمان داری یا سچائی سے؛ بلا فن فریب -

squareness, *n.*: مربعیت ؛ معاملے کی صفائی؛ سچائی ؛ ایمان داری -

squarish, *a.*: مربع سا -

Squarrose,- ous, *aa.*: (۱) (نباتیات ' حیوانیات) کھپرے دار ؛ فلس پوش - (۲) اُبھرے ہوئے کھپروں والا ؛ کنج ابھار (ج)-

Squarson, *n.*: پادری جو زمیندار بھی ہو -

Squash, *v. t. & i. & n.*: (۱) کچلنا ؛ بھینچنا ؛ مسلنا؛ نچوڑنا ؛ گودا نکالنا ؛ (مجازاً) چپ کر دینا؛ لا جواب کر دینا ؛ دنداں شکن جواب دے کر منہ بند کر دینا - (۲) دب جانا ؛ پھنس جانا - (۳) (*into* وغیرہ کے ساتھ) گھس پیٹھ کر کے رستہ نکالنا ؛ ہجوم میں سے گھس گھسا کر رستہ نکالنا - (۴) کچلی یا نچوڑی ہوئی شے (عرق ' شربت ' اکثر مرکب الفاظ میں) - (۵) انبوہ ؛ مجمع ؛ بھیڑ - (۶) کسی نرم ملائم شے کی گرنے کی آواز ؛ پھس - (۷) (نیز *s. rackets*) ایک کھیل جو ریکیٹ اور نرم گیند سے محصور کورٹ میں کھیلا جاتا ہے -

s. hat: نرم نمدے کی ٹوپی -

lemon s.: دیکھو Lemon لیمن ایڈ -

squashiness, *n.*: فشردگی -

squashy, *a.*: ملائم ؛ گودے دار ؛ پلپلا -

Squash, *n.*: کدو کی ایک قسم -

Squat, *v. i. & t. & a. & n.*: (۱) زمین پر دوزانو بیٹھنا ؛ پالتی مار کے بیٹھنا - (۲) دو زانو بٹھانا - (۳) (حیوانات کے متعلق) دبکنا - (۴) (بول چال) بیٹھنا (*on* '*down* وغیرہ کے ساتھ) - (۵) دو زانو یا پالتی مارے بیٹھا ہوا - (۶) ناٹا اور موٹا ؛ پستہ قد مضبوط - (۷) دو زانو نشست - (۸) چھوٹا اور موٹا آدمی -

Squatter, *n.*: (۱) دو زانو یا پالتی مار کر بیٹھنے والا - (۲) (حسب قانون آسٹریلیا) جو شخص سرکار سے اُن شرائط پر چرائی کے حقوق حاصل کرے ؛ (نیز) مویشیوں کا مالک - (۳) کوئی شخص جو نو آورد (خصوصاً سرکاری) زمین پر بلا استحقاق قبضہ کرے ؛ دخیل بلا استحقاق -

Squaw, *n.*: امریکی ریڈ انڈین عورت یا بیوی -

s.-man: ایسی عورت کا گورا خاوند -

Squawk, *v. i. & n.*: (۱) (خصوصاً پرندوں کے متعلق) تیز' تند اور کرخت آواز نکالنا (تکلیف یا خوف میں) - (۲) ایسی چیخ -

Squeak, *v. i. & t. & n.*: (۱) چوں چوں کرنا ؛ چوہے یا زنگ آلود چول کی سی آواز نکالنا - (۲) چیخ کر بولنا - (۳) (عامیانہ) مخبری یا جاسوسی کرنا - (۴) ذراسی تیز چیخ -

bubble-and-s.: دیکھو Bubble -

narrow s.: (خطرے سے) بال بال بچنا ؛ کامیابی جس کی بہت ہی کم توقع ہو -

squeakily, *a.*: تیز آواز یا چیخ سے -

squeaky, *a.*: تیز آواز یا چیخ کا؛ تیز آواز یا چیخ نکالنے والا -

Squeaker, *n.*: (۱) اسم مذکورہ بالا فعل کے معنوں میں- (۲) پرندے کا بچہ' (خصوصاً) کبوتر کا -

Squeal, *v. i. & t. & n.*: (۱) چیخنا؛ چلانا؛ چیں چیں کرنا (مثلاً بچے کا خوف ' غصے ' تکلیف یا خوشی وغیرہ میں) - (۲) چلا کر یا چیں چیں کر کے بولنا - (۳) (عامیانہ) حجت کرنا یا احتجاج کرنا (مثلاً ٹیکس کے خلاف) - (۴) (عامیانہ) جاسوسی کرنا - (۵) (بچے ' سور وغیرہ کی) چیخ پکار ؛ چیں چیں -

make one s.: (عامیانہ) کسی شخص کو افشائے راز کی دھمکی دے کر روپیہ وصول کرنا -

Squealer, *n.*: (۱) چیخنے چلانے والا ' چیں چیں کرنے والا وغیرہ - (۲) پرندے کا بچہ' (خصوصاً) کبوتر کا -

Squeamish, *a.*: (۱) نازک مزاج ؛ نفیس طبع ؛ نازک مذاق ؛ باریک بیں ؛ مرزا منش - (۲) تنک مزاج - (۳) حد سے زیادہ محتاط -

squeamishly, *adv.*: تنک مزاجی وغیرہ سے -

squeamishness, *n.*: تنک مزاجی' نفاست طبع وغیرہ -

Squeegee, squilgee, *nn. & vv. t.*: (۱) جہاز کے صحن یا سڑک کی جھاڑو جس کے سرے پر ربڑ ہوتا ہے - (۲) چھوٹا سا ربڑ بیلن جو فوٹو گرافی میں کام آتا ہے - (۳) جھاڑو یا بیلن سے صاف کرنا یا خشک کرنا -

Squeeze, *v. t. & i. & n.*: (۱) نچوڑنا ؛ کچلنا - (۲) ملنا ؛ بھینچنا (مثلاً *s.* person's *hand*) - (۳) دھکا پیل کر کے گھس جانا ؛ ٹھنس جانا (گاڑی یا کسی کمرے میں) ؛ دھکم دھکا کر کے نکل جانا (*out of* کے ساتھ) - (۴) بھنچ بھنچا کر راستہ بنا لینا - (۵) جبراً وصول کرنا ؛ ایذا یا ڈرا کر حاصل کرنا ؛ نچوڑ لینا - (۶) مجبور کرنا ؛ دباؤ ڈالنا (مثلاً *could s. the government to any extent*) - (۷) جبر' دباؤ یا منت سماجت وغیرہ سے روپیہ حاصل کرنا (*out of* person) - (۸) بہ تکلف یا دبا دبا کے نکالنا (مثلاً *s. a tear*) - (۹) (سکے کا) نقش اُتھارنا (خصوصاً نم کاغذ سے) - (۱۰) دباؤ (جیسے *gave him a s. of the hand*) - (۱۱) دھکا پیل ؛ ریلا ؛ دھکم دھکا (مثلاً *we all got in, but it was a tight s.*) - (۱۲) سکے کے نقش کا چربہ -

squeezability, *n.*: (مجازاً) غیر مستقل مزاجی -

squeezable, *a.*: دبنے کی صلاحیت رکھنے والا ؛ دباؤ پذیر -

Squeezer, *n.*: (۱) فاعلی معنوں میں - (۲) پگھلے ہوئے لوہے میں سے بلبلے نکالنے کی کل - (۳) پھلوں سے عرق نکالنے کا آلہ - (۴) (جمع) تاش کے پتے؛ جن کے اعداد دائیں طرف کے کنارے پر ثبت ہوتے ہیں تاکہ کھیلنے والے کو اپنے ہاتھ میں پھیلانے کی ضرورت نہ پڑے -

Squelch, *v. t. & i. & n.*: (۱) (بول چال) کچل دینا؛ کام تمام کر دینا ؛ خاتمہ کر دینا - (۲) پریشان کرنا ؛ بدحواس کر دینا ؛ گھبرا دینا ؛ خاموش - (۳) پچر پچر کرنا (کیچڑ میں چلنے یا پانی بھرے جوتوں سے چلنے کی آواز) - (۴) کاری ہاتھ ؛ کاری ضرب یا وار؛ (مجازاً) جواب مسکت؛ دنداں شکن جواب - (۵) پچر پچر کی آواز -

Squib, *n. & v. t. & i.*: (۱) (آتش بازی) چھچھوندر' ہوائی وغیرہ ؛ بارود سے بھری ہوئی نلکی سرنگ اڑانے کے لیے - (۲)

ہجو یا نظم یا نثر : مضحکہ خیز نظم یا نثر وغیرہ - (۳) ہجو لکھنا ؛ مضحکہ خیز نظم یا نثر لکھنا -

Squid, *n.* & *v. i.*: (۱) ایک قسم کی مچھلی جو چارے کی بجائے استعمال کی جاتی ہے ، مصنوعی طعمی یا چارہ - (۲) چارا لگا کو مچھلی پکڑنا -

Squiffer, *n.*: = Concertina (ہامنیانہ)

Squiffy *a.*: کسی قدر پیے ہوئے ؛ نیم مست -

Squilgee : دیکھو Squeegee -

Squill, *n.*: سوسن کی قسم کا ایک پودا جس کی پیاز مدر اور مسہل ہوتی ہے ؛ (نیز *s. -fish*) کھونگے کی قسم -

Squinch, *n.*: ایک ذات مربع مینار کے اندرونی زاویے پر جو بالائی ہشت پہلو عمارت کے سہارے کے لیے بنی ہوتی ہے -

Squint, *v. i.* & *t.*, *n.* & *a.* : (۱) بھینگا ، احول ہونا ؛ (*at* وغیرہ کے ساتھ) آنکھوں کو ماد نا تر چھا کر کے دیکھنا - (۲) آنکھوں کا جلد جلد جھپکنا ؛ آنکھوں کا نیم باز رہنا - (۳) بھینگا پن (عارضہ) (مثلاً *has a fearful s.* = شدید بھینگا پن ہے) - (۴) چور نظر ؛ ترچھی نظر - (۵) (بول چال) سرسری یا اچٹتی ہوئی نظر (مثلاً *let's have a s. at it* = لاؤ ذرا ایک نظر دیکھ لیں) - (۶) میلان ؛ رجحان (*to, towards,* Policy &c.) - (۷) گرجے کا روزن دیوار جس میں سے قربان گاہ نظر آئے - (۸) احول ؛ ٹیڑھا ؛ بھینگا -

s. -eyed : بھینگی نظر والا ؛ بری نظر والا ؛ کینہ ور ؛ بغض وعداوت رکھنے والا ؛ بد باطن -

Squire, *n.* & *v. t.*: (۱) جاگیر دار ؛ بڑا زمیندار ؛ تعلقہ دار - (۲) کسی خاتون کی مشایعت کرنے والا یا ہمرکاب یا ملتفت - (۳) (تاریخ) نائٹ کا ہمراہی یا اردلی - (۴) (مرد کا) عورت کی خاطر مدارات میں رہنا ؛ عورت کے ہمرکاب ہونا -

s. of dames : عورتوں کی صحبت پسند کرنے والا -

squirehood, *n.*: اسکوائر کا درجہ یا رتبہ -

squirelet, *n.*: چھوٹا زمیندار -

squireling, squireship, *nn.* : زمینداری؛ زمیندار کا رتبہ -

squirely, *a.*: اسکوائر یا زمیندار کے متعلق ؛ زمیندار یا تعلقہ دار کے شایاں -

Squirearchy, *n.*: (۱) زمینداروں یا جاگیر داروں کی حکومت یا رسوخ ، (خصوصاً) قبل از ریفارم بل ۱۸۳۲ ع - (۲) جماعت زمینداران -

squirearch, *n.*: رکن جماعت زمینداران -

squirearchal, squirearchical, *aa.*: متعلق بہ جماعت زمینداران یا حکومت زمینداران یا شایان حکومت زمینداران -

Squireen, *n.*: ادنیٰ حیثیت کا زمیندار (خصوصاً آئرستان میں) -

Squirm, *v. i.* & *n.*: (۱) پیچ و تاب کھانا - (۲) (مجازاً) بد حواسی یا پریشانی ظاہر کرنا ؛ دل ہی دل میں گھٹنا - (۳) پیچ و تاب - (۴) (بحری) رسے کا بل یا پیچ -

Squirrel, *n.*: گلہری -

s. -fish : مچھلی کی قسم جس کے بدن پر دھار دار ریزہ کی تہ ہوتی ہے -

s. -hawk : گلہریوں کا شکار کرنے والا باز -

s. -monkey . چھوٹی قسم کا بندر -

s. -tail : گھاس کی قسم مشابہ بہ جو -

Squirt, *v. t.* & *i.* & *n.*: (۱) پچکاری مارنا یا چھوڑنا (عرق یا سفوف کی) ؛ فوارہ چھوٹنا ؛ پچکاری کی طرح نکلنا - (۲) پچکاری ؛ پانی کی دھار ؛ فوارہ کی سی دھار - (۳) (نیز *s. -gun*) کھلونا پچکاری - (۴) (بول چال) حرد ماغ ؛ خود پسند ؛ شیخی باز ؛ نو دولتا ؛ شیخی باز ہیچ پوچ آدمی -

St.. St Andrew وغیرہ (نیز دیکھو Saint) -

Stab, *v. t.* & *i.* & *n.*: (۱) چبھونا ؛ زخمی کرنا ؛ بھونکنا (خنجر ، چاقو وغیرہ) - (۲) (مجازاً) سخت آزردہ کرنا ؛ صدمہ پہنچانا (ضمیر ، جذبات ، نام ، شہرت کو) (مثلاً *s. one's reputation*) - (۳) پلستر کرنے سے پہلے دیوار کی سطح کو کھر دنا - (۴) بھونک ؛ زخم ؛ گھاؤ (چاقو وغیرہ سے) ؛ صدمہ (جذبات کا) -

s. in the back : (۱) غیبت کرنا ؛ بدنام کرنا ؛ تہمت لگانا (خفیہ طور سے یا کینہ پن سے) - (۲) (بطور اسم) غیبت ، تہمت وغیرہ (مثلاً *a s. in the back* = بیوفائی ، غداری) -

stabber, *n.*: (۱) خنجر یا چاقو بھونکنے والا ؛ قاتل - (۲) چاقو ، خنجر وغیرہ -

Stabat Mater, *n.*: ایک لاطینی بھجن (باجے کے ساتھ) جس میں مریم عذرا کے اس رنج و اندوہ کا بیان ہے جو حضرت عیسیٰ کے مصلوب ہونے پر ظاہر ہوا -

Stable, *a.*: (۱) مضبوط ؛ مستحکم ؛ قائم (مثلاً *I doubt whether the structure is s.* = مجھے عمارت کے مستحکم ہونے میں شبہ ہے) - (۲) مستقل مزاج ؛ ثابت قدم ؛ پکا ؛ اٹل ؛ غیر متذبذب (*the only s. politician of his day* = اپنے زمانہ کا مستقل مزاج سیاست داں) -

s. equilibrium : دیکھو Equilibrium -

stability, stabilization, stableness, *nn.* : استحکام (دینا) (خصوصاً سکۂ رائج الوقت کو) -

stabilize, *v. t.*: استحکام دینا ؛ مضبوط کرنا -

stabilizer, *n.*: ہوائی جہاز کا وہ بازو جو اس کے توازن کو قائم رکھتا ہے -

stably, *adv.*: مضبوطی وغیرہ سے -

Stable, *n.* & *v. t.* & *i.*: (۱) اصطبل - (۲) گھڑ دوڑ کے گھوڑے جو کسی خاص اصطبل کے ہوں - (۳) گھوڑے کو اصطبل میں رکھنا یا باندھنا (مثلاً *where can we s. our horse ?*) - (۴) (گھوڑوں کی نسبت اور مجازاً آدمیوں کے لئے بھی) بندھنا (اصطبل میں) ؛ قیام کرنا (مثلاً *must s. where they can* = جہاں موقع ملے قیام کر لیں) -

Augean ss.: دیکھو Augean -

s. -boy, -man : اصطبل کا ملازم -

s. -call : فوجی گھوڑوں کو کھریرا کرنے اور پانی دکھانے کا بگل -

s. -companion : ہم اصطبل (گھوڑا) ؛ (مجازاً) ہم مکتب ؛ ہم کلب (ایک ہی کلب یا مدرسہ کے رکن) -

Stabling, *n.*: (۱) فعلی معنوں میں - (۲) گھوڑوں کے تھان -

Stablish, *v. t.*: (قدیم) گاڑنا ؛ مضبوطی سے لگانا ، قائم کرنا ؛ مستحکم کرنا -

Staccato, *a.* & *adv.*: (موسیقی) غیر مسلسل بجا یا ہوا یعنی وقفوں کے ساتھ (ضد legato) -

s. mark : اسکاٹو نوٹ (نشان موسیقی) کے اوپر نیچے کا نقطہ جس کا مطلب یہ ہوتا ہے کہ غیر مسلسل بجایا جائے -

Stack, *n.* & *v. t.* : (۱) گری ؛ انبار ؛ ڈھیر (غلے یا گھاس کا) - (۲) ٹال ؛ گلج - (۳) ایندھن کا پیمانہ جو ۱۰۸ مکعب فٹ کا ڈھیر ہوتا ہے ؛ ٹھیکی - (۴) ڈھیر ؛ انبار ؛ تودہ - (۵) (بول چال) افراط ؛ بہتات (مثلاً *have ss., a whole s. of work to get through first*) - (۶) بندوقوں کا انبار (سلامی کی شکل میں بندوقوں کو ایک دوسرے کے سہارے کھڑا کرنا) - (۷) چمنیوں کی قطار - (۸) (نیز *Smoke-s.*) جہاز یا انجن کی چمنی یا دودکش - (۹) اونچی الگ تھلگ چٹان خصوصاً سکاٹ لینڈ اور جزائر اورکنی کے ساحل پر - (۱۰) ڈھیر لگانا ؛ انبار لگانا -

s. arms : = pile arms

s. -funnel : جہاز کے بیچوں بیچ مخروطی شکل کا ہوا دان -

s. -stand : کرسی (اینٹوں کا چبوترہ) ؛ کھڑ ونچا ؛ غلہ کا ڈھیر سکھانے یا لیڑوں سے بچانے کے لئے -

Stacte, *n* : ایک خوش مزہ مسالہ جو قدیم یہودی بخورات بنانے میں استعمال کرتے تھے -

Stactometer, *n.*: پیمانہ (نلکی کا سا بنا ہوا قطرات کے ناپنے کے لئے) ؛ قطرہ پیما -

Stadium, *n.* (pl. *-ia*) : (۱) (یونان قدیم) لمبائی کا پیمانہ = ۲۰۲ گز - (۲) پیدل دوڑ کا میدان - (۳) جسمانی ورزش کا میدان - (۴) (طب) کسی مرض کی مدت ؛ نوبت ؛ دور -

Stad(t)holder, *n.*: (۱) (تاریخ) نیدر لینڈ میں کسی صوبے یا شہر کا حاکم یا وائسرائے - (۲) صوبجات متحدہ کا اعلیٰ مجسٹریٹ -

stad(t)holdership, *n.*: مذکورۂ بالا عہدہ یا منصب -

Staff, *n.* (pl. now *staffs* except music *staves*): (۱) سونٹا ؛ ڈنڈا ؛ چھڑی ؛ لاٹھی ؛ (اب اکثر مجازاً) سہارا ؛ تکیہ (جیسے *bread is the s. (support) of life; you are the s. of his old age*) - (۲) منصب اور حکومت کی علامت ؛ عصائے حکومت (جیسے *pastoral s.* عصا جسے بشپ ہاتھ میں لے کر چلتا ہے یا اُس کے آگے آگے اُٹھا کر لے جاتے ہیں) - (۳) بلی ؛ دستہ ؛ سہارا [جیسے *flag s.* (دیکھو flag)] - (۴) آلۂ پیمائش و مساحت [جیسے *Jacob's s.* (دیکھو jacob)] - (۵) سمندر میں ارتفاع معلوم کرنے کا آلہ (جیسے *back, cross, fore, -s.*) - (۶) (جراحی) مڑا ہوا فولادی آلہ جو مثانے کے اندر نشتر کی رہنمائی کرتا ہے ؛ مجس - (۷) (فوج) افسروں کی جماعت (فوجی کمانڈر کی مدد کے لیے) جن کا تعلق فوج یا رجمنٹ سے ہوتا ہے مثلاً *regimental s., general s.*) جو فوج کے صدر مقام پر کمانڈر انچیف کے ماتحت ہوتا ہے ؛ *s. officer, -sergeant* جو اسٹاف سے متعلق ہو یا اسٹاف میں کام کرتا ہو ؛ *s. college* کالج جس میں افسروں کو اسٹاف کا کام سیکھنے کی تعلیم دی جاتی ہے بخلاف رجمنٹ کے کام کے) - (۸) اہل کاروں کی جماعت یا عملہ (جیسے *editorial s. of newspaper, diplomatic s.*, عملۂ ادارت اخبار ؛ عملۂ سیاست) - (۹) (موسیقی) پانچ متوازی خطوط جن میں سے ایک پر یا کسی دو کے درمیان آواز کا چڑھاؤ ظاہر کرنے کے لیے نشان لگا دیا جائے -

quarter-s.: دیکھو quarter -

s. notation : وہ علامت جس سے آواز کا چڑھاؤ ظاہر کیا جاتا ہے (اس کا ضد *tonic sol-fa* ہے) -

(-) **staffed**, *a.*: افسروں یا عمال سے معمور

Staff, *n.*: تعمیر کا مسالہ جو پلاسٹر آف پیرس اور سیمنٹ وغیرہ ملا کر تیار ہوتا ہے

Stag, *n.*: (۱) بارہ سنگا - (۲) خصی سانڈ (جو عین جوانی میں خصی کیا جائے) - (۳) وہ شخص جو کسی نئی کمپنی یا کارخانے کے حصے اس غرض سے خریدنا چاہتا ہے کہ فوراً نفع سے بیچ دے - (۴) بے قاعدہ بیوپاری

s. -beetle : ایک قسم کا بھونرا جس کے جبڑے بارہ سنگے کے سینگوں کی طرح پھیلے ہوئے ہوتے ہیں -

s. -evil : گھوڑے کی دانت بچی (مرض) -

s. -horn : Club-moss اور مونگے کے اقسام -

staghound : ایک قسم کا بڑا شکاری کتا (جو ہرن کو دیکھ کر یا بو سے شکار کرتا ہے) -

Stage, *n.*: (۱) چبوترا ؛ مچان - (۲) چوکی جس پر اشیا رکھ کر امتحان کرتے ہیں - (۳) تھیٹر کا اسٹیج - (۴) (مجازاً) ناٹک کا فن اور علم ؛ ناٹک کرنے والوں کا پیشہ (*went on the s.* ایکٹر کا پیشہ اختیار کرلیا ؛ *the French s.* فرانسیسی تھیٹر) - (۵) (مجازاً)میدان عمل (جیسے *the s. of his operations* اس کے عمل کا میدان ؛ *a larger s. opened to him* اُس کے لیے بڑا میدان کھل گیا)- (۶) نوبت ؛ مرحلہ ؛ زمانہ ؛ منزل (کام کی) (جیسے *reached a critical s.* معاملہ نازک حد تک پہنچ گیا ہے ؛ *at this s. an interruption occurred,* اس نوبت پر خلل واقع ہو گیا ؛ *passed through a long s. of inactivity* بے کاری کے طویل مرحلے سے گزر گیا ؛ *larval s.* پہلا روپ کا زمانہ)- (۷) منزل (جیسے *travelled by easy ss.* آسان منزلیں کرکے سفر کیا ؛ *got down at the next s.* دوسری منزل پر اُتر پڑا) -

s. -coach : ڈاک گاڑی -

s. -coachman : ڈاک گاڑی کا کوچبان -

s. -craft : ناٹک نویسی یا ڈرامے کے کھیلنے کا فن یا پیشہ -

s. direction : ایکٹروں (نٹوں) کی ہدایت کے لیے چھپے ہوئے اشارات -

s. door : ایکٹروں یا تماشا کرنے والوں کی آمد و رفت کا دروازہ پشت تماشا گاہ پر -

s. effect : (۱) اثر جو کھیل سے حاضرین پر اسٹیج پر پیدا کیا جائے - (۲) اپنے حرکات اور عمل سے تھیٹر کا سا اثر پیدا کرنا -

s. fever : تھیٹر دیکھنے کی دھن ؛ تھیٹر میں شرکت کی دھن -

s. fright : بد حواسی ؛ بے اوسانی جو خصوصاً پہلی مرتبہ اسٹیج پر آنے سے ہوتی ہے -

s. manager : اسٹیج کا منتظم ؛ جس کے ذمے ڈرامے کا کھیل وغیرہ ہوتا ہے -

s. right : کسی ڈرامے کو اسٹیج پر دکھانے کا حق -

s. -struck : اسٹیج زدہ ؛ جس پر ہر وقت تھیٹر کی دھن سوار رہتی ہے -

s. whisper : اسٹیج سرگوشی ؛ وہ بات جو زیادہ تر حاضرین کے سنانے کے لیے ہو -

Stage, *v. t.* & *i.*: (۱) کسی ڈرامے کو اسٹیج پر لانا - (۲) ڈرامے

کا اسٹیج پر کھیلا جانا [جیسے does not s. well (یہ ڈرامہ اسٹیج پر اچھا نہیں رہا] -

Stager, *n.* *Old s.:* تجربہ کار ؛ گرگ باراں دیدہ ؛ پرانا کھلاڑی -

Staggard, -t, *n.:* چہار سالہ بارہ سنگا -

Stagger, *v. i. & t. & n.:* (۱) ڈگمگانا ؛ لڑکھڑانا - (۲) پس و پیش کرنا ؛ ہچکچانا ؛ دبدھا ہونا - (۳) متردد کر دینا ؛ شش وپنج میں ڈالنا (جیسے *the question staggered him* اس معاملے نے اسے شش و پنج میں ڈال دیا) - (۴) چکرا دینا ؛ پاؤں اکھاڑ دینا ؛ بد حواس کر دینا (جیسے *a staggering blow*) - (۵) پیچ و خم کے ساتھ ترتیب دینا ؛ اس طرح جوڑنا کہ ایک کا رخ دائیں طرف رہے اور دوسرے کا بائیں طرف (خصوصاً پہیوں کے آروں کا) - (۶) لڑکھڑاتی چال - (۷) (جمع میں ' نیز *blind ss.*) دماغی اور ریڑھ کی بیماری خصوصاً گھوڑوں اور مویشیوں میں - (۸) (جمع) چکر ؛ دوران سر -

staggeringly, *adv.:* لڑکھڑاتے ہوئے وغیرہ -

Staggerer, *n.:* (۱) فاعلی معنوں میں - (۲) چکرا دینے والا مسئلہ ' اعتراض یا دلیل -

Staging, *n.:* (۱) ڈرامے کو اسٹیج پر لانا - (۲) ڈاک گاڑیوں کے چلانے اور انتظام کرنے کا کام - (۳) مچان باندھنا ؛ مچان -

Stagirite, *n.* مقدونیہ کے شہر ستاجرہ کا باشندہ ؛ (خصوصاً) حکیم ارسطو (جو وہاں پیدا ہوا تھا) -

Stagnate, *v. i.:* (۱) (سیال اشیا کا) ساکن یا جامد ہو جانا ؛ بند رہنا ؛ کھڑا رہنا ؛ غیر متحرک ہونا - (۲) (زندگی ؛ عمل ' دماغ ' کاروبار ' شخص کا) مندا ہونا ؛ سست ہو جانا ؛ مدھم پڑ جانا -

stagnancy, stagnation, *nn.:* جمود ؛ سکون ؛ بے حرکتی -

stagnant, *a.:* بند پڑا ہوا ؛ جامد ؛ ساکن ؛ سست ؛ مندا -

stagnantly, *adv.:* حالت سکون میں -

Stagnicolous, *a.:* دلدل یا کیچڑ میں رہنے کا عادی ؛ کھڑے پانی میں رہنے والا -

Stagy, *a.:* (۱) تھیٹری طرز و وضع کا - (۲) نمود و نمائش کا ؛ نمود و نمائش والا ؛ نمودیا ؛ مبالغہ آمیز ؛ بننے والا - (۳) ریاکارانہ -

staginess, *n.:* تھیٹر کے مانند ہونے کی حالت ؛ نمود و نمائش -

Staid, *a.:* متین ؛ سنجیدہ ؛ مہذب ؛ پختہ مزاج -

staidly, *adv.:* متانت سے وغیرہ -

staidness, *n.:* متانت ؛ سنجیدگی -

Stain, *v. t. & i. & n.:* (۱) داغدار کرنا ؛ دھبا لگانا (جیسے *s. the fingers with ink*) - (۲) ناپاک کر دینا ؛ نجس کرنا (جیسے *wine will s. the cloth*) - (۳) میلا کرنا ؛ سانتا ؛ گندہ کرنا (جیسے *warranted not to s. clothes*) - (۴) (مجازاً) بٹہ لگانا ؛ داغ لگانا ؛ کلنک یا کالک لگانا (عزت ' نام ' شخص کو) (جیسے *his character was stained with cruelty*) - (۵) رنگ چڑھانا (لکڑی ' شیشے پر) - (۶) خوردبینی امتحان کی غرض سے رنگ دینا (پودے کے قطع یا حیوان کے نسیج کو خوب رنگ دینا تاکہ خوردبین کے امتحان میں وہ دوسرے حصوں کے مقابلے میں صاف نظر آئے) - (۷) دیوار پر لگانے کے کاغذ کو رنگ برنگ کرنا ؛ منقش کرنا ' بیل بوٹے ڈالنا - (۸) داغ ؛ دھبا (مثلاً *cloth is covered with tea-ss.*) (۹) (مجازاً) (ننگ و ناموس پر) دھبا ؛ داغ ؛ کلنک ؛ عیب (مثلاً *without a s. on his character* سیرت پر داغ آئے بغیر) -

stainable, *a.:* رنگ پکڑنے کے قابل -

stainer, *n.:* داغ لگانے والا ؛ رنگ کرنے والا ؛ رنگریز ؛ رنگ (جو رنگنے کے کام آتا ہے) -

stainless, *a.:* بیداغ ؛ بے عیب -

stainlessly, *adv.:* بے عیب طور پر ؛ بغیر داغ لگے -

Stair, *n.:* (۱) زینے یا سیڑھی کا پایہ ' قدمچہ ؛ پیڑی (مثلاً *the top s. but one*) - (۲) (اکثر جمع) سیڑھیاں (جیسے *down a winding s.* چکر دار سیڑھی کے نیچے) -

corkscrew staircase سیڑھیاں جو ستون کے گردا گرد جاتی ہیں ؛ چکر دار زینہ ؛ گھمیری زینہ -

back s.: دیکھو Back -

below ss.: نیچے کی منزل یعنی نوکروں کے رہنے کے مکان میں (مثلاً *was coolly discussed below ss.* نوکر اس مسئلہ پر ٹھنڈے دل سے بحث کر رہے تھے) -

down, up, ss.: نیچے یا اوپر کی منزل میں -

flight, pair, of ss.: سیڑھیاں (سلسلہ دار) -

staircase: زینہ -

s.-rod: لکڑی یا دھات کا ڈنڈا قدمچوں کے درمیان زینے کے فرش ۔ ۔ ۔ دبانے کے لیے -

Stake, *n. & v. t.:* (۱) بلی ؛ چوب ؛ کھونٹا (جو زمین میں گاڑا جاتا ہے حد بندی یا کسی شے کے سہارنے کے لئے) - (۲) کھمبا جس سے آدمی کو زندہ جلا دینے کے لئے باندھ دیتے ہیں - (۳) (مجازاً) زندہ جلا کر مار ڈالنا (مثلاً *was condemned to suffer at the s.* زندہ جلا دینے کی سزا ملی) - (۴) (ٹین ساز کی اھرن ؛ سندان (جو تختے پر لگی ہوتی ہے) - (۵) شرط کا روپیہ خصوصاً وہ جو نتیجے تک دونوں فریق Stakeholder کے پاس جمع کر دیتے ہیں - (۶) (جمع) شرط کا روپیہ (خصوصاً) گھڑ دوڑ میں لگایا ہوا - (۷) (جمع) ایسی دوڑ (جیسے *maiden, trial, ss.* = ان گھوڑوں کی دوڑ جنھوں نے پہلے کبھی شرط نہیں جیتی) - (۸) اصول وغیرہ کی جوکھوں یا جوکھم (مثلاً *consider the immensity of the s.* = اس جوکھوں کی اھمیت پر غور کرو) - (۹) چولوں ' کھونٹوں ' بلیوں سے باندھنا ' مضبوط کرنا یا سہارا دینا - (۱۰) کسی رقبے میں حد بندی کر دینا ؛ نشان کر دینا - (۱۱) روپیہ لگانا (کسی شرط وغیرہ میں) -

at s.: جوکھوں میں ؛ خطرے میں - (مثلاً *life itself is at s.* = جان خود جوکھوں میں ہے) -

have a s. in the country: مالی اعتبار سے ملک کی خوشحالی سے وابستہ ہونا -

s.-boat: کشتی جو دوڑ کے وقت راہ بتانے کے لئے ایک جگہ لنگر ڈالے رہتی ہے -

stakeholder: وہ شخص ثالث جس کے پاس شرط کا روپیہ جمع کیا جاتا ہے -

s.-net: مچھلی پکڑنے کا جال یا تسوں' چوبوں وغیرہ پر لٹکا ہوا -

Stalactite, *n.:* کاربونیٹ آف لائم کا تہ نشین مادہ جو عموماً قلموں کی شکل میں غار کی چھت وغیرہ سے لٹکتا رہتا ہے اور پانی کے رسنے سے بنتا ہے -

stalactic, *a.*: اس بناوٹ کا -
stalactiform, *a.*: اس شکل کا -
stalactitic, *a.*: اس وصف کا -
Stalagmite, *n.*: کار بونیٹ آف لائم کا تہ نشین مادہ جو غاروں وغیرہ کے فرش پر پایا جاتا ہے -
stalagmitic, *a.*: اس وصف کا -
stalagmitically, *adv.*: ان مرکبات کی خاصیت کے طور پر -
Stale, *a. n. & v. t. & i.*: (۱) باسی؛ بسا ہوا؛ اترا ہوا (جیسے *s. bread* = باسی روٹی؛ *s. bread is best for toast* = باسی روٹی کا توس اچھا بنتا ہے) - (۲) (مجازاً) فرسودہ؛ پرانا؛ پامال (جیسے *s. joke, news, devices*) - (۳) (پہلوانوں میں) تھکا ماندہ؛ خستہ؛ ناکارہ - (۴) گھوڑوں اور مویشیوں کا بول - (۵) پرانا کر دینا؛ ذلیل کرنا؛ بد مزہ کر دینا - (۶) (گھوڑے کا) پیشاب کرنا -
Stalemate, *n. & v. t.*: (۱) (شطرنج) زچ (جب کوئی مہرہ چلنے کے لئے نہ رہے) - (۲) (لغوی و مجازی) زچ کرنا -
stalely, *adv.*: بے مزہ طور سے -
staleness, *n.*: باسی پن؛ فرسودہ پن -
Stale, *n.*: (قدیم) (۱) لگا لانے والی چڑیا (جس کے ذریعے دوسرے پرندوں کو پھانستے ہیں) - (۲) سادہ لوح؛ بھولا بھالا؛ مودھو - (۳) نقل محفل -
Stalk, *v. i. & t. & n.*: (۱) اکڑ کر چلنا؛ اترا کر چلنا؛ اینٹھ کر چلنا (اکثر *along* کے ساتھ) - (۲) دبے پاؤں شکار کو جا دبوچنا؛ بے آہٹ چلنا؛ (ٹٹی وغیرہ کی) آڑ میں شکار کھیلنا - (۳) چوری چھپے شکار کا تعاقب؛ بانکی چال؛ خرد نما کی چال - (مصنوعی) گھوڑا جس کی آڑ میں شکاری چھپ کر شکار کھیلتا ہے؛ ٹٹی کی آڑ؛ (مجازاً) بہانہ؛ حیلہ -
stalking-horse :
stalker, *n.*: (۱) اکڑ کر چلنے والا - (۲) (نیز *deer-s.*) آڑ میں شکار کرنے والا -
Stalk, *n.*: (۱) (نباتیات) ڈنٹھل؛ ڈنڈی - (۲) (حیوانیات) ڈنٹھل جیسی ساخت؛ فصلہ نما جوڑ - (۳) جام شراب کی ڈنڈی (پیندے کے اوپر) - (۴) (تعمیرات) پودے کی ڈنڈی کی شکل کا آرائشی حاشیہ - (۵) کارخانوں وغیرہ کی لمبی چمنی -
s.-eyed : (کیکڑا وغیرہ) فصلہ نما جوڑ سے ملی ہوئی آنکھ والا -
(-)stalked, *a.*: تنے یا ڈنڈی والا؛ تنے یا ڈنڈی کے سہارے (پتے) -
stalkless, *n.*: بے تنا؛ بے ڈنڈی (کے پتے) -
stalklet *n.*: چھوٹا ڈنٹھل یا ڈنڈی -
stalky, *a.*: لمبے ڈنٹھل (جس میں پتے بہت کم یا بالکل نہوں) -
Stall, *n., v. & i.*: (۱) (اصطبل میں) ایک جانور کی جگہ؛ تھان؛ گاوخانہ - (۲) میلے یا ہاٹ میں عارضی دکان یا سائبان؛ کسی عمارت میں مال کی فروخت کا کمرہ؛ سودا بیچنے کی میز؛ تختہ؛ چوکی (مثلاً *picked it up in or on a book-s.*) - (۳) سماع خانے کی نشست (جو پشت اور اطراف سے بند ہوتی ہے اور اکثر اس پر شامیانہ ہوتا ہے) خاصکر وہ جو گرجا کے پادریوں کے لئے مخصوص ہوتی ہے - (۴) (تھیٹر میں) سامنے کی نشستیں - (۵) کوئلے کی کان میں کام کا حجرہ - (۶) مویشی کو اصطبل میں رکھنا؛ تھان پر باندھنا (خاصکر) تیار کرنے کی غرض سے (مثلاً *a stalled ox* تیار کیا ہوا سانڈ) - (۷) طویلے میں جانوروں کے تھان بنانا - (۸) کیچڑ یا برف میں دھنس جانا (گھوڑا یا گاڑی) -
canon's dean's s.: (مجازاً) پادری کا منصب اور عہدہ (جیسے *how long has he had his s.?*) -
finger-s.: دیکھو Finger -
s.-feed : مویشی کو موٹا کرنے کے لئے تھان پر باندھ رکھنا -
s. fed : تھان پر باندھ کر موٹا کیا ہوا -
Stall, *n.*: جیب کترے کا ساتھی یا راز دار جو جیب کترتے وقت آدمی کا دھیان بٹائے رکھتا ہے -
Stallage, *n.*: (۱) عارضی سائبان یا دکان لگانے کی جگہ - (۲) اس کا استحقاق - (۳) اس کا کرایہ -
Stallion, *n.*: سانڈ؛ گھوڑا خصوصاً افزائش نسل کے لئے -
Stalwart, *a. & n.*: (۱) قوی الجثہ؛ تنومند؛ ہٹا کٹا؛ مضبوط - (۲) دلیر؛ جیوٹ؛ پکا؛ ثابت قدم (مثلاً *s. supporters*) - (۳) (سیاسیات) کسی پارٹی کا زبردست رکن -
stalwartly, *adv.*: دلیری سے؛ استقلال سے -
stalwartness, *n.*: شہ زوری؛ قوت؛ مضبوطی -
Stamen, *n.*: (نباتیات) نر؛ زر بر یا حامل زر -
(-) stamened, *a.*: زر دار -
stamineal, stamineous, *aa.*: متعلق بہ نر؛ زر بر؛ نرینہ -
staminiferous, *a.*: زر دار؛ زر بر دار (پھول) -
Stamina, *n.*: سکت؛ جان؛ قوت برداشت؛ توانائی -
Staminal, *a.*: (۱) متعلق بہ زر بر یا نر - (۲) متعلق بہ توانائی؛ توانائی بخش -
Staminate, *a.*: زردار؛ زر بردار؛ جس میں زر بر ہوں لیکن بقچۂ گل نہوں -
let person (thing) s. in his &c. own juice or grease : کسی کو اس کی قسمت پر چھوڑ دینا یعنی کسی قسم کی مدد نہ کرنا -
stewing pears : دم پخت ناشپاتیاں -
s. -pan, -pot : ڈھکنے دار کڑھائی ؛ تلنے کا برتن -
the tea is stewed : چاے تلخ ہو گئی ھے (دیر تک دم پر رہنے سے) -
Stew, *n.* : مچھلی کنڈ (مچھلیاں پالنے کے لیے) -
Steward, *n.* : (۱) داروغہ یا منتظم جائداد (خصوصاً کسی بڑے گھرانے یا ریاست کا) - (۲) کالج، کلب یا جہاز کا منتظم رسد - (۳) جہاز کا ملازم (مسافروں کی خدمت کے لیے) - (۴) گھڑ دوڑ، رقص و سرود، تماشے وغیرہ کا مہتمم -
Lord High S. of Engladn : اعلی افسر جس کے تفویض نقش نشینی کے انتظامات ہوتے ہیں یا کسی امیر سلطنت کی عدالتی تحقیقات میں صدر ہوتا ھے -
Lord S. of the Household : اعلی درباری افسر -
stewardess, *n.* : منتظمہ ؛ مہتممہ -
stewardship, *n.* : داروغہ کا منصب ؛ داروغگی ؛ مہتممی -
Sthenic, *a.* : (مرض) قلب و شرائین کے فعل کی شدت کے متعلق -
Stibial, *a.* : سرمہ سا ؛ سرمہ آمیز -
stibialism, *n.* : زہر خورانی بذریعہ سرمہ -
Stichomyth, Stichomythia, *n.* : سوالی جوابی منظوم مکالمہ (ایک مصرعہ میں سوال دوسرے میں جواب، جو یونانی ڈراموں میں عموماً پایا جاتا ھے) ؛ نوکلکی -
Stick, *v. t. & i.* : (۱) چبھونا ؛ گڑونا ؛ بیندنا - (۲) بھونکنا ؛ گھسانا (مثلاً *will pull out knife & s. you*) - (۳) لگنا ؛ لگانا (نوک دار چیز پر) (*on, into, in, upon, up* کے ساتھ)؛ (بول چال) جمنا ؛ جمانا ؛ لگانا ؛ رکھنا (مثلاً *heads were stuck on spikes of gateway*) - (۴) (*out, up* کے ساتھ) آگے کو نکلا ہونا یا آگے کو نکالنا ؛ آگے بڑھا ہونا ؛ سیدھا کھڑا کرنا یا ہونا (مثلاً *his hair sticks up straight*, *s. one's head out of window*) - (۵) لگانا ؛ لگنا ؛ چسپاں کرنا یا ہونا ؛ چپکنا ؛ چپکانا ؛ چمٹنا ؛ لگے رہنا (مثلاً *a nickname that will s.*, *s. postage on*) - (۶) ساتھ دینا ؛

ایفاے وعدہ کرنا یا بات کا پاس کرنا (مثلاً s. to friend, s. to resolve, promise) - (۷) پھنس جانا ؛ اٹک جانا ؛ رک جانا (مثلاً stuck in the mud) ؛ (مجازاً) کام رک جانا - (۸) لکڑی نصب کرنا (پودے کے سہارے کے لیے) ؛ ٹانپ چوب میں ٹانپ جمانا - (۹) (n.) درخت کی ٹہنی ؛ لکڑی ؛ چوب - (۱۰) چھڑی ' لکڑی ' بید؛ ڈنڈا' سونٹا؛ قمچی -(۱۱) مستول؛مستول کی بلی- (۱۲) (موسیقی) بینڈماسٹر کی چھڑی جس سے وہ ہدایت کرتا ھے- (۱۳) (مجازاً) منٹھا ؛ بھدا ؛ مجہول؛ غبی ؛ کم حیثیت - (۱۴) مصری کی ڈلی؛ لاکھ کی قلم؛ حجامت کے صابون کی بٹی وغیرہ - (۱۵) حسب سیاق عبارت اختصار براے composing s. (drum s.- fiddle s. وغیرہ) -

a few ss. of furniture : معمولی قسم کے مونڈھے چوکیاں وغیرہ -

any s. to beat a dog : نفرت آدمی کو اندھا کر دیتی ھے -

as cross as two ss. , as cross as devil on two ss.: چڑچڑا ؛ بد مزاج -

cut one's *s.*: دیکھو Cut -

in a cleft s.: دیکھو Cleave -

money stuck in or to one's *fingers* : روپیے میں تصرف کرنا ؛غبن کرنا -

riding on broomstick : چڑیلوں کی سواری ھوا میں سفر کرنے کی -

that will s. him up : یہ اُسے پریشان یا بد حواس کر دے گا -

s. at nothing : کسی مزاحمت کی پروا نہ کرنا ؛ رکاوٹوں کو نہ ماننا ؛ کسی وجہ سے بھی نہ رکنا -

s. bills : دیواروں پر اشتہار لگانا -

s. fast : دھنس جانا -

s. in one's *throat, s. in* one's *gizzard* : نگلا نہ جانا ؛ گلے میں اٹکنا ؛ (مجازاً) ناگوار ھونا ؛ پریشان یا بیچین کردینا -

sticking -place, -point : جہاں پیچ پھنس یا جکڑ جاے (نیز مجازاً) -

sticking -plaster : مرھم جو زخم پر چمٹ جاے ؛ چپک مرھم (چ) -

s. insect = walking s. insect : کیڑا جس کی شکل چھڑی کے مشابہ ھوتی ھے -

s. it on : (عامیانہ) بہت زیادہ دام مانگنا ؛ بڑھا چڑھا کر قیمت لگانا ؛ بیان میں مبالغہ کرنا -

s. it out or s. it : برداشت کرنا ؛ جھیلنا (جیسے *could not s. it any longer*) -

s. in the mud : پھنس کے رہ جانا ؛ کام رک جانا -

s.-in -the- mud : (۱) منٹھا ؛ لکیر کا فقیر - (۲) (عامیانہ) فلاں ؛ جب کسی کا نام یاد نہیں آتا تو اس موقع پر بولتے ھیں مثلاً *Mrs. s. -in-the-mud* -

s.-jaw : چپک پدنگ ' پدنگ جو ڈاڑھوں اور تالو میں چپک جاے اور چبائی نہ جاے -

s. like a bur : چھچھونڈر کی طرح چمٹ جانا -

s. on a horse : گھوڑے پر آسن جماے رھنا -

s. one's *ground* : اپنی حالت پر قائم رھنا ؛ (مجازاً) اپنی دلیل یا بحث پر جمے رھنا -

s. out for higher price, better terms : کم قیمت پر رضا مند نہ ہونا -

s. to business : اپنے کام پر لگے رھنا ؛ ایک ھی طرف دل لگاے رھنا -

s. to it : لگے رھنا ؛ کوشش سے باز نہ آنا -

s. to the point : اِدھر اُدھر نہ بھٹکنا ؛ اصل موضوع پر جمے رھنا -

s. up bank, mail coach : (عامیانہ) اھلکاروں یا مسافروں کو ڈرا دھمکا کر لوٹ لینا -

s. up for : حمایت کرنا ؛ پھٹکی لینا -

s. up to : کسی سے نہ دبنا ؛ مقابلے سے پیش آنا -

stuck up : (۱) خود پسند ؛ خود بیں ؛ مدمغ ؛ اکل کھرا ؛ خلوت پسند - (۲) (عامیانہ) قاصر ؛ مجبور (کچھ نہ چلا) -

Sticker, *n.*: (۱) فعلی معنوں میں - (۲) (نیز اور خصوصاً *pig -s.*) لمبے پھل کا ترکدار چاقو - (۳) تھم تھم کر کھیلنے والا کھلاڑی جو آؤٹ نہ ہو - (۴) مہمان یا ملاقاتی جو ٹالے نہ ٹلے - (۵) ارگن باجے میں لکڑی کی ڈنڈی -

Stickleback, *n.* : ایک چھوٹی سی مچھلی جس کی پشت پر خار ھوتے ھیں -

Stickler, *n.*: (*for* کے ساتھ) سخت اصرار کرنے والا ؛ حامی؛ موئد (مثلاً *a s. for ceremony, etiquette*) -

Sticky, *a.*: لسدار ؛ چیپ دار ؛ لسلسا ؛ چپچپا ؛ لعاب دار -

stickily, *adv.* : لسلسے پن سے -

stickiness, *n.* : لسلسا پن وغیرہ -

Stiff, *a.*: (۱) کڑا ؛ سخت؛ کرخت؛ درشت ؛ بےلوچ (مثلاً *s. shirt*) - (۲) درشت مزاج؛ ضدی؛ ھٹی؛ اکھڑ - (۳) تکلف بھرا ؛ پر تصنع؛ کھنچا کھنچا ؛ سرد مہر ؛ روکھا ؛ الگ تھلگ ؛ کم آمیز ؛ رسمی (مثلاً *s. manners* تکلف بھرے آداب ؛ *a s. reception* سرد مہری کا برتاؤ؛ *writes in a s. style* پر تصنع اسلوب تحریر)- (۴) جو رواں نہ ہو ؛ رکتا ھوا ؛ اٹکتا ھوا ؛ سخت (مثلاً *a s. hinge*) - (۵) عضلات و دیگر اعضا اکڑے ھوے (زیادہ ورزش یا محنت سے) - (۶) مشکل ؛ کٹھن ؛ تند ؛ ھمت شکن (*s. subject, s. price, s. examination*) - (۷) گاڑھا ؛ غلیظ ؛ لیس دار (گاڑا مٹی وغیرہ) -

keep a s. upper lip : ثابت قدم رھنا -

s. -bit : لگام کا دھانہ جو لوھے کے ایک ھی ٹکڑے سے بنا ھو اور جس کے دونوں طرف حلقے ھوں -

a s. glass of grog : تیز و تند شراب کا جام -

s. market : مستقل نرخ ؛ یعنے جب نرخ کم و بیش نہ ھو -

s. neck : اکڑی ھوئی گردن (گٹھیا وغیرہ کے اثر سے) -

s. -necked : سرکش ؛ ضدی -

s. ship : جہاز جو چلنے میں جھوک نہ کھاے -

s. un : پرانا پہلوان یا کسرتی شخص -

stiffly, *adv.* : سختی سے -

stiffness, *n.* : سختی' درشتی وغیرہ -

stiffish, *a.* : کسی قدر سخت -

stiffen, *v. t. & i.*: سخت کرنا یا ھونا ؛ اکڑ جانا ؛ کڑا کرنا -

Stifle, *v. t. & i.*: = Smother

Stifle, *n.* (also s. -joint) : پٹھا (گھوڑے کا)؛ پٹھے کا روگ -

s.-bone : پٹھے کی ھڈی : گھوڑے کے گھٹنے کی چپنی -

Stigma, *n.* : (۱) (قدیم) داغ (جو مجرم یا غلام پر لگا یا جاتا تھا) - (۲) کلنک کا ٹیکا' بد نامی - (۳) تہمت ؛ بہتان - (۴) علامت مرض - (۵) (تشریح ' حیوانیات) دھبا ؛ داغ ؛ مسا ؛ سرخ بادہ - (۶) (نباتیات) سر بقچہ -

stigmatic, stigmatose, *aa.* : متعلق بہداغ وغیرہ؛ داغدار-

Stigmatize, *v. t.*: (۱) برا بھلاکہنا ؛ بد نام کرنا ؛ انگشت نما کرنا ؛ رسوا کرنا - (۲) (عمل توجہ وغیرہ سے) غیبی داغ پیدا کر دینا ؛ دیکھو stigma -

stigmatization, *n.*: (۱) بد نامی ؛ انگشت نمائی؛ رسوائی - (۲) عمل توجہ وغیرہ سے غیبی داغ پیدا کرنا یا ھونا -

Stile, *n.* : گزر ' دیوار یا باڑ کے دوسری طرف جانے کے لیے سیڑھی وغیرہ جس سے انسان گزر سکے اور جانور نہ گزر سکے -

help lame dog over s.: دیکھو dog

Stile, *n.*: کھڑی سلاخ (جودروازے کے چوکھٹہ وغیرہ میں لگی ھو) -

Stilleto, *n.* (pl. -os, -eos) & *v. t.*: (۱) چھوٹا سا خنجر ؛ پیش قبض - (۲) خنجر یا پیش قبض بھولکنا - (۳) نوکدار اوزار جس سے کپڑے یا باد بان وغیرہ میں سوراخ کرتے ھیں ؛ سوجا -

Still, *a.*, *n.*, *v. t.* & *i.* & *adv.*: (۱)خاموش؛ چپ چاپ؛ چپکا ؛ بے حس و حرکت؛ بت بنا ھوا ؛ ٹھیرا ھوا (دریا وغیرہ)؛ ساکن - (۲) عکسی تصویر ؛ فوٹو - (۳) ٹھنڈا کرنا ؛ دھیما کرنا ؛ فرو کرنا ؛ تسکین دینا ؛ سکون پیدا کرنا ؛ خاموش کرنا ؛ چپ کرنا - (۴) (شاذ) فرو ھونا - (۵) (قدیم) ھمیشہ ؛ مادتاً - (۶) اب تک ؛ ابھی تک ؛ اب بھی؛ اس پر بھی؛ ھنوز ؛ اُس وقت تک' اُس کے بعد بھی ؛ اُس پر بھی تو - (۷) پھر بھی ؛ تاھم' باوجود اس کے -

s. waters run deep : دیکھو water -

s. Small voice : ضمیر کی آواز -

s. life : (مصوری میں) بے جان چیزیں ؛ غیر ذی روح اشیا -

s. hock &c. : ھاک وغیرہ شراب جس میں بلبلے نہیں اٹھتے ؛ بے جوش شراب -

s. birth : مردہ بچہ پیدا ھونا -

s. -born : (۱) بچہ جو مردہ پیدا ھوا ھو- (۲) (مجازاً) تحریک وغیرہ جو ابتدا ھی سے نہ چل سکے -

s. -bugle : خاموشی کا بگل (جس کے ذریعے بھری فوج کو خاموش کھڑے رھنے کا حکم دیا جاتا ھے) -

s. -fish, v. t. : لنگر انداز کشتی میں بیٹھ کر شکار کھیلنا -

stillness : کھری خاموشی ؛ سناٹا -

Still, *n.*, & *v. t.*: (۱) شراب کھینچنے کا بھپکا ؛ قرن بیق کی قسم کا آلہ ؛ آلۂ کشید - (۲) (شعر) کشید کرنا ؛ کھینچنا - (۳) قرنبیق میں کھینچنا ؛ بھپکے میں کھینچنا (شراب) -

s. -room : (۱) کشید خانہ؛ وہ کمرہ جس میں شراب کشید ھوتی ھو - (۲) بڑے مکان کا سردی خانہ ؛ جنس کی کوٹھری -

Stillage (-*ij*), *n.*: اسباب کی چوکی (بنچ ' گھڑونچی وغیرہ کی شکل کی ھوتی ھے - جب کمرا دھونا ھو یا اسباب باندھنا ھو تو سب چیزیں اس پر رکھ دی جاتی ھیں)-

Stilling, Stillion *n.*: چوکھٹا ؛ گھڑونچی (پیپہ رکھنے کے لیے) -

Stilly, *a.*: (شعر) خاموش؛ چپکا ؛ ساکت؛ بے حس و حرکت؛ ساکن -

Stilt, *n.*: (۱) بانس جس میں پیروں کے لئے ٹیک بنی ھوتی ھے اور جس کے سہارے انسان زمین سے بہت اونچا ھو کر چلتا ھے؛ ڈگر؛ پابانسا-

on ss. : (۱) ڈگو پر سوار - (۲) (مجازاً) طمطراق کی عبارت وغیرہ - (۳) ایک لمبی ٹانگوں کا پرند جو جھیل میں رھتا ھے ؛ ایک قسم کا پلور (plover) -

Stilted, *a.*: (۱) ڈگو پر سوار ؛ اونچا ؛ بلند - (۲) طمطراق کی (عبارت وغیرہ) - (۳) (محراب) جو اونچے ستونوں پر قائم ھو -

Stilton, *n.* : (انگلستان کے ایک قصبے) اسٹلٹن کا پنیر (جو بہت عمدہ قسم کا سمجھا جاتا ھے) -

Stimulant, *a.* & *n.* : (۱) (شاذ) نشاط انگیز - (۲) (طب) محرک - (۳) کوئی چیزجو حرکت ' نشاط ' یا سرور پیدا کرے؛ نشاط انگیز شے ؛ کیف آور چیز ؛ منشی چیز ؛ نشہ -

ss : عموماً شراب کے لیے آتا ھے -

Stimulate, *v. t.* : (۱) محرک ھونا ؛ تحریک پیدا کرنا ؛ ھیجان پیدا کرنا ؛ مہیج ھونا - (۲) نشاط پیدا کرنا ؛ زور پیدا کرنا - (۳) اکسانا ؛ ابھارنا ؛ تیز کر دینا ؛ جان ڈال دینا -

stimulating, stimulative, *aa.* : مہیج ؛ محرک ؛ نشاط انگیز ؛ ابھارنے والا ؛ تیز کر دینے والا -

stimulation, stimulator, *nn.* : ھیجان ؛ تہییج ؛ تحریک ؛ ابھارنا یا ابھارا جانا ؛ تیز کرنا یا کیا جانا ؛ مہیج ؛ محرک ؛ ابھارنے والا ؛ تیز کرنے والا -

Stimulus, *n.* (*pl.* -li) : (۱) ابھارنے والی چیز ؛ محرک - (۲) مہیج فعل ؛ ھیجان- (۳) (عضویات) مہیج - (۴) (نباتیات) نیش - (۵) (کلیسا) پادری کے عصا کی نوک -

stimulose, *a.* : نیش دار -

Stimy, *n.* & *v. t.* : (۱) (گولف) وہ موقع جب ایک کھلاڑی کی گیند اور کچھی کے درمیان اس کے حریف کی گیند پڑی ھو - (۲) (عموماً اسم مفعول استعمال ھوتا ھے) حریف کا کھلاڑی کی گیند اور کچھی کے درمیان اپنی گیند حائل کر دینا -

Sting, *v. t.* & *i* (stung) & *n.* : (۱) ڈنک مارنا ؛ کاٹ کھانا (بچھو وغیرہ کا) - (۲) منہ جلا دینا (مرچ وغیرہ کا) ؛ زور سے لگنا(کسی چیز کی چوٹ) ؛ چبھنا ؛ کھٹکنا (بات کا) - (۳) (کسی عضو میں) جلن ھونا ؛ شدید درد ھونا ؛ درد کا پھوٹ کر مرکز حس تک پہنچنا - (۴) (عامیانہ) (عموماً صیغۂ مجہول میں استعمال ھوتا ھے) ٹھگا جانا ؛ (کسی رقم کی) چپت پڑنا ؛ مارے جانا - (۵) ڈنک؛ نیش - (۶) سانپ کا زھری دانت - (۷) پودے کا نیش - (۸) (بچھو وغیرہ کا) ڈنک لگنا؛ کاٹنا؛ سانپ کا ڈسنا - (۹) بچھو وغیرہ کے ڈنک یا سانپ کے کاٹے کا زخم- (۱۰) جلن یا درد جو اس سے ھو - (۱۱) شدید کیفیت یا کرب ' سخت اذیت جسمانی یا روحانی - (۱۲) تیزی ؛ زور -

stinging -nettle : بچھو (پودے کا نام) -

the air has no s. in it : ھوا میں تیزی نہیں -

the bowling has no s. in it : گیند میں زور نہیں -

s.- bull, s.- fish : بچھو مچھلی ؛ عقرب ماھی ؛ ایک طرح کی مچھلی جس کی پشت پر زھری ڈنک ھوتے ھیں -

s.- ray: نیش ماھی؛ مچھلی جس کی پشت پر تیز ڈنک سے ھوتے ھیں-

s.- winkle : ایک طرح کی صدف ماھی جس کے چونچ ھوتی ھے اور دوسری مچھلیوں کے جسم میں سوراخ کر دیتی ھے -

stingingly, *adv.* : چبھتے ھوئے؛ کھٹکتے ھوئے -

stingless, *a.* : بے نیش -

Stingaree (-ngg-), *n.* : نیش ماھی ؛ ایک مچھلی جس کی پشت پر تیز ڈنک ھوتے ھیں -

Stinger (-ng-),*n.* : (۱) ڈنک مارنے والا وغیرہ - (۲) زور کا ھاتھہ جس سے سخت چوٹ آئے -

Stingo, (-nggo), *n.* : (قدیم) تیز بیر شراب -

Stingy, (-ji-) *a.* : کنجوس -

stingily, *adv.* : کنجوسی سے -

stinginess, *n.* : کنجوسی -

Stink, *v. i. & t.*(stank or stunk, stunk), & *n.* : (۱) بدبودار ھونا ؛ متعفن ھونا - (۲) بد بو ؛ تعفن - (۳)(عامیانہ) بد بو سونگھہ لینا - (۴) (جمع ' عامیانہ) علم کیمیا ؛ سائنس -

s. in the nostrils of : دیکھو nostril -

s. one out : کسی شخص کو بد بو سے بھگا دینا -

s. of money: دولت کی بو آنا ؛ دولت مندی میں انگشت نما ھونا -

stinking cedar : ایک طرح کا درخت جس کی پھنگی سے تیل نکلتا ھے -

stinking -weed, stinking -wood : تم ' تیز پات -

stinking -badger : جاوا اور سماترا کا بجو -

s. -alive : ایک قسم کی مچھلی جس کے سر پر ابھری ھوئی جھلی ھوتی ھے ' یہ مرتے ھی سڑنے لگتی ھے -

s. -ball : حقۂ زھر ؛ ایک قسم کا گولہ جو بحری قزاق وغیرہ استعمال کرتے تھے اور جس کے پھٹنے سے زھریلے بخارات پھیل جاتے تھے -

s. -bomb : بد بو بم (جس کے پھٹنے سے بد بو پھیلتی ھے) -

s. -horn : ککرمتے کی ایک بد بو دار قسم -

s. -pot : (۱) برتن وغیرہ جس میں کوئی متعفن چیز ھو ؛ گندگی کی پوٹ - (۲) دیکھو s. -ball - (۳) مردار (گالی جو ذی روح اور غیر ذی روح دونوں کے لئے استعمال ھوتی ھے) -

s. -stone : ایک قسم کا بد بو دار چونے کا پتھر ؛ ایک طرح کا ڈھکن جس کی وجہ سے موری سے بد بو نہیں پہونچنے پاتی -

s.-trap : بد بو روک -

stinkig, *a.* : (۱) (عامیانہ) نا معقول ؛ واھیات ؛ مہمل - (۲) بد بو دار (جانوروں اور پودوں کے نام کا جزو ھوتا ھے) -

stinkingly, *adv.* : تعفن کے ساتھہ -

Stinkard, *n.* : (۱) وہ شخص جس کے جسم سے بد بو آتی ھو ؛ گندا آدمی - (۲) بد بو دار جانور خصوصاً جاوا کا بجو -

Stinker, *n.* : (۱) بد بو پھیلانے والا وغیرہ - (۲) (عامیانہ) ناگوار یا نا معقول چیز خصوصاً سخت خط -

Stint, *v. t. & n.* : (۱) (قدیم) روک دینا ؛ بند کر دینا - (۲) بھوکا رکھنا ؛ پیٹ بھر کھانا نہ دینا - (۳) خسست کے ساتھہ دینا؛ کم دینا (کھانا وغیرہ)؛ تھوڑا تھوڑا دینا- (۴) بھت کم؛ مقدار کی کمی ؛ کوشش کی کمی - (۵) مقررہ مقدار (کسی چیز کی؛ خصوصاً کام کی)؛ مقررہ کام - (۶) ایک ریگستانی پرند جس کی پیٹھہ سرخ ھوتی ھے -

without s. : دل کھول کے ؛ بے تکان -

Stintingly, *adv.* : بھت کم مقدار میں ؛ خسست کے ساتھہ -

stintless, *a.* : بے اندازہ (مقدار)؛ بے تکان (محنت)-

Stipate, *a.* : (نباتیات) گھنا -

Stipe, Stipes, *n.* : (نباتیات ' حیوانیات) ستون ؛ پودے خصوصاً سانپ کی چھتری کا تنہ یا ڈنٹھل ؛ پر کی ڈنڈی -

stipiform, *a.* : ستون نما -

stilpitate, *a.* : ستون دار -

Stipel, *n.* : (نباتیات) گوشکچہ ؛ چھوٹی پتی سی جو مرکب پتے کی کسی ایک پتی میں ڈنٹھل کے نچلے سرے پر ھو -

stipellate, *a.* : گوشکچہ دار -

Stipend, *n.* : مشاھرہ ؛ تنخواہ ؛ وظیفہ ؛ خصوصاً پادری کی تنخواہ جو سرکار سے ملتی ھے -

Stipendiary, *a. & n.* : (۱) وظیفہ یاب ؛ وظیفہ خوار - (۲) تنخواہ یاب ؛ تنخواہ دار -

s. (magistrate): تنخواہ دار مجسٹریٹ جو انگلستان کے بڑے شہروں میں وزیر داخلہ کی طرف سے مقرر ھوتا ھے -

Stipple, *v. t. & i. & n.* : (۱) (خطوط سے نہیں بلکہ نقطوں سے) تصویر بنانا ؛ (پنسل یا مو قلم سے) کندہ کرنا ' نقطوں سے نقاشی یا کندہ کاری کرنا ' نقطہ کاری کرنا - (۲) نقطوں کی نقاشی یا کندہ کاری؛ نقطہ کاری ؛ نقطوں کی تصویر -

stippler, *n.* : (۱) نقطہ کار - (۲) نقطہ کاری کا آلہ -

stippling, *n.* : نقطہ کاری -

s.-graver : نقطوں سے کندہ کاری کرنے کا آلہ -

Stipulate, *v. i. & t.* (s. for): (۱) (کسی بات کی) صاف صاف شرط کرلینا ؛ معاھدے میں صراحت کردینا - (۲) یہ شرط کرلینا کہ —

stipulated, *p. p.* : مقررہ ' طے شدہ -

stipulation, *n.* : شرط ؛ معاھدہ -

stipulator, *n.* : شرط کرنے والا ؛ معاھدہ کرنے والا -

Stipule, *n.* : (نباتیات) گوشک ؛ چھوٹی پتی سی جو کسی پتی کے ڈنٹھل کے نچلے سرے پر ھو -

stipulaceous, *a.* : گوشک دار -

stipular, stipulary; stipulate, *aa.* : گوشکی -

stipuliform, *a.* : گوشک نما -

stipulation, *n.* : گوشکوں کی ترتیب -

Stir, *v. t. & i. & n.* : (۱) ھلانا ؛ حرکت دینا ؛ جنبش دینا ؛ ھلنا ؛ حرکت کرنا ؛ جنبش کرنا - (۲) جوش میں لانا ؛ حرکت میں لانا ؛ بھڑکانا ؛ برپا کردینا (شورش وغیرہ) - (۳) ھنگامہ؛ ھلچل ؛ کھلبلی ؛ افرا تفری ؛ جوش و خروش - (۴) خفیف سی جنبش - (۵) چلانے یا الٹ پلٹ کرنے کا عمل -

never stirred abroad or out of the house : گھر سے باھر قدم نہیں رکھا ؛ گھر سے نہیں نکلا -

is not stirring yet : ابھی تک (بستر سے) نہیں اٹھا -

s. the fire : آگ کو الٹ پلٹ کر تیز کرنا -

s. your stumps : (بول چال) جلدی کرو ؛ ذرا تیز چلو -

s. tea (porridge, soup etc.) : چائے کو چلانا (چمچے وغیرہ

سے ! ؛ گھونٹنا -

there is no news stirring : کچھ چرچا نہیں ہے -

lead stirring life: مصروفیت کی زندگی بسر کرنا ؛ مصروف ہونا -

s. up : اچھی طرح چلا دینا ؛ چمچے سے اس طرح چلانا کہ مختلف اجزا گھل مل جائیں -

s. up the mud, sediment etc : کسی چیز سے چلانا تاکہ کیچڑ ، تلچھٹ وغیرہ تہہ سے اٹھ کر سیال شے میں مل جل جائے -

he wants stirring up : وہ بڑا مٹھا ہے ؛ اسے جھنجھوڑنے کی ضرورت ہے -

s. ones blood : جوش دلانا ؛ (آتش شوق وغیرہ) بھڑکانا -

s. ones wrath, bile etc. : آتش غضب کو بھڑکانا ؛ غصہ دلانا ؛ نفرت پیدا کرنا وغیرہ

stirring (events etc.) : معرکتہ الآرا ؛ معرکے کا ؛ زور شور کا -

stirring speech : دھواں دھار ، پر زور تقریر -

stirringly : زور شور سے -

s.-about : (۱) دلیا - (۲) سر گرم -

stirrer, *n.* : (۱) چلانے والا ؛ ہلانے والا - (۲) چمچہ چلانے کی ڈنڈی وغیرہ -

stirless, *a.* : بالکل ساکن ؛ جس میں ذراسی بھی جنبش نہ ہو -

Stir, *n.* : (عامیانہ) قید خانہ ؛ جیل -

Stirk, *n.* : سال بھر کا بچھڑا (سانڈ) یا بچھڑی -

Stirpiculture, *n.* : اعلیٰ نسل کے جانور افزائش نسل کے لیے پالنا -

Stirps, *n.*: (۱) (قانون) مورث - (۲) (حیوانیات) خاندان ؛ نسل -

Stirrup, *n.* : (۱) رکاب - (۲) رسی جس میں سوراخ ہوتا ہے اور جو بادبان کو لپیٹنے کھولنے میں کام آتی ہے ؛ بادبان کی طناب -

s.-bar : لوہے کی سلاخ جو کاٹھی میں ہوتی ہے اور جس سے رکاب کا تسمہ لٹکتا ہے -

s.-bone: کان کی کری ہڈی (انسان اور دودھ پینے والے جانوروں کی)

s.-cup : شراب وغیرہ کا پیالہ جو پا در رکاب سوار کی خدمت میں پیش کیا جائے -

s.-iron : رکاب کا حلقہ ، رکاب (بے تسمے کے) -

s.-piece : (تجوری وغیرہ میں) سہارے کا تسمہ ؛ لٹکتا ہوا وغیرہ جس کا سہارا لیا جائے -

Stitch, *n. & v. t. & i.* : (۱) چبھن ؛ ہوک (پہلو کا درد جیسا کبھی کبھی دوڑنے کے بعد یا کھانا کھاتے ہی ہونے لگتا ہے) - (۲) ٹانکا - (۳) سینا ؛ ٹانکا لگانا ؛ بخیہ کرنا - (۴) سلائی کا طریقہ ؛ سلائی -

s. up : پھٹے ہوئے کپڑے کو سی دینا -

a s. in time saves nine : دیکھو save

has not a dry s. on him : سر سے پیر تک بھیگا ہوا ہے -

drop a s. : (کشیدہ کاری میں) ایک ٹانکا چھوڑ جانا -

Put a s. or ss. : (جراحی) (زخم میں) ٹانکے لگانا -

lock-s. : دیکھو lock

herringbone-s. : دیکھو herring

Cross-s. : دیکھو Cross

s.-wheel : دندانے دار پہیا جس سے زین ساز چمڑے میں ٹانکے لگانے کے لیے سوراخ کرتا ہے -

stitchwort : ایک چھوٹا پودا جس میں کھڑا ڈنٹھل اور سفید ستارہ نما پھول ہوتے ہیں -

stitching-horse : شکنجے کی قسم کی چیز جس میں زین ساز اپنا سامان رکھتا ہے -

Stithy, (-dhi), *n.* : (قدیم و شعر) لوہار خانہ ؛ لوہار کی بھٹی -

Stiver, *n.* : سب سے حقیر سکہ ؛ چھوٹی کوڑی -

has not a s.: اس کے پاس ایک پھوٹی کوڑی بھی نہیں - (عموماً منفی جملوں میں آتا ہے جیسے :)

don't care a s. : مجھے ذرہ برابر پروا نہیں -

Stoa, *n.* : قدیم یونانی عمارت کی غلام گردش ؛ رواق -

the s.: رواق اثینہ (جہاں رواقی مذہب فلسفہ کا بانی زینو تعلیم دیا کرتا تھا) -

Stoat, *n.* : (۱) ارمین (دیکھو ermine) گرمی کی فصل میں جب اس کا سمور بھورا ہوتا ہے - (۲) سموری جانور (اسم قومی جس میں ارمین پلیڈلا وغیرہ شامل ہیں) -

Stoat, *v. t.* : اس طرح بخیہ کرنا کہ نظر نہ آئے -

Stock, *n. & v. t. & i.* : (۱) موٹی لکڑی کا ٹکڑا ؛ کندا - (۲) تنہ - (۳) اصل پودا (جس میں پیوند لگایا جائے) - (۴) نسل ؛ خاندان ؛ اصل - (۵) خام شے (جو اور اشیا کے بنانے میں استعمال ہو) - (۶) ذخیرہ - (۷) مال ؛ سامان (تجارت ، پیشے وغیرہ کا) - (۸) (اوزار کا) دستہ - (۹) ایک پودا جس کی پتیاں سفید ریشہ دار اور پھول خوش بو دار ہوتے ہیں - (۱۰) (جمع ؛ تاریخ) کاٹھ جس میں مجرموں کے پاؤں (اور کبھی کبھی ہاتھ بھی) ٹھونک دیے جاتے تھے - (۱۱) (جمع) لکڑی کا ڈھانچہ جس پر جہاز اٹھانے تعمیر میں رکھا جاتا ہے - (۱۲) اعلیٰ درجے کی اینٹ (جو آواں میں پکائی گئی ہو) - (۱۳) چمڑے وغیرہ کا پٹا جو گلے میں پہنا جاتا تھا (اس کی جگہ کالر استعمال ہوتا ہے) - (۱۴) (مالیات) اسٹاک ؛ تمسک (وہ روپیہ جو حکومت کو قرض دیا جائے اور جس کا سود قرض دینے والے کو یا اس شخص کو ادا کیا جائے جو وراثت یا بیع کے ذریعے سے اس قرض کی رقم کا حق دار ہو) - (۱۵) تجارتی شرکت (کمپنی) کا مشترکہ سرمایہ - (۱۶) (بندوق میں) کندا لگانا ؛ (اوزار میں) دستہ لگانا - (۱۷) (تاریخ) کاٹھ میں پاؤں ٹھونک دینا - (۱۸) (فارم میں) مویشی یا سامان فراہم کرنا ؛ (دوکان میں) مال فراہم کرنا ؛ (ایسی چیز کا) ذخیرہ جمع کرنا - (۱۹) دوکان میں رکھنا (کوئی مال) - (۲۰) (زمین پر) کاشت کرنا ؛ پیدا کرنا (چری وغیرہ) - (۲۱) (پودے کے اصل ڈنٹھل سے) نئی شاخ پھوٹنا -

stockist : تھوک فروش (کسی خاص مال کا) -

ss. and stones : (۱) غیر ذی روح اشیا ؛ بے جان چیزیں - (۲) مٹی کے آدمی ؛ مٹی کے تودے -

laughing-s. : نشانۂ تضحیک ؛ جسے دیکھ کر لوگ ہنسیں -

gazing-s. : تماشا ؛ شخص جسے لوگ تماشا بنا لیں -

s. of rifle : رائفل کا کندا -

s. of plough : ہل کی لکڑی -

s. of bit : برمے یا رندے کی لکڑی -

s. of anvil : نہائی کا دستہ -

s. of anchor : لنگر کا آڑا ڈنڈا -

lock, s. & barrel : (مجازاً) بالکل ؛ پوری طرح سے -

polyp-s. : (نباتیات) کثیر یا بعض ہیئت مجموعہ -

paper s. : چیتھڑے وغیرہ جن سے کاغذ بنتا ھے -
soup -s. : ھڈیوں کی یخنی جس سے ھر طرح کا سوپ بنتا ھے -
rolling s. : دیکھو roll -
a farm with its s. : فارم مع مویشی اور سامان وغیرہ -
live s. : مویشی -
fat s. : مویشی جو ذبح کرنے کے لئے پالے جائیں -
dead s. : غیر سود مند سرمایہ؛ ناقابل فروخت مال-
s.-in-trade : (۱) کسی پیشہ کا پورا ساز و سامان؛ تجارت کا مال-(۲) (مجازاً) کل کائنات (کسی شخص کی) -
have in s. : (دوکان میں) موجود ھونا -
take s. : دوکان کے سامان ' ذخیرے وغیرہ کا جائزہ لینا -
s.-taking : جائزہ (دوکان کے مال یا سامان کا) -
take s. of : (مجازاً) اندازہ کرنا (سیرت وغیرہ کا) -
s. argument : منجھی ھوئی دلیل -
s. joke : پا مال لطیفہ -
on the ss. : (۱) زیر تعمیر (جہاز) - (۲) (مجازاً) جو تیار ھو رھا ھو ؛ نا تمام ؛ زیر تعمیر یا زیر ترتیب -
buy s. : تمسک خریدنا -
hold s. : تمسک کا مالک ھونا -
the ss. : اسٹاک؛ تمسکات؛کسی ریاست کےقرضےمجموعی حیثیت سے -
take s. in : (مجازاً) کسی چیز یا کام سے تعلق پیدا کرنا
joint -s : دیکھو joint -
preference or preferred s. : دیکھو preference -
water s. : دیکھو water -
s- account, s- book : (دوکان کے) مال کا کھاتا' جس میں یہ تفصیل ھوتی ھے کہ کتنا مال آیا اور کتنا فروخت ھوا -
s. -breeder : مویشی پالنے والا ؛ مویشیوں کی افزائش نسل کا کار و بار کرنے والا؛ مویشی فارم کا مالک -
s. -broker, s's. -king : اسٹاک کا دلال ؛ تمسکات کا دلال -
S.-car : (ریل میں) مویشیوں کا ڈبا' مویشیوں کی گاڑی -
s. company : نیم مستقل کمپنی ' جو ایک بڑی مدت کے لیے کسی خاص تھیٹر میں تماشا کرنے کی پابند ھو -
stockdove : ایک قسم کی فاختہ جو یورپ میں ھوتی ھے -
s. exchange : وہ مقام جہاں تمسکات کی خرید و فروخت ھو -
the S. Exchange : لندن کا صرافہ -
s. -farmer : مویشی پالنے والا ؛ مویشی فارم کا مالک -
s. -farm : مویشی فارم -
s. -fish : سکھائی ھوئی مچھلی (کاڈ وغیرہ جسے کاٹ کر بے نمک کے سکھا لیتے ھیں) -
s. -gang : آرا جوڑ ؛ ایک ڈھانچا جس میں کئی آرے ھوتے ھیں اور ایک ھی بار میں لٹھے کو چیر کر تختے بنا دیتے ھیں -
s. -jobber : اسٹاک کا سٹا کھیلنے والا -
s. -jobbing, s. -jobbery : اسٹاک کا سٹا -
s. -list : صرافے کی رپوٹ جو روزانہ یا مقررہ مدت کے بعد چھپتی ھے جس سے اسٹاک وغیرہ کا نرخ معلوم ھوتا رھتا ھے -
s. -man : (آسٹریلیا) مویشی فارم کا داروغہ -
s. -market : صرافہ یا اس کا کارو بار -
s. -owl : یورپ کا بڑی قسم کا الو -
s. -pot : یخنی دان (برتن جس میں ھڈیوں کی یخنی رکھی جاتی ھے) -
s. -rider : (آسٹریلیا) گلہ بان (بھیڑوں کے کُھلے فارم کا) -
s. -still : بالکل بے حس و حرکت ؛ بت بنا ھوا -
s. -whip : مویشی کا کوڑا (جس کا دستہ چھوٹا اور رسی بہت لمبی ھوتی ھے) -
s. -yard : مویشی باڑہ -
stockless, *a.* : بے کندے کی (بندوق) ؛ بے دستے کا (لنگر یا اور کوئی اوزار) -
Stockade, *n. & v. t.* : (۱) دمدمہ - (۲) مورچا ؛ آڑ ؛ حصار (جو لکڑیاں گاڑ کر بنایا جاے) - (۳) (کسی مقام کے گرد) دمدمہ بنانا ؛ لکڑیاں گاڑ کر مورچا بندی کرنا -
Stockholm, *n.* : اسٹاک ھوم؛ سویڈن کا دارالسلطنت -
S. tar : ایک قسم کی رال ؛ ایک طرح کا تار کول جو جہاز بنانے میں استعمال ھوتا ھے -
Stockinet, *n.* : (سلائی سے بنا ھوا) لوچدار کپڑا جس کے بنیان وغیرہ بنتے ھیں -
Stocking, *n.* : موزہ ؛ جراب (زیادہ تر جمع میں آتا ھے ' خصوصاً *(a pair of ss.* -
stands six feet in his ss. : جوتے کو الگ کرکے اس کا قد چھ فٹ ھے -
elastic s. : موزے کے قسم کی چیز جس سے سوجن چوٹ کھائے ھوے عضلات وغیرہ کو باندھنے کا کام لیتے ھیں -
white s. : گھوڑے کی ٹانگ کا نیچے کا حصہ جس کا رنگ سفید اور بقیہ حصے سے مختلف ھو -
s.-frame, s.-loom, s. machine : موزے وغیرہ بننے کی مشین -
stockingless, *a.* : بے موزے کا (پیر) -
Stocky, stuggy, *a.* : (۱) (بول چال) چھوٹے قد اور گٹھے ھوے جسم کا ؛ گٹھیلا - (۲) (نباتیات , حیوانیات) گٹھیلا -
Stodge, *n. & v. i.* : (۱) (اسکول کے بچوں کی اصطلاح) غذا ' (خصوصاً) ثقیل غذا - (۲) دعوت؛ پورا کھانا - (۳) ندیدہ؛ مربھکا - (۴) ندیدوں کی طرح کھانا -
Stodgy, *a.* : (۱) ثقیل ؛ بھاری (غذا) - (۲) (جیب ' بٹوا وغیرہ) بھرا ھوا؛ پھولا ھوا - (۳) (کتاب ' عبارت وغیرہ) ٹھس ' (جس میں تفصیلات بہت ھوں' اور دلچسپی کم ھو) -
stoep(oop), *n.* : (جنوبی افریقہ) مکان کے سامنے کا اونچا برآمدہ-
Stogy, -gie, *n.* : (امریکا) (۱) ایک طرح کا بھدا بوٹ - (۲) لمبا بھدا سگار -
Stoic, *n.* : (۱) رواقی فلسفی؛ رواقی (اس مذھب فلسفہ کا پیرو جو زینو نے سنہ ۳۰۸ ق ' م ' میں اتھنس میں قائم کیا تھا ' جس میں صرف خیر مقصد حیات قرار دی گئی تھی اور ضبط جذبات کی اور راحت و الم کے احساس سے آزاد ھوجانے کی تلقین کی جاتی تھی)- (۲) رواقی فلسفے سے متلعق - (۳) بے حد مستقل مزاج ؛ باضابطہ آدمی ؛ زاھد -
stoical, *a.* : بے حد ضبط یا استقلال کا -
stoically, *adv.* : بے حد ضبط یا استقلال سے-
stoicism, *n.* : رواقیت ؛ رواقی فلسفہ -
Stoke, *v. t. & i.* : (۱) (بھٹی) جھونکنا - (۲) انجن کی)

بھٹی جھونکنا ؛ اسٹو کر کا کام کرنا - (۳) (مجازاً) (بول چال) جلدی جلدی نگلنا (کھانا) -

s.-hole : وہ کمرہ جس میں اسٹیمر کی بھٹی جلتی ھے -

Stoker, *n.* : بھٹی جھونکنے والا (خصوصاً ریل اور اسٹیمر کے انجن کی) ؛ اسٹو کر -

mechanical s. : بھٹی جھونکنے کی مشین -

Stole, *n.* : (۱) (قدیم رومہ) رومہ کی بیاھی عورتوں کا چوغہ جو کپڑوں کے اوپر پہن لیا جاتا تھا - (۲) (مردوں اور عورتوں کے لباس میں) ریشم یا اور کپڑے کا ٹکڑا جو گردن سے کندھوں پر اور نیچے گھٹنوں تک لٹکتا رھتا ھے (ڈیکن کے لباس میں صرف بائیں کندھے پر ھوتا ھے) -

groom of the s. : = *First lord of the Bed-chamber* (بادشاہ کا اعلی مصاحب) -

Stole, Stolen, : دیکھو steal -

Stolid, *a.* : ڈھس ؛ بے حس؛ دھیما ؛ متھا ؛ اڑیل ؛ بھونڈو؛ بلپن -

stolidity, *a.* : متھا پن ؛ اڑیل پن ؛ بھونڈو پن ؛ بلوت -

stolidly, *adv.* : متھے پن سے ؛ اڑیل پن سے ؛ بھونڈو پن سے -

Stolon, Stole, *n.* : (۱) فرخ ؛ ساق بچہ ؛ پودے کی پتلی شاخ جو علحدہ جڑ پکڑ لیتی ھے اور جس سے نئی شاخیں پھوٹتی ھیں- (۲) کائی کی زیر زمین شاخ جس میں پتیاں نکلتی ھیں - (۳) (حیوانیات) جڑ کی طرح پھیلی ھوئی چیز ؛ فرخ -

stolonate, stoloniferous, *a.* : مفرخ -

Stomach, *n.* & *v. t.* : (۱) معدہ ؛ پوٹا (پرندوں کا) - (۲) جگالی کرنے والے جانوروں کے متعدد معدوں میں سے کوئی معدہ - (۳) (بیجا استعمال) پیٹ ؛ شکم - (۴) بھوک - (۵) شوق ؛ دم ؛ ھمت (لڑنے ؛ بحث کرنے وغیرہ کی) - (۶) رغبت سے کھانا ؛ حلق سے اترنا (غذا کا) ؛ قبول کرنا (معدے کا غذا کو) - (۷) (مجازاً) برداشت کرنا (ذلت ؛ توھین وغیرہ کا) ؛ گوارا کرلینا (عموماً منفی جملوں میں آتا ھے) -

coat of the s. : جوف معدہ کی اندرونی جھلی -

coats of the s. : مصلی جھلی وغیرہ -

first s. = *rumen* : پہلا معدہ -

second s. = *reticulum* : دوسرا معدہ -

third s. = *omasum* : تیسرا معدہ؛ زمانہ

fourth s. or *true s.* = *abomasum* : چوتھا معدہ؛ منفحہ -

pit of the s. : کوڑی -

what a s. he has got : اس کی کتنی بڑی توند ھے -

stay one's s. : دیکھو stay -

proud or high s. : غرور ؛ تمکنت -

s.-ache : پیٹ کا درد ؛ درد شکم ؛ درد معدہ -

s. cough : کھانسی جو معدے یا آنتوں کے خراش کی وجہ سے ھو-

s.-pump : معدے کی پچکاری (جس سے معدے میں سیال شے پہنچاتے یا اس میں سے رطوبت نکالتے ھیں)

s.-staggers : مرگی جو گھوڑے کو معدے کے ماؤف ھونے کی وجہ سے ھوجاتی ھے -

s.-teeth : بچوں کی کچلی ؛ جس کے نکلنے کے دوران میں عموماً معدہ خراب رھتا ھے -

s.-tubs : معدے کی نلکی (حلق سے معدے میں پہنچا کر اسے صاف کرنے کے لیے) -

stomachal, *a.* : معدے کا ؛ معدی -

stomachless, *a.* : بے معدہ -

stomachful, *n.* : بھر پیٹ -

stomacher, *n.* : (تاریخ ؛ پندرھویں اور سترھویں صدی کے درمیان) عورتوں کے لباس کے سامنے کا حصہ جو سینے اور پیٹ کو ڈھکتا ھوا گاؤدم شکل اختیار کر لیتا تھا ؛ اکثر ساٹے کے اوپر پہنا جاتا تھا اور اس پر ھیرے جڑے ھوتے تھے یا کارچوبی کا کام بنا ھوتا تھا -

Stomachic, *a.* & *n.* : (۱) معدی ؛ معدے کا - (۲) ھاضم ؛ مفید معدہ ؛ مشتہی - (۳) ھاضم دوا -

Stomatatis, *n.* : التہاب الفم ؛ منہ کی جھلی کا ورم -

Stomato- : سابقہ ؛ یونانی لفظ **stoma** سے نکلا ھے جس کے معنی ھیں " منہ " -

s.-gastric : فمی معدی ؛ منہ اور معدے کا -

Stone, *n. a.* & *v. t.* : (۱) پتھر ؛ پتھر کا ٹکڑا ؛ سنگ ؛ سنگ ریزہ- (۲) قیمتی پتھر ؛ جوھر؛ گوھر (*precious s.*) - (۳) پتھر ؛ سنگ (بہ حیثیت جنس) - (۴) کسی خاص شکل کا پتھر جو خاص کام کےلئے بنایا جائے (مثلاً *grind-s.*, *wire-s.*) - (۵) پتھری (جو گردے ؛ مثانے وغیرہ میں بن جاتی ھے) ؛ پتھری کا مرض - (۶) گٹھلی (پھلوں کی) ؛ بیج (انگور کا) - (۷) خصیہ ؛ بیضہ - (۸) اولا ؛ ژالہ - (۹) اسٹون ؛ وزن کا پیمانہ (عموماً چودہ پونڈ کا مگر مختلف اجناس کے لئے مختلف ھوتا ھے مثلاً گوشت اور مچھلی کا ۸ پونڈ کا ؛ پنیر کا ۱۶ پونڈ کا) -

Stocks & ss : دیکھو stock -

rolling s. : دیکھو roll -

rocking -s. : دیکھو rock -

sermons in ss. : دیکھو sermon -

ss. will cry out: (یہ اتنا بڑا ظلم ھے کہ) پتھر بھی چلا اٹھینگے-

give a s. for bread : مدد کے بہانے ھنسی اڑانا -

give a s. and a beating to : (اصل میں گھڑ دوڑ کی اصطلاح) آسانی سے سبقت لے جانا -

mark with a white s. : خوشی کا دن قرار دینا -

meteoric s. : حجر شہابی -

leave no s. unturned : کوئی کوشش اٹھا نہ رکھنا ؛ پوری پوری کوشش کرنا -

break ss. : (۱) سڑک کوٹنے کا کام کرنا - (۲) (مجازاً) اس قدر مفلس ھو جانا کہ مزدوری کرکے پیٹ پالنا -

cast or throw ss. at, cast or *throw s. at* : (۱) پتھر مارنا - (۲) الزام لگانا ؛ کسی کی ذات پر حملہ کرنا -

shower of ss : پتھروں کی بوچھار -

kill two birds with one s. : دیکھو bird -

s.'s cast or *throw* : جتنی دور پتھر پھینکا جاسکتا ھے ؛ پتھر کی زد -

Bristol s. : (= Bristol diamond) دیکھو diamond -

Cairngorm s. : دیکھو cairngorm -

Sand- s. : دیکھو sand -

lime -s. : دیکھو lime -

Bath s., Caen s., Portland s. : عمارتی پتھر کی قسمیں -
s. jug : دیکھو jug -
artificial s. : کنکریٹ کی ایک قسم -
Cornish s. : = kaolin
has a heart of s. : اس کا دل بڑا سخت ہے ' پتھر کا دل ہے -
harden into s. : (۱) پتھر بن جانا ؛ پتھر بنا دینا - (۲) سخت دل بن جانا ؛ سخت دل بنا دینا -
s. age : پتھر کا زمانہ؛ عہد حجری (جب سارے اوزار وغیرہ پتھر کے ہوتے تھے) -
philosopher's s. : دیکھو philosopher -
Moabite s., Rosetta s. : پتھر کی لوح جس پر اہم تاریخی کتبے کندہ ہیں -
gall- s. : دیکھو gall -
rides 12 st. : اس کا وزن گھوڑے کی پیٹھ پر بارہ اسٹون (۱۶۸ پونڈ) ہے -
s. -axe : دوزے پھل کی دو رخی کدال (پتھر پھوڑنے کی) -
s. -blind : بالکل اندھا ؛ نپٹ اندھا ؛ اندھا چوپٹ -
s.- blue : نیلا رنگ جس میں کلفی یا کھریا ملا دیتے ہیں -
s. -boiling : پتھر سے بجھانا ؛ پتھر کو گرم کرکے رکھ دینا (پانی میں) -
s. -borer : گھونگھے کی ایک قسم -
s. -break : = saxifrage
s. -buck : = steenbok
s. -butter : ایک قسم کی پھٹکری -
s. -cast : پتھر کی زد ؛ جتنی دور پتھر پھینکا جا سکے -
s. -chat : دیکھو chat -
s. -coal : چھوٹا کوئلا (جس میں پتھر کا جز زیادہ ہوتا ہے) -
s. -cold : بالکل ٹھنڈا -
s. -crop : پتھر بیل (بلا تشدید) ؛ ایک قسم کی بیل جو عموماً چٹانوں اور دیواروں پر چڑھتی ہے -
s. -curlew : ایک قسم کا پلوور (plover) جس کا گھٹنا موٹا ہوتا ہے -
s. -dead : بالکل مردہ ؛ بالکل ٹھنڈا -
s. -deaf : بالکل بہرا ؛ نپٹ بہرا -
s. -eater : = s. -borer
s. -fence : (امریکا ' عامیانہ) وھسکی اور سیب کی شراب کا مرکب ؛ اسی قسم کی کوئی اور مرکب شراب -
s. -fern : = ceterach
s. -fly : ایک قسم کا کیڑا جو پتھروں کے نیچے ملتا ہے اور ٹراؤٹ مچھلی کے شکار میں چارے کا کام دیتا ہے -
s. -fruit : سنگ بر ' گٹھلی دار پھل (بیر ' شفتالو وغیرہ) -
s. -gall : چکنی مٹی کی تہ جو پھوٹنگی ریتیلے پتھروں کے اندر ہوتی ہے -
s. -horse : (قدیم) اشب نر بیج کا گھوڑا -
s. man : پتھروں کا کاؤ دم ڈھیر جو قبر یا یادگار کا کام دیتا ہے -
s. -mason : پتھر کا معمار ؛ پتھر گھڑنے والا یا پتھر کی عمارتیں بنانے والا معمار -
s. -marten : جنوبی یورپ کا نیولے کی قسم کا جانور جس کا سینہ سفید ہوتا ہے اور جس کی دم بہت قیمتی سمجھی جاتی ہے -
s. parsley : ایک قسم کی جھاڑی -
s. -pine : جنوبی اطالیہ کا صنوبر جس کی اوپر کی شاخیں چھتری کی طرح چھائی ہوئی ہوتی ہیں -
s. -pit : پتھر کی کان ؛ کھدان -
s. - pitch : جمی ہوئی رال (تار کول) -
s. -plover : دیکھو S. -curlew
s. -race : پتھر دوڑ (جس میں دوڑنے والوں کو رستے میں سے پتھر اٹھانے پڑتے ہیں) -
s. -rag : ایک قسم کی کائی -
s. -rue : ایک قسم کا فرن -
s. -saw : سنگارا؛ پتھر کاٹنے کا آرا جس میں دانت نہیں ہوتے اور ریت کی مدد سے پتھر کاٹتا ہے -
s. -weed : دیکھو gromwell -
s. -snipe : بڑی قسم کا چہا جو شمالی امریکا میں ہوتا ہے -
stonewall : (۱) رکاوٹ ڈالنا (پارلیمنٹ کی کارروائی میں) - (۲) نہایت احتیاط سے اس طرح کھیلنا کہ ہٹ بالکل نہ لگائی جائے -
stonewalling : (۱) (کرکٹ) بے حد احتیاط کا کھیل - (۲) (آسٹریلیا کی سیاست) رکاوٹ (جو پارلیمنٹ کی کارروائی میں کسی پارٹی کی طرف سے ڈالی جائے) -
s. -ware : پتھر چینی کے برتن (چکنی مٹی اور چقماق کو ملا کر بنائے جاتے ہیں) -
s. -work : پتھر کی معماری -
stonewort : کئی قسم کے پودوں اور جھاڑیوں کا نام -
(-) stoned, *a.* : (-) گٹھلی کا -
stoneless, *a.* : بے پتھر کا ؛ بے گٹھلی کا -

Stony, *a. & adv.* : (۱) پتھریلا - (۲) گٹھلی دار جس میں (بہت سی) گٹھلیاں ہوں - (۳) پتھر کا سا ؛ پتھر کی طرح سخت ؛ پتھر کی طرح بے حس و حرکت ؛ پتھرایا ہوا - (۴) بالکل (صرف broke کے ساتھ آتا ہے - بالکل قلاش = s. broke) -
s. stare : پتھرائی ہوئی نظر ؛ بے حس نظر -
s. heart : (۱) سخت دل ؛ پتھر کا دل - (۲) سخت جوت (کسی چیز کا) -
stony -hearted, *a.* : سخت دل -
stonily, *adv.* : پتھر کی طرح سے ؛ بے حس نظر سے ؛ پتھرائی ہوئی نظر سے -
stoniness, *n.* : پتھر کا سا ہونا ؛ بے حس ہونا (نظر کا) -

Stood : دیکھو Stand -

Stook, *n. & v. t.* : = shock (زیادہ تر اسکاٹ لستان اور شمالی انگلستان میں استعمال ہوتا ہے) -

Stool, *n. & v. i.* : (۱) اسٹول ؛ تپائی - (۲) نیچی بنچ جس پر گھٹنوں کے بل بیٹھتے ہیں - (۳) وہ تپائی جس پر پاؤں رکھے جاتے ہیں - (۴) (تعمیر) کھڑکی کا داسا یا دہلیز - (۵) تدمچہ ؛ کھڈی - (۶) پاخانہ ؛ اجابت - (۷) براز ؛ پاخانہ ؛ غلیظ - (۸) دابلا ؛ درخت کی جڑ یا ٹھنٹھ جس میں سے شاخیں پھوٹتی ہیں - (۹) وہ لکڑی جس میں کسی چڑیا کو لٹکاتے ہیں کہ اسے دیکھ کر دوسری چڑیاں پھنس جائیں - (۱۰) جڑ سے شاخوں کا پھوٹنا - (۱۱) اجابت ہونا ؛ پاخانہ ہونا -

fall between two ss. : دو کشتیوں میں سوار ہونا ؛ دگدھا میں مارا جانا ؛ کسی طرف کا نہ رہنا -

folding s. : توشواں تپائی -

office s. : اونچی تپائی جس پر دفتر میں کلرک بیٹھتے ہیں -

s.-ball : کرکٹ کی طرح کا قدیم کھیل ' سسیکس میں اب بھی رائج ہے ' خصوصاً لڑکیوں میں -

s. of repentance : مقام توبہ (اصل میں اسکاچستان کے گرجوں میں ایک تپائی ہوتی تھی جس پر زانی کو بٹھا کر ملامت کی جاتی تھی - اب صرف مجازی معنی میں آتا ہے) -

s.-pigeon : (۱) وہ کبوتر جس سے دوسروں کو پھانستے ہیں - (۲) وہ شخص جس کے ذریعے سے دوسروں کو پھانستے ہیں ؛ لگا لانے والا -

Stoop, *v. i. & t. & n.* : (۱) جھکنا - (۲) اپنی شان سے فروتر کام کرنا ؛ اپنے مرتبے سے اتر کر کرنا ؛ اتر آنا (کسی ذلیل حرکت پر) - (۳) سر اور کندھے جھکا کر چلنا (عادتاً) ؛ کندھوں میں خم ہونا - (۴) (قدیم ' شعر) جھپٹنا ؛ گرنا (باز کا شکار پر یا مجازاً ایک شخص کا دوسرے شخص پر) - (۵) جھکانا (کمر ' گردن وغیرہ) - (۶) آگے کی طرف ٹیڑھا کر دینا ؛ جھکا دینا (پیپے وغیرہ کو) - (۷) خمیدہ قامتی ' کندھے جھکا کر چلنے کی عادت - (۸) (قدیم) حملہ ' جھپٹا ' گرنا (باز وغیرہ کا) -

s. to conquer : دب کر کام نکالنا ؛ ذلت اٹھا کر فتح پانا -

stoopingly, *adv.* : جھک کر ؛ سر اور کندھے جھکا کر -

Stoop, *n.* : دیکھو Stoup -

Stoop, *n.* : (امریکا ' کناڈا) مکان کے آگے کا چبوترا -

Stop, *v. t. & i.* : (۱) (سوراخ وغیرہ کو کسی چیز سے) بھرنا ؛ بند کرنا - (۲) روکنا ؛ ترقی نہ کرنے دینا ؛ ٹھیرانا ؛ بند کرنا ؛ مسدود کرنا - (۳) روک دینا ؛ بند کردینا (ادائگی وغیرہ) - (۴) باجے کے سر کو مدھم کرنا (سوراخ بند کرکے یا تار لگا کر) - (۵) رک جانا ؛ ٹھیر جانا ؛ بند ہو جانا ؛ مسدود ہو جانا - (۶) (بول چال) رہنا ؛ قیام کرنا - (۷) عبارت میں اوقات وغیرہ لگانا - (۸) (جہاز رانی) رسی وغیرہ کو (کسی دوسری رسی ' پتر جوڑ وغیرہ سے) جکڑنا ؛ کسنا - (۹) (کندہ کاری) جن حصوں کو تیزاب کے اثر سے بچانا ہو ان پر کسی چیز کی تہ چڑھانا (s. out) - (۱۰) (فوٹو گرافی) مدسے کے ایک حصے کو سیاہ پردہ سے چھپانا (s. down) - (۱۱) (ٹائپ سازی) کسی چیز سے بھر دینا (ٹھپے کے اس حصے کو جس سے کام نہ لینا ہو ' s. off) -

s. a bullet : گولی کھانا -

s. a factory : کارخانے کو بند کر دینا -

s. a tooth : دانت میں سونے وغیرہ کی بھرائی کرنا -

s. a wound : زخم میں ریشم وغیرہ بھر کر خون روکنا -

s. ball : گیند روکنا (خصوصاً کرکٹ کی فیلڈنگ میں) -

s. blow : چوٹ بچانا (مکا بازی میں) -

s. blow with one's *head etc.* : (مزاحاً) چوٹ کھانا -

s. dead, s. short : ایک دم سے رک جانا -

s. gap : دفع الوقتی کرنا ؛ عارضی طور پر کام چلانا -

s. horse : گھوڑے وغیرہ کو روکنا (خصوصاً اس کو جو رسی تڑا کر بھاگا ہو) -

s. one's *breath* : (کسی اور طریقے سے) گلا گھونٹ دینا ؛ مار ڈالنا -

s. one's *ears* : (۱) کانوں میں انگلیاں دے لینا - (۲) سننے سے انکار کرنا ؛ ایک نہ سننا -

s. one's *mouth* : (مجازاً) (رشوت سے یا اور طریقے سے کسی کی) زبان بند کر دینا ؛ افشاے راز نہ کرنے دینا -

s. payment : مطالبات کی ادائی سے معذوری کا اعلان کرنا ؛ دوالہ نکال دینا -

s. payment of a cheque : بینک کو ہدایت کرنا کہ فلاں چک کا روپیہ نہ دے -

stopped pipe : ارگن باجا جس کا اوپر کا سوراخ بند کر دیا جائے اور اس کی وجہ سے آواز مدھم ہو جائے -

s. the way : راہ میں حائل ہونا ؛ رکاوٹ ڈالنا ؛ ترقی نہ کرنے دینا -

s. thief : " چور ' چور " پکارنا ؛ جانے نہ دینا -

s. up : جاگتے رہنا ؛ سونے کے لیے نہ لیٹنا -

stoppage, *n.* : موقوفی ؛ رکاؤ ؛ ٹھیراو -

stopping, *n.* : سونے وغیرہ کی بھرائی (دانت میں) -

Stop, *n.* : (۱) موقوفی ؛ وقفہ ؛ رکاو ؛ ٹھیراو - (۲) وقفہ ؛ علامت اوقات (خصوصاً کوما ' سمی کولن ' کولن یا فل اسٹاپ) - (۳) (موسیقی) سر کا مدھم کرنا - (۴) لیور ' پتی وغیرہ جس کے ذریعے سر مدھم کیا جائے - (۵) (ارگن) وہ پردے جن سے ایک خاص سر نکلتا ہو ؛ وہ لٹو جس کے ذریعے یہ پردے کھولے اور بند کئے جاتے ہیں - (۶) خاص لہجہ (مثلاً غم کا ' غصے کا ' شیخی کا) جسے کوئی شخص دوسروں پر اثر ڈالنے کے لیے اختیار کرے - (۷) کھونٹی ڈنڈا وغیرہ جس سے کسی چیز کی حرکت کسی خاص مقام پر روکی جا سکے - (۸) (فوٹوگرافی) پردہ سیاہ - (۹) (صوتیات) حرف صحیح کی ساکن آواز - (۱۰) (بحری) ڈوری ؛ نچلے سومستول کا آگے نکلا ہوا حصہ -

come to a full s. : بالکل بند ہو جانا -

full s. : علامت وقف کامل ؛ ختمہ -

is at a s. : موقوف ہے ؛ بند ہے -

stopless, *a.* : بے اوقات وغیرہ -

Stop- : مرکب اسما کا جز ترکیبی -

stopcock : ٹونٹی -

s.-collar : (مشین میں) وہ کپڑا جو دھرے (shaft) کی حرکت کو روکتا ہے -

s.-cylinder : ایک قسم کی چھاپنے کی مشین -

s.-drill : روک دار برما (جس میں روک لگی ہوتی ہے کہ زیادہ گہرا نہ چلا جائے) -

stopgap : (۱) دفع الوقتی کی ترکیب ؛ وہ چیز جس سے عارضی طور پر کام چلے - (۲) عارضی قائم مقام -

s.-knob : وہ لٹو جس سے ارگن کے پردے کھلتے بند ہوتے ہیں -

s.-order : مشروط فرمائش (آرڈر جو دلال کو دیا جائے کہ جب اسٹاک فلاں قیمت تک پہنچ جائے تو خرید لو یا بیچ ڈالو) -

s.-plate : دباو روک (بیرنگ پر دھرے کے دباو کو روکنے والی چیز) -

s.-press : (خبر) جو اخبار کے چھپنے کے دوران میں شامل کی جائے ؛ مزید خبر -

s. -valve : نل روک ؛ کھل بند جو نل میں لگا دیتے ہیں کہ پانی بہہ نہ جائے

s. -volley : (ٹینس) والی روک ؛ نیٹ کے قریب کھڑے ہوکر حریف کی والی اس طرح روکنا کہ نیٹ کے دوسری طرف گر کر وہیں رہ جائے -

s. -watch : روک گھڑی ؛ جس میں روک لگی ہوتی ہے کہ جب چاہیں چلا دیں اور جب چاہیں بند کردیں (گھوڑ دوڑ وغیرہ میں استعمال ہوتی ہے) -

Stopper, *n.* & *v. t.* : (۱) روکنے والا وغیرہ - (۲) ڈاٹ (بوتل وغیرہ کی) - (۳) (تمباکو پینے کے) پائپ کی ڈاٹ جس سے تمباکو کو دباتے ہیں (tobacco-s.) - (۴) (جہاز رانی) بند ' رسی ' پتر ' جوڑ وغیرہ جس سے رسا جکڑ دیا جائے - (۵) ڈاٹ لگانا - (۶) جہاز کے رسے کو بند سے جکڑنا -

put a s. on something : کسی چیز کو روک دینا -

s. bolt : کنڈے دار چٹخنی جو عرشہ میں لگی ہوتی ہے اور جس میں جہاز کے رسے باندھ دیے جاتے ہیں -

s. -knot : ان رسوں کا سرا جس میں گرہ دیدی جائے -

Stopple, *n.* & *v. t.* : (۱) بوتل وغیرہ کی ڈاٹ - (۲) ڈاٹ لگانا -

Storage, *n.* : (۱) مال کو گودام میں رکھنا ؛ چیزوں کو ذخیرے میں رکھنے کا طریقہ - (۲) گودام کی گنجائش یا وسعت ؛ رکھنے کی جگہ - (۳) مال کو گودام میں رکھنے کا محصول ؛ رکھوائی -

cold s. : (کھانے پینے کی چیزوں کو) برف دان میں رکھنا -

s. -battery : (برقیات) ذخیرۂ برق (جس میں خارجی ذرائع سے برقی قوت حاصل کر کے جمع کرلی جاتی ہے اور جب ضرورت ہو استعمال کی جاتی ہے)

Storax, *n.* (۱) ایک طرح کا خوشبودار روغن جو ایک درخت کے گوند سے نکلتا ہے - (۲) یہ درخت -

liquid s. : روغن بلسان -

Store, *n.* & *v. t.* : (۱) ذخیرہ ؛ بڑی مقدار - (۲) دوکان ؛ کوٹھی (خصوصاً امریکا) - (۳) (برطانیہ) بہت بڑی دوکان جس میں ہر قسم کی چیزیں ملتی ہوں - (۴) ... اسٹور ؛ خاص قسم کے مال کی دوکان جو خاص مقصد سے ... جاتی ہے - (۵) (بطور صفت) جو آئندہ استعمال کے لیے ... جائے ؛ رکھنے ... (۶) کسی چیز کا ذخیرہ جمع کرنا ' بھرنا - (۷) جمع کر کے رکھنا (آئندہ کے لیے) ذخیرہ کرنا - (۸) (فرنیچر وغیرہ) رکھوانا (گودام میں حفاظت کے لیے) - (۹) (ظرف ' کمرے وغیرہ میں) گنجائش ہونا ' سمانا -

Army & Navy, &c. ss. : آرمی نیوی اسٹور وغیرہ جن میں صرف ممبروں کے ہاتھ مال فروخت کیا جاتا ہے اور ممبری کی خاص شرائط ہیں -

cooperative s. or ss : دیکھو Cooperative -

harvest has been stored : فصل کا غلہ وغیرہ کھتے میں بھردیا گیا ' کوٹھی میں پہنچ گیا -

in s. : (۱) مہیا - (۲) ہونے والا ' پیش آنے والا ' مقدر میں -

marine ss. : جہاز کے پرانے سامان کی دوکان -

set no great s. by : (خصوصاً نفی میں) نظر میں وقعت نہ ہونا ' اہم نہ سمجھنا -

set s. by : قدر کرنا ؛ اہم سمجھنا -

s. catties : رکھنے کے جانور ' جو ابھی ذبح کرنے کے لیے تیار نہ کیے جا رہے ہوں -

s. clothes : سلے سلائے کپڑے جو دوکان میں بکتے ہیں -

storehouse : (۱) ذخیرہ ؛ گودام ؛ کھتا ؛ کوٹھی (غلے کی) - (۲) (مجازاً) مخزن ' خزانہ -

s. house of information. : وہ شخص جو بے حد معلومات رکھتا ہو ؛ مخزن معلومات -

s.-keeper دوکان دار (امریکا) -

s.-room : گودام ؛ مودی خانہ ؛ جنس کی کوٹھری -

s.-ship : رسد کا جہاز (جو بیڑے کو یا قلعے کی فوج کو رسد پہنچاتا ہے) -

storable, *a.* : قابل ذخیرہ ؛ جو جمع کر کے رکھا جا سکے ؛ رکھوانے کا ؛ رکھنے کا -

Storey, (pl. -eys) **Story**, *n.* منزل (مکان کی) -

s.-post : کھمبا جس پر وہ کڑی قائم ہو جو دیوار یا چھت کا بوجھ اٹھاتی ہے -

upper s. or ss. : (مجازاً) دماغ -

- storeyed, (-) storied, s. (-) منزلہ -

Storiated, *a.* : (سرورق) منقش اور آراستہ ؛ جس پر بڑے تکلف سے نقش و نگار بنائے گئے ہوں

Storied, *a.* (۱) جس کی کہانیاں کہی جاتی ... جو ... میں مشہور ہو ؛ زبان زد - (۲ ... کا ؛ روایتی تاریخی -

Stork, *n.* : لق لق -

King s. ... Kin ... (ڈھینک اور ظالم بادشاہ ؛ دیکھو Log) -

s.'s-bill : ایک پودے کا نام

Storm, *n.* & *v. i.* & *t.* (۱) طوفان ؛ شدت کی ہوا ؛ آندھی یا ابروباد ؛ ژالہ باری (۲) طوفان ؛ آندھی ' افرا تفری ؛ ہنگامہ ؛ فساد ' ہلچل ؛ شورش ؛ جنگ و جدل ؛ دارو گیر - (۳ ... (پتھر ' تیر ' گولی وغیرہ کی) - (۴) ... ؛ (مورچے پر) ٹوٹ پڑنا ؛ قبضہ جو ایک دم ... کر کے کیا جائے ؛ تسخیر - (ہوا کا) زور شور ... ؛ جھکڑ چلنا - (۶) بکنا جھکنا شدت سے ... یا بگڑنا ؛ ہنگامہ برپا کر دینا ' آندھی اٹھا دینا - (۷) ... دم سے دھاوا کر کے قبضہ کر لینا -

s. & stress : (جرمن Sturm und Drang) طوفان و ہیجان ؛ کسی شخص یا قوم کی زندگی کا وہ زمانہ جب اس کے ... اور حالات میں ایک انقلاب برپا ہو -

s.-beaten : (۱) طوفان زدہ ؛ طوفان کا مارا - (۲) شکست خوردہ -

s.-belt : طوفان کا حلقہ ؛ طوفانی علاقہ (جس میں طوفان کثرت سے آتے ہوں -)

s.- bird : بطریلہ (Petrel) ایک پرندہ جو طوفان کے آنے کی خبر دیتا ہے -

s.-bound : (...) جو طوفان کی وجہ سے بندرگاہ یا کسی اور مقام پر قید ہو کر رہ جائے -

s.-card : نقشۂ طوفان (جس سے جہازراں کو مرکز طوفان کا پتا چلتا ہے) -

s.-centre : (۱) مرکز طوفان (جہاں طوفانی ہوا کا زور ... سے زیادہ

هوتا هے) - (۲) فتنہ و فساد کا مرکز؛ وہ بات جس پر ہنگامہ یا شورش برپا هو ؛ بنائے فساد ؛ فساد کی جڑ -

s.-cloud : (۱) طوفانی بادل ؛ طوفان خیز بادل - (۲) ہنگامے کے آثار ؛ فتنہ و فساد کے آثار -

s. cock: طوفانی پرند (fieldfare, missel-thrush) وغیرہ -

s.-cone : نشان طوفان ؛ کرمچ کا مخروط جو طوفان یا آندھی کی علامت کے طور پر نصب کیا جاتا هے (سیدھا شمال کے لیے اور اوندھا جنوب کے لیے) -

s.- door : مزید بیرونی دروازہ (جو معمولی دروازے کے علاوہ هوتا هے اور طوفان یا سردی سے محفوظ رہنے کے لیے استعمال کیا جاتا هے) -

s.-drum : استوانی شکل کی چیز جو غیر معمولی سخت طوفان کی خبر دینے کے لیے " S.- cone " کے علاوہ نصب کی جاتی هے -

s.-finch : دیکھو s.-bird -

s.-glass : قدیم طرز کا حرارت پیما ؛ مقیاس موسم -

storming-party :- وہ دستہ جو دھاوے کے لیے متعین کیا جائے -

s.-petrel : دیکھو s.-bird -

s.-sail : طوفانی بادبان (معمولی بادبان سے چھوٹا اور زیادہ موٹی کرمچ کا) -

s.-signal : = (s.-cone) علامت طوفان ؛ نشان طوفان -

s. -tossed : (۱) طوفان زدہ ؛ طوفان میں گھرا ہوا - (۲) مصیبت زدہ ؛ مصیبت میں پڑا ہوا -

s.-troops : (جرمن sturm -truppen) جنگ عظیم میں جرمن فوج کے وہ دستے جو خاص اور غیر معمولی کاموں کے لیے رکھے گئے تھے -

take by s. : (۱) ایک دم سے دھاوا کر کے قبضہ کر لینا - (۲) (مجازاً) (شخص یا جماعت کو) دم بھر میں مسخر کر لینا -

stormer, *n.* : دھاوا کرنے والا -

stormless, *a.* : بے طوفان ؛ ساکن -

stormproof, *a.* : طوفان روک؛ جس پر طوفان کا اثر نہ هو ؛ جو طوفان میں حفاظت کر سکے -

Stormy, *a.*: (۱) تند؛ تیز؛ پرشور؛ شدید - (۲) طوفانی؛ طوفان خیز (مقام وغیرہ) - (۳) ہنگامہ خیز ؛ پرشور - (۳) طوفانی ؛ طوفان کی خبر دینے والا ؛ طوفان سے متعلق ؛ طوفان کا -

stormily, *adv.* : تندی سے ؛ شدت سے -

storminess, *n.* : تندی ؛ ہنگامہ خیزی ؛ شدت -

Stort (h) ing n. : ناروے کی پارلیمنٹ -

Story *n.* : (۱) (قدیم) تاریخ - (۲) سر گذشت؛ پچھلے واقعات - (۳) بیان (کسی واقعے کا) ؛ قصہ ؛ کہانی ؛ افسانہ ؛ ناول ؛ داستان ؛ حکایت - (۵) (ناول وغیرہ میں) پلاٹ ؛ واقعات ؛ قصہ - (۶) قابل ذکر واقعہ - (۷) (بچوں کی زبان) جھوٹ ؛ من گھڑت کہانی ؛ گپ ؛ جھوٹا (You s.) -

according to his own s. : (اس موقع پر کہتے هیں جب بیان کرنے والے کی صداقت میں کچھ شبہ هو) - اپنے بیان کے مطابق

but that is another s. : (مصنف یہ ایک علحدہ قصہ هے اس موقع پر استعمال کرتے هیں جب کسی واقعے کی طرف اشارہ کر کے چھوڑ دیں کہ پڑھنے والوں کا اشتیاق اور بڑھے) -

good s., funny s. : مزے کا قصہ ؛ مزاحیہ افسانہ ؛ ظریفانہ حکایت -

it is quite another s. now : (۱) اب کچھ اور بیان کیا جاتا هے - (۲) اب حالت بدل گئی هے ؛ اب قصہ هی اور هے -

short s. : مختصر افسانہ (جس میں عموماً صرف ایک واقعہ بیان کیا جاتا هے اور کسی رسالے میں یا اس قسم کے اور قصوں کے مجموعے میں شائع هوتا هے) -

s.-book : قصوں کی کتاب -

s.-teller : (۱) قصہ گو - (۲) افسانہ نویس - (۳) لوگوں کے خانگی حالات مشہور کرنے والا - (۴) (بچوں کی زبان) جھوٹا ؛ گپی -

the s. goes : کہا جاتا هے ؛ لوگ کہتے هیں -

to make a long s. short : مختصر یہ کہ ؛ المختصر -

Story: دیکھو Storey -

Stoup *n.*: (قدیم) (۱) صراحی ؛ بادیہ ؛ پیالہ - (۲) وہ برتن جس میں دم کیا ہوا پانی یا پاک پانی رکھا جاتا تھا -

Stout, (-owt) *a. & n.* : (۱) بہادر ؛ شجاع ؛ من چلا ؛ جیوٹ ؛ باہمت - (۲) ضدی ؛ ہٹیلا - (۳) پکا ؛ وفا دار - (۴) طاقتور ؛ قوی ؛ تنومند ؛ جفا کش ؛ مضبوط - (۵) دوہرے بدن کا ؛ بھاری جسم کا ؛ گداز جسم کا ؛ خاصا موٹا - (۶) ایک قسم کی نہایت تیز اور تلخ بیر شراب -

a s. heart : باہمت ؛ بہادر -

s. fellow : (قدیم) تلوار کا دھنی ؛ خوب لڑنے والا وغیرہ -

stouthearted, *a.* : همت ور ؛ با همت ؛ بہادر -

stoutheartedly, *adv.* : همت سے ؛ بہادری سے -

stoutheartedness, *n.* : همت ؛ بہادری -

stoutish, *a.*: موٹا سا -

stoutly, *adv.* : بہادری سے ؛ وفا داری سے ؛ مضبوطی سے ؛ جفا کشی سے ؛ ضدی پن سے -

stoutness, *n.* : بہادری ؛ من چلا پن ؛ ضدی پن ؛ مضبوطی ؛ جفا کشی ؛ گدازی ؛ مٹاپا -

Stove, *n. & v. t.* : (۱) اسٹوو ؛ ولایتی چولہا - (۲) آتشدان - (۳) (باغبانی) حرارت خانہ جس میں مصنوعی گرمی پیدا کیجائے - (۴) چولہے یا آتش دان میں ٹھونسنا - (۵) حرارت خانے میں اگانا ، پیدا کرنا (پودے کو) -

s.-pipe : دھویں کا نل (جو دھویں کو آتش دان سے دود کش میں لے جاتا هے) -

s.-pipe hat : (امریکا) ایک قسم کی اونچی ریشمی هیٹ -

Stove : دیکھو Stave -

Stow, *v. t.* : (۱) (چیزوں کو کمرے وغیرہ میں) سنگوانا ؛ قرینے سے رکھنا ؛ ترتیب سے رکھنا (تا کہ وہ جگہ کم گھیریں) - (۲) (صندوق وغیرہ میں) ٹھونس ٹھونس کر بھرنا ؛ دبا دبا کر بھر دینا ؛ کھچا کھچ بھرنا - (۳) (صیغۂ امر میں) چھوڑو ؛ بند کرو ؛ تہ کر رکھو (s. that nonsense) -

s. thing away : (چیز کو اٹھا کر) ٹھکانے سے رکھنا -

s.-wood : لکڑی کے کندے جن کے اڑا دینے سے جہاز کے تہ خانے میں پیپے ہلنے جلنے نہیں پاتے -

stowage, *n.* : (۱) ترتیب؛ رکھا ہوا سامان؛ سنگوایا ہوا سامان -

(۲) توڑنے سے رکھنا یا رکھا جانا ؛ سنگوانا یا سنگوایا جانا - (۳) سنگوانے کا معمول ؛ سنگوائی -

stowaway, n. & v. i.: (۱) وہ شخص جو چھپ کر بے معمول دیے جہاز میں بیٹھ جائے- (۲) چھپ کر بے معمول دیے جہاز میں بیٹھ جانا -

Strabismus, *n.*: بھینگاپن ؛ احول ہونا ؛ احول -

cross-eyed s.: پتلی کے پٹھے کا اندر کی طرف ہٹا ہونا -

wall-eyed s.: پتلی کے پٹھے کا باہر کی طرف ہٹا ہونا -

strabismal, *a.*: بھینگے پن کا ؛ احولی-

strabismic, *a.*: بھینگے پن کا ؛ احولی -

Strabotomy, *n.*: پتلی کے پٹھے کو کاٹ دینا ؛ آنکھ کا عمل جراحی جس سے بھینگا پن جاتا رہتا ہے -

Straddle, *v. i. & t. & n.*: (۱) ٹانگیں پھیلا کر یا چیر کر کھڑا ہونا ؛ ٹانگیں پھیلائے کھڑا ہونا - (۲) ایک ٹانگ ادھر ایک ادھر رکھکر کھڑا ہونا یا بیٹھنا (کسی چیز پر) ؛ سوار ہونا (گھوڑے وغیرہ پر) - (۳) اچھی طرح ٹانگیں چیرکرکھڑا ہونا یا بیٹھنا وغیرہ- (۴) (بحری) (نشانے یا دشمن کے) ادھر ادھر گولے پھینکنا (خصوصاً زد کا اندازہ کرنے کے لیے) - (۵) (مجازاً) دکدھا میں ہونا ؛ کبھی ادھر جھکنا ' کبھی ادھر جھکنا ؛ مذبذب ہونا - (٦) ٹانگیں پھیلا کر کھڑے ہونے یا بیٹھنے کا عمل - (۷) تذبذب - (۸) (صرافہ) وہ معاہدہ جس کی رو سے کسی شخص کو حق ہو کہ ایک معینہ قیمت پر اسٹاک خواہ خریدے خواہ بیچے -

Stradivarius, (or -ar-), (colloq.) **strad**, *n.*: (بول چال) کریمونا کے صناع استریڈ یوریس (سنہ وفات ۱۷۳۷ ع) کا بنا یا ہوا تار کا باجا (وائلن وغیرہ) -

Strafe (-ahf) *v. t. & n.*: (۱) (عامیانہ) (چھپ کر خصوصاً رات کو) گولہ باری کرنا ؛ کمین گاہ سے گولیاں برسا کر پریشان کرنا - (۲) ڈانٹنا ؛ ڈپٹنا ؛ گالیاں دینا - (۳) ٹھونکنا ؛ پیٹنا - (۴) گولہ باری (جو کمین گاہ سے کی جائے) - (۵) ڈانٹ ڈپٹ ؛ گالیاں - (٦) مار ؛ مرمت ؛ ٹھکائی -

the morning s.: صبح کی گولہ باری ؛ کمین گاہ سے گولہ باری (جو جرمن فوج صبح کو کیا کرتی تھی) -

Straggle, *v. i.*: (۱) (جماعت یا جھنڈ سے) بچھڑ جانا ؛ ساتھ چھوٹ جانا ؛ (بالوں کا زلف وغیرہ سے) الگ ہو جانا ؛ بکھر جانا - (۲) منتشر ہو جانا ؛ آوارہ ہو جانا ؛ تتر بتر ہو جانا - (۳) بے ترتیبی سے منتشر ہو کر چلنا (قافلے وغیرہ کا) - (۴) جا بجا ہونا ؛ کہیں کہیں ہونا ؛ بکھرا ہوا ہونا -

plant straggles: پودا بہت بڑھ گیا ہے اور بے ترتیبی سے پھیل گیا ہے -

straggler, *n.*: جو جماعت یا جھنڈ سے بچھڑ گیا ہو ؛ بچھڑا ہوا ساتھی ؛ بھٹکا ہوا رہرو -

stragglingly, *adv.*: بچھڑ کر ؛ منتشر ہوکر -

straggly, *a.*: منتشر ؛ بکھرا ہوا -

Straight, *a., n. & adv.*: (۱) سیدھا ؛ راست ؛ مستقیم - (۲) جو سیدھا نشانے پر جائے؛ سیدھا ؛ صاف؛ بے خطا (نشانہ ' وار ' نظر ' طریقہ وغیرہ) - (۳) کھرا ؛ بے لاگ ؛ صاف ؛ راست باز ؛ دیانت دار - (۴) ٹھیک ؛ ہموار ؛ درست - (۵) خبر وغیرہ جو بلا واسطہ صاحب معاملہ سے پہنچے ؛ معتبر ؛ قابل وثوق - (٦) سیدھ ؛ سیدھا ہونا - (۷) کسی چیز کا سیدھا حصہ (خصوصاً گھوڑ دوڑ کے میدان کا آخری حصہ جو بالکل سیدھا ہوتا ہے) - (۸) (تاش کے کھیل poker میں) ایک سلسلے کے کئی پتوں کا مجموعہ -(۹) سیدھا؛ بہ خط مستقیم؛ بلا واسطہ؛ راست - (۱۰) نشانے پر ؛ صحیح رخ پر ؛ ٹھیک رخ پر - (۱۱) صحیح طریقے پر ؛ ٹھیک - (۱۲) (قدیم) فوراً -

a s. back: تنی ہوئی کمر؛ سیدھی کمر (جس میں خم نہ ہو)-

a s. fight: بے لاگ مقابلہ یا لڑائی (جس میں حریف ایک دوسرے پر غالب آنے کی پوری کوشش کریں) -

a s. race: بے لاگ دوڑ -

accounts are s.: حساب ٹھیک ہے ' باقاعدہ ہے -

hit s. from the shoulder: (مکا بازی میں) کندھے سے سیدھی ٹکر دینا -

out of the s.: ٹیڑھا-

put things s.: معاملات کو سلجھانا -

ride s.: ٹٹیاں پھاندتے ہوئے سیدھا چلا جانا (گھوڑے پر) -

s. arch: وہ محراب جو دو مستقیم خطوں سے بنتی ہے اور ۸ کی شکل کی ہوتی ہے -

s. away: (عامیانہ) اسی دم ؛ فوراً -

s.-cut: لمبے لمبے ریشوں میں کٹا ہوا (تمبا کو) -

s.-edge: سلاخ جس کا ایک سرا بالکل سیدھا ہوتا ہے اور جس سے چیزوں کے سیدھے ہونے کی جانچ کی جاتی ہے -

s.-eight: وہ موٹر کار جس کے آٹھ سلنڈر ہوں اور سب کے سب ایک سیدھ میں -

s. eye: تیز ہے سیدھے کا صحیح اندازہ -

s. face: سلجھیدہ شکل ؛ متین چہرہ (جو انسان اپنے صحیح جذبات کو چھپانے کے لیے بنائے) -

s. fight: (پارلیمنٹ وغیرہ کا انتخاب) جانبر توڑ مقابلہ -

s. line: (علم سطح) خط مستقیم -

s. off: بے تامل -

s. thinking: معقولیت کے ساتھ غور (جذبات سے قطع نظر کر کے) -

s. tip: معتبر اشارہ (اس کا کہ دوڑ میں کون سا گھوڑا جیتے گا یا صرافے میں نرخ کا کیا اتار چڑھاو ہوگا) -

straightway: (قدیم) فوراً ؛ اسی وقت -

the s. ticket: (امریکا) سیاسی پارٹی کا اصل پروگرام (بلا رد وبدل) -

straightforward, *a.*: (۱) کھرا؛ صاف؛ بے لاگ- (۲) (کام وغیرہ) سیدھا سادہ ؛ جس میں کوئی پیچیدگی نہ ہو -

straightforwardly, *adv.*: صاف صاف ' بے لاگ طریقے سے -

straightforwardness, *n.*: کھرا پن ؛ بے لاگ ہونا ؛ سیدھا سادہ ہونا -

straighten, *v. t. & i.*: سیدھا کرنا ؛ ٹھیک کرنا ؛ درست کرنا ؛ سلجھانا -

straightness, *n.*: سیدھا ہونا ؛ درستی ؛ کھراپن -

Strain, *v. t. & i.*: (۱) کھنچنا ؛ تاننا ؛ کھینچ تان کرنا -

(۲) کھینچ تان کر حد سے زیادہ کام لینا ؛ بیجا استعمال کرنا ؛ کھینچ تان کر نکالنا (معنی وغیرہ) - (۳) سینے سے چمٹانا ؛ چھاتی سے لگا نا - (۴) حد سے زیادہ زور ڈالنا ؛ حد سے زیادہ کام لینا ؛ حد سے زیادہ کام لے کر خراب کر دینا ؛ خطرے میں ڈال دینا - (۵) سخت کوشش کرنا ؛ پورا زور لگانا؛ تکلف یا مبالغہ کرنا - (٦) تڑانے کی کوشش کرنا (رسی وغیرہ) ؛ خوب زور سے کھینچنا - (۷) دبا جانا (بوجھ سے) - (۸) چھا ننا (چھلنی وغیرہ میں)؛ چھان کر الگ کرنا ؛ چھننا ؛ چھن کر ٹپکنا (سیال شے کا) -

a strained interpretation : بیجا تاویل ؛ کھینچ تان کر نکالا ہوا مطلب -

has strained his muscle : اس کا پٹھا چڑھ گیا -

porter is straining under the load : قلی بوجھ سے دبا جا تا ہے -

ship is strained : جہاز کے انجر پنجر ڈھیلے ہوگئے -

s. at : (کسی معاملے میں) بے حد محتاط ہونا ؛ حد سے زیادہ احتیاط کرنا -

s. a point : (کسی بات میں) بیجا رعایت کرنا ؛ بیجا طرز عمل اختیار کرنا -

s. every nerve : ایڑی چوٹی کا زور لگا دینا

s. one's authority, powers, rights, &c. : اپنے اختیارات ' طاقت یا حقوق سے کھینچ تان کر بیجا کام لینا -

s. one's ears : بہت غور سے سننا -

s. one's eyes : بہت غور سے دیکھنا -

s. the law : قانون سے کھینچ تان کر بیجا کام لینا -

strained relations : کشیدہ تعلقات -

strained sense : کھینچ تان کر پیدا کئے ہوئے معنی -

straining-beam, straining-piece : تان کڑی ؛ اڑی لکڑی جو چھت کی سیدھی ٹیڑھی (queen-posts) کے درمیان تان کے طور پر لگادی جاتی ہے -

the quality of mercy is not strained : رحم ایک قدرتی چیز ہے ؛ رحم دل میں بے ساختہ پیدا ہوتا ہے -

strainable, *a.* : جو کھینچا یا تا نا جاسکے ؛ کھینچ تان کے قابل ؛ قابل تاویل -

strained, *a.* : زبردستی کا ؛ مصنوعی ؛ بناوٹی ؛ تکلف کا (جو بے تکلف یا بے ساختہ نہ ہو) -

strainer, *n.* : چھلنی -

Strain, *n.* : (۱) کھچاؤ ؛ تناؤ؛ زور - (۲) حد سے زیادہ بوجھ یا بار کام وغیرہ کا) - (۳) زور ؛ کوشش - (۴) نقصان جو حد سے زیادہ کوشش یا مشقت سے پہنچ جائے ؛ چڑھ جانا (پٹھوں وغیرہ کا)؛ موچ - (۵) (طبیعیات ؛ میکانک) فساد ؛ کسی جسم پر زور پڑنے سے اس کے اجزائے سالمہ کی ترتیب کا بدلنا - (۶) (شعر؛ خطابت) نغمہ ' ترانہ (خصوصاً جمع) - (۷) لہجہ ؛ آواز ؛ طرز ؛ اسلوب؛ انداز ؛ رنگ (تحریر یا تقریر کا) - (۸) رجحان ؛ مادہ (طبیعت میں جیسے وغیرہ کا) (۹) نسل ' خاندان (انسان یا حیوان کا) -

all his senses were on the s. : تمام حواس سے جتنا کام لیا جاسکتا ہے لے رہا تھا

martial ss. : جنگی نغمہ -

pathetic ss. : نغمۂ دلسوز -

Strait, *a.* & *n.* : (۱) (قدیم) تنگ ؛ محدود - (۲) (قدیم) سخت گیر - (۳) آبنائے (آبنائے کے ناموں کے ساتھ جمع میں آتا ہے (جیسے Ss. of Gibraltar) - (۴) (عموماً جمع) ضیق ؛ کشمکش ؛ مصیبت ؛ تنگ دستی -

s. jacket, s. waistcoat : بہت تنگ کوٹ یا واسکٹ ؛ جکڑ کرتی؛ جو مجنونوں کو پہنا دیا جاتا تھا جس سے ان کے ہاتھ جکڑ جاتے تھے -

s.-laced : (مجازاً) سخت محتاط ؛ (اخلاقی امور میں) نہایت سخت -

the Ss. : پہلے آبنائے جبرالٹر کو کہتے تھے ' اب آبنائے ملا کا کو کہتے ہیں -

straiten, *v. t.* : جکڑنا؛ کھینچنا ؛ تنگ کرنا -

is straitened for — : اس کے پاس کمی ہے ' اسے تنگی ہے (کسی چیز کی) -

straitened circumstances : نادار ؛ افلاس ؛ عسرت -

straitly, *adv.* : (قدیم) تنگی سے ؛ سختی سے -

straitness, *n.* : (قدیم) تنگی ؛ سختی ؛ سخت گیری -

Strake, *n.* : لوہے کے تختے یا پترے جو پیش جہاز سے دنبالۂ جہاز تک جڑے ہوتے ہیں -

Stramineous, *a.* : (قدیم) (۱) پیال کا ؛ پیال کی طرح ؛ پیال کے رنگ کا - (۲) حقیر ؛ ادنیٰ -

Stramonium, *n.* : (۱) ایک قسم کا دھتورا - (۲) ایک دوا جو دھتورے کے بیجوں سے بنتی ہے اور دمے میں مفید ہے -

Strand, *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) (شعر ؛ خطابت) ساحل ' کنارہ (دریا ' جھیل یا سمندر کا) - (۲) خشکی پر چڑھ جانا ' ساحل پر چڑھ جانا (جہاز کا) -

stranded, *a.* : (۱) مشکل میں پڑا ہوا ؛ مصیبت میں گرفتار - (۲) (روپیہ نہ ہونے کی وجہ سے کسی جگہ) پڑا ہوا - (۳) واماندہ -

Strand, *n.* & *v. t.* : (۱) ڈوری یا تار (جس کو بٹ کر رسی بنائی جائے) ؛ لڑ (رسی کی) - (۲) (مجازاً) عنصر ' جز (کسی مرکب کا) - (۳) (رسی کی کوئی) لڑ توڑ ڈالنا -

Strange (-j-) *a.* : (۱) بیرونی ؛ باہر کا ؛ پردیسی ؛ غیر ملک کا - (۲) پرایا ' دوسرے کا ؛ بیگانہ - (۳) انوکھا ؛ نرالا ؛ نیا ؛ خاص - (۴) عجیب ؛ حیرت انگیز - (۵) نیا ؛ نا واقف ؛ اجنبی - (۶) بھو چکا ؛ گھبرایا ہوا -

am quite s. here : میں یہاں بالکل اجنبی ہوں -

feel s. : جی گھبرانا ؛ بیگانگی محسوس کرنا ؛ (طبیعت کا) عجیب حال ہونا (عموماً چکر آنا) -

is very s. in his manners : عجیب حرکتیں کرتا ہے ؛ کچھ مجنوں سا معلوم ہوتا ہے -

it feels s. : کچھ عجیب سا معلوم ہوتا ہے ؛ کچھ عجیب کیفیت ہے -

strangely, *adv.* : انوکھے طریقے سے ؛ عجیب طریقے سے -

strangeness, *n.* : نرالا پن ؛ انوکھا پن ؛ حیرت انگیزی ؛ نا واقفیت ؛ اجنبیت

Stranger, *n.* : (۱) اجنبی ؛ غیر ملکی ؛ پردیسی - (۲) نیا آدمی؛

اجنبی ؛ نو وارد ؛ غیر آدمی - (۳) نا واقف آدمی؛ انجان آدمی۔

stranger! (امریکا ' گنوارو) صاحب! -

am a s. here : میں یہاں اجنبی ہوں ؛ میں اس مقام سے نا واقف ہوں -

is a s. to me : میری اس سے ملاقات نہیں ؛ میں اس سے واقف نہیں -

is no s. to me : میری اس سے خوب ملاقات ہے ؛ میں اسے اچھی طرح جانتا ہوں -

make a s. of : بیگانگی برتنا ؛ مغائرت کا برتاؤ کرنا -

make no s. of : تپاک سے ملنا ؛ یگانگی کا برتاؤ کرنا ؛ بے تکلفی سے پیش آنا -

spy ss. or *see ss.* : (انگلستان کے دار العوام میں) ممبروں اور سرکاری عہدہ داروں کے علاوہ اور سب کے ہٹا دیے جانے کا مطالبہ کرنا۔

s. to court-intrigues : درباری سازشوں سے نا واقف -

the little s. : ننھا نو وارد (بچہ جو ابھی پیدا ہوا ہو) -

you are quite a s. here: آپ تو بھولے سے کبھی آنکلتے ہیں۔

Strangle, *v. t.* : (۱) گلا گھونٹنا ؛ گلا گھونٹ کر مارڈالنا - (۲) (کالر وغیرہ کا) بہت تنگ ہونا ؛ گلے میں پھنسنا ؛ گلے کو بھینچنا - (۳) (مجازاً) دبا دینا (خواہش کو) ؛ زبردستی روکنا (اضطراری حرکت کو) -

stranglehold : (مجازاً سیاست اور تجارت میں) پنجۂ غضب -

Strangles, *n.* pl. : (جمع مگر عموماً بہ طور واحد کے استعمال ہوتا ہے) متعدی زکام (گھوڑے ' گدھے وغیرہ کا) -

Strangulate, *v. t.* : (۱) (شاذ) گلا گھونٹنا - (۲) (مرضیات ؛ جراحی) دبنے سے دوران خون رک جانا ؛ (آنت ' رگ وغیرہ میں) اختناق ہو جانا -

strangulation, *n.* : اختناق -

Strangury, *n.* : (۱) عسرالبول (پیشاب قطرہ قطرہ کرکے تکلیف سے ہونا) - (۲) ایک بیماری جو پودوں میں پٹی باندھنے سے پیدا ہو جاتی ہے -

strangurious, *a.* : (۱) جسے عسرالبول کا مرض ہو- (۲) عسرالبول کا ؛ عسرالبول سے متعلق ؛ عسرالبول کی قسم کا -

Strap, *n.* & *v. t.*: (۱) چمڑے کی پٹی ؛ چمڑے کا تسمہ ؛ فیتہ - (۲) چمڑے کی پٹی جس میں بکسوا لگا ہو (چیزوں کے باندھنے کے لیے)؛ تسمہ (بستر بند وغیرہ کا) - (۳) پتر ؛ قبضہ (قلابے کا)- (۴) (نباتیات) لتہ (بعض چھوٹے پھولوں کا وہ حصہ جو زبان کی طرح لٹکتا ہے)- (۵) تسمے سے جکڑنا ' کسنا' باندھنا ؛ پتر یا قبضے سے جوڑنا - (۶) چمڑے سے رگڑ کر تیز کرنا (استرے کو) - (۷) (جراحی) (زخم پر) چپک مرہم کی پٹی باندھنا ؛ (کسی حصے کو) تسمے یا ڈوری سے کسنا - (۸) تسمے سے پیٹنا

rug s. : دری بند (جس سے دری کے بقچہ کو باندھتے ہیں) -

s.-hanger : بس یا ریل کا مسافر جسے بیٹھنے کی جگہ نہ ملے اور وہ اس تسمے کو پکڑ کر کھڑا رہے جو چھت سے لٹکتا رہتا ہے۔

s.-laid : کئی رسیوں کو برابر برابر رکھ کر جوڑا ہوا (رسا)-

s.-oil : تسمے کی مار -

s.-work : گتھا ہوا آرائشی کام جو بٹے ہوئے تسمے سے مشابہ ہوتا ہے-

s.-wort : ایک طرح کی گٹھی ہوئی گھاس جس میں سفید پھول آتے ہیں -

strapped trousers : تسمے سے لپٹا ہوا پتلون (جس میں ایڑی کے پاس فیتہ لگا دیتے ہیں تاکہ گھوڑے کی سواری میں آسانی ہو) -

the s. : تسمے کی مار -

umbrella-s. : چھتری کا فیتہ (جس سے چھتری کو بند کرکے لپیٹ دیتے ہیں)-

strapper, *n.* : لمبا تڑنگا آدمی ؛ مضبوط آدمی -

strapping, *n.* : تسمہ ؛ ڈوری -

strapping, *a.* : لمبا تڑنگا ؛ مضبوط ؛ گٹھے ہوئے جسم کا -

Strappado, *n.* & *v. t.* : رسی میں باندھ کر اٹھانے اور لٹکانے کی سزا -

Strass, *n.* : وہ مسالہ جس سے مصنوعی ہیرا بنایا جاتا ہے -

Strata : دیکھو Stratum -

Stratagem, *n.* : (۱) ترکیب ؛ چال ؛ توڑ ؛ چکمہ - (۲) دشمن کو دھوکا دینے کی تدبیر -

Strategic, *a.* : فن حرب کا ؛ فن لشکر کشی کا ؛ فن حرب یا فن لشکر کشی کے مقتضا یا مصلحت کے مطابق -

s. position : فوجی یا جنگی اہمیت رکھنے والا مقام ؛ چیرہ -

strategical, *a.* : (اب شاذ ہے) جنگی ؛ حربی -

strategically, *adv.* : فن حرب کے لحاظ سے ؛ فوجی یا جنگی مصلحتوں کے لحاظ سے ؛ تدبیر کے ساتھ ؛ فن لشکر کشی کے اصول کے مطابق -

strategics, *n.* : فن حرب ؛ فن لشکر کشی -

Strategus, *n.* (pl. -gi pr. -gi or -ji) : (قدیم یونان) سپہ سالار ' (خصوصاً ان دس سرداروں میں سے ایک جن کا انتخاب ہر سال ایتھنس میں ہوتا تھا) -

Strategy, *n.*: (۱) فن حرب؛ فن جنگ (لغوی اور مجازی معنی میں)؛ فوجی حکمت - (۲) حکمت عملی ؛ تدبیر - (۳) فن لشکر کشی ؛ (سپہ سالار کا) اپنے لشکر سے اس طرح کام لینا کہ لڑائی کا جو مقام ' وقت اور طریقہ اس کے لیے مفید ہے اس کے اختیار کرنے پر دشمن کو مجبور کر دے -

strategist, *n.* : فن حرب کا ماہر ؛ فن لشکر کا ماہر ؛ حکمت عملی کا ماہر -

Strath, *n.* : (اسکاٹستان) وسیع گھاٹی یا وادی (پہاڑ کی) -

strathspey, (-a) : ایک طرح کا دوری رقص جس کی رفتار زیادہ تیز نہیں ہوتی -

Straticulate (-at), *a.* : (ارضیات) طبق در طبق ؛ جس میں پتلی پتلی پرتیں ایک دوسرے پر جمی ہوئی ہوں -

Stratify, *v. t.* : طبق در طبق جمانا ؛ پرت پر پرت جمانا -

stratified, (p. p.) : طبق در طبق ؛ طبقی -

stratification, *n.* : طباق ؛ طبق در طبق ہونا ؛ نظام طبقات ؛ طبقات کی ترتیب -

Strato-, comb. form of Stratus : (جز ترکیبی) مثلاً

-cirrus : پیچ در پیچ (ابر) -

cum- : دل بادل ؛ طبق در طبق (ابر) -

Stratocracy, *n.* : فوجی حکومت ؛ سپاہی گردی -

Stratosphere, *n.* : فضاے فا ئدہ ؛ وہ فضا جس میں بلندی سے حرارت نہیں گھٹتی بلکہ سب کہیں یکساں رہتی ھے -
cf. troposphere : فضاے متغیرہ -
Stratum, *n.* (pl. -ta) : (۱) (ارضیات) طبقہ ؛ پرت (زمین کی) - (۲) (مجازاً) طبقہ (معاشرے یعنی سوسائیٹی کا) -
stratal, stratiform, *aa.* : طبق در طبق ؛ طبقی -
stratigraphic, *a.* : طبقات الارض کا -
stratigraphically, *adv.* : طبقات الارض کی رو سے -
stratigraphy, *n.* : ارضیات کا وہ حصہ جس میں طبقات الارض کا بیان ھے ؛ علم طبقات الارض -
Stratus, *n.* (pl -ti) : طبق ابر ؛ بادل کی پتلی پرت -
Straw, *n.* & *v. t.* : (۱) پیال ؛ بھوسا (گدوں میں بھرنے یا چٹائی ھیٹ وغیرہ بنانے کے لیے) - (۲) چٹائی کی ھیٹ؛ استراھیٹ- (۳) تنکا ؛ خفیف یا حقیر چیز - (۴) (قدیم) پھیلانا (ریت وغیرہ) -
a s. shows which way the wind is blowing : ذرا سے اشارے سے بھی کچھ پتہ چل جاتا ھے ؛ ایک تنکے سے ھوا کا رخ معلوم ھو جاتا ھے -
catch at a s. : تنکے کا سہارا لینا ؛ بھی نا کافی تدبیر اختیار کرنا -
draw ss. : (چھوٹے بڑے) تنکوں سے قرعہ ڈالنا -
in the s. : (قدیم) زچہ خانے میں -
make bricks without s. : نا کافی ذرایع سے کام کرنا ؛ بے تلوں کے تیل نکالنا -
man of s. : (۱) پتلا (جس میں بھس بھر دیتے ھیں) - (۲) خیالی حریف ؛ پیکر خیالی - (۳) نادار ؛ مفلس شخص -
s. -board : پیال کا بنا ھوا موٹا پٹھا -
s. -colour : ھلکا زرد -
s. -coloured : ھلکے زرد رنگ کا -
s. -stem : لالہ نما ؛ گل لالہ کی شکل کا شراب کا گلاس جس کی ڈنڈی الگ سے نہ لگائی گئی ھو بلکہ اوپر کے کٹورے کو نیچے کی طرف پتلا کرکے بڑھانے سے ڈنڈی کی شکل پیدا ھوگئی ھو-
s. vote : (امریکا ؛ سیاست) غیر سرکاری راے شماری (جس سے فریقین کی قوت کا اندازہ کیا جاتا ھے) -
s. worm : دیکھو Caddis -
the last s. : بوجھ یا تکلیف کے انتہا کو پہنچ جانے کے بعد خفیف سا اضافہ جس سے برداشت کی قوت جواب دے دے -
strawy, *a.* : پیال کا ؛ پیال کی قسم کا -
Strawberry, *n.* : (۱) اسٹابری کا پودا - (۲) اس پودے کا پھل ؛ اسٹابری -
crushed s. : پھیکا قرمزی رنگ -
s. -mark : ھلکا سرخ پیدائشی نشان (جو انسان کے جسم پر ھوتا ھے) -
s. pear : جزائر غرب الہند کا ایک خار دار پھل -
s. roan = *red roan* : دیکھو Roan -
s. -tree : سدا بہار درختوں کی قسم جن میں اسٹابری کے سے پھل آتے ھیں -
the s. leaves : ڈیوک کا منصب (اس لیے کہ ڈیوک کے تاج پر سٹابری کی پتیاں سی ھوتی ھیں) -
Stray *v. i.* (p. p. as -ED) *n.* & *a.* : (۱) بھٹک پڑنا ؛ آوارہ پھرنا - (۲) بھٹک جانا ؛ (راہ راست سے) منحرف ھو جانا - (۳) راستہ بھول جانا - (۴) بچھڑ جانا (گلے سے یا ھمراھیوں سے) - (۵) (مویشی میں سے) کوئی جانور جو بھٹک کر آنکلا ھو ؛ بھٹکا ھوا ؛ آوارہ - (۶) لاوارث جائداد جو بحق سرکار ضبط کرلی جائے - (۷) (لاسلکی ، عموماً جمع) اختلال ھوا (جو طوفان کی وجہ سے محسوس ھوتا ھے) - (۸) بھٹکا ھوا ؛ آوارہ - (۹) متفرق ؛ جو کہیں کہیں اور کبھی کبھی ھو ؛ اکا دکا ؛ اتفاقی - (۱۰) بھولا بھٹکا ؛ اتفاق سے آ نکلنے والا -
waifs & ss. : دیکھو Waif -
Streak, *n.* & *v. t.* : (۱) دھاری ، لکیر (خصوصاً رنگین) - (۲) دھاریاں ڈالنا (عموماً p. p. استعمال ھوتا ھے ' دھاری دار = streaked) - (۳) بہت تیزی سے بھاگنا -
has a s. of humour in him : اس میں کچھ ظرافت کا مادہ ھے -
like a s., like a s. of lightning : بجلی کی طرح ؛ نہایت تیزی سے -
s. of lightning : بجلی کی چمک -
the silver s. : بحیرۂ انگلستان -
streakily, *adv.* : دھاریوں کے ساتھ -
streakiness, *n.* : دھاری دار ھونا -
streaky, *a.* : دھاری دار -
Stream, *n.* & *v. i.* & *t.* : (۱) چشمہ ؛ ندی ؛ دریا - (۲) سیلاب ؛ بہاو (کسی سیال شئے کا) ؛ دھارا (آنسو ، خون وغیرہ کا) ؛ ریلا (آدمیوں کا) - (۳) دھارا ؛ دریا کے بہاو کا رخ - (۴) بہنا (دریا کی طرح) - (۵) پانی بہنا ؛ پانی کی دھار گرنا (چھتری ، کھڑکی وغیرہ سے) ؛ آنسو بہنا - (۶) (جھنڈے ، سر کے بالوں وغیرہ کا) ھوا میں لہرانا - (۷) دھار بہنا (خون وغیرہ کی) -
down s. : پائیں دریا ؛ دھانۂ دریا کی طرف (واقع یا جاتا ھوا) -
go with the s. : ھوا کے رخ پر چلنا ؛ جو دوسرے کرتے ھیں وھی کرنا -
s. -anchor : بیچ کا لنگر (جہاز کا رخ بدلنے کے لیے) -
s.-line : دھارا ؛ بہاو کا رخ (پانی یا ھوا کا) -
s. -line shape : (ھوائی جہاز کی) وہ شکل جس کی وجہ سے ھوا کی مزاحمت کم سے کم ھو -
up s. : بالائے دریا ؛ منبع دریا کی طرف (واقع یا جاتا ھوا) -
streamless, *n.* : بے دھارے کا ؛ بے دریا کا -
streamlet *n.* : چھوٹا سا چشمہ ؛ جھرنا -
streamy, *a.* : (شاذ) جہاں چشمے کثرت سے ھوں -
Streamer, *n.* : (۱) جھنڈی ؛ بیرق - (۲) قلق یا قطب روشنی کا شرارہ -
Street, *n.* : (۱) (قدیم) کھرنجے کی سڑک ؛ شاھراہ - (۲) سڑک (شہر یا قصبے کی) -
in the s. : (لندن کے صرافے کا کاروبار) جو صرافے کے بند ھونے کے بعد ھو -
is on the ss. : کسبی کا پیشہ کرتی ھے -
live in the s. : ھمیشہ گھر سے باھر رھنا ؛ گھر پر بمشکل ملنا -

not in the same s. with : (بول چال) قابلیت وغیرہ میں اس سے بہت کم ؛ اس کے پائے کا نہیں -

s. cries : خوانچے والوں کی آوازیں ؛ سودے والوں کی آوازیں -

s.-door : گھر کا دروازہ (سڑک کی طرف) -

s. orderly : جاروب کش ؛ سڑک جھاڑنے والا -

s.-sweeper : (۱) سڑک جھاڑنے والا - (۲) جاروب کش مشین -

streetwalker : بازاری عورت -

the s. : (۱) لندن کی فلیٹ اسٹریٹ - (۲) نیویارک کی وال اسٹریٹ -

(-)streeted, *a.* : (-) سڑک کا -

streetward, *adv.* & *a.* : سڑک کی طرف کا؛ سڑک کی طرف -

Strength, *n.* : (۱) طاقت؛ قوت ؛ زور - (۲) مضبوطی ؛ استحکام - (۳) تیزی (شراب وغیرہ کی) - (۴) پشت پناہ ؛ باعث تقویت ؛ قوت کا راز - (۵) تعداد -

has the s. of a horse : گھوڑے کی سی طاقت رکھتا ہے -

on the s. : (فوج) ملازمان فوج کی فہرست میں -

on the s. of : (۱) بھروسے پر ؛ زور پر ؛ بل پر - (۲) بنا (دلیل یا شہادت کی) -

strengthless, *a.* : بے طاقت ؛ نا طاقت -

Strengthen, *v. t.* & *i.* : (۱) قوی ہو جانا ؛ طاقت پکڑنا ؛ تقویت پانا ؛ استحکام حاصل کرنا ؛ مضبوط ہو جانا - (۲) قوی کر دینا؛ طاقت بڑھانا ؛ تقویت پہنچانا؛ مستحکم کرنا ؛ مضبوط کرنا-

s. one's hands : (مجازاً) تقویت پہنچانا ؛ مدد دینا (کام میں) -

Strenuous, *a.* : (۱) سخت عرقریزی کا ؛ جانفشانی کا ؛ نہایت محنت اور استقلال کا - (۲) نہایت سخت ؛ نہایت کٹھن - (۳) بے حد محنتی اور جفاکش -

strenuously, *adv.* : جان توڑ کر ؛ عرقریزی سے ؛ جانفشانی سے ؛ نہایت محنت اور استقلال سے -

strenuousness, *n.* : نہایت سخت یا کٹھن ہونا ؛ بے حد محنتی یا جفا کش ہونا -

Strephon, *n.* : عاشق شیدا -

S. & Chloe : (Sidney کی Arcadia کے دو کیرکٹر) عاشق و معشوق ؛ لیلیٰ مجنوں -

Strepitoso : (موسیقی کی ہدایت) بہت شدت اور تیزی سے -

Streptococcus, *n.* (pl. -ci) : جرثومہ سبحی ؛ تسبیح کے مالا کی شکل کا ایک جرثومہ -

Strepyan, *a.* : قدیم حجری عہد کا (جس کے آثار بلجیم کے شہر اسٹریپی میں پائے جاتے ہیں) -

Stress, *n.* & *v. t.* : (۱) دباو ؛ شدت ؛ زور - (۲) زحمت ؛ مشقت ؛ صعوبت ؛ کش مکش ؛ جد و جہد - (۳) زور ؛ تاکید - (۴) زور (لفظ کے کسی بول پر) - (۵) (مکانک) زور (جو ایک جسم کا دوسرے جسم پر یا ایک حصے کا دوسرے حصے پر پڑتا ہے) - (۶) زور دینا ؛ (کسی بات پر یا لفظ کے کسی حصے پر) تاکید کرنا - (۷) (مکانک) زور ڈالنا (ایک جسم سے دوسرے جسم پر) -

lay s. on : (کسی بات پر) زور دینا ؛ اهمیت دینا -

stressless, *a.* : بے زور ؛ بے مشقت وغیرہ -

Stretch, *v. t.* & *i.* & *n.* : (۱) تاننا ؛ کسنا ؛ کھینچنا ؛ کھینچ کر سیدھا کرنا (تار وغیرہ) ؛ تاننا (چادر ، شامیانہ وغیرہ) - (۲) جہاں تک ممکن ہو لے جانا ؛ پورا پورا کام لینا ؛ حد سے زیادہ پھیلانا ؛ حد سے زیادہ کام لینا - (۳) مبالغہ کرنا - (۴) پھیلا ہونا ؛ لمبا ہونا (دس گز ، دس میل وغیرہ) (زمان و مکان کے کسی نقطے سے یا کسی نقطے تک) - (۵) پھیلانا ؛ پھیلنا ؛ کھینچنا ؛ بڑھانا ؛ بڑھنا - (۶) (عامیانہ) پھانسی دینا (کسی شخص کو) - (۷) (بہ طور اسم) کھینچنا یا کھینچا جانا ؛ پھیلنا یا پھیلایا جانا؛ حد سے بڑھنا یا بڑھایا جانا - (۸) خطہ؛ قطعہ؛ ٹکڑا (سڑک کا)؛ عرصہ ؛ مدت - (۹) (عامیانہ) سال بھر کی قید - (۱۰) قید یا عبور دریائے شور کی کوئی میعاد - (۱۱) وہ فاصلہ جو جہاز ہوا کے سمت ایک بار مڑنے میں طے کرے ؛ ایک پلٹے کا فاصلہ -

at a s. : ایک سلسلے میں ؛ مسلسل -

s. one's legs : (بیٹھے بیٹھے تھک کر) ٹہلنا ؛ ٹانگوں کی تکان دور کرنا -

s. oneself or stretch : (سوتے سے اٹھکر) انگڑائی لینا ؛ ہاتھ پاؤں پھیلانا (کہ پٹھے تن جائیں) -

s. one on the ground : گرا دینا ؛ چت کر دینا -

s. out : (۱) ہاتھ پھیلانا - (۲) قدم بڑھانا -

s. out hand, foot etc. : بازو تاننا ؛ ٹانگ سیدھی کرنا وغیرہ -

s. the truth : بہت مبالغہ کرنا ؛ جھوٹ بولنا -

s. trousers : پتلون کو فریم میں رکھ کر کھینچنا (تاکہ شکنیں مٹ جائیں) -

stretchiness, *n.* : پھیلنے یا کھنچنے کی صلاحیت -

stretchy, *a.* : پھیلنے والا ؛ کھنچنے والا -

Stretcher, *n.* : (۱) پھیلانے والا ؛ تاننے والا - (۲) بڑا پتھر ؛ بڑی اینٹ ؛ افقی پتھر ؛ افقی اینٹ (جو دیوار میں لمبائی کے متوازی ہو) - (۳) ٹیک تختہ (کشتی میں وہ تختہ جس سے مانجھی پیر ٹکاتا ہے) - (۴) اسٹریچر ؛ بیمار ڈولی - (۵) (عامیانہ) مبالغہ ؛ گپ ؛ جھوٹ -

s.-bond : دیوار کی چنائی کا طریقہ جس میں سب اینٹیں افقی ہوتی ہیں مگر دو متصل ردوں میں اینٹوں کے جوڑ برابر نہیں ہوتے -

Strew, *v. t.* (p. p. -n, -ed) : (۱) چھڑکنا (ریت وغیرہ) ؛ بکھیرنا ؛ چھترانا (پھول اور چھوٹی چیز) - (۲) (کسی چیز پر یا سطح پر) ادھر سے ادھر تک بکھیر دینا ؛ پھیلا دینا (پھول وغیرہ) -

Stria, *n.* (pl. -ea.) : (عضویات ؛ حیوانیات ، نباتیات ، ارضیات ؛ جمع ae -) خط (سطح پر لکیریں ، نالیاں وغیرہ) -

striate, *a.* : مخطط -

striate, *v. t.* : تخطیط کرنا ؛ مخطط کرنا -

striately, *adv.* : تخطیط کے ساتھ -

striation, striature (-tsher) *nn.* : تخطیط -

Stricken : دیکھو strike -

Strickle, *n.* : (۱) وہ گز جس سے پیمانوں میں منہ تک بھرے ہوئے غلے کی سطح برابر کیجاتی ہے - (۲) سان ؛ فسان -

Strict, *a.* : (۱) ٹھیک ؛ صحیح - (۲) نہایت پابند ضابطہ ؛

سخت ؛ کڑا - (۳) سخت گیر ؛ سختی کرنے والا (قواعد کی پابندی میں) -

s. morals : سخت اخلاقی اصول -

s. time : بالکل ٹھیک تال (موسیقی میں) -

strictly speaking *adv.* : اصل میں؛ سچ پوچھیے تو؛ ٹھیک پوچھیے تو -

strictly, *adv.* : (۱) صحیح معنی میں - (۲) سختی سے -

strictness, *n.* : سختی ؛ سخت گیری -

Stricture, (-tsher) *n.* (Usu. in pl.) : (۱) (عموماً جمع) سخت اعتراض ؛ سخت نکتہ چینی؛ سخت الفاظ - (۲) (مرضیات) کسی نالی، مسام وغیرہ کا سکڑ جانا ؛ تضیق -

strictured, *a.* : مضیق -

Stride, *v. i. & t.* (past strode, rare p. p. stridden or stride) & *n.* : (۱) لمبے قدم رکھنا ؛ ڈگ بھرنا - (۲) پھلانگنا ؛ پھاندنا - (۳) سوار ہونا (گھوڑے وغیرہ پر)؛ ٹانگیں پھیلا کر کھڑا ہونا یا بیٹھنا (کسی چیز پر) - (۴) قدم - (۵) چال ؛ قدم (لمبا، چھوٹا وغیرہ) - (۶) دونوں پیروں کے درمیان کا فاصلہ (جب پیر پھیلا کر کھڑے ہوں) -

get into one's s. : (مجازاً) کام چل نکلنا ؛ کام جم جانا -

take obstacle in one's *s.* : (۱) چلتے چلتے پھاند جانا (خندق وغیرہ) - (۲) (مجازاً) آسانی سے حل کر لینا (مشکلوں کو) -

Strident, *a.* : کرخت، سخت (کسی چیز کی آواز) -

Stridulate, *v. i.* : کھڑ کھڑاہٹ ہونا ؛ کھڑ کھڑ ہونا (جھینگر وغیرہ کے اعضا کی رگڑ سے) -

stridulant, *a.* کھڑ کھڑاتا ہوا -

stridulation, *n.* : کھڑ کھڑاہٹ -

stridulator, *n.* (۱) سر سرانے والا - (۲) وہ عضو جس سے کھڑ کھڑاہٹ پیدا ہوتی ہے

Strife, *n.* : جھگڑا ؛ نزاع ؛ تنازع ؛ جنگ ؛ جدال -

Strigil, *n.* : کھالوں جو اہل یونان و روما استعمال کرتے تھے -

Strigose, Strigous, *aa.* : (نباتیات) سخت مو ؛ جس پر سخت بال یا کھردرے ہوں -

Strike, *v. t. & i.* (struck, struck & as specified below stricken) & *n.* : (۱) مارنا، لگانا (وار یا ہاتھ)؛ وار کرنا ؛ چلانا (ہاتھ یا ہتھیار) - (۲) ایک چیز پر دوسری چیز مار کر کچھ کرنا - (۳) متوجہ کرنا ؛ متاثر کرنا - (۴) خیال آنا؛ دل میں آنا ؛ سوجھنا - (۵) اتارنا (جھنڈا یا بادبان) ؛ اکھاڑنا (خیمہ)؛ جھنڈا اتار کر اطاعت قبول کرنے کا اعلان کرنا ؛ اطاعت قبول کرنا ؛ ہتیار رکھ دینا - (۶) ہڑتال کرنا ؛ کام چھوڑ دینا (مزدوروں کا) - (۷) پھونک دینا (چاقو وغیرہ) - (۸) پیدا کرنا (خوف) - (۹) گھسنا، اثر کرنا (سردی کا جسم میں)- (۱۰) اختیار کرنا (راہ یا سمت)؛ شروع کرنا ؛ چھیڑنا (گفتگو وغیرہ)- (۱۱) (غلے کے ملہ تک بھرے ہوئے پیمانوں کی سطح) برابر کرنا (کز سے) - (۱۲) باقی نکالنا ؛ بدلہ ملانا - (۱۳) اوسط نکالنا - (۱۴) جوری اس طرح بنانا کہ فریقین مقدمہ کو نامزد شدہ ممبروں کی مساوی تعداد کا نام خارج کرنے کی اجازت دی جائے - (۱۵) تھیٹر کے ایکٹروں کی طرح) دفعتاً کوئی انداز اختیار کرلینا؛ جھٹ سے کوئی شکل بنا لینا (مثلاً سنجیدہ، روتی وغیرہ) - (۱۶) ہڑتال - (۱۷) = strickle (۱) - (۱۸) (خصوصاً امریکا میں) تیل، سونے وغیرہ کا دفعتاً نکل آنا (کان میں) ؛ روپیے کے کاروبار میں غیر متوقع کامیابی - (۱۹) (امریکی کھیل " baseball " میں) کھیلنے والے کا گیند کو جو پھینکی گئی ہو قصداً مارنا ؛ ہٹ -

a stricken field : (۱) ڈٹی ہوئی لڑائی ؛ وہ لڑائی جو جم کر لڑی جائے - (۲) ڈٹی ہوئی لڑائی کا میدان -

a stricken heart : آفت رسیدہ، مصیبت زدہ دل -

general s. : عام ہڑتال (ہر طرح کے مزدوروں کی کسی مشترک مقصد کے لیے) -

gout strikes in : گٹھیا یا نقرس کا اثر اندر تک پہنچتا ہے (اطراف سے گزر کر) -

how does it s. you? : تمہارا اس کے بارے میں کیا خیال ہے -

Light strikes upon (object) : روشنی (کسی چیز پر) پڑتی ہے -

match will not s. : دیا سلائی (رگڑنے سے) نہیں جلتی -

oysters s. : کستورا مچھلی تہ میں بیٹھ جاتی ہے، زمین پکڑ لیتی ہے -

printer strikes off 1000 copies : چھاپنے والا ہزار کاپیاں چھاپ کر رکھ دیتا ہے ؛ جھٹ پٹ چھاپ دیتا ہے -

ship strikes, ship strikes rock, ship strikes on rock : جہاز چٹان پر چڑھ جاتا ہے -

s.-a-light : چقماق سے آگ پیدا کرنے کا آلہ -

s. a match : (کسی چیز سے رگڑ کر) دیا سلائی جلانا -

s. all of a heap : (بول چال) سٹ پٹا دینا ؛ حواس غائب کر دینا -

s. at : وار کرنا ؛ ہاتھ چلانا -

s. at the root of : جڑ کھودنا ؛ تباہ کرنے کی کوشش کرنا -

s. back : (حریف کے جواب میں) وار کرنا ؛ جوابی وار کرنا -

s. ball out of court : ایسا ہاتھ لگانا کہ گیند کورٹ کے باہر جا کر گرے -

s. bargain : سودا کرنا ؛ سودا چکانا -

s.-breakers : ہڑتال توڑنے والے ؛ وہ مزدور جو ہڑتالیوں کی جگہ بلائے جائیں -

s. coin : (ٹھپا لگا کر) سکہ بنانا -

s. down : (۱) (ایک وار میں) ڈھیر کر دینا ؛ گرا دینا - (۲) (مجازاً) پھٹ پڑنا (مصیبت وغیرہ کا پہاڑ) -

stricken in years : سال خوردہ ؛ سن رسیدہ -

strikes up a tune, strikes up : (گانے یا بجانے میں) نغمہ چھیڑ دینا -

s. fish, s. : بنسی کو جھٹکا دینا کہ مچھلی کانٹے میں پھنس جائے ؛ پھنسانا -

s. fire out of flint : چقماق کو رگڑ کر آگ جلانا -

s. hands : (قدیم) ہاتھ پر ہاتھ مارنا (معاہدہ کرتے وقت) -

s. head off : سر قلم کر دینا -

s. home : ضرب کاری لگانا (تیر سہ

s. in : خل دینا گفتگو میں)

s. into a gallop : سرپٹ دوڑانا شروع کرنا -

striking-force : (۱) وار کرنے کی قوت - (۲) فوج جو حملے کے لیے تیار ہو -

s. measure : غلے کے ناپنے کا یہ طریقہ کہ مقررہ پیمانوں میں غلہ منہ تک بھر کر ایک گز سے سطح برابر کر دی جائے -

s. me dead : (سوقیانہ) اپنی جان کی قسم -

s. oil : دیکھو Oil -

s. one blind : دفعتاً اندھا کر دینا -

s. one deaf : دفعتاً بہرا کر دینا -

s. one's flag : (۱) (جہاز یا قلعہ) دشمن کے حوالے کرنا - (۲) (فوجی خدمت سے) استعفا دینا -

s. out : (۱) ہاتھ چلانا - (۲) (تیرنے میں) ہاتھ پیر مارنا - (۳) (برف پر چلنے میں) پاؤں چلانا -

s. out : (baseball) گیند پھینکنے والے کا کھیلنے والے کو پہلے ٹھکانے تک نہ پہنچنے دینا ؛ کھیلنے والے کا پہلے ٹھکانے تک نہ پہنچ سکنا -

s. out (item), s. off (name), s. (word) through : قلم زد کر دینا -

s. out a line for oneself : (اپنے لیے) نئی راہ نکالنا ؛ اپج کی لینا -

s. out plan : تدبیر سوچ کر نکالنا -

s. -pay : ہڑتال کا الاؤنس (جو مزدوروں کی انجمن ہڑتالیوں کو دیتی ہے) -

s. root : جڑ پکڑنا -

s. tents : ڈیرہ اٹھانا -

s. the track : رستہ پاجانا -

s. up an acquaintance : ملاقات ہو جانا ؛ دوستی ہوجانا -

s. upon an idea, a plan : (خیال ، تدبیر) سوجھنا -

s. weapon aside : ایسا وار کرنا کہ حریف کا ہتیار مڑجائے ، پھر جائے وغیرہ -

s. while iron is hot : دیکھو Iron -

be struck with terror etc. : خوف وغیرہ سے دفعتاً مضطرب ہو جانا ؛ دورہ سا پڑنا -

sympathetic s. : تائیدی ہڑتال (ان مزدوروں کی جنھیں خود کوئی شکایت نہ ہو محض جماعتی ہمدردی میں ہڑتال کر دیں) -

the hour has struck : (۱) گھنٹا بج گیا ہے - (۲) (تنبیہ کا) وقت آگیا یا گذر گیا -

town, ship strikes : شہر یا جہاز دشمن کی اطاعت قبول کرتا ہے -

they are on s. : انہوں نے ہڑتال کر دی ہے -

within striking distance : زد کے اندر ؛ زد میں -

striker, *n.* : (۱) مارنے والا وغیرہ ؛ (۲) مارنے کا آلہ ؛ وہ چیز جس سے مارتے ہیں - (۳) ہڑتالی -

striking, *a.* : جاذب توجہ ؛ متوجہ کرنے والا ؛ نمایاں ؛ موثر -

strikingly, *adv.* : موثر طریقے پر -

strikingness, *n.* : جاذب توجہ ہونا ؛ نمایاں ہونا ؛ موثر ہونا -

String, *n.* & *v. t.* & *i.* (strung) : (۱) ڈوری ؛ سُتلی ؛ تانت وغیرہ - (۲) بند ؛ فیتہ - (۳) سخت ریشہ جو سیم وغیرہ کے بیج کے دونوں حصوں کے درمیان ہوتا ہے - (۴) تانت یا تار (تار کے باجوں کا) - (۵) لڑی ؛ (موتی وغیرہ کی) لڑ - (۶) قطار ؛ سلسلہ (آدمیوں اور چیزوں کا) - (۷) (بلیرڈ کے کھیل میں) تختۂ شمار ؛ اسکور یا شمار جو اس پر کیا جائے ؛ (ابتدائی کھیل میں) وہ ہاتھ جس سے فیصلہ ہو کہ پہلے کون کھیلے گا - (۸) گھڑ دوڑ کے گھوڑے جو کسی اصطبل میں سدھائے جا رہے ہوں - (۹) ڈوری ، فیتہ یا بند لگانا ؛ فیتہ یا بند باندھنا ؛ ڈوری کسنا - (۱۰) چڑھانا (کمان) - (۱۱) (مجازاً ، خصوصاً p. p. میں) اکسانا ؛ ابھارنا ؛ آمادہ کرنا ؛ ہیجان پیدا کرنا ؛ بے چینی پیدا کرنا (اعصاب میں) - (۱۲) پرونا (لڑی میں) - (۱۳) ریشہ نکالنا ؛ چھیلنا (سیم وغیرہ کے بیج) - (۱۴) (گوند وغیرہ میں) لس دار تہ جم جانا - (۱۵) (بلیرڈ کے کھیل میں) شروع در چار ہاتھ کھیل کر یہ فیصلہ کرنا کہ پہلے کون کھیلے گا - (۱۶) (امریکا ، بول چال) دھوکا دینا -

first s : وہ شخص یا چیز جس پر سب سے زیادہ بھروسا ہو -

harp on one s : ایک ہی راگ گائے جانا ؛ ایک ہی موضوع پر گفتگو کئے جانا -

have a person on a s. : نکیل ہاتھ میں ہونا ؛ قابو میں ہونا -

high strung or highly strung nerves : نہایت اثر پذیر یا زود حس ؛ نہایت بے چین -

high-strung or highly strung persons : بے حد حساس ؛ حد سے زیادہ زود حس -

pull the ss. : پتنگ کی ڈور ہاتھ میں ہونا ؛ کٹھ پتلی کا تار ہاتھ میں ہونا ؛ دوسرے شخص کے افعال کا محرک ہونا -

second s. : وہ شخص یا چیز جس پر بڑا بھروسا ہو -

s. alphabets : ڈوری کی الف بے ؛ (اندھوں کے پڑھانے کا طریقہ جس میں خاص قسم کی گرھیں ڈال کر حروف تہجی سکھائے جاتے ہیں -)

s. band : تار باجا منڈلی ؛ صرف تار کے باجوں کا بینڈ -

s.- bark : دیکھو Stringy bark =

s. -board : (زینے میں) وہ شہتیر یا بلی جس میں پیڑیوں کے سرے جڑے ہوتے ہیں -

s. -course : ابھرا ہوا حاشیہ جو کسی عمارت کی دیوار کے چاروں طرف ہو -

s. -halt, = *spring-halt* : دیکھو spring (2) -

s.-piece : دربسے یا جو کھٹے کا حاشیہ -

s. up : (بول چال) پھانسی دے دینا -

the ss. : (باجے والوں کی منڈلی میں) تار کے باجے ؛ تار کے باجوں کا حصہ -

touch a s. : (مجازاً) دل کے کسی تار کو چھیڑ دینا ؛ کسی جذبے کو بیدار کر دینا -

touch the s. : چھیڑنا (ساز) -

two strings to one's bow : دیکھو Bow (1) -

(-)stringed : (-) تار کا -

stringless, *a.* : بے ڈوری کا ؛ بے فیتے کا ؛ بے تار کا ؛ بے حاشیے کا -

Stringendo : (موسیقی کی ہدایت) اور زیادہ تیزی سے ؛ اور زور سے -

Stringent, *a.* : (۱) سخت ؛ کڑا (قاعدہ ، ضابطہ) - (۲)

(روپیے وغیرہ کا بازار) نادار ' جس میں معاملہ کرنا مشکل ہو -

stringency, *n.* : سختی -

stringently, *adv.* : سختی سے -

Stringer, *n.* : (۱) String کا اسم فاعل - (۲) وہ شہتیر یا تختہ جس میں سیڑھیوں کے سرے جڑے ہوتے ہیں-

Stringy, *a.* : (۱) لمبے ریشے کا - (۲) جس پر لس دار تہ جم گئی ہو -

s.-bark : گرند دار درخت کی چھال جس کے لمبے ریشے ڈوری کی طرح ہوتے ہیں -

stringiness,*n.* : ریشہ دار ہونا ؛ لس دار ہونا -

Strip,*v. t. & i.* : (۱) ننگا کرنا ؛ کپڑے' غلاف وغیرہ اتارنا ؛ کسی چیز کا سازو سامان' متعلقات یا صفات الگ کردینا - (۲) چھال اتارنا (درخت کی) - (۳) بے نقاب کرنا ؛ ظاہری صفات کا پردہ ہٹا دینا - (۴) (پیچ کا) مرغولہ الگ ہوجانا - (۵) (گولی وغیرہ کا) رائفل سے بغیر چکر کھائے نکل آنا -

s.cow : گائے کو اس طرح دوہنا کہ ایک قطرہ دودہ باقی نہ رہے-

s.-leaf : تمباکو جس کے ڈنٹھل نکال دئے گئے ہوں -

s. one to the skin : کل کپڑے اتار لینا ؛ بالکل ننگا کر دینا -

s. screw : پیچ کا مرغولہ الگ کرنا -

s. tobacco : تمباکو کے ڈنٹھل الگ کرنا -

stripped : ننگا -

Stripper, *n.* : (۱) Strip کا اسم فاعل - (۲) وہ مشین جس سے چھال اتاری جائے ؛ وہ مشین جس سے تمباکو کے ڈنٹھل الگ کئے جائیں -

Strip,*n.* : لمبا پتلا ٹکڑا ؛ دھجی (کپڑے کی) ؛ چٹ (کاغذ کی) ؛ پتلا سا قطعہ (زمین یا باغ کا) -

Stripe, *n.* : (۱) چوڑی دھاری - (۲) (قدیم) کوڑے کی مار - (۳) (جمع) کوڑے لگنا ؛ کوڑےکی‌سزا - (۴) (جمع؛ بول چال) شیر -

get one's ss. : ترقی پانا ؛ درجہ بڑھنا -

lose one's ss. : تنزل ہونا ؛ درجہ گھٹنا -

sergeant's, corporal's,ss. : رنگین پٹیاں یا پھندنے جو فوج کے سرجنٹ وغیرہ کی وردی میں کندھے پر عہدے کے نشان کے طور پر لگائے جاتے ہیں -

(-)striped, *a.* : (-) پٹی کا -

stripiness, *n.* : پٹی دار ہونا -

stripy, *a.* : جس میں چوڑی دھاریاں ہوں ؛ پٹی دار-

Stripling, *n.* : لڑکا ؛ نو عمر آدمی جس کے جسم نے ابھی پوری نشو و نما نہ پائی ہو -

Strive, *v. i.* (strove, striven) : (۱) بہت کوشش کرنا ؛ جد و جہد کرنا ؛ سعی کرنا - (۲) لڑنا ؛ (کسی چیز سے) مقابلہ کرنا ؛ سبقت لے جانے کی کوشش کرنا ؛ قابو پانے کی' غالب آنے کی کوشش کرنا -

s. together, s. with each other : لڑنا ؛ ایک دوسرے پر سبقت لے جانے کی کوشش کرنا -

Strobile, *n.* : صنوبر وغیرہ کا پھل -

Strode : دیکھو Stride -

Stroke, *n. & v. t. & i.* : (۱) وار ؛ ضرب ؛ ہاتھ - (۲) حملہ (فالج وغیرہ کا) - (۳) ہلہ (کام وغیرہ کا) ؛ ہاتھ (کشتی وغیرہ کھینچنے کی ایک کوشش)؛ جنبش - (۴) (کھیلوں میں) ہاتھ لگانے کا طریقہ (invented a new s. in cricket)- (۵) نہایت عمدہ ہاتھ ؛ استادی کا ہاتھ- (۶) (قلم پنسل یا مو قلم کی) ایک جنبش ؛ ایک شوشہ ؛ ایک کشش ؛ ایک ہلکا خط یا نشان ؛ اشارہ - (۷) گھنٹے کے بجنے کی آواز - (۸) وہ کشتی کھینے والا جو دنبالہ کشتی میں بیٹھتا ہے اور جس کے ساتھ ساتھ دوسرے چپو چلاتے ہیں ؛ کھویوں کا اگوا - (۹) (کشتی میں) کھویوں کا اگوا ہونا -

description is full of ss. from life : بیان میں اکثر جگہ ایسے اشارے ہیں کہ واقعات کی تصویر آنکھوں میں پھر جاتی ہے -

down-s. : نیچے کا شوشہ -

finishing s. : آخری اور کاری ضرب ؛ وہ ہاتھ جس میں خاتمہ ہو جائے -

finishing ss. : خاتمے کا کام ؛ خاتمے کا ہلہ -

golfer does hole in five ss. : گولف کھیلنے والا پانچ ہاتھوں میں گیند کھچی میں پہنچا دیتا ہے -

it is on the s. of nine : نو بجنے کو ہے -

row a fast, slow, long, etc., s. : (کشتی چلانے میں) تیز آہستہ یا لمبے ہاتھ چلانا -

row s., pull s. : اگوا ہونا -

s. of business : کامیاب معاملہ ؛ وہ معاملہ جس میں فائدہ ہوا ہو -

s. of genius : بالکل نیا خیال ؛ اچھوتا خیال ؛ وہ بات جو پہلے کسی کو نہ سوجھی ہو -

s. of luck : حسن اتفاق ؛ خوبی تقدیر -

s. of oar : چپو کا ایک ہاتھ -

s. of piston : نشارے کا ایک دھکا -

s. of wing : بازو کی ایک جنبش -

up-s. : حرف کا اوپر کا شوشہ -

was there on the s. : ٹھیک وقت پر پہنچ گیا -

with a s. of the pen : ایک جنبش قلم میں -

Stroke (2) *v. t. &n.* : ہاتھ پھیرنا ؛ سہلانا (بہ طور فعل و اسم)-

s. one or one's hair the wrong way : غصہ دلا دینا ؛ ایسی باتیں کرنا کہ غصہ آجائے -

s. one down : دھیما کرنا ؛ ٹھنڈا کرنا ؛ غصہ رفع کرنا-

strokingly, *adv.* : سہلاتے ہوئے -

Stroll, *v. i. & t. & n.* : (۱) ٹہلنا ؛ ہوا خوری کرنا ؛ چہل قدمی کرنا - (۲) ہوا خوری ؛ چہل قدمی - (۳) (تھیٹر وغیرہ کا) شہر شہر ' قصبے قصبے پھر کر تماشا دکھانا -

stroller, *n.* : چہل قدمی کرنے والا ؛ ٹہلنے والا -

Stroma, *n.* (p. -ata) : (حیاتیات) نسیج اساسی ؛ خلیے یا عضو کا ڈھانچا جو عموماً نسیج کی شکل رکھتا ہے -

stromatic, *a.* : نسیجی -

Strong,*a.* : (comp. stronger, & sup. strongest,pr.-ngg-) (۱) مضبوط - (۲) مستحکم ؛ محکم - (۳) سخت ؛ ٹھوس - (۴) تندرست ؛ توانا - (۵) پکا ؛ پختہ ؛ استوار ؛ راسخ - (۶) طاقت ور ؛ قوی - (۷) بڑا ؛ کثیرالتعداد - (۸) زبردست ؛ با اثر؛

با اقتدار - (۹) قابل ؛ لائق - (۱۰) پر زور ؛ معرکے کا - (۱۱) مدلل ؛ موثر - (۱۲) تیز ؛ گہرا (رنگ وغیرہ) ؛ بھاری ' بلند (آواز) - (۱۳) تند ؛ تیز ' شدید ؛ قوی ؛ سخت - (۱۴) (علم صرف) بے قاعدہ ؛ وہ فعل جس کا ماضی وغیرہ حرف علت کے بدلنے سے بنتا ہو -

a s. candidate : قوی امید وار جس کے جیتنے کی امید ہو -

a s. combination : قوی اتحاد (ان لوگوں کا مجموعہ جو مل کر بہت کچھ کرسکتے ہوں) -

a s. detachment : (فوج کا) بڑا دستہ (تعداد میں) -

a s. literary style : بلیغ یا قوی انداز بیان (جو کم الفاظ میں مطلب کو وضاحت سے ادا کردے) -

a s. man : طاقت ور آدمی -

a s. market : چڑھا ہوا یا چڑھتا ہوا بازار (جس میں قیمتیں بڑھی ہوئی ہوں یا بڑھ رہی ہوں) -

are you quite s. again : کیا اب تم بالکل اچھے ہوگئے ہو -

by the s. arm or *hand* : زبردستی ؛ بزور -

come it s., go it s. : زور شور سے کرنا (کوئی چیز) ؛ انتہا کو پہنچا دینا -

a company 200 s. : دو سو سپاہیوں کا دستہ -

gave s. support : پوری قوت سے حمایت کی -

going s. : (عامیانہ) بڑے زور ہیں ؛ زوروں میں ہیں (اس موقع پر کہتے ہیں جب کوئی شخص دوڑ میں یا کسی کام میں زور شور سے مصروف ہو یا اس کی تندرستی وغیرہ بہت اچھی ہو) -

has a s. hold upon or *over* : بہت اثر رکھتا ہے -

how many s. are you ? : تمہاری کیا تعداد ہے -

is as s. as a horse : بڑا جفا کش اور محنتی ہے -

is s. against compromise : سمجھوتے کا سختی سے مخالف ہے -

s. -box : تجوری -

s. breath : بد بودار سانس -

s. butter , bacon : بساندا مکھن یا سور کا گوشت -

s. constitution : مضبوط کاٹھی -

s. drinks, s. water : شراب -

s. fleet or army : زبردست بیڑا یا فوج (تعداد اور ساز و سامان دونوں کے اعتبار سے) -

stronghold : (۱) قلعہ - (۲) (کسی خیال یا نظریے کا) گھر -

s. in Greek : یونانی میں قابل -

s. in health : تندرست -

s. language : سخت الفاظ (گالیاں یا ایسے الفاظ جن سے ہتک ہو) -

s. man : دبنگ حاکم ؛ دبنگ آدمی -

s. meat : (بائبل) قوی غذا ؛ (مجازاً) ثقیل لقمہ (وہ نظریہ یا عمل جس کے قبول کرنے کی صلاحیت ان لوگوں میں ہو جو خاص طور پر مضبوط طبیعت یا غیر معمولی بصیرت رکھتے ہیں) -

s. measures : سخت تدابیر ؛ سخت احکام -

s. -mind : معقول طبیعت ؛ قوی طبیعت (جس پر جذبات وغیرہ کا اثر کم ہو) -

s.-minded : (۱) قوی طبیعت کا - (۲) عورت جو مرد کے ساتھ ذہنی اور قانونی مساوات کا دعوی کرتی ہو -

s.-nerves : قوی اعصاب ؛ مضبوط دل (جس پر خوف غصے وغیرہ کا اثر کم ہو) -

s.onion, cheese : تیز خوشبو رکھنے والی پیاز یا پنیر -

s.- room : محفوظ کمرہ (فولاد وغیرہ کا بنا ہوا قیمتی چیزیں رکھنے کے لیے) -

s. situation : موثر موقع (ناٹک یا افسانے کا وہ موقع جو ناظرین یا تماشائیوں پر بہت اثر کرے) -

s. tea etc. : کڑی یا تیز چائے وغیرہ -

s. voice : بلند یا تیز آواز -

the s. : تندرست لوگ -

strongish, *a.* : کسی قدر مضبوط ؛ مستحکم ؛ تندرست ؛ سخت ؛ تیز ؛ موثر وغیرہ -

strongly, *adv.* : مضبوطی سے ؛ استحکام سے ؛ سختی سے ؛ شدت سے ؛ زور شور سے ؛ موثر طریقے سے وغیرہ -

Strontia, (-sha-) *n.* **Strontian**, *n.* & *a.* : (۱) اسٹرونشم کا آکسائیڈ جس کے شورے (نائٹریٹ) سے آتشبازی میں سرخ رنگ کے شعلے پیدا ہوتے ہیں - (۲) اسٹرونشم کا یا اسٹرونشم آکسائیڈ کا -

Strontium, *n.* : اسٹرونشم ' سیاہی مائل زرد رنگ کی ایک دھات -

Strop, *n.* & *v. t.* : (۱) چمڑے کا ٹکڑا جس پر استرا تیز کرتے ہیں - (۲) استرا تیز کرنے کی مشین - (۳) (چمڑے لوہے یا رسی کا) پٹا جو چرخی میں پہنا دیا جاتا ہے - (۴) چمڑے پر تیز کرنا ' مشین سے تیز کرنا (استرا) -

Strophe, *n.* : (۱) قدیم یونانی رقص کا بہاو - (۲) وہ گیت جو اس کے ساتھ گایا جاتا تھا ؛ اسٹروفے -

s., antistrophe, epode : قدیم یونانی کورس کے گیت کے تین حصے -

Strophic, *a* : اسٹروفے کا ؛ اسٹروفے کے طرز کا -

Strove: Strive دیکھو -

Strow (-o) *v. t.* (pp. Strown or- ed) : (قدیم) اب اس کی جگہ strew آتا ہے -

Struck : strike دیکھو -

Structure (- tsher), *n.* : (۱) ساخت ؛ بناوٹ ؛ ترکیب - (۲) پورا تعالج (کسی چیز کا) - (۳) مرکب چیز - (۴) کوئی چیز جو خاص بناوٹ رکھتی ہو ؛ تعمیر ؛ عمارت -

structural, *a.* : ساخت یا بناوٹ کے متعلق -

structurally, *adv.* : ساخت کے اعتبار سے -

(-) **structured**, *a.* : (-) ساخت کا -

structureless, *a.* : جس کی کوئی خاص بناوٹ نہ ہو ؛ بے ترکیب -

Struggle, *v i.* & *n.* : (۱) ہاتھ پیر مارنا (اس شخص کا جسے کوئی پکڑے ہو' چھوٹنے کے لیے) - (۲) سخت کوشش کرنا - (۳) لڑنا (کسی چیز سے) ؛ قابو پانے یا غالب آنے کی کوشش کرنا ؛ کشمکش ہونا (دو شخصوں یا چیزوں میں) - (۴) بڑی دقت سے یا کشمکش کے بعد آگے بڑھنا یا گزرنا ؛ چڑھنا یا اترنا (کسی مقام سے) - (۵) کشمکش ؛ کشم کشا ؛ گھمسان لڑائی ؛ سخت مقابلہ ؛ سخت کوشش ؛ جد و جہد ؛ ہاتھ پیر مارنا -

the s. for existance : تنازع للبقا ؛ اجسام حیوانی کا باہمی مقابلہ ؛ انتخاب طبعی میں بقا کوشش کا دوسروں کو فنا

کر کے خود باقی رهیں -

struggler, *n.* : سخت کوشش کرنےوالا ' هاتهه پیر مارنے والا -

struggling, *a.*: جسے روزی کمانے یا شہرت حاصل کرنے کے لیے بڑی کشمکش کرنی پڑی هو (مثلاً *a s. artist*) -

strugglingly, *adv.* : بڑی کشمکش سے ؛ سخت کوشش سے ؛ هاتهه پیر مارتے هوئے -

Struldbrug, *n.* : سخت جان؛ (سفر نامهٔ گلیور میں) اُن اشخاص میں سے ایک شخص جنہیں یهـ‌ایذا ملی‌تهی کهٔ همیشهٔ زندہ رهیں-

Strum, *v. i. & t. & n.* : (۱) پیانو وغیرہ چهیڑنا (خصوصاً اناڑی پن سے) - (۲) اناڑی پن سے چهیڑے هوے ساز کی آواز -

Struma, *n.* (pl.-ae) : (۱) خنازیر کا مرض - (۲) گهینگها - (۳) (نباتیات) گلٹی (درخت کے کسی حصے میں)-

strumose, strumous, *aa.* : گلٹی دار -

Strumpet, *n.* : کسبی ؛ فاحشهٔ عورت -

Strung : دیکهو string -

Strut, *v. i. & n.* : اکڑ کر چلنا؛ ملک کر چلنا -

struttingly, *adv.* : اکڑ کر؛ اکڑتے هوئے -

Strut, *n & v. t.* : آڑ : خصوصاً وہ لکڑی جو چهت وغیرہ کو سہارا دینے کے لیے ترچهی لگائی جاتی هے ؛ آڑ لگانا -

Struthious, *a.* : شتر مرغ کا ؛ شتر مرغ کا سا ؛ شتر مرغ کے خاندان کا -

Strychnia, Strychnin (e) (-k-), *nn.* : کچلا ؛ ایک زهریلی دوا -

strychnic, *a.* : کچلے کا -

strychn (in) ism, *nn.* : کچلے کا مضر اثر ؛ جو کچلے سے هو جائے -

Stuart, *n.* : انگلستان کے بادشاهوں کا ایک خاندان -

The Ss. : جیمس اول ' جیمس ثانی ' ملکهٔ میری اور ملکهٔ این -

Stub, *n. & v. t.* : (۱) ٹهنٹه (درخت وغیرہ کا) ؛ ٹوٹے هوئے دانت کی جڑ - (۲) پنسل ' سگار وغیرہ کا بچا هوا ٹکڑا - (۳) ٹهنٹه کو جڑ سے اکهاڑ دینا (زمین کو ٹهنٹه سے صاف کر دینا) -

s.-iron : پرانی کیلوں کا لوها ' جو پرانی کیلوں‌نعلوں وغیرہ سے بنتا هے اور بندوق کی نلی بنانے میں کام آتا هے -

s.-mortise : وہ چیز جو چول میں پوری طرح داخل نهٔ هو -

s.-tenon : ایضاً " "

s. one's toe : پیر کی انگلی کا (کسی چیز سے ٹهوکر کها کر) زخمی هو جانا -

stubby, *a.* : ٹهنٹه کا سا -

Stubble, *n* : (۱) پودوں کے ٹهنٹه جو کهیت کے کٹنے کے بعد باقی رہ جاتے هیں- (۲) خشخشی بال ؛ خشخشی داڑهی -

stubbly, *a.* : (۱) جهاں پودوں کے ٹهنٹهه کثرت سے هوں - (۲) خشخشی؛ سخت اور چهوٹے بالوں کی؛ کهونٹی دار -

Stubborn, (-ern) *a.* : (۱) ضدی ؛ هٹیلا ؛ سرکش ؛ متمرد - (۲) ضد کا ؛ هٹیلے پن کا ؛ سرکشانه ؛ متمردانهٔ -

facts are s. things : واقعات کو توڑ مروڑ کر نظریوں کے مطابق کرنا ممکن نهیں هے -

stubbornly, *adv.* : سختی سے؛ ضد کے انداز سے ؛ هٹیلے پن سے ؛ سرکشی سے ؛ تمرد -

stubbornness, *n.*: ضد کا مادہ ؛ هٹیلا پن ؛ سرکشی؛ تمرد -

Stucco, *n.* (pl. -oes) & *v. t.* : (۱) ایک طرح کا مسالهٔ یا گچ جو استرکاری میں اور آرائش کے کام میں استعمال‌هوتی هے- (۲) اس مسالے سے استرکاری کرنا -

Stuck (-up) : دیکهو Stick -

Stud, *n. & v. t.* : (۱) گُل میخ جو کهیں جڑی هوئی هو (خصوصاً آرائش کے لیے) - (۲) دونوکی کیل جو جهاز کی زنجیر کی هر کڑی میں لگی‌هوتی هے- (۳) اسٹڈ؛ دهرا بٹن‌خصوصاً قمیص کے گلے کا بٹن- (۴) کهمبا جس میں لکڑی کی تختیاں جڑی جاتی هیں - (۵) گل میخیں جڑنا (عموماً اوٹ کی دیوار میں مضبوطی کے لیے) ؛ گل میخیں لگانا یا بنانا (آرائش کے لیے) - (۶) بکهرا هوا هونا ؛ جا بجا هونا -

collar-s. : بڑا اسٹڈ جو چار سوراخوں سے گزرتا هے -

studded : (۱) جڑا هوا ؛ جس پر گل میخیں جڑی هوں - (۲) ڈهکا هوا (درختوں ' تاروں وغیرہ سے) -

studding, *n.* : چوبی کام جس میں استرکاری اور تخته بندی دونوں شامل هیں -

Stud, *n.* : اسٹڈ ؛ گهوڑوں کی ایک تعداد جو نسل کشی' گهڑ دوڑ ' شکار یا گاڑی میں جوتنے کے لئے رکهی گئی هو -

s.-book : گهوڑوں کا نسب نامهٔ -

s.-farm : گهوڑوں کا کهیت یا فارم -

s.-horse : سانڈ گهوڑا -

Studding-sail (stunsl), *n.* : زاید باد بان جو هلکی هوا میں مربع باد بان‌کو اور لمبا کرنےکےلیے اس‌کے سرے پر لگا دیا جاتاهے-

Student, *n.* : (۱) طالب علم - (۲) وہ شخص جو طالب علمانهٔ زندگی بسر کرتا هو - (۳) کسی خاص علم یا فن کا مطالعهٔ کرنے والا - (۴) (انگلستان کے بعض کالجوں میں) وظیفهٔ یاب -

s. interpreter : (برطانوی) ایشیائی سفارتخانوں کے ملازم -

studentship, *n.* : وظیفهٔ -

Studio, *n.* : (۱) اسٹوڈیو ؛ نقاش فوٹو گرافر وغیرہ کا کام کرنے کا کمرا - (۲) وہ کمرا جس میں فلم بنانے کے لیے ناٹک کا تماشا کیا جاتا هے - (۳) (جمع) فلم کمپنی کا کارخانهٔ - (۴) لاسلکی کے اسٹیشن کا کوئی کمرا جهاں سے پیام وغیرہ بهیجا جاتا هے -

Studious, *a.* : (۱) محنت سے پڑهنے والا ؛ مطالعے میں مصروف رهنے والا ؛ مطالعے کا شائق- (۲) کوشاں؛ سرگرم؛ خاص اهتمام کرنے والا (کسی کام‌میں) - (۳) خواهاں؛ متمنی؛ دل سے چاهنے والا؛ هر وقت مد نظر رکهنے والا (کسی بات کو) - (۴) جس میں خاص ارادہ اور اهتمام هو ؛ غیر معمولی ؛ خاص (توجهٔ ' احتیاط وغیرہ) -

studiously, *adv.* : بڑی محنت سے ؛ خاص اهتمام سے ؛ بڑی سرگرمی سے -

studiousness, *n.* : مطالعے کا شوق ؛ سرگرمی اور انهماک (مطالعے میں) -

Study, *n.* : (۱) مد نظر ؛ کوششوں کا مرکز یا مقصد ؛ وہ چیز جس کے لیے کوشش کی جاے- (۲) (اب عموماً "brown s." استعمال کرتے هیں) فکر ؛ غوطهٔ - (۳) مطالعهٔ ؛ کتب بینی (اکثر جمع میں آتا هے) - (۴) تحصیل (کسی خاص علم یا فن کی) ؛

مطالعہ - (۵) موضوع ؛ مطالعے کے قابل چیز - (۶) (نقاشی) خاکہ جو مشق کے لیے بنایا جائے ؛ مشقیہ تصویر - (۷) (موسیقی) نغمہ یا تحریر نغمہ جو امتحان یا شوق کے لیے ہو ؛ مشقیہ نغمہ - (۸) (تھیٹر) پارٹ سیکھنے والا - (۹) مطالعے کا کمرا ؛ کام کرنے کا کمرا ؛ دفتر -

continue your ss. : اپنا مطالعہ جاری رکھو -

good-s. : جو اپنا پارٹ اچھی طرح یاد کرتا ہے -

is in a brown s. : محویت کے عالم میں ہے -

make a s. of : (۱) حاصل کرنے کی کوشش کرنا - (۲) تحقیق کرنا -

slow-s. : جو اپنا پارٹ یاد کرنے میں سست ہو -

Study, *v. t. & i.* : (۱) مطالعہ کرنا ؛ تحقیق کرنا ؛ غور کرنا (کسی مسئلہ پر) - (۲) غور سے دیکھنا (کسی چیز کو) - (۳) تحصیل میں مصروف ہونا (خصوصاً کسی علم کی) - (۴) (قدیم) فکر میں ڈوبا ہونا ؛ غوطے میں ہونا - (۵) خاص طور پر کوشش کرنا ؛ خاص طور پر خیال رکھنا ؛ اهتمام کرنا -

s. a book : کتاب کا مطالعہ کرنا ؛ غور سے پڑھنا -

s. for the bar : قانون کی تحصیل میں مصروف ہونا ؛ قانون پڑھنا -

s. one's part : اپنا پارٹ زبانی یاد کرنا -

s. out : غور و فکر کے بعد معلوم کرلینا ؛ پتا چلا لینا -

s. up : امتحان کے لیے یا کسی خاص مقصد کے لیے مطالعہ کرنا -

studied : (۱) بالقصد ؛ جو قصداً کیا جائے - (۲) جس میں تصنع یا تکلف ہو -

studiedly, *adv.* : (۱) خاص کر کے ؛ بالقصد - (۲) تصنع یا تکلف کے ساتھ -

Stuff, *n. & v. t. & i.* : (۱) مادہ ؛ خام جنس جس سے دوسری اشیا بنائی جاتی ہیں ؛ چیز ؛ شے - (۲) ادنی کپڑا - (۳) مہمل چیز ؛ فضول چیز ؛ مہملات ؛ لغویات - (۴) (عامیانہ) روپیہ - (۵) ٹھونسنا ؛ بھرنا ؛ اس قدر بھرنا کہ پھول جائے ؛ ٹھونس ٹھونس کر بھرنا - (۶) دھوکا دینا ؛ الو بنانا - (۷) حلق تک ٹھونس لینا ؛ ندیدوں کی طرح بہت سا کھا جانا -

a head stuffed with romance : وہ سر جس میں رومان کا سودا ہو -

bread-ss. : وہ چیزیں جن سے روٹی بنتی ہے -

doctors's. : دوا -

do your s. : (عامیانہ ' امریکا) اپنے کرتب دکھاؤ ؛ اپنا کام کئے جاؤ -

food-ss. : اشیائے خوردنی -

green s., garden s. : ترکاریاں -

has good s. in him : اس میں اچھا جوہر ہے ؛ اس میں اچھا مادہ ہے -

hot s. : (عامیانہ) دیکھو Hot -

household s. : (قدیم) گھر کا سامان ؛ فرنیچر وغیرہ -

inch s. : ایک انچ موٹے تختے -

s. and nonsense : لغو ؛ مہمل -

s. child etc. : بچے وغیرہ کو ٹھنسانا ' بہت سا کھلا دینا -

s. gown : اونی گون (وہ بیرسٹر پہنتے ہیں جنہیں ہنوز ریشمی جبہ پہننے کا حق نہیں ہے) -

stuffed birds, beasts : مرے ہوئے پرند یا جانور (جن کی کھال میں کوئی چیز اس طرح بھر دیتے ہیں کہ وہ اپنی اصلی جسامت میں نظر آنے لگتے ہیں) -

stuffed fowl etc. : مسالہ بھرا مرغ وغیرہ (جس میں مسالہ بھر کر پکاتے ہیں) -

stuffing-box : مشین کا وہ خانہ جس میں بھرتی کی وجہ سے ہوا کی گنجائش نہ ہو صرف گز (rod) جاسکتا ہو -

the s. : کسی چیز کا موجودہ ذخیرہ -

the s. to give them : برتاؤ کا صحیح طریقہ ؛ کام کا صحیح طریقہ -

thick s. : ۴ انچ سے زیادہ موٹے تختے -

(-) **stuffer**, *n.* : (-) بھرنے والا -

stuffing, *n.* : بھرتی ؛ وہ چیز جو کسی چیز کے اندر بھری جائے -

Stuffy, *a.* : (۱) (کمرہ ' وادی وغیرہ) جس میں دم گھٹتا ہو ؛ جہاں ہوا بند ہو - (۲) (امریکا) خفا ؛ کبیدہ خاطر ؛ روٹھا ہوا -

stuffiness, *n.* : بند ہونا -

Stuggy : دیکھو Stock -

Stultify, *v. t.* : (۱) تردید کرنا ؛ مہمل ثابت کرنا ؛ لغو ثابت کرنا (ایک بیان کا دوسرے بیان کو ' ایک مقرر کا دوسرے مقرر وغیرہ کو) - (۲) (کسی واقعے کو یا اپنے آپ کو) مضحکہ بنا دینا ؛ تضحیک کرنا - (۳) باطل کردینا (کسی چیز کو ' اپنے دعوے کو) ؛ اپنے قول یا فعل کی خود تردید کرنا -

stultification, *n.* : تردید ؛ تضحیک ؛ ابطال ؛ باطل کرنا -

Stum, *n. & v. t.* : (۱) انگور کا عرق جس میں اچھی طرح جوش نہ اٹھا ہو ؛ کچی انگوری شراب - (۲) جوش نہ اٹھنے دینا (شراب کے پیپے میں) ؛ دوا ڈال دینا تاکہ جوش نہ اٹھے -

Stumble, *v. i. & t. & n.* : (۱) ٹھوکر کھانا - (۲) غلطی کرنا ؛ چوکنا - (۳) الجھنا ؛ بگڑنا ؛ خفا ہونا (کسی بات پر) - (۴) رکنا ؛ تامل ہونا ؛ پس و پیش ہونا (اخلاقی اصول کی بنا پر) - (۵) اتفاق سے پا جانا ؛ اتفاق سے معلوم کرلینا یا دریافت کر لینا - (۶) (قدیم) پس و پیش میں ڈالنا - (۷) ٹھوکر -

s. along : قدم قدم پر ٹھوکر کھاتے ہوئے چلنا -

stumbling-block : رکاوٹ ؛ مانع ؛ سنگ راہ -

stumblingly, *adv.* : گرتا پڑتا ؛ ٹھوکریں کھاتا ہوا -

Stumer, *n.* : (۱) (عامیانہ) بیکار چک ؛ جعلی چک - (۲) جعلی سکہ ؛ جعلی نوٹ -

Stump, *n. & v. i. & t.* : (۱) ٹھنٹھہ (درخت یا کٹے ہوئے ہاتھ پیر کا) ؛ ٹنڈ - (۲) ٹوٹے ہوئے دانت کی جڑ - (۳) پنسل کا ٹکڑا ؛ سگار کا ٹکڑا (جو بیکار ہو گیا ہو) - (۴) پرانا بیکار برش - (۵) (جمع ' مزاحاً) ٹانگیں (stir one's ss.) - (۶) درخت کا ٹھنٹھہ جس پر مقرر کھڑا ہوکر تقریر کرے - (۷) (کرکٹ کے تین وکٹوں میں سے ایک) وکٹ ؛ ڈنڈا - (۸) اسٹمپ ؛ لپٹے ہوئے کاغذ یا کسی اور چیز کا چھوٹا سا بیلن جس کے دونوں سرے مخروطی ہوتے ہیں اور ڈرائینگ میں پنسل کی لکیروں کو ہلکا کرنے وغیرہ کے کام آتا ہے - (۹) اکڑی ہوئی ٹانگوں سے کھٹ پٹ کرتے چلنا جیسے کوئی لکڑی کے پاؤں سے چلتا ہے) - (۱۰) (بول چال) (سوال وغیرہ کا انسان کو) چکر میں ڈال دینا ؛ الجھن میں ڈال دینا ؛ چکرا دینا - (۱۱) (کرکٹ) (کھیلنے والے کو جب وہ

مقررہ دائیرہ سے باہر ہو) وکٹ پرگیند مار کر آوٹ کردینا - (۱۲) (عامیانہ) وکٹ کیپر - (۱۳) سیاسی تقریر بازی کرنا ؛ (کسی حصۂ ملک میں) عوام میں سیاسی تقریریں کرتے پھرنا - (۱۴) (ڈرائینگ) اسٹمپ سے کام لینا ؛ پنسل کی لکیروں کو ھلکا کرنا وغیرہ- (۱۵) (عامیانہ) مطالبہ ادا کردینا ؛ (روپیہ) نکال کر دینا -

I am stumped : میں بڑے چکر میں ہوں ؛ کچھ سمجھ میں نہیں آتا -

on the s. : سیاسی تقریر بازی یا جد و جہد میں مصروف -

s. oratory : سیاسی تقریر بازی -

stumper, n. : (۱) بے ڈھب سوال ، چکر میں ڈال دینے والا مسئلہ وغیرہ - (۲) (کرکٹ) (کھیلنے والے کو جب وہ مقررہ دائرہ سے باہر ہو) وکٹ پر گیند مار کر آوٹ کرنے والا -

Stumpy, a. : (۱) چھوٹے قد اور گٹھے ہوے جسم کا (آدمی) - (۲) چھوٹی اور موٹی چیز -

stumpily, adv. : چھوٹے قد اور گٹھے ھوے جسم کے ساتھ -

stumpiness, n. : چھوٹا اور گٹھا ھوا ھونا ؛ چھوٹا اور موٹا ھونا -

Stun, v. t. : (۱) (آواز کا) کانوں کو سن کردینا ؛ ھوش غائب کردینا - (۲) (ضرب کا یا صدمے کا کسی شخص کو) بے ھوش کر دینا ؛ اس قدر متاثر کرنا کہ چکر کھا کر گر پڑے ؛ ھوش و حواس غائب کردینا ؛ کمر توڑ دینا -

stunner, n. : غضب کی چیز ؛ قیامت کی چیز ؛ اعلی درجے کی چیز ؛ غضب کا حسین ، قابل وغیرہ -

stunning, a. : (عامیانہ) نہایت عمدہ ؛ غضب کا ؛ قیامت کا-

stunningly, adv. : بے حد ؛ بے انتہا -

Stundism, Stundist (-oo-) nn. : روس کے کسانوں کا ایک مذھبی فرقہ جس نے کلیسا کی رسوم کو ترک کردیا تھا اور اپنے عقیدے کی بنا بائبل کے روسی ترجمے پر رکھی تھی جو سنہ ۱۸۶۱ء میں ھوا تھا -

Stung: دیکھو Sting -

Stunk: دیکھو Stink -

Stunsail, Stuns'l, = دیکھو Studding-Sail

Stunt, v. t. : (عامیانہ) باڑھ کو روکنا ؛ باڑھ مارنا ؛ ترقی یا نشو و نما کو روکنا-

stunted : جس کی باڑھ ماری گئی ھو یا ترقی رک گئی ھو -

Stunt, n. : (عامیانہ) (۱) بہترین کام ؛ کمال ؛ کارنمایاں ؛ خاص کرتب ؛ وہ کام جس میں اپنا کمال دکھانا مقصود ھو - (۲) اشتہار کی ترکیب ؛ وہ کام جو اشتہار کے لیے کیا جائے ؛ اشتہاری حرکت -

Stupe, (or -opp) n. & v. t. : (۱) فلالین کا ٹکڑا وغیرہ جسے گرم پانی میں ڈال کر نچوڑتے ھیں اور اس سے جسم کے کسی حصے کی سینک کرتے ھیں - (۲) گرم چھوٹی پٹی جو زخم پر باندھنے کے لیے استعمال ھوتی ھے - (۳) فلالین وغیرہ کو گرم پانی میں تر کرکے اس سے سینک کرنا -

Stupe, n. : (عامیانہ) بیوقوف ؛ الو -

Stupefy, v. t. : مدھوش کر دینا ؛ مخبوط کر دینا ؛ دماغ مختل کر دینا -

stupefacient, a. & n. : (طب) (۱) معذر - (۲) معذر دوا -

stupefaction, n. : مدھوشی ؛ مخبوط کرنے والا -

stupefactive, a. : مدھوش کرنے والا؛ مخبوط کرنے والا ؛ معذر-

stupefier, n. : مدھوش کرنے والا ، مخبوط کرنے والا -

Stupendous, a. : عظیم الشان ؛ عظیم ؛ زبردست ؛ نہایت سخت ؛ سنگین -

stupendously, adv. : بہت ، بے حد -

stupendousness, n. : عظمت ؛ بہت زبردست یا سنگین ھونا (جرم وغیرہ کا) -

Stupeous, a. : (حشراتیات) (وہ کیڑا) جس کے بال ٹوٹی ھوئی رسی کے سرے کی طرح لمبے گچھے دار ھوں -

Stupid, a. & n. : (۱) مدھوش ؛ مخبوط - (۲) کند ذھن؛ غبی؛ ٹھس ؛ بے وقوف ؛ بے وقوفی کی ، بے تکی (بات وغیرہ) - (۳) بے لطف ؛ پھیکا - (۴) (بول چال) بے وقوف آدمی -

stupidity, n. : کند ذھنی ؛ بے وقوفی -

stupidly, adv. : (۱) بے وقوفی سے ؛ بے وقوفوں کی طرح - (۲) بے لطفی سے -

Stupor, n. : (۱) مدھوشی ، مخبوط الحواسی ، غفلت - (۲) استعجاب کی حالت جس میں آدمی کچھ کر نہ سکے ؛ منہ کھول کر رہ جانا -

stuporous, a. : (طب) معذر -

Stupose, a. : (نباتیات ، حیوانیات) جس میں لمبے لمبے بالوں کے گچھے ھوں -

Sturdy, a. : (۱) مضبوط جسم کا ؛ قوی ھیکل؛ موٹا تازہ ؛ ھٹا کٹا - (۲) مضبوط ؛ قوی ؛ گٹھا ھوا (جسم وغیرہ) - (۳) سخت ، زبردست (مزاحمت ، مقابلہ وغیرہ) -

s. beggar : ھٹا کٹا فقیر -

sturdily, adv. : مضبوطی سے ؛ زور شور سے؛ زبردست طریقے سے-

sturdiness, n. : مضبوطی ؛ قوت ؛ گٹھا ھوا ھونا -

Sturdy, n. : بھیڑوں کا دوران سر جو دماغ میں کینچوے ھونے کی وجہ سے ھو جاتا ھے -

sturdied, a. : دوران سر میں مبتلا -

Sturgeon (-jn), n. : اسٹرجن ؛ بڑی قسم کی مچھلی جو شارک سے مشابہ ھوتی ھے -

Sturm und Drang : دیکھو Storm & Stress -

Stutter, v. i. & t. & n. : (۱) ھکلانا - (۲) ھکلا کر کہنا - (۳) ھکلانے کا فعل ؛ ھکلانے کی عادت -

stutterer, n. : ھکلا -

stutteringly, adv. : ھکلا ھکلا کر -

Sty, n. (pl. -ies) & v. t. & i. : (۱) سوروں کا باڑا ؛ سور خانہ (Pigsty) - (۲) (مجازاً) ذلیل یا گندا مکان - (۳) قحبہ خانہ ؛ چکلا - (۴) سور باڑے میں رھنا یا رکھنا ؛ ذلیل یا گندے مکان میں رھنا یا رکھنا -

Sty, Stye, n. : گوھانجنی ؛ گوھیری ؛ انجن ھاری (پھنسی جو پلک کے نیچے نکل آتی ھے) -

Stygian, a. : (۱) عالم زیریں کا ؛ دوزخ کا ؛ دریائے اسٹائکس

کا (Styx یونانی دیو مالا میں عالم زیریں یا دوزخ کا ایک دریا ہے) - (۲) تاریک ؛ اندھیرا ؛ بھیانک -

Style, *n. & v. t.* : (۱) قدیم زمانے کا آلہ جس کا ایک سرا نوکدار ہوتا تھا اور اس سے تختی پر موم لگا کر لکھتے تھے؛ دوسرا سرا کند تھا اور مٹانے کے کام آتا تھا ؛ لکھنے کی سلائی ؛ اسٹائل - (۲) (شعر) قلم یا پنسل - (۳) اسٹائل کے شکل کی کوئی چیز مثلاً کلدہ کاری کی سوئی یا ابرینہ یعنی وہ سوئی کی شکل کی چیز جو کنپٹی کی ہڈی کے نیچے نکلی ہوئی ہوتی ہے - (۴) طرز ؛ اسلوب (تحریر تقریر یا کسی کام کے کرنے کا) - (۵) اسلوب بیان ؛ طرز ادا (شاعر یا انشا پرداز کا) ؛ طرز (مصور یا کسی اور صناع کا) - (۶) القاب؛ پورا نام یا پورا خطاب؛ کسی چیز کا پورا نام - (۷) امتیازی شان ؛ خاص رنگ (خصوصاً وضع اور آداب معاشرت وغیرہ میں) - (۸) وضع ؛ انداز ؛ قسم - (۹) شکل ؛ ساخت ؛ نمونہ - (۱۰) مخاطب کرنا (کسی نام ، لقب یا خطاب سے) -

decorated ss. : کلیسائی طرز عمارت جو انگلستان میں سنہ ۱۲۷۲ سے ۱۳۷۷ تک رائج تھا اور اس کی خصوصیت پتھر کا اور ہر طرح کا بھاری آرائشی کام تھا -

early English ss. : کلیسائی طرز عمارت جو انگلستان میں عہد وسطیٰ میں رائج تھا؛ اس کی خصوصیت نوک دار محراب ، تشتری اور پتھر کا ہلکا آرائشی کام تھا -

perpendicular ss. : کلیسائی طرز عمارت جو انگلستان میں ۱۳۵۰ سے ۱۶۰۰ تک رائج تھا ؛ اس کی خصوصیت پتلے ستون اور بڑے بڑے دریچے ہوتے تھے جو عمودی اور افقی خطوط سے تقسیم کئے جاتے تھے -

good, bad s. = *good, bad form* : دیکھو Form

lapidary or *monumental s.* : قبر کے کتبوں کا طرز -

new s. : سن کے ساتھ آتا ہے- اس سے مراد ہے گریگوری تقویم کے مطابق (مخفف N. S.) دیکھو Calendar -

old s. : سن کے ساتھ آتا ہے جس سے مراد ہے جولینی تقویم کے مطابق (مخفف O. S.) -

styliform, *a.* : اسٹائل کی شکل کا -

stylish, *a.* : وضع دار ؛ شان دار ؛ خاص وضع یا خاص رنگ کا -

stylishly, *adv.* : ایک امتیازی شان سے ؛ خاص وضع یا خاص رنگ میں -

stylishness, *n.* : وضع داری ؛ شان دار ہونا -

Style, *n.* : (۱) لوہے کی چھوٹی جو دھوپ گھڑی کی سوئی کا کام دے - (۲) (نباتیات) گردن بقچہ ؛ بیضہ دان کا پتلا بڑھا ہوا حصہ جس پر سر بقچہ قائم ہوتا ہے -

Style, *n.* : stile کے غلط ہجے -

Stylet, *n.* : (۱) ایک پتلا نوک دار اوزار (کپڑے باد بان وغیرہ میں سوراخ کرنے کے لیے)؛ سوجا- (۲) (جراحی) تار جو ربڑ کی نلی میں اسے سخت کرنے کے لیے لگا دیتے ہیں- (۳) (جراحی) سلائی-

Stylist, *n.* : (۱) صاحب طرز ؛ صاحب اسلوب ؛ وہ انشا پرداز جو ایک خاص اور عمدہ اسلوب بیان رکھتا ہے - (۲) وہ شخص جو اچھا اسلوب بیان اختیار کرنے کی کوشش کرتا ہے ؛ جو طرز ادا کا خاص طور پر خیال رکھتا ہے -

Stylistic, *a.* : اسلوب بیان کے متعلق ؛ طرز تحریر کے متعلق -

stylistically, *adv.* : اسلوب بیان کے لحاظ سے -

Stylite, *n.* : منار؛ نشین راہب ؛ قرون وسطیٰ کا راہب جو منارہ پر رہا کرتا تھا -

Stylize, *v. t.* : آرٹ کی کسی چیز کو کسی رسمی طرز پر ڈھالنا -

stylized, *a.* : رسمی طرز پر ڈھالا ہوا -

Stylo, *n.* (colloq. abbr. pl.-os) : Stylograph (بول چال) کا مخفف -

stylo-comb : عضلات کے نام میں styloid کی ترکیبی صورت ؛ ابرینہ کا یا اس کے متعلق -

s. hyoid : کنپٹی اور زبان کی جڑ کا عضلہ وغیرہ ؛ ابری لامی -

s. maxillary : کنپٹی اور جبڑے کا عضلہ وغیرہ ؛ ابری فکی -

Stylobate, *n.* : ستونوں کی ایک قطار یا کئی قطاروں کی مسلسل کرسی -

Stylograph, *n.* : ایک طرح کا سوت قلم (فاونٹین پن) جس میں پتی کی جگہ سوئی لگا کر لکھتے ہیں؛ سوئی قلم -

stylographic, *a.* : سوئی قلم کا -

stylographically, *adv.* : سوئی قلم سے -

Styloid, *a. & n.* : (۱) ابرینہ ؛ سوئی کی شکل کی چیز جو کنپٹی کی ہڈی کے نیچے نکلی ہوئی ہے - (۲) اس سے متعلق ؛ ابری -

Stymie, *n. & v. t.* : دیکھو Stimy -

Stypic, *a. & n.* : بہتے ہوئے خون کو روکنے والی (چیز) -

Styrax, *n.* : بعض درختوں اور جھاڑیوں کا نام جن کا گوند قیمتی ہوتا ہے -

Styrian, *a. & n.* : اسٹائریا کا باشندہ (اسٹائریا قدیم سلطنت آسٹریا میں صوبہ خاص کا ایک علاقہ تھا) -

Styx, *n.* : پرہیت ندی -

Suabian, *n.* : دیکھو Swabian -

Suable, *a.* : قابل نالش ؛ قابل دعوا -

suability, *n.* : قابل دعوا ہونا -

Suasion (swazhn) ,*n.* : سمجھانا بجھانا ؛ تفہیم ؛ ترغیب -

suasive, *a.* : تفہیمی -

Suave, *a.* : (۱) خوش خلق؛ شائستہ - (۲) نرم ؛ شیریں؛ میٹھا ؛ لطیف ؛ مفرح -

suavity, *n.* : خوش خلقی ؛ شائستگی ؛ شیرینی ؛ لطافت -

Suaviter (swa-) : بہت مضبوطی سے مگر نرم طریقے سے -

Sub, *n.* : (۱) (بول چال) (subaltern کا مخفف) فوج کا چھوٹا افسر کپتان سے نیچے درجے کا - (۲) (subscription کا مخفف) چندہ - (۳) (substitute کا مخفف) قائم مقام ؛ بدل - (۴) (بول چال) (کسی کی) جگہ پر کام کرنا ؛ قائم مقامی کرنا -

Sub, L. prep.: (لاطینی حرف) تحت ؛ نیچے ؛ میں -

s. finem : آخر میں ؛ آخری صفحات میں (سبق وغیرہ کے) (مخفف s. f.) -

s. judice (-joo-) : (۱) زیر تحقیقات عدالت ؛ پیش عدالت - (۲) زیر بحث ؛ زیر غور -

s. rosa (-za) : رازمیں؛ خفیۃً؛ مخفی(اطلاع، مشورہ وغیرہ)-

s. silentio (-lio,-shio) : چپکے سے -

s. voce : -(s. v.) لفظ مذکور کی تحت میں؛ تحت لفظ فلاں-

Sub -pref f. L, sub prep. & sub-pref. : (مرکب لاطینی الفاظ میں حسب ذیل معنی دیتا ھے) اس کی شکلیں *suc- sug- sum- sup- sur- sus-* بھی آتی ھیں۔
(۱) تحت یا نیچے (مثلاً *sub- ordinate, subjacent*) - (۲) نیچے کی طرف (مثلاً *subject, suppress*) - (۳) نیچے سے (مثلاً *subtract, suspend*) - (۴) اخفا پوشیدگی (مثلاً *subaudition, suborn, summon*) - (۵) حاوی ھونا (مثلاً *subsume*) - (۶) قربت (مثلاً *subjoin, suburb*) - (۷) کمتری (مثلاً *subaltern, subserve*) - (۸) تائید ؛ مدد (مثلاً *subsidy, subvention*) - (۹) اضافہ (مثلاً *suffix, supplement*) - (۱۰) بدل (مثلاً *substitute, supplant*) - (۱۱) بعض صفات خصوصاً عضویات کی بعض اصطلاحوں میں " کسی چیز کے نیچے واقع ھونے والے " کے معنی پیدا کرتا ھے (مثلاً *substernal*) - (۱۲) بعض صفات میں " فروتر " کے معنی پیدا کرتا ھے (مثلاً *subnormal, subhuman*) - (۱۳) بعض انگریزی اور لاطینی اسما اور صفات میں " کسیقدر " " کم و بیش " وغیرہ کے معنی پیدا کرتا ھے (مثلاً *subacid, subaquatic*) - (۱۴) بعض اسما اور افعال میں ضمنی ، ثانوی وغیرہ کے معنی پیدا کرتا ھے (مثلاً *subprefect, subheading*) - (۱۵) بعض انگریزی اسماء میں زیرین کے معنی پیدا کرتا ھے (مثلاً *subsoil, subway*) - (۱۶) اضافی صفات میں برعکس معنی پیدا کرتا ھے (مثلاً *subdouble, subtriple*) -

Subabdominal, *a.* : پیٹ کے نیچے کا ؛ تحت بطنی -

Subacid, *a.* : (۱) کسی قدر ترش (لغوی اور مجازی معنی میں) - (۲) (کیمیا) حامض خفیف -

subacidity, *n.* : (۱) کسی قدر ترش ھونا - (۲) حموض خفیف -

Subagent, *n.* : سب ایجنٹ ؛ ماتحت ایجنٹ ؛ ایجنٹ کا نمائندہ -

subagency, *n.* : سب ایجنسی ؛ سب ایجنٹ کا دفتر یا عہدہ -

Subalpine, *a.* : (نباتیات ، حیوانیات) اس پہاڑی علاقے کا جو کوہ آلپ کے نشیبی حصے میں واقع ھے ؛ تحت آلپی -

Subandean, *a.* : کوہ اینڈیس کے نشیبی حصے کا -

Subapennine, *a.* : کوہ اپینائن کے نشیبی حصے کا -

Subapostolic, *a.* : حواریوں کے عہد کے بعد کا -

Subaquatic, *a.* : (۱) تقریباً آبی یا دریائی ؛ جس میں دریائی جانوروں یا پرندوں کی اکثر خصوصیات موجود ھوں - (۲) زیر آب ؛ پانی میں ڈوبا ھوا -

Subastral, *a.* : ارضی -

Subaural, *a.* : کان کے نیچے کا ؛ تحت اذنی -

Subaxillary, *a.* : (۱) بغل کے نیچے کا ؛ تحت ابطی - (۲) (نباتیات) زیر بغلی (دیکھو axil) -

Subbranch, *n.* : (نباتیات) شاخ کی شاخ ؛ ذیلی شاخ -

Subbreed, *n.* : ذیلی نسل -

Subcaudal, *a.* : دم کے نیچے کا ؛ تحت ذیلی -

Subcentral, *a.* : مرکز کے نیچے کا ؛ قریب کا ؛ تحت مرکزی ؛ قریب مرکز -

Subcerebral, *a.* : (۱) دماغ کے نیچے کا ؛ تحت مغزی - (۲) اضطراری (عمل) ، جس کا تعلق نخاع سے ھو مگر دماغ سے نہ ھو -

Subclass, *n.* : (حیوانیات) زیر جماعت ؛ ان قسموں میں سے ایک قسم جو جماعت کی مزید تقسیم سے بنائی جائے -

Subclavian, Subclavicular, *aa.* : ھنسلی کے نیچے کا ؛ تحت ترقوتی -

Subcommittee, *n.* : سب کمیٹی ؛ چھوٹی کمیٹی جو کوئی بڑی جماعت اپنے ارکان میں سے بناتی ھے -

Subconcave, *a.* : کسی قدر مقعر -

Subconical, *a.* : تقریباً مخروطی -

Subconscious, *a.* : تحت شعوری ؛ جس کا محض خفیف سا شعور ھو -

subconsciousness, *n.* : تحت شعور ؛ نفس کا وہ علاقہ جو توجہ اور مشاھدۂ باطن کی سرحد سے باھر ھے ، جس میں نفسی عمل واقع ھوتا ھے مگر اس کا پورا شعور نہیں ھوتا -

subconsciously, *adv.* : تحت شعوری کے طور پر ؛ تحت شعوری حیثیت سے -

Subcontinent, *n.* : مصداق اقلیم ؛ بجائے خود اقلیم (جیسے ھندوستان) -

Subcontract, *n.* & *v. t.* : (۱) شکمی ٹھیکا (جو ٹھیکے دار اپنے طور پر کسی اور کو دے دیتا ھے) - (۲) شکمی ٹھیکا دینا ؛

subcontractor, *n.* : شکمی ٹھیکے دار -

Subcontrary, *a.* & *n. pl.* **subcontrariety**, *n.* : (۱) (منطق) (قضیہ) جو دوسرے قضیے کی ضد ھو مگر ھر پہلو سے مختلف - (۲) (جمع) مختلفین ؛ دو قضیے جو بعض پہلو سے ایک دوسرے کی ضد ھوں مثلاً - مختلفین کی مثال (some men are dark, some men are not dark) - ضدین کی مثال (all men are dark, no man is dark) -

Subconvex, *a.* : کسی قدر محدب -

Subcordate, *a.* : قریب قریب دل کی شکل کا -

Subcorneous, *a.* : (۱) سینگ کی سی شکل کا - (۲) سینگ کے نیچے کا ؛ تحت قرنی - (۳) سینگ کے قسم کی چیز (ناخن وغیرہ کے نیچے کی) -

Subcortical, *a.* : (۱) تحت قشری ؛ چھال کے نیچے کا - (۲) تحت لحائی (دماغ وغیرہ کی) ؛ بیرونی تہہ کے نیچے کا -

Subcostal, *a.* : تحت ضلعی ؛ پسلیوں کے پیچھے یا پسلیوں کے درمیان کا -

Subcranial, *a.* : کھوپڑی کے نیچے کا ؛ تحت جمجمی -

Subcrystalline, *a.* : جس کا کچھ حصہ بلور بن گیا ھو -

Subcutaneous, *a.* : جلد کے نیچے کا ؛ تحت جلدی -

subcutaneously, *adv.* : جلد کے نیچے ؛ جلد کے اندر -

Subcuticular, *a.* : جھلی کے نیچے کا -

Subcylindrical, *a.* : تقریباً استوانی ؛ قریب قریب استوانی شکل کا -

Subdeacon, *n.* : (۱) ڈیکن کا مددگار ؛ نائب پادری (دیکھو deacon) - (۲) نائب پادری کا عہدہ یا زمانۂ ملازمت - (۳) نائب ڈین ، دیکھو dean - (۴) نائب ڈین کا عہدہ یا دفتر یا مکان -

Subdeaconal, *a.* : نائب ڈین کے متعلق ؛ نائب ڈین کا -

Subdecuple, *a.* : دسواں حصہ ؛ عشر -

subdelirium, *n.* : خفیف هذیان؛ هذیان کی ابتدائی منزل؛ وقفہ دار هذیان -

subdermal, *a.* : (اصل) کھال کے نیچے کا ؛ تحت جلدی -

subdiaconate, *a.* : نائب ڈین کے متعلق ؛ نائب ڈیکن کا -

subdivide, *v. t. & i* : تقسیم در تقسم کرنا ؛ تقسیم مزید کرنا ؛ کسی چیز کی هر قسم کو چھوٹی قسموں میں تقسیم کرنا ؛ تقسم در تقسیم هونا ؛ تقسیم مزید هونا ؛ کسی چیز کے هر حصے کا اور چھوٹی قسموں میں تقسیم هوجانا -

subdivision, *n.* : (۱) تقسیم در تقسیم - (۲) (کسی چیز کی) زیر قسمت ؛ قسمت کے کئی حصوں میں سے ایک حصہ -

subdominant, *n.* : (موسیقی) سرگم کا چوتھا سر -

subdorsal, *a.* : قریب ظهری؛ پیٹھ کے پاس کا -

subdouble, *a.* : چوتھائی -

subduplicate, *a.* : (ریاضی) جذری (نسبت) -

subedit, *v. t.* : (۱) سب اڈیٹر هونا (اخبار کا) - (۲) سب اڈیٹر کی حیثیت سے نظر ثانی کر کے چھپنے کے لیے بھیجنا (مضمون کو) -

subeditor, *n.* : سب ایڈیٹر -

subepidermal, *a.* : جلد کے بالائی حصے کے اندر کا ؛ خول جلد کے اندر کا -

subequal, *a.* : (۱) قریب قریب برابر ؛ تقریباً مساوی - (۲) اعدادکے اس مجموعے کی کوئی عدد جس میں هر عدد کی قیمت بقیہ اعداد کی میزان سے کم هو -

subequilateral, *a.* : تقریباً متساوی الاضلاع -

suberect, *a.* : تقریباً عمودی ؛ قریب قریب کھڑا -

subfamily, *n.* : (حیوانیات) نوع (خاندان کی ایک تقسیم جو ایک جنس یا کئی اجناس پر مشتمل هو) -

subfebrile, *a.* : کسی قدر بخار کی (حالت)؛ وقفہ دار یا باری کے بخار کی -

subflavour, *n.* : خفیف سا مزہ اورخوشبو(کسی خاص قسم کی) -

subfusc, *a.* : کسی قدر سیاہ -

subgelatinous, *a.* : کسی قدر لیس دار -

subgenus, *n.* : زیر جنس ؛ جنس کی ایک قسمت جو ایک نوع یا کئی انواع پر مشتمل هو -

subgeneric, *a.* : زیر جنسی -

subglacial, *a.* : (۱) برف کی چٹان کے نیچے کا - (۲) تقریباً برفانی -

subglobular, *a.* : قریب قریب کرے کی شکل کا ؛ تقریباً کروی -

subgrallatorial, *a.* : لم ٹھیک سے کسی قدر مشابہ -

subgroup, *a.* : چھوٹی سی ٹولی -

subhead, *n.* : شق -

subheading, *n.* : ضمنی سرخی؛ مضمون کےکسی حصےکی سرخی -

subhepatic, *a.* : جگر کے قریب کا -

subhimalayan, *a.* : تحت ھمالوی؛ ھمالیہ کےنشیبی حصےکا -

subhuman, *a.* : تحت الانسانی ؛ انسان سے کم درجے کا -

subhumeral, *a.* : کندھے کے نیچے کا ؛ تحت عضدی -

subinfeudation, *n.* : (جاگیر داری نظام میں) کسی اسامی کا اپنی طرف سے کسی شکمی اسامی کو زمین دینا

sub-inspector, *n.* : سب انسپکٹر ؛ کسی صیغے کے انسپکٹر کا نائب (هندوستان میں خصوصاً — انسپکٹر پولس یا تھانہ دار کے معنی میں آتا هے) -

subintestinal, *a.* : تحت معائی؛ آنت کے نیچے کا یا قریب کا -

subjoint, *n.* : جو جوڑ کے اندر هو ؛ ذیلی جوڑ -

subkingdom, *n.* : عالم نباتی یا عالم حیوانی کی کوئی بڑی قسمت -

sublanceolate, *a.* : (نباتیات) کسی قدر سنانی (شکل کا) (سنان یا برچھی سے مشابہت رکھنے والا) -

sublease, *n. & v. t.* : شکمی پٹہ ؛ شکمی اجارہ دینا -

sublessee, *n.* : شکمی پٹہ دار یا اجارہ دار -

sublessor, *n.* : شکمی پٹہ یا اجارہ دینے والا -

sublet, *v. t.* : (مکان وغیرہ) شکمی کرایہ دار یا اجارہ دار کو دینا (کرائے یا اجارے پر) -

sublibrarian, *n.* : نائب مہتمم کتب خانہ -

sublieutenant, *n.* : بحری فوج کا ایک چھوٹا افسر؛ نائب لفٹننٹ -

subliminal, *a.* : (نفسیات) جو دائرۂ شعور میں موجود هو ؛ مگر اس کا شعوری احساس نہ هو ؛ تقریباً غیر محسوس ؛ خفی -

s. self. : انسان کی شخصیت کا ایک مستقل عنصر جو نفس شاعرہ سے علحدہ هے اور شعور کو اس کے وجود کی خبر نہیں ؛ نفس خفی ؛ تحت شعوری نفس -

sublingual, *a.* : زبان کے نیچے کا ؛ تحت لسانی -

sublittoral, *a.* : (حیوانیات) ساحل کےقریب کا ؛ نواح ساحل کا -

sublunar, *a.* **Sublunary**, *a.* : (۱) (شعر) تحت قمری - (۲) دنیاوی ؛ ارضی -

subman, *n.* : وہ انسان جس نے پوری طرح نشو و نما پائی هو یا جس کی جسمانی اور ذهنی قوتیں ادنی هوں؛ تحت البشر -

submammary, *a.* : تحت ثدی ؛ پستان یا تھن کے نیچے کا -

submarine, *a. & n.* : (۱) تحت بحری؛ سمندر کے اندر کا (پودا ، آتش فشاں وغیرہ) (۲) آب دوز (کشتی وغیرہ) - (۳) آب دوز کشتی -

submaster, *n.* : (انگلستان کےبعض مدرسوں میں) سیکنڈ ماسٹر -

sumaxillary, *a.* : تحت فکی ؛ نچلے جبڑے کے نیچے کا -

submembraneous, *a.* : جھلی کا سا ؛ جھلی سے مشابہ -

submental, *a.* : تحت ذقنی ؛ ٹھوڑی کے نیچے کا -

submetallic, *a.* : فلز نما ؛ دھات کا سا ؛ دھات سے مشابہ -

submontane, *a.* : دامن کوہ کا -

submucous, *a.* : کسی قدر لعاب دار یا لس دار -

submultiple, *a. & n.* : وہ عدد جسے کسی عدد صحیح سے ضرب دینے سے عدد معلوم حاصل هو ؛ جز ضربی -

subnarcotic, *a.* : قدرے مخدر ؛ قدرے منوم ؛ کسی قدر سن کرنے والی یا نیند لانے والی -

subnasal, *a.* : تحت انفی؛ ناک کے نیچے کا -

subnatural, *a.* : (فوق فطرت یا فوق عادت کا برعکس) تحت فطرت ؛ تحت الفطرۃ ؛ تحت عادت ؛ تحت العادۃ ؛ فطری یا معمولی سے کم -

subnormal, *a.* : تحت طبعی ؛ مقررہ طبعی معیار سے کم -

suboccipital, *a.* : تحت موخر ؛ پشت سر کے نیچے کا -

suboceanic, *a.* : تحت بحری ؛ سطح سمندر کے نیچے کا -

subocellate, *a.* : (جن میں ایک رنگ کے دائرے کے گرد دوسرے رنگ کا ہالہ ہوتا ہے) جس پر اس قسم کے نشان بنے ہوں ' جیسے مور کے پروں پر ہوتے ہیں -

suboctuple, *a.* : آٹھویں حصے کے برابر ؛ آٹھواں حصہ (کسی عدد کا) -

subocular, *a.* : تحت چشمی ؛ آنکھ کے نیچے کا -

suboesophageal, *a.* : تحت مری ؛ نرخرے کے نیچے کا -

suborbital, *a.* : تحت حجاجی ؛ خانۂ چشم کے نیچے کا -

suborder, *n.* : نباتی یا حیوانی خاندان کی کوئی قسمت -

subordinal, *a.* : خاندان کی کسی قسمت سے متعلق -

suboval, *a.* : قدرے بیضاوی ؛ بیضاوی سا -

subparietal, *a.* : ان دونوں ہڈیوں کے نیچے کا جو کاسۂ سر کے اوپر کے حصے میں دیواروں کی طرح واقع ہیں ؛ تحت جداری دیکھو - (parietal) -

subpharyngeal, *a.* : تحت حلقی ؛ حلق کے نیچے کا -

subphrenic, *a.* : پردۂ شکم کے نیچے کا -

subpilose, *a.* : کسی قدر روئیں دار ؛ روئیں دار سا -

subpleural, *a.* : تحت غشاء الریہ؛ پھیپھڑے کے پردے کے نیچے کا -

subpolar, *a.* : (۱) نواح قطب کا؛ قطب جنوبی یا قطب شمالی کے قریب کا - (۲) تحت القطب؛ جو قطبین سماوی میں سے کسی قطب کے ٹھیک نیچے واقع ہو -

subprefect, *n.* : (۱) (فرانس) نائب ناظم (بعض محکموں میں) پیرس کا نائب کوتوال - (۲) (بعض اسکولوں میں) نائب مانیٹر -

subprefecture, *n.* : (۱) نائب نظامت ؛ نائب کوتوالی - (۲) نائب مانیٹری -

subprior, *n.* : (۱) نائب پرائر ؛ پرائر (Prior) سے کم درجے کا پادری - (۲) نائب مہتمم خانقاہ -

subpyramidal, *n.* : تقریباً مخروطی -

subquadrangular, *a.* : قریب قریب چو گوشیہ -

subquadrate, *n.* : تقریباً مستطیل شکل ؛ مستطیل نما -

subquadruple, *a.* : چوتھائی ؛ ربع -

subquintuple *a.* : پانچویں حصے کے برابر؛پانچواں حصہ (۱/۵) -

subramose, *a.* : کسی قدر شاخ دار -

subrectangular, *a.* : تقریباً مستطیل

subrector, *a.* : (۱) نائب ریکٹر ؛ نائب پادری - (۲) جامعہ یا مدرسے کا نائب صدر -

subregion, *n.* : ملک یا علاقے کی قسمت (اس لحاظ سے کہ وہاں کون سے جانور پائے جاتے ہیں) -

subrent, *v. t.* : شکمی کرائے یا پٹے پر لینا یا اٹھانا (مکان زمین وغیرہ کو) -

subretinal, *a.* : تحت شبکی ؛ پردۂ چشم کے نیچے کا -

subrhomboidal, *a.* : تقریباً معین نما کی شکل کا -

subsacral, *a.* : عظم العجز کے نیچے کا ؛ جو ریڑھ کی ہڈی کے سب سے نچلے تقرے سے نیچے واقع ہو

subsaturated, *a.* : نیم سیر ؛ تقریباً سیر -

subsaturation, *n.* : نیم سیری ؛ تقریباً سیر ہونا -

subscapular, *a.* : تحت کتفی ؛ کندھے کے نیچے کا -

subsection, *n.* : ذیلی شعبہ؛ذیلی قسم؛ ذیلی حصہ؛ ذیلی دفعہ -

subsensible, *a.* : تحت حسی ؛ جو اس قدر خفیف ہو کہ حواس سے محسوس نہ کیا جاسکے -

subseptuple, *a.* : ساتویں حصے کے برابر؛ ساتواں حصہ (۱/۷) -

subserous, *a.* : تقریباً سیلانی؛ چھاچھ کاسا؛ تقریباً سیرم کا سا -

subsessile, *a.* : قریب قریب تنے سے جڑا ہوا؛ بہت چھوٹی سی ڈنڈی کا (پتا) -

subsextuple, *a.* : چھٹے حصے کے برابر؛ چھٹا حصہ (۱/۶) -

subsoil, *n.* : دوسری پرت؛ کسی زمین کی سطح کے نیچے کی پرت -

subspecies, *n.* : (حیوانیات) زیر نوع ؛ نوع کی ایک قسمت -

subspecific, *a.* : زیر نوع کا ؛ زیر نوعی -

subspherical, *a.* : تقریباً کروی -

subspinous, *a.* : ریڑھ کی ہڈی سے مشابہ -

substation, *n.* : سب اسٹیشن ؛ ذیلی اسٹیشن ؛ چھوٹا مقام جو کسی بڑے مقام کی تحت میں ہو ؛ ذیلی مقام

substernal, *a.* : تحت قصی ؛ سینے کی ہڈی کے نیچے کا -

substratum, (pl. -ta) *n.* : (۱) تہ ؛ بنیاد - (۲) کسی طبقے کے نیچے کا طبقہ ؛ نیچے کی پرت -

substruction, *n.* : (۱) عمارت وغیرہ کا زیریں حصہ - (۲) بنیادی حصہ ؛ بنیاد -

substructure, *n.* : (۱) عمارت وغیرہ کا زیریں حصہ - (۲) بنیادی حصہ ؛ بنیاد -

substructural, *a.* : (عمارت وغیرہ کے) زیریں حصے کا ؛ بنیاد کے متعلق ؛ بنیادی -

subtemperate, *a.* : (۱) منطقۂ معتدلہ کے قریب کا - (۲) تقریباً معتدل ؛ معتدل سے کسیقدر زیادہ سرد (موسم' خطہ وغیرہ) -

subtenant, *n.* : شکمی کرایہ دار یا شکمی اسامی -

subtenancy, *n.* : شکمی کرایہ دار یا اسامی ہونا -

subterminal, *a.* : سرے کے قریب کا ؛ قریب قریب آخری -

subterranean, subterraneous, *aa.* : (۱) زیر زمین ؛ زمین دوز ؛ تحت ارضی ؛ زمین کے نیچے کا - (۲) (مجازاً) خفیہ؛ پوشیدہ؛ جو اندر اندر کی گئی ہو (سازش وغیرہ) -

subterraneously, *adv.* : (۱) زیر زمین ؛ زمین کے اندر - (۲) خفیہ طور پر ؛ اندر اندر -

subthoratic, *a.* : تحت صدری ؛ سینے کے نیچے کا -

subtitle, *n.* : (۱) ذیلی نام ' ضمنی نام (کتاب وغیرہ کا) - (۲) فلم کا ضمنی نام ؛ دوسرا نام -

subtonic, *a.* : (موسیقی) سرگم کا ساتواں سر -

subtransparent, *a.* : تقریباً شفاف -

subtriangular, *a.* : تقریباً مثلث؛ قریب قریب تکونی شکل کا -

subtribe, *n.* : (حیوانیات و نباتیات) گروہ کی ایک قسمت -

subtriple, *a.* : تہائی / ثلث -

subtriplicate, *a.* : (کسی عدد سے) جذر الکعب کی نسبت رکھنے والا (کسی عدد کا جذرالکعب) -

subtropical, *a.* : (۱) تقریباً مداریتی ؛ تقریباً مدارینی علاقے کا سا (جانور ' پودا ' موسم ' خطہ وغیرہ) - (۲) منطقۂ حارہ سے کچھ کم گرم (موسم خطہ وغیرہ) -

subungulate, *a.* : انگشت دار سم کا ؛ جس کے کھر ہوں مگر ان میں انگلیاں ہوں -

subursine, *a.* : قریب قریب ریچھ کا سا -
subvariety, *n.* : ذیلی قسم -
Subvertebral, *a.* : تحت فقری ؛ پشت کے فقروں کے نیچے کا -
subvertical, *a.* : تقریباً عمودی -
subvitreous, *a.* : شیشے کا سا ؛ شیشے سے مشابہ -
subway, *n.* : زمین دوز رستہ ؛ زیر سڑک ؛ زیر گزر (وہ سڑک جو کسی دوسری سڑک کے نیچے یا اسٹیشن کے پلیٹ فارم کے نیچے ہو) -
Subahdar(soo-) *n.* : صوبہ دار (فوج کا) -
Subaltern, *a.* & *n.* : (۱) کم درجے کا ؛ ماتحت ؛ چھوٹا - (۲) (منطق) ماتحت ، محکوم (قضیہ) ؛ وہ قضیہ جو کسی کلیے کے ماتحت آتا ہو - (۳) (فوج) چھوٹا افسر (کپتان سے کم درجے کا) -
Subaudi, (v. imperat.): (عبارت میں فلاں لفظ یا فلاں الفاظ جو مقدر یا چھوٹے ہوئے ہوں) اضافہ کر کے پڑھو -
Subaudition, *n.* : (۱) (عبارت میں وہ لفظ یا الفاظ جو چھوٹ گئے ہیں یا مقدر ہیں) اپنی طرف سے اضافہ کر کے پڑھنا - (۲) چھپے ہوئے معنی سمجھ لینا ؛ تہ کی بات سمجھ لینا -
Subduce, Subduct, *v. t.* : (شاذ) (۱) الگ کرلینا ؛ علیحدہ کرلینا - (۲) تفریق کرنا ؛ منہائی کرنا -
subduction, *n.* : علیحدگی ؛ تفریق ؛ منہائی -
Subdue, *v. t.* : (۱) فتح کرنا ؛ تسخیر کرنا ؛ مغلوب کرنا ؛ زیر کرنا ؛ مطیع کرنا ؛ دبا لینا ؛ قابو میں لے آنا - (۲) دھیما کرنا ؛ مدھم کرنا ؛ ہلکا کرنا ؛ کم کرنا -
subduable, *a.* : جو مغلوب کیا جاسکے یا قابو میں لایا جاسکے ؛ قابل تسخیر ؛ جو ہلکا یا دھیما کیا جاسکے -
subdual, *n.* : تسخیر ؛ قابو میں لانا یا لایا جانا -
subdued, (p. p.): دھیما ؛ مدھم ؛ ہلکا ؛ ملائم ؛ نرم -
subduedness, *n.* : دھیما پن ؛ ملائمت ؛ نرمی -
Subereous, Suberic, Suberose, *aa.* : کارک کا ؛ کارک جیسا ؛ کارک کی طرح کا -
Subjacent, *a.* : (۱) جو کسی چیز کی تہ میں ہو ؛ تہ کی (بات وغیرہ)؛ اصل - (۲) (کسی چیز سے) نیچا؛ پست‌تر؛ نشیبی -
Subject, *a.* & *adv.* : (۱) (قدیم، شعر) نیچا ، نشیبی - (۲) محکوم ؛ ماتحت - (۳) مادہ رکھنے والا (بیماری ، برائی وغیرہ کا) ؛ جس کو خطرہ یا اندیشہ ہو (نقصان وغیرہ کا) - (۴) مشروط - (۵) بہ شرط ، بہ امید (منظوری وغیرہ) -
is held s. : محکوم ہے -
s. to envy : حسد کا مادہ رکھنے والا -
s. to damage : نقصان پذیر -
Subject, *n.* : (۱) رعیت ؛ رعایا میں سے ایک فرد (مجازاً معتقد یا پیرو کو بھی کہتے ہیں مثلاً the ss. of King Shakspere)- (۲) (صرف و نحو) مبتدا ؛ فاعل - (۳) (منطق) موضوع، محکوم الیہ - (۴) (فلسفہ ما بعد الطبیعات) موضوع، نفس بہ حیثیت شعور اور احساس رکھنے والے وجود کے ؛ مدرک ؛ داخل (خارج کے مقابلے میں یعنی نفس غیر نفس کے مقابلے میں) ؛ ذات (صفات کے مقابلے میں) - (۵) موضوع (بحث، تقریر ، تصویر وغیرہ کا)؛ وہ مسئلہ جس پر بحث کی جائے ؛ وہ چیز جس کا بیان یا اظہار مقصود ہو - (۶) چیز ؛ بات ؛ موضوع - (۷) شخص (خاص حالت یا مزاجی کیفیت کا) (مثلاً sensitive, bilious, plethoric, hysterical, s.) -
change the s. : گفتگو کا موضوع بدلنا ؛ کوئی اور ذکر چھیڑنا (خصوصاً جب کوئی ناگوار صورت پیدا ہوگئی اور اسے رفع کرنا ہو)-
on the s. of : موضوع پر ؛ متعلق
s. & object : (۱) موضوع اور معروض - (۲) نفس اور غیر نفس ؛ داخل اور خارج -
s. for dissection, or s. : لاش -
s. for ridicule : مضحکہ چیز -
s. for rejoicing : خوشی کی بات -
s.-heading : موضوعی عنوان ؛ عنوان بہ لحاظ موضوع (انڈیکس ، فہرست وغیرہ میں) -
s.-matter : مضمون (کتاب وغیرہ کا) -
s. of, piece of music : موسیقی کی " چیز " یا نغمے کا موضوع ؛ اصل مدعا یا خیال جو ظاہر کیا جائے -
s.-object : داخلی معروض (کوئی معروض یعنی کوئی چیز یا خیال جیسا وہ موضوع کو نظر آئے) ؛ (opp. object-object) خیال جیسا وہ حقیقت میں ہو) -
ss. : رعایا ، فرماں روا ریاست کی -
the liberty of the s.: رعایا کے آئینی حقوق -
subjectless, *a.* : بے موضوع ، بلا رعیت -
Subject, *v. t.* : (۱) مغلوب کرنا ؛ تسلط بٹھانا ؛ محکوم بنانا - (۲) موضوع بنانا ؛ ہدف بنانا (مضحکے ، ملامت وغیرہ کا) ؛ (کسی عمل کا) موضوع بنانا ؛ کوئی عمل کرنا (کسی چیز پر) -
subjection,*n.* : (۱) محکوم بنانا ؛ تسخیر - (۲) محکومی -
Subjective, *a.* & *n.* : (۱) (فلسفہ) موضوعی ؛ موضوع شعور و احساس یعنی نفس سے متعلق ؛ نفسی ؛ داخلی - (۲) (عوام) خیالی - (۳) داخلی ؛ جس میں اشیاء یا خیالات اپنی اصلی صورت میں نہیں بلکہ صناع کے نقطۂ نظر اور ذاتی رجحانات کے مطابق پیش کئے جائیں - (۴) داخلی طرز کا ؛ (آرٹ کا طرز) داخلی - (۵) (صرف و نحو) فاعلی -
s. case : حالت فاعلی -
subjectively, *adv.* : (۱) داخلی حیثیت سے ؛ داخلی طور پر - (۲) فاعلی حیثیت سے -
subjectiveness subjectivity, *nn.* : داخلیت ؛ داخلی رنگ -
Subjectivism, *n.* : (فلسفہ) موضوعیت ؛ داخلیت ؛ یہ نظریہ کہ علم محض داخلی چیز ہے اور حقیقت کا کوئی خارجی یا معروضی معیار نہیں ہے -
subjectivist, *n.* & *a.* : (۱) داخلیت پسند ؛ داخلی - (۲) داخلیت پسندانہ -
Subjoin, *v. t.* : ضمیمے کے طور پر بڑھا دینا ؛ آخر میں لگا دینا (عبارت، نقشہ وغیرہ) -
Subjugate, *v.t.* : مغلوب کرنا؛ زیر کرنا؛ مطیع کرنا؛ محکوم بنانا-
subjugable, *a.* : تسخیر پذیر -
subjugation, *n.* : مغلوب کرنا یا ہونا ؛ تسخیر ؛ محکومی؛ تابعداری -

subjugator, *n.*: مغلوب کرنے والا ؛ مطیع کرنے والا -

Subjunctive, *a.* & *n.*: (صرف و نحو) (فعل کا) طور شرطیہ یا احتمالیہ -

subjunctively, *adv.*: شرطیہ یا احتمالیہ کے طور پر -

Sublapsarian, *a.* & *n.*: دیکھو Infralapsarian -

Sublimate, *v. t.*: (۱) تصعید کرنا ؛ (جامد چیز کو) گرم کر کے بخار بنانا اور پھر منجمد ہونے دینا ؛ جوہر اڑانا - (۲) (مجازاً) تہذیب کرنا ؛ پاکیزہ تر ؛ لطیف تر یا برتر بنانا - (۳) تخئیل کی مدد سے کسی چیز کو کامل شکل میں دیکھنا اور دکھانا - (۴) (تحلیل نفس) جذبے یا جبلت کو فروتر موضوع سے ہٹا کر برتر موضوع سے وابستہ کرنا ؛ ارتفاع کرنا -

sublimation, *n.*: تصعید ؛ تہذیب ؛ ارتفاع -

Sublimate, *a.* & *n.*: مصعد ؛ (وہ چیز) جو گرم کر کے بخار بنائی گئی اور پھر منجمد ہونے دی گئی ہو ؛ اڑایا ہوا جوہر -

blue s.: ایک رنگ جو پارے ، گندھک ، کے سفوف اور نوشادر کو ملا کر بناتے ہیں -

corrosive s.: دیکھو Corrosive -

Sublime, *a.*: (۱) رفیع؛ برتر- (۲) انتہائی (مثلاً s. indifference) - (۳) (تشریح) قریب سطح -

the s.: تمام رفیع اور برتر چیزیں ؛ رفعت -

sublimely. *adv.*: (۱) رفعت کے ساتھ - (۲) نہایت ؛ بے حد -

sublimity, *n.*: رفعت ؛ برتری -

Sublime, *v. t.* & *i.*: (۱) sublimate (لغوی معنی میں) = تصعید ہونا - (۲) تہذیب ہونا ؛ لطیف تر ، پاکیزہ تر یا برتر ہو جانا - (۳) اوج رفعت پر پہنچانا ؛ رفیع کرنا -

sublimer, *n.*: آلہ تصعید -

Submerge, *v. t.* & *i.*: (۱) تہ آب کر دینا ؛ غرقاب کر دینا - (۲) (مجازاً) (مصیبت و غم وغیرہ کے سیلاب میں) غرق کر دینا - (۳) (آبدوز وغیرہ کا) غوطہ لگانا ؛ ڈبکی مارنا ؛ سطح سمندر کے نیچے چلانا -

the submerged tenth: آبادی کا وہ حصہ جو ہمیشہ قرض اور مصیبت وغیرہ کے بوجھ میں دبا رہتا ہے

submergence, submersion, *nn.*: غرقاب کرنا یا ہونا ؛ غرقابی -

Submerse, *v. t.* & *a.*: (۱) (شاذ) تہ آب ہونا - (۲) (شاذ بجز نباتیات) تہ آب -

submersed, (*p. p.*): (نباتیات) تہ آبی ؛ (پودوں کے وہ حصے) جو پانی کے اندر ہوں -

submersible, *a.*: جو تہ آب ہو سکے ؛ قابل غرقابی -

Submission, *n.*: (۱) تسلیم ؛ اطاعت ؛ اطاعت قبول کرنا ؛ حوالے کرنا یا کیا جانا- (۲) فرماں برداری ؛ فرمان پذیری ؛ تسلیم و رضا ؛ عجز و انکسار ؛ فروتنی - (۳) (قانون) وہ نظریہ یا وہ بات جو وکیل عدالت کے سامنے پیش کرے ؛ گزارش ؛ معروضہ -

my s. is that.: میری گزارش یہ ہے کہ ؛ میں یہ عرض کرتا ہوں-

submissive, *a.*: فرمان بردار ؛ فرمان پذیر ؛ منکسر ؛ اطاعت شعار ؛ اطاعت کیش -

submissively, *adv.*: فرمان برداری سے ؛ فرمان پذیری سے ؛ عجز و انکسار سے ؛ عاجزانہ -

submissiveness, *n.*: عاجزی ؛ عجز و انکسار ؛ فروتنی ؛ خاکساری ؛ فرمان برداری ؛ فرمان پذیری -

Submit, *v. t.* & *i.*: (۱) اپنے آپ کو حوالے کر دینا ؛ اطاعت اختیار کرنا ؛ اطاعت کرنا ؛ فرمان برداری کرنا - (۲) پیش کرنا ؛ (ملاحظے یا فیصلے کے لئے) - (۳) عرض کرنا ؛ گزارش کرنا - (۴) سر تسلیم خم کرنا ؛ قبول کر لینا ؛ مان لینا ؛ راضی ہو جانا ؛ برداشت کر لینا -

Subordinate, *a.* & *n.*: (۱) کم تر ؛ فروتر ؛ کم درجے کا ؛ کم اہمیت رکھنے والا - (۲) ماتحت ؛ تابع - (۳) ماتحت عہدہ دار ؛ ماتحت -

s. clause: (نحو) تابع جملہ ؛ وہ جملہ جو حرف عطف کے ذریعے کسی دوسرے جملے میں اضافہ کیا جائے یا جو دوسرے جملے میں اسم صفت یا متعلق فعل کا کام دے -

Subordinate, *v. t.*: (۱) کم تر ، فروتر یا موخر قرار دینا ؛ اہمیت یا درجے میں کم سمجھنا یا قرار دینا ؛ تابع سمجھنا یا قرار دینا - (۲) ماتحت کرنا یا سمجھنا ؛ ماتحت بنانا (ایک عہدہ دار کو دوسرے کا) -

subordination, *n.*: (۱) ماتحت یا تابع قرار دینا یا دیا جانا - (۲) ماتحتی ؛ تابع ہونا ؛ کم تر یا موخر ہونا -

subordinative, *a.*: کم تر ؛ ماتحت ؛ تابع قرار دینے کا ؛ تابع (حرف عطف) -

Subordinationism, *n.*: (عیسوی دینیات) تبعیہ ؛ یہ مسئلہ کہ تثلیث کے ارکان ثلاثہ میں دو رکن یعنی بیٹا اور روح القدس تیسرے رکن یعنی باپ یا خدا کے تابع ہیں ؛ قدیم کلیسا کے نزدیک صرف ترتیب کے لحاظ سے اور آریوسیوں (Arians) کے نزدیک ہر لحاظ سے -

Suborn, *v. t.*: رشوت دے کر جھوٹی شہادت دلانا ، یا کوئی اور خلاف قانون کام کرانا

subornation, *n.* **suborner**, *n.*: یہ فعل یا اس کا فاعل -

Subpoena, *n.* & *v. t.* (*-aed Pr- -ad, -ad*).: (۱) سفینہ ؛ سمن ، جس کے ذریعہ کسی شخص کو عدالت میں حاضر ہونے کا حکم دیا جائے - (۲) سمن جاری کرنا ؛ سمن کے ذریعے حاضر عدالت ہونے کا حکم دینا ؛ (کسی شخص پر) سمن کی تعمیل کرنا -

Subreption, *n.*: دھوکے سے یا غلط بیانی سے کوئی چیز حاصل کرنا -

Subrogation, *n.*: (قانون) ایک شخص کی جگہ دوسرے کو قرض خواہ قرار دینا -

Subscribe, *v. t.* & *i.*: (۱) دستخط کرنا ؛ دستاویز یا تصویر کے نیچے اپنا نام لکھنا - (۲) (شاذ) دستاویز کے نیچے کوئی نشان بنانا یا کوئی عبارت لکھنا - (۳) حمایت کرنا ، تائید کرنا (کسی تجویز یا رائے کی) ؛ قائل ہونا - (۴) چندے کی فہرست میں نام لکھانا ؛ چندے کا وعدہ کرنا ؛ چندہ دینا - (۵) چندے سے جمع کرنا -

s. for a book: کتاب کی اشاعت سے پہلے اسے خریدنے کا وعدہ کرنا ؛ پیشگی خریدار بننا -

s. for a newspaper. کسی اخبار کا خریدار بننا -

subscriber, *n.*: (۱) دستخط کرنے والا - (۲) چندہ دینے

والا - (۳) خریدار (اخبار وغیرہ کا) -

the subscriber : راقم ؛ راقم الحروف -

subscription, *n.* : (۱) دستخط کرنا یا ہونا ؛ دستخط - (۲) چندہ - (۳) چندہ ' قیمت (اخبار وغیرہ کی) -

Subsellium, (*pl. -ia*) *n.* : گرجے کے مشرقی حصہ میں گانے والوں کی نشست کا سلامی بازو (جس کے سہارے لوگ کھڑے ہوسکتے ہیں) -

Subsequent, *a.* : متاخر ؛ بعد کا (واقعہ وغیرہ) -

subsequence, *n.* : تاخر ؛ بعد کا ہونا -

subsequently, *adv.* : بعد میں ؛ آگے چل کر -

Subserve, *v. t.* : ذریعہ ہونا ؛ ممد ہونا ؛ معین ہونا -

Subservient, *a.* : (۱) ممد ؛ معین- (۲) تابع؛ (کسی مقصد کے) ماتحت - (۳) ذلیل خوشامدی؛ چاپلوس؛ خوشامدانہ؛ غلامانہ-

subservience, subserviency, *nn.* : (۱) اعانت ؛ امداد (کسی مقصد میں) - (۲) ماتحت ہونا ؛ تابع ہونا - (۳) ذلیل خوشامدی؛ چاپلوسی -

subserviently *adv.*: تابع یا ماتحت کے طور پر ؛ چاپلوسی سے ؛ ذلیل خوشامدانہ طریقے سے -

Subside, *v. i.* : (۱) (دریا وغیرہ کا) اتر جانا ؛ گھٹ جانا (سیلاب وغیرہ کا) ؛ زور کم ہو جانا ؛ فرو ہو جانا - (۲) دھنس جانا ؛ بیٹھ جانا ؛ (زمین ' عمارت ' جہاز وغیرہ کا) - (۳) (منتشر ذرات کا) تہ میں بیٹھ جانا ؛ تہ نشین ہو جانا - (۴) (اشخاص کے متعلق عموماً مزاحیہ) بیٹھ جانا ؛ جھک جانا ؛ لیٹ جانا ؛ ڈھیر ہوجانا (کرسی وغیرہ پر) - (۵) مدھم ہوجانا ؛ دھیما ہوجانا ؛ ہلکا ہو جانا ؛ زورکم ہوجانا ؛ فروہوجانا -

subsidence, *n.* : اترنا ؛ اتار ؛ دھنسنا ؛ بیٹھ جانا ' فرو ہوجانا -

Subsidiary, *a.* & *n.* : (۱) تابع ؛ ماتحت - (۲) ضمنی ؛ ذیلی ؛ ثانوی - (۳) امدادی فوج (جو ایک ریاست دوسری ریاست کی مدد کو بھیجے) - (۴) (s. company) شرکت ؛ ماتحت ؛ ماتحت کمپنی (جس کے ۵۰ فی صدی سے زیادہ حصے اور نظم و نسق دوسری کمپنی کے ہاتھ میں ہوں) - (۵) (جمع) ضمنی یا ذیلی چیزیں ؛ لواحق ؛ لوازم -

subsidiarily, *adv.* : تابع یا ماتحت کی حیثیت سے ؛ ذیلی حیثیت سے ؛ ضمنی طور پر -

Subsidize, *v. t.* : امداد دینا ؛ امدادی رقم دینا (ایک ریاست کا دوسری ریاست کو فوجی مدد وغیرہ کے بدلے میں ' یا ریاست کا مختلف اداروں کو) -

Subsidy, *n.* : (۱) (تاریخ) وہ رقم جو پارلیمنٹ بادشاہ کو ریاست کے کام کے لیے دیتی تھی؛ وہ محصول جو کسی خاص مقصد کے لیے عائد کیا جاتا تھا ؛ رقم خاص ؛ محصول خاص - (۲) امدادی رقم (جو ایک ریاست دوسری کو فوجی مدد وغیرہ کے بدلے میں دیتی ہے) - (۳) امداد ' امدادی رقم (جو ریاست تجارتی کار خانوں یا خیراتی اداروں کو دیتی ہے) -

Subsist, *v. i & t.* : (۱) ہونا ؛ وجود رکھنا ؛ قایم یا باقی رہنا - (۲) بسر کرنا ؛ گزر کرنا ؛ بسر اوقات کرنا یا گزر اوقات کرنا- (۳) خوراک مہیا کرنا -

Subsistence, *n.* : (۱) وجود ؛ بقا ؛ ہستی - (۲) معاش ؛ روزی ؛ رزق ؛ خوراک -

s. money : مصارف خورد و نوش ؛ الاونس یا پیشگی تنخواہ جو خورد و نوش کے لیے دی جاے -

Substance, *n.* : (۱) (مابعد الطبیعیات) جوہر ؛ وہ چیز جو اشیاء کی اصل ہے اور اعراض کو دور کرنے کے بعد باقی رہ جاتی ہے - (۲) سب سے اہم حصہ ؛ مغز ؛ نچوڑ ؛ لب لباب ؛ حقیقت ؛ اصل مدعا - (۳) ہیولی ' مادہ (صورت کے مقابلے میں)؛ مضمون (اسلوب بیان کے مقابلے میں) - (۴) ٹھوس قابلیت ؛ ٹھوس یا حقیقی صفات - (۵) اصلیت ؛ حقیقت - (۶) دولت ؛ املاک - (۷) چیز ' شے -

a man of s. : ذی مقدرت آدمی ؛ دولت مند آدمی ؛ صاحب جائداد -

I agree with you in s. : نفس مضمون یا مطلب کے لحاظ سے مجھے آپ سے اتفاق ہے (خواہ جزویات میں نہ ہو) -

waste one's *s.* : اپنا سرمایہ لٹانا ؛ فضول خرچی کرنا -

Substantial, *a.* : (۱) اصلی ؛ واقعی ؛ حقیقی ؛ سچ مچ کا ؛ واقعی وجود رکھنے والا - (۲) معقول ؛ اچھی خاصی اہمیت یا قیمت رکھنے والا - (۳) مضبوط ' مستحکم (عمارت) ؛ موٹا تازہ بھرے بدن کا (آدمی) - (۴) ذی مقدرت ؛ صاحب جائداد ؛ اچھی حیثیت کا - (۵) نفس امر کے لحاظ سے کافی -

substantiality, *n.*: (۱) اصلیت ؛ واقعیت - (۲) اہمیت ؛ معقولیت ؛ مضبوطی - (۳) مقدرت ؛ اچھی حیثیت -

substantially, *adv.* : واقعی طور پر ؛ معقول حد تک ؛ مضبوطی کے ساتھ ؛ دراصل ؛ نفس امر کے لحاظ سے -

Substantialism, *n.* : (۱) (فلسفہ) حقیقت پسندی ؛ مذہب حقیقت ؛ یہ عقیدہ کہ مظاہر کی تہ میں حقیقت موجود ہے -

• **substantialist**, *n.* : حقیقت پسند ؛ مذہب حقیقت کا پیرو -

Substantialize, *v. t.* & *i.*: (۱) حقیقت کا جامہ پہنانا ؛ وجود بخشنا ؛ وجود میں لانا ؛ حقیقی بنانا ؛ اصلیت پیدا کرنا - (۲) حقیقت کا جامہ پہننا ؛ وجود میں آنا ؛ حقیقی یا اصلی بن جانا -

Substantiate, *v. t.* : ثابت کرنا ؛ ثبوت دینا ؛ دلائل پیش کرنا -

substantiation, *n.* : ثابت کرنا یا کیا جانا ؛ ثبوت -

Substantive, *a.* & *n.* : (۱) وجود یا ہستی ظاہر کرنے والا ؛ اثباتی - (۲) مستقل ؛ مستقل بالذات - (۳) اسم ذات (Noun s.) -

s. enactment : باقاعدہ قانون -

s. motion : باضابطہ تحریک -

s. rank : (فوج) مستقل عہدہ ' اصل عہدہ (اس شخص کا جو کسی دوسری جگہ قائم مقامی کر رہا ہے)-

s. verb : فعل اثباتی (to be کو کہتے ہیں) -

substantial, *a.* : اسمیہ ؛ اسم ذات کا -

substantially, *adv* : اسم ذات کے طور پر -

Substantively, *adv.* : (۱) بہ طور اسم ذات - (۲) اثباتی طور پر؛ مستقل حیثیت سے -

Substitute, *n.* & *v. t.*: (۱) بدل ؛ قائم مقام - (۲) ایک چیز کی جگہ دوسری چیز ' ایک شخص کی جگہ دوسرے شخص کو

رکھنا ؛ قایم مقام بنانا ؛ بدل بنانا ؛ بدل قرار دینا - (سوقیانہ استعمال *s. person* or *thing with* or *by another*) -

substitution, *n.*: قایم مقام بنانا یا بنایا جانا؛ بدل بنانا یا بنایا جانا -

substitutional, *a.*: (۱) قایم مقام (بطور صفت) - (۲) قایم مقام یا بدل بنانے کا -

substitutionally, *adv.*: قایم مقام یا بدل کے طور پر ؛ قایم مقام یا بدل بنا کر -

sutstitutionary, *a.*: (۱) قایم مقام (بطور صفت) - (۲) قایم مقام یا بدل بنانے کا -

substitutive, *a.*: (۱) قایم مقام (بطور صفت) - (۲) قایم مقام یا بدل بنانے کا -

Subsume, *v. t.*: کسی قاعدے کی تحت میں لانا ؛ (کسی قسم ؛ باب ؛ ضمن ؛ زمرے یا طبقے میں) شامل کرنا ؛ داخل کرنا -

subsumption, *n.*: (۱) تحت میں لانا ؛ تضمین - (۲) وہ امر جو تحت میں لایا جائے یا شامل کیا جائے -

Subtend, *v. t.*: (ہندسہ) (کسی وتر ؛ ضلع یا مثلث کا) مقابل ہونا ؛ محاذی ہونا ؛ (زاویے یا قوس کے)

Subtense, *n.*: (۱) (ہندسہ) وتر (قوس کا) ؛ وہ خط جو کسی قوس یا زاویے کے مقابل ہو ؛ خط مقابل ؛ خط محاذی -

Subter-, pref.: (super- کا ضد) نیچے ؛ تحت ؛ کم تر کے معنی میں آتا ہے -

-human, *a*: تحت الانسانی -

-natural, *a.*: تحت الفطرت ؛ تحت العادت -

-position, *n.*: (کسی چیز کے) نیچے ہونا -

Subterfuge, *n.*: (۱) (بات کو ٹالنے یا پہلو بچانے کے لئے) سخن سازی ؛ بت بنائی - (۲) ٹالنے کی ترکیب ؛ بھلاوا ؛ حیلہ ؛ بہانہ -

Subtil(e), *a.*: (قدیم) دیکھو Subtle -

subtilize, *v. t. & i.*: (۱) سبک اور لطیف بنانا ؛ لطافت پیدا کرنا - (۲) نزاکت ؛ باریکی ؛ دقت نظر پیدا کرنا (خیال ؛ ذہن وغیرہ میں) - (۳) باریک فرق نکالنا ؛ باریکیاں پیدا کرنا ؛ بال کی کھال کھینچنا ؛ موشگافی کرنا -

subtility, *n.*: (۱) لطافت - (۲) نزاکت ؛ باریکی ؛ دقت نظر - (۳) موشگافی ؛ باریک بینی ؛ دقیقہ سنجی -

subtilization, *n.*: (۱) تلطف - (۲) نازک یا باریک بنانا یا بنایا جانا - (۳) نازک فرق نکالنا یا نکالا جانا ؛ موشگافی -

Subtle, (su-tl), *a.*: (۱) (قدیم) ہلکا ؛ سبک ؛ رقیق - (۲) لطیف (*the s. air, a s. vapour*) ؛ اس قدر نازک کہ اس کا ادراک مشکل ہو ؛ نازک ؛ پر اسرار (*s. magic, charm, power, art, distinction*) - (۳) تیز ؛ دقیق ؛ باریک (حس ؛ ادراک ؛ نظر) - (۴) باریک بیں ؛ دقیقہ سنج ؛ نکتہ رس - (۵) ہوشیاری کی ؛ چلتی ہوائی (تدبیر) - (۶) نازک (تخیل) ؛ باریک (توجہ) ؛ گہری (پالیسی) - (۷) باریک کام کرنے والا ؛ دیدہ ریزی کا کام کرنے والا (کاریگر) - (۸) چالاک ؛ مکار -

subtly, *adv.*: (۱) لطافت سے - (۲) باریکی سے ؛ نزاکت سے ؛ پر اسرار طریقے پر ؛ دقت نظر سے ؛ دقیقہ سنجی سے ؛ ہوشیاری سے ؛ چالاکی سے -

Subtlety, *n.*: (۱) لطافت ؛ نزہت - (۲) پر اسرار ہونا - (۳) نزاکت ؛ باریکی ؛ تیزی - (۴) دقت نظر ؛ باریک بینی ؛ دقیقہ سنجی - (۵) ہوشیاری ؛ چالاکی ؛ مکاری - (۶) باریک فرق ؛ نازک نوق ؛ موشگافی ؛ باریکی -

Subtract, *v. t.*: تفریق کرنا ؛ گھٹانا ؛ نکالنا (ایک عدد سے دوسرا عدد) -

subtraction, *n.*: تفریق -

subtractive, *a.*: تفریقی -

Subtrahend, *n.*: چھوٹی رقم جو بڑی میں سے تفریق کی جائے ؛ مفروق -

Subulate (-at), Subuliform *aa.*: (نباتیات ؛ حیوانیات) ستاری نما ؛ مخراز نما -

Suburb, *n.*: نواح شہر ؛ شہر کے گرد و پیش کا علاقہ -

the ss.: نواح شہر -

suburbia, *n.*: نو احستان ؛ کسی شہر خصوصاً لندن کے حوالی اور ان کے باشندے (تنقیص کے طور پر) -

suburban, *a.*: (۱) حوالی شہر کا - (۲) قصباتی ؛ بھدا ؛ تنگ خیال -

Subvention, *n.*: امداد ؛ اعانت (جو حکومت وغیرہ کی طرف سے کسی ادارے کو دی جائے) -

Subvert, *v. t.*: مذہب ؛ اخلاق اصول وغیرہ کی تخریب کرنا ؛ مٹانا ؛ برباد کرنا ؛ تہ و بالا کرنا ؛ زیر و زبر کرنا -

subversion, *n.*: تخریب -

subversive, *a.*: مخرب -

Suc-: سابقہ جو حرف c سے شروع ہونے والے لاطینی الفاظ یا ان کے مشتقات میں Sub- کے بجائے استعمال ہوتا ہے -

Succades, *n.* pl.: (جمع) (دکانداروں کی اصطلاح) مربہ (پھلوں کا) -

Succedaneum, *n.* (pl. -ea).: بدل ؛ وہ چیز جو ضرورت کے وقت دوسری چیز کا کام دے سکے (کبھی کبھی شخص کے لئے بھی آتا ہے) -

succedaneous, *a.*: قائم مقامی کے قابل -

Succeed, *v. t. & i.*: (۱) (سلسلے میں کسی چیز کے) بعد آنا - (۲) جانشین ہونا ؛ (کسی کی جگہ پر) مقرر ہونا ؛ کسی فرمانروا کے بعد تخت پر بیٹھنا - (۳) کامیاب ہونا (کسی کام میں) - (۴) کامیابی حاصل کرنا ؛ فروغ پانا ؛ فائزالمرام ہونا ؛ مراد کو پہنچنا - (۵) (تدبیر وغیرہ کا) کارگر ہونا ؛ چل جانا -

Succentor, (-ks-) *n.*: گرجے کی بھجن منڈلی میں نیچی آواز والوں کا ہادی ؛ (پوری منڈلی کا) نائب ہادی -

Succes d'estime *n.*: (فرانسیسی) تماشے ؛ کرتب ؛ کام وغیرہ کی معمولی تعریف جو کام کی خوبی کی وجہ سے نہیں بلکہ کرنے والے کی عزت و وقعت کی وجہ سے کر دی جائے ؛ تعظیمی تعریف -

Succes fou, *n.*: (فرانسیسی) زور شور کی تعریف ؛ بہت پر جوش تعریف -

Succes de scandale: (فرانسیسی) (کتاب ؛ تصویر وغیرہ کی) تعریف جو اس کے خلاف تہذیب یا "عریاں" ہونے کی وجہ سے کی جائے -

Success, *n.*: (۱) (شاذ) نتیجہ - (۲) کامیابی ؛ حصول مراد یا مقصد - (۳) ترقی ؛ فروغ - (۴) کامرانی ؛ دولت اور عزت

حاصل ہونا - (۵) کامیاب شخص ؛ کامیاب چیز - (۶) رتّانے والے استاد کا شاگرد جو امتحان میں پاس ہو جاے ؛ کامیاب مشہو -

nothing succeeds like s. : جہاں ایک بار کامیابی ہوئی پھر ہوتی ہی چلی جاتی ہے -

successful, *a.* : کامیاب -

successfully, *adv.* : کامیابی سے ؛ بہ خیر و خوبی -

Succession, *n.* : (۱) تسلسل ؛ تواتر ؛ توالی ؛ یکے بعد دیگرے ہونا یا واقع ہونا ؛ پے در پے ہونا - (۲) سلسلہ ؛ تانتا ؛ تار (مثلاً *three great victories in s.* پے در پے تین فتوحات) - (۳) جا نشینی - (۴) حق جا نشینی - (۵) (حیاتیات) سلسلۂ ارتقا (حیوانات کا) -

a s. of disasters : سلسلۂ مصائب -

apostolic s. : خلافت حوارئین ؛ دینی پیشوائی کے سلسلے کا ؛ حضرت مسیح کے حواریوں سے شروع ہوکر اسقفوں کے توسط سے برابر جاری رہنا -

in s. to : (کسی کی) جگہ پر ؛ جا نشین کے طور پر -

Law of s. : قانون وراثت (خصوصاً ان صورتوں کے متعلق جن میں متوفی نے وصیت نہ کی ہو) -

s. duties : محصول وراثت جو وارثوں پر املاک کے ملنے کے وقت عائد ہوتا ہے -

the S. States : (سلطنت آسٹریا یا ہنگری کی) جانشین ریاستیں (جو جنگ عظیم کے بعد قائم ہوئیں) -

successional, *a.* : (۱) تسلسل یا تواتر کے متعلق ؛ جانشینی کا - (۲) مسلسل ؛ متواتر -

Successive, *a.* : متواتر ؛ مسلسل ؛ سلسلہ وار ؛ متوالی -

successively, *adv.* : یکے بعد دیگرے ؛ پے در پے ؛ علی التواتر ؛ سلسلہ وار -

Successor, *n.* : جانشین ؛ وارث -

Succinct, *a.* : مختصر اور جامع ؛ موجز -

succinctly, *adv.* : مختصر اور جامع طور پر ؛ ایجاز کے ساتھ -

succinctness, *n.* : اختصار ؛ ایجاز -

Succory, *n.* : = Chicory دیکھو

Succour, *v. t.* & *n.* (-ker) : (۱) (آڑے وقت پر) مدد کرنا ؛ دستگیری کرنا - (۲) دستگیری ؛ مدد ؛ اعانت (جو آڑے وقت کی جاے) -

succourless, *a.* : بے کس ؛ بے یار و مددگار ؛ بے یار و نا صر -

Succuba,-bus, *n.* (*pl.*-bae,-bi) : ستوبا ؛ خبیث روح جو عورت بن کر سوئے ہوے شخص سے ہم بستر ہوتی ہے -

Succulent, *a.* : (۱) رس دار ؛ رسیلا - (۲) (مجازاً) پر لطف ؛ پر معنی ؛ دلچسپ -

succulence, *n.* : رس دار ہونا ؛ پر لطف ہونا ؛ پر معنی ہونا -

succulently, *adv.* : (۱) رس دار چیزوں سے - (۲) پر معنی طور پر ؛ پر لطف طور پر -

feed succulently : رس دار چیزوں سے ضیافت کرنا ؛ رس دار چیز کھلانا -

Succumb, (-m) *v. i.* : (۱) مغلوب ہوجانا ؛ شکست کھانا ؛ ہتیار ڈال دینا ؛ بالکل دب جانا - (۲) مرجانا - (۳) مرنا ؛ (کسی خاص مرض کا) شکار ہونا ؛ نذر ہونا (مرض کے) -

Succursal, *a.* : زائد ؛ ذیلی (گرجا) (جو دور کے نمازیوں کی سہولت کے لیے بنادیا جاے) -

Such (-tsh) *a.* : (۱) ایسا ؛ اس طرح کا ؛ اس قسم کا - (۲) اتنا زیادہ ؛ اتنا سخت یا شدید ؛ اتنا ؛ اس قدر ؛ اس درجے کا (*had such a fright she hardly survived it*, *s. horrid language*) - (۳) (کبھی کبھی لازم ملزوم کے لیے دو بار آتا ہے) جیسا ویسا (مثلاً *s. master s. servant* جیسا آقا ویسا نوکر) - (۴) (قانون یا رسمی تحریر میں) مذکورۂ بالا ؛ مذکورۂ بالا قسم کا (*whoever shall make s. return falsely*) - (۵) (تعجائیہ کے معنی میں) بڑا عمدہ ؛ اعلیٰ درجے کا ؛ غضب کا ؛ قیامت کا (*we had s. a sport*) - (۶) ایسا یا اس قسم کا کہ - اتنا زیادہ کہ - (*there was such a draught, no wonder he caught cold*) - (۷) فلاں فلاں قسم کا ؛ ایسا ویسا (*s. & s.*) - (۸) (ضمیر کے طور پر) وہ لوگ (قدیم اب عموماً شعر یا خطابت میں استعمال ہوتا ہے) مثلاً (*s. as sit in darkness* وہ لوگ جو ظلمت میں گرفتار ہیں) - (۹) یہ ؛ یہ بات (*I may have offended but s. was not my intention*) - (۱۰) (سوقیانہ یا کاروباری زبان) وہ ؛ اسے ؛ انہیں ؛ (*those who leave parcels in the train cannot hope to recover s.*) -

all s. : اس قسم کے سب لوگ -

as s. : اس حیثیت سے (جس کا ذکر ہوچکا ہے) -

s. an one, s. a one : (قدیم) کوئی شخص ؛ فلاں شخص -

s.-&s. a person : کوئی شخص ؛ فلاں شخص -

suchlike, a. & pron. : (اب عموماً سوقیانہ سمجھا جاتا ہے) - (۱) فلاں قسم کا ؛ اس قسم کا - (۲) اس قسم کی چیزیں ؛ اس قسم کی باتیں -

Suck, *v. t.* & *i.* & *n.* : (۱) سڑکنا ؛ چسکی لگانا ؛ ہونٹ لگا کر ذرا ذرا سا پینا - (۲) (مجازاً) حاصل کرنا ؛ فائدہ اٹھانا ؛ گھول کے پی جانا (*s. in knowledge*) - (۳) چوسنا ؛ چوس لینا - (۴) سے نکال لینا ؛ نچوڑ لینا - (۵) منہ میں رکھ کر چوسنا ؛ ہونٹوں سے چاٹنا (*s. sweets, one's teeth etc.*) - (۶) جذب کرنا ؛ سوکھنا - (۷) (بھنور وغیرہ کا کسی کو) ہڑپ کر جانا ؛ ڈبو دینا ؛ غرق کردینا - (۸) (پستان یا تھن سے) دودھ پینا - (۹) سڑکنا ؛ کھینچنا ؛ سڑ سڑ کرنا - (۱۰) (بچے وغیرہ کو) دودھ پلانے کی ایک باری - (۱۱) (بھنور کا) اندر کھینچ لینا ؛ کشش - (۱۲) چسکی - (۱۳) چھوٹا سا گھونٹ (شراب کا) - (۱۴) (مدرسے کے طلبہ کی بول چال) مٹھائی - (۱۵) (طلبہ کی بول چال) ناکامی ؛ (وعدے کے بعد) ٹائیں ٹائیں فش -

sucked orange : پھوک ہی پھوک ؛ وہ جس میں کوئی خوبی باقی نہ رہی ہو -

sucking-disk : (۱) سکر (پیالہ نما عضو جس کے ذریعے سے شیل مچھلی وغیرہ کسی سطح سے چپک جاتی ہے) - (۲) (مشین میں) پیالے کے شکل کی ربر وغیرہ کی چیز جو کسی سطح پر ہوا کے دباو سے چپک جاتی ہے -

s. dry : بالکل چوس ڈالنا ؛ اتنا چوسنا کہ ایک قطرہ باقی نہ رہے -

s. one's brain : دوسرے سے دماغی محنت لے کر

خود فائدہ اٹھانا -
s. up : (مدرسے کے لڑکوں کی اصطلاح) ذلیل طریقے سے خوشامد کرنا -
s. up : خوشامدی -
what a s.!, ss! : ناکامی (وعدے کے بعد) -
sucking, *n.* : (۱) دودھ پیتا شیر خوار بچہ - (۲) نیا نیا ؛ ناتجربہ کار (*s. barrister*) -
Sucker, *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) چوسنے والا وغیرہ - (۲) سور یا وھیل کا چھوٹا سا بچہ - (۳) (امریکا ' عامیانہ) کچا ؛ خام کار ؛ ناتجربہ کار آدمی - (۴) مرشانی مچھلی ؛ چوسنے والی مچھلی - (۵) چپکنے والی مچھلی - (۶) پانی کھینچنے کی پچکاری کا فشارہ - (۷) جانوروں کا دودھ دوھنے کی نلی ؛ مرشات - (۸) چوسنے کی نلی - (۹) سکر (دیکھو لفظ Suck - میں *sucking-disk*) - (۱۰) (نباتیات) زیر بچہ ؛ وہ شاخ یا کونپل جو تنے کے زیر زمین حصے سے یا جڑ کے کسی اور حصے سے یا غیر معمولی صورتوں میں دوسری شاخ سے پھوٹ آتی ھے - (۱۱) زیر بچے چھانٹنا - (۱۲) زیر بچے اگنا ' پھوٹنا -
Suckle, *v. t.* : (۱) چسانا - (۲) دودھ پلانا (ماں کا بچے کو)-
Suckling, *n.* : شیر خوار ؛ دودھ پیتا بچہ (آدمی یا جانور کا) -
babes and ss. : ننھے بچے ؛ بالکل ناتجربہ کار لوگ -
Sucrose, *n.* : شکر (گنے کی یا اسی ترکیب اور خاصیت کی) -
Suction, *n.* : (۱) چوسنا وغیرہ - (۲) کھینچنا (پانی وغیرہ پچکاری سے)؛ کشش آب ؛کشش ھوا -
s.-chamber : آب کش یا کھینچنے والی پچکاری کا خزانہ -
s.-fan : مشین جس کے ذریعے کشش ھوا سے غلے سے بھوسا الگ کیا جائے ؛ بھوسا اُڑاؤ -
s.-pipe : آب کش یا کھینچنے والی پچکاری کی نلی -
s.-plate : اوپر کے مصنوعی دانتوں کی پلیٹ جو کشش ھوا کے ذریعے تالو سے چپکی رھتی ھے ؛ چپک پلیٹ -
s.-pump: آب‌کش؛ کشش ھوا سے پانی کھینچنے والی پچکاری-
Suctorial, *a.* : (حیوانیات) چوسنے والی؛ سکر دار؛ (مچھلی) چسنی دار -
Sudanese : دیکھو Soudanese -
Sudarium, *n.* (pl. - ia) : (۱) سنٹ ویرونیکا کا رومال جس پر معجزے کے ذریعے مسیح کی تصویر اتر آئی تھی - (۲) حضرت عیسیٰ کی کوئی تصویر جو معجزے کے ذریعے بنی ھو - (۳) وہ رومال جو حضرت عیسیٰ اپنے سر پر لپیٹتے تھے-
Sudatorium, *n.* (pl. ia) : (رومی حمام میں) گرم کمرا جس میں جا کر پسینہ آتا ھے ؛ عرق خانہ -
Sudatory, *a.* & *n.* : (۱) عرق آور ؛ پسینہ لانے والی - (۲) معرق (دوا) -
Sudd, *n.* : سد ؛ بہتے ھوے درخت اور پودے وغیرہ جن کے باعث نیل ابیض میں جہاز رانی میں رکاوٹ ھوتی ھے -
Sudden, *a.* & *n.* : (۱) اچانک ؛ بے سان و گمان ؛ ناگہانی ؛ فوری ؛ نہایت تیز ؛ بہت جلدی کا - (۲) جس کی حرکات اور افعال فوری ھوں ؛ ایک دم سے کام کرنے والا -
all of a s., all on a s. : یکایک ؛ ناگہاں ؛ ایک دم سے -
s. bend in the road : اچانک موڑ ؛ تنگ موڑ -
s. death : (۱) چٹ پٹ فیصلہ (جو سکہ اچھال کر کیا جاے)- (۲) ایک ھی گیم پر فیصلہ (ٹینس کے سیٹ میں جب گیم برابر ھو)-
s. in his movements, : وہ جو کچھ کرتا ھے ایک دم سے کرتا ھے ؛ اس کے افعال و حرکات فوری ھیں-
suddenly, *adv.* : یکایک ؛ اچانک طور پر ؛ ایک دم سے -
suddenness, *n.* : اچانک ھونا ؛ فوری ھونا -
Sudoriferous, *a.* : پسینہ پیدا کرنے والے ' معرق (غدود) -
Sudorific, *a.* & *n.* : (۱) پسینہ لانے والی ؛ عرق آور - (۲) معرق (دوا) -
Sudra, *n.* : شودر ؛ ھندوؤں کی چار ذاتوں میں سب سے ادنیٰ ذات -
Suds, *n.* pl. : صابن کا پھین یا جھاگ (soap - s.) -
Sue, *v. t* & *i.* : (۱) نالش کرنا ؛ استغاثہ کرنا ؛ دعویٰ کرنا؛ مقدمہ چلانا - (۲) درخواست دینا ؛ عرضی دینا؛ (عدالت میں) التجا کرنا ؛ درخواست کرنا (خصوصاً شادی کی) *s. woman's hand in marriage*)
s. out : (عدالت سے) حاصل کرنا ؛ نافذ کرانا -
Suede, *n.* : بکری کے بچے کی بن کمائی کھال (جس کے دستانے سلیپر وغیرہ بنتے ھیں) -
Suet, *n.* : گردے کی سخت چربی ؛ پیٹھہ کی چربی -
suety, *a.* : چربی دار -
Suf-, = *sub* : ان لاطینی الفاظ کے مشتقات سے پہلے آتا ھے جو "f-" سے شروع ھوں-
Suffer, *v. t.* & *i.* : (۱) سہنا ؛ جھیلنا ؛ برداشت کرنا ؛ اٹھانا ؛ (تکلیف ' مصیبت' نقصان وغیرہ) - (۲) مصیبت میں ھونا ؛ مصیبت اٹھانا ؛ اذیت پانا ؛ صدمہ اٹھانا ؛ تکلیف اٹھانا ؛ نقصان اٹھانا ؛ ٹوٹ جانا ؛ بےکار ھوجانا - (۳) مجرم کا سزاے قتل پانا ؛ گردن ماری جانا ؛ پھانسی ھونا - (۴) (کرنے کی) اجازت دینا ؛ ھونے دینا ؛ گوارا کرنا ؛ برداشت کرنا ؛ جائز رکھنا -
sufferable, *a.* : (عموماً حرف نفی کے ساتھہ) جائز ؛ جو گوارا کیا جا سکے ؛ قابل برداشت -
sufferer, *n.* : مصیبت اٹھانے والا ؛ مصیبت زدہ ؛ نقصان اٹھانے والا -
suffering, *n.* : تکلیف ؛ اذیت ؛ مصیبت ؛ غم و محن -
Sufferance, *n.* : (۱) (قدیم) فرماں برداری ؛ اطاعت شعاری؛ عجز ؛ فروتنی - (۲) مرضی ' منشاء (جو خاموش رھنے یا اعتراض نہ کرنے سے ظاھر ھو) -
on s. : بغیر صریحی اجازت کے ؛ محض مروت یا چشم پوشی کی بنا پر -
Suffete, *n.* : (قدیم کارتھیج کے دو چیف مجسٹریٹوں میں سے ایک) چیف مجسٹریٹ -
Suffice, *v. i.* & *t.* : (۱) کافی ھونا ؛ کفایت کرنا - (۲) ضرورت کو پورا کرنا ؛ کافی ھونا (کسی شخص کے لئے) -
s. it to say that : بس اتنا کہہ دینا کافی ھے کہ -
sufficingly, *adv.* : کافی طور پر -

Sufficiency, *n.* : (۱) (قدیم) کافی ہونا - (۲) (قدیم) لیاقت ؛ قابلیت ؛ استعداد - (۳) آسودگی ؛ فراغت ؛ خوش حالی - (۴) کافی مقدار -

Sufficient, *a. & n.* : (۱) کافی ؛ وافی - (۲) (قدیم) لائق ؛ قابل - (۳) (زیادہ تر سوقیانہ) کافی مقدار -

sufficiently, *adv.* : کافی طور پر -

Suffix, *v. t.* : (الفاظ بنانے میں) لاحقے کے طور پر لگانا ؛ لاحق کرنا (حرف یا بول) -

Suffix, *n.* : لاحقہ -

Suffocate, *v. t. & i.* : (۱) گلا گھونٹنا ؛ دم گھونٹنا ؛ گلا گھونٹ کر مار ڈالنا - (۲) سانس روک دینا ؛ گلو گرفتہ کر دینا ؛ (جوش غم وغیرہ کا) گلو گیر ہونا - (۳) دم گھٹنا ؛ دم چڑھ جانا -

suffocatingly, *adv.* : اس طرح یا اس حد تک کہ دم گھٹ جائے -

suffocation, *n.* : (۱) گلا گھونٹنا ؛ گلا گھونٹ کر مار ڈالنا - (۲) گھمس ؛ سخت حبس -

Suffragan, *a. & n.* : (۱) نائب اسقف ؛ مددگار اسقف (s. bishop) - (۲) (اسقف اعظم کے مقابلے میں) اسقف -

suffraganship, *n.* : نائب اسقف کا عہدہ یا عہد کارکردگی -

Suffrage, *n.* : (۱) رائے ؛ ووٹ - (۲) (مجازاً) تائید (ایک چیز کی دوسرے کے مقابلے میں) ؛ ترجیح - (۳) حق رائے دہندگی ؛ رائے دہندگی - (۴) (کلیسا) چھوٹی سی دعا یا مناجات (جو گرجے میں حاضرین پادری کی دعا کے جواب میں پڑھتے ہیں) - (۵) (قدیم) دعائے شفاعت ؛ دعا جو شفاعت یا بخشش کے لیے پڑھی جائے -

manhood s. : مردوں کی عام رائے دہندگی (جس میں جائداد وغیرہ کی قید نہ ہو، ہر مرد ووٹ دے سکے) -

adult s. : بالغوں کی عام رائے دہندگی -

universal s. : مرد عورت کی عام رائے دہندگی -

Suffragette, *n.* : حق رائے کی خواستگار عورت (یہ نام مزاحاً رکھا گیا تھا) -

Suffragist, *n.* : وہ شخص جو حق رائے دہندگی کو اہم سمجھتا ہو (خصوصاً اس کی توسیع کو) ؛ توسیع رائے دہندگی کا حامی -

Suffuse, *v. t.* : (رنگ یا کسی قسم کی رطوبت کا کسی چیز پر) چھا جانا ، دوڑ جانا ، پھیل جانا -

suffusion, *n.* : چھا دینا ؛ چھا جانا ؛ دوڑ جانا -

Sufi, **Sofi**, *n.* : صوفی -

sufic, **sofic**, *a.* : صوفیانہ ؛ متصوفانہ -

sufism, **sofism**, *n.* : تصوف ؛ صوفیت -

Sug-, = **Sub** : ان لاطینی الفاظ اور ان کے مشتقات کے ساتھ آتا ہے جو "g" سے شروع ہوتے ہیں -

Sugar, *n. & v. t. & i.* : (۱) شکر ؛ قند ؛ کھانڈ ؛ بورا ؛ چینی - (۲) میٹھی باتیں ؛ روغن قاز ؛ چرب زبانی - (۳) (کیمیا) شکر (ایک کیمیاوی مادہ جو حیوانات اور نباتات میں موجود ہے) - (۴) شکر ڈالنا ؛ شکر سے میٹھا کرنا ؛ شکر لپیٹنا - (۵) (مجازاً) (کسی چیز کی تلخی کو) میٹھی باتوں سے چھپانا ؛ چاپلوسی کی باتوں سے خوش گوار بنا دینا - (۶) (مہذب لوگ "damn" کے بجائے استعمال کرتے ہیں) - (۷) سستی سے کام کرنا ؛ بے دلی سے کام کرنا ؛ بیگار ٹالنا -

s.-basin : شکر دانی ؛ شکر دان -

s.-bean : پھلیوں کی ایک قسم ، جیسی چھوٹی قسم کی پھلیاں -

s.-beet : میٹھا چقندر (جس سے شکر بنتی ہے) -

s.-bird : ایک پرند جو پھولوں کا رس پیتا ہے -

s.-candy : مصری ؛ قند -

s.-cane : گنا -

s.-gum : آسٹریلیا کا ایک گوند کا درخت جس کے پتے میٹھے ہوتے ہیں -

s.-house : کھنڈ سال -

s.-maple : شکر ماپل ؛ ایک قسم کا درخت جس سے شکر بنتی ہے -

s.-mill : رس نکالنے کا کولھو ؛ رس نکالنے کی کل -

s.-mite : ایک قسم کا کیڑا جو کچی کھانڈ میں کثرت سے پایا جاتا ہے ؛ بھوری چیونٹی -

s.-orchard : "s. maple" کے درختوں کا باغ -

s.-plum : ایک قسم کی مٹھائی جو شکر سے بنتی ہے ؛ نقل -

s.-refiner : کچی شکر کو صاف کرنے والا ؛ شکر ساز -

s.-refinery : کچی شکر کو صاف کرنے کا کارخانہ ؛ شکر سازی -

s.-tongs : شکر کے ڈلے اٹھانے کی چمٹی ؛ شکر گیر -

well, I am — sugared : لاحول ولا قوۃ -

sugarer, *n.* : سستی سے کام کرنے والا ؛ بیگار ٹالنے والا -

sugariness, *n.* : (۱) پر شکر وغیرہ ہونا - (۲) میٹھا پن ؛ چاپلوسی -

sugarless, *a.* : بے شکر کا -

sugary, *a.* : (۱) شکر لپٹا ہوا ؛ پر شکر ؛ شکر کے مزے کا - (۲) (مجازاً) میٹھی ؛ چاپلوسی کی ؛ خوشامد کی -

Suggest, *v. t.* : (۱) سجھانا ؛ خیال دلانا ؛ ذہن کو منتقل کرنا - (۲) تجویز کرنا ؛ رائے دینا ؛ قیاس یا خیال ظاہر کرنا -

I s. that : (وکیل جرح میں الزام لگاتے وقت کہتے ہیں) میرا یہ خیال ہے کہ ؛ کہیں ایسا تو نہیں ہے کہ -

thing suggests itself : یہ خیال پیدا ہوتا ہے ، ذہن میں آتا ہے -

Suggestible, *a.* : (۱) قابل تجویز ؛ سجھانے کے قابل - (۲) جو عمل توجہ سے متاثر ہو سکے ؛ توجہ پذیر -

suggestibility, *n.* : (۱) قابل تجویز ہونا - (۲) توجہ پذیری -

Suggestio falsi (-tio), *n.* : گمراہ کرنے والا قول یا بیان ؛ ایسی بات جس میں صریحی غلط بیانی نہ ہو مگر سننے والے کے دل میں غلط خیال پیدا کر دے -

Suggestion, *n.* : (۱) سجھانا ؛ تحریک ذہنی ؛ اشارہ ؛ ایہام - (۲) تجویز ؛ خیال ؛ قیاس (جو کسی نے ظاہر کیا ہو) - (۳) شہوت انگیز یا گندے خیالات پیدا کرنا ؛ شائبہ فحش - (۴) توجہ ؛ عمل توجہ (hypnotic s.) -

full of s. : معنی خیز ؛ پر معنی ؛ محرک خیال

suggestive, *a.* : (۱) معنی خیز ؛ محرک خیال - (۲) گندے خیالات پیدا کرنے والا ؛ جس میں فحش کا شائبہ ہو -

suggestively, *adv.* : (۱) معنی خیز طور پر - (۲) شائبہ فحش کے ساتھ -

suggestiveness, *n.* : (۱) معنی خیزی ؛ محرک خیال ہونا -

(۲) گندے خیالات پیدا کرنے کی صلاحیت؛ شائبہ نقش رکھنا -

Sui, : (لاطینی لفظ "suus" بہ معنی خود کی حالت اضافی) اپنا -

s. generis : اپنی نظیر آپ ؛ بے نظیر ؛ بے مثل ؛ یکتا -

s. juris : بالغ و عاقل ؛ خود مختار -

Suicide, *n.* : (۱) خود کشی کرنے والا - (۲) (قانون) صحیح العقل اور بالغ خود کشی کرنے والا - (۳) خود کشی - (۴) کوئی ایسا فعل جو خود کشی کے برابر ہو یعنی خود اپنے مقاصد کے لئے مہلک ہو ؛ اپنے پیر پر آپ کلہاڑی مارنا -

race s. : فنائے نسل (خود اس قوم کی غفلت کی وجہ سے) -

to commit political s. : اپنی سیاسی حیثیت یا شہرت کو برباد کر دینا ؛ سیاسی خود کشی کرنا -

to commit s. : ارتکاب خود کشی کرنا؛ خود کشی کرنا -

suicidal, *a.* : خود کشی کے متعلق ؛ مائل بہ خود کشی - (۲) خود اپنے اغراض کے لئے مہلک -

suicidally, *adv.* : خود کشی کے ذریعے ؛ خود کشی کے انداز سے -

Suilline, *a.* : سور کی قسم کا (جانور) ؛ خنزیری -

Suit *n. & v. t. & i.* : (۱) درخواست ؛ عرضداشت ؛ شادی کی درخواست ؛ شادی کی بات چیت - (۲) (law-s.) مقدمہ - (۳) (تاش) رنگ ، بازی - (۴) کسی رنگ کے وہ پتے جو ایک شخص کے حصے میں آئیں - (۵) (کپڑوں کا) سوٹ ؛ جوڑا (خصوصاً وہ جس میں ایک ہی کپڑے کا کوٹ ، واسکٹ اور پتلون یا نیکر یا برجس ہو) - (۶) (جدید استعمال) زنانہ جوڑا (۲ ، ۳ یا ۴ کپڑوں کا) - (۷) بادبان کا جوڑ ؛ کئی باد بان جو ایک ساتھ لگائے جائیں - (۸) زرہ بکتر کا جوڑ - (۹) مطابق کرنا ؛ موزوں یا مناسب بنانا ؛ جو کہنا وہ فوراً کر دکھانا (*s. the action to the word*) - (۱۰) مناسب ہونا؛ موزوں ہونا ؛ مطابق ہونا ؛ قرین مصلحت ہونا - (۱۱) (غذا ، آب و ہوا کا) موافق آنا ؛ راس آنا ؛ مفید ثابت ہونا - (۱۲) (کسی چیز کے ساتھ) کھپنا ؛ میل کھانا - (۱۳) پھبنا ؛ زیب دینا - (۱۴) آرام دہ ہونا ؛ باعث سہولت ہونا ؛ اس تاریخ میں میرے لیے سہولت ہے (*the date suits me*) -

dress-s. : شام کے کپڑے -

follow s. : (۱) جس رنگ کا پتہ پہلے کھیلا گیا ہو اسی کا پتہ چلنا - (۲) وہی کرنا (جو دوسرا کرے) -

it suits my book : میری مصلحت اس میں ہے ؛ میرے لیے مناسب یہ ہے -

make s. : عاجزانہ اصرار سے التجا کرنا -

s.-case : سوٹ کیس ؛ چمڑے کا چھوٹا صندوق -

s. yourself : (۱) جو جی چاہے کرو - (۲) اپنی پسند کے مطابق انتخاب کرلو - (۳) اپنی پسند کا آدمی ڈھونڈھ لیجیے (نوکر ترک ملازمت کا نوٹس دیتے وقت کہتے ہیں) -

suited to : موزوں ؛ مناسب ؛ مطابق ؛ مطابق ہونا ؛

اپنے وعدے یا دھمکی پر فوراً عمل کرنا -

suiting, *n.* : سوٹ کا کپڑا -

Suitable, *a.* : موزوں ؛ مناسب ؛ ٹھیک ؛ درست ؛ سزاوار ؛ شایاں ؛ مناسب حال ؛ مناسب موقع -

suitability, suitableness, *nn.* : موزونیت؛ مناسبت؛ ٹھیک ہونا ؛ درست ہونا ؛ زیبا ہونا -

suitably, *adv.* : موزوں طور پر ؛ مناسب انداز سے ؛ مناسب اسلوب سے ؛ موقع کی مناسبت سے -

Suite, *n.* : (۱) خدم و حشم ؛ نوکر چاکر ؛ کسی رئیس کے ملازم جو اس کی جلو میں یا ہم رکاب ہوں - (۲) ایک قسم کی چیزوں کا سلسلہ ؛ جوڑ -

s. of furniture : فرنیچر کا جوڑ -

s. of rooms : کمروں کا جوڑ -

Suitor, *n.* : (۱) فریق مقدمہ ؛ مدعی یا مدعا علیہ - (۲) سائل ؛ درخواست کنندہ ؛ عرضی گزار ؛ داد خواہ - (۳) عاشق ؛ طالب (شادی کا)؛ خواستگار ؛ امیدوار -

suivez (sweva) : (موسیقی کی ہدایت ، ساتھی یا تال دینے والے کو) سر ملاو ؛ تال ملاو (گانے والے یا بجانے والے سے) -

Sukey (soo-) *n.* (*black S.*) : (بول چال) کیتلی -

Sulcate, *a.* : (نباتیات؛ تشریح) گہری لکیریں جس میں چھوٹی چھوٹی نالیاں یا جھریں بنی ہوں ؛ خیارہ دار -

Sulk, *n. & v. i.* : (۱) روٹھنے کا دورہ ؛ اداسی اور آزردگی کی حالت - (۲) روٹھا ہوا ہونا ؛ اداس اور آزردہ ہونا -

to be in the ss. : منہ پھلا کر یا منہ تھتھا کر بیٹھنا -

Sulky, *a. & n.* : (۱) روٹھا ہوا ؛ خفا خفا ؛ اداس اور آزردہ ؛ اداسی اور آزردگی کا ؛ تیکھا ؛ اکل کھرا ؛ اکل کھرے پن کا - (۲) ایک قسم کی ہلکی دو پہیوں کی گاڑی جس میں ایک گھوڑا جوتا جاتا ہے اور ایک آدمی بیٹھتا ہے ؛ ٹم ٹم -

sulkily, *adv.* : اداسی اور آزردگی سے ؛ منہ پھلا کر ؛ تیکھے پن سے ؛ اکل کھرے پن سے -

sulkiness, *n.* : روٹھا ہوا ہونا ؛ اداسی اور آزردگی ؛ تیکھا پن ؛ اکل کھرا پن -

Sullage, *n.* : غلیظ ؛ موری کی کیچڑ -

Sullan, *a.* : (تاریخ روما) سلّا کا ؛ سلّا کا بنایا ہوا ؛ سلّا کا نافذ کیا ہوا (*Cornelius Sulla* سے منسوب) -

Sullen, *a. & n.* : (۱) خفا ؛ بیزار ؛ آزردہ اور افسردہ - (۲) خفگی کا ؛ آزردگی کا ؛ اکھڑا اکھڑا - (۳) اکل کھرا ؛ بد مزاج اور ضدی - (۴) تیرہ و تار ؛ اداس - (۵) (اسم- جمع) برہمی ؛ خفگی ؛ آزردگی اور افسردگی (*the ss.*) -

sullenly, *adv.* : خفگی سے ؛ آزردگی سے ؛ اکل کھرے پن سے -

sullenness, *n.* : برہمی ؛ خفگی ؛ آزردگی اور افسردگی ؛ اکل کھرا پن -

Sully, *v. t.* : (۱) (عموماً شعر میں) آلودہ کرنا ؛ میلا کرنا - (۲) (مجازاً) داغ لگانا ؛ دھبا لگانا ؛ آب و تاب یا شان کم کردینا ؛ بٹا لگانا ؛ داغدار کردینا ؛ آلودہ کردینا -

Sulph(o)-, : (سابقہ) " *sulphur* " کی ترکیبی صورتیں بہ معنی گندھک کا ؛ کبریتی -

sulphamate : کبریتی تیزاب کا نمک ؛ اس قسم کے تیزاب کا نمک -

sulphamic : گندھک کے امونیا سیز تیزاب کا -

sulphate : سلفیٹ ؛ گندھک کے تیزاب کا نمک -

sulphate of copper : تانبے کا سلفیٹ ؛ نیلا تھوتھا -

sulphate of iron : لوہے کا سلفیٹ -

sulphate of magnesium : مگنیشیم سلفیٹ؛ اپسم سالٹ -

sulphate of sodium : سوڈیم سلفیٹ ؛ معمولی نمک؛ کھانے کا نمک -

sulphate of zinc : زنک سلفیٹ -

sulphide : سلفائڈ ؛ گندھک اور کسی عنصر یا جز و مستقل کا مرکب -

sulphite : (۱) سلفائٹ : سلفورس ایسڈ کا نمک - (۲) (امریکا ، عامیانہ) آزادمنش مگر خود غرض -

sulphocyanic : گندھک اور سائی نوجن کا مرکب -

sulph(o)indigotic : گندھک کے تیزاب اور نیل کا مرکب -

sulphonal : ایک خواب آور متخدر دوا -

sulphovinic : گندھک کے تیزاب اور الکحل کا مرکب -

Sulphur, *n.* & *v. t.* : (۱) گندھک ، کبریت ؛ گو گرو - (۲) ایک قسم کی زرد تتلی - (۳) ھلکا سبزی مائل زرد - (۴) گندھک ملانا ؛ گندھک لگانا - (۵) گندھک کی دھونی دینا -

flower of s : گندھک کا اڑایا ھوا سفوت -

milk of s. : گندھک کا سفوت -

stick -s. , roll- s. : قلمی صاف کی ھوئی گندھک ؛ گندھک کی بتی -

s.-bottom: بحرالکاہل کی ایک وھیل مچھلی -

s.-ore: لوھے اور گندھک کا مرکب -

s.-spring : ایسا چشمہ جس کے پانی میں گندھک ملی ھو ؛ گندھک کا چشمہ -

s.-wort : ایک قسم کا پودا جس کے پتے زرد ھوتے ھیں -

sulphury, *a.* : گندھک کا ؛ کبریتی ؛ گندھک کا سا -

Sulphurate, *v. t.* : گندھک سے صاف کرنا ؛ گندھک کی دھونی دینا -

sulphuration, *n.* : گندھک سے صاف کرنا یا کیا جانا ؛ گندھک کی دھونی دینا -

sulphurator, *n.* : وہ آلہ جس سے (اون وغیرہ) گندھک کی دھونی دیکر صاف کرتے ھیں -

Sulphureous, *a.* : (۱) گندھک کا ؛ گندھک کا سا - (۲) (نباتیات) کبریت گون ؛ ھلکے سبزی مائل زرد رنگ کا -

Sulphuretted, *a.* : گندھک ملی ھوئی -

s.hydrogen : ایک شفاف بے رنگ بد بودار گیس

Sulphuric, *a.* : (کیمیا) جس میں گندھک آکسیجن وغیرہ کی زیادہ مقدار کے ساتھہ مرکب ھو ؛ سلفورک -

s. acid : کبریتی تیزاب ؛ گندھک کا تیزاب -

s. ether : ایتھر ، ایک کیمیاوی مرکب -

Sulphurize, (-er,-ur-) *v. t.* : گندھک سے صاف کرنا ؛ گندھک کی دھونی دینا -

sulphurization, *n.* : گندھک سے صاف کرنا یا کیا جانا ؛ گندھک کی دھونی -

Sulphurous (er, -ur-) *a.* : (کیمیا) جس میں گندھک آکسیجن وغیرہ کم مقدار کے ساتھہ مرکب ھو ؛ سلفورس -

s. acid : سلفورک ایسڈ -

Sultan, *n.* : (۱) سلطان - (۲) " *Rail* " ریل کے خاندان کا ایک پرند - (۳) ایک طرح کا سفید مرغ جو ترکی سے آتا ھے -

sweet s : باغ کے ایک پھول کا نام

the S. : (تاریخ) سلطان ترکی -

yellow s. : باغ کے ایک پھول کا نام -

sultanate, *n.* : سلطنت -

Sultana *n* : (۱) سلطانہ (سلطان کی والدہ یا بیوی یا بیٹی) - (۲) بادشاہ کی حرم - (۳) ایک پرند (جسے " *sultan* " بھی کہتے ھیں) - (۴) سونا کی کشمش (جس میں بیج نہیں ھوتا ھے - پتنگ کیک وغیرہ میں پڑتی ھے) -

Sultaness, *n.* : سلطانہ -

Sultry, *a.* : (فضا یا موسم) جس میں گرمی اور امس ھو؛ گھمس- گھمس کے ساتھہ -

sultrily, *adv.* : گھمس کے ساتھہ -

sultriness, *n.* : گرمی اور امس؛ گھمس-

Sum, *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) میزان ؛ حاصل جمع ؛ مجموعہ - (۲) خلاصہ ؛ ملخص - (۳) رقم ؛ مبلغ - (۴) حساب کا سوال - (۵) میزان لگانا - (۶) (تقریر ، بحث وغیرہ کا) آخر میں خلاصہ کرنا -

in s. : خلاصہ یہ کہ -

s. up : جج کا فریقین کی بحث ، شہادت وغیرہ کے ختم ھونے کے بعد اس کی تلخیص کرنا ؛ خلاصہ بیان کرنا ؛ رو داد مقدمہ کا خلاصہ بیان کرنا -

summing up : رو داد مقدمہ کی تلخیص -

Sumac(h) (-k, also shoomak), *n.* : سماق ، ایک قسم کی جھاڑی ؛ اس کی سکھائی اور پسی ھوئی پتیاں جو چمڑے کے رنگنے اور کمانے میں کام آتی ھیں -

Sumerian, *a.* & *n.* : (۱) (آثار قدیمہ) سمیری ؛ بابل کی غیر سامی تہذیب کے متعلق - (۲) سمیری زبان- (۳) سمیری قوم کا شخص -

Summarize, *v. t.* : (۱) خلاصہ کرنا ؛ ملخص کرنا ؛ تلخیص کرنا ؛ لب لباب بیان کرنا - (۲) خلاصہ ھونا ؛ لب لباب ھونا-

summarist, *n.* : خلاصہ کرنے والا -

Summary, *a.* & *n.* : (۱) مختصر اور جامع (*s. account*) - (۲) سرسری ؛ جو بہت عجلت سے بغیر زیادہ چھان بین یا تحقیقات کے کردیا جائے - (۳) خلاصہ ؛ ملخص ؛ تلخیص ؛ لب لباب -

s. method. : سرسری طریقہ؛ استبدادی طریقہ ؛ کھرا کھیل -

s.jurisdiction : سرسری فیصلے کا اختیار -

summarily, *adv.* : سرسری طور پر ؛ بہت عجلت سے ؛ کھڑے گھاٹ -

Summation, *n.* : جمع ؛ جوڑ ؛ میزان -

Summer, *n.* & *v. i.* & *t.* : (۱) گرمی ؛ گرما ؛ موسم گرما ؛ تابستان (مئی جون جولائی کے مہینے)؛ (ھیئت کی اصطلاح) صیف (۲۱ جون سے ۲۱ ستمبر تک کا زمانہ) - (۲) (جمع) عمر کے سال؛ دس سال کا بچہ (*a child of ten ss.*) - (۳) گرمی کا؛ جو گرمی کے لیے مناسب ھو - (۴) گرمی کا موسم بسر کرنا ؛ گرمی کا موسم گزارنا (*s. at, s. in*) - (۵) چرانا(مویشی کو گرمیوں میں) -

Indian s. : دیکھو Indian -

St Luke's s. : ۱۸ اکتوبر سے کچھہ پہلے یا بعد کا زمانہ جس میں عموماً آسمان صاف رھتا ھے اور خوب دھوپ نکلتی ھے -

St Martin's s.: وہ خوشگوار موسم جو یوم مارٹن (۱۱ نومبر) سے کچھ پہلے اور بعد ہوتا ہے -

s.-house : چھوٹا سا بنگلہ جو باغ وغیرہ میں بیٹھنے کے لیے بنا لیتے ہیں -

s. lightning : دور کی بجلی کی لپک (جس کے ساتھ گرج نہ سنائی دے) -

s. school : ان لکچروں کا منظم سلسلہ جو تعطیل کلاں کے زمانے میں ہوتے ہیں (خصوصاً یونیورسٹی میں) -

s. time : گرمیوں کا وقت جو معمولی وقت سے ایک گھنٹہ آگے ہوتا ہے ؛ (یورپ کے کئی ملکوں میں موسم بہار اور گرما میں گھڑیاں ایک گھنٹہ آگے کردی جاتی ہیں تاکہ کار و بار ختم ہونے کے بعد سورج کی روشنی سے زیادہ دیر تک فائدہ اٹھایا جاسکے) -

s. time or summertime : موسم گرما ؛ گرمی کی فصل -

summerless, *a.* : بے گرما ؛ بے تابستان ؛ جہاں موسم گرما نہ ہوتا ہو -

summerly, summery, *aa.* : موسم گرما کا ؛ گرمیوں سے مخصوص ؛ گرمیوں کا سا -

Summer, summer-tree, *nn.* : داسا ؛ داسہ ؛ بڑا شہتیر جو چھت کی کڑیوں کا بوجھ سنبھالتا ہے -

Summersault,-set : دیکھو Somersault -

Summit, *n.* : (۱) چوٹی ؛ سب سے اونچا سرا - (۲) منتہا ؛ معراج ؛ کمال -

summitless, *a.* : بے چوٹی کا -

Summon, *v. t.* : (۱) بلا بھیجنا ؛ طلب کرنا ؛ بلا کر جمع کرنا - (۲) سمن جاری کرنا ؛ اطلاع نامہ جاری کرنا ؛ سمن بھیج کر بلانا ؛ عدالت میں طلب کرنا - (۳) (شہر قلعے وغیرہ کے لوگوں کو) پیام بھیجنا کہ اطاعت قبول کر لو ؛ اطاعت کا مطالبہ کرنا -

s.up : (ہمت) باندھنا ؛ (حوصلہ) کرنا -

Summons, *n.* (pl. - ses) &*v. t.* : (۱) طلبی ؛ حاضری کا حکم ؛ بہت تاکید یا اصرار کے ساتھ بلانا یا بلایا جانا ؛ تاکیدی دعوت - (۲) سمن ؛ اطلاع نامہ - (۳) سمن پہنچانا ؛ (کسی شخص پر) سمن کی تعمیل کرنا -

Summum bonum, n. : خیر اعلیٰ ؛ سب سے برتر مقصد جو کسی نظام اخلاق میں اخلاقی عمل کی غایت سمجھا جاتا ہو -

Sump, *n.* : کان، میشن وغیرہ کی فالتو سیال شئے؛ (پانی یا تیل) کا خزانہ -

Sumpter, *n.* : (قدیم) لدو گھوڑا یا ٹٹو ؛ باربرداری کا گھوڑا یا ٹٹو -

s. - horse,-mule, - pony: باربرداری کا خچر -

Sumption, *n.* : کبریٰ ؛ قیاس منطقی کا مقدمہ کبریٰ -

Sumptuary, *a.* : مصارف کا ؛ مصارف کے متعلق -

s.law : قانون مصارف (جس کی رو سے افراد کے مصارف ریاست کی مصلحتوں کو مدنظر رکھ کر محدود کر دیے جائیں) -

s. edict : فرمان متعلق مصارف -

Sumptuous, *a.* : (۱) بیش بہا ؛ نہایت قیمتی ؛ گراں قدر - (۲) مکلف ؛ پر تکلف -

sumptuously,*adv.* : قیمتی ساز و سامان سے؛ نہایت تکلف سے -

sumptuousness, *n.* : بیش بہا ہونا ؛ پر تکلف ہونا -

Sun,*n.* &*v.t.*&*i.* : (۱) سورج ؛ آفتاب ؛ مہر ؛ شمس - (۲) سورج کی روشنی یا گرمی ؛ دھوپ - (۳) شمس (جمع شموس)؛ ایسا ستارہ جس کے گرد اقمار یعنی سیارات ثانویہ گردش کرتے ہیں - (۴) (چھت میں لٹکانے کی) بڑی قندیل یا فانوس (جس کے اندر بجلی یا گیس کی بہت سی بتیاں اکٹھی جلتی ہیں) - (۵) دھوپ دینا؛ دھوپ کھانا (s. oneself) -

a place in the s.: (مجازاً) ممتاز حیثیت ؛ نمایاں حیثیت -

against the s. : غیر ساعت وار ؛ گھڑی کی سوئی کے برعکس -

hail or adore the rising s. : جن لوگوں کے ہاتھ قوت یا حکومت نئی آئی ہو یا آنے والی ہو ان کی خوشامد کرنا -

his,its s. is set: : اس کا آفتاب اقبال غروب ہوگیا ؛ اس کے عروج کا زمانہ ختم ہوگیا -

in the s. : دھوپ میں -

let not the s. go down upon your wrath : صبح کا غصہ شام تک بھول جاو ؛ غصہ دن بھر سے زیادہ نہیں رہنا چاہیئے -

make hay while the sun shines: (دیکھو HAY)

mock s.: آفتاب کاذب ؛ سورج کے ہالے میں سب سے زیادہ روشن مقام -

nothing is new under the s.: دنیا میں کوئی شئے نئی نہیں ہے -

on which the s. never sets. : عالمگیر سلطنت -

Order of the Rising S. : جاپان کا ایک اعزاز ؛ شمس طالع کا نشان یا تمغہ -

s. and planet : مشین کا وہ گیئر جس میں ایک چھوٹی دندانے دار چرخی اپنے دھرے پر گھومتی جاتی ہے اور ایک بڑے پہیے کو چھوتی ہوئی اس کے آس پاس چکر کاٹتی ہے اور اسے حرکت میں لاتی ہے ؛ چکر گیئر -

s.-bath: ننگے بدن دھوپ کھانا ؛ دھوپ کا غسل ؛ دھوپ نہان -

s.-beam : سورج کی کرن ؛ آفتاب کی شعاع -

s.-bird: ایک چھوٹا سا پرندہ جس کے پروں کا رنگ بہت سرخ ہوتا ہے -

s.-blind: کھڑکی کا سائبان -

s.-bonnet: چھتر ٹوپ ؛ ایک طرح کی ٹوپی جس کے آگے اور پیچھے سایہ سی چھجا ہوتا ہے -

s.-bow : چھوٹی سی قوس قزح جو سورج کی روشنی، صابون وغیرہ کے جھاگ پر پڑنے سے نظر آتی ہے -

sunburn: دھوپ میں سونلانا -

sunburnt,sun-burned : دھوپ میں جھلسا ہوا ؛ دھوپ میں سونلایا ہوا -

s.-burner: دیکھو معنی نمبر (۴) -

sunburst: (۱) پھلجھڑی ؛ مہتابی - (۲) کوئی زیور جو اس شکل کا ہو جیسے کرنوں کے بیچ میں سورج -

s.-dance: ایک قسم کا ناچ ہے جو شمالی امریکہ کے اصلی باشندے سورج کی پرستش کرتے وقت ناچتے ہیں -

sundew: ایک قسم کا چھوٹا سا پودا جو دلدل میں اگتا ہے اور اس کے پتوں پر نمی کے قطرے جھلکتے ہیں -

s.-dial: دیکھو Dial -

s.-dog : دیکھو (1) Dog -

sundown : غروب آفتاب -

sundowner : (اسٹریلیا کا مال کا جہاز) جو بندرگاہ پر شام کے وقت پہنچا کرتا ہے -

s.-dried : دھوپ میں سکھایا ہوا -

sunfish : بہ ایک بڑی مچھلی ھے جس کی شکل قریب قریب کروی ہوتی ھے ؛ سورج مچھلی ؛ گول مچھلی -

sunflower : (۱) سورج مکھی - (۲) اور کوئی پھول جو رنگ اور شکل میں اُس سے مشابہ ھو -

s.-glow : سورج کا ھالہ -

s.-god: سورج دیوتا -

s.-hat, s.-helmet: دھوپ ھیٹ ؛ دھوپ ٹوپ ؛ وہ ھیٹ جو شکل یا کپڑے وغیرہ کے اعتبار سے دھوپ روکنے کےلئے مناسب ھو -

s. - myth, solar-myth : دیکھو Solar

s.-picture: عکسی تصویر ؛ فوٹو -

s.-rays: بنفشئی شعاعیں جن سے مریضوں کا علاج کرتے ھیں -

sunrise: طلوع آفتاب -

sunset : (۱) غروب آفتاب - (۲) مغربی افق جس پر غروب آفتاب کے وقت خوشنما رنگ نظر آتے ھیں - (۳) غروب آفتاب کے رنگ کا ؛ جس میں اس طرح کے رنگ ھوں جیسے غروب آفتاب کے وقت مغربی افق پر نظر آتے ھیں -(۴) آخری عمر ؛ شام زندگی -

sun sets : آفتاب غروب ھوتا ھے -

s. shade : (۱) دوکان کے آگے کا سائبان (کرمچ وغیرہ کا) - (۲) زنانہ چھتری -

s. shine : (۱) سورج کی روشنی ؛ دھوپ - (۲) وہ حصہ جو سورج کی روشنی میں ھو - (۳) صاف موسم ؛ اچھا موسم (جب آسمان کھلا ھو) - (۴) (مجازاً) خوشدلی ؛ شادمانی -

s. -shine recorder : آفتاب پیما ؛ وہ آلہ جس سے یہ معلوم ھو جاتا ھے کہ سورج کی روشنی کتنی دیر رھی -

s. -shine roof : سیلون موٹر کار کی چھت جو آگے پیچھے ھٹتی ھے -

s. -snake. : شمالی یورپ کے ایک زیور کو کہتے تھے جس کی شکل حرف " S " کی سی ھوتی تھی اور جس کے بیچ میں ایک دائرہ ھوتا تھا -

s.-spot. : سیاہ دھبے سے جو آفتاب میں کبھی کبھی نظر آتے ھیں ؛ آفتاب کے داغ -

s. -star : سرخ رنگ کی تارا مچھلی (starfish) -

s. -stone : (quartz) سنگ مروہ کی بعض قسموں کا نام -

sunstroke, : لو کا اثر ؛ گرمی کا اثر ؛ حرارت یا بخار جو گرمی کی شدت سے ھو جائے -

s. -up : (امریکا اور مقامی) طلوع آفتاب -

s.' s eyelashes = s. drawing water: (جہازی) سورج کی شعاعیں جو بادل کے شگاف سے گزر کر ھوا کے منتشر ذرات کو روشن کرتی ھیں اور متوازی خطوط میں مقیش کے سہرے کی طرح نظر آتی ھیں ؛ سورج کا سہرا -

s.-worship : آفتاب پرستی -

s. -worshipper : آفتاب پرست -

s. of righteousness, : شمس دیانت ؛ مہر صداقت ؛ حضرت مسیح کا لقب -

to take the s. : دھوپ کھانا -

to hold candle to the s. : لاحاصل کام کرنا ؛ سورج کو چراغ دکھانا -

to shoot the s., to take the s. : (جہاز رانی) (ماہیانہ) عرض البلد کا تعین کرنے کے لئے سورج کی بلندی معلوم کرنا -

the midnight s. : آفتاب نیم شب (قطب جنوبی اور قطب شمالی کے علاقے میں آدھی رات کو بھی سورج نظر آتا ھے) -

to rise with the s. : سویرے اٹھنا ؛ سورج نکلتے ھی اٹھنا -

to see the s. : زندہ ھونا -

to sun oneself : دھوپ کھانا -

with the s. : ساعت وار ؛ گھڑی کی سوئی کے نیم رخ دائرے میں اس طور پر کہ جو شخص مرکز میں کھڑا ھو اسے اپنے بائیں ھاتھ سے داھنے ھاتھ کی طرف نظر آئے (کسی چیز کی حرکت) -

sunless, *a.* : بے دھوپ کا ؛ جہاں سورج کی روشنی نہ پہنچتی ھو -

sunlessness, *n.* : سورج کی روشنی اور گرمی سے محروم ھونا -

sunlike, *a.* : سورج کا سا ؛ آفتاب کی طرح کا -

sunproof, *a.* : دھوپ روک -

sunshiny, *a.* : (۱) سورج کی روشنی کا - (۲) نشاط انگیز ؛ مسرت خیز -

sunward, *a. & adv.* : سورج کی طرف ؛ سورج کی طرف کا -

sunwards, *adv.* : سورج کی طرف ؛ آفتاب کے رخ -

sunwise, *adv.* : سیدھا ؛ سیدھی جانب ؛ سیدھے رخ کا ؛ گھڑی کے رخ -

Sundae (-di), *n.* : (امریکا) آئس کریم اور کچلے ھوئے پھل یا جوز کا مرکب -

Sunday, *n.* : اتوار ؛ یکشنبہ ؛ یوم الاحد -

Hospital s. : دیکھو Hospital کا -

Low s. : دیکھو Low -

month of ss. : طویل مدت -

Palm s. : دیکھو Palm -

Rogation s. : دیکھو Rogation -

Show S. : دیکھو Show -

S. letter : " A " سے " G " تک کے سات حرفوں میں سے کوئی حرف جو کلیسا کی جنتری میں اتوار کو ظاھر کرتا ھو -

S. best : (مزاحاً) سب سے اچھا جوڑا (جو لوگ عموماً اتوار کو پہنتے ھیں) -

S. -school : سنڈے اسکول ؛ وہ مدرسہ جس میں اتوار کے دن دینیات کی تعلیم دی جاتی ھے -

Sunder, *v. t. & i.* : (۱) الگ کرنا ؛ جدا کرنا ؛ علحدہ کرنا ؛ علحدہ رکھنا - (۲) (شاذ) الگ ھونا ؛ جدا ھونا ؛ علحدہ ھونا -

sunderance, n.: علحدگی ؛ جدائی ؛ الگ کرنا یا کیا جانا -

Sundry, *a. & n.* : (۱) (زیادہ تر قدیم زبان میں یا مزاحاً) کئی ؛ متعدد ؛ چند - (۲) (جمع) متفرق چیزیں - (۳) متفرقات (کی مد) -

all and s. : ھر ایک ؛ ھر شخص -

Sung : دیکھو Sing -

Sunk (en): دیکھو Sink -

Sunn (-hemp), *n.* : سن ؛ سنئی -

Sunna (h), *n.* : سنت ؛ سنت رسول ؛ سنت محمدی -

sunni or sunnite, pr. -e *nn.* : سنی -

Sunnad, *n.* : سند -

Sunny, *a.* : (ا) روشن ؛ منور ؛ آفتاب سے منور ؛ آفتاب کی طرح روشن - (۲) (شاذ) آفتاب کا ؛ آفتاب کے متعلق - (۳) جہاں دھوپ آتی ہو ؛ دھوپ کا - (۴) شادمان ؛ شگفتہ (مزاج ' طبیعت) ؛ دل کشا (تبسم) ؛ فرحت بخش ؛ جانفزا -

s. side : (۱) دھوپ کا رخ - (۲) (مجازاً) روشن پہلو ؛ خوش آئند پہلو -

sunnily, *adv.* : شادمانی سے ؛ شگفتگی سے ؛ دلکشا یا جانفزا انداز سے -

sunniness, *n.* : (۱) منور ہونا ؛ آفتاب سے گرم اور روشن ہونا - (۲) شادمانی ؛ شگفتگی ؛ دلکشائی -

Sunnyasi, *n.* : سنیاسی -

Sup, *v. t. & i. & n.* : (۱) چمچہ چمچہ پینا ؛ چمچوں سے پینا ؛ تھوڑا تھوڑا سڑپنا - (۲) شام کو یا رات کو کھانا ؛ سونے سے پہلے ہلکی غذا کھانا - (۳) (میزبان کا) سپر کھلانا - (۴) (غذا کا کسی شخص کے لیے) سپر کا کام دینا ؛ گھونٹ ؛ چرعہ -

he must have a long spoon that sups with the devil بد معاشوں سے معاملے کی بات چیت کرنا خطر ناک کام ہے -

s. on or off : سپر میں کھانا (کوئی خاص غذا) -

Sup-, : (سابقہ) لاطینی الفاظ اور ان کے مشتقات کے ساتھ جو حرف " P " سے شروع ہوتے ہوں "Sub" کی بجائے لگایا جاتا ہے -

Super, *n. & a.* : (۱) (بول چال اور کاروباری گفتگو) زاید ایکٹر - (۲) زاید شخص جو مد فاضل میں ہو - (۳) غیر شخص ؛ وہ شخص جو مخل صحبت ہو - (۴) معمولی آدمی ؛ ایسا ویسا آدمی ؛ نتھو خیرا - (۵) (دوکاندار) اعلیٰ درجے کا کپڑا ؛ اعلیٰ درجے کی چیز - (۶) (صرف کثیر سے تیار کیا ہوا) بڑا فلم جو سنیما میں چھوٹی چیزوں کے بعد دکھایا جائے - (۷) اعلیٰ درجے کا - (۸) مربع مثلاً (120 s. ft.) -

Super-, **pref** : لاطینی سے متعلق سابقہ جو اوپر ' بالا ' فوق ' ورا کے معنی میں آتا ہے -

super numerum : (۱) لاطینی صفات اور ان کے مشتقات کے ساتھ مثلاً *supernumerary*, مقررہ تعداد سے زاید ' فاضل ؛ اس سے حسب ذیل مختلف معنی پیدا ہوتے ہیں - (الف) (بہ خط مستقیم کسی چیز کے اوپر) مثلاً -columnar, -humeral, (ب) بلند تر سطح پر مثلاً -aqueous, - terrene,- celestial, (ج) ماورا ؛ مافوق مثلاً -normal, -natural (۲) افعال ' صفات اور ان کے مشتقات کے ساتھ حسب ذیل معنی میں (الف) (ایک چیز کے) اوپر ؛ (دوسری چیز کے) اوپر کا ' بالائی ' اوپر سے ' مثلاً -impose, -scribe, -stratum (ب) اوپر سے دیکھنا ' مثلاً -intend, -stition, -vise (ج) علاوہ ' مثلاً -add-erogation (د) معمول سے زیادہ ' حد سے زیادہ مثلاً -eminent,-saturate, (۳) اسما کے ساتھ مل کر صفت بنانے میں حسب ذیل معنی پیدا کرتا ہے : (الف) اوپر کا ؛ بالائی ؛ اوپری ؛ بیرونی ؛ مثلاً - subtle, (ب) بلندتر ؛ وسیع تر مثلاً - canopy, -cilious, -hive (ج) دوسرے درجے کا ؛ ذیلی مثلاً - class - parasite, (د) (ریاضی کے الفاظ میں) زاید بہ قدر ؛ زائد بہ نسبت مثلاً - tuberation - bitertial, -biquintal

superabound, *v. i.* : کثرت سے ہونا ؛ بہ کثرت ہونا ؛ بہ افراط ہونا ؛ افراط سے ہونا ؛ بہتات ہونا -

superabundance, *n.* : زیادتی ؛ کثرت ؛ بہتات ؛ افراط -

superabundant, *a.* : کثیر ؛ وافر ؛ بہت زیادہ -

superabundantly, *adv.* : بہت کثرت سے ؛ بہ افراط -

superadd, *v. t.* : مزید اضافہ کرنا اور بڑھانا -

superaddition, *n.* : مزید اضافہ -

superaltar, *n.* : بالائی قربان گاہ ؛ وہ پتھر جس کی رسم تقدیس باضابطہ ادا ہوچکی ہو اور جو گرجے میں غیر تقدیس شدہ قربان گاہ کے اوپر رکھا گیا ہو -

superanal, *a.* : فوق مقعدی ؛ مقعد کے اوپر کا -

superangelic, *a.* : فرشتوں سے برتر ؛ فوق الملکی -

superannuate, *v. t.* : (۱) پیرانہ سالی کی وجہ سے کام کے نا قابل قرار دینا ؛ پیرانہ سالی کی وجہ سے قابل برطرفی یا قابل پینشن قرار دینا - (۲) پیرانہ سالی کی وجہ سے بر طرف کر دینا یا پینشن دیکر الگ کر دینا - (۳) اسکول کے لڑکے کو جس کی عمر زیادہ اور تعلیمی ترقی کم ہو قابل اخراج قرار دینا -

superannuated, *a.* : (۱) پیرانہ سالی کی وجہ سے کام کے ناقابل - (۲) فرسودہ ؛ پرانا اور بے کار -

superannuation, *n.* : (۱) پیرانہ سالی کی وجہ سے برطرف کرنا یا کیا جانا ؛ پینشن دینا یا دیا جانا - (۲) پیرانہ سالی کی پینشن -

superaqueous, *a.* : سطح آب کے اوپر کا ؛ فوق مائی ؛ بالائے آب -

superbipartient, *a.* : زاید بہ قدر دو تہائی ؛ پانچ اور تین کی نسبت رکھنے والا -

superbiquintal, *a.* : سات اور پانچ کی نسبت رکھنے والا —

superbitertial, *a.* : زاید بہ قدر دوثلث ؛ پانچ اور تین کی نسبت رکھنے والا -

supercalendered, *a.* : خوب گھٹا ہوا ' خوب ابھارا ہوا (کاغذ) -

supercanopy, *n.* : (کمانچے ' کھڑکی یا طاق کے چھجے کے اوپر) ایک اور چھجا ؛ بالائی چھجا -

supercargo, *n.* : مال کپتان ؛ جہاز کا وہ افسر جو مال چڑھانے اتارنے اور فروخت کرنے کا انتظام کرتا ہے -

supercelestial, *a.* : (۱) آسمان سے اوپر کا ؛ فوق سماوی - (۲) فرشتوں سے برتر ؛ فوق الملکی -

supercharger, *n.* : (موٹر اور طیارے میں زیادہ گیس بھرنے کے لیے) زیادہ طاقت کا پمپ -

superciliary, *a.* : (۱) ابرو کا ؛ حاجبی - (۲) آنکھ کے اوپر کا ؛ فوق عینی -

supercilious, *a.* : (۱) نخوت پسند ؛ متکبر ؛ دوسروں کو حقیر سمجھنے والا - (۲) نخوت کا ؛ متکبرانہ ؛ حقارت آمیز -

superciliously, *adv.* : ناک چڑھا کر ؛ نخوت کے انداز سے ؛ تحقیر کے انداز سے ؛ حقارت آمیز طریقے سے -

superciliousness, *n.* : نک چڑھاپن ؛ نخوت ؛ تکبر ؛ دوسروں کو حقیر سمجھنا -

supercivilized, *a.* : حد سے زیادہ متمدن -

superclass, *n.* : (کسی چیز کی تقسیم میں) بڑی قسمت جس میں کئی قسمتیں شامل ہوں ؛ بڑی جماعت جس میں کئی جماعتیں شامل ہوں -

supercolumnar, *a.* : جو ستونوں کے اوپر ہو ؛ فوق عمودی -

supercolumniation, *n.* : ستونوں کے اوپر عمارت ؛ عمارت بالائے عمارت -

supercool, v.t.: (کیمیا) سیال شے کو اس طرح ٹھنڈا کرنا کہ اس کی حرارت نقطۂ انجماد سے کم ہوجائے مگر وہ منجمد نہ ہونے پائے۔

superdreadnought, n.: ڈریڈناٹ سے زیادہ زبردست جنگی جہاز۔

superelevation, n.: زاید بلندی (ریل کی سڑک کے موڑ پر ایک پٹری کی دوسری پٹری سے)۔

supereminent, a.: نہایت ممتاز؛ نہایت سر برآوردہ؛ خاص طور پر نمایاں۔

supererogation, n.: فرض منصبی سے زیادہ کام کرنا؛ مزید خدمت؛ مزید کام؛ مزید عبادت۔

work of s.: (دینیات) مزید حسنات؛ مزید عبادت؛ نفل (جو اپنے سوا دوسروں کی بخشش کے کام آسکے)۔

supererogatroy, a.: فرض منصبی سے زاید؛ مزید؛ نفلی۔

superethical, a.: اخلاقی اصول سے بالاتر؛ مافوق اخلاق۔

superexcellent, a.: اعلیٰ ترین؛ نہایت اعلیٰ درجے کا؛ نہایت ہی عمدہ؛ نہایت ہی نفیس۔

supetexcellence, n.: انتہائی خوبی؛ انتہائی نفاست؛ کمال خوبی۔

superexcitation, n.: حد سے زیادہ اشتعال؛ انتہائی ہیجان؛ بے حد جوش؛ حد سے زیادہ اضطراب یا بے چینی؛ حد سے زیادہ برانگیختگی۔

superfamily n.: (حیاتیات) (نباتیات یا حیوانات کا) بڑا خاندان جس میں کئی خاندان شامل ہوں۔

superfatted, a.: بہت زیادہ چربیلا (صابون)۔

superfecundation superfetation, nn.: حمل در حمل؛ دوران حمل میں دوبارہ استقرار حمل۔

superficial, a.: (۱) سطحی؛ سطح کا؛ بیرونی؛ بالائی؛ اوپری۔ (۲) بہت معمولی؛ سطحی (معلومات وغیرہ)؛ ظاہری؛ دیکھنے کی؛ اوپری؛ (تہذیب؛ اخلاقی صفات وغیرہ)؛ خفیف سی (مشابہت)؛ بہت ہلکی (رنگ روغن وغیرہ کی تہ)۔ (۳) مربع (انچ؛ فٹ وغیرہ)۔

s. person: سطحی یا اوپری معلومات یا سطحی جذبات رکھنے والا شخص؛ سطحی آدمی۔

superficiality, n.: سطحیت؛ اوپری یا سطحی ہونا۔

superficially, adv.: سطح پر؛ سطحی طور پر۔

superficies (-shiez) n. (pl. the same): سطح؛ بالائی یا بیرونی سطح۔

superfine, a.: (۱) (دکان داری) نہایت عمدہ؛ بہت اعلیٰ درجے کا؛ بہت بڑھیا۔ (۲) بے حد نفاست پسند۔

superfineness, n.: نہایت عمدہ ہونا؛ بہت بڑھیا ہونا؛ حد سے زیادہ نفاست پسندی۔

superfluity, n.: (۱) ضرورت سے زاید ہونا؛ فاضل ہونا۔ (۲) بے ضرورت ہونا؛ فضول ہونا۔ (۳) بے ضرورت چیز؛ فضول چیز۔ (۴) ضرورت سے زاید دولت؛ فاضل دولت؛ فالتو دولت۔

superfluous, a.: (۱) ضرورت سے زیادہ؛ فاضل؛ زاید۔ (۲) بے ضرورت؛ فضول۔

superfluously, adv.: (۱) ضرورت سے زیادہ۔ (۲) بلا ضرورت؛ فضول۔

superfluousness, n.: (۱) فاضل ہونا؛ زاید ہونا۔ (۲) فضول ہونا؛ بے ضرورت ہونا۔

superheat, v.t.: (۱) نقطۂ جوش سے زیادہ گرم کرنا۔ (۲) زیادہ گرم کرکے بھاپ بنا دینا۔

superheater, n.: وہ آلہ جس سے کوئی چیز نقطۂ جوش سے زیادہ گرم کی جاتی ہے۔

superheterodyne, n.: لاسلکی کا نہایت قوی آواز گیر۔

superhive, n.: بالائی چھتا؛ چھتے کا بالائی حصہ جو اس سے الگ ہو سکتا ہے۔

superhuman, a.: فوق الانسانی؛ جو انسان کی طاقت یا ادراک سے باہر ہو۔

superhumanly, adv.: فوق الانسانی طور پر۔

superhumeral, n.: (۱) یہودیوں کے احبار کا جبہ۔ (۲) اسقف اعظم کا جبہ۔

superimpose, v.t.: ایک چیز کو دوسری چیز کے اوپر رکھنا؛ اوپر بنانا؛ اوپر قائم کرنا۔

superimpregnation, n.: دوران حمل میں دوبارہ استقرار حمل؛ حمل ثانی۔

superincumbent, a.: جو کسی چیز کے اوپر رکھا ہو یا قائم ہو؛ اوپر رکھا ہوا۔

the s. mass: اوپر رکھا ہوا انبار۔

superinduce, v.t.: نئی چیز کا اضافہ کرنا؛ (ایک چیز میں) کوئی دوسری چیز بڑھانا یا پیدا کرنا۔

superinduction, n.: نئی چیز کا اضافہ۔

superinstitution, n.: (۱) نئی چیز کا اضافہ۔ (۲) (کلیسا کی ایک جاگیر کے حلقے میں) ایک اور پادری کا تقرر۔

superintend, v.t. & i.: انتظام کرنا؛ نگرانی کرنا۔

superintendence, n.: انتظام؛ نگرانی۔

superintendent, n.: ناظر؛ منتظم؛ نگراں۔

superjacent, a.: اوپر رکھا ہوا۔

superlative, a. & n.: (۱) اعلیٰ درجے کا؛ اعلیٰ۔ (۲) (صرف و نحو) افضل التفضیل (کا صیغہ)؛ تفضیل کل؛ اسم تفضیل۔

his talk is all in ss.: وہ بہت مبالغہ کرتا ہے۔

s. degree: افضل التفضیل کا درجہ؛ تفضیل کل کا درجہ۔

superlatively, adv.: بہ درجۂ اعلیٰ؛ نہایت؛ بے حد۔

superlativeness, n.: اعلیٰ درجے کا ہونا؛ اعلیٰ ہونا۔

sperlunar (-y), a.: فوق قمری؛ عالم بالا کا؛ جو اس دنیا کا نہ ہو۔

supermen, n.: فوق البشر؛ فوق الانسان (جرمن فلسفی نیٹشے کے فلسفے میں وہ شخص جو فوق العادۃ قوتیں رکھتا ہو اور اخلاقی معیار سے بالا تر ہو)۔

supermedial, a.: فوق وسطی؛ جو وسط یا مرکز کے اوپر واقع ہو۔

supermolecule, n.: سالمۂ مرکب؛ سالمات مادہ کا مجموعہ جو طبیعیات میں ایک واحد (unit) شمار کیا جاتا ہے۔

supermundane, a.: فوق دھری؛ عالم بالا کا (دنیاوی چیزوں سے برتر)۔

supernaculum, adv. & n.: (۱) بغیر ایک قطرہ چھوڑے ہوئے (اس طرح کہ ناخون پر ڈالنے کے لئے ایک قطرہ نہ بچے۔ پہلے رسم تھی کہ شراب کا ساغر الٹ کر اس کا آخری قطرہ انگوٹھے کے ناخون پر ڈالتے تھے)۔ (۲) اعلیٰ درجے کی شراب۔

supernatant, a.: سطح پر تیرنے والا۔

supernatural, *a.*: فوق الفطرة؛ جو فطاری قوتوں سے بالاتر قوت کا نتیجہ ہو اور علت معلول کے قانون سے آزاد ہو؛ جس میں خرق عادت یا معجزہ ہو -

supernaturally, *adv.*: خرق عادت کے ذریعے سے؛ فوق الفطرت طریقے سے -

supernaturalness, *n.*: فوق الفطرت ہونا -

supernaturalism, *n.*: فوق الفطرت قوتوں اور چیزوں کا قائل ہونا؛ معجزے کا قائل ہونا؛ مافوقیت -

supernaturalist, *n.*: فوق الفطرۃ قوتوں اور چیزوں کا قائل؛ معجزے کا قائل؛ مافوقی -

supernaturalize, *v. t.*: فوق الفطرت بنا دینا -

supernormal, *a.*: فوق طبعی؛ مقررہ معیار سے زیادہ -

supernumerary, *a.*: (۱) زاید؛ فاضل؛ فالتو - (۲) زائد ملازم جو متفرق کاموں کے لئے رکھا جائے -

supernutrition, *n.*: زاید تغذیہ؛ ضرورت سے زیادہ تغذیہ -

superoctave, *n.*: ارغنون (ارگن باجے) کا ایک پردہ -

superorder, *n.*: (نباتات اور حیوانات کے خاندان کا) بڑا سلسلہ جس میں چھوٹے سلسلے شامل ہوں -

superordinal, *a.*: نباتات اور حیوانات کے بڑے سلسلے کا -

superordinary, *a*: خاص؛ غیر معمولی -

superorganic, *a.*: (۱) فوق جسمی؛ روحانی، روحیاتی - (۲) جسم اجتماعی سے متعلق؛ اجتماعی؛ معاشری -

superoxygenation, *n.*: (کسی چیز میں) آکسیجن حد سے زیادہ کر دینا یا ہو جانا -

superparasite, *n.*: طفیلی؛ طفیلی در طفیلی (پودا، کیڑا وغیرہ) -

superparasitic, *a.*: طفیلی در طفیلی قسم کا -

superphosphate, *n.*: قوی فاسفیٹ (جس میں فاسفورک ایسڈ بہت زیادہ مقدار میں ہو) -

superphysical, *a.*: فوق جسمی؛ فوق طبیعی -

superpose, *v. t.*: (ایک چیز کو دوسری چیز کے) اوپر رکھنا -

superposition, *n.*: اوپر رکھنا یا رکھا جانا -

superquadripartient, **Superquadriquintal**, *aa.*: نو اور پانچ کی نسبت رکھنے والا؛ ۹ / ۵ -

supersacral, *a.*: فوق عجزی (اس تکونی ہڈی کے اوپر کا جو ریڑھ کی ہڈی کے سرے پر مقعد سے ملی ہوتی ہے) -

supersaturate, *v. t.*: ضرورت سے زیادہ سیر کرنا (کیمیاوی شے پر مقناطیس وغیرہ سے) -

supersaturation, *n.*: حد سے زیادہ سیر کرنا یا ہونا -

superscribe, *v. t.*: کسی چیز کے اوپر لکھنا؛ کندہ کرنا -

superscript, *a.*: (لفظ، عدد) جو سطر سے اوپر ہٹا کر لکھا گیا ہو؛ بالائے سطر -

superscription, *n.*: (۱) کسی چیز پر لکھنا یا لکھا جانا؛ کندہ کرنا یا کیا جانا - (۲) کتبہ -

supersede, *v. t.*: (۱) منسوخ کرنا؛ ترک کرنا (استعمال) - (۲) ایک چیز کی جگہ دوسری چیز اختیار کرنا؛ ایک شخص کی جگہ دوسرا شخص مقرر کرنا - (۳) (ایک چیز کا دوسری چیز کی، ایک شخص کا دوسرے شخص کی) جگہ لینا -

supersensible, *a.*: فوق الحس؛ فوق الحواس؛ جو حواس کی پہنچ سے باہر ہو -

supersensitive, *a.*: بے حد حساس؛ بے حد زود حس -

supersensual, *a.*: فوق الحس؛ فوق الحواس -

supersensuous, *a.*: فوق الحس؛ فوق الحواس -

supersesquialteral, *a.*: پانچ اور دو کی نسبت رکھنے والا؛ ۵ / ۲ -

supersesquitertial, *a.*: سات اور چار کی نسبت رکھنے والا؛ ۷ / ۴ -

supersession, *n.*: (۱) منسوخی؛ ترک - (۲) ایک شخص کی جگہ دوسرے شخص یا ایک چیز کی جگہ دوسری چیز کا تقرر؛ (ایک کا دوسرے کی) جگہ لینا -

supersolar, *a.*: فوق شمسی -

supersolid, *n.*: ایسا مجسم جس میں تین سے زیادہ ابعاد ہوں -

superspiritual, *a.*: حد سے زیادہ روحانی -

superspirituality, *n.*: حد سے زیادہ روحانیت -

superstition, *n.*: (۱) ضعیف الاعتقادی؛ اوہام پرستی؛ توہم پرستی - (۲) توہم؛ باطل عقیدہ -

superstitious, *a.*: ضعیف الاعتقاد؛ توہم پرست؛ اوہام پرست -

superstitiously, *adv.*: ضعیف الاعتقادی سے؛ توہم پرستی سے -

superstitiousness, *n.*: ضعیف الاعتقادی؛ اوہام پرستی؛ توہم پرستی -

superstratum, *n.*: بالائی طبقہ؛ اوپری پرت -

superstruction, **Superstructure**, *nn.*: بالائی عمارت؛ عمارت بالائے عمارت -

superstructural, *a.*: بالائی عمارت کا -

supersubstantial, *a.*: فوق مادی؛ ورائے مادہ -

supersubtle, *a.*: (۱) نہایت دقیق؛ نہایت پر اسرار - (۲) بے حد باریک یا نازک (فرق وغیرہ) - (۳) حد سے زیادہ تیز یا بے حد باریک بیں (ادراک، نظر) - (۴) بے حد تیز، فہیم، دقیق النظر یا نکتہ رس (شخص) - (۵) نہایت ہوشیاری کی؛ بڑی استادی کی (تدبیر وغیرہ) - (۶) بے حد عیار؛ بے حد چالاک؛ بڑی عیارانہ

supersubtlety, *n.*: (۱) حد سے زیادہ باریکی یا نزاکت؛ تیزی؛ تیز فہمی - (۲) ہوشیاری؛ عیاری -

supertax, *n.*: مزید محصول؛ مزید ٹکس (انکم ٹیکس کے علاوہ، جو مقررہ حد سے زیادہ آمدنی رکھنے والوں پر عاید کیا جاتا ہے) -

supertelluric, *a.*: فوق ارضی؛ مافوق الارضی -

supertemporal, *a.*: (۱) فوق صدغی؛ کنپٹی سے اوپر کا - (۲) فوق زمانی -

superterrene, *a.*: (۱) فوق ارضی؛ آسمانی - (۲) فوق دنیوی؛ عالم بالا کا -

superterrestrial, *a.*: (۱) فوق ارضی؛ آسمانی - (۲) فوق دنیوی؛ عالم بالا کا -

supertonic, *n.*: (موسیقی) (سرگم میں) بنیادی سر سے اونچا پہلا سر -

supertripartient, **Supertriquartal**, *aa.*: سات اور چار کی نسبت رکھنے والا؛ ۷ / ۴ -

supertuberation, *n.* : ایک گلٹی میں دوسری گلٹی نکلنا ؛ گلٹی پر گلٹی -

supervacaneous, *a.* : غیر ضروری ؛ بے ضرورت ؛ فضول -

supervene, *v. i.* : ایک واقعے کے بیچ میں دوسرے واقعے کا ؛ ایک عمل کے بیچ میں دوسرے عمل کا حائل ہوجانا ؛ آ پڑنا ؛ آن پڑنا ؛ سر پرے نکلنا -

supervention, *n.* : آ پڑنا ؛ بیچ میں ہونے لگنا -

supervise, *v. t.* : نگرانی کرنا ؛ دیکھ بھال کرنا ؛ انتظام کرنا -

supervision, *n.* : نگرانی ؛ انتظام -

supervisor, *n.* : نگران ؛ ناظر ؛ منتظم -

supervisory, *a.* : نگرانی کا ؛ نگرانی کرنے والا -

Superable, *a.* : (۱) (دقت یا مشکل) جو دور ہو سکے - (۲) جو قابو میں آ سکے ؛ جس پر غلبہ پانا ممکن ہو ؛ قابو کی ؛ قابل فتح ؛ تسخیر پذیر ؛ قابل عبور -

Superb(soo-, su-) *a.* : (۱) نہایت شاندار ؛ عظیم الشان ؛ بڑا پر شوکت ؛ نہایت دلفریب یا دلکش (منظر ؛ حسن وغیرہ) - (۲) اعلیٰ درجے کا ؛ نہایت عمدہ ؛ نہایت نفیس - (۳) انتہائی ؛ حد کی ؛ غضب کی (*s. courage, s. impudence*)

superbly, *adv.* : (۱) نہایت شان دار طریقے سے ؛ بڑی شان و شوکت سے - (۲) نہایت ؛ بے حد -

Superior(soo-,su-) *a. & n.* : (۱) اعلیٰ ؛ بڑا ؛ اونچا ؛ بالا دست (حاکم ؛ منصب ؛ عدالت وغیرہ) - (۲) بڑا ؛ بہتر ؛ برتر ؛ فائق ؛ بڑھا ہوا - (۳) اعلیٰ درجے کا ؛ بڑھیا - (۴) قابل اور تربیت یافتہ ؛ اچھی قابلیت اور عمدہ صفات کا - (۵) اپنی قابلیت پر نازاں ؛ خود پسند ؛ خود پسندانہ ؛ رعونت کا (۶) بالا تر (*s. to bribery, temptation etc.*) - (۷) (کسی سے یا کسی کا) بڑا ؛ اچھا ؛ بزرگ ؛ افسر - (۸) (خانقاہ وغیرہ کا) صدر ؛ افسر ؛ صدر راہب -

a s. person : (۱) قابل اور تربیت یافتہ آدمی - (۲) خود پسند آدمی -

s. air : رعونت کا انداز -

rise s. to : متاثر نہ ہونا ؛ التفات نہ کرنا ؛ پروا نہ کرنا -

s. calyx : بالائی بند گل یا پھول کٹوری -

s. figures : وہ ہندسے جو سطر سے اوپر لکھے یا چھاپے جائیں ؛ بالائے سطر ہندسے -

s. genus : (نباتات ؛ حیوانات کی تقسیم میں) بالا جنس ؛ وسیع تر جنس -

s. letters : وہ حروف جو سطر سے اوپر لکھے یا چھاپے جائیں ؛ بالائے سطر حروف -

s. limb : بالائی کنارہ ؛ بالائی حاشیہ ؛ اجرام فلکی خصوصاً چاند سورج کا اوپر کا کنارہ -

s. limit : دیکھو Limit -

s. numbers : غالب تعداد (اشخاص کی) -

s. ovary : بالائی بیضہ دان ؛ زائد بیضہ دان جو ایک بیضہ دان کے اوپر ہو -

s. wing : (حیاتیات) بالائی بازو ؛ زائد بازو جو ایک بازو کے اوپر سے نکلا ہو -

was overcome by s. numbers : دشمنوں کی تعداد زیادہ ہونے کی وجہ سے ہار گیا -

superioress, *n.* : (شاذ) صدر راہبہ -

Superiority; (or-pe-), *n.* : تفوق ؛ برتری ؛ بالا دست ہونا ؛ عظمت ؛ بڑائی ؛ قابلیت ؛ خوبی ؛ عمدگی -

superiorly. *adv.* : (نباتیات وغیرہ) اوپر سے ؛ اوپر -

Supernal, *a.* : (۱) (شعر ؛ خطابت) سماوی ؛ آسمانی - (۲) عالم بالا کا ؛ فردوسی ؛ علوی ؛ الٰہی ؛ ربانی - (۳) رفیع ؛ ارفع ؛ بلند و برتر -

Supersedeas, *n.* : (قانون) حکم امتناعی ؛ وہ حکم جس کے ذریعے سے کوئی کارروائی روک دی جائے -

Supinate, *v. t.* : ہاتھ کو اس طرح رکھنا کہ ہتیلی اوپر کی طرف ہو ؛ ہتیلی کو اوپر کی طرف کرنا -

supination, *n.* : ہتیلی اوپر کی طرف کرنا -

supinator, *n.* : (عضویات) عضلہ باطحہ (کلائی کا وہ پٹھا جس سے ہتیلی اوپر کی طرف مڑتی ہے) -

Supine(or-in) *a.* : (۱) چت ؛ پیٹھ کے بل - (۲) سست ؛ جس پر آلکس سوار ہو -

supinely, *adv.* : (۱) چت ؛ پیٹھ کے بل - (۲) سستی سے ؛ غفلت سے ؛ مٹھی پن سے -

supineness, *n.* : سستی ؛ آلکس -

Supine, *n.* : (لاطینی صرف و نحو) حاصل مصدر (مفعولی حالت میں) -

Supper, *n.* : (۱) سپر ؛ ہلکی سی غذا جو سونے سے پہلے کھاتے ہیں - (۲) شام یا رات کا کھانا ؛ آخری کھانا (ان لوگوں کا جو ڈنر یعنی بڑا کھانا آخر میں نہیں بلکہ بیچ میں کھاتے ہیں) -

supperless, *a.* : جسے سپر کھانے کو نہ ملا ہو -

Supplant, *v. t.* : کسی کو ہٹا کر یا نکال کر اس کی جگہ لے لینا (خصوصاً سازش کے ذریعے) ؛ کسی کو اکھاڑ کر خود جم جانا -

supplanter, *n.* : وہ شخص جو دوسرے کو ہٹا کر اس کی جگہ لے لے -

Supple, *a. & v. t. & i.* : (۱) لچک دار ؛ لچکیلا ؛ لوچ دار - (۲) دبو ؛ دبنے والا ؛ دب کر کام نکالنے والا - (۳) للو پتو کرنے والا ؛ چاپلوسی کرنے والا - (۴) چاپلوسی کا ؛ خوشامدانہ - (۵) نرم کرنا ؛ نرم ہونا ؛ لچک دار بنانا یا بننا ؛ لوچ پیدا کرنا - (۶) گھوڑے کو لگام کے اشارے پر سدھانا -

s.-jack : (۱) ایک جھاڑی جس کی لکڑی بید کی طرح لچک دار ہوتی ہے - (۲) اس لکڑی کا بید -

to s. a horse : گھوڑے کو اس طرح سدھانا کہ لگام کے اشارے پر نقل و حرکت کرے -

suppleness, *n.* : لچک ؛ لوچ ؛ دبو پن ؛ چاپلوسی -

supply, *adv.* : لچک یا لوچ کے ساتھ ؛ دبو پن سے ؛ دب کر ؛ چاپلوسی سے -

Supplement, *n.* : (۱) تکملہ ؛ اضافہ ؛ وہ چیز جو کمی پوری کرنے کے لیے بڑھائی جائے ؛ خصوصاً اخبار وغیرہ

کا تتمہ ؛ ضمیمہ - (۲) (ریاضی) تکملہ ؛ وہ زاویہ جو دوسرے زاویے کے ساتھ مل کر ۱۸۰ درجے کا زاویہ بنائے -

supplemental, supplementary, *aa.*: (۱) تکملے یا تتمے کا - (۲) جو تکملے یا ضمیمے کے طور پر بڑھایا جائے -

Supplement, *v. t.*: اضافہ کرنا ؛ بڑھانا -

supplementation, *n.*: بڑھانا یا بڑھایا جانا -

Suppliant, *a. & n.*: تضرع کا ؛ التجا کا ؛ رحم طلب -

suppliantly, *adv.*: التجا سے ؛ تضرع سے -

Supplicate, *v. t. & i.*: عاجزی سے درخواست کرنا ؛ التجا کرنا ؛ منت سماجت سے مانگنا -

supplicatingly, *adv.*: التجا سے ؛ تضرع سے -

supplication, *n.*: التجا ؛ تضرع -

supplicatory, *a.*: التجا کا ؛ تضرع کا -

Supply, *v. t. & n.*: (۱) بہم پہنچانا ؛ مہیا کرنا (کوئی چیز کسی کے لیے) - (۲) لگانا (کسی آلے وغیرہ میں وہ چیز جس کی ضرورت ہو) - (۳) پورا کرنا (کمی ؛ ضرورت) ؛ تلافی کرنا (نقصان کی) - (۴) (جگہ) پر کرنا - (۵) بہم رسانی ؛ مہیا کرنا - (۶) ذخیرہ ؛ رسد (کسی چیز کی) - (۷) (معاشیات) کسی چیز کی مجموعی مقدار جو بازار میں موجود ہو - (۸) (جمع) فوج کی ضروریات کا مجموعی ذخیرہ ؛ رسد - (۹) (جمع) رقم جو پارلیمنٹ حکومت کے مصارف کے لئے منظور کرتی ہے - (۱۰) (جمع) خرچ ؛ مقررہ رقم جو کسی شخص کو خرچ کے لئے ملتی ہو -

Committee of S.: دارالعوام کا وہ اجلاس جو صیغۂ ملازمانی کے مصارف پر غور کر رہا ہو -

demand and s.: طلب و رسد -

s. department: محکمۂ رسد ؛ وہ محکمہ جو کسی چیز کی بہم رسانی کے لئے قائم ہو ؛ خصوصاً فوج کا محکمۂ رسد رسانی -

supplier, *n.*: (قائم مقام کی حیثیت سے) مہیا کرنے والا -

Support, *v. t. & n.*: (۱) بوجھ اٹھانا ؛ (۲) تقویت پہنچانا ؛ ہمت بڑھانا ؛ دستگیری کرنا ؛ سنبھالے رکھنا - (۳) سہنا ؛ برداشت کرنا ؛ تحمل کرنا - (۴) پالنا ؛ پرورش کرنا ؛ کفیل ہونا - (۵) تائید کرنا ؛ حمایت کرنا ؛ ساتھ دینا - (۶) تصدیق کرنا ؛ تائید کرنا ؛ تائید میں دلائل پیش کرنا - (۷) (پارٹ کو) اچھی طرح ادا کرنا ؛ (کیرکٹر کو) نبھانا - (۸) تائید ؛ حمایت - (۹) سہارا ؛ پشتہ ؛ اڑواڑ - (۱۰) سرپرست ؛ پشت پناہ ؛ سہارا -

s. actor: ایکٹر کے ساتھ مل کر ضمنی پارٹ کرنا -

s. institution: کسی ادارے میں چندہ دینا -

s. lecturer: لکچرر کی تائید میں تقریر کرنا -

s. resolution: تجویز کی تائید میں تقریر کرنا -

s. trench: خندق فوج کی تین قطاروں میں سے دوسری قطار جو خط متصل اور خط محفوظ کے درمیان ہوتی ہے -

troops stationed in s.: محفوظ فوج ؛ کمک -

supportable, *a.*: قابل برداشت -

supportably, *adv.*: قابل برداشت حد تک -

supportless, *a.*: بے سہارے کا ؛ بے کس ؛ بے یار و مددگار -

Supporter, *n.*: (۱) سہارا دینے والا ؛ مدد کرنے والا ؛ مؤید ؛ حامی ؛ مددگار (۲) شریک ؛ کفالت کرنے والا - (۳) (قانونیہ) آدمی یا جانوروں کی دو تصویروں میں سے ایک جو ڈھال کو اٹھائے ہوئے یا اس کے دونوں طرف کھڑی دکھائی جاتی ہیں ؛ حامل -

Suppose, *v. t.*: (۱) فرض کرنا - (۲) فرض کرو کہ - (۳) (تجویز پیش کرنے کے موقع پر) آؤ مثلاً : آؤ ٹہلنے چلیں (*s. we went for a walk*) - (۴) (کسی نظریے یا نتیجے کے لئے) شرط ہونا ؛ ضروری ہونا (کسی چیز کا) (*creation supposes a creator*) - (۵) سمجھنا ؛ خیال کرنا ؛ گمان کرنا ؛ قیاس کرنا - (۶) (مجہول کے طور پر) توقع کی جانا ؛ توقع ہونا (*he is not supposed to clean the street* اس سے یہ توقع نہیں کی جاتی ہے ' اس کا یہ کام نہیں ہے کہ سڑک صاف کرے) -

I s.: غالباً یہی معلوم ہوتا ہے کہ (تامل کے ساتھ تائید کرنے کے موقع پر) -

supposable, *a.*: جو فرض کیا جا سکے ؛ قابل قیاس -

supposed: مفروضہ -

supposedly, *adv.*: قیاس کی رو سے ؛ مفروضہ طور پر ؛ جیسا کہ فرض کیا جاتا ہے یا کیا جا سکتا ہے -

supposition, *n.*: (۱) فرض کرنا یا کیا جانا - (۲) مفروضہ ؛ گمان ؛ قیاس -

suppositional, *a.*: مفروضی ؛ قیاسی -

suppositionally, *adv.*: مفروضے کے طور پر -

suppositious, *a.*: (۱) مفروضہ - (۲) فرضی

Supposititious, *a.*: فرضی ؛ نقلی ؛ جعلی -

supposititiously, *adv.*: فرضی طور پر ؛ جعلی طور پر -

suppositiousness, *n.*: فرضی ہونا ؛ جعلی ہونا ؛ نقلی ہونا -

Suppository, *n.*: (طب) شافہ -

Suppress, *v. t.*: (۱) فرو کرنا ؛ دبا دینا ؛ زور توڑ دینا ؛ کچل دینا - (۲) ضبط کرنا ؛ روکنا ؛ (جذبہ) دبا دینا وغیرہ - (۳) بند کر دینا ؛ ممنوع قرار دینا - (۴) (کتاب) ضبط کر لینا ؛ اشاعت روک دینا - (۵) دبا دینا ؛ ظاہر نہ ہونے دینا ؛ پوشیدہ رکھنا ؛ چھپا ڈالنا -

suppressible, *a.*: (۱) فرو کرنے یا دبانے کے قابل - (۲) بند کر دینے کے قابل ؛ قابل امتناع - (۳) قابل ضبطی - (۴) قابل اخفا -

suppression (-shn), *n.*: (۱) فرو کرنا یا کیا جانا - (۲) بند کرنا یا کیا جانا ؛ امتناع - (۳) ضبطی - (۴) اخفا -

suppressor, *n.*: فرو کرنے والا وغیرہ -

suppressed (p. p.): (۱) روکا ہوا ؛ دبایا ہوا ؛ دبا ہوا ؛ ضبط شدہ - (۲) بیماری جو طبعی دور پورا ہونے سے پہلے روک دی گئی ہو ؛ دبی ہوئی -

Suppresio veri, *n.*: اخفائے حق -

Suppurate, *v. i.*: پیپ پڑنا ؛ پکنا -

suppuration, *n.*: تقیح ؛ پیپ پڑنا -

suppurative, *a.*: پکنے والا ؛ پکانے والا ؛ مقیح -

Supera- *Pref. f. L. supra adv. & Prep.*: لاطینی سے مشتق ؛ سابقہ حسب ذیل معنی میں آتا ہے - (۱) تعریف کی اصطلاحوں میں اور فوق کے معنی میں (اس میں *super* اور *supra* یا

امتیاز استعمال کرتے ہیں) - (۲) اور الفاظ میں اوپر ' ما وراء ' ما قبل ' ما بعد کے معنی میں -

-clavicular : هنسلی کی هڈی کے اوپر کا ؛ فوق ترقوتی -

-lapsarian, a. & n. : اس عقیدے کا (پیرو) کہ گو خدا هبوط آدم کا پہلے سے علم رکھتا تھا مگر اس علم سے پہلے هی بعض بندوں کو مقبول اور بعض کو مردود قرار دے چکا تھا ؛ فوق هبوطی-

-lapsarianism, n. : مذکورہ بالا عقیدہ ؛ فوق هبوطیت -

-mundane : فوق دنیوی ؛ عالم بالا کا -

-orbital : خانہ چشم کے اوپر کا ؛ فوق حجاجی -

-protest : (قانون تجارت) کسی تیسرے شخص کا هنڈی کو اس وقت سکارنا جب وہ شخص جس کے نام هنڈی هے اس کے نہ سکارے جانے پر احتجاج کر چکا هو ؛ ادائیگی بعد احتجاج ؛ قبولیت بعد احتجاج -

-renal : گردے کے اوپر کا ؛ فوق کلوی -

Supra, *adv.* : (کتاب یا تحریر میں) اوپر ؛ پہلے ؛ صفحات بالا میں ؛ عبارت بالا میں -

Supremacy, *n.* : (۱) برتری ؛ تفوق ؛ عظمت ؛ انتہائی اهمیت - (۲) اقتدار اعلی ؛ (سیاسی یا مذهبی) اختیار اعلی -

Act of S. : قانون اقتدار شاهی ؛ وہ قانون جس کی رو سے انگلستان میں پاپائے روما کا مذهبی اقتدار ختم کردیا گیا اور بادشاہ کی طرف منتقل کردیا گیا -

oath of s. : حلف اقتدار شاهی (مذکورہ بالا قانون کی پابندی کا حلف) -

Supreme(soo- su-), *a. & n.* : (۱) اقتدار اعلی ' یا اختیار اعلی رکھنے والا ؛ اعلی ؛ سب سے بڑا - (۲) انتہائی ؛ سب سے بڑا ؛ اعلی درجے کا ؛ بلند ؛ برتر - (۳) نہایت اهم ؛ سب سے اهم (*s. moment, s. hour*)

S. Court of judicature : عدالت العالیہ- دیکھو judicature

s. end, s. good : دیکھو Summum Bonum -

s. Pontiff : پاپائے اعظم ؛ پوپ -

the S. Being : حاکم حقیقی ؛ حاکم مطلق ؛ خدائے تعالی -

(The) S. Council of the Allies : (سنہ ۱۹۱۹ ع تا ۱۹۲۱) انگلستان اور اس کے اتحادیوں کی مجلس اعلی جس کے مشورے سے ان حکومتوں کی مشترک پالیسی طے هوتی تھی -

supremely, *adv.* : نہایت ؛ بے حد -

Sur- =Sub : سابقہ بعض لاطینی مرکبات اور ان کے مشتقات میں " Sub " کے بجائے آتا هے مثلاً *surge, surreptitious* -

Sur-, : سابقہ (۱) بعض الفاظ میں جو قدیم فرانسیسی سے انگریزی میں لیے گئے هیں " *Super* " کی جگہ آتا هے (مثلاً *surcharge, surface*) - (۲) تشریح کی بعض اصطلاحوں میں " *super-, or supra-* " کی جگہ (مثلاً *surrenal, suprarenal*) -

Sura(h), (soora), *n.* : (قرآن شریف کا) سورۃ ؛ سورت -

Surah, *n.* : ایک قسم کا سفید ریشم (شاید سورت کا تھیا وار سے منسوب هے) -

Sural, *a.* : ساق کا ؛ پنڈلی کا -

Surat, (soo-), *n.* : ایک قسم کی روئی جو سورت کے علاقے میں پیدا هوتی هے ؛ اس روئی کا کپڑا -

Surcease, *n. & v. i.* : (۱) (قدیم) خاتمہ ؛ بند هوجانا - (۲) ختم هوجانا ؛ بند هوجانا ؛ باقی نہ رهنا -

Surcharge, *n. & v. t.* : (۱) زاید رقم ؛ مزید رقم (جو وصول کی جائے) ؛ مزید رقم کا بار- (۲) فاضل رو (بجلی کی) ؛ فاضل قوت (جو ضرورت سے زیادہ هو) - (۳) جرمانہ (جو قابل محصول املاک کا غلط نقشہ یا حساب پیش کرنے کی وجہ سے کیا جائے) - (۴) اوپری ٹھپا (جو ڈاک کے ٹکٹ پر قیمت بدلنے کے لیے لگایا جاتا هے) - (۵) بھرتی (حساب کی وہ رقم جو تنقیح کرنے والا پاس نہ کرے اور حساب لکھنے والے کو اپنے پاس سے بھرنی هو) - (۶) حساب میں کسی رقم کی غلطی نکالنا جو آمدنی کے خانے میں لکھنے سے رہ گئی هے ؛ لیکھے کی غلطی - (۷) حد سے زیادہ بوجھ لادنا ؛ حد سے زیادہ بھرنا ؛ ضرورت سے زیادہ سیر کردینا (محلول وغیرہ کو) - (۸) (ملکیت کا غلط نقشہ پیش کرنے والے پر) جرمانہ کرنا ؛ جرمانہ وصول کرنا ؛ (رقم) بطور جرمانہ وصول کرنا - (۹) بھرتی عائد کرنا یا وصول کرنا - (۱۰) لیکھے کی غلطی نکالنا (دیکھو معنی نمبر ۶) -

Surcingle, *n. & v. t.* : (۱) (گھوڑے کا) بالا تنگ ؛ تنگ کش ؛ پشتار - (۲) پادریوں کے جبے یا کرتے کی پیٹی - (۳) بالا تنگ کسنا (گھوڑے پر) ' بالا تنگ سے کسنا -

Surcoat, *n.* : (تاریخ) بالا پوش ؛ ایک قسم کا ڈھیلا ڈھالا لباس جو زرہ بکتر کے اوپر پہنا جاتا تھا (سر کوٹ) -

Surculose,-lous, *aa.* : (نباتیات) جس میں زیر بچہ پھوٹتا هو ؛ زیر بچہ دار -

Surd, *a. & n.* : (۱) (ریاضی) اصم ؛ مقدار اصم - (۲) (صوتیات) (حرف صحیح) جو آواز سے نہیں بلکہ سانس سے ادا کیا جائے ؛ مختفی -

Sure, *a. & adv.* : (۱) جسے یقین هو ؛ یقین رکھنے والا ؛ وثوق رکھنے والا ؛ متیقن - (۲) بھروسے کا ؛ قابل اعتماد- (۳) حفاظت کا ؛ محفوظ - (۴) حکمی ؛ تیر بہ هدف - (۵) جس کے متعلق یقین هو [(کسی بات کا یا کسی کام کے کرنے کا) -[*s. to turn out well, would be s. to dislike him*] (۶) یقینی ؛ جس میں ذرا بھی شبہ نہ هو - (۷) (قدیم) واقعی ؛ حقیقت میں- (۸) (امریکا ' بول چال) یقیناً ؛ بے شک-

a s. draw : (۱) وہ آڑ یا جھاڑی کی جگہ جس میں لومڑی کا هونا یقینی هو - (۲) ایسی چیز جو کبھی خالی نہ جائے ؛ ایسی بات جس سے سننے والا یقیناً اپنا بھید یا اپنے خیالات ظاهر کردے -

a s. shot : نشانے کا سچا ؛ قادر انداز ؛ بے خطا نشانہ لگانے والا-

make s. : (۱) پوری طرح تصدیق یا اطمینان کرلینا - (۲) پورا انتظام کرلینا (کسی بات کے هونے کا) -

make s. of : (۱) پوری طرح تصدیق کرلینا - (۲) بھروسا کرلینا (ایسی بات پر جس میں ممکن هے دھوکا هو) -

slow and s. : دیکھو Slow -

s.card : حکمی تدبیر وغیرہ -

s. enough : (۱) واقعی ؛ بالکل ؛ امید کے مطابق (*I said it would be, & s. enough it is*) - (۲) ضرور ؛ تقریباً یقینی (*he will come s. enough*) :

s. -footed : (۱) قدم کا سچا ؛ جس کا قدم همیشہ ٹھیک

پڑے - (۲) نہایت محتاط جسے کبھی لغزش نہ ہو
s.thing : (امریکا) (۱) یقینی بات - (۲) ضرور (تاکیدی : تائید کے موقع پر) -
to be s. : (۱) اس میں شبہ نہیں کہ (خیریت کے موقع پر) - (۲) واللہ ! سچ ہے ! حقیقت میں ! -
sureness, *n.* : تیقن ؛ یقینی ہونا ؛ قابل اعتماد ہونا ؛ حکمی ہونا -
Surely, *adv.* : (۱) یقینی طور پر ؛ مستقل طور پر - (۲) مضبوطی سے (*mule plants its feet s.*) - (۳) یقین تو ہے؛ خیال تو یہی ہے ؛ میں تو یہی سمجھتا ہوں - (۴) (قدیم) یقیناً؛ ضرور (اب صرف فرمائش یا سوال کے جواب میں آتا ہے)-
Surety, *n.* : (۱) (قدیم) یقین؛ وثوق - (۲) ضمانت ؛ وہ چیز جو ضمانت کے طور پر رکھی جائے (اب اس معنی میں شاذ ہے) - (۳) ضامن -
of a s. یقیناً -
to stand s. : ضمانت دینا ؛ ضامن ہونا -
suretyship, *n.* : ضمانت -
Surf, *n.* : کف دریا ؛ پھین جو سمندر کی لہروں کے ساحل یا چٹان سے ٹکرانے سے پیدا ہوتا ہے ؛ موجوں کا تلاطم (ساحل پر) -
s.-bird : ایک ساحلی پرند -
s.-boat : تلاطم کشتی ؛ ایک قسم کی پانی پر تیرنے والی ہلکی کشتی جو تلاطم کے وقت استعمال کرتے ہیں -
s.-man : تلاطم کشتی کا ملاح -
s.-riding : ایک کھیل ؛ تختوں پر بیٹھ کر کف دریا کے ساتھ بہنا -
surfy, *a.* : کف دریا کا سا ؛ پر کف -
Surface, *n.* & *v. t.* : (۱) سطح - (۲) ظاہری پہلو ؛ سطحی پہلو ؛ ظاہری حالت ؛ سطحی حالت ؛ ظاہر - (۳) (بطور صفت سابقہ) سطحی - (۴) (ہندسہ) سطح (جس میں لمبائی اور چوڑائی ہو مگر گہرائی بالکل نہ ہو) - (۵) مسطح کرنا (کاغذ وغیرہ کو) -
developable s. : قابل استوا سطح جو پھیلا کر مستوی بنائی جاسکتی ہو -
plane s. سطح مستوی -
s.-colour : وہ رنگ جو مسطح طباعت میں استعمال ہوتا ہے -
s.-man : ریل کی سڑک کا نگہبان
s.-printing : مسطح طباعت (معمولی ٹائپ کی طباعت ؛ اس طباعت کی ضد جس میں حروف اندر دھنس جاتے ہیں) -
s.-tension : سطحی تناؤ؛ تناؤ کی قوت جو سیال میں ہوتی ہے جس کی وجہ سے قطرے اور بلبلے بنتے ہیں -
s.-water : سطح کا پانی جو زمین وغیرہ کی سطح پر کچھ دیر جمع رہتا ہے اور پھر بہ جاتا ہے -
curved s. : سطح منحنی -
(-) **surfaced** : (-) سطح رکھنے والا -
Surfeit, *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) زیادتی (خصوصاً کھانے پینے میں)؛ پر خوری - (۲) حد سے زیادہ سیری ؛ سخت پھر جانا ؛ چھک جانا - (۳) حد سے زیادہ کھالینا یا پی لینا ؛ چھک جانا ؛ حد سے زیادہ کھلا دینا یا پلا دینا ؛ چھکا دینا - (۴) اکتا جانا ؛ اکتا دینا (کسی چیز زیادتی سے) -
Surge, *v. i.* & *n.* : (۱) موج زن ہونا ؛ موجیں مارنا ؛ تلاطم میں ہونا (دریا کا) - (۲) وفور ہونا ؛ امنڈنا (جذبات کا) - (۳) لہلہانا (کھیت کا) - (۴) دریا کی طرح امنڈنا ؛ سیلاب کی طرح بڑھنا (مجمع کا) -
Surgeon, *n.* : (۱) سرجن ؛ ماہر جراحی - (۲) جراح ؛ جراحی کی ابتدائی سند رکھنے والا - (۳) دوا فروش طبیب (پہلے اس معنی میں استعمال ہوتا تھا) - (۴) بری یا بحری فوج کا طبیب -
house-s. : ہاوس سرجن ؛ ہسپتال کا ڈاکٹر ؛ ناظر شفا خانہ -
s.-dentist : جراح دندان ساز ؛ جراح دندان -
s.-fish : نشتر ماہی ؛ ایک مچھلی جس کی دم کے دونوں طرف نشتر سے نکلے ہوتے ہیں -
Surgery, *n.* : (۱) فن جراحی ؛ فن جراحی کا کام - (۲) دارالجراحی ؛ سرجری ؛ سرجن کا مطب یا شفا خانہ ؛ ماہر جراحی کا مطب -
conservative s. : محتاط جراحی (جس میں قطع اعضا وغیرہ سے پرہیز کیا جاتا ہے) -
Surgical, *a.* : جراحی کا ؛ جراح یا جراحی کے متعلق -
s. fever : آپریشن کا بخار ؛ عمل جراحی کا بخار (جو آپریشن کے بعد سمیت پیدا ہو جانے کی وجہ سے ہو آتا ہے) -
s. operation : عمل جراحی ؛ آپریشن -
surgically, *adv.* : فن جراحی کی رو سے ؛ جراحی کے ذریعے سے ؛ آپریشن کے ذریعے سے -
Suricate, *n.* : سرکٹ ؛ نیولے کی قسم کا جانور جو جنوبی افریقہ میں پیدا ہوتا ہے -
Surloin : دیکھو Sirloin -
Surly, *a.* : (۱) اکھڑ ؛ اکل کھرا ؛ بد مزاج - (۲) اکھڑ پن کا ؛ اکل کھرے پن کا -
surlily, *adv.* : اکھڑ پن سے؛ اکل کھرے پن سے؛ بد مزاجی سے -
surliness, *n.* : اکھڑ پن ؛ اکل کھرا پن ؛ بد مزاجی -
Surmaster, *n.* : (سینٹ پال اسکول اور بعض اور مدرسوں کا) سیکنڈ ماسٹر ؛ مدرس دوم -
Surmise, *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) قیاس ؛ ظن ؛ اندازہ ؛ عقلی تکا - (۲) قیاساً معلوم کرنا ؛ قیاس کرنا ؛ اندازہ لگانا ؛ تاڑنا - (۳) قیاس آرائی کرنا ؛ اندازہ لگانے کی کوشش کرنا ؛ قیاس تکے لگانا -
Surmount, *v. t.* : (۱) اوپر ہونا ؛ اوپر لگا ہونا (صوماً صیغہ مجہول میں) - (۲) غالب آنا ؛ فتح پانا ؛ غلبہ پانا (مشکلوں پر)؛ دور کرنا (رکاوٹوں کو) -
surmountable, *a.* : جس پر غالب آنا ممکن ہو ؛ قابل فتح (مشکل) ؛ قابل عبور (رکاوٹ) -
Surmullet, *n.* : سرخ مچھلی ؛ سرخ ماہی ؛ ماہی سرخ ؛ لال مچھلی ؛ لال ماہی -
Surname, *n.* & *v. t.* : (۱) لقب (پہلے اس معنی میں استعمال ہوتا تھا) - (۲) خاندانی نام ؛ نام کا دوسرا جز جو کل خاندان میں مشترک ہوتا ہے اور باپ سے بیٹے کو اور

بیٹی کو پہنچتا ہے (مگر لڑکیوں کے نام میں شادی کے بعد باپ کے نام کے بجائے شوہر کا خاندانی نام شریک ہوجاتا ہے)۔

Surpass, *v. t.* : (۱) سبقت لے جانا ؛ فوقیت لے جانا ؛ بڑھ جانا۔ (۲) فائق ہونا ؛ بہتر ہونا ؛ بڑھا ہوا ہونا

surpassing, *a.*: (۱) فائق؛ برتر - (۲) بے نظیر؛ بےمثال- نہایت ؛ بے انتہا -

surpassingly, *adv.* :

Surplice, *n.* : اوپری جبہ ؛ ڈھیلا ڈھالا سفید لباس جو پادری اور کلیسا کے سرود خواں اپنے لباس کے اوپر پہن لیتے ہیں -

s. choir : جبہ پوش ؛ سرود خوان (کلیسا کے) -

s.-fee : پادری کا نذرانہ ؛ پادری کی فیس ؛ وہ رقم جو پادریوں کو نکاح یا نماز جنازہ وغیرہ کے موقع پر دی جاتی ہے -

surpliced, *a.* : جبہ پوش -

Surplus, *n.* : (۱) کسی چیز کی فاضل مقدار ' زائد مقدار (جو ضرورتوں کو پورا کرنے کے بعد بچ رہے) - (۲) توفیر ؛ ریاست کی آمدنی کا وہ حصہ جو اخراجات پورے کرنے کے بعد بچ رہے - (۳) (بلا طور صفت سابقہ) فاضل ؛ زائد ؛ توفیر کا -

surplusage, *n.*: توفیر ؛ بیشی ؛ فاضل مقدار

Surprise , *n. & v. t.* (۱) بے خبری میں آ لینا ؛ نا گہانی حملہ - (۲) حیرت ؛ تعجب ؛ اچنبھا - (۳) حیرت انگیز بات ؛ تعجب کی بات ؛ خلاف توقع چیز - (۴) بے خبری میں آ لینا ؛ اچانک حملہ کر دینا ؛ اچانک آ پہنچنا - (۵) حیرت میں ڈال دینا ؛ باعث حیرت ہونا ؛ باعث تعجب ہونا - (۶) اچانک پہنچ کر یا للکار کر گھبرا دینا (جس کی وجہ سے بے ارادہ کوئی حرکت سرزد ہوجائے)- (مثلاً *surprised me into dropping the reins*)-

a s. visit : بے اطلاع معائنہ -

I have a s. for you : میں آپ کو ایک ایسی چیز دیتا ہوں یا دکھاتا ہوں (یا ایسی خبر سناتا ہوں) جس کا آپ کو شاید گمان تک نہیں ہوگا

s. packet : حیرت کی پڑیا (جس میں خلاف توقع چیزیں نکلیں مثلاً مٹھائی میں روپیہ) -

to my great s.: میری توقع کے بالکل خلاف -

surprisal, *n.* : بے خبری میں آ لینا ؛ حیرت میں [illegible] دینا -

surprising, *a.*: عجیب؛ تعجب انگیز؛ حیرت انگیز؛ [illegible] توقع-

surprisingly, *adv.* : حیرت انگیز طریقے؛ [illegible]-

surprisedly, *adv.* : تعجب کے ساتھ ؛ حیرت زدہ ہو کر -

Surra (*sura*, *soora*), *n.* : سرا ؛ گرم ملکوں میں گھوڑوں اور مویشی کا ایک مرض جس میں خون کا لکھ کم ہو جاتا ہے (سرا مرہٹی زبان کا لفظ ہے) -

Surrebut , **surrejoin**, *vv. i.* : (مدعا علیہ کا) مدعی کے دعوے کا تیسری بار جواب دینا ؛ آخری جواب دعویٰ پیش کرنا -

surrebutter, surrejoinder, *nn.* : آخری جواب دعوے -

Surrender, *v. t. & i. & n.* : (۱) سپرد کرنا ؛ حوالے کرنا - (۲) چھوڑ بیٹھنا ؛ دست بردار ہو جانا - (۳) مغلوب ہو جانا (اثر یا جذبے سے) ؛ بندہ ہو جانا (عادت کا) - (۴) اطاعت قبول کر لینا - (۵) دب جانا ؛ مزاحمت یا مقابلے سے باز آنا - (۶) سپردگی ؛ دست برداری ؛ قبول اطاعت ؛ ہار ماننا -

s. insurance policy : کچھ رقم لے کر بیمے کی پالسی سے دست بردار ہو جانا -

s. to one's bail : ضمانت پر چھوٹنے کے بعد حاضر عدالت ہونا -

s. value : معاوضۂ دست برداری جو بیمہ کرانے والے کو ان صورتوں میں ملتا ہے جب وہ پالسی سے دست بردار ہوجائے -

Surreptitious, *a.* : جو چوری سے لیا جائے ؛ چوری کا ؛ خفیہ ؛ مخفی ؛ پوشیدہ ؛ دزدیدہ -

surreptitiously, *adv.*: چپکے چپکے؛ خفیہ طور پر؛ اندر اندر-

Surrogate, *n.* : قائم مقام ؛ نائب (خصوصاً بشپ یا اس کے مشیر قانونی کا) -

surrogateship, *n.* : اسقف کی نیابت -

Surround, *v. t. & n.* : (۱) گھیر لینا ؛ احاطہ کرلینا ؛ نرغہ کرنا - (۲) محیط ہونا ؛ گھیرے ہونا ؛ گرد ہونا ؛ چاروں طرف ہونا - (۳) حاشیۂ فرش ؛ کوئی فرش جو قالین دری وغیرہ کے چاروں طرف بچھا ہو -

the surrounding country : گرد و پیش کا علاقہ ؛ آس پاس کے گاؤں -

Surroundings, *n. pl.*: (۱) گرد و پیش (کا علاقہ)- (۲) ماحول -

Sursum Corda (*L.*): حضور قلب سے! (لفظی معنی ' دلوں کو اونچا کرو' ؛ یہ لاطینی لفظ عشائے ربانی میں پادری درمیانی حصے کی تمہید سے پہلے کہتا ہے) -

Surtax, *n. & v. t.* : (۱) زاید ٹیکس لگانا یا وصول کرنا - (۲) زاید ٹکس - (۳) مزید ٹکس (جو دو هزار پاونڈ سے زیادہ آمدنی کے لوگوں پر سنہ ۳۰ - ۲۹ میں لگایا گیا تھا) -

Surtout, *n.* : (اب شاذ ہے) اوور کوٹ (خصوصاً فراک کوٹ کی وضع کا) -

Surveillance (-valans, -lyans), *n.* : نگرانی (کسی شخص کی نقل و حرکت کی) -

he is under s. : اس کی نگرانی کی جاتی ہے ؛ وہ زیر نگرانی ہے

Survey , *v. t.* : (۱) نظر ڈالنا ؛ مجمل طور پر معائنہ کرنا یا جائزہ لینا - (۲) پیمائش کرنا ؛ سروے کرنا -

Survey, *n.* : (۱) نظر ڈالنا ؛ مجمل معائنہ ؛ جائزہ - (۲) پیمائش ؛ سروے -

surveying, *n.* : پیمائش ؛ فن پیمائش -

Surveyor, *n.* : (۱) ناظر ؛ انسپکٹر - (۲) گرداور پیمائش ؛ امین پیمائش ؛ سرویر -

surveyorship, *n.* : (۱) نظارت ؛ انسپکٹر کا عہدہ - (۲) گرداوری ؛ امین پیمائش یا سرویر کا عہدہ -

Survival, *n.* : (۱) بقا ؛ باقی رہ جانا ؛ بچ جانا - (۲) (حیاتیات) انتخاب طبعی میں ان حیوانات کا باقی رہنا جو اپنی زندگی کو ماحول کے مطابق کر لیتے ہیں - (۳) (مجازاً) یادگار؛ آثار (انسان یا شئے) -

s. of the fittest : (حیاتیات) بقائے اصلح -

Survive, *v. t. & i.* : (۱) کسی کے مرنے کے بعد تک زندہ رہنا ؛ (جہازی حادثے وغیرہ سے) بچ جانا ؛ بچ رہنا - (۲) باقی رہنا ؛ (دنیا میں) نسل قائم رہنا ؛ وجود قائم رہنا -

surviver, *n.* : بسماندہ ؛ باقی ماندہ ؛ جو بچ رہا ہو -

survivership, *n.* : (۱) باقی رہنا ؛ بچ رہنا - (۲) (قانون) کل زمین یا جائداد کا قبضہ جو مشترک پٹہ داری یا اجارے شریک کے مرنے کے بعد دوسرے کو حاصل ہو -

Sus-, = Sub : سابقہ جو حرف "c" یا "t" سے شروع ہو ؛ لاطینی الفاظ میں ان کے مشتقات کے ساتھ "SUB" کے بجائے لگایا جاتا ہے -

Susceptible, a. : (۱) ("of" کے ساتھ) گنجائش رکھنے والا (*s. of another interpretation*) - (۲) ("to" کے ساتھ) متاثر ہونے والا ؛ اثر قبول کرنے والا ؛ تاثر کی صلاحیت رکھنے والا ؛ مادہ رکھنے والا (*s. to pain,*) - (۳) اثر پذیر ؛ جلد متاثر ہونے والا ؛ زود حس ؛ زود رنج - (*injury, kindness, female charms*)

susceptibility, n. : (۱) اثر پذیری ؛ تاثر کا مادہ یا صلاحیت ؛ زود حسی - (۲) احساسات ؛ وہ جذبات جن سے انسان خاص طور پر متاثر ہوتا ہو -

susceptibly, adv. : اثر پذیری کے ساتھ ؛ زود حسی سے -

Susceptive, a. : اثر پذیری کا ؛ تاثری -

Susi, n. : سوسی ؛ ایک قسم کا سوتی کپڑا جس میں رنگ برنگ کی ریشم کی دھاریاں ہوتی ہیں -

Suspect, v. t. : (۱) (کسی بات کا) شبہ ہونا ؛ اندیشہ ہونا (*s. danger, foul play*) - (۲) گمان ہونا (*I s. him to be my brother*) - (۳) خیال کرنا ؛ سمجھنا - (۴) ملزم سمجھنا ؛ (کسی برائی یا جرم کا) شبہ کرنا ؛ شبہ کی نظر سے دیکھنا (*I s. him of lying, of deep designs*) - (۵) نا قابل اعتبار سمجھنا ؛ مشتبہ یا مشکوک سمجھنا ؛ صحت میں شبہ کرنا (*s. the authenticity of the evidence*) -

a suspected criminal : جس پر مجرم ہونے کا شبہ ہو -

suspectable, a. : (۱) جس پر شبہ یا گمان ہو سکے - (۲) مشتبہ ؛ مشکوک -

Suspect, a. & n. : (۱) مشتبہ ؛ مشکوک ؛ جس میں شبہ کی گنجائش ہو - (۲) مشتبہ شخص (*political ss. are kept under surveillance*) -

Suspend, v. t. : (۱) لٹکانا ؛ معلق کرنا ؛ ادھر میں رکھنا - (۲) معلق رکھنا ؛ فیصلہ نہ کرنا - (۳) کچھ عرصے تک موقوف رکھنا ؛ ملتوی رکھنا ؛ کچھ عرصے کے لئے بند کر دینا ؛ موقوف کر دینا ؛ ملتوی کر دینا - (۴) معطل کر دینا -

s. payment : مطالبات یا قرض ادا نہ کر سکنا ؛ دوالیہ ہونے کا اعلان کرنا ؛ دوالہ نکالنا -

suspended animation : سکتے کی حالت ؛ وہ حالت جس میں انسان کے حواس اور اعضا معطل ہوتے ہیں مگر وہ زندہ ہوتا ہے -

suspended particles of dust : معلق ذرات ؛ خاک کے منتشر ذرات جو کسی سیال شئے میں ہوں -

suspensible, a. : جو معلق رہ سکے ؛ تعلیق پذیر -

suspensibility, n. : تعلیق پذیری ؛ معلق رہ سکنا -

Suspender n. : (۱) لٹکانے والا ؛ معلق کرنے والا ؛ ملتوی ، موقوف یا معطل کرنے والا - (۲) (جمع) پتلون کے تسمے (اس معنی میں زیادہ تر دکان دار استعمال کرتے ہیں) - (۳) موزہ بند ؛ جراب کے تسمے -

Suspense, n. : (۱) امید و بیم کی حالت ؛ (انتظار کی) تشویش - (۲) (قانون) کسی قانونی حق کا عارضی طور پر زائل ہو جانا ؛ معطل حیثیت ؛ التوائے حقیت

to keep in s. : (انتظار کی) تشویش میں رکھنا ؛ جس بات کے سننے کا کسی شخص کو اشتیاق ہو اس کے بیان کرنے میں دیر کرنا جس سے اسے تشویش ہو -

Suspension, n. : (۱) لٹکانا ؛ تعلیق - (۲) التوا ؛ تعطل ؛ معطلی ؛ عارضی موقوفی -

s.-bridge : جھولا پل (جو ستونوں پر قائم نہیں ہوتا بلکہ زنجیروں یا تار کے رسوں کے سہارے لٹکا رہتا ہے) -

suspensive, a. : (۱) التوا کا ؛ تعطل کا - (۲) (انتظار کی) تشویش کا -

suspensive veto : حق تنسیخ عارضی ؛ حق التوا

suspensively, adv. : (۱) التوا یا تعطل کے طور پر - (۲) (انتظار کی) تشویش میں رکھتے ہوئے

suspensory, a. : (۱) لٹکانے کا ؛ تعلیقی - (۲) التوا کا ؛ تعطل کا -

Sus per coll, n. : (۱) پھانسی کا اندراج (رجسٹر میں) - (۲) (مزاحاً) پھانسی (کبھی پھانسی دی گئی کے معنی میں آتا ہے) - (لاطینی جملے "*suspendatur per collum*" کا مخفف ہے جس کے معنی ہیں گردن سے لٹکایا جانا) -

Suspicion, n. & v. t. : (۱) شبہ ؛ شک - (۲) محض شبہ ؛ بد گمانی ؛ سوء ظن - (۳) شائبہ ؛ خفیف سی جھلک -

above s. : شبہ سے بالا تر -

suspicionless, a. : (۱) شبہ سے پاک ؛ جس میں شبہ نہ ہو - (۲) شبہ سے خالی ؛ جو شبہ نہ کرتا ہو -

Suspicious, a. : (۱) مشتبہ ؛ مشکوک ؛ شبہ کی ؛ شبہ کے قابل - (۲) شبہ رکھنے والا ؛ شبہ کرنے والا - (۳) جسے شبہ کرنے کی عادت ہو ؛ شکی - (۴) شبہے کا ؛ شبہ ظاہر کرنے والا -

suspiciously, adv. : شبہے کی نظر سے ؛ شبہے کے انداز سے ؛ مشتبہ طور پر ؛ قابل شبہ طور پر -

suspiciousness, n. : (۱) مشتبہ ہونا ؛ مشکوک ہونا - (۲) شبہ رکھنا ؛ شکی ہونا -

Suspire, v. i. : (شاعرانہ) آہ سرد بھرنا ؛ ٹھنڈی آہ بھرنا ؛ آہ کرنا -

suspiration, n. : (۱) آہ بھرنا - (۲) آہ ؛ دم سرد -

Sustain, v. t. : (۱) سہارا دینا ؛ بوجھ اٹھانا ؛ گرنے یا ڈوبنے نہ دینا - (۲) زندہ رکھنا ؛ ہمت قائم رکھنا ؛ سنبھالے رکھنا ؛ دستگیری کرنا - (۳) برداشت کر لینا ؛ مقابلہ کرنا (کامیابی کے ساتھ) ؛ تاب لانا (*sustained the shock of the enemy's cavalry*) - (*will not s. comparison with*) - (۴) اٹھانا (نقصان) ؛ کھانا (شکست وغیرہ) - (۵) (عدالت وغیرہ کا) صحیح قرار دینا ؛ (اعتراض یا دعوے کو) جائز قرار دینا ؛ حق بجانب قرار دینا (کسی فریق کو) ؛ حق میں فیصلہ کرنا - (۶) تصدیق کرنا ؛ تائید کرنا ؛ ثابت کرنا (بیان ، الزام ، نظریہ) - (۷) (کسی پارٹ یا کیرکٹر کو) اچھی طرح نبھانا ؛ کامیابی سے ادا کرنا - (۸) جاری رکھنا -

sustaining food : قوت کو قائم رکھنے والی غذا ؛ طاقت بخش غذا -

sustainable, a. : قابل برداشت ؛ قابل تائید ؛ قابل ثبوت -

sustainment, n. : برداشت کرنا یا کیا جانا ؛ (مادہ) .

برد ۔ شد ؛ تائید ؛ ثبوت ۔

Sustenance, *n.* : (۱) (شاذ) پرورش کرنا ؛ پرورش ؛ غذا پہنچانا ۔ (۲) غذا ئیت ۔ (۳) غذا ؛ خوراک ؛ قوت ۔ (۴) روحانی غذا ؛ (ذوق وغیرہ کو) پرورش کرنے والی چیز ۔

Sustentation, *n.* : (۱) زندگی کو قائم رکھنا ؛ پرورش ۔ (۲) معاش ؛ کفاف ؛ روزی

s. fund : امدادی فنڈ (جو غریب پادریوں کے لئے قائم کیا گیا ہو) ۔

Susurration, *n.* **Susurrous**, *a.* : (شاذ) کانا پھوسی ؛ سرسراہٹ ۔

Sutler, *n.* : لشکر کا بنیا ۔

Sutar, *n.* : (سنسکرت ادب) سوتر ؛ حکمت ؛ حکیمانہ قول ؛ بلیغ اور مختصر مقولہ ۔

Suttee, sati, *n.* : (۱) ستی ؛ وہ ہندو عورت جو اپنے شوہر کی چتا میں جل کر جان دے دے ۔ (۲) ستی کی رسم ۔

sutteeism, *n.* : ستی کی رسم

Suture, (-tsher) *n.* & *v. t.* : (۱) درز ؛ ہڈیوں کا خصوصاً سر کی ہڈیوں کا جوڑ جو سیون کی طرح معلوم ہوتا ہے ۔ (۲) (نباتیات) دوخت ؛ اسی قسم کا جوڑ (پودے کے دو حصوں میں) ۔ (۳) (جراحی) ٹانکے (زخم کے) ۔ (۴) ٹانکے لگانا

sutural, *a.* : (۱) دوخت یا درز کا ۔ (۲) ٹانکے کا

suturally, *adv.* : (۱) دوخت یا درز کی طرح ۔ (۲) ٹانکوں کے طریقے پر ۔

suturation, *n.* : (۱) دوخت یا درز سے جوڑنا ۔ (۲) ٹانکے لگانا یا لگنا ؛ سلائی ۔

sutured, *a.* : (۱) درز دار ؛ دوخت دار ۔ (۲) ٹانکے لگا ہوا ؛ سلا ہوا ۔

Suzerain, *n.* : (۱) (نظام جاگیرداری میں) سردار ؛ سب سے بڑا سردار ۔ (۲) حکم فرما ؛ وہ بادشاہ یا ریاست جو دوسری ریاست پر برائے نام یا محدود حق حکومت رکھتی ہو اور اس کے اندرونی معاملات میں دخیل نہ ہو ۔

suzerainty, *n.* : حکم فرمائی ؛ محدود فرماں روائی یا اقتدار ۔

Svelte, *a.* : چھریرا ؛ ہلکا پھلکا ؛ لچک دار (انسان کا خصوصاً عورت کا جسم) ۔

Swab, (-ob) *v. t.* & *n.* : (۱) گچھے دار جھاڑو یا کوچی کو پانی میں بھگو کر اس سے صاف کرنا ۔ (۲) گچھے دار جھاڑو یا کوچی ۔ (۳) جذب کرنے والی گدی جو جراحی میں استعمال ہوتی ہے ؛ ریذہ ؛ سوکھا گدی ۔ (۴) (جہاز ؛ عامیانہ) افسر کا جھبا ۔ (۵) (جہاز ؛ عامیانہ) بھدا آدمی ؛ پھوہڑ آدمی ۔

s. up : (۱) کوچی سے پونچھ لینا ؛ پانی وغیرہ ۔ (۲) سوکھا گدی سے جذب کرلینا (رطوبت) ۔

swabber, *n.* : جہاز صاف کرنے والا ؛ جہاز میں جھاڑو دینے والا ؛ جہاز کی جھاڑ پونچھ کرنے والا ۔

Swabian, Sua-, *a.* & *n.* : (۱) سوابستان کا ؛ سوابستانی ؛ سوابی ۔ (۲) سوابستان کا باشندہ ؛ سوابستان کی زبان ۔

S. emperors : ہوہن اسٹاوفن خاندان کے شہنشاہ (سنہ ۱۱۳۸ تا ۱۲۵۴) ۔

Swaddle(-odl) *v. t.* : (۱) پٹیوں میں لپیٹنا ؛ پٹیاں لپیٹنا ۔ (۲) کپڑوں چادروں وغیرہ میں لپیٹنا ؛ بہت سے کپڑے پہنا دینا ۔

swaddling-clothes : (۱) کپڑے جس میں بچے لپٹے رہتے ہیں ۔ (۲) (مجازاً) بندشیں (جو انسان کی آزادی کو محدود کرتی ہیں) ۔

Swadeshi (-da), *n.* : سدیشی تحریک (ہندوستان کی) ۔

Swag, *n.* : (۱) مال (چوروں کا) ؛ گٹھڑی (چور ، ڈاکو وغیرہ کی) ۔ (۲) وہ مال جو سیاسی امور یا دوسرے معاملات میں ناجائز طریقے سے حاصل کیا جائے ۔ (۳) (اسٹریلیا) (آوارہ گرد آدمی ؛ کان کے مزدور وغیرہ کی) گٹھری ۔

Swage, *n.* & *v. t.* : سانچے جن میں لوہا ڈال کر دبانے یا ہتوڑے سے ٹھونکنے سے مختلف شکل کی چیزیں گھڑی جاتی ہیں ۔

s. block : ایک طرح کی سوراخ دار نہائی (جس پر لوہے کو رکھ کر مختلف چیزیں گھڑتے ہیں) ۔

Swagger, *v. i.* & *t.*, *n.* & *a.* : (۱) اکڑ کر چلنا ؛ اترا کر چلنا ؛ اینٹھ کر چلنا ۔ (۲) اکڑنا ؛ تحکم یا خود پسندی کی شان رکھنا ۔ (۳) ڈرون کی لینا ؛ شیخی بگھارنا ؛ دھونس جمانا ؛ رعب جمانا ۔ (۴) دھونس جماکر کسی کام پر آمادہ کرنا یا اس سے باز رکھنا (*s. into, s. out of*) ۔ (۵) اکڑ ؛ بل ؛ اکڑ مکڑ ؛ شیخی ؛ دھونس ۔ (۶) بے باکی ؛ طراری ۔ (۷) ٹھاٹھ کے ؛ بانکے (کپڑے) ؛ اعلیٰ فیشن کی (سوسائٹی ، صحبت) ۔

s. about : اکڑتے پھرنا ۔

s.-cane : سپاہی کی چھڑی ۔

s. into : اکڑتے ہوئے داخل ہونا ۔

s. out : اکڑتے ہوئے نکلنا ۔

swaggerer, *n.* : اکڑ کے چلنے والا ؛ اکڑ باز ؛ شیخی باز

swaggeringly, *adv.* : اکڑ کے ؛ تحکم یا خود پسندی سے ؛ شیخی سے ۔

Swain, *n.* : (۱) دیہاتی نوجوان ۔ (۲) دہقانی عاشق ۔ (۳) (مزاحاً) عاشق ؛ شادی کا طالب گار ۔

Swallet(-ol-), *n.* : زیرزمین چشمہ ؛ وہ گڑھا جس میں جھرنا گرتا ہے ۔

Swallow(-olo), *v. t.* & *i.* & *n.* : (۱) نگلنا ؛ کھاجانا ؛ نگل جانا ؛ ہڑپ کرجانا ؛ ناقابل یقین بات کو یقین کرلینا ؛ سخت سے سخت بری سے بری بات برداشت کرلینا ۔ (۲) ("*up*" کے ساتھ) اپنے اندر کھینچ لینا ؛ نگل جانا ؛ سما جانے دینا ۔ (۳) اپنے اندر چھپا لینا ؛ (*the earth swallowed them up*) چھپا جانا (کہر وغیرہ کا) ۔ (۴) غائب کردینا ؛ ہضم کرجانا ۔ (۵) آسانی سے یقین کرلینا ؛ دم میں آجانا (*will s. anything you tell him*) ۔ (۶) چپ چاپ برداشت کرلینا (توہین ، ذلت) ۔ (۷) (اپنے الفاظ) واپس لینا ۔ (۸) نگلنا ؛ نگلنے کا عمل کرنا ۔ (۹) حلق ۔ (۱۰) نگلنے کا عمل ۔ (۱۱) وہ مقدار جو ایک بار میں نگلی جاسکے ؛ ہڑپا ۔ (۱۲) (*s. hole*) چونے کے پتھر کا خلو ؛ گڑھا ۔

Swallow(-olo) *n.* : ابابیل ۔

one s. does not make a summer : ذرا سی بات سے نتیجہ نہیں نکالنا چاہیے ؛ ایک علامت نتیجہ نکالنے کے لیے کافی نہیں ۔

s. dive : ابابیل کی سی ڈبکی ؛ ہاتھ پھیلا کر پانی میں کودنا ۔

s.-fish : ایک قسم کی مچھلی ۔

s.-hawk : دو شاخی دم کا باز -
s.-plover : دو شاخی دم کا پلور
s.-shrike : دو شاخی دم کی قصائی چڑیا -
s.-tail : دو شاخی دم (بعض پرندوں ' تتلیوں وغیرہ کی) -
s.-tailed : دو شاخی دم کی -
s.-tailed coat : وہ کوٹ جس کے پیچھے کا دامن کاودم ہو-
s.-wort : (۱) دودھیل پودا = " milk-weed " - (۲) سلیی دین = " celandine " -

Swale, Sweal, v. t. & i. : (۱) (مقامی) آگ لگا دینا ؛ جلانا (خصوصاً جھاڑیوں وغیرہ کو) - (۲) جل جانا ؛ جھلس جانا - (۳) (موم بتی کا) پگھل جانا -

Swam دیکھو Swim -

Swami (-ah), n. : سوامی ؛ ہندوؤں میں دیوتا ' برہمن ' اور پیشوایان دین کو تعظیماً کہتے ہیں -
s. work : چاندی کا کام جس میں دیوتاؤں کی تصویریں بنی ہیں-

Swamp, (-o:) n. & v. t. : (۱) پانک ؛ دلدل کی زمین ؛ دلدل - (۲) دلدل میں پھنسانا - (۳) تہ آب کرنا ؛ غرقاب کرنا ؛ بھرا پور کردینا - (۴) (کسی چیز کی) بھر مار کر کے ناک میں دم کردینا (swamped with letters) - (۵) (ایک چیز کا اپنی کثرت یا افراط سے دوسری چیز کو) چھپالینا ؛ اپنے اندر گم کردینا
swampy, a (پودوں کے نام کے ساتھ صفت سابقہ کے طور پر آتا ہے) دلدل کی ؛ کلابی -

Swan(-on), n. : (۱) راج ہنس (اس کے متعلق یہ مشہور ہے کہ مرتے وقت بڑی سریلی آواز سے گاتا ہے) - (۲) (استعارتاً) شاعر - (۳) (ہیئت) دجاجہ طائر ؛ ستاروں کی ایک صورت (مجموعے) کا نام -
all his geese are ss : وہ چیزوں کا اندازہ ان کی اصلیت سے بڑہ کر کرتا ہے ؛ ہر بطخ کو راج ہنس بنا دیتا ہے -
black s. : کالا راج ہنس (اسٹریلیا میں پایا جاتا ہے ' اس کے معلوم ہونے سے پہلے نادر چیز کے معنی میں آتا تھا) -
S. of Avon : شیکسپیر -
s.-flower : ثعلبیہ یا زمرادوند کی ایک قسم -
s.-goose : لمبی گردن کا چینی ہنس -
s.- herd : شاہی ملازم جس کا کام یہ ہے کہ بادشاہ کے راج ہنسوں کی چونچ پر نشان ملکیت کھود دے-
s.- mark : ہنس نشان ؛ نشان ملکیت جو بادشاہ کے یا مجلس بلدیہ وغیرہ کے راج ہنسوں کی چونچ پر کھودا جاتا ہے -
s.- neck : خمدار سرا (اس نل کا جس سے گیس وغیرہ خارج ہوتی ہے) -
s.' s-down : (۱) راج ہنس کے نرم پر جو جھالر وغیرہ کے کام آتے ہیں - (۲) ایک طرح کا موٹا سوتی کپڑا جو ایک طرف روئیں دار ہوتا ہے -
s. skin : ایک قسم کی نرم قالین -
s.- shot : ہنس چھرے ؛ بڑے چھرے -
s.- song : (۱) راج ہنس کا آخری نغمہ ؛ دم نزع کا نغمہ - (۲) (شاعر وغیرہ کا) آخری کارنامہ -
s.-upping : ہنس نشان لگانا ؛ جائزہ (دریائے ٹھیمس کے راج ہنسوں کا جو سال میں ایک بار لیا جاتا ہے اور اس کے ساتھ ہر ایک کی چونچ پر نشان ملکیت کھودا جاتا ہے)-
swanlike, a. : راج ہنس کی سی (سفید ی ' خوش قامتی ' گردن وغیرہ) -
swannery, n. : ہنس گھر ؛ جس میں ہنس رکھے جاتے ہیں یا بچوں کے لیے پالے جاتے ہیں -

Swank, n. & v. t. : (۱) قابلیت یا دولت کی نما ئش ؛ نمود ؛ ٹھاٹ ' اکڑ ؛ شیخی ' تعلی ' ڈینگ ؛ دھونس - (۲) قابلیت یا دولت کی نمائش کرنا ؛ ٹھاٹ دکھانا ؛ شان دکھانا ؛ اکڑنا ؛ شیخی بگھارنا ؛ تعلی کرنا ؛ ڈینگ مارنا ؛ دھونس جمانا ؛ رعب جمانا -

Swap. = Swop دیکھو -

Swaraj, n. : (ہندوستان) سوراج ؛ حکومت خود اختیاری -
swarajist, n. & a. : سوراجی ؛ سوراج پارٹی کا ممبر -

Sward (- ord) n. : (۱) سبزہ زار - (۲) دوب ؛ دوب کا تختہ -
swarded, a. : دوب سے ڈھکا ہوا -

Sware: " Swear " کا ماضی ہے جو اب متروک ہے ؛ معنی کے لیے دیکھو - Swear

Swarm (-orm) n. & v. t. : (۱) اڑتا ہوا یا متحرک جھنڈ (پرندوں ' کیڑوں کا) ؛ نرغہ ؛ ہجوم (آدمیوں خصوصاً سپاہیوں وغیرہ کا) - (۲) شہد کی مکھیوں کی فوج جو ملکہ کے ساتھ چھتے کی تلاش میں جاتی ہو - (۳) جھنڈ میں اڑنا ؛ نرغہ کرنا ؛ ہجوم کرنا ؛ امنڈنا - (۴) شہد کی مکھیوں کا تبدیلی مقام کے لیے جمع ہونا - (۵) بڑا مجمع ہونا ؛ جم غفیر ہونا ؛ ٹھٹ لگ جانا ؛ بہت کثرت ہونا (مکھیوں وغیرہ کی)
s.-cell, s.-spore : متحرک خلیوں کا مجموعہ ؛ مثیہ -
ss. (swarms) : (بچوں کا) ہجوم ؛ (لوگوں کا) جم غفیر ؛ (ستاروں کا) جھرمٹ ؛ (بلوں وغیرہ کا) ڈھیر -

Swarm (-orm) v. i. & t. : درخت پر چڑھنا ؛ رسی پر چڑھنا ؛ بلی پر چڑھنا (دونوں ہاتھ دونوں پانوں سے چمٹ کر) -

Swart (-ort) a. : (قدیم) (سیاہ فام) سیاہ ؛ کالی رنگت کا ؛ کالا-

Swarthy (-ordhi) a. : کالی رنگت کا ؛ کالا ؛ سیاہ فام ؛ سیاہ فامانہ وغیرہ ؛ جس کا کالا رنگ ہو -
swarthily, adv. : کالی رنگت کے ساتھ -
swarthiness, n. : (رنگ کا) کالاہونا؛ سیاہ فام ہونا؛ سیاہ فامی-

Swash (-o-)v. t. & i. & n. : (۱) (قدیم) زور کا ہاتھ لگانا ؛ کاری ضرب لگانا- (۲) (پانی کا) کسی چیز سے ٹکرانا ؛ چپ چپ کی آواز ہونا- (۳) پانی میں کسی چیز کے گرنے کی آواز؛ چھپاکا-
swashbuckler : بھاڑے کا بانکا ؛ وہ شخص جو مارنے مرنے کو تیار رہتا ہو اور کرائے پر لڑتا ہو -
swashing blow : ضرب کاری ؛ زور کا ہاتھ یا وار -
s.-plate : (مشین میں) ٹیڑھی رکابی سی جو دھری پر گھومتی ہے اور سلاخ کو جو اس سے ملی ہوئی ہوتی ہے اوپر نیچے اٹھاتی ہے -

Swastika, n. : (۱) سواستکا ؛ صلیب جو اس شکل کی ہوتی ہے - 卐 (۲) جرمن نازی پارٹی کا نشان -

Swat (-ot-) v. t. : ہتیلی سے مارنا ؛ کچل دینا (مکھی وغیرہ) -

Swath (-aw-) n. : (۱) (ایک بار میں) کٹی ہوئی گھاس یا بالیوں کا ڈھیر - (۲) کھیت وغیرہ کی زمین جو گھاس چھیلنے یا کھیت

کاٹنے کے بعد صاف ہوگئی ہو۔

Swathe (-dh) *v. t. & n.*: (۱) پٹیوں میں لپیٹنا ؛ کسی چیز پر پٹی باندھنا - (۲) کپڑوں چادروں وغیرہ میں لپیٹنا ؛ گرم کپڑے یا بہت سے کپڑے پہنانا ؛ کپڑوں سے لد دینا -

Sway, *v. i. & t. & n.* : (۱) ہلنا ؛ جھکنا ؛ تذبذب کرنا ؛ ہلنا جلنا ؛ جھولنا ؛ جھونکے کھانا - (۲) مذبذب ہونا ؛ دودلا ہونا ؛ پس و پیش میں ہونا - (۳) ہلانا ؛ جھکانا ؛ جھلانا - (۴) متحرک ہونا ؛ متاثر کرنا ؛ اثر ڈالنا ؛ جدھر چاہنا موڑ دینا - (۵) حکومت کرنا ؛ حکمرانی کرنا - (۶) جھونک ؛ پینک - (۷) اثر ؛ قابو ؛ حکومت ؛ فرمانروائی ؛ حکمرانی -

swayed, sway-backed : (گھوڑا) جس کی پیٹھ میں گڑھا ہو -

Swear (swar) *v. t. & i.*: (swore or archaic sware, sworn) & *n.* (۱) قسم کھا کر کہنا ؛ حلف اٹھا کر کہنا ؛ قسم کھاکر وعدہ کرنا - (۲) (بول چال) تاکید کے ساتھ کہنا ؛ زور دے کر کہنا - (۳) (خدا کی یا بزرگان دین کی) قسم کھانا (غصے یا جوش میں) (عیسائیوں میں یہ قریب قریب اتنا ہی برا سمجھا جاتا ہے جیسے گالی بکنا) - (۴) حلف لینا (گواہ وغیرہ سے s. witness, s. person to secrecy) - (۵) بے ادبی سے قسم کھانا - (۶) (*n.*) بے ادبانہ قسم (s. word) -

s. against : حلف اٹھا کر الزام لگانا (کسی جرم کا) -

s. by : (۱) (کسی کا) قائل ہونا ؛ کلمہ پڑھنا - (۲) ہمیشہ استعمال کرنا ؛ دوسروں سے تعریف کرنا (*s. by quinine*) -

s. by, s. to : (خدا کی ' عزت وغیرہ کی) قسم کھانا ؛ گواہ کر کے کہنا -

s. off : (شراب وغیرہ کے) ترک کی قسم کھانا -

s. in : حلف لے کر جائزہ دینا (کسی عہدے کا) -

s. the peace against : حلف اٹھا کر (کسی شخص کے متعلق) کہنا کہ اس سے جسمانی ضرر کا خوف ہے -

sworn : حلفیہ (شہادت وغیرہ) -

sworn brothers or *friends* : (ایک دوسرے کے) جگری دوست ؛ گہرے دوست -

sworn broker : دلال جس سے ایمانداری کی قسم لے لی گئی ہو -

sworn enemies : (ایک دوسرے کے) جانی دشمن -

swearer, *n.* قسم کھانے والا -

Sweat, *n. & v. i. & t.* : (۱) پسینہ ؛ عرق ؛ عرق نکالنا ؛ پسینہ پونچھنا - (۲) پسینہ آنا ؛ پسینہ بہنے کا دورہ یا مدت - (۳) ورزش جس سے پسینہ آے - (۴) (بول چال) سخت پریشانی (*in a s.*) - (۵) (عموماً بول چال میں) محنت ؛ مشقت ؛ عرقریزی ؛ سخت محنت کا کام - (۶) سیل ؛ نمی ؛ تری (قطرے جو کسی سطح سے نکلیں یا تکثیف سے پیدا ہوجائیں) - (۷) (کسی کو) پسینہ آنا ؛ پسینہ نکلنا ؛ (مجازاً) خوف سے یا تکلیف سے پسینہ آنا ؛ ندامت سے عرق عرق ہونا - (۸) پسینے کی طرح رسنا یا بہنا (خون ' گوند وغیرہ) - (۹) (دیوار کا) نم ہونا ؛ سیلنا - (۱۰) پسینہ بہانا ؛ مشقت کرنا ؛ عرق ریزی کرنا - (۱۱) ورزش سے پسینہ لانا (گھوڑے کو یا آدمی کو) - (۱۲) (مزدوروں یا نوکروں کا) خون چوسنا ؛ برائے نام اجرت پر بہت زیادہ کام لینا ؛ مقابلے سے فائدہ اٹھا کر بیدردی سے کام لینا - (۱۳) (تمبا کو ' چمڑے وغیرہ کو) سڑانا ؛ خمیر اٹھانا - (۱۴) سکوں کو رگڑ کر ان میں سے دھات کھرچ لینا - (۱۵) گھوڑے کو رگڑ کر پسینہ پونچھنا - (۱۶) دھات کی چیز کو جھالنے کے طریقے سے لگانا ؛ جھالنا -

a cold s. : ٹھنڈا پسینہ (موت ' بیہوشی ' خوف وغیرہ کا) -

by s. of one's brow : محنت سے ' مشقت سے -

he shall s. for it : اسے اس پر نادم ہونا پڑے گا -

all of a s., in a s : (بول چال) پسینے پسینے -

s.-band : ہیٹ وغیرہ کا چمڑے کا استر -

s.-cloth : خو گیر (گھوڑے کا) -

s.-duct : پسینے کی نالی ؛ مجری العرق -

s.-gland : پسینے کا غدود ؛ غدود العرق (کھال کے نیچے ہوتا ہے) -

s.-shop : دوکان جس میں نوکروں کا خون چوسا جاتا ہے -

sweated clothes : کپڑے جو مزدوروں کا خون چوس کر تیار کرائے گئے ہوں -

sweating-bath : گرم پانی کا غسل جو پسینہ لانے کے لیے دیا جائے -

sweating-iron : گھوڑے کا پسینہ پونچھنے کا کھریرا -

sweating-room : ترکی حمام میں وہ کمرہ جو پسینہ لانے کے لیے ہوتا ہے -

sweating-sickness : ایک وبائی بخار جو پندرھویں اور سولھویں صدی میں پھیل گیا تھا -

sweatily, *adv.* : عرق ریزی سے -

sweatiness, *n.* : (۱) عرق آلود ہونا - (۲) پسینے کا سا ہونا -

sweatless, *a.* : بے پسینے کا ؛ بے عرق -

sweaty, *a.* : (۱) عرق آلود ؛ پسینے میں تر - (۲) پسینے کا سا - (۳) جیسے پسینہ آ رہا ہو -

Sweater, *n.* : (۱) " *sweat* " کا اسم فاعل - (۲) مزدور یا ملازم کا خون چوسنے والا آقا ؛ برائے نام اجرت پر بہت زیادہ کام لینے والا - (۳) سوئٹر ؛ موٹی بنّی دار اونی بنیان -

Swede, *n.* : (۱) (چھوٹے " s " سے) سویڈنی شلجم - (۲) (بڑے " S " سے) سویڈنی ؛ سویڈن کا باشندہ -

Swedenborgian, *a. & n.* : کلیسائے جدید کا پیرو ؛ سویڈن برگی ؛ سویڈن برگ کا مقلد ؛ اس کا قائل کہ انسان میں خدائی صفات موجود ہیں اور ان کا کامل مظہر حضرت مسیح کی ذات تھی ' مذہب کی اصل الہیات کے عقائد یا عبادات نہیں ہیں بلکہ خدا کی محبت اور انسان کی محبت اور خدمت ہے ' یہ مذہب کلیسائے جدید " New Church " کہلاتا ہے - (اماںوئیل سویڈن برگ (سنہ ۱۶۸۷ء تا ۱۷۷۲ء) سویڈن کا سائنس دان ' فلسفی اور صوفی ' کلیسائے جدید کا بانی تھا) -

swedenborgianism, *n.* : مذہب کلیسائے جدید ؛ مذہب سویڈن بورگ -

Swedish, *a. & n.* : سویڈنی ؛ سویڈن کا ؛ سویڈنی زبان ؛ سویڈن کا باشندہ -

Sweeny, *n.* : (امریکا) سوکھا (گھوڑے کے) عضلات خصوصاً کندھے کے پٹھوں کی سستی -

Sweep, *v. i. & t.* (swept) *& n.* : (۱) سبک رفتاری سے چلنا یا گزرنا ؛ سبک پروازی سے اڑنا یا گزرنا - (۲) فراٹے بھرنا ؛ آندھی کی طرح چلنا ؛ نہایت تیزی سے چلنا یا دوڑنا - (۳) ٹوٹ پڑنا - (۴) شان سے چلنا (*she swept out of*

(۵) دوڑنا ؛ (نظر وغیرہ کا) دوڑ جانا - (۶) - (the room
تیزی سے گھومنا ؛ مڑنا (خط ھلالی میں) (sweeping stroke,
plain) ڈھلواں ھونا (۷) - (coast sweeps northward
- sweeps away to the sea, swept his hand across)
(۸) تیزی سے گھمانا یا پھرانا - (۹) تیزی سے اپنے ساتھ
لے جانا ؛ بہا لے جانا ؛ اڑا لے جانا - (۱۰) خاتمہ کردینا ؛
(تھوڑے ھی دن میں غلامی کا خاتمہ کردیا swept away slavery)-
(۱۱) تیزی سے عبور کر جانا ؛ کسی مقام سے گزرتے چلے جانا -
(۱۲) نظر دوڑانا ؛ ھاتھ پھیرنا - (۱۳) ادھر سے ادھر تک
دیکھ ڈالنا ؛ اندر تک کھنگال ڈالنا - (۱۴) (توپ خانے
وغیرہ کا) اپنی زد میں رکھنا ؛ (میدان وغیرہ میں) ادھر سے ادھر
تک گولے برسانا ، گولہ باری کر کے صفایا کر دینا - (۱۵)
(سڑک وغیرہ کو) جھاڑنا ؛ جھاڑو دینا ؛ صاف کرنا ؛
صفائی کرنا ؛ لمبے چپو یا پتوار سے کھینا (کشتی وغیرہ) -
(۱۶) حرکت دینا (ھلالی خط میں) ؛ پھرانا یا گھمانا (ھاتھ
وغیرہ کا) - (۱۷) ڈھال ؛ چوڑا موڑ (کسی چیز کا) - (۱۸)
سڑک کا موڑ - (۱۹) زد ؛ پہنچ ؛ رسائی کی حد (نظر
یا ادراک کی) ؛ دور بین (جال درانتی وغیرہ کی) - (۲۰) جھاڑو
دینے کا عمل ؛ صفائی - (۲۱) لمبا چپو ؛ ڈانڈ - (۲۲) ڈھیکلی
کا نوم - (۲۳) (مکانوں کا) دود کش جھاڑنے والا
(chimney-s.) (۲۴) "sweepstake" = گھڑ دوڑ وغیرہ کا جوا -

he swept his audience along with him : اپنی تقریر کے سیلاب میں سامعین کو بہا لے گیا -

make a clean s. : (پرانا فرنیچر وغیرہ ، پرانے ملازمین یا عہدہ داروں کو) ایک دم سے الگ کر دینا -

s. - net : (۱) لمبا مچھلی پکڑنے کا جال - (۲) وہ جال جس سے حشراتیات کے ماہر تیتری وغیرہ پکڑتے ہیں ؛ تیتری جال -

s. river-bottom &c : دریا وغیرہ کو تہ تک کھنگال ڈالنا -

s. -seine : مہا جال (بہت بڑا جال جسے کئی آدمی دریا میں ڈال کر کھینچتے ھوئے کنارے پر لاتے ھیں)-

sweepstake (s) : (۱) چٹھی ڈالنے کا وہ طریقہ جس میں ہر شخص کچھ رقم جمع کرتا ھے اور جس کے نام چٹھی نکلے وہ کل روپیہ لے لیتا ھے ؛ قرعہ لاٹری - (۲) گھڑ دوڑ میں بازی لگانے کا وہ طریقہ جس میں ھر شخص کچھ رقم جمع کرتا ھے اور جس کی چٹھی میں جیتنے والے اور دوسرے نمبر کے گھوڑے کا نام نکلتا ھے ان میں کل رقم تقسیم کر دی جاتی ھے ؛ دوڑ چٹھی کی بازی -

sweeps everything into his net : سب کو سمیٹ لیتا ھے -

s. the board : (۱) جوے کی میز کا سارا روپیہ جیت لینا - (۲) (مجازاً) (مقابلے وغیرہ میں) کل انعام حاصل کر لینا -

s. a constituency : حلقہ انتخاب کے قریب قریب کل ووٹ حاصل کر کے بہت بڑی اکثریت سے جیتنا -

s. the horizon : افق پر نظر دوڑانا ؛ ادھر سے ادھر تک دیکھ ڈالنا -

s. the seas : سمندر کو (دشمنوں سے) صاف کر دینا -

swept and garnished : (لوقا کی انجیل کا فقرہ) جو نیا کر دیا گیا ھو ؛ از سر نو آراستہ -

sweeper : (۱) جاروب کش - (۲) جاروب کشی کی مشین -

sweeping, *a.* : (۱) وسیع ؛ جامع - (۲) کامل ؛ بنیادی ؛ اساسی (sweeping victory, sweeping changes) -

sweeping, *n.* : بے جا حد تک عام یا وسیع -

sweepingly, *adv.* : بے جا تعمیم کے ساتھ -

sweepingness, *n.* : بے جا تعمیم -

(-) sweeper, *n.* : (-) سمیٹنے والا -

Sweet, *a.* & *n.* : (۱) میٹھا ؛ شیریں - (۲) خوشبو دار ؛ خوشبو - (۳) سریلا ؛ شیریں ؛ خوش آواز ؛ خوش الحان - (۴) میٹھا (پانی) ؛ تازہ ؛ اچھا ؛ جس کا مزہ اور بو خراب نہ ھو (is the meat, milk, butter, still s.) - (۵) خوش گوار ؛ دلکش ؛ دل آویز ؛ دل پذیر ؛ پیارا - (۶) خوش مزاجی کا ؛ لطف و عنایت کا ؛ نرم ؛ نرمی کا ؛ ملائم - (۷) (بول چال) خوب صورت ؛ حسین ؛ خوش ادا (a s. girl) - (۸) زندگی کا خوش گوار حصہ ؛ راحت (the ss. and bitters of life) - (۹) مٹھائی ؛ میٹھی گولی یا نقل - (۱۰) (جمع) میٹھا ؛ میٹھا کھانا (پڈنگ وغیرہ) - (۱۱) (عموماً جمع) خوشبو - (۱۲) (جمع) مزے (the ss. of office, of success) - (۱۳) (خطاب کے طور پر) پیارے یا پیاری -

a s. girl : (۱) پیاری ؛ دلربا - (۲) بڑی محبت کی ؛ محبت کرنے والی -

a s. one : (عامیانہ) زور کا مکا ، تھپڑ ؛ وار -

a s. tooth : مٹھائی کا شوق -

at one's own s. will : (۱) جس طرح اپنا دل چاھے ؛ جب اپنا دل چاھے - (۲) اٹکل پچو -

sweetbread : (۱) بچھڑے کا غدود جو کھانے میں بہت مزیدار سمجھا جاتا ھے - (۲) لبلبہ (belley s. -b.) - (۳) گلے کا غدود (throat s. -b. or neck s. -b.) -

s. brier : دیکھو Brier -

s. gale : دیکھو Gale -

s.- going : مزے کا سفر (اچھی سڑک پر یا اچھی گاڑی میں) -

sweetheart : (۱) عاشق ؛ معشوق - (۲) معاشقہ کرنا (go sweethearting) -

s. -john : پتلی پتیوں کا پودا جس میں رنگ برنگ کے گچھے دار پھول آتے ھیں -

sweetmeat : مٹھائی -

s. oil : میٹھا تیل ؛ خصوصاً زیتون کا تیل -

s. one : (خطاب کے طور پر) پیاری ؛ پیارے -

s. on, s. upon : (بول چال) ریجھا ھوا ؛ عاشق -

s. pea : باغ کا اکسالہ پودا جس میں خوشبو دار شوخ رنگ کے پھول آتے ھیں -

s. potato : دیکھو potato -

s. -root : ملیٹھی ؛ اصل السوس -

s. -scented : خوشبو دار -

s. seventeen : میٹھا برس -

s. -sop : (۱) امریکا کے گرم حصے کی ایک سدا بہار جھاڑی - (۲) اس کا پھل -

s. stuff : مٹھائی -

s. sultan : دیکھو Sultan -

s. temper : خوش مزاجی -

s. toil : عزیز مشغلہ؛ وہ مشقت جو انسان کو عزیز ہو -

s. water : ایک قسم کا انگور جو حرارت خانے میں پیدا ہوتا ہے -

s.-william : باغ کا ایک پودا جس کے پھول گچھے دار اور رنگ برنگ کے ہوتے ہیں -

s. willow : ایک قسم کی مہندی -

tastes s. : میٹھا ہے -

sweeten, *v. t. & i* : میٹھا ہونا؛ میٹھا کرنا؛ خوشگوار بنانا؛ دلکشی یا لطف پیدا کرنا؛ نرمی پیدا کرنا -

sweetening, *n.* : مٹھاس؛ میٹھی چیز جو کھانے میں ڈال کر کھائی جائے -

sweetish, *a.* : میٹھا میٹھا؛ میٹھا سا؛ پیارا سا -

sweetly, *adv.* : (۱) شیریں آواز میں؛ نرم لہجے میں - (۲) اچھی طرح (*machine works sweetly*) -

sweetness, *n.* : (۱) مٹھاس - (۲) شیرینی (آواز وغیرہ کی) - (۳) عمدہ خوشبو - (۴) دلکشی - (۵) نرمی؛ خوبصورتی؛ خوش ادائی -

sweet-tempered, *a.* : خوش مزاج -

sweety, *n.* : مٹھائی؛ میٹھا کھانا وغیرہ -

Sweeting, *n.* : (۱) (قدیم) پیارا یا پیاری؛ عزیز - (۲) میٹھا سیب -

Swell, *v. i. & t.* (pp. swollen, rarely swelled) & *n.* & *a.* : (۱) پھول جانا؛ سوج جانا؛ ورم آنا؛ آماس ہو آنا - (۲) پھلانا؛ سجانا - (۳) پھیلنا؛ بڑھنا؛ ابھرنا - (۴) پھیلانا؛ بڑھنا؛ ابھارنا - (۵) چڑھاو؛ ابھار - (۶) (سمندر کی لہروں کا) طوفان کے بعد اٹھنا اور گرنا؛ چڑھاؤ اتار - (۷) کسی استوانی شکل کی چیز کا ابھار جیسے بازو کی مچھلی - (۸) سر کا چڑھاو اتار - (۹) آرگن باجے میں وہ صندوق جس کی تلکیوں کے کھولنے بند کرنے سے سر کو اونچا نیچا کرتے ہیں - (۱۰) (بول چال) استاد (کسی چیز میں)؛ بڑا آدمی؛ ٹھاٹھ کا آدمی - (۱۱) (بول چال) اعلیٰ درجے کا؛ اونچا؛ بڑھیا - (۱۲) بہت پر تکلف؛ طرح دار؛ ٹھاٹھ کا؛ بڑھیا (لباس وغیرہ)؛ چھیلا بنا ہوا؛ ٹھاٹھ کے کپڑے پہنے -

heart swells : دل میں جذبات کا وفور ہے -

s.-box : (ارگن باجے میں) سروں کو اونچا نیچا کرنے کا صندوق؛ اتار چڑھاو پیٹی -

s.-blind : اس کے پردے -

s.-fish : کپا مچھلی ' ایک طرح کی مچھلی جو پھول کر کپے کی طرح ہو جاتی ہے -

s.-keyboard : " *s.-box* " کے پردوں کا تختہ -

s. like a turkey-cock : شیخی سے پھول جانا -

s.-mob (s. mobsmen) : سفید پوش جیب کترے (جو شریفوں کی سی وضع اور لباس رکھتے ہیں) -

s. note : (موسیقی) سر کو چڑھاو اتار سے ادا کرنا -

s.- organ : ارگن کا وہ حصہ جس میں *s. -box* ہوتا ہے -

s.- pedal : وہ پیتل (پیر سے دبانے کا پرزہ) جس سے " *s. -box* " کے پردوں کو چھیڑتے ہیں -

s.-rule : (طباعت) اس شکل کی —<>— پٹی جس کے درمیان میں لوز سا بنا ہوتا ہے اور دونوں سرے پتلے ہوتے ہیں -

s. with pride : پھول کر کپا ہو جانا؛ (غرور سے) پھول جانا -

s. with indignation : غصے کے مارے آپے سے باہر ہوجانا -

swollen estimates : بہت زیادہ تخمینہ -

swollen head : (عامیانہ) تکبر؛ بیجا غرور -

swollen oratory : طمطراق کی خطابت -

what a s. you are : تمہارے تو بڑے ٹھاٹھ ہیں؛ بڑے ٹھاٹھ کے کپڑے پہنے ہو؛ چھیلا بنے ہو -

swelldom, *n.* : اہل فیشن کی سوسائیٹی؛ ٹھاٹھ کے لوگ -

swelling, *n.* : ورم؛ آماس؛ سوجن -

swellish, *a.* : (۱) (بول چال) چھیلوں کا سا - (۲) بہت پر تکلف؛ ٹھاٹھ کا؛ بڑھیا؛ طرح دار -

Swelter, *v. i. & n.* : (۱) گرمی سے تونسنا؛ گرمی کی وجہ سے پسینے میں تر ہونا یا مضمحل ہونا - (۲) نہایت گرم ہونا؛ تپنا - تپش؛ گرمی کی شدت؛ نہایت گرم

a sweltering sky : ہوا یا فضا -

Swept : دیکھو Sweep -

Swerve, *v. i. & t. & n.* : (۱) جھوک کھانا (اڑتے ہوئے)؛ ڈگمگانا (چلتے یا دوڑتے ہوئے) - (۲) منحرف ہونا؛ قدم ہٹانا (راہ راست سے ' فرض سے) - (۳) (گیند کو ہوامیں) جھوک کھانا - (۴) جھوک؛ لغزش؛ انحراف -

swerveless, *a.* : غیر منحرف؛ جس میں ذرا بھی لغزش یا انحراف نہ ہو سکے -

Swift *a. & adv.* (-er,-est) & *n.* : (۱) تیز؛ تیزرو؛ تیز رفتار - (۲) تیزی کی؛ پھرتی کی؛ سریع (حرکت وغیرہ) - (۳) جس کے واقع ہونے میں دیر نہ لگے؛ فوری ' عاجل؛ بر جستہ؛ ہاتھوں ہاتھ (*s. retribution, response*) - (۴) تیز؛ مستعد - (۵) تیزی سے؛ پھرتی سے؛ سرعت سے؛ برجستہ؛ ہاتھوں ہاتھ - (۶) ابابیل کی قسم کا پرند جس کے بازو بہت لمبے ہوتے ہیں بہت تیز اڑتا ہے - (۷) ایک قسم کا چھوٹا گرگٹ - (۸) دیکھو newt - (۹) ایک قسم کا کبوتر - (۱۰) ایک قسم کا پتنگا - (۱۱) اٹیرن (جس سے سوت کی انٹی بناتے ہیں) -

s. to anger : غصے کا تیز -

swift-footed, *a.* : سبک رفتار؛ تیز قدم -

swift-handed *a.* : (۱) پھرتیلا؛ سبک دست - (۲) فوری؛ عاجل؛ ہاتھوں ہاتھ (انصاف ' انتقام وغیرہ) -

swiftwinged, *a.* : تیز پرواز -

swift-let, *n.* : چھوٹی قسم کا "Swift" -

swiftly, *adv.* : تیزی سے؛ پھرتی سے؛ سرعت سے؛ فوراً؛ ہاتھوں ہاتھ -

swiftness, *n.* : تیزی؛ تیز رفتاری؛ پھرتی؛ سرعت؛ عجلت (واقع ہونے میں) -

Swig, *v. t. & i. & n.* : (۱) (عامیانہ) چسکی لگانا (شراب وغیرہ کی) - (۲) چسکی -

Swill, *v. t. & i. & n.* : (۱) تریڑا دینا؛ کھنگالنا؛ پانی بہا کر یا ڈال کر صاف کرنا - (۲) غٹاغٹ پینا؛ ٹھونسنا - (۳) تریڑا - (۴) شراب کا دور - (۵) ادنیٰ درجے کی شراب؛ ٹھرا - (۶) گندہ پانی؛ موری کا پانی -

Swim, *v. t. & i. & n.* : (Swam, Swum) : (۱) تیرنا ' تیر کر بہنا - (۲) تیرنا ' پیرنا؛ پیراکی کے مقابلے

میں شریک ہونا - (۴) پیرانا ؛ تیرانا - (۳) سبک رفتاری سے چلنا - (she swam into the room) (۵) گھومنا ؛ چکر کھانا ؛ چکرانا (سر کا یا چیزوں کا دیکھنے والے کی نظر میں) - (۶) بھر آنا (آنسو) ؛ بھر جانا ؛ ندی بہ جانا (پانی یا خون کی) - (۷) پیرنے کا ایک چکر ؛ ایک بار پیرنا - (۸) (شاذ) پھکنا - (۹) دریا کا کلتہ جس میں مچھلیاں کثرت سے ہوں - (۱۰) (مجازاً) زمانے کی رو یا واقعات رفتار -

in the s. : (۱) (کسی معاملے میں) عملی حصے لینے والا - (۲) واقف کار ؛ محرم ؛ آشنا -

swimming-bath : شنا گاہ ؛ پیرنے کا بڑا حوض -

swimming-bell : آلۂ شنا ؛ گھنٹی کی طرح بعض مچھلیوں وغیرہ کا عضو جس سے وہ تیرتی ہیں -

swimming-belt : پیراک پیٹی ؛ کارک کی پیٹی جس کی مدد سے نوسکھیے تیرتے ہیں -

swimming-bladder : مچھلی کا پھکنا -

swimming-stone : اسفنج کی طرح کا سانگ مردہ -

s. to the bottom, s. like stone, s. like tailor's goose : (مزاحاً) ڈوب جانا -

s. with the tide and stream : اکثریت کا ساتھ دینا ؛ سیلاب کے ساتھ بہنا -

swimmer, *n.* : پیرنے والا ؛ پیراک -

Swimmeret, *n.* : (کچھوے وغیرہ کے) پاؤں یا پنجے

Swimmingly, *adv.* : (کام چلنے کے متعلق کہتے ہیں) عمدگی اور آسانی سے ؛ بڑے مزے میں -

Swindle, *v. t. & i. & n.* : (۱) فریب دینا ؛ دھوکا دینا - (۲) ٹھگنا ؛ ٹھگ لینا ؛ فریب دے کر لوٹنا ؛ فریب سے اڑا لینا (رقم) -

swindler, *n.* : ٹھگ ؛ فریبی ؛ دغا باز ؛ جعل ساز -

swindlingly, *adv.* : فریب سے ؛ دغا سے -

Swine, *n.* (pl. the same) : (۱) سور ؛ خوک ؛ خنزیر - (۲) لالچی اور بے غیرت آدمی ؛ ناپاک آدمی -

s.-bread : (۱) سانپ کی چھتری کی قسم کی چیز جس سے کھانے کے پلیٹ سجاتے ہیں - (۲) ایک طرح کا پہاڑی پھول -

s.-fever, s.-plague : خنزیری بخار ؛ ایک متعدی پھیپھڑے کی بیماری جو سوروں کو ہوا کرتی ہے -

s.-herd : سور چرانے والا ؛ سوروں کا چرواہا -

s.-pox : ایک طرح کی چھوٹی چیچک -

s.'s-snout : ککروندے کی قسم کا درخت -

swinery, *n.* : سوروں کا باڑا -

swinish, *a.* : بے غیرتی کی ؛ ناپاک

swinishly, *adv.* : بے غیرتی سے -

swinishness, *n.* : بے غیرتی ؛ ناپاک طبیعت -

Swing, *v. i. & t.* (swung or rarely swang, swung), & *n.* : (۱) جھولنا ؛ جھلانا ؛ لچکنا ؛ لچکانا ؛ جھومنا ؛ لٹکنا ؛ لٹکانا - (۲) گھومنا ؛ گھمانا ؛ مڑنا ؛ موڑنا - (۳) لپک کر چلنا - (۴) جھونٹا ؛ جلبش ؛ حرکت (جھولے یا لنگن کی) - (۵) لوچ دار چال ؛ لپک - (۶) نوبت ؛ جتنی دیر کوئی چیز عموماً رہتی ہے - (۷) جھولا ؛ (۸) پینگ ؛ جھونٹا - (۹) جھولنے کا ٹپا یا فاصلہ ؛ جتنی دور کوئی چیز جھولتی ہے -

door swung to : دروازہ بند ہو گیا -

he shall s. for it : اسے اس کی پاداش میں پھانسی ہوگی -

let it have its s. : اسے اپنی نوبت پوری کر لینے دو -

no room to s. a cat : دیکھو Cat -

s. a hammock : جھولن کھٹولا یا جالی دار جھولا لٹکانا -

s.-boat : جھولا گاڑی -

s. bridge : اٹھاؤ پل -

s. child : بچے کو جھلانا ؛ پینگ دینا -

s. plough : معمولی ہل ؛ بے پہیوں کا ہل -

ss. & roundabouts : دیکھو Round -

s. the lead : (بحری اور بری فوج کی بول چال) بیماری سے رہنا ؛ بیماری کو طول دینا ؛ کام سے جی چرانا -

the s. of the pendulum : جھولے کے سے پینگ کبھی اس سرے پر کبھی اس سرے پر ؛ باری باری سے متضاد کام کرنا -

work is in full s. : کام زور شور سے ہو رہا ہے ؛ کام زوروں پر ہے -

swinging : (۱) تیزی اور مستعدی کی ؛ لوچ دار (چال) - (۲) لہراتی ہوئی ؛ کٹکری دار (لے ؛ آواز) - (۳) لپک کر چلنا -

swingingly, *adv.* : لپکتے ہوئے ؛ لوچ دار چال سے -

Swinge (-j) *v. t.* : (قدیم) خوب مارنا ؛ اچھی طرح ٹھوکنا ؛ دھنکنا -

swingeing : swingeing majority, (مثلاً lie, damages) بہت بڑا ؛ زبردست -

Swingle, *n. & v. t.* : (۱) موگری جس سے سن کوٹتے ہیں - (۲) (ناچ گانے میں) اشارے کے سونٹے کا جھولنے والا حصہ - (۳) موگری سے کوٹنا (سن) -

swingletree : چھکڑے ہل وغیرہ کا جوا -

swingling-tow : بہت موٹا سن -

Swink, *v. i. & n.* : (قدیم) محنت ؛ مشقت ؛ محنت کرنا ؛ مشقت کرنا -

Swipe, *v. i. & t. & n.* : (۱) (کرکٹ) زور کی ہٹ لگانا ؛ ہٹ مارنا ؛ زور سے بلا چلانا - (۲) زور کی ہٹ ؛ زور کا ہاتھ - (۳) (عامیانہ) جھپٹ لینا ؛ اٹھا کر یا چھین کر بھاگ جانا ؛ لے بھاگنا -

swiper, n. : ہٹ لگانے والا -

Swipes, *n. pl.* : میلی ؛ گدلی ؛ یا گھٹیا بیر (شراب) -

Swirl, *v. i. & t. & n.* : (۱) (پانی کا) چکر کھانا ؛ بھنور پڑنا - (۲) گرداب میں ڈال دینا یا پڑ جانا ؛ بھنور میں ڈال دینا یا پڑ جانا - (۳) (بھنور کا) چکر ؛ (ہوا کا) چکر - (۴) مچھلی کی تڑپ ؛ وہ آواز جو اس سے پیدا ہوتی ہے -

Swish, *v. t. & i. & n.* : (۱) بید یا چھڑی سے مارنا - (۲) (بید یا چھڑی) سڑاک سے مارنا ؛ بید یا چھڑی سے اڑا دینا (پھول وغیرہ کو) - (۳) پھٹکا رنا (دم ؛ کوڑا وغیرہ) - (۴) سڑاک سے چلنا - (۵) بید چھڑی یا کوڑے کی ضرب ؛ سڑاکا - (۶) (بول چال) ٹھاٹھ کا ؛ بانکا -

Swiss, *a. & n.* (pl. the same) : سوستانی (سوئیٹزر لینڈ کا) ؛ سوستانی کا ؛ سوستان کا باشندہ -

S. French : سوستانی فرانسیسی (جو سوستان میں بولی

جاتی ہے) -

S. German : سوستانی جرمن -

S. guards : سوستانی فوج (جو پہلے فرانس میں ملازم رکھی جاتی تھی اور یورپ کے بعض اب بھی ہے) -

S. roll : تلور میں پکائی ہوئی میٹھی سینڈوچ -

Switch, *n. & v. t. & i.* : (۱) درخت کی پتلی شاخ جو کاٹ کر چھڑی کی طرح استعمال کی جائے ؛ قمچی - (۲) چھڑی ؛ قمچی - (۳) مصنوعی بالوں کی لٹ - (۴) تینچی (جس سے ریل گاڑی ایک پٹری سے دوسری پٹری پر جاتی ہے) - (۵) سوئچ (جس سے برقی رو کا سلسلہ جوڑا اور توڑا جاتا ہے)؛ بٹن جس کے دبانے سے روشنی جلتی بجھتی ہے - (۶) قمچی مارنا ؛ قمچی سے مارنا - (۷) تیزی سے گھمانا ؛ پھرانا یا موڑنا - (۸) جھپٹ لینا ؛ جلدی سے چھین لینا - (۹) ریل کو تینچی کے ذریعے دوسری پٹری پر لانا - (۱۰) بجلی کا بٹن دبانا ؛ روشنی جلانا یا بجھانا؛ رو کا سلسلہ توڑنا یا جوڑنا (S. on, off,) - (۱۱) (مجازاً) (خیالات کا) رخ بدل دینا ؛ (گفتگو کا) موضوع بدل دینا - (۱۲) (تاش کے کھیل برج میں) بولی بدل دینا؛ ایک رنگ کی جگہ دوسرا رنگ بولنا -

s. -back : (۱) لہردار پٹری؛ لہر یا پٹری (جس کے ذریعے سے ریل پہاڑ پر چڑھتی ہے) - (۲) کلا پٹری؛ کلا ریل (میلوں وغیرہ کی تفریحی ریلوے جس میں گاڑی بلندی سے یکایک نیچے آتی ہے اور اسی کے زور میں اوپر چڑھ جاتی ہے) -

s. -bar : ریل کی تینچی یا برقی سوئچ کا ایک حصہ -

s. -board : سوئچ بورڈ ؛ بٹن تختہ (جس پر متعدد بجلی کے قمقموں کے بٹن لگے ہوتے ہیں) -

s. -lever : سوئچ لیور ؛ بیرم جو سوئچ یا بٹن کا کام دیتا ہے -

s. -man : سوئچ مین ؛ تینچی والا (جو ریل کی پٹری کی تینچی لگاتا اور ہٹاتا ہے) -

s. -signal سوئچ سگنل ؛ تینچی سگنل (روشنی وغیرہ جو تینچی کے پاس لگا دیتے دیں) ؛ جھلملا -

Switzer, *n.* : (قدیم) سوستانی ؛ سوستان کا باشندہ -

Swivel, (-vl) *n. & v. i. & t.* (-ll-) : (۱) چول چھلا (چول پر گھومنے والا چھلا جس سے دو چیزوں کو اس طرح جوڑتے ہیں کہ ان میں سے ایک دوسرے کے بغیر گھوم سکے) - (۲) چول چھلے پر گھمانا یا گھومنا - (s. chain, joint, hook,)

s. -eyed : احول؛ بھینگا -

Swizzle, *n.* : مرکب جو کئی شرابوں سے یا شراب میں کچھ اور چیزیں ملا کر تیار کیا جائے -

s. -stick : برش نما سرے کی قمچی جس سے جھاگ اٹھاتے ہیں (شراب وغیرہ میں) -

Swob (*ber*) : swab (ber) کی ایک شکل -

Swollen, Swoln, *p. p.* : دیکھو swell

Swoon, *v. i. & n.* : (۱) غش آجانا ؛ بے ہوش ہوجانا - (۲) غشی ؛ بے ہوشی - (۳) (نغمے آواز وغیرہ کا) بتدریج کم ہوتے ہوتے غائب ہو جانا ؛ رفتہ رفتہ ڈوب جانا -

swooningly, *adv.* : (۱) غشی کی سی حالت میں - (۲) بتدریج کم ہوتے ہوئے ؛ ڈوبتے ہوئے -

Swoop, *v. i. & t. & n.* : (۱) گرنا ؛ جھپٹ کر نیچے آنا (چیل وغیرہ کی طرح) - (۲) ٹوٹ پڑنا ؛ حملہ کرنا - (۳) (بول چال) جھپٹ لینا ؛ ایک ہی بار میں چھین لینا - (۴) گرنا؛ جھپٹ ؛ جھپٹا - (۵) چیل جھپٹا ؛ ناگہانی حملہ جس میں بہت سی چیزیں چھین لی جائیں -

at one fell s. : (حادثے وغیرہ کے متعلق کہتے ہیں) ایک ہی چیل جھپٹے میں -

Swop, swap, *v. t. & i. & n.* : (۱) (عامیانہ) بدلنا ؛ مبادلہ کرنا (ایک چیز کا دوسری چیز سے) - (۲) ادلا بدلی؛ مبادلہ - (*never s. horses while crossing the stream* : جب تک ندی نہ گزر جائے تغیرات عمل میں نہ لاؤ ؛ نازک وقت میں نئے انتظامات ہرگز نہ کرو) -

Sword, (sord) *n.* : تلوار؛ شمشیر- (۲) (فوجی بول چال) سنگین -

broadsword : دیکھو broad -

cavalry s. : تلوار جس کی نوک خمدار ہوتی ہے -

court s., dress s. : تلوار جو درباری لباس پر لگاتے ہیں -

cross s., measure s. : (۱) لڑنا - (۲) بحث کرنا ؛ مناظرہ کرنا - (۳) کھلم کھلا حریف ہونا -

draw the s. : لڑائی چھیڑنا ؛ جنگ شروع کرنا -

duelling s., small-s : خنجر؛ کٹار -

fire and s. : قتل و غارت (جو حملہ آور فوج کرتی ہے) -

put to the s. : تہ تیغ کر دینا ؛ قتل کر دینا (خصوصاً فاتح کا مفتوحوں کو) -

scutching-s. : دیکھو scutch -

sheathe the s. : لڑائی بند کرنا ؛ جنگ ختم کرنا -

s.-arm : سیدھا ہاتھ -

s. -bayonet : تیغہ دار سنگین -

s. -bearer : تیغ بردار (جو جشن وغیرہ کے موقعے پر بادشاہ کی یا کسی اور بڑے آدمی کی تلوار لیکر آگے چلتا ہے) -

s. -belt : پرتلا ؛ ذاب -

s. -bill : ایک لمبی چونچ کا خوش الحان پرند -

s. -cane : گپتی (چھڑی جس کے اندر پتلی سی تلوار چھپی ہوتی ہے) -

s. -cut : تلوار کا زخم -

s. -dance : تلوار کا ناچ ؛ وہ ناچ جس میں ناچنے والا تلوار ہاتھ میں لیکر گھماتا ہے یا عورتیں مردوں کی تلواروں میں ناچتی ہیں یا ناچنے والا تلواروں پر قدم رکھتا ہوا گزرتا ہے -

s. -fish : کٹار مچھلی (بحر اوقیانوس یا بحیرۂ روم کی مچھلی جس کے اوپر کے کلپھڑے آگے نکلے ہوتے ہیں اور دوسری مچھلیوں کو یا جہاز کی لکڑی کو چھید ڈالتے ہیں) -

s. -flag : ایک قسم کا پھول دار درخت -

s. -flighted : شمشیر نما پروں کے (پرند) جن کے پر سمٹنے کے بعد تلوار سے معلوم ہوتے ہیں -

s. -grass : (۱) "gladiolus" - (۲) ایک طرح کی گھاس جس کی پتیاں تلوار کی طرح تیز ہوتی ہیں -

s. -hand : سیدھا ہاتھ -

s. -knot : فیتہ یا پھندنے دار ڈوری جو تلوار کے قبضے میں بندھی ہوتی ہے -

s. lily : دیکھو gladiolus -

s. -play : (۱) شمشیر بازی - (۲) چرتیں (جو بحث میں چلتی ہیں) -
s. -stick : گتکی -
s. of state : تیغ شاہی جو جشن وغیرہ میں کوئی شخص ہاتھ میں لے کر بادشاہ کے آگے چلتا ہے -
the s. : (۱) جنگ - (۲) جنگ کا نتیجہ - (۳) فوجی قوت - (۴) فرمانروا قوت ؛ اقتدار اعلیٰ -
swordsman : شمشیر بازی کا ماہر ؛ تیغ زن -
the s. of justice : عدل کی شمشیر ؛ عدالت -
the s. of the spirit : کلام الٰہی ؛ خدا کا کلام -
throw one's s. into the scale : کسی شخص کی یا کسی مقصد کی حمایت میں تلوار اٹھانا -
swordless, *a.* : بے تلوار کا ؛ بے شمشیر -
swordlike, *a.* : تلوار نما ؛ شمشیر نما -
swordsmanship, *n.* : شمشیر بازی ؛ تیغ زنی کی مہارت -
swordproof, *a.* : تلوار روک -
Swore, Sworn, : دیکھو swear -
Swot, *v. i. &t. & n.* : (۱) (اسکول کی بول چال) سخت محنت کرنا (خصوصاً پڑھنے میں) ؛ گھوٹنا ؛ رٹنا - (۲) رٹائی ؛ گھٹائی (کتابوں کی) - (۳) سخت محنت کا کام -
s. up. : گھونٹ ڈالنا (کوئی مضمون) -
Swum : دیکھو swim -
Swung : دیکھو swing -
Sy=syn- : (سابقہ — syn) ان یونانی الفاظ یا ان کے مشتقات سے پہلے لگا یا جاتا ہے : (۱) جن کے شروع میں "س" اور "s" کے بعد حرف صحیح ہو - (۲) جن کے شروع میں "z" ہو -
Sybarite, *n. & a.* : (Sybaris) سباری ؛ سباریس کا باشندہ ؛ اطالیہ میں قدیم یونان کی ایک نو آبادی تھی جس کے باشندے عیش پرستی میں مشہور تھے ؛ عیش پرست شخص ؛ عیش کا بندہ -
sybaritic, *a.* : عیش پرستی ؛ عیش پرستانہ -
sybaritically, *adv.* : عیش پرستی سے -
sybaritism, *n.* : عیش پرستی -
Sybil, *n.* : غلطی سے "Sibyl" کی جگہ لکھ دیتے ہیں -
Sycamine, *n.* : (انجیل میں) سیاہ شہتوت -
Sycamore, *n.* : ایک قسم کا انجیر جو مصر و شام میں ہوتا ہے ؛ جمیز ؛ (اسے Egyptian or oriental s. بھی کہتے ہیں)
Syce, *n.* : سائیس -
Sycee (silver) *n.* : خالص چاندی کے ڈلے جن پر بینک وغیرہ کی مہر ہوتی ہے - چین میں روپئے کی طرح حلقہ ہیں مگر وزن کے حساب سے -
Sychnocarpous(-k-) *a.* : (۱) جس میں متعدد برسوں تک پھل آئیں - (۲) سدا بہار -
Syconium, *n.* (pl. ia), : (نباتیات) انجیریہ ؛ گودے دار پھل جس کے بیج ایک کھوکھلے خول کے اندر ہوتے ہیں
Sycophant, *n.* : خوشامدی ؛ چاپلوس ؛ کاسہ لیس -
sycophancy, *n.* : خوشامد ؛ چاپلوسی -
sycophantic, *a.* : خوشامدانہ ؛ خوشامد کا ؛ چاپلوسی کا -
Sycosis, *n.* : ایک طرح کی خارش جو سر میں یا چہرے کے اس حصہ میں جہاں داڑھی ہوتی ہے پیدا ہوجاتی ہے ؛ جرب الحلق (اسے barber's itch بھی کہتے ہیں) -
Syenite, *n.* : سائنیلہ ؛ ایک قسم کی قلمی قلوی چٹان جو آتشفشاں مادے سے ملتی ہے اور جس میں سنگ مردہ یا تو بہت کم ہوتا ہے یا بالکل نہیں ہوتا -
syenitic, *a.* : سائنیلی -
Syl-, =syn : (سابقہ — syn) ان یونانی الفاظ یا ان کے مشتقات سے پہلے آتا ہے جو "l" سے شروع ہوتے ہیں -
Syllabary. *n.* : ارکان تہجی ؛ ان زبانوں کی الف بے جن میں مفرد حروف کی جگہ ارکان ہوتے ہیں -
Syllabic, *a.* : (۱) رکنی ؛ رکن تہجی کا - (۲) رکن کی آواز رکھنے والی ؛ رکنی (علامت ، حرف) - (۳) (جس کا) ایک ایک رکن الگ الگ ادا کیا جائے -
di -s. : دو رکنی -
mono -s. : ایک رکنی -
quadri -s. : چہار رکنی -
tri-s. : سہ رکنی -
syllabically, *adv.* : (۱) رکن تہجی کے مطابق ؛ اس طریقے سے کہ حرف یا علامت رکن کی آواز رکھتا ہو - (۲) ارکان الفاظ کے لحاظ سے - (۳) (لفظ کا) ایک ایک رکن الگ الگ ادا کرتے ہوئے -
Syllabicate, syllabify, syllabize, *vv. t.* : (۱) ارکان تہجی میں تقسیم کرنا (لفظ کو) - (۲) ایک ایک رکن الگ الگ ادا کرنا -
Syllabication, syllabification, *nn.* : (۱) تقسیم ارکان تہجی - (۲) ایک ایک رکن الگ الگ ادا کرنا یا کیا جانا -
Syllable, *n. & v. t.* : (۱) رکن تہجی ؛ لفظ کا وہ ٹکڑا جو ایک بار میں ادا ہو سکے - (۲) (مجازاً) ایک حرف ؛ ایک لفظ - (۳) لفظ کا ایک ایک رکن الگ الگ ادا کردینا ؛ صاف صاف بولنا - (۴) (شعر) بولنا ؛ زبان سے ادا کرنا (لفظ ، نام) -
not a s. : خاموش ؛ زبان سے ایک لفظ بھی نہ نکلے ، خبردار -
(-)syllabled, *a.* : (-) رکنی -
Syllabub : دیکھو Sillabub -
Syllabus, *n.* (pl.-bi) : (۱) خاکہ (لکچر وغیرہ کا) - (۲) نصاب تعلیم - (۳) (رومی کلیسا) پوپ کی مجلس کے فیصلوں کا خلاصہ خصوصاً ۸۵ عقاید ممنوعہ کی فہرست جو سنہ ۱۷۶۴ ع میں شایع کی گئی تھی -
Syllepsis, *n.* (gram. pl. -pses) : (۱) (فن بدیع) استخدام ؛ ایک لفظ کا جملے میں دو مختلف الفاظ سے متعلق ہونا دو مختلف معنوں میں (his temper was as short as his coat) - (۲) ایک لفظ کا جملے میں دو مختلف لفظوں سے متعلق ہونا جس میں سے ایک کے لیے صرف و نحو کی رو سے مناسب ہو دوسرے کے لیے نہ ہو (neither you nor he knows) -
sylleptic, *a.* : (۱) استخدامی -
Syllogism, *n.* : قیاس منطقی ؛ صغریٰ اور کبریٰ سے نتیجہ نکالنا -
false s. : قیاس مع الفارق ؛ ایسا قیاس جس میں صغریٰ اور کبریٰ کے درمیان صحیح حد وسط نہ ہو ؛ غلط قیاس -
figure of s. : دیکھو Figure -
mood of s. : دیکھو Mood -
syllogistic, *a.* : قیاسی ؛ قیاس منطقی کا -

syllogistically, *adv.*: قیاساً ؛ قیاس منطقی کی رو سے -
Syllogize, *v. i. & t.* : (۱) قیاس منطقی سے کام لینا - (۲) استدلال یا واقعات کو قیاس منطقی کی صورت میں ترتیب دینا -
Sylph, *n.* : (۱) ہوا کی دیوی ؛ روح ہوا ؛ ہوا کی پری - (۲) (مجازاً) نازک بدن لڑکی ؛ دھان پان لڑکی - (۳) ایک پرند جس کی دم لمبی اور سرخ رنگ کی ہوتی ہے اور اڑنے میں اس کے پروں سے سریلی آواز نکلتی ہے -
sylphlike, *a.* : روح ہوا کی طرح ؛ ہوا کی دیوی کی طرح -
Sylvan : دیکھو - Silvan
Sym = syn, : (سابقہ — syn) ان یونانی الفاظ یا ان کے مشتقات کے ساتھ آتا ہے جو "b" یا "m" یا "p" سے شروع ہوتے ہیں -
-bion, *n* : (حیاتیات) معائش -
-biosis : (حیاتیات) دو یا زیادہ اجسام حیاتی کا ہمیشہ ساتھ اگنا یا ساتھ رہنا ؛ معائشت -
-biotic, *a.* : معائشت کا ؛ معائشی ؛ معائش -
-biotically, *adv.* : معائشت کی رو سے -
-palmograph, *n.* : آواز نگار ؛ ایک آلہ جو آواز کی موجوں کو خطوط سے ظاہر کرتا ہے -
-pelmous : پرند جس کے پنجوں کے وتر جڑے ہوئے ہوں -
-petalous, *a.* : (پھول) جس کی پنکھڑیاں جڑی ہوئی ہوں ؛ پیوستہ چھر -
-phyllous : جس کی پتیاں جڑی ہوئی ہوں ؛ پیوستہ برگ -
-physis : اتصال ؛ نقطہ اتصال یا خط اتصال -
-physeal : متصل -
-piesometer : (۱) سیل پیما ؛ وہ آلہ جس سے دریا کی دھار کی ترت ناپی جاتی ہے - (۲) بار پیما ؛ جس میں ہوا کے دباؤ کا اندازہ سیال کے اترنے چڑھنے سے اور اس گیس کے دباؤ سے ہوتا ہے جو شیشے کے اندر ہو -
-podium : پیوستہ ساق -
-podial, *a.* : وہ پودا جس میں اصل میں ایک ہی تنا ہو اور جس کی شاخ نکلتی چلی آئے ؛ پیوستہ ساقی -
Symbol, (-bl) *n. & v. t.* (-ll-) : (۱) نشان ؛ رمز ؛ اشارت ؛ وہ چیز جو کسی دوسری چیز کی طرف اشارہ کرتی ہو ؛ وہ چیز جو کسی مناسبت کی بنا پر مسلمہ طور پر کسی دوسری چیز کو ظاہر کرتی ہو یا ذہن کو اس کی طرف منتقل کرتی ہو (مثلاً white is the s. of purity, lion is the s. of courage, the cross is the s. of christianity) - (۲) علامت ؛ کوئی نقش جو کسی چیز یا کسی خیال کو ظاہر کرتا ہو (مثلاً بروج کی شکلیں ' حروف تہجی ' ریاضی کی علامات) - (۳) نشان ہونا - (۴) نشان کے ذریعے سے ظاہر کرنا - (۵) اشاری طرز میں لکھنا یا پیش کرنا ؛ اشاریت کا رنگ پیدا کرنا -
symbolic, symbolical, *aa.*: اشارتی ؛ اشارہ کرنے والا (کسی چیز کی طرف) -
symbolically, *adv.* : (۱) نشان کے طور پر - (۲) علامت کے طور پر - (۳) اشارتی طور میں ؛ اشاریت کے طرز میں -
symbolics, *n.*: اشاریات ؛ نشانات یا علامات کا علمی مطالعہ -
symbolism, *n.*: اشاریت ؛ مصوری اور شاعری کی وہ طرز (جو زمانہ حال میں فرانس سے نکلی ہے) جس میں اشیاء اور خیالات کو اصلی رنگ میں پیش کرنے کے بجائے اشارات اور نشانات سے کام لیا جاتا ہے -
symbolist, *n.* : (۱) اشارات اور نشانات کا سمجھنے والا یا استعمال کرنے والا ؛ اشارت دان ؛ اشارت پسند - (۲) اشاری طرز کا مصور یا شاعر ؛ اشاری ؛ اشارت نگار -
symbolize, *v. t.* : (۱) نشان ہونا (the peacock symbolizes pride) - (۲) کسی چیز کا نشان معین کرنا ؛ نشان سے ظاہر کرنا ؛ اشاری طرز میں پیش کرنا -
symbolization, *n.* : نشان معین کرنا یا کیا جانا ؛ نشان سے ظاہر کرنا یا کیا جانا -
symbology, symbolology, *n.* : (۱) اشاریات ؛ نشانات یا علامات کا علمی مطالعہ - (۲) نشانات یا علامات کا استعمال -
Symbo(lo)latry, *nn.* : نشان پرستی ؛ علامت پرستی -
Symmetrian, Symmetrician, Symmetrist, *nn.* : (شاذ) تناسب پسند -
Symmetry, *n.* : (۱) تناسب ؛ جسم کے اعضا یا کل اجزا میں باہم صحیح نسبت - (۲) وہ حسن جو تناسب کی وجہ سے پیدا ہو - (۳) موزونیت ؛ مناسبت ؛ جوڑ ؛ میل - (۴) تشاکل ؛ کسی چیز کے دو برابر کے حصوں کا بالکل ایک دوسرے کا جواب ہونا - (۵) (نباتیات) موزونیت ' پھول میں پنکھڑی ' حامل زر ' بقچہ گل ' مسند گل کی تعداد کا برابر یا متناسب ہونا -
symmetric, symmetrical, *aa.* : (۱) تناسب - (۲) موزوں ؛ سڈول - (۳) متشاکل -
symmetrically, *adv.* : تناسب کے ساتھ ؛ موزونیت کے ساتھ ؛ تشاکل کے ساتھ -
symmetrize, *v. t.* : (۱) تناسب پیدا کرنا - (۲) موزونیت پیدا کرنا ؛ سڈول بنانا - (۳) تشاکل پیدا کرنا ؛ ایک دوسرے کا جواب بنانا (دونوں حصوں کو) -
symmetrization, *n.* : تناسب پیدا کرنا یا کیا جانا ؛ تشاکل پیدا کرنا یا کیا جانا -
symmetrophobia, *n.* : (فنون لطیفہ خصوصاً فن تعمیر میں) تشاکل سے نفرت -
Sympathetic, *a. & n.* : (۱) ہمدرد ؛ درد مند ؛ ہمدردانہ ؛ ہمدردی کا - (۲) موید ؛ تائیدی ؛ تائید کا - (۳) (تنقید نگاروں کی اصطلاح) دلنشین (عبارت ' طرز) - (۴) اعصاب مشارکت - (۵) تاثر پذیر ؛ وہ شخص جس پر عمل توجہ وغیرہ کا اثر ہوجاتا ہو -
s. ink : چھپی سیاہی ؛ جس کی تحریر اس وقت تک نظر نہیں آتی جب تک اسے آگ نہ دکھائی جائے یا اور کوئی مقررہ عمل نہ کیا جائے -
s. landscape &c. : (۱) دل کو لگنے والا ؛ دل پر اثر کرنے والا (منظر وغیرہ) - (۲) (کسی شخص کی) پسند کا ' مذاق کا (منظر وغیرہ) -
s. nerve : عصب مشارکت ؛ کوئی عصب اس نظام اعصاب میں سے جو احشا وامعا اور شریانوں کو ملاتا ہے ؛ خصوصاً ان دو اعصاب میں سے جو ریڑھ کی ہڈی میں اوپر سے نیچے تک چلے گئے ہیں -
s. pain : (۱) وہ درد جو دوسرے کی تکلیف کو دیکھ کر ہو ؛

درد غمخواری - (۲) درد مشارکت ؛ درد جو جسم کے ایک حصے میں چوٹ آنے کی وجہ سے دوسرے حصے میں ہوتا ہے -

s. resonance : مشارک گمک -

s. sound : مشارک آواز جو ایک چیز کے ارتعاش سے دوسری چیز میں پیدا ہوتی ہے -

s. string : مشارک تار ؛ جس میں دوسرے تار کے ساتھ ارتعاش ہو -

sympathetically, *adv.* : (۱) ہمدردی سے ؛ غمخواری کے طور پر - (۲) مویدانہ طور پر ' تائید کے انداز میں -

Sympathize, *v. i.* : (۱) ہمدردی رکھنا ؛ اظہار ہمدردی کرنا ؛ ہمدردی کرنا ؛ غمخواری کرنا - (۲) احساس یا جذبے میں شریک ہونا ؛ خیالات میں اتفاق رکھنا ؛ ہم خیال ہونا ؛ موید ہونا -

sympathizer, *n.* : (۱) ہمدرد ؛ غم خوار ؛ غم گسار - (۲) ہم خیال ؛ موید - (۳) حامی (کسی تحریک وغیرہ کا) -

Sympathy, *n.* : (۱) ہمدردی ؛ دل سوزی ؛ غم گساری ؛ غم خواری ؛ درد مندی - (۲) قلق ؛ درد - (۳) ہم خیالی ؛ تائید -

Symphony, *n.* : (۱) (قدیم) ہم آہنگی ؛ سروں کا میل - (۲) سمفنی ؛ ایک خاص نغمہ جو آرکسٹرا میں بجایا جاتا ہے اور جس میں کئی بالکل مختلف گتیں ساتھ چلتی ہیں -

symphonic, *a.* : سمفنی کا -

symphonious, *a.* : (شاذ) ہم آہنگ

Symposiarch (-k) *n.* : (۱) (قدیم یونان) میر بزم ؛ میر مجلس (بادہ نوشی اور رقص و سرود کی محفل کا جو دعوت کے بعد ہوتی تھی) - (۲) صدر (مذاکرہ یا مباحثے کا) - (۳) وہ شخص جس کا کام یہ ہوتا ہے کہ پبلک دعوتوں میں جام صحت کا اعلان کرے -

Symposium, (-z) *n.* (pl.-ia) : (۱) (قدیم یونان) مے نوشی ؛ اور رقص و سرود کی صحبت جو دعوت کے بعد منعقد ہوتی ہے - (۲) مے نوشی کی صحبت - (۳) فلسفیانہ مذاکرہ ؛ کسی قسم کا مذاکرہ یا مباحثہ - (۴) (مختلف لوگوں کے) ان مضامین کا مجموعہ جو ایک ہی موضوع پر ہوں ؛ گلدستہ مضامین -

symposial, *a.* : محفل مے نوشی کا ؛ مجلس مذاکرہ کا ' گلدستے کے طرز کا -

Symptom, *a.* : (۱) علامت مرض ؛ عرض - (۲) علامت ؛ نشانی -

objective s. : خارجی علامت ؛ جو ہر دیکھنے والے کو محسوس ہو سکے -

subjective s. : داخلی علامت جو صرف مریض کو محسوس ہو -

symptomatic, *a.* : (۱) اعراض سے متعلق ؛ علامت سے متعلق ؛ علامت کا - (۲) علامت کا کام دینے والا ؛ اعراض میں شمار ہونے والا - (۳) ظاہر کرنے والا -

symptomatically, *adv.* : (۱) از روئے علامات - (۲) علامات مرض کے مطابق اعراض کے لحاظ سے -

symptomatology, *n.* : مبحث اعراض ؛ طب کا وہ حصہ جس میں علامات اعراض کی بحث ہوتی ہے -

Syn-, *pref* : سابقہ جو یونانی الفاظ یا ان کے مشتقات کے ساتھ لگایا جاتا ہے اور ساتھ ' اکٹھا ' یکساں کے معنی دیتا ہے - (syl- sym-, syr-, sys-, sy-) بھی اس کی مختلف شکلیں ہیں -

-aeresis,-eresis : ادغام ؛ دو حروف علت یا دو ارکان کا مل کر ایک ہو جانا -

-allagmatic : (معاہدہ وغیرہ) جس سے طرفین پر ذمہ داریاں عاید ہوتی ہوں -

-alepha,-aloepha (-le-) : (کسی لفظ کے) آخری حرف علت کی آواز کا (دوسرے حرف کے) ابتدائی حرف کی آواز میں ضم ہو جانا -

-antherous : زیرہ پیوستہ ؛ پھول جن کے زر برملے ہوں -

-anthous : جس میں پھول اور پتے ساتھ نکلتے ہیں -

-aphea,-apheia(-ea) : مصرعوں یا نیم مصرعوں میں بحر کی روانی -

-arthrosis (pl -oses) : مفصل ثابتہ ؛ ثابتہ جوڑ ؛ نہ ہلنے والا جوڑ ؛ (دانتوں ' سر کی ہڈیوں وغیرہ کا) -

-carp : مرکب ثمر (انجیر وغیرہ) -

-carpous, a. : مرکب ثمر کا ؛ جس میں مرکب ثمر ہوں -

-chondrosis : ہڈیوں کا جوڑ کری کے ذریعہ سے (جیسا ریڑھ کی ہڈی میں ہے) ؛ مفصل غضروفی ؛ کری جوڑ -

-clastic : پوری سطح میں یکساں خم رکھنے والا (پورا مقعر یا پورا محدب) -

-clinal : جوفی ؛ نیچے کی طرف ڈھلو سے جوف کی شکل پیدا کرنے والی (طبقات ارض کی ساخت) -

-cotyledonous : (نباتیات) فلقہ پیوستہ ؛ (تخم) جن میں دالیں ملی ہوتی ہیں -

-cretism : (تحریک یا اصول) اتحاد پسندی ؛ اتحاد مذاہب ؛ مختلف مذاہبی فرقوں یا مذاہب فلسفہ کو متحد کرنے کی کوشش -

-cretic : اتحاد پسندانہ ؛ اتحاد مذاہب کا -

-cretist : اتحاد پسند ؛ اتحاد مذاہب کا حامی -

-cretistic : اتحاد پسندانہ ؛ اتحاد مذاہب کا -

-cretize, v. t. & i. : متحد کرنا یا متحد ہونا -

-cytium (pl -ia) : خلیہ ممزوجہ ؛ تخمرمائی کا خلیہ جس میں متعدد مرکزے ہوں -

-dactyl,-dactylous, aa. : ملتصق الاصابع ؛ (جھلی سے) جڑی ہوئی انگلیوں یا پنجوں کا -

-dactylism : التصاق اصابع (انگلیوں یا پنجوں کا جڑا ہونا جھلی سے) -

-desmosis : ربط عظام ؛ ہڈیوں کا رباط یا جھلی کا بند سے جڑا ہونا -

-desmotic : مربوط العظام -

-desmology : مبحث اربطہ ؛ تشریح کا وہ حصہ جس میں رباطوں کی بحث ہو -

-desmography : ترکیب اربطہ ؛ رباطوں کی ساخت (کی بحث) -

-detic : عطفیہ ؛ حرف عطف کا ؛ جس میں عطف ہو -

-drome (-mi) : (۱) سبب مرکب (مرض کا) - (۲) اجتماع اسباب ؛ کئی اسباب مرض کا جمع ہونا -

-ecdoche (-ki) : مجاز مرسل ؛ وہ صنعت جس میں جز سے کل مراد لی جائے -

-esis : معنی کی توضیح کی خاطر نحوی قاعدے سے انحراف ؛ (مثلاً neither of them are right) -

-genesis : تولید جماعی؛ جنین کا نر اور مادہ عناصر سے مل کر بننا -

-gnathous : سونڈ والی (مچھلی) جس کے جبڑے مل کر سونڈ کی شکل پیدا کرتے ہیں -

-izesis (pl. -eses) : ادغام؛ دو حروف علت کا جو پہلے علحدہ علحدہ آواز دیتے ہوں مل کر ایک رکن لفظ کی آواز دینا

-oecious (-ne-) : (نباتیات) یک جائی نرمادی؛ جس میں نر اور مادہ اجزا ایک ہی خانے یا ایک ہی پھول میں جمع ہوں -

-osteology : مبحث مفاصل؛ علم تشریح کا وہ حصہ جس میں بدن کے جوڑوں کی بحث ہوتی ہے -

-ostosis, -osteosis : صلابت مفاصل؛ جوڑوں کا سخت ہوجانا -

-ostotic, *a.* : صلابت مفاصل کا -

-ovia : لعاب مفاصل؛ ایک طرح کی چکنی رطوبت جو جوڑوں کو چکنا کرتی ہے -

Synagogue, (-og) *n.* : (۱) یہودیوں کی مذہبی مجلس جس میں عبادت اور تعلیم ہوتی ہے - (۲) صلوات؛ یہودیوں کا عبادت خانہ -

Synagogical (-g-, -j-) *a.* : صلوات؛ صلواتی -

Synchronize, *v. i. & t.* : (۱) ساتھ ساتھ واقع ہونا؛ ہم وقت ہونا؛ ایک ہی وقت یا ایک ہی زمانے میں واقع ہونا - (۲) (واقعات کو) ہم وقت ثابت کرنا - (۳) (گھڑیوں کا) وقت ملانا - (۴) (گھڑیوں میں) ایک ہی وقت ہونا - (۵) (ناطق فلم وغیرہ میں) آواز اور تصویر کا ہم وقت ہونا یا کرنا -

synchronism, *n.* : (۱) ایک ہی وقت یا زمانے میں ہونا؛ ہم وقتی - (۲) ہم وقتی (آواز اور تصویر کی) -

synchronization, *n.* : (واقعات کا) ہم وقت ثابت کرنا یا کیا جانا -

synchronous, *a.* : ایک ہی زمانے کے؛ ہم وقت -

synchronously, *adv.* : ساتھ ساتھ؛ ایک وقت میں -

synchrony, *n.* : (شاذ) ہم وقتی (واقعات کی) -

Syncopate, *v. t.* : (۱) حذف کرنا (حرف یا رکن لفظ کو) - (۲) (موسیقی) تغنۃ موسیقی کے کسی نئے سر کو اٹھانے کا خاص طرز -

syncopation, *n.* : (۱) حذف - (۲) موسیقی کی ایک اصطلاح -

Synchromesh, *n.* : (امریکا) خود بخود گیر بدلنے والا گیردان؛ (موٹر کار کا) آپ چالو گیردان -

Syncope, *n.* : (۱) (تلفظ میں کسی حرف یا رکن لفظ کا) حذف - (۲) غشی کا دورہ؛ غش - (۳) تال بدلنا یا بدلی جانا - (۴) دوگانے والوں کی جوڑی جس میں سے ایک کا ایک سر دوسرے کے دو یا زیادہ سروں سے ملتا ہے -

syncopic, syncoptic, *a.* : جو غشی کی حالت میں ہو؛ بے ہوش -

Syndic, *n.* : (۱) (یورپ کے ملکوں میں) ایک افسر جو مجسٹریٹی کے اختیارات رکھتا ہے - (۲) (کیمبرج یونیورسٹی میں) سینیٹ کی اسپیشل کمیٹی کا ممبر؛ سنڈک -

Syndicalism, *n.* : سنڈیکلزم؛ کسبی اشتراکیت؛ صنعت و حرفت کی اشتراکی تنظیم؛ صنعتوں کے تعاون سے؛ یہ تحریک یا اصول کہ کل صنعت و حرفت یعنی پیدائش دولت اور تقسیم دولت اہل حرفہ کی انجمنوں کے ہاتھ میں ہو اور سرمایہ داروں کا وجود نہ رہے -

Syndicate, *n.* (-at), *v. t.* (-at) : (۱) (کیمبرج) سینیٹ کی اسپیشل کمیٹی؛ سنڈیکیٹ - (۲) شرکت تجار؛ متعدد تاجروں یا کارخانوں کی شرکت جو متحدہ طور پر کوئی کاروبار کرتی ہے؛ سنڈیکیٹ - (۳) لوگوں سے مضامین لکھوا کر فروخت کرنے والی شرکت - (۴) شرکت تجار بنانا؛ سنڈیکیٹ بنانا - (۵) خبریں، مضامین وغیرہ حاصل کرکے رسالوں، اخباروں کے ہاتھ بیچنا -

syndication, *n.* : سنڈیکیٹ بنانا یا بنایا جانا -

Syne, = Since (قدیم اسکاٹستانی زبان میں)

auld lang s. : "مدت کا گزرا ہوا زمانہ" - ایک گیت جو ان الفاظ سے شروع ہوتا ہے اور رخصت کے وقت گایا جاتا ہے

Synod, *n.* : (۱) مجلس کلیسا؛ ارکان کلیسا کی کوئی مقامی مجلس یا مجلس عام جس میں دینی امور کا فیصلہ ہوتا ہے - (۲) (پریسبیٹیرین کلیسا میں) پادریوں کے مقامی ندوے سے بالا دست اور کل کلیسا کے ندوۂ عام کی ماتحت مجلس - (۳) (ہیئت) قِرآن (ستاروں یا سیاروں کا) -

general s., oecumenical s. : عام مجلس کلیسا؛ ارکان سر کلیسا کی مجلس جس میں ایک اسقف یا سب اساقفہ اور قوموں کے کلیسائی نمائندے شریک ہوتے ہیں -

diocesan s. : (یعنی اسقف کے) تعلقے کی مجلس کلیسا -

national s. : قومی مجلس کلیسا -

provincial s. : (کسی) صوبے کی مجلس کلیسا -

synodal, synodic, synodical, *aa.* : مجلس کلیسا کا -

synodically, *adv.* : مجلس کلیسا کے طریقے سے؛ مجلس کلیسا کے ذریعے سے -

Synonym, *n.* : (۱) مرادف؛ مترادف؛ بالکل ہم معنی لفظ - (۲) مرادف ناقص؛ مترادف ناقص؛ قریب قریب ہم معنی لفظ -

synonymity, *n.* : مرادف ہونا؛ ہم معنی ہونا؛

synonymous, *a.* : مرادف؛ مترادف؛ ہم معنی؛ قریب قریب ہم معنی -

synonymously, *adv.* : مرادف یا ہم معنی الفاظ سے؛ مرادف یا ہم معنی الفاظ کے طور پر -

Synonymatic, Synonymic, *aa.* : مرادف کا؛ ہم معنی الفاظ کا؛ جس میں ہم معنی الفاظ لائے گئے ہوں -

Synonymy, *n.* : (۱) مرادف یا ہم معنی ہونا - (۲) تاکید بذریعہ مرادف؛ تاکید کے لئے ہم معنی الفاظ لانا - (۳) مجموعہ مرادفات؛ کتاب مرادفات -

Synopsis, *n.* (pl. - pses) : (۱) خلاصہ؛ ملخص - (۲) خاکہ (جو مضمون یا کتاب کے لکھنے سے پہلے بنایا جائے) -

Synoptic, *a. & n.* : ملخص؛ مختصر؛ جس میں خلاصہ بیان کیا گیا ہو -

s. gospels : کتب متفقہ؛ متی، مرقس اور لوقا کی انجیلیں جن کی ترتیب یکساں ہے؛ بلا خلاف یوحنا کی انجیل کے جو ان سے کسی قدر مختلف ہے -

synoptical, *a.* : ملخص؛ مختصر؛ جس میں خلاصہ ہو -

synoptically, *adv.* : ملخص کے طور پر؛ خلاصہ کر کے؛ خلاصے کی صورت میں -

synoptist, *n.* : کتب متفقہ میں سے کسی کا مصنف (متی، مرقس یا لوقا) -

Synovitis, *n.* : ورم غشائے لعابی؛ اس جھلی کا ورم جس میں سے جوڑوں کو چکنا کرنے والی رطوبت رستی ہے -

Syntactic, *a. & n.* : (۱) نحوی؛ نحو کا - (۲) (جمع) (ریاضی)

مبحث ؛ ترتیب و اجتماع ؛ ریاضی کی وہ شاخ جس میں اس کی بحث ہوتی ہے کہ چند اشیاء کی ترتیب کے کتنے مختلف طریقے ہوسکتے ہیں -

syntactically, *adv.* : نحو کے اعتبار سے ؛ نحو کی رو سے -

Syntax, *n.* : (۱) علم نحو - (۲) نحوی ترکیب یا ترتیب ؛ نحوی ساخت (جملوں کی) -

Synthesis, *n.* (pl. - theses) : (۱) ترکیب ؛ امتزاج ؛ مختلف چیزوں کا ملانا یا سمونا - (۲) (فلسفہ) ترکیب : متفرق خیالات کے ربط اور ترتیب سے کوئی نظریہ قائم کرنا یا متعدد نظریوں کو ربط دے کر نظام فلسفہ بنانا - (۳) (کیمیا) کیمیاوی ساخت ؛ کیمیاوی ترکیب ؛ مختلف اجزا سے ایک مرکب تیار کرنا ؛ ان چیزوں کو جو قدرتی طریقے سے حاصل ہوسکتی ہیں ان کے کیمیاوی اجزا کے ملانے سے طیار کرنا - (۴) تصریف ؛ ترکیب الفاظ ؛ یعنی مرکبات حروف جار وغیرہ کی مدد سے بنانے کے بجائے تصریف یا اختلاط سے بنانا - (۵) (جراحی) دو حصوں کو جو قدرتی طور پر علاحدہ ہوں جوڑ دینا -

synthetic, synthetical, *aa.* : (۱) ترکیبی - (۲) کیمیاوی طریقے سے بنا ہوا -

synthetically, *adv.* : (۱) ترکیبی طریق سے - (۲) کیمیاوی طریق سے -

synthetist, synthesist, *n.* : مرکب بنانے والا ؛ ترکیب کا عمل کرنے والا -

synthesize, synthetize *vv. t.* : (۱) مرکب ہونا ؛ مرکب بننا - (۲) مرکب بنانا ؛ ترتیب دے کر نظریہ یا نظام بنانا -

Sypher, *v. t.* : اونچے نیچے تختوں کو اس طرح جوڑنا کہ سطح برابر رہے ؛ سطح جوڑ -

s. *-joint.* : اونچے نیچے تختوں کا -

Syphilis, *n.* : آتشک ؛ گرمی -

primary s. : پہلے درجے کی آتشک (جو جسم کے ایک حصے تک محدود ہوتی ہے) -

secondary s. : دوسرے درجے کی آتشک (جس کا اثر جلد اور عشائے مخاطی تک پہنچ گیا ہو) -

tertiary s. : تیسرے درجے کی آتشک (جس کا اثر ہڈیوں ، عضلات اور دماغ تک پہنچ گیا ہو) -

syphilous, syphilitic, *aa.* : (۱) آتشک کا - (۲) آتشک زدہ ؛ آتشک کا بیمار -

syphilize, *v. t.* : آتشک کا مادہ پیدا کرنا یا داخل کرنا ؛ آتشک کا مرض لگا دینا -

syphiloid, *a.* : آتشک نما ؛ آتشک کی طرح کا -

syphilology, *n.* : مبحث آتشک ؛ طب کا وہ حصہ جس میں آتشک کے اسباب اور علاج کی بحث ہو -

Syphon : غلطی سے " Siphon " کی جگہ استعمال ہوتا ہے -

Syren : غلطی سے " Siren " کی جگہ استعمال ہوتا ہے -

Syriac, *n. & a.* : (۱) سریانی ؛ مغربی ؛ آرامی ؛ قدیم شام کی زبان - (۲) سریانی ؛ سریان کا -

syriacism, *n.* : سریانی محاورہ یا ترکیب (جو عبرانی میں استعمال ہو) -

Syrian, *a.&n.* : (۱) سریانی ؛ شامی ؛ شام کا - (۲) شام کا باشندہ ؛ شامی -

Syringa(-ngga) *n.* : ایک جھاڑی جس کے پھول سفید گچھے دار اور بہت تیز خوشبو کے ہوتے ہیں ؛ اسے " mock orange " نقلی نارنگی بھی کہتے ہیں -

Syringe, (-j), *n. & v.t.* : (۱) پچکاری - (۲) پچکاری دینا ؛ پچکاری سے چھڑکنا -

hypodermic s. : باریک سوئی کی پچکاری جو زیر جلدی انجکشن میں استعمال ہوتی ہے -

s-ingeful, *n.* : پچکاری بھر -

Syrinx, *n.* (pl. -es, -nges) : (۱) منہ سے بجانے کا ارگن باجا - (۲) (آثار قدیمہ) مصری مقبروں میں تنگ دالان سا جو چٹانوں کو کھود کر ان کے اندر بناتے تھے ؛ بغلی دالا نچہ - (۳) (تشریح) مجری الہوا ؛ ہوا کی نلکی جو حلق سے کان کے پردے تک ہوا پہنچاتی ہے - (۴) پرندوں کا حنجرۂ زیریں - (۵) (جراحی) ناسور -

syringeal, *a.* : حنجرۂ زیریں کا -

syringitis, *n.* : التہاب مجری الہوا ؛ مجری الہوا کا ورم -

syringotomy, *n.* : ناسور کا عمل جراحی -

Syro- : (سابقہ یونانی سے مشتق) شام کا ؛ سریانی -

-arabian : سریانی عربی -

-phoenician : سریانی فنیقی

Syrtis, *n.* (pl. -tes) : ریگ رواں ؛ چور بالو (گیلی ریت جو بوجھ سے اندر دھنس جاتی ہے) -

Syrup, sirup. *n.* : (۱) شربت (جو قوام سے بنایا جائے) - (۲) راب ؛ شیرہ (شکر کا) -

golden s. : (دکاندار) زرد رنگ کی راب یا شیرہ -

syrupy, *a.* : شربت کا سا ؛ شیرے کا سا -

Syssarcosis, *n.* : رابطۂ عضلاتی ؛ پٹھوں کے ذریعے ہڈیوں کا باہمی ربط -

Syssitia, *n.pl.* : (قدیم یونان) طعام اجتماعی ؛ طعام عمومی ؛ اہل اسپارٹا کا یک جائی کھانا جس میں سادگی اور کفایت کے علاوہ یہ مصلحت بھی تھی کہ حب قومی اور فوجی تنظیم کو فروغ ہو -

Systaltic, *a.* : نبضی ؛ جس میں باری باری سے انقباض اور انبساط ہو -

System, *n.* : (۱) نظام (محسوس یا غیر محسوس چیزوں کا مجموعہ جس کے اجزا مربوط اور مسلسل ہوں) ؛ سلسلہ ؛ (پہاڑوں ، دریاوں ، ریل وغیرہ کا) - (۲) نظام جسمانی ؛ کل جسم ؛ جسم ؛ بدن - (۳) طرز ؛ طریقہ ؛ منہاج ؛ اصول ؛ اصول تقسیم (حیوانات و نباتات کی تقسیم کا) -

Devonian &c. s. : طبقات ارض کی وہ ساخت جو طبقات سلوری اور طبقات بزغالی کے بیچ میں واقع ہو ؛ طبقات دیورنی -

digestive s. : نظام معدی -

works with s. : وہ جو ایک اصول کے مطابق کام کرتا ہے ؛ باقاعدہ کام کرتا ہے -

Linnaean s. : اصول لنائی ؛ حیوانات و نباتات کی تقسیم کا وہ اصول جو چارلس لینے " Charles Linne " نے قائم کیا تھا -

muscular s. : نظام عضلات -

natural s. : اصول طبیعی ؛ حیوانات و نباتات کی تقسیم کا ایک اصول -

nervous s. : نظام اعصاب ؛ عصبی نظام -

Ptolemaic s. : نظام بطلیموسی (ہیئت کا قدیم نظریہ جو

کوپر ینکوس سے پہلے رائج تھا) -

solar s. : نظام شمسی (آفتاب اور سیاروں کا) -

s. of government : طرز حکومت -

s. of philosophy : نظام فلسفہ -

s. of pulleys : چرخیوں کا سلسلہ -

systemless, *a.* : بے نظام ؛ بے اصول -

Systematic, *a.* : (۱) با اصول ؛ با قاعدہ ؛ با نظام ؛ جو کسی نظام یا اصول پر مبنی ہو (s. worker, s. nomenclature) (۲) دانستہ ؛ جو با لقصد ہو (s. insolence, s liar) -

systematically, *adv.* : (۱) نظم و ترتیب کے ساتھ ؛ نظام یا اصول یا ترتیب کے ماتحت ؛ با قاعدہ یا با اصول - (۲) دیدہ و دانستہ -

systematism, *n.* : نظامیت -

systematist, *n.* : نظام پسند -

systematize, *v. t.* : نظام یا اصول کے مطابق ترتیب دینا ؛ نظام بنانا ؛ نظم و ترتیب پیدا کرنا -

systematizer, *n.* : نظام بنانےوالا ؛ نظم و ترتیب پیدا کرنےوالا -

systematization, *n.* : با نظم یا با اصول بنانا یا بنایا جانا (کسی نظم یا اصول کے ماتحت) -

Systemic, *a.* : (عضویات) کل نظام جسمانی کا ؛ مجموعی ؛ کل جسم کا ؛ جس کا تعلق تمام بدن سے ہو -

systemically, *adv.* : کل نظام جسمانی کے لحاظ سے ؛ مجموعی طور پر؛ کل جسم کے لحاظ سے -

Systole, *n.* : (عضویات) انقباض قلب ؛ انقباض شرائین ؛ قلب یا شریانوں کا سکڑنا (انبساط diastole کی ضد) -

systolic, *a.* : انقباضی -

Systyle, *a.* : (فن تعمیر) نز ستونی (نزدیک + ستون) (ج) : وہ طرز تعمیر جس میں ستون قریب قریب ہوتے ہیں -

Systylous, *a.* : گردن پیوستہ (پھول) ؛ جن کے گردن بقچے جڑے ہوئے ہوں -

Syzygy, *n.* : (۱) نقطۂ اجتماع ؛ اجتماع (چاند یا کسی اور سیارے کا سورج کے ساتھ ایک ہی برج میں جمع ہونا) - (۲) نقطۂ استقبال ؛ استقبال (چاند یا کسی اور سیارے کا سورج سے چھ برجوں یعنی ۱۸۰ درجے کے فاصلے پر ہونا) -

T

T, t, : (۱) ٹی ؛ انگریزی حروف کا بیسواں حرف جس کی آواز ٹ کی سی ہوتی ہے ؛ (جمع Ts, T's) - (۲) (مجازاً) کوئی شے جو حرف T کی صورت ہو؛ خصوصاً مرکب الفاظ میں بمعنی چلیپائی یا گرہ نما (جیسے T-bandage, T-bolt وغیرہ) -

cross the T's : (استعارتاً) بے کم و کاست؛ بالکل صحیح ہونا؛ (نیز) کسی پہلو پر زور دینا ؛ بہ تاکید پیش کرنا -

to a T : بتمامہ ؛ من کل الوجوہ -

T. U. C. = Trade Union Congress.

T. O. = turn over

T and O. = taken and offered

Ta (tah), sentence & n. : (بول چال اور بچوں کی زبان) (Thank you) شکریہ ؛ آداب ؛ شکریہ ادا کرتا ہوں -

Taal (Taul), n. The t., : بگڑی ہوئی و لندیزی جو جنوبی افریقہ کی کیپ کالونی میں بولی جاتی ہے ؛ ٹالی -

Tab, *n.* : (۱) بلہ ؛ تکمہ ؛ دم چھلا ؛ (جیب کا) پردہ ؛ چھوٹا سا ٹکڑا جو لباس وغیرہ میں لگا یا لٹکا رہے - (۲) ٹیپ ؛ شامچہ؛ دھات کا چھوٹا سا چھلا یا خول جو جوتے کے بند کے سرے پر لگا دیتے ہیں - (۳) (فوجی) نشان جو فوجی اسٹاف افسروں کے گریبان پر ٹکا ہوتا ہے - (۴) بغلی پردے جو ٹوپی کے دونوں طرف کان کی حفاظت کے لیے لٹکتے ہیں (ear-tab) -

Tabard, *n.* : (۱) (تاریخ) لبادہ جو غریب غربا عموماً کرتے کے اوپر پہنتے تھے - (۲) (زرہ کے اوپر پہننےکا) بے آستین کا جامہ - (۳) شاہی نقیب کی وردی (جس پر شاہی نشان بنا ہو) -

Tabaret, *n.* : (کرسیوں وغیرہ پر چڑھانے کا) موٹا ریشمی کپڑا جس میں ایک دھاری ساٹن کی اور ایک لہر یا ریشم کی ہوتی ہے

Tabasheer, -shir (-er), *n.* : طباشیر ؛ دودھیا پتھر -

Tabby, *n.* & *v. t.* : (۱) (کپڑا خصوصاً ریشم) جس کی بناوٹ لہردار ہو ؛ لہریا - (۲) بلی جس کی پیٹھ پر سیاہ اور بھوری یا بادامی دھاریاں ہوں ؛ کلہریا بلی (*t. cat*) - (۳) بلی - (۴) بکی اور بدگو عورت (خصوصاً سن رسیدہ کنواری) - (۵) دھاری دار ؛ پتنگوں کی قسم جن پر دھاریاں بنی ہوتی ہیں (*t. moth*) - (۶) ایک قسم کا ریختہ یا گچ - (۷) (کپڑے پر) لہریا بنانا -

Tabefaction, *n.* : بیماری سے گھلنا ؛ نقاہت -

Taberdar, *n.* : کوئینس کالج اوکسفورڈ کا وظیفہ یاب طالبعلم -

Tabernacle, *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) (بائبل) اٹھاؤ مکان ؛ چھوٹا اور ہلکا مکان جسے منتقل کرسکتے ہوں ؛ چھولداری - (۲) (مجازاً) کالبد خاکی؛ جسم انسانی - (۳) (تاریخ یہود) مظلہ ؛ شامیانہ جسے فلسطین میں آباد ہونےسےپہلے یہودی معبد کے طریق پر استعمال کرتے تھے - (۴) (اکثر تحقیراً) عبادت گاہ - (۵) تبرکات کا صندوق یا خانہ (عشائے ربانی وغیرہ کے رکھنے کا) - (۶) (تعمیرات) چھجے دار طاق ؛ گرجے میں چھجے دار یا چتردار نشست گاہ ؛ چتردار برجی - (۷) چھجے دار طاقوں وغیرہ کا سلسلہ ؛ کٹاؤ کا کام جو ان میں بنا ہوتا ہے (t. work) - (۸) (مستول کا) خانہ یا چول - (۹) (مجازاً) ڈیرہ ڈالنا ؛ عارضی قیام کرنا ؛ ٹک جانا - (۱۰) پناہ دینا ؛ عارضی مسکن کا کام دینا -

feast of Tt. : عید الاظلال ؛ چھولداریوں کا میلہ جسے یہودی دشت تیہ میں اپنی آوارگی کی یادگار میں مناتے ہیں -

tabernacled, *a.* : (۱) جس میں چھجے دار طاق وغیرہ ہوں - (۲) کٹاؤ کے کام کا -

tabernacular, *a.* : چھجے دار طاق ؛ کٹاؤ کے کام وغیرہ کا سا یا اس کے متعلق -

Tabes(-z), *n.* : (طب) سوکھا ؛ ضنی ؛ وہ مرض جس میں آدمی بتدریج گھلتا جاتا ہے -

dorsal t. : خراع ؛ ضنی الصلب ؛ ریڑھ کا مرض -

Tabetic, *a.* & *n.* : مضنی ؛ سوکھا لگا ؛ سوکھے کا مریض -

tabescence, tabitude, *nn.* : مضنیت ؛ سوکھا لگنا -

tabescent, tabic, tabid, *aa.* : مضنی ؛ سوکھا لگا -

tabidly, *adv.* : سوکھے کے مریض کی طرح -

Tabinet, *n.* : اون اور ریشم کا لہردار کپڑا ؛ تابنٹ -

Tablature (-tsher), *n.* : (۱) (قدیم) تصور ؛ تصویر یا نقشہ (جو ذہن میں ہو) - (۲) مشرح یا واضح بیان ؛ تمثیل ؛ تصویر یا نقشہ کھینچ دینا -

Table, *n.* & *v. t.* : ( ) میز - (۲) (مجازاً) دستر خوان ' سفرہ ؛ مائدہ - (۳) تختۂ نرد ؛ جوے کی ٹوٹواں میز (جس کے دونوں تختے تہ ہو جاتے ہیں) ؛ آدھی میز ؛ نیم تختہ - (۴) چوکی ؛ تختہ ؛ مشین کا مسطح جس پر کاریگر وہ چیز رکھتے ہیں جو بنانی یا درست کرنی ہے - (۵) لوح ؛ تختی - (۶) مضمون یا تحریر جو ایسی لوح پر لکھی جائے ' نوشتہ ؛ کتبہ - (۷) مسطح (اور بلند) سطح زمین ؛ سطح مرتفع - (۸) (فن تعمیر) ہموار اور عموماً چوکور سطح ؛ مسطح کانگنی کانس چھجا داسا - (۹) (جواہرات کا) مسطح پہلو ؛ داسا - (۱۰) قطعہ ؛ ترشا ہوا قیمتی پتھر جو دو طرف سے مسطح ہو - (۱۱) (فراست الید) ہاتھ (ہتیلی ' کف دست ' خصوصاً وہ حصہ جسے دیکھ کر کسی کی تقدیر یا آئندہ کے حالات بتائے جاتے ہیں) - (۱۲) طبقہ ؛ تہ ؛ کھوپڑی کی ہڈیوں کی دو تہوں میں سے کوئی سی تہ - (۱۳) (ایک میز یا دستر خوان پر) کھانے والے ' اہل مائدہ - (سارے کھانے والوں کو ہنساتا رہا *kept the t. amused*)- (۱۴) (ایک میز یا دستر خوان پر) کھانا ؛ طعام (قسم و مقدار دونوں اعتبار سے) (اچھا کھانا کھلاتا ہے *keeps a good t.*) - (۱۵) فہرست ؛ جدول (مضامین یا اعداد کی جو بہ ترتیب الگ الگ خانوں میں لکھے ہوئے ہوں) ؛ نقشہ - (۱۶) میز پر رکھنا ؛ (تجویز روئیداد وغیرہ کو) بحث کے لیے پیش کرنا - (۱۷) (شہتیر یا کڑی کو دوسری کڑی سے)اس طرح جوڑنا کہ دونوں میں خانے کٹے ہوئے ہوں اور ایک کے آگے نکلے ہوئے حصے دوسرے کے خانوں میں بیٹھتے جائیں - (۱۸) بادبان میں جوڑ لگانا ؛ حاشیہ لگانا (کہ بادبان کا زور بڑھ جائے) - (۱۹) درج کرنا (فہرست ' جدول وغیرہ میں) -

at t. : کھانا کھانے کے وقت ' میز پر -

billiard t. : بلیرڈ کھیلنے کی میز (جس پر سبز بانات منڈھی ہوتی ہے) -

breakfast- t. ; *dinner- t.* : حاضری یا کھانے کی میز -

expenses of his t. : کھانے کے مصارف ؛ باورچی خانے کے مصارف --

lay on the t. : (پارلیمنٹ) ملتوی کردینا (رپورٹ ' تجویز یا کارروائی کو) -

lie on the t. : ملتوی ہوجانا -

Lord's -t., round - t., knee-t. : Lord, Round, Knee دیکھو -

mathematical tt. : جداول ریاضیہ (لوگارثم وغیرہ کی) -

mortality t. : جدول اموات ' جس میں عمر کا اوسط وغیرہ بھی نکالا جاتا ہے :

t.-beer: معمولی بیر جو کھانے کے ساتھ پی لی جاتی ہے -

t.-book : کوئی خوشنما خصوصاً با تصویر کتاب جو آرائش کے طور پر میز پر رکھی رہے -

t.-clamp : میز کلمپ ؛ میز چٹی (جس سے کوئی چیز میز میں جاسکے) -

t.- cloth: (۱) میز پوش - (۲) میز کی چادر ؛ دستر خوان (میز کا) -

t. -out : ہموار ؛ کٹا ہوا ؛ مسطح داسے کا (قیمتی پتھر) -

t.-flap : (میز کا) ٹوٹ کنارا ؛ جسے حسب ضرورت لگا لیتے ہیں یا گرا دیتے ہیں -

t.- knife : چھری ؛ کھانے کی چھری ؛ جو میز پر استعمال کی جاتی ہے -

t.- land : سطح مرتفع -

t.- leaf : (۱) میز جوڑ ؛ جسے میز کے ساتھ جوڑ کر میز کو زیادہ لمبا کرسکیں - (۲) میز کا ٹوٹ کنارا -

t.-lifting, t- tipping &c. : (روحیات کے عاملوں کا بہ ادعائے خود روحوں کی مدد سے) میز کو اٹھانا ؛ جھکانا وغیرہ -

t.- linen : (میز پوش ' دست پاک وغیرہ جو کھانے پر استعمال کئے جاتے ہیں) میز پارچہ -

t.-money : (۱) میز خرچ ' وظیفہ میزبانی جو فوج کے اعلیٰ حکام کو دعوتوں وغیرہ کے لئے دیا جاتا ہے - (۲) میز کا کرایہ جو کلب کے شرکا سے کھانے کا کمرا استعمال کرنے کے معاوضہ میں لیا جائے -

t. of contents : فہرست مضامین -

t. of degrees (i. e. prohibited) : Degrees دیکھو -

t. -spoon : کھانے کا چمچہ ؛ بڑا چمچہ -

t. -talk: دوستانہ گفتگو یا گپ شپ (کتاب کے نام کے طور پر بھی آتا ہے) -

t. -tennis: میز ٹینس ؛ پنگ پونگ (کھیل کا نام) -

t. -tomb: صندوق نما قبر (روما کے قدیم مقبروں میں پائی جاتی ہے - اسلامی ملکوں میں عام ہے) -

t.-ware : میز کا سامان یا اسباب -

t.-water : معدنی پانی جو کھانے پر بوتلوں میں رکھتے ہیں -

the two tt., the tt. of the law or covenant or testimony : (بائبل کے) احکام یا قوانین عشرہ -

the twelve tables : کلیات دوازدہ ؛ وہ بارہ اساسی قوانین جو سنہ ۴۵۱ قبل مسیح سے آغاز سنہ مسیحی تک روما میں رائج تھے اور جن پر رومی اصول قانون مبنی ہے -

turn the tt : پانسا پلٹ دینا ' خصوصاً اس شخص کا جو پہلے دبا ہوا ہو ؛ حریف کو دبا لینا -

under the t. : (کھانے کے بعد) شراب کے نشے میں چور -

tableful, *n.* : میز بھر ؛ چیزوں کی مقدار یا مہمانوں کی تعداد جو ایک میز کے لئے کافی ہو -

tabling, *n.* : (۱) ایک شہتیر کا آگے نکلا ہوا حصہ جو دوسرے کے خانے میں بیٹھ جاے - (۲) جوڑ ' حاشیہ (جو بادبان میں لگایا جاتا ہے) -

Tableau(le), *n.*(pl. -eaux pr.-oz): (۱) چپ نظارہ (ج)؛ تصویر آسا سماں ؛ زندہ مرقع جس میں تماشا کرنے والوں کا گروہ خاموش اور بے حس و حرکت سامنے آتا ہے اور کسی تاریخی واقعے وغیرہ کی تصویر پیش کرتا ہے ' اسے t. vivant. بھی کہتے ہیں -(۲) موثر واقعہ ؛ منظر ؛ نقشہ (جو ناگہانی طور پر سامنے آجائے)

t. curtains : تماشا گاہ پر ادھر ادھر سے آکر ملنے والے پردے

بیچ میں مل جاتے ہیں) -

Table d' hote (tahbldot) *n.* : عام میز (جس پر ہوٹل کے سب مہمان کھانا کھاتے ہیں) -

t. dinner : ہوٹل کا مقررہ کھانا (جس کا وقت اور قیمت مقرر ہوتی ہے) -

Tablet, *n.* : (۱) تختی ؛ لوح - (۲) (جمع) تختیوں کا جزو ؛ کئی تختیاں جو بندھی ہوئی ہوں - (۳) ٹکیا ؛ قرص (دواوں وغیرہ کی) - (۴) چھجا (دیوار کا) -

in t. form : ایک ہی جگہ اور بہت اختصار کے ساتھہ -

tabloid, *n.* : (۱) ٹکیا ؛ قرص - (۲) (مجازاً) اخبار جو خبریں اختصار کے ساتھہ ایک ہی جگہ دے دیتا ہے -

Tablier (-a) *n.* : (۱) پیش بند (عورتیں جو لباس کی حفاظت کے لیے کام کرتے وقت باندھ لیتی ہیں) - (۲) پیش دامن (مزید دامن جو عورتوں کے لباس میں آگے کے رخ لگا یا جاتا ہے) -

Taboo, *n. & a. & v. t.* : (۱) (آسٹریلیا کے مشرق کے جزیروں میں) کسی شخص یا چیز کو قابل حرمت یا قابل لعنت قرار دینے کی رسم ؛ رسم تحریم - (۲) امتناع ؛ تحریم - (۳) ممنوع ؛ حرام - (۴) قابل حرمت ؛ قابل احترام - (۵) حرام کرنا ؛ ناجائز قرار دینا ؛ ممنوع قرار دینا ؛ ممانعت کر دینا (عام رائے یا قانون کے زور سے) -

Tabor, *n.* : (تاریخ) طنبورہ ؛ ڈھولکی -

Tabouret(-berit), *n.* : (۱) ڈکتی ؛ تپائی ؛ مقتھیا (نشست کی چیز جس میں پشتہ اور دستے نہیں ہوتے) - (۲) اڈا (جس پر کپڑا رکھکر کشیدہ کاڑھتے ہیں) -

Tabula, *n.* (pl. -ae) : چوکا ؛ سطح استخوانی ؛ ہڈی کی سخت اور چپٹی سطح -

t. rasa : (۱) کوری تختی - (۲) (مجازاً) لوح سادہ؛ پیدائش کے وقت بچے کا ذہن جو بعض نفسیوں کے نزدیک کوری تختی ہوتا ہے اور رفتہ رفتہ اس پر ادراکات کے نقوش بنتے جاتے ہیں -

Tabular, *a.* : (۱) جدول کے مطابق ؛ جدولی ؛ مجدول ؛ جدول یا فہرستوں کی شکل میں ترتیب کیا ہوا - (۲) میز نما ؛ تختہ سا ؛ چوکور و مسطح *t. surface* - (۳) ورق سا ؛ ورق بر ورق (t. structure) -

t. difference : تدریجی فرق ؛ وہ فرق جو لوگارثم وغیرہ کی جدول میں ہر عدد اور اس کے بعد کے عدد میں ہوتا ہے -

tabularly, *adv.* : (۱) جدول کی صورت میں - (۲) جدول کے مطابق ؛ جدول کے ذریعے سے -

Tabulate, *v. t. & a.* : (۱) جدول یا فہرست بنانا ؛ (اعداد وغیرہ کو) ترتیب دینا (فہرست کی صورت میں) - (۲) چپٹا کرنا ؛ تختہ سا بنانا ؛ مسطح بنانا - (۳) مسطح؛ ورق سا؛ ورق بر ورق -

tabulation, *n.* : ترتیب فہرست ؛ ترتیب جدول ؛ ترتیب -

tabulator, *n.* : فہرست ترتیب دینے والا ؛ جدول بنانے والا ؛ مرتب (امتحان کے نتائج وغیرہ کا) -

Tacamahac, *n.* : (۱) گوند جو بعض امریکی درختوں سے بر آمد ہوتا ہے؛ صمغ امریکی - (۲) ایک درخت جس سے بلسان بنتا ہے -

Tac-au-tac(-o-), *n.* : (۱) حریف کا وار خالی دے کر وار کرنا - (۲) (بنوٹ) تابڑ توڑ وار؛ تار باندھ دینا ؛ حریف کا وار روکتے جانا اور خود پیہم ہاتھہ مارنا -

Tace *v. i.* (*imperative*) : (لاطینی میں موم بتی کو "tace" کہتے ہیں) خاموش رہو ؛ چپ رہو (مہمل فقرے میں یہ اشارہ ہے کہ چپ ہو جاو) -

Tacet : (موسیقی کی ہدایت) رک جاو ؛ گانا یا بجانا بند کردو -

Tache (tatsh), *n.* : (۱) چھتی (جس میں کسی چیز کو دبا کر رکھہ دیتے ہیں) - (۲) اٹکن (ھک وغیرہ جس سے کوئی چیز اٹکائی جائے) -

Tachometer(-k-) *n.* : (آلہ) سرعت پیما؛ مقیاس السرعت (جس سے کسی چیز کی سرعت رفتار معلوم کرتے ہیں) -

tachometry, *n.* : سرعت پیمائی -

Tachycardia(-ki-) *n.* : (مرضیات) اختلاج قلب؛ دل کی دھڑکن -

Tachygraphy, (-k) *n.* : مختصر نویسی (خصوصاً قدیم رومیوں اور یونانیوں کی) -

tachygrapher, *n.* : مختصر نویس ؛ ماہر مختصر نویسی -

tachygraphic(al), *aa.* : (۱) مختصر نویسی کا - (۲) مختصر نوشتہ -

Tachylyte, *n.* : کانچ پتھر ؛ بسالتی پتھر کی ایک قسم -

tachylytic, *a.* : کانچ پتھر کا -

Tachymeter, *n.* : (آلہ) زود پیما ؛ پیمائش کرنے والوں کا آلہ جس سے مقامات کا تعین بہت جلد ہوسکتا ہے -

Tacit, *a.* : (۱) بن کہے ؛ جو بغیر بیان کئے معلوم یا مفہوم ہو - (۲) خاموش ؛ ساکت ؛ چپ چاپ -

t. consent : رضا با سکوت -

tacitly, *adv.* : بن کہے ؛ بغیر کچھہ کہے ہوئے ؛ چپ چاپ ؛ معناً -

Taciturn, *a.* : کم گو ؛ کم سخن -

taciturnity, *n.* : کم گوئی ؛ کم سخنی -

Tack, *n. & v. t. & i.* : (۱) کوکا ؛ میخچہ ؛ چھوٹی کیل جس کا سر چپٹا ہوتا ہے ؛ کیل بٹن - (۲) (صیغہ جمع میں) نگندے ؛ لمبے لمبے ٹانکے جو عارضی طور پر لگا دئے جائیں - (۳) (جہازرانی) پال کا رسا جس سے بادبان کا کوئی گوشہ باندھ دیا جائے ؛ نیز وہ گوشہ جس میں یہ رسا بندھا ہو ؛ باندھنی - (۴) سمت جہاز ؛ (بادبانی) جہاز کے چلنے کی سمت یا رخ - (۵) پلٹنا؛ ہوا کے رخ سے فائدہ اٹھانے کے لیے جہاز کا ایک طرف موڑنا - (۶) (استعارتاً) مسلک (طریق عمل یا مسلک بدلنا پڑیگا *must change our t.*) - (۷) (پارلیمنٹ) کسی غیر متعلق دفعہ کو مالی مسودہ قانون میں نتھی کر دینا - (۸) چپ چپاہٹ روغن وغیرہ کی ؛ دیکھو tacking معنی نمبر ۳ - (۹) (مجازاً) کھانا ؛ غذا ؛ خوراک (اچھی یا بری) - (۱۰) کوکے ٹھوکنا یا بٹھانا ؛ کیل بٹن لگانا - (۱۱) سینا؛ نگندے ڈالنا ؛ ٹانکے لگا دینا - (۱۲) (مجازاً) جوڑ دینا ؛ منسلک کر دینا ؛ نتھی کر دینا (خصوصاً مالی مسودہ قانون میں کوئی غیر متعلق دفعہ) - (۱۳) (جہاز کا) رخ پھیرنا ؛ راستہ بدلنا (اکثر "about" کے ساتھہ) - (۱۴) (استعارتاً) مسلک یا طرز عمل وغیرہ بدلنا -

brass tt. : دیکھو Brass -

hard t. : دیکھو Hard -

port t. : ساحل رخ (ہوا)

soft t. : نان پاو ؛ اچھی غذا ؛ نرم چارا -

starboard t. : مخالف ساحل -

t. & t. : پلٹے کھاتے ہوئے یاد بدلتے ہوئے -

t.- driver : میخ انداز؛ مشین جو خود بخود کوکے ٹھوک دیتی ہے -

t. - hammer : میخ چو ؛ چھوٹی ہتوڑی جس سے کو کے ٹھوکنے اور عموماً ایک کنڈے کے ذریعے باہر کھینچنے کا کام لیا جاتا ہے -

tin-t. : بوتامی کوکا جس پر ٹین منڈھا ہو -

tacker, *n.* : کو کے ٹھوکنے والا -

tackiness, *n.* : چپ چپا پن -

tacky, *a.* : چپ چپا -

Tacking, *n.* : (۱) مذکورہ بالا افعال کا اسم- (۲) (قانون) حق سبقت جو تیسرے یا بعد کے مرتہن کو اس بنا پر حاصل ہو جاتا ہے کہ دوسرے مرتہن نے رہن کی اطلاع نہیں دی- (۳) (پارلیمنٹ) خارجی یا غیر متعلق دفعہ کو کسی مالی مسودہ میں اس لئے نتھی کر دینا کہ دارالامرا میں اس کی مخالفت نہ ہوسکے کیونکہ دارالامرا مالی تجاویز کو از روئے آئین مسترد نہیں کر سکتا -

Tackle, *n. & v.t. & i.* : (۱) جہازی اشیا اٹھانے بادبان وغیرہ چڑھانے اتارنے کا ساز و سامان ؛ رسے چرخیاں وغیرہ ؛ جرثقیل ؛ چرخیوں کا سلسلہ - (۲) آلۂ جرثقیل ؛ رسا چرخی - (۳) کسی کام یا کھیل کا ضروری سامان ؛ لوازم - (۴) اڑنگا ؛ پکڑ ؛ حریف کو روک لینا یا پکڑ لینا (خصوصاً فٹبال کے کھیل میں) - (۵) گتھ جانا ؛ (حریف سے) لڑنا ' مقابلہ کرنا - (۶) گفتگو کرنا ؛ بحث کرنا (کسی شخص سے کسی مسئلے پر) - (۷) نبٹنے کی کوشش کرنا ؛ سلجھانے کی کوشش کرنا ؛ سنبھالنا ؛ سلجھانا ؛ انجام دینا - (۸) (فٹ بال) اڑنگا لگانا ؛ حریف کو گیند لے کے آگے نہ چلنے دینا ؛ چرخیوں وغیرہ کے ذریعے سے چڑھانا یا لگانا -

fishing - t. : مچھلی کے شکار کا سامان -

t. - block : چرخی جس پر رسی پھرتی ہے -

t. - fall : رسی جوڑ ؛ وہ رسی جس سے چرخی کے مختلف حصے ملے ہوتے ہیں -

t. to : جٹ جانا ' پل پڑنا (کسی کام میں) -

tackling, *n.* : (۱) ان افعال کا اسم - (۲) چرخیوں کا سلسلہ ؛ رسا چرخی - (۳) کسی کام کا ضروری سامان -

Tact, *n.* : (۱) موقع شناسی ؛ محل شناسی ؛ شعور (خصوصاً ٹھیک بات کہنے یا کرنے کا) - (۲) اشخاص یا مواقع سے صحیح کام لینے کی صلاحیت ؛ ہوشیاری ؛ سلیقہ -

tactful, *a.* : ہوشیار ؛ محل شناس ؛ موقع شناس ؛ ہوشیاری کا ؛ موقع شناسی کا -

tactfully, *adv.* : موقع شناسی سے ؛ ہوشیاری سے -

tactless, *a.* : زبان کا پھوہڑ ؛ بے تکا ؛ بے تکے پن کا -

tactlessness, *n.* : موقع شناسی ؛ بے تکا پن -

Tactical, *a.* : (۱) مواقع جنگ یا ترتیب فوج سے متعلق ؛ مصافی ؛ مصافیاتی - (۲) تدبیر یا جوڑ توڑ کا - (۳) شاطرانہ ؛ استادی کا -

tactically, *adv.* : (۱) تدبیر سے ؛ جوڑ توڑ سے ؛ حکمت سے - (۲) مصافیات کے لحاظ سے -

Tactics, *n.* (as sing. or pl.) (۱) مصافیات ؛ سپہ آرائی ؛ ترتیب فوج کا فن ؛ فوجوں کو حسب موقع بڑھانا ہٹانا خصوصاً جب کہ معرکہ شروع ہوجائے- (۲) (صیغہ جمع میں) تدبیر ؛ جوڑ توڑ ؛ داؤ پیچ ؛ ترکیبیں ؛ چالیں (یہ ترکیبیں یا طریق عمل پسند نہیں کرسکتا *(cannot approve these t.)* -

tactician, *n.* : (۱) ماہر مصافیات- (۲) جوڑ توڑ کا آدمی ؛ شاطر-

Tactile, *a.* : (۱) لمسی ؛ جو لامسہ سے محسوس ہو ؛ لامسہ سے متعلق ہو - (۲) لمس پذیر ؛ محسوس - (۳) (نقاش) جسمانیت دکھانے یا پیدا کرنے والی ؛ جس سے تصویر مجسم نظر آئے ؛ تجسیمی -

t. impression, organ : لمسی ارتسام ؛ لمسی حس ؛ آلۂ لمس یا تماس - ...

tactual, *a.* : لمسی -

tactually, *adv.* : لمس کے ذریعے سے ؛ چھو کر -

tactility, *n.* : (۱) لمسیت ؛ لمس پذیری ؛ محسوسیت - (۲) (نقاشی) تجسیمیت -

Tadpole, *n.* : غوک ؛ مینڈک کا بچہ ؛ جب تک اس کی دم اور گلپھڑے موجود رہیں ؛ بلبلیا -

Taedium vitae, *n.* : (مرضیات) جان سے بیزاری ؛ مرضی کیفیت جس سے آدمی خود کشی پر آمادہ ہو جاتا ہے -

Tael (tal), *n.* : ایک چینی وزن تقریباً چار تولے کے برابر (چاندی کے زر حسابی کے طور پر بھی مستعمل ہے) ؛ تاھل -

Taenia, *n.* : (pl. - ae) (۱) (تعمیرات) لپیٹ ؛ مروڑی ؛ حاشیہ جو (Doric) ڈوری ستون کے اوپر کے ڈاسے پر بناتے ہیں - (۲) (تشریح) شریط فیتہ نما (عضو) خصوصاً مغز کا ایسا حصہ- (۳) پتلی پٹی جس کا پہلے گولا بنا کے پھر تہ بتہ لپیٹتے ہیں ؛ گولا پٹی - (۴) کیچوا ؛ کندار - (۵) یونان و روما کی قدیم عورتوں میں سر بند ؛ سرپیچ -

taenioid, *a.* : (۱) شریط نما ؛ فیتہ نما - (۲) (مرض) جس کے ساتھ کیچوے بھی ہوں -

Taffeta, *n.* : ریشم یا کتان کے پارچے کی قسمیں ؛ خصوصاً باریک چمکدار سادی بناوٹ کا ریشمی کپڑا ؛ تافتہ ؛ دریائی ؛ سندش -

Taffrail, tafferel, *n.* : (۱) جہاز کے پچھلے سرے کا کٹہرا ؛ عقبی کٹہرا - (۲) جہاز کے پچھلے سرے کا (-erel) بالائی حصہ ؛ بالائی موخر -

Taffy, : دیکھو Toffee -

Taffy, *n.* : (بول چال) ویلز کا باشندہ ؛ ٹیفی -

Tafia, *n.* : ایک قسم کی گنے کی شراب ؛ تافیہ -

Tag, *n. & v. t.* : (۱) جوتے کے بند کے سرے پر دھات کا ٹیپ ؛ شامچہ - (۲) تبضے کا بڑا سا تکمہ جو انگریزی جوتے کے نیچے لگا ہوتا ہے اور جسے پکڑ کر جوتا پہنتے ہیں ؛ پن چھلا - (۳) پتے کی چٹ خصوصاً وہ جو کسی چیز سے باندھ دی جاتی ہے ؛ ٹیگ - (۴) کسی چیز کا نا ہموار یا کٹا ہوا سرا - (۵) ژولیدہ اون ؛ بھیڑ کے بالوں کا گچھا - (۶) (مجازاً) دم چھلا ؛ دنبالہ (چھوٹی چیز جو بڑی چیز کے ساتھ لگی ہو) - (۷) (ناٹک) تتمہ ؛ تماشا ختم ہوتے وقت کی تقریر - (۸) پامال مقولہ یا مصرعہ ؛ پرانا فقرہ ؛ ٹیپ (گیت کی)- (۹) جانور کے دم کی نوک ؛ پھننگ - (۱۰) آنکھ مچولی کی قسم کا کھیل جس میں ایک سب کے پیچھے بھاگتا ہے - (۱۱) ٹیپ یا شامچہ لگانا (جوتے کے بند کو)- (۱۲) ٹیپ لگانا (نظم کے بند پر)- (۱۳) جوڑ لگانا (نظم پامال وغیرہ کا) - (۱۴) جوڑ دینا (کئی عبارتوں کو) - (۱۵) قافیہ باندھنا - (۱۶) قافیہ بندی کرنا ؛ تک بندی کرنا -

(۱۷) اون کترنا ؛ (بھیڑ کے) بال کاٹنا - (۱۸) (بول چال) پیچھے لگنا ؛ دم چھلا ہو جانا - (۱۹) (آنکھ مچولی میں) چھولینا ؛ (چور کا دوسرے کو) پکڑ لینا ؛ ہاتھ لگا دینا -

cross- t., long- t. : آنکھ مچولی کے کھیل کی قسمیں -

t. -rag, (rag -t.) : دیکھو Rag -

t. -sore : مویشی کا ایک مرض جس میں چیچک کے سے دانے نکل آتے ہیں -

tagtail : (۱) چیچڑی ؛ ایک قسم کا کیڑا - (۲) (مجازاً) طفیلی ؛ خوشامدی ؛ کاسہ لیس -

Tagetes *n.* : نارنجی یا زرد ستارہ گل' پھول تارا؛ درخت کی قسمیں جن میں شوخ زرد و نارنجی پھول ہوتے ہیں -

Tagger, *n.* : (۱) " tag " کا اسم فاعل - (۲) چور؛ پیچھے بھاگنے والا (آنکھ مچولی میں)- (۳) (صیغہ جمع میں) پتلی آہنی چادر-

Tail, *n. & v. t. & i.* : (۱) دم ؛ دنبالہ؛ پونچھ (جانوروں کی)- (۲) کوئی شے جو صورت میں یا کسی بھی لحاظ سے دم سے ملتی جلتی ہو ؛ دنبالہ ؛ نچلا سرا ؛ نچلا حصہ ؛ ضمنی حصہ وغیرہ - (۳) (جمع) سکے کی پشت ؛ عقبی رخ ؛ پٹ - (۴) (جمع) دیکھو " t. -coat " - (۵) دم چھلا ' دنبالہ وغیرہ - (۶) (بول چال) ادھر ادھر کے سرے تراش دینا - (۷) جوڑ دینا (دوسری شے کے ساتھ) -

cow's t. : رسی وغیرہ کا گھسا ہوا سرا -

dog has his t. between his legs : " کتے کی دم ٹانگوں میں " (علامت خوف کے طور پر؛ اکثر مجازاً انسان کے لئے آتا ہے)-

dog wags his t. : دیکھو wag -

drop pinch of salt on t. of : دیکھو Salt -

Pasha of three &c. tt. : دیکھو Pasha -

make head or t. of : دیکھو Head -

t. after : پیچھے پیچھے لگا رہنا -

t. away or off : منتشر ہوکر پیچھے رہ جانا -

t. -bay : نہر کے بند کا وہ حصہ جو نچلے در اور نچلے خزانے کے درمیان ہوتا ہے -

t. -board : (گاڑی کا) تختۂ پشت ؛ پشتی جو حسب ضرورت ہٹائی جا سکے -

t. -braid : میضوں کے سائے کی گوٹ -

t. -coat : دو پاکھا کوٹ (پیچھے سے کھلا ہوا اور سامنے کے دامن گول ترشے ہوئے) -

t. -gate : (نہر کے بند کا) نچلا در -

t. in : بٹھانا (کڑی وغیرہ کا دیوار میں) -

t. -light : (ریل یا موٹر وغیرہ کی) عقبی قندیل -

t. -margin : (صفحے کے) نیچے کا حاشیہ -

t. of a cart : گاڑی کی پشت یا عقبی حصہ -

t. of a kite : پتنگ کا دم چھلا وغیرہ -

t. of a gale : طوفان کے بعد کا سکون -

t. of a stream : تلاطم کے بعد ساکن سطح -

t. of attendants : نوکروں کا سلسلہ یا قطار -

t. of comet : دمدار ستارے ؛ ستاروں کا دنبالہ -

t. of the procession : جلوس یا برات کا پچھلا حصہ -

t. of slate or tile : (چھت میں) کھپریل کا باہر کو نکلا ہوا سرا-

t. of stone or brick : چنائی میں (اینٹ پتھر کا) دبا ہوا حصہ -

t. of (butterfly's) wings : پر کا پیچھے کو نکلا ہوا نازک حصہ -

t. of trenches : پہلی خندقیں ؛ شروع کی کھائی (جو بڑھنے والی فوج بنائے) -

t. of musical note : (تحریر نغمہ میں) کھڑی لکیر جو بعض سروں میں اوپر یا نیچے کو نکلی ہوتی ہیں -

t. of the eye : دنبال چشم ؛ بیرونی گوشۂ چشم -

t. of the eleven : ٹیم کے کم زور کھلاڑی -

t. -piece : (۱) پھول ؛ تصویر وغیرہ جو باب کے آخر میں خالی چھوٹی ہوئی جگہ میں بنا دی جائے؛ گل بیاض- (۲) تار تختی؛ ستار وغیرہ میں لکڑی کا مثلث چھوٹا سا ٹکڑا جس سے نچلے تار بندھے ہوتے ہیں -

t. -pipe : (۱) پمپ کا آب کش ؛ وہ نلکی جس سے پانی وغیرہ کھینچتے ہیں - (۲) (فعل) (کتے یا مجازاً آدمی کو) دم سے باندھنا -

t. -race : نچلا دھارا ؛ پن چکی کے دھارے کا نچلا حصہ -

t.-spin : (ہوائی جہاز' طیارے وغیرہ کا) چکر کھاتے ہوئے نیچے کو جھپٹنا ؛ چکر فرمانا -

t. to the tide, t. up or down stream : (لنگر انداز جہازوں کا) موج کے ساتھ جھکولے کھانا -

tt. up : (بول چال) زوروں میں -

turn t. : دم دبا کے بھاگنا ؛ پیٹھ دکھانا -

twist the lion's t. : دیکھو Lion -

(-) **tailed**, *a.* : (-) دم کا -

tailless, *a.* : بے دم ؛ عدیم الذیل -

Tail, *n. & a.* : (۱) (قانون) مشروط ملکیت - (۲) وہ جائداد جو صرف اولاد صلبی کو ورثے میں مل سکے - (۳) (صفت) مشروط؛ میعادی (جاگیر) -

fee- t. : دیکھو Fee -

in t. : مشروط ملکیت کے طور پر -

Tailing, *n.* : (۱) دنبالہ لگانا وغیرہ - (۲) شہتیر ' اینٹ وغیرہ کا دیوار میں دبا ہوا حصہ - (۳) (صیغہ جمع میں) کچرا کوڑا ؛ غلے یا کچی دھات کا بیکار حصہ - (۴) داغ ؛ دھبہ ' جو چھینٹ کی چھپائی میں غلطی سے رہ گیا ہو -

Tailor, *n. & v. i. & t.* : (۱) درزی ؛ خیاط ؛ کپڑے سینے والا - (۲) (عامیانہ) (پرند کو) اناڑی پن سے مارنا یا ذبح کرنا - (۳) کپڑے سینا ؛ سلائی کرنا (خصوصاً مفعول کی صورت میں جیسے " *well-tailored* ") -

ride like a t. : اناڑی پن سے سوار ہونا (گھوڑے پر) -

t. -bird : بیا ؛ مشہور پرند جو پتے سی کر گھونسلہ بناتا ہے -

t. -made : درزی کے یہاں سلے ہوئے ؛ باہر سلے ہوئے (کپڑے) ؛ خصوصاً زنانہ لباس جو سادہ مگر جسم پر چست و درست سلا ہوا ہو -

tailor's chair : بے پائے کی چوکی ؛ آلتی پالتی بیٹھک سینے کے لیے -

tailor's cramp : انگلیوں کی اینٹھن -

tailor's twist : ایک قسم کا مضبوط ریشمی تاگا -

tailoress, *n.*: خیاطنہ ؛ درزن -
tailoring, *n.*: خیاطی؛ درزی کا کام -
Taint, *n.*: (۱) ٹین کا پتلا ٹکڑا - (۲) وصلی ؛ ٹین جو آئینے کی پشت پر لگا دیتے ہیں ؛ پشت آئینہ -
Taint, *n.& v. t. & i.*: (۱) داغ ؛ فساد ؛ کسی خرابی ' مرض یا انحطاط کا نشان یا اثر - (۲) (مجازاً) زہریلا یا خراب اخلاقی اثر ؛ آلودگی ؛ لوث ؛ فساد - (۳) فاسد ہونا یا کردینا ؛ داغ لگ جانا یا داغ لگانا ؛ ملوث کرنا یا ہونا ؛ سڑنا -
tainted goods : مال مصنوعہ جسے مزدوروں کی انجمن نے ہاتھ لگانے سے منع کردیا ہو ؛ داغی مال -
The meat will t. readily in hot weather : گرمی میں گوشت سڑنے میں کیا دیر لگےگی -
The moral t. spread among all classes : ہر طبقے میں اخلاقی فساد پھیل گیا -
taintless, *a.*: بے داغ ؛ بے لوث -
taintlessly, *adv.*: بے داغ حالت میں ؛ بے لوث طریقے پر -
Tai-ping, Tae-(ti-), *n.*: تائی پنگ ؛ چین کی بغاوت سنہ ۱۸۵۰ تا ۱۸۶۴ کا شریک -
Taj, *n.*: تاج ؛ خصوصاً مسلمان درویشوں کی کلاہ -
Take, *v.t. & i.* (took, taken): (۱) لینا ؛ پکڑنا ؛ تھامنا (ہاتھ یا آلے وغیرہ سے) - (۲) قبضہ یا لینا ؛ لے لینا ؛ گرفتار کرنا (*t. a fortress, t. prisoners*) - (۳) پانا ؛ حاصل کرنا ؛ جیتنا (*t. prize, takes £ 40 a week*) - (۴) آ لینا ؛ جا پہنچنا ؛ جا پکڑنا (*t. by surprise*) - (۵) گرویدہ کرنا ؛ کھینچنا (*was much taken by her; what takes my fancy*) - (۶) مقبول ہونا (*novel did not t.*) - (۷) عمل کرنا ؛ کام کرنا (دوا کا) (*vaccine did not t.*) - (۸) خرید لینا ؛ لے لینا ؛ فائدہ اٹھانا ؛ کام میں لانا ؛ صرف کرنا ؛ لینا (وقت) (*takes whatever he can lay his hand on, wish you wouldnot t.my bicycle,*) - (۹) (حق یا حاصل کردہ اعزاز وغیرہ) پانا (*t. precedence, took his degree, shall t. a holiday*) - (۱۰) بنانا؛ کرنا (*t. a partner, t. a wife*) - (۱۱) مستقل خریدار ہونا - (۱۲) کرایے پر لینا؛ اجرت پر لینا (*do you t. Punch? t. a cab, t. lodgings*) - (۱۳) مثال کے طور پر لینا (*t. the French Revolution*) - (۱۴) (اجازت) لینا ؛ طالب ہونا (*must t. leave to differ*) - (۱۵) پینا ؛ کھانا (*t. a cup of tea*) - (۱۶) چاہنا ؛ مانگنا ؛ ضرورت ہونا (*transitive verbs t. an object*) - (۱۷) لانا ؛ لے چلنا ؛ لے جانا ؛ پہنچانا ؛ ہٹانا ؛ دور کرنا ؛ اٹھانا (*t. the letters to the post, the dog for a walk*) - (۱۸) (کوئی کام) اپنے ذمے لینا ؛ ہاتھ میں لینا ؛ شروع کرنا ؛ کسی شخص کی نگرانی یا اصلاح کا ذمہ لینا ؛ (*the boy wants taking in hand*) - (۱۹) ہوجانا ؛ لگ جانا ؛ لاحق ہوجانا (کوئی متعدی بیماری ' بخار ' زکام وغیرہ) - (۲۰) اثر لینا ؛ محسوس کرنا (خوشی وغیرہ) ؛ برداشت کرنا (مصنف وغیرہ) (*t. offence, umbrage*) - (۲۱) معلوم کرنا ' دریافت کرنا ' ناپنا (پتہ ' جسامت ' بلندی ' حرارت وغیرہ) - (۲۲) سمجھ جانا (*I t. your meaning*) - (۲۳) سمجھنا ؛ تصور کرنا ؛ تعبیر کرنا ؛ معنی لینا (*I. t. this to be ironical, I t. it that we are to wait*) - (۲۴) فرض کرنا؛ مان لینا؛ سمجھ لینا؛ (*t. it for granted,*) (*you t. me to be a fool*) - (۲۵) (کسی چیز سے کسی خاص قسم کا) اثر لینا (*t. things coolly, t. it easy*) - (۲۶) قبول کرنا ؛ ماننا ؛ سننا ؛ (نصیحت) سہنا ، اختیار کرنا ؛ پانا (*t. the offer, t. what you can get, will not t. advice*) - (۲۷) کرنا ؛ عمل میں لانا - (۲۸) تصویر لینا ؛ فوٹو کھینچنا یا لینا ؛ تصویر میں اچھا ' برا وغیرہ آنا ؛ (*took him in cap & gown, does not t. well*) -
am not taking any : (عامیانہ) میں نہیں لوں گا ؛ مجھے نہیں چاہیے -
do not t. advantage of his youth : اس کی کمسنی سے بیجا فائدہ نہ اٹھاو -
horse will not t. fence : گھوڑا ٹٹی نہیں کودے گا -
it takes a lot of doing : بڑا مشکل کام ہے -
I took him : میں نے اس سے بازی بدلی ؛ شرط بدلی -
must not t. it ill of him : اس کی بات کا برا نہ ماننا -
should t. it kindly of you if you answer : اگر جواب عنایت ہو تو اسے مہربانی سمجھوں گا (ممنون ہوں گا) -
t. a back seat : دیکھو Back -
t. a fancy to : بہت پسند آنا ؛ دل آجانا -
t. a different view : کچھ اور رائے رکھنا -
t. a glance round : چو طرف نظر ڈالنا -
t. a sudden leap : یکایک جست کرنا -
t. a walk : چہل قدمی کرنا -
T. after : (صورت سیرت وغیرہ میں کسی سے) مشابہ ہونا ؛ ملتا ہوا ہونا؛ (کسی پر) پڑنا یا جانا -
t. aim : شست لینا ؛ نشانہ باندھنا ؛ تولنا (تلوار وغیرہ) -
t. as read : (روئداد ' رپورٹ وغیرہ) جلسے میں پڑھے بغیر کارروائی میں شریک کرلینا -
T. back : (بول چال) واپس لینا (الفاظ) -
t. bit between : دیکھو Bit -
t. by storm : دیکھو Storm -
t. care : (۱) (تاکید ' تنبیہ کے لیے) خبر دار ؛ سنبھل کے - (۲) خبر دار ' ہوشیار ہونا ؛ دیکھ بھال کر کام کرنا ؛ عاقبت اندیشی یا با احتیاط کام سے لینا -
t. care of : (۱) (کسی چیز کی) احتیاط کرنا- (۲) نگرانی کرنا ؛ خبر گیری کرنا -
t. (one's) chance(of) : (۱) قسمت آزمانا - (۲) (کسی بات کی) جوکھوں لینا -
T. down : (۱) لکھنا ؛ قلمبند کرنا - (۲) ذلیل کرنا ؛ غرور توڑنا - (۳) حلق سے اتارنا ؛ نگلنا (غذا وغیرہ خصوصاً ناگواری یا دشواری کے ساتھ) - (۴) اُتارنا (چھت ' عمارت وغیرہ کو) ؛ منہدم کر دینا -
t. down a peg or two : دیکھو Peg -
t. earth : (۱) (لومڑی وغیرہ کے لیے) کھو میں گھس جانا ؛ بھٹ میں چھپ رہنا - (۲) (مجازاً آدمی کے لیے)

چپ کر بیٹھا رہنا -

t. effect, exception, heart, hold, leave: دیکھو ان الفاظ کے تحت میں -

T. from : گھٹانا ' تنقیص (کا سبب) ہونا ؛ کم کرنا -

t. him through a book of Livy: اسے لوی کی ایک کتاب پڑھا دو یا نکلوا دو -

Take in. : (۱) لینا؛ داخل کرنا (مسافروں ' کرایہ داروں کو سرائے یا دارالاقامہ میں) - (۲) ساتھ لیجانا خاتون کو ' خصوصاً کھانے کے کمرے میں لے جاکر اس کے ساتھ بیٹھنا - (۳) کام لینا (دھونے ' سینے وغیرہ کا' گھر پر کرنے کے لئے)- (۴) محیط ہونا (ایک چیز کا دوسری چیز پر) ؛ شامل ہونا (دوسری چیز کا اس میں)؛ لپیٹنا - (۵) سمیٹنا (لباس کو) ؛ لپیٹنا (بادبان) - (۶) سمجھنا ؛ غور کرنا ؛ ذہن میں ترتیب دینا - (۷) باور کرلینا ؛ یقین لے آنا (غلط بات کا) - (۸) دھوکا دینا ؛ ٹھگ لینا- (۹)(اخبار وغیرہ کا) خریدار ہونا - (۱۰) (t. - in) فریب؛دھوکا؛ ڈھونگ-

T. into (one's confidence) : راز دار بنانا ؛ شریک راز بنانا-

T. into(one's head): سمجھ بیٹھنا ؛ دل میں سما جانا ؛ (بات کا) ٹھان لینا -

t. it out of : (۱) بدلا لینا- (۲) معافی منگوانا یا تلافی کرانا (کسی سے) - (۳) انس نکال دینا ؛ بے دم کر دینا -

t. (one's) life in (one's hand): جان پر کھیلنا ؛ جان کی بازی لگانا -

t. medical advice etc.: (فیس دیکر) طبی مشورہ وغیرہ حاصل کرنا -

t. name (esp. God's)in vain : بے ادبی سے ذکر کرنا -

t. notes: (یاد داشت) لکھنا ؛ قلم بند کرنا -

t. oath: حلف اٹھانا ؛ لینا -

T. off : (۱) اتار دینا؛ (ٹوپی؛ کوٹ وغیرہ) - (۲) ہٹا دینا؛ لے جانا (took him off to the station) - (۳) (قیمت) گھٹا دینا ' کمی کر دینا ' تخفیف کر دینا- (۴) (طیارے وغیرہ کا) زمین سے اٹھنا ؛ اڑان بھرنا - (۵) پی جانا ؛ چڑھا جانا - (۶) نقلیں کرنا ؛ منہ چڑانا - (۷) اچھلنا ؛ جست کرنا (*from, at*) - (*place*

t. off one's hat to : دل سے داد دینا ؛ دل سے قدر کرنا -

Take - off, n. : (۱) نقل ؛ مضحکہ ؛ سوانگ - (۲) جست گاہ؛ وہ جگہ جہاں سے آدمی کود دے - (۳) (کروکے کھیل) ٹھیلائی ؛ ایسی ضرب جس میں اپنی گیند (جو دوسرے گیند سے ملی ہوئی رکھی ہے) آگے بڑھ جائے مگر دوسرے کی گیندذراسی ہل کر رہ جائے -

T. on: (۱) (اپنے ذمے) لینا ؛ بیڑا اٹھانا - (۲) (بول چال) آنسو مچا دینا ؛ جذبات کا اظہار شدت یا جوش سے کرنا -

t. orders : دیکھو Order

T. out: (۱) (باہر) لےجانا- (۲) دور کرنا (دھبہ وغیرہ)- (۳) (برج کے کھیل میں) (اپنے ساتھی کو جو کوئی رنگ بول کر دقت میں ہو [illegible]) نیا رنگ بول کر دقت سے نکالنا - (۴) (" in " کے ساتھ) قرض کے بدلے [illegible] تلافی کے طور پر لینا - (۵) جاری کرانا ' اطلاع نامہ وغیرہ ؛ حاصل کرنا پیسہ [illegible] وغیرہ -

t. over : جائزہ لینا ؛ قائم مقام ہونا ؛ جانشین ہونا (کاروبار وغیرہ میں) -

t. part : دیکھو Part

t. place : واقع ہونا -

t. photograph: تصویر لینا ' اتارنا -

t. sides: کسی طرف ہو جانا ؛ طرفداری یا حمایت کرنا (کسی فریق کی) -

t. silk: دیکھو Silk -

t. stock (on, in) wall, wind : دیکھو ان الفاظ کے تحت میں Wall, Wind -

T. to. : (۱) شروع کرنا - (*took to humming a tune*) (۲) پڑ جانا ؛ لگ جانا (شغل میں) ؛ شوق ہو جانا (*t. to literature*) - (۳) انس ہو جانا ؛ لگاؤ پیدا ہو جانا ؛ تعلق خاطر ہو جانا -

t. to heart : دیکھو Heart-

t. the bull by the horns : دیکھو Bull-

take the cake, take the biscuit : دیکھو Cake-

t. the church service : (گرجامیں) نماز پڑھانا؛ امامت کرنا -

t. the mathematical tripos: ریاضی کا سالی امتحان دینا -

t. the nonsense &c. out of person: دماغ درست کردینا ؛ کجی یا ٹیڑھ نکال دینا -

T. up: (۱) اٹھالینا - (۲) جذب کرنا؛ پینا جیسے (*sponges t. up water*) - (۳) مصروف رکھنا (*takes up all my time,* attention) - (۴) (راستے سے) لے لینا ؛ بٹھا لینا (*train stops to t. up passengers*) - (۵) حراست میں لینا - (۶) آغوش تربیت یا حمایت میں لینا (کسی کو) - (۷) (مقرر کو) ٹوکنا ' غلطی جتانا ' لقمہ دینا - (۸) اختیار کرنا (پیشہ) - (۹) (معاملے یا کلام کو) لینا ؛ (یعنی اس کی طرف متوجہ ہو کر اسے انجام دینا یا طے کرنا) ؛ (مسئلے پر) بحث شروع کرنا (*t. up the next case, t. up the next item*) - (۱۰) دوبارہ یا مزید تحقیق کرنا (مسئلے کی) ؛ مزید تفتیش یا تحقیقات کرنا (معاملے کی) - (۱۱) جوڑنا (ٹوٹے ٹانکے کو) ؛ جکڑنا ؛ باندھنا (رگ وغیرہ کو) - (۱۲) فراہم کرنا (قرضے وغیرہ کی رقم) -

t. up with: ساتھ اٹھنا -

t. up the cudgels, gauntlet, glove: دیکھو ان الفاظ کے تحت میں cudgel, gauntlet, glove -

T. - up: (۱) وہ کل جس سے مشین کے پٹے ' تسمے کوکستے ہیں - (۲) ڈھیلے تار کو تاننا - (۳) صفائی ؛ اٹھانا سامان کو جس پر کام یا عمل کیا جا چکا ہے -

T. it upon, or one to: (کسی [illegible]) جسارت کرنا -

t. your time: جلدی نہ کرو -

taken and offered : گھڑ دوڑ کی بازی (ان مخفف [illegible] الفاظ کے ساتھ درج کی جاتی ہے) -

takes a poet to translate Virgil : ورجل کے ترجمہ کا کام شاعر چاہتا ہے -

takes all the fun out of it : [illegible] مزا کھو دیتا ہے -

takes his readers with him : پڑھنے والوں کو مسحور کر دیتا ہے

takes its name from the inventor : موجد کے نام سے

مغسوب ھے -

look it out in cigars : اس کے بدلے میں سگار لے لیے ؛ اس کا معاوضہ سگار سے کر لیا -

was taken bad : (بول چال) بیمار پڑ گیا -

you may t. it from me : جو میں کہتا ھوں اسے یقین کر لو -

you may t. my word for it : میں اس معاملے سے خوب واقف ھوں اور تمھیں یقین دلاتا ھوں -

Take, *n.* : (۱) شکار (مچھلی پرندے وغیرہ جو ایک دن میں پکڑے یا شکار کیے گئے ھوں) ؛ صیدہ - (۲) (سینما) سین جس کا فوٹو لیا گیا ھو - (۳) (مطابع کی اصطلاح میں) کام جو ایک مقررہ وقت کمپوزیٹر نے کمپوز کیا ھو - (۴) آمدنی (خصوصاً وہ جو ناٹک کے ٹکٹوں کی فروخت سے ھوتی ھو) -

Taker, *n.* : مذکورہ بالا سب معانی میں " take " کا اسم فاعل ؛ خصوصاً بازی لگانے والا -

Takin, *n.* : تبت کا ایک جانور جو ھرن سے مشابہ ھوتا ھے ؛ تاکن -

Taking, *n.* : (۱) " take " کا حاصل مصدر - (۲) (جمع) آمدنی ؛ روکڑ - (۳) (قدیم) بے چینی (*was in a great t.*) -

Taking, *a.* : (۱) دلکش ؛ دلربا ؛ من موھنی - (۲) متعدی ؛ دوسروں تک پھیلنے یا اثر کرنے والا (مرض) -

takingly, *adv.* : (۱) دلکش انداز سے - (۲) متعدی طور پر -

takingness, *n.* : (۱) دلکشی - (۲) تعدیہ ؛ متعدی ھونا -

Talapoin, *n.* : (۱) بدھ مت کا راھب ؛ بھکشو (لنکا اور سیام کا) - (۲) ایک قسم کا بندر -

Talaria, *n.* pl : اڑن چپل ؛ پردار پاپوش جو افسانوں میں بعض دیوی دیوتا پہنے دکھائے جاتے ھیں -

Talbotype, *n.* : ٹالبوٹی فوٹو گرافی ؛ ٹالبوٹ کا ایجاد کردہ طریق عکس کشی -

Talc, *n.* & *v. t.* : (۱) طلق ؛ ایک قسم کی چکنی شفاف معدنی شے جو پرت کی صورت میں پائی جاتی ھے - (۲) (عوام ؛ دکاندار) ابرق ؛ ابرک - (۳) طلق چڑھانا ؛ طلق سے جلا کرنا -

tal(c)ky, talcoid, talcose, *aa.* : طلق کا ؛ طلق نما ؛ طلق آسا -

talcous, *a.* : طلقی ؛ جس میں طلق ھو -

Talcite, *n.* : طلق کبیر ؛ بھاری قسم کا طلق -

Tale, *n.* : (۱) قصہ ؛ واقعہ ؛ سرگزشت (*a true t. of the Crusades*) - (۲) کہانی ؛ افسانہ ؛ (خیالی) قصہ - (۳) خبر جو بد نام کرنے کے لیے پھیلائی جائے ؛ افواہ ؛ اشغلہ (*all sorts of tt. will get about, if all tt. be true*) - (۴) (قدیم ؛ شعر و خطابت) تعداد ؛ گنتی ؛ پوری تعداد ؛ کل تعداد (*shepherd tells his t. of Sheep*) -

legendary tt., t. of a tub : مہمل قصہ -

prefer to tell my own t. : میں واقعے کو اپنے طور پر بیان کرنا چاھتا ھوں -

tale-bearer : وہ شخص جو ایسی خبریں کہتا پھرتا ھے ؛ لترا ؛ ڈھنڈوریا ؛ بد گو ؛ چغل خور -

tale-bearing : (۱) چغل خور ؛ لترا ؛ بدگو - (۲) چغل خوری ؛ لتراپا ؛ بد گوئی -

tale-teller : (۱) قصہ گو - (۲) لترا وغیرہ -

tell tt., tell tt. out of school : ڈھنڈورا پیٹنا ؛ چغلی کھانا ؛ لتراپا کرنا ؛ ایسی خبریں (خصوصاً راز کی) کہتے پھرنا جس سے کسی کی بد نامی ھوتی ھو -

the t. is complete : گنتی پوری ھو گئی -

thing tells its own t. : (۱) معنی خیز ھے - (۲) عیاں راچہ بیاں کی مصداق ھے -

Talent, *n.* : (۱) جوھر ؛ صلاحیت ؛ (کسی خاص شے سے فطری) مناسبت ؛ استعداد (*t. for music &c.*) - (۲) ذھانت ؛ ذکا ؛ طباعی ؛ اعلیٰ درجے کی ذھنی قابلیت - (۳) ارباب ھنر ؛ اھل ھنر ؛ اھل صلاحیت یا استعداد (من حیث المجموع) - (۴) (گھوڑ دوڑ وغیرہ کی اصطلاح میں) عطائی (*the t.*) جو ماھرین کی رائے پر بھروسہ کرنے کی بجائے اپنی رائے سے شرط لگائے - (۵) یونانیوں رومیوں وغیرہ کا ایک وزن اور زر حسابی ؛ ٹیلنٹ -

all the t. of the country : ملک کے تمام اھل ھنر -

Attic t. : (یونان کی ریاست) اٹیکا کا ٹیلنٹ تقریباً ساڑھے تین ھزار روپیے کی قیمت کا -

t.-money : انعام ؛ زر فاضل ؛ جو کرکٹ وغیرہ کے پیشہ ور کھلاڑیوں کو عمدہ کھیل کے صلے میں علاوہ ان کی فیس کے دیا جائے -

talented, *a.* : قابل ؛ لائق ؛ ذھین ؛ ذکی -

talentless, *a.* : بے ھنر ؛ غبی ؛ نا قابل -

Tales (-z), *n.* : اطلاع نامہ یا فہرست (ان اھل جوری کی جنھیں عدالت جوری کی تعداد پوری کرنے کے لیے طلب کرے) -

pray a t. : تکمیل جوری کی درخواست کرنا -

talesman, (or-lr-) : وہ شخص جو تکمیل جوری کے لیے طلب کیا جائے -

Taliacotian (-oshn) *a.*, *T. operation* : عمل تالیا کوشی ؛ ایک جراحی عمل جس میں بازو وغیرہ کا گوشت لے کر نئی ناک لگا دیتے ھیں -

Talion, *n.* : (Also L lex talionis) : قانون الثار ؛ قصاص ؛ یہ اصول کہ جس قسم کا اور جتنا ضرر کسی شخص کو پہنچا ھو اسی قسم کی اور اتنی ھی سزا اسے دی جائے -

talionic, *a.* : ثاری ؛ قصاصی -

Taliped, *a.* & *n.* : اقدع ؛ احنف ؛ پاؤں پھرا (جانور یا آدمی جس کا پاؤں پھرا ھوا ھو) -

Talipes, *n.* : (۱) حنف ؛ علت قدع - (۲) احنفیت ؛ پاؤں پھرا پن -

Talipot, Taliput, *n.* : تال پات ؛ ایک قسم کا تاڑ جس کے پتے چوڑے چوڑے ھوتے ھیں -

Talisman, *n.* : (۱) تعویذ ؛ گنڈا - (۲) (نجوم) نقش ؛ طلسم ؛ سحر کی اشکال جو لوح وغیرہ پر نقش کر دیتے ھیں -

talismanic, *n.* : طلسمی ؛ طلسماتی -

Talk *v. i.* & *t.* & *n.* : (۱) بولنا ؛ باتیں کرنا ؛ گفتگو کرنا - (۲) گویائی کی قوت ھونا ؛ ناطق ھونا (*parrots can t.*) - (۳) بہت بولنا ؛ بکواس کرنا ؛ بک بک کرنا (*is always talking*) - (۴) بحث کرنا ؛ تقریر کرنا (کسی خاص موضوع پر) (*t. philosophy*) - (۵) (کوئی زبان) بولنا ؛ گفتگو کرنا (کسی زبان میں) ؛ (*talks nothing but English*) - (۶) لاسلکی کے ذریعے پیام بھیجنا - (۷)

بولتے بولتے (کوئی خاص حالت) پیدا کردینا (talked himself
hoarse) -(۸) گفتگو ؛ بات چیت ؛ زبانی جمع خرچ ؛ خالی
باتیں (it will end in talk) - (۹) موضوع گفتگو : وہ بات
جس کا چرچا ہو (their quarrels are the t. of the town)-
(۱۰) چھوٹی سی تقریر (گفتگو کے انداز میں خصوصاً وہ جو لاسلکی
سے پھیلائی جائے) -

do not want to be talked about : میں نہیں چاھتا کہ
لوگ میری نسبت چیمیگوئیاں کریں -

give him a talking-to : خبر لینا ؛ ڈانٹنا -

now you are talking : اب کہیں تم نے ٹھکانے کی بات کی ؛
یہ ھے معاملے کی بات -

people will t. : لوگ چیمیگوئیاں کریں گے -

small t. : دیکھو Small -

t. about : (کسی چیز پر) بحث یا گفتگو کرنا -

t. at : (کسی کو) سناکر کہنا ؛ طعن وغیرہ کا فقرہ مخاطب سے
اس طرح کہنا کہ تیسرا شخص سن لے -

t. away : باتوں میں وقت گنوانا ' ضایع کرنا -

t. back : کلہ بہ کلہ جواب دینا ؛ بے دھڑک جواب دینا ؛
زبان چلانا -

t big : دیکھو Big -

t. (cold) turkey : (امریکا) کھری بات ' صاف بات کہنا -

t down : (مخاطب کو) چپ کردینا (اپنے شور یا
آڑے رھنے سے) -

t. of : تذکرہ کرنا (کسی بات یا موضوع کا) ؛ ذکر کرنا -

t. out : بحث کو طول دے کر فیصلہ نہ ہونے دینا (کسی
تحریک وغیرہ کا مجلس پارلیمنٹ وغیرہ میں) ؛ وقت گزار دینا -

t. over : (۱) گفتگو کرنا (ذرا تفصیل کے ساتھ)؛ بحث کرنا -
(۲) ھم آھنگ بنا لینا ؛ ھم خیال بنا لینا -

t. person round : سمجھا بجھا کر راضی کرلینا ؛ ھموار کرلینا -

t. round : بحث کئے جانا ؛ بحث کو بے کار طول دینا -

t. shop : دیکھو Shop -

t. tall : دیکھو Tall -

t. through one's hat : (عامیانہ) زٹل ھانکنا ؛ بے پر کی
اڑانا ؛ دھونس جمانا -

t. to : (۱) کہنا سننا ؛ بات چیت کرنا - (۲) (روز مرہ)
کھری کھری سنانا -

t. up : بحث چھیڑنا (کسی موضوع پر) -

talking of muffins, what time do you have tea:
کلچوں کے ذکر پر مجھے یاد آیا ؛ بھلا آپ چاے کب پیتے ھیں -

would t. a horse's hind leg off : بڑا بکی ھے -

talker, n. : مذکورہ بالا افعال کا اسم فاعل -

Talkative, a. : پر گو ؛ باتونی ؛ باتیں کرنے کا شوقین -

talkativeness. پر گوئی ؛ باتونی پن -

Talkee-talkee, n. (۱) بکواس ؛ بک بک - (۲) حبشیوں
وغیرہ کی ٹوٹی پھوٹی انگریزی -

Talkies, n. pl. : ناطق فلم ؛ بولتا فلم ؛ دیکھو Sound-film -

Talking, a. : (۱) " talk " کا حاصل مصدر اس کے مذکورہ
معنوں میں - (۲) گویا ؛ بولتا ھوا (لغوی اور مجازی دونوں
معنوں میں) -

Tall, a. & adv. : (۱) بلند قامت ؛ لمبا (آدمی کے
لیے) - (۲) بلند ؛ اونچا (درخت وغیرہ کے لیے) ؛ نیز بہ طریق
متعلق فعل (جیسے " he is six feet t. ") - (۳) بہت مبالغہ
آمیز ؛ شیخی کی (باتیں) ؛ حد سے بڑھا ھوا (مطالبہ)
(a t. story, t. talk, a t. order) -

talk t. : شیخی بگھارنا ؛ بڑا بول بولنا -

tallboy, n. : (۱) الماری (کپڑے رکھنے کی) - (۲) دود کش
کے اوپر کی ٹوپی -

t. order : نہایت مشکل ؛ محال (امر) ؛ بڑی کڑی (فرمائش) -

tallness n. : بلندی ؛ قد آوری -

Tall(i)age, n. : محصول کا ایک قدیم طریق جو چودھویں صدی
عیسوی میں ترک کر دیا گیا -

Tallith, n. : ایک قسم کا رومال یا شال جو یہودی عموماً نماز میں
اوڑھے رھتے ھیں ؛ تالیت -

Tallow-o, n. & v. t. : (۱) چربی ؛ پیہ ؛ چکنائی جو چربی سے
نکالتے اور شمعیں وغیرہ بنانے میں استعمال کرتے ھیں - (۲)
چربی لگانا ؛ چربی سے چکنا کرنا - (۳) (بھیڑوں کو) موٹا کرنا -

t.-chandler : شمع گر ؛ موم بتیاں بنانے اور بیچنے والا -

t.-drop : گنبد نما نگینہ تراشی (جس میں دونوں یا ایک طرف
گولائی رکھتے ھیں) -

t.-face : زردرو آدمی ؛ وہ شخص جس کا چہرا پیلا ھو -

vegetable t. : شحم نباتی ' جو نباتات سے بنائی جاے -

tallower, n. : چربی فروش -

tallowish, a. : کسی قدر چربیلا ؛ شحم آمیز -

tallowy, a. : چربی کا ؛ چربی لگا ؛ چربیلا ؛ چربی کا سا -

Tally, n. & v. t. & i. : (۱) حساب پٹی ' جس پر نشان
بنے ھوتے تھے اور برابر کے ٹکڑے فریقین کے پاس شمار کے لیے
رکھے جاتے تھے - (۲) حساب جو اس طریقے سے رکھا جاتا تھا ؛
دو طرفہ کھاتا ؛ پٹی کا حساب - (۳) لیکھا ؛ حساب کتاب ؛
کھاتا - (۴) نشان ؛ رقم جو خاص تعداد کے لیے مقرر کرلی جاے
(درجن ' کوڑی ' سیکڑا وغیرہ) - (۵) چیزوں کو گنتے وقت مقررہ
رقم (کوڑی ' سیکڑے وغیرہ) کی پکار (جیسے اٹھارہ انیس '
کوڑی) - (۶) (لکڑی یا کاغذ کی) تختی ؛ نشانی (جو پہچان
کے لیے لگادی جاے) - (۷) (کسی چیز کا) جواب ؛ جوڑ ؛
مثنی - (۸) کھاتے میں لکھنا ؛ کھتیانا ؛ کھاتوں کا مقابلہ کرکے
حساب کرنا - (۹) (جہاز رانی) باد بان کو کسنا - (۱۰)
مطابق ھونا ؛ (مقابلے میں اعداد) ٹھیک نکلنا ؛ برابر ھونا -

buy goods by the t. : (سو سو یا کوڑیوں کے) نشان کے
مطابق مال لینا -

horticultural tt. : درختوں کے نام کی تختیاں -

tallyman : (۱) کھاتے میں حساب لکھنے والا - (۲) وہ دکان دار
جس کے یہاں خریداروں کا کھاتا کھلا ھو - (۳) نمونہ دکھاکر
مال بیچنے والا -

t. -sheet : کھاتا ؛ فرد حساب -

t. -shop : وہ دکان جس میں خریداروں کا کھاتا کھلا ھو -

t. system trade : خریداروں کا کھاتا کھول کر مال
بیچنے کا طریقہ -

tallier, *n.* : مذکورۂ بالا افعال کا اسم فاعل -

Tally-ho, int., *n.* & *v. t.* & *i.* : لش لش ؛ لشکار ؛ وہ آواز جس سے شکاری کتوں کو شکار پر دوڑاتے ہیں ؛ لشکارنا ؛ لہکانا ؛ (کتوں کو) لش لش کہنا -

Talma, *n.* : عورتوں اور مردوں کی بے آستین کی قبا جس کا انیسویں صدی میں رواج تھا -

Talmi-gold, *n.* : پیتل جس پر سونے کی تہ چڑھی ہو؛ زر ملمع -

Talmud, *n.* : تلمود ؛ یہودیوں کی فقہ کا مجموعہ اور اس کی شرح (دو حصوں پر مشتمل ہے "*Mishnah*" فقہ کا مجموعہ جو سنہ ۲۰۰ ع میں مدون ہوا اور "*Babylonian Gemara*" اس کی شرح جو یروشلم میں سنہ ۴۰۰ ع اور بابل میں ۵۰۰ ع کے لگ بھگ لکھی گئی) -

talmudic, *aa.* : تلمودی ؛ کتاب تلمود کا یا اس سے متعلق -

Talmudist, *n.* : (۱) مولف تلمود - (۲) پیرو تلمود ؛ تلمودی - (۳) عالم تلمود -

talmudistic, *a.* : تلمود یا اہل تلمود کے متعلق ؛ تلمودی -

Talon, *n.* : (۱) ناخن ؛ پنجہ (خصوصاً شکاری پرندے کا) - (۲) (تاش بانٹنے کے بعد جو پتے بچ رہیں ان کی) ڈھیری - (۳) قفل کے کھٹکے کا پہلو (جسے بند کرتے وقت کنجی سے ڈھکیلتے ہیں) - (۴) تلوار کے قبضے کا پچھلا سرا - (۵) (تعمیر) دہرے بل کا حاشیہ؛ وہ حاشیہ جس میں انگریزی حرف "S" کی شکل کے بل مسلسل چلے گئے ہوں -

(-) taloned, *a.* : (-) پنجے کا - (-) ناخن والا -

Taluk, -ook, *n.* : (۱) تحصیل ؛ تعلقہ ؛ ہندوستان کے جنوبی صوبوں میں ضلع کا ایک انتظامی حصہ جس کا حاکم تحصیلدار ہوتا ہے - (۲) جاگیر ؛ تعلقہ -

talukdar : تعلقدار (سرکاری حاکم یا جاگیردار دونوں معنی میں) -

Talus, *n.* : (۱) ٹخنا ؛ ٹخنے کی ہڈی ؛ کعب ؛ عرقوب - (۲) حنف یا پاؤں پھرا پن - (۳) دیوار کا ڈھال؛ ڈھلوان حصہ - (۴) (طبقات الارض) چھوٹے پتھروں کا پشتہ (پہاڑی کے دامن میں) ؛ چٹا -

Tamandua, tamanoir, *nn.* : مور خوار حیوانات کی بعض قسمیں ؛ تمادو -

Tamarack, *n.* : تمارک ؛ امریکا کا ایک درخت جس کی شکل مخروطی اور پتے جھک دار ہوتے ہیں -

Tamarin, *n.* : جنوبی امریکا کا بندر جس کی دم گچھے دار ہوتی ہے ؛ تمارین -

Tamarind, *n.* : املی ؛ تمر ہندی -

t. -fish : کھٹی یا املی پڑی مچھلی -

Tamarisk, *n.* : تمرس ؛ اثل ؛ نرنگی ؛ ایک جھاڑی جس میں سفید یا گلابی پھول آتے ہیں اور پتے پر کی طرح نرم اور ہلکے ہوتے ہیں ؛ سمندر کے کنارے لگائی جاتی ہے -

Tamasha, *n.* : (۱) تماشا ؛ سانگ - (۲) تقریب ؛ جلسہ -

Tambour, *n.* & *v. t.* : (۱) طنبورہ ؛ ڈھولک - (۲) گول اڈا جس پر کارچوب تیار کرتے ہیں - (۳) اس قسم کا کام ؛ کارچوب - (۴) (تعمیرات) ستون کا ڈھولنا ؛ گول پتھر جو ستون کے بیچ میں ہوتا ہے - (۵) کسی چیز کا گول حصہ ؛ گولا - (۶) کلیسا کی مسقف برساتی جس میں دونوں دروازے ہوتے ہیں - (۷) طنبور ماہی ؛ مچھلیوں کی قسمیں جن کی شکل یا آواز طنبورے سے ملتی ہے - (۸) لوہے کا کٹہرا (جو سڑک یا پھاٹک کی حفاظت کے لیے لگا ہو) - (۹) (اڈے پر) کارچوب بنانا ؛ زردوزی کرنا -

Tambourin, *n.* : (۱) طنبوری ؛ لمبی پتلی ڈھولک جو فرانس کے علاقہ پرووانس میں رائج ہے - (۲) طنبوری ناچ ؛ ایک طرح کا ناچ جو طنبورین کے ساتھ ہوتا ہے - (۳) طنبوری گت؛ وہ گت جو اس ناچ کے لیے بجائی جاتی ہے -

Tambourine, *n.* : (۱) دف ؛ دائرہ - (۲) فرانس کا ایک ناچ جو دف کے ساتھ ناچا جاتا ہے ؛ رقص دف - (۳) گت جو ناچ کے ساتھ بجائی جاتی ہے - (۴) ایک افریقی کبوتر -

Tame, *v. t.* & *a.* : (۱) ہلانا ؛ (گھر میں) پالنا ؛ (جانور کو) اہل بنانا - (۲) رام کرنا ؛ مسخر کر لینا ؛ مطیع کرلینا - (۳) کچل دینا ؛ دبا دینا ؛ ٹھنڈا کر دینا ؛ دھیما کر دینا (جوش ہمت وغیرہ کو) - (۴) سیدھا کر دینا ؛ بل نکال دینا (کسی شخص کے) - (۵) ہلا ہوا ؛ پالتو ؛ اہلی (جنگلی یا وحشی کی ضد) - (۶) (بول چال) مزروعہ ؛ کاشت کردہ ؛ باغی درخت وغیرہ - (۷) مسکین ؛ غریب ؛ دبو - (۸) ہلکا ؛ دھیما ؛ بودا ؛ کم زور ؛ بے اثر - (۹) بے لطف ؛ پھیکا ؛ پھسپھسا (*t. scenery, description*) -

t. cat : (مجازاً) کاسہ لیس ؛ طفیلی -

tamable, *a.* : انس پذیر ؛ اطاعت پذیر -

tamability, tamableness, *nn.* : ہل جانے کی صلاحیت؛ انس پذیری ؛ اطاعت پذیری -

tameless, *a.* : (شعر) نا مانوس ؛ وحشی ؛ غیر اطاعت پذیر -

tamely, *adv.* : (۱) مسکینی سے ؛ کم زور طریقے سے - (۲) پھیکے یا پھسپھسے طریقے سے - (۳) بے کان ہلائے ؛ چپکے سے -

tameness, *n.* : (۱) مسکینی ؛ دبو پن - (۲) کم زوری ؛ بے اثری - (۳) بے لطفی یا پھسپھسا ہونا ؛ بودا پن -

(-) tamer, *n.* : ہلانے یا سدھانے والا -

Tamil, *n.* : تامل (زبان یا جنوبی ہند یا لنکا کی اس قوم کا آدمی) -

tamilian, *a.* : تامل ؛ تامل کا -

Tammany, *n.* : تمانی ؛ نیویارک کی جمہوریت پسند جماعت کی انجمن جس کا مستقر تمانی ہال ہے (اس سیاسی بد اخلاقی کی وجہ سے جو اس جماعت کی طرف منسوب کی جاتی ہے- اس لفظ میں اکثر ذم کا پہلو نکلتا ہے) -

tammanyism, *n.* : تمانی اصول یا طریقہ ؛ سیاسی بد اخلاقی یا بد دیانتی -

Tam-o-shanter, tammy, *n.*: گول قبا نما ٹوپی (اون یا سوت کی) -

Tamp, *v. t.* : (۱) (سوراخ وغیرہ میں بارود کی تہ پر) ڈاٹ لگانا ؛ مٹی وغیرہ بھرنا (اڑانے کے لیے) - (۲) (سڑک کے پتھر وغیرہ) کوٹ دینا ؛ کٹائی کرنا ؛ کوبا کرنا -

tamping, *n.* : بھرت ؛ وہ چیز جو بارود کی تہ پر ڈاٹ کی طرح لگائی جائے یعنی مٹی وغیرہ -

Tampan, *n.* : جنوبی افریقہ کی ایک قسم کی زہریلی چیچڑی ؛ تمپان -

Tamper, *v. i. T. with* : (۱) دخل دینا ؛ دست اندازی کرنا - (۲) تحریف کرنا (نا جائز طور پر دستاویز وغیرہ کو) - (۳) ساز

باز کرنا ۔ الٹھہ گانٹھہ کرنا ؛ نا جائز (خفیہ) اثر ڈالنا ۔

tamperer, *n.* : دست اندازی یا تصرف کرنے والا وغیرہ ۔

Tampion, *n.* : (۱) توپ کا سنبا ؛ ڈاٹ ۔ (۲) (ارگن باجے کے نلکوں کی) ڈاٹ ۔

Tampon, *n.* & *v. t.* : (۱) ڈاٹ ؛ ٹھیپی ؛ سدادہ (زخم کے خون کو روکنے کے لیے) ۔ (۲) گدی جسے بالوں پر رکھ کر پٹی وغیرہ باندھتے هیں ۔ (۲) ڈاٹ لگانا (زخم کا خون روکنے کے لیے) ۔

Tamponade, *n.* : ڈاٹ بندی (زخم کی) ۔

Tamponage, *n.* : ڈاٹ بندی (کا طریقہ) ۔

tamponment, *n.* : ڈاٹ بندی ۔

Tamtam, دیکھو ۔ Tomtom

Tan, *v. t.* & *i.*, *n.* & *a.* : (۱) چمڑا کمانا (جس سے کچی کھال استعمال کے قابل بن جاتی ہے) ۔ (۲) (چہرے کا رنگ وغیرہ) سانولا کر دینا یا ہو جانا ؛ سنولانا ۔ (۳) (قتلی ، مر مر ، مچھلی پکڑنے کے جال وغیرہ کو کتھے کے عرق وغیرہ میں رنگ کر) سخت کرنا ۔ (۴) (عامیانہ) مارنا ؛ پیٹنا ؛ کندی کرنا ۔ (۵) شاہ بلوط کیکر وغیرہ کی چھال جس سے کھالیں رنگتے هیں ؛ کتا ؛ اس چھال کا رنگ ؛ کتھی رنگ ۔ (۶) (دھوپ میں تپی جلد کا) سانولا پن ۔ (۷) (صفت) کتھئی رنگ کا ۔

black & t. : دیکھو ۔ Black

spent t. : کسا کا پھوک جو تیزاب نکالنے کے بعد رہ جاتا ہے ؛ (سڑک وغیرہ پر بچھانے کے کام آتا ہے) ۔

t.-balls : کسا پھوک کے گولے (جو ایندھن کا کام دیتے هیں) ۔

t.-liquor, -ooze, -pickle : کتھے کا عرق جو رنگنے کے کام آتا ہے ۔

t.-yard : چمڑا رنگنے کا کار خانہ ۔

the t. : (عامیانہ) سر کس ۔

tannable, *a.* : دباغت پذیر ۔

tannage, *n.* : کمانے کا طریقہ ؛ عمل دباغت ۔

tanner, *n.* : کوشیک ؛ دباغ ؛ چمڑا کمانے والا ۔

tannery, *n.* : کار خانہ دباغت ؛ چمڑا رنگنے کا کار خانہ ۔

tanning, *n.* : عمل دباغت ؛ فن دباغت ؛ چمڑا کمانا ۔

Tan, دیکھو ۔ Tangent

Tana (tah-), *Tanna*, *n.* : تھانہ ؛ چوکی (کوتوالی یا فوج کی) ۔

tan(n)adar : تھانہ دار ؛ داروغہ ۔

Tanager, *n.* (-ǀ-) : امریکن پرندوں کی بعض قسمیں جو قدوقامت میں چھوٹے اور اکثر چمکیلے پروں سے مزین ہوتے هیں ۔

tanagrine tanagroid, *aa.* : تناگری ؛ تنا گر نما ۔

Tandem, *adv.*, *n.* & *a.* : (۱) آگے پیچھے (گاڑی میں جتے ہوئے گھوڑوں کے متعلق) دوگاں ؛ دواسپہ ۔ (۲) دو اسپہ (گاڑی)؛ دو نشستی (بائیسکل یا تیپہ سائیکل جس میں ایک دوسرے کے پیچھے دو یا زیادہ نشستیں بنی ہوں) ۔

drive t. : دواسپہ ہانکنا ۔

Tandstickor, *n.* : (سویڈن کی) دیا سلائی ؛ کبریت سویدی ۔

Tang, *n.* & *v. t.* : (۱) (چھینی وغیرہ کی) نوک (جو دستے کے اندر بٹھادی جاتی ہے) ۔ (۲) نوک نکالنا یا بنانا (دستے میں بٹھانے کے لیے) ۔ (۳) تیز چاشنی یا بو ؛ تیزی ۔ (۴) (کسی چیز کی) مخصوص کیفیت یا صفت ؛ خصوصیت ۔

tangy, *a.* : (۱) نوک دار ۔ (۲) تیز (مزے یا خوشبو میں) ۔

Tang, *n.* : ایک قسم کا بحری نرسل ؛ تھانگ ۔

Tang *v. t.* & *i.* & *n.* : (۱) بجنا ؛ بجانا ؛ ٹن ٹن ؛ چھن چھن بجنا یا بجانا ۔ (۲) (گھنٹی وغیرہ کی آواز سے شہد کی مکھیوں کو) بلانا یا بٹھانا ۔ (۳) ٹن ٹن یا چھن چھن کی آواز ؛ جھنکار (تار کی) ۔

Tangara, *n.* : (۱) تنگارا ؛ قدیم یونان کا شہر ۔ (۲) مٹی کی مورتیاں جو تنگارا کے مقبروں میں پائی گئی تھیں یا اس طرز کی دوسری مورتیں (*T. statuette*) ۔

Tangent, (-ǀ-) *a.* & *n.* : مماس ؛ دائرے ، سطح وغیرہ کو صرف ایک نقطے پر چھونے والا (خط) ۔

fly, go, off at a t. : جو مسئلہ یا معاملہ درپیش ہے اسے چھوڑ کر یکایک کچھ اور کہنے لگنا یا کرنے لگنا ؛ یکایک بات بدل دینا ۔

t.-balance : ترازوئے مماس (ایک قوس کی شکل کے ڈانڈے پر جس میں مختلف درجوں کے نشانات بنے ہوئے ہوتے هیں ایک سوئی وزن بتاتی ہے) ۔

t. of an angle : (علم مثلث ؛ مختصر "Trig. abbr. tan") وہ نسبت جو قائم الزاویہ مثلث میں خط عمود کے قاعدے سے ہو ؛ نسبت مماسی ؛ قدر مماسی ۔

tangency, *n.* : مماسیت ۔

tangential, *a.* : مماسی ۔

tangentially, *adv* : مماس کی طرح سے ؛ مماس کے رخ پر ۔

Tangerine(-en) *a.* & *n.* : (۱) طنجوئی ؛ باشندۂ طنجہ (مراکش) ۔ (۲) چکنی سنترہ (طنجہ کا) (*T. orange*) ۔

Tanghin(-nggin), *n.* : مدغا سکر کا ایک درخت جس کی زہریلی چھال قدیم زمانے میں بے گناهی کے ثبوت میں کھلائی جاتی تھی ؛ تن جنا ۔

Tangible, *a.* : (۱) محسوس ، ملموس ؛ جو چھونے سے محسوس ہو ۔ (۲) بین ؛ واضح ؛ صاف ؛ روشن ؛ واقعی (نہ کہ خیالی) (*t. advantages, schemes, distinction*) ۔ (۳) (قانون) جسمی ؛ جسمانی ؛ مجسم ۔

tangibility, tangibleness, *nn.* : محسوسیت ؛ لمس پذیری ؛ واقعیت ؛ بین یا واضح ہونا ؛ جسمیت ۔

tangibly, *adv.* : محسوس طریق پر ؛ صاف صاف ؛ بین طور پر ۔

Tangle, *v. t.* & *i.* & *n.* : (۱) الجھانا ؛ الجھنا (تاروں یا بالوں کا) ۔ (۲) پھانسنا ؛ پھنسا دینا ۔ (۳) پیچیدہ بنانا ؛ الجھن میں ڈالنا (معاملے کو) (a tangled affair) ۔ (۴) گلجھٹی ؛ الجھاو ۔ (۵) پیچیدگی ؛ الجھن ؛ الجھیڑا ۔ (۶) ایک خاص طرح کا کانٹا سمندر کی تہ کے پودے ، جانور وغیرہ نکالنے کے لیے ۔

tanglefoot : (امریکہ عامیانہ) وھسکی ؛ شراب ؛ منشیات ۔

tanglesome, **tangly**, *aa.* : پیچیدہ ؛ الجھا ہوا ۔

Tangle : دیکھو ۔ Tang

Tango, *n.* : جنوبی امریکہ کا ایک ناچ ؛ ٹانگو (ناچ) ۔

Tangram, *n.* : چینی گورکھ دھندا ، جس میں ایک مربع کے سات ٹکڑوں سے طرح طرح کی شکلیں بنتی هیں ۔

Tanist, *n.* : (تاریخ) (قلطی Celtic رئیس کا) ولی عہد (جو

بوتلوں کی کھلی الماری جس میں ایک سلاخ لگی ہوتی ھے جسے مقفل کرنے کے بعد بھی بوتلیں باہر سے نظر آتی ھیں -
T. -cup : ایک طرح کا کولونا جس میں انسانی تصویر کے جھکنے اور اٹھنے سے سیفین کا اصول سمجھا یا گیا ھے -
Tantamount, *a.* : مساوی ؛ برابر ؛ مرادف (*his message was t. to a flat refusal*) -
Tantara, *n.* : بگل یا ترم کی آواز -
Tantivy, *n. a. adv. & v. i.* : (۱) (قدیم) شکاریوں کی آواز ؛ زنبیل - (۲) دوڑ ؛ جھپٹ - (۳) تیز ؛ تیزی کا - (۴) تیزی سے - (۵) جھپٹنا ؛ دوڑ پڑنا -
Tantra, *n.* : تانترا ؛ سنسکرت کی مقدس کتابیں جن میں زیادہ تر سحر و نیز نجات کا ذکر ھے -
tantrism, *n.* : تنتروں کے نظریات -
tantrist, *n.* : تنتری ؛ تنتروں کا معتقد -
Tantrum, *n.* : غصہ ؛ جذبہ (سخت غصے کا) (*is in, went into, her t.*) -
Taoism (taho-, tow-), *n.* : مذہب تاؤ ؛ چینی حکیم لاوتزے کا مذہب یا شریعت جس کا تقریباً ۵۰۰ ق م میں آغاز ہوا -
Tap, *n. & v. t.* : (۱) ٹونٹی ؛ جس سے پیپے میں شراب وغیرہ نکالیں - (۲) ڈاٹ ؛ ٹہینٹی - (۳) (شراب کی خاص قسم کی) کشید (*an excellent t.*) - (۴) شراب کا کمرہ (کلال خانے یا ہوٹل میں) -(*you know the t. (or) t. room*) (۵) پیچ تراش ؛ جس سے کسی چیز کے اندر چوڑیاں یا پیچ بنائے جائیں - (۶) کاگ یا ڈاٹ لگانا (پیپے میں) ؛ ڈاٹ دینا - (۷) برمانا ؛ چھیدنا ؛ (پیپے سے شراب وغیرہ لینے کے لیے) ؛ پیپے میں چھید کر کے نکالنا (شراب) - (۸) (جراحی) پیپ نکالنا ؛ مواد نکالنا ؛ (اس غرض سے) عمل جراحی کرنا - (۹) رس لینا (درخت کی شاخ میں سوراخ کر کے) - (۱۰) پھیل جانا ؛ تعلقات پیدا کرنا ؛ کاروبار پھیلانا (کسی علاقے میں) - (۱۱) رجوع کرنا ؛ درخواست کرنا (کسی شخص سے کسی کام کے لیے) - (۱۲) چھیڑنا (کسی مضمون کو) - (۱۳) برقی رو کا رخ بدل دینا (برقی پیام اڑالینے کی غرض سے) - (۱۴) چوڑیاں بنانا ؛ پیچ بنانا (کسی چیز کے اندر) -
on t. : (۱) ڈاٹ لگا ہوا (پیپا) - (۲) (شراب کے متعلق) ڈاٹ دار پیپے میں کہ جب چاھیں نکال لیں -
t. -borer : برما ؛ جس سے پیپے میں کاودم سوراخ کرتے ھیں -
t. -room : شراب کا کمرہ کلال خانے یا ہوٹل میں -
t. -root : موسلی ؛ جڑ کا اصلی یا بڑا حصہ -
Tap, *v. t. & i. & n.* : (۱) کھٹ کھٹانا ؛ کھٹ کھٹ کرنا ؛ دھم دھم کرنا ؛ ٹھوکنا (ساتھ) (*t. the door with your knuckles, pavement with your stick, tapped his forehead knowingly*) ؛ (۲) کھٹ سے مارنا (*against*) کے ساتھ (*tapped his stick against the window*) - (۳) دستک دینا (دروازے پر) ؛ ("at" کے ساتھ) تھپکی دینا - (۴) (جوتے کی ایڑی پر) چمڑا لگانا - (۵) دستک ؛ تھپکی ؛ کھٹ کھٹ کی آواز - (۶) (صیغۂ جمع میں) (فوجی چھاونی میں) کھانے کی گھنٹی یا پکار - (۷) (امریکا) (چھاونی میں رات کے وقت روشنی بجھانے کی) نوبت یا نقارہ یا کرنی ؛
t. -dancing : ... طرز کا ناچ جس میں پیر زمین

عموماً اس کے خاندان کا سب سے قوی بالغ شخص ہوا کرتا تھا) -
Tanistry, *n.* : (قدیم آئرستان میں) وراثت بالاکا انتخاب جس میں جاگیردار کے وارث کو اہل خاندان منتخب کرتے تھے -
Tank, *n.* : (۱) ٹنکی ؛ دھات وغیرہ کا بہت بڑا ظرف جس میں پانی یا گیس وغیرہ بھرا رھے ؛ حوضک - (۲) انجن کا وہ علحدہ حصہ جس میں پانی بھرلیتے ھیں ؛ ٹنکی ؛ حوضک - (۳) (جزائر شرق الہند) خزانۂ آب ؛ تالاب (خصوصاً مصنوعی جس میں پانی محفوظ رکھا جائے) - (۴) (فوجی) جنگی آہن پوش موٹر جس میں آدمی اور تیز کار توپیں وغیرہ ہوتی ھیں ؛ ٹینک ؛ قلعۂ رواں - (۵) (تھیٹر کی اصطلاح) (*t. drama*) ہنگامہ خیز ناٹک جس میں ڈوبتے کو بچانے کا منظر دکھانے میں سچ مچ کے حوض سے کام لیا جائے -
male, female, t. : بڑے اور چھوٹے قسم کا ٹینک -
t. engine : طاس دار یا حوضک دار انجن جس کے اندر پانی اور ایندھن کے گھر بنے ھوں نہ کہ علحدہ -
Tankage, *n.* : (۱) حوض بھرائی ؛ حوض میں پانی وغیرہ ذخیرہ کرنے کی اجرت - (۲) حوض کی مکعب وسعت یا گنجائش (آب) ؛ سمائی - (۳) ایک قسم کی کھاد جو چربی سے نکالتے ھیں ؛ پیلہ کھاد -
Tankard, *n.* : (۱) بڑا سا ڈھکنے دار پیالہ (خصوصاً چاندی یا جست کا) جس میں شراب پی جاتی تھی - (۲) بڑا پیالہ بھر (*a t. of ale*) -
cool t. : دیکھو Cool -
t. turnip : ولایتی شلجم جس کی جڑ بڑی اور عموماً زمین کے اوپر تک نکلی ہوتی ھے -
Tanker, *n.* : حوضدار ؛ روغن بردار (جہاز) جس میں تیل بھرنے کا حوض بنا ہوتا ھے -
Tanner : دیکھو Tan -
Tanner, *n.* : (عامیانہ) چھ پینس کا سکہ -
Tannic, *a.* : شاہ بلوط کی چھال کا ؛ کسے کا -
t. acid (also tannin), *n.* : ٹینک ایسڈ ؛ ٹنین (کسے وغیرہ کا تیزاب جو چمڑا کمانے اور دواؤں کے کام آتا ھے) -
tannate, *n.* : ٹنین کا نمک -
tanniferous, *a.* : مرکب جس میں ٹنین کا جز کم اور اکسیجن وغیرہ کا زیادہ ہو -
Tanrec: دیکھو Tenrec -
Tansy (zi), *n.* : ٹانزی ؛ ایک خوشبودار بوٹی جس کے پھول زرد اور پتیاں کڑوی اور دندانے دار ہوتی ھیں (دوا کے طور پر استعمال ہوتی ھے اور کھانے میں ڈالی جاتی ھے) -
Tantalize, *v. t.* : ترسانا (امید یں یا لالچ دے دے کر) ؛ ستانا ؛ کلپانا -
tantalization, *n.* : ترسانا یا ترسایا جانا -
tantalizingly, *adv.* : ترساتے ہوئے -
Tantalum, *n.* : ٹنٹالم ؛ ایک کمیاب دھات جو برقی چراغوں کے موصل کے طور پر استعمال ہوتی ھے -
Tantalus, *n.* : (۱) ٹنٹالس ؛ یونانی افسانوں میں ذیوس دیوتا کا بیٹا جو گلے تک پانی میں کھڑا ھے مگر جب پانی پینے جھکتا ھے تو پانی نیچے اتر جاتا ھے - (۲) لق لق کی بعض قسمیں - (۳)

پر مارتے جاتے ہیں -

Tapa, *n.* : جزائر بحرالکاہل کے ایک درخت کی چھال جس سے کپڑے، چٹائیاں وغیرہ تیار کرتے ہیں ؛ ٹاپا چھال -

Tape, *n. & v. t.* : (۱) فیتہ ؛ پتلی سی نواڑ جس سے ناپنے یا پارسل وغیرہ باندھنے کا کام لیتے ہیں - (۲) فیتے کی حد ؛ فیتہ جو گھوڑ دوڑ کی منزل کے ستونوں کے درمیان تنا ہوتا ہے - (۳) پٹا جو کلوں میں چرخیوں پر چڑھا ہوتا ہے - (۴) کاغذ کی مسلسل دھجی جس پر تار چھپتا جاتا ہے ؛ چھاپ فیتہ - (۵) ناپنے کا فیتہ - (۶) فیتے کی شکل کا کیڑا جو معدے کی نالی میں ہوتا ہے ؛ کینچوا - (۷) (عامیانہ) شراب - (۸) فیتہ لگانا یا باندھنا - (۹) (اوراق، فیتے سے) جوڑنا ؛ شیرازہ بندی کرنا - (۱۰) (عامیانہ) (کسی شخص کو دیکھ کر) بھانپ لینا (کہ کس قسم کا آدمی ہے) -

breast the t. : (مجازاً) دوڑ جیتنا ؛ فیتہ جا لینا -

I have got you taped : میں نے بھانپ لیا ہے کہ کس قسم کے آدمی ہو اور کیا چاہتے ہو -

red t. : دیکھو Red -

t.-line, t.-measure : ناپنے کا فیتہ ؛ پیمائش فیتہ -

tapeworm : فیتے کی شکل کے کرم جو آدمی اور بڑے جانوروں کی غذا کی نالی میں پائے جاتے ہیں ؛ کینچوا -

tapeless, *a.* : بے فیتے کا -

Taper, *n. a. & v. i. & t.* : (۱) شمع ؛ موم بتی - (۲) (اب صرف شعر یا خطابت میں مستعمل ہے) مخروطی ؛ گاؤدم (*t. fingers*) - (۳) (اکثر "*off*" کے ساتھ) گاؤدم بنانا یا ہو جانا ؛ مخروطی شکل کا بنانا یا ہو جانا - (۴) پتلا ہوتے جانا (*the upper part tapers, is tappered off to a point*) -

taperingly, *adv.* اس طور پر کہ گاؤدم ہوتا جائے -

taperness, *n.* : مخروطی شکل ؛ مخروطیت ؛ نکیلا پن -

taperwise, *adv.* : مخروطی شکل میں -

Tapestry *n.* : مشجر ؛ قالین بافت ؛ موٹا بنا ہوا کپڑا جو آرائش کےلیے دیواروں پر لٹکاتے ہیں یا غلاف وغیرہ کے کام آتا ہے -

Bayeux t. : مرقع بایوی ؛ مشجر کے لپٹے ہوئے خریطے جن پر ولیم اول کے واقعات زندگی کی تصویر بنی ہوئی ہیں اور جو مقام بایو فرانس میں محفوظ ہیں) -

Russian t. : ایک طرح کی سنی یا کتان جس کے پردے دروازے میں لٹکاتے ہیں -

(-) tapestried, *a.* : مشجر سے منڈھا ہوا ؛ مشجری -

Tapioca, *n.* : ٹیپیوکا ؛ کساوا کی سوجی ؛ ایک طرح کی سوجی جو جزائر غرب الہند کے پودے کساوا (*cassava*) وغیرہ سے نکالی جاتی ہے -

Tapir, *n.* : ٹاپیر ؛ برازیل کا ایک سم دار جانور جو کچھ سور سے اور کچھ گینڈے سے مشابہ ہوتا ہے -

tapiroid, *a. & n.* : ٹاپیریہ ؛ ٹاپیر نما -

Tapis (-pe, also tapis), *n.* : (قدیم فرانسیسی) قالین (اب صرف مندرجہ ذیل محاوروں میں مستعمل ہے) -

be on the t. : (کسی موضوع یا منصوبے کا) زیر غور ہونا ؛ زیر بحث ہونا -

come on the t. : زیر بحث آنا ؛ معرض غور میں آنا -

Tapotement (-tm-), *n.* : رگڑ ؛ گھسا (مالش کا) -

Tappet, *n.* : ٹھپکا ؛ دستکی ؛ ٹپ پٹ ؛ مشین کا ایک پرزہ جس سے وقفے کے ساتھ حرکت پیدا ہوتی ہے -

t. loom : دستکی کولھا یا کرگھا جس میں دستکی کے زور سے ہتوڑیاں کام کرتی ہیں -

Tap rate, *n.* : (مالیات) شرح حالیہ ؛ برطانوی خزانے کے زاید تمسکات کی رائج الوقت شرح -

Tapster, *n.* : شراب فروش جو ہوٹل یا شراب خانے میں (ٹونٹی دار پیپے سے نکال کر) شراب بیچتا ہے -

Tapu : دیکھو Taboo -

Tar, *n. & v. t.* : تیر ؛ کول تار ؛ تار کول -

a touch of the t.-brush : (مجازاً) حبشی خون کی آمیزش (جو رنگ سے ظاہر ہو) -

t. and feather : بدن پر تارکول پھیر کر پر چپکا دینا (بطور سزا) -

t.-board : مقوی ؛ ملتی کی مضبوط دفتی جو جلد ساز استعمال کرتے ہیں -

t. macadam (tarmac) : (سڑک کوٹنے کی) تارکولی روڑی ؛ کول تار ملے ہوئے پتھر وغیرہ کا ریزہ -

t.-water : (۱) آب تیر جو دوا میں مستعمل ہے - (۲) تارکول اور امونیا ملا ہوا پانی جو گیس بنانے میں حاصل ہوتا ہے -

tarred with the same brush or *stick* : (ایک شخص میں) اس قسم کے عیب موجود ہونا (جیسے دوسرے میں) ؛ ایک ہی تھیلی کے چٹے بٹے ہونا -

Tar, *n.* (also jack t.), : جہاز کا ملازم ؛ ملاح -

Taradiddle, tarra-, *n.* : (روز مرہ) جھوٹی بات ؛ بے پر کی گپ ؛ گڑھنت -

Tara (-fern), *n.* : نیوزی لینڈ کا ایک بڑا فرن درخت جو ترکاری کے طور پر بھی استعمال ہوتا ہے ؛ تارا فرن -

Tarantass, *n.* : روسی بگی ؛ چوپیہ -

Tarantella, -elle (-el), *n.* : (۱) ترنتیل ؛ چک پھیری ناچ (جو پہلے رقص مانیا یعنے جنون رقص کا علاج سمجھا جاتا تھا) - (۲) گت جو اس ناچ کے ساتھ بجتی ہے -

Tarantism, *n.* : ناچ روگ ؛ رقص مانیا ؛ جنون رقص (جو لوگوں کے خیال میں تارنتو کی مکڑی کے کاٹنے سے ہو جاتا تھا) -

Tarantula, *n.* : (۱) جنوبی یورپ (خصوصاً شہر تارنتو) کی ایک بڑی مکڑی ؛ تارنتو کی مکڑی جس کی نسبت یہ خیال تھا کہ اس کے کاٹنے سے ایک قسم کا جنون ہو جاتا ہے جس میں انسان ہر وقت ناچتا ہے - (۲) مکڑی کی بعض اور قسموں کا نام -

tarantular, *a.* : (تارنتو کی) مکڑی کا ؛ مکڑی کا سا -

Taratantara, (or -tara) *n.* : ترنا یا ترم کی آواز ؛ دھوتوتو ؛ دھوتو -

Taraxacum, *n.* : (۱) دندانہ دار پتوں والے درختوں کی بعض قسموں کا نام جن میں ککروندا بھی داخل ہے ؛ شیردندان - (۲) تارا کسیکم ؛ طرخشقون ؛ ایک دوا جو شیر دندان سے حاصل ہوتی ہے -

Tarboosh, *n.* : طربوش ؛ اونچی باڑ کی ترکی ٹوپی -

Tardamente, *adv.* : (موسیقی کی هدایت) آهسته آهسته -

Tardenoisean, *a.* : (آثار قدیمه) عهد حجر وسطی کا ؛ حجری الوسطی - (تاردینوا جس کی نسبت سے یه لفظ بنا هے فرانس کا ایک مقام هے جہاں اس عہد کے آثار موجود هیں) -

Tardigrade, *a.* & *n.* : (حیوانیات) بطی السیر ؛ سست خرام (جانور) -

Tardo, *a.* & *adv.* : (موسیقی کی هدایت) آهسته آهسته -

Tardy, *a.* : (۱) سست ؛ کام میں دیر کرنے والا - (۲) دیر میں آنے یا واقع هونے والا ؛ دیر کا ؛ بعد از وقت ؛ جس میں تاخیر یا تعویق هوگئی هو (*t. retribution, reform, amends*)- (۳) متامل ؛ هچکچانے والا ؛ (کسی کام کے کرنے میں) تامل کا (انداز) -

tardily, *adv.* : سستی سے ؛ بلا تعویق ؛ تاخیر سے ؛ هچکچاتے هوے ؛ رکتے هوے -

tardiness, *n.* : سستی ؛ تاخیر ؛ تعویق ؛ تامل یا هچکچاهٹ -

Tare, *n.* : موٹھ کی قسم کا دانه جو چارے کے کام آتا هے -

Tare, *n.* & *v. t.* : (۱) دھڑا ؛ ظرف کا وزن جو مال کے وزن سے کم کردیا جاے ؛ کردا ؛ کٹوتی (*real, customary, average, t.*)- (۲) موٹر گاڑیوں کا اصلی وزن جس میں تیل وغیرہ شامل نه هو ؛ وزن صحیح - (۳) (کیمیا) دھڑا ؛ وزن ظرف - (۴) (فعل) دھڑا نکالنا ؛ کردا معلوم کرنا -

t. & tret : حساب کا قاعدہ جس سے اصلی وزن اور دھڑا نکالتے هیں ؛ (وزن) ظرف و مظروف -

Targe : دیکھو Target -

Target(-g-), *n.* : (۱) نشانه ؛ هدف ؛ گلوری ؛ بلزی ؛ جس پر نشانه لگاتے هیں ؛ چاند - (۲) (مجازاً) هدف ؛ نشانه (ملامت ' طعن ' پھبتی ' وغیرہ کا) - (۳) (ریل کا) چھوٹا گول سگنل ؛ نیچا هتھا ؛ (بھیڑ کا) اوپر کا دھڑ ؛ گردن اور سینه (ملا هوا) - (۴) چھوٹی ڈھال ؛ سپرچه ؛ پھری (" *targe* ")-

t.-card : چاند ماری کی کتاب ؛ هدف نامه جس میں تیر اندازی کی کیفیت درج کی جاتی هے -

t.ship : چاند ماری کا یا مشقی جہاز (عموماً پرانا) جس پر نشانے کی مشق کرتے هیں -

targeted, *a* : سپربند ؛ پھری لیے یا لگاے هوے -

Targum, *n.* : تفسیر توراة ؛ ترجم (قدیم کلدانی یا ارامی زبان میں)-

Targumic, **Targumistic**, *aa.* : تفسیر توراة کے متعلق ؛ ترجمی -

Targumist, *n.* : مفسر توراة ؛ عالم ترجمات -

Tariff, *n.* & *v. t.* : (۱) فہرست محاصل چنگی ؛ جس میں در آمد و بر آمد مال کے محصول کی شرح درج هو ؛ فرد محاصل ؛ محصول نامه - (۲) مجموعی محاصل در آمد و بر آمد (مجموعی کروڑ گیری کی مجموعی رقم) - (۳) قانون محاصل ؛ قانون کروڑ گیری - (۴) محصول در آمد یا بر آمد (جو کسی قسم کے مال پر لگایا جاے) - (۵) شرح نامه ؛ نرخ نامه ؛ اجرت یا قیمت یا کراے کی فرد (*railway, telegraph, refreshment, room t.*) - (۶) محصول مقرر کرنا ؛ فرد محاصل بنانا ؛ محصول نامه تیار کرنا (هر قسم کے مال کا) - (۷) (مال کی) قیمت تشخیص کرنا ؛ آنکنا -

preferential t. : محاصل رعایتی جو دوستدار ممالک سے لیے جائیں -

retaliatory t. : انتقامی یا جوابی محاصل (وہ محصول جو دوسرے ملک کے جواب میں لگاے جائیں جو اس نے لگاے هیں)-

t. reform : اصلاح محاصل ؛ توازن محاصل (برطانیه میں بے قید تجارت کے مخالف اپنی تحفظی پالسی کو اس نام سے موسوم کرتے تھے) -

t. wall : دیوار محاصل ؛ بیرونی تجارت کی روک جو بھاری محصول لگا کر پیدا کی جاے تاکه ملک کی تجارت اس کے اندر محدود رهے -

Tarlatan, *n.* : باریک ململ -

Tarn, *n.* : چھوٹی پہاڑی جھیل -

Tarn : دیکھو Tern -

Tarnal, **Tarnation**, *aa.* & *advv.* : (۱) (امریکه عامیانه) (تنفر ' تحقیر یا غصے کا کلمه) کم بخت ؛ منحوس - (۲) پرلے درجے کا ؛ نہایت ؛ بہت (عموماً بری صفات کے لیے) -

Tarnish, *v. t.* & *i.* & *n.* : (۱) دھندلا کرنا ؛ ماند کرنا ؛ بے آب کردینا ؛ دھندلا یا ماند پڑجانا ؛ آب جاتی رهنا - (۲) (مجازاً) نام یا آبرو کو بٹه لگانا ؛ داغ لگانا (*a tarnished reputation*)- (۳) دھندلا پن ؛ بے آبی ؛ بے رونقی ؛ داغ ؛ دھبا - (۴) (معدنیات) داغ ؛ میل (جو معدنی شے پر جم جاے) -

tarnishable, *a.* : میلا هوجانے والا ؛ داغ پذیر ؛ کدورت پذیر -

Taro, *n.* : گرم خطوں کے بعض پودے جو " *arums* " کی مثل هوتے هیں اور ان کی جڑیں کھانے کے کام آتی هیں ؛ تارو -

Taroc, -**ot**(-o), *n.* : (۱) ۷۸ پتوں کے تاش کا ایک کھیل ؛ اٹھتر - (۲) اس تاش کا کوئی پتا -

Tarpan, *n.* : تاتا کا جنگلی گھوڑا ؛ ترپان ؛ ترکی ؛ قبچاقی -

Tarpaulin, *n.* : (۱) ترپال ؛ رال چڑھایا هوا ٹاٹ یا کرمچ - (۲) اس کا بڑا سا ٹکڑا ؛ ترپال - (۳) ملاح کی داغ دار تیلیا ٹوپی - (۴) (روز مرہ) ملاح ؛ جہازی ؛ جہاز کا ملازم -

Tarpeian *a.*, *T. rock* : تارپی یا تار پیوسی (چٹان) جس پر سے قدیم رومی مجرموں کو گرا کر هلاک کرتے تھے -

Tarpon, *n.* : ایک قسم کی مچھلی جو ریاست هاے متحدہ امریکه کے جنوبی ساحل پر پکڑی جاتی هے ؛ ترپن -

Tarradiddle : دیکھو Tara -

Tarragon, *n.* : طرخون ؛ ایک پودا جو اچار وغیرہ بنانے میں کام آتا هے اور اس سے طرخونی سرکه بناتے هیں -

Tarragona, *n.* : طرغونه ؛ مئے ارغوانی ؛ اسپین کی ایک هلکی شراب -

Tarras, *n.* : ملاحظه هو Trass -

Tarrock, *n.* : (۱) مرغابی کا بچه ؛ بط کا بچه - (۲) مرغابی کی ایک خاص قسم -

Tarry, *a.* : (۱) رال یا تار کول کا - (۲) رال کا سا - (۳) جس پر رال یا تار کول لگا هو -

Tarry, *v. i.* & *t.* : (۱) (صرف انشاپردازی میں) ٹھہرنا ؛ قیام کرنا ؛ مقیم هونا - (۲) ٹھہرنا ؛ توقف کرنا ؛ (for کے ساتھ) انتظار کرنا - (۳) راہ دیکھنا ؛ منتظر هونا - (۴) دیر لگانا ؛ دیر میں آنا یا پہنچنا -

Tarsia, *n.* : رنگ برنگے منقش چوبی کام کی ایک وضع ؛ ...

ترسیا کا کام -

Tarsier, *n.* : تخفنہ پا ؛ ایک قسم کا افریقی لنگور جس کا پاؤں چپٹا ہوتا ہے اور رات کو نکلتا ہے -

Tarsus, *n.* (pl.-i) : (۱) ٹخنے کی ہڈیاں؛ عظام قدم - (۲) پرند کا ٹخنا ؛ ساق - (۳) (حشریات) (کیڑے کے پیر وغیرہ کا) سرا- (۴) پپوٹے میں رگوں کا جال ؛ پپوٹا جال -

tarsal, *a.* : (۱) ٹخنے کی ہڈیوں کا - (۲) پپوٹا جال کا -

tarsi-, tarso-, comb. : اجزائے ترکیبی مذکورۂ بالا معنی میں-

Tart, *a.* : (۱) کھٹا ؛ ترش ؛ (مزے میں) تیز- (۲) تیز ؛ چڑچڑا (مزاج) ؛ ترش روئی کا (انداز) - (۳) دندان شکن ' چبھتا ہوا ' تلخ (جواب وغیرہ) -

tartly, *adv.* : (۱) ترشی یا تیزی لیے ہوئے - (۲) ترش روئی سے ؛ سختی سے ؛ جھڑک کر -

tartness, *n.* : ترشی ؛ تیزی ؛ ترش روئی ؛ سختی ؛ تلخی (جواب کی) -

Tart, *n.* : (۱) میٹھا سموسہ جس میں سیب وغیرہ پھل کاٹ کر بھرے ہوں - (۲) (عامیانہ) جوان لڑکی ؛ عورت ؛ خصوصاً آوارہ عورت -

apple, cherry, -t. : سیب سموسہ ؛ شاہ دانہ سموسہ -

jam t. : جام ٹارٹ ؛ ایک قسم کا چھوٹا کیک جس پر جام لگا ہوتا ہے -

tartlet, *n.* : چھوٹا میٹھا سموسہ -

Tartan, *n.* & *a.* : (۱) چار خانہ اونی کپڑا خصوصاً وہ جسے اسکاٹستان کے پہاڑی علاقوں کے لوگ پہنتے ہیں - (۲) اسی طرز کا کوئی کپڑا -(۳) اسکاٹستان کا چار خانہ کپڑا جس کی ہر قبیلے میں ایک مخصوص بناوٹ ہوتی ہے - (۴) اسکاٹستان کے پہاڑی علاقوں کا رہنے والا ؛ پہاڑی اسکاٹی - (۵) اس علاقے کا رہنے والا سپاہی ؛ کھاگھرے والا سپاہی -

Tartan, *n.* : ایک مستول کی کشتی جو بحیرۂ روم میں چلتی ہے -

Tartar, *n.* : (۱) درد ؛ شور ' پوٹاش اور چونے کا مرکب جو شراب کے پیپے میں جما رہ جاتا ہے - (۲) دانت کا میل ؛ زردی جو دانت پر جم جاتی ہے -

cream of t. : دیکھو Cream -

t. emetic : ایک قے آور یا مسہل دوا ؛ پوٹاشیم اور سرمے کا شور -

tartaric, tartarous, *aa.* : (۱) درد یا شور کا یا اس سے مشابہ - (۲) شور آمیز -

tartarization, *n.* : (۱) شور ملانا یا ملایا جانا - (۲) شور بننا یا جمنا -

tartarize, *v. t.* : شور ملانا یا ڈالنا (کسی چیز میں) -

Tartar, Tatar (tah-) *a.* & *n.* : (۱) تاتاری ؛ تاتار کا (باشندہ) -(۲) (مجازاً) وحشی ؛ نامانوس (آدمی) -

catch a t. : زیادہ طاقتور حریف سے جا بھڑنا یا سابقہ پڑنا ؛ سیر کو سوا سیر ملنا -

Tartarian, *a.* (Tar-) : تاتاری-

Tartarus, *n.* : (یونانی دیومالا) طرطروس ؛ دوزخ کے نیچے کا گڑھا ؛ سقر-

Tartarean, *a.* : سقری ؛ طرطروسی -

Tartrate, *n.* : ٹارٹریٹ ؛ تیزاب شوری کا نمک -

Tartuf(f)e (-oof, or as F.) *n.* : ترتو (ت) ؛ (مولیر کے مشہور فرانسیسی ناٹک کا) ریاکار زاہد ؛ بگلا بھگت -

Tartuf(f)ism, *n.* : ترتوفیت ؛ زہد ریائی -

Tasimeter, *n.* : مقیاس موسم ؛ بجلی کا آلہ جس سے موسم وغیرہ کے تغیرات معلوم ہوتے ہیں -

tasimetric, *a.* : مقیاس موسم کا -

Task, *n.* & *v. t.* : (۱) مقررہ کام ؛ کار مفوضہ ؛ کام جو کسی کے سپرد کیا جائے - (۲) سبق (جو مدرسے میں پڑھا یا تیار کیا جائے) ؛ مدرسے کا کام - (۳) کام (جو خود اپنے ذمے لے لیا جائے) - (*undertook the t. of classification*) - (۴) کام تفویض یا مقرر کرنا ؛ (کام) سپرد کرنا - (۵) دبا کے کام لینا؛ سخت محنت لینا ؛ زیادہ بوجھ ڈالنا -

take person to t. : مواخذہ کرنا ؛ تنبیہ کرنا (کسی کام کے بارے میں) -

taskmaster, -mistress : (دبا کر) کام لینے والا یا والی -

Tasmanian, *a.* : تسمانی ؛ تسمانیا کا رہنے والا -

T. devil : تسمانی ابن بلاو ؛ بلی کی قسم کا گوشت خوار جانور جو درخت پر رہتا ہے -

t. wolf : تسمانی بھیڑیا ؛ بھیڑیے کی قسم کا گوشت خوار جانور -

Tass; *n.* : (اسکاٹستان) (برانڈی وغیرہ کا) چھوٹا گھونٹ؛ چسکی-

Tassel, *n.* & *v. t.* (-ll-) : (۱) پھندنا ؛ جھالر (توڑے جو ٹوپی یا گدی وغیرہ کے کناروں سے لٹکتے رہتے ہیں) - (۲) پودوں کے اوپر پھولوں کا گچھا ؛ طرہ (خصوصاً مکئی کے پودے کا) - (۳) فیتہ (جو کتاب میں نشانی کے لیے لگا دیتے ہیں) ؛ نشان فیتہ ؛ نشانی - (۴) دیکھو (Torsel) - (۵) پھندنا لگانا ؛ جھالر لگانا - (۶) (پودے کو قوت دینے کے لیے) طرے چھانٹنا

Taste, *v. t.* & *i.* : (۱) چکھنا - (۲) کسی چیز کے چکھنے کا کام کرنا (فرض منصبی کے طور پر) (*he tastes for Smith & co.*)- (۳) ذرا سا کھانا ؛ چکھنا ؛ منہ پر رکھنا - (۴) ذائقہ یا مزہ محسوس کرسکنا (*can t. nothing when you have a cold*) - (۵) (قدیم) مزا لینا ؛ لطف اٹھانا (*cannot t. a joke against himself*) - (۶) مزا دیکھنا ؛ تجربہ ہونا ؛ تجربے میں آنا (*has never tasted of success*) - (۷) چاشنی رکھنا ؛ مزا ہونا (لغوی اور مجازی دونوں معنی میں) (*his writings t. of the school*) -

tastable, *a.* : جو چکھا جاسکے -

Taste, *n.* : (۱) مزہ ؛ ذائقہ (جو کسی چیز کے کھانے یا چکھنے سے زبان کو محسوس ہو) - (۲) قوت ذائقہ - (۳) (قدیم) چکھنا ؛ چکھائی - (۴) بانگی ؛ نمونہ (ذرا سا حصہ جو بطور نمونہ دیا جائے)؛ مزہ (*give him a t. of the whip*) - (۵) پسند ؛ شوق ؛ مذاق (*has no t. for sweet things*) - (۶) ذوق ؛ مذاق (خصوصاً فنون لطیفہ یا ادبیات میں) -

add pepper &c. to t. : مرچیں وغیرہ اتنی ڈالنا جو پسند یا مذاق کے مطابق ہوں -

a man of t. : صاحب ذوق شخص -

composed in admirable t. : اس کے لکھنے میں حسن ذوق

سے کام لیا گیا ھے ؛ بہت لطیف انداز میں لکھا گیا ھے -

false t. : ناقص مذاق ؛ بد ذوقی -

the remark was in bad t. : بد مذاقی کی بات تھی ؛ ناشائستہ بات تھی -

true t. : صحیح مذاق ؛ ذوق سلیم -

Tasteful, *a.* : (۱) صاحب ذوق ؛ با مذاق (شخص) - (۲) مذاق سلیم کے مطابق ؛ دلپسند ؛ دلپذیر ؛ لطیف ؛ نفیس ؛ خوشنما ؛ پسندیدہ -

tastefully, *adv.* : خوشنمائی سے ؛ نفاست کے ساتھ ؛ خوش سلیقگی سے -

tastefulness, *n.* : دلپسندی ؛ نفاست ؛ خوشنمائی -

Tasteless, *a.* : (۱) بے مزہ ؛ بے ذائقہ - (۲) پھیکا ؛ سیٹھا - (۳) محروم ذائقہ ؛ عدیم الذائقہ ؛ جس میں قوت ذائقہ نہ ہو - (۴) بے ذوق ؛ بد مذاق (جس کو فنون لطیفہ وغیرہ کا کوئی ذوق نہ ہو) - (۵) مذاق سلیم کے خلاف ؛ نا پسندیدہ ؛ ناشائستہ (گفتار ، کردار وغیرہ) -

tastelessly, *adv.* : بے مزگی سے ؛ پھیکے پن سے ؛ بے ذوقی سے یا بد مذاقی سے ؛ ناشائستہ طور پر -

tastelessness, *n.* : بے مزگی ؛ سیٹھا پن ؛ پھیکا پن ؛ بے ذوقی ؛ بدمذاقی ؛ ناشائستگی -

Taster, *n.* : (۱) مذکورۂ بالا افعال کا اسم فاعل - (۲) وہ شخص جس کا کام یہ ہو کہ شراب چائے وغیرہ کو چکھ کر حسن و قبح بتائے ؛ مے چش ؛ چائے چش ؛ مزہ چش - (۳) (مجازاً) وہ شخص جو ناشر کتب کی طرف سے کتابوں کے مسودے پڑھنے پر مقرر ہو ؛ ناقد - (۴) (تاریخ) خاصہ چش ؛ جو بادشاہوں وغیرہ کے کھانے سے پہلے خود چکھ لیتا تھا کہ انھیں زہر کا وھم نہ رھے - (۵) ساغر مے چش ؛ مے چشوں کا چھوٹا پیالہ - (۶) (آلہ) پنیر چش ؛ جس سے پنیر کے اندر کا گول سا ٹکڑا نمونے کے لیے نکالتے ھیں -

Tasty, *a.* : (۱) (بول چال) خوش ذائقہ ؛ مزہ دار ؛ لذیذ - (۲) (اب سوقیانہ) با سلیقہ ؛ نفیس (لباس یا آرائش وغیرہ) -

tastily, *adv.* : (بول چال) لذیذ طور پر ؛ (سوقیانہ) نفاست سے ؛ سلیقے سے -

Tat, *v. i. & t.* : جھالر گوتھنا ؛ گوتھواں کشیدے کا کام کرنا -

Tat, *n.* : ٹٹو ؛ یابو -

Tata (tah' tah) *int.* : (بچوں کی زبان اور بول چال) خدا حافظ ؛ فی امان اللہ -

Tatar, ملاحظہ ہو Tartar -

Tate Gallery, *n.* : ٹیٹ گیلری ؛ لندن کا ایک مشہور تصویر خانہ جس میں برطانوی مصوروں کی تصاویر نمائش کے لیے رکھی رھتی ھیں -

Tatou (tahtoo), *n.* : دیکھو Armadillo -

Tatter, *n.* (usu. in pl.) : (۱) (عموماً صیغۂ جمع میں) چیتھڑا ؛ پرزہ ؛ دھجی (کپڑے یا کاغذ کی) - (۲) خستہ حال ؛ چیتھڑے لگا (شخص) ؛ گدڑیا (tatterdemalion) -

tattered, tattery, *aa.* : پھٹا ھوا ؛ پارہ پارہ ؛ پھٹا پرانا -

Tattersall's, *n.* : ٹیٹر سال (لندن کا وہ بازار جہاں گھڑ دوڑ کے گھوڑوں کی خرید و فروخت ھوتی ھے اور بازیاں بدی جاتی ھیں ؛ *R. Tattersall* لندن کے اس بازار کا بانی تھا) -

knows his T. better than his Greek Testament : یونانی انجیل بھول گیا ٹیٹر سال یاد ھے -

Tatting, *n.* : جھالر گوتھنے کا کام ؛ گوتھواں کشیدے کا کام -

Tattle, *v. i. & t. & n.* : (۱) بک بک کرنا ؛ فضول بکواس کرنا ؛ زٹل ھانکنا - (۲) بک بک ؛ بکواس ؛ گپ شپ ؛ واھی تباھی باتیں - (۳) (کوئی بات) بے سوچے سمجھے کہہ ڈالنا ؛ بکواس میں کہہ جانا -

tattlingly, *adv.* : بکواس کرتے ھوئے ؛ زٹل ھانکتے ھوئے -

Tattler, *n.* : (۱) باتونی ؛ یاوہ گو ؛ بک بک کرنے والا - (۲) اسٹیل اور ایڈیسن کا مشہور رسالہ - (قدیم ھجے *Tatler*)

Tattoo, *n. & v. i.* : (۱) (فوجی) (۱۰ بجے) رات کی نوبت ؛ نقارہ یا نقارے کی آواز کہ سپاھی اپنے اپنے مقام پر آجائیں ؛ شب نائے - (۲) (میز وغیرہ پر) انگلیوں سے جلدی جلدی اور بار بار کھٹ کھٹ کرنا ؛ انگلیوں سے طبلہ سا بجانا -

beat the devil's t. : انگلیوں سے طبلہ سا بجانا (شغل کے طور پر) -

Tattoo, *v. t. & n.* : (۱) گودنا ؛ (جسم کو) گود کر نقش بنانا - (۲) گودنے کے نشان یا نقوش ؛ گودنا -

Tattoo, *n.* (tatoo) : (انگلوانڈین) ٹٹو ؛ یابو -

Tatty, *n.* : (انگلوانڈین) ٹٹی ؛ خس کی ٹٹی -

Tau (taw), *n.* : (۱) یونانی حرف "T, τ" = طا - (۲) مچھلیوں کی بعض قسمیں جو اس حرف سے مشابہ ھیں یا ان پر ایسے نشان نظر آتے ھیں ؛ طائیہ - (۳) ٹی نما ؛ ٹی صورت -

T-cross : نیم چلیپائی ؛ نیم چلیپائی صلیب -

Taube, (towbe) *n.* : جرمن ھوائی جہاز کی ایک قسم ؛ قمری (طیارہ) ؛ تاوبہ -

Tauchnitz, (to· κ-) *n.* : (سلسلۂ) ٹاؤک ونٹز کی کتاب ؛ (تاوخ نتز لائپزگ کا مشہور اشاعت خانہ ھے) -

Taught : دیکھو Teach -

Taunt, *v. t. & n.* : (۱) ملامت کرنا ؛ طعنہ دینا (کسی بات کا) - (۲) طعنہ ؛ ملامت - (۳) نشانۂ ملامت ؛ ھدف مطاعن - (*became a t. to his neighbours*)

tauntingly, *adv.* : ازراہ ملامت ؛ طعن سے ؛ طعن آمیز طریقے سے -

Taunt, *a.* : (جہازی) اونچا ؛ بلند (مستول کے لیے) -

Taurine, *a* : (۱) بیل کا ؛ سانڈ کا - (۲) گاو نما ؛ بیل جیسا ؛ سانڈ کا سا - (۳) برج ثور کا ؛ ثوری -

tauriform, *a.* : گاو نما ؛ بیل جیسا -

Tauromachy, (-ki) *n.* : سانڈوں کی لڑائی ؛ جنگ گاوان -

Taurus, *n.* : (۱) برج ثور - (۲) ستاروں کی ایک صورت یا مجموعہ ؛ ثور -

Taut, (tawt) *a.* : (جہازرانی) (۱) (بندھا ھوا رسا) تنا ھوا - (۲) درست ؛ (کیل کانٹے سے) لیس ؛ (جہاز وغیرہ) ٹھیک ٹھاک -

tauten, *v. t. & i.* : تننا ؛ تاننا -

tautly, *adv.* : (۱) تان کر - (۲) ٹھیک طور پر -

tautness, *n.* : (۱) تنا ھوا ھونا ؛ تناوٹ - (۲) ٹھیک ٹھاک

ہونا ؛ درست ہونا -

Tauto- in comb. : (جز ترکیبی) بلا معنی یکساں ؛ مساوی -

t. -baryd : منحنی مساوی الوزن (جس میں کسی شے کی کشش ثقل سے، گھومنے میں، ہر حصے پر مساوی وزن یا دباؤ پڑتا ہو)-

t. -chrone : منحنی مساوی الزماں (جس میں کسی شے کے ہر نقطے سے پھسل کر سب سے نیچے نقطے پر گرنے میں مساوی وقت صرف ہو) -

t. -chronism, n. : انحنا مساوی الزماں -

t.- chronous, a.: مساوی الزماں (منحنی) -

t.- phony : تکرار صوت -

Tautology, *n.* : تکرار بالمعنی ؛ تکرار معنی ؛ ایک ہی بات کو مختلف الفاظ میں دہرانا ؛ ہم معنی الفاظ کی بھرتی -

tautologic (al), *aa.* : مکرر بالمعنی ؛ جس میں تکرار بلا معنی ہو -

tautologically, *adv.* : تکرار معنی کے ساتھ -

tautologist, *n.* : تکرار پسند ؛ جس کی عبارت میں تکرار معنی ہو -

tautologize, *v. i.*: تکرار معنی کرنا ؛ مکررات استعمال کرنا -

Tavern, *n.* : کھانے پینے اور شراب کی دکان ؛ شراب خانہ -

Taw, *v. t.* : چمڑا کمانا ؛ چمڑا بنانا (بغیر کتھے کے استعمال کے خصوصاً پھٹکری اور نمک میں ڈبو کے) -

tawer, *n.*: کھٹیک ؛ چمڑا رنگنے یا بنانے والا ؛ دباغ -

tawery, *n.* : کارخانہ دباغی ؛ کھٹیک کی دکان -

Taw, *n.* : (۱) گولیوں کا کھیل ؛ گولیاں - (۲) گولی انٹا - (۳) گولیوں میں حد کی لکیر ؛ پالا -

Tawdry, *a. & n.* : (۱) بھڑک دار اور بھدا ؛ بھڑکیلا اور بھونڈا ؛ بد مذاقی سے آراستہ کیا ہوا - (۲) بھدا اور بھڑکیلا لباس ؛ زیور یا آرائش کا سامان -

tawdrily, *adv.* : بھدی آرائش کے ساتھ ؛ بھڑک دار اور بھدے طریقے پر -

tawdriness, *n.* : بھدی آرائش ؛ بھڑک دار اور بھدا ہونا -

Tawny, *a.* : گندمی ؛ چنپئی -

tawniness, *n.* : گندم گونی ؛ چنپئی رنگ (ہونا) -

Taws (e) *n.*: (اسکاٹستان) لڑکوں کو سزا دینے کا چابک ؛ تسمہ -

Tax, *v. t.* : (۱) محصول یا لگان عاید کرنا ؛ کر لگانا (رعایا، اجناس، تجارت، اراضی وغیرہ پر) - (۲) (انجیل کی اصطلاح میں) اندراج اسامی ؛ تشخیص محاصل کے لیے لوگوں کے نام درج فہرست کرنا - (۳) زیادہ بوجھ ڈالنا یا زور ڈالنا (کسی شخص کے وسائل، قوی وغیرہ پر) ؛ سخت مصنف لینا - (۴) (قانون) جانچ کر منظور کرنا یا نا منظور کرنا (مصارف مقدمہ وغیرہ کی مدات کو) - (۵) الزام دینا ؛ ملزم ٹھہرانا (کسی فعل یا خطا کا) -

cannot t. my memory: اپنے حافظے پر اتنا زور نہیں ڈال سکتا -

taxed (also tax-) cart : بے محصولی گاڑی ؛ دو پہئیے کی گاڑی یا ہلکا ٹھیلہ جس پر پہلے کم محصول تھا اور پھر موقوف ہو گیا -

taxing-master : تنقیح کنندہ ؛ عدالت کا اہلکار جو مصارف مقدمات کی تنقیح کرتا ہے -

taxability, taxableness, *nn.* : قابل محصولی ہونا ؛ قابل محصول ہونا ؛ محصول پذیری، شے یا شخص کی -

taxable, *a.*: محصولی (مال وغیرہ) ؛ قابل محصول ؛ محصول پذیر -

taxably, *adv.* : قابل محصول ہونے کی حد تک -

taxation, *n.* : (۱) محصولات، محاصل - (۲) تحصیل یا تشخیص محاصل ؛ تشخیص (محاصل) کا اصول یا طریقہ -

Tax, *n.* : (۱) محصول ؛ کر ؛ لگان - (۲) بوجھ ؛ بار (کسی ذمہ داری یا کام کا کسی شخص پر) ؛ (اکثر "up (on)" کے ساتھ) جرمانہ ؛ تاوان -

direct, indirect, capitation, income t. : دیکھو ان الفاظ کے تحت میں -

poll-t. : جزیہ ؛ محصول فی جو فی کس پر عاید کیا جائے -

single t. : محصول مالیت (جو زمین کی قیمت پر بلحاظ توفیر آمد فی لگایا جائے) ؛ املہ کیلہ -

t. -collector, t. -gatherer : ٹیکس کلکٹر ؛ محصل ؛ محصول وصول کرنے والا -

t. -farmer : ٹھیکہ دار محاصل جو حکومت سے محصول وصول کرنے کا ٹھیکہ لیتا ہے -

t. -free : جس کا محصول معاف ہو ؛ (محصول سے) مستثنیٰ ؛ لا محصولی -

taxpayer : محصول دہندہ ؛ محصول گزار ؛ مال گزار -

taxless, *a.* : لا محصولی ؛ جس پر کوئی محصول نہ ہو -

Taxi, *n. & v. i. & t.* : (۱) کرایے کی موٹر، جس میں کرایہ نگار لگا ہوتا ہے ؛ ٹیکسی (نیز *t. -cab*) - (۲) اس وضع کی دوسری موٹریں ؛ ٹیکسی نما ؛ ٹیکسی بان ؛ کرایہ کی موٹر چلانے والا - (۳) ٹیکسی میں جانا یا لے جانا - (۴) (ہوائی جہاز کا نیچے زمین یا پانی پر) چلنا یا دوڑنا (اڑنے سے قبل یا بعد) -

t—man : ٹیکسی بان ؛ کرایہ کی موٹر چلانے والا -

plane : چھوٹا طیارہ جو کرایے پر چلتا ہے -

Taxidermy, *n.* : جانوروں کی کھال میں بھس وغیرہ بھرنے کا فن یا پیشہ ؛ پوست انبازی ؛ تصبیر (جلود) -

taxidermal, taxidermic, *aa.* : پوست انبازی کا ؛ تصبیر کا -

taxidermist, *n.* : پوست انباز ؛ مصبر -

Taximeter, *n.*: (آلہ) کرایہ نگار یا شرح نما ؛ میٹر جو کرایے کی موٹروں میں لگا رہتا اور وقت اور فاصلہ گزرنے کے ساتھ خود بخود کرایہ دکھاتا رہتا ہے -

Taxin, *n.* : (ایک صنوبری قسم کے درخت کے) پتوں کا گوند ؛ صمغ صنوبری ؛ پت گوند -

Taxis, *n.* : (۱) (جراحی) (ہاتھ کی) داب ؛ دباؤ، جس کے زور سے اعضا اپنی جگہ ٹھیک بیٹھ جائیں - (۲) (قدیم یونان) دستہ (فوج کا) ؛ جماعت - (۳) (حیوانیات) تقسیم - (۴) (خطابت) ترتیب (الفاظ کی در و بست) -

Taxonomy, *n.*: (تاریخ سوالہد) (حیوانات اور نباتات کے مختلف گروہوں میں) تقسیم کے اصول ؛ نظام تقسیم -

taxology, *n.* : (حیوانیات و نباتات میں) مبحث تقسیم -

taxonomical, taxonomic, *aa.* : مبحث تقسیم کے متعلق ؛ تقسیمی -

taxonomically, *adv.* : تقسیم کی رو سے ؛ اصول تقسیم یا

نظام تقسیم کے مطابق -

taxonomist, *n.*: تقسیم داں؛ مبحث تقسیم کا ماہر یا محقق -

Tazza, (tahtsa) *n.* : کھلے منھ کا اتھلا پیالہ -

Tchick, *n. & v. i.* : (۱) ٹک ٹک کی آواز (خصوصاً گھوڑے کو تیز چلانے کی غرض سے)؛ ٹٹکاری - (۲) ٹک ٹک کرنا؛ ٹٹکارنا -

Tea, *n. & v. i. & t.* (*also t.-plant*) : (۱) چائے کا پودا - (۲) چائے کی پتی؛ چائے (جو سبز سیاہ وغیرہ کئی رنگ کی تیار کی جاتی ہے) - (۳) چائے کا پانی یا جوشاندہ؛ چائے (جس حالت میں جوش دیکر پی جاتی ہے) - (۴) (دوسری اسی قسم کی ادویہ وغیرہ کا) جوشاندہ؛ عرق - (۵) سہ پہر کی چائے؛ تیسرے پہر کا ناشتہ چائے وغیرہ کے ساتھ (*five-o'-clock t.*) - (۶) شام کی چائے؛ شام کا کھانا چائے کے ساتھ (**also** *high t.*, *meat t.*) - (۷) چائے پینا (*we t. at 4*) - (۸) چائے پلانا -

beef. camomile, t. : دیکھو ان الفاظ کے تحت میں - **Beef, Camomile** -

t.-caddy : چائے کی پٹاری یا ڈبا -

t.cake : کیک جو چائے کے ساتھ کھائے جائیں -

t.-chest : چوبی صندوق جس میں چائے دسور بھیجی جاتی ہے -

t.-cloth : (۱) (چائے کی میز کا) میز پوش - (۲) کشتی پوش - (۳) چائے کی میز یا پیالیاں پونچھنے کا کپڑا -

t.-cup : (۱) چائے کی پیالی - (۲) ایک پیالی بھر (نیز *t.-cupful*) جتنا ایک چائے کی پیالی میں آتا ہے؛ نیم گلاس -

storm in a t.-cup : (۱) ذرا سی بات کے لیے بڑا ہنگامہ - (۲) محدود حلقے میں بڑی شورش -

t.-fight : (بول چال) چائے کی دعوت؛ چائے نوشی -

t.-garden : چائے خانہ جو باغ میں ہو -

t.-gown : چائے کا (زنانہ) لباس جو چائے پینے کے وقت پہنتی ہیں -

t.-house : چائے خانہ (خصوصاً چین و جاپان میں) -

t.-kettle : چائے کی کیتلی -

t.-leaf : چائے کی پتی؛ (صیغہ جمع میں) (نچوڑی ہوئی یا جوش وغیرہ کے بعد کی بیکار) چائے جس سے فرش صاف کرنے کا کام لیتے ہیں؛ چائے پھوک -

t.-party : چائے کی دعوت -

t.-pot : چائے دانی -

t.-rose : گلاب کی بعض قسمیں جس میں چائے کی سی خوشبو ہوتی ہے -

t.-service, t.-set : چائے جوڑ؛ چائے کا برتن؛ ان کا پورا جوڑ؛ سیٹ -

t.-spoon : چھوٹا چمچہ؛ چائے کا چمچہ -

t.-table : چائے کی میز؛ چھوٹی میز -

t.-things : دیکھو t.-set -

t.-tray : چائے کی کشتی -

t.-urn : چائے کا مٹکا بند پیالہ یا قلی جس میں چائے کا پانی جوش دیا یا رکھا جاسکے -

tile t. : چائے کی چوکور ٹکیاں -

Teach, (tetsh), *v. t.* (*taught pron. tawt*) : (۱) سکھانا؛ بتانا؛ تعلیم دینا (کسی کام کی) - (۲) پڑھانا (مدرسے وغیرہ میں)؛ تعلیم دینا (کسی مضمون یا کسی ہنر کی) - (۳) تعلیم دینا؛ معلم ہونا؛ معلمی یا پڑھانے کا کام کرنا - (۴) سمجھانا؛ بتانا؛ ذہن نشین کرنا (*taught to forgive your enemies*) -

I will t. you not to meddle in my affairs : میں تمھیں اپنے معاملات میں مداخلت کرنے کا مزا چکھا دوں گا -

This will t. you to speak the truth : اس (سزا) سے تمھیں سبق مل جائے گا کہ سچ بولنا چاہیے -

teacher, *n.* : سکھانے والا؛ سکھانے والی؛ استاد؛ معلم -

teachership, *n.* : معلمی -

Teachable, *a.* : (۱) جسے تعلیم دی جاسکے؛ تربیت پذیر؛ تعلیم پذیر - (۲) (مضمون وغیرہ کے متعلق) قابل تعلیم؛ درس پذیر؛ جو پڑھا یا جاسکے -

teachability, teachableness, *nn.* : قابل تعلیم ہونا؛ درس پذیری -

Teaching, *n.* : (۱) "*teach*" کا اسم، جملہ معانی میں - (۲) تعلیم عقائد یا اصول جن کی تلقین کی جائے؛ ارشادات؛ افادات -

the tt. of the Church : کلیسا یا مذہب کی تعلیمات -

Teague (teg), *n.* : (تحقیراً) آئرستان کا باشندہ؛ آئری؛ "ٹیگا" -

Teak (tek), *n.* : ساگون؛ ساج؛ مشہور مضبوط لکڑی جس سے جہاز وغیرہ بناتے ہیں -

Teal (tel) *n.* (*pl. same*) : ایک قسم کی چھوٹی بطخ؛ بن ککڑی -

Team, (tem), *n. & v. t.* : (۱) دو یا زیادہ بار برداری کے جانور جو ساتھ جتے ہوئے ہوں؛ جوت؛ جوڑی؛ قطار - (۲) ٹیم (فٹ بال کی ٹیم *foot-ball team*) - (۳) مل کر کام کرنے والوں کی جماعت؛ جتھا - (۴) جوتنا (گھوڑوں وغیرہ کو جوڑی میں)؛ جوت لگانا یا جوڑنا - (۵) ٹھیکے پر اٹھانا؛ ایسے ٹھیکہ دار کو کام دینا جو مزدوروں کے جتھے سے کام لیتا ہو -

t.-work : منظم؛ متفقہ کوشش؛ مشترکہ یا متحدہ کام؛ اتحاد عمل -

teaming, *n.* : ٹھیکے پر دینا (جتھے سے کام لینے والے ٹھیکہ دار کو) -

teamwise, *adv.* : (۱) جوڑی جوڑی؛ قطار قطار - (۲) جوڑی یا قطار کی طرح -

Teamster, *n.* : جوڑی ہانکنے والا؛ جوت بان -

Teapoy (tep-) *n.* : تین یا چار پائے کی چھوٹی میز؛ چائے پینے کی میز؛ تپائی -

Tear,(tar), *v. t. & i.* (*tore, torn*) & *n.* : (۱) پھاڑنا؛ چاک کرنا؛ ٹکڑے ٹکڑے کرنا (*tear it in half, torn to pieces*) - (۲) تفریق پیدا کرنا؛ ٹکڑیوں میں تقسیم کردینا؛ ٹکڑے کردینا - (۳) پھاڑ کر سوراخ کرنا؛ کھرنچا لگانا - (۴) (لغوی اور مجازی معنی میں) نوچ ڈالنا؛ کھسوٹ لینا؛ بزور کھینچنا یا توڑنا؛ پھاڑ ڈالنا؛ کھسیٹ لینا؛ چھین لینا؛ اکھاڑ ڈالنا (*tore off the cover, tore down the notice, babe torn from the breast, tree torn up by the roots*) - (۵) ("*at*" کے ساتھ) پھاڑنے کی کوشش کرنا؛ نوچنا؛ کھسوٹنا - (۶) پھٹنا (*tears easily, will not tear*) - (۷) جھپٹنا؛ دوڑنا؛ اڑے ہوئے جانا (جلدی یا تندی سے)

(۸) - (*tore down the hill, was simply tearing*)
کھونچ ؛ کھونچا (کپڑے وغیرہ میں) -
country was torn by factions : فرقہ بندی کی بدولت
ملک ٹکڑے ٹکڑے ہو رہا تھا -
could not t. myself away : اپنے کو جدا نہ کر سکا ؛ کسی
طرح دل نہ چاہا کہ چلا جاؤں -
heart torn by conflicting emotions : دل جسے متضاد
جذبات نے کش مکش میں ڈال دیا ہو -
t. it : (عامیانہ) سارا کھیل بگاڑ دینا ؛ (سارا معاملہ)
چوپٹ کر دینا ؛ ستیاناس کر دینا -
t. one's *hair* : سر کے بال نوچنا (غصے یا مایوسی میں) -
tearaway, a. : نہایت تیز ؛ بے حد عجلت کا -
Tear (ter) **n.** (*also t.-drop*) : (۱) آنسو ؛ اشک - (۲)
آنسو کی مثل شے ؛ قطرہ؛ بوند (خصوصاً رال گوند وغیرہ کی) -
crocodile tt. : دیکھو Crocodile -
found her in tt. : اسے اشکبار پایا -
t.-gas : زہریلی گیس جس سے آنسو بہنے لگتے ہیں اور
کچھ دیر کے لیے بصارت زائل ہو جاتی ہے -
Tearful, a. : (۱) اشکبار ؛ اشک آلودہ ؛ پر اشک - (۲)
افسوس ناک ؛ الم ناک -
tearfully, adv. : آنسو بھر لا کے ؛ ڈبڈبائی (اشکبار) سے -
tearfulness, n. : اشک آلودگی ؛ اشکباری -
tearless, a. : بے اشک ؛ بے آنسو ؛ بغیر آنسوؤں -
Tearing, a. : (۱) " tear " کا اسم صفت جملہ معنی میں -
(۲) تند ؛ شدید ؛ نہایت سخت (*t. pace, rage*) -
Tease (tez), **v. t. & n.** : (۱) چھیڑنا ؛ چھیڑ خانی کرنا ؛ دق
کرنا ؛ تنگ کرنا ؛ ستانا - (۲) پیچھے پڑ جانا ؛ جان کھا لینا ؛ سر
ہو جانا (کوئی کام کرانے کے لیے) - (۳) تومنا ؛ صاف کرنا ؛
(اون ، سن وغیرہ کے ریشوں کو) دھننا ؛ دھنکنا - (۴) (کپڑے
کا) رواں اٹھانا - (۵) وہ شخص ، جسے چھیڑ خانی کی یا ستانے کی
عادت ہو ؛ شریر ؛ دل لگی باز -
teasingly, adv. : شرارت سے ؛ چھیڑ خانی کے طور پر -
Teasel(-z), **Teazel, Teazle, n.&v.t.** : (۱) چند پودے جن کے
سروں پر گوکھرو کے سے گچھے ہوتے ہیں اور وہ کپڑے پر رواں اٹھانے
کے کام آتے ہیں ؛ ولائتی گوکھرو - (۲) ولائتی گوکھرو کے گچھے -
(۳) وہ آلہ جس سے کپڑے پر رواں اٹھاتے ہیں - (۴) کپڑے پر
ولائتی گوکھرو سے رواں اٹھانا -
teaseler, teazler, n. : کپڑے پر رواں اٹھانے والا -
Teaser, n. : (۱) " *tease* " کا فاعل جملہ معنی میں (خصوصاً وہ
شخص جسے چھیڑ خانی یا ستانے کی عادت ہو)؛ شریر - (۲) پیچیدہ
مسئلہ؛ ٹیڑھا سوال ؛ بیڑھا کام ؛ ٹیڑھی کھیر -
Teat(tet), **n.** : (۱) سرپستان ؛ بھٹنی ؛ جس سے بچہ ماں کا
دودھ پیتا ہے- (۲) تھن (دودھ پلانے والے جانوروں کا) -
(-) **teated, a.** : (-) بھٹنی کا ؛ تھن کا -
teatlike, a. : بھٹنی کا سا ؛ تھن کا سا -
Tec, n. : (عامیانہ) سراغ رساں (*Detective* کا مخفف) -
Technic (-k-), **a. & n.** : (۱) (شاذ) فنی؛ صنعتی - (۲)
اصول فن؛ طریق کار؛ طرز ادا - (۳) (جمع) فنی مشقیں و حرفت
وغیرہ کے عام اصول اور نظریات ؛ آداب فن - (۴) (جمع؛ فن کی)
مصطلحات ؛ اصول و ضوابط وغیرہ ؛ جزئیات فن -
technician, n. : (۱) فن داں ؛ فن کی جزئیات سے
واقف - (۲) ماہر فنیات -
technicist, n. : (۱) ماہر فنیات - (۲) فن داں؛ اصول داں-
(۳) فن کی جزئیات کا واقف -
Technical, a. : (۱) فنی ؛ کسی خاص فن ، صنعت یا علم سے
متعلق- (۲) حرفتی؛ صنعتی؛ صنعت و حرفت کا (*t. education,*
school) - (۳) جو قانون کی رو سے (جرم وغیرہ) سمجھا
جائے (*t. assault*) -
t. terms : فنی اصطلاحات -
t. skill : فنی قابلیت -
t. difficulty : فنی دشواری -
technically, adv. : اصول فن کے مطابق ؛ اصول فن کے
لحاظ سے (اصطلاحی معنی میں) -
technicalness, n. : فنیت ؛ صنعیت ؛ فنی یا صنعتی ہونا -
Technicality, n. : (۱) فنیت ؛ فنی حیثیت یا خصوصیت - (۲)
فنی اصطلاح - (۳) فنی باریکی -
Technique, (-ek) **n.** (۱) (موسیقی مصوری وغیرہ میں)
طرز ادا ؛ طریق کار؛ اصول فن ؛ فن - (۲) (فنون لطیفہ میں) فنی
قابلیت ؛ اصول فن سے واقفیت؛ طرز ادا یا طریق کار میں مہارت ؛
کاری گری؛ صنعت گری - (۳) آداب فن -
Technocracy, a. : ماہران فن کی حکومت (جس میں ملک
کی مجموعی صنعت و حرفت ماہران فن کے انتظام میں
دے دی جائے -)
technocrat, n. : اس اصول کا حامی -
Technology, n. : (۱) علم صنعت و حرفت ؛ دستکاریوں اور
حرفتوں کا باقاعدہ علم ؛ حرفیات - (۲) مختلف اقوام کی صنعت و
حرفت کی نشو و نما کا مطالعہ ؛ تاریخ حرفت اقوام -
technological, a. : حرفیاتی ؛ علم صنعت و حرفت کے
متعلق؛ تاریخ حرفت اقوام کے متعلق -
technologist, n. : (۱) ماہرفنیات - (۲) تاریخ حرفت
اقوام کا ماہر -
Techy : دیکھو Tetchy -
Tectology, n. : (علم) صوریات ترکیبی ؛ حیوانیات میں علم
اشکال اعضا کا وہ نظریہ جس کی رو سے جسم حیوانی نامی اجزا
سے مرکب ہے -
tectological, a. : صوریات ترکیبی کے متعلق -
Tectonic, a. & n. : (۱) تعمیری ؛ بنائی؛ تعمیر کے متعلق -
(۲) (ارضیات) جو طبقات ارض کی ساخت میں کسی خرابی کے
سبب سے واقع ہو؛ ساخت سے متعلق - (۳) (اسم ، صیغہ جمع
میں) فن صناعت جس میں ہر قسم کے مفید و خوش نما ساز و
سامان ظروف وغیرہ کی ساخت داخل ہے -
Tectorial, a. : غلاف کا کام دینے والی ؛ غلافی ؛ غشائی -
t. membrane, (of *ear*) : غشائی غشائی -
Tectrices, n. pl. : (پرندوں کے) غلافی پر جو دم اور بازوؤں کو
ڈھکتے ہیں -
Ted, v. i. : گھاس پھیرنا ؛ الٹ کر بچھانا (خشک کرنے کے لیے) -

tedder, *n.* : (۱) گھس پھیرا ؛ گھاس پھیرنے والا - (۲) گھاس پھیرنے کا آلہ -

Teddy bear, *n.* : کھلونے کا ریچھ -

Te Deum, n. : (۱) حمد ؛ شکرانہ (لا طینی الفاظ " T. D. laudamus " سے شروع ہونی ہے جن کے معنی ہیں " اے خدا ہم تیری حمد کرتے ہیں - " صبح کی نماز میں شکرانے کے موقعوں پر گائی جاتی ہے) - (۲) وہ گت جو اس موقع پر بجائی جاتی ہے؛ حمد کی گت؛ شکرانے کی گت

sing T. D. : (مجازاً) شادیانے بجانا ؛ فتح کے یا خوشی کے ترانے گانا -

Tedious, *a.* : اکتانے یا تھکا دینے والا؛ تکلیف دہ؛ نا گوار؛ اجیرن-

tediously, *adv.* : اس طرح کہ جی اکتا جائے ؛ تکلیف دہ طور پر ؛ نا گواری کی حد تک -

tediousness, *n.* : بار خاطر ہونا ؛ تکلیف دہ یا نا گوار ہونا-

Tedium, *n.* : اجیرن ہونا ؛ کوفت ؛ نا گواری -

Tee, *n.* : (۱) حرف " T " ، ٹی - (۲) " T " کی شکل کی چیز خصوصاً ٹپ ؛ ٹیم چلیپا -

Tee, *n. & v. t. & i.* : (۱) (بعض کھیلوں " quoits, bowls, curling etc. " میں) وہ نشان جس پر گیند ماری جاتی ہے؛ ٹی - (۲) (گولف کے کھیل میں) ریت کی ڈھیری جس پر ہر کھیل کے شروع میں گیند رکھ کر مارتے ہیں؛ ربر کی چیز جس سے یہ کام لیتے ہیں؛ ٹی - (۳) (گیند ٹی پر رکھنا - (۴) ٹی سے کھیل شروع کرنا ' پہلا ہاتھ لگانا (*t. off.*) - (۵) (مجازاً) (کسی کام کی) ابتدا کرنا -

Tee, *n.* : چھتری کی وضع کا کلس جو برما کے مندروں (پگوڈوں) پر بنا ہوتا ہے ؛ چھتری ؛ کلس چھتری -

Teem, *v. t. & i.* : (۱) (قدیم) جننا (بچے) - (۲) بھرا ہونا (کسی شے سے) (*forests t. with snakes, books t. with blunders*) - (۳) افراط ہونا ؛ بہتات ہونا (کسی شے کی) -

Teem *v. t.* : (مقامی زبان ' پیشہ وروں کی اصطلاح) خالی کرنا (کشتی ؛ گاڑی وغیرہ کو)؛ انڈیل دینا ' خارج کر دینا (کوئلہ ' پگھلی ہوئی دھات وغیرہ) -

teemer, *n.* : خالی کرنے والا ؛ انڈیلنے والا -

Teen, *n.* : (قدیم) (۱) رنج ؛ صدمہ - (۲) مصیبت؛ زحمت - (۳) نقصان ؛ ضرر -

-teen, *suf.* : - (*thirteen* : (لاحقہ) دہ؛ عشر (مثلاً تیرہ' سیز دہ

Teens, *n.* (pl.) : عمر کے سال ' تیرھویں سے لے کر انیسویں تک -

in one's teens : تیرھویں اور انیسویں سال کے درمیان ؛ عنفوان شباب میں

Teeny : دیکھو Tiny -

Teeth : دیکھو Tooth -

Teethe (-dh) *v. i.* : دانت نکلنا (شیر خوار بچوں کے) -

teething, *n.* : (۱) دانت نکلنا یا پھوٹنا - (۲) دانت نکلنے کا زمانہ - (۳) دانتوں کی ساخت اور ترتیب -

Teetotal, *a.* : (۱) مخالف منشیات ؛ ترک مسکرات کا ؛ اجتنابی (*t. meeting, pledge*) - (۲) (عامیانہ) پورا؛ کامل-

teetotalism, *n.* : منشیات یا مسکرات کی مخالفت ؛ مسکرات سے پرھیز یا اجتناب ؛ اجتنابیت -

teetotally, *adv.* : پورے طور پر ؛ کامل طور پر -

Teetotaller, *n.* : تارک مسکرات ؛ منشیات سے پرھیز کرنے والا ؛ مجتنب (از مسکرات) -

Teetotum, *n.* : بچوں کے کھیلنے کی چو کور پھر کی یا لٹو (خصوصاً وہ جس کے اطراف میں حروف کھدے ہوتے ہیں جن سے ہار جیت کا فیصلہ ہوتا ہے) -

like a t. : چکر کھاتے ہوئے ؛ پھر کی کی طرح -

Teg, *n.* : ایک سال سے زیادہ اور دو سال سے کم کی بھیڑ -

Tegular, *a.* : کھپرے یا چوکے کا ؛ کھپرے یا چوکے جیسا -

tegularly, *adv.* : کھپرے یا چوکے کی طرح سے -

tegulated, *a.* : (حیوانیات) ترمیدی ؛ کھپرے دار -

Tegument, *n.* : (جسم یا اعضائے جسم کی) جلد ؛ جھلی ؛ خول غلاف ؛ غشا -

tegumental, tegumentary, *aa.* : غلافی ؛ جلد' جھلی یا خول کا -

Tehee, *n. & v. i.* : ٹھی ٹھی ؛ حقارت آمیز یا نیچی آواز کی ہنسی ؛ ٹھی ٹھی کرنا ؛ ہنسنا (نیچی آواز سے) ؛ حقارت آمیز قہقہہ لگانا -

Teian, Tean, *a.* : طیوسی ؛ قدیم یونانی شاعر اناک ریون سے متعلق یا منسوب جو طیوس کا باشندہ تھا -

Teind (tend) *n.* : عشر ؛ دسواں حصہ جو بطور محصول لیا جائے (اسکاٹستان) -

Teinoscope, *n.* (ti -) : (بصریات) ایک قسم کی دوربین جس میں دو منشوروں کو ملانے سے انعطاف لونی دور کر دیا گیا ہے ' اور یہ اشیا کے عرض و طول کو گھٹانے بڑھانے میں کام آتی ہے -

Teknonymy, *n.* : پسرنامی ؛ بیٹے کے نام پر باپ کے نام رکھنے کی رسم جو بعض وحشی قبائل میں رائج ہے -

teknonymous, *a.* : پسرنامی کا یا اس کے متعلق -

Telaesthesia, *n.* : (نفسیات) دور ادراکی ؛ ادراک غائب ؛ وہ قوت جس سے دور کے واقعات یا اشیاء کا جو حواس ظاہری سے محسوس نہیں ہوتے ادراک ہوسکتا ہے -

telaesthetic, *a.* : دور ادراکی ؛ ادراک غائب کا -

Telamon, *n.* : عمارت کے ستون کا پایہ جو مرد کی شکل کا مجسمہ ہو (مقابلے کے لیے دیکھو caryatid) -

Telautograph, *n.* : تلغراف عکسی؛ جو تصویر وغیرہ کا عکس ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچا دیتا ہے ؛ عکسی تار -

telautogram, *n.* : عکسی تار ؛ وہ پیام جو تلغراف عکسی سے آیا ہو -

Tele-, *in comb.* : سابقہ بمعنی دور ؛ بعید ؛ خصوصاً ان آلات کے ناموں میں آتا ہے جو دور کے نتائج وغیرہ شمار یا درج کرنے کے لیے بنائے گئے ہوں -

-archics : لاسلکی ہوا بازی ؛ لاسلکی کے ذریعے (دور سے) ہوائی جہاز اور طیارے اڑانے کا فن -

-barometer : دور نویس بار پیما (جس کے نشانات کا عکس بجلی کے ذریعے دور دور پہنچ جاتا ہے) -

-meter : بعد پیما (آلہ) -

-metric, a. : بعد پیمائی کا -

-metry, n. : بعد پیمائی -

-thermometer : دور نویس تپش پیما -

Teledu (-oo), *n.* : جزائر جاوا و ساترا کا بدبودار بجو : تلدو -

Telegony, *n.* : (حیوانیات) یہ نظریہ کہ ایک مادہ کے سابق نر کی نسلی خصوصیات ان بچوں میں پائی جاتی ہیں جو کسی دوسرے نر سے پیدا ہوئے ہوں ؛ تناسل بعید -

telegonic, *a.* : تناسل بعید کا یا اس کے متعلق -

Telegram, *n.* : تار ؛ پیام یا خبر جو بذریعہ تار برقی بھیجی جائے ؛ تار برقی ؛ برقیہ -

Telegraph, *n.* : (۱) ایک مقام سے دوسرے مقام پر (خصوصاً تار برقی کے ذریعے) اشارہ یا اطلاع بھیجنے کا سامان ؛ تار برقی ؛ تلغراف - (۲) = " *semaphore* " - (۳) اخباروں کے نام کا جز جیسے (وغیرہ *Daily T.*) -

t.- board : وہ تختہ جس پر گھڑ دوڑ میں دوڑنے والے گھوڑوں کے نام یا کرکٹ کا اسکور وغیرہ درج ہوتا ہے تاکہ دیکھنے والوں کو دور سے نظر آ سکے -

t.- key : تار جوڑ ؛ وہ پرزہ جس سے برقی رو کے " *circuit* " کو جوڑتے اور توڑتے ہیں -

t.- line, (*-wire*) : سلسلۂ تار برقی -

t.-plant : تار پودہ ؛ جزائر شرق الہند میں ایک قسم کا پودا جس کے پتوں میں خود بخود تار برقی کی طرح جنبش ہوتی ہے -

t. pole, or t.-post : تار کا کھمبا -

t.-wire : تار -

Telegraph, *v. t. & i.* : (۱) تار دینا ؛ تار برقی سے اطلاع یا پیام بھیجنا (*t. the news to your father*) - (۲) (کسی طریقے سے) اشارہ کرنا (کسی کو یا کسی کام کے لیے) -

Telegrapher, *n.* (or te.-) : تار برقی کا ماہر ؛ تار بھیجنے والا یا سررشتۂ تار برقی کا ملازم ؛ تار بابو -

telegraphist, *n.* : (۱) تار برقی کا ماہر - (۲) تار بابو -

Telegraphese, *n. & a.* : (۱) تار کی زبان ؛ حد سے زیادہ مختصر اور محذوفات سے پر عبارت - (۲) تار کی زبان میں لکھا ہوا ؛ بے حد مختصر -

Telegraphic, *a.* : (۱) تار کا ؛ تار سے متعلق ؛ تلغرافی - (۲) جو تار کی زبان میں ہو ؛ بے حد مختصر -

t. address : تار کا پتہ ؛ خصوصاً وہ مختصر پتہ جو رجسٹری کرا لیا گیا ہو -

telegraphically, *adv.* : (۱) تار کی زبان میں ؛ بے حد اختصار سے - (۲) تار کے ذریعے ؛ تار پر -

Telegraphy, *n.* : تلغرافی ؛ تار برقی (کا فن یا صنعت) -

wireless t. : بے تار کی تار برقی ؛ لاسلکی -

Telekinesis, *n.* : (نفسیات) کسی محرک کے ذریعے دور کی چیز میں بغیر کسی مادی واسطے کے حرکت پیدا ہونے کی کیفیت ؛ حرکت بعید -

Telemark, *n.* : برف پر دوڑنے کے کھیل میں ایک استادانہ جھونٹا یا گھماؤ ؛ ٹلمارکہ -

Telemechanics, *n. pl.* : لاسلکی مکانک ؛ لاسلکی حرکیات ؛ لاسلکی کے ذریعے فاصلے پر مشین چلانے کا فن -

Teleology, *n.* : غایتیت ؛ فلسفۂ غایات ؛ یہ نظریہ کہ کائنات کے تمام تغیرات کسی غایت یا مقصد سے واقع ہوتے ہیں -

teleologic (al), *aa.* : فلسفۂ غایات کا یا اس سے متعلق ؛ غایاتی -

teleologically, *adv.* : فلسفۂ غایات کی رو سے ؛ غایاتی اعتبار سے -

teleologism, *n.* : غایتیت ؛ عقیدۂ غایات -

teleologist, *n.* : غایتیت پسند ؛ فلسفۂ غایات کا پیرو یا عالم -

Teleosaurus, *n.* : گھڑیال کی ایک قسم جس کے نمونے متحجر صورت میں پائے جاتے ہیں ؛ تلیوسورس -

Telepathy, *n.* : اشراق ؛ ایک قلب کا اثر دوسرے قلب پر بلا کسی مادی واسطے کے ؛ تعلق یا تکلم روحانی -

telepathic, *a.* : اشراقی ؛ اشراق کا -

telepathically, *adv.* : اشراق کے ذریعے سے -

telepathist, *n.* : اشراقی ؛ اشراق کا ماہر ؛ اشراق کا قائل -

telepathize, *v. t. & i.* : (۱) اشراق سے اثر ڈالنا - (۲) اشراق کا عمل کرنا ؛ اشراق کے ذریعے سے مبادلۂ خیالات کرنا -

Telephone, *n. & v. t. & i.* : (۱) ٹیلیفون - (۲) ٹیلیفون کرنا یا دینا ؛ ٹیلیفون سے گفتگو کرنا ؛ ٹیلیفون سے بھیجنا (پیام ، خبر) -

telephonic, *a.* : ٹیلیفون کا یا اس سے متعلق -

telephonically, *adv.* : ٹیلیفون سے -

telephonist, *n.* : ٹیلیفون بابو ؛ وہ شخص جو ٹیلیفون کرنے پر ملازم ہو -

telephony, *n.* : ٹیلیفون سے گفتگو کرنے کا عمل یا طریقہ -

Telephotography, *n.* : دوربین کی مدد سے فاصلے سے تصویر کھینچنے کا طریقہ ؛ دور عکسی فوٹو گرافی -

telephotographic, *a.* : اس طریقے کی مصوری کا یا اس سے متعلق ؛ دور سے کھینچا ہوا (فوٹو) ؛ دور عکسی -

Telergy, *n.* : (نفسیات) قوت جو اشراق کے عمل میں دماغ پر اثر ڈالتی ہو -

Telescope, *n. & v. t. & i.* : (۱) دوربین - (۲) (ریل کے تصادم کا) ایک (ڈبے) کو دوسرے میں گھسا دینا ؛ ایک (نلکی وغیرہ) کو دوسری میں پہنا دینا یا بٹھا دینا - (۳) ایک دوسرے میں گھس جانا یا بیٹھ جانا ؛ (دو نلکیوں کی طرح) ایک کا دوسرے میں داخل ہوسکنا یا بیٹھ سکنا -

telescopist, *n.* : دوربین (کے استعمال کا) کا ماہر -

telescopy, *n.* : علم دوربین ؛ دوربین کی ساخت یا اس کے استعمال کا علم -

Telescopic, *a.* : (۱) دوربین کا یا اس کے متعلق - (۲) جو صرف دوربین سے نظر آ سکے ؛ دوربینی (*t. stars*) - (۳) جس کا ایک حصہ دوربین کی نلکیوں کی طرح دوسرے کے اندر [illegible] ہو ؛ دوربین کی سی ساخت کا [*t. Chimney (of steamer)*]

t. observations : دوربین کے مشاہدات -

telescopiform, *a.* : دوربین کی شکل کا -

telescopically, *adv* : بذریعہ دوربین ؛ دوربین کے عمل کے طریقے پر -

Teleseme, *n.* : ٹیلیسیم ؛ اشارۂ برقی ؛ بجلی سے اشارات یا اطلاع دینے کا طریقہ جو ہوٹلوں میں رائج ہے -

Television, *n.* : غائب بینی ؛ مشاہدۂ غائب ؛ لاسلکی کے ذریعے ان واقعات یا اشیا کا مشاہدہ کرنا جو فاصلے یا حجاب

کی وجہ سے آنکھوں سے اوجھل ھیں -

televize, *v. t.* : لاسلکی کے ذریعے سے بھیجنا -

televizor, *n.* : (*J. L. Baird* کا بنایا ہوا) آلۂ غائب بین -

Tell, *v. t. & i. (told)* : (۱) کہنا ؛ بیان کرنا (زبان سے یا تحریراً) - (۲) بتانا ؛ اظہار کرنا (*t. me w'at you want,*) - (۳) بولنا (سچ ' جھوٹ) - (۴) (*will t. you a secret*) حکم دینا ؛ ہدایت کرنا ؛ کہنا (*t. the butler to bring the wine*) - (۵) تفصیل سے کہنا ؛ وضاحت کرنا؛ ظاہر کرنا - (۶) (قطعی طور پر) بتا سکنا ؛ فیصلہ کرسکنا (*how do you t. which button to press?*) - (۷) تمیز یا شناخت کرسکنا (*cannot t. them apart, him from his brother*) - (۸) وثوق سے کہنا؛ یقین دلانا (*I can t. you it is not so easy*) - (۹) کار گر ہونا ؛ نمایاں اثر کرنا ؛ اپنا اثر دکھانا (*every blow tells, strain begins to t. on him*) - (۱۰) گننا ؛ شمار کرنا ؛ خصوصاً رائے شماری کرنا (دارالعوام میں) (*we were 15 men all told, tells over his gold every night*) -

don't t. on me : (بچوں کی زبان) میری چغلی نہ کھانا ؛ میری مخبری یا شکایت نہ کرنا -

t. a story : جھوٹ بولنا -

t. fortunes : دیکھو Fortune -

t. it not in Gath : (کہاوت) (مزاحاً) یہ خبر دشمن تک نہ پہنچنے دو کہ وہ سن کر خوش ہو -

t. that to the (horse-) marines : دیکھو Horse -

t. off : (۱) مامور کرنا ؛ مقرر کرنا(کسی کام پر)- (۲) (عامیانہ) قلعی کھولنا ؛ کھری کھری سنانا -

t. one's beads : دیکھو Bead -

t. person goodbye : (امریکا) خدا حافظ کہنا؛ رخصت ہونا -

t. tale : دیکھو Tale -

t. the tale : (عامیانہ) مصیبت کا قصہ گھڑ کر بیان کرنا کہ لوگ سن کر ترس کھائیں -

t. the world : (امریکا) کھلے بندوں کہنا ؛ ڈنکے کی چوٹ کہنا -

that tells a t. : یہ پر معنی بات ھے ؛ یہ کچھ معنی رکھتا ھے -

you never can t. : ظاھری حالات کی بنا پر حکم نہیں لگانا چاھیئے ؛ ظاھری حالات سے اکثر غلط اندازہ ہوتا ھے

tellable, *a.* : قابل بیان ؛ جو کہا جاسکے -

telling, *a.* : (۱) موثر ؛ کار گر ؛ کاری - (۲) نمایاں -

tellingly, *adv.* : (۱) کار گر طور پر ؛ موثر طور پر - (۲) نمایاں طور پر -

Teller, *n.* : (۱)مذکورۂ بالا فعل کا فاعل جملہ معنی میں - (۲) خصوصاً رائےشمار (مختلف پارٹیوں کے ان دو دو اشخاص میں سے جو دارالعوام میں رائیں شمار کرنے کی غرض سے مقرر ہوتے ھیں کوئی شخص) - (۳) زر شمار ' جو ساھوکاروں کی کوٹھیوں یا بنکوں میں روپیہ دینے یا لینے پر مقرر ہوتا ھے -

tellership, *n.* : رائے شماری کی خدمت یا کام نیز زر شماری کی خدمت -

Telltale, *n.* : (۱) چغل خور ؛ بدگو ؛ غماز ؛ لترا - (۲) (مجازاً) کوئی ایسی چیز یا موقع جس سے بھید یا حال ظاہر ہوجائے ؛ غماز ؛ بھید کھول دینے والا (*t. blushes, face,*) - (۳) کھٹکا ' گھنٹی یا کوئی اور آلہ جس سے مقررہ وقت پر لوگوں کی حاضری کا اندراج یا علم ہوجاتا ھے ؛ حاضر شمار - (۴) حوض بھر جانے کی خبر دینے والی گھنٹی یا آلہ ؛ پن گجر (ج) (*the t. clay on his shoes,*) - (۵) (جہازی) ایک آلہ جو پہیے کے دستے کے قریب لگا ہوتا ھے اور جہاز کا رخ بتاتا ھے ؛ رخ نما (*t. compass*) -

Tellurian, *a.* : کرۂ ارض کا (باشندہ) ؛ ارضی -

tellural, *a.* : ارضی ؛ ساکنان ارض کا -

Tellurion, *n.* : ایک آلہ جس سے زمین کی حرکت دن رات اور موسموں کے تغیرات دکھائے جاتے ھیں ؛ ارض نما -

Tellurium, *n.* : ٹلوریم؛ ارضین (ج) ؛ ایک کمیاب عنصر جو سیلنیم اور گندھک سے مشابہ چمک دار نقرئی رنگ کا ہوتا ھے -

tellurate, *n.* : ارضین کے ترشے ؛ (ٹلورک ایسِڈ) کا نمک -

telluret, telluride, *nn.* : ارضین (ٹلوریم) کا مرکب -

telluretted, *a.* : ارضین آمیختہ ؛ جس میں ٹلوریم کا جز شامل ہو -

telluric, *a.* : ارضینی ؛ ٹلوریم کا -

tellurous, *a.* : ارضین آمیختہ -

Telotype, *n.* : (۱) تار برقی کا آلہ جس میں تار کا مضمون خود بخود چھپ جاتا ھے ؛ ٹیلو ٹائیپ ؛ تار چھاپ مشین - (۲) تار جو اس آلہ سے چھپا ہو ؛ چھاپا تار ؛ ٹیلو ٹائپ کا تار -

Telpher, *a.* : جس میں بذریعہ قوت برقی حمل و نقل ہو؛ برقی ؛ بجلی کی (ریل وغیرہ) -

t. line : بجلی کی (ریلوے) لائن -

telpherage, *n.* : (۱) برقی بار برداری - (۲) برقی باربرداری کا سامان -

Telson, *n.* : حیوانات قشریہ کے شکم کا آخری جوڑ ؛ موخر -

Temenos, *(pl.-ne), n.* : (قدیم) یونانی مندر کا احاطہ ؛ حرم -

Temerarious, *a.* : (صرف ادبی تحریر میں) بیباک ؛ جانباز ؛ سرفروش ؛ بیباکانہ ؛ سرفروشانہ -

Temerity, *n.* : بیباکی ؛ تہور؛ جان بازی -

temp, abbr. : (لاطینی " *tempore* " کا مخفف عموماً خوش طبعی سے علمیت دکھانے کے موقع پر استعمال ہوتا ھے) بعہد ؛ عہد میں ؛ زمانے میں (*t.Henry I*) -

Tempean, *(or te-), a.* : تھسلی کی وادئی ٹیمپی کا یا اس سے منسوب ؛ ٹیمپوی ؛ جس کے مناظر کو یونانی اور لاطینی شعرا نے خوب خوب سراھا ھے -

Temper, *v. t. & i.* : (۱) متھنا ؛ گوندھ لینا (مٹی وغیرہ کو بھگو کر)- (۲) (دھات خصوصاً فولاد کو) تیار کرنا ؛ پختہ کرنا ؛ اعتدال پر لانا (بار بار گرم و سرد کر کے تاکہ حسب ضرورت سخت اور لچک دار ہوجائے) - (۳) تیار ہو جانا؛ پختہ ہوجانا؛اعتدال پر آنا - (۴) معتدل بنانا ؛ نرم یا ملائم کرنا ؛ امتزاج کرنا (*t. justice with mercy*) - (۵) کم کرنا ؛ دھیما کرنا (شدت تیزی وغیرہ کو) -(۶) (موسیقی) سرٹھیک کرنا (پیانو وغیرہ کا)-

temperable, *a.* : اعتدال پذیر ؛ قابل امتزاج -

temperative, *a.* : اعتدالی؛ جو اعتدال پیدا کرے؛ امتزاجی-

temperer, *n.* : (۱) مذکورۂ بالا افعال کا فاعل - (۲) وہ مشین جس سے کمہار مٹی کو گوندھتے ہیں ؛ آلۂ تخمیر -

Temper, *n.* : (۱) مرکب (خصوصاً چونے وغیرہ کا) ؛ (مناسب مقدار میں) گارا ؛ ریختہ - (۲) صحیح ترکیب یا امتزاج - (۳) پختگی اور لچک (دھات خصوصاً فولاد کی) - (۴) مزاج ؛ مزاجی کیفیت - (۵) بد مزاجی ؛ غصہ -

fit of t. : غصے کا دورہ یا شدت -

found him in a good t. : اسے خوش یا خوش مزاجی کی حالت میں پایا -

found in a bad t. : خفا یا بد مزاجی کی حالت میں پایا -

keep, control, t. : غصے کو قابو میں رکھنا ؛ غصے کو روکنا -

lose one's t. : غصہ آجانا ؛ برہم ہوجانا -

out of t. : آشفتہ ؛ برہم ؛ چڑیا ہوا -

show t. : خفا ہونا ؛ بد مزاجی دکھانا -

-tempered, *a.* : (اچھے ، برے ، معتدل وغیرہ) مزاج کا -

-temperedly, *adv.* : (خوش یا بد) مزاجی سے -

Tempera, *n.* : دیکھو Distemper -

Temperament, *n.* : (۱) (طبیعت کی) افتاد ؛ مزاج - (۲) (موسیقی) پیانو وغیرہ باجوں کے سروں کی درستی ؛ سر ملانا یا ٹھیک کرنا خصوصاً اس طرح کہ بارہ سرتیاں برابر فاصلے پر ہوں (equal or even t.)

artistic t. : شاعرانہ مزاج -

choleric or bilious t. : صفراوی مزاج -

lymphatic or phlegmatic t. : بلغمی مزاج -

melancholic or atrabilious t. : سوداوی مزاج -

nervous t. : عصبی مزاج -

sanguine t. : دموی مزاج -

temperamental, *a.* : (۱) مزاجی ؛ مزاج کے متعلق - (۲) جس کے مزاج کا رنگ جلد جلد بدلتا ہو ؛ متلون (مزاج) ؛ تنک مزاج -

Temperance, *n.* : (۱) اعتدال (خصوصاً کھانے پینے میں) ؛ ضبط (گفتگو ، عمل وغیرہ میں) - (۲) (شراب خواری میں) اعتدال ، (یا اس سے کلی) اجتناب -

t. hotel : وہ طعام خانہ جس میں شراب نہ دی جاتی ہو -

t. movement society : تحریک یا انجمن ترک شراب خواری -

Temperate (-at), *a.* : (۱) اعتدال پسند (خصوصاً کھانے پینے میں) ؛ ضابط ؛ پرہیز گار ؛ اعتدال پسندانہ - (۲) معتدل (موسم کے لحاظ سے) -

t. zone : منطقۂ معتدلہ (جو منطقۂ حارہ و باردہ کے درمیان ہے) -

temperately, *adv.* : اعتدال سے -

temperateness, *n.* : اعتدال پسندی ؛ اعتدال ؛ معتدلیت -

Temperature, *n.* (-tsher, -tur) : (۱) درجۂ حرارت (جو تپش پیما سے معلوم ہو) - (۲) (طب) حرارت (جسمانی) ؛ درجۂ حرارت -

absolute zero of t. : دیکھو Zero -

high, low t. : زیادہ یا کم تپش -

normal t. : حرارت طبعی ؛ معتدل حرارت جو تندرست آدمی کے جسم میں ہوتی ہے ۴/۱۰ ۹۸ -

t. curve : خط حرارت ؛ منحنی حرارت ؛ جس سے حرارت کا اتار چڑھاو معلوم ہوتا ہے -

Tempest, *n.* : (۱) طوفان (آندھی جس کے ساتھ اکثر بارش اور برف باری ہوتی ہے) ؛ برف و باران ؛ باد و باران - (۲) (مجازاً) ہنگامہ ؛ ہل چل ؛ طوفان -

Tempestuous, *a.* : (۱) طوفانی ؛ طوفان خیز (موسم) - (۲) ہنگامہ خیز ؛ پر آشوب (زمانہ) - (۳) تند مزاج (شخص) ؛ شدید ؛ تند (جذبہ وغیرہ) ؛ سخت برھمی ؛ آشفتگی یا بے چینی کی (کیفیت) -

tempestuously, *adv.* : (۱) طوفان کی طرح - (۲) تندی سے ؛ بے چینی یا آشفتگی سے -

tempestuousness, *n.* : طوفان خیزی ؛ ہنگامہ خیزی ؛ تندی ؛ آشفتگی ؛ بے چینی -

Templar, *n.* : (۱) ٹمپلر ؛ ان بانکوں کی جماعت (Knights T.) کا کوئی شخص جو محاربات صلیبیہ کے زمانے میں مسلمانوں سے لڑتے اور مسیحی مقامات مقدسہ کی حفاظت کے لیے اپنی زندگی وقف کرتے تھے - (۲) قانون کا طالب علم یا وکیل وغیرہ جو لندن کی مشہور عمارت ٹمپل (the T.) میں رہتا ہو یا کام کرتا ہو -

Free, Good, Tt. : ترک شراب خواری کی خفیہ انجمنیں -

Template, دیکھو Templet -

Template, *n.* : (۱) معبد ؛ مندر ؛ ہیکل (خصوصاً قدیم مصر یونان وغیرہ کی) ؛ دیول ؛ شوالہ - (۲) یہود کے تین مشہور معابد واقع بیت المقدس میں سے کوئی معبد خصوصاً مسجد اقصیٰ - (۳) کلیسا ؛ دیر (خصوصاً فرانس کے پروٹسٹنٹ فرقے کا) - (۴) (مجازاً) خدا کا گھر ؛ خانۂ خدا -

Inner, Middle, T. : لندن کی چار قانونی انجمنوں میں سے دو انجمنیں جن کے سوا کسی ادارے کو بیرسٹری کی سند دینے کا اختیار نہیں ہے -

Temple Bar : ٹیمپل بار ؛ شہر لندن کا مغربی دروازہ جو سنہ ۱۸۷۹ء تک اس کی بلدیہ کی مغربی حد سمجھا جاتا تھا اور سنہ مذکور میں ہٹا دیا گیا -

Temple, *n.* : کنپٹی -

Temple, *n.* : کرگھے کی ایک کل جس سے کپڑا کھنچا رہتا ہے اور اس میں شکن نہیں پڑنے پاتی ؛ شکنجی -

Templet, -ate, *n.* : (۱) (معماروں کا) نمونے کا تختہ جس کو سامنے رکھ کر پتھر وغیرہ تراشتے ہیں - (۲) سہارا ؛ لکڑی یا پتھر کا ٹکڑا جو دیوار کا وزن تقسیم کرنے کی غرض سے شہتیر کے نیچے لگاتے ہیں - (۳) پچر جو جہاز کے پیندے اور اس کندے کے درمیان لگادیتے ہیں جس پر رکھ کر جہاز بنایا جاتا ہے - (۴) دیکھو "Temple" -

Tempo, *n.* : (۱) (موسیقی) رفتار - (۲) حرکت کا طرز ؛ چال -

Temporal, *a.* & *n.* : (۱) دنیوی (اخروی کے مقابلے میں) - (۲) زمانی ؛ زمنی ؛ زمانہ ظاہر کرنے والا یا اس سے متعلق (*t. & spatial*) - (۳) (یونانی صرف و نحو) مد ؛ اعراب زائد (*t. augment*) - (۴) کنپٹی کا ؛ صدغی - (۵) (اسم) کنپٹی کی ہڈی ؛ عظم صدغی -

t. artery : کنپٹی کی شہ رگ ؛ شریان صدغی -

t. bone : کنپٹی کی هڈی ؛ عظم صدغی ؛ استخوان صدغی -

t. conjunctions : عطف زمانی -

t. lords : (انگلستان میں) ملکی امرا (سائی کلیسا کے مقابلے میں) -

t. power : دنیوی اقتدار (پاپا یا اهل کلیسا کا) -

temporally, *adv.* : دنیوی طور پر ؛ دنیوی حیثیت سے -

temporalness, *n.* : دنیویت -

Temporality, *n.* : (۱) دنیوی املاک ؛ خصوصاً کلیسا یا مذهبی اداروں کی املاک ؛ اوقات ؛ معانیات (عموماً صیغۂ جمع میں) - (۲) (قانون) عارضی هونا ؛ وقتیت -

Temporalty, *n.* : (۱) دنیا دار لوگ ؛ غیر کلیسائی جماعت ؛ عوام (اهل کلیسا یا علمائے دین کے مقابلے میں) - (۲) اوقات ؛ معانیات (کلیسا یا مذهبی اداروں کی) -

Temporary, *a.* : -(*t. buildings, relief*) هنگامی ؛ وقتی ؛ عارضی

temporarily, *adv.* : عارضی طورپر ؛ وقتیہ -

temporariness, *n.* : عارضیت ؛ وقتیت ؛ هنگامی یا چندروزہ هونا -

Temporize, *v. i.* : (۱) ابن الوقت هونا ؛ جیسا موقع دیکھنا ویسا رنگ اختیار کرنا - (۲) دفع الوقتی کرنا ؛ ٹالنا (تاکہ آئندہ فرصت سے فیصلہ کیا جا سکے) - (۳) (کسی نہ کسی طرح) کام نکالنا یا چلالینا ؛ عارضی طور پر کوئی بندوبست کرلینا -

temporization, *n.* : (۱) ابن الوقتی - (۲) دفع الوقتی ؛ ٹال مٹول - (۳) عارضی بندوبست ؛ کام چلانا -

temporizer, *n.* : (۱) ابن الوقت - (۲) دفع الوقتی کرنے والا وغیرہ -

temporizingly, *adv.* : (۱) ابن الوقت بن کر - (۲) دفع الوقتی کے طاریق پر - (۳) کام چلانے کے لیے ؛ عارضی طور پر -

Temporo-, in comb. : جزو ترکیبی بمعنی کنپٹی ؛ صدغ -

-facial : چہرے اور کنپٹی کا -

Tempt, *v. t.* : (۱) (قدیم ؛ توراتی) آزمانا ؛ عزم ؛ عقیدے کا امتحان کرنا ؛ ابتلا میں ڈالنا -(*God did t. Abraham*) (۲) تحریص یا ترغیب دینا ؛ اکسانا ؛ ابھارنا (کسی کام خصوصاً برائی پر) -(۳) لبھانا ؛ رغبت دلانا ؛ (قدیم توراتی) غصہ دلانا ؛ ٹوکنا (*shall not t. the Lord;*) -

I am tempted to question this: بے اختیار اعتراض کرنے کو جی چاهتا ھے -

temptingly, *adv.* : لبھاتے هوئے ؛ رغبت دلاتے هوئے -

temptability, *n.* : تحریص پذیری ؛ ترغیب پذیری -

temptable, *a.* : تحریص پذیر ؛ ترغیب پذیر -

Temptation, *n.* : (۱) ترغیب ؛ تحریص - (۲) وہ شے جس سے ترغیب هوتی هو ؛ وجہ ترغیب ؛ وجہ رغبت ؛ دلکش یا دلفریب چیز - (۳) وہ چیز جو برے کام پر ابھارتی ھے ؛ وجہ تحریص ؛ حرص کا پھندا -

Tempter, *n.* : (۱) ترغیب یا تحریص دینے والا ؛ لالچ دینے والا - (۲) شیطان ؛ ابلیس (*The T.*) -

temptress, *n.* : وہ عورت جو لوگوں کو برے کام پر اکساتی هو یا لگاوٹ کی باتوں سے اپنے دام محبت میں گرفتار کرتی هو ؛ بہکانے والی یا لگاوٹ باز عورت -

Ten, *a. & n.* : (۱) دس- (۲) (غیر معین مدد کے طور پر کثرت کے معنی میں) متعدد؛ کئی -(*ten times as easy* (کئی درجے آسان)

hart of t.: دیکھو - Hart

t.-penny nail : دیکھو - Penny

t.-pounder : (تاریخ انگلستان) وہ مالگزار جو دس اشرفی یا زیادہ لگان دینے کی وجہ سے پارلیمنٹ کے انتخابات میں رائے دینے کا مجاز تھا -

ten to one he forgets it : دس کا یقین (اس کا) ھے کہ وہ بھول جائے گا -

upper t. : دیکھو - Upper

tenfold, *a. & adv.* : دس گنا ؛ دہ چند -

tenth, *a. & n.* : دسواں ؛ دهم -

tenthly, *adv.* : دسویں -

Tenable, *a.* : (۱) جسے حملے سے بچایا جاسکے ؛ قابل مدافعت ؛ مستحکم (قلعہ مورچہ وغیرہ) -(*t. position, theory*) (۲) بظاهر معقول ؛ قرین عقل (نظریہ ، دلیل وغیرہ) - (۳) موقت ؛ ایک خاص میعاد تک رهنےوالا یا ملنے والا (عهدہ ، وظیفہ وغیرہ)؛ جوایک شخص کے پاس ایک خاص میعادتک رہ سکے -(*t. for ten years*)

tenability, tenableness, *nn.* : (۱) قابل مدافعت هونا ؛ استحکام - (۲) معقولیت -

Tenace (-is) *n.* : (۱) (تاش کے کھیل "*whist*" میں) کسی رنگ کے دوپتے جن میں سے ایک حریف کے اس رنگ کے سب سے بڑے پتے سے اگلا اور دوسرا اس سے پچھلا هو ؛ اگلے پچھلے پتوں کا جوڑا - (۲) کسی کھلاڑی کے پاس یہ جوڑا هونا -

major, minor t. : ان جوڑوں کی مختلف قسمیں جن کی نوعیت غیر معین ھے -

Tenacious (-shus) *a.* : (۱) مضبوطی سے پکڑ رکھنے والا ؛ محکم گیر ؛ محکم ؛ سخت (گرفت وغیرہ) - (۲) مضبوطی سے قایم ؛ جما هوا (املاک، حقوق یا اصول پر)؛ کٹر؛ پکا (عقاید وغیرہ میں)- (۳) (حافظے کے لیے) قوی ، گیرا ؛ ماسک - (۴) چپکنا ؛ چپکنے والا ؛ چسپندہ - (۵) جس کے مختلف اجزا باهم پیوست هوں ؛ ملتصق ؛ پیوستہ -

tenaciously, *adv.* : سختی سے؛ مضبوطی سے-

tenaciousness, tenacity, *nn.* : محکم گیری ؛ مضبوطی؛ کٹرپن ؛ گیرائی ؛ ماسکیت ؛ چسپندگی ؛ پیوستگی -

Tenaculum, *n.* (pl.-la) : سرجنوں کا باریک دهارکا آنکڑا جس سے رگیں وغیرہ پکڑ کر اٹھاتے هیں ؛ رگ گیر -

Tenail, -aille, (-al) *n.*: (قلعہ بندی) دمدمہ ؛ مورچہ جو دو برجوں کے درمیان بڑی خندق کے کنارے بنا دیتے هیں ؛ پیش مورچہ -

Tenant, *n. & v. t.* : (۱) کرایہ دار ؛ لگان دار ؛ اسامی جو کرائے سے دوسرے کے مکان یا زمین سے کام لیتا ھے - (۲) (قانون) قابض ؛ متصرف (غیر منقولہ جائداد پر خواہ ملکیت سے یا کرائے سے عارضی یا دائمی طور پر) - (۳) (غیر منقولہ جائداد کے مقدمے میں) اصلی مدعا علیہ - (۴) (فعل) لگان دار یا کرایہ دار یا اسامی کی حیثیت سے رهنا (مکان میں)؛ جوتنا (زمین) ؛ قابض هونا (جائداد پر) -

t. farmer: کاشتکار ؛ مزارع -

t. right: کرایہ دار یا لگان دار کا دوامی حق (کہ جب تک لگان ادا کرتا رهے بے دخل نہیں کیا جائے گا اور اگر کیا جائے تو

اسے ہرجانہ ملے گا) -

tenancy, n.: (۱) کرایہ داری؛ لگان داری- (۲) کرایہ داری وغیرہ کی میعاد - (۳) مکان؛ جائداد وغیرہ جو کرائے پر ہو -

tenantless, a.: بے کرایہ دار؛ جس میں کوئی کرایہ دار یا پٹہ دار نہ ہو؛ خالی -

Tenantable, a.: قابل کرایہ؛ اٹھانے کے قابل (کرایہ یا لگان پر) -

Tenantry, n.: لگان داران؛ کرایہ داران؛ اسامی (صیغہ جمع میں) ؛ رعایا -

Tench, n.: کارپ کے قسم کی چھوٹی مچھلی جو ممالک یورپ کے ندی نالوں میں ہوتی ہے؛ ولایتی منگھاڑا مچھلی -

Tend, v. i.: (۱) (کسی طرف کو) مائل ہونا؛ جھکنا؛ ڈھلنا؛ جھکاو ہونا؛ میلان ہونا؛ رخ ہونا (لغوی اور مجازی دونوں معنی میں) (*tends in our direction, downwards, this way, to the same conclusion*) - (۲) صلاحیت ہونا؛ مادہ ہونا - (۳) باعث ہونا (*much smoking tends to injure the voice*) -

Tend, v. t. & i.: (۱) خبر گیری کرنا؛ تیمار داری کرنا (بیمار کی)؛ نگہبانی کرنا ؛ رکھوالی کرنا (گلے کی)؛ دیکھ بھال کرنا (کل وغیرہ کی) - (۲) خدمت کرنا ؛ کام کاج کرنا - (۳) لنگر کے رسے کی دیکھ بھال کرنا (کہ اس میں بل نہ پڑجائیں) -

tendance, n.: (قدیم) (۱) دیکھ بھال - (۲) احتیاط؛ توجہ؛ خبر گیری -

Tendency, n.: میلان (کسی شے یا کام کرنے کی طرف) ؛ رجحان -

Tendentious, a.: (تحریر وغیرہ کے متعلق) جو خاص مقصد ' خیال یا تحریک کی تائید یا تردید میں ہو؛ تابع مقصد؛ مبنی برمقصد-

Tender, n.: (۱) " *Tend* " کا فاعل - (۲) چھوٹی کشتی جو جہاز کے ساتھ خوراک لانے یا پیام لے جانے کے لیے ہوتی ہے ؛ ہرکاری کشتی - (۳) انجن کے ساتھ کی گاڑی یا خانہ جس میں اس کا ایندھن اور پانی وغیرہ بھرا ہوتا ہے؛ انجن کوٹھی؛ ایندھن گاڑی - (۴) کونچی میں چھوٹا سا خانہ جس میں پانی بھرا ہوتا ہے -

Tender, v. t. & i. & n.: (۱) پیش کرنا (*one's service, resignation, &c.*) - (۲) (رقم) ادا کرنا - (۳) ٹھیکے دار کا تخمینہ دینا ' پیش کرنا (کسی کام کے مصارف یا مال کی قیمت کا) - (۴) کوئی چیز جو پیش کی جائے ؛ ٹھیکے کا تخمینہ - (۵) رقم جو قرض کی ادائگی کے لیے دی جائے ؛ چکوتی کی رقم -

legal t.: زر قانونی جسے قانون زر رائج الوقت تسلیم کرتا ہے اور جس سے قرض ادا کیا جائے تو قرض خواہ اس کے لینے سے انکار نہیں کرسکتا -

plea of t.: (قانون) اقرار ادائگی کی درخواست مدعی علیہ کی طرف سے جواب دعوی میں کہ وہ مطالبہ ادا کرنے پر آمادہ تھا اور اب عدالت میں رقم پیش کرتا ہے -

Tender, a. (- est): (۱) نرم؛ ملائم ؛ جس میں سختی نہ ہو - (۲) نازک ؛ جسے جلد صدمہ یا رنج پہنچ جائے؛ دکھتا ہوا (جسم کا حصہ) - (*t. heart, conscience.*) - (۳) کمزور؛ نا استوار ؛ کاچو بھو جو ؛ نازک (لغوی اور مجازی دونوں معنی میں) - (۴) شفیق؛ چاہنے والا؛ محبت بھرا ؛ محبت آمیز (*t. parents, wrote t. verses*) - (۵) ہر وقت خیال رکھنے والا (عزت ' نیک نامی وغیرہ کا) - (۶) بہت محتاط ؛ پھونک پھونک کر قدم رکھنے والا (کہ کہیں لغزش نہ ہو جائے) - (۷) جس میں بہت احتیاط کی ضرورت ہو ؛ نازک (معاملہ وغیرہ) (*a t. subject*) -

of t. age: کم سن -

t. - eyed: (۱) محبت بھری آنکھ والا - (۲) ضعیف البصر-

tenderfoot: (نو آبادیوں اور امریکا کی عامیانہ اصطلاح میں) نو وارد ؛ نیا آدمی؛ نا تجربہ کار آدمی -

tenderloin : (۱) نیم ران ؛ ران کا نچلا حصہ ؛ گاے کے پٹھے کا گوشت جو ہڈی کے نیچے ہو - (۲) (*T.*) (امریکہ) نیو یارک یا دوسرے شہروں کی عیش گاہ ؛ وہ محلے یا مقامات جہاں عیش و تفنن کے سامان ہوں -

t. reputation: نا استوار شہرت -

t. -hearted: نرم دل؛ رقیق القلب -

t. -heartedly, adv.: نرم دلی سے؛ شفقت سے-

t. -heartedness, n.: رحم دلی ؛ رقیق القلبی -

tenderly, adv.: نرمی سے؛ نازک طور پر؛ ملائمت کے ساتھ ؛ محبت کے ساتھ ؛ نہایت احتیاط سے -

tenderness, n.: (۱) ملائمت؛ نرمی؛ نزاکت - (۲) دکھتا ہونا؛ دکھن - (۳) رحم دلی؛ رقیق القلبی - (۴) شفقت؛ محبت - (۵) محتاط ہونا (اخلاقی معاملات میں)-

Tendon, n.: وتر؛ وہ نس جو پٹھوں کے سرے پر ہوتی ہے یا ایک کو دوسرے سے جوڑتی ہے -

Achilles t. : ایڑی کی نس (یونانی سورما "*Achilles*" کی طرف منسوب ہے اس لیے کہ اس کے جسم میں اس نس کے سوا کسی جگہ ہتیار اثر نہیں کرتا تھا)-

tendinous, a.: وتری؛ وترکا ؛ وتر نما -

Tendril, n.: درخت کا سوت یا تاژھی جس کے سہارے سے وہ دوسرے درخت سے مل جاے؛ جھتلا-

tendrilled, a.: ذو جھتلا؛ سوت دار -

Tenebrae, n. pl. : مسیحی ہفتۂ مقدسہ کے آخری تین روز کی صبح تڑکے اور آدھی رات کی مناجاتیں جن میں شمعیں گل کرنے کی رسم ادا ہوتی ہے ؛ اندھیرے کی مناجاتیں -

Tenebrific, a.: ظلمت گر -

t. stars: شب آور تارے؛ وہ تارے جن کی نسبت خیال ہے کہ ان کے نکلنے سے رات ہوتی ہے -

Tenebrous, a.: (قدیم) تاریک ؛ اندھیرا -

Tenement, n.: (۱) اراضی جو مالک کے پاس ہو - (۲) (قانون) لگان یا کرایہ کی جائداد غیر منقولہ (مثلاً مکان ' اراضی وغیرہ) ؛ جاگیر ؛ امرا کا منصب یا خطاب - (۳) مکان مسکونہ ؛ گھر - (۴) مکان کا ایک حصہ جس میں ایک کنبہ رہ سکے ؛ دیوڑھا ؛ چال -

tenemental, a.: (۱) لگان یا کرائے کی جائداد کے متعلق؛ جاگیری- (۲) سکونتی ؛ مکان مسکونہ کے متعلق - (۳) لگان یا کرایہ کا -

tenementary, a.: (۱) لگان یا کرائے کی جائداد کے متعلق ؛ جاگیری- (۲) جو لگان یا کرائے پر دیا جائے؛ لگان یا کرائے کا - (۳) (۱) لگان داری یا کرائے داری کا (حق وغیرہ) -

Tenesmus, *n.* : (۱) زحارت ؛ آنتوں کی کمزوری جس کی وجہ سے بار بار پا خانے کی حاجت سوزش کے ساتھہ ہوتی ھے - (۲) سلسل بول ؛ مثانے کی خرابی جس کی وجہ سے بار بار پیشاب کی حاجت سوزش کے ساتھہ ہوتی ھے -

Tenet, *n.* : عقیدہ ؛ اصول (کسی مذھب کا یا کسی شخص کا) -

Tenner, *n.* : (بول چال) دس پونڈ کا نوٹ -

Tennis, *n.* : ٹینس (مشہور کھیل) -

lawn t. : دیکھو lawn -

t. arm, elbow : ھاتھہ کا جھٹکا یا موچ جو ٹینس کھیلنے میں آجائے ؛ ٹینس موچ -

t.-ball : ٹینس کی (ربر کی) گیند -

t. court : ٹینس کورٹ ؛ قطعہ زمین جس پر ٹینس کھیلتے ھیں-

Tenon, *n. & v t.* : (۱) چول ؛ سرا (خصوصاً لکڑی کا) جو جوڑنے کے لیے کسی خانے یا چول میں بٹھا دیا جاتا ھے - (۲) (فعل) چول تراشنا یا بنانا ؛ چول سے جوڑنا ؛ چول بٹھانا -

t.-saw : کروتی یا آری (باریک کام کے لیے) -

tenoner, *n.* : (۱) چول بنانے یا بٹھانے والا - (۲) چول بنانے یا بٹھانے کا آلہ -

Tenor, *n.* : (۱) روش ؛ رفتار (کسی چیز کی ' مجازاً زندگی یا طرز عمل کی)- (۲) (تقریر و تحریر وغیرہ کا) منشا؛ مدعا ؛ عام رنگ - (۳) (قانون) اصلی نیت؛ مقصود- (۴) (قانون) نقل صحیح؛ نقل مطابق اصل - (۵) (موسیقی) مردانہ آواز کا سب سے اونچا سر ؛ دھیوت ؛ اس سر میں گانے والا شخص - (۶) بعض اقسام کا ساز خصوصاً اونچے سر کم کا چوتارا -

t. bell : (گھنٹوں کے سلسلے میں سب سے) بڑا گھنٹا -

t. voice : اونچی آواز یا سر -

tenorist, *n.* : دھیوت یا اونچے سروں میں گانے یا بجانے والا

Tenotomy, *n.* : قطع وتر ؛ ایڑی کے اوپر کی نس کا ٹنا (خصوصاً پاوں کی کجی دور کرنے کی غرض سے) -

Tenrec, Tan-, *n.* : تنرک ؛ مدغا سکر کا ایک دودھ پلانے والا جانور جو سیہی سے مشابہ ہوتا ھے اور کیڑے کھاتا ھے -

Tense, *n.* : (۱) (صرف) زمانہ ؛ فعل کی صورت جس سے اس کا حال ' مستقبل یا ماضی میں واقع ہونا معلوم ہوتا ھے (*future, past, present tt.*) - (۲) تصریف ؛ فعل کی گردان (ضمائر کے لحاظ سے) -

aorist t. : (فعل) مضارع -

historic. t : (فعل) ماضی بیانیہ -

pluperfect t. : ماضی بعید -

sequence of t. : دیکھو Sequence -

tenseless, *a.* : لازمانی؛ جس کا زمانہ متعین نہ ہو (متعلق بہ افعال صرفی) -

Tense, *a.* : (۱) کھنچی ہوئی یا تنی ہوئی (جھلی ' نس وغیرہ)- (۲) (مجازاً) شدید (جذبہ)؛ جوش میں آئی ہوئی (طبیعت) ؛ کشاکش کی حالت میں؛ بےچین- (۳) کھنچاوکا' کشیدگی کا (انداز) -

t. moment : تنش کا وقت -

tensely, *adv.* : کھچاو یا تناو کی حالت میں ؛ شدت جوش سے ؛ بے چینی سے ؛ کشاکش کے ساتھہ -

tenseness, tensity, *nn.* : کھنچاو؛ تناو ؛ شدت (جذبات کی) ؛ جوش ؛ بیچینی ؛ کشاکش -

Tensile, *a.* : (۱) کھنچاو یا تناؤ کا - (۲) جو کھینچا جاسکے - (۳) کھنچنے والا ؛ تننے والا -

t. force : تناؤ کی قوت -

tensible, *a.* : کھنچنے والا ؛ تننے والا -

tensibility, tensility, *nn.* : کھنچنے یا تننے کی صلاحیت -

Tension, *n. & v.t.* : (۱) کھینچنا ؛ تاننا ؛ کھینچا جانا - (۲) کھچاو ؛ تناو - (۳) شدت (جذبے کی) ؛ جوش ؛ بے چینی ؛ کشاکش - (۴) نازک حالت ؛ بیچینی کی حالت ؛ کشاکش (سیاسی' معاشی وغیرہ)- (۵) (میکانیکی) تناؤ ؛ جس کے زور سے مشین کا کوئی ڈنڈا یا پٹا کھنچتا یا حرکت میں آتا ھے - (۶) پھیلن ؛ گیس یا بخار کی پھیلنے کی قوت -

tensioned : تنا ہوا ؛ کھنچا ہوا -

tensional, *a.* : کھنچاو کا ؛ تناؤ کا -

Tenson,-zon, *n.* : (۱) قرون وسطی کے فرانسیسی مغنی شعرا (تروپ دور) کا باہمی مقابلہ ؛ کبت کہنے کا مقابلہ - (۲) کبت جو ایسے موقعے کے لیے کہے جاتے تھے -

Tensor, *n.* : عضلۂ ناشرہ ؛ وہ پٹھا جو جسم کے کسی حصے کو تنا ہوا رکھتا ھے -

Tent, *n. & v.i. & t.* : (۱) خیمہ ؛ ڈیرا - (۲) (فوٹو گرافی) سفری ڈارک روم ؛ اندھیری چھولداری جس میں تصویر تیار کرتے ھیں (*dark t.*) - (۳) (فعل متعدی) خیمہ چھانا ؛ ڈھانپنا ؛ سایہ کرنا (خیمے جیسی شے سے) - (۴) (فعل لازم) ڈیرے میں رهنا ؛ ڈیرا ڈال کر رهنا -

bell t. : یک چوبا ؛ تنبو ؛ چھوٹا خیمہ جس کے بیچ میں ایک بلی گڑی ہوتی ھے -

t.-bed : خیمہ' مسہری یا چھپر کھٹ جس کی چھت خیمے کی سی ہوتی ھے -

t.-fly : آفتاب گیر ؛ پیش چوبہ ؛ خیمے کے آگے کا چھجا یا چھوٹا سا برامدہ -

t.-pegging : میخ اکھاڑنا ؛ سواروں کا گھوڑے دوڑاکر میخ اکھاڑنے کا کھیل یا کرتب -

t.-pegs : (ڈیرا لگانے کی) میخیں -

t.-stitch : کیکری؛ سلائی میں مثلث یا خیمے کی شکل کا بخیہ -

Tent *n. & v.t.* : (۱) بتی (کپڑے وغیرہ کی) جو زخم میں رکھدیتے ھیں کہ اس کا منہ نہ بند ہونے پائے؛ فتیلہ - (۲) (فعل) بتی رکھنا ؛ فتیلہ رکھنا -

Tent, *n.* : ایک قسم کی سرخ میٹھی شراب جو عموماً اسپین سے آتی اور عشائے ربانی میں استعمال ہوتی ھے -

Tentacle, *n.* : (۱) گیرہ ؛ (ج) لامس جانوروں کا آگےکو لٹکا ہوا عضو جس سے وہ ٹٹولتے یا کسی شے کو پکڑنے میں مدد لیتے ھیں- (۲) (نباتات) رُیشۂ حاسہ ؛ بعض پودوں کا رواں جس میں حس کی قوت ہوتی ھیا -

tentacled, *a.* : گیرہ دار ؛ حاسہ دار -

tentacular, *a.* : گیرہ نما ؛ حاسہ نما -

tentaculate, tentaculated, *aa.* : گیرہ دار ؛ حاسہ دار -

tentaculiform, *a.* : گیرہ نما ؛ حاسہ نما-

tentaculigerous, *a.* : گیرہ دار ؛ حاسہ دار -

Tentative, *a.* & *n.* : (۱) آزمائشی ؛ تجربی - (۲) (اسم) آزمائشی تجویز یا نظریہ -

tentatively, *adv.* : تجربتاً ؛ بہ طریق آزمائش -

Tente d'abri : چھولداری -

Tenter, *n.* : نگراں ؛ خصوصاً وہ شخص جو کارخانے میں کلوں کا نگراں ہو -

Tenter, *n.* : (کپڑا) پھیلانے کا فرما ؛ ایک آلہ جس سے کپڑا سکھانے یا تہ کرنے کے لیے پھیلاتے ہیں -

be on t. -hooks or *on the tt.* : (قدیم) مخمصے میں ہونا ؛ خلجان کی حالت میں ہونا ؛ کانٹوں پر لوٹنا -

t. (*-hook*) : اس فرمے کا ہر ایک ہک یا کانٹا -

Tenuis, *n.* (pl. -es. pr. -ez) :- (k, p, t.) (حروف) ثقیلہ

Tenuity, *n.* : (۱) (بال وغیرہ کی) باریکی ؛ (کاغذ وغیرہ کا) پتلاپن - (۲) (ہوا یا سیال اشیا کی) لطافت ؛ ہلکاپن ؛ رقت - (۳) (طرز تحریر وغیرہ کا) ہلکاپن ؛ شوکت الفاظ سے خالی ہونا -

Tenuous, *a.* : (۱) (شاذ) پتلا ؛ باریک ؛ مہین ؛ چھوٹا - (۲) بہت باریک یا نازک (فرق) -

Tenure (-yer), *n.* : (۱) حق ملکیت ؛ حق قبضہ ؛ حق لگان داری (خصوصاً جائداد غیر منقولہ کا) ؛ ملکیت یا لگان داری کا اصول یا طریقہ - (۲) (دخل و قبضہ یا عہدہ داری کا) زمانہ ؛ عہد ؛ میعاد -

allodial t. : زمینداری -

during his t. of office : اس کی عہدہ داری کے زمانے میں -

feudal t. : جاگیرداری -

military t. : فوجی جاگیر جو فوجی خدمت ادا کرنے سے مشروط ہو -

t. -horn, -sword : (تاریخ) جاگیرداری کی تلوار یا قرنا جو قدیم زمانے میں جاگیر یا معافی کی سند یا نشانی کے طور پر پیش کی جاتی تھی -

Tenuto, *a.* : (موسیقی) مسلسل (سر وغیرہ کے متعلق) (مقابلے کے لیے دیکھو staccato) -

Teocalli, *n.* : میکسکو اور امریکہ کےقدیم باشندوں کا مندر ؛ دیول-

Tepee, Teepee, *n.* : ٹیپی ؛ امریکا کے قدیم باشندوں کا مخروطی شکل کا خیمہ' پہلےچمڑےکا ہوتا تھا اب کرمچ یا کپڑے کا ہوتا ہے-

Tepefy, *v. t.* & *i.* : نیم گرم ہونا یا کرنا ؛ کنکنا نا -

tepefaction, *n.* : نیم گرم ہونا یا کیا جانا -

Tephrigam, *n.* : (موسمیات) نقشۂ حرارت و نا کارگئی حرارت جس میں یہ دکھایا جائے کہ اجسام میں کس قدر حرارت ہے اور اس میں سے کتنی مکانکی قوت ایسی ہے جو پیدا کرنے کے کام نہیں لائی جاسکتی ہے

Tephrite, *n.* : جدید آتش نشانی چٹان (جو آتش نشاں کے لاوا سے بنتی ہو) -

Tepid, *a.* : (۱) نیم گرم ؛ کنکنا ؛ معتدل - (۲) (جذبہ وغیرہ) جس میں گرم جوشی کم ہو؛ دھیما ؛ ہلکا -

tepidity,tepidness, *nn.* : کنکنا پن ؛ نیم گرمی ؛ دھیما پن -

tepidly, *adv.* : نیم گرم طور پر ؛ بغیر گرم جوشی کے -

Tepidarium, *n.* : (۱) قدیم زمانے کے رومی حمام کا وسطی کمرہ جس میں معتدل حرارت ہوتی تھی ؛ نیم گرم درجہ - (۲) (حمام کی) بھٹی ؛ آتش دان -

Ter, *adv.* : تین بار (خصوصاً موسیقی کی اصطلاح میں)

-ter : دیکھو Ther -

Terai(teri), *n.* : دھرے چندوے اور چوڑے چھجے کی نیلٹ ہیٹ جو یورپ والے گرم ملکوں میں پہنتے ہیں -

Teraph, *n.* : (توراۃ کی اصطلاح میں جمع کے معنی میں' واحد یا اسم جنس کے طور پر teraphim آتا ہے) پُتلے جن سے قدیم یہودی استخارہ کرتے تھے -

Terato,-in comb. : جزوترکیبی بمعنی اعجوبہ ؛ غیر طبعی شکل یا جسامت کا پودا یا جانور ؛ خارق ؛ وہ چیز جو خلاف عادت ہو -

-genic, a. : خوارق آفرینی کا یا تولید اعجوبات کا -

-geny, n. : خوارق آفرینی یا تولید اعجوبات -

-lite : سیکسنی میں ایک قسم کی مٹی جو پہلے بعض امراض کی دوا مانی جاتی تھی؛ گل عجیب (ج) -

-logical, a. : خرقیاتی ؛ اعجوبیاتی -

-logist, n. : ماہر خرقیات ؛ ماہر اعجوبیات -

-logy : (۱) خرقیات ؛ علم خوارق - (۲) اعجوبیات ؛ حیاتیات میں غیر طبعی پودوں اور جانوروں کی بحث -

Terce, دیکھو Tierce -

Tercel, *a.* : شکرا ؛ جرہ ؛ نرباز ؛ شاہین -

Tercentenary (or -ten-) , *a.* & *n.* : (۱) سہ صد سالہ ؛ تین سو سال کا - (۲) سہ صد سالہ جشن وغیرہ ؛ سہ صدی -

tercentennial, *a.* : سہ صد سالہ ؛ تین سو سال کا -

Tercet, *n.* : دیکھو Triplet -

Terebene, *n.* : تارپین کے تیل اور گندھک کا ایک مرکب جو جراثیم کش دوا کے طور پر استعمال ہوتا ہے؛ تارپیناب (ج) -

Terebinth, *n.* : تارپین کا درخت ؛ بطم -

oil of t. : تارپین کا تیل -

Terebinthine, *a.* : تارپینی ؛ تارپین کے درخت کا -

terebic, *a.* : تارپین آمیختہ -

Terebra, *a.* (pl. -ae): (کیڑے کا) برمانے والا عضو ؛ برما -

terebrate, *a.* : برمے دار -

Teredo, *a.* : جہاز کیڑا ؛ ایک قسم کا کیڑا جو جہازوں میں چھید کر دیتا ہے -

Tergal, *a.* : پشتی ؛ ظہری -

Tergeminate (-at) *a.* : (نباتیات) سہ توام ؛ پتی جو تین جڑ والی پتیوں سے مرکب ہو -

Tergiversate, (-j-, -g-) *v. i.* : (۱) رنگ بدلنا ؛ مسلک یا عقیدہ بدلنا ؛ مرتد ہوجانا ؛ منحرف ہو جانا ؛ پھر جانا ؛ پلٹ جانا (اپنے عقاید یا گروہ سے) - (۲) کبھی کچھ کہنا کبھی کچھ کہنا ؛ متضاد باتیں کہنا ؛ بار بار پہلو بدلنا ؛ ایک بات پر قائم نہ رہنا -

tergiversation, *n.* : (۱) ارتداد ؛ انحراف ؛ مسلک یا عقیدےکی تبدیلی- (۲) متضاد باتیں؛ ایک بات پرقائم نہ رہنا -

tergiversator, *n.* : (۱) مرتد ؛ اپنے عقیدے یا گروہ سے پھر جانے والا - (۲) متضاد باتیں کرنے والا ؛ بار بار پہلو بدلنے والا ؛ ایک بات پر قائم نہ رہنے والا -

Term, *n.* : (۱) (کسی قدر قدیم) حد؛ انتہا ؛ (خصوصاً وقت کی)

set a t. to his encroachments. [میعاد ؛ انتہائی مدت - (۲) (معینہ) مدت ؛ زمانہ (*awaited the t. of his existence* - *term of 5years, his t. of office expired*) - (۳) (مدارس و عدالت) میقات ؛ عدالت کے اجلاس یا مدرسوں کی تعلیم کا زمانہ (*Michaelmas, Hilary, Easter, Trinity, t.*) (عدالت کی میقات کے لیے اب "*sittings*" کا لفظ بولتے ہیں) - (۴) مقررہ تاریخ - (۵) *Quarter-day* دیکھو "*Quarter*" - (۶) (نیز *t. of* or *for years*) میعادی قبضہ یا دخل یا حصہ (جائداد وغیرہ میں) - (۷) (ریاضی) رقم (جو کسی دوسرے عدد میں جوڑی یا اس میں سے گھٹائی جائے) - (۸) (منطق) حد (الفاظ جو کسی قضیے کے مبتدا یا خبر ہوں) - (۹) اصطلاح (کسی علم یا فن کی) (*law, technical, scientific t.*) ؛ (کسی خاص محاورے یا اصطلاح میں *in tt. of*) - (۱۰) (صیغہ جمع میں) الفاظ ؛ طرز بیان ؛ پیرایۂ بیان - (۱۱) (صیغہ جمع میں) شرائط (لین دین خصوصاً خرید و فروخت کی) (مجازاً) دام - (۱۲) (صیغہ جمع میں) تعلقات (آپس کے) -

am on bad, good, familiar, tt. with him, : اس کے ساتھ اچھے ؛ برے یا بے تکلفی کے تعلقات ہیں =

bring to tt. : شرائط منوا لینا -

come to tt. : شرائط مان لینا ؛ راہ پر آ جانا ؛ دب جانا -

come to tt. with or *make tt. with* : قرار داد کرنا ؛ معاہدہ کرنا ؛ سمجھوتا کر لینا -

contradiction in tt. : دیکھو Contradiction -

his tt. are 2 rupees a lesson : اس کے ہاں دو روپیہ فی سبق مقرر ہے -

inclusive tt. : دیکھو Inclusive -

in tt. of : کسی خاص محاورے یا اصطلاح میں -

in the most flattering tt. : نہایت تعریف کے الفاظ یا پیرائے میں -

eat one's tt. : دیکھو Eat -

major, minor, middle tt. : حد اکبر ؛ اوسط ؛ اصغر -

set tt. : مقررہ یا معینہ الفاظ -

tt. of reference : موضوع تحقیق ؛ دریافت طلب مسائل (جو فیصلے یا رپورٹ کے لیے کسی شخص یا جماعت کے سپرد کیے جائیں)-

they are not on speaking tt. : ان کی آپس میں بات چیت نہیں ہے -

termless, *a.* : (۱) غیر محدود - (۲) بے حد ؛ بے انتہا - (۳) لا منتہا ہی -

Term, *v. t.* : (کسی خاص) نام سے یاد کرنا ؛ موسوم کرنا ؛ کہنا (*this, he termed sheer robbery*) -

Termagant, *n. & a.* : (۱) (تاریخ) قرون وسطی کے فرنگیوں کے خیال باطل میں مسلمانوں کا مفروضہ خدا جو شر و فساد کا بانی ہے ؛ اہرمن - (۲) لڑاکا (عورت) ؛ بد مزاج یا زبان دراز عورت- (۳) (صفت) شورہ پشت ؛ فسادی ؛ جھگڑالو ؛ لڑاکا (عورت) -

termagancy, *n.* : شورہ پشتی ؛ فسادی پن ؛ شرارت -

termagantly, *adv.* : شورہ پشتی سے ؛ مفسدانہ ؛ شرارت سے -

Terminable, *a.* : (۱) خاتمہ پذیر ؛ اختتام پذیر ؛ محدود - (۲) میعادی ؛ موقت (جو ایک مقررہ میعاد کے بعد ختم ہو جائے)-

terminableness, *n.* : (۱) اختتام پذیری ؛ محدودیت - (۲) میعادی یا موقت ہونا -

Terminal, *a. & n.* : (۱) دھرکا ؛ سرے کا ؛ حد کا ؛ حد بنانے والا یا حد سے منسوب - (۲) (ریاضی) مجمل - (۳) (نباتیات) (شاخ یا ڈنٹھل کے) سرے کا ؛ آخری - (۴) (حیوانیات وغیرہ) سلسلے کا آخری ؛ نہائی - (۵) مدت مقررہ پر کیا جانے یا واقع ہونے والا ؛ میعادی ؛ میقاتی (*t. accounts, subscription*) - (۶) (*t. figure*) = *terminus* - (۷) سرا ؛ منتہا ؛ سلسلے کے آخر میں آنے والی یا ختم کرنے والی شے ؛ خصوصاً برقی مورچے کے دونوں سرے کے پیچوں میں سے ایک پیچ ؛ سرا - (۸) (امریکا) ریل کا آخری اسٹیشن؛ ٹرمنس ؛ دھرکا اسٹیشن -

t. joints : مفاصل نہائی ؛ آخری جوڑ -

t. station : دھرکا اسٹیشن ؛ آخری مقام ؛ جہاں ریل یا سڑک ختم ہوتی ہو -

t. value : مقدار مجمل -

terminally, *adv.* : (۱) خاتمے یا حد پر - (۲) آخر میں - (۳) ہر میقات میں ؛ میقاتاً -

Terminate, *v. t. & i.* : (۱) محدود کرنا ؛ حد بنانا - (۲) ختم کرنا یا ہونا - (۳) (الفاظ کا) (کسی حرف یا حرکت پر) ختم ہونا ؛ (حرف یا حرکت کا لفظ کے) آخر میں ہونا -

terminative, *a.* : (۱) خاتمے کا ؛ ختم کرنے والا - (۲) فعل کی ابتدا اور انتہا کو ظاہر کرنے والا -

terminatively, *adv.* : ختم کرتے ہوئے ؛ خاتمے کے طور پر -

terminatory, *a.* : ختم کرنے والا ؛ خاتمے کا -

Terminate (-at) *a.* : محدود ؛ جو ایک حد پر ختم ہو جائے -

t. decimal : اعشاریۂ محدودہ -

Termination, *n.* : (۱) حد بندی - (۲) اختتام - (۳) لفظ کا آخری حرف یا رکن ؛ آخر کلمہ -

put a t. to, bring to a t. : ختم کرنا -

terminational, *a.* : جو کلمے کے آخر میں ہو؛ آخری -

Terminator, *n.* : (۱) خاتم ؛ جو اختتام کو پہنچائے - (۲) (ہئیت) حد نور و ظلمت ؛ خط نور و ظلمت (جو جرم سماوی کے روشن اور تاریک حصوں کو جدا کرتا ہے) -

Terminer, دیکھو Oyer -

Terminism, *n.* : (۱) یہ عقیدہ کہ ہر شخص کے لیے توبہ کا ایک محدود زمانہ ہوتا ہے ؛ تحدید اتابت - (۲) (فلسفہ) اسمیت (دیکھو Nominalism) -

terminist, *n.* : (۱) تحدید اتابت کا معتقد - (۲) اسمی ؛ اسمیت پسند -

Terminology, *n.* : (۱) اصطلاحیات ؛ علم المصطلحات کے صحیح استعمال کا علم - (۲) کسی علم یا فن کی اصطلاحات؛ مصطلحات -

terminological, *a.* : اصطلاحیاتی ؛ مصطلحات کے استعمال کا ؛ اصطلاحی -

terminological inexactitude : (مزاحاً) غلط بیانی؛ جھوٹ -

terminologically, *adv.* : اصطلاحیات کے نقطۂ نظر سے -

Terminus, *n.* (pl.-uses,-i) : (۱) (اب اس معنی میں شاذ ہے) منزل مقصود ؛ منتہا - (۲) ریل (صدر لائن یا شاخ) کا آخری

استیشن)؛ٹرمنس؛ دھرکا اسٹیشن-(۳) (رومی صنمیات) ترمینوس؛ سرحدوں کا دیوتا - (۴) مورتی پایہ ؛ نیم قد مورت جس کے نیچے کا حصہ ایک چوکور ستون ہو -

t. ad quem : نقطۂ آغاز؛ ابتدا (بحث یا حکمت عملی وغیرہ کی) -

t. a quo : نقطۂ اختتام ؛ انتہا (" " " ") -

Termitarium Termitary, *nn.* : دیمک کا گھر؛ دیمک کا پنجرا -

Termite, *n.* : دیمک؛ ارضہ -

Termly, *a. & adv.* : (شاذ) (۱) میقاتی (جو ہر میقات پر واقع ہو یا ادا کیا جائے) - (۲) ہر میقات پر ؛ میقاتاً -

Termor, *n.* : (قانون) میعادی یا حین حیاتی پٹہ دار یا لگان دار -

Tern, Tarn, *n.* : ایک قسم کا دریائی پرند جس کا قد معمولی مرغابی سے چھوٹا مگر چونچ بڑی ہوتی ہے -

Tern, *n. & a.* : (۱) تین کا جوڑ ؛ تکتم ؛ تکڑی خصوصاً قرعہ اندازی کے تین نمبر جو اکٹھے نکل آئیں تو بڑا انعام ملتا ہے ؛ انعامی نمبروں کی تکڑی - (۲) انعام جو اس طرح ہاتھ آے ؛ تکڑی کا انعام - (۳) دیکھو Ternate -

Ternary, *a.* : (۱) تین کا ؛ ثلاثی - (۲) (ریاضی) جس میں تین (مقادیر) متغیر ہوں ؛ سہ متغیری -

ternal, *a.* : تین کا ؛ ثلاثی -

Ternate (or -at) *a.* : (۱) تین تین کا ؛ تکڑی کا؛ جسے تین تین میں مرتب کیا گیا ہو - (۲) (نباتیات) (پتی) جو تین چھوٹی چھوٹی پتیوں سے مرکب ہو؛ سہ رکنی -

ternately, *adv.* : (۱) تین تین کرکے-(۲) سہ رکنی ترتیب سے -

Terne, *n.* (usu. t.-plate) : آدنی درجے کا ٹین جس میں سیسے کی آمیزش زیادہ ہو ؛ گھٹیا ٹین -

Terpsichorean (-k-) t-, a. : ترپس قوری ؛ قدیم یونانیوں کی ناچ کی دیوی ؛ ترپس قور سے منسوب -

T. art : فن رقاصی -

terra; *n.* : زمین ؛ مٹی؛ اکثر لاطینی اور اطالوی جملوں میں مستعمل ہے -

t. cariosa : چونے کے پتھر کی مٹی جو مانجھنے کے کام آتی ہے -

t. filius : (لغوی معنی = زمین کا بیٹا) ادنی خاندان کا آدمی -

t. firma : خشکی ؛ زمین (پانی کے مقابلے میں) -

t. incognita : (۱) نئی سر زمین ؛ نیا خطہ (جس کی جغرافی تحقیقات نہ ہوئی ہو) - (۲) (مجازاً) نیا میدان (غور و فکر یا علمی تحقیقات کا) -

t. Japonica : گل جاپانی ؛ ایک قسم کی مٹی جو چمڑا رنگنے وغیرہ کے کام آتی ہے -

t. nera (*nara*) : سیہ گل؛ ایک قسم کا (سیاہ) رنگ جو قدیم مصور استعمال کرتے تھے -

t. verde : ہری مٹی جس سے تصویر میں رنگ کے طور پر کام لیا جاتا ہے -

Terrace (-as) n. & v.t. : (۱) اونچی؛ کھلی ہوئی ہموار جگہ ؛ ڈھلوان مقام جو مسطح کرلیا گیا ہو؛ ڈھلوان چبوترہ - (۲) (طبقات) سمندر کا بلند کنارہ ؛ کراڑا - (۳) مکانوں کی قطار جو پہاڑی پر یا سڑک سے بلندی پر واقع ہو -(۴) سڑکوں کے نام کا جز؛ ٹیریس - (۵) چبوترہ بنانا یا نکالنا -

terraced roof : کھلی مسطح چھت (جیسی ہندوستان کے مکانوں میں ہوتی ہے) -

Terracotta, *n.* : (۱) پکائی ہوئی مٹی ؛ سرخی مائل بادامی رنگ کی جس سے عمارتوں میں آرائشی چیزیں یا مورتیاں وغیرہ بناتے ہیں - (۲) اس قسم کی مٹی کا پتلہ ؛ مورتی- (۳) (اسم و صفت) سرخی مائل بادامی (رنگ) -

Terrain, *n.* : (۱) (جغرافیہ طبعی) قطعۂ زمین ؛ خطہ - (۲) (فن جنگ) (موقع کی) زمین -

Terramare, (-ahr-ar) n. : (۱) ہڈیوں وغیرہ کے باقیات کی قسم جو زمین میں دبی ہوئی پائی جاتی اور کھاد کے کام آتی ہے ؛ استخوانی کھاد ؛ ہاڑ کھاد - (۲) جنوبی یورپ کی قبل تاریخ زمانے کی مٹی کی تہ جس میں ہڈیاں کوڑیاں وغیرہ ملی ہوتی ہیں ؛ کوڑیا مٹی -

Terraneous, *a.* : (نباتیات) زمین روئیدہ ؛ وہ نباتات جو صرف خشکی پر اگتی ہوں ؛ بری (نباتات) -

Terrapin *n.* : ایک قسم کا کچھوا جو ندی میں رہتا ہے؛ ترا پین -

salt-marsh t. or diamond-back t. : ایک قسم کا کچھوا جس کا گوشت عمدہ غذا سمجھا جاتا ہے -

Terraqueous, *a.* : (زمین کی صفت) جو پانی اور خشکی دونوں پر مشتمل ہے -

Terrene, *a.* : ارضی ؛ بری ؛ دنیاوی -

Terreplein (tarplan) n. : (۱) (جنگی) دمدموں کے عقب میں مسطح زمین جس پر توپ جمائی جاتی ہے ؛ توپ چبوترہ - (۲) اونچی یا زمین سے نیچی مسطح جگہ جو میدان میں توپ خانے کے واسطے بنائی جائے ؛ توپ چوک -

Terrestrial, *a. & n.* : (۱) ارضی (خصوصاً فلکی کے مقابلے میں *t. seasons*)؛ کرۂ ارض یا زمین کا - (۲) دنیاوی؛ عالم سفلی کا - (۳) بری ؛ خشکی کا - (۴) (حیوانیات) (آبی یا دریائی کے مقابلے میں) خشکی کا ؛ بری - (۵) (اسم) زمین کا باشندہ ؛ خاکی ؛ آدمی -

t. globe : کرہ ؛ کرۂ ارض کا نمونہ -

t. magnetism : دیکھو Magnetism -

terrestrially, *adv.* : دنیاوی ؛ ارضی یا بری طریق پر -

Terret, -it, *n.* : (گاڑی کے گھوڑے کے) زین کا حلقہ جس میں سے باگ گزرتی ہے -

Terrible, *a.* : (۱) ہولناک؛ وحشتناک؛ مہیب - (۲) نہایت شدید - (۳) (بول چال) سخت بلا کا؛ نیز دیکھو "Enfant Terrible" -

a t. bore : بلا کا مغز چٹ -

terribleness, *n.* : (۱) وحشت انگیزی - (۲) شدت -

terribly, *adv.* : (۱) وحشت انگیز طریقے سے-(۲) بہت شدت سے - (۳) (بول چال) بہت -

Terricolous, *a.* : زمین پر یا زمین کے اندر رہنے والا ؛ زمینی (کیڑا وغیرہ)؛ خصوصاً کیچوے کی قسم کا؛ خراطینی -

Terrier, *n.* : ٹیریر ؛ ایک قسم کا ولایتی کتا جو پنجوں سے مٹی کھودتا ہے؛ بو گیر -

black -&- tan, t., bull, fox t. : چھوٹے بالوں والے ٹیریر کی قسمیں -

Irish, Scotch, Skye, Yorkshire t. : سخت بالوں والے ٹیریر کی قسمیں -

Terrier, *n.* : (۱) خسرہ جس میں زمینوں کی حدود وغیرہ تحریر ہوتی ہیں - (۲) (تاریخ) (جاگیر دار کا) کھاتا یا اھتونی (جس میں کاشتکاروں اور پٹہ داروں کا حساب درج ہوتا ھے) -

Terrific, *a.* : دھشت انگیز ؛ ھولناک ؛ قیامت کا ؛ بلا کا شدید -

terrifically, *adv.*: ھولناک طریقے سے؛ نہایت شدت سے-

Terrify, *v. t.* : دھشت پیدا کرنا؛ شدت سے خوف زدہ کرنا ؛ ھولا دینا -

Terrigenous, *a.* : زمین آفریدہ ؛ جو زمین سے پیدا ھوا ھو -

t. metals : مٹی میں ملی ھوئی دھاتیں مثلاً الومی نیم -

Terrine (- en), *n.* : تغلی؛ پیالہ؛ مٹی کا برتن جس میں کھانے کی کوئی چیز رکھہ کر بیچتے ھیں (مثلاً نمش کا یا کھیر کا پیالہ) -

Territorial *a. & n.*: (۱) قلمرو یا ملک محروسہ کا - (۲) مقامی علاقے یا صوبے سے مختص یا محدود - (۳) (امریکہ) ولایات متحدہ امریکہ کے کسی صوبے کا - (۴) (کلیسا کی اصطلاح) ملکی؛ دیوانی؛جس میں ملکی حکومت کا دینی و دنیوی اقتدار مسلم ھو- (۵) وطنی فوج کا سپاھی؛ وطنی -

the right was strictly t. : یہ حق قطعی طور پر اسی علاقے میں محدود تھا -

t. army : وطنی فوج ؛ رضا کاروں کی فوج جو انگلستان کے صوبوں میں قدیم شہری فوج (*militia*) کی جگہ بھرتی کی جاتی ھے/ اور ملک کی حفاظت میں معمولی فوج کو مدد دیتی ھے -

t. possessions: مقبوضات ملکی -

t. system: نظام ملکی؛ نظام دیوانی جس میں ملکی حکومت دینی و دنیوی اقتدار اعلیٰ رکھتی ھو -

territorialism, *n.*: ملکیت ؛ نظام ملکی کا نظریہ یا اصول؛ ملکی حکومت کے دینی و دنیوی اقتدار کا نظریہ یا اصول -

territorially, *adv.*: مقبوضات ملکی کے نقطۂ نظر سے؛ ملکی تقسیم کے لحاظ سے؛ علاقے یا صوبے کے لحاظ سے -

Territorialize, *v. t.*: (۱) (ملک کو) نئے علاقوں کے الحاق سے توسیع دینا - (۲) ملک محروسہ میں داخل کرنا؛ مقبوضات میں شامل کرنا؛ اپنے ملک کا ایک صوبہ بنالینا -

Territory, *n.*: (۱) قلمرو ؛ عمل داری ؛ ملک محروسہ ؛ سلطنت ؛ ریاست ' جو کسی بادشاہ یا حکومت کے زیر نگیں ھو - (۲) زمین کا وسیع قطعہ؛ علاقہ؛ کشور؛ ملک؛ صوبہ - (۳) (امریکہ) صوبہ جسے ریاست کے پورے حقوق حاصل نہ ھوں - (۴) (تجارت) تجارتی ایجنٹ کا حلقہ -

Terror, *n.* : (۱) شدید خوف؛ دھشت؛ ھیبت؛ ھول - (۲) وہ چیز یا شخص جس سے دھشت پیدا ہو ؛ [illegible] ؛ ھوّا - (۳) (بول چال) شریر' تکلیف دہ بچہ وغیرہ؛ شیطان؛ موذی -

king of tt.: (توراۃ) موت؛ ملک الموت؛ عزرائیل -

Red T.: انقلابیوں کا عہد خونریزی -

Reign of T. or The T.: انقلاب فرانس میں سنہ ۱۷۹۳-۹۴ ع کا زمانہ ؛ ایام خونیں؛ (مجازاً) اسی قسم کا عہد خونریزی -

t. striken, t. struck: ھیبت زدہ؛ دھشت زدہ -

was a t. to evildoers: اشرار اس کے نام سے لرزتے تھے -

White T.: رجعت پسندوں یا رجعتیوں کا عہد خونریزی -

Terrorist, *n.* : (۱) تخویف پسند جو حکومت یا اھل ملک کو دھشت انگیز طریقوں سے مرعوب یا مغلوب کرتا ھو یا ان طریقوں کا حامی ھو ؛ خصوصاً انقلاب فرانس میں فرقۂ جیکوبی کا فرد ؛ جیکوبی - (۲) روس کا انقلاب پسند -

terrorism, *n.* : (۱) تخویف پسندی؛ تخویفی طریقہ یا اصول - (۲) حکومت خوف؛ تخویفی حکومت؛ خوف گردی-

terroristic, *a.* : تخویفی؛ تخویف پسندانہ -

terrorization, *n.* : (۱) تخویف؛ خوف زدہ کرنا یا کیا جانا - (۲) تخویفی طریقوں کا استعمال -

terrorize, *v. t.* : (۱) تخویفی طریقوں سے مرعوب کرنا - (۲) خوف زدہ کرنا -

Terry, *n.* : ادنیٰ قسم کا اونی کپڑا جس کے گھونگر کاٹے نہ گئے ھوں ؛ کھیس -

Terse, *a.* : مختصر اور جامع؛ تل و دل؛ گٹھی ھوئی تقریر' تحریر وغیرہ -

tersely, *adv.* : اختصار اور جامعیت سے؛ ایجاز سے -

terseness, *n.* : اختصار اور جامعیت؛ ایجاز -

Tertian (-shn-), *a & n.* : باری کا ' ایک دن بیچ ھونے والا (بخار وغیرہ)؛ ثلاثی ؛ تیسرے دن کا -

t. ague : باری کا جاڑا بخار -

Tertiary (-sha-) *a. & n.* : (۱) تیسرے درجے کا ؛ تیسرے نمبر کا - (۲) (اسم) (ارضیات) دور ثالث ؛ تیسرا جگ (*the T.*) (زمین کی ساخت کا) - (۳) (طیور کے اڑنے کے پروں کی) تیسری قطار کا- (۴) تیسرے درجے کا پادری یا راھب (*T.*) -

tertial. *a & n.*: (۱) تیسری قطار کے پر کے متعلق - (۲) تیسری قطار کا پر -

Tértio, (shio) : دیکھو Primo -

Tertium quid, (shi-) *n.*: تیسری چیز؛ شئے ثالث؛ خصوصاً روح اور مادے کے درمیان یا بین الضدین کوئی چیز؛ مابین الضدین-

Tertius (-shus) *a.* : (مدارس میں) (ایک نام کے لڑکوں میں سے) تیسرا؛ ثالث-

t. gaudens : ثالث دانا؛ جو دو شخصوں کے جھگڑے میں خود فائدہ اٹھائے -

Terza rima (tartsa-re-) (pl. -ze, me) (*pr.* -a) : (۱) سہ قافیہ ترتیب (مثلث کی) جس میں قافیوں کی ترتیب یہ ھوتی ھے (ا ب ا ؛ ب ج ب ؛ ج د ج ؛) - (۲) سہ قافیہ مثلث -

Terzetto (tarts-) *n.* : (موسیقی) تین آدمیوں کے مل کر گانے کی چیز یا گت ؛ سہ آوازی چیز یا گت -

Tesla, *n. T. Coil* (induction coil) ؛ ایک قسم کا امالی لچھا (برقیات) جو بہت زیادہ ارتعاش کی متبادل رو پیدا کرتا ھو -

T. Tube : وہ نلکی جو " *T. coil* " کے قریب رکھنے سے روشن ھو جاتی ھے -

Tessellated, *a.* : (۱) چار خانہ دار ؛ چوپڑ کا - (۲) (نباتیات و حیوانیات) باقاعدہ شطرنجی وضع کا ؛ چار خانہ دار -

t. pavement : چوپڑ کا فرش -

tessellar, *a.* : چوپڑ کا -

tessellation, *n.* : (۱)چوپڑ کا فرش؛چوپڑ کا کام (۲)پچی کاری-

Tessera, *n.* (pl. -ae) : (۱) شیشے پتھر وغیرہ کا ٹکڑا جو پچی کاری میں استعمال ھوتا ھے؛ ربع نما ٹکڑا- (۲) (قدیم روما) ھتی

وغیرہ کے مکعب ٹکڑے جو غیر سرکاری سکے کے طور پر استعمال ہوتے تھے -

tesseral, *n.* : مربع نما ٹکڑوں کا -

Tessitura (-oora,) *n.* : (موسیقی) آواز کا دائرہ ' جس کے اندر ہر قسم کی (گانے والوں کی) آوازیں اور ہر قسم کے سر آجاتے ہیں -

Test, *n.* : (۱) آزمائش ؛ امتحان ؛ جانچ - (۲) وہ اسباب یا ذرائع جن سے آزمائش کی جائے ؛ معیار ؛ کسوٹی (*success is not a fair test*) - (۳) کسی چیز کو قبول یا رد کرنے کی بنا ؛ شرط ؛ معیار (*is excluded by our test*) - (۴) (کیمیا) کوئی عامل کیمیاوی جس کے ملانے سے دوسرے مرکب کے اجزا کا پتہ چل جائے ؛ کاشف (*galls are a test for iron*) - (۵) متحرک داسا جس پر بھٹی میں چاندی اور سیسہ الگ کرتے ہیں -

T. Act : قانون حلف ؛ انگلستان کا سنہ ۱۶۷۲ ع کا قانون جس کے ذریعے سے سرکاری ملازموں کو بادشاہ کی وفاداری اور بعض مذہبی عقائد کا حلف اٹھانا پڑتا تھا -

t. case : آزمائشی مقدمہ جس سے کسی اصول کو طے کرنا یا آزمانا مقصود ہو -

t. -match : ٹیسٹ میچ ؛ کرکٹ کے کئی مقابلوں میں سے ایک مقابلہ عموماً دو ملکوں کی ٹیموں میں ہوتے ہیں -

(کیمیاوی تجربوں کے آلات) :-

t. -glass : تجربہ گلاس -

t. -mixer : تجربہ ظرف -

t. -paper : تجربہ کاغذ -

t. -tube : تجربہ نلکی (شیشے کی) -

Test, *v. t.* : (۱) جانچنا ؛ پرکھنا ؛ آزمانا ؛ کسنا (آدمی شے یا قابلیت وغیرہ کو) ؛ امتحان کرنا - (۲) سخت امتحان لینا ؛ بہت بوجھ ڈال دینا (قوت برداشت وغیرہ پر) - (۳) سودھنا ؛ صاف کرنا (دھات کو) - (۴) (کیمیا) کاشف کے ذریعے امتحان کرنا ؛ اجزا معلوم کرنا -

testable, *a.* : آزمودنی ؛ امتحان پذیر ؛ قابل آزمائش -

tester, *n.* : ممتحن ؛ آزمائندہ ؛ جانچنے والا ؛ جانچنے کا آلہ ؛ کسوٹی -

Test, *n.* : بعض جانوروں کا سخت خول ؛ قشر؛ صدفہ -

Testaceous (-shus), *a.* : (۱) قشری؛ صدفی ؛ صدفہ یا صدف ماہی کے متعلق - (۲) صدف دار ؛ مصدف ؛ جس کا سخت اور مسلسل خول ہو - (۳) (نباتیات و حیوانیات) خشت رنگ؛ سرخ اینٹ کے رنگ کی -

testacean, *a.* & *n.* : صدفیہ ؛ سخت خول یا صدفہ رکھنے والا (جانور) -

testaceology, *n.* صدفیات -

Testacy, *n.* : وصیت کردگی -

Testament, *n.* : (۱) وصیت - (۲) (انجیل) منشور (خداوندی) ' عہد نامہ (الٰہی) - (۳) (مجازاً) انجیل -

military t. : دیکھو - Military

New T. : انجیل کا وہ حصہ جس میں شریعت عیسوی کا ذکر ہے ؛ عہد نامہ جدید -

Old T. : انجیل کا وہ حصہ جس میں شریعت موسوی کا ذکر ہے ؛ عہد نامہ عتیق -

testamentarily, *adv.* : ازروے وصیت -

testamentary, *a.* : وصیتی ؛ وصیت کے متعلق ؛ وصیت کے ذریعے چھوڑا یا مقرر کیا ہوا -

Testamur, *n.* : امتحان میں کامیابی کا صداقت نامہ ؛ سند -

Testate (or -at), *a.* & *n.* : وصیت کردہ ؛ جو وصیت کر گیا ہو -

testator, *n.* : موصی ؛ وصیت کنندہ -

testatrix, *n.* : موصیہ ؛ وصیت کرنے والی -

Tester, *n.* : دیکھو - Test

Tester, *n.* : لمگیرا ' خصوصاً چھپر کھٹ یا مسہری کا -

Tester, *n.* : (قدیم' مزاحیہ) ہینری ہشتم کے زمانے کا شلنگ؛ ۶ پینس کا سکہ -

Testicle, *n.* : خصیہ ؛ فوطہ -

testicular, *a.* : خصیے کا ؛ فوطے کا -

Testiculate, (-at) *a.* : (۱) خصیے دار - (۲) خصیہ نما ؛ فوطہ نما - (۳) (نباتات) خصئے جیسے دو عضو رکھنے والا ؛ دو فوطیا -

Testify, *v. i.* & *t.* : (۱) شہادت دینا ؛ شاہد ہونا ؛ تصدیق کرنا - (۲) (قانون) ایمان سے یا حلفاً بیان کرنا ؛ اظہار یا بیان لکھنا ؛شہادت دینا ؛ گواہی لینا - (۳) (اشیاء کا) دلالت کرنا ؛ ثبوت ہونا ؛ دلیل ہونا -

Testimonial, *n.* : (۱) صداقت نامہ ؛ سند ؛ تصدیق (تحریری قابلیت ' چال چلن وغیرہ کی) - (۲) سند خوشنودی ؛ صلہ خدمت (خصوصاً جو سر جلسہ یا سرکاری طور پر دیا جائے) -

Testimonialize, *v. t.* : صداقت نامہ یا صلہ خدمت دینا -

Testimony, *n.*: (۱)تصدیق (*called him in t., we have his t.*) ثبوت - (۲) (عدالت)حلفی بیان یا اظہار؛ شہادت(تحریری یا زبانی)- (۳) اقوال ؛ بیانات (*must rely on the t. of history or of historians*) - (۴)(قدیم)احتجاج-(۵)خصوصاً (*the tables of the t.*) احکام عشرہ وبائبل کے احکام شرعی - (۶) وحی الٰہی؛ کتاب الٰہی' انجیل؛ خصوصاً احکام عشرہ (بائبل کے)؛ احکام شرعی-

Testudinareous, *a.* : کچھوے کے خول کے رنگ کا ؛ سہ رنگی چتی دار ؛ جس پر کچھوے کے خول کی طرح سرخ زرد اور سیاہ چتیاں پڑی ہوں -

Testudinate, *a.* : جلد پی؛ سلحفی؛ کچھوے کی پیٹھ کی طرح ڈھلواں ؛ ڈھال کا سا -

Testudineous, *a.* : سنگ پشت نما ؛ کچھوے کی پیٹھ جیسا -

Testudo, *n.* : (۱) (قدیم روما) سپر بندی آڑ ؛ صف بندی جس میں سپاہی پاس پاس کھڑے ہوکر ڈھال سے ڈھال ملاکر صف باندھتے تھے - (۲) (اسی قسم کی) آڑ (جو کان کن زمین کھودنے میں بنالیتے ہیں تا کہ زمین دھنس جائے تو دبنے نہ پائیں) - (۳) ایک قسم کا کچھوا -

testudinal, *a.* : کچھوے کا؛ سنگ پشتی -

Testy, *a.* : جھلا ؛ چڑ چڑا ؛ زود رنج ؛ تنگ مزاج -

testily, *adv.* : چڑ چڑے پن سے ؛ جھلا کر -

testiness, *n.* : چڑ چڑاپن ؛ تنگ مزاجی -

Tetanic, *a.* & *n.* : (۱) کزازی ؛ کزاز سے متعلق - (۲) کزازی کیفیت پیدا کرنے والی دوا؛ مثلاً کچلہ (*t. spasm*) -

Tetanus, *n.* : کزاز ؛ ایک مرض جس میں بعض اعصاب میں سخت تشنج پیدا ہو جاتا ہے -

tetanization, *n.* : کزازی کیفیت ؛ کزاز پیدا کرنا یا ہونا -

tetanize, *v.t.* : کزازی کیفیت پیدا کرنا -
tetanoid, *a.* : کزاز نما -
Tetchy, Techy (-tsh-) *a.* : چڑ چڑا ؛ چھلا ؛ تنک مزاج -
te (t) chily, *adv.* : چڑ چڑے پن سے ؛ چھلا کر -
te (t) chiness, *n.* : چڑ چڑا پن -
Tete-a-tete (tatahtat), *adv. a.* & *n.* : (۱) تخلیے میں ؛ خلوت میں - (۲) تخلیے کی؛ خلوت کی؛ راز کی - (۳) خلوت کی ملاقات یا گفتگو ؛ سرگوشیاں؛ راز و نیاز کی باتیں- (۴) دو آدمیوں کے بیٹھنے کا سوفا -
Tether (-dh-) *n.*&*v. t.* : (۱) لمبی رسی یا زنجیر جس سے باندھ کر جانور کو چرنے کو چھوڑ دیتے ہیں - (۲) احاطہ ؛ دائرہ ؛ حد (علم' اختیار وغیرہ کی) - (۳) رسی سے باندھنا ؛ (چرتے جانور کو) کھونٹے سے باندھ دینا -
beyond his t. : دائرۂ معلومات یا حد اختیار سے باہر -
was at the end of his t. : آگے اس کا بس نہیں چلتا تھا ؛ اس سے کچھ بن نہ پڑتا تھا -
Tetra- in comb : جز ترکیبی بہ معنی " چار " -
-chord : قدیم سر گم جس میں چار سر ہوتے تھے ؛ چار سر کا سرگم -
-chordal, a. : چار سروں کا -
-cyclic : چہار حلقہ؛ جس میں چار حلقے یا لچھے ہوں -
-dactyl, a. & n. : مصرعہ جس کے چار رکن ہوں اور ہر رکن میں ایک بڑا اور دو چھوٹے بول ہوں -
-gon : چو گوشہ شکل ؛ ذوارجتہ الزوایا -
-gonal, a. : چوگوشہ -
-gram : (۱) چار حرفی لفظ - (۲) چار ضلعوں کی شکل؛ ذوارجتہ الاضلاع -
-grammaton : چو حرفی اسم الہی ؛ خداوند تعالی کا نام عبرانی زبان میں جو انگریزی میں " *Jehovah* " لکھا جاتا ہے-
-gynous : چہار گردی (جس میں چار پتھکے گل ہوں) -
-hedron : ذوارجتہ السطوح ؛ چار سطحی مجسم -
-hedral a. : چار سطحی -
-logy : چار ناٹکوں کا مجموعہ خصوصاً (قدیم یونان) تین المیوں اور ایک طنزیہ ڈراما کا مجموعہ -
-meral, -merous : چار حصوں کا -
-meter : چار رکنی بحر یا اس بحر کی نظم -
-morph : چار حواریوں کی خصوصیات کا مجموعہ ایک پردار تصویر میں -
-petalous : چار پنکھڑ ؛ چار پنکھڑیوں کا -
-phyllous : چہار برگ ؛ چار پتوں کا ؛ چوپتیا -
-pod, a. & n. : چہار پا (تتلی) -
-podous : چہار پا -
-pody : چار رکنی بحر؛ مصرعوں کی نظم؛ چار رکنوں کا (مجموعہ) -
-stich (-k) : چار مصرعوں کا مجموعہ یا قطعہ -
-style, a. & n. : چہار ستون؛ عمارت کا حصہ جو چار ستونوں پر قائم ہو خصوصاً برساتی یا چھت کا سہارا -
-syllable : چار بول کا لفظ ؛ چار رکنی لفظ -
-syllabic, a. : چار بول کا ؛ چار رکنی -

-ylous, a. : چار انگشتیا (پنجے کا) جانور -
Tetrad, *n.* : (۱) چار کا عدد - (۲) چار چیزوں کا مجموعہ؛ چوکڑی- (۳) عنصر یا جوہر فرد جو ہائیڈروجن کے چار جوہروں کے برابر قوت ترکیب رکھتا ہے -
Tetrandrous, *a.* : (نباتات) چار نر ؛ جس میں چار حامل زرہوں-
Tetrarch, (-k) *n.* : (۱) (سلطنت روما) ملک یا صوبے کے چوتھائی حصے کا حاکم ؛ عامل - (۲) فوج دار ' فوج کے ایک حصے کا سردار -
tetrarchate, tetrarchy *nn.* : (۱) عامل کا عہدہ - (۲) عامل کا دائرۂ حکومت -
tetrarchical, *a.* : عامل کا ؛ عاملی -
Tetter, *n.* : جلد کا مرض (مثلاً داد وغیرہ) -
tetterwort : بڑے قسم کا سلن دین (*celandine*) جو ان امراض کی دوا سمجھا جاتا ہے -
Teucrian, *a* & *n.* : قدیم یونانی شہر ٹرائے کا باشندہ ؛ ٹروجن -
Teuto-, comb : ٹیوٹن " *Teuton* " کی ترکیبی صورت -
Teuton, *n.* : ٹیوٹن ؛ قدیم جرمن قوم کا فرد -
Teutonic, *a.* & *n.* : (۱) ٹیوٹانی ؛ ٹیوٹن قوم کا یا اس کے متعلق - (۲) موجودہ جرمانی قوم کا ؛ جرمانی ؛ (وسیع معنی میں یہ لفظ جرمن قوم کے علاوہ ناروے سویڈن کے باشندوں اور انگلوسیکسن قوم کے لوگوں پر حاوی ہے) - (۳) ٹیوٹن اقوام کی زبان -
T. languages : فصیح اور دیہاتی جرمن زبانیں اور ناروے سویڈن کی زبانیں -
Teutonicism, *n.* : ٹیوٹانی زبان کا محاورہ ؛ ٹیوٹانی قوم کی خصوصیت -
Teutonism, *n.* : (۱) ٹیوٹانی زبان کا محاورہ - (۲) ٹیوٹانی قوم کی خصوصیت - (۳) ٹیوٹانی طرز یا اصول -
Teutonization, *n.* : ٹیوٹانی بنانا یا بنایا جانا ؛ ٹیوٹانی رنگ چڑھانا یا چڑھایا جانا -
Teutonize, *v.t.* : ٹیوٹانی بنالینا ؛ ٹیوٹانی رنگ چڑھا دینا -
Text, *n.* : (۱) مصنف کے اصل الفاظ ؛ کتاب کی اصل عبارت (شرح وغیرہ سے قطع نظر کرکے) - (۲) کتاب الہی (انجیل وغیرہ) کی آیت یا آیات جو کسی وعظ یا مقالے کے موضوع یا سند کے طور پر استعمال کی جائیں - (۳) متن (کتاب کا مضمون حواشی ' تصاویر وغیرہ سے قطع نظر کرکے) - (۴) جلی خط (*t. -hand*) -
church t. : دیکھو Church -
German t. : دیکھو German -
t. -book : نصاب کی کتاب ۔ درسی کتاب -
the t. is hopelessly corrupt : متن میں بہت کچھ تصرف کیا گیا ہے ' بہت مسخ ہوگیا ہے -
Textile, *a.* & *n.* : (۱) بننے کے متعلق؛ پارچہ بافی سے متعلق - (۲) بنا ہوا ' یا بننے کا (*t. fabrics, t. materials,*) - (۳) کپڑا؛ پارچہ -
the t. art : فن پارچہ بافی -
Textual *a.* : متن کا ؛ متن سے متعلق؛ متنی - (*t. criticism, errors*) -
textually, *adv.* : متن کے لحاظ سے -
Textualist, *n.* : (۱) لفظ پرست؛ وہ شخص جو کتاب کے الفاظ

یا اس کے لفظی معنی کا سختی سے پابند ہو - (۲) ہر موقع پر کتاب الٰہی کی سند پیش کرنے والا -

textualism, *n.*: لفظ پرستی -

Texture, (-tsher) *n.* : (۱) تاروپود؛ بناوٹ؛ بافت - (۲) ساخت؛ بناوٹ؛ ترکیب؛ ترتیب - (۳) (تصویر وغیرہ میں) سطح کاری؛ اشیا کی سطح کو دکھانا - (۴) (حیاتیات) نسیج؛ نسیج کی ساخت -

textural, *a.* : ساخت یا بافت کے متعلق؛ نسیج کے متعلق-

Textureless, *a.* : جس کی کوئی مخصوص ساخت نہ ہو؛ بےشکل-

-th, *suf. forming nn.* : لاحقہ جو اسما کے آخر میں آتا ہے اور (۱) ness کی طرح کیفیت حالت یا صفت کے معنی دیتا ہے؛ جیسے (breadth truth,) - (۲) کبھی کبھی نتیجے یا عمل کے معنی دیتا ہے (tilth, growth) -

-th, -eth, *after -ty suf. forming ordinal numbers*: لاحقہ اعداد ترتیبی اور اعداد کسری کے آخر میں آتا ہے جیسے (*adjj.* & *nn.* expr. fractions) - (۱) چوتھا؛ چوتھائی (*fourth*) - (۲) چالیسواں؛ چالیس-واں حصہ (*fortieth*) -

Thalamus, *n.*: (pl. -i) (۱) قدیم یونانی مکان کا اندر کا درجہ؛ زنانہ - (۲) (تشریح) وہ مقام جہاں اعصاب دماغ سے باہر نکلتے ہیں؛ مبداء عصب - (۳) (نباتیات) پھول کا خانہ؛ مسند گل -

optic t.: مبداء عصب بصر -

Thaler (tah-) *n.*: ٹالر؛ چاندی کا سکہ جو پہلے جرمنی میں رائج تھا -

Thalia, *n.* : تھالیا؛ جو کومیڈی (مزاحیہ ڈراما) اور شبانی (pastoral) شاعری کی دیوی ہے -

Thallium, *n.*: تھیلیم؛ ایک کمیاب سفید نرم فلزی عنصر -

thallic *a.* : تھیلیم کا (مرکب) جس میں آکسیجن زیادہ ہو -

thallous, *n.* : تھیلیم کا (مرکب) جس میں آکسیجن کم ہو -

Thallus *n.* : (نباتیات) مضغہ؛ جسم نباتی جس میں جڑ تنہ اور پتا نہ ہو (مثلاً کائی وغیرہ) -

thalloid *a.*: مضغہ نما -

Than (dhan - an) *conj.* (& quasi - prep) بہ نسبت؛ بہ مقابلہ؛ سے (*you are taller than he, (colloq.) taller than him*) -

Thanage (-*ij*) *n.* : چودھرات (*thane*) یا چودھری کا منصب؛ چودھری کا علاقہ -

Thanat (o) - **in comb.**: یونانی لفظ (*thanatos*) کی ترکیبی صورت بہ معنی موت -

thanatophidia. n. pl.: زہریلا سانپ -

Thanatoid, *a.* (۱) موت کا سا؛ مردے کا سا - (۲) مہلک؛ قاتل-

Thane *n.*: انگلستان کی قدیم تاریخ میں موروثی امرا اور عوام کے درمیان کے طبقے کا شخص؛ ملک؛ چودھری-

thanedome, *n.* : چودھرات؛ چودھری کا حلقہ یا علاقہ -

thanehood, *n.*: چودھری کا منصب؛ چودھرات -

thaneship, *n.*: چودھرات؛ چودھری کا منصب یا عہد حکومت-

Thank, *v. t.*: (کسی کا) شکریہ ادا کرنا؛ شکر گزار ہونا؛ شکر ادا کرنا-

has only himself to t. for that: اس میں خود اسی کا قصور ہے؛ اس کی ذمہ داری خود اس پر ہے-

t. you : شکریہ؛ تسلیم -

t. you for nothing: (حقارت سے انکار کے موقع پر) جی بس معاف کیجیے -

Thank, *n.* : (اب صرف جمع میں آتا ہے) شکر؛ شکریہ -

much tt. I got for it : (طنزاً) خوب قدردانی ہوئی-

t.- offering : قربانی یا نذر جو یہودی خوشی کے موقع پر دیتے تھے؛ شکرانے کی نذر یا قربانی -

tt. : آپ کا شکریہ؛ تسلیم -

tt. to: بدولت -

thankworthy, *a.* : (قدیم) قابل شکریہ -

Thankful, *n.* : (۱) شکر گزار؛ شاکر؛ ممنون؛ احسان مند - (۲) شکریے کے؛ شکر گزاری کے (الفاظ) -

thankfully, *adv.* : شکر گزاری سے؛ شکریے کے ساتھ -

thankfulness, *n.* : احسان مندی؛ شکر گزاری؛ ممنونیت -

Thankless, *a.* : ناشکرا؛ احسان فراموش -

a t. task : وہ کام جس کی کوئی قدر نہ ہو؛ جس کا کوئی صلہ نہ ملے؛ بے صلہ خدمت یا محنت -

thanklessly, *adv.*: ناشکر گزاری سے-

thanklessness, *n.* : نا شکر گزاری؛ احسان فراموشی-

Thanksgiving, *n.* : (۱) ادائے شکر (خصوصاً بارگاہ الٰہی میں) شکرانہ - (۲) دعائے شکر- (۳) (انجیل) شکرانے کی نذر یا قربانی -

General T. : عیسائیوں کی (*prayer book*) میں دعائے شکر-

T. day: یوم شکر؛ وہ دن جو ریاستہائے متحدہ امریکا میں خدائے تعالیٰ کا شکر ادا کرنے کے لئے مقرر کیا جاتا ہے (عموماً نومبر کی آخری جمعرات) -

Thar (*tar*), *n.*: نیپال کا ہرن جو بکری کے مشابہ ہوتا ہے؛ ٹار -

That, *a.* Pron. & *adv.*: (*dhat* تلفظ) (۱) وہ؛ یہ - (۲) اتنا؛ اس قدر - (۳) (بہ طور اسم موصول) جو؛ جوکہ -

come out of t. : (عامیانہ) بھاگ جاؤ -

I was t. angry I could have struck him : (سوقیانہ) اس قدر غصہ آیا کہ جی چاہتا تھا کہ مار بیٹھوں -

like t. : اس طرح؛ اُس طرح -

put this and t. together : مختلف واقعات پر مجموعی طور سے نظر ڈالو -

so that's that : یہ قصہ ہے؛ یہ بات ہے (گفتگو یا بیان کے ختم ہونے کے موقع پر کہتے ہیں) -

talked about responsibilities and all t. : ذمہ داریوں وغیرہ (اسی قسم کی پیش پا افتادہ باتوں) کا ذکر کرتا رہا -

that's a dear! : شاباش تم بڑے اچھے ہو (بات مان لینے کے شکریے میں یا التجا کے طور پر چھوٹوں سے یا دوستوں سے کہا جاتا ہے) -

t. is not fair : یہ بات انصاف کی نہیں -

that's right : (۱) بہت خوب - (۲) (سوقیانہ) ہاں -

this t. and the other : مختلف چیزیں؛ مختلف باتیں -

went to this doctor and t. or to this and t. doctor : کبھی اس ڈاکٹر کے یہاں کبھی اس ڈاکٹر کے یہاں؛ بہت سے ڈاکٹروں کے پاس گیا -

wouldn't give t. for it : (انگلیاں چٹخا کر کہتے ہیں)

مجھے اس کی ذرہ برابر پروا نہیں ؛ میری جوتی سے -

t. far : (بول چال) اتنی دور -

That (dhat, occas. -at.-)conj. : (۱) کہ (*there is no doubt t. he meant it*)-(۲) تاکہ (*he withdrew t. the dispute might cease*) - (۳) کہ اس کی وجہ سے (*I am so sleepy t. I cannot keep my eyes open*) - (۴) اس وجہ سے کہ ؛ اس لئے کہ- (۵) کاش (*t. I knew the truth*) - (۶) چونکہ -(*you ought to write now t. you know the address*)

It is rather t. he has not the time : زیادہ تر اس وجہ سے کہ اس کے پاس اتنا وقت نہیں ھے -

now t. : چونکہ اب ؛ اس لئے کہ اب -

not t. I have any objection : اس وجہ سے نہیں کہ مجھے کوئی اعتراض ھے -

Thatch, *n. & v. t.* : (۱) چھپر ؛ پوال کی چھت - (۲) (بول چال) چھپر کے بال؛ سر کے گھنے بال - (۳) چھپر چھانا ؛ چھپر ڈالنا ؛ پوال کی چھت ڈالنا -

Thaumatrope, *n.* : سیر بین ؛ جس میں ایک گول شیشے پر تصویریں بنی ہوتی ہیں اور تیزی سے چکر دینے سے حرکت کرتی ہوئی نظر آتی ہیں -

Thaumaturge, *n.*: (۱) معجزہ دکھانے والا ؛ معجزہ نما- (۲) جادوگر-

thaumaturgic (al), *aa.* : جادو کا ؛ جادو کی قسم کا -

thaumaturgist, *n.* : جادوگر ؛ شعبدہ باز -

thaumaturgy, *n.* : جادو ؛ شعبدہ بازی -

Thaw, *v. i. & t. & n.* : (۱) پگھلنا ؛ گھلنا (برف اور جمی ہوئی چیزوں کا) - (۲)(موسم میں) اتنی گرمی پیدا ہونا کہ برف پگھل جائے؛ حرارت کا نقطہ انجماد (۳۲ درجے) سے بڑھ جانا (*it thaws*)- (۳) سردمہری یا رکاوٹ دور ہونا؛ بے تکلف ہونا ؛ کھلنا ؛ (ملاقات میں) گرم جوشی پیدا ہونا - (۴) پگھلانا ؛ گھلانا - (۵) سرد مہری یا رکاوٹ دور کرنا - (۶) برف پگھلنا؛ برف پگھلنے کا موسم؛ برف پگھلنے کی (کے لائق) گرمی (*a t. has set in*) -

thawless, *a.* : کبھی نہ پگھلنے والا -

thawy, *a.* : برف پگھلنے کا -

The (bef. vowel dhi, bef. consonant dhe, emphat. dhe) *a. & adv.* : (۱) عموماً حرف تخصیص یا حرف تعریف کے معنی میں اسمائے نکرہ سے پہلے آتا ھے- (۲) بعض اوقات واحد کے پہلے آکر کسی جنس یا جماعت کے نمائندے کے معنی پیدا کرتا ھے (شیر بہ حیثیت اپنے جنس کے نمائندے کے *t. lion*) - (۳) بعض اسما سے پہلے آکر ان کے معنی کو محدود کرتا ھے اور عموماً شغل یا پیشے کے معنی پیدا کرتا ھے (تھیٹر کا ایکٹر= *t. stage* پادری یا واعظ کا پیشہ= *t. pulpit*)- (۴) بیماریوں وغیرہ کے نام سے پہلے (اب یہ استعمال کسی قدر قدیم سمجھا جاتا ھے (*t. small pox*) (۵) شرح یا در بتانے کے لئے "فی" کے معنی میں (چار پنس فی پونڈ = *4d t. pound* آٹھ منٹ فی میل کا حساب رکھو *allow 8 minutes t. mile*) - (۶) بعض اوقات اس طرح استعمال ہوتا ھے کہ اس کے بعد موصول کی ضرورت ہوتی ھے جو عموماً مقدر ہوتا ھے - (وہ کتاب جو تم نے مستعار لی تھی= *t. book you borrowed*) وہ اوسان نہیں کہ جو موٹر چلانے کے لئے چاہئیں= *had not t. nerve for motoring*) - (۷) اسم صفت سے پہلے آکر اسم جمع یا اسم مجرد کے معنی پیدا کرتا ھے- (*none but the brave*- شرکت *the* - حسن ؛ *the beautiful* - *deserve the fair* - *sublime*,) (۸) (تلفظ "dhe" عموماً ترچھے تاکیدی حروف میں لکھتے ھیں) شخص یا چیز کے نام سے پہلے جب اس نام کا سب سے مشہور شخص یا چیز مراد ہو ؛ (*no relation to the Browning*-) (۹) (*adv.*) جتنا؛ اتنا ھی؛ (*t. more he gets, t. more he deserves*) - (۱۰) اس قدر ؛ اس وجہ سے - (۱۱) تاکید یا تکرار کے لئے آتا ھے؛ (*am not (or none) the more inclined to help him because he is poor*)

so much the worse for him : اس کے لیے برا ھے ؛ بہت برا ھے -

that makes it all the worse: یہ تو اور بھی برا ھے- انخفاض ؛

t. blues, - وہ کیفیت جس میں معلوم ہوتا ھے کہ دل بیٹھا جاتا ھے -

the drink - شراب خواری کی عادت -

Theandric, *a.* : (مسیح کی ذات میں) الوھیت و بشریت کے اجتماع کا (عقیدہ وغیرہ) -

Theanthropic (al), *aa.* : (۱) الٰہی و بشری - (۲) خدا کے انسانی شکل میں ظاہر ہونے کا ؛ اوتار کا (عقیدہ وغیرہ) -

Thearchy (-ki-), *n.* : (۱) حکومت الٰہی- (۲) دیوتاؤں کا راج - (۳) دیوتاؤں کا طبقہ یا سلسلہ -

Olympian t. : کوہ المپس کے دیوتا -

Theatre, *n.* : (۱) تھیٹر ؛ تماشا گاہ - (۲) تھیٹر ؛ لکچر وغیرہ کا کمرہ جس میں نشست گاھوں کی قطاریں تدریجاً بلند ہوتی جاتی ہیں - (۳) تمثیلی ادب ؛ کسی قوم یا کسی دور کے ناٹک کی کتابیں بہ حیثیت مجموعی - (۴) فن تمثیل ؛ ناٹک کا فن - (۵) موقع میدان (*t. of war*) -

good t. : وہ ناٹک جو اسٹیج پر کامیاب ہو -

operating- t. : اپریشن تھیٹر ؛ جس میں طبی مدرسے کا استاد جراحی طلبہ کے سامنے عمل جراحی کرتا ھے -

patent t. : انگلستان کا وہ تھیٹر جو لارڈ چیمبرلین کے لیسنس سے نہیں بلکہ سند شاہی سے قائم ہوا ہو ؛ تھیٹر منظورہ شاہی

t. -goer : تھیٹر دیکھنے کا عادی ؛ تھیٹر کا شائق -

t.- going : تھیٹر دیکھنے یا تھیٹر میں جانے کی عادت ؛ معمول ؛ شوق -

Theatrical, *a. & n.* : (۱) تھیٹر پن کا ؛ تھیٹر کے رنگ کا ؛ اپڑ جمانے کے ڈھب کا ؛ تصنع آمیز ؛ بناوٹ کا ؛ دکھاوے کا ؛ نمائشی (*t. manners, speech, gesture*) - (۲) تھیٹر کا ؛ تھیٹر کے لائق - (۳) ایکٹنگ کا یا ایکٹروں کا ؛ اداکاروں کا - (۴) (جمع) ناٹک کے تماشے؛ ناٹک ؛ خصوصاً اناڑیوں کا ناٹک (*private tt.*) -

theatric, *a.* : تھیٹر کا ؛ اداکاری کا ؛ اداکاروں کا -

theatricalism, *n.* : (۱) تھیٹر پن ؛ تصنع ؛ بناوٹ - (۲) تھیٹر کا محاورہ ؛ تھیٹر کی چیز -

theatricality, *n.* : تھیٹر پن ؛ تصنع ؛ بناوٹ -

theatricalize, *v. t.* : تھیٹر بن جانا یا بنا دینا ؛ تھیٹر کا رنگ پیدا ہو جانا یا پیدا کر دینا -

theatrically, *adv.* : تھیٹر کے رنگ میں ؛ تھیٹر پن کے انداز سے ؛ تصنع یا بناوٹ سے -

Thebaid (or the-), *n.* : (۱) تھیبیس کا علاقہ (مصر میں) -

(۲) نظم جس کا موضوع تھیبیس کا معاصرہ ہو ؛ جنگ نامہ تھیبیس (خصوصاً *Statius* کا مصنفہ) -

Theban, *a.* & *n.*: (۱) شہر تھیبیز کا - (۲) تھیبیس کا باشندہ -

Thee: دیکھو Thou -

Theft, *n.*: چوری ؛ سرقہ -

Theic, *n.*: کثرت سے چائے پینے والا -

theism, *n.*: کثرت چائے نوشی -

Theine, *n.*: دیکھو Caffeine -

Their (dhar), *adj.*: ان کا (جب مضاف ظاہر نہ کیا جائے تو اس کی شکل " *theirs* " ہو جاتی ہے) -

Theism, *n.*: خدا کا عقیدہ؛ خدا پرستی؛ یہ عقیدہ کہ خدا موجود ہے اور اس کی طرف سے بندوں کی ہدایت کے لیے وحی نازل ہوتی ہے (مقابلے کے لیے دیکھو " Deism ") -

theist, *n.*: خدا پرست ؛ خدا کے وجود اور وحی کا قائل -

theistic (al), *a.*: خدا پرستی کا -

Them: دیکھو They -

Thematic, *a.*: (۱) (موسیقی) موضوع نغمہ کا ؛ ترجیعی سر کا - (۲) (علم صرف) اصل یا مادے کا یا اس کے متعلق -

t. form: اصلی صورت -

t. treatment, t. catalogue: ترتیب یا فہرست جس میں گیتوں کے نام اور ترجیعی سر دیے ہوں -

t. vowel: اصلی حرف علت -

thematically, *adv.*: موضوع کے لحاظ سے ؛ ترجیعی سر کے لحاظ سے ؛ اصل یا مادے کے اعتبار سے -

Theme, *n.*: (۱) موضوع (تقریر ' خیال کا) - (۲) مشقی مضمون جو مدرسے میں لکھوایا جاتا ہے - (۳) مادہ ؛ اصل (اسم یا فعل کی جس کے ساتھ اور اجزا ملا کر مشتقات بنتے ہیں) - (۴) (موسیقی) موضوع نغمہ ؛ وہ خیال جو ادا کیا جائے؛ ترجیعی سر ؛ وہ سر جو بار بار آئے - (۵) باز نطینی سلطنت کے ۲۹ صوبوں میں سے کوئی صوبہ -

t. song: فلم یا غنائی ناٹک میں وہ گیت جو بار بار آتا ہے ؛ ترجیعی نغمہ -

Themis, *n.*: (۱) (یونانی دیو مالا) قانون اور انصاف کی دیوی؛ تھیمس - (۲) قانون اور انصاف (مجسم شکل میں) -

Themselves (dhem-) *pron.*: (۱) (اپنے آپ کو) خود کو - (۲) (تاکیدی) خود -

Then(dhen), *adv. conj., a.* & *n.*: (۱) اس وقت ؛ اس زمانے میں؛ تب (*w s t. too much occupied*) - (۲) پھر ؛ اس کے بعد ؛ تب (*it must t. soak for two hours*) - (۳) ایسی صورت میں؛ تب تو ؛ پھر تو (*t. you should have*) - (۳) (بادل ناخواستہ یا جھجک کر کسی بات کو قبول کرنے کے موقع پر) خیر ؛ اچھا صاحب (*said so*) - (۵) اس زمانے کا ؛ اس وقت کا؛ جو اس زمانے میں تھا (*the- t. ruler*=حاکم وقت) - (۶) وہ وقت؛ تب (*before t., till t. from t.*) -

every now and t.: وقتاً فوقتاً ؛ اکثر -

go t.: اچھا صاحب جائیے -

now & then: کبھی کبھی ؛ وقتاً فوقتاً -

take it t.: خیر لے لو -

Thenar, *n.*: (علم تشریح)(۱) کف دست؛ ہتیلی- (۲) کف پا ؛ تلوا - (۳) (بطور صفت) ہتیلی کا ؛ تلوے کا -

t. eminence, t. prominence: ہتیلی کی گدی یا مچھلی -

Thence (dh), *adv.*: (۱) (قدیم) اس جگہ سے ؛ اس مقام سے ؛ وہاں سے - (۲) (کسی قدر قدیم) اس بات سے ؛ اس وجہ سے - (*a discrepancy t. results*) - (۳) (شاذ) اس وقت سے ؛ اس کے بعد سے (*it t. appears*) -

thenceforth, thenceforward, adv. & *nn.*: (۱) وہ وقت؛ تب - (۲) اس وقت سے ؛ تب سے - (۳) وہ مقام - (۴) اس مقام سے ؛ وہاں سے -

Theo-, in comb.: یونانی لفظ " *theos* " بمعنی " دیوتا " یا " خدا " کی ترکیبی صورت -

-cracy: (۱) حکومت الٰہی ؛ جس میں وحی الٰہی کے مطابق حکومت کی جائے - (۲) دینی حکومت ؛ مذہبی حکومت جس میں پیشوایان دین نائب الٰہی کی حیثیت سے حکومت کرتے ہیں -

-crat: دینی حکومت کا حاکم یا محکوم -

-cratic, a.: حکومت الٰہی یا دینی حکومت کا -

-cratist: حکومت الٰہی کا حامی یا معتقد -

-crasy: فنافی اللہ کا درجہ ؛ روح کا وصل خدا سے فکر اور مراقبے کے ذریعے سے خصوصاً اشراقیوں اور بدھ مت والوں کے یہاں -

-dicy: دنیا میں شر کے وجود کی تاویل اور توجیہ کر کے ذات الٰہی کو بے انصافی کے الزام سے بری ثابت کرنا ؛ اثبات عدل الٰہی -

-gony: (وہ نظم جس میں) دیوتاؤں کا نسب نامہ (بیان کیا جائے) -

-gonic, a.: دیوتاؤں کے نسب نامے سے متعلق -

-gonist, n.: دیوتاؤں کا نسب نظم کرنے والا شاعر -

-machy(-ki): (۱) دیوتاؤں سے جنگ - (۲) دیوتاؤں کی باہمی جنگ -

-mania: (۱) جنون الوہیت ؛ اپنے آپ کو خدا سمجھنے کا خبط - (۲) مذہبی دیوانگی -

-maniac, n.: (۱) مجنون الوہیت - (۲) مذہبی دیوانہ -

-phany: رویت الٰہی ؛ انسان کو خدا کی زیارت ہونا -

-phanic, a.: رویت الٰہی کا -

-philanthropist: (۱) اس مجلس کا رکن جو فرانس میں سنہ ۱۷۹۶ ع میں اس غرض سے قائم کی گئی تھی کہ مسیحیت کے بجائے ایک اور مذہب رائج کیا جائے جس میں خدا کا اقرار مگر وحی کا انکار ہو - (۲) محب خدا و بشر ؛ وہ شخص جو خدا کی محبت کے ساتھ انسانوں کی محبت بھی رکھتا ہو -

-philanthropic, a.: محبت خدا و بشر کا -

-philanthropy, n.: محبت خدا و بشر -

-pneusty: الہام من اللہ

-pneustic, a.: الہامی -

-techny: مافوق الفطرت کار خانہ -

-technic, a.: مافوق الفطرت کار خانے کا -

the T.: یہودیوں کی جمہوری حکومت حضرت موسیٰ سے لے کر عہد ملوکیت کے آغاز تک -

Theodolite, *n.*: پیمائش کا ایک آلہ جس میں دوربین کے افقی اور عمودی زاویوں کی پیمائش ہوتی ہے؛ تھیوڈولائیٹ ؛

زاویہ پیما دوربین -

theodolitic, *a.*: اس آلے کا -

Theodosian, *a.*: - تھیوڈوسی؛ شاہ تھیوڈوسس (اول؛ دوم یا سوم) کا -

T. code: ضابطۂ تھیوڈوسی؛ ضابطۂ قانون جو تھیوڈوسس ثانی المتوفی سنہ ۴۵۰ کے عہد میں مرتب ہوا -

Theologian, *n.*: دینیات کا عالم؛ عالم دین -

Theology, *n.*: علم دین؛ دینیات -

natural t.: دینیات عقلی؛ جس کا اصول یہ ہے کہ خدا کی معرفت کا ذریعہ مشاہدۂ فطرت اور عقل ہے -

positive, revealed t.: دینیات تنزیلی جو وحی و تنزیل پر مبنی ہو -

dogmatic t.: دینیات ادعائی؛ جو کتاب مقدس کی تعلیم اور کلیسا کے احکام پر مبنی ہو -

speculative, t.: دینیات قیاسی؛ جو محض احکام وحی تک محدود نہ ہو -

systematic, t.: دینیات نظامی؛ جس میں دینی عقائد ایک منطقی نظام کی شکل میں مرتب کئے گئے ہوں -

Theological, *a.*: دینی؛ دینیات کا -

theologically, *adv.*:- علم دین کی رو سے؛ علم دین کے مطابق -

theologize, *v. t. & i.*: - (۱) دینیات کا رنگ چڑھا دینا - (۲) دینیات کا مطالعہ یا دینیات کی بحث کرنا -

Theorbo, *n.*: ایک قسم کا عود یا سارنگی جس کا سترھویں صدی میں رواج تھا -

Theorem, *n.*: (۱) (ریاضی) شکل؛ شکل ہندسی - (۲) جبر و مقابلے وغیرہ کا مسئلہ - (۳) کلیہ؛ اصول؛ نظری حقیقت یا مسلمہ -

binomial, t.: دیکھو Binomial -

theorematical, *aa.*: - اشکال ہندسی کا؛ کلیات یا اصول کا -

theorematist, *n.*: کلیات یا اصول قائم کرنے والا -

Theoretic, *a. & n.*: (۱) نظری؛ علمی - (۲) (جمع) کسی سائینس کا نظری حصہ؛ نظریات -

theoretician, *n.*: کسی سائینس کے نظری حصے کا ماہر؛ نظریات داں -

Theoretical, *a.*: (۱) نظری؛ خالص علمی؛ جسے عمل سے تعلق نہ ہو - (۲) خیالی؛ جسے حقیقی واقعات سے تعلق نہ ہو -

theoretically, *adv.*: نظری طور پر؛ نظری اعتبار سے -

Theoric, *a.*: (قدیم یونان) عام تماشوں کے متعلق -

t. fund: تماشا فنڈ جس سے غریبوں کو تھیٹر دیکھنے کے لیے امداد دی جاتی تھی -

Theory, *n.*: (۱) نظریہ؛ اصولی مسئلہ - (۲) قیاس خیال؛ رائے - (۳) نظریات دائرہ؛ اصولی غور و فکر کا میدان (*all very well in t. but useless in practice*) - (۴) اصول؛ نظریات (*t. of music*) - (۵) (ریاضی) بحث؛ اصول؛ اصول بحث -

atomic t.: نظریۂ جوہر فرد -

t. of chances: اصول اتفاقات -

t. of equations: بحث مساوات -

t. of evolution: نظریۂ ارتقا -

t. of gravitation: نظریۂ کشش ثقل -

theorist, *n.*: (۱) نظریہ قائم کرنے والا - (۲) غیر عملی آدمی -

theorization, *n.*: نظریہ قائم کرنا یا کیا جانا -

theorize, *v. i.*: نظریہ قائم کرنا یا پیش کرنا -

Theosophy, *n.*: تھیوسوفی؛ یہ عقیدہ یا اصول کہ ہر شخص بلا واسطہ خدا کی معرفت روحانی وجد اور وجدان سے حاصل کرسکتا ہے -

theosoph, *n* **theosopher**, **theosophist**, *nn.*: - تھیوسوف -

theosophic, **theosophical**, *aa.*: - تھیوسوفی کا؛ تھیوسوفیانہ -

theosophistical, *a.*: تھیوسوف کا؛ تھیوسوفیانہ -

theosophize, *v. i.*: تھیوسوفی کا عامل ہونا -

-ther, -ter, *suf.*: لاحقہ جو ضمائر اور "*adverbs*" وغیرہ میں آتا ہے مثلاً (*either, whether after*) -

Therapeutic, *a. & n.*: (۱) دافع مرض - (۲) علاجی؛ معالجاتی؛ علاج امراض سے متعلق - (۳) علم علاج؛ معالجات؛ طب کی وہ شاخ جس میں علاج امراض اور خاصیت ادویہ سے بحث ہوتی ہے -

therapeutical, *a.*: علاجی؛ معالجاتی -

therapeutically, *adv.*: (۱) علم علاج کی رو سے - (۲) دافع امراض کے طور پر -

therapeutist, *n.*: معالج؛ ماہر معالجات؛ ماہر علاج -

-therapy: (-) طریقہ علاج -

radio- therapy: شعاعی طریقۂ علاج -

There (dhar, dher as below), *adv. n. & int.*: (۱) اس جگہ پر وہاں - (۲) یہاں؛ اس موقع پر؛ اس بات میں - (۳) وہاں؛ اس مقام کو؛ اس مقام پر (*go t. every day*) - (۴) حشو؛ حرف زائد کے طور پر محض حسن بیان کے لیے (یہاں اس کا تلفظ عموماً (*dher*) ہوتا ہے (*t. was a cart close by*)- (۵) وہ؛ مقام؛ وہاں (*was brought from t.*) - (۶) نجائیہ؛ طور پر اپنی توقع پوری ہونے سے یا اندیشے کے صحیح ثابت ہونے سے ملول ہوکر (دیکھو میں کہتا نہ تھا) (*t. what did I tell you*)- (۷) بچوں وغیرہ کو دلاسا دینے کے لیے (جانے دو اس کی پروا نہ کرو (*t., t. never mind*) -

are you t.? آپ آگئے (ٹیلیفون کی گفتگو شروع کرتے وقت کہتے ہیں) -

all t.: - (عامیانہ) ہوش میں؛ صحیح الدماغ؛ صحیح العقل -

get t.: (عامیانہ) کامیاب ہونا -

have been t. before: (عامیانہ) میں سب جانتا ہوں؛ یہاں سب کچھ معلوم ہے -

here & t.: دیکھو Here -

neither here nor t.: دیکھو Here -

t., I agree with you: - اس بات میں میں آپ سے متفق ہوں -

t. is (or comes in) the difficulty: یہی تو مشکل ہے؛ یہیں پر تو مشکل پڑتی ہے -

t. it is on the sofa: وہ دیکھو صوفے پر رکھا ہے -

t. it (the trouble) is you see: - یہ مشکل ہے دیکھا تم نے -

t. or thereabouts: اس (مقدار یا وقت کے) کے قریب قریب -

t. s' a dear = that's a dear: دیکھو That -

you had him t.: - یہاں تم نے اسے چت کر دیا؛ زک دے دی -

you t. : دیکھنا بھئی -
thereabout (s) : (۱) وھیں کہیں ؛ اسی کے قریب - (۲) اس کے لگ بھگ ؛ قریب قریب (*ought to be somewhere thereabouts*) -
thereafter : (قدیم) (۱) اس کے بعد - (۲) اس کے مطابق -
thereanent : (اسکاٹستان) اس کے متعلق -
thereat : (قدیم) (۱) اس جگہ - (۲) اس کی وجہ سے؛ اس پر - (۳) اس کے بعد -
thereby or (dharbi) : اس سے ؛ اس کے ذریعے سے ؛ اس کی بدولت ؛ اس کی وجہہ سے -
thereby hangs a tale : اس کے سلسلے میں ایک بات کہنی ہے -
therefor : (قدیم) اس مقصد کے لیے ؛ اس کے لیے -
therefore : اس وجہہ سے ؛ چنانچہ ؛ لہذا -
therefrom : (قدیم) اس سے ؛ اس کے ذریعے سے - (۲) وہاں سے -
therein : (۱) (قدیم) اس مقام پر ؛ وہاں - (۲) اس بات میں ؛ اس لحاظ سے -
thereinafter : (اسی دستاویز ، تقریر وغیرہ میں) آگے چلکر ؛ اس کے بعد -
thereinbefore : (اسی دستاویز ، تقریر وغیرہ میں) اس سے پہلے -
thereinto : (قدیم) (مقام) میں -
thereof : (قدیم) اس کا ؛ اس کے متعلق -
thereon : (قدیم) اس پر -
thereout : (قدیم) اس میں سے -
therethrough : (۱) (قدیم) اس میں سے ہوکر؛ اس کے ذریعے سے -
thereto : (قدیم) (۱) اس میں ؛ اس کی طرف - (۲) اوپر ؛ کھاتے یا روکن میں -
thereunto : (قدیم) اس سے ؛ اس کے ساتھہ -
thereupon : (۱) اس پر ؛ اس بات پر ، اس کے نتیجے کے طور پر ؛ چنانچہ - (۲) اس کے بعد ہی ؛ فوراً ہی ؛ معاً - (۳) (قدیم) اس کے اوپر -
therewith : (۱) اس کے ساتھہ - (۲) اس کے بعد ہی؛ فوراً ہی ؛ معاً -
therewithal : (۱) اس کے علاوہ - (۲) اس کے ساتھہ -

Theriac, *n.* (also theriaca Andromachi, venice treacle) : سم تریاق ؛ زہریلے جانوروں کے کاٹے کی دوا جو بہت سی ادویہ کی ترکیب سے تیار ہوتی ہے -
Therianthropic, *a.* : (۱) انسان اور حیوان سے مرکب (فرضی مخلوق مثلاً سیمرغ ؛ برزخ پیکر) - (۲) برزخ پیکر کی پرستش کا -
therianthropism, *n.* : برزخ پیکر کی پرستش -
Therm, *n.* : (۱) حرارہ ؛ وہ مقدار حرارت جو پوری کثافت کے ایک گرام پانی میں ایک درجہ سینٹی گریڈ گرمی زیادہ کردے - (۲) کوئلہ گیس کی اکائی (مثلاً 1000 British thermal units) -
Thermae, *n.* pl. : (۱) (قدیم) گرم پانی کے چشمے - (۲) حمام خصوصاً سرکاری حمام جو عوام کے لیے بنائے گئے تھے -
Thermal, *a.* : (۱) حرارت کا - (۲) گرم پانی کے چشموں یا حماموں کے متعلق -
British t. unit (B. th. U. مخفف) : حرارت کی مقدار جو پوری کثافت کے ایک پونڈ پانی میں ایک درجہ فہرن ھائٹ گرمی زیادہ کردے -
t. equator : کرۂ زمین کے گرد وہ فرضی خط جو سب سے زیادہ گرم خطے سے گزرتا ہے ؛ خط استوائے حرارت -
t. springs : گرم پانی کے چشمے -
t. unit : حرارت کی اکائی جس سے اشیاء کی حرارت ناپتے ہیں -
thermally, *adv.* : حرارت کے اعتبار سے -
Thermantidote, *n.* : ہوا کو ٹھنڈا کرنے کا سامان جو ہندوستان اور دوسرے گرم ملکوں میں استعمال ہوتا ہے -
Thermic, *a.* : حرارت کا -
Thermidor, *n.* : تہرمی تور ؛ فرانس کے انقلابیوں کی تقویم کا گیارھواں مہینہ (۱۹ جولائی تا ۱۷ اگست) -
Thermidorian, *n.* : تہرمی توری ؛ روبیس پیر (*Robespierre*) کے قتل کا حامی (جو ۹ تہرمی تور یعنی ۲۷ جولائی سنہ ۱۷۹۴ع کو قتل کیا گیا) -
Thermion, *n.* : برق پارہ جو کسی دھکتی ہوئی چیز سے پیدا ہو ؛ حربرق پارہ ؛ حراوان (حر + اوان (*ion*) - (ج)
thermionic valve or vacuum tube : خلا کی نلکی جس میں برق پارے کثرت سے پیدا ہوتے ہیں ، لاسلکی شعاعوں کو بڑھانے کے لیے استعمال ہوتی ہے -
thermionic, *a.* : حربرق پارے کا؛ حروانی -
Thermite, thermit : تہر مائٹ؛ باریک پسے ہوے ایلومینیم اور لوھے کے زنگ کا مرکب جو جلانے سے بہت اونچا درجۂ حرارت پیدا کرتا ہے ، دھات کو جوڑنے اور بم بنانے کے کام آتا ہے -
Thermo- in comb. : یونانی لفظ " thermos " بہ معنی گرم کی ترکیبی صورت -
-barometer : (۱) حرباد پیما ؛ جس میں ہوا کا دباو پانی کے نقطۂ جوش کے ذریعے معلوم کیا جاتا ہے - (۲) سیفن بار پیما جو تپش پیما کا کام دیتا ہے -
--dynamics : حرکیات حرارت ؛ طبیعیات کی وہ شاخ جس میں حرارت سے مشینوں وغیرہ کی حرکت کا تعلق دکھایا جاتا ہے -
-electricity : حر برق (ج)؛ وہ برقی رو جو تپش کے تفاوت سے پیدا ہوتی ہے -
-electric, *a.* : حر برقی -
-electrometer : حربرق پیما ؛ جس سے برقی رو کی قوت حرارت معلوم ہوتی ہے -
-genesis : تولید حرارت (خصوصاً جسم انسانی میں) -
-genetic, *a.* : تولید حرارت کا -
-genic, *a.* : تولید حرارت کا -
-gram : (خود نویس تپش پیما کا لکھا ہوا) نقشۂ حرارت -
-graph : خود نویس تپش پیما -
-motive : بحرارت سے چلنے والا -
-motor : حر موٹر ؛ وہ موٹر جو گرم ہوا سے چلتا ہے -
-pile : حر برقی شعاع پیما ؛ جس سے شعاعی حرارت کی چھوٹی سی مقدار بھی ناپی جا سکتی ہے -
-scope : حر تفاوت پیما ؛ جس سے اشیاء کی حرارت یا تپش کا

زرق ظاهر هو جاتا هے مگر درجۂ حرارت نہیں پایا جا سکتا -

-scopic (al), *aa.* : حر تفارت پیما کا -

-static, *a.* : توازن حرارت کا -

-statics : نظریۂ توازن حرارت -

-tensile : حرارت اور تناؤ کا ؛ تناو کی قوت پر حرارت کے اثر کے متعلق -

-type : حرچھاپا ؛ جس میں لکڑی پر کھدی هوئی عبارت کا چربہ هلکا تیزاب لگاکر اٹھاتے هیں اور پھر حرارت کے ذریعے سے یہ حروف چھپے هوے حروف کی طرح ابھر آتے هیں -

Thermometer, *n.* : تپش پیما ؛ حر پیما ؛ عموماً ایک شیشے کی نلکی جس کے اندر باریک سی نالی میں پارہ وغیرہ بھرا هوتا هے اور باهر کی طرف نشان لگے هوتے هیں -

Centigrade, t. : سنٹی گریڈ تپش پیما جس میں نقطۂ انجماد صفر اور نقطۂ جوش ۱۰۰ درجے پر رکھا گیا هے -

clinical t. : مطب کا تپش پیما ؛ جس میں صرف حرارت کے ۲۵ درجوں یا اس سے بھی کم کے نشان هوتے هیں -

Fahrenheit t. : فہرن هائٹ تپش پیما ؛ تپش پیما جس میں پانی کا نقطۂ انجماد ۳۲ درجۂ پر اور نقطۂ جوش ۲۱۲ پر رکھا گیا هے -

maximum, t. : دیکھو - Maximum

minimum t. : دیکھو - Minimum

Reaumur t. : ریومر تپش پیما ، جس میں نقطۂ انجماد صفر اور نقطۂ جوش ۸۰ درجے پر رکھا گیا هے -

thermometric (al), *aa.* : تپش پیما کا ، تپش پیما سے معلوم کیا هوا -

thermometrically, *adv.* : تپش پیما کے ذریعے سے -

thermometry, *n.* : تپش پیمائی ؛ حر پیمائی -

Thermos, *n.* T. flask or *t.* : تھرماس ؛ دهرے شیشے کی بوتل جس کے دونوں شیشوں کے درمیان خلا هوتا هے اس میں گرم یا ٹھنڈی چیز اپنی اصلی حالت میں محفوظ رهتی هے -

Theroid, *a.* : حیوان نما ؛ (ضعیف العقل شخص) جس میں حیوانوں کی سی خصلتیں هوں -

Therology, *n.* : مبحث ذوات الثدی ؛ علم حیوانات کی وہ شاخ جس میں دودھ پلانے والے جانوروں کا ذکر هے -

therologist, n. : ماهر ذوات الثدی -

Thesaurus, *n.* : قاموس ؛ معلم ؛ جامع اور بسیط لغت کی کتاب -

These دیکھو - This

Thesis (pl. theses) *n.* : (۱) دعویٰ ؛ نظریہ - (۲) مقالہ (خصوصاً وہ جو کسی علمی سند کا امید وار لکھتا هے) - (۳) اسکول یا کالج کی مشق ؛ درسی مشق ؛ مشقی مضمون - (۴) (تلفظ the-) انگریزی شعر کی تقطیع میں لفظ کا وہ جز جس پر آواز کا زور نہیں پڑتا هے ؛ بے تاکید جزء ؛ جزو خفی ؛ (مقابلے کے لئے دیکھو (arsis) -

Thespian, *a.* : تھیسپس کا ؛ (چھٹی صدی قبل مسیح کے ڈراما نویس " *Thespis* " کے متعلق) -

the T. art : ڈراما ؛ تمثیل نگاری -

Theurgy, *n.* : (۱) مافوق الفطرت قوت (خصوصاً وہ جس کا دخل انسانی معاملات میں هو) ؛ غیبی قوت ؛ تصرف غیبی - (۲) غیبی قوت کی مدد حاصل کرنے کا فن ؛ عملیات - (۳) اشراقیوں کا فن سحر - (۴) معجزہ (سفلی جادو کے مقابلے میں) -

theurgic(al), *aa.* : جادو کا -

theurgist, *n.* : جادوگر ؛ ساحر -

Thews, *n. pl.* : (۱) نس ؛ پٹھے ؛ عضلے - (۲) (مجازاً) سے ؛ دماغی یا اخلاقی زور وقوت -

thewed, *a.* : (خاص قسم کے) رگ پٹھے والا -

thewless, *a.* : (۱) کمزور ؛ ڈھیلا (جسمانی حیثیت سے) - (۲) بے ست ؛ جس میں دماغی یا اخلاقی زور و قوت نہ هو -

thewy, *a.* : قوی ؛ گٹھا هوا ؛ گٹھیلا -

They (dha) *pron.* (*obj. them, poss. their*) : وہ ؛ وہ لوگ (*he she, it,* کی جمع) -

t. say : لوگ کہتے هیں ؛ کہا جاتا هے -

Thick, *a. n. & adv.* : (۱) موٹا ؛ دبیز ؛ دل دار - (۲) سوجا هوا - (۳) موٹی (لکیر وغیرہ) - (۴) (حروف ٹائپ وغیرہ) جلی ؛ موٹا - (۵) گھنا ؛ گنجان (*t. hair, t. forest*) - (۶) بہت سا بھرا هوا ؛ لدا هوا (*trees t. with leaves*) - (۷) (*fell t. as peas*) - (۸) گاڑھا (*t. soup*) - (۹) گدلا (*t. puddles*) - (۱۰) ابرآلود (*weather is still t.*) - (۱۱) غبی ؛ کند ذهن ؛ ٹھس ؛ بیوقوف - (۱۲) (آواز) بیٹھی هوئی - (۱۳) (بول چال) (آپس میں) گاڑھی دوستی رکھنے والا (*t. as thieves*) - (۱۴) کسی چیز کا گنجان حصہ (- معرکہ آرائی کا گھمسان) (*in the t. of the fight*) - (۱۵) (بول چال) احمق ؛ کودن مغز - (۱۶) (عامیانہ) کو کو (پینے کی چیز) - (۱۷) لگاتار ؛ تابڑ توڑ ؛ (*snow was falling - t., blows come fast and t.*)

a bit t., rather t., a little t. : (عامیانہ) یہ تو بہت مبالغہ هے ؛ یہ تو عقل میں نہیں آتا -

a board two inches t. : دو انچ موٹا تختہ -

give person a t. ear : مکا مار کر کان سجا دینا -

lay it on t. : (عامیانہ) بہت موٹا ردا جمانا ؛ بہت زیادہ تعریف یا خوشامد کرنا -

spread the butter t. : مکھن بہت سا لگاو ؛ مکھن کی موٹی تہ لگاو -

t.-&-thin, a. : رنج و راحت کا ، پکا (رفیق وغیرہ) -

through t.-&- thin : (۱) مردانہ وار - (۲) رنج و راحت میں ؛ هر حال میں -

thickhead : غبی آدمی ؛ احمق -

thickheaded : بے وقوف -

thickset : (۱) گھنا ؛ ٹھوس ؛ گٹھا هوا - (۲) ایک قسم کا موٹا سیاہ رنگ کا سوتی کپڑا (گبرون) - (۳) (*t. set hedge*) گھنی جھاڑی -

t.-skinned : بے حس ؛ دیر حس ؛ کند حس ؛ وہ شخص جس پر بات کا اثر کم هو (زود حس کی ضد) -

t.-skulled,-witted : غبی ؛ ٹھس -

thickun : (عامیانہ) گھنی -

thickish, *a.* : (۱) کسی قدر موٹا ؛ گھنا یا گاڑھا - (۲) کسی قدر گدلا یا ابر - (۳) کسی قدر بیٹھی هوئی (آواز) - (۴) کسی قدر ٹھس یا بیوقوف -

thickly, adv. : (۱) گھنا گھنا ؛ موٹی تہ میں - (۲) بیٹھی ہوئی آواز میں - (۳) لگا تار ؛ تابڑتوڑ -

thicken, *v.t. & i.* : (۱) موٹا کرنا یا ہونا؛ گھنا کرنا یا ہونا ؛ گنجان کرنا یا ہونا - (۲) گدلا یا ابرآلود کرنا یا ہونا - (۳) گاڑھا کرنا یا ہونا (شوربے وغیرہ کا) - (۴) (آواز کا) بیٹھ جانا - (۵) زیادہ پیچ در پیچ ہونا (افسانے کے پلاٹ یا واقعات کا) -

thickening, *n.* : (۱) موٹا یا گاڑھا ہونا - (۲) کوئی چیز یا کوئی حصہ جو موٹا ہوگیا ہو - (۳) کوئی چیز جس سے شوربا گاڑھا کیا جائے -

Thicket, *n.* : گنجان جھاڑیوں کا سلسلہ ؛ جھاڑی بن ؛ جھاڑی -

Thickness, *n.* : (۱) موٹا یا گاڑھا ہونا ؛ گنجان ہونا - (۲) گدلا یا ابرآلود ہونا - (۳) بیٹھا ہوا ہونا (آواز کا) - (۴) کند ذہنی ؛ ٹھس پن - (۵) مٹائی ؛ دبازت - (۶) موٹا حصہ - (۷) تہ (*three thicknesses of felt*) -

Thief, (-ef) *n.* (pl.-ves) : (۱) چور ؛ چوٹا ؛ دزد - (۲) بتی کا گل -

thievish Latin : چوروں کی زبان -

thievery, *n.* : (۱) چوری ؛ چرانے کا فعل - (۲) چوٹا پن ؛ چوری کی عادت -

thievish, *a.* : (۱) چوٹا - (۲) چوری کا -

thievishly, *adv.* : (۱) چوری سے ؛ چور کی طرح - (۲) چوٹے پن سے ؛ بے ایمانی سے -

thievishness, *n.* : چوٹا پن ؛ چوری ؛ چور ہونا -

Thieve, *v.t. & i.* : (۱) چور ہونا ؛ چوری کا پیشہ کرنا ؛ چوری کرنا - (۲) چرانا ؛ چوری کرنا -

Thigh (thi) *n.* : ران ؛ جانگھ ؛ جانگ -

smite hip and t. : دیکھو Hip -

t.-bone : ران کی ہڈی ؛ جانگھ کی ہڈی -

(-) thighed, *a.* : (سابقہ) ران والا -

Thill, *n.* : گاڑی کا بم یا دھرا -

t.-horse : گھوڑا جو گاڑی میں جوتا جائے -

thiller, *n.* : ایضاً -

Thimble, *n.* : (۱) انگشتانہ ؛ دھات کی ٹوپی جو سیتے وقت انگلی میں پہن لیتے ہیں - (۲) (مکانک) چھوٹی سی دھات کی نلکی - (۳) دھات کا حلقہ جس میں باہر کی طرف نالی بنی ہوتی ہے اور رسی میں یا بادبان کے سروں پر رگڑ سے بچانے کے لیے لگا دیا جاتا ہے -

t. -pie : انگشتانہ سر پر بطور سزا کے مارنا -

thimbleful : چھچی بھر ؛ بہت تھوڑی سی مقدار (برانڈی وغیرہ کی پینے کے لیے) -

thimblerig, *n. & v.i.* : (۱) ہاتھ کی صفائی کا کھیل جس میں مٹر کا دانہ وغیرہ تین انگشتانوں میں سے کسی کے نیچے چھپا دیتے ہیں اور تماشائی شرط لگا کر بتاتا ہے کہ وہ تینوں میں سے کس کے نیچے ہے - (۲) یہ کھیل دکھانا - (۳) ٹھگنا -

thimblerigger, *n.* : (۱) یہ کھیل دکھانے والا - (۲) ٹھگ؛ فریبی ؛ پتے باز -

Thin, *a.* : (۱) پتلا ؛ مہین؛ باریک- (۲) ہلکی ؛ سبک (*t. air,*) - (۳) خالی خالی ؛ جس میں مجمع کم ہو - (۴) پتلا (شوربا وغیرہ) - (۵) جس میں اہم اجزا کی کمی ہو ؛ ہلکا ' پتلا (*t. beer, t. blood*) - (۶) کمزور (آواز) - (۷) بے مغز ؛ پھسپھسا (*t. humour, t. eloquence,*) - (۸) جو آسانی سے کھل جائے یا پہچان لیا جائے ؛ بھونڈا ؛ ناقص ؛ ناکافی (*t. disguise, t. excuse*) - (۹) دبلا ؛ چھریرا - (۱۰) باریک؛ پتلی (لکیر وغیرہ) - (۱۱) باریک ؛ خفی ' (تصویر ' ٹائپ) - (۱۲) تکلیف دہ ؛ ناگوار -

have a t. time : کوفت میں وقت گزارنا -

that is too t. : (بول چال) یہ تو کھلا ہوا بہانہ ہے ؛ یہ بہت ناکافی عذر ہے ؛ یہ تو بہت بھونڈا قصہ گھڑا -

t. house : خالی خالی تھیٹر -

t.-skinned : (مجازاً) زود حس ؛ تنک مزاج ؛ زود رنج -

through thick and t. : دیکھو Thick -

thinly, *adv.* : (۱) باریکی ؛ پتلا پن ؛ ہلکے پن یا دبلے پن کے ساتھ - (۲) کم کم ؛ ناکافی طور پر - (۳) بھونڈے طریقے سے ؛ ناقص طور پر -

thinness, *n.* : باریکی ؛ دبلا پا ؛ ہلکا پن ؛ پتلا پن وغیرہ -

thinnish, *a.* : کسی قدر ہلکا ؛ دبلا ؛ پتلا وغیرہ -

Thin, *v.t. & i.* : (۱) کم ہونا ؛ گھٹنا ؛ تعداد یا حجم کم ہونا (*his hair is thinning, natien had thinned under proscription*) - (۲) (انگور وغیرہ کے) کچھ کچے پھل توڑ ڈالنا (تاکہ باقی ماندہ کی نشو و نما بہتر ہو) -

t. out seedling : پودے کی شاخیں چھانٹ دینا -

Thine. : دیکھو Thy -

Thing, *n.* : (۱) چیز؛ شے - (۲) جاندار خصوصاً انسان کو تحقیر' ترس' محبت ظاہر کرنے کے لیے کہہ دیتے ہیں - (۳) بات؛ امر؛ واقعہ؛ معاملہ - (۴) نمونہ (کسی مال ؛ کام وغیرہ کا) - (۵) (قانون؛ جمع) ملک؛ جائداد - (۶) (جمع) (صفت سے پہلے عموماً) (مزاحیہ) امور؛ معاملات (*tt. political, tt. feminine,*) -

a little t. of mine I should like to read to you: میری ایک چھوٹی سی نظم یا کتاب جو میں آپ کو پڑھ کر سنانا چاہتا ہوں-

am not felling at all the t. : طبیعت ٹھیک نہیں ہے -

and tt. : (بول چال) وغیرہ -

dear old t. : پیارا -

do the handsome t. by : اچھا سلوک کرنا -

dumb tt. : بے زبان مخلوق؛ گونگے -

got my tt. wet : میرے کپڑے بھیگ گئے -

know a t. or two: بڑا تجربہ کار ہونا؛ بڑا سیانا ہونا -

latest. t. in hats : ہیٹ کا بالکل نیا نمونہ -

made a good t. of : اس سے خوب نفع کمایا -

not the t. : یہ ٹھیک نہیں ہے؛ دستور کے خلاف ہے -

old t. : (عامیانہ) دیکھو old -

poor t. : غریب دکھیا -

put - up t. : دیکھو Put -

soft t. : دیکھو Soft -

the t. is to improve the pace : اصل مقصد یہ ہے کہ رفتار بڑھائی جائے -

tt. personal : غیر منقولہ جائداد -
tt. real : منقولہ جائداد -

Thingamy, Thingumajig, Thingumbob, Thingum- -my, *nn.* : (شخص یا چیز جس کا نام گفتگو میں یاد نہ آتا ہو) وہ ... دیکھو بھلا سا نام ہے - فلاں شخص ؛ فلاں چیز -

Think *v. t. & i.* (*thought* pron. *thawt*) : (۱) سمجھنا؛ خیال کرنا - (۲)ارادہ کرنا ؛ چاہنا (*thinks to deceive us*) - (۳) تصور کرنا یا کرسکنا (*cannot t. the infinite*) - (۴) علم ہونا؛ خبر ہونا (*the child thought no harm*) - (۵) سوچنے یا خیال کرنے سے کوئی حالت پیدا کرنا (*cannot t. away my toothache*) - (۶) غور کرنا ؛ اونچ نیچ سمجھنا ؛ سوچ بچار کرنا - (۷) کچھہ کچھہ ارادہ رکھنا (*I t. I'll try*) -

he thought fit to : اس کے یہی عقل میں آیا کہ ...

I don't t. : (عامیانہ) اجی توبہ کیجئے (طنزاً تعریف وغیرہ کرکے کہتے ہیں) (*you are a pattern of tact , I don't t.*) -

I think better of him than to believe that... میں اس کی نسبت اتنی اچھی راے رکھتا ہوں کہ مجھے ہرگز یقین نہیں آتا کہ - - - - -

t. about : غور کرنا (خصوصاً کسی چیز پر عملی طور پر) -

t. aloud : جس طرح بات دل میں ہو اسی طرح زبان پر آجانا؛ خیالات کا خود بخود زبان پر آجانا -

t. better of: کچھہ سوچ کر ترک کردینا (ارادہ) - (۲) کسی شخص کی نسبت بہتر راے رکھنا -

t. fit, t. good : مناسب سمجھنا؛ عقل میں آنا (خصوصاً اس موقع پر آتا ہے جب کوئی شخص حماقت یا خود رائی سے کسی بات کا ارادہ کرے) -

t. highly of : بہت قدر کرنا ؛ بہت اچھی راے رکھنا -

t. in German: جرمن زبان میں سوچنا -

t. little of, t. nothing of: حقیر سمجھنا؛ خاطر میں نہ لانا -

t. much of: قدر کرنا -

t. of : (۱) سوچنا؛ خیال کرنا - (۲) دل میں ارادہ کرنا - (۳) سوچ کر نکالنا (تجویز وغیرہ) سمجھہ میں آنا؛ سوجھنا -

t. of his not guessing it: بھلا یہ بات خیال میں آتی ہے کہ وہ اسے نہیں سمجھے گا -

t. out :- (۱)(اچھی) طرح غور کرنا - (۲) سوچ کر نکالنا (تدبیر وغیرہ) -

t. over : غور کرنا -

t. twice before doing: سوچ سمجھہ لو؛ جلدی نہ کرو -

think no small beer of: دیکھو Beer -

thinkable, *a.* : (۱) جس کا خیال کیا جاسکے ؛ قابل خیال - (۲) جو تصور میں آسکے؛ تصور پذیر؛ قیاس پذیر -

thinker, *n.* : (۱) خیال کرنے والا - (۲) صاحب فکر؛ مفکر؛ حکیم؛ فلسفی -

thinking, *n. & a.*: (۱) خیال؛ غور و فکر - (۲) خیال کی قوت رکھنے والا ؛ معقول -

all thinking men: سب معقول لوگ(یعنی جو میرے ہم خیال ہیں) -

Third *a. & n.* : (۱) تیسرا - (۲) ثلث؛ تیسرا حصہ (کسی چیز کے تین مساوی حصوں میں سے ایک حصہ) - (۳) دقیقہ؛ وقت یا زاویے کے ایک ثانیے (سیکنڈ) کا ساٹھواں حصہ - (۴) (موسیقی) کسی سر اور اس کے بعد کے تیسرے سر کا فاصلہ یا ان دونوں کا میل - (۵) ثلث؛ شوہر کی املاک کا تیسرا حصہ جو بعض صورتوں میں زوجہ کو ملتا ہے -

t. -class, t. -rate: (بے جا استعمال) ادنیٰ قسم کا ؛ گھٹیا -

t. degree : (امریکا) (۱) اقبال جرم کرانے کے لئے پولیس کا ملزم پر سختی کرنا؛ تشدد بغرض اقبال جرم - (۲) تشدد کا (طریقہ) -

t. estate: دیکھو Estate -

t. man : (کرکٹ) تھرڈ مین؛ فیلڈر جو وکٹ سے دور تر رخ پر پوائنٹ کے پیچھے کھڑا ہوتا ہے -

t. of exchange دیکھو Exchange -

t. party or person : شخص ثالث؛ تیسرا آدمی جو دو شخصوں کے جھگڑے کے وقت موجود ہو -

t. -party risks : (بیمے میں) علاوہ اس شخص کے جس کا بیمہ ہوا ہو کسی تیسرے شخص کا نقصان جس کی تلافی کا بیمہ کرنے والا ذمہ لے -

t. person : (صرف) ضمیر غائب؛ صیغۂ غائب -

thirdly, *adv.*: تیسرے -

Thirst, *n. & v. t.* (۱) پیاس ؛ تشنگی - (۲) طلب ؛ لگن ؛ بے حد شوق یا خواہش - (۳) (قدیم) پیاس لگنا - (۴) طلب یا لگن ہونا؛ بے حد خواہش ہونا - (۵) شراب وغیرہ کو جی چاہنا-

have a t. : (بول چال) شراب وغیرہ پینے کی خواہش ہونا -

thirstless, *a.* : جسے پیاس نہ ہو -

Thirsty, *a.* : (۱) پیاسا ؛ تشنہ - (۲) شراب کا شائق - (۳) بے آب ؛ خشک (زمین یا موسم) - (۴) (بول چال) پیاس لگانے والا ؛ جس سے پیاس لگے (*t. work*) -

be t. : پیاس لگنا -

thirstily, *adv.* : تشنگی سے -

Thirteen, *a. &n.* : تیرہ ؛ سیزدہ -

the t. superstition : تیرہ کے منحوس ہونے کا توہم -

thirteenth, *a. & n.* : تیرھواں ؛ سیزدھم -

Thirty, *a. & n.* : تیس ؛ سی -

T.-nine Articles : انتالیس عقائد یا اصول جن کا کلیسائے انگلستان کے ہر پادری کو اقرار کرنا پڑتا ہے -

t.-two-mo, 32 mo : (۱) کتاب کی تقطیع جو ایک ورق کے بتیسویں حصے کے برابر ہو - (۲) اس تقطیع کی کتاب -

thirtyfold, *a. & n.* : تیس گنا -

thirtieth, *a. & n.* : تیسواں ؛ تیسویں تاریخ -

This, (dh-) *a. & pron.* (*pl. these pron. dhez*) : یہ -

before t. : اس وقت سے پہلے ؛ اب سے پہلے -

ought to be ready by t. : اب تک تیار ہوگیا ہوگا -

these (or this) weeks : اگلے تین ہفتے -

t. and that : دیکھو That -

t. day : آج -

t. that and the other : دیکھو That -

t. much : اتنا ؛ اس قدر -

Thisness, *n.* : (۱) ھذیت ؛ یہ ہونا - (۲) (مسیحی علم کلام) انفرادیت ؛ تشخص ؛ تعین -

Thistle (-sl), *n.* : گوکھرو ؛ اسکاٹستان کا قومی نشان (مقابلے کے

لیے دیکھو Rose) -

Order of the T. : اسکاتستان میں نائٹوں (*knights*) کا ایک سلسلہ -

thistly, *a.* : (۱) گوکھرو کا سا ؛ گوکھرو بھرا - (۲) خاردار -

Thither (dhidher), *adv.* : (قدیم) اس جگہہ کو ؛ وھاں -

thitherward(s),*adv.* : اس طرف (کو)؛ ادھر (کو)؛ وھاں -

Tho : دیکھو Though -

Thole, *v. t.* : (قدیم) (۱) برداشت کرنا ؛ اٹھانا ؛ سہنا ؛ بھگتنا ؛ تکلیف اٹھانا ؛ مصیبت اٹھانا - (۲) جائز رکھنا ؛ روا رکھنا ؛ گوارا کرنا - (۳) گنجائش ھونا -

Thole, (*also t.-pin*) *n.* : پتوار (کشتی کے اوپر کے کنارے میں) کی ٹیک یا نصاب ؛ وہ کیل یا کانٹا جس پر پتوار ٹکی ھوتی ھے اور گھومتی ھے -

Thomism(to-), *n.* : طامسیت ؛ ٹامس اکوئی ناس المتوفی ۱۲۷۴ ع کا مذھب جو مسئلہ تقدیر اور رحمت کا قائل مگر حضرت مریم کی معصومیت کا منکر تھا -

thomist, *n.* : طامسی ؛ طامس کا پیرو -

thomistic(al), *aa.* : طامسی ؛ طامس یا طامسیت کا -

Thong, *n.* & *v. t.* : (۱) تسمہ (چمڑے کا) - (۲) تسمہ لگانا (چابک باگ وغیرہ میں) - (۳) تسمے سے مارنا ؛ کوڑے مارنا -

Thor, *n.* : تھار ؛ اھل سیکنڈ نیویا کا دیوتا جو رعد ' زراعت اور جنگ کا دیوتا مانا جاتا ھے -

T.'s hammer : چقماق کا تبر ؛ چقماق کا ھتوڑا -

Thorax, *n.* : (۱) صدر ؛ سینہ (انسانوں اور جانوروں کا) - (۲) (قدیم یونان) چار آئینہ ؛ بکتر ؛ سینہ پوش -

thoracic, *a.* : سینے کا ؛ صدری -

thoraci(co)-,thoraco comb : " *t* " کی ترکیبی شکلیں -

Thorite, *n.* : تھورائٹ ؛ ایک سیاہ ٹھوس معدنی شے جو ذرورے میں پیدا ھوتی ھے -

Thorium, *n.* : تھوریم ؛ ایک شعاع آفریں دھات جس کے آکسائیڈ سے گیس لیمپ کی ٹوپی بنتی ھے -

Thorn, *n.* : (۱) کانٹا (درخت کا) - (۲) خار دار پودا ؛ جھاڑی - (۳) انگریزی حروف تہجی کے متروک حرف کا نام جس کا تلفظ " *th* " تھا -

a t. in one's *flesh* or *side* : سوھان روح ؛ وہ چیز جس سے ھر وقت تکلیف ھو -

be, sit, on tt. : (۱) کانٹوں پر لوٹنا ؛ بیچین یا مضطرب ھونا - (۲) ھر وقت ڈرتے رھنا (جرم وغیرہ کے کھل جانے کے اندیشہ سے) -

thornback : (۱) مچھلی جس کی پشت اور دم پر کانٹے ھوتے ھیں ؛ خار پشت مچھلی - (۲) ایک قسم کا پتلی ٹانگوں کا کیکڑا جو برطانیہ میں ھوتا ھے -

thornbill, thorntail : شکر خورے کی قسموں کے نام -

thornless, *a.* : بے خار -

thorny, *a.* : خار دار ؛ پر خار -

Thorough, (thuru), *a. n. prep. & adv.* : (۱) پورا ؛ مکمل ؛ کامل ؛ پکا ؛ پرلے سرے کا (*his work is seldom t.*)- (۲) (تاریخ) (چارلس اول شاہ انگلستان کے زمانے میں اسٹریفرڈ اور لاڈ کی) متشددانہ پالسی- (۳) (قدیم) *-through*

has caught a t. chill : وہ اچھی طرح سردی کھا گیا ھے -

t.-bass : (۱) تحریر نغمہ جس میں نیچے سر کی آواز ظاھر کرنے کے لیے سروں کے نیچے ھندسے لگا دیتے ھیں - (۲) تحریر نغمہ کا اصول ؛ تحریر نغمہ -

t.-brace : تسمے جو بگھی کی حلقہ نما کمانیوں کے بیچ میں ھوتے ھیں -

t.-bred, a. & n. : (۱) اصیل (جانور خصوصاً گھوڑا) ؛ خالص نسل کا (جانور) - (۲) عالی خاندان - (۳) عالی ھمت ؛ عالی ھوت ؛ بہادر -

thoroughfare : سڑک ؛ شاہ راہ ؛ شارع عام -

t.-going : پورا ؛ پکا ؛ کٹر ؛ سخت -

t.-paced : (۱) ھر چال سیکھا ھوا (گھوڑا) - (۲) پورا؛ پکا ؛ پرلے سرے کا -

t.-paced rascal : پکا بد ذات -

t. -pin : موتھرا؛ ایک بیماری جس میں گھوڑے کے پچھلے پیر کے ٹخنے کے قریب ورم ھو آتا ھے -

thoroughly, *adv.* : مکمل طور پر ؛ پوری طرح ؛ پورا پورا -

thoroughness, *n.* : مکمل ھونا -

Thorp (e), *n.* : گاؤں؛ بستی (اکثر بستیوں کے نام کا جز ھوتا ھے) -

Those : دیکھو That -

Thou (dhow) pron. (object, thee, *pl.* ye, you) & *v. t. & i.* : (۱) تو - (۲) کسی کو تو کہنا ؛ تو سے خطاب کرنا -

Though (dho) Tho', conj. (also although) : (۱) اگرچہ ؛ باوجودے کہ ؛ گو (*he finished first t. he began last*) - (۲) خواہ (*It is better to ask him t. he should refuse*) - (۳) (جملہ معترضہ میں) پھر بھی ؛ تاھم ؛ مگر - (*have no doubt he will understand -t.-you never know*) (۴)حرف زائد کے طور پر تاکید کے لیے (*I wish you have told me t.*) - مجھہ سے کہہ تو دیا ھوتا) -

as t. : گویا ؛ جیسے -

I wish you had told me t. : تم مجھہ سے کہہ تو دیتے -

what t. the way is long : رستہ لمبا ھے تو کیا ؛ رستہ لمبا ھے تو ھوا کرے -

Thought (thawt) *n.* : (۱) توت خیال ؛ خیال کرنے کا فعل یا عمل - (۲) عقل ؛ ادراک ؛ فہم - (۳) سوچ ؛ ادھیڑ بن (*after serious t.*) - (۴) غور و فکر ؛ غور و خوض ؛ سوچنا سمجھنا - (۵) خیال ؛ بات جو خیال میں آئے - (۶) کچھہ کچھہ ارادہ ؛ مثلاً *had some tt. of resting, had no t. of offending*) - (۷) (عموماً جمع) رائے ؛ خیالات (*will tell you my tt. of the matter*) - (۸) موضوع خیال ؛ وہ بات جس کا خیال یا جس کی فکر ھو -

acts without t. : بے سوچے سمجھے عمل کرتا ھے -

a happy t. : پر محل ' عمدہ ' معقول خیال -

a penny for your tt. : دیکھو Penny -

a t. : ذرا سا ؛ تھوڑا سا ؛ کسی قدر -

free t. : دیکھو Free -

in t. : سوچ میں -

quick as t.: بہت تیز ؛ نہایت تیز -

second tt.: (۱) بعد کا خیال ؛ بعد کو سوچی ہوئی بات - (۲) مزید غور -

second tt. are best: بعد کو سوچی ہوئی بات بہتر ہوتی ہے -

on second tt, I will take a cad: پھر جو سوچا تو یہی ٹھیک معلوم ہوتا ہے کہ کرایے کی گاڑی لے لوں -

take t.: سوچ سمجھ لو -

t.-reader: ضمیر دان ؛ قوت اشراق سے دوسرے کے خیالات معلوم کرنے والا -

t.-reading: قوت اشراق سے دوسرے کے خیالات معلوم کر لینا ؛ ضمیر دانی -

t.-transference: اشراق ؛ انتقال خیالات -

t.-wave: موج خیال (جس کے ذریعے سے اشراق کے قائلوں کے نزدیک خیالات منتقل ہوتے ہیں) -

(-) **thoughted**, *a.*: (-) خیالات کا -

Thought: دیکھو Think -

Thoughtful, *a.*: (۱) متفکر؛ خیالات میں ڈوبا ہوا ؛ غوطے میں یا سوچ میں - (۲) سوچنے والا ؛ غور کرنے والا ؛ غور و فکر کا عادی- (۳) صاحب فکر؛ پر فکر؛ جس میں اچھوتے یا گہرے خیالات ہوں -(*t. book, t. lecture, t. writer*) (۴) دوسروں کا دل رکھنے والا ؛ دوسروں کا لحاظ رکھنے والا ؛ با مروت (شخص)؛ لحاظ کا ؛ مروت کا ؛ دل جوئی کا (برتاؤ وغیرہ) -

thoughtfully, *adv.*: (۱) غور و فکر کے ساتھ ؛ سوچ سمجھ کر - (۲) مروت سے ؛ دلجوئی سے -

thoughtfulness, *n.*: (۱) سوچ میں ہونا - (۲) غور و فکر کا عادی ہونا - (۳) پر فکر ہونا - (۴) مروت ؛ خاطر داری -

Thoughtless, *a.*: (۱) نا عاقبت اندیش ؛ بے پروا ؛ لا اُبالی ؛ بے پروائی یا لا اُبالی پن کا - (۲) بے مروت ؛ بے درد ؛ بے مروتی یا بے دردی کا - (۳) بے سوچا سمجھا ؛ بے خیالی کا -

thoughtlessly, *adv.*: (۱) بے پروائی یا نا عاقبت اندیشی سے - (۲) بے مروتی یا بے دردی سے - (۳) بے سوچے سمجھے ؛ بے خیالی میں -

thoughtlessness, *n.*: (۱) بے پروائی ؛ نا عاقبت اندیشی؛ بے مروتی ؛ بے دردی - (۳) بے خیالی -

Thousand (-owz-) *a. & n.*: (۱) ہزار - (۲) (بے جا استعمال) بہت سے ؛ ہزاروں -

a t. apologies: بے حد عذر ؛ بے حد ندامت کا اظہار -

a t. thanks: بہت بہت شکریہ -

one in a t.: ہزاروں میں ایک ؛ بے مثل -

t. and one: بے شمار ؛ ہزاروں -

upper ten t.: دیکھو upper -

thousandfold, a. & adv.: ہزار گنا -

(-)*thousandth, a. & n.*: (-) ہزارواں -

Thrall (-awl-), *n. & a. & v. t.*: (۱) غلام ؛ حلقہ بگوش ؛ مطیع ؛ تابع دار - (۲) غلامی - (۳) (قدیم) (بطور اسم صفت) غلام ؛ تابع دار (کسی کا) - (۴) غلام بنانا ؛ حلقہ بگوش کرنا -

thraldom, *n.*: غلام ہونا ؛ غلامی ؛ حلقہ بگوشی -

Thrash, -esh, *v. t.*: (۱) گاہنا (غلے کو) - (۲) (*t. out*) (مجازاً) معاملے کی چھان بین کرنا ؛ ہر پہلو پر غور کرنا ؛ فکر اور کاوش کے بعد پا لینا (حقیقت) ؛ ڈھونڈھ نکالنا (قافیہ وغیرہ)- (۳) (چوبی درخت کی شاخ وغیرہ کا) تڑا تڑ لگانا؛ سونٹے کی طرح لگانا - (۴) (جہاز کا) لہروں سے ٹکرانا ؛ لہروں کو پیٹنا ؛ ہوا کو یا لہروں کو دھکیل کر آگے بڑھنا - (۵) (*-ash*) پیٹنا ؛ کوڑے لگانا ؛ سونٹے سے خبر لینا ؛ دھنکنا ؛ کندی کرنا - (۶) شکست دینا ؛ ہرانا ؛ سبقت لے جانا ؛ مات کر دینا -

thrashing-floor: گاہنے کا فرش -

thrashing-machine: گاہنے کی مشین -

thrashing, *n.*: ٹھکائی ؛ مرمت -

Thrasher, Thre., *n.*: (۱) شارک مچھلی کی ایک قسم - (۲) (عموماً - *thre*) غلہ نکالنے والا ؛ غلہ نکالنے کی کل - (۳) (*thra-*) غلہ نکالنے والا شخص یا مزدور -

Thrasonical, *a.*: (۱) شیخی باز - (۲) شیخی کا -

thrasonically, *adv.*: شیخی سے -

Thread, (-ed) *n.*: (۱) تار ؛ دھاگا؛ ریشہ (سوت وغیرہ کا) - (۲) تاگا ؛ ڈورا - (۳) تار کے مشابہ چیز (مثلاً پیچ کش کا پیچ) - (۴) (کان میں) درز جس میں کچی دھات بھری ہو - (۵) (مجازاً) رشتۂ حیات (*the t. of life*) -

gather up the tt.: (تقریر وغیرہ میں) مضمون کو سمیٹنا ؛ علحدہ علحدہ بحث کرنے کے بعد مجموعی طور پر نظر ڈالنا -

gold t.: زری کا تار؛ سونے کا تار ریشم وغیرہ کے تار سے لپٹا ہوا؛ کلابتو کا تار -

hang by a t.: (۱) (جان وغیرہ کا) خطرناک یا نازک حالت میں ہونا ؛ ذرا سے سہارے سے اٹکا ہونا - (۲) (اہم معاملے کا) ایسی حالت میں ہونا کہ اُدھر یا اِدھر فیصلہ ہونے والا ہو اور وہ کسی نا معلوم چیز پر موقوف ہو ؛ نازک حالت میں ہونا -

not a dry t. on him: سر سے پیر تک بھیگا ہوا ہے -

old lady of threadneedle St.: دیکھو Old -

take up the t. of: جہاں سے چھوڑا تھا وہیں سے شروع کرنا -

t.& thrum: دیکھو Thrum -

threadbare: (۱) تار تار (کپڑا)؛ اس قدر پرانا کہ تار نظر آنے لگیں - (۲) گھسے کپڑے پہنے - (۳) فرسودہ؛ پامال (مضمون ، دلیل) -

threadbareness, n.: فرسودگی ؛ پامال ہونا (مضمون دلیل وغیرہ کا) -

t.-lace: تار کی چین یا لیس -

t.-mark: دھاگے کا نشان (جو بنک کے نوٹوں کے کاغذ پر ریشمی دھاگے سے بنا دیا جاتا ہے) -

t.-needle: بچوں کا ایک کھیل -

lost the t. of his argument: استدلال کا سلسلہ گم ہو گیا؛ استدلال بے ربط سا ہوگیا -

t.-paper: بہت پتلا نرم کاغذ جو دھاگا لپیٹنے میں کام آتا ہے -

threadworm: تارو ؛ تاگے کا سا کیڑا جو انسان کے جسم سے ایک بیماری میں نکلتا ہے -

threadiness, *n.*: دھاگے کا سا ہونا -

thready, *a.* : (۱) تار کا ؛ دھاگے کا - (۲) دھاگے کا سا (بہت باریک) -

Thread, *v. t.* : (۱) سوئی میں دھاگا ڈالنا یا پرونا - (۲) (پوتھ وغیرہ) پرونا؛ (دھاگے میں) پرو کر لڑی بنانا - (۳) دقت سے گزرنا (بھول بھلیاں ، مجمع وغیرہ سے) - (۴) (بالوں کی) پٹیاں جمانا ؛ (کسی چیز میں) دھاریاں یا لکیریں ڈالنا -

Threat (et), *n.* : (۱) ڈراوا ؛ دھمکی ؛ تخویف ؛ تہدید - (۲) (قانون) تخویف مجرمانہ - (۳) اندیشہ -

Threaten, *v. t. & i.* : (۱) ڈرانا ؛ دھمکانا ؛ خوف دلانا - (۲)دھمکی دینا ؛ ارادہ ظاہر کرنا (*threatened every kind of torment*) - (۳) آثار ظاہر کرنا -

clouds t. : بادلوں سے برسنے کے آثار ظاہر ہیں -

the practice threatens to become general : آثار ایسے ہیں کہ یہ دستور عام ہو جائیگا -

threateningly, *adv.* : دھمکاتے ہوئے ؛ ڈراوے کے طور پر ؛ تہدید آمیز طریقے سے ؛ خوفناک طریقے سے -

Three, *a. & n.* : (۱) تین ؛ سہ - (۲) (اسکیٹنگ) ایک گردش اُن چار گردشوں میں سے جن میں رخ بھی بدل جاتا ہے اور اسکیٹ کا محور بھی -

rule of t. : حساب اربعہ ؛ اربعہ متناسبہ -

the three R's.: reading, writing) لکھنا پڑھنا اور حساب (arithmetic -

t.-bottle man : پرانی وضع کا شرابی (جوتین بوتلیں پیتا ہو) -

t. -colour process : (چھپائی) قدرتی رنگ پیدا کرنے کا عمل (سرخ نیلے اور زرد رنگ کے بلاکوں سے) -

t.- cornered contest : تین فریقوں کا (مقابلہ) -

t. -decker : سہ منزلہ یا سہ عرشہ جنگی کشتی؛ سہ منزلہ منبر (واعظوں کا) -

three F's. : (land - League) آئرستان کی انجمن دیہی کے تین مطالبات ؛ فروخت کی آزادی ؛ پٹے کا مستقل ہونا اور واجبی لگان (free sale, fixity of tenure, fair rent,) -

t. -handed : (۱) تین ہاتھوں والا - (۲) تین آدمیوں کے (خصوصاً اسکاٹستان) کھیلنے کا (کھیل) -

t. halfpence : ڈیڑھ پینی -

T. in One : عقیدۂ تثلیث ؛ توحید فی التثلیث -

t. -legged race : دوڑ جس میں دو دو آدمی ایک کا الٹا پیر دوسرے کے سیدھے پیر سے باندھ کر دوڑتے جاتے ہیں؛ تین ٹانگوں کی دوڑ -

t. -master : سہ مستولی کشتی -

t. -pair (of room) : تین زینوں کی بلندی کا کمرا -

threepence (-ep -, -ip-, -ep-) : تین پینس کی رقم -

threepenny : تین پینی کا سکہ -

(the) t. -per -cents : تین فیصدی سود کے سرکاری تمسکات -

t. -ply : (۱) تین تہوں کا - (۲) تین تہوں کا لکڑی کا تختہ -

t. -quarter(s) : (۱) تین چوتھائی حجم یا تعداد کا - (۲) کمر تک کی (تصویر) ؛ تین چوتھائی چہرے کی (تصویر) - (۳) (فٹ بال وغیرہ میں) ان تین یا چار کھلاڑیوں میں سے کوئی کھلاڑی جو ہاف بیک کھلاڑیوں کے پیچھے کھڑے ہوتے ہیں -

threescore : (۱) تین بیسی؛ ساٹھ - (۲) ساٹھ برس کی عمر -

threescore and ten : ستر برس کی عمر ؛ عمر طبیعی -

t. times three : نو (مرتبہ تالیاں بجانا) -

threefold, *a.& adv.* : تہرا -

Threesome, *n. & a.* : (۱) (کھیل) تین کے کھیلنے کا - (۲) تکڑی ؛ تین آدمیوں کا مجموعہ -

Thremmatology, *n.*: (۱) (جانوروں کی) افزائش نسل یا ترقی نسل کا فن - (۲) فن ترقی نباتات -

Threnode, -ody, *nn.* : (۱) آہ و بکا ؛ ماتم ؛ بین (جو کسی کے مرنے پر کیے جائیں) - (۲) ماتمی گیت ؛ نوحہ -

threnetic, threnetical, threndial, threnodic, *aa.*: ماتمی؛ ماتمی گیت کا؛ نوحے کا؛ نوحے کے طرز کا ؛ متعلق بہ مراثی ؛ مرثیہ کا ؛ ماتمی؛ ماتم کے متعلق ؛ سوگ والا ؛ سوگ کا؛ سوگی-

threnodist, *n.* : نوحہ خواں ؛ نوحہ گر -

Thresh, دیکھو Thrash -

Threshold (-sh -ho, -sho-) *n.* : (۱) (گھر ، گرجا وغیرہ کی) دہلیز ؛ چوکھٹ ؛ آستان - (۲) (بیجا استعمال خصوصاً مجازاً) آغاز (*at the t. of a discussion*) - (نفسیات) اقل شعور ؛ اقل حس -

t. of consciousness : اقل شعور ؛ اقل حس -

Threw : دیکھو Throw -

Thrice, *adv.* : (قدیم، اب صرف ادبی زبان میں) (۱) تین بار - (۲) تگنا ؛ سہ چند - (۳) (مرکبات میں) نہایت -

t. -blessed : نہایت متبرک ؛ نہایت مبارک -

t. -favoured : نہایت عزیز ؛ بڑا منظور نظر -

Thrid, *v. t.* : (قدیم) دیکھو Thread -

Thridace, *n.* : کاہو کا گاڑھا کیا ہوا عرق جو مسکن دوا کا کام دیتا ہے -

Thrift, *n.* : (۱) کفایت شعاری - (۲) پودوں کی قسموں کا نام خصوصاً ایک گہرے شوخ رنگ کے پھولوں کا پودا جو سمندر کے کنارے اگتا ہے -

thriftless, *a.* : (۱) فضول خرچ - (۲)فضول خرچی کا ؛مسرفانہ-

thriftlessly, *adv.* : فضول خرچی سے -

thriftlessness, *n.* : فضول خرچی؛ اسراف -

Thrifty, *a.* : (۱) کفایت شعار - (۲) مرفہ الحال ؛ خوش حال -

thriftily, *adv.* : کفایت شعاری سے -

Thrill, *v. t. & i. & n.* : (۱) (دل میں) جذبات کی ایک لہر سی دوڑا دینا؛ اہتزاز کی کیفیت پیدا کر دینا؛ جوش پیدا کر دینا؛ بے چین کر دینا ؛ ہیجان پیدا کر دینا ؛ رگ رگ میں اثر کر جانا ؛ دل ہلا دینا (*his voice thrilled the listeners*) - (۲) جذبات کی ایک لہر سی دوڑ جانا ؛ اہتزاز کرنا ؛ پھریری آ جانا ؛ جوش پیدا ہوجانا ؛ ہیجان سا اٹھنا ؛ دل ہل جانا ؛ بیتاب ہو جانا (خوشی خوف وغیرہ سے)؛ رگ رگ میں دوڑ جانا - (۳) جوش سے لرزنا (آواز وغیرہ کا) - (۴) اہتزاز ؛ جذبات کی لہر ؛ جوش کی کیفیت؛ پھریری ؛ جھرجھری - (۵) پھڑکن ؛ پھڑک ؛ تڑپ - (۶) (طب) اہتزاز ؛ حرکت نبض یا حرکت قلب کی کیفیت - (۷) (عامیانہ) ہیجان خیز (قصہ وغیرہ) -

a t. of joy : مسرت کی لہر -

fear thrilled through my veins : خوف میرے رگ

وپے میں سرائت کر گیا -

thriller, *n.* : (۱) هیجان (۱) جوش پیدا کرنے والا وغیرہ - خیز ناول یا ناٹک -

thrilling, *a.* : (۱) هیجان خیز - (۲) جوش سے لرزتی هوئی (آواز وغیرہ) -

thrillingly, *adv.* : هیجان خیز طریقے سے -

thrillingness, *n.* : هیجان خیز طریقے سے -

Thrips, *n.* : (۱) کیڑوں کی قسمیں - (۲) (بیجا استعمال) انگور کی بیل کا کیڑا -

Thrive, *v. i.* (throve rarely thrived, thriven rarely thrived) : (۱) بڑھنا؛ ترقی کرنا ؛ فروغ پانا ؛ پھلنا؛ پھولنا - (۲) دولتمند هو جانا ؛ دولت کمانا - (۳) پنپنا ؛ بہت جلد بڑھنا (پودے یا جانور کا) -

thrivingly *adv.* : ترقی کرتے هوے ؛ پنپتے هوے ؛ دولت کماتے هوے -

thrivingness, *n.* : ترقی کی حالت ؛ پنپنا ؛ دولت کی ترقی -

Thro', Thro. : دیکھو Through -

Throat *n.* & *v. t.* : (۱) حلق ؛ گلا - (۲) نرخرا ؛ حنجرہ ؛ گلا - (۳) گلے کے شکل کی چیز ؛ خصوصاً پہاڑوں کے درمیان دریا کا تنگ حصہ؛ تنگنائے؛ درہ - (۴) (کسی چیز میں) نالیاں بنانا یا کاٹنا؛ گہری دھاریاں یا خیار بنانا یا کاٹنا -

clergyman's (sore) *t.* : حلق کا اعصابی درد (جو واعظوں یا مقرروں کو اکثر هو جاتا هے -) -

cut one anothers' tt: ایک دوسرے کا گلا کاٹنا ؛ایک دوسرے کی بربادی کا سامان کرنا -

cut one's t. : گلا کاٹنا؛ ذبح کر ڈالنا -

cut one's own t. : اپنے هاتھوں اپنا گلا کاٹنا ؛ خود هی اپنی تباهی کا سامان کرنا -

give person the lie in his t. : کسی پر دروغ گوئی کا الزام لگانا-

lie in one's t. : صریحی جھوٹ بولنا ؛ سراسر جھوٹ بولنا -

sore t. : حلق کا درد ؛ حلق کا ورم -

take by the t. : گلا دبانا -

thrush thing down one 's t. : کسی شخص کو کسی بات کی طرف زبردستی توجہ کرنا -

words struck in my t. : لفظ گلے میں اٹک گئے -

(-) throated, *a.* : (-) حلق کا -

Throaty, *a.* : (۱) حلقی؛ حرف جس کا مخرج حلق هو- (۲) بڑے حلق والا ؛ جس کا گلا بہت بڑا یا موٹا هو -

throatiness, *n.* : (۱) حلقیت ؛ حلقی آواز هونا - (۲) بڑے حلق کا هونا -

Throb, *v. i.* & *n.* : (۱) (دل ' سینہ ' کن پٹی وغیرہ کا) دھڑکنا ؛ پھڑکنا (خصوصاً غیر معمولی تیزی سے) - (۲) (مجازاً) جذبات کی لہر دوڑ جانا ؛ اهتزاز کی کیفیت پیدا هونا ؛ (زور جذبات سے) ارتعاش سا پیدا هو جانا - (۳) دھڑکن - (۴) اهتزاز ؛ ارتعاش (*heart tt., tt. of pleasure,*) -

throbbingly, *adv.* : (۱) دھڑکتے هوے - (۲) اهتزاز یا ارتعاش کی حالت میں -

Throe, *n.* & *v. i.* (usu. pl.) : (۱) شدید درد (خصوصاً درد زہ)؛ کرب - (۲) کرب میں هونا -

in the tt. of : کشمکش میں ؛ تگ و دو میں؛ الجھن میں -

Throgmorton Street : (۱) لندن کا صرافہ - (۲) لندن کے صرافے والے - (۳) ان کی کار روائیاں -

Thrombosis, *n.* : کسی عضو یا شریان میں خون جم جانا؛ انجماد خون-

thrombotic, *a.* : انجماد خون سے متعلق -

Throne, *n.* & *v. t.* : (۱) تخت (شاهی)؛ اورنگ؛ گدی؛ راج گدی - (۲) اسقف وغیرہ کے اجلاس کا تخت ؛ مسند - (۳) اقتدار شاهی؛ حکومت؛ سلطنت؛ راج (*came to the t.*) - (۳) فرشتوں کے نو طبقوں میں تیسرا طبقہ - (۴) تخت پر بٹھانا ؛ تخت نشین کرنا ؛مسند نشین کرنا ؛ فائز کرنا (کسی مرتبے پر) -

throneless, *a.* : بے تخت -

Throng, *n.* & *v. i.* & *t.* : (۱) مجمع ؛ هجوم ؛ انبوہ ؛ بھیڑ - (۲) (چھوٹی سی جگہ میں) آدمیوں کی یا چیزوں کی کثرت ؛ چپقلش - (۳) هجوم هونا ؛ ٹھٹ لگ جانا ؛ ریل پیل هونا ؛ یورش هونا - (۴) (سڑک وغیرہ کو) آدمیوں یا چیزوں سے بھر دینا - (۵) (قدیم) (کسی شخص کے گرد) نرغہ کرنا -

Throstle (-sl) *n.* : (۱) ایک خوش الحان پرند - (۲) (*t. -frame*) اون ' سوت وغیرہ کاتنے کی ایک کل -

Throttle, *n.* & *v. t.* : (۱) گلا ؛ حلق ؛ نرخرا ؛ حنجرہ - (۲) (*t. -valve*) کھل مندن انجن کی بھاپ نکلنے کے لیے بخارہ - (۳) گلا گھونٹ دینا - (۴) بخارے سے انجن کی بھاپ نکلنے کو کم یا زیادہ کرنا -

Through, thro', thro, (-oo) **prep.**,*adv.* & *a.* : (۱) ایک سرے سے دوسرے تک آر پار (کسی چیز) میں سے ؛ (کسی چیز) میں سے هوکر یا گزر کر- (۲) ذریعے سے؛ وجہ سے؛ سبب سے؛ بدولت- (۳) ادھر سے ادھر تک ؛ اول سے آخر تک ؛ اندر - (۴) آر پار گزرنے والا ؛ ادھر سے ادھر تک پہنچنے والا (*t. bolt, t. way,*) - (۵) ایک مقام سے دوسرے مقام تک کا ؛ ایک مقام سے دوسرے مقام تک سیدھا جانے والا ؛ راست (*t. ticket, t. passenger, t. train, t. boat*) -

are you t. with the job : (بول چال) تم نے یہ کام ختم کرلیا -

carry, drop, fall, pull, t. : دیکھو Carry وغیرہ -

go t. : (۱) گزرنا (خیال کا دل میں) - (۲) برداشت کرنا -

go t. with : دیکھو Go -

got t. : کامیاب هونا امتحان میں -

lasted all t. : آخر تک قائم رها ؛ چلتا رها -

let t. : اندر آنے دینا ؛ داخل هونے دینا -

looked him t. and t. : اس کو خوب غور سے دیکھا ؛ تجسس کی نظر سے دیکھا -

read it t. and t. : بار بار اول سے آخر تک پڑھا -

read it carefully t. : اول سے آخر تک غور سے پڑھا -

see t : سمجھ جانا -

t.- stone = bond - stone : دیکھو Bond -

Throughly, *adv.* : دیکھو Thoroughly -

Throughout, *adv.* & *prep.* : (۱) سراسر؛ بالکل؛ هر حصے میں؛ سب کہیں (*timber was rotten t.*) - (۲) هر لحاظ سے؛ هر معاملے میں (*followed a sound policy t.*) - (۳) یہاں سے

وهاں تک؛ اول سے آخر تک؛ اس سرے سے اس سرے تک۔

t. the length & breadth of the country: ملک بھر میں؛ سارے ملک میں۔

Throw, (-o) *v. t. & i.*: (۱) پھینکنا؛ ڈالنا؛ گرادینا - (۲) (مجازاً) (مشکل میں) ڈال دینا - (۳) (کرکٹ) بولر کا بے قاعدہ گیند پھینکنا - (۴) (کشتی میں) دے مارنا؛ (گھوڑے کا سوار کو) گرا دینا - (۵) (امریکا) مقابلے یا دوڑ میں ہار جانا - (۶) (کپڑے وغیرہ) بے پروائی سے یا جلدی جلدی پہننا یا اتارنا - (۷) (سانپ کا) (کینچلی) ڈالنا؛ گرانا - (۸) (خرگوش وغیرہ کا) (بچے) دینا - (۹) پو پھینکنا - (۱۰) ریشم کے دھاگے بٹنا - (۱۱) (گھوڑے وغیرہ کو) کمہار کے سانچے میں گھوڑنا - (۱۲) جھکانا؛ موڑنا؛ هلانا (جسم کے کسی حصے کو)۔

threw deuce-ace: دواکانا پھینکا؛ یعنی پانسے میں دوکا اور ایک کا نشان نکلا۔

t. a chest: سینہ تان کر کھڑے ہونا۔

t. a fit: (امریکا) دورہ پڑنا۔

t. a party: (عامیانہ) پارٹی دینا؛ دعوت کرنا۔

t. a sop to: دیکھو Sop۔

t. away: (مجازاً) ضائع کردینا؛ کھو بیٹھنا (بے پروائی یا غفلت سے)۔

T. back: موروثی سیرت کی طرف رجوع کرنا۔

t.-back, n.: موروثی سیرت کی طرف رجوع۔

t. cold water on: دیکھو Cold -

t. down the glove: دیکھو Glove -

t. dust in person's eyes: دیکھو Dust -

t. good money after bad: نقصان کی تلافی کی کوشش میں اور روپیہ برباد کرنا۔

T. in: (۱) کھاتے یا روکن میں دے دینا؛ (*t. into the bargain*) اوپر سے یا الگ سے دینا - (۲) جملہ معترضہ کے طور پر کہنا؛ بیچ میں کہہ اٹھنا (کوئی بات)۔

t. in one's lot with: کسی کے ساتھ شریک ہوجانا؛ کسی کی رفاقت اختیار کرنا۔

t. in one's teeth = fling in ones teeth: دیکھو Fling -

t. light on the matter.: معاملے پر روشنی ڈالنا؛ توضیح کرنا۔

t. one a kiss: هاتھ کو چوم کر اس سے کسی کی طرف اشارہ کرنا۔

T. off: (۱) ترک کردینا (ملاقات، دوستی) - (۲) نجات پانا؛ پیچھا چھڑانا (بیماری سے یا تکلیف دہ شخص سے) - (۳) (بہروپ یا بھیس) اتار پھینکنا - (۴) (نظم یا صدہ فقرہ) کہہ ڈالنا - (۵) (کتوں کا) بو پر چلنا - (۶) (گفتگو، کھیل وغیرہ) شروع کرنا -

t. one's daughter at the head off: ماں کا گلے منڈھنا؛ اپنی بیٹی کو کسی مرد سے بیاہنے کی کوشش کرنا۔

t. one's eyes up: دهشت اور نفرت سے حیادار شخص کا بے حیائی کی حرکت سے هکا بکا رہ جانا۔

t. oneself at the head of: گلے پڑنا؛ عورت کا کسی سے کھلے بندوں شادی کی کوشش کرنا۔

t. oneself down: لیٹنا۔

T. oneself into: کسی کام کو زور شور سے اٹھانا؛ سر گرمی سے مصروف یا منہمک هوجانا۔

T. oneself on, upon: اپنے آپ کو چھوڑ دینا (مثلاً عدالت کے رحم پر)۔

t. open: (۱) دفعتاً کھول دینا؛ (دروازہ) - (۲) داخل ہونے کی اجازت دے دینا۔

t. open the door to: راہ کھول دینا؛ ممکن بنا دینا۔

t. out: (۱) باہر پھینکنا - (۲) (مکان کا حصہ وغیرہ) آگے کو بڑھاکر بنانا؛ آگے کو نکالنا - (۳) کنایتاً کہنا؛ اشارتاً کہنا؛ پردے پردے میں کہنا - (۴) نا منظور کرنا؛ مسترد کرنا (مسودہ قانون پارلیمنٹ میں) - (۵) کسی شخص کی گفتگو یا کام میں خلل ڈال کر اسے گڑ بڑا دینا - (۶) (کرکٹ) فیلڈر کا وکٹ میں گیند مار کر کھلاڑی کو آوٹ کر دینا۔

t. over: چھوڑ دینا (بے وفائی سے)؛ قطع تعلق کر لینا؛ ساتھ چھوڑ دینا۔

t. overboard: چھوڑ دینا؛ ترک کر دینا۔

t. up: (۱) اٹھانا؛ چڑھانا (کھڑکی کا شیشہ وغیرہ) - (۲) چھوڑ دینا؛ استعفا دے دینا (ملازمت سے) - (۳) قے کرنا؛ (کھائی ہوئی چیز) ڈال دینا؛ قے میں گرادینا۔

t. up the sponge: دیکھو Sponge -

t. stones: (۱) پتھر یا ڈھیلے پھینکنا - (۲) اعتراض کرنا؛ انگشت نما ہونا۔

to t. a fly: چارہ لگا کر شست ڈالنا۔

(-) **thrower,** *n.*: (-) پھینکنے والا۔

Throw (-o) *n.*: (۱) پھینکنا یا پھینکا جانا؛ پھینکنے کا عمل - (۲) پو؛ پانسہ پھینکنا - (۳) مچھلی کی شست پھینکنے کا فاصلہ - (۵) پٹخنی؛ کشتی میں گرانا یا گرایا جانا - (۶) بولر کی بے قاعدہ گیند - (۷) (کان کنی؛ ارضیات) طبقات کی ساخت کا نقص - (۸) تیزی سے چکر دینے کی کل -

a stone's t.: (بے جا استعمال) تھوڑا سا فاصلہ۔

t. off: شکار یا دوڑ کا آغاز۔

t. stick: گھماکر پھینکنے کی لکڑی۔

Throw'ster, *n.*: ریشم کے دھاگے بٹنے والا۔

Thrum *n. & v.t.*: (۱) ریشم کی جھالر جو کھڈی سے تھان کاٹ لینے کے بعد اس پر لگی رہتی ہے - (۲) اس کا کوئی تار یا ریشہ - (۳) کوئی ٹوٹا ہوا تار یا جھالر کا گچھا - (۴) دھاگوں کی جھالر -

thread & t.: سب ایک ساتھ؛ اچھا برا سب۔

thrummy, *a.*: جھالردار؛ گچھے دار۔

Thrum, *v. i. & t. & n.*: (۱) اناڑی پن سے بجانا؛ تن تن کرنا (ستار وغیرہ) - (۲) (انگلیوں سے میز وغیرہ پر) کھٹ کھٹ کرنا؛ طبلہ سا بجانا - (۳) اناڑی پن سے بجانا یا بجایا جانا؛ تن تن (کی آواز)۔

Thrush, *n.*: ایک خوش الحان پرند جو یورپ میں ہوتا ہے؛ ترغہ۔

Thrush, *n.*: قلاع؛ ایک مرض جو خصوصاً بچوں کے منہ اور حلق میں ہو جاتا ہے جس سے موتیوں کی طرح کے چمکتے ہوئے چھالے پیدا ہو جاتے ہیں - (۲) قلاع جو گھوڑے کے سم کے بیچ میں ہو جاتا ہے۔

Thrust, *v.t. & i.* (thrust) & *n.*: (۱) لپکانا؛ چلانا؛ جھٹکے کے ساتھ بڑھانا (هاتھ وغیرہ) - (۲) ٹھونسنا؛ زور سے ڈالنا یا رکھنا - (۳) چبھونا؛ گڑونا؛ بھونکنا - (۴) چھید ڈالنا؛ خنجر وغیرہ بھونک کر آر پار کر دینا - (۵) ھولا مارنا؛ وار کرنا - (۶)

دھکیلنا ؛ زور سے ہٹانا - (۷) گھسنا ؛ دھکا دے کر بڑھ جانا یا نکل جانا - (۸) زور کا دھکا - (۹) ہولا ؛ وار (نیزے وغیرہ کا) - (۱۰) شدید حملہ ؛ ہلہ - (۱۱) (مجازاً) چوٹ ؛ طعن - (۱۲) (معماری؛ شہتیر وغیرہ کا) دباؤ - (۱۳) (کوئلے کی کان وغیرہ میں) چھت کے بوجھ سے ستونوں کا بیٹھ جانا -

home t. : دیکھو Home -

t.-block : نویم یا سانچہ جس پر (جہاز وغیرہ کے انجن میں) بیلن کا دباؤ پڑتا ہے -

t.-hoe : بیلچہ ؛ کھرپا -

t. oneself or one's nose in : ٹانگ اڑانا ؛ خواہ مخواہ دخل دینا -

was thrust from his rights : اپنے حقوق سے محروم کر دیا گیا -

thruster, n. : (۱) مندرجہ بالا افعال کا اسم فاعل - (۲) لومڑی کا شکاری جو آگے بڑھنے کے شوق میں دوسرے شکاریوں اور کتوں کو خطرے میں ڈال دے -

Thud, v.i. & n. : (۱) بھد سے یا کد سے گرنا - (۲) اس طرح گرنے کی آواز ہونا ؛ بھداکا ہونا ؛ گداکا - (۳) بے آواز ؛ بھداکا ؛ گداکا -

Thug, n. : (۱) ٹھگ (ہندوستان کے ڈاکوؤں کی ایک خاص جماعت جس کا سنہ ۱۸۲۵ ع میں خاتمہ کر دیا گیا) - (۲) بدمعاش ؛ گنڈا ؛ خونی -

Thuggee, n. : ٹھگوں کا پیشہ ؛ ٹھگی ؛ بدمعاشی -

thuggery, thuggism, nn. : بدمعاشی ؛ گنڈا پن -

Thule, n. : وہ نام جو قدیم جغرافیہ دانوں نے برطانیہ کے شمال کے کسی جزیرے یا ملک کا رکھا تھا اور جو دنیا کا شمالی سرا سمجھا جاتا تھا -

ultima T. : کوئی دور دراز نامعلوم مقام؛ دنیا کا چھور -

Thumb, n. & v.t. : (۱) انگوٹھا ؛ انگشت نر ؛ نر انگشت - (۲) چوپایوں کے پنجے میں اس کے مقابل کی انگلی - (۳) انگوٹھے سے گھس ڈالنا ؛ میلا کر دینا (کتاب کے صفحے وغیرہ) ؛ بے شعوری یا اناڑی پن سے پیانو وغیرہ بجانا -

his fingers are all tt. : دیکھو Finger -

rule of t. : دیکھو Rule -

t.-blue : نیل کی ٹکیا جو دھلائی کے کام آتی ہے -

t.-index : اوراق کتاب کے سامنے کے کنارے پر کٹے ہوئے نشانات جس پر حروف تہجی ترتیب وار لکھے ہوتے ہیں اور انڈیکس کا کام دیتے ہیں ؛ کنارے کی انڈیکس -

t.-latch : چٹکنی جو انگوٹھے سے دبا کر کھولی اور بند کی جاتی ہے -

t.-mark : (کتاب پر) انگوٹھے کا نشان ؛ دھبا -

t.-nail sketch : (۱) پور بھر کی تصویر ؛ انگوٹھے کے برابر تصویر - (۲) سرسری خاکہ (کسی شخص یا چیز کا الفاظ میں) -

t.-nut : تھبری ؛ انگوٹھے سے پھرانے کی -

t.-print : انگوٹھے کا نشان شناخت کے لیے -

t.-screw : انگوٹھے دبا کر تعذیب کرنے کا ایک آلہ ؛ انگوٹھوں کا شکنجہ -

t.-stall : گدی یا خول انگوٹھے کی حفاظت کے لیے -

tt. up : (عامیانہ) اچھا ؛ واہ وا -

under person's t. : کسی کے قابو میں ؛ مٹھی میں -

thumbless, a. : بے انگوٹھے کا -

Thummim, : دیکھو Urim -

Thump, v.t. & i. & n. : (۱) گھونسا مارنا ؛ زور سے ہاتھ مارنا (میز وغیرہ پر) ؛ ڈنڈا مارنا - (۲) گھونسے لگانا ؛ ڈنڈے رسید کرنا ؛ ٹھونکنا ؛ مرمت کرنا - (۳) گھونسا ؛ تھپڑ ؛ ڈنڈا وغیرہ -

t. the cushion : (جوشیلے واعظ کا اپنے وعظ میں) میز کے گدے پر گھونسے مارنا -

Thumper, n. : (۱) thump کا اسم فاعل - (۲) (بول چال) لمبا تڑنگا آدمی ؛ بڑی سی چیز - (۳) سفید جھوٹ ؛ سخت جھوٹ -

thumping, a. : (۱) بہت بڑا - (۲) سخت (جھوٹ) -

Thunder, n. & v.i. & t. : (۱) (بادل کی) گرج ؛ (بجلی کی) کڑک ؛ رعد - (۲) بجلی (جو گرتی ہے) (*Jove's tt.*) - (۳) (تعریف وغیرہ کا) شور ؛ دونگڑا - (۴) ہنگامہ خیز ؛ ہیجان خیز ؛ معرکے کا (ناول وغیرہ) - (۵) (جمع) زور شور کے اعتراضات ؛ لعن طعن ؛ دھمکیاں (*the tt. of The Times, the Church*) - (۶) گرجنا (بادل کا) ؛ کڑکنا (بجلی کا) (*it thunders*) - (۷) (مجازاً) گونجنا ؛ گرجنا (آواز وغیرہ کا) (*voice thundered in my ears*) - (۸) سختی سے ڈانٹنا ؛ ڈپٹنا ؛ دھمکانا ؛ گرجنا -

steal person's t. : کسی کی سوچی ہوئی چال پہلے سے چل جانا ؛ کوئی معرکے کی بات جو وہ کہنے والا ہے پہلے سے کہہ دینا ؛ کسی کی ایجاد ، منصوبے وغیرہ کو لے اڑنا -

t.-&-lightning : ایک گہرے بھورے رنگ کا کپڑا -

thunderbolt : (۱) بجلی کا کڑکا - (۲) بجلی جو گرتی ہے ؛ پتھر کے ٹکڑے جن کے متعلق خیال ہے کہ بجلی کے ساتھ گرتے ہیں - (۳) ناگہانی ؛ ناگوار واقعہ یا خبر ؛ غیبی گولہ -

t.-clap : (۱) بجلی کا کڑکا - (۲) ہنگامہ خیز واقعہ یا خبر ؛ بلائے ناگہانی -

t.-cloud : گرجنے والا بادل -

t.-storm : طوفان برق و باد ؛ طوفان برق و باراں -

t.-struck : (۱) جس پر بجلی گرے - (۲) ہکا بکا ؛ حیران ؛ بھوچکا -

thunderless, a. : بے گرج ؛ بے کڑک -

thunderous, thundery, aa. : گرج دار ؛ کڑک دار -

thunderously, adv. : گرجتے ہوئے ؛ کڑکتے ہوئے -

Thunderer, n. : (۱) گرجنے والا ؛ کڑکنے والا وغیرہ - (۲) (*the T.*) سیارۂ مشتری - (۳) (مجازاً) لندن کا اخبار ٹائمز -

Thundering, a. & adv. : (۱) گرجتا ہوا ؛ کڑکتا ہوا وغیرہ - (۲) غیر معمولی عجیب ؛ سخت - (۳) غیر معمولی طور پر ؛ شدت سے -

the T. legion : قدیم روما کا وہ لشکر جس میں عیسائی سپاہی تھے ؛ مشہور ہے کہ ان کی دعا سے برق و باد کا طوفان آ گیا تھا جس سے دشمن خوف زدہ ہو گیا -

thunderingly, adv. : (۱) گرجتے ہوئے ؛ کڑکتے ہوئے وغیرہ - (۲) غیر معمولی طور پر ؛ شدت سے -

Thuri-, in comb: لاطینی *thuris* بہ معنی بخور کی ترکیبی صورت -

-fer : بخور بردار ؛ گرجا کا ملازم جو بخوردان اٹھاتا ہے -

-ferous : بخوری ؛ جس میں بخور ہوں -

-fication : بخور ـ لگانا -

Thurible, *n.* : بخور دان ؛ عود دان ؛ اگر دان -

Thursday, (-zdi), *n.* : جمعرات ؛ پنجشنبہ -

Holy T. : دیکھو Holy -

Maundy, T. : دیکھو Maundy -

Thus(dh-), *adv.* : (۱) اسی طرح سے - (۲) حسب ذیل طریقے سے - (۳) پس ؛ چنانچہ - (۴) اس قدر ؛ اتنا -

thusness, *n.* : (مزاحاً) اس طرح سے ہونا -

Thwack, *v. t. & n.* : دیکھو Whack -

Thwaite, *n.* : بنجر زمین جو قابل کاشت بنائی گئی ہو (اب بستیوں کے نام کا جزو ہوتا ہے : *Esthwaite*) -

Thwart, *adv., prep., & a.* : (۱) اِدھر سے اُدھر تک ؛ ترچھے خط میں ؛ آڑا آڑا ؛ آر پار - (۲) آڑا ؛ ترچھا - (۳) مرضی کے خلاف کرنا ؛ مخالفت کرنا - (۴) (خواہش یا ارادے میں) حائل ہونا ؛ رکاوٹ ڈالنا ؛ مزاحم ہونا ؛ پورا نہ ہونے دینا ؛ (حکم سے) سرتابی کرنا - (۵) کھویوں کے بیٹھنے کا تختہ جو کشتی میں آڑا آڑا لگا ہوتا ہے -

t.-hawse : جہاز کے اس سرے کے آر پار جس میں رسوں کے سوراخ ہوتے ہیں -

t.-ship : جہاز کے اس سرے سے اُس سرے تک ؛ آڑا آڑا -

thwartingly, *adv.* : مزاحمانہ انداز سے ؛ مزاحمت کرتے ہوئے -

Thy, Thine (dh-) *pron. & a. possessive case of, & a. corresp. to Thou* : (Thou کی اضافی صورتیں ' حرف علت سے پہلے عموماً *thine* آتا ہے) تیرا -

Thylacine, *n.* : تسمانیا کا ایک گوشت خور تھیلی دار جانور ؛ ایک قسم کا بھیڑیا -

Thyme (tim), *n.* : صعتر ؛ ایک پودا جس کی پتیوں میں بڑی تیز خوشبو ہوتی ہے ' کھانے میں مسالے کے طور پر پڑتا ہے -

garden t. : باغی صعتر -

shepherd's or *wild t.* : جنگلی صعتر -

thymol, (th-), *n.* : صعترہ ؛ اس پودے کا ست جو قاتل جراثیم ہے -

thymy, *a.* : صعتر آمیز -

Thymus, *n.* : (نیز *t. gland*) غدود تیموسیہ ؛ تیموسی غدود جو گردن کی جڑ میں ہوتا ہے (انسانوں میں یہ غدود بلوغ کے زمانے میں غائب ہوجاتا ہے) -

Thyroid, *a. & n.* : (حیوانیات ؛ تشریح) (۱) ڈھال کی شکل کا ؛ درقی - (۲) جس پر ڈھال کی شکل کے نشان ہوں مثلاً *t. woodpecker* -

t. body or *gland* : غدود درقیہ ؛ درقی غدود جس کے بڑھنے سے گھینگا ہوجاتا ہے -

t. artery : کوئی شریان جو حنجرے کی کرکری ہڈی سے متعلق ہو ؛ شریان درقی -

t. cartilage : غضروف درقی ؛ حنجرے کی کرکری ہڈی -

t. gland or *t.* : درقیہ ؛ ایک دوا جو جانوروں کے درقی غدود سے تیار ہوتی ہے -

Thyrsus, *n.* (Gk ant. *pl.* -i) : شراب کے دیوتا یا

بیکس کا عصا جس کی موٹھ صنوبر کے پھل کی شکل کی تھی اور جس کے گرد عشق پیچہ اور انگور کی بیل لپٹی ہوتی تھی -

Thyself, *pron.* : (۱) (*thou* کی مفعولی صورت) اپنے آپ کو ؛ خود کو - (۲) (تاکید کے لیے) تو خود -

Ti(te), *n.* : ایک درخت جس کی جڑیں کھائی جاتی ہیں -

Tiara, *n.* : (۱) قدیم ایرانی دستار (بادشاہوں کی دستار اٹھی ہوئی اور عام لوگوں کی دبی ہوئی ہوتی تھی) - (۲) پوپ کا تہرا تاج (بیچ میں مخروطی کلاہ اور اس کے گرد تین چھوٹے تاج ہوتے ہیں) - (۳) منصب پاپائی ؛ پوپ کا عہدہ - (۴) مرصع سکٹ یا کلاہ (جو عموماً عورتیں پہنتی ہیں) -

tiarad, (-ed), *a.* : تاج دار ؛ تاج پوش ؛ کلاہ پوش -

Tibia *n.* (anat., *pl.*-ae) : (۱) پنڈلی کی ہڈی ؛ عظم القصبہ - (۲) کیڑوں کے پیر کا چوتھا جوڑ - (۳) مرغ کی ٹانگ کے نیچے کا حصہ -

tibial, *a.* : پنڈلی کا ؛ قصبی -

tibio comb. : *tibia* کی ترکیبی صورت -

Tic, *n.* : (۱) مروڑ ؛ عضلات (خصوصاً چہرے کے عضلات) کی حرکت - (۲) (*t. douloureux pr. doloroo* کا مخفف) مرقالوجہ ؛ ایک قسم کا شدید اعصابی درد جس کی وجہ سے چہرے کے عضلات میں سکڑنے کی اضطراری حرکت ہوتی ہے -

Tical, *n.* : (۱) ٹکال ؛ سیام کا سکہ ایک روپے کے برابر ؛ اس کا وزن - (۲) ٹکل ؛ برما اور چین کا ایک وزن -

Ticca, *a.* : ٹھیکے کا ؛ کرایے کا -

t.-gharry : کرایے کی گاڑی -

Tice, *n.* : دیکھو Yorker -

Tick, *v. i. & t. & n.* : (۱) (گھڑی کا) کھٹ کھٹ کرنا - (۲) ٹکٹکا (گھڑی وغیرہ کا) - (۳) ٹک مارک ؛ وہ نشان جو حساب کے جانچنے میں مختلف مدوں پر لگائے جاتے ہیں ؛ یہ نشان لگانا - (۴) (*t. away*) گھڑی کا کھٹ کھٹ کرکے وقت کا گزرنا ظاہر کرنا - (۵) (*t. out*) آلہ برقیہ نگار کا کاغذ کی دھجیوں پر خبر چھاپنا -

t. off : (۱) ٹک مارک لگانا - (۲) (عامیانہ) تنبیہ کرنا ؛ ڈانٹنا -

t. over : موٹر وغیرہ کے انجن کا گیر کے روک دینے کے بعد آہستہ آہستہ چلنا -

t. -tack : (۱) دھڑکن کی آواز ' خصوصاً دل کی - (۲) ولایتی چوسر (*backgammon*) کی ایک قسم - (۳) ہاتھ کے اشاروں سے خبر پہنچانے کا طریقہ جو گھڑ دوڑ کے دلال استعمال کرتے ہیں -

t. -t. : (بچوں کی زبان) گھڑی -

to or *on the t.* : بالکل ٹھیک وقت پر ؛ نہایت پابندی سے -

Tick, *n.* : ایک قسم کا طفیلی کیڑا جو جانوروں کے جسم پر بیٹھتا ہے (*dog, sheep, cattle t.*) -

Tick, *n.* : (۱) بستر بند ؛ بوغ بند - (۲) موٹا دھاری دار کپڑا جس کے بوغ بند عموماً استعمال ہوتے ہیں -

ticking, *n.* : بوغ بند کا کپڑا -

Tick, *n. & v. i.* : (بول چال) (۱) قرض ؛ ادھار - (۲) ادھار دینا (اشیاء) -

buy goods on t. : ادھار لینا -

Ticker, *n.* : (۱) کھٹ کھٹ کرنے والا - (۲) (بول چال) گھڑی ؛

آلہ برقیہ نگار - (۳) (مزاحاً) د ل -

Ticket, *n.* & *v. t.* : *railway, concert, theatre,*) (۱) ٹکٹ
(*get one's t.* (بول چال) برطرفی) - (۲) (فوجی *lottery, t.,*
(۳) قیمت کی چٹھی یا پرچہ (جو چیزوں پر لگی ہوتی ھے) -
(۴) مکان وغیرہ کے کرائے کے لیے خالی یا بکاؤ ہونے کا نوٹس جو کارڈ پر لکھہ کر لگا دیا جاتا ھے - (۵) (بول چال *the t.*)
مناسب چیز ؛ ٹھیک بات (*not quite the t.*) - (۶) (امریکا کی سیاست) امیدواروں کی فہرست (جو کسی پارٹی کی طرف سے داخل ہوتی ھے) - (۷) (کسی سیاسی پارٹی کے) اصول (*the democratic t.*) - (۸) قیمت کی چٹھی (جو بیچنے کی چیزوں پر لگائی جاتی ھے) -

return t. : دیکھو Return

season t. : دیکھو Season -

through t. : دیکھو Through -

t.-day : (لندن کا صرافہ) حساب کا دن ' جب دلالوں کو اصلی خریداروں کے نام بتائے جاتے ہیں -

t.-night : تھیٹر کا وہ تماشا جس کی آمدنی ٹکٹ بیچنے والوں میں بلا حصہ رسدی تقسیم کر دی جاتی ھے -

t. of leave : رہائشی چٹھی (جس کی رو سے مجرموں کو کچھہ دن سزا بھگتنے کے بعد بعض قیود کے ساتھہ رہائی مل جاتی ھے) مشروط رہائی -

t.-of leave man : وہ مجرم جو رہائشی چٹھی پر چھوٹا ہو -

t.-porter : لیسنس دار قلی جو بلا لگائے ہو -

t.-punch : ٹکٹ میں سوراخ کرنے کا آلہ -

Tick(e)y, (**Tikkie**), *n.* : (جنوبی افریقہ ' بول چال) تین پینی کا سکہ -

Tickle, *v. t.* & *i.* & *n.* : (۱) گدگدانا ؛ گدگدی کرنا - (۲) گدگدی ہونا (*my feet tickles*) - (۳) محظوظ کرنا ؛ (حسن ظرافت وغیرہ کو) تحریک ہونا ؛ ہنسی آنا ؛ لطف آنا ؛ لذت حاصل ہونا - (۴) (ٹراوٹ مچھلی وغیرہ کو) ہاتھہ سے پکڑنا - (۵) گدگدی -

I was hugely tickled at the idea : مجھے اس بات پر بہت ہنسی آئی -

this will t. his palate : اس سے اس کی زبان کو لذت حاصل ہوگی -

Tickler, *n.* : (۱) گدگدانے والا وغیرہ - (۲) معما ؛ مشکل یا پیچیدہ مسئلہ ؛ گورکھہ دھندا - (۳) پر جس سے چہرے میں گدگدی اٹھاتے ہیں -

Ticklish, *a.* : (۱) جس کے گدگدی بہت جلد اٹھتی ہو - (۲) نازک مزاج ؛ زود حس - (۳) مشکل ؛ پیچیدہ ؛ نازک (معاملہ یا مسئلہ) ؛ بہت احتیاط سے کرنے کا (کام) -

ticklishly, *adv.* : پیچیدگی یا نزاکت کے ساتھہ -

ticklishness, *n.* : (۱) گدگدی سے بہت جلد متاثر ہونا - (۲) نازک مزاجی ؛ زود حسی - (۳) نزاکت ؛ پیچیدگی -

Ticpolonga (**-ngga**), *n.* : ایک زہریلا سانپ جو ہندوستان اور لنکا میں ہوتا ھے -

Tidal, *a.* : جوار بھاٹے کا ؛ مد و جزر کا -

t. air : ہوا جو سانس لینے میں اندر اور باہر آتی ھے -

t. basin, dock, harbour : بند وغیرہ جس میں جوار بھاٹا آتا ہو -

t. friction : مزاحمت مد و جزر ؛ جس کی وجہ سے زمین کی روزانہ گردش میں رکاوٹ ہوتی ھے -

t. river : مد و جزری دریا ' جس میں مد و جزر کا اثر دہانے سے آگے تک پہنچتا ھے -

t. wave : (۱) مد و جزر کی لہر - (۲) (غلط استعمال) سمندر کا غیر معمولی تموج ' مثلاً وہ جو زلزلے کی طرف منسوب کیا جاتا ھے - (۳) (مجازاً) سیلاب ' طوفان (جذبات کا) -

tidally, *adv.* : مد و جزر کی طرح ؛ مد و جزر کی وجہ سے -

Tidbit : دیکھو Titbit -

Tiddley, *n.* & *a.* : (عامیانہ) شراب پئے ہوئے ؛ شراب میں مست -

Tiddl (e - d)y-winks, *n.* : بچوں کا کھیل جس میں مہروں کو جو میز کے کنارے پر ہوتے ہیں چٹکی سے مار کر ایک ظرف میں جو بیچ میں رکھا ہوتا ھے ڈالتے ہیں -

Tide, *n.* : (۱) (قدیم) وقت ؛ موسم ؛ اب صرف بعض مرکبات میں آتا ھے (*even-t., Whitsunt., Christmast., yule-t.*) - (۲) مد یا جزر ' مد و جذر ؛ جوار بھاٹا - (۳) (مجازاً) ہوا کا رخ ؛ رائے عامہ کا رجحان ؛ زمانے کا رنگ -

ebb- t. : جزر -

flood- t. : مد -

high t. : کامل مد -

lagging of the tt. : دیکھو Lag -

low t. : کامل جزر -

meteorological t. : موسمی مد و جزر ' جو ہوا وغیرہ کے باقاعدہ تغیرات سے ہوتا ھے -

neap- t. : مد و جزر اصغر ؛ ساتویں اور اکیسویں تاریخ کا جب مد اور جزر میں کم سے کم فصل ہوتا ھے -

Priming of the tt. : دیکھو Priming -

spring-t. : مد و جزر اعظم ' پہلی اور چودھویں تاریخ کا ' جب کہ مد اور جزر میں زیادہ سے زیادہ فصل ہوتا ھے -

t.-gate : بند کا پھاٹک ' جو مد کے وقت کشتیوں کے گزرنے اور پانی آنے کے لئے کھول دیا جاتا ھے اور جزر کے وقت بند کردیا جاتا ھے -

t.-gauge : مد و جزر پیما ؛ جس سے مد و جزر کی انتہائی سطحیں اور موجودہ سطح معلوم ہوتی ھے -

t.-lock : اس بندرگاہ کا بند جس میں مد و جزر آتا ہو -

t.-rip (s) : تلاطم جو مخالف موجوں کے ٹکر سے پیدا ہوتا ھے -

tide-waiter : چنگی کا افسر جو جہاز کے بندرگاہ میں داخل ہوتے ہی اس پر پہنچ جاتا ھے -

t.-way : (۱) گزرگاہ مد و جزر ؛ دریا وغیرہ کا وہ حصہ جہاں جوار بھاٹا آتا ہو - (۲) اس حصے میں پانی کا مد و جزر -

work double tt. : دن رات کام کرنا -

tidology, *n.* : (جغرافیہ طبعی میں) مد و جزر کا مبحث ؛ مد و جزر کا بیان -

tideless, *a.* : بے مد و جزر -

Tide, *v. i.* & *t.* : (۱) مد و جزر کے ساتھہ بہنا خصوصاً مد کے ساتھہ بندرگاہ میں پہنچنا یا جزر کے ساتھہ وہاں سے نکلنا - (۲) (مشکل پر) قابو پانا ؛ غالب آنا ؛ (رکاوٹ کو) دور کرنا -

Tidings, *n. pl.* : (اب صرف ادبی زبان میں استعمال ہوتا ہے؛ کبھی واحد کے طور پر کبھی جمع کے طور پر) خبر (*the t. come (s) too late*) -

Tidy, *a., n. & v. t.* : (۱) صاف ستھرا ؛ سلیقے سے آراستہ کیا ہوا - (۲) جس کی طبیعت میں صفائی ہو ؛ صاف ستھرا ؛ سلیقے کا - (۳) (بول چال) معقول ؛ بڑا ؛ اچھا خاصا - (*left a t. -sum behind him, am feeling pretty t.*) (۴) (بول چال) بھلا چنگا ؛ تندرست - (۵) کرسی کی پشت کی آرائشی گدی جو الگ ہو سکتی ہے - (۶) کوئی ظرف جس میں گری پڑی چیز ڈال دی جائے - (۷) صفائی کرنا ؛ ٹھیک ٹھاک کرنا (کمرے وغیرہ کو) -

street -t. : سڑک کا کوڑے دان -

tidily, *adv.* : صاف ستھرے طریقے سے ؛ سلیقے سے -

tidiness, *n.* : ستھرائی ؛ سلیقہ مندی -

Tie *v. t. & i.* (tying) : (۱) باندھنا (رسی ' ستلی وغیرہ سے)- (۲) (جوتے کے تسمے) باندھنا ؛ (کنٹوپ کے) بند باندھنا - (۳) (گلے میں) ٹائی باندھنا - (۴) (گرہ) باندھنا ' لگانا - (۵) (کڑیوں وغیرہ کو) آڑی دھنی لگاکر مضبوط کرنا ؛ سہارے کی دھنی لگانا - (۶) جکڑ دینا ؛ پابند کردینا (شرائط کا یا کسی کام کا) - (۷) (موسیقی) سروں کو نشان ربط کے ذریعے ملانا- (۸) کھیل میں کسی دوسرے کے برابر اسکور کرنا ؛ اسکور میں برابر ہونا -

t. a fly : مچھلی کے کانٹے کی شکل ایسی بنا دینا کہ چارہ معلوم ہو-

t. person's tongue : خاموش کردینا ؛ زبان بند کردینا ؛ بولنے نہ دینا

t. up : مشروط کردینا؛ خصوصاً کسی وصیت کے ساتھ ایسی شرائط لگانا کہ مال مع وکہ بیع نہ ہو سکے یا ایک خاص مصرف کے سوا کسی اور میں نہ آسکے -

tied house : شراب خانہ ' جو صرف ایک مقررہ کوٹھی سے لین دین کرنے کا پابند ہو -

tied to woman's apron-strings دیکھو - Apron

Tie, *n.* : (۱) رسی ' ڈوری ' زنجیر ' بندھن وغیرہ؛ جس سے کوئی چیز باندھی جائے - (۲) نکٹائی - (۳) چھوٹا سا سمور کا گلو بند - (۴) رابطہ ؛ رشتہ - (۵) کڑی ' تختہ وغیرہ جو عمارت یا مشین وغیرہ کے حصوں کو ملائے رکھتا ہے ؛ سہارا - (۶) ریل کا سلیپر - (۷) (موسیقی) نشان ربط جو دو سروں کے درمیان لگایا جائے - (۸) کسی کھیل میں دو یا زیادہ حریفوں کا اسکور برابر رہنا - (۹) (ٹورنامنٹ وغیرہ میں) دو شخصوں یا ٹیموں کا مقابلہ ؛ میچ-

cup- tt. : مقابلے جو کپ جیتنے کے لئے کئے جائیں -

play, shoot &c., off a t. : مزید کھیل جو اسکور برابر ہونے کی صورت میں فیصلے کے لئے کھیلا جائے -

t. -beam : کڑیوں کو ملانے والی سہارے کی دھنی -

t. -up : کام رک جانا ؛ (خصوصاً امریکا) ریل کے ملازموں کی ھڑ تال -

t.-wig : مصنوعی بال جو فیتے سے پیچھے باندھ لئے جاتے ہیں -

Tier (ter) *n. & v. t.* : (۱) قطار ؛ صف ؛ خصوصاً تھیٹر میں نشستوں کی ان قطاروں میں سے کوئی قطار جو تدریجاً بلند ہوتی جاتی ہیں - (۲) قطار در قطار رکھنا ؛ کھڑا کرنا -

tt. of cable : رسے یا تار کے لچھے کے پیچ -

Tierce (ters) *n.* : (۱) شراب کا چھوٹا پیپا جس میں ۳۵ گیلن شراب آتی ہے؛ اسی طرح کا پیپا جو دوسری کھانے پینے کی چیزوں کے پیمانے کا کام دیتا ہے - (۲) (موسیقی) کسی سر اور اس کے بعد کے سر کے درمیان کا فاصلہ یا ان دونوں کا میل - (۳) (تاش) تکڑی ؛ تین مسلسل پتوں کا جوڑ - (۴) (شمشیر زنی) تیسرا پیترا بچاؤ کا یا وار کا - (۵) گرجا کے اوقات کا تیسرا گھنٹا (نو بجے دن) ؛ نو بجے دن کی نماز -

Tiercel : دیکھو - Tercel

Tiercet : دیکھو - Tercet

Tiers etat (tyarzetah)*n.* = **third estate**, دیکھو - Estate.

Tiff, *n. & v. t. & i.* : (۱) شراب کا گھونٹ؛ چسکی- (۲) خفگی- (۳) تکرار ؛ جھگڑا - (۴) شراب کی چسکی لینا ؛ تھوڑی تھوڑی کرکے پینا- (۵) خفا ہو جانا-(۶) (انگلوانڈین لنچ کھانا؛دوپہر کا کھاناکھانا -

Tiffany, *n.* : ایک قسم کی چھدری ململ؛ اک تاری ململ؛ کچی ململ-

Tiffin, *n. & v. i.* : (۱) (انگلوانڈین) ٹفن ؛ لنچ ؛ دوپہر کا ہلکا کھانا - (۲) ٹفن کھانا ؛ لنچ کھانا -

Tige (tezh),*n.* : (۱) (عمارت) ساق ستون- (۲) (نباتیات) تنا؛ ساق-

Tiger, (-g-) *n.* : (۱) شیر ؛ باگھ (*Bengal t.*) - (۲) ظالم؛ سنگدل ؛ قابوچی - (۳) سائیس (جو ہلکی گاڑی ' ڈن وغیرہ میں آقا کے ساتھ بیٹھتا ہے) - (۴) (امریکا) نعرہ جو کسی کی تعریف میں تین بار تالیاں بجانے کے بعد بلند کیا جائے ؛ ھرے کا نعرہ -

American t. : تیندوے کی قسم کا بڑا گل دار جانور -

red t. : تیندوے کی قسم کا امریکی جانور -

The T. : فرانسیسی مدبر کلیمانسو کا لقب -

t.-beetle : ایک قسم کا بھونرا جس کے پروں پر چتیاں یا دھاریاں ہوتی ہیں اور کیڑوں کا شکار کرتا ہے -

t.-cat : بلی کے خاندان کا کوئی جانور جو شیر سے مشابہ ہو مثلاً بن بلاو-

t. ('s) -eye : ایک قسم کا نہایت چمک دار قیمتی پتھر -

t.-lily : ایک قسم کی باغی سوسن جس کا پھول مدھم نارنجی رنگ کا ہوتا ہے اور اس پر سیاہ یا ارغوانی چتیاں ہوتی ہیں -

t.-moth : ایک قسم کا پتنگا جس کے پر روئیں دار ہوتے ہیں اور ان پر دھاریاں پڑی ہوتی ہیں -

t.-wood : فرنیچر بنانے کی لکڑی جو برٹش گاینا سے آتی ہے -

tigerism, *n.* : قابوچی پن -

tigress, *n.* : شیرنی -

Tig (e) rish, *a.* : شیر کا سا ؛ شیر کی طرح خونخوار؛ سنگدل؛ ظالم-

Tight, *a. n. & adv.* : (۱) کٹھا ہوا؛ مضبوط - (۲) (مرکب الفاظ میں) محفوظ (*air-t.*)-(۳)کسی ہوئی(کاگ وغیرہ)؛تنگ (جوتا) - (۴) خوش قطع ؛ سڈول (*a t. lass, t. little island*) - (۵) تنی ہوئی (رسی وغیرہ)- (۶) (بول چال) نشے میں ؛ پئے ہوئے- (۷) زور کا ؛ جس میں طاقت صرف ہو - (۸) چست کپڑے ' جیسے تنگ پہنتے ہیں - (۹) مضبوطی سے ؛ زور سے ؛ کس کر ؛ بھینچ کر (*squeeze it t., hold it t.*) -

a t. money-market : کسا ہوا صرافہ ' جس میں روپیہ کم یاب ہو -

a t. squeeze : زور کا داب -

air-t. : ہوا روک -

am in a t. place : (مجازاً) مخمصے میں ؛ مشکل میں -
money is t. : روپیہ کم یاب ھے -
t.-fisted : کنجوس -
t.-rope : تنی ھوئی رسی جس پر نٹ ناچتے ھیں -
tighten one's belt : (مزاحاً) بھوکا رھنا -
water-t. : پانی روک -
tighten, *v.t. & i.* : کسنا ؛ بھینچنا ؛ تاننا ؛ کس جانا ؛ تن جانا -
tightener, *n.* : (۱) کسنے والا - (۲) کسنے کا آلہ -
tightly, *adv.* : (۱) کس کر ؛ تان کر ؛ بھینچ کر - (۲) کسا ھوا ؛ تنا ھوا - (۳) گٹھا ھوا - (۴) مضبوطی سے ؛ زور سے -
tightness, *n.* : تناؤ ؛ کسا ھوا ھونا؛ بازار کا نادار ھونا وغیرہ -
Tike, ty-, *n.* : (۱) لینڈی کتا ؛ معمولی کتا - (۲) کمینہ ؛ سفلہ -
yorkshire t. : یور کشایر کا باشندہ -
Til (tel) *n.* : نون غنہ کی آواز کا نشان ؛ فتہ (پرتگالی زبان میں) -
Tilbury, *n.* : (تاریخ) ایک ھلکی گاڑی -
Tilde *n.* : حرف " n " میں ون کی آواز کو یائے معروف کے ساتھ ملا کر ادا کرنے کا نشان (اسپینی زبان میں) مثلاً سینور senor = صاحب ؛ جناب -
Tile, *n. & v.t.* : (۱) چکنی مٹی کا کھپرا ؛ ٹائل (جو فرش ؛ چھت ، آتشدان وغیرہ میں لگاتے ھیں) - (۲) دیکھو "*Pantile*" - (۳) (بول چال) ریشمی ھیٹ - (۴) کھپریل ڈالنا (چھت پر) ؛ ٹائل لگانا (فرش وغیرہ میں) - (۵) (فری میسن) دربان (*tiler*) کو دروازے پر کھڑا کرنا کہ غیر آدمی اندر نہ آنے پائے - (۶) رازداری کا حلف لینا -
Dutch t. : ولندیزی ٹائل جس پر عموماً نیلا روغن ھوتا ھے اور بائبل کی کہانیوں کی تصویریں بنی ھوتی ھیں -
have a t. loose : (عامیانہ) خبطی ھونا -
plain t. : چپٹا کھپرا ، چھت کے لیے جس کا سائز ½10 × ½6 انچ ھوتا ھے -
t. in : آس پاس ٹائل لگانا -
tilestone : ایک قسم کی فرش بنانے کی سل جسے چیرکر کھپرے بنالیتے ھیں -
t. tea : دیکھو Tea -
Tiling *n.* : (۱) ٹائل لگانا؛ کھپریل ڈالنا - (۲) کھپریل، ٹائل کا فرش وغیرہ - (۳) ٹائل لگانے کی وضع -
Tiler, *n.* : (۱) کھپرے بنانے والا ؛ کھپریل ڈالنے والا ؛ ٹائل لگانے والا - (۲) (فری میسن ؛ قدیم صورت *tyler*) لاج کا دربان -
tilery, *n.* : کھپرے یا ٹائل بنانے کا کارخانہ -
Till *v.t.* : (زمین پر) کاشت کرنا ؛ جوتنا -
tillable, *n.* : قابل کاشت ؛ قابل کشاورزی -
tillage, *n.* : کاشت -
Till, *prep. & conj.* : (۱) تک ؛ تا (*wait t. evening, t. his return*) - (۲) تاوقتیکہ ؛ یہاں تک کہ (*ring t. you get an answer, walk on t. you come to the gate*) -
Till, *n.* : دوکان میں روپیہ رکھنے کی دراز جو فلک تختے میں ھوتی ھے ؛ فلک -
Till, *n.* : (ارضیات) برفانی چٹانوں کی مٹی کی تہ جس میں پتھر کے چکنے بٹے ، ریت وغیرہ ملی ھوتی ھے -
tilly, *a.* : جس میں یہ مٹی ھو -
Tiller, *n.* : کاشتکار ؛ زمین جوتنے والا -
Tiller, *n.* : پتوار کا ھتھا یا ڈنڈا ؛ سکان -
t.-chain : سکان کی زنجیر -
t.-rope : سکان کی رسی -
Tiller, *n. & v.i.* : (۱) (پودے کی) وہ شاخ جو اصل تنے میں جڑ کے قریب پھوٹتی ھے ؛ کلا - (۲) پودہ - (۳) زیربچہ ؛ وہ شاخ جو تنے میں زمین کے نیچے پھوٹتی ھے -
Tilt *v.i. & t. & n.* : (۱) ایک طرف سے جھکنا دوسری طرف سے اٹھنا ؛ ٹیڑھا ھونا ؛ ایک طرف سے جھکانا ؛ ٹیڑھا کرنا (برتن میز وغیرہ کو) (*cask wants tilting*) - (۲) (ارضیات) زمین کی پرت کا بہت اوپر کو اٹھا ھوا ھونا ؛ اوپر کو اٹھانا - (۳) نیزے کا وار کرنا؛ برچھی چلانا (*t. at opponent*) - (۴) گھومنے والی بھاری ھتوڑی سے کوٹنا ؛ پیٹنا (فولاد وغیرہ کو) - (۵) جھکاؤ؛ خم - (۶) نیزے کا وار ؛ نیزے کی ھول - (۷) سر کنڈا وغیرہ کی چلیپا جو شست میں لگی ھوتی ھے اور جس سے معلوم ھوتا ھے کہ مچھلی نے کانٹا نگل لیا - (۸) (*t.-hammer*) بھاری ھتوڑا جو ایک محور پر گھومتا ھے - (۹) (مجازاً) (*at* یا *against* کے ساتھ) کھلی چوٹ؛ کھلا استدلال -
full t. : سرپٹ؛ پوری طاقت سے (*come, run full t. against*)
t. at the ring : (فوجی کرتب) نیزے کی نوک سے چھلا اٹھانا (جو ان میں کسی چیز سے لٹکا ھوتا ھے) -
t.-yard : نیزہ بازی کا میدان -
tilter, *n.* : جھکانے والا؛ جھکانے کا آلہ -
Tilt, *n. & v. t.* : کرمچ وغیرہ کا سائبان جو چھکڑے پر ڈال دیتے ھیں؛ سائبان ڈالنا -
Tilth, *n.* : (۱) کاشت؛ زمین جوتنا؛ جتائی - (۲) کھیت کی گہرائی جہاں تک زمین جوتی جاتی ھے -
Timbal, -ul, ty-, *n.* : طبل؛ کوس؛ نقارہ -
Timbale, (F) *n.* : ایک طرح کی پائی (pie) جو طبلے کی شکل کی بناکر پکائی جاتی ھے -
Timber, *n.* : (۱) عمارتی لکڑی؛ وہ لکڑی جس سے بڑھئی مختلف چیزیں بناتا ھے ؛ کاٹھ - (۲) عمارتی لکڑی کے درخت - (۳) جنگل - (۴) لکڑی ؛ کڑی ؛ شہتیر - (۵) (جہاز رانی) جہاز کی پسلی؛ ان خمدار کڑیوں میں سے کوئی کڑی جن سے جہاز کا پنجر بنتا ھے - (۶) (شکاریوں کی اصطلاح) کھیتوں کی باڑیں اور دروازے -
shiver my tt. : میرا ستیاناس ھو !
t. - cart : لکڑی لانے کا اونچا چھکڑا -
t. -head : جہاز کی پسلیوں کے سرے جو اوپر نکلے ھوتے ھیں، ان سے رسے باندھے جاتے ھیں -
t. - hitch : پھندا جس کے ذریعہ رسی شہتیر سے اٹکائی جاتی ھے -
t. - toe (s) : وہ شخص جس کی لکڑی کی ٹانگ ھو -
t. wolf : بڑا امریکی بھیڑیا -
t. - yard : (۱) صحن جس میں عمارتی لکڑی رکھی ھو - (۲) (کرکٹ کی بول چال) وکٹ -

(-) timbered, *a.*: (-) لکڑی کا -

timbering, *n.*: (۱) کڑیاں؛ تختے وغیرہ - (۲) لکڑی کا کام؛ کڑیوں تختوں کا کام -

Timbre, (Tamber or as F.) *n.*: (آواز کی) کیفیت ' جو ہر باجے میں الگ ہوتی ہے -

Timbrel, *n.*: چھوٹی ڈھولک؛ طبلہ -

Time, *n.*: (۱) وقت؛ زمانہ - (۲) عہد؛ دور؛ زمانہ (the tt. of the Stuarts) - (۳) فرصت؛ مہلت؛ وقت جو میسر آئے؛ وقت جو کسی کے پاس ہو؛ مدت عمر - (۴) مناسب وقت؛ موقع؛ مقرر وقت؛ ٹھیک وقت (*there is a t. for everything*) - (۵) (اکثر جمع) زمانے کے حالات؛ زمانے کا رنگ؛ زمانہ؛ دن (اچھے برے وغیرہ) (*hard, bad, good, tt.,*) - (۶) بار؛ دفعہ؛ مرتبہ (*the first t. I saw him*) - (۷) گنا (*is three tt. ten tt. easier or as easy*) - (۸) (خصوصاً صرف ونحو میں) زمانہ (ماضی حال استقبال وغیرہ) (*the t. allowed was four years*) - (۹) میعاد؛ مدت (*did a mile in record t.*) - (۱۰) وقت جو کسی پیمانے یا معیار سے ناپا جائے - (۱۱) (موسیقی) تال - (۱۲) (موسیقی) گت - (۱۳) (باجا بجانے کی رفتار -

against t.: نہایت تیزی سے؛ انتہائی رفتار سے (*working, riding, against t.*) -

all the t.: (۱) برابر؛ سارے وقت - (۲) (امریکا) ہمیشہ؛ ہر موقع پر -

apparent (solar) *t.*: وقت ظاہری؛ وقت شمسی جس کا حساب آفتاب سے لگایا جائے -

at one t.: ایک زمانے میں -

at the same t.: (۱) ساتھہ ہی ساتھہ؛ ایک ہی وقت میں - (۲) پھر بھی؛ اس کے باوجود -

at this t. of day: (مجازاً) اب جاکر؛ اتنی دیر میں -

at tt.: کبھی کبھی؛ بعض اوقات -

beat t.: تال دینا -

binary t.: دو تالی گت؛ جس میں ہر ٹکڑے میں دو تالیں ہوں -

born before, ahead of on 's t. or tt.: زمانے سے آگے؛ جو اپنے زمانے سے پہلے پیدا ہوگیا ہو؛ اتنا روشن خیال کہ اس کے ہم عصر اس کے خیالات کی قدر یا ان پر عمل نہ کرسکیں -

civil t.: زمانہ قانونی (قانونی سال وغیرہ طبیعی سال وغیرہ کے مقابلے میں) -

close t.: دیکھو Close -

common t.: دو تالی یا چو تالی گت -

for the t. being: فی الحال -

from t. to t.: کبھی کبھی؛ وقتاً فوقتاً -

gain t.: ٹال مٹول کرکے مہلت حاصل کرنا -

good (bad) t.-keeper: صحیح وقت دینے والی (نہ دینے والی) گھڑی

got there t. enough to see him: وہاں اتنے سویرے پہونچا کہ اس سے ملاقات ہوگئی -

had a good t.: لطف سے گزری -

high t.: دیکھو High -

I must bide my t.: میں موقع کا انتظار کروں گا -

in no t.: آنا فانا؛ چٹکی بجاتے؛ دم بھر میں -

in the nick of t.: دیکھو Nick -

in t.: (۱) وقت پر؛ ٹھیک وقت پر - (۲) (for یا to کے ساتھہ) ایسے وقت پر (کہ کسی کام میں شرکت ہوسکے) - (۳) کبھی نہ کبھی؛ ایک نہ ایک دن - (۴) تال کے ساتھہ -

is doing t.: قید کی میعاد گزار رہا ہے؛ جیل میں ہے -

is far on in her t.: حمل خاصی مدت کا ہے -

is near her t.: وضع حمل کا زمانہ قریب ہے؛ بچہ ہونے والا ہے -

is serving his t.: امیدواری کر رہا ہے -

it was t. I was going: اب میرے جانے کا وقت ہے -

it will last our t.: ہماری زندگی بھر چلے گا -

keep good (bad) t.: (گھڑی کا) صحیح (غلط) وقت دینا -

keep t.: تال کے ساتھہ چلنا' ناچنا' گانا وغیرہ -

mean t.: اوسط وقت -

my t. is drawing near: میرا وقت قریب آگیا ہے؛ میں جلد مرنے والا ہوں -

now is your t.: اب تمہارا موقع ہے؛ اب تمہارا داؤ ہے -

one at a t.: ایک ایک کرکے -

out of t.: (۱) بے وقت؛ بے موقع - (۲) (گانا وغیرہ) بے تال -

pass the t. of day: (بول چال) صاحب سلامت کرنا -

sidereal t.: دیکھو Sidereal -

so that's the t. of day: (بول چال) اچھا یہ معاملہ ہے -

ternary t.: تتا لی گت؛ جس میں ہر ٹکڑے میں تین تالیں ہوں -

the t. of one's life: بے حد لطف ' غیر معمولی چہل پہل یا سخت پریشانی کا زمانہ -

t.-ball: گولہ جو ایک بجے دو پہر کو وقت بتانے کے لیے رصد گاہ میں ایک اونچے کھم سے نیچے گرایا جاتا ہے -

t.-bargain: پیشگی سودا؛ کسی آئندہ مقررہ وقت پر تمسکات وغیرہ بیچنے یا خریدنے کا معاہدہ (اکثر یہ سٹے کی ایک صورت ہوتی ہے) -

t.-book, t.-card. t.-sheet: کتاب اوقات؛ تختہ اوقات؛ فرد اوقات جس میں یہ درج کیا جاتا ہے کہ مزدوروں نے کتنی دیر کام کیا ہے -

t.-fuse: ساعتی فتیلہ؛ جو ایک مقررہ وقت تک جلتا رہتا ہے -

t.-honoured: قدیم اور مقدس (رسم وغیرہ) -

t. is up: وقت ہوگیا -

timekeeper: مزدوروں کے وقت کا حساب رکھنے والا؛ حاضری نویس -

t. immemorial or out of mind: قدیم الایام (سے) -

t. of day: وقت (گھڑی کے حساب سے) -

timepiece: ٹائیم پیس؛ چھوٹی گھڑی جس میں پائے ہوتے ہیں اور میز یا طاق پر رکھی رہتی ہے -

t.-server: زمانہ ساز؛ ابن الوقت -

t.-serving, a. & n.: (۱) زمانہ ساز - (۲) زمانہ سازی -

t.-table: ٹائیم ٹیبل؛ مدرسے یا ریل کا نقشۂ اوقات -

t..work: کام جس کا معاوضہ وقت کے حساب سے دیا جائے؛ اسامی کا کام -

tt. out of number : خدا جانے کتنی بار ؛ ہزاروں مرتبہ -
the Ti. : اخبار لندن ٹائمز -
two, &c., at a t. : دو دو کر کے وغیرہ -
what a t. you will have getting him home : اسے گھر لانے میں تمھیں کس قدر مصیبت کا سامنا ہوگا -
what is the correct t. : گرینچ (Greenwich) کے وقت کے حساب سے کیا بجا ہے -
what t. : (شعر) (۱) جب کہ - (۲) کب -
will take all your t. : تم اسی کے ہو رہو گے ؛ اس سے تم پر بوجھ پڑ جائے گا -

Time, *v. t. & i.* : (۱) (کسی کام کے لیے) وقت مقرر کرنا ؛ وقت کا تعین کرنا - (۲) وقت پر کرنا (کوئی کام) - (۳) وقت کا اندازہ کرنا یا حساب لگانا (گھڑ دوڑ وغیرہ میں) -
ill-timed : (کام) جو نا مناسب وقت پر کیا جائے ؛ بے محل ؛ بے وقت -
well-timed : (کام) جو مناسب وقت پر کیا جائے ؛ بر محل ؛ بر وقت -
timer, *n.* : (۱) وقت کا حساب رکھنے والا شخص - (۲) وقت کا اندازہ کرنے کا آلہ -
timing, *n.* : (۱) وقت کا تعین یا اندازہ - (۲) اوقات ریل وغیرہ کے -

Timeless, *a.* : (۱) (شاذ) ابدی ؛ دائمی ؛ لا متناہی - (۲) بے وقت ؛ بے محل -

Timely, *a.* : بر محل ؛ بر وقت ؛ بہت موقع کا -
timeliness, *n.* : بر وقت ہونا ؛ بر محل ہونا -

Timeo Danaos et dona ferentes, **phr** : (لاطینی) دشمن لاکھ دوستی کا دم بھرے اس پر اعتبار نہ کرنا چاہئیے (لفظی معنی یہ ہیں کہ یونانی تحفے لیکر آئے تب بھی میں اس سے ڈرتا ہوں)

Timeous, : دیکھو Timous -

Timid, *a.* : (۱) ڈر پوک ؛ کم دلا ؛ بودا - (۲) جھینپنے والا ؛ شرمناک ؛ حد سے زیادہ شرمیلا -
timidity, timidness, *nn.* : (۱) ڈر پوک ہونا ؛ بوداپن - (۲) حد سے زیادہ شرمیلا پن -
timidly, *adv.* : (۱) ڈرتے ڈرتے ؛ ہچکچاتے ہوئے - (۲) بودے پن سے -

Timocracy, *n.* : ملکیہ ؛ ملکی حکومت ؛ وہ طرز حکومت جس میں سیاسی قوت صاحبان املاک کے ہاتھ میں ہو -
timocratic, *a.* : ملکی ؛ ملکی حکومت کے متعلق -

Timorous, *a.* : ڈر پوک ؛ کم دلا -
timorously, *adv.* : کم دلی سے -
timorousness, *n.* : ڈر پوک ہونا ؛ کم دلی -

Timothy(-grass), *n.* : ایک گھاس جو چارے کے کام آتی ہے -

Timous, *a.* : (اسکاٹستان) بر وقت ؛ بر محل ؛ موقع کا -
timously, *adv.* : بر محل ؛ بڑے موقع سے -

Tin, *n. & v. t.* : (۱) رانگ ؛ رانگا - (۲) ٹین ؛ قلعی کئے ہوئے لوہے کی چادر (*t.-plate*) - (۳) ٹین × ڈبا ؛ ٹین - (۴) (صفت) رانگ کا ؛ ٹین کا - (۵) (عامیانہ) روپیہ پیسہ - (۶) قلعی کرنا ؛ ٹین چڑھانا - (۷) ٹین کے ڈبوں میں بند کرنا -
cry of t. : کھنا کا ؛ وہ آواز جو ٹین کو موڑتے ہوئے پیدا ہوتی ہے -
t. foil : (۱) پنی - (۲) پنی چڑھانا ؛ پنی لگانا -
t. god : جھوٹا معبود ؛ وہ شخص جس کی بے جا پرستش یا عزت و حرمت کی جائے -
t. hat : (سپاہیوں کی بول چال) فولادی ٹوپی -
t.-liquor, salt of t. : رانگ کے محلول جو رنگریز رنگ پختہ کرنے کے لیے استعمال کرتے ہیں -
t. Lizzie : فورڈ موٹر کار کو تمسخر سے کہتے ہیں -
t.-man, t.-smith : (۱) ٹین کے برتن بنانے والا - (۲) قلعی گر -
t.-plate, v. t. : قلعی کرنا -
t.-stone : کچے ٹین کا خاص جز -
tinware : ٹین کے برتن
tinner, *n.* : (۱) ٹین کا کام کرنے والا - (۲) ٹین کے ڈبوں میں گوشت وغیرہ بھرنے والا -
tinny, *a.* : رانگ یا ٹین کا (سا) ؛ جس میں رانگ یا ٹین ہو -

Tinamou, (-oo), *n.* : تیتر کی قسم کا پرند جو جنوبی امریکا میں ہوتا ہے -

Tincal, -kal (-ngkl), *n.* : کچا سہاگا -

Tinctorial, *n.* : (۱) رنگ کا ؛ رنگ ریزی کا - (۲) جس سے رنگ پیدا ہو -

Tincture (-tsher) *n. & v. t.* : (۱) صبغہ ؛ کسی (نباتی) دوا کا محلول روح شراب میں (*t. of quinin*) - (۲) چاشنی ؛ خفیف سا مزہ ؛ پٹ - (۳) خفیف سا رنگ ؛ ذرا سی جھلک (لغوی اور مجازی معنی میں) - (۴) (تقابت) (ڈھال کی) رنگ کاری (جس میں سارے کا ڈوئی یا طلائی رنگ اور مختلف رنگوں کی بندکیاں شامل ہیں) - (۵) ذرا سا رنگ یا چاشنی دینا ؛ ہلکی سی پٹ دینا - (۶) (کسی صفت کا) ذرا سا شائبہ ؛ خفیف سا رنگ یا جھلک ہونا -

Tindal, *n.* : ملاحوں کا جمعدار (ہندوستان کی ملیالم زبان سے ماخوذ ہے) -

Tinder, *n.* : سوختہ ؛ کوئی چیز خصوصاً جلا ہوا سن کا کپڑا جو بہت جلد آگ پکڑ لیتا ہے -
German t. : دیکھو Amadou -
t. -box : چقماق ؛ ڈبیا جس میں چقماق کو سوختے پر رگڑ کر آگ نکالتے ہیں -
tindery, *a.* : سوختے کا سا ؛ جلد آگ پکڑنے والا ؛ آتش گیر -

Tine, *n.* : نوک ؛ شاخ (بارہ سنگھے ' میز کے کانٹے وغیرہ کی) -

Ting, *n. & v. i.* : (۱) ٹن ٹن بجنا - (۲) ٹن ٹن کی آواز -

Tinge, *v. t. & n.* : (۱) ہلکا سا رنگ یا ہلکی سی جھلک پیدا کرنا - (۲) ملانا ؛ آمیزش کرنا - (۳) ہلکا سا رنگ ؛ جھلک ؛ خفیف سا مزہ ؛ چاشنی ؛ پٹ (لغوی اور مجازی معنی میں) -

Tingle, *v. i. & t. & n.* : (۱) جھنجھناہٹ - (۲) جھنجھنانا ؛ جھنجھناہٹ پیدا کرنا (*the reply tingled in his ears*) - (۳) (مجازاً) بے چین ہونا ؛ بے تاب ہونا -

Tinker, *n. & v. t. & i.* : (۱) دھات کے ٹوٹے برتن جوڑنے والا ؛ ٹھٹھیرا ؛ ٹھٹھیرا - (۲) پھوہڑپن سے کام کرنے والا ؛ پھوہڑ ؛ پھوہڑپن کا کام ؛ بے ڈھنگا کام (*had an hour's t. at it*) -

(۳) ایک قسم کی مچھلی - (۴) ایک قسم کا پرند - (۵) ایک قسم کا " seat " - (۶) برتنوں کی مرمت کرنا ؛ ٹانکا لگانا - (۷) بھدے طریقے سے مرمت کرنا ؛ بھدا جوڑ لگانا ؛ (مجازاً) دفع الوقتی کے لیے معمولی درستی کر دینا - (۸) اناڑی پن یا بے ڈھنگے پن سے کام کرنا -

don't care a t.'s damn, : مجھے مطلق پروا نہیں ؛ میری جوتی کی نوک سے -

tinkerly, *a.* : بھدا ؛ بے ڈھنگا -

Tinkle, *v. i. & t. & n.* : (۱) ٹن ٹن بجانا یا بجنا - (۲) (گھنٹی وغیرہ) بجانا - (۳) (متروک) جھنجھنانا -

Tinkler, *n.* : (۱) " tinkle " کا اسم فاعل - (۲) (عامیانہ) چھوٹی گھنٹی -

Tinnitus, *n.* : (طب) طنطنہ ؛ کان بجنا ؛ کانوں میں خود بخود جھنکار سی سنائی دینا -

Tinsel, *n. a., & v. t.* (-ll-) : (۱) (جھوٹا) لچکا ؛ گوٹا کناری ؛ کرن ؛ چمکی وغیرہ - (۲) جھوٹی ٹیپ ٹاپ ؛ اوپری چمک دمک ؛ زرق برق - (۳) بھڑکیلا ؛ بھڑک دار - (۴) لچکا وغیرہ ٹانکنا - (۵) جھوٹی ٹیپ ٹاپ سے سجانا -

Tint, *n. & v. t.* : (۱) کسی رنگ کا کوئی روپ خصوصاً ہلکا روپ (۲) (شاذ) جھلک (ایک رنگ کی دوسرے رنگ میں) - (۳) (کندہ کاری) متوازی خطوط جو رنگ میں یکسانی پیدا کرنے کے لیے کھینچے جاتے ہیں - (۴) کسی رنگ کی ہلکی سی جھلک پیدا کرنا ؛ ہلکا سا رنگ دینا -

autumn tt. : خزاں رسیدہ پتیوں کا رنگ -

crossed t. : بلاک کی سطح جس میں متقاطع خطوط سے کام لیا گیا ہو -

ruled t. : بلاک کی سطح جس میں متوازی خطوط سے کام لیا گیا ہو -

t. -block : خطوط کا بلاک ؛ جس میں وہ چھپ جو چھاپنا ہے خطوط سے بنائی جاتی ہے -

t. -tool : خط کش ؛ جس سے کندہ کاری میں کام لیتے ہیں -

tintless, *a.* : بے رنگ ؛ بے جھلک -

Tinter, *n.* : (۱) رنگ ساز ؛ رنگ کرنے والا - (۲) رنگ کرنے کا آلہ - (۳) سیر بین کا رنگین شیشہ -

Tintinnabulation, *n.* : گھنٹیاں بجنا ؛ گھنٹیوں کی ٹن ٹن -

Tintinnabulum, *n.* (pl. -la) : (۱) گھنٹی ؛ خصوصاً چھوٹی سی گھنٹی - (۲) (گھنٹیوں کی) ٹن ٹن ؛ (دھات کے برتنوں کی) جھنکار -

tintinnabular (y), *a.* : (۱) گھنٹیوں کا - (۲) ٹن ٹن کا - (۳) ٹن ٹن کرتا ہوا -

tintinnabulous, *a.* : گھنٹی دار -

Tintometer, *n.* : مقیاس الالوان ؛ رنگ کسوٹی ؛ وہ آلہ جس سے رنگ پرکھے اور پہچانے جاتے ہیں -

Tinty, *a.* : بے میل رنگوں کا -

Tiny, teeny (nursery), *a.* : بہت چھوٹا ؛ ننھا - (*little t. boy*)

-tion, suf. : (لاحقہ) ان اسما کے آخر میں آتا ہے جو حاصل مصدر کے معنی دیتے ہیں یعنی فعل یا حالت ظاہر کرتے ہیں -

Tip, *n. & v. t.* : (۱) سرا ؛ نوک (خصوصاً کسی چھوٹی یا گاودم چیز کی) - (۲) ایک قسم کی کوچی جو سونے کے ملمع میں کام آتی ہے - (۳) کوئی چھوٹی سی چیز جو کسی چیز کے سرے پر لگ[illegible] مثلاً چھڑی کی شام - (۴) سرے یا نوک پر کوئی چیز [illegible] شام وغیرہ لگانا -

bird measures 15 in. from t. (of one wing) to t. : پرندہ کی چوڑائی ایک بازو کے سرے سے دوسرے بازو کے سرے تک ۱۵ انچ ہے -

had it on the t. of my tongue : میں(یہ بات) کہنے ہی کو تھا -

tipstaff (hist. pl. -staves) : (staves جمع ؛ (۱) (تاریخ) دھات چڑھا ہوا عصا جو قرق امین (bailiff) کے عہدے کی علامت سمجھا جاتا تھا - (۲) قرق امین -

t. -tilted : (ناک) جس کی نوک اوپر کو اٹھی ہوئی ہو -

tiptoe : -(on tiptoe) (۱) پنجوں کے بل - (۲) پنجوں کے بل چلنا

tiptop *n.* : (۱) درجۂ کمال ؛ چوٹی - (۲) اعلیٰ درجے کا ؛ چوٹی کا - (۳) نہایت اعلیٰ ساز و سامان کے ساتھ ؛ نہایت عمدہ طور پر -

Tip, *v. t. & i. & n.* : (۱) جھک جانا ؛ ترچھا ہو جانا ؛ الٹ جانا ؛ ڈھلک جانا ؛ ڈگمگا کر گر جانا - (۲) جھکا دینا ؛ ترچھا کر دینا ؛ گرا دینا ؛ الٹ دینا - (۳) چھو دینا - (۴) ڈھکیل دینا - (۵) انڈیل دینا - (۶) (کوئی چیز) سرسری طور سے دے دینا ؛ (کوئی بات) اشارتاً کہہ دینا - (۷) (گھڑ دوڑ کھیل وغیرہ) خفیہ اطلاع دینا (نتیجے کے متعلق) - (۸) (t. off) آگاہ کر دینا ؛ ہوشیار کر دینا - (۹) انعام دینا (قلی بیرے چپراسی وغیرہ کو) - (۱۰) انعام - (۱۱) ٹپ ؛ خفیہ اطلاع (گھڑ دوڑ ؛ صرافے وغیرہ کے متعلق) - (۱۲) عمدہ ترکیب ؛ گر (کسی کام کے کرنے کا) - (۱۳) ذرا سا دھکا ؛ ذرا سا ٹھیلنا - (۱۴) ہلکا سا ہاتھ (خصوصاً " base-ball " کے کھیل میں) -

might have tipped me the wink : ذرا آنکھ کا اشارہ کر دیا ہوتا -

miss one's t. : اپنے مقصد میں ناکام رہنا -

t. -&-run : ٹپ رن ؛ ایک طرح کا کرکٹ جس میں گیند بلے سے چھو جائے تو کھیلنے والے کو دوڑنا پڑتا ہے -

t. -car, -cart : ایک قسم کی گاڑی جس کی بیٹھک پیچھے جھکائی جاسکتی ہے ؛ ٹپ گاڑی -

t.-cat : گلی ڈنڈا -

t. -off : اشارہ -

t. -up seat : تھیٹر وغیرہ کی نشست جو پیچھے کو اٹھ جاتی ہے ؛ اٹھواں نشست -

t. us a copper : پیسہ یا آدھی پیسہ ہمیں دے ڈالو -

t. us your fin : ذرا ہاتھ ملانا -

will give you straight t. : تمھیں ٹھیک ٹھیک اطلاع دے گا -

tipper, *n.* : (۱) "tip" کا اسم فاعل - (۲) جھکانے وغیرہ کا آلہ -

Tipperary, *n.* : ٹپریری کا گیت جو سنہ ۱۹۱۴ ع میں برطانوی افواج میں رائج تھا - (اس کا پہلا مصرعہ یہ تھا *It's a long way to Tipperary.*)

Tippet, *n.* : بے آستین کی نیم قبا جو عورتیں پہنتی ہیں اور پادریوں اور ججوں کی منصبی پوشاک میں شامل ہے -

Tipple, *v. i. & t. & n.* : (۱) بہت تیز شراب کا عادی ہونا ؛

بلا نوش ہونا - (۲) مزے سے لے کر شراب کے جام پر جام چڑھانا -
tippler, *n.* : بلانوش ؛ تیز شراب کثرت سے پینے والا -
Tippy, *n.* : (چائے) جس میں شگوفے کثرت سے ہوں-
Tipster, *n.* : ٹپ دینے والا؛ (گھوڑ دوڑ وغیرہ کے متعلق) پوشیدہ خبریں دینے والا -
Tipsy, *a.* : (۱) مست؛ متوالا : مدہوش - (۲) نشے کا ؛ جس سے نشے میں ہونا ظاہر ہو ؛ جو نشے کی وجہ سے سرزد ہو -
t.-cake : ایک کیک جو اسفنج کی شکل کا بنایا جاتا ہے اور اس پر کریم بادام وغیرہ کی تہ ہوتی ہے -
tipsify, *v. t.* : مدہوش کرنا -
tipsily, *adv.* : مدہوشی کے انداز سے ؛ مدہوشوں کی طرح -
tipsiness, *n.* : مدہوشی-
Tirade, *n.* : (۱) لمبی پر جوش تقریر (خصوصاً ملامت کی)؛ ہجو؛ وعظ (طنزیہ معنی میں) - (۲) طول طویل نظم ' خطبہ وغیرہ ؛ کہا (طنزیہ معنی میں) - (۳) (موسیقی) آواز کی کشش جس سے سروں کے درمیان کا فصل پر کیا جائے -
Tirailleur (-aler or as F) *n.* : گل چلا: عمدہ نشانہ لگانے والا-
Tire, *v. t. & i.* : (۱) تھکانا ؛ تھکنا - (۲) اکتا جانا : (زندگی سے) سیر ہو جانا : تنگ آ جانا - (۳) اکتا دینا ؛ سیر کر دینا (زندگی وغیرہ سے) -
tiredness, *n.* : (۱) تکان : تھکا ہونا - (۲) اکتایا ہونا؛ عاجز ہونا (شعر' خطابت) -
tireless, *a.* : (۱) ان تھک - (۲) بے حد محنتی؛ انتھک (کوشش وغیرہ) -
tirelessly, *adv.* : بے حد محنت سے -
Tire, Tyre, *n. & v. t.* : (۱) (موٹر یا بگھی کا) ٹائر - (۲) (بیل گاڑی وغیرہ کا) ہال - (۳) ٹائر چڑھانا ؛ ہال چڑھانا -
pneumatic *t.* : دیکھو Pneumatic -
tireless, *a.* : بے ہال کا ؛ بے ٹائر کا -
(-) **tired,** *a.* : ( ) ٹائر کا -
Tire *n. & v. t.* : (۱) (قدیم) سر کی پوشش (ٹوپی پگڑی وغیرہ)- (۲) پوشاک - (۳) زیب تن کرنا ؛ پہننا ؛ آراستہ کرنا -
tirewoman : (قدیم) مشاطہ ؛ کپڑے پہنانے والی خادمہ -
Tiresome, *a.* : (۱) تھکانے والا ؛ کٹھن - (۲) اکتا دینے والا ؛ بے لطف - (۳) تکلیف دہ ؛ مانده کرنے والا ؛ مخل ؛ اچاٹ کرنے والا (*how t.!*) -
how t.!- I have left my watch behind : کیسی تکلیف دہ بات ہے ' میں اپنی گھڑی پیچھے بھول آیا -
tiresomely, *adv.* : (۱) تکلیف دہ طور پر - (۲) بے لطفی سے ؛ غیر دلچسپ طور پر -
tiresomeness, *n.* : (۱) تکلیف دہ ہونا - (۲) بے لطفی؛ غیر دلچسپ ہونا -
Tiro, Tyro, *n.* : مبتدی ؛ نو آموز -
Tirocinium, *n.* : (۱) کسی پیشے کی تربیت حاصل کرنے کا زمانہ- (۲) کسی فن کے مبادی ؛ ابتدائی اصول ؛ الف بے -
'Tis (-z): " *it is* " کا اختصار -
Tisane (-zɪn) *n.* : دیکھو Ptisan -
Tissue (-su, -shu, -shoo) *n.* : (۱) بافت ؛ باریک بنی ہوئی چیز - (۲) (حیوانیات) نسیج ' خلیوں وغیرہ کا سلسلہ- (۳) مجموعہ؛ پوٹ (جھوٹ' جرائم وغیرہ کی) -
adipose t. : شحمی نسیج -
connective t. : رابط نسیج -
muscular t. : عضلاتی نسیج -
nervous t. : اعصابی نسیج -
t. (-paper) : حریری کاغذ (جو تصویر وغیرہ پر حفاظت کے لیے لگا دیتے ہیں) -
(-) **tissued,** *a.* : ( ) نسیجی -
Tit, *n.* : (۱) چھوٹے پرندوں کی قسموں کا نام جن میں *titlark* اور *titmouse* جنھیں *titling* بھی کہتے ہیں' شامل ہیں - (۲) (قدیم) چھوٹا سا مریل گھوڑا - (۳) (قدیم) چھوٹا بچہ ؛ چھوٹی سی لڑکی -
Tit (*T. for tat*) : ترکی بہ ترکی جواب ؛ ادلے کا بدلہ-
Titan, *n.* (Gk. Myth.) : (۱) (یونانی دیومالا) تتان ؛ ایک دیو پیکر نسل کا فرد جو (*Uranus*) یورے نس اور (*Ge*) گے کی اولاد سمجھا جاتا تھا - (۲) سورج دیوتا - (۳) مافوق الفطرۃ جسمانی یا ذہنی قوت رکھنے والا شخص ؛ نہایت عالی دماغ شخص -
the weary T. : سلطنت برطانیہ یا اور کوئی بڑی سلطنت -
titanesque, *a.* : (۱) تتان کا سا ؛تتانوں کی شان کا -
titaness, *n.* : (۱)دیونی؛ دیوپیکرعورت-(۲) عالی دماغ عورت-
titanic, *a.* : (۱) عظیم الجثہ ؛ نہایت زبردست ؛ دیو پیکر - (۲) (کیمیا) تتانیم کا -
Titanium, *n.* : تتانیم ؛ ایک فلزی عنصر سیاہی مائل بھورے رنگ کا-
titanate, *n.* : تتانیم کا نمک؛ تتانیت -
Titbit, *n.* : تر نوالہ ؛ مزہ دار لقمہ ؛ چٹپٹی خبر وغیرہ -
Tithe, (dh-) *n. & v.t.* : (۱) عشر ' دہ یکی ؛ کسی جنس کا دسواں حصہ جو بطور محصول لیا جائے - (۲) (جمع) فصل (زمین کی پیداوار) کا دسواں حصہ (*predial tt.*) جو کلیسا کے لیے وصول کیا جاتا ہے (۳) اشخاص کی کمائی کا دسواں حصہ (*personal tt.*) جو کلیسا کے لیے وصول کیا جاتا ہے - (۴) (خطابت) دسواں حصہ - (۵) عشر عائد کرنا -
mixed tt. : سوروں بھیڑوں وغیرہ کی چرائی کا محصول -
t. commissioners : سال عشر ؛ جو عشر کے بدلے میں روپیہ وصول کرنے وغیرہ کا انتظام کرتے ہیں -
t.-pig : دس میں سے ایک سور جو عشر کے طور پر دیا جائے -
tithable, *a.* : مستوجب عشر ؛ جس سے عشر وصول کیا جاسکے-
Tithing, *n.* : (۱) عشر کی وصولی - (۲) عشرہ - (۳) دس کنبہ دار ایک دوسرے کے پڑوس میں رہنے والے جو ایک دوسرے کی نیک چلنی کے ضامن ہوتے تھے -
Titian (-shn) *n.* : (۱) وینس کا مشہور مصور ٹیشین (وفات ۱۵۷۶) - (۲) ٹیشین کی بنائی ہوئی تصویر- (۳) چمکدار سرخی مائل سنہری رنگ -
Titianesque, *a.* : ٹیشین کے طرز کا -
Titillate, *v.t.* : (۱) گدگدی کرنا - (۲) گدگدانا ؛ خوشگوار بے چینی کی کیفیت پیدا کرنا -
titillation, *n.* : گدگدی -

Titivate, titti-, *v.t. & i.* : (بول چال) (۱) بننا ؛ سنورنا ؛ ٹھاٹھ کے کپڑے پہننا - (۲) سنوارنا (اپنے آپ کو) -

Titlark, : دیکھو Tit -

Title, (-ti), *n.* : (۱) عنوان ؛ سرخی (باب نظم وغیرہ کی) - (۲) (کتاب کے) سرورق کا مضمون - (۳) نام (کتاب کا) - (۴) (قانونی تمسکات ' ضابطہ قانون وغیرہ کا) عنوان - (۵) خطاب ؛ لقب ؛ منصب یا عہدے کا نام ؛ سند- (۶) تعظیمی لفظ یا الفاظ جس سے کسی کو مخاطب کریں (*Mr., Mrs., Madam, Sir*) - (۷) (قانون) حق ملکیت ؛ حقیت - (۸) بنائے حقیت - (۹) (*t.-deed*) دستاویز ملکیت (بیع نامہ ' قبالہ وغیرہ) - (۱۰) استحقاق (کسی چیز کا) - (۱۱) بنائے استحقاق - (۱۲) سونے کے کھرے ہونے کا درجہ جو قراط سے ظاہر کرتے ہیں- (۱۳) مقررہ حلقۂ کار اور ذریعہ آمدنی جس کا ہونا پادری بنائے جانے کے لیے ضروری ہے - (۱۴) (روما میں) ہر گرجے کا حلقہ -

t. page : سرورق کتاب کا -

t.-role : ناٹک میں اس کیرکٹر کا پارٹ جس کے نام سے کتاب منسوب ہے -

titleless, *a.* : (۱) بے خطاب ؛ بے لقب ؛ بے عنوان ؛ بے نام - (۲) بے استحقاق وغیرہ -

Titled, *a.* : خطاب یافتہ -

Titling, *n.* : دیکھو Tit -

Titling, *n.* : کتاب کی پشت پر سونے کے حرفوں میں نام چھاپنا -

Titmouse, (pl. mice), *n.* : دیکھو Tit -

Titrate, *v.t.* : معایرت کرنا ؛ کسی مرکب میں ایک خاص چیز کی مقدار معلوم کرنے کے لیے اس میں کسی دوسری چیز کا مقررہ قوت کا محلول ملانا اور دیکھنا کہ اس کی کتنی مقدار اس مرکب کی شکل وغیرہ بدلنے کے لیے کافی ہے -

titration, *n.* : معایرت -

Titter, *v.i. & n.* : (۱) دبی ہوئی ہنسی ہنسنا ؛ منھ دباکر ہنسنا - (۲) دبی ہوئی ہنسی -

titterer, *n.* : دبی ہنسی ہنسنے والا -

Tittle, *n.* : ذرہ ' رتی ؛ شمہ -

Tittlebat, *n.* : خارپشت مچھلی -

Tittle-tattle, *n. & v.i.* : (۱) گپ شپ کرنا ؛ بکواس کرنا - (۲) گپ شپ ؛ بکواس -

Tittup, *v.i. & n.* : (۱) اچھلنا کودنا ؛ ترارے بھرنا - (۲) (بحری اور عامیانہ) کوئی سکہ اچھال کر فیصلہ کرنا کہ سب کو شراب کون شخص پلائے - (۳) چھلانگ ؛ ترارا -

tittup (p) y, *a.* : (۱) چلبلا ؛ شوخ - (۲) ہلنے والا ؛ ڈگمگانے والا -

Titubation, *n.* : (طب) اعصابی کمزوری سے اعضا کی اضطراری حرکت خصوصاً پیروں کا ڈگمگانا -

Titular, *a. & n.* : (۱) متعلق بہ خطاب ؛ مبنی بر خطاب (*t. possessions*) - (۲) برائے نام ؛ نام کا (*t. sovereignty*)- (۳) بلا خدمت عہدہ دار خصوصاً پادری -

t.bishop : (رومی کلیسا) برائے نام اسقف؛ جو کسی ایسے حلقے کا اسقف کہلاتا ہو جو عیسائیوں کے قبضے سے نکل کر مسلمانوں کی حکومت میں چھوٹ گیا ہے -

titularly, *adv.* : برائے نام -

Tityre tu, *n.* : لندن کے لفنگوں کے جتھے کا شخص (شاہ چارلس دوم کے زمانے میں) -

Tizzy, *n.* : (عامیانہ) چھ پینس کا سکہ -

Tmesis, *n.* (gram.) : (صرف) ایک لفظ کے اجزا کو کوئی اور لفظ یا الفاظ بیچ میں داخل کرکے جدا کردینا- مثلاً (*to us ward*)-

TNT, *n.* : دیکھو Trinitrotoluene, -ol -

To, *prep.* : (۱) کو ؛ کی طرف ؛ پر ؛ میں ؛ کے لیے ؛ (*fled to Rome, on his way to the station, committed to the flames, all to no purpose*) - (۲) تک ؛ حد تک (*acted his part to perfection, true to the end*) - (۳) مقابلے میں ؛ نسبت سے ؛ بہ نسبت (*this is nothing to what it might be, inferior to, 3 is to 4 as 6 is to 8,*)- (۴) مطابق ؛ مناسبت سے (*equal to the occasion, not up to the mark, made to order, drawn to scale*) - (۵) (قدیم) بطور ؛ بحیثیت (*took her to wife, has a duke to his father-in-law,*) - (۶) (امریکا) میں ؛ سلسلے میں ؛ متعلق (*that's all there is to it*) - (۷) کو ؛ کے ساتھ (*gave it to him, unkind to him, has been a good father to him*) - (۸) واسطے (*drink to me*) - (۹) کا (*there is no end to it, accustomed to it*) - (۱۰) بہ طور علامت مصدر (خواہ وہ فعل کے معنی میں ہو یا اسم کے) (*wants to know, the matter is difficult to explain, began to sing, it is useless to rebel*) - (۱۱) مصدر کے بدل یا قائم مقام کے طور پر ؛ -(*I mean to ask but forgot to, but had no time to.*)

to wit : دیکھو wit -

would to God that. : کاش ایسا ہوتا کہ -

To (too), *adv.* : مطلوبہ حالت یا مقام میں ؛ طبیعی یا اصلی حالت پر ؛ سکون کی حالت پر -

bring, come, fall, go, heave, lie to : دیکھو Bring - Come etc.,

the door is to : دروازہ کچھ کچھ کھلا ہے -

Toad, *n.* : (۱) ایک قسم کا بھدے جسم کا مینڈک - (۲) قابل نفرت یا مکروہ شخص -

t.-eater : ذلیل خوشامدی ؛ کاسہ لیس -

t.-eating : خوشامدانہ -

t. flax : ایک سدا بہار درخت جس کے پھول زرد رنگ کے مشکیزہ دار اور ان میں نارنجی داغ ہوتے ہیں -

t. in a (or the) hole : گائے کا گوشت انڈے دودھ اور آٹے میں پکا ہوا -

t.- spit = cuckoo -spit, : دیکھو Cuckoo -

toadstone : (۱) ایک پتھر جس کی بعض اقسام قیمتی ہوتی ہیں- (۲) ایک طرح کی آتش فشاں چٹان -

toadstool : سانپ کی چھتری -

toadish *a.* : مینڈک کا سا -

Toady, *n. & v. i.* : (۱) ذلیل خوشامدی ؛ کاسہ لیس - (۲) ذلیل طریقے سے خوشامد کرنا؛ کاسہ لیسی کرنا -

toadyish *a.* : خوشامدی؛ خوشامدانہ -

toadyism, *n.* : ذلیل خوشامد؛ کاسہ لیسی -

Toast, *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) توس؛ ڈبل روٹی کا سینکا ہوا ٹکڑا - (۲) (*a t.*) توس کا ٹکڑا شراب میں پڑا ہوا - (۳) وہ شخص خصوصاً عورت جس کا جام صحت پیا جائے؛ وہ چیز جس کی سلامتی کا جام پیا جائے - (۴) توس بنانا یا بننا؛ سینکنا یا سنکنا (روٹی، پنیر، گوشت وغیرہ کا) - (۵) آگ میں تاپنا؛ (ہاتھ پاؤں وغیرہ) سینکنا -

as warm as a t. : گرما گرم -

have one on t. : کسی شخص کا بس میں ہونا؛ بس میں ہونا -

scrumbled egg etc. on t. : انڈے کا خاگینہ وغیرہ توس پر رکھا ہوا -

t. - master : وہ شخص جو سرکاری دعوتوں میں جام صحت تجویز کرتا ہے -

t. -rack : توس گیر؛ جس پر توس کھانے کی میز پر رکھے جاتے ہیں -

t. -water : توس کا پانی، جس میں توس پڑا رہا ہو - ڈرنک کے لئے پیا جاتا ہے (T. & water)

toaster, *n* : (۱) توس سینکنے والا - (۲) توس سینکنے کا آلہ -

Toasting, *n.* : سینکنا یا سنکنا؛ جام صحت پینا یا پیا جانا -

t.-fork, (*t.*-iron) : (۱) توس سینکنے کا لمبا کانٹا - (۲) (مزاحاً) تلوار -

Tobacco, *n.* (pl - os.) : (۱) (*t.*-plant) تمباکو کا پودا - (۲) بنی ہوئی تمباکو کی پتیاں، سگریٹ وغیرہ بناتے یا پائپ میں پیتے ہیں (مخفف (baccy) -

t.-cutter : تمباکو تراش؛ جس سے تمباکو کے ریشے الگ الگ کرتے ہیں -

t.-pipe : دیکھو Pipe

t.- pouch : تمباکو کی تھیلی یا بٹوا -

t.-stopper : پائپ میں تمباکو کو بھر کر دبانے کا آلہ -

Tobacconist, *n.* : تمباکو فروش -

Tobin ('s tube), *n.* : ایک قسم کا روشن دان -

Toboggan, *n.* & *v. i.* : (۱) برف پر چلنے کی بے پہئیے کی گاڑی؛ برف گاڑی - (۲) برف گاڑی میں چلنا یا پھسلنا -

t.-shoot,-slide : برف گاڑی پر بیٹھ کر پھسلنے کا ڈھال -

tobogganer, *n.* : برف گاڑی میں چلنے والا -

tobogganing, *a.* : برف گاڑی میں پھسلنا -

Toby, *n.* : جگ (خصوصاً ایک بوڑھے کی شکل کا جس کے سر پر تکونی ٹوپی رکھی ہو)؛ اسے (*T. Fillpot*) بھی کہتے ہیں -

t. collar : چوڑا، مڑا ہوا، جھالر دار کالر -

Toccata, *n.* : مشق نغمہ؛ ایک طرح کا نغمہ جو پیانو ارگن باجے وغیرہ کی مشق کے لئے مرتب کیا گیا تھا

Toccatelia,-tina-(ena) *nn.* : چھوٹا سا مشقی نغمہ -

Toc H, *n.* : ایک انجمن جو جنگ عظیم کے زمانے میں اس غرض سے قائم ہوئی تھی کہ اس وقت کے دوستانہ تعلقات آئندہ بر قرار رکھے جائیں -

Tocharian(-kar-), *a.* & *n.* : توکارائی؛ ایک مردہ زبان (کا) -

Toco, -ko, *n.* : (عامیانہ) (۱) - سزا - (۲) تکلیف -

Tocsin, *n.* : (۱) خطرے کی نشانی؛ خطرے کی اطلاع - (۲) خطرے کی گھنٹی -

Tod, *n.* : (۱) (قدیم) جھاڑی - (۲) گھنے پتوں کا مجموعہ - (۳) اون تولنے کا پیمانہ (تقریباً ۲۸ پونڈ یا ۱۴ سیر) -

Tod, *n.* : (مقامی بولی) لومڑی -

Today, to- day , *adv.* & *n.* : آج، آج کا دن، آج کے دن -

Toddle, *v. i.* & *t.* & *n.* : (۱) بچے کا یا بچے کی طرح ڈگمگا کر چلنا (*t. one's way*) - (۲) (کسی مقام تک) ٹہلتے ہوئے چلے جانا (*t. to*) - (۳) بچوں کی سی ڈگمگاتی ہوئی چال - (۴) چہل قدمی؛ سیر گشت - (۵) (بول چال) بچہ -

t. round : چکر لگانا -

toddler, *n.* : ڈگمگا کر چلنے والا؛ خصوصاً بچہ جو پاؤں چلنا سیکھ رہا ہو -

Toddy, *n.* : (۱) تاڑی؛ تاڑ کا منشی عرق - (۲) ایک مشروب جو روح شراب میں پانی اور شکر ملاکر بناتے ہیں -

To-do, *n.* : دیکھو Ado -

Tody, *n.* : امریکا کا ایک پرند رام چڑیا کی قسم کا -

Toe (to). *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) پاؤں کی انگلی - (۲) جوتے یا جراب کا پنجہ - (۳) کھر کا اگلا حصہ - (۴) لوہے کا ٹکڑا جو نال کے آگے ٹھونک دیا جاتا ہے؛ نال کا پنجہ - (۵) (عمارت کے) پشتے کی بیٹھک - (۶) گولف کے ڈنڈے کا چوڑا سرا جو آگے نکلا ہوتا ہے؛ پنا - (۷) (مکانک) لوہے کے ڈنڈے یا شہتیر کا پایہ - (۸) اس گھومنے والے ڈنڈے کا بازو جو دخانی انجن کے کھل مندن کو اٹھاتا رہتا ہے - (۹) (جوتی، جراب وغیرہ میں) پنجہ لگانا؛ پنجے کی مرمت کرنا - (۱۰) (مدرسے کے بچوں کی بول چال) ٹھوکر مارنا - (۱۱) دوڑ شروع کرتے وقت (لکیر وغیرہ کو) پاؤں کی انگلی سے چھونا - (۱۲) (گولف) گیند کو ڈنڈے کے پنجے سے مارنا -

ball of t. : پیر کی انگلی کے نیچے پاؤں کی گدی پر گوشت کا حصہ -

from top to t. : سر سے پاؤں تک؛ سر تا پا؛ بالکل؛ سراسر -

great t. : پاؤں کا انگوٹھا -

heel-& toe walking : دیکھو Walk -

little t. : پاؤں کی سب سے چھوٹی انگلی -

the light fantastic t. : (مزاحاً) ناچ؛ رقص -

t. -cap : بوٹ یا شو کا پنجہ جو الگ بنا کر لگایا جاتا ہے -

t. -drop : پاؤں کی انگلیوں کا رہ جانا، فالج کے اثر سے -

t. in : چلنے میں پاؤں کی انگلیاں اندر سمیٹنا -

t. -nail : (۱) ناخن؛ پاؤں کی انگلیوں کے - (۲) میخ جو لکڑی کے سرے پر ترچھی ٹھونکی جاتی ہے -

t. out : چلنے میں پاؤں کی انگلیاں پھیلانا -

t. the line : (مجازاً) مجبوراً اپنی پارٹی کے اصول پر عمل کرنا، چار و ناچار پارٹی کا ساتھ دینا -

tread upon one's *tt.* : جذبات کو ٹھیس لگانا -

turn up one's *tt.* : (عامیانہ) مر جانا -

(-) **toed,** *a.* : (-) انگلیوں کا؛ (-) پنجے کا -

toeless, *a.* : بے انگلیوں کا؛ بے پنجے وغیرہ کا -

To fall, *n.* : (قدیم، شعر) خاتمہ؛ زوال (*t. of day*) -

Toff, *n.* : (۱) (عامیانہ) بڑا آدمی؛ معزز آدمی - (۲) ٹھاٹھ

ہ ا د می : چھپڑ -

Toffee (-i), -fy, *n.* : ٹافی ؛ ایک قسم کی مٹھائی (*a'mond t.*) -

can't shoot for t. : اسے گولی چلانا نہیں آتا -

Toft, *n.* : (۱) (قانون) مکان مع متعلقات ؛ حویلی - (۲) وہ زمین جس پر پہلے کوئی حویلی رہی ہو -

toftman : (قانون) حویلی کا مکین -

Tog, *n.* & *v. t.* : (۱) (عامیانہ عموماً جمع) کپڑے ؛ پوشاک - (۲) (اکثر " out " کے ساتھ) کپڑے پہنانا -

long tt. : (جہازیوں کی اصطلاح) خشکی پر پہننے کے کپڑے -

toggery, *n.* : کپڑے ؛ پوشاک -

Toga, *n.* : چوغہ ؛ قدیم رومانا لباس جو روم میں شہرت یا دیوانی عہدے کا نشان سمجھا جاتا تھا ؛ لڑکے ۱۴ برس کی عمر کے بعد پہن سکتے تھے اس لیے بلوغ کا نشان بھی تھا -

t. virilis : بالغ مردوں کا چوغہ -

toga'd, togaed, (-ad), *a.* : چوغہ پہنے -

Together (-dh-) *adv.* : (۱) اکٹھے ؛ ساتھ ؛ ساتھ ساتھ ؛ مل کر - (۲) ایک ہی وقت میں ؛ ایک ساتھ (*both t. exclaimed*) - (۳) مسلسل (*for weeks t.*) - (۴) ملاکر (*sewed t. tied t.*) -

compared together : جب ایک کا دوسرے سے مقابلہ کیا جائے -

get t. : دیکھو Get -

hang t. : دیکھو Hang -

t. with : مع ؛ اور اس کے ساتھ -

Togger, *n.* : دیکھو Torpid n. -

Toggle, *n.* : (۱) (بحری) میخ جو رسی کے پھندے میں ٹھونک کر ایک جگہ جوڑ دیتے ہیں - (۲) دو ڈنڈیاں یا پٹیاں جو قبضے کے ذریعے جڑی ہوئی ہوتی ہیں اور کسی چیز پر زاویہ قائمہ سے زور لگانے میں کام آتی ہیں -

t. -iron : وھیل کے شکار کا کانٹا (ہارپون) جس میں آنکڑوں کی جگہ متحرک پھل لگا ہوتا ہے -

t. -press : قرضہ ؛ جوڑ دار شکنجہ -

Toil, *v.i.* & *n.* : (۱) سخت محنت کرنا ؛ مشقت کرنا - (۲) بڑی مشکل سے قدم اٹھانا ؛ گھسیٹ کر چلنا - (۳) سخت محنت ؛ مشقت -

t. at, on, through work : کام نہایت محنت سے انجام دینا -

t. -worn : ہارا تھکا -

toiler, *n.* : سخت محنت کرنے والا ؛ نہایت محنتی شخص -

toilful, *a.* : صعب ؛ کٹھن ؛ پر مشقت -

toilfully, *adv.* : (۱) سخت محنت سے - (۲) صعوبت کے ساتھ -

toilless, *a.* : بے صعوبت ؛ سہل ؛ بے مشقت -

toilsome, *a.* : صعب ؛ کٹھن ؛ پر مشقت -

toilsomely, *adv.* : صعوبت کے ساتھ -

toilsomeness, *n.* : صعوبت ؛ کٹھن ہونا ؛ پر مشقت ہونا -

Toil, *n.* : (اب صرف جمع میں آتا ہے) پھندا ؛ جال (لغوی اور مجازی معنی میں) -

Toile (twahl) *n.* **T. ciree** (sera) : باریک قسم کا سوتی کپڑا - کشیدہ کاڑھنے کی جالی -

t. co'hert (-ar) : لٹھے کے کپڑے -

t. d'Alsace (-ahs), *de Vichy* (veshe) : کی قسمیں ؛ سوتوں کی پوشاک کے لیے -

Toilet (toi-), **toilette** (twahlet), *n.* : (۱) کپڑے پہننا ؛ بال بنانا ؛ سنگار کرنا (*make one's t.*) - (۲) لباس ؛ پوشاک ؛ لباس کی وضع ؛ سج دھج (*an elaborate t., a t. of white satin*) - (۳) سنگار میز (*-table*) - (۴) (امریکا) جائے ضرور ؛ بیت الخلا - (۵) (طب) عمل جراحی کے بعد کسی عضو کی شستہ و شو -

t. -cover : سنگار میز کی پوشش -

t. -paper : ٹائیلٹ پیپر ؛ کاغذ جائے ضرور کے لیے -

t. -set : سنگار کا سامان -

t. soap : منہ دھونے کا صابن -

t. vinegar : خوشبو دار سرکہ جسے منہ دھونے کے پانی میں ملاتے ہیں -

Toilinet (te), *n.* : ٹالی نیٹ ؛ ایک کپڑا جو اون ، ریشم ، سوت کو ملا کر بنایا جاتا ہے -

toison d'or (F). *n.* : دیکھو Golden Fleece -

Tokay(-a), *n.* : (۱) ٹوکے ؛ ایک خوشبو دار اور مسالہ دار شراب جو ٹوکے واقع ہنگری میں بنتی ہے - (۲) ایک قسم کا انگور -

Toke, *n.* : (سوقیانہ زبان : بول چال) کھانا خصوصاً سوکھی روٹی -

Token, *n.* : (۱) نشانی ؛ علامت (محبت وغیرہ کی) - (۲) دوستی کی نشانی ؛ یادگار ؛ کوئی تحفہ جو یادگار کے طور پر دیا جائے - (۳) چھلا ؛ انگوٹھی ؛ سکہ وغیرہ جو ثبوت یا تصدیق کے طور پر دیا جائے - (۴) (بائبل) مقررہ یا مرسومہ نشانی - (۵) (تاریخ) علامتی سکہ ؛ جو تاجر حکومت کی منظوری کے بغیر چلاتے تھے -

by (this, the same) t., more by t. : (قدیم یا مزاحیہ) اپنے قول کے ثبوت میں -

t. money : زر علامتی ؛ جو اصل قیمت سے بہت زیادہ پر چلتا ہے اور زر مستند سے بدلا جاسکتا ہے -

t. payment : (سیاسی) علامتی ادائی ؛ غیر ملکی قرضے میں سے برائے نام رقم کی ادائی یہ ظاہر کرنے کو کہ قرضہ تسلیم ہے -

t. vote : (پارلیمنٹ) علامتی ووٹ کسی رقم کی منظوری کا جس سے مراد یہ ہوتی ہے کہ رقم اصولاً منظور ہے اور اس کی مقدار حسب ضرورت بڑھائی جاسکتی ہے -

tokenless, *a.* : بے علامت ؛ بلا نشانی -

Tokenhouse yard, *n.* : اراضی کی نیلام گاہ -

Toko : دیکھو Toco -

Tola, *n.* : تولہ (= ۱۸۰ گرین ٹرائے کے) -

Tol-booth : دیکھو Toll -

Toledo, *n.* : عمدہ قسم کی تلوار یا تلوار کا پھل جو ٹولیڈو (طلیطلہ) واقع اسپین میں بنتا ہے -

Tolerable, *a.* : (۱) قابل برداشت ؛ جو سہا جا سکے - (۲) اچھا خاصا ؛ خاصا ؛ اوسط درجے کا (*am in t. health*) -

tolerableness, *n.* : اچھا خاصا ہونا ؛ اوسط درجے کا ہونا -

tolerably, *adv.* : خاصا -

Tolerate, *v. t.* : (۱) روا رکھنا ؛ جائز رکھنا ؛ گوارا کرنا ؛ برداشت کرنا - (۲) روا داری برتنا (کسی شخص ، فرقے ، یا عقیدے سے) - (۳) کسی شخص کی صحبت برداشت کرنا ؛ میل جول روا رکھنا یا گوارا کرنا - (۴) اٹھانا ؛ برداشت کرنا (تکلیف

وغیرہ) - ر (٥) (طب) (دوا وغیرہ کو سہہ سکنا : ضرر نہ ہونا -

tolerance, *n.* : روا داری ؛ برداشت -

tolerant, *a.* : (١) متحمل ؛ برد بار - (٢) روا داری برتنے والا ؛ بے تعصب - (٣) (طب) جو دوا کے اثر کو سہہ سکتا ہو ؛ عادی (تیز دواوں کا) -

tolerantly, *adv.* : برد باری یا روا داری سے -

tolerator, *n.* : برداشت کرنے والا -

Toleration, *n.* : (١) برداشت - (٢) تحمل ؛ برد باری ؛ در گزر کی عادت - (٣) مذھبی روا داری ؛ آزادیء عقائد کی حمایت -

Act of T. : قانون روا داری جو سنہ ١٦٨٩ ء میں انگلستان میں منظور ہوا اور اس کی رو سے غیر مقلدوں کو بعض شرائط کے ساتھ مذھبی آزادی عطا کی گئی -

tolerationist, *n.* : مذھبی روا داری کا قائل ؛ عقائد کی آزادی کا حامی -

Toll, *n.* & *v. t.* : (١) محصول چنگی ؛ تہ بازاری ؛ محصول سڑک وغیرہ - (٢) پسائی (کا غلہ) جو پنچکی والا اپنے حق کے طور پر لیتا ھے - (٣) محصول وصول کرنا ؛ محصول ادا کرنا -

take t. : (مجازاً) کوئی چیز جبراً لینا ؛ کسی چیز کا ایک حصہ وصول کرلینا -

tol(l)-booth : (قدیم ؛ اسکاٹستان) قصبے کا جیل خانہ -

t.-gate : چنگی کا پھاٹک ؛ چنگی روک -

t.-house : چنگی کی چوکی ؛ چنگی گھر -

t. thorough : محصول گزر ؛ جو کوئی قصبہ سڑک یا پل سے گزرنے کا لیتا ہو -

t. traverse : محصول گزر ؛ کسی کی ذاتی زمین سے گزرنے کا -

Toll, *v. t.* & *i.* & *n.* : (١) گھنٹا بجانا ؛ (آہستہ آہستہ تال کے ساتھ) - (٢) (گھنٹی کا) گھنٹا گھڑ وغیرہ بجانا ؛ (گھنٹے کا) تال کے ساتھ بجنا ؛ کسی کی موت وغیرہ کا اعلان کرنا ؛ (ماتمی گھڑ) بجانا - (٣) (گھنٹے یا گھڑی کی) چوٹ ؛ بجنے کی آواز -

Tollable, *a.* : (شخص یا مال) مستوجب ادائے محصول ؛ قابل محصول -

Tol-lol lish), *a.* : (عامیانہ) خاصا -

Tolly, *n.* : (اسکول کی بول چال) گھنٹی مدرسے کی -

Toltec, *n.* : ٹالٹک ؛ اس نسل کا فرد جس کے متعلق مشہور ھے کہ ازٹیک قوم سے پہلے میکسیکو پر حکمراں تھی -

Toltecan, *a.* : ٹالٹک نسل کا -

Tolu (or -to) *n.* : ٹولو ؛ ایک رال جو جنوبی امریکا میں ایک درخت سے نکلتی ھے ؛ عطریات و ادویہ میں استعمال ہوتی ھے -

toluene, & **toluol** *nn.* : ہائڈرو جن کاربن جو ٹولو اور تار کول سے نکلتے ہیں ؛ رنگنے اور بم بنانے میں کام آتے ہیں -

toluic, *a.* : ٹولو کا -

Tom, *n.* : (Thomas) کا اختصار -

(T. Dick, & Harry) : (١) عمر ؛ بکر ؛ زید ؛ غیر معین اشخاص - (٢) معمولی لوگ ؛ ایرے غیرے - (٣) نر جانور (*t. cat*)-

long t. : (بحری) لمبی نالی کی توپ ؛ خصوصاً مڑنے والی پہیے دار توپ جو جہاز پر ہوتی ھے -

Old t. : جو کی تیز شراب -

there's more knows T. Fool than T. Fool knows : (مثل) محض منہ پر ہو جانے میں کوئی عزت نہیں شہرت کھوں کو بھی حاصل ہو جاتی ھے -

T. & Jerry : ایک مشروب جو شراب پانی انڈے وغیرہ کو پھینٹ کر بناتے ہیں -

tomboy : شوخ اور چنچل لڑکی ؛ ھڑدنگی -

tomfool : (١) بیوقوف ؛ خفیف الحرکات - (٢) حماقت کی باتیں کرنا ؛ لغو حرکتیں کرنا -

T. Fool : کاودی ؛ کاٹھ کا الو -

tomfoolery : (١) حماقت کی باتیں ؛ لغو حرکتیں - (٢) مہمل چیزیں ؛ مہملات -

tomnoddy : الو ؛ کاٹھ کا الو -

T.Thumb : (١) ایک بالشتیا جس کا ذکر کہانیوں میں آتا ھے - (٢) بونا ؛ پستہ قد آدمی - (٣) بعض پودوں کی پست قد اقسام -

T. Tiddler's ground : (١) بچوں کا ایک کھیل - (٢) روپئے کا کھیت ؛ وہ جگہ جہاں روپیہ بکھرا پڑا ہو جو چاہے اٹھالے -

tomtit: چھوٹے پرندوں کی قسمیں ؛ خصوصاً (titmouse)-

Tomahawk, *n.* & *v. t.* : (١) ٹومہاک ؛ شمالی امریکا کے وحشیوں کا ہتیار ؛ سینگ پتھر یا فولاد کے دستے کا تبر - (٢) ٹومہاک سے قتل کرنا یا وار کرنا - (٣) بے دردی سے تنقید کرنا ؛ تنقید میں قیمہ کر ڈالنا (مضمون وغیرہ کا) -

bury the t. or hatchet : دیکھو Hatchet -

Tomall(e)y, *n.* : جھینگا مچھلی کی کلیجی جو چٹنی کے طور پر استعمال کرتے ہیں -

Toman(-ahn) *n.* : تومان ؛ ایران کا طلائی سکہ (ساڑھے سات شلنگ یعنی تقریباً پانچ روپئے کے برابر) -

Tomato, (-mah-) *n.* : (pl. -oes) : ٹماٹر ؛ ولایتی بیگن -

currant t. : چھوٹا ٹماٹر -

tree- t. : بڑی قسم کے ٹماٹر کا پودا جو درخت کی طرح سیدھا اگتا ھے -

Tomb (toom), *n.* & *v. t.* : (١) قبر ؛ گور (٢) مردوں کے رکھنے کا تہ خانہ - (٣) مقبرہ ؛ مزار - (٣) (مجازاً) موت ؛ اجل (*the t.*) - (٥) قبر میں رکھنا - (٦) (مجازاً) کسی چیز کے اندر دبا دینا ؛ چھپا دینا - (٧) قبر کی طرح چھپا لینا ؛ آغوش میں لے لینا -

tombstone : لوح ؛ لوح مزار -

tombless, *a.* : بے مزار ؛ جسے قبر نصیب نہ ہو -

Tombac, -k, *n.* : تمبک ؛ تانبے اور زنک کا مرکب جس سے سستے زیور بنتے ہیں -

Tombola, *n.* : تمبولا ؛ (فرانس اور جنوبی ریاست ہائے متحدہ) ایک طرح کی لاٹری جو نفیس چیزوں پر ڈالی جاتی ھے -

-tome, *comb.* : یونانی لفظ (tome) کی ترکیبی صورت جو کاٹنے کے معنی میں آتا ھے - (١) کٹا ہوا حصہ ؛ قطعہ - (٢) آلات جراحی کے ناموں کا جز -

Tome, *n.* : (١) مجلد نسخہ ؛ کتاب - (٢) کتاب کی کئی جلدوں میں سے ایک جلد -

Tomentum, *n.* : (١) (نباتیات) خمل ؛ کمپل کے سے روئیں -

(۲) خمل دماغ ؛ اس طرح کے روئیں جو دماغ کی اندرونی جھلی میں اندر کی طرف ہوتے ہیں -

tomentose, tomentous, *aa.* **:** خمل دار ؛ کمبل کی طرح کا روئیں دار -

Tommy, *n.* **(T) :** (۱) Tom کی جگہ پے ٹکلفی یا پیار میں کہتے ہیں - (۲) (*T. cr t.*) (عامیانہ) فوج کا سپاہی - (۳) (مکانک) ایک قسم کا پیچ کش یا سارتول؛ سارتول کا لمبا دستہ یا سلاخ (*t.-bar*) - (۴) روٹی یا کھانے پینے کی چیزیں جو مزدوری کے بدلے دی جائیں - (۵) مزدوری کے بدلے روٹی وغیرہ دینے کا طریقہ جو اب ممنوع ہے - (۶) کھانا جو مزدور اپنے ساتھ لے جاتے ہیں -

soft t. **:** (بحری) نرم یا تازی روٹی -

T. Atkins **:** برطانوی سپاہی -

t. rot **:** دیکھو Rot -

t.-shop **:** (۱) پہلے اس دوکان کو کہتے تھے جہاں سے مزدوروں کو روٹی لینی پڑتی تھی - (اب) (۲) کارخانے میں اشیائے خوردنی کی دوکان - (۳) نانبائی کی دوکان -

Tomorrow, To-morrow, *adv. & n.* **:** کل ؛ کل کا دن ؛ کل کے دن ؛ فردا -

t. w ek **:** اب سے آٹھواں دن بعد ؛ آج کے نویں دن -

Tompion, دیکھو Tampion -

Tomtom, *n. & v. i.* **:** (۱) ڈھول - (۲) گھنٹا؛ گھڑیال - (۳) ڈھول بجانا یا گھنٹا بجانا -

-tomy, *suf.* **= :** یونانی tomia- بہ معنی قطع عمل ؛ جراحی کے ناموں میں آتا ہے - مثلاً

anatomy **:** تشریح اعضا -

phlebotomy **:** فصد -

Ton (tun), *n.* **:** (۱) تولنے کا پیمانہ یا وزن جو ۲۲۴۰ پونڈ یا امریکا میں ۲۰۰۰ پونڈ کا ہوتا ہے (*short t.*) - (۲۷ اور ۲۸ من کے درمیان) - (۲) مختلف اشیاء کے پیمانوں کا نام *timber (40 ft),* (۱۰۰۰ کیلو گرام = *metric t.*) *stone (16 cub ft), salt (42 bushels), (28 bu hels), coke w eat (20 bushels), -wine (see Tun) etc.* (۳) جہاز کی اندرونی وسعت کا پیمانہ = ۱۰۰ مکعب فٹ ؛ جہاز کی بار برداری کی گنجائش کا پیمانہ = ۴۰ مکعب فٹ - (۴) (بول چال) بہت بڑی مقدار یا تعداد (*tt. of people,*) -

bag weighs (half) a t. **:** بہت وزنی ہے -

***Ton* (F)** *n.* **:** مروجہ وضع ؛ فیشن -

in the t. **:** فیشن کے مطابق -

Tonal, *a.* **:** لہجے یا سروں کے متعلق ؛ لے کے متعلق ؛ صوتی -

tonally, *adv.* **:** لہجے یا لے کے لحاظ سے -

Tonality, *n.* **:** (۱) (موسیقی) آہنگ ؛ سروں کا سلسلہ یا نظام ؛ لے - (۲) (مصوری) رنگ کاری کا اصول؛ رنگوں کی ترتیب -

To-name, *n.* **:** (زیادہ تر اسکاٹستان) نام کا زائد جز (علاوہ عیسائی اور خاندانی نام کے) -

Tondino (-de-) *n.* **:** (۱) گول تصویر؛ عمارت کے نقش و نگار کا دائرہ جس کے بیچ میں پیالہ سا بنا ہو - (۲) = astragal -

Tondo, *n.* **:** (۱) گول تصویر جو دیوار کے تختے یا پردۂ تصویر پر بنی ہو - (۲) ابھرے ہوئے نقش و نگار کا دائرہ چھت وغیرہ میں) -

Tone, *n.* **:** (۱) آواز ؛ گمک - (۲) سر - (۳) لہجہ - (۴) (صرف و نحو) زور ؛ جو لفظ کے ایک ٹکڑے پر دیا جائے - (۵) (موسیقی) قدیم (خصوصاً گری گوری کے زمانے کا) بھجن کا سر - (۶) (*whole t.*) سر؛ کم کے دو سروں کے درمیان کا فاصلہ - (۷) (طب) اعضا اور قوی کی صحیح حالت ؛ مزاج صحیح (*has lost, recovered t.*) - (۸) عام اخلاقی حالت؛ عام رنگ؛ (اخلاق و معاشرت وغیرہ کا) عام معیار (*the t. of the nation - must be raised, gave a flippant t. to the debate*) (۹) تصویر میں رنگوں یا روشنی اور تاریکی کا امتزاج ؛ آب و رنگ - (۱۰) رنگ ؛ روپ - (۱۱) رنگ کی چمک یا آب و تاب کا درجہ - (۱۲) (فوٹو گرافی) رنگ (تیار فوٹو کا) -

fundamental t. **:** دیکھو Fundamental -

harmonic t. **:** دیکھو Harmonic -

heart tt. **:** دل کی حرکت کی آواز جو طبی معائنے میں سنی جاتی ہے -

t.-arm **:** (*sound-box*) ٹونٹی سی جو گراموفون کے خزانے اور اس کے بھونپو کے درمیان ہوتی ہے -

t.-poem **:** (۱) وہ نغمہ جس میں کوئی شاعرانہ خیال ادا کیا گیا ہو ؛ شعر نغمہ - (۲) تصویر جس کے رنگوں کی ترتیب میں شعر کی سی کیفیت ہو ؛ شعر تصویر -

toneless, *a.* **:** (۱) بے آواز ؛ بے صدا ؛ خاموش - (۲) جس میں گمک نہ ہو ؛ بے گمک - (۳) بے رنگ ؛ بے آب ؛ بے رونق - (۴) جس میں کوئی خاص اخلاقی رنگ یا خصوصیت نہ ہو ؛ بے رنگ ؛ بے کیف - (۵) سست ؛ نڈھال -

tonelessness, *n.* **:** (۱) بے آوازی؛ خاموشی - (۲) گمک نہ ہونا - (۳) بے رونقی ؛ بے آبی - (۴) بے رنگی - (۵) سستی ؛ بے کیفی -

Tone, *v. i. & t.* **:** (۱) (آواز وغیرہ میں) گمک پیدا کر دینا - (۲) (کسی چیز میں) مناسب رنگ دینا یا بھرنا - (۳) (موسیقی) باجے کے سر ملانا ؛ سر ٹھیک کرنا - (۴) (فوٹوگرافی) تصویر کو کیمیاوی محلول سے تیار کرنا ؛ (تصویر کا) تیار ہونا - (۵) میل کھانا؛ ہم آہنگ ہونا - (*does not t. with the wall paper*)

t. down **:** (۱) تصویر کے رنگ کو ہلکا کرنا - (۲) (عبارت وغیرہ کو) مدھم کرنا ؛ ملائم کرنا -

t. up **:** (۱) تیز کردینا ؛ گہرا کردینا - (۲) اونچا کردینا (سر کو) - (۳) معیار بلند کردینا (اخلاقی حالت وغیرہ کا) - (۴) عام صحت کو درست کردینا ؛ قوت بڑھانا ؛ تقویت پہنچانا -

toned paper **:** رنگین کاغذ خصوصاً حنائی رنگ کا -

Tong, *n.* **:** ٹونگ ؛ چین کی خفیہ انجمن -

Tonga, *n.* **:** تانگہ -

Tongs, *n. pl.* **:** سنسی ؛ چمٹا ؛ چمٹی -

asparagus, sugar, -t. **:** مختلف چیزوں کو اٹھانے کی چمٹیاں -

blacksmith's t. **:** سنسی -

fire-t. **:** چمٹا ؛ دستپنا -

hammer & t. **:** دیکھو Hammer -

lazy-t. **:** دیکھو Lazy -

would not touch with a pair of t. **:** ایسی چیز کے پاس

بھی نہ پھونکوں؛ میں تو اسے چمٹے سے بھی نہ چھوؤں (مکروہ چیز یا شخص کے متعلق کہتے ہیں) -

Tongue (tung) *n.* : (۱) زبان ؛ جیبھ - (۲) جانوروں کی زبان پکی ہوئی یا پکانے کے لیے - (۳) قوت گفتار؛ گویائی ؛ انداز گفتگو؛ زبان - (۴) بولی؛ زبان؛ لسان (کسی قوم کی) (*the German t.*)- (۵) کوئی گاؤ دم چیز جو شکل میں زبان سے مشابہ ہو یا جس سے آواز پیدا ہوتی ہو؛ مثلاً (الف) زمین کا پتلا سا قطعہ جو پانی میں دور تک چلا گیا ہو ؛ راس- (ب) بوٹ وغیرہ کی زبان' نرم چمڑے کا ٹکڑا جو تسمے کے سوراخوں کے نیچے لگا ہوتا ہے - (ج) گھنٹی کا گھنگھرو ؛ زبان جرس - (د) بکسوے کا سوا - (ھ) تختے کا آگے نکلا ہوا سرا جو دوسرے کی سال (کٹی ہوئی جگہ) میں ٹھیک بیٹھ جائے (و) ترازو وغیرہ کا نمائندہ ؛ سوئی؛ زبان- (ز) الغوزے کی قسم کے باجوں میں پتلا سا ٹکڑا جو بجانے سے حرکت میں آتا ہے؛ زبان- (ح) شعلے کی لو - (۶) ریل کی سرنگ کی نوکدار پٹڑی-

confusion of tt. : زبانوں کی گڈمڈ ؛ گڑبڑ جو زبانوں کے اختلاف سے مینار بابل کی تعمیر میں مچی تھی -

find one's t. : زبان کھلنا ؛ گفتگو کی ہمت ہونا -

furred or dirty t. : میلی زبان (جو بیماری کی علامت ہے)؛ زبان کا میلا ہونا -

gift of tt. : اجنبی زبانوں میں گفتگو کا ملکہ جو قرون اولی کے عیسائیوں کو کرامات کے طور پر عطا ہوا تھا -

give or throw t. : (شکاری کتوں کا) شکار کی بوپا کر بھونکنا -

have lost one's t. : شرم سے بات نہ کرسکنا ؛ شرم سے زبان بند ہونا -

hold one's t. : خاموش رہنا ؛ چپ ہو جانا ؛ چپ رہنا -

keep a civil t. in one's head : تہذیب سے گفتگو کرنا -

long t. : گز بھر کی زبان ؛ بکواس کی عادت -

one's mother t. : مادری زبان -

on the tip of one's t. : دیکھو Tip -

on the tt. of men : مشہور ؛ جس کا بہت چرچا ہو -

put, speak with, one's t. in one' cheek : کسی شخص کو بنانا ؛ ایسی باتیں کرنا جن سے وہ خوش ہو مگر درپردہ اس کی تضحیک مقصود ہو -

put out one's t. : زبان نکالنا (کسی کو چڑانے یا ڈاکٹر کو دکھانے کے لیے) -

sharp t. : تیز زبان -

t.-bone, = Hyoid : دیکھو Hyoid -

t.-tie : عقدۃ اللسان ؛ بولنے میں رکاوٹ جو زبان کے ایک خاص پٹھے کے چھوٹے ہونے سے پیدا ہوتی ہے -

t.-tied : (۱) جسے عقدۃ اللسان کی شکایت ہو - (۲) جس کی زبان بند ہو ؛ جسے مجال گفتگو نہ ہو -

wag one's t. : بکواس کرنا ؛ راز کی باتوں کا چرچا کرنا -

(-) tongued, *a.* : (-) زبان -

tongueless, *a.* : (۱) جس کے زبان نہ ہو؛ بے زبان- (۲) خاموش-

tonguelet, *n.* : "*t.*" کا اسم تصغیر کل معنوں میں -

Tongue *v. t. & i.* : (بانسری وغیرہ بجانے میں) زبان سے کام لینا ؛ زبان کی نوک سے بجانا -

t. & groove : تختہ جوڑ میں سال اور سرا کاٹنا-

Tonic, *a. & n.* : (۱) مقوی (دوا)؛ تقویت بخش؛ طبیعت کو ابھارنے والی؛ حوصلہ افزا (کامیابی' مصیبت' سزا وغیرہ) (۲) سروں کا؛ سروں کے خصوصاً بنیادی سر کے متعلق - (۳) مقوی دوا ؛ تقویت بخش چیز ؛ باعث تقویت - (۴) بنیادی سر ۔

t. accent : زور جو لفظ کے کسی بول پر دیا جائے -

t. sol-fa (-fah) : سولفا ؛ تعلیم نغمہ کا ایک طریقہ جس میں سرگم کے سر حرفوں سے ظاہر کیے جاتے ہیں -

t.-sol·faist : سولفا کے طریقے کا حامی ؛ سولفا کا ماہر -

t. spasm : مسلسل تشنج ؛ تشنج مستمر -

tonically, *adv.* : (۱) سر کے اعتبار سے - (۲) مقوی کے طور پر ؛ وجہ تقویت کے طور پر -

Tonicity, *n.* : (۱) سر - (۲) مقوی ہونا ؛ قوت ؛ باعث تقویت ہونا- (۳) (عضلات کا) لوچ -

Tonight, To-night, *adv. & n.* : (۱) آج کی رات؛ امشب (وہ رات جو اس وقت ہے یا یہ دن گزر کر آئیگی) - (۲) آج رات کو-

Tonish, tonn-, *a.* : (اب شاذ ہے) فیشن کے مطابق؛ طرح دار؛ وضع دار ؛ عمدہ وضع یا سج دھج کا ۔

ton(n)ishness, *n.* : فیشن کے مطابق ہونا؛ طرح داری؛ وضعداری-

Tonite, *n.* : پھٹنے والا گولہ وغیرہ جو شورے اور گندھک کے تیزاب میں ڈبوئی ہوئی روئی سے بناتے ہیں -

Tonk, *v. t.* : (عامیانہ) زور سے ہٹ مارنا (گیند میں) ؛ زور سے مارنا؛ (کسی شخص کو) ٹھونکنا ؛ بری طرح ہرانا (مقابلے میں) -

Tonka bean, *t-*, *n.* : برٹش گائنا وغیرہ کے ایک درخت کا بیج جو خوشبو وغیرہ کے تیار کرنے میں استعمال ہوتا ہے -

Tonnage, (tunij), *n.* : (۱) جہاز کی اندرونی وسعت ٹنوں کے حساب سے (ایک ٹن = ۱۰۰ مکعب فٹ)- (۲) جہاز کی باربرداری کی گنجائش ٹنوں کے حساب سے (ایک ٹن = مساوی ۴۰ مکعب فٹ) - (۳) ملک کی مجموعی بحری در آمد و بر آمد-(۴) محصول جو جہازوں سے لیا جاتا ہے ؛ (پہلے وزن کے لحاظ سے لیا جاتا تھا اب جسامت کے لحاظ سے لیا جاتاہے) -

t.-deck : دوسری منزل کا عرشہ جہاز میں -

t. & poundage : محصول آبکاری و چنگی کی آمدنی جو وقتاً فوقتاً انگلستان کے بادشاہ کو دی جاتی تھی (چودھویں سے اٹھارھویں صدی تک) اور جسے چارلس اول نے ناجائز طور پر بغیر پارلیمنٹ کی منظوری کے وصول کیا تھا -

Tonneau, (to'no, or as F.) *n.* : ٹونو ؛ بعض موٹر کاروں کا پچھلا حصہ جس میں نشستیں ہوتی ہیں -

Tonner, *n.* : فلاں گنجائش کا جہاز - مثلاً *-two thousand-t.*

Tonometer, *n.* : امتداد پیما ؛ وہ آلہ جس سے سر کا امتداد ناپا جاتا ہے -

Tonsil (-sl), *n.* : گلے کی گلٹی ؛ کوا ؛ لوزۃ الحلق ؛ گوشت کے ٹکڑوں میں سے ایک جو حلق کے دونوں طرف لٹکے رہتے ہیں -

tonsillar, *a.* : لوزی -

tonsillitis, *n.* : گلے آنا؛ گلے کی گلٹیوں کا سوجنا ؛ التہاب لوزہ-

Tonsorial, *a.* : (مزاحاً) حجام کا ؛ حجامت کا -

Tonsure, *n. & v.t.* : (۱) (رومی کلیسا میں) چندیا مونڈنے یا (یونانی کلیسا) پورا سر منڈنے کی رسم جو پادریوں یا راہبوں کے سلسلے میں داخل ہونے والوں کو ادا کرنی پڑتی ہے -

(۲) (راهبوں یا پادریوں کے) سر کا منڈا هوا حصہ - (۳) (مجازاً) راهبوں یا پادریوں کے سلسلے میں داخلہ ؛ پادری بننا یا بنایا جانا - (۴) سر مونڈنے کی رسم ادا کرنا ؛ پادریوں یا راهبوں کے سلسلے میں داخل کرنا -

Tontine (-en) *n.* : (۱) حین حیاتی شرکت ؛ وہ طریقہ جس میں قرض کے تمسکات وغیرہ کی سالانہ آمدنی میں کئی اشخاص شریک ہوتے ہیں ' ان میں ہر ایک کے مرنے کے بعد دوسروں کا حصہ بڑھتا جاتا ہے یہاں تک کہ آخر میں ایک شخص کل آمدنی کا مالک ہو جاتا ہے -

t. policy of insurance, : مشترکہ موقت بیمہ ' جس میں کئی آدمی مل کر بیمہ کراتے ہیں اور یہ شرط ہوتی ہے کہ ان میں سے کوئی ایک خاص میعاد تک جو (*t. period*) یا میعاد التوا کہلاتی ہے کسی قسم کا منافع وغیرہ وصول نہیں کریگا -

Too, *adv. & a.* : (۱) حد سے زیادہ ؛ مقررہ یا مطلوبہ معیار سے زیادہ؛ ضرورت سے زیادہ- (*this is t. much*) (۲) ناقابل برداشت- (۳) (بول چال) بہت ؛ نہایت (*t. delightful*) - (۴) بھی (*take the others t.*) - (۵) علاوہ ازیں ؛ اور پھر یہ ؛ اور لطف یہ - (۶) (*t.-t.,*) نہایت پر جوش -

mean to do it t. : میں سچ مچ یہ کرونگا (صرف زبان سے نہیں کہتا بلکہ کرنے کا بھی ارادہ ہے) -

is quite t...., is t. ... : اس کے بعد کوئی لفظ صفت ہوتا ہے مثلاً (*delightful, bad,*) -

t. good to be true, : اتنی اچھی خبر پر یقین نہیں آتا -

t. many for, : دیکھو Many -

(is) *t. ripe for cooking.* : اتنا پکا (پھل) کہ اب پکانے کے کام کا نہیں رہا -

Took, : دیکھو Take -

Tool, *n.* : (۱) اوزار ؛ آلہ - (۲) (عموماً *machine t.*) آلہ جو مشین کے بنانے میں استعمال ہو مثلاً خراد - (۳) (کسی کام کے انجام دینے کا) سامان ؛ اسباب ؛ لوازمات (*literary tt.,* *the tt. of one's trade,*) - (۴) وہ شخص جس سے کوئی دوسرا جس طرح چاہے کام لیتا ہو ؛ آلہ کار - (۵) نقش ؛ جو جلد کی پشت یا کناروں پر اوزاروں کو گرم کر کے بناتے ہیں -

broad t. : دیکھو Tooler -

edge-,-edged t. : دھار دار آلہ -

t.-holder, : (۱) آلہ گیر (خراد کا حصہ جس میں وہ آلہ جسے خراد پر چڑھانا ہے رکھا جاتا ہے) - (۲) دستہ (جو مختلف قسم کے اوزاروں میں لگایا جاسکتا ہے) -

t.-post, t.-rest, : خراد میں کاٹنے والی چھوری کی بیٹھک یا سہارا -

Tool *v.t. & i.* : (۱) (پتھر کو) چھینی سے چکنا یا ہموار کرنا ؛ سطح کاری کرنا - (۲) جلد کے کناروں پر گرم کئے ہوئے اوزار سے نقش و نگار بنانا ' داغ کاری کرنا - (۳) کسی آلے یا اوزار سے کام کرنا - (۴) (عامیانہ) چلانا ' ہانکنا (گاڑی ' اکا وغیرہ) - (۵) گاڑی یا گھوڑے پر سوار ہوکر چلنا (بغیر کسی خاص مقصد کے یا آہستہ آہستہ) -

Tooler, *n.* : (۱) Tool کا اسم فاعل - (۲) سنگ تراش کی چوڑی چھینی ؛ رندا -

Tooling, *n.* : (۱) (متوازی خطوط کھینچ کر) پتھر کو ہموار کرنا ؛ سطح کاری - (۲) (جلد کی پشت اور کناروں پر) گرم کئے ہوئے اوزاروں سے نقش و نگار بنانا ؛ داغ کاری -

Toon, *n.* : تن (کا درخت) ' جس کی لکڑی سرخ رنگ کی ہوتی ہے اور فرنیچر کے بنانے میں کام آتی ہے -

Toot, *v.t. & i. & n.* : (۱) (قرنا ' بگل ' سیٹی وغیرہ) بجانا ؛ پھونکنا - (۲) دھوتو کی آواز نکالنا یا نکلنا - (۳) (*grouse*) گراوس کا بولنا - (۴) دھوتو؛ قرنا یا بگل کی آواز -

Tooth, *n.* (pl. teeth) & *v. t. & i.* : (۱) دانت ؛ دندان - (۲) دانت کی شکل کی کوئی چیز؛ دندانہ ؛ دانتا ؛ چرخی؛ آرے ؛ کنگھے (پنجے *rake* وغیرہ کے) - (۳) دانت جوڑنا یا لگانا ؛ دندانے بنانا ؛ دانتے بنانا - (۴) (دندانے دار پہیوں یا چرخیوں کو) ایک دوسرے میں پھنسانا -

armed to the tt. : سر سے پیر تک مسلح -

artificial t. or false t. : مصنوعی دانت -

canine, eye, incisor, milk, molar, wisdom, t. : دیکھو Canine, Eye وغیرہ -

cast thing in person's tt. : کسی بات کا طعنہ دینا -

cut one's eye-tt. : سمجھ آنا ؛ دنیا کا تجربہ حاصل ہونا -

escape by the skin of one's tt. : بال بال بچ جانا -

fight, struggle, t. & nail : جان توڑ کے لڑنا یا کوشش کرنا -

from the tt. outwards, : (قدیم) جھوٹ موٹ ؛ دل سے نہیں ؛ بناوٹ سے -

on the tt. of : (۱) علی الرغم ؛ باوجود (مخالفت وغیرہ کے) - (۲) برخلاف (ہدایت ' احکام کے) - (۳) مخالف رخ (ہوا کے) -

lie in one's tt. : دیکھو Lie -

long in the t. : سن رسیدہ ؛ معمر ؛ بڑھا -

set one's tt. on edge : دیکھو Edge -

show one's tt. : دھمکانا ؛ غصے یا خفگی کا اظہار کرنا -

sweet t. : دیکھو Sweet -

take the bit between one's tt. : دیکھو Bit -

toothache : دانت کا درد -

t.-billed : (پرند) دندانے دار چونچ کے جانور -

t.-brush : دانتوں کا برش -

t.-comb : باریک دندانوں کا کنگھا -

t.-ornament, dog-t. : دیکھو Dog -

t.-paste : منجن (لیسی کی شکل میں) -

toothpick : خلال ؛ دانت کریدنی -

t.-powder : منجن (سفوف کی شکل میں) -

(-) **toothed,** *a.* : (-) دانتوں کا ؛ (-) دندانوں کا -

toothless, *a.* : بے دانتوں کا ؛ بے دندانے کا -

toothlet, *n* : چھوٹا سا دانت یا دندانہ -

Toothful, *n.* : (شراب وغیرہ) ذرا سا گھونٹ ؛ چند قطرے -

Toothing, *n.* : (۱) دانت لگانا ؛ دندانے بنانا - (۲) پتھر یا اینٹیں جو دیوار کے سرے کے آگے نکلی ہوئی چھوڑ دیتے ہیں کہ اگر ضرورت ہو تو وہ آگے بڑھائی جا سکیں -

t. plane : کھردرا یا کھریرے دار رندہ (سطح کو نا ہموار کرنے کے لیے) -

Toothsome, *a.* : لذیذ ' مزے دار ؛ خوش ذائقہ -

toothsomely, *adv.* : خوش ذائقگی کے ساتھ -

toothsomeness, *n.* : خوش ذائقگی ؛ لذت -

Tootle, *v. i.* : بانسری بجانا ؛ (بگل وغیرہ کو) آہستہ آہستہ یا بار بار بجانا -

Tootsy (-wootsy), *n.* : (بچوں کی زبان) پاؤں -

Top, *n. & a.* : (۱) چوٹی ؛ سب سے اونچا سرا ؛ پھننگ - (۲) پتیاں / شلجم مولی وغیرہ کی) - (۳) مسطح زمین ؛ بالائی سطح (میز وغیرہ کی) - (۴) (جوتے کا) پنا ؛ اوگی - (۵) (گاڑی کا) ٹپ - (۶) ساس پان کا ڈھکنا - (۷) (کتاب کے صفحے کا) اوپر کا حصہ - (۸) (کتاب کا) اوپر کا کنارہ (*gilt t.*) - (۹) چوٹی؛ سب سے بلند مرتبہ یا جگہ ؛ صدر - (۱۰) چوٹی کے لوگ (*came out at the t. of the school*) - (۱۱) منتہا ؛ انتہائی زور (*realized the t. of my ambition*) - (۱۲) چند یا ؛ سر - (۱۳) (برج کا کھیل) کسی رنگ کے دو سب سے بڑے پتے - (۱۴) (موٹر) سب سے اونچا گیر - (۱۵) (جہاز) چبوترہ جو سب سے نیچے مستول کی چوٹی کے گرد ہوتا ہے جس پر کھڑے ہو کر اوپر کے بادبان پھیلائے جاتے ہیں ؛ مستول کا مچان - (۱۶) دھات کے بٹن جن میں صرف اوپر کی طرف تلعی وغیرہ ہوتی ہے - (۱۷) بالوں ریشوں وغیرہ کا لچھا (ڈیڑھ پونڈ وزن کا) - (۱۸) سب سے بلند یا برتر ؛ سب سے اونچا ؛ سب سے تیز (*t. of speed,*) -

at the t. of the tree : (۱) درخت کی پھننگ پر - (۲) (مجازاً) چوٹی پر؛ سب سے بلند درجے پر (پیشے وغیرہ میں) -

called at the t. of his voice : خوب چلا کر بولا -

from t. to toe : سر سے پاؤں تک -

on the t. of : علاوہ -

on t. : اوپر -

the t. of the morning to you : (آئرستان) صبح بخیر -

the t. of the table : میز کا صدر (مقام) -

t.-coat : اوور کوٹ -

t. dog : غالب ؛ زبردست؛ آقا؛ (*under dog* کی ضد) -

t.-dress : زمین میں کھاد هل چلا کر ملانے کے بجائے اوپر سے بچھا دینا -

t.-dressing : (۱) کھاد کی تہ - (۲) کھاد کی تہ دینا -

topgallant (*topg-, tog-*) : مستول ' بادبان ' بلی وغیرہ جو سب سے اونچے مستول سے بھی اوپر ہو -

t. hamper : اوپر کے هلکے بادبان ' بلیاں ' رسیاں وغیرہ -

t. hat : ٹاپ هیٹ ؛ اونچی ریشمی هیٹ -

t.-heavy : (۱) اوپر بھاری ' نیچے هلکا (جس کے گرنے کا خوف هو) - (۲) (مجازاً) (صیغہ یا محکمہ وغیرہ) جس میں افسر بہت زیادہ تنخواہ کے هوں -

t.-hole : (امیانہ) اعلیٰ درجے کا ؛ تہا ٹھیک کا -

topknot : بالوں کا گچھا ؛ چوٹی جو چندیا پر هو ؛ کلغی ؛ فیتہ وغیرہ جو اس جگہ لگایا جائے -

t.-lantern, t-light : بتی جو جہاز کے پچھلے مستول میں لگی هوتی ہے -

topman: (۱) (بڑے آرے کے چلانے میں) اوپر کا آرہ کش - (۲) مستول چڑھنے والا (جہاز کا ملازم) -

topmast : نچلے مستول سے اوپر کا مستول -

topsail (*-sl*) : چوکور بادبان جو نچلے بادبان سے اوپر هوتا ہے -

topsawyer : (۱) (بڑے آرے کے چلانے میں) اوپر کا آرہ کش - (۲) بڑا آدمی ؛ اونچے درجے کا آدمی -

topsides : حصہ بالائے آب ؛ جہاز کا وہ حصہ جو سطح آب سے اوپر هو -

topmost, *a.* : سب سے اونچا -

Top, *v. t.* : (۱) چوٹی لگانا ؛ ٹپ چڑھانا ؛ ڈھکنا رکھنا یا لگانا - (۲) ٹاپ هیٹ سر پر رکھنا - (۳) (بحری) بلی وغیرہ کے ایک سرے کو دوسرے سے اونچا کر دینا - (۳) پودے کی پھننگ یا پتیاں چھانٹ دینا (تاکہ وہ اور بڑھے) - (۴) چوٹی پر پہنچ جانا (پہاڑی وغیرہ کی) - (۵) (کسی سے) قد میں لمبا هونا ؛ اونچا هونا - (۶) بڑھ جانا ؛ سبقت لے جانا (*tops all*) - (۷) (گولف) گیند کے اوپر کے سرے پر هاتھ پڑنا ؛ چھچھلتا هوا پڑنا - (۸) اونچا هونا ؛ لمبا هونا (اتنے فٹ یا اتنے گز وغیرہ) -

he tops 6 ft. : وہ چھ فٹ کا ہے -

t. off or *up* : مکمل کر دینا ؛ جو کچھ کمی هو اسے پورا کر دینا -

t. one's part : (۱) اپنا کام نہایت خوبی سے انجام دینا - (۲) اپنا پارٹ خوبی سے ایکٹ کرنا ؛ کمال کر دینا -

topping-lift : وہ رسی جو مستول کے نچلے سرے سے بادبان کے نیچے کی بلی تک هوتی ہے -

topping, *a.* : (بول چال) نہایت عمدہ؛ بہت خوب؛ بڑے لطف کا -

toppingly, *adv.* : نہایت خوبی سے ؛ نہایت اعلیٰ طور پر -

Top, *n.* : لٹو -

humming-t., peg-t., whipping-t. : دیکھو Humming وغیرہ

sleep like a t. : گہری نیند سونا -

old t. : (عامیانہ) ارے یار؛ ارے دوست -

t.-shell : ایک طرح کی صدف ماهی جس کا صدف لٹو کی شکل کا هوتا ہے -

Topaz, *n.* : (۱) پکھراج؛ زبرجد هندی - (۲) ایک پرند کا نام جو شکر خورے سے مشابہ هوتا ہے -

false t. : زرد رنگ کا کوارٹز پتھر؛ نقلی فیروزہ -

Topazolite, *n.* : ایک قسم کا زرد یا سبز زبرجدی پتھر -

Tope, *v. i.* : بہت کثرت سے شراب پینا -

toper, *n.* : شرابی -

Tope, *n.* : (انگلو انڈین) آم کے درختوں کا اور کسی قسم کے درختوں کا کنج -

Tope, *n.* : بدھ مت کی یادگار ؛ ٹوپ؛ گنبد کی شکل کا تودہ -

Tope, *n.* : چھوٹی شارک مچھلی -

Toph, to'phus, *nn.* : ریگ جو جوڑوں میں جمع هو جاتی ہے یا چونا جو دانتوں میں جم جاتا ہے (جس سے نقرس کا مرض پیدا هوتا ہے) -

tophaceous, *a.* : ریگ کا سا -

Tophet, *n.* : (۱) بیت المقدس کے قریب وادی هنوم جہاں رسوم بت پرستی ادا کی جاتی تھیں اور پھر شہر کا کوڑا کرکٹ ڈالا جانے لگا جس کے جلانے کے لئے آگ روشن رہتی تھی - (۲) دوزخ؛ جہنم -

Topi, ee : دیکھو Sola -

Topia, n. : دیوار کے نقش و نگار کا قدیم رومی طرز جس میں مختلف قسم کے قدرتی مناظر ہوتے تھے؛ قدرتی مناظر کے نقش و نگار -

Topiary, *a.* : (*The t. art,*) جھاڑ اور پودوں کو خوش نما شکلوں میں کاٹنے چھانٹنے کا فن؛ خوش تراشی -

topiarian, *a.* : اس فن کا -

topiarist, *n.* : اس فن کا ماہر؛ خوش تراش -

Topic, *n.* : (۱) مضمون؛ مبحث؛ موضوع بحث - (۲) (منطق؛ خطابت) طوبیقا؛ ایک طریقہ استدلال کا؛ استدلال ظنی -

Topical, *a.* : (۱) اصولی؛ عام موضوع یا مبحث کے متعلق - (۲) مسائل حاضرہ کے متعلق؛ مقامی مسائل یا چیزوں کے متعلق (*t. allusion, song*) - (۳) مقامی؛ خصوصاً (طب میں) جس کا اثر کسی ایک عضو تک محدود ہو -

topically, *adv.* : (۱) موضوع کے لحاظ سے - (۲) مقامی حیثیت سے؛ مسائل حاضرہ کے اعتبار سے -

Topography, *n.* : (۱) جغرافی مطالعہ؛ نقشہ سازی (کسی خطے کی) - (۲) جغرافیہ؛ جغرافی حالات؛ جغرافی خصوصیات - (۳) (تشریح) اعضائے بدن کی نقشہ سازی -

topographer, *n.* : (۱) کسی مقام کا جغرافی مطالعہ کرنے والا - (۲) نقشہ ساز -

topographic (al), *aa.* : (۱) جغرافی مطالعہ یا نقشہ سازی کے متعلق - (۲) جس میں کسی خطے کے جغرافی حالات کا مطالعہ ہو؛ جغرافی -

topographically, *adv.* : نقشے کے لحاظ سے؛ جغرافی حالات کے لحاظ سے؛ جغرافی مطالعہ کی رو سے -

toponymy, *n.* : (۱) تسمیۂ مقامات؛ مقامات کے ناموں کا مطالعہ؛ مقامات کے نام - (۲) تسمیۂ اعضا؛ اعضائے جسم کے ناموں کا مطالعہ؛ اعضا کے نام -

Topper, *n.* : (۱) (*top*) کا اسم فاعل - (۲) (بول چال) ٹاپ ہیٹ - (۳) (دکان داری) عمدہ مال (پھل وغیرہ) جو دکھانے کے لئے اوپر رکھا جائے - (۴) (بول چال) بڑا عمدہ آدمی -

Topple, *v. t. & i.* : (۱) ڈگمگا کر گرنا؛ گر پڑنا - (۲) گرا دینا - (*down, over*)

Topsyturvy, *adv., a., n., & v. t.* : (۱) اوندھا؛ الٹا - (۲) الٹ پلٹ؛ درہم برہم؛ ابتر - (۳) گڑ بڑ؛ افرا تفری؛ ابتری - (۴) اوندھا کردینا؛ الٹ پلٹ کر دینا؛ درہم برہم کردینا -

topsyturvification, *n.* : (مزاحیہ) الٹ پلٹ کرنا یا کیا جانا؛ افرا تفری -

topsyturvify, *v. t.* : (مزاحیہ) الٹ پلٹ کردینا؛ درہم برہم کردینا -

topsyturvydom, *n.* : (مزاحیہ) طوفان بے تمیزی؛ افراتفری -

Toque (-k), *n.* : (۱) (تاریخ) ایک قسم کی چھوٹی گول ٹوپی خصوصاً عورتوں کی - (۲) بانٹ؛ بے چھجے کی ٹوپی جو ڈوریوں سے کھلتی اور بند ہوتی ہے - (۳) ایک قسم کا بندر جس کے بال ٹوپی کی طرح معلوم ہوتے ہیں -

Tor, *n.* : پہاڑی؛ قلہ؛ پہاڑی کی چوٹی خصوصاً علاقہ ڈاورٹ شائر میں -

-Tor, *suff.* : علامت فاعلی - جیسے *doctor* اور *narrator* میں -

Torah, n. : توراۃ؛ توریت؛ بائبل کے عہد قدیم کی پہلی پانچ کتابیں جو شرع موسوی کی حامل ہیں -

Torch, *n.* : مشعل -

electric t. : برقی چور لالٹین -

hand on the t. : علوم و فنون کو زندہ رکھنا اور آیندہ نسل کے سپرد کرجانا -

t.-fishing, (also torching, n.) : مشعل کی روشنی ڈال کر مچھلی پکڑنے کا طریقہ -

t. of Hymen : جذبۂ عشق -

t.-race : مشعل دوڑ؛ قدیم یونانی مقابلہ جس میں کئی ٹولیوں کے آدمی تھوڑے تھوڑے فاصلے پر کھڑے ہوجاتے تھے؛ ہر ٹولی کا ایک ایک آدمی آگے مشعل لے کر دوڑتا تھا اور مرحلے پر پہونچ کر اپنے ساتھی کو مشعل دے کر روانہ کردیتا تھا -

Torchon (- shn or as F) *n. attrib.* : تصویر بنانے کا کاغذ -

t. board: تختہ جس پر یہ کاغذ ملتصق ہو -

t. lace: ہندسی شکلوں کا بابن لیس کا کام جو کسانوں کی عورتیں بناتی ہیں -

t. mat : چوکھٹے میں لگی ہوئی تصویر کا کھردرا سنہرا حاشیہ -

T. paper : ایک قسم کا کھردرا کاغذ جس پر مصور آبی تصویر بناتے ہیں -

Tore, . : دیکھو Tear -

Tore, *n.* : ابھرا ہوا گول آرائشی حاشیہ جو ستون کی کرسی کے گرد بنا ہوتا ہے -

Toreador, *n.* : ہسپانیہ کا پہلوان جو گھوڑے پر سوار ہوکر سانڈ سے لڑتا ہے؛ تورا دور -

Toreutic, (-roo-) *a. & n.* : (۱) دھات پر کھدے ہوئے یا ابھرے ہوئے نقش و نگار کا؛ منبت کاری کا؛ سادہ کاری کا - (۲) (جمع) منبت کاری؛ سادہ کاری -

Torgoch (- ch) *n.* : سرخ شکم؛ ایک قسم کی ٹراوٹ مچھلی جس کا پیٹ سرخ ہوتا ہے -

Torii(torie), *n.* : (جاپان) شنتو مندر کا پھاٹک خاص وضع کا -

Torment, *n.* : (۱) شدید جسمانی یا روحانی تکلیف؛ اذیت؛ کرب - (۲) وہ چیز جو اذیت کا باعث ہو؛ عذاب جان؛ سوہان روح -

this child is a positive t. : یہ لڑکا تو عذاب جان ہوگیا ہے -

Torment, *v. t.* : سخت اذیت دینا؛ شدید تکلیف کا باعث ہونا؛ عذاب جان ہو جانا؛ ناک میں دم کر دینا (*tormented with neuralgia, suspense, inquiries*) -

tormentingly, *adv.* : سخت تکلیف دہ طریقے سے -

Tormentil, *n.* : ایک بوٹی جس کے پھول زرد ہوتے ہیں اور جس کی جڑ سخت قابض دوا کے طور پر استعمال ہوتی ہے -

Tormentor, *n.* : (۱) اذیت دینے والا (شخص یا چیز) - (۲) بڑا کانٹا جس سے جہاز پر دیگ سے گوشت نکالتے ہیں - (۳) دندانے دار سراون جس میں پہیے لگے ہوتے ہیں -

tormentress, *n.* : اذیت دینے والی -

Tormina, *n.* : قولنج

Torn, دیکھو Tear -

Tornado, *n.* (pl. -oes) : (۱) زور کی آندھی جو تھوڑی سی دیر چلتی ہے (مغربی افریقہ میں برسات کے آخر میں اور شروع

میں اور شمالی امریکا میں اپریل سے جولائی تک چلتی ھے) - (۲) طوفان ؛ بوچھار (نعرہ ھائے تحسین وتفرین یا پھینک کر مارنے کی چیزوں کی) -

tornadic, *a.* : آندھی کا سا -

Torous, toro'se, *aa.* : (۱) (نباتیات) استوانی شکل کا جس میں جا بجا گومڑے پڑے ھوں ؛ گومڑے دار - (۲) (حیوانیات) گومڑے دار ؛ گومڑی دار -

Torpedo, *n.* (pl.-oes) & *v. t.* : (۱) تار پیڈو ، مچھلی (جو اپنی برقی قوت سے شکار کو بیحس کرکے مار لیتی ھے) - (۲) ایک قسم کی سرنگ - (۳) ایک قسم کا پھٹنے والا گولا - (۴) تارپیڈو؛ سگار کی شکل کی پھٹنے والی چیز جو پانی کے اندر اندر جاکر جہازمیں لگتی ھے اور پھٹ کر اسے اڑا دیتی ھے - (۵) تارپیڈو کے شکل کی موٹر کار - (۶) تارپیڈو مارنا ؛ تارپیڈو سے اڑانا - (۷) (مجازاً) (کسی تحریک یا ادارے کو) برباد کر دینا ؛ بے کار کر دینا -

aerial t. : ھوائی تارپیڈو ؛ جو ھوائی جہاز سے پھینکی جاتی ھے -

t. -boat : چھوٹی دخانی تیز رو کشتی جس میں سے تارپیڈو مارتے ھیں -

t. (-boat), -catcher, t.- gunboat : جہاز جو تارپیڈو کشتیوں کو گرفتار کرتا ھے ؛ تارپیڈو گیر -

(t.-boat) destroyer : چھوٹی تیز رو کشتی جس سے تارپیڈو کشتیاں گرفتار کرتے ھیں یا تارپیڈو مارتے ھیں ·

t. -net : تارپیڈو جال ' جو تارپیڈو یا تارپیڈو کشتیوں سے بچنے کے لیے جہاز کے گرد لگا دیا جاتا ھے -

t.-tube : تارپیڈو نلکی ؛ جس میں رکھہ کر تارپیڈو مارتے ھیں -

Torpid, *a. &n.* : (۱) خوابیدہ : سویا ھوا ؛ بے حس و حرکت (اس جانور کے لیے آتا ھے جو جاڑے بھر بے حس و حرکت پڑا رھتا ھے) - (۲) سن ؛ بے حس - (۳) سست ؛ مٹھا ؛ مجھول ؛ بے حس - (۴) (جمع) کشتیوں کی دوڑ جو آکسفورڈ کے کالجوں کے دوسرے نمبر کے کھویوں میں ایسٹر سے پہلے تعطیل کے زمانے میں ھوتی ھے - (۵) (واحد) کشتی جو اس دوڑ میں شریک ھو -

torpidity, torpidness, *nn.* : سستی ؛ کاھلی ؛ بے حسی -

torpidly, *adv.* : سستی یا بے حسی کے ساتھہ -

torpify, *v. t.* : بے حس کرنا ؛ بے حسی یا سستی طاری کردینا ؛ معطل کر دینا

torpor, *n.* : سستی یا بے حسی کی حالت -

torporific, *a.* : سستی یا بے حسی پیدا کرنے والی -

Torps, *n.* : (بحری عامیانہ) جہاز کا تارپیڈو افسر -

Torquate(d), *aa.* : (حیوانیات) طوق دار ؛ کنٹھہ دار (پرند جس کی گردن میں خاص رنگ یا خاص قسم کا حلقہ ھو) -

Torque(-k), torc, *n.* : (۱) مروڑی دار طوق یا مالا (جو قدیم گال قوم میں پہنی جاتی تھی) - (۲) (مکانکس) (-que) مروڑ ؛ وہ قوت جس سے کوئی چیز مروڑی جائے -

Torrefy, *v. t.* : (کچی دھات یا دواؤں کو) سکھانا ؛ بھوننا -

torrefaction, *n.* : سکھانا یا سکھایا جانا؛ بریان کرنا یا ھونا -

Torrent, *n.* : (۱) تیز دھارا ؛ سیل - (۲) تیز بہنے والی ندی ؛ نشیب میں تیزی سے گرنے والی ندی - (۳) بوچھار (گالیوں ، سوالوں وغیرہ کی) - (۴) سیلاب ، طوفان (غم و الم کا) -

torrential (-shl), *a.* : سیلاب کا سا ؛ تند و پر شور ؛ بہت زور کا -

torrentially, *adv.* : سیلاب کی طرح ؛ تندی اور تیزی سے ؛ بہت زور شور سے -

Torricellian, *a.* : (تاری چیلی (کا) (*T. experiment*) تجربہ جس نے ایک نلکی میں پارہ بھر کر ھوا کا دباؤ دریافت کیا تھا - اسی کی بنا پر مقیاس الھوا یا باد پیما ایجاد ھوا) -

T. tube : تاری چیلی نلکی ؛ جس سے یہ تجربہ کیا جاتا ھے -

Torrid, *a.* : نہایت گرم ؛ حار (خطہ وغیرہ) -

t. zone : منطقۂ حارہ ؛ خطوط جدی اور سرطان کے درمیان کی سر زمین -

torridity, torridness, *nn.* : حدت ؛ سخت گرم ھونا -

Torsel, *n.* : (۱) بل دار یا مروڑی دار آرائشی کام - (۲) داسا ؛ لکڑی وغیرہ کا ٹکڑا جسے دیوار پر رکھہ کر بان ڈالتے ھیں -

Torsion(-shn), *n.* : (۱) بٹائی؛ بٹنا یا بٹا جانا ؛ مروڑا جانا - (۲) (نباتیات) مروڑی دار ھونا - (۳) (طب) عمل جراحی کے بعد شریانوں کے سروں کو مروڑنا تاکہ خون بند ھو جائے ؛ تفتیل -

t. balance : مروڑ کانٹا ؛ جس میں تاریک بل دار تار کے ذریعے برقی قوتوں وغیرہ کا باریک فرق ناپا جاتا ھے -

torsional, *a.* : بل یا مروڑ کا -

torsionless, *a.* : بے مروڑ ؛ بے بل کا -

torsionally, *adv.* بل یا مروڑ دیکر -

torsive, *a.* : مروڑی دار -

Torsk, *n.* : کاڈ مچھلی کی قسم -

Torso, *n.* : (۱) مجسمے کا دھڑ (سر اور ھاتھہ پاوں سے الگ) - (۲) ادھورا کام ؛ نامکمل چیز ؛ کٹا ھوا ٹکڑا یا حصہ -

Tort, *n.* (قانون) ٹارٹ ؛ وہ ھرجہ جس سے کسی کو نقصان پہنچے اور جس کا ھرجانہ دیوانی میں مل سکے -

Torticollis, *n.* : (طب) صعر ؛ وجع مفاصل سے گردن کے عضلات کا اینٹھہ جانا -

Tortile, *a.* : (۱) بل کھایا ھوا ؛ مڑا ھوا ؛ خمیدہ - (۲) (نباتیات) مرغولہ دار ؛ کنڈلی دار -

tortility, *n.* : خمیدگی ؛ مرغولہ دار ھونا -

Tortilla (-elya), *n.* : مکئی کی روٹی -

Tortious (-shus), *a.* : (قانون) مجرمانہ -

tortiously, *adv.* : مجرمانہ طور پر -

Tortoise (-tus, -toiz), *n.* : (۱) کچھوا (خشکی اور دریا کا) - (۲) کنکھلا کچھوا (*alligator t.,*) - (۳) (قدیم روما) صف بندی جس میں سپاھی ڈھال سے ڈھال ملاکر دیوار سی بنالیتے تھے -

t. -shell : بعض کچھوؤں کا رنگ برنگ کا چتی دار خول جس کی کنگھیاں وغیرہ بنتی ھیں -

t. -shell cat; butterfly : سیاہ اور زرد چتیوں کی بلی یا تیتری -

Tortuous, *a.* : (۱) پیچ در پیچ - (۲) (مجازاً) (پالیسی وغیرہ) پیچ دار ؛ چکر کی ؛ فریب آمیز ؛ کائیاں پن کی -

tortuose, *a.* : (نباتیات) مروڑی دار -

tortuosity, tortuousness, *nn.* : پیچیدگی ؛ پیچ دار ھونا ؛ فریب آمیز ھونا -

tortuously, *adv.* : پیچ در پیچ طریقے سے ؛ کائیاں پن سے ؛

فریب آمیز طریقے سے -

Torture (-tsher), *n.* & *v. t.* : (۱) تعذیب؛ سخت جسمانی اذیت جو کوئی بات قبول کرانے کے لیے دی جاتی ہے - (۲) شدید جسمانی یا روحانی اذیت - (۳) تعذیب دینا ؛ سخت اذیت پہنچانا - (*tortured with neuralgia, tight boots, anxiety,*) (۴) توڑ مروڑ دینا ؛ کھینچ تان کر کچھ کا کچھ بنا دینا (عبارت الفاظ وغیرہ یا ان کے معنی کو) -

instruments of t. : آلہ ہائے تعذیب -

torturable, *a.* : قابل تعذیب -

torturer, *n.* : معذب؛ تعذیب دینے والا ؛ سخت اذیت دینے والا-

torturingly, *adv.* : تعذیب کے ساتھ ؛ سخت اذیت دہ طریقے سے-

torturous, *a.* : پرتعذیب ؛ اذیت دہ ؛ تعذیبی -

Torula, *n.* (pl.-ae) : (۱) ککر متے یا کھمبی کی ایک قسم جو خمیر کی طرح ہوتی ہے- (۲) مدور جراثیم کا سلسلہ - (۳) چھوٹی کرسی (پھول کی) -

toruliform, *a.* : سلسلۂ جراثیم کی شکل کا -

Torus, *n.* (pl. -ar) : (۱) نیم مدور حاشیہ ؛ خصوصاً ستون کی کرسی کا سب سے نچلا حصہ - (۲) پھول کی کرسی ؛ ڈنڈی کا وہ حصہ جہاں سے پھول اگتا ہے - (۳) (تشریح) عضلات وغیرہ کا ابھرا ہوا حصہ ؛ مچھلی -

Tory, *n.* & *a.* : ٹوری ؛ انگلستان کی قدیم سیاسی پارٹی کا رکن جو موجودہ قدامت پسند (کنسرویٹو) پارٹی کی پیشرو تھی -

T. Democrat : ٹوری ڈیموکریٹ؛ وہ قدامت پسند جو جمہوریت کی طرف مائل ہو -

toryism, *n.* : ٹوری پارٹی کا اصول ؛ قدامت پسندی -

-tory, *suf.* : لاحقہ بمعنی *ory* -

Tosh, *n.* : (۱) (عامیانہ) فضول باتیں؛ مہمل گفتگو - (۲) (کرکٹ؛ ٹینس)گیند جو آسانی سے کھیلی جا سکے -

Tosher, *n.* : (عامیانہ) یونیورسٹی کا طالبعلم جس کا تعلق کسی کالج سے نہ ہو ؛ بیرونی طالبعلم -

Toss, *v. t.* & *i.* : (۱) پھینکنا ؛ اچھالنا (خصوصاً ہتیلی پر رکھ کر)- (۲) (سانڈ وغیرہ کا) سینگ کی ٹکر سے دور پھینک دینا (شخص یا چیز کو) - (۳) بے پروائی سے پھینک دینا ؛ ڈال دینا - (۴) سکے کو اچھال کر اس کے چت یا پٹ گرنے سے کسی سوال کا فیصلہ کرنا - (۵) (ٹینس) اونچا مارنا؛ اچھالنا (گیند کو)- (۶) (حقارت یا خفگی کے طور پر) سر کو جھٹکا دینا - (۷) (کسی چیز کو) کبھی ادھر ہٹانا کبھی ادھر ہٹانا - (۸) بے چینی سے پہلو بدلنا ؛ کروٹیں بدلنا - (۹) (موجوں کا' جہاز یا درخت کی شاخ کا) لہریں لینا؛ اٹھنا اور گرنا - (۱۰) سکے کا اچھالنا یا اچھالا جانا ؛ ٹوس - (۱۱) سر کا جھٹکا - (*contemptuous t. of the head,*) (۱۲) گھوڑے سے گرنا -

full t. : (عامیانہ) گیند جو اس طرح پھینکی جائے کہ بالکل وکٹ کے پاس گرے -

pitch -&- t. : دیکھو - Pitch

take a t. : گرنا گھوڑے سے -

t. a pancake : چلے کو کڑھاؤ میں اچھال کر پلٹنا -

t. off : (۱) اک دم میں چڑھا جانا - (۲) جھٹ پٹ کر کے پھینک دینا ؛ (کام) چٹکی بجاتے میں کر ڈالنا -

t. person in blanket : کسی شخص کو کمبل میں ڈال کر اچھالنا-

tosspot : (قدیم) پکا شرابی -

t. up : (۱) سکے کو اچھالنا کسی بات کا فیصلہ کرنے کے لیے - (۲) کھانا جلدی سے پکا ڈالنا .

t. -up : (۱) سکے کا اچھالنا - (۲) مشتبہ امر؛ دبدھا کا معاملہ - (*is quite a t. -up whether he comes or not*)

win the t. : ٹوس جیتنا ؛ سکہ اچھالنے کے بعد موافق فیصلہ ہونا-

Tot, *n.* : (۱) ننھا بچہ (*tiny t.*,)- (۲) (بول چال) ایک گھونٹ شراب-

Tot, *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) (بول چال) وہ رقمیں جن کی میزان دینا ہو - (۲) (عموماً *up* کے ساتھ) میزان دینا؛ (رقموں یا مدات کا) بڑھتا جانا ؛ بڑھتا رہنا -

t. up to : میزان ہونا -

Total, *a. n.*, & *v. t.* : (۱) کل؛ مجموعی (*the t. number, t. tonnage, in t. ignorance*) (۲) تمامی؛ کامل - (*sum t.*) - (۳) میزان؛ میزان کل ؛ حاصل جمع - (۴) میزان لگانا ؛ میزان دینا - (۵) کل تعداد (—) ہونا- (*t. loss of his fortune*)

the visitors totalled 131 : آنے والوں کی کل تعداد ۱۳۱ تھی-

t. abstinence : دیکھو - Abstinence

t. eclipse : خسوف کامل ؛ پورا گرہن-

totality, *n.* : (۱) کل؛ مجموعیت - (۲) کل تعداد یا مقدار- (۳) پورے گرہن کی مدت -

totally, *adv.* : کلیتہً ؛ بالکل ؛ قطعاً -

Totalize, *v.t.* & *i.* : (۱) میزان معلوم کرنا ؛ میزان لگانا - (۲) (گھڑ دوڑ میں) میزانیے (*totalizer*) سے حساب کرنا -

totalization, *n.* : میزان دینا یا دی جانا ؛ میزانیے سے حساب کرنا یا کیا جانا -

Totalizer, *n.* : ایک آلہ جس سے گھڑ دوڑ کی شرطوں کی مجموعی رقم معلوم کی جاتی ہے اور وہ ان لوگوں پر تقسیم کردی جاتی ہے جنھوں نے جیتنے والے گھوڑے پر شرط لگائی تھی ؛ میزانیہ -

totalizator, *n.* : میزانیہ -

Tote, *n.* : (عامیانہ) *totalizer* کا مخفف -

Tote, *v.t.* : (امریکہ) پہنچانا' لے جانا (رسد وغیرہ) -

Transmutation, *n.* : (۱) تقلیب ؛ قلب ماہیت ؛ شکل ، طبیعت یا جوہر بدلنا یا بدل جانا ؛ استحالہ - (۲) (کیمیا سازی) ادنی دھاتوں کا سونا وغیرہ بن جانا ؛ کیمیا بن جانا - (۳) (ہندسہ) تحویل ؛ ایک شکل ہندسی کو مساوی رقبے کی دوسری شکل میں تبدیل کرنا - (۴) (حیاتیات) تقلیب نوع ؛ ایک نوع کا دوسری نوع بن جانا -

t. glaze : چینی کا رنگ برنگ روغن -

transmutationist, *n.* : (حیاتیات) تقلیب نوعی کا قائل -

Transmute, *v.t.* : کسی شے کی شکل ، طبیعت یا جوہر کو بدل دینا ؛ قلب ماہیت کرنا ؛ تقلیب کرنا ؛ استحالہ کرنا -

transmutability, *n.* : قلب ماہیت کی استعداد ؛ تقلیب پذیر ؛ استحالہ پذیری -

transmutable, *a.* : جس میں قلب ماہیت ہوسکے ؛ تقلیب پذیری ؛ استحالہ پذیر -

transmutative, *a.* : استحالے کا -

transmuter, *n.* : قلب ماہیت کرنے والا ؛ استحالہ کرنے والا -

Transnormal, *a.* : معمولی یا طبعی سے بڑھ کر ؛ ورائے طبعی -

Transoceanic, *a.* : (۱) سمندر پار کا ؛ آنسوے بحر ؛ ورائے بحری - (۲) سمندر کو عبور کرنے والا ؛ عبور بحر کا (*t. flight of birds*) -

Transom, *n.* : (۱) دروازے یا کھڑکی کی سر دل - (۲) افقی سلاخ یا پٹی جو کھڑکی کے بیچ میں لگی ہو - (۳) (عقب جہاز میں) ان افقی کڑیوں میں سے کوئی کڑی جو پتوار کھمبے میں لگی ہوتی ھے - (۴) شہتیر جو دو دستی آرے کے گڑھے پر رکھا ہوتا ھے - (۵) افقی سلاخ جو مضبوطی کے لیے لگا دیتے ہیں -

t. window : (۱) دروازے میں اوپر کی کھڑکی - (۲) کھڑکی جس کے بیچ میں پٹی یا سلاخ ہو -

transomed, *a.*: سردل دار؛ جس میں افقی کڑی یا سلاخ لگی ہو -

Transpadane, *a.*: دریاے پوکے پرے (عموماً شمال کی طرف) -

Transparency, *n.*: (۱) شفافی ؛ شفاف ہونا - (۲) منور تصویر یا کتبہ (جو کرمچ یا ململ پر بنا ہو اور پیچھے روشنی رکھ کر نمایاں کیا جاے) - (۳) منور تصویرکا چوکھٹا - (۴) (فوٹو گرافی) مثبت تصویر جو شیشے پر ہو اور آرائش کے لیے لگائی یا جادو کی لالٹین میں دکھائی جاے - (۵) ابھرا ہوا نقش جو چینی پر بنا ہو (اور اس کے خطوط کہیں موٹے کہیں باریک ہوں) - (مضحکہ آمیزخطاب = جرمن لفظ *his &c. T.=Durchlaucht* کا ترجمہ) حضور سراپا نور -

transparence, *n.*: شفافی ؛ شفاف ہونا -

Transparent, *a.*: (۱) شفاف ؛ نرمل - (۲) سطحی؛ جھر جھرا؛ (بہانہ یا بھیس وغیرہ) جس کی اصلیت آسانی سے پہچان لی جاے- (۳) کھلی ہوئی؛ بین؛ ظاہر (کیفیت ، نیت وغیرہ) - (۴) صاف ؛ کھری ؛ بے بناوٹ -

t. colours: (۱) (مصوری) سطحی رنگ جن کے اندر سے دوسرے رنگ نظر آئیں - (۲) (دودھیا شیشے پر) وہ رنگ جو صرف پیچھے سے روشنی ڈالنے سے نظر آئیں ؛ دودھیا رنگ -

transparently, *adv.*: (۱) شفاف طورپر- (۲) سطحی طور پر- (۳) بین طور پر ؛ صاف طور پر -

transparentness, *n.*: (۱) شفافی - (۲) جھرجھراپن ، سطحیت - (۳) کھلا ہوا ہونا - (۴) کھرا پن ؛ صفائی -

Transpierce, *v. t.*: چھید ڈالنا ؛ آر پار ہو جانا -

Transpire, *v. t. & i.*: (۱) بھاپ کی شکل میں خارج کرنا یا ہونا؛ (جلد یا پھیپڑے سے) بخارات خارج کرنا یا ہونا - (۲) (بخارات یا سیال کا) دباؤ کے اندر عروق شعریہ یا انابیب شعریہ میں سے گزرنا - (۳) (نباتیات) بخارات خارج کرنا - (۴) (مجازاً) کھل جانا؛ ظاہر ہو جانا (راز وغیرہ کا)- (۵) (سوقیانہ) واقع ہونا -

transpirable, *a.*: جو بخار کی صورت میں خارج ہوسکے -

transpiration, *n.* (-er-),: (۱) اخراج بخارات - (۲) بخارات جو پھیپڑے یا جلد سے خارج ہوں -

transpiratory, *a.*: اخراج بخارات کا -

Transplant, *v. t.*: (۱) ایک جگہ سے اکھاڑ کر دوسری جگہ لگانا (پودے کو) - (۲) منتقل کرنا؛ ایک جگہ سے دوسری جگہ جمانا (کارخانہ وغیرہ) ؛ ایک جگہ سے لے جاکر دوسری جگہ بسانا (لوگوں کو) - (۳) (جراحی) ایک مقام سے کاٹ کر دوسرے مقام پر یا دوسرے جسم میں لگانا (نسیج یا عضو کو)؛ عمل نقل کرنا -

transplantable, *a.*: نقل پذیر ؛ انتقال پذیر -

transplantation, *n.*: (۱) نقل (پودے کی) - (۲) عمل نقل (جراحی کا) - (۳) منتقلی (اشخاص یا اشیاء کی) -

Transplanter, *n.*: (۱) منتقل کرنے والا - (۲) آلۂ نقل ؛ وہ اوزار یا مشین جس سے پودے اس طرح اکھاڑے جاتے ہیں کہ ان کی جڑ کے گرد مٹی کا کرلا لگا ہوتا ہے -

Transpontine, *a.*: (۱) ٹیمز پار کا ؛ لندن کے اس محلے کا جو ٹیمز کے دوسرے کنارے پر ضلع سرے کی طرف واقع ہے - (۲) چونی والوں کا (ناٹک)؛ سطحی قسم کا جذبات پرستانہ ناٹک جیسا کسی زمانے میں اس محلے میں پسند کیا جاتا تھا -

Transport, *v. t.*: (۱) ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا؛ (مسافر فوج وغیرہ کے) نقل و حمل کا انتظام کرنا - (۲) کالے پانی لے جانا (مجرم کو) ؛ عبور دریاے شور کی سزا دینا - (۳) (عموماً صیغۂ مجہول میں) بے خود ہو جانا ؛ آپے سے باہر ہو جانا (خوشی غصے وغیرہ میں) -

transporter, *n.*: نقل و حمل کا انتظام کرنے والا -

transportingly, *adv.*: والہانہ طور پر -

Transport, *n.*: (۱) نقل و حمل؛ مال یا مسافروں کا ایک جگہ سے دوسری جگہ لے جانا؛ سواری اور بار برداری - (۲) (نیز *t. ship*, *vessel*) سواری اور باربرداری کا جہاز؛ سپاہیوں کے اور رسد کے لے جانے کا جہاز - (۳) مجرم جس کو کالے پانی کی سزا ہوئی ہو؛ عبور دریاے شور کا سزا یاب - (۴) شدید جذبہ ؛ جوش (*in a t. of rage,*) -

T. Workers: حمالوں وغیرہ کی انجمن -

was in tt.: خوشی کے مارے آپے سے باہر تھا -

Transportable, *a.*: (۱) قابل نقل و حمل- (۲) کالے پانی بھیجے جانے کے قابل؛ قابل عبور دریاے شور -

transportability, *n.*: نقل پذیری؛ قابل نقل و حمل ہونا -

Transportation, *n.*: (۱) ایک جگہ سے دوسری جگہ لےجانا یا پہنچایا جانا؛ نقل و حمل - (۲) عبور دریاے شور -

Transpose, *v. t.*: (۱) دو یا زیادہ چیزوں کو ایک دوسرے کی جگہ پر رکھنا؛ جگہ بدلنا؛ ادل بدل کرنا - (۲) مساوات میں ایک رقم کو بہ تبدیلی علامت دوسری طرف لے جانا؛ عمل نقل کرنا - (۳) (صرف و نحو) جملے میں کسی لفظ کو مقررہ محل سے یا موجودہ محل سے ہٹاکر کہیں اور رکھنا؛ تبدیل محل کرنا ؛ (الفاظ کی مقررہ یا موجودہ) ترتیب بدلنا- (۴) (موسیقی) نغمے کو کسی اور آہنگ میں لکھنا یا بجانا؛ سر بدلنا (*transposed from G. to B.*) -

transposing instrument: سر بدلنے کا آلہ -

transposing piano: سر بدل پیانو؛ جس میں سر بدلنے کا پرزہ لگا ہوتا ہے -

transposal, *n.*: (۱) تبدیل محل؛ تبدیل ترتیب - (۲) وہ چیز جس کا محل یا ترتیب بدلی گئی ہو -

transposer, *n.*: محل یا ترتیب بدلنے والا -

Transposition (-zi-), *n.*: (۱) تبدیل محل ؛ تبدیل ترتیب - (۲) بدلا ہوا محل؛ بدلی ہوئی ترتیب -

transpositional, transpositive, *aa.*: تبدیل محل یا تبدیل ترتیب کا -

Trans-ship, *v. t.*: (۱) ایک جہاز سے دوسرے جہاز میں سوار کرنا (مسافروں کو)- (۲) کسی سواری سے دوسری سواری میں منتقل کرنا -

trans-shipment, *n.*: بدلنا یا بدلا جانا (جہاز یا کسی اور سواری کا) -

Transubstantiate (-shi-), *v. t.*: تبدیل جوہر کرنا؛ تبدیل مادہ کرنا؛ استحالہ کرنا -

Transubstantiation, *n.*: (۱) تبدیل جوہر؛ تبدیل مادہ - (۲) (مذہب مسیحی) عشاے ربانی میں روٹی اور شراب کا مسیح کے جسم اور خون میں بدل جانا ؛ استحالۂ عشائی -

Transude, *v. i.*: نفوذ کرنا (سیال شے یا گیس وغیرہ کا مسامات

وغیرہ سے) -

transudation, *n.* : نفوذ -

transudatory, *a.* : (۱) نفوذ پذیر - (۲) نفوذ کا -

Transversal, *a.* & *n.* : (۱) قاطع؛ جو خطوط کے ایک سلسلے کو قطع کرتا ہو - (۲) خط قاطع - (۳) (تشریح) (عموماً) (*transversus* (pl. - i) یا *tansversalis* (pl. - es), وہ عضلہ وغیرہ جو افقاً جسم کے بعض حصوں سے گزرتا ہو؛ معترض؛ عضلہ معترضہ -

transversality, *n.* : (۱) قاطعیت - (۲) افقیت؛ معترضیت -

transversally, *adv.* : افقاً ؛ عرض میں -

Transverse (-z; also tra-), *a.* & *n.* : (۱) عرضی؛ معترض؛ جو عرضاً واقع ہو - (۲) عضلۂ معترضہ -

t. artery : شریان معترض -

t. ligament : رباط معترض -

t. magnet : عرضی مقناطیس؛ جس کے قطبین سروں پر نہیں بلکہ دونوں جانب پہلو میں ہوں -

t. section : افقی یا عرضی قطعہ -

t. strain : عرضی کھچاؤ -

transversely, *adv.* : عرضاً ؛ عرض میں -

transverso - comb. : ترکیبی صورت -

Tranter, *n.* : (مقامی بول چال) (۱) حمال؛ باربردار - (۲) خوانچے والا -

Trap, *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) گڑھا؛ پھندا؛ کھٹکے دار پنجرا (جانوروں کو پکڑنے کے لیے) - (۲) (مجازاً) بھرا ؛ دم؛ فقرہ یا چال جس کے ذریعے کسی شخص سے کوئی بات کہلائی جائے یا کوئی کام کرایا جائے (*always setting tt. for me, walked straight into the t.*) - (۳) اُڑاؤ پنجرا جس میں کبوتر وغیرہ کو اُڑاکر نشان لگاتے ہیں - (۴) اُچھل کھٹکا؛ جوتے کی شکل کا آلہ جس میں ایک طرف بلا مارنے سے دوسری طرف سے گیند اچھلتی ہے - (۵) حرف "U" کی شکل کا گیس پائپ؛ نعل نما پائپ جس کو کھول دینے سے ایک طرف سے پانی آکر گیس کی واپسی کو روک دیتا ہے - (۶) ٹم ٹم یا اسی قسم کی اور گاڑی - (۷) (عامیانہ) پولس کا سپاہی؛ پولس والا - (۸) حرف "L" کی شکل کی کھونٹی جو کپڑے وغیرہ میں لگ جائے - *t.-door* - (۹) - (۱۰) (جانور کو) پھندے وغیرہ میں پھانسنا - (مجازاً) بھرے پر چڑھانا؛ دم میں لانا؛ پھانسنا - (۱۱) تھیٹر کے اسٹیج میں فرشی دروازے لگانا - (۱۲) گیس کو نعل نما پائپ کے ذریعے سے روک دینا - (۱۳) موری وغیرہ میں نعل نما پائپ لگانا - (۱۴) بھاپ کا پائپ وغیرہ میں رک جانا -

fly-t. : دیکھو Fly -

rat -t. : دیکھو Rat -

t.-ball : اچھل گیند ؛ وہ تھیلی جو اس آلے سے کھیلا جاتا ہے -

t. -cellar : تھیٹر کے اسٹیج کا تہ خانہ؛ چور تہ خانہ -

trapdoor : دروازہ جو فرش یا چھت میں لگا ہو ؛ فرشی دروازہ؛ سقفی دروازہ -

t. -door spider : ایک قسم کی مکڑی جو اپنے جالے کے اوپر قبضے دار دروازہ بناتی ہے -

Trap, *n.* : (۱) سیاہ رنگ کی ستون نما آتش فشانی چٹان ؛ زینہ چٹان - (۲) اٹھاؤ زینہ ؛ سیڑھی -

Trap, *v. t.* & *n.* : (۱) (گھوڑے پر) ساز رکھنا ؛ گھوڑے کو سجانا - (۲) وردی وغیرہ پہننا ؛ (اپنے عہدے کا آرائشی ساز و سامان) سج سجا کر تیار ہونا - (۳) ذاتی اسباب ؛ استعمال کا سامان - (*pack up your tt.*) -

Trapan : دیکھو Trepan -

Trapes, *n.* & *v. i.* : (۱) پھوہڑ عورت - (۲) گھسیٹ گھسیٹ کر چلنا - (۳) پائینچے گھسیٹتی چلی جانا ؛ اس طرح چلنا کہ دامن وغیرہ زمین پر گھسٹتے ہوں - (۴) مارا مارا پھرنا - (۵) دوڑا دوڑا پھرنا -

Trapeze, *n.* : (۱) ورزشی جھولا ؛ جمناسٹک کا جھولا ؛ دو عمودی ڈنڈے جن میں ایک افقی ڈنڈا لگا ہوتا ہے، رسی سے لٹکائے جاتے ہیں اور ان پر جمناسٹک کی مشقیں کی جاتی ہیں - (۲) مربع منحرف ؛ جس کے کوئی دو ضلعے متوازی نہ ہوں یا صرف دو ضلعے متوازی ہوں -

trapeziform, *a.* : مربع منحرف کی شکل کا -

Trapezium, *n.* : منحرف -

Trapezoid, *a.* & *n.* : مربع منحرف ؛ جس کے کوئی دو ضلعے متوازی نہ ہوں یا صرف دو ضلعے متوازی ہوں -

trapezoidal, *a.* : مربع منحرف کی شکل کا -

Trappean, *a.* : زینہ چٹان کی ساخت کا (دیکھو Trap معنی نمبر (۲)) -

trappoid, *a.* : زینہ چٹان سے مشابہ -

trappose, *a.* : جہاں زینہ چٹان کثرت سے ہوں -

Trapper, *n.* : (۱) پھندے سے شکار کرنے والا ؛ خصوصاً وہ شکاری جو جانوروں کو ان کی کھال اور سمور کی خاطر پکڑتا ہے - (۲) (کوئلے وغیرہ کی کان میں) روشن دانوں کا محافظ -

Trappings, *n.* pl. : (۱) گھوڑے کا ساز؛ خصوصاً آرائشی ساز و سامان - (۲) کسی عہدہ یا منصب کی وردی اور آرائشی سازوسامان -

Trappist, *n.* : تراپستی ؛ سسترشی راہبوں کے سلسلے کا رکن جو سنہ ۱۱۴۰ ء میں فرانس کے مقام سولینی لاتراپ میں قائم ہوا تھا اور جس کی خصوصیات میں خاموش رہنا اور بہت سی ریاضتیں داخل تھیں -

Trappistine, *n.* : (۱) ایک شراب جو سسترشی خانقاہ واقع گریس ڈیو (فرانس) میں تیار ہوتی تھی ؛ تراپستی شراب - (۲) (*T-*) تراپستی راہبہ ؛ اس سلسلے کی راہبہ جو تراپستی سلسلے سے منسلک تھا -

Trappy, *a.* : (۱) (بول چال) چال کی ؛ دھوکے کی ؛ فریب کی ؛ پر فریب ؛ پیچ دار - (۲) دھوکا دینے والا ؛ فریبی ؛ دغا باز -

trappiness, *n.* : (۱) پر فریب ہونا - (۲) دغا بازی -

Trash, *n.* & *v. t.* : (۱) نکمی چیز ؛ فضول چیز ؛ ردی چیز - (۲) کترن (پودوں وغیرہ کی) - (۳) گنے کی پتیاں جو ایندھن کے کام آتی ہیں - (۴) مہمل کتاب ، مضمون وغیرہ ؛ لغویات - (۵) مہمل گفتگو ؛ بکواس - (۶) گنے کی پتیاں چھانٹنا ؛ پتیاں الگ کرنا -

cane-t. : گنے کا پھوک اور پتی وغیرہ جو ایندھن کے کام آتی ہے -

t. -house : گنے کے فارم میں پھوک رکھنے کی جگہ -

t. -ice : برف کا چورا پانی میں ملا ہوا -

white t. : (ریاستہاے متحدہ امریکہ) جنوبی ریاستوں کے گوری نسل کے غریب باشندے ؛ غریب گورے -

trashery, *n.* : لغویات ؛ مہملات ؛ فضولیات -

trashily, *adv.* : مہمل یا لچر طریقے سے ؛ مہمل اسلوب میں -

trashiness, *n.* : نکما پن ؛ مہمل ہونا ؛ لغویت -

trashy, *a.* : نکمی ؛ مہمل ؛ لچر ؛ لغو -

Trass, Tarras, *n.* : ٹراس ؛ ایک قسم کی آتش فشانی مٹی جو پہلے گچ بنانے میں کام آتی تھی -

Trattoria, *n.* : اطالوی طعام خانہ ؛ اطالوی ہوٹل (کھانے کا) -

Trauma, *n.* : زخم ؛ جراحت ؛ چوٹ -

traumatism, *n.* : مجروحیت -

Traumatic, *a.* & *n.* : (۱) جراحت یا چوٹ کا - (۲) مفید جراحت دوا ؛ زخم کی دوا -

Travail, *n.* & *v. i.* : (۱) درد زہ - (۲) درد زہ میں مبتلا ہونا - (۳) عرقریزی کرنا ؛ سخت محنت کرنا ؛ شدید مشقت یا زحمت اٹھانا -

Travel, *v. i.* & *t.* (-ll-), *n.* : (۱) سفر کرنا ؛ سیاحت کرنا - (۲) کسی تجارتی کارخانے کی طرف سے مال کے نمونے دکھا کر فرمائشیں حاصل کرنے کے لیے سفر کرنا ؛ کارخانے کے ایجنٹ کے طور پر سفر کرنا - (۳) (مشین یا اس کے پرزے کا) حرکت کرنا ؛ آگے پیچھے ہٹنا (کسی دقیقے پر یا نالی میں) - (۴) جائزہ لینا ؛ مشاہدہ کرنا (*his eye travelled over the scene*, *mind travels over the events of the day*) - (۵) (ہرن وغیرہ) چرتے چرتے آگے بڑھنا - (۶) (کسی خاص انداز یا رفتار سے) چلنا ؛ قطع مسافت کرنا (*horse travels slowly*, *travels thousands of miles per second*) - (۷) (ملک وغیرہ کے) اس سرے سے اس سرے تک سفر کرنا ؛ دیکھ ڈالنا (*travelled France from end to end*) - (۸) (جانوروں کے گلے وغیرہ) ہنکانا ؛ لے جانا - (۹) سفر (خصوصاً غیرممالک کا) ؛ سیاحت - (۱۰) (جمع) سیاحت ؛ سفر نامہ - (۱۱) (مشین کے پرزے کی) حرکت ؛ حرکت کی حد ؛ رفتار وغیرہ (*improved the t. of the valves*) -

t. in tea etc. : چاے وغیرہ کے ایجنٹ کے طور پر سفر کرنا -

t. out of record : (تقریر ، بحث وغیرہ کے) موضوع سے ہٹ جانا -

travelled : مشاق سفر ؛ آزمودہ کار سیاح ؛ جہاں دیدہ -

travelling-cap, -dress : سفری ٹوپی ؛ پوشاک جو سفر کے لیے موزوں ہو -

t. -soiled, t. -stained : سفر آلودہ ؛ گرد سفر میں اٹا ہوا (شخص یا لباس) -

t. -worn : سفر زدہ (شخص یا لباس) -

Traveller, *n.* : (۱) مسافر ؛ سیاح - (۲) حرکت کرنے والی مشین ، خصوصاً تار میں لٹکا ہوا دھکا جو پٹری پر چلتا ہے - (۳) = 'commercial t.,' دیکھو Commercial -

bona fide t. : مستحق مسافر ؛ وہ شخص جو تین میل پیدل چلنے کے بعد اتوار کو راہ میں سراے سے شراب وغیرہ خریدنے کا مستحق ہوتا ہے -

tip person the t. : رعب ڈالنا ؛ جھوٹی باتوں سے دھوکا دینا -

t.'s-joy : ایک بیل کا نام -

t.'s tale : سیاحوں کی سی زٹل ؛ گپ ؛ من گھڑت قصہ -

Travelogue, *n.* : با تصویر لکچر سیاحت کی مہم وغیرہ پر ؛ تقریر متعلق سیاحت -

Traverse, *a.*, *n.*, & *v. t.* & *i.* : (۱) (قدیم) افقی ؛ عرضی - (۲) (نقابت) جو ڈھال میں عرضاً اِس سرے سے اُس سرے تک ہو ؛ قاطع - (۳) کوئی چیز جو کسی چیز میں سے عرضاً گزرتی ہو خصوصاً چھت کی کڑی وغیرہ - (۴) (قلعہ بندی) دمدمہ جو مسقف راستے کی حفاظت کے لیے بنایا جاے - (۵) خندق میں دہرا یا چوہرا زاویہ قائمہ (ـــــ ، Z) جو گولہ باری سے حفاظت کے لیے بنایا جاے - (۶) گرجے کی عرضی غلام گردش - (۷) (ہندسہ) قاطع ؛ خط قاطع - (۸) (مساحت) پیمائش کا اکہرا خط (جو کمپاس اور جریب کی مدد سے ڈالا جاتا ہے) - (۹) جہاز کی پر خم یا لہر دار رفتار (مخالف ہوا سے بچنے کے لیے) - (۱۰) مشین کے پرزے کی عرضی حرکت - (۱۱) (کھڑی یعنی دیوار نما پہاڑی پر چڑھنے میں) عرضی حرکت چڑھائی کے ایک خط سے دوسرے خط تک ؛ وہ مقام جہاں عرضی حرکت کی ضرورت ہو - (۱۲) (قانون) تردید خصوصاً واقعات کی - (۱۳) (قدیم) مانع ؛ رکاوٹ ؛ دقت - (۱۴) (توپ کا) حسب ضرورت رخ بدلنا ، پھیرنا یا پھیرا جانا - (۱۵) ایک سرے سے دوسرے سرے تک عرضاً سفر کرنا یا واقع ہونا ؛ گزرنا (عرضاً) ؛ (*must t. a vast extent of country, district traversed by canals, wall traversed by beam*) - (۱۶) دیوار نما پہاڑی پر چڑھنے میں چڑھائی کے ایک خط سے دوسرے خط تک عرضاً حرکت کرنا - (۱۷) (مجازاً) (موضوع کے) ہر پہلو پر نظر ڈالنا یا غور کرنا ؛ جامع انداز سے بحث کرنا - (۱۸) (توپ کا رخ) پھیرنا - (۱۹) لکڑی پر اس کی اندرونی دھاریوں یا جوہر کے اعتبار سے عرضاً رندہ کرنا - (۲۰) انکار کرنا ؛ خصوصاً (قانون) عدالت کے سامنے تردید کرنا (واقعات کی) - (۲۱) (تدبیر کی) کاٹ کرنا ؛ پلٹ دینا ؛ چلنے نہ دینا ؛ (راے کی) مخالفت کرنا - (۲۲) (قطب نما کی سوئی وغیرہ کا) محور پر گھومنا ؛ پھر جانا - (۲۳) (گھوڑے کا) عرضاً چلنا -

t. sailing : جہاز وغیرہ کا لہراتے ہوے چلنا ؛ پر خم یا لہر دار رفتار -

t. table : (۱) نقشۂ حساب جس کی مدد سے یہ معلوم کیا جاتا ہے کہ جہاز نے پر خم رفتار سے بہ خط مستقیم کتنی مسافت طے کی ؛ نقشہ تحویل مسافت - (۲) وہ تختہ جس کے ذریعے سے ریل کا انجن ایک پٹری سے دوسری پٹری پر لایا جاتا ہے ؛ تختۂ تحویل -

work, solve a t. : اس کا حساب لگانا کہ پر خم رفتار سے بہ خط مستقیم کتنی مسافت طے کی گئی -

traversing pulley : چرخی جو رسی پر اِدھر اُدھر چلتی ہے -

Traverser, *n.* : (۱) *traverse* کا اسم فاعل - (۲) تختۂ تحویل جس کے ذریعے سے ریل کا انجن پٹری بدلتا ہے -

Travertin(e), *n.* : ایک قسم کا مسام دار ہلکا زرد رنگ کا پتھر جو اطالیہ میں تعمیر کے کام میں استعمال ہوتا ہے (یہ اصل میں چونے کے چشموں کی تہ نشین مٹی ہے جو ہوا میں جم کر سخت ہو جاتی ہے) -

Travesty, *v. t.* & *n.* : (۱) (کسی موضوع کو بالارادہ یا

بلا ارادہ مضحک طریقے سے ادا کرنا ؛ مضحک بنا دینا - (۲)
(شخص چیز ' یا خصوصاً کتاب کا ' دوسری کی) بگڑی ہوئی
شکل ہونا ؛ منہ چڑانا - (۳) مضحک بنانا یا بنایا جانا -
(۴) بگڑی ہوئی شکل ؛ مضحک شبیہہ یا نقل -

Trawl, *v. t. & i. & n.* : (۱) بڑا جال کھینچنا ؛ بڑے جال
میں مچھلیاں پکڑنا - (۲) (نیز *t.- net*) تھیلے کی شکل کا بڑا
جال جسے دریا کی تہ میں ڈال کر کشتی سے کھینچتے ہیں- (۳)
(امریکا ؛ نیز *t.-line*) بڑی شست جس میں بہت سی چھوٹی
چھوٹی شستیں لگی ہوتی ہیں -

beam-t. : بڑا جال جس کے منہ پر لٹھا لگا ہوتا ہے -

t.-anchor : بڑی شست کا لنگر -

t.-boat : دام کشتی (جس میں بڑی شست ڈالی جاتی ہے یا
بڑا جال کھینچا جاتا ہے) -

trawling, *n.* : بڑے جال سے مچھلی کا شکار -

Trawler, *n.* : (۱) بڑے جال کو کھینچنے والا - (۲) دام کشتی
(جس سے بڑے جال کو کھینچتے ہیں) -

Tray, *n.* : (۱) کشتی ؛ لکڑی یا دھات کی چھوٹی سینی- (۲)
کشتی نما خانہ (ٹرنک یا صندوقچے میں) -

developing-t. : (عکسی تصویر) دھونے کی قاب -

pen-t. : کشتی نما قلم دان -

tea-t. : چائے کی کشتی -

trayful, *n.* : کشتی بھر -

Treacherous, *a.* : (۱) غدار ؛ دغا باز ؛ بے وفا - (۲) ناقابل
اعتبار ؛ دھوکے کا (*t. memory*) -

t. ice : برف کی سطح جس کے یکا یک دھنس جانے کا اندیشہ ہو-

treacherously, *adv.* : دغا سے ؛ دھوکے سے ؛ غداری سے -

treacherousness, *n.* : غداری ؛ دغا بازی ؛ بے وفائی -

treachery, *n.* : غداری؛ دغا -

Treacle(-ekl) *n.* : (۱) شیرہ -(۲) (بیجا استعمال) راب -
(۳) درختوں کی رطوبت جس میں شکرین پائی جائے مثلاً
صنوبر کا رس -

treacly, *a.* : (۱) شیرے کا سا - (۲) شیرہ بھرا ؛ شیرہ آلود-

Tread(-ed) *v. i. & t. (trod, archaic: trod, trodden)&n.*:
(۱) چلنا ؛ قدم رکھنا ؛ رکھا جانا (قدم کا) (*do not t. on*
the grass; where no foot may t.,) - (۲) چلنا
(زمین وغیرہ پر) ؛ پیروں سے کچلنا (کسی چیز کو (*treads a*
perilous path, t. the room from end to end,) -
(۳) کسی خاص طریقے سے چلنا یا قدم اٹھانا - (۴) (مرغے کا)
جفتی کھانا - (۵) چال ؛ قدم ؛ چلنے کی آواز (*recognized*
his heavy t.) - (۶) جفتی - (۷) (نیز *t.-board*)
زینے کی سب سے اونچی سیڑھی - (۸) پاؤں چکی کی سیڑھی -
(۹) ربڑ یا دھات کا ٹکڑا جو سیڑھی پر جڑ دیتے ہیں - (۱۰)
(ریل گاڑی کے) پہیے کا وہ حصہ جو زمین یا پٹری سے متصل
ہو - (۱۱) پٹری کا ٹکڑا جو پہیوں سے متصل ہو - (۱۲) نٹوں
کی اونچی بیساکھی کا ڈنڈا جس پر پاؤں رکھتے ہیں - (۱۳)
جوتے کے تلے کا وہ حصہ جو زمین پر ٹکا ہوتا ہے - (۱۴)
بائیسکل کے پیڈلوں کے بیچ کا فاصلہ ؛ پائدان - (۱۵) خال
جو انڈے کی زردی پر ہوتا ہے -

t. a measure : (ناچ میں) گت پر قدم اٹھانا -

t. away : دیکھو Away -

t. down : کچلنا ؛ روند ڈالنا ؛ برباد کرنا -

trod a dozen hurried paces : کوئی بارہ ایک قدم جلدی
میں چل گیا -

t. grapes : انگوروں کو پیروں سے کچل کر عرق نکالنا -

t. in : پاؤں سے گاڑ دینا (کسی چیز کو زمین میں) -

t. in person's foot steps : (کسی شخص کی) تقلید کرنا ؛
نقش قدم پر چلنا -

t. lightly : (مجازاً) پھونک پھونک کر قدم رکھنا ؛ بہت
احتیاط سے کام لینا -

treadmill : (۱) پاؤں چکی جس میں متحرک سیڑھیاں
ہوتی ہیں اور وہ ان پر قدم رکھنے سے چلتی ہے ' جیل خانوں
میں قیدیوں سے چلوائی جاتی ہے - (۲) (مجازاً) بندھا ٹکا کام
جس سے طبیعت اکتا جائے ؛ چکی -

t. on or as on eggs : ایسا موقع آن پڑنا جس میں نہایت
احتیاط کی ضرورت ہو -

t. on person's corns or toes : (مجازاً) ایسی بات کرنا
جس پر (کسی شخص کو) غصہ آئے ؛ (کسی شخص کو)
خفا کر دینا ؛ دلآزاری کرنا -

t. on the heels of : (۱) کسی کے پیچھے پیچھے پہنچنا -
(۲) (مجازاً) ایک واقعے کے بعد دوسرے کا ہونا -

t. on the neck of person : (۱) کسی کی گردن کو پیروں
تلے کچلنا - (۲) (مجازاً) مغلوب کر دینا -

t. or seem to t. on air : خوشی سے پھولے نہ سمانا -

t. out : (۱) پیر سے بجھا دینا (آگ) - (۲) (مجازاً)
فرو کر دینا (بغاوت) - (۳) کچل کر نکالنا (شراب وغیرہ) -

t. the stage or boards : ایکٹ کرنا ؛ اسٹیج پر آنا -

t. under foot : (مجازاً) برباد کرنا ؛ حقارت سے پیش آنا -

t. water : گہرے پانی میں سیدھا کھڑا رہنا -

t. -wheel : پاؤں چکی یا اسی قسم کا کوئی آلہ -

Treadle , *n. & v. i.* : (۱) پائدان ؛ پاؤں سے چلنے والا بیرم
(خراد ' سینے کی مشین ' بائیسکل ' ارگن باجے وغیرہ کا) -
(۲) پائدان پر پاؤں رکھ کر چلانا؛ پاؤں سے چلانا -

t. -machine, -press : پاؤں سے چلنے والی چھاپے کی
مشین ؛ ٹریڈل مشین -

treadler, *n.* : پاؤں سے چلانے والا-

Treason , *n.* (also high t.) : (۱) بغاوت خلاف فرما نروا ؛
فرمانروا یا جماعت کی اطاعت سے انحراف (مثلاً فرمانروا کا قتل
یا قتل کی سازش ' اس سے لڑائی چھیڑنا ' اس کے دشمنوں سے
سازباز رکھنا ' ملکہ یا ولی عہد کو قتل کر دینا ' ملکہ یا سب
سے بڑی نا کتخدا شہزادی یا ولی عہد کی بیوی کی بے حرمتی کرنا'
چانسلر ' خازن یا جسٹس (یعنی جج) کا قتل ' نا بالغ بادشاہ
کی شادی میں اعانت کرنا بغیر ولی یا پارلیمنٹ کی تحریری
منظوری کے) - (۲) غداری ؛ بد عہدی ؛ نمک حرامی ؛ بیوفائی -

constructive t. : فعل بمنزلہ بغاوت؛ جو بغاوت کی حیثیت
سے نہ کیا گیا ہو مگر قانوناً بغاوت میں داخل ہو -

misprision of t. : اخفائے بغاوت ؛ اخفائے سازش باغیانہ -

t.-felony : جرم بغاوت ؛ بادشاہ کو تخت سے اتارنے یا اس سے جنگ کرنے کی کوشش بلا غرض تبدیلی انتظام ؛ پارلیمنٹ کو دھمکانا یا کسی غیر ملک سے اپنے ملک پر حملہ کرانے کی تحریک کرنا -

treasonous, *a.* : باغیانہ ؛ غدارانہ -

Treasonable, *a.* : (۱) باغیانہ - (۲) جرم بغاوت کے متعلق -

treasonableness, *n.* : باغی یا باغیانہ ہونا -

treasonably, *adv.* : غداری سے ؛ باغیانہ طور پر -

Treasure (-ezher), *n.* & *v. t.* : (۱) زر و جواہر ؛ مال و دولت کا ذخیرہ ؛ خزانہ ؛ گنج - (۲) بیش بہا چیز ؛ خزانہ (جو کوئی چیز ندرت صنعت یا کسی بڑے آدمی یا واقعے کی نسبت کی وجہہ سے قابل قدر سمجھی جاتی ہو) - (۳) (بول چال) پیارا ؛ محبوب شخص ، خصوصاً بچہ - (۴) بڑا قابل یا کام کا آدمی مثلاً نوکر ؛ لاکھ روپئے کا آدمی - (۵) قابل قدر سمجھ کر حفاظت سے رکھنا ؛ خزانے کی طرح رکھنا - (۶) قدر کرنا؛ عزیز رکھنا - (۷) حافظے میں محفوظ رکھنا ؛ یاد رکھنا -

art tt. : آرٹ کے خزانے ؛ آرٹ کے نادر یا بیش بہا نمونے -

buried t. : دفینہ -

my t. : میرے پیارے ؛ میری جان -

the girl is a perfect t. : لڑکی لاکھ روپے میں سستی ہے -

t.-city : ذخیرہ گاہ ؛ وہ شہر جس میں ذخائر جمع ہوں -

t.-house : خزانہ خصوصاً نادر چیزوں کا -

t. trove : بر آمد شدہ دفینہ ؛ جو زمین سے بر آمد ہو اور جس کے مالک کا پتہ نہ ہو -

was absorbed in his latest t. : اپنی نئی دولت (تصویر یا کتاب) میں محو تھا -

Treasurer, *n.* : (۱) خازن؛ وہ شخص جس کی تحویل میں کسی انجمن ، کلب ، کمپنی وغیرہ کا سرمایہ ہو - (۲) خزانچی ؛ تحویل دار ؛ حاکم خزانہ ؛ افسر خزانہ -

Lord High Treasurer : (تاریخ) انگلستان کا خازن اعلی جس کے فرائض اب مجلس حکام خزانہ انجام دیتے ہیں -

T. of the Household : خازن صرف خاص ، جس کا رتبہ لارڈ اسٹیورڈ کے بعد ہے -

treasurership, *n.* : خازن ، خزانچی یا حاکم خزانہ کا عہدہ یا عہد کار کردگی -

Treasury, *n.* : (۱) خزانہ ؛ وہ مکان جس میں خزانہ رکھا جائے - (۲) (مجازاً) گنجینۂ علوم ؛ مخزن معلومات (کتاب یا شخص) (۳) خزانۂ ریاست ؛ وہ مکان جس میں ریاست کا خزانہ رکھا جائے - (۴) محکمۂ خزانہ ؛ عمال خزانہ -

T. Board, Lords (commissioners) of the T. : مجلس خزانہ ؛ حکام خزانہ جو برطانیہ کے خزانہ کے نگران ہیں جن میں *First Lord of the T.* یعنی وزیر اعظم ، اعلی افسر مالیات اور تین اور حکام خزانہ شامل ہیں -

T. bench : صف وزرا ؛ دارالعوام میں صدر کے داہنی ہاتھ کی پہلی بنچ جس پر وزیر اعظم (بلا شرطیکہ وہ امرا میں سے نہ ہو) اعلی افسر مالیات اور دیگر وزرا بیٹھتے ہیں -

t. bill : سرکاری ہنڈی جو خزانے کی طرف سے عارضی ضرورت پوری کرنے کے لیے جاری کیجاتی ہے -

t. note = *currency note* : (۱) دیکھو Currency - (۲) خزانے کے نوٹ جو سرکاری مطالبے کی ادائی میں کام آتے ہیں -

T. warrant : محکمۂ خزانہ کا حکم ادائگی -

Treat, *v. t.* & *i.* & *n.* : (۱) پیش آنا ؛ برتاؤ کرنا ؛ سلوک کرنا (*how did they t. you ?*) - (۲) (بات کو) کسی خاص رنگ میں لینا (*better t. it as a joke.*) - (۳) علاج کرنا ؛ تدبیر کرنا (*treated him for smallpox, How would you t. a sprained ankle ?*) - (۴) کوئی عمل کرنا ؛ کوئی کیمیاوی جز ملانا یاداخل کرنا (*must next be treated with sulphuric acid*) - (۵) (کسی خیال یا مضمون کو) ادا کرنا (ادب یا آرٹ میں) - (۶) ضیافت کرنا ؛ کھانا وغیرہ کھلانا ؛ تماشا دکھانا ؛ (*I will t. you all, think you might t. me to an ice, a theatre,*) - (۷) (کونسل وغیرہ کے امیدوار کا) رائے دھندوں کی دعوت یا خاطر تواضع کرکے ان کی رائے پر اثر ڈالنا - (۸) گفت وشنید کرنا (صلح وغیرہ کی) - (۹) لطف کی چیز ؛ نعمت؛ (*pantomime is a great t. to him, what a t. it is not to have to get up early*) - (۱۰) دعوت (کھانے کی یا تفریحی جلسے رغیرہ کی) -

school-t. : اسکول کے (خصوصاً اتواری اسکول کے) بچوں کی گوٹ -

stand t. : کھانے یا تفریحی جلسے کی دعوت کرنا ، یا اس کے مصارف برداشت کرنا -

t. of : بحث کرنا ؛ موضوع بحث ہونا -

treatable, *a.* : سلوک کے قابل وغیرہ -

treater, *n.* : برتاؤ کرنے والا وغیرہ -

treating, *n.* : ناجائز خاطر تواضع رائے دھندوں کی -

Treatise, *n.* : رسالہ (جو کسی خاص موضوع پر لکھا جائے) -

Treatment, *n.* : (۱) برتاؤ؛ سلوک - (۲) علاج ؛ تدبیر - (۳) عمل؛ کسی کیمیاوی جز کا ملانا یا داخل کرنا -

Treaty, *n.* : (۱) عہد نامہ (جو قوموں کے مابین باضابطہ کیا جائے) ؛ صلح نامہ - (۲) قرار داد ؛ معاہدہ (اشخاص کے مابین) -

be in t. : خرید و فروخت وغیرہ کی بات چیت ہونا ؛ گفت و شنید ہونا -

t. port : بندرگاہ جو غیر ملکیوں کی تجارت کے لیے حسب معاہدہ کھلی رکھنی پڑتی ہے -

Treble, *a.* & *n.* *v. t.* & *i.* : (۱) تہرا ؛ سہ گونہ - (۲) تگنا ؛ سہ چند - (۳) (بچے کی آواز) - (۳) - *soprano* = (۴) (تاش ؛ ہوسٹ ، برج وغیرہ کی ایک اصطلاح - (۵) تین سے ضرب دینا ؛ تگنا کرنا؛ سہ چند کرنا - (۶) تگنا ہو جانا ؛ سہ چند ہو جانا -

trebly, *adv.* : تہرا تہرا -

Trebuchet, Trebucket, *n.* : (۱) آلۂ جنگ جس سے پتھر پھینکے جاتے تھے ؛ سنگ انداز ؛ منجنیق - (۲) ایک طرح کا کانٹا ہلکی چیزوں کو تولنے کے لیے - (۳) کھٹکے دار پنجرا (چھوٹی چڑیوں کو پکڑنے کے لیے) -

Trecento (tratsh-), *n.* : اطالوی آرٹ اور ادب کی چودھویں صدی -

Trechometer, *n.* : دیکھو Hodometer -

Tree, *n.* & *v. t.* : (۱) پیڑ ؛ درخت؛ شجر - (۲) لکڑی کا ڈھانچا

یا چوکھٹا مختلف کاموں کے لیے - (۳) (قدیم) پھانسی؛ سولی؛ صلیب (خصوصاً وہ جس پر حضرت عیسیٰ مصلوب ہوئے) - (۴) = Christmas t. دیکھو Christmas - (۵) (ریاضی) شجرہ؛ نقشہ منشعب؛ نقشہ جس میں شاخ در شاخ خطوط ہوں - (۶) شجرۂ نسب (family or genealogical t.) - (۷) (جانور یا انسان کو) گھیر کر درخت پر چڑھانا؛ درخت پر پناہ لینے پر مجبور کرنا - (۸) جوتے کو قالب پر چڑھا کر ٹھیک کرنا -

at the top of the t. : چوٹی پر؛ انتہائی عروج پر (اپنے پیشے یا فن میں) -

axle, boot, roof, saddle, swingle.-t. : دیکھو Axle وغیرہ

t. agate : عقیق شجری؛ سنگ شجری؛ مشجر -

t. calf : چمڑے کی جلد جس پر درختوں کے نقوش ہوں؛ مشجر چرمی جلد -

t. -creeper : ایک قسم کا چھوٹا پرند -

t. -fern : اونچی قسم کا فرن -

t. -frog : (پانی اور خشکی میں رہنے والا) ایک قسم کا جل بھومیا جانور جو مینڈک سے مشابہ ہوتا ہے اور درخت پر چڑھ سکتا ہے -

t. -gorse : = Barnacle دیکھو -

t. -milk : ایک جڑاتی کا دودھ جو سیلون میں بجائے دودھ کے پیتے ہیں -

tree-nail : کیل یا کھونٹی سخت لکڑی کے تختوں کے جوڑنے کے لیے -

t. of knowledge, of good & evil : شجر علم؛ شجر ممنوعہ؛ (نیک و بد) (بائبل باب سوم پیدائش) -

t. of liberty : شجر حریت؛ جسے آزادی کے نشان کے طور پر منظر عام پر نصب کرتے ہیں -

t. of life : شجر حیات (پیدائش باب ۲ آیت ۹) -

up a t. : (مجازاً) زچ؛ ضیق میں -

treeless, *a.* : درختوں سے خالی -

treelessness, *n.* : درختوں سے خالی ہونا -

Trefoil, *n. & a.* : (۱) تپتیا پودا جس میں پھلیاں لگتی ہیں - (۲) کئی اور پودوں کا نام جن کی پتیاں سہ گوشہ ہوتی ہیں - (۳) تپتیا کام؛ سہ گوشہ نقش و نگار (کتاؤ وغیرہ کے کام میں) - (۴) سہ گوشہ وضع یا ترتیب کی (چیز) -

trefoiled, *a.* : سہ گوشہ وضع کا بنا ہوا -

Trehala *n.* : تیغال؛ شیر خشت کی قسم کی چیز جو ترکی اور ایران میں ایک کیڑے کے فضلے سے کوئے کی شکل میں بنتی ہے -

Trek, *v. i. & n.* : (جنوبی افریقہ) (۱) (بیل کا) گاڑی کھینچنا؛ بوجھ کھینچنا - (۲) بیل گاڑی میں سفر کرنا - (۳) نقل وطن کرنا؛ نقل مکان کرنا - (۴) (عامیانہ) بوریا بدھنا اٹھانا؛ چل دینا - (۵) بیل گاڑی کا سفر - (۶) نقل مکان؛ نقل وطن؛ اس سفر کی ہر منزل -

trekker, *n.* : بیل گاڑی میں سفر کرنے والا؛ نقل وطن کرنے والا -

Trellis, *n. & v.t.* : (۱) جعفری؛ (لکڑی، لوہے یا تار کی) جالی - (۲) جعفری یا جالی کا چھوٹا سا بنگلہ (جو باغ میں بنا ہو) - (۳) انگور کو جعفری یا ٹٹی پر چڑھانا -

Tremble, *v.i. & n.* : (۱) کانپنا؛ لرزنا؛ تھرانا؛ رعشہ ہونا - (۲) (مجازاً) خوف یا دہشت طاری ہونا؛ خوف سے لرزنا - (trembled with anger) - (۳) پتوں وغیرہ کا ہوا سے تھرتھرانا - (۴) لرزش؛ لرزہ؛ تھرتھراہٹ؛ کپکپی - (۵) لرزے کی بیماری خصوصاً مویشی کی -

fear and t. : ڈر اور خوف -

his fate trembles in the balance : اس کے لیے بڑا نازک وقت ہے -

his life trembles in the balance : اس کی جان سخت خطرے میں ہے -

I t. for his safety : مجھے اس کی سلامتی کی طرف سے سخت اندیشہ ہے -

trembling poplar : دیکھو Poplar -

was all of a t. : (بول چال) سر سے پاؤں تک کانپ رہا تھا -

tremblement, *n.* : (شعر) لرزہ؛ تھرتھری -

tremblingly, *adv.* : کانپتے ہوئے؛ ڈرتے ہوئے -

trembly, *a.* : لرزاں -

Trembler, *n.* : (۱) کانپنے والا وغیرہ - (۲) مرتعش نے جو خود بخود برقی حلقے کو توڑتی جوڑتی رہتی ہے - (۳) برقی گھنٹی -

Tremellose, *a.* : (نباتیات) جیلی کا سا؛ جیلی کی طرح ہلنے والا -

Tremendous, *a.* : (۱) ہولناک؛ مہیب؛ خوفناک؛ نہایت شدید - (۲) (بول چال) بڑا؛ بہت -

tremendously, *adv.* : (۱) خوفناک طور پر؛ خوفناک حد تک - (۲) (بول چال) بہت؛ نہایت -

tremendousness, *n.* : (۱) مہیب ہونا؛ خوفناک ہونا - (۲) (بول چال) بہت بڑا ہونا -

Tremolando, adv. (mus.) : (موسیقی) لرزتی ہوئی آواز میں -

Tremolant,-mulant, *n.* : آرگن باجے کا وہ پرزہ جس سے لرزتی ہوئی آواز پیدا ہوتی ہے -

Tremolo n. (mus.) : (۱) لرزتی ہوئی آواز جو باجے یا گلے سے پیدا کی جائے - (۲) ارگن باجے کا پرزہ جس سے یہ آواز پیدا ہوتی ہے -

Tremor, *n.* : (۱) لرزہ؛ کپکپی؛ رعشہ؛ تھرتھراہٹ - (۲) (موسیقی) (خوف، خوشی وغیرہ کی) لہر جو جسم میں دوڑ جائے -

intention t. : رعشہ قصدی؛ جو کسی عضو میں اس وقت پیدا ہوتا ہے جب اس سے کام لینے کا قصد کیا جائے -

metallic t. : رعشہ جو دھات کے کام کرنے والوں کو ہو جاتا ہے -

tremorless, *a.* : بے لرزہ؛ بے رعشہ -

Tremulous, *a.* : (۱) کانپتا ہوا؛ تھرتھراتا ہوا؛ لرزاں (t. leaves, voice, hand) - (۲) ڈرپوک؛ کم دلا؛ ہچکچانے والا -

t. line : خط جو کانپتے ہاتھ سے کھینچا جائے -

tremulously, *adv* : (۱) کانپتے ہوئے - (۲) ڈرتے ہوئے؛ ہچکچاتے ہوئے -

tremulousness, *n.* : (۱) لرزاں ہونا - (۲) کم دلاپن؛ ہچکچاہٹ -

Trenail = tree-nail, : دیکھو Tree -

Trench (-tsh), *v.t. & i. & n.* : (۱) خندق کھودنا؛ گہری نالی کھودنا - (۲) چھوٹے چھوٹے گڑھے پاس پاس کھود کر مٹی کو الٹ پلٹ کرنا؛ (کھیت وغیرہ کی) کھدائی کرنا - (۳) (لکڑی میں) نالیاں بنانا؛ کھانچے بنانا یا کاٹنا - (۴) خندق کھودتے ہوئے آگے

بڑھنا - (۵) مداخلت کرنا (حقوق میں)؛ خلل انداز ہونا (خلوت، اوقات وغیرہ میں)- (۶) (العاد ، بیہودگی وغیرہ کی) حد تک پہنچنا - (۷) کھائی ؛ گہری نالی - (۸) (فوج) خندق ؛ جو عموماً سات فٹ گہری ہوتی ہے اور اس کے دونوں کناروں پر مٹی کا دھس بنا دیا جاتا ہے -

mount the tt. : خندق میں پہرا دینا -

open the tt. : خندق کی کھدائی شروع کرنا -

t.-cart : نیچے پہیوں کی ہاتھ سے چلانے والی گاڑی جو خندق میں چلائی جاتی ہے -

t. coat : سپاہیوں کی برساتی ؛ باران کوٹ -

t. foot : پاؤں کی کھال کا پانی میں کھڑے رہنے سے گل جانا -

t. mortar : خندق توپ ؛ ہلکی توپ جو تھوڑے فاصلے پر شدت سے گولہ باری کرتی ہے -

trencher, *n.* : خندق کھودنے والا وغیرہ -

Trenchant, *a.* : (۱) تیز ؛ بران (*t. sword, blade*) (اب اس معنی میں شاذ ہے) - (۲) پرزور ؛ گرم ؛ سخت (اسلوب بیان ، تنقید ، پالسی وغیرہ) -

trenchancy, *n.* : زور ؛ حدت ؛ سختی -

trenchantly, *adv.* : پرزور طریقے سے ؛ گرم طریقے سے ؛ سختی سے -

Trencher (for t. see Trench), *n.*: (۱) *trench* کا اسم فاعل- (۲) کٹھوتی ؛ لکڑی کی بڑی رکابی جس میں نان پاؤ رکھ کر کاٹتے ہیں - (۳) (قدیم) دستر خوان کے مزے ؛ خورد و نوش -

great, small, poor &c. trencherman : خوش خوراک ؛ پرخور ؛ کم خوراک -

t. companions : طفیلی رفیق یا دوست -

t. cap : چوکور ٹوپی جو کالجوں میں پہنتے ہیں -

t.-fed : (شکاری کتے) جو ایک ساتھ نہیں رکھے جاتے بلکہ مختلف شکاری انہیں الگ الگ پالتے ہیں -

t.-valiant : دستر خوان کا بہادر -

Trend, *v.i. & n.* : (۱) کوئی خاص رخ ہونا ؛ کسی خاص سمت میں مڑنا (*coast trends towards the south*) - (۲) (مجازاً) مائل ہونا ؛ میلان ہونا ؛ رجحان ہونا - (۳) عام رجحان ؛ میلان ؛ رخ (خصوصاً واقعات، رائے وغیرہ کا) -

Trental, *n.* : روزانہ تیس دعاؤں کا سلسلہ (جو مردے کی مغفرت کے لیے پڑھی جائیں) -

Trente-et-quarante(F) ,*n.* = Rouge-et-noir: دیکھو Rouge-

Trepan, *n. & v. t.* (-nn-) : (۱) ترپان؛ استوانی شکل کا جراحی منشار (چھوٹا آرہ) جس سے کھوپڑی کی ہڈی کاٹ کر سوراخ کرتے ہیں - (۲) برما مشین (جس سے کان میں کھڑی سرنگ کھودی جاتی ہے)- (۳) ترپان سے کھوپڑی میں سوراخ کرنا -

trepanation, trepanning, *nn.* : ترپان کا عمل جراحی؛ کھوپڑی میں سوراخ کرنا یا کیا جانا -

Trepan, *v.t.* (-nn-) : پھانسنا؛ پھانس کر لانا یا لے جانا ؛ بہکا کر کرانا (کوئی کام) -

Trepang, *n.* : ایک قسم کا گھونگا جس کی یخنی چین میں پی جاتی ہے -

Trephine (- en, - in) *n. & v. t.* : (۱) ترفین ؛ ترپان کی ترقی یافتہ شکل؛ کھوپڑی میں سوراخ کرنے کا آلۂ جراحی - (۲) ترفین سے کھوپڑی یا دیدے پر عمل جراحی کرنا -

Trepidation, *n.* : (۱) خوف؛ گھبراہٹ؛ بے چینی - (۲) رعشہ جو فالج وغیرہ کی وجہ سے ہوجاتا ہے - (۳) (تاریخ ہئیت) مسیر شمس کا اہتزاز جو پہلے اعتدال شب و روز کا سبب سمجھا جاتا تھا -

Trespass , *v. i. & n.* : (۱) مداخلت بے جا کرنا ؛ مخل ہونا - (۲) (مجازاً) (تکلف کی گفتگو میں) زحمت دینا؛ بار ڈالنا؛ بے جا فائدہ اٹھانا (*shall t. on your hospitality*)- (۳) (اب صرف ادبی زبان کے لیے مخصوص ہے) خلاف ورزی کرنا (قانون یا اصول کی) ؛ پامال کرنا (حقوق کا) ؛ قصور کرنا (کسی شخص کا) - (۴) خلاف ورزی؛ قصور - (۵) (قانون) خلاف ورزی قانون ؛ خلاف قانون فعل یا ترک فعل - (۶) (قانون) مداخلت بےجا یا مجرمانہ - (۷) (نیز *action of t.*) مداخلت بے جا کی بناء پر ہرجانے کا دعویٰ -

t.-offering : قربانی جو شریعت موسوی سے انحراف کرنے والا کفارے کے طور پر کرے؛ قربانیء کفارہ -

t. on one's preserves : کسی کے مخصوص میدان یا دائرۂ عمل میں مداخلت کرنا -

trespasser, *n.* : (۱) مداخلت بے جا کرنے والا - (۲)خطا کار؛ قصور وار -

Tress, *n. & v. t.* : (۱) سر کے بالوں کی لٹ؛ زلف؛ کاکل ؛ گیسو (خصوصاً عورت یا لڑکی کے) - (۲) (جمع) سر کے بال (خصوصاً عورت یا لڑکی کے) - (۳) زلفیں بنانا -

(-) **tressed,** *a.* : (—) بالوں کا ؛ (—) زلفوں کا -

tressy, *a.* : زلفوں سے آراستہ -

Trestle (-sl), *n.* : (۱) قینچی دار پایوں کی بیٹھک جس پر تختہ رکھ کر میز وغیرہ بنالیتے ہیں ؛ قینچی دار گھوڑی - (۲) (نیز *t. work*) (پل وغیرہ کے) قینچی دار پایوں کا سلسلہ - (۳) (بحری؛ نیز *t. tree*) نچلے مستول میں دھری افقی لکڑیاں جن کے سہارے سب سے اونچا مستول کھڑا رہتا ہے -

Tret, *n.* : گھاٹا؛ زائد مقدار جو بعض اشیاء کے خریداروں کو دیتے ہیں تاکہ جتنا حصہ نقل و حمل میں ضایع ہو اس کی کمی پوری ہو جائے -

Trevet : دیکھو Trivate -

Trews, *n. pl.* : اسکاٹستان کے پہاڑیوں کا دھاری دار پتلون -

Trey (-a), *n.* : (۱) (تاش) تکی- (۲) تیا؛ پانسہ جس پر تین صفر بنے ہوں -

Tri- (*- i - before vowel & before consonant exc. as shown*) *pref.* : سابقہ لاطینی اور یونانی سے ماخوذ بہ معنی تہرا -

-adelphous, : سہ پند؛ جس کے حامل زر کے تین الگ الگ حصے ہوں -

-androus : سہ نر؛ جس میں تین حامل زر ہوں -

-apsidal : سہ طاق؛ جس میں تین محراب دار طاق ہوں -

-basic: سہ باسہ؛ جس میں ہائیڈروجن کے تین جوہر ہوتے ہیں جو باسے سے بدلے جاسکتے ہیں -

-brachial (- k -) : تین ہتھوں کا اوزار خصوصاً چقماق پتھر کا-

-capsular : (نباتیات؛ حیوانیات) سہ تبہ ؛ جس کے ہر پھول میں تین تریاں ہوں -

-carpous : (۱) سہ دانہ جس میں تین پھل لگے ہوں - (۲) سہ بقہ ؛ جس میں تین بقچۂ گل ہوں -

-centenary : دیکھو Trecentenary -

-chord (-k-) : (۱) تین تار کا باجا خصوصاً ستار وغیرہ - (۲) پیانو جس میں ہر سر کے تین پردے ہوں -

-chromatic : (۱) سہ رنگ ؛ تین رنگ کا - (۲) سہ رنگ بین ؛ جس کی نظر سرخ ، سبز اور ارغوانی رنگ کے پہچاننے کی طبعی قوت رکھتی ہو -

-chromatic photography. = three colour process : سہ رنگی طریق مصوری؛ جس میں سرخ نیلے اور زرد رنگ کی مدد سے چیزوں کا اصلی رنگ دکھایا جاتا ہے —

-chromatism, n. : سہ رنگ بینی -

-corn : (۱) سہ شاخہ؛ تین سینگ کا- (۲) سہ گوشہ ہیٹ - (۳) (عوام corne بھی کہتے ہیں) فرانسیسی مسلح پولس کی دو گوشہ ٹوپی -

-corporal, -corporate (-at) : (نقابت) (وہ شکل) جس میں تین دھڑ اور ایک سر ہو ؛ سہ پیکر -

-cotyledonous : (نباتیات) سہ فلقہ؛ جس میں تین دالیں ہوں-

-crotic : سہ ضربی؛ نبض جس میں تین ضربیں ہوں -

-cuspid : سہ نوکی؛ جس میں تین نوکیں ہوں -

-dactylous : سہ انگشت ؛ جس کے ہاتھ میں یا پیر میں تین انگلیاں ہوں؛ تنگلیا -

-dentate : سہ دندان ؛ سہ دندانہ ؛ سہ شاخہ -

-digitate : = دیکھو dactyl -

-dimensional : سہ ابعادی -

-facial, -geminus (۱) عصب مثلثی کا - (۲) عصب مثلثی-

-floral, -florous : سہ گل؛ جس میں تین پھول آئیں -

-foliate, -foliolate : (۱) سہ ورقی پتی - (۲) پودا جس میں سہ ورقی پتیاں ہوں -

-foliated: (۱)(نباتیات) *foliate* (۲)(تعمیر)تپتیا نقش و نگارکا-

-form (ed) : تہرا ؛ جس کے تین حصے یا جسم ہوں -

-furcate (-at) a. : (۱) سہ شعبہ ؛ سہ شاخہ - (۲) تین شعبوں یا شاخوں میں تقسیم کرنا یا ہونا -

-geminal, a. & n. : (۱) تہرا ؛ سہ توام - (۲) عصب مثلثی کا - (۳) عصب مثلثی -

-geminus : عصب مثلثی؛ کھوپڑی کا وہ عصب جو حرکت' حس اور ذائقے کے تین وظائف انجام دیتا ہے -

-glot : سہ لسانی ؛ تین زبانوں میں لکھا ہوا -

-goneutic : (حشراتیات) سال میں بچوں کے تین جھول نکالنے والا -

-gram, -graph : تین حروف کا مجموعہ جو ایک آواز دے -

-gynous (trij-) : سہ بقچہ؛ جس میں تین بقچۂ گل ہوں -

-hedral : سہ سطحی ؛ جس میں تین سطحیں ہوں -

-jugate, -jugous: (نباتیات) سہ جفتہ؛ جس میں تین جوڑے ہوں-

-labe : سہ شاخی سنسی ؛ جراحی کا ایک سہ شاخہ اوزار پتھری وغیرہ نکالنے کا -

-labiate : تین ہونٹوں والا ؛ سہ لب -

-laminar : سہ طبقہ ؛ تین پرتوں والا -

-lateral, a. & n. (adv. -lly) : (۱) سہ پہلو - (۲) سہ طرفہ ؛ جس میں تین فریق ہوں - (۳) مثلث ؛ تکونا قطعہ ، خطہ وغیرہ -

-lemma : تین میں سے کوئی ایک چننے کا اختیار -

-linear : سہ خطی ؛ جو تین خطوں سے بنا ہوا ہو -

-lingual : سہ لسانی ؛ جو تین زبانوں میں ہو؛ تین زبانوں کا -

-literal : (۱) سہ حرفی - (۲) (سامی زبان میں) جن کے اکثر مادوں میں تین حروف صحیح ہوتے ہیں؛ ثلاثی -

-literalism, -literality, nn. : ثلاثیت -

-lith : سنگ دوہ ؛ قدیم زمانے کی یادگار جس میں دو کھڑے پتھروں پر ایک بڑا پتھر رکھ کر در کی شکل بنا دیتے ہیں -

-lithic, a. : سنگ درے کا -

-lobate : سہ لو ، جس میں تین لو یا گوشے ہوں -

-lobite : سہ فلقہ ؛ ابتدائی دور حیات کا وہ جانور جس کا جسم تین حصوں میں منقسم ہوتا تھا -

-lobitic, a. : سہ فلقی -

-locular : سہ خانہ ؛ سہ خلیہ -

-mensual, -mestr (i) al : سہ ماہی -

-merous, 3-merous: تین اعضا یا جوڑ کا ؛ سہ عضوی؛ سہ مفصلی-

-morphism : سہ شکلی ہونا -

-morphous : (حیوانیات ، نباتیات وغیرہ) سہ شکلی؛ جو تین الگ الگ صورتوں میں موجود ہو -

-nervate : سہ عصبی -

-nodal : (تشریح ، نباتیات) تین جوڑ کا ؛ سہ مفصلی -

-nomial, a. & n. : (جبر و مقابلہ) ثلاثی ؛ تین رقموں کا مجموعہ یا مساوات -

-nomialism : سہ لفظی تسمیہ ؛ تین لفظ کے نام رکھنا -

-oecious (-es-): سہ گل؛ (وہ پودا) جس میں نر ، مادہ ، اور نر مادی پھول الگ الگ پودوں میں آتے ہوں -

-oxide : وہ آکسائیڈ جس میں آکسیجن کے تین جوہر ہوں -

-pennate : دیکھو Pinnate -

-petalous : سہ رخسار ؛ تین پنکھڑیوں کا -

-phthong (-i-) : تین حروف علت کا مجموعہ جو ایک حرف کی آواز دیتا ہے ؛ مثلث علت -

-phthongal (-nggl) : مثلث علت کا -

-phyllous : سہ برگ ؛ تین پتیوں کا -

-pinnate : سہ پرا ؛ جس میں پتیوں کے تین سلسلے پر کی شکل کے ہوتے ہیں -

-radial, -radiate (d) : سہ شعاعی ؛ جس کی شعاعیں یا شاخیں تین سمتوں میں پھیلی ہوں -

-serial, -seriate : سہ سلسلہ ؛ سہ قطاری ؛ جو تین قطاروں میں ہو (تشریح ، نباتیات) -

-spermous : سہ تخمی ؛ جس میں تین بیج ہوں -

-sporic, -sporous : سہ تخمک -

-stichous (tristik-) : (نباتیات) سہ عمودی ؛ جو تین عمودی قطاروں میں ہو -

-stigmatic : (نباتیات) سہ سر؛ جس میں تین سربقچہ ہوں-

-stylous : (نباتیات) سہ گردن؛ جس میں تین گردن بقچہ ہوں-

-sulcate : (نباتیات) سہ خیارہ ؛ جس میں تین جھیریاں یا نالیاں ہوں ؛ (حیوانیات) سہ انگشت ؛ سہ سم ؛ جس میں تین انگلیاں یا سم ہوں -

-ternate : سہ رکنی مکرر ؛ جس میں تین تین پتوں کے تو مجموعے ہوں -

-tone : وقفہ بقدر تین سروں کے -

-valent : سہ ترکیبی ؛ ہائیڈروجن کے تین جوہروں سے مرکب ہونے کی قوت رکھنے والا -

Triable, *a.* : قابل آزمائش ؛ تجربے کے لائق ؛ قابل امتحان -

Triacontahedral, *a.* : سی ضلعی ؛ سی سطحی ؛ تیس ضلعوں یا سطحوں کا -

Triad, *n.* : (۱) تین کا جوڑ یا مجموعہ ؛ تکڑی ؛ تثلیث - (۲) (کیمیا) وہ عنصر جس کا ایک جوہر ہائیڈروجن کے تین جوہروں سے مرکب ہو سکے - (۳) (موسیقی) تین سروں کا - (۴) ویلش زبان میں نظم و نثر کی وہ صنف جس میں ہر موضوع تین حصوں میں تقسیم کیا جاتا ہے ؛ سہ فقرہ -

triadic, *a.* : (۱) تثلیثی - (۲) سہ تڑی -

Triage, *n.* : بن کا پھوک جو قہوہ بنانے کے بعد باقی رہ جاتا ہے -

Trial, *n.* : (۱) آزمائش ؛ تجربہ ؛ امتحان - (۲) آزمائشی (*t. ascents with an aeroplane*) - (۳) (*t. match* کا مخفف) آزمائشی مقابلہ (فٹ بال وغیرہ کا) - (۴) دوڑ وغیرہ کا ابتدائی مقابلہ (فائنل سے پہلے) - (۵) تکلیف دہ چیز یا شخص - (۶) مصیبت ؛ تکلیف (*old age has many tt.*) - (۷) عدالتی تحقیقات ؛ مقدمہ (*was on his t.*) -

method of t. and error : (ریاضی) طریقۂ آزمائشی جس میں نا معلوم رقم کی کوئی قیمت فرض کر کے دیکھتے ہیں کہ جواب میں کس حد تک غلطی ہے اور پھر اس سے صحیح قیمت معلوم کر لیتے ہیں -

on t. : امتحاناً ؛ اس شرط پر کہ اگر اچھا ہو تو رکھا جائے ورنہ واپس کر دیا جائے -

stood or underwent t. for murder : اس پر قتل کا مقدمہ چلایا گیا -

t. balance : دو رقمی حساب میں آزمائشی بقایا ؛ میزان جمع خرچ کا مقابلہ جس سے کھاتے کی غلطی معلوم کی جاتی ہے -

t. eights : آزمائشی فریق ؛ کشتی چلانے والوں کے آٹھ آٹھ آدمیوں کے دو فریق جن میں سے کشتی رانی کے مقابلے کے لیے ٹیم منتخب کی جاتی ہے -

t. marriage : آزمائشی شادی ؛ مرد عورت کا بے نکاح کے میاں بیوی کی طرح رہنا -

t. of the pyx : دیکھو Pyx -

t. run : موٹر کار کا آزمائشی چکر -

t. trip : (۱) جہاز کا آزمائشی سفر - (۲) (مجازاً) آزمائش ؛ تجربہ -

was on his t. : اس پر مقدمہ چل رہا تھا -

will give you a t. : تم کو امتحاناً رکھوں گا -

will make the t. : اس کا تجربہ کروں گا -

Triangle, *n.* : (۱) مثلث - (۲) مثلث کی سی شکل ؛ فرضی مثلث جو تین نقطوں کے درمیان جو ایک سیدھ میں نہ ہوں سمجھا لیا جائے - (۳) مثلث شکل کا اوزار مثلاً گنیا - (۴) تکڑا ؛ تین لٹھوں کو ملا کر بنائی ہوئی چیز جس سے زور لگا کر بوجھ اٹھاتے ہیں - (۵) (موسیقی) (صیقل شدہ فولاد کا) تکونا تڑا ، ایک کونے پر کھلا ہوا جو فولاد کے ڈنڈے سے بجایا جاتا ہے - (۶) (تاریخ) ٹکٹکی ؛ جس سے باندھ کر سپاہیوں کو کوڑے لگائے جاتے تھے - (۷) (*T.*) (ہیئت) صور شمالیہ میں سے ایک صورت -

equilateral t. : مثلث مساوی الاضلاع -

isosceles t. : مثلث مساوی الساقین -

right-angled t. : قائم الزاویہ مثلث -

scalene t. : مثلث مختلف الاضلاع -

solution of a t. : مثلث کا حل ؛ دیے ہوئے ضلعوں اور زاویوں سے بقیہ ضلعوں اور زاویوں کا معلوم کرنا -

spherical t. : مثلث کروی (جو سطح کروی پر تین بڑے دائروں کے تقاطع سے پیدا ہو) -

the eternal t. : ناگزیر تثلیث ، عاشق معشوق اور رقیب کی -

the tt. of the neck : گردن کے دو مثلث حصے جو جراحی کے نقطۂ نظر سے کیے گئے ہیں -

t. of forces : (۱) قوتوں کا مثلث ؛ جس کے اضلاع مقدار اور سمت کے لحاظ سے تین متوازن قوتوں کو ظاہر کرتے ہیں - (۲) یہ مسئلہ کہ تین متوازن قوتیں ہمیشہ ایک مثلث سے ظاہر کی جاسکتی ہیں -

Trinagular, *a.* : مثلث شکل کا ؛ تکونا -

t. compasses : تپایہ قطب نما -

t. numbers : اعداد مسلسل ۱ - ۲ - ۳ - ۴ - وغیرہ کی میزانوں کا سلسلہ - (۳ - ۶ - ۱۰ - ۱۵ - ۲۱ - وغیرہ) -

t. pyramid : مخروط مثلث (جس کا قاعدہ مثلث شکل کا ہو) -

t. treaty, duel, &c. : سہ طرفہ ؛ تین فریقوں کا عہد نامہ وغیرہ -

triangularity, *n.* : مثلثیت -

triangularly, *adv.* : مثلث کی شکل میں -

trianguloid, *a.* : مثلث نما -

Triangulate, *v. t.* : (۱) مثلث بنا دینا ؛ مثلث کی شکل کا بنا دینا - (۲) رقبے کو مثلثوں میں تقسیم کرنا (پیمائش کی سہولت کی غرض سے) - (۳) (رقبے کے مثلث بناکر) فاصلہ یا بلندی معلوم کرنا -

triangulation, *n.* : تقسیم مثلثی ؛ پیمائش مثلثی -

Triangulate, *a.* : (حیوانیات) مثلثوں میں تقسیم کیا ہوا -

triangulately, *adv.* : مثلثوں میں ؛ مثلث حصوں میں -

Trias, *n.* : (ارضیات) زیر جوراسی چٹانوں کا طبقہ ؛ وہ طبقہ جو *Jurassic* چٹانوں کے نیچے واقع ہے -

triassic, *a.* : زیر جوراسی -

Triatic stay, *n.* : (بحری) وہ رسا جو دو مستولی کشتیوں میں اگلے اور پچھلے مستول کی چوٹیوں کو جوڑتا ہے -

Tribadism, *n.* : چپٹی ؛ طبق زنی ؛ خلاف وضع فطری فعل جو ایک عورت دوسری عورت کے ساتھ کرتی ہے -

Tribalism, *n.* : قبائلی تنظیم ؛ معاشرے کی تقسیم قبیلوں میں -

Tribe, *n.* : (۱) جرگہ ؛ قبیلہ ؛ غیر متمدن انسانوں کا گروہ جو ایک سردار کے ماتحت ہو - (۲) (تاریخ روما) ان جماعتوں میں سے ایک

جماعت جن میں اهل روما سیاسی اعتبار سے منقسم تھے؛ معشر - (۳) جماعت؛ گروہ ؛ فرقہ؛ شعبہ - (۴) (حیوانیات) پودوں اور جانوروں کی قسمت جو جنس سے چھوٹی اور صنف یا خاندان سے بڑی هو ؛ گروہ (۵) (عموماً حقارت کے موقع پر) کسی خاص پیشے وغیرہ کے لوگ؛ ٹولی؛ قوم -(*the whole t. of parasites, actors*) -

the lost tt. : جلا وطن اسباط ؛ اسباط عشرہ جو جلا وطن کردیے گئے تھے -

the scribbling t. : اهل قلم کی ٹولی -

the ten tt. : (بنی اسرائیل کے) شعب عشرہ ؛ (یهودا اور بن یامین کے شعبوں کو چھوڑ کر) اسباط عشرہ -

the twelve tt. of the Israelites : بنی اسرائیل کے بارہ شعب یا اسباط -

tribesman : (۱) کسی قبیلے کا مرد - (۲) اپنے قبیلے کا آدمی ؛ هم قبیلہ -

tribal, *a.* : قبائلی ؛ قبیلے یا قبیلوں کا -

tribally, *adv.* : قبیلوں میں -

Triblet, tribolet, *n.* : لوہے کا کھونٹا جس پر نلکی ' چھلے وغیرہ گھڑتے هیں ؛ گھڑنی -

Tribometer, *n.* : برف گاڑی کی شکل کا آلہ جس سے رگڑ ناپتے هیں ؛ دلک پیما -

Tribrach (-k), *n.* : (عروض) رکن شعر جس میں تین چھوٹے بول هوں ؛ ثلاثی قصیر -

tribrachic, *a.* : ثلاثی قصیر کا -

Tribulation, *n* : مصیبت ؛ دکھ -

Tribunal, *n.* : (۱) کرسی عدالت ؛ مسند عدالت ؛ مجسٹریٹ یا جج کی نشست - (۲) (خطابت) عدالت - (۳) (جنگ عظیم) مقامی کمیٹی جو فوجی خدمت سے استثنا کی درخواستوں پر غور کرتی تھی -

Tribune, *n.* : (۱) (تاریخ روما) وکیل جمهور (ان دو یا دس اشخاص میں سے ایک جو جمهور کی طرف سے منتخب کئے جاتے تھے اور حکومت کے مقابلے میں ان کے حقوق کی حفاظت کرتے تھے)- (۲) (تاریخ روما) فوجی افسر ؛ مالی افسر وغیرہ ؛ حاکم - (۳) (عموماً اخبار کے نام کے طور پر) حامی جمهور-

tribunary, *a.* : وکیل جمهور کا ؛ وکلاے جمهور کا -

tribunate, : وکیل جمهور کا عهدہ یا عهد کار کردگی -

tribuneship, *n.* : وکالت جمهور ؛ وکیل جمهور کا عهدہ یا عهد کار کردگی -

tribunicial, tribunician(-shn)tribunitial(-shl),*aa.* : وکیل جمهور کا ؛ وکالت جمهور کا -

Tribune, *n.* : (۱) شہ نشین (جو روما کی عدالتوں کے محراب میں مجسٹریٹ کے بیٹھنے کے لیے هوتا تھا) - (۲) (رومی باسلیق یا گرجا میں) اسقف کا تخت یا وہ محراب جس میں یہ تخت رکھا هو - (۳) پلیٹ فارم' منبر وغیرہ جہاں سے تقریر کیجائے خصوصاً فرانس کی پارلیمنٹ کی تقریر گاہ -

Tributary, *a.* & *n.* : (۱) باج گزار (*t. States*) - (۲) امدادی (فوج وغیرہ) - (۳) معاون (دریا) - (۴) باج گزار ریاست یا شخص؛ معاون دریا -

tributarily, *adv.* : (۱) معاون یا باج گزار کے طور پر ؛ باج گزارانہ - (۲) امدادی طور پر -

tributariness, *n.* : باج گزاری -

Tribute, *n.* : (۱) باج ؛ خراج ؛ جو ایک ریاست یا حکمران دوسرے کو ادا کرے - (۲) باج گزاری کی حالت (*laid under t.*)- (۳) (مجازاً) خراج عقیدت؛ نذر عقیدت ؛ خراج تحسین ؛ نذر ؛ هدیہ (*the tt. of her admirers*) - (۴) (کان کنی) کچی دهات جو مزدوروں کو اجرت کے طور پر دیجائے ؛ معاوضہ بالجنس (کان کنوں کا -)

floral tt. : پھولوں کی نذر جو ایکٹریسوں وغیرہ کو یا قبر پر پیش کی جائے ؛ گل هاے عقیدت -

t.-work : وہ کام جو معاوضہ بالجنس پر کرایا جائے -

Tricar, *n.* : تین پہیوں کی موٹر کار -

Trice, *v. t.* : (۱) (بحری) چڑھانا (باد بان) - (۲) کھینچنا ؛ گھسیٹنا - (۳) باندھنا -

Trice, *n.* : دم بھر میں ؛ چشم زدن میں (*in a t.*) -

Triceps, *a.* & *n.* : (۱) سہ سر (عضلہ) - (۲) سہ سر عضلہ خصوصاً بازو کا -

Trichi, دیکھو Trichinopoli -

Trichiasis, *n.* : (۱) بول الشعر ؛ ایک مرض جس میں پیشاب میں بال جیسے ریشے خارج هوتے هیں - (۲) (زچہ کے) پستان کا ورم جس کی وجہ سے دودھ کم نکلتا هے - (۳) پر بال ؛ آنکھوں کا مرض جس میں پپوٹے کے اندر بال نکل آتے هیں - (۴) ایک بیماری جس میں بال الجھ کر رہ جاتے هیں -

Trichina, *n.* (pl. -ae) : ترخینا ؛ بال کے مانند کیڑا جو سور ' چوهے وغیرہ کے جسم میں هوتا هے اور سور کا کم گلا هوا گوشت کھانے سے انسان کے جسم میں داخل هو جاتا هے اور اکثر مهلک مرض پیدا کرتا هے -

trichiniasis, *n.* : مرض ترخینا -

trichinization, *n.* : ترخینا کا مرض هو جانا یا پیدا کرنا -

trichinize, *v. t.* : ترخینا کا مرض هونا یا پیدا کرنا -

trichinosis, *n.* : مرض ترخینا -

trichinosed, trichinotic, trichinous, *aa.* : (۱) جس میں ترخینا کیڑے هوں - (۲) ترخینا کا مریض ؛ ترخینا زدہ -

Trichinopoli, *n.* : ترچناپلی کا بنا هوا چرٹ -

Tricho- *in comb* : (ترکیبی صورت ؛ حرف علت کے پہلے *trich*) یونانی لفظ *thrix trikhos* سے ماخوذ جس کے معنی بال کے هیں -

-gen, *n.* : بال بڑھانے کی دوا -

-genous, *a.* : بال بڑھانے والی ؛ مرافزا -

-logy : مبحث شعر ؛ تشریح کا وہ حصہ جس میں بالوں کا مطالعہ کیا جاتا هے -

-pathic, *a.* : بالوں کے علاج کے متعلق -

-pathy, *n.* : بالوں کے امراض کا علاج -

Trichome, *n.* : روئیں یا اور کوئی چیز جو پودوں کی چھال پر اگتی هے ؛ روئیدگی -

Trichosis, *n.* : بالوں کی بیماری ؛ مرض شعری -

Trichotomy *n.* : تقسیم ثلاثی ؛ کسی چیز کی تقسیم

تین حصوں میں خصوصاً وجود انسانی کی جسم ؛ نفس اور روح میں -

trichotomus, *a.* : تقسیم ثلاثی کا -

Trick, *n. & v. t. & i.* : (۱) چال ؛ فریب ؛ جوڑ (*I suspect some t.*) - (۲) خاص ترکیب ؛ گھات ؛ ڈھب ؛ داؤ ؛ پیچ ؛ کرتب - (۳) خاص عادت ؛ حرکت ؛ انداز وغیرہ (*has a t. of repeating these are private school tt., disfigured by tt., must cure himself of the t. of archaism*) - (۴) بری حرکت ؛ شیطانی حرکت ؛ شرارت - (۵) (تاش) ہاتھ ؛ پتے جو ایک بار میں کھیلے جائیں - (۶) (بحری) پتوار یا سکان چلانے کی ایک باری (جو عموماً دو گھنٹے کی ہوتی ہے) - (۷) فریب دینا ؛ دھوکا دینا ؛ دھوکا دے کر پھانسنا ؛ کچھ لے لینا ؛ کوئی کام کرانا وغیرہ - (۸) (کسی چیز کا) دغا دینا ؛ توقع کے مطابق نہ ثابت ہونا ؛ یکایک واقع ہونا ؛ بے خبری میں آلینا - (۹) شرارت کرنا ؛ شیطانی حرکتیں کرنا - (۱۰) پہنانا (لباس) ؛ آراستہ کرنا -

conjurer's tt. : مداری کے کرتب -

lost, saved the t. : ہاتھ کھودیا ؛ لے لیا -

shall soon get or learn the t. of it : اس کا ڈھب بہت جلد آجائیگا -

that'll do the t. : اس سے کام بن جائیگا ؛ مقصد حاصل ہو جائیگا -

the odd t. : دیکھو Odd -

t. cyclist : سائیکل کے کرتب دکھانے والا -

t. line : لاگ ڈوری ؛ چپ سوانگ میں وہ ڈوری جس سے منظر بدلنے میں کام لیا جاتا ہے -

t. of the trade : کسی پیشے کا گر -

t. scene : لاگ سوانگ ؛ وہ منظر جو پردہ گرائے بغیر دکھایا جائے -

t. wig : سر کے مصنوعی بالوں کا قالب جس کے ذریعہ بال کھڑے بھی ہو جاتے ہیں -

tricker, *n.* : چال باز ؛ فریبی -

trickery, *n.* : دھوکا ؛ فریب ؛ دغا -

trickish, *a.* : اب شاذ ہے Tricky =

trickster, *n.* : دغا باز ؛ فریبی -

Trickle, *v. i. & t. & n.* : (۱) (سیال شے کا) قطرہ قطرہ ہوکر گرنا یا بہنا ؛ ٹپکنا ؛ رسنا - (۲) (مجازاً) بات پھوٹنا ؛ (خبر کا) ظاہر ہو جانا - (۳) قطرہ قطرہ کرکے گرانا ؛ ٹپکانا - (۴) قطروں کا سلسلہ ؛ پتلی سی دھار -

the information trickled out : خبر ظاہر ہوگئی -

t. charger : مخزن برق جس سے (مورچے وغیرہ میں) بہت آہستہ آہستہ بجلی بھری جاتی ہے -

tricklet, *n.* : بہت پتلی سی دھار ؛ چھوٹی سی دھار -

trickly, *a.* : ٹپکتا ہوا ؛ رستا ہوا -

Tricksy, *a.* : (۱) چنچل ؛ اچپل ؛ شوخ - (۲) انوکھا ؛ عجیب -

Trick-track, tick-tack, *n.* : چوسر کی طرح کا ایک پیچیدہ کھیل -

Tricky, *a.* : (۱) فریبی ؛ دغا باز - (۲) چالاک ؛ کائیاں ؛ ہوشیار - (۳) نازک ؛ مشکل ؛ نہایت ہوشیاری یا احتیاط سے کرنے کا ؛ پیچدار -

trickily, *adv.* : دغا بازی سے ؛ چالاکی سے -

trickiness, *n.* : دغا بازی ؛ چالاکی -

Triclinium, *n.* (pl. -ia) : (قدیم روما) (۱) کھانے کی میز جس کے تین طرف کوچیں لگی ہوتی تھیں - (۲) وہ کمرہ جس میں یہ میز ہو ؛ سہ نشین -

Tricoline, *n.* : ایک سوتی پاپلین جو ریشم کی طرح معلوم ہوتی ہے -

Tricolour, -or, *a. & n.* : (۱) (نیز *tricoloured, a.*) سہ رنگی ؛ تین رنگ کا - (۲) سہ رنگی جھنڈا جس میں تینوں رنگوں کے ٹکڑے قریب قریب برابر ہوں ؛ خصوصاً فرانس کا فوجی جھنڈا (سرخ ؛ سفید ؛ نیلے رنگ کا) -

Tricot, (treco), *n.* : (۱) ٹریکو ؛ ایک قسم کا ہاتھ کا بنا ہوا اونی کپڑا - (۲) نقلی ٹریکو - (۳) ایک قسم کا ابھری ہوئی دھاریوں کا کپڑا -

t.-stitch : کروشیا کا ایک خاص ٹانکا -

Tricycle, *n. & v. i. & t.* : (۱) تین پہیوں کی سائیکل ؛ تپیہ ؛ ٹرائیسکل - (۲) ٹرائیسکل چلانا -

sociable t. : دیکھو Sociable -

tandem t. : دیکھو Tandem -

tricyclist, *n.* : ٹرائیسکل چلانے والا -

Trident, *n.* : (۱) سہ شاخہ اوزار مثلاً مچھلی مارنے کا سہ پہلو برچھا - (۲) سمندر کے دیوتا (نیپچون) کا ترسول -

Tridentine, *a. & n.* : (۱) اس مجلس کلیسا کے متعلق جو ٹرینٹ میں (۱۵۴۳ - ۱۵۶۳) تک قائم رہی اور جس نے کیتھولک مذہب کے عقائد کی تدوین کی - (۲) رومن کیتھولک مذہب کا پیرو -

T. theology : مجلس ٹرینٹ کے مرتب کردہ عقائد ؛ عیسائی دینیات -

Triduo, -uum, *n.* : تین دن کی عبادت (جو کسی ولی کے عرس سے قبل یا اس کی شفاعت حاصل کرنے کے لیے کی جاتی ہے) -

Triennial, *a. & n.* : (۱) سہ سالہ ؛ جو تین سال کے بعد ہو یا تین سال تک رہے (*t. parliaments, t. plants*) - (۲) سہ سالہ (تین سال تک رہنے والا) پودا - (۳) سہ سالہ دعا ؛ جو تین سال تک روزانہ مرنے کی بخشش کے لیے پڑھی جاتی تھی - (۴) سہ سالہ سالگرہ یا جشن (کسی واقعے کی یادگار جو ہر تین سال بعد منائی جائے) -

T. Act : قانون اجلاس سہ سالہ ؛ جس کی رو سے ہر تین سال کے بعد پارلیمنٹ کا نیا انتخاب ضروری تھا - سنہ ۱۷۱۶ ع میں یہ قانون منسوخ ہوگیا -

triennially, *adv.* : سہ سالہ ؛ ہر تین سال کے بعد -

Trier, *n.* : (۱) *try* کا اسم فاعل - (۲) (نیز *trior*) فیصلہ کنندہ جو اس غرض سے مقرر کیا جاتا ہے کہ جوری پر لگائے ہوئے الزام کی تحقیقات کرے -

Trierarch(-k), *n.* : (۱) (قدیم یونان) سہ طبقہ جنگی جہاز (*trireme*) کا کپتان ؛ ترارک - (۲) ترارک ؛ وہ دولتمند شخص جس کے ذمے اس قسم کا جہاز اپنے خرچ سے تیار کرانے کا فرض عاید ہو -

trierarchal, *a.* : ترارکی -

Trierarchy, *n.* : (۱) ترارک یعنی سہ طبقہ جنگی جہاز کے کپتان کا عہدہ - (۲) اتھینس کا جنگی جہازوں کا بیڑا جو دولتمند لوگوں کو تیار کرانا پڑتا تھا ؛ ترارکی بیڑا -

Trifid, *a.* : (حیوانیات ؛ نباتیات) سہ زخمہ ؛ جس کا کل یا جزو تین حصوں میں شگافتہ ہو -

Trifle, *n.* & *v. i.* & *t.* : (۱) خفیف یا ادنیٰ سی چیز ؛ ادنیٰ سی بات - (۲) چھوٹی سی رقم ؛ خفیف سی مقدار - (۳) کسی قدر ؛ تھوڑا سا (*seems a t. angry*) - (۴) نمش کیک ؛ چھوٹا سا کیک جس میں شراب میوہ وغیرہ ڈالتے ہیں اور اس کے اوپر دودھ کی نمش یا انڈے کی سفیدی کے جھاگ کی تہ ہوتی ہے - (۵) بھورت ؛ سیسے اور رانگ کا مرکب - (۶) فضول باتیں کرنا ؛ فضول حرکتیں کرنا ؛ خفیف الحرکتی سے کام لینا - (۷) (وقت روپئے وغیرہ کو کسی کام میں) ضایع کرنا ؛ بےکار صرف کرنا ؛ اڑانا - *shall probably break our necks, but that is a mere t.* : (طنزاً) اور کچھ نہیں بس زرا ہماری گردن توڑ دیگا -

t.-ring : گورکھہ دھندا ؛ ایک قسم کا پیچ در پیچ چھلا -

t. with : (۱) (شخص ' چیز یا معاملے کو) چٹکیوں میں اڑانا ؛ ہنسی میں ٹالنا ؛ ہنسی اڑانا ؛ اہم یا سنجیدہ نہ سمجھنا ؛ کھیل سمجھنا - (۲) (کسی چیز سے) کھیلنا ؛ شغل کرنا -

trifler, *n.* : (۱) *trifle* کا اسم فاعل - (۲) سبک سر یا خفیف الحرکات شخص ؛ سطحی قسم کا آدمی -

trifling, *a.* : غیر اہم ؛ خفیف ؛ زرا سی ؛ ادنیٰ سی - (*trifling error, circumstances etc.*) -

triflingly, *adv.* : (۱) خفیف الحرکاتی سے ؛ سبک سری سے ؛ تضحیک کے طور پر ؛ شغل کے طور پر - (۲) ایک زرا ؛ خفیف حد تک -

Triforium, *n.* (pl. -ia) : مسقف فلام گردش (گرجے کے وسطی حصے ' سماع خانے اور دونوں پہلوؤں کے اوپر) -

Trig, *a.* & *v. t.* & *n.* : (۱) آراستہ ؛ سجا ہوا ؛ صاف ستھرا ؛ عمدہ لباس پہنے ؛ بنا ٹھنا - (۲) آراستہ کرنا ؛ سجانا ؛ سنوارنا ؛ عمدہ لباس پہنانا - (۳) (پہیے کو) پتھر ' پہیہ روک وغیرہ سے روکنا ؛ روک لگانا - (۴) کسی چیز کے سہارے کھڑا کرنا ؛ ٹکانا - (۵) روک (جو پہیے میں لگائی جائے) -

Trig, : (اسکول کے لڑکوں کی اصطلاح) *trigonometry* کا مخفف

Trigamous, *a.* : (۱) سہ زوجی ؛ جس کی تین شادیاں ہوئی ہوں یا ایک وقت میں تین شوہر یا بیویاں ہوں - (۲) (نباتیات) سہ گلہ ؛ جس میں نر مادہ اور نرمادی پھول ایک ہی پودے میں آتے ہوں -

trigamist, *n.* : سہ زوج ' تین جورو والا ؛ تین شوہر والی -

trigamy, *n* : سہ زوجی ؛ ایک شخص کی تین بیویاں یا شوہر ہونا - تین نکاح ایک وقت میں کرنے کی رسم ؛

Trigger, *n.* : لبلبی ؛ وہ پرزہ جس کے دبانے سے کوئی کھٹکا یا کمانی کھلتی ہے اور کل چلنے لگتی ہے ' خصوصاً بندوق وغیرہ کا گھوڑا -

(-) **triggered,** *a.* : (-) لبلبی کا -

Triglyph, *n.* : (تعمیر) ڈورک طرز کے آرائشی حاشیے میں ابھرا ہوا مربع جس میں جھریاں کٹی ہوتی ہیں ؛ جھری دار مربع -

triglyphal, triglyphic (al) *aa.* : جھری دار مربع کا

یا اس شکل کا -

Trigon, *n.* : (۱) (نجوم) راس چکر میں تین تین راسوں کے چار مجموعوں میں سے کوئی مجموعہ ؛ سہ برج - (۲) ایک تکونا اوزار جو گھڑی وغیرہ کے ڈائل بنانے میں استعمال ہوتا ہے ؛ تکنیا - (۳) (نجوم) ستاروں کی وہ حالت جب ان میں (۱۲۰) درجے کا فرق ہوتا ہے - (۴) (قدیم یونان) گیند کا ایک کھیل تین آدمیوں کے کھیلنے کا - (۵) (نیز *trigonon*) مثلث بربط ؛ ایک قسم کا ستار - (۶) (ریاضی) مثلث -

trigonic, *a.* : مثلث شکل کا ؛ تکونا -

Trigonal, *a.* : (۱) (ریاضی) مثلث شکل کا - (۲) (نباتیات و حیوانیات) سہ کنار ؛ سہ پہلو ؛ جس کا افقی قطعہ مثلث ہو - (*t. stem, antennae*)

trigonally, *adv.* : سہ پہلو شکل میں -

trigonous, *a.* : سہ کنار ؛ سہ پہلو -

Trigonometer, *n.* : مقیاس مثلث ؛ جس کے ذریعے سے مثلث کے نا معلوم اضلاع اور زاویے مشاہدے سے معلوم کئے جاسکتے ہیں -

Trigonometry, *n.* : علم مثلث ؛ ریاضی کا وہ شعبہ جس میں مثلث کے ضلعوں اور زاویوں کی باہمی نسبت سے بحث ہوتی ہے -

trigonometric (-al,) *a.* : علم مثلث کا -

trigonometrically, *adv.* : علم مثلث کی رو سے ؛ علم مثلث کے مطابق -

Trike, *n.* & *vb.* (colloq) : (بول چال) = Tricycle

Trilby, *n.* : (جمع ' عامیانہ) پیر -

Trill, *v. i.* & *t.* & *n.* : (۱) کھنکنا ؛ کھنکتی ہوئی آواز پیدا کرنا - (۲) کٹکری بھرنا ؛ کٹکری کے ساتھہ گانا - (۳) کھنک ؛ کھنکتی ہوئی آواز خصوصاً کٹکری - (۴) وہ حرف جو کھنکتی ہوئی آواز سے ادا کیا جائے مثلاً " ر " -

trilling laughter : کٹکری دار قہقہہ -

Trilling, *n.* : (۱) تہرا بلور (جس میں تین بلور ایک میں جڑے ہوئے ہوں) - (۲) تین جڑواں بچوں میں سے ہر بچہ -

Trillion, *n.* & *a.* : کروڑ کھرب -

trillionth, *a.* & *n.* : کروڑ کھربواں -

Trilogy, *n.* : (۱) (قدیم یونان) سہ المیہ ؛ تین المیہ ڈرامے جو ایک سلسلے میں دکھائے جاتے تھے - (۲) سہ نثر ؛ سہ نظم ؛ سہ افسانہ وغیرہ ؛ نثر یا نظم کے تین مضامین جو ایک ہی موضوع پر ہوں اور ساتھہ ساتھہ شایع کئے جائیں -

Trim, *a.*, *v. t.* & *i.* & *n.* : (۱) خوش ترتیب ؛ با ترتیب ؛ سلیقے کا ؛ سجا سجایا ؛ کیل کانٹے سے درست ؛ صاف ستھرا ؛ آراستہ پیراستہ - (۲) سلیقے سے ترتیب دینا ؛ سنوارنا ؛ سجانا ؛ صاف ستھرا بنانا ؛ کاٹ چھانٹ کر درست کرنا (جھاڑی وغیرہ کو) ؛ تراش کر درست کرنا (داڑھی) ؛ گل کترنا (چراغ وغیرہ کا) - (۳) (*t. off, away*) چھانٹ دینا ؛ چھیل دینا ؛ تراش دینا (بیکار یا بد نما اجزا کو) - (۴) (لباس وغیرہ) بنانا سنوارنا ؛ بننا سنورنا ؛ سج سجا کر تیار کرنا یا ہونا - (۵) (کپڑے پر لیس فیتہ وغیرہ) ٹانکنا ؛ جھالر وغیرہ لگانا - (۶) (بحری) (جہاز یا کشتی کا) بوجھہ برابر کرنا ؛ توازن درست کرنا (مال یا مسافروں کو ادھر ادھر ہٹا کر) - (۷) (بحری) مستولوں یا باد بانوں وغیرہ کی ترتیب ہوا کے لحاظ سے بدلنا - (۸) (کسی معاملے میں خصوصاً

سیاست میں) دو اصولوں یا فریقوں کے بین بین رہنا ؛ مستقل طور پر کسی کا ساتھ نہ دینا؛ تھالی کا بینگن ہونا؛ ابن الوقت ہونا - (۹) (بول چال) جھاڑنا ؛ آڑے ہاتھوں لینا ؛ (معاملے یا سودے میں) جیت میں رہنا ؛ فائدے میں رہنا- (۱۰)، (عامیانہ)ٹھگنا؛ مونڈنا ؛ دھوکے سے روپیہ وغیرہ وصول کرنا - (۱۱) (تیاری یا درستی کی) حالت ؛ قرینہ؛ ترتیب (*everything in perfect t.,*) - (۱۲) عمدہ حالت ؛ عمدہ ترتیب -

am in no t. for rough work : میری (صحت یا پوشاک وغیرہ کی) حالت کھرے کام کے لائق نہیں ہے -

in fighting t. : سامان حرب سے آراستہ ؛ لڑائی کے لیے تیار (جہاز اور مجازاً شخص وغیرہ) -

in t. : درست حالت میں ' با ترتیب خصوصاً جہاز کے باد بان وغیرہ -

out of t. : خراب حالت میں ؛ بے ترتیب -

the t. of the masts : (بحری) مستولوں کی ترتیب یا مناسب جگہ -

t. by the head, stern : دیکھو By -

t. person's jacket : کوڑے یا قمچی سے خبر لینا ؛ دھنکنا ؛ مرمت کرنا -

t. the shore : (مچھلی کے جھنڈ کا) کنارے کنارے چلنا -

trimly, *adv.* : ترتیب سے ؛ سلیقے سے ؛ ستھرے طریقے سے -

trimness, *n.* : خوش ترتیبی؛ با ترتیبی؛ آراستگی؛ ستھراپن-

Trimeter, *n.* & *a.* : شش رکنی نظم ؛ جس کے ہر مصرعے میں چھہ رکن ہوں -

iambic t. : شش رکنی مصرعہ جس کے ہر رکن میں پہلا بول غیر تاکیدی اور دوسرا تاکیدی ہو -

trimetric (al) *aa.* : شش رکنی -

Trimmer, *n.* : (۱) *Trim* کا اسم فاعل - (۲) وہ شخص جو کپڑوں میں لیس وغیرہ ٹانکتا ہے (*hat-t., coat-t.,*) - (۳) وہ شخص جو سیاست وغیرہ میں دو اصولوں یا فریقوں کے بین بین رہتا ہے؛ تھالی کا بینگن ؛ ابن الوقت - (۴) گل گیر ؛ باغبان کی قینچی وغیرہ ؛ وہ آلہ جس سے کوئی چیز چھانٹتے یا تراشتے ہیں - (۵) وہ افقی لکڑی جو آتشدان وغیرہ میں کڑیوں کا بوجھ سہارتی ہے -

Trimming *n.* : (۱) *Trim* کا حاصل مصدر - (۲) کپڑے وغیرہ پر لیس یا فیتہ ٹانکنا - (۳) (جمع ؛ بول چال) لوازمات ؛ خصوصاً کھانے کی چیز کے -

leg of mutton &c. & tt. : بکری کی ران مع لوازمات -

Trine, *a.* & *n.* : (۱) تہرا ؛ جس میں تین حصے یا اجزا ہوں - (۲) (نجوم) دوسرے ستارے سے ثلث دائرے یا ۱۲۰ درجے کا بعد رکھنے والا - (۳) (نجوم) دو ستاروں میں ثلث دائرے یا ۱۲۰ درجے کا بعد (*in t.*) -

t. aspersion or immersion : تہرا چھینٹا پانی کا (اصطباغ میں) -

trinal, trinary, *aa.* : تہرا -

Tringle *n.* : (۱) پردہ لٹکانے کا ڈنڈا - (۲) مسہری کا ڈنڈا - (۳) (تعمیر) (کانس وغیرہ کی آرائش میں) چھوٹا سا مربع - (۴) (گولہ اندازی) پچھلی روک ؛ وہ سلاخ یا تختہ جو توپ کے پیچھے اس کے دھکے کو روکنے کے لیے لگا دیتے ہیں -

Trinitrotoluene,-uol, *n.* : (اس کا مخفف *trotyl* اور *TNT* آتا ہے) بہت بڑی قوت کا پھٹنے والا مادہ جو جنگ عظیم میں استعمال ہوتا تھا -

Trinity, *n.* : (۱) تثلیث؛ تین ہونا- (۲) تثلیث؛ تین کا مجموعہ - (۳) (فنون لطیفہ میں) تمثیل (*symbol*) جو تثلیث کو ظاہر کرتی ہو - (۴) پائپ صاف کرنے کا آلہ جس کی تین تہیں ہوتی ہیں -

the T. : باپ بیٹے روح القدس کا ذات باری میں متحد ہونا ؛ توحید فی التثلیث -

T. House : ایک انجمن جو نا خداوں کو لیسنس دیتی ہے اور سمندر میں رہنما مینار تعمیر کراتی ہے -

t. ring : قدیم زمانے کی کانسے کی انگوٹھیاں جن پر تین پھول بنے ہوتے ہیں اور آئرستان میں پائی جاتی ہیں -

T. Sunday : ایسٹر کے چودھویں دن کا اتوار -

T. term : دیکھو Term -

Trinitarian (ism) *nn.* : معتقد توحید فی التثلیث؛ معتقد تثلیث -

Trinket, *n.* : (۱) زیور کی قسم سے کوئی کم قیمت یا چھوٹی سی چیز - (۲) کوئی چھوٹی سی پر تکلف چیز -

trinketry, *n.* : چھوٹے موٹے زیور ؛ ٹوم چھلا -

Trio (-eo,), *n.* : (۱) (موسیقی) تین مختلف آوازوں میں گانے یا تین باجوں پر بجانے کا راگ - (۲) تین گانے والوں یا بجانے والوں کا طائفہ یا جوکی - (۳) مارچ ' مخولٹ وغیرہ کا دوسرا حصہ - (۴) تین آدمیوں کی ٹولی ؛ تکڑی - (۵) تاش کے کھیل (*piquet*) میں تین تصویروں کا مجموعہ ؛ تکڈم -

Triode, *n.* : (لاسلکی) سہ قطبی ' جس میں تین برقی قطب ہوں-

Triole (tre-), *n.* : (موسیقی) دیکھو Triplet -

Triolet (tre-) , *n.* : ترایولیٹ ؛ آٹھ مصرعوں کی نظم جس میں پہلے مصرعے کی تکرار چوتھے اور ساتویں مصرعے میں اور پانچواں اس کا ہم قافیہ ہوتا ہے- اسی طرح دوسرے کی تکرار آٹھویں میں اور چھٹا اس کا ہم قافیہ ہوتا ہے -

Trional, *n.* : تریونال ؛ ایک خواب آور اور مخدر (سن کر دینے والی) دوا -

Triones, *n.* pl. = Charles's wain. : دیکھو Charles -

Trior : دیکھو Trier -

Trip, *v.i.* & *t.* & *n.* : (۱) تیزی اور نزاکت سے چلنا یا ناچنا - (۲) (شعر وغیرہ میں) روانی ہونا - (۳) (کسی مقام کی) سیر کو جانا ؛ سفر کرنا ؛ سیاحت کرنا - (۴) ٹھوکر کھانا - (۵) غلطی کرنا ؛ لغزش کرنا (*caught him tripping in his dates,*) (*all apt to t.,*) - (۶) اڑنگا لگانا ؛ ٹانگ مارنا؛ (کسی چیز کا) سامنے آجانا (اور اس سے کسی شخص کا ٹھوکر کھانا) - (۷) (کسی کی) غلطی پکڑنا - (۸) (بحری) (رسے وغیرہ سے) لنگر کو جنبش دینا - (۹) (بحری) (بلی وغیرہ کو) گرانا (یعنی عمودی حالت سے افقی حالت میں لانا) - (۱۰) (مشین کے کسی حصے کو) کھٹکا دباکر کھول دینا ؛ چلا دینا - (۱۱) سفر (خشکی یا سمندر کا)؛ مختصر تفریحی سفر ؛ سیر ؛ چکر ؛ پھیر (*cheap tt. to the Riviera*) - (۱۲) قدم جو تیزی اور نزاکت سے اٹھایا جائے - (۱۳) ٹھوکر ؛ لغزش - (۱۴) ٹھوکر کھانا ؛ اڑنگا لگانا - (۱۵) (کشتی یا جہاز کے) ایک پھیرے میں پکڑی ہوئی مچھلیاں -

round t. : چکر ؛ جانا اور واپس آنا -

t.-hammer : ایکطرح کا Tilt-hammer - دیکھو Tilt -

tripper, n. : سیاح ؛ سیر و سفر کا شائق -

trippingly, adv. : تیزی اور نزاکت سے ؛ روانی سے -

Tripartite (or trip-), a. : (۱) سہ حصہ؛ جو تین حصوں میں تقسیم ہو - (۲) (نباتیات) سہ درزہ (پتی)؛ جو قریب قریب ڈنٹھل تک تین حصوں میں تقسیم ہو - (۳) سہ طرفہ؛ جو تین فریقوں کے درمیان ہوں -

t. indenture : سہ نسخہ دستاویز ؛ وہ دستاویز جس کے دو مثنے ہوں -

t. treaty : سہ طرفہ عہد نامہ -

tripartitely, adv. : تین حصوں میں ، تین فریقوں میں -

tripartition, n. : تین حصوں میں تقسیم -

Tripe, n. : (۱) اوجھڑی ؛ بیل وغیرہ کے معدے کا وہ حصہ جو پکا کر کھاتے ہیں (قدیم *a t. will stand anything*) - (۲) (جمع؛ سوقیانہ) آنتیں؛ پیٹ - (۳) (عامیانہ) نکمی چیز ؛ مہمل چیز- (*but t.*) (۴) (کرکٹ) گھٹیا گیند (جس کا کھیلنا سہل ہو) -

t.-de-roche (trep-de-rosh) : ایک تلخ چیز جو کائی کے قسم کی نباتیات سے نکلتی ہے اور شکاری وغیرہ ضرورت کے وقت غذا کے طور پر استعمال کرتے ہیں -

tripeman : اوجھڑی بیچنے والا -

tripery, n. : اوجھڑی کی دوکان -

Triplane, n. : سہ تختہ طیارہ (جس کے نیچے مضبوطی کے لیے تختے لگے ہوں) -

Triple, a. & v.t. & i. : (۱) تہرا ؛ تین حصوں کا ؛ سہ گونہ - (۲) سہ گونہ ہو جانا ؛ تہرا ہوجانا - (۳) تگنا ہونا - (۴) انجن کے بیان میں بھاپ کو تگنا کر دینا -

T. Alliance : اتحاد ثلاثہ : (۱) وہ اتحادجو انگلستان سویڈن اور نشیبستان (*Netherlands*) میں سنہ ۱۶۸۸ ع میں لوئی چہار دھم کے خلاف ہوا تھا - (۲) جو فرانس ، برطانیہ اور نشیبستان میں سنہ ۱۷۱۷ ع میں ہسپانیہ کے خلاف ہوا تھا - (۳) جو جرمنی، آسٹریا و اٹلی میں سنہ ۱۸۸۲ ع میں روس اور فرانس کے خلاف ہوا تھا - (۴) جو ریل، کان کنی اور باربرداری کے مزدوروں میں ۱۹۲۱ ع تک رہا -

t. crown : پاپائے روم کا تاج؛ کلاہ پاپائی -

T. entente : دیکھو Entente -

t. -headed : سہ سر -

t. -nerved : سہ عصبی -

t. -time : (موسیقی) تہری تال -

Triplet, n. : (۱) تین چیزوں کا مجموعہ ؛ تینی - (۲) تکڑی؛ ہم قافیہ مصرعے ؛ ہم قافیہ مثلث - (۳) (موسیقی) تین سر جو دو سروں کے تال پر بجائے یا گائے جائیں - (۴) (بول چال) تین جڑواں بچوں میں سے کوئی بچہ - (۵) (بحری) رسے اور لنگر کے حلقے کے درمیان زنجیر کی تین کڑیاں-

Triplex, n. : (۱) (موسیقی) تہری تال- (۲) (موسیقی) تصویر نغمہ جو تین حصوں میں منقسم ہو - (۳) سہ تہ ؛ تین پرتوں کا موٹر کار کا شیشہ جس کی دو تہوں کے بیچ میں سیلو لئیڈ کی تہ مضبوطی کے لیے دیتے ہیں -

Triplicate, a. & n. : (۱) تہرا ؛ خصوصاً جس کے تین نسخے ہوں - (۲) تین نسخوں میں سے ایک - (۳) تین نسخوں میں ہونا (*document drawn up in t.*) -

t. certificate : سہ نسخہ سند -

t. ratio : نسبت مثلثہ (دو عددوں کے مکعب کی نسبت) -

Triplicate, v. t. : تگنا کرنا ؛ تہرا کرنا -

triplication, triplicature, nn. : تگنا یاتہرا کرنا یاکیاجانا-

Triplice (-tsha), n. = Triple alliance, : دیکھو Triple -

Triplicity, n. : تہرا ہونا -

Tripod, n. : (۱) تپائی؛ تین پائے کی میز؛ اسٹول وغیرہ - (۲) (فوٹو کے کیمرے وغیرہ کی) تپائی - (۳) (قدیم یونان) ڈیلفی کے مندر کی کانسے کی قربان گاہ (جس پر بیٹھ کر پجارن غیب کی باتیں بتایا کرتی تھی) - (۴) اس کی نقل جو کھیلوں کے مقابلے میں انعام کے طور پر دی جاتی تھی-

tripodal, a. : تین پائے کا ؛ تپائی کی شکل کا -

Tripoli, n. = Rotten - stone دیکھو Rotten -

Tripos, n. : (۱) (کیمبرج یونیورسٹی) امتیازی سند کا امتحان ؛ امتیازی بی ، اے - (۲) امتحان کے کامیاب امیدواروں کی فہرست-

Triptych (-ik) n. : (۱) قلمی یا عکسی تصویر؛ کندہ کاری کی تصویر جو تین جڑی ہوئی لمبوتری تختیوں پر بنی ہو؛ سہ لوحی تصویر- (۲) ایک سلسلے کی تین تصویریں جو جڑی ہوئی تختیوں پر ہوں؛ سہ تصویر - (۳) تین جڑی ہوئی تختیاں (لکھنے کی) ؛ سہ تختی-

Tripudiate, v. i. : (معلق) ناچنے لگنا (خوشی ، فخر وغیرہ سے) -

Triquetra, n. (pl. -ae) : ایک زیور جس میں قوس گندھے ہوئے ہوتے ہیں -

Triquetrous, a. : سہ کنار (درخت کا تنا) ، جس کے تین گوشے یا کنارے ہوں -

triquetrously, adv. : سہ کنار شکل میں -

Trireme, n. : قدیم یونانی جنگی جہاز جس میں چپوؤں کی تین قطاریں ہوتی ہیں؛ سہ قطاری کشتی ؛ سہ تختہ کشتی -

***Trisagion*, n.** : یونانیوں اور قدیم مشرقی اقوام کی ایک مناجات -

Trisect, v. t. : تین حصوں میں خصوصاً تین برابر حصوں میں تقسیم کرنا؛ تثلیث کرنا -

trisection, n. : (عمل) تثلیث -

Trismus (-z-), n. : (مرضیات) کزاز فکی؛ ایک مرض جس میں عضلات کے اکڑ جانے سے جبڑا بیٹھ جاتا ہے -

Tristful, a. : (قدیم) اداس ؛ غمگین؛ مغموم؛ ملول -

Trisyllable, n. : تین بول کا لفظ -

trisyllabic, a. : تین بول کا -

trisyllabically, adv. : تین بول کے الفاظ میں -

Tritagonist (-ago-), n. : یونانی ناٹکوں میں تیسرا ایکٹر -

Trite, a. : پیش پا افتادہ ؛ معمولی؛ فرسودہ (فقرہ، خیال، مقولہ وغیرہ) -

tritely, adv. : فرسودہ طریقے سے ؛ معمولی طور پر -

triteness, n. : معمولی ہونا ؛ فرسودگی -

Tritheism, n. : تثلیث پرستی؛تین خداؤں (خدا باپ، بیٹے اور روح

القدس) کی پرستش -

tritheist, *n.* : معتقد تثلیث ؛ تثلیث پرست -

tritheistic (al), *aa.* : تثلیثی ؛ عقیدۂ تثلیث کا

Triton *n.* : (۱) (یونانی دیو مالا) ٹرائٹن؛ سمندر کا ایک چھوٹا دیوتا جس کا باپ پوسائڈن اور ماں ایمفی ٹرائٹ تھی - (۲) سمندر کے چھوٹے دیوتاؤں میں سے کوئی دیوتا جس کی دم مچھلی کی سی ہوتی ہے اور ہاتھ میں گھونگھے کا بگل ہوتا ہے - (۳) گھونگھے اور سمندر (کیڑے) کی ایک قسم -

T. among the minnows : دیکھو Minnow -

Triturate, *v. t.* : (۱) پیس کر باریک کردینا - (۲) خوب اچھی طرح چبانا -

triturable, *a.* : (۱) جو باریک پیسا جا سکے - (۲) چبانے کے قابل -

trituration, *n.* : باریک پیسنا یا پیسا جانا؛ چبانا یا چبایا جانا-

triturator, *n.* : (۱) باریک پیسنے والا ؛ چبانے والا - (۲) باریک پیسنے کا آلہ -

Triumph, *n. & v. i.* : (۱) (قدیم روما) جشن فتح ؛ فتحیاب سپہ سالار کا جلوس - (۲) فتح مندی؛ کامیابی؛ فتح؛ کار نمایاں *returnet home in t.* ‘ *has achieved great tt.,*) - (۳) فتح کی خوشی؛ فخر؛ اظہارِ فخر و مسرت (*the tt. of science*) ‘ *great was his t. on hearing*) *could detect no t. in his eyes.*) (۴) (قدیم روما) فاتح کا جلوس نکلنا - (۵) فتح پانا ؛ کامیابی حاصل کرنا ؛ کامیاب ہونا ؛ غالب آنا - (۶) فخر کرنا ؛ اترانا (کسی بات پر یا کسی شخص کے مقابلے میں) -

triumphingly, *adv.* : فخر سے؛ اتراتے ہوے -

Triumphal, *a.* : (جشن) فتح کا ؛ فاتح کے جلوس کا (*t. car* - (*progress, hymn*

t. arch : محراب فتح ؛ فتح دروازہ (جو کسی فتح کی یادگار میں بنایا جاے) -

t. crown: کامیابی کا تاج ؛ لارل کا مکٹ جو روما میں فتحیاب سردار کے سر پر رکھتے تھے -

Triumphant, *a.* : (۱) فتح مند؛ فتح یاب ‘ کامیاب - (۲) (اپنی فتح یا کامیابی پر) نازاں- (۳) پر فخر ؛ فخریہ ؛ فخریہ (تقریر ‘ لہجہ وغیرہ) -

triumphantly, *adv.* :- فتح مندی یا کامیابی سے؛ فخر سے؛ فخریہ-

Triumvir, *n.* (*pl.*-ri -rs) : (۱) (قدیم روما) ترام وِر ؛ مجلس ارباب ثلاثہ کا رکن (جو سلطنت روما کی فرماں روائی کے فرائض انجام دیتی تھی) - (۲) تاریخ روما میں عموماً پہلی اور دوسری مجلس ارباب ثلاثہ کے کسی رکن کے لیے آتا ہے -

triumviral, *a.* : ترام وری -

Triumvirate(-at) *n.* : (۱) منصب ترام وِر - (۲) مجلس ترام ویری ؛ مجلس ارباب ثلاثہ : پامپی ‘ جولیس سیزر اور کرے سس کی سنہ ۶۰ ق م -؛ مارک انٹونی ؛ اکٹیوین اور لیپی ڈس کی سنہ ۴۳ ق م - (۳) تکڑی ؛ تین آدمیوں کا مجموعہ یا جتھا-

first t. : (تاریخ روما) پہلی مجلس ارباب ثلاثہ -

second t. : دوسری مجلس ارباب ثلاثہ -

Triune, *a.* : واحد فی التثلیث ؛ جو تین ہونے پر بھی ایک ہو - (*t. Godhead*)

triunity, *n.* : توحید فی التثلیث -

Trivet, *n.* : (۱) لوہے کی تپائی (کیتلی وغیرہ کو آگ پر رکھنے کے لیے) - (۲) بریکٹ جو آتش دان میں اسی مقصد کے لیے لگا ہوتا ہے -

right as a t. : (۱) (بول چال) بالکل ٹھیک - (۲) خوش حال ؛ تندرست ؛ خوش حالی یا تندرستی کے ساتھ -

t. table : تپائی ؛ تین پائے کی میز -

Trivial, *a.* : (۱) معمولی ؛ ادنی ؛ خفیف (*t. matters,* *t. loss, raised t. objections*) - (۲) نکما ؛ سطحی قسم کا؛ نا اہل (آدمی) - (۳) معمولی ؛ پھیکا ؛ بے لطف - (۴) (نباتیات) غیر علمی ؛ مخصوص ؛ انفرادی (نام) -

the t. round : روز مرہ کی بے لطف زندگی -

trivialism, *n.* : (۱) *trivialness* - (۲) ادنی یا خفیف چیز - (۳) غیر علمی نام -

triviality, *n.* : (۱) *trivialness* - (۲) ادنی یا خفیف چیز -

trivialize, *v. t.* : خفیف ‘ نکما ‘ بے لطف ہوجانا یا کردینا -

trivially, *adv.* : خفیف سمجھ کر ؛ معمولی طور سے ؛ سر سری طور سے -

trivialness, *n.* : ادنی یا خفیف ہونا ؛ نکما پن ؛ بے لطفی -

Trivium, *n.* : (تاریخ ؛ قرون وسطی کے مدارس کے نصاب تعلیم میں) پہلے تین فنون شریفہ : صرف و نحو ‘ خطابت اور منطق -

-trix, suf. : (لاحقہ) جس اسم فاعل مذکر کے آخر میں *-tor* ہو اس کے مونث کے آخر میں آتا ہے -

Troat, *v. i. & n.* : (۱) مست ہرن کی آواز - (۲) مست ہرن کی (سی) آواز نکالنا -

Trocar, *n.* : میزل ؛ ایک آلہ استسقا کے مریض کے جسم سے رطوبت نکالنے کے لیے -

Trochaic(-k-), *a. & n.* : (۱) بحر ٹروکی کا‘ جس کے ہر رکن میں پہلا بول تاکیدی اور دوسرا غیر تاکیدی ہو - (۲) (جمع) اس بحر کی نظم -

t. dimeter, t. tetrameter :دیکھو Dimeter, Tetrameter

Trochal, *a.* : (حیوانیات) پہیے کی شکل کا ؛ دولاب نما -

Trochanter, *n.* : (۱) محور فخذ ؛ ہڈیوں کا سلسلہ جو ران کی ہڈی کے اوپر ہوتا ہے - (۲) کیڑے کی ٹانگ کا دوسرا جوڑ -

Troche (-sh -tsh, -ke), *n.* : (دواؤں کے) قرص یا لوز -

Trochee(-k-), *n.* : ٹروکی؛ وہ بحر جس کے ہر رکن میں پہلا بول تاکیدی اور دوسرا غیر تاکیدی ہو -

Trochil(us)(-k-),*n.* : (۱) شکر خورہ ؛ چھوٹے پرندوں کی ایک قسم خصوصاً - (۲) قدماء کے خیال کے موجب ایک پرند جو مگر مچھ کے دانت کے ریشے صاف کرتا تھا -

Trochlea *n.* (*pl.* -*ae*) : (تشریح) چرخی نما حصہ ؛ چرخی نما کڑی -

trochlear, *a.* : (تشریح ؛ نباتیات) چرخی نما -

trochleate, *a.* : (نباتیات) چرخی دار -

Trochoid, *a. & n.* : (۱) (تشریح) مداری ؛ اپنے محور پر گردش کرنے والا - (۲) (ریاضی) استداری خط - (۳) لٹو کی شکل

کا (محراب)- (۴) مفصل مداری ؛ اپنے محور پر گردش کرنے والا جوڑ -

trochoidal, *a.* : مداری ؛ مفصل مداری کے متعلق -

Trochometer, *n.* : دیکھو Hodometer =

Trod(den) : دیکھو Tread -

Troglodyte, *n.* : (۱) غار نشین ؛ گپھا میں رہنے والا (خصوصاً قبل تاریخی عہد میں مغربی یورپ کا) - (۲) (مجازاً) تارک الدنیا زاہد؛ راہب ؛ گوشہ نشین - (۳) ایک قسم کا پرند (دیکھو wren) - (۴) ایک قسم کا بندر جو انسان سے مشابہ ہوتا ہے -

troglodytic(al), *aa.* : (۱) غار نشینی کا - (۲) راہبانہ ؛ گوشہ نشینی کا -

troglodytism, *n.* : (۱)غار نشینی- (۲) گوشہ نشینی؛رہبانیت-

Troika, *n.* : گاڑی جس میں تین گھوڑے پہلو بہ پہلو جوتے جاتے ہیں -

Trois-temps : - waltz

Trojan, *a.* & *n.* : (۱) شہر ٹرائے کا ؛ ٹرائے کا باشندہ - (۲) بہادر ؛ جفا کش -

like a T. : نہایت محنت اور جفا کشی سے -

T. war : جنگ ٹرائے جو یونانیوں اور ٹرائے والوں میں ہوئی تھی -

Troll, *v. t.* & *i.* & *n.* : (۱) (گیت کے ٹکڑوں کو کئی آدمیوں کا) باری باری سے گانا - (۲) بے پروائی سے گانا - (۳) (دریا میں) مچھلی کا شکار کھیلنا؛ مچھلی مارنا (خصوصاً *trolling-spoon* کی مدد سے) - (۴) (قدیم) (بوتل یا شیشے کو) گردش میں لانا ؛ دور چلنا - (۵) گیت جس کے ٹکڑے کئی آدمی باری باری سے گائیں ؛ باری کا گیت - (۶) (مچھلی مارنے کی) بنسی کا ریل (جس میں ڈور خود بخود لپٹتی اور کھلتی ہے) - (۷) = *trolling-spoon* -

Troll, *n.* : (۱) جن - (۲) (ناروے اور سویڈن کی دیو مالا) ایک قسم کا بالشتیا جو انسانوں کا دوست مگر شریر ہوتا ہے -

Trolley, -ly, *n.* : (۱) ٹھیلا (جس میں قلی اسٹیشن پر اسباب لے جاتے ہیں) - (۲) ٹھیلہ گاڑی (جو ریل کی پٹری پر دستی پرزوں کے دبانے سے چلتی ہے) - (۳) لکڑی کا ٹھیلا (جس میں سبزی فروش وغیرہ اپنا مال رکھکر بیچتے پھرتے ہیں) - (۴) ٹرالی؛ وہ پھرکی جسے بجلی کے تار میں لگا کر ٹرام ریل وغیرہ چلاتے ہیں - (۵) (لیز *t. -lace*) ایک قسم کی موٹےکام کی لیس یا بیل-

t. -car : (امریکا) ٹرام گاڑی -

t. -pole : ٹرالی ڈنڈا ؛ جس کا ایک سرا گاڑی میں لگا ہوتا ہے اور دوسرے سرے پر ٹرالی ہوتی ہے -

Trollop, *n.* : (۱) پھوہڑ عورت - (۲) کسبی ؛ آوارہ عورت -

trollopish, trollopy, *aa.* : (۱) پھوہڑ - (۲) آوارہ -

Tromba, *n.* : (موسیقی) ترم ؛ بگل ؛ تری -

Trombone, *n.* : ایک قسم کا بڑا ترم یا بگل -

trombonist, *n.* : ترم بجانے والا -

Trommel, *n.* : (کان کنی) ڈھول کی شکل کی گھومنے والی چھلنی جس میں کچی دھات چھانتے ہیں ؛ چکر چھلنی -

Tromometer. *n.* : لرزش پیما ؛ ایک آلہ جس سے زلزلے کے خفیف جھٹکے ناپے جاتے ہیں -

Trompe, *n.* : پن دھونکنی ؛ بھٹی میں آگ دھونکنے کا ایک آلہ جو پانی کے گرنے کی قوت سے کام کرتا ہے -

Troop, *n.* & *v. i.* & *t.* : (۱) گروہ ؛ جھنڈ ؛ ٹولی ؛ مجمع -(*a t. of school-children surrounded by tt. of friends*) (۲) (ج) فوج ؛ لشکر - (۳) ترپ ؛ سواروں کا دستہ (جس میں عموماً ۶۰ سوار دو لفٹننٹ اور ایک کپتان ہوتا ہے) - (۴) ترپ کی کمان - (۵) کوچ کا نقارہ ؛ ڈھول کی ایک آواز جس سے کوچ کا حکم دیا جاتا ہے - (۶) (تھیٹر کے ایکٹروں یا کسی اور قسم کے) تماشے والوں کی منڈلی ؛ کمپنی- (۷) جمع ہونا ؛ اکٹھا ہونا ؛ مجمع ہونا (*t. up*) - (۸) بہت بڑی تعداد میں آنا ؛ جانا ؛ چلنا (*in, out, along*) (فوج کی فوج ' جھنڈ کے جھنڈ وغیرہ) - (۹) (تیزی سے) چل دینا ؛ چلے جانا (اس کا فاعل ہمیشہ جمع میں آتا ہے) - (۱۰) (رجمنٹ کے) ترپ بنانا ؛ ترپ وار کھڑا کرنا -

get one's *t.* : کپتانی کے عہدے پر ترقی پانا -

household tt. : دیکھو Household -

t. -horse : رسالہ کا گھوڑا -

t. -ship : بار برداری کا جہاز ؛ سپاہیوں اور اسباب کو لانے لے جانے والا جہاز -

trooping the colour (s) : جھنڈے کی پریڈ ؛ جھنڈے کے فوج کی صفوں میں سے گزرنے کی رسم جو قلعے کا پہرا بدلتے وقت ادا کی جاتی ہے -

Trooper, *n.* : (۱) رسالے کا سپاہی؛ سوار - (۲) رسالے کا گھوڑا - (۳) (فوج کا) بار برداری کا جہاز-

swear like a t. : کثرت سے بے ادبانہ قسمیں کھانا -

Tropaeolum, *n.* : ایک قسم کی بیل جس میں زرد اور مشکیزہ دار پھول آتے ہیں -

Trope, *n.* : (۱) صنعت معنوی (مثلاً استعارہ) - (۲) (کلیسا) استعارہ یا اشعار جو پادری وعظ میں استعمال کرے -

Trophic, *a.* : غذائی؛ جو تغذیہ سے متعلق ہو -

t. nerves : غذائی اعصاب -

Tropho- in comb. : یونانی لفظ *trophe* بہ معنی غذا کی ترکیبی صورت -

-neurosis : اعصابی سوء تغذیہ ؛ تغذیے کی خرابی جو اعصابی شکایت کی وجہ سے ہو -

Trophy, *n.* : (۱) (قدیم یونان) شکست خوردہ دشمن کے اسلحہ وغیرہ جو میدان جنگ میں یا کسی اور جگہ نمائش کے لیے رکھے جائیں ؛ نمائشات فتح - (۲) (روما) یادگار فتح ؛ مجسمہ وغیرہ یا اور کوئی مستقل چیز - (۳) فتح کی نشانی؛ دشمن سے چھینا ہوا جھنڈا وغیرہ- (مجازاً) کامیابی کی یادگار یا نشانی - (۴) نشانی ؛ یادگار (کسی چیز کی) - (۵) وہ سامان جو کسی چیز کی نشانی یا نمونے کے طور پر دیوار وغیرہ پر سجایا جائے -

Tropic, *n.* & *a.* : (۱) (*t. of cancer*) خط سرطان؛ ۲۳ درجے ۲۷ دقیقے کا عرض البلد شمالی - (۲) (*tt. of capricorn.*) خط جدی؛ ۲۳ درجے ۲۷ دقیقے کا عرض البلد جنوبی - (۳)

مدار ؛ ان دونوں دائروں میں سے کوئی دائرہ جہاں سے آفتاب میل کے انتہائی نقطے پر پہنچنے کے بعد پھرتا ہوا نظر آتا ھے - (۲) منطقۂ حارہ کا؛ گرم ملکوں کا ؛ گرم سیر خطے کا -

the tt. : منطقۂ حارہ ؛ خط جدی اور خط سرطان کے بیچ کا خطہ -

t.-bird : ایک قسم کی چھوٹی مرغابی جس کی چونچ بہت لمبی ہوتی ھے -

Tropical, *a.* : (۱) منطقۂ حارہ کا ؛ گرم ملکوں کا ؛ گرم سیر (خطے کا) - (۲) منطقۂ حارہ کا سا (*t. heat, abscess*)' گرم ملکوں کا سا - (۳) (مجازاً) پر جوش؛ شدت کا - (۴) کسی صنعت معنوی کا ؛ مجازی ؛ استعاری -

t. abscess : جگر کا پھوڑا جو گرم آب و ہوا میں رہنے سے ہو جاتا ھے -

t. year : سال اعتدالی ؛ سال شمسی تقویمی -

tropically, *adv.* : استعاری طور پر -

Tropicopolitan, *a. & n.* : گرم ملکوں کا؛ گرم آب و ہوا کا (پودا یا جانور) -

Tropology, *n.* : (۱) صنائع معنوی- (مجازاً) استعارہ وغیرہ - (۲) مجازی تفسیر (خصوصاً بائبل کی)؛ استعاری تفسیر -

tropist, *n.* : مجازی یا استعاری تفسیر کرنے والا ؛ استعاری مفسر -

tropological, *a.* : مجازی یا استعاری تفسیر کا -

tropologically, *adv.* : مجازی یا استعاری تفسیر کی رو سے -

Troposphere, *n.* : ہوا کا کرۂ اول جو سطح زمین کے گرد سات میل تک ھے اور جس میں اوپر چڑھنے سے حرارت پیدا ہوتی ھے -

Troppo, *adv.* : بھی ؛ ایضاً؛ وغیرہ ؛ بشرح صدر (مگر نہ اتنا کہ حد سے زیادہ) (*andante &c. ma non t.*) -

Trot, *v. i. & t. & n.* : (۱) دلکی چلنا (گھوڑے کا) - (۲) دلکی چلانا - (۳) آہستہ آہستہ دوڑنا - (۴) دوڑ کر طے کرنا (فاصلہ ' مسافت) - (۵) (*t. one to death &c.*) دوڑا مارنا ؛ دوڑا کر تھکانا ؛ مار ڈالنا وغیرہ (*trotted him off his legs, to death*) - (۶) دلکی چال؛ دوڑنے کی ورزش (*went off a t., proceeded at a t.*) - (۷) دوڑ دھوپ ؛ محنت اور مستعدی کا کام (*kept him on the t.*) - (۸) چھوٹا بچہ ' جو ڈگڈگا کر چلتا ہو -

t. out : (۱) گھوڑے کو دلکی چلا کر دکھانا- (۲) کسی شخص 'بات یا خبر وغیرہ کو بڑے اہتمام سے پیش کرنا کہ لوگ تعریف کریں -

Troth, *n.* : (قدیم) سچ -

by my t.; in t. : سچ کہتا ہوں ؛ قسمیہ کہتا ہوں -

plight one's *t.* : قول دینا ' خصوصاً نکاح کا ؛ منگنی کرنا -

Trotter, *n.* : (۱) " *Trot* " کا اسم فاعل - (۲) ایک خاص نسل کا گھوڑا جو دلکی چلنے میں مشہور ھے - (۳) (جمع) جانور کے پائے جو پکا کر کھاتے ہیں (*pigs,' sheep's tt.*) - (۴) (مزاحاً) انسان کے پیر -

Trottoir (-twahr), *n.* : سڑک کی پٹری (کھرنجے کی) -

Trotyl, *n.* : دیکھو Trinitrotoluol -

Troubadour (-oo-,oor), *n.* : قرون وسطی کا غزل گو شاعر -

Trouble, *v. t. & i. & n.* : (۱) تلاطم پیدا کرنا یا پیدا ہونا - (۲) بے چین کرنا ؛ بے چین ہونا ؛ پریشان ہونا ؛ فکرمند ہونا (*don't let it t. you, don't t. about it*) - (۳) زحمت دینا ؛ تکلیف دینا ؛ زحمت گوارا کرنا ؛ تکلیف اٹھانا (عموماً مہذب گفتگو میں استعمال ہوتا ھے؛ *sorry to t. you*) - (۴) تکلیف؛ مصیبت- (۵) مرض؛ شکایت (*liver t., digestive tt.*) - (۶) زحمت ؛ باعث زحمت (*did it to spare you t., the child is a great t.*) - (۷) (کان کنی) ذرا سا رخنہ (کان کے سلسلے یا سطح میں) -

ask or look for t. : جھگڑے میں پڑنا ؛ جھمیلے میں پڑنا ؛ اپنے سر مصیبت لینا -

be in, get into t. : معتوب ہونا ؛ مورد عتاب ہونا ؛ سرزنش ہونا ؛ سزا ملنا -

may I t. you to shut the door : آپ کو اتنی زحمت دیتا ہوں کہ ذرا دروازہ بند کر دیجیے -

no t. (at all) : (مہذب گفتگو) میں راحت ھے -

troubled waters : پریشانیاں ؛ مشکلات -

Troublesome, *a.* : (۱) تکلیف دہ (چیز ' کام) - (۲) دق کرنے والا (شخص) -

troublesomely, *adv.* : تکلیف دہ طور پر -

troublesomeness, *n.* : تکلیف دہ ہونا -

Troublous, *a.* : (قدیم) پر آشوب ؛ ہنگامے کا ؛ بے چینی کا -

Trough (-of-awf), *n.* : (۱) ناند (کاٹھ یا مٹی کی) ؛ کونڈا ؛ لگن ؛ تشت - (۲) کھلا نال دار رستہ (سیال شئے کے لیے) ؛ پنالی ؛ آبریز - (۳) (نیز *t.-battery*) خانہ دار مورچہ ؛ حوض کی شکل کا مورچۂ برق جس میں متعدد خانے ہوتے ہیں -

t. of barometric depression : (طبیعیات) ہوا کے دباؤ میں خط انخفاض -

t. of the sea : خالی جگہ جو دو موجوں کے بیچ میں ہوتی ھے ؛ خیارۂ بحر -

Trounce (-ow-), *v. t.* : زد و کوب کرنا ؛ کندی کرنا -

trouncing, *n.* : زد و کوب ؛ مار ؛ کندی -

Troupe, *n.* : تھیٹر کے ایکٹروں ' نٹوں وغیرہ کا گروہ -

trouper, *n.* : تھیٹر کمپنی کا رکن ؛ ایکٹر -

Trous-de-loup (troo de loo) *n.* : (اسم جمع) میخ گڑھے ؛ مخروطی شکل کے گڑھے جن میں ہر ایک کے بیچ میں میخ گڑی ہوتی ھے ' لڑائی میں سواروں کے حملے کو روکنے کے لیے کھودے جاتے ہیں -

Trouser, *n.* : (۱) (جمع ' نیز *pair of tt.*) پاجامہ ؛ پتلون - (۲) (واحد؛ سوقیانہ) پاجامہ؛ پتلون - (۳) (انیسویں صدی کے اوائل میں) عورتوں کا جھالر دار پاجامہ -

t.-button : پتلون کے بٹن -

t.-stretcher : پتلون کا شکنجہ جس میں پتلون کو دباتے ہیں تاکہ شکن نہ پڑنے پائے -

trousered, *a.* : پتلون پہنے -

trousering, *n.* : پتلون کا کپڑا -

Trousseau, *n.* : دلہن کا جوڑا -

Trout, *n.* (*pl. usu. same*) & *v. i.* : (۱) ٹراؤٹ ؛ ایک

قسم کی مچھلی جو میٹھے پانی میں پائی جاتی ہے اور جس کا گوشت بہت لذیذ سمجھا جاتا ہے - (۲) ٹراؤٹ مچھلی کا شکار کرنا -

t.-coloured : ابلق (گھوڑے کے لیے آتا ہے) ؛ سفید (گھوڑا) (گھوڑا) جس پر سیاہ یا کشمشی رنگ کے دھبے ہوں -

troutlet, *n.* : چھوٹی ٹراؤٹ -

troutling, *n.* : ایضاً -

trouty, *a.* : جس میں ٹراوٹ کثرت سے ہو -

Trouvaille* (F) *n. : (فرانسیسی) نعمت غیر مترقبہ؛ خدا کی دین -

Trouvere, *n.* : شمالی فرانس کا رزمیہ نگار شاعر ؛ رزمیہ گو -

Trove, دیکھو Treasure -

Trover, *n.* : (۱) (قانون) حصول جائداد منقولہ - (۲) دیوانی کی نالش، جائداد منقولہ کی بازیابی کے لیے؛ دعویٰ بابتہ جائداد منقولہ -

Trow, *v. t.* : (۱) (قدیم) سمجھنا ؛ خیال کرنا - (۲) فکر ہونا -

what ails him, (I) t. (I wonder)? : مجھے یہ فکر ہے کہ اسے شکایت کیا ہے -

Trowel, *n. & v. t.* : (۱) کرنی ؛ جس سے راج گارا پھیلاتا ہے - (۲) (مجازاً) بری طرح خوشامد کرنا - (۳) مالی کا کھرا بیلچہ جس میں پودے رکھ کر اٹھاتا ہے- (۴) گارا پھیلانا ؛ گارے کا ردا چڑھانا -

lay it on with a t : خوشامد کے ردے پر ردے چڑھانا ؛ بھونڈے طریقے سے بیحد خوشامد کرنا

Troy, *n.* : (نیز *t. weight*) ٹرائے وزن؛ چاندی سونے وغیرہ کے تولنے کا -

t. pound : ٹرائے پونڈ = ۱۲ اونس یا ۵۷۶۰ گرین -

Truant, *n. a. & v. i.* : (۱) کام چھوڑ کر بھاگا ہوا شخص؛ مدرسے سے بھاگا ہوا بچہ ؛ بھگوڑا ؛ طفل گریز پا - (۲) کام چور؛ کاہل؛ کام یا مدرسے سے بھاگا ہوا ؛ گریز پا ؛ آوارہ گرد - (۳) کاہلانہ؛ بھگوڑے پن کا (طرز عمل وغیرہ) - (۴) آوارہ ؛ منتشر؛ سیماب وش (خیالات) -

play t. : بھاگ جانا (کام سے یا مدرسے سے) -

t.-school : صنعتی مدرسہ جس میں کام سے بھاگنے والے بچوں کی تعلیم کا خاص انتظام ہوتا ہے -

truancy, *n.* : (۱) کام سے بھاگنا- (۲) بھگوڑا پن؛ گریز پائی؛ آوارہ گردی -

truantly, *adv.* : بھگوڑوں کی طرح ؛ گریز پائی سے -

Truce, *n.* : (۱) عارضی صلح؛ التوائے جنگ - (۲) وقفہ ؛ مہلت (کام سے ، تکلیف سے) -

a t. to — t, : (قدیم) بس (-) کو ختم کرو -

flag of t. : دیکھو Flag -

t. of God : (تاریخ) التوائے خانہ جنگی خصوصاً مذہب عیسوی کے کسی تہوار کے دوران میں -

truceless, *a.* : بے التوا -

trucial, *a.* : (۱) عارضی صلح کا- (۲) عارضی صلح کا پابند -

Truck, *v.i. & t. & n.* : (۱) معاملہ کرنا ؛ بیوپار کرنا ؛ سودا کرنا- (۲) مبادلہ کرنا ایک شے کا دوسری سے ؛ ادل بدل کرنا - (۳) پھیری میں بیچنا ؛ بیچتے پھرنا (مال)- (۴) مبادلہ ؛ ادل بدل ؛ بیوپار ؛ معاملہ - (۵) چھوٹی موٹی چیزیں ؛ چھوٹا موٹا مال- (۶) (امریکا) ترکاریاں جو بازار میں بیچی جائیں - (۷) (بول چال) ردی مال ؛ نکمی چیز - (۸) (مجازاً) مہملات ؛ لغویات ؛ فضول یا مہمل باتیں (*I shall stand no t.*) - (۹) (نیز *t. system, tommy*) وہ طریقہ جس میں تاجر مزدوروں کو روپئے کی جگہ مال دیتا ہے یا روپیہ اس شرط پر دیتا ہے کہ وہ سب چیزیں اسی کے یہاں سے خریدیں)- دیکھو *tommy* -

have no t. with : واسطہ نہ رکھنا ؛ دور رہنا -

T. Acts : سنہ ۱۸۳۱ ع اور ۱۸۷۰ ع کے قانون جو اس طریقے کی تحقیقات یا ممانعت کے لئے وضع کئے گئے تھے -

t. shop : دوکان جو اس طریقہ پر چلائی جائے -

Truck, *n. & v. t.* : (۱) مال کے لے جانے کی بڑی گاڑی یا لاری - (۲) مال گاڑی کا ڈبا ؛ کھلا ڈبا؛ ٹرک - (۳) ٹھیلا جس میں قلی اسٹیشن پر اسباب لے جاتے ہیں- (۴) ریل کے ڈبے ، موٹر وغیرہ کا نچلا ڈھانچہ- (۵) (بحری) لکڑی کا گردہ جو مستول کی چوٹی پر ہوتا ہے اور جس میں باد بان کے رسوں کے لئے سوراخ ہوتے ہیں- (۶) (اب شاذ) چھوٹا بے ٹائر کا پہیا (۷) ٹھیلے ، لاری ، ٹرک وغیرہ میں لے جانا -

t. -bolster : موٹر کے نچلے ڈھانچے میں لوہے کا افقی شہتیر جو مضبوطی کے لیے لگاتے ہیں -

truckage : (۱) ٹرک وغیرہ میں مال لے جانا - (۲) اس کا محصول -

Truckle, *v.i. & n.* : (۱) عاجزی سے پیش آنا ؛ بالکل دب جانا ؛ دبک جانا - (۲) نیچا پہیے دار پلنگ جو لڑھکا کر بڑے پلنگ کے نیچے آسکے (پہلے خدمتگاروں کے لئے ہوتا تھا) -

truckler, *n.* : دبو ؛ دبنے والا -

Truculent (or -troo) *a.* : (۱) تند خو ؛ جنگ جو - (۲) تندخوئی کا ؛ جنگ جویانہ -

truculence,-ency, *nn.* : تند خوئی؛ جنگ جوئی -

truculently, *adv.* : تند خوئی یا جنگ جوئی کے انداز سے -

Trudge, *v. i. & t. & n.* : (۱) دقت سے چلنا - (۲) وہ چال جس میں بڑی دقت سے قدم اٹھتا ہو -

Trudgen, *n.* : (نیز *T. Stroke*) تیرا کی کا وہ طریقہ جس میں سیدھا ہاتھ اور الٹا ہاتھ باری باری سے مارتے ہیں -

True, *a. adv. & v. t.* : (۱) سچا ؛ سچ ؛ واقعے کے مطابق - (۲) صحیح؛ درست (*could not form a true judgement*)- (۳) اصلی ؛ حقیقی (*frog is not a t. reptile,*) - (۴) بالکل مطابق (نمونے کے) - (*the t. heir*) - (۵) ہم آہنگ ، ٹھیک (آواز ، سر وغیرہ) - (۶) وفادار؛ نمک حلال ؛ سچا ؛ پکا (*t. as steel*) - (۷) سیدھا؛ ٹھیک؛ ہموار (پہیا ، کھمبا، کڑی وغیرہ) - (۸) (قدیم) راست گو ؛ سچ بولنے والا - (۹) دیانت دار ؛ راست باز ؛ کھرا (*t. men*) - (۱۰) ٹھیک ٹھیک (*tell me t., aim t.,*) - (۱۱) (پہیے ، اوزار وغیرہ کو) ٹھیک حالت میں لے آنا ؛ ٹھیک کرنا -

his words have come true : اس کی بات پوری ہوئی ؛ جو اس نے کہا تھا وہی ہوا -

t. bill : فرد قرار داد جرم جس کی تصدیق بڑی جوری نے کردی ہو -

t. -blue, a. & n. : اپنے اصول کا اور دوستی کا پکا (شخص) ؛ وضع دار -

t.-born : کھرا ؛ خالص - (*t.-born English-man*)

t.-bred : (۱) صحیح النسب ؛ اصل نسل ؛ کھرا - (۲) خالص نسل کا ؛ عمدہ نسل کا -

t.-hearted : وفادار -

t.-heartedness : وفاداری -

t. horizon : دیکھو Horizon -

t. it would cost more : آپ نے ٹھیک کہا کہ اس کے دام تو زیادہ ہونگے -

t.-love : (۱) معشوق ؛ محبوب - (۲) ایک پودا جس کی پتیاں دھری گتھی ہوئی گرہ سے مشابہ ہوتی ہیں -

t.-love(r's)knot : دھری گتھی ہوئی گرہ -

truepenny : (قدیم) کھرا آدمی -

t. ribs : اصلی پسلیاں ؛ جو سینے کی ہڈی سے جڑی ہوئی ہیں -

trueness, *n.* : (شاذ) (۱) سچائی - (۲) وفاداری - (۳) صحت ؛ ٹھیک ہونا -

Truffle (or troo-), *n.* : ترفاس ؛ ایک طرح کی کھمبی جو زمین کے نیچے اگتی ہے اور اس سے کھانے کی قابیں سجاتے ہیں -

truffled, *a.* : ترفاس سے سجائی ہوئی -

Trug, *n.* : دودھ دان ؛ دودھ کا بادیہ (کاٹھ کا) -

Truism, *n.* : (۱) بدیہی امر ؛ مسلمہ حقیقت - (۲) قضیۂ مکررہ ؛ جس میں کوئی ایسی بات نہ کہی جائے جو اس کے ایک حصے سے خود بخود ظاہر نہ ہو (*I don't like my tea too hot*) - (۳) پیش پا افتادہ بات ، فرسودہ مقولہ وغیرہ -

Trull, *n.* : (قدیم) کسبی ؛ فاحشہ عورت -

Truly, *adv.* : (۱) سچے دل سے (*I am t. grateful*) - (۲) سچ مچ کا ؛ حقیقی ؛ اصلی (*a t. alarming state of affairs, a t. courageous act*) - (۳) خط میں جو ایسے شخص کے نام ہو جس سے زیادہ تعلقات نہ ہوں لکھنے والا اپنے نام کے ساتھ لکھتا ہے (*Yours (very) t. W. Jones,*) - (۴) بہ طور فقرۂ معترضہ ، ابصرت ادبی زبان میں آتا ہے (*t., I should be puzzled to say*) - (۵) وفاداری سے ؛ نیک حلالی سے (*has served him t.*) - (۶) ٹھیک ٹھیک ؛ صحیح طور پر (*it has been t. stated, is not t. represented*) - (۷) (مزاحاً) (*won't do for yours t. (me)*) آپ کے نیازمند کے لیے (میرے لیے) یہ کافی نہیں -

Trumeau (F) *n.* : (تعمیر) وہ ستون یا دیوار کا وہ حصہ جو کھڑکیوں ، دروں وغیرہ کے بیچ میں ہو ؛ خصوصاً وہ ستون جو بڑے دروازے کو دو حصوں میں تقسیم کرتا ہے ؛ فاصل -

Trump, *n.* : (قدیم ؛ شعر) ترم ؛ تری ؛ بگل یا اس کی آواز (*last t., t. of doom*) -

Trump *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) ترپ کا پتا ؛ ترپ - (۲) (بول چال) نہایت بہادر ؛ خوش تدبیر یا نیاض آدمی ؛ بڑا عمدہ آدمی - (۳) ترپ لگانا ؛ ترپ کھیلنا ؛ (مجازاً) حکمی تدبیر یا آخری وسیلے سے کام لینا -

a call for tt. : ترپ چلنے کی فرمائش (اپنے ساتھی سے) -

put person to his tt. : (مجازاً) کسی شخص کو اس پر مجبور کرنا کہ اپنے آخری وسائل سے کام لے -

t. card : (۱) ترپ کا پتا - (۲) (مجازاً) حکمی تدبیر ؛ نہایت عمدہ تدبیر -

t. up : گھڑ لینا ؛ جھوٹ موٹ بنا لینا -

turn up tt. : (بول چال) (۱) توقع سے بہتر ثابت ہونا - (۲) غیر متوقع کامیابی ہونا -

Trumpery, *n.* & *a.* : (۱) ٹیم ٹام ؛ محض نمائشی ساز و سامان ؛ گھٹیا اور بھڑک دار چیزیں - (۲) ردی یا نکمی چیزیں - (۳) مہملات ؛ لغویات - (۴) محض دیکھنے کا ؛ گھٹیا قسم کا ؛ بھڑک دار (*t. furniture*) - (۵) سطحی (*t. arguments,*) -

Trumpet, *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) ترم ؛ تری ؛ بگل - (۲) ترمچی ؛ ترم بجانے والا - (تاریخ) ترمچی جو قاصد کی حیثیت سے بھیجا جاتا تھا - (۳) ارگن باجے کا پردہ - (۴) ترم کی شکل کی کوئی چیز مثلاً ایک قسم کی تیف - (۵) ترم کی یا ترم کی سی آواز - (۶) ترم بجا کر اعلان کرنا - (مجازاً) بہ بانگ دھل اعلان کرنا ؛ دھوم مچا دینا - (۷) (ہاتھی وغیرہ کا) چنگھاڑنا -

blow one's own t. : دیکھو Blow -

ear-t. : دیکھو Ear -

flourish of tt. : دیکھو Flourish -

feast of tt. : یہودیوں کی عید نو روز -

sea- t. : گھونگے کی اقسام -

speaking-t. : دیکھو Speaking -

t.-call : (۱) ترم کی پکار - (۲) (مجازاً) شدید تقا ضائے عمل ؛ دعوت عمل -

t. -conch, t. -shell : گھونگے کی اقسام -

t. -flower, t. -loaf : پودوں کے قسمیں جن کے پتے یا پھول ترم کی شکل کے ہوتے ہیں -

t. major : ترم میجر ؛ رسالے کے ترمچیوں کا افسر -

Trumpeter, *n.* : (۱) ترمچی ؛ رسالے کا سپاہی جو ترم سے کسی حکم کا اعلان کرتا ہے - (۲) ایک قسم کا کبوتر ؛ کوئی اور پرند جس کی آواز ترم سے مشابہ ہو خصوصاً "*t. swan*" = ایک قسم کا راج ہنس جو شمالی امریکہ میں ہوتا ہے -

be one's own t., = *blow one's own t.* : دیکھو Blow -

Truncal, *a.* : (۱) انسان کے دھڑ کا - (۲) (درخت کے) تنے کا -

Truncate, *v. t.* & *a.* : (۱) پھننگ کاٹنا ؛ شاخیں وغیرہ کاٹنا (درخت کی) - (۲) چوٹی یا سرا کاٹنا (مخروطی یا استوانی شکل کی چیز کا) - (۳) سر ، ہاتھ پیر وغیرہ کاٹنا (انسان کے دھڑ سے) - (۴) شروع یا آخر کے جملے حذف کردینا (عبارت سے) ؛ کاٹنا چھانٹنا - (۵) (قلم یا بلوریہ کو) تراشنا ؛ کناروں کو تراش کر پہلو نکالنا - (۶) سرکٹا ؛ مقطوع ؛ مقطوع الاطراف ؛ کٹی چھنٹی (عبارت) - (۷) (حیوانیات ؛ نباتیات) پتی یا پر وغیرہ جس کا سرا کٹا ہوا معلوم ہو ؛ مقطوع -

truncately, *adv.* : مقطوع شکل میں -

truncation, *n.* : قطع اطراف -

truncature, *n.* : (حیوانیات) مقطوعیت -

Truncheon, *n.* : (۱) ڈنڈا ؛ سونٹا (خصوصاً پولس کے سپاہیوں کا) - (۲) عصا جو کسی منصب کی نشانی ہو - (۳) (متابعہ) ارل مارشل کا عصا - (ڈھال کے مارکے میں) -

Trundle, *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) چھوٹا سا چوڑا پہیہ مثلاً کرسی یا میز کے پائے کا - (۲) چھوٹی چرخی جس کے دندانے استوانی

شکل کے ھوں - (۳) نیچے پہیوں کا ٹھیلا یا گاڑی - (۴) (نیز *truckle- bed* = (*t. -bed* (۵) - (جہاز کے) دھرے چرخ کے
نچلے حصے کا سرا - (۶) لڑھکنا ؛ لڑھکانا (پہیے ٹھیلے وغیرہ کا) -
(۷) (عامیانہ) (کرکٹ) گیند پھینکنا ؛ بولنگ کرنا -

trundler, *n.* : (۱) لڑھکانے والا - (۲) (عامیانہ) (کرکٹ)
گیند پھینکنے والا ؛ بولر -

Trunk, *n.* & *v. t.* : (۱) تنا (درخت کا) - (۲) دھڑ (انسان
یا جانور کا) - (۳) کسی چیز کا اصل حصہ ؛ دھڑ - (۴) ریل یا
نہر کی اصل لائن - (۵) ٹرنک لائن؛ ٹیلیفون کی اصل لائن خصوصاً
وہ جو ایک شہر سے دوسرے شہر تک جاتی ہو- (۶) ٹرنک ؛ پیٹی؛
کپڑے رکھنے کا صندوق - (۷) لکڑی کا مستطیل ظرف یا آبریز؛ کان
کنی میں دھاتوں کو الگ کرنے کے لیے مستطیل شکل کا روشن
دان وغیرہ - (۸) ڈھول کی شکل کا نشارہ جو بعض انجنوں میں
استعمال ھوتا ھے - (۹) ھاتھی کی سونڈ - (۱۰) (جمع *t. hose*)
کمر سے گھٹنوں تک کی پوجس جو سولھویں اور سترھویں صدی میں
پہنتے تھے - (۱۱) (دھات کو) آبریز کے ذریعے الگ کرنا -

t. -call : ٹرنک کال؛ ٹیلیفون کا پیام جو دوسرے شہر کو بھیجا
جاتا ھے -

t. drawers : (دوکاندار) پتلون کے نیچے پہننے کا گھٹنوں تک
کا پاجامہ -

t. engines : ڈھول نما نشارے کا انجن -

t. -nail : بڑی خوش نما کیل جو ٹرنک یا تابوت وغیرہ میں
لگاتے ھیں -

t. -road : اصل سڑک؛ شاھراہ -

trunkful, *n.* : ٹرنک بھر ؛ صندوق بھر وغیرہ -

trunkless, *a.* : بے دھڑ کا ؛ بے تنے کا -

Trunnion, *n.* : (۱) توپ کی کیلی؛ توپ کا پتلا سرا (جو دونوں
طرف نکلا ھوتا ھے) - (۲) انجن کے بائلر کا پتلا سا دود کش -

trunnioned, *a.* : کیلی دار ؛ دود کش دار -

Truss, *v. t.* & *n.* : (۱) پیل پایہ یا کھم لگا کر سہارا دینا (چھت
پل وغیرہ کو) - (۲) پرند کے بازو باندھ دینا (پکانے سے پہلے) - (۳)
مشکیں کسنا ؛ بازو کولوں پر باندھ دینا - (۴) (قدیم) کپڑے کے
دامن وغیرہ سمیٹ کر باندھ دینا - (۵) پھانسی دینا - (۶) (باز
وغیرہ کا) دبوچنا؛ پکڑ لینا (پرند کو) - (۷) پیل پایہ؛ دھرا بیچ
میں جڑا ھوا کھمبا ؛ کھمبا جس میں آڑی ٹیکن لگی ھو - (۸)
خشک گھاس کا پرانا گٹھا (۵۶ پونڈ کا) ؛ نیا گٹھا (۶۰ پونڈ کا) ؛
پیال کا گٹھا (۳۶ پونڈ کا) - (۹) پھولوں کا گچھا یا طرہ - (۱۰)
داسا جس پر کوئی مجسمہ وغیرہ قائم ھو - (۱۱) (جہاز) لوھے کا
بریکٹ جس سے نیچے کی افقی بلیاں مستول سے جکڑی ھوتی ھیں-
(۱۲) (جراحی) پیٹی یا کمانی جس سے فتق کی بیماری میں کام
لیتے ھیں -

t.-bridge : پیل پایہ دار پل -

Trust, *n.* & *v. t.* & *i.*: - (*our t. is in God*) (۱) اعتماد؛بھروسا
(۲) امید واثق؛ پوری توقع - (۳) وہ شخص یا چیز جس پر بھروسا
ھو یا جس سے امید ھو؛ امیدوں کا مرکز - (۴) حسن ظن؛ اعتبار
(جو بغیر ثبوت یا تصدیق کے کرلیا جائے) - (۵) ساکھ ؛ اعتبار
(*supplied him with goods on t.*) - (۶) ذمہ داری (جو
اعتبار کی وجہ سے ھو) (*am in a position of t.*) - (۷)
(قانون) تولیت (املاک یا جائداد کی)؛ جائداد جو زیر تولیت ھو ؛
ٹرسٹ؛ وثیقہ - (۸) امانت؛ ودیعت؛ کار مفوضہ - (۹) (تجارت)
ٹرسٹ؛ اتحاد تجار (کئی تجارتی کمپنیوں کا متحدہ کاروبار جس
کی غرض عموماً یہ ھوتی ھے کہ مقابلے میں حریفوں کو شکست دے؛
ایک مرکزی کمیٹی حصہ داروں کے تمسکات کا بڑا حصہ خرید لیتی
ھے ؛ انھیں ووٹ کا حق نہیں رھتا ؛ صرف منافع ملتا ھے - (۱۰)
اعتماد کرنا ؛بھروسا کرنا؛ اعتبار کرنا - (۱۱) (چیز کو کسی کی)
امانت میں دینا ؛ سپرد کرنا ؛ (امانت) رکھوانا - (۱۲) گاھک کو
مال ادھار دینا - (۱۳) امید کرنا ؛ (شاذ) امید واثق رکھنا -

takes everything on t. : ھر بات پر اعتبار کرلیتا ھے؛ ھر
چیز میں حسن ظن سے کام لیتا ھے -

t.-deed: (۱) تولیت نامہ؛ وہ دستاویز جس کی رو سے مالک اپنی
جائداد کسی متولی کے یا قرض خواھوں کے سپرد کرے کہ قرض چکانے
کے بعد واپس کردیں - (۲) وثیقہ نامہ؛ تولیت نامہ جس کی رو
سے جائداد کسی خاص غرض سے تولیت میں دی جائے -

t.-money : رقم زیر تولیت؛ ٹرسٹ کی رقم -

t. to : (کسی پر) بھروسا کرنا (عموماً) بے جا طور پر -
-(*does not do to t. to memory for these things*)

trustingly, *adv.* : اعتبار کرکے ؛ بھروسا کرکے -

Trustee *n.* : (۱) (قانون) متولی -(۲) (عام معنی) ٹرسٹی ؛ امین؛
اس جماعت کا رکن جس کے سپرد کسی کالج وغیرہ کا انتظام ھو-

the Public T. : متولی عام؛ ایک سرکاری عہدہ دار جو
انگلستان میں سنہ ۱۹۰۸ ع سے مقرر کیا گیا ھے اور جو کوئی
چاھے وہ اپنی وصیت کی عمل درآمد اس کے سپرد کرسکتا ھے -

trusteeship, *n.* : متولی یا ٹرسٹی کا منصب -

Trustful, *a.* : جس کی طبیعت میں دوسروں پر اعتماد کرنے کا
مادہ ھو ؛ اعتماد کرنے والا ؛ اعتبار کرنے والا ؛ با اعتماد -

trustfully, *adv.*: با اعتمادی سے ؛ اعتماد کرتے ھوئے ؛ بھروسا
کرتے ھوئے -

trustfulness, *n.* : با اعتمادی؛ اعتماد یا اعتبار کا مادہ -

Trustworthy, *a.* : قابل اعتماد؛ قابل اعتبار؛ معتبر؛ قابل وثوق؛
بھروسے کے لائق ؛ بھروسے کا -

trustworthiness, *n.* : قابل اعتماد ھونا ؛ قابل وثوق ھونا؛
قابل اعتبار ھونا ؛ معتبری -

Trusty *a.* & *n.* : (عموماً قدیم زبان میں)- (۱) قابل اعتماد؛ بھروسے
کا ؛ قابل اعتبار (*t. steed, sword, servant,*) - (۲) نیک
چلن قیدی ؛ جس کے ساتھ خاص مراعات ھوتی ھے -

Trustily, *adv.* : قابل اعتماد طریقے سے -

trustiness *n.* : معتبری؛ قابل اعتماد ھونا -

Truth, (trooth; pl. -dhz), *n.* : (۱) سچائی؛ صحت؛ دیانت؛
خلوص ؛ وفاداری - (۲) ٹھیک حالت؛ درست حالت
(*wheel is out of t.*) - (۳) سچ ؛ سچی بات ؛ حق ؛
حقیقت (*have told you the whole t.*) -

am a lover of t. or T. : میں حق پرست ھوں؛ حق کا
شیدا ھوں -

God's t. : دیکھو God -

gospel t. : دیکھو Gospel -

home tt. : کھری کھری باتیں؛ چبھتی ھوئی باتیں ؛ کسی

شخص کی واقعی برائیاں جو اس کے سامنے کی جائیں اور اسے ناگوار ہوں -

in t. : (ادبی زبان) حقیقت میں؛ واقعی -

of a t. : (قدیم) حقیقت میں؛ واقعی -

to tell the t., t. to tell : سچ تو یہ ہے؛ سچ پوچھو تو -

Truthful, *a.* : (۱) سچا ؛ سچ بولنے والا؛ راست گو؛ صادق القول- (۲) سچا؛ حقیقت پر مبنی (قصہ وغیرہ) -

truthfully, *adv.* : سچ مچ؛ سچائی سے -

truthfulness, *n.* : (۱) راست گوئی ؛ راستی - (۲) سچائی ؛ حقیقت -

Truthless, *a.* : (۱) جھوٹا؛ غلط (بیان وغیرہ) - (۲) بے وفا ؛ بد عہد (شخص) -

truthlessness, *n.* : (۱) جھوٹا ہونا - (۲) بے وفائی -

Try, *v. t. & i. & n.* : (۱) آزمائش کرنا ؛ آزمانا ؛ تجربہ کرنا - (۲) ابتلا میں ڈالنا ؛ مصیبت میں ڈالنا ؛ تکلیف دینا - (۳) آزما کر دیکھنا ؛ کرکے دیکھنا (*let us t. whether it will break*) - (۴) عدالتی تحقیقات کرنا ؛ سماعت کرنا- (مقدمے کی) ' مقدمہ چلانا (کسی شخص پر) ؛ (کسی جرم میں) ماخوذ کرکے تحقیقات کرنا - (۵) کسی کام کی کوشش کرنا (*he tried a jump & fell*) - (۶) جد و جہد کرنا ؛ کوشش کرنا - (۷) (نیز *t. up*) کھر درے تختے کو رندا کر کے صاف کرنا - (۸) (نیز *t. out*) (دھات یا چربی یا تیل کو) پگھلا کر جوش دے کر صاف کرنا - (۹) (بول چال) کوشش (*have a t. at it, for it*) - (۱۰) (رگبی فٹ بال) ٹرائی ؛ ایک فریق کا یہ حق کہ وہ گیند کو گول کے سامنے رکھ کر ٹھوکر مار کر گول کی کوشش کرے -

must t. and get it finished to-night: (بول چال) کوشش کرکے آج رات کو ختم کر دینا چاہیے -

t. a fall : دیکھو Fall -

t. back, = hark-back : دیکھو Hark -

t. conclusions : دیکھو Conclusion -

t. for : (۱) اختیار کرنے کی کوشش کرنا - (۲) مقابلہ کرنا یا درخواست دینا (ملازمت وغیرہ کے لیے) -

t. it (one's tricks) with person : (کسی شخص کے ساتھ) چھیڑ ' شرارت وغیرہ شروع کرنا -

t. on : (کپڑا) پہن کر دیکھنا (کہ ٹھیک ہے یا نہیں) -

t.-on, n. : (بول چال) دھوکا دینے کی کوشش -

t. out : اچھی طرح آزمانا ؛ آزمائش کرنا -

t.-out, n. : آزمائش -

trysail : چھوٹا بادبان جو طوفانی موسم میں مستول پر چڑھایا جاتا ہے اور ایک لٹھے سے بندھا رہتا ہے -

trying-square : بڑھئی کا گنیا -

try-works : وھیل کی چربی کے جانچنے کا آلہ -

t. your hand at: اسے کرنے کی کوشش کرو؛ اس پر اپنا تیر آزماؤ-

trying, *a.* : کٹھن ؛ دشوار ؛ صعب ؛ تکلیف دہ -

tryingly, *adv.* : تکلیف دہ طور پر -

Trypanosome, *n.* : ٹرپیانسم ؛ خون کا طفیلی جرثومہ جس سے مرض النوم اور دوسری بیماریاں پیدا ہوتی ہیں -

Trypsin, *n.* : ٹراپسین ؛ لبلبے کی رطوبت کا ہاضم مادہ -

Tryst, *n. & v. t.* : (قدیم) (۱) ملاقات کا وعدہ ؛ موعودہ ملاقات (*keep, break t.,*) - (۲) ملاقات کا وعدہ کرنا ؛ ملاقات کا وقت مقرر کرنا -

Tsar &c. : دیکھو Czar &c. -

Tsetse (-i), *n.* : جنوبی افریقہ کی ایک مکھی (جس کے کاٹے ہوئے مویشی ' کتے وغیرہ مر جاتے ہیں) -

Tub, *n. & v. t. & i.* : (۱) ناند (لکڑی کا) ؛ (کپڑے دھونے یا نہانے کا) ٹب؛ چھوٹا ٹب مکھن وغیرہ رکھنے کا - (۲) چائے ' فلہ ' مکھن وغیرہ کے ناپنے کا پیمانہ جو مختلف مقدار کا ہوتا ہے - (۳) نہانے کا چوڑا ٹب ؛ ٹب کا غسل - (۴) (کان کنی) ناند یا صندوق کچی دھات یا کوئلہ اٹھانے کے لیے - (۵) (تحقیراً) بھدی سست رفتار کشتی - (۶) چھوٹی سی کشتی جس پر کشتی رانی کی مشق ہوتی ہے - (۷) ٹب میں نہانا یا نہلانا - (۸) ناند میں پودا لگانا - (۹) چھوٹی کشتی کھینا - (۱۰) چھوٹی کشتی میں کشتی کھینا سکھانا - (۱۱) (کان کنی) لکڑی یا لوہے کا سخول چڑھانا (صندوق وغیرہ پر) -

cold tub : ٹھنڈے پانی کا غسل -

let every t. stand on its own bottom : ہر شخص کو اپنی فکر کرنی چاہیے -

t.-eight : آٹھ کھویوں کی کشتی -

t.-pair : دو کھویوں کی کشتی -

t.-thumper : گلا پھاڑ کر چیخنے والا واعظ ؛ عامیانہ طرز کا واعظ-

t.-thumping, a. & n. : چیخ چیخ کر وعظ کہنا ؛ عامیانہ وعظ کہنا -

t.-wheel : گھومنے والا ٹب ڈھول کی شکل کا ' کھالیں وغیرہ دھونے کے لیے -

tubbing, *n.* : (۱) خول چڑھانا - (۲) خول -

tubful, *n.* : ٹب بھر -

Tuba, *n.* : (۱) ایک قسم کی نفیری - (۲) ارگن باجے کا پردہ -

Tubby, *a.* : (۱) ٹب کی شکل کا؛ گول مٹول ؛ موٹا - (۲) بے گمک؛ بھدی آواز کا (باجا) -

tubbish, *a.* : گول مٹول ؛ موٹا سا -

Tube, *n. & v. t.* : (۱) نلی ؛ نلکی (دھات یا ربر کی) - (۲) ٹیوب ' (دھات کا ' نلکی کی شکل کا ' روغن وغیرہ رکھنے کے لیے) - (۳) پھونکنے کے باجوں کا اصل حصہ ؛ نلکا - (۴) (تشریح) قنات ؛ مجریٰ ؛ نلی ؛ نلکی - (۵) ٹیوب ریل ؛ لندن کی زیر زمین برقی ریل یا اس کی کوئی لائن - (۶) نلکی لگانا ؛ نلکی میں رکھنا ؛ ٹیوب میں رکھنا -

bronchial t. : قنات شعبی ؛ نرخرے کے دو شعبوں میں سے کسی شعبے کی نالی جس میں سے ہوا پھیپھڑوں میں آتی جاتی ہے -

Crookes's t. : ایک قسم کی خلائی نلکی جس سے گیس کی بعض خاصیتیں دکھائی جاتی ہیں -

pneumatic t. : وہ نلکی جس میں خط وغیرہ رکھ کر ہوا کے دباؤ سے ایک جگہ سے دوسری جگہ پہنچاتے ہیں -

test -t. : دیکھو Test -

t. colours : رنگ جو ٹیوب میں ہوتے ہیں -

t. -flower : جزائر شرق الہند کی ایک خوشنما پھولدار جھاڑی -

t. -shell : گھونگھے کی قسم کا جانور جس کا خول نلی کی شکل کا ہوتا ہے -

t. -well : نل کنواں جسے زمین کے اندر اتار کر پانی نکا لتے ہیں -

tubed horse : جس کی ہوا کی نالی میں نلکی ڈالی گئی ہو -

tubal, tubar, *aa.* : تناتی ؛ نلکی کا -

tubing, *n.* : (۱) نلکیوں کا سلسلہ - (۲) نلکی ؛ نلکی کا ٹکڑا -

Tuber, *n.* : (۱) بصلہ ؛ پودوں کا چھوٹا اور دبیز تنا جو زمین کے نیچے ہوتا ہے مثلاً آلو وغیرہ کا گنٹھا - (۲) ترفاس ؛ ایک قسم کی کھمبی جو زیر زمین اگتی ہے - (۳) (تشریح) گومڑی ؛ ورم -

tuberiferous, *a.* : بصلہ دار -

tuberiform, *a.* : بصلے کی شکل کا -

Tubercle, *n.* : (۱) چھوٹی سی گانٹھ خصوصاً ہڈی کی - (۲) دق کا دانہ ؛ دانہ جو کسی عضو میں خصوصاً پھیپھڑے میں فاسد مادے سے پیدا ہو جاتا ہے اور دق یا سل کا باعث ہوتا ہے - (۳) (نباتیات) بیض دانہ ؛ دانہ -

tubercled, *a.* : (۱) جس میں دق کے دانے نکلے ہوں - (۲) گانٹھ دار -

tubercular, *a.* : (۱) دق کے دانے کا سا - (۲) دق یا سل میں مبتلا - (۳) جس میں دق کے دانے نکلے ہوں -

tuberculate (d), *a.* : جس میں دق کے دانے نکلے ہوں -

tuberculine, *n.* : ٹیوبر کولین ؛ ایک عرق جو دق کے پروردہ جراثیم سے بنایا جاتا ہے اور دق کی تشخیص کے لیے استعمال ہوتا ہے -

tuberculose, tuberculous, *aa.* : جس میں دق کے دانے نکلے ہوں ؛ دق میں مبتلا -

Tuberculation, *n.* : (۱) دق کے دانوں کا نکلنا - (۲) دق کے دانوں کا سلسلہ -

Tubercul (ar) ize, *v. t.* : دق کے جراثیم داخل کرنا ؛ دق کا اثر پہنچانا -

tuberculization, *n.* : دق کا اثر پہونچانا یا پہونچایا جانا -

Tuberculosis, *n.* : دق -

pulmonary t. : سل -

tuberculosed, *a.* : مدقوق -

Tuberose, *a.* & (pop. pron. tubroz) *n.* : (۱) گومڑی دار - (۲) بصلے کی قسم کا ؛ بصلی - (۳) بصلہ دار (پودا) ؛ جس میں بصلے یا گنٹھے پیدا ہوتے ہیں - (۴) ایک باغی پودا جس میں دودھیا رنگ کے خوش بودار پھول لگتے ہیں -

tuberosity, tuberousness, *nn.* : (۱) گومڑی دار ہونا - (۲) بصلی یا بصلہ دار ہونا -

tuberous, *a.* : (۱) گومڑی دار - (۲) بصلہ دار ؛ بصلی -

Tubi-, in comb. : لاطینی لفظ " *tubus* " بہ معنی نلکی کی ترکیبی صورت -

-corn a. & n. : کھوکھلے سینگوں کا (جگالی کرنے والا جانور) -

-form : نلکی کی شکل کا -

-lingual : نلکی کی سی زبان رکھنے والا -

Tubular, *a.* : نلی نما ؛ نلی دار ؛ (۱) نلی یا نلکی کا شکل کا - (۲) نلکی کا بنا ہوا ؛ نلکیوں میں رکھا ہوا - (۳) (تنفس کی ایک کیفیت) نلالی ؛ جس میں اس طرح کی آواز نکلتی ہو جیسے ہوا کسی ٹیوب میں سے گزر رہی ہے -

t. boiler, : نلی دار جوش دان ؛ بوائلر جس میں پانی یا بھاپ نلیوں میں سے گزرتی ہے -

t. bridge, : مستطیل نل کی شکل کا رستہ جس میں سے ریل وغیرہ گزرتی ہے -

tubulose, tubulous, *aa.* : (۱) نلکی نما - (۲) نلکی دار -

Tubule, *n.* : چھوٹی سی نلکی یا نلی -

tubuli-, comb. : اس لفظ کی ترکیبی صورت -

Unsister, *v. t.* : بہن سے محروم کر دینا یا الگ کردینا -

Unsling, *v. t.* : (بحری) صندوق وغیرہ کو اُن رسیوں یا زنجیروں سے الگ کرنا جن سے وہ لٹکائے گئے ہوں -

Unsnare, *v. t.* : پھندا کھول دینا -

Unsolder, *v. t.* : (برتن کا) ٹانکا کھولنا ؛ جوڑ کھولنا -

Unspar, *v. t.* : بلی یا لٹھا نکال دینا ؛ الگ کر دینا -

Unspeak, *v. t.* : کہے کو ان کہا کرنا ؛ الفاظ واپس لینا -

Unspell, *v. t.* : جادوکا اثر زائل کرنا ؛ منترکے اثرسےآزاد کرنا -

Unsphere, *v. t.* : کرے میں سے ہٹانا یا نکالنا -

Unstarch, *v. t.* : کلپ دور کرنا -

Unsquire, *v. t.* : اسکوایر (بڑے زمیندار‘ چودھری) کےمرتبے سے محروم کرنا -

Unsteel, *v. t.* : (کسی شخص کو) نرم کرنا ؛ دھیما کرنا ؛ (ارادے کو) کمزور کرنا -

Unstep, *v. t.* : (بحری) (مستول کو) خانے سے نکالنا -

Unstick, *v. t.* : چپکی ہوئی چیز کو الگ کرنا ؛ چھڑانا -

come unstuck : (عامیانہ) ناکام ہونا -

Unstitch, *v. t.* : ٹانکے ادھیڑنا -

Unstock, *v. t.* : (۱) ذخیرے سےمحروم کرنا - (۲) بندوق کا کندہ نکال دینا -

Unstop, *v. t.* : (۱) رکاوٹ دور کرنا - (۲) شیشے کا کاگ کھولنا ؛ ڈاٹ کھولنا -

Unstopper, *v. t.* : بوتل کا کاگ کھولنا ؛ ڈاٹ کھولنا -

Unstrap, *v. t.* : تسمے کھولنا -

Unstring, *v. t.* : (۱) باجے کے تار ڈھیلےکرنا یا نکال دینا - (۲) موتی وغیرہ لڑی میں سے نکالنا- (۳) (اعصاب کو) کمزور کرنا؛ ڈھیلا کرنا -

unstrung, *a.* : کمزور ؛ ڈھیلے (اعصاب) -

Unswaddle, *v. t.* : (۱) پٹیاں کھولنا - (۲) اوڑھے لپیٹے ہوئے کپڑے الگ کرنا -

Unswathe, *v. t.* : (۱) پٹیاں‌کھولنا - (۲) اوڑھے لپیٹے ہوئے کپڑے الگ کرنا -

Unswear, *v. t.* : جو بات قسم کھا کر کہی‌ہو اس کی تردید کرنا یا واپس لینا -

Untack, *v. t.* : کھولنا ؛ الگ‌کرنا (چپٹی کیلوں سےجڑی‌یارسوں سے بندھی چیز کو) -

Untangle, *v. t.* : سلجھانا -

Unteach, *v. t.* : سکھایا ہوا بھلانا -

Untemper, *v. t.* : لوہےیا کسی‌اور دھات کی‌لچک دور کرنا-

Untent, *v. t.* : خیمے سے باہر نکالنا -

Untether, *v. t.* : (بکری وغیرہ کی) رسی کھول دینا -

Unthink, *v. t.* : (کسی چیز کا) خیال دل سے نکال دینا -

Unthread, *v. t.* : تاگا (سوئی میں سے) نکال لینا ؛ (بھول بھلیاں میں سے) نکالنا ؛ رستہ پالینا -

Unthrone, *v. t.* : تخت سے اتارنا -

Untie, *v. t.* : (۱) بند گرہ یا لچھا کھولنا؛ ستلی وغیرہ کھولنا- (۲) مشکیں کھولنا ؛ رسی سے بندھے ہوئے آدمی کو کھولنا -

untied, *a.* : (۱) بن بندھا -(۲) جو کھولا گیا ہو -

Untile, *v. t.* : کھپریل اتارنا ؛ ٹائل نکالنا -

Untin, *v. t.* : (۱) قلعی دور کرنا- (۲) ٹین کے ڈبوں‌میں سے نکالنا (کوئی چیز) -

Untomb, *v. t.* : قبر میں سے نکالنا -

Untooth, *v. t.* : دانت نکال لینا -

Untruss, *v. t.* : کھولنا ؛ الگ‌کرنا (پیٹی ‘ بند ھی وغیرہ) -

Untuck, *v. t.* : کپڑے کی تہیں کھولنا ؛ سمٹی ہوئی یا لپٹی ہوئی چیز کو کھولنا -

Untune, *v. t.* : (۱) بے سرا کرنا - (۲) (مجازاً) بےکیف کرنا -
Unturf, *v. t.* : دوب تختے الگ کرنا ؛ اکھاڑنا (زمین سے) -
Untwine, *v. t.* : بل کھولنا یا کھلنا -
Untwist, *v. t. & i.* : (۱) بٹ کھولنا ؛ بل کھولنا یا کھلنا -
(۲) سلجھانا ؛ حل کرنا (عقدہ) ؛ کھولنا -
Unvicar, *v. t.* : وکر (حلقے کے پادری) کی خدمت سے برطرف کرنا -
Unveil, *v. t. & i.* : (۱) نقاب اٹھانا - (۲) ڈھکی چیز پرکی پوشش ہٹانا ؛ بے نقاب کرنا (مثلاً مجسمہ وغیرہ) - (۳) چھپی ہوئی بات ظاہر کرنا ؛ کھولنا -
Unvote, *v. t.* : کسی تجویز کے موافق رائے دینے کے بعد واپس لینا -
Unwarp, *v. t.* : سیدھا کرنا ؛ درست کرنا -
Unweave, *v. t.* : بفارت کھولنا یا ادھیڑنا (کپڑے کی) -
Unwill, *v. t.* : جس بات کی وصیت کی ہے اس کی تردید کرنا ؛ وصیت منسوخ کرنا -
Unwind, *v. t. & i.* : لپٹی ہوئی چیز کا کھولنا یا کھلنا -
unwound, *a.* : کھلا ہوا -
Unwork, *v. t.* : کئے کو مٹانا ؛ بنائے ہوئے کام کو بگاڑ ڈالنا -
Unwrap, *v. t.* : (۱) تہیں کھولنا - (۲) لپٹی ہوئی چیز کو کھولنا -
Unwrinkle, *v. t.* : شکن دور کرنا -
Unyoke, *v. t. & i.* : (۱) جوا اتار دینا ؛ آزاد کر دینا - (۲) کام بند کر دینا -
Un-*pref* : سابقہ اس سے حسب ذیل صفات بنتے ہیں -
Unabashed : (۱) بے شرم ؛ بےحجاب - (۲) بےباک ؛ بےہراس -
Unabated : (۱) بے تخفیف ؛ جس میں کمی نہ ہوئی ہو - (۲) یکساں شدت کا -
Unabbreviated : غیر مخفف -
Unabetted : بلا اعانت -
Unabiding : ناپائدار -
Unable : (کوئی کام کرنے کے) نا قابل ؛ معذور ؛ قاصر -
Unabridged : غیر مختصر ؛ بے اختصار -
Unabsorbable : نا قابل جذب -
Unabsorbed : غیر جذب شدہ -
Unabsorbing : غیر دلچسپ -
Unabsorbent : غیر جاذب -
Unaccented : بےتاکید ؛ خصوصاً لفظ کا ٹکڑا جس پر جھٹکا نہ ہو -
Unaccentuated : (۱) بے تاکید ؛ بے علامت تاکید - (۲) جس پر زور نہ دیا گیا ہو -
Undacebtable : نا قابل قبول -
Unaccommodating : بے مروت ؛ غیر آشتی پسند ؛ سخت -
Unaccompanied : (۱) اکیلا ؛ تنہا - (۲) (موسیقی) بے سنگت ؛ بے ساز -
Unaccomplished : (۱) نا تمام ؛ نامکمل - (۲) غیر واقع ؛ غیر حاصل ؛ جو حاصل نہ ہوا ہو - (۳) بے کمال ؛ بے ہنر -
Unaccordant : (نغمہ یا سر) بے میل ؛ بے آہنگ -
Unaccountable : (۱) غیر جواب دہ - (۲) ناقابل توجیہہ ؛ عجیب -
unaccountability, *n.* : ناقابل توجیہہ ہونا ؛ عجیب ہونا -
unaccountableness, *n.* : نا قابل توجیہہ ہونا ؛ عجیب ہونا -
unaccountably, *adv.* : نہ جانے کس وجہ سے ؛ ناقابل توجیہہ طریقہ سے ؛ عجیب طور سے -
Unaccoutred : جس کے پاس فوجی لوازمہ نہ ہو ؛ بے ساز وسامان -
Unaccredited : (۱) غیر معتبر ؛ غیر نامور - (۲) غیر مسلمہ ؛ غیر مصدقہ -
Unaccused : غیر ملزم -
Unaccustomed : (۱) عادت نہ رکھنے والا ؛ غیر عادی - (۲) غیر معمولی ؛ خلاف معمول -
Unachievable : نا قابل حصول -
Unachieved : غیر حاصل ؛ جو حاصل نہ ہوا ہو -
Unacknowledged : (۱) بے رسید ؛ جس کی رسید نہ ملے - (۲) بے جواب ؛ جس کا جواب نہ ملے - (۳) غیر تسلیم شدہ ؛ غیر مصدقہ - (۴) غیر اعتراف شدہ ؛ جس کا اعتراف نہ ہوا ہو -
Unacquainted : نا واقف -
Unacquirable : نا قابل حصول -
Unacquired : غیر حاصل شدہ -
Unacted : (۱) ناکردہ ؛ جو کیا نہ گیا ہو - (۲) (تماشا) جو اسٹیج پر نہ دکھایا گیا ہو -
Unadaptable : ناقابل مطابقت ؛ ناقابل تطبیق -
Unadapted : (۱) غیر مطابق ؛ غیر تطبیق شدہ - (۲) ناموزوں (کسی خاص مقصد کے لیے) -
Unaddicted : غیر عادی -
Unaddressed : (۱) غیر مخاطب ؛ جس سے خطاب نہ ہو - (۲) بے پتے کا (خط وغیرہ) -
Unadjudged : (۱) غیر فیصل شدہ - (۲) غیر عطا شدہ -
Unadjusted : (۱) غیر تصفیہ شدہ - (۲) غیر منظم ؛ غیر مربوط -
Unadministered : (۱) بے انتظام - (۲) بے استعمال -
Unadmired : (۱) ناپسندیدہ - (۲) تعریف سے محروم -
Unadmonished : بے تنبیہہ ؛ جسے سرزنش نہ ہوئی ہو -
Unadopted : (۱) بے اختیار کیا ہوا - (۲) (نئی سڑکیں) جنھیں میونسپلٹی یا ڈسٹرکٹ بورڈ وغیرہ نے اپنے انتظام میں نہ لیا ہو -
Unadorned : غیر آراستہ ؛ بے آرائش ؛ سادہ -
Unadulterated : بے آمیزش ؛ خالص -
Unadventurous : (۱) غیر مہم جو ؛ من چلے پن سے خالی - (۲) بے مہم ؛ اہم یا دلچسپ واقعات سے خالی -
Unadvisable : نامناسب ؛ غیر معقول ؛ خلاف مصلحت -
Unadvisability : غیر معقولیت ؛ نامناسب یا خلاف مصلحت ہونا -
Unadvised : (۱) مشورے سے محروم - (۲) ناعاقبت اندیشانہ ؛ بے جا جرأت کا -
Unadvisedly : (۱) بغیر معقول مشورے کے - (۲) بے سوچے سمجھے - (۳) ناعاقبت اندیشی سے ؛ بے جا جرأت سے -
Unaffable : کج خلق ؛ بے مروت -
Unaffected : (۱) بے تصنع ؛ بے ساختہ ؛ سیدھا سادہ - (۲) سچا ؛ پر خلوص ؛ بے بناوٹ - (۳) جوں کا توں ؛ غیر متغیر - (۴) غیر متاثر -
unaffectedly, *adv.* : بلا تصنع ؛ بے بناوٹ کے ؛ سادگی

ہے ؛ خلوص سے -
unaffectedness, n. : بے ساختہ پن ؛ بے تکلفی ؛ بے بناوٹ ہونا ؛ سادگی ؛ خلوص -
Unaffiliated : غیر ملحق
Unafflicted : مصیبت سے محفوظ -
Unaggressive : (۱) غیر جنگ جویانہ ؛ غیر جارحانہ ؛ صلح پسندانہ - (۲) بدتمیزی سے خالی؛ معقولیت کا -
Unaided : (۱) مدد سے محروم؛ بے مدد گار - (۲) بلا امداد غیرے؛ بغیر کسی کی مدد کے -
Unalarmed : (۱) غیر خائف ؛ غیر خوف زدہ - (۲) خطرے کے احساس سے خالی ؛ نچنت -
Unalleviated : بے تخفیف ؛ بے تسکین -
Unallotted : (۱) غیر تقسیم شدہ - (۲) غیر نامزد شدہ -
Unallowable : ناقابل اجازت ؛ ناقابل ؛ نا جائز -
Unalloyed : بے میل ؛ بے آمیزش -
Unalterable (-bility, -bleness, -bly) : ناقابل تغیر ؛ اٹل -
Unaltered : غیر تغیر شدہ -
Unamazed : غیر متعجب ؛ بے استعجاب -
Unambiguous : بے ابہام ؛ صریح ؛ واضح -
unambiguously, adv. : صریحی طور پر ؛ واضح طور پر ؛ بلا کسی ابہام کے -
unambiguousness, n. : ابہام سے خالی ہونا؛ وضاحت؛ صراحت -
Unambitious : حب جاہ سے خالی ؛ غیر جاہ پسند -
unambitiously, adv. : غیر جاہ پسندانہ طریقے سے ؛ حب جاہ سے خالی ہوکر -
unambitiousness, n. : غیر جاہ پسندی؛ حب جاہ سے خالی ہونا -
Unamenable : غیر اثر پذیر -
Unamendable : ناقابل ترمیم -
Un-American : غیر امریکی ؛ امریکا کے رسم و رواج کے خلاف ؛ اہل امریکا کے خیالات یا جذبات کے خلاف -
Unamiable : (۱) غیر دلکش - (۲) غیر خلیق ؛ کج خلق ؛ کھرا - (۲) کج خلقی کا ؛ کھرے پن کا -
unamiability, n. : (۱) غیر دلکش ہونا - (۲) کج خلقی؛ کھرا پن -
unamiableness, n. : (۱) غیر دلکش ہونا - (۲) کج خلقی ؛ کھراپن -
unamiably, adv. : غیر دلکش طور پر ؛ کج خلقی سے ؛ کھرے پن سے -
Unamusing : غیر دلچسپ -
Unanalysable : (۱) نا قابل تحلیل - (۲) نا قابل تشریح -
Unanalysed : (۱) غیر تحلیل شدہ - (۲) بے تشریح ؛ غیر تشریح شدہ -
Unanimated : جوش سے خالی ؛ بے جوش -
Unannounced : (۱) بے اطلاع ؛ جس کی اطلاع نہ ہوئی ہو - (۲) بے اعلان ؛ جس کا اعلان نہ ہوا ہو -
Unanswerable : نا قابل تردید -
Unanswerability, n. : نا قابل تردید ہونا -
unanswerableness, n. : نا قابل تردید ہونا -
unanswerably, adv. : نا قابل تردید طریقے پر -
Unanswered : بے جواب ؛ جس کا جواب نہ ملے -
Unanticipated : غیر متوقع ؛ اچانک -
Unapocryphal : غیر منحرف ؛ غیر وضعی ؛ صحیح ؛ مستند -
Unapostolic : (۱) خلاف طریق حواریین - (۲) خلاف طریق پا پائے روم -
Unappalled : غیر خوف زدہ ؛ غیر خائف -
Unapparelled : غیر ملبوس ؛ عریاں -
Unapparent : غیر ظاہر ؛ غیر مرئی -
Unappeasable : غیر تسکین پذیر ؛ نا قابل تسکین ؛ جو فرو نہ ہو سکے -
Unappeased : بے تسکین ؛ جسے تسکین نہ ہوئی ہو ؛ جو فرو نہ ہوا ہو -
Unappealable : نا قابل اپیل ؛ نا قابل مرافعہ -
Unappetizing : (۱) مکروہ ؛ نا مرغوب - (۲) غیر مشتہی؛ جس سے بھوک نہ پیدا ہو -
unappetizingly, adv. : (۱) مکروہ طور سے ؛ نا مرغوب طور سے - (۲) غیر مشتہی طریقے سے -
Unapplied : غیر مستعمل ؛ جو کسی خاص مقصد کے لیے استعمال نہ کیا گیا ہو -
Unappreciated : بے قدر -
Unappreciative : نا قدری کا -
Unapprehended : (۱) غیر گرفتار - (۲) غیر مفہوم ؛ جو سمجھا نہ گیا ہو -
Unapprehensive, : (۱) بے اندیشہ ؛ بے خوف - (۲) نا فہم ؛ بے ادراک -
Unapprised : بے اطلاع ؛ جس کی پہلے سے اطلاع نہ ہوئی ہو -
Unapproachable : (۱) نا قابل رسائی ؛ رسائی سے باہر ؛ نا قابل حصول - (۲) اپنے کو دور کھینچنے والا ؛ نا آشنا ؛ کم آمیز ؛ جو کسی سے بے تکلف نہ ہو -
unapproachability, n. : (۱) نا قابل رسائی ہونا ؛ نا قابل حصول ہونا - (۲) نا آشنائی ؛ نا آمیزی ؛ اپنے کو دور کھینچنا -
unapproachableness, n. : (۱) نا قابل رسائی ہونا ؛ نا قابل حصول ہونا - (۲) نا آشنائی ؛ کم آمیزی ؛ اپنے کو دور کھینچنا -
unapproachably, adv. : نا قابل رسائی یا نا قابل حصول طریقے پر ؛ نا آشنائی کے انداز سے اپنے کو دور کھینچتے ہوے -
Unappropriated : (۱) غیر مختص ؛ رقم جو کسی خاص کام کے لیے مخصوص نہ کی گئی ہو - (۲) بے تصرف ؛ غیر متصرفہ ؛ وہ رقم جو کسی خاص مقصد کے لیے کام میں نہ لائی گئی ہو - (۳) غیر مختص ؛ غیر متصرفہ یا غیر مقبوضہ (اراضی) -
u. blessing : غیر متصرفہ؛ (مزاحاً) سن رسیدہ کنواری -
Unapproving : (۱) نا منظوری کا ؛ نا پسندیدگی کا - (۲) نامنظور یا نا پسند کرنے والا -
unapprovingly, adv. : نا منظوری کے انداز سے ؛ نا پسندیدگی کے طریقے سے -
Unapproved : (۱) بے منظوری؛ جس کی منظوری نہ ہوئی ہو - (۲) نا پسندیدہ -
Unapt : (۱) غیر مستعد ؛ سست یا کند ذہن - (۲) ناموزوں ؛ بے موقع ؛ بے محل ؛ بے تکا -

unaptly, adv. : غیر مستعدی سے؛ بے محل؛ بے موقع طور پر -

unaptness, n. : (۱) غیر مستعدی - (۲) بے تکا پن؛ بے محل یا بے موقع ہونا -

Unarmed : غیر مسلح؛ بے ہتیار؛ نہتا -

Unarmoured : (۱) بے زرہ بکتر - (۲) غیر آہن پوش (جنگی جہاز) -

Unarranged : (۱) غیر مرتب؛ بے ترتیب - (۲) بلا اہتمام؛ جس کا پہلے سے اہتمام نہ ہو -

Unarrayed : (۱) غیر صف بستہ؛ غیر مرتب - (۲) غیر آراستہ -

Unarrested : (۱) بے روک؛ بے رکاوٹ - (۲) غیر گرفتار -

Unartificial : غیر مصنوعی؛ بے بناوٹ؛ قدرتی؛ فطری؛ سادہ -

unartificially, adv. : غیر مصنوعی طریقے پر؛ بے تصنع؛ قدرتی یا فطری طریقے سے؛ سادگی سے -

Unartistic : غیر صنعت کارانہ؛ غیر صناعانہ؛ جسے صناعی سے تعلق نہ ہو -

Unascertainable : نا قابل تحقیق؛ نا قابل دریافت -

Unascertained : غیر متحقق؛ نا معلوم -

Unashamed : (۱) غیر نادم؛ غیر محجوب - (۲) بے شرم؛ بے باک -

Unasked : بے استفسار؛ بن پوچھا؛ بے طلب؛ بن مانگا -

Unaspirated : بے تلفظ ہائے مخلوط؛ جس میں دو چشمی "ھ" (ھ) کا تلفظ نہ ہو -

Unaspiring : غیر جاہ پسند؛ قناعت پسند -

unaspiringly, adv. : قناعت پسندی سے -

Unassailable : (۱) حملے سے محفوظ؛ جس پر حملہ نہ ہو سکے؛ نا قابل حملہ؛ نہایت مستحکم - (۲) نا قابل تردید -

Unassayed : (۱) جس کی کوشش نہ کی گئی ہو؛ بن کیا - (۲) بن پرکھا؛ بن کسا؛ بن جانچا؛ امتحان نہ کردہ -

Unassignable : (۱) نا قابل تحویل؛ نا قابل تفویض؛ نا قابل سپردگی - (۲) نا قابل منسوبی -

Unassimilated : غیر جذب کردہ؛ غیر منہضم؛ جو جذب یا ہضم نہ ہوا ہو -

Unassisted : بے امداد؛ بے اعانت -

Unassuming : بے رعونت؛ سادہ مزاج -

Unattached : (۱) غیر فرق شدہ - (۲) غیر متعلق؛ جو کسی رجمنٹ سے متعلق نہ ہو؛ یونیورسٹی کا طالب علم جو کسی کالج سے متعلق نہ ہو - (۳) غیر منسلک؛ بے چھکا (سپاہی) - (۴) بے جڑا؛ علحدہ -

Unattainable : ناقابل حصول؛ نا ممکن الحصول

unattainableness, n. : ناقابل حصول ہونا -

Unattempted : بن کیا؛ جس کی کوشش نہ کی گئی ہو -

Unattended : (۱) بے ہمراہی؛ بے ملازم؛ اکیلا؛ تنہا - (۲) بے پرسش؛ جس کی طرف توجہ نہ ہو - (۳) بے علاج؛ بے مرہم پٹی (کے بیمار) -

Unattested : غیر مصدقہ -

Unattractive : (۱) غیر دلکش؛ غیر حسین - (۲) بری صورت کا؛ بد صورت - (۳) نا مرغوب -

unattractively, adv. : غیر دلکشی یا بد صورتی کے ساتھ؛ نا مرغوب طور پر -

unattractiveness, n. : غیر دلکشی؛ بد صورتی؛ نا مرغوب یا مکروہ ہونا -

Unaugmented : بلا اضافہ (خصوصاً یونانی علم صرف)؛ بے حرف مزید -

Unauthentic : (۱) غیر معتبر؛ غیر مستند - (۲) نقلی؛ جھوٹی -

unauthenticity, n. : (۱) عدم اعتبار؛ عدم استناد - (۲) موضوعیت؛ جھوٹا ہونا -

Unauthenticated : غیر مصدقہ؛ غیر متحقق -

Unauthorized : (۱) بے سند؛ بے توثیق - (۲) بے اجازت؛ ناجائز - (۳) غیر مجاز؛ جس کو اختیار نہ دیا گیا ہو -

Unavailable : غیر دستیاب؛ دسترس سے باہر -

Unavailing : (۱) غیر موثر؛ بے اثر - (۲) لا حاصل؛ بے فائدہ -

unavailingly, adv. : (۱) بے اثر طریقے پر - (۲) لا حاصل طور پر -

Unavenged : بے انتقام؛ جس کا انتقام نہ لیا گیا ہو -

Unavoidable : (۱) ناگزیر؛ اٹل - (۲) ناقابل منسوخی -

unavoidably, adv. : ناگزیر طور پر؛ اٹل طور پر -

Unavowed : بے اقرار؛ بے اعتراف؛ جس کا اقرار یا اعتراف نہ ہوا ہو -

Unaware : بے خبر؛ نا واقف؛ لا علم -

Unawares, adv. & n. : (۱) بے جانے؛ بے خبری میں؛ بے ارادہ - (۲) اچانک طور پر؛ ناگہانی طور پر؛ یکا یک -

at u. : نا گہانی طور پر -

Unbacked : (۱) بے سہارے؛ بے حامی و مددگار؛ بے پشت پناہ - (۲) (گھوڑا) جس پر شرط نہ لگائی گئی ہو - (۳) (گھوڑا) جس پر سواری نہ ہوئی ہو -

Unbalanced : (۱) غیر متوازی - (۲) مختل (دماغ) -

Unbaptized : بے اصطباغ؛ جسے بپتسمہ نہ ملا ہو -

Unbearable : ناقابل برداشت -

Unbearably, adv. : ناقابل برداشت طور پر -

Unbeaten : (۱) غیر مغلوب؛ جسے شکست نہ ہوئی ہو - (۲) غیر پامال؛ وہ رستہ جس پر کوئی نہ چلا ہو -

Unbeautiful : غیر خوشنما؛ بد صورت؛ بد نما -

Unbecoming : (۱) نامناسب؛ نازیبا - (۲) بد زیب؛ جو زیب نہ دیتا ہو -

Unbefitting : نا موزوں؛ نامناسب -

Unbefriended : بے یار و مددگار؛ بے یار و ناصر -

Unbegotten : (۱) غیر زائیدہ - (۲) (خدا کی صفت) لم یولد؛ قدیم -

Unbeknown, Unbeknownst : (بول چال) (۱) نا معلوم؛ غیر معلوم - (۲) لا علمی میں (کسی شخص کی) -

Unbelievable : ناقابل یقین -

Unbelieving : (۱) غیر معتقد؛ بد اعتقاد؛ منکر - (۲) بد اعتقادی کا؛ منکرانہ -

Unbelievingly, adv. : بد اعتقادی سے؛ منکرانہ طور پر -

Unbeloved (-vd) : غیر محبوب؛ جس سے محبت نہ ہو -

Unbending : (۱) نہ لچکنے والا؛ بے لوچ؛ سخت - (۲) مستقل مزاج؛ ارادے کا پکا؛ سخت؛ ضدی - (۳) مضبوط؛ مستقل؛ پکا (ارادہ، مزاج وغیرہ) -

unbendingly, adv. : استقلال سے؛ مضبوطی سے؛ سختی سے؛ مستقل طور پر -

unbendingness, n. : بے لوچ پن -

Unbeneficed : بلا مدد معاش (پادری) -

Unbeseeming : نا موزوں؛ نا مناسب؛ نا زیبا -

unbeseemingly, adv. : نا زیبا طور پر؛ نا مناسب طور پر -

Unbesought : بے استدعا؛ بے طلب -

Unbespoken : (۱) بن ٹھہرایا؛ جو پہلے سے ٹھہرایا ہوا نہ ہو - (۲) بے فرمائش؛ جس کی پہلے سے فرمائش نہ کی گئی ہو -

Unbias (s) ed : بے لوث؛ بے لاگ؛ بے تعصب؛ بے تعصبانہ -

Unbiblical : غیر انجیلی؛ خلاف انجیل؛ جو انجیل میں نہ ہو یا انجیل کی رو سے جائز نہ ہو -

Unbidden : (۱) بے حکم - (۲) بن بلایا؛ بے طلب؛ بے دعوت -

Unbigoted : غیر متعصب؛ بے تعصب؛ بے تعصبانہ -

Unbleached : بے رنگ؛ اڑایا ہوا -

Unblemished : بے عیب؛ بے نقص؛ بے داغ -

Unblest : (۱) غیر متبرک؛ نامبارک؛ منحوس- (۲) کم بخت؛ بد نصیب -

Unblooded : کم نسل (گھوڑا) -

Unblushing : بے شرم؛ ڈھیٹ؛ بے شرمی کا؛ ڈھیٹ پن کا -

unblushingly, adv. : بے شرمی سے؛ ڈھیٹ پن سے -

unblushingness, n. : بے شرمی؛ ڈھیٹ پن -

Unbookish : (۱) غیر کتب بین؛ جسے کتب بینی کا شوق نہ ہو - (۲) جو کتاب کا کیڑا نہ ہو؛ جس کا علم کتابوں تک محدود نہ ہو -

Unborn : (۱) نازائیدہ - (۲) ہنوز نا زائیدہ؛ مستقبل؛ آئندہ -

Unbounded : (۱) غیر محدود - (۲) نامحدود؛ لا انتہا؛ بے پایاں؛ لا متناہی؛ بے حد -

unboundedly : نا محدود یا نا محدود طریقے پر؛ بے حد -

unboundedness : غیر محدود ہونا؛ نا محدودیت؛ لا متناہیت؛ بے پایانی -

Unbred : (۱) نا زائیدہ؛ نا پروردہ - (۲) غیر تربیت یافتہ؛ بے تربیت -

Unbribable : رشوت سے بالا تر -

Unbridled : (۱) بے لگام - (۲) بے روک؛ بے ضبط؛ شدید -

Unbroken : (۱) غیر شکستہ؛ سالم - (۲) غیر مغلوب؛ سرکش - (۳) غیر منقطع؛ مسلسل - (۴) غیر مغلوب؛ جس پر کوئی سبقت نہ لے جا سکا ہو - (۵) بے پھیرا ہوا (گھوڑا) -

unbrokenly : مسلسل؛ غیر منقطع طور پر -

unbrokenness : تسلسل؛ مسلسل یا غیر منقطع ہونا -

Unbrotherly : غیربرادرانہ؛ نا مہربانی کا -

Unburdened : جس پر بوجھ نہ ہو؛ بوجھ سے خالی؛ ہلکا؛ فکروں سے آزاد -

Unburied : غیر مدفون -

Unbusinesslike : خلاف اصول کاروبار؛ بے اصول -

Uncalled : بے طلب؛ بن بلایا؛ بے دعوت -

u. for : (۱) بے موقع؛ بے تکا - (۲) گستاخانہ؛ جو دخل در معقولات سمجھا جائے -

Uncandid : غیر صادق؛ غیر مخلص؛ غیر صادقانہ؛ غیر مخلصانہ -

uncandidly : غیر مخلصانہ طور پر -

Uncanny : پراسرار؛ بھیانک؛ ڈراؤنا؛ غیر طبعی؛ غیر قدرتی -

uncanniness : پرا سرار یا غیر طبعی ہونا؛ بھیانک پن -

Uncanonical : غیر شرعی؛ خلاف شرع؛ خلاف قانون؛ خلاف انجیل؛ غیر مستند -

uncanonically : غیر شرعی طور پر؛ غیر مستند طور پر -

uncanonicalness : غیر شرعی یا غیر مستند ہونا -

Uncanonized : جو ولی نہ قرار دیا گیا ہو -

Uncared-for : بے پروائی یا بے توجہی کا شکار؛ جو کس مپرسی میں ہو -

Uncarpeted : بے فرش -

Uncastrated : غیر آختہ -

Uncatalogued : (۱) جن کی فہرست نہ مرتب ہوئی ہو؛ بلا فہرست - (۲) غیر مندرج فہرست -

Uncaused : (۱) غیر معلول - (۲) قدیم؛ جو حادث نہ ہو؛ جس کی کوئی علت نہ ہو -

Uncauterized : بن داغا؛ بن جلایا؛ جو کاسٹک وغیرہ سے داغا یا جلایا نہ گیا ہو -

Unceasing : غیر منقطع؛ غیر مختتم؛ مسلسل؛ دائمی -

unceasingly : مسلسل طور پر؛ دائمی طور پر -

Unceremonious : (۱) غیر رسمی؛ بے تکلفانہ - (۲) اکھڑ پن کا -

unceremoniously : غیر رسمی طور پر؛ بے تکلفی سے؛ اکھڑ پن سے -

unceremoniousness : بے تکلفی؛ اکھڑپن -

Uncertain : (۱) جسے یقین نہ ہو؛ مذبذب - (۲) نا قابل اعتبار؛ غیر یقینی؛ مشتبہ؛ غیر متیقن - (۳) متلون؛ بدلنے والا -

uncertainly : تذبذب کے ساتھ؛ غیر یقینی طور پر؛ نا قابل اعتبار طور پر -

uncertainty : (۱) عدم یقین؛ شبہہ؛ تذبذب - (۲) غیر یقینی ہونا؛ نا قابل اعتبار ہونا؛ بے اعتباری - (۳) تلون؛ ہر وقت نئے رنگ بدلنا -

Uncertificated : غیر مستند؛ بے سند -

Unchallenged : (۱) جو مقابلے کے لیے طلب نہ کیا گیا ہو؛ بے چیلنج - (۲) مسلمہ؛ جس میں شبہے یا بحث کی گنجائش نہ ہو -

Unchancy : (۱) منحوس؛ نا مبارک - (۲) بے موقع؛ بے وقت -

Unchangeable : نا قابل تغیر؛ نا قابل تبدیل؛ غیر متبدل؛ غیر متغیر -

unchangeably : غیر متبدل طریقے پر -

unchangeableness : غیر متبدل ہونا -

Uncharitable : عیب جو؛ سخت گیر؛ تنگ دل؛ تنگ دلی کا؛ سخت گیرانہ؛ سوئے ظن کا مادہ رکھنے والا -

uncharitably : عیب جوئی، سخت گیری، تنگ دلی یا سوئے ظن سے -

uncharitableness : عیب جوئی؛ سخت گیری؛ تنگ دلی؛ سوئے ظن کا مادہ -

Unchartered : (۱) بے چارٹر؛ بے سند شاہی - (۲) بے لیسنس؛ بے اجرت -

Unchary : (۱) غیر بخیل؛ فیاض - (۲) غیر محتاط؛ ناعاقبت اندیش -

Unchaste : (۱) غیر شستہ؛ غیر شائستہ - (۲) بدکار؛ بد چلن -

unchastely : غیر شستہ یا غیر شائستہ طور پر -

unchastity : بدکاری ؛ بد چلنی ؛ بے عصمتی -

Unchastened : (۱) بے تزکیۂ نفس - (۲) غیر معتدل ؛ بے روک ؛ بے ضبط -

Unchivalrous: خلاف شجاعت ؛ خلاف مردانگی ؛ بانکپن یا نائٹ پن کے اصول کے خلاف -

Unchristian : غیر عیسائی ؛ عیسائیوں کے طرز یا طریقے کے خلاف -

unchristianly: غیر عیسائی طریقے سے -

unchristianness: غیر عیسائیت -

Uncircumcised: (۱) غیر مختون - (۲) کافر -

Uncircumstantial: غیر مفصل -

Uncivil : کج خلق ؛ گستاخ ؛ بدتمیز ؛ گستاخانہ ؛ کج خلقی یا بدتمیزی کا -

uncivilly: کج خلقی سے ؛ گستاخی سے ؛ بدتمیزی سے -

Uncivilized: غیر مہذب ؛ غیر متمدن ؛ وحشی -

Unclad : بے لباس ؛ غیر ملبوس ؛ ننگا -

Unclaimed : لاوارثی ؛ جس کا وارث یا دعوے دار نہ ہو -

Unclean : (۱) ناپاک ؛ پلید ؛ گندا - (۲) نجس (شرعاً) - (۳) فحش ؛ غیر مہذب -

uncleanness: ناپاکی ؛ گندگی ؛ نجاست ؛ فحش یا غیر مہذب ہونا -

Unclerical: پادریوں کے طریقے یا اصول کے خلاف ؛ پادریوں کے اسلوب یا تحریر کے خلاف -

Unclothed: بے لباس ؛ ننگا -

Unclouded: (۱) بے ابر ؛ کھلا - (۲) خالص ؛ بے داغ -

Unco,a.,n.&adv: (اسکاٹستان) - (۱) غیر معمولی ؛ عجیب - (۲) اجنبی - (۳) غیر معمولی طور پر ؛ بہت زیادہ -

Uncoined: غیر مسکوک -

Uncoloured: (۱) غیر رنگین ؛ معمولی زندگی ؛ سیاہ و سفید (تصویر) - (۲) بے مبالغہ -

Uncombed: بے کنگھی کئے ہوئے ؛ الجھے ہوئے ؛ پریشان (بال) -

Uncome-at-able : (بول چال) ناقابل حصول ؛ رسائی سے باہر ؛ نایاب -

Uncomely: (۱) بدصورت ؛ بدزیب ؛ بھدا - (۲) نا مناسب ؛ نازیبا -

uncomeliness: (۱) بد صورتی ؛ بھدا پن - (۲) نا زیبائی ؛ نا مناسب ہونا -

Uncomfortable : (۱) بے آرام ؛ جو تکلیف میں ہو ؛ بے چین - (۲) تکلیف دہ - (۳) مشکل ؛ نا معقول

uncomfortably : بے چینی سے ؛ تکلیف دہ طرز پر -

Uncommercial : غیر تجارتی ؛ خلاف اصول تجارت -

Uncommitted : (۱) ناکردہ ؛ بن کیا - (۲) غیر پابند -

Uncommon : (۱) غیر معمولی ؛ عجیب - (۲) شاذ ؛ نادر -

uncommonly : غیر معمولی طور پر -

uncommonness, a. & colloq, adv.: غیر معمولی ہونا -

Uncommunicative : خاموش ؛ کم گو ؛ باتیں کرنے میں محتاط ؛ اپنے خیالات ظاہر نہ کرنے والا -

uncommunicatively : کم گوئی سے ؛ اظہار خیال میں احتیاط برتتے ہوئے -

uncommunicativeness : خاموشی ؛ کم گوئی ؛ اظہار خیال میں احتیاط -

Uncompanionable : (۱) نا قابل صحبت - (۲) نا ملنسار ؛ غیر صحبت پسند ؛ کم آمیز ؛ اکل کھرا -

Uncomplaining : بے شکایت ؛ صابر ؛ متحمل ؛ صبر و تحمل کا -

uncomplainingly : بے شکایت کئے ؛ صبر و تحمل سے -

uncomplainingness : بے شکایتی ؛ صبر و تحمل -

Uncomplaisant : غیر خلیق ؛ کج خلق ؛ بے مروت -

uncomplaisantly : بے مروتی سے ؛ کج خلقی سے -

Uncomplicated : غیر پیچیدہ ؛ بے الجھاؤ ؛ سلجھا ہوا -

Uncomplimentary : (۱) غیر تعریفی ؛ مذمت کا - (۲) خلاف تواضع ؛ خلاف ادب ؛ خلاف اخلاق ؛ توہین آمیز -

Uncompounded: غیر مرکب ؛ سادہ ؛ مفرد -

Uncompromising : (۱) بے آشتی ؛ غیر مصالحت پسندانہ ؛ سخت ؛ بے لوچ ؛ اٹل - (۲) نا قابل مصالحت ؛ جس میں مصالحت کی گنجائش نہ ہو -

uncompromisingly : غیر مصالحت پسندانہ طور پر ؛ سختی سے ؛ قطعی طور پر ؛ اٹل طور پر ؛ ناقابل مصالحت طریقے سے -

Unconcerned : (۱) غیر متعلق ؛ الگ - (۲) بے تعلق ؛ جسے دلچسپی نہ ہو - (۳) بے فکر ؛ مطمئن -

unconcernedly : (۱) بے تعلقی سے - (۲) اطمینان سے ؛ بے فکری سے -

Uncondemned : (۱) غیر ملزم ؛ جو ملزم نہ ٹھیرایا گیا ہو ؛ بے سزا ؛ جسے سزا نہ دی گئی ہو - (۲) بے الزام ؛ بے ملامت ؛ غیر مردود ؛ غیر ملعون -

Uncondensed : (۱) غیر منجمد ؛ غیر مکثف ؛ جس کی تکثیف نہ ہوئی ہو - (۲) غیر مختصر -

Unconditional : غیر مشروط ؛ قطعی -

unconditionality, unconditionalness : غیر مشروطیت ؛ قطعیت -

unconditionally : غیر مشروط طور پر ؛ قطعی طور پر -

Unconditioned : (۱) غیر مشروط ؛ قطعی - (۲) (فلسفہ) تعینات سے بری ؛ مطلق ؛ نا محدود (*The U.*) -

the u. reflex : (نفسیات) جبلی یا خلقی رد عمل -

Unconfirmed : (۱) غیر مصدقہ ؛ بے تصدیق (افواہ) - (۲) بے توثیق ؛ جس کی رسم توثیق عیسائیت ادا نہ ہوئی ہو -

Unconformable : غیر مطابق ؛ مخالف ؛ منافی -

unconformably : غیر مطابق طور پر ؛ مخالفانہ یا منافیانہ طور پر -

unconformableness : عدم مطابقت ؛ منافی ہونا -

Uncongenial : نا موافق ؛ خلاف طبیعت ؛ نا گوار -

uncongenially : طبیعت کے خلاف ؛ نا گوار طور پر -

Unconnected : (۱) بے جڑا ہوا - (۲) بے سلسلہ ؛ بے ربط ؛ غیر مربوط - (۳) بے تعلق ؛ بے رشتہ ؛ جن میں کوئی رشتہ نہ ہو -

Unconquerable : نا قابل فتح ؛ مغلوب نہ ہونے والا ؛ اجیت -

unconquerably : نا قابل فتح طور پر -

Unconquered : غیر مغلوب ؛ غیر مفتوح -

Unconscientious : بے دیانت ؛ غیر متدین ؛ بے اصول ؛ اخلاقی اصول کی پروا نہ کرنے والا -

unconscientiously : بے دیانتی سے ؛ بے اصولی سے -

unconscientiousness : بے دیانتی ؛ بے اصولی -

Unconscionable : (۱) اخلاقی احساس سے محروم ؛ بے ضمیر ؛ بے ایمان - (۲) بے ایمانی کا - (۳) بالکل غیر واجبی؛ ناواجبی- (قانون) نا واجبی سودا یا معاملہ -

u. bargain : (قانون) نا واجبی سودا یا معاملہ -

unconscionably : بے ایمانی سے ؛ نا واجبی طور پر -

unconscionableness : بے ایمانی ؛ نا واجبیت؛ نا واجبی ہونا-

Unconscious : (۱) نا واقف ؛ بے خبر - (۲) بے ہوش - (۳) غیر شعوری ؛ جس کا احساس یا شعور نہ ہو - (۴) بے قصد ؛ جو جان بوجھ کر نہ کیا گیا ہو (*u. humour*) - (۵) لاشعوری ؛ جو نفس کے اندر واقع ہو مگر اس کا شعور یا ارادے سے تعلق نہ ہو - (۶) غیر ذی روح (*the u. nature*)-

the u. : تحلیل نفسی کے نظریے کے مطابق نفس کا وہ حصہ جو شعور کی حد سے باہر ہے

u. cerebration : لا شعوری دماغی عمل -

unconsciously : (۱) بے خبری میں - (۲) بے ہوشی کی حالت میں - (۳) بے قصد - (۴) غیر شعوری طور پر ؛ لاشعوری طور پر -

unconsciousness, n. : (۱) بے خبری - (۲) بے ہوشی - (۳) بے قصد ہونا - (۴) لاشعوریت ؛ عدم شعور ؛ غیر شعوری ہونا-

Unconsecrated : (۱) غیر متبرک ؛ غیر مقدس - (۲) غیر وقف شدہ؛ غیر نذر شدہ -

Unconsidered : غیر ملحوظ ؛ نظر انداز -

Unconstitutional : غیر آئینی ؛ بے ضابطہ ؛ خلاف دستور اساسی-

unconstitutionality : غیر آئینی ہونا ؛ بے ضابطگی -

unconstitutionally : دستور اساسی کے خلاف ؛ غیر آئینی طور پر ؛ بے ضابطگی سے -

Unconstrained : (۱) غیر مجبور ؛ غیر پابند ؛ اپنے فعل میں آزاد - (۲) بے مزاحمت ؛ بے جبر ؛ آزادانہ - (۳) بے تکلف ؛ بے تکلفانہ -

unconstrainedly : (۱) بے مزاحمت یا جبر کے ؛ آزادی سے- (۲) بے تکلفی سے ؛ کھلے دل سے -

Unconsumed : غیر صرف شدہ ؛ جو صرف نہ ہوا ہو -

Uncontainable : (۱) نا قابل شمول - (۲) نہ سمانے والا - (۳) نہ رکنے والا ؛ نہ دبنے والا -

Uncontaminated : (۱) غیر آلودہ ؛ خالص ؛ اچھوتا - (۲) غیر نجس ؛ بے چھوت ؛ پاک -

Uncontemplated : (۱) بن سوچا- (۲) غیر متوقع ؛ اچانک-

Uncontracted : بن سکڑا ؛ جو سکڑ کر چھوٹا نہ ہوا ہو -

Uncontradicted : بے تردید ؛ جس کی تردید نہ ہوئی ہو ؛ مسلمہ ؛ مانا ہوا -

Uncontrollable : (۱) ناقابل ضبط - (۲) بے قابو ؛ سر کش -

uncontrollably : نا قابل ضبط طریقے سے ؛ سر کشی سے -

uncontrollableness : (۱) نا قابل ضبط ہونا - (۲) بے قابو پن ؛ سر کشی-

Uncontrolled : (۱) بے ضبط ؛ جو ضبط نہ کیا جائے - (۲) بے قابو ؛ مطلق العنان ؛ بے لگام -

uncontrolledly : (۱) بے ضبطی سے - (۲) بے روک ٹوک ؛ مطلق لعنانی سے -

Uncontroversial : غیر متنازع ؛ غیر نزاعی ؛ بے حجت ؛جس میں نزاع یا حجت کی گنجائش نہ ہو -

uncontroversially : غیر نزاعی طور پر ؛ بلا حجت -

Uncontroverted : (۱) بے نزاع ؛ جس میں نزاع نہ کی جائے- (۲) مسلمہ ؛ مانا ہوا -

Unconventional : (۱) خلاف رسم و رواج ؛ خلاف دستور - (۲) آزادہ رو ؛ آزاد ؛ غیر پابند رسم ؛ غیر رسمی ؛ آزادانہ ؛ آزادہ روی کا -

unconventionality : (۱) خلاف رسم و رواج ہونا ؛ خلاف دستور ہونا - (۲) غیر رسمیت ؛ آزادہ روی -

unconventionally : رسم و رواج یا دستور کے خلاف ؛ غیر رسمی طور پر ؛ آزادہ روی سے -

Unconversable : (۱) غیر خوش بیان ؛ نا گویا ؛ بد تقریر - (۲) جس سے سابقہ مشکل ہو - (۳) نا ملنسار ؛ نا آمیز؛ اکل کھرا-

Unconversant : غیر ماہر ؛ نا واقف (کسی فن یا کسی چیز سے) -

Unconverted : (۱) غیر منقلب ؛ غیر تحویل شدہ ؛ جو بدلا نہ ہو- (۲) جس نے مذہب یا عقیدہ نہ بدلا ہو؛ جس نے رائے نہ بدلی ہو -

Unconvinced : غیر قایل ؛ جسے یقین نہ آیا ہو -

Uncooked : بے پکا یا ہوا -

Uncorroborated : غیر مصدقہ ؛ بے تصدیق ؛ بے ثبوت -

Uncorroded : (۱) غیر زنگ آلود- (۲) بے گلا ہوا؛ جو تیزاب سے گلا نہ ہو -

Uncorrupted : (۱) بن سڑا ؛ جو خراب نہ ہوا ہو - (۲) بن بگڑا ؛ جس کے اخلاق و عادات نہ بگڑے ہوں - (۳) بے رشوت ؛ جسے رشوت نہ دی گئی ہو -

Uncountenanced : (۱) بے تائید ؛ بے حمایت ؛ جسے دوسروں کی حمایت یا تائید حاصل نہ ہو - (۲) بے منظوری ؛ جو منظور نہ ہوا ہو -

Uncoupled : (۱) (رسی یا زنجیر سے) کھلا ہوا (کتا) - (۲) بے جڑا ؛ الگ کیا ہوا -

Uncourtly : (۱) غیر درباری - (۲) بھدا ؛ بے سلیقہ؛ بے تمیزی کا -

Uncouth : بھدا ؛ بھونڈا ؛ بھنگم ؛ بے ترول ؛ بے ڈھنگا ؛ گنوارو -

uncouthly : بھدے یا بھونڈے طریقے سے ' گنوار پن سے -

uncouthness : بھدا پن ؛ بھونڈا پن ؛بے ڈھنگا پن ؛ گنوار پن -

Uncovenanted : (۱) غیر موعود ؛ جس کا وعدہ یا اقرار نہ ہو (*u. mercies of God*) - (۲) بے معاہدہ ؛ جس کے متعلق کوئی معاہدہ نہ ہو -

u. civil service : ہندوستان کی سول سروس کی وہ شاخ جس میں میعاد ملازمت کی پابندی نہیں ہے اور پنشن نہیں ملتی -

Uncovered : (۱) بن ڈھکا ؛ کھلا - (۲) بے حفاظت ؛ غیر محفوظ - (۳) کھلا ' ننگے سر ؛ سر کھلا -

Uncoveted : غیر مرغوب؛ جس کی کسی کو خواہش یا طمع نہ ہو -

Uncreated : (۱) نا آفریدہ ؛ جو ابھی پیدا نہ کیا گیا ہو - (۲) (نیز *uncreate*) قدیم ؛ جو ہمیشہ سے موجود ہو کبھی پیدا نہ کیا گیا ہو -

Uncritical : (۱) بے تنقید ؛ غیر معترض ؛ غیر تنقیدی ؛ غیر معترضانہ ؛ جو تنقید پر مائل نہ ہو - (۲) غیر نقادانہ ؛ غیر مبصرانہ ؛ غیر نقاد ؛ غیر مبصر - (۳) خلاف اصول تنقید ؛ خلاف اصول نقادی -

uncritically : (۱) غیر تنقیدی طور پر - (۲) غیر مبصرانہ یا غیر ناقدانہ طور پر - (۳) اصول تنقید کے خلاف -

Uncrossed : (۱) بے صلیب بنائے ؛ بے ایک دوسرے کو کاٹے ہوئے - (۲) بے مخالفت ؛ بے مزاحمت - (۳) بے لکیروں کا ؛ (بینک کا) معمولی چیک جس پر دو ترچھی لکیریں نہ ہوں اور جسے چیک بردار بغیر کسی قید کے وصول کرسکے) ؛ نا خط کشیدہ -

Uncrowned : (۱) جس کی رسم تاج پوشی نہ ادا ہوئی ہو - (۲) بے تاج کا -

u. king: بے تاج کا بادشاہ ؛ جسے بادشاہ کا لقب حاصل نہ ہو مگر شاہانہ قوت اور عزت رکھتا ہو -

Unculled : (۱) بے چنے (پھول) ؛ بے اکٹھا کئے - (۲) بن چھنٹا ؛ جو چھانٹ کر الگ نہ کیا گیا ہو -

Uncultivable : نا قابل کاشت -

Uncultivated : (۱) غیر مزروعہ ؛ افتادہ ؛ پڑتی کا - (۲) (مجازاً) بے رواج ؛ غیر رائج ؛ غیر ترقی یافتہ - (۳) غیر تربیت یافتہ - (۴) غیرمہذب ؛ غیر متمدن ؛ وحشی ؛ وحشیانہ -

Uncultured : غیرمہذب ؛ غیرمتمدن ؛ غیر تعلیم یافتہ ؛ غیرتربیت یافتہ -

Uncurbed : (۱) بے دہانے کی (لگام) - (۲) (مجازاً) بے ضبط کیا ہوا ؛ بے روکا ہوا - (۳) بے قید ؛ بے لگام ؛ بے روک -

Uncurtailed : غیر مختصر ؛ مفصل ؛ پورا -

Uncushioned : بے گدیوں کا -

Uncustomed : (۱) لامحصول ؛ چنگی یا کروڑگیری سے بری - (۲) بے محصول ؛ جن کی چنگی ادا نہ ہوئی ہو -

Uncut : خصوصاً کتاب کے بے کٹے ہوئے صفحے ؛ کتاب جس کے صفحے نہ کٹے ہوں -

Undamaged : (۱) بے نقصان ؛ نقصان سے محفوظ - (۲) بن بگڑا ؛ بےداغ ؛ جو خراب نہ ہوا ہو - (۳) سالم ؛ صحیح سلامت -

Undated : (۱) بے تاریخ ؛ جس پر تاریخ نہ پڑی ہو - (۲) بے تعین تاریخ ؛ جس کی تاریخ یا زمانہ تحقیق نہ ہوا ہو -

Undaunted : (۱) غیر خائف ؛ جو ڈرانہ ہو ؛ بے خوف - (۲) نڈر ؛ دلیر ؛ جری ؛ بہادر ؛ دلیرانہ -

undauntedly : بےخوفی سے ؛ دلیری سے ؛ بےجگری سے ؛ بہادری سے -

undauntedness : بے خوفی ؛ دلیری ؛ بے جگری ؛ بہادری -

Undebated : بے بحث ؛ بے مباحثہ ؛ جس پر مباحثہ نہ ہوا ہو -

Undebauched : (۱) غیر عیاش ؛ نیک چلن - (۲) بن بگڑا ؛ جس کا اخلاق نہ بگڑا ہو -

Undeceived : غیر فریب خوردہ ؛ بے دھوکا کھایا ہوا ؛ جس نے دھوکا نہ کھایا ہو -

Undecided : (۱) غیر فیصل ؛ غیر طے شدہ - (۲) بے ٹھکانے (موسم) - (۳) مذبذب - (۴) بے قوت فیصلہ ؛ قوت فیصلہ سے محروم ؛ متلون ؛ ضعیف الارادہ - (۵) غیر معین -

undecidedly : مذبذب طریقے سے ؛ دگدا کی حالت میں -

Undecipherable : ناقابل حل ؛ ناقابل تعبیر ؛ جو پڑھا نہ جاسکے یا حل نہ ہو سکے -

Undefended : (۱) بے حفاظت ؛ غیر محفوظ - (۲) نامعقول ؛ ناقابل توجہ - (۳) بے پیروی ؛ بےجوابدہی ؛ بے پیروکار ؛ بے وکیل -

Undefiled : (۱) غیر آلودہ ؛ غیر ملوث ؛ جو آلودہ یا خراب نہ ہوا ہو - (۲) پاک ؛ اچھوتا ؛ بے داغ - (۳) بے میل ؛ خالص (دھات) -

Undefined : (۱) غیر معین ؛ غیر واضح ؛ غیر مشخص ؛ مبہم - (۲) بے تعریف ؛ جس کی تعریف نہ کی گئی ہو -

Undelivered : (۱) غیر رہاشدہ - (۲) بے پہنچایا ہوا (پیام) ؛ غیر تقسیم شدہ (خط) - (۳) بغیر کی ہوئی (تقریر) ؛ بے پڑھا ہوا (خطبہ) -

Undemonstrated : بے ثبوت ؛ غیر ثابت شدہ -

Undemonstrative : غیر اظہار پسند ؛ اپنے جذبات کو ظاہر نہ کرنے والا ؛ ضابط -

Undeniable : (۱) ناقابل انکار ؛ ناقابل تردید ؛ مسلم ؛ یقینی - (۲) مسلم طور پر ؛ عمدہ (*u. qualities*) -

undeniably : ناقابل انکار طور پر ؛ مسلمہ طور پر -

Undenominational : غیر فرقہ دارانہ ؛ بے تخصیص مذہب ؛ جو کسی خاص مذہب سے مخصوص نہ ہو -

Undenounced : (۱) جس پر کھلم کھلا الزام نہ لگایا گیا ہو یا جرم عائد نہ کیا گیا ہو - (۲) غیر ردشدہ ؛ بے تردید -

Undependable : جس پر بھروسہ نہ کیا جاسکے ؛ ناقابل اعتبار -

Undeplored : (۱) جس پر افسوس نہ کیا گیا ہو - (۲) بے ماتم ؛ جس کا ماتم نہ کیا جائے -

Undeposed : غیر معزول شدہ -

Undepraved : بے بگڑا ؛ جس کا اخلاق نہ خراب ہوا ہو -

Undepreciated : (۱) جس کی قدر نہ گھٹی ہو - (۲) جس کی قیمت نہ گھٹی ہو -

Undepressed : (۱) بے جھکا ہوا - (۲) غیر افسردہ ؛ جو افسردہ یا بددل نہ ہوا ہو ؛ غیر دل شکستہ -

Undescried : بن دیکھا ؛ نظر سے مخفی ؛ جس پر نظر نہ پڑے -

Undeserved : بے استحقاق ؛ ناواجب -

undeservedly : بغیر استحقاق کے ؛ ناواجب طور پر -

Undeserving : (۱) غیر مستحق ؛ جو مدد وغیرہ کا مستحق نہ ہو - (۲) (کسی کام کے) ناسزاوار ؛ غیر مستحق -

Undesignated : (۱) غیر متعین ؛ بے صراحت ؛ جس کی صراحت نہ ہوئی ہو - (۲) غیر نامزد ؛ بے نام ؛ بے لقب - (۳) غیر مقرر شدہ ؛ غیر مامور -

Undesigned : (۱) غیر مجوزہ وغیرہ - (۲) غیر ارادی ؛ بے قصد ؛ بے ارادہ -

undesignedly : غیر ارادی طور پر -

Undesirable, a. & n. : (۱) نامرغوب ؛ نا پسند ؛ ناگوار ؛ نا پسندیدہ - (۲) ناپسندیدہ شخص -

undesirability, undesirableness : نا پسند یا ناپسندیدہ ہونا ؛ نا مرغوبی -

undesirably : ناپسندیدہ طور پر -

Undesired : نا خواستہ ؛ بن مانگا -

Undesirous : ناخواہاں ؛ غیر آرزو مند ؛ نہ چاہنے والا -

Undetachable : ناقابل علیحدگی ؛ جو الگ نہ کیا جا سکے -

Undetected : بے گرفت ؛ بے پتا ؛ جس کی گرفت نہ ہو یا پتہ نہ چلے -

Undetermined : (۱) غیر مشخص ؛ غیر معین ؛ غیر فیصل ؛ غیر طے شدہ - (۲) مذبذب - (۳) بے عزم ؛ بے قوت فیصلہ ؛ ضعیف الارادہ ؛ متلون -

Undeterred : نہ رکنے والا ؛ باز نہ آنے والا -

Undeveloped : (۱) بے نشوونما ؛ جس نے پوری طرح نشوونما نہ پائی ہو - (۲) بے ترقی یافتہ - (۳) بے استعمال خصوصاً زمین جس کا پورا استعمال نہ ہوتا ہو -

Undeviating : (۱) غیر منحرف ؛ مقررہ راستے سے نہ ہٹنے والا ؛ بے انحراف - (۲) راسخ ؛ پکا ؛ ثابت قدم ؛ ثابت قدمانہ -

undeviatingly : بغیر اصول سے ہٹے ہوئے ؛ بے انحراف یا تجاوز کئے ہوئے ؛ ثابت قدمی سے -

Undevout : غیر پرہیزگار ؛ غیر عابد ؛ ناپارسا -

undevoutly : ناپارسائی سے -

Undifferentiated : (۱) بےتفریق ؛ غیر متفرق ؛ جس میں تفریق نہ ہوئی ہو - (۲) متحدالنوع ؛ متحدالجنس -

Undiffused : غیر منتشر ؛ جو پھیلا نہ ہو -

Undigested : (۱) غیر منہضم ؛ جو جزو بدن نہ بنا ہو یا ذہن میں اچھی طرح نہ آیا ہو - (۲) غیرمرتب ؛ غیر مربوط (*u. facts*) -

Undignified : (۱) غیر موقر ؛ بے وقار - (۲) خلاف وقار ؛ منافی وقار ؛ اوچھا ؛ ہلکا -

Undimnished : بے تخفیف ؛ جس میں کمی نہ ہوئی ہو -

Undiluted : (۱) بے آمیزش ؛ خالص - (۲) پوری قوت کا ؛ جو پانی یا کوئی اور چیز ملاکر ہلکا نہ کیا گیا ہو -

Undimmed : جو دھندلا یا ماند نہ ہوا ہو -

Undiplomatic : خلاف حکمت عملی ؛ خلاف مصلحت ؛ موقع شناسی کے خلاف -

Undirected : (۱) بے رہنمائی ؛ بے اصول - (۲) بے پتہ لکھا ہوا (خط وغیرہ) -

Undiscerned : (۱) بے دیکھا ؛ نظر سے مخفی ؛ جس پر نظر نہ پڑے - (۲) بے سمجھا ؛ جو سمجھ میں نہ آیا ہو -

Undiscerning : (۱) کم نظر ؛ کم بین - (۲) نافہم ؛ بے ادراک ؛ بے بصیرت ؛ حق و باطل میں تمیز نہ کرنے والا ؛ بے امتیاز - (۳) بھدی عقل کا ؛ موٹی سمجھ کا -

undiscerningly : کم نظری سے ؛ نافہمی سے ؛ بے بصیرتی سے -

Undischarged : (۱) بے تعمیل ؛ بے ادا ؛ جو عمل میں نہ آیا ہو یا ادا نہ ہوا ہو - (۲) جو ذمہ داری سے بری نہ ہوا ہو ؛ غیر سبک دوش - (۳) بے چلی ہوئی (بندوق) -

Undisciplined : (۱) بے اصول ؛ بے تربیت ؛ غیر تربیت یافتہ - (۲) فوجی تربیت سے محروم ؛ بے قاعدہ ؛ غیر قواعد داں - (۳) جو احکام یا ضابطے کی پابندی کا عادی نہ ہو ؛ بے ضبط ؛ بے ضابطہ -

Undisclosed : غیر فاش ؛ مخفی ؛ چھپا ہوا ؛ جو ظاہر نہ ہوا ہو -

Undiscomfited : غیر شکست یافتہ ؛ غیر مغلوب -

Undisconcerted : غیر مضطرب ؛ مطمئن ؛ جو بد حواس نہ ہوا ہو -

Undiscoverable : نا قابل انکشاف ؛ نا قابل دریافت -

undiscoverably : نا قابل انکشاف طور پر -

Undiscovered : غیر دریافت شدہ ؛ غیر منکشف ؛ مخفی ؛ نا معلوم -

Undiscriminating : (۱) جس میں فرق یا تمیز نہ ہو ؛ بے تفریق - (۲) فرق نہ کرنے والا ؛ تمیز نہ کرنے والا - (۳) قوت تمیز یا قوت تنقید سے محروم ؛ نا شناس - (۴) غیر ناقدانہ ؛ ناشناسانہ -

undiscriminatingly : (۱) بلا امتیاز ؛ بلا تفریق - (۲) غیر ناقدانہ یا ناشناسانہ طور پر -

Undiscussed : بے بحث ؛ بے مباحثہ ؛ جس پر بحث یا مباحثہ نہ ہوا ہو -

Undisguised : (۱) بے بہروپ ؛ جس نے بھیس نہ بدلا ہو - (۲) کھلا ہوا ؛ صریحی ؛ صاف -

undisguisedly : (۱) بغیر بھیس بدلے - (۲) کھلم کھلا ؛ صاف صاف ؛ صریحی طور پر -

Undismayed : (۱) غیر دہشت زدہ ؛ غیر خوف زدہ - (۲) غیر مایوس ؛ جس نے ہمت نہ ہاری ہو -

Undispelled : غیر زائل ؛ جو دور یا زائل نہ ہوا ہو -

Undispersed : غیر منتشر ؛ غیر پراگندہ ؛ مجتمع ؛ یکجا -

Undisplayed : بن دکھایا ؛ بے اظہار ؛ جس کا اظہار یا نمائش نہ ہوئی ہو -

Undisputed : بے اختلاف ؛ بے نزاع ؛ جس میں نزاع یا اختلاف نہ ہو ؛ مسلمہ ؛ متفق علیہ ؛ مانا ہوا -

Undissected : (۱) بے تحلیل ؛ بے تجزیہ - (۲) بے تشریح ؛ جس پر عمل تشریح نہ ہوا ہو ؛ بے چیرا پھاڑا -

Undissembled : بے منافقت ؛ بے ریا ؛ جس میں منافقت یا ریاکاری نہ برتی جائے ؛ کھلا ہوا ؛ صاف صاف ؛ علانیہ -

Undissolved : (۱) بے تحلیل ؛ بے تجزیہ - (۲) غیر محلول ؛ بے حل شدہ ؛ بے گھلا - (۳) جو برخاست نہ ہوا ہو - (۴) جو ختم یا فسخ نہ کیا گیا ہو -

Undistinguishable : نا قابل امتیاز ؛ نا قابل تمیز ؛ ناقابل شناخت -

undistinguishably : نا قابل امتیاز طور پر -

undistinguishableness : نا قابل امتیاز ہونا -

Undistinguished : (۱) غیر متمیز ؛ جس میں تمیز نہ کی جائے - (۲) غیر ممتاز ؛ معمولی ؛ اوسط درجے کا -

Undistracted : غیر منتشر ؛ مجتمع ؛ یکسو (طبیعت) -

Undistressed : تکلیف اور رنج سے آزاد -

Undistributed : غیر منقسم ؛ جو تقسیم نہ ہوا ہو -

u. middle : (منطق) عدم حصر حد اوسط ؛ مغالطہ جو حد اوسط کو صغریٰ اور کبریٰ میں مختلف معنوں میں یا مختلف کمیت کے ساتھ استعمال کرنے سے پیدا ہوتا ہے -

Undisturbed : (۱) جو چھیڑا نہ جائے ؛ بے خلل - (۲) غیر پریشان ؛ مطمئن -

undisturbedly : (۱) بغیر کسی خلل کے - (۲) بغیر پریشانی کے ؛ اطمینان سے -

Undiversified : غیر متنوع ؛ یکساں -

Undiverted : (۱) غیر منحرف ؛ جو ہٹا ہوا نہ ہو - (۲) ایک نقطے پر مرکوز ؛ بغیر بٹا ہوا (خیال ، توجہ) - (۳) بے تفریح ؛ جس تفریح نہ ہوئی ہو -

Undivided : (۱) غیر منقسم ؛ سالم ؛ مسلم - (۲) بغیر بٹی ہوئی ؛ ایک نقطے پر مرکوز ؛ پوری پوری (توجہ) -

Undivorced : (۱) غیر مطلقہ ؛ جسے طلاق نہ ملی ہو - (۲) بغیر جدا کیا ہوا -

Undivulged : جو افشا نہ کیا گیا ہو ؛ مخفی -

Undomesticated : بن سدھایا ؛ جو پالتو نہ ہو -

Undone : (۱) بن کیا ؛ نا کردہ ؛ نا تمام - (۲) کھولا ہوا - (۳) تباہ ؛ برباد -

Undoubted : غیر مشتبہ ؛ بے شبہ ؛ یقینی -

undoubtedly, adv. : بے شک ؛ بلا شبہ ؛ یقیناً -

Undoubting : جسے شک یا شبہ نہ ہو ؛ شبہے سے خالی -

undoubtingly : بغیر شبہ کیے ہوئے -

Undraped : (۱) غیر ملبوس ؛ ننگا - (۲) جس کے پردے وغیرہ الگ کردیے گئے ہوں ؛ پردوں سے خالی -

Undreamed of, Undreamt-of : (۱) جو خواب میں نہ دیکھا گیا ہو - (۲) بے شان گمان ؛ جس کا وہم و گمان بھی نہ ہو -

Undressed : (۱) بے کپڑوں کے ؛ ننگا ؛ شب خوابی کا لباس پہنے - (۲) بے کمایا ہوا (چمڑا) - (۳) بے مرہم پٹی ؛ (زخم) جس کی مرہم پٹی نہ ہوئی ہو -

Undrilled : (۱) بے سوراخ کیا ہوا ؛ بے برمایا ہوا - (۲) غیر تربیت یافتہ - (۳) غیر قواعد دان -

Undrinkable : غیر نوشیدنی ؛ جو پینے کے قابل نہ ہو -

Undue : (۱) حد سے زیادہ ؛ بے حد - (۲) نا واجب ؛ نا جائز - (۳) نا مناسب ؛ نا زیبا - (۴) غیر واجب الادا -

unduly : (۱) حد سے زیادہ - (۲) نا واجب طور پر ؛ نا جائز طور پر -

Undurable : نا پائدار ؛ نا مضبوط -

undurably : نا پائداری سے ؛ نا مضبوطی سے -

Undutiful : (۱) نا فرض شناس ؛ نا فرمان ؛ ناخلف - (۲) سرکش ؛ باغی -

undutifully : نا فرمانی سے ؛ سرکشی سے -

undutifulness : (۱) نا فرض شناسی ؛ نا فرمانی - (۲) سرکشی ؛ بغاوت -

Undying : (۱) غیر فانی ؛ لا زوال - (۲) دائمی ؛ مستقل -

undyingly : غیر فانی طور پر ؛ ہمیشہ -

Unearned : بے کمایا ہوا ؛ بے استحقاق حاصل کیا ہوا ؛ ناواجب -

u. income : بے سعی آمدنی ؛ جو سود سے یا تمسکات کے منافع وغیرہ سے حاصل ہو -

u. increment : بے سعی اضافہ ؛ زمین کی قیمت میں خارجی وجوہ سے اضافہ جس میں مالک کی کوشش کو دخل نہ ہو -

Unearthly : (۱) غیر ارضی ؛ مافوق الفطرت - (۲) پراسرار ؛ بھیانک ؛ ہیبت ناک ؛ وحشت ناک - (۳) (بول چال) بہت سویرے -

unearthliness : (۱) مافوق الفطرت ہونا - (۲) پراسرار ہونا ؛ بھیانک پن -

Uneasy : (۱) بے آرام ؛ بے کل - (۲) پریشان ؛ بے چین - (۳) تکلیف دہ ؛ پریشان کن - (۴) بے اطمینانی کا ؛ گھبراہٹ کا -

uneasily : (۱) بے کلی سے ؛ بے چینی سے - (۲) بے اطمینانی سے ؛ گھبراہٹ سے -

uneasiness : (۱) بے چینی ؛ بے کلی - (۲) بے اطمینانی ؛ گھبراہٹ -

Uneatable : غیر خوردنی ؛ جو کھانے کے قابل نہ ہو -

Uneaten : نا خوردہ ؛ بے کھایا ہوا -

Unecclesiastical : (۱) جسے کلیسا سے تعلق نہ ہو ؛ غیر کلیسائی - (۲) کلیسا کے اصول کے خلاف -

Uneclipsed : (۱) بن کہا ؛ بے گہن ؛ بے گرہن (چاند وغیرہ) - (۲) جسے کوئی دوسری چیز ماند نہ کرسکی ہو -

Uneconomic : (۱) جو اصول معاشیات کے خلاف ہو - (۲) بے کفایت ؛ بے منافع - (۳) غیر کفایت شعار ؛ مسرف ؛ مسرفانہ -

uneconomic rent : بے منفع کرایہ ؛ جس میں مالک اور عمارت بنانے والے کی لاگت کا منافع نہ نکلتا ہو -

Uneconomical : (۱) غیر اقتصادی ؛ غیر معاشی - (۲) غیر کفایت شعار ؛ مسرف ؛ مسرفانہ -

Unedified : بے اصلاح ؛ جس کی اخلاقی اصلاح نہ ہوئی ہو ؛ جسے اخلاقی فائدہ نہ پہنچا ہو -

Unedifying : (۱) غیر مصلحانہ ؛ اخلاقی افادے سے خالی - (۲) مخرب اخلاق -

Unedited : (۱) بے ترتیب و تہذیب (کتاب) - (۲) غیر شائع شدہ -

Uneducated : غیر تعلیم یافتہ ؛ نا تربیت یافتہ ؛ جاہل ؛ نا خواندہ ؛ ان پڑھ -

Uneffaced : غیر محو ؛ جو مٹا نہ ہو -

Uneffected : جو عمل میں نہ آیا ہو ؛ جو نافذ نہ ہوا ہو -

Unelated : (۱) غیر مغرور ؛ جسے غرور نہ ہو - (۲) غیر مسرور ؛ جسے خوشی نہ ہو -

Unelected : غیر منتخب ؛ جو منتخب نہ ہوا ہو ؛ بے انتخاب ؛ جس میں انتخاب نہ ہوتا ہو -

Unelucidated : غیر مشرح ؛ بے تشریح ؛ بے تفصیل -

Unemancipated : غیر آزاد ؛ جو معاشرتی یا ذہنی قیود سے آزاد نہ ہو -

Unembarrassed : (۱) غیر پریشان ؛ مطمئن ؛ مالی پریشانیوں سے آزاد - (۲) جو گھبرایا ہوا نہ ہو ؛ پرسکون ؛ با اطمینان ؛ گھبراہٹ سے خالی -

Unemotional : (۱) غیر جذبات پسند ؛ جو جذبات سے کم متاثر ہو اور ان کا اظہار کم کرے ؛ ٹھنڈا - (۲) غیر جذبات انگیز ؛ جس سے جذبات زیادہ متاثر نہ ہوں ؛ جذبات سے خالی -

unemotionally : ٹھنڈے طریقے سے ؛ بغیر جذبات کا اظہار کیے یا اثر لیے ؛ بغیر جذبات کو متاثر کیے -

Unemphatic : بے تاکید ؛ بے زور ؛ جس میں تاکید یا زور نہ ہو -

unemphatically : بغیر تاکید یا زور کے -

Unemployable a. & n. : (۱) بے مصرف ؛ نا قابل استعمال - (۲) نا قابل ملازمت -

Unemployed : (۱) غیر مصروف ؛ خالی - (۲) جو کسی مفید کام میں نہ لگایا گیا ہو ؛ بے کار - (۳) بے روزگار -

the unemployed : کسی ملک کے بے روزگاروں کی مجموعی تعداد -

Unemployment : (۱) غیر مصروف ہونا - (۲) بے روزگاری -

u. benefit : وظیفہ جو قانون بیمہ کے ذریعے بے روزگاروں کو ملتا ہے ؛ بے روزگاری کا وظیفہ -

Unempowered : غیر مختار ؛ غیر مجاز -

Unenclosed : (۱) بے گھیرا ھوا ؛ بے احاطہ - (۲) غیر ملفوف -
Unencumbered : (۱) بار سے آزاد ؛ مزاحمت یا رکاوٹ سے آزاد - (۲) بے بار ؛ وہ جائداد جو قرض رھن وغیرہ ھر قسم کے بار سے آزاد ھو -
Unendangered : جو خطرے میں نہ ھو یا نہ ڈالا گیا ھو ؛ خطرے سے خالی ؛ خطرے سے آزاد -
Unending : (۱) لامتناھی ؛ لازوال - (۲) دائمی ؛ مسلسل ؛ مستقل -
unendingly : (۱) لامتناھی طور پر ؛ لازوال طور پر - (۲) مسلسل طور پر ؛ ھمیشہ -
unendingness : (۱) لامتنا ھیت ؛ بے زوالی - (۲) مسلسل چلا جانا ؛ طوالت -
Unendorsed : غیر مصدقہ ؛ بے تصدیق ظہری ؛ جس کی پشت پر دستخط یا تصدیق نہ ھو -
Unendowed : (۱) جسے عطا نہ ھوئی ھو ؛ محروم (کسی صفت سے) - (۲) غیر موقوفہ ؛ بے اوقات ؛ جائداد جس کا کوئی حصہ وقف نہ ھو -
Unendurable : نا قابل برداشت -
unendurably : نا قابل برداشت طور پر -
Unenforced : غیر نافذ ؛ بے عمل در آمد ؛ جس کا نفاذ نہ ھو یا جس پر عمل در آمد نہ ھو -
Unenfranchised : ووٹ سے محروم ؛ حق رائے دھندگی سے محروم -
Unengaged : (۱) غیر مصروف ؛ خالی - (۲) غیر ملازم ؛ بے کار - (۳) جس کی منگنی نہ ھوئی ھو ؛ بے منگنی -
Un-English : غیر انگریزی ؛ انگریزوں کی سیرت یا طریقے سے مختلف یا اس کے مخالف ؛ انگریزی زبان سے مختلف یا اس کے اصول کے مخالف -
Unenjoyable : بے لطف ؛ بے حظ ؛ جس سے لطف یا حظ نہ حاصل کیا جا سکے -
Unenlightened : غیر روشن خیال ؛ تاریک خیال -
Unenrolled : (۱) جس کا نام رجسٹر میں درج نہ ھوا ھو - (۲) جو بھرتی نہ ھوا ھو -
Unenslaved : جو غلام نہ بنایا گیا ھو ؛ غلامی سے محفوظ -
Unenterprising : (۱) بے حوصلہ ؛ بے من چلا ؛ جسے نئے کاموں کا حوصلہ نہ ھو - (۲) غیر مہم جو ؛ جسے مہمات کے انجام دینے کا شوق نہ ھو -
unenterprisingly : بے حوصلگی سے -
unenterprisingness : (۱) بے حوصلگی ؛ بے من چلا پن ؛ من چلے پن سے خالی ھونا - (۲) غیر مہم جوئی -
Unentertaining : بے لطف ؛ غیر دلچسپ ؛ خشک -
unentertainingly : غیر دلچسپ یا خشک طور پر ؛ بے لطفی کے ساتھ -
unentertainingness : غیر دلچسپ ھونا ؛ بے لطفی ؛ خشکی -
Unenthusiastic : سرد مہر ؛ بے جوش ؛ سرد مہری کا ؛ جوش سے خالی -
Unenumerated : (۱) غیر شمار کردہ - (۲) جو نام بنام نہ گنائے گئے ھوں ؛ جو ایک ایک کرکے نہ بتائے گئے ھوں ؛ بے تفصیل -
Unenviable : نا قابل رشک -
unenviably : ناقابل رشک طور پر -
Unenvied : غیر محسود ؛ جس پر کوئی حسد یا رشک نہ کرتا ھو -

Unequable : غیر مساوی ؛ بے ھموار -
Unequal : (۱) غیر مساوی ؛ جو برابر نہ ھو (قد و قامت ، قابلیت وغیرہ) - (۲) نا ھموار ؛ جس کا ھر حصہ ایک سا نہ ھو - (۳) قابلیت نہ رکھنے والا (کسی کام کی) ؛ جس کے بس کا نہ ھو (کوئی خاص کام) *(u. to the task)* -
unequally : غیر مساوی طور پر -
Unequalled : جس کا کوئی مقابل نہ ھو ؛ بے ھمتا ؛ بے ھمسر ؛ بے مثل ؛ بے نظیر -
Unequipped : بے ساز و سامان ؛ (کسی چیز کے) لوازمات سے خالی -
Unequivocal : (۱) جو دو رخی یا دو نعلی نہ ھو - (۲) غیر مبہم ؛ بالکل واضح ؛ بالکل صاف ؛ جس میں غلط فہمی کی گنجائش نہ ھو -
unequivocally : (۱) بغیر دو رخی یا دو نعلی باتوں کے - (۲) غیر مبہم طور پر ؛ واضح طور پر ، صاف صاف -
unequivocalness : (۱) دو رخی یا دو نعلی نہ ھونا - (۲) غیر مبہم ھونا ؛ صاف ھونا -
Unerased : بے مٹایا ھوا ؛ جو رگڑ کر مٹایا نہ گیا ھو -
Unerring : بے خطا ؛ حکمی ؛ جو کبھی خطا نہ کرے *(u. aim, u. judgement)* -
unerringly : بے خطا طریقے سے ؛ حکمی طور پر -
unerringness : بے خطا ھونا ؛ حکمی ھونا -
Unescapable : (۱) نا قابل فرار - (۲) ناگزیر ؛ جس سے بچنا نا ممکن ھو -
Unespied : بے دیکھا ھوا ؛ جو نظر نہ آیا ھو -
Unessayed : (۱) جس کی کوشش نہ کی گئی ھو - (۲) بے جانچا ھوا ؛ بے پرکھا ھوا -
Unessential, a. & n. : (۱) غیر ذاتی ؛ غیر اصلی ؛ جو اصل سے یا ذات سے متعلق نہ ھو - (۲) غیر لازمی ؛ جو نا گزیر نہ ھو - (۳) غیر اھم ؛ غیر ضروری ؛ ضمنی ؛ جزوی - (۴) ضمنی یا جزوی چیز -
Unestablished : (۱) غیر قائم ؛ غیر مستحکم ؛ جو قائم یا مستحکم نہ ھوا ھو - (۲) غیر مسلمہ ؛ جو پوری طرح تسلیم نہ کیا گیا ھو -
Unestimated : غیر تخمینہ شدہ ؛ بے تخمینہ -
Unestranged : جو بیگانہ نہ ھوا ھو -
Unevangelical : (۱) غیر انجیلی ؛ جو انجیل میں نہ ھو - (۲) خلاف انجیل ؛ خلاف تعلیم انجیل - (۳) خلاف اعتقادیت ؛ اس نظریے کے خلاف کہ نجات صرف عقیدے یا ایمان پر منحصر ھے -
Unevaporated : بے تبخیر ؛ جس کی تبخیر نہ ھوئی ھو ؛ جو بھاپ بناکر اڑایا نہ گیا ھو -
Uneven : (۱) غیر مسطح ؛ اونچا نیچا - (۲) نا ھموار ؛ جو یکساں نہ ھو ؛ جس میں یکسانی یا اعتدال نہ ھو - (۳) طاق -
unevenly : (۱) غیر مسطح حالت میں - (۲) ناھموار طور پر - (۳) غیر مساوی طور پر -
Unevenness : نا ھمواری -
Uneventful : اھم واقعات سے خالی -
Uneventfully : بغیر اھم واقعات کے -
Unexamined : بے جانچا ھوا ؛ بے پرکھا ھوا ؛ بے پڑتال ؛ بے امتحان -
Unexampled : بے مثل ؛ بے نظیر ؛ عدیم المثال -
Unexcelled : جس پر کسی کو سبقت نہ ھو ؛ سب پر فائق -
Unexceptionable : (۱) ناقابل اعتراض - (۲) بے عیب ؛ بے نقص ؛ مکمل -

unexceptionably : ناقابل اعتراض طور پر؛ بے عیب طریقے سے -

unexceptionableness : نا قابل اعتراض ہونا ؛ بے عیبی -

Unexcised : چنگی یا تلا بازاری سے مستثنیٰ ؛ محصول آبکاری سے مستثنیٰ -

Unexclusive : غیر مختص؛ غیر مخصوص؛ جس میں دوسروں کی بھی شرکت ہو -

unexclusively : غیر مختص طور پر؛ غیر مخصوص طور پر -

Unexecuted : (۱) بے تعمیل؛ جس کی تعمیل نہ ہوئی ہو - (۲) بے تکمیل؛ جس کی قانونی تکمیل (دستخط وغیرہ) نہ ہوئی ہو-

Unexemplified : جس کی مثال نہ دی گئی ہو -

Unexercised : (۱) بے عمل میں لایا ہوا ؛ بے برتا ہوا - (۲) بے مشق؛ بے ورزش؛ مشق یا ورزش سے محروم -

Unexhausted : (۱) بے تھکا؛ ہنوز تازہ دم - (۲) جو ابھی ختم نہ ہوا ہو ؛ جو پوری طرح صرف نہ ہوا ہو ؛ جس میں ہنوز قوت باقی ہو -

Unexpensive : غیر قیمتی؛ کم خرچ؛ سستا؛ ارزاں -

Unexpected : غیر متوقع؛ خلاف توقع؛ ناگہانی؛ اچانک -

unexpectedly : غیر متوقع طور پر؛ توقع کے خلاف؛ اچانک طور پر؛ نا گاہ -

unexepectedness : خلاف توقع یا اچانک ہونا-

Unexpiated : جس کا کفارہ نہ ادا کیا گیا ہو -

Unexpired : غیر منقضی؛ جس کا کچھ حصہ باقی ہے؛ جس کی میعاد پوری نہیں ہوئی -

Unexplained : (۱) بے سمجھایا ہوا - (۲) غیر موجہ ؛ غیر مصرح؛ جس کی توجیہ یا تصریح نہ ہوئی ہو - (۳) بے معذرت ؛ جس کی معذرت نہ ہوئی ہو-

Unexplored : (۱) غیر متحقق؛ نا معلوم - (۲) جس کے جغرافی حالت کی تفتیش و تحقیق نہ ہوئی ہو -

Unexposed : (۱) غیر فاش؛ چھپا ہوا ؛ مخفی؛ ڈھکا ہوا - (۲) روشنی سے محفوظ - (۳) ہوا سے محفوظ؛ خطرے سے محفوظ-

Unexpounded : غیر مشرح؛ بے تشریح؛ بے تفسیر؛ جس کی تشریح یا تفسیر نہ ہوئی ہو -

Unexpressed: (۱) بے پیلا یا دبایا ہوا - (۲) بے ظاہر کیا ہوا؛ بے تصریح؛ بے اظہار؛ غیر مذکور -

Unexpurgated : بے تطہیر؛ کتاب جس میں سے قابل اعتراض باتیں خارج نہ کردی گئی ہوں -

Unextended: (۱) بے پھیلا ہوا - (۲) جس میں توسیع یا اضافہ نہ ہوا ہو - (۳) بے ابعاد؛ بے جسامت؛ جو ابعاد ثلاثہ یا جسامت نہ رکھتا ہو -

Unfadable : جو کبھی نہ مٹے ؛ ان مٹ ؛ لازوال؛ دائمی -

Unfading : (۱) کبھی نہ مٹنے والا ؛ ان مٹ ؛ لازوال ؛ دائمی - (۲) کبھی نہ مرجھانے والا -

unfadingly : (۱) لازوال طور پر - (۲) بے مرجھائے ہوئے -

unfadingness : بے زوالی ؛ بقائے دوام -

Unfailing : (۱) حکمی ؛ بے خطا ؛ یقینی- (۲) جو کبھی ختم نہ ہو ؛ غیر محدود؛ بےانتہا - (۳) جوکبھی دغا نہ دے؛ نہایت وفادار-

unfailingly : (۱) حکمی طور پر - (۲) اس طرح کہ کبھی ختم نہ ہو - (۳) نہایت وفاداری سے -

unfailingness : (۱) حکمی یا یقینی ہونا - (۲) غیر محدود ہونا - (۳) انتہائی وفاداری -

Unfair : (۱) غیر منصف ؛ بے انصاف - (۲) دھاندلی کرنے والا (*U. player*) - (۳) ناواجب ؛ بے جا (*U. advantage*) -

unfairly : غیر منصفی سے؛ بے انصافی سے ؛ دھاندلی سے ؛ ناواجب یا بے جا طور پر -

unfairness : بے انصافی ؛ دھاندلی ؛ ناواجب یا بے جا ہونا -

Unfaithful : (۱) بیوفا ؛ نمک حرام - (۲) غیر مخلص ؛ جھوٹا ؛ بے وفا - (۳) شرائط نکاح کی خلاف ورزی کرنے والا ؛ بے وفا ؛ بدکاری کا مرتکب (*U. wife, husband*) - (۴) غیر مطابق اصل ؛ ناقص ؛ غلط (*U. picture, description*) -

unfaithfully : (۱) نمک حرامی سے؛ بے وفائی سے - (۲) اس طرح کہ اصل کے مطابق نہ ہو ؛ ناقص طور پر -

unfaithfulness : (۱) نمک حرامی ؛ بے وفائی - (۲) غیر مطابق اصل ہونا ؛ ناقص یا غلط ہونا -

Unfaltering : (۱) نہ ڈگمگانے والا ؛ سچا (قدم) - (۲) نہ لرزنے والی ' ہموار ' یکساں (آواز) - (۳) نہ جھپکنے والی ' جمی ہوئی (نظر) - (۴) (مجازاً) مستحکم ؛ مصمم ؛ مستقیم ؛ استوار ؛ پکا -

unfalteringly : مضبوطی سے ؛ مصمم طور پر ؛ استقامت سے -

Unfamiliar : (۱) بے جانا بوجھا ؛ غیر مانوس ؛ اجنبی - (۲) (*with* کے ساتھ) ناواقف ؛ ناآشنا ؛ بیگانہ -

unfamiliarity : (۱) غیرمانوس ہونا ؛اجنبیت - (۲) ناواقفیت-

unfamiliarly : (۱) غیر مانوس طور پر ؛ اجنبیت کے ساتھ- (۲) ناواقفیت کے انداز سے -

Unfashionable : شوقین مزاجوں کے طرز کے خلاف ؛ اہل فیشن کے طرز کے خلاف ؛ خلاف فیشن -

unfashionably : خلاف فیشن طریقے سے -

unfashionableness : خلاف فیشن ہونا -

Unfashioned : (۱) غیر متشکل ؛ جس کی تشکیل نہ ہوئی ہو - (۲) بے شکل ؛ بے ڈول ؛ ان گھڑ -

Unfastened : جو بند نہ ہو ؛ کھلا ہوا -

Unfathered : (۱) (شعر) بے باپ کا - (۲) (مجازاً) لاوارث ؛ (نظریہ وغیرہ) جس کی تصنیف کا مصنف خود اقرار نہ کرے -

Unfatherly : غیر پدرانہ ؛ جو باپ کے شایان شان نہ ہو ؛ شفقت پدری کے منافی ؛ سخت بیرحمانہ -

Unfathomable : (۱) اتھاہ ؛ جس کی تھاہ نہ ملے - (۲) ناقابل ادراک ؛ ناقابل فہم ؛ ناقابل حل (*u. mystery*) -

unfathomably : (۱) اس طرح کہ تھاہ نہ ملے- (۲) ناقابل ادراک طور پر ؛ ناقابل حل طور پر -

Unfathomed : (۱) جس کی تھاہ دریافت نہ کی گئی ہو - (۲) جس کا ادراک نہ کیا گیا ہو؛ جس کا حل دریافت نہ ہوا ہو-

Unfavourable : نا موافق ؛ ناساز گار ؛ مخالف -

unfavourably : نا موافق یا نا ساز گار طور پر ؛ خلاف

unfavourableness : نا موافق ہونا ؛ نا ساز گاری ؛ مخالف ہونا -

Unfeasible : ناقابل عمل -

Unfed : (۱) بے غذا ؛ بے کھلایا ہوا ؛ جسے غذا نہ پہنچائی جائے -

(۲) بے غذا ؛ بے رسد (مشین وغیرہ) ؛ جس کے چلنے کا سامان بہم نہ پہنچایا گیا ہو - جسے فیس نہ دی گئی ہو -

Unfeeling : (۱) بے حس ؛ احساس سے خالی ؛ بے احساس - (۲) سخت دل ؛ سنگ دل ؛ بے درد -

unfeelingly : بے حسی سے ؛ سخت دلی سے ؛ سنگ دلی سے ؛ بے دردی سے -

unfeelingness : بے حسی ؛ سنگ دلی ؛ بے دردی -

Unfeigned : بے تصنع ؛ بے بناوٹ ؛ سچا ؛ سچ مچ کا ؛ حقیقی ؛ واقعی -

unfeignedly : بغیر تصنع کے ؛ سچ مچ ؛ درحقیقت -

Unfelt : غیر محسوس ؛ نا معلوم -

Unfeminine : خلاف نسائیت ؛ عورتوں کی سیرت یا طریقے کے خلاف -

Unfermented : (۱) بے خمیر ؛ جس کا خمیر نہ اٹھایا گیا ہو - (۲) بے ہیجان ؛ جس میں ہیجان نہ پیدا کیا گیا ہو -

Unfertilized : (۱) جو زر خیز یا قابل کاشت نہ بنایا گیا ہو - (۲) (نباتیات) غیر مزدوج ؛ جو باررو نہ بنایا گیا ہو -

Unfettered : (۱) (بیڑیوں سے) رہا کیا ہوا - (۲) خیال اور عمل میں آزاد ؛ بے قید ؛ آزادانہ -

Unfigured : بے تمثال ؛ بے تصویر ؛ جس پر تصویریں نہ بنی ہوں -

Unfilial : جو بیٹے کے لیے سزاوار نہ ہو ؛ ناخلفی کا ؛ ناخلفانہ -

unfilially : نا خلفی کے طور پر ؛ ناخلفی سے -

Unfilled : بغیر بھرا ہوا ؛ خالی -

Unfiltered : بے تقطیر ؛ (پانی) جو ٹپکا کر صاف نہ کیا گیا ہو -

Unfinished : غیر مکمل ؛ ناتمام ؛ ادھورا ؛ نامکمل ؛ ناقص -

Unfit : (۱) غیر تندرست ؛ غیر صحیح الجسم ؛ غیر صحیح الدماغ ؛ جس میں کوئی جسمانی یا دماغی نقص ہو - (۲) ناقابل ؛ نااہل ؛ ناموزوں ؛ نامناسب -

u. for a doctor : ڈاکٹری کے لیے ناموزوں -

unfitly : ناموزوں یا نامناسب طور پر -

unfitness : (۱) غیر تندرستی ؛ غیر صحیح الجسم ؛ غیر صحیح الدماغ ہونا - (۲) نا قابلیت ؛ نا اہلی ؛ نا موزونی ؛ نا مناسب ہونا -

Unfitting : نا موزوں ؛ نا مناسب ؛ نا زیبا ؛ نا سزاوار -

unfittingly : نا موزوں طور پر ؛ نا زیبا طور پر -

Unfixed : (۱) ڈھیلا ؛ اکھڑا ہوا ؛ الگ - (۲) غیر معین -

Unflagging : (۱) نڈھال نہ ہونے والا ؛ ڈھیلا یا سست نہ ہونے والا - (۲) کم نہ ہونے والا ؛ سست نہ پڑنے والا ؛ ان تھک -

Unflattering : (۱) غیر خوشامدانہ ؛ خوشامد سے پاک - (۲) کھرا ؛ جس میں تالیف قلوب یا دلجوئی مد نظر نہ ہو - (۳) ناگوار مگر سچا -

unflatteringly : بغیر خوشامد کے ؛ کھرے طریقے سے ؛ ناگوار سچائی سے -

Unflavoured : بے مہک ؛ جس میں مہک نہ پیدا کی گئی ہو -

Unfledged : (۱) جس کے پر اچھی طرح نہ نکلے ہوں - (۲) (مجازاً) جس نے پوری طرح نشو و نما نہ پائی ہو ؛ نہ پختہ ؛ خام ؛ ناقص ؛ نا تمام ؛ نا مکمل -

Unfleshed : (تلوار) جو ہنوز خون میں ڈبوئی نہ گئی ہو ؛ جو ابھی لڑائی میں استعمال نہ ہوئی ہو ؛ خون نا دیدہ -

Unflinching : (۱) بے جھجک - (۲) مصمم ؛ استوار ؛ مستقل ؛ مضبوط -

unflinchingly : (۱) بے جھجک طریقے سے - (۲) مضبوطی سے ؛ استقلال سے -

Unfordable : غیر پایاب ؛ (دریا) جسے چل کر عبور نہ کرسکیں -

Unforeseen : (۱) نا معلوم ؛ جو پہلے سے معلوم نہ ہو - (۲) غیر متوقع -

Unforgettable : ناقابل فراموش ؛ جسے کبھی نہ بھول سکیں -

Unforgivable : نا قابل معافی ؛ نا قابل عفو ؛ نا قابل در گذر -

Unforgiven : غیر معاف شدہ ؛ بے بخشا ہوا -

Unforgiving : معاف نہ کرنے والا ؛ غیر عفو پسند ؛ کینہ پرور -

unforgivingly : غیر عفو پسندی سے ؛ کینہ پروری سے -

unforgivingness : غیر عفو پسندی ؛ کینہ پروری -

Unforgotten : غیر فراموش ؛ بے بھولا ہوا ؛ جو یاد ہو -

Unformed : (۱) غیر متشکل ؛ بے شکل - (۲) نا مکمل ؛ ادھورا - (۳) غیر تربیت یافتہ -

Unformulated : غیر منضبط ؛ جس نے ضابطے یا اصول کی صورت نہ اختیار کی ہو -

Unfortified : غیر مستحکم ؛ غیر قلعہ بند ؛ جس میں قلعہ بندی یا کسی قسم کے فوجی استحکامات نہ ہوں -

Unfortunate a. & n. : (۱) بد قسمت ؛ بد نصیب - (۲) افسوسناک - (۳) نا کام - (۴) بد قسمتی کا ؛ نا مبارک - (۵) بد نصیب شخص - (۶) کسبی ؛ فاحشہ عورت -

unfortunately : (۱) بدقسمتی سے - (۲) ناکامی سے -

Unfounded : (۱) بے بنیاد ؛ بے اصل ؛ سراسر غلط - (۲) غیر قائم شدہ -

Unfrequented : بے آمد و رفت ؛ سونا -

Unfriended : (۱) جس کا کوئی دوست نہ ہو - (۲) بے یار و مددگار -

Unfriendly : (۱) بے مروت ؛ نا مہربان - (۲) مخالف ؛ مخالفانہ -

unfriendliness : (۱) بے مروتی ؛ نا مہربانی - (۲) مخالفت -

Unfruitful (-ly, -ness) : لا حاصل -

Unfulfilled : (۱) جو پورا نہ ہوا ہو ؛ بے اصول ؛ غیر حاصل - (۲) نا کام (*u. hopes*) -

Unfunded : قابل واپسی (سرکاری قرضہ)

Unfurnished : بے ساز و سامان ؛ بے فرنیچر -

Unfused : (۱) بے پگھلا ہوا ؛ جو شدت حرارت سے پگھلا نہ ہو - (۲) نا آمیختہ ؛ وہ چیزیں جو ملا کر ایک نہ کردی گئی ہوں - (۳) (برقیات) بے جلا ہوا ؛ تار جو برقی رو کی شدت سے جلا نہ ہو - (۴) بے فتیلہ لگایا ہوا ؛ جس میں فتیلہ نہ لگایا گیا ہو -

Ungainly : بھنگم ؛ بھدا ؛ بے ڈول -

ungainliness : بھنگم پن ؛ بھدا پن -

Ungallant : غیر زن نواز ؛ جو عورتوں کی زیادہ خاطر نہ کرتا ہو -

ungallantly : غیر زن نوازانہ طور پر -

Ungalvanized : جس میں گیلوانی برقی نہ پیدا کی گئی ہو - (*u. version, report etc.*)

Ungarbled : بے مسخ کیا ہوا ؛ بے تلبیس ؛ بے تحریف ؛ صحیح ؛ سچا -

Ungarnered : جو گودام میں اکٹھا نہ کیا گیا ہو ؛ جس کا ذخیرہ نہ جمع کیا گیا ہو -

Ungarnished : (۱) بے سجائی ہوئی (کھانے کی پلیٹ وغیرہ) -

(۲) بے آرائش ؛ سادہ -

Ungauged : بے ناپا ہوا؛ بے پیمائش -

Ungenerous : (۱) غیر فیاض ؛ بخیل ؛ غیر فیاضانہ - (۲) غیر عالی ظرف؛ غیر شریف النفس ؛ غیر کریم النفس ؛ کم ظرف ؛ کم ظرفی کا - (۳) غیر فراخ دل؛ تنگ دل ؛ تنگ نظر -

Ungenerously : کنجوسی سے ؛ کم ظرفی سے ؛ تنگ دلی سے ؛ تنگ نظری سے -

Ungenial : (۱) غیر صحت بخش ؛ ناخوشگوار - (۲) غیر خوش مزاج ؛ غیر ملنسار؛ خشک ؛ روکھا؛ اکل کھرا -

Ungenteel : (۱) غیر رئیسانہ - (۲) جو ٹھاٹ کا یا ٹھسے کا نہ ہو ؛ گھٹیا- (۳) غیر طرح دار ؛ جو خوش پوشاک یا سجیلا نہ ہو -

ungenteelly : غیر رئیسانہ ' بغیر ٹھاٹ کے' گھٹیا طریقے سے ؛ غیر طرح داری سے -

Ungentle : اکھڑ ؛ سخت مزاج ؛ کھرا ؛ بد تہذیب ؛ سختی کا ؛ کھرے پن کا ؛ بد تہذیبی کا -

ungentleness : اکھڑ پن؛ سخت مزاج ؛ کھرا پن؛ بد تہذیبی -

ungently : اکھڑ پن سے ؛ درشتی سے ؛ کھرے طریقے سے ؛ بد تہذیبی سے -

Ungentlemanly : (۱) غیر شریف ؛ بد تہذیب - (۲) غیر شریفانہ؛ بد تہذیبی کا ؛ بیہودہ -

ungentlemanliness : غیر شریف ہونا ؛ بد تہذیبی؛ بیہودگی -

Unglazed : (۱) بے شیشے کا ؛ جس میں شیشے نہ لگے ہوں - (۲) بے روغن ؛ جس پر شیشے کا روغن نہ ہو - (۳) بے چمکایا ہوا (چمڑا ' کپڑا) -

Unglutted : غیر پر شکم ؛ جسے ٹھونس کر کھلایا نہ ہو -

Ungodly : غیرخدا پرست؛ نا خدا ترس؛ بےدین؛ بد عمل؛ بداعمال-

ungodily : نا خدا ترسی سے ؛ بے دینی سے -

ungodliness : نا خدا ترسی ؛ بے دینی ؛ بد اعمالی -

Ungovernable : (۱) نا قابل ضبط ؛ جو ضبط نہ ہوسکے ؛ شدید ؛ بے لگام - (۲) سرکش ؛ بے قابو -

ungovernably : (۱) نا قابل ضبط طریقے سے ؛ شدت سے - (۲) سرکشی سے -

Ungraceful : غیر خوشنما ؛ غیر خوش ادا ؛ بد زیب ؛ بھدا ؛ بھونڈا ؛ بد نما -

ungracefully : بد نما طریقے سے ؛ بھدے طریقے سے ؛ بھونڈے طریقے سے -

ungracefulness : بد زیبی ؛ بد ادائی ؛ بھداپن ؛ بھونڈاپن -

Ungracious : (۱) غیر شفیق ؛ غیر خوش خلق ؛ بے مہر ؛ کھرا ؛ کج خلق - (۲) غیر شفقت آمیز ؛ کج خلقی کا ؛ کھرے پن کا -

ungraciously : بے مہری سے؛ کج خلقی سے؛ کھرے پن سے -

ungraciousness : بے مہری ؛ کج خلقی ؛ کھرا پن -

Ungraduated : غیر درجہ وار ؛ بے تدریج؛ جو درجوں میں تقسیم نہ ہو ؛ جو درجہ بدرجہ رکھا گیا ہو -

Ungrammatical : قواعد صرف و نحو کے خلاف ؛ نحو کی رو سے غلط -

ungrammatically : نحو کی رو سے غلط طریقہ پر -

Ungrateful : (۱) ناشکرا ؛ احسان فراموش - (۲) محنت برباد؛ جس میں محنت کے مقابلے میں نتیجہ کچھ نہ ہو؛ صبر آزما؛ دقت طلب؛ ناگوار *(u. task)* -

ungratefully : ناشکری سے؛ احسان فراموشی سے -

Ungrounded : (۱) بے بنیاد؛ غلط - (۲) غیر مدلل -

Ungrudging : بے دریغ؛ دل کھول کر *(u. support)* -

Unguarded : خلاف احتیاط ؛ بے احتیاطی کا ؛ ناعاقبت اندیشی کا -

in an u. moment : غفلت یا بے احتیاطی کی حالت میں -

Unguardedly : بے احتیاطی سے ؛ بے سوچے سمجھے ؛ ناعاقبت اندیشی سے -

Unhackneyed : غیر پا مال؛ غیر فرسودہ ؛ اچھوتا (خیال' فقرہ ' استعارہ وغیرہ) -

Unhallowed : غیر متبرک؛ غیر مقدس؛ ناپاک؛ خبیث (روح وغیرہ) -

Unhampered : بے مزاحمت؛ بے رکاوٹ؛ آزادانہ -

Unhandsome : (۱) غیر حسین؛ بد صورت - (۲) غیر عالی ظرفانہ؛ کم ظرفی کا ؛ غیر شریفانہ؛ کج خلقی کا (برتاؤ وغیرہ) -

unhandsomely : کم ظرفی سے ؛ غیر شریفانہ طور پر ؛ کج خلقی سے -

unhandsomeness: بد صورت؛ کم ظرفی -

Unhandy : (۱) غیر سبک ؛ برتنے میں مشکل ؛ بھاری؛ بھنگم؛ بے ڈول - (۲) غیر سبک دست؛ بد سلیقہ -

unhandily : بھنگم طور سے؛ بد سلیقگی سے ؛ بھدے طریقے سے -

unhandiness : (۱) بھاری پن؛ بھنگم پن - (۲) بد سلیقگی -

Unhanged : (۱) بے لٹکایا ہوا - (۲) پھانسی سے بچا ہوا *(the greatest criminal u.)* -

Unhappy : (۱) ناشاد ؛ غمگین ؛ رنجیدہ - (۲) مصیبت زدہ ؛ آفت زدہ ؛ بد بخت ؛ کم بخت ؛ بد قسمت - (۳) مصیبت ناک ؛ مصیبت کی ؛ تکلیف کی (زندگی وغیرہ)- (۴) نا مبارک؛ منحوس- (۵) بے موقع؛ بے محل *(u. remark)* :

unhappily : (۱) بدقسمتی سے -(۲) ناشاد رہ کر ؛ رنج و الم کے ساتھ -

unhappiness : (۱) ناشاد ہونا ؛ غم گینی - (۲) رنج و الم - (۳) مصیبت ناک ہونا - (۴) مصیبت -

Unharmed : (۱) نقصان سے محفوظ - (۲) صحیح سالم -

Unhatched : (۱) بے سییا ہوا (انڈا) - (۲) جو انڈے سے نہ نکلا ہو - (۳) (تدبیر وغیرہ) جو کیتری نہ گئی ہو - (۴) بے جدول؛ جس پر متوازی خطوط نہ کھنچے ہوں -

Unhealthful : (۱) غیر صحت بخش ؛ مضر صحت - (۲) مخرب اخلاق -

unhealthfully : مضر صحت طریقے سے ؛ مخرب اخلاق طریقے سے -

unhealthfulness : (۱) مضر صحت ہونا - (۲) مخرب اخلاق ہونا -

Unhealthy : (۱) غیر تندرست؛ بیمار - (۲) غیر صحت بخش - (۳) مخرب اخلاق - (۴) خرابی صحت ظاہر کرنے والا - (۵) (فوج' عامیانہ) خطر ناک گولہ باری کی زد میں -

unhealthily : (۱) مضر صحت طریقے سے - (۲) مخرب اخلاق طریقے سے -

unhealthiness : (۱) عدم صحت ؛ غیر تندرست ہونا - (۲) مضر صحت یا مخرب اخلاق ہونا -

Unheard : (۱) نا شنیدہ؛ غیر مسموع؛ بے سنا ہوا -(۲) بے سماعت؛

(مقدمہ) جس کی سماعت نہ ہوئی ہو - (۳) بے قبول؛ جو قبول نہ کیا جائے -

u. of : سب سے انوکھا؛ جو کبھی پہلے سننے میں نہ آیا ہو -

Unheeded : توجہ سے محروم؛ جس پر توجہ نہ کی جائے یا دھیان نہ دیا جائے -

unheedful : بے پروا؛ بے توجہ؛ بے دھیان؛ جو توجہ نہ کرتا ہو یا دھیان نہ دیتا ہو -

unheedfully : بے پروائی سے؛ بے توجہی سے -

Unheeding : بے پروا؛ بے توجہ؛ بے دھیان -

Unhelpful : مدد نہ کرنے والا؛ جس سے مدد نہ ملے؛ غیر کار آمد؛ بے کار -

unhelpfully : غیر کار آمد طور پر -

Unhemmed : بے سنجاف؛ بے مغزی؛ بے جھالر؛ بے حاشیہ -

Unheralded : (۱) بے اعلان؛ بے منادی؛ جس کا اعلان یا منادی نہ کی گئی ہو - (۲) بے اطلاع؛ بے صدائے نقیب - (۳) جس کی پہلے سے خبر نہ کی گئی ہو -

Unheroic : (۱) غیر مردانہ وار؛ غیر رستم صفت؛ غیر اولوالعزم - (۲) غیر رستمانہ؛ غیر بطلو شانہ؛ اولوالعزمی و مردانگی کے خلاف -

Unhesitating : (۱) مستعد؛ بے ہچکچاہٹ - (۲) بے ہیر پھیر؛ بے حیص بیص؛ مستعدانہ -

unhesitatingly : بغیر ہچکچائے ہوئے؛ مستعدی سے -

Unhewn : (۱) بے کٹا ہوا - (۲) بے ترشا ہوا - (۳) (مجازاً) نا تراش؛ بھدا -

Unhidden : غیر مخفی؛ بے چھپا؛ ظاہر -

Unhisotric (al) : (۱) غیر تاریخی؛ جو تاریخ سے ثابت نہ ہو - (۲) محض افسانے کی حیثیت رکھنے والا -

Unholy : (۱) غیر متبرک؛ غیر مقدس؛ ناپاک؛ خبیث (روح وغیرہ) - (۲) (بول چال) بہت شدید؛ بہت سخت -

unholily : غیر متبرک طور پر -

unholiness : غیر متبرک ہونا؛ غیر مقدس ہونا؛ نا پاکی -

Unhonoured : عزت سے محروم؛ عظمت سے محروم؛ بے عظمت؛ بے توقیر -

Unhuman : (۱) غیر انسانی؛ غیر بشری - (۲) خلاف انسانیت؛ بےدردانہ؛ سنگ دلانہ - (۳) بے درد؛ سنگ دل -

Unhung : بے لٹکا ہوا -

Unhurt : ضرر سے محفوظ؛ چوٹ سے محفوظ؛ صدمے سے محفوظ -

Unidea'd : بے تخیل؛ تخیل سے کورا؛ ٹھس -

Unideal : (۱) غیر عینی؛ مادی؛ واقعیت پسندانہ؛ جو مادی یا واقعی چیزوں سے تعلق رکھتا ہو - (۲) غیر مثالی؛ غیر معیاری؛ معمولی؛ ادنیٰ درجے کا؛ گھٹیا -

Unidentified : غیر شناخت کردہ؛ بے شناخت؛ جس کی شناخت نہ کی گئی ہو -

Unilluminated : (۱) بے چراغاں؛ جس میں چراغاں نہ کیا گیا ہو - (۲) بے بصیرت؛ بے نور باطن؛ غیر روشن ضمیر؛ نور علم سے محروم - (۳) غیر مشرح؛ بے تشریح -

Unillustrated : (۱) بے مثالوں کا - (۲) بے تصویروں کا؛ بے تصویر -

Unimaginable : ناقابل تصور؛ خارج از قیاس -

Unimaginative : بے تخیل؛ تخیل سے محروم -

unimaginatively : بے تخیل سے کام لیے ہوئے؛ بے تخیلی سے -

unimaginativeness : بے تخیلی؛ تخیل سے محروم ہونا -

Unimpaired : (۱) بے خلل؛ جس میں خلل نہ آیا ہو - (۲) بے ضعف؛ جس میں ضعف نہ آیا ہو -

Unimpassioned : بے اشتعال؛ بے جوش؛ ٹھنڈا -

Unimpeachable : (۱) غیر مشتبہ؛ نا قابل اعتراض - (۲) الزام سے پاک؛ بے داغ؛ جس پر حرف نہ رکھا جاسکے -

unimpeachability, unimpeachableness : ناقابل اعتراض ہونا؛ بے داغ ہونا؛ الزام سے پاک ہونا -

unimpeachably : (۱) ناقابل اعتراض طریقے سے - (۲) بے داغ طور پر -

Unimpeded : بے رکاوٹ؛ بے مزاحمت؛ آزادانہ -

Unimportant : غیر اہم؛ معمولی؛ جزوی؛ ادنیٰ -

unimportance : بے اہمیتی؛ غیر اہم ہونا؛ معمولی یا جزوی ہونا -

Unimposing : بے رعب؛ غیر مرعوب کن؛ غیر اثر انداز -

Unimpressionable : غیر زود تاثر؛ کم تاثر؛ جو جلد اثر قبول نہ کرے -

Unimpressive : (۱) غیر اثر انداز؛ غیر موثر - (۲) بے رعب؛ غیر مرعوب کن -

unimpressively : (۱) غیر موثر طور پر - (۲) بے رعب طریقے سے -

unimpressiveness : (۱) غیر موثر ہونا؛ غیر اثر انداز ہونا - (۲) بے رعبی -

Unimproved : جس میں ترقی یا اصلاح نہ ہوئی ہو؛ بے ترقی؛ بے اصلاح -

u. land : (۱) غیر مزروعہ زمین - (۲) بے عمارت زمین؛ وہ زمین جس پر عمارت نہ بنی ہو -

Unimpugned : بے تردید؛ بے گرفت؛ بے اعتراض؛ جس کی تردید نہ ہوئی ہو؛ جس پر اعتراض نہ ہوا ہو -

Unindexed : بے انڈکس؛ بے اشاریہ؛ (کتاب) جس میں اشاریہ نہ ہو -

Unindicated : جو ظاہر نہ کیا گیا ہو؛ جس کی طرف اشارہ نہ کیا گیا ہو -

Uninflammable : غیر آتش گیر؛ غیر اشتعال پذیر -

Uninflated : (۱) جو ہوا یا گیس سے پھولا ہوا نہ ہو؛ بے پھولا ہوا؛ بے بھرا ہوا - (۲) بے جا عبارت آرائی سے پاک؛ (زبان) بے طمطراق -

Uninflicted : (۱) بے لگایا ہوا (زخم) - (۲) بغیر دی ہوئی (سزا) -

Uninfluenced : غیر متاثر -

Uninfluential : غیر ذی اثر؛ جو با اثر نہ ہو؛ جس کا لوگوں پر کچھ اثر نہ ہو -

Uninformed : (۱) غیر مطلع؛ بے خبر؛ جسے خبر نہ کی گئی ہو؛ نا واقف - (۲) بے علم؛ جاہل -

Uninhabitable : نا قابل سکونت -

Uninhabited : غیر مسکونہ؛ غیر آباد؛ خالی؛ جس میں کوئی نہ رہتا ہو -

Uninitiated : غیر عارف؛ غیر محرم؛ نا آشنا؛ جو حقیقت یا راز سے، کسی مذہب یا حلقے کے اسرار سے نا واقف ہو -

Uninjured : غیر مجروح ؛ چوٹ سے محفوظ ؛ ضرر سے محفوظ ؛ صدمے سے محفوظ -

Uninspired : (۱) بے الہام ؛ غیر الہامی ؛ جو الہام سے خالی ہو - (۲) روحانی تاثیر یا فیضان سے محروم ؛ بے کیف ؛ وجدان سے خالی - (۳) جو کسی کے اشارے سے نہ لکھا گیا ہو -

Uninstigated : بے اکسایا ہوا ؛ جسے کسی نے تحریک یا شہ نہ دی ہو -

Uninstructed : (۱) بے سکھایا ہوا ؛ جسے کوئی ہدایت نہ دی گئی ہو - (۲) بے پڑھا ؛ جاہل ؛ تعلیم سے محروم -

Uninstructive : غیر سبق آموز ؛ مفید معلومات سے خالی -

Uninsulated : (۱) جو سب سے علحدہ نہ ہو - (۲) (حرارت و برق) غیر محجوز ؛ بے حاجز ؛ جس میں حاجز درمیان میں نہ ہو -

Uninsured : غیر بیمہ شدہ ؛ بغیر بیمے کا ؛ جس کا بیمہ نہ کرایا گیا ہو -

Unintelligent : (۱) غیر ذہین ؛ غیر ذکی ؛ غبی ؛ بے وقوف ؛ کند ذہن - (۲) بے وقوفی کا ؛ جس سے بے وقوفی ظاہر ہو -

unintelligently : بے وقوفی سے ؛ کند ذہنی سے -

Unintelligible : (۱) غیر مفہوم ؛ نا قابل فہم ؛ جو سمجھ میں نہ آئے - (۲) (فلسفہ) غیر معقول ؛ محسوس ؛ جس کا ادراک حواس کے ذریعے ہو سکے -

unintelligibility : (۱) نا قابل فہم ہونا ؛ غیر مفہوم ہونا - (۲) غیر معقولیت ؛ غیر محسوسیت -

unintelligibleness : ایضاً -

unintelligibly : نا قابل فہم طور پر -

Unintentional : بے قصد ؛ بے ارادہ ؛ جو عمداً نہ کیا گیا ہو -

unintentionally : بلا قصد ؛ بلا ارادہ -

Uninteresting : غیر دلچسپ ؛ بے لطف -

uninterestingly : غیر دلچسپ طور پر ؛ بے لطفی سے -

uninterestingness : غیر دلچسپ ہونا ؛ بے لطفی -

Unintermittent : غیر منقطع ؛ غیر وقفہ دار ؛ مسلسل ؛ جو ٹھہر ٹھہر کر نہیں بلکہ مسلسل ہو (بخار ، درد ، نبض وغیرہ) -

unintermittently : غیر منقطع طور پر ؛ مسلسل طور پر -

Unintermitting : بے وقفہ ؛ مسلسل ؛ لگا تار -

unintermittingly : مسلسل طور پر ؛ برابر ؛ لگا تار -

Uninterpretable : (۱) نا قابل تفسیر ؛ نا قابل تشریح ؛ نا قابل ترجمہ - (۲) ناقابل تعبیر ؛ ناقابل حل ؛ ناقابل فہم -

Uninterred : غیر مدفون -

Uninterrupted : (۱) جس کے تسلسل میں خلل یا رکاوٹ نہ ہو - (۲) غیر منقطع ؛ مسلسل -

uninterruptedly : مسلسل طور پر

Uninventive : غیر موجدانہ ؛ بے ایجاد ؛ قوت ایجاد سے خالی -

uninventively : غیر موجدانہ طور پر ؛ بے ایجادی سے -

Uninvestigated : بے تحقیق ؛ بے تفتیش ؛ جس کی تحقیق یا تفتیش نہ کی گئی ہو -

Uninvited : غیر مدعو ؛ بے دعوت ؛ بے طلب -

Uninviting : (۱) غیر دلکش ؛ غیر مطبوع - (۲) مکروہ -

uninvitingly : غیر دلکش طور پر -

Uninvoked : (۱) بے جگائی ہوئی ؛ جو منتر پڑھ کر بلائی نہ گئی ہو - (۲) بے استمداد ؛ جس سے مدد یا دعا نہ مانگی گئی ہو ؛ جس کی دہائی نہ دی گئی ہو -

Uninvolved : (۱) بے لپیٹا ہوا - (۲) بے تعلق (جرم وغیرہ سے) (۳) (طرز تحریر) جو الجھا ہوا نہ ہو ؛ سیدھا سادہ ؛ صاف -

Unirrigated : (۱) بے آب پاشی ؛ (زمین) جس کی آب پاشی نہ ہوتی ہو - (۲) زخم جو مسلسل دھویا نہ جاتا ہو -

Unisolated : (۱) جو الگ نہ کیا گیا ہو - (۲) (برقیات) غیر منفصل ؛ بے حاجز -

Unissued : (۱) غیر جاری شدہ - (۲) محفوظ ؛ تجارتی کمپنی کے حصے جو عام لوگوں کے ہاتھ فروخت نہ کیے جائیں -

Unjaundiced : (۱) یرقان سے محفوظ - (۲) رشک و حسد سے خالی ؛ تعصب سے خالی ؛ بے تعصب ؛ بے لاگ -

Unjust : (۱) غیر منصف ؛ بے انصاف - (۲) غیر منصفانہ ؛ بے انصافی کا -

unjustly : نا انصافی سے ؛ غیر منصفانہ طور پر -

Unjustifiable : جو صحیح یا بجا نہ ثابت کیا جا سکے ؛ بے جا ؛ ناروا -

unjustifiably : بے جا طور پر ؛ ناروا طور پر -

unjustifiableness : بے جا یا ناروا ہونا -

Unkind : (۱) نا مہربان ؛ بے مہر ؛ سخت ؛ بے رحم ؛ بے درد - (۲) نا مہربانی کا ؛ بے مہری کا ؛ سختی کا ؛ بے رحمانہ -

unkindly : (۱) بے مہر ؛ بے رحم ؛ بے درد - (۲) بے مہری سے ؛ بے رحمی سے ؛ بے دردی سے -

unkindness : نامہربانی ؛ بے مہری ؛ بے رحمی ؛ بے دردی -

Unkingly : (۱) جس میں بادشاہی کی شان نہ ہو ؛ جو بادشاہ نہ معلوم ہوتا ہو - (۲) غیر شاہانہ ؛ جو بادشاہ کے شایان شان نہ ہو -

Unkneaded : (۱) بے گوندھا ہوا - (۲) (مجازاً) بے امتزاج ؛ بے سمویا ہوا -

Unknightly : (۱) جس میں بانکوں کی سی شان نہ ہو - (۲) غیر زن نواز ؛ جو عورتوں کی خاطر اور خدمت نہ کرتا ہو - (۳) بانکپن کے خلاف ؛ زن نوازی کے خلاف -

unknightliness : (۱) بانکپن سے خالی ہونا - (۲) غیر زن نوازی -

Unknowable : (۱) ناقابل ادراک ؛ فہم و ادراک سے باہر - (۲) (فلسفہ) وہ حقیقت یا ذات جس کا ادراک نہیں ہو سکتا ؛ واجب الوجود ؛ علت اولیٰ -

unknowability, unknowableness : ناقابل ادراک ہونا -

unknowably : ناقابل ادراک طور پر -

Unknowing : (۱) ناواقف ؛ بے خبر (کسی چیز سے) - (۲) نادان -

unknowingly : نا دانستہ -

Unknown, a., n. & adv. : (۱) نامعلوم ؛ جس کا علم نہ ہو - (۲) اجنبی ؛ بیگانہ ؛ جس سے واقفیت نہ ہو - (۳) (ریاضی) مجہول - (۴) مقدار مجہول ؛ نامعلوم شے -

the U. warrior : دیکھو Warrior -

u. to me : بغیر میرے علم کے -

Unlabelled : (۱) بے لیبل ؛ بے طبلقی ؛ بے چٹ کا ؛ جس پر نام کی چٹ نہ لگی ہو - (۲) جو کسی فرقے یا گروہ کے نام سے نامزد نہ کیا جاتا ہو -

Unlaboured : (۱) بے مشقت ؛ جس میں زیادہ محنت نہ کی جائے - (۲) (طرز بیان وغیرہ) بے آورد ؛ آورد سے خالی ؛ بے تکلف -

Unladylike : جو ایک شریف خاتون کے شایان شان نہ ہو ؛ غیر شریفانہ ؛ عامیانہ -

Unlamented : بے ماتم ؛ جس کا ماتم نہ کیا گیا ہو -

Unlawful : خلاف قانون ؛ ناجائز -

u. assembly : مجمع خلاف قانون؛ جو قانونی حکم کے خلاف یا امن عامہ میں خلل انداز ہونے کی غرض سے اکٹھا ہو -

unlawfully : خلاف قانون طریقے سے ؛ ناجائز طور سے

unlawfulness : خلاف قانون ہونا ؛ ناجائز ہونا -

Unlearned, Unlearnt : بےسیکھاھوا ' بےپڑھا ہوا (سبق وغیرہ) -

Unlearned : (۱) غیر عالم ؛ جاہل - (۲) غیر عالمانہ ؛ جاہلانہ -

Unleavened : غیر خمیری ؛ فطیری

Unlettered : (۱) غیر تعلیم یافتہ ؛ بے لکھا پڑھا - (۲) ادبی ذوق نہ رکھنے والا -

Unlicensed : بے لیسنس کا ؛ غیر سند یافتہ -

Unlicked : ان گھڑ ؛ اجڈ ؛ غیر تربیت یافتہ -

an u. cub : کندۂ نا تراش نو جوان -

Unlike : غیر مشابہ ؛ غیر یکساں ؛ مختلف؛ خلاف -

unlikeness, a. & prep. : غیر مشابہت؛ غیر یکسانی؛ اختلاف -

Unlikely : (۱) غیر اغلب ؛ غیر قرین قیاس' دور از قیاس - (۲) جس میں کامیابی کی امید نہ ہو ؛ غیر امید افزا -

unlikelihood, unlikeliness : غیر اغلب ہونا ؛ دور از قیاس ہونا -

Unlimited : (۱) غیر محدود ؛ نا محدود ؛ لامتناہی - (۲) نہایت وسیع - (۳) غیرمحدود ذمہداری رکھنے والی؛ غیر محدود (کمپنی) - (۴) بہت زیادہ ؛ بے حد -

unlimitedly : غیرمحدود طور پر ؛ بہت زیادہ -

unlimitedness : (۱) غیر محدودیت - (۲) بے حدوسعت ؛ بہت زیادہ ہونا -

Unliquidated : (۱) غیر بے باق ' بے چکایا (قرضہ) - (۲) (کمپنی) جو بند نہ کردی گئی ہو - (۳) (قانون) غیر معین ؛ (ہرجانہ وغیرہ) غیر تصفیہ شدہ -

Unlit : (۱) غیر روشن؛ بے جلایا ہوا - (۲) تاریک ؛ اندھیرا -

Unlocated : (۱) بے تعین مقام؛ جس کامقام یامحل وقوع متعین نہ ہوا ہو - (۲) (امریکا) بے پیمائش؛ جس کی پیمائش نہ ہوئی ہو؛ غیرمتعینہ رقبہ -

Unlooked for : جس کی امید نہ ہو؛ غیرمتوقع

Unlopped : (۱) بے کٹا ہوا - (۲) بے چھنٹا ہوا ؛ جس کی شاخیں قلم نہ کی گئی ہوں -

Unlovable : غیر دلکش ؛ غیر مطبوع ؛ نا مرغوب ؛ مکروہ -

Unloved : غیر محبوب ؛ جس سے محبت نہ کی جائے -

Unlovely : (۱) غیر خوبصورت ؛ غیر خوشنما ؛ بد صورت؛ بدنما ؛ مکروہ (اخلاقی حیثیت سے) - (۲) غیر دلکش -

unloveliness : بد صورتی؛ بد نمائی؛ غیر دلکش؛ مکروہیت -

Unloverlike : (۱) جو عاشق نہ معلوم ہو؛ جس میں عاشقوں کی شان نہ ہو - (۲) عاشق کے منافی؛ خلاف آداب عاشقی -

Unloving : محبت نہ کرنے والا ؛ محبت سے خالی؛ بے محبت ؛ بے مہر ؛ سرد مہر ؛ بے مہری کا ؛ سرد مہری کا -

Unlucky : (۱) بدقسمت ؛ نامراد ؛ بد نصیب - (۲) منحوس ؛ نا مبارک - (۳) بے محل ؛ بے ڈکا ؛ نا مناسب ؛ بھونڈا -

unluckily : قسمتی سے : بدنصیبی سے ؛ ناموزوں یا ؛ مناسب طریقے سے -

Unmade : بے بنا ہوا -

Unmaidenly : جو کنواری لڑکی کے لیے نا زیبا ہو ؛ خلاف حیا ؛ بے حیائی کا -

Unmailable : جو ڈاک سے نہ بھیجا جاسکے -

Unmaimed : (۱) غیر مقطوع الاعضا ؛ جس کے ہاتھ پیر نہ کٹے ہوں ؛ جو لنگڑا یا لولا نہ کردیا گیا ہو - (۲) (مجازاً) جو بے کار نہ کر دیا گیا ہو -

Unmaintainable : (۱) جو قائم نہ رکھا جاسکے ؛ جو چلایا نہ جاسکے - (۲) نا قابل کفالت - (۳) نا قابل حمایت ؛ نا قابل تائید ؛ نا قابل ثبوت -

Unmalleable : (۱) نا قابل کوب ؛ جسے کوٹ کر مختلف شکلوں میں نہ گھڑ سکیں - (۲) (مجازاً) غیر شکل پذیر ؛ غیر اثر پذیر -

unmalleability : (۱) نا قابل کوب ہونا - (۲) غیر شکل پذیری ؛ غیر اثر پذیری -

Unmanageable : (۱) نا قابل انتظام - (۲) سرکش ؛ قابو سے باہر ؛ منہ زور ؛ بد لگام -

unmanageably : نا قابل انتظام طور پر ؛ سرکشی سے ؛ منہ زوری سے -

unmanageableness : نا قابل انتظام ہونا ؛ سرکشی ؛ منہ زوری ؛ قابو سے باہر ہونا -

Unmanful : (۱) پست ہمت ؛ نامراد ؛ کم دلا ؛ ارادے کا کچا - (۲) پست ہمتی کا ؛ نامردی کا -

unmanfully : غیر مردانہ وار ؛ پست ہمتی سے ؛ نا مردی سے؛ کم دلے پن سے -

Unmanlike : (۱) غیر انسان نما - (۲) غیر بشری ؛ غیر انسانی؛ جو انسانوں کا سا نہ ہو -

Unmanly : (۱) غیر جواں مرد ؛ بزدل ؛ نامرد ؛ زنانہ - (۲) غیر مردانہ ؛ بزدلانہ ؛ بزدلی کا ؛ زنانہ پن کا -

unmanliness : بزدلی؛ نامردی ؛ زنانہ پن -

Unmannerly : غیر مہذب ؛ نا شائستہ ؛ بد تہذیب ؛ بیہودہ ؛ بد تہذیبی کا -

unmannerliness : بد تہذیبی ؛ بیہودگی ؛ بیہودہ پن -

Unmarked : (۱) بغیر نشان کا ؛ جس پر نشان نہ ہو - (۲) جس پر نظر نہ پڑے ؛ جس پر توجہ نہ ہو -

Unmarketable : نا قابل بازار ؛ نا قابل فروخت -

Unmarriageable : نا قابل ازدواج ؛ جو شادی کے قابل نہ ہو ؛ جس کی ابھی شادی کی عمر نہ ہو -

unmarriageableness : نا قابل ازدواج ہونا -

Unmarried : ناکتخدا ؛ بن بیاہا ' بن بیاہی ؛ کنوارا ؛ کنواری -

Unmartial : (۱) غیر جنگ جو ؛ غیر جرار - (۲) غیر حربی ؛ غیر عسکری ؛ غیر فوجی -

Unmasculine : (۱) غیر مذکر ؛ جو مذکر نہ ہو - (۲) بزدل ؛ نامرد ؛ زنانہ ؛ غیر قوی ؛ کمزور - (۳) غیر مردانہ ؛ بزدلانہ -

Unmasticable, : جو چبانے کے قابل نہ ہو -

Unmatchable : (۱) جس کا کوئی ہمسر نہ ہو ؛ یکتا ؛ بے مثل ' بے نظیر - (۲) جس کے میل کی دوسری چیز نہ مل سکے -

Unmatched : (۱) بے نظیر ؛ لاثانی ؛ لاجواب - (۲) جس کا میل نہ ہو -

Unmated : (۱) جس کا بیاہ نہ ہوا ہو - (۲) جس کا جوڑا نہ ہو؛ بے جوڑے کا ؛ بے نر یا مادہ کا -

Unmaterial : غیر مادی ؛ جو مادے سے بنا ہوا نہ ہو -

Unmatured : غیر پختہ؛ خام؛ نامکمل؛ خصوصاً نارسیدہ (شراب) -

Unmeaning : بے معنی ؛ مہمل ؛ لغو -

unmeaningly : مہمل طریقے سے ؛ بے معنی طور پر -

unmeaningness : بے معنی ہونا ؛ مہمل ہونا -

Unmeant : غیر مقصود ؛ جس کا قصد نہ کیا گیا ہو -

Unmeasured : (۱) بے ناپا ہوا - (۲) نامحدود ؛ بے حد؛ وسیع - (۳) بے حساب؛ بے دریغ - (۴) حد سے زیادہ؛ حد اعتدال سے بڑھا ہوا -

Unmechanical : (۱) غیر مشینی؛ جو مشین سے متعلق یا مشین جیسا نہ ہو - (۲) غیر مکانکی ؛ جو مکانک یعنی علم سکون و حرکت کے اصول کے مطابق نہ ہو -

Unmeet : (قدیم) ناموزوں ؛ نا مناسب -

unmeetly : نا مناسب طور پر -

unmeetness : ناموزوں ہونا ؛ نامناسب ہونا -

Unmelodious : بے آہنگ ؛ بے سرا ؛ موسیقی سے خالی -

unmelodiously : بے سرے پن سے؛ بے آہنگی سے -

unmelodiousness : بے سراپن ؛ بے آہنگی -

Unmelted : بے پگھلا ہوا -

Unmendable : (۱) نا قابل اصلاح - (۲) نا قابل مرمت؛ نا قابل رفو -

Unmentionable, *a. & n.* : (۱) نا قابل اظہار ؛ ناگفتنی ؛ ناگفتہ بہ - (۲) (جمع، مزاحاً) پاجامہ -

unmentionableness : نا قابل اظہار ہونا ؛ ناگفتنی ہونا ؛ ناگفتہ بہ ہونا -

Unmerchantable : نا قابل بازار ؛ نا قابل فروخت ؛ جو بکری کے قابل نہ ہو -

Unmerciful : بے رحم ؛ بے درد -

unmercifully : بے رحمی سے ؛ بے دردی سے -

unmercifulness : بے رحمی ؛ بے دردی -

Unmerited : بے استحقاق ؛ بے جا -

Unmethodical : (۱) بے قاعدہ ؛ بے اصول ؛ بے منہاج - (۲) بے ترتیب ؛ گڈ مڈ -

Unmetrical : بحر سے خارج؛ ناموزوں؛ بے وزن -

unmetrically : بغیر وزن کی پابندی کے؛ ناموزوں طور پر -

Unmilitary : غیر فوجی ؛ غیر عسکری -

Unmindful : دھیان نہ رکھنے والا ؛ غافل ؛ بے پروا -

unmindfully : غفلت سے؛ بے پروائی سے -

unmindfulness : غفلت ؛ بے پروائی -

Unminted : غیر مسکوک ؛ بے ڈھلا ہوا (سکہ وغیرہ) -

Unmirthful : (۱) غیر خوش طبع؛ جو خوش مزاج نہ ہو - (۲) بے لطف؛ ہنسی دل لگی سے خالی -

unmirthfully : بے لطفی سے؛ بے ہنسی دل لگی کے -

Unmistakable : بے مغالطہ؛ جس میں مغالطے کا امکان نہ ہو؛ بالکل صاف؛ صریحی -

unmistakably : صریحی طور پر -

Unmitigated : (۱) بے تخفیف؛ جس میں کمی نہ ہو - (۲) قطعی؛ محض (*u. nuisance, u. liar,*) -

Unmixed : (۱) غیر مخلوط؛ بے آمیزش؛ بے میل - (۲) خالص - (۳) قطعی ؛ محض -

Unmodern : جدید طرز کے خلاف -

Unmodified : (۱) غیر معدّل - (۲) بے ترمیم؛ بے تغیر و تبدل -

Unmodulated : بے تعدیل؛ جس میں ٹھیک ترتیب یا تناسب نہ پیدا کیا گیا ہو -

Umolested : جو چھیڑا یا ستایا نہ گیا ہو؛ چھیڑ چھاڑ سے محفوظ -

Unmoral : غیر اخلاقی؛ جسے اخلاقی اصول سے تعلق نہ ہو ؛ جسے اخلاقیات سے تعلق نہ ہو -

unmorality : غیر اخلاقی ہونا؛ اخلاق سے غیر متعلق ہونا -

Unmortgaged : غیر مکفول؛ غیر رہن شدہ -

Unmotherly : (۱) جس میں ماں کی صفات نہ ہوں - (۲) غیر مادرانہ ؛ شفقت مادری کے خلاف -

Unmounted : (۱) غیر سوار ؛ پیادہ ؛ پیدل - (۲) بے جڑا ہوا ؛ (نگینہ) جو خانے میں نہ جڑا ہو ؛ (تصویر) جو دفتی پر نہ چپکی ہو -

Unmourned : بے ماتم؛ بے سوگ؛ جس کا ماتم یا سوگ نہ ہوا ہو -

Unmoved : (۱) بے حرکت - (۲) غیر متاثر ؛ جس کے جذبات پر کوئی اثر نہ ہوا ہو - (۳) اپنے ارادے پر قائم -

Unmown : بے کٹا ہوا (کھیت وغیرہ) -

Unmurmuring : بے شکایت؛ شکایت سے خالی ؛ بے عذر -

unmurmuringly : بغیر شکایت کے ؛ بغیر عذر کے -

Unmusical : (۱) بے سرا ؛ بے آہنگ؛ نغمے سے خالی؛ موسیقیت سے خالی - (۲) موسیقی میں کورا؛ موسیقی کا ذوق نہ رکھنے والا ؛ بے ذوق (موسیقی) -

unmusicality : (۱) بے سراپن ؛ بے آہنگی - (۲) موسیقی میں کورا ہونا؛ بے ذوقی -

unmusically : (۱) بے سرے طریقے سے - (۲) بے ذوقی سے -

Unmutilated : (۱) غیر مقطوع الاعضا؛ جس کے اعضا نہ کاٹے گئے ہوں - (۲) غیر مسخ شدہ (عبارت) -

Unnamable : (۱) ناقابل نام زدگی؛ ناقابل تعین - (۲) ناقابل ذکر؛ ناگفتہ بہ؛ ناگفتنی -

Unnamed : (۱) بے نام؛ جس کا کوئی نام نہ ہو - (۲) غیر مذکور؛ جس کا ذکر نہ کیا گیا ہو -

Unnational : غیر قومی؛ قومی خصوصیت سے خالی؛ منافی قومیت -

Unnatural : (۱) خلاف فطرت؛ منافی فطرت (*u. crimes, u. vices*) - (۲) مصنوعی؛ بناوٹی - (۳) غیر طبعی؛ غیر قدرتی؛ خلاف عادت - (۴) فطری جذبات سے خالی (*u. parent*) -

unnaturally : (۱) خلاف فطرت طریقے پر - (۲) غیر طبعی طور پر -

unnaturalness : (۱) منافی فطرت ہونا - (۱) غیر طبعی یا خلاف عادت ہونا - (۳) مصنوعی ہونا - (۴) فطری جذبات سے خالی ہونا -

Unnaturalised : (۱) (اجنبی) جسے حقوق قومیت نہ عطا ہوئے ہوں؛ حقوق قومیت سے محروم - (۲) بے اپنایا ہوا (غیر زبان کا لفظ) -

Unnavigable : ناقابل جہاز رانی -

Unnecessary, a. & n. : غیر ضروری؛ فضول؛ بے کار -

unnecessarily : غیر ضروری طور پر ؛ بے کار -

Unneedful : غیر مطلوب؛ بے ضرورت؛ جس کے بغیر کام چل جائے -

unneedfully : بلا ضرورت -

Unnegotiable : (۱) جس میں گفت و شنید کی گنجائش نہ ہو - (۲) جو سکاری نہ جا سکے -

Unneighbourly : (۱) ہمسائگی کی رعایت نہ کرنے والا - (۲) اکل کھرا ؛ بے مروت - (۳) خلاف ہمسائگی ؛ بے مروتی کا -

unneighbourliness : (۱) ہمسائگی کی رعایت نہ کرنا - (۲) اکل کھرا پن ؛ بے مروتی -

Unnoticed : جس پر نظر نہ پڑے ؛ جس پر توجہ نہ ہو؛ توجہ سے محروم؛ توجہ سے بچا ہوا -

Unnourished : بے تغذیہ ؛ بے غذا ؛ جسے غذا نہ ملی ہو یا کم ملی ہو -

Unnumbered : (۱) بے نمبر؛ جس پر نمبر نہ پڑے ہوں ؛ بے نشان زدہ - (۲) بے گنا ہوا - (۳) بے شمار ؛ لا تعداد؛ ان گنت -

Unobjectionable : ناقابل اعتراض؛ جس پر اعتراض نہ ہوسکے؛ جس میں کوئی ہرج نہ ہو -

unobjectionably : ناقابل اعتراض طور پر -

Unobliging : (۱) کج خلق؛ بے مروت - (۲) کج خلقی کا؛ بے مروتی کا -

Unobliterated : غیر محو شدہ؛ بے مٹا ہوا -

Unobscured : جو تاریک یا دھندلا نہ کیا گیا ہو -

Unobservant : مشاہدہ نہ کرنے والا ؛ جس میں مشاہدے کی قوت نہ ہو؛ بے مشاہدہ؛ کم مشاہدہ -

Unobserved : (۱) بے تعمیل؛ جس کی تعمیل یا پابندی نہ ہوئی ہو - (۲) بے دیکھا ہوا ؛ نظروں سے بچا ہوا ؛ بے مشاہدہ کیا ہوا -

Unobstructed : غیر مسدود ؛ بے رکاوٹ؛ بے مزاحمت؛ جس میں رکاوٹ یا مزاحمت نہ ہو -

Unobtainable : ناقابل حصول؛ غیر ممکن الحصول؛ جو دستیاب یا حاصل نہ ہوسکے -

Unobtrusive : دوسروں کی صحبت میں خواہ مخواہ نہ گھسنے والا ؛ دخل در معقولات نہ دینے والا ؛ شرمیلا ؛ خاموش -

unobtrusively : خاموشی سے؛ شرمیلے پن سے -

unobtrusiveness : شرمیلا پن ؛ خاموشی -

Unoccupied : (۱) جس میں کوئی رہتا نہ ہو؛ خالی - (۲) غیر مصروف؛ غیر مشغول؛ خالی - (۳) جس میں مصروفیت نہ ہو؛ خالی؛ فرصت کا -

Unoffending : (۱) جو کسی کو تکلیف یا نقصان نہ پہنچاتا ہو؛ بے ضرر؛ سیدھا - (۲) جس سے کسی کو تکلیف یا ضرر نہ پہنچے ؛ غیر تکلیف دہ ؛ بے ضرر -

Unoffered : جو پیش نہ کیا گیا ہو -

Unofficial : غیر سرکاری (خصوصاً خبر جس کی سرکاری طور پر تصدیق نہ ہوئی ہو) -

Unofficinal : غیر سائنسی؛ اتائی (دوا) -

Unopened : بے کھلا ہوا ؛ بند -

Unopposed : بے مخالفت ؛ مخالفت سے محفوظ ؛ بے مقابلہ -

Unordained : (۱) پادری جو کلیسا کی طرف سے مقرر نہ کیا گیا ہو - (۲) جو مقدر میں نہ ہو - (۳) بے حکم ؛ جس کا حکم نہ دیا گیا ہو -

Unorganized : (۱) غیر منظم - (۲) (حیوانیات) غیر نامی ؛ غیر نامی ساخت کا -

Unoriginal : (۱) غیر اصلی ؛ غیر طبع زاد - (۲) ماخوذ ؛ مشتق - (۳) نقلی -

Unornamental : غیر آرائشی ؛ آرائش سے خالی ؛ بھدا ؛ بد نما -

Unornamented : بے آرائش ؛ سادہ -

Unorthodox : (۱) غیر راسخ الاعتقاد ؛ آزاد خیال - (۲) مسلمہ عقیدے یا دستور کے خلاف -

Unostentatious : (۱) غیر خود نما ؛ غیر خود پسند ؛ بے تمکنت؛ خود نمائی یا خود پسندی سے خالی - (۲) بے ادعا ؛ منکسر ؛ منکسرانہ - (۳) بے طمطراق ؛ بے تام جھام؛ سیدھا سادہ -

unostentatiously : (۱) بغیر خود نمائی کے ؛ بغیر تمکنت کے - (۲) بغیر ادعا کے ؛ انکسار کے ساتھ - (۳) بغیر طمطراق کے -

unostentatiousness : خود نمائی یا خود پسندی سے خالی ہونا ؛ انکسار ؛ سادگی -

Unowned : (۱) غیر مملوکہ ؛ بے مالک ؛ لا وارث ؛ جس کا کوئی مالک نہ ہو - (۲) بے اقرار ؛ بے اعتراف ؛ جس کا اقرار یا اعتراف نہ کیا جائے -

Unpacified : (۱) غیر فرو شدہ ؛ (غصہ ، شورش وغیرہ) جو ٹھنڈا نہ ہوا ہو - (۲) بے امن ؛ پر شورش -

Unpaged : بے نشان صفحات؛ جس پر صفحوں کے نمبر نہ پڑے ہوں -

Unpaid : (۱) غیر ادا شدہ ؛ بے چکایا ہوا - (۲) بے تنخواہ ؛ بے اجرت (کام یا کام کرنے والا) ؛ اعزازی -

Unpaired : (۱) جو جوڑوں میں تقسیم نہ ہوا ہو - (۲) جس کا جوڑا نہ ملا ہو - (۳) (پارلیمنٹ میں رائے دینے کے موقع پر) ایک پارٹی کا ممبر جو غیر حاضر رہنا چاہتا ہو مگر اسے مخالف پارٹی کا کوئی ممبر غیر حاضری میں ساتھ دینے کو نہ ملا ہو -

Unpalatable : (۱) بد مزہ - (۲) نا خوش گوار ؛ نا گوار -

unpalatably : (۱) بد مزگی کے ساتھ - (۲) ناگواری کے ساتھ -

Unparalleled : (۱) لا ثانی ؛ بے نظیر ؛ یکتا - (۲) جس کی کوئی نظیر موجود نہ ہو ؛ انوکھا ؛ نیا -

Unpardonable : نا قابل معافی ؛ نا قابل عفو ؛ جو معاف کرنے کے قابل نہ ہو -

unpardonably : نا قابل عفو طریقہ پر -

unpardonableness : نا قابل عفو ہونا -

Unpared : بے تراشا ہوا ؛ بے چھلا -

Unparental : جو ماں باپ کے لیے مناسب نہ ہو ؛ جو باپ یا ماں کے لیے مناسب یا سزا وار نہ ہو -

Unparliamentary : خلاف دستور پارلیمنٹ؛ خلاف آداب پارلیمنٹ -

unparliamentarily : ایسے طریقے سے جو پارلیمنٹ کے دستور یا آداب کے خلاف ہو -

unparliamentariness : پارلیمنٹ کے دستور یا آداب کے خلاف ہونا -

Unpatented : بے پیٹنٹ کیا ہوا ؛ بے تحفظ حقوق -

Unpatriotic : (۱) غیر وطن دوست - (۲) خلاف حب وطن ؛ مخالف حب وطن -

unpatriotically : غیر وطن دوستی سے ؛ حب وطن کو پا مال یا نظر انداز کرتے ہوے -

Unpatronized : سر پرستی یا امداد سے محروم -

Unpaved : بے کھڑنجے کا ؛ بے فرش بندی کا ؛ جس پر پتھر کا فرش نہ ہو -

Unpawned : جو گروی رکھا گیا ہو -

Unpeaceful : (۱) بے امن ؛ بے سکون ؛ پر شورش ؛ پر اضطراب - (۲) غیر صلح پسندانہ -

Unpedantic : (۱) غیر تفضیلت نما ؛ اظہار علمیت نہ کرنے والا - (۲) غیر معلق ؛ سیدھی سادی (عبارت) -

Unpedigreed : مجہول النسب ؛ جو عالی نسب نہ ہو ؛ جس کا نسب معلوم نہ ہو -

Unpeeled : بے چھلکا؛ جس کا چھلکا نہ اتارا گیا ہو ؛ بے چھلا -

Unpensioned : بے پنشن ؛ بے وظیفہ -

Unperceived : (۱) بے دیکھا ہوا ؛ نظروں سے بچا ہوا - (۲) غیر محسوس -

Unperforated : غیر سوراخ دار ؛ بے سوراخ؛ بے بندھا ؛ بے چھدا -

Unperformed : بے انجام (کام) ؛ غیر ادا شدہ (قرض) -

Unperjured : غیر مرتکب دروغ حلفی ؛ جس نے جھوٹا حلف نہ اٹھایا ہو -

Unpersuadable : ناقابل ترغیب ؛ نا قابل تشویق ؛ غیر ترغیب پذیر؛ جسے ترغیب نہ دی جاسکے ؛ جو آمادہ نہ کیا جاسکے -

Unpersuaded : جسے ترغیب نہ دی گئی ہو ؛ جو آمادہ نہ کیا گیا ہو ؛ غیر ترغیب دادہ ؛ نا آمادہ -

Unpersuasive : غیر ترغیب دہ ؛ غیر شوق انگیز ؛ غیر دل نشین -

Unperturbed : غیر مضطرب ؛ غیر پریشان ؛ بے تشویش ؛ مطمئن ؛ پر اطمینان ؛ پر سکون -

Unperused : بے پڑھا ہوا ؛ جو پڑھا نہ گیا ہو ؛ جس کا مطالعہ نہ کیا گیا ہو -

Unperverted : غیر منحرف ؛ بے بگاڑا ہوا ؛ جو راہ راست سے ہٹایا یا بگاڑا نہ گیا ہو -

Unphilosophical : (۱) غیر فلسفیانہ ؛ فلسفے سے خالی ؛ فلسفے سے نا آشنا - (۲) خلاف اصول فلسفہ ؛ منافئی فلسفہ -

unphilosophically : غیر فلسفیانہ طور پر -

unphilosophicalness : غیر فلسفیانہ ہونا -

Unpicked : (۱) غیر منتخب؛ بے چنے ہوے؛ بے چھٹے ہوے - (۲) بے توڑے ہوے (پھول) -

Unpicturesque : غیر دلکش ؛ غیر دل آویز -

Unpiloted : (۱) بے رہنما (بحری یا ہوائی جہاز) - (۲) (مجازاً) بے ہدایت ؛ ہدایت یا رہنمائی سے محروم -

Unpitied : رحم سے محروم ؛ دل سوزی یا ہمدردی سے محروم -

Unpitying : غیر ہمدرد ؛ غیر دل سوز ؛ بے رحم ؛ بے درد -

unpityingly : بے رحمی سے ؛ بے دردی سے -

Unplaced : (۱) بے رکھا ہوا - (۲) (گھڑ دوڑ کا گھوڑا) پہلے تین نمبروں سے محروم -

Unplagued : جو تنگ نہ کیا گیا ہو -

Unplaned : بے رندا کیا ہوا -

Unplanned : (۱) نقشے یا خاکے سے خارج - (۲) بے اصول؛ بے ملحوظہ ؛ جس کے اصول پہلے سے متعین نہ کیے گئے ہوں -

Unplanted : غیر نصب شدہ ؛ بے لگا یا ہوا (پودا) -

Unplastered : بے استرکاری ؛ بے پلا ستر کا -

Unplastic : غیر شکل پذیر ؛ غیر صورت پذیر -

Unplated : بے ملمع ؛ جس پر ملمع نہ چڑھا ہو -

Unplausible : بظاہر نا قابل قبول -

unplausibly : ایسے طریقے سے جو بظاہر نا قابل قبول ہو -

Unpleasant : (۱) نا خوش گوار ؛ نا گوار ؛ نا مرغوب - (۲) ناپسندیدہ ؛ نا شائستہ ؛ مکروہ -

unpleasantly : ناگوار طریقے سے ؛ نا پسندیدہ طور پر -

Unpleasantness, n. : (۱) ناگوار ہونا ؛ ناپسندیدہ یا مکروہ ہونا - (۲) رنجش ؛ جھگڑا -

the late unpleasantness : (امریکا؛ مزاحاً) امریکی ریاستوں کی خانہ جنگی -

Unpleasing : (۱) غیر دلچسپ ؛ غیر دلکش - (۲) غیر خوش کن؛ غیر خوش آئند ؛ نا گوار ؛ بے لطف -

unpleasingly : بے لطف طریقے سے ؛ ناگوار طور پر -

Unpliable : (۱) بے لوچ ؛ بے لچک - (۲) غیر تربیت پذیر؛ غیراثر پذیر -

unpliably : بے لوچ طریقے سے -

Unpliant : (۱) بے لوچ ؛ بے لچک - (۲) غیر اثر پذیر ؛ غیر تربیت پذیر -

unpliantly : بے لوچ طریقے سے -

Unploughed : (۱) جس میں ہل نہ چلا یا گیا ہو؛ بے جتی ہوئی - (۲) غیر مزروعہ ؛ بے کاشتہ -

Unplucked : (۱) بے توڑا ہوا (پھول)- (۲) بے پر نچا ہوا (پرندہ) -

Unplumbed : (۱) جس کی تھاہ دریافت نہ کی گئی ہو- (۲) جس کی تہ کو کوئی نہ پہنچا ہو؛ جو حل نہ ہوا ہو -

Unpoetical : غیر شاعرانہ ؛ جس میں شاعری نہ ہو؛ جس میں شعریت نہ ہو -

unpoetically : غیر شاعرانہ طور پر -

unpoeticalness : غیر شاعرانہ ہونا -

Unpointed : (۱) بے نوک ؛ کند ؛ کھٹلا - (۲) بے اوقات ؛ بے اعراب ؛ بے نقطوں کا - (۳) (عمارت میں اینٹوں یا پتھروں کے جوڑ) جو گچ سے نہ بھرے ہوں -

Unpolished : (۱) بے صیقل ؛ بے جلا ؛ بے روغن ؛ بے چمک - (۲) جس میں نفاست یا لطافت نہ ہو ؛ بھدا -

Unpolitical : (۱) غیر سیاسی؛ جسے سیاست سے کوئی تعلق نہ ہو -

Unpolled : (۱) جس نے ووٹ نہ دیا ہو - (۲) (ووٹ) جو دیا نہ گیا ہو -

Unpolluted : غیر آلودہ ؛ نجاست سے بری ؛ پاک -

Unpopular : (۱) غیر ہر دل عزیز؛ جسے عام طور پر لوگ پسند نہ کرتے ہوں - (۲) غیر مقبول ؛ نا مقبول ؛ جسے قبول عام حاصل نہ ہو -

unpopularity : غیر ہر دل عزیزی ؛ نا مقبولیت -

unpopularly : غیر ہر دل عزیز طریقے پر ؛ نامقبول طور پر -

Unportioned : (۱) غیر تقسیم شدہ ؛ جس کے حصے نہ کیے گئے ہوں - (۲) حصے بھر سے محروم ؛ جہیز سے محروم -

Unpossessed : (۱) غیر مملوکہ ؛ جو کسی کی ملک نہ ہو - (۲) (*of* کے ساتھ) نہ ہونے والا ؛ محروم -

Unposted : (۱) جو ڈاک میں نہ ڈالا گیا ہو - (۲) ناواقف ؛ جسے اطلاع نہ ہو -

Unpractical : (۱) غیر عملی ؛ جو عمل سے بے تعلق ہو ؛ وہ شخص جو عمل کی صلاحیت نہ رکھتا ہو - (۲) غیر کار آمد -

unpracticality : غیر عملیت ؛ غیر عملی ہونا -

unpractically : غیر عملی طور پر -

Unpractised : (۱) بے مہارت ؛ نا تجربہ کار ؛ بے مشق - (۲) جو عمل میں نہ آیا ہو -

Unpraised : غیر ممدوح ؛ تعریف سے محروم -

Unprecedented : (۱) جس کی پہلے کوئی نظیر نہ ہو ؛ نیا ؛ انوکھا - (۲) بے مثل ؛ بے نظیر -

Unprefaced : بے تمہید ؛ بے دیباچہ -

Unprejudiced : بے تعصب ؛ بے لاگ -

Unprelatical : اسقف یا بطریق سے غیر متعلق ؛ اسقف یا بطریق کی شان کے خلاف -

Unpremeditated : (۱) بے سوچا سمجھا ؛ جس پر پہلے سے غور نہ کیا گیا ہو - (۲) بے قصد ؛ بے ساختہ -

Unpremeditatedly : بغیر پہلے سے غور کئے ہوئے ؛ بے سوچے سمجھے ہوئے ؛ بلا قصد ؛ بے ساختہ -

Unpreoccupied : (۱) جو کسی خیال میں مصروف نہ ہو - (۲) جس پر پہلے سے کسی کا قبضہ نہ ہو -

Unprepared : (۱) غیر آمادہ - (۲) غیر مرتب ؛ نامکمل - (۳) جو تیار نہ ہو ؛ جس نے تیاری نہ کی ہو - (۴) بے پہلے سے تیار کیا ہوا ؛ فی البدیہہ (*u. speech*) -

unpreparedness : (۱) غیر آمادگی - (۲) غیر مرتب یا نا مکمل ہونا - (۳) تیار نہ ہونا ؛ فی البدیہہ ہونا -

Unprepossessing : غیر دلکش ؛ غیر دل آویز ؛ نا خوش گوار ؛ نا مرغوب ؛ بھونڈا -

Unprescribed : غیر تجویز کردہ ؛ بے تجویز کیا ہوا -

Unpresentable : (۱) نا قابل مجلس ؛ جو لباس کی خرابی یا بے تمیزی کی وجہ سے ستھری صحبت میں جانے کے قابل نہ ہو - (۲) بد صورت ؛ بد نما ؛ بھدا ؛ بھونڈا -

Unpresuming : بے ادعا ؛ بے تمکنت ؛ منکسر ؛ منکسرانہ ؛ سیدھا سادہ -

Unpresumptuous : غیر گستاخ ؛ غیر متکبر ؛ غیر گستاخانہ ؛ غیر متکبرانہ -

Unpretending : (۱) بے حیلہ - (۲) بے بناوٹ ؛ بے تصنع - (۳) بے ادعا ؛ منکسر ؛ منکسرانہ -

unpretendingly : (۱) بغیر حیلے کے - (۲) بغیر بناوٹ کے - (۳) بغیر ادعا کے ؛ انکسار کے ساتھ ؛ انکسار کے طور پر

Unpretentious : (۱) بے ادعا ؛ منکسر ؛ منکسرانہ - (۲) بے نمود ؛ بے طمطراق ؛ سیدھا سادہ -

unpretentiously : (۱) بغیر ادعا کے ؛ انکسار کے ساتھ - (۲) بے طمطراق کے ؛ سیدھے سادے طور پر -

unpretentiousness : انکسار ؛ سادگی -

Unpreventable : (۱) جو روکا نہ جا سکے ؛ نا قابل انسداد ؛ نا قابل امتناع -

Unpriced : بے قیمت ؛ بے تصریح قیمت ؛ جس کی قیمت کا تعین یا تصریح نہ ہوتی ہو -

Unpriestly : پادری کے طریقے یا شان کے خلاف -

Unprimed : (۱) نا واقف ؛ بے سکھایا ہوا (گواہ وغیرہ) - (۲) بے رنجک پلائی ہوئی (بندوق) - (۳) بے تیل دیا ہوا (پرزہ) -

Unprincely : شاہزادے یا رئیس کے طریقے یا شان کے خلاف -

Unprincipled : (۱) بے ایمان ؛ جو کسی اخلاقی اصول کا پابند نہ ہو ؛ ناہنجار - (۲) بے ایمانی کا ؛ ناہنجاری کا -

Unprintable : نا قابل طباعت (خصوصاً فحش یا کلمات کفر وغیرہ کے لیے آتا ہے) -

Unprinted : غیر مطبوعہ ؛ بے چھپا ہوا ؛ جو صرف قلمی مسودے کی صورت میں ہو -

Unprivileged : بے مراعات ؛ مراعات یا خاص حقوق سے محروم -

Unprized : بے قدر ؛ جس کی قدر نہ کی جاتی ہو -

Unprobed : (۱) (زخم) جو سلائی سے نہ ٹٹولا گیا ہو - (۲) جس کی تحقیق یا چھان بین نہ کی گئی ہو ؛ غیر تحقیق شدہ -

Unproclaimed : بے اعلان ؛ جس کا اعلان یا منادی نہ ہوئی ہو -

Unprocurable : نا قابل حصول ؛ جو دستیاب نہ ہو سکے -

Unproductive : (۱) غیر زرخیز ؛ بنجر - (۲) غیر منفعت بخش - (۳) (معاشیات) غیر پیداآور ؛ جو دولت پیدا نہ کرتا ہو - (۴) لا حاصل ؛ بے کار ؛ بے سود -

unproductively : غیر منفعت بخش طور پر ؛ غیر پیداوار طریقے سے ؛ بے سود طریقے سے -

unproductiveness : (۱) غیر زرخیزی - (۲) غیر منفعت بخشی - (۳) غیر پیداآوری - (۴) لاحاصل یا بے سود ہونا -

Unprofaned : غیر آلود ؛ آلودگی یا نجاست سے پاک -

Unprofessional : (۱) کسی خاص پیشے سے تعلق نہ رکھنے والا ؛ (شخص) بیرونی - (۲) کسی پیشے سے غیر متعلق ؛ (چیز) خارجی - (۳) خلاف آداب پیشہ -

unprofessionally : (۱) غیر پیشہ ور کی طرح ؛ بیرونی شخص کی طرح - (۲) پیشے کے آداب کے خلاف -

Unprofitable : (۱) غیر منفعت بخش ؛ بے منفعت - (۲) غیر مفید ؛ فضول ؛ غیر نفع بخش -

u. servants : وہ نوکر جو اپنے مقررہ کام سے زیادہ نہ کرتے ہوں -

unprofitably : بے منفعت طریقے پر ؛ غیر مفید طریقے پر -

unprofitableness : (۱) بے منفعتی ؛ غیر منفعت بخش ہونا - (۲) غیر مفید ہونا ؛ فضول ہونا -

Unprogressive : غیر ترقی پسند ؛ غیر اصلاح پسند ؛ رجعت پسند ؛ رجعت پسندانہ -

unprogressiveness : رجعت پسندی ؛ اصلاح و ترقی کی مخالفت -

Unprohibited : غیر ممنوعہ ؛ جس کی ممانعت نہ ہو -

Unprolific : (۱) غیر کثیرزا ؛ جس کے بہت کم بچے پیدا ہوں - (۲) غیر زرخیز ؛ بنجر - (۳) غیر فراواں ؛ قلیل - (۴) (*of* کے ساتھ) جس میں کسی چیز کی قلت ہو -

Unpromising : (۱) جو ہونہار نہ ہو ؛ اہونہار - (۲) غیر امیدافزا -

Unprompted : غیر محرک ؛ بے تحریک خارجی ؛ جو کسی شخص نے خود بخود کیا ہو -

Unpromulgated : (۱) غیر مشتہر ؛ بے تشہیر ؛ بے اعلان ؛ جس کی تشہیر یا اعلان نہ ہوا ہو - (۲) بے اشاعت ؛ بے پھیلا یا ہوا ؛ بے ترویج -

Unpronounceable : (۱) ناقابل تلفظ (لفظ) - (۲) نا قابل اعلان ؛ نا قابل اظہار -

Unpropagated : (۱) (نسل) جو پھیلی نہ ہو ؛ بے افزائش - (۲) بے ترویج ؛ بے اشاعت ؛ جس کی ترویج یا اشاعت نہ ہوئی ہو -

Unprophetic : غیر پیمبرانہ ؛ غیر ملہمانہ ؛ غیر پیش گویانہ -

Unpropitious : (۱) نا مسعود ؛ نا مبارک ؛ منحوس - (۲) ناساز کار ؛ نا موافق -

unpropitiously : (۱) نا مسعود طور پر - (۲) نا سازکار طور پر -

unpropitiousness : (۱) نا مسعود ہونا ؛ نحوست - (۲) نا سازگاری -

Unproportional : غیر متناسب ؛ بے تناسب -

Unproposed : (۱) غیر مجوزہ - (۲) جس کی تحریک نہ پیش ہوئی ہو -

Unprosperous : (۱) غیرمرفہ الحال ؛ تنگ دست - (۲) ناکامیاب - (۳) نا مبارک ؛ نا ساز گار -

Unprosperously : (۱) تنگ دستی کی حالت میں - (۲) نا کامیابی سے - (۳) نا مبارک طور پر ؛ نا سازگار طور پر -

unprosperousness : (۱) غیر مرفہ الحالی ؛ تنگ دستی - (۲) نا کامیابی - (۳) نا مبارک ہونا ؛ نا ساز گاری -

Unprotected : (۱) بے حفاظت ؛ بےحامی و مدد گار (n. female) - (۲) غیر محفوظ ؛ غیر مسلح ؛ غیر مستحکم - (۳) بے نا مین (صنعت وغیرہ) ؛ جو نا مینی محصول سے محفوظ نہ کی گئی ہو -

Unprotested : (۱) بے احتجاج - (۲) (ہنڈی) جس کے متعلق باضابطہ تصدیق نہ کی گئی ہو کہ ادائی کا ذمہ دار اس کے ادا کرنے سے انکار کرتا ہے -

Unprovable : نا قابل ثبوت -

Unproved, -en : بے ثبوت ؛ غیر ثابت شدہ -

Unprovided : (۱) (with کے ساتھ) خالی (روپئے وغیرہ سے) - (۲) غیر آمادہ ؛ جو تیار نہ ہو -

Unprovoked : بے اشتعال ؛ جسے اشتعال نہ دیا گیا ہو ؛ جو بغیر اشتعال کے کیا جائے -

Unpruned : (۱) بے قطع و برید ؛ بے کٹی چھنٹی ہوئی (درخت کی شاخیں وغیرہ) - (۲) (مجازاً) جو حشو و زوائد سے پاک نہ کیا گیا ہو -

Unpublished : غیر شایع شدہ -

Unpunctual : (۱) غیر پابند اوقات - (۲) مقررہ وقت کے بعد آنے والا (شخص) ؛ ہونے والا (کام) -

unpunctuality : غیر پابند اوقات ہونا ؛ مقررہ وقت کے بعد آنا یا کیا جانا -

unpunctually : (۱) بے پابندیء اوقات - (۲) مقررہ وقت کے گزرنے کے بعد -

Unpunctuated : بے علامات اوقاف ؛ علامات اوقاف سے خالی -

Unpunishable : نا قابل تعزیر ؛ ناقابل سزا -

Unpunished : جسے سزا نہ دی گئی ہو ؛ سزا سے بچا ہوا -

Unpurified : (۱) غیر مطہر ؛ بے پاک کیا ہوا - (۲) غیر خالص ؛ جو خالص نہ کیا گیا ہو -

Unquailing : نڈر ؛ بے خوف ؛ جو سہم کر نہ رہ جائے -

unquailingly : بے سہمے ہوئے ؛ بے خوف کھائے ہوئے -

Unqualified : (۱) نا قابل ؛ نا اہل - (۲) غیر مجاز ؛ جو قانوناً یا سرکاری طور پر (کسی خاص امر کا) مجاز نہ ہو ؛ غیر سند یافتہ - (۳) غیرمشروط ؛ جس میں کوئی قید یا شرط نہ ہو ؛ قطعی -

unqualifiedly : (۱) بغیر قابلیت یا اہلیت کے - (۲) بغیر قانونی یا سرکاری اجازت کے ؛ بغیر سند کے - (۳) غیر مشروط طور پر ؛ قطعی طور پر -

Unquarried : جو کھود کر نکالا نہ گیا ہو -

Unquelled : (۱) غیر فرو شدہ ؛ بے دبا یا ہوا - (۲) غیر مغلوب -

Unquenchable : نا قابل اطفا ؛ جو بجھا یا نہ جاسکے ؛ جو ٹھنڈا نہ کیا جاسکے ؛ جو دبایا نہ جا سکے -

unquenchably : اس شدت سے کہ بجھایا نہ جاسکے یا روکا نہ جاسکے ؛ نا قابل اطفا طور پر -

Unquenched : بے اطفا ؛ بے بجھایا ہوا ؛ بے دبا یا ہوا -

Unquestionable : نا قابل شبہ ؛ بے شبہ ؛ لاکلام ؛ یقینی ؛ مسلمہ -

unquestionably : بلا شبہ ؛ بلا حجت ؛ یقینی طور پر ؛ مسلمہ طور پر -

unquestionableness : نا قابل شبہ ہونا ؛ یقینی ہونا -

Unquestioned : (۱) جس سے سوال نہ کیا گیا ہو - (۲) جس پر شبہہ نہ ظاہر کیا گیا ہو ؛ جس میں حجت نہ کی گئی ہو ؛ بے چون و چرا - (۳) بے شبہ ؛ مسلم -

Unquestioning : (۱) چون و چرا نہ کرنے والا - (۲) بے حجت ؛ بے چون و چرا -

unquestioningly : بغیر حجت کے ؛ بغیر چون و چرا کے -

Unquiet : (۱) بے چین ؛ مضطرب - (۲) بے چینی کا ؛ پر آشوب -

Unquilted : بے گدے کا ؛ بے لحاف وغیرہ -

Unquotable : نا قابل نقل ؛ نا قابل ذکر (فحش وغیرہ ہونے کی وجہ سے) -

Unquoted : غیر منقول ؛ جو نقل نہ کیا گیا ہو ؛ جس کا حوالہ نہ دیا گیا ہو -

Unransomed : (۱) نا قابل فدیہ ؛ جو فدیہ دیکر نہ چھڑایا جاسکے - (۲) نا قابل تلافی -

Unrazored : بے منڈا ہوا ؛ جسے استرا نہ لگا ہو -

Unread : بے پڑھا ہوا ؛ جو پڑھا نہ گیا ہو -

Unreadable : (۱) جو پڑھا نہ جاسکے ؛ نہایت بدخط - (۲) غیر دلچسپ ؛ اکتا دینے والا (ناول وغیرہ) - (۳) جو فحش وغیرہ ہونے کی وجہ سے پڑھنے کے قابل نہ ہو ؛ ناخواندنی ؛ ناخواندہ بہ -

Unreachable : ناقابل حصول ؛ دسترس سے باہر ؛ رسائی سے باہر -

unreadableness : بد خط ہونا ؛ نا خواندنی ہونا ؛ غیر دلچسپ ہونا -

Unready : (۱) غیر آمادہ - (۲) غیر مستعد ؛ سست ؛ متامل -

Unreal : غیر واقعی ؛ غیر حقیقی ؛ خیالی ؛ موہوم ؛ جو حقیقت میں نہیں صرف خیال یا وہم میں وجود رکھتا ہو -

Unreality : غیر واقعیت ؛ خیالی ہونا ؛ موہومیت -

unreally : غیر واقعی طور پر ؛ محض خیالی طور پر -

Unrealizable : نا قابل حصول ؛ جو عمل میں نہ آسکے ؛ جسے عملی جامہ نہ پہنایا جاسکے ؛ خیالی ؛ موہوم

Unrealized : غیر حاصل شدہ ؛ جو عمل میں نہ آیا ہو ؛ جسے عملی جامہ نہ پہنایا گیا ہو ؛ جو پورا نہ ہوا ہو -

Unreaped : (۱) بے کٹی ہوئی (فصل وغیرہ) - (۲) بے حاصل کیا ہوا -

Unreasonable : (۱) غیر معقول ؛ جو عقل پر مبنی ہو - (۲) غیر معقول پسند ؛ جو معقول بات کو نہ مانتا ہو ؛ غیر معقول پسندانہ - (۳) غیر واجبی ؛ نا واجب ؛ بے حد گراں - (۴) نا واجب مطالبہ کرنے والا -

unreasonableness : (۱) غیر معقولیت - (۲) غیر معقول پسندی ؛ غیر واجب مطالبہ کرنا -

unreasonably : غیر معقول طور پر ؛ غیر معقول پسندانہ طور پر ؛ نا واجب طور پر -

Unreasoned : بے استدلال ؛ جس پر عقلی حیثیت سے غور نہ کیا گیا ہو -

Unreasoning : (۱) غیر عقلی ؛ جس کا عقل سے تعلق نہ ہو - (۲) غیر عقلیت پسند ؛ غیر عقلیت پسندانہ - (۳) غیر معقول ؛ ناواجب -

unreasoningly : غیر عقلیت پسندانہ طور پر ؛ غیر معقول طور پر -

Unrebuked : (۱) جسے سرزنش یا ملامت نہ کی گئی ہو - (۲) جس پر سرزنش یا ملامت کا اثر نہ ہوا ہو -

Unrecallable : (۱) نا قابل باز طلبی ؛ جو واپس نہ بلا یا جاسکے - (۲) نا قابل تنسیخ ؛ جو منسوخ نہ کیا جاسکے -

Unrecalled : (۱) جو واپس نہ بلایا گیا ہو - (۲) غیر منسوخ ؛ جو منسوخ نہ کیا گیا ہو -

Unreceipted : بے رسید ؛ جس کی رسید نہ دی گئی ہو -

Unreceived : (۱) غیر وصول شدہ ؛ جو ملا نہ ہو - (۲) بے استقبال ؛ جس کا استقبال نہ کیا گیا ہو -

Unreciprocated : بے معاوضہ ؛ جس کا دوسری طرف سے عوض یا بدل نہ ہو ؛ یک طرفہ -

Unreckoned : (۱) غیر شمار کردہ - (۲) جو حساب یا تصفیے میں شامل نہ ہو ؛ تصفیے یا حساب سے چھوٹا ہوا -

Unreclaimed : (۱) (شخص) جس کی اصلاح نہ ہوئی ہو - (۲) (زمین) جو قابل کاشت نہ بنائی گئی یا سمندر سے نہ نکالی گئی ہو - (۳) غیر اصلاح پذیر ؛ نا قابل اصلاح (شخص) - (۴) زمین جو قابل کاشت نہ بنائی جاسکے یا سمندر سے نہ نکالی جا سکے -

Unrecognizable : (۱) نا قابل شناخت ؛ جو پہچانا نہ جاسکے - (۲) نا قابل اعتراف -

unrecognizably : (۱) نا قابل شناخت طور پر - (۲) نا قابل اعتراف طور پر -

Unrecognized : (۱) غیر شناخت کردہ ؛ بے پہچانا ہوا - (۲) غیر اعتراف کردہ ؛ بے اعتراف ؛ اعتراف یا صلے سے محروم ؛ قدر دانی سے محروم -

Unrecompensed : بے اجر ؛ اجر سے محروم ؛ معاوضے سے محروم -

Unreconciled : (۱) (دوست) جن میں ملاپ یا صفائی نہ ہوئی ہو ؛ روٹھے ہوئے - (۲) بے تطبیق (خیالات اصول وغیرہ) جن میں مطابقت نہ پیدا کی گئی ہو -

Unrecorded : (۱) غیر قلم بند ؛ جو ضبط تحریر میں نہ آیا ہو - (۲) غیر مندرج ؛ جس کا اندراج دستاویز یا کاغذات میں نہ ہو -

Unrectified : (۱) بے درست کی ہوئی (غلطی) ؛ بے رفع کی ہوئی (خرابی ؛ شکایت وغیرہ) - (۲) (کیمیا) غیر مصفیٰ ؛ بے تقطیر مکرر ؛ جو تقطیر مکرر سے صاف نہ کیا گیا ہو -

Unredeemed : (۱) غیر ایفا کردہ ؛ بے پورا کیا ہوا (وعدہ ، قول) - (۲) غیر منفک ؛ بے چھڑایا ہوا ؛ جو رہن سے چھڑایا نہ گیا ہو - (۳) (عیب) جس کی تلافی (کسی خوبی سے) نہ ہوئی ہو - (۴) بے چکایا ہوا (قرضہ ، ہنڈی وغیرہ) -

Unredressed : بے تلافی ؛ بے تدارک ؛ جس کا تدارک یا تلافی نہ ہوئی ہو ؛ داد رسی سے محروم ؛ تلافی سے محروم -

Unrefined : (۱) بے صاف کیا ہوا (u. sugar) - (۲) غیر مہذب ؛ اکھڑ ؛ اجڈ - (۳) گنوارو ؛ اجڈ پن کا ؛ عامیانہ -

Unreflecting : (۱) غیر منعکس ؛ جس میں انعکاس نہ ہو - (۲) غور نہ کرنے والا -

unreflectingly : (۱) غیر منعکس طور پر - (۲) بے غور کیے ہوے ؛ بغیر غور و تامل کے - (۳) بے خیالی کا -

Unreformable : نا قابل اصلاح -

Unreformed : غیر اصلاح شدہ ؛ بے اصلاح -

Unrefuted : بے رد کیا ہوا ؛ بے تردید ؛ جس کی تردید نہ ہوئی ہو -

Unregal : غیر شاہانہ ؛ جس میں بادشاہ کی شان نہ ہو -

Unregarded : غیر ملحوظ ؛ جس کا لحاظ نہ رکھا جائے ؛ جس سے غفلت برتی جائے -

Unregenerate : (۱) غیر اصلاح یافتہ - (۲) (دینیات) غیر ہدایت یافتہ ؛ گم راہ -

Unregistered : (۱) غیر درج شدہ ؛ غیر مندرج (جو فرد ، فہرست وغیرہ میں درج نہ ہوا ہو) - (۲) غیر رجسٹری شدہ ؛ بے رجسٹری -

Unregretted : (۱) جس پر اظہار ندامت نہ کیا گیا ہو ؛ جس پر افسوس نہ کیا گیا ہو - (۲) بے ماتم ؛ جس کا ماتم نہ کیا گیا ہو -

Unregulated : (۱) غیر منظم ؛ غیر منضبط ؛ بے ضابطہ ؛ بے قاعدہ - (۲) غیر معدل ؛ بے تعدیل ؛ گھڑی وغیرہ جس کی رفتار کی تعدیل نہ کی گئی ہو -

Unrehearsed : (۱) جس کی پہلے سے مشق نہ کی گئی ہو - (۲) جس کی آزمائشی نمائش نہ کی گئی ہو - (۳) بے ساختہ -

Unrelated : (۱) بے بیان کیا ہوا (قصہ وغیرہ) - (۲) بے تعلق باہمی ؛ بے نسبت باہمی ؛ غیر مربوط -

Unrelaxed : (۱) جس میں ڈھیل نہ دی گئی ہو ؛ بے رعایت ؛ بے ملائمت - (۲) جس میں تخفیف نہ ہوئی ہو ؛ بے تخفیف -

Unrelenting : (۱) کٹر ، متشدد ؛ متشددانہ - (۲) پکا ؛ سخت ؛ مضبوط ؛ با استقلال - (۳) بے درد ؛ بے رحمانہ ؛ بے رحم ؛ بے دردانہ -

unrelentingly : (۱) کٹر پن سے - (۲) مضبوطی سے ؛ استقلال سے - (۳) بے رحمی سے ؛ بے دردی سے -

unrelentingness : (۱) کٹر پن ؛ تشدد - (۲) مضبوطی ؛ استقلال - (۳) بے رحمی ؛ بے دردی -

Unreliable : نا قابل اعتماد ؛ نا قابل اعتبار ؛ غیر معتبر -

unreliability, unreliableness : نا قابل اعتماد ہونا ؛ غیر معتبری -

unreliably : نا قابل اعتماد طور پر ؛ غیر معتبر طور پر -

Unrelieved : (۱) بے مدد ؛ بے تسکین ؛ بے کمک ؛ مدد وغیرہ سے محروم - (۲) جس کی یکسانی میں تنوع نہ پیدا ہوا ہو ؛ بے تلوّن -

Unreligious : غیر مذہبی ؛ مذہب سے تعلق نہ رکھنے والا ؛ بے تعلق مذہب -

Unremembered : جو یاد نہ ہو ؛ بھولا ہوا ؛ فراموش شدہ -

Unremitting : (۱) غیر منقطع ؛ مسلسل ؛ دائمی - (۲) ان تھک - (۳) با استقلال ؛ ثابت قدمانہ -

underestimate (-at) -ation nn. : نا کافی اندازہ ؛ کم اندازہ -

under-expose, v.t. : (فوٹو گرافی) (پلیٹ کو) نا کافی روشنی پہنچانا -

under-exposure, n. : (پلیٹ کو) نا کافی روشنی پہنچانا یا پہنچایا جانا -

underfeed, v.t. & i. : ضرورت سے کم غذا دینا ؛ آدھے پیٹ کھلانا -

underfired, a. : (برتن) جسے کمہار نے نا کافی طور پر پکایا ہو -

underflow, n. : پانی کی بالائی سطح کے نیچے کا دھارا ؛ زیررو -

undergarment, n. : نیچے کے کپڑے ؛ اندر کے کپڑے -

undergrown, a. : (درخت یا انسان) جس کی بالیدگی پوری طور پر نہ ہوئی ہو ؛ نیم بالیدہ ؛ ٹھنگنا -

undergrowth, n. : تل جھاڑی ؛ چھوٹے پودے جو بڑے درختوں کے نیچے اگے ہوں

under-king, n. : (بڑے بادشاہ یا شہنشاہ کا) ماتحت بادشاہ ؛ خراج گزار بادشاہ -

underlay, v. t. & i. : (۱) کسی چیز کے نیچے دوسری چیز کو رکھنا - (۲) (طباعت) ٹائپ کو اونچا کرنے کے لئے اس کے نیچے کاغذ رکھنا ؛ استر دینا - (۳) (کان کنی) جھکا ہوا ہونا ؛ ترچھا ہونا -

underlay, n. : (۱) (طباعت) استر ؛ کاغذ جو ٹائپ کو اونچا کرنے کے لئے اس کے نیچے رکھتے ہیں - (۲) (کان کنی) جھکا ہوا ترچھا شگاف یا درز

under-lease, n. : شکمی پٹہ ؛ ذیلی پٹہ جو پٹہ دار نے اپنے پٹہ کی معیاد سے کم میعاد پر دیا ہو -

underlet, v. t. : (۱) مکان وغیرہ کو مقررہ کرایہ سے کم پر دینا - (۲) اصلی کرایہ دار کا اپنی طرف سے دوسرے کرایہ دار کو کرایہ پر دینا ؛ شکمی پٹے پر دینا -

underline, n. : ذیلی اشتہار یا اعلان ؛ آئندہ تماشے کا اعلان جو تھیٹر کے اشتہار کے آخر میں ہوتا ہے -

underline, v. t. : (الفاظ کے) نیچے خط کھینچنا (اہمیت ظاہر کرنے کے لئے یا یہ بتانے کے لئے کہ یہ الفاظ اٹالوی حروف میں چھاپے جائیں) -

underlinen, n. : (۱) قمیض ؛ کرتا - (۲) (بے جا استعمال) اندر کے کپڑے -

underman, v. t. : ضرورت سے کم آدمی رکھنا خصوصاً جہاز میں ضرورت سے کم ملازم یا ملاح رکھنا -

undermasted, a. : (جہاز) جس میں مستول نا کافی تعداد میں ہوں -

undermentioned, a. : مندرجۂ ذیل ؛ نیچے لکھے ہوئے -

underpay, v. t. : نا کافی مزدوری یا تنخواہ دینا (مزدور یا ملازم کو)

underpin, v. t. : تھونی یا اڑانا لگانا ؛ سہارے کے لئے تھم لگانا ؛ پشتہ لگانا -

underplay, v. t. : (تاش) بھاری پتا آئندہ کے لئے رکھ کر ہلکا پتا کھیلنا -

underplay, n. : (بھاری پتا رکھ کر) ہلکے پتے کھیلنا یا کھیلا جانا -

underplot, n. : ضمنی قصہ ؛ ضمنی پلاٹ جو ناول یا ڈراما کے اصلی پلاٹ کے علاوہ ہو -

under-production, n. : معمول سے کم یا ضرورت سے کم پیداوار ؛ نا کافی پیداوار -

underprop, v. t. : تھونی یا سہارا لگانا -

underquote, v. t. : (۱) (دوسروں سے) کم قیمت بتانا یا مانگنا - (۲) دوسروں سے کم قیمت لگانا -

underrate, v. t. : اصل سے کم اندازہ کرنا (قدر و قیمت وغیرہ کا) -

under-reckon, v.t. : (اصل سے) کم شمار کرنا ؛ کم اندازہ کرنا ؛ نا کافی اندازہ کرنا -

under-ripe, a. : ادھ پکا -

underrun, v. t. & i. : نیچے سے گزرنا یا جانا -

underscore, v. t. : (الفاظ کے) نیچے خط کھینچنا (دیکھو underline)

under-secretary, n. : نائب معتمد ؛ انڈر سکرٹری -

under-secretaryship, n. : نائب معتمدی ؛ انڈر سکرٹری کا عہدہ -

undersell, v. t. : (دوسروں سے) کم قیمت پر فروخت کرنا -

underseller, n. : دوسروں سے کم قیمت پر فروخت کرنے والا -

under-servant, n. : ادنیٰ درجے کا ملازم یا خدمتگار -

underset, v. t. : سہارے کے لیے اڑانا -

underset, n. : (بحری) مخالف زیررو ؛ نیچے کا دھارا جو بالائی سطح یا ہوا کے رخ کے مخالف ہو -

under-sheriff, n. : نائب شریف ؛ دیکھو (Sheriff) -

undershirt, n. : زیر قمیض یا بنیان -
undershot, a. : (۱) (پہیا) جو نیچے بہنے والے پانی کے زور سے چلتا ھے - (۲) = *underhung* -
undershrub, n. : چھوٹی جھاڑی -
undersigned : دستخط نگار ؛ جس نے (کسی کاغذ پر) دستخط کئے ھوں -
undersized, a. : پستہ قامت؛ کوتاہ قد ؛ ٹھگنا ؛ معمول سے کم جسامت کا ؛ چھوٹا -
underskirt, n. : ساے کے اندر کا لہنگا -
undersleeve, n. : زیر آستین؛ جسے الگ سے معمولی آستین کے اندر لگالیتے ھیں -
undersoil, n. : بالائی سطح کے نیچے کی زمین -
understrapper, n. : چھوٹا عہدہ دار ؛ چھوٹا ملازم -
understate, v.t. : (واقعے کو) گھٹاکر بیان کرنا ؛ اصل سے کم کرکے بیان کرنا -
understatement, n. : گھٹاکر بیان کرنا یا کیا جانا -
understock, v.t. : (دوکان یا کارخانے میں) ضرورت سے کم سامان رکھنا یا مہیا کرنا -
under-stratum, n. : نیچے کا طبقہ ؛ نچلی پرت -
under-tenant, n. : شکمی پٹہ دار؛ شکمی اسامی یا کرایہ دار -
under-tenancy, n. : شکمی پٹہ داری -
undertimed, a. : (فوٹو گرافی) (پلیٹ) جسے نا کافی روشنی پہنچی ھو -
undertint, : ھلکا رنگ -
undertone, n. : دھیمی آواز ؛ مدھم آواز ؛ ھلکا رنگ -
undertow, n. : (۱) لہروں کا کنارہ سے جاکر ٹکرانا - (۲) نیچے کا دھارا ھوا یا بالائی سطح آب کے مخالف رخ پر بہتا ھوا ؛ مخالف زیررو -
undertrump, v. t. : (دوسرے کھلاڑی سے یا دوسرے ترپ سے) ھلکا ترپ چلنا یا کھیلنا -
undervaluation, n. : ناکافی قدر ؛ قیمت کا نا کافی اندازہ ؛ اصل سے کم اندازہ ؛ ناکافی قیمت لگانا یا لگایا جانا -
undervalue, v.t. : (۱) کافی قدر نہ کرنا - (۲) اصل سے کم یا نا کافی قیمت لگانا ؛ قیمت کا نا کافی اندازہ کرنا -
underwear, n. : کرتے پاجامے کے نیچے پہننے کے کپڑے؛ زیر جامہ -
underwing, n. : پتنگوں کے اقسام جن کے اندرونی پروں پر شوخ رنگ کے نقش ھوتے ھیں -
underwood, n. : تل جھاڑی ؛ چھوٹے پودے جو بڑے درختوں کے تلے ھوتے ھیں -
underworld n. : (۱) عالم تحت الارض ؛ عالم اسفل ؛ زمین کے نیچے کی دنیا - (۲) (معاشرے کا) سب سے ادنی طبقہ
Underarm, n. : (۱) (کرکٹ) انڈرھینڈ ؛ (گیند) جو ھاتھ نیچا کر کے پھینکی جاے - (۲) (ٹینس) اسٹروک جو ھاتھ نیچا کرکے مارا جاے -
Undercroft n. : مخفی؛ پوشیدہ -
Undercurrent, n. : (۱) دھارا جو سطح کے نیچے ھو ؛ زیر رو ؛ نچلی رو - (۲) غیر محسوس مخالف جذبہ یا اثر - (۳) (کان کنی) بڑا سا چھچلا صندوق جو سونے کے ذرات جمع کرنے کے لیے اس بند کے نیچے لگاتے ھیں جس سے کان کا پانی روکا جاتا ھے -
Undercut, n. : (۱) پیٹھ کے نیچے کا [illegible] ؛ ران کا ٹکڑا (گاے کے گوشت کا) - (۲) (مکا بازی) مکا جو نیچے سے اوپر کو مارا جاے؛ زیر مشت -
Undergo, v. t. : برداشت کرنا ؛ جھیلنا ؛ استقلال کے ساتھ اٹھانا ؛ کاٹنا -
Undergradette, n. : (مزاحاً) انڈر گریجویٹ عورت یا لڑکی -
Undergraduate, n. : (۱) انڈر گریجویٹ ؛ بے طیلسان ؛ کلیے یا یونیورسٹی کا وہ طالب علم جس نے سند حاصل نہ کی ھو - (۲) بے طیلسانوں کا -
Underground, adv. a. & n. : زمین دوز ؛ زیر زمین -
Underhand, adv. & a. : (۱) خفیہ ؛ پوشیدہ - (۲) خفیہ طور پر ؛ پوشیدہ طور پر - (۳) (کرکٹ) انڈر ھینڈ؛ (گیند) جو ھاتھ نیچا کرکے پھینکی جاے -
Underhung, a. : (۱) (اوپر کے جبڑے سے) آگے کو نکلا ھوا (نیچے کا جبڑا)- (۲) جس کا نیچے کا جبڑا آگے نکلا ھوا ھو -
Underlie, v. t. : (۱) نیچے ھونا؛ تلے ھونا - (۲) (مجازاً) بنیاد ھونا؛ تہ میں ھونا (اصول، مقصد وغیرہ کا) -
Underling, n. : ادنی عہدہ دار ؛ چھوٹے درجے کا عہدہ دار -
Undermine, v. t. : (۱) اندر اندر سرنگ کھودنا ؛ بنیاد کھوکھلی کردینا؛ جڑ کھودنا - (۲) (کسی شخص یا اس کی شہرت وغیرہ کی) جڑ کاٹنا ؛ جڑ کھودنا - (۳) (صحت وغیرہ کو) غیر محسوس طور پر نقصان پہنچانا یا برباد کردینا -
underminer, n. : جڑ کھودنے والا وغیرہ -
Underneath, adv., prep., a. & n. : (۱) نیچے کو ؛ نیچے کی طرف کو - (۲) نیچے کا - (۳) نیچے کا حصہ؛ نیچے کی سطح -
Underproof, a. : ھلکا؛ جس میں معیار سے کم الکوحل ھو -
Understand, v. t. & i. : (۱) سمجھنا؛ مطلب سمجھنا - (۲) منشا سمجھنا ؛ مقصد یا وجہ سمجھنا؛ اھمیت سمجھنا ؛ ماھیت یا طبیعت سے واقف ھونا (*he understands children perfectly*) - (۳) (سن کر) نتیجہ نکالنا ؛ قرینے سے سمجھنا ؛ سمجھ لینا ؛ فرض کر لینا (*I understood that the expenses were to be paid, No one could u. that from my words*) - (۴) (شبہہ یا تعجب یا غصے کے موقع پر) (*Am I to u., Do I u. that you refuse?*) - (۵) دھمکی کے طور پر (*Now u. that you refuse*) -
I u. he is a distant relative : میں نے سنا ھے کہ وہ دور کا عزیز ھے -
language not understanded of the people : غیر ملکی زبان؛ بدیسی زبان -
understood : مقدر ؛ جو ظاھر نہ ھو -
you don't u. : تم صورت حال کو نہیں سمجھتے -
Understanding, a. : صاحب بصیرت؛ ذی فہم -
Understanding, n. : (۱) *understand* کا حاصل مصدر - (۲) سمجھ ؛ فہم ؛ عقل - (۳) قوت ادراک ؛ ادراک ؛ تفکر ؛ فکر - (۴) اتفاق ؛ اتحاد (*disturbed the (good) u. between them*) - (۵) مفاھمت ؛ سمجھوتا ؛ شرط (جو طے ھوئی ھو)

(had a secret u. with other firms) - (۹) (جع ؛ عامیانہ) پیر' ٹانگیں' جوتے وغیرہ -

Understudy, *n.* & *v. t.* : قائم‌مقام(ایکٹر یا اداکارکا)؛ وہ شخص جو کسی ایکٹر کا پارٹ سیکھتا ھے تاکہ ضرورت کے وقت اس کی جگہ کام کرسکے -

Undertake, *v. t.* & *i.* : (۱) (کوئی کام) اپنے ذمے لینا ؛ بیڑا اٹھانا ؛ اختیار کرنا؛ (ذمہ داری) قبول کرنا - (۲) (کام کے کرنے کی) ھامی بھرنا ؛ وعدہ کرنا - (۳) (قدیم) کسی شخص سے لڑائی بحث وغیرہ چھیڑنا - (۴) وثوق سے کہنا؛ یقین کے ساتھ کہنا - (۵) (قدیم) ضامن ھونا (کسی شخص یا کسی بات کا) - (۶) (بول چال) تجہیز و تکفین کا انتظام کرنا -

Undertaker, *n.* : (۱) *undertake* کا اسم فاعل- (۲) تابوت بردار؛ وہ شخص جس کا پیشہ تجہیز و تکفین کا بندوبست کرنا ھوتا ھے - (۳) (تاریخ) وہ شخص جو اس بات کا ذمہ لیتا تھا کہ اگر بادشاہ بعض مراعات منظور کرے تو وہ پارلیمنٹ سے کوئی قانون خصوصاً بجٹ منظور کرادے گا -

Undertaking, *n.* : (۱) *undertake* کا حاصل مصدر- (۲) کام جس کا ذمہ لیا جائے؛ مہم؛ عزم - (۳) تابوت برداری؛ مردوں کی تجہیز و تکفین کا انتظام یا پیشہ -

Underwrite, *v. t.* & *i.* : (۱) بحری جائداد کے بیمے کی دستاویز پر دستخط کرکے صاحب جائداد کو دینا - (۲) بحری بیمے کا کاروبار کرنا - (۳) کسی مشترکہ کمپنی کے فروخت شدہ حصوں کے خرید نے کا ذمہ لینا - (۴) نیچے لکھنا -

Underwriter, *n.* : (۱) بحری بیمہ کرنے والا - (۲) (کمپنی کے) غیر فروخت شدہ حصوں کے خریدنے کا ذمہ دار -

Undies, *n. pl.* : (عامیانہ) کرتے پاجامے کے نیچے پہننے کے کپڑے-

Undine (*-en*), *n.* : جل پری ؛ سمندر کی پری جسے انسان سے شادی ھونے اور بچہ پیدا ھونے کے بعد روح انسانی مل جاتی‌ھے -

Undose, *a.* : (حشراتیات) لہریا ؛ لہر دار؛ لہراتا ہوا -

Undulate, *v. i.* (۱) لہریں لینا ؛ لہرانا ؛ لہراکر چلنا - (۲) لہریا ھونا ؛ لہر دار ھونا -

undulant a. : لہردار ؛ لہرانے والا-

undulant fever, : مالٹا بخار (دیکھو Malta) -

undulatingly, adv. : لہراتے ھوے ؛ لہریں لیتے ھوے -

Undulate (- at) *a.* : لہردار ؛ لہریا -

undulately, adv. : لہراتے ھوئے -

Undulation, *n.* : (۱) لہردار شکل یا حرکت - (۲)لہریا ؛ لہر دار خطوط - (۳) لہر - (۴) (مرضیات) تموج قلب ؛ قلب کی لہر دار حرکت -

Undulatory, *a.* . لہر دار ؛ لہریا -

u. theory of light : نظریۂ تموج نور؛ روشنی کا یہ نظریہ کہ وہ ایتھر میں لہروں کے ذریعہ سے پھیلتی ھے اور یہ لہریں روشن جسم کے ذرات کی اندرونی حرکت سے پیدا ھوتی‌ھیں-

undulationist,n. : اس نظریہ‌کو ماننے والا -

Ungainly, *a.* & *adv.* : بھدا ؛ بھونڈا؛ بےڈول (جانور ' انسان یا اس کی حرکت) -

Ungual (*-gw -*) *a.* : (۱) ناخن' پنجے یا سم کا- (۲) ناخن‌دار؛ پنجہ دار؛ سم دار -

unguicular, a. : ناخن نما ؛ پنجہ نما ؛ سم نما -

unguiculate, a. : ناخن دار ؛ پنجہ دار ؛ سم دار -

unguiferous, a. : پنجہ دار ؛ ناخن دار ؛ سم دار -

unguiform, a. : پنجہ نما ؛ ناخن نما ؛ سم نما -

Unguent, (*-gw-*) *n.* : مرھم ؛ دھان ' مالش یا چپڑنے کی دوا -

unguentary, a. : مرھمی ؛ دھانی ' مالش یا چپڑنے کی -

Ungula, *n. pl.* -ae : (۱) سم ؛ پنجہ- (۲) ھک‌دار؛ آلۂ جراحی جس سے مردہ جنین کو نکالتے ھیں - (۳) ترچھی سطح سے ترشا ھوا مخروط یا استوانی مجسم -

ungular, a. : پنجہ نما ؛ سم نما -

ungulate, a. & *n.* : سم دار ؛ سم دار جانور -

Uni-*in comb.* : لاطینی لفظ " unus " بہ معنی " ایک " کی ترکیبی صورت -

-articulate : ایک جوڑ کا ؛ یک مفصلی -

-axial : ایک محور کا ؛ یک محوری -

-axially, adv. : ایک محور کے ساتھ -

-cameral : یک ایوانی؛ (پارلیمنٹ) جس میں صرف ایک ایوان ھو یعنی دارالعوام اور دارالامرا کی تفریق نہ ھو -

-capsular : (۱) (عضویات) یک غلافی - (۲) (نباتیات) یک تبوی ؛ ایک تبے یا ترقے کا -

-cellular : یک خلوی ' ایک خلیے کا -

-colour(ed) : یک رنگ؛ ایک رنگ‌کا -

-cornous : یک قرنی ؛ ایک سینگ کا -

-costate : یک ضلعی ؛ ایک پسلی کا -

-cuspid, a. & *n.* : (۱) یک راسی ؛ ایک لمبی نوک کا - (۲) ایک نوک کا دانت -

-cycle : ایک پہیے کی سائیکل -

-florous : یک کلی ؛ ایک پھول کا (پودا) -

-foliate : یک برگی ؛ ایک پتی کا -

-lateral : یک رخی ؛ یک طرفہ -

-lateral contract : یک طرفہ معاھدہ -

-lateral leaves : یک رخی پتیاں جو تنے یا ڈنٹھل کے صرف ایک طرف ھوں -

-laterally, adv. : (۱) ایک‌ھی رخ‌پر- (۲)ایک‌ھی فریق‌کی‌طرف‌سے-

-literal : یک حرفی -

-locular,-loculate : (نباتیات و حیوانیات) یک خانہ ؛ ایک خانے کا -

-parous : (۱) (حیوانیات) جو عموماً ایک وقت میں صرف ایک بچہ دے ؛ یک ولدی - (۲) (نباتیات) جس کا صرف ایک ھی تنہ یا محور ھو ؛ یک محوری ؛ یک تنہ -

-partite : غیر منقسم -

-ped : یک پایہ ؛ جس کا ایک ھی پیر ھو -

-personal : (۱) یک شخصی؛ (دیوتا) جس کی صرف ایک شخصیت ھو - (۲) یک ضمیری ؛ (فعل) جو صرف ایک ضمیر (غائب حاضر یا متکلم) کے لیے استعمال ھو -

-planar : ھم سطح ؛ جو ایک ھی سطح پر واقع ھوں -

-polar : (حیاتیات) یک قطبی ؛ (خلیہ) جس کا صرف ایک قطب ھو ؛ (برق) یک قطبی ؛ جس میں صرف ایک طرح کی

(مثبت یا منفی) قطبیت ہو -

-polarity, n. : یک قطبی ؛ ایک ہی قطب ہونا -

-radiated : (۱) یک قطری - (۲) یک شعاعی - (۳) یک پہلو -

-serial : یک قطاری ؛ جو ایک ہی قطار میں ہو -

-sexual : یک جنسی ؛ جو مخلف دو زوجی یا نر مادی نہ ہو صرف ایک جنس رکھتا ہو -

-sexuality, n. : یک جنس ؛ یک جنس ہونا -

-sexually, adv. : یک جنس طور پر -

-sulcate : (نباتیات ؛ حیوانیات) یک خطی ؛ یک خیارہ ؛ جس میں ایک ہی خیارہ یعنی گہرا خط ہو -

-valent : (کیمیا) یک گرفت ؛ جس میں ایک گرفت یعنی ہائیڈروجن وغیرہ کے ایک جوہر سے مرکب ہونے کی صلاحیت ہو -

-valence, -valency, nn. : یک گرفتی ؛ ہائیڈروجن وغیرہ کے ایک جوہر سے مرکب ہونے کی صلاحیت -

-valve, a. & n. : یک خانہ ؛ (وہ صدفہ) جس کے صدف میں صرف ایک خانہ ہو -

-vocal, a. & n. : (۱) یک معنی ؛ (لفظ) جس کے صرف ایک معنی ہوں - (۲) (موسیقی) ہم آہنگ ؛ ہم ساز -

-vocally, adv. : ہم آہنگی کے ساتھ -

-vocation : نام اور معنی کی مطابقت -

Uniat,-ate (u-) n. : یونانی ؛ مشرقی عیسائیوں کی کسی جماعت کا رکن جو پوپ کو اپنا پیشوا مانتی ہے مگر اپنا علحدہ طریق عبادت رکھتی ہے -

Unicorn, n. : (۱) ارنا گھوڑا ؛ ایک فرضی جانور جسکے متعلق یہ خیال کیا جاتا ہے کہ اس کا جسم گھوڑے کا سا ہوتا ہے اور سر پر صرف ایک کھڑا سینگ ہوتا ہے - (۲) (نقابت) ارنے گھوڑے کی شکل جو ڈھال پر بنی ہوتی ہے اور جس میں بکرے کی داڑھی اور شیر کی دم لگا دیتے ہیں - (۳) (نیز u.-fish, -whale, sea-u.) نروال ؛ بحر شمالی کی وھیل مچھلی جس کے سر پر ایک یا دو سینگ ہوتے ہیں - (۴) ایک قسم کا کیڑا جس کے ایک مونچھ سی ہوتی ہے - (۵) ایک قسم کی تتلی جس کی پیٹھ پر سینگ سا ہوتا ہے - (۶) گھوڑوں کی ٹکڑی جس میں دو پیچھے اور ایک آگے ہوتا ہے ؛ گاڑی جس میں ایسی ٹکڑی جتی ہو - (۷) (u.-shell) ایک قسم کا گھونگھا -

Uniform, a., n. & v.t. : (۱) یکساں ؛ غیر متبدل - (۲) عام اور مستقل ؛ (قانون محصول وغیرہ) جو ہر جگہ اور زمانے میں یکساں نافذ ہو - (۳) ایک ہی قاعدے یا اصول کے مطابق ؛ یکساں رو ؛ اسراع غیر متبدل ؛

u. acceleration : جس میں وقت گزرنے سے تبدیلی نہ ہو -

uniformly, adv. : یکساں طور پر ؛ یکساں روی سے -

Uniformity, n. : (۱) یکسانی ؛ یک رنگی ؛ یکساں ہونا - (۲) ایک ہی طریقے یا اصول کی پابندی ؛ یکساں روی -

Act of U. : قانون یکسانی عبادت ؛ ان قوانین میں سے کوئی قانون جو کلیسائے انگلستان کے پیروؤں میں یکساں طریق عبادت جاری کرنے کی غرض سے نافذ ہوئے اور خصوصاً ۱۶۶۲ کا قانون -

doctrine of u. : عقیدۂ تسلسل علت و معلول ؛ یہ عقیدہ کہ علت و معلول کا سلسلہ ہمیشہ یکساں قائم رہتا ہے

uniformitarian, n. : تسلسل علت و معلول کا قائل -

uniformitarianism, n. : مذہب تسلسل علت و معلول -

Unify, v.t. : ایک کردینا ؛ متحد کرنا ؛ اتحاد پیدا کرنا ؛ یکساں یا ایک رنگ کردینا -

unification, n. : اتحاد ؛ ایک کرنا یا کیا جانا ؛ یکساں کرنا یا کیا جانا -

unifier, n. : اتحاد پیدا کرنے والا ؛ ایک یا یکساں کرنے والا -

Unigenitus, n. : (تاریخ) پوپ کلمنس یازدھم کا فرمان جو سنہ ۱۷۱۳ ع میں جین سنی (jansenism) فرقے کے خلاف جاری ہوا تھا -

Union, n. : (۱) اتحاد ؛ ایکا ؛ اتصال ؛ پیوستگی (اجزا کی) - (۲) عقد ؛ شادی ؛ ازدواج - (۳) متحدہ چیز مثلاً متحدہ ادارہ انجمن اتحاد وغیرہ - (۴) اتحاد امریکا ؛ ریاستہائے متحدۂ امریکا - (۵) سلطنت متحدہ ؛ برطانیہ و آئرستان - (۶) کلیسائی حلقوں کا اتحاد - (۷) (u. work-house) خیراتی کارخانہ جو کلیسا کے کئی حلقوں نے مل کر قائم کیا ہو - (۸) برطانیہ کے جھنڈے کا وہ حصہ جس پر علامت اتحاد بنی ہوتی ہے ؛ گوشۂ علامت اتحاد - (۹) بڑا ٹب یا حوض جس میں بیر شراب صاف کی جاتی ہے - (۱۰) سوتی اونی ؛ وتی ریشمی وغیرہ کپڑا ؛ مخلوط بناوٹ کا کپڑا -

hoisted u. down : جھنڈا الٹا لٹکایا ؛ اس طرح لٹکایا کہ گوشۂ علامت اتحاد نیچے کی طرف تھا - (بطور مصیبت کی علامت کے) -

postal u. : دیکھو Postal -

the u. : (۱) اتحاد انگلستان و اسکاتستان سنہ ۱۷۰۶ ع - (۲) اتحاد برطانیۂ عظمی و آئرستان -

trade u. : دیکھو Trade -

u. by first or second intention : دیکھو Intention -

union Jack or flag : یونین جیک ؛ برطانیہ و آئرستان کا قومی جھنڈا -

u. suit : (امریکا) پوشاک جس میں کرتا پاجامہ جڑا ہوا ہوتا ہے -

Unionist, n. : (۱) پیشہ وروں یا مزدوروں کی انجمن کا رکن یا اس قسم کی انجمنوں کا حامی - (۲) اتحاد پسند ؛ حامیٔ اتحاد ؛ خصوصاً وہ شخص جو برطانیہ اور آئرستان کے اتحاد حکومت کے استرداد کا مخالف ہو - (۳) (امریکا) (تاریخ) امریکی ریاستوں کی خانہ جنگی کے زمانے میں ریاستوں کی علحدگی کا مخالف -

unionism, n. : اتحاد پسندی (مذکورۂ بالا معنوں میں) -

unionistic, a. : اتحاد پسندانہ (مذکورۂ بالا معنوں میں) -

Unique (-ek) a. & n. : (۱) بے مثل ؛ بے نظیر ؛ یکتا - (۲) (سوقیانہ) عجیب - (۳) بے مثل چیز -

uniquely, adv. : بے مثل طور پر ؛ یکتائی کی شان سے -

uniqueness, n. : یکتائی -

Unison, (- zn, - sn) a. & n. : (۱) (موسیقی) ہم آہنگ (امتداد میں یکساں) - (۲) ہم آہنگی ؛ امتداد میں یکساں ہونا ؛ ہم سازی ؛ سر میں یکساں ہونا - (۳) دو سروں کے درمیان ہم آہنگ فصل ؛ وقفہ ؛ خصوصاً ایک "octave" کا فصل - (۴) ہم آہنگ تار (u. string) - (۵) اتفاق ؛ اتفاق رائے ؛ یکجہتی -

unisonant, unisonous, aa. : ہم ساز ؛ ہم آہنگ -

Unit, *n.* ; اکائی ؛ واحدہ؛ ایک چیز یا شخص یا ایک مجموعہ جو واحد اور مکمل بالذات سمجھا جاے یا شمار یا ناپ کے لیے پیمانے کا کام دے -

abstract u. : واحدۂ مجردہ؛ مجرد اکائی ' ایک کا عدد -

C. G. S. system of uu. ; سینٹیمیٹر ' گرام ' سیکنڈ کا طریق شمار -

Unitarian, *n. & a.* ; (۱) موحد؛ توحید پرست - (۲) موحد عیسائی ' مذہب عیسوی کے اس فرقے کا پیرو جو تثلیث سے انکار کرتا ھے - (۳) وحدت یا مرکزیت کا حامی (خصوصاً سیاسی امور میں)؛ وحدت پسند؛ مرکزیت پسند -

unitarianism, *n.* : مذہب توحید؛ توحید پرستی -

unitarianize, *v. t.* : موحد بنانا -

Unitary, *a.* : (۱) اکائی کا ؛ اکائیوں کا - (۲) اتفاق کا؛ یک جہتی کا -

u. method, : اکائی کا طریقہ جس سے حساب میں اربعۂ متناسبہ کی جگہ کام لیا جاتا ھے -

Unite, *v. t. &i.* ; (۱) متحد کرنا؛ متحد ہونا؛ ملادینا؛ مل جانا؛ ملاکر ایک ذات کردینا ؛ مل کر ایک ذات ھوجانا - (۲) متفق ھونا؛ ہم خیال ھونا؛ مل کر کام کرنا -

united Brethern, = the moravian sect. : دیکھو Moravian -

united Irishmen : اتحاد اہل آئرستان ؛ایک انجمن جو سنہ ۱۷۹۱ ع میں سیاسی اصلاحات کے مطالبے کے لیے قائم ھوئی تھی-

united Kingdom : دیکھو Kingdom -

united provinces : (۱) ھالستان (*Holland*) زیستان (*Zealand*) اور پانچ اور صوبوں کی متحدہ حکومت جو سنہ ۱۵۷۹ ع میں قائم ھوئی اور آگے چل کر جمہوریۂ نشیبستان (*Netherlands*) بن گئیں - (۲) صوبۂ متحدہ آگرہ و اودھ -

united States : دیکھو State -

unitedly, *adv.* : متفقہ طور پر؛ متحدہ طور پر -

unitive, *a.* :- اتفاق یا اتحاد پیدا کرنے والی؛ اتفاق یا اتحاد کی

Unitism, *n.* . وحدت جوھر؛ یہ عقیدہ کہ دنیا میں صرف ایک جوھر کا وجود ھے اور روح اور مادے کی تفریق غلط ھے -

Unitize, *v. t.* : اکائی بنانا؛ اکائی سمجھنا یا قرار دینا؛ واحدہ بنانا؛ واحدہ قرار دینا -

Unity, *n.* : (۱) وحدت؛ ایک ھونا ؛ واحد ھونا ؛ فرد ھونا ؛ فردیت - (۲) وحدت؛ اجزا کا ربط اور اتحاد؛ یک رنگی (*pictures lack u.*)- (۳) (ریاضی) ایک کا عدد؛ اکائی - (۴) اتحاد؛ اتفاق ؛ یک جہتی - (۵) (قانون) مشترکہ لگان داری؛ مشترکہ کرایہ داری وغیرہ - (۶) (قانون) اجتماع حقیقت؛ ایک شخص کا متعدد حقوق یا حقیقتیں رکھنا -

the dramatic uu., uu. of time, place and action: ناٹک کی وحدتیں؛ تمثیلی وحدتیں؛ وحدت زمان و مکان و عمل؛ ناٹک کے واقعات اس طرح ترتیب دینا کہ وہ ایک روز میں ایک ھی مقام پر ھوے ھوں اور ان میں ربط اور وحدت ھو -

Universal, *a. & n.* : (۱) کوئی چیز یا کام جس کا تمام افراد عالم سے تعلق ھو؛ عالم گیر ؛ کلی ؛ سب پر حاوی ؛ سب کا ؛ کل کا ؛ کل افراد کا (*the terror was u., met with u. applause, the rule is u.*) - (۲) (منطق) کلیہ؛ قضیۂ کلیہ - (۳) (فلسفہ) تصور کلی؛ ادراک کلی؛ وہ تصور یا ادراک جو ایک نوع کے کل افراد پر حاوی ھو ۔ (۴) (فلسفہ) مسند کلی؛ محکوم کلی؛ وہ حکم جو کل افراد پر لگایا جاسکے -

u. agent : وکیل مطلق؛ مختار عام -

u. compass : ھر قطری پرکار؛ ایسی پرکار جس سے چھوٹے بڑے ھر قسم کے دائرے کھینچے جاسکیں -

u. coupling or Joint : مشین کا ایک جوڑ جو ایک دھرے کے ذریعے سے ھر زاویے پر قوت منتقل کرسکے ؛ ھر طرفی جوڑ -

u. legatee : واحد موصولہ ؛ جس کو کل جائداد وصیت کی رو سے دی جاے -

u. proposition : قضیہ کلیہ ؛ کلیہ -

u. provider : دیکھو Provider -

universality, n. : کُلیت؛ کُلی حیثیت؛ عالم گیر ھونا -

universalization, n. : کُلی بنانا یا بنایا جانا -

universalize, v. t. : کُلی بنانا؛ عالم گیر کردینا -

universally, adv. : کُلی طور پر؛ بالاتفاق؛ عالم گیر حیثیت سے؛ کل انسانوں یا تمام دنیا میں -

Universalist, *n.* : معتقد نجات کل؛ وہ شخص جس کا یہ عقیدہ ھو کہ سب انسان عاقبت میں نجات پائیں گے -

universalism, n. : عقیدۂ نجات کل -

universalistic, a. : نجات کل کے عقیدے کے متعلق -

Universe, *n.* : (۱) کائنات؛ موجودات ؛ کل - (۲) کل مخلوقات؛ کل ممکنات ؛ عالم امکان - (۳) عالم انسانی؛ کل بنی نوع انسان - (۴) (منطق) کل تصورات؛ کل موضوع خیال ؛ کل موضوع منطق -

University, *n.* : (۱) جامعہ؛ یونیورسٹی ؛ تعلیم گاہ جس میں طلبہ کے لیے جملہ علوم یا اکثر علوم کی تعلیم یا امتحان یا دونوں کا انتظام ھو اور سندیں عطا کی جاتی ھوں - (۲) اھل جامعہ؛ ارکان جامعہ - (۳) جامعہ کی ٹیم (کسی کھیل کی) -

u. Extension : دیکھو Extension -

u. Test Act : وہ قانون جو سنہ ۱۸۷۱ ع میں نافذ ھوا کہ ۳۹ عقائد کے اقرار کی شرط جو حصول سند کے لیے ضروری سمجھی جاتی تھی منسوخ کردی جاے -

Universology, *n.* : (۱) علم کائنات؛ وہ علم جو کل موجودات پر حاوی ھو - (۲) علم عالم انسانی؛ ان سب چیزوں کا علم جو انسان سے تعلق رکھتی ھیں -

universological, n. : علم کائنات یا علم عالم انسانی کا -

universologist, n. : علم کائنات یا علم عالم انسانی پر عبور رکھنے والا -

Unkempt, *a.* : (۱) (داڑھی وغیرہ) جس میں کنگھی نہ ھوئی ھو؛ پریشان؛ الجھے ھوے (بال) - (۲) پریشان وضع؛ پریشان ھئیت (شخص) - (۳) بے ترتیب؛ الجھی ھوئی؛ بے ڈھنگی ؛ پھسپھسی (عبارت ' زبان) -

Unless, *conj* ; (۱) جب تک نہ؛ اگر نہ - (۲) بجز اس کے کہ؛ بجز اس صورت کے کہ (*I always walked u. I had a bicycle*) -

I shall go u. I hear from him : اگر اس کے پاس سے

اطلاع نہ آئی تو میں جاؤں گا -

I shall not go u. I hear from him : جب تک اس کے پاس سے اطلاع نہ آے گی میں نہیں جاؤں گا -

u. and until : پر تکلف عبارت میں یا لفاظی کے طور پر *unless* کے بجاے آتا ھے -

Until, *prep. & conj* : (۱) تک؛ تا؛ یہاں تک کہ - (۲) جب تک نہ -

unless and u. : پر تکلف عبارت میں یا لفاظی کے طور پر *until* کے بجاے آتا ھے -

u. you told me I had no idea of it : جب تک تم نے مجھ سے نہ کہا تھا مجھے مطلق گمان نہیں تھا -

Unto *prep.* : "*to*" کی جگہ کل معنوں میں آتا ھے سواے علامت مصدر کے (دیکھو *To*) -

Unyieldy, *a* : بھاری اور بے ڈول؛ بھدا؛ بھنگم؛ جو مشکل سے حرکت کرسکے؛ جسے اٹھانا چلانا پرتنا مشکل ھو (وزن ' جسامت شکل کی وجہ سے) -

unwieldily, adv. : بھدے پن کے ساتھ؛ بھنگم طور پر -

unwieldiness, n. : بھدا پن؛ بھنگم پن -

Up, *adv, prep a. & n.* : (۱) اوپر ' اوپر کی طرف؛ اوپر کو؛ اوپر تک - (۲) دارالسلطنت میں یا اس کی طرف؛ یونیورسٹی میں یا اس کی طرف؛ کسی شمالی مقام میں یا اس کی طرف؛ دریا کے منبع کی طرف (*as far up as Aberdeen - sailed u. as far Oxford, men just going up*) (۳) عدالت میں 'مجسٹریٹ کے سامنے؛ (*was had up before magistrate on a charge of drunkenness*) - (۴) اس مقام پر جس کا ذکر ھے یا جہاں متکلم موجود ھے - (۵) سیدھا؛ کھڑا؛ جاگتا؛ سرگرمی یا مستعدی کی حالت میں (*stand u.*) - (۶) پورا؛ پوری طرح؛ اچھی طرح - (۷) پر ' بلندی پر ' یا بلندی کی طرف (*u. the hill, u. the river*) - (۸) اوپر کو جانے والا؛ شمال کو جانے والا (*u. stroke, u. train,*) -

a hundred u. : سو نمبر ھوگئے (کسی کھیل میں نمبروں کے تختے پر) -

am not u. to travelling : سفر کے قابل نہیں ھوں -

beer is u. : بیر (شراب) کی تیزی جاتی رھی -

cat u. : سوچا کھا جانا -

he lives u. to his income : وہ اپنی ساری آمدنی خرچ کر دیتا ھے -

his blood is u. : اس کو غصہ آگیا یا جوش آگیا -

is u. against a hard job : سخت کام سے سابقہ ھے -

it is all u. with him : اس کی حالت مایوسی کی ھے -

it is u. to us : یہ ھمارا کام ھے؛ ھمارا فرض ھے؛ ھمارے ذمے ھے -

parliament is u. : پارلیمنٹ برخاست ھوگئی -

speak u. : زور سے بولو -

the cigar is not u. to much : سگار کام کا نہیں ھے -

the whole of the west was u. : تمام شمال میں بغاوت ھوگئی -

time is u. : وقت پورا ھوگیا -

u. in arms : لڑنے کو مستعد -

u. a tree, u. the pole, u. the sprout : دیکھو Tree وغیرہ کی تحت میں -

u. the hill and down dale : نشیب و فراز طے کرتے ھوے؛ پہاڑوں اور وادیوں کو عبور کرتے ھوے -

u. to : (ایٹن اسکول کی اصطلاح) درجے میں (فلاں ماسٹر کے) -

u. to date : دیکھو Date -

u. to snuff : دیکھو Snuff -

u. to the mark : دیکھو Mark -

u.u. and downs : (۱) ناھموار زمین - (۲) زندگی کے نشیب و فراز -

u. with it : اسے اٹھالو -

u. with you : اٹھ کھڑے ھو -

what is u. : کیا ھے؛ کیا ھو رھا ھے -

Up *v. i.* : (بول چال اور مقامی بولی) ایک دم سے کچھ کہنے یا کرنے لگنا -

u. with : اٹھانا؛ تاننا (*upped with his stick*) -

Up *pref* : سابقہ جو متعلق فعل کی حیثیت سے فعل یا حاصل مصدر کے ساتھ لگایا جاتا ھے اور "اوپر" کے معنی دیتا ھے -

up-along : (مقامی بولی) پورب کی طرف -

upbear, v. t. : اوپر اٹھاے رکھنا؛ سنبھالے رکھنا -

upborne, p. p. : اوپر اٹھایا ھوا -

upblaze, v. i. : (قدیم) بھڑک اٹھنا -

upbringing, n. : تربیت؛ تعلیم -

upcast v. t. : (قدیم) اوپر پھینکنا -

upcast, n. : (۱) اوپر پھینکنا یا پھینکا جانا - (۲) (کان‌کنی) ھوا کے باھر نکلنے کا راستہ -

up-country, a. : اندرون ملک کا - (*up-country district*)

upgrowth, n. : (۱) بالیدگی؛ نشو و نما؛ ابھرنا - (۲) وہ چیز جو ابھرے یا نشو و نما پاے -

upheap, v. t. : (قدیم) ڈھیر لگانا -

upheaval, n. : تغیر عظیم یا انقلاب خصوصاً معاشرتی -

upheave, v. t. & i. : (قدیم) اوپر اٹھنا -

uphill. adv. : (۱) پہاڑ کے اوپر کو؛ بلندی کو؛ بلندی کی طرف - (۲) اوپر کو چڑھتا ھوا - (۳) کٹھن؛ مشکل؛ بڑی ھمت کا (*uphill work*) -

upkeep, n. : (۱) نگھداشت؛ خبر گیری - (۲) نگھداشت کے مصارف -

upland : (۱) (واحد یا جمع) بلند حصۂ ملک؛ اندرون ملک - (۲) بلند حصہ ملک کا؛ اندرون ملک کا -

uplift, v. t. : (قدیم) اوپر اٹھانا؛ ابھارنا؛ اصلاح کرنا -

uplift n. : (خصوصاً امریکہ) (۱) اخلاقی یا روحانی اثر - (۲) اخلاقی یا روحانی اصلاح یا ترقی - (۳) اخلاقی یا روحانی جوش -

upraise, v. t. : (قدیم) اوپر اٹھانا -

uprear, v. t. : (قدیم) اٹھانا؛ کھڑا کرنا -

uprise, v. t. : (قدیم) اٹھانا -

uprising, n. : (۱) اٹھنا (خصوصاً پلنگ سے) - (۲) شورش؛ بغاوت -

uproot, v.t. : (۱) جڑ سے اکھاڑ دینا - (۲) (مجازاً) بیخ کنی کرنا؛ استیصال کرنا -

upstairs, adv. : (۱) اوپر؛ اوپر کی منزل پر یا اوپر کی منزل کو - (۲) جو اوپر کی منزل پر واقع ہو؛ بالائی -

upstanding, : (۱) سیدھا کھڑا ہونا (۲) (مزدوری یا اجرت) مقررہ؛ معین -

upstream, adv. : (۱) دریا کے منبع کی طرف؛ دھارے کے مخالف رخ پر - (۲) دھارے کے مخالف (سفر، کشتی وغیرہ) -

upstroke : (لکھنے میں) حرف کی کشش اوپر کی طرف کو؛ اوپر کی کشش -

uptake, n. : (۱) اٹھانا - (۲) فہم؛ سمجھنا -

upthrow, n. : (۱) اوپر پھینکنا یا پھینکا جانا - (۲) (کان کنی؛ ارضیات) زمین کی پرت کا رخنے کے ایک رخ پر اوپر اٹھ جانا؛ ابھار -

upthrust, n. : دیکھو اوپر کا لفظ (معنی نمبر ۲) -

upturn, v. t. : زمین کو (ہل چلانے میں) کھود ڈالنا -

Upanishad (oopah-, oopa-), **n.** : اپنشد؛ کوئی رسالہ سنسکرت کے ان فلسفیانہ رسائل میں سے جو وید کا جزو ہیں -

Upas, n. : (۱) اُپاس؛ ملک جاوا کا ایک درخت جس میں دودھ کی طرح کا عرق نکلتا ہے جس سے تیر زہر آلود کیے جاتے ہیں - اگلے زمانے میں یہ عقیدہ تھا کہ اس درخت کے نیچے جو چیز آ جائے وہ زہر سے متاثر ہو جائیگی - (۲) (مجازاً) مہلک اثر؛ زہر؛ مہلک یا مضر فعل - (۳) اس درخت اور دوسرے درختوں کا زہریلا رس -

Upbraid, v. t. : جھڑکنا؛ سرزنش کرنا؛ ملامت کرنا -

upbraiding, n. : سرزنش؛ ملامت؛ جھڑکیاں -

upbraidingly *adv.* : ملامت آمیز طریقے سے؛ سرزنش کرتے ہوئے -

Up-end, v. t. & .. : (مقامی بولی) (۱) سیدھا کھڑا کرنا - (۲) اٹھنا؛ اٹھ کر بیٹھنا؛ کھڑا ہونا -

Uphold, v. t. : (۱) اوپر اٹھائے رکھنا؛ سیدھا کھڑا رکھنا؛ اٹھائے رہنا؛ سہارا دیئے رہنا - (۲) تائید کرنا؛ حمایت کرنا - (۳) بر قرار رکھنا؛ بحال رکھنا (فیصلہ، عدالت کا حکم وغیرہ) -

upholder, n. : موید؛ حامی -

Upholster, v. t. : (۱) کمرے کو پردوں و فرش فروش وغیرہ سے آراستہ کرنا - (۲) کرسی سوفے وغیرہ میں کمانیاں و گدیاں لگا کر کپڑا چڑھانا -

Upholsterer, n. : (۱) کمرے کا ساز و سامان بیچنے والا؛ فرنیچر؛ پردے، فرش وغیرہ بیچنے والا؛ سوفا فروش - (۲) کرسیوں وغیرہ میں گدیاں لگاکر کپڑا چڑھانے والا؛ سوفا ساز -

u.-bee : شہد کی مکھی کی وہ قسم جو اپنے چھتے کے خانوں میں پتیوں کا فرش کرتی ہے؛ فراش مکھی -

upholstery, n. : (۱) کمرے کا ساز و سامان؛ فرنیچر اور فرش فروش - (۲) سوفوں اور کرسیوں کے گدے غلاف وغیرہ - (۳) سوفا فروشی؛ سوفا سازی -

Uphroe (-o) **n.** : (جہازرانی) لمبا لکڑی کا کندا جس میں سوراخ ہوتے ہیں جن کے اندر رسی ڈال کر سائبان یا تم کیرہ تانتے ہیں -

Upon ***prep.*** **=*on*:** (معنی کے لیے دیکھو *on*) عموماً جہاں مفعول حرف جار سے پہلے آیا ہو وہاں *upon* استعمال ہوتا ہے - (*what evidence have you got to go upon*) -

Upper *a.* & *n.* : (۱) اوپر کا؛ بالائی - (۲) اونچے درجے کا؛ اعلی - (۳) بوٹ یا جوتے کا اوپر کا حصہ - (۳) (جمع) ٹیپڑے کے گیٹس؛ موزہ بند -

be on one's uu. : مفلس ہونا؛ تنگدست ہونا -

get the u. hand : غالب آنا -

the U. House : انگلستان کا دارالامرا -

the u. ten or ten thousand : طبقۂ امرا -

u. case : دیکھو - Case

u. -cut : (مکہ بازی) - (۱) ٹھوڑی یا جبڑے کی چوٹ - (۲) یہ چوٹ کرنا -

u. key-board : سیدھی طرف کے بورڈ یا پردوں کا تختہ -

u. storey : (۱) اوپر کی منزل - (۲) (مجازاً) دماغ -

u. works : جہاز کا وہ حصہ جو پانی کے اوپر ہو -

Uppermost, *a.* & *adv* : (۱) سب سے اوپر کا؛ بالاترین - (۲) سب سے اونچا؛ سب سے برتر؛ بلند ترین؛ اعلی ترین - (۳) سرے پر؛ سب سے اوپر - (*said whatever came u.*)

upmost, *a.* : دیکھو - Uppermost

Uppish, *a.* : خود سر؛ گستاخ -

uppishly, *adv.* : خود سری سے؛ گستاخی سے -

uppishness, *n.* : خود سری؛ گستاخی

Upright, *a. adv. & n.* : (۱) سیدھا؛ کھڑا؛ عمودی - (۲) راست باز؛ دیانت دار؛ ایماندار - (۳) کھڑا کھمبا؛ تھم؛ خصوصاً وہ جو چیز کو سہارا دینے کے لیے کھڑا کیا گیا ہو -

uprightly,*adv.* : راست بازی سے، ہے -

uprightness,*n.* : راست بازی؛ دیانت داری

Uproar, *n.* : غل؛ شور؛ غوغا؛ ہنگامہ؛ چیخ پکار -

uproarious, *a.* : (۱) جہاں بہت شور و غل ہو؛ پرغوغا؛ ہنگامہ خیز - (۲) شورش پسند؛ شور مچانے والا - (۳) زور کا؛ (قہقہہ وغیرہ) بلند آواز کا -

uproariously, *adv.* : (۱) شور و غل کے ساتھ - (۲) شور مچاتے ہوئے - (۳) بہت زور سے؛ بہت بلند آواز میں -

uproariousness, *n.* : (۱) پر غوغا ہونا؛ ہنگامہ خیزی - (۲) شورش پسندی -

Uprush, *n.* : (نفسیات) (۱) اوپر کو جھپٹنے یا دوڑنے کا عمل - (۲) دفعتاً تحت شعوری حالت سے شعوری حالت میں آنا؛ رجوع الی الشعور -

Upset *v. t. & i. & n.* : (۱) الٹ دینا؛ الٹ جانا - (۲) پریشان کردینا؛ گھبرا دینا؛ ہاضمہ خراب کردینا - (۳) (دھات وغیرہ کو) کوٹ کر اور دبا کر چوڑائی میں کم اور موٹا کرنا -

Upset, *a.* : (نیلام میں) سرکاری قیمت؛ کم سے کم قیمت جس پر مال کو بیچنے کی اجازت ہے (*U. price*) -

Upshot, *n.* : انجام؛ نتیجہ؛ ماحصل -

Upside-down, *adv. & a.* : (۱) اوندھا؛ الٹا - (۲) تلے اوپر؛ درہم برہم -

Upsides, *adv.* : (مقامی بولی) نیچا دکھانا؛ بدلہ لینا

- (*Get u. with*)

Upsilon, *n.* : یونانی لفظ جو *u* کی آواز دیتا ھے -

Upstart, *n.* : (۱) نو دولتا - (۲) چھچھورا -

Upward, *a.* **upward (s)** *adv.* : (۱) اوپر کا ؛ اوپر کی طرف کا - (۲) بڑھنے کا ؛ ترقی کا - (۳) اوپر کی طرف؛ زیادہ -

children of 6 years old & upwards : چھ سال اور اس سے زیادہ عمر کے بچے -

upwards of (more than) 40 specimens : چالیس سے زیادہ نمونے -

upwardly, *adv.* : اوپر کی طرف -

Uraemia, *n.* : تسمم بَولی ؛ گردوں اور مثانے کا فعل ماؤف ھو جانے کی وجہ سے خون میں زھر پھیلنے کا مرض -

uraemic, *a.* : (۱) تسمم بولی کے متعلق - (۲) اس کا مریض -

Uraeus, *n.* : کالے سانپ کی شکل کا سرپیچ جو قدیم مصر میں بادشاھوں اور دیوتاؤں کا نشان تھا -

Ural-Altaic (ur-) *a.* : (۱) یورال و التائی پہاڑوں کا ؛ ان پہاڑوں کے باشندوں کے متعلق - (۲) (علم اللسان) یورالی التائی زبانوں کے اس خاندان کے متعلق جس میں فنستانی مغلستانی (منگولی)اور شمالی ایشیا و یورپ کی چند اور زبانیں شامل ھیں-

Uranian : دیکھو - Venus

Uranium, *n.* : یورانیم ؛ ایک وزنی سفید دھات کی قسم کا عنصر جو رال وغیرہ میں پایا جاتا ھے -

uranic, *a.* : یورانیم کا؛ (مرکب) جس میں آکسیجن زیادہ ھو-

uranous, *a.* : یورانیم کا؛ (مرکب) جس میں آکسیجن کم ھو -

Urano-in *comb.* : یونانی لفظ (*ouranos*) بہ معنی آسمان کی ترکیبی صورت -

-graphic (al), *aa.* : تشریح افلاک کے متعلق -

-graphy : علم تشریح افلاک؛ علم ھئیت کا تشریحی یا بیانی حصہ -

-logy : علم ھئیت ؛ فلکیات -

-metry : (۱) علم مساحت افلاک - (۲) نقشۂ کواکب ؛ جس سے ستاروں کا حجم اور ان کا باھمی فاصلہ معلوم ھوتا ھے -

Uranus, (ur-) *n.* : (۱) (یونانی دیومالا) یورانس ؛ زمین (*Ge*) کا بیٹا جو زحل (*Gronus*) اور (*Titans*) وغیرہ کا باپ تھا - (۲) یورانس؛ وہ سیارہ جسے ھرشیل نے سنہ ۱۷۸۱ء میں دریافت کیا اور جو نظام فلکی میں بہ استثنا نیپچون کے بعید ترین سیارہ ھے -

Urban, *a.* : شہر کا ؛ شہر کا رھنے والا -

urbanize, *v. t.* : شہر بنانا یا بنایا جانا -

urbanization, *n.* : شہر بنا دینا ؛ شہر کا رنگ پیدا کردینا -

Urbane, *a.* : (۱) مہذب ؛ شائستہ ؛ شستہ ؛ نستعلیق - (۲) خوش خلق ؛ خلیق ؛ بامروت ؛ خوش خلقی کا ؛ مروت کا -

Urbanity, *n.* : (۱) تہذیب ؛ شائستگی؛ شستہ یا نستعلیق ھونا ؛ خوش خلقی ؛ مروت - (۲) (قدیم) مہذب ظرافت ؛ مہذب مزاح یا مذاق -

Urceolate (-at.), *a.* : (نباتیات) گھڑے کی شکل کا ؛ جس کا منہ چھوٹا اور جسم بڑا ھو -

Urchin *n.* : (۱) شریر یا چنچل لڑکا- (۲) لڑکا ؛ چھوکرا- (۳) سیہی کے سے خول کا جانور جو سمندر کی تہ میں رھتا ھے ؛ بحری

خارپشت - (۴) خار پشت ؛ ساھی ؛ سیہی - (۵) (قدیم) بد شکل روح یا بھوت جو خار پشت کی شکل میں ظاھر ھوا کرتا تھا -

Urdu (oordoo) *n.* : اردو زبان -

-Ure, *suf.* : لاحقہ جو انگریزی میں حسب ذیل معنی پیدا کرتا ھے : (۱) حاصل مصدر مثلاً *seizure* - (۲) اسم کیفیت جو فعل سے بنا ھو مثلاً *pleasure* - (۳) اسم مجموع مثلاً جماعت مقننہ *legislature* - (۴) محکمہ؛ صیغہ مثلاً صیغہ عدالت *judicature* -

Urea, *n.* : (کیمیا) بولینا ؛ وہ دانہ دار بےرنگ حل پذیر مرکب جو جانوروں (بالخصوص دودھ پلانے والے جانوروں) کے پیشاب میں پایا جاتا ھے -

Uret *suf.* : (کیمیا) لاحقہ جس کی جگہہ اب *ide* آتا ھے دیکھو - ide

Ureter, *n.* : حالب ؛ پیشاب کی نالی؛ وہ نالی جس کے راستے سے پیشاب گردے سے مثانے میں پہنچتا ھے -

ureteritis *n.* : التہاب حالب ؛ پیشاب کی نالی کا ورم اور سوزش -

Urethra, *n.* : مجری البول ؛ وہ نالی جس کے ذریعے سے پیشاب مثانہ سے خارج ھوتا ھے -

urethral, *a.* : مجری البول کا -

urethritis, *n.* : التہاب مجری البول -

urethroseele, *n.* : ورم مجری البول -

urethrotomy, *n.* : جراحی مجری البول ؛ عمل جراحی جو مجری البول پر کیا جائے -

Uretic, *a.* & *n.* : مدر ؛ پیشاب آور (دوا) -

Urge, *v.t.* & *n.* : (۱) (جبر یا تاکید سے) چلانا ؛ آگے بڑھانا ؛ دوڑانا وغیرہ (*urged his horse forward*) - (۲) سخت اصرار یا تاکید سے کہنا ؛ بہت اصرار یا تاکید کرنا ؛ بہت زور دینا (*urged him to actaion*) - (۳) (تجویز) عمل در آمد پر اصرار کرنا - (۴) (منتوں ؛ دلیلوں وغیرہ کی) بھر مار کردینا - (۵) زور دینا ؛ زور کے ساتھہ پیش کرنا ؛ توجہ دلانا - (۶) (ادبی زبان) قوی محرک ؛ لگن؛ شوق -

Urgency, *n.* : (۱) شدت - (۲) نہایت ضروری ھونا ؛ نہایت تاکیدی ھونا - (۳) فوری تعمیل کی ضرورت ؛ نہایت عجلت کی ضرورت - (۴) بے حد اصرار- (۵) (پارلیمنٹ میں کم از کم ۳۰۰ رایوں کے اتفاق سے) کسی معاملے کی ضرورت و اھمیت کا اعلان -

urgent, *a.* : (۱) نہایت شدید ؛ نہایت ضروری ؛ نہایت تاکیدی؛ فوری تعمیل طلب - (۲) بے حد مصر ؛ شدت سے اصرار کرنے والا ؛ پیچھے پڑجانے والا -

Urgently, *adv.* : (۱) نہایت تاکید سے؛ بے حد اصرار سے- (۲) بہت شدت سے- (۳) فوری طور پر ؛ فوری تعمیل طلب حکم کے ذریعے -

Uric, *a.* : بولی؛ پیشاب سے متعلق-

u. acid : ترشۂ بولی ؛ پیشاب کا تیزاب جو عموماً انسان اور چوپایوں کے پیشاب میں کم اور پرندوں اور رینگنے والے کیڑوں کے پیشاب میں زیادہ پایا جاتا ھے -

-Urient : لاحقہ بہ معنی "کرنے والا یا خواھش رکھنے والا" - مثلاً شادی کا خواستگار؛ شادی کرنے والا = *nupturient*

Urim, *n.* *U. & thummim* : دو نا معلوم نوعیت کی اشیا

جن کا ذکر بائبل میں بڑے پجاری کے چار آئینے کے سلسلے میں آیا ھے -

Urinal, *n.* : (۱) پیشاب دان - (۲) پیشاب خانہ - (۳) مریضوں کے لیے پیشاب کرنے کا برتن - (۴) قارورے کی شیشی -

Urinary, *a. & n.* : (۱) بولی ؛ پیشاب سے متعلق (*diseases of u. organs*) - (۲) حوض جس میں پیشاب کھاد کے طور پر جمع کیا جاتا ھے ؛ خزانۂ پیشاب - (۳) (نوج) پیشاب خانوں کا سلسلہ -

Urinate, *v.i.* : پیشاب کرنا -

urination, *n.* : بول؛ تبویل ؛ پیشاب ھونا یا کرنا -

Urine, *n.* : بول ؛ پیشاب ؛ قارورہ -

urinous, *a.* : بولی ؛ پیشاب کا؛ پیشاب کی قسم کا -

Urino- *in comb.* : *urine* بہ معنی "پیشاب" کی ترکیبی صورت -

- *logy* : (طب) مبحث بول ؛ قارورے کی بحث -

- *meter* : بول پیما ؛ وہ آلہ جس سے پیشاب کا ثقل نوعی معلوم کرتے ھیں -

- *metry, n.* : بول پیمائی ؛ وزن بول -

- *scopic, a.* : معائنۂ بول کا -

- *scopy.* : معائنۂ بول؛ قارورے کا امتحان -

Urn, *n. & v.t.* : (۱) ارن ؛ خاک بردار ؛ خاک دان ؛ مرتبان نما ظرف جس میں اگلے زمانے کے لوگ مردوں کی خاک رکھا کرتے تھے یا پیمانے کے طور پر استعمال ھوتا تھا - (۲) (مجازاً) ھر ایسی چیز جس میں مردے یا ان کی کوئی یادگار رکھی جائے؛ قبر - (۳) بڑا چائے دان جس میں چائے گرم رکھتے ھیں -

u.- flower : گل کوزہ ؛ بصلہ دار پودہ جس میں کوزے کی شکل کا پھول لگتا ھے -

urnful, *n.* : چائے دان بھر -

Uro- *in comb.* = *urine* : *urine* بہ معنی " پیشاب " کی ترکیبی صورت -

-logy : (طب) مبحث البول ؛ قارورے کی بحث -

Uro- *in comb.* : لاطینی لفظ *oura* بہ معنی " دم " کی ترکیبی صورت تشریح کی اصطلاحوں میں -

Ursa, n. ستارے کا نام -

u. major : دب اکبر -

u. minor : دب اصغر -

Ursine, *a.* : (۱) ریچھ کا یا ریچھ کی طرح کا ؛ خرسی ؛ خرس نما - (۲) (علم حشرات) خار دار ؛ جن کے جسم پر کانٹے ھی کانٹے ھوں -

ursiform, *a.* : خرس نما -

Ursuline, *a. & n.* : ذن اس جماعت کی جو سنہ ۱۵۳۷ ع میں اس غرض سے قائم کی گئی تھی کہ بیماروں کی تیمار داری اور لڑکیوں کی تعلیم کی خدمت انجام دے -

Urticate, *v. t.* : (۱) بچھوا (پودے) کی طرح ڈنک مارنا - (۲) کسی عضو کو جو سن ھو گیا ھو بچھوا لگانا تاکہ اس میں احساس پیدا ھو -

urtication, *n.* : بچھوا لگا کر احساس پیدا کرنا؛ تہیج بالانجرہ -

Urticaria, *n.* : (علم الامراض) حکۂ انجرہ ؛ بچھوا چھپی ؛ ایک بیماری جس میں جسم پر سرخ چٹھے پڑجاتے ھیں -

Urubu(*oorooboo*), *n.* : امریکہ کا سیاہ رنگ کا گدھ -

Urus, *n.* : (۱) ایک قسم کا جنگلی سانڈ جس کا ذکر سیزر نے کیا ھے - (۲) ارنے بھینسے کو بھی کہا دیتے ھیں -

Us *pl. obj. of I.* (۱) ھمیں ؛ ھم کو - (۲) (شعر و خطابت) اپنے آپ کو -

Usage(*uzij*) *n.* : (۱) سلوک ؛ برتاؤ ؛ استعمال ؛ (*met with harsh u., damaged by rough u.*) - (۲) دستور؛ رواج (۳) (قانون) رواج جو عرصے سے ھو مگر ھمیشہ سے نہ ھو - (*an ancient u.*) -

Usance(*-z-*), *n.* : (تجارت) میعاد ادائگی (غیر ممالک کی ھنڈیوں کی) -

Use, *n.* : (۱) استعمال ؛ کام میں لانا ؛ برتنا یا برتا جانا - (۲) حق استعمال؛ قوت استعمال (*stipulated for the u. of the piano, lost the u. of his right arm*) (۳) فائدہ ؛ نفع ؛ مصرف - (۴) عادت ؛ عادی ھونا (*u. and wont,*) (۵) کسی خاص (*long u. has reconciled me to it*) - (۶) (قانون) کلیسا کی رسوم و عبادات (*anglican u.*) - اس جائداد کے تصرف اور منافع کا حق جو دوسرے کی ولایت یا امانت میں ھو -

Use (*uz*) *v. t. & i.* : (۱) کام میں لانا؛ فائدہ اٹھانا ؛ استعمال کرنا؛ مصرف میں لانا-(۲) صرف کرنا؛ برتنا؛ خرچ کرنا یا ھونا - (۳) چلانا ؛ کام لینا (مشین، آلے یا اوزار سے) - (۴) پیش آنا ؛ سلوک کرنا ؛ برتاؤ کرنا (*used me like a dog*) - (۵) (اب صرف ماضی میں *to* سے پہلے آتا ھے) معمول ھونا ؛ عادت ھونا -

used to : عادی ؛ عادت رکھنے والا -

usable, *a.* : قابل استعمال ؛ قابل صرف ؛ کام لینے کے قابل -

user, *n.* : صرف کرنے والا ؛ استعمال کرنے والا وغیرہ -

Useful(*-s-*) *a.* : (۱) کار آمد ؛ مفید ؛ سود مند ؛ فائدہ مند؛ نافع ؛ نفع بخش - (۲) (عامیانہ) بہت عمدہ ؛ بہت لائق ؛ بہت قابل -

makes himself generally u. : بہت سی مختلف خدمتیں انجام دیتا ھے -

usefully, *adv.* : مفید طریقے سے -

usefulness, *n.* : مفید ھونا؛ فائدہ مندی -

Useless, *a.* : (۱) بے فائدہ ؛ بے کار ؛ غیر مفید ؛ جو کسی کام میں نہ آئے ؛ بے مصرف - (۲) (عامیانہ) سست ؛ جس کی طبیعت نا ساز یا افسردہ ھو (*am feeling u.*) -

uselessly, *adv.* : خواہ مخواہ؛ بے فائدہ؛ غیر مفید طور پر -

uselessness, *n.* : بے فائدہ ھونا -

User, *n.* : (۱) استعمال کرنے والا - (۲) (قانون) کسی فن کا مسلسل استعمال -

right of u. : (۱) حق استعمال - (۲) حقیت پر بنائے استعمال -

Usher, *n. & v. t.* : (۱) نقیب ؛ وہ عہدہ دار جو عدالت کی دربانی کرتا ھے ؛ ٹاؤن ھال میں حاضرین کو ان کی مقررہ جگہوں پر بٹھاتا ھے اور بڑے بڑے امراء و روساء کے آگے آگے چلتا ھے - (۲) (تحقیر کے طور پر) مدرس - (۳) نقیب کی خدمت انجام دینا - (۴) کسی امیر کے آگے آگے نقیب کی طرح چلنا ؛ اندر لے جانا - (۵) (مہمان یا آنے والے کو) پہنچانا -

gentleman u. of the black rod دیکھو black -

ushership, n. : نقیب کا عہدہ -

Usquebaugh, (-kwibaw) *n.* : (۱) وسکی شراب - (۲) آئر لینڈ کا ایک مفرح شربت جو برانڈی سے بنایا جاتا ہے -

Ustulation, *n.* : (۱) نم چیز کو سفوف بنانے کے لیے خشک کرنا - (۲) شراب کو جلانا -

Usual (uzhooal) *a.* : معمولی؛ جو عموماً ہوتا ہو؛ حسب معمول؛ حسب عادت؛ حسب رواج -

usually, *adv.* : معمولاً؛ عموماً؛ عادتاً -

usualness, *n.* : حسب معمول، حسب عادت، حسب رواج ہونا-

Usucaption (-uz-) *n.* : (قانون دیوانی). ملکیت پر بنائے قبضہ؛ وہ حق جو کسی جائداد پر ایک مدت تک مسلسل بلا مزاحمت قابض رہنے کی وجہ سے پیدا ہوجاتا ہے؛ حق تصرف قدیم -

Usufruct (uz-) *n.* & *v. t.* : کسی دوسرے کی جائداد کے منافع سے اس طور پر متمتع ہونے کا حق کہ اصل جائداد کو نقصان نہ پہنچے؛ حق واصلات؛ حق استفادہ -

Usufructuary, *a* & *n.* : حق واصلات یا حق استفادہ رکھنے والا؛ (دیکھو اوپر کا لفظ) -

Usurer (uzher-) *n.* : سود خور؛ بہت بھاری سود لینے والا -

Usurp (uz-) *v. t.* & *i.* : (۱) ناجائز طور پر کسی چیز پر قبضہ کرلینا؛ غصب کرنا؛ دبا بیٹھنا - (۲) (شاذ) نا جائز طور پر مداخلت کرنا -

usurpation, n. : غصب -

usurper, n. : غاصب -

usurpingly, adv. : غاصبانہ -

Usury (uzheri) *n.* : (۱) سود خوری؛ شرح مروجہ خصوصاً شرح قانونی سے بہت زیادہ سود لینا - (۲) (شرح قانونی سے) بہت بھاری سود -

usurious (-z-, -zh-) *a.* : سود خور؛ بہت بھاری سود لینے والا -

usuriously, adv. : (۱) سود خوروں کی طرح - (۲) بہت بھاری سود پر -

usuriousness, n. : سود خوری؛ سود خور ہونا -

Ut (oot) *n.* : (کسی سر گم کا) بنیادی سر -

Ut, adv. : *Ut. infra* : حسب تفصیل ذیل -

ut supra : حسب تفصیل بالا؛ جیسا اوپر دکھایا گیا ہے -

Utensil, *n.* : آلہ، خصوصاً برتن-

kitchen u. : باورچی خانے کے ظروف و آلات؛ برتن وغیرہ -

Uterine, *a.* : (۱) رحم سے متعلق؛ رحمی - (۲) اخیافی؛ سوتیلا؛ سگی ماں مگر سوتیلے باپ کی اولاد (*his u. brother*) -

Uterus, *n.* (pl. -i) : رحم-

uteritis, *n.* : التہاب رحم؛ رحم کا ورم اور سوزش -

Utilitarian, *a* & *n.* : (۱) افادیت کا؛ افادیت سے متعلق؛ افادی - (۲) افادیت پسند؛ افادی -

Utilitarianism, *n.* : (۱) افادیت پسندی؛ غرض پرستی؛ یہ اصول کہ جو کام اپنے لیے مفید ہو وہی اچھا ہے - (۲) (فلسفہ) افادیت؛ افادیت اجتماعی؛ جان اسٹوارٹ مل کا نظریۂ اخلاق جس کی رو سے فعل اخلاقی کا مقصد پوری جماعت یا معاشرے کو فائدہ پہنچانا ہے -

Utility, *n.* : (۱) افادہ؛ مفید ہونا- (۲) مفید چیز؛ فائدہ؛ منفعت- (۳) افادیت (دیکھو اوپر کا لفظ) - (۴) (تھیٹر: نیز *u.-man*) بہت چھوٹے چھوٹے پارٹ کرنے والا ایکٹر -

Utilize, *v. t.* : استفادہ کرنا؛ فائدہ اٹھانا؛ کام میں لانا -

utilizable, *a.* : قابل استعمال؛ کام کا؛ جو کام میں لایا جاسکے -

utilization, *n.* : استعمال؛ کام میں لانا -

Uti possidetis, n. : اصول قبضۂ موجودہ؛ وہ اصول جس کی رو سے لڑائی میں فریقین جن مقامات پر قبضہ کر چکے ہیں ان پر بہ دستور قابض رہتے ہیں؛ (لاطینی فقرہ جس کے معنی "جس طرح تمہارا قبضہ ہے") -

Utmost, *a.* & *n.* : (۱) بعید ترین؛ سب سے دور کی- (۲) انتہائی؛ بے حد؛ پرلے سرے کی - (۳) انتہائی کوشش -

one's u. : اپنی سی؛ ہر امکانی کوشش -

Utopia (u-) *n.* : (۱) یوٹوپیا، ایک کتاب جو سر ٹامس مور نے سنہ ۱۵۱۶ ع میں شایع کی، اس میں ایک فرضی جزیرے کا ذکر ہے جس میں ایک مکمل مثالی تمدنی و سیاسی نظام رائج تھا - (۲) مثالی یا معیاری مقام یا معاشرت -

Utopian, *a.* & *n.* : (۱) یوٹوپیا کا باشندہ - (۲) خیال پرست (بلند خیالات اور پر جوش طبیعت کا غیر عملی شخص)؛ شیخ چلّی-

utopianism, *n.* : خیال پرستی؛ غیر عملی مصلحانہ جوش -

Utricle, *n.* : (۱) خلیہ (جسم حیوانی یا جسم نباتی کا) - (۲) چھوٹی سی تھیلی خصوصاً کان کے اندر کی -

utricular, *a.* : (۱) خلوی- (۲) کان کی تھیلی سے متعلق -

Utter, *a.* : قطعی؛ کلی؛ انتہائی -

u. barrister : چھوٹا بیرسٹر؛ دوسرے درجے کا بیرسٹر جو *K. C.* نہ ہو -

utterly, *adv.* : قطعاً؛ سراسر، بالکل -

uttermost, *a.* : انتہائی -

utterness, *n.* : قطعیت؛ انتہائی ہونا -

Utter, *v. t.* : (۱) چیخ مارنا؛ آہ بھرنا؛ منہہ سے نکالنا - (۲) زبان سے نکالنا؛ زبان یا قلم سے ادا کرنا؛ کہنا؛ لکھنا - (۳) چلانا (نوٹ، جعلی سکہ وغیرہ) -

Utterance, *n.* : (۱) اظہار (الفاظ میں) (*gave u. to his rage*) - (۲) قوت نطق؛ بولنے کی قوت- (۳) الفاظ؛ تقریر (*his pulpit uu.*) -

Utterance, *n.* : *Fight &c. to the u.* (ادبی زبان) آخر دم تک لڑنا -

Uvula, (pl. -ae) : (۱) لہات؛ حلق کا کوا - (۲) مثانے اور دماغ کا نرم لٹکا ہوا گوشت؛ لہات مثانہ؛ لہات مخیخ -

uvular, *a.* : لہاتی -

Uxorious, *a.* : (۱) زن پرست؛ زوجہ پرست؛ جو اپنی بیوی کو حد سے زیادہ چاہتا ہو - (۲) زن مرید -

uxoriously, *adv.* : زن پرستی یا زن مریدی سے -

uxoriousness, *n.* : زن پرستی؛ زن مریدی -

Uzbeg, *n.* : وسطی ایشیا کی ایک ترکی قوم؛ ازبک -

V

V, v, (ve) letter (pl. vs, v's, vees) : (۱)انگریزی حروف تہجی کا بائیسواں حرف جو " واؤ " کی آواز دیتا ہے - (۲) V کی شکل کا جوڑ - (۳) (رومی ہندسوں میں) پانچ کا ہندسہ -

Va (vah) mus. : (موسیقی کی ہدایت) گرتے رہو ؛ جاری رکھو -

va rallentando : آہستہ آہستہ دھیما کرتے رہو -

Vacancy, n. : (۱) خالی ہونا - (۲) خالی الذہن ہونا؛ بےخیالی؛ بے شغلی؛ (دماغ کا) سُتھاپن - (۳) خالی جگہ؛ خالی اسامی -

Vacant, a. : (۱) خالی؛ جس میں کوئی نہ ہو (v. house, compartment) - (۲) خالی ؛ تقرر طلب (v. post) - (۳) کھوکھلا؛ بے مغز ؛ سپاٹ ؛ سُتھا (دماغ) - (۴) بے معنی (v. store, remark) -

vacantly, adv. : بے معنی طور پر -

Vacate, v. t. : خالی کردینا ؛ چھوڑ کر چلا جانا ؛ منسوخ کردینا ؛ فسخ کردینا (قانون ، معاہدہ وغیرہ) -

Vacation, n. : (۱) خالی کرنا یا کیا جانا - (۲) تعطیل؛ چھٹی -

Vaccinate, v. t. : (۱) چیچک کا ٹیکا لگانا ؛ چیچک کی ویکسین کا ٹیکا لگانا - (۲) کسی اور ویکسین کا ٹیکا لگانا -

vaccination, n. : ٹیکا لگانا یا لگنا -

vaccinationist, n. : چیچک کا ٹیکا جبراً لگانے کا حامی -

vaccinator, n : ٹیکے واڑ ؛ ٹیکا لگانے والا -

Vaccine, a. & n. : (۱) گائے کے متعلق ؛ گائے کا - (۲) چیچک کا - (۳) چیچک وغیرہ کے ٹیکے کا - (۴) کسی بیماری،خصوصاً چیچک کا خاص تدبیر سے تیار کیا ہوا زہریلا مادہ جس کا ٹیکا لگانے سے انسان اس بیماری سے محفوظ رہتا ہے ؛ ویکسین -

bovine v. : گائے سے حاصل کی ہوئی ویکسین -

humanized v. : انسان کی چیچک سے حاصل کی ہوئی ویکسین -

vaccinal, vaccinic, aa. : (۱) ویکسینی ؛ ویکسین کا - (۲) ٹیکے کا -

Vaccinia, n. : (طب)مصنوعی چیچک جو ٹیکا لگانے سے پیدا ہوتی ہے -

Vacillate, v. i. : (۱) ادھر ادھر ہلنا ؛ جھولنا ؛ ڈگمگانا - (۲) پس و پیش کرنا ؛ مذبذب ہونا - (۳) بار بار رائے بدلنا ؛ متلون ہونا -

vacillatingly, adv. : حیص بیص میں؛ پس و پیش کرتے ہوئے -

vacillation, n. : (۱) حیص بیص ؛ پس و پیش ؛ تذبذب - (۲) تلون -

Vacuole, n. : خلّل ؛ کسی عضو میں باریک جوف جس میں ہوا یا سیال شے ہو -

vacuolar, vacuolate, aa. : (۱) خلّل کا - (۲) خلّل دار -

Vacuous, a. : (۱) خالی ؛ جس میں خلا ہو - (۲) کھوکھلے دماغ کا ؛ بے مغز (v. stare,) - (۳) بے معنی (a v. fellow) -

vacuity, vacuousness, nn. : (۱) خالی ہونا - (۲) بے مغزی - (۳) بے معنی ہونا -

Vacuum, n. (pl. -ums,-a) : (۱) خلا؛ وہ جگہ جو مادے سے مطلقاً خالی ہو - (۲) وہ ظرف یا مکان جس سے ہوا کش کے ذریعے ہوا نکال لی گئی ہو (۳) (بے جا استعمال) ہوا کے دباؤ کا طبعی حد سے کم ہونا -

Guerickian v. : خلا جو ہوا کش سے پیدا کیا جائے -

Torricellian v. : خلا جو پارے کے پمپ سے پیدا کیا جائے -

v. brake : خلا روک ؛ جس سے ریل گاڑی کو روکتے ہیں -

v. cleaner : گرد کش ؛ آلہ جو ہوا کے ساتھ گرد کو بھی کھینچ لیتا ہے -

v. flask : خلا بوتل ؛ دھری بوتل جس کے دونوں حصوں کے بیچ میں خلا ہوتا ہے جس کی وجہ سے اندر کے حصہ میں جو چیز ہو وہ گرم یا ٹھنڈی رہتی ہے -

v.-gauge : خلا کا بار پیما -

v.-tube : خلا نلکی ؛ جو ہوا سے بالکل خالی کرکے سربہ مہر کردی گئی ہو -

Vade-mecum, n. : (۱) کوئی کتاب (مثلاً دستور العمل وغیرہ) جو ہمیشہ ساتھ رہتی ہو - (۲) رفیق (کتابوں کے نام کا جز) -

Vae victis, (int.) : وائے بر حال مفتوح (یعنی فاتح اس سے بہت بری طرح پیش آئے گا) -

Vagabond, a., n. & v.i. : (۱) خانہ بدوش - (۲) جو مارا مارا پھرے؛ آوارہ - (۳) سیلانی ؛ چلنے پھرنے والی (مکڑی) - (۴) آوارہ گرد- (۵) (عامیانہ) بدمعاش ؛ لچا -

vagabondage, n. : (۱) آوارگی ؛ آوارہ گردی - (۲) آوارہ گرد لوگ -

vagabondish, a. : (۱) آوارہ گرد ؛ آوارہ مزاج- (۲) آوارگی کا ؛ آوارہ گردوں کا -

vagabondism, n. : آوارگی ؛ آوارہ گردی -

vagabondize, v.i. : (۱) آوارہ گردی کی زندگی بسر کرنا - (۲) مارا مارا پھرنا -

Vagary, n. : (۱) خیال پریشاں ؛ وہم ؛ بے سروپا خیال - (۲) من کی موج ؛ لہر - (۳) انوکھی حرکت ؛ اپج کی حرکت -

Vagina (-j-), n. : (۱) نیام ؛ غلاف - (۲) (تشریح) فرج - (۳) (نباتیات) غلاف جو اس مقام پر بن جاتا ہے جہاں پتیاں تنے سے ملتی ہیں -

vaginal, a. : (۱) فرج کا - (۲) غلاف نما -

vaginate (d) a. : غلاف دار -

vaginitis, n. : التہاب فرج -

vaginotomy, n. : فرج کا عمل جراحی -

Vagrant, a. & n. : (۱) سیلانی ؛ خانہ بدرش ؛ خانہ بدوشانہ ، سفری ؛ دورہ کرنے والا - (۲) پریشان خیال؛ منتشر (دماغ) ؛ پریشان ؛ بے سروپا (خیالات) -

vagrancy, n. : (۱) آوارہ گردی- (۲) آوارہ گرد لوگ -

vagrantly, adv. : (۱) سیلانیوں کی طرح - (۲) آوارہ گردوں کی طرح -

Vague (-g-) a. : (۱) غیر واضح ؛ دھندلا - (۲) مبہم ؛ مگہم ؛ گول مول - (۳) کھویا ہوا ؛ پراگندہ دماغ - (۴) دھندلے خیالات رکھنے والا ؛ مگہم بات کہنے والا -

vaguely, adv. : (۱) غیر واضح طور پر ؛ مبہم طور پر - (۲) مگہم الفاظ میں ؛ گول مول الفاظ میں -

vagueness, n. : (۱) غیرواضح ہونا؛ دھندلا ہونا؛ ابہام؛ مگہم پن - (۲) کھویا ہوا ہونا ؛ پراگندہ دماغی -

Vail, v.t. & i. : (۱) (قدیم و شعر) (طرے ، تاج وغیرہ کو) اتھوار

اطاعت کے لیے جھکانا یا اتارنا - (۲) تعظیم کے لیے ٹوپی اتارنا؛ سر جھکانا -

Vail, *n.* : (۱) انعام؛ بخشش - (۲) کسی ناجائز کام کا انعام -

Vain, *a.* : (۱) بے بنیاد؛ خالی خرلی؛ بے حقیقت؛ (*v. boasts,* *v. triumph*) - (۲) جزوی؛ بہت خفیف یا معمولی (*v. distinctions*) - (۳) بے فائدہ؛ بے نتیجہ؛ لاحاصل؛ فضول - (۴) خود پسند؛ خود نما؛ جسے اپنی خوبصورتی یا لیاقت پر حد سے زیادہ ناز ہو -

in vain : بے فائدہ -

take person's name in v. : دیکھو Take -

vainglorious, a. : شیخی باز -

vaingloriously, adv. : شیخی سے -

vaingloriousness, n. : شیخی بازی -

vainglory : شیخی؛ لاف زنی -

vainly, *adv.* : (۱) بے فائدہ - (۲) خود پسندی سے؛ خود نمائی سے -

vainness, *n.* : (۱) بے فائدہ ہونا - (۲) بے بنیاد یا بے حقیقت ہونا -

Vair, *n.* : (نقابت) چھوٹی چھوٹی سپر نما شکلوں کا سلسلہ جو باری باری سے نقرئی اور لاجوردی رنگ کی ہوتی ہیں -

Vaisya, *n.* : ویش؛ ہندوؤں کی چار ذاتوں میں سے تیسری ذات جس میں دکاندار اور کاشتکار شامل ہیں -

Vakeel, -il (-el) *n.* : (۱) نمائندہ؛ سفیر؛ وکیل - (۲) (ہندوستان) وکیل؛ پلیڈر -

Valance, Valence, *n.* : (۱) ایک قسم کا منقش کپڑا جو گدیوں کے غلاف اور پردوں وغیرہ کے لیے استعمال ہوتا ہے - (۲) مسہری کا پردہ -

valanced, a. : جس میں پردے لٹکے ہوں -

Vale, *n.* : (۱) وادی؛ گھاٹی (اب اس معنی میں صرف شعر میں یا مقامات کے ناموں میں استعمال ہوتا ہے) - (۲) پرنالہ یا نالی جس میں بدرو وغیرہ کا پانی گر کر بہتا ہے -

Vale, *int. & n.* : خیر باد؛ الوداع؛ خدا حافظ -

Valediction, *n.* : (۱) خدا حافظ کہنا؛ الوداع کہنا - (۲) الوداعی الفاظ؛ رخصتی الفاظ -

Vermouth (-ooth) *n.* : شراب افسنتین؛ ایک قسم کی شراب جس میں افسنتین ملا کر تلخی پیدا کی جاتی ھے -

Vernacular, *a.* & *n.* : (۱) ملکی ؛ دیسی (زبان لفظ وغیرہ) - (۲) مقامی ؛ مختص المقام (بیماری) ؛جو کسی خاص خطے میں محدود ہو - (۳) دیسی زبان -

vernacularism, *n.* : دیسی زبان کا محاورہ یا لفظ -

vernacularity, *n.* : (۱) دیسی پن - (۲) مقامی ہونا (بیماری کا) -

vernacularize, *v. t* : دیسی بنانا ؛ دیسی زبان کے سانچے میں ڈھالنا ؛ دیسی زبان میں منتقل کرنا -

vernacularization, *n.* : دیسی بنانا یا بنایا جانا ؛ دیسی زبان میں منتقل کرنا یا کیا جانا -

vernacularly, *adv.* : دیسی زبان کے محاورے کے مطابق ؛ دیسی زبان میں -

Vernal, *a.* : بہاری ؛ موسم بہار کا -

v. breezes : باد بہاری -

v. equinox : دیکھو Equinox -

v. fever : فصلی بخار ؛ ملیریا -

vernally, *adv.* : موسم بہار میں ؛ موسم بہار کی طرح-

Vernation, *n.* : (نباتیات) اوراق کی ساخت یا ترتیب ؛ موسم بہار میں شگوفے کے اندر اوراق کا بننا -

Vernier, *n.* : خرد پیما ؛ چھوٹا متحرک پیمانہ جسے (theodolite) وغیرہ کے ساتھ اس کے چھوٹے چھوٹے حصوں کی پیمائش کے لیے لگا دیتے ھیں -

Veronal, *n.* : افیون گھولنے کی پیالی -

Veronese(-ez), *a.* & *n.* : (۱) ویرونا کا - (۲) ویرونا کا باشندہ -

Veronica, *n.* : (۱) ویرونکا ؛ ایک قسم کی بوٹی جس میں نیلے ارغوانی گلابی اور سفید پھول لگتے ھیں - (۲) رومال جس سے مقدس ویرونکا نے حضرت مسیح کا پسینہ پونچھا تھا اور جس پر خدا کی قدرت سے مسیح کی تصویر بن گئی تھی - (۳) کوئی رومال جس پر مسیح کی تصویر ہو -

Verricule, *a.* : (حشراتیات) گھنے کھڑے بالوں کا گچھا -

verriculate, *a.* : گچھے دار -

Verruca, *a.* : (سرضیات ؛ حیوانیات ؛ نباتیات) مسا -

verruciform, *a.* : مسے کی شکل کا -

verrucose, verrucous, verruculose, *aa.* : مسے دار-

Versant, *n.* : ڈھلواں خطہ ؛ ڈھلواں زمین ؛ڈھال -

Versatile, *a.* : (۱) ھمہ گیر ؛ بہت سے کاموں کی صلاحیت رکھنے والا ؛ بہت سے علوم و فنون یا کمالات پر حاوی (ذھن ؛ طبیعت) - (۲) قلابے پر گھومنے والا ؛ پھرنے والا - (۳) (نباتیات ؛ حیوانیات) آویزاں ؛ کسی چیز کے سہارے اٹکا ہوا اور آسانی سے پھرنے والا - (۴) متلون؛ غیر مستقل ؛ نا پائدار -

versatilely, *adv.* : ھمہ گیری سے -

versatility, *n.* : ھمہ گیری -

Verse, *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) مصرعہ (کسی خاص بحر کا) - (۲) نظم کا ٹکڑا ؛ بند ؛ قطعہ وغیرہ - (۳) نظم ؛ نظم کی کوئی خاص قسم ؛ بحر - (۴) (انجیل یا کسی اور مقدس کتاب کا) جملہ ؛ آیت ؛ اشلوک وغیرہ - (۵) مذھبی دعا کا فقرہ - (۶) مناجات یا بھجن کا وہ ٹکڑا جو ایک شخص کے گانے یا ایک باجے پر بجانے کا ہو - (۷) نظم میں ادا کرنا ؛ نظم کہنا-

blank v. : دیکھو Blank -

cap vv. : بیت بازی کرنا -

society v. : دیکھو Society -

v.-monger : تک بند ؛ قافیہ پیما -

v.-mongering : تک بندی -

verselet, *n.* : چھوٹا سا مصرعہ یا بند -

Verse de societe = *Society verse* : دیکھو Society -

Versed, *a.* : (۱) مشاق ؛ ماہر ؛ تجربہ کار - (۲) معکوس -

v. sine : دیکھو Sine -

Verset, *n.* : (موسیقی) ابتدائی نغمہ یا درمیانی نغمہ جو ارگن باجے پر بجایا جائے -

Versicle, *n.* : چھوٹا سا بند ' خصوصاً مناجات کے بندوں میں سے ایک جنھیں پادری اور حاضرین باری باری سے گاتے ھیں -

Versicolour(ed), *aa.* : (۱) بہو رنگی ؛ رنگ برنگ کا؛گونا گوں- (۲) مختلف قسم کی روشنی میں مختلف رنگ بدلنے والا -

Versicular, *a.* : مصرعہ وار -

v. division : مصرعہ وار تقسیم -

Versify, *v. t. & i.* : (۱) (نثر کے مضمون کو) نظم کرنا ؛ نظم میں ادا کرنا - (۲) نظم کہنا ؛ شعر کہنا -

versification, *n.* : نظم گوئی ؛ قافیہ پیمائی -

versifier, *n.* : نظم گو ؛ نظم کہنے والا؛ قافیہ پیما -

Version, *n.* : (۱) ترجمہ (کتاب ' عبارت وغیرہ کا) - (۲) ترجمے کی مشق ؛ مشقی ترجمہ (جومدرسےمیں‌کرایاجاے) - (۳) بیان؛ روایت (کسی واقعے کی کسی خاص شخص کے نقطۂ نظر سے)- (۴) (ولادت کے وقت دائی کا بچے کو رحم کے اندر) سیدھا کرنا ' ٹھیک کرنا -

Authorized *V.* : (مخفف *A. V.*) انگریزی میں بائبل کا مستند ترجمہ (سنہ ۱۶۰۴ تا ۱۶۱۱ کا) -

Revised *V.* : (مخفف *R. V.*) نظر ثانی شدہ ترجمہ (۱۸۷۰ تا ۱۸۸۴) -

versional, *a.* : (۱) ترجمے کا - (۲) بیان یا روایت کا -

Vers libre(F), *n.* : آزاد نظم (جس میں ملی جلی بحریں ھوں یا عروض کے قواعد کی پابندی نہ کی جاے) -

Verso, *n.* (*pl.-os*) : (۱) (کتاب کا) بائیں ھاتھہ کا صفحہ - (۲) (سکے کی) پشت -

Verst, *n.* : ورست ؛ روس کا مسافت کا پیمانہ جو تقریباً دو تہائی میل کے برابر ھوتا ھے -

Versus, *prep.* : (۱) (قانون) بنام ؛ بہ مقابلہ (*Jones V. Smith*) - (۲) مقابلے میں ؛ خلاف ' مقابل -

Vert, *n.* : (۱) (قانون ؛ تاریخ) اشیائے سبز ؛ جنگل کی کل چیزیں جن میں سبز پتے ھوں - (۲) اشیائے سبز کے کاٹنے کا حق - (۳) (نقابت) نشان کا سبز رنگ اور بند کیاں -

Vert, *n.& v. i.* (*colloq*) : (۱) (بول چال) نو ایمان ؛ وہ شخص جو کسی مذھب خصوصاً کیتھولک عیسائیت میں داخل ھو - (۲) مرتد ؛ وہ شخص جو کسی مذھب خصوصاً کیتھولک عیسائیت کو ترک کرے - (۳) تبدیل مذھب کرنا -

Vertebra, *n.* (pl. -ae) : ریڑھ کی ھڈی کا ھر جوڑ ؛ فقرہ -

false v. : فقرہ غیر حقیقی ؛ ساکن جوڑ -

true v. : فقرہ حقیقی ؛ متحرک جوڑ -

vertebral, *a.* : فقری ؛ ریڑھ کی‌ھڈی کا یا اس کے قریب کا ؛ جس میں فقرے ھوں -

vertebrally, *adv.* : فقروں کے ذریعے -

vertebro- comb. : *vertebra* کی ترکیبی شکل -

Vertebrate, (-at) *a. & n.* : (۱) فقرہ دار ؛ جس میں فقرے ھوں - (۲) فقاری ؛ ریڑھ کی ھڈی والا جانور (پرند ' مچھلی ' دودھ پلانے والا جانور) -

Vertebrata : فقاریہ ؛ ریڑھ کی ھڈی والے جانوروں کا خاندان -

vertebrated, *a.* : فقرہ دار ؛ ریڑھ کی ھڈی والا -

Vertebration, *n.* : فقاری تقسیم ؛ فقرات کی ساخت یا تقسیم -

Vertex, *n.* (pl. usu.-ices) : (۱) سب سے بلند حصہ یا نقطہ؛ چوٹی ؛ اوپر کا سرا - (۲) (ھندسہ) (مثلث وغیرہ کا) راس ؛ دو خطوط کے ملنے کا نقطہ - (۳) (تشریح) قلہ راس ؛ چندیا -

Vertical, *a.* : (۱) چوٹی کا ؛ سب سے اوپر کے سرے کا ؛ راس کا - (۲) (ھئیت) سمت الراس کا ؛ سمتیہ - (۳) عمودی؛سطح افق سے زاویہ قائمہ بنانے والا ؛ قائم؛ کھڑا -

v. angles : وہ زاویے جو دو خطوط کے تقاطع سے بالمقابل بنتے ھیں ؛ مقابل زاویے -

v. circle : دائرۂسمتیہ؛ ان‌عظیم‌الشان (نیز *azimuth-circle*) دائروں میں سے ایک جو افق پر عموداً واقع ھیں -

v. fins : مچھلی‌کےکھڑےپرجو پشت ' میزر اور دم پر ھوتے ھیں -

v. plane : سطح‌عمودی (جو سطح افق سے زاویہ قائمہ‌بناتی ھو) -

verticality, *n.* : عمودیت ؛ عمودی ھونا -

vertically, *adv.* : (۱) عموداً ؛ عمودی حالت میں - (۲) کھڑی لکیریں اوپر یا نیچے ' خط عمودی میں -

Verticil, *n.* : (نباتیات ؛ حیوانیات) حلقہ (ان حصوں میں سے ایک جو کسی محور کے گرد پھیلے ھوتے ھیں) -

verticillate (d), *aa.* : حلقہ دار -

verticillately, *adv.* : حلقہ وار ؛ حلقوں میں -

Vertigo, *n.* : گھمیر ؛ گھمنی ؛ چکر ؛ دوران سر ؛ سر گھومنا -

essential v. : اصلی دوران سر ؛ جس کا بظاھر کوئی سبب نہ ھو -

objective v. : خارجی دوران سر ؛ جس میں گرد و پیش کی سب چیزیں گھومتی ھوئی معلوم ھوتی ھیں -

subjective v. : داخلی دوران سر ؛ جس میں مریض کو محسوس ھوکہ وہ خود گھوم رھا ھے -

vertiginous, *a.* : (۱) گردش کناں ؛ چکر کھاتا ھوا - (۲) مبتلائے دوران سر - (۳) دوران سر پیدا کرنے والا ؛ جس سے سر میں چکر آجائے -

vertiginously, *adv.* : (۱) چکر کھاتے ھوئے - (۲) دوران سر کی حالت میں ؛ دوران سر کے ساتھہ -

vertiginousness, *n.* : (۱) دوران کی کیفیت یا حالت - (۲) گردش کی حالت -

Vertu, : دیکھو Virtu -

Verulamian (-roo-) *a.* : (۱) فرانسیس بیکن کا (بیکن انگلستان کا مشھور عالم تھا جس نےسنہ ۱۶۲۶ ع میں وفات پائی- اس کا خطاب *Baron Verulam* تھا)- (۲) شہر سینٹ ایلبنس (*St. Albans*) کا -

Vervain, *n.* : ایک قسم کی خود رو گھاس جس میں نیلے ' سفید اور ارغوانی پھول ھوتے ھیں؛ زمانۂ قدیم میں بطور تعویذ استعمال ھوتی تھی -

Verve (varv), *n.* : جوش ' زور (ادبی کاموں یا حسن کاری (آرٹ) میں) -

Vervet, *n.* : جنوبی افریقہ کا چھوٹا بندر (جسے دستی ارگن بجاکر بھیک مانگنے والے اپنے ساتھہ رکھتے ھیں) -

Very, *a. & adv.* : (۱) حقیقی ؛ محض ؛ (*v. God,*) (۲) عین ؛ خاص؛ ٹھیک ؛ (*my v. son, from v. shame*) (*this is the v. spot I found it on, grieves me to*

drank) بالکل (۳) - *the v. heart, this v. minute,*) *it to the v. dregs, the v. last minute,* (*a v. dazzling* ؛ نہایت؛ بہت؛ بھی (۴) - *your v. own*) *effect. the effect was v. dazzling, I was v.* - (*pleased, v. easy, not v. much use*)

v. well : (رضا مندی یا پسندیدگی کے موقع پر) بہت اچھا ؛ بہت خوب -

Very, *n. attrib.* : (بلا طور صفت) ویری کا ؛ ویری کا بنایا ہوا -

S. W. Very : موجد کا نام -

V. light : روشنی جس سے جہاز رات کے وقت ایک دوسرے کو اشارہ کرتے ہیں -

V. pistol : پستول کی شکل کا لیمپ جس کی روشنی سے اشارہ کرتے ہیں -

Vesica, *n.* : (۱) (تشریح) مثانہ؛ پیشاب کا پھکنا - (۲) (نباتیات) چھوٹا پھکنا جو بعض پتیوں میں ہوتا ہے - (۳) (نیز *v. piscis*) مچھلی کا پھکنا - (۴) (قرون وسطی کی تصویروں اور مجسموں میں) بیضاوی ہالا -

vesical, *a.* : پھکنے کا ؛ مثانے کا -

vesico- *comb.* : *Vesica* کی ترکیبی صورت -

vesicocele, *n.* : فتق مثانہ -

vesicotomy, *n.* : مثانے کا عمل جراحی -

Vesicate, *v. t.* : (۱) آبلے ڈالنا ؛ چھالے ڈالنا - (۲) آبلے پڑجانا -

vesicant, *a.* ; (۱) آبلے ڈالنے والا؛ جس سے آبلے پڑجائیں - (۲) آبلے ڈالنے والی چیز -

vesication, *n.* ; آبلے ڈالنا یا آبلے پڑنا -

vesicatory, *a.* : آبلے ڈالنے والا -

Vesicle, *n.* : (تشریح ؛ نباتیات؛ ارضیات) چھوٹا پھکنا ؛ بلبلہ (آبلے کی شکل کی چیز جس میں رطوبت یا ہوا بھری ہو) -

vesicular, vesiculate, *aa.* : (۱) چھوٹے پھکنے یا بلبلے کی شکل کا ؛ بلبلہ نما - (۲) بلبلہ دار -

vesiculation, *n.* : بلبلوں کا سلسلہ -

vesiculiferous, *a.* : جس میں چھوٹے پھکنے یا بلبلے ہوں ؛ بلبلہ دار -

vesiculiform, *a.* : بلبلہ نما -

vesiculo- *comb.* : *vesicle* کی ترکیبی صورت -

vesiculose, *a.* : بلبلہ دار -

vesiculous, *a.* : بلبلہ دار -

Vesper, *n.* : (۱) (بڑے حرف سے) زہرہ ؛ شام کا تارہ - (۲) (شعر) شام - (۳) (جمع) شام کی عبادت ؛ عبادت کے سات مقررہ گھنٹوں میں سے چھٹا گھنٹا (کیتھولک اور یونانی کلیسا کا) -

Sicilian Vv. : سنہ ۱۲۸۲ ع میں سسلی میں فرانسیسیوں کا قتل عام جو شام کی عبادت کے وقت شروع ہوا -

V.-bell : ناقوس شام ؛ شام کی نماز کی گھنٹی -

Vespertine, *a.* : (۱) شام کا؛ جو شام کے وقت کیا جائے - (۲) (نباتیات) شامیا؛ شام کو کھلنے والا (پھول) - (۳) (حیوانیات) شام پرواز؛ شام کے وقت اڑنے والا (پرند) - (۴) (ہئیت) شام کے وقت ڈھل کر افق پر آنے والا -

Vespiary, *n.* : بھڑوں کا چھتا -

Vespine, *a.* : بھڑوں کا -

vespiform, *a.* : بھڑ کی شکل کا -

Vessel, *n.* : (۱) ظرف ؛ برتن (خصوصاً سیال شے رکھنے کا) - (۲) جہاز ؛ بڑی کشتی یا ناو - (۳) (تشریح) عرق ؛ رگ ؛ مجری ؛ نالی - (۴) (نباتیات) ظرف؛ خلیوں کی نالی جس میں رس گردش کرتا ہے - (۵) (بائبل کی تلمیح اور مزاحیہ) پیکر ؛ کسی روحانی صفت کا حامل -

chosen v. : برگزیدۂ اللہ کار -

vv. of wrath. : پیکر غضب ؛ پیکر غصہ -

weaker v. : پیکر ضعیف ؛ عورت -

vesselful, *n.* : ظرف بھر ؛ برتن بھر -

Vest, *n.* : (۱) (دوکانداروں کی اصطلاح) واسکٹ؛ صدری - (۲) (نیز *underv.*) بنیان ؛ زیر جامہ - (۳) عورتوں کے گون کا گریبان (حرف V کی شکل کا) -

v.-pocket : (۱) صدری کی جیب - (۲) (بلا طور صفت) جیبی سائز کا (کیمرا ، پلیٹ وغیرہ) -

vesting, *n.* : واسکٹ کا کپڑا -

Vest, *v. t. & i.* : (۱) عطا کرنا؛ دینا (اختیارات ، جائداد وغیرہ) - (۲) (شعر) پہنانا (لباس) -

be vested with : حاصل کرنا ؛ پانا -

vested rights, estate : مستقل حقوق؛ مستقل جائداد -

v. in : (۱) (کسی شخص کو جائداد وغیرہ) مستقل طور پر عطا کرنا - (۲) (جائداد وغیرہ) کسی کے قبضے میں مستقل طور پر جانا -

Vesta, *n.* : (۱) (بڑے حرف سے) (رومی دیومالا) آتشدان کی دیوی - (۲) (ہئیت) وستا ؛ ایک سیارچہ جو سنہ ۱۸۰۷ ع میں دریافت ہوا -

fusee v. : خاص قسم کی مومی دیاسلائی جو تیز ہوا میں بھی جلائی جاسکتی ہے -

wax v. : مومی دیا سلائی جسے رگڑ کر جلاتے ہیں -

Vestal, *a. & n.* : (۱) رومیوں کی دیوی وستا کے متعلق - (۲) وستا کے نام کی کنواریوں کے متعلق -

v. virgin : (۱) وستا کے نام کی کنواری ؛ ان عورتوں میں سے ایک جو عمر بھر دوشیزہ رہنے کا عہد کرتی تھیں اور اس آگ کی محافظ ہوتی تھیں جو اس دیوی کی قربان گاہ پر ہر وقت جلتی رہتی تھی - (۲) پاک دامن عورت - (۳) نن ؛ راہبہ -

Vestibule, *n.* : (۱) ڈیوڑھی ؛ پیش دالان ؛ غلام گردش (بیرونی دروازے سے متصل جس میں سے دوسرے کمروں میں جانے کا راستہ ہوتا ہے) - (۲) گرجے وغیرہ کی برساتی؛ پیش دھلیز- (۳) (امریکا *v. train*) گلیاری ریل ؛ جس میں ایک سرے سے دوسرے سرے تک جانے کا راستہ رکھتے ہیں - (۴) (تشریح) دھلیز ؛ وہ خانہ جو اور خانوں سے متصل ہوتا ہے -

v. of the ear : دھلیز اذن ؛ دھلیز گوش؛ کان کے اندرونی چکر کا بیچ کا خانہ -

vestibular, *a.* : ڈیوڑھی کا ؛ دھلیز کا؛ ڈیوڑھی یا دھلیز کا کام دینے والا -

vestibulate, *a.* : ڈیوڑھی یا دھلیز کی شکل کا ؛ دھلیز نما -

vestibuled, *a.* : دهلیز دار ؛ ڈیوڑھی دار -

Vestige, *n.* : (۱) نشان قدم - (۲) (مجازاً) نشان؛ آثار؛ علامت؛ شائبہ - (۳) (بیشتر استعمال حرف نفی کے ساتھ) ذرہ ؛ خفیف مقدار - (۴) (حیاتیات) عسن ؛ وہ عضو یا جز جو سلسلہ ارتقا کے نیچے جانوروں میں مکمل صورت میں موجود تھا اور اونچے جانوروں یا انسان کے جسم میں ناقص صورت میں باقی ہے اور بیکار ہے (*the v. of a tail in human body*) ۔

vestigial, vestigiary, *aa.* : (۱) بقیہ؛ جو گزری ہوئی چیز کے نشان کے طور پر باقی ہو - (۲) (حیاتیات) عسنی -

Vestiture (-tsher), *n.* : (حیوانیات) بال ' کھپرے وغیرہ جن سے کوئی سطح ڈھکی ہوئی ہو -

Vestment, *n.* : (۱) پوشاک ؛ خصوصاً منصبی لباس ' رسمی لباس - (۲) پادری یا گرجا کے سرود خوان بچوں کا چوغہ - (۳) قربان گاہ کی چادر -

Vestry, *n.* : (۱) گرجے کا توشہ خانہ ؛ وہ کمرہ جس میں کپڑے رکھے رہتے ہیں اور پہنے جاتے ہیں - (۲) غیر مقلدوں کے گرجے کا عبادت خانہ - (۳) (نیز *common, general, ordinary, v.*) کلیسائی حلقے کے محصول دھندگان یا ارکان ؛ ارکان حلقہ - (۴) (نیز *select v.*) کلیسائی حلقے کے نمائندوں کی مجلس ؛ مجلس حلقہ - (۵) دفتر مجلس حلقہ -

v. - clerk : محرر مجلس حلقہ -

vestryman : رکن مجلس حلقہ -

vestral, *a.* : (۱) توشہ خانہ کلیسا کا - (۲) مجلس حلقہ کلیسا کا -

Vestrydom, *n.* : مجلس حلقۂ کلیسا کی ناقص حکومت -

Vesture (-tsher) *n.* & *v. t.* : (۱) (شعر؛ خطابت) پوشاک ؛ لباس ؛ جامہ - (۲) غلاف فرش وغیرہ - (۳) لباس پہنانا -

Vesturer, *n.* : (۱) گرجا کے توشہ خانے کا داروغہ - (۲) بڑے یا چھوٹے گرجا کا نائب خازن -

Vesuvian, *a.* & *n.* : (۱) (اطالیہ کے آتش فشاں پہاڑ) ویسوویس کا - (۲) آتش فشانی؛ کوہ آتش فشاں کا - (۳) (اسم) ایک قسم کی مومی دیا سلائی جو رگڑ کر سلگائی جاتی ہے - (۴) (نیز *vesuvianite*) ایک بادامی یا سبز معدنی شے جو سب سے پہلے کوہ ویسوویس پر پائی گئی تھی -

Vet, *n.* & *v. t.* : (بول چال) = Veterinary

Vetch, *n.* : ویچ ؛ ایک قسم کا پھلی دار پودا جو خود رو بھی ہے اور کاشت بھی کیا جاتا ہے ' عموماً چارے کے طور پر استعمال ہوتا ہے (دیکھو - *common v. = tare*) -

Vetchling, *n.* : ویچ (*vetch*) کی قسم کا پودا -

Veteran, *a.* & *n.* : (۱) کارآزمودہ ؛ پرانا اور تجربہ کار ؛ جنگ آزمودہ سپاہی - (۲) کارآزمودہ لوگوں کا ؛ تجربہ کار سپاہیوں کا (*v. service, v. troops.*) -

veteranize, *v. t.* : تجربہ کار بنانا ؛ جنگ آزمودہ بنانا -

Veterinary, *a.* & *n.* : بیطاری کا ؛ جانوروں کے علاج کا -

v. science : بیطارکا -

v. surgeon : بیطاری ؛ سالوتری -

veterinarian, *n.* : (۱) بیطاری کا - (۲) بیطار ؛ سالوتری -

Veto, *n.* (.pl. -oes) & *v. t.* : (۱) حق نا منظوری (فرمانروا صدر دارالامرا وغیرہ کا یہ حق کہ کسی قانون کے نفاذ کو نا منظور کردے) - (۲) حکم نامنظوری - (۳) ممانعت - (۴) نا منظوری کردینا؛ ممانعت کردینا -

suspensory v. : حق التوا -

vetoist, *n.* : حامی حق نامنظوری -

Vettura, (-oora) *n.* (pl. - re, pron. - ra) : (اطالوی) بگھی ؛ چار پہیوں کی گاڑی جو اطالیہ میں استعمال ہوتی ہے -

Vex, *v. t.* : (۱) تنگ کرنا ؛ دق کرنا ؛ پریشان کرنا - (۲) (قدیم) آزردہ کرنا ؛ رنج پہنچانا - (۳) (شعر ؛ خطابت) (سمندر میں) تلاطم پیدا کرنا -

a vexed question : معرکۃالآرا مسئلہ جس پر بہت بحث ہوتی ہو -

vexing : دق کر دینے والا ؛ تکلیف دہ -

vexedly, *adv.* : دق ہوکر؛ تنگ آکر -

vexingly, *adv.* : دق کرنے کے طور پر ؛ تکلیف دہ طریقے سے -

Vexation, *n.* : (۱) دق کرنا ؛ دق ہونا - (۲) مقدمہ بازی کرکے ناک میں دم کردینا - (۳) کوفت؛ پریشانی کی حالت - (۴) تکلیف دہ چیز ؛ تکلیف ؛ پریشانی -

vexatious, *a.* : تکلیف دہ -

vexatiously, *adv.* : تکلیف دہ طور پر -

vexatiousness, *n.* : تکلیف دہ ہونا -

Vexillum, *n.* (pl. -a): (۱) (قدیم روما) نشان دستہ؛ فوج کے ایک دستے کا جھنڈا - (۲) سپاہی جو ایک جھنڈے کے نیچے ہوں؛ دستہ - (۳) (نباتیات) (نیز *vexil, n.*) علم؛ لوا ؛ تیتری نما پھول کی اوپر کی بڑی پنکھڑی - (۴) پرندوں کے پر کا پھیلاؤ ؛ پنکھہ - (۵) (کلیسا) اسقف کے عصا کا ٹیکا ؛ جھنڈا یا صلیب جو جلوس کے ساتھہ ہو -

vexillar (y) *aa.* : علم کا ؛ ٹیکے کا -

vexillate, *a.* : پنکھہ نما -

Via, *n.* & prep. : (۱) (لاطینی زبان میں) راستہ - (۲) (بہ طور حرف جار) براہ ؛ راستے سے ہوتے ہوئے ؛ (*from Exeter to York v. London*) -

V. Lactea : کہکشاں -

v. media : بیچ کی راہ ؛ درمیانی راستہ ؛ وہ طریقہ جو دو طریقوں کے بیچ بیچ ہو خصوصاً کلیسائے انگلستان کا طریق جو رومن کیتھولک مذہب اور متشدد پروٹسٹنٹ مذہب کے بیچ بیچ ہے-

Viable, *a.* : (۱) (جنین یا نوزائیدہ بچہ) جینے والا ؛ زندہ رہنے کے قابل - (۲) (پودا ؛ جانور) پنپنے والا ؛ زندہ رہنے والا (کسی خاص آب و ہوا میں) -

viability, *n.* : قابلیت حیات -

Viaduct, *n.* : پل ؛ جو سڑک یا ریل کو کسی وادی کے اوپر سے لے جانے کے لیے بنایا جائے -

Vial, *n.* : شیشی (خصوصاً اسطوانی شکل کی) -

leyden v. : مرتبان؛ ایک خاص قسم کا شیشے کا ظرف جو بجلی ذخیرہ کرنے کے لیے استعمال ہوتا ہے -

pour out vv. of wrath : (۱) (بائبل) بدلہ لینا - (۲) (بول چال) غصے کا اظہار کرنا ؛ برس پڑنا -

vialful, *n.* : شیشی بھر -

Viameter, *n.* : مسافت پیما (جس سے معلوم ہوتا ہے کہ گاڑی کتنی دور چلی ہے) -

Viand, *n.* (usu. in pl.) : (۱) کھانا ؛ کھانے کی چیز - (۲) (جمع) اشیائے خوردنی ؛ کھانے پینے کی چیزیں -

Viaticum, *n.* : (۱) (قدیم روما) توشۂ سفر ؛ زادراہ یا سفر خرچ جو کسی عہدہ دار کو سرکاری کام سے سفر کرنے کے لیے دیا جاتا ہے- (۲) عشائے ربانی جو نزع کے وقت دی جاتی ہے - (۳) سفری قربان گاہ (جسے سفر میں ساتھ لے جاسکیں) -

Vibraculum, *n.* (pl. -a) : خطار ؛ بعض مرکب الجسم جانوروں کا زائد عضو جس کی ارتعاشی حرکت سے غذا ان کے قریب آجاتی ہے-

vibracular, *a.* : خطاری -

Vibrant, *a.* : (۱) جھولنے والا ؛ اہتزاز کرنے والا - (۲) (کسی چیز کے جوش سے) تھرتھراتا ہوا - (۳) گونجتی ہوئی (آواز) -

Vibrate, *v. i. & t.* : (۱) (لٹکن کی طرح) جھلانا ؛ جھولنا ؛ ارتعاشی حرکت سے ناپنا (ثانیہ وغیرہ) - (۲) اہتزاز کرنا ؛ اہتزاز ہونا - (۳) (آواز کا) گونجنا - (۴) (طبیعیات) مرتعش ہونا ؛ ارتعاش ہونا ؛ تیزی سے ادھر ادھر حرکت کرنا - (۵) (جذبے یا جوش سے) تھرتھرانا -

vibrative, vibratory, *aa.* : اہتزازی ؛ ارتعاشی -

Vibratile, *a.* : اہتزاز پذیر؛ ارتعاش پذیر؛ جھولنے یا تھرتھرانے والا -

vibratility, *n.* : اہتزاز پذیری ؛ ارتعاش پذیری -

Vibration, *n.* : (۱) جھولنا ؛ اہتزاز ؛ اہتزازی حرکت - (۲) (طبیعیات) ارتعاش ؛ سیال یا لچک دار ٹھوس چیز کے اجزا کا توازن میں خلل پڑنے کی وجہ سے تیزی سے حرکت کرنا -

amplitude of v. : حیطۂ اہتزاز ؛ حیطۂ ارتعاش ؛ جھولنے والی چیز یا تھر تھرانے والی چیز کا مرکز سکون سے زیادہ سے زیادہ فصل -

free v. : داخلی اہتزاز یا ارتعاش جو خود بخود ہو -

forced v. : خارجی اہتزاز ؛ خارجی ارتعاش جو کسی خارجی قوت کی وجہ سے ہو -

vibrational, *a.* : اہتزازی ؛ ارتعاشی -

vibratiuncle, *n.* : چھوٹی سی جھولنے والی چیز ؛ چھوٹا سا لٹکن یا شاقول -

Vibrato (vebrah-), *n.* : (گانے میں) آواز کا ارتعاش ؛ آواز کی لرزش ' جو کسی سر پر مختلف حد تک زور دینے سے پیدا ہوتی ہے -

Vibrator, *n.* : (۱) مہتزز ؛ مرتعش ؛ شخص یا چیز جو اہتزاز یا ارتعاش کی حالت میں ہو - (۲) (برقیات ؛ تار برقی) مرتعش نے - (۳) (ارگن باجے کا) نے کا پردہ ؛ نرسل کھونٹی- (۴) (طباعت) مرتعش بیلن (روشنائی کا) - (۵) (طب) برقی آلۂ مالش -

Vibrissae, *n. pl.* : (۱) (جانوروں کے منھ کے اطراف کے) سخت بال - (۲) (انسان کے) ناک کے بال - (۳) (بعض پرندوں کے) خار ؛ کانٹے کی طرح کے پر جو چونچ کے قریب ہوتے ہیں-

Vibroscope, *n.* : ارتعاش پیما ؛ وہ آلہ جس سے ارتعاش کا اندازہ کیا جاتا ہے -

Viburnum, *n.* : وائی برنم ؛ ایک قسم کی پھولدار جھاڑی -

Vicar, *n.* : وکر ؛ کسی ایسے حلقے کا پادری جس کا کلیسائی محصول کوئی جماعت یا کوئی زمیندار وغیرہ وصول کرتا ہو اور اسی سے پادری کو مدد معاش ملتی ہو -

cardinal v. : پاپائے روما کا نمائندہ جو روما میں بطور اسقف کام کرتا ہے -

clerk, lay, secular, v. : بڑے گرجے کا عہدہ دار جو دعا کے بعض حصوں کو گاتا ہے -

v. apostolic : (۱) مشن کا اسقف ؛ صدر مبلغ جسے اسقف کا لقب حاصل ہے- (۲)= *titular bishop* دیکھو -titular

v. choral : پادری یا غیر پادری جو بڑے گرجے میں دعا کے بعض حصوں کو پڑھتا یا گاتا ہے -

v. forane : (رومی کیتھولک کلیسا) نائب اسقف ' جو کسی خاص کام کے لیے کسی خاص حلقے میں مقرر کیا جائے -

V. general : (۱) (کلیسائے انگلستان) اسقف یا اسقف اعظم کا نائب (کلیسائی امور میں)- (۲) (رومی کیتھولک کلیسا) نائب اسقف (عدالتی امور میں) -

V. of (Jesus) Christ : نائب مسیح ؛ پاپائے روما -

vicariate, *n.* : (۱) وکر کا عہدہ - (۲) وکر کا عہد کارکردگی -

vicarship, *n.* : وکر کا عہدہ ؛ وکر کا عہد کار کردگی -

Vicarage (-ij), *n.* : (۱) وکر کا عہدہ - (۲) وکر کی قیام گاہ -

Vicarial, *a.* : وکر کے متعلق ؛ وکر کی خدمت کے متعلق -

Vicarious, *a.* : (۱) مفوضہ ؛ کسی دوسرے کا دیا ہوا ؛ نیابتی (*v. authority*) - (۲) قائم مقام؛ مقائم؛ مقامانہ ؛ دوسرے کے بدلے کا (*v. ruler, v. work, v. suffering*) -

v. sacrifice : کفارے کی قربانی ' جو عیسائیوں کے عقیدے میں حضرت مسیح نے گنہ‌گاروں کے کفارۂ گناہ کے لیے کی -

vicariously, *adv.* : (۱) نیابتاً ؛ نیا بتی طور پر ؛ دوسرے کے بدلے میں - (۲) قائم مقام کے طور پر -

vicariousness, *n.* : (۱) نیابتی ہونا ؛ دوسرے کا دیا ہوا ہونا - (۲) قائم مقامی ؛ دوسرے کی جگہ ہونا ؛ دوسرے کے بدلے کا ہونا -

Vice, *n.* : (۱) بدی ؛ برائی (*the v. of drunkenness*)- (۲) عیب ؛ نقص ؛ خامی - (۳) (گھوڑے وغیرہ کا) عیب ؛ بری عادت - (۴) (جسم کی ساخت میں) موروثی یا خلقی نقص یا عیب (اب اس معنی میں شاذ ہے) - (۵) (بڑے حرف سے) (قدیم اخلاقی ناٹکوں میں) مسخرا -

Vice, *n. & v. t.* : (۱) شکنجہ - (۲) شکنجے میں کسنا -

bench v. : بنچ میں لگا ہوا شکنجہ -

Vice *n.* : (بول چال) وائس پریسیڈنٹ؛ وائس چانسلر وغیرہ-

Vice, prep: بجائے؛ جگہ پر (*gazetted as captain v. captain Jones*) -

Vice- pref : سابقہ - " قائم مقام " یا نائب کے معنی میں -

-admiral : امیرالبحر درجۂ سوم -

-admiralty : امیرالبحر کا عہدہ یا عہد کار کردگی -

-admiralty courts : برطانوی نوآبادیوں کی بحری عدالتیں -

-chancellor : (۱) (یونیورسٹی) وائس چانسلر ؛ نائب امیر جامعہ جو چانسلر یا امیر جامعہ کی طرف سے یونیورسٹی کا انتظام کرتا ہے - (۲) (قانون) ہائی کورٹ کا جج جو اصول معدلت (*equity*) کے مسائل کا تصفیہ کرتا ہے -

-queen : (شاذ) (۱) عورت جو وائسرائے کا کام کرتی ہو - (۲) وایسرائے کی بیوی -

-roy : دیکھو Viceroy -

-reine : بیگم وائسرائے ؛ وائسرائے کی بیوی ؛ وائسرینہ -

Vicegerent(*also*-er-) *a.* & *n.* : نائب ؛ وکیل ؛ جسے کسی دوسرے نے اپنے اختیارات تفویض کردئیے ہوں (*Pope as God's v.*) -

vicegerency, *n.* : نیابت -

Vicennial, *a.* : بست سالہ ؛ جو بیس سال تک رہے یا بیسویں سال واقع ہو -

Viceroy, *n.* : وائسرائے ؛ حاکم جو کسی علاقے یا نوآبادی میں بادشاہ کے قائم مقام کی حیثیت سے اور شاہانہ اختیارات کے ساتھ حکومت کرتا ہو (*V. of India*) -

viceregal, viceroyal, *aa.* : وائسرائے کا ؛ وائسرائی -

viceroyalty, viceroyship, *nn.* : وائسرائی ؛ وائسرائے کا عہدہ یا عہد حکومت -

Vice versa, adv. or ellipt. sent. : اور اس کے برعکس -

he blames his wife & v. v. : وہ بیوی کو الزام دیتا ہے اور اس کے برعکس (یعنی بیوی اس کو) -

he calls black white & v. v. : وہ سیاہ کو سفید کہتا ہے اور اس کے برعکس (سفید کو سیاہ) -

Vichy(water) (veshe), *n.* : فرانس کے ایک چشمے کا معدنی پانی (جس میں معدنی اجزا ہوتے ہیں) -

Vicinage(-ij) *n.* : (۱) پڑوس ؛ ہمسایہ ، پڑوس کا علاقہ ؛ قرب و جوار کا علاقہ - (۲) ہمسائگی کا تعلق ؛ ہمسائگی کا رابطہ -

Vicinity, *n.* : (۱) پڑوس کا علاقہ ؛ قرب و جوار کا علاقہ - (۲) قرب ؛ پڑوس - (۳) قریبی تعلق -

Vicious (*-shus*) *a.* : (۱) برا ؛ برائی ؛ بدی کا (*v. life*) - (۲) مخرب اخلاق ؛ بیہودہ (*v. book*) - (۳) بد ؛ برا ؛ بد خصائل ؛ بد سیرت (*v. companion*) - (۴) عیب دار ؛ شریر (گھوڑا وغیرہ) - (۵) غلط ؛ ناقص ؛ خراب (زبان ، دلائل وغیرہ) - (۶) بد طینت ؛ کینہ پرور ؛ خبیث (*v. book, v. remark*) - (۷) عداوت کی ؛ خباثت کی ؛ بغض و حسد کی -

v. circle : (۱) استدلال دوری ؛ ایک بات کے ثبوت میں دوسری بات پیش کرنا جس کا ثبوت خود پہلی بات پر منحصر ہو - (۲) برائی کا چکر ؛ ایک برائی سے دوسری پیدا ہونا اور دوسری سے پہلی میں اور زیادتی ہونا -

v. union : (جراحی) (۱) ٹوٹی ہوئی ہڈی کا غلط جوڑ - (۲) غلط جڑی ہوئی ہڈی -

viciously, *adv.* : بد خصالی سے ؛ بیہودگی سے ؛ برے طریقے سے ؛ بد بختی سے ؛ خباثت سے -

viciousness, *n.* : بدی ؛ بدخصالی ؛ بیہودگی ؛ عیب دار ہونا ؛ خرابی ؛ بدطینتی ؛ خباثت -

Vicissitude, *n.* : (۱) تغیر حالات ؛ انقلابات ؛ نیرنگیاں ؛ نشیب و فراز (خصوصاً دولت عزت وغیرہ کا) - (۲) (قدیم ، شعر) باقاعدہ تغیر ؛ باری باری سے ہونا ؛ تبادل -

vicissitudinous, *a.* : (۱) تغیر پذیر ؛ بدلنے والا - (۲) پر نشیب و فراز -

Victim, *n.* : (۱) قربان ؛ قربانی ؛ جانور یا انسان جو کسی دیوتا پر بھینٹ چڑھایا جائے - (۲) شکار ؛ کشتہ ؛ مارا ہوا ؛ نشانہ (*the vv. of disease*) - (۳) دھوکا کھانے والا ؛ پھنسنے والا ؛ شکار (*the vv. of the confidence, trick*) -

Victimize, *v. t.* : (۱) (دام فریب میں) پھانسنا - (۲) شکار بنانا ؛ نشانہ بنانا (حرص ، ظلم وغیرہ کا) - (۳) (مزدوروں کی انجمن) (سرغنہ وغیرہ کو) قربانی کا بکرا بنانا ؛ قربان کردینا -

victimization, *n.* : پھانسنا ؛ پھنسنا ؛ قربانی ؛ قربان کرنا یا کیا جانا -

Victor, *n.* : (۱) (خطابت) فاتح - (۲) (بہ طور صفت سابقہ) فاتح مند (*v. troops*) -

victress, *n.* : فاتح عورت -

Victoria, *n.* : (۱) وکٹوریا ؛ دو نشست کی بگھی جس کا کوچ بکس اونچا ہوتا ہے اور جس کا ٹپ گرایا چا سکتا ہے - (۲) بڑی قسم کا کنول کا پھول - (۳) ایک قسم کا پالتو کبوتر -

V. Cross : (مخفف *V. C.*) وکٹوریا کراس ؛ بہادری کا تمغہ جو ملکہ وکٹوریا نے سنہ ۱۸۵۶ ع میں جاری کیا -

Victorian, *a.* & *n.* : ملکہ وکٹوریا کے عہد کا شخص یا مصنف -

Early V.: دیکھو Early -

V. order : سلسلہ وکٹوریا ؛ اعزازی سلسلہ جو ملکہ وکٹوریا نے سنہ ۱۸۹۶ ع میں قائم کیا ؛ وہ لوگ جو فرمانروا کی بہت گراں قدر خدمات انجام دیتے ہیں اس میں داخل کیے جاتے ہیں -

Victorine (-en) *n.* : سمور کا گلوبند جو عورتیں استعمال کرتی ہیں -

Victorious, *a.* : (۱) فتح یاب ؛ فتح مند ؛ ظفریاب ؛ مظفر ؛ منصور ؛ جیتنے والا - (۲) فتح کا ؛ فاتحانہ (*V. day*) -

victoriously, *adv.* : فتح مندی سے ؛ فتح یاب ہوکر -

victoriousness, *n.* : فتح مندی ؛ ظفریابی -

Victory, *n.* : (۱) فتح ؛ ظفر ؛ جیت - (۲) (مجازاً) قابو (*gained the v. over his passions*) - (۳) یونانی یا رومی فتح کی دیوی ؛ اس دیوی کا بت -

Cadmean or pyrrhic v. : دیکھو Pyrrhic -

moral v. : دیکھو Moral -

Victual, (*-tl*) *n.* & *v. t.* & *i.* (*usu. pl.*) : (۱) (عموماً جمع میں آتا ہے) غذا ؛ کھانا ؛ خوراک ؛ سامان خورونوش ؛ آذوقہ ؛ رسد - (۲) غذا پہنچانا ؛ سامان خورونوش دینا یا پہنچانا - (۳) سامان خور و نوش فراہم کرنا یا لینا - (۴) کھانا کھانا -

victualless, *a.* : بے غذا ؛ بے سامان خور و نوش ؛ بے رسد ؛ بے آذوقہ -

Victualler, *n.* : (۱) خوردنی فروش ؛ غذا فروش - (۲) رسد رساں جہاز ؛ جو اور جہازوں کو کھانے پینے کا سامان پہنچاتا ہے -

licensed v. : سرائے والا جس کے پاس شراب بیچنے کا لیسنس ہو -

Victualling, *n.* : (۱) سامان خورونوش بیچنا یا پہنچانا ؛ رسد پہنچانا - (۲) رسد لینا ؛ سامان خورونوش فراہم کرنا -

v.-bill : رسد نامہ ؛ چنگی خانے کا اجازت نامہ جہاز پر رسد بھیجنے کا -

v. -note : (بحری) رسد کا ٹکٹ ؛ چٹھی جس کی رو سے جہاز

کا اسٹیوارڈ ملاح کو رسد دیتا ہے -

v.-office : دفتر رسد رسانی ؛ بحری فوج کو سامان رسد پہنچانے کا دفتر -

v.-yard : احاطۂ رسد ؛ سمندر کے کنارے گودی کے متصل جس میں بحری فوج کی رسد جمع کی جاتی ہے -

Vicugna, -una (-koonya), *n.* : وکونیا ؛ جنوبی امریکا کا اونٹ کی شکل کا چوپایہ جو گوشت اور اون کی خاطر شکار کیا جاتا ہے -

v. wool : (دکانداری) (۱) سوت ملی اون - (۲) وکونیا کی اون -

Vide (or-i) vb.imperat (abbr. v.) : دیکھو؛ ملاحظہ ہو (فلاں صفحہ ، فلاں عبارت وغیرہ) -

quod v. : دیکھو Quod -

v. infra : ملاحظہ ہو نیچے یا آئندہ صفحات میں -

v. supra : ملاحظہ ہو اوپر یا گزشتہ صفحات میں -

Vide licet, *adv.* (abbr. viz pron. namli) : (۱) یعنی - (۲) جس کے نام یہ ہیں - (۳) جس کی تفصیل یہ ہے (مخفف کو *viz* لکھتے اور *namli* پڑھتے ہیں) -

Vidette, : دیکھو Vedette -

Vidimus, *n.* (pl. uses) : (۱) حسابات کی تنقیح؛ جانچ - (۲) (دستاویز وغیرہ کا) خلاصہ ؛ ملخص -

Vie, *v. i.* (vying) : مقابلہ کرنا ؛ مد مقابل ہونا ؛ سبقت لے جانے کی کوشش کرنا -

Viennese (-ez) *a.* & *n.* (pl. Same) : وائنا کا ؛ وائنا کا باشندہ (وائنا *Vienna* آسٹریا کے پایۂ تخت کا نام ہے) -

Vi et armis, *adv.* : (قانون) زبردستی؛ بزور اسلحہ ؛ جبر و تشدد سے -

View, *n.* & *v. t.* : (۱) نظارہ ؛ ملاحظہ ؛ مشاہدہ (گرد و پیش وغیرہ کا) - (۲) (قانون) چوری کا معائنہ (موقع واردات؛ مال لاش وغیرہ کا) - (۳) نظر ؛ حد نظر - (۴) منظر ؛ نظارہ - (۵) منظر کی تصویر - (۶) مطالعہ ؛ نظر - (۷) رائے ؛ طرزخیال (*takes a different v.* ,*extreme vv.*,) - (۸) مقصد ؛ غرض (*will this meet your vv.*) - (۹) نظارہ کرنا ؛ مشاہدہ کرنا؛ ملاحظہ کرنا ؛ معائنہ کرنا ؛ آنکھوں سے دیکھنا - (۱۰) مطالعہ کرنا ؛ نظر ڈالنا؛ رائے قایم کرنا -

a general v. of the subject : موضوع پر ایک عام نظر -

bird's-eye view : (۱) طائرانہ نظارہ (شہر وغیرہ کا بلندی سے) - (۲) طائرانہ نظر (جو بلندی سے ڈالی جائے) ؛ مجمل نظر (کسی موضوع پر) -

came in view of : حد نظر میں آگیا -

dissolving vv. : دیکھو Dissolve -

have in view : (۱) پیش نظر ہونا ؛ مد نظر ہونا - (۲) نظر میں رکھنا ؛ ملحوظ رکھنا -

in full v. of the crowd : مجمع کی نظر کے سامنے -

in v. of : (۱) بہ لحاظ ؛ دیکھتے ہوئے - (۲) (سوقیانہ) بغرض -

on v. : دکھاؤ ؛ جو ہر شخص کے دیکھنے کے لیے ہو -

point of v. : دیکھو Point -

private v. : نجی کی نمائش (جو صرف نمائش کرنے والے کے دوستوں یا نقادوں وغیرہ کے لیے ہو) -

to the v. : علانیہ ؛ کھلے بندوں ؛ کھلم کھلا -

v.-finder : منظر نما ؛ کیمرے کا وہ حصہ جس سے معلوم ہوتا ہے کہ تصویر کہاں تک آئے گی -

v. halloo : (لومڑی کے شکار میں) شور جو شکاری لومڑی کو آڑ سے نکلتے دیکھ کر مچاتے ہیں -

with a v. to : (۱) بغرض (*with a v. to extending our trade*) - (۲) امید میں ؛ توقع میں (*with a v. to the vacant secretary-ship*) - (۳) (سوقیانہ) بلحاظ -

viewable, *a.* : نظر آنے والا ؛ جو دیکھا جاسکے ؛ مرئی -

Viewless, *a.* : (شعر ؛ خطابت) اوجھل ؛ (نظر سے) غائب ؛ (نظر سے) چھپا ہوا ؛ غیر مرئی -

Viewy, *a.* : (بول چال) عجیب خیالات رکھنے والا ؛ وھمی ؛ خبطی -

Vigil, *n.* : (۱) شب بیداری ؛ رات کو جاگتے رہنا (*keep v.*) - (۲) (جمع) شب کی عبادت ؛ نماز شب - (۳) کسی تہوار خصوصاً کسی روزے سے پہلے کی رات -

Vigilance, *n.* : (۱) چوکسی ؛ ہوشیاری ؛ خبرداری؛ احتیاط؛ بیدار مغزی - (۲) (طب ؛ مرض) بے خوابی -

v. committee : کمیٹی حفظ امن ، جو بد امنی کے زمانے میں یا بے نظم ملکوں میں شہری اپنے طور پر قائم کرلیتے ہیں -

vigilant, *a.* : چوکس ؛ ہوشیار ؛ خبردار؛ محتاط؛ بیدار مغز -

vigilantly, *adv.* : چوکسی سے ، ہوشیاری سے وغیرہ -

Vignette(venyet), *n.* & *v. t.* : (۱) (عمارت) بیل بوٹے - (۲) (مسودے میں) بڑے حروف کی آرائشی کشش اور دائرے ؛ ڈھلواں پشت منظر کی نیم تصویر - (۳) (کتاب کے سر ورق کی) بے حاشیے کی کندہ تصویر- (۴) نیم تصویر (جس کے پشت منظر کے خطوط آہستہ آہستہ ہلکے ہوتے جائیں) - (۵) (مجازاً) سیرت کا خاکہ ؛ سیرت کی تصویر جو الفاظ میں کھینچی جائے ؛ لفظی تصویر ؛ قلمی چہرہ - (۶) ڈھلواں پشت منظر کی نیم تصویر بنانا - (۷) ڈھلواں پشت منظر بنانا یعنی اس کے خطوط کو آہستہ آہستہ ہلکا کرنا -

vignetter, vignettist, *n.* : ڈھلواں پشت منظر کی تصویر بنانے والا -

Vigoroso, *adv.* : (موسیقی کی ہدایت) قوت کے ساتھ؛ زور سے -

Vigour(-er), *n.* : (۱) قوت ؛ طاقت - (۲) کس بل ؛ دم خم؛ چاق چوبند ہونا ؛ مضبوطی - (۳) قوت حیات ؛ زندگی ؛ جان - (۴) (خیال عبارت اسلوب بیان وغیرہ کا) زور ؛ قوت ؛ تاثیر ؛ چستی -

vigorous, *a.* : (۱) قوی ؛ طاقت ور - (۲) شدید ؛ سخت - (۳) چاق چوبند ؛ مضبوط ؛ ہٹا کٹا - (۴) جان دار ؛ پر حیات - (۵) پر زور ؛ موثر ؛ چست -

vigorously, *adv.* : طاقت سے؛ قوت سے؛ سختی سے؛ مضبوطی سے ؛ جان دار طریقے سے ؛ پر زور یا موثر طریقے سے -

vigorousness, *n.* : قوی ہونا ؛ شدت؛ سختی؛ مضبوطی ؛ جانداری ؛ زندگی ؛ زور ؛ موثر ہونا ؛ چستی -

vigourless, *a.* : بے طاقت ؛ کمزور ؛ بے جان ؛ بے زور ؛ بودا ؛ پھسپھسا -

Viking, *n.*: آٹھویں دسویں صدی کا بحر شمالی کا بحری ڈاکو -

vikingism, *n.*: وائی کنگ کا طور طریق -

Vilayet(-lah-) *n.*: سلطنت ترکی کا صوبہ؛ ولایت -

Vile, *a.*: (۱) کم قدر ؛ حقیر ؛ گھٹیا - (۲) بد معاش؛ پاجی ؛ کمینہ - (۳) پاجی پن کا ؛ کمینہ پن کا؛ ذلیل ؛ شرمناک - (۴) (بول‌چال) نہایت خراب؛ بہت برا (*a v. pen, v. pastry*) -

vilely, *adv.*: پاجی پن سے ؛ کمینہ پن سے ؛ ذلیل طریقے سے؛ شرمناک طریقے سے -

vileness, *n.*: بد معاشی ؛ کمینہ پن ؛ پاجی پن -

Vilify, *v t.*: (۱) بد نام کرنا ؛ رسوا کرنا ؛ برائی کرنا ؛ برا کہنا- (۲) (شاذ) قدر گھٹانا ؛ حقیر کرنا ؛ پست کرنا ؛ بگاڑنا -

vilification, *n.*: (۱) بد گوئی - (۲) بد نمائی؛ رسوائی-

vilifier, *n.*: بد نام کرنے والا ؛ بد گو -

Vilipend, *v. t.*: (ادب) تحقیر کرنا ؛ حقارت سے ذکر کرنا -

Villa, *n.*: (۱) محل یا مکان جو دیہات میں ہو - (۲) بنگلہ جو نواح شہر میں ہو -

villadom, *n.*: نواح شہر کے لوگ یا معاشرت -

Village(-ij), *n.*: موضع ؛ گاؤں -

Villager, *n.*: (۱) گاؤں والا - (۲) دیہاتی ؛ گنوار -

Villain, *n. & a.*: (۱) بد معاش ؛ پاجی - (۲) (روز مرۂ ہنسی میں) شریر - (۳) (قدیم) گنوار ؛ دیہاتی - (۴) زرعی غلام ؛ سرت - (۵) زرعی غلام کا (*v. services*) -

villa(i)nage, ville(i)nage, *n.*: زرعی غلام -

Villainous, *a.*: (۱) بد معاشوں کا سا ؛ بد معاشی کا ؛ پاجی پن کا - (۲) (روز مرۂ) نہایت خراب (*v. scrawl, style. hotel*)-

villainously, *adv.*: (۱) بد معاشی سے ؛ بد معاشوں کی طرح - (۲) بہت خراب طریقے سے ؛ پاجی پن سے -

villainousness, *n.*: بد معاشی ؛ پاجی پن ؛ بد معاشی یا پاجی پن کی حرکت -

Villanelle (el), *n.*: ۱۹ مصرعوں کی فرانسیسی نظم جس میں صرف دو قافیے ہوتے ہیں -

Villeggiatura(-ejahtoora), *n.*: (اطالوی) دیہات کا قیام -

Villein,: دیکھو Villain -

Villus, *n.* (pl. -i): (۱) (تشریح) حملہ ؛ بالوں کا سا گچھا جو آنتوں کی جھلی (غشائے مخاطی) پر ہوتا ہے - (۲) (نباتیات ؛ جمع) پشم؛ لمبے روئیں جو پھول یا پھل پر ہوتے ہیں -

villiform, villoid, *aa.*: پشم نما -

villose, villous, *aa.*: پشم دار ؛ روئیں دار -

villosity, *n.*: پشم دار ہونا ؛ روئیں دار ہونا -

Vim, *n.*: (بول چال) زور ؛ قوت ؛ جوش ؛ تیزی ؛ طراری -

Viminal, *a.*: (نباتیات) ٹہنی کا ؛ جس سے ٹہنی اگتی یا پیدا ہوتی ہے -

vimineous, *a.*: ٹہنی دار ؛ قمچی دار -

Vina *n.*: (ہندی) بین ؛ ایک باجا جس میں سات تار ہوتے ہیں -

Vinaceous (-shus), *a.*: (۱) انگور کا ؛ انگوری- (۲) انگور کی شراب کا - (۳) عنابی رنگ کا -

Vinaigrette (-nigret) *n.*: (۱) کافوری سرکے کی شیشی (سونے یا چاندی کی جس کے ڈھکنے میں سوراخ ہوتے ہیں) - (۲) لخلخہ ؛ ہوش دارو (ہوش میں لانے والی دوا) کی شیشی-

Vincible, *a.*: (شاذ) جو ناقابل فتح نہ ہو ؛ قابل فتح ؛ قابل تسخیر -

Vinculum, *n.* (pl. -la): (۱) (جبر و مقابلہ)خطاشتراک ؛ وہ خط جو دو یا زیادہ رقموں پر یہ ظاہرکرنے کے لیے کھینچا جائے کہ ایک ہی رقم ہے مثلاً $(\overline{a + b} \times c)$ - (۲) (طباعت) چہرے دار قوس - (۳) (تشریح) مثکال؛ کسی عضو کی حرکت روکنے والی رگ یا پٹھا -

Vindicate, *v. t.*: (۱) بول بالا کرنا ؛ لاج رکھہ لینا ؛ اپنی حمایت یا مدد سے کامیاب بنانا - (۲) ثابت کردینا ؛ منوا دینا - (۳) صحیح یا جائز ثابت کرنا ؛ (*v. one's rights*) (الزامات سے) بری ثابت کرنا ؛ بے داغ ثابت کرنا ؛ (*v. one's honour, action etc.*) -

vindicability , *n.*: قابل حمایت ہونا ؛ قابل ثبوت ہونا -

vindicable, *a.*: قابل حمایت ؛ قابل ثبوت -

vindication, *n.*: (۱) ثبوت ؛ صحیح یا جائز ثابت ہونا - (۲) بریت - (۳) حمایت -

vindicative, *a.*: حمایت کا ؛ بریت کا -

vindicator, *n.*: حامی ؛ حمایت کرنے والا ؛ ثابت کرنے والا -

vindicatress, *n.*: حمایت کرنے والی ؛ ثابت کرنے والی -

Vindicatory, *a.*: (۱) حمایت کا ؛ بریت کا - (۲) تعزیری ؛ سزا کا (قانون) -

Vindictive, *a.*: (۱) کینہ پرور ؛ انتقام جو (*v. person, character*) - (۲) کینے کا ؛ انتقام کا ؛ کینہ پروری کا (*v. action, spirit*) - (۳) تعزیری ؛ جو سزا کے طور پر ہو -

v. damages : تعزیری ہرجانہ (جو بطور سزا مدعی سے دلایا جائے) -

vindictively, *adv.*: کینہ پروری سے -

vindictiveness,*n.*: کینہ پروری ؛ انتقام جوئی -

Vine, *n.*: (۱) انگور کی بیل ؛ تاک - (۲) پتلے تنے کی ہر بیل (*hop-v., melon-v*) -

under one's v. & fig-tree : دیکھو Fig -

v. -borer, v. -disease : بیل کیڑا ؛ ایک قسم کا کیڑا جو انگور کی بیلوں کو نقصان پہنچاتا ہے -

v. -disease : پت جون روگ ؛ انگور کے پتوں میں ایک خاص قسم کا کیڑا (پت جوں) لگنا -

viny, *a.*: (۱) انگور کی بیل کا ؛ تاک کا - (۲) تاک نما - (۳) پر تاک ؛ جہاں انگور کی بیلیں کثرت سے ہوں -

Vinegar, *n. & v. t.*: (۱) سرکہ - (۲) (مجازاً) ترش روئی -

a v. countenance : سرکہ جبیں چہرہ -

aromatic v. : سرکہ جو کافور کی آمیزش سے معطر کیا گیا ہو -

mother of v. : دیکھو Mother -

toilet v. : کافوری سرکہ ؛ خوشبودار سرکہ -

v. -eel : دیکھو EEL -

v. -plant. : ایک قسم کی پھپھوندی ؛ ننھا سا سماروغ جس کے پیدا ہو جانے سے چیزوں میں خمیر اٹھتا ہے -

vinegarish, *a.*: قدرے سرکہ دار وغیرہ -

vinegary, *a.* : (۱) سرکہ دار؛ سرکے کے مزے کا - (۲) تیزابی؛ ترش - (۳) ترش رو -

Vinery, *n.* : تاک گھر؛ شیشے کا گھر انگور کی بیلوں کے لیے-

Vineyard, *n.* : انگور کا باغ؛ تاکستان -

Vingt-(et) -un (F), *n.* : (فرانسیسی) اکیسی؛ تاش کا ایک قسم کا کھیل جس میں ہر کھلاڑی یہ کوشش کرتا ہے نہ بانٹنے والے سے اتنے پتے لےجن کی بندیاں مل کر ٹھیک اکیس ہوں نہ کم نہ زیادہ -

Vini- *in comb.* : لاطینی لفظ " *vinum* " بہ معنی " شراب انگور " کی ترکیبی صورت -

-culture : انگور کی کاشت -

-culturist : انگور کی کاشت کرنے والا -

-facteur (-er) : آلۂ شراب سازی؛ شراب کا بھپکا -

-ferous : شراب خیز؛ شراب پیدا کرنے والا (علاقہ) -

-ficator : ابخرہ دان؛ آلۂشراب سازی کا وہ حصہ جس میں ابخارات جمع ہوتے ہیں -

Vinometer, *n.* : الکوہل پیما؛ وہ آلہ جس سے معلوم کرتے ہیں کہ شراب میں روح (الکوہل) کا جز کتنا ہے -

Vin ordinaire (F). *n.* : سرخ انگوری شراب؛ ارزاں قسم کی شراب جو فرانس میں پانی کے ساتھ استعمال کی جاتی ہے-

Vinous, *a.* : (۱) شراب انگور کا (سا) (*v. flavour*, *fermentation*) - (۲) جو شراب کے نشے کی وجہ سے ہو؛ نشے کا (*v. eloquence*) -

vinosity, *n.* : شراب کا (سا) ہونا؛ شراب کی کیفیت وغیرہ -

Vint, *v. t.* : (شراب انگور) بنانا؛ تیار کرنا -

Vint, *n.* : ونٹ؛ تاش کا ایک روسی کھیل -

Vintage, *n.* : (۱) انگور کے توڑنے کا موسم یا فصل - (۲) انگور کی فصل؛ مجموعی مقدار جو ایک فصل میں پیدا ہو - (۳) انگور کی کسی خاص فصل کی شراب - (۴) (شعر؛ خطابت) انگوری شراب-

v. wines : مشہور فصلوں کی انگوری شراب -

Vintager, *n.* : انگور کی فصل توڑنے والا -

Vintner, *n.* : (انگور کی) شراب بیچنے والا -

vintnery, *n.* : (انگور کی) شراب کی دوکان -

Viol, *n.* : وایول؛ قدیم ولایتی سارنگی؛ قرون وسطیٰ کا ساتت تار کا باجا جس سے موجودہ " *violin* " نکلا ہے -

bass v. : دیکھو Violoncello -

Viola, *n.* : (۱) وایولا؛ ایک قسم کی بڑی ولایتی سارنگی - (۲) (تاریخ) وایول -

v. da braccio : بغل میں لے کر بجانے کا وایول -

v. da gamba : گھٹنوں میں دبا کر بجانے کا وایول -

Viola, *n.* : بنفشہ؛ پھول دار درختوں کی ایک قسم جن میں بنفشہ بھی شامل ہے؛ ان کے پھول مختلف رنگوں کے ہوتے ہیں-

Violaceous (-shus), *a.* : (۱) بنفشئی رنگ کا - (۲) بنفشیہ قسم کا (پھول یا پودا) -

Violate, *v. t.* : (۱) خلاف ورزی کرنا؛ توڑنا (معاہدہ وغیرہ)- (۲) ہتک حرمت کرنا؛ بے ادبی کرنا (مقدس مقام کی) - (۳) خلل ڈالنا؛ مخل ہونا - (۴) عصمت دری کرنا؛ زنا بالجبر کرنا -

violable, *a.* : جو توڑا جاسکے؛ قابل فسخ -

violation, *n.* : (۱) خلاف ورزی؛ توڑنا - (۲) ہتک حرمت؛ بے ادبی - (۳) خلل اندازی؛ بے جا مداخلت - (۴) زنا بالجبر؛ عصمت دری -

violator, *n.* : *violate* کا اسم فاعل -

Violence, *n.* : (۱) شدت؛ شدید ہونا؛ تندی - (۲) تشدد؛ زبردستی؛ تشدد کا برتاؤ - (۳) صدمہ (*did v. to his feelings*)- (۴) خلاف ورزی (*did v. to our principles*) - (۵) (قانون) تشدد مجرمانہ؛ جبر مجرمانہ؛ تخریفہ مجرمانہ -

Violent, *a.* : (۱) سخت؛ شدید؛ شدت کا؛ زور کا (*v. storm, v. pain*) - (۲) جس میں تشدد سے کام لیا گیا ہو؛ تشدد کا - (۳) تندو تیز؛ پر جوش؛ ہیجانی؛ والہانہ؛ شدید(*v. temper. mood, passion, attachment,shock*)-

v. death : غیر طبعی موت؛ تشدد کی موت؛ جو خارجی تشدد یا زہر خورانی سے واقع ہو -

v. presumption : (قانون) احتمال بہ منزلۂ یقین؛ ایسا شبہہ جس کا قریب قریب قطعی ثبوت موجود ہو -

violently, *adv.* : (۱) شدت سے - (۲) تشدد سے؛ زبردستی - (۳) نہایت جوش سے؛ والہانہ طریقے سے؛ تندی سے -

Violet, *n.* & *a.* : (۱) بنفشہ؛ ایک پھول دار پودا جس کی مختلف قسمیں ہوتی ہیں اور ان میں نیلے ارغوانی سفید اور دوسرے رنگوں کے پھول اُگتے ہیں - (۲) بنفشئی رنگ - (۳) بنفشئی؛ رنگ کا-

v.-powder : ایک قسم کا خوشبودار پوڈر؛ غازہ -

v.-wood : لکڑی کی قسمیں جن میں اسٹریلیا کا ببول *myall* وغیرہ شامل ہیں -

violescent, *a.* : بنفشئی سا؛ قدرے بنفشئی -

Violin, *n.* : (۱) وایولن؛ ولایتی سارنگی؛ چار تار کا باجا جسے بائیں طرف بغل میں لے کر کمانچے سے بجاتے ہیں - (۲) وایولن بجانے والا -

first v., second, v. : ارچسٹرا (طائفۂ سازندگان)میں پہلا یا دوسرا وایولن بجانے والا -

keyed v. : پردوں کا وایولن؛ پیانو کی قسم کا باجا جس کے تار چھوٹے چھوٹے کمانچوں سے بجتے ہیں -

violinist, *n.* : وایولن بجانے والا -

Violinine, *n.* : بنفشین؛ قے آور دوا جو بنفشے کے ست سے بنتی ہے -

Violist, *n.* : (۱) بڑا وایولن (وایولا) بجانے والا - (۲) قدیم وایولن (وایول)بجانے والا -

Violoncello(ve-,-tshe-), *n.* : وایولن چیلو؛ ایک قسم کا وایولن جو گھٹنوں میں دبا کر بجاتے ہیں -

violoncellist, *n.* : وایولن چیلو بجانے والا -

Viper, *n.* : (۱) زہریلے سانپ کی کئی قسموں کا نام خصوصاً افعی (*common, adder v.*) - (۲) (مجازاً) موذی شخص؛ خبیث - (۳) (مجازاً) دغا باز آدمی؛ مار آستین -

viperiform, *a.* : افعی صورت -

viperine, *a.* : افعی کا؛ افعی جیسا -

viperish, *a.* : موذی؛ خبیث؛ دغا باز -

viperoid, *a.*: افعی نما -

viperous, *a.*: موذی ؛ خبیث؛ دغاباز -

Virago, *n.*: (۱) هڑدنگی ؛ لڑاکا عورت ؛ بد مزاج عورت - (۲) (قدیم) مردانی عورت ؛ جس میں مردوں کی سی قوت یا همت هو -

Virelay, *n.*: قافیہ بند ؛ ایک قسم کی (خصوصاً قدیم فرانسیسی) نظم جس کے هر بند میں صرف دو مصرعوں کا قافیہ ایک هو -

Vireo, *n.*: (نیز *greenlet*) امریکا کا ایک سبز رنگ کا خوش الحان پرند ؛ سبزو -

Virescence, *n.*: (۱) هراپن ؛ سبزی - (۲) (نباتیات) غیر طبعی سبزی جو اور رنگوں کے پھولوں کی پتیاں بعض اوقات اختیار کر لیتی هے -

virescent, *a.*: (۱) سبزی مائل دھانی - (۲) (نباتیات) غیر طبعی طور پر سبز هونے والا -

Virgate, *a.*: (تاریخ موالید) چھڑیلا ؛ چھڑی کی طرح پتلا سیدھا اور کھڑا -

Virgate, *n.*: (تاریخ) انگلستان کا زمین ناپنے کا قدیم پیمانہ ؛ عموماً چوتھائی ایکڑ کا -

Virgilian, *a.*: (*Virgil*) ورجل کا ؛ ورجل کی طرز کا ؛ (ورجل روما کا مشہور شاعر سال وفات سنہ ۱۹ قبل مسیح) -

Virgin, *n. & a.*: (۱) دوشیزہ؛ کنواری- (۲) راهبات کے کسی سلسلے کی عورت جو تاہ مرد دوشیزہ رهنے کا عهد کرچکی هو ؛ کنواری راهبہ - (۳) (*The V.*) مریم عذرا ؛ کنواری مریم - (۴) (*the Blessed V. Mary, B. V. M.*) مریم عذرا کی تصویر یا بت - (۵) مادہ کیڑا جو بغیر نر کے انڈے دے- (۶) (هئیت ؛ بڑے حرف سے) سنبلہ ؛ کنیا - (۷) (صفت) کنواری - (۸) کنواریوں کا سا؛ دوشیزگانہ ؛ جو ایک دوشیزہ کے شایان هو - (۹) بے داغ ؛ کورا - (۱۰) اچھوتا ؛ جو ابھی تک استعمال نہ هوا هو - (۱۱) بے نر کے انڈے دینے والی (کیڑے کی مادہ) -

v. comb: (شهد کی مکھی کا) تازہ چھتا جس میں صرف ایک بار شهد جمع هوا هو اور بچے نہ دیے گئے هوں -

v. honey: (۱) تازہ چھتے کا شهد - (۲) ٹپکا هوا شهد جو بغیر دبائے یا گرم کیے نکلا هو -

v. queen: شهد کی ملکہ مکھی جو نر کے پاس نہ گئی هو-

V. Q. (Queen): ملکہ ایلزبیتھ -

v.'s bower = travller's joy: دیکھو Traveller -

v. soil, v. clay: کچی مٹی -

virginhood, virginity, *nn.*: کنوار پن ؛ دوشیزگی -

Virginal, *a. & n.*: (قدیم) (۱) کنواری - (۲) کنواری کا ؛ کنوارپن کا- (۳) کنواریوں کا سا ؛ دوشیزگانہ؛ جو ایک دوشیزہ کے شایان هو - (۴) (تاریخ) (نیز *pair of vv.*)ایک طرح کا باجا جس کا سولھویں اور سترھویں صدی میں بهت رواج تھا -

virginally, *adv.*: کنواریوں کی طرح -

Virginia, *n.*: (۱) ورجینیا؛ ریاستہائے متحدہ امریکا کی ایک ریاست - (۲) ورجینیا کا تمباکو -

V. creeper: ورجینیا بیل؛ بڑے پتوں کی بیل جو آرائش کے لیے لگائی جاتی هے -

Virginian, *a. & n.*: ورجینیا کا -

Virgo, *n.*: (هئیت) سنبلہ ؛ کنیا ؛ منطقة البروج کے چھٹے برج اور اس کی صورت کواکب کا نام -

Viridescent, *a.*: سبزی مائل ؛ سبز هونے والا ؛ جو سبز رنگ اختیار کر رها هو -

viridescence, *n.*: (۱) دھانی رنگ ؛ سبزی مائل رنگ - (۲) سر سبزی؛ شادابی -

Viridity, *n.*: (۱) سر سبزی ؛ شادابی - (۲) کستورا مچھلی (*oyster*) کا سبز رنگ جو بعض نباتات کے کھانے سے پیدا هوتا هے-

Virile, *a.*: (۱) مردانگی کا ؛ مردانہ - (۲) رجولیت کا ؛ قوت باہ کا - (۳) رجولیت رکھنے والا ؛ قوی الباہ - (۴) قوی؛ پرزور - (صرف مردوں کے لیے)

virility, *n.*: (۱) مردانگی - (۲) رجولیت ؛ قوت باہ - (۳) قوت باہ هونا - (۴) زور ؛ قوت -

Virilescent, *a.*: (مادہ جانور) جس میں بڑھاپے میں نر کی بعض خاصیتیں پیدا هو جائیں ؛ نر بننے والی -

virilescence, *n.*: نر بننا (مادہ کا بڑھاپے میں) -

Virose, *a.*: (۱) زهریلا ؛ سمی ؛ زهر آلود - (۲) (نباتیات) بدبودار -

virous, *a.*: بس بھرا ؛ زهر بھرا ؛ زهریلا -

Virtu (-oo), *n.*: فنون لطیفہ کا ذوق ؛ فن کاری کا ذوق ؛ ذوق فن ؛ بصیرت فن -

articles of v.: ذوق کی چیزیں (جو صنعت قدامت یا ندرت کے لحاظ سے دلچسپ هوں) -

Virtual, *a.*: واقعی؛ فی الواقع ؛ جس میں کسی چیز کی اهم صفات موجود هوں گو وہ اس نام سے موسوم نہ هو یا اس کی تعریف کا پورا مصداق نہ هو -

he is the v. manager: واقعی یا فی الواقع مینیجر وهی هے -

this is a v. promise: فی الواقع یہ ایک وعدہ هے -

v. focus: (بصریات) واقعی ماسکہ ؛ نقطہ جس پر خطوط شعاعی بڑھانے کے بعد مل جائیں -

v. velocity or displacement: رفتار واقعی یا انتقال واقعی؛ کسی قوت کے نقطۂ استعمال کا اس قوت کے رخ پر بهت ذرا سا هٹنا -

virtuality, *n.*: فی الواقع هونا -

virtually, *adv.*: فی الواقع -

Virtue, *n.*: (۱) نیکی ؛ حسن خلق ؛ حسن سیرت ؛ راست بازی؛ دیانت- (۲) (کوئی خاص) نیکی ؛ خیر ؛ اخلاقی خوبی - (۳) عصمت ؛ پاک دامنی - (۴) خوبی؛ وصف؛ صفت - (۵) اثر ؛ تاثیر - (۶) (جمع) فرشتوں کا ساتواں طبقہ ؛ طبقہ حسنات -

in or by v. of: بدولت؛ بہ وجہ -

make a v. of necessity: مجبوری کو نیکی بنالینا ؛ جو مجبوراً کرنا هے اسے اس طرح کرنا جیسے اپنی نیکی کی وجہ سے کر رهے هیں -

natural vv.: فطری نیکیاں (عدل؛ حکمت ؛ عفت؛ شجاعت) -

theological vv.: دینی نیکیاں (ایمان ؛ رجا ؛ احسان) -

the seven cardinal vv.: سات اصولی نیکیاں (جن کا ذکر بائبل میں هے) -

virtueless, *a.*: (۱) نیکی سے خالی - (۲) خوبی سے خالی -

(۳) بے عصمت - (۴) بے اثر؛ بے تاثیر -

Virtuoso, *n.* (pl. -i, pron -e) : (۱) مبصر ؛ صاحب ذوق ؛ جو فنون لطیفہ یا قدیم اور نادر چیزوں کی پرکھ اور معلومات رکھتا ھے - (۲) واقف فن ؛ صاحب فن ؛ جو فنون لطیفہ کے خالص فنی پہلو پر عبور رکھتا ھے -

virtuosity, virtuosoship, *nn.* : (۱) ذوق فن ؛ مبصری؛ بصیرت فن - (۲) واقفیت فن ؛ فن دانی -

Virtuous, *a.* : (۱) نیک ؛ صالح ؛ نیک کردار ؛ نیکو کار ؛ نیک سیرت ، راست باز - (۲) پاک دامن؛ پاک باز ؛ باعصمت ؛ باعفت-

virtuously, *adv.* : (۱) نیکی کے ساتھ؛ نیک طریقے پر ؛ نیک کرداری سے - (۲) پاک دامنی کے ساتھ ؛ عفت کے ساتھ -

Virulent, *a.* : (۱) زھریلا ؛ زھر آلود ؛ سمی ؛ جس میں زھر ھو ؛ جو زھر کی وجہ سے ھو - (۲) سخت ؛ شدید ؛ تلخ - (*v. animosity, tone, abuse*)

virulence, *n.* : (۱) سمیت ؛ زھریلا پن - (۲) سختی ؛ شدت ؛ تلخی -

virulently, *adv.* : (۱) سمیت کے ساتھ؛ سمیت کی حد تک - (۲) سختی سے ؛ شدت سے ، تلخی سے -

viruliferous, *a.* : (طب) سمی ؛ زھر آلود -

Virus, *n.* : (۱) سمی مادہ ؛ زھریلا مادہ؛ سمیت ؛ متعدی امراض کا زھر - (۲) (مجازاً) زھر ؛ مہلک اثر - (۳) (مجازاً) شدت ؛ تلخی -

Vis, *n.* : (مکانک) (لاطینی) قوت -

V. inertiae : دیکھو - Inertia

v. mortua : مردہ قوت (جو کام نہ کرتی ھو) -

v. viva : (متحرک جسم کی) زندہ قوت (= کمیت رفتار کا مربع) -

Visa : دیکھو - Vise

Visage, *n.* : (اب صرف ادبی زبان میں استعمال ھوتا ھے) چہرہ ؛ صورت -

-visaged, *a.* : صورت کا ؛ صورت رکھنے والا -

Visard, : دیکھو - Visor

Vis-a- vis *adv. & n.* : (۱) آمنے سامنے ؛بالمقابل- (۲) رو برو؛ سامنے؛ مقابل - (۳) مقابل (شخص)؛وہ شخص جو کسی کے مقابل ھو (خصوصاً رقص میں) - (۴) متقابل نشست کی گاڑی (جس میں بیٹھنے والے ایک دوسرے کے مقابل ھوتے ھیں) -

Viscacha, Viz- *(-tsha), n.* : وسکا چا ؛ جنوبی امریکا کا ایک کترنے والا جانور جو بل میں رھتا ھے اور اس کی سمور قیمتی ھوتی ھے -

Viscera, *n. pl.* : (۱) احشا ؛ امعا ؛ جسم کے ھر بڑے جوف (دماغ ، دل ، جگر ، بطن وغیرہ) کے اندر کے اعضا یا آلائش - (۲) خصوصاً آنتیں -

visceral, *a.* : آنتوں کا ؛ رودوں کا ؛ امعا کا -

visceri-, viscero-, comb. : *v.* کی ترکیبی صورت -

Viscerate, *v. t.* : احشا یا امعا نکالنا ؛ آنتیں نکالنا -

Viscid, *a.* : (۱) لیس دار؛ چپچپا ؛ لزج - (۲) نیم سیال؛ گاڑھا-

viscidity, *n.* : (۱) چپچپاھٹ - (۲) نیم سیال ھونا؛ گاڑھا پن -

Viscin, *n.* : ایک قسم کا لاسا ، جو اکاس بیل سے نکلتا ھے -

Viscose, *n.* : (۱) لیس دار سیلولوز (پودوں کے خلیوں کا ٹھوس مادہ) جس سے مصنوعی ریشم بناتے ھیں - (۲) اس سیلولوز کا بنا ھوا (ریشم) -

Viscosity, *n.* : (۱) چپچپاھٹ - (۲) (طبیعیات ؛ نیم سیال چیزوں اور گیسوں کی صفت) لزوجت ؛ اندرونی رگڑ ؛ سالمات مادہ کے تغیر ترتیب کو روکنے کی قوت -

viscometer, viscosimeter, *nn.* : لزوجت پیما -

viscometry, *n.* : لزوجت پیمائی -

Viscount, *n.* : وائی کاونٹ ؛ انگلستان کے امرا کا خطاب جو بیرن (لارڈ) سے بڑا اور ارل سے چھوٹا ھے (خصوصاً ارل کے بڑے بیٹے کے لیے تکریماً استعمال ھوتا ھے) -

viscountess, *n.* : وائی کاؤنٹ کی بیگم-

viscountcy, viscountship, *nn.* **viscounty,** *n.* : وائی کاونٹ کا رتبہ یا منصب -

Viscous, *a.* : (۱) چپچپا ؛ لیس دار - (۲) (طبیعیات) لزج؛ جس میں سالمات مادہ کے تغیر ترتیب کو روکنے کی قوت ھو -

viscousness, *n.* لزوجت -

Vise (veza) *n. & v. t.* (vised or -ed) : (۱) (پروانہ راہ داری وغیرہ کی) تصدیق مہر؛ تصدیق - (۲) تصدیق کرنا ؛ مہر تصدیق لگانا -

Visible *a.* : (۱) مرئی ؛ جو آنکھ سے نظر آسکے - (۲) ظاھری ؛ صریحی ؛ کھلا ؛ محسوس - (۳) ملاقات کے لیے تیار (*is she v.*) -

the v. church : کلیسائے مرئی؛ پیروان کلیسا کی پوری جماعت-

v. horizon : افق نظری ؛ حد نظر کا خط جہاں آسمان زمین سے ملا ھوا دکھائی دیتا ھے -

v. speech : نطق محسوس ؛ ایک خاص قسم کا رسم الخط جس میں ھر حرف اعضائے نطق کی اس حالت کی شبیہہ ھوتا ھے جو اس کے حرف کے ادا کرنے میں پیدا ھوتی ھے -

visibility, visibleness, *nn.* : (۱) مرئیت ؛ مرئی ھونا - (۲) صریحی ھونا - (۳) (کائنات و بحری) رویت ؛ فضا اور روشنی کی حالت کا اثر اشیا کے نظر آنے پر -

visibly, *adv.* : صریحاً ؛ محسوس طور پر -

Vision, *n. & v. t.* : (۱) رویت ؛ دید ؛ دیکھنا - (۲) نظارہ - (۳) بصارت ؛ بینائی ؛ دیکھنے کی قوت ؛ نظر - (۴) رویا؛ وہ چیز جو خواب یا مراقبے وغیرہ میں نظر آئے - (۵) کشفی ؛ کشفی پیکر ؛ جو کشف میں نظر آئے - (۶) روحانی پیکر؛ سایہ ؛ بھوت - (۷) خیالی صورت ؛ تصویر - (۸) بصیرت ؛ مدبرانہ نظر ؛ سیاسی بصیرت - (۹) کشف یا رویا میں دیکھنا یا دکھانا ؛ خیالی یا روحانی پیکر دیکھنا یا دکھانا -

reflected v. : رویت انعکاسی ؛ دیکھنے کا عمل جو شعاعوں کے انعکاس سے متاثر ھو -

refracted v. : رویت انعطافی؛ دیکھنے کا عمل جو شعاعوں کے انعطاف سے متاثر ھو -

the field of v. : دائرۂ نظر -

Visionary, *a. & n.* : (۱) خیالی ؛ موھوم؛ غیر عملی ؛ نا قابل عمل چیز - (۲) رویا؛ دیکھنے والا ؛ صاحب کشف - (۳) خیال

پرست ؛ تخیل پرست؛ تصویر پرست - (۳) غیر عملی(شخص)؛ نا قابل عمل منصوبے گھڑنے والا -

visional, *a.* : کشف کا ؛ رویا کا ؛ خیالی ؛ موہوم -

visionally, *adv.* : کشف یا رویا میں ؛ تصور میں -

visionariness, *n.* : (۱) صاحب کشف ہونا - (۲) خیال پرستی ؛ غیر عملی ہونا - (۳) خیالی ہونا ؛ موہومیت -

visionist, *n.* : (۱) صاحب کشف شخص - (۲) غیر عملی شخص ؛ خیال پرست آدمی -

Visit, -z-, *v. t. & n.* : (۱) مہمان کے طور پر آنا یا جانا؛ (ملاقات کے لیے یا سیر دیکھنے کے لیے) آنا یا جانا - (۲) معائنے کے لیے آنا یا جانا ؛ نگراں کی حیثیت سے آنا یا جانا - (۳) (بیماری کا) حملہ کرنا یا ہو جانا ؛ (مصیبت) نازل ہونا - (۴) (بائبل) سزا دینا ؛ عذاب نازل کرنا - (۵) (برکت) عطا کرنا؛ (تسکین) بخشنا (*with* کے ساتھ آتا ہے) - (۶) آمد ؛ ورود ؛ تشریف آوری (ملاقات، سیر یا معائنے کے لیے)-

w. -dance : جنگی ناچ جو وحشی قومیں لڑائی سے پہلے ناچتی ھیں -

w. -game : جنگی شطرنج؛ (ایک کھیل جس میں میدان جنگ کی بساط پر فوجوں کے پتلے چلائے جاتے ھیں اور لڑائی کے نئے نئے نقشے بنائے جاتے ھیں) -

w. -god : لڑائی کا دیوتا ؛ خصوصاً رومی مارس (مریخ) یا یونانی آریش -

w. -head : تارپیڈو کا پھٹنے والا سرا جو زمانۂ امن میں نکال دیا جاتا ھے -

w. -horse : -(*like an old w. -horse*) (قدیم) جنگی گھوڑا

w. -lord : سپہ سالار -

w. of the elements : کشمکش عناصر مثلاً طوفان، سیلاب وغیرہ -

W. Office : محکمۂ جنگ -

w. -paint : (۱) نقش و نگار جو وحشی لڑائی سے پہلے بدن پر بناتے ھیں - (۲) (مجازاً) رسمی لباس -

w. -path : امریکا کے دیسیوں کی جنگی مہم ؛ اس مہم کا راستہ -

w. -plane : جنگی طیارہ -

w. -ship : جنگی جہاز -

w. -song : (۱) وحشیوں کا رجز یعنی وہ نظمیں جو وحشی قومیں قبل جنگ پڑھتی ھیں - (۲) رزمیہ نظم -

w. to the knife : مارنے مرنے کی لڑائی ؛ بڑی سخت لڑائی (خصوصاً افراد میں) -

w. -whoop : (امریکا کے دیسیوں کا) فوجی نعرہ -

w. -worn : (۱) جنگ آزمودہ - (۲) لڑائی کا مارا ؛ جنگ شکستہ ؛ جو لڑائی میں ٹوٹ پھوٹ گیا ھو -

ww. & rumours of ww. : اقوام میں زور و جبر کا چلن -

War, v. i. & t. : (۱) (قدیم) جنگ کرنا- (۲) (*down* کے ساتھ) لڑکر شکست دینا -

warring : ایک دوسرے کے مخالف ؛ متناقض ؛ متضاد - (*warring creeds, principles*)

Warble (wor-), *v. i, & t. & n.* : (۱) (پرندوں کا) چہچہانا ؛ ترنم کے ساتھ چہکنا - (۲) (انسان کا) ترنم کے ساتھ گانا - (۳) ترنم سے ادا کرنا (الفاظ وغیرہ کو) - (۴) گانا؛ نغمہ سرا ھونا - (۵) ترنم ؛ آواز جس میں ترنم ھو -

warblingly, adv. : ترنم کے ساتھ -

Warble (wor-),*n.* : (۱) سخت گٹا جو زین کی رگڑ سے گھوڑے کی پیٹھ پر پڑجاتا ھے- (۲) ڈانس کے بچے؛ پھنسی جو ان کے کاٹنے سے ھو جاتی ھے -

Warbler, n. : (۱) زمزمہ پرداز؛ ترنم کرنے والا ؛ گانے والا - (۲) ترنمی پرند ؛ پرندوں کی ایک قسم کا نام جس میں بلبل وغیرہ شامل ھیں -

Ward (wor-), *n.* : (۱) (قدیم) حفاظت (اب صرف *watch* کی ترکیب میں مستعمل ھے) - (۲) (قدیم) (شمشیر زنی) روک؛ توڑ - (۳) نظر بندی؛ حراست - (۴) ولایت (نابالغ کی) - (۵) نابالغ؛ زیر ولایت - (۶) حلقہ (شہر کا) - (۷) وارڈ ؛ جیل خانے یا اسپتال کا کمرا - (۸) (جمع) دندانے جو کنجی اور قفل میں ھوتے ھیں -

w. -mote : حلقۂ شہر کا جلسہ -

w. -room : وارڈ روم ؛ جنگی جہاز کے کمیشن دار افسروں کا کمرا جو کمانڈنگ افسر سے کم رتبہ ھوتے ھیں -

Ward, v. t. : (۱) حفاظت کرنا (اب زیادہ تر خدا کے لیے آتا ھے) - (۲) (حملے کو) روکنا ؛ توڑ کرنا ؛ رد کرنا - (۳) بچنا (خطرے افلاس وغیرہ سے) -

-wards *suf.repr* : لاحقہ بہ معنی طرف ؛ سمت ؛ طرف کو ؛ سمت کو -

Warden, n. : (۱) (قدیم) چوکیدار ؛ سنتری ؛ پاسبان - (۲) نگران ؛ گورنر ؛ حاکم -

w. of the Marches : حاکم سرحد جو پہلے انگلستان کے سرحدی اضلاع کی محافظت کے لیے مقرر کیا جاتا تھا -

Wardenship, n. : (۱) نگران کا عہدہ - (۲) گورنر کا عہدہ یا دائرۂ حکومت -

Warden, n. : ایک قسم کی ناشپاتی -

Warder, n. : (۱) (قدیم) سنتری - (۲) جیلر؛ داروغۂ قید خانہ - (۳) (تاریخ) عصائے حکومت جس کو بادشاہ یا سپہ سالار استعمال کرتا تھا اور جسکے اشارے سے بعض اوقات احکام دئے جاتے تھے -

wardress, *n.* : عورت جو جیلر کی خدمات انجام دیتی ھو -

Wardour Street (wor-), *n.* : لندن کی وورڈاور اسٹریٹ ؛ ایک سڑک جس پر قدیم فرنیچر وغیرہ کی دوکانیں ھیں -

wardour Street English : قدیم طرز کی انگریزی جو بہ تکلف بولی یا لکھی جائے -

Wardrobe (wor-), *n.* : (۱) توشہ خانہ ؛ کپڑے رکھنے کا کمرا - (۲) کپڑے رکھنے کی میز یا الماری - (۳) (کسی شخص کا) کپڑوں کا ذخیرہ ؛ کپڑوں کا مجموعہ -

w. -dealer : استعمال شدہ کپڑے بیچنے والا -

w. -trunk : درازوں والا ٹرنک جو الماری کی طرح سیدھا کھڑا کیا جاسکتا ھے -

Wardship, n. : ولی کی نگرانی ؛ ولایت -

under w., has the w. of : ولایت یا نگرانی میں -

Ware, n. : (۱) اشیاء جو فروخت کے لیے بنائی جائیں خصوصاً برتن - (۲) (کسی خاص جگہ ؛ خاص شخص یا خاص قسم کی) مصنوعات ؛ سامان -

hard w. : لوھے یا تانبے کی چیزیں -

tin w. : ٹین کا سامان -

Tunbridge w. : ملمع کاری کی لکڑی -

warehouse n. v. t. : گودام ؛ مالخانہ ؛ گودام میں رکھنا -

warehouseman : گودام یا مالخانے کا مالک -

Wedgwood, Delft or Delf, black, &c. w. : مختلف اقسام کے برتن -

Ware pred. *a.* : (شعر) واقف ؛ آگاہ -

Ware , *v.t.* : (۱) (امر کا صیغہ) ھوشیار رھو ؛ ھوشیار

(w. wire traps!) - (۲) (بول چال عموماً امر کے صیغے میں) دور رھو ؛ بچتے رھو ؛ پرھیز کرو -

Warfare, *n.* : جنگ و جدل ؛ (حالت) جنگ -

Warlike, *a.* : (۱) جنگی ؛ فوجی ؛ لڑائی کا - (۲) جنگ جو ؛ جنگ جو یا نہ -

w. preparations : فوجی تیاریاں -

Warlock (wor), *n.* : (قدیم) جادوگر ؛ ساحر -

Warm (wor-), *a.* : (۱) گرم ؛ حار - (۲) کسی قدر گرم - (۳) گرم رکھنے والے ؛ گرم (کپڑے) - (۴) (مجازاً) گرم جوش ؛ جذباتی - (۵) پر جوش ؛ سرگرم (w. supporter) - (۶) گرم جوشی کا ؛ پرجوش ؛ تپاک کا (w. welcome) - (۷) گرمایا ھوا ؛ تیز ؛ مشتعل (the disputants grew w.) - (۸) نازک ؛ مشکل (موقع) - (۹) ھمدردی کا ؛ دلسوزی کا (جذبہ) - (۱۰) (رنگ) شوخ ؛ خصوصاً جس میں گہرا سرخ یا زرد رنگ شامل ھو - (۱۱) (شکار کی بو) گرما گرم ؛ تیز اور تازہ (جس سے معلوم ھو کہ شکار ابھی گیا ھے) - (۱۲) (بچوں کے آنکھ مچولی کے کھیل میں) بالکل قریب (چھپے ھوئے شخص کے) - (۱۳) مخوش حال ؛ دولتمند (شخص) - (۱۴) (عہدہ دار) جو نیا نہ ھو بلکہ اپنے کام پر جم گیا ھو -

a w. corner : (لڑائی کا) نازک موقع -

a w. temperament : عاشقانہ مزاج -

make it or things w. for one : کسی کے خلاف جذبات کو برانگیختہ کرنا ؛ متواتر حملوں سے ناک میں دم کردینا -

w. blood : گرم خون ، دودھ پلانے والے جانوروں اور چڑیوں کا جس کی حرارت ۹۸ سے ۱۱۲ ڈگری تک ھوتی ھے -

w. descriptions : شہوت انگیز بیان -

w. disposition : محبت والا -

Warm-blooded, *a.* : (۱) گرم خون کا - (۲) گرم جوش طبیعت کا ؛ جذباتی مزاج کا -

Warm-hearted, *a.* : ھمدرد ؛ دلسوز -

Warm-heartedly, *adv.* : ھمدردی سے ؛ دلسوزی سے -

Warm-heartedness, *n.* : ھمدردی ؛ دلسوزی -

Warmly, *adv.* : دلسوزی سے ؛ تپاک سے ؛ گرم جوشی سے ؛ جوش کے ساتھ ؛ سرگرمی سے -

Warmth, *n.* : (۱) ھلکی گرمی - (۲) جوش ؛ گرم جوشی ؛ تپاک ؛ دلسوزی - (۳) تیزی ؛ حرارت ؛ غصہ -

Warm, *v. t. & n.* : (۱) گرم کرنا - (۲) گرمانا ؛ برانگیختہ کرنا ؛ مشتعل کرنا ؛ تیز کرنا - (۳) تاپنا (آگ وغیرہ) - (۴) گرم ھونا - (۵) مشتعل ھونا ؛ گرمانا ؛ تیز ھونا - (۶) ھمدردی کا جذبہ پیدا ھونا ؛ جوش یا سرگرمی پیدا ھونا - (۷) گرم کرنے یا تاپنے کا عمل (must have, give it, another w. first) -

warming-pan : (۱) بستر گرم کرنے کی انگیٹھی - (۲) قائم مقام (جو دوسرے شخص کے بالغ ھونے تک کسی عہدے یا منصب پر رھے) -

w. person on his jacket : زد و کوب کرنا ؛ ٹھوکنا -

warming, *n.* : (عامیانہ) کندی ؛ مرمت ؛ زد و کوب

warmer, *n.* : (-) گرم کرنے کا برتن یا آلہ -

Warn (worn), *v.t.* : آگاہ کرنا ؛ خبردار کرنا ؛ ھشیار کرنا ؛ متنبہ کرنا ؛ تنبیہہ کرنا -

Warningly, *adv.* : بہ طور تنبیہہ ؛ خطرے سے آگاہ کرتے ھوے -

Warning, *n.* : (۱) (خطرے کی) اطلاع ؛ خبر - (۲) (تصور کی) تنبیہہ - (۳) خطرے کی علامت ؛ متنبہ کرنے والی چیز ؛ باعث عبرت -

give (master, servant) w. : (آقا کا نوکر کو یا نوکر کا آقا کو) نوکری چھوڑنے کا نوٹس دینا -

take w. : (۱) چوکنا ھونا ؛ ھشیار ھونا ؛ کان کھڑے کرنا - (۲) خطرے کی اطلاع پاکر مناسب تدبیر کرنا ؛ متنبہ ھونا ؛ تنبیہہ سے فائدہ اٹھانا -

Warp (worp) *v. t. & i.* : (۱) اینٹھ دینا ؛ خم پیدا کردینا ؛ ٹیڑھا کردینا - (۲) اینٹھ جانا ؛ برر جانا ؛ ٹیڑھا ھو جانا ؛ خم پیدا ھو جانا - (۳) (سیرت یا طبیعت میں) انحراف پیدا کرنا ؛ کجی یا کج روی پیدا کرنا ؛ کج رائی پیدا کردینا ؛ بگاڑ دینا - (۴) (رائے کو) اعتدال یا انصاف کے نقطے سے ھٹا دینا ؛ تعصب پیدا کر دینا - (۵) (جہاز میں) رسی باندھ کر کھینچنا؛ اس طرح کھینچتے ھوے چلنا - (۶) (زمین میں) میلا پانی بھر کر اور دریا برآمد مٹی کی تہ جماکر زرخیز بنانا -

Warp (worp) *n.* : (۱) تانا ؛ تار ؛ کپڑے کی بناوٹ میں وہ دھاگا جو لمبان میں تانا جاے - (۲) جہاز کھینچنے کی رسی - (۳) اینٹھن ؛ خم ؛ کجی - (۴) (مجازاً) انحراف ؛ کج روی ؛ خرابی - (۵) دریا برآمد مٹی کی تہ جو میلے پانی کے رھنے سے جم جاتی ھے اور زمین کو زرخیز بناتی ھے -

Warrant (wo-), *n.* : (۱) سند ؛ اختیار مفوضہ ؛ (کسی کام کے کرنے کی) معقول وجہ ؛ جواز - (۲) حکم جس کے ذریعے سے روپیہ ادا ھو ؛ پروانہ ادائی زر ؛ برات - (۳) پروانہ گرفتاری یا قرقی وارنٹ - (۴) مختار نامہ ؛ کسی شخص کی طرف سے مقدمے میں پیروی کرنے کی تحریری اجازت - (۵) وارنٹ ؛ محکمۂ جنگ یا محکمۂ بحری کا پروانۂ تقرر جو چھوٹے درجے کے افسروں کو دیا جاتا ھے -

treasury w. : دیکھو Treasury -

w. of attorney : مختار نامہ -

w. officer : وارنٹ افسر ؛ کمیشن دار افسروں سے چھوٹا اور غیر کمیشن دار افسروں سے بڑا افسر -

Warrant, *v. t.* : (۱) معقول وجہ ھونا ؛ وجۂ جواز ھونا - (۲) تصدیق کرنا ؛ ضامن ھونا ؛ ذمہ دار ھونا (خصوصاً مال کے اصلی ھونے کا) -

I'll w. (you) : (بہ طور جملۂ معترضہ) یقیناً ؛ بے شک -

waranted pure silk : مصدقہ اصلی ریشم -

Warrantable, *a.* : (۱) جائز ؛ معقول - (۲) قابل شکار (پانچ یا چھ برس کی عمر کا بارہ سنگھا) -

Warrantee, *n.* : اختیار پانے والا -

Warranter, warrantor, *nn.* : (۱) ضامن ؛ ذمہ دار ؛ مصدق ؛ تصدیق کرنے والا - (۲) اختیار سند دینے والا -

Warranty, *n.* : (۱) معقول وجہ ؛ جواز - (۲) اختیار ؛ سند - (۳) (قانون) تصدیق اصلیت ؛ ذمہ داری (بیچنے والے کی طرف سے کہ

مال اس کا ہے اور اصلی ہے) -

Warren (wo-), *n.* : خرگوشوں کا جنگل ؛ جس میں خرگوش کے بہت کثرت سے ہوں -

Warrior, *n.* : (۱) (شعر' خطابت) جنگ آزمودہ سپاہی؛ ساونت ؛ سورما - (۲) سپاہی (بحری یا بری فوج) (۳) جنگجو (قوم وغیرہ) -

the Unknown W. or Soldier : گمنام سپاہی؛ ان سپاہیوں میں سے جو جنگ عظیم میں مارے گئے! ایک شخص کی لاش جو ہر ملک میں قوم کی قربانی کی یادگار میں دھوم دھام سے دفن کی گئی -

w. ant : حاکم چیونٹی؛ ایک قسم کی چیونٹی جو دوسرے چھوٹے کیڑوں پر حکومت کرتی ہے -

Wart (wor-), *n.* : (۱) مسا ؛ سخت دانہ - (۲) گومڑی؛ مسا جو درخت کے تنے پر ہو -

paint one with his ww. : کسی شخص کی سچی تصویر کھینچنا جس میں اس کے عیب بھی دکھائے جائیں -

w. -grass, -weed, -wort : مسا بوٹی؛ ایک پودا جس میں کڑوا سفید دودھ نکلتا ہے جس سے مسوں کا علاج ہوتا ہے -

w. -hog : افریقہ کے بڑے سر والے سور جن کے چہرے پر مسے ہوتے ہیں ؛ مسے دار سور -

warty, *a.* : مسے دار ؛ مسوں سے بھرا ہوا -

Wary, *a.* : (۱) چوکس؛ ہوشیار ؛ محتاط - (۲) چوکسی کا ؛ پر احتیاط (کام) -

warily, *adv.* : ہوشیاری کے ساتھ ؛ چوکسی سے ؛ دیکھ بھال کر -

wariness, *n.* : چوکسی؛ ہوشیاری؛ احتیاط -

Was : تھا -

Wash (wo-) *v. t. & i.* : (۱) دھونا؛ دھوکر صاف کرنا - (۲) (مجازاً) پاک کرنا (گناہ وغیرہ سے) - (۳) دھوکر مٹانا ؛ (دھبا وغیرہ) دھو ڈالنا - (۴) ہاتھ منہ دھونا - (۵) کپڑے دھونا ؛ دھلائی کا کام کرنا - (۶) (کپڑے کا) اس طرح دھل سکنا کہ رنگ نہ اُڑے اور خراب نہ ہو - (۷) تر کرنا ؛ بھگونا - (۸) (دریا کے ساحل وغیرہ کو) چھونا ؛ چھوتے ہوئے بہنا - (۹) بہا لے جانا - (۱۰) (کھانے کی چیز کو پانی وغیرہ سے) اتارنا - (۱۱) پھیل کر بہنا - (۱۲) (کچی دھات کو) پانی سے دھوکر نتھارنا - (۱۳) (دیوار وغیرہ پر) پانی سے رنگ کرنا - (۱۴) (سونے وغیرہ کا) پانی پھیرنا ؛ ہلکا ملمع کرنا -

w. one's dirty linen : دیکھو Linen -

w. one's hands : (عموماً of کے ساتھ) (کسی معاملے سے) قطع تعلق کرلینا ؛ الگ ہوجانا ؛ بری الذمہ ہونا -

w. things out : کسی چیز کو اندر سے صاف کرنا -

w. up : برتن دھونا ؛ برتن مانجنا -

washed out : (مجازاً) تھکا ہارا ' خستہ (خصوصاً رنگ رلیاں منانے کے بعد) -

won't w. : (مجازاً) یہ (دلیل یا بیان وغیرہ) نہیں چلنے کا ؛ تنقید کے معیار پر پورا نہیں اترے گا -

washable, *a.* : پکے رنگ کا اور پائدار؛ (کپڑا) دھلاؤ -

washing, *a.* : (۱) دھونا ؛ دھلنا؛ دھلائی - (۲) لادی؛ دھلنے والے کپڑوں کا مجموعہ - (۳) دھوون ؛ پانی جو کسی چیز کو دھونے کے بعد میلا ہو جائے -

Wash, *n.* : (۱) دھونا؛ دھلنا - (۲) ہاتھ منہ دھونا - (۳) لادی؛ دھلنے والے کپڑے - (۴) پانی کی ہلچل ؛ تلاطم امواج ؛ خصوصاً جو کشتی کی رفتار سے پیدا ہوتا ہے - (۵) دریا برآمد مٹی - (۶) باورچی خانے کا دھوون جو سوروں کو دیا جاتا ہے - (۷) پانی سی چیز ؛ چائے شراب وغیرہ جو بے حد ہلکی ہو ؛ دھوون - (۸) (مجازاً) بکواس؛ فضول؛ بے مزہ یا پھسپھسی گفتگو - (۹) لوشن؛ دھونے یا رنگ صاف کرنے کی دوا - (۱۰) (سونے وغیرہ کا) ہلکا ملمع - (۱۱) پانی کا رنگ (جو پانی میں گھولا گیا ہو) -

the w. : دھلائی (دھوبی کے ہاں) -

Wash-, *comb.* : ترکیبی لفظ -

w. -basin. : سلفچی؛ منہ دھونے کا طشت -

w. -board : (۱) ابھری ہوئی لکیروں والا تختہ جس پر دھوبی کپڑے رگڑ کر صاف کرتے ہیں - (۲) پھٹی روکنے والا تختہ جو کشتی کودی وغیرہ میں لگا رہتا ہے - (۳) تختے کا حاشیہ جو کمرے کی دیوار کے نیچے کے حصے میں ہوتا ہے -

w. -boiler : کپڑے دھونے کا کڑھاؤ -

w. -bottle : گیس صاف کرنے کی بوتل جس میں کوئی سیال چیز بھر کر اس میں سے گیس گزارتے ہیں -

w. -bowl : برتن وغیرہ دھونے کا طشت ؛ لگن ؛ کونڈا -

w. -cloth : صافی -

w. -day : کپڑے دھونے کا مخصوص دن -

w. -hand, -basin : سلفچی -

w. -hand-stand : منہ دھونے کی میز -

w. -house : کپڑے دھونے کا کارخانہ -

w. -leather : سابر کا چمڑا یا اسی طرح کا نرم چمڑا بکری وغیرہ کا -

w. -out : (فوجی عامیانہ) (۱) بالکل ناکامیاب شخص (خصوصاً نشانہ لگانے میں) بالکل ہیٹا ؛ محض نکما - (۲) قطعی ناکامی؛ ٹائیں ٹائیں فش -

w. -pot : (۱) (قدیم) برتن جس میں کوئی چیز دھوئی جائے - (۲) پگھلے ہوئے رانگ کا برتن جس میں اور برتنوں کو ڈبو کر قلعی کرتے ہیں -

w. -tub : کپڑے دھونے کا ٹب -

Washer, *n.* : (۱) wash کا اسم فاعل - (۲) دھونے کی مشین - (۳) سوراخ دار یا چپٹا چھلا جو ڈھبری وغیرہ کے ساتھ مضبوطی کے لیے لگا دیتے ہیں -

washerwoman : دھوبن -

Washing, *n.* : (۱) wash کا حاصل مصدر - (۲) دھلائی کے کپڑے ؛ لادی -

w. soda : سوڈا ؛ سوڈیم کاربونیٹ -

w. -stand : منہ دھونے کی میز -

Washington, *n.* : واشنگٹن ؛ ریاستہائے متحدہ امریکا کی حکومت کے لیے بھی استعمال ہوتا ہے -

Washingtonia (wo-), *n.* : واشنگٹن کا کھجور ؛ کیلیفورنیا کا کھجور کا درخت جو واشنگٹن کے نام سے موسوم ہے -

Washy, *a.* : (۱) پانی سا ؛ بالکل پتلا یا ہلکا (شوربا شراب

چائے وغیرہ) ؛ پھیکا ؛ بے مزہ - (۲) پھیکا ' حد سے زیادہ ھلکا (رنگ) - (۳) بودا ؛ پھسپھسا؛ کمزور (جذبہ' اسلوب بیان وغیرہ)-

washily, *adv.* : (۱) پتلے پن' پھیکے پن یا ھلکے پن کے ساتھ - (۲) بودے یا پھسپھسے طریقے سے -

washiness, *n.* : (۱) پتلا پن؛ پانی سا ھونا - (۲) پھیکا پن؛ ھلکا پن (رنگ کا) - (۳) بودا پن ' پھسپھسا پن -

Wasp (wo-) *n.* : بھڑ -

w. -bee, -beetle, -fly : بھڑ سے مشابہ شہد کی مکھی وغیرہ -

wasp-waisted, *a.* : پتلی کمر کا ؛ نازک کمر والا-

Waspish, *a.* : (۱) جھلا ؛ بد مزاج ؛ تنک مزاج ؛ تلخ گو - (۲) جھلے پن کا ؛ بد مزاجی کا ؛ تلخ ؛ کڑوا ؛ طعن آمیز-

waspishly, *adv.* : بدمزاجی سے ؛ جھلے پن سے ؛ تلخی سے -

waspishness, *n.* : جھلا پن ؛ تنک مزاجی؛ تلخی -

Wassail, *n. & v. i.* : (۱) (قدیم) بزم نشاط' بزم طرب؛ رنگ رلیاں ؛ شراب نوشی کی صحبت - (۲) ایل یا کوئی اور تیز شراب جو ایسی صحبتوں میں پی جاتی ھے - (۳) رنگ رلیاں منانا ؛ عیش منانا ؛ خوب پینا پلانا -

Wast : تھا (واحد مخاطب) -

Wastage (-ij), *n.* : (۱) ضایع کرنا یا ضائع ھونا ؛ تضیع ؛ بربادی - (۲) ضائع شدہ مقدار -

Waste, *a.* : (۱) ویران ؛ اجاڑ؛ اجڑا ھوا ؛ غیرآباد - (۲) بنجر ؛ ناقابل کاشت ؛ غیر مزروعہ - (۳) (مجازاً) غیر دلچسپ ؛ سپاٹ ؛ اھم واقعات سے خالی- (۴) بے کار ؛ فضول ؛ فاضل ؛ زائد - (*w. energy, steam etc*)

lay w. : ویران کرنا ؛ تاراج کرنا ؛ پامال کرنا -

lie w. : بنجر ھونا -

the w. periods of history : تاریخ کے غیر دلچسپ قرون -

w. land : بنجر -

w. paper : (۱) ردی - (۲) بے کار کتاب یا کاغذ -

w. products : فضول پیدا وار -

Waste, *v. t. & i.* : (۱) ویران کرنا ؛ تاراج کرنا ؛ پامال کرنا- (۲) (قانون) غفلت وغیرہ سے جائداد کو برباد کرنا ؛ نقصان پہنچانا - (۳) تباہ کرنا ؛ کھونا؛ تلف کرنا ؛ گلوانا ؛ ضایع کرنا ؛ رایگاں کرنا - (۴) اسراف سے کام لینا ؛ فضول خرچی کرنا - (۵) گھلنا ؛ گھلنا ؛ تحلیل کرنا ؛ تحلیل ھونا ؛ رفتہ رفتہ گھٹانا یا گھٹنا - (۶) مرجھا دینا ؛ مرجھا جانا -(۷) (قدیم) گزارنا یا گزرنا (وقت کا) - (۸) برباد ھونا ؛ ضایع ھونا -

w. breath or words : بے کار گفتگو کرنا ؛ بے نتیجہ گفتگو کرنا -

w. not, want not : نہ فضول خرچی کرو نہ محتاج ھو -

Waste, *n.* : (۱) دشت ؛ بیابان ؛ کف دست میدان ؛ سنسان منظر - (۲) بنجر زمین - (۳) تحلیل ؛ تدریجی کمی ؛ رفتہ رفتہ گھلنا - (۴) بے کار یا فاضل چیز ؛ غذا کے بچے کھچے ٹکڑے ؛ فضلہ ؛ کسی چیز کے بچے کھچے ٹکڑے ؛ ریزے ؛ کترن ؛ چھانٹن وغیرہ - (۵) سوت کا کوڑا ' جو کلیں صاف کرنے کے لیے کام آتا ھے- (۶) (وقت ' غذا ' دولت وغیرہ کا) اسراف ؛ تباھی ؛ بربادی؛ تضیع - (۷) (قانون) نقصان جو لگان دار جائداد کو پہنچائے -

a w. of waters : پانی کی وسیع سطح -

run to w. : بہہ کر ضائع ھوجانا' برباد ھو جانا (سیال شئے کا) -

Waste-, comb. : ترکیبی لفظ :

w. -basket : متفرق چیزوں کی ٹوکری -

w. book : کچا کھاتا ؛ کتاب جس میں حساب کا ابتدائی اندراج بطور یاد داشت کے ھوتا ھے -

w. -paper- basket : ردی کی ٹوکری -

w. -pipe : بدررو نل ؛ استعمال شدہ یا فاضل پانی نکالنے کا نل -

wasteful, *a.* : (۱) مسرف ؛ فضول خرچ - (۲) مسرفانہ ؛ فضول خرچی کا -

wastefully, *adv* : مسرفانہ طور پر ؛ فضول خرچی سے -

wastefulness, *n.* : فضول خرچی ؛ اسراف ؛ صرف بے جا -

Waster, *n.* : (۱) برباد کرنے والا ؛ ضایع کرنے والا - (۲) ناقص مال؛ ردی مال جو کارخانے میں بنتے وقت خراب ھو جائے- (۳) نکھٹو ؛ نکما آدمی -

Wastrel, *n.* : (۱) ناقص مال ؛ ردی مال ' جو کارخانے میں بنتے وقت خراب ھو جائے - (۲) آوارہ بچہ ؛ نگھرا بچہ - (۳) نکھٹو ؛ نکما آدمی - (۴) مسرف ؛ فضول خرچ -

Watch, (wo-) *n.* : (۱) رات کو جاگنا ؛ شب بیداری (اب اس معنی میں شاذ ھے) - (۲) چوکسی ؛ خبرداری ؛ نگاہ رکھنا ؛ غافل نہ ھونا- (۳) پہرے والا؛ چوکیدار؛ گشتی پہرے والوں کا گروہ؛روند - (۴) (تاریخ) پہر؛تین یا چار حصوں میں سے ایک جن میں رات پہرے کی غرض سے تقسیم کی جاتی تھی- (۵) ملازمان جہاز کے دو گروھوں میں سے ایک جو باری باری سے ڈیوٹی انجام دیتے ھیں - (۶) جیبی گھڑی ؛ واچ -

black w. : دیکھو Black -

dog- w. : آدھا پہر -

is on the w. : (۱) (واقعات کا) رخ دیکھ رھا ھے ؛ خبردار ھے - (۲) (کسی شخص کی) تلاش یا انتظار میں ھے -

pass as a w. in the night : جلد فراموش ھوجانا -

port w. : ملازمان جہاز کا وہ گروہ جن کے کمرے (پیش جہاز کی طرف رخ کرکے) بائیں ھاتھ پر ھوتے ھیں -

starboard w. : ملازمان جہاز کا وہ گروہ جن کے کمرے (پیش جہاز کی طرف رخ کرکے) داھنے ھاتھ پر ھوتے ھیں -

stop- w. : دیکھو Stop -

w. & ward : اصل میں پہرے کے معنی میں تھا ' اب چوکسی کے معنی میں تاکیداً آتا ھے -

w. -case : گھڑی کا ڈھکنا -

w.-chain : گھڑی کی چین ؛ گھڑی کی زنجیر -

w. committee : (انگلستان) ڈسٹرکٹ بورڈ کی چوکی داری اور روشنی کی کمیٹی -

w.- dog : رکھوالا کتا جو چور وغیرہ کی خبر دے -

w. -fire : پہرے کا الاؤ ؛ آگ جو رات کو کیمپ وغیرہ میں جلائی جاتی ھے -

w. -glass : گھڑی کا شیشہ -

w. -guard : گھڑی کی زنجیر یا ڈوری -

w. -key : گھڑی کی چابی -

w. -maker : گھڑی ساز -

watchman : (۱) (اب شعر میں) پہرے والا ؛ محافظ - (۲) چوکیدار -

w.-night : عبادت کی رات ؛ سال کی آخری رات جسے منہود سٹ عیسائی عبادت میں گزارتے ہیں -

w.-oil : گھڑی کے پرزوں کے صاف کرنے کا تیل

w.-pocket : (۱) جیب گھڑی - (۲) گھڑی رکھنے کی تھیلی -

w.-spring : گھڑی کی کمانی -

w.-stand : چھوٹا سا ستون گھڑی آویزاں کرنے کے لئے؛ واچ اسٹینڈ ؛ گھڑی ستون -

w.-tower : دیدبان ؛ پہرے کا مینار -

watchword : (۱) (موجودہ معنی) لفظ یا الفاظ جن سے ایک جماعت کا نصب العین ظاہر ہو؛ اصولی قول - (۲) وہ مخصوص لفظ جس سے فوجی پہرے والے دوست دشمن میں تمیز کرتے ہیں ؛ پرول ؛ پلول -

watchful *a.* : چوکس ؛ خبردار ؛ هوشیار -

watchfully, *a.* : هوشیاری سے ؛ خبرداری سے -

watchfulness, *n.* : چوکسی ؛ هوشیاری ؛ خبرداری -

Watch *v.i. & t.* : (۱) (کسی خاص کام کے لئے) رات کو جاگنا؛ شب بیداری کرنا - (۲) (واقعات کا) رخ دیکھنا ؛ نگاہ رکھنا ؛ دیکھتے رہنا ؛ خبردار رہنا ؛ چوکس رہنا ؛ هوشیار رہنا ؛ (موقع کے) انتظار میں رہنا - (۳) (کسی شخص کی) نگرانی کرنا ؛ حرکات و سکنات پر نظر رکھنا - (۴) انتظار کرنا ؛ منتظر رہنا -

if you don't w. it : (بول چال) اگر تم نے هوشیاری سے کام نہ لیا -

watched pot never boils : انتظار میں وقت پہاڑ هوجاتا هے -

w. one's time : مناسب موقع کا انتظار کرنا -

watcher, *n.* : watch کا اسم فاعل ؛ تیماردار -

Water(waw-), *n.* : (۱) پانی ؛ آب ؛ جل - (۲) کسی قسم کی رطوبت مثلاً پیشاب ، پسینہ ، آنسو وغیرہ - (۳) سمندر ، دریا ، جھیل تالاب وغیرہ - (۴) مد یا جزر (high low w.) - (۵) محلول ؛ عرق - (۶) جواهرات خصوصاً الماس کی آبدار چمک - (۷) کسی کمپنی کے سرمائے میں ظاهری اضافہ جو نئے حصے جاری کرنے سے کیا جائے (جو اصل میں سرمایہ نہیں بلکہ قرض هوتا هے) -

between wind & w. : دیکھو Between -

blue w. : دیکھو Blue -

brings the w. to one's mouth : اسے دیکھ کر منہ میں پانی بھر آتا هے -

cast one's bread upon the ww. : 'نیکی کر دریا میں ڈال' پر عمل کرنا ؛ بغیر کسی معاوضے کی توقع کے نیکی کرنا -

cup of cold w. : کٹورا بھر ٹھنڈا پانی جو مہمان نوازی کی نشانی قرار دیا گیا هے -

drink the ww. : صحت کی خاطر چشمہ گاہ (معدنی چشموں کی جگہ) میں جاکر رہنا -

fire & w. : (قدیم) یہ معنی ضروریات زندگی جو سرکردان قانون (outlaws) کے لئے ممنوع هیں -

fish in troubled ww. : دیکھو Fish -

fish out of w. : جو اپنے طبع مخالف ماحول میں هو -

get into, be in, hot w. : ناعاقبت اندیشی کی وجہ سے مشکلات میں گرفتار هوجانا؛ مورد عتاب هونا ؛ لوگوں کو خفا کر دینا -

go through fire and w. : هر طرح کی مشکلات کا مقابلہ کرنا -

hard w. : دیکھو Hard -

high- w. mark : (۱) انتہائی جزر کا نشان - (۲) منتہائے عروج ؛ ترقی کی آخری حد -

hold w. : دیکھو Hold -

holy w. : دیکھو Holy -

in deep w. or ww. : پریشانیوں میں گھرا هوا ؛ مشکلات میں گرفتار -

in low w. : پست حالت میں خصوصاً مالی لحاظ سے -

in smooth w. : آرام سے ؛ اطمینان کی حالت میں ؛ پریشانیوں سے نجات پائے هوئے -

keep one's head above w : (مجازاً) کام چلانا ؛ اپنا خرچ چلانا ؛ دیوالہ نہ هونے دینا -

lavender, rose, &c., -w. : لونڈر، گلاب جل وغیرہ -

low-w. mark : (۱) انتہائی مد کا نشان - (۲) منتہائے زوال؛ تنزل کی آخری حد -

make,pass w. : پیشاب کرنا -

mineral, w. : دیکھو Mineral -

of the first w. : (۱) اعلیٰ درجے کا - (۲) بہت بڑا؛ زبردست -

pour oil on the ww. : دیکھو Pour -

red w. : خون آلود پیشاب -

soft w. : دیکھو soft -

spend money, shed blood, like w. : روپیہ پانی کی طرح بہانا ؛ خون کی ندیاں بہا دینا -

still ww. run deep : خاموش آدمی بڑے گہرے هوتے هیں -

strong ww. : (قدیم) کھینچی هوئی شراب -

table ww. : معدنی پانی جو کھانے پر استعمال کے لیے بوتلوں میں بھرا رہتا هے مثلاً سوڈا وغیرہ -

The water poet : جان ٹیلر شاعر (سال وفات سنہ ۱۶۵۳ ع) -

the ww. : (خطابت) سمندر -

throw cold w. on : کسی تحریک کی مخالفت کر کے اس کا جوش ٹھنڈا کردینا یا اس کی هنسی اڑانا -

tread w. : گہرے پانی میں دونوں پاؤں باری باری سے مارتے هوئے قایم رہنا -

turn on the w. works : (عامیانہ) آنسو بہانا؛ زار زار رونا -

w.-anchor = drag-anchor : دیکھو Drag -

w.-bailiff : بندر گاہ کا افسر چنگی -

w.- bed : جل گدا ؛ پانی سے بھرا هوا تھیلے کی شکل کا بستر جس پر مریضوں کو لٹاتے هیں -

w.-bellows : پن دھونکنی ؛ ایک آلہ جسے پانی میں رکھ کر دھونکتے هیں -

w. bewitched : بہت هلکی چائے یا پانی ملی شراب -

w.- bird : دریائی پرند -

w.-biscuit : آٹے اور پانی سے بنا هوا پتلا سخت بسکٹ ؛ پن بسکٹ -

w.-blister : آبلہ -

w.-boatman: پن کھٹمل ؛ پانی کا ایک چھوٹا کیڑا -

w.-borne: (۱) بحری راستے سے لایا ہوا (مال و اسباب) - (۲) خراب پانی سے پھیلنے والی (بیماری) -

w.-bottle: پانی کی بوتل شیشے یا دھات کی -

w.-brash: ایک قسم کی بد ہضمی جس میں پانی کی قے ہوتی ہے -

w.-breaker: دیکھو Breaker -

w.-buffalow: ہندوستان کی بھینس -

w.-carriage: بحری راستے سے مال لے جانا -

w.-carrier: دیکھو Aquarius -

w.-cart: پانی کی گاڑی ؛ چھڑکاو گاڑی ' جس میں فروخت کے لیے یا سڑکوں پر آب پاشی کے لیے پانی بھرا ہوتا ہے -

w.-chute: تختوں کا اتار جسے بہتے ہوئے پانی کے ذریعہ سے پھسلواں بنا دیتے ہیں اور اس پر پھسلنے کا کھیل کرتے ہیں -

w.-closet: فلش کا طہارت خانہ ؛ بیت الخلا جسے پانی سے دھونے کا انتظام ہو -

w.-colour: (۱) آب رنگ ؛ پانی کے رنگ جو تیل کے بجائے پانی میں حل کیے جاتے ہیں - (۲) آب رنگ تصویر - (۳) آب رنگ مصوری -

water-colourist, n.: آب رنگ تصویروں کا مصور -

w. compress: دیکھو Compress (2) -

watercourse: نالا ؛ چشمہ -

w.-cracker: ایک قسم کا بسکٹ -

watercress: سلاد آبی؛ دریائی پودا جو بطور سلاد کے استعمال کیا جاتا ہے -

w.-cure: علاج بالآب ؛ پانی کے ذریعے سے علاج -

w.-drinker: شراب سے محترز ؛ تارک شراب -

waterfall: آبشار -

w.-finder: پن جوتشی ؛ پن فالیا ؛ وہ شخص جو طلسمی چھڑی کی مدد سے یہ معلوم کرلیتا ہے کہ پانی کس مقام پر نکلے گا -

waterfowl: دریائی پرند خصوصاً جن کا شکار کھیلتے ہیں -

w.-gas: گیس جو پانی کو تحلیل کرکے اور کاربن ملاکر روشنی کرنے کے کام آتی ہے -

w.-gate: (۱) (دریا نہر وغیرہ کے) بند کا دروازہ - (۲) (دربار میں) داخلے کا دروازہ ؛ پھاٹک -

w.-gauge: حوض پیما ؛ شیشے کی نے جس سے پانی کی بلندی کا اندازہ کیا جاتا ہے (حوض وغیرہ میں) -

w.-glass: (۱) دریائی خوردبین ' پانی کے اندر کی چیزوں کے دیکھنے کا آلہ - (۲) (سوڈیم ئی) ابرق کا محلول جو دیواروں کی نقاشی میں اور انڈوں کو محفوظ رکھنے میں کام آتا ہے -

w.-hammer: تصادم جو پانی کے نل میں ٹونٹی بند کرنے سے یا بھاپ کے نل میں تازہ بھاپ داخل کرنے سے پیدا ہوتا ہے -

w.-hen: دیکھو Moorhen -

w.-hole: گڑھا جس میں پانی بھرا ہو -

w.-ice: میٹھی برف (شربت کو جماکر اور کسی چیز کی چاشنی دے کر بناتے ہیں) -

w.-inch: آبی انچ ؛ مقدار آب جو چوبیس گھنٹے کے اندر ایک انچ کے نل سے کم سے کم دباؤ سے خارج ہوتی ہے -

w.-jacket: پانی کا ظرف جس میں مشین کا وہ حصہ رکھا جاتا ہے جسے ٹھنڈا رکھنا مقصود ہے -

w.-joint: ٹپکنے سے محفوظ ؛ بے رخنہ -

w.-junket: دیکھو Sandpiper - Sand =

w.-laid: تہری لڑوں کا (رسا) -

w.-lens: پن بھری دوربین ؛ ایک قسم کی دوربین جس میں پانی بھرا ہوتا ہے -

w.-level: (۱) سطح ؛ سطح آب (حوض وغیرہ کی) - (۲) (ارضیات) سطح سیرابی ؛ زمین کی وہ پرت جس کے نیچے تک ساری زمین سیراب ہو - (۳) پن گنیا ؛ نلی کی شکل کا لیول جس میں پانی بھرا ہوتا ہے اور اس سے سطح کی ہمواری کا اندازہ کیا جاتا ہے -

w.-lily: کنول ؛ نیلوفر -

w.-line: (۱) خط آب ؛ جہاز کے کنارے کا وہ خط جس کی حد تک پانی کی سطح جہاز کے کنارے چھوتی ہے - (۲) کاغذ کی اندرونی لکیر -

light w.-line: خالی جہاز کا خط آب -

load-w.-line: بھرے جہاز کا خط آب -

waterlogged پانی بھری کشتی یا پانی سوکھی لکڑی جو بہ مشکل تیرتی ہے -

w.-main: آب رسانی کا بڑا نل ؛ صدر نل -

waterman: (۱) ملاح ؛ کشتی بان (جو کرایہ پر کشتی چلاتا ہے) - (۲) کھویا ؛ کشتی راں ؛ جو کشتی چلانے کا فن جانتا ہو -

watermanship, n.: کشتی چلانے کا فن ؛ کشتی رانی -

watermark: (۱) کاغذ کے اندرونی نشان جن میں بنانے والے کا نام ' کاغذ کی سائز وغیرہ لکھی ہوتی ہے - (۲) (کاغذ پر) اندرونی نشان ڈالنا -

w.-meadow: سیراب مرغزار' جس میں پانی بھر کر زرخیز بناتے ہیں -

w.-melon: تربوز -

w.-meter: آب پیما ؛ میٹر ؛ پانی کی مقدار ناپنے کا آلہ -

w.-mill: پن چکی -

w.-monkey: (تنگ اور لنبی گردن کی) صراحی جو گرم ممالک میں پانی کے لیے استعمال کی جاتی ہے -

w.-motor: (۱) پن موٹر ؛ پانی کے دباؤ سے چلنے والا متحرک انجن - (۲) دولاب ؛ پن چرخی -

w.-nymph: سمندر کی پری ؛ جل پری -

w. of life: نور باطن ؛ روشن ضمیری -

w. on the brain, knee &c.: دماغ ' گھٹنے وغیرہ میں پانی بھر جانے کی بیماری ؛ جلندھر (دماغ ' گھٹنے وغیرہ کا) -

w. ouzel: دیکھو Ouzel -

w.-pillar: پن کھمبا ؛ پانی کا ستون جس سے ریل کا انجن [illegible] -

w.-pipe: پانی کا نل -

w.-plane: (۱) سطح آب جو جہاز کے کنارے کو چھوتی ہے - (۲) دیکھو sea-plane - sea

w.-plate: دھری تہ کی تاب جس میں کھانا گرم رکھنے کے لیے گرم پانی رکھتے ہیں؛ گرمابی تاب -

w.-platter : آبی کنول ؛ ایک قسم کا نیلوفر یا کنول جس کی پتیوں کے کنارے اوپر کو اٹھے رہتے ہیں -

w.-polo : پانی پولو ؛ ایک کھیل جو تیراک کھیلتے ہیں ' جس میں گیند کو ہاتھ سے اچھال کر گول تک لے جاتے ہیں -

w.-power : قوت آب ؛ پانی کی قوت جس سے مشین چلانے کا کام لیا جائے -

waterproof, *a.* : (۱) پن روک ؛ واٹر پروف : جس میں پانی اثر کر نہ آئے ' مثلاً کپڑا لباس وغیرہ - (۲) برساتی ؛ پن روک کوٹ - (۳) (کسی چیز کو) ربر وغیرہ کے ذریعے پن روک بنانا -

waterproofer, *n.* : پن روک چیزیں بنانے والا ؛ واٹر پروف بنانے والا -

w.-ram : پانی چڑھانے کی کل ؛ آب بردار -

w.-rat : دیکھو w. vole =.

w.-rate : آبیانہ؛ پانی کا محصول -

w.-sail : سب سے نیچا بادبان ؛ بادبان جو سطح آب سے قریب ہوتا ہے -

w.-seal : مہر آب ؛ وہ پانی جو گیس کے نل میں منہہ کے قریب ہوتا ہے تاکہ گیس خارج نہ ہوسکے -

watershed : فاصل آب؛ پن دھارا ؛ وہ خط جو مختلف دریاؤں کے طاس یا وادیوں کو ایک دوسرے سے جدا کرتا ہے -

w.-shoot : پرنالہ ؛ بدر رو یا نل جس میں مکان کا پانی خارج ہوتا ہے -

waterside : حاشیۂ آب؛ لب دریا -

w.-skin : مشکیزہ ؛ مشک -

w.-soldier : ایک دریائی پودا جس کے پھول سطح سے نکلے رہتے ہیں -

w. souchet or souchy : ایک قسم کی شوربے دار (پکی ہوئی) مچھلی -

waterspout : بخارات کا ستون سا جو سطح سمندر سے بادل تک اٹھتا نظر آتا ہے -

w.-sprite : دریائی پری یا بھوت -

w.-supply : (۱) آب رسانی ؛ پینے کا پانی پہنچانے کا انتظام- (۲) رسد آب؛ ذخیرہ آب؛ اس پانی کی مجموعی مقدار جو اس مقصد کے لیے جمع کی جائے -

w.-table : (۱) (عمارت) مسطح حاشیہ یا کگر (چھت یا دیوار میں پانی گرنے کے لیے) - (۲) سطح سیرابی؛ زمین کی وہ پرت جس کے نیچے تک ساری زمین پانی سے سیراب ہو -

w.-tiger : پان کے بعض کیڑوں کا پہل روپ -

watertight : پن روک ؛ جس میں پانی اثر نہ کرے (مثلاً جوتا وغیرہ) -

watertight compartment : علحدہ علحدہ خانے ' ان مسائل مضامین وغیرہ کے جو ایک دوسرے سے الگ نہیں ہوسکتے؛ مصنوعی طور پر تقسیم کیے ہوئے حصے -

w.-tower : ستون حوض' جس پر پانی کا حوض ہوتا ہے' تالاب وغیرہ کے کنارے تقسیم آب کے لیے بنا دیا جاتا ہے-

w.-tube boiler : نلی‌دار جوشدان' جس میں پانی نلیوں سے گزرتا ہے جو آگ یا گیس سے گرم رہتی ہیں -

w.-vole : چوہے کی قسم کا جانور جو اکثر پانی میں رہتا ہے -

w.-wag (g) on : دیکھو *w-cart* -

is on the w.-wagon: (عامیانہ محاورہ جو امریکا سے نکلا ہے) شراب سے پرہیز کرتا ہے ؛ تارک شراب ہے -

w. wagtail : ممولے کی قسم کی چتکبری چڑیا -

w.-wave : بالوں کا خم جو ایک خاص ترکیب سے پانی کے ذریعے پیدا کرتے ہیں -

w.-waving : پانی سے بالوں میں خم پیدا کرنے کا طریقہ -

w.-way : (۱) قابل جہاز رانی دریا وغیرہ - (۲) عرشۂ جہاز کے کنارے کی نالی -

w.-wheel : پن چرخی ' جو پانی سے چلتی ہے اور مشین کو چلاتی ہے ؛ دولاب -

overshot w.-wheel : جس پر پانی اوپر سے گزرتا ہے -

undershot w.-wheel : جس میں پانی نیچے سے گزرتا ہے -

w. wings : (کارک وغیرہ کے) ترند جنھیں کندھے پر باندھ کر تیرنا سیکھتے ہیں -

w.-witch : (۱) *w.-finder*, - (۲) ایک قسم کا دریائی پرند -

w.-withe : جزائر غرب الہند کی انگور کی بیل جس کی شاخیں اس قدر رسیلی ہوتی ہیں کہ ایک شاخ ٹوٹ جائے تو عرق کا تار بندھ جاتا ہے -

ww. of forgetfulness : (۱) موت - (۲) عالم فراموشی - (۳) دریائے فراموشی ؛ عالم اسفل کا دریا جس کا پانی پینے سے ماضی کے واقعات فراموش ہوجاتے ہیں -

waterworks : (۱) کارخانۂ آب رسانی - (۲) ایک قسم کا آرائشی فوارہ -

written in w. : نقش بر آب ؛ ناپائدار (مثلاً شہرت وغیرہ) -

waterless, *a.* : خشک؛ بے آب -

Water, *v. t. & i.* : (۱) چھڑکاؤ کرنا (سڑک پر) - (۲) آب پاشی کرنا ؛ پانی دینا (پودوں کو) - (۳) پانی پلانا (گھوڑے وغیرہ کو) ؛ پانی پینے کو جانا - (۴) پانی ملانا (دودھ وغیرہ میں) - (۵) (آنکھوں میں) پانی آجانا - (۶) (منہہ میں) پانی بھر آنا - (۷) (جہاز و انجن وغیرہ کا) پانی لینا - (۸) کپڑے میں اندرونی لہریا بنانا جو روشنی میں رکھنے سے نظر آئے - (۹) (اصلی سرمایہ میں اضافہ کیے بغیر جدید حصوں کے اجرا کے ذریعے سے کمپنی کے سرمائے میں) ظاہری اضافہ کرنا -

w. down : (قصے کو) ہلکا کرکے بیان کرنا ؛ ہولناک اجزا کو چھوڑ کر بیان کرنا -

watering-cart : چھڑکاؤ کی گاڑی -

watering-place : (۱) نالہ چشمہ وغیرہ جس میں مویشی پانی پیتے ہیں- (۲) چشمہ گاہ؛ وہ مقام جہاں معدنی چشمے ہوں- (۳) ساحل سمندر کی سیر گاہ -

watering-pot : پودوں کو پانی دینے کا برتن -

Waterbury, *n.* : واٹر بری گھڑی؛ امریکا کی بنی ہوئی سستی جیبی گھڑی -

Waterloo, *n.* : (۱) جنگ واٹرلو جس میں نپولین کو شکست ہوئی- (۲) زبردست معرکہ ؛ زبردست شکست -

Watery, *a.* : (۱) (پکا ہوا کھانا) جس میں پانی بہت زیادہ ہو؛

ڈھب ڈھب - (۲) تر (ھونٹھ) - (۳) پرنم (آنکھیں) - (۴) پانی جیسا ؛ بے حد پتلا - (۵) بودا ؛ پھسپھسا ؛ پھیکا ؛ بے مزہ (فقرہ اسلوب بیان وغیرہ) - (۶) جس سے بارش کے آثار ظاھر ھوں ؛ بارش کی خبر دینے والا (*a w. moon, sky*) -

wateriness *n.* : رطوبت؛ نمی؛ تری-

Watt (wot) *n.* : وات ؛ برقی قوت کا پیمانہ -

wattmeter, *n.* : وات پیما -

Watteau (woto or as F), *n.* : وٹو؛ فرانس کے ایک مصور کا نام ھے (سال وفات سنہ ۱۷۲۱ ع) -

W. back : (عورتوں کے لباس کی) چوڑی پلیٹ کی کمر جس میں گلے سے نیچے تک ایک پلیٹ ھوتی ھے -

W. bodice : ووٹو بوڈس ؛ عورتوں کا سینہ بند یا اندر پہننے کی بنیان جس میں چوکھونا کھلا گلا اور چنت دار آستینیں ھوتی ھیں -

Wattle (wo-) *n. & v. t.* : (۱) ٹھاٹ ؛ ٹھاٹر ؛ ٹٹی ؛ جعفری؛ بانس یا درخت کی ٹہنیوں کا ڈھانچا جو باڑ چھت یا دیوار کا کام دیتا ھے- (۲) (واحد یا جمع) بانس کی کھپچیاں یا درختوں کی ٹہنیاں ٹھاٹر بنانے کے لیے- (۳) اسٹریلیا کا کاشیا جس کی ٹٹیاں بنتی ھیں اور چھال چمڑا رنگنے کے کام آتی ھے ؛ اس کے پھول سنہرے ھوتے ھیں اور اسٹریلیا کا قومی نشان سمجھے جاتے ھیں - (۴) (مقامی) بید کی ٹٹی (گھڑ دوڑ وغیرہ کی) - (۵) ٹھاٹ یا جعفری لگانا ؛ ٹٹی لگانا- (۶) (ٹہنیوں وغیرہ سے) ٹھاٹ بنانا ؛ گوتھنا -

w. & daub : ٹھاٹ جس پر مٹی کی استرکاری ھو -

Wattle (wo-), *n.* : (۱) پیلو اور دوسرے پرندوں کا گلے کا لٹکا ھوا گوشت - (۲) ایک قسم کی مچھلی کے خار یا گل مچھے -

wattled, *a.* : (۱) جس کے گلے پر گوشت لٹکا ھو - (۲) گل مچھے دار -

Waul, *v. i.* : چیخنا ؛ میاؤں میاؤں کرنا ؛ بلی کی طرح بولنا یا چلانا -

Wave, *v. i. & t.* : (۱) ادھر ادھر ھلنا ؛ لہرانا ؛ لہلہانا - (۲) لہرانا ؛ ھلانا ؛ حرکت دینا ؛ گھمانا - (۳) ھاتھ کے اشارے سے حکم دینا ؛ ھاتھ سے آنے یا جانے کا اشارہ کرنا ؛ رخصت کرنے کے وقت ھاتھ ھلانا -

w. aside : (بے جا مداخلت یا ناجائز کہہ کر) خارج کر دینا -

w. one's hand, (*to person*) : ھاتھ سے اشارہ کرنا ؛ ھاتھ ھلانا (خیر مقدم یا رخصت کے طور پر) -

w. sword : تلوار گھمانا -

Wave, *n.* : (۱) لہر ؛ موج - (۲) موج ؛ ھوا پانی وغیرہ کے ذرات کا تموج جس سے حرارت روشنی آواز وغیرہ پیدا ھوتی ھے - (۳) لہر ؛ کسی اثر یا حالت یا جذبے کا عارضی طور پر بڑھ جانا (مثلاً جوش ، خوش حالی، افسردگی وغیرہ *a w. of enthusiasm* (*depression etc*) - (۴) لہردار خط یا خاکا ؛ اونچی نیچی سطح؛ خم - (۵) لہردار ھونا - (۶) ھاتھ کا اشارہ؛ ھاتھ ھلانا-

attack in ww. : (فوج کا) لہریں لیتے ھوئے بڑھنا -

heat, cold. -w. : گرمی یا سردی کی لہر ؛ کسی خطے میں گرمی یا سردی کا یکا یک غیر معمولی طور پر بڑھ جانا -

the ww. or w. : (شعر و خطابت) پانی ؛ دریا -

w. -length : طول موج : حرارت، روشنی ، لاسلکی وغیرہ کی شعاعوں کی لمبائی -

waveless, *a.* : بے لہر ؛ بے موج ؛ ساکن -

wavelet, *n.* : چھوٹی سی موج -

Waver, *v. i.* : (۱) (شاخ) ادھر ادھر ھلنا ؛ جھولنا ؛ آنا جانا؛ (چراغ یا روشنی کی لو کا) تھرتھرانا ؛ جھلملانا - (۲) (فوج کے) پاؤں اکھڑنے لگنا ؛ تزلزل پیدا ھو جانا - (۳) پس و پیش میں ھونا ؛ حیص بیص میں ھونا ؛ عقیدے یا ارادے میں تزلزل پیدا ھونا ؛ ایمان وغیرہ ڈانواں ڈول ھو جانا ؛ پاؤں ڈگمگا جانا -

waverer, *n.* : پس و پیش کرنے والا ؛ ضعیف الارادہ ؛ غیر مستقل مزاج -

waveringly, *adv.* : (۱) تھر تھراتے ھوئے ؛ جھلملاتے ھوئے - (۲) پس و پیش کے ساتھ ؛ ڈانواں ڈول طریقے سے -

Wavy, *a.* : (۱) اونچا نیچا ؛ ابھرتا لچکتا - (۲) لہردار؛ لہریا - (۳) پرشکن؛ پرخم (زلف گیسو وغیرہ) -

wavily, *adv.* : ابھرتے لچکتے ھوئے ؛ لہر دار طریقے سے ؛ پیچ و خم کے ساتھ -

waviness, *n.* : اونچا نیچا ھونا ؛ لہردار ھونا ؛ پرخم ھونا -

Wavy, -ey, *n.* : بحر شمالی کا سفید ھنس جس کے پروں کے کنارے سیاہ ھوتے ھیں -

Wawl, : دیکھو = Waul -

Wax, *n. & v. t.* : (۱) موم - (۲) شہد کی مکھی کے علاوہ دوسرے کیڑوں کا موم ؛ موم سے مشابہ مادہ - (۳) موم کا ؛ مومی - (۴) موم چپڑنا ؛ موم ملنا ؛ موم کی تہ دینا ؛ موم ملانا (کسی چیز میں) -

cobblers'- w. : مرچیوں کا موم ؛ ایک طرح کی رال جس سے مرچی ڈوری کو چکنا کرتے ھیں -

ear- w. : کان کا میل ؛ کھونٹ -

mineral w. : دیکھو = Ozocerite -

mould one like w. : موم کی طرح اپنے سانچے میں ڈھالنا ؛ اپنی مرضی کے مطابق کسی کی تربیت کرنا اور اس سے کام لینا -

sealing- w. : لاکھ کا مرکب جس سے مہر لگائی جاتی ھے -

vegetable w. : موم نباتی ؛ موم کی سی رطوبت جو بعض درختوں سے خارج ھوتی ھے -

waxbill : موم منقار ؛ چھوٹی چڑیوں کی اقسام جن کی چونچ نیم شفاف ھوتی ھے -

w. candle : موم بتی -

w. -chandler : مومچی ؛ موم بتی کا بنانے والا یا بیچنے والا -

w. -cloth : موم جامہ (خصوصاً فرش کے لیے) -

w. doll : (۱) موم کی گڑیا - (۲) موم کی پتلی؛ عورت جس میں ظاھری حسن ھو مگر معشوقیت نہ ھو -

w. -insect : ھر قسم کا موم بنانے والے کیڑے خصوصاً چینی موم جس سے اعلیٰ قسم کی شمعیں بنائی جاتی ھیں -

w. -light : موم بتی -

w. -myrtle : موم پودا ؛ ایک قسم کا پودا جس سے موم کا سا مادہ نکلتا ھے -

w. -painting : کاشی کاری ؛ ٹائل (کھپروں) یا اینٹوں پر گرم سائنچوں سے داغ کر نقش و نگار بنانا -

w.-palm : جنوبی امریکا کا کھجور جس کے تنے پر موم کے سے مادے کی تہ جمی ہوتی ھے -
w.-paper : مومی کاغذ -
w.-pink : ایک باغی پودا -
w.-pocket : سوراخ جس سے شہد کی مکھی موم خارج کرتی ھے -
w.-tree : موم والا درخت؛ جس میں سے موم کا سا مادہ نکلتا ھے یا جس پر موم کی تہ جماتے ہیں -
waxwing : چڑیوں کی اقسام جن کے پروں کا سرا سرخ لاکھ کی طرح ہوتا ھے -
waxwork : موم کے پتلے بنانے کا کام ؛ مومی مجسمہ سازی -

Wax, v. i. : (۱) بڑھنا (چاند کا ہلال سے بدر بننے تک) - (۲) (قدیم یا شعر) ترقی کرنا ؛ نشو و نما پانا ؛ بڑھنا ؛ زیادہ ہونا ؛ اضافہ ہونا - (۳) ہونا ؛ ہوجانا - (*w. fat, old, angry etc*)
w. & wane : گھٹتے بڑھتے رہنا ؛ چڑھنا اترنا ؛ نشیب و فراز ہونا -

Wax, n. : (عامیانہ) غصہ ؛ خفگی کی حالت -
is in, got into, put him in, a w. : غصے میں ھے ؛ خفا ہو گیا ؛ خفا کردیا -

Waxen, a. : (۱) مومی ؛ موم کا بنا ہوا - (۲) موم کا سا - (۳) موم کی طرح شکل پذیر ؛ ہر سانچے میں ڈھل جانے والا - (*w. complexion*)

Waxy, a. : (۱) موم کی طرح شکل پذیر - (۲) موم کی طرح ہلکا زرد اور نیم شفاف - (۳) پلپلا ؛ جو خراب ہوکر نرم پڑگیا ہو - (*w. liver*) - (۴) (عامیانہ) خفا ؛ غصے میں ؛ تیز مزاج ؛ نازک مزاج -
waxily, adv. : (۱) موم کی طرح ؛ موم کی سی شکل پذیری سے ؛ زردی اور نیم شفافی کے ساتھ - (۲) پلپلے پن کے ساتھ -
waxiness, n. : (۱) موم کی سی شکل پذیری یا زردی اور نیم شفافی - (۲) پلپلا پن -

Way, n. : (۱) سڑک ؛ راہ ؛ راستہ - (۲) طور طریقہ ؛ ڈھنگ ؛ طرز ؛ انداز ؛ روش - (۳) (کسی مقام کا) راستہ ؛ سیدھا راستہ ؛ سب سے اچھا یا قریب کا راستہ - (۴) طریق عمل ؛ تدبیر ؛ راہ - (۵) فاصلہ ؛ مسافت ؛ دوری - (۶) گذرنے کا راستہ ؛ گذرنے کی جگہ ؛ صاف راستہ - (۷) اثنائے راہ ؛ اثنائے سفر ؛ حالت سفر - (۸) سمت ؛ رخ ؛ طرف - (*which w. is he looking*) (۹) دستور ؛ رواج ؛ کسی شخص کا خاص معمول ؛ طرز یا انداز - (۱۰) دائرۂ عمل ؛ قسم ؛ پیشہ ؛ شغل (*hunting is not, does not lie, or come or fall, in my w.*, - *things are in the stationary w.*) (۱۱) قطع مسافت ؛ آگے بڑھنا ؛ ترقی - (۱۲) رفتار ؛ تیزی - (۱۳) لحاظ ؛ اعتبار - (۱۴) حالت ؛ صورت (*things are in a bad w.*) - (۱۵) درجہ ؛ حیثیت (*is an author in a small w.*) -
a long w. off : بہت دور -
an out-of-the-w. corner : (۱) وہ مقام یا گوشہ جہاں کوئی نہ جاتا ہو - (۲) دور دست ؛ دور افتادہ ؛ شاہراہ سے الگ ؛ غیر معروف گوشہ -
any w. : بہر صورت ؛ بہر حال -
Appian, Latin, &c. w. : اٹلی کی عظیم الشان قدیم رومی سڑکیں -
be in a w. or great w. : (بول چال) پریشان ہونا ؛ مضطرب ہونا -
be in the family w. : حاملہ -
by the w. : (۱) دوران سفر میں ؛ اثنائے راہ میں - (۲) ضمناً ؛ اسی ضمن میں - (۳) ہاں خوب یاد آیا ؛ اور ہاں (ایک بات کے ضمن میں دوسری بات کہتے ہوئے) -
by w. of : بجائے ؛ بطور (*carries a stick by w. of weapon*) -
by w. of London : لندن ہوکر ؛ لندن کے راستے سے -
clear the w. : (۱) رستہ چھوڑ دینا ؛ رستے سے ہٹ جانا - (۲) رستہ صاف کردینا ؛ رستے سے رکاوٹوں کو دور کردینا -
Committee of ww. & means : پارلیمنٹ کی مالی مجلس جس کا کام مالی ذرائع کی توسیع و ترقی ھے -
covered w. : (۱) مسقف راستہ ؛ پٹا ہوا راستہ - (۲) (قلعہ بندی) دیواروں سے گھرا ہوا رستہ ؛ محصور راستہ -
each w, both ww. : (۱) دونوں صورتوں میں - (۲) (گھڑ دوڑ) خواہ گھوڑا اول نمبر پر آئے یا دوسرے نمبر پر -
find one's w. : منزل مقصود پر پہنچ جانا -
furthest w. about is nearest w. home : راہ راست برو گر چہ دور است ؛ اچھا راستہ ہی سیدھا رستہ ھے -
gather, lose w. : تیز یا سست ہونا -
get thing out of the w. : پیچھا چھڑانا ؛ ختم کردینا ؛ طے کر دینا -
get, out of, in, the w. : راستہ چھوڑنا یا راستے سے ہٹ جانا ؛ راستہ روکنا -
give w. : دیکھو Give -
give w. of : (کشتی کھینے والوں سے کہا جاتا ھے) تیز چلاؤ -
go one's w. or ww. : روانہ ہونا ؛ چل دینا -
go, take, one's own w. : اپنی راہ چلنا ؛ دوسروں کی صلاح کے خلاف اپنی رائے سے کام کرنا -
go out of the or one's w. to be rude : بلا وجہ توہین کرنا ؛ خواہ مخواہ گستاخی سے پیش آنا -
go the w. of all the earth, of all flesh, of nature : مرنا -
have it both ww. : دیکھو Both -
have one's own or one's w : (۱) اپنا مقصد حاصل کرنا ؛ اپنا چاہا کرنا - (۲) اپنے حکم کی تعمیل کرانا ؛ اپنی بات منوانا -
highway : دیکھو High -
in a w. : (۱) ایک لحاظ سے - (۲) ایک حد تک ؛ کسی حد تک -
in one w. : ایک لحاظ سے -
is a long way off perfection : تکمیل سے بہت دور ھے -
is by w. of making an effort : وہ سمجھتا ھے یا ظاہر کرتا ھے کہ کوشش کر رہا ھے -
is in the grocery w. : بنیے کا پیشہ کرتا ھے -
is nothing out of the w. : کوئی غیر معمولی یا عجیب بات نہیں -
is on the w. : آرہا ھے ؛ جا رہا ھے ؛ راہ میں ھے -

it is only his w. : اس کا عام انداز ھے (اس لیے برا نہیں ماننا چاھیے) -
lead the w. : (۱) آگے چل کر رستہ بتانا - (۲) (مجازاً) رھنمائی
lion in the w. : دیکھو Lion -
live in a small w. : دیکھو Small -
lose one's or the w. : بھٹک جانا ؛ رستہ بھول جانا ؛ بھٹک جانا -
look the other w. : آنکھ نہ ملانا ؛ کنی کاٹنا -
make one's or one's own w. : ترقی کرنا -
make the best of one's w. : جہاں تک ممکن ھو تیز چلنا -
make w. : دیکھو Make -
milky w. : دیکھو Milky -
no w. inferior : کسی لحاظ سے کم نہیں -
over the w. : دیکھو Over -
parting of the w. : (۱) دو راھہ - (۲) (مجازاً) اھم فیصلے کا موقع -
pave the w. for : کسی تبدیلی کے لیے عوام کے دماغ کو پہلے سے تیار کرنا ؛ (کسی واقعے کے لیے) راہ ھموار کرنا -
permanent w. : ریل کی مستقل لائن -
put one in the w. for : (کسی کام کا) موقع دینا ؛ موقع مہیا کرنا -
put oneself out of the w. : دوسرے کی خدمت کے لیے خود تکلیف اٹھانا -
put person out of w. : کسی شخص کو قید کردینا یا خفیہ طور پر مارڈالنا -
right of w. : دیکھو Right -
ship is on, under w. : جہاز چل رہا ھے -
six - foot w. : چھہ فٹ کا فاصلہ ؛ دو ریلوے لائینوں کا درمیانی فاصلہ -
stand, be, in the w. of : (کسی کی) راہ میں حائل ھونا ؛ سد راہ ھونا -
stand in the ancient ww. : نئی چیزوں سے پرھیز کرنا ؛ پرانی چال چلنا -
take one's w. : راستہ لینا ؛ روانہ ھونا (کسی مقام کو) -
the good old ww. : پرانی چال ، قدیم دستور -
the w. of the Cross : حضرت عیسیٰ کے صلیب گاہ تک جانے کی منازل جو مختلف تصویروں کی صورت میں گرجے کی مخصوص عبادتوں کے دوران میں دیکھنی پڑتی ھیں -
the w. of the world : دنیا کا دستور ؛ وہ بات جو عام طور پر رائج ھے اس لیے عیب میں داخل نہیں -
W.-bill : مال اور مسافروں کی فہرست -
w.- board : باریک پرت جو موٹی پرتوں کے بیچ میں ھوتی ھے -
w. enough : (کشتی چلانے والوں سے) رک جاؤ -
wayfarer : رھرو؛ رہ گیر ؛ خصوصاً پا پیادہ چلنے والا -
wayfaring : راہ گیری -
wayfaring-tree : ایک سفید پھول کا درخت جو عموماً سڑک کے کنارے ھوتا ھے -

waylay, v. t. : گھات میں بیٹھنا ؛ رستے میں روکنا (لوٹنے یا ملاقات کرنے کے لیے) -
w. -leave : استحقاق آمد و رفت جس کو مالکان مکان کرایہ پر حاصل کرتے ھیں -
w. -shaft : دخانی انجن کا متحرک بیلن یا دھرا -
wayside : (۱) لب راہ؛ سڑک کا کنارہ- (۲) سڑک کے کنارے کا-
w.-worn : راستہ کا تھکا ھوا ؛ درماندۂ سفر -
ww. & means : تدبیر و وسائل خصوصاً روپیے کے مہیا کرنے کے-
went a little w. : تھوڑی دور گیا -
where there's a will there's a way : ارادہ پکا ھو تو کوئی راہ نکل ھی آتی ھے -
-ways, *suf.* : لاحقہ جو حالت ، محل ، سمت وغیرہ ظاھر کرتا ھے - *(lengthways, sideways, always)*
Wayward, *a.* : (۱) ضدی ؛ تلون مزاج ؛ من موجی ؛ عجیب حرکتیں کرنے والا - (۲) تلون کی (حرکت) -
waywardly, *adv.* : ضد یا تلون سے -
waywardness, *n.* : ضدی پن ؛ تلون مزاجی -
Wayzgoose, *n.* : چھاپے خانے کے ملازموں کا سالانہ جشن -
We, *pl. subject of I* : ھم (علاوہ جمع متکلم کے بادشاہ اپنے فرمان میں مصنف یا مدیر اخبار اپنے بے دستخطی مضامین میں استعمال کرتا ھے) -
Weak, *a.* : (۱) کمزور؛ بودا؛ آسانی سے ٹوٹنے والا- (۲) ناطاقت ؛ کمزور؛ بے قوت؛ ناتواں؛ بے بس - (۳) کم تعداد ؛ قلیل التعداد - (۴) ضعیف؛نحیف؛ کمزور (صحت کے اعتبار سے)؛ مقررہ معیار سے کم-(۵) اخلاقی قوت میں کمزور؛ کمزور طبیعت کا؛ کم زور ارادے کا ؛ بے ضبط *(w. character, man)* - (۶) کمزوری کا؛ بودے پن کا ؛ جس سے طبیعت یا ارادے کی کمزوری ظاھر ھو *(a w. surrender)*- (۷) منطق کے لحاظ سے کم زور؛ بودا (استدلال ، شہادت وغیرہ) - (۸) پتلا ؛ ھلکا (محلول یا سیال شے کا مرکب) (۹) - *(w. tea, brandy-&-water, brine)* (عبارت اسلوب بیان) جو گٹھا ھوانہ ھو؛ پھسپھسا ؛ سست؛ ڈھیلا-(۱۰)(فعل)جس کے مشتقات حرف صحیح کے اضافے سے بنائے جاتے ھیں -
a w. crew : کم تعداد عملۂ جہاز -
a w. eleven : کمزور ٹیم -
person's w. side or point : کمزوری ؛ کمزور پہلو؛ سیرت کا وہ پہلو جس پر تعریض کا اثر آسانی سے پڑسکے -
the market was w. : بازار مندا تھا -
the weaker sex : صنف نازک؛ عورت
w. constitution : نحیف جثہ -
w. demand : مندی؛مانگ (بازار میں مال کی)-
w. ending : بے زور لفظ اکثر نظم بے قافیہ کے مصرعوں کے آخر میں آجاتا ھے مثلاً (of) -
w. eyes, sight : کمزور آنکھیں یا بصارت -
w. hand : (تاش میں) کمزور بازی -
w. heart : کمزور دل
w. knees : (مجازاً) پامردی کی کمی ؛ بودا پن؛ طبیعت یا ارادے کی کمزوری -
w. mind, head : ضعف عقلی؛ ضعف دماغ -

w. stomach : کم زور معدہ -

w. vessel : بودی کشتی - (مجازاً) ناقابل اعتبار شخص -

w. voice : کمزور آواز؛ نحیف آواز -

weakest goes to wall : دیکھو wall -

weak-eyed, weak-sighted, *aa.* : کمزور آنکھوں کا ؛ ضعیف البصر -

weak-kneed, *a* : غیر ثابت قدم ؛ بودا ؛ کم زور ارادے کا -

weak-minded, weak-headed *aa.* : ضعیف العقل -

weaken, *v. t, & i.* : (۱) کمزور کرنا ؛ بودا یا پھسپھسا کرنا - (۲) کمزور ہونا؛ قوت گھٹنا - (۳) کمزور پڑنا؛ ارادے وغیرہ کا رفتہ رفتہ ڈانوا ڈول ہونا -

weakish, *a.* : کسی قدر کمزور -

weakly, *adv.* : کمزور طریقے سے -

Weakling, *n.* : (۱) جسمانی طاقت کے لحاظ سے کم زور آدمی؛ نحیف الجثہ؛ مریل آدمی - (۲) طبیعت یا ارادہ کا کمزور شخص؛ بودا آدمی ؛ بے ضبط آدمی -

Weakly, *a* : نحیف ؛ نقیہ ؛ کم زور ؛ دبلا پتلا -

Weakness, *n.* : (۱) بودا پن؛ کمزوری؛ آسانی سے ٹوٹ سکنا - (۲) ناطاقتی ؛ ناتوانی ؛ بے بسی - (۳) کم تعدادی - (۴) صحت کی کمزوری ؛ ضعف (بصارت ، قلب وغیرہ کا) - (۵) اخلاقی قوت کم ہونا ؛ ارادے یا طبیعت کی کمزوری؛ بے ضبطی- (۶) (دلیل وغیرہ کا) بودا پن - (۷) پتلا یا ہلکا ہونا (چائے وغیرہ) - (۸) پھسپھسا پن ؛ ڈھیلا پن (عبارت کا) - (۹) عیب؛ نقص؛ کمزوری - (۱۰) (کسی خاص) تحریص سے بچنے کی قوت نہ ہونا - (۱۱) (بےجا یا ناعاقبت اندیشانہ) رغبت ؛ شوق ؛ محبت -

Weal *n.* : خوش حالی؛ رفاہ ؛ بہبودی (*w. & woe, for the public or general w.*) -

Weal : دیکھو Wale -

Weald (we-), *n.* : ویلڈ؛ ایک علاقے کا نام ہے جس میں کنٹ' سرے' ہینٹس اور سسکس کے ضلعے شامل ہیں جہاں طبقات ارض کی اکثر دلچسپ خصوصیات پائی جاتی ہیں-

w.-clay : علاقہ ویلڈ کی چکنی مٹی ؛ ریتیلے پتھر یا لوہیا پتھر کی پرتیں جن میں متحجر اجزا بھی موجود ہیں -

Wealden, *a. & n.* : (۱) ویلڈ کا ؛ ویلڈ کا سا (دیکھو اوپر کا لفظ) - (۲) اولائٹ (چونے کا پتھر) اور کھریا کی پرتوں کی درمیانی پرت ؛ ویلڈ کی پرت -

Wealth, *n.* : (۱) (قدیم) فلاح ؛ خوش حالی (*in health & w.*) - (۲) دولت ؛ مال ؛ دولتمندی ؛ تونگری ؛ امیری - (۳) کثرت ؛ فراوانی -

a w. of illustration, wit, fruit : مثال ، عقل ، پھل کی زیادتی یا کثرت -

w. of words is not eloquence : کثرت الفاظ سے زور بیان نہیں پیدا ہوتا -

wealthily, *adv.* : دولتمندی کے ساتھ ؛ امیرانہ طریقے سے -

wealthiness, *n.* : امیری؛ دولتمندی؛ مالداری -

wealthy, *a.* : امیر ؛ دولتمند ؛ مال دار ؛ زردار -

Wean, *v. t.* : (۱) دودھ چھڑانا - (۲) بڑی مشکل سے چھڑانا (عادت) ؛ الگ کرنا (صحبت سے) -

Wean, *n.* : (اسکاٹستان) بچہ -

Weanling, *n.* : دودھ چھٹا بچہ ؛ وہ بچہ جس کا دودھ حال ہی میں چھڑایا گیا ہو -

Weapon (wepn), *n.* : (۱) ہتیار؛ آلہ جس سے حملہ کیا جائے - (۲) ذریعہ ؛ وہ چیز جس سے کسی شخص کا مقابلہ کرنے میں کام لیا جائے ؛ ہتیار (مجازی معنی میں) -

irony is a double-edged w. : طعن یا طنز وہ ہتیار ہے جس کی کاٹ دو طرفہ ہوتی ہے -

tear is the woman's w. : آنسو عورت کا ہتیار ہے -

weaponless, *a.* : نہتا ؛ بے ہتیار ؛ غیر مسلح -

Wear, *v. t. & i.* : (۱) پہننا؛ زیب تن کرنا؛ لگانا؛ پہنے ہونا؛ لگائے ہونا - (۲) گھس ڈالنا ؛ فرسودہ کردینا ؛ گھس کر مٹا دینا ؛ محو کردینا ؛ گھس جانا ؛ فرسودہ ہو جانا ؛ گھس کر مٹ جانا؛ محو ہو جانا - (۳) خستہ کردینا ؛ تھکا دینا ؛ عاجز ہوجانا - (۴) چلنا ؛ کام دینا ؛ قابل استعمال رہنا - (۵) (وقت کا) رفتہ رفتہ گزارنا یا گذرنا - (۶) پیہم رگڑ سے (سوراخ) کردینا ؛ (نالی وغیرہ) بنا دینا -

a wearing occupation, companion &c. : تھکا دینے والا پیشہ ؛ اکتا دینے والا ساتھی -

a worn or well-worn joke : فرسودہ مذاق یا لطیفہ -

clothes w. to one's shape : کپڑے پرانے ہوکر جسم پر ٹھیک آجاتے ہیں -

person wears well. : ابھی تک جوان معلوم ہوتا ہے -

w. down opposition : رفتہ رفتہ مخالفت کو دبا دیا یا ختم کر دیا -

w. heart on sleeve : دیکھو Heart -

w. one's hair long, short : لمبے یا چھوٹے بال رکھنا -

w. one's years well : کم سن معلوم ہونا -

w. out : کثرت استعمال سے بالکل گھس ڈالنا ؛ گھس جانا -

w. out one's welcome : کثرت ملاقات سے بار ہوجانا -

w. person or principle in one's heart : کسی شخص یا اصول کا دلدادہ ہونا -

w. the breeches : بیوی کا شوہر پر حکومت کرنا -

w. the crown : بادشاہ یا شہید ہونا -

w. the gown : وکیل یا بیرسٹر ہونا -

w. the sword : سپاہی ہونا -

w. the willow : عاشق ناشاد ہونا -

w. through the day : کسی طرح دن کاٹنا -

wearing-apparel : پہننے کے کپڑے ؛ لباس -

wearing-iron or plate : رگڑ ورک ؛ دھات کا ٹکڑا جو کسی سطح پر اسے رگڑ سے بچانے کے لیے لگا دیتے ہیں -

won't w. : (یہ کپڑا) زیادہ دن نہیں چلے گا ؛ (یہ اثر) زیادہ دن نہیں رہے گا -

worn clothes : استعمال شدہ کپڑے ؛ اترن -

worn to a shadow with care : (جو فکر وغیرہ سے) سوکھ کر کانٹا ہوگیا ہو ؛ گھل گیا ہو -

wearable, *a.* : پہننے کے قابل -

wearer, *n.* : پہننے والا -

Wear, *n.* : (۱) استعمال ؛ پہننے کا عمل - (۲) لباس؛ پوشاک ؛ پہننے کی چیز - (۳) فرسودگی؛ نقصان جو گھسنے سے ہوتا ہے - (۴) پائداری؛ رگڑ برداشت کرنے کی قوت -

foot-wear : جوتے -

in general w. : عام طور پر رائج یا مستعمل -

is the worse for w. : استعمال سے خراب ہوگیا ہے -

w. & tear : گھس پس جانا ؛ فرسودگی جو امتداد زمانے سے ہو -

Wear, *v. t. & i.* : (سکان یا پتوار کے اٹھانے سے) جہاز کو گھمانا ؛ جہاز کا گھومنا -

Wear (wer) : = Weir دیکھو -

Weary, *a. & v. t. & i.* : (۱) تھکا ہوا ؛ خستہ ؛ کسل مند ؛ افسردہ - (۲) اکتایا ہوا ؛ بیزار ؛ عاجز ؛ تنگ - (۳) اکتا دینے والا ؛ ناگوار ؛ جو دوبھر ہو جائے - (۴) اکتا دینا ؛ ناک میں دم کردینا ؛ بیزار کردینا؛ تنگ یا عاجز کردینا- (۵) (خصوصاً) (اسکاٹستان) آرزو کرنا ؛ تمنا کرنا -

weariless, *a.* : (شاذ) نہ اکتانے والا -

wearily, *adv.* : کسل مندی کے ساتھ ؛ افسردگی یا بیزاری کے ساتھ -

weariness, *n.* : کسل ؛ خستگی ؛ ماندگی ؛ تکان ؛ افسردگی ؛ بیزاری -

wearisome, *a.* : اکتا دینے والا ؛ اجیرن ؛ بار خاطر ؛ تکلیف دہ ؛ ناگوار؛ دوبھر -

wearisomely, *adv.* : اکتا دینے والے طریقے سے ؛ ناگوار طریقے سے -

wearisomeness, *n.* : بار خاطر ہونا ؛ اجیرن ہونا؛ ناگواری-

Weasand(wez-), *n* : (قدیم) نرخرا ؛ گلا -

slit one's w : گلا کاٹنا -

Weasel, (wezl), *n.* : نیولا ؛ راسو -

catch a w. asleep : کائیاں آدمی کو دھوکا دینا -

w.-faced : جس کا پتلا ترشا ہوا سا چہرہ ہو -

w. corpuscle = leucocyte : دیکھو -

w. crow, currant, elephant : دیکھو Crow وغیرہ -

w. ensign : برطانوی جہازوں کا سفید نشان یا جھنڈا -

w. feather : دیکھو Feather -

w. -fish : (تجارتی نام) سامن مچھلی کے علاوہ اور مچھلیاں خصوصاً ہیڈک وغیرہ -

w. flag, friar, frost : دیکھو Flag etc. -

w. gloves : سفید دستانے جو اس دورے کے جج کو تحفے میں ملتے ہیں جسے سارے دورے میں کوئی فوجداری کا مقدمہ تحقیقات کے لیے نہ ملے -

w. grouse : دیکھو Grouse -

w. -gum : سفید دانے جو بچے کے گردن اور بازو پرنکل آتے ہیں -

w. hands : (۱) چٹے ہاتھ (ان لوگوں کے جو محنت مزدوری نہیں کرتے) - (۲) (مجازاً) دیانت؛ بے گناہی ؛ پاک دامنی -

w.-handed : دیانت دار ؛ پاک دامن -

w. heart-cherry : ایک قسم کا شاہ دانہ (چیری) -

w. heat : (۱) حرارت کا درجہ (وہ جہاں اجسام سفید ہو جاتے ہیں)؛ سفید حرارت - (۲) انتہائی جوش -

w. -hot : (۱) حرارت سے سفید - (۲) بے حد جوش میں -

w. horses : سمندر کی پر کف لہریں -

W. House : وہائٹ ہاوس؛ امریکہ کے صدر کی سرکاری قیام گاہ -

w. lead : دیکھو Lead -

w. lie : دیکھو Lie -

w. light : (۱) بے رنگ روشنی ، مثلاً دن کی روشنی - (۲) (مجازاً) بے لاگ رائے -

w. -lipped : جس کے ہونٹھ خوف سے پیلے پڑ گئے ہوں -

w.-livered : بز دل -

w. magic : دیکھو Magic -

w. man : (۱) اہل فرنگ ؛ فرنگی ؛ گوری نسل کا آدمی - (۲) (بول چال) سفید پوش؛ شریف ؛ بھلا آدمی -

w. meat : سفید گوشت ؛ پرندوں کا حلوان کا یا سور کا گوشت -

w. metal : دیکھو *w. alloy* =

w. mixture : سفید عرق ؛ ایک ملین دوا جو اسپتالوں میں عام طور پر مستعمل ہے -

w.-paper : سفید کاغذ ؛ قرطاس ابیض ؛ وہ تحریر جو حکومت کی طرف سے عام اطلاع کے لیے شایع کی جاتی ہے -

w. sale : کرتوں ، پاجاموں ، چادروں وغیرہ کا نیلام -

w. scourge : دیکھو Scourge -

w. sheet : لباس توبہ -

stand in a w. sheet : توبہ کرنا ؛ اعتراف گناہ کرنا -

w. slave : لڑکی جو پیشہ کرانے کے لیے پھانسی جائے -

w. slavery : طوائف بنانے کے لیے لڑکیاں پھانسنے کا پیشہ -

w. -slave traffic : نوچیوں کی تجارت -

whitesmith : قلعی گر ؛ ٹین کا کام کرنے والا -

w. squall : سمندر کا ناگہانی طوفان ، جس کا پتہ سفید لہر کے آنے سے چلتا ہے -

whitethorn : ہاتھورن ؛ ایک قسم کی خاردار جھاڑی -

w.-throat : ایک قسم کا خوش الحان پرند

whitewash, n. : (۱) چونے کی سفیدی ؛ قلعی - (۲) (مجازاً) لیپ پوت ؛ الزام دور کرنے کی کوشش - (۳) (بول چال) شیری

کا جام دوسری شراب کے بعد -

whitewash *v. t.* : (۱) چونے کی قلعی کرنا؛ سفیدکرنا - (۲) لیپ پوت کرنا؛ الزام دور ہونے کے بعد پھر سے کاروبار شروع کرنا -

w. wine : سفید رنگ کی شراب -

w. witch : نیک نیت ساحرہ؛ سحر حلال کرنے والی -

whitely, *adv.* : (شاذ) سفیدی کے ساتھ؛ سفید رنگ میں -

whiten, *v.t. & i.* : سفید کردینا؛ سفید ہو جانا -

whiteness, *n.* : سفیدی -

whitish, *a.* : سفیدی مائل؛ سفید سا -

White, *n.* : (۱) سفید رنگ؛ سفیدی - (۲) سفید لباس؛ سفید کپڑا - (۳) انڈے کی سفیدی - (۴) آنکھ کی سفیدی - (۵) گوری نسل کا آدمی - (۶) (جمع) سیلان رحم؛ پرسوت -

Whitechapel, *n. & v.i.* : (۱) لندن کا ایک محلہ - (۲) (تاش) جس رنگ کا صرف ایک پتا ہو اسے چلنا تاکہ بعد میں ترپ لگانے کا موقع ملے - (۳) ہلکی دو پہیے کی گاڑی جس میں دوکاندار اپنی چیزیں پھیری کو بھیجتے ہیں -

Whitehall, *n.* : لندن کی ایک سڑک پر وزارت کے دفاتر -

Whitening (-tn-), *n.* : دیکھو = Whiting -

Whither (-idh-), *adv.* interrog. & rel. & *n.* : (۱) کدھر؛ کہاں؛ کس طرف - (۲) جدھر؛ جہاں؛ جس طرف کو -

whithersoever : جہاں کہیں؛ جدھر بھی -

whitherward, *adv.* : کس طرف کو؛ جس طرف کو -

Whiting, *n.* : چونا جس سے سفیدی کی جاتی ہے؛ قلعی -

Whiting, *n.* : ایک قسم کی مچھلی جو کثرت سے کھائی جاتی ہے -

w. -pout : ایک قسم کی سفید رنگ مچھلی -

Whitleather, *n.* : سفید چمڑا جو پھٹکری سے صاف کیا گیا ہو -

Whitley Council, *n.* : وھٹلے کونسل؛ جس میں آجروں اور مزدوروں کے نمائندے مل کر صنعتی معاملات کا فیصلہ کرتے ہیں -

whitleyism, *n.* : آجروں اور مزدوروں کے اتحاد عمل کا اصول -

Whitlow, *n.* : انگلی کی سوجن؛ آماس انگشت؛ ناخن کے قریب انگلی پر آماس -

Whitsun, : دیکھو Whit -

Whittle, *n.* : لمبا چھرا؛ خصوصاً قصائی کا چھرا -

Whittle, *v.t. & i.* : (۱) (لکڑی کو) چاقو سے تراشنا؛ چھیلنا؛ قاشیں تراشنا؛ کاٹ چھانٹ کر سڈول بنانا - (۲) گھٹاتے گھٹاتے بہت کم کر دینا (کسی چیز کی مقدار اثر وغیرہ) -

Whitworth thread; *n.* : پیچ کش کا مقررہ سائز کا پیچ -

Whity, *a.* : سفیدی مائل -

Whiz. whizz, *v.t. & n.* : (۱) زن زن کرنا؛ زناٹے کی آواز پیدا کرنا - (۲) زن زن کی آواز؛ زناٹے کی آواز -

Who (hoo), pron. interrog. & rel. : (۱) کون؛ کون شخص - (۲) کس حیثیت کا شخص - (۳) جو - (۴) (قدیم) جو شخص -

a who's who list : فرد مشاہیر؛ جس میں مشہور لوگوں کے حالات لکھے ہوں -

knows who's who : ہر شخص سے واقف ہے؛ ہر شخص کی حیثیت کو جانتا ہے -

w. would have thought it ? : کسی کو یہ خیال نہیں ہو سکتا تھا -

Whoa, : دیکھو Wo -

Whoever, whoso (archaic), pronn. pers. indif. rel. : جو کوئی؛ جو بھی؛ چاہے جو -

Whosoever, Pron. : جس کسی کو؛ جس کسی پر -

Whoe'er & whosoe'er, Pron. : جس کسی کا؛ جس کا بھی؛ چاہے جس کا -

Whole (hol) *a. & n.* : (۱) تندرست؛ صحیح؛ اچھا - (۲) صحیح سلامت؛ سالم؛ ثابت؛ پورا - (۳) صحیح (عدد) - (۴) مسلم؛ پورا کا پورا؛ جس کا کوئی جز کم نہ ہوا ہو - (۵) پورا؛ کامل - (۶) کل؛ سارا - (۷) سالم چیز؛ مکمل چیز - (۸) کل مقدار - (۹) مکمل نظام؛ کامل نظام؛ کل (جزو کی ضد) -

go the w. hog : دیکھو Hog -

the w. truth : ساری حقیقت؛ سارا واقعہ -

three w. days : پورے تین دن -

upon the w. : مجموعی طور پر؛ بہ حیثیت مجموعی -

w. -coloured : یکرنگ؛ سارا ایک رنگ کا -

w. -hoofed : مسلم سم کا؛ بے چرے ہوے سم کا -

w. -length : سرتا پا؛ سروقد؛ پورے جسم کی (تصویر) -

w. meal : بے چھنا آٹا -

wholesale, *n. adj & adv.* : (۱) تھوک - (۲) تھوک کا - (۳) تھوک کے حساب سے بڑے پیمانے پر -

wholesaler : تھوک فروش -

with one's w. heart : دل و جان سے؛ پوری کوشش اور توجہ سے؛ پورے طور پر -

whole-hearted, *a.* : مخلصانہ؛ دلی؛ پورا پورا -

Whole-heartedly, *adv.* : دل و جان سے؛ پوری کوشش اور توجہ سے؛ پورے طور پر -

Whole-heartedness, *n.* : خلوص؛ پوری کوشش اور توجہ؛ پورا جوش -

Whole-hogger, *n.* : انتہا پسند؛ خصوصاً کامل تجارتی تابین کا حامی -

Wholeness, *n.* : سالم یا کامل ہونا -

Wholesome, *a.* : صحت بخش؛ مفید (جسمانی یا اخلاقی حیثیت سے) -

wholesomely, *adv.* : مفید طریقے سے -

wholesomeness, *n.* : صحت بخش ہونا؛ مفید ہونا -

Wholly, *adv.* : (۱) پوری طرح سے؛ بالکل - (۲) سراسر؛ محض -

Whom : دیکھو Who -

Whoop, (h-), : دیکھو Hoop -

Whoopee, *n.* : (امریکا) [illegible] دھما چوکڑی -

Whop, *v.t.* : (۱) (عامیانہ) مارنا؛ پیٹنا؛ ٹھونکنا - (۲) (مجازاً) مغلوب کرنا؛ شکست دینا - (۳) کٹھی؛ مرمت؛ شکست -

whopper, *n.* : (۱) بہت بڑی اور عمدہ چیز - (۲) سفید جھوٹ -

whopping, *n.* : بہت بڑا (خصوصاً جھوٹ) -

Whore (hor), *n. & v.i.* : (۱) (غیر مہذب زبان) رنڈی - (۲)

(مرد کا)زنا کار ہونا؛ زنا کرنا - (۳) (مجازاً ' قدیم زبان) بت پرستی کرنا (go a-whoring after strange gods)؛بےانصافی کرنا-

whoredom, *n.* : (متروک) زنا ؛ زنا کاری -

w.-master, -monger : زناکار -

Whorl, *n.* : (۱) (نباتیات) حلقہ ' پتیوں وغیرہ کا تنے کے گرد - (۲) لچھے کا ایک چکر ؛ مرغولے کا ایک حلقہ - (۳) تکیا کی شکل کی چیز جو چرخے کے تکلے میں لگی ہوتی ھے -

whorled, *a.* : حلقہ دار ؛ لچھے دار ؛ مرغولہ دار -

Whortleberry, *n.* : دیکھو Bilberry -

Whose, *possessive case of who* : (۱) کس کا- (۲) جس کا -

Whoso, whosoever, : دیکھو Whoever -

Why, *adv.* interrog. & rel. & *n.* (pl. whys) : (۱)کیوں؛ کس لیے ؛ کس وجھہ سے - (۲) جس وجہ سے ؛ جس لیے - (۳) (اسم) وجہ ؛ توجیہہ -

whys & wherefore : وجوہ -

Why, int. expr. : (۱) (حیرت و استعجاب کے موقع پر) ھائیں ؛ ارے - (۲) (کسی چیز کو پہچان کر تعجب سے) ارے ھاں (*why of course*) - (۳) (کھلے ھوے یا سیدھے سے سوال کے جواب میں) واہ (کیا بات پوچھی ھے) (*w. a child can answer that*) - (۴) (تامل کے موقع پر) ٹھہرئے بتاتا ھوں- (۵) (اعتراض کے طور پر) کیوں - (۶) (جملہ شرطیہ کے جز کے طور پر) تو؛ تو پھر -

w. what's the harm : کیوں آخر اس میں کیا حرج ھے -

Wick, *n.* : (۱) چراغ کی بتی ؛ فتیلہ - (۲) (جراحی) بتی جو زخم میں رکھی جاتی ھے -

Wick, *n.* : قصبہ ؛ ضلع ؛ قریہ -

Wicked, *a.* : (۱) گناہ گار ؛ بد اعمال ؛ فاسق - (۲) بد ؛ بدکار ؛ بد شعار ؛ بد خصال ؛ شریر ؛ ظالم (شخص) -(۳) فاسقانہ ؛ ظالمانہ ؛ بدکاری کا (فعل) -

w. bible : ناقص بائبل' سنہ ۱۶۳۲ ع کا انجیل کا اڈیشن جس میں " امر ھفتم " میں لفظ " not " حذف ھوگیا تھا -

wickedly, *adv.* : بد اعمالی سے؛ بد شعاری سے؛ ظالمانہ طورپر؛ شرارت سے -

wickedness, *n.* : بداعمالی؛ فسق؛بدکاری؛بدشعاری؛ظلم؛شرارت-

Wicker, *n.* : بٹی ھوئی بید کی ٹہنیاں جن سے ٹوکریاں ' کرسیاں وغیرہ بنتی ھیں -

w. -work : بید کی بٹی ھوئی چیزیں -

wickered, *a.* : بید کی بٹی ھوئی -

Wicket, *n.* : (۱) (نیز *w. -gate, -door*) چور کھڑکی (چ) را جو بڑے پھاٹک کے ساتھہ ھوتی ھے اور جس وقت پھاٹک بند ھو اس وقت کھلی رھتی ھے - (۲) پھرکی دروازہ (جو چار ڈنڈے افقی صلیب کی شکل میں لگا کر بناتے ھیں اور جس میں ایک وقت میں ایک آدمی داخل ھوتا ھے اور ڈنڈوں کو دھکیل کر اندر پہنچتا ھے) - (۳) پھسلنے والے پٹ کی کھڑکی - (۴) نیم دروازہ ' جس میں در کا صرف نیچے کا آدھا حصہ بند ھوتا ھو - (۵) (کرکٹ) وکٹ؛ تین ڈنڈے جو برابر برابر گاڑے جاتے ھیں -

5 ww. down : پانچ کھلاڑی آوٹ ھوگئے -

good, bad w. : (کرکٹ) *pitch* کی اچھی یا بری حالت -

keep one's w. up : آوٹ نہ ھونا -

keep w., be w. -keeper : وکٹ کیپر ھونا؛ وکٹ کے پیچھے ھوکر گیند روکنے کی خدمت انجام دینا -

Widdershins : دیکھو Witherhin -

Wide, *a.* & *adv.* & *n.* : (۱) چوڑا (*w. door, river*) - (۲) بڑا ؛ کافی (*w. margin, interval*) - (۳) وسیع ؛ دور تک پھیلا ھوا ؛ بہت بڑا - (۴) تعمیم - (۵) آزادانہ ؛ بے تعصبانہ ؛ وسیع ؛ عام؛ ھمہ گیر - (۶) پوری کھلی ھوئی (*staring with w. eyes*) - (۷) دور ھٹا ھوا - (۸) (کرکٹ) وائڈ بال -

a w. generalization : بہت وسیع تعمیم ھے ' یعنی بہت عام مقولہ ھے ' جو بہت سی خاص صورتوں پر حاوی ھے -

broke to the w. : بالکل دیوالیہ -

far & w. : وسیع دائرے میں؛ دور دور تک -

give w. berth to : دور رھنا ؛ بچنا -

hazard a w. guess : قیاس سے ایک عام بات کہنا -

is of w. distribution : بہت سے مقامات پر پایا جاتا ھے -

w. awake : (بول چال) چوکس ؛ ھوشیار -

w. -awake *n.* : نرم کنارے کی نمدے کی ھیٹ -

w. ball : (کرکٹ) وائڈ بال؛ گیند جودور ھٹ کر گرے -

w. fame : بڑی شہرت -

w. margin : کافی سے زیادہ مقدار -

w. of the mark : نشانے سے دور ؛ بے تکا -

w. - spread : دور تک پھیلا ھوا ؛ عام -

w. world : وسیع دنیا -

widely, *adv.* : وسیع دائرے میں ؛ دور دور تک -

widen, *v. t. & i.* : چوڑا کرنا ؛ وسیع کرنا ؛ وسعت پیدا کرنا -

widish, *a.* : کسی قدر چوڑا -

Widgeon (-jn), *n.* : ایک قسم کی جنگلی بط -

Widow (-o), *n.* & *v. t.* : (۱) رانڈ ؛ بیوہ - (۲) (*the w.*) شامپین شراب - (۳) (کسی عورت کے) شوھر کو مار ڈالنا ؛ شوھر یا بیوی سے موت کے ذریعے جدا کر دینا ؛ رانڈ یا رنڈوا کر دینا - (۴) (شعر) دوست وغیرہ سے جدا کرنا -

grass w. : دیکھو Grass -

w. lady, woman : بیوہ عورت -

w.'s cruse : (بائبل) وہ مقدار جو دیکھنے میں چھوٹی معلوم ھو مگر کبھی ختم نہ ھو -

w.'s peak : سر کے بالوں کا نوکدار حصہ پیشانی کے قریب -

w.'s weeds : دیکھو Weeds -

widowhood, *n.* : رنڈاپا ؛ بیوگی -

Widower, *n.* : رنڈوا؛ جس کی بیوی مرگئی ھو -

Width, *n.* : (۱) چوڑائی؛ عرض - (۲) آزادی ؛ وسعت (نظر' خیالات وغیرہ کی) - (۳) کسی خاص عرض کے کپڑے کا ٹکڑا -

Wield, *v. t.* : (۱) قبضے میں رکھنا ؛ قابو میں رکھنا (اختیارات وغیرہ)؛ حکمرانی کرنا (ملک پر)- (۲) ھاتھہ میں لینا ؛ اٹھانا (ھتیار) -

w. the sceptre, a kingdom : حکمرانی کرنا؛ عصائے سلطانی ھاتھہ میں رکھنا -

Wife, *n.* (*pl.* -ves) : (۱)(شاذ) عورت؛ خصوصاً گنوار یا جاھل

بڑھیا - (۲) جورو؛ بیوی ؛ زوجہ -
all the world & his w. : دیکھو World -
fish w. : دیکھو Fish -
have, take, to w. : بیوی بلانا ؛ شادی کرنا -
old wives' tale : بے بنیاد قصہ ؛ توہم -
wifehood, n. : زوجیت ؛ جورو پن -
wifeless, a. : بے جورو کا ' جس کے بیوی نہ ہو -
wifelike, wifely, aa. : (۱) بیوی کا؛ زوجہ کا - (۲) بیوی کے شایان شان ؛ بیوی کے لیے مناسب -
wifie, n. : چہیتی سی بیوی؛ پیاری بیوی -
Wig, n. : وگ؛ مصنوعی بالوں کا ٹوپ جو پہلے آرائش کے طور پر استعمال ہوتا تھا اب ججوں یا وکیلوں کے منصبی لباس یا خدمت گاروں کی وردی کا جزو ہوتا ہے -
there will be ww. on the green : خوب لڑائی ہوگی-
(-) **wigged, a.** : (-) وگ پہنے -
wigless, a. : بے وگ کا -
Wig, v. t. : ڈانٹنا ؛ ڈپٹنا ؛ سر زنش کرنا ؛ برا بھلا کہنا ؛ خبر لینا ؛ لعنت ملامت کرنا -
wigging, n. : لعنت ملامت ؛ ڈانٹ ڈپٹ ؛ سر زنش -
Wigan, n. : کرمچ کی طرح کی سخت چیز جو کالر وغیرہ میں اسے سخت کرنے کے لیے لگاتے ہیں -
Wiggle, v. t. : (بول چال یا مقامی بولی) (کسی چیز کو) ادھر اُدھر ہلانا؛ خصوصاً کشتی کو ایک چپو سے جو پیچھے لگا ہو چلانا-
Wight, n. : (قدیم زبان یا مزاحاً) شخص ؛ آدمی -
Wigwam (or -om), n. : شمالی امریکہ کے دیسیوں کا خیمہ ؛ جھونپڑا (جانور کی کھال یا چٹائی یا چھال کا) -
Wild a. adv . & n. : (۱) وحشی؛ (جانور یا انسان) جنگلی؛ خود رو (پودا) - (۲) بھڑکنے والا ؛ وحشی - (۳) خود سر؛ ضدی؛ سرکش ؛ بے لگام ؛ بے ضبط ؛ شوریدہ سر ؛ خود سری کا ؛ شوریدہ سری کا؛ سرکشی کا (فعل) - (۴) بے ترتیب ؛ پریشان ؛ سٹپٹا بے ترتیبی (*w. hair , w. disorder*) - (۵) تیز و تند؛ طوفانی (*w. wind, night &c.*) - (۶) بے تاب ؛ بے چین؛ مضطرب ؛ آپے سے باہر ؛ دیوانہ ؛ مجنون (شوق ' خوشی ' جوش' غصے یا رنج سے) - (۷) بے تابی کا ؛ بے چینی کا؛ مجنونانہ - (۸) اٹکل پچو؛ اندھا دھند؛ جلد بازی کا ؛ بے سوچا سمجھا - (۹) جنگل ؛ صحرا ؛ ویرانہ ؛ دشت ؛ اجاڑ علاقہ -
drive w. : آپے سے باہر کردینا؛ دیوانہ کردینا-
run w. : (۱) (پودوں کا) خودرو ہونا - (۲) (انسان کا) خودسر ہوجانا ؛ سرکش ہو جانا -
the w. men : (کسی پارٹی وغیرہ کے) انتہا پسند اشخاص -
w. about (person or subject) : شیفتہ ؛ دلدادہ -
wildcat : (۱) جنگلی بلی - (۲) بے تکا ؛ ناعاقبت اندیشانہ؛ اندھا دھند (تجارتی سٹہ وغیرہ) -
wildfire : ایک آتش گیر مرکب مادہ -
like wildfire : نہایت تیزی کے ساتھ -
wild-goose : جنگلی بط -
wild-goose chase : (مجازاً) ناممکن چیز کی کوشش ؛ فضول کوشش -

w. horse : اسپ صحرائی ؛ جنگلی گھوڑا -
be drawn by w. horses : ایک قسم کی سزائے موت -
w. look, appearance: اضطراب کی کیفیت؛ آشفتگی کی حالت-
w. hyacinth : ایک قسم کا جنگلی پودا جس میں گھنٹی کی شکل کے نیلے پھول ہوتے ہیں -
w. oats : دیکھو Oat -
w. scenery : وحشت ناک منظر -
w. times : بدامنی کا زمانہ -
w. work : فتنہ و فساد -
woodnotes w. : سادہ اور فطری شاعری -
wildish, a. : کسی قدر وحشی ؛ خودسر ؛ بے ترتیب ؛ تند ؛ مضطرب وغیرہ -
wildly, adv. : وحشت سے ؛ خودسری سے ؛ شوریدہ سری سے ؛ بے ترتیبی سے؛ بے تابی سے؛ اضطراب سے؛ جوش سے ؛ اٹکل پچو بے سوچے سمجھے -
wildness, n. : وحشت ؛ خودسری ؛ شوریدہ سری ؛ بے ترتیبی؛ بے باکی؛ اضطراب ؛ جلد بازی؛ ناعاقبت اندیشی -
Wildebeest (weldebast), n. : جنوبی افریقہ کا ہرن جو بیل سے مشابہ ہوتا ہے -
Wilder, v. t. : (شعر) بد حواس کردینا ؛ پریشان کردینا -
Wilderness, n. : (۱) بیابان ؛ صحرا ؛ اجاڑ مقام - (۲) باغ کا اجاڑ حصہ - (۳) (کسی چیز کی) بہت بڑی تعداد یا مقدار ؛ جنگل کا جنگل -
voice in the w. : مصلح جس کی نصیحت کوئی نہ سنے -
Wilding, n. : خود رو پودا یا پھل خصوصاً جنگلی سیب -
Wile, n. & v. t. : (۱) (عموماً جمع) چال ؛ حیلہ ؛ مکر ؛ فریب - (۲) پھسلانا ؛ ورغلانا ؛ پھانسنا -
Wilful, a. : (۱) جو عمداً کیا جائے ؛ بالعمد ؛ بالقصد ؛ بالارادہ ؛ دیدہ ودانستہ - (۲) خود رائے؛ ضدی؛ خود سر؛ سرکش-
wilfully, adv. : (۱) عمداً ؛ دیدہ و دانستہ - (۲) خود رائی سے ؛ ضد سے ؛ خودسری سے ؛ سرکشی سے -
wilfulness, n. : سرکشی ؛ خودسری ؛ خودرائی ؛ ضد -
Wilhelmstrasse (vilhelmshtrahse), n. : (۱) ولہیلم اشٹراسے؛ برلن کی ایک سڑک جس پر وزارتوں کے دفتر واقع ہیں - (۲) جرمنی کی وزارت خارجہ -
Will, v. t. & aux : (۱) چاہنا ؛ آرزو رکھنا ؛ (*what wilt thou ?, I would I were a bird*) - (۲) راضی ہونا (*would not do it for & 100*) - (۳) (کوئی بات) ضرور کرنا ؛ ضرور ہونا ؛ ہوکر رہنا (*boys w. be boys, accidents w. happen*) - (۴) (کوئی کام) معمولاً کرنا یا ہونا ؛ وقتاً فوقتاً کرنا یا ہونا (*w. sit there for hours , now & then a blackbird would call*) - (۵) صیغہ ضمیر حاضر اور غائب کے ساتھ محض علامت مستقبل کاکام دیتا ہے - (۶) (ضمیر متکلم کے ساتھ) فعل مستقبل یا جملہ شرطیہ میں متکلم کی مرضی یا ارادہ ظاہر کرتا ہے -
a would -be gentleman : وہ شخص جو شریف بننا چاہتاہے -
Will, n. : (۱) ارادہ ؛ قوت ارادی - (۲) عزم؛ مضبوط ارادہ - (۳) منشا ؛ مرضی ؛ خوشی - (۴) (دوسروں کے متعلق اچھی یا

بری) خواهش؛ نیک خواهی یا بد خواهی (good, ill w.) -
(٥) وصیت نامہ -

at w. : حسب مرضی ؛ جب جی چاهے -
freedom of the w., free w. : اختیار (جبر کی ضد) -
last w. & testament : وصیت نامہ -
make one's w. : وصیت نامہ لکھنا -
nuncupative w. : دیکھو Nuncupate -
tenant at w. : غیر میعادی کاشتکار جسے جب چاهیں بے دخل کردیں -
the w. to live : عزم للحیاۃ ؛ زندہ رهنے کا عزم -
the w. to power : عزم للقوۃ ؛ قوت حاصل کرنے کا عزم -
have one's w. : اپنی خوشی پوری کرنا -
w.-worship : (قدیم) اپنے مطلب کا مذهب -
(-)willed, *a.* : (-) ارادے کا ۔
will-less, *a.* : قوت ارادی سے محروم -

Will, *v. t.* : (۱) مرضی هونا ؛ دل سے چاهنا - (۲) قوت ارادی سے کام لینا - (۳) قوت ارادی کا اثر ڈال کر (کوئی کام) کرانا - (۴) وصیت نامے کے ذریعے چھوڑ جانا یا دے جانا (جائداد وغیرہ کسی کو) -

Willet, *n.* : شمالی امریکا کا چها؛ ایک قسم کا دریائی پرند جس کا شکار کھیلتے هیں -

Willing, *a.* : (۱) راضی خوشی سے آمادہ ؛ رضامند - (۲) رضامندانہ؛ جو خوشی سے دیا جائے یا کیا جائے -
willingly, *adv.* : خوشی سے؛ بہ رضاورغبت ؛ شوق سے -
willingness, *n.* : رضامندی؛ خوشی سے آمادگی؛ رضا ورغبت -

Will-o'-the-wisp, *n.* : (۱) اگیا بیتال - (۲) (مجازاً) چھلاوا ؛ وہ شخص جو کبھی یہاں کبھی وهاں هو اور جس کی صورت کبھی کچھ کبھی کچھ نظر آئے -

Willow (-o), *n.* : (۱) بید کا درخت - (۲) کرکٹ کا بلا -
handle the w. : بلا تھامنا -
wear the w. : سوگ منانا -
w.-herb : مختلف اقسام کے پودے جس کی پتیاں بید کی طرح هوتی هیں اور زرد زرد پھول هوتے هیں -
w.-pattern : سفید چینی کے برتنوں پر نیلے نقش جو انگلستان والوں نے چین سے سیکھے -

Willow, *v. t.* & *n.* willy, *n.* : (۱) کل کے ذریعے سے دھنکر صاف کرنا - (۲) دھننے کی مشین -

Willowy, *a.* : (۱) جهاں بید کثرت سے هوں - (۲) پتلا اور لچک دار -

Willynilly : دیکھو Nill -
Wilt : دیکھو Will -
Wilt, *v. t.* & *i.* : (۱) خشک هو جانا ؛ مرجھا جانا - (۲) مرجھا دینا ؛ خشک کر دینا -

Wilton, *n.* : (نیز *w. carpet*) ایک قسم کا قالین جو شهر ولٹن میں بنتا هے جس میں حلقوں کو کاٹ کر گچھے بنا دیتے هیں -

Wily, *a.* : مکار ؛ عیار ؛ چالاک ؛ حیلہ باز ؛ پرفن -
wilily, *adv.* : مکاری سے ؛ حیلہ بازی سے ؛ عیاری سے -
wiliness, *n.* : مکاری ؛ عیاری ؛ حیلہ بازی ؛ چالاکی -

Wimbledon, *n.* : ٹینس کا ٹورنمنٹ جو ومبلڈن میں هوتا هے -

Wimple, *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) تہ در تہ نقاب - (۲) نقاب ڈالنا ؛ نقاب سے چھپانا ؛ تہ در تہ رکھنا - (۳) موڑ ؛ چکر ؛ پیچ لہر - (۴) تہ در تہ هونا - (٥) (دریا کا) چکر کھاتے هوئے بہنا ؛ لہرانا ؛ لہریں اٹھنا -

Win, *v. t.* & *i.* (won, wun), & *n.* : (۱) جیتنا ؛ فتح پانا ؛ اسیر کرنا ؛ حاصل کرنا (انعام وغیرہ) - (۲) کوشش کرکے پہنچنا (*w. the summit &c.*) - (۳) کوشش کرکے هو جانا (*w. free, clear*) - (۴) آمادہ کر لینا (کسی بات پر) ؛ اپنا طرف دار یا هم خیال بنا لینا - (٥) جیت (کھیل میں) (*he has had three ww. and no defeats*) -
bread-winner : دیکھو Bread -
w. by a head : دیکھو Head -
w. hands down : دیکھو Hand -
w. in a canter : دیکھو Canter -
w. one's blue : دیکھو Blue -
w. one's bread : روٹی کمانا ؛ روزی کمانا -
w. one's spurs : (۱) نائیٹ بنایا جانا ؛ سر کا خطاب پانا - (۲) (مجازاً) امتیاز یا شهرت حاصل کرنا (کسی فن میں) -
w. one's way : (۱) لڑتے هوے آگے بڑھنا - (۲) بڑی کشمکش کے بعد حاصل کرنا -
w. ore &c. : کان سے دھات نکالنا -
w. the field : میدان جیت لینا -
w. the toss : دیکھو Toss -
winning : (۱) فیصلہ کن ؛ جتانے والا (*winning stroke etc.,*) - (۲) دلکش (*winning smile etc.,*) -
winning-post : گھڑ دوڑ کا پالا -
(-)winner, *n.* : (-) جیتنے والا -
winningly, *adv.* : دلکش انداز سے -
winnings, *n. pl.* : جیتا هوا روپیہ -

Wince, *v. i.* & *n.* : (۱) جھرجھری آنا ؛ جسمانی یا دماغی تکلیف کا اظهار هونا - (۲) جھر جھری -

Wincey, *n.* : ونسی ؛ ایک مضبوط کپڑا جو اون اور سوت ملاکر یا صرف اون کا بنتا هے -
winceyette, *n.* : نقلی ونسی -

Winch (-tsh) *n.* : (۱) پہیے یا دھرے کی چکر گھنی (جس کے ذریعے سے وہ چکر کھاتا هے) - (۲) بوجھ اٹھانے کی کل؛ آهنچہ -

Winchester, *n.* : ونچسٹر رائفل؛ یا اسی نمونے کی کئی فیر کی رائفل جو بڑے جانوروں کے شکار میں استعمال هوتی هے — (۲) (نیز *w. quart*) آدھے گیلن (یعنی 138⅗ مکعب انچ) کی بوتل -

Wind *n.* : (۱) تیز هوا؛ جھکڑ؛ باد- (۲) وہ رخ جدھر هوا هو- (مجازاً) (دوسرے سے) بہتر موقع *(take or get the w. of)* - (۳) (جمع) چاروں سمتیں - (۴) خالی خولی الفاظ؛ محض لفاظی- (٥) هوا جو بانسری وغیرہ میں هوتی هے - (٦) (اسم مجموع) طائفہ کے هوا باجے - (۷) بو- (مجازاً) خبر ؛ پتہ؛ بھن کن - (۸) ریاح ؛ بادی - (۹) دم ؛ سانس -
before, down the w. : هوا کے رخ -

between w. & water : دیکھو Water -

break w. : ریاح خارج کرنا -

broken-winded : دیکھو Broken -

capful, slant, of w. : دیکھو Slant, Capful -

constant w. : باد مستقل ؛ ھوا جو ایک مقام پر ایک ھی رخ چلتی رھتی ھے -

contrary w. : باد مخالف ؛ مخالف ھوا -

fair w. : باد مراد ؛ موافق ھوا -

find out how the w. blows or lies : ھوا کا رخ دیکھنا ؛ واقعات کا یا عام رائے کا رخ دیکھنا -

get the w. up : (عامیانہ) ڈرجانا ؛ پھونک نکل جانا -

get w. of : پتہ چل جانا ؛ خبر لگ جانا ؛ سن گن پانا ؛ کان میں بھنک پڑ جانا -

go like the w. : بہت تیز چلنا یا جانا -

ill w. : دیکھو Ill -

in the w.'s eye, in the teeth of the w. : بالکل ھوا کے مخالف -

N. wind : باد شمال ؛ شمال سے آنے والی ھوا -

on a wind : (جہاز رانی) اس طرح کہ اگلے پچھلے سرے ھوا کے مخالف رخ پر ھوں -

off the w. : اس طرح کہ دونوں پہلو ھوا کے رخ پر ھوں -

periodical w. : باد موقت ؛ وقتی ھوا جو مقررہ زمانوں میں چلتی ھے -

put the w. up one : دیکھو put -

raise the w. : (مجازاً) زر مطلوبہ فراھم کرنا -

sail, be, close to or near the w. : (۱) تقریباً ھوا کے مخالف رخ پر چلنا - (۲) بد تہذیبی یا بے ایمانی کے قریب قریب پہنچ جانا -

second w. : دم تازہ ؛ بے دم ھونے کے بعد پھر دم آنا -

take the w. out of one's sails : جو بات دوسرا شخص کہنے والا ھے وہ پہلے سے کہہ دینا یا جو دلیل وہ دینے والا ھے اس کی پہلے سے تردید کردینا -

there is something in the w. : کچھ خفیہ کارروائی ھو رھی ھے ؛ کچھ دال میں کالا ھے -

sow w. & reap whirlwind : دیکھو Whirl -

take or get w. : مشہور ھو جانا -

whistle down the w. : دیکھو Whistle -

windbag : لفاظ مقرر ؛ بکی مقرر -

w.-bound : ناموافق ھوا کی وجہ سے رکا ھوا -

w.-chest : باجے میں ھوا کا خزانہ -

w.-colic : ریاحی درد ؛ قولنج -

w. cutter : ارگن باجے کے منھ کا بالائی حصہ -

w.-egg : خاکی انڈا جس سے بچہ نہ پیدا ھوسکے -

windfall : (۱) پھل جو آندھی میں گرا ھو - (۲) نعمت غیر مترقبہ ؛ خصوصاً ترکہ جو غیر متوقع طور پر مل جائے -

w.-fanner : دیکھو W.-hover -

-flower : لالہ ؛ شقائق نعمان -

-gall : گھوڑے کے ٹخنے کی گلٹی -

w.-gauge : (۱) مقیاس الھوا - (۲) باجے کا ھوا پیما - (۳) ھوا بین جو بندوق کی مکھی میں لگا ھوتا ھے -

w.-hover : شکرا -

w.-instrument : ھوا باجا ؛ جس میں آواز ھوا کے ذریعہ سے پیدا کی جاتی ھے ؛ مثلاً نے وغیرہ -

windmill : ھوا کی چکی ؛ پون چکی ؛ چکی جو ھوا کے زور سے چلتی ھے -

fight windmills : خیالی دشمن پر نیزہ چلانا ؛ فرضی شکایت کے لیے لڑنا -

windmill-plane : ایک قسم کا طیارہ جس کا پنکھا افقی رخ پر گھومتا ھے -

windpipe : نرخرا ؛ سانس لینے کی نلی -

wind rises : ھوا چلنے لگی یا تیز ھوگئی -

w.-row : گھاس ؛ غلہ وغیرہ کے ڈھیر جو ھوا میں خشک ھونے کے لیے رکھے جائیں -

w.-sail : کرمچ کا چونگا جس سے ھوا جہاز کے نچلے حصے میں پہنچتی ھے -

w.-screen : ھوا سے بچنے کا شیشہ جو موٹر کار کے آگے لگا ھوتا ھے -

w.-spout : (۱) بخارات کا ستون جو سطح سمندر سے بادل تک اٹھتا نظر آتا ھے - (۲) بگولہ ؛ گرد باد - (۳) آندھی جس میں بگولے اٹھتے ھیں -

w.-tight : دیکھو Tight -

windward, a. & n. : (۱) ھوا کا رخ ؛ وہ رخ جدھر سے ھوا چلتی ھے یا جو ھوا میں ھوتا ھے - (۲) ھوا کے رخ کا -

get the ww. of : (۱) کسی چیز کی بدبو سے بچنا - (۲) کسی شخص کے اس پہلو پر آجانا جدھر ھوا ھو - (۳) دوسرے سے بہتر موقع حاصل کرنا یا اس سے فائدے میں رھنا -

windless, a. : بے ھوا ؛ جس میں ھوا نہ چلتی ھو -

Wind v. t. : (۱) پھونکنا ؛ بجانا (بگل وغیرہ) - (۲) بو پالینا ؛ کسی چیز یا شخص کی بو سے اس کی موجودگی کا پتہ چلا لینا - (۳) ورزش سے دم بڑھانا - (۴) بے دم کردینا ؛ سانس پھلا دینا - (۵) تازہ دم کرنا -

Wind, v. i. & t. : (۱) چکر کھانا ؛ چکر کھا کر جانا یا چڑھنا ؛ پیچ و خم کے ساتھ جانا (سڑک کا) ؛ بہنا (دریا کا) ؛ چڑھنا (بیل کا) - (۲) (way کے ساتھ) پھیر کھاکر جانا ؛ چالاکی سے کسی کے دل میں جگہ کرلینا - (۳) لچھا بنانا ؛ لچھا بننا ؛ لپیٹنا ؛ گھیرنا - (۴) آنکڑا یا کسی اور کل کے ذریعہ سے اٹھانا یا کھانا - (۵) کوکنا ؛ کوک بھردینا (گھڑی کو) - (۶) لپیٹنے یا گھمانے کا عمل ؛ چکر (چکر مشین کے دستے وغیرہ کا) - (۷) بل - (۸) پیچ و خم ؛ موڑ -

in winding : ترچھا ؛ اپنی جگہ سے ھٹا ھوا (پہیا وغیرہ) -

w. off : کھولنا ؛ ~~بیچ کھولنا~~ -

w. person round one's fingers : بالکل قابو میں کرلینا -

w. pegtop : کھونٹی پر ڈوری لپیٹنا -

w. ship : جہاز کو پورا گھما کر رخ بدلنا -

w. up : (۱) پورا پورا لپیٹ دینا - (۲) کسنا (لچھے کو) ؛ کوکنا (۳) (مجازاً) شدت یا چستی پیدا کرنا ؛ کسنا -

(۴) ختم کرنا -

w.-up : خاتمہ -

w. up company : تجارتی کمپنی کو توڑ دینا ' بند کردینا ' تصفیۂ حساب کردینا -

winding-sheet : کفن -

winding staircase : چکر دار زینہ -

winder, *n.* : (۱) لپیٹنے والا - (۲) ڈور یا دھاگا لپیٹنے کی چرخی -

windingly, *adv.* : پیچ و خم کے ساتھہ -

Winding-up, *n.* : (۱) ختم کردینا یا ہونا ؛ خاتمہ - (۲) تجارتی کمپنی کا تصفیۂ حساب یعنی بند ہونا -

windage (-ii), *n.* : ہوا کا فرق؛ وہ فرق جو بندوق کی نالی اور گولی کے قطر میں ہوتا ہے یا وہ فرق جو ہوا کی وجہ سے گولی کے رخ میں ہو جاتا ہے -

Windlass, *n. & v. t.* : (۱) آھنجھ ؛ بوجھہ اٹھانے کی چرخی - (۲) آھنجھ سے اٹھانا یا کھینچنا -

Windlestraw, *n.* : ایک قسم کا پھوس -

Window (-o), *n.* : کھڑکی ؛ دریچہ؛ فرنہ -

bay, casement, dormer, French, lattice, oriel, sash w. : دیکھو Bay وغیرہ -

blank, blind, false w. : دریچہ نما طاق -

bow window : دیکھو حرف *Bow* -

have all one's goods in the w. : اوچھا ہونا ؛ سطحی طبیعت کا ہونا -

w.-box : (۱) *sash- w.* کا صندوق - (۲) صندوق نما گملہ جو کھڑکی کے دامے پر رکھا جاتا ہے -

w.-dressing : (۱) (دوکان کی) کھڑکی میں چیزیں سجانے کا سلیقہ - (۲) (مجازاً) چیزوں کی پر فریب نمائش -

w.-shopping : دوکانوں کی کھڑکیوں میں چیزوں کو دیکھنا -

windowed, *a.* : کھڑکی والا -

windowless, *a.* : بے کھڑکی کا -

Windsor (-nzer), *n.* : ونڈسر؛ انگلستان کا ایک قصبہ -

brown W. soap : ایک قسم کا خوشبودار صابن -

House of W. : خاندان ونڈسر ؛ انگلستان کے شاہی خاندان کا لقب سنہ ۱۹۱۷ ع میں اختیار کیا گیا -

W. chair : ونڈسر کرسی ؛ ساری لکڑی کی بنی ہوئی کرسی جس میں خمدار تکیہ ہوتا ہے -

W. uniform : سرخ کالر کا نیلا کوٹ جس کو انگلستان کا خاندان شاہی پہنتا ہے اور دوسرے بھی خاص اجازت سے پہن سکتے ہیں -

Windy, *a.* : (۱) جہاں تیز ہوا چلتی ہو (*w. hill-top*) - (۲) تیز ہوا کا ؛ جھکڑ کا (*w. day*) - (۳) لفاظ (مقرر) ؛ محض لفاظی کی ' معنی سے خالی ' الفاظ سے بھری (تقریر) - (۴) بادی ؛ ریاح پیدا کرنے والا ؛ ریاح سے بھرا - (۵) (قدیم) ہوا کے رخ کا - (۶) (عامیانہ) ڈرا ہوا ؛ خوف زدہ -

on the w. side of the law : قانون کی زد سے باہر -

Windily, *adv.* : (۱) تیز ہوا کے ساتھہ - (۲) لفاظی سے - (۳) بادی پن سے -

windiness, *n.* : (۱) تیز ہوا ہونا - (۲) لفاظی - (۳) بادی پن -

Wine, *n.* : (۱) انگوری شراب - (۲) (آکسفورڈ و کیمبرج یونیورسٹی) شراب نوشی کی صحبت (ڈنر کے بعد) - (۳) پھلوں کی یا کسی اور چیز کی شراب - (۴) (طب) کسی دوا کا محلول شراب میں - (۵) گہرا سرخ رنگ؛ عنابی رنگ -

Adam's w. : پانی -

dry, still, white w. : دیکھو Dry وغیرہ -

good w. needs no bush : دیکھو Bush -

green w. : شراب یکسالہ -

in wine : شراب کے نشے میں -

new w. in old bottles : نئی روح جو پرانے رسم و رواج کی دیوار میں قید نہیں رہ سکتی -

over the walnuts and the w. : دیکھو Walnut -

port w. : دیکھو Port -

spirit of w. : دیکھو Spirit -

take w. with : بزم مے میں وعدے وعید کرنا -

tears of strong w. : دیکھو Tear -

winebag : (۱) شراب کی مشک - (۲) پکا شرابی -

winebibber : پکا شرابی -

winebibbing a. & n. : کثرت سے شراب پینا ؛ شراب نوشی -

winebottle : (۱) شراب کی بوتل ؛ شیشہ ؛ مینا - (۲) شراب کی مشک -

winebowl : (۱) (شراب کا) پیالہ ؛ ساغر - (۲) (مجازاً) شراب خواری -

w.-carriage : شراب رکھنے کی پہیہ دار تپائی -

w.-cooler : برف سے شراب ٹھنڈی کرنے کا برتن -

winecup : شراب کا پیالہ ؛ ساغر -

winefat : انگور کا عرق نکالنے کی کل -

wineglass : (۱) شراب کا گلاس خصوصاً ایک خاص سائز کا - (۲) دوا کا پیمانہ چار بڑے چمچوں کے برابر -

w.-marc : دیکھو Marc -

w.-palm : کھجور جس سے شراب بنتی ہے -

winepress : انگور کا عرق نکالنے کی کل -

w.-sap or winesap : ایک سرخ رنگ کا بڑا سیب جو امریکا میں پیدا ہوتا ہے -

wineskin : شراب کی مشک -

w.-stone : سرخ رنگ کا مادہ جو شراب کے پیپوں کی تہ میں جم جاتا ہے -

w.-vault : (۱) شراب کا تہ خانہ - (۲) بار ؛ ہوٹل وغیرہ میں شراب بکنے کی جگہ -

w. whey : شراب اور چھاچھہ کا شربت -

wineless, *a.* : بے شراب کا -

winy, *a.* : شراب سے مشابہ ؛ شراب کے رنگ یا مزے کا -

Wing, *n. & v.t. & i.* : (۱) (پرند کا) بازو ؛ بال ؛ پر ؛ شہپر - (۲) (مزاحاً) انسان کا بازو - (۳) کسی چیز کا ایک طرف کو نکلا ہوا حصہ مثلاً عمارت جماعت یا فوج کا بازو؛ پہلو - (۴) (تھیٹر وغیرہ) ونگ؛ وہ تاروڑ وغیرہ جس کی جگہ سینٹر کے دائیں

یا بائیں ہوتی ہے۔ (۵) پرواز۔ (۶) پر لگانا؛ چلانا (تیز)؛ تیز کرنا۔ (۷) اڑ کر جانا؛ اڑکر طے کرنا (رستہ)۔ (۸) پرند کے پنکھ یا انسان کے بازو کو زخمی کرنا۔

clip one's ww. : کسی شخص کی نقل و حرکت حوصلے یا خرچ کو محدود کردینا؛ پر کتر دینا۔

come on the ww. of the wind : انتہائی تیزی کے ساتھ آنا۔

his wings are sprouting : وہ فرشتہ ہوتا جاتا ہے۔

lend, add ww. to, : تیز کردینا؛ تیزی پیدا کرنا۔

on the w. : اڑتا ہوا؛ سفر میں؛ حرکت میں۔

take to oneself ww. : غائب ہو جانا؛ اڑجانا۔

take under one's w. : اپنی سرپرستی یا حفاظت میں لے لینا۔

take w. : پرواز کرنا؛ اڑنا۔

w.-beat : اڑان؛ اڑنے میں پنکھ کی پوری حرکت۔

w.-case : بعض کیڑوں کا اوپر کا سخت بازو جو اصلی پنکھوں کی حفاظت کے لیے ہوتا ہے۔

w.-commander : ونگ کمانڈر؛ ہوائی فوج کا ایک افسر۔

w.-covert : بازو پوش؛ چھوٹا سا پر جو پرند کے بازو کی جڑوں کو ڈھانپے رہتا ہے۔

w.-footed : (شعر) تیزرو؛ صبا رفتار۔

w.-sheath : دیکھو w. case۔

w.-spread : پروں کا پھیلاو؛ پرندوں کے پھیلے ہوئے پروں کی پوری لمبائی؛ طیارے کے پروں کی پوری لمبائی۔

w.-stroke : دیکھو w. Beat۔

winged god : (یونانی دیو مالا) مرکری؛ دیوتاوں کا قاصد۔

winged horse : (۱) Pegasus۔ (۲) شاعری۔

winged Victory : فتح کی دیوار کا مجسمہ۔

winged words : وہ الفاظ جو تیر کی طرح نشانے پر بیٹھ جائیں؛ پر معنی الفاظ

ww. : (تھیٹر) اسٹیج کے پہلو؛ پہلو کی سینیری۔

(-)winged, *a.* : (-) پنکھ یا پر کا۔

Wingless, *a.* : بے بال و پر؛ بے بازو کا؛ بے پنکھ کا۔

Winglet, *n.* : چھوٹا سا پنکھ یا پر۔

Wink, *v. i. & t. & n.* : (۱) آنکھ جھپکانا؛ پلک مارنا۔ (۲) (آنکھ یا پلک کا) جھپکنا۔ (۳) پلک مار کر اشارہ کرنا؛ آنکھ مارنا۔ (۴) (ستارے یا روشنی کا) ٹمٹمانا؛ رہ رہ کر چمکنا۔ (۵) آنکھ جھپکانے کا عمل؛ آنکھ کا اشارہ۔

forty ww : جھپکی؛ ہلکی نیند۔

like winking : (عامیانہ) بہت تیزی سے یا زور سے۔

tip one the w. : (عامیانہ) کسی کو آنکھ کا اشارہ کرنا۔

w. at : اغماض کرنا؛ چشم پوشی کرنا۔

Winkle, *n.* : (۱) ایک قسم کا جھینگا جو کھایا جاتا ہے۔ (۲) *periwinkle*۔

Winnow (-o), *v. t.* : (۱) ہوا اڑا کر صاف کرنا؛ (غلے کو) پچھوڑنا۔ (۲) چھاننا؛ صاف کرنا۔ (۳) چھان بین کرنا؛ غور سے دیکھنا۔ (۴) چھانٹنا؛ ایک قسم کی چیزوں کو الگ کرنا۔ (۵) چھانٹ دینا؛ نکال دینا (نکمے اجزا کو)۔ (۶) (شعر) جھلنا (ہوا کو پروں سے)۔ (۷) پر پھٹپٹانا۔

winnower, *n.* : (۱) *winnow* کا اسم فاعل۔ (۲) غلے کو پچھوڑنے کی مشین۔

Winsome, *a.* : دلکش؛ دلفریب؛ دل آویز۔

winsomely, *adv.* : دلکش طریقے سے۔

winsomeness, *n.* : دلکشی؛ دلآویزی۔

Winter, *n. & v. i. & t.* : (۱) جاڑا؛ سردی؛ جاڑے کا موسم؛ سرما؛ زمستان۔ (۲) جاڑے کا؛ جو جاڑے میں واقع ہو یا استعمال ہو یا جاڑے بھر رہے۔ (۳) (شعر و خطابت) عمر کا سال (جیسے *a man of 50 ww.*)۔ (۴) (کسی مقام میں) جاڑے کے موسم میں رہنا؛ جاڑا گزارنا۔ (۵) جاڑوں میں پودوں مویشیوں وغیرہ کی پرورش کرنا۔

hard w. : شدید سردی جس میں خوب پالا پڑے۔

mild w. : ہلکا جاڑا جس میں پالا نہ پڑے۔

w. garden : شیشے کے چھت کی نشست گاہ؛ چمن کمرا؛ جس میں پودوں کے گملے وغیرہ رکھ کر باغ سا بنادیتے ہیں۔

w.-green : جاڑا بہار؛ پودے جو جاڑوں میں سبز رہتے ہیں۔

w.-lodge : خول جو جاڑوں میں پودے کی کلی کو محفوظ رکھتا ہے۔

w. quarters : سردی میں فوجوں کی قیام گاہ۔

w. sleep : جانور کا جاڑے بھر سوتے رہنا یا بے حس و حرکت پڑے رہنا۔

w. solstice : راس الجدی؛ آفتاب کا خط سرطان پر پہنچنا۔

w.-tide : (شعر) جاڑا؛ موسم سرما۔

Winterless, *a.* : جس میں جاڑا نہ ہو۔

Winterly, *a.* : دیکھو wintry۔

Wintry, *a.* : (۱) جاڑے کا؛ سرد۔ (۲) پھیکا؛ بے لطف۔ (۳) سرد مہری کا؛ جوش سے خالی۔

Wintriness, *n.* : (۱) سرد ہونا؛ سردی۔ (۲) بے لطفی؛ سرد مہری۔

Wipe, *v. t. & i. & n.* : (۱) پونچھنا؛ کپڑے کاغذ یا ہاتھ سے کسی چیز کو مٹانا یا صاف کرنا۔ (۲) دھو ڈالنا؛ مٹا ڈالنا۔ (۳) (عامیانہ) لمبی زد کا وار کرنا۔ (۴) پونچھنے کا عمل۔ (۵) (عامیانہ) لمبی زد کا وار۔ (۶) (عامیانہ) رومال۔

w. one's eye : (عامیانہ) (کسی معاملے میں دوسرے سے) سبقت کرنا۔

w. one's eye : آنسو پونچھنا۔

w. out : (۱) مٹا دینا۔ (۲) برباد کردینا؛ نیست و نابود کر دینا۔

w. out disgrace : ذلت کا داغ دھو ڈالنا خصوصاً انتقام کے ذریعے۔

w. the floor with : (عامیانہ) شکست یا سزا دینا۔

Wire, *n. & v. t. & i.* : (۱) تار۔ (۲) تار برقی؛ تار کا پیام؛ تار۔ (۳) تار سے کسنا؛ تار لپیٹنا؛ باندھنا؛ لگانا۔ (۴) پوت کو تار میں پرونا۔ (۵) پرندوں کو تار کے پھندے میں پھانسنا۔ (۶) مکان میں بجلی کے تار لگانا۔ (۷) تار بھیجنا؛ تار دینا۔ (۸) (croquet کھیل میں) تار کے حلقے کا گیند کو یا کھلاڑی کو روکنا۔

barbed w. : کانٹے دار تار۔

by w.: تار کے ذریعے سے -
live w.: دیکھو Live -
private w. : ذاتی تار کی لائن ' جو کسی خاص شخص کے استعمال کے لیے ہو -
pull the ww. : (۱) کٹھ پتلی کو تار پر نچانا - (۲) (مجازاً) ریشہ دوانیاں کرنا خصوصاً سیاسی پارٹی وغیرہ سے خفیہ اثرات ڈال کر کام لینا -
w.-cloth, w. gauze, w. - netting : تار کی جالی -
w. cutter : تار کاٹنے کا آلہ -
w.-dancer : تار پر ناچنے والا -
wiredraw, v. i. : (۱) (دھات سے) تار کھینچنا؛ تار بنانا - (۲) (کسی بات کے بیان کرنے یا دلیل کے پیش کرنے میں) حد سے زیادہ باریکی سے کام لینا (زیادہ تر p. p. میں) -
w.-edge : چاقو وغیرہ کی' حد سے زیادہ باریک دھار جو بہت جلد اتر جاتی ہے -
w. entanglement : دشمن کے حملوں سے محفوظ رہنے کے لیے الجھی ہوئی تار کی باڑ -
w.-gun : تار توپ (ایک نلکی پر تار لپیٹ کر بناتے ہیں) -
w.-hair dog : تار کی طرح سخت بالوں والا کتا -
w.-heel : گھوڑے کے پاؤں کی ایک بیماری -
w. in: (عامیانہ) ایڑی چوٹی کا زور لگا دینا؛ پوری قوت صرف کردینا -
wirepuller : ریشہ دوانی کرنے والا؛ خفیہ اثرات سے کام لینے والا؛ سیاست داں -
w. rope : تار سے بٹی ہوئی رسی -
w.-worm : بعض نقصان رساں کیڑوں کا پہل روپ -
w.-wove : جھنجھری کے فریم میں بنا ہوا چکنا کاغذ -

Wireless, *a. n. & v. i. & t.* : (۱) بے تار کا خصوصاً لاسلکی (یعنی بے تار کی تار برقی کا) - (۲) لاسلکی کا طریقہ یا نظام - (۳) لاسلکی پیام یا چیز - (۴) لاسلکی وصول کرنے کی مشین - (۵) لاسلکی (پیام یا خبر) بھیجنا؛ لاسلکی کے ذریعے بھیجنا -

Wiry, *a.* : (۱) (شعر) تار کا بنا ہوا - (۲) مضبوط اور لچک دار - (۳) گٹھے ہوئے جسم کا؛ بہت مضبوط، چست اور مستعد؛ ان تھک -
wirily, *adv.* : بہت مضبوطی کے ساتھ؛ مستعدی اور چستی سے -
wiriness, *n.* : مضبوطی؛ مستعدی اور چستی -

Wis, *v. i.* : (نقلی قدیم زبان) میں جانتا ہوں -

Wisdom, (-z-) *n.* : (۱) عقل مندی؛ دانش مندی؛ حکمت؛ دانائی؛ سمجھ دار ہونا؛ سمجھ؛ عاقبت اندیشی؛ دور اندیشی - (۲) حکیمانہ اقوال -
cut one's w. -teeth : عقل کی داڑھ نکالنا؛ سن شعور کو پہنچنا -
w. -tooth : عقل داڑھ -

Wise (-z), *a.* : (۱) عقلمند؛ عاقل؛ دانا؛ خردمند؛ دانش مند؛ دور اندیش؛ سمجھ دار - (۲) عقلمندوں کا؛ دانشمندانہ؛ عاقلانہ؛ دور اندیشی کا؛ عقل کا؛ سمجھ کا - (۳) واقف؛ باخبر - (۴) (قدیم) سیانا؛ جادوگر - (۵) دانشمندوں کا سا -
be, get w. : (امریکا بول چال) واقف ہونا -
none the wiser : اتنا ہی ناواقف جتنا پہلے تھا -
put one w. to : (امریکا بول چال) آگاہ کرنا؛ خبر دینا؛ بتانا -
to w. up : (امریکا بول چال) واقف ہونا یا آگاہ کرنا -
w. after the event : جو ہونے والی بات کا پہلے سے اندازہ نہ کرسکے -
w. crack : (امریکا بول چال) پتے کی بات -
w. man : جادوگر؛ ساحر -
w. woman : (۱) ساحرہ؛ پیش گوئی کرنے والی - (۲) دائی -
wisely, *adv.* : عقلمندی سے -

Wise (-z), *n.* : (قدیم) طور طریقہ؛ انداز؛ طرح -
any w. : کسی طرح سے -
no w. : بالکل نہیں؛ کسی طرح نہیں -
on this w. : اس طرح سے -

W-ise, *suf* : لاحقہ جس سے adv بنتے ہیں اور طریقے کے معنی دیتے ہیں -
clockwise : گھڑی کی سوئی کے رخ حرکت کرنے والا -
crosswise : صلیب کی طرح سے -
lengthwise : لمبا لمبا -
nowise : کسی طرح نہیں -

Wiseacre (-zaker), *n.* : حکمت جھانٹنے والا؛ عقل مند بننے والا -

Wish, *v. t. & i. & n.* : (۱) تمنا کرنا؛ آرزو کرنا - (۲) چاہنا؛ خواہش کرنا؛ طالب ہونا - (۳) بھلا یا برا چاہنا (well یا ill کے ساتھ) - (۴) کہنا (خیرمقدم یا خدا حافظ)؛ دینا (دعا، بددعا) - (۵) آرزو؛ تمنا؛ خواہش؛ التجا؛ منشا - (۶) وہ شے جس کی خواہش ہو؛ مقصود؛ مراد؛ مطلب -
good ww. : دعائے خیر -
I w. it may not prove harmful : مجھے ڈر ہے کہ یہ مضر ثابت ہوگا -
It is to be wished that : خدا کرے -
w. I were never born : کاش میں پیدا نہ ہوا ہوتا -
w. one at the devil or further : یہ چاہنا کہ فلاں شخص چلا جائے -
w. person joy of : (طنزاً) کسی سے کہنا کہ (فلاں چیز) آپ ہی کو مبارک رہے -
wishing-bone : مرغ کے سینے کی دو شاخی ہڈی جس کو دو شخص اپنی اپنی طرف کھینچتے ہیں اور جو لمبا ٹکڑا توڑ لیتا ہے وہ اپنی خواہش میں (جادو سے) کامیاب ہوتا ہے -
wishing-cap : جادو کی ٹوپی؛ جس کے پہننے سے مراد پوری ہوجاتی ہے -
wishful, *a.* : آرزو مند؛ خواہش مند -

Wish-wash, *n.* : (۱) کوئی پینے کی چیز جو بہت پتلی ہو؛ دھوون یا پانی سا شوربا وغیرہ - (۲) پھیکی بے مزہ گفتگو -

Wishy-washy (-wo-), *a.* : (۱) پانی سا؛ دھوون سا (شوربا وغیرہ) - (۲) پھیکی، بے مزہ (گفتگو) -

Wisp, *n.* : (۱) گھاس وغیرہ کا چھوٹا سا پولا؛ مٹھا - (۲) جھنڈ (چڑیوں کا) -

Wist, : دیکھو Wit -

Wistaria, *n.* : وسٹاریا؛ ایک قسم کا پھلی دار درخت جس میں زرد سرخ پھول ہوتے ہیں -

Wistful, *a.* : (۱) پر حسرت؛ حسرت بھرا - (۲) فکر میں ڈوبا ہوا؛ سوچ میں پڑا ہوا؛ غور و فکر کا -

wistfully, *adv.* : (۱) حسرت سے - (۲) غور و فکر کے انداز سے -

wistfulness, *n.* : (۱) پر حسرت ہونا؛ حسرت کی حالت - (۲) غور و فکر کی حالت -

Wit, *v. t. & i.* : جاننا -

God wot : خدا جانتا ہے -

I wot : میں اچھی طرح جانتا ہوں -

to w. : یعنی -

witting : دیدہ ودانستہ؛ جان بوجھ کر کیا ہوا -

wittingly, *adv.* : جان بوجھ کر؛ دیدہ ودانستہ؛ ارادتاً -

Wit, *n.* (sing. or pl.) : (۱) (واحد یا جمع) سمجھ؛ عقل؛ فہم - (۲) نکتہ سنجی؛ بذلہ سنجی؛ اعلیٰ ظرافت؛ لطیف ظرافت - (۳) لطیفہ؛ لطیف فقرہ -

a nimble w. : تیز طبع؛ ذکی -

at one's w.'s end : سخت چکر میں؛ ایسی حالت میں کہ عقل گم ہو یعنی کام نہ دیتی ہو -

have one's ww. about him : چوکس ہونا؛ سمجھ دار ہونا -

live by one's ww. : طرح طرح کی چالاکیوں سے روزی کمانا -

out of one's ww. : (۱) بدحواس؛ بوکھلا یا ہوا - (۲) پاگل -

the five ww. : (قدیم) (۱) دماغ - (۲) حواس خمسہ -

witless, *a.* : غبی؛ بیوقوف -

witlessly, *adv.* : بیوقوفی سے؛ کند ذہنی سے -

witlessness, *n.* : بے وقوفی؛ کند ذہنی؛ کاوڑی پن -

wittily, *adv.* : بذلہ سنجی سے -

wittiness, *n.* : نکتہ سنجی؛ بذلہ سنجی؛ ظریف الطبع ہونا؛ لطیف ظرافت -

witty, *a.* : بذلہ سنج؛ نکتہ سنج؛ ظریف الطبع -

Wit, *n.* : (۱) (قدیم) دانشمند؛ عقل مند - (۲) ظریف الطبع شخص؛ بذلہ سنج؛ نکتہ سنج -

Witch *n. & v.t.* : (۱) (شاذ) جادوگر - (۲) جادوگرنی؛ ساحرہ - (۳) (مجازاً) دلربا عورت؛ ساحرہ - (۴) بد صورت بڑھیا؛ ڈھڈو - (۵) (مقامی) ایک قسم کی چھوٹی مچھلی - (۶) جادو کرنا؛ مسحور کرنا - (۷) (مجازاً) لبھانا -

white w. : نیک جادو گرنی -

witchcraft : جادو؛ سحر -

w.-doctor = medicine-man : دیکھو Medicine -

w.-meal : ایک پودے کا زیرہ -

witches' sabbath دیکھو Sabbath -

witchery, *n.* : دلربائی؛ عشوہ طرازی؛ سحر طرازی -

witching, *a.* : دلربا؛ عشوہ طراز؛ جادو طراز -

witchingly, *adv.* : دلربائی کے انداز سے؛ سحر طرازی سے -

Witch- : دیکھو Wych -

Witenagemot (-g-), *n.* : (تاریخ) اینگلو سیکسن قوم کی قومی مجلس شوریٰ یا پارلیمنٹ -

With (-dh, -th) *prep* : (۱) خلاف؛ مقابلے میں (*fight w.*, *quarrel, w.*) - (۲) ساتھ - (۳) موافقت میں؛ ساتھ - (۴) لیے ہوئے؛ رکھتے ہوئے (*w. a gun in his hand*) - (۵) پاس؛ قبضے میں؛ ذمے (*have no money w. me, it rests w. you*) - (۶) سے؛ مدد سے؛ ذریعے سے (*cut it w. a knife*) - (۷) سے (*fill it w. water, blessed w. beauty*) - (۸) ساتھ ساتھ (*changes w. the seasons*) - (۹) وجہ سے؛ (*trembles w. fear*) - (۱۰) کے ساتھ (*fought w. courage*) - (۱۱) ساتھ؛ سے (*be patient w. him*) - (۱۲) باوجود (*with all his learning he is very simple*) -

begin w. : پہلے اس کو لیجیے -

break w. : قطع تعلق کرنا -

can do anything w. him : اس سے ہر کام لے سکتا ہوں؛ ہر طرح کا اثر ڈال سکتا ہوں -

have w. you : (قدیم) مجھے تمہاری بات منظور ہے -

one w. : متحد؛ ایک ذات -

part w. : جدا کرنا؛ علحدہ کرنا -

put up w. : تحمل کرنا؛ برداشت سے کام لینا -

w. child : حاملہ -

w. God : مرحوم -

w. that : اس پر؛ تب؛ اس کے ساتھ ہی -

Withal, (-awl), *adv. prep.* : اس کے ساتھ؛ اس کے علاوہ؛ مزید برآں؛ نیز؛ بھی -

Withdraw, *v. t. & i.* : (۱) ہٹا دینا؛ کھینچ لینا؛ ہٹا دینا (*w. Curtain, one's hand*) - (۲) واپس لے لینا؛ اٹھا لینا (*w. boy from school*) - (۳) واپس لینا (الفاظ وعدہ وغیرہ) - (۴) ہٹ جانا؛ چلے جانا -

cries of 'w. : پارلیمنٹ یا جلسے وغیرہ میں یہ شور کہ مقرر اپنے سخت الفاظ واپس لے -

withdrawing-room : (قدیم) دیوان خانہ -

withdrawl, *n.* : (۱) ہٹانا یا ہٹایا جانا - (۲) واپسی؛ واپس لینا یا لیا جانا - (۳) ہٹنا؛ علحدگی -

Withe (*-dhi or widh*), **withy** (dhi) *n.* (pl. -thes) : لچیلی شاخ خصوصاً بید کی جس سے گٹھے باندھتے ہیں -

Wither (-dh-) *v t. & i.* : خشک کرنا یا ہونا؛ مرجھا جانا یا مرجھا دینا؛ پژمردہ کرنا یا ہونا -

withering, *a.* : پژمردہ؛ جان کاہ؛ افسردہ کن -

witheringly, *adv.* : پژمردگی سے -

Withers (-dh-), *n. pl.* : گھوڑے کا صدو؛ شانہ -

my w. are unwrung : میں الزام سے بری ہو -

Withershins (-dh-) **widder-** *adv.* : (اسکاٹستان) سورج کی رفتار یا گھڑی کی رفتار کے مخالف رخ پر (جو منحوس سمجھا جاتا ہے) -

Withhold, *v. t.* (-held), : نہ دینا؛ روکے رکھنا -

w. one's hand, w. one's hold : کوئی کارروائی نہ کرنا -

Within, *adv. n. & prep.* : (۱) اندر؛ گھر کے اندر؛ اندر سے؛ المعنوی طور پر - (۲) اندر کا رخ؛ باطن - (۳) اندر؛ میں - (۴) حد کے اندر؛ دائرے کے اندر - (۵) اندر ہی؛ قریب؛ زد میں (*was w. an ace of destruction*) -

w. bishop's gate : بشپ گیٹ کی چار دیواری کے اندر -
go w. : کمرے میں یا گھر میں چلا جانا -
make me pure w. : میرے نفس کو پاک کردو -
running w. himself : اپنی پوری طاقت یا رفتار سے کم دوڑتا ہے -
w. call : جہاں تک آواز پہنچ سکے -
w. doors : گھر کے اندر -
w. reach : جہاں تک ہاتھ پہنچ سکے ؛ مقدور میں ؛ پہنچ میں -
w. sight : حد نظر کے اندر ؛ جہاں تک نظر پہنچ سکے -

Without *adv. n.* prep & conj : (۱) باہر ؛ گھر کے باہر (*stands w.*)-(۲) باہر کا رخ ؛ ظاہر ؛ خارجی ذریعہ (*the suggestion came from w.*) - (۳) (کسی مقام کے) باہر ؛ خارج - (۴) بغیر ؛ بلا ؛ بے (*came w. any hesitation*) - (۵) (قدیم یا سوقیانہ) تا وقتیکہ ؛ جب تک کہ -
do or go w. : کسی چیز کے بغیر کام چلانا -
goes w. saying : مانی ہوئی بات ہے ؛ مشہور بات ہے -
things w. us ; خارجی اشیاء -
w. doubt : بلا شبہ ؛ یقیناً -
w. end : غیر محدود ؛ لا متناہی -

Withstand, *v. t. & i.* : (۱) مزاحمت کرنا ؛ مقابلہ کرنا - (۲) (شعر) مخالفت کرنا -

Withy : دیکھو Withe -

Witness, *n. & v. t. & i.* : (۱) گواہی ؛ شہادت - (۲) تصدیق - (۳) گواہ - (۴) آنکھ سے دیکھنے والا - (۵) شہادت دینا ؛ گواہی دینا ؛ تصدیق کرنا ؛ گواہ ہونا - (۶) ظاہر کرنا ؛ ثبوت ہونا ؛ علامت ہونا - (۷) دیکھنا - (۸) دستخط کی تصدیق کرنا -
bear w. to, or, of : کسی چیز کا گواہ ہونا ؛ شاہد ہونا ؛ شہادت دینا -
call to w. : تصدیق چاہنا -
eye-w. : شاہد عینی ؛ گواہ جس نے واقعہ کو خود دیکھا ہو -
his w. is not true : (قدیم) اس کی شہادت جھوٹی ہے -
w.-box : عدالت میں گواہوں کے کھڑے ہونے کی جگہ ؛ گواہ کا کٹہرا -
w. Heaven : خدا گواہ ہے -

Witticism, *n.* : مسخرے پن کا فقرہ ؛ ٹھٹول -

Wittingly, : دیکھو Wit -

Wittol, *n.* : (قدیم) دیوث ؛ قرم ساق -

Wive, *v. t. & i.* : (کسی کی) شادی کرنا -

Wivern, **Wyf-**, *n.* : (نقابت) دو پاؤں کے پردار اژدہے کی شکل جو ڈھال پر بناتے ہیں -

Wives : دیکھو Wife -

Wizard, *n.* : ساحر ؛ جادوگر -
wizardry, *n.* : جادو گری -

Wizened, **wizen**, **weazen**, *a.* : (۱) سوکھا ہوا ؛ جھرارا سا (چہرہ) - (۲) مرجھائے ہوئے چہرے کا (شخص) -

Wizier : دیکھو Vizir -

Wo, **whoa**, *int* : بس ؛ ٹھہر جا (خصوصاً گھوڑے سے کہتے ہیں) -

Woad, *n. & v. t.* : (۱) ووڈ ؛ ایک قسم کا درخت جس میں سے نیلا رنگ نکلتا ہے - (۲) نیلا رنگ جو ووڈ سے نکلتا ہے - (۳) ووڈ کے رنگ میں رنگنا -

Wobble, **wabble** *v. i. & n.* : (۱) (ڈگمگاتے ہوئے) چکر کھانا ؛ گردش کرنا ؛ گھومنا (لٹو وغیرہ کا) - (۲) (گولی وغیرہ کا) تھرانا ؛ جھو نکے کھانا - (۳) ڈگمگانا ؛ لڑکھڑانا - (۴) (مجازاً) تلون سے کام لینا ؛ کبھی کچھ کرنا کبھی کچھ کرنا ؛ بار بار پلٹا کھانا ؛ بار بار رنگ بدلنا ؛ (نیت ، ارادہ ، وغیرہ کا) ڈانواں ڈول ہونا - (۵) (آواز کا) کانپنا ؛ تھرتھرانا ؛ لرزنا - (۶) گردش ؛ ڈگمگاہٹ ؛ لڑکھڑاہٹ ؛ پلٹا ؛ رنگ بدلنا ؛ تلون کی حرکت -
wobbler, *n.* : تلون مزاج ؛ غیر مستقل مزاج ؛ ڈانواں ڈول ارادے کا آدمی -

Woe, *n.* : (۱) (شعر یا مزاحاً) غم ؛ الم ؛ شدید رنج ؛ مصیبت - (۲) (جمع) آلام ؛ مصائب -
weal & w. : خوش حالی اور بد حالی ؛ رنج و راحت -
w. be to : تعنت ہو -
woebegone : مغموم ؛ اندوہ گیں ؛ نہایت ملول -
w. is me : افسوس ؛ وائے -
w. worth the day : دیکھو worth -
woeful, *a.* : (۱) مصیبت انگیز ؛ المناک ؛ غم ناک - (۲) مغموم ؛ بے حد ملول ؛ غم گین -
woefully, *adv.* : غمگینی کے ساتھ ؛ المناک طریقے سے -

Woke : دیکھو Wake -

Wold, *n.* : غیر مزروعہ زمین ؛ میدان ؛ بیہڑ -

Wolf, (woo) *n.* (pl. -ves) & *v. t.* : (۱) بھیڑیا ؛ گرگ - (۲) ظالم اور لالچی آدمی ؛ بھیڑیا انسان کی شکل میں - (۳) بےسرا پن ؛ باجے کے بعض تاروں کی بےآہنگی - (۴) ہڑپ کر جانا ؛ نگل جانا -
cry w. too often : بار بار خطرے کا اعلان کرکے اعتبار کھودینا -
have, hold, w. by the ears : ایسی حالت میں ہونا کہ نہ بھاگتے بنے اور نہ ٹھیرتے بنے -
keep w. from door : فاقے سے بچنا ؛ کسی نہ کسی طرح پیٹ بھرنا -
w.-cub : بھیڑیے کا بچہ -
w.-dog : رکھوالا کتا ؛ بھیڑیوں سے بچانے والا کتا ؛ دوغلا کتا جس میں بھیڑیے کا میل ہو -
w.-fish : ایک قسم کی خونخوار مچھلی -
w.-hound : (۱) روسی نسل کا کتا - (۲) برطانیہ اور آئرلینڈ کا اسامی نسل کا کتا -
w. in sheep's clothing : ریاکار ؛ رنگا سیار -
w.'s-bane : اقونیطہ ؛ ایک قسم کا زہریلا پودا -
w.'s-claws, -foot : پودوں کی قسمیں -
w.'s-fist : ایک طرح کا ککرمتا -
wolfskin : (۱) بھیڑیے کی کھال - (۲) بھیڑیے کی کھال کا فرش یا لبادہ -
w.'s-milk : ایک قسم کا درخت جس میں سے دودھ کی شکل کا کڑوا عرق نکلتا ہے -

w. spider : (۱) زہریلی مکڑی جو جنوبی اٹلی میں ہوتی ہے اور جس کے کاٹنے سے لوگ بہت ڈرتے ہیں۔ (۲) ایک قسم کی مکڑی جو اپنے شکار کو دوڑ کر پکڑتی ہے۔
w.-tooth : گھوڑے کی اوپر کی ڈاڑھ۔
wolfish, *a.* : گرگ سیرت؛ ظالم اور لالچی۔
wolfishly, *adv.* : ظالم اور لالچ سے؛ بھیڑیے کی طرح؛ گرگ سیرتی سے۔
wolfishness, *n.* : ظالم اور لالچی ہونا؛ گرگ سیرتی۔
Wolfram(woo-),*n.* : ایک قسم کی خام دھات جس سے تمکین مادہ نکلتا ہے۔
Wolverene,-ine(-en), *n.* : اولورین؛ امریکا کا ایک گوشت خوار دودھ پلانے والا جانور جو نیولے کا سا مگر اس سے بڑا ہوتا ہے۔
Wolves : دیکھو Wolf -
Woman, (woo) *n.* (*pl.* women) & *v. t.* : (۱) عورت؛ استری؛ زن۔ (۲) صنف نسواں؛ عورت ذات؛ عورت۔ (۳) ملکہ وغیرہ کی خواص۔ (۴) عورتوں کی سی طبیعت رکھنے والا مرد۔ (۵) نسوانی جذبات۔ (۶) (بطور صفت) عورت (۷)(مرکب اسماء میں) والی (جیسے *w. doctor, w. barrister*) گانو والی : (۸) عورتوں کا سا بنا دینا؛ رلانا وغیرہ۔ (*country w.*)
country w. : گاؤں والی۔
make an honest w. of : عورت سے ناجائز تعلق پیدا کرنے کے بعد اس سے شادی کرلینا۔
man born of w. : انسان؛ بشر۔
play the w. : رونا یا خوف کا اظہار کرنا۔
single w. : غیر منکوحہ؛ بن بیاہی؛ کنواری عورت۔
the scarlet w. : دیکھو Scarlet -
there's a w. in it : اس معاملے میں کسی عورت کی محبت کا دخل ہے؛ آشنائی کا معاملہ ہے۔
tied to w.'s apron-strings : کسی عورت مثلاً اپنی بیوی کا بچوں کی طرح دست نگر ہونا۔
wise w. : دیکھو Wise -
w.-hater : زن بیزار؛ جسے عورتوں سے نفرت ہو۔
womankind : (۱) صنف نسواں۔(۲) گھرکی عورتیں؛ مستورات۔
w. of the world : پختہ کار عورت۔
w.'s or women's rights : عورتوں کے حقوق؛ حقوق نسواں۔
w.'s reason : دیکھو Reason -
w. suffrage : عورتوں کا حق رائے دہندگی۔
w.'s wit : عورت کی فطری فراست۔
w. with a past : وہ عورت جس کی پچھلی زندگی بدنام ہو۔
womenfolk : مستورات؛ گھر کی عورتیں؛ صنف نسواں؛ عورتیں۔
womanhood, *n.* : (۱) نسوانیت؛ بلوغ (عورتوں کا)؛ نسوانی طبیعت۔ (۲) صنف نسواں؛ عورتیں۔
womanless, *a.* : بے عورتوں کا۔
womanlike, *a.* : عورتوں کے شایاں؛ عورتوں کا؛ نسوانی۔
Womanish, *a.* : (۱) (مرد کو حقارت کے طور پر) زنانہ۔ (۲) (مرد کے خیالات وغیرہ کو حقارت کے طور پر) عورتوں کا سا۔
womanishly, *adv.* : زنانہ پن سے؛ عورتوں کی طرح۔
womanishness, *n.* : زنانہ پن؛ نسائیت۔

Womanize, *v. t.* & *i.* : نسائیت؛ (۱) (مردوں کو) عورت بنانا؛ پیدا کرنا؛ زنانہ بنا دینا۔ (۲) عیاشی کرنا؛ رنڈی بازی کرنا۔
Womanly, *a.* : عورتوں کے؛ عورتوں کی صفات رکھنے والی؛ عورتوں کے شایاں؛ عورتوں کے لیے موزوں؛ عورتوں کا۔
womanliness, *n.* : نسوانیت۔
Womb (woom), *n.* : رحم؛ بچہ دانی۔
in the w. of time : مستقبل کے پردے میں۔
falling of the w. : دیکھو Prolapsus -
fruit of the w. : اولاد؛ بچے۔
Wombat, *n.* : اسٹریلیا کا ایک قسم کا دودھ پلانے والا جانور جو بچوں کے برابر ہوتا ہے۔
Women, : دیکھو Woman -
Won, : دیکھو Win -
Wonder, (wu-) *n.* : (۱) معجوبہ چیز؛ عجیب واقعہ؛ مافوق الفطرت واقعہ؛ کرامات؛ معجزہ۔ (۲) کامل نمونہ؛ حیرت انگیز نمونہ (*a w. of delicate workmanship*)۔ (۳) حیرت؛ تعجب؛ اچنبھا؛ تحیر۔
a nine-days' w. : عارضی دلچسپی کا واقعہ، جس کا چند روز چرچا رہے۔
for a w. : حیرت انگیز استثنا کے طور پر۔
did ww. : کمال کردیا؛ حیرت انگیز کامیابی حاصل کی۔
Seven ww. of the world : دنیا کی سات بڑی عجیب چیزیں؛ عجائبات هفتگانہ۔
signs & ww. : کرامات؛ معجزات۔
the child is a w. : بڑا پیارا بچہ ہے۔
what w.,it is no w. : قدرتی طور پر؛ لازمی طور پر؛ اس میں کوئی تعجب کی بات نہیں کہ۔
w.-land : (۱) پریوں کا ملک؛ پرستان۔ (۲) عجیب و غریب ملک، جو غیر معمولی طور پر زرخیز وغیرہ ہو۔
w.-struck, -stricken : حیرت زدہ؛ نقش حیرت؛ حیران؛ مبہوت؛ ہکا بکا۔
work ww. : (۱) معجزہ کرنا۔ (۲) کمال کردینا؛ حیرت انگیز کامیابی حاصل کرنا۔
Wonder-worker, *n.* : معجزہ کرنے والا؛ معجزہ نما۔
Wonder, *v. i.* & *t.* : (۱) تعجب کرنا؛ متعجب ہونا؛ حیرت ہونا۔ (۲) معلوم کرنے کا اشتیاق کرنا؛ کرید میں یا سوچ میں ہونا۔
I w. at you : مجھے تمھاری حرکت پر تعجب اور افسوس ہے۔
I w. what the time is : نہ جانے کیا وقت ہے۔
wonderingly, *adv.* : تعجب کے ساتھ؛ حیرت کے ساتھ۔
wonderment, *n.* : تحیر؛ تعجب۔
wonderful, *a.* : عجیب؛ حیرت انگیز؛ نہایت عمدہ؛ قابل تعریف۔
wonderfully, *adv.* : حیرت انگیز طریقہ پر؛ نہایت خوبی سے۔
Wondrous, *a.* & *adv.* : (شعر؛ خطابت) (۱) عجیب؛ حیرت انگیز؛ نہایت عمدہ۔ (۲) حیرت انگیز طور پر؛ نہایت۔
wondrously, *adv.* : حیرت انگیز طور پر۔
wondrousness, *n.* : حیرت انگیزی۔
Wonky, *a.* : (۱) (عامیانہ) لڑکھڑاتا؛ ہلتا ڈولتا؛ ڈگمگاتا۔ (۲)

بیمار - (۳) ناقابل اعتبار -

Wont, (wo- wu) *pred. a.* : عادی ؛ خوکردہ ؛ خوگر -

Wont, (wo-wu), *v. aux* : عادی ہونا -

Wont, (wo- wu-) *n.* : عادت ؛ معمول ؛ رسم ؛ رواج -

use & w. : دستور ؛ رواج -

Won't, : دیکھو Will -

Wonted (wo- wu-), *attrib. a.* : (۱) مطابق عادت ؛ مطابق معمول ؛ حسب معمول - (۲) (شاذ) مقررہ ؛ جو ہمیشہ ہوتا ہو -

Woo, *v. t.* : (۱) شادی کا پیام دینا - (۲) اظہار عشق کرنا ؛ تعشق کرنا - (۳) طلبگار ہونا ؛ طلب ہونا - (۴) عشق بازی کرنا - (۵) منتیں کرنا ؛ خوشامد سے یا سمجھا بجھا کر راضی کرنا -

wooer, *n.* : (۱) شادی کا پیغام دینے والا - (۲) عاشق -

wooingly, *adv.* : (۱) عاشقانہ انداز سے ؛ تعشق کے انداز سے - (۲) منت سماجت سے -

Woobut, oubit (oo-), *n.* : دیکھو Woolly-bear -

Wood, *n.* : (۱) جنگل ؛ بن - (۲) لکڑی ؛ چوب ؛ جلانے کی یا عمارت کی لکڑی - (۳) شراب کا پیپا - (۴) (نیز *w.-wind*) لکڑی کے ہوا باجے مثلاً بانسری وغیرہ - (۵) (*bowls* کے کھیل میں) گیند (لکڑی کا) -

cannot see w. for trees : یعنی جزئیات پر توجہ کرنے سے مجموعی شے نظر سے چھپ جاتی ہے ؛ پتیاں گنتے ہیں اور درخت دکھائی نہیں دیتا -

don't halloo till you are out of the w. : وقت سے پہلے یہ نہ سمجھو کہ سب دقتیں دور ہو گئیں -

w.-agate : عقیق چوبی ؛ وہ عقیق جس میں لکڑی کے سے ریشے ہوتے ہیں -

w.-anemone : جنگلی لالہ یا شقائق نعمان -

woodbine, or -bind : (۱) ایک جنگلی بیل - (۲) ایک قسم کا سستا سگریٹ -

w.-block : لکڑی کا ٹھپا جس سے تصویر چھاپتے ہیں -

woodcock : چہے کی قسم کا پرند -

w.-craft : جنگل بدیا ؛ جنگل کے حالات کا علم خصوصاً شکار وغیرہ کے متعلق -

woodcut : (۱) نقش چوبی ؛ تصویر جو لکڑی پر کندہ ہو - (۲) لکڑی کے ٹھپے کی تصویر ؛ چوب کاری کی تصویر -

w.-cutter : (۱) لکڑ ہارا ؛ لکڑی کاٹنے والا - (۲) چوب کار ؛ لکڑی پر تصویر کھودنے والا -

w.-engraver : (۱) چوب کار ؛ لکڑی پر نقش کھودنے والا - (۲) ایک کیڑا جو لکڑی میں سوراخ کرتا ہے -

w.-fibre : لکڑی کا ریشہ جس سے کاغذ بناتے ہیں -

w.-gas : گیس جو لکڑی سے نکالا جاتا ہے -

w.-ibis : شمالی امریکا کا ایک قسم کا لقلق -

woodland : جنگل ؛ جنگلی علاقہ -

the w.-land choir : طیور نغمہ سنج -

w.-leopard : ایک قسم کا جنگلی کیڑا -

w.-louse : مختلف قسم کے بے پر اور بہت سی ٹانگوں والے کیڑے -

woodman : (۱) لکڑ ہارا - (۲) جنگل کا داروغہ -

w.-notes : فطری شاعری -

w.-nymph : (۱) بن پری - (۲) پرندوں اور پتنگوں کی قسمیں -

w.-opal : شفاف لکڑی جس میں سلیکا کے اجزا ہوتے ہیں -

w.-paper : لکڑی کے ماپے کا بنا ہوا کاغذ -

w. pavement : (سڑک کی) تختہ بندی -

woodpecker : ہد ہد ؛ کٹھ پھوڑ -

w.-pie : بڑی قسم کا چتی دار ہد ہد -

w.-pigeon : قمری -

w.-pulp : لکڑی کا مادا جس سے کاغذ بنتا ہے -

woodruff : پودوں کی اقسام -

sweet woodruff : ایک پودا جس کی سکھائی ہوئی پتیاں خوشبو دار ہوتی ہیں -

woodsman : (۱) صحرائی ؛ جنگل کا رہنے والا - (۲) جنگل میں پھرنے والا -

w.sorrel : ترش عرق والے پودوں کی قسمیں -

w.spirit : لکڑی کی اسپرٹ یا الکوحل -

w.-tar : سیاہ رنگ کا رقیق مادہ جو لکڑی سے نکالا جاتا ہے ؛ لکڑی کا تار کول -

w.-warbler : چڑیوں کی اقسام -

w.-wasp : جنگلی بھڑ جو درختوں میں چھتا بناتی ہیں -

w.-wool : صنوبر کا برادہ جو زخم میں یا پارسلوں میں بھرتے ہیں -

woodwork : لکڑی کا کام (عمارت میں) ؛ لکڑی کی بنی ہوئی چیزیں -

(-)wooded, *a.* : ( ) جنگل سے بھرا ہوا -

woodless, *a.* : بے درخت ؛ چٹیل ؛ بے جنگل کا -

Woodbury type *n.* : (۱) وڈ بری چھاپ ؛ تصویر کے چھاپنے کا ایک طریقہ جس میں فوٹو کو جیلاٹن سے نرم دھات پر منتقل کرتے ہیں - (۲) وڈ بری چھاپ کی تصویر -

Woodchuck, *n.* : امریکی گلہری ؛ شمالی امریکا کا گلہری سے مشابہ جانور -

Wooden, *a.* : (۱) لکڑی کا بنا ہوا ؛ چوبی - (۲) بھدا ؛ بے لوچ (*w.manners*) -

w.head : حماقت ؛ بے وقوفی -

w. horse : لکڑی کا گھوڑا جس سے ٹرائے کی جنگ میں کام لیا گیا تھا -

w. spoon : دیکھو Spoon -

w. walls : جنگی جہاز -

wooden-headed, *a.* : بے وقوف -

wooden-headedness, *n.* : بے وقوفی -

woodenly, *adv.* : غیر دلچسپ انداز سے ؛ بھونڈے طور پر -

woodenness, *n.* : سختی ؛ افسردگی ؛ بھدا پن -

Woody, *a.* : (۱) بن سے بھرا ؛ جنگل سے بھرا ؛ درختوں سے بھرا ؛ جہاں درخت یا جنگل کثرت سے ہوں - (۲) چوبی ؛ لکڑی کا - (۳) (شاذ) جنگلی ؛ جو جنگل میں پایا جائے -

Woodiness, *n.* : (۱) درختوں کی کثرت - (۲) چوبی ہونا -

Woof *n.* : دیکھو weft -

Wool, *n.* : (۱) اون ؛ پشم - (۲) اون کا دھاگا ؛ اون -

(۳) اونی کپڑے - (۴) رواں - (۵) حبشی کے گھونگر والے بال - (۶) (مزاحاً) کسی شخص کے بال - (۷) اون کی قسم کی چیز -

Berlin w. : ایک قسم کی باریک رنگین اون -

carding or short w. : چار انچ سے چھوٹے ریشوں کی اون -

Combing or long w. : چار انچ سے بڑے ریشوں کی اون -

cotton w. : کچی روئی -

dyed in the w. : (۱) کتنے سے پہلے رنگا ہوا اون (۲) (مجازاً) پکا؛ پورلے سرے کا -

go for w. & come home shorn : الٹی آنتیں گلے پڑنا -

lead w. : سیسے کے لچھے جس سے نل کے جوڑ بنتے ہیں -

lose one's w : (عامیانہ) غصہ آجانا -

mineral w : دھات کے لچھے جو پگھلی ہوئی دھات کے میل سے بناتے ہیں اور دیواروں وغیرہ میں بھرنے کے کام آتے ہیں -

much cry & litle w. : ٹائیں ٹائیں فش -

reach the w.-sack : لارڈ چانسلر بن جانا -

w.-ball : اون کا گولا خصوصاً وہ جو بھیڑ کے معدے میں ہوتا ہے -

w.-carding, -combing : لمبے یا چھوٹے اون کو بننے کے قابل بنانے کے طریقے -

w.-dyed : کاتنے سے پہلے رنگا ہوا -

w.-fat, -oil : دیکھو Lanolin -

w.-felt : بھیڑ کی کچی کھال -

w.-gathering : کھویا ہوا؛ محویت کے عالم میں؛ محویت -

w.-hall : اون کے تاجروں کا بازار یا منڈی -

w.-pack : (۱) اون کا گٹھڑ - (۲) اون نما بادل -

woolsack : اون کی گدی جس پر ہاوس آف لارڈز میں لارڈ چانسلر بیٹھتا ہے -

w.-sorter's disease : بھیڑ تپ کی پھنسی -

w.-stapler : اون کا آڑھتی -

w.-work : اون کی کشیدہ کاری -

(-)wooled, *a.* : (مع) اون کا -

Woollen, *a. & n.* : (۱) اونی؛ اون کا بنا ہوا - (۲) اونی کپڑا؛ فلالین؛ کمبل وغیرہ -

w.-draper : پشمینہ فروش -

woollenette, *n.* : پتلا اونی کپڑا -

Woolly, *a. & n.* : (۱) پشم دار؛ اون دار (w. flock) (۲) اون کا سا - (۳) (مصوری) دھندلی؛ کنی؛ پھیکی (سطح تصویر یا طرز مصوری) - (۴) (مجازاً) الجھا ہوا؛ پریشان؛ دھندلا (دماغ) - (۵) (نباتیات) روئیں دار - (۶) اونی کپڑا؛ خصوصاً سوئیٹر -

w. bear : ایک قسم کی بالدار تیتری -

w. voice : بھرائی ہوئی آواز -

woolliness, *n.* : (۱) پشم دار ہونا - (۲) اون کا سا ہونا - (۳) دھندلا پن؛ پھیکا پن؛ الجھا ہوا ہونا -

Woolwich (ززز), *n.* : (۱) بحری اور بری فوج کا سلاح خانہ جو شہر و دلیچ میں ہے - (۲) وولیچ کا عالمی فوجی کالج جس میں توپ خانے اور انجینیری کا کام سکھایا جاتا ہے -

w. infant : انیسویں صدی کی بہت بھاری قسم کی توپ -

Woorali, woorara, : دیکھو Curare =

Wootz, *n.* : اوٹز؛ خاص قسم کا ہندوستانی فولاد جو یورپ و امریکا میں بھیجا جاتا ہے جس سے دھار دار اوزار بنتے ہیں -

Wop, : دیکھو Whop -

Wop, *n.* : (امریکا؛ عامیانہ) وسطی یا جنوبی یورپ (خصوصاً اطالیہ) سے آیا ہوا نو آباد شخص -

Word, *n.* : (۱) لفظ؛ کلمہ - (۲) تقریر - (۳) (عموماً جمع) قول؛ بات؛ مقولہ؛ گفتگو - (۴) پیام؛ اطلاع؛ خبر - (۵) وعدہ؛ قول - (۶) حکم؛ کمان - (۷) پرول؛ لفظ شناخت - (۸) اصول عمل؛ ماٹو -

a man of his w. : صادق القول؛ وعدہ کا سچا؛ قول کا پکا -

a w. & a blow : پہلے لات پیچھے بات (تند مزاج آدمیوں کا طرز عمل) -

a w. in season : برمحل یا بروقت نصیحت یا مداخلت -

a w. out of season : بےمحل یا بےوقت نصیحت یا مداخلت -

a w. with you : تم سے ذرا باتیں کرنا چاہتا ہوں -

a w. to the wise : عقلمند کو اشارہ کافی ہے -

be as good as one's w. : وعدہ پورا کرنا؛ جو کہنا وہ پورا کرنا -

big ww. : شیخی؛ دھونس -

break one's w. : وعدہ توڑ دینا؛ وعدہ خلافی کرنا -

burning ww. : پرجوش یا جوش دلانے والے الفاظ -

by w. of mouth : زبانی -

eat one's ww. : دب کر معافی مانگنا یا اپنے الفاظ واپس لینا -

fair or good ww. : تعریف یا تسکین کے کلمے؛ خوشامدانہ الفاظ وغیرہ -

give person one's good w. : کسی شخص کے لیے سفارش کرنا -

give, pledge, pass one's w. : وعدہ کرنا؛ قول دینا -

God's w. : کتاب الہی؛ کلام الہی -

hard ww. break no bones, fine ww. butter no parsnips, ww. are but wind : صرف باتوں سے کیا ہوتا ہے -

hasn't a w. to throw at a dog : اکل کھرے پن یا غرور کا یہ حال ہے کہ کسی سے بات تک نہیں کرتا ہے -

have a w. with : مختصر باتیں کرنا؛ دو دو باتیں کرنا -

have ww. with : جھگڑنا؛ تو تو میں میں کرنا -

high, hard, warm, hot, sharp &c. ww. : سخت الفاظ؛ غصے کے الفاظ -

his w. is as good as a bond : اس کا قول دستاویز سے کم نہیں -

I give you my w. for it, my w. upon it : میں تم سے اس کا وعدہ کرتا ہوں -

I have a w. to say : مجھے ایک اہم بات کہنا ہے -

in a or one w. : خلاصہ یہ کہ؛ مختصر یہ کہ -

is not the w. for it : یہ لفظ مفہوم ادا کرنے کے لیے کافی نہیں -

keep one's : وعدہ پورا کرنا -
man of few ww. : خاموش ؛ کم سخن -
on or with the w. : یہ کہتے ہی -
say a good w. for : سفارش کرنا ؛ حمایت کرنا ؛ کلمۂ خیر کہنا -
sharp's the w. : (جلدی کی تاکید یے موقع پر) تیزی سے ؛ پھرتی سے -
suit the action to the w. : فوراً ہی اپنے قول (خصوصاً دھمکی) پر عمل کرنا
take one at his w. : کسی کے کہنے کو صحیح فرض کرلینا -
the last w. : قول فیصل -
the w. of God : مظہر حق یعنی حضرت مسیح -
upon my w. : (۱) اپنی عزت کی قسم ؛ واللہ - (۲) لاحول ولاقوۃ -
wild & whirling ww. : بے سوچے سمجھے الفاظ -
waste ww. : بے فائدہ گفتگو کرنا -
w.-blind : جو الفاظ کو پڑھ لے مگر (کسی دماغی بیماری کی وجہ سے) ان کا مفہوم نہ سمجھے ؛ معنی کا اندھا -
w.-book : فرہنگ -
w.-deaf : جو الفاظ سن لے مگر کسی دماغی بیماری کی وجہ سے ان کا مفہوم نہ سمجھے ؛ معنی کا بہرا -
w. for w. : لفظ بہ لفظ -
w. of command : کمان جو سپاہیوں کو دی جاتی ہے -
w. of honour : وعدہ جو عزت کی قسم کھاکر کیا جائے -
w.-painter : الفاظ کا مصور ؛ وہ انشا پرداز جو بات کو اس وضاحت سے بیان کرے کہ نقشہ کھینچ دے -
w.-painting : الفاظ کی مصوری -
w.-perfect : جسے کوئی عبارت یا اپنا پارٹ زبانی یاد ہو -
w. picture : لفظی تصویر ؛ الفاظ میں کھینچی ہوئی تصویر -
w.-play : (۱) ضلع جگت ؛ ایہام - (۲) نوک جھونک -
w.-splitter, -ting : (۱) لفظوں میں موشگافی کرنے والا ؛ بال کی کھال نکالنے والا - (۲) لفظوں میں موشگافی کرنا -
w.-square : الفاظ کا مربع ؛ ایسے الفاظ کا مجموعہ جو ایک دوسرے کے نیچے لکھے جائیں تو ان کے حروف اوپر سے نیچے پڑھنے میں بھی وہی الفاظ پیدا ہوں -
wordless, *a.* : (۱) بے الفاظ - (۲) بے زبان ؛ نطق سے محروم -
Word, *v. t.* : (۱) لفظوں میں بیان کرنا ؛ لفظوں میں ادا کرنا - (۲) (کسی مطلب کے لیے) الفاظ کا انتخاب کرنا ؛ الفاظ لانا -
wording, *n.* : (۱) طرز بیان - (۲) الفاظ ؛ الفاظ کی ترتیب یا بندش -
Wordy, *a.* : (۱) لفاظ ؛ طول گو ؛ طول نویس - (۲) لفاظی کا ؛ بے حد طویل ؛ جس میں طوالت یا الفاظ کی بھرمار ہو - (۳) لفظی ؛ الفاظ کا -
w. warfare : حجت ؛ تکرار -
wordily, *adv.* : لفاظی کے ساتھ ؛ طول کلامی کے ساتھ -
wordiness, *n.* : طول کلامی ؛ لفاظی ؛ طوالت -
Wore : دیکھو Wear
Work (*werk*) ... : (۱) کام ؛ کار - (۲) (طبیعیات) کام ؛ صرف قوت سالمات میں تغیر پیدا کرنے میں - (۳) کوئی خاص کام ؛ کام کا سامان (سینے کاڑھنے کا سامان ؛ کتابیں وغیرہ) - (۴) کیا ہوا کام ؛ صنعت ؛ تصنیف ؛ نمونہ - (۵) (دینیات ، عموماً جمع) اعمال ؛ نیک اعمال - (۶) معاملہ ؛ کام - (۷) روزگار ؛ شغل ؛ مزدوری ؛ کام - (۸) (عموماً جمع) قلعہ بندی ؛ استحکامات - (۹) تعمیر کا کام ؛ تعمیرات - (۱۰) مشین کے چلانے والے پرزے - (۱۱) (جمع جسے اکثر واحد کے طور پر استعمال کرتے ہیں) کارخانہ - (۱۲) آرائشی کام ؛ نقش و نگار وغیرہ - (۱۳) (جہاز رانی) جہاز کا وہ حصہ جو سطح آب کے اوپر ہوتا ہے -
a good day's w. : ایک دن میں بہت کافی کام -
a historical w. : تاریخ کی کتاب -
a w. of art : صناعی کا نمونہ -
all in the day's w. : روز مرہ کے کام میں شامل -
an ill workman quarrels with his tools : ناچ نہ جانے آنگن ٹیڑھا -
clerk of the ww. : دیکھو Clerk -
give person the ww. : (امریکا ، سوقیانہ) ٹھونکنا ؛ مرمت کرنا -
have one's w. cut out for one : پورے وقت کا کام ہونا ؛ اتنا کام ہونا کہ ذرا فرصت نہ ہو -
internal w. : اندرونی کام ، جو کسی جسم کے اندر سالمات کرتے ہیں -
make short w. of : دم بھر میں کرلینا ؛ ختم کردینا ، یا شکست دینا -
mighty ww. : معجزات -
set to w. : (۱) کام شروع کرنا - (۲) کام شروع کرانا -
the ww of Cicero : سسرو کی تصانیف -
the w. of God : نظام فطرت ؛ صنعت ایزدی -
unit of w. : کام کی اکائی ؛ ایک پونڈ وزن ایک فٹ اوپر اٹھانے کا کام -
workaday : معمولی ؛ کاروباری ؛ عملی -
w.-bag, -basket, -box : کام کے (خصوصاً سینے کاڑھنے کے) سامان کا تھیلا ، ٹوکری ، صندوقچہ -
workday : اتوار یا چھٹی کے سوائے اور دن ؛ کام کا دن -
workhouse : محتاج خانہ -
workman : (۱) مزدور ؛ قلی - (۲) کاری گر -
workmanlike : کاریگری کا ؛ استادی کا -
workmanship : (۱) کاریگری ؛ صناعی - (۲) نفیس ساخت ؛ عمدہ کام - (۳) بنائی ہوئی چیز ؛ صنعت -
workman's train : مزدوروں کی گاڑی جو صبح تڑکے چلتی ہے اور جس میں کرایہ کم ہوتا ہے -
w.-people : مزدور یا مزدورنیاں -
w.-room : کام کرنے کا کمرہ -
workshop : کارخانہ -
w.-shy : کام چور -
w.-table : سینے کی میز -
workwoman : مزدورنی -
ww. of mercy : خیرات کے کام -

ww. of supererogation : دیکھو Super -

Workless, *a.* : بے روزگار -

Work, *v. t. & i.* : (۱) کام کرنا - (۲) کوشش کرنا (*w. at social reform*) - (۳) کسی چیز کا کاریگر ہونا (*w. in brass*) - (۴) (مشین کا) چلنا ؛ چالو ہونا - (۵) (تدبیر کا) کارگر ہونا ؛ چلنا (۶) (مشین کو) چلانا ؛ چالو کرنا - (۷) کام دینا (آدمی یا جانور کا) - (۸) چلانا (جہاز وغیرہ) - (۹) (چرخی وغیرہ کا) گھومنا ؛ حرکت کرنا ؛ چلنا - (۱۰) انتظام کرنا ؛ چلانا (*w. mine, scheme*) - (۱۱) اثر کرنا ؛ اثر ڈالنا؛ عمل کرنا - (۱۲) کرنا ؛ پیدا کرنا ؛ عمل میں لانا (*w. wonder,*) (۱۳) حرکت میں ہونا؛ حرکت کرنا- (*change worked violently,*) (۱۴) ہیجان ہونا (خیالات وغیرہ میں)؛ (آٹے میں) خمیر اٹھنا ؛ ہیجان پیدا کرنا - (۱۵) (آہستہ آہستہ اور دقت سے) چلنا ؛ بڑھنا ؛ گھسنا ؛ کھسکنا ؛ چلانا ؛ بڑھانا ؛ گھسانا - (۱۶) (آٹے وغیرہ کو) گوندھنا؛ (لوہے وغیرہ کو) کوٹ پیٹ کر ٹھیک کرنا - (۱۷) اکسانا ؛ بھڑکانا؛ پیدا کرنا (جوش،غصہ وغیرہ) - (۱۸) کشیدہ کاری کا کام کرنا ؛ کاڑھنا؛ بنانا (بیل ، بوٹے وغیرہ) - (۱۹) حل کرنا (ریاضی کا سوال) - (۲۰) (*w. one's passage*) جہاز کے کرائے کے بدلے مزدوری کرکے سفر کرنا

hard to w. with : بے ڈھب ؛ جس سے نباہنا مشکل ہو -

now let it w. : اب اسے اپنا کام کرنے دو -

will w. it if I can : ممکن ہوا تو کروں گا -

w. away or on : کام کیے جانا -

w. in : (مثال وغیرہ کو موقع سے) کھپانا یا اس کا کھپنا -

w. off : (۱) کسی پر اتارنا (غصہ) - (۲) زائل ہو جانا ؛ اتر جانا (نشے وغیرہ کا) - (۳) بیچ ڈالنا - (۴) کسی کے سر منڈھنا -

w. one's will : اپنی مرضی کے مطابق کرنا یا کام لینا -

w. out : (۱) حساب لگانا - (۲) حل کرنا (سوال) - (۳) حساب سے ہونا ؛ نکلنا (*works out at £ 6*) - (۴) (سوال کا) حل ہونا ؛ ٹھیک جواب آنا - (۵) (آدمی کا کام سے) شل ہو جانا ؛ کام کا بالکل ختم ہو جانا - (۶) بڑی کوشش سے حاصل کرنا (*w. out one's salvation*) - (۷) تمام تفصیلات کے ساتھ تیار کرنا ؛ مفصل طور پر تیار کرنا (*has worked out a scheme of invasion*) -

w. the oracle : دیکھو Oracle -

w. to rule : قواعد کی جا بے جا پابندی کرکے کام خراب کرنا جو مزدور بعض اوقات ہڑتال کے بجائے کرتے ہیں -

w. up : (۱) (رفتہ رفتہ) مکمل کرنا ؛ تفصیلات کے ساتھ بیان کرنا یا لکھنا - (۲) رفتہ رفتہ انتہائی نقطے تک پہنچنا - (۳) رفتہ رفتہ ابھارنا یا بھڑکانا (جذبات وغیرہ) - (۴) اجزا کو ملاکر مرکب بنانا - (۵) مطالعہ کرکے قابلیت بہم پہنچانا (کسی مضمون میں) -

wrought iron : کوٹ کر ٹھیک کیا ہوا لوہا -

wrought-up state : اعصابی ہیجان کی حالت (امید میں) -

Workable, *a.* : قابل عمل ؛ چلنے والی -

workability, workableness, *nn.* : قابل عمل ہونا ؛ عمل پذیری -

workably, *adv.* : قابل عمل طور پر -

Worker, *n.* : (۱) *work* کا اسم فاعل خصوصاً مزدور - (۲) (نیز *w. bee, ant*) شہد کی مکھی ؛ چیونٹی وغیرہ -

Working, *n.* : (۱) *work* کا حاصل مصدر - (۲) حرکت (چہرے وغیرہ کی) ؛ جد و جہد ؛ عمل ؛ طریق عمل - (۳) کان ، کھدان وغیرہ -

w. capital, expenses : (۱) کام چلانے کا سرمایہ ؛ عملی سرمایہ - (۲) کارو بار کے مصارف؛ کام چلانے کا خرچ -

w. day : (۱) کام کا دن (اتوار اور دوسری تعطیلوں کے علاوہ) - (۲) (روزانہ) کام کا وقت ؛ چوبیس گھنٹے میں سے وہ وقت جس میں کام کیا جائے -

w. drawing, plan : عمارت کا خاکہ یا نقشہ -

w. -out : مفصل تخمینہ یا اندازہ ؛ تفصیلات -

Working, *a.* : (۱) *work* کا اسم صفت - (۲) مزدوری کرنے والا -

w. man : مزدور -

the w. class : مزدوروں کا طبقہ -

World, *n.* : (۱) عالم ؛ جہان ؛ سنسار ؛ زندگی - (۲) زندگی کے تعلقات ؛ دنیا کے دھندے (*forsake the w.*) - (۳) کائنات ؛ موجودات (۴) عالم خارجی ؛ خارجی اشیاء - (۵) کرۂ ارض ؛ زمین ؛ دنیا ؛ دنیا کے لوگ ؛ سب لوگ - (۶) دنیا کا کاروبار ؛ عملی زندگی ؛ دنیا کا کارخانہ - (۷) شرفا یا امرا کا طبقہ ؛ ان کی معاشرت یا ان کی رائے ؛ سوسائیٹی ؛ سماج - (۸) حلقہ ؛ دائرہ (*the w. of letters, art, sport*) - (۹) (*a w. of*) بے شمار ؛ نہایت وسیع -

a. w. of waters : وسیع سمندر -

a w. too wide : بے انتہا چوڑا یا ڈھیلا

all's right with the w. : دنیا کا کارخانہ بہت اچھی طرح چل رہا ہے -

all the w. and his wife : سب لوگ جو اپنے آپ کو اونچی سوسائیٹی کا سمجھتے ہیں -

all the w. knows : عام طور پر مشہور ہے ؛ سب لوگ جانتے ہیں -

begin the w. : دنیا میں قدم رکھنا؛ عملی زندگی شروع کرنا -

bring child into the w. : بچہ پیدا کرنا -

carry the w. before one : بہت جلد مکمل کامیابی حاصل کرنا -

citizen of the w. : پردیسی جو ساری دنیا کو اپنا وطن سمجھتا ہو -

federation of the w. : عالم گیر وفاق ؛ اقوام عالم کا وفاق -

for all the w. like him : بالکل اس کا سا؛ ہو بہو اس کا سا -

know, see the w. : تجربہ کار ہونا ؛ تجربہ حاصل کرنا -

let the w. slide : (۱) دنیا جیسی چلتی ہے چلنے دو - (۲) لوگوں کی رائے کی پروا نہ کرنا

live out of the w. : سماج سے الگ رہنا

make a noise in the w. : شہرۂ آفاق ہونا ؛ دور دور تک شہرت یا چرچا ہونا -

make the best of both ww. : اپنی دنیا اور عاقبت کو سنوارنا ؛ دونوں [illegible] کی بھلائی کا سامان کرنا -

man of the w. : تجربہ کار عملی آدمی -
Pr...ce of this w. : شیطان -
take the w. as it is, as one finds it : اپنی زندگی دنیا کے حالات کے مطابق بنانا؛ دنیا سے نبھانا -
the end of the w. : دنیا کا خاتمہ ؛ فنا -
the external w. : عالم خارجی ؛ مظاہر فطرت
the great w. : امرا کی سوسائیٹی ؛ اونچی سوسائیٹی
the lower w. : جہنم ؛ دوزخ ؛ عالم سفلی -
the New W. : امریکا -
the Old W. : یورپ ایشیا و افریقہ ؛ قدیم دنیا -
the or this w. : عالم فانی ؛ دنیوی زندگی -
the other or next w. : آخرت ؛ عقبیٰ؛ آخری زندگی -
the Roman w. : رومیوں کی دنیا -
the wise old w. : حکمت عامہ ؛ عام دستور اور تجربہ -
the w. of dreams : مایا -
to the w.'s end : دنیا کے آخری سرے تک -
to the w. : (عامیانہ) بے حد؛ بالکل -
we bring nothing into the w. : ہم پیدائش کے وقت اپنے ساتھ کچھ نہیں لاتے -
what in the w. was it : آخر یہ تھا کیا -
what will the w. say? : دنیا کیا کہے گی ؛ ہمیں سماج کی رائے کا خیال کرنا چاہیے -
w. language : عالمگیر زبان -
w. -old : بہت قدیم -
w. politics : عالمگیر سیاست -
w. -power : دولت عظمیٰ ؛ بڑی سلطنت -
w. -weary : زندگی سے تنگ یا بیزار -
w. -wide : عالم گیر -
w. -without end : عالم جاودانی ؛ حیات ابدی -

Worldling, *n.* : دنیا دار آدمی ؛ دنیا پرست -

Worldly, *a.* : (۱) دنیوی ؛ ارضی - (۲) دنیا پرست؛ عیش پرست؛ دنیاوی ؛ نفسانی ؛ مادی -
w. goods : مال دنیا ؛ املاک -
w. -minded : دنیا پرست -
w. -wise : دنیاوی عقل رکھنے والا -
w. -wisdom : عقل دنیاوی ؛ دنیا میں کامیاب ہونے کا ڈھب -

Worldliness, *n.* : ارضیت ؛ دنیاویت ؛ مادیت ؛ نفسانیت ؛ دنیا پرستی -

Worldly- mindedness, *n.* : دنیا پرستی -

Worm (Werm), *n.* : (۱) کیڑا ؛ کرم- (۲) ادنی یا حقیر آدمی- (۳) پیچ کش کا پیچ - (۴) کارتوس کا پیچ کش - (۵) بھٹی کا پیچ دار دود کش - (۶) کتے کی زبان کے نیچے کا جھلی دار بند ؛ زبان کے نیچے کی نس -
a w. will turn : کمزور سے کمزور زیادہ ستانے سے بدلہ لینے پر تیار ہو جاتا ہے ؛ ایک وقت آتا ہے کہ چیونٹی بھی کاٹتی ہے -
child has ww. : بچے کے پیٹ میں کیچوے ہیں -
food for ww. : مردہ ؛ کیڑوں کا کھاجا -
glow-w. : جگنو ؛ کرم شب تاب -
I am a w. to-day : آج طبیعت بہت سست ہے -
silk-w. : ریشم کا کیڑا -
the w. of conscience : ندامت کی اذیت تکلیف -
w. -cast : دیمک وغیرہ کی مٹی کا ڈھیر -
w. -eaten : (۱) کیڑوں کا کھایا ہوا ؛ کرم خوردہ - (۲) (مجازاً) فرسودہ ؛ دقیانوسی -
w. -fishing : مچھلی کا شکار جس میں کیچوے کا چارہ استعمال کیا جاتا ہے -
w. -gear : ایک قسم ۲ دندانہ دار پہیا یا چرخی جو چوڑی دار پیچ کے ذریعہ سے حرکت کرتا ہے -
w. -hole : لکڑی وغیرہ کا گھن ؛ سوراخ جو کیڑے نے کیا ہو -
w. -holed : کرم خوردہ ؛ گھن لگا ہوا -
w. -seed : سنتونین (*santonica*)؛ ایک پودا جس کے بیج پیٹ کے کیچوے خارج کردیتے ہیں -
w. -wheel : چکر دار پہیا یا چرخی -

Worminess, *n.* : کیڑوں بھرا یا کرم خوردہ ہونا -
wormy, a. : کیڑوں بھرا ؛ کرم خوردہ ؛ گھن لگا -

Worm, *v.t. & i.* : (۱) خوشامد یا چالاکی سے چپکے چپکے (اعتماد ؛ تقرب وغیرہ) حاصل کرنا ؛ (*wormed himself in to his favour*) -(۲) رینگ کر چلنا ؛ بڑھنا ؛ گھسنا ؛ پیٹ کے بل چلنا وغیرہ - (۳) کسی شخص کے پیچھے پڑکر چالاکی سے راز معلوم کرلینا ؛ کرید کرید کر معلوم کرلینا - (۴) کتے کی زبان کے نیچے کی نس کاٹ دینا - (۵) (کیاری وغیرہ کو) کیڑوں سے صاف کرنا-

Wormul, *n.* : = Warble (مقامی بولی)

Wormwood (Wer-), *n.* : (۱) افسنتین؛ ایک قسم کی تلخ جڑی جو دوا وغیرہ کے کام آتی ہے - (۲) روحانی تکلیف یا ندامت - (۳) سوہان روح ؛ روحانی تکلیف کا باعث -

Worn, : دیکھو Wear -

Worrit (wu-), *v.t. & i. & n.* : (سوقیانہ) Worry -

Worry (wu-), *v.t. & i. & n.* : (۱) (کتے کا کسی کو) بار بار کاٹنا ؛ جھنجھوڑنا - (۲) پریشان کرنا ؛ ستانا ؛ دق کرنا ؛ تنگ کردینا؛ پیچھے پڑجانا ؛ ناک میں دم کر دینا ؛ چین نہ لینے دینا- (۳) پریشان ہونا ؛ فکر مند ہونا ؛ فکروں میں گھلنا ؛ ہر وقت کڑھتے رہنا ؛ ہر وقت اپنی پریشانیوں کے خیال میں رہنا - (۴) شکاری کتے کا شکار کو جھنجھوڑنا ؛ جھنجھوڑ- (۵) (عموماً جمع) فکریں ؛ پریشانیاں ؛ تفکرات - (۶) پریشانی کی حالت ؛ تشویش ؛ تردد -
I should worry : (امریکہ عامیانہ) مجھے اُس کی کوئی فکر نہیں -
much worried : بہت پریشان -
wears a worried look : پریشان نظر آتا ہے -
w. along : باوجود رکاوٹوں کے آگے بڑھنا -
w. oneself : بے فائدہ زحمت اٹھانا -
w. problem etc out : مسئلے وغیرہ پر متواتر غور کرکے اسے حل کر لینا -
w. the sword : تیزی سے متواتر تلوار کے وار کرنا -

Worriless, *a.* : فکروں سے خالی ؛ مطمئن ؛ پرسکون -

Worriment, *n.* : (۱) پریشانی ؛ تشویش - (۲) دقت ؛ مصیبت ؛ کھکھیڑ -

Worryingly, *adv.* : پریشان کرتے ہوئے -

Worse (wers), *a. & adv. comp. & n.* : (۱) بد تر ؛ زیادہ برا ؛ زیادہ خراب - (۲) بدتر طریقے سے ؛ زیادہ برے طریقے سے - (۳) زیادہ بیمار ؛ زیادہ خراب حالت میں ؛ بدتر حالت میں - (۴) بدتر چیز ؛ بدتر حالت -

have the w. : شکست کھانا -

put to the w. : شکست دینا -

the w. : شکست -

worsen, *v.t. & i.* : بدتر ہونا ؛ بدتر کرنا -

Worship (wer-), *n. & v. t. & i.* : (۱) (قدیم) قابلیت ؛ قدر و منزلت ؛ عزت - (۲) عبادت ؛ ملامت ؛ پوجا - (۳) پرستش ؛ انتہائی عظمت و محبت ؛ احترام - (۴) پوجنا؛ پرستش کرنا ؛ عبادت کرنا ؛ معبود ماننا - (۵) قابل پرستش سمجھنا؛ مقدس سمجھنا ؛ قابل احترام سمجھنا - (۶) عبادت میں شریک ہونا - (۷) بے حد تعظیم کرنا ، احترام کرنا -

have w. : نامور ہونا -

his w. : والا قدر ؛ عالی جناب -

men of w. : معزز لوگ -

place of w. : معبد ؛ عبادت گاہ -

the hours or forms of w. : عبادت کے رسوم اور اوقات -

win w. : عزت حاصل کرنا ؛ ناموری حاصل کرنا -

worshipful, *a.* : محترم ؛ معظم ؛ معزز -

worshipfully, *adv.* : قابل تعظیم طریقے سے ؛ عظمت و شان کے ساتھ -

worshipfulness, *n.* : عظمت؛ واجب التعظیم ہونا -

worshipper, *n.* : بندہ ؛ پرستار؛ اطاعت گزار؛ عابد ؛ پجاری -

Worst (wer-), *a. & adv. sup. n. & v.t.* : (۱) بدترین حصہ ؛ بدترین پہلو ؛ بدترین حالت یا کیفیت ؛ بدترین واقعہ ؛ بدترین عمل یا سلوک - (۲) غالب آنا ؛ شکست دینا ؛ سبقت لے جانا ؛ زک دینا -

at the w. : بدترین حالت میں ؛ بری سے بری حالت میں -

get the w. of it : (۱) مغلوب ہونا - (۲) نقصان میں رہنا ؛ زک اٹھانا -

have the w. : شکست کھانا -

if it comes to the w. : اگر بدترین صورت پیش آئے -

let him do his w. : وہ برے سے برا سلوک کر دیکھے ؛ وہ جتنا نقصان پہنچا سکتا ہے پہنچالے -

put to the w. : شکست دینا -

Worsted, *n.* : اونی دھاگا ؛ بٹی ہوئی اون -

Wort (wert), *n.* : (۱) پودا ؛ بوٹی (مفرد شاذ استعمال ہوتا ہے زیادہ تر مرکب اسما کا جز ہوتا ہے) - (۲) شعیرے (*malt*) کا زلال یا آش جس سے بیر شراب بناتے ہیں -

Worth (werth), *pred. a. & n.* : (*is w. much*, قیمت کا (۱) *w. Rs 5*) - (۲) با مصرف ؛ مستحق ؛ قابل (*w. doing, notice*) - (۳) ملکیت رکھنے والا ؛ حیثیت رکھنے والا آدمی - (۴) قدر ؛ جوہر ؛ قابلیت ؛ قابل قدر و قیمت - (۵) کسی چیز یا کسی رقم کی قیمت (*shilling's w. of stamps,*)

bird in the hand is w. two in bush : دیکھو Bird -

for all one is w. : (عامیانہ) پورا زور لگا کر ؛ دل کھول کر ؛ بے دریغ -

game not w. the candle : دیکھو Candle -

I give you, you must take this for what it is w. : تم خود سمجھ لو ، میں اس کے صحیح یا معقول ہونے کا ذمہ دار نہیں -

is little w. : (شعر) کچھ قیمت نہیں رکھتا ؛ بہت کم قیمت ہے -

w. 5 lacs : پانچ لاکھ کا آدمی -

w. it : دیکھو w. while -

w. one's salt : اپنی اجرت یا تنخواہ کے لحاظ سے کافی کام کرنے والا -

w. while : دیکھو While -

w.-while : کارآمد ؛ با مصرف -

worthless, *a.* : نکما ؛ نا قابل؛ ناقص ؛ بے مصرف ؛ مہمل -

worthlessly, *adv.* : نکمے طریقے سے ، ناقابلیت سے -

worthlessness, *n.* : نکما پن ، نا قابلیت -

Worth, (wérth) *v. t.* (3rd sing subjunct): (قدیم) ہو؛ نازل ہو -

woe w. the day : (صرف اس جملہ میں اب استعمال ہوتا ہے) لعنت ہو اس دن پر -

Worthy, (werdhi) *a. & n.* : (۱) لائق؛ قابل؛ عمدہ ؛ قابل قدر ؛ معقول (*w. man, w. life*) - (۲) سزا وار؛ مستحق؛ لائق ؛ قابل (*w. of remembrance*) - (۳) شایان شان ؛ شایان ؛ موزوں (*w. of or w. the occasion*) - (۴) معزز یا سر برآوردہ شخص (*Ww. of England*) -

worthily, *adv.* : قابلیت کے ساتھ؛ مناسب طریقے سے؛ عمدگی سے ؛ شایان شان طور پر -

worthiness, *n.* : قابلیت ؛ اہلیت -

Wot, : دیکھو Wit -

Would, : دیکھو Will -

Wou'd-be *a. & adv.* : ہونے کی کوشش کرنے والا (*w. gentleman,*) -

Wound, (woo-) *n. & v. t.* : (۱) گھاؤ ؛ زخم ؛ جراحت - (۲) (مجازاً) صدمہ (جو کسی کے احساسات یا شہرت کو پہنچایا جائے) - (۳) درد محبت ؛ درد عشق ؛ زخم دل - (۴) زخمی کرنا ؛ مجروح کرنا ؛ گھائل کرنا - (۵) صدمے پہنچانا ؛ مجروح کرنا (احساسات وغیرہ کو) -

willing to w. : دل آزار ؛ موذی -

w.-wort : مرہم بوٹی ؛ زخم کو اچھا کرنے والی جڑی -

woundless, *a.* : بے زخم ؛ زخم سے بری ؛ بے داغ -

Wound, (2): دیکھو Wind -

Wourali, : دیکھو Curale -

Wove, *n.* : دیکھو Weave -

Wow, *n.* : (امریکا ؛ عامیانہ خصوصاً تھیٹر) مصر کے کا ناٹک ؛ نہایت کامیاب چیز -

Wowser, *n.* : (آسٹریلیا) بڑا کٹر ؛ مذہب یا اخلاق میں سخت متشدد -

Wr-, wr سے شروع ہو نیوالے تمام الفاظ میں w ساکن ہوتا ہے -

Wrack, *n.* : (۱) (قدیم ؛ شعر) تباہی ؛ بربادی - (۲) دریائی

گھاس ـ جو بطور کھاد کے استعمال ہوتی ہے -

Wraith, *n.*: انسان کا ہم زاد جس کی نسبت یورپ میں یہ عقیدہ تھا کہ مرنے سے کچھ پہلے یا بعد نظر آتا ہے -

Wrangle (ranggl) *v.i.* & *n.*: (۱) جھگڑا ؛ تکرار؛ تو تو میں میں ؛ کل خب - (۲) جھگڑا یا تکرار کرنا ؛ جھگڑنا؛ تو تو میں میں کرنا -

Wrangler, *n.*: (۱) جھگڑا کرنے والا - (۲) وہ شخص جو کیمبرج یونیورسٹی میں ریاضی (*tripos*) میں درجۂ اول میں پاس ہو ؛ رینگلر -

senior w.: سینیر رینگلر' جو اس امتحان میں درجۂ اول میں اول ہو -

Wranglership, *n.*: رینگلر کا اعزاز یا درجہ -

Wrap, *v. t.* & *i.* & *n.*: (۱) لپیٹنا ؛ ملفوف کرنا - (۲) گھیرنا ؛ چھپانا (*wrapped up in mist*) - (۳) (کپڑا وغیرہ) لپیٹ لینا (جسم کے گرد) - (۴) باہر نکلا رہنا (*the edges should not w.*) - (۵) (عموماً جمع) گلو بند' لبادہ ' شال وغیرہ؛ اوڑھنے لپیٹنے کی چیزیں -

w. up: گرم کپڑے لپیٹ لینا -

wrapped up: (۱) بے حد مصروف ؛ محو - (۲) مشتمل -

Wrapping, *n.*: (۱) کپڑا کاغذ وغیرہ جس میں کوئی چیز لپیٹی جائے - (۲) شال وغیرہ جو جسم کے گرد لپیٹی جاتی ہے -

Wrappage(-ij), *n.*: (۱) کپڑا ' کاغذ وغیرہ جس میں کوئی چیز لپٹی ہو - (۲) اوڑھنے لپیٹنے کی چیزیں -

Wrapper, *n.*: (۱) لپیٹنے والا - (۲) لبادہ - (۳) اخبار وغیرہ لپیٹنے کا کاغذ ؛ طبلق - (۴) ریپر ؛ علحدہ سر ورق جس میں کتاب کو لپیٹ دیتے ہیں - (۵) عمدہ تمباکو کی پتی جو سگار کے اوپر لپٹی رہتی ہے ؛ اوپری پتی -

Wrapt: دیکھو Rapt -

Wrasse, *n.*: ایک قسم کی سمندر کی مچھلی جس کے ہونٹ موٹے اور دانت مضبوط ہوتے ہیں اور رنگ نہایت چمکیلا ہوتا ہے -

Wrath(raw-), *n.*: قہر ؛ غضب ؛ غصہ -

slow to w.: ٹھنڈے مزاج کا ؛ متحمل -

vessesls, children, of w.: وہ لوگ جو مورد قہر الٰہی ہوں -

wrathful, *a.*: (۱) غضب ناک ؛ غصے میں - (۲) قہر آلود ؛ غضب ناک ؛ غصے کا -

wrathfully, *adv.*: غضب ناک طریقے سے؛ غصے سے -

Wreak, *v. t.*: (۱) (قدیم) بدلا لینا ؛ انتقام لینا - (۲) (کسی سے بدلا) نکالنا ؛ (انتقام) لینا ؛ (کسی پر غصہ) اتارنا -

w. one's thoughts upon expression: اپنے خیالات کے اظہار کے لیے الفاظ پا لینا -

Wreath(reth), *n.* (*pl.* pr-dhz): (۱) پھولوں کا ہار یا مکٹ؛ ریشم وغیرہ کا ہار یا مکٹ - (۲) دھوئیں کا چھلا - (۳) بادل کا خم دار ٹکڑا یا حلقہ - (۴) (شعر) حلقہ (ناچنے والوں یا تماشائیوں کا) -

Wreathe(-dh), *v. t.* & *i.*: (۱) ہار لپیٹنا ؛ ہار یا مکٹ سے آراستہ کرنا - (۲) ہار یا مکٹ بنانا (پھول ریشم وغیرہ کا) - (۳) (کسی چیز یا شخص کے گرد) لپٹ جانا ؛ دم وغیرہ لپیٹنا ؛ گلے میں یا کمر میں ہاتھ ڈالنا - (۴) گوندھنا (ہار) - (۵) (دھوئیں کا) چھلے بنانا ؛ چھلوں کی شکل میں اٹھنا -

wreathed in smiles: مسکراتا ہوا -

Wreck, *n.* & *v. t.* & : (۱) تباہی؛ بربادی(خصوصاً جہاز کی) - (۲) شکستہ جہاز ؛ شکستہ خصوصاً عمارت ؛ کھنڈر - (۳) غرق شدہ جہاز کا مال جو بہتا ہوا کنارے پر پہنچے ؛ شکستہ حال یا تباہ شدہ شخص ؛ ٹوٹا پھوٹا یا بچا کھچا حصہ ؛ شکستہ ڈھانچ - (۴) تباہ کردینا ؛ برباد کردینا - (۵) (شاذ) تباہ ہونا ؛ برباد ہونا -

w.-master: وہ افسر جو شکستہ جہاز کے مال کو قبضے میں لے کر حفاظت سے رکھے -

wrecked: طوفان زدہ ؛ غرق شدہ جہاز کا -

wrecking amendment.: (سیاسیات) کسی تجویز میں ایسی ترمیم جس سے اس تجویز کا مقصد ہی فوت ہوجائے -

Wreckage(-ij), *n*: بچا کھچا ٹوٹا پھوٹا سامان ؛ بچے بچائے حصے ؛ متفرق ٹکڑے -

Wrecker, *n.*: (۱) برباد کرنے والا - (۲) وہ شخص جو کنارے پر رہ کر جہازوں کو غرق کرنے کی کوشش کرتا ہے تاکہ ان کا مال ہتیائے ؛ برباد شدہ جہاز کا اسباب چرانے والا - (۳) وہ شخص جو غرق شدہ جہاز کا سامان سمندر سے نکالنے پر مقرر ہوتا ہے -

Wren, *n.*: یورپ کی ایک قسم کی چھوٹی گانے والی چڑیا -

wrens: W. R. M. S. کے ممبروں کا غیر معلنی نام -

Wrench, *n.* & *v. t.*: (۱) زور کا جھٹکا ؛ زور سے مروڑنا یا کھینچنا - (۲) جدائی کا صدمہ ؛ دھچکا - (۳) سنسی ؛ پیچ کش - (۴) مروڑنا ؛ زور سے جھٹکا دینا ؛ ور کو الگ کردینا ؛ جھٹکا دے کر چھین لینا - (۵) توڑنا ؛ مروڑنا ؛ مسخ کردینا (واقعات کو) -

Wrest, *v. t.* & *n.*: (۱) توڑنا ؛ مروڑنا ؛ کھینچ تان کر غلط مطلب نکالنا ؛ مسخ کردینا (واقعات عبارت وغیرہ کو) - (۲) چھین لینا ؛ جھٹکا دے کر چھین لینا - (۳) ستار وغیرہ کی کھونٹی -

w.-block: پیانو کا وہ حصہ جس میں تاروں کی کھونٹیاں ہوتی ہیں -

w.-pins: تاروں کی کھونٹیاں -

Wrestle(resl), *v. i.* & *t.* & *n.*: (۱) کشتی لڑنا - (۲) پوری طاقت سے مقابلہ کرنا (بدی ' مشکل وغیرہ کا) ؛ پورا زور لگادینا؛ (کسی کام میں) دماغ لڑانا - (۳) کشتی - (۴) کشمکش؛ شدید مقابلہ ؛ انتہائی کوشش -

w. with God or in prayer.: زور شور سے دعا مانگنا -

wrestler, *n.*: پہلوان ؛ کشتی لڑنے والا -

wretsling, *n.*: کشتی کا فن ؛ کشتی لڑنا -

Wretch, *n.*: (۱) بد نصیب ؛ بد بخت ؛ مصیبت کا مارا ؛ آفت زدہ ؛ بیچارہ - (۲) بے حیا ؛ بے شرم آدمی؛ ذلیل آدمی - (۳) کم بخت (اکثر پیار میں بھی کہتے ہیں) -

Wretched, *a.*: (۱) بے حد رنجیدہ یا غمگین ؛ بد نصیب ؛ بد بخت ؛ مصیبت زدہ ؛ آفت کا مارا - (۲) بہت خراب ؛

ناقص ؛ نکما ؛ نا خوش گوار ؛ کم بخت - (۳) سخت ؛ شدید ؛ بڑا (w. stupidity) -

Wretchedly, adv.: (۱) غمگینی سے۔ بد بختی سے - (۲) خراب یا نکمے طریقے پر ؛ شدت سے -

Wretchedness, n.: (۱) غمگینی ؛ بد نصیبی ؛ بد بختی - (۲) خرابی ؛ نکما پن - (۳) شدت -

Wrick, Rick, v. t. & n.: (۱) جھٹکا آ جانا ؛ موچ آجانا - (۲) جھٹکا ؛ موچ -

Wriggle, v. i. & t. & n.: (۱) (کیڑے وغیرہ کا) بل کھانا ؛ لہرانا - (۲) (آدمی یا جانور کا) کیڑے کی طرح بل کھانا - (۳) (مجازاً) ٹال مٹول کرنا ؛ حیلے حوالے کرنا - (۴) بل کھا کر جانا ، آنا ؛ نکلنا وغیرہ - (مجازاً) صاف نکل جانا ؛ تڑپ کر نکل جانا (مشکلات وغیرہ سے) - (۵) بل؛ لہر؛ بل کھانے کی حرکت-

Wright, n.: کاریگر ؛ بنانے والا ؛ (comb, ship, wheel, flay -w.) -

Wring, v.t. (wrung) & n.: (۱) دبانا ؛ نچوڑنا ؛ دبانا اور مروڑنا ؛ مروڑ ڈالنا ؛ مروڑ کر توڑ ڈالنا - (۲) سخت اذیت دینا - (۳) توڑنا مروڑنا ؛ مسخ کردینا (عبارت کو) - (۴) چھین لینا ؛ جبراً حاصل کرنا - (۵) نچوڑ کر نکالنا - (۶) دبانے یا نچوڑنے کا عمل -

w. neck of: گردن مروڑ ڈالنا -

w. one's hand: کف افسوس ملنا -

w. out or w. clothes: کپڑوں کو نچوڑنا -

w. person's hand: جوش میں ہاتھ دبانا -

wringing wet or wringing: نچوڑنے کے قابل -

(-) **Wringer**, n.: (-) مروڑنے والا ؛ نچوڑنے کا آلہ -

Wrinkle, n. & v. t. & i.: (۱) جھری ؛ شکن - (۲) جھریاں ڈالنا - (۳) جھریاں پڑنا -

Wrinkly, a.: جھری دار ؛ پر شکن -

Wrinkle, n.: اشارہ ؛ چھپی ہوئی بات کی اطلاع جس سے سننے والا فائدہ اٹھائے -

Wrist, n.: (۱) کلائی؛ ساعد - (۲) کلائی کا کام ؛ کلائی کی لچک ؛ (that was w. alone) - (۳) (مشین نیز w. up) رسٹ ؛ رسٹ پن؛ مشین کی وہ کیل یا دھری جس پر جوڑنے والا ڈنڈا پھرتا ہے-

wristband (-zb-): کف (آستین کے) -

w.-drop: کلائی کا رہ جانا ، ماؤف ہو جانا (سیسے کے زہر سے) -

Wristlet, n: (۱) کلائی بند ، کنگن ؛ کڑا - (۲) ہتھ کڑی -

Writ, n.: فرمان شاہی؛ عدالت کا حکم نامہ ؛ پروانہ -

Holy, sacred w.: انجیل -

Serve w.: تعمیل کرنا (حکم نامے وغیرہ کی) -

w. of attachment: پروانہ قرقی -

w. runs: (فلاں علاقے میں) یہ حکم نافذ ہے -

Writ,: دیکھو Write -

Write, v. i. & t. (wrote, written, archaic writ): (۱) لکھنا ؛ تحریر کرنا ؛ رقم کرنا ؛ (مجازاً) نقش کردینا (چہرے پر کوئی صفت یا کیفیت (has honesty written on his face) - (۲) لکھنا ؛ بھرنا ؛ اندراج کرنا ؛ خانہ پری کرنا - (۳) تصنیف کرنا ؛ لکھنا ؛ تصنیف و تالیف کا کام کرنا - (۴) (کسی کو) خط لکھنا؛ خط لکھ کر بھیجنا - (۵) خط میں لکھنا (کوئی بات) - (۶) (مصنف کا کوئی بات کتاب میں) بیان کرنا یا لکھنا؛ Herodotus writes) - (۷) تحریر میں کسی شخص کے متعلق کوئی لفظ استعمال کرنا -

his name is written in the book of life: اس کا نام زندہ بچنے والوں میں ہے -

writ large: (۱) نمایاں؛ آشکار - (۲) اور زیادہ شدید ؛ پہلے سے بھی بڑھا ہوا (خصوصاً اس موقع پر جب کسی برائی کو دور کرنے کی تدبیر نے اس میں اور اضافہ کردیا ہو) -

w. down: (۱) تحریر میں کسی شخص کی تنقیص کرنا - (۲) تمسک کی قدر متعارف (nominal value) گھٹانا -

w. off: (۱) خط لکھ کر روانہ کردینا - (۲) قلم زد کردینا ؛ کاٹ دینا ؛ منسوخ کردینا (ناقابل ادائی رقم وغیرہ کو) - (۳) قلم برداشتہ لکھنا ؛ آسانی اور تیزی سے لکھنا -

w. out: (۱) پورا لکھ لینا - (۲) سب کچھ لکھ ڈالنا ؛ اپنے سارے خیالات کا ذخیرہ تحریر میں ختم کردینا -

w. out fair: صاف کرنا (مضمون وغیرہ) -

w. thing down: قلم بند کرنا ؛ لکھ لینا -

w. up: (۱) (کسی کی) تعریف لکھنا ؛ تحریر میں تعریف کرنا - (۲) (کسی چیز کا حال) تفصیل سے لکھنا -

w. books, reports etc: رجسٹر رپورٹ وغیرہ کے اندراجات کی تکمیل کرنا۔

written in or on water: نقش برآب ؛ جس کی کوئی تحریری یاد داشت باقی نہ رہے ؛ جس کی یاد جلد مٹ جائے -

writes himself esquire,: اپنے آپ کو صاحب لکھتا ہے -

Writer, n.: (۱) لکھنے والا - (۲) منشی ؛ محرر - (۳) انشا پرداز ؛ مولف ؛ مصنف - (۴) کسی زبان کی انشا سکھانے کی کتاب ؛ معلم انشا -

w.'s cramp or palsy: رعشہ ، جو زیادہ لکھنے سے ہاتھ میں پیدا ہو جاتا ہے -

w. to the signet, (abbr w. S.): آئرستان کا سالسٹر یا مختار -

writership, n.: محرری -

Writhe(ridh), v. i & t. & n.: (۱) درد سے اینٹھنا ؛ تشنج ہونا (جسم میں) - (۲) اپنے جسم کو مروڑنا - (۳) تلملا جانا ؛ سخت اذیت ہونا - (۴) تشنج ، اینٹھن -

Writing, n.: (۱) لکھنے کا عمل؛ لکھنا - (۲) نوشتہ؛ تحریر ؛ دستاویز - (۳) تصنیف ؛ کتاب ؛ مضمون ؛ تحریر -

put thing in w.: قلم بند کرنا -

the w. on the wall: وعید غیبی ؛ وہ واقعہ جس کی نسبت یہ خیال ہو کہ یہ کسی آنے والی مصیبت کی خبر دیتا ہے -

w.-case: سامان کتابت کا صندوقچہ ؛ رائٹنگ کیس -

w.-desk: لکھنے کی ڈیسک -

w.-ink: لکھنے کی روشنائی -

w.-paper: لکھنے کا خصوصاً خط لکھنے کا کاغذ -

w.-table: لکھنے کی میز -

Written,: دیکھو Write -

Wrong, *a. n. adv.* (no comp.) & *v. t.* : (۱) بگڑا ہوا؛ خراب حالت میں (*my liver is w.*) - (۲) برا؛ بد اخلاق یا قانون کے خلاف (*lying is w.*) - (۳) نامناسب؛ بے جا؛ غلط (*did the w. thing*) - (۴) غلط؛ غلطی پر (*a w. opinion, you are w.*) - (۵) برائی؛ بدی؛ برا کام؛ گناہ؛ خطا؛ جرم - (۶) بے انصافی؛ ظلم؛ زیادتی - (۷) غلط طور پر؛ غلط راہ پر - (۸) بے انصافی کرنا؛ زیادتی کرنا؛ بدسلوکی کرنا - (۹) غلط الزام لگانا؛ غلطی سے برا یا قصور وار سمجھنا -

do w. : جرم کرنا؛ گناہ کرنا -

get in w. with person : (امریکا' بول چال) کسی شخص کو ناراض کردینا؛ مورد عتاب ہونا -

get person in w. : (امریکا' بول چال) کسی کو کسی سے خفا کردینا -

go w. : بد راہ ہونا' خصوصاً عورت کا -

has hold of the w. end of the stick : اس نے بات الٹی سمجھی ھے -

in the w. box مشکل میں' شغلے میں' نقصان میں -

on the w. side of 40 : چالیس سے زیادہ عمر کا -

put one in the w. : کسی شخص کو قصور وار دکھانا یا ثابت کرنا -

what's wrong withthis : اس میں کیا خرابی ھے -

w. fount : غلط ٹائپ' کمپوزیٹر کو ہدایت کہ اس نے غلط ٹائپ کا حرف لگا دیا ھے (مختصر *w. f.*) -

w.-headed : اوندھی کھوپڑی کا؛ کج فہم اور ضدی -

w. side of the blanket : دیکھو Blanket -

w. side out : الٹا؛ جس کا اندر کا حصہ باہر ہو -

you do me W. : مجھ پر بے جا الزام لگاتے ہو

you are in the w. زیادتی تمہاری ھے؛ قصور تمہارا ھے -

Wrongdoer, *n.* : گنہگار؛ خطا کار -

Wrongdoing, *n.* : گنہگاری؛ خطا کاری -

Wrongful, *a.* : بے جا؛ نا جائز -

Wrongfully, *adv.* : بے انصافی سے؛ بے جا طور پر -

Wrongfulness, *n.* : بے انصافی؛ زیادتی -

Wrongly, *adv.* : غلطی سے؛ غلط طریقے پر -

Wrote : دیکھو Write -

Wroth (ro-, ro-) pred *a.* : خفا؛ ناراض؛ برہم -

Wrought : دیکھو Work -

Wrung : دیکھو Wring -

Wry, *a* (*-ier, iest, or -yer -yest*) : مڑا ہوا؛ ٹیڑھا؛ ترچھا؛ بگڑا ہوا -

make a w. face, mouth : برا منھ بنانا؛ منھ بگاڑنا -

wrybill : ایک قسم کی پانی میں چلنے والی چڑیا؛ بلور -

wrymouth : مچھلیوں کی اقسام -

w.-mouthed : طنزیہ خوشامد کرنے والا؛ بنانے والا؛ طنزیہ خوشامد کا؛ بنانے کا -

wryneck, : هد هد کی قسم کی چڑیا جس کی گردن پیچھے تک مڑجاتی ھے -

Wryness, *a.* : ٹیڑھا پن؛ ترچھا پن؛ بگڑا ہوا ہونا -

Wyandotte (-ot), *n.* : امریکا میں مرغیوں بطخوں وغیرہ کی ایک خاص نسل -

Wych-, wich-, witch-,(*-t sh*), *preff.* : سابقہ جو درختوں کے ناموں میں آتا ھے (*w. - alder, - elm, hazel,*) -

Wye, *n.* : (۱) حرف وائی (۷) - (۲) وائی کی شکل کی چیز -

Wykehamist (wika-) *a.* & *n.* : ونچسٹر کالج کا (موجودہ یا سابق رکن یعنی طالب علم یا معلم) -

Wynd, *n.* : اسکاٹ لینڈ کے شہروں کی گلی -

Wyvern : دیکھو Wivern -

X

X (exs), *letter* (*pl. Xs, X's*) : (۱) انگریزی حرف تہجی کا چوبیسواں حرف- (۲) رومن اعداد میں دس کی رقم - (۳) (جبر و مقابلہ) لا؛ پہلی نامعلوم مقدار؛ (مجازاً) پر اسرار چیز- (۴) شراب کی قوت کا نشان جو قرابوں پر بنا ہوتا ھے :

X= یک آتشہ -

XX= دو آتشہ -

X-rays : دیکھو see - Ray

Xanthippe (*z, - ti - or thi -*) *n.* : چڑچڑی' لڑاکا بیوی (سقراط کی بیوی کا نام تھا) -

Xanth (o) - (z -) comb. : یونانی لفظ *Xanthos* بہ معنی " زرد " کی ترکیبی صورت -

xanthate : (کیمیا) صفوری تیزاب کا نمک؛ صفوری نمک -

xanthein(e): (نباتیات) صفوری؛ پھولوں میں زرد رنگ پیدا کرنے والا قابل تحلیل مادہ -

xanthic . مائل بہ زردی؛ پیلا سا -

x. acid : (کیمیا) صفوری تیزاب -

x. flower : (نباتیات) صفوری پھول؛ وہ پھول جو عموماً زرد ہوتے ہیں' کبھی کبھی سرخ اور سفید مگر نیلے کبھی نہیں ہوتے -

xanthin (*e*): (۱) (نباتیات) صفوری؛ پھولوں میں زرد رنگ پیدا کرنے والا نا قابل تحلیل مادہ؛ صفور زہری - (۲) مجیٹھے کا وہ جزو جو رنگ دیتا ھے؛ صفور نباتی-(۳) (کیمیا) ایک مادہ جو (*uric acid*) کی قسم کا ھے اور خون' پیشاب اور جگر میں پایا جاتا ھے؛ صفور کیمیاوی -

xanthochroi, n. pl. : (نسلیات) گورے رنگ اور سنہرے بالوں کے لوگ -

xanthochroic, -chrous, aa. : گورا؛ گورے رنگ اور سنہرے بالوں کا -

xanthomelanous : (نسلیات) سیاہ بال اور زرد سانولی یا سنہری مائل رنگت کا -

xanthophyll : صفور خزانی؛ موسم خزاں کے پتوں میں زرد رنگ پیدا کرنے والا مادہ -

xanthous : (نسلیات) زرد رنگ کا یا منگولی نسل کا -

Xebec (*ze-*) *n.* : زیبک؛ بحر روم کی چھوٹی مستولی کشتی جس میں مثلث یا مربع بادبان لگاتے ہیں -

Xenelasia (*ze-, gz -*) *n* : (تاریخ یونان) اخراج اجانب؛

بدیسی نکالا ؛ اغ... رر غیر ملکیوں کے خارج کرنے کا وہ طریقہ جو قدیم اسپارٹا میں رائج تھا -

Xen (o) - (z -, gz-), comb. : یونانی لفظ *xenos* بمعنی اجنبی کی ترکیبی صورت -

xenial : میزبانی کا ؛ مہمان اور میزبان کے تعلقات کا -

xenogamy : (نباتیات) دو میلی ؛ مخلوط ؛ ازدواجی ؛ قلم بندی -

xenolith : (ارضیات) بے میل چٹان یا پتھر ؛ ایک قسم کی چٹانوں کے سلسلے میں کسی اور قسم کی چٹان -

xenophia : بدیسی ھزک ؛ اجانب بیزاری ؛ اجنبیوں سے نفرت جو مرض کی حد تک پہنچ جائے -

Xenon (z -) n. : (کیمیا) زنین ؛ ایک وزنی اور غیر متحرک گیسی عنصر جو سنہ ۱۸۹۸ ع میں تحقیق کیا گیا تھا

Xero (o) - (z -), comb. : یونانی لفظ *xeros* بمعنی خشک کی ترکیبی صورت -

xeransis : خشک ھوجانا ؛ سوکھ جانا ؛ رطوبت دور ھوجانا -

xeranthemum : (نباتیات) ایک سدا بہار پودا جس میں ھمیشہ پھول کھلے رھتے ھیں ؛ زیرانتھم -

xerophilous : (نباتیات) گرم و خشک آب و ھوا میں پنپنے والا -

xerophthalmia : (طب) خشک آشوب چشم یا ورم چشم (جس میں رطوبت خارج نہ ھو) -

Xi(ksi), n. : یونانی زبان کا ایک حرف جو *x* کی آواز دیتا ھے -

Xiph(i,-o)-(z-),comb : یونانی لفظ *xiphos* بمعنی تلوار کی ترکیبی صورت -

xiphoid : (۱) شمشیر نما ؛ خنجری ؛ تلوار کی شکل کا (*x.appendage, cartilage*) - (۲) سینے کی ھڈی کا تیسرا یعنی سب سے نیچے کا ٹکڑا ؛ قص خنجری -

xiphisternum : قص خنجری ؛ سینے کی ھڈی کا سب سے نیچے کا ٹکڑا -

Xoanon(gz-, z-) n. : زمانۂ قدیم کی چوبی مورت جس کے متعلق خیال کیا جاتا تھا کہ عرش سے گری ھے -

Xylem(z-) n. : (نباتیات) چوبی ریشہ -

Xyl(o) comb : یونانی لفظ *xulon* بمعنی چوب یا لکڑی کی ترکیبی صورت -

xylobalsamum : (۱) ایک درخت یعنی بلسم مکہ یا بلسان اسرائیل کی سوکھی شاخیں - (۲) ان شاخوں کا جوشاندہ -

xylocarp : (۱) درخت کا سخت چوبی پھل - (۲) سخت بر درخت ؛ جس میں سخت چوبی پھل آتے ھیں -

xylocarpous : سخت بر -

xylograph : (۱) (خصوصاً پندرھویں صدی میں) لکڑی پر نقاشی کا کام ؛ چوبی کندہ کاری (۲) لکڑی کی چھپائی کا نقش جس میں لکڑی کے ٹھپوں سے لکڑی کے ریشے ابھر آتے ھیں -

xylographic : لکڑی کی چھپائی کا -

xylographer : لکڑی کی چھپائی کا کام کرنے والا -

xylography : لکڑی کی چھپائی -

xylonite : دیکھو Celluloid -

xylophagous : (کیڑا) چوب خوار ؛ لکڑی کاٹنے والے -

xylophone : ایک چوبی باجا جس میں لکڑی کے پردے ھوتے ھیں اور ضرب لگانے یا رگڑنے سے بجتا ھے -

Xyster(z-), n. : (جراحی) ایک آلہ جس سے ھڈیاں کھرچ کر صاف کی جاتی ھیں

Xystus(gz-,z-), n. (pl.-ti) : (۱) بر آمدہ یا بوستانی جس میں اندر قدیم یونان وغیرہ کے ورزشی ورزش کرتے تھے - (۲) باغ کی روش یا چبوترہ -

Y

Y(wi), letter(pl. Ys,Y's) : (۱) انگریزی زبان کا ۲۵ واں حرف تہجی - (۲) (جبر و مقابلہ) دوسری نامعلوم مقدار - (۳) دو شاخہ سڑک ، نل ، اوزار ، ستون وغیرہ -

Y-branch : دو شاخہ ٹہنی -

y-cartilage : دو شاخہ غضروف -

Y-cross : دو شاخہ صلیب ؛ خصوصاً صلیب کا وہ نشان جو لباس عبادت پر بنا ھوتا ھے -

y-gun : دو شاخہ توپ (جو عموماً تار پیڈو کشتی پر لگی ھوتی ھے اور سمندر کے اندر پھٹنے والے بم پھینکتی ھے) -

y joint : دو شاخہ جوڑ -

Y-level : وائی لیول ؛ آلۂ پیمائش جس سے زمین کی سطح معلوم کی جاتی ھے اور جس کو (Y) کی شکل کی دو شاخہ لکڑیوں پر رکھ کر کام لیتے ھیں -

y-ligament : دو شاخہ رباط -

Y-moth : گاما ؛ ایک قسم کا پتنگا یا کیڑا جس کے پروں پر یونانی حرف گاما یا (Y) کی شکل کا ایک نشان بنا ھوتا ھے -

Y-track : تراھا ؛ ریل کی پٹریوں کا وہ حصہ جہاں دو شاخیں بیچ کی پٹریوں سے آکر ملتی ھیں تاکہ انجن وغیرہ کو ایک شاخ سے درمیانی پٹری پر لاکر اور پھر دوسری پٹری پر اس کا رخ بدلا جا سکے -

-Y, suf.of abstract nn. & of adjj. : لاحقہ عموماً اسمائے مجرد اور اسمائے صفات کے آخر میں آتا ھے (*victory, glory, primary &c.*) -

-y, suf. forming adjj.f. nn. : لاحقہ عموماً اسمائے صفات اور مونث اسمائے ذات کے آخر میں آتا ھے اور حسب ذیل معنی پیدا کرتا ھے :

(۱) بھرا ھوا (کسی چیز سے) ؛ بنا ھوا ؛ کسی چیز پر مشتمل (*thorny, milky, slangy*) - (۲) (مرکب رنگ میں) مائل (*pinky-white,whity-brown*) - (۳) شعر وغیرہ میں بطور حرف زائد کے (*stilly = still*) -

-y, suf : حقہ جو علامات تصغیر کے طور پر آتا ھے (*Johnny, lassie, cooky*) -

Yacht, n. & v. i. : (۱) ایک ھلکی بادبانی کشتی جو عموماً کشتیوں کی دوڑ میں استعمال کی جاتی ھے ؛ قرنگی - (۲) بجرا ؛ اگن بوٹ ؛ کشتی جو بادبان یا اسٹیم یا بجلی کی قوت سے چلائی جاتی ھے ، عموماً ذاتی سیر و سفر کے لیے استعمال ھوتی ھے - (۳) بجرے میں سیر کرنا ؛ کشتی دوڑ میں شریک ھونا - کشتی دوڑ کا کلب -

y.-club :

yachtsman : (۱) بجرے میں سیر کرنے والا یا بجرا چلانے والا - (۲) کشتی دوڑ میں شریک ھونے والا یا کشتی چلانے والا -

yachting, *n.* : (۱) ڈونگی یا بجرا چلانا - (۲) ڈونگی یا بجرے میں سفر کرنا -

Yaffle, Yaffil, *n.* : سبز رنگ کا ھد ھد

Yager(-g), *n.* : جرمن فوجی پلٹن (خصوصاً رائفل پلٹن) کا سپاھی-

Yah, int. : ارنہہ! (تحقیر کے موقع پر آتا ھے) -

Yahoo(ay-), *n.* : (۱) بن مانس ؛ حیوان بشکل انسان ؛ ایک فرضی قوم جس کا (*Gulliver's Travels*) میں ذکر ھے- (۲) اجڈ اور گندی طبیعت کا آدمی -

Yahveh (-va) *n.* **Yahvist**, *n.*, **Yahvistic**, *a.* : دیکھو jehovah, jehovist (ic) -

Yak, *n.* : یاک ؛ ملک تبت کا پالتو یا جنگلی بیل جس کے بال لمبے ھوتے ھیں اور کوھان بھی ھوتا ھے -

y. lace : موٹی لیس جو یاک کے بالوں سے بنائی جاتی ھے -

Yale lock, *n.* : (دروازوں وغیرہ کے لئے) استوانی تالا (L. Yale نامی ایک شخص نے سنہ ۱۸۶۸ میں ایجاد کیا تھا -)

Yam, *n.* : ایک قسم کی ترکاری ؛ رتالو -

Yama, (yah-), *n.* : یم ؛ عزرائیل ؛ (ھنود کے اعتقاد میں) ارواح کا دیوتا جو مردوں کے اعمال کی جانچ کرتا ھے -

Yamen, -un, (yah-), *n.* : چینی حکومت کے عامل کی سرکاری قیام گاہ -

the Tsung li y. : چین کی وزارت خارجہ (کا دفتر)-

Yank (1) *v.t.&i. & n.* : (امریکہ اور عامیانہ) (۱) (بیرم وغیرہ کو) جھٹکا دیکر کھینچنا ؛ جھٹکے کے ساتھ کھینچنا ؛ جھٹکا دینا - (۲) جھٹکا -

Yank, (2) *n.* : (عامیانہ) Yankee کا مخفف -

Yankee, *n.* : (۱) امریکہ کی ریاست نیوانگلینڈ کا باشندہ ؛ یانکی - (۲) (امریکہ کی خانہ جنگی کے زمانے میں) شمالی ریاستوں کا باشندہ یا سپاھی - (۳) (انگلستان اور یورپ میں) امریکی ؛ امریکہ کا باشندہ ؛ امریکہ یا امریکیوں کا -

Y. Doodle : امریکہ کی قومی لے ؛ قومی گیت -

Y. notions : امریکہ والوں کی ترکیب یا چیز -

Yankeedom, : اھل امریکہ -

Yankeefied, *a.* : جس پر امریکہ کا رنگ چڑھا ھو؛ امریکہ زدہ -

Yankeeism, *n.* : (۱) امریکیت ؛ امریکہ والوں کی خصوصیت - (۲) امریکی محاورہ - (۳) امریکی دستور -

Yap, *v. i. & n.* : (۱) تیز آواز سے یا گھبرا گھبرا کر بھونکنا - (۲) (بول چال) بک بک کرنا ؛ بکواس کرنا - (۳) (اسم) (کتے کی) بلند یا گھبرائی ھوئی بھونکنے کی آواز -

Yapock, *n.* : جنوبی امریکہ کا پانی میں رھنے والا اپوسم (ایک قسم کا تھیلی دار جانور) -

Yapp, *n.* : ایک قسم کی (کتاب کی) جلد جس پر نرم چمڑا لگایا جاتا ھے اور اس چمڑے کے کنارے کتاب کی لمبائی چوڑائی سے آگے نکلے رھتے ھیں

Yarborough, *n.* : تاش کے کھیل (وھسٹ) یا برج میں کھلاڑی کے ہاتھ میں ایسے پتوں کا اجتماع جن میں کوئی نہلے سے اونچا نہ ھو ؛ بے تصویر اور بے دھلے کی بازی -

Yard (1) *n.* : (۱) لمبائی کا پیمانہ ؛ گز ؛ درعہ - (۲) تین فٹ یا ۳۶ انچ کے برابر؛ میل کا ۱۷۶۰ واں حصہ- (۳) سہارے کی بلی جو دونوں سروں پر گاو دم ھوتی ھے اور مستول میں بادبان کو سہارا دینے کے لیے لگائی جاتی ھے - (۴) (قدیم) آلۂ تناسل -

100 yy. : سو گز کی دوڑ

cubic y. : مکعب گز -

lateen y. : ترچھی سہارے کی بلی -

square y. : افقی سہارے کی بلی -

square y. : مربع گز -

to man the y. : سہارے کی بلیوں کے برابر برابر صف باندھ کر کھڑا ھونا ؛ آدمیوں کو کھڑا کرنا (بطور بحری سلام کے) -

y.-arm : سہارے کی بلی کے دونوں سروں میں سے کوئی سرا -

y. measure : گز ؛ لکڑی ، فیتے یا لوھے کا گز بھر لمبا پیمانہ -

y.-stick, -wand : (لوھے یا لکڑی کا) گز -

Yard (2), *n. & v. t.* : (۱) صحن ؛ احاطہ ؛ باڑا ؛ زمین کا ایک ٹکڑا جو عمارتوں سے گھرا ھو یا ملحق ھو یا جو کسی خاص کام کے لئے مخصوص ھو - (۲) (فعل) مویشی کو مویشی باڑے میں بند کرنا -

church court dock, farm kale, rick, timber, -Y. : دیکھو church وغیرہ کے تحت -

brick-y. : اینٹ باڑا ؛ (اینٹوں کے) بھٹے کا احاطہ -

cab-y. : گاڑی باڑا ؛ اڈا؛ وہ احاطہ جہاں کرائے کی گاڑیاں کھڑی ھوتی ھیں -

railway-y. : یارڈ ؛ کسی ریلوے اسٹیشن کے پاس کھلا ھوا میدان جہاں ریل گاڑیاں کھڑی رھتی ھیں اور جوڑی جاتی ھیں -

stock-y. : مویشی باڑا -

tan-y. : چمڑا رنگنے کا باڑا -

the y. : اسکاٹ لینڈ یارڈ ، لندن کی خفیہ پولیس کا دفتر -

y.-man : یارڈ مین ؛ وہ مزدور جو ریلوے یارڈ میں کام کرتا ھے -

y.-master : یارڈ ماسٹر ؛ ریلوے یارڈ کا نگران -

yardage, *n.* : (۱) مویشی باڑے میں مویشی رکھنے کا حق- (۲) محصول جو اس کے لیے ادا کیا جاتا ھے -

Yarn, *n. & v. i.* : (۱) کتا ھوا تاگا یا ڈورا؛ سوت - (۲) (بول چال خصوصاً جہازیوں کا روز مرہ) گھڑا ھوا قصہ ؛ حکایت ؛ کہانی ؛ طول طویل قصہ - (۳) گھڑے ھوئے قصے بیان کرنا ؛ کہانی کہنا ؛ رام کہانی سنانا (spin a y. or yy.) -

y.-beam or -roll : سوت کی چرخی جس سے تانا تنا جاتا ھے -

Yarrow (-o), *n.* : بیرو ؛ ایک سدا بہار پودا جس کی بو بہت تیز اور مزہ چرپرا ھوتا ھے -

Yashmak, *n.* : یشمک ؛ نقاب جو مسلمان عورتیں گھر کے باہر چہرہ پر ڈالتی ھیں -

Yataghan (-gan), *n.* : یتاغان ؛ ایک قسم کی دو دھاری تلوار جسے ترک استعمال کرتے ھیں ؛ تیغا -

Yaw, *v. i. & n.* : (۱) (جہاز کا) سیدھے رستے پر نہ چلنا ؛ سیدھے رستے سے ھٹ کر چلنا - (۲) (اسم) جہاز کا اپنے راستہ سے ھٹ جانا ؛ انحراف -

Yawl, *v. i. & n.* : (شاذ) (۱) چیخنا ؛ چلانا - (۲) چیخ -

Yawl, *n.* : (۱) ایک قسم کی چھوٹی کشتی خصوصاً جہاز کے ساتھ کی کشتی جس میں ۴ یا ۶ چپو ھوتے ھیں - (۲) دو مستولوں

والی بادبانی کشتی جس کا پیچھے کا مستول اگلے مستول سے بہت چھوٹا ہوتا ہے -

Yawn, *v. i. & t. &n.* : (۱) (غار وغیرہ) منہ کھولنا ؛ پھیلا ہونا ؛ کھلا ہونا - (۲) (شخص یا جانور) جمائی لینا - (۳) (اسم) جمائی -

yawningly, *adv.* : جمائی لیتے ہوئے -

Yaws, *n. pl.* : فرامبیزیا؛ حبشیوں کی ایک متعدی بیماری جس میں جسم پر گلٹیاں نکل آتی ہیں -

Yclept, *a.* : (قدیم) موسوم بہ؛ موسومہ بہ؛ کہلانے والا - (the dreadful beast y. crocodile) -

Ye, (*ye or yi acc. to emphasis*). *pron. pl* : (۱)ضمیر جمع حاضر - (۲) (قدیم) اب صرف شعر، مذہبی یا مزاحیہ عبارتوں اور گفتگو میں استعمال ہوتا ہے ؛ کبھی کبھی عام زبان میں بھی استعمال ہوتا ہے -

Yea, (ya) *particle & n.* (pl.yeas) : (۱) (قدیم) ہاں - (۲) بلکہ (ready y. eager) -

y. and : اور اس کے علاوہ -

yy. and nays : (قدیم) موافق اور مخالف رائیں -

Yegg, *n.* : (امریکہ عامیانہ) (نیز *yeggman*) سفری چور ؛ تجوری توڑ کر چوری کرنے والا -

Yean, *v.t. & i.* : بھیڑ بکری کا بیانا ؛ بچہ دینا -

Yeanling, *n.* : بھیڑ بکری کا چھوٹا بچہ -

Year, *n.* : (۱) سال فلکی ؛ وہ مدت جو زمین کو ایک بار سورج کے گرد گھومنے میں صرف ہوتی ہے ؛ ۳۶۵ دن پانچ گھنٹے ۴۸ منٹ ۳۶ سیکنڈ (*astronomical, equinoctial, natural, solar, tropical y.*) - (۲) سال نجمی ؛ سال کوکبی ؛ وہ مدت جو سورج کو کسی ستارے سے مقررہ فاصلے پر دوبارہ آنے میں صرف ہو (فلکی سال سے ۲۰ منٹ ۲۳ سکنڈ بڑا ہوتا ہے) (*astral or sidereal y.*) - (۳) سال فلاطونی؛ سال کامل ؛ وہ مدت جو اجرام فلکی کو اس حالت پر پہنچنے میں صرف ہوتی ہے جو تخلیق کے وقت تھی- (۴) سال ؛ برس - (۵) (جمع کے صیغہ میں) عمر ؛ سن و سال ؛ سن -

a y. and a day : ایک سال ایک روز کی مدت جو اکثر قانونی معاملات میں مقرر کی جاتی ہے -

legal y., civil y., calender y. : سال شمسی -

Christian, Church, ecclesiastical, y. : کلیسائی سال؛ جو حضرت مسیح کی ولادت کی تاریخ سے شروع ہوتا ہے -

common y. : سال شمسی ؛ ۳۶۵ دن کا سال جو یکم جنوری سے شروع ہوتا ہے -

fiscal y. : مالی سال ؛ محصول کے محکموں میں یکم اپریل سے شمار کیا جاتا ہے -

from y. to y., y. by y. : سال بہ سال ؛ ہر سال -

Gregorian y. : سال گری گوری ؛ دیکھو Gregorian -

in the y. : (۱) سنہ ۔۔ میں - (۲) بہت مدت ہوئی -

in yy. : سال خوردہ ؛ بوڑھا -

julian y. : سال قیصری - دیکھو Julian -

leap-y., bissextile y. : سال کبیسہ ؛ جسمیں ۳۶۶ دن ہوتے ہیں -

luni-solar y. : دیکھو Luni-solar -

lunar y. : سال قمری ؛ بارہ قمری مہینوں کا سال -

new year : دیکھو New -

old year : دیکھو Old -

Platonic or Great or Perfect y. = 26000 years : دیکھو platonic کے تحت میں -

sabbatical y. : دیکھو Sabbatical -

the school y. : تعلیمی سال ؛ اسکولوں میں خزاں کی میقات کے آغاز سے شمار ہوتا ہے -

y.-book : سالنامہ ؛ کوئی ایسی سالانہ اشاعت جس میں کسی خاص مضمون کے متعلق سال بھر کی تمام معلومات جمع کر دی گئی ہوں -

y. in y. out : سال بھر ؛ تمام سال ؛ برابر -

year-long : جو ایک برس تک جاری یا باقی یا قائم رہے ؛ سال بھر کا -

y. of grace, y. of our Lord : دیکھو Lord & Grace -

young for his yy. : باوجود زیادہ عمر کے جوان معلوم ہوتا ہے -

Yearling, *n. & a.* : (۱)وہ جانور جس کی عمر ایک سال سے زیادہ مگر دو سال سے کم ہو - (۲) (گھوڑ دوڑ کے گھوڑے کا بچہ) جو سال پیدائش کی پہلی جنوری سے ایک سال کی عمر کا ہو ؛ یک سالہ بچھیرا - (۳) سال بھر کا ؛ یکسالہ ؛ جو ایک سال کا یا ایک سال سے ہو (*y. heifer, y. bride*) -

Yearly, *a. & adv.* : سالانہ ؛ ہر سال ؛ سال میں ایک بار ہونے والا -

Yearn, (yern), *v. i. & t.* : (۱) (قدیم) (کسی شخص یا چیز کی) آرزو میں بے قرار ہونا؛ تڑپنا؛ بے حد اشتیاق ہونا (*y. for, after*) - (۲) دلی خواہش ہونا؛ دلی آرزو ہونا (*y. to do*) -

It yearns me : (قدیم) مجھے آرزو ہے ؛ میرا دل تڑپتا ہے ؛ میرا دل بے چین ہے -

yearning, *n.* : اشتیاق؛ آرزو ؛ تمنا ؛ دلی خواہش -

yearning, *a.* : مشتاق ؛ پر آرزو -

yearningly, *adv.* : اشتیاق یا آرزو کے ساتھ -

Yeast, *n.* : خمیر -

y.-powder : سفوف خمیر ؛ ایک سفوف جو آٹے میں خمیر پیدا کرنے کے لیے ملایا جاتا ہے -

Yeasty, (or yes-) *a.* : (۱) خمیر کی طرح جھاگ دار ؛ کف دار؛ ابھان کی حالت میں - (۲) پر ہیجان ؛ پر اضطراب (*y. conscience, imaginings*) - (۳) باتونی؛ بکی ؛ فضول گو (آدمی) ؛ سطحی ؛ بے مغز ؛ چھچھوری (باتیں وغیرہ) -

yeastiness, *n.* : (۱) ہیجان ؛ اضطراب - (۲) فضول گوئی ؛ سطحیت ؛ چھچھوراپن -

Yelk, : دیکھو Yolk -

Yell, *v. i. & t. & n.* : (۱) چیخنا ؛ چلانا ؛ گرجنا ؛ چیخ اٹھنا؛ بلبلا اٹھنا (*y. with pain, fury*) - (۲) زور سے لکارنا (قہقہہ) ؛ (خوشی کا نعرہ) بلند کرنا - (۳) چیخ کر یا چلا کر کہنا یا پکارنا (*y. out an oath, orders, name &c.*) - (۴) (امریکی یونیورسٹی) ہمت افزا کا نعرہ (جو طلبہ

ورزشی مقابلوں میں اپنے ساتھیوں کا دل بڑھانے کے لیے بلند کرتے ہیں) -

Yellow(-o), *a.* (*-er,-est*) & *n.* & *v. t.* & *i.* : (۱) پیلا؛ زرد؛ سنہرا ؛ بسنتی ؛ اصفر - (۲) (مجازاً) رقیبانہ ؛ حاسدانہ ؛ شک و شبہہ کی ؛ رشک کی (نظریں ' کیفیت) - (۳) (بول چال) نا مرد ؛ بزدل - (۴) زرد رنگ ؛ زردی ؛ پیلا پن - (۵) زرد رنگ (زرد چڑیا وغیرہ) - (۶) پتنگے اور تیتری کی ایک قسم - (۷) (امریکا) آزو روگ ؛ روگ جو شفتالو کو لگ جاتا ہے - (۸) (بول چال) نامردی؛ بزدلی - (۹) زرد کردینا ؛ پیلا کردینا ؛ زرد پڑ جانا ؛ پیلا پڑ جانا -

yellowback : زرد سرورق کے سستے ناول جو انیسویں صدی کے وسط میں کثرت سے شایع ہوتے تھے -

y. boy : (عامیانہ) طلائی سکہ -

y.-gum : یرقان اسود ؛ جو عموماً شیر خوار بچوں کو ہو جاتا ہے -

y.-(h)ammer : (پیلی چڑیا) پلچڑی ؛ ایک پرند جس کا سر گردن اور سینہ زرد ہوتا ہے -

the sere & y. leaf : دیکھو Sere -

the y. peril : زرد خطرہ ؛ خطرہ کہ (ایک دن) زرد رنگ والی اقوام گورے رنگ کی قوموں پر یا دنیا پر اپنا تسلط جمالینگی -

the y. press : اشتعال انگیز اخبارات ؛ ہیجان خیز خبریں شائع کرنے والے اخبارات ؛ خصوصاً وہ جو ضرورت سے زیادہ قومی اور وطنی تعصبات رکھتے ہیں (اصل میں امریکا کے وہ اخبار جو سنہ ۱۸۹۸ میں اسپین سے جنگ کرنے کے حامی تھے) -

the yy. : (قدیم) (۱) یرقان ؛ پیلا - (۲) رشک حسد -

y. cartilage : غضروف اصفر ؛ وہ نرم لچکدار ہڈی جو شریان کی دیوار کا کام دیتی ہے -

y. fever or Jack : زرد بخار ؛ ایک قسم کا بخار جو گرم ممالک میں ہوتا ہے اور جس کے ساتھ یرقان بھی ہو جاتا ہے اور سیاہ رنگ کی قے ہوتی ہے -

y. jacket : زرد قبا ؛ ملک چین کا شاہی لباس جو شاہی خاندان کے لوگ پہنتے تھے یا خلعت فاخرہ جو ان لوگوں کو دیا جاتا ہے جن کی عزت افزائی کرنی مقصود ہوتی تھی -

y. men, races : چینی' جاپانی' منگولی وغیرہ اقوام جن کی کھال کا رنگ زردی مایل ہوتا ہے -

y. metal : ایسا تانبا جس میں ۶۰ حصہ تانبا اور ۴۰ حصہ جست ہوتا ہے -

y. spot : آنکھ کے پردۂ اول میں وہ نقطہ جہاں نظر سب سے تیز ہوتی ہے -

yellowish, *a.* : زردی مائل -

yellowly, *adv.* : انداز رقیبانہ سے -

yellowness, *n.* : زردی ؛ پیلا پن -

yellowy, *a.* : زرد ؛ زردی مائل -

Yelp, *v. i.* & *n.* : (۱) (کتے کا خوف یا اشتیاق سے) بھونکنا؛ چلانا - (۲) کتے کی طرح چلانا یا بھونکنا - (۳) بھونکنے کی آواز -

Yen, *n.* (*pl. yen*), : ین ؛ ایک جاپانی سکہ جس کی قیمت تقریباً ۲ ½ پنس (۲ آنہ) ہوتی ہے -

Yeoman, (*yo-*), *n.* (*pl.-men*). : (۱) (تاریخ) معافی دار؛ وہ شخص جو ۴۰ شلنگ سالانہ کی معافی کی زمین کا مالک ہونے کی حیثیت سے جوری کا ممبر بننے اور ضلع کے انتخابات میں رائے دینے کا حق رکھتا ہو - (۲) کسان یا چھوٹا زمین دار - (۳) رضا کار رسالے کا سپاہی -

y. of the guard : لندن ٹاور کا نگران سپاہی -

y. ('s) service : ضرورت کے وقت امداد -

yeomanly, *a.* : معافی دار' کسان' چھوٹے زمیندار یا رضا کار سپاہی سے مشابہ -

Yeomanry, *n.* : (۱) معافی داروں' کاشتکاروں یا چھوٹے زمینداروں کی جماعت؛ زراعت پیشہ طبقہ - (۲) رضا کار سواروں کی فوج یا فوج محافظ جو زراعت پیشہ آبادی میں سے بھرتی کی جاتی ہے -

-yer, *suf.* : لاحقہ جو بعض اسما کے بنانے میں کام آتا ہے (*lawyer*) -

Yercum : دیکھو Mudar (تامل) -

Yes, *particle equivalent to affirmative sentence* & *n.* (*pl. yeses*) : (۱) ہاں ؛ اچھا - (۲) (پکارنے کے جواب میں) جی آیا - (۳) ہامی -

say y. : راضی ہوجانا ؛ ہامی بھر لینا -

yes ? : واقعی -

y. ? : اچھا اور کیا کہنا ہے -

y. &, y. or : بلکہ -

Yester-comb : جز و ترکیبی جو گزشتہ کے معنی میں آتا ہے -

is but of y. : ابھی کل ہی کا تو ہے ؛ حال ہی کا ہے -

Yesterday, *n.* & *adv.* : کل (گزشتہ) -

y.-even (ing), yestreen : (شاعری) گزشتہ شام؛ کل شام -

y.-morn : (شاعری) گزشتہ صبح ؛ کل صبح -

y.-night : (شاعری) شب گزشتہ ؛ کل رات -

y-year : سال گزشتہ؛ پچھلے سال -

Yet, *adv.* & *conj.* : (۱) اب تک ؛ اب بھی ؛ ہنوز (*there is y. time, is he y. alive ?*) - (۲) (منفی جملوں میں) ابھی ؛ ابھی تک (*it is not time y., I have never y. lied*) - (۳) اور پھر (*y. once more*) - (۴) (" *nor* " کے ساتھ) اور نہ - (۵) وقت ختم ہونے سے پہلے؛ اتنے وقت میں بھی؛ اب بھی (*he will win y.*) - (۶) اور بھی (*a y. more difficult task*) - (۷) پھر بھی ؛ تاہم ؛ اس پر بھی ؛ اس کے باوجود (*it is strange and y. it is true, though they curse y. bless thou*) - (۸) مگر اسی کے ساتھ (*a rough y. ready helper*) -

as y. : اب تک ؛ اس وقت تک ؛ ہنوز -

Yew, *n.* : (۱) یئو ؛ ایک قسم کا سدا بہار درخت جو بہت آہستہ بڑھتا ہے اور اکثر قبرستانوں میں لگایا جاتا ہے ' قدیم زمانے میں اس کی لکڑی کی کمانیں بھی بنائی جاتی تھیں اور اب بھی فرنیچر بنایا جاتا ہے - (۲) یئو کی لکڑی -

Yg(g)drasil, *n.* : (ناروے سویڈن کی دیو مالا) ایک فرضی

درخت جس کی شاخیں اور جڑیں زمین سے آسمان اور پاتال تک پھیلی ہوئی سمجھی جاتی ہیں۔

Yiddish, a. & n. : (۱) یہودی زبان ؛ ایک مخلوط زبان جو جرمن زبان کی ایک قدیم صورت ہے جس میں جدید زبانوں کے الفاظ شامل کر لیے گئے ہیں اور جس کو سلافی ممالک کے یہودی بولتے ہیں - (۲) یہودی زبان کا -

Yield, v. t. & i. & n. : (۱) پیدا کرنا (پھل فصل وغیرہ) - (۲) منافع دینا (*investment yields 50 %*) - (۳) حاصل کرنا (*tax yields a handsome revenue*) - (۴) دینا (پھل)؛ پیدا کرنا (نتیجہ) (*sin yields bitter fruit*) - (۵) پیدا وار ہونا ؛ فصل ہونا (*the land yields rice*) - (۶) پیدا وار ' فصل؛ حاصل ؛ منافع؛ نکاسی - (۷) دے دینا؛ جواب لے کردینا؛ (کسی چیز سے) دوسرے کے حق میں دست بردار ہوجانا ؛ مان لینا ؛ تسلیم کرلینا - (۸) اطاعت قبول کرنا ؛ دب جانا ؛ سر جھکا دینا ؛ بات مان لینا ؛ منظور کرلینا ؛ راضی ہوجانا - (۹) کمتر ہونا ؛ کم ہونا ؛ ہیٹا ہونا ؛ (*I y. to none in the appreciation of his merits*) -

y. consent : راضی ہو جانا -

y. submission : اطاعت قبول کرنا -

y. the palm : (کسی سے) ہار جانا ؛ پیچھے رہ جانا -

y. the point : (بحث مباحثہ میں) کوئی بات مان لینا ؛ قبول کرلینا -

y. up the ghost : گزر جانا ؛ مر جانا -

yielding, a. : (۱) ملایم ؛ نرم ؛ لچکدار - (۲) آسانی سے بات مان لینے والا ؛ لچنے والا ؛ دبنے والا - (۳) رضا مند؛ رضا مندی کا -

yieldingly, adv. : نرمی سے ؛ لچتے ہوئے ؛ دبتے ہوئے ؛ رضا مندی کے طرز سے -

-yl, suf. : لاحقہ جو کیمیا کی اصطلاحات میں استعمال ہوتا ہے -

Ylang-Ylang, n. : (۱)ایلانگ ایلانگ؛ ملایا کا ایک درخت جس کے پھول خوشبو دار ہوتے ہیں - (۲) وہ خوشبو جو اس سے بنتی ہے-

Yodel, v. t. & i. (*-dell, -del-, -dl-*) & n. : (۱) گنگنانا ؛ الاپنا - (۲) الاپ -

Yoga, n. : یوگ ؛ ہندوؤں میں مراقبے اور ریاضت کا ایک خاص طریقہ جس کا مقصد یہ ہے کہ عابد کی روح کائنات کی روح حقیقی سے متحد ہوجائے -

Yogh(yoch), n. : عہد وسطیٰ کے انگریزی حروف تہجی میں ایک حرف جو بعض موقعوں پر "g" اور "y" کا کام دیتا تھا-

Yogi(-gi), n. : یوگی ؛ جوگی ؛ یوگ کا عامل -

yogism, n. : یوگ کا طریقہ -

Yo-heave-ho, yoho int. : ہائی سو؛ وہ آواز جو ملاح کسی چیز کو مل کر اٹھاتے کھینچتے یا چڑھاتے وقت بلند کرتے ہیں -

Yoicks, int. & n. Yoick, v. i. & t. : (۱) (اسم) لومڑیوں کے شکاریوں کی ندا - (۲) (فعل) اس قسم کی آواز نکالنا ؛ ایسی آواز نکال کر کتوں کو لومڑی کے پیچھے ہشکارنا -

Yoke, n. & v. t. & i. : (۱) جوا (جو بیلوں کی گردن پر رکھا جاتا ہے) - (۲) (تاریخ روما) اونچا اٹھایا ہوا جوا یا تین نیزوں کو ملا کر بنائی ہوئی محراب جس کے تلے شکست خوردہ دشمن کو لے کر چلتے تھے (*send, pass under the y.*) - (۳) (مجازاً) محکومی ؛ طوق غلامی ؛ حلقہ بگوشی - (۴) (مجازاً) رشتہ اتحاد خصوصاً عقد نکاح - (۵) بیلوں کی جوڑی - (۶) بہنگی - (۷) قمیص ' کوٹ ' سائے وغیرہ کا وہ حصہ جو شانوں پر رہتا ہے اور جو علحدہ سیا جاتا ہے اور جس سے لباس کا باقی نیچے کا لٹکتا ہوا حصہ پیوستہ ہوتا ہے - (۸) گھنٹا لٹکانے کی تینچی یا گھوڑی - (۹) پتوار کا دستہ جس کے دونوں سروں پر رسیاں باندھی جاتی ہیں - (۱۰) وہ جوڑ جس کے ذریعے دو نل آ کر تیسرے نل میں ملتے ہیں ؛ نقلی جوڑ - (۱۱) مشینوں کا کلجبی جوڑ جو کھولنے بند کرنے کا کام دیتا ہے - (۱۲) (فعل) جوے میں جوتنا ؛ جوا رکھنا (کندھوں پر) - (۱۳) جوڑنا ؛ نتھی کرنا ؛ مربوط کرنا - (۱۴) (مرد عورت کا) عقد کردینا ؛ شادی کردینا ؛ سلک ازدواج میں منسلک کرنا - (۱۵) جوڑ ہونا ؛ میل ہونا - (۱۶) جوڑی دار ہونا ؛ ساتھ ساتھ کام کرنا -

y.-bone : جبڑے کی ہڈی ' جو سر اور چہرے کی ہڈیوں کو جوڑتی ہے -

yokefellow, **yokemate** : شوہر یا بیوی ؛ رفیق کار ؛ جوڑی دار -

y.-lines, -ropes : پتوار کی ڈوریاں یا رسیاں -

y. of land : (قدیم) ایک ہل کی زمین ؛ اتنی زمین جو ایک جوڑی بیل ایک دور میں جوت سکیں -

Yokel, n. : دیہاتی ؛ دہقانی ؛ گنوار -

Yolk (yok) (now rare) Yelk, n. : (۱) انڈے کی زردی - (۲) وہ رطوبت جو بھیڑ کی کھال سے نکلتی ہے ؛ اون کا تیل -

y.-bag, -sac : وہ جھلی جس کے اندر انڈے کی زردی ہوتی ہے-

yolky, a. : انڈے کی زردی کے مانند ؛ (ایسی چیز) جس میں انڈے کی زردی شامل ہو ؛ زردی دار -

(-) yolked, a. : (-)زردی کا (*large-yolked, two -yolked*)-

Yon, a. & adv. & pron, yonder. (a. & adv.) : (قدیم ؛ شعر یا تصباتی زبان) وہ (شخص یا چیز) -

Yonder, a. & adv. : سامنے کا ؛ آگے کا ؛ وہ (جس کی طرف میں اشارہ کر رہا ہوں یا دیکھ رہا ہوں) ؛ سامنے ؛ آگے ؛ وہاں پر -

Yore, n. : سلف ؛ قدیم الایام ؛ زمانۂ پیشین (متروک ' اب صرف *of y.* کے فقرے میں استعمال ہوتا ہے) -

of y. : (۱) اگلے وقتوں کا - (۲) پرانے زمانے میں -

York, n. : انگلستان کے ایک شہر کا نام -

House of Y. : انگلستان کا ایک شاہی حکمراں خاندان' ایڈورڈ چہارم سے رچرڈ سوم تک -

Y. -&- Lancaster : انگلستان کے دو شاہی خاندان جو "*War of Roses*" میں ایک دوسرے کے حریف تھے -

Y.-&-Lancaster rose : ایک قسم کا پنچ رنگا گلاب -

Y. stone : ایک قسم کا پتھر جو عمارتوں میں لگایا جاتا ہے -

York, v. t. : (کرکٹ) یارکر پھینکنا ؛ گیند اس طرح پھینکنا کہ کھیلنے والے کے بیٹ کے قریب آ کر گرے -

Yorker, n. : (کرکٹ) یارکر گیند (جو اس طرح پھینکی جائے کہ کھیلنے والے کے بیٹ کے قریب گرے) -

Yorkist, *a.* & *n.* : (۱) خاندان یارک کا - (۲) حامی یارک ؛ ان لوگوں میں سے کوئی شخص جو " *war of roses* " میں سفید گلاب والے فریق یعنی خاندان یارک کے حامی تھے -

Yorkshire, *n.* : انگلستان کا ایک ضلع ؛ یارک شائر -

come Y. over (or on), put Y. on : دھوکا دینا ؛ ٹھگنا -

Y. flannel : بغیر رنگی ہوئی فلالین -

Y. grit : ایک قسم کا پتھر جس سے مر مر چکنا کیا جاتا ہے -

Y. pudding : یارک شائر پڈنگ ؛ دودھ اور آٹے کی پڈنگ جو خصوصاً گائے کے گوشت کے ساتھ کھائی جاتی ہے -

Y. stone : ایک قسم کا پتھر جو تعمیر میں استعمال کیا جاتا ہے -

Y. terrier : ایک چھوٹا جھبرے بالوں والا کتا جو بالکل کھلونا سا ہوتا ہے -

You, (*u or yoo acc. to emphasis*) *2nd pers. pron. sing.* (*w. pl. vb*) & *pl.* : (۱) تم ؛ تم لوگ - (۲) (قدیم) اپنے آپ کو ؛ اپنے تئیں - (۳) (ایسے اقوال میں جو ہر شخص پر صادق آتے ہیں) کوئی انسان (*y. never can tell,* (*what are y. to do with a child like this ?*) -

are y. there ? کیا تم موجود ہو (ٹیلیفون پر خطاب کرتے وقت کہتے ہیں) -

get y. gone : (قدیم) بھاگ جاؤ ؛ چلے جاؤ -

You're another : (گالی وغیرہ کے جواب میں) تم خود ایسے ہو ؛ ہوتا رہے گا -

y. there : ارے میاں سنتے ہو -

Young, (yu-) *a.* (*er, -est, pr. -ngg-*) & *n.* : (۱) جوان ؛ نو عمر ؛ کمسن ؛ نو خیز ؛ نیا - (۲) بچہ (خصوصاً جانور کا جو پیٹ میں ہو یا حال ہی میں پیدا ہوا ہو) -

a y. family : خاندان جس میں چھوٹے بچے ہوں -

a y. person : (گھر کے ادنیٰ ملازمین کی اصطلاح میں) ادنیٰ طبقہ کی نو جوان عورت جس کا نام اور پتہ معلوم نہ ہو -

a y. man in a hurry : (اصطلاحاً) نو عمر اور پر جوش مصلح (ایسا شخص جو ضرورت سے زیادہ عجلت کے ساتھ اصلاح قوم کا کام کرنا چاہتا ہو) -

in my y. days : میری جوانی میں ؛ ابتدائی عمر میں -

is y. in crime : جرم میں نا آزمودہ کار ہے -

my y. man : میرا عاشق ؛ میرا منگیتر -

my y. woman : میری معشوقہ ؛ میری منگیتر -

old head on y. shoulders : دیکھو old -

the century is yet y. : ابھی نئی صدی کا آغاز ہی ہے -

the night is yet y. : ابھی رات کا پہلا پہر ہے -

the y. person : معصوم بچے (لڑکے یا لڑکیاں) ؛ ناکردہ کار نو جوان (لڑکے یا لڑکیاں) -

the younger : چھوٹا (بلحاظ عمر) (اپنے ہم نام کے مقابلے میں) -

you y. rascal : ارے ننھے بد معاش (بچوں سے تخاطب محبت اور چھیڑ کے لہجے میں) -

y. & old : دیکھو old -

y. ambition : جوانی کے حوصلے ؛ وہ حوصلے جو جوانی کی عمر کا اقتضا ہوتے ہیں -

y. blood : دیکھو Blood -

y. England, Ireland, Italy, &c. : سیاسی جماعتوں کے نام جو اپنے ملک یا قوم کی نئی نسلوں کی نمایندگی کرتی ہوں -

y. for his years : دیکھو year -

y. Jones : نو جوان جونس (جونس کا لڑکا) -

y. love : جوانی کی محبت ؛ وہ محبت جو جوانی کی عمر کا اقتضا ہوتی ہے -

y. people : نو جوان لڑکے لڑکیاں خصوصاً وہ جو شادی کے قابل ہوں -

y. pretender : دیکھو Pretender -

y. things : ننھے بچے ؛ نا تجربہ کار نو جوان -

Y. Turks : نو جوان ترک (ترکی کی اس سیاسی جماعت کا نام جس نے سنہ ۱۹۰۸ میں سلطان کو مجبور کر کے آئینی حکومت از سر نو قایم کرائی تھی) -

y.'un : نو جوان ؛ لڑکا (اکثر ندائیہ) -

younger son : چھوٹا لڑکا ؛ خصوصاً امرا کے خاندان کا چھوٹا لڑکا -

with y. : گابھن -

youngish, *a.* : قریب قریب جوان ؛ ادھیڑ -

youngling, *n.* : (۱) لڑکا ؛ لڑکی ؛ بچہ - (۲) جانور کا بچہ -

Youngster, *n.* : لڑکا ؛ بچہ ؛ خصوصاً وہ لڑکا جو بہت چست و چالاک ہو -

Younker (yu-), *n.* : (۱) (قدیم یا بول چال) وہ بچہ یا لڑکا جو بہت چست و چالاک ہو - (۲) دیکھو "*junker*" -

Your *attrib. a.* : (۱) تمہارا ؛ تم لوگوں کا ؛ آپ کا ؛ آپ لوگوں کا - (۲) (قدیم ؛ بول چال اب عموماً تحقیر کے موقع پر آتا ہے) یہ آپ کا (جو مشہور ہے ؛ جسے آپ اچھی طرح جانتے ہیں) (*nobody is so fallible as y. expert in handwriting*) -

Yours (*urz, yorz*), *pron.* & *pred. a.* : تمہارا ؛ آپ کا ؛ تمہارے ؛ آپ کے -

ever y. : ہمیشہ تمہارا (خطوط کے آخر میں دستخط کرنے سے پہلے) -

it is y. if you will accept it : اگر تم قبول کرو تو یہ (چیز) تمہاری ہے -

my father and y. : میرے والد اور تمہارے (والد) -

you and yours : تم اور تمہارے اہل و عیال (یا تمہاری جائداد و املاک) -

y. faithfully : دیکھو Faithfully -

y. is the only way : تمہارا ہی طریقہ صرف ایک (اچھا) طریقہ کار ہے -

y. is to hand : تمہارا خط ملا -

y. obediently : دیکھو Obediently -

y. truly : (۱) تمہارا خیر طلب (خطوط کے آخر میں دستخط کرنے سے پہلے) - (۲) (مزاحاً) آپ کا خادم ؛ بندۂ درگاہ -

Yourself, *pron* (pl. -ves) : (۱) تم آپ ؛ تم خود (*please see to it y.*) - (۲) اپنے آپ کو ؛ اپنے تئیں ؛ اپنے آپ سے -

be y. : (امریکا ؛ بول چال) اپنے کو سنبھالو ؛ ذرا ہوش میں آؤ -

by y. : (۱) اکیلے - (۲) تن تنہا ؛ بلا امداد غیرے -

how's y.? : (عامیانہ) اور آپ کا مزاج کیسا ہے -

you are not quite y. to-night : آج آپ کی طبیعت کچھ بے کیف یا بد مزہ معلوم ہوتی ہے -

Youth (u-) *n.* (pl. pr. udhz), : (۱) عالم شباب ؛ شباب ؛ نوجوانی ؛ عنفوان شباب - (۲) نوجوان ؛ نوجوان شخص - (۳) نوجوان لڑکے اور لڑکیاں ؛ نوجوانوں کی جماعت -(۴) (عہدجوانی کی خصوصیات) توت' جوش ' نا تجربہ کاری وغیرہ -

the y. of the world : (دنیا کی تاریخ کا) ابتدائی زمانہ -

youthful, *a.* : (۱) نوجوان ؛ نو خیز ؛ نو عمر - (۲) نوجوانی کا ؛ نوجوانوں کا سا -

youthfully, *adv.* : جوانوں کی طرح ؛ جوانی کے انداز سے -

youthfulness, *n.* : نو عمری ؛ نوخیزی -

Yowl, : دیکھو Yawl -

Yo-yo, *n.* : چکئی ؛ ایک طرح کا کھلونا جس میں ایک ریل پر ڈور لپٹی ہوتی ہے اور اسے جھٹکا دےکر پھینکتے تو ڈور خود بخود لپٹ جاتی ہے اور وہ ہاتھ میں آجاتا ہے -

Ytterbium, Yttrium, *nn.* : (کیمیا) دو کمیاب دھاتیں ؛ اٹربیم ؛ اٹریم -

ytterbic, *a.* : اٹربیم کا -

yttric, yttrious, *aa.* : اٹریم کا -

yttro-comb. : اٹریم کی ترکیبی صورت -

Yucca, *n.* : یکا ؛ ایک قسم کا سفید پھول والا سوسن نما پودا جو امریکا میں پیدا ہوتا ہے -

Yule, *n.* : (also y.-tide) : بڑے دن کا تہوار ؛ بڑا دن -

y.-log : لکڑی کا کندا جو بڑے دن کی شام کو جلایا جاتا ہے -

Yugo-Slav, : دیکھو Jugo - Slav -

Z

Z, (zed) letter (pl. zs, z's) (zeds), : (۱) انگریزی ابجد کا ۲۶ واں اور آخری حرف - (۲) (جبر مقابلہ) تیسری مقدار مجہول -

Zadkiel, *n.* : زیڈ کیل جنتری؛ نجوم کی مقبول جنتری جو (*R. J. Morrison*) نے زیڈ کیل کے فرضی نام سے نکالی تھی -

Zaffre (-er), **Zaffer**, *n.* : زافر ؛ (*cobalt*) کوبالت کا غیر خالص آکسائڈ جس سے ایک نیلا رنگ بنایا جاتا ہے اورچینی وغیرہ کو رنگنے میں کام آتا ہے -

Zambo, : دیکھو Sambo -

Zany, *n.* : (۱) (تاریخ) جانی بتانی؛ تماشے کا چھوٹا مسخرہ جو بڑے مسخرے کی بھدی نقل کرتا ہے - (۲) (جدید معنی) بے وقوف مسخرا؛ بلہ -

Zanzibari (-ari), *n. & a.* : زنجباری؛ باشندۂ زنجبار -

Zaptieh (-a), *n.* : ضبطیہ ؛ ترکی پولس کا سپاہی -

Zarathustr : دیکھو Zoroastr -

Zariba (-e-), -eba, *n.* : زریبہ ؛ سوڈان میں پڑاو یا گانوں کی حفاظت کے لیے جھاڑیوں یا نوکدار لکڑیوں کا احاطہ -

Zax, : دیکھو Sax -

Zeal, *n.* : شوق اور جوش ؛ انہماک ؛ سرگرمی -

zealous, *a.* (zel-) : سر گرم؛ پرجوش -

zealously, *adv.* : سرگرمی سے ؛ شوق اور جوش کے ساتھ -

Zealot (zel-), *n.* : (کسی عقیدہ کا) کٹر پیرو یا حامی؛ متشدد؛ مجنونانہ جوش رکھنے والا ؛ یہودیوں کے اس فرقے کا رکن جس نے سنہ ۶ ع سے سنہ ۷۰ ع تک رومیوں کا مقابلہ کیا تھا -

zealotry, *n.* : مجنونانہ جوش؛ تشدد (کسی عقیدے میں) -

Zebec (k), : دیکھو Xebec -

Zebra, *n.* : گور خر -

zebrine, *a.* : گور خر کا ؛ گور خر کا سا -

Zebu, *n.* : مشرقی ہند اور چین کا کوہان دار بیل؛ انڈیا بیل؛ سانڈ -

Zed, *n.* : حرف زیڈ "Z" -

Zedoary, (-oa-), *n.* : جدوار ؛ ایک قسم کی خوشبودار ادرک کی سی چیز جو مشرقی ہندوستان کے ایک پودے کی جڑوں سے نکالی جاتی ہے اور دواؤں عطریات اور رنگوں کے بنانے میں استعمال ہوتی ہے -

Zeitgeist (tsitgi-) *n.* : روح عصری ؛ وہ ذہنیت جو کسی مخصوص عہد یا زمانہ کے مخصوص خیالات اور احساسات کی مظہر ہو (جرمن زبان کا لفظ) اقتضائے عہد -

Zelanian, *a.* (Zoogeog.) : نیوزیلنڈی ؛ نیوزیلنڈ (*New Zealand*) کا -

Zeloso, mus. : (موسیقی کی ہدایت) جوش کے ساتھ ؛ زور شور سے -

Zemindar, *n.* : (۱) (تاریخ) عہد مغلیہ میں ضلع کا ناظم اور لگان دینے والا کاشتکار - (۲) (جدید) زمیندار ؛ زمین کا مالک جو حکومت کو مال گذاری ادا کرتا ہے -

Zemstvo, *n.* : زیمسٹو ؛ لوکل بورڈ ؛ روس میں دیہات کا انتظام کرنے والی مقامی انتخابی جماعتیں -

Zenana (-ah-), *n.* : زنانہ؛ مکان کا وہ حصہ جہاں شریف ہندوستانیوں کی عورتیں رہتی ہیں -

z. (*cloth*) : عورتوں کے لباس کے لیے ایک ہلکا باریک کپڑا -

z. mission : وہ (عیسائی) مشن جس کے کچھ ارکان زنانہ مکانات میں جاکر عورتوں میں مذہبی اور دوسری معاشرتی اصلاحات کے لیے کوشش کرتے ہیں -

Zend, *n.* : ژند ؛ ایران کی ایک قدیم زبان (جس کا نام زرتشتیوں کی مقدس کتاب ژند اوستاکے نام پر رکھا گیا ہے) -

Zenith, *n.* : (۱) سمت الراس' آسمان میں وہ نقطہ جو دیکھنے والے کے ٹھیک سر پر ہو - (۲) سب سے بلند درجہ یا نقطہ ؛ نقطۂ عروج ؛ اوج کمال -

z.-distance : بعد سمتی؛ کسی جرم فلکی کا اس کے سمت الراس سے زاویائی فصل -

zenithal, *a.* : سمتی ؛ سمت الراس کا -

Zeolite, *n.* : ایک قسم کی [illegible] شے جو آتشفشانی چٹانوں میں

پائی جاتی ھے ؛ زیولائٹ -

Zephyr, *n.* : (۱) پچھوا ھوا ؛ باد صبا - (۲) فرحت بخش ھوا ؛ ھلکی ھلکی ھوا - (۳) ورزش کرنے والوں کا ھلکے اور باریک کپڑے کا بنیان - (۴) زفر ؛ ایک قسم کا کپڑا -

Zeppelin, *n.* (colloq. Zepp) : زیپلن ؛ جرمنی کا بڑا ھوائی جہاز جو فوجی کاموں کے لیے بنایا گیا ھے -

Zero, *n.* : (۱) زیرو ؛ بلدی؛ صفر - (۲) لا شے ؛ مقدار معدوم ؛ صفر - (۳) (پیمانوں میں) وہ نشان جس سے اوپر کی طرف مقدار مثبت اور نیچے کی طرف مقدار منفی شروع ھوتی ھے ؛ صفر (مقیاس الحرارت میں پانی وغیرہ کا نقطۂ انجماد جسے صفر قرار دیتے ھیں -) (۴) (فوج) ساعت صفر ؛ وہ وقت جب سے فوجی کارروائیوں کے مقررہ اوقات شمار کیے جاتے ھیں (*z. hour*) - (۵) سب سے نیچا نقطہ ؛ سب سے پست درجہ ؛ منتہائے زوال ؛ حد عدم -

absolute z.: صفر مطلق ؛ حرارت کی پیمائش میں ایسا نقطہ جہاں وہ سالمات جن کی حرکت سے حرارت پیدا ھوتی ھے بالکل ساکن ھوں -

Zest, *n.* : (۱) چٹ پٹا مزہ ؛ تیز چاشنی ؛ چٹخارا ؛ بڑا لطف - (۲) ذوق شوق ؛ بے حد رغبت ؛ بڑی دلچسپی ؛ چاؤ ؛ چسکا -

Zeta, *n.*: زیٹا ؛ یونانی زبان کا ایک حرف جو (Z) کی آواز دیتا ھے -

Zetetic, *a.* : (شاذ) تحقیقی ؛ درایتی (z. method) -

Zeugma, *n.* : (صرف و نحو) صنعت حذف صفت یا حذف فعل ؛ جسمیں دو اسموں کے لیے ایک ھی اسم صفت یا فعل استعمال ھوتا ھے حالانکہ وہ ایک ھی اسم سے مناسبت رکھتا ھے اور دوسرے کے لیے جو مناسب لفظ ھے وہ محذوف ھوتا ھے - مثلاً (*kill the boys and the luggage, with weeping eyes and hearts*) -

Zeus, *n.*: (یونانی دیو مالا) زیس ؛ کوہ اولمپس کے دیو تاؤں کا سردار ؛ سب سے بڑا دیوتا -

Zibet, *n.*: ایشیائی یا ھندوستانی مشک بلاؤ -

Zigzag, *a. n. adv. & v. i.* (-gg-) : (۱) ٹیڑھا میڑھا ؛ پر پیچ و خم ؛ پیچ و خم کھاتا ھوا - (۲) ٹیڑھی میڑھی پر پیچ وخم لکیر ' سڑک یا خندق - (۳) پیچ و خم کے ساتھ ؛ پیچ و خم کھاتے ھوے - (۴) ٹیڑھا میڑھا چلنا ؛ پیچ و خم کے ساتھ حرکت کرنا -

Zillah, *n.*: ضلع ؛ ھندوستان میں صوبے کا ایک حصہ جو کلکٹر یا ڈپٹی کمشنر کے ماتحت ھوتا ھے -

Zinc, *n. & v. t.* (۱) جست ؛ تانبے اور جرمن سلور کا مرکب جو چھتوں کے بنانے اور لوھے کے تختوں پر چڑھانے کے لیے استعمال کیا جاتا ھے اور بجلی کی بیٹری اور بلاکوں کے چھاپنے میں بھی کام آتا ھے - (۲) جست کی قلعی کرنا (*zinck or zink*) -

flowers of z. oxide : جست کا سفوف جسکا سفید روغن بنایا جاتا ھے اور جو مرھم اور عمارتوں کے مسالہ میں بھی کام آتا ھے -

zincic, *a.* : جست کا -

zinciferous, *a.* : جست پیدا کرنے والا ؛ جس سے جست نکلتا ھے -

zincification, *n.* : جست کی قلعی کرنا یا کی جانا ؛ جست ملانا یا ملایا جانا -

zincify, *v. t.* جست کی قلعی کرنا یا جست ملانا -

zincoid, *a.*: جست نما ؛ جست سے مشابہ -

zincous, *a.* : جست کا -

zinky, *a.* : (۱) جست کا - (۲) جست کا سا - (۳) جسمیں جست ھو -

zinco, *n.* (pl. -os) & *v.* : = Zincograph دیکھو -

Zincode, *n.* : کیمیاوی برقی خانے (cell) کا مثبت سرا -

Zincograph, *n. & v. i. & t.* : (۱) جست کی تختی جس پر نقوش ابھارے جاتے ھیں تاکہ ان سے پھر کاغذ چھاپے جاسکیں - (۲) جست کی تختی پر چھپی ھوئی تصویر ؛ جست کاری کی تصویر - (۳) (فعل) جست کاری کرنا ؛ جست پر نقش و نگار بنانا ؛ جست کاری سے چھاپنا ؛ جست کی تختی سے چھاپنا (تصویر) -

zincographer, *n.* : جست کار ؛ جست کی تختی پر نقش و نگار بنانے والا -

zincographic, *a.* : جست کاری کا ؛ جست کاری کی تصویر کا -

zincography, *n.* : جست کاری ؛ جست کی تختی پر نقش و نگار بنانا -

Zincotype *n.* : Zincograph دیکھو -

Zingaro (-ngg-) *n.* (pl. -ri) : جپسی قوم ؛ ایک خانہ بدوش قوم -

Zinnia, *n.* : (نباتیات) زنیا ؛ ایک قسم کا مرکب پودا جسمیں کرن دار گہرے سرخ اور دوسرے رنگوں کے پھول آتے ھیں -

Zion, *n.* (۱) صیہون ؛ قدیم بیت المقدس - (۲) کوہ صیہون ؛ قدیم بیت المقدس کی ایک مقدس پہاڑی - (۳) یہودیوں کی مذھبی ریاست ؛ مذھبی حکومت - (۴) مسیحی کلیسا - (۵) آسمانی حکومت ؛ حکومت الہی -

zionwards. *adv.* (مجازاً) آسمان کی طرف -

Zionist, *n.* : وہ شخص جو فلسطین میں یہود کی نوآبادی قایم کرنے کے خیال کا حامی (اور اس امر میں کوشاں) ھو ؛ صیہونی -

zionism, *n.* : فلسطین میں یہود کی نوآبادی قایم کرنے کی حمایت ؛ صیہونیت -

Zip, *n.* : (۱) زپ ؛ زناٹا ؛ ایسی آواز جیسی بندوق کی گولی کے ھوا میں گذرنے سے پیدا ھوتی ھے - (۲) جھر ؛ جھراٹا ؛ ایسی آواز جیسی کپڑے کے پھٹنے سے پیدا ھوتی ھے - (۳) (مجازاً) چستی ؛ مستعدی -

z. -fastener (also zipper) : زپر ؛ ایک طرح کا شکنجہ جو چیزوں کو جوڑنے اور کسنے کے کام آتا ھے -

Zircon, *n.* : سنگ زر گون ؛ حجر زرقون ؛ ایک معدنی شے جسکی بعض اقسام کو تراش کر قیمتی پتھر بنائے جاتے ھیں -

Zirconium, *n.* : زرگون ؛ زرقون ؛ ایک دھات جو (zircon) سنگ زرگون سے نکلتی ھے -

zirconate, *n.* : زرقون کا ایک مرکب ؛ نمک زرقون -

zirconic, *a.* : زر قونی -

Zither(n) , *n.* : چھیتارا ؛ ایک طرح کا بربط یا ستار جو چپٹا ھوتا ھے اور میز پر رکھ کر بجایا جاتا ھے -

zitherist, *n.* : چھیتارا بجانے والا -

Zloty, *n.* : زلوٹی ؛ پولستان (*Poland*) کا ایک سکہ (جس

کی قیمت ۱۰ پنس یا دس آنے کے قریب ہوتی ہے) -

Zoar, *n.* : دارالامان؛ وہ مقدس مقام جہاں پناہ لینے کے بعد کوئی مجرم گرفتار نہیں ہوسکتا ؛ بسعد -

Zodiac, *n.* : (۱) منطقة البروج ؛ راس منڈل ؛ راس چکر - (۲) (شاذ) پورا دور ؛ پورا چکر -

signs of the z. : بروج ؛ راس -

Zodiacal, *a.* : منطقة البروج کا ؛ بروجی ؛ راس چکر کا -

z. light : نوربروجی؛ ضوء منطقة البروج؛ آسمان کا ایک روشن حصہ ایک اونچے مثلث کی شکل میں جو کبھی کبھی مشرق کی سمت میں طلوع سے پہلے یا مغرب میں غروب کے بعد (خصوصاً گرم ملکوں میں) نظر آتا ہے -

Zoetrope, *n.* = Wheel of life : دیکھو Wheel -

Zohar, *n.* : کتاب ازہر ؛ یہودیوں کی ایک پوشیدہ مذہبی کتاب (جو غالباً ۱۴ ویں صدی میں لکھی گئی تھی اور جس کو باطنیوں کی انجیل کہا جاتا ہے) -

Zoic, *a.* : (۱) حیوانی ؛ جانوروں کا ؛ جانوروں سے متعلق - (۲) (ارضیات) (طبقہ یا چٹان) جس میں حیوانی یا نباتاتی زندگی کے متحجر باقیات یا نشانات ملتے ہیں ؛ متحجری -

Zolaism, *n.* : عریاں نگاری ؛ وہ حقیقت نگاری جس میں گندے واقعات صاف صاف لکھ دئے جائیں (فرانس کے مشہور مصنف زولا کی نسبت سے) -

zolaesque, *a.* : عریاں نگاری کا -

zolaist, *n.* : عریاں نگار -

zolaistic, *a.* : عریاں (عبارت یا طرز تحریر) -

Zollverein (tsolferin), *n.* : اتحاد محصول؛ چنگی ایکا؛ ایسے ممالک یا حکومتوں کا اتحاد جو غیر قوموں سے مال پر یکساں شرح پر محصول لیتی ہیں اور عموماً ایک دوسرے کے مال پر در آمد کا محصول نہیں لیتیں -

Zone, *n.* & *v. t.* : (۱) (شعر اور قدیم زبان) پٹکا (جو کمر میں لپیٹتے ہیں) ؛ پٹی ؛ کمر بند (پرانے معنی میں) - (۲) ایک چیز میں کسی دوسری چیز کی (گول) پٹی؛ دھاری - (۳) (جغرافیہ) منطقہ؛ کرۂ عرض کے وہ پانچ حصے جو خط استوا کے متوازی خطوط کے درمیان واقع ہیں -

frigid zz. : منطقہ ہائے باردہ (دائرۂ قطب شمال کے شمالی اور دائرۂ قطب جنوبی کے جنوب میں) -

loose the maiden z. of : مہر بکارت توڑنا؛ ازالۂ بکارت کرنا -

maiden or virgin z. : کمر بند بکارت ؛ دوشیزگی کی علامت؛ مہر بکارت -

North, South, temperate z. : منطقہ معتدلہ شمالی و جنوبی (منطقہ ہائے باردہ اور منطقہ حارہ کے درمیان) -

torrid z. : منطقہ حارہ (خط جدی اور خط سرطان کے درمیان) -

z. time : کسی طول البلد کا مقامی وقت -

zonal, *a.* : منطقوں کا ؛ منطقوں میں تقسیم کیا ہوا -

zonally, *adv.* : منطقوں میں ؛ خطوں میں ؛ منطقے یا خطے کے لحاظ سے -

zonary, *a.* : پٹکے کی شکل کا ؛ پٹکے کا سا -

zonate, *a.* : جس میں گول دھاریاں یا پٹیاں ہوں؛ پٹکے دار -

zonular, *a.* : پٹی یا پٹکے کا ؛ پٹی یا پٹکے کا سا -

Zoo, *n.* (colloq) : (بول چال) جانور خانہ ؛ چڑیا خانہ (خصوصاً لندن کا) -

Zoo-comb : (یونانی لفظ (*zoon*) بہ معنی " حیوان " کی ترکیبی صورت) حیوانوں کا ؛ حیوانی زندگی کا -

-chemistry : کیمیائے حیوانی ؛ جس میں اجسام حیوانی کے کیمیاوی اجزا کا مطالعہ کیا جاتا ہے -

-dynamics : مضربیات حیوانی -

-gamy : توالد و تناسل حیوانی -

-geny : علم ترکیب اعضائے حیوانی -

-geographer : ماہر جغرافیۂ حیوانی -

-geographic (al) : جغرافیۂ حیوانی کا -

-geography : جغرافیۂ حیوانی ؛ جس میں اس کا بیان ہوتا ہے کہ کون کون سے جانور کہاں کہاں رہتے ہیں -

-gony : دیکھو = Zoogeny -

-graft : (جراحی) حیوانی پیوند بندی ؛ جانور کے جسم کے کسی ٹکڑے کا پیوند انسان کے جسم میں لگانا -

-grapher : ماہر حیوانیات بیانی -

-graphic (al) : حیوانیات بیانی کا -

-graphist : ماہر حیوانیات بیانی -

-graphy : حیوانیات بیانی -

-latry : حیوان پرستی ؛ وہ مذہب جس میں حیوانوں کی پرستش ہوتی ہے -

-lite : متحجر حیوان یا جسم حیوانی کا کوئی حصہ -

zoology : علم حیوانات ؛ حیوانیات -

-logical : علم حیوانیات کا ؛ حیوانیاتی -

-logical garden : جانور خانہ ؛ چڑیا خانہ؛ وہ باغ خاصہ جس میں حیوانات بغرض نمائش رکھے جاتے ہیں -

-logically : حیوانیات کی رو سے -

-logist : ماہر علم حیوانیات -

-magnetism : حیوانی مقناطیسیت ؛ مقناطیسی قوت جو حیوانوں میں پائی جاتی ہے -

-mancy : جانور جوتش ؛ جس میں جانوروں کی صورت یا حرکات سے آئندہ واقعات پر حکم لگایا جاتا ہے -

-mechanics : دیکھو = Zoodynamics -

-morphic : (۱) حیوانی صورتوں کا ؛ حیوانی صورتوں میں ظاہر ہونے والا - (۲) حیوانی صورت کے دیوتا رکھنے والی (قوم) -

-morphism : دیوتاؤں کا تصور حیوانی صورت میں کرنا ؛ دیوتاؤں کو حیوانی صورتوں میں ظاہر کرنا -

-physics : طبیعیات حیوانی -

-phyte : حیوان نباتی؛ وہ حیوانات جو نباتات کی صورت رکھتے ہیں مثلاً اسفنج -

-phytic : حیوان نباتی کا ؛ حیوان نباتی کی قسم کا -

-phytological : حیوانات نباتی کا -

-phytologist : ماہر حیوانیات نباتی -

-phytology : حیوانیاتی ؛ مبحث حیوانات نباتی؛ حیوانات کی ایک شاخ -

-plastic : (جراحی) حیوانی پیوند بندی؛ جسم کے ٹکڑے کا

پیوند انسان کے جسم میں لگانا -

- sperm : (۱) نر زوج ' حیوانات و نباتات کے تخم نر جز - (۲) دیکھو **- spore** -

- spore : حی تخمک ؛ حیوانات و نباتات کے تخم کا متحرک جز -

- sporic : حی تخمک کا ؛ حی تخمکی -

- taxy : تقسیم حیوانات -

- theism : حیوان پرستی -

- theistic : حیوان پرستانہ -

- tomy : جراحی حیوانات؛ عمل جراحی جو جانوروں پر کیا جاتا ہے -

Zooid, *a. & n.* **:** (۱) حیوان نما ' نا مکمل حیوانی نوعیت رکھنے والا - (۲) حیوان نما یا نبات نما جسم یا خلیہ - (۳) مستقل یا قریب قریب مستقل جسم نامی جو جسم حیوانی یا نباتی کے انشقاق سے پیدا ہو - (۴) مرکب اجسام حیوانی یا اجسام نباتی کا ایک رکن -

Zoom, *v. i.* **:** (ہوا بازی کا عامیانہ) طیارے کو نہایت تیز رفتار سے قریب قریب سیدھا اوپر کو اڑانا -

Zoril, *n.* **:** زورل ؛ افریقہ اور ایشیائے کوچک کا ایک گوشت خور چوپایہ جسکی نسل نیولے وغیرہ سے ملتی ہے -

Zoroastrian, Zarathustr- (-thoo-), *nn. & aa.* **:** (۱) زردشتی؛ زر تشتی؛ آتش پرست ؛ مذہب زردشت کا پیرو جسکی تعلیم زند اوستا میں دی گئی ہے - (۲) زرتشت کا یا مذہب زردشت کا ؛ زرتشی ؛ زردشتی -

zoroastrianism, zarathustr (ian) ism, *nn.* **:** مذہب زرتشت -

Zouave (zooahv), *n.* **:** زواو - (۱) فرانس کی اس پیادہ فوج کا سپاہی جسمیں الجزائر کے عرب بھرتی کئے جاتے ہیں جو اپنی قدیم مشرقی وردیاں پہنتے ہیں (۲) اس وردی سے مشابہ عورتوں کا ایک چھوٹا کوٹ -

Zounds, (zow -) *int* **:** (قدیم ؛ کنجائیۃ ' جس سے غصہ اور طیش کا اظہار کیا جاتا ہے) لاحول ولا قوۃ -

Zucchetta,-etto, (tsook -) *n.* **:** رومن کیتھولک پادریوں کی چست گول ٹوپی ؛ skip کلیسائی (جسکے رنگ مخصوص ہیں مثلاً: پادری کے لئے سیاہ ؛ اسقف کے لئے اودی ؛ کارڈینل کے لئے سرخ پوپ کے لئے سفید) -

Zulu (zooloo) *n.* **:** (۱) جنوبی افریقہ کی کافر قوم کے ایک قبیلے کا فرد ؛ زولو - (۲) اس قوم کی زبان ؛ زولو زبان - (۳) مخروطی شکل کی بھدی ٹوپی جو پہلے بچے کرسی کے زمانے میں استعمال کرتے تھے -

Zwieback (tswebahk) *n.* **:** ایک قسم کے توس نما بسکٹ جو خوب سکے ہوئے ہوتے ہیں -

Zwinglian (tswingg) *a. & n.* **:** (۱) سوئٹزرلینڈ کے مذہبی مصلح زوانگلی کا پیرو اور معتقد (شخص) - (۲) زوانگلی کا یا اس کے مسلک کا -

Zygal, *a.* **:** (خصوصاً دماغ کے اندر کی درز) حرف (*H*) یا بیلوں کے جوے کی صورت کا -

Zyg (o)-, *comb.* **:** یونانی لفظ (zugon) کی ترکیبی صورت جس کے لفظی معنی ہیں " بیلوں کا جوا " -

zygapophysis : (ریڑھ کی ہڈی کے) فقروں کا جوڑ -

zygodactyl, *a. & n.*, **-ylous,** *a.* **:** (۱) پنجوں کی دوجوڑی (دو آگے دو پیچھے) رکھنے والا - (۲) ایسا پرند -

zygomorphous : متشاکل؛ ایک سطح میں ایسے دو حصوں میں تقسیم ہونے والا (پھول) جو ایک دوسرے کا جواب ہوں -

zygospore : متشاکل تخمک' جو تخم جنسی کے دو یکساں اجزا سے ملکر بنا ہو -

Zygoma, *n.* (pl. -ata) **:** عظم وجنہ ؛ رخسار کی ہڈی -

zygomatic, *a.* **:** عظم وجنہ کا ؛ رخسار کی ہڈی کا -

Zygosis, *n.* **:** (حیوانیات) دیکھو Conjugation

Zygote, *n.* **:** دو متشاکل اجزائے تخم جنسی سے بنا ہوا -

Zymosis, *n.* **:** (۱) تخمیر - (۲) خارجی جراثیمی بیماری -

Zymotic, *a.* تخمیر کا ؛ تخمیری -

z. diseases : خارجی جراثیمی بیماری ' جو بیرونی جراثیم کے جسم میں پہنچنے سے پیدا ہوتی ہے ' یہ متعدی بھی ہوتی ہے اور غیر متعدی بھی ' وبائی بھی اور مقامی بھی -

ضمیمہ نمبر (۱)

Appendix 1,

A

(A) سے لے کر (R) تک جو نئے الفاظ یا الفاظ کے نئے مطالب دریافت ہوئے ہیں وہ اس ضمیمہ میں شامل کیے گئے ہیں - جو الفاظ پہلے لغت میں آچکے ہیں اور یہاں کوئی نئے معنے لکھے گئے ہیں ان کے آگے * ستارہ بنا دیا گیا ہے - (R) کے بعد کے نئے الفاظ کتاب کے متن میں داخل ہو چکے ہیں -

Abortifacient, *a.* & *n.* : مُسقط ' حمل گرانے والی (دوا یا اور کوئی شے) -

Aboulia, Abulia, *n.* : ضعف قوت ارادی (بوجہ دماغی خرابی)-

Abraham-man, *n.* : (تاریخ) سولھویں صدی کا آوارہ فقیر جو یا تو در اصل پاگل ہوتا تھا یا جھوٹ موٹ پاگل بن جاتا تھا ؛ کن پھٹا جوگی -

to sham Abram : بیماری یا جنون کا ڈھونگ رچنا (جان بوجھ کر بیمار یا مجنون بننا) -

Abrasive, *a.* & *n.* : (کوئی شے) جو رگڑی یا پیسی جا سکے؛ جو جلد میں خراش ڈال سکے ؛ خراشندہ -

Acidosis, *n.* : (طب) خون کی تیزابی کیفیت (خصوصاً ذیا بیطیس میں) -

Activate, *v. t.* : (۱) حرکت میں لانا - (۲) (طبیعیات) تابکار کرنا ؛ معمل کرنا -

Adespota, *n. pl.* : (جمع) وہ ادبی تحریریں جو مصنف کے نام سے منسوب نہ ہوں یا وہ خود انھیں اپنے نام سے منسوب نہ کرتا ہو -

• **Adrift**, : (بحری) کھلا ؛ بن بندھا -

* **Advise** : سفارش کرنا - (*The doctor advises a change of air*) -

Affreightment, *n.* : پروانۂ بار برداری ؛ جہاز کو مال لے جانے کا اجازت نامہ -

Afrikaans, *n.* : جنوبی افریقہ کا باشندہ یا کیپ کالونی کا ولندیزی - ڈال :

• **After**. *After-care*, : کچھ مرصہ علاج وغیرہ کے بعد کسی آدمی یا طبقے کی خبر گیری -

Aftermath, : (مجازاً) انجام ؛ حاصل ؛ نتیجہ ؛ پھل ؛ ثمرہ : (*The A. of war*) -

• **Aggregate**, : کنکر ؛ سنگریزے وغیرہ جن سے کنکریٹ بنتا ہے -

Agrimotor. *n.* : زراعتی موٹر ٹریکٹر ؛

Aide-memoire, *n.* : (سفیروں کی اصطلاح میں) رفیق حافظہ؛ (کتاب کاغذات وغیرہ)-

• **Air**. *Give person the air.* : (امریکی عامیانہ) موقوف یا بر طرف کر دینا -

on the air. : نشر -

A. brick; : مسام دار اینٹ (ہوا کی آمد و رفت کے لیے) -

Airline, : شاہ راہ فضائی ؛ وہ راستہ جو خدمت عامہ کرنے والے ہوائی جہاز اختیار کرتے ہیں -

Airmail, : ہوائی ڈاک -

Air-port : طیارہ گاہ ؛ ہوائی جہازوں کا اسٹیشن جہاں مسافر چڑھتے اترتے ہیں اور جہاں چنگی گھر بھی ہوتا ہے -

Albuminuria, *n.* : پیشاب میں بیضین کی موجودگی؛ (عموماً گردہ کی خرابی کی وجہ سے) -

• **All**, *All-in* : (۱) سب ملا کر ؛ جملہ - (۲) تھکا ہارا - (۳) بے قید کشتی (جس میں کسی قسم کی پابندی نہ ہو) -

all-out : جی جان سے ؛ پوری سرگرمی یا مستعدی سے - (*He was going all-out*) -

all-overish : (بول چال) طبیعت ایزی سے چوٹی تک ؛

Allocution : نہمائشی خطبہ (خصوصاً پوپ کا) -

•**Allure**; (also)*n.* : (بطور اسم) موہنی ؛ کشش -

Almirah, *n.* : الماری -

***Altogether**. *The altogether* : (بول چال) ننگ دھڑنگ -

Ambulant, *a.* : (مرضیات) (۱) (مرض) جو ایک حصۂ جسم سے دوسرے حصے میں منتقل ہوتا رہتا ہے- (۲) جس میں مریض کا بستر پر لیٹے رہنا ضروری نہ ہو - (۳) (علاج) جس میں مریض کے لیے ورزش ضروری ہو ورزش؛ آگیں (علاج)-

Amentia, *n.* : ضعیف العقلی -

Amphimixis, *n.* : (حیاتیات) مخالطہ ؛ دو آدمیوں یا ان کے جراثیم کا باہم اتصال (مثلاً مباشرت میں) -

Anabranch, *n.* : کسی ندی کی وہ شاخ جو اس سے نکل کر کچھ فاصلہ کے بعد از سر نو اسی میں مل جاتی ہے -

Anglic, *n.* : انگریزی زبان کی ایک آسان شکل جسے پروفیسر زکر سن عالمگیر زبان (جگت بھاشا) بنانا چاہتے تھے -

Anicut, *n.* : (انگلو انڈین) انی کٹ ' ندی کا بند جو آبپاشی کے لیے بنایا جائے -

Apperceive, *v. t.* : (نفسیات) پہلے سے جو خیالات موجود ہوں ان میں کسی نئے احساس کو وابستہ اور ضم کرنے کے بعد سے سمجھنا اور سمجھانا -

Apperception, *n.* : (فلسفیات) کسی احساس کی کیفیت کا اندازہ غور و خوض کے بعد -

Applique, *n.* & *v. t.* : (پوشش کے لیے مخصوص) (۱) گل تراشی - گل بوٹے جو ایک کپڑے سے کاٹ کاٹ کر دوسرے پر جمائے جائیں - (۲) گل بوٹے بٹھانا -

Artel, *n.* : آرتیل؛ روس میں مزدوروں کی انجمن ؛ مزدور منڈلی -

Arterial, *a.* : خاص شاہراہوں اور حمل و نقل کے راستوں کے متعلق (*A. railway*) -

Arty, *a.* : (بول چال) نیم سوانگیا (ج) ؛ آرٹ کی نقل اڑانے والا -

(مزاحاً ' فرنیچر کے متعلق) جو تراش *Arty-and-crafty* : خراش کے لحاظ سے خوبصورت لیکن آرام اور استعمال کے لحاظ سے فضول ہو -

***Ask.** *Ask for it* : (عامیانہ) مصیبت مول لینا -

Askari, *n.* : عسکری ؛ افریقہ کا سپاہی جس کی فوجی تربیت یوروپین انداز پر ہوئی ہو -

Astronomy. *Astronomical figures* : بے شمار اعداد -

Attest : (نیز) فوج میں بھرتی کرنا -

Atypical, *a.* : جس میں اپنی جنس کی صفات نہ ہوں -

Auto- erotism, *n.* : خود شہوتی ؛ جذبۂ شہوانی جو بغیر کسی خارجی ترغیب کے خود بخود پیدا ہو -

• **Automatism,** *n.* : (٥) (نفسیات) خود حرکتی ؛ وہ عمل جو بلا ارادہ یا تحت شعوری کی حالت میں کیا جائے اور جس میں ارادے کا کوئی دخل نہ ہو -

Automnesia, *n.* : (نفسیات) ابتدائی زندگی کی یاد خود بخود تازہ ہونا -

Auxanometer, *n.* : نمو نگار ؛ یعنی پودوں کی نمو ناپنے کا آلہ -

B

*** Baby :** (۴) (بول چال یا عامیانہ) معشوقہ -

b. car : چھوٹا موٹر کار -

*** Bachelor,** *B. girl* : وہ کنواری جو گھر سے الگ رہتی ہو اور خود کفیل ہو -

*** Back,** *B. bencher* : دارالعوام یا کسی قانون ساز مجلس کا وہ رکن جو اگلی نشستوں پر نہ بیٹھ سکتا ہو ؛ پائیں نشین -

*** Bacon,** *Bring home the b.* : (عامیانہ) عزم میں کامیاب ہونا -

Balalaika, *n.* : بلہ لیکا ؛ ایک قسم کا چھتارا ستار جو مشرقی یورپ میں مقبول ہے -

Balkan, *a.* : جنوبی یورپ کے اس جزیرہ نما یا اس کے ممالک یا اس کے باشندوں کے متعلق جو بحر اسود ، بحر اڈریاٹک اور بحر ایجین سے گھرا ہوا ہے ؛ بلقانی -

Balkanize, *v. t.* : کسی علاقہ کو ایسی چھوٹی موٹی ریاستوں میں بانٹ دینا جو ایک دوسرے کی مخالف ہوں -

Ballyhoo, *n.* : (امریکہ) (کسی معاملہ کی) بیہودہ اور مسخ اشاعت -

*** Baron,** *n.* : (۳) (امریکہ) کسی خاص جنس کا ملک التجار - (*Coal Baron, Sugar Baron etc.*) -

***Basket.** *Basket-ball* : باسکٹ بال؛ ایک گیند کا کھیل جو ہاتھ سے کھیلا جاتا ہے اور گیند ایک ٹوکری میں جو اونچی لٹکی رہتی ہے ڈالا جاتا ہے -

***Bat.** *To have bats in the belfry.* : خبطی ہونا -

Bayadere, *n.* : (۱) دیوداسی ؛ ہندو رقاصہ جو دکن کے مندروں سے وابستہ ہوتی ہے - (۲) ایک قسم کا دھاری دار سوتی کپڑا -

• **Belong.** : (۲) (امریکہ) کہیں کا باشندہ ہونا ؛ متعلق ہونا -

*** Belt.** - (*Cotton b., fever b.*) مثلاً (۸) حلقہ ؛ علاقہ ؛

Benthos, *n.* : (حیاتیات) تہہ دریائی نباتات و حیوانات -

• **Big.** *big business.* : (طنزاً) مہا بیوپار -

big noise : (امریکی عامیانہ) مقامی مہاتما -

big stick. : تشدد کا مظاہرہ -

Bipartite, *a.* : (۱) (نباتیات) (پتیوں کے متعلق) دو پلکھی ، دو حصوں میں بٹتی ہوئی - (۲) (قانون) (فرمانوں ، صلحناموں وغیرہ کے متعلق) دو فریقی ؛ دو مقابل حصوں میں منقسم -

Biz, *n.* = **Business.** : (بول چال) -

*** Black.** *b. coffee.* : بے دودھ کی تلخ کافی -

b. list. : مجرموں یا مشتبہ لوگوں کی فہرست -

Blithering, *a.* : (۱) بکی ؛ مغز چاٹ - (۲) حقیر (*b. idiot*) -

Bloc, *n.* : (۱) حکومت کی تائید کے لیے مختلف جماعتوں کا اتحاد - (۲) کسی خاص مقصد کے لیے قوموں یا گروہوں کا ایکا -

Body. *B.-line bowling* : (کرکٹ) تیز گیند جو پیہم ٹانگوں کی طرف پھینکی جائے ؛ بوڈی لائن بولنگ -

Boob, *n.* : (امریکہ) احمق ؛ گدھا -

Boost, *n.* & *v. t.* : (۱) اشتہار بازی - (۲) (آدمی ، مال وغیرہ کا) ڈھنڈورا پیٹنا -

* **Boot,** *v. t.* : (عامیانہ ، *out* کے ساتھ) لات مار کر نکالنا (کسی آدمی کو کسی جگہ سے) -

* **Border.** *Borderland.* : (۱) سرحدی علاقہ - (۲) (مجازاً) درمیانی حالت (مثلاً نیم خوابی نیم بیداری کی کیفیت) - (۳) متنازع فیہ اراضی -

Borrow. *B. pit.* : وہ گڑھا جس میں سے بھرنے یا بند باندھنے کے لیے کچھ نکالا جائے -

Bos. *Bos (s) eyed.* : (عامیانہ) کانا ؛ بھینگا -

Bo-tree, *n.* : بودھ گیا کا وہ مقدس پیپل جس کے سایہ میں گوتم بودھ کو بشارت حاصل ہوئی -

Bradshaw, *n.* = *Bradshaw's Railway* Guide. : انگلستان یا ہندوستان کی تمام ریل گاڑیوں کا ٹائم ٹیبل ؛ بریڈشا ٹائم ٹیبل -

Brahminee. *B. bull* : نندی ؛ برہمنی بیل ؛ وہ سانڈ جو مقدس سمجھا جاتا ہے -

• **Brain.** *B.-fever bird* : پپیہا - ' پی کہاں ' = *B. fever*) کی خرابی) -

b.-storm. : دماغی توازن کا یک بیک بگڑ جانا؛ بحران ؛ جنون -

b. wave : (بول چال) القا ؛ موج خیال -

Brassiere, *n.* : (عورتوں کا) سینہ بند -

***Break :** (۹) وقفۂ درس ، پڑھائی کے دوران میں تھوڑی دیر کے لیے چھٹی -

A bad b : (امریکہ ، بول چال) ناگوار یا نا مناسب فقرہ ؛ اوندھی حرکت -

Brinjal, *n.* : برنجال ؛ بینگن -

• **Broad** *b.-minded* (ness) : عالی ظرف ؛ عالی ظرفی -

Broche : کشیدہ کاری (خصوصاً ریشمی کپڑے پر) -

* **Bromide :** (۲) (امریکی عامیانہ) پامال فقرہ ؛ دو کوڑی کی بات

B. paper : ایک قسم کا فوٹو گرافی کا کاغذ -

Buck, *n.* & *v. i.* : (۱) بک بک ؛ بکواس ؛ بڑبول - (۲) بکواس کرنا ؛ شیخی بگھارنا -

buckstick : لاف زن ؛ بڑ بولا -

Buckra, *a.* & *n.* : (حبشی بولی) گورے لوگوں یا ان کی خصوصیات ... گورا آدمی ؛ آقا -

Buddy, n. : (امریکہ ' بول چال) (بے تکلفانہ تخاطب) یار غار ؛ بھائی ؛ لنگوٹیا یار -

Bughouse, Buggy, aa. : (امریکی عامیانہ) خبطی -

Bum n. a. & v. i. : (۱) (امریکہ ' بول چال) آوارہ ازل - (۲) ردی ؛ تھرڈ کلاس - (۳) مارے مارے پھرنا -

*** Bump; *B. off* :** (امریکی عامیانہ) بیدردی سے ختم کردینا ؛ ہلاک کردینا -

• Bunch : (عامیانہ) چنڈال چوکڑی ؛ ٹولی -

Bunk, n. : (امریکی عامیانہ) بیہودگی -

Burg, n. : (امریکہ ' بول چال) شہر -

Bus. *Busman.* : موٹر بس کا ڈرائیور -

Busman's holiday : وہ چھٹی جو سفر میں بیت جائے ؛ وہ چھٹی جو معمولی روز مرہ کے کام میں صرف ہوجاے -

to miss the b. : (بول چال) موقع کھو دینا ؛ عزم میں نا کام رہنا -

Busker. : (عامیانہ) خانہ بدوش گویا -

Butter. *B. muslin.* : جالی دار مہین کپڑا -

***Button. *A b. short.* :** کم ذہن -

Butty. = Buddy.

Buy. (also), n. : خرید -

I'll buy it. : (عامیانہ) (پہیلی یا سوال کے جواب میں) میں ہار مانتا ہوں -

Buzz. : (۲) ہوا کی طرح جانا ؛ لپکنا -

C

Cabinet. *Shadow. C.* : (پارلیمان کی مخالف جماعت کے قائدین کی کابینہ جو آپس میں عہدوں کی تقسیم اس امید پر کرلیتے ہیں کہ آئندہ ان کی جماعت بر سر اقتدار ہوگی) -

•Cadet. *C. corps.* : ان لڑکوں کی جماعت جو ابتدائی فوجی تعلیم حاصل کر رہے ہوں -

•Cain. *Raise. C.* : ہنگامہ کرنا -

•Call. (vb) : (۱۳) (تاش) مخالف سے پتا چلنے کو کہنا -

C. down; c. off. : (امریکہ ' بول چال) ڈانٹنا ' للکارنا - (معاہدہ ' قول وغیرہ) منسوخ کردینا؛ اپنی بات سے پھرجانا -

Camouflage, n. & v. t. : (۱) مسخ کرنا ' تبدیل ہئیت کرنا (جہازوں ' توپوں وغیرہ کی صورت شکل کا مختلف رنگوں کی لیپ پوت سے) - (۲) مغالطے میں ڈالنا -

Canal. : آب پاشی کی نہر -

Cannery, n. : وہ کار خانہ جہاں ٹین کے ڈبوں میں مچھلی گوشت ' پھل وغیرہ بھرے جاتے ہیں -

Canned. : (عامیانہ) [illegible] ؛ مسحور

***Canteen, n. :** (۴) کھلے میدانوں کی ضیافتوں اور بڑی بڑی انجمنوں کا طعام خانہ ' سے کدہ وغیرہ ؛ کین ٹین - (۵) تہہ خانہ -

***Card. *C. index.* :** وہ اشاریہ (انڈکس) جس میں ہر چیز کی تفصیل علحدہ کارڈوں پر لکھی جاے -

Careerist, n. : جسے ہمیشہ اپنی غرض اور نفع کا دھیان ہو ؛ خود پرست -

***Cart. *in the c.* :** (عامیانہ) شکنجے میں ؛ مشکل میں -

***Cassment. *C. cloth* :** ایک قسم کا سوتی کپڑا جو پردے بنانے کے کام آتا ہے اور معمولی استعمال میں بھی آتا ہے -

•Cash. *C. register* : خرید و فروخت ' جمع خرچ وغیرہ درج کرنے کا کھاتہ ؛ نقلی کھاتہ -

c. in. : (بول چال) مرنا ؛ انتقال کرنا -

***Cast. *C. off.* :** (۱) (بحری) کھولنا اور پھینکنا (رسی وغیرہ) (۲) (طباعت) یہ حساب لگانا کہ چھاپے میں مسودہ کتنی جگہ لے گا -

***Catapult. :** (۳) طیارہ بردار جہازوں کے عرشہ سے طیاروں کے دھکیلنے کے لیے ایک میکانیکی آلہ -

Catboat, n. : قطعا ایک مستول (جو آگے لگا ہوتا ہے) اور ایک باد بان کی کشتی -

Cattish, Catty, aa. : (مجازاً) مکار اور کینہ پرور ؛ بلی جیسا -

•Cattle. *C. rustler* : (امریکہ) مویشی چور -

***Cave, *Caveman.* :** (۲) وحشیوں کے سے جذبات ' خیالات اور طریق رکھنے والا آدمی -

•Cell. : (۱۰) انقلابی پر چار کا مرکز یا اڈا ؛ پر چار گڑھ (ج) -

•Central, *C. heating* : مکانوں کو گرم پانی کی نلیوں سے گرم رکھنے کا ایک طریقہ -

Centr (e) ing, n. : زیر تعمیر محراب ' گنبد وغیرہ کے لیے عارضی سہارا ' ٹھولا -

